ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME ONE

A-C

ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جامع انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME ONE

A-C

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

Bureau For Promotion of Urdu
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block I, R.K. Puram, New Delhi-110066, INDIA

Contents

پیش لفظ

ذولسانی لغات کی تدوین مشکل ترین کاموں میں سے ایک ھے دونوں زبانوں کے مزاج ، آغاز ، ارتقاء ، مآخذ ، صرف و نحو ، روز مرّہ ، محاورہ ، اس کے صوتیاتی نظام و لسانی ھم آھنگی اور اصطلاحات پر قدرت حاصل کئے بغیر ذو لسانی لغت کی تدوین کا تصور بھی ممکن نہیں ۔ ایک معیاری لغت کو زبان کے ان تمام پہلوؤں کے بارے میں لازمی طور پر صحیح معلومات فراھم کرنا ضروری ھوتا ھے ۔ قارئین لغت سے اس بات کی توقع رکھتے ھیں کہ وہ ان کی رھنما اور مددگار ھے ۔ کسی بھی زبان کے حدود اربع لامحدود ھونے کی صورت میں علاقہ واری فرق پیدا ھوجاتے ھیں ۔ لغت نویس کو ان کا بھی خیال کرنا ضروری ھوتا ھے ۔

اورد میں ذولسانی لغات کا سلسلہ عھد قدیم سے چلا آرھا ھے ۔ انگریزی اردو لغت کے ابتدائی نقش اٹھارویں صدی عیسوی میں جارج ھیڈلے کے ھاں نظر آتے ھیں ۔ بہ قول مولوی عبد الحق (بابائے اردو) ۔

" اس نے اردو کی صرف و نحو پر ایک کتاب لکھی جس میں انگریزی ھندوستانی لغت بھی شامل ھے " ۔

ذولسانی لغات کے سلسلہ کو جے فرگوسن ، ڈنکن فوربس ، شیکسپیر ، پلیٹس ، جے ۔ بی ۔ گلکرانسٹ اور ڈاکٹر فیلن وغیرہ نے جاری رکھا اور ھندوستانیوں میں حضرت امیر خسرو ، دوسا بھائی ، سہراب جی ، عبد الواسع ھانسوی ، متھرا پرساد ، سدا سکھ لال ، انشاء اللّٰہ خاں انشاء اور خان آرزو وغیرہ نے اس میدان میں طبع آزمائی کی ۔ عبد الواسع کی "غرائب اللغات" اور خان آرزو کی "نوادر الالفاظ" معانی و مفاھیم کے تعین کے اعتبار سے اھم ھیں ۔

زندہ زبان سمندر کے مانند ھے جو ھر نئی موج کے ساتھ نہ صرف نیا مواد ساتھ لاتی ھے بلکہ اپنے ساحل کو وسیع کرتی چلی جاتی ھے لہٰذا نئے الفاظ کا مسلسل اضافہ لغت کوزیادہ کار آمد بناتا ھے ۔

مذکورہ بالا مستشرقین اور ھندوستانیوں کی ان کوششوں کے بعد اس جہت میں مدتوں سناٹا رھا ۔ اس دوران انگریزی زبان کی انتظامی اور تعلیمی ضرورت میں اضافہ ھوتا رھا ۔ دوسرے ممالک میں بھی ان زبانوں کے سرمایۂ الفاظ کا دامن وسیع سے وسیع تر ھونے لگا۔

بین الاقوامی سطح پر انگریزی کادرجہ سائنسی ، فنی اور انتظامیہ کے شعبوں میں بلند ھونے لگا ۔ انگریزی اردو لغت کی مانگ بڑھتی گئی ۔

ھندوستانی تہذیبی پس منظر میں انگریزی کے ذریعہ مفھوم کی ادائیگی کے لئے اردو الفاظ کے مترادفات ، روز مرہ محاورہ اور اسی معیار کے انگریزی کے مترادفات، الفاظ ، روز مرّہ اور محاورہ سے کامل واقفیت اور دونوں زبانوں پر قدرت لازم و ملزوم ھوگئی اور جو لغات انفرادی کوششوں سے تیار کی گئی تھیں وہ بڑی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے ناکافی ثابت ھونے لگیں ۔ اس جہت میں جم کر کام کرنے کی ضرورت تھی ۔ بیسویں صدی کی ابتداء میں ڈاکٹر عبد الحق نے اس ضرورت کو محسوس کیا اور انجمن ترقی اردو سے "انگریزی اردو" اور "اردو انگریزی" لغت کی تدوین کا بیڑا اٹھایا ۔ لغت کی تدوین کا کام مکمل کیا اور اپنے ھی

ادارہ یعنی انجمن سے دونوں لغات کو شائع بھی کروا دیا ۔ اتنے میں ملک کے حالات بدلے ۔ ضرورتیں بدلیں ۔ حسب دستور زبانوں کے سرمایۂ الفاظ میں اضافہ ہوا ۔ سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی نے زبانوں کو وسعت دی ۔ نئی نئی سائنسی اور علمی اصطلاحیں مروج ہوئیں دنیا کی بڑی بڑی زبانوں کے ساتھ اردو اور انگریزی زبان کے ذریعہ سے بھی نئے نئے علوم و فنون کی دنیا کے مختلف ممالک میں جو ترقی ہوئی اس نے انگریزی اور دوسری زبانوں کی علمی ، فنی اور سائنسی حیثیت کو اور بلند کردیا ۔ اردو پر بھی اس کے اثرات پڑے ۔ ان خوشگوار ترقیوں اور تبدیلیوں کے پیش نظر وقت اور ضرورت کا تقاضہ تھا کہ عبد الحق کی ذولسانی لغات میں ترمیم و اضافہ کا کام جاری رهتا جو انجمن ترقی اردو کی اہم ذمہ داریوں میں سےتھا مگر انجمن ترقی اردو نے کبھی اس کی طرف توجہ نہیں کی صرف اس کے کئی عکسی ایڈیشن چھاپنے پر اکتفا کیا اور زبانوں کی روز افزوں ترقی کی وجہ سے یہ لغت قاری اور مترجموں کی ضرورت کو تسلی بخش طریقہ سے پورا کرنے سے قاصر رہی ۔

مرکزی حکومت کی سرپرستی میں ترقی اردو بورڈ کے قیام کے بعد حکومت ہند اور اراکین بورڈ نے اس کمی کو شدت سے محسوس کیا اور ایک مکمل لغت کا منصوبہ تیار کرلیا۔ بڑے پیمانہ پر انگریزی اردو لغت کی تیاری کا خاکہ تیار ہوا ۔ متفقہ رائے سے اس کی ادارت کی اہم ذمہ داری پروفیسر کلیم الدین احمد کو سونپی گئی ۔ انہیں امدادی عملہ اور دیگر تمام سہولتیں فراہم کردی گئیں ۔ انہوں نے پوری لگن اور خلوص کے ساتھ اس کام کی ابتداء کی ۔ ان کی قیام گاہ بی ۔ 7 کرشنا پوری ، پٹنہ میں اس کا دفتر قائم کیا گیا ۔ 1975 میں پہلی جلد کی تکمیل کے فوراً بعد ترقی اردو بیورو کو اس لغت کی اشاعت کا کام ہاتھ میں لے لینا چاہیئے تھا مگر بد قسمتی سے اس طرف توجہ نہ کی گئی اور ایک کے بعد ایک جلد مکمل ہوتی گئی اور صرف واحد الماری کی زینت بنتی چلی گئی ۔

پانچ سال کی مقررہ مدت میں اس کی ساری جلدیں مکمل ہوگئیں اس کی اشاعت کا مسئلہ جوں کا توں رہا ۔ انگریزی اردو لغت کے دور تدوین سے دور اشاعت طویل ، انتہائی صبر آزما اور تاریخی واقعہ بن گیا ۔ اس لغت کی اشاعت کی داستان الگ سے سنائی گئی ہے ۔

لغت کی تیاری کے لئے الفاظ کا مآخذ عموماً اخبارات، ہر موضوع پر نئی نئی کتابیں اور مضامین ہوتے ہیں ۔ یہ میدان الفاظ کا مقام پیدائش ہے جہاں عصری ضرورت اور تقاضے کے مطابق نہ صرف نئے الفاظ جنم لیتے اور پھلتے پھولتے ہیں بلکہ مروج سرمایۂ الفاظ کے کچھ حصہ کو متروک کردیا جاتا ہے جس کے کئی اسباب ہیں ۔ تناسب کے اعتبار سے نئے الفاظ کی تعداد متروک الفاظ سے بہت زیادہ ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ الفاظ کا خزانہ روز بروز بڑھتا جاتا ہے ۔ ہر نئی لغت کا یہ تقاضا ہے کہ نئے الفاظ اور ان کے ممکن مشتقات اور نئی اصطلاحات کو لغت میں ضرور شامل کرے ۔ پروفیسر کلیم الدین احمد نے کئی ایسے انگریزی الفاظ اور اصطلاحات کو شامل لغت کیا ہے ۔ جن کا اندراج اس لغت کی تیاری کے زمانے کی دوسری لغات میں موجود نہیں تھا ۔ وقفہ وقفہ سے مصنفوں کے اظہار بیان کے پیرائے زماں ومکاں کے لحاظ سے بدلتے رہتے ہیں ۔ اردو زبان نے بھی عالمی سطح پر ان تبدیلیوں کو بڑی خوبی سے قبول کیا ہے ۔ ایک ہندوستانی اردو مصنف اور امریکی یا برطانوی یا عرب میں مقیم اردو مصنف کے انداز بیان اور انتخاب خیال یا مضمون میں نمایاں فرق محسوس کیا جا سکتا ہے ۔ معیاری لغت کی تدوین کے دوران لغت نویس ان فطری تبدیلیوں کو بھی سامنے رکھتا اور مستقبل کی ضرورتوں کو محسوس کرتا ہے تاکہ نئے نئے مفاہیم کے زیادہ سے زیادہ قریبی معنی و مفہوم کا اندراج لغت میں کرے ۔ اس لحاظ سے زیر بحث لغت کو ایک کامیاب قدم سمجھنا چاہیئے خصوصاً یہ لغت مترجموں ، مصنفوں ، نصابی کتابوں کے مترجموں ، سائنس دانوں ،

زباندانوں ، پیشہ وارانہ ماہروں ، رپورٹروں ، اخبار نویسوں ، شعبہٗ انتظامیہ کے کارکنوں اور صحافیوں کے لئے اندھیرے میں روشنی کا مینار ہے ۔

جامع انگریزی اردو لغت میں حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ ذیلی اندراجات کی ترتیب بھی حروف تہجّی کے مطابق کی گئ ہے ۔ لغت نویس نے قدیم اور جدید علوم کے الفاظ کااحاطہ کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے لغوی معنی کے ساتھ اس کے اصطلاحی پہلوؤں کو بھی کمال خوبی سے سمیٹ لیا ہے ۔ صفحہ 38 پر ایك لفظ ہے Accretion (n) اس کے لغوی معنی پہلے دئیے گئے ہیں ۔ یہ ایك لفظ مختلف علوم میں مختلف اصطلاحی مفہوم کا حامل ہے ۔ درج شدہ مختلف معنی و مفاہیم بہ ظاہر ایك دوسرے سے جدا معلوم ہوتے ہیں مگر بہ باطن ان کے درمیان معنوی رشتہ موجود ہے ملاحظہ ہو ۔

Accretion : (n) [L. " accretionem "] : (۱) مسلسل نمو : ہم نمائی : بروز : نشو و نما (جو عضوی زوائد کے ذریعہ ہو) ۔ (۲) نمو کا عمل بیرونی اضافہ سے ۔ (۳) خارجی مادہ یا اشیاء کا وصل جو زیادتی کا باعث ہو ' الحاق ' اضافہ (خارجی مادہ کا اصل شے میں) : وہ شے جو اضافہ ہوئی ہو : زوائد افزونی ۔ (٤) کسی ترکہ یا وراثت میں اضافہ جو ناکام شریك دار یا شریك موتی الیہ کے حصہ کو وصل کرنے سے پیدا ہو ۔ (٥) (طب) بڑھاؤ ' (معاشیات) ایزاد ' (حیاتیات) تن افزائی ' (لسانیات) الحاق ' (تاریخ و سیاسیات) اضافہ ۔

Artificial accretion (of territory) : (تاریخ وسیاسیات) ارادی اضافہ ۔

Natural accretion : (تاریخ و سیاسیات) قدرتی اضافہ (افزونی) ۔

اس لغت کی یہ نمایاں انفرادی خصوصیت ہے جو مترجموں کو تلاش وجستجو کی زحمت سے نجات دلائے گی اور کم وقت میں زیادہ مواد کا ترجمہ صحیح مفہوم کے ساتھ پیش کرنے میں پوری مدد کرے گی ۔

لفظ کے معنی ترجیحی ترتیب سے (۱) (۲) (۳) نمبروں سے ظاہر کئے گئے ہیں ۔ انہیں نمبروں کے ساتھ سیمی کولن (؛) موجود ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ نمبر کے مطابق لفظ کے معنی پورے ہوگئے ۔ انگریزی الفاظ کی قواعدی صورت ، اسم ، فعل ، متعلق فعل ، صفت ، حرف ربط وغیرہ کو انگریزی لفظ کے اندراج کے فوراً بعد قوسین میں ظاہر کردیا گیا ہے ۔ قواعد کے مشتقات کی فہرست الگ سے درج کردی گئی ہے ۔

اس لغت میں کل 84 علوم کی اصطلاحات کی شناخت دی گئی ہے مگر ایسے علوم جنھوں نے زمانہٗ قریب میں الگ شعبہ کی حیثیت اختیار کی ہے ان کو زیادہ مشہور متعلقہ علوم کے سایہ میں سمولیا ہے ۔ جیسے طب کے تحت اس سے متعلقہ شعبہ جات مثلاً :

Pharmacy
Embryology
Genetics
Pharmacology
Neurology

وغیرہ جو اپنا انفرادی وجود منواچکے ہیں ۔ ان کے متعلقہ الفاظ کے معنی اور اصطلاحات کو طب کے عنوان سے شامل کرلیا گیا ہے ۔

لغت میں اصطلاحات بہ کثرت موجود ہیں ان اصطلاحات کے اندراجات کا طریقہ کار یہ ہے کہ پہلے واحد لفظ کے لغوی معنی دیئے گئے ہیں واحد لفظ کے مرکبات ، سابقوں ، لاحقوں کے جوڑ سے حاصل ہونے والے الفاظ و اصطلاحات اسی واحد لفظ کے ذیلی اندراجات ہیں جیسے ایک واحد لفظ ہے :

(۱) عمر ؛ سن ؛ بڑھاپا وغیرہ ۔	Age : (n)
(۲) (تاریخ و ارضیات) زمانہ ؛ عہد ؛ صدی وغیرہ ۔	Age : (v)

اس کے 39 ذیلی، معنوی و اصطلاحی اندراجات ہیں جنہیں حروف تہجی کی ترتیب سے ص 99 سے 100 تک درج کیا ہے مثلاً :

تسلیم شدہ عمر ۔	Admitted age :
(تاریخ) کانسہ کا دور۔	Brass age :
(تاریخ) تانبے کا دور۔	Copper age :
(تاریخ) دور تاریک ۔	Dark age :
(تاریخ) رزمیہ دور ؛ ایپک دور۔	Epic age :
(تاریخ) سنہرا دور۔	Golden age :
(تاریخ) لوہے کا دور ۔	Iron age :
(تاریخ) دور جدید ۔	Modern age :
مقررہ عمر سے زائد ۔	Over age :
(تاریخ) ماقبل تاریخ ۔	Per - historic age :
(تاریخ) پتھر کادور۔	Stone age :
(سماجیات) عہد طفلی ؛ بچپن کا دور۔	Teen age :
مقررہ عمر سے کم عمر؛ خُرد سال ؛ نابالغ ؛ صغیر ۔	Undr age :

اس کے بعد Age کے دوسرے مرکزی اندراجات مثلاً :

(سماجیات) عمر طبقہ ۔	Age class :
(سماجیات) درجہ عمر ۔	Age grade :
(تاریخ و سیاسیات) عمر کی قید؛ (انتظامیہ) حد عمر ۔	Age limit :

کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

واحد لفظ کے بعد بالکل اسی نمونہ پر جن الفاظ کی جمع بنتی ہے تو جمع لفظ کے اندراجات تحریر کئے گئے ہیں اور پھر اصطلاحات بھی حروف تہجی کی ترتیب سے پیش کئے

گئے ہیں علمی اصطلاحات کو عام معنی کے برعکس قوسین میں دیا گیا ہے ۔ جہاں ایک ہی لفظ الگ الگ علوم میں کئی مفہوم میں مستعمل ہے تو اس کا اندراج ، "و" عطف کی مدد سے کر دیا گیا ہے ۔ ص 33 پر ایک عام لفظ ہے Account اس کی قواعدی صورت فعل کے تحت 2 مختلف علوم کی اصطلاحی معنی اور قواعدی حیثیت اسم کے تحت 4 علوم کے اصطلاحی معنی درج ہیں ۔ صرف اس ایک لفظ کے مرکزی اور ذیلی اندراجات ص 38 تک پھیلے ہوئے ہیں جس سے اس لغت کے مکمل پن کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے ۔ Account کے چند اندراجات کی مثال ملاحظہ کی جاسکتی ہے ۔

Account : (v) [' accompatare "] (۱) جاننا؛ سمجھنا؛ خیال کرنا؛ شمار کرنا؛ حساب کرنا؛ حساب لگانا؛ حساب دینا؛ حساب سمجھنا (اس روپئے کا جو امانت کے طور پر ہو) ؛ حساب لینا ؛ وضاحت کرنا ؛ شرح کرنا ۔ (۲) جوابدہ ہونا ؛ جوابدہی کرنا؛ (کسی طرزعمل کی ، ادائے قرض وغیرہ کی) ۔ (۳) توجیہ کرنا ؛ سبب بتلانا ؛ علت بتلانا ؛ سبب ہونا ۔ (٤) (شکار کی اصطلاح) نشانہ کرنا ؛ گرانا ؛ مارنا (شکارکو) ۔ (٥) اندازہ لگانا؛ تخمینہ لگانا ؛ قیمت لگانا ؛ مان لینا ؛ کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوچنا ؛ (سماجیات) ذمہ داری ؛ جوابدہی ۔

Account : (n) (۱) شمار ؛ گنتی ؛ حساب ؛ تفصیل ؛ (۲) کھاتا ؛ حساب کتاب ؛ فرد حساب ؛ گوشوارہ ؛ (کامرس) کھاتا ؛ (معاشیات) حساب ؛ کھاتا؛ (سماجیات) شمار ؛ حساب ؛ تفصیل ۔ (۳) روپیہ کے لین دین کا گوشوارہ تیار کرنا ؛ مد حساب (جس کے تحت کھاتا میں حساب درج کیا جاتا ہے) ۔ (٤) فائدہ؛ منافع ؛ بیشی ؛ کسی کے حق میں حساب کرنا ۔ (٥) اپنے اعمال کا جوابدہ ہونا (حشرکے دن) ؛ اپنے عمل کا حساب ؛ زر امانت کے جمع اور خرچ کا فرد حساب یا گوشوارہ ۔ (٦) (قانون) پروانہ عدالت یا کاروائی بخلاف اہلکار عدالت یا متولی یا امین جو حساب کتاب دینے سے انکار کرے ۔ (۷) تخمینہ ؛ اندازہ ؛ اہمیت ؛ وقعت ؛ توجہ ؛ معاوضہ ؛ اجر ۔ (۸) رپورٹ ؛ تعلق ؛ کیفیت ؛ بیان ؛ تعریف ؛ ذکر؛ چرچا ؛ روداد ؛ تفصیل ۔

بعض الفاظ کے معنی بہت مفصل ہیں اور سیاق و سباق میں مستعمل تقریبا تمام رنگوں کا احاطہ کرتے ہیں ۔

الفاظ کے لسانی ماخذ کی بھی نشاندہی قوسین [ ] کے ذریعہ کردی گئی ہے جن کے مخففات الگ سے دے دیئے گئے ہیں اور جس کا ماخذ دستیاب نہیں ہو سکا اس کے سامنے Origin unknown لکھ دیا گیا ہے ۔

انگریزی میں لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ املا کا رواج رہا ہے جیسے قدیم انگریزی یا امریکی انگریزی کا املا وغیرہ جسے یہاں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے مثلاً :

Abulia / Aboulia
Boutten / Botten
Carbeling / Carbelling
Misselery / Missilry
Molluck / Molluse. وغیرہ

لغت میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی ھے کہ انگریزی زبان کے الفاظ یا اصطلاحات کا اردو متبادل لفظ یا محاورہ دیا جائے لیکن جہاں ضرورت پڑی ھے وھاں انگریزی لفظ کے معنی تفصیل سے سمجھا دیئے گئے ھیں ۔

مسودہ کی تیاری کا دفتر پروفیسر کلیم الدین احمد کی قیام گاہ کرشنا پوری بی ۔ 7 پٹنہ کے باھر والے ایک وسیع کمرہ میں قائم کیا گیا تھا جس میں لغت منصوبہ کا متعلقہ عملہ اور کلیم الدین احمد صبح دس بجے سے شام کے پانچ بجے تک تدوین لغت کے کام میں مصروف رہتے دیوار کی دونوں جانب الماریاں اور ریک لگا دیئے گئے تھے جس میں مطالعہ کی اور حوالہ کی ساری کتابیں ، نایاب لغات دیگر سازو سامان بڑے سلیقہ سے رکھا ھوتا تھا اور مسودہ کے تیار شدہ حصے بڑی احتیاط سے الماری یا ریک میں رکھ دیئے جاتے تھے ۔

5 /اگست 1975 کو پٹنہ سے ھوکر بہنے والی گنگا ندی میں زبردست سیلاب آیا سیلاب کے شروع ھوتے ھی پروفیسرکلیم الدین احمد صاحب نے خطرے کا احساس کرتے ھوئے ریک اور الماریوں کے اندر اور اوپر کتابیں رکھی ھوئی تھیں ان میں سب سے اوپر لغت کا مسودہ رکھوا دیا اور خود گھر کی بالائی منزل پر ایک نیم تعمیر شدہ کمرے میں پناہ گزیں ھوگئے ۔ تقریباً 21 دن تک سیلاب کی یہی حالت رھی ۔ لوگوں کے گھروں کا سارا اثاثہ تباہ و برباد ھوگیا ۔ انھوں نے اپنے گھر کی ساری چیزوں ، نایاب کتابوں ، اپنی سوانح حیات کی تیسری جلد، شاد عظیم آبادی کے ھاتھ کی تحریروں وغیرہ سب پر لغت کے مسودہ کو ترجیح دی اور اس کی حفاظت کا پوراپورا انتظام کیا ۔ تین دن وہ اسی نیم تعمیر شدہ کمرہ میں بھوکے پیاسے مقیم رھے ۔ تیسرے دن ڈاکٹر ممتاز احمد اور پرنسپل کالج ڈاکٹر پی ۔ این ۔ شرما جی نے ناؤ کے ذریعہ پروفیسر کلیم الدین احمد کو ان کے آبائی مکان میں منتقل کیا ۔

ساری نایاب کتابیں سیلاب میں تباہ و برباد ھوگئیں اور انگریزی اردو لغت کے مسودہ کا کچھ حصہ سیلاب کی نذر ھوگیا جسے پروفیسر صاحب نے دوبارہ تیار کیا ۔

اس کے شائع شدہ روپ کو دیکھنے کا انھیں جو اشتیاق تھا اس کا بیان الفاظ کے ذریعہ نا ممکن ھے ۔ لغت کی تیاری کسی ایک فرد کا کارنامہ نہیں ھو سکتی ۔ اس لغت کی تیاری میں جن اصحاب نے سب ایڈیٹر ، ریسرچ آفیسر ، ریسرچ اسسٹنٹ یعنی مختلف حیثیت سے مختلف اوقات میں پروفیسرکلیم الدین احمد صاحب کی مدد کی ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ھیں :

پروفیسرعطاء الرحمان عطا کاکوری — پروفیسر ممتاز احمد — پروفیسر محمد صدیق

———— * ————

سید عبد الحامد — محمد کمال الدین ھاشمی — مصطفی کمال ھاشمی

———— * ————

رضوان احمد خاں — ممتاز احمد خاں

بشیرالدین احمد — ناصر رضا خان جلالی

کاظم حسین — شمیم احمد صدیقی وغیرہ

ابتداء میں اس لغت کو پانچ جلدوں میں تقسیم کیا گیا تھا مگر اشاعت کے مرحلہ میں یہ تقسیم بہ اعتبار ضخامت بدلنی پڑی ۔ کوشش یہ کی گئی ھے کہ کوئی بھی حرف ٹوٹ کر دو جلدوں میں نہ جائے بلکہ اس کا پورا حصہ کسی بھی ایک جلد میں ھو ۔ اور لغت کی ھر جلد کی ضخامت 1400 صفحات سے زیادہ نہ ھو ۔ جلد اول انگریزی کے حروف تہجی A–B–C پر مشتمل ھے ۔ D سے دوسری جلد شروع ھوتی ھے اندازہ ھے کہ یہ لغت چھ جلدوں پر مشتمل ھو گی جس

میں تقریباً ڈھائی لاکھ انگریزی الفاظ ، محاورات اور روز مرہ کے معنی 84 علوم کی اصطلاحات کے ساتھ دیئے گئے ہیں ۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے جس نے اتنی بڑی تعداد میں الفاظ اور اصطلاحات کے معنی اردو میں دیئے ہیں ۔

لغات کی پروف خوانی ایک نازک معاملہ ہے پوری توجہ انہماک اور احتیاط سے اس ذمہ داری کو نبھانا پڑتا ہے ۔ خصوصاً ذولسانی لغت کی پروف خوانی میں دوگنی محنت اور احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس جلد کی پروف خوانی کا کام ابتداءمیں بلجیت سنگھ مطیر، ریسرچ اسسٹنٹ نے شروع کیا تھا مگر ریٹائرمنٹ کے بعد یہ کام مسز مہ جبیں اختر ، ریسرچ اسسٹنٹ کے ذمہ آگیا ۔ اس خاتون نے جس جانفشانی محنت اور لگن سے اس کی پروف خوانی کی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے ۔ دفتر کی اور ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے انہوں نے اس کام کو سرانجام دیا اس لئے وہ بہت زیادہ شکریہ اور تعریف کی مستحق ہیں ۔

کوئی بھی انسانی کام مکمل یا حرف آخر نہیں ہوتا باوجود انتہائی احتیاط کے بھی کوئی نہ کوئی غلطی/کمی باقی رہ جاتی ہے ۔ اس لغت میں ایسی کوئی غلطی یا کمی نظر آئے تو میری دوستوں سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ وہ بلا تکلف اس کے بارے میں دفتر کو لکھیں تاکہ باقی جلدوں میں اور اس لغت کے آئندہ ایڈیشن میں تلافی کی کوشش کی جا سکے ۔

ترقئ اردو بیورو/بورڈ کے سلور جوبلی کے موقع پر ترقئ اردو بیورو کی یہ گرانقدر لغت کا تحفہ اردو دنیا کو مرکزی حکومت ہند محکمۂ تعلیم شاستری بھون، ترقئ اردو بورڈ اور ترقئ اردو بیورو کی طرف سے پیش کرتے ہوئے مجھے فخر اور انتہائی مسرت محسوس ہورہی ہے ۔

اس تحفہ کو پیش کرنے کی کوشش تقریباً پندرہ سال سے ہورہی تھی مگر اس کی طباعت کا خاطر خواہ انتظام ہندوستان کے کسی بھی پریس میں ممکن نہ ہوسکا جو اس کی اشاعت کی تاخیر کا واحد سبب بنا ۔ ایسی مجبوری و بے بسی کے عالم میں ویپ انٹرپرائزس کے مالک مسٹر پروین مہتا اور مسز انیتا مہتا نے چیلنج کے طور پر اس کام کو ہاتھ میں لیا ۔ ابتداء میں انہیں اور ہم کو غیر متوقع قسم کی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اور انہیں اردو سافٹ ویئرکی خامیاں دور کرنے کی خاطر اسے متعدد بار بدلنا پڑا مگر انہوں نے ہمت نہ ہاری ۔

مسز سوراج داورا نے اپنے پریس میں اپنے حسن انتظام سے بڑی سہولت بہم پہنچائی اور مسٹر ضیاء الدین انصاری نے پوری لگن ، جانفشانی اور مہارت سے لغت کے متن کو کمپوز کیا۔ سب کی متفقہ محنت اور خلوص کی بدولت یہ لغت ترقئ اردو بیورو کی الماری سے نکل کر دنیا کے کتب خانوں کی زینت بننے کے قابل ہوگئی ہے ۔ میں ہر ایک کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتی ہوں اور بے انتہا خوش ہوں کہ راہ ہموار کرنے کی ساری مشکلیں دور ہوگئیں ، راستے کے پتھر کھسک گئے کانٹے ختم ہوگئے باقی پانچ جلدیں تقریباً دو سال کی مدت میں شائع ہونے کی امید ہے ۔

اپنے دفتر کے عملہ کا اور دفتر سے باہر کے ان تمام حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اس لغت کی اشاعت کے سلسلہ میں مدد فرمائی ۔

فہمیدہ بیگم

12/ جون 1994

ڈائریکٹر ترقی اردوبیورو

ویسٹ بلاک I آرکے پورم

نئی دلی 110066

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

Abbreviation	Meaning
a	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev	...abbreviation, abbreviated
abstr	...abstract
ad	...adaptation of
adj	...adjective
adv	...adverb
AF (r)	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic.	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...Archaic
A.V.	...Authorised Version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N.Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt.	...Celtic
Cf.cf.	...Confer, Compare
Cl. L.Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjunction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv.	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...form of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H.G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M.Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle High German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N.O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N.S.W.	...New South Wales
N.T.	...New Testament
N.W., n.w. N. Z	...north-west,-western
N.Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscene,-ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo- Saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL., Oslav.	...Old Slavonic
OSp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
OT.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa.t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post-Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple.	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash.	...refashioned
Rom.	...Roman,1
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Turk.	...Turkish
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U.S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, west., western
WFr.	...West French
WFris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies.	...West Indies
W.S.	...West Saxion
WycL.	...Wyclif
YMCA	... Young Men's Christian Association
Yr	... Year
Yrbk	... Year book
YWCA	... Young Women's Christian Association
Zool	... Zoological , Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

English	Urdu
Acoustics	سمعیات
Administration	انتظامیہ
Aeronautics	طیرانیات
Agriculture	زراعت
Anatomy	تشریح
Anthropology	بشریات
Archaeology	اثریات
Architecture	تعمیرات
Astrology	علم النجوم
Astronomy	فلکیات
Bacteriology	جرثومات
Biology	حیاتیات
Bleaching	سفید کاری
Botany	نباتیات
Chemistry	کیمیا
Colloquial	روز مرّہ
Commerce	تجارت
Conchology	صدفیات
Crystyllography	قلمیات
Cytology	علم خلیات
Dentistry	دندان سازی
Dynamics	حرکیات
Ecclesiastical	کلیسائی
Economics	معاشیات
Education	تعلیمات
Electricity	برقیات
Engineering	انجینیئرنگ
Entomology	حشریات
Ethics	اخلاقیات
Fishery	ماھی گیری
Fortification	قلع بندی
Forestry	جنگلات
Gardening	باغبانی
Geography	جغرافیہ
Geology	ارضیات
Geometry	ھندسہ
Grammar	قواعد
Heraldry	نقابت
History	تاریخ
Horology	ساعت شناسی
Jewellery	جواھرات
Law	قانون
Linguistics	لسانیات
Logic	منطق
Mathematics	ریاضیات
Mechanics	میکانیات
Medicine	طب
Metallurgy	فلزیات
Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Meteorology	موسمیات
Military	فوج
Minerology	معدنیات
Mining	کان کنی
Music	موسیقی
Mythology	اساطیر
Natural History	تاریخ طبیعی
Nautical	بحری
Nonce- word	یك وقتی لفظ
Optics	بصریات
Ornithology	طیوریات
Palaeontology	فوسلیات
Pathology	مرضیات
Philosophy	فلسفہ
Phonetics	صوتیات
Photography	فوٹو گرافی

Physics	طبیعیات	Smelting	تصفیہ
Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	سکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho - analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphic	تلغرافی
Radiology	شعایات	Theology	دینیات
Rhetoric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانہ	Zoology	حیوانیات

A

A : انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف - (موسیقی) سرتی اور اسی کے ساتھ کا سرگم ؛ (استدلال میں) پہلا مفروضہ شخص یا چیز ؛ (جبر و مقابلہ)پہلی‌مقدار معلومہ ؛ (بحر) A 1 (اے ون) لائڈ کمپنی کے رجسٹر میں اول درجہ کا جہاز ؛ (بول چال) اعلا درجہ کا ؛ بہترین ؛ چوٹی کا ؛ بڑھیا ؛ (بحر) (Æ) (اے ای) لائڈ کےنزدیک تیسرے درجہ کا جہاز -

A/an : (a) (۱) ایک ؛ کوئی
ایک شخص مثل فلاں کے جیسے " a Daniel " -
(۲) ایک ہی ؛ وہی - (۳) فرداً فرداً ؛ فی -

A : (۱) پر - (۲) بہ جانب ؛ بہ طرف ؛ کو - (۳) میں -

A : (۱) پر ؛ میں ؛ حالت میں - (۲) نہیں ؛ بغیر - (۳) بطور لاحقہ مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے، جیسے : Diana, Magnesia, Soda, Idea

A 1 : (تجارت و معاشیات) اے ون ؛ بہترین اعلیٰ‌ترین -

A-be : دخل نہ دینا ؛ کسی کو اس کی حالت پر چھوڑ دینا ؛ رہنے دینا ؛ ہاتھ نہ ڈالنا ؛ مداخلت نہ کر نا -

A-Day : (n) (۱) فوجی حملہ کا مخصوص دن - (۲) ایٹمی بم سے دشمن کے حملہ کا ممکن وقت -

A- dead : (a) [A + Dead] مردہ ؛ بے جان ؛ مرا ہوا -

A-deep : (adv) [A + Deep] گہرائی ؛ شدت سے ؛ دل سے -

A deux : (adv) [F.] (۱) نجی طور پر - (۲) دو افراد کے درمیان -

A-dusk : (adv) [A + Dusk] تاریکی میں ؛ دھندلکے میں -

A la : [Fr. a' la] بطرز ؛ طرز پر ؛ مطابق -

A la carte : [Fr. = by the card] تناول خانوں میں مختلف کھانوں کی فہرست سے ایک یا چند کا انتخاب کرکے فرمائش کرنا -

Aal : (a) [Hindi] ایک قسم کا لال رنگ جو مشرقی ہندوستان کے ایک جنگلی پودے کی جڑ سے نکلتا ہے ؛ لال رنگ -

Aalii : (a) [Hawaiian] ایک چھوٹا درخت جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے -

Aam : (Du."aam") (۱) جرمنی اور ہالینڈمیں سیال شے ناپنےکا ایک پیمانہ جو ۳۷ سے ۴۱ گیلن تک کا ہوتا ہے - (۲) صندوقچہ -

A AR : (تجارت و معاشیات) اے - اے - آر ؛ کل جوکھم کا بیمہ Against all risk

Aard-vark : (n) [Du."aarde (earth) + "Vark" (pig)]
پانچ فٹ لمبا افریقہ کا کیڑے مکوڑے کھانے والا جانور جس کی سانپ نما زبان ، لمبے کان اور موٹی بھاری دُم ہوتی ہے - جس کو گراز موش ، گھونسخور ، زمیخوک اور مور خور بھی کہتے ہیں -

Aard-wolf : (n) [Du."aarde"(earth)+Wolf] جنوبی شمالی اور مشرقی افریقہ کا ایک گوشت خور چوپایہ ؛ زمیگرگ ؛ چرخ (لکڑبگھا) سے مشابہ جانور-

Aaronic /- al : (n) [F.the proper name] ہارون سے متعلق -

Aaronite : (n) ہارون کے پیشوا اخلاف -

Aaron's beard : (n) [Psalm 133:2] ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں دھاگے کی شکل کی ہوتی ہیں ؛ ریش ہارون -

Aaron's rod : (n) (۱) مختلف رنگ کےپودوں کا نام ؛ عصائے ہارو ن - (۲) (تعمیرات) ایک چھڑی جس کے گردلپٹے ہوئے سانپ، انگوروں کی بیل یا پتیوں کا نقش ہوتا ہے اور اس کا استعمال تعمیری آرائش کے لئے ہوتا ہے ؛ عصائے زریں -

Aasvogel : (n) [Fr."aas"(carrion)+"vogel " (bird)] افریقہ کا گدھ -

Ab : (n) [Heb.] عبرانی سال کا پانچواں مہینہ ؛ حکومت کے مقررہ سال کا گیارھواں مہینہ ؛ ملک شام کے سال کا بارھواں مہینہ ؛ اگست ۔

Ab : (prefix) [repre . L. " ab "] سابقہ بمعنی دور ؛ علاحدہ ؛ الگ (کسی چیز سے) ۔

Ab absurdo : (adv. or a) [L.] لغویت سے ۔

Ab-apical : (a) [ab+Apical] (طب) بدر راسی ۔

Ab-aptiston : (a) (طب) بدر غرقی ۔

Ab-arognosis : (a)[Ab+Arognosis] (طب) بدر وزن شناسی ۔

Ab-articular : (a) (طب) بدر مفصلی –

Ab-Blephary : (a)[Ab+Gr."blepharon"] (طب) بدر پلکی –

Ab-Blephara : (n) [Ab+Gr."blepharon"] (طب) بدر بینی –

Ab-embryonic : (a) [Ab+Embryonic] بدر جنینی –

Ab-enteric : (n) [Ab+ Enteric] بدر امعائی –

Aba : (n) مسٹر M.d' Abbadie کا ایجاد کردہ عرض البلد وغیرہ دریافت کرنے کا ایک آلہ –

Aba : (n) [Arab. "aba"] عبا ؛ بغیر آستینوں کا اوپری لباس جو اونٹ یا بکرے کے بالوں یا اون سے تیار ہوتا ھے اور عربوں میں مستعمل ھے –

Ababda : (n) [Arab. "ababida "] عربی بولنےوالی مصر کی بدوی قوم ۔

Abaca : (n)[Native name] کیلے کے مانند ایک درخت جو فلپائن جزیرہ میں پایا جاتا ھے اور جس کے دھاگے سے رسی اور کپڑا تیار ہوتا ھے –

Abacinate : (v) [L."ab+bacinus"] گرم لوھے یا کسی اور گرم دھات کو آنکھ کے سامنے رکھ کر اندھا کرنا –

Abaciscus : (n) [Gr. "abaciscos"] پچی کاری میں استعمال ہونے والی مربع نما یا مستطیل نما سل ؛ موزیک ٹائل –

Abacist : (n) [L ."abacus "] بال فریم (گنتارا) استعمال کرنے والا –

Aback : (adv) [OE "on+baec"] (۱) پیچھے ؛ پشت کی جانب ۔ (۲) (بحر) باد گرفتہ ؛ ھٹتا ھوا ؛ دبتا یا رکتا ھوا – (وہ حالت جب ھوا کے دباؤ سے بادبان مستول سےچمٹ جاتے اور جہاز کے آگے بڑھنے میں حارج ھوتے ھیں) ۔

To be taken aback (۱) (بحر) بادبان گرفتہ ھونا ۔ (۲) ششدر رہ جانا ؛ بھونچکا رہ جانا –

Abactinal : (a) [L."ab+actinal "] (۱) (حیوانیات) منھ سے دور ؛ (حیاتیات) بدر کرنی ؛ نے کرنہ ۔ (۲) اس حصے کا یا اس سے متعلق جو شعاعی جانوروں کے منھ کے مخالف ھو ۔

Abactor : (n) [L. "abigere"] مویشی چور ۔

Abaculus : (n) [L.dim of "abacus "] (تعمیرات) دیکھو Abaciscus

Abacus : (n) [L.] (۱) بال فریم ؛ ایک قسم کا چوکھٹا جس میں تار لگے ھوتے ھیں اور ان میں گولیاں ھوتی ھیں – اعداد کی دریافت سے قبل انھیں سے شمار کا کام لیتے تھے ؛ گنتارا ؛ شمارآموز ؛ تختہ شمار ۔(۲) ریت سے بھرا طشت جو زمانہٴ قدیم میں اقلیدیسی شکلیں وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا تھا – (۳) (تعمیرات) ستون کا اوپری حصہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) بھرنا ۔

Abaddon : (n) [Heb.] جہنم ؛ دوزخ ؛ ابلیس –

Abaft : (prep.) [A+bi+aeften] پیچھے ؛ پشت میں ؛ عقب میں ؛ (جہاز رانی) سکان رخ ۔

Abaiser : (n) [F."Abaisser"] (۱) (نقابت) جھکا ھوا ۔ (۲) سیاہ رنگ جو ھاتھی دانت کو جلا کر بناتے ھیں ۔

Abaisse : (a) [F."abaisser "] مصوری میں رنگ کی شوخی کو کم کر نے والا کالا رنگ –

Abalone : (n) [Sp.] ایک صدفی مچھلی ؛ ابلونا ؛ گوش صدفہ –

Abambulacral : (a) (حیاتیا ت) بدر منقالی -

Abampere : (n) [ab+ampere] برقی رو کی برق مقناطیسی اکائی جو 10 ایمپئر کے برابر ہوتی ہے اور ایک سینٹی میٹر نصف قطر کے دائرہ نما راستہ سے گذرتی ہے ؛ ایب ایمپئر -

Abandon : (v) [O Fr. " abandoner "] ترک کرنا ؛ دست بردار ہونا ؛ چھوڑنا ؛ چھوڑ دینا ؛ دغا دینا ؛ دوسرے کے حق میں دست بردار ہونا ؛ اپنے دعوا سے باز آنا ؛ دست کش ہونا ؛ حوالہ کر دینا ؛ سپرد کردینا ؛ فطری جذبے کے زیر اثر ہونا ؛ بے یارو مددگار چھوڑ دینا ؛ اوباش ہو جانا ؛ لا ابالی ہونا -

Abandon : (n) لا ابالی پن ؛ بے پروائی -

Abandoned : (a) متروک ؛ آوارہ ؛ اوباش ؛ بیباک ؛ عیاش ؛ لا ابالی ؛ مرفوع القلم ؛ بد شعار -

Abondoned child : (n) (سماجیا ت) متروک بچہ -

Abandonee : (n) (قانون) وہ شخص یا ادارہ جس کے ذمہ ٹوٹے یا ڈوبے جہاز اور اس کا مال نکالنے کا انتظام ہوتا ہے -

Abandonment : (n) ترک ؛ دست برداری ؛ کنارہ کشی ؛ اسباب کنارہ کشی ؛ حق یا دعوے سے دست برداری ؛ ترک رفاقت ؛ کس مپرسی ؛ بے چارگی ؛ (کسی طرف کا) ہو رہنا ؛ تج دینا (اپنے آپ کو) ؛ لا ابالی پن ؛ متارکہ ؛ (کامرس) دست برداری -

Abandonment clause : (n) دفعہ ترک -

Abandonment of voyage : (n) (تجارت و معاشیا ت) ترک بحری سفر -

Abandum : (a) [Med.L.] خارج کیا ہوا ؛ ممنوع قرار دیا ہوا ؛ منقطع کیا ہوا -

Abarticulation : (n)[mod.L."Abarticulatio"] وہ گرہ بندی جس سے جوڑ میں حرکت قائم رہے ؛

Abase : (v) [O Fr."abaissier"] نیچا کرنا ؛ درجہ سے نیچے اتارنا ؛ ذلیل کرنا ؛ درجہ کم کرنا ؛ حقیر کرنا -

Abased : (a) نیچے کی طرف جھکا ہوا -

Abasement : (n) تذلیل ؛ تحقیر ؛ کم قدری -

Abash : (v) [A Fr."abaiss"] شرمانا ؛ شرمندہ ہونا ؛ شرمندہ کرنا ؛ پشیمان ہونا ؛ خجل ہونا ؛ منفعل ہونا ؛ پانی پانی کرنا ؛ عرق عرق ہونا ؛ پسینہ پسینہ ہونا ؛ جھینپنا ؛ جھینپ جانا -

Abashment : (n) خجالت ؛ انفعال ؛ شرمندگی ؛ جھینپ -

Abasia : (n) [L ."a"+Gr."basis "] اعصابی نظام کی گڑبڑی کے باعث چلنے سے معذوری ؛ بدر حرکی ؛ ناخرامی ؛ تغیّف -

Abask : (adv) دھوپ کھاتے ہوئے -

Abatage : (n) دفاعی ذبح (دیگر جانوروں کی حفاظت کے لئے مریض جانوروں کا ذبح کرنا) -

Abate : (v) [O Fr."abatre"] (۱) کم ہونا ؛ دھیما کرنا ؛ ختم کرنا ؛ روکنا ؛ گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا -(۲) نرخ کم کرنا ؛ زور کم کرنا ؛ قوت گھٹانا ؛ کمزور کرنا - (۳) وضع کرنا ؛ منہا کرنا ؛ مجرا دینا - (٤) زور ٹوٹنا (سیلاب وغیرہ کا -

Abate : (v) غیر قانونی طور پر کسی متوفی کی معافی لگان جانداد پر جائز وارث کے قابض ہونے سے پہلے قبضہ کرلینا -

Abatement : (n) (۱) کمی ؛ مجرائی ؛ منہائی ؛ گھٹاؤ ؛ تخفیف ؛ کٹوتی - (۲) (طب) افاقہ ؛ (کامرس) تخفیف -

Abatement : (n) مجرمانہ داخلہ ؛ غصب -

Abatis : (n) [Late : L."abateticious "] گرائے ہوئے درختوں سے دفاعی مورچہ بندی -

Abatjour : (n) [Fr.] روشن دان ؛ تاب دان -

Abator : (n) [Late AFr.] (۱) بیہودہ کاموں کو روکنے والا- (۲) جائز وارث کے قبل کسی جانداد پر غیر قانونی طور پرقابض ہونےوالا ؛ غاصب - (۳) غصب کرنے کا حیلہ -

Abatsons : (n) [Fr."abattre+sons "] آواز نیچے پہنچانے کی ترکیب -

Abattoir : (n) [Fr.] مذبح ؛ کیل خانہ ؛ بوچڑ خانہ ؛ مسلخ -

Abature : (n) [Fr. "abatture"] جنگل جھاڑیوں میں بارہ سنگھوں کے نشانات ۔

Abaxial : (a) بے مرکز ؛ مرکز سے دور؛ خارج المحور ؛ (طبیعیات) بدر خوئی ۔

Abaxila : (a) بدر طولی ؛ محور۔

Abb : (n) [A+ web] (پارچہ بافی کا) بانا ؛ بھرنی ؛ (تانا کے ساتھ کا) دھاگا -

Abba : (n) [eccl. L.] (۱) ابا ؛ باپ ؛ پدر ؛ استمدادیہ کلمہ بطور اظہار پسرانہ محبت - (۲) شامی اورقبطی گرجاؤں کے پادریوں کا لقب -

Abbacy : (n) [Sc.] کلیسا کے صدر راہب کا عہدہ اور معیاد عہدہ -

Abbasi : (n) [Arab."Abbas"] (۱) فارس کا ایک نقرئی سکہ - (۲) فارس کا قدیم پیمانہٴ وزن۔

Abbate : (n) [eccl. L.] اطالوی صدر راہب -

Abbatial : (n) [med.L."abbatialis"] صدر راہب یا راہبہ سے یا اس کے عہدہ سےمتعلق ۔

Abbe : (n) [Fr.] وہ فرانسیسی جو کلیسائی لباس پہنتا ہو -

Abbe Helmert Criterion : (n) (شماریا ت) ایب ھلمرٹ کسوٹی -

Abbess : (a) [OFr."abbesse"] صدر راہبہ ؛ دارالراہبات کی معزز راہبہ -

Abbevillion : (a) (تاریخ و سیاسیا ت) ابویلی ؛ قدیم حجری عہد کا یا اس سے متعلق -

Abbey : (n) [L. "abbatia "] (۱) راہبوں یا راہبات کی جمیعت ؛ دیر ؛ کلیسا ؛ گرجا - (۲) (تا) ایبی ؛ منھ ؛ عیسائی خانقاہ -

Abbot : (n) [DE."abbud".] صدر راہب ؛ راہبوں کے کلیسا کا صدر ؛ تجدید مسیحیت کے بعد اکثر ایسے لوگوں کے لئے استعمال کیا جاتا تھا جنھیں کلیسا کی آمدنی دی جاتی تھی ؛ (تا) ایبٹ -

Abbreviate : (v) [L."abbreviatus"] مختصر کرنا ؛ مختصراً بولنا یا لکھنا ؛ قصر کرنا ؛ کم کرنا (کاٹ کر) -

Abbreviate : (a) قصر کردہ ؛ ایجاز کرنا ؛ مختصر ؛ تخفف -

Abbreviation : (n) تخفیف ؛ اختصار ؛ ایجاز؛ کمی ؛ (تاریخ و سیاسیا ت) مخفف -

Abbreviations : (n) مخففات -

Abbreviator : (n) (۱) مختصر کرنے والا ؛ قصر کرنے والا ۔(۲) وہ افسر جو پوپ کا ہدایت نامہ تیار کرتا ھے -

Abbreviature : (n) حالت اختصار ؛ تلخیصی صورت -

A. B. C. (n) حروف تہجی؛ ابتدائی کتاب ؛ ابتدا ؛ شروعا ت ؛ آغاز ؛ مبادیات ؛ اولیات ؛ وقت نا مہ (ریل گاڑی کا) ؛ دستورالعمل -

A B C Countries : (n) (تاریخ و سیاسیات) اے - بی - سی ممالك (ارجنٹائن ، برازیل اور چلی) -

Abd-cantesis : (n) شکمی چھید -

Abd-hysterectomy : (n) شکمی رحم براری -

Abd-hysterotomy : (n) شکمی رحم شگافی -

Abd-perinal : (a) شکمی عجانی ۔

Abd-posterior : (a) پس شکمی ۔

Abd-utertomy : (n)[Abd + Uterolomy] شکمی رحم شگافی-

Abd-vesicle : (n) شکمی مثانی -

Abderian : (a) [Gr."Abdera"] (۱) ابدیرا (Abdera) یا اس کے باشندوں سے متعلق - (۲) احمقانہ -

Abderite : (n) [Gr."Abderites"] (۱) ابدیرا کا باشندہ - (۲) بیوقوف -

Abdest : (n) [Pers.] وضو کرنا ؛ پانی سے طہارت کرنا -

Abdicate : (v) [L."abdicare"] چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ حق وراثت سے محروم ہونا یا کرنا ؛ کنارہ کش ہونا -

Abdicated : (a) چھوڑا ہوا ؛ قبضہ یا حق سے الگ کیا ہوا ؛ خود سے الگ ہونے والا ؛ وراثت سے محروم -

Abdication : (n.) [L."abdicatio -"] فرماں روائی سے دست برداری ؛ علاحدگی ؛ دست برداری ؛ ترک سلطنت ؛ بیمہ کمپنی کو حق ملکیت سپرد کرنا -

Abdicator : (n) چھوڑنے والا ؛ دست بردار ہونےوالا ؛ حق وراثت سے محروم یا محروم کرنے والا -

Abditory : (n) [med.L."abditorium"] پوشیدہ خزانہ ؛ پوشیدہ گودام ؛ چیزوں کو چھپا کر رکھنے کی جگہ -

Abdomen : (n) [L. "abdomen"] شکم ؛ پیٹ ؛ کیڑے مکوڑوں کا پچھلا حصہ -

Abdominal : (a) [med.L."abdominalis"] شکمی ؛ پیٹ کا یا اس سے متعلق -

Abdominal : (n) مچھلیوں کی وہ قسم جنکے پر نیچے ہوتے ہیں ؛ پیٹ پری -

Abdominal breathing : (n) (لسانیات) شکمی تنفس -

Abdominal cavity : (n) (لسانیات) شکمی جوف -

Abdominal obstipum : (n) انقباض شکمی -

Abdominal pores : (n) شکمی مسامات -

Abdominal reflex (n) شکمی عکسیہ -

Abdominal regions : (n) شکمی خطے -

Abdominal ring : (n) شکمی حلقے -

Abdominalia :(n)[mod.L."abdominalia"] ایک سمندری جانور جس کے چھ [٦] پاؤں بال کے گچھے کی طرح ہوتے ہیں -

Abdominally : (adv) شکمی طور پر -

Abdomino anterior : (n) پیش شکمی -

Abdominoscopy : (n) مریض شکم کی تشخیص (انگلیوں سے بجاکر، معائنہ کرکے یا ناپ کر) ؛ درون بینی -

Abdominous : (a) بڑی توند والا ؛ توندیل ؛ موٹا ؛ ڈھینڈس -

Abdominus : (a) توندیلا -

Abduce : (v) [L."abducere"] (١) اغوا کرنا ؛ لے بھاگنا ؛ بھگا لے جانا - (٢) عضو کو کھینچنا (اپنی جگہ سے) ؛ عضو کو الگ کردینا -

Abducens : (n) (١) تبعید - (٢) عصب مبعّد -

Abducent : (a) [L."abducentum"] اعصاب مبعد پھیلا نے والا ؛ کھینچنے والا ؛ مبعد ؛ دور رکھنے والا -

Abducent nerves : (n) (حیو) اعصاب مبعدہ -

Abduct : (v) [L."abductum"] دیکھو Abduct

Abduction : (n) (١) لے بھا گنا ؛ اغوا کرنا (کسی کی بیوی ، بچہ ، ووٹر وغیرہ کا) - (٢) (عضو) عضو کو باھر کھینچنا - (٣) (جراحی) زخم کے کنارے کا سکڑنا جس سے اس کا منھ کھل جا ئے - (٤) (منطق و نفسیات) قیاس احتمالی ؛ محتملہ ؛ (طب) تبعید -

Abductive : (a) قیاسی -

Abductively : (adv) قیاسی طور پر -

Abductor : (n) (١) اغوا کرنے والا ؛ مغوی ؛ بھگالے جانے والا- (٢) وہ نس یا پٹھا جو جسم کے حصہ کو اپنی جگہ سے کھینچ لیتا ہے ؛ (طب) باعد -

Abductor muscles : (n) مبعد عضلا ت -

Abeam : (adv) [A+beam] (جہاز رانی) جہاز کے

طول سے اس کے مرکز کے مخالف
زاویہ قائمہ بنانے والے خط میں ؛
جہاز کے پیندے سےزاویہ قائمہ بنانے
والے خط میں -

Abear : (v) برداشت کرنا -

Abecedarian : (a) [late L. "abecedarius"] حروف تہجی سے
متعلق ؛ حروف تہجی کے اعتبار سے
ترتیب دیا ہوا ؛ حروف وار ؛
نوآموز سے متعلق ؛ طفل مکتب ؛
عامی ؛ ابجد خواں ؛ حروف تہجی کا
معلم یا متعلم -

Abecedary : (n) [late L."abecedarius"] ابتدائی تعلیم
کی کتاب -

Abed : (adv) [A+ Bed] بستر پر ؛ پلنگ پر ؛
سوتا ہوا ؛ آرام کرتا ہوا ؛ خوابیدہ -

To bring abed : ولادت ہونا ؛ بچہ جننا -

Abeigh : (adv) تھوڑی دور پر ؛ اکیلا ؛ تنہا -

Abel mosk : (n) [Arab."habbu-l-misk"] پودوں کی ایک جنس
حب المسک -

Abel tree : (n) ایک سفید لمبا درخت -

Abele : (n) [Du."abeel"] ایک سفید لمبا درخت ؛
سفیدہ -

Abelia : (n) [NL."Abel+ia"] مشرقی ایشیا کی ایک جھاڑی
جس کےسرخ و سفید پھول ہوتے ہیں ۔

Abelian : (n) [Abel] افریقی منافقوں کا ایک فرقہ -

Abelian extension : (n) (ریاضی) ابیلی توسیع -

Abelian group : (n) (ریاضی) ابیلی گروہ -

Abel's inequality : (n) (ریاضی) ابیل کی نابرابری -

Abel's series : (n) (ریاضی) ابیل کا سلسلہ -

Abel's summability : (n) (ریاضی) ابیل کی جمع پذیری ۔

Abendmusik : (n) [G. "abend+ musik"] (۱) مذہبی یا نیم
مذہبی قسم کی موسیقی جس کا
انصرام عموماً شام کے وقت ہوتا ہے-
(۲) شام کی موسیقی -

Aberdevine : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چڑیا -

Abernethy : (n) [F. name of John Abernethy] ایک قسم کا
سخت بسکٹ جس میں زیرہ کی
خوشبو ہوتی ہے -

Aberrance : (n) [See Aberrant] بھٹک جانا ؛
گمراہی ؛ بگاڑ ؛ کج خلقی ؛ اختلال ؛
خلاف معمول ہونا ؛ کج روی -

Aberrancy : (n) دیکھو Aberrance

Aberrant : (a) [L."aberrantum"] گمراہ ؛ بھٹکا ہوا ؛
کج رو ؛ خلاف معمول ؛
عجیب الخلقت ؛ انوکھی خلقت کا ؛
طبعی ساخت سے جدا ؛ (حیاتیات) منحرف ؛
(لسانیات) انحرافی ؛ (اخلاقیات) خاطی -

Aberrant personality : (n) فاتر شخصیت ۔

Aberration : (n) [L."aberratio"] (۱) بھٹکنا ؛
مارا مارا پھرنا ؛ ذہنی انحراف ؛
کج روی ؛ کج راہی ؛ ضلالت ؛ فتور -
(۲) قاعدہ یا ضابطہ شکنی ؛ تجاوز-
(۳) نوع سے اختلاف ؛ نقص خلقی ؛
سقم ؛ تجاوز نوعی ؛ عجوبیت -
(٤) شعاعوں کا ایک مرکز پر نہ ملنا ؛
عدم ارتکاز- (۵) انحراف (اجرام فلکی کا) ؛
مغالطہ - (٦) (طبیعیا ت) فتور ؛
(ریاضی) انحراف ؛ کج روی ؛ (اخلاقیات) خطا ۔

Angle of aberration : (ریاضی) زاویہ انحراف
(کج روی) ؛ زاویہ ضلالت ۔

Annual aberration : (ریاضی) سالانہ انحراف
(کج روی) -

Chromatic aberration : (طبیعیات) رنگی فتور ؛
(ریاضی) رنگی انحراف (کج روی) ؛
لونی انحراف -

Co-efficient of aberration : (ریاضی) ضربیب انحراف
(کج روی) ؛ (طبیعیات) ضریب فتور۔

Constant of aberration : (ریاضی) انحراف کا
مستقل ؛ (طبیعیات) فتور کا
کونس ٹینٹ ؛ فتور کا ثبات -

Dioptric aberration : ماسکی کج روی ۔

Distantial aberration : فاصلی کج روی -

Diurnal aberration : (ریاضی) یومیہ انحراف (کج روی) : (طبیعیات) فتور یومی ۔

Ellipse aberration : (ریاضی) انحراف کا نقص ؛ (طبیعیات) فتورالپسی -

Error aberration : (ریاضی) انحراف سہو ؛ (طبیعیات) فتور سہو -

Lateral aberration : (ریاضی) جانبی انحراف (کج روی) ۔

Law of aberration : (ریاضی) قانون انحراف (کج روی) : (طبیعیات) فتور کا قانون -

Longitudinal aberration : طولی کج روی -

Mental aberration : دماغی کج روی ؛ دماغی خلل ؛ (فلسفہ و نفسیات) ذہنی کج روی ؛ ذہنی کجی -

Optical aberration : (ریاضی) نوری انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتورنوری -

Planetary aberration : (ریاضی) نجمی انحراف (کج روی) ؛ (طبیعیات) فتور سیاروی ۔

Spherical aberration : (ریاضی) کروی انحراف ؛ (طبیعیات) فتورکروی -

Aberration curve : (ریاضی) انحراف کا انحناء ۔

Aberration of a star : (ریاضی) ستارے کا انحراف ؛ (طبیعیات) ستارے کا فتور ؛ زیغ الکوکب -

Aberration of light : (ریاضی) روشنی کا انحرا ف ؛ (طبیعیات) نوری فتور ؛ (بصریات) ضلالت نور -

Aberrometer : (n). کج روی پیما -

Abessinal case : (n) (لسانیات) بے تغیر پذیر حالت -

Abet : (v) [OFr."abeter"] (۱) برے کام کی ترغیب دینا ؛ بہکانا- (۲) اعانت کرنا (جرم میں) ؛ مدد کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ پشت پناہی کرنا -

Abetment : (n) [AFr."abetement "] اعانت ؛ حمایت ؛ پشت پناہی ؛ پیروی ؛ ہوا خواہی ؛ طرف داری -

Abettor /-er : (n) [AFr."abettour"] (قانون) معین (ارتکاب جرم میں) : حمایتی ؛ حامی ؛ ہوا خواہ ؛ طرفدار ؛ پیرو -

Abevacuation : (n) [Ab+Evacuation] بے قاعدہ اور نا مکمل انخلاء -

Abextra : (adv) [Ab+Extra] (۱) باہر سے ؛ بیرونی جانب سے - (۲) بیرونی ؛ خارجی-

Abeyance : (n) [OFr."abeance"] (۱) التوا میں پڑجانا ؛ تعطل ؛ بحالت معطلی ؛ التوا ؛ تعلق ؛ وقفہ - (۲) قانونی غور و فکر اور توقعات -

Abhinaya : (n) [Skr.] چہرے اور ہاتھوں کی پرمعنی حرکات جو کتھا کلی رقص میں ہوتی ہیں -

Abhiseka : (n) [Skr.] تاج پوشی -

Abhor : (v) [L."abhrrere"] نفرت سے دیکھنا ؛ کراہت کرنا ؛ گھن کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا -

Abhorrence : (n) تنفر ؛ کراہت ؛ حقارت ؛ چڑ ؛ موجب کراہت ؛ (فلسفہ و نفسیات) شدید کراہت -

Abhorrent : (a) (۱) قابل نفرت ؛ نفرت انگیز ؛ گھناونا ؛ مکروہ ؛ قابل تنفر - (۲) بے جوڑ ؛ بے میل ؛ متخالف -

Abhorrer : (n) (۱) نفرت کرنے والا ؛ حقارت سے دیکھنے والا ۔(۲) (تاریخ) چارلس دوم (۱٦۷۹) کو دئے گئے سپاسنامے پر دستخط کر نے والا (جسمیں دوبارہ پارلیامنٹ بلانے کی درخواست کی گئی تھی) -

Abib : (n) [Heb.] یہودیوں کے ایک مہینے کا نام ؛ کلیسائی سال کا پہلا اور حکومت کے مقررہ سال کا ساتواں مہینہ جو بعد میں Nioam کے نام سے موسوم ہوا -

Abidance : (n) (۱) استمرار ؛ استقرار ؛ قیام ؛ جاری رہنا - (۲) بودوباش ؛ سکونت ؛ اقامت گزینی - (۳) پابندی ؛ اتباع ؛ قائم رہنا (کسی قاعدے یا وعدے پر) -

Abide : (v) [OE."abidan "] (۱) ٹھہرانا؛ توقف کرنا ؛ رہنا سہنا ؛ قیام کرنا ؛ بسنا ؛ بودوباش کرنا ؛ سکونت پذیر ہونا ؛

اقامت گزیں ہونا- (۲) جاری رھنا ؛ جاری رکھنا ؛ برقرار رکھنا یا رھنا ؛ علی حالہ رھنا یا رکھنا ؛ قائم رھنا یا رکھنا ۔(۳) ٹکا رھنا ؛ مضبوط رھنا ؛ مضبوطی سے جمنا ؛ مصر رھنا ؛ اڑے رھنا ۔ (٤) باقی رھنا ؛ بچ رھنا ؛ فاضل رھنا ؛ مستقل رھنا – (٥) انتظار کرنا ؛ راہ دیکھنا ؛ گھات یا تاک میں رھنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ برداشت کرنا ؛ جھیلنا ؛ سھنا ؛ متحمل ہونا ؛ ضبط کرنا (صرف نفی میں) ۔ (٦) ما ننا ؛ پابند رھنا ؛ صادق رھنا ؛ عمل کرنا ؛ اطاعت کرنا -

Abide by : (v) سرتسلیم خم کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ پابند رھنا ؛ صادق رھنا (کسی قول پر) ؛ عمل کرنا ؛ اطاعت کرنا ؛ عامل ہونا ۔

Abider : (n) ٹھہرنے والا ؛ توقف کرنے والا ؛ قیام پذیر ؛ سکونت پذیر ؛ اقامت گزیں ؛ قائم رھنے والا ؛ قائم رکھنےوالا ؛ عامل ؛ اطاعت گزیں ؛ باقی رھنےوالا ؛ منتظر ؛ تاک میں رھنے والا ؛ ضبط کرنے والا ۔

Abiding : (a) دائمی ؛ مستقل ؛ ھمیشہ کا ؛ دوامی ؛ پائدار ؛ دیرپا ۔

Abidingly : (adv) مستقلاً ؛ دواماً ؛ دیرپاطور پر ؛ پائدارطورپر ۔

Abience : (n) [L." abietem"] کسی محرک یا حالت سے علاحدگی ؛ (حیاتیات) پسپائی ۔

Abient : (a) علاحدگی اختیارکرنے والا ؛ (طب) مفرور ۔

Abietene : (n) [L." abietem"] سرو کی رال یا بلسان سے تقطیر شدہ ھائیڈرو کاربن ۔

Abietic : (a) سرو کا ؛ سرو سے متعلق ۔

Abietine : (n) ایک قسم کی بے اثر رال (گوند) جو Straburg کی تارپین اور کناڈا کی بلسان سے کشید کی جاتی ھے ۔

Abietite : (n) [L. " abietem"] ایک قسم کی چینی ۔

Abigail : (n) [Bible I Sam xxv 24. 31] (۱) (بیگمات کی) خواص ؛ پیش خدمت ۔(۲) Beaumont اور Fletcher کی کتاب The Scornful Lady میں ایک کردار کا نام ۔

Ability : (n) [L. "habilitas" (۱) (معاشیات) صلاحیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) اھلیت ؛ قابلیت ؛ لیاقت ۔(۲) جسمانی اور دماغی قوت ؛ قدرت ؛ اختیار ؛ دماغی مجاز ہونا (قانون) ۔ (۳) مالی حیثیت ؛ استطاعت ؛ مقدور ۔ (٤) ذھانت ؛ ھوشیاری ؛ استعداد ۔ (٥) (طبیعیات) پذیری ؛ (سماجیات) صلاحیت ؛ لیاقت ۔

Academic ability : – (فلسفہ و نفسیات) علمی قابلیت

Aesthetic ability : (فلسفہ و نفسیات) جمالیاتی قابلیت –

Artistic ability : (فلسفہ و نفسیات) فنی قابلیت ۔

Constructive ability : (فلسفہ و نفسیات) تعمیری قابلیت ۔

Deductive ability : (فلسفہ و نفسیات) استنباطی قابلیت ۔

General ability : (فلسفہ و نفسیات) معمولی قابلیت ۔

Inductive ability : (فلسفہ و نفسیات) استقرائی قابلیت ۔

Inherited ability : (سماجیات) وراثتی صلاحیت ۔

Limited ability : (فلسفہ و نفسیات) محدود قابلیت ۔

Linguistic ability : (فلسفہ و نفسیات) لسانی قابلیت ۔

Manual ability : (فلسفہ و نفسیات) ھاتھ کے کام کی قابلیت ۔

Mechanical ability : (فلسفہ و نفسیات) میکانکی قابلیت ۔

Mental ability : (فلسفہ و نفسیات) ذھنی قابلیت ۔

Musical ability : (فلسفہ و نفسیات)موسیقانہ قابلیت ۔

Native ability : (فلسفہ و نفسیات) خلقی قابلیت ۔

Numerical ability : (فلسفہ و نفسیات) شماری قابلیت ؛ حسابی قابلیت ۔

Perceptual ability : (فلسفہ و نفسیات) ادراکی قابلیت ۔

Physical ability : (فلسفہ و نفسیات) جسمانی قابلیت ۔

Potential ability : (فلسفہ و نفسیات) امکانی قابلیت ۔

Practical ability : (فلسفہ و نفسیات) عملی قابلیت ۔

Reading ability : (فلسفہ و نفسیات) قوت مطالعہ ۔

Silent reading ability : (فلسفہ و نفسیات) خاموش مطالعہ کی قابلیت ۔

Spatial ability : (فلسفہ و نفسیات) مکانی قابلیت ۔

Special ability : (فلسفہ و نفسیات) خصوصی قابلیت ۔

Specific ability : (فلسفہ و نفسیات) مخصوص قابلیت ۔

Verbal ability : (فلسفہ و نفسیات) تقریری قابلیت ۔

Ability grouping : (فلسفہ و نفسیات) گروہ بندی بلحاظ قابلیت ۔

Ability of pay : (تجارت و معاشیات) ادا کرنے کی سکت ؛ ادا کرنے کی صلاحیت ۔

Ability profile : (فلسفہ و نفسیات) نقشہ قابلیت ۔

Ability to pay : اھلیت ادائی ۔

Abinitio : (adv) [L.] (انتظامیہ) ابتدا سے ؛ شروع سے ؛ از سر نو ۔

Abinitio differentiation : (ریاضی) ابتدا سے تفرق ۔

Abio : (a-Bio) واصلہ بمعنی"بےجان" ؛ " لاحیاتی"۔

Abiogenesis : (n) [Gr."abios+genesis"] بےجان مادہ سے جاندار کا پیداھونا ؛ خود زائی ؛ لا حیاتی تولید (حیات از ممات) ۔

Abiogenetic : (a) خود زائی سے متعلق ۔

Abiogenetically : (adv) خود زائی سے ۔

Abiogenist : (n) خود زائی پر یقین رکھنے والا ؛ خود زائی کا معتقد ۔

Abiogenous : (a) خود زائیدہ ۔

Abiogeny : (n) لا حیاتی تولید ؛ خود زائی ۔

Abiological : (a) غیر جانداروں کے مطالعہ سے متعلق ؛ (طب) لاحیاتیاتی ۔

Abiology : (n) (طب) لاحیاتیات ۔

Abiotic : (a) بے جان ۔

Abirritant : (n) سکون پہنچانے والی چیز ۔

Abirritate : (v) [L. "ab+irritate"] ھیجان کم کرنا ؛ سوزش کم کرنا ۔

Abject : (a) [L. "abjectus"] (۱) حقیر ؛ ذلیل ؛ پست ؛ گرا ھوا ؛ گھٹیا ۔ (۲) ذلیل و خوار ؛ رسوا ؛ فرومایہ ۔ (۳) قابل نفرت ؛ نفرت انگیز ؛ ادنیٰ؛ سفلہ ؛ نفرا ۔

Abjection : (n) (۱) ذلت ؛ معزولی ؛ تنزل ؛ پستی ؛ زبوں حالی ۔ (۲) تذلیل ؛ تحقیر ۔

Abjudge : (v) [Ab+judge] عدالتی فیصلے کے ذریعہ لے لینا ۔

Abjudicate : (v) [L."abjudicare"] کسی بات کے خلاف فیصلہ دینا ؛ غیر قانونی قرار دینا ۔

Abjuration : (n) حلفیہ دست برداری ؛ قسم کھا کر کسی چیز کو ترک کرنا ؛ قسم یا حلف انکاری ؛ دست برداری ؛ بے دعوا ھو جانا ؛ حلفی انکار ۔

Abjure : (v) [L. "abjurare"] دست بردار ھو جانا ؛ انکاری قسم کھانا ؛ قسماً چھوڑ دینا ؛ قسم کھا کر مسترد کر دینا ؛ قسماً بے دعوا ھو جانا ؛ ھمیشہ کے لئے دست بردارھونے کے لئے قسم کھانا ۔

Abkari : (n) [Pers."ab-kari"] آبکاری ۔

Ablactation : (n) [late."ablactatio"] (۱) بچوں سے ماں کا دودھ چھڑانا ؛ دودھ بڑھائی ؛ دودھ چھڑائی ؛ فطام ۔ (۲) (باغبانی) قلم لگانا ؛ (حیاتیات) پیوند کاری ۔

Ablastemic : (a) [Gr.] عدم الجنین ؛ غیرجنین ؛ بغیر نشو و نما کا ۔

Ablation : (n) [late L." ablatio"] (۱) نکال لینا ؛ جزع ؛ قطع ؛ لے جانا ؛ (لسانیات) اخراج فاصلیت ۔ (۲) (جراحی) جسم کے کسی عضو کو علاحدہ کرنا ۔ (۳) (ارضیات) چٹانوں یا گلیشیر کی سطح کا بیکار حصہ ؛ گھلنا ؛ فرسودگی ؛ تحلیل ؛ گھسنا (چٹانوں یا برف کے ڈھیر کا پانی کے اثر سے) ۔

Ablatitiosus : (a) [L." ablatus"] گھٹنے والا ؛ کم ہونےیا کم کرنے والا ۔

Ablative : (n) [L. "ablativus"] (۱) اسم کی وہ حالت جس سے جگہ یا وقت یا سمت ظاہر کی جاتی ہے (لاطینی اور دوسری آریائی زبانوں میں مستعمل) ۔ (۲) اسم کی اخراجی حالت (جس سےفعل کے ماخذ، سبب وغیرہ یعنی"سے" کے معنی مستفاد ہوتے ہیں) ؛ (لسانیات) فاصلی ۔

Ablative absolute : (n) (لسانیات) مطلق فاصلی ۔

Ablator : (n) جراحی میں استعمال ہونے والا ایک آلہ ؛ آلۂ جراحی ۔

Ablaut : (n) [mod.G.] (۱) بنیادی حروف علت کی تبدیلی سےکسی لفظ کے معنی یا استعمال میں تبدیلی لانا (مثلاً Sing, Sang, Sung, Song) ۔ (۲) اشتقاق میں حروف علت کے قائدہ عام کے مطابق تبدیلی ۔ (۳) (لسانیات) مصوت کی مکبی یا کیفیتی تبدیلی ۔

Ablaze : (adv) [A+Blaze] (۱) دہکتا ہوا ؛ جلتا ہوا ؛ فروزاں ؛ بھڑکتاھوا ۔ (۲) چمکتے رنگوں میں ؛ رنگین ؛ بھڑکدار۔ (۳) برافروختہ ؛ مشتعل ؛ نعل درآتش ؛ بپھرا ہوا ۔

Able : (a) [L. " habilis"] (۱) قابل ؛ لائق ؛ ذکی ؛ فریس ؛ اہل ؛ قادر ؛ استطاعت والا ؛ باصلاحیت ۔ (۲) (قانون) کسی کام کو کرنے کا مجاز ۔ (۳) دماغی صلاحیت ؛ ذہنی قوت ۔ (٤) (طبیعیات) پذیر ۔

Able seaman : (n) (انتظامیہ) قابل ملاح ؛ ماہرجہازراں ۔

Ablegate : (n) [L."abligatus"] پادری کا قاصد (کسی خاص مقصد یا مشن پر) ۔

Ablet : (n) [med. L."abula"] مچھلی کی ایک قسم ۔

Ablings (ins) : (adv) [Able+ling] ممکناً ؛ امکاناً ؛ حتی الامکان ؛ حتی المقدور (اسکاٹ لینڈ اور شمالی انگلستان کی زبان میں) ۔

Abloom : (a) [A+Bloom] پھولا ہوا ؛ شگفتہ ؛ کھلا ہوا ؛ شاداب ؛ بہار پر ؛ جوبن پر؛ شگوفہ دار۔

Abluent : (a) [L."abluere"] (۱) صاف کرنے والا ؛ میل نکالنے والا ۔ (۲) مصفی ؛ تنقیہ کرنے والی (دوا) ۔

Ablush : (a) [A+Blush] شرمایا ہوا ؛ لجایا ہوا ؛ (شرم سے) لال ؛ عرق عرق ؛ تمتمایا ہوا ۔

Ablution : (n) [late "ablutio"] (۱) دھونا ؛ صاف کرنا ؛ وضو کرنا ؛ پاک کرنا ؛ بطورمذہبی رسم پاک کرنا ؛ (تاریخ) وضو ؛ برتنوں کو پاک کرنا ؛ طہارت ۔ (۲) طہارت کےلئے (یاطہارت میں) مستعمل پانی وغیرہ، خصوصاً شراب اور پانی جو عشائے ربانی کے بعد پادری کےھاتھ اور پیالے کو دھونے کےلئے استعمال کیاجاتا ھے ۔

Ably : (a) اچھے طریقہ سے ؛ اچھی طرح ؛ سلیقہ سے ؛ ڈھنگ سے ۔

Abnegate : (v) [L."abnegare"] انکارکرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ؛ نفس کشی کرنا ؛ دست کش ہونا۔

Abnegation : (n) (۱) انکار ؛ مسترد کرنا ؛ نامنظوری ؛ احتراز ؛ چھوڑنا ؛ پرھیز ۔ (۲) نفس کشی ؛ دست برداری ؛ ترک کرنا ؛ قربانی نفس ؛ ضبط نفس ؛ رو گردانی ؛ دست کشی ؛ انحراف ۔ (۳) ایثار ؛ جی مارنا (اب اکثر Self کے ساتھ آتاھے) ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) ترک ؛ تیاگ ؛ (سماجیات) نفس کشی ؛ ضبط نفس ۔

Abnodation : (n) بدرعقیدت ۔

Abnormal : (a) [L."abnormis"] (۱) غیر معمولی ؛ خلاف قاعدہ ؛ خلاف دستور ؛ خلاف عادت ؛ مستثنی ؛ شاذ ؛ غیر اعتدالی ؛ طبعی ساخت سے جدا ۔ (۲) (سماجیات، لسانیات، شماریات) خلاف معمول ؛ (حیوانیات) غیر طبعی ؛ (طبیعیات) غیر متوقع ؛ (ریاضی) غیرمعمولی ۔

Abnormal behaviour : (n) (نفسیات) خلاف معمول کردار ۔

Abnormal number : (n) (ریاضی) غیر معمولی عدد ؛ (طبیعیات) غیر متوقع نمبر (عدد) ۔

Abnormal psychology : (n) (نفسیات) نفسیات خلاف معمول

Abnormal sibilant : (n) (لسانیات) خلاف معمول سنیہ ۔

Abnormal valency : (n) خلاف معمول گرفت ۔

Abnormal vowel : (n) (لسانیات) خلاف معمول مصوتہ ۔

Abnormality : (n) (۱) غیر معمولیت خلاف معمولیت ۔ خلاف دستوری ؛ غیر اعتدالیت ۔ (۲) (شماریات و سماجیات) خلاف معمولیت ؛ (ریاضی)غیر معمولی پن ۔

Index of abnormality : (شماریات) اشاریہ خلاف معمولیت ۔

Sex abnormality : (سماجیات) جنسی خلاف معمولیت ۔

Social abnormality : (سماجیات) سماجی

Abnormity : (n) [L."abnormitas"] عجیب الخلقت ؛ عجیب الهیئت ؛ وحشت انگیز ؛ نقص ۔

Abnormous : (a) [L."abnormis] خلاف دستور ؛ خلاف معمول ؛ بدهیئت ؛ بد صورت ۔

Aboard : (adv) [A+Board] (۱) جہاز پر ؛ جہاز میں ؛ کشتی پر ۔ (۲) متصل ؛ قریب ؛ پہلو بہ پہلو ۔ (۳) پر ؛ میں ؛ اوپر ۔

To lay (a ship) aboard : جہاز بھڑانا ؛ پہلو بہ پہلو کھڑا کرنا ۔

To fall aboard : جہاز سے لڑ جانا ۔

To bring aboard : کنارے لگانا ۔

To come to aboard : (جہاز پر سے) اتارنا یا اترنا ۔

To haul the tacks aboard : سمت درست کرنا ؛ راستہ متعین کرنا ۔

Abode : (n) مستقل قیام گاہ ؛ مسکن ؛ گھر ؛ فرود گاہ ؛ جائے قیام ؛ بودوباش ؛ سکونت ؛ قیام ۔

Aboil : (a) [A+Boil] ابلتا ہوا ؛ کھولتا ہوا ؛ جوش کھاتا ہوا ۔

Abolish : (v) [L."abolescere"] ختم کرنا ؛ ردوبدل کرنا ۔ برباد کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ اٹھا دینا (رسم و رواج وغیرہ کو) ؛ کالعدم کرنا ۔

Abolishable : (a) قابل ترک ؛ بند کرنے ، اٹھا دینے یا برباد کر دینے کے قابل ۔

Abolisher : (n) موقوف کرنے والا ؛ مسدود کرنے والا ؛ ترک کرنے والا۔

Abolishment : (n) موقوفی ؛ اختتام ؛ ترک ؛ خاتمہ ۔

Abolition : (n) [L."abolitionem"] (۱) موقوفی ؛ انسداد ؛ بربادی ؛ مسدودی ۔ (۲) (انتظامیہ، فلسفہ، نفسیات) خاتمہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) تنسیخ ؛ انسداد ؛ خاتمہ ۔

Abolitionism : (n) حبشیوں کی غلامی کی مخالفت ؛ تحریک انسداد غلامی ۔

Abolitionist : (n) (۱) انسدادی ؛ حامی انسدادیت ؛ حبشیوں کی غلامی کو ختم کرنے والا ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) انسداد غلامی کا حامی ۔

Abolitionist movement : (n) (تاریخ و سیاسیات) تحریک انسداد غلامی ۔

Abolla : (n) قدیم روم کے سپاهیوں اور ادنی درجے کے لوگوں کے پہننے کا ایک اونی لبادہ ۔

Aboma : (n) جنوبی امریکہ کا ایک بڑا سانپ ۔

Abomasum /-us : (n) [mod.L." ab+omasum"] جگالی کرنے والے جانوروں کا چوتھا اور اصلی هضم کرنے والا معدہ ؛ شکم ۔

Abominable : (a) [L."abominabilis"] قابل نفرت ؛ ناگوار ؛ مکروہ ؛ کراهت آمیز ؛ نفرت انگیز ؛ قابل بد دعا ؛ انتہائی ناخوشگوار ۔

Abominable Snowman : (n) همالیہ کی بلندیوں پر رهنے والا جانور جو بھالو کی قسم سے ھے ۔

Abominate : (v) [L."abominate",-"abominari"] (۱) نفرت کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا ؛ ناپسند کرنا ؛ کراهت کرنا ۔ (۲) (مبالغہ) ناپسند کرنا ؛ قبیح سمجھنا ؛ مذموم سمجھنا ۔

Abomination : (n) [L."abominationem"] (۱) نفرت ؛ حقارت ؛ کراهت ؛ تنفر ۔ (۲) نفرت انگیز یا کراهت پیدا کرنے والا ۔ (۳) نفرت انگیز ؛ حقارت انگیز چیز۔ (٤) ذلت آمیز ؛ بد کاری ؛ ذلت آمیز بری عادت ۔

Aboon : (adj or adv or prep) [OE."Abone"] بمعنی Above (اسکاٹ لینڈ اور شمالی انگلستان میں مستعمل) ۔

Aborad : (adv) [ab+orad] دہن سے دور ۔

Aboral : (a) [L." ab+oral"] دہن سے دور کے حصہ سے متعلق ؛ (نفسیات) شرجی ؛ بدر دہن ۔

Abord : (v) [Fr.] مخاطب کرنا ؛ ٹوکنا ؛ نزدیک جانا ؛

پاس جانا ؛ کسی مقصد سے جانا ؛ با مقصد جانا ؛ سامنے ہونا ؛ کسی بڑے کام کے لئے راہ میں مخاطب کرنا یا استدعا کرنا ۔

Aboriginal : (a) [L."aborigine"] (۱) قدیم ؛ کہن ؛ کہن بود ؛ قدیم باشندہ ؛ پرانا ؛ کہن باش ؛ آدی باسی ؛ ملکی ؛ دیسی ۔ (۲) کہن آباد ؛ قدیم ترین باشندہ یا درخت یا جانور ؛ اصلی باشندے ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) اصلی ؛ پرانا ؛ قدیمی ؛ (سماجیات) آدی باسی ۔

Aborigine / Aborigen : (n) [L."aborigine"] آدی باسی ؛ کسی ملک کے قدیم ترین باشندے ۔

Aborigines : (n) کس ملک کے قدیم ترین باشندے ؛ اصلی باشندے یا جانور یا درخت ؛ (تاریخ و سیاسیات) آدی باسی ۔

Abort : (v) [L."abort","aboriri "] (۱) اسقاط حمل ہونا یا کرانا ؛ قبل از وقت ولادت ہونا ؛ رائگاں ہونا ؛ بیکار جانا ۔ (۲) نشو و نما رک جانا ؛ بانجھ رہ جانا ۔

Aborted : (a) قبل از وقت پیداشدہ ؛ نشو و نما رکا ہوا ۔

Aborticide : (طب) مہلک مسقط ؛ جنین کشی ۔

Abortient / Abortifacient : (طب) مسقط ۔

Abortion : (n) [L."abortionem"] (۱) اسقاط حمل ؛ قبل از وقت ولادت (پیدائش) ؛ نا مکمل ولادت ۔ (۲) ناقص نشو و نما ۔

Abortionist : حمل اسقاط کرانے والا ۔

Abortive : (a) [L."abortivus"] (۱) نامکمل ؛ ناقص ۔ (۲) رائگاں ؛ بیکار ۔ (۳) مسدود نمو ۔ (٤) (طب) مسقط ۔

Abortively : (a) ناقص طور سے ؛ رائگاں طورسے ؛ بے فائدہ ۔

Abortiveness : (n) انسداد نمو ؛ خامی ؛ ناکامی ؛ نیم ساختگی ؛ افسردگی ۔

Abortus : (n) ساقط ۔

Aboulia : (n) بے ارادگی ؛ فقدان ارادہ ۔

Abound : (v) [L."abundare"] لبالب ہونا ؛ ابل پڑنا ؛ چھلک جانا ؛ بافراط ہونا ؛ وافرهونا ؛ بھرپورهونا ؛ کثرت سے ہونا ۔

Abound in : مالا مال ہونا ؛ کثرت سے رکھنا ؛ بھرپور ہونا ؛ بہت ہونا ۔

Abound with : پٹا ہوا ہونا ؛ بھرا ہوا ہونا ؛ بھرا پورا ہونا ۔

About : (adv) [OE"Onbutan"] (۱) اطراف میں ؛ چاروں طرف ؛ ہرطرف ؛ تقریباً ؛ قریب قریب ؛ نزدیک ؛ آس پاس ؛ جابہ جا ۔ (۲) کسی طرف بھی ؛ نزدیک ؛ تقریباً سبھی ؛ ہر طرف سے ۔ (۳) گرد ؛ گھوم کر ؛ چاروں طرف ؛ چکر کاٹ کر ؛ گھیرے میں ؛ ہر طرف پھر کر ۔

To come about : گھومنا ؛ (وقت کا) ہونا ۔

To bring about : گھمانا ؛ کرنا ؛ باعث یا سبب ہونا ۔

Turn face about / To the right about : مخالف سمت میں ؛ رو برو ؛ الٹا ؛ متضاد ۔

The wrong way about : غلط سمت یا راستے سے ۔

About : (prep) (۱) باهر سے ؛ هرطرف سے ؛ چہار طرف سے ؛ تقریباً ؛ نزدیک ؛ تعلق ؛ سلسلہ ؛ لگاؤ ؛ وقت اور مقدار (تعداد کے لحاظ سے) ؛ نزدیک ؛ قریب ۔ (۲) گرد میں ؛ چاروں طرف سے گھوم کر ۔

About face : (n) (۱) بطور فوجی داؤ کے ؛ مخالف سمت سے مقابلہ ۔ (۲) رخ بدلنا ؛ سمت کی تبدیلی ۔ (۳) نظریہ کی تبدیلی ۔

About face : (v) مخالف سمت سے مقابلہ کرنا ۔

About sledge : (n) لوہار کا سب سے بڑا ہتھوڑا جو متبادل طریقے سے چھوٹے ہتھوڑے کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Above : (adv) [A+bufan] (۱) اوپر ؛ عمودی طور سے اوپر ؛ سر پر ؛ آسمان میں ؛ عالم بالا میں ؛ دوسری دنیا میں ۔ (۲) سبھوں سے باهر ؛ سبھوں سے زیادہ ۔ (۳) اونچا ؛ بالا تر ؛ زیادہ ؛ اوپر ۔

Over and above : مزید ؛ علاوہ ۔

Above : (prep) (۱) اوپر ؛ اونچائی پر ؛ بلندی پر ؛ (عمودی طور سے) بالا ؛ بلند ۔ (۲) زیادہ ؛ نسبتاً زیادہ ۔ (۳) بالا تر ؛ برتر ؛ اونچا ؛ فائق ؛ بڑھا ہوا ۔ (٤) علاوہ ؛ مزید برآں ۔

Above all : (adv) سبھوں سے بہتر ؛ سبھوں سے بالا تر ؛ سب سے بیشتر ۔

Above-board : (adv & adj) کھلم کھلا ؛ اعلا نیہ طور پر ؛ برملا ؛ بے کم و کاست ؛ ایماندارانہ طور پر ۔

Above ground : (a) زندہ ؛ بقید حیات ؛ جیتا جاگتا ۔

Above par : فوق مساوات ۔

Above said : (adv) مذکورہ بالا ؛ پہلے بیان کیا ہوا ۔

Abovo : (adv) (L.] شروع سے ؛ آغاز سے ۔

Abracadabra : (n) [L.] وہ جادوئی تحریر جو لکھ کر پہنی جاتی ہے اور دافع امراض تصور کی جاتی ہے ؛ جادو کے بول ؛ ٹونا ؛ لایعنی لفظ ؛ مہمل لفظ ۔

Abrachia : (n) بے بازوئی ۔

Abrachins : (n) بے بازو جنین ۔

Abrachiocephalous : (a) بے سر و بازو جنین ۔

Abrade : (v) [L."abradere"] مل کر چھڑانا ؛ کھرچنا ؛ چھیل ڈالنا ؛ رگڑ ڈالنا ؛ گھسنا ؛ مٹا دینا ؛ بھلا دینا ۔

Abraded : (a) (حیاتیات) گھسا ہوا ؛ خراشیدہ ۔

Abraham-man / Abram-man : (n) بھگل گانٹھنے والے نقلی پاگلوں کی ایک جماعت جو مذہبی گھروں کے خاتمہ کے بعد انگلستان میں بھیک مانگتی پھرتی تھی ۔

To sham abram : بیماری گھڑنا ؛ بیماری کا چھنا ؛ بیماری کا حیلہ کرنا ۔

Abranchial : (a) [Gr." a+branchia"] بے گلپھڑے کا ۔

Abranchiate : (a) (حیاتیات) بے خیشومہ ؛ دیکھو Abranchial

Abrase : (v) [L."abras-","abradere"] مٹا دینا ؛ بھلا دینا ؛ کھرچنا ؛ گھسنا ؛ چھیل ڈالنا ؛ صاف کردینا ۔

Abrasion : (n) [L."abrasionem"] (۱) رگڑ ؛ کھرچ ؛ خراش ۔ (۲) (طبیعیات و کیمیا) گھساؤ ؛ خراشیدہ ۔ (۳) (طب) جھلی پر سے گلا دینے والی دواؤں کے ذریعہ لعاب وغیرہ کا صاف کرنا ۔

Abrasion of coins : سکے کا گھساؤ ۔

Abrasive : (a & n) (کیمیا و طبیعیات) گھسنے والا ؛ خراش آور ؛ مخرش ۔

Abrasive resistance : (n) (کیمیا و طبیعیات) گھسنے والی رکاوٹ ؛ گھسنے والی مزاحمت ۔

Abrasive sand : (n) (کیمیا) گھسنے والا بالو ۔

Abrasor : (n) آلہء خراش ؛ خراشندہ ۔

Abrazite : (n) [Gr."a+brazin"] ایلومینیم اور کیلشیم کا ایک مرکب جو روم کے قریب پایا جاتا ہے ۔

Abrazitic : (a) (معدنیات) وہ شئے جو پھنکنی کے ذریعہ پگھلانے سے کھدبداتی نہیں ہے (جوش میں نہیں آتی) ۔

Abreaction : (n) (فلسفہ و نفسیات) باز آفرینی جذبہ ؛ تنطیف ؛ تنطیفی رد عمل ؛ (طب) نفسی تنقیہ ۔

Abreast : (adv & a) [A + Breast] (۱) ایک صف میں ؛ شانہ بہ شانہ ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ہم صف ؛ دوش بدوش ۔ (۲) (جہاز رانی) جہازوں کا برابر دوری پر متوازی ہونا ۔ (۳) (جہاز رانی) جہازوں کا برابر ہونا ؛ لنگر کے دستہ کے ساتھ متوازی ہونا ۔

Abrenunciation : (n) [mod. L."abrenunciationem"] دست برداری ؛ لادعوی‌نامہ ؛ ترک علائق ؛ تنسیخ ؛ منسوخی ۔

Abreuvoir : (n) [late L."abeverare","adbiberare"] (معماری) وہ خالی جگہ ؛ شگاف یا دراز جسے گارا یا سیمنٹ سے بھرا جاتا ہے ۔

Abricock /- coct /- cot : (n) خوبانی ۔

Abridge : (v) [L."abbreviare"] (۱) مدت میں کمی کرنا ؛ (انتظامیہ) ملخص کرنا ۔ (۲) الفاظ میں کمی کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ گھٹانا ؛ گنتی میں کم کرنا ؛ محدود کرنا ۔ (۳) تخفیف کرنا ؛ کاٹنا ؛ قطع کرنا ؛ کوتاہ کرنا۔ (٤) محروم کرنا ؛ روک دینا ؛ بند کر دینا ۔

Absolute frequency : (n) (شماریات) مطلق تکرار ؛ مطلق تواتر ۔

Absolute geometry : (n) (ریاضی و طبیعیات) مطلق جیومیٹری ۔

Absolute humidity : (n) (طبیعیات) مطلق نمی ؛ (کیمیا) مطلق رطوبت ۔

Absolute index of refraction : (طبیعیات) مطلق انعطاف کا اشاریہ -

Absolute invariant : (n) (طبیعیات) مطلق مقدار ثابت ؛ مطلق مقدار نامتغیر -

Absolute least residue : (n) (طبیعیات) مطلق کم ترین باقی ماندہ -

Absolute location : (n) مقررہ مقام -

Absolutely : (adv) (۱) کامل طور سے ؛ آزادانہ ؛ غیر مشروط طور سے ؛ بلا قید ؛ بذاتہ ؛ بالذات - (۲) خود مختارانہ ؛ آزادانہ - (۳) (بلا لواحقات معمولی جیسے ایك متعدی فعل کا استعمال بغیر مفعول کے) ؛ ناطق - (٤) اتماماً ؛ مجملاً (یعنی حاصل کلام) ؛ کلیتاً ؛ قطعاً ؛ مطلقاً ؛ بالکل - (٥) (نفی کے ساتھ) بالکل نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ قطعاً نہیں ؛ مطلق نہیں -

Absolutely unbiassed estimator : (شماریات) مطلق غیر طرفی تخمینہ کار -

Absolute magnitude : (n) (طبیعیات) مطلق مقدار -

Absolute majority : (n) آدھے سے زیادہ رائے دہی ؛ واضح اکثریت -

Absolute moment : (n) (شماریات) مطلق مومنٹ ؛ کسی تغیر پذیر مقدار کا بے حد خفیف طور پر کم و بیش ہونا -

Absolute monarch : (n) (تاریخ و سیاسیات) مطلق العنان حکمراں (بادشاہ) -

Absolute monarchy : (n) (تاریخ و سیاسیات) مطلق العنان بادشاہی -

Absolute motion : (n) (ریاضی و طبیعیات) مطلق حرکت -

Abridged : (a) مختصر -

Abridged clause : (n) (لسانیات) مخفف فقرہ -

Abridged edition : (n) اختصاری اشاعت -

Abridgement / Abridgment : (n) [L."abbreviare"] (۱) (انتظامیہ) کمی ؛ اختصار ؛ تخفیف ؛ خلاصہ ؛ (استعارتاً) وقت کاٹنے کا ذریعہ - (۲) تلخیص (کتاب وغیرہ کی) ؛ (لسانیات) تخفیف - (۳) (قانون) تقاضہ یا عرضی دعوا کے کسی حصہ کو چھوڑدینا -

Abroach : (adv) [A + Broach] سوراخ دار ؛ چھیدا ہوا (جس سے رقیق مادّہ باہر آ سکے) ؛ (استعارتاً) منتشر ہونے کی حالت میں ؛ حرکت میں ؛ ہلتا ہوا -

Abroad : (adv) [A + Broad] (۱) وسیع دائرہ میں ؛ وسیع سطح پر ؛ پھیلا ہوا ؛ دور دور ؛ ہرطرف ؛ سب طرف - (۲) آزاد ؛ مفصل ؛ تفصیلی ؛ علی العموم ؛ بحیثیت مجموعی - (۳) باہر ؛ غیر ملك ؛ اپنے ملك سے باہر ؛ پردیس میں - (٤) غلط سلط ؛ الٹ پلٹ ؛ اناپ شناپ ؛ کہیں کا کہیں -

Abrogate : (a) [L."abrogatus","abrogare"] منسوخ شدہ ؛ کالعدم کیا ہوا -

Abrogate : (v) منسوخ کرنا ؛ کالعدم قرار دینا (قانون وغیرہ کا) ؛ اٹھا دینا ؛ موقوف کرنا ؛ توڑ دینا (رسم و رواج، قانون وغیرہ کو) -

Abrogation : (n) [L."abrogationem"] فسخ ؛ تنسیخ ؛ ترك ؛ (تاریخ و سیاسیات) تنسیخ ؛ منسوخی -

Abrood : (adv) [A + Brood] انڈے سینے کے طور پر -

Abrupt : (a) [L."abruptus"] (۱) ایکا ایکی ؛ دفعتاً ؛ اچانك ؛بے سان و گمان ؛(لسانیات) ناگہانی ؛ فوری - (۲) ڈھالو ؛ٹھہرا نشیبی - (۳) (نباتیات) مقطوع ؛ کٹا ہوا ؛ مقصور- (٤) (ارضیات) یکایك ابھرنے والا ؛ دفعتاً نکلنے والا ؛ پھٹ سے نکلنے والا ؛ پھٹ نکلا -

Abruptio : (n) چیر کر الگ کرنا -

Abruption : (n) [L."abruptionem"] انقطاع ؛ یکایك علاحدہ ہو جانا ؛ جھڑ پڑنا (جسم کے کسی حصہ کا) -

Abruptly : (adv) یکایك ؛ دفعتاً ؛ بغیر اطلاع کے ؛ ناگہاں طور پر ؛ بے جوڑ ؛ بے ربط -

Abruptly acuminate : (n) لاتجریدی انی دار ؛ انی دار مقصور -

Abruptly pinnate : (n) لاتجریدی پر نما ؛ پر نما مقصور-

Abruptness : (n) جلدی ؛ اضطرار ؛ بے ربطی ؛ بے سان و گمان ؛ ناگہانی پن -

Abs : (prep) از ؛ سے ؛ دور -

Abscess : (n) [L."abscessus"] دنبل ؛ پھوڑا ؛ جسم کے کسی حصہ میں ریم یا پیپ کا بھر جانا-

Abscind : (v) [L."abscindere"] کاٹنا ؛ قطع کرنا ؛ الگ کرنا -

Abscissa : (n) (ریاضی) فصلہ (طول) ؛ (طبیعیات) ایب سیسا ؛ (طب) مقطوعہ ۔

Axis of Abscissa : (ریاضی) محور طول ۔

Absciss(e) : (n) [L."abscissa"] فصلہ ؛ دو علی القوائم خطوط میں سے کسی ایک پر ایک نقطہ سے عمود گرایا جائے تو نقطہ٫ تقاطع سے اس عمود کے فاصلہ کو فصلہ کہتے ہیں -

Abscission : (n) [L."abscissionem"] قطع کرنے کا عمل ؛ علاحدگی ؛ چیر پھاڑ ؛ کاٹنا ؛ کاٹ ڈالنا ؛ بزور علاحدہ کر دینا ؛ تقطیع -

Abscond : (v) [L."abscondere"] فرار ہونا ؛ بھاگنا ؛ روپوش ہونا ؛ خفیہ طور پر چل دینا -

Abscondence : (n) روپوشی ؛ فرار (قانونی مواخذے سے بچنے کے لئے) -

Absconder : (n) مفرور ؛ فراری ؛ بھگوڑا ۔

Absence : (n) [L."absentia"] غیر حاضری ؛ غیر موجودگی ؛ غیاب ؛ عدم وجود ؛ عدم ؛ فقدان ؛ کسی چیز کا نہ ہونا ؛ خلائے ذہن ؛ اسم وار حاضری ؛ پکار -

Absence of mind : دماغ کا حاضر نہ ہونا ؛ خلائے ذہن ؛ غائب دماغی -

Excused absence : (فلسفہ و نفسیات) معاف شدہ غیر حاضری -

Unexcused absence : (فلسفہ و نفسیات) غیر معاف شدہ غیر حاضری -

Absent : (a) [L."absentem"] (۱) غیر حاضر ؛ غیر موجود غائب ؛ معدوم ؛ مفقود ۔(۲) کھویا ہوا ؛ پراگندہ دماغ ؛ گم صم -

Absent : (v) غیرحاضر ہونا ؛ موجود نہ رہنا -

Absent minded : (a) کھویا ہوا ؛ گم ؛ پراگندہ دماغ ؛ (فلسفہ و نفسیات) غائب دماغ -

Absent mindedly : (adv) خیالات کی پراگندگی سے ؛ بے خیالی سے -

Absent mindedness : (n) خیالات کی پراگندگی ؛ (فلسفہ و نفسیات) غائب دماغی -

Absentation : (n) [med.L."absentationem"] غائب رہنے کا فعل -

Absentee : (n) غیر حاضر باش ؛ وہ زمیندار وغیرہ جو اپنے گھروں یا ملك سے باہر رہتے ہیں ؛ غیر حاضر ؛ غیر موجود ؛ غائب باش ؛ (فلسفہ و نفسیات) غیر حاضر -

Absentee owner : (n) غیر حاضر مالك -

Absentee rate : (n) شرح غیر حاضری ۔

Absenteeism : (n) غائب باشی ؛ غائب رہنے کی عادت ؛ (فلسفہ، نفسیات، سماجیات) غیر حاضر باشی ۔

Absenteeism rate : (n) (سماجیات) شرح غیر حاضر باشی ۔

Absenteeship : (n) دیکھو Absenteeism

Absently : (adv) بے خیالی سے ۔

Absentness : (n) عدم حضوری ؛ غیر حاضری ؛ عدم موجودگی کی حالت ۔

Absidiol : (a) محرابی ؛ محراب نما ۔

Absinth(e) : (n) [F.] (۱) افسنتین ؛ دونامروا (درخت) ؛ ناگ دانہ ۔ (۲) جوہر افسنتین ؛ افسنتینی شراب -

Absinthial : (a) افسنتینی ؛ افسنتین کا یا اس سے متعلق ؛ تلخ ۔

Absinthian : (a) افسنتینی ؛ تلخ ۔

Absinthiate : (v) افسنتین سے مملو کر دینا -

Absinthic : (a) افسنتینی -

Absinthin : (n) [L."absinthium"] افسنتین کی تلخ خاصیت ۔

Absinthine : (a) افسنتین کی خاصیت کا ؛ تلخ -

Absinthism : (n) الطیت کے طرز کی بیماری جو افسنتین کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے -

Absinthium : (n) [L.] تلخ اور خوشبو دار پودا -

Absinthole : (n) [Absinth + ole] روغن افسنتین سے تیار کیا ہوا ایک رقیق کافور -

Absit omen : (interj) (لاطینی فقرہ) خدا کرے میرے الفاظ میں کوئی فال بد نہ ہو ؛ خدا نخواستہ ؛ خدا ناکردہ ؛ میرے منہ میں خاک -

Absolute : (a) [L."absolutum","absolvere"] (۱) بالکل ؛ مطلق ؛ پورا ؛ کامل ؛ محض ؛ نرا ؛ خالص - (۲) خود مختار ؛ غیر پابند ؛ آزاد - (۳) مطلق العنان - (٤) (نحو) مطلق ؛ نحوی تعلق سے آزاد - (٥) (اضافی یا تقابلی کی ضد) مطلق ؛ (علوم ، فلسفہ و لسانیات) مطلق - (٦) بلا قید ؛ غیر مشروط - (۷) قائم بالذات ؛ قائم بالاصل ؛ واجب الوجود ؛ فرد ؛ جوہر (جو بغیر کسی اضافیت اور تعلق کے واجب الفہم ہو) - (۸) قطعی ؛ ناطق ؛ تحکمانہ -

Ablative absolute : (لسانیات) مطلق فاصلی -

The Absolute : (فلسفہ) وجود مطلق -

Absolute acceptance : (n) (تجارت و معاشیات) منظوری کامل ؛ پوری منظوری ؛ مطلق قبولیت -

Absolute adjective : (n) (لسانیات) صفت مطلق -

Absolute advantage : (n) (تجارت و معاشیات) کامل فائدہ ؛ پورا فائدہ ؛ مطلق فائدہ -

Absolute age : (n) (طبیعیات) مطلق عمر -

Absolute alcohol : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق الکوحل ؛ الکوحل مطلق -

Absolute ampere : (n) (طبیعیات) مطلق ایمپئیر-

Absolute assignment : (n) (تجارت و معاشیات) تفویض مطلق ؛ منتقلی کاملہ -

Absolute boiling-point : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق نقطہ٘ جوش ؛ مطلق نقطہ٘ ابال -

Absolute capacity : (n) (طبیعیات) مطلق گنجائش -

Absolute case : (n) (لسانیات) حالت مطلق-

Absolute co-efficient : (n) (ریاضی) مطلق ضریب -

Absolute construction : (n) (لسانیات) تعمیر مطلق ؛ تعمیر کامل -

Absolute contract : (n) (تجارت) معاہدۂ کامل ؛ قطعی معاہدہ -

Absolute convergence : (n) (ریاضی) مطلق تقارب -

Absolute darkness : (n) (طبیعیات) مطلق اندھیرا ؛ مطلق تاریکی -

Absolute density : (n) (طبیعیات) مطلق کثافت ؛ کثافت مطلق -

Absolute deviation : (n) (طبیعیات) مطلق انحراف -

Absolute differentiation : (n) (ریاضی) مطلق تفریق-

Absolute divorce : (n) (سماجیات) طلاق حتمی -

Absolute ego : (n) (نفسیات) انائے مطلق -

Absolute electrometer : (n) (طبیعیات) مطلق الیکٹرو میٹر ؛ مطلق برق پیما -

Absolute e. m. u. : (n) (طبیعیات) مطلق ای - ایم - یو - (الکٹرو میگنیٹک یونٹ) -

Absolute endorsement : (n) قطعی توثیق -

Absolute equivalent : (n) (لسانیات) معادل مطلق -

Absolute error : (n) (ریاضی) مطلق غلطی ؛ (طبیعیات) مطلق سہو -

Absolute e. s. u. : (n) مطلق الکٹرو اسٹیٹک اکائی / الکٹرو اسٹیٹک یونٹ -

Absolute ethics : (n) (فلسفہ و نفسیات) مطلق اخلاقیات -

Absolute form : (n) (لسانیات) مطلق روپ -

Absolute ohm : (n) (طبیعیات) مطلق اوم -

Absolute ownership : (n) (تجارت) کامل ملکیت -

Absolute parallax : (n) (طبیعیات) مطلق پیرالیکس ؛

مغفرت : آمرزش (گناہ سے) - (۳) اعلان نجات : معافی ؛ بخشش ؛ رحم دلی ؛ عذاب یا مذہبی سزا سے معافی -

Absolutism : (n) [mod. Fr.] (۱) (سیاسیات) مطلق العنانی ؛ استبدادی حکومت یا سلطنت ؛ شخصی حکومت ؛ خود مختار حکومت ؛ حکومت مستبدہ ؛ استبداد پسندی - (۲) (دینیات) یہ عقیدہ کہ نجات اور مکتی کے معاملہ میں خدا مالک مطلق ہے ؛ قضا و قدر کا مذہبی عقیدہ - (۳) (جمالیات) یہ عقیدہ کہ حسن ایک واقعی اور کامل شئے ہے - (٤) (سماجیات) کلیت مطلق ؛ کلیت ؛ مطلقیت ؛ (فلسفہ) مطلقیت -

Absolutist : (n) (۱) (سیاسیات) مطلق العنان حکومت کا حامی ؛ استبدادی حکومت کا حامی ؛ استبداد پسند ؛ معتقد مطلقیت - (۲) (مابعد الطبیعیات) وہ فلسفی جو معروض اور موضوع میں مکمل یکسانیت قائم رکھتا ہو ؛ اطلاقی -

Absolutistic personalism : (n) تشخصیت مطلقیہ -

Absolutive mood : (n) (لسانیات) مطلق صورت -

Absolutory : (a) [L."absolutorius"] نجات دینے والا ؛ بخشنے والا ؛ گلو خلاصی کرنے والا ؛ آزادی دینے والا ؛ مغفرت کرنے والا -

Absolve : (v) [L." absolvere"] (۱) چھٹکارا دینا ؛ بری کرنا ؛ معافی دینا ؛ بری الذمہ کرنا (جرم، گناہ یا الزام سے) ؛ بری الذمہ قرار دینا - (۲) چھوڑ دینا ؛ رہا کرنا ؛ خلاصی دینا - (۳) عفو کرنا ؛ بخشنا ؛ مغفرت کرنا - (٤) آزاد کرنا ؛ بے گناہی کا حکم سنانا -

Absolvent :(a&n)[L."absolventam"] بری کرنے والا ؛ چھڑانے والا ؛ رہا کرنے والا ؛ معافی دینے والا ؛ چھوڑنے والا ؛ آزاد کرنے والا ؛ بخشنے والا ؛ گلوخلوصی کرنے والا -

Absolvitor : (n) رہائی -

Absonant : (a) [L. "ab + sonantem"] غیر موزوں ؛ ناموافق ؛ ناساز ؛ ناگوار ؛ کرخت ؛ غیر معقول ؛ بے محل ؛ بے سر ؛ بے جوڑ -

Absorb : (v) [L."absorbere"] (۱) جذب کرنا ؛ مدغم

مطلق اختلاف منظر -

Absolute permittivity : (n) (طبیعیات) مطلق برقی سرایت -

Absolute pitch : (n) (لسانیات) مطلق درجہ -

Absolute position : (n) (لسانیات) مقام مطلق -

Absolute pressure : (n) (طبیعیات و کیمیا) مطلق دباؤ -

Absolute scale of temperature : (طبیعیات) مطلق پیمانۂ تاپ ؛ (کیمیا) مطلق پیمانۂ حرارت ؛ مطلق پیمانۂ تپش -

Absolute security : (n) (تجارت) کامل تحفظ -

Absolute superlative : (n) (لسانیات) تفضیل مطلق -

Absolute symmetry : (n) (طبیعیات) مطلق تناسب -

Absolute system of units : (طبیعیات) مطلق اکائیوں کا نظام -

Absolute temperature : (n) (طبیعیات) مطلق تاپ ؛ (کیمیا) مطلق درجۂ حرارت ؛ تپش مطلق -

Absolute temperature scale : (طبیعیات) مطلق ٹمپریچر کا پیمانہ -

Absolute term : (n) (طبیعیات) مطلق ٹرم ؛ (ریاضی) مطلق رکن -

Absolute theory of the state : (تاریخ و سیاسیات) ریاست کا نظریۂ اختیار مطلق -

Absolute time : (n) وقت مطلق -

Absolute title : (n) حق قطعی -

Absolute unit : (n) (طبیعیات و ریاضی) مطلق اکائی -

Absolute value : (n) (طبیعیات) مطلق قدر ؛ مطلق قیمت -

Absolute zero : (n) (طبیعیات و ریاضی) مطلق صفر -

Absoluteness : (n) مطلقیت ؛ کلیت ؛ مطلق العنانی ؛ بے تعلقی ؛ فردیت ؛ اطلاق -

Absolution : (n) [L."absolutionem"] (۱) چھٹکارا ؛ بریت ؛ گلو خلاصی ؛ آزادی (جرم، سزا، حکم یا ذمہ داری سے) - (۲) عفو گناہ ؛

کرنا ؛ هضم کر جانا ؛ داخل کر لینا ؛
گھل مل جانا ؛ سوکھ لینا - (۲) منهمك
کر لینا ؛ انجذاب توجه کرنا ؛ انعطاف
توجه کرلینا ؛ جلب توجه کرنا- (۳) چوس
لینا ؛ کھینچ لینا ؛ پی جانا ؛ سڑك لینا ؛
جذب کرنا - (٤) (طبیعیات و کیمیا)
جذب کرنا ؛ کیمیاوی یا سالماتی عمل کے
ذریعه جذب کرلینا ؛ کھینچ لینا ؛ تجاذب
هونا (کیمیاوی عمل سے روشنی ،
حرارت وغیره کا) -

Absorbability : (n) جذب پزیری ؛ جذب هونے کی صلاحیت ۔

Absorbable : (a) جذب پزیر ؛ انجذاب پزیر ؛ منجذب -

Absorbance : (n) [L."absorbentem"] (کیمیا) طاقت جذب ؛
جذلب -

Absorbed : (a) منهمك ؛ مشغول ؛
(تاریخ و سیاسیات) ضم شده ؛
(طبیعیات) جذب شده ؛ مجذوب ؛
(کیمیا) جذب کیا -

Absorbed dose : (n) (طبیعیات) جذب شده خوراك -

Absorbed energy : (n) (طبیعیات) جذب شده انرجی ؛
جذب شده توانائی -

Absorbed shares : (n) (تجارت و معاشیات) مدغم حصے
(حصص) -

Absorbedly : (adv) انهماکاً ؛ استغراقاً -

Absorbedness : (n) انهماك ؛ استغراق -

Absorbefacient : (a) جالب ؛ یابس ؛ جاذب ؛جذب کرنے یا
سکھانے والی چیز (زخم وغیره کو) ؛
جذب افزا ۔

Absorbency : (n) [L."absorbentem"] جذب کرلینے ،
هضم کرلینے، منهمك کرلینے وغیره کی
صلاحیت یا صفت ؛ (کیمیا) طاقت جذب ؛
مادّهٔ جذب ؛ تجاذب ۔

Absorbent : (a) [L. "absorbentem"] (۱) جذب کرنےوالا ؛
جاذب ؛ کھینچنے والا ؛ چوسنے والا ؛
(کیمیا) جاذب شئے ؛ (طبیعیات) جاذب -
(۲) وه شئے جس میں جذب کرنے کے صفات
هوں ۔(۳) درختوں اور جانوروں کی وه رگیں
جو غذا جذب کرتی هیں ؛ جاذب غذا رگ -

Absorbent cotton : (n) جاذب روئی -

Absorber : (n) کھینچنے والا ؛ مدغم کرنے والا ؛ سوکھ
لینے والا ؛ چوس لینے والا ؛ پی جانے والا ؛
جذب کرنے والا ؛ (کیمیا) جاذب ؛
(طبیعیات) جذب کار -

Absorbing : (a) هضم کرنے والا ؛ سوکھ لینے والا ؛ جذب
کرنے والا ؛ ضم کرنے والا ؛ منهمك رکھنے
والا ؛ دل آویز ؛ جالب توجه ؛ جاذب توجه -

Absorbing barrier : (n) (شماریات) جاذب رکاوٹ -

Absorbing power : (n) (طبیعیات) جذب کرنے کی طاقت ؛
(کیمیا) قوت جذب -

Absorbing state : (n) (تاریخ و سیاسیات) ضم کرنے والی
ریاست -

Absorptance : (n) (کیمیا) درجهٔ جذب ۔

Absorptiometer : (n) (کیمیا) جذب پیما -

Absorption : (n) [L."absorptionem"] (۱) هضم کرنا ؛
جذب کرنا ؛ منهمك کرنا ؛ جذب ؛ تحلیل ؛
حل ؛ (کسی چیزکا دوسری چیز میں)
گھل مل جانا ؛ گھل مل کر غائب هو جانا -
(۲) رقیق یا روشنی وغیره کا جذب
کرلینا ؛ سوکھ لینا ؛ تحلیل (ریشوں کا
طبی یا طبیعی طریقه سے تحلیل کرنا) -
(۳) جسم کی رگوں اور نسیجوں وغیره
سے سیال کا چوس لینا یا جذب کرلینا -
(٤) (حیوانیات و لسانیات) انجذاب ؛
(کیمیا) جذب ؛ (طبیعیات) جاذبیت ؛
(کامرس) ادغام ؛ (تاریخ و سیاسیات)
انضمام - (٥) انهماك ؛ مشغولیت ؛ استغراق ؛
دهن ؛ محویت - (٦) تشرب ؛تجاذب ؛
(مائعات، روشنی، غذا وغیره کا) -

Active absorption : (طبیعیات) عامل جاذبیت -

Band absorption : (طبیعیات) پٹی جاذبیت -

Column absorption : (طبیعیات) کالم جاذبیت ؛
ستون جاذبیت -

Light absorption : (طبیعیات) جاذبیت روشنی ؛
جاذبیت نور -

Physical absorption : (طبیعیات) طبع جاذبیت ؛
(کیمیا) جذب طبیعی -

Selective absorption : (کیمیا) جذب انتخابی -

Specific absorption : (کیمیا) جذب خصوصی -

Absorption band : (n) (طبیعیات) جذبی پٹی ۔

Absorption cell : (n) (کیمیا) جذب دان ؛ خلیہ جذب ؛ جذبی خانہ ۔

Absorption coefficient : (n) (کیمیا) جذبی شرح ۔

Absorption current (electric) : (n) جاذبیت رو (برقی) ۔

Absorption current : (n) جاذبیت دھارا ۔

Absorption curve : (n) (طبیعیات) جاذبیت خم ؛ جذبی انحنا ۔

Absorption discontinuity : (n) (طبیعیات) جاذبیت عدم تسلسل ۔

Absorption edge : (n) (طبیعیات) جاذبیت کنارہ ۔

Absorption factor : (n) (طبیعیات) جاذبیت جز ۔

Absorption flask : (n) (کیمیا) جذبی فلاسک ؛ جذبی صراحی ۔

Absorption limit : (n) (طبیعیات) حد جاذبیت ۔

Absorption spectrum : (n) (کیمیا) جذبی اسپکٹرم ؛ جذبی طیف ؛ (طبیعیات) جاذبیت اسپکٹرم ۔

Absorption tower : (n) جذبی مینار ۔

Absorptive : (a) [L."absorpt-","absorbere"] جذب کرنے، منہمک کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ جاذب ؛ جالب ؛ محلل ؛ (طبیعیات) جاذبی ؛ (کیمیا) جذبی ۔

Absorptive power : (n) (طبیعیات) جاذب پاور ؛ جاذب طاقت ۔ (کیمیا) جذبی طاقت ؛ جاذبیت ۔

Absorptive root : (n) (طبیعیات) جاذب جذر ۔

Absorptiveness : (n) – جذبیت ؛ قوت جذب ؛ تجاذب ؛ جاذبیت

Absorptivity : (n) (کیمیا) جذبیت ۔

Absquatulate : (v) (۱) (فوجی) ڈیرا اٹھانا ؛ کوچ کرنا ؛ پڑاؤ چھوڑنا ۔ (۲) رفوچکر ھوجانا ؛ چمپت ھو جانا ؛ غائب ھو جانا ؛ فرار ھو جانا ؛ بھاگ جانا ۔

Abstain : (v) [L."abstinere"] باز رھنا ؛ دور رھنا ؛ بچنا ؛ محترز رھنا ؛ احتراز کرنا ؛ حذر کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ پرھیز کرنا (شراب نوشی وغیرہ سے) ۔

Abstainer : (n) پرھیز کرنے والا ؛ محترز ؛ مجتنب ؛ بچنے والا ۔

Abstaining : (n & a) پرھیز کرنے والا ؛ بچنے والا ؛ محترز ؛ مجتنب ۔

Abstemious : (a) [L."abstemius"] شراب اور مرغن غذا سے پرھیز کرنے والا ؛ محتاط ؛ روکھی سوکھی غذا کھانے والا ؛ متقی ؛ پرھیز گار ۔

Abstemiously : (adv) پرھیز گارانہ ؛ محتاط طریقے سے ۔

Abstemiousness : (n) پرھیزگاری ؛ احتیاط ۔

Abstention : [L."abstent-","abstinere"] (۱) پرھیز ؛ احتیاط ؛ احتراز (لذت سے) ؛ امتناع ۔ (۲) علاحدگی ؛ اجتناب ؛ بچنا ؛ باز رھنا (ووٹ دینے سے) ۔

Absterge : (v) [L."abstergere"] صاف کرنا ؛ تنقیہ کرنا ؛ میل نکالنا ۔

Abstergent : (a) صاف کرنے والا ؛ میل نکالنے والا ؛ مصفّی ؛ تنقیہ کرنے والی (دوا) ۔

Abstersion : (n) صاف کرنے، میل نکالنے یا تنقیہ کرنے کا عمل ؛ صفائی ؛ تنقیہ ۔

Abstersive : (a) صاف کرنے یا تنقیہ کرنے کی صفت رکھنے والا ؛ مصفّی صفت ۔

Abstinence : [L."abstinentia"] پرھیزگاری ؛ اجتناب ؛ پرھیز ؛ احتراز ؛ نفس کشی ؛ زھد ؛ تقوا ؛ پارسائی ؛ (سماجیات) احتراز ۔

Total abstinence : کامل اجتناب ؛ مکمل احتراز ۔

Matrimonial abstinence : (سماجیات) ازدواجی احتراز ۔

Abstinence theory : (n) نظریہٴ اجتناب ۔

Abstinency : (n) پرھیزگاری ؛ کم خوری ؛ نفس کشی ۔

Abstinent : (a) L."abstinentem"] ؛ پرہیزگار ؛ متقی ؛ زاہد ؛ پاکباز ؛ پارسا ؛ محترز ؛ مجتنب ؛ محتاط -

Abstinently : (adv) پرہیز گاری کے ساتھ -

Abstract : (a) [L."abstractus"] مجرد ؛ الگ کیا ہوا ؛ غیر مقرون ؛ خیالی ؛ مثالی ؛ عسیر الفہم ؛ پیچیدہ ؛ مشکل ؛ (لسانیات، سماجیات، فلسفہ، نفسیات) مجرد ؛ منتزع (وہ شئے جو مادّے یا مثال یا دستور سے علاحدہ ہو) ؛ (طبیعیات) تجرید -

Abstract : (n) روح ؛ مغز ؛ خلاصہ ؛ تلخیص ؛ ملخص ؛ ماحاصل ؛ (فلسفہ، نفسیات و تجارت) خلاصہ ؛ (لسانیات) تلخیص -

Abstract : (v) (۱) نکالنا ؛ لے جانا ؛ الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ چرانا ؛ نکال لے جانا - (۲) علاحدہ کر دینا ؛ الگ کرنا - (۳) پھیرلینا ؛ ہٹا لینا ؛ ہٹانا ؛ واپس لے لینا ؛ الگ ہو جانا - (٤) تجرید کرنا ؛ مقرون کلی پر تصور یا غور کرنا ؛ منتزع کرنا - (٥) تلخیص کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ کم کرنا ؛ نچوڑنا ؛ مختصر کرنا -

Abstract book : (n) (انتظامیہ) خلاصہ کی کتاب ؛ رجسٹر گوشوارہ -

Abstract bulletin : خلاصہ نامہ -

Abstract duty : (n) (فلسفہ و نفسیات) مجرد فرض -

Abstract geometry : (n) تجریدی علم ھندسہ -

Abstract idea : (n) (سماجیات) مجرد خیال ؛ مجرد تصور -

Abstract intelligence : (n) مجرد فہم -

Abstract journal (or periodical) : (n) مجلہ٭ خلاصہ جات -

Abstract language : (n) (لسانیات) تجریدی زبان -

Abstract name : (n) (لسانیات) مجرد نام -

Abstract noun : (n) (لسانیات) اسم مجرد ؛ اسم ذات -

Abstract of teller's receipt : (تجارت) زرشمار کی رسید کا خلاصہ -

Abstract of tender : (انتظامیہ) ٹنڈر کا خلاصہ ؛ ٹنڈر گوشوارہ -

Abstract of title : فرد حقیقت -

Abstract of way bill : (تجارت) مال اور مسافروں کی فہرست کا خلاصہ -

Abstract reasoning : (n) مجرد استدلال -

Abstract term : (n) (لسانیات) مجرد اصطلاح -

Abstract theory : (n) مجرد نظریہ -

Abstract thinking : (n) مجرد تفکر -

Abstracted : (a) (۱) نکالا ہوا ؛ جدا ؛ الگ کیا ہوا - (۲) غیر متوجہ ؛ کسی اور خیا ل میں ڈوبا ہوا ؛ محو ؛ منہمک ؛ مستغرق -

Abstractedly : (adv) انتزاعاً ؛ مجرداً ؛ منفرداً ؛ انہماك میں ، ذہنی یا تصوری طریقہ پر -

Abstractedness : (n) استغراق ؛ انہماك ؛ توجہ کا بٹا ہوا ہونا ؛ محویت -

Abstracting service : (n) تلخیص خدمت -

Abstractio imaginations : (n) تجرید تخیّلی -

Abstractio intellectus : (n) تجرید عقلی -

Abstraction : (n) [L."abstroctionem"] (۱) نکالنے ، لے جانے، الگ کرنے، چرانے، واپس لینے، ہٹا لینے، تلخیص کرنے وغیرہ کا عمل ؛ تجرید ؛ انتزاع - (۲) تقطیر ؛ مسلسل کشید کرنا - (۳) تصور مجرد ؛ تصور منتزع - (٤) خیالی ؛ تصوری ؛ مثالی ؛ ہوائی محل ؛ قیاس آرائی - (٥) علاحدگی ؛ غفلت ؛ کنارہ کشی (دنیوی معاملات سے) ؛ علائق دنیوی سے علاحدگی ؛ گم خیالی ؛ غائب دماغی - (٦) استغراق ؛ انہماك ؛ خالی الذہن ہونا ؛ غفلت ؛ بے خبری ؛ محویت - (۷) علاحدگی ؛ جدائی ؛ ہٹانا ؛ الگ کرنا - (۸) چوری ؛ سرقہ ؛ (سماجیات، لسانیات، فلسفہ و نفسیات) تجرید-

Abstraction monger : (n) تجرید فروش -

Abstractionism : (n) تجریدی فن کے اصول ؛ خیال بافی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تجریدیت -

Abstractionist : (n) تجریدی فن کار ؛ خیال باف ؛ تجریدی فن کا حامی -

Abstractive : (a) [L."abstractivus"] علاحدہ کرنے، منہمك

کرنے وغیرہ کا رجحان رکھنے والا -

Abstractly : (adv) مجرداً : مطلقاً : از خود : علاحدہ طور پر -

Abstractor : (n) خلاصہ کرنے والا : (انتظامیہ) ملخص یا خلاصہ نویس : گوشوارہ نویس -

Abstracts : (n) (لسانیات) تلخیصیں -

Abstractum : (n) [L.] مجرد -

Abstriction : (n) (حیاتیات) انقراض -

Abstruse : (a) [L."abstrusus","abstrudere"] دقیق : مشکل : عسیر الفہم : پیچیدہ : کٹھن : غامض : (فلسفہ و نفسیات) دقیق : مبہم -

Abstrusely : (adv) اشکال کے ساتھ : غامضانہ : پیچیدگی کے ساتھ -

Abstruseness : (n) غامضیت : دقت : پیچیدگی : باریکی : اشکال -

Absurd : (a) [L."absurdus"] مہمل : فضول : بے معنی : لغو : بے سر و پا : خلاف عقل : غیر موزوں : بے تکا : بے جوڑ : بعید از قیاس : غیر معقول : بیہودہ : لچر -

Absurdity : (n) [L."absurditatum"] لغویت : بے سر و پائی : نا معقولیت : بے وقوفی: ابلہی: بے تکا : (فلسفہ و نفسیات) مہملیت : اہمال -

Absurdities test : (n) آزمائش لغویات -

Absurdly : (adv) ابلہانہ : بے تکے پن سے : بے سر و پا طریقہ پر : بیوقوفی سے -

Absurdum : (n) [L.] مہمل یا غیر منطقی نتیجہ یا حالت -

Abterminal : (n & a) بدر سری : بے سرا -

Abulia / Aboulia : (n) [NL. a + bulia] قوت ارادی کا فقدان : بے ارادگی : فقدان ارادہ -

Abulomania : (n) [NL. abulo + mania] ایک دماغی عارضہ جس سے قوت ارادی مفقود ہو جاتی ہے : (طب) فتور قوت ارادی -

Abumbral : (a) " Abumbrellar " کا مخفف -

Abumbrellar : (a) [L. ab + Umbrella] چتر دار -

Abuna : (n) ایبیسینیا کے کلیسا کا بطریق -

Abundance : (n) [L."abundantia"] (۱) کثرت : زیادتی : افراط : بہتات : وفور : فراوانی - (۲) شدت : ابل پڑنا (جذبات کا) - (۳) ہجوم : انبوہ : مجمع : ریل پیل : ازدحام - (٤) دولت : مال : ثروت -

Abundance ratio : (n) وفوری تناسب -

Abundant : (a) [L."abundantum"] کثیر : زیادہ : وافر : بہت -

Abundantly : (adv) افراط سے : کثرت سے : بہتات سے -

Abusage : (n) زبان کا غلط استعمال -

Abuse : (v) [L."abusus"] (۱) غلط استعمال کرنا : بے جا فائدہ اٹھانا : بے جا استفادہ کرنا - (۲) (متروک) دھوکا دینا : فریب دینا - (۳) ناجائز برتاؤ کرنا - (٤) تہمت دھرنا : برا بھلا کہنا : آبرو اتار لینا : عزت لینا : گالی دینا : بے آبرو کرنا -

Abuse : (n) [L."abusus"] (۱) ناجائز انتفاع : غلط استعمال : بے جاصرف : افراط و تفریط (افراتفری) - (۲) بری ریت : برا دستور : برا رواج : خرابی : ناجائز استعمال : بے جا فائدہ : (تاریخ و سیاسیات) غلط استعمال : بے جا استعمال : نا جائز استعمال - (۳) گالی : دشنام ' آبرو ریزی : سخت کلامی : ضرر رساں کلام -

Abuse of flag : (تاریخ و سیاسیات) جھنڈے کا ناجائز استعمال -

Abuse of flag of Truce : پرچم صلح کا بیجا استعمال -

Abuse of power : اقتدار کا بیجا استعمال -

Abuse of process : عدالتی کارروائی کا بیجا استعمال -

Abuse of rights : (تاریخ و سیاسیات) حقوق کا ناجائز استعمال -

Abuse of trust : (تاریخ و سیاسیات) اعتماد کا ناجائز استعمال : دغا -

Abusive : (a) [L."abusivus"] آبرو ریز : ہتک آمیز :

نا مہذب ؛ بے لگام ؛ سخت کلام -

Abusively : (adv) غلط طریقہ پر ؛ ہتك آمیز طریقے سے ۔

Abusiveness : (n) آبرو ریزی ؛ دشنام دھی ؛ بدلگامی ؛ بدکلامی ؛ ہتك آمیزی -

Abustle : (a) [A + Bustle] زیادہ سرگرم ۔

Abut : (v) [OFr."abouter","abuter"] (۱) چھونا ؛ متصل ہونا ؛ ملا ہوا ہونا ؛ سرے پر ہونا ؛ ہم سرحد ہونا ؛ ہم سایہ ہونا - (۲) کسی چیز پر ختم ہونا ؛ جا ملنا ۔ (۳) سہارے پر ہونا ؛ ٹکا ہوا ہونا (کسی چیز پر ، عمارتوں کے لئے) - (٤) کسی چیز کا متصل کرنا ؛ سرے پر لانا -

Abutili : (adv) [L.] فائدے سے ۔

Abutilon : (n) [Arab] پودے کی ایك جنس ؛ جنس خطمی ؛ خطمی صحرائی ۔

Abutment : (n) (۱) نقطہ٘ اتصال ؛ جہاں سہارا دینے اور لینے والی چیزیں ملیں ؛ جوڑ - (۲) اڑواڑ ؛ قینچی (سہارا جو پہلو کی طرف سے دیا جائے یا جس پر کوئی محراب یا پل قائم ہو) - (۳) دھنی ؛ پایہ ؛ ستون ؛ سہارا - (٤) (تعمیرات، تاریخ و سیاسیات) پایہ ؛ پشتی ؛ اڑواڑ ؛ (طب) سہارا -

Abuttal : (n) (۱) نقطہ٘ اتصال ؛ اڑواڑ ؛ قینچی ؛ دھنی ؛ پایہ ؛ ستون - (۲) وہ حصہ جس میں زمین ہمسایہ زمینوں سے ملتی ہے ۔

Abuttal consonant : (n) (لسانیات) متصل مصمتہ -

Abutter : (n) (قانون) ہمسایہ ؛ وہ شخص جو متصل یا محاذی جائداد کا مالك ہو ؛ شفیع (جس کو حق شفعہ پہنچتا ہو) ۔

Abutting : (a) چھوتا ہوا ؛ متصل ۔

Abuzz : (a) [A + Buzz] بھنبھنانے والا -

Abwab : (n) [Hindi."abwab"] مختلف قسم کے محصولات ؛ ابواب -

Aby / Abye : (v) [A + Buy] روپیہ دیکر چھڑانا ؛ فك رہن کرنا ؛ ہرجانہ یا جرمانہ ادا کرنا ؛ ڈانڈ بھرنا -

Abysm : (n) [L."abyssus"] (۱) بے پایاں ؛ تحت الثریٰ ؛ پاتال ؛ عالم اسفل ۔ (۲) قعر ؛ غار ؛ عمق ؛ اتھاہ گھاٹی یا کھڈ ؛ قعر بحر ۔(۳) زیر زمین پانی کا حوض ؛ زیرزمین ذخیرہ٘ آب ۔ (٤) جہنم ؛ دوزخ -

Abysmal : (a) عمیق ؛ اتھاہ ؛ بے پایاں ؛ قعری ؛ بغاکی ۔

Abysmally : (adv) اتھاہ طور سے ؛ بے پایاں طورپر -

Abyss : (n) [L."abyssus", Gr."abyssos"] (۱) انتہائی گہرا ؛ اولین ھیولا ؛ زمین کا اندرونی غار ؛ غار جہنم ۔(۲) اتھاہ خلیج ؛ ناقابل پیمائش غار یاخلا - (۳) اس ڈھال کا مرکز جس پر ھتھیاروں کی تصویریں ھوتی ھیں ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) پاتال ؛ تحت الثریٰ -

Abyssal : (a) [L."abyssus"] ناقابل پیمائش ؛ اتھاہ ؛ بلیوں گہرا ؛ بے اندازہ گہرا ؛ اسفلی -

Abyssal deposit : (n) اسفلی مطروحات ؛ (جغرافیہ) قعری انداخت -

Abyssal plane : (n) اسفلی میدان -

Abyssal rock : (n) اسفلی چٹان ۔

Abyssal zone : (n) قعربحر (جو سطح سمندر سے ۳۰۰ بلیوں نیچے ھو) -

Ac - : (prefix) سابقہ ، جو Qu, K, C, سے شروع ہونے والے الفاظ کے پہلے آتا ھے -

-ac. : (suffix) لاحقہ ، جو صفات بنانے کے لئے لگایا جاتا ھے -

Acacia : (n) [Gr."acacia"] (۱) ببول ؛ کیکر ۔ (۲) نقلی ببول ؛ اقاقیہ ۔ (۳) صمغ عربی ؛ عربی گوند ۔(٤) ببول اورچھوٹی موٹی قسم کے پودوں کے خام پھلوں سے نکالا ہوا گاڑھا عرق - (۵) (طب) اقاقیہ -

Acaci mucilage : (طب) محلول اقاقیہ -

Acacine : (n) خالص عربی گوند ؛ کیکر کا گوند -

Academe : (n) [L."Academia"] یہ لفظ بیشتر شاعری میں استعمال ھوا ھے ؛ دیکھو Academy

Academia : (n) [N L.] تعلیمی زندگی اور اس کی دلچسپیاں ؛ تعلیمی ماحول -

Academic : (a) [med.L."academicus"] (۱) دبستان افلاطون یا فلسفۂ افلاطون سے متعلق ؛ تشکیکی ؛ مشکک - (۲) متعلق بہ کلیہ یا جامعہ، کالج یا یونیورسٹی ؛ کالج کا ؛ مدرسہ کا ؛ کلیہ کا ؛ جامعہ کا ؛ عالمانہ ؛ فاضلانہ ؛ ادیبانہ ۔ (۳) کسی علمی جماعت کا (رکن) ؛ انجمن علمی یا انجمن فنون کا (رکن) - (٤) غیر عملی ؛ غیر فیصلہ کن ؛ کسی قطعی فیصلہ پر نہ پہنچنے والا ؛ کسی علمی یا فنی مجلس کے رکن سے متعلق -

Academic : (n) (۱) (فلسفہ و نفسیات) علمی ؛ تعلیمی (اعلا تعلیم سے متعلق) ؛ (انتظامیہ) علمی ۔ (۲) فلسفۂ افلاطون کا پیرو ؛ افلاطونی ۔ (۳) جامعہ (کالج یا یونیورسٹی) کا رکن - (٤) جامعہ کا لباس ؛ لباس کلیہ ؛ کلیہ کی وردی (جمع میں) -

Academic costume : (n) (فلسفہ و نفسیات) قبائے فضلیت ۔

Academic council : (n) (انتظامیہ) علمی مجلس -

Academic freedom : (n) (۱) خوف مزاحمت و انتقامی عمل کے تغیر صداقت یا صداقت کے مشابہ شخصی عقیدے کا درس دینے کی (مثلاً استاد کی) آزادی - (۲) خوف مزاحمت و انتقامی عمل کے بغیر کسی شعبۂ فکر میں چھان بین کرنے اورتعلیم حاصل کرنے کی (مثلاً طلبا کی) آزادی -

Academic qualification : (n) (انتظامیہ) علمی لیاقت -

Academic robe : (n) (فلسفہ و نفسیات) قبائے علم ؛ قبائے فضلیت ۔

Academic tenure : (n) (فلسفہ و نفسیات) تعلیمی مدت ۔

Academic year : (n) (فلسفہ ، نفسیات و انتظامیہ) تعلیمی سال -

Academical : (a) متعلق بہ کلیہ یا جامعہ (کالج یا یونیورسٹی سے متعلق) ؛ درسی ؛ علمی ؛ (فلسفہ) افلاطونی ۔

Academical : (n) کلیہ کی وردی ؛ جامعہ کا لباس ؛ لباس کلیہ -

Academically : (adv) افلاطونی انداز میں ؛ تشکیکی طور پر ؛ کسی علمی مجلس کی نسبت سے ۔

Academicals : (n) [pl.] دیکھو Academic Costume

Academician : (n) [L."academicus"] ایسی علمی مجلس یا سوسائٹی کا رکن جو علوم و فنون کی ترقی کے لئے ہو ؛ رکن مجلس علمی -

Academicism : (n) اکادمی کا ممبر ؛ کسی فنی یا فلسفیانہ روایت کا پیرو یا اس کے خیالات کا حامی -

Academist : (n) دیکھو Academic

Academy : (n) [L."academia", Gr."academia"] (۱) ایتھنز کے قریب ایک باغ جہاں افلاطون درس دیا کرتا تھا ؛ اکادمی ۔ (۲) اصول افلاطون یا دبستان افلاطون - (۳) علوم و فنون کے مطالعہ کا ادارہ یا مؤسسہ مثلا جامعہ ؛ عام اسکول اور کالج کے بین بین درجہ کا دعوا رکھنے والا ایک اسکول (مؤسسہ) - (٤) تربیت گاہ ؛ درس گاہ - (٥) ادبیات، علوم و فنون کی ترقی کا ایک ادارہ - (٦) کسی خاص فن کی درس گاہ یا تربیت گاہ - (٧) (تاریخ و سیاسیات، فلسفہ و نفسیات) اکادمی ؛ (انتظامیہ) دانش گاہ ۔

Military academy : (فلسفہ و نفسیات) فوجی اکادمی ۔

National academy : (فلسفہ و نفسیات) قومی اکادمی ۔

Academy of fine arts : (فلسفہ و نفسیات) آرٹ اکادمی ؛ فنون لطیفہ کی اکادمی ۔

Acadialite : (n) [ACADIE + LITE] سرخی مائل ایک معدنی شئے ۔

Acadian : (a) اسکوشیا کا باشندہ ؛ اکادمی ۔

Acajou : (n) [Fr."Cashew"] کاجو؛ مہاگنی کے درخت سے نکلی ہوئی ایک دوا ؛ بھلانواں -

-acal : (suffix) ایک توصیفی لاحقہ -

Acalepha : (n) [Gr."acalephe"] (حیوانیات) ایک قسم کا ڈنک مارنے اور شعاع دینے والا سمندری جانور ؛ ایک قسم کی مچھلی ؛ نجم البحر ۔

Acalycine : (a) [Gr." a+calyx"] (نباتیات) بغیر کٹوری کا پھول ؛ بغیر مسند (گل) کا ۔

Acalyculate : (a) [Gr."a"+ L."calycular "] بغیر زیر مسند یا اضافی مسند (گل) کا ۔

Acalypha : (n) [L.] جھاڑیوں کی ایک قسم جو گرم ممالک میں پائی جاتی ہے ؛ (نباتیات) کوکلی -

Acana : (n) [Sp.] جزائر غرب الهند کا ایک درخت جس کی لکڑی قیمتی ہوتی ہے -

Acanth : (n) [Fr."acanthe"] (۱) خاردار پودوں کی ایک جنس ؛ طابقته الشوك ؛ شوکته الیهود - (۲) ایسے درختوں کا نقش جو یونانی وضع کی عمارت میں خوبصورتی کے لئے بنایا جاتا ہے -

Acanthaceous : (a) [L. ACANTH-US + ACEOUS] خار جسم -

Acanthesia : (n) خار حسیت -

Acanthine : (a) [L. acanthinus] خار دار پودوں کی ایک نوع (Acanth) سے متعلق -

Acanthion : (n) [Gr."akanthion"] خارنیه -

Acanthocarpous : (a) خار پھلا -

Acanthocephalous : (a) (حیاتیات) خار سرا -

Acanthocereus : (n) [L."acanth-+cereus"] امریکی ناگ پھنی کی ایک قسم جس کے قیف نما سفید پھول ہوتے ہیں -

Acanthocladous : (a) (حیاتیات) خارشاخه -

Acanthodes : (n) ایک قسم کی چھوٹی پتلی مچھلی -

Acanthoid : (a) [acanth + oid] خار مانند ؛ خاری شکل ؛ خار سا ؛ خار دار -

Acanthokeratodermia : (n) گٹا پڑنا -

Acantholysis : (n) خار کاہی -

Acanthoma : (n) [L.] خارسلعه (جلدی بتوڑی) -

Acanthophis : (n) آسٹریلیا کے زہریلے سانپ کی ایک قسم -

Acanthophore : (n) (حیاتیات) خار بردار -

Acanthopodous : (a) [Acanth + podous] خار پا -

Acanthopore : (n) (حیاتیات) خار مسام -

Acanthosis : (n) [L."acanth + osis"] (طب) جلد کی ایک بیماری ؛ چمڑے کا گومڑ : مرض خار -

Acanthosis nigricans : (n) جلد کی ایک بیماری جس میں سیاہ مسه نما دھبے پیدا ہوتے ہیں ؛ عموماً کہنی ، گٹنے یا جانگھ میں -

Acanthosphere : (n) خار کرہ -

Acanthous : (a) خاردار ؛ ریزھ جیسا -

Acapnia : (n) [Gr."acapnos"] (طب) کم دخانی ؛ کم کارپنی ؛ بے دخانی -

A cappella (or a capella) : (adv) [It."a Cappella"] (موسیقی) بغیر ساز کے -

Acapsular : (a) [A + capsula] بغیر غلاف کا ؛ (طب) بے غلافی ؛ (نباتیات) بے ڈوڈا -

Acapu : (n) [pg."acapu"] ایک امریکی درخت جس کی لکڑی فرنیچر وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے -

Acapulco : (n) میکسیکو کا ایک درخت جس کے پتے جلدی امراض میں کام آتے ہیں -

Acara : (n) [pg."acara"] ایک قسم کی امریکی مچھلی -

Acardia : (n) بے قلبی -

Acardiac : (a) [Gr."acardios"] بے قلب ؛ فاقدالقلب ؛ بے دل والا -

Acariasis : (n) [Gr."acari"] ایک جلدی عارضه : (طب) کلنی روگ ؛ کھجلی ؛ جوں پڑنا -

Acaricide : (n) کلنی مار؛ جوں مار -

Acaridae : (n) [L."acarus+-idae"] مکڑے کی قسم کے کیڑوں کی ایک نوع -

Acarology : (n) [Acar+logy] کٹکی (ایک کیڑا) شناسی کا علم ؛ علم کرمکان -

Acarophobia : (n) خوف که کیڑے جلد میں بھر گئے ہیں -

Acarpellous : (a) [Gr."a"+L."carpellus"] (نباتیات) بے بغچه -

Acarpous : (a) [Gr."a"+"carpos"] بغیر پھل کا ؛ بے ثمر ؛ بے پھلا -

Acarus : (n) کلنی ؛ جوں -

Acarus scabiai : (n) کلنی خارش ۔

Acatalectic : (a) [Gr."acatalectos"] بحرسالم (ایک بحر جس کا کوئی بھی رکن کم نہ ہو) ۔

Acatalepsy : (n) [Gr."acatalepsia"] (۱) خارج ازفہم ہونا ؛ عاری از فہم ہونا ؛ نا قابل فہم ہونا ؛ دقت ؛ دشواری ۔ (۲) (فلسفہ) مظنونیت ؛ مشکوکیت : (کسی معروض کی وہ صفت جو کسی موضوع کی لا ادریت پر دلالت کرے) : علت لاادریت ۔

Acataleptic : (a) ناقابل فہم ؛ خارج ازعقل ۔

Acaudate / Acaudal : (a) [A+ caudate] بے دُم ؛ بغیر پُونچھ ۔

Acaulescent : (a) [A+Caulescent] بظاہر بغیر تنے کا ؛ بے ساق ۔

Acauline : (a) دیکھو Acaulescent

Acca : (n) [ML."Acca","Accho"] ایک قسم کا زربفت ۔

Accadian : (a & n) عکاد کا یا عکادی یا عکاد کے متعلق ؛ قدیم اشوری یا عکادی زبان جو خط پیکانی (خط میخی) میں پائی گئی ہے ۔

Accede : (v) [L."accedere"] آگےآنا ؛ نزدیک پہنچنا ؛ کسی عہدہ کے کام کو شروع کرنا ؛ پہنچنا ؛ مقر ہونا ؛ اقرار کرنا ؛ مان لینا ؛ راضی ہونا ؛ (انتظامیہ) مان لینا ؛ راضی ہو جانا ؛ شامل ہونا ۔

Accelerando : (n) (موسیقی) لے کا بتدریج بڑھانا ؛ فن موسیقی کا ایک اشارہ ۔

Accelerant : (n) سرعت کار ؛ مسرع ۔

Accelerate : (v) (۱) رفتارکو تیزکرنا ۔ (۲) جلدی وقوع میں لانا ۔ (۳) تیز ہونا یا کر دینا ؛ سریع تر ہو جانا (کسی حرکت یا عمل کا) ؛ (ریاضی) سرعت دینا ؛ سرعتانا ۔

Accelerate : (n) تیز شاگرد یا طالب علم ۔

Accelerated : (a) (فلسفہ و نفسیات) اسراع یافتہ ؛ مسرع ۔

Accelerated depreciation : (n) (تجارت و معاشیات) سرعتی فرسودگی ۔

Accelerated electrode : (n) (طبیعیات) سرعتی الیکٹروڈ ۔

Accelerated filteration : (n) (طبیعیات) سرعتی تقطیر ۔

Accelerated period : (n) (طبیعیات) سرعتی دور ۔

Accelerated tube : (n) (طبیعیات) سرعتی نلی ۔

Accelerated voltage : (n) (طبیعیات) سرعتی وولٹیج ۔

Acceleratedly : (adv) سرعت کے ساتھ ؛ رفتار میں سرعت کے ساتھ ۔

Accelerating : (a) اسراعی ۔

Accelerating Chamber : (n) سرعت خانہ ۔

Accelerating tube : (n) سرعتی نلی ؛ اسراعی نلی ۔

Accelerating premium : (n) (تجارت و معاشیات) سرعتی پریمیم ؛ سرعتی بڑھوتی ۔

Acceleration : (n) [L."accelerationem"] (۱) اسراع ؛ تیزکرنا ؛ تیز کیا جانا ؛ تیز رفتاری ؛ اسراع فی ثانیہ ؛ شرح اسراع ۔ (۲) (فلکیات) سیاروں کی حرکت کا تسرع (نقطۃ الذنب (aphelion) اور نقطہ راس (perihelion) کے درمیان) ؛ تسریع ۔ (۳) حرکت قمر کا تسرع ؛ قمر کی حرکت وسطی کا تسرع ؛ اسراع حرکت قمر ۔ (٤) وقت معینہ سے قبل مدو جزر کاواقع ہونا ۔ (٥) (فلسفہ و نفسیات ، ریاضی و حیوانیات) اسراع ؛ (سماجیات) تیز رفتاری ؛ (کامرس) سرعت ؛ (طبیعیات) شرح رفتار ۔

Angular acceleration : (ریاضی) زاویائی اسراع ؛ (طبیعیات) زاویائی شرح رفتار ۔

Centripetal acceleration : (طبیعیات) مرکز رو شرح رفتار ۔

Constant acceleration : (ریاضی) مستقل اسراع ؛ (طبیعیات) کونس ٹینٹ شرح رفتار ۔

Downward acceleration : (ریاضی) نشیبی اسراع ۔

Horizontal acceleration : (ریاضی) افقی اسراع ؛ (طبیعیات) افقی شرح رفتار ۔

Linear acceleration : (ریاضی) خطی اسراع ؛

(۲) عضلات و اعصاب جو نامیاتی عمل کو تیز کرتے ھیں ؛ (طبیعیات) ایکسلے ریٹر ؛ سرعت گر ۔

Acceleratory : (a) (ریاضی) سرعتی ۔

Acceleration motion : (n) (ریاضی) سرعتی حرکت ۔

Accelerometer : (n) سرعت پیما ۔

Accension : (n) [L."accensionem"] روشن کرنا یا روشن ھونا ۔

Accent : (n) [L."accentum"] (۱) تاکید؛ زور؛ تکیہ ؛ دباؤ جو کسی رکن یا لفظ پر دیا جائے ؛ فشار ؛ نبرہ - (۲) تاکید لہجہ کی تین قسمیں جو مستقلاً حرف یونانی اور کسی قدر فرانسیسی زبان میں مستعمل ھیں : (´) (`) یا (^) اور جن سے شدید و خفیف کا اظہار مقصود ھوتا ھے ۔ (۳) (انفرادی، مقامی یا قومی) لب و لہجہ ؛ لہجہ ؛ تلفظ ؛ (لسانیات) لہجہ ؛ بل ۔ (٤) لوچ ؛ اتار چڑھاؤ ؛ تغیر لحن (جس سے تاثرات کا اظہار مقصود ھو) ۔ (٥) (لہجہ میں) گفتگو ؛ تقریر ؛ نطق ۔ (٦) (عروض) رکن پر تاکید ؛ رکنی تاکید ؛ کھٹکا ۔ (۷) (موسیقی) وہ تاکید جو وقفہ سے دی جائے ؛ دوری تاکید ؛ تاکید ؛ تالی ۔ (۸) (استعارتاً) شدت ؛ نکلا ھوا فرق ۔

Accent (v) [Fr."accenter"] (۱) زور یا تاکید دینا : زور یا تاکید کے ساتھ تلفظ کرنا ۔ (۲) کسی لفظ یا عبارت پرتاکیدی علامتیں بنانا ؛ معجم کرنا ؛ اوقاف بنانا - (۳) بڑھانا ؛ نمایاں کرنا ؛ ممتاز کرنا ؛ مبالغہ کے ساتھ بیان کرنا۔

Acute accent : (لسانیات) شدید بل ۔

Bound accent : (لسانیات) متعین بل ۔

Chromatic accent : (لسانیات) سر لہجہ ۔

Circumflex accent : (لسانیات) نشان لہجہ ۔

Dynamic accent : (لسانیات) حرکی بل ۔

Final accent : (لسانیات) اختتامی بل ۔

Fixed accent : (لسانیات) متعین بل ۔

Free accent : (لسانیات) آزاد بل ۔

(طبیعیات) خطی شرح اسراع ۔

Negative acceleration : (فلسفہ ونفسیات) منفی اسراع ۔

Normal acceleration : عمودی اسراع ؛ (طبیعیات) عمودی شرح رفتار۔

Parallelogram acceleration : (طبیعیات) متوازی زاویے کی شرح رفتار؛ متوازی اضلاع کی شرح رفتار۔

Positive acceleration : (فلسفہ و نفسیات) مثبت اسراع ۔

Tangential acceleration : (ریاضی) مماثل اسراع ؛ (طبیعیات) تین جینتی شرح رفتار ۔

Total acceleration : (ریاضی) سرعت کلی ؛ کلی سرعت ؛ (طبیعیات) کلی شرح رفتار ۔

Upward acceleration : (ریاضی) فرازی سرعت ۔

Vector acceleration : (a) (طبیعیات) ویکٹر شرح رفتار ؛ سمتیہ شرح رفتار ؛ (ریاضی) سرعت کا سمتیہ ۔

Vertical acceleration : (طبیعیات) عمودی شرح رفتار ؛ (ریاضی) انتصابی سرعت ۔

Zero acceleration : (فلسفہ و نفسیات) بے شرح ؛ صفر اسراع ۔

Acceleration by powering : (شماریات) شرح رفتار بذریعہ قوت ۔

Acceleration of gravity : (طبیعیات) مادی کشش کی شرح رفتار ۔

Acceleration of moon : چاند کی شرح رفتار ۔

Acceleration of planet : سیاروں کی شرح رفتار ۔

Acceleration of social change : (سماجیات) سماجی تبدیلی کی تیز رفتاری ۔

Acceleration of the tide : مدو جزر کی تیز رفتاری ۔

Acceleration principle : (n) اصول اسراع ۔

Accelerator : (n) (۱) مسرع ؛ تیز کنندہ ؛ وہ شئے یا شخص جو کسی چیز کی رفتار تیز کرے ۔

Grave accent : (لسانیات) گمبھیر بل ۔

Initial accent : (لسانیات) ابتدائی بل ۔

Medial accent : (لسانیات) وسطی بل ؛ درمیانی بل ۔

Minor accent : (لسانیات) معمولی بل ؛ ابتدائی بل ۔

Musical accent : (لسانیات) غنائی لہجہ ۔

Pitch accent : (لسانیات) سر لہجہ ۔

Primary accent : (لسانیات) معمولی بل ؛ ابتدائی بل ۔

Qualitative accent : (لسانیات) کیفیتی بل ۔

Quantitative accent : (لسانیات) کمیتی بل ۔

Secondary accent : (لسانیات) ثانوی بل ۔

Secondary Stress accent : (لسانیات) بل دار لہجہ ۔

Tonic accent : (لسانیات) سر لہجہ ۔

Wrenched accent : (لسانیات) مسخ بل ۔

Accent affectif : (n) (لسانیات) بناوٹی لہجہ ۔

Accent aiguise : (n) (لسانیات) ایغیزی بل ۔

Accent frappe : (n) (لسانیات) منجمد دباؤ ۔

Accent mark : (n) نشان لہجہ ؛ نشان تکیہ ؛ بل کا نشان ۔

Accent shift : (n) (لسانیات) انتقال بل ؛ انتقال نبرہ ۔

Accented : (a) (لسانیات) بل دار ؛ لہجہ دار ۔

Accentless : (a) غیر تکیہ دار ؛ بے بل ؛ بے لہجہ ۔

Accentless tone : (n) (لسانیات) سپاٹ لہجہ ۔

Accentor : (n) [L."ad+cantor"] (۱) (موسیقی) جو گانے میں نمایاں حصہ لیتا ھے ۔(۲) گوریا (ایك قسم کی چڑیا) ۔

Accentual : (a) [L."accentus"] تاکیدی ؛ زور کے متعلق ؛ لب و لہجہ کے متعلق ۔

Accentual phoneme : (n) (لسانیات) بل دار صوتیہ ۔

Accentual prosody : (n) وہ عروض جو نبرہ پر مبنی ھو نہ کہ ارکان لفظی پر ۔

Accentual verse : (n) وہ نظم جو نبرہ پر مبنی ھو نہ کہ ارکان لفظی پر ۔

Accentually : (adv) تکیہ (accent) دیتے ھو ئے ؛ بل دیتے ھوئے ؛ تاکیدی اعتبار سے ؛ زور دے کر ۔

Accentuate : (v) [med. L." accentuare"] دیکھو Accent (v)

Accentuation : (n) [L."accentuationem"] طریقہ تلفظ ؛ تاکید ؛ زور ؛ (لسانیات) بل داریت ۔

Accentuator : (n) بل دینے والا ؛ مؤکد ؛ وہ جو کسی حرف پر بل دیتا ھے ۔

Accept : (v) [L."acceptare"] (۱) قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ لینے پر رضامند ھونا ؛ لے لینا ؛ (انتظامیہ) ماننا ؛ منظور کرنا ؛ قبول کرنا ۔(۲) قبول کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ حامی بھرنا ؛ اثبات میں جواب دینا ؛ اقراری جواب دینا ۔ (۳) نظر عنایت سے دیکھنا ؛ کرم یا مہربانی کرنا ؛ (خاص کر ناواجب مہربانی) ۔ (٤) کافی سمجھنا ؛ مناسب سمجھنا ؛ موزوں سمجھنا ؛ (٥) یقین کرنا ؛ باور کرنا ۔ (٦) ذمہ لینا ؛ (عہدہ وغیرہ کا) ۔ (۷) سکارنا (ھنڈی وغیرہ کا) ۔

To accept the person or face of : جانبداری ؛ حمایت کرنا ؛ کرنا (غلط اسباب کی بناء پر) ۔

To accept persons : جانب داری دکھانا ؛ پاسداری دکھانا ۔

To accept service of a writ : عدالتی پروانے کا جانز تعمیلہ تسلیم کر نے کے لئے رضامند ھو نا ۔

Acceptability : (n) [L."acceptabilitatum"] مقبولیت ؛ قبولیت ؛ مرغوب ھونا ۔

Acceptable : (a) [L." acceptabilis"] قابل قبول ؛ قابل تسلیم ؛ پسندیدہ ؛ مرغوب ؛ خوشگوار ؛ خوش آئند ؛ (تاریخ و سیاسیات) قابل قبول ؛ مقبول ۔

Acceptable boundary : (n) (شماریات) قابل تسلیم حد ۔

Acceptable inspection : (n) (شماریات) قابل تسلیم معائنہ ۔

Acceptable line : (n) (شماریات) قابل تسلیم خط ۔

Acceptable number : (n) (شماریات) قابل تسلیم عدد ۔

Acceptable proposal : (n) (تجارت و معاشیات) قابل منظور تجویز ۔

Acceptable quality level : (n) (شماریات) قابل تسلیم صفتی سطح ۔

Acceptable region : (n) (شماریات) قابل تسلیم خطہ ۔

Acceptable sampling : (n) (شماریات) تسلیم‌پذیر انتخاب نمونہ ۔

Acceptableness : (n) قابل تسلیم ہونے کی حالت ؛ قبولیت ۔

Acceptance : (n) [See accept] (۱) قبولیت ؛ رضامندی ۔ (۲) پسندیدگی ؛ مقبولیت ؛ اچھا سمجھنا ؛ اچھا جاننا ۔ (۳) تائید ؛ منظوری ؛ پذیرائی ۔ (٤) جنبہ داری ؛ طرفداری ؛ حمایت ۔ (۵) سکارنا ؛ قبول کرنا ؛ ادائیگی کا ذمہ لینا ۔ (٦) سکاری ہنڈی ۔ (۷) (تاریخ و سیاسیات) قبولیت کی منظوری ؛ (انتظامیہ) رضامندی ؛ منظوری ؛ (معاشیات) قبولیت ۔

Absolute acceptance : (تجارت و معاشیات) مطلق منظوری ؛ کامل منظوری ؛ مطلق قبولیت ۔

Bank acceptance : (تجارت و معاشیات) بنکی قبولیت ۔

Clean acceptance : (تجارت و معاشیات) صاف منظوری ؛ کامل منظوری ۔

Conditional acceptance : (تجارت و معاشیات) مشروط منظوری یا قبولیت ۔

Express acceptance : (تجارت و معاشیات) واضح منظوری ۔

Forged acceptance : (تجارت و معاشیات) جعلی منظوری ۔

General acceptance : (تجارت و معاشیات) عام منظوری ؛ عام قبولیت ۔

Implied acceptance : مضمر قبولیت ۔

Local acceptance : (تجارت و معاشیات) مقامی منظوری ۔

Non-acceptance (تجارت و معاشیات) نا منظوری ۔

Partial acceptance : (تجارت و معاشیات) جزوی منظوری یا قبولیت ۔

Qualified acceptance : (تجارت و معاشیات) پابند منظوری ؛ مشروط قبولیت ۔

Special acceptance : خاص قبولیت ۔

Supra protest acceptance : (تجارت و معاشیات) با اعتراض منظوری ؛ احتجاجی قبولیت ۔

Trade acceptance : تجارتی قبولیت ۔

Acceptance book : (n) (تجارت) منظوری رجسٹر ۔

Acceptance bill : (n) قبولی ہنڈی ؛ سکارنی ہنڈی ۔

Acceptance credit : (n) قبولی اعتبار ۔

Acceptance for honour : (تجارت) منظوری برائے اعزاز ؛ اعتباری قبولیت ؛ ضمانتی قبولیت ۔

Acceptance letter : (n) (تجارت) منظوری نامہ ۔

Acceptance of bill : مسودہ قانون کی قبولیت ۔

Acceptance of office : (انتظامیہ) عہدہ قبول کرنا ؛ قبولیت منصب ۔

Acceptance of stock : (تجارت) منظوری اسٹاک ۔

Acceptance of tender : (انتظامیہ) ٹینڈر کی منظوری ۔

Acceptance register : (n) (تجارت) منظوری رجسٹر ۔

Acceptancy : (n) قبول کرنے کی رضامندی یا آمادگی ۔

Acceptant : (n) [Fr.] خوشی سے قبول کرنے والا ؛ ہنڈی سکارنے والا ؛ سکاریا ۔

Acceptation : (n) [L." acceptationem "] عام معنی ؛ عرفی معنی ؛ تعبیر (وہ مفہوم جس کے لئے کوئی لفظ وغیرہ تسلیم کر لیا جائے) ۔

Accepted : (a) قبول شدہ ؛ منظور ؛ مقبول ۔

Accepted bill : (n) (تجارت و معاشیات) منظور شدہ بل ۔

Accepted business (Insurance) : (تجارت و معاشیات) منظور شدہ بیمے ۔

Acceptedly : (adv) قبول کرتے ہوئے ؛ مانتے ہوئے ؛ تسلیم کرتے ہوئے ۔

Acceptilate : (v) بغیر ادائیگی کے قرضہ معاف کرنا ۔

Acceptilation : (n) [L."acceptilationem"] بغیر ادائیگی کے قرضہ کی معافی بذریعہ فارغ خطی ۔

Accepting house : (n) (تجارت) منظوری ادارہ ۔

Acception : (n) [L." acceptionem"] دیکھو acceptation

Acceptor : (n) [L." acceptus"] (طبیعیات و کیمیا) لین ھار ؛ قبول کار ؛ قبولندہ ؛ (معاشیات) پزیرندہ ؛ قبول کنندہ ۔

Acceptor atom : (n) (طبیعیات) لین ھار ایٹم ؛ لین ھار جوھر ۔

Acceptor circuit : (n) (طبیعیات) لین ھار سرکٹ ؛ قبولندہ دور ۔

Acceptor element : (n) (کیمیا) قبول کنندہ عنصر؛ قبول کار عنصر ۔

Acceptor's ledger : (n) (تجارت) قبول کنندہ کھاتا بہی ۔

Access : (n) [L." accesus "] (۱) پہنچ ؛ رسائی ؛ گذر ؛ دسترس ۔ (۲) گذر اور رسائی کا ذریعہ یا راستہ ۔ (۳) اضافہ ۔ (٤) اچانك حملہ ؛ ھلا ؛ شدت ؛ ھیجان ؛ (مرض، غصہ وغیرہ کا) ۔ (٥) راستہ ؛ نالی ؛ دروازہ ؛ گذر ؛ باٹ ۔ (٦) تالیف ؛ نشو و نما ؛ (انتظامیہ) پہنچ ؛ رسائی ۔

Open access : آزاد داخلہ ۔

Accessary : (n) [L." accesus"] (۱) مددگار ؛ معاون ؛ ممد ؛ شریك ؛ رفیق ؛ رازدار ۔ (۲) (قانون) کسی جرم کے ارتکاب سے پہلے یا بعد میں مدد کرنے والا ۔ (۳) ملحقات ؛ لوازم ۔

Accessibility : (n) دسترس ؛ رسائی پذیری ؛ باریابی پذیری ۔

Accessible : (a) [Fr. See accede] (۱) قابل دسترس ؛ قابل رسائی ؛ پہنچنے یا داخل ھونے کے قابل ؛ سہل الوصول ؛ رسائی پذیر ؛ اثر پذیر ۔ (۲) (استعارتاً) متاثر ھونے والا ؛ اثر پذیر ھونے والا ؛ اثر لینے والا ۔

Accessibly : (adv) رسائی پذیری سے ؛ اثر قبول کرتے ھوئے ۔

Accession : (n) [Fr. See accede] (۱) پہنچ؛ رسائی ؛ تقرب ؛ ملاقی ھونا ۔ (۲) فائزھونا ؛ عہدے پر آنا ؛ تخت نشینی ؛ جلوس (بادشاہ کا تخت پر) ۔ (۳) بڑھوتری ؛ اضافہ ؛ افزونی ؛ زیادتی ۔ (٤) رضامندی ؛ قرار ؛ ایجاب ۔ (٥) ترقئ املاك ؛ توقیر ؛ جائداد کا بڑھانا ۔ (٦) (انتظامیہ) الحاق ؛ فائز ھونا ؛ تقررھونا ؛ (سماجیات) رسائی ؛ (تاریخ و سیاسیات) شمول ؛ شامل ھونا ؛ شمولیت ؛ فائز ھونا ۔

Accession arrangement : (n) ترتیب وصول ۔

Accession clause : (n) (تاریخ و سیاسیات) دفعہ شمولیت ۔

Accession date : (n) تاریخ وصول ۔

Accession number : (n) شمارہ وصول ۔

Accession rate : (n) شرح اضافگی ؛ (سماجیات) شرح رسائی ۔

Accession record (or register) : (n) رجسٹر وصول ۔

Accessional : (a) اضافی ۔

Accessional service : (n) (تجارت و معاشیات) اضافی خدمت ۔

Accessory : (n) [L." accessorius"] (۱) (طبیعیات) اضافی ؛ زائدطور پر ۔ (۲) شریك ؛ ممد ؛ مساعد ؛ معاون ؛ مددگار ۔ (۳) لوازم ؛ ضمنی ؛ ملحقہ ؛ متعلقہ ؛ (انتظامیہ) معاون ؛ ضمنی وسیلہ ؛ (حیوانیات) معاون ؛ (طب) زائد ؛ دیکھو Accessary

Accessory bud : (n) معاون کلی ؛ اضافی کلی ۔

Accessory chrosome : (n) معاون لونیہ ۔

Accessory equipment : (n) (تجارت و معاشیات) مددگاری ساز و سامان ۔

Accessory food factors : (n) (حیاتیات) معاون غذائی اجزاء ۔

Accessory glands : (n) معاون غدود ۔

Accessory licence : (n) (انتظامیہ) ضمنی لائسنس ۔

Accessory minerals : (n) ضمنی معدینات ۔

Accessory nerve : (n) (لسانیات) معاون رگ ۔

Accessory pancreatic duct : (n) (حیاتیات) معاون لبلبی قناۃ ۔

Accessory product : (n) (تجارت و معاشیات) مددگاری پیداوار ؛ (حیاتیات) معاون نبضی اعضاء ۔

Accessory word : (n) (لسانیات) ملحق لفظ ۔

Access right : (n) حق داخلہ ۔

Accidence : (n) [L."accidentia"] گردان ؛ تصریف ؛ (لسانیات) گردان ؛ دیکھو Accident

Accident : (n) [L."accidens"] (۱) ناگہانی واقعہ ؛ واردات ؛ حادثہ ؛ سانحہ ؛ بلا ئے ناگہانی ۔ (۲) اتفاق ؛ قسمت ۔ (۳) ساخت کی بے ترتیبی ؛ بے ترکیبی ؛ بے ترتیبی ؛ بے ڈول پن ؛ بے ھنگم پن ؛ بڑی مناظر کی تصویر کی بے ترتیبی ۔ (٤) لاحقہ ؛ زاید ؛ دُم چھلاّ ؛ وہ چیز جو محض اتفاقاً ھو ؛ غیر ضروری ۔ (٥) (منطق) خاصہء عرضی ؛ وصف اتفاقی ۔ (٦) ڈھال کے مارکہ کا وہ نشان جو یا تو مٹایا یا برقرار رکھا جا سکے ؛ (۷) (انتظامیہ) واردات ؛ حادثہ ؛ (سماجیات و کامرس) حادثہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) حادثہ ؛ عرض ۔

Inseparable accident : (فلسفہ و نفسیات) عرض لا منفک ۔

Separable accident : (فلسفہ و نفسیات) عرض منفک ۔

The chapter of accident : واقعات کی غیر متوقع روش ۔

Theory of accident variations : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ حادثاتی تغیرات ۔

Accident and health insurance : (تجارت) حادثہ اور تندرستی بیمہ ۔

Accident and sickness benefit : (سماجیات) حادثہ اور بیماری کی سہولت ۔

Accident frequency : (n) (تجارت) تواتر حادثہ ۔

Accident frequency rate : (n) (سماجیات) شرح کثرت حادثہ ۔

Accident insurance : (n) (سماجیات) بیمہ برائے حادثات ؛ (معاشیات) حادثاتی بیمہ ۔

Accident policy : (n) (تجارت) حادثہ پالیسی ۔

Accident prevention : (n) (سماجیات) انسداد حادثات ۔

Accident proneness : (n) (فلسفہ و نفسیات) حادثاتی میلان ؛ تمایلی حادثہ ؛ حادثہ پذیری ؛ (سماجیات) میلان حادثات ۔

Accident rate : (n) حادثاتی شرح ۔

Accident risk : (n) (تجارت) حادثہ جوکھم ؛ خطر حادثہ ۔

Accident severity : (n) (تجارت) حادثے کی سنگینی ۔

Accidental : (adj) [L."accidentalis"] (۱) ناگہانی ؛ اتفاقی ؛ غیر ارادی ؛ غیر متوقع ؛ بلا ارادہ ؛ نا دیدہ و نا دانستہ ؛ قضارا ؛ شدنی ۔ (۲) ھنگامی ؛ اتفاقیہ ھونے والا ؛ اتفاقی ۔ (۳) (منطق) غیر ضروری ؛ عارضی ۔ (٤) ضمنی یا ذیلی چیزیں ؛ لواحق ؛ لوازم ؛ عرضی ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ ثانوی ؛ ماتحت ۔ (٥) (موسیقی) علامت ؛ نشان ۔ (٦) رنگوں کا وہ غیر معمولی اجتماع یا اثر جو مصنوعی روشنی سے پیدا ھو (مثلاً آگ یا موم بتی وغیرہ کی روشنی سے) (مصوری میں بحالت جمع) ؛ (طبیعیات) اتفاقی ۔

Accidental coincidence : (n) (طبیعیات) اتفاقی ھم زمانیت ۔

Accidental correction : (n) (طبیعیات) اتفاقی تصحیح ۔

Accidental death benefit : (تجارت) حادثاتی موت کا فائدہ ۔

Accidental death benefit clause : شق مفاد حادثاتی موت ۔

Accidental error : (n) (طبیعیات) اتفاقی سہو ؛ (نفسیات) اتفاقیہ خطا ۔

Accidental morality : (n) (فلسفہ و نفسیات) احوالی اخلاق ۔

Accidentalism : (n) (مصوری میں) روشنی سے پیدا شدہ رنگوں کا اجتماع ؛ (فلسفہ و نفسیات) حادثیت ؛ عرضیت ؛ (طب) علیت ۔

Accidentally ; (adv) ناگہانی طور سے ؛ اتفاقاً ؛ اچانک ؛ غیر ارادی طور پر ؛ یکایک ؛ غیر متوقع طور پر ۔

Accidentalness : (n) ناگہانی ؛ اتفاقی ؛ ھنگامی وغیرہ ھونے کی صفت یا صورت حال ؛ ناگہانیت ؛ اتفاقیت ۔

Accipenser : (n) اسٹرجن؛ شارک کے مشابہ ایک بڑی مچھلی ۔

Accipiter : (n) [L.] (۱) شکاری چڑیا ؛ باز ۔ (۲) (جراحی) ناک پر باندھنے کی ایک پٹی جو باز کے چنگل سے مشابہت رکھتی ہے ؛ پنجہ دار پٹی ۔

Accipitral : (adv) حریص ؛ تیز نظر ؛ دوربین ؛ عقابی آنکھ والا (یا نگاہ والا) ۔

Accipitrine : (adv) عقابی ؛ شکرے کی طرح ۔

Accise : Exise کی قدیم صورت ۔

Accismus : (n) [Gr."accismos"] مطلوبہ چیزوں کا مصنوعی انکار ۔

Acclaim : (v) [L."acclamare"] (۱) تالیاں بجانا ؛ تعریف کرنا ۔ (۲) نعرہ ہائے تحسین یا مسرت کے نعرے بلند کرنا ۔ (۳) نعرۂ تحسین بلند کرنا ؛ چلانا (کسی چیز کی تعریف و تحسین میں) ۔

Acclaim : (n) نعرۂ تحسین ؛ نعرۂ مسرت ؛ احسنت و مرحبا ؛ تحسین و آفریں ۔

Acclamation : (n) [L."acclamationem"] تعریف ؛ تحسین ؛ نعرہ بازی ؛ پرجوش تحسین یا چلاھٹ ؛ جیکار ؛ بزبان بلند تائید کرنا ۔

Acclimatation : (n) [Fr.] کسی نئی آب و ھوا کے خوگر ھونے کا عمل ؛ رس بساؤ ؛ (سماجیات) آب و ھوا کا عادی ھونا ؛ (تاریخ وسیاسیات) عادی ھونا ؛ (آب و ھوا یا حالات کا) رس بساؤ ۔

Acclimate : (v) [Fr."acclimater"] کسی نئی یا غیر معمولی ھوا کا خوگر ھونا ؛ عادی ھو جانا ؛ رس بس جانا ؛ خوگرفتہ یا متوطن ھونا یا ھو جانا ۔

Acclimation : (n) (طب) مطابقت ماحول ؛ ھم آھنگی ماحول ۔

Acclimatization /-sation : (n) دیکھو Acclimatation

Acclimatize : (v) [Fr."acclimater"] دیکھو Acclimate

Acclivitous : (a) اوپر کی طرف چڑھائی کی صفت رکھنے والا ۔

Acclivity : (n) [L."acclivitatem"] پہاڑ کی چڑھائی ۔

Acclivous : (a) [L."acclivus"] دیکھو Acclivitous

Accloy : (v) [L."inclavare"] گھوڑے کو نعل لگانے میں میخ چبھونا ؛ لنگڑا کر دینا ؛ کسی سوراخ کو میخ وغیرہ سے بند کر دینا ؛ مسدود کرنا ؛ بھر دینا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ لبالب بھر دینا ؛ متلی پیدا کرنا ؛ تھکا دینا ۔

Accolade : (n) [It."accollata"] (۱) معانقہ ؛ وہ رسم جو نائٹ کا خطاب دیتے وقت ادا کی جائے مثلاً بوسہ دینا ، معانقہ کرنا یا آڑی تلوار کاندھے پر مس کرنا ۔ (۲) وہ کھڑی پٹی جس سے کسی باجے کی پٹریاں جڑی ھوئی ھوں ؛ جوز ؛ چوڑی کھونٹی (باجا کی) ۔

Accolle : (a) [Fr."accole"] (نقابت) گردن میں لپٹا ھوا یا گردن کے پاس جتا ھوا ۔

Accolled : (a) [Fr."accole"] گریباں گرفتہ ؛ تاگلو بھرا ھوا ؛ گردن کے گرد لپٹا ھوا ؛ گلو دار ۔ (۲) باھم جڑا ھوا ؛ باھم پیوستہ ۔ (۳) ملا ھوا ؛ جڑا ھوا ؛ ملحق ؛ ھم وصل ؛ متصل ۔

Accommodable : (a) موافق ۔

Accommodate : (v) [L."accomodatus"] (۱) مناسب طور پر ایک چیز کو کسی شخص سے منسوب کرنا ۔ (۲) مطابق کرنا ؛ ھم آھنگ بنانا ؛ ھم رنگ کرنا ؛ جوڑ ملانا ۔ (۳) ایک چیز کی دوسری چیز سے مطابقت ظاھر کرنا ؛ ملاپ کرانا ؛ میل کرانا ؛ صفائی کرانا ؛ صلح کرانا ؛ سمجھوتہ کرانا ؛ رفع شر کرنا ؛ مفاھمت کرانا ؛ رفع فساد کرنا ؛ جھگڑا چکانا ۔ (٤) مطابق بنانا ؛ موافق کرنا ؛ مربوط کرنا ۔ (٥) ھم آھنگ کرنا ؛ موافق بنانا ۔ (٦) آراستہ کرنا ؛ درست کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ فراھم کرنا ؛ بہم پہنچانا ۔ (۷) احسان کرنا ؛ مرھون منت کرنا ؛ احسان مند بنانا ؛ عنایت کرنا ۔ (۸) ٹھہرانا ؛ قیام کا انتظام کرنا ؛ اقامت کا انتظام کرنا ؛ جگہ دینا ۔ (۹) گنجائش نکالنا ۔

Accommodating : (a) بامروت ؛ مصالحت جو ؛ آشتی پذیر ؛ صلح پسند ؛ مفاھمت پسند ؛ مرنجان مرنج ؛ دب جانے والا ؛ مان لینے والا ۔

Accommodatingly : (adv) مفاھمت پسندی سے ؛ صلح پسندی کے ساتھ ؛ مروت کے ساتھ ۔

Accommodation : (n) [L."Accommodationem"] (۱) گنجائش ؛ مطابقت ؛ مفاھمت ؛ موافقت ۔ (۲) جمانا ؛ مطابق کرنا ؛ تطبیق ؛ توفیق (آنکھ وغیرہ کی ؛ فاصلوں کے اعتبار سے) ۔

Accompaniment : (n) [Fr." accompagnement"]: (۱) لوازمہ ؛ لاحقہ ؛ ضمیمہ ؛ ہم رکابی ؛ رفاقت ؛ مصاحبت ۔ (۲) (موسیقی) آواز یا سُر جو ساز یا راگ کےساتھ ملایا جائے ؛ آس ؛ مرافقہ ؛ ساز ؛ (طبیعیات) سنگت ؛ مزمار (عام طورپر ان باجوں کے لئے جو گانے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں) ۔

Accompany : (v) [Fr."accompagner"] (۱) ساتھ دینا ؛ ساتھ رہنا ؛ ساتھ پہنچنا ۔ (۲) ساتھ ساتھ رہنا ؛ ہمراہ ہونا ؛ معیت میں جانا ؛ ساتھ جانا ؛ ہم رکاب یا ہم سفر ہونا ۔ (۳) ساتھ ساتھ واقع ہونا ۔ (٤) (کسی چیز کا) خاصہ ؛ مستلزم ہونا ۔ (٥) (موسیقی) آواز ملانا ؛ ساتھ دینا ؛ سُر ملانا ؛ دمساز ہونا ؛ آس دینا ۔ (٦) کسی وصف یا لازمی قدرتی مظہر کی طرح ساتھ ہونا ۔

Accomplice : (n) شریک جرم ؛ رفیق جرم ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ شریک ۔

Accomplish : (v) [L."accomplere"] (۱) انجام دینا ؛ پورا کرنا ؛ مکمل کرنا ۔ (۲) ختم کرنا ؛ بجا لانا ۔ (۳) مکمل طور پر آراستہ کرنا ؛ مکمل طورپر لیس کرنا ۔ (٤) ذہنی اکتسابات میں کامل کرنا ؛ کامل بنانا ؛ تربیت دینا ۔ (٥) تمام کرنا ۔

Accomplishment : (n) [Fr."accomplissement"] تکمیل ؛ مکمل کرنے کاعمل ؛ ہنر ؛ سلیقہ ؛ شائستگی ؛ جوہر ؛ حصول مقصد ؛ نمائشی کمال ؛ کمال ظاہری ؛ (فلسفہ و نفسیات) کمال ؛ تکمیل ؛ فضیلت ۔

Accomplishment quotient (A. Q.) : (n) (فلسفہ ونفسیات) درجہ تکمیل ۔

Accord : (v) [L. "accordare"] (۱) دل سے دل ملانا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہم دل ہونا ؛ میل کھانا ؛ یکساں ہونا ؛ ہمنوا ہونا ؛ موافق یا مطابق ہونا ۔ (۲) منظوری کرنا یا منظوری دینا ؛ قبول کرنا ؛ عطا کرنا ؛ (سرفرازی) بخشنا ۔

Accord : (n) [L."accordare"] (۱) یک دلی ؛ رضا ؛ مرضی ؛ باہمی رضامندی ؛ تراضی ۔ (۲) صلح نامہ ؛ اقرارنامہ ؛ معاہدہ ؛ راضی نامہ ۔ (۳) موزونیت ؛ ہم رنگی ؛ ہم آہنگی ؛ میل (رنگ، آواز وغیرہ کا) ۔ (٤) رضا ؛ منظوری ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ مناسبت ۔ (٥) (تاریخ و سیاسیات) صلح نامہ ؛ معاہدہ ؛ سمجھوتہ ؛ عطا کرنا ؛ دینا ؛ (لسانیات) مطابقت (agreement) ۔

(۳) تاویل و تو جیہ ۔ (٤) ہم رنگ ہو جانا (دو شخصوں کا) ؛ میزان پٹ جانا ۔ (٥) تصفیہ ؛ مصالحت ؛ سمجھوتا ؛ (٦) کار آمد چیز؛ آرام کی چیز ؛ لوازم ؛ سامان ؛ ضروری اسباب ۔ (۷) مکان ؛ جائے سکونت ؛ ٹھہرنے کی جگہ ؛ مہمان داری ۔ (۸) قرض مبادلہ ؛ دست گردانی ۔ (۹) خودبخود مطابقت یا موافقت ۔ (۱۰) (معاشیات) اعانتی قرضہ یا قرض ؛ (تجارت) مالی نبھاؤ ؛ مالی مددگاری ؛ مالی امداد ؛ (سماجیات) گنجائش ؛ (انتظامیہ) رہائش ؛ گنجائش ؛ (تاریخ و سیاسیات) مصالحت ؛ مطابقت ؛ اتفاق ؛ (فلسفہ ونفسیات) مصالحت ؛ (لسانیات) جزوی ہم رنگی ؛ جزوی تطبیق ۔

Creative accommodation : (سماجیات) تخلیقی گنجائش ؛ گنجائش تخلیق ۔

Inter-group accommodation : (سماجیات) بین الجماعتی گنجائش ۔

Accommodation address : رہائشی پتہ ۔

Accommodation bill : (n) =accommodation paper (تجارت و معاشیات) مددگاری بل ؛ نبھاؤ بل ۔

Accommodation endorsement : (n) تصدیق قرض دہی ۔

Accommodation line (insurance) : (n) (تجارت) نبھاؤ بیمہ ؛ حد قرض ۔

Accommodation loan : (n) رہائشی قرضہ ؛ اعانتی قرض ۔

Accommodation officer : (n) (انتظامیہ) افسر مکانات ۔

Accommodation paper : (n) قرطاس قرض ۔

Accommodation party : (n) (تجارت) نبھاؤ فریق ؛ نبھاؤ پارٹی ؛ (معاشیات) فریق قرض دہی ؛ مصالحتی فریق ۔

Accommodative : (a) ["accommodat-", "accommodare"] موافقت ؛ مصالحت ؛ مطابقت وغیرہ کا رجحان رکھنے والا ؛ موافقت پذیر ؛ تطبیق ۔

Accommodative aspect : (n) (لسانیات) تطبیقی پہلو ۔

Accommodator : (n) صلح پسند ؛ مفاہمت پسند شخص ؛ با مروت آدمی ۔

Accordance : (n) [L" accordare"] (سماجیات) مطابقت ؛ دیکھو Accord

In accordance with : بمطابق ؛ بموافق ۔

Accord and satisfaction : (a) اتفاق و اطمینان ۔

Accordant : (a&n) [L."accordare"] مطابق ؛ موافق ؛ موزوں ؛ ہم ساز ؛ ہم آواز ؛ ملا ہوا (راگ اور ساز وغیرہ) ۔

According with (as or to) : (a & adv) (۱) مطابق ؛ موافق ؛ مناسب ؛ جیسے ؛ حسب ۔ (۲) جیسا کہ ؛ جوں جوں ؛ جیسے جیسے ؛ گویا کہ ؛ جس طرح ۔ (۳) بموجب ؛ بلحاظ ؛ حسب ؛ بمراد ؛ بقدر ۔ (٤) بقول ؛ بحکم ۔

Accordingly : (adv) (۱) بمطابق ؛ نظربریں (حالات) ؛ چنانچہ ۔ (۲) فطری ترتیب سے ۔

Accord of account : تطبیق حساب ۔

Accordian : (n) [It."accordare"] ایک سازکانام ۔

Accost : (v) [L."accostare"] (۱) کسی مقصد سے نزدیک جانا ؛ مقابل ھونا ؛ سبقت کرنا ۔ (۲) مخاطب کرنا ۔ (۳) راستے میں کسی بری نیت سے چھیڑ چھاڑ کرنا ۔

Accouche : (v) [Fr."accoucher"] دائی جنائی ھونا ؛ قابلہ بننا ۔

Accouchement : (n) [Fr."accoucher"] ولادت ؛ وضع حمل ؛ جننا ؛ پیدائش ؛ زچگی ۔

Accouchement force : (n) تسریع وضع حمل ؛ دستی ولادت ۔

Accoucheur : (n) [Fr."accoucher"] بچہ جنانے والا مرد ؛ قابل ۔

Accoucheuse : (n) [Fr."accoucher"] دائی ؛ دائی جنائی ؛ قابلہ ۔

Account : (v) [L."accomptare"] جاننا ؛ سمجھنا ؛ خیال کرنا ؛ شمار کرنا ؛ حساب کرنا ؛ حساب لگانا ؛ حساب دینا ؛ حساب سمجھنا (اس روپئے کا جو امانت کے طورپر ھو) ؛ حساب لینا ؛ وضاحت کرنا ؛ شرح کرنا ۔ (۲) جوابدہ ھونا ؛ جوابدھی کرنا ؛ (کسی طرزعمل کی، ادائے قرض وغیرہ کی) ۔ (۳) توجیہ کرنا ؛ سبب بتلانا ؛ علت بتلانا ؛ سبب ھونا ۔ (٤) (شکار کی اصطلاح) نشانہ کرنا ؛ گرانا ؛ مارنا (شکارکو) ۔ (۵) اندازہ لگانا ؛ تخمینہ لگانا ؛ قیمت لگانا ؛ مان لینا ؛ کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوچنا ؛ (سماجیات) ذمہ داری ؛ جوابدہی ۔

Account : (n) (۱) شمار ؛ گنتی ؛ حساب ؛ تفصیل ۔ (۲) کھاتا ؛ حساب کتاب ؛ فرد حساب ؛ گوشوارہ ؛ (کامرس) کھاتا ؛ (معاشیات) حساب ؛ کھاتا ؛ (سماجیات) شمار ؛ حساب ؛ تفصیل ۔ (۳) رو پیہ کے لین دین کا گوشوارہ تیار کرنا ؛ مد حساب (جس کے تحت کھاتا میں حساب درج کیاجاتا ھے) ۔ (٤) فائدہ ؛ منافع ؛ بیشی ؛ کسی کے حق میں حساب کرنا ۔ (۵) اپنے اعمال کا جوابدہ ھونا (حشر کے دن) ؛ اپنے عمل کا حساب ؛ زر امانت کے جمع اور خرچ کا فرد حساب یا گوشوارہ ۔ (٦) (قانون) پروانہ عدالت یا کار روائی بخلاف اھلکار عدالت یا متولی یا امین جو حساب کتاب دینے سے انکار کرے ۔ (۷) تخمینہ ؛ اندازہ ؛ اھمیت ؛ وقعت ؛ توجہ ؛ معاوضہ ؛ اجر ۔ (۸) رپورٹ ؛ تعلق ؛ کیفیت ؛ بیان ؛ تعریف ؛ ذکر ؛ چرچا ؛ روداد ؛ بیان ؛ تفصیل ۔

Active account : چالو کھاتا ۔

Adjustment account : (تجارت) تطبیق کھاتا ۔

Approximate stock account : (تجارت) اندازیہ اسٹاک کھاتا ۔

Bad debits account : (تجارت) بٹہ کھاتا ؛ لاحصول قرض کھاتا ۔

Bad debits recovered account : (تجارت) وصولی بٹہ کھاتا ۔

Bad debits reserve account : (تجارت) لاحصول قرض ریزرو کھاتا ۔

Bank account : (تجارت) بینك کھاتا ؛ بنکی کھاتا ۔

Blocked account : (تجارت) منجمد کھاتا ۔

Book account : (تجارت) کتابی کھاتا ۔

Bought ledger adjustment account : (تجارت) خرید بہی تطبیق کھاتا ۔

Bought ledger control account : (تجارت) خرید بہی کنٹرول کھاتا ۔

Branch adjustment account : (تجارت) شاخ کا تطبیق کھاتا ۔

Branch remittance account : (تجارت) شاخ کا ترسیلی کھاتا ۔

Broken account : (تجارت) منقطع کھاتا ۔

Business purchase account : (تجارت) بیوپار خرید کھاتا ۔

Carriage and cartage account : (تجارت) ڈھلائی کھاتا ؛ بار برداری کھاتا ۔

Cash account : (تجارت) نقدی کھاتا ؛ روکڑ کھاتا ؛ نقد حساب ۔

Cash in transit account : (تجارت) نقدی دوران راہ کھاتا ۔

Charge account : (تجارت) اعتباری خرید کھاتا ۔

Closed account : (تجارت) بند کھاتا ۔

Commission account : (تجارت) کمیشن کھاتا ۔

Consignment stock account : (تجارت) مال ترسیل اسٹاک کھاتا ۔

Consignment stock suspense account : (تجارت) مال ترسیل تعطل کھاتا ۔

Contract account : (تجارت) ٹھیکہ کھاتا ۔

Cost control account : لاگت روک کھاتا ۔

Current account : (تجارت) جاری کھاتا ؛ چالو کھاتا ۔

Dead account : (تجارت) متروک کھاتا ۔

Deficiency account : (تجارت) تخفیفی کھاتا ۔

Demand account : طلب حساب ۔

Departmental account : (تجارت) شعبہ جاتی کھاتا ؛ محکماتی کھاتا ۔

Departmental profit and loss account : (تجارت) محکماتی نفع نقصان کھاتا ؛ شعبہ جاتی نفع نقصان کھاتا ۔

Depreciation fund investment account : (تجارت)

فرسودگی فنڈ راس المال کھاتا ۔

Discount account : (تجارت) کٹوتی کھاتا ۔

Dividend appreciation account : (تجارت) منافع حصص کھاتا ۔

Doubtful debits account : (تجارت) مشکوک قرض کھاتا ۔

Doubtful debits reserve account : (تجارت) مشکوک قرض ریزرو کھاتا ۔

Drawings account : (تجارت) ذاتی واپسی کھاتا ؛ مالک واپسی کھاتا ؛ پروپرائٹر واپسی کھاتا ۔

Factory fuel and power account : (تجارت) فیکٹری ایندھن بجلی کھاتا ۔

Finished goods account : (تجارت) تیار مال کھاتا ۔

Fire claim account : (تجارت) آگ بیمہ دعوا کھاتا ۔

For account of : حساب برائے فلاں ؛ فلاں کے حساب میں ۔

For the account : (Stock Exchange) وہ رقم جو نقد نہ لی جائے بلکہ اس کا حساب آئندہ کے حساب میں شامل ہو ۔

Freehold property account : (تجارت) ملک مطلق کھاتا ۔

Furnitures & fixtures account : (تجارت) فرنیچر و اشیائے قائمہ کھاتا ۔

General charges account : (تجارت) عام اخراجات کھاتا ۔

General ledger adjustment account : (تجارت) عام بہی تطبیق کھاتا ۔

Goodwill account : (تجارت) تجارتی ساکھ کھاتا ۔

Goods account : (تجارت) مال کھاتا ۔

Goods in transit account : (تجارت) مال دوران راہ کھاتا ۔

Goods sent on consignment account : (تجارت) ترسیلی مال کھاتا ۔

Head office account : (تجارت) صدر دفترکھاتا ۔

In account with : حساب رکھنے کی ضرورت سے متعلق ۔

Inactive account : (تجارت) غیر جاری کھاتا ؛ نچالو کھاتا ۔

Income and Expenditure account : (تجارت) آمد و خرچ کھاتا ۔

Income statement account : حساب آمدنی ۔

Insurance account : (تجارت) بیمہ کھاتا ۔

Insurance fund account : (تجارت) بیمہ فنڈ کھاتا ۔

Insured account : بیمہ شدہ حساب ۔

Interest account : (تجارت) سود کھاتا ؛ بیاج کھاتا ۔

Interest suspense account : (تجارت) سود تعطل کھاتا ۔

Joint bank account : (تجارت) مشترکہ بینک کھاتا ۔

Land and buildings account : (تجارت) زمین وعمارت کھاتا ۔

Lease account : (تجارت) پٹہ کھاتا ۔

Lease - hold account : (تجارت) ملک پٹہ کھاتا ۔

Lighting and heating account : (تجارت) روشنی و تپش کھاتا ۔

Liquidation account : (تجارت) حساب اختتام کاروبار ۔

Liquidator's account : (تجارت) محتسب کا کھاتا ۔

Live account : (تجارت) چالو کھاتا ۔

Manufacturing account : (تجارت) صنعتی کھاتا ۔

Money of account : زر حسابی (یعنی وہ سکہ جو رائج الوقت نہیں لیکن حساب میں بطور رقم شمار ہوتا ہے جیسے گنّی ؛ دینار وغیرہ) ۔

Net revenue account : (تجارت) خالص آمدنی کا کھاتا ؛ خالص ریوینیو کھاتا ۔

Nominal account : (تجارت) نامی حساب ؛ نامی کھاتا ؛ برائے نام کھاتا ۔

Office expenses account : (تجارت) دفتر خرچ کا بہی کھاتا ۔

Offices premises account : (تجارت) اراضیٔ دفتر کھاتا ۔

On account : بالقسط ؛ وقفہ سے (ادائی) ؛ علی الحساب ۔

On account of : بہ سبب ؛ بہ علت ۔

On one's account : کسی کیجانب سے اور اس کے خرچ پر ۔

On one's own account : ذاتی ذمہ داری پر ۔

Open account : (تجارت) کھلا کھاتا ۔

Personal account : (تجارت) شخصی کھاتا ۔

Plant and machinery account : (تجارت) پلانٹ و مشینری کھاتا ۔

Postage account : (تجارت) ڈاک خرچ کھاتا ۔

Private account : (تجارت) نجی کھاتا ؛ ذاتی کھاتا ۔

Production account : (تجارت) پیداوار کھاتا ۔

Profit and loss account : (تجارت) نفع نقصان کھاتا ۔

Profit and loss adjustment account : (تجارت) نفع و نقصان تطبیق کھاتا ۔

Profit and loss appropriation account : (تجارت) نفع نقصان تصرف کھاتا ۔

Proforma account : (تجارت) پروفارما کھاتا ۔

Real account : (تجارت) حقیقی حساب ۔

Realization account : (تجارت) وصولیابی کھاتا ۔

Receipts and payments account : (تجارت) وصولی و ادائیگی کھاتا ۔

Remittance in transit account : (تجارت) دوران راہ زر مرسلہ کھاتا ۔

Rendered account : (تجارت) پیش کردہ حساب کھاتا ۔

Rent account : (تجارت) کرایہ کھاتا ۔

Repairs and renewals account : (تجارت) مرمت و تجدید کھاتا ۔

Reserve account : (تجارت) ریزرو کھاتا ۔

Revenue account : (تجارت) آمدنی کھاتا ؛ ریوینیو کھاتا ۔

Salaries account : (تجارت) تنخواہ کھاتا ۔

Sales account : (تجارت) بکری کھاتا ؛ فروخت کھاتا ۔

Sales ledger control account : (تجارت) بکری بہی کنٹرول کھاتا ۔

Security deposit account : (تجارت) زرضمانت کھاتا ۔

Share premium account : (تجارت) حصص آمدنی کھاتا ؛ شیئر پریمیم کھاتا ۔

Sub-manufacturing account : (تجارت) ضمنی تیار مال کھاتا ۔

Suspense account : (تجارت) تعطلی کھاتا ؛ التوا کھاتا ۔

Term account : (تجارت) میعادی کھاتا ۔

To balance or square account : حساب بیباک کرنا ؛ حساب چکتا کرنا (لین دین کا) ۔

To cast account : حساب کرنا ؛ تخمینہ لگانا ؛ شمار کرنا ۔

To give account of : حساب دینا ۔

To give a good account of : کامیاب ہونا ؛ اچھی طرح عہدہ برآ ہونا ؛ اچھی کارکردگی دکھانا ۔

To keep accounts : آمد و خرچ کا حساب رکھنا ۔

To lay one's account with (on/for) : بھروسہ رکھنا ؛ توقع رکھنا ؛ امید رکھنا۔

To leave out of account : خارج از بحث سمجھنا ؛ ہیچ سمجھنا ؛ قطع نظر کرنا ۔

To make account of : قدر دانی کرنا ۔

To open or close an account with one / To render or send in an account : واجب الادا روپیوں کا گوشوارہ دینا ۔

To place or pass to account : کسی کے حساب میں جمع کرنا یا گھٹانا ۔

To take (into) account (of) : توجہ کرنا ؛ التفات کرنا ؛ دھیان میں لانا ۔

Total creditor's account : (تجارت) جملہ قرضی کھاتا ۔

Total debitor 's account : (تجارت) جملہ مقروض کھاتا

Trade expenses/charges account : (تجارت) بیوپار صرف کھاتا ؛ بیوپار خرچ کھاتا ۔

Travelling expenses account : (تجارت) سفر خرچ کھاتا ۔

Unrealised account : (تجارت) حساب غیر موصولہ ۔

Vender/Seller account : (تجارت) فروشندہ کھاتا ۔

Voyage account : (تجارت) سمندری سفر کھاتا ۔

Wages account : (تجارت) مزدوری کھاتا ۔

Account book : (n) حساب کا کھاتا ؛ بہی ۔

Account day : (n) روز شمار ؛ یوم الحساب ؛ (تجارت) یوم حساب ؛ نپٹارا دن ۔

Account days : (n) (تجارت) ایام حساب ۔

Account in operation : (تجارت) مستعمل کھاتا ۔

Accountability : (n) (تاریخ و سیاسیات) جوابدہ ہونا ؛ (فلسفہ ونفسیات) جوابدہی ؛ مسئولیت ۔

Accountable : (a) [See account] (۱) حساب کا ذمہ دار ؛ جوابدہ ؛ ضامن ؛ کفیل ۔ (۲) قابل تشریح ؛ توجیہ پذیر ؛ ممکن التوجیہ ۔

Accountableness : (n) ذمہ داری ؛ جوابدہی ؛ ضمانت ؛ کفالت ؛ (سماجیات) ذمہ داری ؛ جوابدہی ۔

Accountancy : (n) حساب داری کافن یا عمل ؛ (کامرس)

اکاؤنٹینسی ؛ طریقہ کھاتا داری ؛ محاسبی ۔

Accountant : (n) [See account] (۱) کسی عوامی دفتر کا وہ افسر جسکے ذمہ حساب کتاب رھتا ھے ؛ حساب دار ؛ محاسب ؛ منیب ؛ جمع خرچ نویس ۔ (۲) (قانون) حسابدھی کے مقدمات کا مدعا علیہ ۔ (۳) شمار کنندہ ؛ حساب لگانے والا ؛ حساب لکھنے کا پیشہ کرنے والا ۔

Accountant general : (n) صدر محاسب (صیغہ حساب کا اعلا عہدہ دار) ؛ اکاؤنٹنٹ جنرل ؛ ناظم حسابات ؛ رئیس حساب داری ۔

Accountantship : (n) حساب داری کا عہدہ ؛ عہدہ محاسبی ؛ محاسبی ۔

Accounted : (a) محسوب ۔

To be accounted of : محسوب ھونا ۔

Accounting : (n) حساب کتاب ؛ حساب داری ۔

Accounting department : (n) (تجارت) شعبہ حساب داری ۔

Accounting expenses : (n) (تجارت) حسابی مصارف ؛ اخراجات حساب کتاب ۔

Accounting period : (n) (تجارت) مدت حساب ۔

Accounting year : (n) (تجارت و معاشیات) سال حساب ۔

Accounts : (n) (تجارت) کھاتے ۔

Capital accounts : (تجارت) سرمایہ کھاتے ۔

Contra adjustment accounts : (تجارت) مخالف تطبیق کھاتے ؛ مقابل تطبیق کھاتے ۔

Cost accounts : (تجارت) لاگت کھاتے ۔

Customer's accounts : (تجارت) گاھك کھاتے ۔

Departmental accounts : (تجارت) محکمہ جاتی کھاتے ؛ شعبہ جاتی کھاتے ۔

Executor's accounts : وصی کے کھاتے ۔

Fictitious accounts : (nominal accounts) (تجارت) فرضی کھاتے ؛ برائے نام کھاتے ۔

Final accounts : (تجارت) اختتامی حساب ؛ اختتامی کھاتے ۔

Financial accounts : =(Revenue accounts) (تجارت) مالیاتی کھاتے ۔

Group accounts : (تجارت) گروپ کھاتے ؛ مجموعی کھاتے ۔

Integrated accounts : (تجارت) مرکب کھاتے ۔

Nominal accounts : =(Fictitious accounts) (تجارت) برائے نام کھاتے ؛ فرضی کھاتے ۔

Partner's current accounts : (تجارت) شراکت داروں کے چالو کھاتے ۔

Partner's fixed capital accounts : (تجارت) شراکتداروں کے مستقل سرمایہ کھاتے ۔

Partnership accounts : (تجارت) شراکت داری کھاتے ۔

Payable accounts : (تجارت) واجب الادا کھاتے ۔

Property accounts : =(Real accounts) (تجارت) مال و جانداد کھاتے ؛ اثاثہ جاتی کھاتے ۔

Published (Real accounts) : (تجارت) مشتہر حسابات ۔

Quarterly trade accounts : (تجارت) سہ ماھی بیوپار کھاتے ۔

Real accounts : =(Property accounts) مال و جانداد کھاتے ؛ اثاثہ جاتی کھاتے ۔

Receivable accounts : (تجارت) واجب الوصول کھاتے ۔

Receivable insurance accounts : (تجارت) واجب الوصول بیمہ کھاتے ۔

Receivable policy accounts : (تجارت) قابل وصول پالیسی کھاتے ۔

Revenue accounts : =(financial accounts) (تجارت) مالیاتی کھاتے ۔

Account sale or sales : (n) بکری کا حساب ؛ (تجارت) حساب فروختگی ۔

Accounts bearing interest : (n) (تجارت) سودی کھاتے ۔

Accounts department : (n) شعبہ٭ محاسبی ۔

Accounts of receivers : (تجارت) تولیتی کھاتے ۔

Accounts payable : (n) حساب واجب الادا ۔

Accounts receivable : (n) حساب واجب الوصول ۔

Accounts receivable financing : حساب واجب الوصول برائے زر کاری۔

Accounts receivable insurance : بیمہ حساب واجب الوصول ۔

Accounts receivable ledger : بہی حساب واجب الوصول ۔

Accounts stated (or accepted) : (n) (تجارت) منظور شدہ حساب ؛ تسلیم شدہ حساب ۔

Accoutre : (v) [MFr."accoustrer","accoutrer"] ملبوس کرنا ؛ مجہز کرنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا ۔

Accoutrement : (n) [MFr."accoustrement","accoutrement"]
(۱) لوازمات آرائش ۔(۲) (فوجی) سامان (وردی اور هتھیار چھوڑ کر) ۔(۳) ملبوس کرنے کا عمل ۔

Accredit : (v) [Fr."accrediter"] ۔ (۱) اعتماد و اثر حاصل کرنا (۲) ایلچی یا سفیر روانہ کرنا ؛ سفارت بھیجنا ۔ (۳) منسوب کرنا (کسی بات یا عمل کا کسی طرف) ۔

Accreditation : (n) اعتماد حاصل کرنے کی کارروائی ؛ (فلسفہ و نفسیات) ماموری ؛ منظوری ؛ (تاریخ و سیاسیات) سند سفارت دینا ؛ سند اعتماد دینا ۔

Concurrent accreditation : (تاریخ و سیاسیات) بیک وقت سند اعتماد دینا ۔

Accredited : (a) مستند ۔

Accredited agent : (n) (تاریخ و سیاسیات) مستند نامہ نگار ؛ مستند ایجنٹ ۔

Accrementitial : (adv) ۔(حیاتیات) عضویاتی نمو سے متعلق

Accrementition : (n) (حیاتیات) عضویاتی نمو ۔

Accresce : (v) [L."accrescere"] حاصل هونا ؛ میسر هونا ۔

Accrescence : (n) مسلسل نمو ۔

Accrescent : (a) لگاتار نشو و نما پانے والا ؛ تن افزا ۔

Accrete : (v) [L."accret-","accrescere"] جڑواں اگنا ؛ ساتھ ساتھ اگنا ؛ هم نمو هونا ؛ جوڑ ملانا ۔

Accrete : (a) [L."accretus"] هم نمو ؛ واصل ۔

Accretion : (n) [L."accretionem"] ؛ (۱) مسلسل نمو ؛ هم نمائی ؛ بروز ؛ نشو و نما (جو عضوی زوائد کے ذریعہ هو) ۔(۲) نمو کا عمل بیرونی اضافہ سے ۔(۳) خارجی مادہ یا اشیاء کا وصل جو زیادتی کا باعث هو ؛ الحاق ؛ اضافہ (خارجی مادہ کا اصل شے میں) ؛ وہ شے جو اضافہ هوئی هو ؛ زوائد ؛ افزونی ۔(٤) کسی ترکہ یا وراثت میں اضافہ جو ناکام شریك وارث یا شریك موتی الیہ کے حصہ کو وصل کرنے سے پیدا هو ۔(٥) (طب) بڑھاؤ ؛ (معاشیات) ایزاد ؛ (حیاتیات) تن افزائی ؛ (لسانیات) الحاق ؛ (تاریخ و سیاسیات) اضافہ ۔

Artificial accretion (of territory) : (تاریخ وسیاسیات) ارادی اضافہ ۔

Natural accretion : (تاریخ وسیاسیات) قدرتی اضافہ (افزونی) ۔

Accretion to territory : (تاریخ و سیاسیات) اراضی یا علاقے کا اضافہ ۔

Accretive : (a) اضافے سے متعلق ؛ الحاقی ۔

Accretive element : (n) (لسانیات) الحاقی عنصر ۔

Accroach : (v) [OFr." acrocher"] ؛ آنکس سے کھینچ کرنکالنا ؛ اپنی طرف کھینچ کر لانا ؛ حاصل کرنا ۔

Accroach to oneself : (v) غصب کرنا ؛ ناجائز قبضہ کرنا ۔

Accroaching : (n) غصب کرنا ؛ اعلا اقتدار کو غصب کر لینا ۔

Accrual : (n) [See Accrue] زیادتی ؛ حصول ؛ (تجارت و معاشیات) واجب التحصیل ۔

Accrual basis : (n) (تجارت و معاشیات) بنیاد واجب التحصیل ۔

Accrual basis of accounting : (n) (تجارت و معاشیات) حساب بر بنیاد واجب التحصیل ؛ ایزاد اساسی حساب داری ۔

Accrual clause : (n) شق وراثت ۔

Accrue : (v) [L."accrescere"] فطری طور پر حاصل ہونا ؛ میسر آنا ؛ ملنا (خاص کر سود وغیرہ کا) ؛ (تاریخ و سیاسیات) حاصل ہونا ۔

Accrued : (a) (معاشیات) اضافہ شدہ ۔

Accrued holiday / remuneration : (تجارت و معاشیات) واجب الحصول رخصت کا معاوضہ ۔

Accrued interest : (n) (تجارت) سود واجب الحصول ؛ جمع شدہ سود ۔

Accubation : (n) [L."accubationem"] (۱) میز پر تکیہ لگانے کا قدیم انداز نشست ۔ (۲) میز پر ٹیک لگانے کا قدیمی طرز ۔

Acculturation : (n) ثقافیت ؛ (تاریخ وسیاسیات) انتقال تہذیبی ؛ کسب تہذیبی ؛ (فلسفہ و نفسیات) اخذ تہذیب ؛ ثقافت پذیری ؛ (سماجیات) ثقافیت ۔

Marginal acculturation : (تاریخ و سیاسیات) خفیف انتقال تہذیبی ۔

Accumbent : (a) [L."accumbentem","accumbere"] (۱) میز سے ٹیک لگائے ہوئے ہونا ۔ (۲) (نباتیات) ٹیکنے والا ؛ متکی ؛ مسندی ۔

Accumulate : (v) [L."accumulatus / accumulare"] جوڑ جوڑ کر جمع کرنا ؛ تھاک لگانا ؛ ڈھیروں ہونا ؛ ڈھیر کرنا ؛ جمع کرنا ؛ انبار ہونا ؛ جمع ہوتا جانا ؛ بمدارج حاصل کرنا ؛ تدریجاً حاصل کرنا؛ کئی اسناد (ڈگریوں) کا حاصل کرنا ۔

Accumulate b. : (n) (تجارت و معاشیات) جمع شدہ بونس ۔

Accumulate deviation : (n) (شماریات) انحراف مجتمع ۔

Accumulate dividend : (n) (تجارت و معاشیات) جمع شدہ منافع حصص ؛ جمع شدہ مقسوم ۔

Accumulate intension : (n) (لسانیات) اجتماعی تعبیر ۔

Accumulation : (n) [L."accumulationem"] (۱) جمع کرنے کا عمل ۔ (۲) سود در سود سے سرمایہ میں اضافہ ؛ اضعاف مال ؛ افزائش زر ؛ اصل کی بڑھوتری (سود) ۔ (۳) مختلف افعال کا ایک میں اجتماع ؛ ملا دینا ۔ (٤) ڈھیر ؛ انبار ؛ کثرت ؛ ذخیرہ ۔ (٥) (حیوانیات و معاشیات) اجتماع ؛ (تاریخ و سیاسیات) جمع ۔

Accumulation coefficient : (n) (شماریات) نمائندہ اجتماع ۔

Accumulation stock : (n) جمعی ذخیرہ ۔

Accumulative : (a) [L."accumulat-","accumulare"] (۱) اجتماعی ؛ مجموعی ۔ (۲) اضافہ پذیر ؛ بڑھتا ہوا ؛ بڑھن ہار ۔ (۳) جمع کرنیوالا ؛ سرمایہ گر ؛ دولت کش ۔

Accumulatively : (adv) اجتماعی طور پر ۔

Accumulativeness : (n) جمع پذیر ہونے کی صفت ؛ جمع پذیری ۔

Accumulator : (n) [L."accumulat-","accumulare"] (۱) جوڑنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ اکھٹا کرنے والا ؛ جامع ؛ اجتماع کن ؛ (طبیعیات) اکو مو لیٹر ۔ (۲) کماو ؛ سرمایہ اندوز ؛ کئی اسناد کا حاصل کرنے والا ۔ (۳) خزانہ ؛ جامع برق ؛ برقی ذخیرہ خانہ ؛ ذخیرہ گر ۔

Accumulator plates : (n) ذخیرہ تختیاں ۔

Accuracy : (n) [See Accurate] صحت ؛ ٹھیک ٹھیک ہونا ؛ درست ہونا ؛ درستی ؛ (سماجیات) صحت ؛ درستی ؛ (ریاضی و طبیعیات) صحت ۔

Accuracy test : (n) (تجارت و معاشیات) آزمائش درستی ۔

Accurate : (a) محتاط؛ ٹھیک ٹھیک ؛ درست ؛ راست ؛ صحیح ؛ (طبیعیات و ریاضی) معیاری ؛ معتبر ۔

Accurately : (adv) بے نقص ؛ غلطیوں سے مبرّا ؛ صحت کے ساتھ ۔

Accurateness : (n) صحت ؛ درستی ؛ راستی ۔

Accurse : (v) [A prep.+ OE.Cursian] بد دعا دینا ؛ کوسنا ؛ لعنت بھیجنا ؛ مکمل تباہی یا مصیبت کی نذر کرنا ۔

Accurse / Accurs : (a) (۱) ملعون ؛ لعنت زدہ ؛ لعین ؛

کرانا ؛ اشارہ کرنا ؛ بتا دینا ۔

Accused : (n) ملزم ؛ شخص ماخوذ ۔

Accusing : (n) الزام لگانا ؛ تہمت لگانا ۔

Accusingly : (adv) متہمانہ؛ مستغیثانہ ؛ مدعیانہ طور پر۔

Accustom : (v) [OFr."acostumer"] (۱) آشنا بنانا ؛ مروجہ بنانا ؛ عادت ڈالنا ؛ مشق کرنا ؛ معمول بنا لینا ۔ (۲) عادی ہونا ؛ خوگر ہونا ؛ سدھانا ؛ مطابق کر لینا ؛ (سماجیات) عادی ہونا ۔

Accustomary : (a) معمولاً ۔

Accustomed : (a) حسب معمول ؛ بطور عادت ؛ عادی ؛ معتاد ؛ معمولہ ؛ بندھی ہوئی ؛ آشنا ۔

Accustomedness : (n) عادت پذیری ؛ عادی ؛ معتاد ؛ آشنا ہونے کی صفت یا حقیقت ۔

Ace : (n) [L."as"] (۱) ایک کا نشان جو پانسہ یا گنجفہ یا تاش پر بنا ہوتا ہے ۔ (۲) اکّا ؛ ایک نمبر ؛ پہلا نشان ۔ (۳) ایک فرانسیسی ہواباز کا نام جس نے جنگ عظیم میں دشمن کے تین جہاز مار گرائے تھے ؛ ایک اچوك ہواباز ۔ (٤) ٹینس کی ایک سروس جس سے مقابل والا ہار جائے ۔ (٥) (استعارتاً) نقصان ؛ بدبختی ؛ بد قسمتی ؛ کمال ؛ کاملیت ؛ تکمیل ۔

Ambs ace : پو کی دو اکائیاں ؛ (مجازاً) بدنصیبی ؛ کم نصیبی ۔

Deuc ace : دو اور ایک کا پھینکنا ؛ تین کانے ۔

To bate an ace : ہلکی سے ہلکی تخفیف کرنا ؛ بہت تھوڑا گھٹانا ۔

Within an ace of : بہت قریب ؛ بال برابر فاصلہ پر ؛ بہت کم فاصلہ پر ۔

Ace : (v) اپنے حریف کے خلاف اکّا مار لینا ۔

Ace point : (n) تختہ نرد کا پہلا خانہ جہاں سے چالیس شروع ہوتی ہیں ؛ گوٹ بیٹھك ۔

Ace quia : (n) نہر ۔

- acea : (لاحقہ) جانوروں کی قسم یا ذات بتانے

مردود ؛ راندہ درگاہ ؛ کم بخت ؛ بد بخت ؛ تیرہ بخت ۔ (۲) قابل نفرت ؛ منحوس ۔

Accusable : (a) قابل تہمت ؛ قابل الزام ؛ لائق نفرت ؛ تہمت آمیز ۔

Accusably : (adv) ملزمانہ طور پر؛ تیرہ بختی سے ؛ قابل نفریں صورت کے ساتھ۔

Accusal : (n) افترا ؛ تہمت۔

Accusant : (n) [L."accusantem","accusare"] الزام لگانے والا ؛ تہمت لگانے والا ؛ نالش کرنے والا ؛ مستغیث ۔

Accusation : (n) [L."accusantem","accusare"] (۱) تہمت ؛ الزام ؛ علت ؛ شکایت ۔ (۲) الزام دینا ؛ ملزم قرار دینا ؛ ملزم ٹھہرانا ؛ متہم ہونا ؛ قصور تھوپا جانا ۔ (۳) الزام جرم ؛ انتساب جرم ؛ (فلسفہ و نفسیات) الزام دہی ۔ (٤) استغاثہ ؛ نالش ۔

Accusatival : (a) کسی فعل کا مفعول ہونا ؛ مفعولی ؛ حالت مفعولی کا یا اس سے متعلق ۔

Accusative : (a) [L."accusativus"] (نحو) رسم منصوب ؛ مفعول ۔

Accusative case : (n) حالت مفعولی ؛ (لسانیات) مفعولی حالت ۔

Accusatively : (adv) مفعول کے طور پر ۔

Accusatorial : (a) [L."accusatorius"] مستغیث سے متعلق ؛ عدالتی (بخلاف انتظامی، جس میں جج اور پیروکار ایك ہوتے ہیں) ۔

Accusatorial procedure : (n) طریق تحقیقات(جس میں مستغیث اور حاکم ایك ہی شخص نہیں ہوتے) ۔

Accusatory : (a) [L."accusatorius"] الزام آمیز ؛ شکایت آمیز ؛ تہمت آمیز ؛ الزامی ؛ اتہامی ۔

Accuse : (v) [L. "accusare"] (۱) الزام دھرنا ؛ قصوروار ٹھہرانا ؛ تہمت لگانا ؛ استغاثہ دائر کرنا ۔ (۲) الزام لگانا ؛ مجرم ٹھہرانا؛ الزام دینا ؛ متہم کرنا ؛ طوفان باندھنا ؛ تہمت دھرنا ؛ چھدارکھنا ؛ کسی کے سر تھو پنا ۔ (۳) دغا دینا ؛ راز ظاہر کر دینا ؛ منکشف کرنا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا ؛ کھولنا ۔ (٤) (استعارتاً) ظاہر کرنا ؛ جتانا ؛ معلوم

(۲) (تاریخ کلیسائی) عیسائیوں کے مختلف گروهوں اور جماعتوں کا نام جس کا کوئی رهنما یا سربراہ یاپادری نہ هو ۔

Acephalia : (n) بے سری ۔

Acephalobrachia : (n) بے سرو بازونی ۔

Acephalocardia : بے سرو قلبی ۔

Acephalochiria : بے سرو دستی ۔

Acephalocyst : (n) [Gr."acephalos+cystis"] بے سر کا کیڑا ؛ بے سرا کیڑا ؛ (طب) بے سری تھیلی ۔

Acephalogaster : (n) بے سرو شکمی ۔

Acephalopodia : (n) بے سرو پائی ۔

Acephalorachia : (n) بے ریڑھ اور سری ۔

Acephalostomia : (n) بے سرو دہنی ۔

Acephalothrocia : (n) بے سرو صدری ۔

Acephalous : (a) [L."acephalus"] (۱) بے سرکا ؛ بے سرا ۔ (۲) بغیر رهنما کا ؛ خود مختار ؛ (علم حیوانیات) بن سرا ؛ جس کے سر کی شکل مرتب نہ هوئی هو ؛ عدیم الراس ؛ (علم نباتیات) سر بریدہ ؛ بے سر ؛ فاقدالراس ۔ (۳) (عروض) ناقص مصرعہ جس کا پہلا بول چھوٹ گیا هو ؛ بلا آغاز (جیسےایک ناقص مخطوطہ یا نظم) ۔

Acephalus : (n) جنین بے سر ۔

Acerate : (a) (حیاتیات) نوک دار ۔

Acerate : (n) ایک قسم کا نمک ؛ نمک آج ۔

Acerb : (a) [L."acerbus"] کھٹا ؛ ترش (کچے پھلوں کی طرح) ؛ کڑوا ؛ تلخ ۔

Acerbate : (v) [L."acerbat-"," acerbare"] ترش کرنا ؛ کھٹا کرنا ؛ تلخ کرنا ؛ کڑوا بنانا ۔

Acerbate : (a) کھٹا ؛ کڑوا ؛ تلخ ؛ ترش ۔

Acerbic : (a) [L."acerbus"] کھٹا ؛ ترش ؛ درشت ؛ کرخت ؛ ناگوار ۔

کے لئے ناموں میں استعمال هوتا هے مثلاً Crustacea

- aceae : (لاحقہ) اس سے درختوں کی انواع کے نام بنتے هیں مثلاً Rosaceae

- acean : Acea کی طرح ایک لاحقہ هے ۔

Acedia : (n) [Gr."acedin"] سستی ؛ کاهلی ؛ روحانی بے حسی ۔

Acedia : (n) [Sp."acedía"] ایک قسم کی مچھلی جو جزائر غرب الہند میں پائی جاتی هے ۔

Acediamine : (n) [ACE (Tic) + Diamine] امونیا کا ایک مرکب جس کی ترکیب یوں $C_2 N_2 H_6$ هے ۔

Acediast : (n) سست ؛ کاهل ۔

Aceldama : (n) [Aram."okal dama"] (۱) بیت المقدس کے قریب ایک باغ جو خوں بہا سے خریدا گیا تھا اس لئے (استعارتاً) خونریزی یا کشت و خون کا میدان ؛ قتل گاہ ؛ مقتل ۔ (۲) نا خوشگوار یادوں کا مقام ۔

Acellular : (a) [A + Celluar] بے خلیے کا ؛ غیر خلیوی ۔

Acenaphthene : (n) [Ace (tic) + Naphthene] نفطلین کے گروپ کا ایک کیمیاوی مرکب ($C_{12} H_{10}$)

Acenaphthylene : (n) نفطلین کے گروپ کا ایک مرکب جس میں هائیڈروجن کے دو جوهر کم هوتے هیں ($C_{12} H_8$) ۔

Acenesthesia : (n) مفقودالحواسی ۔

Acentric : (a) [Gr."acentros"] لامرکز ؛ بغیر مرکز کا ؛ بے مرکز ؛ (طب) لامرکزی ۔

Acentrous : (a) (حیاتیات) بے مرکزہ ۔

- aceous : (لاحقہ) تاریخ طبعی کے اسماء کے آخر میں لگا کر اس سے صفات بناتے هیں ۔

Acephala : (a) [Gr."acephala"] بے سرکا ؛ بے سرا ؛ صدف نما جانوروں کی عظیم نوع میں سے ایک ۔

Acephalan : (a) [Gr.] Acephala سے متعلق ۔

Acephali : (n) [Gr."acephalos"] (۱) (تاریخ طبعی) (فرضی، خیالی) بے سر کا انسان یا جانور ۔

Acerbity : (n) [L."acerbitatem"] (۱) ترشی ؛ تلخی؛ درشتی ؛ کھٹاس ۔ (۲) (استعارتاً آدمی اور اس کے لہجے کے لئے) خشونت ؛ تندروئی ؛ درشتی ؛ تند مزاجی ؛ آتش مزاجی ۔

Aceric : (a) [mod. L."acericus"] پیپل سے متعلق ؛آجی ۔

Acerose : (a) [L."acerosus"] (۱) بھوسی کیطرح یا ملا ھوا ۔ (۲) (نباتیات) سوئی کی شکل کا اور سخت جیسے برگ صنوبر یا برگ انناس ؛ نکیلا ؛ سوئی نما ۔

Acerra : (n) (تاریخ و سیاسیات) عوددان (قدیم رومی) ۔

Acervate : (a) [L."acervatus"] گچھوں کی شکل میں اگنے والا ؛ معقد ؛ گچھیلا ؛ خوشہ دار ؛تودکی ؛ تودہ نمو ۔

Acervately : (adv) گچھیلے طریقہ سے ۔

Acervation : (n) ڈھیر لگانا ؛ ڈھیر کرنا ؛ انبار لگانا ۔

Acervative : (a) انبار پذیر ؛ ڈھیر لگنے والا ۔

Acervuline : (a) چھوٹے ڈھیروں کی شکل میں ؛ (حیاتیات) غیر منظم تودکی ۔

Acervulus : (n) تودك ۔

Acervulus cerebri : (n) مغز ریزہ ۔

Acescence : (n) [See Acescent] چاشنی ؛ ترشی ؛ کھٹاس ۔

Acescency : (n) [See Acescent] چاشنی داری ؛ ترش ھونے کی حالت یا صفت ؛ ھلکی ترشی ۔

Acescent : (a) [L."acescentum","acesere"] مائل بہ ترشی ؛ ترشی مائل ؛ خفیف سا کھٹا ؛ مزہ بدلا ھوا ؛ متغیر (مزہ میں) ۔

Acesodyne : (a) [Gr." akesodynos"] مسکن درد ۔

کیمیاوی ناموں کا سابقہ بمعنی سرکہ ۔

Acetable : (n) [L."acetabum"] سیال ناپنے کا ایك قدیم پیمانہ ؛ بھر طشتری ؛ نصف گل (Gill) ۔

Acetabular : (a) پیالہ نما ؛ چسنے کی شکل کا ؛ فنجانی ۔

Acetabuligerous : (a) پیالہ نما جوف رکھنے والا ۔

Acetabuliform : (a) طشتری نما ؛ فنجان شکل ۔

Acetabulum : (n) [L."acetum + abulum"] قدیم رومن لفظ : (۱) سرکے کا پیالہ ؛ سرکہ دان ۔ (۲) (حیوانیات) پیالہ نما جوف یا عضو ؛ فنجان ؛ چسنا ۔ (۳) (نباتیات) بعض سماروغ کا جوف ۔

Acetal : (n) [Acet (ic) +Al (cohol)] ایك بے رنگ رقیق جو روح شراب بنانے میں حاصل ھوتی ھے ؛ (کیمیا) ایسیٹل [CH_3-CH $(OC_2H_5^2)$]

Acetaldehyde : (n) (کیمیا) ایسیٹلڈھائڈ ۔

Acetaldoxime : (n) (کیمیا) ایسیٹلڈوکسیم ۔

Acetamide : (n) (کیمیا) ایسیٹامائڈ ۔ $(C_3H_3O.NH_2)$ ۔

Acetamidophenetole : (n) (کیمیا) ایسیٹامیڈو فینیٹول ۔

Acetanilide : (n) (کیمیا) ایسیٹانیلائڈ $(C_6H_5.NH.C_2H_3O.)$ ۔

Acetarious : (a) (۱) (حیاتیات) سلاد سا ۔ (۲) (ان ساگوں یا ترکاریوں کے متعلق) جو رائتے یا سلاد میں استعمال ھوں ؛ سلادی ۔

Acetary : (n) [L."acetarium","acetum"] ناشپاتی وغیرہ میں پایا جانے والا ایك ترش گودا جو پھل کے پیندے کے قریب کنکریلے اجزا کے تودے میں ملفوف رھتا ھے ۔

Acetate : (n) ترشابہ ؛ وہ نمك جو سرکہ کے تیزاب کو ایك عنصر کے ساتھ ملانے سے بنتا ھے ؛ نمك سرکہ ؛ (کیمیا) ایسیٹیٹ ۔

Acetated : (a) جس میں سرکے کا تیزاب ملایا گیا ھو ۔

Acetate silk : (n) (کیمیا) ایسیٹیٹ سلك ۔

Acetic : (a) [L."acetum"] (کیمیا) ایسیٹك ؛ سرکے کی خاصیت کا ۔ سرکے سے متعلق ۔

Acetic acid : (n) وہ خاص تیزاب جسے خام الکحل یا پانی میں ملا کر تخمیر سے سرکہ تیار ھوتا ھے ؛ (کیمیا) ایسیٹك ایسڈ ؛ ایسیٹك تیزاب ؛ سرکے کا تیزاب ۔

Acetic ether : (n) (کیمیا) ایسیٹك ایتھر ۔

Acetification : (n) سرکہ بنانے کا عمل ؛ سرکہ سازی ۔

Acetifier : (n) سرکہ ساز (آلہ یا شخص) ۔

Acetify : (v) سرکہ بنانا ؛ ترش ہونا ؛ کھٹا ہو جانا ۔

Acetimeter : (n) [L."acetimetre"] سرکہ پیما ۔

Acetimetry : (n) [L."acetum + metry"] سرکہ یا سرکے کی تیزابیت یا قوت یا کسی مادہ میں اس کے تناسب کا تخمینہ لگانا ؛ سرکہ پیمائی ۔

Acetin : (n) [Acet - + in (e)] سرکے کی گلیسرین ؛ (کیمیا) ایسٹین ۔

Acetize : (v) [L."acetum"] دیکھو Acitify

Aceto acetic acid : (n) (کیمیا) ایسٹو ایسیٹک ایسڈ ۔

Acetone : (n) ایک بے رنگ صاف رقیق جو سرکے کے تیزاب سے ہم رشتہ ہے لیکن اس میں آکسیجن کی مقدار کم ہوتی ہے ؛ (کیمیا) ایسیٹون ۔

Acetonitril : (n) (کیمیا) ایسیٹوناٹنرائل ۔

Acetophenone : (n) (کیمیا) ایسیٹوفینون ۔

Acetose : (a) [L."acetosus"] سرکے کے مزہ کا ؛ کھٹا ۔

Acetosity : (n) سرکے کے ذائقہ کا ہونا ۔

Acetous : (a) [L."acetosus"] سرکہ صفت ؛ سرکہ کے وصف کا ؛ تلخ ؛ ترش ؛ کھٹا ۔

Acetum : (n) [L.] سرکہ ۔

Acetyl : (n) (کیمیا) ایسیٹائل ۔

Acetyl derivative : (n) (کیمیا) ایسیٹائل مشتق ۔

Acetylata : (n) (کیمیا) ایسیٹلاٹا ۔

Acetylation : (n) (کیمیا) ایسیٹلانا ۔

Acetylene : (n) [Acetyl + - ene] (کیمیا) ایسیٹیلین ۔

Acetylide : (n) (کیمیا) ایسیٹلائڈ ۔

Achaean : (a) قدیم یونان کے شہر آکیا سے متعلق یا آکیا کا ؛ یونان کا یا اس سے متعلق ۔

Achaean league : (n) (تاریخ) یک پن لیگ ۔

Achaemenid : (n) [Fr."achaimenides"] قدیم ایران کے فرمانرواؤں کا ایک رکن ۔

Achaenocarp : (n) [Gr."a+chaenin+carpos"] نا شگاف پھل ۔

Achaetous : (a) (حیاتیات) بے ابرو ؛ بے ابرہ ۔

Achar : (n) [Per."achar"] اچار ۔

Acharnement : (n) [L."Adcarnare"] خون آشام غصہ ۔

Acharya : (n) [Skr.] آچاریہ ۔

Achate : (n) عقیق سنگ سلیمانی ۔

Ache / Ake (v) (۱) درد کرنا ؛ دکھنا ؛ درد میں مبتلا ہونا ؛ ٹیس اٹھنا ؛ مسلسل درد میں مبتلا رہنا ۔ (۲) دکھانا ؛ درد میں مبتلا کرنا ۔

Ache : (n) درد ؛ ذہنی یا جسمانی درد ؛ وجع ۔

Ache : (n) انگریزی حرف (H) کا نام ۔

Acheilary / Achilary : (a) [Gr."a+chilos"] چہرہ گل جس میں لب کی کمی ہو ؛ فاقدالشفتین ؛ بے لب ۔

Acheilous : (a) فاقدالشفتین ؛ بغیرلب کا ؛ بے لبی ۔

Acheless : (a) بلا درد ۔

Achene : (n) [Gr."a+chaenin"] بیج کی شکل کا ایک چھوٹا نازک پھل ؛ ناشگافہ ؛ ثمرک ؛ یک تخمہ (پھل) ۔

Acheron : (n) [Gr.] پاتال کی ایک خیالی ندی ؛ (استعارتاً) جہنم کا علاقہ ۔

Acherontic : (a) تاریک ؛ اکیرن کو پار کرنے کا منتظر ؛ جاں بلب ؛ قریب المرگ ۔

Acheta : (n) [Gr."acheta"] جھینگر کی ایک قسم ۔

Acheulean : (a) (تاریخ وسیاسیات) ایشولی (فرانس کا ایک مقام سینٹ ایشولی سے منسوب) ۔

Achievable : (a) انجام دینے کے قابل ؛ قابل حصول ؛ قابل تکمیل ؛ پانے کے قابل ؛ تکمیل پذیر ۔

Achieve : (v) [late L."ad caput verire"] (۱) انجام دینا ؛ خاتمہ

تك پہنچانا ؛ کامیابی سے ختم کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ پورا کرنا ۔ (۲) پانا ؛ حاصل کرنا ؛ کسی مقصد تك پہنچنا ؛ جالینا ؛ پالینا (مقصود کو) ؛ فائز ہونا ۔

Achieved status : (n) (سماجیات) حاصل شدہ حیثیت ؛ اکتسابی حیثیت ۔

Achievement : (n) [See achieve] (۱) تکمیل ؛ انجام دہی ؛ پورا کرنا ؛ کار نمایاں ؛ مراد ؛ حاصل ؛ کامیابی ؛ کامرانی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تحصیل ؛ حصول ۔ (۲) توقیع ؛ طغرا ۔ (۳) نشان امتیاز جو کسی مہم سر کرنے کی یادگار ہو ؛ (نقابت میں) { اس معنی میں اسکی بگڑی ہوئی شکل Hatchment ہے } ۔

Social achievement : (n) (سماجیات) سماجی کامیابی ۔

Achievement quotient : (n) (فلسفہ و نفسیات) درجہ تحصیل ۔

Achievement test : (n) آزمائش تحصیل ؛ محاسبہ کمال ؛ کسی فن میں تحصیل کمال کی آزمائش ۔

Achiever : (n) حاصل کرنیوالا ؛ تکمیل کرنیوالا ۔

Achill : (adv) سردی کی حالت میں ۔

Achillea : (n) [Achilles] ایك قسم کا پودا ؛ بومادران ۔

Achillean : (a) [Achilles] Achilles کے مشابہ ؛ ناقابل تسخیر؛ غیر ضرر تدبیر ؛ ناقابل شکست ۔

Achilles : (n) ایکیلز (ہومرکی داستان کا ہیرو) ۔

Achilles argument : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایکیلز کی دلیل ۔

Achilles heel : (n) غیر محفوظ جگہ ۔

Achilous : دیکھو Acheilous

Achime : (adv) گجر بجتا ہوا ۔

Achirite : (n) [Akir Mohmet] تانبے کا ایك شفاف سلیکیٹ جو شش پہلو منشور میں بلور بنتا ہے ۔

Achkan : (n) [Hindi."ackan"] اچکن ۔

Achlamydeous : (a) [Gr."a"+"chlamyda"] بے خول ؛ بے مسند گل ؛ بے طشتری ؛ بے غلاف ؛ بے قبا ۔

Achloroplylious : (a) (حیاتیات) بے سبزمائی ؛ غیر کلوروفیلی ۔

Acholous : (a) [Gr."acholos"] بے پت کا ؛ بے صفرا ۔

Acholuria : (a) پیشاب میں صفراوی رنگ کا نہ ہونا جو ایك قسم کے یرقان کی نشانی ہے ۔

Achondroplasia : (n) ایك بیماری جس میں کرکری ہڈی کی طبعی نشو و نما نہیں ہوتی جسکے باعث بونا پن ہوجاتا ہے ؛ بے نمو کری ۔

Achroacyte : (n) (علم تشریح) بے رنگ خلیہ ۔

Achroite : (n) [Gr."achroos"] البا میں پایا جانیوالا ایك نرملین (ایك قسم کا پتھر جو نگینے کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

Achromacyte : (n) سرخ خون کا خلیہ جس کارنگ جاتا رہا ہو ۔

Achromat : (n) (طبیعیات) خاتم رنگ ۔

Achromatic : (a) [Gr."achromatios"] (۱) (مناظریات) بے رنگ ؛ بے لون ؛ عدیم اللون ؛ (جس میں شعاعیں بغیر منکسر ہوئے گزر جائیں) ۔ (۲) خلیوں کا ؛ نسیجی ۔ (۳) (طبیعیات) خاتم رنگی ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) بے رنگ ۔

Achromatic combination : (n) بے رنگی اجتماع ۔

Achromatic lense : (n) (طبیعیات) خاتم رنگی لینس ؛ عدیم اللون عدسہ ۔

Achromatic prism : (n) (طبیعیات) خاتم رنگی پرزم ؛ خاتم رنگی منشور؛ عدیم اللون منشور ۔

Achromatic telescope : (n) (طبیعیات) خاتم رنگی دوربین ۔

Achromatically : (adv) بے رنگ طریقہ پر ۔

Achromaticity : (n) بے رنگی ۔

Achromatism : (n) بے رنگ پنا ؛ (طبیعیات) ختم رنگی ؛ (فلسفہ و نفسیات) بے رنگیت ۔

Achromatization : (n) بے رنگ کرنے کا عمل اور طریقہ ۔

Achromatize : (v) بے رنگ کرنا ۔

Achromatopsia : (n) (فلسفہ و نفسیات) بے رنگی ؛ رنگ کوری۔

Achromatopsy : (n) رنگ اوندھا (وہ مرض جس میں رنگ کا امتیاز نہ ہو) ۔

Achromia : (a) [a -+Gr."chroma"] طبعی رنگ کا فقدان خصوصاً خون کے لال خلیوں اور جلد میں ۔

Achronism : (n) [Gr."achronos"] ابدی حالت ۔

Achronistic : (n) (لسانیات) یك زمانی ۔

Achroous : (a) [Gr."achroos"] بے رنگ ۔

Achter : (a) پچھلا ۔

Achylous : (a) [Gr."achylos"] بغیر کیلوس ۔

Achymous : (a) [Gr."achymos"] بغیر کیموس ۔

Acicula : (n) [L."acus"] سوئی جیسی پتلی چیز یا جسم ؛ لاغر چیز ؛ نازك چیز ؛ سوزن نما کوئی چیز ؛ کانٹا ۔

Acicular : (n) سوئی جیسی ؛ پتلی ؛ لاغر یا نازك ؛ (جغرافیہ) غولہ دار؛ (حیاتیات) سوزینہ ؛ خاردار ۔

Acicularly : (adv) لاغر طریقہ پر ؛ نزاکت کے ساتھ۔

Aciculate : (a) سوئی سے نشان بنایا ہوا ؛ خاردار ؛ سوزن دار ۔

Aciculated : (a) پتلی لکیروں سے نشان لگایا ہوا (مثلاً سوئی سے نشان لگایا گیاھو) ۔

Aciculum : (n) [Late L."acicula"] (حیاتیات) سوزن ۔

Acid : (a) [L."acidus"] (۱) کھٹا ؛ ترش ؛ ذائقہ میں تیز ؛ سرکہ جیسا ذائقہ والا ۔ (۲) تیزابی ؛ ترشہ صفت ؛ ترشوئی ؛ تیزاب ؛ ترشہ ؛ حامض ؛ ایسڈ ؛ کھٹی چیز ۔

Acid and Chemical damage policy : (تجارت و معاشیات) تیزابی اور کیمیائی خسارہ پالیسی ۔

Acid base regulation : ترشہ اساسی نظم ؛ ترشاسی نظم ۔

Acid Bessemer process : (کیمیا) ایسڈ بیسیمر عمل ۔

Acid decomposition : (n) ترشئی تحلیل ۔

Acid fast : (n) ترشہ سے آسانی کیساتھ بے رنگ نہ ھونے والا ۔

Acid forming : (n) ترشہ زا ۔

Acid halide : (n) (کیمیا) ایسڈ ھیلا ئڈ ۔

Acid hydrolysis : (n) (کیمیا) ترش تحلیل مائی ۔

Acid oxide : (n) (کیمیا) تیزابی اوکسا ئیڈ ۔

Acid process : (n) تر شئی طریقہ ۔

Acid proof : (n) (کیمیا) تیزاب روك ؛ ترشہ روك ۔

Acid radical : (n) (کیمیا) ایسڈ ریڈیکل ؛ تیزابی اصلیہ ؛ تر شئی اصلیہ ۔

Acid reducing agent : (n) (کیمیا) تیزابی تحویل عامل ۔

Acid reduction : (n) (کیمیا) تیزابی تحویل ۔

Acid resistant : (n) (کیمیا) مزاحم تیزاب ۔

Acid rock : (n) ترشئی چٹان ۔

Acid salt : (n) (کیمیا) تیزابی نمك ۔

Acid sodium sulphate : ایسڈ سوڈیم سلفیٹ ۔

Acid solution : (n) ترشئی محلول ۔

Acid-test: (n) (۱) سونے کی ایك جانچ ؛ (کیمیا) تیزابیت کی جانچ ؛ تیزاب اچھٹ ۔ (۲) (مجازاً) فیصلہ کن آزمائش ؛ امتحان ۔

Acid test ratio : (تجارت و معاشیات) تیزاب جانچ نسبت ۔

Acid - tide : (n) مد ترشہ ۔

Acid value : (n) (کیمیا) تیزابی قدر ۔

Acidic : (a) (کیمیا) تیزابی ؛ ترشئی ۔

Acidifiable : (a) تعمیض پذیر؛ ترشوئیت پذیر؛ ترشاوا ۔

Acidifiant : (a) ترشہ بننے یا بنانیوالا ؛ قابل تمعیض ۔

Acidification : (n) ترشائیت ؛ تمعیض ؛ تیزاب سازی ۔

Acidifier : (n) محمض ؛ تیزابیت بخش ؛ ترشانے والا ؛ ترشہ بنانیوالا ۔

Acidify : (v) [L." acidum"] ترش بنانا ؛ تیزابیت بخشنا ۔

Acidifying : (a&n) ترشہ بننے یا بنانیوالا ۔

Acidigenic : (a) ترشہ زا ۔

Acidimeter : (n) [L. "acidum" + Gr. "metron"] ترشہ پیما ؛ تیزابیت ناپنے کا آلہ ؛ ترشینت پیما ۔

Acidimetry : (n) ترشہ پیمائی ۔

Acidity : (n) [L. "aciditatum"] (کیمیا، طبیعیات وغیرہ) تیزابیت ؛ ترشوئیت ؛ حموضیت ؛ ترشینت ۔

Acidity of a base : (کیمیا) کھار کی تیزابیت ۔

Acidolysis : (a) L."acidum"+-o-+lysis] ترشہ پاشی ۔

Acidophil : (n) [acid + - o - + phil] ترشہ رنگین ۔

Acidophilism : (n) ترشہ رنگینی ۔

Acidoresistance : (n) ترشہ مانع ۔

Acidosis : (n) خون میں تیزابیت کے بڑھ جانے کی حالت جو کہ ذیابیطیس میں ہوتی ہے ۔

Acidular : (a) (کیمیا) سوئی نما ۔

Acidulate : (v) [L." acidulus"] تھوڑا کھٹا بنانا ؛ ترش ذائقہ پیدا کرنا ؛ (کیمیا) ترشانا ۔

Acidulated : (a) (کیمیا) ترشایا ہوا ؛ ترشایا ۔

Acidulous : (a) [L. "acidulus"] تیزابیت دار؛ ترشہ آمیز ؛ تیزابیت رکھنے والا ۔

Aciduric : (a) [ACID+L.durare (to endure)+ic] کھار پسند تیزابی ۔

Acierage : (n) [L. "aciarium"] فولادی چادر چڑھانے کا عمل ۔

Aciform : (a) [L. "acus"] سوزن نما ؛ سوئی کی شکل کا ۔

Acinaceous : (a) بیری نما ؛ مغزدار۔

Acinaces : (n) [Gr. "acinaces"] ایک چھوٹی تلوار یا سروھی یا نیمچہ ؛ (تاریخ وسیاسیات) ایسنے سیز ۔

Acinaciform : (a) سروھی جیسا ؛ نیمچہ نما ؛ (نباتیات) برگ نیمچہ نما ؛ خنجر شکل ۔

Acinetic /Acinesic : (a) [Gr. "acinetos"] حرکت کو روکنے والا ۔

Acinetiform : (a) [L. "acineta"] گل ریشہ کی مانند ۔

Aciniform : (a) خوشہ دار؛ انگور کیطرح چھوٹی گٹھلیاں رکھنے والا ؛ خوشہ وش ؛ انگوری؛ انگور مانند ۔

Acinose : (a) چھوٹی بیریوں کے گچھے سے بنا ہوا یا اسکے ہم شکل ۔

Acinus : (n) [L.] (۱) ایک گچھہ دار بیری ۔ (۲) انگور یا بیری کا بیج یا گٹھلی ۔ (۳) (علم تشریح) خوشہ نما غدود ؛ رسنے والے غدود کی وہ نالی جس کا آخری حصہ بند ہو ۔

--acious : ایک لاحقہ جس سے صفت بنتی ہے ۔

Acipenser : (n) اسٹرجن ؛ شارک کے مشابہ ایک بڑی مچھلی ۔

Acipyllus : خطی برگ ۔

-- acitate : ایک لاحقہ ۔

-- acity : ایک لاحقہ جسے acious -پر ختم ہونیوالے اسمائے صفت کے آخر میں لگا کر اسمائے کیفیت بناتے ہیں ؛ اردو میں اس کا قریبی مرادف "ی"یا نیت" ہے ۔

Ack-ack : (n) طیارہ شکن توپ یا اسکا داغنا ۔

Ackemma : (adv) دوپہر سے پہلے ۔

Acker : Acre کی متروک شکل ۔

Acknowledge : (v) کسی چیز کا علم رکھنا ؛ اقرار کرنا ؛

سچائی کا اقرارکرنا ؛ ماننا ؛ قبول کرنا ۔ (۲) اقرار کرنا یا پہنچانا ؛ کسی دعوا یا حق کا تسلیم کرنا۔ (۳) قانوناً کسی دعوا کا صحیح جاننا یا جائز ماننا ؛ پسند کرنا ؛ اظہارخوشنودی کرنا ؛ خوش ہونا ؛ خاطر میں لانا۔ (٤) لازمی سمجھنا ؛ رسید دینا ؛ وصول یابی کی اطلاع دینا ۔(٥) صلہ دینا ؛ انعام دینا (کسی خدمت کا) ۔

Acknowledgeable : (a) قابل تسلیم ؛ قابل قبول ۔

Acknowledged : (a) تسلیم شدہ ؛ جائز یا صحیح یا مستند مانا ہوا ۔

Acknowledgedly : (adv) مسلم طور پر ۔

Acknowledgement : (n) (۱) تسلیم ؛ اقرار؛ قبولیت ؛ اقبال ۔ (۲) رسید ؛ صلہ ؛ معاوضہ ؛ (کامرس) قبولیت ؛ رسید؛ تسلیم ۔ (۳) کسی حالت یا دعوا کا اقبال ؛ کسی فعل یا دستاویز کا اعلان یا اقرار تاکہ اسکو قانونی جواز مل جائے ۔ (٤) کسی تحفہ ، منافع یا پیغام کی وصولیابی یا قبولیت ۔

Acknowledgement due : (انتظامیہ) رسید طلب ۔

Acknowledgement money : نذرانہ ؛ سلامی کی وہ رقم جو نئے زمیندار کو دوسرے زمیندار کی موت کے بعد پیش کی جائے ۔

Acknowledgement receipt : وصول نامہ ؛ رسید وصولیابی ۔

Acknowledger : (n) تسلیم کنندہ ۔

Aclastic : (a) [Gr."aclastos"] غیر منعطف ۔

Aclinic : (a&n) [Gr.a+clinin] معدل مقناطیسی ؛ مقناطیسی خط استوا (جہاں مقناطیسی سوئی نہیں جھکتی ہے) ؛ بلا رجحان ۔

Aclock : [A + clock] O'clock کی قدیم شکل ۔

Acme : (n) [Gr.] نصف النہار؛ حد عروج ؛ انتہا ؛ غایت ؛ سمت الراس ؛ اوج ؛ کمال ۔

Acmestricture : (n) (لسانیات) انتہائی سکڑاؤ ۔

Acne : (n) [Gr.] دانہ ؛ پھنسی ؛ مہاسا روگ ۔

Acneform : (a) (طب) دانہ نما ۔

Acnode : (n) [L." acus + node"] (ریاضیات ؛ علم ہندسہ) وہ علاحدہ نقطہ جو کسی طریق یا قوس سے متعلق ہو ۔

Acoasma : (n) [L.] کان بجنا ۔

Acock : (a) (۱) (ٹوپی کے متعلق) ٹیڑھی ؛ ترچھی ؛ بانکی ؛ جرنیلی ۔(۲) جنگجو یانہ ؛ متکبرانہ ؛ متمردانہ ؛ مبارزانہ ۔

Acock -bill : (n) لنگر کے پھل کی نوک کی ترچھی یا اوپر اٹھی ہوئی حالت ۔

Acock -horse : (n) بچوں کا ایک کھلونا جس پر بچہ سوار ہوتا ہے ۔

Acold : (a) سرد ماندہ ؛ ٹھنڈا ۔

Acolyctine : (n) اکولکٹائین ، ایک نامیاتی اساس ۔

Acolyte : (n) [Gr. "acoluthos"] گرجا کاادنی ملازم یا خادم ؛ مددگار ملازم ؛ کارآموز؛ امیدوار؛ ایک مخلص مرید ۔

Acondylous : (a) [Gr. "a +condulos"] غیر ملحق ؛ (حیاتیات) بے مہرہ ؛ بے مہری ۔

Acone : (a) [a + cone] (حیاتیات) بے مخروط ۔

Aconelline : (n) (کیمیا) ایک نامیاتی اساس جو اکونائٹ کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے ۔

Acohine : (n) [L." aconitum"] وہ القلی جو اکونائٹ کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے ۔

Aconite : (n) [L." aconitum"] جدوار؛ ایک قسم کا زہریلا درخت اور اسکی نوع کے دوسرے درخت ۔(۲) روح جدوار ؛ جدوار کا ست ۔

Aconitic : (a) جدواری ؛ زہریلا ۔

Aconitine : (n) [L. "aconitum"] جدوار؛ تلخ مزہ والا ایک زہریلا نباتاتی القلی ۔

Acopic : (a) [Gr."acopos"] دافع تکان ؛ تھکاوٹ دور کرنیوالی ۔

Acorn : (n) [OE. "aecern"] (۱) شاہ بلوط کا پھل۔ (۲) لکڑی کا وہ مخروطی ٹکڑا جو مستول کے سر پر لگا ہوتا ہے ۔ (۳) بلوطیا ۔

Acorn-shell : (n) بالدار گھونگا ۔

Acorus : (n) [Gr. "acoros"] ایک قسم کا پودا ۔

Acosmism : (n) [Gr. "a+cosmos"] (۱) اس کائنات کے وجود سے انکار یا کسی کائنات سے انکار جس کا تصور خدا سے الگ ہو ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) نفیٔ کائنات ؛ لاکونیت ۔

Acosmist : (n) کائنات کے وجود کا منکر؛ لاکونیت کا حامی ۔

Acotyledon : (n) [Gr."a+cotyledon" f."cotyle"] وہ درخت جس میں کوئی نمایاں انکھوا نہ ہو ؛ بے بیج پتہ ۔

Acouchi : (n) [Native name in Guiana.] بلسان کی ایک قسم ۔

Acouchy : (n) [Fr." acouchi"] (حیوانیات) گینی چوھے کیطرح ایک چھوٹا کترنے والا جانور ۔

Acoumeter : (n) [Gr."acouinn"+meter] قوت سامعہ کو جانچنے والا ایک آلہ ؛ صوت پیما ۔

Acoustic : (a) [Gr. "acousticos"] (۱) سماعتی ؛ صوتی ؛ متعلق بہ سماعت ؛ (طبیعیات) سمعیاتی ؛ (لسانیات) سمعیاتی ؛ سمعی ۔ (۲) دوا یا آلہ جو مددگار سماعت ہوتا ہے ۔

Acoustic centre : (n) (طبیعیات) سمعیاتی مرکز۔

Acoustic colouring : (n) (لسانیات) سمعیاتی رنگ ۔

Acoustic distortion : (n) (طبیعیات) سمعیاتی مسخ ۔

Acoustic energy : (n) (طبیعیات) سمعیاتی توانائی ؛ (لسانیات) سمعیاتی قوت ۔

Acoustic feature : (n) (لسانیات) سمعیاتی خاصہ ؛ سمعیاتی خصوصیت ۔

Acoustic figures : (n) (طبیعیات) سمعیاتی شکلیں ۔

Acoustic grating : (n) (طبیعیات) سمعیاتی گریٹنگ ۔

Acoustic impression : (n) (لسانیات) سمعیاتی تاثر۔

Acoustic intensity : (n) (طبیعیات) سمعیاتی تیزی ؛ سمعیاتی شدت ۔

Acoustic interrometer : (n) (طبیعیات) سمعیاتی تداخل پیما۔

Acoustic nerve : (n) (لسانیات) سمعی رگ ۔

Acoustic phonetics : (n) (لسانیات) سمعیاتی صوتیات ۔

Acoustic radiator : (n) (طبیعیات) سمعیاتی شعاع ریز۔

Acoustic record : (n) (لسانیات) سمعیاتی نقش ۔

Acoustic spectrum : (n) (لسانیات) سمعیاتی اسپکٹرم ۔

Acoustic spot : (n) (طبیعیات) سمعیاتی داغ ؛ سمعیاتی دھبہ ۔

Acoustic technique : (n) (لسانیات) سمعیاتی تکینک ۔

Acoustic wave : (n) (طبیعیات) سمعیاتی لہر یا موج ۔

Acoustical : (a) متعلق بہ سماعت ؛ سماعتی ؛ صوتی ؛ (طبیعیات) سمعیاتی ۔

Acoustical energetics : (n) (طبیعیات) علم سمعیاتی توانائی ؛ سمعیاتی توانائی کا علم ۔

Acoustical filter : (n) (طبیعیات) سمعیاتی چھنا یا فلٹر ۔

Acoustical ohm : (n) (طبیعیات) سمعیاتی اوم ۔

Acoustician : (n) ماہر سمعیات ؛ سمعیاتی ؛ (لسانیات) سمعیات داں ۔

Acousticist : (n) (فلسفہ و نفسیات) ماہر سمعیات ؛ (لسانیات) سمعیات داں ۔

Acousticophobia : (n) (طب) آواز ترسی ۔

Acoustics : (n) سمعیات ؛ علم اصوات –

Acoustics (of a building) : (طبیعیات) عمارت کی سمعیات ۔

Architectural acoustics : (طبیعیات) تعمیری سمعیات ۔

Auditorium acoustics : (طبیعیات) اودی توریم سمعیات ۔

Building acoustics : (طبیعیات) مبانی سمعیات ۔

Wave acoustics : (طبیعیات) موجی سمعیات ؛ لہری سمعیات ۔

Acquaint : (v) [L."adcognitare"] (۱) واقف کرانا ؛ مطلع کرنا ؛ خبر دینا ؛ آگاہ کرنا ؛ واقف کرنا ۔ (۲) آگاہ ہونا ؛ مطلع ہونا ؛ باخبر ہونا ؛ واقف ہونا ۔ (۳) کسی شخص یا چیز کے متعلق ذاتی علم رکھنا ۔

Acquaintance : (n) (۱) واقفیت ؛ آشنائی ؛ شناسائی ؛ (۲) ملاقاتی ؛ شناسا ؛ آشنا ۔

Knowledge by acquaintance : علم بالتعارف ۔

Acquaintanceship : (n) شناسائی ؛ جان پہچان ؛ ملاقات ۔

Acquainted : (a) (۱) واقف ؛ با خبر ۔ (۲) باھمی واقفیت رکھنے والا ۔ (۳) ذاتی یا تجرباتی واقفیت رکھنے والا ۔

Acquaintedness : (n) آگاھی ؛ آگاھی کی کیفیت –

Amyris : (n) منطقہ حارہ کے درختوں اور جھاڑیوں کی جنس جن سے گوند حاصل ہوتی ھے ۔

An : (a) ایک ؛ دیکھو" a "

An - : (pref) بطور سابقہ (١) an کے معنوں میں ۔ (٢) ad کے معنوں میں ؛ دیکھو Ad

-an : (suffix) (لاحقہ) صفات کے آخر " یائے نسبتی " کے معنوں میں ۔

Ana : (adv) [Gr."ana"] ہر ایک کا ؛ ہر کسی کا ۔

Ana - : (prefix) (سابقہ) اوپر ؛ پیچھے ؛ دو بارہ ؛ نئے سرے سے ؛ از سر نو ۔

-ana : (suffix) (١) (لاحقہ) ملفوظات : کسی شخص کے یادگار اقوال کامجموعہ ؛ اقوال ۔ (٢) (جمع میں) روایات ؛ حکایات ؛ محاضرات ؛ مقولات (کسی شخص کے) ۔

Anabaptism : (n) Gr. "ana + baptismos"] تجدید اصطباغ ؛ باز اصطباغ ؛ باز اصطباغیت ؛ از سر نو بپتسما ۔

Anabaptist : (n) باز اصطباغی ؛ جس کے اصطباغ کی تجدید ہوئی ہو ؛ جو باز اصطباغیت کا عقیدہ رکھتا ہو ؛ (تاریخ) ایک عیسائی فرقہ ۔

Anabaptistic : (a) باز اصطباغی ۔

Anabaptistical : (a) باز اصطباغیانہ ۔

Anabaptize : (v) [Gr."anabaptizin"] پھرسے اصطباغ دینا ؛ از سر نو بپتسما دینا ؛ پھر سے نام رکھنا ۔

Anabas : (n) چڑھیل مچھلی ؛ درخت پر چڑھنے والی مچھلی کی ایک جنس ۔

Anabasis : (n) [Gr. " anabaesis"] چڑھائی ؛ فوجی پیش قدمی ؛ خاص کر کوروش کی ایشیائے کوچک میں جس کا بیان مورخ زینوفن (Xenophon) نے کیا ھے ۔

Anabatic : (a) [Gr. "anabatikos"] مرض میں عروج سے متعلق ؛ مرض میں شدت پیدا کرنے والا ۔

Anabiosis : (n) [Gr. "anabiosis"] باز حیاتیت ۔

Anabiotic : (a) [Gr. "ana + bioticos"] قوت بخش ؛ نشاط انگیز ؛ محرک ۔

Anabolism : (n) [ana + bolism] (کیمیا) حیاتی تشریح ؛ (حیوانیات) تجمع ؛ تعمیری تحول ۔

Anabolite : (n) تعمیر کار ۔

Anacampsis : (n) عکس ؛ عکس العمل ۔

Anacamptic : (a) جو عکس العمل پیدا کرے یا اس سے متاثر ہو، خصوصاً باز گشت ۔

Anacamptically : (adv) بطریق عکس العمل ۔

Anacard : (n) [Gr."ana + cardia"] کاجو ۔

Anacardate : (a) کاجو سے متعلق ؛ کاجو کا نمک ۔

Anacardiaceous : (n) کاجو کی جنس کے پودے اور وہ درخت جنمیں آم، پستہ وغیرہ پھلتے ہوں ۔

Anacardic : (a) کاجو سے متعلق : کاجو کا نمك ۔

Anacathartic : (a) [Gr. "ana" (upward) + CATHARTIC] وہ دوائیں جو امتلا انگیز اور دافع بلغم ھوں ۔

Anacharis : (n) [Gr. "ana" (up) + "Charis"] پانی میں پیدا ھونے والی شمالی امریکی گھاس ۔

Anachorism : (n) [Gr. "ana + Chorion"] غیر ملکی شے : بدیسی چیز : بیگانہ : غیر متجانس ۔

Anachronic / Anachronical : (a) تاریخی غلطی پر مشتمل جس میں بہ اعتبار زمانہ غلطی ھو : غلط زمانہ کی طرف منسوب کیا ھوا تاریخی واقعہ ۔

Anachronically : (adv) بطور اشتباہ تاریخی ۔

Anachronism : (n) [Gr. "anachronizin"] (۱) غلط زمانی : سہو زمانی : اشتباہ تاریخی ۔ (۲) زمانہ یا تاریخوں کا غلط مقرر کرنا ۔ (۳) کسی واقعہ وغیرہ کو غلط تاریخ سے متعلق کرنا ۔ (٤) کوئی کام جو تاریخ کے لحاظ سے نہ ھو ۔ (٥) (تاریخ و سیاسیات) سہو زمانی : (فلسفہ و نفسیات) خلاف زمانہ ۔

Anachronist : (n) جو اشتباہ تاریخی کا مرتکب ھو ۔

Anachronistic : (a) جس میں اشتباہ تاریخی شامل ھو : اشتباہ تاریخی سے متعلق : (تاریخ و سیاسیات) سہو زمانی سے متعلق ۔

Anachronize : (v) غلط زمانے سے منسوب کرنا ۔

Anachronous : (a) اشتباہ تاریخی پر مشتمل ۔

Anachronously : (adv) بہ لحاظ اشتباہ تاریخی ۔

Anacidity : (n) ["an + acidy"] بے ترشگی ۔

Anaclastic : (a) [Gr. "anaclastos" + - IC] (۱) انعطاف نور سے متعلق یا پیدا شدہ : انعطافی ۔ (۲) چٹخنے کی آواز کے ساتھ اچھل پڑنےوالا : کھٹکے دار یا اپنے آپ بند ھو جانےوالی ۔ (۳) موید بینائی : علم المرایہ : ھجانے کوتاہ یا ھجانے بلند کا قابل تغیر ھونا ۔

Anaclastic curves : (n) بعض ظاھری خطوط منحنی جو انعطاف نور کی وجہ سے کسی پانی بھرے ھوئے برتن کی تہ میں نظر آئیں ۔

Anaclastic glasses : (n) اپنے آپ بند ھو جانے والی عینک : کمانی دار عینک ۔

Anacoenosis : (n) [Gr. "anacoenosis"] وہ ادبی صنعت جس کے ذریعہ مقرر اپنے سامعین یا مخالفین کو موضوع بحث پر رائے دینے کے لئے آمادہ کرتا ھے ۔

Anacoluthia : (n) [Gr.] نحوی یا صرفی ترتیب کا فقدان : ایك جملہ کو مکمل کئے بغیر دوسرا جملہ شروع کردینا ۔

Anacoluthic : (a) بے ربط : بے ترتیب (دستوری اعتبارسے) ۔

Anacoluthon : (n) [Gr. "an + a + celeuthos"] نا مربوط، بےربط ، بے ترتیب عبارت : ایسے جملے یا الفاظ جنمیں صرفی یا نحوی ترتیب نہ پائی جائے : خلاف قواعد جملے یا الفاظ ۔

Anaconda : (n) [f. Sinhalese "henakandaya"] (۱) سری لنکا کا ایك بڑا سانپ ۔ (۲) جنوبی امریکہ کا اژدہا ۔ (۳) اژدہا ، چتلا بڑا سانپ جو اپنے شکار کو دبا کر مار ڈالے ۔

Anacreontic : (n) [Gr. "Anacreon" prop. name] یونانی شاعر انقریون کے انداز پر لکھی ھوئی نظم ۔

Anacreontic : (a) انقریون کے انداز پر لکھی ھوئی نظم سے متعلق ۔

Anacreontically : (adv) انقریون کے انداز سے ۔

Anacrotic : (a) [Gr. "ana + Crotos" + - IC] Anacrotism سے متعلق ۔

Anacrotism : (n) [Gr. "ana + crotos"] نبض سنج (Sphygmograph) کے ذریعہ نقشہ کشی میں خط منحنی کے اوپری حصہ میں کوئی دندانہ یا ثانوی حرکت نوسانی ۔

Anacrusis : (n) [Gr. "anacrosis"] (عروض) نظم کے شروع کا وہ بول جس پر بَل نہ ھو ۔

Anadem : (n) [Gr. "anadein "] سہرا : ھار : پھولوں کا گجرا ۔

Anadicrotic : (a) Anacrotic کی اصلی شکل ۔

Anadiplosis : (n) [Gr. "ana + diploin"] (۱) تکرار ۔ (۲) رد العجز علی الصدر ۔

Anadrom : (n) [Gr."anadromos"] بالا رو مچھلیاں جو انڈے دینے کے لئے دریا میں اوپر کی طرف جائیں ۔

Anadromous : (a) [Gr. "anadromos"] (۱) انڈے دینے کے لئے دریا کے اوپر جانے والا ؛ بالا رو (مچھلی، مینڈک وغیرہ) ۔(۲) (نباتیات) وہ فرن جس کی زیریں ثانوی شاخیں پردار پتوں کے اندر ہوں ۔

Anaemia : (n) [Gr. " anaimia"] (طب) خون کی کمی : کم خونی ؛ خون میں سرخ ذرات کی کمی ؛ رنگ کا زرد ہونا یا زرد پڑجانا ۔

Anaemial : (a) کم خون ؛ خون میں کمی سے متعلق ۔

Anaemic : (a) کم خون ؛ خون میں کمی سے متعلق ؛ جس کے بدن میں خون کی کمی ہو ۔

Anaemotropy : (n) [Gr. "an+aema+trophia"] خون کا ناقص تغذیہ ۔

Anaeretic : (a) [Gr. " anaereticos"] وہ عامل جو بدن کے نسیجوں کو برباد کرنے کا میلان رکھتا ہو ۔

Anaerobe : (n) [Fr. "anaerobie"] نا ہوا باش ؛ نا ہوائی نامیہ ۔

Anaerophyte : (n) [Gr. " an+aeros +phyton"] وہ پودا جو براہ راست پانی کا ضرورت مند نہ ہو ۔

Anaesthesia : (n) [Gr. " anaisthesia"] بے ہوشی ؛ بے حسی ؛ فقدان حس ؛ خدر ۔

Anaesthesiant : (n) مخدر ؛ وہ عامل جو سُن کر دے ؛ سُن کردینے والی دوا ۔

Anaesthesimeter : (n) مخدر کی مقدار کو ناپنے والا آلہ ۔

Anaesthetic : (a & n) [Gr. "anaisthetos"] (۱) بےحس ۔ (۲) داروئے بے ہوشی ؛ اینستھیٹک ؛ (حیوانیات) سُن کر دینے والی شے ۔

Anaesthetical : (a) مخدر عامل سے متعلق ۔

Anaesthetically : (adv) سُن کردینے والی دوا کے ذریعہ سے ؛ بے جس کر کے ۔

Anaesthetist : (n) بے ہوشی کی دوا دینے والا ۔

Anaesthetization : (n) تخدیر ؛سُن کرنا ؛ بے ہوش کرنے کا عمل ۔

Anaesthetize : (v) سن کرنا ؛ بے ہوش کرنا ؛ تخدیر ۔

Anagenesis : (n) [Gr.] باز مولید (نسیجوں وغیرہ کی) ۔

Anaglyph : (n) [Gr. "anaglyphe"] (۱) نقشی زیور ؛ ابھرے ہوئے کام کا زیور ۔(۲) مجسمات نگاری کا وہ نقشہ جو ڈھلک کر بنایا گیا ہو ۔

Anaglyphic : (n) ابھرے ہوئے نقش کھودنے اور بنانے کا فن ۔

Anaglyptic : (a & n) [Gr. "anaglypticos"] مجسمات نگاری یا نقشی زیور سے متعلق ؛ (جمع میں) ابھرے ہوئے نقش کھودنے اور بنانے کا فن ۔

Anaglyptograph : (n) [Gr. "anaglyptos" + graphos"] وہ مشین جس سے سکوں اور تمغوں پر ابھری ہوئی شکلیں بناتے ہیں ۔

Anagnorisis : (n) [Gr.] عقدہ کشائی (ڈراموں میں وہ مقام جہاں واقعات کا انکشاف ہوتا ہے) ۔

Anagoge : (n) [Gr. "Anagoge"] عارفانہ تعبیر ؛ تمثیلی تعبیر ؛ روحانی تفسیر ؛ صوفیانہ تفسیر ۔

Anagogic : (a & n) (۱) عارفانہ ؛ متصوفانہ ؛ صوفیانہ ؛ تمثیلی ۔ (۲) الہامی کتابوں کی تفصیل کا ماہر ۔(۳) صوفیانہ مطالعہ یا عمل ۔

Anagogical : (a) (لفظوں وغیرہ کے لئے) روحانی ؛ عارفانہ ؛ تمثیلی ۔

Anagogically : (adv) از روئے عرفان ؛ پوشیدہ روحانی معنی کے اعتبار سے ۔

Anagogy : (n) [Gr. "anaguga"] دیکھو Anagoge

Anagram : (n) [Gr. "anagraphin"] (لسانیات) صنعت مقلوب ؛ لفظوں یا حروف کو ادل بدل کر کے نئی عبارت بنانا ؛ حروف یا الفاظ کا الٹ پھیر ؛ تحریف ۔

Anagrammatic : (a) تحریف سے متعلق ؛ مقلوبی ؛ تحریفی ۔

Anagrammatical : (a) دیکھو Anagrammatic

Anagrammatically : (adv) لفظوں کو الٹ پھیر کرکے ؛ لفظوں کو تحریف کرکے ؛ بطریق تحریف ۔

Anagrammatism : (n) تحریف ؛ تقلیب ۔

Anagrammatist : (n) صنعت مقلوب کا استعمال کرنے والا ؛ تحریف کرنے والا ؛ عرف ۔

Anagrammatize : (v) تحریف کرنا : تقلیب کرنا : لفظی الٹ پھیر کرنا ۔

Anal : (a) [mod. L."analis"] مقعد سے متعلق یا اس کے نزدیک : مبرزی ۔

Analabos : (n) [Gr. "ana- + labos"] صلیب سے مزین لبادہ جو مشرقی کلیسا کے راھب پہنتے ھیں ۔

Analcime basalt : (n) (کیمیا) انیلسائم بیسالٹ ۔

Analcime syenite : (n) (کیمیا) انیلسائم سینائٹ ۔

Analcite / - ime : (n) [Gr. "ana + alcimos"] انیلسائٹ ۔

Analects : (n) [Gr. "ana+legin"] قطعات منتخبہ : منتخبات : ادبی کشکول ۔

Analemma : (n) [Gr. "analemma"] اضطراب ۔

Analepsy : (n) [Gr. " analepsis "] (۱) معدہ کی خرابی سے پیدا ھونے والی مرگی ۔ (۲) شکستہ عضو کا سھارا بطور علاج ۔

Analeptic : (a) [Gr."analambanin"] (۱) شفابخش : صحت بخش : مقوی ۔ (۲) دوائے مقوی ۔

Analgesia : (n) [Gr." analgesia"] درد سے بےحسی : لا وجعیت ۔

Analgesic : (a) دافع درد دوا : دافع درد : (کیمیا) درد مار ۔

Analllagmatic : (a) [Gr." an + allagma" (t -)] الٹنے سے شکل تبدیل نہ کرنے والا ۔

Analogic : (a) [Gr. "analogia"] (۱) تمثیلی : قیاسی : مثالی ۔ (۲) تمثیل یا نظیر کے متعلق ۔

Analogical : (n&a) (۱) (ریاضی) تناسب ۔ (۲) مماثلت و تناسب کی کیفیت سے متعلق : قابل تشبیہ ۔ (۳) نظائر یا قیاس کے متعلق : قیاسی ۔ (٤) تمثیلی : نظیری : نظری : قیاسی : مماثلتی ۔

Analogical change : (n) (لسانیات) مماثلتی تبدیلی ۔

Analogical creation : (n) (لسانیات) مماثلتی اختراع ۔

Analogical extension : (n) (لسانیات) مماثلتی توسیع ۔

Analogical form : (n) (لسانیات) مماثلتی روپ ۔

Analogical induction : (n) (لسانیات) مماثلتی استقرار ۔

Analogically : (adv) تمثیلی طور پر : قیاساً : تمثیلاً : نظیراً ۔

Analogicalness : (n) تمثیلیت : مماثلت کی حالت : قیاس آرائی ۔

Analogies of experience : (n) (فلسفہ و نفسیات) تجربہ کی تمثیلات : قیاسات تجربہ ۔

Analogies test : (n) تمثیلاتی آزمائش ۔

Analogist : (n) (۱) تمثیل پیش کرنے کا شائق : تمثیل پسند : نظیر دینے والا ۔ (۲) (لسانیات) مماثلت کار ۔ (۳) تمثیلی فلاسفہ کا وہ گروہ جن کےنزدیک الفاظ اشیاء کی تماثیل ھوتے ھیں ۔

Analogistic : (a) لسانی تمثیل پسند سے متعلق ۔

Analogize : (v) (۱) قیاس کرنا : تمثیل پیش کرنا : نظیر دینا : مماثل ثابت کرنا ۔ (۲) تمثیل لانا : مثال لانا : نظیر سے کام لینا ۔ (۳) یکساں ھونا : ھم آھنگ ھونا : ایک طرح کا ھونا ۔

Analogizing : (n) استدلال تمثیل کا ادراک ۔

Analogon : (n) [Gr. "analogon"] (۱) مشابہ : مماثل : متوازی (لفظ یا چیز) ۔ (۲) وہ جانور یا پودے کا وہ حصہ جو کسی دوسرے جانور یا پودے کے مختلف حصہ کا نمائندہ ھو ۔ (۳) کسی خطہ یا زمانے میں وہ حیوانی نوع یا گروہ جو اس مختلف نوع کی نمائندگی کرے جو کسی دوسرے خطے یا کسی دوسرے زمانے میں وجود پذیر رھا ھو ۔ (٤) مختلف گروہ یاجماعت کی نمائندگی کرنے والا ۔ (٥) (حیوانیات) ھم شکل : (لسانیات) مماثلہ ۔

Analogous : (a) ھم شکل : مثل : مشابہ : مماثل : ملتا جلتا : مانند : نظیر : متوازی : (طبیعیات) متشابہ ۔

Analogous change : (n) (لسانیات) مماثلتی تبدیلی ۔

Analogous pair : (n) (لسانیات) مماثل جوڑا ۔

Analogously : (adv) از روئے مشابہت ۔

Analogousness : (n) مماثلت : مشابہت ۔

Analogue : (n) دیکھو Analogon

Analogue computer : (n) (شماریت) مماثل کمپیوٹر ۔

Analogy : (n) [Gr. "analogos"] (۱) (ریاضی) تناسب : نسبت ۔ (۲) مطابقت : مشابہت : مماثلت ۔ (۳) دیکھو Analogue ۔ (٤) (منطق) استقرائی قیاس : تمثیلی استدلال : تمثیلی قیاس ۔ (۵) (لسانیات) ایک ھی طرح کے چند لفظوں کےقیاس پر اور لفظوں کا بننا یا بنانا : موجودہ الفاظ کی تعریف و اشتقاق سے نیا لفظ بنانا : تشابہ فی الوظائف : مشابہت بلحاظ شکل یا وظائف : شکلی یا فعلی مماثلت (ایسےاعضاء کی جو بالاصل مختلف ھوں) ۔ (٦) (ریاضی و لسانیات) ھم شکلیت : (حیوانیات و طبیعیات) متشابہت : (فلسفہ و نفسیات) تمثیل : قیاس ۔

Bad analogy : (فلسفہ و نفسیات) ناقص قیاس ۔

False analogy : (فلسفہ و نفسیات) غلط قیاس ۔

Formal analogy : ظاھری قیاس ۔

Good analogy : (فلسفہ و نفسیات) صحیح قیاس : درست قیاس ۔

Law of analogy : (فلسفہ و نفسیات) قانون قیاس ۔

Strength of analogy : (فلسفہ و نفسیات) قیاس کی مضبوطی ۔

Analogy of attribution : تمثیل توصیف ۔

Analogy of experience : تمثیل تجربہ ۔

Analogy of proportion : تمثیل تناسب ۔

Analysable / Analyzable : (a) قابل تجزیہ ۔

Analysation / - ization : (n) تجزیہ : تحلیل : جدا جدا کرنا : جز دریافت کرنا ۔

Analyse / - ize : (v) [mod. L. "analysis"] (۱) تحلیل کرنا : تجزیہ کرنا : چھان بین کرنا : کسی شے کی ترکیب کو بغور جانچنا ۔ (۲) (طبیعیات و کیمیا) تحلیل کرنا : تشریح کرنا : کسی مرکب کے عناصر ترکیبی دریافت کرنا ۔ (۳) خلاصہ یا لب لباب بیان کرنا : (کسی عبارت وغیرہ کا) فقرہ دار خلاصہ کرنا ۔ (٤) (نحو) جملہ کی ترکیب کرنا ۔ (۵) (مجازاً) موشگافی کرنا ۔

Analysed : (a) مجزہ : تجزیہ کیا ھوا : تحلیل شدہ ۔

Analyser / - zer : (n) (۱) تجزیہ کنندہ : تحلیل کرنے والا ۔ (۲) قطبین کا وہ حصہ جو بتائے کہ روشنی ایک مرکز پر آ گئی ۔ (۳) (طبیعیات) تشریح گر : تجزیہ کار : (کیمیا) تجزیہ گر ۔

Analysis : (n) [Gr. "analysis"] (۱) تجزیہ : تحلیل : (۲) تجزیہ یا تحلیل کے نتیجے کا خلاصہ بیان جو جدول کی شکل میں ھو ۔ (۳) (کیمیا) کسی کیمیاوی مرکب کی تحلیل اس کے عناصر میں ۔ (٤) (بصریات) نور کی اسکے منشوری اجزاء میں تحلیل ۔ (۵) (ادبیات) کسی تصنیف کا تنقیدی جائزہ جس سے اس کے عناصر عام شکل میں ظاھر ھو جائیں ۔ (٦) (نحو) کسی جمل کے اجزاء کی تحلیل صرفی یا نحوی ۔ (۷) (منطق) اشیاء کے ماخذ کا پتا لگانا : عام اصولوں کا انکشاف جو مادی مظاھر قدرت کی بنیاد ھوں ۔

Ancient analysis : (ریاضیات) ثابت شدہ سہل تر مسئلوں میں حل کرکے کسی مسئلہ کا اثبات ۔

Bunch map analysis : (شماریات) تجزیہ نقشہ خوشہ ۔

Combinatorial analysis : (شماریات) جماعتی تجزیہ ۔

Confluent analysis : (شماریات) ھم روانی تجزیہ : سنگم تجزیہ ۔

Discriminatory analysis : (شماریات) تفریقی تجزیہ ۔

Facture analysis : (شماریات) اجزائی تجزیہ ۔

Formal analysis : (فلسفہ و نفسیات) صوری تجزیہ ۔

Gravimetric analysis : ثقلی تجزیہ ۔

Intentional analysis : (فلسفہ و نفسیات) مقصدی تجزیہ : تحلیل معنوی ۔

Logical analysis : منطقی تجزیہ : تحلیل منطقی جس میں معلول کے ذریعہ علت کا پتا لگایا جائے ۔

Material analysis : (فلسفہ و نفسیات) مادی تجزیہ ۔

Modern analysis : (ریاضیات) کسی مسئلہ کو مساوات کی شکل میں لاکر تحلیل کرنا ۔

Multivariate analysis : (طبیعیات) بہوچر تجزیہ : (ریاضی) کثیر تعبیری تجزیہ ۔

Philosophical analysis : (فلسفہ و نفسیات) فلسفیانہ تجزیہ ۔

Polariscopic analysis : تقطیب نمائی تجزیہ ۔

Potentiometric analysis : (برقیات) پوٹنشیو میٹری تشریح ۔

Probit analysis : (شماریات) تحلیل راست : پرابٹ تجزیہ ۔

Principal component analysis : (شماریات) تجزیہ جزو مقدم ۔

Qualitative analysis : تجزیہ کیفی : تجزیہ یا تحلیل ماہیت ۔

Quantitative analysis : تجزیہ مقداری۔

Sentence analysis : تحلیل نحوی۔

Site analysis : (تاریخ و سیاسیات) موقع کا تجزیہ ۔

Spectroscopic analysis : طیفی تجزیہ : طیف نمائی تجزیہ ۔

Spherical analysis : (طبیعیات) کروی تشریح ۔

Spherical harmonical analysis : (ریاضی) کروی ہارمنی تجزیہ ۔

Syntactic analysis : تحلیل نحوی۔

Transcendental analysis : (فلسفہ و نفسیات) ماورائی طریق تجزیہ ۔

Vector analysis : (طبیعیات) ویکٹر تشریح : (ریاضی) سمتی تجزیہ ۔

Volumetric analysis : حجم پیمائی تجزیہ ۔

Analysis of covariance : (طبیعیات) ہم اختلاف کا تجزیہ ۔

Analysis of data : (طبیعیات) آنکڑے کا تجزیہ : (ریاضی) ڈیٹا (آنکڑا) کا تجزیہ ۔

Analysis of regression : (شماریات) تجزیہ ربط ۔

Analysis of surplus : (تجارت) تفصیل زر توفیر : تفصیل فاضل بیشی ۔

Analysis of variance : (شماریات) تجزیہ اختلاف ۔

Analyst : (n) [Fr."analyste"] (۱) محلل : تحلیل کرنے والا : تحلیل یا تجزیہ کا ماہر ۔(۲) (انتظامیہ) تجزیہ کنندہ : (فلسفہ و نفسیات) تحلیل کار : تجزیہ کار ۔

Analytic : (a) (۱) تحلیلی : تجزیے سے متعلق ۔ (۲) تحلیلی کا عادی یا خوگر : تجزیہ پسند ۔ (۳) (طبیعیات) تشریحی : (فلسفہ و نفسیات) تحلیلی طریق تجزیہ : (لسانیات) تجزیاتی ۔(٤) (عموماً جمع میں - Analytics) علم تحلیل : تحلیلات ۔

Analytic : (n) وہ علم جو تحلیل سے متعلق ہو : (منطق) علم البیان : انا بوطیقا ۔

Analytical : (a) (۱) تحلیل : جس میں تحلیلی اسلوب سے کام لیا جائے ۔(۲) غیر تصریفی : (وہ زبان جس میں تصریف کا کام مستقل لفظوں سے لیا جاتا ھے ۔(۳) (طبیعیات) تجزیاتی : تشریحی : تحلیل : (فلسفہ ، نفسیات و لسانیات) تجزیاتی ۔

Analytical approach : (n) (لسانیات) تحلیلی انداز : تجزیاتی انداز ۔

Analytical assistant : (n) (انتظامیہ) تجزیہ کنندہ معاون : انیلٹیکل اسسٹنٹ ۔

Analytical conics : (n) (ریاضی) تحلیل مخروطات ۔

Analytical function : (n) (ریاضی) تحلیلی تفاعل ۔

Analytical geometry : (n) (ریاضی) تحلیلی جیومیٹری ۔

Analytically : (adv) تحلیلاً : تجزیۃً : تحلیلی طور سے : تحلیل کی رو سے : بطریق تجزیہ ۔

Analytical method : (n) (طبیعیات) تشریحی طریقہ : (ریاضی) تحلیلی طریقہ ۔

Analytical proof : (n) (طبیعیات) تشریحی ثبوت : تحلیلی ثبوت ۔

Analytical school of law : (n) (تاریخ و اثریات) تجزیاتی مکتب قانون ۔

Analytical statics : (n) (طبیعیات) تشریحی سکونیات ؛ تحلیلی سکونیات ۔

Analytical statistics : (n) (طبیعیات) تشریحی شماریات ۔

Analytical trignometry : (n) (ریاضی) تحلیلی مثلثات ۔

Analytic hedonism : (n) (فلسفہ و نفسیات) تجزیاتی لذتیت ۔

Analytic language : (n) (لسانیات) تحلیلی زبان ۔

Analytic regression : (n) (شماریات) تجزیاتی ربط ۔

Analyticity : (n) (طبیعیات) تشریحیت ؛ قابل تشریحیت ۔

Analytico synthetic : (a) (فلسفہ و نفسیات) تجزیاتی ترکیبی ۔

Analytics : (n) تحلیلیات ۔

Anamnesis : (n) [Gr.] (۱) یاد ماضی ؛ باز یاد ۔
(۲) (فلسفہ و نفسیات) پچھلے جنم کی یاد ۔

Anamnestic : (a) پچھلے جنم کی یاد سے متعلق ؛ یاد ماضی سے متعلق ۔

Anamorphism : (n) (۱) مسخ شد اظلال یا شکل ۔
(۲) ادنی درجہ سے اعلی درجہ کی ترقی ۔
(۳) کج شکل : (ارضیات) تعمیری تقلب ۔

Anamorphosis : (n) [Gr. "ana+morphe" + - ISM] (۱) ٹیڑھا نقشہ یا تصویر جو صرف ایک نقطہ (رخ) سے ٹھیک نظر آئے ۔ (۲) غیر طبعی تبدیل ہیئت ؛ خلاف معمول یا خلاف عادت تغیر ۔
(۳) دیکھو Anamorphism

Ananas : (n) [Peruv. "Nanas"] (۱) انناس کا پھل یا پودا ۔
(۲) جزائر غرب الہند کا انناس سے مشابہ ایک پھل ۔

Ananias : (n) [Ananias, a Christian who was struck dead for lying to the Apostle Peter] جھوٹا ؛ دروغ گو ۔

Anandrious : (a) [Gr. "anandria"] نامرد ؛ ناتواں ؛ ضعیف ؛ فاقد مردی ۔

Anandrous : (a) [Gr. "anandros"] (نباتیات) جس میں حامل زر نہ ہو ؛ بے نر ؛ بے زر ریشمہ ۔

Ananke : (n) [Gr. "Ananke"] (یونانی مذہب) قسمت جس کے آگے دیوتاؤں کو بھی سر خم کر دینا ہوتا ہے ۔

Anantherous / Anantherate : (a) (نباتیات) بے زیرہ گل ۔

Ananthous : (a) (نباتیات) بے گل ۔

Ananthropism : (n) انسانیت کا فقدان ؛ انسانیت کی کمی ۔

Anapaest / Anapest : (n) [Gr. "anapaestos"] (عروض) سگن ؛ سہ ھجائی رکن جس میں دو چھوٹی ھجاؤں کے بعد ایک ھجائے ممدودہ ہوتی ہے یا دو بے تاکیدی ھجاؤں کے بعد ایک تاکید دار ھجاہوتی ہے ۔

Anapaestic : (a) (۱) سگنی ؛ شعر جس میں پہلے دو بے تاکیدی ھجا ہوں اور آخر میں تاکیدی ھجا ہو ۔

Anapeiratic : (a) [Gr. "anapiraeathac"] (مرضیات) بعض عضلات کے طویل عرصہ تک مسلسل استعمال کرنے کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی (بیماری) ۔

Anaphase : (n) [ana + phase] قطبی ہیئت ۔

Anaphora : (n) [Gr. "ana + pherin"] ایک لفظ یا فقرہ کی تکرار متواتر عملوں میں ؛ (لسانیات) حوالیہ ۔

Anaphoric : (a) (لسانیات) محولہ ؛ تکراری ۔

Anaphoric word : (n) (لسانیات) محولہ ؛ لفظ مکرر ۔

Anaphordisiac : (a) [Gr. "an + aphrodiacos"] شہوت کو کم کرنے والا ؛ قوت باہ کو کم کرنے والا ۔

Anaphrodisiac : (n) قوت باہ کم کرنے والی دوائیں ؛ قاطع باہ ۔

Anaphroditic : (a) [Gr. "anaphroditos"] بغیر مجامعت کے پیدا ہونے والا ۔

Anaphroditous : (a) بغیر شہوت کا ؛ غیر شہوتی ۔

Anaplastic : (a) پیوند کاری کا یا اس سے متعلق ۔

Anaplasty : (n) [Gr. "anaplastos"] (جراحی) پیوند کاری ؛ تکوینی جراحی ۔

Anaplerosis : (v) [Gr. "anaplerosis"] کمی کو دور کرنا ؛ نقص دور کرنا ۔

Anaplerotic : (a) (۱) نسیج کی کمی کو پورا کرنے والا ۔
(۲) نسیج کی کمی کو پورا کرنے والی شے ۔

Anapnograph : (n) [Gr. "anapnoe + graphos"] تنفس کی حرکات اور مقدار کو دکھانے والا آلہ : تنفس نگار ۔

Anapnoic : (a) [prec. + - IC] تنفس سے متعلق : تنفسی ۔

Anapnometer : (n) [prec. + - METER] تنفس لینے کی طاقت ناپنے کا آلہ ؛ نتفس پیما ۔

Anapophysis : (n) [Gr. "ana + apophysis"] هڈی کا ایک چھوٹا ابھار جو ریزھ کی هڈی کے جوڑوں کے عصبی محراب سے پیچھے کی طرف نکلا رهتا هے ۔

Anaptotic : (a) [Gr. " an (a) + aptotos"] صرف سے انحراف کرنے والا ۔

Anaptyctic insersion : (n) (لسانیات) خوشه وری تدخیل ۔

Anaptyctic vowel : (n) (لسانیات) وسط مصوتی اضافه ۔

Anaptyxis : (n) [Gr. "anaptyxis"] دو صامتوں کے درمیان کسی مصوت کا آنا ۔

Anarch : (n) [Gr. "anarchos"] (۱) لاقانونیت کا موجد یا بانی ۔ (۲) غدر یا بغاوت کا سرغنه ؛ شورشی ۔

Anarch : (a) لاحکومت ؛ نراج ؛ شورشی ۔

Anarchic : (a) [Gr."anarchos" +- IC] لا نظمی کا ؛ نزاعی ؛ لا حکومتی ؛ لا حکومی ؛ لاقانونی ؛ فوضوی ۔

Anarchical / Anarchial : (a) دیکھو Anarchic

Anarchically : (adv) لانظمی سے ؛ لا حکومی سے ۔

Anarchism : (n) (تاریخ و سیاسیات) نراجیت ؛ (فلسفه و نفسیات) نراج پسندی ؛ انارکزم ۔

Anarchist : (n) (۱) حکومت دشمن ؛ لا حکومی ؛ نراجی ؛ لا قانونیت پھیلانے والا ؛ فوضوی ؛ لانظمی پسند ۔ (۲) (تاریخ و سیاسیات) دهشت پسند ؛ نراجی ۔

Anarchize : (v) [See ANARCH] بد نظمی پھیلانا ؛ لا قانونیت پھیلانا ۔

Anarchy : (n) [Gr. "anarchia" or L."anarchia"] (۱) لا قانونیت ؛ سیاسی انتشار ؛ لا حکومیت ؛ نراج ؛ طوائف الملوکی ۔ (۲) هنگامه ؛ بلوا ؛ لانظمی ۔ (۳) پریشانی ؛ کھلبلی ؛ افراتفری ۔

Anarthria : (n) [Gr. "anarthros"] لا نطقی ۔

Anarthrous : (a) [Gr"aa+arthron"+ - OUS] (۱) (یونانی صرف و نحو) اسم جو بلا حرف تعریف استعمال هو ۔ (۲) (فعلیات) بے جوڑ (وه عضو جس میں جوڑ نه هو) ۔

Anarthrously : (adv) بے حرف تعریف کے ۔

Anarthrousness : (n) بے جوڑ پن ؛ بےحرف تعریف کا هونا ۔

Anasarca : (n) [Gr."ana + sarx" (sarca)] جلندھر ؛ استسقاء ۔

Anasarcous : (a) جلندھری ؛ استسقائی ۔

Anaseismic : (a) [Gr. "ana (up) + seismos" + - IC] عموداً جنبش دینے والا (زلزله کا جھٹکا) ۔

Anastatic : (a) [Gr. "anatasis" + - IC] ابھرا هوا ؛ منبت ۔

Anastatic printing : (n) طباعت جو جست کی ایسی تختیوں سے کی جائے جن پر حروف ابھرے هوئے هوتے هیں ؛ ایک طرح کی عکسی چھپائی ۔

Anastomose : (v) [Gr.] شریانوں ، دریاؤں ، درختوں کی شاخوں وغیره کا منھ ملنا ۔ باهم مل کر جال سا بنانا ؛ جٹ جانا ؛ نسوں کا منھ ملنا ۔

Anastomosed : (a) منھ ملا هوا ؛ جٹا هوا ۔

Anastomosing : (v) منھ ملنا ؛ جٹ جانا ۔

Anastomosis : (n) [Gr. "anastommoin"] عروق ، شرائین ، دریاؤں یا شاخوں کا جال ؛ (طب) نس جال ؛ منھ بننا ؛ تفمّم ۔

Anastomotic : (n) [Gr. "anastomoticos"] (۱) عروق اور شرائین کے منھ کو کھول دینے والی (دوائیں) ۔ (۲) عروق یا شرائین کے جال سے متعلق ؛ تفممی یا جال بنانے والا ۔

Anastrophe : (n) [Gr. "anastrophe"] قلب عبارت ؛ (لسانیات) تقلیب ۔

Anatase : (n) [Gr."anatasis"] ایک معدنی شے ، اکتاهیڈرائیٹ ۔

Anathema : (n) [Gr."anathema"] (۱) مردود ؛ ملعون ؛ وه چیز جس پر لعنت بھیجی جائے ۔ (۲) پھٹکار ؛ لعنت ؛ سراپ ۔ (۳) دھرم باهر هونا ؛ کلیسا سے اخراج ؛ تکفیر (کسی عقیده کو مردود قرار دینا) ۔ (٤) بد دعا ؛ نفرین ؛ دشنام ۔ (٥) وقف فی سبیل الله ۔

Anathema Maranatha : خدا کی لعنت ہو ۔

Anathematization : (n) لعنت بھیجنا ۔

Anathematize / Anathemize : (v) [Gr. "anathematizin"] لعنت کرنا ؛ تکفیر کرنا ؛ مردود قرار دیا جانا ۔

Anatheme : (n) [Gr. "anathema"] وقف فی سبیل اللہ ؛ نذر و نیاز ۔

Anathemizer : (n) لعنت بھیجنے والا ۔

Anatollane ware : (n) (اثریات) اناطولی وضع کے برتن ۔

Anatomic : (a) [Gr. "anatome"] (۱) تشریحی ؛ تشریح اعضاء سے متعلق ۔ (۲) ساخت یا بناوٹ سے متعلق ۔

Anatomical : (a) دیکھو Anatomic

Anatomically : (adv) از روئے تشریح ؛ تشریح اعضاء کی رو سے ؛ علم تشریح کے مطابق ۔

Anatomism : (n) [Gr. see ANATOMY] (۱) ترکیب اعضاء کی تشریح یا تجزیہ ۔ (۲) وہ عقیدہ جس میں ذی روح اجسام کی ترکیب اعضاء کی تشریح کے ذریعہ مظاہر حیات کی تاویل کی جائے ۔

Anatomist : (n) تشریح داں ؛ تشریح الاعضاء کا ماہر ۔

Anatomization : (n) چیر پھاڑ ؛ تشریح کرنا ۔

Anatomize : (v) (۱) تشریح کرنا ؛ چیر پھاڑ کرنا ؛ کسی جانور یا پودے کے جسم کو چیر کر اس کے مختلف حصوں کے مقام، ساخت اور باہمی رشتوں کا ظاہر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) تحلیل کرنا ؛ باریکیوں کو نمایاں کرنا ؛ تجزیہ کرنا ۔

Anatomizer : (n) چیر پھاڑ کرنے والا ؛ تشریح کرنے والا ۔

Anatomy : (n) [Gr. "anatomia"] (۱) چیر پھاڑ ؛ مرکب جسم کے مختلف حصوں کو مصنوعی طور سے الگ الگ کرنا تاکہ ان کے مقام، ساخت اور تنظیم کا علم حاصل ہو ۔ (۲) علم تشریح جس میں جسمانی ساخت سے بحث ہوتی ہے ۔ (۳) تشریحی ہئیت ؛ تشریحی ساخت ؛ بناوٹ یا ترکیب ۔ (٤) تحلیل ؛ تجزیہ ۔ (٥) ڈھانچہ ؛ کالبد ؛ لاغر جانور یا انسان جو محض ایک ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو ؛ ممی ؛ مومیا ۔ (٦) (لسانیات) علم تشریح الابدان ۔

Anatreptic : (a) [Gr. "anatrepin"] الٹ دینے والا، افلاطونی مقالات کا حصہ ۔

Anatripsology : (n) [Gr. "anatripsis"] (طب) اصطکاک کے استعمال کا عقیدہ ۔

Anatriptic : (a) [Gr. "anatriptos"] (طب) اصطکاک کے متعلق یا اسکی خاصیت رکھنے والی (دوا) ۔

Anatropous : (a) [Gr. "ana + tropos"] (نباتیات) مقلوب صدر والا ۔ مقلوب ۔

Anaxagorean : (a) [f. "Anaxagoras"] ایک یونانی فلسفی اناغورس سے متعلق جس کی تعلیم یہ تھی کہ مادہ غیر فانی ہے لیکن عقل کل نے اسے اجسام میں متحد کر دیا ہے ۔

Anaxagorize : (v) اناغورس کے اصول کا ماننا یا تسلیم کرنا ۔

Anaximandrian : (a & n) Anaximander کے عقیدے کی پیروی کرنے والا ۔

Anbury / Am - : (n) [OE "ang-berry / ang-pain"] (۱) نرم گلٹی یا گمڑا (جو گھوڑوں یا بیلوں کو ہوتا ہے) ۔ (۲) گانٹھ ؛ گمڑا (شلجم یا اس قسم کے درختوں کا مرض) ۔

-ance : (suffix) لاحقہ جو مصدر یا اسم صفت کے معنی دیتا ہے ۔

Ancestor / Ancester : (n) [L. "antecessor" / and" ancesor"] (۱) بزرگ ؛ جد ؛ پرکھا ۔ (۲) (جمع) اجداد ؛ اسلاف ؛ نیاگان ۔ (۳) (حیاتیات) ادنا درجہ کی ایک منظم ذات جس کے بعد کے انواع نے ارتقاء پایا ہے ۔

Ancestor worship : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجداد پرستی ۔

Ancestorial : (a) دیکھو Ancestral

Ancestorially : (adv) اسلاف سے ورثہ کے طور پر ۔

Ancestral : (a) (۱) موروثی ؛ جدی ؛ خاندانی ؛ پشتینی ؛ آبائی ؛ اسلافی ۔ (۲) (حیاتیات) نسلاً بہ نسلاً ۔

Ancestral ghost : (n) (سماجیات) جدّی بھوت ۔

Ancestral home of the Aryans : (تاریخ) آریوں کا آبائی وطن ۔

Ancestral worship : (n) (سماجیات) پرستش اجداد ۔

Ancestress : (n) جده ؛ پرکھن ۔

Ancestry : (n) [See ANCESTOR] (١) شجره ؛ نسل ؛ نسب ؛ حسب و نسب ؛ گھرانا ؛ اصل نسب ؛ خاندان ۔ (٢) (نسل کی) قدامت ؛ پرانا خاندان ؛ پرانا گھرانا ۔ (٣) بزرگ ؛ پرکھے ؛ اسلاف ؛ آباو اجداد ؛ دودمان ؛ تبار ۔

Anchithere : (n) [Gr. " agchi + therion "] گھڑ پرکھا ؛ ٹٹو کے برابر کا ایک جانور جو طبقات ارض میں متحجر حالت میں پایا جاتا ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ گھوڑے کا مورث اعلا ہے ۔

Anchoic : (a) [Gr."agchin (+ o) + - IC] ایک ترشہ جس سے دم گھونٹنےوالا دھواں نکلتا ہے ۔

Anchor : (n) [L. "ancora", Gr.] (١) جہاز کا لنگر ۔ (٢) (مجازاً) وہ چیز جو استقلال اور تحفظ پیدا کرے ؛ سہارا ؛ پشت پناہ ؛ آسرا ؛ بھروسہ ؛ امید ۔ (٣) تیر یا لنگر کی شکل کا ایک زیور جو قدیم زمانہ میں ہوا کرتا تھا ۔

- **At anchor :** ٹھہرا ہوا ؛ لنگر انداز ۔
- **Bower anchor :** منجھولا لنگر ۔
- **Cast anchor : (v)** لنگرڈالنا ؛ لنگر دار ہونا ۔
- **Come to (an) anchor : (v)** لنگر ڈالنا ؛ لنگر گرانا ۔
- **Kedge anchor :** چھوٹا لنگر ۔
- **Sheet anchor :** بڑا لنگر ۔
- **Slip the anchor : (v)** لنگر کو تار کے ذریعہ پھسلا دینا ۔
- **The anchor comes home :** لنگر کو اپنی جگہ سے کھینچنا ۔
- **To weigh anchor :** لنگر اٹھانا ؛ جہاز کا روانہ ہونا ۔

Anchor : (v) [Fr."ancrer", f."ancre"] (١) ٹھہرنا ؛ لنگر ڈالنا ؛ لنگر انداز ہونا (صرف جہاز کے لئے) ۔ (٢) (مجازاً) مضبوط باندھنا ؛ کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ۔ (٣) ٹھہرنا ؛ لنگر کرنا ؛ لنگر گرانا ؛ لنگر انداز ہونا (جہاز اور اہل جہاز دونوں کے لئے) ۔ (٤) اپنے کو جمانا ؛ متوجہ ہونا ؛ دھیان مرکوز کرنا ۔

Anchor frost : (n) سطح آب کے نیچے کی طرف سے چکی کے پہئیے کا رک جانا ۔

Anchor ice : (n) پانی کی تہ کی برف ۔

Anchor plate : (n) لنگری چادر ؛ لکڑی یا دھات کا وزنی ٹکڑا جس میں لٹکن پلوں کے تار تھمے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Anchor ring : (n) لنگر کا وہ حلقہ جس میں تار لگے ہوتے ہیں ۔

Anchor shackle : (n) لوہے کا وہ پھندا جو لنگر کے کڑے کی جگہ استعمال ہو ۔

Anchor stock : (n) وہ چھڑ جو لنگر کے سرے پر لگا ہوتا ہے ۔

Anchor tow : (n) لنگر کا تار ۔

Anchor watch : (n) وہ عملہ جو جہاز کے لنگر انداز ہونے پر اپنی ڈیوٹی کرتا ہے ۔

Anchorage : (n) (١) لنگراندازی ۔ (٢) لنگرگاہ ؛ وہ مقام جہاں جہاز لنگر کرے ۔ (٣) سہارا ؛ بھروسہ ؛ آسرا ؛ امید ؛ تکیہ گاہ ۔ (٤) لنگر اندازی کا محصول ؛ جہاز کے لنگر اندازی کے قابل حالات ۔

Anchorage : (n) زاہد یا راہب گوشہ نشین کا تکیہ ۔

Anchored : (a) لنگرانداز ؛ ساکن ؛ مستحکم طور پر گڑا ہوا ؛ لنگر سے آراستہ ۔

Anchoress / Ancress : (n) [OE."ancre"] زاہدہ ؛ تارک الدنیا عورت ؛ جوگن ؛ سنیاسن ؛ بیراگن ۔

Anchoret / - ite : (n) زاہد ؛ جوگی ؛ سادھو ؛ تارک الدنیا ؛ مرتاض ؛ بیراگی ؛ سنیاسی ؛ گوشہ نشیں ؛ عزلت گزیں ؛ خلوت گزیں ؛ تنہائی پسند ۔

Anchoretic / Anchoretical : (a) زاہد یا تارک الدنیا کے متعلق ۔

Anchoretish / - itish : (a) مثل زاہد ۔

Anchoretism / Anchoritism : (n) زہد ؛ ترک دنیا ؛ خلوت نشینی ؛ سنیاس ؛ جوگ ۔

Anchoring : (v) لنگراندازی : مضبوطی سے گاڑنا یا تھامنا ۔

Anchorless : (a) بے لنگر ؛ بہتا ہوا ۔

Anchovy : (n) [Basque , anchoa , as if dried fish] هیرنگ قسم کی ایک مچھلی جو چٹنی وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ سنمورہ ۔

Anchovy pear : (n) (۱) مغربی جزائر ہند کا ایک پھل جو آم کی طرح کھایا جاتا ہے ۔ (۲) اس پھل کا درخت ۔

Anchovy toast : (n) سنمورہ لگا توسٹ ؛ توسٹ جس پر سنمورہ چاشنی لگائی ہو ۔

Anchovy sauce : (n) سنمورہ چاشنی (جس میں سرکہ اور مسالوں کے علاوہ سنمورہ بھی ڈالتے ہیں) ۔

Anchusa : (n) [L.] روئیں دار پودے کی ایک قسم ۔

Anchusic : (a) انچوسا کا ترشہ (Anchusic acid) ۔

Anchusin : (n) ایک گہرا سرخ نقلماً (نا + قلم) سفوف جو رنگنے کے کام آتا ہے ۔

Anchylose / Ank - : (v) [Gr. See ANCHYLOSIS] (مفاصل ہڈیوں کے متعلق) سخت ہونا یا کرنا ؛ ملنا یا ملانا ؛ جڑنا یا جوڑنا ؛ السناق ۔

Anchylosed / Ank - : السناق ؛ کڑا کیا ہوا ؛ سکڑا ہوا ۔

Achylosis : (n) [Gr. "agchyloin "] مفاصل کی سختی یاصلابت ؛ دو مختلف ہڈیوں کا السناق ۔

Anchylotic : (a) صلابت مفاصل سے متعلق ۔

Ancient : (a) [L. "antianum"] (۱) پرانا ؛ کہن ؛ قدیم ؛ عتیق ؛ باستانی ۔ (۲) یادگار ؛ جو بڑی مدت تك زندہ یا باقی رہا ہو ؛ پرانے زمانے کا ؛ بڈھا ؛ قدیم ؛ اگلے وقتوں کا ؛ دقیانوسی ؛ کہن سال ؛ بطریق ۔ (٤) مغربی روم کے زوال سے قبل دور کا (جدید کی ضد) ۔

The ancient of Days : قدیم الایام ؛ خدائے ازلی ؛ خدائے سرمدی ؛ القدیم ؛ قادر مطلق ۔

Ancient : (n) متقدمین ؛ قدما ؛ عہد قدیم کی متمدن اقوام خصوصاً یونانی اور رومی وغیرہ ۔

Ancient history : (n) (تاریخ) قدیم تاریخ ۔

Anciently : (adv) قدیمانہ ؛ عتیقانہ ۔

Ancientness : (a) قدامت ؛ کہنگی ؛ دیرینگی ؛ پرانا پن ۔

Ancientry : (n) (۱) قدامت ۔ (۲) پرانی وضع ؛ پرانی چال ؛ پرانا دستور ؛ قدیم طرز ۔

Ancile : (n) [L. pl. "ancilia"] روم کی وہ مقدس محافظ سپر جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آسمان سے نازل ہوئی ۔

Ancillary : (a) [L. "ancillarius", f."ancilla"] ماتحت ؛ محکوم ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ معین ؛ فرعی ۔

Ancillary accomodation : (n) (تاریخ) ذیلی رہائش گاہ ۔

Ancistroid : (a) [Gr. "agistron" + - OID] ھك نما ۔

Ancon : (n) [Gr. "agcon"] (۱) (فعلیات) کہنی ؛ فریق ۔ (۲) (تعمیرات) کمانچہ ؛ دیوار کی کہنی جس پر کارنس کا سہارا ہوتا ہے ۔

Ancon sheep : (n) بھیڑ کی ایک قسم جس کا بدن لمبا، پاؤں چھوٹے اور آگے کے پیر ٹیڑھے ہوتے ہیں ؛ کج پابھیڑ ۔

Anconal : (a) کہنی سے متعلق ۔

Anconeal : (a) [L. "ancone - us" + AL] کہنی نما ۔

Anconeous : (a) کہنی نما ۔

Anconoid : (a) [Gr. "agconoides"] کہنی نما ۔

Ancoral : (a) [See Anchor] (۱) لنگر کا، لنگر سے متعلق یا لنگر سے مشابہ ؛ لنگری ۔ (۲) (حیوانیات) قلابی ۔

-ancy : (suffix) لاحقہ جس سے حالت یا کیفیت کا اظہار ہوتا ہے ۔

Ancyroid : (a) [Gr. "agcytoides"] لنگرنما ۔

And : (conj.) (۱) اور ؛ و ؛ مع ؛ بار بار ؛ بیك وقت ؛ کے علاوہ ؛ پھر بھی ۔ (۲) تکرار، اختلاف وغیرہ کے لئے عملی لفظ ۔ (۳) گویا ؛ اگر ؛ حالانکہ ۔

-and : (suffix) ایك لاحقہ ۔

Andalusite : (n) [f."Andalusia"+ - ITE] ایک معدنی شے جو پہلے پہل اندلس میں پائی گئی تھی ۔

Andante : (adv) [It. "andare"] (موسیقی) دھیمی تال کے ساتھ ۔

Andantino : (a & n) (موسیقی) تیز تال کے ساتھ : ذرا جلدی ۔

Andean : (a) کوہستان اندلس کے متعلق ۔

Andesine : (n) ایک معدنی شے جو اندلس اور دوسری جگہوں میں پائی گئی تھی ۔

Andesite : (n) (کیمیا) این ڈے سائیٹ ۔

Andiron : (n) [OFr."andier".(mod. Fr.landier)] سلاخ جو آتش دان میں آگ کی روک کے لئے رکھی جائے ۔

Andro - جزو ترکیبی بمعنی آدمی : مرد ۔

Androcracy : (n) [ANDRO + CRACY] (سماجیات) مرد کے زیر اقتدار سماج ۔

Androdioecious : (a) [Gr. "andro + dia + oecia"] مختلف پودوں میں مکمل اور زر بردار پھول رکھنے والا ۔

Androdynamous : (a) [Gr. "andro+dynamis"] وہ پودا جس کے حامل زر اور برگ گل غیر معمولی طور پر بڑھے ہوئے ہوں ۔

Androecium : (n) [Gr. "andro+oecion"] اعضائے نرینہ کا مجموعہ یا گچھا : نر دان (نر + دان) : نر کوث : نافہ ۔

Androgynal : (a) [L. "androgyn -us+ -AL] دو جنسی : نر مادہ ۔

Androgynally : (adv) بطور دوجنسی : بطریق نر مادہ ۔

Androgynary : (a) [See next] (نباتیات) وہ جس میں حامل زر اور بفچہ گل بڑھ کر برگ گل ہو جائیں جیساکہ دوھرے گل نرگس میں ہوتا ہے ۔

Androgyne : (n) [Gr. "androgynos"] (۱) دو جنسہ : نرمادہ ۔ (۲) (نباتیات) نرمادی پودا ۔

Androgynism : (n) پودے کی دو جنسی حالت سے یک جنسی حالت میں تبدیلی ۔

Androgynous : (a) (۱) دو جنسہ : نر مادہ ۔ (۲) (نجوم) سرد و گرم خاصیت رکھنے والے سیارے ۔ (۳) (نباتیات) وہ پودا جس کے حامل زر اور بفچہ گل ایک ھی پھول یا ایک ھی پودے پر ھوں ۔

Androgyny : (n) نرمادپن : نرمادی پودا جس کے نر اعضا اور بفچہ گل ایک ھی پھول یا پودے پر ھوں ۔

Andromed (e) : (n) مجموعہ ستارگان جو نصف کرہ شمالی میں نظر آتا ھے ۔

Andromeda : (n) [Gr. prop. name] (۱) دیکھو Andromed (۲) (نباتیات) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Andromorphous : (a) [Gr. andr + morphos"] مردانہ شکل کا ۔

Andropetal : (n) [Gr. "andro"] وہ پنکھڑی جو حامل زر سے پیدا ھو ۔

Andropetalar : (a) حامل زر کو برگ گل میں بدل کر دوگنا بنایا ھوا ۔

Andropetalous : (a) دیکھو Andropetalar

Androphagous : (a) [Gr. "androphagos"] آدم خور ۔

Androphore : (n) [Gr. "andro + phoros"] (۱) بعض پودوں کے زر بر (حامل زر) کو سہارا دینے والا ڈنٹھل ۔ (۲) ایک تولیدی غنچہ جس میں صرف نر حامل زر پیدا ھوتے ھیں : نر بردار ۔

Androsphinx : (n) [Gr. "androsphinaz"] وہ ابوالہول جس کا انسانی حصہ مردانہ ھوتا ھے ۔

Androspore : (n) [Gr. "andro + sporos"] (نباتیات) جرثومہ جس سے گیاہ نر پیدا ھو ۔

Androtomous : (a) وہ پودا جس کے حامل زر کے ریشے دو حصوں میں بٹے ھوئے ھوں ۔

-androus : (suffix) لاحقہ بمعنی " حامل زر یا مردانہ عضو رکھنے والا " ۔

- ane : (suffix) لاحقہ an - کی ایک دوسری شکل جو کبھی اس سے مختلف معنی بھی دیتی ھے ۔

Anear : (adv) تقریباً : قریب : بہت : نزدیک ۔

Anear : (prep) قریب ؛ نزدیک ۔

Aneath : (prep) [A prep + NEATH] نیچے ؛ زیر ؛ تحت میں ۔

Anecdotage : (n) [ANECDOT + - AGE] (۱) قصہ ؛ حکایت ؛ روایت ؛ قصص و حکایات ۔ (۲) (مجازاً) سن خرافت جس میں آدمی بیکار بکواس کرتا ہے ۔

Anecdotal : (a) حکایتی ؛ روایتی ؛ محاضرات ۔

Anecdotal method : (n) (فلسفہ و نفسیات) حکایتی طریقہ ۔

Anecdote : (n) [Gr. " anecdota"] (۱) (مجمع میں) خفیہ یا ایسی تاریخی تفصیلات جو ہنوز شائع نہ ہوئی ہوں ؛ محاضرات ۔ (۲) قصہ ؛ روایت ؛ حکایت ؛ منفرد واقعہ کا بیان ؛ نقل ۔ (۳) (تاریخ) لطیفہ ؛ حکایت ۔

Anecdotically : (adv) حکایتاً ؛ روایتاً ؛ بطور قصہ ۔

Anecdotish : (a) حکایتی ؛ حکایت یا محاضرات سے متعلق ؛ قصہ کہانی کا عادی ۔

Anecdotist : (a) حکایت نگار ؛ قصہ گو ؛ راوی ۔

Anelectric : (a) [AN prep. + ELECTRIC] (۱) بجلی سے بسرعت الگ ہونے والا ؛ غیر برقی ۔ (۲) وہ دھات وغیرہ جو اچھے برق کش ہونے کے باوجود بجلی سے جلدی الگ ہو جائے ۔

Anelectode : (n) گیلونی بیٹری کا مثبت سرا ؛ مثبت برقیرہ ۔

Anelectrotonus : [Gr. "ana + electron + tonos"] (طب) عدم برقی طناب ؛ برقی بے تنشی ۔

Anelytrous : (a) [Gr. "an + elytron" + - OUS] بازوؤں کے بیرونی خول نہ رکھنے والے۔

Anemo- : [Gr. "anemos"] مرکب الفاظ بنانے کا ایک سابقہ بمعنی " ہوا " ۔

Anemocracy : (n) [Gr. "anemos+ cratia"] ہوائی حکومت ۔

Anemogram : (n) [Gr. "anemos + gramma"] وہ کاغذ جس پر ہوائی قوت اور رخ بتانے والے آلہ سے نشان بنتا ہے ؛ باد نامہ ۔

Anemograph : (n) باد نگار ؛ باد نویس ؛ وہ آلہ جس سے کاغذ پر ہوا کی قوت اور رخ درج ہوتا ہے ۔

Anemographic : (a) باد نگاری ؛ باد نگارانہ ؛ باد نویسی ؛ باد نویسانہ ۔

Anemography : (n) [Gr. "anemos + graphia"] تشریح باد ؛ ہوا کی قوت اور رخ کو ضبط کرنے کا فن ؛ باد نگاری ۔

Anemological : (a) باد شناسی سے متعلق ۔

Anemology : (n) باد شناسی ؛ بادیات ؛ طبیعیات باد ۔

Anemometer : (n) [Gr. "anemos" + - (o) METER] (۱) باد پیما ؛ باد سنج ؛ وہ آلہ جس سے ہوا کی قوت ناپتے ہیں ؛ رفتار گیس پیما ۔

Anemometric : (a) باد پیمائی سے متعلق ؛ باد سنجی سے متعلق ۔

Anemometrograp : (n) دیکھو Anemograph

Anemometry : (n) باد سنجی ؛ باد پیمائش ؛ ہوا کی رفتار اور قوت کی پیمائش ۔

Anemone : (n) [Gr. "anemone"] (۱) پودے کی ایک قسم ؛ گل ہوا ؛ شقائق النعمان ۔ (۲) سمندر پھول ؛ لالہ ۔

Sea anemone : سمندر پھول ۔

Anemonic : (a) گل ہوا سے ماخوذ ۔

Anemonin : (n) ایک قسم کا بلوری ترشہ جو گل ہوا سے تیار ہوتا ہے ۔

Anemophilous : (a) [Gr. "anemos +philos"] ہوا زادہ ؛ وہ پھول جن میں زیرہ گل ہوا سے اڑ کر پہنچتا ہو ؛ باد پسند ؛ ہوا کے ذریعہ باروری ؛ باد جو ۔

Anemophobia : (n) باد ترسی ۔

Anemoscope : (n) [Gr. "anemos+skopos"] وہ آلہ جو ہوا کا رخ بتانے یا موسم کی تبدیلی کی پیش گوئی کرے ؛ باد نما ۔

Anencephalic : (a) فاقدالمغز ؛ مغز سے محروم ؛ بے مغزہ ۔

Anencephaloid : (a) مائل بہ بے مغزی ؛ دماغ سے تھوڑا محروم ۔

Anencephalous : (a) [Gr. "an + egcephalos" + - OUS] دیکھو Anencephalic

Anent : (prep) [OE. "on efen", "on efn", "onemn"] : بحوالہ : متعلق بہ ؛ درباره ؛ بابت ۔

Anenterous : (a) آنت سے محروم ؛ بے آنت والا ؛ بے روده ۔

Anepigraphic : (a) (تاریخ) بے کتبہ ۔

Anepiploic : (a) [Gr. "an + epiploon" + - IC] وہ جس کے آنتوں پر جھلی نہ ہو یا پیڑو کے پردے کی تہ نہ ہو ۔

Aneroid : (a) [Gr. "a + neros"] (طبیعیات) اینی رائڈ : ایک قسم کا باد سنج جس میں ہوا کا دباؤ پارے جیسے کسی رقیق شے سے معلوم نہ کیا جاتا ہو بلکہ ہوا سے خالی بکس کے کش دار ڈھکن پرہوا کے فعل کے ذریعہ معلوم کیا جائے ۔

Aneroid barometer : (n) بے مائع باد پیما جس میں ہوا کا دباؤ کسی مائع چیز کی مدد کے بغیر معلوم کیا جائے ؛ انیرائڈ باد پیما ؛ بے مائع باد پیما ۔

Anesis : (n) [Gr.] (طب) بیماری کی علامتوں میں تخفیف ۔

Anet : (n) [Gr. "anedon"] سونف ؛ بادیان ۔

Anethated : (a) بادیان آمیختہ ؛ بادیان سے تیار شدہ ۔

Anethene : (n) [L. "anethum" + - ENE] عطر بادیان ؛ سویا وغیرہ کا سب سے زیادہ پرّاں حصہ ۔

Anethol : (n) [L."anethum" + - CL] روح بادیان ؛ روح سویا ۔

Anetic : (a) (طب) سکون بخش ؛ مسکن ۔

Aneurysm / - ism : (n) [Gr. "aneurysma"] تسلیع شریان ؛ کسی شریان کا پھیل جانا ؛ شریان کا پھیلاؤ ؛ اتساع شریان ۔

Aneurysmal / - ismal : (a) تسلیعی ۔

Anew : (adv) (۱) ازسر نو ؛ دوبارہ ؛ مزید ؛ باردیگر ۔ (۲) بطریق دیگر ؛ دوسرے طریقے سے نئی طرح ؛ بطرز دیگر ۔

Anfractuosity : (n) [L. "anfractuosus", "anfranctus"] پر پیچ ہونا ؛ پیچیدگی ؛ پیچ و خمدار؛ پر پیچ راستہ ؛ پیچ دار راستہ ؛ چکر ؛ ہیر پھیر ۔

Anfractuous : (a) [L."anfractuosus", f. "anfranctus"] پرپیچ ؛ چکر دار ؛ ہیر پھیر کرنے والا ؛ پیچ و خم دار ۔

Angekok / Angakok : (n) [Eskimo] اسکیمو کا جادوگر ؛ (تاریخ) پادری ؛ انگ کوک ۔

Angang : (n) (تاریخ) انگانگ ؛ ایک قدیمی شگون ۔

Angary : (n) [L. angaria] جنگی ضرورت یا مجبوری سے متحاربین کا غیر جانب دار حکومت کی املاک کا ضبط کرلینا یا تباہ کردینا ۔

Angel : (n) [L. angelus, Gr. "aggelos"] (۱) فرشتہ ؛ ملَک ۔ (۲) قبول صورت یا معصوم شخص ؛ فرشتہ خو ؛ حورپیکر ۔ (۳) فرشتہ غیبی ؛ رجال غیب ۔ (٤) سونے کا ایک قدیم انگریزی سکہ جس کی قیمت ٦ شلنگ ٨ پنس اور ١٥ شلنگ کے درمیان ہوتی تھی اور جس پر حضرت میکائل کی تصویر ہوتی تھی کہ ایک اژدھے کو مار رہے ہیں ۔ (٥) فرشتہ عزرائیل ۔ (٦) گرجے کا روحانی رہنما ۔

Angel cornice : (n) وہ کارنس جس پر فرشتوں کی تصویر بنی ہوتی ہے ۔

Angel fish : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Angel-like : (a) فرشتہ صورت ؛ فرشتہ کی مانند ؛ مثل فرشتہ ۔

Angel-noble : (n) ایک انگریزی سکہ ۔

Angel shot : (n) بندوق کی ایک قسم کی گولی ۔

Angelate : (n) سنبل خطائی کے ترشے کا نمک ۔

Angelet : (n) [O Fr.=It."angeletto"] (۱) نصف انجل (سکہ) ۔ (۲) چھوٹا فرشتہ ۔ (۳) (مجازاً) معصوم بچہ ۔

Angelhood : (n) فرشتگی ؛ فرشتوں کی جماعت ؛ گروہ ملائک ۔

Angelic : (a) ملکوتی ؛ فرشتوں سے متعلق ؛ فرشتہ خو ؛ فرشتہ خصال ؛ فرشتہ صفت ؛ فوق العادت صفات کا ۔

Angelic : سنبل خطائی سے تیار کردہ ، جیسے Angelic Acid

Angelic doctor : (n) دیکھو Thomas Aquinas

Angelica : (n) [med.L.] (۱) ایک خوشبو دار پودا جو دواؤں اور کھانوں میں ڈالتے ھیں ' انجلیکا ؛ سنبل خطائی ۔ (۲) انجلیکا کی جڑ کا پاگ (متھائی) ۔

Angelica water : (n) عطر انجلیکا ؛ آب انجلیکا ؛ آب سنبل خطائی ۔

Angelical : (a) ملکوتی ' فرشتہ صفت ' فرشتہ خو ۔

Angelically : (adv) فرشتے کی طرح ۔

Angelina : (n) (نباتیات) ایک قسم کا پودا جو امریکہ کے منطقہ حارہ میں ملتا ھے ۔

Angelique : (n) [Fr. "angelique"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایک درخت اور اس کی لکڑی ۔ (۲) ایک قسم کا مشروب ۔

Angelism : (n) [See ANGEL] یہ نظریہ کہ انسان فرشتہ صفت ھے ۔

Angelolatory : (n) فرشتہ پرستی ؛ فرشتہ کی پرستش ؛ ملائک پرستی ۔

Angelology : (n) مسائل متعلق بہ ملائک ؛ فرشتہ شناسی ' ملکیات ؛ علم الملائکہ ۔

Angelophany : (n) ملائک کے نمایاں جلوے ۔

Angelot : (n) [L. "angelus"] (۱) ننھا فرشتہ ۔ (۲) ھنری ششم کے زمانے کے سکہ کا نام ۔

Angelus : (n) [L. "angelus"] حضرت عیسیٰ کے بعثت کے متعلق ایک دعا جو رومن کیتھولک پادری صبح، دوپہر اور مغرب کےوقت گھنٹی بجا کر پڑھتے ھیں ؛ دعائے بعثت ؛ صلواۃ التبشیر ۔

Angenesis : (n) [L. "ana + genesis"] نئی زندگی خصوصاً ریشوں کی ۔

Anger : (n) [ON. "angr", L. "angere"] (۱) غصہ ؛ غضب ؛ برھمی ؛ برافروختگی ؛ ناراضی ؛ خفگی ' خشم ؛ کرودھ ۔ (۲) بدن کے کسی حصہ کا ورم ؛ جسمانی تکلیف ۔

Anger : (v) برھم کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ برافروختہ کرنا ۔

Angered : (a) برافروختہ ؛ غصہ میں ؛ خشمگیں ۔

Angerless : (a) بے غصہ ۔

Angina : (n) درد گلو ؛ سوزش گلو ؛ خناق ۔

Angina pectoris : (n) مرض صدری ؛ درد سینہ ۔

Anginous : (a) سینے کے درد کا یا اس سے متعلق ۔

Angio-: [Gr."angio"] (جزو ترکیبی) اصلی معنی صندوق یا ظرف کے ھیں - اب بیج یا عروق و شرائین کے متعلق "بند" کے معنوں میں استعمال ھوتا ھے ۔ بند ؛ ملفوف ؛ دعا ، عرق ؛ رگ ۔

Angiocarpian : (n) [Gr. "angio + carpos"] ایک قسم کاپودا ۔

Angiocarpous : (a) اس پودے سے متعلق جس میں پھل ایسے غلاف میں ھوتا ھے جو کاسہ گل کا حصہ نہ ھو ؛ ملفوف ثمرہ ۔

Angiograph : (n) [Gr. "angio+graphos"] ایک قسم کا نبض سنج ؛ دعا نگار ۔

Angiography : (n) [Gr."angio +graphia"] (۱) کسی قوم میں استعمال کئے جانے والے ظروف، اوزار وغیرہ کا بیان ۔ (۲) عروق و شرائین کی تشریح ۔

Angiology : (n) [Gr. "angio + logia"] رگ شناسی ؛ عروقیات ۔

Angiomonospermous : (n) وہ پودے جن میں اکیلا تخم ھو اور ھر ایک اپنے ڈوڈے میں ھو ۔

Angioscope : (n) [Gr. "angio + scopos"] جانور یا پودے کے عروق شعریہ یا باریک رگوں کی جانچ کا آلہ ۔

Angiosperm : (n) [Gr. "angio + spermos"] وہ پودا جس کے بیج ڈوڈے میں ملفوف ھوں ؛ ملفوف تخم ؛ بند تخم پودا ۔

Angiospermal / Angiospermatous / Angiospermous : (a) ڈوڈے میں ملفوف بیج والا (پودا) یا اس سے متعلق ؛ ملفوف تخمہ ۔

Angiosporous : (a) [Gr. "angio + sporos"] وہ پودے جس کے تخمک جوف دار خانوں میں ملفوف ھوں ۔

Angiostomous : (a) [Gr. "angio + stomos"] (صدفیات) تنگ سوراخ رکھنے والا ۔

Angiotenic : (a) [Gr "angio + tinin"] (طب) عروق و شریان کو کشادہ کرنے والا (سوزش اور ورم پیدا کرنے والا بخار کے متعلق) ۔

Angiotomy : (n) [Gr. "angio +lomia "] عروق و شریان کی تشریح ؛ دعا تراشی ۔

Angle : (n) [OE."angule"] (۱) بنسی ؛ کانٹا (مچھلی پکڑنے کا) ۔ (۲) مچھلی پکڑنا ۔

Angle : (n) [L."angulum"] (۱) زاویہ ؛ کونہ ؛ گوشہ ؛ وہ جگہ جو دو واصل خطوط یا سطحوں کے درمیان ہو ؛ کون ۔ (۲) کمپاس کے چار خانوں میں سے کوئی ایک جو اس کے اصلی نقطہ پر ہو ۔

Acute angle : زاویہ حادہ ۔

Adjacent angle : (طبیعیات) متصلہ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ متصلہ ۔

Aperture angle : (طبیعیات) روزن زاویہ ۔

At angles with : زاویہ بناتے ہوئے (متوازی کی ضد) ۔

Brewster angle : (طبیعیات) بریوسٹر زاویہ ۔

Complemetary angle : (طبیعیات) پورک کون ؛ متمم زاویہ ؛ تمامی زاویہ ۔

Conical angle : (طبیعیات) مخروطی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مخروطی ۔

Conjugate angle : (طبیعیات) زاویہ متحدہ ؛ (ریاضی) زاویہ زوجی ۔

Corresponding angle : (ریاضی) نظیری زاویہ ؛ (طبیعیات) مطابق زاویہ ۔

Critical angle : (طبیعیات) انقلابی زاویہ ؛ (ریاضی) فاصل زاویہ ۔

Dihedral angle : (طبیعیات) زاویہ دو تلی ؛ دو تلی کون ؛ (ریاضی) زاویہ دو ستوی ۔

Dip angle : (طبیعیات) میلان زاویہ ۔

Exterior angle : (طبیعیات) بیرونی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ خارجی ۔

Face angle : (طبیعیات) رخ زاویہ ۔

Glancing angle : (طبیعیات) سطحی زاویہ ۔

Hour angle : (طبیعیات) زاویہ ساعت ۔

Interfacial angle : (طبیعیات) بین رخ زاویہ ۔

Interior angle : (طبیعیات) اندرونی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ داخلہ ۔

Interior opposite angle : (طبیعیات) اندرونی مقابلہ زاویہ ۔

Obtuse angle : (ریاضی) زاویہ منفرجہ ۔

On the angle : ترچھا ؛ آڑے ترچھے طور پر ۔

Opposite angle : (طبیعیات) متقابلہ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ متقابلہ ۔

Parallactic angle : (طبیعیات) اختلاف منظر زاویہ ۔

Polar angle : (طبیعیات) قطبی زاویہ ۔

Re-entrant angle : (ریاضی) زاویہ باز دخولی ۔

Reflex angle : (طبیعیات) عکس زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ معکوس ۔

Right angle : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ قائمہ ۔

Solid angle : (طبیعیات) ٹھوس زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مجسمہ ۔

Spherical angle : (طبیعیات) کروی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ کروی ۔

Straight angle : (طبیعیات) مستقیم زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ مستقیم ۔

Supplementary angle : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ تکمیل ۔

Trihedral angle : (طبیعیات) سہ تلی زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ سہ مستوی ۔

Vectorial angle : (ریاضی) زاویہ سمتی ۔

Visual angle : (ریاضی) زاویہ بصری ۔

Zenithal angle : (طبیعیات) زاویہ راس ؛ (ریاضی) راسی زاویہ ۔

Angle : (n) قدیم جرمن نسل کی ایک شاخ ۔

Angle : (v) (۱) کانٹے یا چارہ سے مچھلی پکڑنا ؛ کانٹا ڈالنا ؛ بنسی پھینکنا ۔ (۲) (مجازاً) مکر و حیلہ سے کسی آدمی کو پکڑنا یا چیز کو حاصل کرنا ۔

Angle : (v) (۱) دوڑ کر کسی گوشے میں پناہ لینا ۔ (۲) زاویوں میں حرکت کرنا ۔

Angle bar : (n) وہ سیدھا چھڑ جو کثیر الاضلاع کھڑکی کے زاویہ پر ہو ۔

Angle bead : (n) لکڑی کا عمودی مہرہ جو بیرونی زاویہ پر لگا ہو ۔

Angle brace : (n) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چوکھٹے کے متصلہ ضلعوں پر جما ہو ۔

Angle-meter : (n) زاویہ سنج ۔

Angle of aberration : (طبیعیات) زاویہ فتور ؛ زاویہ ضلالت ۔

Angle of contact : (طبیعیات) زاویہ لمس ۔

Angle of curvature : (طبیعیات) زاویہ خم ؛ (ریاضی) زاویہ انحناء ۔

Angle of declination : (ریاضی) میلی زاویہ ؛ زاویہ شیب ۔

Angle of depression : (طبیعیات) زاویہ پستی ؛ اتار زاویہ نشیب ۔

Angle of deviation : (طبیعیات و ریاضی) زاویہ انحراف ۔

Angle of dip : (طبیعیات) میلان زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ عمق ۔

Angle of divergence : (طبیعیات) زاویہ غیر مرکوز ؛ (ریاضی) زاویہ تباعد ۔

Angle of elevation : (طبیعیات) زاویہ بلندی ؛ چڑھاؤ زاویہ ارتفاع۔

Angle of emergence : (طبیعیات) زاویہ ظہور ۔

Angle of friction : (طبیعیات) رگڑ زاویہ ؛ (ریاضی) زاویہ فرکشن ۔

Angle of incidence : (طبیعیات) زاویہ وقوع ۔

Angle of intersection : (ریاضی) زاویہ تقاطع ۔

Angle of polarisation : (کیمیا) زاویہ تقطیب ؛ (طبیعیات) زاویہ سمتی تفریق ۔

Angle of prism : (طبیعیات) زاویہ منشور ۔

Angle of projection : (طبیعیات) زاویہ پیش درازی ؛ ظل زاویہ ۔

Angle of reflection : (طبیعیات) پراورتن کون ؛ زاویہ انعکاس ۔

Angle of refraction : اپ ورتن کون ؛ زاویہ انعطاف ۔

Angle of repose : (طبیعیات) زاویہ سکون ۔

Angle of shear : (طبیعیات) تحریفی زاویہ ۔

Angle of torsion : (طبیعیات) زاویہ مڑوڑ ۔

Angle of total reflection : (طبیعیات) زاویۂ کل انعکاس ۔

Angle staff : (n) دیکھو Angle bead

Angle tie : (n) دیکھو Angle brace

Angleberry : (n) ایک قسم کا بدگوشت جو اکثر بھیڑ، مویشی وغیرہ کے پاؤں میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

Angled : (a) زاویہ دار ۔

Angler : (n) (۱) مچھلی پکڑنے والا ؛ بنسی باز ۔ (۲) ایک قسم کی انگریزی مچھلی جو چھوٹی مچھلی کا شکار کرتی ہے اوراس کے سر اور منھ پر ریشے سے ہوتے ہیں اور اسے دیکھ کر چھوٹی مچھلیاں اس کی طرف آتی ہیں ؛ جال دار شکاری مچھلی ؛ سمندری شیطان ۔

Anglesite : (n) (کیمیا) اینگلسائیٹ ؛ سیسہ کا بنیادی سلفیٹ ۔

Anglian / Anglic : (a) [L."angli"+ - AN] Angles کا یا اس سے متعلق ۔

Anglican : (a & n) [L."anglicanus"] کلیسائے انگلستان کا پیرو یا اس کے مذہب سے متعلق ؛ انگلیکی ؛ انگلیسی ؛ کیتھولک چرچ کے اصلی نمائندے کی حیثیت سے انگلیسی چرچ کے عقائد اور ضابطے کا پیرو ۔

Anglicanism : (n) عقائد انگلیسکی ؛ انگلیکیت ۔

Anglice : (adv) L. "Anglicus"] انگریزی میں ، خصوصاً عام فہم انگریزی میں ۔

Anglicism : (n) (۱) اصطلاح انگلیسی ۔(۲) انگریزی اصول اور طرز سیاست ۔

Anglicization : (n) انگلیسی بنانا ۔

Anglicize : (v) [L. "anglicus" + - IZE] شکل یا خصوصیت کے اعتبار سے انگریزی بنانا ۔

Angling : (n) (۱) لگی کے ذریعہ مچھلی پکڑنے کا عمل یا ہنر ۔(۲) (مجازاً) فائدہ اٹھانا (موقع سے) ۔

Anglo - : جزو ترکیبی بمعنی انگلستان کایا انگلیسی عملاً اینگلوسیکس ، اینگلوٹینش ۔

Anglo-catholic : (a & n) (۱) انگلیسی چرچ کی برادری کا ۔ (۲) وہ انگریز جو انگریزوں کو کیتھولک چرچ سےالگ کئے بغیر اس کی قومی آزادی کا حمایتی تھا ۔(۳) انگلیسی چرچ کا وہ رکن جو اس کی کیتھولک خصوصیات کو برقرار رکھے ۔

Anglo-Catholicism : (n) انگریزی طرز کا کیتھولک عقیدہ ۔

Anglo-Indian : (n & a) (۱) وہ آدمی جو انگلیسی پیدائش کا ہو اوراب ہندوستان میں رہتا ہو یا پہلے رہا ہو ۔(۲) یورپی اور ہندوستانی مخلوط ولدیت کا ؛ یوریشیائی ۔

Anglo-saxon : (n) [L."Anglo-Saxones"] (۱) اینگلو سیکسونی (سیکسونیا کے باشندوں میں سے وہ لوگ جو انگلستان میں آئےاور انگلستان کی قدیم نسلوں میں مل گئے) ۔اس اختلاط سے پہلے سیکسونی، قدیم سیکسونی کہلاتے تھے ۔ (۲) قدیم انگریزی (لوگ یا زبان) نارمن حکومت سے قبل تھے ۔(۳) انگریزی الاصل ۔

Anglo-saxondom : (n) اینگلوسیکسن کا علاقہ ؛ اینگلوسیکسن نسل یا ملک ۔

Anglo-saxonism : (n) اینگلو سیکسونیت ؛ اینگلو سیکسونی قوم کے دعوے کی حمایت ؛ ان کی نسلی فوقیت کے حق بجانب ہونے کا یقین ۔

Anglomania : (n) انگریزی عادات کا حد سے زیادہ فریفتہ ہونا ؛ انگریز پرستی ؛ انگریزیت کا خبط ۔

Anglophobe : (n) [L.] انگریزیت سے بیزار ؛ انگریز دشمنی میں مبتلا ۔

Anglophobia : (n) [ANGLO + Gr."phobia" (horror)] انگلستان سے شدید نفرت اور خوف ؛ انگریزوں سےبیزاری ؛ انگریزوں سے دشمنی ۔

Angola : (n) (۱) (قدیم انقرہ) انگورا کی اون سےبنا کپڑا ۔

Angor : (n) [L. "angorem"] دل کے نزدیک کے حصے کا تشنج اور کھچاؤ یا تنگی کا احساس ۔

Angora : (n) [Gr."Ag cura"] انگورا کی بکریاں اور ان کے ریشم جیسے اون ؛ ان بکریوں کے اون سے بنا ہوا کپڑا ۔

Angostura : (n) [f. "Angosturav , a river port in Venezuela] ایک قسم کی چھال جو بطور دافع بخار اور مقوی دوا کے استعمال ہوتی ہے ؛ انگسترا (ایک مقام جہاں یہ چھال پائی جاتی ہے) ۔

Angrily : (adv) غصہ میں ؛ غصہ سے ۔

Angriness : (n) خفگی ۔

Angry : (a) [ANGER + - Y] (۱) غصہ میں ؛ خفگی میں ؛ غضبناک ؛ خشمگیں ؛ خفا ؛ ناراض ؛ عصبانی ؛ پرغیظ ؛ پرغضب؛ خشمناک ؛ رنجیدہ ؛ غضب آلود ؛ خشم آمیز ۔(۲) متورم ؛ سوزش پیدا کرنے والا (زخم وغیرہ) ۔

Angst : (n) [OHG. "angust"] تشویش ؛ خوف ؛ کرب ۔

Angstrom : (n) [after Anders J. Angstrom, a Swedish physicist] ایک سینٹی میٹر کا دس کروڑواں حصہ جو امواج کوتاہ کے طول کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Anguiform : (a) [L. "anguis" + - FORM] سانپ کی شکل کا ۔

Anguillule : (n) [L."anguilla"] ایل (eel ، "ایک ننھا کیڑا" جو سرکہ وغیرہ میں پایا جاتا ہے) کی شکل کی ایک چھوٹی مخلوق ۔

Anguine : (a) [L. "anguilla"] سانپ کی طرح ؛ سانپ کی مانند ؛ سانپ جیسا ۔

Anguineous : (a) [L. "anguinus", ft - "anguiseous"] سانپ کی طرح ؛ سانپ جیسا ۔

Anguish : (n) [L. "angustia"] سخت دماغی ، یا جسمانی تکلیف ؛ کرب ۔

Mental anguish : (سماجیات) ذهنی کرب ۔

Anguish : (v) [L. "angustaire"] سخت جسمانی یا ذهنی تکلیف میں مبتلا کرنا ۔

Anguished : (a) غمگین ؛ دل تنگ ۔

Angular : (a) [L. "angularis", see Angle] (۱) زاویہ دار ؛ کونہ دار ؛ گوشہ دار ۔(۲) زاویہ کے اندر ؛ زاویہ پر ؛ زاویہ میں (ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ بناتے ہوئے) ۔(۳) زاویہ سے ناپا ہوا ۔(٤) پتلا دبلا ؛ جس میں گداز پن نہ ہو ۔(٥) دہشت ؛ اکھڑ ؛ جس میں لوچ نہ ہو ۔(٦) بے ڈھنگا ؛ جھٹکا دینے والا ؛ بے جوڑ ؛ بے ربط ۔(۷) (طبیعیات و ریاضی) زاویائی ؛ زاوئی ۔

Angular acceleration : (n) (ریاضی) زاوئی سرعت ۔

Angular aperture : (n) (طبیعیات) زاوئی روزن ۔

Angular bisector : (n) (ریاضی) زاوئی ناصف ۔

Angular bone : (n) (حیوانیات) زاویہ دار هڈی ۔

Angular coordinates : (n) (طبیعیات) زاوئی سمتی قدریں ؛ (ریاضی) زاوئی مختصات ۔

Angular deformation : (n) (طبیعیات) زاوئی بگاڑ ۔

Angular diagram : (n) (طبیعیات) زاوئی خاکہ ۔

Angular diameter : (n) (طبیعیات) زاوئی قطر ۔

Angular distance : (n) (طبیعیات) زاوئی دوری یا فاصلہ ؛ (ریاضی) زاوئی فاصلہ ۔

Angular frequency : (n) زاویاتی تواتر ۔

Angular gyrus : (n) زاویائی پیچ ۔

Angular magnification : (n) (طبیعیات) زاوئی اضافہ ۔

Angular measure : (n) (طبیعیات) زاوئی ناپ ۔

Angular momentum : (n) (ریاضی) زاوئی مقدار حرکت ۔

Angular motion : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی حرکت ۔

Angular point : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی نقطہ ؛ زاویائی راس ۔

Angular position : (n) (طبیعیات و ریاضی) زاوئی مقام ۔

Angular process : (n) (طبیعیات) زاوئی طریق عمل ۔

Angular sign : (n) (تجارت) زاوئی نشان ۔

Angular speed : (n) (طبیعیات) زاوئی رفتار ؛ (ریاضی) زاوئی چال ۔

Angular velocity : (n) (طبیعیات) زاوئی سمتی رفتار ؛ (ریاضی) زاوئی رفتار ۔

Angular vernier : (n) (طبیعیات) زاوئی ورنیر ۔

Angularity : (n) کونہ دار ؛ زاویہ دار ؛ دبلاپن ؛ درشتی ۔

Angularly : (adv) ٹیڑھے پن سے ؛ درشتی سے ۔

Angulate : (v) [L."angulatus / angulare"/ f."angulus"] کونہ دار کرنا یا بنانا ؛ زاویہ دار بنانا ؛ کونہ بنانا ۔

Angulate : (a) زاویہ دار ۔

Angulately : (adv) زاویہ یا کونوں کے ساتھ ۔

Angulation : (n) زاویہ دار یا کونہ دار بنانا ؛ زاویہ کشی ؛ ترسیم زاویہ ۔

Anguria : (n) [Gr. "anguriu"] کدو کے خاندان کا ایک پودا اور اس کا پھل ۔

Angustate : (a) [L. "angustatus"] تنگ ؛ باریک ۔

Angustation : (n) تنگی ؛ سکڑاؤ ۔

Angusti - : جزو ترکیبی بمعنی " تنگ " ۔

Angustifoliate : (a) تنگ پتیا ؛ تنگ برگہ ۔

Angustirostrate : (a) تنگ منقارہ ؛ تنگ چونچیا ۔

Angustura : (n) ارنیکو پر واقع ایک شہر ۔

Anharmonic : (a) [Gr. "an + harmonicos"] علم ریاضی کی ایک اصطلاح ۔

Anhedonia : (n) [an + Gr. "hedone + L. "ia"] دل مردہ ؛ مردہ دلی ؛ ایک قسم کی بےحسی جس میں خوشی محسوس نہیں کرتے ۔

Anhelation : (n) [L. "anhelationem"] تنفس میں تکلیف ؛ ضیق الدم ؛ ضیق النفس ؛ دمہ ۔

Anhidrotic : (a) [Gr. "an+hidrotikos"] پسینہ کو روکنے والی۔

Anhistoric : (a) (تاریخ) غیر تاریخی ۔

Anhistous : (a) [Gr. "an + histon" + - OUS] (حیاتیات) نا قابل شناخت ساخت کا (نسیج) ۔

Anhungered : (a) (۱) مغلوب الجوع ؛ بھوکا ۔ (۲) (مجازاً) شدید خواھش مند ۔

Anhydride : (n) [Gr."anydros"+- IDE] (کیمیا) بے آب ؛ نابیدہ ۔

Anhydrite : (n) [as prec.+- ITE] (کیمیا) این ھائیڈ رائیٹ : چونے کا سلفیٹ جو بے آب ھو ؛ نابید جپسم ۔

Anhydro- : جزو ترکیبی بمعنی ؛ بے آب " نابیدہ " " بے پانی کا " ۔

Anhydrosis : (n) پسینہ نکلنے کی غیر طبعی کمی ؛ قلت پسند ؛ کم عرقیت ۔

Anhydrous / Anhydric : (a) [Gr. "anydros" + - OUS] (۱) (کیمیا) بے پانی کا ؛ بے آب ؛ نابید ؛ غیرابیدہ ۔ (۲) (مجازاً) بے رس ؛ سوکھا ؛ رس ھین ؛ خشك ۔

Anicca : (n) [skr. "anitya"] فنا ۔

Aniconic : (a) [an + iconic] علامتی ؛ بے اصنام کا ؛ اصنام کے خلاف ۔

Anicut / Annicut : (n) [Tamil "Anai Kattu" (dam building)] وہ باندھ جو ایك ندی کے آرپار بنائی جائے تا کہ سینچائی کی نہروں میں پانی مہیا ھو ۔

Anigh : (adv) [f. Nigh] قریب ؛ نزدیك ؛ پاس ۔

Anight : (adv) [OE. on niht] رات کے وقت ؛ رات میں ؛ شب میں ۔

Anil : (n) [Arab] نیل کا پودا اور رنگ ۔

Anile : (a) [L. "anilis" , f. "anus"] (۱) پیر زن کی طرح ؛ پیر زن کا ؛ عجوزہ صفت ؛ عجوزی ۔ (۲) سادہ لوح ؛ کورا ؛ مریل ۔

Anilic : (a) نیل کا یا اس سے متعلق ۔

Anilide : (n) [ANIL + - IDE] (کیمیا) این لائیڈ ، ایك کیمیائی شے ۔

Aniline : (n) [ANIL+ - INE] انیلین : ایك کیمیاوی اساسی عنصر جس سے کئی خوبصورت رنگ بناتے ھیں ، پہلے یہ نیل سے حاصل کیا جاتا تھا ، آجکل تارکول سے بناتے ھیں ۔

Aniline black : (n) (کیمیا) انیلین سیاہ ۔

Aniline blue : (n) (کیمیا) انیلین نیلا ۔

Aniline salt : (n) (کیمیا) انیلین نمك ۔

Anility : (n) [L. "anilitatem"] سن خرافت ؛ فرتوت پن ؛ سٹھیاپا ؛ سترا بہترا پن ؛ پیرزنی ' بے شعوری ' عجوزیت ۔

Anima : (n) [L.] (۱) جان ' حیات ' زندگی ؛ روح ۔ (۲) (حیوانیات) روح حیوانی ' (نفسیات) اینیما ' نسمہ ۔

Anima mundi : (n) [L.] (فلسفہ و نفسیات) روح کائنات ؛ نسمہٗ عالم ۔

Animadversion : (n) [L." animadversionem"] (۱) انتقاد ؛ تنقید ' نکتہ چینی ۔ (۲) تنقیص ؛ ملامت ردّ و قدح ؛ سرزنش ۔ (۳) تنبیہ ۔ (٤) قصور کےقانونی اختیار سماعت کا فعل اور اس کی سزا ۔

Animadvert : (v) [L. "animadvertere"] (طرز عمل ، قصور وغیرہ پر) اعتراض کرنا ' تنقیص کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Animal : (n) [L. "animal"] (۱) جاندار ؛ ذی روح ؛ ذی حیات ۔ (۲) جانور ؛ حیوان ۔ (۳) چوپایہ ۔ (٤) وہ انسان جو درندوں کا سا ھو ۔

Mythical animal : (تاریخ) اساطیری جانور ۔

Sacred animal : (تاریخ) مقدس جانور ۔

Animal : (a) (۱) وظائف حیوانی سے متعلق ؛ حیوانی ۔ (۲) حیوانی (نباتی کی ضد) ۔ (۳) بہیمی ؛ نفسانی ؛ شہوانی ۔

Animal Charcoal : (n) (کیمیا) حیوانی کوئلہ ؛ وہ کوئلہ جو جاندار شے کو جلانے سے ملتا ھے ۔

Animal cult : (n) (تاریخ) حیوان پرستی کا مسلك ۔

Animalcula / Animalcule : (n) [L. "animalculum"] خوردبینی حیوان ؛ حیوان ذرہ بینی ؛ حوین ؛ چھوٹے کیڑے ؛ حیوانچہ ۔

Animalculism : (n) حوینیت ؛ عضویاتی مظاھرات کو خوردبینی کیڑوں کا نتیجہ قرار دینا ؛ یہ عقیدہ کہ خوردبینی حیوان ھی جراثیم حیات اور بیماریوں کا سبب ھیں ۔

Animalculist : (n) اس عقیدہ کا پیرو کہ خورد بینی حیوان ھی جراثیم حیات اور بیماریوں کا سبب ھیں ؛ حیوان ذرہ بینی کا مطالعہ کرنیوالا ۔

Animalia : (n) [L. pl. of animal] (حیوانیات) حیوانئے ۔

Animalism : (n) (۱) حیوانی حرکت ؛ حیوانیت ۔ (۲) شھوت پرستی ؛ بہیمیت ۔

Animalist : (n) (۱) وہ شخص جو انسان کے متعلق یہ عقیدہ رکھے کہ انسان حیوانی پہلو کے علاوہ کچھ بھی نہیں رکھتا ۔ (۲) نظریہ حیوانیت انسانی کا پیرو ؛ شھوت پرست ۔ (۳) حیوان ذرہ بینی کا مطالعہ کرنیوالا ۔

Animalitarianism : (n) (فلسفہ و نفسیات) حیوانیت پسندی ۔

Animality : (n) (۱) فطرت یا نظام حیوانی ؛ قوت حیاتی ۔ (۲) ایسی فطرت جو محض حیوانی ھو ؛ حیوانیت محض ۔ (۳) دنیائے حیوانات ۔

Animalization : (n) حیوانی مادہ میں تبدیل کرنے کا عمل ؛ حیوانی بنانا ۔

Animalize : (a) (۱) حیوانی بنانا ؛ حیوانی مادہ میں تبدیل کر دینا ۔ (۲) حیوانی جذبات کی طرف مائل کرنا ؛ شھوانی بنانا ۔

Animally : (adv) جسمانی طور سے ؛ جسم حیوانی کے لحاظ سے ۔

Animate : (a & n) [L. "animatus", "animare", f. "anima"] (۱) جاندار ؛ ذی حیات ؛ زندہ ؛ ذی روح ۔ (۲) چست ؛ مستعد ؛ جاندار ۔ (۳) (مجازاً) پر جوش ۔ (٤) (لسانیات) جان دار ؛ ذی روح ۔

Animate : (v) (۱) جلانا ؛ جان ڈالنا ؛ احیاء ۔ (۲) جان ڈال دینا ؛ روح پھونک دینا ۔ (۳) ھمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ۔ (٤) شہ دینا ؛ جوش دلانا ؛ اکسانا ؛ ابھارنا ؛ تحریک کرنا ؛ بر انگیختہ کرنا ۔

Animal faith : (n) (فلسفہ و نفسیات) جانوروں کا اعتقاد ؛ حیوانی عقیدہ ۔

Animal fibre : (n) (کیمیا) حیوانی ریشہ ۔

Animal food : (n) حیوانی غذا ۔

Animal flower : (n) حیوانات شعاعی میں سے کوئی ایک ؛ وہ حیوان جو پھول کے مماثل ھو ۔

Animal heat : (n) وہ مستقل حرارت جو ذی روح جسم میں ھوتی ھے ۔

Animal husbandry : (n) (انتظامیہ) پرورش حیوانات ؛ افزائش نسل حیوانات ۔

Animal kingdom : (n) عالم حیوانات ۔

Animal magnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) جانوروں کی کشش ؛ حیوانی کشش ۔

Animal myth : (n) وہ دیو مالا جو جانوروں کی عادت کی بنیاد پر ھو ۔

Animal of fancy : (n) (تاریخ) پسندیدہ جانور ۔

Animal organism : (n) (کیمیا) حیوانی نامیہ ۔

Animal ornament : (n) (تاریخ) جانور کا زیور ۔

Animal painter : (n) مصور حیوانات ۔

Animal painting : (n) تصویر حیوانات ۔

Animal piece : (n) شبیہ حیوانات ۔

Animal plant : (n) مونگا کی طرح حیوان گیاھی یا حیوان کیسہ تن ۔

Animal soul : (n) جانوروں کی روح ۔

Animal spirits : (n) صحت مند حیوانی حرکت ؛ صحت مند حیوانیت ۔

Animal starch : (n) (کیمیا) حیوانی اسٹارچ ۔

Animal world : (n) عالم حیوانیات ۔

Animal worship : (n) (تاریخ) حیوان پرستی ۔

Animate gender : (n) (لسانیات) ذی روح جنس ۔

Animated : (a) (۱) زندہ ؛ ذی روح ؛ جاندار ؛ (مجازاً) بظاھرزندہ ۔ (۲) سرگرم ؛ پرجوش ؛ مستعد ؛ متحرک ۔

Animated nature : (n) کائنات کا وہ حصہ جو جاندار ھے ؛ فطرت کا جاندار حصہ ؛ عالم حیوانیات ؛ جاندار مخلوق ۔

Animatedly : (adv) گرما گرمی سے ۔

Animating : (a) جان بخش ؛ روح بخش ۔

Animatingly : (adv) بطور احیاء مستعدی سے ؛ پر جوش طریقہ پر ۔

Animation : (n) [L. "animationem"] جان بخشی ؛ انگیزش ؛ تحریک ؛ سر زندگی ؛ جنس ؛ جوش ؛ گرما گرمی ؛ حیاتیت ۔

Animatism : (n) (تاریخ) مظاھر پرستی ؛ (سماجیات) پرستش ذی حیات ۔

Animator / - er : (n) محرک ؛ جان ڈالنے والا ۔

Anime : (n) [Fr.] ایک قسم کی رال یا گوند جو مغربی جزائر ھند میں پائی جاتی ھے اور وارنش کے کام میں آتی ھے ۔

Anime : (a) [Fr.] (نقابت) مستعد اور لڑنے کی خواھش رکھنے والا ؛ وہ جانور جس کی آنکھ وغیرہ کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ھو ۔

Animine : (n) [ANIM (AL + - INE)] ایک نامیاتی اساس جو Bone-oil وغیرہ سے حاصل ھوتا ھے ۔

Animism : (n) [L."anima"+ - ism] (۱) وہ عقیدہ کہ حیوانی زندگی کے مظاھر مادہ سے مختلف ایک غیر مادی روح سے پیدا ھوتے ھیں ۔ (۲) روحیت مظاھر کا عقیدہ یعنی مظاھر قدرت اور سنگ و شجر وغیرہ کی روح کا قائل ھونا ؛ مظاھر پرستی ۔ (۳) بے جان چیزوں میں بھی جان ھونے کا اعتقاد ۔ (٤) یہ عقیدہ کہ روح اور مادہ الگ الگ چیزیں ھیں ؛ وہ عقیدہ جس میں روح کا وجود مادہ سےالگ مانا جاتا ھے ۔ (٥) (فلسفہ و نفسیات) روح رواں ؛ ھمہ روحیت ؛ (سماجیات) پرستش روح ؛ (تاریخ) جان پرستی ۔

Pre - animism : (سماجیات) ماقبل پرستش روح ۔

Animist : (n) (۱) مظاھر پرست ؛ بھوت پریت کا پوجنے والا ۔ (۲) بے جان چیزوں کو ذی روح جان کر انھیں پوجنے والا ۔

Animistic : (a) مظاھر پرستانہ ؛ جان پرستی کا ۔

Animistic stage : (n) (تاریخ) جان پرستی کا دور ۔

Animosity : (n) [L. "animositatem", f. "animosus"] دشمنی ؛ بیر ؛ عداوت ؛ خصومت ؛ عناد ۔

Animous / - us : (n) [L.] (۱) ارادہ ؛ قصد ؛ نیت ؛ روح رواں ؛ جان ۔ (۲) خصومت ؛ دشمنی ؛ عداوت ؛ عصبیت ۔ (۳) تحریک دلانے والا ارادہ ؛ غرض یا خیال ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) روح حیوانی ۔

Anion : (n) [Gr. "anion"] (طبیعیات) بجلی کا منفی عنصر جو برقی کیمیاتحلیل کے نتیجے میں انوڈ (Anode) پر جمع ھوجاتا ھے ؛ انوڈی ؛ بجلیہ ؛ زیر رواں ؛ منفی رواں ۔

Anisal dehyde : (n) (کیمیا) اینیسل ڈیھائیڈ ۔

Anisanthous : (a) [Gr."anisos + anthos"+ - OUS] مختلف شکل کے محیط گل رکھنے والا ۔

Anisated : (a) سونف یا بادیان سے ملا ھوا یا اس سے خوشبو دار بنایا ھوا ۔

Anise : (a) [L. "anisum" / Gr.] سونف ؛ بادیان ؛ انیسون ۔

Aniseed : (n) تخم بادیان ۔

Anisette : (n) [Fr.] وہ شراب جس میں تخم بادیان خوشبو کے لئے ملائے گئے ھوں ؛ سونف کی شراب ؛ انیسون شراب ۔

Anisic : (a) سونف کا یا سونف سے نکالا ھوا ۔

Aniso - : [Gr. "anisos"] جزو ترکیبی بمعنی " انمل " "بے جوڑ " ، " مختلف " "غیرمتناسب " ۔

Anisobryous : (a) [Gr. "anisos + bryin"] (نباتات) جو تنے کی ایک طرف دوسری طرف کے اعتبار سے زیادہ مضبوطی سے بڑھنےوالا ھو ۔

Anisocoria : (n) [Gr. "anisos + kore (pupil of the cy + L. ia"] آنکھ کی پتلیوں کا بڑا چھوٹا ھونا ؛ نابرابر مردمیت ۔

Anisocytosis : (n) [Gr. "anisos +cyt + - osis"] لال خلیوں کا بڑا چھوٹا ہونا (مساوی نہ ہونا) ۔

Anisodactylic : (a) [Gr. "anisos + dactylos"] (حیوانیات) نابرابر پنجوں والا ۔

Anisodynamous : (a) [Gr. "anisos + dynamis"] دیکھو Anisobryous

Anisogynous : (a) [Gr. "anisos + gyne"] (نباتیات) جس میں بفچہ گل اور مسند گل کی تعداد برابر نہ ہو ؛ غیر متناسب ۔

Anisomeric : (a) [as prec.] (۱) غیر متناسب ؛ (۲) (کیمیا) غیر ہم عناصر ۔ (۳) (نباتیات) نا برابر حلقی ؛ نابرابر کوٹ ۔

Anisomerous : (a) [Gr."anisos+meros"] دیکھو Anisomeric

Anisometric : (a) [Gr. "anisos + metron"] (۱) غیر مساوی ناپ کا ؛ غیرمتناسب حصوں والا ۔ (۲) (کیمیا) غیر ہم پیمائی ۔

Anisometropia : (n) [Gr. "anisos + metron + oph / opha"] دو آنکھوں کی قوت انعطاف کی نابرابری ؛ بھینگاپن ؛ انمل نظری ۔

Anisometropic : (a) دو آنکھوں میں نابرابری قوت انعطاف رکھنے والا ؛ بھینگا ۔

Anisomorphic : (a) غیر ہم ترکیب ؛ نا ہم شکل ۔

Anisopetalous : (a) [Gr. "anisos + petalon"] نا برابر پنکھڑیوں والا ۔

Anisophyllous : (a) [Gr. "aniso + phyllon"] نا برابر دو مختلف سائز و شکل کی پتیوں والا ۔

Anisopterous : (a) [Gr. "anisos +pteron"] غیر مساوی بازوؤں والا ۔

Anisostemonous : (a) [Gr. "anisos + stemon"] وہ پودے جس میں حامل زر کے لحاظ سے بفچہ گل یا مسند گل کی تعداد غیر مساوی ہو ۔

Anisosthenic : (a) [Gr." anisos + sthenos"] قوت یا زور میں غیر مساوی ۔

Anisostomous : (a) [Gr. "anisos + stoma"] جس کے دہانے غیر مساوی ہوں ۔

Anisotonic : (a) (کیمیا) غیر ہم سراعتی ؛ این آئسوٹونك ۔

Anisotropal : (a) [Gr. "anisos+tropikos"] (کیمیا) غیر ہم اطرافی ؛ مختلف سمت میں مختلف خواص رکھنےوالا ؛ ناهم سموت ؛ (حیوانیات) محور دار ؛ (بصریات) ناهم انعطاف ۔

Anisotropic : (a) دیکھو Anisotropal

Anisotropous : (a) دیکھو Anisotropic

Anisotropy : (n) [Gr."anisos + tropia"] غیر ہم اطرافی ہونے کی صفت ؛ غیر ہم اطرافیت ؛ ناهم سموتی ۔

Anker (also ankor / anchor) : (n) (۱) شراب اور عرقیات کا پیمانہ (ولندیز شمالی جرمنی، ڈنمارك، روس، سوڈان اور پہلے انگلستان میں بھی استعمال ہوتا تھا) ۔ (۲) پیپہ جس میں اینکر بھر شراب سماتی ہو ۔

Ankerite : (n) [Prof. Anker of styria] اینکرائیٹ ؛ ایك معدنی شے ۔

Ankh : (n) [Egypt "nh"] (تاریخ) علامت حیات ۔

Ankle / Ancle : (n) (۱) ٹخنہ ؛ کعب ۔ (۲) پنڈلی اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ ۔

Ankiet : (n) پازیب ؛ پائل ؛ خلخال ؛ ٹخنیہ ۔

Anna : (n) [Hindi "ana"] آنہ ؛ ایك روپیہ کا سولھواں حصہ، ایك متروك ہندوستانی سکہ ۔

Annabergite : (n) [f. Annaberg , in Saxony] اینابرجائیٹ ؛ نیکل کا آب دار آرسینیٹ جو سبز اور شعری قلموں کی شکل میں ہوتا ہے ۔

Annal : (n) [See ANNALS] Annals کی واحد شکل ۔

Annalist : (n) وقائع نگار ؛ اخبارنگار ۔

Annalistic : (a) وقائع نگاری سے متعلق ۔

Annals : (n) [L "annales"] (۱) واقعات سال وار ترتیب کے ساتھ ؛ وقائع ؛ اخبار ؛ وقائع سالیانہ ۔ (۲) تاریخی اسناد اورتحریرات ؛ تاریخچہ ؛ سالنامہ ۔ (۳) وہ دعائیں جو ایك سال کی مدت میں کی گئی ہوں ۔

Annates : (n) [L. "annata"] (۱) (رومن کیتھولک) مذهبی ملك یا اوقاف کی پہلی سال کی آمدنی جو پاپائے اعظم کو دی جاتی ھے ؛ پہلا سالانه ؛ پہلا نذرانه ۔

Anneal : (v) [A pref. +"nigallare", f."nigrum"] (۱) تاؤ دینا ۔ تانبه ، شیشه ، دھات یا مٹی کے برتنوں کو دھیمی دھیمی آنچ دینا ۔ (۲) (کیمیا) انیل کرنا ؛ دہمانا ؛ تپانا ۔

Annealing : (n) (کیمیا) دہمن ۔

Annectent : (a) [L."annectentum"] ملانے والا ؛ جوڑنے والا ؛ واصل ؛ ملاؤ ؛ ملحقه ؛ واصل ۔

Annectent link : (n) ملانے والی کڑی ؛ حلقه واصله ۔

Annelid (e) (a & n) [L."annellus"] (۱) سرخ خون رکھنے والے کیڑوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) کنڈل کیڑا ؛ حلقه دار کیڑا ۔

Annelida : (n) [L."annellns"] (۱) سرخ خون رکھنے والے کیڑوں کا خاندان ۔ (۲) کنڈل کیڑا ؛ حلق دار کیڑا ۔

Anneloid : (n) حلقه دار کیڑاسے مشابه ایك جانور ۔

Annex : (v) [L."annexum","annectere", f.ad "nectad"+"nectare"] (۱) ملحق کرنا ؛ ملانا ؛ شامل کرنا (بطور ایك ضمنی چیز کے) ۔ (۲) نتھی کرنا ؛ شریك کرنا ؛ شامل کرنا ؛ جوڑنا ؛ لگانا (کتاب وغیره کے ساتھ) ۔ (۳) قبضه کرنا ؛ قابض ھونا ؛ متصرف ھونا ؛ الحاق کرنا (ملك وغیره کا) ۔ (٤) جوڑنا ؛ لگانا ؛ داخل کرنا ؛ بڑھانا (کسی وصف ، ضمیمه یا نتیجه کو) ۔ (٥) (تاریخ) کسی علاقه پر قبضه کرنا ؛ زبردستی الحاق کرنا ۔

Annexable : (a) قابل الحاق ؛ الحاق پذیر ۔

Annexation : (n) [L."annexationem","annexare"] تضمیم ؛ انسلاك ؛ الحاق ؛ شمول ؛ اضافه ؛ شرکت ؛ افزائش ؛ انضمام ۔

Annexationist : (n) کسی ملك وغیره کے الحاق کا حامی ؛ الحاق کا حامی ۔

Annexe : (n) (۱) مشموله ؛ منسلکه ؛ ذیل ضمیمه ۔ (۲) ذیلی مکان ؛ مکان جو دوسرے مکان سے متعلق ھو ۔

Annexed : (a) ملحق ؛ ملا ھوا ؛ منسلك ۔

Annexed territory : (n) (تاریخ وسیاسیات) ملحقه علاقه ۔

Annexer : (n) (تاریخ و سیاسیات) الحاق کرنے والا ؛ ملانے والا (کسی ملك وغیره کو) ۔

Annexion : (n) دیکھو Annexation

Annexure : (n) (تاریخ و سیاسیات) منسلکات ۔

Annexures of paper : (انتظامیه) کاغذات منسلکه ۔

Annihilable : (a) [L."annihilare"] نیست و نابود ھونے کے قابل ؛ فنا پذیر ۔

Annihilate : (v) [L."annihilatus"] نیست و نابود کرنا ؛ خاك میں ملانا ؛ مٹانا ؛ کالعدم کردینا ؛ تباه و برباد کردینا ؛ ناپید کردینا ۔

Annihilated : (a) معدوم ؛ نیست و نابود کیا ھوا ؛ برباد کیا ھوا ۔

Annihilation : (n) (۱) ستیا ناس ؛ بربادی ؛ کامل تباھی ؛ فنا ؛ اعدام ۔ (۲) (دینیات) جسم اور روح دونوں کی ھلاکت ؛ ابدی ھلاکت ؛ نیستی ۔

Annihilation of matter : (طبیعیات) مادے کی فنا ۔

Annihilationism : (n) (دینیات) یه عقیده که بعض کبیره گناھوں کا نتیجه ابدی ھلاکت ھے ؛ اعدامیت ؛ نظریهٔ اعدام ۔

Annihilationist : (n) ابدی ھلاکت کے عقیدے کو ماننے والا ۔

Annihilative : (a) برباد کن ؛ فنا کن ۔

Annihilator : (n) برباد کرنے والا ۔

Annist : (n) ملکه این کا طرفدار ۔

Anniversarily : (adv) سالگره کے طورپر ۔

Anniversary : (n) [L."anniversarius", f. "annus"+"versus"] (۱) سالگره ؛ وه دن جو برس کےبرس آئے ؛ سالانه رسم ؛ برسی ۔ (۲) جشن سالگره ؛ سالانه عید ؛ سال گردش ؛ هر ساله ۔

Anniversary sales : (n) (تجارت) سال گرھی بکری ۔

Anno Domini : [L.] سال مسیحی میں ؛ حضرت عیسیٰ کی ولادت کے بعد ۔

Annominate : (v) [var. of agnominate] کسی لقب یا خطاب کے ساتھ پکارنا ۔

Annomination : (n) ایہام ؛ رعایت لفظی ؛ ضلع جگت ۔

Annotate : (v) [L."annotat",-"an-(ad-)notare"] شرح کرنا یا لکھنا ؛ حاشیہ چڑھانا یا لکھنا ۔

Annotated : (n) محشی ؛ مشرح ۔

Annotation : (n) [L."annotationem"] (۱) حاشیہ ؛ شرح ؛ تحشیہ ؛ تشریح ۔ (۲) یاد داشت ؛ تفسیر ؛ حاشیہ نویسی ؛ (تاریخ و سیاسیات) حواشی لکھنا ۔

Annotative : (a) شرح دار ؛ تشریح کرنے والا ؛ شرح کی خاصیت کا ۔

Annotator : (n) مفسر ؛ حاشیہ نگار ؛ شارح ؛ تفسیر نویس ؛ شرح کرنے والا ۔

Annotatory : (a) شارح یا اس کے کام سے متعلق ۔

Announce : (v) [L."adnuntiare". f."ad+nuntiare," f."nuntius"] (۱) اعلان کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ منادی کرنا ؛ اطلاع کرنا ۔ (۲) خبر دینا ؛ کسی کے پہنچنے کی اطلاع یا بشارت دینا ۔ (۳) محسوس کرانا ؛ سمجھانا ؛ مطلع کرنا (حواس اور ذہن کو بغیر الفاظ کی وساطت کے)۔

Announcement : (n) اعلام ؛ اعلان ؛ خبر ؛ اشتہار ؛ آگاھی ۔

Announcer : (n) خبر دینے والا ؛ اناؤنسر ؛ معلن ۔

Annoy : (n) [OFr."anoi","anui","enui"] آزردگی ؛ رنجش ؛ اذیت ؛ بد مزگی ؛ تنفر ؛ پریشانی ۔

Annoy : (v) [OFr."anuier"] تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ جھنجھلا دینا ؛ ستانا ؛ چھیڑنا ؛ ایذا دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ آزردہ کرنا ۔

Annoyance : (n) (۱) آزردگی ؛ بیزاری ؛ رنجیدگی ؛ پریشانی ؛ تکلیف ؛ اذیت ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) ناگواری ؛ جھنجھلاھٹ ۔

Jury of annoyance : وہ جیوری جو اذیت دینے والی حرکتوں کی رپورٹ دینے کے لئے مقرر کی جائے ۔

Annual : (a&n) [L."annualem"] سالانہ ؛ سالیانہ ؛ بحساب سال ؛ یك سالہ ؛ ہر برس کے برس ہونے والا ؛ اك برسی ؛ ایك سال تك باقی رھنے والا ۔(۲) (پودا) وہ جو ایك سال تك رھے ۔ (۳) سالنامہ ؛ سالانہ ؛ جو ہر برس ایکبار شائع ھو (کتاب وغیرہ) ۔(٤) (رومن کیتھولك چرچ) وہ عشائے ربانی جو کسی شخص کی موت کے بعد ایك سال تك روز ادا کی جائے یا ھر برس (برسی پر) ادا کی جائے ۔

Annual aberration : (n) (طبیعیات) سالانہ فتور ۔

Annual account : (n) (انتظامیہ) سالانہ حساب ۔

Annual accretion : (n) (تجارت) سالانہ اضافہ ۔

Annual administrative report : (n) (انتظامیہ)سالانہ انتظامی روداد ۔

Annual audit : (n) (تجارت) سالانہ آڈٹ ۔

Annual closing : (n) (تجارت) سالانہ اختتام ۔

Annual consumption : (n) سالانہ صرفہ / خرچ ۔

Annual financial review : (انتظامیہ) سالانہ مالی تبصرہ ۔

Annual financial statement : (انتظامیہ) سالانہ مالی گوشوارہ ۔

Annual improvement : (n) (سماجیات) سالانہ ترقی ۔

Annual production : (n) سالانہ پیداوار ۔

Annual report : (n) (تجارت) سالانہ روداد ؛ سالانہ رپورٹ ۔

Annual return : (n) (تجارت) سالانہ گوشوارہ ۔

Annual valuation : (n) (تجارت) سالانہ تعین قیمت ۔

Annual verification : (n) (تجارت) سالانہ تصدیق ۔

Annual wage : (n) (سماجیات) سالانہ اُجرت ۔

Annual wage plan : سالانہ منصوبہ اُجرت ۔

Annualist : (n) ایك مجلہ سالنامہ کا مضمون نگار۔

Annualize : (v) مجلہ سالنامہ کے لئے مضمون لکھنا ۔

Annually : (adv) سالانہ ؛ ھرسال ؛ سال بہ سال ۔

Annuary : (a&n) [Fr."annuaire". f."annus"] Annual دیکھو

Annuent : (a) سر کو حرکت دینے والا : خصوصاً وہ عضلات جو سر کو حرکت دیتے ہیں ۔

Annuitant : (n) [See next] (۱) سالانہ وظیفہ خوار : برسوزی پانے والا : مواجب خور ۔ (۲) (انتظامیہ) سالیانہ یاب ۔

Annuity : (n) [L."annuitatem", f. "annuus"] (۱) سالیانہ (سالانہ عطیہ ، وظیفہ یا معاش)۔ (۲) سالانہ نقد رقم (جو اصل لگانےوالے کو ہر سال ملے)۔ (۳) (قانون) زر سالانہ کا وہ عطیہ جو چند سال کی مدت یاعمر بھر یا ہمیشہ کےلئے ہو اور جو ابتداً عطا کرنے والے کے ذمہ ہو یا اس کے وارثوں کے لئے ۔

Apportionable annuity : (تجارت) قابل تقسیم سالیانہ ۔

Certain annuity : (تجارت) یقینی سالیانہ ۔

Compound survivorship annuity : (تجارت) مرکب پسماندگی سالیانہ ۔

Contingent annuity : (تجارت) اتفاقی سالیانہ : مشروط سالیانہ ۔

Continuous annuity : (تجارت) لگاتار سالیانہ : پیہم سالیانہ ۔

Deferred annuity : (تجارت) ملتوی شدہ سالیانہ ۔

Equity annuity : حصصی سالیانہ ۔

Guaranteed annuity : (تجارت) گارنٹی شدہ سالیانہ ۔

Immediate annuity : (تجارت) فوری سالیانہ ۔

Immediate annuity-due : (تجارت) فوری واجب الادا سالیانہ ۔

Joint annuity : (تجارت) مشترکہ سالیانہ ۔

Last survivor annuity : (تجارت) آخری حیاتی سالیانہ : آخری وارثی سالیانہ ۔

Life annuity : عین حیاتی سالیانہ ۔

Non-apportionable annuity : (تجارت) ناقابل تقسیم سالیانہ ۔

Ordinary annuity : (تجارت) عمومی سالیانہ ۔

Perpetual annuity : (تجارت) دائمی سالیانہ : دوامی سالیانہ ۔

Premium annuity : قسطی سالیانہ ۔

Reversionary annuity : معکوسی سالیانہ ۔

Single payment annuity : یک ادائی سالیانہ ۔

Special deferred annuity : (تجارت) مخصوص ملتوی شدہ سالیانہ ۔

Special immediate annuity : (تجارت) مخصوص فوری سالیانہ ۔

Special joint life and survivor annuity : (تجارت) مخصوص مشترکہ زندگی و پسماندہ سالیانہ ۔

Survivorship annuity : (تجارت) عارضی زندگی سالیانہ ۔

Temporary annuity : (تجارت) عارضی سالیانہ ۔

Temporary life annuity : (تجارت) عارضی زندگی سالیانہ ۔

Terminable annuity : میعادی سالیانہ ۔

Variable annuity : (تجارت) تبدیل پذیر سالیانہ : تغیر پذیر سالیانہ ۔

Annuity bond : (n) (تجارت) سالیانہ بانڈ ۔

Annuity equity : (n) (تجارت) سالیانہ ایکوٹی ۔

Annuity fund : (n) (تجارت) سالیانہ فنڈ ۔

Annuity premium : (n) سالیانہ پریمیم : سالیانہ قسط ۔

Annul : (v) [L."annullare", f. an -="ad-+nullum"] (۱) مٹادینا : معدوم کرنا : منسوخ کرنا : اٹھا دینا : باطل کر دینا : لغو قرار دینا ۔ (۲) رد کرنا : قلم زد کرنا : ناجائز یا کالعدم کرنا : فسخ کرنا ۔

Annular : (a) [L."annularis" f."annulus] حلقہ دار : حلقہ نما : حلقہ صفت : حلقہ کی طرح : چھلا کا سا : (کیمیا) چھلا نما ۔

Annular eclipse : (n) کسوف چنبری : کسوف حلقی : حلقہ دار گہن ۔

Annular ligament : (n) رباط چنبری : رباط حلقی : وہ حلقہ دار پٹھے جو کلائی اور ٹخنے کے جوڑ پر ہوتے ہیں ۔

Annular process protuberance : بصل النخاع کاحلقه نما ابھار ۔

Annular space : (n) فضائے چنبری ؛ خلائے اسطوانی ؛ مکانیت حلقی ۔

Annularity : (n) حلقه کی صفت یا شکل ۔

Annularly : (adv) حلقه کی طرح ؛ حلقه دار ۔

Annulary : (a) [L."annularius", f."annulus"] انگشتری دار ۔

Annulata : (a) [L.] حلقه دار ؛ چھلی ؛ چھله دار ؛ جس میں چھلے یا چھلے کی طرح نشان ھوں ؛ جوڑ دار حلقوں سے بنایا ھوا ۔

Annulate : (a) [L."annulatus"] دیکھو Annulata

Annulated : (a) انگشتری دار ؛ چھله دار ؛ چھلی ۔

Annulation : (n) حلقه دار بنانا ؛ حلقے ڈالنا ؛ چوڑیاں ڈالنا ۔

Annulet : (n) [L."annulus"+-ET] (۱) چھلا ؛ چھوٹا حلقه ؛ حلقیره ۔ (۲) (عمارت میں) حلقه ستون ؛ ستون کا حلقه یا کڑا جو اس کے چاروں طرف ھو ؛ کھمبے کی چوڑی ۔

Annulment : (n) منسوخی ؛ تنسیخ ؛ ابطال ؛ فسخ ؛ تنسیخ ۔

Annuloid : (a) [L."annulus"+-OID] حلقه نما ؛ حلقه صفت ؛ حلقه کی طرح ؛ چوڑیاله ۔

Annulosa : (n) [L.] حلقه دار جانور ۔

Annulose : (n) [L."annulosus"] حلقه دار ۔

Annulus : (n) [L."enon" for "anulus"] (۱) حلقه یا حلقه نما جسم ۔ (۲) (اقلیدس) وہ حلقه یا ٹھوس جو ایک دائرہ کے اس خط مستقیم کے چاروں طرف چکر لگانے سے ھوتا ھے اور یه خط مستقیم اس کے محیط سے باھر ھو اور محور کا کام کرے ۔ (۳) (نباتیات) خلیوں کا وہ حصه جو تخمک کے چاروں طرف ھوتا ھے ۔ (٤) (فلکیات) روشنی کا وہ حلقه جو کسوف چنبری میں ھوتا ھے ۔

Annunciade : (n) [L."annuntiare"] (۱) ایک فوجی سلسله جس کا نام حضرت جبریل کی بشارت کے اعزاز میں رکھا گیا تھا ۔ (۲) ایک زنانه دینی سلسله جسے انگلستان کی ملکه جین نے قائم کیا تھا ؛ اس سلسله کی ایک راھبه ۔

Annunciate /-tiate : (v) (۱) اعلان کرنا ؛ مشھور کرنا ؛ منادی کرنا ؛ اشتہار دینا ۔ (۲) خبر دینا ؛ خبر کرنا ؛ مطلع کرنا ؛ بتانا ؛ جتانا ؛ کسی کےآنے کی خبر دینا ۔

Annunciation : (n) [L."annunciationem"] (۱) اعلان ؛ اطلاع ؛ خبر ؛ اشتہار ۔ (۲) تبشیر ؛ بشارت (خوشخبری جو حضرت جبریل نے حضرت مریم کو حضرت عیسی کےتجسس کے متعلق دی تھی) ۔ (۳) عید البشارت ؛ جشن بشارت مسیح (۲۵ مارچ) ۔

Annunciator : (n) [L."annuntiator"] (۱) معلن ؛ مشتہر ؛ اطلاع دینے والا ؛ مخبر ؛ بشیر ؛ مبشر ۔ (۲) مقام نما ؛ وہ سوئی جس سے یه معلوم ھوتا ھے که گھنٹی یا ٹیلیفون کس طرف سے آیا ھے ؛ اشاریه ۔

Anocarpous : (a) [Gr."ano+carpos"+-OUS] (فرن کے متعلق) ورقه (Frond) کے اوپر کے حصے میں پھل دینے والا ۔

Anocathartic : (a) [Gr."ano"+CATHARTIC] قے آور ؛ امتلا انگیز ۔

Anode : (n) [Gr."anodos"] (کیمیا) اینوڈ ؛ مثبت برقیره ؛ مبثیره (مثبت + برقیره) ؛ زبر برقیره ۔

Anode circuit : (n) (طبیعیات) انوڈ سرکٹ ۔

Anode dissipation : (n) (طبیعیات) انوڈ اسراف ۔

Anode glow : (n) (طبیعیات) انوڈ دمك ۔

Anode ray : (n) (طبیعیات) انوڈ شعاع ۔

Anodic : (a) (کیمیا) اینوڈی ؛ مثبت برقیری ۔

Anodising : (n) (کیمیا) اینو ڈانا ؛ (طبیعیات) اینوڈی کرنا ۔

Anodon (t) : (n) [Gr."an+o donta"] صدف نماجانوروں کی ایك جنس جس کے خول کے جوڑ پر دانت نهیں ھوا کرتے ھیں ، مثلاً دریائی صدفه ۔

Anodyne : (a&n) [Gr."an+odyne"] (۱) مسکن ؛ مخدر ؛ سکون آور ؛ مفرح ۔ (۲) دوا جو سکون دے یا درد کو کم کرے ؛ ھر وہ چیز جو دماغ کو سکون دے ؛ درد ربا ۔

Anoesis : (n) [Gr."a+noesis"] احساس یا شعور بغیر ادراك کے ؛ نا فهمی ۔

Anoetic : (a) [Gr."a+noetos"] ناقابل تصور : (فلسفه و نفسیات) مبہم شعور : مبہم شعوری : نا فہم ۔

Anogenic : (a) [Gr."ano+genes"+-ic] اوپر یا اندر کی طرف بڑھا ہوا ۔

Anoint : (v) [L."inunctum","inungere"] (۱) مالش کرنا : چپڑنا : مسح کرنا (مرہم، تیل وغیرہ کا) خاص کر مذہبی رسم ، بپتسما اور تاج پوشی وغیرہ میں ۔ (۲) نم کرنا : بھگونا : ملنا ۔ (۳) خوب پیٹنا : لاٹھی سے پیٹنا ۔

Anointed : (a) تیل مالش کیا ہوا خصوصاً مذہبی رسم میں ۔

The Lord's Anointed : حضرت مسیح : حضرت عیسیٰ : بادشاہ بحقوق ظل الہی ۔

Anointer : (n) مالش کرنے والا ۔

Anointing : (n) جسم میں تیل مالش : کسی مذہبی رسم میں تیل مالش ۔

Anoli /-is : (n) [native name] ایک قسم کی بڑی چھپکلی ۔

Anolyte : (n) [Anode+electrolyte] (کیمیا) اینولائٹ : مثبت قطب کے پاس کا الکٹرولائٹ : کیتھولائٹ کی ضد ۔

Anomalies : (n) (سماجیات) بے ترتیبی : بے قاعدگی ۔

Anomalism : (n) [L."anomalus"+"ped-"(pes)] وہ جانور جس کے پاؤں میں بے قاعدگی ہو ۔

Anomalism : (n) [Gr."anomalos"+-ISM] بےقاعدگی : بےقاعدگی کی مثال ۔

Anomalist : (n) [as prec.+-IST] (۱) یہ عقیدہ رکھنے والا کہ زبان کی ابتدا بغیر کسی قاعدہ کےہوئی ہے ۔ (۲) بے قاعدگی کار ۔

Anomalistic /-al : (a) (۱) بے قاعدہ : خلاف قیاس : شاذ : عجیب ۔ (۲) کسی سیارہ کےاس کے حضیض سے زاویائی فاصلہ کے متعلق ۔

Anomalistic month : (n) اوجی ماہ شمسی : وہ مدت جو چاند کو ایک حضیض سے دوسرے حضیض تک جانے میں لگتی ہے ۔

Anomalistic year : (n) اوجی سال شمسی : وہ مدت جو زمین کو ایک نقطۃ الراس تک جانے میں لگتی ہے ۔

Anomaloscope : (n) [anomal+scope] رنگ بینی کی ازمائش کا آلہ ۔

Anomalous : (a) [L."anomalus"+-OUS] (۱) بے قاعدہ : بےترتیب ۔ (۲) غیر طبعی : خلاف معمول : خلاف عادت : خلاف قاعدہ : غیر عادی ۔ (۳) (طبیعیات) خلاف معمول : (لسانیات) بےقاعدہ : (کیمیا) غیر یکسانی ۔

Anomalous dispersion : (n) (طبیعیات) خلاف معمول انتشار ۔

Anomalous growth (n) (طبیعیات) خلاف معمول بڑھوتری ۔

Anomalous precipitation : (n) (کیمیا) غیر یکساں ترسیب ۔

Anomalous scattering : (n) (کیمیا) غیر یکساں بکھراؤ : (طبیعیات) خلاف معمول بکھرنا ۔

Anomalous system : (n) (کیمیا) غیر یکساں نظام ۔

Anomalous Zeeman effect : (n) (کیمیا) غیر یکساں زیمن اثر : (طبیعیات) خلاف معول زیمن کا اثر ۔

Anomalously : (n) بے قاعدگی کے ساتھ : بے ترتیبی سے ۔

Anomalousness : (n) بے قاعدگی : بے ترتیبی : غیر طبعی : غیر معمولی ہونے کی حالت ۔

Anomaly : (n) [Gr."anomalos"] (۱) بے ربطی : عدم یکسانی (حرکت وغیرہ کی) ۔ (۲) بے قاعدگی : بے ترتیبی : بے ضابطگی ۔ (۳) (فلکیات) خروج مرکز : وہ بُعد جو کسی سیارے کی یا توابع کا ان کے پچھلے نقطۃ الراس یا حضیض قمر سے ہوتا ہے ۔ (٤) (موسیقی) کامل وقفےسےتھوڑا انحراف (مقررہ راگوں والے باجے سے سُر ملانےمیں) ۔ (٥) (طبیعیات) خلاف معمولیت ۔

Anomaly eccentric : (n) (طبیعیات) خلاف معمول کج : خلاف معمول بے حرکت : خلاف معمول لا مرکز ۔

Anomaly mean : (n) (طبیعیات) خلاف معمول اوسط ۔

Anomaly true : (a) (طبیعیات) خلاف معمول اصلی ۔

Anomia : (a) [Gr."anomos"] (حیوانیات) صدف کی ایک نوع ۔ (۲) (طب) نام فراموش ۔

Anomie : (n) [Gr."anomia"," anomia"] (سماجیات) عدم معاریت : انومی ۔

Anomo-: [Gr."anomos (without law), a+nomos"] جزو ترکیبی بمعنی بےضابطہ "بے ربط" "خلاف معمول" "خلاف قاعدہ" "خلاف قانون" "ان میل" ۔

Anomobranchiate : (a) [Gr."anomos+branchia"] (حیوانیات) بے قاعدہ ساخت کے گلپھڑے والا ۔

Anomocarpous : (a) [Gr."anomos+carpos"] (نباتیات) جس کے پھل خلاف معمول ہوں ۔

Anomodont : (a&n) [Gr."anomos+odont-"] (۱) بے دانت کا یا بے قاعدہ دانتوں والا (متحجر رینگنے والے جانوروں کے لئے کہا جاتا ہے) ۔ (۲) بے دانت یا بے قاعدہ دانتوں والا جانور ۔

Anomophyllous : (a) [Gr."anomos+phyllon"] انمل پتیا : جس کے پتے بے ترتیب اور انمیل ہوں ۔

Anomorhomboid : (n) [Gr."anomo+rhombo-ides"] قلمی بناوٹ کی بلوری مختلف معدنی اشیاء کا نام جو ٹوٹ کر معین نما بے ترتیب شکلوں میں بکھر جاتی ہیں ۔

Anomouram /-muran : (a & n) [Anom(o)ura+-AN]
(۱) (حیوانیات) غصنہ نما جوڑ سے ملی ہوئی آنکھوں والے حیوانات قشریہ کی ایک نوع جس کے شکم اور دُمیں غیر مادی ہوتی ہیں ۔ (۲) ایسے حیوانیات قشریہ کا یا اس سے متعلق ۔

Anomy : (n) [Gr."anomia"] معجزہ ۔

Anon : (adv) [OE. on an in one, Fr. on in, on+an one]
(۱) ابھی ابھی ؛ فوراً ؛ چٹکی بجاتے ؛ عنقریب ۔ (۲) (تقابل کے وقت) پھر ؛ دوبارہ ۔

Ever and anon : ٹھہر ٹھہر کے ؛ رہ رہ کے ؛ کبھی کبھی ؛ گاہے گاہے ؛ گاہے ماہے ۔

Anonacous : (a) اناناسی ؛ اناناس سے متعلق ۔

Anonad : (n) ایک قسم کا اناناسی پودا ۔

Anonym : (n) [Gr."anonymos"] بے نام آدمی ؛ گمنام ؛ مجہول الاسم ۔ (۲) فرضی نام ۔ (۳) ایسی کتاب جس کا مؤلف نا معلوم ہو ۔

Anonymity : (n) گمنامی ؛ بے نامی (کسی تحریر یا مؤلف کے متعلق) ۔

Anonymous : (a) [Gr."anonymos"+-OUS] (۱) گمنام ؛ بے نام ؛ مجہول الاسم ؛ جس کا نام معلوم نہ ہو ۔ (۲) وہ تحریر جس کے مؤلف کا نام معلوم نہ ہو یا نام ظاہر نہ کیا گیا ہو ۔

Anonymously : (adv) گمنامی سے ؛ نام چھپا کے ؛ گمنام طور پر ؛ نام پوشیدہ رکھ کر ۔

Anonymousness : (n) بے نام یا مجہول الاسم ہونا ۔

Anonymuncule : (n) ایک گمنام معمولی مصنف ۔

Anopheles : (n) [Gr."anophetes"] مچھروں (خصوصاً ملیریا مچھروں) کی بعض قسمیں ؛ انافلس ۔

Anophyte : (n) [Gr."ano+phyton"] اس کائی یا اسی قسم کی گھاسوں کا نام جس میں عروق کی نالیاں نہیں ہوتی ہیں ۔

Anoplothere / Anoplotherium : (n) [Gr."anoplos+theron"] قدیم زمانے کا ایک جانور جس میں دشمنوں سے مدافعت کا کوئی عضو نہیں ہوتا تھا ۔

Anoplotheroid : (a) قدیم زمانے کے اس جانور سے مشابہ جس میں دشمنوں سے مدافعت کا کوئی عضو نہیں ہوتا تھا ۔

Anopluriform : (n) [Gr."anoplos+ura"+(i)FORM] بے دُم کے کیڑے کی شکل کا ؛ جوں سے مشابہ کیڑے کی طرح کا ۔

Anopsy : (n) [Gr."an+ophis"] کوری ؛ فقدان بصارت ؛ ضعف بصارت ؛ بے بصری ۔

Anoselic / Anorectous : (a) [Gr."anorect-os"] بغیر اشتہا ؛ بغیر بھوک ۔

Anorexia : (n) عدم اشتہا ؛ بھوک کا نہ لگنا ؛ بے اشتہائی ۔

Anorexy : (n) [Gr."an+oregin"] دیکھو Anorexia

Anorganology : (n) [Gr."anorganos"+(o)LOGY.] سائنس کا وہ حصہ جو غیر نامیاتی اشیاء سے متعلق ہو ؛ لا عضویات ؛ لا حیاتیات ۔

Anorthic : (a) [Gr."an+orthos"+-IC] قلم پذیری میں بے قاعدہ ؛ بلور بننے میں بے قاعدہ ؛ کج محورہ ۔

Anorthite : (n) [as prec. +-ITE] (معدنیات) ایک قسم کی قلمی دھات ؛ (کیمیا) اینورتھائیٹ ۔

Anorthopia : (n) [Gr."an+orthos+opia"] : بصارت کا ترچھاپن : کج نظری : انحراف نظر ۔

Anorthoscope : (n) [Gr."an+orthos+scopos"] گھومنے والے چکر پر بنی ہوئی بگڑی تصویر کو دیکھنے کا بصری آلہ : مجماع الصور ۔

Anosmia : (n) [Gr."an+osme"] فقدان شامّہ : قوت شامّہ کا جاتے رہنا : نقص شامہ : لا شامیت : خشم : عدم شامہ ۔

Another : (a&pron) [an other] (۱) دوسرا : ایک اور : مزید : دگر۔ (۲) دوسرا : (کسی کا) نمونہ : جواب یا ثانی : مماثل : فلاں کا سا ۔ (۳) دوسرا : مختلف : کوئی ۔ (٤) علاحدہ : جدا ۔

One another : باہم : ہم دگر : یک دگر ۔

One with another : (۱) سب ملاکر ۔ (۲) اوسطاً ۔

Such another : ایک ہی دوسرا : ایساہی ایک اور۔

Anoura : (n) [Gr."an+oura"] بے دُم کے جل تھلی جانوروں کا ایک سلسلہ ۔

Anourous : (a) [Gr."an+oura"+-OUS] بے دُم : جس کی دم نہ ہو مثلاً مینڈک ، بینگ وغیرہ ۔

Ansa : (n) [L.] عروہ زحل : دستہ ہائے زحل ۔

Ansar : (n) [Arab."Ansar"] انصار ۔

Anschauung : (n) [MHG."aneschouwunge"] راست ادراکی ۔

Anschluss : (n) ["an"(on,at)+"schtuss] (تاریخ و سیاسیات) انشلوس : آسٹریا کا جرمن سے الحاق (مارچ سنہ ۱۹۳۸ء) ۔

Anserated : (a) (نقابت) وہ صلیب جس کے سرے پھٹے ہوئےہوں اور سانپوں ، عقابوں وغیرہ کے سروں پر ختم ہوتے ہوں ۔

Anserine : (a) [L."anserinus" f."anser"] (۱) قاز یا راج ھنس کی قسم کا : قازی ۔ (۲) احمق : بے وقوف : سادہ لوح ۔

Anserous : (a) (۱) مانند قاز ۔ (۲) احمق : بیوقوف : سادہ لوح ۔

Ansiform : (a) حلقہ نما ۔

Anspessade : (n) [Fr."anspessade] ایک فوجی عہدہ ۔

Ansu : (n) [Jap. " anzu"] ایک قسم کا زرد آلو / خوبانی ۔

Answer : (n) [OE. andswaru, f. and- agaiust+swara-sw] (۱) جواب ۔ (۲) مدافعت : بچاؤ : بریت ۔ (۳) حل : جواب ۔ (٤) بدلہ : معاوضہ ۔ (٥) (شمشیر زنی) جوابی حملہ ۔ (٦) صدائے باز گشت ۔

Answer : (v) [OE."andswarian"] (الف) جواب دینا ۔ (۱) مدافعت کرنا : ذمہ داری قبول کرنا ' ضمانت قبول کرنا : ضامن ہونا : تائید میں دلائل پیش کرنا ۔ (۲) کسی اعتراض یا بحث کا جواب دینا ۔ (۳) تلافی کرنا ۔ (٤) مالی مطالبہ کو ادا کرنا : پورا کرنا : موزوں ہونا ۔ (٥) مقصد پورا کرنا ۔ (٦) ثابت ہونا (اچھا یا برا) ۔

(ب) سوال کا جواب دینا ۔ (۱) کسی مسئلہ کو حل کرنا (امتحان میں)۔ (۲) نام سے پکارے جانے پر جواب دینا ۔ (۳) باری باری سے بولنا یا گانا ۔ (٤) جواب میں کوئی آواز نکالنا جیسے صدائے باز گشت ۔ (٥) موافق جواب دینا ۔ (٦) کسی عملی التماس یا اشارہ کا جواب دینا (مثلاً دستک یا گھنٹی وغیرہ کا) ۔

(ج) مطابقت کرنا ۔ (۱) موافقت میں اطاعت کرنا : موافقت میں کام کرنا ۔ (۲) ہمدردی کے ساتھ عمل کرنا ۔ (۳) دہرانا : تکرار کرنا ۔ (٤) جنس میں بدلہ دینا : ادلے کا بدلہ دینا : ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔ (٥) کسی معاملہ میں نامہ و پیام کرنا ۔

Answerable : (a) (۱) جواب دہ : ذمہ دار ۔ (۲) (متروک) مطابق ' موافق : جوڑ کا : جواب کا : مناسب ۔ (۳) مسئول : ملتزم : قابل الزام : ضامن ۔ (٤) مساوی ۔

Answerableness : (n) ذمہ داری : جواب دہی ۔

Answerably : (adv) ذمہ داری کے ساتھ : جواب دہی کے ساتھ ۔

Answerer : (n) جواب دینے والا ۔

Answer key : (n) (فلسفہ و نفسیات) جواب نامہ ۔

Answerless : (a) لا جواب ۔

Ant : (n) [OE.] چیونٹی : مور ۔

White ant : دیمک ۔

Ant -: (pref) سابقہ بمعنی " خلاف " : دیکھو Anti -

-ant : (suff) لاحقه ، اسم فاعل کے لئے ۔

Ant bear : (n) مور خور بھالو ۔

Ant-Catcher : (n) مور خور پرندہ ؛ چیونٹی خور ۔

Ant-eater : (n) چیونٹی خور ؛ مور خور ۔

Ant-egg : (n) چیونٹی کے انڈے ؛ چیونٹی کے بچے کی ابتدائی حالت ؛ پہل روپ ۔

Ant-fly : (n) پردار چیونٹی جسے مچھلی کے شکار میں کانٹے میں لگاتے ھیں ۔

Ant-heap : (n) دم کوڑہ ؛ چیونٹی یا دیمک کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ جرثومہ ۔

Ant-hill : دم کوڑہ ؛ چیونٹی یا دیمک کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ جرثومہ ۔

Ant-hillock : دیکھو Ant-hill

Ant-hood : (n) [ANT+HOOD] چیونٹی کی فطرت ؛ فطرت مور چشمی ؛ چیونٹیاں ؛ چیونٹیوں کی جماعت ۔

Ant-lion : (n) ایک کیڑا جو چیونٹی کے بچوں کو کھا جاتا ھے ؛ مور شیر ۔

Ant-rice : (n) غلے کی ایک قسم جسے چیونٹیاں کھیتوں سے لاکر اپنے کھانے کےلئے جمع کرتی ھیں ۔

Ant-thrush : (n) ایک پرندہ جو چیونٹیاں کھاتا ھے ؛ ترغہ (تھرش) کے خاندان کا ایک پرندہ جو چیونٹیاں کھاتا ھے ۔

Ant-worm : (n) چیونٹی کے بچوں کا پہل روپ ۔

Antacid : (a&n) [ANT-+ACID] ترشہ شکن ؛ کھٹائی کا توڑ ؛ کھٹائی کا مصلح (خاصکر معدہ میں) ؛ ضد ترشی ۔

Antacrid : (a) [ANT-+ACRID] سوزش کا مصلح ؛ دافع سوزش ۔

Antagonism : (n) [Gr."antagonisma"] (۱) مخالفت ؛ مقابلہ ؛ مقاومت ؛ بیر ؛ دشمنی ؛ لاگ ۔ (۲) مخالف اصول ؛ ضد ؛ خصومت ۔

Antagonist : (n) [Gr."antagonizesthae"] (۱) مخالف ؛ مقابل ؛ حریف ؛ خصم ۔ (۲) (فعلیات) تردید عضلات ؛ وہ پٹھا جو کسی پٹھے کے عمل کا جواب ھو ۔ (۳) (نباتیات) تضاد العمل ۔

Antagonistic /-cal : (a) حریفانہ ؛ معاندانہ ؛ مخالفانہ ؛ مقاومانہ ؛ (سماجیات) مخالف ۔

Antagonistically : (adv) حریفانہ طور پر ؛ معاندانہ طور پر ۔

Antagonize : (v) [Gr."antagonizesthae"] (۱) دشمن ھونا ؛ مخالفت کرنا ؛ حریف بنانا ؛ کسی عمل کا توڑ ھونا ؛ بے اثر بنا دینا ؛ دشمنی کرنا ۔ (۲) توڑ کرنا ؛ مصلح ھونا ؛ تعدیل کرنا ؛ سمونا ۔ (۳) مخالف بنانا ؛ لڑانا ؛ لڑوانا ؛ بیر ڈالنا ؛ ایک دوسرے کےمقابل کھڑا کر دینا ۔

Antagonized : (a) دشمن بنایا ھوا ۔

Antagonizing : (a) مخالفت کرنے والا ؛ مخالف ۔

Antalgic : (a) [ANT-+Gr.algos+-IC] دافع درد ۔

Antalkali : [ANT-+ALKALI] مصلح القلی ؛ القلی کا اثر توڑنے والی چیز ۔

Antalkaline : (a) معدل قلی ؛ قلی توڑ ؛ قلی شکن ۔

Antambulacral : (a) [ANT+AMBULACRAL] Ambulacral کی ضد ؛ ضد منقال ۔

Antanaclasis : (n) [Gr."antanaclasis"] (۱) (علم بیان) تجنیس تام ؛ ایک صنعت جس میں ایک ھی لفظ کو دو یا مخالف معنی میں استعمال کرتے ھیں ۔ (۲) جملہ معترضہ کے بعد مبحث کی طرف لوٹنا ۔

Antaphrodisiac : (a) [Gr.ANT+"aphrodi siakos"] قاطع باہ ؛ شہوانی خواھش کو روکنے والا ۔

Antaphroditic : (a) [ANT-+Gr."Aphrodite"+-IC] جنسی امراض کے خلاف استعمال کی جانے والی (دوا) ۔

Antapoplectic : (a) [ANT-+APOPLECTIC] دافع مرگی ؛ مرگی روکنے والی یا علاج کرنے والی ۔

Antarctic : (a) [Gr."antarctikos"] جنوبی ؛ قطب جنوبی کا ۔

Antarctic circle : (n) دائرہ قطب جنوبی ۔

Antarctic pole : (n) قطب جنوبی (زمین یا آسمان کا) ۔

Antarghritic : (a) [ANT-+ARTHRITIC] دافع وجع المفاصل : جوڑوں کے درد کو دفع کرنےوالا : گٹھیا کو دور کرنے والا : قاطع نقرس ۔

Antasthmatic : (a) [ANT-+ASTHMATIC] دمہ کو دفع کرنے والا : دافع دمہ ۔

Antatrophic : (a) [ANT-+TROPHIC] (طب) سوکھا پن کو دفع کرنے والی ۔

Ante-: (adv & perp) سابقہ بمعنی "پیش" "آگےکا" "قبل" ۔

Ante-baptismal : (a) قبل بپتسمہ ۔

Ante-bath : (n) پیش حمام ۔

Ante-bellum : (a) قبل از جنگ ۔

Ante-caecal : (a) قبل اعوری ۔

Ante-chapel : (n) [ANTE+CHAPEL] گرجا کے مغربی جانب کا بیرونی حصہ ۔

Ante-date : (n) [ANTE+DATE] (۱) تاریخ پیش از وقوع : اصلی تاریخ سے پہلے کی تاریخ ۔ (۲) (انتظامیہ) پچھلی تاریخ : پیش تاریخ ۔

Ante historic : (a) قبل تاریخ ۔

Ante jentacular : (a) ناشتہ سے قبل ۔

Ante judiciary : (a) عدالتی فیصلہ سے پہلے : قبل فیصلہ ۔

Ante-lucan : (a) [L."antelucanus", f."ante+luc-(lux)"] قبل فجر کی ساعتوں کا یا اس سے متعلق : پَو پھٹنے سے پہلے کے وقت کا : قبل فجر ۔

Ante-meridian : (a) [L. phr."ante meridiem"] رات کے بارہ بجے سے لیکر دن کے بارہ بجے تک کا یا اس سے متعلق : قبل ظہر کا : نصف النہار کا یا اس سے متعلق : قبل ظہر : قبل زوال ۔

Ante Mosaic : (a) قبل موسی ۔

Ante Norman : (a) قبل نرمن ۔

Ante-orbital : (a) [f. ANTE+ORBIT] (عضویات) آنکھوں کے سامنے واقع ہونے والا ۔

Ante-room : (n) [After Fr."antichambre"] پیش کمرہ : پیش دالان : وہ کمرہ جو دوسرے کمرے سے ملحق ہو ۔

Ante stomach : (n) پیش معدہ ۔

Ante-temple : (n) [L."ante+templum"] پیش معبد : پیش عبادت گاہ یا کسی کلیسا کے سامنے کا حصہ ۔

Ante-version : (n) [L."anteversionem"] سامنے کیطرف انحراف زہدان : رحم کا جھکاؤ آگے کی طرف ۔

Antecedaneous : (a) [L."antecedaneus","antecedere"] ابتدائی تمہید ۔

Antecedence : (n) [L."antecedentia"] (۱) تقدم : سبقت : اولیت (زمانہ یا رشتہ، علت و معلول کے لحاظ سے) ۔ (۲) اعلی خلاف توالی حرکت : مشرق سے مغرب کی طرف حرکت : حرکت ترتیب عکس : حرکت قہقرائی : بالعکس ترتیب سے ۔

Antecedency : (n) [L."antecdentia"," f."antecedente"] حالت سبقت ۔

Antecedent : (n) [L."antecedentem"] (۱) مقدم : سابق : بلحاظ وقت اور زمانہ : پیشین : ماقبل ۔ (۲) ایک مشروط قضیہ کاپہلا حصہ : کسی قضیہ شرطیہ کا وہ حصہ جس پر دوسرا حصہ منحصر ہو : مقدمہ ۔ (۳) کلمات صلہ کا مرجع : اسم یا جملہ محولہ جسکی طرف بعد کی ضمیر یا متعلق فعل رجوع کرے ۔ (٤) (ریاضی) کسی تناسب کی پہلی مقدار ۔ (٥) (خاص کر اشخاص کے) گزشتہ حالات ۔ (٦) قیاسی : خیالی : احتمالی ۔ (۷) شے ماقبل : واقعہ ماقبل ۔ (۸) (فلسفہ و نفسیات) سابقہ سابق : (لسانیات) ماقبل ۔

Immediate antecedent : (فلسفہ و نفسیات) متصل سابقہ ۔

Invariable antecedent : (فلسفہ و نفسیات) غیر مقید سابقہ ۔

Remote antecedent : (فلسفہ و نفسیات) بعید سابقہ ۔

Antecedent : (a) [L."antecedentem"] (۱) ترتیب یا وقت میں پہلے انے والا ۔ (۲) تفتیش سے قبل کا : قیاسی ۔

Antecedent to : پہلے : پیشتر : سابق : (کے) قبل ۔

Antecedently : (adv) سابقًا : قیاسًا : کسی قیاس کے مقدمہ کی حیثیت سے ۔

Antecedents : (n) (تاریخ و سیاسیات) سابقہ حالات : (انتظامیہ) کوائف گزشتہ : سابقہ حالات ۔

Antecessor : (n) [L."antecessorem"] پیش رو (عہدہ کے لحاظ سے) : سلف ۔

Antechamber : (n) [Fr."antichambre", f."anti for ane+chambre after. It.] پیش کمرہ : پیش دالان : ڈیوڑھی ۔

Antechurch : (n) [ANTE+CHURCH] پیش کلیسا ۔

Anteconsonantic : (a) [ANTE+CONSONANTIC] (لسانیات) قبل مصمتی ۔

Antedate : (v) (۱) کسی اصلی تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا : پہلے سے اندراج کرنا (کسی دستاویز یا واقعہ کے متعلق) ۔ (۲) زماناً پہلے آنا ۔ (۳) پہلے ہی سے سمجھ بیٹھنا : قبل از قبل توقع کرنا ۔ (٤) تسریع ۔ (٥) (تاریخ و سیاسیات) پہلی تاریخ لگانا ۔

Antediluvial : (a) [ANTE+L."diluvium"+-AL] طوفان نوح سے قبل کا ۔

Antediluvian : (a & n) (۱) ماقبل طوفان نوح : ماقبل نوح : طوفان نوح کے زمانے کے پہلے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) پرانی چال کا (شخص) : دقیانوسی : باوا آدم کے زمانے کا: بہت ہی قدیم ۔ (۳) آدم کہن سال : بہت بوڑھا آدمی ۔

Antefix : (n) [L."antefixum"] کارنس یا چھجہ پرکی آرائش جو کھپڑوں کے کنارے کو چھپانے کےلئے لگائی جاتی ہے : آرائشی سر جو نالیوں سےٹونٹی نکالنے کےلئے استعمال ہوتے ہیں ۔

Antefurca : (n) [L."ante+furca"] (حیوانیات) تل چٹا کے چنگل کا داخلی دوشاخہ ابھار ۔

Anteinitial : (a) قبل تمہیدی : قبل ابتدائی ۔

Antelope : (n) [L."ant(h)alopus"] ہرن کی ایک قسم : مرگ : بزکوہی ۔

Antemetic : (a) [ANT-+EMATIC] دافع امتلا : متلی روکنےوالا ۔

Antemundane : (a) [ANTE+L."mundus", after mundane] قبل آفرینش : قبل تخلیق کائنات : قبل تخلیق عالم : جو کائنات کے پیدا ہونے سے پہلے موجود یا واقع ہوا ہو : پیش از جہانی ۔

Antenatal : (a) [ANTE+NATAL] قبل از ولادت : پیدائش سے پہلے : پیش پیدائش : ولادت سے پہلے : قبل تولید ۔

Antenave : (n) پیش وسط کلیسا : پیش ناف کلیسا ۔

Antenna : (n) [L."antenna"] (۱) (حیوانیات) قرن : مونچھ وہ حساس آلے جو کیڑوں، قشریوں کے سروں پر ہوتے ہیں اور جن سے وہ ٹٹولتے ہیں : محاس ۔ (۲) (نباتیات) محاس ۔ (۳) لاسلکی کا موج گیر ۔

Antennal : (a) قرنی : محاسی : قرن یا محاس سے متعلق ۔

Antennal shaped hilt : (تاریخ) دوسنگھی موٹھ ۔

Antennal sword : (n) (تاریخ) دو سنگھی تلوار ۔

Antennary : (a) قرن یا محاس سے متعلق ۔

Antenniferous : (a) محاس دار : قرن دار ۔

Antenniform : (a) محاس نما ' قرن پیکر ۔

Antennular/-y : (a) چھوٹے قرن والا ۔

Antennule : (n) [dim. of ANTENNA] چھوٹا قرن : چھوٹا محاس : (حیوانیات) چھونیہ : محیس : قرنک ۔

Antenumber : (n) عدد ماقبل ۔

Antenuptial : (a) قبل ازدواج ۔

Antepagment : (n) [L."antepagentum", f."antepangere"] کواڑ یا کھڑکی کا ایک بازو یا دروازے کے ڈھالے ہوئے محراب کے بیرونی نقش و نگار ۔

Antepatriarchal : (a) بطریق کے وجود سے پہلے کا ۔

Antepectoral : (a) پیش سینہ : سینہ کے سامنے ۔

Antependium : (n) [L. f."ante+pendere"] جلباب : قربان گاہ کا پردہ ۔

Antepenult : (n) =(åntepenultimate) (لسانیات) پیش قبل آخر : ماقبل آخر ۔

Antepenultima : (n) [L. f."ante-paenultima"] کسی لفظ کے آخری دو ہجاؤں سے پہلے کی ہجا ۔

Antepenultimate : (a) [L."antepaenultimus"] (۱) قبل آخریں : آخری دو سے پہلے کا : آخر سے تیسرا : لفظ کے پچھلے دو ٹکڑوں سے پہلے کا ٹکڑا ۔ (۲) (لسانیات) ماقبل آخر ۔

Antephialtic : (a) [Gr."anti+ephialtes"] (طب) کابوس کے روکنے کی کوئی شئے : مانع کابوس : ڈراونے خواب کو روکنے والی ۔

Antepileptic : (a & n) [ANT+EPILEPTIC] (طب) مرگی کو روکنے والی (دوا) : ضد صرع : داروئے صرع : مرگی روکنے والی دوا ۔

Anteportico : (n) پیش رواق ۔

Anteposition : (n) [L."anteponere"] (لسانیات) قبل مقام ۔

Anteposthumous : (a) وہ تحریر جو مرگ سے پہلے لکھی جائے مگر بعد میں شائع ہو ۔

Anteprandial : (a) قبل طعام : کھانے سے پہلے ۔

Antereformational : (a) اصلاح مذہب کی تحریک سے پہلے ۔

Anterior : (a) [L. f."ante"] (۱) زیادہ آگے کو : اگلا : سامنے کا ۔ (۲) پہلے : قبل : آگے : مقدم ۔

Anteriority : (n) تقدم : سبقت : پیشی ۔

Anteriorly : (adv) اولاً : قبلاً : سابقاً ۔

Anterior vencave : (n) (حیوانیات) اگلی بڑی ورید ۔

Antero-: جزو ترکیبی بمعنی "قبل" "سامنے"۔

Antero posterior : (a) آگے اور پیچھے : پس و پیش ۔

Anterofrontal : (a) پیشانی کے سامنے کے حصہ کا یا اس سے متعلق ۔

Anterolingual : (a) (لسانیات) پیش زبانی ۔

Anteroparietal : (a) کھوپڑی کے دونوں اطراف کے نسیج کے سامنے سے متعلق ۔

Antetype : (n) [ANTE -+TYPE] نمونہ ماقبل ۔

Antevert : (v) [L."anteverte re", f."ante+vertere"] آگے کی طرف جھکانا ۔

Anteverted : (a) آگے کی طرف جھکا ہوا ۔

Anthelion : (n) [Gr."anthelion"] ہالہ : روشن حلقہ : دھند یا بادل کے ایسے ٹکڑے جو سورج کے مقابل ہوں ۔

Anthelmintic : (n) [ANTH-+GR."elminth"+-IC] (طب) پیٹ کے کیڑوں کو نکالنے والی : کیڑے مار : کیچوے مار : کرم کش ۔

Anthem : (n) [Gr."antiphona"] (۱) ترانہ : نغمہ ۔ (۲) بھجن : حمد باری : حمد خدا : حمد : نثر کا حصہ (خصوصاً مقدس کتابوں میں سے) : جو گا کر پڑھا جائے : مناجات : تہنیت یا خوشی کا ترانہ ۔ (۳) قومی ترانہ : ترانۂ ملی ۔

National anthem : قومی ترانہ : ملی ترانہ ۔

Anthem : (v) ترانہ گانا : بھجن گانا ۔

Anther : (n) [Gr."anthera"] (نباتیات) زیرہ گل : زربر : حامل زر : زر ریشہ کا وہ حصہ جس میں زیرہ ہو ۔

Anther dust : (n) زیرہ کی دھول : زر گل کی خاک ۔

Anther-valve : (n) زیرہ کا پردہ جس سے نکل کر پھول کا زیرہ بکھرتا ہے ۔

Antheral : (a) زیرئی : زرگل سے متعلق ۔

Antheridial : (n) (نباتیات) مستطیلی یا مدور مادہ تولید کے خلئے سے متعلق ۔

Antheridium : (n) [L."anthera"] (نباتیات) مستطیلی یا مدور مادۂ تولید کا خلیہ جو بن پھلیا پودے میں ملتا ہے اور جو پھول دار پودوں کے حامل زر کے جواب میں ہوتا ہے : نر گمثہ دان : زر ریشہ دان ۔

Antheriferous : (a) زیرہ دار ۔

Antheriform : (a) مانند زیرۂ گل : حامل زر کی شکل کا ۔

Antherless : (a) بغیر حامل زر : حامل زر سے محروم ۔

Antherogenous : (a) حامل زر سے پیدا شدہ ۔

Antheroid : (a) حامل زر نما ۔

Antherozoid : (n) [L."anthera"+ZOOID] (نباتیات) بن پھلیا کے حامل زر میں حرکت کرنے والے چھوٹے چھوٹے باریک جراثیم ۔

Antherozoidal : (a) بن پھلیا کے حامل زرمیں حرکت کرنے والے چھوٹے چھوٹے باریک جراثیم سے متعلق ۔

Anthesis : (n) [Gr."anthe-in"] مکمل شگفتگی : گل کشائی ۔

Anthesteria : (n) (تاریخ) جشن بہاراں (قدیم یونان) ۔

Antho-: [Gr."anthos"] جزو ترکیبی بمعنی "پھول"۔

Anthobian : (n) [Gr."anthos+bios"] وہ جانور جو پھولوں میں رھتے ھیں یا پھولوں سے غذا حاصل کرتے ھیں ۔

Anthocarpous : (a) [Gr."anthos+carpos"] اس پھل سے متعلق جو پھول اور خاص پھل سے مل کر بنتا ھے (جیسے انناس) : گل ثمرہ ۔

Anthocephalous : (a) [Gr."anthos+cephalos"] پھول کی طرح سر رکھنے والا ۔

Anthocyanine : (n) [Gr."anthos+cyanos"] پودوں میں نیلے رنگ کا مادہ جو رنگنے کے کام آتا ھے : (کیمیا) اینتھوسیانن ۔

Anthography : (n) [Gr."anthos+graphia"] پھولوں کی سائنسی تشریح : گل نگاری : گل نامہ ۔

Anthoid : (a) [Gr."anthos+ides"] گل مانند : پھولوں کی طرح : مثل گل : گل نما ۔

Antholite : (n) [Gr."anthos+lithos"] (ارضیات) پھولوں کی طرح کے بعض ان پودوں کے نام جو متحجر ھوگئے ھیں : فوسل گل ۔

Anthological : (a) ادبی مجموعہ سے متعلق ۔

Anthologist : (n) کشکول اور منتخب کلام وغیرہ کا مؤلف ۔

Anthology : (n) [Gr."anthos+logia"] (۱) بیاض اشعار : کلام منتخب : مجمع الاشعار : نظموں یا ضرب الامثال کا منتخب مجموعہ : گلدستہ : سفینہ ۔ (۲) ادبی کشکول : بیاض : گلچین ادبی : منتخبات نظم و نثر ۔ (۳) مجموعۂ مناجات ۔

Antholysis : (n) [Gr."anthos+lysis"] کسی پھول کی رجعت قہقری سے تبدیلی جس میں پھول کے وہ حصے جو عموماً ملے ھوتے ھیں الگ ھو جاتے ھیں ۔

Anthomania : (n) [Gr."anthos+mania"] پھولوں کا خبط ۔

Anthony(st) : (n) سینٹ انتھونی : عیسائی عقیدہ کی رو سے سور کے چرواھوں کا سرپرست ولی یا پیر ۔

Saint Anthony 's Fire : سرخ بادہ : حُمرہ ۔

Anthony : (n) ایک ھی جھول کا سب سے چھوٹا سور ۔

Anthophore : (n) [Gr."anthos +phoros"] وہ ڈنٹھل جو بعض پھولوں میں پیالہ کو کاسۂ گل سے اوپر اٹھاتے ھیں : گل بر : گل بر دار سکون ۔

Anthophorous : (a) پھول دار : پھول دینے والا : گل بردار ۔

Anthophyllite : (n) [L."anthophyllum"] ایک قسم کی معدنی شے ' ھارن بلنڈ کی ایک قسم ۔

Anthophyllitic : (a) ھارن بلنڈ سے متعلق ۔

Anthosiderite : (n) [Gr."anthos+siderites"] لوھے کا ابدار سیلیکیٹ جو بعض پھولوں میں پایا جاتا ھے ۔

Anthosperm : (n) [Gr."anthos+sperma"] سمندری گھاسوں کے ریشوں میں منتشر ایک چھوٹا سا رنگین انجماد ۔

Anthotaxy : (n) [Gr."anthos+taxia"] پھولوں کو ان کے کھلنے کے حساب سے ترتیب دینا : ترتیب گل ۔

Anthozooid : (n) [Gr."anthos"+ZOOID] ایک منفرد چھوٹا جانور جو حیوان نباتی کے میل کا ھوتا ھے ۔

Anthra -: Anthrac کی مخفف شکل ۔

Anthracene / Anthracin : (n) [Gr."anthrac(ax)"+-ENE] ایک بلوری کیمیاوی شئے جو کولتار کی تقطیر سے حاصل ھوتی ھے ۔

Anthracic : (a) [as prece.+-IC] کفگیرک سے متعلق : سیاہ زخم سے متعلق ۔

Anthraciferous : (a) چھوٹا کوئلہ پیداکرنے والا ۔

Anthraciform : (a) کفگیرک یا سیاہ زخم کی طرح کا یا اس کی شکل کا ۔

Anthracite : (n) [Gr."anthracitos"] چھوٹا کوئلہ : کوئلہ جس میں پتھر کا جزو زیادہ ھوتا ھے : (کیمیا) اینتھریسائیٹ : جھوٹا کوئلہ ۔

Anthracitic : (a) چھوٹے کوئلہ کا سا ۔

Anthracitism : (n) کوئلہ کی وہ کیفیت جس میں پتھر کا جزو زیادہ ھوتا ھے ۔

Anthracitous : (a) جس میں چھوٹے کوئلے کی آمیزش ھو ۔

Anthracoid : (a) کنگیرك نما : سیاہ زخم کی طرح ۔

Anthracometer : (n) [Gr."anthrac"-anthroc+(o)METER] کسی مخلوط میں کاربونك ایسڈ کو ناپنے کا آلہ ۔

Anthracometric : (a) کسی مخلوط میں کاربونك ایسڈ کو ناپنے کے آلہ سے متعلق ۔

Anthraconite : (n) Von Mou کا دیا ھوا سیاہ سنگ مرمر یا سیاہ قیر دار سنگ آھك کا نام ۔

Anthracothere : (n) [L."anthracotherium"+Gr.] ایك ضخیم الجلد چوپایہ جس کی ھڈیاں وغیرہ کوئلہ میں ملتی ھیں ۔

Anthracoxen (e) : (n) ایك بھورا مائل کالے گوند کی طرح معدنی شئے جو کوئلے میں ملتی ھے ۔

Anthrax : (n) [Gr."anthrax"] : (۱) پھوڑا ؛ دنبل ' کنگیرك ' گندہ طاول ' خراج ؛ سیاہ زخم ؛ ھزار چشمہ ۔ (۲) بھیز تپ ؛ بھیڑوں یا مویشیوں کا طحالی بخار ۔ (۳) پھنسی جو بھیز تپ سے انسان میں پیدا ھو جائے ۔

Anthroarchaeologist : (n) (تاریخ) انسانی آثار قدیمہ کے ماھر ۔

Anthropic : (a) [Gr."anthropicos"] انسانی ؛ انسان ' بشر ؛ بشری ۔

Anthropical : (a) دیکھو Anthropic

Anthropo-: [Gr."anthropos"] جزو ترکیبی بمعنی "انسان" "انسانی" "بشر" "بشری" ۔

Anthropocentric : (a) [Gr."anthropos+centr-u+-IC] بشر مرکزی ؛ متعلق انسان بحیثیت مرکز کائنات ؛ آدم مرکزی ۔

Anthropocentrism : (n) (فلسفہ و نفسیات) انسان مرکزیت ۔

Anthropogeny : (n) [Gr."anthropos+genia"] علم آفرینش انسان ؛ آدم بروزیت ؛ ارتقائے انسان ؛ علم تخلیق انسان ۔

Anthropogeography : (n) [ANTHROPO-+GEOGRAPHY] بشری جغرافیہ ۔

Anthropoglot : (n) [Gr.as prec.+Gr."glotta"] انسان کی طرح زبان رکھنے والا جانور مثلاً توتا ۔

Anthropography : (n) [Gr."anthropos+graphia"] انسانوں کی جغرافیائی تقسیم کا علم ' جغ نسلیات (جغرافیہ + نسلیات) ' نزاد شناسی ؛ علم طوائف بشر ' انسان نگاری ۔

Anthropoid : (a) [Gr."anthropo+ides"] : آدم نما ؛ انسان جیسا ایك ایسی مخلوق جو صرف شکلاً انسان ھو ؛ انسان کی شکل کا بندر ۔

Anthropoidal : (a) آدم نما سے متعلق ؛ شکلاً انسان سا ۔

Anthropolatry : (a) [Gr."anthropos+latria"] : انسان پرستی ؛ بشر پرستی ۔

Anthropolite / Anthropolith : (n) ۔ متحجرانسان ؛ آدم متحجر

Anthropological : (a) انسانیات سے متعلق ؛ انسانیاتی ؛ انسان شناسی سے متعلق ۔

Anthropological linguistics : (n) ۔ (لسانیات) بشری لسانیات

Anthropologically : (adv) انسانیت کی رو سے ؛ انسان شناسی کے محافظ ۔

Anthropologist : (n) انسانیات داں ؛ عالم انسانیات ؛ ماھر انسانیات ؛ انسان شناسی ۔

Anthropology : (n) [Gr."anthropos+logia"] (۱) بشریات ؛ انسانیات ؛ علم الانسان ؛ علم البشر ۔ (۲) انسانیات ؛ یعنی انسانوں کا فعلیاتی یا نفسیاتی علم ۔ (۳) انسانیات یعنی علم الانسان من حیث الحیوان ۔

Philosophical anthropology : (فلسفہ و نفسیات) فلسفیانہ انسانیات ۔

Anthropomancy : (n) [ANTHROPO-+Gr."mantia"] انسان کی انتوں سے فال گیری ۔

Anthropometrical : (a) تن پیمائش سے متعلق ؛ تن پیمائی کا ماھر ۔

Anthropometrically : (adv) پیمائش تن کے لحاظ سے ۔

Anthropometry : (n) [ANTHROPO-+Gr."metria"] (۱) بشر پیمائی (آدمی کے بدن کو ناپنا) ؛ تن پیمائی (مختلف زمانوں، مختلف نسلوں اور مختلف طبقوں کے لحاظ سے انسان کے بدن کی پیمائش دریافت کرنا) ؛ جسم پیمائی ۔

Anthropomorphic : (a) [Gr."anthropomorphos"+-IC]
(۱) تشبیهی : تشبیهی مذهب کی ماهیت کا ۔
(۲) خدا کو انسان کی صورت و سیرت کے
مشابه سمجھنے والا ۔
(۳) (فلسفه و نفسیات) انسانی شکل کا ۔

Anthropomorphical : (a) دیکھو Anthropomorphic

Anthropomorphically : (adv) از روئے عقیدہ تشبیهی ۔

Anthropomorphic term : (n) (لسانیات) تجسیمی لفظ ۔

Anthropomorphism : (n) [Gr.see Anthropomorphize+ISM]
مذهب : تشبیه ' وہ عقیدہ که خدا انسان
کے مشابه هے : (فلسفه و نفسیات) مسلك
تشبیه ' تجسیمیت ۔

Anthropomorphist : (n) مشبه : مذهب تشبیه کا پیرو
یا ماهر ۔

Anthropomorphite : (a&n) [Gr.] (۱) تشبیه انسانی کا عقیدہ
رکھنے والا ۔(۲) فرقه تشبیه جو مصر میں
چوتھی صدی عیسوی میں پیدا هوا ۔
(۳) مغربی کلیسا کی ایك جماعت جو
دسویں صدی عیسوی میں پیدا هوئی ۔

Anthropomorphitic : (a) عقیدہ تشبیهی کے متعلق ۔

Anthropomorphitism : (n) عقیدہ تشبیهی ۔

Anthropomorphize : (v) [Gr."anthropomorphos"+IZE]
تشبیه : تجسیم کرنا : انسانی شخصیت یا
شکل سے متصف کرنا (خدا وغیرہ کو) ۔

Anthropomorphological : (a) علم عقیدہ تشبیه کا : علم عقیدہ
تشبیه سے متعلق ۔

Anthropomorphologically : (adv) از روئے عقیدہ تشبیهی ۔

Anthropomorphology : (n) [Gr."anthropomorphos"+LOG] علم
عقیدہ تشبیهی ۔

Anthropomorphosis : (n) [Gr."anthropomorpho"-in] تبدیل
به شکل انسانی : انسانی شکل میں بدلنا ۔

Anthropomorphous : (a) [Gr."anthropomorphos"+OUS]
انسانی شکل رکھنے والا ۔

Anthroponomical : (a) [Gr."anthropos+nomas"+-ICAL]
انسانی افعال کو مرتب کرنے کے
قانون سے متعلق ۔

Anthroponymy : (n) (لسانیات) بشری اسمیات ۔

Anthropopathic : (a) انسانی احساسات اور جذبات کو
خدا یا دیوتا سے منسوب کرنے والا ۔

Anthropopathically : (adv) از روئے عقیدہ Anthropopathic

Anthropopathism : (n) انسانی جذبات یا احساسات کو
خدا یا دیوتا سے منسوب کرنیکا عقیدہ :
(فلسفه و نفسیات) تشبیه احساسات ۔

Anthropopathy : (n) [Gr."anthropos+pathos"] انسانی جذبات
یا احساسات کو خدا یا دیوتا سے
منسوب کرنا ۔

Anthropophagi : (n) [Gr."anthropos+phagin"] آدم خوار /
آدم خور ۔

Anthropophagic/-al : (a) آدم خواری سے متعلق ۔

Anthropophagism : (n) آدم خواری ۔

Anthropophagist : (n) آدم خوار ۔

Anthropophagistic : (a) آدم خواری کی عادت رکھنے
سے متعلق ۔

Anthropophagite : (n) آدم خواری کا عادی ۔

Anthropophagous : (a) [L."anthropophagus"+-ous] آدم خوار ۔

Arbitrament / -ement : (n) [OF."arbitrement"] (۱) ثالثی فیصلہ ؛ پنچایتی فیصلہ ؛ بذریعہ ثالث کسی کارروائی کا فیصلہ ۔ (۲) ناطق فیصلہ ؛ حکم محکم ؛ حکم آخر ؛ (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ۔

Arbitrarily : (adv) بے اصولی کے ساتھ ؛ بے قاعدگی سے ؛ بے باکانہ ؛ مستبدانہ طور پر ۔

Arbitrarily chosen : (a) (ریاضی) اختیاری چیدہ ۔

Arbitrariness : (n) (تاریخ و سیاسیات) من مانی ؛ بے اصولی ؛ استبدادیت ؛ مطلق العنانی ۔

Arbitrary : (a) [L."arbitrarius".f."arbiter"] (۱) بے قاعدہ ؛ من مانا ؛ بے اصولی ۔ (۲) بے روک ٹوک ؛ بے باکانہ ؛ بے دھڑک ؛ ظالمانہ ؛ خود مختارانہ ؛ مستبدانہ ؛ (لسانیات) خود اختیاری ؛ (تجارت) خود مختارانہ ؛ من مانی ؛ (طبیعیات) من مانی ؛ (ریاضی) اختیاری ۔

Arbitrary connection : (n) (لسانیات) خود اختیاری تعلق ۔

Arbitrary constant : (n) (طبیعیات) من مانی کونس ٹنٹ ؛ (ریاضی) اختیاری مستقل ۔

Arbitrary function : (n) (طبیعیات) من مانی فنکشن ؛ (ریاضی) اختیاری تفاعل ۔

Arbitrary number : (n) (ریاضی) اختیاری عدد ۔

Arbitrary origin : (n) (طبیعیات) من مانی ابتدا ؛ (ریاضی) اختیاری مبدا ۔

Arbitrary parameter : (n) (طبیعیات) من مانی پیرا میٹر ؛ (ریاضی) اختیاری پیرا میٹر ۔

Arbitrary point : (n) (طبیعیات) من مانی نقطہ ؛ (ریاضی) اختیاری نقطہ ۔

Arbitrary prorate : (n) (تجارت) خود مختارانہ تناسب ؛ من مانا تناسب ۔

Arbitrary symbol : (n) (لسانیات) خود اختیاری علامت ۔

Arbitrary unit : (n) (طبیعیات) من مانی اکائی؛ (ریاضی) اختیاری یونٹ ۔

Arbitrate : (v) [L."arbitrat-","arbitarari"] حکم ماننا ؛ ثالث بنانا ؛ ثالثی سے فیصلہ کرنا ؛ جج بن کر فیصلہ کرنا ۔

Arbitrated : (a) ثالثی سے طے کیا ہوا ۔

Arbitrated exchange rate : (تجارت) ثالثی شرح مبادلہ ۔

Arbitration : (n) [L."arbitrationem"] بنچایتی فیصلہ ؛ وہ فیصلہ جو بذریعہ حکم کیا جائے ؛ (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ؛ (سماجیات) ثالثی فیصلہ ۔

Commercial arbitration : (سماجیات) تجارتی ثالثی فیصلہ ۔

Compulsory arbitration : (سماجیات) لازمی ثالثی فیصلہ ۔

Industrial arbitration : (سماجیات) صنعتی ثالثی فیصلہ ۔

International arbitration : (سماجیات) بین الاقوامی ثالثی فیصلہ ۔

Voluntary arbitration : (سماجیات) رضا کارانہ ثالثی فیصلہ ۔

Arbitration of Exchange : (تجارت) ثالثی شرح تبادلہ ؛ تعین شرح تبادلہ ؛ دو رائج زروں کے بالواسطہ مبادلے کی شرح مقرر کرنا ۔

Arbitration tribunal : (n) (تاریخ و سیاسیات) ثالثی ٹریبونل ؛ ثالثی عدالت ۔

Arbitrator : (n) [L."arbitratorem"] ثالث ؛ حکم ؛ پنچ ؛ بچولیا ؛ (تاریخ ، سیاسیات ، سماجیات و انتظامیہ) ثالث ۔

Arbitratorship : (n) ثالث یا حکم کا ہونا ؛ پنچ ہونا ۔

Arbitress : (n) (۱) ثالثہ ؛ پنچ ؛ حاکم عورت ؛ بیچ بچاؤ کرنے والی ۔ (۲) مختار کل ؛ سیاہ و سفید کی مالک ۔

Arbor : (n) [F."arber", L."arbor"] (۱) مشین کا ٹیکہ ؛ کل ٹیک سہارا ۔ (۲) دھرا ؛ دھری ؛ محور ۔

Arbor : (n) درخت کے معنی ہوتا ہے اور نباتیات اور کیمیا میں اس سے کئی نام بنتے ہیں جیسے Arbor judae= درخت ارغوان ؛ (کیمیا) Arbor bianae= شجر نما شکل جو پارہ کو چاندی کے نائٹریٹ کے محلول میں ڈالنے سے بنتی ہے ؛ سایہ دار گھاس کا قطعہ ۔

Arbor-Day : (n) درخت کاری کا دن ۔ بن مہتسو ؛ یوم شجر کاری ۔

Arbor vitae : (n) [L.] (۱) سدا بہار جھاڑی ؛ شجریات ۔ (۲) (طبیعیات) مغز کے طولی تراش کی درخت نما شکل ۔

Arboraceous : (a) (۱) شجرنما ؛ شجر کا سا ؛ شجر کی طرح ؛ روکھ سا - (۲) جس میں درخت اگے ہوئے ہوں ؛ شجردار ؛ درختوں والا -

Arboreal : (a) [L."arboreus"+-AL] درخت کا ؛ شجر کا ؛ شجر سے متعلق ؛ شجری ؛ روکھ باسی -

Arboreal theory : (n) (تاریخ) نظریہء اشجار -

Arboreous : (a) (۱) شجر دار - (۲) شجری ؛ درخت کے متعلق - (۲) درخت سا ؛ شجر نما ؛ شجر سا ؛ درخت کی طرح (شکل و نمو کے اعتبار سے) -

Arborescence : (n) شکل شجری -

Arborescent : (a) [L."arborescentem"] (۱) شجر نما ؛ شجر صفت ؛ شجر سا ؛ درخت کی طرح (شکل و نمو کے اعتبار سے) - (۲) (تعمیر) شاخ دار ؛ شاخ سا -

Arborescently : (adv) درختوں کی طرح سے ؛ شاخ دار طرز سے متعلق -

Arboretum : (n) [L.] باغ فلاحتی ؛ درختستان علمی -

Arboriculture : (a) شجریاتی ؛ پیڑ لگانے کے متعلق -

Arboriculture : (n) [L."arbor+cultura"] علم الاشجار ؛ شجریات ؛ درخت اور جھاڑیوں کی کاشت ؛ درخت لگانے کا فن ؛ درخت کاری ؛ شجر کاری -

Arboriculture Officer : (n) (انتظامیہ) افسر شجریات -

Arboriculturist : (n) (انتظامیہ) ماہر شجریات ؛ ماہر علم الاشجار ؛ درخت لگانے کے فن کا ماہر -

Arborist : (n) [Fr."arboriste"] (۱) درخت شناس ؛ جڑی بوٹیوں کا ماہر ؛ شجر کار - (۲) درخت لگانے کے فن کا طالب علم -

Arborization : (n) (۱) (معدنیات و کیمیا) شجر نما قلمیں ؛ وہ درخت کی سی شکل جو قلموں کے اجتماع سے پیدا ہو جاتی ہے - (۲) (تشریح) شعری نسوں کی شجری اشکار ؛ تشجیر جال ؛ نسا جال یعنی وہ درخت کی سی شکلیں جو اندرونی یا بیرونی طور پر شعری نسوں کے پھولنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہیں -

Arborize : (v) [L."arbor"] درخت سا بنانا -

Arborized : (a) درخت سا بنا ہوا -

Arborous : (a) شجر دار ؛ شجر کا ؛ شجر سے متعلق -

Arbour : (n) [ME."(h)erber",L."berbarium"] منڈوا ؛ کنج (جو درختوں اور بیلوں کے سایہ سے بن جاتا ہے) ؛ شجر پوشہ -

Arboured : (a) شجر پوش (کاشانہ) ؛ درخت سے ڈھکا ہوا -

Arbuscle : (n) [L."arbuscula"] (۱) ایک بونا درخت ؛ درخت نما جھاڑی ؛ شجرک ؛ پودا - (۲) پتوں کے روئیں دار جھالر کا گچھا -

Arbuscular : (a) گچھے دار -

Arbutus : (n) [L.] سدا بہار درختوں کی ایک جنس جس میں Strawberry بھی شامل ہے ؛ توت فرنگی -

Arc : (n) [L."arcum (arcus)"] (۱) قوس ؛ دائرے یا کسی اور خط منحنی کے محیط کا ٹکڑا ؛ (ریاضی) قوس - (۲) وہ حصہ جو دو متوازی خطوط منحنی کے درمیان ہو ؛ قوس - (۳) (برقیات) قوس ؛ (طبیعیات) کمان ؛ آرک ؛ قوس - (٤) وہ قوس جس پر آفتاب، ماہتاب وغیرہ طلوع سے غروب تک متحرک رہتے ہیں -

Diurnal arc : قوس نہار ؛ قوس روز ؛ قوس آفتاب -

Nocturnal arc : قوس شب ؛ قوس لیل ؛ قوس ماہتاب -

Arc bounding : (n) (طبیعیات) پابند آرک -

Arc carbon : (n) (طبیعیات و کیمیا) آرک کاربن ؛ قوس کاربن -

Arc conjugate : (n) (طبیعیات) آرک متحدہ -

Arc lamp : (n) (طبیعیات) آرک لیمپ ؛ قوس لیمپ -

Arc light : (n) قوس روشنی -

Arc major : (n) (طبیعیات) آرک اکبر ؛ (ریاضی) قوس اکبر -

Arc mercury : (n) قوس سیمابی -

Arc minor : (n) (طبیعیات) آرک اصغر ؛ (ریاضی) قوس اصغر -

Arc sine distribution : (شماریات) قوسی سائن بٹاؤ ؛ قوسی سائن تقسیم ۔

Arc spectrum : (n) (طبیعیات) آرک اسپیکٹرم ؛ (کیمیا) قوس لطیف ۔

Arc stream : (n) قوسی دھارا ۔

Arcade : (n) [L."arcata",f."arcus"] (۱) چھتہ ؛ وہ رستہ جس پر محراب بنی ہو ؛ گذر گاہ طاقت دار ؛ (تاریخ و سیاسیات) چھتہ ۔ (۲) چھت دار راستہ ؛ مسقف راستہ ؛ خاص کر وہ جس کے ایک یا دونوں طرف دکانیں ہوں ۔ (۳) (تعمیر) ہم سطح محرابوں کا سلسلہ ؛ چھتہ ؛ محرابستان ؛ (تشریح) محرابی ہڈی ۔

Arcade : (v) چھت دار راستہ بنانا ؛ مسقف راستہ بنانا ؛ محراب بنانا ۔

Arcaded : (a) چھتہ دار ؛ محرابوں والا ۔

Arcades ambo : (فقرہ) دونوں بدمعاش ۔

Arcadian : (a & n) [L."arcadius"] آرکادی ؛ دیہاتی ؛ کامل دیہاتی (قدیم یونان کے علاقے آرکادیا کا جہاں کےلوگوں کا سادہ تمدن مشہور تھا) ؛ مثالی طور پر قصباتی/دھقانی/دیہاتی ۔

Arcadian : (a) محراب / چھتہ دار راستہ کا یا اس سے متعلق یا بنایا ہوا ۔

Arcadianism : (n) شبانی معصومیت / سادگی ۔

Arcadianly : (adv) دیہاتی طور طریقے سے ؛ دیہاتی سادہ لوحی سے ۔

Arcading : (n) آرائشی چھت ؛ نقش و نگار والی سلسلہ وار محرابیں ۔

Arcady : (n) [L."arcadia"] دیکھو Arcadian ؛ دھقانی فردوس ۔

Arcanal : (a) [L."arcanus"] پوشیدہ ؛ خفیہ ؛ مخفی ؛ بھید ؛ راز ۔

Arcane : (a) اکسیری ؛ کیمیا گری کا راز یا اس سے متعلق ؛ پر اسرار ۔

Arcanum : (n) [L.] (۱) کوئی پوشیدہ چیز ؛ گہرا راز ؛ اسرار ؛ بھید ۔ (۲) (کیمیا گری) قدرت کا ایک بڑا راز ؛ اکسیر ؛ کیمیا ؛ راز ؛ ایک معجزہ اثر دوا ؛ راز کیمیا گر ۔

Arch : (n) [L."arca"] محراب ؛ کمان ؛ قوس ؛ طاق ؛ (تاریخ و سیاسیات) محراب ۔ (۲) خم دار در ۔ (۳) قالب دار چھت ۔ (٤) آسمان ۔

Court of Arches : Canterbury کے صوبے کی کلیسائی عدالت اپیل چوں کہ اس کے مینار کا بوجھ محرابوں پر تھا ۔

Arch : (v) [OFr."archer"] (۱) محراب بنانا ؛ کمان بنانا ۔ (۲) چھانا ؛ محراب باندھنا ؛ محراب کاقالب باندھنا ؛ ڈاٹ لگانا ۔

Arch : (a) چھٹا ہوا ؛ پرلے درجے کا ؛ پرلے سرے کا (عیار چالاک، مکار، شوخ، چنچل، شریر، بد معاش) ۔

Arch-bishop : (n) [OE."heah-biscop"] اسقف اعظم ؛ صدر اسقف ' لاٹ پادری ' (تاریخ و سیاسیات) آرچ بشپ ۔

Arch-brick : (n) وہ گاؤ دم اینٹ یا پتھر جو محراب کی تعمیر میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Arch-buttress : (n) محراب دار پشتہ ۔

Arch-chamberlain : (n) حاجب خاص ؛ حاجب باشی ۔

Arch-chanter : (n) مناجات خانوں کا ھادی / رھنما ' پیش آھنگ ۔

Arch-enemy : (n) (۱) خاص دشمن ؛ بڑا دشمن ۔ (۲) شیطان ؛ ابلیس ۔

Arch-fiend : (n) شیطان ' ابلیس ۔

Arch-flamen : (n) [med.L."archiflamen"=archiepiscopus] اسقف اعظم ۔

Arch-foe : (n) شیطان ؛ ابلیس ۔

Arch-heresy : (n) بنیادی اور انتہائی ارتداد ۔

Arch-heretic : (n) ارتداد کا بانی اور رھنما ؛ مرتد اول ۔

Arch-house : (n) اسٹریلیا کے آرچ ڈیوک کا مکان ۔

Arch-prelate : (n) اسقف اعظم ۔

Arch-presbyter : (n) دیکھو Archpriest ؛ کشیش اعلا ۔

Arch-see /-sea : (n) آرچ ڈیوک کی جاگیر ۔

Arch-stone : (n) وہ گاؤ دم اینٹ یا پتھر جو محراب کی تعمیر میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ڈاٹ پتھر ۔

Arch-traitor : (n) سب سے بڑا باغی ؛ خاص کر شیطان یا جودا اسکاریوٹ ۔

Arch-type : (a) (تاریخ و سیاسیات) محرابی ۔

Arch-villain : (n) بڑا بد معاش ؛ بد معاشی کا سر گروہ ۔

Arch-window : (n) (تاریخ و سیاسیات ، تعمیرات) محرابی دریچہ ۔

Arch-work : (n) محراب دار ساختمان ؛ محراب کاری ۔

Archaean : (a) [Gr."archaeos"+-AN] طبقات الارض کے ابتدائی عہد کا ؛ پراچینی ؛ قدیم ترین ؛ اولین عصری ۔

Archaeo-: [Gr."archaes"] جزو ترکیبی بمعنی 'قدیم ابتدائی' ۔

Archaeogeology : (n) کائنات کی تاریخ کا قدیمی عہد ۔

Archaeographical : (a) [Gr.see next] آثار قدیمہ کی تشریح سے متعلق ۔

Archaeography : (n) [ARCHAEO+ Gr."graphia"] آثار قدیمہ کی منظم تشریح ۔

Archaeolatry : (n) (تاریخ) آثار پرستی ۔

Archaeolithic : (a) (۱) (تاریخ) پرانا پتھر کے زمانہ کا ۔ (۲) (نیابت) قدیمی سنگی اوزار کا یا اس سے متعلق جو قبل تاریخ کا انسان استعمال کرتا تھا ۔

Archaeologic : (a) [Gr."archaeologicos"] اثری ؛ آثار قدیمہ سے متعلق ؛ (تاریخ و سیاسیات) آثاری ۔

Archaeological : (a) دیکھو Archaeologic

Archaeological officer : (n) (انتظامیہ) افسر آثار قدیمہ ۔

Archaeological time : (n) (تاریخ) آثاری زمانہ ۔

Archaeologically : (adv) اثریانہ : آثار قدیمہ کی رو سے ۔

Archaeologist / Archaeologer / Archaeologian : (n) (تاریخ و سیاسیات) ماہر آثار قدیمہ ؛ اثریات داں : اثری ؛ (انتظامیہ) آثار قدیمہ کا ماہر ؛ ماہر اثریات ۔

Archaeology : (n) [Gr."archaeologia"] عہد قدیم کی تاریخ ؛ آثارقدیمہ کا باقاعدہ مطالعہ ؛ قبل تاریخ کے زمانے کی باقیات اور اثریات کا علمی مطالعہ ؛ (تاریخ و سیاسیات و انتظامیہ) علم آثار قدیمہ ؛ علم اثریات ۔

Aarchaeomagnetism : (n) (تاریخ) آثاری مقناطیسیت ۔

Archaeopteryx : (n) [ARCHAEO+Gr."pteryx"] نو فقاردم والا ؛ سب سے قدیم معلوم متحجر پرندہ ؛ اولیں طائر ۔

Archaeostomatous : (a) جنین کے کناروں پر کے غلاف کا ابتدائی سوراخ رکھنے والا ؛ اولیں دہنہ ۔

Archaeozoic : (a) زمین پر کے قدیم ترین جاندار کے عہد کے متعلق ؛ اولیں حیاتیہ ۔

Archaic : (a) [Gr."archaicos"] (۱) پرانا ؛ ابتدائی ؛ فرسودہ ؛ فرسودہ ؛ قدیم ؛ دقیانوسی ؛ اوّلی ۔ (۲) (زبان کے متعلق) متروک ؛ متروک الاستعمال ؛ نادرالاستعمال ۔ (۳) (فلسفہ و نفسیات) متروکہ ؛ فرسودہ ؛ (لسانیات) فرسودہ ۔

Archaic civilization : (n) (سماجیات) قدیمی تمدن ۔

Archaic smile : (n) (تاریخ) آثاری تبسم ؛ قدیم یونان میں بتوں کی مسکراہٹ کی کیفیت ۔

Archaically : (adv) شاذ طور پر ؛ شاذ و نادر ۔

Archaism : (n) [Gr."archaismos"] (۱) دقیانوسیت ؛ قدامت پسندی (خاص کر زبان اورفن میں) ۔ (۲) متروک لفظ یا محاورہ ؛ وہ عبارت یا کلام جس میں کہنہ یا متروک الفاظ مستعمل ہوں ؛ (فلسفہ و نفسیات) متروکہ لفظ ؛ متروکہ طرز ؛ (لسانیات) فرسودیت ؛ (تاریخ و سیاسیات) متروک الفاظ کا استعمال ؛ آثاریت ۔

Archaist : (n) متروک پسند ؛ متروک الفاظ استعمال کرنے والا ؛ (تاریخ و سیاسیات) قدامت پسند ۔

Archaistic : (a) متروکی ؛ متروکات سے متعلق ؛ (تاریخ و سیاسیات) قدامت پرستانہ ۔

Archaize : (v) [Gr."archaizin"] (۱) (تکلف سے) متروک (پرانے) ڈھنگ کی عبارت لکھنا ؛ متروک لفظوں کا استعمال کرنا ۔ (۲) متروک بنانا یا قرار دینا ۔

Archangel : (n) [Gr."archangelos"] (۱) رئیس الملائکہ : فرشتوں میں سب سے بڑا ؛ ملك مقرب ؛ مقرب فرشتہ و فرشتہ* اعظم ۔ (۲) ایک خاردار پودا جسکو چھونے سے جلن پیدا ہوتی ہے : انجلیق ۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر ۔

Archangelic / Archangelical : (a) سب سے بڑے فرشتے کا ۔

Archangelship : (n) مقرب فرشتے کا عہدہ ۔

Archanthropic : (a) (تاریخ و سیاسیات) آثاری انسان سے متعلق ۔

Archbishop : (v) کسی کو اسقف اعظم بنانا / کہنا ۔

To archbishop it : اسقف اعظم کی طرح کام کرنا ۔

Archbishopess : (n) زوجہ* اسقف اعظم ۔

Archbishophood / Archbishopship : (n) اسقف اعظم کا عہدہ ۔

Archbishopling : (n) اسقف خرد ؛ چھوٹا اسقف ۔

Archbishoply : (adv) اسقف اعظم کے طور پر ؛ اسقف اعظم کی حیثیت سے ۔

Archbishopric : (n) (تاریخ و سیاسیات) آرچ بشپ کا حلقہ ؛ اسقفی مقام ؛ اسقف اعظم کی جائے سکونت یا دفتر ؛ عہدہ ؛ حلقہ* اسقف اعظم ۔

Archdeacon : (n) [L."archidiaconus"] سر شماس ؛ مذہبی عہدہ دار جس کا درجہ اسقف کے نیچے ہوتا ہے ۔

Archdeaconate : (n) Archdeacon کا درجہ ۔

Archdeaconess : (n) Archdeacon کی بیوی ۔

Archdeaconry : (n) Archdeacon کی جائے سکونت، عہدہ، دفتر یا اس کا حلقہ اقتدار یا ماتحت علاقہ ۔

Archdeaconship : (n) Archdeacon کا عہدہ ۔

Archdean : (n) گرجا یا دانش کدہ یا جامعہ کا ناظم اعلا ۔

Archdiocese : (n) اسقف اعظم کا ماتحت علاقہ ۔

Archducal : (a) Archduke کا ۔

Archduchess : (n) [Fr."arche-","archiduchesse"] Archduke کی بیوی ؛ شہنشاہ اطریش کی بیٹی ؛ دختر بادشاہ اطریش ۔

Archduchy : (n) [L."archiducatus"] Archdukn کا ماتحت علاقہ ۔

Archduke : (n) [L."archiducem"] ڈیوک بزرگ ؛ پہلے آسٹریشیا ، آسٹریا وغیرہ کے حکمران کو کہا جاتا تھا اب بادشاہ اطریش کے لڑکے کا محض لقب ہے ۔

Archdukedom : (n) Archduke کا ماتحت علاقہ ۔

Arche : (n) [Gr."arche"] (۱) مبدا ؛ اصل اولیہ ۔ (۲) عنصر اولیہ ؛ اول ۔

Arched : (a) محراب دار ، محرابی ؛ طاق دار ؛ مقوس ۔

Arched construction : (n) (تاریخ) محرابی تعمیر ۔

Archegay : (n) [Arab.] آہنی نوک والا چوبی نیزہ ، تیر ؛ لکڑی کا نیزہ جو افریقی حملہ کے وقت استعمال کرتے ہیں ۔

Archegenesis : (n) تولید اول ۔

Archegonial : (a) بن پھلیا پودوں کے زنانہ عضو تناسل سے متعلق ۔

Archegonium : (n) [Gr."archegonos"] بن پھلیا پودوں کا زنانہ عضو تناسل ۔

Archeion : (n) (تاریخ و سیاسیات) ارکی ان ؛ قدیم یونان میں فوجداری عدالت کا کمرہ ۔

Archelogy : (n) [Gr."arche"+ -LOGY] علم اصول اولیہ ؛ بنیادی عناصر کا سائنسی مطالعہ ؛ اولیات ۔

Archer : (n) [L."arcarium",f."arcus"] (۱) تیر انداز ؛ کمان دار ؛ (تاریخ و سیاسیات) تیر انداز ۔ (۲) قوس ؛ رامی ؛ نواں برج ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی جونزدیک میں ٹھہرے ہوئے کیڑوں پر تیز دھار پھینکتی ہے ۔

Archeress : (n) زن تیر انداز ۔

Archership : (n) تیر انداز کا عہدہ ۔

Archery : (n) [OF."archerie" f."archier"] (۱) فن تیر اندازی ؛ تیر اندازی ۔ (۲) آلات تیر اندازی ۔ (۳) تیر اندازوں کا دستہ ۔

Arches : (n) جہاز رانوں کی اصطلاح میں مجمع الجزائر کا نام ۔

Archetypal : (a) [L."archetypum"] اصل ؛ بنیادی ؛ اولیں ۔

Archetypally : (adv) اصلاً ؛ ابتداً ۔

Archetypation : (n) (لسانیات) آرکی ٹائپانا ۔

Archetype : (n) [Gr."archetypon"] (۱) (فلسفہ و نفسیات) صورت اولی ؛ آرکی ٹائپ ۔ (۲) نقش اول ؛ اصل ، اُم ؛ ابتدائی نمونہ ؛ مثل اولی ۔ (۳) منضبط اور منظم مخلوق کے ہر بڑے شعبے کی بنیادی ساخت کا مثالی و خیالی نمونہ ۔

Archetypist : (n) (۱) ابتدائی نمونوں کے متعلق تحریروں کا مطالعہ کرنےوالا ۔ (۲) ابتدائی طباعت کا مطالعہ کرنے والا ۔

Archeus : (n) [Gr."archaeos"] Paracelsus کی رو سے وہ غیر مادی عناصر جو حیوانی اورنباتاتی تنظیم کے افعال کو پیدا کرتے ہیں اور انہیں باقاعدہ کرتے ہیں ؛ قوت زندگی/ حیاتی ۔

Archi- : جزو ترکیبی بمعنی (۱) اعلا ۔ (۲) ابتدائی، بنیادی ، اصلی ۔

Archiater : (n) [Gr."archi+iatros"] طبیب خاص ؛ شاہی طبیب یا طبیب درباری ۔

Archiblast : (n) (۱) وہ متقاطع پتر جو بعض قسم کی گھاس کے جنین پر رہتا ہے ۔ (۲) پردہ جنین کی سب سے اوپر کی پرت ۔

Archidiaconal : (a) [L."archidiaconus"+ AL] Archideacon سے متعلق ۔

Archididascalian /-ine : (a) مدرس اعلا کا یا اس سے متعلق ۔

Archididascalus : (n) اسکول کا ہیڈ ماسٹر ؛ مدرس اعلا ۔

Archiepiscopacy : (n) [L."archiepiscopus"] اسقف اعظم کے ذریعہ کلیسائی حکومت کا طریقہ ۔

Archiepiscopal : (a) اسقف اعظم سے متعلق ؛ صدر اسقفی ۔

Archiepiscopalship : (n) اسقف اعظم کا عہدہ ۔

Archiepiscopality : (n) صفت اسقف اعظم ؛ اسقفیت ۔

Archiepiscopate : (n) اسقف اعظم کے عہدہ کی مدت ۔

Archigony : (n) [ARCHI-+Gr."gonia"] دیکھو Abiogenesis

Archil : (n) [OF."orchel","orcheil"] بنفشی رنگ (جو مختلف قسم کی بناس پتیوں سے نکالا جاتا ہے ؛ بناسپتی رنگ ؛ بناتی رنگ ۔

Archilochian : (n) [Gr."archilochos"] Imbic meter کے موجد Archilochus کے متعلق یا Archilochus سے ماخوذ یا Archilochus کا ۔

Archimage : (n) [ARCHI-+L."magus"] بڑا جادوگر ؛ جادوگر ؛ پیر مغاں ؛ موبد موبداں ؛ امام آتش پرستاں ۔

Archimandrite : (n) [Gr."archi+mandra"] صدر مہنت ؛ رئیس خانقاہ ؛ یونانی کلیسا میں خانقاہ کا ناظم ۔

Archimedean : (a) [L."archimedens"+-AN] ارشمیدی ؛ ارشمیدس کا ایجاد کیا ہوا یا اس سے متعلق یا اس کا ۔

Archimedean screw / Archimedes screw : (n) ارشمیدی پیچ (ایک آلہ ہوتا ہے جس میں ایک نلکی پیچ کی شکل میں استوانے کی گرد لپیٹ دی جاتی ہے اور اس کے ذریعہ پانی چڑھایا جاتا ہے) ۔

Archimedes : (n) [Gr. prop. name] شہر سرا کیوس کا ایک مشہور ریاضی داں ؛ آرکیمیڈیز ۔

Archimime : (n) [L."archimimus"] (۱) مسخرا ؛ ہنسوڑ ۔ (۲) وہ بھانڈ جو رومی جلوس میں جنازہ میں مردہ کی نقل کرتا تھا ۔

Archimorpheme : (لسانیات) آرکی صرفیہ ۔

Archinephric : (a) ابتدائی حالت کے گروہ کا ۔

Archinephron : (n) ابتدائی حالت میں گروہ ۔

Arching : (n) محراب بنانے کا عمل ؛ محراب دار تعمیر ؛ محرابی کجی ؛ طاق نما ۔

Archipelagian / Archipelagic : (n) مجمع الجزائری ؛ کثیر الجزائری ۔

Archipelago : (a) [It."arcipelago",f."arci+pelago="+pelagus.] (۱) بحر ایجین ؛ بحر کثیر الجزائر ۔ (۲) ایسا سمندر جس میں متعدد جزیرے ہوں ۔ (۳) مجمع الجزائر ؛ ٹاپوؤں کا جھنڈ ۔

Archiphoneme : (n) [archi+phoneme] (لسانیات) آرکی صوتیہ ۔

Archiplasm : (n) ایک فرضی قدیم مایہ : اولین مایہ ۔

Archipterygian : (a) ابتدائی فلس کا یا پر کا ۔

Archipterygium : (n) ابتدائی پر یا فلس ۔

Architect : (n) [L."architectus"] (۱) فن عمارت کا ماہر : خاکہ انداز : فن تعمیر کا ماہر ؛ عمار ؛ طراح : (انتظامیہ) فن عمارت کا ماہر ؛ (طبیعیات) فن کار تعمیر ؛ (تاریخ و سیاسیات) آرکی ٹیکٹ ؛ ماہر فن تعمیر ۔(۲) میر عمارت جو نقشے تجویز کرتا ہے اور کام کی نگرانی کرتا ہے ۔ (۳) معمار : موجد ؛ کرتا (خاص کر خالق) خلاق عالم ۔(٤) (مجازاً) بنانے والا ؛ کارساز ' تعمیر کن ۔

Naval architect : جہاز سازی کا کام کرنے والا ۔

Architective : (a) معمارانہ ؛ تعمیری ؛ فن تعمیر کے متعلق ۔

Architectonic : (a) [L."architectonicus"] (۱) عمارتی ؛ معمارانہ : تعمیری یا معمار کے متعلق ۔ (۲) تعمیری (تخریبی کی ضد) ؛ اصلاحی ۔ (۳) نگراں کارانہ ؛ ناظمانہ ۔(٤) متعلق بہ تنظیم علوم ؛ (فلسفہ و نفسیات) تشکیلی نقشہ ؛ نقشہ ۔

Architectonical : (a) دیکھو Architectonic

Architectonically : (adv) تنظیم علوم کی بہ نسبت ۔

Architectonics : (n) علم تنظیم العلوم ؛ تعمیر کا علم ۔

Architectress : (n) زن معمار ؛ معمار عورت ۔

Architectural : (a) عمارتی ؛ تعمیری ۔

Architectural acoustics : (n) (طبیعیات) تعمیری سمعیات ۔

Architectural assistant : (n) (انتظامیہ) معاون خاکہ انداز (فن تعمیر) ۔

Architectural remains : (n) (تاریخ) فن تعمیر کے آثار ؛ باقیات فن تعمیر ۔

Architecturalist : (n) فن تعمیر کا پیشہ ور / مبصر ۔

Architecturalization : (n) تعمیر کی غرض سے کام نکالنے والا ۔

Architecturalize : (v) تعمیری اغراض یا نقشے سے منطبق کرنے والا ۔

Architecturally : (adv) فن تعمیر کی رو سے ۔

Architecture : (n) [L."architecture",f."architectus"] (۱) علم تعمیر ؛ فن عمارت سازی کا کام ۔ (۲) عمارت ' تعمیر جو بنائی جائے ۔(۳) طرز تعمیر ؛ طرزعمارت ۔(٤) تعمیر ؛ عمارت سازی ' عمارت بنانا ؛ (طبیعیات) فنکاری تعمیر ؛ فن تعمیر ؛ علم تعمیر ؛ (تاریخ و سیاسیات) فن تعمیر ۔

Monumental architecture : (تاریخ) یادگاری تعمیر ۔

Architecture : (v) معمار کی حیثیت سے نقشہ بنانا ۔

Architrave : (n) [ARCHI-+trave :-L."trabem"] (۱) سرپتر ؛ سر ستون ؛ (تاریخ و سیاسیات) سر غول ۔ (۲) دروازے یا دریچے کے آس پاس کے حصے ۔ (۳) محراب کے بیرونی نقش و نگار ؛ وہ نقش و نگار جو کمانوں کی بیرونی جانب ہوتے ہیں ۔

Architraved : (a) نقش و نگار سے آراستہ : سرغول سے بنا ہوا ۔

Architypographer : (n) طابع اعلیٰ ' دفتر طباعت کا نگراں ۔

Archival : (a) محافظ خانہ کا ؛ دفتر خانہ کا ۔

Archival holdings : (n) (تاریخ) محافظ خانہ کا اثاثہ ۔

Archive : (n) [L."archium","archivum"] (۱) محافظ خانہ ؛ دفتر خانہ ؛ جہاں سرکاری کاغذات رکھے جاتے ہیں ۔(۲) پرانے کاغذات ؛ قدیم تاریخی دستاویزیں ؛ (تاریخ) محافظ خانہ ۔

Archive series : (n) (تاریخ) دستاویزوں کا سلسلہ ؛ سلسلہ' دستاویزات ۔

Archivist : (n) مہتمم محافظ خانہ ؛ محافظ دفتر ؛ پرانے دفتروں کا ناظم ۔

Archivolt : (n) [L."arcus"+"volta"] (۱) محراب کی اندرونی قوس (یا خم) جو دونوں داسوں کے درمیان ہو ۔(۲) اندرونی قوس کے نقش و نگار ۔

Archlet : (n) ایک چھوٹی کمان ؛ کمانچہ ۔

Archlintol : (n) (تاریخ) محرابی سردل ۔

Archlintol bracket : (تاریخ) آرچلن ٹول بریکٹ ۔

Archlute : (n) [Fr."archiluth"] ایک لمبی بڑی رباب ۔

Archly : (adv) شوخی سے ؛ شیطانی سے شرارت سے ۔

Archness : (n) شوخی ؛ شرارت ؛ شیطنت ۔

Archology : (n) [Gr."arche"+-(o)LOGY] (۱) اشیاء کے مبداء کے متعلق عقیدہ ؛ نظریہ اولیات ۔ (۲) حکمرانی کا علم ؛ اصول حکومت ؛ علم حکومت ۔

Archon : (n) [Gr."archon"] (۱) آرکن ؛ ایتھنس کے نو مجسٹریٹوں میں سے ایک ؛ (تاریخ و سیاسیات) آرکن ۔ (۲) حاکم ؛ حکمراں ؛ صدر ۔ (۳) خدا سے نیچے درجہ کی طاقت جس کے بارے میں عارفوں کا عقیدہ ہے کہ اس نے دنیا بنائی ۔

Archon aponymos : (تاریخ) ارکان پانی موس ۔

Archon Basi Leus : (تاریخ) ارکن بسی لی اس ۔

Archon Polemarchos : (تاریخ) آرکن پولی مارکوس ۔

Archonship / Archontate : (n) آرکن کا عہدہ ؛ مدت حکومت ۔

Archontic : (a) آرکن سے متعلق ؛ ان عارفوں میں سے ایک جن کا عقیدہ تھا کہ دنیا کو آرکنتی نےتخلیق کیا ۔

Archpriest : (n) [L."arch+preslyter"] پادری ؛ نائب اسقف جو گرجا کا مہتمم بھی ہوتا ہے ؛ مہا پروھت ؛ ایک دیہات کے گرجے کا مہتمم ؛ (تاریخ و سیاسیات) صدر پادری ۔

Archway / Arch-ways : (n) محرابی راستہ ؛ کمانچہ ؛ چھتا ؛ محراب دار راستہ ؛ محراب دار مدخل ؛ (تاریخ، سیاسیات و تعمیرات) محرابی دروازہ ۔

Archwise : (adv) محراب کی طرح ؛ کمان کی طرح ۔

Arciform : (a) [L."arcus"+-FORM] کمان کی طرح خم ؛ کمان کی شکل کا ؛ محراب شکل ۔

Arcograph : (n) [L."arcus"+ -GRAPH] قوس ساز ؛ ایک آلہ جس سے مرکزی نقطہ کو استعمال کئے بغیر دائرہ کا قوس بناتے ہیں ؛ محراب نگار ۔

Arctation : (n) [L."arctare"] باہم نزدیک آنے کا عمل ؛ انقباض ۔

Arctic : (a) [Gr."arcticos"] قطب شمالی کا ؛ شمالی ؛ اتر کا ؛ (مجازاً) سرد ۔

Arctic circle : (n) دائرہ قطب شمالی، ۲°/۱ ۶۶/۳۲ دقیقہ (شمالی) کا متوازی خط جو شمالی منطقہ سرد شمالی کو جدا کرتا ہے ۔

Arctic Mongol : (n) (تاریخ و سیاسیات) آرکٹک منگول ۔

Arctic pole : (n) قطب شمالی ۔

Arctitude : (n) [L."arctitudo",f."ar(c)tus"] تنگی ۔

Arctogaeal : (a) [mod.L."Arctog"+-AL] زمین کے قطب شمالی علاقہ سے متعلق ۔

Arcual : (a) کمانی ؛ قوسی ۔

Arcuate : (a) [L."arcuatus","arcuare",f."arcus"] (۱) کمان کی طرح جھکا ہوا ؛ کمان نما ؛ کمانی ؛ قوسی ۔ (۲) قوس دار ؛ کمان دار ؛ محراب دار ؛ محرابی ۔

Arcuated : (a) کمانی ؛ قوسی ؛ محراب دار ۔

Arcuately : (adv) قوسی یا محرابی طرز سے ۔

Arcuation : (n) [late L."arcuationem"] (۱) محراب کی طرح کج ہونا ۔ (۲) عمارت سازی میں محراب استعمال کرنا ؛ محرابی کام ؛ محرابی عمارت ؛ سلسلہ محرابی ۔

Arcubalist : (n) دیکھو Arbalest

Arcubalister : (n) دیکھو Arbalest

Ard : (n) (تاریخ، سیاسیات و اثریات) کدالی ۔

Crook ard : مڑی ہوئی کدال ۔

Spade ard : بیلچہ نما کدال ۔

-ard : لاحقہ ؛ اسم فاعل بنانے میں کام آتا ہے خاص کر تحقیری اسماء جیسے Bastard ، Drunkard وغیرہ ۔

Ardeb : (n) [Arab] خشک چیزوں کو ناپنے کا ایک مصری پیمانہ ۔

Ardency : (n) [See next] گرمی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ تندی ؛ مستعدی ۔

Ardent : (a)[ME."ardaunt",a.L."ardentum","ardere"] (۱) گرم ؛ جلتا ھوا ؛ سرخ انگارا ؛ آتشیں ۔ (۲) تپانے والا ؛ شعلہ خیز ؛ سوزاں ۔ (۳) مستعد ؛ پُر جوش ؛ پُر شوق ؛ سرگرم ۔ (٤) تند ؛ پُر جوش ؛ جوش انگیز ؛ جوشیلا ۔

Ardent of spirit : الکحلی شرابیں ۔

Ardently : (adv) سرگرمی سے ؛ جوش سے ؛ مستعدانہ ۔

Ardour / Ardor : (n) [OF."ardour",L."ardorem",f."ardere"] (۱) شدت کی گرمی ؛ تیز گرمی ؛ شعلہ ۔ (۲) گرمی جذبات ؛ گرمیٔ شوق ؛ گرم جوشی ؛ پُر جوش جذبہ ؛ لگن ؛ دھن ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ جوش ؛ حمیت ؛ غیرت ۔

Arduous : (a) [L."arduus"+ - OUS] (۱) ڈھلوان ؛ ڈھالو ۔ (۲) کٹھن ؛ دشوار ؛ سخت ؛ محنت طلب ؛ صعب الصعود ؛ سراشیب ۔ (۳) جوشیلا ؛ محنتی ؛ جان فشانی ؛ تندہی سے کام کرنے والا ؛ محنت شاقہ اٹھانے والا ؛ جفا کش ؛ زحمت کش ؛ تندہ ۔

Arduously : (adv) سختی سے ؛ دشواری سے ؛ محنت و سرگرمی سے ۔

Arduousness : (n) تندہی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ سختی ؛ کٹھن پنا ؛ صعوبت ۔

Are : (n) [Fr.] فرانسیسی مربع پیمانے کی میٹری اکائی ؛ ایسا مربع جس کا ایک ضلع دس میٹر کا یعنی ۱۱۹.٦ مربع گز ھو ۔

Are : ھوں ؛ ھیں ۔

Area : (n) [L.] (۱) اراضی ؛ زمین ؛ مساحت ۔ (۲) مسطح میدان ؛ ھموار زمین ۔ (۳) نشیبی صحن کا حصہ ؛ گھرا ھوا (آنگن) ۔ (٤) رقبہ ؛ (ریاضی، طبیعیات، سماجیات) علاقہ ؛ رقبہ ؛ حلقہ ۔ (٥) کسی نامیاتی شے کی سطح کا ایک محدود حصہ ۔ (٦) گنجائش ؛ وسعت ۔ (۷) گنجی ؛ چندیا ؛ (انتظامیہ) رقبہ ؛ علاقہ ؛ زمین ۔

Age area : (تاریخ و اثریات) رقبہ دور ۔

Culture area : (سماجیات) ثقافتی علاقہ ۔

Excavation area : (تاریخ و اثریات) کھدائی کا علاقہ ۔

Habitation area : (تاریخ) رھائشی علاقہ ۔

Interest area : (سماجیات) حلقۂ افادیت ۔

Lateral area : (طبیعیات) رقبہ بغلی ؛ (ریاضی) جانبی رقبہ ۔

Area commander : (n) (انتظامیہ) ایریا کمانڈر ۔

Area of attention : (تجارت) جائے توجہ ۔

Area of concentration : (تجارت) جائے مرکوز ۔

Area of conflict : (تاریخ و سیاسیات) دائرۂ اختلاف ؛ دائرۂ نزاع ۔

Area of isolation : (تاریخ و سیاسیات) علاحدگی کا علاقہ ۔

Area of management : (تجارت) دائرۂ انتظام ۔

Area of peace : (تاریخ و سیاسیات) دار الامن ؛ دائرۂ امن ؛ امن کا علاقہ ۔

Area of sympathy : (سماجیات) حلقۂ ھم دردی ۔

Area sampling method : (سماجیات) حلقہ طریقہ ؛ نمونہ سازی ۔

Area sneak : (n) وہ چور جو باورچی خانہ میں صحن کے دروازہ سے داخل ھو جائے ۔

Area statistics : (n) (طبیعیات) رقبہ شماریات ۔

Area study : (n) (سماجیات) علاقائی مطالعہ ۔

Areal : (a) [L."arealis"] رقبہ سے متعلق یا رقبہ کی طرح یا رقبہ کا ؛ (طبیعیات) رقبی ۔

Areal acceleration : (n) (طبیعیات) رقبئی شرح رفتار ۔

Areal coordinates : (n) (طبیعیات) رقبئی سمتی قدریں ۔

Areal graph : (n) (طبیعیات) رقبئی گراف ۔

Areal linguistics : (n) =(Linguistic geography) (لسانیات) جغرافیائی لسانیات ۔

Areal prospecting : (n) (طبیعیات) رقبئی ذخیرہ انداز ۔

Areal sampling : (n) (طبیعیات) رقبہ کا نمونہ لینا ۔

Areality : (n) رقبہ کے بہ نسبت حالت ۔

Arear : (adv) عقب میں ۔

Areca : (n) [Tamil.] کھجوروں کی ایک قسم ؛ چھالیوں یا کسیلی کا درخت ۔

Areca nut : (n) فوفل چھالیا ؛ سپاری ؛ کسیلی ۔

Areek : (adv) غبار آلود ؛ بو دیتے ہوئے ؛ بد بو دار ۔

Arena : (n) [L."harena"] (۱) اکھاڑہ ؛ میدان ؛ دنگل ۔ (۲) (مجازاً) عرصہ کارزار ؛ میدان کارزار ؛ میدان عمل ؛ پیکار گاہ ؛ میدان معرکہ ۔ (۳) (طب) پیشاب سے ریت اور سنگریزے کا تہ نشین ہونا ۔

Arena theatre : (n) ایک تھیٹر جس میں اسٹیج بیچ میں ہوتا ہے اور لوگ اس کے چاروں طرف بیٹھتے ہیں ۔

Arenaceo- : جزو ترکیبی بمعنی " ریتیلی مٹی کا سا" ۔

Arenaceous : (a) [L."arenacens"] (۱) ریت کا سا ؛ ریگ آسا ۔ (۲) ریتیلا ؛ ریگستانی ؛ شن دار ؛ شنز دار ؛ ریگ زار ۔

Arenaria : (n) ایک چھوٹی جھاڑی کی جنس ۔

Arendalite : (n) دیکھو Epidote ؛ بہت سی بلوری چٹانوں میں پائی جانے والی ایک معدنی شے جو زیادہ تر چونا اور لوہے کے سلیکیٹ سے بنی ہوتی ہے ۔

Arenicolite : (n) [L."arenicola",f."arena+cola"+-ITE] کیڑوں سے بنا ہوا سوراخ جو ابتدائی طور پر ریت میں ہوتا ہے اور بعد میں ریتلے پتھر میں محفوظ ہو جاتا ہے ۔

Arenicolous : (a) ریت میں رہنے والا ؛ ریت کا ؛ ریگ نمو ؛ ریگ باش ۔

Arinilitic : (a) [F."arenilite"+IC] ریتیلا پتھر کا یا اس سے متعلق ۔

Arenose : (a) [L."arinosus"] ریتیلا ؛ ریت کا ؛ ریت بھرا ؛ جس میں ریت ملی ہو ۔

Areo- : جزو ترکیبی بمعنی " مریخ کا " ۔

Areocontric : (a) جس کا مرکز مریخ ہو ۔

Areographer : (n) شرح مریخ کرنے والا ۔

Areographic : (a) شرح مریخ کا یا اس سے متعلق ۔

Areography : (n) شرح مریخ ؛ مریخ کے طبعی ہیئت کی شرح ؛ (لسانیات) علاقہ نگاری ۔

Areola : (n) [L."dim.of area"] (۱) بہت ذرا سی جگہ ؛ تل برابر جگہ ؛ قطعہ ۔ (۲) وہ جگہ جو نسیجوں کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۳) ہالہ ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گول جگہ ؛ (جیسی بھٹنی کے گرد ہوتی ہے) ۔ (٤) (حیاتیات) درختوں، خلیوں کا مرکز ؛ کسی سطح پر قدرے دبی ہوئی جگہ ، حفرہ ، خانہ ۔

Areolar : (a) حلقہ دار ؛ خلوی ؛ قطعہ دار ؛ کثیر الاقطاع ؛ اقطاعی ؛ خانہ خانہ ۔

Areolar tissue : (n) ان ریشہ دار اور کشدار نسیجوں کا مخلوط جو چمڑے کے نیچے ہوتا ہے ؛ خلوی بافت ۔

Areolate : (a) حلقہ دار ؛ خلوی ؛ قطعہ دار ؛ کثیر الاقطاع ۔

Areolated : (a) دیکھو Areolate

Areolation : (n) خلویت ؛ انفراج ؛ اقطاعیت ۔

Areolet : (n) چھوٹا حلقہ ؛ چھوٹا خلیہ ؛ چھوٹا ہالہ ۔

Areology : (n) [areo+logy] مریخ کے مادوں / حقیقتوں کی سائنسی تحقیقات ؛ مریخات ؛ علم مریخ ۔

Areopagite : (n) [Gr."ariopagites"] رکن عدالت فوج داری Areopagus کی عدالت کا رکن ۔

Areopagitic : (a) [L.] (۱) Areopagus یا اس کی عدالت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ایک تقریر جو Areopagus کی عدالت میں Isocrate کے خطاب کی نقل / طرح ہوتی ہے ۔

Areopagitical : (a) Areopagus کی عدالت میں تقریر سے متعلق یا تقریر کا ۔

Areopagus : (n) [Gr."Arios pagos"] ایتھنس کی ایک پہاڑی جس پر اعلیٰ عدالت فوجداری کا اجلاس ہوتا تھا ؛ ایتھنس کی مذکورہ عدالت ؛ کوئی اعلیٰ ترین عدالت فوج داری ۔

Areopagy : (n) خفیہ عدالت فوج داری۔

Aretaics : (n) [Gr."arete"] علم محسنات : علم حسن اخلاق ۔

Arete : (n) [L."arista"] کگر : پہاڑ کا بہت ڈھلوان کنارہ : مکرمت (فلسفہ) ۔

Arfvedsonite : (n) [f.Arfwedson (a man's name)+-ITE] ایک زنگاری قسم کا معدنی پتھر جو سیاہ بلور کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Argal : (conj.adv) (۱) لاطینی لفظ 'ergo' کی بگڑی ہوئی شکل بمعنی 'therefore' یا اس لئے ۔ (۲) بھدے قسم کا استدلال ۔

Argala : (n) [Hindi] ہر گلہ : سارس : ایک قسم کا آبی پرندہ (Better argeolah) ۔

Argali : (n) [Mongal ایشیائی جنگلی یا پہاڑی بھیڑ : ارغالی ۔

Argan : (n) [Arab] ایک سدا بہار درخت جو مراقش میں پایا جاتا ہے اور جس کے بیجے سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Argand : (n) (۱) ارگنڈی لیمپ : ریمے آرگنڈ کا ایجاد کردہ ایک لیمپ جس کی بتی استوانے کی طرح ہوتی ہے ۔

Argand diagram : (n) (ریاضی) آرگنڈ کی شکل ۔

Argaric burial jar : (تاریخ و اثریات) آرگری کا تابوتی مرتبان ۔

Argema / Argemon : (n)[Gr."argema","mon"] قرینہ کے حاشیہ پر ایک چھوٹا داغ یا زخم ۔

Argent : (n) [L."argentum"] (۱) سیم : چاندی : نقرہ ۔ (۲) روپہلا : نقرئی : سیمیں : سفیدی ۔ (۳) نشانہائے خاندانی کا حصہ سیمیں ۔

Spume of argent : مردار سنگ سیمیں ۔

Argental : (a) چاندی کا : نقرئی : سیمیں : سفید ۔

Argentan : (n) [L."argentum"] نکل : تانبے اور جستہ کی ایک فلز مرکب : جرمن سلور ۔

Argentate : (n) [L."argentum"+-ATE] (۱) وہ نمک جس میں چاندی اساسی تیزاب کا کام کرتی ہے؛ (کیمیا) ارجنٹیٹ ۔ (۲) Argentic oxide اور کسی ترشہ کا مرکب جیسے Argentate of Ammonia ۔

Argentate : (a) [L."argentatus"] نقرئی : سیمیں : چاندی کا : یا چمکدار سفید ہلکے بھورے پن کے ساتھ ۔

Argenteous : (a) چاندی کا : سیمیں ' نقرئی ۔

Argenteum : (n) [L."argenteus"] (کیمیا) ارجنٹم ' چاندی پرت ۔

Argentic : (a) [L."argenum"+-IC] وہ شے جس کی کیمیاوی ترکیب میں چاندی پائی جائے : نقرئی کیمیاوی مرکب ' (کیمیا) آرجنٹیک ۔

Argentiferous : (a) (کیمیا) چاندی بردار : چاندی بھرا : نقرہ دار : جس سے چاندی نکلتی ہو ' سیم ور : سیم آور ۔

Argentific : (a) چاندی پیدا کرنے والا ۔

Argentify : (v) چاندی میں تبدیل کرنا ۔

Argentine : (a & n) [L."argentinus"] (۱) نقرئی : چاندی کا ' (کیمیا) آرجن ٹائن ۔ (۲) نقرئی : روپہلا ' چاندی کا سا : سیمیں ۔ (۳) مصنوعی یا نقلی چاندی ۔ (٤) نقرئی کھپر سے ۔ (٥) مچھلی کے گول نقرئی رنگ کے چھلکے : روپہلے چھلکے : فلز ۔ (٦) (معدنیات) سلیٹ مٹی : چمک دار مٹی جس سے سلیٹ بنتی ہے ۔ (۷) ایک قسم کی مچھلی جس کےنقرئی چھلکے ہوتے ہیں ۔

Argentite : (n) [L."argentum"+-ITE] (معدنیات) ایک قسم کی معدنی شے : سیاہی مائل جستہ کی طرح ' بھورا چاندی کا سلفائڈ (Sulphide) ۔

Argentometer : (n) کسی محلول میں چاندی کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ ۔

Argentous : (a) [L."argentus"+-ous] نقرئی کیمیاوی مرکب (جس میں چاندی کی مقدار Argentic مرکب میں پائی جانے والی چاندی کی مقدار سے دوگنا ہوتی ہے) ۔

Argil : (n) [L."argilla"] چکنی مٹی : برتن بنانے کی مٹی : صلصال ۔

Argillaceous : (a) [L."argillaceus"+-ous] صلصالی : گلی

Argilliferous : (a) [L."argilla"+-(i)-FEROUS] خاک دار ۔

Argillite : (n) (۱) مٹی کی سلیٹ ۔ (۲) مٹی کی پرت دار چٹان ۔

Argillitic : (a) مٹی کی پرت دار چٹان کا ؛ مٹی کی سلیٹ کا ۔

Argillo- : جزو ترکیبی بمعنی " مٹی کا " ؛ خاکی ۔

Argillo-calcareous : (a) مٹی ملا ہوا ؛ چونا کا سا ۔

Argillo-calcite : (a & n) مٹی کا سا چونا ۔

Argol : (n) شراب کی تلچھٹ جو پیپوں کے کناروں پر جم کر سخت ہو جاتی ہے ؛ (کیمیا) آرگول، خام Bitartrate of Potass جو صاف کرنے پر cream of tartar بن جاتا ہے ۔

Argol /-al : (n) [Mongol] گائے، اونٹ یا بھیڑ کا سوکھا گوبر جو تاتار میں ایندھن کے کام آتا تھا ؛ اُپلا ؛ گوئٹھا ۔

Argon : (n) [Gr."argos"] ایک عاطل گیس جو ہوا کی ترکیب میں بہت قلیل مقدار میں داخل ہے ؛ (کیمیا) آرگان ۔

Argonaut : (n) [Gr."argonautes"] (۱) ان افسانوی سورماؤں میں سے کوئی ایک جو یونانی قصہ کے ہیرو یاسون کے ساتھ سنہری اون کی تلاش میں نکلے تھے ؛ نیز (جمع میں) وہ تمام سورما۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا ۔

Argonautic : (a) یونانی افسانوی سورماؤں کا یا ان سے متعلق ؛ (اسم) ان سورماؤں میں سے ایک ؛ کوئی نظم جو ان کے بارے میں ہو ؛ ایک رزمیہ نظم ان سورماؤں کے بارے میں ۔

Argosy : (n) [It."Ragusea"] (۱) (تاریخ) بڑا تجارتی جہاز ؛ خاص کر گوسا اور وینس کا ۔ (۲) (شعر) جہاز ؛ مہم ۔

Argot : (n) [Fr.] کسی خاص طبقے کے لوگوں کی بولی ؛ زبان/لہجہ (خاص کر چوروں کی بولی) ؛ (لسانیات) چور زبان ۔

Argotic : (a) چور زبان / بولی کا یا اس سے متعلق ۔

Arguable : (a) قابل استدلال ؛ قابل بحث ۔

Argue : (v) [L."argutare"] (۱) ثابت کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ دلالت کرنا ۔ (۲) دعویٰ کرنا ؛ دلیل لانا ؛ بحث کرنا ؛ استدلال کرنا ۔ (۳) حجت کرنا ؛ دلیل لانا ۔ (٤) بحثنا ؛ الجھنا ؛ کٹھ حجتی کرنا ۔

Argue off / away : (v) بحث / دلیل کے ذریعہ نجات پانا ؛ چھٹکارا پانا ؛ بحث میں اڑا دینا ؛ حجت سے توڑ دینا ۔

Argue into / out of : (v) کسی کام کے لئے آمادہ کرنا یا روکنا استدلال کے ذریعہ ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریص دینا ۔

Arguer : (n) مباحث ؛ بحث کرنے والا ؛ دلیل پیش کرنے والا ۔

Arguing : (n) بحث ؛ دلیل ؛ مباحثہ ۔

Argument : (n) [L."argumentum"] (۱) بحث ؛ دلیل ؛ حجت ؛ دعوا ؛ وجہ ؛ موجہ ؛ اثبات ؛ (انتظامیہ) بحث و دلیل ۔ (۲) (منطق) قیاس کی حد اوسط ؛ برھان ؛ (لسانیات) دلیل ؛ (فلسفہ و نفسیات) استدلال ؛ دلیل ۔ (۳) قوت استدلال ؛ عمل استدلال ۔ (٤) بحث مباحثہ ؛ مناظرہ ۔ (٥) خلاصہ ؛ حاصل ؛ تلخیص (کسی کتاب کے موضوع کی) ؛ (مجازاً) مضمون ؛ مندرجات ۔ (٦) (فلکیات، ریاضی) وہ زاویہ قوس وغیرہ جس پر دوسری مقدار کا حساب منحصر ہوتا ہے ؛ (ریاضی) سمت ۔

A contingentia mundi argument : (فلسفہ و نفسیات) دلیل برائے حدوث کائنات ۔

Ad-hoc argument : (فلسفہ و نفسیات) چلتی ہوئی دلیل ۔

Anselmien argument : (فلسفہ و نفسیات) باز گرد دلیل ۔

Cosmological argument : (فلسفہ و نفسیات) کائناتی دلیل ۔

First cause argument : (فلسفہ و نفسیات) دلیل علت اولی ۔

Moral argument : (فلسفہ و نفسیات) اخلاقی دلیل ۔

Ontological argument : (فلسفہ و نفسیات) وجودیاتی دلیل ۔

Physico-theological argument : (فلسفہ و نفسیات) طبعی دینیاتی دلیل ؛ غایتی دلیل ۔

Probable argument : (فلسفہ و نفسیات) احتمالی دلیل ۔

Argument of silentio : (of reference to a thing)
(تاریخ و سیاسیات) دلیل خاموش ۔

Argumentation : (n) [L."argumentationem"] استدلال : بحث ؛ مناظرہ ؛ مباحثہ ؛ مکالمہ ؛ باقاعدہ بحث ؛ چون و چرا ۔

Argumentative : (a) [L."argrmentat-","argumentari"]
(۱) استدلالی : منطقی ؛ مدلل ۔ (۲) بحثنے کا شوقین ؛ حجتی : منطقی ؛ منطق چھانٹنے والا ؛ جدلی ۔

Argumentatively : (adv) مدلل طریقہ پر ؛ منطقی طریقہ پر ؛ با دلیل ۔

Argumentativeness : (n) حجتی پن : منطقی پن ؛ بحث کا شوق ۔

Argumentum : (n) [L.] دیکھو Argument

Argumentum adbaculum : (n) (فلسفہ و نفسیات) تہدیدی دلیل ۔

Argumentum afortiori : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے قیاس ؛ حجت بطریق اولی ۔

Argumentum ex-concesso : (n) (فلسفہ و نفسیات) استنباطی دلیل ۔

Argumentum hominem : (n) (فلسفہ و نفسیات) الزامی دلیل ؛ دلیل لا حاصل ۔

Argumentum ignorantiam : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے جہل تخاطب : حجت علی الجہل ۔

Argumentum judicum : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے فہم عامہ ۔

Argumentum misericopdian : (n) (فلسفہ و نفسیات) دلیل رحم طلبی ۔

Argumentum populum : (n) (فلسفہ و نفسیات) جذباتی دلیل ۔

Argumentum rem : (n) (فلسفہ و نفسیات) بر محل دلیل ۔

Argumentum vericundiam : (فلسفہ و نفسیات) دلیل بر بنائے عقیدت ؛ عقیدتی دلیل ۔

Arguria : (n) چاندی کا زہر ۔

Argus : (n) [Gr."argos"] (۱) (قصہ کہانیوں میں) وہ دیو جس کو سو آنکھیں تھیں ؛ صد چشم ۔ (۲) چوکس : چوکنا (نگہبان) ۔ (۳) تیتر : درّاج ۔ (٤) ایک قسم کی تتلی ۔

Argus eyed : (a) چوکس : چوکنا ؛ انکھیں کھلی رکھنے والا ؛ تیز نظر ۔

Argus shell : (n) چتی دار کوڑی ۔

Argus snake : (n) ایک قسم کا سانپ جس کے بدن پر لال چتی ہوتی ہے ۔

Argute : (a) [L."argutus"] (۱) باریک اور تیز آواز ؛ سخت ، کرخت، تیز (آوازوں کے متعلق) ۔ (۲) تیزنظر ؛ تیز ؛ چالاک ؛ عیار ؛ چلتا پرزہ ؛ کائیاں ۔

Argutely : (adv) تیزی سے ؛ چالاکی سے ؛ عیاری سے ۔

Arguteness : (n) تیز نظری ؛ عیاری ؛ چالاکی ؛ تیزی ؛ کائیاں پن ۔

Argyll : (n) [f. proper name] ایک چھوٹا فلزی برتن جو کافی دان / قہوہ جوش کی طرح ہوتا ہے اور جس میں آب گوشت کو گرم رکھ کر پیش خدمت کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Argyr-/ Argyro- : جزو ترکیبی بمعنی چاندی ، نقرہ ، سیم ۔

Argyranthemous : (a) نقرئی سفید پھولوں والا ؛ سیم گلا ۔

Argyranthous : (n) دیکھو Argyranthemous

Argyraspid : [L."argyraspides",Gr."argyraspides"] (جمع میں) سکندر کی فوج کا ایک دستہ جس کی سپر پر چاندی کا پانی چڑھایا ہوا تھا ۔

Argyric : (a) (argentic) چاندی کی / کا یا چاندی کی طرح ۔

Argyrite : (n) دیکھو Argentite

Argyrocephalous : (a) چمکیلا سفید سر والا ۔

Argyrophyllous : (a) سیم برگہ ؛ نقرئی رنگ کی پتیاں رکھنے والا ۔

Argyrose : (n) دیکھو Argentite

Aria : (n) [It.] (۱) (موسیقی) ہوا ؛ آہنگ ؛ نوا ؛ نغمہ ؛ لے ؛ روپیرا میں ایک آدمی کا ساز کے ساتھ گایا ہوا استادانہ گانا / گیت ۔

Arian : (a & n) [L."arianus",Gr.proper name] أریوسی ' اسکندریہ کے اریوس کا پیرو جو اس مسئلے کا منکر ھے کہ عشائے ربانی میں حضرت عیسی علیہ السلام شراب اور روٹی کے ساتھ خود بھی جسماً موجود ھوتے ھیں : حضرت عیسیٰ کی الوھیت کا منکر ۔

-arian : ایك لاحقہ جو صفات بنانے کے کام آتا ھے مثلاً humanitarian

Arianism : (n) اریوسیت : حضرت عیسی کی الوھیت کا منکرانہ اعتقاد : اریوسی پن ۔

Arianize : (v) اریوسی ھونا یا بنانا : اریوس کا پیرو ھونا : اریوس کا معتقد ھونا ۔

Arianizer : (n) اریوسی اعتقاد کا پرچار کرنے والا ۔

Aricine : (a) [Arica in Peru+ - INE] قلوی قلیا : القلی نما ۔

Arid : (a) [L."aridus"] (۱) خشك : سوکھا : بے رطوبت : یابس ' تپتا ھوا : سوختہ ۔ (۲) (زمین کے متعلق) بنجر : ویران : خشك : خالی : بے برگ و گیاہ ۔ (۳) (مجازاً) غیر دلچسپ : خشك ۔

Aridity : (n) [L."ariditas"] (۱) خشکی ' بنجر پن : سوختگی : سوکھا پن ۔ (۲) (مجازاً) دلبستگی کی کمی : (مذھباً) شفقت اور رسم تدین کی کمی : یبوست ۔

Aridly : (adv) خشك طور پر : بغیر دل چسپی کے ۔

Aridness : (n) خشکی : بنجر پن : سوختگی : سوکھا پن ۔

Ariel : (n) [Arab.] ایك قسم کا غزال جو مشرقی ایشیا اور افریقہ میں پایا جاتا ھے ۔

Aries : (n) [L.] برج حمل : بارہ برجوں میں سے پہلا برج : برہ : میکھ ۔

Arietta / Ariette : (n) [It.dim.of ARIA] ایك چھوٹا نغمہ / لے / نوا ۔

Aright : (a) [A prep.+ OE."right"] درست : ٹھیك : صحیح : درستی کے ساتھ : ٹھیك ٹھیك : صحت سے : صحیح طور پر ۔

Arightly : (adv) صحیح طور پر : درستی سے ۔

Aril : (n) [mod.L."arillus",med.L."arilli",Sp."arillos"] بعض تخموں کی خارجی پوشش (چھلکا) : قشرك : زائد قشر ۔

Ariose : (a) [It."arioso"] (موسیقی) پُر نغمہ ' خوش آھنگ : گانے جیسا ۔

Arioso : (a) [It.] (موسیقی) پر نغمہ : خوش آھنگ ۔

Ariot : (a) [A+RIOT] عیاشی میں : بد چلنی میں : دنگا فساد میں : بلوا میں : ھنگامہ میں ۔

-arious : ایك لاحقہ جس سے مرکب صفت بناتے ھیں ۔

Aripple : (a) [A+RIPPLE] ھلکی لہریں : ھلکورہ میں : ھلکی آواز میں ' لہر دار آواز میں ۔

Arise : (v) [A. pref.+ RISE] (۱) (متروك) اٹھنا : اٹھ کھڑا ھونا ۔ (۲) (شعر میں) پھر زندہ ھونا : از سر نو زندہ ھونا : قبر سے باھر نکلنا : محشور ھونا ۔ (۳) (متروك) مسموع ھونا : سنائی دینا ۔ (٤) ابتدا ھونا : پیدا ھونا : نکلنا ۔ (٥) پیدا ھونا : تولد ھونا ۔ (٦) توجہ یا نظر میں آنا : سامنے آنا ۔ (۷) منتج ھونا ' پیدا ھونا : نکلنا (بطور نتیجے کے کسی چیز سے) ۔ (۸) ظھور میں آنا ۔ (۹) مظاھرہ کرنا ۔ (۱۰) اوپر اٹھنا : چڑھنا : اوپر چڑھنا ۔

Arista : (n) [L.] (نباتیات) ریشہ : بال : (حیوانیات) ریشك ۔

Aristarch : (n) [Gr."aristarchos"] سخت گیر ' نقاد ۔

Aristarchian : (a) سخت گیر : تنقیدی ۔

Aristate : (a) بال دار : ریش دار : ریشہ دار : خار دار ۔

Aristo- : [Gr."aristos"] جزو ترکیبی بمعنی 'بہترین' ۔

Aristocracy : (n) [L."aristocratia".a.Gr."aristos-kratia"] (۱) اشرفیہ یعنی بہترین افراد کی حکومت : اشراف شاھی ۔ (۲) خواصیہ : چند خواص کی حکومت ۔ (۳) وہ مملکت جس پرایسی حکومت ھو ۔ (٤) طبقہ اُمرا جس سے ارکان حکومت کا تعلق ھو : نخبا : اُمرا ۔ (٥) اعلا ترین افراد (باعتبار عقل و ذھانت) ۔ (٦) (تاریخ و سیاسیات) اشرافیہ ۔

Aristocrat : (n) [Fr."aristocrate",f."aristocratie",-ique.] (۱) عمدہ : اشراف : رکن خواصیہ ۔ (۲) طبقہ اُمرا کا رکن ۔ (۳) (تاریخ و سیاسیات) رکن اشرافیہ : رئیس : اشرافی ۔

Aristocratic : (a) [Fr."aristocratique"] (۱) اشرافی : متعلق اشراف یا اشرافیہ ۔ (۲) شان دار : طمطراق کا : امیرانہ : شاہانہ ۔

Aristocratical : (a) شاہانہ ' امیرانہ ۔

Aristocratically : (adv) شاہانہ طور پر ' امیرانہ طور پر ۔

Aristocraticalness : (n) شرافت : امارت ' نجابت ۔

Aristocraticism : (n) شاہانہ / امیرانہ اصول اور رواج کے ساتھ رغبت ۔

Aristocratize : (v) شاہانہ / امیرانہ : اشرافی : اشرافیہ کی حمایت کرنا ۔

Aristolochia : (n) [med.L."aristologia"] : ایک قسم کی جھاڑی : زراوند ۔

Aristological : (a) کھانے کے علم و ہنر یا اس سے متعلق ۔

Aristologist : (n) کھانے کے علم و ہنر کا ماہر ۔

Aristology : (n) [Gr."ariston+-logia"] کھانے کا علم و فن ' طعامیات ' علم الطعام ۔

Aristotelian : (a) [Gr."Aristoteles"+ IAN] (۱) ارسطالیسی ' ارسطوئی ۔ (۲) فلسفہ ارسطو کا پیرو یا ماہر : (فلسفہ و نفسیات) ارسطوئیت : ارسطاطالیت ۔

Aristotelianism : (n) ارسطو کا نظام فلسفہ ۔

Aristotelic : (a) دیکھو Aristotelian

Aristotelism : (n) دیکھو Aristotelianism

Aristotelize : (v) ارسطو کے نظام فلسفہ کی طرف مائل ہونا یا پڑھانا ۔

Aristotle's dictum : (n) (فلسفہ و نفسیات) قول ارسطو ۔

Aristotle's experiment : (n) (فلسفہ و نفسیات) ارسطوئی تجربہ ۔

Aristotle's illusion : (n) التباس ارسطو ۔

Aristulate : (a) [mod.L."aristula"] (نباتیات) چھوٹے ریشے والا ۔

Arithmancy : (n) [Contr.of arithomancy] اعداد کے ذریعہ غیب گوئی : حسابی تفاعل ۔

Arithmantical : (a) اعداد کے ذریعہ غیب گوئی کا ۔

Arithmetic : (n) [Gr."arithmetice"] (۱) علم حساب ' گنت : حساب ۔ (۲) حساب دانی ' گنتی ' شمار ۔ (۳) حساب کی کتاب ۔

Arithmetic geometry : (n) (طبیعیات) گنت جیومیٹری ۔

Arithmetic invariant : (n) (طبیعیات) حسابی غیر متغیرہ ۔

Arithmetic mean : (n) (ریاضی) حسابی اوسط ۔

Arithmetic order : (n) (ریاضی) ترتیب ریاضی ۔

Arithmetical : (a) [Gr.see prec.] حسابی ' علم حساب کا ۔

Arithmetical chart : (n) حسابی خریطہ ۔

Arithmetical geometric serise : (ریاضی) حسابی جیومیٹریکی سلسلہ ۔

Arithmetical mean : (n) حسابی اوسط

Arithmetical operation : (n) (ریاضی) حسابی عمل ۔

Arithmetical process : (n) (ریاضی) حسابی طریقہ ۔

Arithmetical progression : (n) (ریاضی) حسابی تسلسل ۔

Arithmetical progression series : سلسلہ حسابیہ : اعداد کا ایک سلسلہ جس میں مقررہ مقدار سے کمی بیشی ہوتی ہے ۔

Arithmetically : (adv) از روئے حساب ' قاعدہ حساب کے متعلق ' حسابی طور پر ' حساباً ۔

Arithmetician : (n) حسابی ' حساب داں ' عالم بعلم حساب ' علم حساب کا جاننے والا ۔

Arithmo- : جزو ترکیبی بمعنی "عدد" ۔

Arithmocracy : (n) محض عددی اکثریت کی حکومت ۔

Arithmocratic : (a) محض عددی اکثریت کی حکومت ۔

Arithmogram : (n) لفظ ، فقرہ یا اسم کے حروف سے ظاہر کیا ہوا عدد ۔

Arithmography : (n) کسی عدد کو حروف سے بتانا ۔

Arithmological : (a) اعداد کے سائنسی طرز عمل سےمتعلق ۔

Arithmology : (n) اعداد کی کتاب یا ان کا گوشوارہ/بیان ۔

Arithmomancy : (n) اعداد کے ذریعہ غیب گوئی ۔

Arithmometer : (n) حساب پیما ؛ آلہ حساب ؛ گننے کی کل ۔

-arium : اسماء کا لاحقہ خاص کر پرانے الفاظ میں ۔

Ark : (n) [OE."arc"] (۱) صندوق ؛ تابوت ؛ کشتی ؛ جائے پناہ (مجازاً) ۔ (۲) کشتی نوح ۔ (۳) (علم نجوم) سفینہ ۔

Noah's ark : کشتیٔ نوح ۔

To touch or lay hand on the ark : مقدس چیز کی بے حرمتی کرنا ۔

Ark-net : (n) مچھلی کے جال کی ایک قسم ۔

Ark of covenant : تابوت یہودا ؛ لکڑی کا صندوق جس میں وہ تختے ہوتے ہیں جن پر یہودیوں کے قوانین رقم ہوتے ہیں ۔

Ark of testimony : دیکھو Ark of covenant

Ark-shell : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Arkansite : (n) ایک معدنی شے جس میں ٹائیٹینیم ڈائی آکسائڈ (Titanium dioxide) ملی ہوئی ہو ۔

Arkfull : (a) بھر صندوق ؛ بھر کشتی ۔

Arkite : (a) [f.ARK] کشتی نوح کا یا اس سے متعلق ۔

Arkite : (n) کشتی نوح کے مکیں ۔

Arkose : (n) (معدنیات) ایک قسم کا ریتیلا پتھر جس میں Felspar اور Quartz ہوتے ہیں ۔

Arksutite : (n) [f. Arksut in Greenland+-ITE] (معدنیات) چونا، سوڈا اور الومینیا کے سفید شیشہ کا سا مرکب ۔

Arle : (v) [f.ARLES] کسی چیز کے لئے یا کسی کو زر پیشگی دینا ۔

Arles : (n) [L."arrhula"] کسی چیز کے لئے زر پیشگی ۔

Arm : (n) [L."armus"] (۱) بازو ؛ بانہہ ۔ (۲) جانوروں کا ہاتھ ؛ دست ۔ (۳) آستین ؛ بانہہ (کپڑے کی) ۔ (٤) بازو یا ہاتھ جیسی چیز ۔ (٥) (مجازاً) طاقت ؛ قوت ؛ اختیار ؛ (حیوانیات) دست حیوان ؛ (نباتیات) شاخ ؛ ٹہنی ؛ (ارضیات) خلیج ؛ (میکانیات) بازو ۔

A child or infant in arm : گود کا بچہ جو چلنے کے قابل نہ ہو ۔

Arm in arm : ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے ۔

Right arm : دست راست ۔

Secular arm : کسی غیر مذہبی عدالت کی حکومت یا اس کا حق ۔

To give or offer one's arm : سہارا دینا ؛ ٹہلنے میں ہاتھ تھامنا ۔

To keep at arm's length : دور ہی دور رکھنا ؛ پاس نہ پھٹکنے دینا ؛ منہ نہ لگانا ؛ بے تکلف نہ ہونا ؛ الگ تھلگ رہنا ؛ (قانون) امانتی تعلقات کے بغیر –

To work at arm's length : نقصان اٹھا کر کام کرنا ؛ گھاٹے کے ساتھ کام کرنا –

With open arms : صدق دل سے ؛ خلوص سے ؛ سچے دل سے –

Arm : (v) [L. "armare"] (۱) مسلح کرنا یا ہتھیار دینا ؛ اسلحہ فراہم کرنا یا بہم پہنچانا ؛ ہتھیار سےلیس کرنا – (۲) اوزار ؛ آلات یا دوسری ضروریات سے لیس کرنا ؛ آلات وغیرہ بہم پہنچانا ؛ اوزار فراہم کرنا – (۳) ملمع کرنا ؛ قلعی کرنا – (٤) (مقناطیس) روک لگانا – (٥) ہتھیار باندھنا ؛ مسلح کرنا ؛ ہتھیار اٹھانا ؛ ہتھیار سجانا یا لگانا – (٦) مدافعت یا جارحیت کے لئے قدرتی اعضا سے مسلح ہونا ؛ کسی چیز کے لوازمات سے آراستہ ہونا ؛ جنگ کے لئے تیار ہونا –

Arm : (v) مدد دینا ؛ ہاتھ تھامنا ۔

Arm-bone : (n) بازو کی ہڈی ۔

Arm-chair : (n) بازو دار کرسی ؛ دستہ دار کرسی ۔

Arm-coil : (n) جوشن ؛ بازو بند ؛ چھوٹا بازو (ندی وغیرہ کا) ۔

Arm of the sea : سمندر کی شاخ ۔

Arm strong : (n) قوی بازو ۔

Armada : (n) [L."armata"] (۱) جنگی جہازوں کا بیڑا (خاص کر وہ بیڑا جسے ہسپانیہ کے بادشاہ فلپ ثانی نے ۱۵۸۸ء میں انگلستان کے خلاف بھیجا تھا ۔ (۲) اسلحہ ؛ جنگی ہتھیار ' (تاریخ و سیاسیات) ارمیڈا ۔

Armadilla : (n) (۱) جنگی جہازوں کا ایک چھوٹا بیڑا ۔ (۲) ایک چھوٹا جنگی جہاز ۔

Armadillo : (n) [L."armatus","armare"] (۱) جنوبی امریکا کا زمین کے اندر رہنے والا ایک جانور جس کے اوپر ایک ہڈی کا خول سا ہوتا ہے اور جب اسے گرفتار کرتے ہیں تو وہ گول ہو کر گیند کی طرح ہو جاتا ہے ۔ (۲) عرضی قشریوں کی ایک قسم جو مذکورہ بالا خواص رکھتے ہیں ۔

Armageddon : (n) (۱) بین اقوامی جنگ ؛ یوم حساب کا وہ مقام جہاں آخری فیصلہ کن جنگ ہوگی ؛ اعلیٰ پیمانہ پر آخری مقابلہ ۔ (۲) معرکۂ خیر و شر ۔

Armament : (n) [L."armamentum","armare"] (۱) تیار فوج ؛ مسلح فوج (خاص کر بحری) ؛ جنگ کے سامان سے لیس کرنے کی کار روائی ۔ (۲) فوجی سازو سامان خاص کر بڑی توپیں جو جنگی جہازوں پر ہوں ۔ (۳) جنگی تیاری : لڑائی کی تیاریاں ؛ (تاریخ و سیاسیات) اسلحہ بندی ؛ اسلحہ ۔

Competitive armament : (تاریخ و سیاسیات) مسابقتی اسلحہ بندی ۔

Conventional armament : (تاریخ و سیاسیات) روایتی اسلحہ بندی ' روایتی اسلحہ ۔

Directorate of armament : (انتظامیہ) نظامت اسلحہ ۔

Limitation of armament : (تاریخ و سیاسیات) اسلحہ کی حد بندی ۔

Naval armament : (تاریخ و سیاسیات) بحری اسلحہ ۔

Reducion to armament : (تاریخ و سیاسیات) تخفیف اسلحہ ۔

Armament officer : (n) (انتظامیہ) افسر فوجی سازو سامان : افسر اسلحہ ۔

Armature : (n) [L."armatura",f."armat-",armare] (۱) اسلحہ : ہتھیار : زرہ بکتر ۔ (۲) حیوانات یا نباتات کی بالائی پوشش جو حفاظت کے لئے ہوتی ہے ' بچاؤ خول : ذرع ۔ (۳) ناظر مقناطیس ؛ نرم لوہے کے ٹکڑے جو کسی مقناطیس کے قطبین سے ملا کر رکھے جاتے ہیں (محافظ مقناطیس) اور اس کی قوت زیادہ کرتے ہیں (مقناروک) ۔

Armature winder : (n) (انتظامیہ) آرمیچر باندھنے والا ۔

Armed : (a) (۱) مسلح : ہتھیار سے لیس ۔ (۲) وہ منقوش سپر جس میں چنگل اور پنجے متصل جگہ کی بہ نسبت مختلف رنگوں کے ہوں : نقش میں چنگل اور پنجے وغیرہ بنے ہوں ۔

Armed action : (n) (تاریخ و سیاسیات) فوجی کار روائی ۔

Armed attack : (n) (تاریخ و سیاسیات) فوجی حملہ ۔

Armed conflict : (n) (تاریخ و سیاسیات) فوجی تصادم ۔

Armed contest : (n) (تاریخ و سیاسیات) فوجی مقابلہ ۔

Armed demonstration : (n) قوم کی وہ کیفیت جب کہ تظاہرات کے وقت یا غیر جانب داری کے وقت جنگ کے لئے بہر طور مسلح ہو ۔

Armed-forces : (n) (تاریخ و سیاسیات) مسلح افواج ۔

Armed forces' medical core : (n) (انتظامیہ) مسلح افواج کا طبی دستہ ۔

Armed forces' medical series : (n) (انتظامیہ) مسلح افواج ۔

Armed forces officers' mess : (n) (انتظامیہ) طعام خانۂ افسران مسلح افواج ۔

Armed merchantman : (n) (تاریخ و سیاسیات) مسلح بار بر دار جہاز ۔

Armed neutrality : (n) (تاریخ و سیاسیات) مسلح غیر جانب داری ۔

Armed peace : (n) (تاریخ و سیاسیات) مسلح امن ۔

Armed police constable : (n) (انتظامیہ) مسلح پولیس کانسٹبل ۔

Armed ship : (n) (تاریخ و سیاسیات) مسلح جہاز ۔

Armed to the teeth : پورے طور پر مسلح ۔

Armed vessel : (n) دیکھو Armed ship

Armenian : (a) [L."Armenia"] (۱) آرمنی ؛ آرمینیا کا باشندہ ؛ آرمینیا کا ۔ (۲) آرمنی کلیسا کا پیرو ۔

Armenian bole : (n) گل آرمنی ؛ گیرو ۔

Armenian stone : (n) حجر آرمنی ؛ تانبے کا نیلا کاربونیٹ جو پہلے قبض کشا کے طور پر استعمال ہوتا تھا ؛ لاجورد ۔

Armer : (n) مسلح کرنے والا ۔

Armet : (n) [OFr."armette"] ایک گول آہنی خود ۔

Armful : (a) کولی بھر ؛ اتنی چیز جو کولی میں سما جائے ؛ ایک انبار ۔

Armhole : (n) لباس کا وہ حصہ جس میں سے ہاتھ ڈالا جاتا ہے ۔

Armiger : (n) [L.] (۱) رئیس ؛ شریف ؛ خواب ؛ سردار ؛ منصب دار جسے خاندانی نشان لگانے کا حق ہو ۔ (۲) نائیٹ کا صلاح بردار ؛ خاندانی نشان پانے والا ۔

Armigeral : (a) سردار کا ۔

Armigerous : (a) خاندانی نشان لگانے کا مستحق ۔

Armil : (n) [L."armus"] بادشاہت کا ایک نشان جو تاج پوشی کے وقت لگایا جاتا ہے ۔

Armilla : (n) [L.f."armus"] (۱) کنگن ۔ (۲) تاج پوشی کا لباس ۔ (۳) ایک آہنی انگشتری ، حلقہ یا بند جس میں پہیوں کا محور گھومتا ہے ۔ (۳) ایک قدیم ہیئتی آلہ جس میں ایک مدور حلقہ خط استوا پر لگا ہوتا تھا ۔ (٤) (نباتیات) ریشہ ؛ کنگنہ ۔

Armillary : (a) [L."armilla"] کنگنی ؛ برنجنی ؛ چوڑی کا ؛ ریشہ دار ۔

Armillary sphere : (n) چوڑی دار گولہ ؛ اکاش گولہ ؛ ایک گولہ جس میں خط استوا خط سرطان وغیرہ فلزی چوڑیوں سے ظاہر کئے جاتےہیں ۔

Arming : (n) (۱) مسلح کرنے کی کار روائی ؛ تسلیح ۔ (۲) کوئی دفاعی یا حفاظتی پوشش خاص کر جہاز کی ۔ (۳) کسی چیز کو اس کی غرض کے مطابق تقویت دینا یا اس کے مناسب شے سے لیس کرنا ؛ پانی کی گہرائی ناپنے والے آلہ کے پیندے میں لگی ہوئی چیز ۔ (٤) مقناروک ۔ (٥) خاندانی نشانات بنانا ۔

Arming press : (n) جلد ساز کی وہ مشین جو کتاب کی جلد پر حرفوں کو یا نقشوں کو ابھارتی ہے ۔

Arminian : (a) [f."Arminius"] ولندیزی پروتسٹنٹ عالم ؛ آرمینوسی ؛ عالم دینیات جس نے مسئلہ جبر پر Calvin کی مخالفت کی تھی ؛ آرمینوس کا پیرو ۔

Arminianism : (n) آرمینوسیت ۔

Arminianize : (v) آرمینوسیت کی تعلیم دینا ؛ آرمینوسی بنانا ۔

Arminianizer : (n) آرمینوسیت کا معلم ۔

Armipotent : (a) [L."armipotentem"] اسلحہ سے مضبوط ؛ مریخ کے بارے میں کہا جاتا ہے ۔

Armistice : (n) [L."armistitium"] (۱) مہلت جنگ ؛ التوائے جنگ ؛ عارضی صلح ۔ (۲) (مجازاً) چند روزہ صلح ؛ متارکہ جنگ ؛ ہنگامی صلح ؛ (تاریخ و سیاسیات) التوائے جنگ ۔

General armistice : (تاریخ و سیاسیات) عام التوائے جنگ ۔

Local armistice : (تاریخ و سیاسیات) مقامی التوائے جنگ ۔

Partial armistice : (تاریخ وسیاسیات) جزوی التوائے جنگ ۔

Armless : (a) (۱) بے بازو ؛ بے دستی ؛ بے شاخ ۔ (۲) غیر مسلح ؛ بے ہتھیار ۔

Armlet : (n) (۱) جوشن ۔ (۲) سمندر کا وہ حصہ جو کسی ملک کے اندر بڑھ آتا ہو ؛ شاخ دریا ؛ کھاڑی ؛ ندی ۔

Armoire : (n) [Fr.] مخزن ؛ بخاری (کلیسا کی) ؛ دیکھو Ambry

Armorial : (a) نقابتی ۔

Armorial : (n) نقابتی (کتاب) جس میں خاندانی نشانات درج ہوں ۔

Armoric : (a) آرموریکا (Armorica) کا یا اس کے باشندے یا اس کی زبان ۔

Armorica : (n) [L.] Gaul کے ایک حصہ کا نام جسے آج کل Brittany کہتے ہیں ۔

Armorican : ار موریکا (Armorica) کے باشندے ۔

Armoried : (a) خاندانی نشانات سے مزین ۔

Armorist : (n) علم نقابت کا ماہر یا خاندانی نشان بنانے کا ماہر ۔

Armory : (n) [OF."armoierie",f."armoier"] علم نقابت ۔

Armour : (n) [L."armatura"] (۱) زرہ ؛ ذرع ۔(۲) جنگی جہازوں کی فلزاتی پوشش ؛ جہازوں کی زرہ ۔(۲) حیوانات یا نباتات کے اوپر کی پوشش جو حفاظت کی غرض سے ہوتی ہے ؛ بچاؤ خول ۔(٤) نقابتی مارکہ / نشانات ۔(٥) غوطہ خوری کا لباس ۔

Coat armour : دیکھو Coat of arms

Armour : (v) زرہ پہنانا : حفاظتی پوشش ڈالنا ۔

Armour bearer : (n) زرہ بر دار ۔

Armour-clad : (a) زرہ پوش ۔

Armour fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Armour-plate : (n) (۱) وہ فیلزی چادر جس سے زرہ بنتی ہے ۔ (۲) لوہے یا فولاد کی وہ چادر جو جنگی جہازوں کی پوشش کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Armour proof : (a) جس پر اسلحہ کا اثر نہ ہو ۔

Armour-wise : (adv) زرہ کے طور پر ۔

Armoured : (a) زرہ پہنایا ہوا ؛ زرہ پوش (جہاز) ۔

Armoured car : (n) بکتر بند گاڑی ۔

Armourer : (n) [AF."armurer",f."armeure"] (۱) اسلحہ ساز : ہتھیار ساز ؛ زرہ ساز ۔(۲) محافظ سلاح خانہ ؛ سلاح دار ؛ وہ افسر جو کسی جہاز یا فوج کے اسلحہ کا نگراں ہو ؛ محافظ اسلحہ خانہ ۔

Armourless : (a) بے زرہ ؛ بے پوشش ؛ خول کے بغیر بچاؤ ۔

Armourplated : آہنی زرہ پوش ۔

Armourplating : آہنی چادر پوش ۔

Armoury /-ory : (n) [OF."armoierie"] (۱) اسلحہ خانہ ؛ ہتھیار گھر ' مسلحہ ۔(۲) (امریکا) کارخانہ اسلحہ سازی ۔(۳) اسلحہ ساز کی صنعت ۔

Armoury officer : (n) (انتظامیہ) افسر اسلحہ خانہ ۔

Armoury sentry : (n) (انتظامیہ) سنتری اسلحہ خانہ ۔

Armozeen : (n) [F."armoisin /-ine"] ایک مضبوط سادہ سیاہ ریشم جو پادریوں کے لبادے یا گون میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Armpit : (n) بغل ؛ شانے کا نچلا حصہ ؛ کنار ۔

Arms : (n) [L."arma"] (۱) اسلحہ ' آلات حرب ۔(۲) زرہ ۔ (۳) جنگ ؛ معرکہ ' لڑائی ؛ رن ؛ پیکار ۔ (٤) پیشہ سپہ گری ' معرکہ ہائے جنگ ۔ (٥) کسی فوج کا مختلف قسم کا دستہ جیسے پیدل فوج، سوار فوج ؛ توپ خانہ اور انجینیر ۔(٦) (قانون) وہ چیز جو کوئی شخص غضبناک ہو کر مارنے کےلئے اپنے ہاتھوں میں اٹھالے ۔(۷) جانوروں کے وہ اعضا جو مدافعت یاحملہ کے لئے ہوں ؛ پودوں کا وہ بالائی حصہ جو دشمنوں سے حفاظت کےلئے ہو ؛ بالائی پوشش جو حفاظت کے لئے ہوتی ہے ۔ (۸) خاندانی شرافت کے نشانات جو نائیٹ اور نواب لوگوں کے سپروں پر امتیاز کے لئے بنے ہوتے تھے ' درباریوں یا انجمنوں کے نشانات ۔

An assault of (or at) arms / A passage of (or at) arms : بحثا بحثی کرنا ؛ حملہ کرنا ' تکرار ؛ فوجی لڑائی ؛ فوجی کرتب ؛ نزاع لفظی یا شمشیری ۔

Coat of arms : خاندانی نشان / مارکہ / طغرا ۔

College of arms : مدرسہ نقابت جہاں انساب کا اندراج ہوتا ہے اور مارکے عطا کئے جاتے ہیں ؛ نقیبوں کی درس گاہ جہاں انہیں سپر کے نشانات عطا کئے جاتے ہیں ۔

Fire-arms : آتشی اسلحہ ۔

In arms : مسلح ؛ ہتھیار بند ؛ جنگ کے لئے تیار ۔

Irregular army : (تاریخ و سیاسیات) غیر رسمی فوج ؛ بے قاعدہ فوج ۔

Regular army : (تاریخ و سیاسیات) با ضابطہ فوج ؛ با قاعدہ فوج ۔

Salvation army : مکتی فوج ۔

Standing army : (تاریخ و سیاسیات) مستقل فوج ۔

The Army : فوج ؛ فوجی خدمت یا ملازمت ۔

The Blue Ribbon Army : شراب سے پرھیز رکھنے والی فوج ۔

Army commander : (n) (انتظامیہ) آرمی کمانڈر ؛ فوج کا کمانڈر ۔

Army corps : (n) فوج کا اھم حصہ (میدان جنگ میں) ۔

Army list : (n) فوجی عہدہ داروں کی سرکاری فہرست ۔

Army of occupation : (n) (تاریخ و سیاسیات) قابض فوج ۔

Army reserve officer : (n) (انتظامیہ) محفوظ فوج کا افسر ۔

Army worm : (n) کپاس کیڑا (ایک قسم کا بھنگا) ۔

Arna : (n) [Hindi."arna"] ایک قسم کی بھینس ؛ ارنا بھینس ۔

Arnica : (n) [mod.L.] (۱) آرنیکا : تمباکو کی قسم کا ایک پودا (وسط یورپ کا) ؛ چشم گاؤ ۔ (۲) عرق آرنیکا ۔

Arnicin : (n) آرنیکا کا تلخ بنیادی عنصر ۔

Arnicine : (n) آرنیکا میں پائی جانے والی القلی ۔

Arn't : "Are not" کا مخفف ۔

Aroar : (a) گرج کر کے ۔

Aroid : (n) [ARUM+-OID] (نباتیات) ایک قسم کا پودا ۔

Aroideous : (a) ایک قسم کے پودے کا ۔

Aroint / Aroynt : دور ھو جاؤ ؛ بھاگو ۔

In arms with : اسلحہ کے ساتھ تعینات کیا ھوا ۔

King at arms : نقیب خاص ؛ میر صاحب ۔

Man of arms / Man-at-arms : پورے طور پر مسلح نائیٹ ؛ ماھر جنگ ؛ مرد میدان ۔

Small-arms : وہ اسلحہ جن کو لے جانے اور لے آنے کے لئے گاڑی کی ضرورت نہ ھو ؛ ھلکا اسلحہ ۔

Stone of arms : ایک سپاھی کی ضرورت بھر کا اسلحہ ۔

Stand to your arms : اسلحہ کے ساتھ جنگ کی ترتیب میں آجاؤ ۔

To appeal to arms : جنگ کے لئے آمادہ ھونا یا جنگ کے لئے رجوع کرنا ۔

To arms : ھتھیار اٹھاؤ ؛ جنگ کے لئے تیار ھو جاؤ ۔

To bear arms : سپر کے خاندانی نشان دکھانا ۔

To bear arms : سپاھی بن جانا ؛ فوجی خدمت کرنا ۔

To grand or assign arms : سپر پر خاندانی نشان عطا کرنا یا مقرر کرنا ۔

To lay down arms : ھتھیار ڈال دینا ؛ جنگ ختم کر دینا ۔

To lie upon the arms : جنگ کی حالت میں ھونا ؛ جنگ کے لئے مستعد ھونا ۔

To take up arms : کھلم کھلا بغاوت کرنا ؛ جنگ پر اتر آنا ؛ جنگ کے لئے اٹھ کھڑا ھونا ؛ آمادۂ پیکار ھونا ۔

To turn one's arms against : کسی سے جنگ کرنا ۔

Under arms : جنگ کی صف بندی کرنا ؛ جنگی ترتیب سے ۔

Arms clerk : (n) (انتظامیہ) کلرک اسلحہ ۔

Arms race : (n) (تاریخ و سیاسیات) اسلحی مقابلہ ؛ اسلحی دوڑ ۔

Arms traffic : (n) (تاریخ و سیاسیات) تجارت اسلحہ ۔

Army : (n) [L."armata","armare"] (۱) فوج ؛ لشکر ؛ عسکر ؛ سپاہ ؛ قشون ۔ (۲) ٹڈی دل ؛ انبوہ کثیر ۔ (۳) منظّم جماعت یا جمعیت ۔

Arolla : (n) [Fr."arolle"] ایک قسم کا صنوبر کا درخت : ارولا -

Aroma : (n) [L."aromata"] (۱) خوش بو : مہک : بھینی بو - (۲) بو باس : (مجازاً) کوئی ایسی صفت جو کسی چیز میں جاری و ساری ہو -

Aromatic : (n&a) [L."aromaticus"] (۱) خوش بو دار : معطر : مہکیلا : جانفی - (۲) مسالہ دار : چٹپٹا - (۳) (کیمیا) Benzene اور اس کی طرح کی چیزوں کا ایک نامیاتی مرکبات کے گروہ کا نام : عطریات -

Aromatic compound : (n) (کیمیا) ایرومیٹک مرکبات : عطری مرکبات ' بنزینی مرکبات -

Aromatic group : (n) (کیمیا) ایرومیٹک گروہ / گروپ -

Aromatic nuclei : (n) (کیمیا) ایرومیٹک نیو کلیائی : ایرومیٹک مرکز سے -

Aromatic series : (n) عطری سلسلے -

Aromatical : (a) خوش بو دار : معطر -

Aromatically : (adv) بطور خوش بو -

Aromatize : (v) [L."aromatizare"] خوش بو دار بنانا : مسالہ دار بنانا : چٹپٹا بنانا -

Aromatizer : (n) خوش بو دار بنانے والا : مسالہ دار بنانے والا -

Aroot : (a) جڑ پکڑے ہوئے : بیخ دار : مستحکم جما ہوا -

Aroph : (n) [Contr.of aromaphilosophorum] فارقلیط کی تیار کی ہوئی ادویات کا نام -

Around : (adv) (۱) چاروں طرف : چو طرفہ : چار سو : ہر طرف : ہر جانب : ہر سمت - (۲) (امریکا) ادھر اُدھر : بھٹکتے ہوئے -

Around : (prep) گرد : گردا گرد : حلقہ کئے ہوئے : گھیرے ہوئے -

Arousal : (n) جگانا یا جگائے جانے کا عمل -

Arouse : (v) [A+ROUSE] (۱) جگانا : بیدار کرنا : ہوشیار کرنا ' عمل کے لئے تحریک دلانا - (۲) جاگنا : اٹھنا -

Arouser : (n) جگانے والا : بیدار کرنے والا -

Arousing : (n) بیدار کرنا : جگانا : اٹھانا -

Arow : (a & adv) ایک قطار میں : ایک صف میں : ایک خط میں -

Arpeggio : (n) [It.f."arpa"] (۱) (موسیقی) گت : گت بجانا (خاص کر اوپر کے سُروں کی طرف جلدی جلدی) - (۲) تار -

Arpeggio : (v) جلدی جلدی گت کے سُروں کو بجانا -

Arpent : (n) [L."arepennis"] زمین کی پیمائش کرنے کا ایک متروک فرانسیسی پیمانہ -

Arpenteur : (n) [Fr.] اراضی پیما : زمین کی پیمائش کرنے والا -

Arquerite : (n) [f.(1842) Arqueros in Chili] چاندی کا ایک اساسی ممزوج : ملغم سیم -

Arracacha : (n) [native Indian] (نباتیات) چھتر دار پھولوں والے پودوں کی قسم جس کی جڑ پھل دار ہوتی ہے اور لوگ اسے غذا کی طرح استعمال کرتے ہیں -

Arrach : (n) [Arab.] شراب -

Arrah : [Irish.] (اینگلو انیرش) ارے -

Arraign : (v) [L."adrationare"] (۱) الزام لگانا : استغاثہ دائر کرنا : نالش کرنا - (۲) تہمت لگانا : متہم کرنا : الزام لگانا - (۳) اعتراض کرنا : نقص نکالنا : عیب جوئی کرنا : نکتہ چینی کرنا : کیڑے ڈالنا - (٤) جواب طلب کرنا : ماخوذ کرنا -

Arraigner : (n) الزام لگانے والا : تہمت لگانے والا : اعتراض کرنے والا -

Arraignment : (n) [OF.ARISNEMENT] الزام : تہمت : نالش : اعتراض : نقص : عیب -

Arrange : (v) [OF."arangie-r"] (۱) ترتیب دینا ؛ لگانا ؛ جمانا ؛ ٹھیک سے رکھنا ؛ بٹھانا ؛ مرتب کرنا ؛ منظم کرنا ۔ (۲) قطار میں کھڑا کرنا ؛ پرا جمانا ؛ ایک صف میں کھڑا کرنا ؛ صف بندی کرنا (فوج کی) ۔ (۳) (موسیقی) بٹھانا ؛ جمانا ؛ اتارنا ؛ چڑھانا (کسی نظم یا گیت کو کسی نئی دھن وغیرہ میں) ۔ (٤) طے کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ چکانا ؛ مٹانا ؛ رفع دفع کرنا (جھگڑا وغیرہ) ؛ تصفیہ کرنا ۔ (٥) پہلے سے طے کرنا یا ٹھہرا لینا ؛ تجویز کرنا ۔ (٦) انتظام کرنا ؛ آپس میں سمجھوتہ کرنا یا طے کرلینا ۔ (۷) متعلقہ اشخاص دیگر سے تفصیلات طے کرنا ۔

Arrange-payment : (تجارت) ادائیگی کا انتظام کریں (بقایا ، بقایاجات) ۔

Arrangement : (n) (۱) ترتیب ، تصفیہ ، تنظیم وغیرہ (مندرجہ بالا معنوں میں) ۔ (۲) مرتب ؛ ترتیب و تنظیم کا طرزو طریقہ ۔ (۳) عشق بازی ؛ معاشقہ ؛ (ریاضی) ترتیب ؛ (لسانیات) ترتیب ۔

Scheme of arrangement : (تجارت) سمجھوتہ کی اسکیم ۔

Arrangement and compromise : (تجارت) سمجھوتہ ۔

Arrangement of files : (انتظامیہ) فائلوں کی ترتیب ۔

Arranger : (n) طے کرنے والا ؛ ترتیب دینے والا ؛ تصفیہ کرنے والا ؛ تنظیم کرنے والا ۔

Arrant : (a) [ME.variable of Erront] ایک ھی ' چھٹا ھوا ؛ پرلے درجے کا ؛ بد ترین ؛ قبیح ؛ نابکار ۔

Arrantly : (adv) حقارت سے ۔

Arras : (n) [Arras in Artois] (۱) مشجر (کپڑا) دیبا ۔ (۲) منقش پردہ ؛ بیل بوٹے دار پردہ (دیوار کے لئے) ۔

Arrased : (a) بیل بوٹے دار پردے سے ڈھکا ھوا ۔

Arrasene : (n) کشیدہ کاری میں استعمال کا اون اور ریشم ۔

Arrastre : (n)[L."rastrum"] خام دھات کو پیسنے کا ایک آلہ ۔

Arrau : (n) [Maipure"arrau"] ایک بڑا کچھوا ۔

Array : (n) [ME."aray",OFr."areyer"] (۱) صف ؛ ترتیب ؛ تنظیم ؛ پرا ۔ (۲) فوجی طاقت ؛ فوجی لشکر ؛ صف آرائی ۔ (۳) پرا ؛ جمگھٹا ؛ انسانوں یا اشیاء کا ایک ایسا جمگھٹا جس سے اثر پڑے ؛ جھرمٹ ؛ جوڑی کی ترتیب وار فہرست ۔ (٤) (تاریخ) بے قاعدہ فوج کو مسلح کرنا ؛ (شماریات) قطار ۔ (٥) (شاعری) لباس ؛ کپڑے ؛ پوشاک ؛ آرائش ۔

Array : (v) [ME."arai","aray",Fr."arai"] (۱) جنگ کے لئے آمادہ کرنا ؛ صف آرائی کرنا ؛ پرا جمانا (فوج) ۔ (۲) (قانون) جیوری ترتیب دینا ۔ (۳) سنگارنا ؛ سنوارنا ؛ لباس فاخرہ پہنانا ۔ (٤) کپڑے پہننا ؛ کپڑے پہن کر تیار ھونا ؛ لباس پہننا ۔ (٥) سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ۔ (٦) (مجازاً) بنا سنوار کر پیش کرنا ؛ متصف کرنا ۔

Commissioner of array : بے قاعدہ فوج کو مسلح کرنے والا ۔

In evil array : بری حالت میں ۔

Array arrangement : (n) (ریاضی) قطاری ترتیب ۔

Arrayal : (n) فوج کو جمع کرنا ۔

Arrayer : (n) سجانے والا ؛ آراستہ کرنے والا ؛ سنوارنے والا ۔

Arrayment : (n) لباس ؛ پوشاک ۔

Arrear : (n) [ME."arere",OF."arere"] (۱) عقب ؛ پچھلا حصہ (جلد وغیرہ کا) ۔ (۲) بقایا ؛ باقی ؛ وصول طلب قرضے ۔

In arrear : بقایا (خاصکر مطالبات کا) ؛واجب الادا قرضہ ۔

In arrear of : پس ماندہ ؛ پیچھے ۔

In arrears : پس ماندہ ؛ پیچھے ۔

Arrearage : (n) [ME."arer-",a.OF."arerage"] (۱) پس ماندگی ؛ پھسڈی پن ؛ پیچھے رھنا ۔ (۲) بقایا ؛ حساب ادا شدنی ؛ وصول طلب بقایا ؛ واجب الادا بقایا ۔ (۳) کوئی چیز جو محفوظ رکھی جائے ؛ مد محفوظ میں ؛ کوئی چیز جو لگا رکھی جائے ۔ (٤) (جمع میں) قرض ؛ دام ؛ مطالبات ؛ ادا شدنی ؛ واجب الادا ۔

Arrect : (a) [L."arrectus"] (۱) (کانوں کے متعلق) کھڑے ہوئے : کنوتیاں بدلے ہوئے - (۲) (مجازاً) چوکنا : چوکس : خبر دار : ہوشیار - (۳) (نباتیات) ایستادہ -

Arrendator : (n) [L."arrendare"] سالانہ مال گذاری پر کھیتی کرنے والا یا کھیت دینے والا -

Arrenotokous : (a) [Gr."arren-+-tokos"] خود زا مادہ کے بارے میں استعمال کیا جاتا ہے جو نر بچے پیدا کرتی ہے -

Arrenotoky : (n) خود زا مادہ جانوروں کا نر بچے پیدا کرنا -

Arrent : (v) [Fr."arrenter"] مال گذاری پر کھیت اٹھانا (خاص کر جنگل والی زمین وغیرہ کو) : مال گذاری پر زمین بندوبست یا کھیتی کرنا -

Arrentable : (a) لگان کے قابل -

Arrentation : (n) لگان : مال گذاری -

Arrest : (v) [late L."adrestare"] (۱) روکنا ' تھامنا : بات رکھنا - (۲) پکڑنا : گرفتار کرنا : ماخوذ کرنا : حراست میں لینا (قانونی حکم کی بنا پر) - (۳) جلب کرنا : منعطف کرنا (توجہ کو) : توجہ مبذول کرنا : توجہ منعطف کرنا : متوجہ کرنا - (٤) ضمانت کے طور پر لینا - (۵) (غلط استعمال) چھین لینا : تحریفی -

To arrest judgement : امتناع حکم : تعرض اجرائے حکم : فیصلہ کے بعد بھی غلطی کی بنا پر مقدمہ کو روکے رھنا -

Arrest : (n) (۱) ٹھہراو : روک : رکاؤ : توقیف : گرفتاری : روک تھام : حراست - (۲) ضبطی : قبضہ - (۳) قانون گرفتاری : پکڑ لینا - (٤) قید : حبس : گرفتاری : جیل میں ڈالنا : حوالات میں رکھنا -

Under arrest : زیر گرفتاری : جس پر حکم گرفتاری کا ہو چکا ہو -

Arrest of judgement : التوائے فیصلہ -

Arrest of vessel : (تاریخ و سیاسیات) جہاز کی گرفتاری -

Arrestable : (a) قابل توقیف : قابل گرفتاری -

Arrestation : (n) گرفتاری : توقیف -

Arrested : (a) گرفتار ' رکا ھوا -

Arrested vessel : (n) (تاریخ و سیاسیات) گرفتار شدہ جہاز -

Arrestee : (n) جس کے ھاتھ میں جانداد بحکم امتناعی روک دی جائے -

Arrester : (n) روکنے والا : گرفتار کرنے والا -

Arresting : (a & n) روکنا ' گرفتار کرنا ' متوجہ کرنے والا ' توجہ کو روکنے والا ' (لسانیات) ضبطی -

Arresting chest pulse : (n) (لسانیات) ضبطی جنبش نفس -

Arresting consonant : (n) (لسانیات) ضبطی مصمتہ -

Arresting pulse : (n) (لسانیات) ضبطی نبض -

Arresting segment : (n) (لسانیات) ضبطی قطعہ -

Arresting vessel : (n) (تاریخ و سیاسیات) گرفتار کرنے والا جہاز -

Arrestingly : (adv) توجہ کو روکنے کے طور پر -

Arrestive : (a) روکنے والا : امتناعی ' منعطف کرانے والا : جالب توجہ -

Arrestment : (n) امتناع ' روک ' روکنا ' گرفتاری ' ضبطی ' توقیف ' قبضہ : قرقی -

Arret : (n) [Fr.OF."arest"] فیصلہ (عدالت کا یا بادشاہ کا) -

Arrha : (n) [Gr."arra con"] (۱) زر بیعانہ : بیع بیعانہ - (۲) عہدو پیماں -

Arrhal : (a) زر بیعانہ کا : بیع بیعانہ سے متعلق -

Arrhizal / Arrhizous : (a) [Gr."a+rhiza"] (نباتیات) بے جڑ -

Arrhythmic : (a) [A+RHYTHMIC] بلا ترتیب : بلا قاعدہ (خصوصاً نبض) -

Arrhythmical : (a) بلا ترتیب : بے قاعدہ (خصوصاً نبض) -

Arrhythmically : (adv) بے قاعدہ رفتار سے ' بلا ترتیب ' بے قاعدہ طور پر -

Arrhythmy : (n) [Gr."arrythmia"] عدم توازن -

Arrive : (v) [L."arribare /-adripare"] (۱) آنا ؛ پہنچنا ؛ وارد ہونا ؛ منزل مقصود پر پہنچنا ۔ (۲) اشیاء لایا جانا ؛ پہنچایا جانا ۔ (۳) (وقت) آنا ؛ آ پہنچنا ۔ (٤) (واقعات کا) رونما ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ وقوع میں آنا ؛ وقوع پذیر ہونا ۔

Arriver : (n) منزل مقصود پر آپہنچنے والا ۔

Arroba : (n) [Arab] ہسپانیہ یا ہسپانوی امریکہ میں مستعمل ایك پیمانہ جس کی معیاری قیمت ۲۵ ہسپانوی یا ۳٦-۲۵ انگریزی پونڈ ہوتا تھا ؛ سیّال چیزوں کو ناپنے کا وہ پیمانہ جو ۲.٦ سے ۳.٦ گیلن تك ناپے ۔

Arrogance : (n) [L."arrogantia"] تحکم ؛ گھمنڈ ؛ تکبر ؛ نخوت ؛ خود بینی ؛ (فلسفہ و نفسیات) تکبر ۔

Arrogancy : (n) [L."arrogantia"] نخوت ؛ تکبر ؛ غرور ؛ گھمنڈ ؛ خود بینی ۔

Arrogant : (a) [L."arrogantem"] (۱) تحکمانہ ۔ (۲) گستاخ ۔ (۳) دیدہ دلیر ؛ جسارت آمیز ۔ (٤) مدفع ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ گھمنڈی ؛ دماغ دار ؛ خودبین ۔

Arrogantly : (adv) تحکمانہ ؛ مغرورانہ ؛ متکبرانہ ۔

Arrogate : (v) [L."arrogat","adr-","arrogare"] (۱) ادعا کرنا ؛ انصاف بیجا کرنا ؛ بیجا دعویٰ کرنا ۔ (۲) نا جائز حقوق کا دعوی کرنا (دوسرے کے لئے) ۔ (۳) غصب کرنا ۔ (٤) (رومن قانون) متبنی کرنا ، گود لینا ۔

Arrogatingly : بطور ادعا ؛ بیجا دعویٰ کی رو سے ۔

Arrogation : (n) [L."arrogationem"] جھوٹا دعویٰ ؛ ادعائے باطل ؛ بے جا دعویٰ ۔

Arrogator : (n) بے جا دعویٰ کرنے والا ۔

Arrondi : (a) [Fr.] گول کیا ہوا (نقابت) ۔

Arrondissement : (n) [Fr."arrondiss-","arrondi"] فرانسیسی تحصیل یا حصہ صوبہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) فرانس کا انتظامی حلقہ ۔

Arrow : (n) [OE."earh for arh"] (۱) بان ؛ ناوك ؛ تیر ؛ خدنگ ؛ پیکانی علامت ؛ تیر کی شکل کا ایك زیور ۔ (۲) فلکیات کا تیر / قوس ؛ برج قوس ۔ (۳) کسی درخت یا پودے کا نمایاں کونپل ۔ (٤) (قلعہ) وہ تعمیر جو پوشیدہ راستے کو ملاتا ہو اور جو پشتہ کے زاویہ خارجہ کے اوپر رکھی ہو ۔

Arriere : (n) [OF."arere"] Arrar کی ترکیبی شکل ۔

Arriere ban : (n) [Fr.] (۱) باج گزار طلبی ؛ کسی بادشاہ کا وہ حکم نامہ جس کے ذریعہ ماتحت خراج گزاروں کو فوجی خدمت کے لئے طلب کیا جائے ۔ (۲) باج گزاروں کی وہ جماعت جو فوجی خدمت کےلئے طلب کی جا سکے ۔ (۳) خراج گزاروں کی خدمت ۔ (٤) طبقہ امرا ؛ طبقہ اعیان ۔ (۵) ادنیٰ درجہ کے باج گزاروں کی طلبی ۔

Arriere-band : (n) فوج کا عقبی دستہ ۔

Arriere-fee : (n) ماتحت جاگیر دار ؛ باج گزار ۔

Arriere-fief : (n) ماتحت جاگیر دار ؛ باج گزار ۔

Arriere pensee : (n) [Fr.] مخفی غرض یا غائط ؛ مخفی مدعا ؛ مدعا جو ظاہر نہ کیا جا سکے ۔

Arriere-supper : (n) رات کا کھانا جو تاخیر سے کھایا جائے ۔

Arris / Aris : (n) [Fr."areste"] وہ دھار دار تیز کنارا جو دو زاویہ دار سطحوں کے باہمی اتصال سے پیدا ہوتا ہے، مثلاً نشور کا کنارہ ؛ کگر ۔

Arris-fillet : (n) ایك مثلثی چوبی ٹکڑا جو دیوار کے سہارے سلیٹوں کو کھڑا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Arris-gutter : (n) کگر دار نالی جس کی شکل 'V' جیسی ہوتی ہے ۔

Arris-ways / Arris-wise : (adv) کگر کی طرح سے ۔

Arrish / Ar(r)ish / Aresh : (n) [Variant of"eddish"] کھونٹی ؛ ٹھونٹھ ؛ وہ کھیت جس میں ٹھونٹھ ہو ۔

Arrival : (n) [AF."arrivaille",f."arriver"] (۱) پہنچنا ؛ ورود ؛ منزل مقصود پر رسائی ؛ آمد ۔ (۲) آ موجود ہونا ؛ جاپہنچنا (عین موقع پر) ۔ (۳) شخص وارد شدہ ۔ (٤) (محاورہ) نو مولود ؛ ننھا مسافر یا مہمان ۔ (۵) جہاز کا ساحل پر پہنچ جانا ؛ جہاز کا کنارے پر لگ جانا ۔

For arrival : وہ سامان جو جہاز کے بندرگاہ پر پہنچنے کے بعد اتارا جائے ۔

Arrival notice : (n) (تجارت) اطلاع آمد ۔

Broad arrow : (۱) پیکانی علامت ۔ (۲) انگریزی محکمہ ذخائر حربی کا نشان ۔ (۳) جس میں چوڑا پیکان لگا ہو ۔

Chisel shaped arrow : (تاریخ) چھینی کی شکل کا تیر ۔

Iron-tipped arrow : (تاریخ) آہنی انی والا تیر ؛ لوہے کی انی والا تیر ۔

Lop-sided arrow : (تاریخ) خمیدہ تیر ؛ ٹیڑھا تیر ۔

Rhomboid arrow : (تاریخ) آڑا تیر ۔

Transverse arrow : (تاریخ) عرضی تیر ۔

Triangular arrow : (تاریخ) تکونا تیر ۔

Arrow : (v) کلیوں کا نکل آنا جیسے نیشکر میں ہوتا ہے ۔

Arrow butt : (n) (تاریخ) تیر کا دستہ ۔

Arrow diagram : (n) (ریاضی) تیر دار شکل ۔

Arrow-grass : (n) ایک قسم کی گھاس اندر سے جس کی نمو ہوتی ہے ۔

Arrow head : (n) پیکان ؛ نوک تیر ؛ سوفار؛ تیری علامت ۔

Broad arrow head : (۱) چوڑے پیکان ۔ (۲)چوڑے پیکان رکھنے والی کوئی چیز ۔ (۳) چوڑے پیکان کا کوئی نشان ۔ (٤) ایک قسم کا پودا جس کے پتے تیر کی طرح ہوتے ہیں ۔

Hollow-based arrow-head : (تاریخ) پولی انی کا تیر ۔

Leaf-shaped arrow-head : (تاریخ) پتی کی شکل کا تیر ۔

Arrow-headed : (a) پیکان نما (خصوصاً خط پیکانی ؛ خط میخی) ؛ تیر کی نوک جیسی شکل کا ۔

Arrow-loop : (n) ایک تنگ سوراخ یا کھڈا جس میں سے تیر چلایا جائے ۔

Arrow-plant : (n) درخت صنوبر کی ایک قسم ۔

Arrow-root : (n) (۱) ارا روٹ ۔ (۲) ارا روٹ کا نشاستہ اور اس نشاستہ سے بنی ہوئی غذا ۔

Arrow-slit : (n) (تاریخ) تیر کی درز ؛ ایک تنگ سوراخ کا کھڈا جس میں سے تیر چلایا جائے ۔

Arrow-smith : (n) تیر کا آہنی سوفار یا پیکان یا نوک بنانے والا ۔

Arrow-sneak : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Arrow-stitch : (n) تکونی ترپن ؛ زنجیر (بخیہ) (جس سے عورتیں محرم میں وصیل کی ھڈی سی لیتی ہیں) ۔

Arrow- wise : (a) تیر کی طرح ۔

Arrow-wood : (n) امریکا کا وہ درخت جس کا تنا سیدھا ہوتا ہے جس سے وہاں کے Red Indians اپنے تیروں کا چھڑ بناتے ہیں ۔

Arrowed : (a) تیر کی شکل کا بنا ہوا ؛ تیر لگا ہوا ۔

Arrowy : (a) ناوک صفت ؛ پیکانی ؛ تیر سا ۔

Arroyo : (n) [med.L."arrogium"] ایک ندی یا چشمہ ؛ ندی کی تہہ ۔

Arry : (n) ایک کم اصل خوش مزاج اور خوش گفتار شخص ۔

Arryish : (a) منہ پھٹ ؛ پُر مذاق ۔

Arsedine : (n) تانبے اور جستے کے ایک سنہری رنگ کا ایک ممزوج ؛ ذچ سونا ۔

Arsen- : (Arsenic) کا مخفف جو جزو ترکیبی ہے ۔

Arsenal : (n) [Arab."accina ah"] (تاریخ و سیاسیات) اسلحہ خانہ ۔

Arsenal of democracy : (تاریخ و سیاسیات) جمہوریت کا گڑھ ۔

Arsenate / Arseniate : (n) (کیمیا) آرسینیٹ ؛ سنکھیا کے تیزاب کا نمک ۔

Arsenetted : (a) سنکھیا سے کیمیاوی طور پر ملا ہوا ۔

Arsenic : (n) [L."arsenicum".a Gr."arsenicon"] ہڑتال ؛ زرنیخ ؛ سنکھیا ؛ سم الفار ؛ زہر ۔

Flower of arsenic : سنکھیا کے پھول ؛ گل زرنیخ ۔

Red arsenic : زرنیخ سرخ ۔

White arsenic : زرنیخ سفید ۔

Yellow arsenic : زرنیخ زرد ۔

Arsenic : (a) سنکھیا کا ۔

Arsenic- : سنکھیا سے ماخوذ ۔

Arsenic bloom / Arsenic glass : (n) (کیمیا) آرسینک پھول ؛ Arsenic کا مرکب ۔

Arsenic hydride : (n) (کیمیا) آرسینک ھائیڈرائڈ ۔

Arsenical : (a) [L."arsenicum+-AL] ھڑتالی ؛ زرنیخی ؛ سنکھیا کا ؛ (کیمیا) آرسینکی ؛ سم الفاری ۔

Arsenical pyrite : (n) (کیمیا) آرسینک پائرائیٹ ۔

Arsenicate : (v) سنکھیا ملانا یا سنکھیا میں بجھانا ۔

Arsenicated : (a) سنکھیا میں ملایا ھوا ۔

Arsenicism : (n) وہ بیماری جو سنکھیا سے پیدا ھوتی ھے ۔

Arsenicite : (n) ایک قسم کی معدنی شے ۔

Arsenicized : (a) سنکھیا میں بجھایا ھوا یا اس میں حل کیا ھوا ۔

Arsenicophagy : (v) سنکھیا کھانا ۔

Arsenicsiderite : (n) (کیمیا) آرسینک سائیڈیرائیٹ ؛ ایک ریشہ دار زردی مائل بھوری معدنی شے ۔

Arsenide / Arseniuret: (n) (کیمیا) آرسینک اور دوسرے عنصر یا نامیاتی اصلیہ کا اصلی اتصاق ۔

Arseniferous : (a) (کیمیا) آرسینک بردار ؛ آرسینک بھرا ۔

Arsenio- : جزو ترکیبی ۔

Arsenio-siderite : (n) ایک قسم کی ریشہ دار زردی مائل بھوری معدنی شے جس میں سنکھیا کا تیزاب ملا ھوتا ھے ۔

Arsenious : (a) سنکھیا دار ؛ سنکھیلا ؛ زرنیخ آمیز ؛ جسمیں سنکھیا بطور جزو کے ملی ھوئی ھو ۔

Arsenious oxide : (n) (کیمیا) آرسینیس آکسائیڈ ۔

Arsenite : (n) (کیمیا) آرسینیس ترشہ کا نمک ؛ آرسینائیٹ ۔

Arseniuretted : (a) سنکھیا ملا ھوا ۔

Arseno- : جزو ترکیبی بمعنی " Arsenic " ۔

Arseno-molydate : (n) (کیمیا) اسینو مالیڈیٹ ۔

Arsenocrocite : (n) دیکھو Arsenio-sidrite

Arsenolite : (n) سفید سنکھیا معدنی شے کی حیثیت سے ؛ (کیمیا) آرسینولائٹ ۔

Arsenopyrite : (n) لوھے کا بنیادی Arseno-sulphate ؛ (کیمیا) آرسینو پائرائیٹ ۔

Arsenotyphoid : (n) (کیمیا) آرسینو ٹائیفائیڈ ۔

Arsheen : (n) [Russ] روس اور ترکی میں لمبائی / طول ناپنے کا پیمانہ ۔

Arsine : (n) ایک کیمیاوی مرکب ؛ (کیمیا) آرسین ۔

Arsis : (n) [Gr."arsis"] (۱) تال میں پاؤں کو پٹکنا ۔ (۲) انگریزی شعر کی بحر میں لفظ کا وہ جزو جس پر آواز کا زور پڑے ۔ (۳) آواز کو بلند ترین سر تک اٹھانا ؛ زور سے الاپنا ۔ (٤) بحر کے پہلے ھجا پر آواز کو بلند کرنا ۔

Arson : (v) [late.L."arsonem"] (۱) آتش زنی ؛ آگ لگی ؛ عمداً آگ لگا دینا ۔ (۲) اپنے بیمہ شدہ گھر کو آگ لگا دینا بیمہ کمپنی کو دھوکا دینے کے ارادے سے ۔

Art : (n) [L."artem"] (۱) استادی ؛ کاریگری ؛ فن ؛ ھنر مندی ؛ مہارت ۔ (۲) صناعی ؛ کاریگری ؛ صنعت ۔ (۳) تراش خراش ؛ نوک پلک نکالنا ؛ بات پیدا کرنا (خاص کر نقاشی میں) ۔ (٤) (جمع میں) فنون ۔ (۵) کسی علم کا عمل ۔ (٦) صنعت و حرفت ؛ پیشہ و حرفہ ۔ (۷) اھل حرفہ کی پنچایت ۔ (۸) سلیقہ ؛ ھنر ؛ ڈھنگ ؛ ڈھب ۔ (۹) عیاری ؛ ھوشیاری ؛ مکاری ؛ کیاوی ؛ چال ؛ فریب ؛ داؤں ؛ گھات ؛ حکمت عملی ؛ نیرنگ ؛ حیلہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) آرٹ ؛ فن ۔

Abstract art : مجرد فن ؛ دقیق فن ؛ نازک فن ؛ مشکل فن ۔

Biomorphic art : (تاریخ) ذی روحی فن ۔

Black art : جادو ؛ سحر ۔

Cave art : (تاریخ) غاروں کی مصوری ۔

Cycladic art : (تاریخ) سائیکلیڈی فن ۔

Egyptian art : (تاریخ) مصری فن ۔

Fine arts : فنون لطیفہ ؛ فنون ظریفہ ۔

Franco - cantabrian art : (تاریخ) فرانسیسی کینٹبری فن ۔

Geometrical art : (تاریخ) اقلیدسی فن ۔

Graphic art : (فلسفہ و نفسیات) ترسیمی آرٹ ؛ گرافک آرٹ ۔

Plastic art : (فلسفہ و نفسیات) تشکیلی آرٹ ۔

The arts : صنائع مستظرفہ یا فنون لطیفہ ۔

To be art and part کسی کام میں ہرطرح مصروف یا شریک ہونا ۔

Words and terms of arts : وہ الفاظ جو کسی خاص پیشہ یا فن کے لئے مخصوص ہوں ؛ اصطلاحات ۔

Art : (v) دیکھو 'BE'

Art and part : (n) ساخت و پرداخت ؛ تدبیر و عمل ؛ تدبیر و تکمیل ۔

Art executive : (n) (انتظامیہ) ناظم فن ۔

Art form : (n) فن کی کوئی خاص صنف ۔

Art-film : (n) متحرک تصویر جو خالص فنی یا تجرباتی نقطہ نظر سے بنائی جائے ۔

Art impulse : (n) (فلسفہ و نفسیات) فنی میلان ؛ تشویق فن ۔

Art-like : (a) (۱) مثل فن ؛ فن کے مشابہ ؛ فن کے مطابق ۔(۲) اصول فن کے مطابق ؛ قواعد فن کے مطابق ۔

Art of diplomacy : (تاریخ و سیاسیات) فن سفارت ؛ ڈپلومیسی کا فن ۔

Art school : (n) (فلسفہ و نفسیات) آرٹ اسکول ۔

Art song : (n) غنائی گیت ۔

Art theatre : (n) ایک تھیٹر جو خصوصی طور پر فن کارانہ ڈرامے یا فلمیں پیش کرتا ھے ۔

Artemisia : (n) [Gr."artemisia"] تلخ یا خوش ذائقہ پودوں کا ایک خاندان ؛ جنس افنیتن ؛ مروا ؛ دونا ۔

Arteria : (v) [L.] شریان مہیا کرنا یا شریان کو گویا مہیا کرنا ۔

Arteria : (v) [L.] شریان مہیا کرنا یا شریان کو گویا مہیا کرنا ۔

Arterial / Arterious : (a) [Fr."arterial"] شریانی ؛ مثل شریانی ۔

Arterial arches : (n) (حیوانیات) شریانی کمانیں ۔

Arterial drainage : (n) پیچ در پیچ نالی ؛ شاخ درشاخ نالیاں ۔

Arterial system : (n) (حیوانیات) شریانی نظام ۔

Arterialization : (n) وریدی خون کو شریانی خون میں تبدیل کرنا ۔

Arterialize : (v) شریانی خون بنانا ؛ شریانی نظام فراہم کرنا ۔

Arterio- : [Gr."arterio-"] جزو ترکیبی "شریان کا"۔

Arteriography : (n) شریانوں کی باضابطہ تشریح ۔

Arteriole : (n) [mod. L."arteriola"] ایک باریک یا آخری حصہ کا شریان ؛ شریانک ؛ راضح ؛ (حیوانیات) شریانیہ ؛ رواضح ۔

Arteriology : (n) علم الشریان ؛ شریانیات ۔

Arteriosclerosis : (n) صلابت شریان ؛ تصلب شریان ۔

Arteriotomy : (n) فصد کھولنا ؛ رگ زنی ؛ شریان شگافی ۔

Arteriotomist : فصّاد ؛ رگ زن ۔

Arteritis : (n) [L."arteria"+ITIS] ورم شریان ؛ سوزش شرائین ۔

Artery : (n) [L."arteria"] (۱) نس ؛ شریان ؛ وہ نس جو دل سے بدن میں خون پہنچاتی ھے ۔ (۲) (مجازاً) مواصلات کے شاخ در شاخ نظام میں خاص راہ ۔

Artesian : (a) [Fr."artesien", f. OF."Arties"] فواری ۔

Artesian well : (n) فواری کنواں ؛ پھواری کنواں ۔

Artful : (n) پر فن ؛ فریبی ؛ چال باز ؛ دغا باز ؛ چالاک ؛ هشیار ؛ عیارانه ؛ حیله آمیز ؛ حیله گر ؛ مصنوعی ؛ صنعتی ۔

Artfully : (adv) مکاری سے ؛ عیاری سے ۔

Artfulness : (n) مکارپن ؛ عیار پنا ؛ حیله سازی ؛ حیله گری ۔

Arthritic : (a) [ME. "artetyke", orig., a. OF." artetique"] (۱) گٹھیا یا وجع مفاصل کے متعلق ۔ (۲) گٹھیا کا مریض ؛ مفصلی ۔

Arthritis : (n) [Gr."arthron"] (۱) سوزش مفاصل ۔ (۲) گٹھیا ؛ وجع مفاصل ؛ نقرس ۔

Arthritism : (n) گٹھیا کی بیماری میں مبتلا هونے کا مزاج ۔

Arhtro -: [Gr."arthron"] جزو ترکیبی بمعنی جوڑ ، مفصل ۔

Arthrodia : (n) [Gr."arthrodes"] فصل بندی جس میں هڈیاں یا تو مسطح هوتی هیں یا قدرے محدب یا مجوف هوتی هیں جیسے کاندھے کا جوڑ ؛ مفصل ؛ جوڑ ۔

Arthrodial : (a) فصل بندی کا یا اس سے متعلق ۔

Arthrodynic : (a) درد مفاصل یا مزمن گٹھیا سے متعلق ۔

Arthrography : (n) شرح مفاصل ؛ مفاصل نگاری ۔

Arthrology : (n) [Gr."arthron-+logia"] مفصل شناسی یا بند شناسی ؛ مفصلیات ؛ علم المفاصل ۔

Arthropathy : (n) جوڑوں کا درد ؛ مرض مفصل ۔

Arthroplasty : (n) جوڑوں کی پلاسٹك جراحی ۔

Arthropoda : (n) [Gr."arthron+pus"] أرتھرو پوڈا ؛ جوڑدار پیروں والا جانور ؛ مفصل دار پاؤں والا جانور ؛ مفصل پایاں ؛ بند دار ٹانگوں والا جانور ۔

Arthropodal / Arthropodous: (a) مفصل دار پیروں والے جانوروں کا ۔

Arthrosia : (n) دیکھو Arthritis

Arthrosis : (n) جوڑ بندی ؛ مفصلیت ۔

Arthrostome : (n) مفصل دارجانوروں کا منھ ۔

Arthrozoic : (n) کثیرالخلیا جانوروں (Metazoa) کا چھٹا سلسله ۔

Artiad : (n) [Gr."artios "] هموار مساوات کا ایك عنصر یا اساس ۔

Artichoke : (n) [Sp. Arab. al-kharshofa=Arab. al-kharshuf] الخرشف ؛ انگنار ؛ کنگر فرنگی ؛ ارد شاهی ؛ خرشف ؛ هاتھی چوك ۔

Jeruselem artichoke : ایك قسم کا سورج مکھی ۔

Article : (n) [L."articulus"] (۱) فقره ؛ کسی تحریر یا تصنیف کا کوئی حصه (جو بجائے خود مکمل هو) ۔ (۲) دفعه ؛ فقره (اقرار نامے وغیره کا) ۔ (۳) مضمون ؛ مقاله ۔ (٤) مخصوص حصه ؛ خاص چیز ۔ (٥) مخصوص شے ؛ اسباب متاع ؛ فصل ۔ (٦) گتار ۔ (۷) شرط ۔ (ریاضی) دفعه ؛ (انتظامیه) دفعه ؛ مضمون ؛ فقره ؛ (لسانیات) حرف تعریف ؛ (تاریخ و سیاسیات) دفعه ؛ جزو ؛ شے ۔ (۸) (حیوانیات) مفیصل ؛ چھوٹا جوڑ ۔

An article of : وه چیز جو کسی عنوان کے تحت آئے ۔

Definite article : (لسانیات) حرف تخصیص ۔

Indefinite article : (لسانیات) حرف تعمیم ۔

In the article of : زیر عنوان ۔

Leading article : اداریه ؛ سر مقاله ؛ مقاله مدیری ۔

Lords of the Articles : اسکاٹ لینڈ کی ایك مستقل کمیٹی ۔

Article : (v) (۱) الگ الگ فقروں میں بیان کرنا یا لکھنا ؛ فقرات میں لکھنا ؛ فقره دار ؛ دفعه وار لکھنا ۔ (۲) مجرم ٹھہرانا ؛ دفعه عائد کرنا ۔ (۳) پابند بنانا ؛ پابند شرائط کرنا (خاص کر کارآموزی میں) ۔ (٤) صلح نامه یا شرائط کے ذریعه انتظام کرنا ۔ (٥) شاگردی کی دفعات کا پابند کرنا ۔

Article of agreement : (تجارت) دفعہ معاھدہ ۔

Article of apprenticeship : ایک شاگرد اور اس کے مالک کے درمیان معاھدے کے شرائط ۔

Articled : (a) فقرہ دار بنایا ھوا ؛ شاگردی کی شرائط کا پابند ۔

Articler : (n) دفعات یا الزام عائد کرنے والا ۔

Articles : (n) (انتظامیہ) دفعات ؛ فقرات ؛ مضامین ۔

Articles of association : تجارتی معاھدے کے بنیادی قاعدے اور شرائط ؛ (انتظامیہ) ضوابط انجمن ۔

Articles of incorporation : دفعات کمپنی سازی ۔

Articles of partnership : دفعات شراکت ۔

Articles of war : (تاریخ و سیاسیات) برطانیہ اور امریکا کی بحری اور بری فوجوں کے فرمان دہی کے قاعدے اور ضابطے ۔

Articular : (a) [L."articularis", f."articulus"] مفاصلی ؛ جوڑ اور مفاصل کے متعلق ؛ گرہ دار ۔

Articular facet : (n) (حیوانیات) جڑنے والا رخ ۔

Articular process : (n) (حیوانیات) جوڑ ابھار ؛ جوڑ کا ابھار ۔

Articular sensation : (n) مفصلی حِس ۔

Articulata : (n) [L.] (حیوانیات) ذوی المفاصل ؛ (نباتیات) گرہ دار پودے ۔

Articulate : (a) [L."articulatus"] (۱) پوردار ؛ گٹھیلا ؛ گرہ دار ؛ ذی مفاصل ۔ (۲) ممیز ؛ صاف ؛ واضح ۔ (۳) جوڑ دار جانور ؛ بند دار جانور ؛ ذی مفاصل ؛ ملفوظ ؛ مفصلی ۔

Articulate : (v) (۱) جوڑنا ؛ گرہ لگانا ؛ جوڑ لگانا ؛ جوڑ کے ذریعہ ملانا ؛ جوڑ بندی کرنا ۔ (۲) صاف تلفظ کرنا ؛ لفظ لفظ یا حرف حرف الگ بولنا ۔ (۳) واضح طور پر ؛ ھر لفظ الگ الگ بولنا ؛ ترتیل (لسانیات) تلفیظ ۔

Articulate sentence : (n) (لسانیات) ملفوظ جملہ ۔

Articulate speaking : (n) واضح تقریر / گفتار ۔

Articulated : (a) (لسانیات) ملفوظ ۔

Articulated sound : (n) (لسانیات) ملفوظ آواز ۔

Articulated speech : (n) (لسانیات) ملفوظ تکلم ۔

Articulately : (adv) صاف طور سے ٬ واضح طور پر ۔

Articulateness : (n) گرہ دار ھونا ؛ واضح ھونا ؛ وضاحت ۔

Articulation : (n) [L."articulationem", f."articulare"] (۱) فصل بندی ٬ گرہ بندی ٬ جوڑبندی ٬ گانٹھ لگانا ۔ (۲) جوڑ ؛ گرہ ؛ گانٹھ ؛ پور ؛ مفصل ۔ (۳) نطق ٬ گویائی ۔ (٤) حرف صحیح ؛ تلفظ ٬ (حیوانیات) جوڑ بندی ؛ (طبیعیات) تلفظ ؛ (لسانیات) تلفظ ٬ صوت ادائی ٬ (نباتیات) گرہ ؛ گانٹھ ۔

Coronal articulation : (لسانیات) پیش زبانی تلفظ ۔

Explosive articulation : (لسانیات) بندشی تلفظ ۔

Imperfect articulation : (لسانیات) ناقص تلفظ ۔

Implosive articulation : (لسانیات) دربندشی تلفظ ۔

Incomplete articulation : (لسانیات) ناتمام تلفظ ۔

Manner of articulation : (لسانیات) طریق تلفظ ۔

Point of articulation : (لسانیات) مقام تلفظ ۔

Region of articulation : (لسانیات) علاقۂ تلفظ ۔

Articulation type : (n) (لسانیات) نوع تلفظ ۔

Articulationist : (n) گونگے بہرے کو تعلیم دینے والا ؛ گونگے بہرے کا معلم ۔

Articulative : (a) جوڑبندی ۔

Articulator : (n) [L."articulare"] (۱) الفاظ کا صاف صاف تلفظ کرنے والا ؛ جوڑ یا گرہ لگانے والا ۔ (۲) ڈھانچے اور ھڈیوں کو جوڑنے والا ؛ مفصالہ ؛ (لسانیات) تلفظ کار ۔

Fixed articulator : (لسانیات) قائم تلفظ کار ۔

Flate articulator : (لسانیات) مسطح تلفظ کار ۔

Grooved articulator : (لسانیات) نالی دار تلفظ کار ۔

Mobile articulator : (لسانیات) متحرک تلفظ کار ۔

Primary articulator : (لسانیات) بنیادی تلفظ کار ؛ تلفظ کار ابتدائی ۔

Secondary articulator : (لسانیات) ثانوی تلفظ کار ۔

Articulatory : (a) صوتی وضاحت کا ؛ (لسانیات) تلفظی ؛ نطقی ۔

Articulatory phonetics : (n) (لسانیات) تلفظی صوتیات ۔

Articulatory region : (n) (لسانیات) تلفظی صوتیات ۔

Articulus : (n) گرہ ؛ جوڑ ؛ مفصل ۔

Artifact : (n) [L."arti+factus".] (تاریخ و سیاسیات) مصنوعات ؛ (حیوانیات) مصنوعہ ؛ خدعہ ۔

Artifex : (n) [L.] (۱) اہل حرفہ ؛ صنّاع ؛ کاریگر ؛ دست کار ؛ جفت کار ۔ (۲) موجد ۔

Artifice : (n) [L."artificium"] (۱) ترکیب ؛ تدبیر ؛ حکمت ؛ جُگت ؛ ڈھنگ ۔ (۲) چترائی ؛ استادی ؛ مہارت ؛ کمال ؛ دستکار ؛ کاریگر ؛ موجد ۔ (۳) چالبازی ؛ حیلہ ؛ فریب ۔

Artificer : (n) [an Af of ME formation on ARTIFICE] (۱) اہل حرفہ ؛ صنّاع ؛ کاریگر ۔(۲) موجد ؛ (انتظامیہ) کاریگر ؛ دست کار ۔

Artificership : (n) کاریگری ؛ صنّاعی ۔

Artificial : (a) [L."artificialis", f."artificium"] (۱) فنی ؛ حرفتی ؛ صنعتی (جو کاریگری یا صنعت سے بنا ہو) ۔ (۲) مصنوعی ؛ غیر طبعی ؛ بناوٹی ؛ غیر فطری ؛ غیر قدرتی ۔ (۳) مصنوعی ؛ نقلی ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی ؛ غیر اصلی ۔ (٤) ساختہ ؛ مصنوعی ؛ (سماجیات) بناوٹی ؛ مصنوعی ۔

Artificial accretion (of territory) : (n) (تاریخ و سیاسیات) ارادی اضافہ ۔

Artificial advantage : (n) (تجارت) مصنوعی فائدہ ۔

Artificial barriers : (n) مصنوعی حد بندیاں ۔

Artificial capital : (n) (تجارت) مصنوعی سرمایہ ۔

Artificial classification : (n) تاریخ موالید کا مصنوعی نظام یا تقسیم ۔

Artificial disintegration : (n) (کیمیا) مصنوعی انتشار ۔

Artificial grasses : (n) مصنوعی گھاس جو خود رونہیں ہوتی بلکہ اُگائی جاتی ہے ۔

Artificial horizon : (n) افق مصنوعی ؛ ایک ہموار عکاس سطح جیسے سیال ساکن یا کوئی آئینہ جو زمین کی سطح پر افقی طور پر رکھا ہو اور جسے ارتفاع معلوم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Artificial insemination : (n) مصنوعی تخم ریزی ۔

Artificial language : (n) (لسانیات) مصنوعی زبان ۔

Artificial larynx : (n) (لسانیات) مصنوعی حنجرہ ۔

Artificial line : (n) قطع دائرہ پر کے خطوط جو "جب" اور "تماس" کے Logarithins کو بتائیں ۔

Artificial numbers : (n) لوگارتھم (Logarithm) ۔

Artificial palate / (false palate) : (n) (لسانیات) مصنوعی تالو ۔

Artificial radio-activity : (n) (طبیعیات و کیمیا) مصنوعی تابکاری ۔

Artificial radio element : (n) (کیمیا) مصنوعی ریڈیائی عنصر ۔

Artificial satellite : (n) (طبیعیات) مصنوعی سیارچہ ۔

Artificial system : (n) دیکھو Artificial classification

Artificial transaction : (n) (تجارت) مصنوعی سودا ؛ دکھاوٹی سودا ۔

Artificial transmutation : (n) (کیمیا) مصنوعی تبدیلی ؛ مصنوعی کایا پلٹ (عنصر) ۔

Artificialism : (n) ایک غیر حقیقی اصول یا اس کا عمل ۔

Artificiality : (n) تصنع ؛ بناوٹ ۔

Artificialize : (v) مصنوعی بنانا ۔

Artificially : (adv) غیر طبعی طورسے ؛ نقلی طور پر ۔

Artillerist : (n) [See ARTILLERY] گولہ اندازی کا ماہر ؛ گولہ انداز ۔

Artillery : (n) [OF."artillerie"] (۱) توپ خانہ ؛ توپ گاڑی ۔ (۲) توپیں ۔ (۳) گولہ اندازی کا علم و عمل ۔ (٤) رعد و برق ۔

Artillery company : (n) گولہ اندازوں کا دستہ ۔

Artillery park : (n) میدان توپ خانہ ۔

Artillery train : (n) توپ گاڑی ۔

Artillerying : (n) گولہ اندازی ۔

Artilleryman : (n) توپچی ؛ گولہ انداز ۔

Artilleryship : (n) توپ بازی ؛ گولہ اندازی کی مہارت / مشق ۔

Artiodactyl (e) : (a) [Gr."artios+dactylos"] (حیوانیات) جس کے پاؤں کی انگلیاں صفت عدد میں ہوں ۔

Artisan : (n) [It."artigiano", late L."artitianus", f."artitus"] دست کار ؛ صنّاع ؛ اہل حرفہ ؛ فن کار ؛ (معاشیات) دست کار ؛ (انتظامیہ) کاریگری ۔

Artist : (n) [L."artista"] (۱) صنّاع ؛ کاری گر ؛ صنعت گر ؛ صنعت کار ؛ فنون لطیفہ کا ماہر ؛ فنکار ؛ کلا کار ۔ (۲) استاد ؛ باکمال ؛ گنی ؛ فنکار ؛ حسن کار جسکا پیشہ کوئی فنون لطیفہ ہو ؛ ہنر مند ؛ آرٹسٹ ؛ (تاریخ و سیاسیات) فن کار ؛ آرٹسٹ ۔

Artistdom : (n) صنّاعیت ۔

Artiste : (n) [Fr.] پیشہ ور مغنّی ؛ رقاص ؛ رقاصہ ؛ کلاونت ۔

Artistess : (n) زن فن کار ۔

Artistic : (a) پر صنعت ؛ با صنعت ؛ صنعت کارانہ ؛ صنعتی ؛ فنکارانہ ؛ جمالیاتی ۔

Artistically : (adv) فن کے ساتھ ؛ فن کارانہ ؛ استادانہ ۔

Artistlike : (a) مثل فن کار ۔

Artistly : (adv) فن کارانہ ۔

Artistry : (n) تحصیل فنون لطیفہ ؛ صنّاعانا ؛ صلاحیت یا استعداد ؛ ہنر پیشگی ۔

Artless : (a) (۱) بےہنر ؛ اناڑی ؛ ناتراشیدہ ؛ انگھڑ ۔ (۲) بھدا ؛ بھونڈا ۔ (۳) بے تصنع ؛ سادہ ۔ (٤) سادہ ؛ بھولا ؛ معصوم ؛ سادہ لوح ؛ مخلص ؛ بے نیرنگ ۔

Artlessly : (adv) سادگی سے ؛ تصنع سے ؛ بے ہنری سے ۔

Artlessness : (n) سادگی ؛ معصومیت ؛ سادہ لوحی ؛ بےنیرنگی ۔

Artocarpad : (n) [L."artocarpus"] (نباتیات) ایک قسم کا درخت جو Breed-fruit کے گروپ کا ہوتا ہے ۔

Artocarpeous /-pous : (a) Artocarpad کا یا اس سے متعلق ۔

Artotyrite : (n) [L."artotyrita"] ایک فرقہ جس نے مقدس عشائے ربانی کی تقریب منائی تھی روٹی اور پنیر سے ۔

Arts-man : (n) فن یا فنون کا ماہر ۔

Arum : (n) [L.a. Gr."aron"] أرم ؛ درنمو ؛ پودوں کی ایک قسم ۔

Arum lily : سفید سوسن یا زنبق ۔

Arundinaceous : (a) [L."arundinaceus"] نرسل جیسا یا نرسل کا ؛ نرسل بھرا ؛ نَے نما ۔

Arval /-el /-ill : (a) جوتے ہوئے کھیت کا یا اس سے متعلق ؛ فصلی ؛ مزروعہ ۔

Arval Brethren : (n) قدیم روم میں پادریوں کا ایک جامعہ جو اچھی فصل حاصل کرنے کے لئے دیوتا کی قربانیاں دیا کرتے تھے ۔

-ary : لاحقہ اسم یا صفت بنانے کے کام آتا ہے ۔

Aryan / Arian : (a&n) [Skr."arya".] (۱) أریائی ؛ آریائی زبانیں ۔ (۲) آریائی خاندان کا رکن ۔

Aryanize : (v) خاصیتاً أریائی بنانا ۔

Aryteno- لاحقہ ۔

Arytenoid / Arytaenoid : [Gr."arytaenoides"] قیف ؛ صراحی نما ؛ خاص کر حنجرہ کی وہ نرم مخروطی ہڈی جو اوتار صوت اور اس کے ملحقہ حصوں کو درست کرتی ہے ؛ سبوچیہ (حیوانیات) أریٹی نائیڈ ؛ سبوچہ نما ؛ کفچہ نما ؛ غضروف ۔

Arytenoidal : (a) مخروطی ہڈی سے متعلق ۔

As : (adv) [OE."all-swa"] (۱) جیوں ھی کہ ؛ جیسے ھی ؛ جیسا کہ ؛ بھی ۔ (۲) اتنا ؛ جس طرح سے ؛ مثل ؛ مانند ۔ (۳) جیسا ؛ جیسے ؛ گویا کہ ۔ (٤) جب ؛ جب کہ ۔(۵) اس لئے کہ ؛ چونکہ (سبب کے لئے) ۔(٦) تا کہ ؛ کہ ؛ نتیجہ کےلئے ۔ (۷) (ضمیر) جوں سا ؛ جیسے ؛ جیسا کہ ۔

As : (۱) (اصل جملہ میں مرجع یا متعلقات فعل برائے اشارہ کے معنوں میں) اس طرح ؛ اس مقدار میں جس سے مقابلہ مساوات ظاھر ھو ۔ (۲) ما تحت جملہ میں ؛ اسم موصول یا عطف : (الف) جو مقدار یا درجہ ظاھر کرے بمعنی اگرچہ ؛ بہرکیف ۔ (ب) صفت یا طریقہ کے معنی میں ؛ جملہ معترضہ ۔(۳) ظرف مکان یا ظرف زمان کے معنی میں ؛ جب کہ ؛ جب کبھی ۔ (٤) سبب کے معنی میں ۔ (۵) نتیجہ اور مقصد کے معنی میں ۔(٦) کسی وصف کے بیان کرنے کےلئےبمعنی جوں جوں کہ ؛ وہ ۔ (۷) ماتحت جملوں کو داخل کرنے کے لئے ؛ جملہ اسمیہ کو ۔ (۸) حروف جار یا حروف قید کے ساتھ سابقہ کے طور پر ۔

As : (n) تانبے کا ایک رومی سکہ جس کا وزن پہلے ۱۲ اونس تھا پھر بعد کو نصف اونس کر دیا گیا ۔

As -: (prefix) سابقہ ۔

As : (prefix) سابقہ ، دیکھو 'Ad'

As customary : (تجارت) رواجاً ؛ رواج کے مطابق ؛ بہ مطابق رواج ۔

As good as : تقریبا ؛ قریب قریب ۔

As is where is : (تجارت) جیسا ھے ، جہاں ھے ۔

As much : (pron) اتنا ؛ جتنا ۔

As per : مطابق ۔

As regards : لحاظ سے ؛ رو سے ؛ حساب سے ۔

As soon / assoon : فوراً ؛ ابھی ابھی ۔

As well (as) : بھی ؛ علاوہ ؛ مزید برآں ؛ نیز ۔

As yet : (adv) ابھی تک ؛ تا حال ؛ تا ایں دم ۔

Asafoetida : (n) [med. L."asa"+pers."foetida"] ھینگ ؛ حلتیت ؛ انقوزہ ؛ ایک جمی ھوئی گوند جس میں تیز بو ھوتی ھے اور وہ کھانے اور دواؤں میں کام آتی ھے ۔

Asale : (adv) [A+SALE] برائے فروخت ؛ بکری کے لئے ؛ فروخت کے لئے ؛ بیچنے کے لئے ؛ بکاؤ ۔

Asarabacca : (n) [L."asarum"+-"bacca"] (جڑی بوٹی) اسارون شامی ؛ ایک پودا سر کی تکلیف کو دور کرنے والا جو ناس میں کام آتا ھے ۔

Asarin /Asaron : (n) [L."asarum"+-IN] (کیمیا) ایک قلم پذیر خوشبو دار کافور جیسا مادہ جو اسارون شامی کی جڑوں سے نکلتا ھے جسے Camphor of Asarum بھی کہتے ھیں ۔

Asbestic : (a) اسبستوس کا ؛ اسبستوسی ۔

Asbestiform : (a) اسبستوس کی شکل کا ۔

Asbestine / Asbestous : (a) اسبستوس کا یا اس سے متعلق یا اس کی صفت رکھنے والا ؛ ناسوز ۔

Asbestoid : (a) اسبستوس سے مشابہ ۔

Asbestoidal : (a) اسبستوس کا ؛ اسبستوسی ۔

Asbestos / Asbestus : (n) [Gr."a+sbestos"] ایک طرح کی ریشہ دار معدنی شے جس کا غیر اشتعال پذیر تختہ بنایا جاتا ھے ؛ پنبہ کوھی ؛ اسبستوس ۔

Asbestos filter : (n) (کیمیا) اسبستوس فلٹر / چھننا ۔

Asbestos paper : (n) (کیمیا) اسبستوس کاغذ ۔

Asbestos sheet : (n) (کیمیا) اسبستوس چادر ۔

Asbolan : (n) [Gr."asboln"] ایک قسم کی ذات جس میں کوبالٹ کا آکسائیڈ ھوتا ھے جسے Earthy cobalt بھی کہتے ھیں ۔

Asboline : (n) پھلیا سے حاصل کیا ھوا ایک تیز روغن جو بھاپ بن کر اڑ جاتا ھے ۔

Asbolite : (n) ایک قسم کی ذات جس میں کوبالٹ کا آکسائیڈ ھوتا ھے جسے Earthy cobalt بھی کہتے ھیں ۔

Ascan : (n) [mod. L."ascus",Gr."ascos"] ایک نباتیاتی اصطلاح ۔

Ascarides : (n) [Gr."ascarides"] انتوں کا ایک کیڑا ؛ کرم سفید ۔

Ascaris : (n) (حیوانیات) کیڑوں کی ایک نوع جس میں کیچوا شامل ہےاور جو انسان کی انتوں میں طفیلی بن کر رہتے ہیں ؛ ان کی ہیئت زمینی کیڑے سے ملتی جلتی ہے ؛ صفار ۔

Ascend : (v) [L."ascendere"] (۱) اوپر جانا یا آنا ؛ چڑھنا ؛ صعود ۔ (۲) (چیزوں کے متعلق) اٹھایا جانا ؛ بلند کیا جانا ۔ (۳) مائل بہ فراز ہونا ؛ چڑھاؤ ہونا ؛ بتدریج بلند ہوتے جانا ۔ (٤) بڑھنا ؛ ابھرنا ؛ چڑھنا ؛ بلند ہونا ؛ ترقی کرنا (تیز مجازاً) ۔ (۵) (آوازوں کے متعلق) اونچا ہونا ؛ بلند ہونا ۔ (٦) زمانے یا نسب کے لحاظ سے ماضی کی طرف جانا ۔ (۷) منبع یا نکاس کی طرف جانا ؛ اوپر کی طرف جانا ۔ (۸) بیٹھنا ؛ چڑھنا ؛ سوار ہونا ۔ (۹) (فلکیات) افق کے اوپر اٹھنا اجرام فلکی کا ۔ (۱۰) نقطۂ عروج کی طرف حرکت کرنا ۔

To ascend a river : ندی کے کنارے کنارے اس کے منبع کی طرف جانا ۔

To ascend a throne : تخت پر بیٹھنا ۔

Ascendance /-ence : (n) تسلط ؛ بالادستی ؛ عروج ؛ (فلسفہ و نفسیات) غلبہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) تسلط ۔

Ascendancy /-ency : (n) تفوق ؛ فوقیت ؛ بالا دستی ؛ غلبہ ؛ عروج ؛ برتری ؛ (سماجیات) فوقیت ؛ غلبہ ۔

Personal ascendency : (سماجیات) ذاتی غلبہ ؛ ذاتی فوقیت ۔

Ascendant /- ent : (a) [L."ascendentum"] (۱) اٹھتا ہوا ؛ بلند ہوتا ہوا ۔ (۲) (ہیئت) طالع ؛ جو نصف النہار کیطرف چڑھ رہا ہو ۔ (۳) (نجوم) مشرقی افق سے ذرا بلند ۔ (٤) غالب ؛ حاوی ۔ (۵) زائچہ ؛ جنم پتری ۔ (٦) دائرۃ البروج کا وہ نقطہ یا منطقۃ البروج کا دقیقہ جو کسی بچہ کی ولادت کے وقت افق مشرق سے بلند ہو رہا ہو ؛ نقطۂ طالع ۔ (۷) فوقیت ؛ برتری ؛ افضلیت ؛ شرف ۔ (۸) جد ؛ پرکھا ؛ سلف ۔ (۹) (نباتیات) بالا رو ۔

In the ascendant : عروج پر ؛ فائق ؛ غالب ؛ افضل ۔

The house of the ascendant : نقطۂ طالع کا خانہ ؛ وہ حصہ جو منطقۃ البروج کے ۵ اور ۲۵ ڈگری نیچے کے درمیان ہو ۔

The lord of the ascendant : : خانۂ طالع کا کوئی سیّارہ ؛ خانۂ طالع کا مالک ۔

Ascender : (n) چڑھنے والا ؛ صعود کرنے والا ؛ ترقی کرنے والا ۔

Ascending : (n) اوجی ؛ صاعد ؛ (ریاضی) صعودی ۔

Ascending : (a) (۱) اٹھتے ہوئے ؛ چڑھتے ہوئے ۔ (۲) مائل بہ فراز ۔ (۳) اوپر کی طرف رخ کئے ہوئے خاص کر وہ ڈھانچہ جو جسم کے نچلے حصے سے بالائی حصہ تک بڑھے یا وہ تنا جو بتدریج خم ہو کر سیدھا ہو جائے ؛ صاعد ؛ بالا نمو ۔ (٤) نسب کے اعتبار سے پیچھے کی طرف جانا ۔

Ascending Latitude : (n) کسی سیّارے کا عرض البلد جب وہ صعود کر رہا ہو ۔

Ascending Node : (n) کسی سیّارے کے محور کا وہ نقطہ جہاں وہ صعود کرتے وقت منطقۃ البروج کو پار کرے یا کاٹے ۔

Ascending order : (n) (ریاضی) چڑھتی ترتیب ؛ صعودی ترتیب ۔

Ascending power : (n) (ریاضی) چڑھتی قوت ؛ صعودی قوت ۔

Ascending series : (n) (طبیعیات) چڑھتا سلسلہ ؛ صعودی سلسلہ ۔

Ascension : (n) [L."ascensionem"] (۱) صعود ؛ بلند ہونا ؛ اوپر چڑھنا یا اٹھنا ۔ (۲) رفع مسیح ۔ (۳) ایک جرم فلکی کا طلوع ہونا ۔

Right ascension : عروج ۔

Ascension day : (n) مبارک یوم ؛ پنج شنبہ ۔

Ascensional : (a) صعودی ؛ معراجی ؛ عروجی ۔

Ascensional Difference in Astr : آفتاب یا کسی ستارے کا Right ascension اور Oblique ascension کا تفاوت ۔

Ascensionist : (n) صعود کرنے والا ؛ بلندی پر چڑھنے والا ؛ اوپر چڑھنے والا ۔

Ascensive : (a) [L."ascens-(asendere)"+IVE] (۱) بڑھتا ہوا ؛ ابھرتا ہوا ؛ اٹھتا ہوا ۔ (۲) نحو (تاکیدی) ؛ موکد ۔

Ascent : (n) [L."ascendare".] (۱) چڑھاؤ ؛ صعود ؛ بلندی ؛ عروج ۔(۲) ترقی ؛ اوپر اٹھنا ؛ مائل بہ رفعت ہونا ؛ عروج ؛ اوج ۔(۳) زینہ ؛ چڑھاؤ ؛ سیڑھی ؛ وہ راستہ جس پر ہو کر اوپر جاسکے ۔(٤) در فراز ۔(٥) زمانے یا نسب کے لحاظ سے ماضی کی طرف رجعت ۔

Ascertain : (v) [M. E."acertein","-ain," a."Fr.acertain"] تحقیق کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ پتا چلانا ؛ ثابت کرنا ۔

Asertainable : (a) قابل تحقیق ؛ قابل دریافت ؛ قابل تفتیش ۔

Ascertainableness : (n) قابل تحقیق ہونا ۔

Ascertainably : (adv) قابل تحقیق ہونے کے لحاظ سے/ رو سے ۔

Ascertained : (a) محقق ؛ مسلم ۔

Ascertainer : (n) محقق ۔

Ascertainment : (n) تحقیق ؛ دریافت ؛ انکشاف ۔

Ascertainment error : (n) (شماریات) غلطی اطمینان ۔

Ascetic : (a) [Gr."asceticos"] (۱) تپسوی ؛ مرتاض ؛ زاہد ؛ جوگی ؛ ریاضت کش ۔(۲) تیاگی ؛ راہب ؛ سنیاسی ؛ تارک الدنیا ۔(۳) مرتاضانہ ؛ زاہدانہ ۔

Ascetical : (a) راہبانہ ؛ زاہدانہ ؛ مرتاضانہ ؛ جوگی وش ۔

Ascetically : (adv) زاہدانہ طور سے ۔

Asceticism : (n) زہد ؛ ریاضت ؛ جوگ ؛ سنیاسی ؛ تیاگ ؛ ترک دینا ؛ تپسیا ؛ (فلسفہ ونفسیات) رہبانیت ۔

Ascham : (n) [f. Ascham, author of Toxophilus] ایک الماری یا بکس جس میں تیر اندازی کے آلات رکھے جاتے ہیں ۔

Ascians : (n) [Gr."ascioe"] منطقہ حارہ کے باشندے جن کے سر پر دو مرتبہ آفتاب ٹھیک اوپر رہتا ہے اور کوئی سایہ نہیں پڑتا ؛ لا ظلی ؛ ساکن حارہ ۔

Ascidian : (a) ایسیڈین ؛ مشکیلا کے متعلق ؛ رخووں (molluses) کے متعلق ؛ غلاف پوش ؛ حیوانات ناعمہ کا ۔

Ascidiarium : (n) غلاف پوش حیوانات ناعمہ کا جمگھٹ ۔

Ascidiate / Ascidiform : (a) غلاف پوش حیوانات ناعمہ کی شکل کا ۔

Ascidioid : (a) غلاف پوش حیوانات ناعمہ کے مانند ۔

Ascidiozooid : (n) غلاف پوش حیوانات ناعمہ ؛ کے جمگھٹ کا ایک فرد ۔

Ascidium : (n) [Gr."ascidion"] (۱) غلاف پوش حیوانات ناعمہ ؛ مشکیلا ؛ رخووں کی ایک جنس ۔ (۲) (نباتیات) پتوں کا ایک سبو نما خیمہ ؛ سبوی برگ ۔

Ascigerous : (a) [mod. L."ascus"+(1) GEROUS] جھلی دار گومڑی خلیہ رکھنے والا ؛ لفہ دار ۔

Ascitan : (n) [L."Ascit"+-ITE] دوسری صدی عیسوی کا ایک مرتد فرقہ جو شراب کے پھولے ہوئے مشک کے گرد رقص کرتا ہے ۔

Ascites : (n) [Gr."ascites"] استسقائے شکم ۔

Ascitic /Ascitical : (a) استسقائے شکم کا یا اس سے متعلق ؛ صفاق سے متعلق ۔

Ascititious : (a) [L."ascit-, adsciscere"+-ITIOUS] مریض استسقائے شکم ؛ صفاقی ۔

Asclepiad : (n) [L."Asclepiadeus"] (۱) یونانی اور لاطینی عروض کے مطابق شعر کی ایک قسم جسکا موجد یونانی شاعر Asclepiades تھا ۔

Asclepiad : (n) ایک قسم کا پودا ؛ مداریہ پودا ۔

Asclepiadaceous : (a) مداریہ پودے کا یا اس کی طرح ۔

Asclepiadean : (n) یونانی شاعر Asclepiade کا ۔

Asclepiadeous : (a) مداریہ پودے کا ۔

Asclepias : (n) [mod. L. a. Gr. AESCULAPIUS] پودوں کی ایک ذات : مدار ؛ آك ؛ شیر گیاہ ۔

Asco -: جزو ترکیبی بمعنی جھلی دار گومڑی خلیہ رکھنے والا ۔

Ascogonium : (n) چکر دار حلقے والا عضو جس سے جھلی دار گومڑی خلیہ پیدا ہوتا ہے ؛ لفہ دان ۔

Ascomycetal / Ascomycetous : سماروغ سے متعلق ۔

Ascophorous : (a) جھلی دار گومڑی خلیہ کو پیدا کرنے والا ۔

Ascopore : (n) وہ تخمك جو جھلی دار گومڑی خلیہ میں بڑھتا ہے ۔

Ascribable : (a) قابل انتساب ؛ قابل نسبت ۔

Ascribe : (v) [ME."ascrive", L."adscribere"] کسی طرف نسبت دینا ؛ منسوب کرنا (کسی کے ذمہ لگانا) ؛ عائد کرنا ؛ (کسی کے) سر تھوپنا ؛ مڑھنا ؛ محمول کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ (سماجیات) تفویض کرنا ۔

Ascribed : (a) تفویض شدہ ؛ مخصوص کیا ہوا ۔

Ascribed status : (n) (سماجیات) مفوضہ حیثیت ۔

Ascription : (n) [L."ascriptionem"] (۱) انتساب ؛ نسبت ؛ تخصیص ۔ (۲) وعظ یا عبادت کے اختتام پر حمد اور دعا ۔

Ascus : (n) [Gr."ascos"] ایك جھلی دار گمڑیہ خلیہ کا لفّہ ۔

Asea : (adv) سمندر میں ؛ سمندر تك ۔

Aseethe : (adv) کھولتا ہوا ۔

Aseity : (n) [L."ase"+-ITY] آزاد اور غیر ماخوذ وجود ۔

Aseptic : (a) [A-+Gr. "septicos"] (۱) بے زہر باد ؛ بے تعفن ؛ غیر متعفن جس میں عفونت یا زہر باد نہ ہو ؛ دافع عفونت ۔ (۲) نہ سڑنے والی (چیز) ؛ غیر عفونت پذیر ۔ (۳) طبی طریقہ سے پاك کیا ہوا ۔

Asepticism : (n) عفونت ناپذیری ؛ غیر عفونت پذیری ۔

Asexual : (a) (۱) (حیاتیات) جنس ؛ جس میں نر مادہ کی تفریق نہ ہو ۔ (۲) اجاتی ؛ غیر صنفی ؛ (سماجیات) نا جنسیت ۔

Ash : (n) [OE. Asc] ایك قسم کا جنگلی پیڑ ؛ زبان گنجشك ؛ دیودار ۔

Ground ash : Ash کا ایك چھوٹاپودا ؛ ایك چھتر دار بوٹی ۔

Mountain ash : روون ؛ ایك قسم کا درخت ۔

Quaking ash : روون ؛ ایك قسم کا درخت ۔

Wild ash : روون ؛ ایك قسم کا درخت ۔

Ash : (n) (۱) راکھ ؛ خاکستر ؛ رماد ۔ (۲) چتا کی راکھ ۔ (۳) زمین کی خاك ۔ (٤) موت کی سی زردی ۔ (٥) غم یا پریشانی کی علامت ؛ (کیمیا) راکھ ۔

Black ash : نمك سے سوڈا بنانے کا ایك کیمیاوی مرکب ۔

The Ashes : انگریزی کرکٹ کھیل میں برتری کی ایك قدیمی علامت ؛ انگریزی کرکٹ کے علامتی آثار ۔

To lay in ashes : جل کر خاك ہو جانا ۔

Volcanic ash : کوہ آتش فشاں کی راکھ ۔

Ash : (v) راکھ چھڑکنا ۔

Ash bin : (n) راکھ کا برتن ۔

Ash blonde : (n) (بال کے بارے میں) سفیدی مائل ہلکا سنہری رنگ ۔

Ash colour : (n) (کیمیا) راکھی رنگ ۔

Ash cone : (n) خاکستری مخروط ۔

Ash content : (n) (کیمیا) راکھی جز ۔

Ash-fire : (n) دھیمی آنچ جو کیمیاوی عملوں میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Ash-furnace : (n) شیشہ بنانے کی بھٹی ۔

Ash heap : (n) راکھ کی ڈھیری ۔

Ash hole : (n) خاکستر دان ، گلخن ۔

Ash-key : (n) Ash کا بیج ؛ تخم ؛ زبان گنجشک ؛ ثمر دیودار ۔

Ash-leach : (n) ایک مانی یاٹب جس میں لکڑی کے کوئلے کو رکھا جاتا ھے تا کہ اس کا قلوی نمک پگھل جائے ۔

Ash leaf : (n) Ash کا ایک چھوٹا پودا ۔

Ash oven : (n) دیکھو ash furnace

Ash-pan /Ash pit / Ash tub : (n) خاکستردان ؛ راکھ دان ۔

Ash-Wednesday : یوم الرماد ؛ عیسائی چلّے کا پہلا بدھ ۔

Ashake : (a) لرزاں ؛ جنباں ۔

Ashame : (v) [A-pref+OE. Se(e)amian] شرمندہ کرنا ۔

Ashamed : (a) شرمندہ ؛ نادم ؛ شرمسار ؛ خجل ؛ عرق عرق ۔

Ashamedness : (n) شرم ساری ؛ نادم ؛ خجالت ؛ ندامت ؛ انفعال ۔

Ashen : (a) (۱) Ash کی لکڑی سے بنا ھوا ۔ (۲) Ash درخت کا ۔

Ashen : (a) (۱) راکھ کا ؛ فاختئی ؛ خاکستری رنگ کا ؛ پیلا ۔(۲) رمادی ؛ راکھ کا ؛ خاکستری ۔

Ashery : (n) وہ جگہ جہاں پوٹاش اور Pearlash بنایا جاتا ھو ؛ خاکستر گاہ ؛ کارخانہ نمک ؛ قلیا سازی ۔

Ashine : چمکتا ھوا ۔

Aship board : جہاز پر ۔

Ashiver : لرزاں ؛ کپکپاتا ھوا ۔

Ashlar : (n) [L."axillaris", f."azilla"] (۱) مربع پتھر ؛ پتھر کے چوکے ۔(۲) مربع پتھروں کی عمارت ؛ تراشا پتھر ۔(۳) اینٹ کی عمارت جس کی روکار پتھر کی ھو ؛ (تاریخ وسیاسیات، تعمیرات) تراشا ھوا پتھر ۔

Ashlar rafter : (n) پتھر کی بنی ھوئی کڑی ۔

Ashlar work : (n) عمارت جو تراشے ھوئے مربع پتھر سے بنے ؛ چوکور پتھر کا تعمیری کام ۔

Ashlared : (a) مربع تراشیدہ پتھروں سے ڈھکا ھوا ۔

Ashlaring : (n) ترشے پتھر کی چُنائی ۔

Ashless : (a) بنا راکھ ؛ بغیر راکھ کا ؛ بے خاکستر ۔

Ashless filter paper : (کیمیا) بنا راکھ چھننا کاغذ ۔

Ashlike : (a) راکھ جیسا ؛ خاکستری ؛ خاکستر مانند ؛ راکھ کی طرح کا ۔

Ashling : (n) زبان گنجشک کا چھوٹا پودا ۔

Ashore : (adv) ساحل پر ؛ کنارے پر ؛ ساحل کیطرف ؛ کنارے کی طرف ۔

Ashweed : (n) ایک قسم کی بوٹی / جڑی ۔

Ashy : (a) (۱) راکھ سے ڈھکا ھوا یا راکھ چھڑکا ھوا ؛ رمادی ؛ خاکستری ۔(۲) خاک آلودہ ؛ راکھ میں اٹا ھوا ۔ (۳) خاکستری رنگ کا ؛ راکھ کے رنگ کا ؛ فاختئی ؛ زرد ۔

Asia : (n) ایشیا ؛ برّاعظم ایشیا ۔

Asian : (a) [L."Asianus"] ایشیائی ؛ دیکھو Asiatic

Asiarch : (n) [Gr."asiarches"] رومیوں کے زیر حکومت ایشیائے کوچک میں مذھبی رسوم کا ھدایت کار یا رھنما ۔

Asiatic : (a) [L."Asiaticus"] ایشیائی ؛ ایشیا کا باشندہ ۔

Asiatically : (adv) ایشیا کے لوگوں کے رسم و رواج کے مطابق ۔

Asiaticism : (n) ایشیائی لوگوں کے عادات و خصائل یا طرز گفتگو ۔

Asiaticise : (v) ایشیائی بنانا ؛ ایشیائی رسم و رواج کے مطابق بنانا / ھونا ۔

Aside : (adv) [orig. on side] : (۱) حرکت کے لئے : ایک طرف : الگ : ایک جانب : ایک سمت : تنہائی میں : جدا : دور : استعمال یا خیال سے الگ ۔ (۲) سمت کےلئے: سیدھے خط سے ہٹ کر : بر کنار : کج ہو کر ۔ (۳) جگہ کےلئے: عام جماعت سے الگ : خلوت میں ۔ (٤) بطور حرف جار: پہلو میں : کنارے ۔

To lay or set aside : (قانون) منسوخ کردینا : توڑ دینا : مسترد کرنا : رد کرنا ۔

To speak aside : (۱) تخلیے میں کہنا : الگ ہٹ کر کہنا : منہ پھیر کر کہنا (خاص کر ڈرامےمیں) ۔(۲) وہ الفاظ جو الگ بولے جائیں : خاص کر وہ الفاظ جو ایکٹر الگ ہٹ کر کہتا ہے، یہ جان کر کہ دوسرے نہیں سن رہے ہیں ۔ (۳) رواروی کا کام ۔

Aside from : (prep.) علاوہ ۔

Asimmer : (adv) [A+SIMMER] کھولتے ہوئے : ابلنے کے قریب : سنسناتے ہوئے ۔

Asinine : (a) [L."asininus", f."asinus"] گدھے کا : خری : حماری : گدھا : احمق : نادان : ضدی ۔

Asininity : (n) حماقت : خری : نادانی : گدھا پن ۔

Asiphonate : (a) [A+SIPHONATE] (۱) جس میں تنفس کا سائفن نہ ہو ۔ (۲) بے سر حیوانات ناعمہ جس میں یہ آلات تنفس نہ ہوں ۔

-asis : لاحقہ جو بیماری کے ناموں کے آخر میں ہوتا ہے ۔

Asitia : (n) [Gr."asitia"] غذا سےنفرت یا غذا کی احتیاج : نفرت طعام : اعتیاف ۔

Ask : (v) [OE."ascian","acsian"] (۱) پوچھنا : استفسار کرنا : جواب مانگنا : جواب طلب کرنا : دریافت کرنا ۔ (۲) درخواست کرنا : استدعا کرنا : التجا کرنا : عرض کرنا : خواہش کرنا ۔ (۳) بلانا : دعوت دینا : مدعو کرنا : طلب کرنا : (چیزوں کے متعلق) چاہنا ۔

To ask a price : قیمت کے مطابق مطالبہ کرنا ۔

To ask an account : مطالبہ کرنا ۔

To ask for : سزا وار ہونا ۔

To ask (now to publish) banns : اعلان نکاح کرنا۔

(نکاح کے اعلان کی اشاعت تا کہ کسی کو کوئی اعتراض ہو تو پیش کرسکے)۔

Ask : (n) ایک چھپکلی نما چھوٹی دم والا آبی جانور جو خشکی پر بھی رہ سکتا ہے ۔

Askance : (adv) [ME."ascaunce"] (۱) کنکھیوں سے : ترچھی نظروں سے : گوشہء چشم سے ۔ (۲) بالکنایہ ۔

To eye askance /To look at askance /To vien askance : شک کرنا : شبہ کی نظروں سے دیکھنا : شبہ کرنا ۔

Askant : (adv) دیکھو Askance

Askar : (n) [Arab."asker"] فوج ۔

Askeletal : (a) [A+SKELETAL] بے ڈھانچے کا ۔

Asker : (n) سوال کنندہ : پوچھنے والا : سوال کرنے والا : جواب طلب کرنے والا : تحفہ طلب کرنے والا : خیرات مانگنےوالا ۔

Askew : (adv) (۱) ٹیڑھے پن سے : ترچھے پن سے : کجی سے ۔ (۲) ٹیڑھا : ترچھا : کج ۔

To look askew : ترچھی نظر سے : گوشہء چشم سے : (مجازاً) چپ چپ ۔

Aski trading system : (n) (تجارت) آسکی تجارتی نظام ۔

Asking : (n) (۱) سوال کرنا ۔(۲) التجا کرنا : بھیک مانگنا : درخواست : التجا ۔ (۳) اعلان نکاح کی اشاعت ۔

Askingly : (adv) التجا کرتے ہوئے : بھیک مانگتے ہوئے : از روئے درخواست / التجا ۔

Askos : (n) (تاریخ) تیل کی کُپّی (یونانی اثریات) ۔

Aslant : (adv) [A+SLANT] (۱) کجی سے : ترچھے پن سے : ٹیڑھے پن سے : اُریب وار ۔ (۲) جھکا ہوا : ترچھا : ٹیڑھا : آڑا : اُریب : کج ۔

Asleep : (adv) [A+SLEEP] (۱) سویا ہوا : سوتا : خفتہ : نیند میں : حالت خواب میں : خوابیدہ ۔ (۲) (مجازاً) (اعضا کے متعلق) سویا ہوا : سُن : بے حس ۔ (۳) (مجازاً) مرا ہوا : مردہ ۔ (٤) بادبان میں ہوا بھر جانا ۔

Aslope : (a&adv) [OE. "aslope"] ڈھلوان ؛ ڈھلاؤ ؛ نشیب وار ؛ اڑا ؛ مائل ۔

Aslug : (adv) [A+SLUG] سستی سے ؛ کاھلی سے ۔

Asmear : (a&adv) [A-SMEAR] داغ دار ؛ دھبا دار ؛ داغ دارانہ ۔

Asmoulder : (adv) [A-SMOULDER] سلگتے ھوئے ؛ جلتے ھوئے ؛ سوزش میں ۔

Asnort : (adv) [A+SNORT] نتھنوں سے آواز نکالتے ھوئے ۔

Asoak : (adv) [A+ SOAK] شرابور ھو کر ۔

Asocial : (a) خود غرض ؛ غیر سماجی ؛ غیر معاشرتی ۔

Asomatous : (a) [Gr."asomatos"] غیر محسوس ؛ بے جسم ؛ غیر مادی ۔

Asouth : (adv) دکھن جانب ؛ دکھن میں ؛ جنوب میں ۔

Asp : (n) (۱) ایک قسم کے سفیدے کا درخت جس کی پتیاں ھلتی رھتی ھیں ؛ سفیدار ؛ سپیدار ؛ چنارلرزاں ۔ (۲) چنار کا جنگل /لکڑی ۔

Asp : (n) [L."aspis"] افعی ، ایک قسم کا چھوٹا زھریلا پھن دار سانپ جو مصر اور لیبیا میں پایا جاتا ھے ۔

Aspalathus : (n) [Gr."aspalathos"] افریقی جھاڑیوں کی ایک جنس ؛ ان میں سے بعض جھاڑیوں کی خوشبودار لکڑیاں ۔

Aspalax : (n) [Gr."asplax"] گورموش کی جنس کا جانور جو چھچھوندر سے مشابہ ھوتا ھے ۔

Asparagine : (n) [ASPARAGUS+-INE] ایک شورینی قلم پذیر مرکب جو ایسپریگس (Asparagus) میں پایا جاتا ھے ۔

Asparaginous : (a) اسپریگس نما یا اس سے متعلق ۔

Asparagus : (n) [L.] ایسپریگس ؛ ایک مزیدار ترکاری (سرد ملکوں میں) ؛ ھالون ؛ ماچوبہ ؛ ناگدون ۔

Asparagus beetle : (n) ایک چھوٹا بھونرا جو ایسپریگس کے پتوں کو کھاتا ھے ۔

Asparamic : (n) ایک شورینی قلم پذیر مرکب کا یا اس سے متعلق ۔

Asparamide : (n) دیکھو Asparagine

Asparkle : (adv) [A+SPARKLE] دمکتے ھوئے ؛ چمکتے ھوئے ۔

Aspartic : (a) [f. (arbitrarily) asparagus] دیکھو Asparamic

Aspartic acid : (n) (کیمیا) ایسپارٹک ایسڈ ۔

Aspect : (n) [L."aspectus", f."ad-spicere"] (۱) دیکھنے کا پہلو یا رخ ۔ (۲) کھلا ھوا (کسی خاص رخ کی طرف ، جیسے یہ دروازہ باغ کی طرف کھلتا ھے ۔ (۳) طرف ؛ پہلو ؛ رخ ؛ (سامنے کا) ؛ وہ سطح یا رخ جو کسی خاص طرف ھوتا ھے ۔ (٤) شکل ؛ صورت ؛ حالت ؛ (لسانیات) کیفیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) پہلو ؛ رخ ۔ (٥) بشرہ ؛ چہرہ ۔ (٦) حالت ؛ کیفیت ؛ (خاص کر جو دماغ کے سامنے آئے) ؛ تصور ۔ (۷) (علم نجوم) سیّاروں کا وہ مربوط مقام جو کسی خاص وقت میں زمین سےدیکھنے والے کو نظر آئے ۔ (۸) تعلق ؛ رشتہ ؛ نسبت ۔ (۹) (قواعد) فعل کی ایک شکل جو کسی عمل کو یا اس کے آغاز ، مدت یا تکمیل کو ظاھر کرنے کے لئے استعمال ھوتی ھے ۔

Accomodative aspect : (لسانیات) بذلی کیفیت ۔

Applicative aspect : (لسانیات) اطلاقی کیفیت ۔

Atelic aspect : (لسانیات) ناتمامی کیفیت ۔

Benefactive aspect : (لسانیات) اطلاقی کیفیت ۔

Cessative aspect : (لسانیات) موقوفی کیفیت ۔

Completive aspect : (لسانیات) تکمیلی کیفیت ۔

Cursive aspect : (لسانیات) ارتقائی کیفیت ۔

Distributive aspect : (لسانیات) تقسیمی کیفیت ۔

Durative aspect : (لسانیات) امتدادی کیفیت ۔

Effective aspect : (لسانیات) موثر کیفیت ۔

Frequentative aspect : (لسانیات) تکراری کیفیت ۔

Imperfective aspect : =(atelic aspect) (لسانیات) ناتمامی کیفیت ۔

Asperges : (n) دعائے عشائے ربانی کے پہلے الفاظ جنہیں پڑھتے وقت عشائے ربانی کی میز اور لوگوں پر مقدس پانی چھڑکتے ھیں ۔

Aspergill : (n) [L."aspergere+-illum"] (رومن کیتھولک چرچ) مقدس پانی چھڑکنے کا برش ؛ آب پاش ۔

Aspergilliform : (a) مقدس پانی چھڑکنے کے برش کی شکل کا، جیسے گھانسوں کا سر بفچه ؛ برش صورت ۔

Aspergillum : (n) (رومن کیتھولک چرچ) مقدس پانی چھڑکنے کا برش ؛ آب پاش ۔

Aspergillus : (n) ایک بہت ھی چھوٹے (جو صرف خوردبین سے دیکھا جا سکے) سماروغ کی جنس جو مقدس پانی چھڑکنے والے برش سے مشابہ ھوتی ھے ؛ اسفر جلوس ۔

Asperifoliate : (a) [mod. L."asperifolius"] کھردری پتیوں والا ؛ ناھموار برگہ ۔

Asperifolous : (a) کھردری پتیوں والا ۔

Asperity : (n) [ME."asprete". L."asperitatem"] (۱) سختی ؛ کھردراپن ؛ ناھمواری ؛ کھردری سطح ۔ (۲) تیزی ؛ سختی ؛ شدت (موسم کی)۔ (۳) درشتی ؛ تندی ؛ تیزی ؛ گرمی ؛ خشونت (مزاج کا) ؛ کرختگی ؛ تلخی ۔

Aspermous : (a) [Gr."aspermos"+OUS] بے تخم ؛ بے بیج کا ۔

Aspermatism : (n) تخم کی کمی ، نامردی ۔

Aspermatous : (a) بے تخم ؛ بغیر بیج کا ۔

Asperous : (a) [L."asper"+OUS] کھردرا ؛ ناھموار ؛ کھرکھرا ؛ سخت ۔

Asperse : (v) [L."aspers-","aspergere"] (۱) چھڑکنا ، دھبا ڈالنا ۔ (۲) چھڑکاؤ کرنا ؛ بکھیرنا ۔ (۳) ضرر رساں الزام لگانا ؛ ضرر رسانی اور جھوٹ موٹ کا الزام لگانا ؛ تہمت لگانا۔ (٤) بدنام کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ طوفان باندھنا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا؛ بدنام کرنا ؛ متہم کرنا ۔

Aspersed : (a) (۱) چھڑکا ھوا ؛ خاص کر نقابت میں چھوٹا مارکہ دیا ھوا ۔ (۲) بے عزت کیا ھوا ؛ الزام دھرا ھوا ؛ تہمت لگایا ھوا ۔

Inceptive aspect : (لسانیات) آغازی کیفیت ۔

Inchoative aspect : (لسانیات) آغازی کیفیت ۔

Indirective aspect : (لسانیات) واسطی/ بذلی کیفیت (benefactive aspect) ۔

Inferential aspect : (لسانیات) استنباطی کیفیت (Pultative aspect) ۔

Ingressive aspect : (لسانیات) دخولی کیفیت ۔

Intensive aspect : (لسانیات) شدتی کیفیت ۔

Momentary aspect : (لسانیات) لمحاتی پہلو ۔

Necessitative aspect : (لسانیات) لازمی کیفیت ۔

Negative aspect : (لسانیات) منفی کیفیت ۔

Obligatory aspect : (لسانیات) لازمی کیفیت ۔

Perfective aspect : (لسانیات) تمامی کیفیت ۔

Permansive aspect : (لسانیات) دوامی کیفیت ۔

Pulative aspect : (لسانیات) استنباطی کیفیت ۔

Telic aspect : (لسانیات) تمامی / اتفاقی کیفیت ۔

Terminative aspect : (لسانیات) مقصدی کیفیت ۔

Aspen : (a) [f.asp.] (۱) سفیدے کی طرح یا اس سے متعلق ۔ (۲) لرزاں ؛ جنباں ؛ مرتعش ؛ رعشہ دار ؛ تھرتھراتا ھوا ؛ کپکپاتا ھوا ؛ لرزتا ھوا ۔ (۳) سفیدے کا درخت ۔

Asper : (n) [L."asper"] (یونانی قواعد) پھونک کے سانس نکالنا ؛ نشان جو Initial vowel کے اوپر ھوتا ھے ۔

Asper : (n) [Fr."aspre"] ترکی کا چاندی کا سکہ ۔

Asper advice : ھدایت کے مطابق ۔

Asperate : (a) [L."asperatus"] کھردرا ؛ ناھموار ؛ سخت ۔

Asperate : (v) کھردرا بنانا ؛ ناھموار بنانا ۔

Asperge : (n) [L."aspergere"] چھڑکنا ۔

Aspersion : (n) [L."aspersionem"] (۱) تہمت : الزام : اتہام : بہتان ۔(۲) چھڑکنا ' چھڑکاؤ ' بکھراؤ ' بکھیرنا ۔(۳) ضرر رساں الزام لگانا یا غلط یا جھوٹا الزام / تہمت لگانا ' بے عزتی : ہتک عزتی ۔(٤) نقصان دہ رپورٹ ' تہمت آمیز ' توہین ۔

Aspersoir : (n) آب پاش : آب فشاں ' مقدس پانی چھڑکنے کا ایک برش ۔

Aspersorium : (n) [med. L."aspers"] چھڑکنے کی تقریب ' مقدس پانی کا برتن ' متبرک پانی کا برتن ۔

Asphalt : (n) [L."asphalton"] رال : فرش وغیرہ بنانے کا مسالا جس میں کوئلہ ، ڈامر اور رال ملی ہوتی ہے : اسفلٹ : تارکول ، ڈامر اور ریت کا مرکب ۔

Asphalt : (v) سڑک پر ڈامر بچھانا : اسفلٹ بچھانا ۔

Asphaltene : (n) [mod. ER. F."asphaltene"] آکسیجن داخل کیا ہوا hydrocarbon جس میں اسفلٹ کا ٹھوس جز / عنصر پایا جاتا ہے ۔

Asphalter : (n) اسفلٹ بچھانے والا ۔

Asphaltic : (a) اسفلٹ کی قسم کا یا جس میں اسفلٹ ہو ۔

Asphaltic pool : (n) بحر مردار ۔

Asphaltite : (n) دیکھو asphaltic

Aspheterism : (n) [Gr."a+spheteros"] یہ عقیدہ کہ کسی کے پاس نجی جائیداد نہیں رہنی چاہئے ' اشتراکیت : اشتمالیت ۔

Asphodel : (n) [Gr."asphodelos"] سوسن کی قسم کا ایک درخت : برزق : یونانی جنت کا سدا بہار پھول : گل فردوس ۔

Asphodelian : (a) گل فردوس کا یا اس سے متعلق ۔

Asphyxia : (n) [Gr."asphyxia"] خناق : اختناق : سکتہ : مورچھا : سانس رُک جانا : دم گھٹنا : غش : احتباس ۔

Asphyxial : (a) غشی یا سکتہ کا : دم گھٹنے کا یا اس سے متعلق ۔

Asphyxiate : (v) گلا گھونٹنا : دم گھونٹنا ۔

Asphyxiation : (n) دم گھونٹنا یا گھٹنا ۔

Asphyxiator : (n) دم گھونٹنے والا : آگ بجھانے کا ایک آلہ ۔

Asphyxy : (n) [Fr."asphyxie"] دیکھو Asphyxia

Asphyxy : (v) دیکھو Asphyxiate

Aspic : (n) [Fr."aspic"] (۱) دیکھو Asp : (زہریلا سانپ) افعی ۔ (۲) ایک توپ جس میں بارہ پونڈ کا گولہ ہوتا ہے ۔

Aspic : (n) [F."aspic", L."spicus"] سنبل ہندی : اسطو خودوس ۔

Aspic : (n) [F."aspic"] گوشت کی ذائقہ دار جیلی (انڈوں وغیرہ کے ساتھ) ۔

Aspidistra : (n) [Gr."aspid-", "aspis"] چین اور جاپان میں پایا جانے والا سوسنی جنس کا ایک پودا جو رہائشی کمرے میں رکھا جاتا ہے : گاؤ دم پتے والے پودے : جنس اسطو خودوس ۔

Aspirant : (n) [L."aspirantem"] حوصلہ مند : حوصلہ رکھنے والا ' مشتاق : متمنی ۔

Aspirate : (n) [L."aspiratus"] حرف صحیح جس کی آواز میں "ہ" محفوظ ہو (جیسے بھ،جھ وغیرہ) "ہ" کی آواز ' (لسانیات) ہکار : ہکاری ۔

Aspirate : (v) [L."aspirat-"] (۱) آواز کو ایسی پھونک کے ساتھ ادا کرنا جیسی "ہ" کے ادا کرنے میں نکلتی ہے ۔(۲) کسی چیز سے ہوا کو کھینچ نکالنا ۔

Aspirate consonant : (n) (لسانیات) ہکاری مصمتہ ۔

Aspirate stop : (n) (لسانیات) ہکاری توقف ۔

Aspiration : (n) [L."aspirationem"] (۱) تنفس ' سانس لینا یا نکالنا : سانس کھینچنا : دم کشی : آہ : گہرا سانس ۔(۲) انتہائی آرزو یا تمنّا : اشتیاق ' (فلسفہ و نفسیات) تمنّا : آرزو : امنگ : (لسانیات) ہکاریت ۔ (۳) آواز کو پھونک کے ساتھ ادا کرنا : پھونک کے ساتھ ادا کیا ہوا حرف : (سماجیات) حوصلہ : آواز حرف "ہ" یا اس کا مرادف حرف ۔(٤) کسی طرف سے گیس باہر کھینچنا : باد کشی : گیس کشی ۔(۵) (طب) امتصاص ۔

Level of aspiration : (فلسفہ و نفسیات) سطح آواز ۔

Aspiration component : (n) (لسانیات) ہکاری عنصر -

Aspiration process : (n) (لسانیات) ہکاری عمل -

Aspirator : (n) [L."aspirare"] (۱) باد کش : وہ آلہ جس کے ذریعہ ہوا یا گیس کو باہر کھینچتے ہیں ؛ (کیمیا) ہواکش : منفاس - (۲) ریم کش : وہ آلہ جس کے ذریعہ کسی زخم سے پیپ کھینچتے ہیں : مصاص - (۳) جھاج : پھٹکنے کی مشین : سوپ : پھٹکنی ؛ چھاج : مشین -

Aspire : (v) [L."asp-","adsirare"] (۱) ارزو رکھنا ؛ تمنا رکھنا ؛ حوصلہ رکھنا ؛ مشتاق ہونا ؛ (سماجیات) حوصلہ کرنا - (۲) اوپر اٹھنا ؛ چڑھنا ؛ بلند ہونا ؛ ترقی پانا ؛ عروج پانا ؛ اوپر جانا -

Aspirin : (n) [G.] اسپرین ؛ ایک سکون بخش / مسکن دوا یا اس کی خوراک -

Aspiring : (a) (۱) اعلا مقصد ؛ حوصلہ مند - (۲) ترقی کرنے والا ؛ اوپر جانے والا ؛ اوپر اٹھنے والا ' بلند -

Aspiringly : (adv) حوصلہ مندی سے ؛ اولوالعزمی سے -

Aspiringness : (n) حوصلہ مندی ؛ اولوالعزمی -

Aspis : (n) [L."asp"] ایک قسم کا سانپ -

Aspish : (a) [ASP+-ISH] Asp سانپ یا اس سے متعلق -

Asplenium : (n) [Gr."asplenon"] ایک قسم کی بوٹی جو پہلے تلی کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی تھی -

Asport : (v) [L."asportationem"] لے بھاگنا ؛ بد معاشی ؛ مجرمانہ طور پر ہٹا دینا -

Asportation : (n) [L."asportationem"] لے بھاگنے کا عمل ؛ (قانون) کسی جاگیر کو مجرمانہ طور پرہٹا دینا -

Aspout : (adv) بہتے ہوئے ؛ دھاربن کر نکلتے ہوئے -

Asprawl : (adv & a) پھیلی ہوئی ؛ پھیلا ہوا -

Aspread : (a) پھیلا ہوا -

Asprout : (adv) پھوٹتے ہوئے ؛ انکرہ نکلتے ہوئے -

Asquat : (a) دو زانو بیٹھے ہوئے -

Asquint : (adv) [A prep.+DU."schuinte"] (۱) ایک طرف (دیکھنا) ؛ کجی کے ساتھ ؛ (دیکھنا) گوشہء چشم سے - (۲) احول ' بھینگا ؛ دوبیں ؛ اینچا تانا ' کج نظری -

Asquirm : (a) پیچ و تاب کھاتے ہوئے -

Ass : (n) [OE. "assa".] (۱) گدھا ؛ خر ؛ حمار - (۲) (مجازاً) بیوقوفی ؛ جہالت ' حماقت ' بھدا پن - (۳) جاھل ؛ شیخی باز ؛ احمق ؛ خود بیں / مغرور احمق -

The two asses : - مجموعہ فلکی سرطان کے دو ستارے -

To make an ass of : بیوقوف بنانا ؛ گدھا بنانا -

To make an ass of oneself : بیوقوف بننا ' حماقت کرنا ؛ احمقوں کی طرح کام کرنا -

Ass-head : (n) ایک بیوقوف شخص -

Ass-headed : (a) بیوقوف -

Assagai / assegai : (n) [F." azagaye" Arab." az-zaghayah"] لکڑی کا بھالا ' ایک قسم کا لکڑی کا چھوٹا سا بھالا جو جنوبی افریقہ کے وحشی حملے کے وقت پھینکتے ہیں -

Assagai : (v) لکڑی کے بھالے سے بھونکنا -

Assagai tree / Assagai wood : (n) جنوبی افریقہ کا درخت -

Assai : (adv) [It.] (موسیقی) بہت زیادہ -

Adagio assai : بہت زیادہ آہستہ -

Assail : (v) [ME."asaile","assaile", OF."asa"] (۱) حملہ کرنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ہلا بولنا ؛ دھاوا کرنا - (نیز مجازاً) ؛ (۲) (کسی کام کو) ہمت کرکے شروع کرنا ؛ (کسی کام کےپیچھے) پڑ جانا ؛ پل پڑنا ؛ جھک پڑنا - (۳) تانتا باندھ دینا ؛ بوچھار کرنا ؛ بھرمار کرنا ؛ ناک میں دَم کر دینا ؛ (سوالات وغیرہ سے) - (٤) مدلل تنقید کرنا - (٥) کسی مشکل کام میں مہارت حاصل کرنا - (٦) متصادم ہونا ؛ مڈبھیڑ ہونا -

Assailable : (a) جس پر حملہ ہو سکے یا نکتہ چینی ہو سکے ۔

Assailant : (n) [F. assailant] حملہ آور ؛ ھلہ کرنے والا ؛ چڑھائی کرنے والا ؛ نکتہ چیں ۔

Assailment : (n) حملہ کرنے کا عمل یا اس کی طاقت ۔

Assamar : (n) [L."assus + amarus"] Reichen bach کا دیا ہوا نام اس تلخ مادہ کے لئے جو گوند، شکر وغیرہ کو ہوا میں بھوننے سے تیار ہوتا ھے ۔

Assapanick : (n) [Amer. Ind.] Virginia اور Maryland کی اڑنے والی گلھری۔

Assart : (n) [AF."assarter", L."exsartare"] (۱) کوئی زمین کا ٹکڑا جس میں سے درختوں اور جھاڑیوں وغیرہ کو اکھاڑ کر اسے قابل زراعت بنا دیا گیا ہو ۔

Assart : (v) [OF."essart"] (قانون) کسی جنگل کی زمین سے درختوں، جھاڑیوں وغیرہ کو اکھاڑ لینا تاکہ اسےقابل زراعت بنایا جا سکے ۔

Assary : (n) [L."assarius"] ایك رومی تانبے کا سکہ ۔

Assassin : (n) [Arab."hashshashin"] (۱) قاتل ؛ فریب یا دغا سے مار ڈالنے والا ؛ (تاریخ و سیاسیات) قاتل ۔(۲)حشاشین (باطنی فرقے کے فدائی) ۔

Assassinate : (v) [med. L."assassinat-","assassinare"] (۱) فریب سے قتل کرنا ؛ گھات سے مارنا ؛ دغا سے قتل کرنا ؛ (تاریخ و سیاسیات) قتل کرنا ؛ (۲) فریب سے زخمی کرنا یا برباد کرنا ۔

Assassination : (n) قتل (خفیہ طریقہ پر یا دغا سے) ؛ ادم کشی ۔

Assassinator : (n) قاتل ۔

Assassinatress : (n) زن قاتل ؛ قاتلہ ۔

Assault : (n) [ME."asaut", OF."asaut", L."assaltus"] (۱) حملہ ؛ ھلہ ؛ دھاوا ؛ چڑھائی (مجازاً) ؛ (تاریخ و سیاسیات) دھاوا ۔ (۲) حملہ اور زدو کوب کرنا ؛ حملہ مجرمانہ ؛ (تہدید آمیز الفاظ بھی اس میں شامل ھیں)۔

To make / give assault : حملہ کرنا ۔

To win / gain / take / carry by assault : حملہ کرکے فتح کر لینا ۔

Assault : (v) [L."ad+saltare"] (۱) حملہ کرنا ؛ ھلا بولنا ؛ دھاوا بولنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (۲) حملہ آور زدو کوب کرنا ؛ حملہ مجرمانہ کرنا ۔

To assault a city : اچانك دھاوا بول کر قبضہ کر لینا ۔

Assault (of or at) arms : پٹے بازی ؛ فوجی کرتب ؛ دست بدست فوجی مشقوں کا مظاھرہ ۔

Assaultable : (a) جس پر حملہ ممکن ہو ۔

Assaulter : (n) حملہ آور ؛ دھاوا بولنے والا ۔

Assay : (n) [OF."assai","assay", L."exagium"] (۱) پرکھ ؛ کس ؛ سکے یا دھات کی جانچ ؛ (تاریخ و سیاسیات) دھات کی پرکھ ۔ (۲) جو دھات پرکھی جائے ۔(۳) قیمتی دھاتوں میں کھرا پن کا معیار ۔ (٤) (متروك) کوشش ؛ سعی ؛ جدوجہد ۔

At all assays : ھر وقت / مو قع کے لئے تیار ۔

Cup of assay : وہ چھوٹا پیالہ / کٹورا جس میں شراب کی جانچ کی جاتی ھے ۔

Five point assay : (شماریات) پنج نقطی تجرباتی جانچ ۔

Parallel line assay : (شماریات) خط متوازی تجرباتی جانچ ۔

Six point assay : (شماریات) شش نقطی تجرباتی جانچ ۔

Slope ratio assay : (شماریات) تناسب نشیب تجرباتی جانچ ۔

Assay : (v) [OF. as(s) ayer, late L."esagiare"] (۱) پرکھنا ؛ آنکنا ؛ کسنا ؛ کسوٹی پر کسنا ؛ جانچنا ؛ (نیز مجازاً) (کیمیا) جانچنا ؛ پرکھنا ۔ (۲) جدّ و جہد کرنا ؛ سعی کرنا (کسی مشکل کام کے کرنے کی)۔

Assay master : (n) کسی جانچ گھر کا مالك ؛ (انتظامیہ) ماھر تشخیص ۔

Assay ton : (n) ۲/۳ ۲۹۱٦٦ گرام کا ایك وزن ۔

Assayable : (a) پرکھنے یا کسوٹی پر لگانے کے قابل ۔

Assayer : (n) [AF."assaior"] جانچنے والا : پرکھنے والا : (انتظامیہ) پارکھ : شخص : وہ افسر جو شہزادہ یا نواب کے کھانے کی جانچ کرتا ھے ۔

Assaying : (v) پرکھنا : جانچنا ، کسنا : (کامرس) دھات کی جانچ ۔

Assegai : (n) =(assagai) [Arab."az-zaghaya"] (تاریخ و سیاسیات) ایک قسم کا بھالا ۔

Asself : (v) قبضہ کر لینا : اپنا بنا لینا : ھتھیا لینا : اپنے تصرف میں لانا ۔

Assemblage : (n) (۱) جماؤ : جمگھٹا : اجتماع : مجمع : ھجوم : ازدحام : انبوہ : (تاریخ و سیاسیات) اجتماع ۔ (۲) مجموعہ : ذخیرہ : (کیمیا) مجمع : مجموعہ ۔

Assemble : (v) [OF."a(s)sembler" : L."ad-, assimulare"] جمع ھونا یا کرنا ، اکٹھا ھونا یا کرنا : یکجا ھونا یا کرنا : فراھم ھونا یا کرنا : جوڑنا ۔

Assemble : (n) (فوجی) ڈھول یا نقارے کی دوسری ضرب یا کوئی دوسرا اشارہ جس سے سپاھیوں کو حکم دیا جاتا ھے کہ خیمہ اکھاڑو اور ھتھیار اٹھاؤ ۔

Assembler : (n) (۱) جمع : اکٹھا : یکجا یا فراھم کرنے والا ۔ (۲) کسی اجتماع کا شریک ۔

Assembling : (v) اکٹھا ھونا : یکجا ھونا ۔

Assembling of parts : (تجارت) پرزوں کو جوڑنا : پرزوں کو ترتیب دینا ۔

Assembly : (n) [OF."a(s)semblee"] (۱) (تاریخ و سیاسیات) (انتظامیہ) مجمع : مجلس : اسمبلی : انجمن : سبھا : (خاص کر مجلس شوریٰ یا مجلس وضع قانون) ۔ (۲) فوجیں جمع کرنا یا اکٹھا کرنا (نقارے یا بگل بجاکر) ۔

Constituent assembly : (تاریخ و سیاسیات) مجلس دستور ساز : دستور ساز اسمبلی ۔

Legislative assembly : (تاریخ و سیاسیات) قانون ساز اسمبلی ۔

Assembly man : (n) سبھا کا ممبر ۔

Assembly room : (n) محفل خانہ، ایک کمرہ جہاں پہلے سبھائیں ھوا کرتی تھیں اوراب رقص گاہ وغیرہ کے کام آتا ھے ۔

Assent : (v) [OF."a(s)senter", L."assentare(-ari)"] (۱) مان لینا : قبول، منظور یا تسلیم کرنا : (کسی بات پر) راضی ھونا ۔ (۲) ھم رائے ھونا : موافق رائے ظاھر کرنا : متفق ھونا : ھم خیال ھونا : رضامندی ظاھر کرنا ۔

Assent : (n) [Of."a(s)senter"] (۱) (تاریخ و سیاسیات ، انتظامیہ) رضامندی : موافقت ، مان لینا : قبول یا تسلیم کرنا ، منظوری ۔ (۲) (فلسفہ و نفسیات) قبولی : رضامندی ۔

By or with one's assent : کسی کی رضامندی سے یا اس کے ساتھ ۔

Common assent : مشترکہ رضامندی ۔

Royal assent : (سرکاری) منظوری یا حکم (جیسے شاھی منظوری) ۔

Assentaneous : (a) [late. L."asentaneus+"-ous] مان لینے پر مائل : مائل بہ رضامندی : مؤدب : تعظیمی ۔

Assentation : (n) [L."assentationem"] آمنا و صدقنا کہنا (خراب معنوں میں) : چپ چاپ مان لینا : بے عذر (بے چون و چرا مان لینا) ۔

Assentatious : (a) آمنا و صدقنا کہنے کی صفت رکھنے والا ۔

Assentator : (n) [L.] مان لینے والا یا چشم پوشی کرنے والا یا تجاھل کرنے والا ۔

Assented : (a) (تجارت) تسلیم شدہ ۔

Assented bond : (n) (تجارت) تسلیم شدہ بانڈ ۔

Assented stock : (n) (تجارت) تسلیم شدہ اسٹاک ۔

Assenter : (n) منظوری یا رضامندی دینے والا : مان لینے والا ۔

Assentient : (a)&(n) [L."assentientem"] قبول کرنے والا (رائے وغیرہ کا) ، رضامند : مان لینے یا تسلیم کرنے والا ۔

Assenting : (a) (تجارت) تسلیم شدہ ۔

Assentingly : (adv) رضامندی سے : منظوری سے : موافقت سے ۔

Assentive : (v) مائل بہ رضامندی ؛ مائل بہ قبولیت ۔

Assentiveness : (n) رضامندی کی صفت ؛ قبولیت ۔

Assentor : (n) مان لینے والا ؛ قبول یا تسلیم کرنے والا ۔

Assert : (v) [L."assert"-,"asserere"] (۱) دعویٰ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ حق جتانا ؛ قطعی اظہار کرنا ۔ (۲) ادعا کرنا ؛ حتمی طور سے کہنا ؛ وثوق سے کہنا ۔

To assert oneself : اپنے حق کا مطالبہ کرنا اور اس کے حصول کی کوشش کرنا ۔

Assertable /-ible : (a) قابلِ ادعا ۔

Assertative : (a) دعویٰ کرنے والا ؛ حق جتانے والا ۔

Asserted : (a) دعویٰ شدہ ؛ تائید شدہ ۔

Asserter : (n) دعویٰ کرنے والا ؛ اِدعا کرنے والا ۔

Assertion : (n) [L."asertionem"] ادعا ؛ دعویٰ ؛ اظہار ؛ اَثبات ؛ تائید ؛ الزام ؛ تقریر ؛ گفتار ؛ طلب حق ؛ کسی حق یا دعویٰ پر اصرار مثبت ؛ (فلسفہ و نفسیات) دعویٰ ؛ اِدعا ۔

Self-asertion : خود ادعائی ؛ اپنے دعویٰ کو منوانا ؛ اپنے دَعویٰ پر اصرار ۔

Assertive : (a) اِدعائی ؛ قطعی ؛ زعیمانہ ؛ مثبت ۔

Assertively : (adv) دعویٰ یا اِدعا کے طور پر؛ قطعی طورپر ۔

Assertiveness : (n) قطعیت ؛ ادعائیت ؛ کسی بات پر جمے رہنا ؛ (فلسفہ و نفسیات) اِدعائیت ۔

Assertor : (n) [L.] دعویٰ کرنے والا ؛ اقرار کنندہ ؛ اظہار کرنے والا ؛ ادعا کرنے والا ؛ پُشت پناہ ؛ وکیل ؛ حمایَتی ؛ مدعی ۔

Assertorial : (a) ادعائی ؛ دعویٰ کی طرح ؛ اِدعا کی طرح ؛ اَدعا نما ۔

Assertorially : (adv) بطور اِدعا ؛ دعویٰ کی طرح ۔

Assertory : (a) اِدعائی ؛ قطعی ؛ اثباتی ۔

Assertory oath : (n) اثباتی قسم ؛ Promissory Oath کی ضد ۔

Asses Bridge : (n) شکل حماری ؛ اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل ۔

Assess : (v) [late. L."assessare"] (۱) تعین کرنا ؛ مقرر کرنا (قوت ، ٹیکس ، جرمانے وغیرہ)۔ (۲) (معاشیات) تشخیص کرنا ؛ مال گزاری وغیرہ عائد کرنے کیلئے رقم کا مقرر کرنا ۔(۳) قیمت آنکنا ؛ قیمت کا تخمینہ کرنا ؛ تقویم کرنا ۔

Assessable : (a) قابل محصول ؛ قابل تشخیص ؛ قابل تقویم ۔

Assessable entity : (n) (تجارت) قابل تشخیص ہستی ۔

Assessable stock : (n) (تجارت) قابل تشخیص اسٹاک ؛ قابل محصول اسٹاک ؛ قابل اندازہ اثاثہ ۔

Assessable security : (n) قابل اندازہ تمسک ۔

Assessably : (adv) تشخیص کی رو سے ؛ تخمیناً ۔

Assessed : (a) تشخیص کیا ہوا ؛ تعین کیا ہوا ؛ تقویم شدہ ؛ مشخص ۔

Assessed valuation : (n) (تجارت) تشخیص شدہ قیمت ۔

Assessed value : (n) (انتظامیہ) مشخصہ مالیت ۔

Assessee : (n) (معاشیات) جس کی تشخیص کی جائے ؛ (کامرس) مشخص الیہ ۔

Assession : (n) [L."assessionem"] اجتماع ؛ نشست ؛ بیٹھک ؛ اجلاس ۔

Assessment : (n) (۱) تشخیص ؛ تعین ؛ تخمینہ ؛ جائزہ ۔ (۲) ٹیکس یا قیمت کا اندازہ ۔(۳) تشخیص شدہ یا تخمینہ شدہ رقم ۔ (٤) اندازہ ؛ (مجازاً) تخمینہ ۔

Assessment assurance : (n) (تجارت) زندگی بیمہ جائزہ ۔

Assessment officer : (n) (انتظامیہ) افسر تشخیص ۔

Assessment of risk : (تجارت و معاشیات) تعین خطرہ ؛ جوکھم کا تخمینہ ۔

Assessment year : (n) (تجارت و معاشیات) سال تشخیص ؛ تشخیصی سال ۔

Assessor : (n) [L."assessorem"] (۱) ثالث ؛ حکم ؛ پنچ ؛ اسیسر ؛ مشاور ۔(۲) (معاشیات و انتظامیہ) مشخص ؛ اسیسر ؛ (جمع محصول وغیرہ کا) تخمینہ یا محصول کرنے والا ؛ خرچ گزار ۔

Assessorial : (a) تشخیص یا مشخص کا یا اس سے متعلق ۔

Assessorship : (n) مشخص یا ثالث کا عہدہ ؛ فرائض اور مرتبہ ۔

Asset : (n) (۱) (واحد) فرد و حساب کی وہ حد جس میں مذکورہ بالا جائداد دکھائی جا سکے ۔ (۲) (عام معنوں میں) ملک ؛ مال ؛ جائداد ۔ (۳) با غنمیت ؛ قابل قدر ۔

Block asset : (تجارت) مقید اثاثہ ؛ رکا اثاثہ ۔

Circulating asset : (تجارت) گشتی اثاثہ ؛ دائرہ اثاثہ ۔

Current asset : (تجارت) چالو اثاثہ ۔

Fictitious asset : (تجارت) فرضی اثاثہ ۔

Fixed asset : (تجارت) قائم اثاثہ ؛ (ملک) غیر منقولہ اثاثہ ۔

Floating asset : (تجارت) تغیر پذیر اثاثہ ؛ منقو لہ اثاثہ ؛ مقدر اثاثہ ۔

Intangible asset : (تجارت) غیر جسمی اثاثہ ۔

Liquid asset : (تجارت) سیال اثاثہ ۔

Tangible asset : (تجارت) جسمی اثاثہ ؛ واضع اثاثہ ۔

Wasting asset : (تجارت) تحلیلی اثاثہ ۔

Assets : (n) [AF."assets", L."ad. satis"] (۱) (انتظامیہ ، کامرس) ملک ۔ (۲) (جمع) (قانون) املاک ؛ اثاثہ ' (معاشیات) جائداد منقولہ وغیرہ جو اتنی ہو کہ وصیت کرنےوالے کے قرضے ہبہ وغیرہ ادا ہو سکیں ۔(۳) جائداد برائے ادائے قرض ہبہ وغیرہ ۔ (٤) دیوالیہ مقروض کے مال و اسباب ۔(۵) املاک واجب الوصول برائے ادائے قرض ؛ کسی شخص یا کمپنی کی املاک جن سے قرضہ ادا ہو سکے ۔

Actual assets : اصلی اثاثے ۔

Available assets : موجود اثاثے ۔

Capital assets : سرمایہ اثاثے ۔

Assets in hand : وہ املاک یا جائداد جو وصی کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور جس سے وہ وصیت کنندہ کا قرض ادا کر سکے ۔

Asseverate : (v) [L."asseverat-","assevererare"] اقرار واثق کرنا ؛ وثوق کے ساتھ اقرار کرنا ؛ حتمی طور پر کہنا ۔

Asseverating : (a) اقرار واثق کے ساتھ ؛ حتمی طور پر کہنے والا ۔

Asseveratingly : (adv) اقرار واثق کے ساتھ ؛ حتمی طور پر ۔

Asseveration : (n) [L."asseverationem"] (لسانیات) اقرار واثق ' دعویٰ یا ادعائے مثبت ؛ تقریر اقرار ' سوگند ؛ قسم ؛ قول ۔

Asseverative / Asseveratory : (a) اقرار واثق کا یا اس سے متعلق یا اس کی خاصیت رکھنے والا ۔

Assibilant : (n) (لسانیات) بندنیۃ ۔

Assibilate : (v) [L." assibilat-"," ads-, assibilare"] سسکاری دینا ؛ شی شی کہہ کر کسی کو مخاطب کرنا ؛ ھش ھش کرنا ۔

Assibilation : (n) سسکاری ؛ ھش ھش ؛ شی شی ۔

Assidaean /-ean/-ian : (n) [Gr."Asidaeoe"] (۱) (قدیم) ایک یہودی جس نے بُت پرستی کی مخالفت کی تھی Mattathias کی قیادت میں ۔ (۲) (جدید اصطلاح) ایک یہودی فرقہ کا فرد جس کا دعویٰ ہے کہ اُس فرقہ کا خدا کے ساتھ خاص تعلق ہے ۔

Assiduity : (n) [L."assidui+tatem", f."assiduus"] (۱) گہری توجہ ؛ دھیان ' انہماک ۔(۲) (جمع میں) مسلسل توجہ ؛ لگاتار غور و فکر ؛ فکر پیہم ۔

Assiduous : (a) [L."assiduus"+-ous] مستقل مزاج ؛ باعزم ؛ محنتی ؛ تن دہ ' کسی کام میں جٹ جانے والا ؛ مواظب ۔

Assiduously : (adv) استقلال کے ساتھ ؛ محنت سے ؛ مستقل مزاجی سے ' تن دہی سے ۔

Assiduousness : (n) مستقل مزاجی ؛ پیہم توجہ ۔

Assiento : (n) معاہدہ بردہ فروشی ۔

Assiette : (n) [Fr."seat","site"] (جلد سازی) وہ مسالہ جو کتابوں کے کٹے ہوئے کناروں کو سنہرا کرنے سے پہلے لگاتے ہیں ۔

Assify : (v) بیوقوف بنانا ۔

Assign : (n) [L."ad-","assignare"] (۱) دے دینا ؛ (انتظامیہ) سپرد کر دینا ؛ تفویض کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ سونپنا ۔(۲) مقرر کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ تعین کرنا (کسی جگہ وغیرہ کا) ۔ (۳) مقرر کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ نام و نہاد کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ ٹھیک ٹھیک بتانا ۔ (٤) وجہ قائم کرنا ؛ محمول کرنا ؛ حوالہ دینا ۔

Assign : (n) [Fr."assigne"] منتقل الیہ (جس کے نام قانوناً کوئی املاک یا حق منتقل کیا جائے) ۔

Assignability : (n) سپردگی کی خاصیت ؛ تخصیص کی خاصیت ۔

Assignable : (a) قابل تخصیص ؛ قابل سپردگی ؛ قابل تفویض ؛ قابل تعین ۔

Assignably : (adv) سپردگی کے ساتھ ؛ از روئے تخصیص ؛ از روئے تعین ۔

Assignat : (n) [L."assignatum"] فرانس کی انقلابی حکومت کا جاری کردہ زر کاغذی ؛ (تاریخ و سیاسیات) فرانسیسی سکہ ؛ کاغذی سکہ ؛ فرانسیسی نوٹ ۔

Assignation : (n) [L."assignutionem"] (۱) سپردگی ؛ تفویض ؛ حوالگی ؛ جموگ ۔(۲) انتقال (جانداد) ۔ (۳) ٹھہراؤ ؛ قرار داد ؛ تعین ؛ تخصیص (جگہ ، وقت وغیرہ کی) ۔ (٤) توجیہ ؛ بنا ؛ تعین ؛ سبب ۔

Assigned : (a) سپرد کیا ہوا ؛ حوالہ کیا ہوا ؛ تفویض کیا ہوا ۔

Assigned siding : (a) (تجارت و معاشیات) مخصوص کردہ سائیڈنگ ۔

Assignee : (n) عوضی ؛ قائم مقام ؛ بدلی، جو دوسرے کے بدلے کام کرنے کے لئے مقرر کیا جائے ۔

Assignee in bankruptcy : دیوالیہ جانداد کا متولی ؛ نگراں ؛ منصرم ؛ منتقل الیہ ۔

Assigneeship : (n) منتقل الیہ یا متولی ؛ نگراں ؛ منصرم کا عہد

Assignism : (n) منتقل الیہ یا متولی کا پیشہ ۔

Assignment : (n) [OF."assignement"] (۱) (انتظامیہ) سپردگی ؛ تفویض ؛ حوالگی ؛ ذمے کر دینا (کسی کام کا) ؛ (فلسفہ و نفسیات) تفویض ۔ (۲) انتقال قانون ؛ جموگ (جانداد وغیرہ) ؛ (تاریخ و سیاسیات) تفویض کا کام ؛ تفویض ۔(۳) انتقال نامہ ؛ جموگ نامہ ۔ (٤) انتساب ؛ نسبت دینا ؛ وجہ بتانا ؛ محمول کرنا ۔(٥) عذرات پیش کرنا ؛ وجوہات ظاہر کرنا ۔(٦) تخصیص ؛ اسناد ؛ اظہار ؛ تقریر ۔

Assignment assistant : (n) (انتظامیہ) معاون افسر سپردگی ؛ معاون افسر تفویض ۔

Assignment officer : (n) (انتظامیہ) افسر سپردگی ؛ افسر تفویض ۔

Assignment of interest : (تجارت و معاشیات) تفویض مناد ۔

Assignor : (n) حق یا جانداد کا انتقال قانونی کرنےوالا ؛ انتقال دہندہ ؛ سپرد کرنے والا ؛ حوالہ دینے والا ۔

Assimilability : (n) جذب پذیری ۔

Assimilable : (a) [L."assimilabilis"] تصرف پذیر ؛ جذب پذیر ؛ ہضم پذیر ؛ مشابہ کرنے کے قابل ۔

Assimilate : (v) [L."assimilat","assimlare"] (۱) ہوبہو ہونا یا بنا دینا ؛ مماثل کر دینا ؛ ملا دینا ؛ مشابہ کر دینا ۔ (۲) مقابلہ کرنا (to-with) ؛ موازنہ کرنا ؛ تشبیہ دینا ۔ (۳) جذب کرلینا ؛ ہضم کر لینا ؛ پچانا (نظام جسمانی میں مجازی اور لغوی معنوں میں) ۔(٤) انگ لگنا ؛ پچنا ؛ جذب ہونا ؛ ہضم ہونا ؛ (کیمیا) جذب کر لینا ۔

Assimilated phoneme : (n) (لسانیات) ممثول صوتیہ ؛ مجزوم فونیم ۔

Assimilation : (n) جذب ؛ ہضم ؛ مشابہت ؛ مماثلت ؛ موازنیت ؛ تمثیل ؛ یکسانی ؛ تحلیل ؛ (سماجیات و حیوانیات) انجذاب ؛ (کیمیا) جذب ؛ (لسانیات) تماثل ؛ (سماجیات) تماثل ؛ جذب کرنا(تاریخ و سیاسیات) ؛ (نباتیات) تحلیل ؛ استحالہ ؛ (طب) ہضم ؛ تمثل ۔

Contiguous assimilation : (لسانیات) متصل تماثل ۔

Distant assimilation : (لسانیات) بعید تماثل ۔

Juxtapositional assimilation : (لسانیات) متصل تماثل ۔

Negligent assimilation : (لسانیات) سادہ تماثل ۔

Progressive assimilation : (لسانیات) ترقی پذیر تماثل ۔

Reciprocal assimilation : (لسانیات) باھمی تماثل ۔

Regressive assimilation : (لسانیات) رجعی تماثل ۔

Social assimilation : (سماجیات) سماجی انجذاب ۔

Assimilation of securities : (تجارت) جذب (ضمانتی) دستاویزات ۔

Assimilative : (a) (کیمیا) جذب کن : هضم کن ؛ محلل : اخاذ ۔

Assimilator : (n) جاذب : مشابہ بنانے والا : متشابہین ؛ ھاضم ۔

Assimilatory : (a) متعلق بہ جذب : جذب کن : ھضم کن ۔

Assimilatory phoneme : (n) (لسانیات) تماثلی صوتیہ ۔

Assimilize : (v) دیکھو assimilate

Assis : (a) [Fr."asseoir"] (نقابت) بیٹھا ھوا ۔

Assise : (n) [mod. Fr. "layer"] (طبقات الارض) زمین کے طبقات کا وہ اجتماع جس میں چٹانوں کی متوازی پرتیں ھوا کرتی ھیں اور جو اپنے نامیاتی اجزاء کے لحاظ سے مشابہ ھوتی ھیں ۔

Assist : (v) [L."assistere"] (۱) مدد دینا ؛ ھاتھ لگانا ؛ ھاتھ بٹانا ؛ اعانت کرنا ؛ مدد کرنا ؛ تائید کرنا ۔ (۲) حصہ لینا ؛ شریک ھونا ؛ ھاتھ بٹانا ۔(۳) موجود رھنا ؛ حاضر رھنا (کسی موقع پر)۔

Assistance : (n) [F. f."assister"] (سماجیات) مدد ؛ امداد ؛ اعانت ؛ معاونت ۔

Old age assistance : (سماجیات) امداد ضعیفی ۔

Public assistance : (سماجیات) عوامی امداد ۔

Social assistance : (سماجیات) سماجی امداد ۔

Assistant : (n) [L."assistentem"] معاون ؛ مددگار ؛ ھاتھ بٹانے والا ؛ مؤید ؛ (تاریخ و سیاسیات) اسشنٹ ؛ مدد گار ؛ نائب ۔

Assistant Director : (n) (انتظامیہ) معاون ناظم ۔

Assistantship : (n) معاون، مدد گار، مؤید وغیرہ کا عہدہ یا افس وغیرہ ۔

Assisted : (a) امدادی ؛ اعانتی ۔

Assister /-or : (n) مدد کرنے والا ؛ اعانت کرنے والا ۔

Assisting : (v) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ۔

Assistless : (a) بے یارو مددگار ؛ مجبور ۔

Assize : (n) [Me."asise","assye", L."assidere"] (۱) سرکاری نرخ : قانونی قیمت (روٹی، شراب کی)۔ (۲) تحقیقات جیوری ؛ تحقیقات جیوری کے معیاری اجلاس ۔

Grand or Great Assize : آخیر فیصلہ ؛ روز حشر ۔

Assizer/-or : (n) [ME."assisour", a. AF."assiser"] (۱) سرکاری نرخ لگانے والا ۔(۲) (برطانوی تاریخ) ناپ تول کے محکمہ کا افیسر ۔

Assize of weights and measure : سرکاری اوزان و پیماجات ۔

Associability : (n) تلازم پذیری ۔

Associable : (a) [F. f, "associar"] (۱) تلازم پذیر ؛ جو خیال میں کسی دوسری چیز کے ساتھ مربوط کیا جا سکے ۔ (۲) قابل ارتباط ؛ وابستہ ؛ قابل معاشرت ؛ مربوط ۔

Associableness : (n) مربوط ھونے/قابل ارتباط ھونے کی صفت ۔

Associate : (n) [L."associatus","ad-sociare"] (۱) شریک ؛ شریک کار ؛ رفیق ؛ ساتھی ؛ ھمسر ؛ ھمتا (رتبے، پیشے وغیرہ میں) ؛ ھم دست ۔ (۲) ایک قسم کا ؛ ملتا جلتا ؛ ھم قطار ؛ (کامرس) شریک کار ؛ معاون ؛ رفیق کار ؛ ھم کار ۔(۳) ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک ۔ (٤) ساتھی ؛ رفیق ؛ سنگی ؛ ھم صفت ۔ (٥) شریک کار ؛ ھم کار ۔(٦) کسی انجمن کا ادنی درجہ کا ممبر ؛ معمولی رکن ۔ (۷) ایک چیز جو دوسری چیز سے ربط رکھتی ھو ؛ مستلزم ؛ متعلق ؛ لگاؤ ۔

Associates : (n) جوڑے ۔

Paired associates : (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی جوڑے ۔

Associateship : (n) شرکت ؛ رفاقت ؛ ہم کاری ؛ ہم صحبتی ۔

Association : (n) [L."associationem"] (۱) میل ؛ ربط ؛ تلازم ؛ راہ و رسم ؛ شرکت ؛ ہم مباشرت ؛ رفاقت (حیوانیات) ۔(۲) سبھا ؛ انجمن ؛ بزم ؛ مجلس ؛ مجمع ؛ (طبیعیات) اتصال ؛ ہم کاری ۔(۳) ساتھ ؛ ربط ضبط ، دوستی ؛ میل جول ؛ بے تکلفی ؛ راہ و رسم ؛ اتحاد ؛ پیوستگی ؛ ارتباط ۔ (٤) (تاریخ و سیاسیات) انجمن ؛ مجلس ؛ (فلسفہ و نفسیات) ایتلاف ؛ (سماجیات) انجمن ؛ سبھا ؛ میل ؛ تلازم ۔

Affective association : (فلسفہ و نفسیات) جذباتی تلازم ۔

Articles of association : (تجارت) قواعد و ضوابط کمپنی / ادارہ ۔

Backward association : (فلسفہ و نفسیات) معکوس تلازم ؛ الٹا تلازم ۔

Compulsory association : (تاریخ و سیاسیات) لازمی انجمن / مجلس ۔

Constrained association : (فلسفہ و نفسیات) محدود ایتلاف ۔

Controlled association : (فلسفہ ونفسیات) پابند ایتلاف ۔

Deed of Association : کیفیت نامہ ؛ تفصیل نامہ ؛ کتابچہ جس میں کسی انجمن محدود (Ltd.co) کی تفصیلات درج رہتی ہیں ۔

Degree of Association : (کیمیا) درجہء ملاپ ؛ سنجوگ کی ڈگری ۔

Employers Association : (سماجیات) انجمن مالکان ؛ انجمن آجران ۔

Free association : (فلسفہ و نفسیات) آزاد ایتلاف ۔

Law of association : (فلسفہ و نفسیات) قانون ایتلاف ۔

Associate : (v) (۱) ملانا ، شامل کرنا ، شریک کرنا ؛ ساتھی بنانا ؛ مربوط کرنا ؛ رفیق بنانا (شخص یا چیز کا ایک دوسرے کے ساتھ) ۔ (۲) مباشرت کرنا ؛ ہم نشیں ہونا ؛ ہمدم ہونا ؛ ہم کار ہونا (طبیعیات) ۔ (۳) متلازم کرنا ؛ کسی خیال کے ساتھ مربوط کرنا ۔(٤) شریک بننا ، حصہ دار ہونا ؛ ساجھی ہونا ؛ متحد کرنا ؛ (کیمیا) شریک کرنا ؛ ہونا ؛ سنجوگ ۔ (۵) ملنا ؛ ایک ہو جانا ؛ یک دل ہو جانا ؛ ایکتا کر لینا ؛ متفق ہو جانا (کسی مشترک فرض کیلئے) ؛ پیوستہ ہو جانا ۔ (٦) راہ و رسم رکھنا ، ربط ضبط رکھنا ؛ مراسم رکھنا ؛ میل جول رکھنا ۔

Associated : (a) ملایا ہوا ؛ شریک ؛ مربوط ؛ رفیق بنایا ہوا ۔

Associated delegate : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک مندوب ۔

Associated element : (n) (کیمیا) شریک عنصر ؛ سنجوگی عنصر ۔

Associated factor : (n) ایتلافی جزو ۔

Associated justice : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک جج ۔

Associated liquid : (n) ایتلافی مائع ۔

Associated member : (n) (تاریخ و سیاسیات) معاون ممبر ۔

Associated molecules : (n) (کیمیا) ملے ہوئے مالیکول ؛ سنجوگی سالمات ؛ ایتلافی سالمات ۔

Associated movements : (n) ہم وقتی حرکتیں ۔

Associated operation : (n) (تجارت) متعلق عمل ؛ معاون عمل ۔

Associated power : (n) (تاریخ ، معاشیات) شریک طاقتیں ۔

Associated residue : (n) (کیمیا) شریک بقیہ ؛ سنجوگی بقیہ / ریسیڈیو ۔

Associated response : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی جوابی عمل ۔

Associated states : (n) (تاریخ و سیاسیات) شریک مملکتیں ۔

Associated with : (ریاضی) متعلق بہ ۔

Memorandum of association : (تجارت) اغراض و مقاصد کمپنی / ادارہ ۔

Political association : (تاریخ و سیاسیات) سیاسی انجمن ۔

Retroactive association : (فلسفہ و نفسیات) ردعملی تلازم ۔

Voluntary association : (تاریخ و سیاسیات) اختیاری انجمن ؛ (سماجیات) رضا کارانہ انجمن ۔

Association area : (n) (فلسفہ و نفسیات) دائرۂ ایتلاف ۔

Association axiom : (n) (ریاضی) کلّیہ تلازمی ۔

Association Constant : (n) (طبیعیات) اتصالی مستقلہ ۔

Association factor : (n) (کیمیا) سنجوگی جزو ضربی ۔

Association football : (n) ایک قسم کا فٹ بال جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگاتے ۔

Association of capital : شراکت سرمایہ ۔

Association of cultures : (تاریخ و سیاسیات) تہذیبوں کا ربط و ضبط ۔

Association of ideas : (فلسفہ و نفسیات) ایتلاف خیالات ۔

Association of states : (تاریخ و سیاسیات) مملکتوں کی انجمن ۔

Association of thoughts : (تاریخ و سیاسیات) خیالات کا تلازم ۔

Associational word : (n) (لسانیات) تلازمی لفظ ۔

Associationism : (n) یہ عقیدہ کہ ذہنی اور اخلاقی مظاہر کی توجیہ تلازم خیالات سے کی جا سکتی ہے ؛ تلازمیت ؛ ایتلاف ۔

Associationist : (n) (۱) کسی انجمن کا رکن ۔ (۲) مندرجہ بالا عقیدہ رکھنے والا ۔

Associative : (a) تلازمی ؛ متلازم ؛ شرکت پذیر ؛ (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی ؛ (طبیعیات) ہم کاری ۔

Associative etymology : (n) (لسانیات) تلازمی اشتقاق ۔

Associative facilitation : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی سہولت ۔

Associative group : (n) (لسانیات) تلازمی مجموعہ ۔

Associative law : (n) (ریاضی) قانون تلازمی ؛ تلازمی کلّیہ ۔

Associative life : (n) (سماجیات) انجمنی زندگی ۔

Associative operation : (n) (ریاضی) عمل تلازم ۔

Associative spread : (n) (فلسفہ و نفسیات) ایتلافی توسیع ۔

Associatively : (adv) تلازمی طورسے ؛ بطور متلازم ۔

Associator : (n) شریک ؛ رفیق ؛ راہ و رسم رکھنے والا ۔

Associatory : (a) آمادۂ معاشرت ۔

Assoil : (v) [Fr."a(s)soille", L."absoluere =absolvere"] (۱) (متروک) گناہ سے بری کر دینا ؛ معاف کر دینا ۔ (۲) بری الذمہ قرار دینا ؛ بےقصور ٹھہرانا ؛ بری کر دینا ۔ (۳) چھوڑ دینا ؛ آزاد کرنا ؛ رہا کر دینا ۔ (٤) کفارہ دینا ؛ بھگتان بھگتنا ۔

Assoiler : (n) بری کرنے والا ۔

Assoilment : (n) بری ہونے یا کرنے کا عمل ۔

Assolizie : (v) Assoil= عدالت کے فیصلے کی رو سے رہا کر دینا ۔

Assonance : (n) [L."assonare"] (۱) ہم صوتی ؛ ہم آوازی ؛ ہم آہنگی ؛ تجنیس صوتی ؛ (دو بولوں یعنی Syllables کے درمیان) (لسانیات) مصوتی تکرار ۔ (۲) قافیہ بندی ؛ تک بندی ؛ نبری (accented) حروف علت کے اعتبار سے ایک لفظ کو دوسرے لفظ کا ہم قافیہ کرنا ۔ (۳) جزوی مماثلت ؛ تھوڑی مشابہت ؛ قدرے یکسانیت ۔

Assonant : (a) [L."assonantem".] ہم آواز ؛ ہم آہنگ ؛ کسی قدر مماثل ؛ ہم صدا ؛ ہم صوت ۔

Assonantal / Assonantic : (a) ہم صوتی ؛ ہم صدائی کا یا اس سے متعلق ۔

Assonate : (a) [L."assonat-] ہم آواز ہونا ؛ ہم صوت ہونا ؛ خاص کر حروف مصوت میں ۔

Assort : (v) [OF."assorter",(mod."assortiv"] (۱) ترتیب دینا ؛ چھانٹ چھانٹ کر ایک سی چیزیں الگ کرنا ؛ قسم بندی ؛ صف بندی ؛ درجہ بندی ؛ طبقہ بندی ۔ (۲) ساتھ ساتھ رکھنا ؛ اکھٹا رکھنا ؛ ملاکے رکھنا (دوسری چیزوں کے ساتھ) ۔ (۳) کسی گودام یا دکان میں قسم قسم کی چیزیں جمع کرنا ؛ قسم قسم کا سامان سجانا ۔ (٤) شریک ہونا ؛ ساتھی ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ ملنا ۔ (٥) ایک ذیل میں آنا ؛ ہم صنف ہونا ؛ ہم قسم ہونا ۔

To assort ill with : ناموافق ہونا ؛ راس نہ آنا ؛ نہ پٹنا ؛ سازگار نہ ہونا ۔

To assort well with : موافق ہونا ؛ سازگار ہونا ؛ پٹنا ؛ راس آنا ۔

Assorted : (a) مختلف الاقسام ۔

Assorted security market : (تجارت) مختلف الاقسام سیکورٹی بازار ۔

Assortedness : (n) ترتیب ؛ موافقت ۔

Assortment : (n) (۱) صف بندی ؛ قسم بندی ؛ طبقہ بندی ؛ درجہ بندی ؛ ترتیب ؛ چھانٹنا ۔ (۲) قسم قسم کا سامان ؛ ایک میل یا کئی میل کا سامان ؛ دستہ ؛ تشکیلہ ۔

Full assortment : (تجارت) مکمل قسم بندی ۔

Assuage : (v) [ME."aswege". a. OF."a(s)souagel"] (۱) ٹھنڈا کرنا ؛ دلاسا دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین یا تسلی دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ کم کرنا ؛ دھیما کرنا (کسی شخص، جذبات ، درد وغیرہ کو) ۔ (۲) کم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ہلکا کرنا (اشتہا ، خواہش وغیرہ کو) ۔ (۳) ساکت کرنا ؛ آرام کرنا ؛ فرو کرنا ۔

Assuagement : (n) تسلی ؛ تسکین ؛ دھیماپن ؛ کمی ؛ تخفیف ؛ دلاسا ۔

Assuager : (n) مسکن ؛ تسلی دینے والا ؛ تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ۔

Assubjugate : (v) [as - = A - pref .] محکوم بنانا ۔

Assuetude : (n) [L."assuetudo"] عادت ؛ خو گرفتگی ۔

Assumable : (a) جو فرض کیا جا سکے ۔

Assumably : (adv) فرض کرکے ؛ فرضاً ؛ بالفرض ؛ "ولو فرضنا" ۔

Assume : (v) [L."as-","ad-sumere"] (۱) بنانا ؛ اختیار کرنا ؛ دھارن کرنا ؛ (کسی خاص حیثیت ، وضع یا شان کا) روپ لینا ؛ روپ بھرنا ۔ (۲) ذمہ لینا ؛ قبول کرنا ؛ (انتظامیہ) اختیار کرنا ؛ فرض کرنا ؛ عائد کرنا (کسی عہدہ، فرض وغیرہ کا) ۔ (۳) غصب کرنا ؛ ناجائز طور پر لے لینا ؛ حق مارنا ۔ (٤) ریا کاری کرنا ؛ ظاہر داری کرنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ تصنع کرنا ۔ (٥) فرض کرنا ؛ بحث کےلئے تسلیم کرنا ؛ (کیمیا) ماننا ۔ (٦) (منطق) مقدمہ صغری کو ایک قیاس میں اضافہ کرنا ۔

Assumed : (a) فرض کیا ہوا ؛ تصنع کرتا ہوا ؛ تصنع کردہ ؛ فرضی ؛ مفروضہ ۔

Assumed bond : (n) (تجارت و معاشیات) اختیار شدہ بانڈ ؛ انتقالی بانڈ ؛ گارنٹی شدہ بانڈ ؛ دیکھو guaranteed bond اور Indorsed bond

Assumed name : (n) (تجارت) فرضی نام ۔

Assumed risk : (n) اختیار کردہ خطرہ ۔

Assumedly : (adv) فرض کرکے ؛ فرضاً ؛ بالفرض ۔

Assumer : (n) فرض کرنے والا ؛ ذمہ لینے والا ؛ ریا کاری کرنے والا ۔

Assuming : (a) برخود غلط ؛ ریاکاری ؛ دون سے لینا ۔

Assumingly : (adv) ریا کاری سے ؛ تصنع کی طرح پر ۔

Assumingness : (n) ریا کاری ؛ تصنع ؛ دون ۔

Assumpsit : (n) [L.] (۱) وہ قول و قرار یا معاہدہ زبانی یا تحریری جو سر بمہر نہ ہو لیکن جس کی بنیاد معاوضہ ہو ۔ (۲) کسی ایسے معاہدہ کو پورا نہ کرنے یا اسےتوڑنے کی صورت میں جو ہرجانہ وصول کرنے کی کار روائی ہو ۔

Assumption : (n) [L."assumptionem".] (۱) استقبال حضرت مریم (بہشت میں) ؛ عید استقبال مریم ؛ استقبال حضرت مریم کے اعزاز میں ۱۵/ اگست کو ہر سال منائی جانیوالی ضیافت ؛ (تاریخ و سیاسیات) اختیار کرنا ؛ مفروضہ ۔ (۳) (انتظامیہ) مفروضہ فرضی امر ؛ مثال ؛ (طبیعیات و کیمیا) مفروضہ ؛ (شماریات) بلا ثبوت ؛ فریضہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) مفروضہ ؛ (سماجیات) خیال ؛ فرض ۔ (۳) کسی عہدہ کو قبول کرنا ؛ ذمہ لینا ۔ (٤) (قانون) وہ اقرار یا وعدہ جو تحریری یا زبانی ہو اور جو سر بمہر نہ ہو ۔ (٥) تصرف ؛ قبضہ ۔ (٦) نا جائز دعوی ؛ غصب ؛ کبر و نخوت ؛ خودبینی ؛ مفروضہ ۔ (۷) اصولی موضوع ۔ (۸) (منطق) کسی قیاس کا مقدمہ صغری ۔

Arms of assumption : وہ خاندانی نشان جو کوئی شخص منظوری کے ساتھ یا اس کے بغیر اختیار کرے ۔

Methodological assumption : (فلسفہ نفسیا ت) منہاجی مفروضہ ۔

Assumption of charge : (انتظامیہ) عہدہ سنبھالنا ۔

Assumption of risk : (تجارت) اختیار خطرہ (جوکھم) ؛ خطرہ مول لینا ۔

Assumptions : (n) (معاشیات) مفروضے ۔

Assumptiousness : (n) تصرف سے کام لینا ؛ نخوت پسندی ؛ مفروضہ پسندی ۔

Assumptive : (a) [L."assumptivus"] (۱) فرضی ؛ مفروضہ ۔ (۲) خود بیں ؛ تعلی باز ؛ نخوت پسندی ؛ مغرور ۔

Assumptive arms : / (arms of assumption) وہ اسلحہ جو غیر معمولی کام کی انجام دہی پر کسی کو تحفہ کے طور پر دیا جائے ۔

Assumptively : (adv) فرضی طور پر ؛ مغرورانہ ؛ نخوت پسندی سے ۔

Assurance : (n) [OF."asseurance"] (۱) ذمہ داری ؛ ضمانت ؛ حفاظت ۔ (۲) حتمی بیان ؛ قطعی بیان ۔ (۳) (قانون) استملاک ؛ حق ؛ تملیک حاصل کرنا ۔ (٤) بیمہ ۔ (٥) یقین ؛ پکا بھروسہ ؛ کامل اعتبار ؛ (تاریخ و سیاسیات) یقین دہانی ۔ (٦) خود اعتمادی ؛ اپنے اوپر بھروسہ ۔ (۷) گستاخی ؛ شوخ چشمی ؛ دیدہ دلیری ؛ بیباکی ۔ (۸) نجات کا کامل یقین ۔

Endowment assurance : معاتی بیمہ ۔

Joint assurance : مشترکہ بیمہ ۔

Assurant : (n) بیمہ کی پالیسی لینے والا ۔

Assure : (v) [OF."aseurer", late L."adsecurare".] دلجمعی کرنا ؛ اطمینان کر لینا ؛ خاطر جمع کر لینا ۔ (۲) قطعی طور پر طے کر لینا ؛ بالکل ٹھیک ٹھاک کر لینا ۔ (۳) یقین دلانا ؛ اعتبار دلانا ؛ بھروسہ دلانا ؛ (انتظامیہ) یقین دہانی ۔ (٤) وثوق کے ساتھ کہنا ؛ حتمی طور پر کہنا ؛ یقین کے ساتھ کہنا ۔ (٥) ضامن ہونا ؛ محفوظ کر لینا ۔ (۷) جسارت کرنا ۔

Assured : (a) (۱) متیقن ؛ مستند ؛ مطمئن ؛ خاطر جمع ۔ (۲) قادر علی النفس ، ضابط ؛ گستاخ ؛ بیمہ شدہ ۔

Assuredly : (adv) بالیقین ؛ حتمًا ؛ یقینًا ؛ قطعًا ؛ بیشک ، لاریب ؛ البتہ ؛ اعتماد کے ساتھ ۔

Assuredness : (n) تیقن ؛ با قطعیت ؛ یقینی ہونا ۔

Assurer : (n) (۱) بیمہ کرنے والا ۔ (۲) اعتماد پیدا کرنے والا ؛ یقین دلانے والا ۔

Assurgency : (n) اٹھان ؛ ابھار ؛ خیزش ؛ کج خیزی ۔

Assurgent : (a) [L."assurgentem"] (۱) اٹھتا ہوا ؛ بلند ہوتا ہوا ؛ ابھرتا ہوا ؛ بڑھتا ہوا ۔ (۲) (نباتیات) اوپر اٹھتا ہوا ؛ کج خیز (جو سیدھے خط میں نہ اٹھے) ؛ بالا خیز ۔ (۳) پیش دستی کرنے والا ؛ حملہ آور۔

Assuring : یقین دلانے والا ؛ بھروسہ دلانے والا ۔

Assuringly : (adv) اطمینان دلاتے ہوئے ؛ دلجمعی کرتے ہوئے وغیرہ ۔

Assuror : (n) کسی شخص کی زندگی یا جائیداد کا بیمہ کرنے والا ؛ بیمہ کرنے والا ۔

Assyrian : (n) اشوری ؛ اشوریا کا رہنے والا یا وہاں کی زبان ۔

Assyriological : (a) آشوروں کی زبان ؛ تاریخ اور آثار قدیمہ کے مطالعہ سے متعلق ۔

Assyriologist / Assyriologue : (n) آشوریات داں ؛ آشوریاتی ؛ آشوریات کا عالم یا محقق ۔

Assyriology : (n) آشور کی زبان ؛ تاریخ اور آثار قدیمہ کا مطالعہ ؛ آشوریات ۔

Astacian : (n) [L."astacus"] (حیوانیات) کیکڑے کی مانند ایک پوست دار جانور ۔

Astacite / Astacolite : (n) خرچنگ متحجّر ۔

Astarboard : (adv) [A+STARBOARD] (جہاز رانی) کشتی کے داھنے رخ کی طرف ۔

To put the helm a-starboard : کشتی کے پتوار کو بندرگاہ کی طرف اس طرح لانا کہ کشتی بائیں طرف گھوم جائے ۔

Astare : (a) [A+STARE] تاکتا ھوا ' نمایاں ۔

Astart : (adv) [A+START] چونک کر ؛ ناگہاں ؛ یکایک ؛ اچانک ۔

Astasia : (n) [Gr."astatos"] (طب) کھڑے ھونے سے مجبوری (پٹھوں کے مل کر عمل نہ کرنے کے باعث) ؛ رعشہ ۔

Astatic : (a) [Gr."astatos"+-IC] متزلزل ؛ متحرک ؛ جو ایک مقام پر نہ رہ سکے ؛ اچل ۔

Astatic needle : (n) اچل سوئی (جس پر زمین کی مقناطیسیت کا اثر نہیں ھوتا ھے) ۔

Astatically : (adv) متزلزل طریقہ پر ۔

Astay : (adv) (جہاز رانی) لنگر کے متعلق جہاز رانی کی ایک اصطلاح ۔

Asteer : (a) ھیجان میں ؛ ھلچل میں ؛ بیقراری ؛ بے کلی ؛ ھیجان خیز ۔

Asteism : (n) [L."asteismus"] طنز ملیح ؛ تمسخر ؛ ھلکا طنز ؛ شائستہ اور خوش مزاجی کا تمسخر ۔

Astel : (n) (کان کنی) ایک تختہ یا تختہ کی چھت جو کان میں آدمیوں کے سروں کے اوپر انکی حفاظت کےلئے استعمال ھوتی ھے ۔

Aster : (n) [Gr."aster"] تارہ پھول ؛ ستارہ ؛ گل مینا ؛ ایک قسم کا پودا جس کے پھول بھڑکیلے اور ستارے کی کرنوں کی طرح پھیلے پھیلے ھوتے ھیں ؛ نجمہ ۔

China- aster : چینی گل ستارہ / گل مینا ۔

-aster : (suff) لاحقہ ؛ حقارت کے لئے آتا ھے بمعنی ادنیٰ ؛ مصنوعی ؛ ھونے والا یا ھونہار (تعریفاً) ۔

Asteraceous : (a) [L."Asteraclae"] گل مینا کے خاندان کا ۔

Asteria : (n) ایک قیمتی پتھر جس کا تذکرہ Phiny نے کیا ھے ۔

Asterialite : (n) ستارہ' دریائی متحجّر ۔

Asterias : (n) [mod. L., a. Gr."asterias"] خار پشت جانوروں کی ایک جنس / خاندان ۔

Asteriated : (a) [Gr."asterrios"+-ATE+ED] شعاع ڈالا ھوا ؛ ایسی کرنوں سے جو مثل ستاروں کے ایک مرکز سے خارج ھوں ۔

Asterid / Asteridian : (n) ستارہ' دریائی کے خاندان کا ایک جانور ۔

Asterion : (n) [mod. L. a. Gr."asterion"] کنپٹی کے ھڈیوں کا وہ مخروطی نقطہ جہاں اس حصے کی تین ھڈیاں ملتی ھیں ؛ نجمینہ ۔

Asterisk : (n) [L."asteriscus", a. Gr."asteriseos"] (۱) (لسانیات) نشتارہ ؛ ستارہ یا نجمینہ جو نشان یا حوالہ کےلئے لفظوں پر بنایا جاتا ھے ۔ (۲) کوئی ایسی چیز جو ستارے کی شکل کی ھو یا اس کی طرح شعاع افگن ھو ۔

Asterisk : (v) عبارت پر نجمے یا ستارے کا نشان لگانا ؛ ستارہ (نشان) ۔

Asterism : (n) [Gr."a+sterismos"] (۱) ستاروں کا جھنڈ ؛ ستاروں کا جھمکا ؛ عقد انجم یا عقد کواکب ۔ (۲) تین نجمے جو اس طرح (***) رکھے جائیں خاص راستہ کی طرف توجہ دلانے کے لئے ۔(۳) چھ شعاعوں والے ستاروں کی شکل میں روشنی کا نمایاں ھونا جیسے ستارہ نما نیلم میں ھوتا ھے ۔

Asterismal : (a) ستاروں کے مجموعوں سے متعلق ۔

Astern : (perp) بہت پیچھے کی طرف : فاصلہ پر : پیچھے کی طرف : عقب میں : پیچھے ۔

Astern : (adv) (جہاز رانی) جہاز کے عقب میں : جہاز کے پیچھے کے حصہ پر ۔

Asternal : (a) [A-pref.+ L."sternum"] پسلی کی ھڈی کے بغیر ملا ھوا : (حیوانیات) بے قص ۔

Asteroid : (n) [Gr."a+steroides"] (۱) ستارہ نما : ستارے کی شکل کا : مثل ستارہ : ستارچہ : سیارہ صغیرہ : نجم نما ۔ (۲) سیارچے : وہ چھوٹے چھوٹے سیارے جو مریخ اور مشتری کے مدارات کے درمیان گھومتے رھتے ھیں ۔ (۳) ایک قسم کی آتش بازی : ھوائی ۔ (٤) (حیوانیات) ستارہ ماھی ۔

Asteroidal : (a) سیارچوں یا سیارہ نما کے متعلق ۔

Asterophyllite : (n) [Gr."aster+phyllon+lithos"] ایک متحجّر پودا جس کے پتے حلقوں میں مرتب تھے ۔

Asthenia : (n) [Gr."asthenia"] قوت کی کمی : کمزوری : زندگی کی قوت میں کمی : نقاھت : ضعف ۔

Asthenic / Asthenical : (a) کمزوری سے متعلق : کمزور : مھنوک : ضعفی ۔

Asthennology : (n) کمزوریوں سے پیدا ھونے والی بیماریوں کا علمی مطالعہ ۔

Asthenopia : (n) ضعف بصارت : نقاھت بصر ۔

Asthma : (n) [Gr."asthma"] دمّہ : ضیق النفس ۔

Asthmatic : (a) [L."asthmaticus"] (۱) دمّہ : ضیق النفس کا مریض : دمے یا ضیق النفس کے متعلق ۔ (۲) دمّہ میں مفید ۔ (۳) سانس پھولنے والا : سائیں سائیں کرنے والا ۔

Asthmatical : (a) دمہ کا : متعلق بہ دمہ ۔

Asthmatically : (adv) دمے کے مریض کی طرح سے ۔

Astigmatic : (a) [Gr."a+stigma"+-IC] لا ماسکیت سے متعلق : لا ماسکی : ابھامی : مبہم ماسکی ۔

Astigmatism : (n) لا ماسکیت : آنکھوں کی ساخت کا ایک نقص جس کی وجہ سے سب شعاعیں شبکیہ (Retina) پر ایک ھی مرکز پر نہیں آ سکتیں : ابھامیت : مبہم ماسکیت ۔

Astir : (adv) (۱) ھلتا ھوا : حرکت میں : کلبلاتا ھوا ۔ (۲) جاگا ھوا : بیدار : ھیجان میں : بستر سے اُٹھ کر چلتا پھرتا ھوا ۔ (۳) جوش میں گھبرایا ھوا : سرا سیمہ : بد حواس ۔

Asto : متعلق بہ بابت : نسبت : بارے میں ۔

Astomatous / Astomous : (a) [Gr."astomos"+-ous] بے دہن : بغیر منہ کا ۔

Astonish : (v) متعجب کرنا : حیرت میں ڈالنا : حیرت زدہ بنانا : حیران کرنا : متحیر کرنا : اچنبھے میں ڈالنا : ششدر کرنا ۔

Astonished : (a) حیرت زدہ : متحیر ۔

Astonishedly : (adv) متعجب ھوکر ' حیرت زدہ ھو کر ۔

Astonishing : (a) حیرت زدہ کرنے والا : متحیر کرنے والا : اچنبھے میں ڈالنے والا : حیرت انگیز ' تعجب خیز ۔

Astonishingly : (adv) حیرت زدہ کرکے : تعجب خیز طورپر : حیرت انگیز طور پر ۔

Astonishingness : (n) تعجب خیزی : حیرت انگیزی : حیرت زدگی ۔

Astonishment : (n) اچنبھا : تعجب ' حیرت : حیرانی : تحیر : تعجب خیز شے ۔

Wine of astonishment : نشہ اور شراب : مدھوش کرنے والی شراب ۔

Astoop : (adv) [A+STOOP] در حالت خمیدگی : جھُکا ھوا ۔

Astound : (v) [Phonetic development of AS TONED, OF. es toner] (۱) مدھوش کرنا : ھکا بکا کر دینا : بھونچکا کر دینا : ھک ھک کر دینا : سھمانا (قوت یا تعجب) ۔ (۲) متحیر کرنا : متعجب کرنا : حیران کر دینا : حیرت زدہ کر دینا : اچنبھے میں ڈال دینا : دنگ کر دینا ۔

Astoundingly : (adv) تعجب خیز طریقہ پر : حیرت انگیز طریقہ پر : بھونچکا بنا کر ۔

Astoundment : (n) بھونچکا پن : حیرت زدگی ۔

Astraddle : (n) [A+STRADDLE] زین کا آسن : گھوڑے کی طرح سے سواری ۔

Astragal : (n) [Gr."astragalos"] (۱) (متروک) وہ گولہ جو ستون کے اوپر یا نیچے کی طرف ہوتا ہے ۔ (۲) توپ کے منہ کے پاس کا حلقہ ۔ (۳) گھٹنے کے جوڑ کی گول ہڈی ؛ ٹخنہ ؛ گٹا ؛ عظم الکعب ۔

Astragalomancy : (v) پانسہ یا ٹخنے کی ہڈی سے شگون لینا / استخارہ کرنا ۔

Astragalus : (n) [Gr. see ASTRAGAL] (۱) گٹا ؛ ٹخنہ ؛ استخوان کعب ؛ کعبیہ (حیوانیات) ۔ (۲) ترکاری کی ایک قسم ۔

Astrain : (a) [A+STRAIN] تناؤ کی حالت ۔

Astrakhan : (n) [f. Astrakhon, U. S. S. R.] استرا خان ؛ استرا خانی ؛ پوستین ؛ بھیڑ کے بچوں کی پوستین جو استرا خان سے آتی ہے اوراس پر پشم ہوتی ہے ؛ حاجی ترخان ۔

Astral : (a) [L."astralis"] نجمی ؛ کوکبی ؛ ستارے کا ؛ ستارے سے متعلق یا منسوب ؛ ستاروں کی شکل ؛ مثل ستارہ ؛ (دینیات) نورانی مادہ ؛ نسمہ ۔

Astral body : (n) (۱) جسم نجمی ؛ نورانی پیکر ؛ نسمہ ۔ (۲) بھوت ؛ روح ۔

Astral lamp : (n) نجمی قندیل ؛ ایسا چراغ جس کے نیچے اندھیرا نہ ہوتا ہو ؛ بے سایہ لیمپ ۔

Astral spirit : (n) ارواح نجمیہ ؛ ستاروں میں بسنے والی روحیں ۔

Astrand : (a&adv) [A+strand] (۱) پھنسا ہوا ؛ مصیبت میں پڑا ؛ گرفتار ؛ درماندہ ۔(۲) مصیبت میں گرفتار ہو کر ؛ پھنس کر ۔

Astray : (a & adv) [OF. "estraie"] بھٹکا ہوا ؛ بھولا ہوا ؛ گمراہ ؛ گم کردہ راہ ؛ بھولا بھٹکا (نیز مجازاً) ۔

Astray freight : (n) (تجارت) گمراہ مال ؛ بھٹکا ہوا مال ۔

Astray freight way bill : (تجارت) گمراہ مال سفری فہرست ۔

Astre : (n) [OF. "astre"] گھر بار ۔

Astrer : (n) ایک کسان گرہست جس کا مسکن وہیں ہو جہاں اس نے پرورش پائی ہو ۔

Astrict : (v) [L."astrict-","astringere"] مضبوطی سے باندھنا ؛ کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ؛ قبض پیدا کرنا ۔ (۲) اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنا ؛ اخلاقی یا قانونی ذمہ داری عائد کرنا ۔(۳) محدود رکھنا ؛ ایک خاص حد کے اندر رکھنا ؛ قید لگانا ۔

Astricted : (a) پابند ؛ مقید ۔

Astriction : (n) [L."a(d)-strictionem"] کسی کسان کو زمین اس شرط پر دینا کہ اس زمین سے کٹے ہوئے غلہ کو ایک خاص چکی میں پسوانے کے لئے لے جائے اور وہاں ٹیکس دے ؛ اراضی کا بندوبست مذکورہ شرط پر ۔ (۲) قید ؛ بندھن ؛ اخلاقی یا قانونی دباؤ یا ذمہ داری ؛ حد بندی ۔ (۳) (طب) جنسی ؛ انقباض (عضلات) ۔

Astrictive : (a) [L."astrict- + -IVE] جکڑنےوالا ؛ باندھنے والا ؛ قبض کرنے والا ؛ عضوی یافت ؛ حابس ۔

Astrictively : (adv) بندھن کے ساتھ ؛ قید لگاکر ؛ حد باندھ کر ۔

Astride : (adv) [A+STRIDE] (۱) ٹانگیں چیرے ہوئے ؛ گھوڑے کے آسن کی طرح ۔(۲) ٹانگیں ادھر اُدھر کئے ہوئے ؛ کسی چیز کو ٹانگوں میں لئے ہوئے ۔ (۳) کسی چیز پر سوار ؛ کسی چیزپر گھوڑے کی طرح بیٹھے ہوئے ۔

Astringe : (v) [L."a-, ad- stringere"] (۱) مضبوط باندھنا ؛ جکڑنا ؛ کسنا ۔ (۲) دبانا ؛ مسلنا ؛ بھینچنا ۔ (۳) قبض پیدا کرنا ۔

Astringency : (n) قبض ؛ درشتی ؛ سختی ؛ سخت مزاجی ؛ قابضیت ۔

Astringent : (a) [L."astringentem"] (۱) قابض ؛ سکیڑنے والا ؛ باندھنے والا ۔(۲) سخت ؛ تیز ؛ شدید ۔(۳) خشک ؛ عبوس ۔ (٤) (ادویات) قابض ؛ (کیمیا) کسیلا ۔

Astringently : (adv) سختی سے ؛ درشتی سے ؛ عبوسانہ ۔

Astrion : (n) ایک قسم کا قیمتی پتھر (مشابہ نیلم) ۔

Astro -: جزو ترکیبی بمعنی "ستارہ، نجم" ۔

Astro-aschemist : (n) وہ جو علم نجوم اور علم کیمیا کو ملاتا تھا ۔

Astro-magical : (a) ستاروں سے شگون لینے کے متعلق ۔

Astro-meteorological : (a) موسم کی پیش بینی سے متعلق ۔

Astro-meteorologist : (n) موسم کے بارے میں پیش گوئی کرنے والا ۔

Astro-meterology : (n) کواکبی مظاہر کے موسم ؛ آب و ھوا وغیرہ پر اثرات کی تحقیقات ؛ موسم کی پیش بینی ؛ کوکبی موسمیات ۔

Astro-photometer : (n) کسی ستارہ کی روشنی کی شدت ناپنے کا آلہ ۔

Astro-photometrical : (a) اس آلہ سے متعلق ۔

Astro-phyllite : (n) ایك معدنی شے جسکا رنگ زرد ھوتا ھے ۔

Astro-theology : (n) دین کا وہ علم جو ستاروں کے مطالعہ سے اخذ کیا جائے ؛ ایك مذھبی نظام جو افلاك کے مشاھدے کی بنیاد پر ھو ۔

Astrochornological : (a) اجرام فلکی کی عہد شناسی سے متعلق ۔

Astrognosy : (n) [mod. L."astrognosia"] ستارگان ثوابت کا علم ۔

Astrogony : (n) ستاروں کی آفرینش کا عقیدہ ؛ ستاروں کا سنسار مالا ۔

Astrography : (n) ستاروں کے بیان کا علم ؛ افلاك کی نقشہ کشی ؛ ستارہ نگاری ؛ نجوم نامہ ۔

Astroid : (a) [Gr."astroeides"] ستارہ نما ؛ نجمیہ ۔

Astroite : (n) [L."astroites"] (۱) ایك قسم کا جواھر جو قدیم زمانے میں معروف تھا ۔ (۲) ایك قسم کا مونگا ؛ مرجان ۔

Astrolabe : (n) [OF."astrelabe", med. L."astrolabium"] اسطرلاب (اجرام فلکی کے ارتقاء وغیرہ معلوم کرنے کا آلہ) ۔

Astrolabical : (a) اسطرلابی ۔

Astrolatry : (n) نجم پرستی ؛ ستاروں کی پرستش ۔

Astrolithology : (n) [astr+lithology] شھابیات ؛ شھابی پتھروں کا علم ؛ شھابی حجریات ۔

Astrologer : (n) نجومی ؛ منجم ؛ اختر شناس ؛ جیوتشی ؛ ستارہ شناس ۔

Astrologic : (a) ستارہ شناسی یا ستارہ شناسوں سے متعلق ۔

Astrological : (a) ستارہ شناسی سے متعلق ۔

Astrologically : (adv) از روئے ستارہ شناسی ۔

Astrologize : (v) ستارہ شناسی آزمانا ۔

Astrology : (n) [Fr."astrologie", Gr."astrolotos"] (۱) (قدیم زمانے میں) علمی ھیئت ۔ (۲) جیوتش ؛ نجوم ؛ اختر شناسی ؛ ستارہ شناسی ۔

Judicial astrology : انسانی معاملات پر ستاروں کے پوشیدہ اثرات کے اندازہ لگانے کا فن ؛ ستاروں کے ذریعہ پیش گوئی ۔

Astrometer : (n) مقیاس النور ؛ میزان الشعاع ؛ ستاروں کی ظاھری اضافی مقدار کو ناپنے والا آلہ ۔

Astronomer : (n) ھیئت دان ؛ فلکی ، عالم فلکیات ۔

Astronomer Royal : (n) شاھی ھیئت دان ۔

Astronomic / Astronomical : (a) [F."astronomique"] ھیئتی ؛ فلکی ؛ (طبیعیات) ھیئت سے متعلق ۔

Astronomic dance : (n) (تاریخ) ھیئتی رقص (ایك قسم کا قدیم رقص) ۔

Astronomical year : (n) کوکبی سال ۔

Astronomical telescope : (n) (طبیعیات) فلکیاتی دور بیں ۔

Astronomically : (adv) ھیئت کے طریقہ پر ؛ فلکیات کی رو سے

Astronomize : (n) ھیئت کا مطالعہ کرنے والا یا ازروئے فلکیات بولنے والا یا عمل کرنے والا ۔

Astronomy : (n) [OF."astronomie", ad. L."astronomia"] فلکیات ؛ علم ھیئت ؛ اجرام فلکی کا علم ۔

Astrophysical : فلکی طبیعیات ۔

Astrophysics : (a) کوکبی طبیعیات سے متعلق ۔

Astroscope : (n) دو مخروط پر مشتمل ایك قدیم آلہ جس کی سطح پر مجموعہ ستارگان وغیرہ کے نقشے بنے ھوئے ھوتے ھیں ۔

Astrut : (adv) اکڑ کر چلتے ہوئے ؛ مچلتے ہوئے ۔

Astucious /-tious : (a) [F."astucieux"] (۱) زیرک ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ تیز فہم ؛ تیز ؛ ذکی ۔ (۲) ہوشیار ؛ پُرفن ؛ چالاک ؛ چالباز ؛ عیار ۔

Astuciously : (adv) ہوشیاری سے ؛ مکاری سے ؛ عیاری سے ۔

Astucity : (n) ذکاوت ؛ زیرک ؛ ذہانت ؛ زیرکی ؛ ہوشیاری ؛ عیاری ۔

Asturian : (a) (تاریخ و سیاسیات) استوریائی (اسپین کا ایک علاقہ استوریا سے متعلق) ۔

Astute : (a) [L. "astutus "] (۱) زیرک ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ تیز فہم ؛ تیز ؛ ذکی ۔ (۲) ہوشیار ؛ پُرفن ؛ چالاک ؛ چالباز ؛ عیار ۔

Astutely : (adv) عیاری سے ؛ سیانا پن سے ۔

Astuteness : (n) ذکاوت ؛ زیرک ؛ ہوشیاری ؛ عیاری وغیرہ ۔

Astylar : (a) [Gr."a+stylos"+-ar] بلا ستون کا ؛ بے ستون ۔

Astyllen : (n) (کان کنی) ایک چھوٹا سد ؛ چھوٹا باندھ جو کسی سطح زمین یا رہ گزر میں ہو ۔

Asudden : (adv) یکایک ؛ دفعتًا ۔

Asunder : (adv) [OE. phr. on sundran] (دو یا زیادہ چیزوں کے لئے) علاحدہ علاحدہ ؛ الگ الگ ؛ جدا جدا ؛ دور دور ۔

Asunderness : (n) علاحدگی ؛ جدائی ؛ الگ الگ ہونا ۔

Aswarm : (adv) [A+SWARM] جھُنڈ میں ؛ غول میں ۔

Asway : (adv) [A+SWAY] ڈولتے ہوئے ؛ ہلتے ہوئے ؛ ہلاتے ہوئے ۔

Asweat : (adv) پسینہ پسینہ ؛ عرق عرق ۔

Aswim : (adv) [A+SWIM] تیرتے ہوئے ۔

Aswing : (adv) [A+SWING] جھولتے ہوئے ۔

Aswoon : (adv) [A+SWOON] غشی میں ؛ بیہوشی میں ۔

Aswooned : (a) بے ہوش ۔

Asyllabic : (a) (لسانیات) بے ہجائی ۔

Asyllabical : (a) [A+SYLLABICAL] جس سے ایک ہجا نہ بنتی ہو ۔

Asylum : (n) [Gr."asylon"] (۱) پناہ گاہ ؛ ملجا ؛ امن ؛ جائے پناہ ؛ ٹھکانہ (خاص کر مجرموں یا مقروضوں کا) ؛ (سماجیات) جائے پناہ ؛ (تاریخ و سیاسیات) پناہ گاہ ؛ پناہ ۔ (۲) محتاج خانہ ؛ معذور خانہ ؛ دار المصنفین ؛ بیت المعذورین ؛ پاگل خانہ ؛ دار المجانین ۔

Lunatic asylum : (سماجیات) پاگل خانہ ۔

Asymbolia : (n) [L. a+symbolus] اشارۂ نا فہمی ۔

Asymbolic /-al : (a) غیر علامتی ۔

Asymmetranthous : (a) جس میں غیر متناسب پھول ہوں ۔

Asymmetric : (a) (۱) (کیمیا) غیر ترتیبی ؛ غیرترکیبی ؛ غیر متشاکل ۔ (۲) غیرتشاکلی ؛ (حیوانیات) غیر موزوں ؛ غیر متناسب ۔

Asymmetrical : (a) (۱) (کیمیا) غیر ترکیبی ؛ غیر ترتیبی ۔ (۲) (ریاضی) غیر تشاکلی ؛ غیر متشاکل (حیوانیات) ۔

Asymmetrical factorial design : (شماریات) بے ڈول اجزائی ڈیزائن ۔

Asymmetrical test : (n) (شماریات) بے ڈول جانچ ۔

Asymmetrically : (adv) غیر متناسب طریقہ پر ۔

Asymmetrocarpous : (a) غیر متناسب پھول والا ۔

Asymmetry : (n&a) [Gr."asymmetria"] (۱) عدم تشاکلی ؛ عدم موزونیت ؛ عدم تناسب ؛ بے جوڑپن ؛ (طبیعیات) اسیمٹری ؛ (کیمیا) غیر ترتیب ؛ غیرترکیب ۔ (۲) بےجوڑ ؛ بےمیل ۔

Asymptosy : (n) خط متقارب ہونے کی صفت ۔

Asymptote : (n) [Gr."asymptotos"] (۱) (ریاضی) متقارب ؛ وہ خط جو ایک مفروضہ دائرہ سے قریب تر ہوتا جائے لیکن ایک محدود فاصلہ کے اندر اس سے نہ ملے ۔ (۲) اسمپٹوت (کیمیا و طبیعیات) ؛ (ریاضی) خط متقارب ۔

Asymptotic : (a) (طبیعیات) اسمپٹوتی ؛ (ریاضی) متقاربی ۔

Asymptotic distribution : (n) (شماریات) انتہائی بناؤ ۔

Asymptotic normality : (n) (شماریات) انتہائی معمولیت ۔

Asymptotic standard error : (شماریات) انتہائی معیاری خامی ۔

Asymptotical : (a) خط متقارب کا ۔

Asymptotically : (adv) خط متقارب کی طرح ۔

Asymptotically efficient estimator : (شماریات) انتہائی کارگذار تخمینہ کار ۔

Asymptotically unbiassed estimator : (شماریات) انتہائی غیر طرفی تخمینہ کار۔

Asynartete : (a) [Gr."asynartetos"] غیر متصل : علاحدہ : جس میں دو رکن ہوں اور دونوں کے آہنگ جدا ہوں ۔

Asynartetic : (a) ایسے شعر سے متعلق جس میں دو رکن ہوں اور دونوں کے آہنگ جدا ہوں ۔

Asynchronism : (n) [A+SYNCHRONISM] (لسانیات) غیر ہم عصریت : اشتباہ وقتی : نا مطابقت وقتی : نا ہم وقتی : نا ہم زمانی ۔

Asynchronous : (n) وقت سے مطابقت نہ رکھنے والا : نا ہم وقت : ناہم زبان ۔

Asyndetic : (a) [See next] =(partactic) (لسانیات) بےعطفی ۔

Asyndetism : (n) (لسانیات) بے عطفیت ۔

Asyndeton : (n) [Gr."to asyndeton"] (لسانیات) بے عطف ۔

Asyntactic : (a) [Gr."asyntactos"] غیر دستوری : بے قاعدہ : جس میں الفاظ کی ترتیب خلاف قاعدہ ہو ۔

Asyntactic compound : (n) (لسانیات) غیر نحوی مرکب ۔

Asyntactical : (a) (لسانیات) غیر نحوی ۔

Asystole : (n) [mod. L.] قلب کی ایک بیماری جسمیں اس کا انقباضی فعل رک جائے : بےانقباضی قلب ۔

Asystolism : (n) قلب کی ایک بیماری کی علامت جس میں اس کا انقباضی فعل رک جاتا ہے ۔

At : (prep.) [OE.] (۱) پر : اوپر : میں : زیر : حالت میں ۔ (۲) کسی جانب حرکت کا اظہار : پر : سمت : طرف ۔

Good at repartee : حاضر جواب : حاضر جوابی میں استاد ۔

Play at fighting : لڑنے کی نقل کرنا : لڑائی کا کھیل ۔

To be at : پیچھے پڑنا : تاک میں رہنا ۔

At : (adv or conj.) (۱) پر : اوپر میں : زیر : حالت میں ۔ (۲) کسی جانب حرکت کا اظہار : پر : سمت : طرف ۔

At : (pref) لاحقہ ("Ad" جب "t" کے پہلے آتا ہے تو "at" میں بدل جاتا ہے) ۔

At a disadvantage : نقصان : ٹوٹے میں : گھاٹے میں ۔

At a discount : کٹوتی پر ۔

At all : (adv or a) بالکل ۔

At all events : بہر طور : بہر نہج : بہرصورت : بہر کیف : بہر تقدیر ۔

At a low price : کم قیمت پر : کم داموں : کم دام میں ۔

At a loss : نقصان میں ۔

At any rate : بہر صورت ۔

At arm's length : دیکھو arm

At bay : گھر جانا : پلٹ کر مقابلہ کرنا ۔

At best : زیادہ سے زیادہ ۔

At call : عندالطلب ۔

At cost : لاگت پر ۔

At dagger drawn : خون کا پیاسا : ازلی بیر ۔ باپ مارے کی دشمنی ۔

At home / at-home : (adv) (۱) گھر پر : خانہ باش ۔ (۲) عصرانہ : کسی خاص وقت میں مہمانوں کی مدارات ۔ (۳) بےتکلف : گویا اپنے گھر میں ۔ (٤) نزدیک : قریب : وطن میں : بے تکلف ۔ (٥) (مجازاً) پورے طور پر واقف ۔

At once : (adv) دیکھو At

At one : (adv) دیکھو At

At par : (انتظامیہ) برابر ؛ ہم پلّہ ؛ مساوی ۔

At random : (تجارت) اٹکل پچو ؛ ایٹ رینڈم ۔

At sea : (تجارت) بحری سفر پر (جہاز) ۔

At sight : (تجارت) نظری ؛ درشنی ۔

At source : (تجارت) مخزن پر ۔

Atabal : (n) [Arab. "al+tabl"] طبل ؛ ڈھول ؛ تنبورہ جسے حبشی لوگ استعمال کرتے ہیں ۔

Atacamite : (n) [f.Atacamain Chilli+-ITE] سبز رنگ کی ایک چمکدار کچی دھات ؛ تانبے کا آکسی کلورائیڈ ۔

Atactic : (a) [Gr."atactos"+-IC] غیر نحوی ۔

Ataraxy / Ataraxia : (n) [Gr."ataraxia"] بے تعلقی ؛ مست مولا پن ؛ بے نیازی ؛ سکون قلب ؛ اطمینان قلب ؛ اطمینان نفس ؛ طمانیت ۔

Ataunt : (adv) [F."autant"] (جہاز رانی) تمام بادبانوں کے ساتھ ۔

Atavic : (a) [F."atavique"] مورث اعلیٰ کا یا ان سے متعلق ؛ پرکھوں سے متعلق / کا ؛ پرکھا روگی ۔

Atavism : (a) [F."atavisme"] اجداد سے مشابہت ؛ پرکھوں سے مشابہت ؛ رجعت جدی ؛ پرکھائیت (حیوانیات) ؛ جدیت ۔ (۲) پرکھا روگ ؛ کسی مرض کا کئی پیڑھیوں کے بعد ظاہر ہونا ۔

Atavistic : پرکھانی (حیوانیات) ؛ راجع ؛ راجع بسلف ۔

Ataxic : (a) وظائف جسمانی کی بے قاعدگی سے متعلق ۔

Ataxic fever : (n) میعادی بخار ؛ شدید قسم کا موتی جھرا ۔

Ataxy : (n) [Gr."ataxia"] وظائف جسمانی کا یا بیماری کی علامتوں کی بے قاعدگی ؛ ہرجلہ ؛ اختلال عضلات ۔

Locomotive ataxy : ہاتھ پاؤں کے افعال کا خلل ؛ لڑکھڑاتی چال ؛ ذبول ۔

Atchison : (n) [Sc. pronun of Atkinson] چاندی چڑھایا ہوا تانبے کا سکہ ۔

Ate : (n) [Gr. "ate"] بیوقوفی ؛ احمق پن ؛ یونانیوں کی شرارت اور تباہی کی دیوی ۔

Ate : دیکھو eat

-ate : (suffix) لاحقہ : (۱) اسم مفعول کے معنی دیتا ہے ۔ (۲) کبھی عہدہ کے اظہار کے لئے آتا ہے ۔

-ate : لاحقہ ؛ افعال کے آخیر میں جیسے isolate, aggravate, separate اور Fascinate

-ate : (suffix) لاحقہ : صفات بنانے کےلئے جیسے Desolate

Atechnic : (a) [A+TECHNIC] بغیر تکنیکی علم کا ؛ غیر تکنیکی ۔

Ateknia : (n) [Gr."ateknia"] لا ولدیت ۔

Atelectasis : (n) [mod. L., f. Gr."ateles+ectasis"] نا مکمل اتساع، خاص کر نو زائیدہ بچوں کے پھیپھڑوں کا ؛ عدم تمدد ۔

Atelene : (a) [Gr."ateles"] (بلوریات) نا مکمل ؛ متناسب شکل کے بغیر ۔

Atelicaspect : (n) (لسانیات) نا تمامی کیفیت ۔

Atelier : (n) [Fr.] اطاق ؛ کارخانہ ؛ (خاص کر) کسی فنکار یا سنگ تراش کا اسٹوڈیو/کام کرنے کا کمرہ ۔

Atellan : (a) [L."Atellanus"] ایٹلانی یا وہاں کے مضحك بیہودہ قسم کے ڈراموں کا یا اس سے متعلق ؛ تعیش آمیز مضحك ؛ نقل ؛ مزاقیہ ۔

Atellan : (n) بیہودہ قسم کا ناٹك ۔

Atelo : جزو ترکیبی جو الفاظ کے شروع میں آتا ہے بمعنی " ناقص " ۔

Ateloglossia : (n) زبان کی نا مکمل نشو ونما ۔

Atelognathia : (n) جبڑوں کی ناقص نشو و نما ۔

Atelomyelia : (n) ریڑھ کے مغز کی ناقص نشو و نما ۔

Atelostomia : (n) منہ کی ناقص نشو و نما ۔

Atemporal : (a) لا زمان ۔

Athalamous : (a) [Gr."a+thalamos"+-ous] کائی کے متعلق ؛ وہ کائی جس کے مضغہ پر جوف رحمی نہ ہو ۔

Athamantin : (n) تیز صابن کی بو اور تلخ مزے والی ایک بلوری شے جو ایک درخت کی جڑ اور بیج سے حاصل ہوتی ھے (C_{24} H_{30} O_7)-

Athanasian : (a) [Athanasius, archbishop of Alexandria, in the reign of Constantine] (۱) اثانا سیوسی ؛ متعلق به اثانا سیوس جو قسطنطین کے عهد میں اسکندریه کا صدر اسقف تها۔ (۲) اثانا سیوس کے عقائد کا پیرو ۔

Athanasian creed : (n) اثانا سیوسی مسلك جو اس طرح شروع هوتا ھے "جو کوئی که ایسا کرے گا"۔

Athanasianism : (n) اثانا سیوسیت ؛ اثانا سیوسی مذهب کے عقائد یا اصول ۔

Athanasianist : (n) اثانا سیوسی عقیده کا پیرو ۔

Athanasy : (n) [L., a. Gr."athanasia"] لا فانیت ؛ حیات ابدی ؛ حیات جاوید ؛ عدم موت ۔

Athanor : (n) [Arab."at-tannur"] ایك تحلیل کرنے والا تنور جسے کیمیا گر استعمال کرتے تھے اور جس میں خود سے ایندھن مهیا کرنے والے آله کے ذریعه حرارت بر قرار رکھی جاتی تھی ؛ التنّور ؛ کیمیا گری بھٹی ۔

Atheism : (n) [F."atheisme", a. Gr."atheos"] (۱) دہریت ؛ وجود خدا سے انکار ؛ زندیقیت ؛ الحاد ۔ (۲) خدا شناسی ؛ بے دینی ؛ کفر ؛ (فلسفه و نفسیات) دہریت ۔

Atheist : (n) [F."atheiste"] (تاریخ و سیاسیات) منکر ؛ دہریه ؛ کافر ؛ زندیق ؛ ملحد ؛ بے دین ؛ منکر خدا ۔

Atheistic/Atheistical : (a) دہریوں کا سا ؛ ملحدانه ؛ کافرانه ۔

Atheistically : (adv) ملحدانه طور پر ۔

Atheize : (v) [Gr."atheos"] (۱) ایك ملحد کی طرح بولنا، لکھنا اور حرکت کرنا ۔ (۲) ملحد بنا دینا ۔

Atheizer : (n) ملحد بنا دینے والا ؛ کافر بنا دینے والا ۔

Athematic : (a) [A+THMATIC] (لسانیات) غیر منسوبی ۔

Athematic compound : (n) (لسانیات) غیر منسوبی مرکب ۔

Athematic fotmation : (n) (لسانیات) غیر منسوبی تشکیل ۔

Athenaeum : (n) [Gr."Athnaeum"] (۱) علمی یا ادبی مجلس ۔ (۲) دارالمطالعه ؛ دارالاخبار ؛ کتب خانه ۔ (۳) ایك ادبی و فنی مجله یا جریده ۔ (٤) (آثار یونان قدیم) قدیم ایتھنس میں ایتھن کا مندر جہاں اساتذه تعلیم دیتے تھے اور مقررین اور شعراء اپنی تصانیف و تالیف سناتے تھے ؛ بزم ادب ؛ دارالمطالعه ۔

Atheologian : (n) دینیات سے بے بہره ۔

Atheological : (a) ضد دینیات ۔

Atheology : (n) علم دین سے اختلاف ؛ بے دینیات ؛ دہریات ۔

Atheous : (a) [Gr."atheos"+-ous] خدا کی هستی سے غیر متعلق ۔

Atherine : (n) [L."atherina"] مختلف اقسام کی سالمن مچھلیوں کے نام ۔

Athermancy : (n) [Gr."athermantos"] شعاع افگن حرارت سے سرایت نا پذیری ۔

Athermanous : (a) [Gr."a+therman"+OUS] شعاع افگن حرارت سے سرایت نا پذیری ۔

Athermic : (a) [A+THERMIC] بے حرارت ؛ بے تپ ۔

Atheroma : (n) [Gr."atheroma"] (۱) ایك جوفدار گومڑ جس میں آتش جنی کی طرح کا ماده رهتا ھے ۔ (۲) شریانی پرت کا فاسدانه اور روغنی لزوب ۔

Atheromatous : (a) شریانی پرت کے فاسدانه اور روغنی لزوب کا یا اس سے متعلق یا اس کی صفت کا ۔

Athetize : (v) [Gr."athetein"] جعلی سمجھ کر رد کرنا (کسی مضمون یا عبارت کو)۔

Athetosis : (n) [Gr."athetos"+NL.-Osis] بچوں کی اعصابی بیماری ؛ رعشه اصابع ؛ کنج ۔

Athirst : (a) [OE "ofpyrst "] (۱) پیاسا ؛ تشنه ۔ (۲) تشنه ؛ شائق ؛ مشتاق ؛ آرزو مند ۔

Athlete : (n) [L."athleta"] (۱) ورزشی ؛ کسرتی آدمی ؛ پہلوان ؛ لژنتیا ؛ ورزش کار ۔ (۲) توانا ؛ مضبوط ؛ تنومند ؛ قوی الجثه ؛ کسرتی ؛ ورزشی آدمی ۔ (۳) قدیم یونان اور روم کے عام کھیلوں میں جسمانی ورزش کے مقابله میں حصه لینے والا ۔

Athletic : (a) [L."athleticus"] (۱) متعلق بہ ورزش جسمانی : کسرتی : (فلسفہ و نفسیات) ورزشی ۔ (۲) قوی ہیکل : توانا ۔ (۳) (جمع میں) کسرت ۔

Athletically : (adv) کسرتی طور پر : بطور ورزش ۔

Athleticism : (n) ورزش میں انہماك : کسرتی بننے کی مشق : ورزش کاری ۔

Athletics : (n) ورزشیات : جسمانی کسرت جس کے ذریعہ عضلاتی قوت میں اضافہ کیا جاتا ھے ۔

Athletism : (n) حرفۂ پہلوانی ۔

Athlothete : (n) [Gr."athlothetes"] عام کھیلوں میں انعام دینے والا : اس کا نگراں اور منتظم ۔

Athrill : (a) [A+THRILL] هیجان خیزی سے ۔

Athrobe : (a) [A+THROBE] دھڑکتے ھوئے ۔

Athrong : (adv) [A+THRONG] ھجوم میں : ھجوم میں بھرا ھوا ۔

Athwart : (adv) (۱) آڑا ، ترچھا ۔ (۲) بر عکس : خلاف : بر خلاف : علی الرغم ۔ (۲) اس پارسے اُس پار : آر پار : (جہاز رانی) جہاز کے اس کنارے سے اس کنارے تك ۔ (۳) (مجازاً) توجہ میں ۔

To run athwart : کنارے کنارے دوڑنا ۔

Athwart hawse : دوسرے لنگر انداز جہاز کے پیش پر ۔

Athwart ship / ships : (adv) جہاز کے ایك سرے سے دوسرے سرے تك ۔

Athwart wise : (adv) آر پار ۔

Athymy : (n) [Gr."athymia"] مایوسی : نا امیدی ۔

-atic : لاحقہ : صفت بنانے کے لئے ۔

-atile : لاحقہ : صفت بنانے کے لئے ۔

Atilt : (adv) [A+TILT] جھکا ھوا : تیڑھا : متمائل ۔

To run (or ride) atilt : نیزہ تانے دوڑنا : گھوڑے پر چڑھ کر نیزہ بازی کی مشق کرنا : تلے ھوئے ھونا : مستعد ھونا ۔

Atimy : (n) [Gr."atimia"] عام لوگوں میں رسوائی : عوام میں رسوائی خاص کر شہری حقوق سے محرومی ۔

Atingle : (adv) جھنجھنی کے ساتھ : جھنجھناتے ھوئے ۔

-ation : لاحقہ : اسمائے کیفیت کے لئے جیسے agitation وغیرہ ۔

Atiptoe : (adv) پنجہ کے بل : حالت انتظار میں ۔

-ative : لاحقہ: صفت کے لئے خاص کر ان افعال سے جو ate پر ختم ھوتے ھیں : جیسے Demonstrative : اردو میں اس کا بدل "والا" ۔

Atlantad : (adv) [Gr. see next] مہرے کی طرف : جسم کے بالائی حصہ کی طرف ۔

Atlantal : (a) [Gr."atlant-","atlas"] (۱) مہرے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) بالائی جسم کا یا اس سے متعلق ۔

Atlantean : (a) [L. "Atlanteus ".] اطلس کی قوت والا : اطلس کی مانند قوی ۔

Atlantic : (a) [L."Atlanticus"] (۱) اطلسی : متعلق بہ کوہ اطلس جو لیبیا میں ھے ۔ (۲) اوقیانوسی : اطلانتیکی ۔ (۳) بحر اوقیانوس : بحرظلمات ۔

Atlantic charter : (n) (تاریخ و سیاسیات) منشور اوقیانوس ۔

Atlantic conference : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹك کانفرنس ۔

Atlantic pact : (n) (تاریخ و سیاسیات) میثاق اوقیانوس ۔

Atlantic powers : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹك طاقتیں ۔

Atlantic union : (n) (تاریخ و سیاسیات) اٹلانٹك یونین ۔

Atlas : (a) [L., a. Gr."Atlas"] (۱) بھاری بوجھ اٹھانیوالا : سب سے بڑا سہارا : وہ چیز جس پر دار و مدار ھو ۔ (۲) بالا ترین مہرہ (ریڑھ کا) جو کھوپڑی کو سہارا دینے ھوتا ھے اور کھوپڑی کی ھڈی سے وصل ھوتا ھے ۔ (۳) نقشوں کی کتاب : نقشہ کشی کےلئے بڑی تقطیع کا کاغذ : (حیوانیات) اٹلس : سبز بھونرا ۔

Dialect atlas : (لسانیات) بولی اینلس ۔

Linguistic atlas : (لسانیات) لسانیاتی اٹیلس ۔

Atlas : (v) سہارا دینا (اطلس کی طرح) ۔

Atlas beetle : (n) ایک بہت ھی بڑا سبز بھونرا ۔

Atlo-/ Atloido -: Atlas کا جزو ترکیبی ۔

Atmidometer : (n) تبخیر پیما ؛ بخار سنج ۔

Atmological : (a) بخاریاتی ؛ علم بخار آب سے متعلق ۔

Atmologist : (n) بخاریات داں ۔

Atmology : (n) [Gr."atmos"+(o)LOGY] بخاریات (ابخرات کا علم) علم بخار آب ؛ تبخیریات ۔

Atmolyse /-yze : (v) بخارات کو الگ الگ کرنا ؛ بخارات کو تحلیل کرنا ؛ غیر مساوی نفوذ پذیری کےلحاظ سے گیسوں کو الگ الگ کرنا ۔

Atmolyser /-yzer : (n) گیسوں کی تحلیل کا آلہ ۔

Atmolysis : (n) [Gr."atmos"+"lysis"] (کیمیا) گیس پاشیدگی ؛ ابخرہ پاشیدگی ؛ بخارات کو الگ الگ کرنا ؛ تحلیل بخارات ؛ غیر مساوی نفوذ پذیری کے لحاظ سے گیسوں کو قدرے الگ الگ کرنا ؛ بخار پاشی ۔

Atmometer : (n) [Gr."atmos+metron"] تبخیر پیما ۔

Atmosphere : (n) [mod. L."atmosphaera", Gr."atmos+sphaera"] (۱) (طبیعیات) کرۂ ہوا ؛ اتمو سفیر ۔ (۲) فضا ؛ خلائے بسیط ۔(۳) احاطہ ؛ گھیرا ؛ محیط ؛ حصار ؛ حلقہ ۔(٤) جسمانی یا ذھنی فضا یا ماحول ؛ ماحول ۔ (٥) ھوا ۔ (٦) (جمع میں) ایک مربع انچ سطح پر ۱۵ پونڈ وزنی دباؤ ؛ ھواؤں کا دباؤ ۔

Magnetic atmosphere : مقناطیسی کرہ ؛ وہ کرہ جس کے اندر مقناطیس کا عمل ھوتا ھے ۔

Territorial atmosphere : (تاریخ و سیاسیات) ملکی فضائی حد ۔

Atmosphere : (v) ھوا سے احاطہ کرنا / حصار کرنا ۔

Atmospheric /-al : (a) ھوائی ؛ فضائی ؛ متعلق بہ کرۂ ھوائی ؛ (جمع) طوفان کی حالت میں لا سلکی یا ٹیلیفون میں ھوا کا جو اختلال ملتا ھے ؛ (طبیعیات) ھوا کا ۔

Atmospheric absorption : (n) (طبیعیات) ھوائی جذب ۔

Atmospheric circulation : (n) (طبیعیات) کرۂ ھوا کی گردش یا دوران ۔

Atmospheric electricity : (n) : (طبیعیات) کرۂ ھوا کی برق فضائی برق ۔

Atmospheric engine : (n) بھاپ کا ایک انجن ۔

Atmospheric line : (n) اسٹیم انجن کا خطِ توازن ۔

Atmospheric pressure : (n) ؛ (کیمیا) فضائی دباؤ ؛ ھوا کا دباؤ ؛ اتمو سفیری داب ؛ ھوائی دباؤ ۔

Atmospheric railway : (n) وہ ریل جو خلا کے بننے یا بھپی ھوا کی دھکیلنے والی قوت سے چلتی ھے ۔

Atmospheric refraction : (n) (طبیعیات) فضائی انعطاف ۔

Atmospheric turbulance : (n) (طبیعیات) کرۂ ھوائی ھیجان ۔

Atmospherically : (adv) کرۂ ھوائی طور پر ؛ فضائی طور پر ۔

Atmospherics : (n) فضائی پیام رسانی میں مداخلت کرنے والی آواز فضا کی برقی تحرکات کی وجہ سے ؛ ھوائی اضطرابات ۔

Atoll : (n) [Malaylam."adal"] حلقہ نما مرجانی چٹانیں جو لیگون کے چاروں طرف ھوں ؛ مرجانی حلقہ ؛ جزیرہ مرجانی ؛ مرجانہ ۔

Atom : (n) [F. atome, a. Gr."atomos"] (۱) ذرہ ؛ ریزہ ؛ ذرہ لایتجزی ؛ کوئی چھوٹی چیز جس کی تقسیم نہ ھو سکے ۔(۲) حصہ اقل ؛ چھوٹا سا حصہ ؛ جزو قلیل ؛ عشر عشیر ؛ جوھر ؛ (حیوانیات، طبیعیات و کیمیا) ایٹم ۔ (۳) ھر چھوٹی چیز ؛ ذراسی چیز ۔

Chemical atom : جوھر کیمیاوی (اشیاء کی وہ چھوٹی مقدار جو کیمیاوی ترکیب پا سکے)۔

Nuclear atom : (طبیعیات) نیوکلیائی ایٹم ؛ مرکزی جوھر ۔

Physical atom : وہ فرضی آخری ذرہ جس میں مادہ حقیقتاً موجود رھتا ھے ؛ جوھر فرد ؛ جزو لا یتجزی ۔

Recoil atom : (طبیعیات) پچھٹ ایٹم ۔

To smash shiver to or into atom : ریزہ ریزہ کرنا ؛ چور چور کر دینا ۔

Atomare : (n) وہ رقبہ جو اصلی ذرات کے اتصال سے بنتا ھے ۔

Atomechanics : (n) ذرات کے حرکت و سکون کا علم ۔

Atomic : (a) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی ؛ جوھری ؛ متعلق بہ جوھر ؛ جزو لا یتجزی ۔

Unit of atomic weight : جوھری وزن کی اکائی ؛ ایٹمی وزن کی اکائی ۔

Atomic age : (n) (تاریخ وسیاسیات) ایٹمی زمانہ ۔

Atomic beam : (n) (طبیعیات) ایٹمی بیم ؛ جوھری شعاع ۔

Atomic bomb : (n) (تاریخ وسیاسیات) ایٹم بم ؛ (کیمیا) ایٹم بم ۔

Atomic commission : (n) (انتظامیہ) جوھری توانائی کمیشن ۔

Atomic energy : (n) (تاریخ و سیاسیات) ایٹمی طاقت ؛ (کیمیا) ایٹمی قوت ؛ ایٹمی توانائی ۔

Atomic excitation : (n) (طبیعیات) ایٹمی اشتعال ۔

Atomic form : (n) ایٹمی ھیئت ؛ ایٹمی شکل ۔

Atomic heat : (n) (کیمیا) ایٹمی تپش ؛ ایٹمی حرارت ۔

Atomic hydrogen : (n) (کیمیا) ایٹمی ھائیڈروجن ۔

Atomic integration : (n) جوھری تکمیل ۔

Atomic kernel : (n) (طبیعیات) ایٹمی مغز ۔

Atomic language : (n) (لسانیات) غیر ترکیبی زبان ؛ مادیاتی زبان ۔

Atomic mass : (n) (طبیعیات) ایٹمی مادیت ؛ (کیمیا) ایٹمی کمیت ۔

Atomic mass unit : (طبیعیات) ایٹمی ماس اکائی (اے ، ایم ، یو) ۔

Atomic minerals division : (انتظامیہ) محکمہ معدنیات جوھری توانائی ۔

Atomic model : (n) (کیمیا) ایٹمی نمونہ ؛ ایٹمی ماڈل ۔

Atomic number : (n) (طبیعیات) ایٹمی عدد ؛ (کیمیا) ایٹمی نمبر ۔

Atomic orbit : (n) (کیمیا) ایٹمی مدار ۔

Atomic philosophy : (n) فلسفہ جوھر فرد (یہ عقیدہ کہ تمام چیزیں جو جاذبہ اور حرکت رکھتی ھیں اجزائے لایتجزی سے بنی ھیں) ۔

Atomic pile : (n) (طبیعیات) ایٹمی ڈھیر ؛ جوھری تودہ ؛ جوھری انبار ۔

Atomic power : (n) (انتظامیہ) جوھری قوت ؛ (طبیعیات) ایٹمی طاقت ۔

Atomic proportion : (n) جوھری تناسب ۔

Atomic radius : (n) (طبیعیات) ایٹمی ریڈیس ؛ (کیمیا) ایٹمی نصف قطر ۔

Atomic reactor : (n) (کیمیا) ایٹمی بھٹی ۔

Atomic refraction : (n) (طبیعیات) ایٹمی انعطاف ۔

Atomic spectrum : (n) (کیمیا) ایٹمی اسپکٹرم ؛ ایٹمی طیف ۔

Atomic stability : (n) (طبیعیات) ایٹمی پائداری ۔

Atomic state : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی حالت ۔

Atomic structure : (n) (کیمیا و طبیعیات) ایٹمی ساخت ۔

Atomic theory : (n) (طبیعیات) ایٹمی نظریہ ؛ نظریہ جوھر فرد ؛ یہ عقیدہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزائے مادہ پر مشتمل ھیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ھیں اور مختلف اشیاء کے جوھر جب ترکیب پاتے ھیں تو وہ ایك خاص تناسب کے ساتھ ملتے ھیں اوران کا یہ تناسب ھی ھوتا ھے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیاوی ترتیب پاتے ھیں ؛ (کیمیا) ایٹمی نظریہ ۔

Atomic volume : (n) (کیمیا) ایٹمی حجم ؛ جوھری حجم ؛ (طبیعیات) ایٹمی حجم ۔

Atomic weight : (n) (کیمیا) ایٹمی وزن ۔

Atomical : (a) ایٹمی ؛ ایٹم سے متعلق ؛ ایٹمی فلسفہ کا پابند ؛ دقیق ؛ باریك ؛ ابتدائی ؛ ایٹمی فلسفہ کا معتقد ۔

Atomically : (adv) بطور ایٹم۔

Atomicity : (n) ایٹمی ترکیب کی حالت ؛ کسی عنصر کی ترکیبی صلاحیت جو اب (Valency) کہلاتی ہے ؛ گرفت جوہری ؛ تعداد جواہر ۔

Atomism : (n) (۱) انفرادی جوہروں کے عمل کا نظریہ ؛ نظریہ جوہریت ؛ ذریت ۔ (۲) انفرادیت ؛ (فلسفہ و نفسیات) نظریہ جوہریت ۔ (۳) یہ عقیدہ کہ دنیا کی ترکیب ذرات لا یتجزی یعنی ایٹم سے ہوتی ہے ۔

Dynamic atomism : (فلسفہ و نفسیات) حرکی جوہریت۔

Logical atomism : (فلسفہ و نفسیات) منطقی جوہریت ۔

Psychological atomism : (فلسفہ و نفسیات) نفسیاتی جوہریت ۔

Qualitative atomism : (فلسفہ و نفسیات) کیفی جوہریت ۔

Quantitative atomism : (فلسفہ و نفسیات) کمیتی جوہریت ۔

Sensory atomism : (فلسفہ و نفسیات) حسّی جوہریت ۔

Atomist : (n) (۱) نظریۂ جوہریت (ذریت) کا قائل ؛ جوہریت پسند ؛ معتقد جوہریت ۔ (۲) نظریہ جوہر فرد کا طالب علم یا شارح ۔

Atomistic : (a) "atomist" یا "Atomism" کا یا اس سے متعلق ؛ علاحدہ ذروں کا حامل ؛ جوہریتی ۔

Atomistical : (a) ذرّوی ؛ جوہریت سے متعلق ۔

Atomistically : (adv) جوہریت کے متعلق ۔

Atomistics : (n) (طبیعیات) جوہریت ۔

Atomization : (n) (۱) جوہرانا ؛ ذروں یا جوہر میں تحلیل کرنا ۔ (۲) مائعات کو لطیف بنا دینا ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشیت ؛ (کیمیا) ایٹمانا ؛ جوہراؤ ؛ جوہر سازی ؛ (طب) مائع پاشی ؛ عرق پاشی ۔

Atomize : (v) ذرّوی یا جوہر فرد میں تحلیل کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشی ؛ (کیمیا) ایٹمانا ؛ جوہرانا ؛ (طب) پھوڑا بننا ۔

Atomized : (a) (کیمیا) ایٹمانا ؛ ایٹم شدہ ۔

Atomizer : (n) (طب) عرق پاش ؛ وہ آلہ جس کی مدد سے مائعات کی باریک باریک پھواریں نکلتی ہیں ؛ (طبیعیات) ذرہ پاشی ' (کیمیا) عرق پاشی ۔

Atomlessy : (a) ایک ذرہ بھی نہ چھوڑنے والا ؛ ذرہ شناسی ۔

Atomology : (n) علم جوہر فرد ؛ ذروں کا علم ؛ علم ذرات ؛ ذرہ شناسی ' جوہریات ؛ علم الجوہر ۔

Atomy : (n) (۱) ڈھانچہ ؛ پنجر ۔ (۲) ہڈی چمڑا ؛ پوست استخواں ۔

Atomy : (n) ذرہ ؛ جزو لا یتجزی ؛ ریزہ ؛ نحیف ؛ پنجر ؛ تشریح ؛ بونا ؛ جوہر ۔

Atonal : (a) (موسیقی) بغیر سُر یا راگ کے ۔

Atonable : (a) قابل فدیہ ؛ قابل کفارہ ؛ قابل تلافی ۔

Atone : (v) [Back-formation from ATONEMENT] (۱) کفارہ دینا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛ بھگتان بھگتنا ؛ تاوان دینا ؛ ڈانڈ بھرنا ؛ بدل کرنا ؛ عوض کرنا ۔ (۲) کفارہ ؛ فدیہ ؛ بدلہ وغیرہ دینا ۔ (۳) (متروک) مصالحت کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ ہم صوت کرنا ۔

Atonement : (n) [f. ATONE+-MENT] کفارہ ؛ تاوان ؛ فدیہ ؛ ڈنڈ ؛ بدلہ ؛ معاوضہ ؛ ہم آہنگی ؛ ہم صوتی ؛آشتی ؛ صلح ؛ مصالحت ؛ (فلسفہ و نفسیات) کفارہ ۔

Atonementist : (n) Calvine کے عقیدہ کفارہ کو ماننے والا ۔

Atonement money : (n) زر فدیہ ؛ زر کفارہ ۔

Atoner : (n) فدیہ دینے والا ؛ کفارہ دینےوالا ؛ تلافی کرنے والا ۔

Atonic : (a) [med. L."atonicus"] (۱) بے نبرہ ؛ وہ بول جس پر زور نہ پڑے ؛ غیر تکیہ دار ؛ غیر مؤکد ؛ عدم توتر ؛ ضعیف ۔ (۲) (طب) بے رونق ؛ جس پر صحت کی رونق نہ ہو ۔ (۳) غیر موکد بول ؛ (طبیعیات) بے بل ؛ غیر نبری ۔ (٤) دوا جو ہیجان کو دور کرے ؛ دوائے دافع ہیجان ۔

Atonic form : (n) (لسانیات) بے بل روپ ۔

Atony : (a) [F."atonic", ad. med. L."atonia"] نقاهت ؛ ضعف اعصاب ۔

Atop : (adv & prep) اوپر ؛ سر پر ؛ چوٹی پر ۔

Atopy : (n) [Gr."atopia"] دیکھو allergy

Atour : (prep) [AT Prep.+our, ower] خلاف ورزی میں ؛ اوپر ؛ مزید ؛ علاوہ ۔

By and atour : مزید ؛ علاوہ ۔

Atrabilarian : (n) [f. med. L."atrabilarius"] سوداوی مزاج کا ۔

Atrabilarious : (a) سوداوی ۔

Atrabiliary : (a) [mod. L."atrabiliarius"] سودا سے متعلق ؛ سوداوی ؛ سیاہ صفراوی ؛ سوداوی مزاج ۔

Atrabilious / Atrabiliar : (a) [L."atraibulis"] (۱) سوداوی ۔ (۲) مالیخولیائی ؛ خبطی ؛ اداس ؛ سوداوی مزاج ۔ (۳) جھلا ؛ چڑ چڑا ؛ ترش مزاج ۔

Atrabiliousness : (n) چڑ چڑاپن ؛ خبط ؛ مالیخولیا ؛ جھلاپن ۔

Atrament : (n) [L."atramentum"] سیاهی ؛ روشنائی یا اس قسم کی کوئی سیاہ شئے ۔

Atramental / Atramentous : (a) سیاہ ؛ کالا ؛ روشنائی جیسا ۔

Atremble : (adv) [A+TREMBLE] رعشہ دار ؛ کپکپاتے ہوئے ؛ تھر تھراتے ہوئے ۔

Atresia : (n) [Gr."atretos"] جسم کی قدرتی نلی کا مسدود ہو جانا ؛ تنگی ثقبہ ؛ رتق ۔

Atrial : (a) [L."atrium"] (۱) قلب کے بالائی خانے کا یا اس سے متعلق ؛ اذین القلب کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) معانی جوف کا یا اس سے متعلق ؛ (حیوانیات) اطاقی ۔

Atrip : (adv) (۱) (جہاز رانی) متعلق بہ مستول ؛ تھوڑا اوپر اٹھایا ہوا اس غرض سے کہ بادبان اپنی جگہ پر آجائے ۔ (۲) متعلق بہ بادبان ؛ کندے کے سوراخ سے بلند کیا ہوا اور پہیلا ہوا بادبان تاکہ جہاز کو ہوا کے رخ پر لگایا جائے ۔ (۳) متعلق بہ لنگر ؛ ذرا بلند ؛ زمین سے تھوڑا ہی اوپر ۔

Atrium : (n) [L.] (۱) صحن ؛ آنگن ؛ ایک رومی مکان کا مرکزی ہال ۔ (۲) برساتی چھتا (خاص کر گرجوں کا) ۔ (۳) (فلکیات) اذین القلب کا وہ حصہ جس میں رگیں خون انڈیلتی ہیں ؛ وہ بڑا جوف جس میں جاکر آنتیں کھلتی ہیں ؛ اطاق ۔

Atro -: جزو ترکیبی بمعنی " سیاہی مائل سرخ رنگ" ۔

Atrocious : (a) [L."atroci-"(atrox)] (۱) خبیث ؛ ملعون ؛ نابکار ؛ بد ذات ؛ بے درد ؛ ظالم ۔ (۲) بہت برا ؛ بہت خراب ؛ زشت ۔

Atrocious pun : (n) غیر مہذب ضلع جگت ۔

Atrociously : (adj) بد ذاتی یا نابکاری سے ؛ خبیثانہ ؛ پاجیانہ طور پر ۔

Atrociousness : (n) پاجی پنا ؛ بد معاشی ؛ نابکاری ؛ خباثت ؛ شرارت ۔

Atrocity : (n) [L. "atrocitatem"] (۱) پاجی پن ؛ بد ذاتی ؛ نابکاری ؛ خباثت ؛ (تاریخ و سیاسیات) مظالم ؛ ظالمانہ فعل ؛ تشدد ۔ (۲) پاجیانہ فعل ؛ ظالمانہ فعل ۔ (۳) سخت غلطی ؛ فاش غلطی ؛ انتہائی حماقت ؛ بدتہذیبی ۔

Atrois : (a) [Fr.] تین کے لئے ؛ تین شخصوں کے لئے ۔

Atrophied : (a) لاغر ؛ خشک ۔

Atrophous / Atrophic : (a) لاغر ؛ خشک ؛ ہزالی ۔

Atrophy : (n) لاغری ؛ خشکی ؛ دبلاپن ؛ پوست استخوان ؛ ہزالی ؛ (حیوانیات) عدم نمو ؛ ہزال ۔

Atrophy : (v) گھلنا ؛ گھلانا ؛ دبلا ہونا یا کرنا ؛ سوکھنا یا سکھانا ؛ پوست استخواں ہونا یا کر دینا ؛ ناقص ہونا یا کردینا ۔

Atropic : (a) عرق عنب الثعلب کا ۔

Atropine / Atropia : (n) [f. "atropa"] ایک قسم کا زہریلا القلی دار مادہ جو مکو سے نکلتا ہے ؛ عرق مکو ؛ عرق عنب الثعلب ۔

Atropinism / Atropism : (n) Atropine کا زہر دینا ۔

Atropinized : (a) Atropine کے ذریعہ زہر دیا ہوا ۔

Atropous / Atropal : (a) [Gr."atropos"+-OUS] ایسے بیضک سے متعلق جو الٹا نہیں بلکہ سیدھا ہو ۔

Atry : (adv) طوفان میں جہاز کے متعلق بولا جاتا ہے : بادبان کو اگلے حصہ سے لگا کر جہاز کا توازن ہوشیاری سے قائم رکھنا ۔

Attach : (v) [OF."atachier"] : (۱) باندھنا ' نتھی کرنا ؛ ٹانکنا ؛ منسلک کرنا ؛ لگانا ؛ جوڑنا ۔ (۲) شریک ہونا ؛ ملنا ؛ شامل ہونا ؛ ساتھ ہو جانا ؛ جا ملنا ؛ (کسی شخص، جماعت یا وفد وغیرہ سے) ۔ (۳) ملانا ؛ لگانا ؛ شامل کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ ملحق کرنا ؛ پیوند کرنا (کسی غیر مادی چیز، نام، نمہ داری وغیرہ کا) ۔ (٤) اہمیت دینا ؛ سمجھنا ؛ نسبت کرنا ؛ منسوب کرنا ۔ (٥) (قانون) قرق کرنا ؛ ضبط کرنا ؛ قرق میں لانا ۔ (٦) عائد ہونا ؛ لگنا ؛ آنا ۔

To be attached to : ملحق ؛ جوڑا ہوا ۔

Attachable : (a) جوڑنے کے قابل ؛ قابل انسلاک ؛ منسلک شدنی ؛ جوڑنے کے قابل ؛ قابل قرقی ؛ ضبطی یا گرفتاری کے قابل ۔

Attache : (n) رکن عملہ سفارت ؛ اتاچی ؛ کسی حکومت کا بحری یا فوجی نمائندہ کسی غیر ملک میں : (تاریخ، سیاسیات و انتظامیہ) اتاشی ۔

Administration attache : (تاریخ و سیاسیات) انتظامی اتاشی ۔

Air attache : (تاریخ و سیاسیات) فضائیہ اتاشی ۔

Commercial attache : (تاریخ و سیاسیات) تجارتی اتاشی ۔

Consular attache : (تاریخ و سیاسیات) قونصلی اتاشی ۔

Cultural attache : (تاریخ و سیاسیات) تہذیبی اتاشی ۔

Labour attache : (تاریخ و سیاسیات) اتاشی برائے محنت ۔

Military attache : (تاریخ و سیاسیات) فوجی اتاشی ۔

Naval attache : (تاریخ و سیاسیات) بحریہ اتاشی ۔

Passport and visa attache : (تاریخ وسیاسیات) پاسپورٹ اور ویزا اتاشی ۔

Press attache : (تاریخ و سیاسیات) پریس اتاشی ۔

Property attache : (تاریخ و سیاسیات) جائداد اتاشی ۔

Publicity-Cum-Cultural attache : (تاریخ و سیاسیات) اتاشی برائے نشر و اشاعت و تہذیب ۔

Attache case : (n) کاغذات رکھنے کا چمڑے کا چھوٹا بکس ۔

Attached : (a) (۱) گرفتار ' ملحق ' وابستہ بلحاظ ذوق ؛ محبت یا ہمدردی ۔ (۲) مادی طور پر بندھا ہوا : (تاریخ و سیاسیات) منسلکہ ؛ مشمولہ ۔ (۳) (حیوانیات) ساکن ' (معماری) دیوار سے متصل ۔

Attached office : (n) (انتظامیہ) ملحقہ دفتر ۔

Attachedly : (adv) منسلک ہو کر ؛ شریک ہو کر ؛ متصل ہو کر ۔

Attacher : (n) ملحق کرنے والا ' وابستہ کرنے والا ۔

Attachment : (n) [F."attachement"] : (۱) منسلک ' الحاق ؛ جوڑ ' نتھی کرنا ' شامل کرنا ' شمول ' اشتراک (attach دوسرے معنوں میں) ۔ (۲) لگاؤ ؛ جڑاؤ (حیوانیات) ۔ (۳) شئے منسلکہ ؛ شئے مشمولہ ' نتھی شدہ ' بندھن ' نتھی ؛ رشتہ ۔ (٤) محبت ؛ پیار ؛ دلی تعلق ؛ چاہ ؛ الفت ' اُنس ؛ وابستگی ؛ (فلسفہ و نفسیات) لگاؤ ۔ (٥) قرقی ' ضبطی ۔ (٦) اضافہ ۔

Foreign attachment : غیر ملکی مال کی قرقی جو قرضوں کی ادائی کے لئے کی جائے ۔

Infantile attachment : (فلسفہ ونفسیات) بچگانہ لگاؤ ۔

Attack : (v) [F."ataquer"] (۱) حملہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ہلہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یلغار کرنا ؛ وار کرنا ؛ چڑھ دوڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ (نیز مجازاً) چوٹ کرنا ۔ (۲) برا حشر کرنا ؛ مضر ہونا ؛ ضرر پہنچانا ' نقصان پہنچانا ؛ خراب کرنا (کسی طبعی عامل یا بیماری وغیرہ کا) ۔ (۳) کسی مشکل کام میں لگ جانا ۔

Attack : (n) (۱) (تاریخ و سیاسیات) حملہ ؛ وار ؛ چڑھائی ؛ یورش ؛ دھاوا ' پل پڑنا؛ تاخت و تاز ۔ (۲) چٹ ۔ (۳) عمل ؛ اثر ؛ (امراض اور طبعی عاملوں کا) ۔ (٤) کسی مشکل کام میں انہماک ۔ (٥) ایک قدرتی عامل کا تحلیل کرنے یا برباد کرنے کے عمل کا آغاز ۔ (٦) (موسیقی) کسی نغمہ کے آغاز کا طریقہ یاعمل ۔ (۷) حوصلہ مندانہ بیان ؛ جرأت مندانہ بیان ؛ جرأت مندانہ ترجمانی ۔

Attack rate : (n) (شماریات) حملہ کی شرح ؛ شرح یورش ۔

Attackable : (a) قابل گرفت ؛ ضرر پذیر ؛ نقصان پذیر ۔

Attacker : (n) حملہ آور ؛ دھاوا کرنے والا ؛ چڑھائی کرنے والا ۔

Attain : (v) [ME."ateyn(e)","ateine", OF."ataign-", L."attinge"] (۱) پہنچانا ؛ آ لگنا ؛ عمر کو پہنچنا ۔ (۲) حاصل کرنا ؛ پانا ؛ تکمیل کو پہنچنا ۔

Attainable : (a) قابل حصول ؛ ممکن الحصول ؛ تکمیل پذیر ۔

Attainableness : (n) تکمیل پذیری ۔

Attainder : (n) [OF."attaindre","ateindre"] سزائے موت یا خارج البلد کے عواقب مثلاً املاک ، شہری حقوق یا وراثت سے محرومی ۔

Act or Bill of attainder : وہ بل یا قانون جو انگلستان کی پارلیمنٹ میں پاس ہوا اور جس کے ذریعہ سزائے موت یا خارج البلد کے عواقب لاگو کئے گئے ۔

Attained : (a) تکمیل شدہ ۔

Attained age : (n) (تجارت) تکمیل شدہ عمر ۔

Attainer : (n) حاصل کرنے والا ؛ پہنچنے والا ۔

Attainment : (n) حصول ؛ تحصیل ؛ تکمیل کو پہنچنا ؛ رسائی ؛ پہنچ ۔ (۲) جوہر ؛ ہنر ؛ استعداد ؛ اکتساب (فلسفہ و نفسیات) استعداد ؛ حصول ۔ (۳) کمال ؛ فضیلت ۔

Attainor : (n) [Af."atteignour",OF."atteigneur"] (قانون) ۲٤جیوریوں میں سے ایک جیوری ؛ غلط رائے دینے والی کسی جیوری کو سزا دینے والی ۲٤ جیوریوں میں سےایک جیوری ۔

Attaint : (v) [OF."ateint","ataint"] (۱) (بیماریوں وغیرہ کا) لاحق ہونا ؛ حملہ کرنا ؛ لگنا ۔ (۲) پیدا ہونا ۔ (۳) لگنا ؛ لگ جانا (متعدی بیماریوں کا) اڑ کر لگنا ؛ سرایت کرنا ؛ متاثر ہونا ۔ (٤) داغ لگانا ؛ ملوث کرنا ؛ ساننا ؛ آلودہ کرنا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ بدنام کرنا ۔ (۵) زہر وغیرہ کا اثر کرنا ۔ (٦) کسی جیوری کو غلط رائے کا ملزم قرار دینا ؛ جیوری کی رائے کو الٹ دینے کے لئے قانونی کار روائی ۔

Attaint : (n) [OF."ateinte"] کسی جیوری کو غلط رائے دینے کی سزا ؛ کلنک کا ٹیکہ ؛ پچھلی ٹانگ سے اگلی کا زخمی ہونا ؛ چھونا ۔

Attar : (n) [a pers., ad. Arab.] عطر ؛ عطر گلاب ۔

Atteal : (n) ایک قسم کی بط جو Orkney اور Shetland isles میں پائی جاتی ھے ۔

Attemper : (v) [L."attemperare"] (۱) ممزوج کرنا ؛ ملانا ؛ سمونا ؛ آمیز کرنا ؛ معتدل بنانا ؛ ملائم کرنا ؛ نرم کرنا ۔ (۲) حرارت کو معتدل کرنا ۔ (۳) تسکین دینا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ تشفی دینا ۔ (٤) مطابق کر لینا ؛ رنگ قبول کر لینا ؛ مناسب حال یا مطابق حال کرنا ؛ سازگار بنا لینا ۔ (۵) ھم آھنگ کرنا ؛ ھم صوت کرنا ۔ (٦) تاؤ دینا ؛ (دھات کو) بجھاؤ دینا ؛ آب دینا ۔

Attemperament /-perment : (n) ترکیب امتزاج ؛ سمونا ؛ مطابقت ؛ موافقت ؛ ھم آھنگی ؛ تاؤ ؛ بجھاؤ ؛ دم ؛ آب ۔

Attemperate : (v) معتدل بنانا ؛ ملائم کرنا ؛ دیکھو attemper

Attemperate : (a) معتدل ؛ متوازن ؛ باقاعدہ ؛ تناسب ۔

Attemperation : (n) معتدل یا ملائم کرنے کا عمل ۔

Attemperator : (n) معتدل یا ملائم کرنے والا خصوصاً شراب کی کشید میں شعیر کی خمیری حرارت کو معتدل رکھنے میں ۔

Attempt : (v) [L."attemptare","attentare"] (۱) کوشش یا سعی کرنا ۔ (۲) (دشمن یا قلعہ کی) تسخیر کی کوشش کرنا ۔ (۳) ورغلانے کی کوشش کرنا ۔ (٤) بد زور قوت حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

To attempt the life of : کسی کو قتل کرنے کی کوشش کرنا ؛ کوشش کرتے ہوئے ؛ سعی کرتے ہوئے ۔

Attempt : (n) کوشش ؛ سعی ؛ جدو جہد ؛ بیڑا اٹھانا ؛ کسی کی جان پر حملہ ؛ کسی عورت کی عزت پر حملہ ۔

Attemptability : (n) کوشش پذیری ؛ سعی پذیری ۔

Attemptable : (a) قابل کوشش ؛ قابل سعی ۔

Attempter : (n) کوشاں : ساعی : کوشش کرنے والا ۔

Attemptingly : (adv) کوشش کرتے ہوئے : سعی کرتے ہوئے ۔

Attemptless : (a) بلا کوشش : بے سعی ۔

Attend : (v) [ME."attende", L."at","adtendere"] (۱) توجہ کرنا : متوجہ ہونا : توجہ مبذول کرنا : غور کرنا : سوچنا : دھیان دینا ۔ (۲) مشغول ہونا : منہمک ہونا : جُٹ جانا : لگ جانا : مصروف ہونا ۔ (۳) موجود ہونا : حاضر ہونا : شریک ہونا (کسی موقع پر)۔ (٤) حاضر خدمت رہنا : حاضر باش ہونا : حضوری میں رہنا ۔ (٥) ملاقات کے لئے حاضر ہونا ۔ (٦) ساتھ ہونا : رفاقت کرنا : معیت کرنا : ساتھ جانا ۔ (۷) (فوجی اور جہاز رانی) دشمنی کے ارادے سے پیچھے ہٹنا ۔ (۸) انتظار کرنا : منتظر رہنا ۔

Attendance : (n) [OF."atendance"] (۱) حاضری : حاضر باشی : حاضر خدمت : حضوری : موجودگی (فلسفہ و نفسیات) حاضری ۔ (۲) (شرکت) تعداد حاضرین : ملتزمین ۔ (۳) ملازمت : خدمت ۔

In attendance : خدمت میں ۔

To dance attendance : حاضر باشی کرنا : دربار داری کرنا ۔

Attendance register : (n) (انتظامیہ) حاضری رجسٹر : رجسٹر حاضری ۔

Attendant : (n) [OF."attendant"] (۱) خدمت گار : حاضر رہنے والا : حاضری دینے والا : حاضر باش : ملازم : مصاحب : پیش خدمت ۔ (۲) شریک : نزدیکی نتیجہ ۔ (۳) شریک جلسہ وغیرہ ۔ (٤) تابع ۔

Attendantly : (adv) شریک ہو کر : حاضر باش ہو کر ۔

Attender : (n) توجہ کرنے والا : مشاہدہ کرنے والا ۔

Attendress : (n) (۱) خدمت گار ۔ (۲) زن خدمت گار ۔

Attent : (a) [L."attentus"] تلا ہوا : آمادہ : متوجہ ۔

Attently : (adv) توجہ سے : آمادگی کے ساتھ : آمادہ ہو کر ۔

Attention : (n) [L."attentionem"] (۱) توجہ : دھیان : التفات : غور : خیال : مواظبت : دقت ۔ (۲) توجہ : خیال : لحاظ : پاس : (فلسفہ و نفسیات) توجہ ۔ (۳) (جمع میں) تکلفانہ آداب : مراسم اخلاقی ۔ (٤) ایک فوجی لفظ جو کسی خاص مشق یا حرکت کی تیاری کے لئے ہوشیار کرتا ہے ' فوجی حکم ۔

Distributed attention : (فلسفہ و نفسیات) منقسم توجہ ۔

Fluctuation of attention : (فلسفہ و نفسیات) توجہ کا اتار چڑھاؤ ۔

Focus of attention : (فلسفہ و نفسیات) مرکز توجہ ۔

Habitual attention : (فلسفہ و نفسیات) عادی توجہ ۔

Intensive attention : (فلسفہ و نفسیات) گہری توجہ ۔

Involuntary attention : (فلسفہ و نفسیات) غیر ارادی توجہ ۔

Primary attention : (فلسفہ و نفسیات) طبعی توجہ ۔

Secondary attention : (فلسفہ و نفسیات) ثانوی توجہ ۔

Spontaneous attention : (فلسفہ و نفسیات) بے ساختہ توجہ ۔

Sustained attention : (فلسفہ و نفسیات) قائم توجہ ۔

To arrest attention : متوجہ کرنا ۔

To attract attention : دھیان مبذول کرنا ۔

To call attention : دھیان مبذول کرنا ۔

To come to attention : (فوجی) سیدھے کھڑے ہونا ۔

To darw attention : دھیان مبذول کرنا : متوجہ کرنا ۔

To fix attention : دھیان جمانا ۔

To pay or give attention : دھیان دینا ۔

To pay attention or one's attention to : توجہ دینا ۔

To stand at attention : (فوجی) سیدھے کھڑے ہونا ۔

Visual attention : (فلسفہ و نفسیات) بصری توجہ ۔

Volitional attention : (فلسفہ و نفسیات) ارادی توجہ ۔

Voluntary attention : (فلسفہ و نفسیات) ارادی توجہ ۔

Attention line : (n) (تجارت و معاشیات) توجه لائن ۔

Attention span : (n) (فلسفه و نفسیات) وسعت توجه ؛ حیطہٗ توجه ۔

Attentive : (a) [F."attentif",-ive] (۱) متوجه ؛ خیال رکھنے والا ۔ (۲) خلیق ؛ خاطر داری کرنے والا ؛ متواضع ؛ آؤ بھگت کرنےوالا ؛ خاطر مدارات سے پیش آنے والا ۔ (۳) آماده ۔

Attentively : (adv) توجه سے ؛ دھیان دیکر ۔

Attentiveness : (n) توجه ؛ فکر ؛ التفات ؛ اعتنا ۔

Attenuant : (a) [L."attenuantem"] رقیق کرنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ پتلا کرنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ رطوبتوں کو پتلا کرنے والی دوا ۔

Attenuate : (v) [L."attenuat-","attenuare"] (۱) پتلا کرنا ؛ باریك کرنا ؛ رقیق کرنا ۔ (۲) پتلا کرنا (ترکیب کے اعتبار سے) ۔ (۳) تخفیف کرنا ؛ تقلیل کرنا ؛ گھٹانا (شدت، قیمت یا قوت کو) ۔ (٤) کمزور ؛ لاغر ؛ پتلا ہو جانا ۔

Attenuate : (a) [L."attenuatus"] (۱) پتلا ؛ باریك ۔ (۲) لطیف ؛ ہلکا کیا ہوا ؛ رقیق ؛ ملطف ۔

Attenuation : (n) [L."attenuationem"] (۱) رقیق کرنا ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ تقلیل ۔ (۲) کثافت کی تخفیف ؛ (طبیعیات) تخفیف ۔

Atter : (n) [OE."atr","ator","attor"] (۱) فاسد ماده ۔ (۲) زہر ملانا ۔

Attercop : (n) [OE."attorcoppa"] (۱) کینه پرور آدمی ؛ بد فطرت آدمی ۔ (۲) (حیوانیات) عنکبوت ؛ مکڑی ۔

Attermine : (v) [L."atterminare"] قرضه کی ادائی کی شرط طے کرنا ۔

Attery / Attry : (a) ریم آلو د ؛ پیپ بھرا ۔

Attest : (v) [F."attester", ad. L."attestari"] (۱) (انتظامیه) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ حلف لینا ؛ قسم لینا ؛ حلفیه اقرار کرنا ؛ سند دینا ۔ (۲) شاہد ہونا ؛ گواہ ہونا ؛ گواہی دینا ؛ شہادت دینا ۔

Attest : (n) دستخط کی توثیق ۔

Attestable : (a) قابل تصدیق ؛ قابل توثیق ۔

Attestant : (n) [L."attestantem"] گواہ ؛ شاہد ؛ مصدّق ؛ دستخط کی تصدیق کرنے والا ۔

Attestation : (n) [L."attestationem"] (۱) (تاریخ و سیاسیات و انتظامیه) تصدیق ؛ توثیق ؛ دستخطی ؛ قسمیه بیان ؛ تحریری بیان ؛ تحریری اقرار ۔ (۲) شہادت ؛ گواہی ؛ حلف لینا ؛ قسم کھلوانا ؛ حلفیه اقرار کرنا ۔

Attestative : (a) تصدیقی ؛ توثیقی ۔

Attested form : (n) (لسانیات) مصدقه روپ ؛ مستعمله روپ ۔

Attester /-or / Attestator : (n) تصدیق کننده ؛ مصدّق ؛ حلف لینے والا ؛ قسم کھلانے والا ؛ شاہد ۔

Attic : (a) (۱) ایتھنی ؛ ایتھنس کا یا اس سے متعلق ؛ خالص کلاسیکی ؛ اٹیکا کا باشنده ۔ (۲) یونانی عمارتوں کے اصل رواق کے زیاده اونچے کھمبے کے ساتھ کا چھوٹا کھمبا ۔

Attic : (a&n) [F."Attique"] (۱) ایك قسم کی عمارت جس میں نیچے کا طبقه بلند اور اوپر کا اس سے کم بنا ہوتا ہے ۔ (۲) کھپریلی چھت کی سب سےاوپر کی منزل کا کمره جس کی چھت کھپریلی ہو ؛ بالا خانه ۔

Attic-base : (n) یونانی مکانوں کے ستون کی بنیاد کا حصه ۔

Attic faith : (n) نا قابل شکست عقیده ۔

Attic storey : (n) کسی عمارت کی بالائی منزل یا اس کا کمره ۔

Attice : (v) حرکت میں لانا ؛ اشتعال دینا ؛ حاوی ہونا ؛ ترغیب دینا ۔

Atticism : (n) [Gr."atticismos"] (۱) ایتھنیت ؛ ایتھنس کا خاص بیان و طرز وغیره ۔ (۲) فصاحت ؛ شیرینی ؛ شیرینیء گفتار ؛ اتینیت (یعنی ایتھنس کے ساتھ محبت) ۔

Atticist : (n) [Gr."atticistes"] (اسلوب) کی نمائشی تقلید ؛ نمائشی مقلد ۔

Atticize : (v) [Gr."atticizin"] یونان پرستی کرنا ؛ ایتھنسی لهجه کی نقل کرنا ۔

Attire : (v) [ME."ative", OF."atrer"] لباس پہنانا ؛ کپڑے پہنانا ؛ سنوارنا ؛ آراسته کرنا ؛ ملبوس کرنا ۔

Attire : (n) (۱) ملبوس (تاریخ و سیاسیات) لباس ؛ پوشاك ؛ کپڑے ۔(۲) (نقابت) هرن کے سینگ (خاندانی نشان میں)۔

Attired : (a) خاندانی نشان میں سینگ کا نشان هونا ۔

Attirement : (n) لباس ۔

Attiring : (n) پوشش ؛ لباس ؛ سامان زینت ۔

Attiring room : (n) وہ کمرہ جہاں ایکٹر وغیرہ اسٹیج کے لئے لباس تبدیل کرتے هیں ۔

Attitude : (n) [med. L."aptitudinem"] (۱) طرز ؛ رخ ؛ انداز ؛ وضع ؛ حالت (تصویر میں) هیئت ۔ (۲) روپ ؛ انداز ؛ ڈھنگ ؛طرز ؛ حالت ؛ چہرہ مہرہ ؛ قطع ۔(۳) طرز ؛ انداز ؛ جس سے کوئی خاص رجحان ظاهر هوتا هے ۔ (٤) طرز خیال ؛ انداز فکر ؛ ذهنی کیفیت ؛ (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) رویہ ۔

Emotional attitude : (فلسفہ، نفسیات و سماجیات) جذباتی رویہ ۔

Measurement attitude : (سماجیات) پیمائشی رویہ ۔

Receptive attitude : (فلسفہ و نفسیات) ایجابی رویہ ۔

Scientific attitude : (سماجیات) سائنسی رویہ ۔

Social attitude : (سماجیات، فلسفہ و نفسیات) سماجی رویہ ۔

To strike an attitude : رویہ کا روپ بھرنا ۔

Attitude change : (n) (سماجیات) رویہ کی تبدیلی ۔

Attitude measurement : (n) (لسانیات) میلان پیمائی ۔

Attitude of mind : طرز خیال ؛ انداز فکر ؛ ذهنی کیفیت ۔

Attitude scale : (n) (فلسفہ و نفسیات) رویہ پیما ۔

Attitude theory : (n) (فلسفہ و نفسیات) نظریہ روّیات ۔

Attitudinal : (a) (فلسفہ و نفسیات) روّیاتی ؛ وضع سے متعلق ۔

Attitudinarian : (n) طرز خیال کا مطالعہ کرنے والا یا اس کی مشق کرنے والا ۔

Attitudinarianism : (n) طرز خیال کا کثرت سے استعمال ۔

Attitudinization : (n) بناوٹ یا تصنع سے بولنا ؛ لکھنا یا پیش آنا ؛ بناوٹ یا تصنع کا سلوك یا مشق ۔

Attitudinize : (v) [It."attitudine"+-IZE] چہرہ بنانا ؛ صورت یا حلیہ بنانا یا اس کی مشق کرنا ۔

Attitudinizer : (n) بناوٹ یا تصنع کا سلوك یا مشق کرنے والا ۔

Attle : (n) کچڑا ؛ مکان کی کھدائی میں نکلا هوا کچڑا ؛ ردی چیز ۔

Attollent : (a) [L."attollentem","attollere"] بعض عضلات کا ابھر جانا ؛ رافع ۔

Attorn : (v) [OF."atorner"] (۱) (قانون) منتقل کرنا یا هونا ۔ (۲) نئے ذمہ دار کو باضابطہ تسلیم کرنا ؛ پٹہ بدلی یا تبدیل پٹہ کرنا ۔

Attorney : (n) [ME."atturne","atorne", OF."atorne"] وکیل ؛ مختار ۔

Attorney : (n) (انتظامیہ) اٹارنی ۔

Letter or warrant of Attorney : مختارنامہ ؛ وکالت نامہ ۔

Power of Attorney : مختاری یا وکالت کے اختیارات ؛ حقِ وکالت یا نیابت ۔

Attorney : (v) مختار یا وکیل کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Attorney General : (n) (انتظامیہ) اٹارنی جنرل ۔

Attorney Generalship : (n) صدر وکیل سرکار کا عہدہ / آفس ۔

Attorney in fact : مختار قطعی ؛ مختار فی الامر ۔

Attorney of record : مختار اندراجات ۔

Attorneydom : (n) وکلاء یا مختاروں کی جماعت ۔

Attorneyism : (n) بدمعاش وکیل کا پیشہ ۔

Attorneyship : (n) مختاری ؛ وکالت ؛ مختاری یا وکالت کا پیشہ ۔

Attornment : (n) [OF."atournement"] تبدیل پٹہ ؛ نئے ذمہ دار کو با ضابطہ تسلیم کرنا ۔

Attract : (v) [L."attract","attrahere"] کھینچنا ؛ کشش کرنا ؛ جلب کرنا ؛ جذب کرنا ۔ (۲) دلکش ہونا ؛ پسند آنا ؛ اچھا معلوم ہونا ؛ گرویدہ کرنا ؛ لبھانا ۔ (۳) مبذول یا منعطف کرانا ؛ متوجہ کرانا ؛ حاصل کرنا (توجہ) ۔

Attractability : (n) کھینچنے کی صلاحیت ؛ صلاحیت کشش ؛ کشش پذیری ۔

Attractableness : (n) کشش پذیری ۔

Attractingly : (adv) گرویدہ بنا کر ؛ دلکش ہو کر ؛ پسندیدہ طور پر ؛ لبھاتے ہوئے ۔

Attraction : (n) [L."Attractionem"] (۱) (طبیعیات) کھینچاؤ ؛ کشش ؛ قوت کشش ؛ موہنی ؛ تسخیر ؛ دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت رکھنا ؛ قوت جذب ؛ قوت جاذبہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) کشش ؛ (لسانیات) میلان ۔ (۲) قوت کشش ؛ کھینچنے والی قوت ؛ جذب ؛ دلکشی ۔ (۳) موہ لینے والی ؛ لبھا لینے والی چیز ۔

Capillary attraction : کشش عروق شعرعہ جس کی وجہ سے مایعات بال کی طرح باریک نالیوں میں اوپر چڑھتے ہیں ؛ کشش شعری ۔

Chemical attraction : کیمیائی کشش ؛ میل ترکیبی ۔

Electric attraction : برقی کشش ۔

Index of attraction : (شماریات) اشاریہ کشش ۔

Magnetic attraction : مقناطیسی کشش ۔

Molecular attraction : سالماتی کشش ؛ سالمات مادہ کا باہمی انجذاب ؛ کشش اتصال ۔

Attraction of adhesion : کشش التساق ۔

Attraction of cohesion : کشش اتصال ۔

Attraction of gravity : کشش ثقل ؛ انجذاب ؛ جذب ۔

Attraction of negatives : (لسانیات) جذب منفیات ۔

Attractive nuisance : (n) (تجارت) قابل توجہ وبال ۔

Attractionless : نافذ جاذبیت ؛ عدم کشش ۔

Attractionally : (adv) از روئے جاذبیت ؛ از روئے کشش ۔

Attractive : (a) [F"attractif",-ive] جاذب ؛ کشش رکھنے والا ؛ کھینچنے والا ؛ دلکش ؛ دلچسپ ؛ گرویدہ کرنےوالا ؛ دلربا ؛ جالب ۔

Attractively : (adv) دلربائی سے ؛ دلکشی سے ۔

Attractiveness : (n) دلربائی ؛ دلکشی ؛ جاذبیت ؛ جالبیت ۔

Attractor : (n) (۱) کشیدہ ؛ جاذب ؛ جالب ؛ کھینچنے والا ؛ گرویدہ کرنے والا ۔

Attrahent : (n) [L."attrahentem"] جاذب ؛ کھینچنے والا ۔

Attributable : (a) نسبت پذیر ؛ قابل انتساب ؛ جو مناسب کیا جا سکے ۔

Attribute : (n) [L."attributum"] (۱) وصف ؛ صفت ؛ خاصیت ؛ عرض ؛ (فلسفہ و نفسیات) عرض ؛ صفت ۔ (۲) متعلقات ؛ لواحق ؛ لوازم ؛ (جو کسی شخص یا عہدے کے مناسب حال سمجھے جاتے ہیں ۔ (۳) صفت امتیازی ؛ خاص خصوصیت ؛ خاصہ ؛ خاص صفت ؛ خاص بات ؛ (سماجیات) خصوصیت ۔

Differentiating attribute : (فلسفہ و نفسیات) امتیازی صفت ؛ صفت انفصالی ۔

Substantial attribute : (فلسفہ و نفسیات) حقیقی صفت ۔

Attribute : (v) (۱) منسوب کرنا ؛ نسبت دینا ؛ خصوصیت قرار دینا ؛ صفت قراردینا ۔ (۲) سبب قرار دینا ؛ (معلول کی) علت بتانا ۔ (۳) تعین مکانی یا زمانی کرنا ۔

Attributes : (n) (تاریخ و سیاسیات) صفات و خصوصیات ؛ (شماریات) اوصاف ؛ (نحو) صفت ؛ سند ؛ (لسانیات) وصف ؛ (منطق) اعراض ۔

Sampling attributes : (شماریات) اوصافی انتخابی نمونہ ۔

Attribution : (n) [L."attributionem"] (۱) انتساب ؛ نسبت ؛ تعلیل ۔ (۲) اقتدار (جو کسی حکمراں وغیرہ کو دیا جائے) ؛ اختیار ۔ (۳) (منطق) اعراض ۔

Attributive : (a) [F."attributif",-ive] (۱) (منطق) عرضی جس میں کسی موضوع کا کوئی خاص عرض بیان کیا گیا ہو ۔ (۲) صفتی ؛ وصفی (لسانیات) توصیفی ۔

Attributive adjective : (n) (لسانیات) توصیفی صفت ۔

Attributive compound : (n) (لسانیات) مرکب توصیفی ۔

Attributive construction : (n) (لسانیات) ترکیب توصیفی ۔

Attributive root : (n) (لسانیات) مادہء توصیفی ۔

Attributively : (adv) عرض کی حیثیت سے : صفتاً : از روئے صفت ۔

Attrite : (a) [L."attritus","atterere"] پشیمان (خوف سزا کی وجہ سے) : نادم : سائیدہ : گھسا ہوا ۔

Attrited : (a) گھساھوا : فرسودہ : گھسا پٹا ۔

Attrition : (n) [L."attritionem"] (۱) رگڑ : گھسا : چھلن : خراش : کھرونچا ۔(۲) رگڑ : گھساؤ : فرسودگی : سائیدگی ۔(۳) (دینیات) پچھتاوا : ندامت : انفعال (گناہ سےبخوف سزا) : (فلسفہ و نفسیات) ندامت ۔

War of attrition : (تاریخ و سیاسیات) تھکا دینے والی لڑائی ۔

Attritor : (n) گھسنے والا ۔

Attritus : (n) [L.] رگڑ سے جو چیز حاصل ہو : چھلن ۔

Attune : (v) (۱) سُر ملانا : ہمساز کرنا : ہم آہنگ کرنا : ہم آواز کرنا (نیز مجازاً) ۔(۲) سُر ٹھیک کرنا : ٹھاٹھ ملانا باجے کا ۔ (۳) ہم آہنگ کرنا ۔

Attunement : (n) سُر ملانا : ہم آہنگ کرنا : ٹھاٹھ ملانا باجے کا ۔

Atumble : (adv) [A+TUMBLE] گرپڑنے کی حالت میں : ڈھلملانے کی حالت میں ۔

Atwist : (adv) [A+TWIST] مڑا ہوا : خمیدہ : کج ۔

Atwitter : (a) [A+TWITTER] چہچہاتے ہوئے : چوں چوں کرتے ہوئے ۔

Atypic : (a) غیر مثالی : عام مثال کے لئے غیر اطمینان بخش ۔

Atypical : (a) غیر طبعی : بے نمونہ : غیر تمثیلی ۔

Atypical characteristics : (n) (شماریات) مخصوص خصوصیت ۔

Au fait : (adv) [Fr.] واقف : آگاہ ' با خبر : جاننے والا ۔

To be au fait in or at : واقف ہونا : باخبر ہونا : ماہر ہونا ۔

To put a person au fait of : / واقعات سے باخبر کرنا : واقف کرنا ۔

Au fond : (adv) [Fr.] حقیقتاً : بنیادی طورپر : اساساً : تہ میں : اصل میں ۔

Au jus : (a) [Fr.] شوربے کے ساتھ پیش کیا ہوا ۔

Au los : (n) [Gr.] ایک یونانی آلہ موسیقی ۔

Au pair : (a) [Fr.] مساویانہ : برابری کے ساتھ : دو ٹولیوں کے درمیان ایک مفاھمت جس کے سبب طرفین کی طرف سے خدمت ادا کی جاتی ھے بغیر معاوضہ ۔

Au pied de la lettre : لفظ بہ لفظ : لفظاً : لفظی یا حقیقی معنوں میں ۔

Au revoir : (n) [Fr.=lit. to the seeing again] خدا حافظ : الوداع : "پھر ملیں گے " ۔

Aubade : (n) [Fr. ad. Sp. "albada"] صبح کی شہنائی : صبح کی نوبت ' صبح کا نقارہ : نغمہء سحر : گجر : وہ باجا جو طلوع صبح کی امد کے لئے بجایا جا تا ھے ۔

Aubain : (n) [Fr. L."albanus"] ایک غیر شہری بدیسی جس کے مرنے پر اس کی جانداد کے حقدار فرانسیسی بادشاہ ہو جاتے تھے ۔

Aubaine : (n) فرانسیسی بادشاہ کا وہ حق جس کے ذریعہ غیر شہری بدیسی کی جانداد اس کے مرنے کے بعد بادشاہ کو مل جاتی تھی ۔

Auberge : (n) [Fr."alberge "] سرائے : مسافر خانہ ۔

Aubergine : (n) [Fr.] بیگن ۔

Aubergiste : (n) سرائے کا مالک ۔

Aubin : (n) [Fr.] گھوڑے کی ناھموار چال جو قدم اور پوئی کے درمیان ہوتی ھے ۔

Auburn : (a) [L."alburnus"] سنہرے : سرخی مائل بھورا (خاص کر بال) : خرمئی رنگ ۔

Aubusson : (n) [F."Aubusson "France] (۱) قرمزی رنگ ۔ (۲) ایک نفیس اونی یا ریشمی مشجر ۔

Auchlet : (n) غله ناپنے کے ایک پیمانے کا آٹھواں حصہ ۔

Auction : (n) [L."auctionem"] (انتظامیه) نیلام : لیلام ؛ هراج ۔

Block system of auction : (تجارت) نیلام بطریق ڈھیر ۔

Dutch auction : ولندیزی نیلام (اس میں اس وقت تک قیمت برابر کم کرتے رهتے هیں جب تک که کوئی خریدار نه ملے) ۔

Open negotiation system of auction : (تجارت) نیلام بطریق کھلا سودا ۔

Tender system of auction : (تجارت) نیلام بطریق ٹنڈر ۔

Auction : (v) نیلام کرنا ۔

Auction Bridge : (n) برج کھیل کی ایک قسم جس میں هر کھیلنے والا دوسرے سے بڑھکر بولی بولتا هے ۔

Auction platform : (n) (تجارت) نیلام پلیٹ فارم (sale platform) ۔

Auction sale : (n) (تجارت) نیلامی بکری : نیلامی فروخت ۔

Auctioneer : (n) (۱) نیلامی : نیلامیه : هراجی : نیلام کرنے والا : نیلام کنندہ ۔ (۲) نیلام کرنا : هراج کرنا ۔

Auctioneering agreement : (n) (انتظامیه) نیلامی اقرار نامه ۔

Auctioneer 's Commission : (n) (انتظامیه) نیلام کننده کا کمیشن ۔

Auctor : (n) [L.] (تجارت) بیع کرنے والا : فروخت کننده ۔

Auctor : (n) [L.] بایع : بیع کرنے والا : فروخت کننده ۔

Aucuba : (n) [Jap.] (نباتیات) ایک مضبوط سدا بہار دو پتیه جھاڑی ۔

Audacious : (a) [L."audac(i)-","audax"] (۱) جری : بہادر : نڈر : بے باك ۔(۲) گستاخ : بے ادب : شوخ چشم : بے حیا : بے شرم ۔

Audaciously : (adv) جرات سے : بے حیائی سے : بے شرمی سے : گستاخانه : بے ادبانه ۔

Audaciousness : (n) بے ادبی : گستاخی ۔

Audacity : (n) [L."audacem"] دلیری : گستاخی : جسارت : اعتماد : نڈرپن : شوخی : بد اخلاقی : بے ادبی : بد تمیزی : بے شرمی ۔

Audi : (n) (تاریخ) اودی : قدیم چاقو کا پھل ۔

Audible : (a) [L."audibilis"] (فلسفه و نفسیات) سماعت پذیر : قابل سماعت : جو سننے میں آ سکے : مسموع ۔

Audible range : (n) (فلسفه و نفسیات) حدود سماعت ۔

Audible segment : (n) (لسانیات) سمعی قطعه ۔

Audibleness : (n) سماعت پذیری ۔

Audibility : (n) (لسانیات) سمعیت : (فلسفه و نفسیات) سماعت پذیری : سنے جانے کی صلاحیت : مسموعیت ۔

Audibly : (adv) بلند آواز سے : زور سے : اس طریقه سے که سنا جا سکے ۔

Audience : (n) [F."audience",L."audientia"] (۱) (تاریخ و سیاسیات) باریابی : شرف ملاقات : سامعین : حاضرین ۔ (۲) سننا : سماعت کرنا : سنوائی ۔(۳) رسمی ملاقات : شرف حضوری ۔ (٤) (سماجیات) سامعین ۔ (٥) سامعین یا حاضرین جلسه ۔ (٦) ناظرین : قارئین : پڑھنے والے (کتاب کے) ۔(۷) مقدمے کی عدالتی سماعت ۔

Casual audience : (سماجیات) اتفاقی سامعین ۔

Court of audience : کلیسائی دربار جو پہلے اسقف اعظم منعقد کرتا تھا اور بعد ازاں اس کے سامعین منعقد کرنے لگے ۔

Private audience : (تاریخ و سیاسیات) نجی ملاقات ۔

To give audience : توجه سے سننا : کان دھرنا ۔

Audience Court : (n) (۱) کلیسائی دربار جو پہلے اسقف اعظم منعقد کرتا تھا اور بعد ازاں اس کے سامعین کرنے لگے ۔ (۲) سرکاری یا منصف کی عدالت ۔

Audience of leave : ملاقات مرخصی : ملاقات بوقت رخصت ۔

Audient : (n) [L."audientem"] (۱) سماعتی ۔ (۲) سامع : خاص کر کلیسا کا غیر رکن : انجیل کا سامع ۔

Audio-visual aid : (سماجیات) سمعی و بصری وسائل ۔

Audio-visual publicity : (انتظامیہ) اشاعت سماعی و بصری ۔

Audiofrequency : (n) سماعی تعداد ۔

Audiometer : (n) [L."audire"+ Gr."metron"] سماعت سنج : سماعت پیماں : ٹیلیفون کی قسم کا ایک آلہ جس سے سننے کی قوت ناپتے ھیں ۔

Audiphone : (n) [L."audire"+Gr."phone"] ایک قسم کا آلہ جسے اوپر کے دانت میں دباکر رکھنے سے سننے میں مدد ملتی ھے : سماعیہ : دنت فون : دندان شنو : دندان صدا ۔

Audit : (n) [L."auditus", f."audire"] (۱) جانچ : تنقیح حساب (سرکاری) : محاسبہ ۔ (۲) سخت باز پرس (خصوصاً قیامت کے روز) ۔ (۳) حساب کی جانچ (کامرس) : آڈٹ ۔ (٤) میعادی حساب فہمی (جو مقررہ میعاد پر زمین دار اور اسامی کے درمیان ھوتی ھے)۔

Audit : (v) [L."auditus", f."audire"] حساب پڑتالنا : حساب جانچنا : تنقیح حسابات کرنا : حساب دیکھنا (باضابطہ طور پر)۔

Annual audit : (تجارت) سالانہ آڈٹ ۔

Balance sheet audit : (تجارت) محاسبہ چٹھا : محاسبہ واصل باقی : بیلنس شیٹ جانچ ۔

Completed audit : (تجارت) تکمیل شدہ آڈٹ : اختتامی آڈٹ (Final audit) ۔

Continuous audit : (تجارت) لگاتار آڈٹ : مسلسل جانچ ۔

Detailed audit : (تجارت) بالتفصیل آڈٹ ۔

First audit : (تجارت) پہلا آڈٹ ۔

Independent audit : آزاد جانچ ۔

Interim audit : (تجارت) بین المدتی آڈٹ : درمیانی مدت آڈٹ ۔

Internal audit : (تجارت) داخلی آڈٹ : اندرونی آڈٹ : داخلی جانچ ۔

Partial audit : (تجارت) جزوی آڈٹ ۔

Periodical audit : (تجارت) میعادی آڈٹ ۔

Audit-ale : (n) ایک قسم کا انگریزی بوزہ جو انگریزی یونیورسیٹیوں میں تیار کیا جاتا تھا اور اگلے زمانے میں تنقیح حساب کےدن استعمال کیا جاتا تھا ۔

Audit fee : (n) (تجارت) آڈٹ فیس ۔

Audit house : (n) کاروبار حساب خانہ : وہ کمرہ یا عمارت جو گرجا میں کاروبار کے حساب کتاب کے لئے ھوتی ھے ۔

Audit Note : (تجارت) آڈٹ نوٹ ۔

Audit objections : (n) (انتظامیہ) اعتراضات تنقیح حسابات ۔

Audit of the treasury : خزانہ کا آڈٹ ۔

Audit paragraph : (n) (انتظامیہ) آڈٹ پیراگراف ۔

Audit programme : (n) (تجارت) آڈٹ پروگرام ۔

Audit report : (n) (انتظامیہ) روداد تنقیح حسابات ' آڈٹ رپورٹ ۔

Audit room : (n) آڈٹ کمرہ : آڈٹ روم ۔

Audited : (a) حساب کیا ھوا : جانچا ھوا ۔

Audited account : (n) (انتظامیہ) جانچ شدہ حساب : تنقیح شدہ حساب ۔

Auditing : (v) (کامرس) آڈٹ کرنا : محاسبہ کرنا ۔

Audition : (n) [L."auditionem"] (۱) قوت سماعت : سامعہ ۔ (۲) سننا : سماعت : کان دھرکر سننا ۔ (۳) گویئے سے نوکر رکھنے سے پہلے امتحاناً گانا سننا : اس کی آواز کی جانچ کرنا ۔ (٤) (فلسفہ و نفسیات) سماعت : (لسانیات) سمع ۔

Auditive : (a) [F."auditif,-ive"] متعلق بہ سماعت ؛ سماعتی ؛ سننے کے متعلق ؛ دیکھو Auditory

Auditor : (n) [AF."auditour"] (۱) سامع ؛ سننےوالا ۔ (۲) تنقیح کنندہ حسابات ؛ حسابوں کی تنقیح کرنےوالا ؛ ممیز حسابات ۔ (۳) زبانی تعلیم سے علم حاصل کرنے والا ۔ (٤) طالب عیسائیت ؛ امیدوار عیسائیت ۔ (٥) وہ جو اسقف اعظم کے اجلاس میں مقدموں کی عدالتی سماعت کرتا ھے ۔ (٦) (کامرس) آڈیٹر ؛ تنقیح کنندہ حسابات ۔

Approved auditor : (تجارت) منظور شدہ آڈیٹر ۔

Elected auditor : (تجارت) منتخب آڈیٹر ۔

Joint auditor : (تجارت) مشترک آڈیٹر ؛ جوائنٹ آڈیٹر ۔

Local auditor : (تجارت) مقامی آڈیٹر ۔

Auditor General : (n) (انتظامیہ) افسر اعلی برائے تنقیح حسابات ؛ آڈیٹر جنرل ۔

Auditor of the treasury : (تاریخ و سیاسیات) خزانہ کا آڈیٹر ۔

Auditorial : (a) [L."auditorius"+-AL] نظارت حساب کا ؛ تنقیحی حسابی ۔

Auditorially : (adv) تنقیح حساب سے متعلق ؛ نظارت حساب کی رو سے ؛ تنقیح حسابات کی رو سے ۔

Auditorium : (n) [L."auditorium"] سماعت خانہ ؛ سماعت گھر ؛ عمارت کا وہ حصہ جہاں سامعین بیٹھیں (یونیورسٹی وغیرہ میں) ؛ وہ عمارت جس میں درس دیتے ھیں ؛ قدیم گرجاؤں میں ان کے وسط کا حصہ ؛ مسمع ۔

Auditor's civil liability : (تجارت) آڈیٹر کی غیر فوجی ذمہ داری ؛ آڈیٹر کی سول ذمہ داری ۔

Auditor's criminal liability : (تجارت) آڈیٹر کی فوجداری ذمہ داری ۔

Auditor's lien : (تجارت) آڈیٹر کا لینن ؛ آڈیٹر کا ضبطی اختیار ۔

Auditorship : (n) ناظر حساب کا عہدہ یا مقام ۔

Auditory : (a) [L."auditorius"] (۱) سمعی ؛ سننے کے متعلق ؛ (لسانیات) سماعی ۔ (۲) مسموع ؛ گوش رس ؛ جس کی آواز کان میں آئے ؛ حِس سامعہ سے متعلق ۔ (۳) سماعت گھر سے متعلق ۔

Auditory : (n) [L."auditorium"] (۱) سننے والوں کامجمع ؛ مجمع سامعین ۔ (۲) سماعت خانہ ۔

Auditory acoustic technique : (لسانیات) سماعی سمعیاتی تکنیک ۔

Auditory articulation technique : (لسانیات) سماعی تلفظی تکنیک ۔

Auditory capsule : (n) (حیوانیات) سمعی کیسہ ۔

Auditory language : (n) (لسانیات) سماعی زبان ۔

Auditory nerve : (n) (لسانیات) سماعی رگ ؛ اسمعی عصب ؛ (حیوانیات) سمعی عصب ۔

Auditory pattern : (n) (لسانیات) سماعی نمونہ ۔

Bendsome : (a) کچیلا ۔

Bendwise : (adv) ترچھی لکیر کے رخ پر یا حالت میں ۔

سہارے وہ کام کرتا ھے ۔

Bench table : (n) خانقاہ میں پتھروں کی نیچی نشست جو دیواروں میں لگی ھو یا ستون کے چاروں طرف ھو ۔

Bench warrant : (n) جج کی طرف سے جاری کیا ھوا وارنٹ ۔

Bencher : (n) (۱) بنچ پر بیٹھنے والا ۔ (۲) Inn of court کی مجلس منتظمہ کا رکن ۔

Bencherror : (n) (طبیعیات) بنچ خطا ۔

Benchership : (n) Inn of court کی مجلس منتظمہ کے رکن کا مقام ۔

Benchlet : (n) چھوٹا بنچ : اسٹول : تپائی ۔

Bend : (n) [OTeut. "bandja"] (جہاز رانی) گرہ جو ایک رسے کو دوسرے رسے سے یا کسی دوسری چیز سے باندھنے کے لئے لگائی جائے ۔

Bend : (n) (۱) (نقابت) متوازی لکیریں جو داھنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف کھینچی جائیں ۔ (۲) کمائی ھوئی کھال کا آدھا تکڑا ۔ (۳) (طبیعیات) موڑ ۔

Cable bend : رسے کی گرہ ۔

Fisherman 's bend : مچھیرے کے رسے کی گرہ ۔

In bend : وتر کی طرح : ترچھا ۔

Parted per bend : وتر سے تقسیم کیا ھوا : ترچھی لکیر سے دو حصہ ۔

Bend : (n) (۱) کجی : خمی : موڑ : مڑا ھوا حصہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) رجحان : میلان ۔ (۳) (جہاز رانی) چوبی جہاز کے پہلو کے سب سے مضبوط اور موٹے تختے ۔ (٤) ریلوے کار کا وہ آخری حصہ جس میں دستی بریک رھتا ھے ۔

Bend : (v) [OE."bendan"] (۱) جھکنا : جھکانا ۔ (۲) بھویں چڑھانا : جھکانا (غم و غصہ یا غور و فکر میں) ۔ (۳) گرہ لگانا ۔ (٤) پھیرنا : موڑنا : مڑ جانا : بھٹک جانا ۔ (٥) تل جانا : مصمم ارادہ کرنا ۔ (٦) سرخم کرنا : سر جھکانا (تعظیم کیلئے) ۔

Bendy : (a) [OFr. "bende"] (نقابت) (سپر کے بارے میں) جفت تعداد میں تقسیم کیا ہوا اور ہر لکیر دوسرے رنگ سے رنگی ہوئی ہو ۔

Bendy : (n) [Hindi."bhindi"] بھنڈی ۔

Beneaped : (a) ساحل افتادہ : ایسی چیزیں جو جزر کے وقت ساحل پر رہ جائیں ۔

Beneath : (adv.& prep.) [OE.] (adv) نیچے : زیر : تحت میں ۔ (prep) ٹھیک نیچے : ذیل : پوشیدہ : نا مناسب : خلاف شان : ناموزوں : نازیبا ۔

Benedicite : (n & interj.) [L."benedicere"] (۱) برکت : دعا ۔ (۲) یا خدا! (۳) Book of Common prayer کی مناجات ۔

Benedict : (a & n) [L. "benedictus"] نیا بیاہا : خصوصاً وہ شخص جس نے کنوارا رہنے کا عہد کیا تھا مگر بالآخر اس عہد کو توڑا ۔

Benedictine : (a & n) [L."benedictus"] (۱) ایک قسم کی شراب ۔ (۲) سیاہ پوش (راہب) : St. Benedict کے فرقے کا راہب ۔ (۳) عام لوگوں کے لئے دعا نے خیر کرنا (صلیب کےنشان سے) ۔ (٤) بائبل کی وہ عبارت یا دعا جو جلسہ ختم کے وقت مانگی جائے ۔

Benediction : (n) [L. "benedictionem"] (۱) برکت : دعائے خیر : آشیرواد ۔ (۲) کسی کی شادمانی ، ترقی و کامیابی کے لئے دعا ۔ (۳) کھانے کے پہلے یا بعد کی دعا ۔ (٤) رومن کیتھولک گرجاؤں میں کسی کے لئے دعائے خیر کرنے کی رسم ۔

Benedictional / Benedictionary : (a) دعا و مناجات کی کتاب سے متعلق ۔

Benedictive : (a) [L. "benedict-","benedicere."] دعا کرنیوالا : نیک خواهش کرنیوالا ۔

Benedictory : (a) دعائیہ ۔

Benedictus : (n) (۱) عیسائیوں کی ایک مناجات ۔ (۲) ذکریا کی وہ مناجات جو Book of Commron Prayer میں شامل ھے ۔

Benefaction : (n) [L. "bendfactionen"] (۱) دان پن دینا : خیرات : کار خیر : عطیہ ۔ (۲) احسان : (سماجیات) فیض ۔

Benefactive aspect : (n) (لسانیات) مطلق یا بزلی کیفیت ۔

Benefactor : (n) محسن : مربی : سر پرست : ولی نعمت : کار خیر کرنیوالا : کسی ادارے کو مدد دینے والا : (سماجیات) فیاض : مخیر ۔

Benefactorship : (n) احسان ۔

Benefactory : (a) محسن سے متعلق یا محسن کا : محسن ۔

Benefactress : (n) محسنہ ۔

Benefic/-al : (a) [L. "beneficus+"-AL] (۱) (ارضیات) خوش طالع : اچھا اثر رکھنے والا ۔ (۲) (عام) مخیر : کریم النفس : مہربان ۔

Benefice : (n) [L."beneficium"] (۱) کلیسائی عهد جس کے ساتھ وقف اور جاگیر ہو ۔ (۲) ایک جاگیر جو زندگی بھر کیلئے کسی کو دی گئی ہو ۔ (۳) عطیہ ۔ (٤) موافق اثر یا عمل : فائدہ : پناہ ۔

Benefice : (v) کلیسا کے لئے جاگیر عطا کردینا ۔

Benefice of clergy : کشیش کی جاگیر : وقف : عطیہ ۔

Beneficed : (a) موقوفہ (عہدہ جس کے ساتھ وقف یا جاگیر ہو) ۔

Beneficence : (n) [L."beneficentia"] احسان : نیکی : خیر خیرات ۔

Beneficent : (n) [L."beneficent"] مخیر: اپکاری : کریم النفس : فائدہ بخش : فائدہ پہنچانے والا ۔

Beneficential : (a) کریم النفس کا : فائدہ پہنچانے والے سے متعلق : فائدہ بخش ۔

Beneficently : (adv) از روئے فائدہ مندی : کریمانہ : مخیرانہ ۔

Beneficial : (a) [L."beneficialem"] (۱) سود مند : فائدہ مند: فائدہ بخش : مفید : اچھا ۔ (۲) (قانون) حق انتفاع سے متعلق ۔ (۳) حق استفادہ کے متعلق : کسی جائداد سے استفادہ کر تے ہوئے ۔

Beneficial interest : (n) (تجارت و معاشیات) حق مفاد ۔

Beneficial reforms : (n) مفید اصلاحات ۔

Beneficial surplus : (n) مفید بچت ۔

Beneficial tax : (n) رفاهی محصول ۔

Beneficially : (adv) سود مندانہ : حق انتفاع کے طور پر ۔

Beneficiary : (n) [L."beneficiarius"] (تجارت و معاشیات) مفادی : وہ شخص جس کو فائدہ پہنچے (بیمہ وغیرہ میں نامزدگی کی وجہ سے)۔

Beneficiate : (v) [L."beneficiar"] (۱) خام اشیاء کی عمل کے ذریعہ کیمیاوی اور طبیعیاتی خاصیتوں کو بہتر بنانا ۔ (۲) خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ۔

Beneficiation : (n) خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ۔

Benefit : (n) [L."benefactum"] (۱) وظیفہ : (پنشن) گزارہ ۔ (۲) حق استثنا : یعنی وہ حق جو کسی طبقے یا فرقے کو عام عدالتوں کی کارروائیوں سے مستثنا رکھے ۔ (۳) وہ تماشا یا کھیل جس کی آمدنی کسی خاص شخص یا ادارے کو دی جائے ۔ (٤) (عامیانہ) زحمت : تکلیف ۔ (٥) فائدہ : نفع ۔ (٦) وہ مالی امداد جس کا ایک بیمہ شدہ شخص مستحق ہو ۔ (۷) عطیہ ۔

- **Dependents benefits :** (سماجیات) مراعات وابستگاں ۔
- **Disability benefit :** (تجارت) معذوری مفاد ۔
- **Double accident benefit :** (تجارت) دوهرا حادثہ مفاد ۔
- **Fringle benefits :** (سماجیات) حاشیائی فوائد : حاشیائی مراعات ۔
- **Medical benefit :** (سماجیات) طبعی فائدے : طبی مراعات ۔
- **Sickness benefit :** (سماجیات) مراعات علالت ۔
- **Unemployment benefit :** (سماجیات) مراعات بے روز گاری۔

Benefit : (v) فائدہ حاصل کرنا : فائدہ پہنچانا : نفع بخش ہونا : نفع حاصل کرنا : بہتر بنانا : آگے بڑھنے میں مدد کرنا ۔

Benefit of clergy / Benefit of peerage . پادریوں اور نوابوں کو یہ حق کہ وہ عام عدالتی کارروائیوں کے اثر سے مستثنیٰ ہوتے ہیں ۔

Benefit of clergy : گرجا کی منظوری (جو ضروری ہے خصوصاً شادی کے معاملہ میں)۔

Benefit of selection : (تجارت و معاشیات) فائدہ انتخاب ۔

Benefit of the doubt : جرم کے ارتکاب میں شك یا ممکن غلطی ہونے کا ملزم کو فائدہ (اس پر رہائی ہو جائے)۔

Benifiter : (n) فائدہ حاصل کرنے یا پہنچانے والا ۔

Benet : (n) [L."benedictus"] گرجا کے چار سلسلوں میں سے تیسرا سلسلہ جس کا کام بھوتوں یا ارواح خبیثہ کو بھگانا تھا ۔

Benet : (v) جال میں پھنسانا : دام میں لانا ۔

Benevolence : (n) [L."benevolentia"] کریم النفس : کرم : فیض رسانی ۔ (۲) (تاریخ انگلستان) جبری قرضہ ۔ (۳) خیر خیرات : عطیہ ۔ (٤) خیر اندیش ' خیر خواہی ۔

Benevolences : (n) فیوض و برکات ۔

Benevolent : (n) [L."benevolentem"] کریم : کریم النفس ' فیض رساں : مخیر : خیر اندیش : خیر خواہی : مہربان ۔

Benevolent despot : (n) (تاریخ و سیاسیات) خیر اندیش حکمراں : رعایا پرور مطلق العنان حکمراں ۔

Benevolent fund : (n) (انتظامیہ) اعانت ۔

Benevolent neutrality : (n) (تاریخ و سیاسیات) خیر طلب غیر جانبداری ۔

Benevolently : (adv) خیر خواہی سے : مخیرانہ : کریم النفسی سے ۔

Bengal : (n) (۱) ہندوستان کی ایک ریاست (بنگال)۔ (۲) بنگال کی بنی ہوئی چیزیں ۔ (۳) بنگالی طرز ۔

Bengal bean : (n) سیم کی قسم کا ایک پودا ۔

Bengal hemp : (n) بنگال کا سن (جوٹ) ۔

Bengal light : (n) نیلے رنگ کی روشنی یا شعلے والی چرخی یا ہوائی جو سگنل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Bengal light : (n) بنگال کی بنی ہوئی آتش بازی جس کا رنگ نیلا ہوتا ہے اور سگنل کے طور پر کام آتی ہے ۔

Bengal silk / Bengal strips : (n) بنگال کا بنا ہوا سوتی یا ریشمی کپڑا جس پر دھاریاں بنی ہوں ۔

Bengal tiger : (n) بنگال کا چیتا ۔

Bengali : (n) بنگال کی گانے والی چڑیا جو پنجرے میں پالی جاتی ہے ۔

Bengali : (n & a) بنگال کا باشندہ : بنگال سے متعلق : بنگلا زبان ۔

Benic : (a) سہجنا کے تیل سے حاصل کیا ہوا ۔ سہجنا کے بیج کے تیل کا ۔

Benight : (v) شب گرفتہ ' تاریکی میں مبتلا کردینا : ذہنی ، اخلاقی اور سماجی تاریکی میں مبتلا یا گمراہ کردینا : اندھا کردینا ۔

Benighted : (a) شب گرفتہ : تاریکی میں مبتلا : تاریک ذہن والے : پس ماندہ : غیر ترقی یافتہ ' تاریک خیال ۔

Benign : (a) [L."benignus"] (۱) مہربان : نیک دل : شفیق : فائدہ بخش : سازگار ۔ (۲) خفیف (مرض) ' بے خطر ۔

Benignancy : (n) مہربانی : شفقت : کرم فرمائی ۔

Benignant : (a) [L."benigues"] مہربان : شفیق : سازگار : کرم فرما ۔

Benignantly : (adv) شفقت سے : مہربانی سے ۔

Benignity : (n) شفقت : مہربانی : الطاف وکرم : فیاضی : کرم گستری ۔

Benignly : (adv) شفقت سے ' ملائمت سے : مہربانی سے : مشفقانہ ۔

Benison : (n) [L."benedictionem"] برکت : دعا ۔

Benitite : (n) (کیمیا) بینی توانت ۔

Benjamin : (n) [corrup. f. "benjoin"] بنیامین (حضرت یوسف علیہ السلام کا چھوٹا بھائی) : چھوٹا لاڈلا بچہ ۔

Benjamin : (n) (۱) بنزوئن کا گوند ۔ (۲) (عامیانہ و ظریفانہ) مردوں کے پہننے کا ایک اوور کوٹ ۔

Benjamin tree : (n) گل حنا کا درخت : امریکہ کا جھاڑی دار پودا جس کی چھال خوشبو دار ہوتی ہے : وہ درخت جس سے بنزوئن نکلتا ہے ۔

Bennet : (n) [L."herba benedicta"] ایک پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Benorth : (adv) [OE. "be northan"] جانب شمال : اتر کی طرف ۔

Bent : (n) [OE."beonet"] (۱) نے کی ایک قسم : گھاس : نرسل وغیرہ ۔ (۲) کھلی چراگاہ ۔ (۳) گھاس کا سخت پھول کا ڈنٹھل ۔ (٤) ڈھلوان : کنارہ کوہسار ۔

To flee / go / take to the bent : کھلے میدان یا مقام پر بھاگ جانا ۔

Stool bent : پودوں کی قسمیں ۔

Way bent : پودوں کی ایک قسم ۔

Bent : (n) [f."Bend"(v)] (۱) میلان : رغبت : رجحان : (۲) کج : مڑا ہوا : خم : موڑ : انحراف ۔ (۳) کمان کا چلّہ : صلاحیت کی حد ۔

To the top of one's bent : جی بھرکے : بقدرظرف ۔

Bent : (a) خمیدہ : راہ راست سے منحرف : راہ پر رخ کئے ہوئے ۔

Bent-bar-coin : (n) (تاریخ) مڑی ہوئی سلاخ کے سکّے ۔

Bent brow : (n) بھوں چڑھا ۔

Bent lever : (n) خمیدہ بیرم ۔

Benthamic : (a) بنتھم کے مطابق ۔

Benthamism : (n) بنتھم کا نظریہ : عیش کوشی : شادمانی ۔

Benthamite : (n) بنتھم کے عقیدے کا پیرو ۔

Benthic/-oic/-onic : سمندر کی تہ یا اسکے پودے اور جانور کا یا ان سے متعلق ۔

Benthos : (n) [Gr. =depth of the sea] (۱) سمندر کی تہ کے پودے اور جانور ۔(۲) سمندر کی تہ ۔

Bentinck : (n) [f. "Captain Bentinck"] تکونے بادبان ۔

Bentinck-boom : (n) تکونے بادبان کا ڈنڈا ۔

Bentinck shroud : (n) تکونے بادبان کا کپڑا ۔

Benting : (n) (۱) گھاس کی تلاش میں نکلنا ۔ (۲) کیلے جیسے درخت والی بوٹی کے بیج کا ڈنٹھل ۔

Benting time : (n) وہ وقت جب کبوتر وغیرہ گھاس کھانے پر اتر آتے ہیں ۔

Bentonite : (n) (کیمیا) بینٹونائٹ ۔

Benty : (a) (۱) Bent گھاس کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) Bent گھاس سے ڈھکا ہوا ۔

Benumb : (v) (۱) سن کرنا : بے حس کرنا : بے بس کرنا ۔(۲) بدحواس کردینا ۔

Benumbed : (a) بے حس ۔

Benumbedness : (n) بے حسی ۔

Benumbment : (n) بے حسی ۔

Benzal chloride : (n) (کیمیا) بنزیل کلورائیڈ ۔

Benzal dehyde green : (کیمیا) بنزیل ڈی ہائیڈ ہرا ۔

Benzal doxim : (n) (کیمیا) بنزیکڈوکسیم ۔

Benzamide : (n) بنزامائڈ (C_7H_7NO)-

Benzene : (n) ایک خوشبودار Hydro carbon جو روغن قیر (coal tar-oil) سے نکلتا ہے اور جس سے دھبے دور ہوجاتے ہیں ۔ (C_6H_6) ۔ (کیمیا) بنزین ۔

Benzene ring : (n) (کیمیا) بنزین حلقہ : کاربن کے چھ atoms کا Benzene کے سالمیاتی فارمولا میں ترتیب /انتظام ۔

Benzhydrol : (n) (کیمیا) بنزھائیڈ رول ۔

Benzil/-ile : (n) $(C_{14}H_{10}O_2)$ ایک زردی مائل بلوری مادہ ۔

Benzilic acid : (n) ترشہ لوبانی ۔

Benzilate : (n) ترشہ لوبانی کا نمک ۔

Benzine : (n) ایک آتش گیر رقیق جو قدرتی پٹرول سے بنتا ہے اور محلل کی طرح استعمال ہوتا ہے : (کیمیا) بنزائن ۔

Benzine : (v) بنزائن سے صاف کرنا ۔

Benzo - : (سابقہ)لوبانی ۔

Benzoate : (n) Benzoic acid کا نمک ۔

Benzoated : (a) Benzoic acid سے نمک نکالا ہوا ۔

Benzoic : (a) لوبانی ۔

Benzoin : (n) [Arab"luban jawi"] جاوانی لوبان ۔

Benzoinate : (a) Benzoin سے بھردینا ۔

Benzole/-ol : (n) بنزول ۔

Benzoline : (n) غیر خالص Benzene : مرکب Benzene

Benzone : (n) Benzoic acid کا Ketone-

Benzoyl : (n) (کیمیا) بنزونل ۔ C_7H_3O

Benzoyl radical : (n) (کیمیا) بنزونل اصلیہ ۔

Benzoylic : (a) بنزونل کا ۔

Benzyl : (n) بنزائل $(C_6H_5CH_2)$ -

Benzyl benzoate : (n) (کیمیا) بنزائل بنزونیٹ ۔

Benzylene : (n) بنزائلین (C_7H_6)-

Benzylenic / Benzylic : (a) بنزائل کا ۔

Bepaint : (v) رنگ چڑھانا ؛ رنگ سے بھر دینا ؛ رنگنا ؛ شوخ یا گاڑھے رنگ سے بھر دینا ۔

Bepelt : (v) پھینکنا ۔

Bepinch : (v) چونٹی کاٹنا ؛ چوری کرنا ۔

Beplaster : (v) ڈھك دینا ؛ گاڑھی چیز سے لت پت کردینا۔

Beplumed : (a) پروں سے بھرا ہوا ۔

Bepommel : (v) خوب مکّے سے مارنا ؛ خوب گھونسے مارنا۔

Bepowder : (v) پاؤڈر سے ڈھك دینا ' چھپا دینا ۔

Bepraise : (v) تعریف کا پل باندھنا ' مبالغہ امیزی سے تعریف کرنا ۔

Beprose : (v) خوب گپ شپ کرنا ؛ گپ ھانکنا ۔

Bepuff : (v) پھلا دینا ۔

Bequeath : (v) [OE.] میراث کے طور پر چھوڑنا ؛ وصیت کے ذریعہ دینا ؛ آئندہ نسلوں کے لئے چھوڑ جانا (مثال وغیرہ) ۔

Bequeathable : (a) وصیت کر کے دینے کے لائق ۔

Bequeathal : (n) وصیت کر کے دینا ۔

Bequeather : (n) میراث چھوڑنے والا ۔

Bequeathment : (n) وصیت کرکے میراث چھوڑنا ۔

Bequest : (n) [ME."biquyste", "biqueste"] (۱) مال جو وصیت کی رو سے پہنچے ؛ ورثہ ؛ ترکہ ؛ میراث ۔ (۲) وصیت کر کے دینا ؛ وصیت کے ذریعہ عطیہ ۔

Berate : (v) سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ لعنت ملامت کرنا ۔

Beray : (v) (۱) نقشہ بگاڑنا ؛ حلیہ بگاڑنا ؛ بھدا کردینا۔ (۲) داغ لگانا ؛ بدنام کرنا ؛ تہمت لگانا ۔

Berber : (n) [see "BARBARY"] بربری (نسل) : شمالی افریقہ کا علاقہ جہاں بربر قوم کی نسل کے لوگ رھتے ھیں ؛ ملك بربر کی زبان (حامی خاندان کی) ۔

Berberia : (n) استسقا کی قسم کی بیماری جو پاؤں کو مفلوج کر دیتی ھے ۔

Berdache : (n) [F."barbache"] (سماجیات) جنس مخالف کا لباس و طرز رھائش اختیار کرنیوالا ۔

Bereave : (v) [OTeut."Biran ojan"] (۱) چھین لینا ؛ محروم کرنا ؛ لے لینا ۔(۲) اداس کرنا ؛ غمگین کر دینا ؛ غم زدہ کرنا ۔ (۳) گذرجانا (کسی رشتہ دارکا) ۔

Bereaved : (a) غم زدہ ؛ اداس ۔

Bereavement : (n) سوگ ؛ غم ؛ غم زدگی ' محرومی ۔

Bereaver : (n) چھیننے والا ؛ محروم کرنے والا ۔

Bereft : (a) [f. "BEREAVE"] محروم ۔

Berenice's hair : (n) [f.Berenice'wife of Ptolemy Euergeles, king of Egypt.] ستاروں کے ایك مجموعے کا نام جو برج اسد کے عقب میں ھوتا ھے ۔

Beresite : (n) مھین دانہ دار گرینانیٹ جو یورال کے کوھستانوں میں ملتا ھے -

Beret / Berret : (n) [L."birretum"] ایك گول چپٹی ٹوپی جو باسك کے کسان استعمال کرتے ھیں ؛ عورتوں کی پھندنا لگی ٹوپی -

Berg : (n) [Ger. "eisberg"] (۱) برف کا پہاڑ یا چٹان جو سمندروں میں بہتا رھتا ھے - (۲) پہاڑ -

Bergamask : (n) [It . "Bergamasco"] Bergamo کا باشندہ ۔

Bergamot : (n) [f. Bergamo, in Italy] (۱) لیموں یا سنترہ کا عطر ؛ لیموں کی قسم کا ایك درخت ۔ (۲) بال اور گودڑ سے بنا ھوا رنگین منقش کپڑا ۔

Bergamot : (n) [Turk."beg-armudi"] عمدہ قسم کی ناشپاتی ۔

Bergander : (n) ایك قسم کا ھنس جو خرگوش کے بھٹ میں انڈے دیتا ھے ۔

Bergere : (n) [OF. "bergier"] غلاف چڑھی ہوئی باز و دار کرسی جو اٹھارھویں صدی میں استعمال ہوتی تھی ؛ کذال ۔

Bergeret : (n) [F. "bergerette"] دیہاتی نغمہ ؛ گڈریوں کا نغمہ ۔

Bergfall : (n) [Ger.] پہاڑ کی چوٹی کا تباہ کن طور پر گرنا ۔

Bergmannite : (n) [f"Bergman",a mineralogist] ایک قسم کا لال یا سفید پتھر جو ناروے میں ملتا ھے ۔

Bergomask : (n) Bergamo کا باشندہ ۔

Bergschrund : (n) [Ger."berg"(mountain)+"Schural (crack)] پہاڑ کے بالائی حصہ اور گلیشیر کے درمیان خالی جگہ ۔

Bergy : (a)[See BERG] برف کے پہاڑ کا یا اس سے متعلق ۔

Bergylt / Berguylt : (n)[ON."berg" (rock)] ایک قسم کی مچھلی ۔

Beri-beri : (n) [Cingalese,"beri"] استسقاء کی قسم کی بیماری جو پاؤں کو مفلوج کردیتی ھے ۔

Berime / Berhyme : (v) نظم کرنا ؛ کسی کی ھجو لکھنا ۔

Bering expedition : (n) (تاریخ) بیرنگ کی مہم (۱۷٤۱ء) ۔

Berkeleian : (a) [f."Berkeley", Bishop of Cloyne] برکلے کا (فلسفہ) ۔ برکلے کا پیرو ۔ (n)

Berkeleianism /Berkeleyism : (n) برکلیت ؛ برکلے اور اس کے مقلدین کے فلسفیانہ نظریے ۔

Berlin : (n) (۱) برلن ؛ جرمنی کا پایہ تخت ۔
(۲) چار پہیوں کی بند چھت دار گاڑی ۔
(۳) برلن کا اون ۔
(٤) برلن کا دستانہ (برلن اون کا بنا ھوا) ۔

Berlin black : (n) لوھے کی وارنش ۔

Berlin blue : (n) پروشیا کا نیلا رنگ ۔

Berlin castings : (n) برلن کے لوھے کا آرائشی سامان ۔

Berlin decree : (n) (تاریخ و سیاسیات) احکام برلن ۔

Berlin iron : (n) نازک چیزیں ڈھالنے کا لوھا ۔

Berlin warehouse : (n) برلن کے رنگین اونی دھاگے کی دکان ۔

Berlin wool : (n) رنگین اونی دھاگہ ۔

Berlin work : (n) بٹے ھوئے اون کی کشیدہ کاری ۔

Berm / Berme : (n) [L."berme"] (تاریخ) فصیل اور خندق کے درمیان کی ککر ، منذیر ۔

Berm bank : (n) نہر کا کنارہ ؛ اس کنارے کے مخالف جدھر سے کشتی کو رسے سے کھینچ کر لے جاتے ھیں ۔

Bermuda : (n) (۱) شمالی اٹلانٹک میں جزیروں کا ایک مجموعہ ۔ (۲) ایک قسم کا سگار ۔

Bermuda grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Bernardin : (a) سنت برناڈ یا سسٹر شین کے سلسلے کا یا ان سے متعلق جس کی سرپرستی St. Bernard نے کی تھی ۔

Bernardin : (n) برناڈی راہبہ ۔

Berob : (v) لوٹ لینا ؛ چھین لینا ۔

Beroe : (n) [Gr."beron"] ایک قسم کا بحری جانور ۔

Berried : (a) (۱) (بیری دار ؛ انگور دار ؛ انگور وش ۔
(۲) بیری نما ؛ بیری والا ۔ (۳) انڈا دینے والی ۔

Berry : (n) [OE."berie"] (۱) چھوٹے چھوٹے گوندی (یا گوندنی) کے پھل جن میں گٹھلی نہیں ھوتی مگر گودے میں لپٹے ھوئے بیج ھوتے ھیں ؛ سرد ملکوں میں اس کی بہت سی قسمیں ھیں ۔ (۲) جھینگا مچھلی کے انڈے ؛ مچھلی کے انڈے ۔ (٤) کافی کا دانہ ۔

Berry : (n) [OE. "beorz"] ٹیا ؛ ٹیلہ ؛ پہاڑی ۔

Berry : (v) (۱) گوندی کی قسم کے درختوں میں پھل آنا ۔
(۲) پھل چننا ۔

Berry : (v) [ON."berja"] (۱) زدو کوب کرنا ؛ مارنا ۔
(۲) اناج کو کوٹنا ؛ پیٹنا ۔
(۳) پیٹ کر راستہ بنانا ۔

Bersaglieri : (n) [It. "bersaglis"] نادر انداز ۔

Berserk /-er : (n) [Icel."berserk"] (۱) فارس قوم کا وحشی جنگلی سپاہی ۔ (۲) چھنیرا خونی ۔ (۳) (سماجیات) وحشی : جنگ جو ۔

Berth : (n) [Prob. f."BEAR"(v) in its naut. senses] (۱) جہاز بھر راستہ (سمندر میں) ۔ (۲) لنگر انداز جہاز کے ھلنےجلنے کی کافی جگہ ۔ (۳) گودی میں جہاز کی جگہ ۔ (٤) (مجازاً) (کسی شے کے لئے) مناسب مقام ۔ (٥) سونے کی جگہ (جہاز یا ریل میں) ۔ (٦) جگہ ' خدمت : ملازمت ۔ (۷) جہاز کے اندر وہ جگہ جہاں عملہ اپنا صندوق وغیرہ رکھیں ۔ (۸) وہ کمرہ جہاں جہاز کے افسر اور عملہ کھانا کھائیں اور رھیں ۔ (۹) فوجی بیرکوں میں ایک مقرر مقام ۔

Berth : (v) [f. prec. (n)] (۱) جہاز کو ایک مناسب جگہ ٹھہرانا اور رکھنا ' لنگر انداز کرنا ۔ (۲) کسی کو برتھ دینا : سونے کی جگہ دینا ۔ (۳) کسی کو جگہ دینا ۔

Berth : (v) [f. Icel] لکڑی کے تختوں سے ڈھکنا یا ملا دینا ۔

Berth deck : (n) عرشے کا وہ مقام جہاں مسافروں کے برتھ کا انتظام ھو ۔

Berth rate : (n) (تجارت) شرح لنگر اندازی ۔

Bertha / Berthe : (n) [F."berthe"] (۱) گلے کے نیچے کی جھالر (عورتوں کے کھلے گلے کے لباس میں) ۔ (۲) روشن : درخشاں ' تاباں ۔ (۳) عورتوں کا شال نما لباس جو کاندھے پر رھتا ھے ۔

Big bertha : ایک بہت بڑی توپ کانام ھے جس سے جرمنیوں نے جنگ عظیم میں پیرس پر گولہ باری کی تھی ۔

Berthage : (n) (۱) جہازوں کو گودی میں ٹھہرانے کی جگہ ۔ (۲) لنگر اندازی کا محصول ۔ (۳) لنگر اندازی ۔

Berthierite : (n) [f."Berthier",a naturalist] (معدنیات) اینٹیمنی اور فولاد کا ایک سلفائیڈ ۔

Berthing : (n) جہاز کو گودی میں ٹھہرانا ۔

Berthing : (n) کسی جہاز کے پہلوؤں میں کھڑا تختہ لگانا ۔

Bertillon method of identification : (n) (سماجیات) برٹیلن طریقہ شناخت ۔

Bertillonage : (n) [f. name of Fr. Criminologist] پیمائش اور انگلیوں کے نشانات کی پیمائش سے مجرموں کی شناخت کا برطانوی طریقہ ۔

Beryl : (n) [L."beryllus"] (۱) زبرجد ' ایک قسم کا معدنی پتھر ' زمرد وغیرہ ۔ (۲) زبرجد کا رنگ ' زبرجدی رنگ : ھلکا سبزی مائل نیلا : ھلکا سمندری مائل ' (کیمیا) بیرل ۔

Beryl : (a) زبرجد کا ' زبرجدی ' زبرجد کی طرح : صاف ھلکا سبز رنگ والا ۔

Beryllia : (n) [f. BERYLLIUM] Beryllium یا Glucinum کا آکسائڈ ۔

Berylline : (a) زبرجد جیسا ' زبرجد نما ' مثل زبرجد خاص کر رنگ کے لحاظ سے)۔

Beryllium : (n) [BERYL + IUM] (کیمیا) بیریلیم ' ایک قسم کی دھات جس سے Beryl بنتا ھے ۔

Berylliold : (n) [L."beryllus"+-OID] (کیمیا) بیریلیم نما : جیومیٹری کا ایک ٹھوس جو دو بارہ ضلعوں والے مخروطوں سے بنتا ھے اور جنکے قاعدے ملے ھوئے ھوں ۔

Beryllonite : (n) [f."BERYLLIUM+ON+-ITE"] (کیمیا) بیرولونائٹ ۔

Berzelianite : (n) [f".Berzelius", a chemist] تانبے کا ایک سیلینائڈ جس میں چاندی کی سی چمک ھوتی ھے ۔

Berzeliite : (n) چونے اور میگنشیا کا ایک غیر آبدار آرسینٹ ۔

Bes - : (pref.) سابقہ بمعنی 'بے ضابطہ' ' نا مناسب : غیر موزوں ۔

Besaint : (v) کسی کو ولی کا درجہ دے دینا ۔

Bescatter : (v) چھڑکنا : بکھیردینا' چھترا دینا ۔

Bescratch : (v) چھیلنا : خراش لگانا ۔

Bescrawl : (v) گھسیٹ کر لکھنا ' گھسیٹنا ۔

Bescreen : (v) پردہ لگانا ' پردہ ڈالنا ۔

Bescribble : (v) بدخط لکھنا : لکھ ڈالنا ۔

Bescumber : (v) خالی کرنا : گندہ کرنا ' گندی چیزیں بنانا ۔

Beseech : (v) [ME. Bi+secen (to seek) التجا کرنا ' استدعا کرنا : منت و سماجت کرنا : التماس کرنا ۔

Beseecher : (n) ملتجی : ملتمس : مستدعی ۔

Beseeching : (a) عاجزانہ: ملتجیانہ ' ملتمسانہ : التماسی ' استدعائی ۔

Beseechingly : (adv) عاجزانہ طورپر ' منت و سماجت سے ۔

Beseechingness : (n) التجا : استدعا : عاجزی : منت و سماجت : التماس ۔

Beseechment : (n) استدعا : التجا : عاجزی : منت و سماجت ' التماس ۔

Beseem : (v) لائق ہونا : زیب دینا : سزاوار ہونا ' شایان شان ہونا : ظاہرا دکھائی دینا ۔

Beseemingly : (adv) سزا وار : موزوں طور پر : مناسب طریقہ پر ۔

Beseemingness : (n) موزونیت ۔

Beseemliness : (n) موزونیت ۔

Beseemly : (adv) شایان شان طورپر : مناسب طورپر ۔

Beset : (v) [OE."bi-/besettan"] (۱) ٹوٹ پڑنا : جا پڑنا ۔ (۲) محاصرہ کرنا : گھیر لینا : گھیرنا ۔ (۳) رستہ روک لینا ۔ (٤) نرغہ کر لینا (مصائب و آفات و ترغیبات کا) : مبتلا ہونا ۔ (٥) عطا کرنا ۔ (٦) جڑنا (جواہرات وغیرہ کا)۔

Besetment :(n) (۱) گھیرا جانا : محاصرہ : غلبہ ۔ (۲) لاگو عیب ۔

Besetter : (n) نرغہ کرنیوالا : محاصرہ کرنیوالا ۔

Besetting : (a) غالب ' باربار آنے والا ' باربار پیدا ہونے والا ' مغلوب کردینے والا ۔

Besetting sin : (n) جنم پاپ ' لاگو عیب (وہ اخلاقی کمزوری جو چھپ نہ سکے)۔

Beshine : (v) [OE."bi-/ bescinan"] چمکانا ۔

Beshone : (a) روشن ' تاباں : چمکایا ہوا : تابندہ : درخشاں ۔

Beshrew : (v) خدا کی مار ہونا ۔

Beshroud : (v) چھپانا ' ڈھک دینا ' ڈھانپ دینا ۔

Beside : (adv. & prep.) [OE."be+sidan"] (۱) لگ بھگ ' اس پاس ' کنارے ' نزدیک ' پاس ' متصل ۔ (۲) مقابلہ میں ۔ (۳) ہٹا ہوا (مطلب سے یا نشان سے)۔

Beside oneself : (خوشی یا غم میں) جامے سے باہر ' حواس باختہ ' بدحواس ۔

To go beside : گزر جانا ۔

To look beside : چھوڑ دینا ' نظرانداز کرنا ۔

Besides : (adv. & prep.) مزید برآں : علاوہ ' سوا اس کے ' بہ علاوہ ۔

Besiege : (v) [ME.bi-, by . besege.] (۱) محاصرہ کرنا : گھیرا ڈالنا ' نرغہ کرنا :گھیراؤ کرنا ۔ (۲) درخواستوں کی بھرمار کرنا ۔

Besieged : (a) محصور: گھرا ہوا ۔

Besiegement : (n) گھیراؤ: محاصرہ ۔

Besieger : (n) محاصرہ کرنے والا ۔

Besieging force : (n) (تاریخ و سیاسیات) محاصرہ کرنے والی فوج ۔

Besilver : (v) چاندی بنانا : چاندی چڑھانا ۔

Besing : (v) خوب گانا : دل کھول کے گانا ۔

Beslave : (v) غلام بنانا : غلام کہنا ' غلام کہکر پکارنا : غلامی سے گندا کردینا ۔ ذلیل کرنا : بے عزت کرنا ۔

Beslobber : (v) (۱) تھوک سے گندا کرنا ۔ (۲) چٹ پٹ بوسے لینا : بے حساب

بوسے لینا ؛ ذلیل خوشامد کرنا ۔

Beslubber : (v) چپڑنا ؛ لت پت کرنا ' آلودہ کرنا ' تھوپ دینا ۔

Besmear : (v) [OTeut."smerwjan"] (۱) ملنا ؛ لیپ کرنا ' لتھڑ دینا ' لیپنا ۔ (۲) داغ دار کر دینا ' داغ لگانا (شہرت یا نام میں)۔

Besmirch : (v) بے آب کرنا ؛ بد رنگ کرنا ' میلا کرنا (دھواں ؛ کیچڑ وغیرہ سے) ' چمک کو دھندلا کر دینا ۔

Besmoke : (v) (۱) دھوئیں سے بھر دینا ؛ دھواں دینا۔ (۲) دھوئیں میں پکانا ۔

Besmut : (v) داغ سے کالا کردینا ؛ دھبوں سے سیاہ کردینا ؛ بدنام کرنا ۔

Besmutch : (v) دیکھو Besmirch

Besnow : (v) [OE."besniwian"] برف سے ڈھک دینا / ڈھانپ دینا یا برف کی طرح ڈھانپ دینا ۔

Besoil : (v) بہت گندہ کردینا ' خراب کردینا ۔

Besom : (n) [OTeut."besmon-"] جھاڑو ' جاروب ۔

Besom : (n) بدنام عورت ' بد اخلاق عورت ؛ ذلیل عورت ۔

Besom : (v) جھاڑو دینا ؛ صاف کرنا ۔

Besomer : (n) جھاڑو دینے والا ؛ جاروب کش ۔

Besot : (v) بد مست کر دینا ' بدحواس کردینا ' مدھوش کر دینا ' بے حس کردینا ؛ عشق میں اندھا ھو جانا ؛ لٹّو ھونا (کسی پر)۔

Besottedly : (adv) بد مستی سے ' بد حواسی سے ۔

Besottedness : (n) بد مستی ؛ بد حواسی ؛ مدھوشی ؛ بے حسی ۔

Besought : (a) دیکھو Beseech ؛ مطلوبہ ۔

Besouth : (prep.) جنوب میں ؛ دکھن جانب ؛ دکھن کیطرف ۔

Bespangle : (v) افشاں چننا ۔

Bespatter : (v) دھبے ڈالنا ؛ گندہ کرنا ؛ گالیاں دینا ؛ گالیوں یا خوشامد کی بھرمار کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ چغلی کھانا ۔

Bespeak : (v) (۱) پہلے سے ٹھہرا لینا ؛ فرمائش کرنا ؛ آڈر دینا ؛ منگانا ۔ (۲) پیش گوئی کرنا ۔ (۳) (شعر) مخاطب کرنا ۔ (٤) اظہار کرنا ۔ (٥) شہادت دینا ؛ گواھی دینا ۔

Bespeak : (n) (۱) فرمائش (خاص کر کسی ایکٹر سے اس کے Patron کی) ۔ (۲) کسی لائبریری میں کسی کتاب کے لئے پہلے سے درخواست دینا یا فرمائش کرنا ۔

Bespeaker : (n) فرمائش کرنے والا ۔

Bespecked : (a) دھبا لگا ھوا ؛ داغ دار ۔

Bespeckle : (v) دھبا لگانا ؛ داغ لگانا ؛ چھڑکاؤ کرنا ۔

Bespectacled : (a) چشمہ لگائے ھوئے ؛ عینک لگائے ھوئے ۔

Bespeed : (v) جلدی کرنا ؛ تیزی کرنا ۔

Bespew : (v) قے کرنا ۔

Bespice : (v) مسالہ لگانا ۔

Bespill : (v) بہا دینا ۔

Bespit : (v) تھوک دینا ؛ تھوکنا ۔

Besplash : (v) چھینٹ اڑانا ؛ چھینٹ اڑاتے چلنا ۔

Bespoke : (a) فرمائشی ؛ پہلے سے ٹھہرایا ھوا ؛ شادی کے لئے نسبت طے کی ھوئی ۔

Bespot : (v) نشان لگانا ۔

Bespout : (v) (۱) ٹونٹی سے چھڑکنا ۔ (۲) (مجازاً) پرجوش تقریریں کرنا ؛ تقریر جھاڑنا ۔

Bespread : (v) پھیلانا ؛ پھیلنا ؛ پھیلا دینا ؛ بکھیر دینا ۔

Besprent : (a) منتشر ؛ بکھرا ھوا ؛ چھڑکا ھوا ۔

Besprinkle : (v) [ME."besprangil"] چاروں طرف چھڑکنا ؛ چھڑکاؤ کرنا ؛ بکھیرنا ۔

Besprinkler : (n) چھڑکاؤ کرنے والا ؛ آب پاش ؛ گلاب پاش ۔

Besputter : (v) (۱) تھو تھو کرکے منہ سے خارج کرنا ۔ (۲) بڑ بڑانا ؛ بے ربط بولنا یا کہنا ۔ (۳) چٹکنا یا بھبھکنا ۔

Bessemer : (n) [f. the inventor, Sir H.Bessemer] وہ طریقہ جس میں لوھے کوپگھلا کر کاربن اور دوسری کثافتیں نکال دی جاتی ھیں ۔ اس طریقہ کا موجد H. Bessemer تھا ۔

Bessemer converter : (n) (کیمیا) بیسیمر بدل گر: بیسیمر بدلنے والا ۔

Bessemer iron : (n) بیسیمر کے طریقہ پر بنایا ھوا لوھا ۔

Bessemer process : (n) (کیمیا) بیسیمر طریقہ عمل ۔

Bessemer steel : (n) بیسیمر طریقہ پر بنایا ھوا اسٹیل ۔

Best : (a & adv) (OTeut."batist") : (۱) سب سے اچھا : بہترین : کامل ' افضل : بہت عمدہ : اصلح : احسن ۔ (۲) نہایت مہربان : نہایت سودمند ' نہایت مناسب ۔ (۳) سب سے بڑا ۔ (٤) بہترین لوگ ، چیز ، نکتہ ، حالت اور عنصر ۔ (٥) نہایت عمدہ طریقہ پر ' بلند ترین درجہ میں : نہایت موزوں طریقہ سے : سب سے زیادہ مفید طریقہ پر' حتی الوسع ۔

At best : زیادہ سے زیادہ ۔

Bad is the best : جو کچھ بھی ھے اسے غنیمت سمجھو ۔

Did it for the best : نیک نیتی سے کیا ۔

For the best : بہترین نتیجہ کو مقصد بنا کر : بہترین نتیجہ کے لئے ۔

Had best : بہتر یہی ھے کہ : مناسب یہی ھے کہ ۔

One's best : (۱) حتی الامکان ۔ (۲) بہترین حالت ۔ (۳) بہترین لباس ۔ (٤) فائدہ : نفع ۔

One's best girl : (عامیانہ) معشوقہ ۔

The best is the enemy of the good : حد سے اونچا معیار ترقی کا مانع ھے ۔

The best part : سب سے زیادہ : سب سے بڑا حصہ ۔

To be at one's best : درجہ کمال پر ھونا ۔

To do one's best : انتہائی زور لگانا : حتی المقدور کوشش کرنا ۔

To have the best of it : در رھنا ' غالب آنا ' جیتنا (مناظرے وغیرہ میں) : فائدہ حاصل کرنا کاروبار میں ۔

To make the best of it : جو موجود ھو اس پر قناعت کرو ۔

To make the best of one's way : جتنی تیزی سے ممکن ھو چلنا ۔

To put one's best foot or leg foremost : آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔

To the best : حتی الامکان ۔

To the best of one's power : حتی المقدور ۔

With the best : کسی سے کم نہیں ۔

Best : (v) غالب آنا : زک دینا چالاکی سے ۔

Best abused : (a) سب سے زیادہ بدنام اور مطعون ۔

Best bet : (n) بہترین انتخاب ' بہترین طرز عمل ۔

Best estimators : (n) (شماریات) بہترین تخمینہ کار ۔

Best fit : (a) (شماریات) بہترین موافقت ۔

Best judgement (judgment) assessment : (تجارت و معاشیات) افضل الرائے تشخیص ۔

Best seller : (n) (۱) خوب بکنے والا : عوام پسندیدہ ناول وغیرہ ۔ (۲) مصنف جو اس قسم کی کتاب لکھے ۔

Bestain : (v) دھبا لگانا : داغ دار کر دینا ۔

Bestar : (v) ستاروں سے آراستہ کرنا ۔

Bestarred : (a) کسی درجہ کا نشان ستارہ سے آراستہ کیا ھوا ۔

Bestead : (v) مدد دینا ' کام آنا ۔

Bested / Bestead : (v) پھنسا ھوا ' گھرا ھوا (مشکلات وغیرہ میں) ۔

Bestial : (n) [L."bestialia"] (۱) مویشی کے متعلق جسے ذبح کرنے یا کاشتکاری کے لئے رکھا جائے ۔ (۲) حیوان : جانور ۔

Bestial : (a) [L."bestialis"] (۱) بہائم جیسا : وحشی ۔ (۲) بد کار ' شہوت پرست ' نفس پرست ' نجس : ناپاک : فحش ' جانور جیسا ' غیر معقول ۔ (۳) چوپایوں کا ۔

Bestialism : (n) بہیمیت ۔

Bestiality : (n) [F."bestialite"] بد کاری ' بہیمیت : شہوت پرستی ' نا پاکی ۔

Bestialize : (v) جانور بنانا ' وحشی بنانا : اخلاق بگاڑنا ۔

Bestially : (adv) وحشیانہ طور پر: جانور پن سے ' شہوت پرستی سے ۔

Bestiary : (n) [L."bestiarius" and "bestiarium"] (۱) جانوروں کے قصے کی کتاب جس میں اخلاقی نصیحت ہو ۔ (۲) جانوروں کے مجسمے ' جانوروں کی تصویریں ۔

Bestick : (v) پورا ڈھک دینا : گاڑ دینا ۔

Besticulture : (n) [L."bestia"+CULTURE] جنگلی جانورں سے فائدہ حاصل کرنا (شکار کرکے یا جال میں پھنسا کر) ۔

Bestill : (v) خاموش کر دینا : ساکت کرنا ۔

Bestir : (v) [OE."bestyrian"] دوڑ دھوپ کرنا : تگ و دو کرنا : مستعدی دکھانا ' جدوجہد کرنا ۔

Bestman : (n) نوشہ کا ساتھی ' شہ بالا ۔

Bestorm : (v) چاروں طرف سے یلغار کرنا ' ھلہ بول دینا ۔

Bestow : (v) [ME."bistowen"] (۱) عطا کرنا : نذرانہ دینا ' بخشنا ۔ (۲) ذخیرہ کر لینا ۔ (۳) مشغول ھو جانا : لگ جانا : لگا دینا ۔

Bestowable : (a) بخشنے کے قابل : عطا کرنے کے قابل ۔

Bestowal : (n) تحفہ : مقام ۔

Bestowed : (a) عطا کیا ھوا ۔

Bestower : (n) عطا کرنے والا ۔

Bestowment : (n) عطیہ : بخشش : نذرانہ : تحفہ ۔

Bestraddle : (v) ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ھونا ' یا بیٹھنا : سوار ھونا ۔

Bestraw : (v) پیال پھیلا دینا : پیال سے ڈھک دینا ۔

Bestreak : (v) لکیروں سے بھر دینا ۔

Bestream : (v) بہنا: ھوا میں لہرانا ۔

Bestrew / Bestrow : (v) بکھیرنا : پھیلانا : چھڑکنا : بکھرا ھونا ۔

Bestride : (v) [OE."bi-,bestridan"] (۱) سوار ھونا : سواری کرنا : چڑھنا ۔ (۲) دونوں پاؤں پھیلا کر کھڑے ھونا۔ (۳) مکمل طور پر حاوی : غالب آجانا ۔

Bestud : (v) جڑنا ۔

Bestuur : (n) [Du."besturen"] حکومت (جنوبی افریقہ کا وہ حصہ جہاں ولندیزی زبان بولی جاتی ھے)۔

Bet : (n) [Origin unknown] شرط : بازی ' داؤ ' برد ۔

Bet : (v) بازی لگانا : جوا کھیلنا : شرط باندھنا ' شرط بدنا : بازی بدنا ۔

You bet : (عامیانہ) یقین جانو ۔

Beta : (n) [Gr."beta"] (۱) یونانی ابجد کا دوسراحرف ۔ (۲) کسی جھرمٹ کا دوسرا ستارہ ۔ (۳) ایک نامیاتی مرکب میں دوسری ھم رشتہ تبدیلی ۔

Beta coefficient : (n) (طبیعیات) بیٹا گنانک : بیٹا شرح ۔

Beta disintegration : (n) (طبیعیات) بیٹا پھوٹ / تکسر: بیٹا انتشار ۔

Beta function : (n) (طبیعیات) بیٹا تفاعل / بیٹا پھلن : بیٹا فنکشن ۔

Beta ray : (n) ریڈیائی لهروں والے مادے سے خارج ھونے والی تین شعاعوں میں سے دوسری شعاع۔

Beta ray spectrometer (طبیعیات) بیٹا شعاع/کرن اسپکٹرومیٹر ۔

Beta ray spectrum : (طبیعیات) بیٹا شعاع / بیٹا کرن اسپکٹرم ۔

Beta type series : (شماریات) بیٹا قسمی سلسلہ ۔

Betacism : (n) [L."beta+ cismus"] کسی زبان میں B اور V کا امتیاز جاتا رھنا ۔

Betaine : (n) ایک بلوری اور میٹھا امونیم سالٹ جو چقندر کے رس میں ھوتا ھے ۔

Betake : (v) (۱) اختیار کرنا : (ذریعہ یا طریقہ) ۔ (۲) جانا (کسی شخص کے پاس یا مقام پر)۔

To betake oneself to ones heel : فرار ھو جانا : بھاگ جانا ۔

Betaparticle : (n) (طبیعیات) بیٹا ذرہ ۔

Betatron : (n) (طبیعیات) بیٹا ٹرون ۔

Bete noire : (n) [Fr. =black beast] قابل نفرت یا کراھت شخص یا چیز : ناقابل برداشت شخص یا چیز ' جس سے نفرت یا کراھت ھو : ھوا : بیچا ۔

Betel : (n) [Malayalam "vettila"] پان ' پان کا پودا ۔

Betel nut : (n) سپاری : ڈلی : چھالیا ۔

Betel nut holder : (n) (تاریخ ، اثریات) سپاری دان ۔

Betel tree : (n) درخت جس سے کتھا نکلتا ھے ۔

Beth (e) : ھوگا ۔

Beth din / Bet din : (n) [Heb. "beth din"] یھودیوں کی قدیم عدالت جو تین یا چار ججوں پر مشتمل ھوا کرتی تھی ۔

Bethel : (n) [Heb.=house of god] مقدس مقام : انگلستانی غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔

Bethink : (v) [OTeut. "bipankjan"] یاد کرنا : سوچنا : غور کرنا : دل میں آنا یا سمانا : ارادہ کرنا ۔

To be bethought : اپنے کو خیال کرنا : اپنے کو یاد کرنا ۔

Bethumb : (v) انگوٹھے سے خراب کرنا یا میلا کرنا (کتاب کے صفحے وغیرہ کو)۔

Bethump : (v) خوب پیٹنا ۔

Bethwack : (v) اچھی طرح پیٹنا ۔

Bethwine : (n)[a perversion of "bind-with"] ایک قسم کی بیل ۔

Betide : (v) [ME."BITIDE-N"] پیش آنا ' نازل ھونا : آن پڑنا : پیش گوئی کرنا ' بیتنا ۔

Betimes : (adv) اول وقت : پہلے : اگے ' سویرے ' اچھے وقت میں : وقت پر ' تھوڑے وقت میں ' بسرعت ۔

Betise : (n) [Fr. "bete"] بے محل گفتگو : بے موقع کام : جماعت کی بات یا حرکت ۔

Betitle : (v) لقب دینا : لقب سے پکارنا ۔

Betoil : (v) محنت کرتے ھوئے : تھک جانا ۔

Betoken : (v) [ME."bitacnien"] اثار یا علامت ظاھرکرنا ' دلالت کرنا ' بتانا : پیش گوئی کرنا ۔

Betokener : (n) بتانے والا : دلالت کرنے والا : پیش گوئی کرنے والا ۔

Beton : (n) [L. "bitumen"] کنکریٹ جو بالو ، چونا اور سیمنٹ سے مخلوط ھو ۔

Betongue : (v) تحقیر کرنا : تمسخر کرنا : استھزا کرنا ۔

Betony : (n) [L. "betonia"] ایک قسم کا اودے پھول والا پودا جو دوا اور جادو کی خاصیت رکھتا ھے ۔

St. Paul 's Betony : Betony کی ایک قسم ۔

Water Betony : Betony کی ایک قسم ۔

Betoss : (v) زور سے اچھالنا : زور سے ھلانا ۔

Betrap : (v) [OE."betreppan] جال میں پھنسانا ' گھیرلینا ۔

Betray : (v) [L. BE-+ "tradere"] بے وفائی کرنا : دغا دینا : دغا سے حوالے کر دینا : گمراہ کردینا : راز افشا کرنا ' بلا ارادہ ظاھر کرنا : دلالت کرنا : ظاھر کرنا : ورغلانا ۔

Betrayal : (n) افشائے راز؛ دغا؛ فریب؛ بے وفائی ؛ غداری ۔

Betrayer : (n) دغاباز ؛ غدار ؛ بے وفا۔

Betrayment : (n) دغاباز؛ فریب؛ افشائے راز؛ بے وفائی ؛ غداری۔

Betread : (v) روندنا ۔

Betrend : (v) میلان رکھنا ؛ رجحان ہونا ۔

Betrim : (v) تراشنا؛ چھانٹنا؛ درست کرنا؛ سنوارنا۔

Betroth : (v) [ME."bitreu dien"] نسبت کرنا؛ منگنی کرنا؛ (مجازا) (خدا اور گرجا یا مخلوق کے بارے میں کہا جاتا ہے) ایک اسقف اور کلیسا کا باہمی رشتہ اس کے پادری بننے سے قبل کا ۔

Betrothal : (n) رسم منگنی یا سگائی ۔

Betrothed : (n) منگیتر ۔

Betrothment : (n) رسم منگنی ۔

Better : (a&adv.) [OTeut. " batiz-on"] بہتر؛ اچھا (دوسرے سے)؛ خوب تر؛ خوشتر؛ اول؛ اچھا (زیادہ)؛ زیادہ سودمند یا مناسب؛ زیادہ دل خواہ؛ زیادہ تر؛ بزرگ تر ۔

Change for the better : ترقی؛ اصلاح ۔

For better for worse : ہرحال میں راضی رہنے کے عزم سے ۔

Get the better of : زک دینا ؛ شکست دینا۔

Had better : مناسب یہی ہے کہ ؛ بہتر ہوگا۔

I know better : میں اس بات کو نہیں مان سکتا؛ میں اتنا بے وقوف نہیں کہ یہ کروں ۔

No better than : قریب قریب ۔

No better than he should be : وہ کچھ ٹھیک آدمی نہیں ۔

One's better : اپنے سے زیادہ لائق شخص ۔

One's better اچھے یا بڑے لوگ ۔

To be better : شفاپانا ؛ افاقہ ہونا ۔

To be better than one 's word : وعدے سے زیادہ کرنا ؛ وعدے سے بڑھ کر کرنا ۔

Better/-or : (n) شرط لگانے والا ؛ بازی لگانے والا ۔

Better : (v) [OTeut. "batizojan"] (۱) بنانا ؛ درست کرنا؛ سدھارنا؛ سنوارنا ؛ بہتر بنانا ؛ بہتر بننا ؛ اصلاح کرنا؛ بڑھانا۔ (۲) کسی سے بڑھ جانا ؛ سبقت لیجانا ۔

Better half : (n) بیوی ؛ نصف بہتر؛ بہت قریبی دوست ۔

Better off : (a) کھاتا پیتا ؛ دیکھو Well off

Better oneself : (v) ترقی کرنا ؛ بہتر خدمت یا معاوضہ حاصل کرنا ۔

Better-to-do : (a) خوشحال ۔

Betterpart : (n) بڑا حصہ ۔

Bettering : (n) بہتر بنانا ؛ بہتر بننا ۔

Betterment : (n) درستگی؛ اصلاح ؛ ترقی ؛ ترقی جانداد (امریکہ میں مستعمل)۔

Betterness : (n) (۱) بڑھ جانے کی صفت ؛ برتری ۔ (۲) قیمتی دھاتوں کی خوبی معیار سے بالاتر ۔

Betting : (n) شرط بدنا؛ بازی لگانا ۔

Betting book : (n) شرط کھاتا ۔

Betting man : (n) بازی لگانے والا ؛ پیشہ ور جواری؛ پیشہ ور قمار باز ۔

Bettong : (n) کنگارو چوھے کی ایک جنس جو خرگوش کے قد کا ہوتا ہے ۔

Betty :(n) [dim.of Bet. abbrev.of Elizabeth,-bet] (۱) ایک زنانہ مانوس نام جو دیہاتوں میں یا گھریلو ہوتا ہے ۔(۲) اس مرد کو بھی تحقیر سے کہا جاتا ہے جو عورتوں کا کام کرتا ہے۔ (۳) (امریکہ) ناشپاتی کی شکل کی وہ بوتل جو پیال سے چھپی رہتی ہے جس کو کیمیا گر Florence flask کہتے ہیں۔

(٤) سبّل کا پیشہ ورانہ نام ۔ (٥) تفکہات کی ایک قسم جس میں پھلوں اور مکھن کی روٹی کے چور : چینی اور مسالہ وغیرہ تہ بہ تہ ہوتے ہیں اور جسے تنور میں سینکتے ہیں ۔

Betty : (v) بات کا بتنگڑ بنانا : قیل و قال کرنا :

Betulin (n) [L."betula"] ایک گوند نما مادہ جو Birch کے درخت کی چھال سے نکلتا ہے ۔

Between : (prep. & adv.) [OE."bi-/betweoneum"] (۱) بیچ میں ' باہم : اندر : درمیان : درمیان میں ' میں : دونو ں تک (محدود) ۔ (۲) کچھ اسکی وجہ سے ، کچھ اس کی وجہ سے ۔ (۳) وقفے میں : وقفے وقفے سے ۔ (٤) درمیانی چیز ' وقفہ : اوسط سانز کی سینے کی سوئی ۔

Between the bark and the tree : بہت کم فاصلہ ۔

Between the devil and the deep sea : دو مشکلات میں گھرا ہونا نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن ۔

Between ourselves : ہم ہی دونوں تک یہ راز رہے/ پوشیدہ رہے ۔

Between two stools : حیص بیص میں : شش و پنج میں : دبدھا میں ۔

Between wind and water : دشواری میں ۔

Between you and me : یہ بات ہم تم تک رہے ۔

Choose between : دو میں سے ایک کا انتخاب کرنا ۔

Far between : دور دور تک : دور دور میں : بڑے فاصلے یا وقفے سے ۔

Stand between : مانع ہونا : سدِّ راہ ہونا ۔

To go between : میاں جی بننا : درمیان میں پڑنا : بیچ بچاؤ کرنا ۔

Between-decks : (n) جہاز کے عرشوں کی درمیانی جگہ : جہاز کے عرشوں کی درمیانی جگہ میں ۔

Between groups theorem : (شماریات) بین گروہی مسئلہ ۔

Between groups variance : (شماریات) بین گروہی اختلاف ۔

Between maid : (n) ماما جو دو نوکروں کے ماتحت ہو (دونوں کے کام میں مدد دے) ۔

Between the lines : معنی بلا واسطہ ' باطنی معنی/مطلب' فحوائے تحریر ۔

Between the sheets : ایک قسم کا cock tail (ملی جلی شراب) ۔

Between whiles /-times : (adv) وقفوں میں : وقفے وقفے سے ۔

Betweenity : (n) قسم ، صفت یا حالت کے لحاظ سے وسط میں ہونا : وسط ' وہ چیز جو وسط میں ہو : درمیانی چیز ۔

Betwixt : (prep.& adv.) [OE."betwohs"] درمیان : بیچ (شعر ، مقامی زبان ، قدیم زبان) ۔

Betwixt and between : نہ ادھر نہ اُدھر ۔

Beudantite : (n) [f."Beudant",French mineralogist.] ایک معدنی شے ۔

Beulah : (n) غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔

Beurre : (n) [Fr.] ناشپاتی کی ایک نرم قسم ۔

Bevel : (n) [OF."bevel"] (۱) ڈھال : وہ خط جو دو مساوی حادہ متبادلہ بن جائیں : ترچھا ۔ (۲) افقی یا عمودی ڈھال ۔

Bevel : (v) (۱) کاٹ کر ڈھال بنانا ۔ (۲) ڈھال ہونا ' ترچھا ہونا ۔

Bevel angle : (n) ۹۰ یا ٤٥ (ڈگری) کے سوا کوئی زاویہ ۔

Bevel gear / Bevel gearing : (n) بیول گیئر ۔

Bevel joint : (n) لکڑی کے ٹکڑوں کے سروں کا ڈھلوان جوڑ ۔

Bevel wheel : (n) دندانے دار پہیے جن کے کام کرنے کا رخ محور سے ترچھا ہو ۔

Bevelled : (a) ترچھا بنایا ہوا : ڈھال بنایا ہوا : ڈھالو حصہ ۔

Bevelled rim : (n) (تاریخ، اثریات) کھانچے دار کور۔

Bevelling/ Beveling : (n) ترچھا زاویہ بنانا : ترچھا ' ترچھا کٹا ہوا حصہ خصوصاً جہاز سازی میں ۔

Bevelling board : (n) (جہازسازی) ترچھا کاٹنے کا تختہ ۔

Bevelling machine : (n) (جلد سازی) ترچھا کاٹنے کی مشین ۔

Bevelment : (n) ترچھا کاٹنا : ڈھلواں بنانا ۔

Bever : (n) [OE."beivre"] دو باقاعدہ کھانوں کے درمیان ہلکا ناشتہ ۔

Beverage : (n) [OF."bevrage"] (۱) شراب یا شربت : پینے کی چیز : مشروب ۔ (۲) شراب پلانے کا پیسہ : انعام ۔

Bevil : دیکھو Bevel

Bevue : (n) [Fr."be"."bes"(pejorative+vus)] سہو : غلطی : وہ غلطی جو بے توجہی یا بے خیالی سے ہو : تسامح : غفلت ۔

Bevy : (n) [OF."bevee"."buvee"] پرا : جھرمٹ : جھنڈ (عورتوں ، ہرنوں ، بٹیروں ، چنڈولوں کا)۔

Bewail : (v) (کسی پر) رونا : ماتم کرنا : غم کرنا : فریاد کرنا : بین کرنا ۔

Bewailable : (a) قابل ماتم : قابل فریاد ۔

Bewailed : (a) جس کا غم منایا گیا ۔

Bewailer : (n) ماتم کرنے والا : فریادی ۔

Bewailing : (a) ماتم کناں ۔

Bewailingly : (adv) ماتم کناں کے طور پر : ماتم کناں ہو کر ۔

Bewailment : (n) ماتم : فریاد : شیون : نالہ ۔

Beware : (v) [be + OE."waer"] آگاہ ہونا : خبردار ہونا : خبردار رہنا : چوکس رہنا : ہشیار رہنا ۔

Beware : (v) روپیہ لگانا : خرچ کرنا ۔

Bewash : (v) دھو دینا ۔

Bewed : (v) شادی کرنا ۔

Beweep : (v) [OE."bewepan"] (۱) کسی کے لئے رونا : آنسو بہانا ۔ (۲) آنسو یا کسی چیز سے بھگونا ۔

Bewest : (adv) [OE."be westan"] پچھم میں یا پچھم کی طرف ۔

Bewet : (v) بھگا دینا ۔

Bewet/ Bewit : (n) [dim. of OF."beue"] (بازبازی) باز کے پیر میں گھنگرو باندھنے والی ڈوری (پھرکنواسی ، سرك گانتھ)۔

Bewhisker : (v) مونچھیں لگانا ۔

Bewhiskered : (a) فرسودہ ۔

Bewig : (v) مصنوعی بال لگانا ۔

Bewigged : (a) مصنوعی بال لگائے ہوئے : لال فیتے سے چلنے والی حکومت : پُر دبدبہ ۔

Bewilder : (v) [BE+WILDER] حیران کرنا : گمراہ کرنا : بھٹکانا : الجھاؤ میں ڈالنا ۔

Bewildered : (a) حیران : حیرت زدہ : گم کردہ راہ : دماغی الجھن میں : بے راہ : جس کا راستہ نہ ہو ۔

Bewilderedly : (adv) حیرت زدہ ہوکر : حیران ہوکر ۔

Bewilderedness : (n) حیرت زدگی : تحیر : الجھاؤ ۔

Bewilderingly : (adv) پریشانی سے : حیرانی سے : پراگندگی سے : حیرت انگیزی سے ۔

Bewilderment : (n) پراگندگی : گھبراہٹ : پریشانی : بوکھلاہٹ ۔

Bewit : (n) ایك چرمی تسمہ جس سے باز کے پیروں میں گھنگرو باندھتے ہیں ۔

Bewitch : (v) [ME."bewicchen"] (۱) سحر کرنا : جادو کرنا : موٹھ چلانا ۔ (۲) موہنا : رجھانا : لبھانا : فریفتہ کرنا ۔

Bewitcher : (n) جادو گر : ساحر : من موہن : من موہنی ۔

Bewitchery : (n) دلبری ؛ فسوں سازی ؛ سحرکاری ؛ دلربائی ۔

Bewitching : (a) موھنی ؛ دلفریب ؛ نازنیں ؛ شوخ ؛ جادو چشم ؛ سحرکار ؛ فسوں ساز ؛ دلبر ؛ دلربا ؛ ھوش ربا ؛ من موھن ۔

Bewitchingly : (adv) شوخی سے ؛ غمزہ سے ؛ ناز سے ؛ دلفریبی سے ؛ دلبری سے ؛ فسوں سازی سے ۔

Bewitchment : (n) دیکھو Bewitchery

Bewitchment : (n) موھنی ؛ دلفریبی ؛ دلکشی ؛ مسحوریت ؛ دلربائی ۔

Bewrap : (v) لپیٹنا ؛ ڈھانپ دینا ۔

Bewray : (v) [ME."bewreien"] بے خیالی میں کہہ جانا ؛ بھولے سے راز فاش کر دینا ۔

Bewusstsein ueberhaupt : (n) شعور عمومی ۔

Bewusstseinslage : (n) [Ger."bewusstsein+lage"] شعور بے تمسالی ۔

Bey : (n) [Turk.] بے ؛ بیگ ؛ ترکی گورنر ۔

Bey : (v) [OE. Angelian "bezan"] جھکانا ؛ موڑنا ۔

Beylic/-lik : (n) [Turk."beglik", "beylik"] ترکی صوبے جو "بے" کی عمل داری میں ھوں ۔

Beyond : (adv. & prep.) [OE"bezeondan"] (۱) دوسری طرف ؛ اس طرف ؛ دور ؛ پر ؛ ادھر ؛ پرے ؛ بعد ؛ رسائی سے باھر ۔ (۲) (زماں) بالا ؛ زائد ؛ بڑھکر ؛ سوا ؛ باھر ؛ زیادہ ؛ بہ علاوہ ۔ (۳) أرپار ؛ پار ۔ (٤) وہ چیز جو دوسری جانب یا دور پر ھو ؛ موجودہ زندگی یا تجربے سے باھر کی چیزیں ۔

The beyond : حیات بعد ممات ؛ آخرت ؛ لوک انتر ۔

The back of Beyond : دنیا کا آخری سرا ۔

To be beyond a person : کسی کی سمجھ سے باھر ھونا ۔

To look beyond : غلط سمجھنا ؛ غلط منسوب کرنا ؛ غلط معنی نکالنا ۔

Beyond belief : ناقابل یقین ۔

Beyond doubt : بلاشك ؛ لاریب ۔

Beyond endurance : ناقابل برداشت ۔

Beyond good and evil : (فلسفه و نفسیات) ماورائے خیر وشر ۔

Beyond measure : اندازے سے باھر؛ بے حساب ۔

Beyond question : بلا تردید ۔

Beyond sea : سمندر پار ۔

Beyond the limits : حدود سے تجاوز کرجانا ؛ خارج از وجود ۔

Bezant/Byzant : (n) [L."byzantius"] (۱) ایك بیزانطینی سکه ۔ (۲) وہ سونا جو انگلستان کے بادشاہ عشائے ربانی کے وقت نذر دیا کرتے تھے ۔ (۳) (نقابت) وہ گول سونے کی چیز جو سکے کی طرح ھوتی تھی مگر اس پر کوئی نشان نھیں رھتا تھا ۔

Bezantler : (n) ھرن کے سینگ کی دوسری شاخ ۔

Bezanty : (a) [Fr."besantee"] (نقابت) طلائی سکے میں بنا ھوا ۔

Bezel : (v) [OF."besel", "bezel"] کاٹ کر کنارہ بنانا ۔

Bezel : (n) ترشے ھوئے نگینے کا پہلو ؛ چھینی کا پہلو ؛ گھڑی کے شیشے یا نگینے رکھنے کا کھندانا ؛ نگیں دان ۔

Bezesteen : (n) [Turk."bazistan"] مشرق کا صرافہ بازار؛ مشرق کا بازار ۔

Bezetta : (n) [It."pezzetta"] وہ رنگ جو کتاں کے ٹکڑوں کو بعض رنگ کرنے والے مادوں میں ڈبو کر تیار کیا جاتا ھے ۔

Bezique : (n) [corrupt of.F."besique"] بزك ؛ تاش کا ایك کھیل جس میں اینٹ کا غلام اور سیاہ پان کی ملکه مل کر بزك بناتے ھیں ۔

Bezoar : (n) [Per."pad-zahr"] پتھری جو بعض جانوروں ، خاص کر جگالی کرنے والے جانوروں کے معدے یا آنت میں ھوتی ھے ۔

Bezoar antilope : (n) بارہ سنگھا کی ایك قسم ۔

Bezoar goat : (n) بکری کی ایک قسم ۔

Bezoardic/-artic : (a) [mod. L."bezoardicus."] تریاقی ؛ زہر مہرہ کی خاصیت رکھنے والا ؛ سنگ مثانہ سے متعلق : سنگ مثانہ کا ۔

Bhang/Bang: (n) [Skr."bhanga"] بھنگ : بھانگ ؛ بنگ ؛ حشیش ۔

Bharal : (n) [Hindi."bharal"] جنگلی بھیڑ ۔

Bhattacharya 's distance : (n) (شماریات) بھٹا چاریہ دوری ۔

B - H curve : (h) (طبیعیاتی) اختناقی چکر/ حلقہ ۔

Bheesty/ Bheesti : (n) [Pers."bihishti"] بہشتی : سقا ۔

Bi - : سابقہ بمعنی "دو" "دوگنا" "دو والا" ۔

Bi-tri : سابقہ ؛ جزو ترکیبی ۔

Biacid : (n) (کیمیا) وہ اساس(Base) جو کسی ترشے سے دو تناسب سے مخلوط ہونے کے لائق ہو ۔

Biacuminate : (a) دو نوکا : دو نوک والا ۔

Biangular / Biangulate / Biangulated /Biangulous : (a) دو زاویوں والا ۔

Biannual : (a) سال میں دوبار ۔

Bias : (a & n) [OF."biais."] (۱) ایک قدیم کھیل گیند کا ؛ چپٹا پن ۔ (۲) اس گیند کا ترچھا رستہ ۔ (۳) وہ بوجھ یا قوت جس کی وجہ سے گیند اپنے راستے سے ہٹ جائے ۔ (٤) میلانِ خاطر ؛ رجحان ؛ جانب داری ۔ (٥) (مجازاً) بیجا مخالفت یا طرفداری ؛ تعصب : عصبیت (سماجیات) ۔ (٦) اثر و رسوخ : تحریک ؛ وضع ۔

Downward bias: (شماریات) نزولی طرفداری ۔

Inherent bias : (شماریات) جبلّی طرفداری ۔

On the bias : وتر کی طرح سے ۔

Procedural bias : (شماریات) طریق عمل طرفداری ۔

Sex bias : (سماجیات) جنسی عصبیت ۔

Specification bias : (شماریات) تصریحی طرفداری ۔

To put out of/off one 's bias : گھبرا دینا ۔

Upward bias : (شماریات) ترقیاتی طرفدار ۔

Bias : (v) (۱) ناجائز اثر ڈالنا ؛ تاثر پیدا کرنا ۔ (۲) پیالہ کو ایک طرف سے چپٹا کردینا ۔

Bias cut : اریبی تراش ۔

Bias voltage : (n) (طبیعیات) میلان وولٹیج ۔

Biased / Bias(s)ed : (a) (۱) مائل ؛ متمایل ؛ مخالف ۔ (۲) متعصب ؛ اریب دار ۔

Biased sampling : (n) (تجارت) سوچی سمجھی سامپلنگ ۔

Biaxial : (a) (طبیعیات) دو دھرا ؛ دومحوری ۔

Biaxial crystal : (n) (طبیعیات) دوھرا کرسٹل ۔

Bib : (v) [L."bibere"] کثرت سے شراب پینا ۔

Bib : (n) (۱) کپڑا جو بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ہے تا کہ لباس خراب نہ ہو ۔ (۲) ایپرن کے اوپر کا حصہ ۔

Best bib and rucker : مردوں ؛ عورتوں اوربچوں کابہتر ین لباس ۔

Bib : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے سر پر ابھری ہوئی جھلّی ہوتی ہے ۔

Bibacious : (a) [L."bibaci-."] کثرت سے میخواری کا عادی ۔

Bibacity : (n) میخواری کی عادت ۔

Bibasic : (a) وہ چیز جس کی دو (کیمیائی)بنیادیں ہوں ۔

Bibation : (n) عمل بادہ گساری ۔

Bibb : (n) [variant of BIB. (n)] (جہازرانی) سب سے اونچے مستول کے پائے کی چوکی کا براکٹ جو بچوں کے Bib کا ہم شکل ہوتا ہے ۔

Bibber : (n) عادی شرابی ؛ پکا شرابی ۔

Bibble : (v) میخواری کرنا ' پیتے رهنا : بطخ کی طرح چونچ گاڑ دینا : چونچ سے پانی پینا بطخ کی طرح : پچ پچ کی آواز کے ساتھ پینا ۔

Bibble-babble : (n) فضول گفتگو : بے معنی بات ۔

Bibbler : (n) میخوار ۔

Bibelot : (n) [F.] کوئی چھوٹی ارائشی چیز (خانگی استعمال کی)۔ (۲) چھوٹی کتاب خصوصاً نفیس قسم کی ۔

Bible : (n) [L."biblia"] (۱) توریت (عهد عتیق) انجیل (عهد جدید) کا مجموعه : بائبل : آسمانی کتاب ۔ (مجازاً) وہ کتاب جس کے احکام بے چوں و چرا تسلیم کئے جائیں : صحیفئه آسمانی ۔ (۲) لائبریری : کتبخانه ۔ (۳) مقدس کتاب : درسی کتاب ۔

Bible-christian : (n) (۱) عیسائیوں کا ایک فرقه ۔ (۲) صحیفہء آسمانی کے معیار کے مطابق عیسائی ۔

Bible-clerk : (n) بائبل کا طالب علم ' خاص کر آکسفورڈ کا طالب علم جو عبادت خانے میں بائبل پڑھ کر سناتا هے ۔

Bible oath : (n) حلف (بائبل پر)۔

Bible reader : (n) بائبل خواں ۔

Bible woman : (n) وہ عورت جو بائبل کو گھرگھر جا کر پڑھنے پر متعین هو ۔

Biblic : (a) بائبل سے متعلق : بائبل کا : بائبل میں ۔

Biblical : (a) کتابی : توریت : انجیل کا یا اس سے متعلق ۔

Biblical archaeology : (n) (تاریخ) انجیل آثاریت ۔

Biblically : (adv) انجیل کی رو سے ۔

Biblicism : (n) بائبل کے حروف کی پیروی ۔

Biblicist : (n) بائبل کا حرفاً پیرو ۔

Biblicize : (v) بائبل کے زیر اطاعت لانا ۔

Biblico-: جزو ترکیبی بمعنی "Biblio"

Biblico literary : (a) بائبل کی تحریروں سے متعلق : انجیل ادب : ادبیات انجیلی ' (تعلیمات) کتاب پرستی ۔

Biblico-poetic : (a) انجیلی شاعری سے متعلق ۔

Biblio-: [Gr."biblio"] جزو ترکیبی بمعنی کتابوں یا بائبل سے متعلق ۔

Biblio clasm : (n) کتابوں یا انجیل کی تباهی ۔

Biblio clast : (n) کتابوں یا انجیل کو تباہ کرنیوالا ۔

Biblio-film : (n) کتابوں کے صفحات کا عکس لینے کی مائیکرو فلم ۔

Biblio-gnost : (n) کتاب یا کتابوں کا جاننے والا/ماهر ۔

Bibliogony : (n) کتابوں کی تیاری ۔

Bibliographer : (n) [Gr."bibliographos"] وہ شخص جو کتابوں کے مصنف اور طباعت و اشاعت کے بارے میں لکھے : فرهنگ نویس مؤلفین : فهرست نگار مصنفین : (انتظامیه) مرتب کتابیات ۔

Bibliographic : (a) کتابیات سے متعلق ۔

Bibliographical : (a) کتابیات سے متعلق ۔

Bibliographically : (adv) از روئے کتابیات ۔

Bibliographize : (v) کتابیات تیار کرنا ۔

Bibliography : (n) [Gr."bibliographia"] (۱) کتابوں کی تاریخ ، ان کی تصنیف : طباعت : اشاعت : اڈیشن کے بارے میں منظم بیان : کتابوں ، انکی تصنیف اورنسخوں وغیرہ کی تاریخ ۔

(۲) کتابیات ۔ (۳) وہ کتاب جو اس مضمون پر هو ۔ (٤) فهرست (مضمون کے حساب سے)۔ (٥) کسی خاص مبحث کے متعلق کتابوں کی مرتب اور مدون فهرست ۔ (٦) کتابیات کا مطالعه یا کتابیاتی طریقوں کا مطالعه ۔

Biblioklept : (n) [BIBLIO-+ Gr."kleptes"] کتاب چور ۔

Bibliokleptomaniac : (n) کتاب کی چوری کا خبطی : جسے کتاب چرانے کا خبط هو ۔

Bibliolater : (n) کتاب پرست : بائبل کا پجاری ۔

Bibliolaterist : (n) کتاب پرست : بائبل کا پجاری ۔

Bibliolatrous : (n) کتاب پرست : بائبل کا پجاری ۔

Bibliolatry : (n) [BIBLIO-+Gr."latria"] کتاب پرستی : انجیل پرستی ۔

Bibliological : (a) علم الکتاب سے متعلق ۔

Bibliologist : (n) کتابیات کا طالب علم ۔

Bibliology : (n) [BIBLIO+-LOGY] (۱) علم الکتاب : قاموس الکتب ۔ (۲) انجیلی ادب ، عقائد یا فقہیہ ۔

Bibliomancy : (n) [BIBLIO+Gr."mantia"] کتاب سے یا خصوصاً انجیل کی آیتوں سے شگون نکالنا ۔

Bibliomane : (n) [BIBLIO+Gr."manes"] کتابوں کا دیوانہ : حد سے زیادہ شوقین ۔

Bibliomania : (n) [BIBLIO+Gr."mania"] کتابوں کو جمع کرنے کا خبط ۔

Bibliomaniac : (a & n) کتابوں کا دیوانہ : حد سے زیادہ شوقین ۔

Bibiliomanist : (n) کتابوں کا دیوانہ : حد سے زیادہ شوقین ۔

Bibliopegis : (a) جلد سازی کے فن سے متعلق ۔

Bibliopegist : (n) جلد ساز ۔

Bibliopegistical : (a) جلد سازی سے متعلق ۔

Bibliopegy : (n) [BIBLIO+Gr."pegia"] جلد سازی کا فن ۔

Bibliophagic : (a) کتابوں کے کیڑے سے متعلق ۔

Bibliophagist : (n) [BIBLIO-+Gr"phagos"+-IST] کتابوں کا کیڑا ۔

Bibliophil (e) : (n) [Gr.BIBLIO-+Gr."philos"] کتابوں کا شوقین : کتاب دوست : کتاب جمع کرنے والا ۔

Bibliophilic : (a) کتاب دوست سے متعلق ۔

Bibliophilism : (n) کتاب کی مبصری یا کتاب کا عاشق ۔

Bibliophilist : (n) کتاب دوست : عاشق کتاب ۔

Bibliophilous : (a) کتاب دوستی کا خوگر ۔

Bibliophily : (n) کتاب دوستی : کتابوں کا ذوق ۔

Bibliophobe : (n) کتابوں سے نفرت کرنے والا ۔

Bibliophobia : (n) [BIBLIO-+Gr."phobia"] کتابوں سے نفرت ۔

Bibliopoesy : (n) کتاب بنانا : کتاب تیار کرنا ۔

Bibliopolar : (a) کتب فروش سے متعلق ۔

Bibliopole : (n) [L."bibliopola"] (نادر) کتابوں کا تاجر : کتب فروش ۔

Bibliopolic : (a) کتب فروش سے متعلق ۔

Bibliopolical : (a) کتب فروش سے متعلق ۔

Bibliopolically : (adv) از روئے کتب فروشی ۔

Bibliopolism : (n) کتب فروشی : کتابوں کی تجارت ۔

Bibliopolist : (n) کتب فروش ۔

Bibliopolistic : (a) کتب فروش کا یا اس سے متعلق ۔

Bibliopoly /-lery : (n) کتابوں کا تاجر : کتاب فروشی ۔

Bibliotaph : (n) [BIBLIO-+Gr."taphos"] وہ جو کتابوں کو مقفل کر دیتا ھے : وہ جو کتابوں کو صندوق میں مدفون کر دیتا ھے ۔

Bibliotaphic : (a) کتابوں کو مدفون کرنے سے متعلق ۔

Bibliotaphist : (n) کتابوں کا مدفون کرنے والا ۔

Bibliothec : (a & n) (۱) کتب خانہ یا کتاب دار سے متعلق ۔ (۲) کتاب دار : دیکھو Bibliotheca

Bibliotheca : (n) [Gr."bibliotheke"] (۱) بائبل : انجیل ۔ (۲) کتب خانہ ۔ (۳) فہرست کتب جسے ببلیو گرافر نے تیار کیا ھو ۔

Bibliothecal : (a) کتب خانہ سے متعلق ۔

Bibliothecarian : (a) کتاب دار یا کتب خانہ سے متعلق ' لائبریرین ۔

Bibliothecury : (a & n) (Noun) کتاب دار۔(Adj) کتب خانہ یا کتاب دار کا یا اس سے متعلق ۔

Bibliotheque : (n) [Fr.] دیکھو Bibliotheca

Bibliotherapeutic : (a) کتابوں سے معالجہ ۔

Bibliotherapist : (n) کتابوں سے علاج کرنے والا : کتابوں سے علاج کا ماہر ۔

Bibliotherapy : (n) [BIBLIO+THERAPY] کتابوں سے علاج کرنا ۔

Bibliotic : (a) [see next] اس علم سے متعلق جس سے تحریر یا دستاویز کا مطالعہ کرکے کسی کتاب کے مصنف کی تصدیق کی جاتی ہے اور ٹھیک ٹھیک پتا لگایا جاتا ہے ۔

Bibliotist : (n) اس علم (Bibliotics) کا ماہر ۔

Biblism : (n) بائبل کو تنہا دینی ضابطہ مان کر پیروی کرنا ۔

Biblist : (n) بائبل کو تنہا دینی ضابطہ ماننے والا ۔

Biblus/ -os : (n) [Gr."biblos"] پیپرس کے اندر کی چھال ۔

Bibracteate : (a) دو فلسہ : دو ورقہ : دو برگنی : دو برکہ دار ۔

Bibulous : (a) [L."bibulus"] (۱) جاذب ' پانی سوکھ : پن سکھا : پانی چوس ۔ (۲) شرابی : میخوار ۔(۳) شراب سے متعلق ۔

Bibulously : (adv) جاذبیت کے ساتھ : شرابیوں کیطرح ۔

Bicalcarate : (a) دو سونڈ والا ۔

Bicallose/ -ous : (a) دو پھنسیوں والا ۔

Bicameral : (a) (۱) دو مجلسی : دو ایوانی ۔ (۲) دو خانوں والا ۔

Bicameral legislature : (n) (تاریخ و سیاسیات) دو ایوانی مقننہ ۔

Bicameral system : (n) دو ایوانی نظام ۔

Bicameralism : (n) (تاریخ) دو ایوانیت ۔

Bicamerist : (n) دو ایوانوں کا حامی ۔

Bicapitate : (a) دو سر والا : دو سر ۔

Bicapsular : (a) دو تخمدان والا ۔

Bicarb : (n) سوڈیم بائی کاربونیٹ ۔

Bicarbonate : (n) (کیمیا) بائی کاربونیٹ : دو بنیادہ : دو ترشاوی ۔

Bicarinate : (a) دو فلکا : دو کارینی ۔

Bicaudal : (a) دو دم والا ۔

Bicauituary : (a) دو جوف والا ۔

Bice : (a) [F."bis"] نیلا اور سبز رنگ جو تانبے کے ہائیڈرو کاربونیٹ سے بنتا ہے ۔ (۲) اسی قسم کا رنگ جو اسمالٹ سے بنتا ہے ۔(۳) ہلکا نیلا اور سبز رنگ ۔

Bicentenary : (a & n) دو صدسالہ : دوصد سالہ جوبلی ۔

Bicentennial : (a & n) دو صد سالہ ۔

Bicentral : (a) دو مرکزوں والا ' دو مرکزی ۔

Bicephalous : (a) دو سرا : دو راسی : دو سروں والا ۔

Biceps : (a & n) [L."bi + ceps"] (۱) دو سرا پٹھا ۔ (۲) جسم کا گٹھا ہوا ہونا : مضبوطی ۔ (۳) ران کا پٹھا : عضلہ دو سر ۔

Bichloride : (n) وہ مرکب جس میں دو حصے کلورین اور ایک حصہ دھات ہو ۔

Bichord : (a) (موسیقی) دو تار والے (ساز) ۔

Bichromate : (n) وہ نمک جس میں کرومک ایسڈ کی دو گنی مقدار ہو ۔

Bichromate cell : (a) (کیمیا) بائی کرومیٹ سل : بائی کرومیٹ خلیہ ۔

Bichromated : (a) بائی کرومیٹ ملایا ہوا ۔

Bichromatized : (a) بائی کرومیٹ ملایا گیا ہوا ۔

Biciliate : (a) دو مژہ والا : دو پلکوں والا ۔

Bicipital : (a) [L."bicipit"] (۱) دیکھو Biceps
(۲) پٹھوں کے عضلات سے متعلق ۔

Bicipitous : (a) دو سرا ' دو سروں والا ۔

Bicipitous serpent : (n) دو سروں والا سانپ ۔

Bicker : (n) شراب رکھنے کے لئے لکڑی کا پیالہ یا طشتری ' شراب کا پیالہ ۔

Bicker : (n) [ME."biker"] (۱) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ مقابلہ ' مکہ بازی ۔ (۲) ڈھیلا بازی ۔ (۳) جھگڑا ۔
(٤) شورو غل ؛ ہلکی توپوں کی گرج ؛ چشمہ کی آواز پتھروں پر سے بہتے ہوئے ۔
(۵) تیز چھوٹی دوڑ ۔

Bicker : (v) [ME."bikeren"] (۱) لڑنا ؛ جھگڑنا ۔
(۲) چشمے کا شور کے ساتھ بہنا ۔
(۳) (مینھ کا) ٹپ ٹپ کرنا یا برسنا ۔
(٤) شعلہ یا روشنی کا چمکنا ۔
(۵) تیز دوڑنا ۔

Bickerer : (n) جھگڑالو ۔

Bickerment : (n) جھگڑا ؛ لڑائی ۔

Bickern : (n) [L."bicornia"] دو نہائی جس کے دونوں طرف گاؤ دم سرے نکلے ہوں ؛ کسی نہائی کا گاؤ دم سرا ۔

Bicolligate : (a) پرندوں کے اگلے پنجوں کے متعلق ؛ پینڈی میں جھلی کے ذریعہ جڑا ہوا ۔

Bicolour / Bicoloured : (a) دو رنگوں میں چھپا ہوا ۔

Biconditional : (a) دو شرطی ۔

Bicone : (a) (تاریخ) دو مخروطہ ۔

Biconic/-al : (a) مخروطہ دو طرفہ ۔

Biconjugate : (a) دومرتبہ جفت ملایا ہوا ؛ خاص کر نباتیات میں وہ ڈنٹھل جو دو شاخہ پھینکتا ھے ؛ دو جفتہ ؛ دو زوجی ۔

Biconsonantal : (a) دو صامتی ۔

Biconvex : (a) محدب الطرفین ۔

Bicorn : (a & n) [L."bicornis"] (۱) سینگ یا سینگ جیسی چیز رکھنے والا ؛ دو سینگ والا ۔
(۲) سینگوں والا جانور؛ دو سنگھا ؛ دو قرنہ ؛ دو شاخ ۔

Bicorned/ Bicornous/ Bicornute : (a) سینگ دار ؛ سینگ والا ۔

Bicorporal /-ate /-ated /-eal : (a) دو بدن والا ؛ دو شیر کی تصویر ایک سر کے ساتھ (لوگ اپنی خاندانی شرافت و نجابت کی علامت کے طور پر گھروں میں رکھا کرتے تھے) ۔

Bicrenate : (a) (نباتیات) پتیوں کے حاشیہ کے متعلق ؛ دندانہ دار یا آرانشی کور والا ؛ دندانہ دار؛ آرانشی حاشیہ والا ۔

Bicrescentic /-cristase : (a) دو ہلال والا ۔

Bicrural : (a) دو پایہ ؛ دو پیر والا ۔

Bicuspid /Bicuspidate : (a&n) [L."bi-+cuspidem"] (۱) دوانیا ۔ دو نُکا - (۲) دو نوک والا ۔

Bicuspid teeth : (n) (لسانیات) دوانیا دانت ۔

Bicustral : (n) (کیمیا) دو محوری ردا ۔

Bicycle : (n) [Fr.] بائیسکل ؛ پیر گاڑی ؛ دو پہیوں والی سائیکل ۔

Bicycle : (v) (۱) سائیکل چلانا۔ (۲) بہکے ہوئے گھوڑے کو مہمیز لگا کر ٹھیک کرنا ۔ (۳) ریکارڈ کیا ہوا ریڈیو ، ٹیلیویژن پروگرام ایک اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن پہنچنا ۔

Bicyclic : (a) (۱) دو دائروں میں منظم یا دو دائروں والا ۔
(۲) بائیسکل سے متعلق ۔

Bicyclism : (n) بائیسکل چلانے کا علم و فن ۔

Bicyclist : (n) بائیسکل چلانے والا ۔

Bicycular : (a) بائیسکل کی قسم کا یا بائیسکل چلانے سے متعلق ۔

Bid : (v) [OTeut."beudan"] (۱) حکم دینا ۔ (۲) دعوت دینا ؛ التجا کرنا ؛ التماس کرنا ؛ گذارش کرنا ؛ مانگنا ۔ (۲) کہنا (خوش آمدید یا الوداع) ۔

Bidding sheet : (n) (انتظامیہ) فرد بولی ۔

Biddy : (n) [abbrev. of BRIDGET] (۱) امریکہ میں آئرستان کی خادمہ کو کہاجاتا ھے ۔(۲) عورت ' خصوصاً ایک بوڑھی باتونی عورت ۔ (۳) (تحقیراً) نوجوان عورت ۔ (عامیانہ) اُستانی ؛ معلمہ ۔

Bide : (v) [OTeut."bidan"] (۱) Abide کی قدیم شکل اب صرف شعر میں مستعمل ھے ' تعمیل کرنا ' پابند ھونا ۔(۲) انتظار کرنا ۔ (۳) چھوڑا ھوا ھونا ' رھنا ۔ (٤) مقابلہ کرنا – (٥) برداشت کرنا ۔

To bide one's time : موقع کا منتظر رھنا ۔

Bident : (n) [L."bidentem"] وہ اوزار یا ھتھیار جس میں دو شاخیں ھوتی ھیں / دو نوکیں ھوتی ھیں ۔

Bidental : (n) دو نوک والے ھتھیار یا اوزار سے متعلق ۔

Bidental : (n) وہ جگہ جس پر بجلی گری ھو اور جس کو مقدس سمجھا جائے اور گھیر دیا جائے ۔

Bidentate / Bindentated : (a) دو دانت والا ۔

Bidential : (a) دو شاخوں والا ۔

Bidet : (n) (۱) چھوٹا گھوڑا ؛ ٹٹو ۔ (۲) آب دست کی چوکی ۔

Bidigitate : (a) دو انگلیوں والا ؛ دو پنجوں والا ۔

Biding : (n) (۱) انتظار کرنا ؛ منتظر ھونا یاٹھہرنا ۔ (۲) ٹھہرنے کی جگہ ۔

Biding place : (n) ٹھہرنے کی جگہ ؛ قیام گاہ ۔

Bidiurnal : (a) دن میں دو بار ۔

Bidri/ Bidree / Bidry : (n) [Urdu "bidri"] بیدر ؛ تانبے ، جستے ، ٹن اور رانگا کی ایک مرکب دھات جو چاندی یا سونے کے برتن وغیرہ بنانے میں کام آتی ھے ۔

Bield : (n) [OE."beldo"] (۱) دلیری ۔(۲) اعتماد ؛ آرام ؛ بھروسہ ۔(۳) پناہ ؛ پناہ گاہ – (٤) غذا ۔

Bield : (v) [OE."beldan"] (۱) دلیر بنانا ؛ ھمت دلانا ۔

(٤) بولی بولنا (نیلام میں) ؛ قیمت لگانا ۔ (٥) اعلان کرنا (نکاح ھونے کا)۔

To bid adieu : رخصت کرنا ۔

To bid against : بولی بولنے میں مقابلہ کرنا –

To bid a bene / bede / prayer : (۱) عبادت کرنا ' دعا کرنا ۔(۲) لوگوں کو عبادت کے لئے آمادہ کرنا ۔

To bid fair : ھوتے ھونے نظر آنا ۔

To bid farewell : رخصت کرنا ۔

To bid a goodbye : رخصت کرنا ۔

To bid good morning : سلام کرنا ۔

To bid the banns : نکاح کا اعلان کرنا ۔

To bid up: مسلسل بولی کے ذریعہ قیمت بڑھانا ۔

To bid welcome : خوش آمدید کہنا ۔

To make a bid for : حاصل کرنے کی کوشش کرنا (دولت ، حکومت ، عنایت وغیرہ)۔

Bid : (n) (۱) بولی (خصوصاً نیلام میں قیمت لگانا) ؛ بولی لگانے کا موقع ۔ (۲) بولی لگانے میں کسی کی باری ۔ (۳) دعوت ۔(٤) تاش کے برج کھیل کی بولی ۔

Biddable : (a) فرمانبردار ' اطاعت گذار؛ مطیع ۔

Biddance : (n) دعوت ۔

Bidder : (n) (تجارت) بولی لگانے والا ؛ (نیلام میں) قیمت لگانے والا ؛ خریدار؛ خواستگار؛ خواھاں ؛ حکم دینے والا ؛ دعوت دینے والا ؛ مدعو کرنے والا ؛ تاش کے کھیل برج میں بولنے والا۔

Bidder's canal : (n) (حیوانیات) بذر نالی ۔

Bidding : (n) (۱) (خاص کر نیلام میں) بولی بولنا ۔ (۲) حکم ؛ حکم دینا ۔(۳) دعوت ؛ طلبی ۔

(۲) اعتماد رکھنا ۔
(۳) پناہ دینا : بچانا : تحفظ دینا ۔
(٤) ڈھونڈنا : رھنا : قیام کرنا ۔

Biennial : (a) [L."biennis"] (۱) دوسالہ : دوبرسا یا دو برس رھنے والا ۔ (۲) ھردو برس بعد ھونے والا ۔
(۳) (نباتیات) ایسا پودا جو دو برس زندہ رھے یا ھر دوسرے برس پھولے یا پھلے ۔
(٤) دوسالہ پودا : دوبرسا پودا ۔

Biennially : (adv) ھر دو برس پر ۔

Bienseance : (n) [Fr."bien + seant"] شائستگی : تمیز ۔

Bier : (n) [OE."baer"] تابوت : نعش : جنازہ ۔

Bifacial : (a) دو رخا : دو رخ والا ۔

Bifactor model : (n) (شماریات) دو جزئی ساخت ۔

Bifanged : (a) دو جڑوں والا ۔

Bifarious : (a) [L."bifarius"] (۱) دوھرا ۔
(۲) (نباتیات) دو قطاروں میں آراستہ کیا ھوا : دو قطاری ۔

Bifariously : (adv) دوھرے طور پر ۔

Bifer : (n) [L."bi + fer"] وہ پودا جو سال میں دوبار پھول یا پھل دیتا ھے ۔

Biferous : (n) سال میں دوبار پھل یا پھول دینے والا ۔

Biff : (n) [Echoic] (عامیانہ) چانٹا : گھونسا ۔

Biff : (v) چانٹا رسید کرنا : گھونسا مارنا ۔

Biffin : (n) [A. dial. pronunc. of beefing.] دیکھو Beaufin

Biffy : (n) [origin unknown] (عامیانہ) غسل خانہ یا بیت الخلا ۔

Bifid : (a) [L."bifidus."] شگاف دار؛ دو تختہ : دو لغت : دو زخمہ ۔

Bifidate : (a) شگاف دار ۔

Bifidity : (n) دو لغتگی ۔

Bifidly : (adv) شگاف دار کے طور پر: دولختہ طریقہ پر ۔

Bifilar : (a) جس میں دو دھاگے ھوں : خاص کر وہ آلہ جو چھوٹی ڈوری ، زاویہ یا طاقت ناپنے کے لئے ھوتا ھے ۔

Bifistular : (a) دو نلکی : دونلکیوں والا ۔

Biflorous / Biflorate : (a) [L."biflorus+-ous"] دو پھولوں یا دو شگوفے والا : دوگلا ۔

Bifocal : (a) (طبیعیات) دو فوکسی : دو ماسکی ۔

Bifocal lens : (n) (طبیعیات) دو فوکسی لینز ۔

Bifold : (a) دوھرا : دوگنا ۔

Bifoliate / Bifoliolate : دو پتیا : دو برگہ : دو برگچوی ۔

Biforate : (a) دو سوراخوں والا : دو سوراخہ : دو درہ ۔

Biforine : (n) [L."biforis"+-INE] (نباتیات) ایک بیضہ نما تھیلی جو کچھ پتیوں کے گودہ دار حصوں میں ھوتی ھے اور دونوں طرف کے سوراخ سے مادہ خارج کرتی ھے ۔

Biforked : (a) دو شاخہ : دوچٹیا (چوٹیوں والا) ۔

Biform / Biformed : (a) [L."biformis"] دو شکل رکھنےوالا : دو شکلا : دو شکلوں میں ظاھر ھونے والا ۔

Biformity : (n) دو شکلا پن ۔

Bifront : (a) [L."bifrontem"] دو روپ رکھنے والا : دو رخا ۔

Bifronted : (a) دو روپ میں بنایا ھوا ۔

Bifurcate : (v) [L."bifurcatus"] دو حصوں میں بانٹنا : دو پارہ کرنا : دو پھانٹ کرنا یا ھونا : دو شاخہ کرنا یا ھونا : (حیوانیات) دو زواجی ۔

Bifurcate : (a) (نباتیات) دو شاخہ : دو سنگھا ۔

Bifurcation : (n) دو حصوں میں تقسیم : دو شاخی تقسیم : نقطہ٭ تقسیم : دوشاخی تقسیم میں دو شاخوں میں سے ایک شاخ ۔

Big : (a) [ME."big. bigg. bigge"] (۱) بڑا : کلاں : بزرگ ۔
(۲) بڑی یا بڑا (عمر کا) ۔ (۳) بڑے رتبے کا :

ذی رتبہ ' سربرآوردہ : ممتاز ۔
(٤) رکن رکین ' سرگروہ : مکھیا ۔
(٥) (شیخی) کا ۔ (٦) حاملہ ۔ (٧) زور ؛ بلند ۔
(٨) بھرا ھوا ۔ (٩) بدنام : بد ۔

Big bellied : (a) فربہ ' حاملہ ۔

Big board : (n) (تجارت) بگ بورڈ (نیو یارک اسٹاک اکسچینج) ۔

Big dog : (n) ایک قسم کا پہرہ دار کتا ' نگراں (مجازاً) ۔

Big drum : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Big game : (n) بڑے جانوروں کا شکار جس میں کچھ خطرہ بھی ھو ۔

Big gun : (n) ممتاز آدمی ۔

Big head : (n) (١) غرور ' خود نمائی ۔
(٢) جانوروں کی بیماری ۔

Big horn : (n) پہاڑی بھیڑ ۔

Big house : (n) (١) کسی علاقے کا بڑا مکان یا اس علاقے کے سب سے بڑے آدمی کا مکان ۔
(٢) جیل : قید خانہ ۔

Big idea : (n) مقصد : ارادہ ۔

Big name : (a) مشہور ۔

Big noise : (n) (عامیانہ) بڑا آدمی ۔

Big shot : (n) بڑا آدمی ۔

Big sister : (n) (١) بڑی بہن ۔ (٢) بڑی بہن کی طرح ۔

Big stick : (n) (١) دبا دینے والی قوت ۔
(٢) (عامیانہ) لمبی سیڑھی ۔

Big stick diplomacy : (n) (تاریخ و سیاسیات) ڈنڈے کی ڈپلو میسی ؛ لاٹھی کی ڈپلومیسی ۔

Big talk : (n) شیخی : لمبی لمبی بات ۔

Big thing : (n) کوئی اھم یا عام استعمال میں آنے والی چیز ۔

Big ticket line : (تجارت) قیمتی اشیاء لائن ۔

Big time : (a) اعلیٰ اول درجہ کا ۔

Big time : (n) کسی پیشہ میں سب سے اونچا مرتبہ ۔

Big timer : (n) جس کو اولیت یا فضیلت حاصل ھو ۔

Big trees : (n) ایک قسم کا سدا بہار درخت جس کی لمبائی ٣٠٠ فٹ ھوتی ھے اور تنے کا گھیرا ٣٠ فٹ ھوتاھے ۔

Big-wig : (n) اعلیٰ رتبہ شخص : معزز شخص ' بڑا آدمی ۔

Biga : (n) [L.] (قدیم روم) دو گھوڑوں والا رتھ ۔

Bigamist : (n) [See BIGAMY] : دو زوج والا ' دو جورو والا ؛ دو شوھر والی (دو خصمی عورت) ۔

Bigamous : (a) [L."bigamus"] دو شوھر یا دو بیوی رکھنے کا (جرم) ؛ (حیوانیات) دو زوجی ' (سماجیات) دو زوجیت والا ۔

Bigamously : (adv) دو شوھر یا دو بیوی رکھتے ھونے ۔

Bigamy : (n) [F."bigamie"] ایک ساتھ دو شوھروں یا دو بیویو ں کا رکھنا ' دو زوجی ۔ (٢) کسی بیوہ یا رانڈ سے شادی یا اس کی شادی ؛ (سماجیات) رسم دو زوجیت ۔
(٣) (کیتھولک) کسی بھی پادری کے شادی کرنے کا جرم ۔

Bigarreau/-roon : (n) [F."bigarre"] بڑا سفید شاہ دانہ /گیلس جس کا ایک پہلو زرد اور دوسرا لال ھوتا ھے ۔

Bigdaisy : (n) ایک قسم کا ڈیزی پھول ۔

Bigeminal : (a) دو جوزہ ' دو جوزوں کی ترتیب سے ۔

Bigeminate : (a) دو جوزہ ' دو جوزوں کی ترتیب سے ۔

Bigeminated : (a) (نباتیات) دو جفتہ ؛ (معدنیات) دو قلمہ ۔

Bigener : (n) [L."bi - + gener"] دو جنسہ ۔

Bigential : (a) دو نسلہ ۔

Bigg / Big : (n) [ON."bygg"] تعمیر کرنا : بنانا ۔

Bigger : (a) — Comparative کا Big

Biggety / Biggity : (a) [f."BIG] — مغرور ؛ بدتمیز؛ دیدہ دلیر ۔

Biggie/-gy : (n) — بڑا آدمی ۔

Biggin : (n) [F."beguin"] — (۱) بچوں کی ٹوپی ؛ (مجازاً) بچپن ۔ (۲) کلاھك ؛ سرجنٹ کا سفید کنٹوپ ۔

Bigging : (n) [f. inventor's name] — ایك قسم کا کافی دان ۔

Biggish : (a) — کچھ بڑا ؛ قدرے بڑا ؛ نسبتاً بڑا۔

Biggonet : (n) — عورتوں کی ٹوپی یا سرپوش ۔

Bight : (n) [OTeut. "buhti-z" — (۱) جھکاؤ ؛ موڑ یا زاویہ (کسی انسانی یا حیوانی جسم کا) ؛ کونا؛ گوشہ ۔ (۲) رسی کا حلقہ ۔ (۳) (ارضیات) کھاڑی ؛ خلیج ؛ خلیج نما حصے/ٹکڑے ؛ پیچ و خم ؛ کشادہ خلیج ۔

Biglandular : (a) — دو گلٹیوں والا ۔

Bigly : (adv) — (۱) زور سے ؛ شیخی سے ؛ نخوت سے ؛ خود نمائی سے ۔ (۲) بڑے پیمانہ پر ؛ جامع طور پر۔

Bigman : (n) — نشہ آور اشیاء کا غیر قانونی کاروبار کرنے والے گروہ کا سرغنہ ۔

Bigmouth : (n) — (۱) ایك قسم کی مچھلی جس کا منہ بڑا ھوتا ھے ۔ (۲) باتونی ؛ زبان دراز۔

Bigness : (n) — (۱) بزرگی ؛ بڑا پن ؛ تنومندی ؛ وسیع النظری۔

Bignonia : (n) — لت دار پودوں کی ایك جنس جس کے نمائشی تری نما پھول ھوتے ھیں ۔

Bignoniaceae : (n) — درختوں ، جھاڑیوں ، اور بیل دار پودوں کا خاندان جس میں نمائشی تری نما پھول ھوتے ھیں ۔

Bignoniaceous : (a) — لت دار پودوں کی جنس سے متعلق یا اس کی مانند۔

Bignonial : (a) — لت دار پودوں کی جنس سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Bigot : (n) [Fr.] — (۱) متعصب شخص ۔ (۲) کٹر آدمی ۔

Bigoted : (a) — کٹر ؛ متعصب ۔

Bigotedly : (adv) — متعصبانہ طور پر ؛ کٹر پن سے ۔

Bigotically : (adv) — متعصبانہ طور پر ؛ کٹر پن سے۔

Bigotry : (n) [F. "bigoterie"] — تعصب ؛ کٹر پن؛ تقدس خشك ؛ (تاریخ) عصبیت۔

Bigwiggedness : (n) — اعزاز اعلیٰ رتبہ ۔

Bigwiggery : (n) — خود خواھی ؛ تکبر۔

Bigwiggism : (n) — منصبی اھمیت کی نمائش ۔

Biharmonic : (a) — (ریاضی) دو ھارمون ۔

Bihourly : (adv.&a) — گھنٹے میں دوبار ۔

Bijou : (n) [Fr.] — جواھرات ؛ بہت معمولی زیور ؛ فنکار کا نفیس نمونہ ؛ چھوٹی نفیس شئے۔

Bijouterie : (n) — (۱) کم قیمت جواھرات یا معمولی زیورات کا مجموعہ ۔ (۲) اچھا طرز بیان ۔

Bijugate : (a) — (۱) دو جفتہ ۔ (۲) ایك سکہ میں دوسروں کا آمنے سامنے یا ایك دوسرے پر ھونا ۔

Bike : (n) — (۱) جنگلی مکھیوں کا چھتہ ۔ (۲) آدمیوں کا مجمع ۔

Bike : (n) [abbrev. of BICYCLE] — بائیسکل کا مخفف ۔

Bikh : (n) [Skr. "visha"] — (۱) زھر جو بعض پودوں سے نکالا جاتا ھے ۔ (۲) وہ پودا یا اس کی جڑ جس سے زھر نکلتا ھے ۔

Bikini : (n) [Fr. "Bikini"] — (۱) عورتوں کے غسل کا لباس جو بہت چھوٹا اور دوھی حصوں میں ھوتا ھے ۔ (۲) مارشل آئی لینڈ میں وہ حلقہ نما مرجانی چٹان جس پر ۱۹۴٦ء میں ایٹم بم کا تجربہ کیا گیا تھا ۔

Bilabial/Bilabiate : (a) — دولبی ؛ دولبہ ؛ دولبوں والا ۔

Bilabial spirant : (n) — (لسانیات) دولبی صفریر۔

Bilabial stop : (n) — (لسانیات) دولبی بندشیہ ۔

Bilabio-dental : (n) — (لسانیات) دو لب دنتی ۔

Bilaciniate : (a) دوھری تاش دار پتیاں ۔

Bilamellar/ Bilamellate/ Bilamellated : (a) دو پترا ۔

Bilaminar/ Bilaminate/ Bilâminated : (a) دو پترا ۔

Bilander : (n) [Du. "bijlander"] چھوٹا دو مستولوں والا تجارتی جہاز ۔

Bilateral : (a) (١) دو طرفہ ؛ دو رخا ؛ دو رویا ؛ دو فریقی ۔ (٢) (قانون) دو طرفین کا یا ان سے متعلق ؛ (حیوانیات) دو جانبی ۔

Bilateral agreement : (n) (تجارت) دو طرفہ معاھدہ/ اقرار نامہ ۔

Bilateral balancing : (n) (تجارت) دو طرفہ توازن ۔

Bilateral barb : (n) (تاریخ ، اثریات) دو شاخہ تیر ۔

Bilateral contract : (n) دو طرفہ معاھدہ ۔

Bilateral family system : (سماجیات) دو طرفہ خاندانی نظام ۔

Bilateral flow : (n) (تجارت) دو طرفہ لین دین ؛ دو طرفی ۔

Bilateral monopoly : (n) (تجارت) دو طرفہ اجارہ داری ۔

Bilateral opposition : (n) (لسانیات) دو وصفی تضاد ۔

Bilateral surface : (n) (ریاضی) دو جانبی کنارہ ۔

Bilateral symmetry : (n) (ریاضی) دو جانبی تشاکل ۔

Bilateral trade : (n) =(Bilateralism) (تجارت) دو طرفہ تجارت ۔

Bilateral treaty : (n) (تاریخ و سیاسیات) دو فریقی معاھدہ ۔

Bilateralism/ Bilaterality : (n) دو طرفی حالت ؛ دو ملکوں سے تجارت بڑھانے کا کام؛ (ریاضی) دو جانبیت ۔

Bilaterally : (adv) دونوں طرف ؛ دو رخے طور پر؛ دو روئی سے ۔

Bilateralness : (n) دو طرفی حالت ۔

Bilateria : (a&n) [L. "bi+later,-ia"] (حیوانیات) دو جانبیہ ۔

Bilberry/Billberry : (n) [Da."bollebaer."] ایک قسم کی سخت چھال والی جھاڑی جو شمالی یورپ کے پہاڑوں میں ھوتی ھے ؛ بلبیری ۔

Bilberrying : (v) بلبیری جمع کرنا/چننا ۔

Bilbo : (n) [F. Bilbao in Spain] (١) پختہ فولاد کی تلوار ۔ (٢) دھونسیا کی تلوار کا مزاحیہ نام ۔

Bilbo : (n) قیدیوں کی بیڑی ۔

Bilboquet : (n) [OFr. "bille-boquet"] ایک قسم کا کھیل اور اس میں کھیلا جانے والا کھلونا ۔

Bilcock : (n) ایک قسم کا بحری پرندہ/ چڑیا ۔

Bile : (n) [L. "bilis"] (١) پت ؛ زرد آب ؛ صفرا ۔ (٢) (مجازا) چڑ چڑا پن ؛ تنک مزاج ؛ غصہ ۔

Black bile : سودا ۔

Bile acid : (n) (کیمیا) بائل ایسڈ ۔

Bile duct : (n) (حیوانیات) پت نالی ۔

Bile salts : (n) صفرا نمک ۔

Bilge : (n) [OF. "boulge"] (١) جہاز کی تہ کا افقی حصہ ۔ (٢) کوڑا کچرا جو جہاز کی تہ میں جم جاتا ھے ؛ پیپا وغیرہ کا پیٹ ۔ (٣) گندہ پانی جو جہاز کی تہ میں جمع ھو جاتا ھے ۔(٤) (عامیانہ) مہمل ؛ کوڑا ؛ واھیات خرافات ۔

Bilge : (v) (١) جہاز میں سوراخ کرنا یا ھونا۔ (٢) پھولنا ؛ پھلانا ۔(٣) جہاز کے پیندے کا شق ھو جانا ۔ (٤) استعفیٰ دینا (ناکامی کی وجہ سے خود سے یا جبراً) ۔

Bilge free : (a) (پیپا) اس طرح رکھا ھو کہ اس کا پیندا زمین سے نہ لگے ۔

Bilge-keel : (n) جہاز کی تہ کا نچلا شہتیر جو جہاز کو کنارے پر سیدھا کھڑا رکھے اور سمندر میں جھولنے سے روکے ۔

Bilge piece : (n) دیکھو Bilge-keel

Bilgc pump : (n) وہ پمپ جس کے ذریعہ جہاز کے اندر جمع ہوا پانی نکالا جائے ۔

Bilge water : (n) جہاز کے پیندے میں جمع ہونے والا گندا پانی ۔

Bilge ways : (n) جہاز کا گہوارہ جو جہاز کے پیندے میں ہوتا ھے اور جس سے جہاز پانی میں اتارتے ھیں ۔

Bilged : (a) چوڑے پیندے کا ۔

Bilgy : (a) پیندے والا ۔

Bili- : جزو ترکیبی بمعنی 'پت' ۔

Biliary : (a) صفراوی ۔

Biliation : (n) پت کا جمع ہونا ۔

Biliferous : (a) صفرا پیدا کرنے والا ۔

Bilimbi : (n) [Tamil] (۱) ایک ہندوستانی درخت جس کا عرق جلدی امراض میں کام آتا ھے ۔ (۲) اس درخت کا پھل ۔

Bilin : (n) ایک رس دار ہلکا زرد مادہ جو پہلے صفرا کا خاص جزو سمجھا جاتا تھا ۔

Bilinear : (a) دو خطوط مستقیم کا یا ان سے متعلق : (ریاضی) دو خطی ۔

Biliner form : (n) (ریاضی) دو خطی صورت ۔

Biliner quantic : (n) (ریاضی) دو خطی کثیر درجی ۔

Bilingual : (a) [L."bilinguis"+ -AL] دو زبانی ؛ دو زبان ؛ دو زبانوں میں ؛ دو زبان بولنے والا ؛ ذو لسانین ۔

Bilingual dictionary : (n) (لسانیات) دو زبانی لغت ۔

Bilingual inscription : (n) (تاریخ) دو لسانی کتبہ ۔

Bilingually : (adv) دو زبانوں کے اعتبار / لحاظ سے ۔

Bilinguar : (n) دو زبانوں کا ماہر ۔

Bilinguist : (n) دو زبان بولنے والا ۔

Bilinguous : (a) دو زبان کا ماہر ۔

Bilious : (a) [L."biliosus"] (۱) صفراوی : مولد صفرا : صفرا کی زیادتی یا خرابی سے پیدا شدہ مرض ۔ (۲) چڑ چڑا ؛ ترش رو ؛ بد مزاج ۔

Biligously : (adv) چڑچڑا پن سے ؛ بد مزاجی سے ؛ ترش روئی سے ۔

Biliousness : (n) چڑچڑا پن : صفراویت ؛ جی متلانا ؛ متلی ۔

Biliteral : (a) دو حرفی ؛ دو حرفی مادہ ۔

Biliteralism : (n) کسی زبان میں دو حرفی مادوں کا ہونا ۔

Bilk : (n) (۱) تاش کے ایک کھیل میں حریف کو دھوکا دیکر اسکا کھیل بگاڑ دینا ۔ (۲) دھوکا ۔ (۳) دھوکے باز ؛ وہ شخص جو تاش بازی میں دھوکا دیتا ھے ۔

Bilk : (v) (۱) دغا دینا ؛ قرضہ نہ ادا کرنا ؛ جُل دینا ؛ دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ۔ (۲) تاش کے کھیل میں دھوکا دینا ۔ (۳) روکنا ؛ مایوس کرنا ۔ (٤) چپ چاپ نکل بھاگنا ۔

Bill : (n) [OTeut."biljo"] (۱) پرانے زمانے کا ایک برچھی کی طرح کا ہتھیار ۔ (۲) کٹار جو لکڑی کاٹنے وغیرہ میں استعمال ہوتا ھے ۔

Bill : (n) [OTeut."bili"-, same root as prec.] (۱) چونچ ؛ منقار ؛ ٹھوتھنی ۔ (۲) پلے ٹیپس کی ٹھوتھنی ۔ (۳) تنگ راس ؛ زمین کا سمندر میں پتلا نوکیلا حصہ ۔ (٤) لنگر کے پھل کی نوک ۔ (٥) قینچی کا ایک پھل ۔ (٦) ٹوپی کا نکلا ہوا چھجہ ۔

Bill : (n) [ME."bille"] (۱) مسودہ قانون ۔ (۲) پیش نامہ (پروگرام) ۔ (۳) عرضی دعویٰ ۔ (٤) فرد حساب ۔ (٥) وہ اشتہار جو چسپاں کئے جائیں ؛ دستی اشتہار ۔ (٦) ہنڈی ۔ (۷) (جہاز رانی) ان لوگوں کی فہرست جنکے سپرد کام کیا جائے ۔ (۸) کاغذی سکہ ۔ (۹) (ٹائپ) ایک ھی سائز اور ایک ھی طرح کے حرفوں کی فہرست ۔

At-sight bill : درشتی ہنڈی ۔

Accepted bill : (تجارت) منظور شدہ بل ؛ منظور شدہ ھنڈی ۔

Accommodation bill : (تجارت) مددگاری بل ۔

After sight bill : مدتی ھنڈی ۔

Bankable bill : (تجارت) قابل مبادلہ بل ؛ بینک قبولی بل ۔

Bankers bill : (تجارت) بینک بل (بینکر بل) ۔

Blank bill : (تجارت) کوری ھنڈی ؛ سادہ بل ؛ سادی ھنڈی ؛ کورا بل ۔

Clean bill : (تجارت) صاف بل ۔

Continental bill : (تجارت) یورپی بل ۔

Credit bill : (تجارت) قرضہ جاتی بل ۔

Currency bill : (تجارت) بل کی میعاد ؛ ادائی بل ۔

Demand bill : (تجارت) مانگ بل ؛ طلب بل ؛ مطالبہ بل ۔

Discharge of bill : (تجارت) ادائیگی بل ۔

Discharged bill : (تجارت) چکایا بل ؛ ادا شدہ بل ۔

Discounted bill : بٹہ کٹی ھنڈی ۔

Documentary bill : (تجارت) دستاویزی بل ۔

Domestic bill : (تجارت) ملکی بل ؛ دیسی بل ۔

Domiciled bill : (تجارت) سکونتی بل ۔

Endorsee of bill : ھنڈی کا تصدیق یاب ۔

Endorsement of bill : تصدیق ھنڈی ۔

Endorser of bill : ھنڈی کا تصدیق کنندہ ۔

Finance bill : (تجارت) مالیاتی بل ۔

Foreign bill : (تجارت) غیر ملکی بل ۔

Gilt-edged bill : (تجارت) زریں بل ؛ طلائی بل ۔

Inland bill : =(domestic bill) (تجارت) ملکی بل ۔

Investment bill : (تجارت) راس المال بل ۔

Long bill : (تجارت) طویل المدت بل ۔

Medical bill (mercantile) : (انتظامیہ) طبی بل ؛ معالجہ بل ۔

Non-mercantile bill : (تجارت) غیر تجارتی بل ۔

On demand bill : عندالطلب ھنڈی ۔

Overdue bill : (تجارت) مدت تمام بل ۔

Pay bill : (انتظامیہ) تنخواہ بل ۔

Payable bill : ادا طلب ھنڈی ۔

Prime bill : (تجارت) اوّل بل ۔

Realised bill : (تجارت) وصول شدہ بل ۔

Receivable bill : قابل وصول ھنڈی ؛ بھگتان جوگ ھنڈی ۔

Refused bill : انکاری ھنڈی ۔

Renewal of bill : (تجارت) تجدید بل ۔

Retirement of bill : (تجارت) بل کا پیشگی بھگتان ۔

Skeleton bill : مساوی ھنڈی ۔

Sola bill : (تجارت) واحد بل ۔

Tenor of bill : (تجارت) بل کی مدت ؛ میعاد بل ۔

Term of bill (تجارت)دیکھو Tenor of bill

Time of bill : (تجارت) میعادی بل ۔

To bearer bill : حاملی ھنڈی ؛ دھن جوگ ھنڈی ۔

To order bill : حکم جوگ ھنڈی ؛ حکمی ھنڈی ۔

Treasury bill : (تجارت) خزانہ کی ھنڈی ؛ سرکاری بل ۔

To find a true bill : فوجی عدالت میر اعلی جیوری کی یہ رائے کہ مقدمہ میں کافی شہادت ھے یا نہیں تاکہ مقدمہ جج یا عام جیوری کے سامنے پیش کیا جائے ۔

Bill : (v) کدارسے کام کرنا ؛ زمین کھودنا یا کاٹنا ۔

Bill : (v) چونچ سے چونچ ملانا ؛ پیار کرنا ؛ اختلاط کرنا ؛ چونچ سے پکڑنا یا اٹھانا ۔

Bill : (v) اشتہار دینا ؛ اعلان کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ اشتہار چسپاں کرنا ؛ اشتہاروں سے بھر دینا ؛ پیش نامے (پروگرام) میں پیش کرنا ۔

Billage : (n) [var. of Bilge] Bilge کا متبادل ۔

Bill and note broker : (تجارت) بل اور نوٹ دلال ۔

Bill backing : (n) (تجارت) پشتی بل ۔

Bill board : (n) (۱) (تجارت) بل بورڈ ۔ (۲) وہ تختہ جس پر لنگر کے پھل کی نوک رکھی ھوتی ھے ۔ (۳) اشتہاروں کو چسپاں کرنے کا طریقہ ۔ (٤) ٹیلی ویژن یا ریڈیو کے پروگرام کا اعلان جس میں ستاروں اور اداکاروں کے نام یا خاص مضمون بتائے جائیں ۔

Bill broker : (n) (تجارت) بل دلال ؛ ھنڈی دلال ۔

Bill clerk : (n) (انتظامیہ) بل کلرک ۔

Bill counter : (n) (انتظامیہ) بل کاؤنٹر۔

Bill diary : (n) تجارت) بل ڈائری۔

Bill discounter : (n) ھنڈی دلال ۔

Bill fish : (n) شمالی امریکہ کی ایک مچھلی ؛ چڑیوں کی چونچ کی طرح منہ رکھنے والی مچھلیاں ۔

Bill fold : (n) نوٹ رکھنے کا بٹوہ ۔

Bill for acceptance : سکارنی ھنڈی ؛ مسودہ قبولیت ۔

Bill for collection : (تجارت) اگاھی بل ؛ تحصیلی بل ۔

Bill head : (n) کاغذ جس کے سر پر تاجر کا نام لکھا ھو ۔

Bill -hook : (n) کاٹنے کا آلہ (چوب تراش) جس کا سرا خمدار ھوتا ھے ۔

Bill in suspence : زیر التوا بل ۔

Bill journal : (n) (تجارت) بل جنرل ؛ بل بہی ۔

Bill market : (n) (تجارت) بل بازار ۔

Bill of Attainder : (تاریخ) بل آف اٹینڈر (یہ بل پہلی مرتبہ برطانوی پارلیامنٹ میں ۱٤٥۹ء میں پیش کیا گیاجس کے تحت کسی شخص کو بغیر کسی عدالتی تحقیقات (Judicialtrial) کے حراست میں رکھا جا سکتا ھے)۔

Bill of costs : (تجارت) زر مصارف / لاگت۔

Bill of credit : (تجارت) سرکاری نوٹ (صرف امریکہ میں) ؛ ساکھ نامہ ۔

Bill of entry : (انتظامیہ) درآمد بل ؛ (تجارت) داخلہ بل ۔

Bill of entry for bond : (تجارت) بانڈ کے لئے داخلہ بل ۔

Bill of entry for home consumption : (تجارت) اندرونی مصارف کے لئے داخلہ بل ۔

Bill of exchange : (انتظامیہ) مبادلہ ھنڈی ؛ بل آف اکسچینج (تجارت) مبادلہ بل ۔

Bill of fare : (۱) کسی دعوت میں کھانے کی چیزوں کی فہرست ۔ (۲) کسی ریستوراں میں کھانے کی چیزوں کی قیمت کی فہرست ۔ (۳) (مجازاً) پروگرام ۔

Bill of health : (تاریخ) صحت کا بل ۔

Bill of Human Rights : (تاریخ) حقوق انسانی کا بل ۔

Bill of lading : (انتظامیہ) جہاز کے مال کی بلٹی ؛ بل آف لیڈنگ ؛ بار نامہ جہاز ؛ (تاریخ)جہازی لدان کا بل ؛ (تجارت)جہازی بلٹی ؛ لدان بل ؛ لدان پرچہ ؛ بار نامہ ۔

Certified bill of lading : (تجارت) تصدیق شدہ جہازی بلٹی ۔

Clean / clear bill of lading : (تجارت) مصفی جہازی بلٹی ۔

Order-notify bill of lading : (تجارت)جہازی بلٹی حسب ھدایت ۔

Straight bill of lading : (تجارت) سیدھی جہازی بلٹی ۔

Bill of materials : (تجارت) سامان بل ۔

Bill of payment : (انتظامیہ) بیجک : ادائگی بل ۔

Bill of Rights : (برطانوی تاریخ) پیش نامہ حقوق ۱۶۸۹ ء

Bill of sale : (تجارت) بکری بل : فروخت بل : کفالت نامہ ۔

Bill of sight : کسٹم افسروں کا اجازت نامہ مال اتارنے کے لئے (جہاز سے) بغرض معائنہ ۔

Bill of store : چنگی خانہ کی طرف سے وہ لائسنس جس کے ذریعہ کوئی جہاز بغیر چنگی سفر کے ذخیرہ لے جا سکتا ہے ۔

Bill payable : (n) (تجارت) بل واجب الادا ۔

Bill payable book : (تجارت) بل واجب الادا بہی ۔

Bill payable on demand : (تجارت) عندالطلب : واجب الادا بل ۔

Bill pay order : (n) (تجارت) بل کی ادائیگی کا حکم ۔

Bill poster : (n) اشتہار چسپاں کرنے والا ۔

Bill rate : (n) (تجارت و معاشیات) بل کی شرح ۔

Bill receivable : (n) (تجارت) بل واجب الوصولی ۔

Bill receivable book : (تجارت) بل واجب الوصولی بہی ۔

Bill register : (n) (تجارت) بل رجسٹر ۔

Bill sticker : (n) اشتہار چسپاں کرنے والا ۔

Billbergia / Bilergia : (n) جنوبی امریکہ کے طفیلی درخت کی ایک قسم ۔

Billed : (a) نوک دار : منقاردار : نوکیلا : منقاری ۔

Billed order : (n) (تجارت) بل شدہ آرڈر ۔

Billed to appear : پیش نامہ میں داخل : مشتہر : اعلان شدہ ۔

Billed weight : (n) (تجارت) بل اندراج وزن ۔

Billet : (n) [ME. and AF."billette "] (۱) پروانہ : چٹھی ۔ (۲) سپاہیوں کے ٹھہرانے کا حکم ۔ (۳) سپاہیوں کی قیام گاہ ۔ (٤) منزل مقصود ۔ (٥) (مجازاً) ملازمت : خدمت ۔

Every bullet has its billet : بے حکم قضا گولی نہیں لگتی ۔

Billet : (n) [F."billette"] (۱) سیخ : سلاخ : ڈنڈی ۔ (۲) ایندھن کی لکڑی کا کندا ۔ (۳) کارنس وغیرہ کی آرائش جس کی شکل استوانے کی طرح ہوتی ہے ۔ (٤) ایک موٹی چھڑی جو مارنے پیٹنے کے کام آتی ہے ۔ (٥) کھڑے مستطیل کی طرح کا مارکہ ۔ (٦) وہ تسمہ جو بکلس میں لگا رہتا ہے ۔ (۷) وہ حلقہ جس میں بکلس لگے تسمے کا سرا ہو ۔ (۸) (جمع میں) لومڑی کا فضلہ ۔

Billet : (n) ایک سالہ سیاہ مچھلی ۔

Billet : (v) (۱) فہرست میں شامل کرنا : فہرست بنانا ۔ (۲) فوجیوں کی قیام گاہ مقرر کرنا : رہنا : ٹھہرنا ۔

Billet-doux : (n) [Fr.] محبت نامہ ' عشقیہ نامہ ۔

Billet head : (n) لکڑی کا گول ٹکڑا جو وہیل مچھلی پکڑنے کی کشتی میں لگا رہتا ہے اور جس کے گرد برچھی کی ڈور لگی رہتی ہے ۔

Billet master : (n) سپاہیوں کی قیام گاہ کا مہتمم ۔

Billet moulding : (n) (۱) ایندھن کی لکڑی کا کندہ ۔ (۲) ہتھیار کے طورپر استعمال ہونے والی موٹی چھڑی ۔ (۲) دھات کی چھوٹی چھڑی ۔

Billete/-ette/-etty : (n) [F. f. "billet"] وہ سپر جس پر کھڑے مستطیل کی شکلیں بنی ہوئی ہوں ۔

Billiards / Billiads : (n) (۱) بلیرڈ : انٹا ۔ (۲) تمباکو پینے کا پائپ ۔

Billiard ball : (n) بلیرڈ کی گیند ۔

Billiard cloth : (n) وہ سبز کپڑہ جو بلیرڈ کے ٹیبل پر بچھایا جاتا ہے ۔

Billiard marker : (n) بلیرڈ کے کھیل میں ہارجیت کا حساب

رکھنے والا۔

Billiard table : (n) وہ میز جس پر بلیرڈ کھیل کھیلا جاتا ھے۔

Billing : (n) بل بنانا : بل تیار کرنا۔

Billingsgate : (n) [f."Billing"personal name] (۱) گالی گلوچ : گالی گفتار۔ (۲) شہر لندن کا ایک پھاٹک جس کےنزدیک ایک مچھلی بازار ھے اور جہاں اکثر گالی گلوچ ھوتی رھتی ھے۔

Billion : (n) [F."billion"] (۱) (انگلستان) دس کھرب۔ (۲) (امریکہ) ایک ارب۔

Billionaire : (n) ارب پتی : کھرب پتی۔

Billionth : (n) دس کھربواں حصہ۔

Billman : (n) (۱) وہ سپاھی یا پاسبان جو کتارسے مسلح ھو۔ (۲) ایک مزدور جوکتارسے مسلح ھو۔

Billon : (n) [Fr.] سونا یا چاندی جس میں تانبا، ٹن یا دوسری کم قیمت دھات کی غالب آمیزش ھو۔

Billot : (n) [F."billot"] سونے چاندی کی سلاخیں مسکوک ھونے سے قبل۔

Billow : (n) [ON."bylgja"] (۱) بڑی موج۔ (۲) سمندر (شعر)۔ (۳) کوئی شئے جو لہر کی طرح چلتی ھو (جیسے آواز یا موج)۔

Billow : (v) ھلکورے لینا : موج مارنا : لہرانا۔

Billowy : (a) موّاج : پرموج۔

Bills : (n) ھنڈیاں۔

Billy : (n) [Billy, for Willie, pet form William] (۱) ڈاکو کا ڈنڈا : پولیس کا ڈنڈا۔ (۲) اون کی پونی بنانے کی مشین۔ (۳) (آسٹریلیا) ٹین کا ڈبہ جو کیتلی کے طور پر استعمال ھوتا ھے۔

Billy - goat : (n) بکرا۔

Billyboy : (n) ایک مستول کا بجرا (کشتی)۔

Billycock : (n) [f. name of William Coke for whom it was made] نمدہ کی (گول چندوے والی) سخت ٹوپی : بولر ھیٹ۔

Bilobate / Bilobated / Bilobed : (a) دو لو والا۔

Biloboular : (a) دو چھوٹے لو والا یا دو چھوٹے لو میں منقسم۔

Bilocation : (n) وہ حالت یا طاقت جس میں ایک ھی انسان بہ یک وقت دو جگہ ھوتا ھے۔

Bilocellate : (a) دو باریک خلیوں والا۔

Bilocular : (a) دو خلیوں والا یا دوخلیوں میں منقسم۔

Biloquial : (a) دو مختلف زبانوں کے بولنے والوں سے متعلق۔

Biloquist : (n) دو مختلف آواز میں بولنے والا۔

Biltong : (n) [S. Afr. Du. "bil"(buttock) + "tong" (tongue)]

دیکھو Bell Tongue

Bim : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) بد کار عورت۔

Bimaculate / Bimaculated : (a) دو داغ رکھنے والا۔

Bimana : (n) [L. "bimanus"] دو دستہ جانور : انسان۔

Bimanal : (a) دو دستہ : دو ھتھا۔

Bimane : (n) دو ھتھا جانور۔

Bimanous : (a) دو دستہ : دو ھتھا۔

Bimanual : (a) دونوں ھاتھوں سےکیا جانے والا (کام وغیرہ)۔

Bimarginate : (a) دو حاشیہ والا : دو سنجافی۔

Bimbo : (n) (عامیانہ) مرد : عورت۔

Bimedial : دو وسطی خطوں کا جوڑ یا مجموعہ۔

Bimembral : (a) دو جھلیوں والا۔

Bimestrial : (a) دو ماھی : دو ماہ میں ایک بار واقع ھونے والا۔

Bimetallic : (a) [F."bimetallique"] (۱) دو دھاتوں والا : دو دھاتی : سکوں کے لئے دو دھات کے استعمال کا یا اسی سے متعلق ۔ (۲) (آفسٹ چھپائی میں) دو دھات کی سطح جس میں سے ایک چکنائی قبول کرتی ھے دوسری نہیں ۔

Bimetallic electrode : (n) (کیمیا ، طبیعیات) دو دھاتی الیکٹروڈ ۔

Bimetallic element : (n) (کیمیا) دو دھاتی تپنی ۔

Bimetallic issue : (n) (تجارت و معاشیات) دو دھاتی زر ۔

Bimetallic policy : (n) دو دھاتی مسلک ۔

Bimetallism : (n) دو دھاتی اصول یعنی یہ کہ سونے اور چاندی کے سکوں کا رواج ھونا چاھئیے ؛ ذو فلزیت : (معاشیات) دو دھاتیت ۔

Bimetallist : (n) دو دھاتی اصول کا حامی ؛ حامیٔ ذوفلزیت ۔

Bimillenary : (a) (۱) دو ھزار سے متعلق یا دو ھزار کا۔ (۲) دو ھزار سال کا وقفہ ۔

Bimillionaire : (n) بیس لکھا ۔

Bimodal : (a) (طبیعیات) دوصوری ؛ دو بھولك ۔

Bimodal distribution : (n) (طبیعیات) دو صوری تقسیم ؛ (شماریات) دو بھتاتی بناؤ ؛ ثنائی بناؤ ۔

Bimodular : (a) دو شماریاتی معیار کا ۔

Bimodulus : (n) (۱) Logarithm کےسلسلہ کے معیار کا دوگنا ۔ (۲) دو شماریاتی معیار رکھنے والا ۔

Bimolecular : (a) (طبیعیات) دو مولی کولی ؛ (کیمیا) دو مالیکولی ۔

Bimolecular reaction : (n) دو سالمی تعامل ۔

Bimonthly : (a) مھینے میں دو بار : دو ماہ میں ایك بار ۔

Bimuscular : (a) دو عضلاتی ؛ دوپٹھوں کا ۔

Bin : (n) [OE."binn (e)"] (۱) ٹوکری ، جگہ یا پیپا جس میں غلہ ، پھل ، کوئلہ وغیرہ رکھتے ھیں ۔ (۲) شراب کی بوتل رکھنےکا خانہ دار بکس ؛ کسی خاص بکس کی شراب ۔

Bin : (v) کسی بکس میں جمع کرنا (خاص کر شراب کی بوتل) ۔

Bin- : (Pref.) سابقہ ، اکثر Bi کی جگہ استعمال ھوتا ھے جب پہلا لفظ حرف علت سے شروع ھوتا ھے ۔

Binal : (a) [L. " binalis"] دوھرا ؛ دگنا ؛ جوڑے دار ۔

Binary : (a & n) [L. "binarius"] دھرا ؛ جوڑے دار ' دگنا ' (فلکیات) دو تارہ ؛ (حیوانیات) دوبارگی ' (ریاضی) دوگانہ ؛ (کیمیا) دو ؛ (علم الحساب) دو عنصری ؛ (لسانیات) جوڑے دار ۔

Spectroscopic binary : (طبیعیات) اسپکٹرمی دو تارہ ۔

Visual binary : (طبیعیات) نظری دو تارہ ۔

Binary acid : (n) دوھرا ترشہ ۔

Binary alloy : (n) دوگانہ بھرت ۔

Binary arithmetic : (n) ریاضی ثنائیہ ۔

Binary Compound : (n) (کیمیا) دوگانہ مرکب ؛ دو عنصری ۔

Binary fission : (n) (حیوانیات) دو بارگی تقسیم ؛ (کیمیا) دوگانہ ٹوٹ ۔

Binary form : (n) دو گردشی ؛ دو حرکتی ۔

Binary Logarithm : (n) ثنوی لوگارتھم ، اس طریقہ کا تعلق موسیقی کے حساب سے ۔

Binary measure : (n) (موسیقی) دوتال ؛ دوتالہ ۔

Binary principle : (n) (لسانیات) جوڑے دار اصول ۔

Binary scale : (n) پیمانہ ثنوی ۔

Binary segment : (n) (لسانیات) جوڑے دار قطعہ ۔

كا پيمانہ ۔ (٤) لپٹنے والی لت ۔
(٥) صلاحیت ؛ حد ۔ (٦) بندھن ۔
(٧) شمشیر پر شمشیر سے دباؤ ڈال
کر حریف کو قابو میں کرنا ۔

Bind weed : (n) لبلابی ؛ مختلف قسم کی بیلیں ؛
عشق پیچاں وغیرہ ۔

Binder : (n) (١) باندھنے والا ؛ جلد بند ؛ جلد ساز۔
(٢) بندھن ؛ پٹی ؛ بند ؛ بندھنی ۔
(٣) قابض ۔ (٤) شہتیر جو کڑیوں کے
ضامن کا کام دے ۔ (٥) بید کی شاخ جو
باڑ کے کام آئے ۔ (٦) اخباروں یا کاغذ
کو رکھنے کا مقوا (دفتی) ۔ (٧) دیوار
کی چوڑائی کا پورا پتھر جو مضبوطی
کے لئےلگایا جاتا ہے ۔ (٨) گھاس کے پودے
کا بندھن ۔ (٩) کھیت کاٹنے کی مشین کا
وہ حصہ جس سے گھٹے باندھتے چلے جاتے
ہیں ۔ (١٠) (جہاز سازی) جہاز کے ڈھانچے
کا اصلی حصہ جیسے Keel وغیرہ ۔

Bindery : (n) جلدبندی کی دکان ۔

Binding : (n) (١) بندش ؛ بندھن ؛ جلد سازی ۔
(٢) گرہ ؛ جلد (کتاب کی) ۔
(٣) کور ؛ کنارہ ؛ حاشیہ ؛ مغزی ؛
گوٹ ۔ (٤) (معماری) پٹی ؛ جوڑنے
والی لکڑی / کڑی ۔

Book binding : (انتظامیہ) لازمی / جلد سازی کتاب ۔

Binding : (a) لازم ؛ لازمی ؛ واجب واثق ؛ پابندی
عائد کرنے والا ؛ قابض ۔

Binding adjudication : (n) (تاریخ وسیاسیات)
واجب التعمیل تصفیہ ۔

Binding boy : (n) (انتظامیہ) نائب جلد ساز ۔

Binding energy : (n) بندشی توانائی ۔

Binding force : (n) (طبیعیات) بندشی طاقت ؛
بندشی زور؛ (تاریخ و سیاسیات) جوڑنے
والی قوت ؛ متحد کرنے والی قوت ۔

Binding joist : (n) چھت کی وہ کڑی جس پر دوسری
کڑیاں رکھی جاتی ہیں ۔

Binding margin : (n) (تجارت) لازمی گنجائش ۔

Binary star : (n) ستاروں کا نظام ثنائیہ ؛
گروہ بندی کا نظام ثنائیہ جس میں
جماعت کو دو دو کر کے تقسیم کرتے ہیں
یہاں تک کہ فرد تک پہنچ جاتا ہے۔

Binary structure : (n) جوڑے دار ساخت ۔

Binary system : دیکھو Binary star

Binary theory : (n) نظریہ ثانیویت جس کی رو سے
تمام ترشوں کو ہائیڈروجن کا مرکب
بتاتے ہیں ۔

Binate : (a) [L. "binatus."] جوڑا دار ۔

Binate : (v) عشائے ربانی کی دو نمازیں ایک ہی
دن میں ادا کرنا ۔

Binately : (adv) جوڑا جوڑا کرکے ۔

Binaural : (a) دوگوشیہ ؛ دو اُذنی ۔

Bind : (v) [OE. "bindan"] (١) باندھنا ؛ وابستہ کرنا ۔
(٢) لازم ہونا یا قرار دینا ۔ (٣) اقتدار
کو عمل میں لانا ؛ کوئی فرض یا قید عائد
کرنا ۔ (٤) مچلکہ دینا ۔ (٥) کار آموزی
کا مظاہرہ کرنا ۔ (٦) توثیق کرنا ۔
(٧) قبض پیدا کرنا ۔ (٨) پٹی باندھنا ؛
حاشیہ لگانا ۔ (٩) پھولوں کا مکٹ باندھنا ۔
(١٠) کنارے لگانا ۔ (١١) جز جانا ؛ جلد
باندھنا ۔ (١٢) گھیر لینا ۔ (١٣) قانونی
طور سے روکنا ۔ (١٤) احسان کرکے مرھون
منت کرنا ۔ (١٥) قید کرنا ۔ (١٦) شمشیر
زنی میں مخالف کی تلوار پر زور دے کر
رخ پھیر دینا ۔ (١٧) (بازبازی) ہوا میں
شکار کو پکڑنا ۔

I dare, or will be bound : مجھے یقین ہے ؛ میں بیان
کی صحت کا ضامن ہوں ۔

To be bound : پابند (قانوناً یا اخلاقی طور پر) ۔

To bind up : کئی کتابوں کو ایک جلد میں
باندھ دینا ۔

Bind : (n) (١) (موسیقی) دوسروں کو ملانے کی
علامت ۔ (٢) (معدنیات) کوئلے کے
طبقوں کے درمیان کی سخت مٹی ۔
(٣) Salmon اور ایل مچھلیوں کی مقدار

Binding plate : (n) وہ آهنی تختہ جو لوہا پگھلانے والی بھٹی کو مضبوط بنانے کے لئے استعمال هوتا هے ۔

Binding receipts : (n) (تجارت) پابند کردہ رسید ۔

Binding screw : (n) وہ پیچ جو مختلف اوزاروں میں جکڑنے یا ٹھیک کرنے کے لئے استعمال هوتا هے ۔

Binding surface : (n) (طبیعیات) بندشی سطح ۔

Bindingly : (adv) بطور لازم : لازمی طور پر ۔

Bindingness : (n) جبر : پابندی ۔

Bindwith : (n) ایك قسم كا پھولدار پودا ۔

Bine : (n) (۱) نئی لچیلی شاخ ۔ (۲) بیل ٹہنی (یا شاخ) ۔

Binervate : (a) (نباتیات و حشریات) دو رگوں والا : دو عصبی ۔

Binet-Simon Scale : (n) (فلسفه و نفسیات) بینے سائمن پیمانہ ۔

Bing : (n) [ON."bing-r"] (۱) تودہ : انبار ۔ (۲) کچی دھات کا ڈھیر : پھنکری کا ڈھیر ۔ (۳) بھٹی کا وہ حصہ جس میں لکڑی کا کوئلہ جلا کر دھات پگھلائی جاتی هے ۔ (٤) قید تنہائی کا کمرہ ۔

Bing: (v) جمع کرنا : ڈھیر لگانا :پزاوہ میں انبار کرنا ۔

Binge : (n) (۱) (عامیانہ) کثرت سے شراب نوشی : بد مستی : رنگ رلیاں ۔ (۲) سماجی اجتماع : دعوت ۔

Bingo : (n) (۱) (عامیانہ) شراب : برانڈی ۔ (۲) ایك قسم كا كھیل : (تاش یا مہروں کا) اجتماع ۔

Binit : (n) [f. "binary digit"] (لسانیات) بائنیٹ (ترسیل اکائی) : دوهری عدد ۔

Bink : (n) (۱) الماری کا تختہ : برتنوں کی الماری : سائڈ بورڈ ۔ (۲) بنچ ۔ (۳) پشتہ مٹی کا ۔

Binnacle : (n) [Corrupt of bittacle: L. habitaculum] جہاز کے پتوار کے پاس عرشہ پر کا وہ بکس جس میں کمپاس رکھا ہوا هوتا هے ۔

Binny : (n) دریائے نیل میں پائی جانے والی ایك بڑی مچھلی ۔

Binocle : (n) [L."bini + oculi."] دو چشمی دوربین ۔

Binocular : (n) [L."bini + oculi."] دو چشمی دوربین (حیوانیات) دوچشمی ۔

Prism binocular : (طبیعیات) پرزم بائنوکلر ۔

Prismatic binocular : (طبیعیات) دوچشمی پرزمی / منشوری ۔

Binocular Camera : (n) (طبیعیات) دوچشمی کیمرہ ۔

Binocular Colour mixture : دو چشمی رنگ آمیزہ ۔

Binocular microscope : (n) (طبیعیات) دو چشمی خورد بین ۔

Binocular telescope : (n) (طبیعیات) دوچشمی دور بین ۔

Binocular Vision : (n) (فلسفه و نفسیات) دوچشمی نظر ۔

Binocularity : (n) دونو ں آنکھوں سے ایك ساتھ کام لینا ۔

Binocularly : (adv) دونوں آنکھوں سے کام لیکر ۔

Binoculate : (a) (۱) دونوں آنکھوں سے کام کے لائق ۔ (۲) ذرہ بیں ۔

Binodal : (a) (طبیعیات) دو گرهی : (کیمیا) دو گانٹھی : دو نوڈی ۔

Binodal Curve : (n) (طبیعیات) دو نوڈی خط ۔

Binomial : (a & n) [L."binomins."] (۱) (ریاضی) دوعدد : ثنائی ۔ (۲) دو نامی : دو رکنی : (طبیعیات) بائی نومیل ۔ (۳) ایك الجبرائی جملہ جو دو رقم کے جوز یا گھٹاؤ پر مبنی هو ۔

Binomial Coefficient : (n) (طبیعیات) دو رکنی ضریب : بائی نومیل گفانك ۔

Binomial distribution : (n) (طبیعیات) دو رکنی تقسیم/

بناؤ ۔

Binomial equation : (n) (طبیعیات) دو رکنی مساوات ۔

Binomial expression : (n) (طبیعیات) دو رکنی عبارت ' دو رکنی مظہر ۔

Binomial index of dispersion : (شماریات) ثنائی اشاریۂ انتشار ۔

Binomial nomenclature : (n) (حیوانیات) دو نامی تسمیہ : (ریاضی) دو رکنی تسمیہ ۔

Binomial probability paper : (شماریات) ثنائی امکانی ترسیم ۔

Binomial theorem : (n) مسئلہ ثنائی ۔

Binomial Variation : (n) (شماریات) ثنائی اختلاف ۔

Binominal : (a) [L."binominis"] دو اسمی خصوصًا سائنسی نام گذاری میں جنس اور ذات کے لحاظ سے ۔

Binominated / Binominous : (a) دو نامی : دو اسمی ۔

Binotonous : (a) [L. "bini + tonus"] دو سروں والا ۔

Binous : (a) [L. "bini."] Binate دیکھو

Binoxalate : (a) دو oxalate والا ۔

Binoxide : (a) دو آکسائڈ والا ۔

Binuclear/ Binucleate: (a) دو صدروں والا : دو مرکزے والا ۔

Bio- : جزو ترکیبی بمعنی ' حیاتی ' ۔

Bio-assey : (n) (شماریات) حیاتی تجرباتی جانچ ۔

Bio-Chemistry : (n) (کیمیا) حیاتی کیمیا ۔

Bio-data : (حیوانیات) سوانح حیات ۔

Bio-energy : (n) حیاتی قوت ۔

Biobibliographical : (a) کسی مصنف کے حالات زندگی و تصانیف کے بیان سے متعلق ۔

Bioblast : (n) بے شکل مادۂ حیات کا وہ چھوٹا تودہ جس میں شکل بننے کی قوت ہو ۔

Biocellate : (a) ایسے اعضا یا اشیا جس پر آنکھ کی مانند دو نشان ہوں ، جیسے پروں پر ۔

Biocentric : (a) زندگی کو ایک مرکزی حقیقت سمجھنے والا ۔

Biochemical : (a) حیاتی کیمیائی : زندگی کے کیمیاوی پہلو سے متعلق ۔

Biochemical method : حیاتی کیمیائی طریقہ ۔

Bioclimatology : (n) حیاتی موسمیات ۔

Biodynamic Biodynamical : (a) زندگی اور اس کے ماحول سے حرکاتی تعلق رکھنے والا ۔

Biodynamics : (n) زندگی کی طاقت کا نظریہ : جانداروں کے افعال و حرکات کا اصول : (حیاتیات) حیوی قوا حرکیات ۔

Biogen : (n) وہ فرضی آخری جاندار اکائی جس سے خلیوں کی تشکیل ہوتی ہے : خلاصہ روح جس کو "Od" Reichen bach " کہتا ہے ۔

Biogenesis : (n) [Gr. "bio"+"genesis"] (۱) (نفسیات) حیاتیت ۔ (۲) یہ نظریہ کہ زندہ مادہ ہمیشہ قبل سے موجود زندہ مادہ ہی سے پیدا ہوتا ہے : حیاتی تولید : حیات پذیرائی ۔

Law of biogenesis : (فلسفہ و نفسیات) قانون حیاتیت ۔

Biogenesist : (n) اس نظرئے کا حامی کہ زندہ مادہ ہمیشہ قبل سے موجود زندہ ہی مادہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

Biogenetic : (a) زندہ جسم نامی کے ارتقاء کی تاریخ سے متعلق ۔

Biogenetic motives : (۱) زندہ جسم نامی کے اخصال سے پیدا شدہ ۔ (۲) زندگی اور اس کی بقا کے لئے لازمی : (سماجیات) حیاتی مورثاتی محرکات ۔

Biogenist : (n) (۱) اس تاریخ کا جاننے والا ۔ (۲) Biogenesis کے هم معنی ۔

Biogeny : (n) [Gr. "bio" + "genia"] زندہ جسم نامی کے ارتقاء کی تاریخ ؛ زندگی کے ماقبل وجود سے زندگی کا ارتقاء ۔

Biogeography : (n) حیاتی جغرافیہ ۔

Biognosy : (n) علم الحیات ۔

Biograph : (n) سنیمیٹوگراف (Cinematograph) کی پہلی شکل ۔

Biograph : (v) کسی کی سوانح حیات لکھنا ۔

Biographee : (n) وہ شخص جس کی سوانح عمری لکھی گئی ہو ؛ تذکرہ یا سر گذشت ۔

Biographer : (n) سرگذشت یا سوانح عمری لکھنے والا ؛ تذکرہ نویس ؛ تذکرہ نگار ؛ سیرت نگار ۔

Biographic : (a) تذکرے یا سیرت وغیرہ سے متعلق ۔

Biographical : (a) سوانح عمری سے متعلق ؛ تذکرے یا سیرت سے متعلق ۔

Biographically : (adv) از روئے سوانح عمری ؛ تذکرہ نویسی کے لحاظ سے ۔

Biographist : (n) سیرت نگار ؛ سوانح نگار ۔

Biographize : (v) سوانح عمری لکھنا ؛ سوانح نویسی ۔

Biography : (n) [Gr. "biographia"] (۱) تذکرہ ؛ سوانح عمری ؛ حیات سرگذشت ۔ (۲) تذکرہ نویسی ؛ سیرت ۔ (۳) ادبیات کی وہ صنف جس میں کسی شخص کےحالات زندگی بیان کئے جائیں ۔ (٤) جانور یا پودوں کے حالات ۔

Biokinetics : (a) وہ نظریہ کہ کوئی جاندار شئے اپنے ارتقاء میں متواتر تغیرات سے دو چار ہوتی ہے ؛ (حیاتیات) حیوی حرکیات ۔

Biolinguistics : (n) (لسانیات) حیاتیاتی لسانیات ۔

Biologic : (a) حیاتیاتی ؛ حیات یا علم الحیات سے متعلق ۔

Biological : Biologic دیکھو

Biological adjustment : (n) (سماجیات) حیاتیاتی توافق ۔

Biological barrier : (n) (کیمیا) حیاتیاتی روک ۔

Biological behaviour : (n) (سماجیات) حیاتیاتی کردار ۔

Biological factor : (n) (کیمیا) حیاتیاتی جزو ۔

Biological isolation : (n) (کیمیا) حیاتیاتی علیحدگی ۔

Biological laboratory : (n) (کیمیا) حیاتیاتی تجربہ گاہ ۔

Biological mutation : (n) (سماجیات) حیاتیاتی تغیر ۔

Biological phenomena : (n) (کیمیا) حیاتیاتی مظہر ۔

Biological race : (n) (کیمیا) حیاتیاتی نسل (خاص طور سے کیڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے)

Biological research : (n) (کیمیا) حیاتیاتی تحقیق ۔

Biological science : (n) (کیمیا) حیاتیاتی سائنس ۔

Biological sociology : (n) (سماجیات) حیاتیاتی سماجیات ۔

Biological survey : (n) (کیمیا) حیاتیاتی جائزہ / سروے ۔

Biological warfare : (n) (تاریخ و سیاست) جراثیمی جنگ ۔

Biological weathering : (n) (کیمیا) حیاتیاتی براندازی ۔

Biologically : (adv) از روئے علم الحیات ؛ حیاتیاتی طور پر ۔

Biologism : (n) حیاتیاتی نظریہ ۔

Biologist : (n) ماہر علم الحیات ؛ حیاتیات داں ۔

Biologize : (v) (۱) علم الحیات حاصل کرنا ۔ (۲) علم الحیات کی رو سے حیاتیاتی تحقیقات میں مشغول رہنا ۔

Biology : (n) [Gr. "bios +logia"] حیاتیات ؛ علم حیات ؛ جسموں کی زندگی کا علم ؛ جیو وگیان ۔

Bioluminescence : (n) حیاتی تنویر ؛ (کیمیا) حیاتیاتی

Biosocial : (n) (نفسیات) حیاتی سماجی ۔

Biosphere : (n) [bi + sphere] حیاتی کرہ ۔

Biostatic/-al : (a) حیوی سکونیات کا یا اس سے متعلق ۔

Biostatics : (n) عقیدہ ساخت جس کا عمل حیوی قوا حرکیات یا حیوی حرکیات کے خلاف ھوتا ھے ؛ حیوی سکونیات ۔

Biotaxy : (n) نظام حیات ۔

Biotic : (a) [Gr. "bioticos"] جانوروں سے متعلق ؛ زندگی سے متعلق ؛ حیاتی ۔

Biotism : (n) (تعلیمات) نظریہ جوھر حیات ۔

Biotite : (n) [f."Biot." French mineralogist] (معدنیات) شش پہل ابرک یا میگنیشیا ابرک ۔

Biotype : (n) (۱) (کیمیا) بایوٹائپ ؛ سبز ابرک ۔ (۲) (نفسیات) نفسیاتی وضع ۔

Biovulate : (a) دو بیضوں والا ۔

Bipalmate : (a) دو پنجے والے ؛ پنجوں کی طرح پتیاں رکھنے والا ۔

Biparental inheritance : (n) ارث والدینی ۔

Biparietal : (a) دو دیواری ۔

Biparous : (n) [Bi - + L. "parus"] جڑواں پیدا کرنے والا ۔

Bipartible /Bipartile : (a) [L." bipartire"] دو حصوں میں تقسیم ھونے والا ۔

Bipartient : (a & n) [L. " bipartientem "] دو حصوں میں تقسیم کرنے والا (Adj) ؛ وہ عدد جو دوسرے عدد کو دو حصوں میں تقسیم کردے (n) ۔

Bipartisan foreign policy : (تاریخ و سیاسیات) دو فریقی خارجہ پالیسی ۔

Bipartite : (a) [L. "bipartitus"] (۱) دو حصوں میں منقسم یا دو حصوں پر مشتمل ۔
(۲) دو کے درمیان منقسم یا مشترک ۔
(۳) (نباتیات) دو درزہ ؛ دوشگاف والا ۔
(٤) (قانون) دو متقابل حصوں میں لکھا ھوا یا بنایا ھوا (ھر فریق کے لئے) ۔
(انتظامیہ) دو فریقی ؛ دو گروھی ۔

Bipartite arrangement : (n) (تجارت) دو طرفہ انتظامات ۔

نورانیت ۔

Biolytic : (a) حیات کو مٹانے والا ۔

Biomagnetic : (a) مقناطیسیت حیات سے متعلق ۔

Biomagnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت ۔

Biometer : (n) پیمانہ حیات ۔

Biometerician : (n) (کیمیا) حیات پیما گر ۔

Biometry : (n) (۱) (کیمیا) حیات پیمائی ۔ (۲) اوسط عمر کا اندازہ ۔

Bionomics : (n) (حیوانیات) ماحولیات (تعلیمات وغیرہ) ؛ علم معیشت حیوانات ۔

Biophore : (n) [Gr. "biophor"] حیاتیہ ۔

Biophysical : (a) حیاتی طبعی (تعلیمات وغیرہ) ۔

Biophysics : (n) (طبیعیات) بایوفزکس ؛ حیاتی طبیعیات ؛ حیوی طبیعیات ۔

Biophysiologist : (n) جاندار ھستی کے عضویات کا محقق ۔

Bioplasm : (n) [Gr."bio + plasma "] (۱) حیات کا جراثیمی یا سالماتی مادہ ۔
(۲) مادہ حیات ؛ نخزمایہ ۔
(۳) (کیمیا) حیاتی پلازم ۔

Bioplast : (n) [BIO- + Gr. " plastos"] نخزمایہ کا ایک چھوٹا الگ حصہ جس کا قطر عموماً ایک انچ کے ھزارویں حصہ سے بھی کم ھوتا ھے ؛ (حیوانیات) نخزینہ ۔

Bioplastic : (a) نخزمایہ کے اس حصے (Bioplast) سے متعلق ۔

Biordinal : (a) [Bi - pref + ORDINAL] (۱) (ریاضی) دوسرے درجہ کا ۔ (۲) دوسرے درجے کا ایک خطی تفرقی مساوات ۔

Bioscope : (n) نظارہ حیات ؛ حیات کے نظاروں کا دکھانے والا ۔

Biosis : (n) [Gr. "biosis"] حیویت ۔

Bipartitely : (adv) دو حصوں میں منقسم ہونے کے طور سے ۔

Bipartition : دو حصوں میں تقسیم ۔

Bipartype : (a) دو جزوی ۔

Bipectinate/Bipectinated : (a) کنگھی کی طرح دونوں طرف دندانہ دار ۔

Biped : (a & n) [L. "bipedalem "] (۱) دوپایہ : دو پیرا (.Adj) ۔ (۲) دو پاؤں والا جانور (n) ۔

Bipedal : (a) [L. " bipedalem "] دو پایہ کا یا اس سے متعلق ۔

Bipedallity : (n) دو پایہ ہونے کی صفت : دو پانگی ۔

Bipeltate : (a) دہرے ڈھال کی طرح غلاف یا صدف رکھنے والا ۔

Bipennate/Bipennated : (a) دو بازو والا : دو پرا : دوپنکھی : دو پتیا : دو پتی والا ۔

Bipersonal verb form : (لسانیات) دو شخصی فعلی روپ ۔

Bipetalous : (a) دو پنکھڑیوں والا ۔

Bipinnate : (a) [L."bipinnatus"] دوھرے پر دار یا پر نما ۔

Bipinnatifid / Bipinnatiparted / Bipinnatipartite / Bipinnatisect / Bipinnatisected : (a) (نباتیات) دو حصوں میں منقسم پتوں سے متعلق ۔

Biplane : (n) (۱) دوتختی یا سطحی طیارہ (n) ۔ (۲) دو سطحوں میں یا اوپر واقع ہونے والا : دو سطحوں میں حصہ رکھنے والا (.Adj) ۔

Bipod : (a) دو پایہ والا : دو پائی ۔

Bipolar : (a) (۱) (کیمیا) دو قطبی : دو جدی : دو متقابل طرفین والا ۔ (۲) دو متضاد خیالات ، رائے ، یا خاصیت رکھنے والا ۔

Bipolar electrode : (n) دو قطبی برقیرہ ۔

Bipolar factor : (n) (شماریات) دو قطبی جزو ۔

Bipolarity : (n) دو قطبیت ۔

Bipole machine : (n) (طبیعیات) دو مرکزی مشین ۔

Bipont /Bipontine : (a) [L."Bipontinus "] سوائی بریوکن (zweibruken)واقع جرمانیہ کا چھپا ہوا (کسی قدیم مستند کتاب کا نسخہ) ۔

Biprism : (n) (طبیعیات) بائی پرزم : دوھرا منشور ۔

Biprong : (n) دوھری شاخ : دو دو نوک کا ہونا ۔

Bipupilate : (a) دو پتلیوں جیسے نشان والا ۔

Bipunctate : (a) [L. "bipunctatus "] دو سوراخ یا نقطوں والا یا نشان دیا ہوا ۔

Bipunctual : (a) دو سوراخ یا نقطوں والا یا نشان دیا ہوا ۔

Biquadrate : (a) مربع کا مربع (قوت یا جذر) : چوتھی قوت کا عدد ۔

Biquadrate : (v) چوتھی قوت میں لیجانا : مربع کا مربع بنانا (قوت یا جذر) ۔

Biquadratic : (a) چوتھی قوت کا عدد : مربع کا مربع : چوتھی قوت کے عدد کی مساوات ۔

Biquadratic equation : (n) وہ مساوات جس کی غیر معلوم مقدار ایک چوتھی ڈگری کا عدد ہو ۔

Biquadratic parabola : (a) (شکل) تیسرے درجہ کا شلجمی ۔

Biquadratic polynomial : (n) (ریاضی) چار درجی کثیر رکنی ۔

Biquadratic root : (n) جذر مربع کا جذر مربع ۔

Biquarterly : (a) ہر تین ماہ میں دو بار ۔

Biquintile : (n) سیاروں کی ایک حالت ، جب وہ ایک دوسرے سے دائرہ عظیمہ کے پانچویں حصے سے دوگنے فاصلے (۱٤٤ ڈگری) پر ہوتے ہیں ۔

Biradiate : (a) دو شعاعی : دو ضلعی ، جانورکی ساخت میں ۔

Birainy : (a) دو برسات کا ۔

Biramous : (a) دو شاخوں والا : دو شاخہ ۔

Birch : (n) [OTeut."berka"] (۱) شمالی یورپ کا

ایک درخت جس کی شاخیں پتلی اور چھالیں چکنی اور سخت ہوتی ہیں ؛ اس درخت کی لکڑی ' برچ کی پتلی ٹہنیوں کا منٹھا جس سے مدرسوں میں بچوں کو پیٹتے تھے ؛ برچ کی لکڑی سے بنی ہوئی ڈینگی ؛ برچ ۔

Birch : (v) برچ کی ٹہنیوں سے مارنا ؛ چھڑی سے سزا دینا ۔

Birch bark : (n) برچ کی چھال سے بنی ہوئی ڈینگی ۔

Birch camphor : (n) وہ گوند نما شئے جو برچ کے درخت کی چھال سے نکلتی ہے ۔

Birch oil : (n) برچ کی چھال کا تیل جو روسی چمڑے کمانے میں لگایا جاتا ہے ۔

Birch rod : برچ کی پتلی ٹہنیوں کا منٹھا جس سے مدرسوں میں بچوں کو پیٹتے تھے ۔

Birch wood : برچ درختوں کا جنگل ۔

Birch water : (n) برچ کا حاصل شدہ رس جو موسم بہار میں ہوتا ہے ۔

Birch wine : (n) برچ کے رس سے نکلی ہوئی شراب ۔

Birchen : (a) برچ (Birch) کا ۔

Birchy : (a) برچ کا ۔

Bird : (n) [OE. "BRID"] (۱) چڑیا ؛ پرندہ ؛ طائر ؛ پرند ؛ پکشی ؛ پنچھی ۔
(۲) شکاری چڑیا خاص کر تیتر ۔
(۳) کنواری لڑکی ؛ دوشیزہ ۔
(٤) منقار دار پر والا جانور ۔
(٥) شخص ۔ (٦) ملازمت سے برطرفی ۔
(۷) گوشت میں کچھ بھر کر سیخ میں لگا کر پکایا ہوا ۔ (۸) استہزا ۔
(۹) نشانے پر لگایا ہوا دور مار میزائل ۔

Arabian bird : پرندہ عنقا ۔

Fire bird : (تاریخ) طائر آتشی ؛ اگنی پکشی (دیومالا) ۔

For the bird : ناکارہ ۔

Little bird : مخبر جس کا نام نہ ظاہر ہو ۔

Old bird : چوکنا ؛ چوکس (آدمی) ۔

To get the (big) bird : استہزا کرایا جانا ؛ مذاق اڑایا جانا ۔

To kill two birds with one stone : ایک پنتھ دو کاج ۔

Bird : (v) چڑیا پکڑنا یا شکار کرنا ۔

Bird cage : (n) (۱) قفس ؛ کابک ؛ چڑیوں کا پنجرہ ۔
(۲) New market میں گھوڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جہاں دوڑنے سے پہلے گھوڑے جمع ہوں ۔

Bird cage walk : رہائشی مکان کی چھت پر کی ریلنگ ۔

Bird call : (n) چڑیوں کی آواز نقل کرنے والا آلہ ۔

Bird cherry : (n) جنگلی پھلوں کی جھاڑی ۔

Bird - fancier : (n) پرندے بیچنے والا ؛ پرند باز ؛ پرندوں کا مبصر ؛ پرند شناس ۔

Bird fly : (n) وہ مکھی جو چڑیوں کے پروں کے نیچے رہتی ہے ۔

Bird in the bush : احتمالی فائدہ ۔

Bird in the hand : یقینی فائدہ ۔

Bird is flown : قیدی فرار ہوگیا ؛ چڑیا اڑ گئی ۔

Bird-lime : (n) لاسا ۔

Bird-lime : (v) لاسا کے ذریعہ چڑیا پکڑنا ۔

Bird of a feather : ایک ہی جنس کے ؛ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ۔

Bird of Jove : (n) عقاب ۔

Bird of Juno : (n) طاؤس ؛ مور ۔

Bird of paradise : (n) نیوگنی کا پرند جس کے پر بہت خوبصورت ہوتے ہیں ؛ پیلو ۔

Bird of passage : (n) مہاجر پرندہ ؛ مقام تبدیل کرنے والا پرند ؛ آشیاں بدوش ؛ خانہ بدوش ۔

Bird of prey : (n) باز ؛ باشہ ؛ بحری ؛ شکاری پرند ۔

Bird of Washington : (n) امریکی عقاب ۔

Bird of wonder : (n) عنقا ۔

Bird organ : (n) چڑیوں کو بولنا سکھانے والا چھوٹا باجہ ۔

Bird pepper : (n) گول مرچ ۔

Bird seed : (n) چڑیوں کے کھانے کا دانہ ۔

Bird witted : (a) دیر تک توجہ کرنے کی صلاحیت نہ رکھنے والا ۔

Birder : (n) (۱) پرندوں کا پالنے والا ۔ (۲) ایک جنگلی بلی (مقامی زبان میں) ۔

Birdh bark : (n) (تاریخ) بھوج پتر ۔

Birdie : (n) (۱) پیاری سی ننھی چڑیا ۔ (۲) (گولف) اوسط ضرب سے ایک کم میں بال کو پلا دینا ۔

Birdikin : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdlet : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdlimy : (a) لاسا دار ۔

Birdling : (n) چھوٹی چڑیا ۔

Birdman : (n) چڑیوں کا کاروبار کرنے والا ؛ ہواباز ؛ طیارہ باز ۔

Birdmouthed : (a) چڑیوں کی طرح منھ والا ۔

Bird's beak moulding : چڑیوں کی چونچ کی طرح کا حاشیہ ۔

Bird's bread : (n) ایک قسم کا اناج ۔

Bird's egg / Bird's tare / Bird's tongue : (n) پودوں کا نام ۔

Bird's eye : ایک قسم کا گل دار پودا ؛ تمباکو جس کے ریشے دار ڈنٹھل کاٹ کر پتیوں میں ملا دیتے ہیں ۔ چڑیوں کی آنکھ سے متعلق ؛ کسی موضوع کا خلاصہ ۔

Bird's eye view : طائرانہ جائزہ ؛ مجمل نظر ؛ پرند چشم نظارہ ۔

Bird's foot : (n) ایک تین پتیا پودا ۔

Bird's mouth : (n) وہ زاویہ جو لکڑی میں پچر لگانے کے لئے کاٹا جائے ۔

Bird's nest : (n) چڑیا ؛ گھونسلہ ؛ جنگلی گاجر کی قسم کے پودے ۔

Bird's nest : (v) چڑیوں کے گھونسلے تلاش کرنا یا جمع کرنا ؛ گھوڑے کا ادھر ادھر سر گھمانا ۔

Bird's nest fern : ایک قسم کی فرن گھاس ۔

Bird's nest orchid : ایک قسم کا پودا ۔

Bird's nesting : (n) چڑیوں کے گھونسلے کی تلاش کا کام ۔

Bird's spit : (n) چڑیوں کا گوشت بھوننے کی سلاخ ؛ سیخ ۔

Birdy : (n) ایک چھوٹی چڑیا ۔

Bireme : (n) [L. "biremis"] دو منزلی کشتی جس کی دونوں منزلوں سے چپو چلائے جائیں ۔

Biretta/ Beretta / Birretta : (n) [late L. "birretum"] رومن کیتھولک عیسائیوں و پادریوں کی چوکور ٹوپی ۔

Birkie: (n & a) (۱) زندہ دل ؛ بانکا شخص ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل ۔ (۳) پر جوش ؛ جوشیلا ۔

Birl /Birle: (v) [OE."hyrelian"] (۱) تیزی سے گھومنا یا گھمانا ایک خاص شور کے ساتھ ؛ نچانا ۔ (۲) ڈھالنا ؛ شراب پلانا ۔ (۳) چرخ کھاتے ہوئے آگے بڑھنا ۔

To birl the bawbby : خاص طور سے شراب کے لئے خرچ کرنا ۔

Birlinn / Birling : (n) [Gael.] ایک کشتی جو اسکاٹ لینڈ کے مغربی جزیروں کے سردار لوگ استعمال کرتے تھے ۔

Birmingham : (n) انگلینڈ کا ایک شہر ۔

Birminghamize : (v) مصنوعی آرائش کرنا ۔

Birostrate / Birostrated : (a) دو منقاری ۔

Birotate : (v) دوهرا گهمانا ۔

Birotation : (n) دوهری گردش ۔

Birr : (n) [OTeut."burjo-z"] (۱) طاقت ؛ قوت ؛ دهکا ؛ شدت ؛ جهپٹ ؛ زور دار بولی ۔ (۲) زور دار دهڑ دهڑ کی آواز جیسے پہیے کے چلنے کی هو ۔

Birr : (v) دهڑ دهڑ کی آواز نکالنا ۔

Birsle : (v) سینکنا ؛ خشک کرنا ۔

Birth : (n) [ME. "byrp(e)","bur (e)"] (۱) پیدائش ؛ ولادت ؛ جنم ۔ (۲) آمد ؛ ورد ؛ ظہور ۔ (۳) نسل ؛ اصل ؛ نسب ؛ حسب نسب ۔ (٤) احیاء ؛ ابتدا ؛ حیات نو ۔ (٥) ولادت کی حالت ۔

New birth : دور نو ؛ نئی زندگی ؛ نئی روح ؛ نشاۃ ثانیہ ۔

To give birth to : پیدا کرنا ۔

Birth certificate : (n) (تاریخ) پیدائش کا سرٹیفیکیٹ ؛ پیدائش کی سند ۔

Birth control : (n) ضبط تولید ۔

Birth customs : (n) (سماجیات) پیدائشی رواج ۔

Birth date : (n) (انتظامیہ) تاریخ پیدائش ۔

Bluely : (adv) نیلے رنگ کے ساتھ۔

Blueness : (n) نیلا پن ۔

Blueprint : (n) (تجارت) خاکہ ؛ (انتظامیہ) بلوپرنٹ ؛

نقشہ ؛ خاکہ ۔(۱) تصویر کی چھاپ سفید رنگوں میں چمکدار نیلی زمین پر ؛ تصویر سفید ، کالے یا کسی دوسرے رنگ میں ۔(۲) کسی کام یا منصوبے کا مفصل اور جامع پروگرام یا خاکہ یا کوئی پالیسی ، مقصد یا حل حاصل کرنے کے لئے ۔ (۳) کسی بڑے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے رہنما پروگرام کے طور پر بنایا جانے والا عملی نمونہ یا نظریہ ؛ قانون اور اصول کا گوشوارہ ۔(٤) نمونہ ؛ خاکہ ۔

Blueprint : (v) تصویر بنانا ؛ خاکہ بنانا ۔

Bluerock : (n) کبوتر کی ایک قسم ۔

Blueth : (n) نیلا پن ۔

Bluey : (a) نیلگوں ۔

Bluey : (n) (آسٹریلیا) قدیم باشندوں کی گٹھری جو نیلے کمبل میں لپٹی رہتی ہے ۔

Bluff : (a) [of unknown origin] (۱) چوڑا عمودی روکار والا ؛ (جہاز ؛ چٹان وغیرہ)۔(۲) صاف گو ؛ اکھڑ ؛ بے تکلف (ملنے میں)۔

Bluff : (n) (۱) راس جس کے سامنے کا حصہ عمودی اور وسیع ہو ۔ (۲) اونچا عمودی کنارہ (دریا ؛ سمندر وغیرہ کا)۔

Bluff : (n) (۱) گھوڑے کی اندھیاری ۔ (۲) (عامیانہ) دھوکا ؛ بہانہ ۔ (۳) گیدڑ بھبکی ؛ خالی خولی دھمکی ؛ دھونس ۔(٤) پوکر کھیل میں چکما دینا ۔

Bluff : (v) (۱) دھونس دینا (کھیل میں) چکما دینا ۔ (۲) دھونس جمانا ۔

To bluff off : دھونس سے ڈرانا ؛ دھمکی سے ڈرانا ۔

Bluffer : (n) دھونس دینے والا ؛ دھونس جمانے والا ۔

Bluffly : (adv) (۱) چوڑے روکار کے ساتھ۔ (۲) اکھڑ پن سے ؛ بے تکلفی سے ۔

Bluffness : (n) اکھڑ پن ؛ روکار کا چوڑا ہونا ۔

Bluffy : (a) دھوکوں سے بھرا ہوا ؛ دھونس والا ۔

Bluish : (a) نیلگوں ؛ (کیمیا) آسمانی ۔

Bluish black : (n) (کیمیا) آسمانی کالا ۔

Bluish grey : (n) (کیمیا) آسمانی بھورا ۔

Blunder : (n) [ME."blondren"] (۱) اندھا دھند چلنا ؛ ٹھوکر کھانا ؛ فاش غلطی کرنا ؛ چوپٹ کرنا ۔ (۲) حماقت سے خلط ملط کرنا ؛ مختل کردینا ؛ الجھاؤ پیدا کردینا ؛ بے سمجھے بوجھے بولنا ۔

To blunder away : چوپٹ کردینا ۔

To blunder out : بك اٹھنا ؛ بے سوچے سمجھے کہہ بیٹھنا۔

To blunder upon : اتفاق سے کسی چیز کا پاجانا ۔

Blunder : (n) فاش غلطی ۔

Blunderbuss : (n) بڑے منہ کی چھوٹی بندوق (پرانی قسم کی) ۔(۲) مختل دماغ کا آدمی ؛ خلط ملط کرنے والا شخص ؛ کوڑھ مغز ۔

Blunderer : (n) غلطی کرنے والا ۔

Blunderhead : (n) کوڑھ مغز ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ کاٹھ کا الّو ۔

Blunderheaded : (a) دیکھو Blunderhead

Blunderheadedness : (a) کوڑھ مغزی ؛ بے وقوفی ؛ احمق پن ۔

Blunderingly : (adv) بد انتظامی سے ؛ غلط کاری سے ۔

Blunge : (v) [app.echoic] (کمہار کے کام کے لئے) پانی میں مٹّی گوندھ کر گارا بنانا ۔

Blunger : (n) مٹّی اور پانی کو گھولنے کا اوزار۔

Blunt : (a) کُنھل ؛ کند ؛ بے حس ؛ منہ پھٹ ؛ صاف گو ۔

Blunt : (n) (۱) چھوٹا سرا (عامیانہ) ؛ زر نقد ۔ (۲) سوئی کی بناوٹ ۔

Blunt : (v) (۱) کند کرنا ؛ کند ہونا ۔ (۲) بے حس بنا دینا ۔(۳) کمزور کردینا ۔

Bluntish : (a) ذرا کُنھل ؛ ذرا منہ پھٹ ؛ قدرے کند ؛

قدرے صاف گو ۔

Bluntly : (adv) بد تمیزی سے ؛ دو ٹک طریقہ پر؛ موٹی دھار کا ؛ چوڑے منہ کا (بنا ہوا)۔

Bluntness : (n) دھار یا نوک کا کند ہونا ؛ اکھڑپن وغیرہ ؛ بد تمیزی ۔

Blur : (n) [Obscure] (۱) دھندلا پن ؛ روشنائی کا دھبا ؛ دھندلاھٹ ۔(۲) اخلاقی دھبا ؛ داغ ۔

Blur : (v) (۱) دھندلا کردینا ؛ صورت بگاڑ دینا ؛ مسخ کردینا ؛ دھبا ڈالنا (روشنائی وغیرہ سے) ؛ مٹانا ۔(۲) (مجازاً) داغ لگانا ؛ کلنك کا ٹیکہ لگانا ؛ خراب کرنا ۔

Blurb : (n) (امریکی عامیانہ) کتاب کی تعریف جو ناشر اشتہار میں یا سرِ ورق پر چھاپتا ھے ۔

Blurred : (a) (کیمیا) دھندلا ۔

Blurred image : (n) (کیمیا) دھندلی شکل ؛ دھندلا عکس ۔

Blurry : (a) دھندلا ؛ داغ دار ۔

Blurt : (n) [App. echoic] (۱) زور سے سانس پھینکنا (منہ سے) ؛ نیند میں خراٹا لینا ۔ (۲) کہہ بیٹھنا؛ بول اٹھنا ؛ پھوٹ پڑنا ۔

Blush : (v) [ME."blusche","blosche","blysche"] (۱) شرماجانا؛ شرم آنا ؛ چہرے پر سرخی دوڑ جانا ؛ (شرم یا کسی دوسرے جذبے سے)۔ (۲) (مجازاً) شرمندہ ہونا ۔(۳) سرخ ہو جانا ۔(٤) سرخ کردینا ؛ لال کر دینا ۔ (٥) پھولنا ؛ کھلنا ۔(٦) شرما کر ظاھر کر دینا ۔(۷) وارنش کئے ہوئے صفحوں کا دھندلا ہوجانا ۔

To blush at sight of word : کچھ دیکھ یا سن کر چہرہ سرخ ہو جانا ۔

To blush for another : کسی دوسرے کی وجہ سے خفیف ہونا ۔

To blush for joy or shame : خوشی یا شرم سے چہرہ سرخ ہو جانا ۔

Blush : (n) (۱) نظر؛ جھلك ؛ جھلکی ۔ (۲) شرم سے چہرے پر سرخی دوڑ جانا ؛ تابش ؛ شفق کی سی سرخی ؛ شرمندگی ؛ خجالت ۔(۳) سرخی ؛ دمك ۔(٤) فلم یا گوند یا پلاسٹك پر کی سفید نا پسندیدہ چیز ۔

At the first blush : پہلی ھی نظر میں ؛ پہلی جھلکی میں ۔

To put to the blush : شرما دینا ؛ جھینپا دینا ۔

Blush : (a) سرخ ۔

Blusher : (n) شرمندہ ہونے والا ؛ شرمانے والا ۔

Blushful : (a) سرخ ؛ گلابی ؛ شرم سے بھرا ہوا ؛ سرخی پیدا کرنے والا ۔

Blushfully : (adv) شرم کے ساتھ ؛ شرمندگی سے ۔

Blushingly : (adv) شرمیلے پن سے ؛ شرما کر ؛ شرمندہ ہو کر ۔

Blushless : (a) بے شرم ؛ بے حیا ۔

Blushy : (a) سرخ (شرم و خجالت سے)۔

Bluster : (v) [Perh. echoic] (۱) ھنگامہ یا طوفان برپا کرنا۔ (۲) دبنگی پن سے کہنا ؛ کلّہ درازی کرنا ۔ (۳) زور شور سے بہنا (ہوا کا)۔

Bluster : (n) (۱) تندی سے چلنا ؛ کلہ درازی ؛ دھمکی ۔ (۲) منہ سے پھونك کر بجانے والے ساز کی ھنگامہ خیز آواز ۔(۳) لاف و گزاف سے بھری تقریر ۔

Blusterer : (n) ھنگامہ یا طوفان برپا کرنے والا ؛ دبنگی پن سے کہنے والا ۔

Blusteringly : (adv) کلہ درازی سے ؛ ھنگامہ خیزی سے ۔

Blusterous /-strous : (a) کلہ دراز؛ تند ۔

Blustery : (v) کلہ دراز؛ تند ۔

Bo / Boh : (n) دوسروں کو چونکانے کی آواز۔

Can't say 'bo' to a goose : ایسا ڈرپوك ھے کہ کتے کو "دُت" نہیں کہہ سکتا ۔

To say or cry 'bo' to a goose : منہ کھولنا ؛ بولنا ۔

Bo-peep : (n) چھوٹے بچوں کے ساتھ آنکھ مچولی ۔

To play bo-peep : بحث مباحثہ میں عیاری سے کام لینا ؛ سیاسی معاملات میں چال چلنا ۔

Bo-tree : (n) [Singhalese "bo"] پیپل کا درخت ۔

Boa : (n) [L.] غیر زہریلے سانپوں کی نوع جو شکار کو دبا کر مار ڈالتے ہیں ؛ اجگر ۔ (۲) سمور یا پروں کا گلوبند (خواتین کا) ۔ (۳) سبز رنگ ۔

Boa-constrictor : (n) [f. prec.+L."constrictor"] Boa کی ذات کا برازیل کا بڑا سانپ ۔

Boanerges : (n) [Gr."boanerges"] (۱) بلند آواز خطیب یا مقرر ۔ (۲) زبیڈی کے دونوں بیٹوں کو حضرت مسیح علیہ السلام کا دیا ہوا نام ۔

Boanthropy : (n) [Gr."boanthropos"] پاگل پن کی ایک شکل جس میں آدمی خود کو بیل سمجھتا اور یقین کرتا ہے ۔

Boar : (n) [OE."bar"] (۱) سور جو خصی نہ کیا گیا ہو ؛ بن تھیلا ۔ (۲) بن تھیلے سور کا گوشت ۔ (۳) (مجازاً) انسان کو کہتے ہیں (طنزاً) ۔

Wild boar : جنگلی سور/ بن تھیلا ۔

Boar-fish : (n) میکرل کی قسم کی ایک مچھلی جس کی تھوتھنی سور کی تھوتھنی کی طرح نکلی ہو ۔

Board : (n) [WGer."bord"] (۱) لکڑی کا لمبا پتلا تختہ ؛ پٹرا ؛ (جمع) اسٹیج (تھیٹر کا) ؛ دفتیاں ؛ تختی ۔ (۲) میز؛ میز جس پر کھانا چُنا ہو ؛ کھانا ؛ کانسل کی میز؛ ارکان کانسل ؛ مجلس ؛ کمیٹی ۔ (۳) جہاز کا رخ یا طرف ۔ (٤) (بحری) رسہ ۔ (٥) (جلد سازی) دفتی ۔ (٦) ٹرین کا سگنل ۔

Above board : کھلے خزانے ؛ اعلانیہ ؛ برملا ۔

Advisory board : (تجارت) مشورہ بورڈ ۔

Arbitration board : (تجارت و معاشیات) ثالثی بورڈ ۔

Bed and board : زن و شوہر کے تعلقات ؛ میاں بیوی کا رہنا سہنا ۔

Board on board : پہلو بہ پہلو ؛ ساتھ ساتھ ۔

Board by board : پہلو بہ پہلو ؛ ساتھ ساتھ ۔

By the board : جہاز کے رخ سے ؛ جہاز کیطرف سے ۔

Conciliation board : (تجارت و معاشیات) مصالحتی بورڈ ؛ مفاھمتی بورڈ ؛ صلح بورڈ ۔

District board : ڈسٹرکٹ بورڈ ؛ ضلع بورڈ ۔

Drug supervisory board : (تاریخ و سیاسیات) بورڈ نگرانی ادویات ۔

Elementary School board : (فلسفہ و نفسیات) ابتدائی مدرسہ بورڈ ۔

Local board : (تاریخ و سیاسیات) مقامی بورڈ ؛ لوکل بورڈ ۔

Mediation board : (تجارت) صلاح بورڈ ۔

Municipal board : (تاریخ و سیاسیات) میونسپل بورڈ ۔

On board : جہاز پر ۔

Technical board : تکنیکی بورڈ ۔

Technical Assistance Board : (تاریخ و سیاسیات) تکنیکی امدادی بورڈ ۔

To board with : کسی کے گھر خرچ دے کر کھانا کھانا ۔

To fall on board (of) : حملہ کرنا ۔

To go by the board : (۱) مستولوں وغیرہ کا جہاز کے تختے پر گر پڑنا ۔ (۲) (مجازاً) ہمیشہ کے لئے چلے جانا ۔

To keep one's name on the boards : کیمرج کے کسی کالج کا رکن بننا ۔

To lay (a ship) on board : جہاز کا دوسرے جہاز کے برابر میں لانا ۔

To make boards : راستہ بدلنا ۔

To make short boards : اکثر راستہ بدلنا ۔

To run on board (of) : جہاز کا ٹکرانا ۔

To ship by the board : جہاز سے پانی میں گر پڑنا ۔

To sweep the board : (کھیل) سب جیت لینا ۔

To try by the board : ایک جہاز سے دوسرے جہاز پر سوار ہونے کی کوشش کرنا ۔

Board : (v) (۱) تختوں سے ڈھک دینا ؛ تختے جڑ دینا ۔ (۲) مقرر نرخ پر کھانا یا کھلانا اور قیام کرنا ؛ مقررہ معاوضہ پر کسی خاندان کا فرد بن کر رھنا ۔ (۳) جہاز کا دوسرے جہاز کے برابر میں آنا (عموماً حملہ کےارادہ سے) ۔ (٤) جہاز پر وار ہونا ؛ چڑھ جانا ۔ (٥) جہاز کی راہ بدل دینا ۔ (٦) چڑھ جانا ؛ چڑھنا ؛ دشمنی کے ارادے سے داخل ہونا ۔ (۷) (مجازاً) نزدیک جانا ؛ خطاب کرنا ؛ پیش قدمی کرنا ؛ اقدام کرنا ۔ (۸) میز پر رکھنا ۔ (۹) بنے ہوئے لباس کو ایک خاص شکل میں لے آنا ۔

Board measure : (n) تختوں کو ناپنے کی ایک سطحی پیمائش ۔

Board meetings : (n) (تجارت) بورڈ کی نشستیں ؛ بورڈ کی میٹنگ ۔

Board money : (n) بھتّہ ؛ تنخواہ جو کھانے کے خرچ کے نام پر دی جائے ۔

Board nail : (n) نوک دار میخ ۔

Board of adjustment : (n) مجلس تسویہ ۔

Board of arbitration : (n) مجلس ثالثی ۔

Board of conciliation : (n) مجلس مصالحت ؛ (سماجیات) مصالحتی بورڈ ۔

Board of conciliators : (n) (تاریخ و سیاسیات) صلاح کاروں کا بورڈ ۔

Board of control : (تعلیم) نگراں بورڈ ؛ (تاریخ وسیاسیات) بورڈ آف کنٹرول (انڈیا ایکٹ کے تحت) ۔

Board of Directors : (n) مجلس نظماء ؛ (تجارت) بورڈ آف ڈائرکٹرز ؛ ڈائرکٹروں کا بورڈ ۔

Board of Education : (تعلیم) تعلیمی بورڈ ؛ مجلس تعلیم ۔

Board of enquiry : (n) تحقیقاتی بورڈ ۔

Board of Examination : (n) امتحان بورڈ ۔

Board of Examiners : (n) تعلیم ممتحن بورڈ ۔

Board of refrees : (n) (تجارت) بورڈ محکمی ۔

Board of revenue : (n) مجلس مال ۔

Board of studies : (n) (انتظامیہ) بورڈ نصاب تعلیم ؛ مجلس نصاب تعلیم ۔

Board of Trade : (n) (۱) تجارت) بورڈ آف ٹریڈ ؛ بیوپار منڈل ؛ مجلس تجارت جو تجارتی معاملات اور مفادات کو منظم اور باقاعدہ کرتی ھے ، آگے بڑھاتی ھے ، ان کی نگرانی اور محافظت کرتی ھے ۔ (۲) کاروباری لوگوں کی تنظیم جو کاروبار کے مفادات کو ترقی دیتی ھے ۔

Board of Trustees : (n) مجلس امناء ۔

Board out : (v) صحت کی بنیاد پر کسی ملازم کو نوکری سے بر طرف کر دینا ۔

Board rule : (n) بغیر حساب کے کسی تختے کا سطحی رقبہ نکالنے کا اسکیل ۔

Board school : (n) ایسا مدرسہ جس کا انتظام کسی مجلس کے سپرد ھو ۔

Board scraper : (n) (تاریخ ، اثریات) تختی نما کھرچنی ۔

Board tree : (n) وہ درخت جس سے تختہ بنایا جا سکے ۔

Board-wages/ Board wages : (n) نوکروں کا وہ بھتّہ جو کھانے کے لئے دیا جائے ۔

Boardable : (a) (۱) جہاز میں داخل ہونے کے قابل ۔ (۲) (مجازاً) سہل القرب ، جس میں آسانی سے رسائی ھو سکے ۔

Boarder : (n) (۱) وہ شخص جو کسی کے گھر میں پیسہ دیکر کھانا کھائے ۔ (۲) اقامت خانہ میں رھنے والا ۔ (۳) دشمنوں کے جہاز میں داخل ہونے والا شخص ۔

Boarding : (n) (۱) (جہازرانی) دشمنی کی نیت سے کسی جہاز کے نزدیک جانا یا داخل ہونا ۔ (۲) تختہ لگانا ۔ (۳) تختوں کا ایک ڈھانچہ ؛ ساخت ۔ (٤) کھال کو تختے پر رکھ کر بالوں سے صاف کرنا ۔

Boarding house : (n) مدرسہ کا اقامت خانہ ۔

Boarding nettings : (n) رسوں یا تاروں کا وہ مضبوط جال جو دشمنوں کو جہاز میں داخل ہونے سے روکنے کے لئے کناروں پر لگایا جاتا ہے ۔

Boarding out : (n) (۱) گھر چھوڑ کر کہیں اور کھانا ۔ (۲) مفلس لڑکوں کا دوسرے خاندانوں کے سپرد کرکے پرورش کروانا ۔

Boarding school : (n) وہ مدرسہ جس میں لڑکے پڑھائے جاتے اور ساتھ ساتھ کھلائے بھی جاتے ہیں ۔

Boarding ship : (n) وہ جہاز جو غیر جانب دار جہازوں کی تلاشی ممنوعہ مال کی جانچ پڑتال کی غرض سے لے ۔

Boardman : (n) (۱) تھیٹر کے اسٹیج پر کام کرنیوالا آدمی ۔ (۲) سنیما اسٹوڈیو کا وہ بجلی مستری جو روشنیوں کا انتظام کرتا ہے اور مناظر فلمانے کے وقت کنٹرول بورڈ پر کام کرتا ہے ۔ (۳) اسٹاک اکسچنج کا وہ شخص جو خرید و فروخت کا کاروبار کرتا ہے ۔

Board 's report : (n) (تجارت) بورڈ کی رپورٹ ۔

Boardy : (a) سخت : کڑا ۔

Boarish : (a) سور کے متعلق : سور سے مشابہ یا سور کا ۔

Boarishly : (adv) وحشیانہ طریقہ سے : بے رحمی سے : نفس پرستی سے ۔

Boarishness : (n) شہوت پرستی سے : بے رحمی سے : وحشت ۔

Boar's ear : (n) Bear's ear کی بگڑی ہوئی شکل : ایک قسم کا پودا ۔

Boar's foot : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Boar's head : (n) سور کا مسلم سر جو بڑے دن یا کسی اور تیوہار میں بکتا ہے ۔

Boast : (n) [ME."bost"] شیخی : لن ترانی : لاف زنی : بڑائی : ڈینگ : مایہ فخر : تہدید آمیز عمل ۔

Boast : (v) [ME."bosten"] ڈینگیں مارنا : شیخی بگھارنا : خود ستائی کرنا : بڑ ہانکنا : کسی چیز کی ملکیت پر فخر کرنا : (نفسیات و فلسفہ) شیخی ۔

Boast : (v) (۱) (معماری) ہتھوڑا اور چھینی سے پتھر کو تراشنا ۔ (۲) (مجسمہ سازی ، سنگ تراشی) خاکہ بنانا (تفصیل سے پہلے) ۔

Boasted : (a) اسکواش کھیل میں کنارے کی دیوار پر گیند کو مار کر واپس دینا ۔

Boasted : (a) فخر کیا ہوا ۔

Boaster : (n) شیخی باز : ڈینگیل : شیخی خورہ ۔

Boaster : (n) سنگ تراشی کی ایک چوڑی چھینی ۔

Boastful : (a) شیخی باز : شیخی خورہ : پرلاف و گزاف ۔

Boastfully : (adv) شیخی سے : لاف زنی : تفاخر سے : ڈینگ مار کر ۔

Boastfulness : (n) شیخی : تفاخر : لن ترانی : ڈینگ : خود نمائی ۔

Boastingly : (adv) شیخی سے : ڈینگ سے ۔

Boat : (n) [OE."bat"] (۱) ناؤ : نواڑہ : کشتی : سفینہ : دخانی کشتی ۔ (۲) ڈاک کی کشتی ۔ (۳) ڈونگی (کشتی نما برتن جس میں چٹنی وغیرہ رکھی جاتی ہے) ۔ (٤) آب دوز کشتی ۔

Incense boat : لوبان دانی ۔

Platinum boat : پلاٹینمی کشتی ۔

Sauce boat : چٹنی کا برتن ۔

Ship's boat : جہاز پر کی کشتی (ان کشتیوں میں سے جو ہر وقت جہاز پر خاص وقت کے لئے رکھی جاتی ہیں) ۔

To be in the same boat : ایک ہی ناؤ میں سوار (ایک ہی مصیبت میں گرفتار) ۔

To have oar in everyone's boat : ہر جگہ ٹانگ اڑانا ۔

To sail in the same boat: ایک ہی کشتی کے سوار ہونا : مل کر کام کرنا ۔

To take boat : کشتی میں سوار ہونا ۔

Boat : (v) (۱) کشتی میں رکھنا : کشتی میں لیجانا :

کھینا ۔ (۲) مال بردار کشتی چلانا ۔

To boat the oars : کھینا بند کرکے پتواروں کو : پتواروں کو کشتی میں ڈال دینا ۔

Boat-cloak : (n) وہ لمبا لبادہ جو کام کرتے وقت بحری افسر پہنتے ھیں ۔

Boat fly : (n) ایک دریائی کیڑا ۔

Boat-hook : (n) بڑا ڈنڈا جس میں کانٹا اور کیل لگی ھو اور جو کشتی کو مقررہ مقام سے لیجانے یا لانے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Boat-house : (n) کشتی گھر : ناؤ گھر (دریا کے کنارے) ۔

Boat-insect : (n) دیکھو Boat fly

Boat-note : (n) (تجارت) کشتی نوٹ ۔

Boat race : (n) ناؤ دوڑ : اس کا اطلاق خصوصاً آکسفورڈ اور کیمرج یونیورسٹیوں کی نوکا دوڑ پر ھوتا ھے ۔

Boat shell : (n) ایک قسم کاصدف یا گھونگا۔

Boat slide : (n) وہ دوھری ڈھالو سطح جس پر کشتی کھینچ کر لے جاتے ھیں ۔

Boat tail : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Boat train : (n) وہ ریل گاڑی جس کا میل جہاز سے ھو ۔

Boat truck : (n) پہیے دار ٹھیلا جو اسٹیج پرسے چیزیں ادھر اُدھر کرنے میں کام آتا ھے ۔

Boat-woman : (n) ملاحن : ناؤ والی : کشتی والی ۔

Boatable : (a) کشتی رانی کے قابل ۔

Boatage : (n) کشتی کا کرایہ : کشتیانہ ۔

Boatbill : (n) جنوبی امریکہ کا بگلا جس کی چونچ کشتی نما ھوتی ھے ۔

Boater : (n) (۱) اسٹرا ھیٹ (Straw hat) جو مرد پہنتے ھیں ۔ (۲) لاف زن : فخر کرنے والا ۔

Boatful : (a) ناؤ بھر : بھر ناؤ ۔

Boating : (a & n) کشتی رانی : کشتی رانی کا عادی ۔

Boatload : (n) کشتی بھر : بے حساب : لاتعداد ۔

Boatman : (n) ناؤ والا : کشتی والا ' ملاّح ۔

Boatmanship : (n) کشتی رانی میں مہارت ۔

Boatswain : (n) بڑا ملاح : صدر ملاح : کشتی کے عملے کا سردار ۔

Boatswain-bird : گرم علاقوں کی ایک چڑیا جس کی آواز صدر ملاح کی سیٹی کی سی ھوتی ھے ۔

Boatswain's mate : (n) صدر ملاح کا معاون ۔

Bob : (n) [unknown origin] (۱) لٹکا : لٹکن : پتنگ کا جھل جھل ۔ (۲) بالوں کی لٹ : مرغولہ : پٹّے ۔ (۳) گھوڑے کی کٹی ھوئی دم ۔ (٤) سہاول : شاقول ۔ (٥) (عروض) ترجیع بند کا آخری مصرع یا بول : مستزاد کا آخری چھوٹا مصرع : انگریزی نظم میں کسی لمبے مصرعوں کے بعد ایک چھوٹا مصرع ۔ (٦) ایل مچھلی پکڑنے کے لئے چیزوں کا گچھا(گُندھا ھوا یا بُنا ھوا)۔ (۷) منھے کے قسم کی کوئی چیز ۔

To bear a bob : سہ گانے میں مل کر گانا ۔

Bob : (n) دستک ۔

Dry bob : وہ ضرب جس سے چمڑا نہ پھٹے ۔

Bob : (n) (۱) اچھل کود : ناچ ۔ (۲) اسکاٹ لینڈ کا ایک ناچ ۔ (۳) زنا نہ کورنش : تعظیم جو گھٹنوں کو خم دے کر کیجا ئے ۔

Bob : (n) گھنٹے بجانے میں سروں کا تغیر : اچھال : اچھلنا : جھٹکا ۔

Bob : (n) دھات کی جھلکاتی ھوئی سطحوں کو پالش کرنے کا ایک آلہ ۔

Bob : (n) "رابرٹ" کا پیار سے پکارا جانیوالا نام ۔

Dry Bob : ایٹن کا طالب علم جو میدانی کھیل کھیلتا ھے ۔

Wet Bob : ایٹن کا وہ لڑکا جو کشتی رانی کرے ۔

Light Bob : انفینٹری کا سپاھی ۔

Bob : (n) (عامیانہ) شلنگ ۔

Bob : (a) [Bob in "bobtail"] (۱) ترشا ھوا : کٹا ھوا ۔ (۲) عمدہ ۔

Bob : (v) [ME."boben","bobben"prh. echoic] (۱) کھٹ کھٹ کرنا : کھٹکھٹانا ' جھٹکا دینا ۔(۲) مٹھے کی ایسی چیز سے ضرب لگانا ۔ (۳) اچھلانا ۔

Bob : (v) [App. echoic] (۱) اوپر نیچے حرکت کرنا : ناچنا ۔ (۲) جھٹکے سے اوپر نیچے حرکت دینا ۔ (۳) زنانہ کورنش بجا لانا ۔

To bob a curtsy : زنانہ کورنش بجا لانا ۔

To bob for apple / cherries, etc : لٹکتے ہوئے یا پانی پر بہتے ہوئے پھل کو منہ سے پکڑ لینا ۔

To bob up like a cork : شکست کے بعد پھر میدان میں آنا ۔

Bob : (v) گل میں کیچونے لگا کربام مچھلی کا شکار کرنا ۔

Bob : (v) (۱) گھوڑے کی دم تراشنا ۔(۲) بال اس طرح تراشنا کہ وہ کاندھے تک رھے ۔

Bob : (adv) جھٹکے سے : جھٹکا دے کر ۔

Bob balance : (n) گوندنے والا ترازو ۔

Bob-cherry : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Bob curl : (n) طرہ کی طرح چھوٹا گھونگر ۔

Bob fly : (n) (مچھلی پکڑنے کا) تربرا/تریگنا/ٹونا ۔

Bob jerom : (n) چھوٹی لٹوں والے نقلی بال : چھوٹی لٹوں کا وگ ۔

Bob pendulum : (n) گوندہ والا لٹکن ۔

Bob periwig : (n) نقلی بالوں کا گچھا ۔

Bob peruke : (n) نقلی بالوں کا گچھا ۔

Bob-sled / Bob sleigh : (n) برف پر پھسلنے والی دو بے پہیے کی گاڑیاں ایک میں بندھی ھوئی ، جس پر لتھےلاد کر لے جاتے ھیں : ایک لمبی برف پر پھسلنے والی گاڑی جو آلپ پہاڑوں پر کھیل میں استعمال ھوتی ھے ۔

Bob-stay : (n) وہ رسی جو جہاز کی اگلی نوک کو تھامے رکھے ۔

Bob-tail : (n) (۱) کٹی دم : دُم کٹا کتا یا گھوڑا : لنڈورا دم کٹا ۔(۲) کوئی چیز جو مختصر کی گئی ھو ۔(۳) مسلح فوج سے بے عزتی کے ساتھ برطرفی ۔(٤) وہ موٹر ٹرک جس کا پہیا چھوٹا ھو ۔

Tag, rag and bob-tail : مجمع : بھیز : قلی کباڑی ۔

Bob-tail : (a) مختصر : ناقص ۔

Bob-tailed : (a) دم کٹا : ناقص ' مختصر ۔

Bob-white : (n) شمالی امریکہ کا ایک تیتر ۔

Bob-wig : (n) چھوٹی لٹوں والے مختصر بال ۔

Bobac : (n) [pol.] (کھود کر) زمین کے اندر رھنے والی گلھری ۔

Bobadil : (n) تیس مار خاں : ڈینگیل : ڈینگیں مارنے والا ۔

Bobadilian : (a) شیخی باز ۔

Bobadilish : (a) شیخی باز ۔

Bobadilism : (n) شیخی بازی ۔

Bobbed : (a) ترشا ھوا : کٹا ھوا : لٹکن لگا ھوا ۔

Bobber : (n) (۱) تربرا ۔(۲) یار : دوست ۔ (۳) کیچوا لگا کر بام مچھلی کا شکار کرنیوالا ۔

Bobbery : (n) [Anglo-Indian repr. Hindi "Bap re!"] : شوروغل : ھنگامہ ۔

Bobbin : (n) [F."bobine"] (۱) چرخی : ریل چنخنی یا بلی مع اس کی ڈوری کے : پھرکی : پریتا : قرقرہ : بابن ۔(۲) وہ ریل جس کے اوپر برقی تار لپٹا ھو ۔(۳) وہ پتلا فیتہ جو

لباس کی سجاوٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Bobbin : (v) بوبن پر تاگہ چڑھانا ۔

Bobbin lace : (n) تکیہ پر بابن کے ذریعہ لیس لگایا ھوا ۔

Bobbin-net / bobbinet : (n) مشین سے بنایا ھوا سوتی جال ۔

Bobbin winder : (n) بابن پر تاگا چڑھانے کا پرزہ ۔

Bobbing : (n) پیٹنا : چوٹ پہنچانا : اوپر نیچے حرکت کرنا : ناچنا : زنانہ کورنش بجا لانا : کیچوا کے ذریعہ مچھلی پکڑنا ۔

Bobbish : (a) بھلا چنگا : پھرتیلا : اچھا : خوش طبع : خوش حال : ترنگ میں ۔

Bobbishly : (adv) خوش مزاجی سے ترنگ سے : پھرتی سے : خوش حالی سے ۔

Bobby : (n) لندن کی پولیس کا عرف نام ۔

Bobolink : (n) [app. Bob Lincoln , or Bob O'Lincoln : echoic] شمالی امریکہ کی گانے والی ایک چڑیا ۔

Bobtail : (v) (۱) دم کاٹ لینا ۔
(۲) (مجازاً) مختصر کرنا ۔

Bocage : (n) [OF."boscage"] جنگلی علاقہ / سر زمین ۔

Bocal : (n) [mod. Fr. and Sp.] شیشے کی بوتل : شیشے کا مرتبان جس کی گردن چھوٹی اور چوڑی ھو ۔

Bocardo / Bokardo : (n) دیکھو Barbara

Bocarella : (n) [dim of prec.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی کے دہانے کے دونوں طرف کے چھوٹے چھوٹے سوراخ ۔

Bocasin : (n) [Turk."boghasi"] باریک بکرم ۔

Bocca : (n) [It.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی کا گول سوراخ جس سے اس میں پگھلانے کے برتنوں کو رکھا یا نکالا جاتا ھے : کوہ آتش فشاں کا دہانہ ۔

Boche : (n) [Fr.] (عامیانہ تحقیراً) جرمنی کا باشندہ ۔

Bockey : (n) [dim. of Du."bokaal"] کدو سے بنایا ھوا پیالہ ۔

Bocking : (n) [F."Bocking"in Essex"] موٹا اونی کپڑا ۔

Bode : (n) [OE."boda"] نقیب : حاجب : قاصد: پیام بر: منادی ۔

Bode : (n) [OE."boda"] نیلام کی بولی ۔

Bode : (v) [OE."bodian"] اچھے برے شگون ھونا : آئندہ کی حالت بتانا : پیشین گوئی کرنا : خبردار کرنا ۔

Bodeful : (a) برے شگون والا : منحوس ۔

Bodega : (n) [Gr."amotheke"] شراب کی دکان : شراب کا گودام ۔

Bodement : (n) پیش گوئی : شگون : فال ۔

Boden : (a) تیار کیا ھوا : ملبوس ۔

Boder : (n) ھوشیار / خبردار کرنے والا ۔

Bodeword : (n) پیش گوئی ۔

Bodge : (n) ایک بھدا پیوند : خراب پیوند: بگڑا کام ۔

Bodge : (v) بھدے طریقے سے مرمت کرنا یا پیوند لگانا ۔

Bodger : (n) بھدا پیوند لگانیوالا : خراب کام کرنیوالا ۔

Bodice : (n) [var. of "bodies"] کُرتی : یوروپی شلوکہ : چھوٹے کپڑے : چولی ۔

Bodied : (a) ذی جسم : جسم والا : مجسم (خاص طور پر مرکّب لفظوں میں مثلاً (able-bodied) : قوت والا : قوی : ذی وجود : ذی جسد ۔

Bodiless : (a) بے جسم : جسم سے علاحدہ : غیر مجسم : بے وجود ۔

Bodilize : (v) مادہ دار بنانا ۔

Bodiliness : (n) جسمانیت ۔

Bodily : (a) جسمانی : طبعی : جسدی ۔

Bodily : (adv) جسماً : جسداً : بذاتہ : شخصاً : پورے کا پورا : کلاً: جمعاً : (حیوانیات) جسمانی : جسمی ۔

Bodily injury : (n) جسمانی چوٹ یا زخم ؛ (تجارت) جسمانی چوٹ ۔

Bodily injury liability insurance : (a) (تجارت) جسمانی نقصان ذمہ داری بیمہ ۔

Bodkin : (n) (۱) سوجا ؛ ستاری ؛ سوا ؛ ستالی ؛ تکوا ۔ (۲) لمبی ھیر پن / بال کا کانٹا ۔ (۳) دو آدمیوں کی جگہ پر تیسرا گھس کر بیٹھا ھوا آدمی ۔ (٤) (طباعت) ستالی کی قسم کا آلہ جس سے جمے ھوئے حروف میں سے کوئی حروف نکالا جاتا ھے ۔

To ride or sit bodkin : دو شخصوں کے درمیان گھس کر دب کر بیٹھنا ۔

Bodkin / Bodkinize : (v) دو شخصو ں کے درمیان گھس کر دب کر بیٹھنا ۔

Bodle : (n) [f.a mint-master "Bothwell"] اسکاٹ لینڈ کا تانبے کا ایک سکّہ ؛ سب سے چھوٹا سکّہ ۔

Bodleian : (n) [f. Sir Thomas Bodley] (۱) اس کتاب خانے کا یا اس سے متعلق جو سر ٹامس بوڈلین کے نام پر قائم ھوا تھا ۔ (۲) آکسفورڈ یونیورسٹی کا کتب خانہ ۔

Body : (n) [OE."bodiz"] (۱) مادی وجود ؛ دھڑ (جہاز وغیرہ کا) ؛ ڈھانچہ ؛ دھڑ کا لباس جیسے شلوکا ۔ (۲) اصل دستاویز یا اصل مضمون (یعنی تمہید کو خارج کرکے) مدون قانون ؛ متن کتاب ۔ (۳) اکثریت ۔ (٤) آدمی ؛ شخص ؛ فرد ؛ جماعت یا گروہ ؛ انجمن ؛ لیگ ؛ قومی جمیعت ؛ مجموعہ ؛ مجمع ۔ (٥) جسم کا جرم (فلکی) ۔ (٦) مقدار۔ (۷) شئے محسوس ؛ شئے مرئی ۔ (۸) تنہا ۔ (۹) لاش ۔ (۱۰) عشائے ربانی کی روٹی ۔ (۱۱) اصل حصہ ۔ (۱۲) (ٹائپ سازی) ٹائپ کا سائز ۔ (۱۳) (قانون) از روئے قانون کوئی فرضی شخص ۔ (۱٤) برادری ۔ (۱٥) (علم اقلیدس) ٹھوس ۔ (۱٦) علم کیمیا ؛ معدنیات ۔ (۱۷) مادہ ۔ (۱۸) ظرف سفالین (مٹی کا برتن) ۔ (۱۹) معنی ؛ مطلب ۔ (۲۰) لیمپ کا ھولڈر ۔ (۲۱) بنیادی جزو یا عنصر ۔

Astral body : (انسان کا) نورانی پیکر ؛ نسمہ ؛ (فلسفہ و نفسیات) نورانی پیکر ۔

Casual body : (فلسفہ و نفسیات) علتی جسم ۔

Celestial body : جماعت سماوی ؛ (ریاضیات) فلکی جسم ۔

Compound body : عناصر کے مرکبات ۔

Corporate body : منظم جماعت ؛ (فلسفہ و نفسیات) تسلیم شدہ جماعت ۔

Heavenly bodies : اجرام فلکی ۔

Heavenly body : (ریاضیات) سماوی جسم ۔

Heir of the body : وہ وارث جو مستقیماً نسل میں سے ھیں ۔

Rigid body : سخت جماعت ؛ سخت گیرانہ جماعت ؛ (ریاضیات) استوار جسم ۔

Simple bodies : کیمیاوی عناصر ۔

Solid body : مستحکم جماعت ؛ (ریاضیات) ٹھوس جسم ۔

The body of Christ : وہ کلیسا جس کے سردار حضرت عیسیٰؑ علیہ السلام ھیں ۔

The body politic : قوم ؛ ریاست ؛ مملکت ۔

To keep body and soul together : برے بھلے گذر کرنا ۔

Wine of good body : جوھر ؛ اصل مادہ ۔

Body : (v) (۱) خارجی شکل میں ظاھر کرنا ۔ (۲) مجسم کرنا ؛ تجسیم ۔ (۳) تصور میں لانا ۔ (٤) مثال یا نمونہ ھونا ۔

To body forth : (۱) خارجی حقیقت بنا کر نمائش کرنا ۔ (۲) جسمانی شکل دیکر نمائندگی کرنا ۔

Body cavity : (v) جسمی خلا ؛ جوف ؛ (حیوانیات) جسمی کہفہ ۔

Body-centred cubic structure : جسم مرکزی مکعب ساخت ۔

Body-centred lattice : جسم مرکزی جالی ۔

Body chamber : (n) گھونگے کا باھری اور سب سے بڑا خانہ ۔

Body cloth : (n) گھوڑے کا جھول ۔

Body coat : (n) چست کوٹ ۔

Body colour : (n) غیر شفاف رنگ ۔

Body corporate: (n) (تاریخ و سیاسیات) جماعت بمنزلہ فرد : (تجارت) ادارہ کارپوریٹ ۔

Body-guard : (n) ذاتی محافظ : باڈی گارڈ ۔

Body heat : (n) (۱) شہوت : مستی (جانور کی) ۔ (۲) حرارت غزیزی : طبعی حرارت ۔

Body - hood : (n) جسمانیت : جسد داری ہونا ۔

Body hoop : (n) لکڑی کے متعدد ٹکڑوں سے بنے ہوئے مستول کے کگر کے ٹکڑوں کو تھامنے والا حلقہ ۔

Body image : (n) اپنی ظاہری شکل و صورت کی خیالی تصویر جو انسان خود اپنے ذاتی مشاہدے یا دوسروں کے رد عمل سے بناتا ہے ۔

Body lifter : (n) ایسا شخص جو جراحی کے لئے لاش قبروں سے نکال لے : مردہ چور: لاش چور: نبّاش ۔

Body line bowling : کرکٹ میں تیز گیند پھینکنا کہ کھلاڑی کے leg side میں گرے ۔

Body louse : (n) چلثر : چبوکن : (حیوانیات) جسمی جوں ۔

Body of individuals : (تاریخ و سیاسیات) جماعت افراد ۔

Body of principles : (تاریخ و سیاسیات) اصول کا مجموعہ ۔

Body plan : (n) (جہاز سازی) بننے والے جہاز کا ڈھانچہ ۔

Body politic : (n) ارباب حکومت : منظم معاشرہ : ہیئت ملت ۔

Body servant : (n) خادم خاص : خدمت گار ۔

Body snatcher : (n) دیکھو Body lifter

Body tube : (n) آرگن باجے کے دھڑ کی خاص نالی ۔

Body wall : (n) جسم کا خارجی حصہ : (حیوانیات) جسمی دیوار ۔

Body whorl : (n) گھونگے کا وہ آخری اور سب سے بڑا چکر جس میں صدف کا جسم رہتا ہے ۔

Boehmenism : (n) جرمن کے جیکوب بوھیمین کے عارفانہ اور باطنی فلسفہ کے عقائد ۔

Boehmenist / Boehmenite : (n) جرمن کے جیکوب بوھیمین کے عارفانہ اور باطنی فلسفہ کے عقیدہ کا پیرو ۔

Boeotarch : (n) [Gr."Boeotarches"] بیوشن لیگ کا ایک خاص مجسٹریٹ ۔

Boeotia : (n) قدیم یونان کا ایک ضلع جہاں کے لوگ بے وقوفی کے لئے مشہور تھے ۔

Boeotian : (a) بیوشین : بے وقوف : گاؤدی : گھنٹل آدمی : بیوشیا کا رہنے والا ۔

Boeotic : (a) بیوشیا کا رہنے والا : بے وقوف : بیوشین ۔

Boeotize : (v) بیوشین بننا یا بنانا ۔

Boer : (n) [DU. "boer"]. جنوبی افریقہ میں ولندیزی نو آبادیاتی جو کاشتکاری اور مویشی پالنے کا شغل / پیشہ کرتا ہے ۔

Bog : (n) [Ir. or Gael. "bogach". f."bog"] پانک : دلدل ۔

Bog : (n) (عامیانہ) پاخانہ ۔

Bog : (v) دلدل میں دھنسنا اور دھنسانا : دلدل میں پھنس جانا ۔

Bog bean : (n) ایک قسم کا آبی پودا جس کے تنے پر گلابی پھولوں کے گچھے ہوتے ہیں ۔

Bog berry : (n) ایک پودے کا نام ۔

Bog bitter : (n) بگلے کی قسم کا پرندہ ۔

Bog bluiter : (n) بگلے کی قسم کا ایک پرندہ ۔

Bog bumper : (n) بگلے کی قسم کا ایک پرندہ ۔

Bog butter : (n) چربیلا ھائیڈرو کاربن جو آئرستان کی دلدلوں میں پایا جاتا ہے ۔

Bog earth : (n) وہ مٹی جو دلدلی کوئلے کی بنی ہوتی ہے یا دلدلی کوئلے سے ملی ہوتی ہے ۔

Bog fir : (n) صنوبر کے درخت کی لکڑی جو دلدلی علاقہ میں ہوتی ہے ۔

Bog-house : (n) پاخانہ ۔

Bog iron / Bog iron ore : (n) دلدلی زمینوں میں پائی جانے والی نازک سوراخ دار بھوری دھات : آب آهنی ۔ کچ دھات : (کیمیا) دلدلی لوہے کی کچی دھات ۔

Bog jumper : (n) بگلے کی قسم کا ایک پرندہ ۔

Bog land : (n) دلدلی زمین ۔

Bog lander : (n) دلدلی زمین میں رہنے والا ۔

Bog manganese : (n) میگنیز کی ایک قسم ۔

Bog moss : (n) ایک پودے کانام ۔

Bog mould : (n) دیکھو Bog earth

Bog myrtle : (n) ایک پودے کا نام ۔

Bog nut : (n) دیکھو Bog bean

Bog oak : (n) پرانا اوک کا درخت جو دلدل میں دب کر رہ گیا ہو ۔

Bog ore : (n) دیکھو Bog iron

Bog pine : (n) دیکھو Bog - Fire

Bog pink : (n) ایک پودے کا نام ۔

Bog Rush : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bog spavin : (n) وہ گومڑ جو گھوڑے کے پچھلے پیر کے گھٹنے کے جوڑ میں پیدا ہوتا ہے ۔

Bog timber : (n) ان درختوں کا تنا جو دلدلی علاقوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Bog trefoil : (n) دیکھو Bog bean

Bog-trot : (v) دلدلی زمین پر رہنا ۔

Bog-trotter : (n) پرانا وحشی آئرستانی باشندہ ۔

Bog violet : (n) ایک پودے کا نام ۔

Bog wood : (n) ان درختوں کا تنا جو دلدلی علاقوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Bogardus' social distance scale: (سماجیات) بوگارڈس کا سماجی فاصلے کا پیمانہ : بوگارڈس کا معاشرتی فاصلے کا پیمانہ ۔

Bogey : (n) (گولف میں) ضربوں کی تعداد جس میں گولف کی گیند کو سوراخ تک پہنچا دینا محال سمجھا جائے ۔

Boggard/ Boggart : (n) بھوت : پریت : چڑیوں کو ڈرانے کا پتلا ۔

Bogginess : (n) دلدل پن ۔

Boggie : (n) [var. of BOGLE] جھجھکنا ، پس و پیش کرنا : ٹھٹھکنا : بدلنا : چونکنا : گول گول بات کہنا : کام بگاڑنا : ٹال دینا ۔

Boggle : (n) پس و پیش : ٹال مٹول : جھجھک : حیا ۔

Boggler : (n) جھجھکنے والا : گول مول باتیں کہنے والا ۔

Boggy : (a) (۱) دلدلی ۔(۲) تھل تھل : پلپلا ۔

Bogie / Bogy / Bogey : (n) [unknown etymology] ریل کے انجن یا ڈبّے کا نچلا حصہ (مع پہیوں کے) ۔

Bogle : (n) دیکھو Boggard

Bogus : (a) [Acant word of US.] بناوٹی : غیر حقیقی : جعلی : نقلی ۔

Bogus : (n) گنے کی شراب اور چھولے کا مرکب ۔

Bogy : (a) بچکا : ھَوّا : ڈراونا ۔

Bohea : (n) [Chinese"wu-i-(shan)"] کالے رنگ کی ایک چائے جو پہلے سب سے اچھی مانی جاتی تھی ۔

Bohea tea : (n) دیکھو Bohea

Bohemia : (n) (۱) وسطی یورپ کی ایک ریاست : مردم آمیز بوھیمیا کے لوگوں کی جماعت یا اس کے ضلعے ۔ (۲) خانہ بدوش ۔

Bohemian : (n) (۱) بوھیمیا کا باشندہ : خانہ بدوش : سماج کا خانہ بدوش خصوصاً فن کار ، ادیب اور اداکار جو بے قاعدہ ، آزاد اور آوارگی کی زندگی گزارتے ھیں ۔

Bohemian : (a) لا ابالی : آزاد مشرب : اوباش ۔

Bohemian chatterer : (n) ایک مہاجر پرندہ ۔

Bohemian glass : (n) (کیمیا) بوھیمین کانچ : ایک نہایت عمدہ قسم کا شیشہ جو پہلے بوھیمیا سے بن کر آتا تھا ۔

Bohemian waxwing : (n) ایک مہاجر پرندہ ۔

Bohemianism : (n) لا اُبالی پن ۔

Bohemianise : (v) لا ابالی بنانا ۔

Bohr magneton : (n) (طبیعیات) بھور مقناطون ۔

Bohr radius : (n) (طبیعیات) بھور نصف قطر ۔

Boiguacu : (n) [Tupi] Boa کی ذات کا اجگر سانپ ۔

Boil : (n) [OTeut. "bulja"] (۱) پھوڑا : دنبل : پھنسی ۔ (۲) رنگے ھوئے سطحوں پر کا چھالہ ۔

Boil : (n) تبخیر : ابلنا : ابال : جوش : نقطہ تبخیر : جوشاندہ چیز ۔

Boil : (v) [L."bullire"] ابلنا : جوش کھانا : ابال آنا : جوش میں آنا : ابلتے ھوئے پانی کی گرمی سے پکانا یا پکنا : ابل جانا : بخار بن جانا : ھیجان میں ھونا : بلبلہ اٹھنا : جوش دیکر پکانا : صاف کرنا : تیار کرنا : پھوٹ پڑنا ۔

Blood boils : خون کھولتا ھے ۔

It boils down to this : خلاصہ یہ کہ ۔

To boil away : پانی کو بھاپ بنا کر اڑا دینا ۔

To boil down : جوش دیکر مقدار کم کر دینا ۔

To boil over : ابل جانا : ابل پڑنا : کھول جانا ۔

To boil the pot : رزق مہیّا کرنا ۔

To keep the pot boiling : گذارن کرنا : کام چلانا : کھانے بھر کا کما لینا ۔

Boiled : (a) ابلا ھوا : جوش دیا ھوا : کھولا ھوا ۔

Boiled shirt : (n) کلف دار قمیض ۔

Boiled stuff : (n) کسبیاں : رنڈیاں ۔

Boiler : (n) (۱) کھولانے والا : جوش دلانے والا : گرم پانی کا ظرف جو چولھے کے ساتھ لگا ھوتا ھے : بائلر : اُبالنے والا : بھٹی (دھوبی کی) ۔ (۲) ترکاریاں جو ابال کر کھانے کی ھوں : (کیمیا) جوش دان ۔

Boiler alarm : (n) وہ آلہ جس سے بائلر کے پانی کی نچلی سطح معلوم کی جائے ۔

Boiler and machinery insurance : (تجارت) بائلر اور مشینری بیمہ ۔

Boiler feeder : (n) بائلر میں پانی پہنچانے کا آلہ ۔

Boiler float : (n) وہ تریرا جو پانی کو بائلر میں داخل ھونے اورنکلنے میں بند کرتا ھے ۔

Boiler iron : (n) لوھے کی موٹی چادر (چوتھائی انچ سے نصف انچ تک کی) ۔

Boilerman : (n) وہ آدمی جو بائلر پر کام کرتا ھے ۔

Boiler plate : (n) دیکھو Boiler iron

Boiler protector : (n) بائلر سے گرمی کو نکل جانے سے روکنے والی تہ ۔

Boiler scale : (n) بائلر کا پیمانہ (طبیعیات) : جوش دان پیمانہ ۔

Boiler tube : (n) بھاپ نلی جس سے بائلر کے پانی میں گرمی پھیلا ئی جاتی ھے ۔

Boilery : (n) [F."bouillerie"] کسی چیز کو جوش دینے کی جگہ ۔

Boiling : (n) ابلنا : ابال : جوش : کھولاھٹ : (کیمیا) ابالنا ۔

The whole boiling : سب ؛ کُل ۔

Boiling furnace : (n) لوھے سےکاربن علاحدہ کرنے کی بھٹّی ۔

Boiling heat : (n) (۱) وہ حرارت جس پر کوئی چیز جوش کرنے لگتی ھے ۔ (۲) انتہائی جوش ؛ سخت اشتہا ' (کیمیا) نقطہ جوش ' (طبیعیات) نقطہ ابال ۔

Boiling house : (n) چیزوں کو ابالنے کا مقام ۔

Boiling plate : (n) جوش پلیٹ ۔

Boiling point elevation : (کیمیا) نقطہ ابال کا چڑھاؤ ۔

Boiling temperature : (n) وہ حرارت جس پر کوئی چیز جوش کرنے لگتی ھے ؛ انتہائی جوش ۔

Boiling tube : (n) جوش نلی ۔

Boilingly : (adv) جوش دیکر ؛ ھیجان میں آ کر ۔

Bois de rose : (n) بھورے رنگ کے مختلف درجے (گہرے یا ھلکے ھونے کے لحاظ سے)۔

Boist : (n) [Gr."pyixda"] بھدی جھونپڑی ' بھدی پناہ گاہ ۔

Boisterous : (a) [app. var. of "boisteous", "boistuous"] تند ؛ تیز ' اودھم مچانے والا ؛ شورو غل یا غل غپاڑہ کرنے والا ؛ متلاطم ناھموار مگر خوش طبعی کے ساتھ حرکت ' زیادتی ۔

Boisterously : (adv) تندی سے ' شور و غل کے ساتھ۔

Boisterousness : (n) تندی ؛ تیزی ؛ شور انگیزی ۔

Boke : (v) (۱) استہزا کرنا ؛ تمسخر کرنا ؛ دھکا مارنا ' ٹھیلنا ؛ دھکیلنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) قے کرنا ؛ ڈکار لینا ۔

Boko : (n) [origin unknown] (عامیانہ) ناک ۔

Bolar : (a) مٹیالا ؛ مٹّی کیطرح کا ؛ خاک آمیز ۔

Bolas : (n) مویشیوں کو پھنسانے کا پھندا جو نپٹا گونین لوگ استعمال کرتے تھے ۔

Bold : (a) [OE."bald"] (۱) دلیر ؛ جری ؛ جیوٹ والا ؛ با عزم ؛ ھمت کر جانے والا ؛ منچلا ؛ اپنے نفس پر بھروسہ رکھنے والا ؛ بے باک ؛ نڈر ؛ گستاخ ؛ شوخ ؛ جاذب نظر نمایاں ؛ ظاھر ؛ تند ؛ پختہ ؛گداز ؛ آزاد ؛ غیر روانتی ۔ (۲) (جہاز رانی) کھڑا ساحل ؛ کھڑے ساحل کے نزدیک گہرا پانی ؛ کھڑی یا باھر نکلی ھوئی چٹان ' بہادر آدمی ۔(۳) وہ جہاز جس کا اگلا حصہ عمودی ھو ۔(٤) تصور اور اظہار کے لحاظ سے جرأت کے ساتھ آزاد ۔

To be (so) bold : جواں مردی کرنا ؛ ھمت کرنا ؛ جرأت کرنا ۔

To make (so) bold : جواں مردی کرنا ؛ ھمت کرنا ؛ جرأت کرنا ۔

Bold-face : (n) (۱) شوخ آدمی ؛ شوخی آمیز چہرہ ۔ (۲) (ٹائپ میں) وہ ٹائپ جو چوڑے چہرے والا ھو اور اسکا نقش نسبتًا زیادہ نمایاں ھو اور ابھرنے والا ھو ۔

Bolden : (v) ھمت دلانا ؛ جرأت دلانا ؛ حوصلہ بڑھانا ' جرأت کرنا ۔

Boldfaced : (a) شوخ ؛ شوخ چہرے والا ۔

Boldly : (adv) دلیرانہ ؛ بے باکانہ ؛ نمایاں طورپر؛ گستاخانہ ۔

Boldness : (n) دلیری ؛ جرأت ؛ جیوٹ ؛ گستاخی ؛ بے باکی ؛ جرأت مندی ؛ منچلا پن ۔

Bole : (n) [ON."bolr", "bulr"] (۱) درخت کا تنا ۔ (۲) کوئی اسطوانہ نما چیز جو درخت کے تنے کی طرح ھو ۔

Bole : (n) [Gr. "bolos"] وہ مختلف قسم کی باریک کوال چکنی مٹی جس کا رنگ آئرن آکسائڈ (Iron oxide) ملا ھونے کی وجہ سے پیلا ، لال یا بھورا ھوتا ھے ؛ گیرو ۔

Bole : (n) (۱) دیوار میں بنا مربع طاق ۔ (۲) روشن دان ۔

Bole : (n) پرانے زمانے میں خام جستہ پگھلا کر صاف کرنے کا مقام ۔

Bole armeniac : (n) گل آرمنی ؛ گیرو؛ آرمنی مٹی ۔

Bolection : (n) (معماری) دلے کے اوپر کا ابھرواں کام ۔

Bolero : (n) [Sp.] (۱) هسپانوی رقص اور اس رقص کی موسیقی ۔ (۲) عورتوں کی جیکٹ ۔

Boletus : (n) [Gr."bolites"] سماروغ کی ایک بڑی قسم ۔

Bolide : (n) [Gr."bolis"] بڑا شہاب ثاقب ؛ آگ کا گولہ ۔

Bolk : (v) [ME."bolken"] (۱) ڈکار لینا ۔(۲) قئے کرنا ۔ (۳) باھر پھینکنا ۔(٤) تھوڑا تھوڑا کرکے نکلنا ۔ (٥) بند گیس کی طرح زور زور سے سانس لینا یا دھڑکنا ۔

Boll : (n) [OE."bolla"] پھلی ؛ ڈوڈا ؛ برنڈا ۔

Boll : (n) [ON. "bolli"] غلّہ ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Bollandist : (n) [f. Bolland, a Flemish Jesuit] وہ لیسوعی مصنفین جو جان بلانڈ کی ابتدا کی ہوئی کتاب Actus Sanctorum کو لکھنا جاری رکھتے ہیں (عیسائی ولیوں اور شہیدوں کی سوانح عمری)۔

Bollard : (n) جہاز یا گودی پر رسیاں لٹکانے کا کھمبا یا شہتیر ۔

Bolling : (n) منڈا درخت ۔

Bollito : (n) [It.] ریت اور دھات کا وہ مرکب جس سے شیشہ بنایا جائے ۔

Bollworm : (n) وہ کیڑا جو روئی کے ڈوڈے کو برباد کر دیتا ہے ۔

Bologna : (n) اٹلی کا ایک قدیم شہر جس کا پرانا نام نبتونیا تھا ۔

Bologna bottle : (n) وہ بوتل جو اینٹ کے فرش پر ٹیک دینے سے نہ ٹوٹے مگر زرا سی خراش لگ جانے پر چور چور ہو جائے ۔

Bologna flask : (n) وہ بوتل جو اینٹ کے فرش پر ٹیک دینے سے نہ ٹوٹے مگر ذرا سی خراش لگ جانے پر چور چور ہو جائے ۔

Bologna phial : (n) وہ بوتل جو اینٹ کے فرش پر ٹیک دینے سے نہ ٹو ٹے مگر ذرا سی خراش لگ جانے پر چور چور ہو جائے ۔

Bologna phosphorus : (n) بلونا پتھر اور گوند کا مرکب ۔

Bologna sausage : (n) - Sausage پہلے پہل بلونا میں بنایا ہوا

Bologna spar : (n) برائیٹا کا اساسی سلفیٹ جو بلونا کے نزدیک پایا جاتا ہے اور جس میں چمکنے کی خاصیت ہوتی ہے ۔

Bologna stone : (n) برائیٹا کا اساسی سلفیٹ جو بلونا کے نزدیک پایا جاتا ہے اور جس میں چمکنے کی خاصیت ہوتی ہے ۔

Bolognan / Bononian : (a) بلونا کا ۔

Bolograph : (n) (کیمیا) بولو گراف : بولو گراف کے نگار ۔

Bolometer : (n) [Gr. "bole+metron"] شعاع پیما ۔

Bolometric : (a) شعاع پیمائی سے متعلق ۔

Bolshevik : (n) [Russ."bol+shevik"] بالشیوک : روسی سماج وادی پارٹی یا کمیونسٹ پارٹی کے انتہا پسند گروہ کا رکن ' انقلاب پسند ؛ (سیاسی) انتہا پسند ۔

Bolshevism : (n) اشتراکیت ؛ بالشویت ۔

Bolshevist : (n) انقلاب پسند : (سیاسی) انتہا پسند ؛ روسی سماج وادی پارٹی یا کمیونسٹ پارٹی کے انتہا پسند گروہ کا رکن ۔

Bolshevize : (v) اشتراکی بنانا ۔

Bolshevo : (سماجیات) بولو شیو ۔

Bolshy /-ie : (n) Bolshevik کا عامیانہ مخفف ۔

Bolster : (n) [OE."bolster"] (۱) گاؤ تکیہ : تکیہ ۔ (۲) (مشینوں یا اوزاروں کی) گدی ۔ (۳) گدے کی قسم کی کوئی چیز ۔ (٤) (جہاز رانی) (جمع) رگڑ کھانے سے بچانے والی گدیاں ۔ (٥) کسی چیز کی بناوٹ کا وہ حصہ جو سہارا دینے کی غرض سے بنایا گیا ہو ۔ (٦) دیکھو Baluster

Bolster : (v) تلف شدنی شئے کو بچانا ؛ سہارا دینا ؛ ٹیک دینا ؛ گدی لگانا ؛ تکیے کا سہارا دینا ؛ اعانت مجرمانہ کرنا ؛ گدی باندھنا ؛ شہ دینا ؛ تکیہ بازی کرنا (مدارس میں) ؛ خیالی سہارا دینا ؛ اضافہ کرنا ؛ تشدید ؛ شدت پیدا کرنا ؛ بھرنا ؛ ایک ہی سہارے پر پڑا رہنا ۔

Bolstered : (a) بھرا ھوا ؛ سہارا دیا ھوا ۔

Bolsterer : (n) سہارا دینے والا ؛ تکیہ لگانے والا ۔

Bolstering : (n) سہارا دینا ؛ تکیہ لگانا ؛ پیڈ لگانا ۔

Bolt : (n) [OE."bolt"] (۱) تیر ؛ بانك ؛ چٹخنی ؛ بلی ؛ قفل کا کھٹکا ؛ پیچ ۔(۲) بجلی کی ایك کوند ؛ صاعقہ ۔(۳) کرمچ کا لپٹا ھوا تھان ۔(٤) بیدوں کا گٹھا ۔ (٥) بعض پھولوں کے نام ۔(٦) لوھے کی سلاخ جو دو یا زیادہ چیزوں کو باندھنے کے لئے بنائی گئی ھو۔(۷) لکڑی کا کندہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے کے لئے ۔ (۸) ٹوٹ کی رائفل میں لگایا ھوا ایك آلہ ۔

A bolt from the blue : ناگہانی حادثہ ؛ناگہانی سانحہ ۔

Fool's bolt soon shot : بے وقوف جلد بول اٹھتا ھے اور جلد چپ ھو جاتا ھے ۔

Bolt : (n) (۱) بدکنا ؛ چونك پڑنا ؛ فرار ۔ (۲) کسی سیاسی جماعت سے علاحدگی ۔ (۳) بغیر چبائے ھوئے نگل جانے والی غذا ۔

Bolt / Boult : (v) [OF. "buleter"] (۱) چھاننا ؛ بیننا ۔ (۲) چھان بین کرنا ؛ جانچنا ؛ پرکھنا ۔

Bolt : (v) (۱) چھلانگ مارنا ؛ اچھل پڑنا ؛ تیر کی طرح نکل بھاگنا ؛ تیزی سے بھاگ جانا ؛ چمپت ھوجانا ؛ رفو چکر ۔ (۲) بے قابو ھو جانا (گھوڑے کا سوار کے قابو سے) ۔(۳) کسی سیاسی جماعت سے الگ ھو جانا ۔(٤) تیر کی طرح چھوڑنا ؛ تیر چلانا ؛ باھر کر دینا ۔(٥) بول پڑنا ۔ (٦) بغیر چبائے جلدی جلدی بول پڑنا ؛ ھڑپ کر جانا ۔(۷) دروازہ کو چٹخنی سے بند کر دینا ۔(۸) وقت سے پہلے بیچ پڑ جانا۔ (۹) چلّا چڑھانے سے پہلے تیر کو چھوڑ دینا۔ (۱۰) لکڑی کو کندوں میں کاٹنا ۔ (۱۱) کپڑوں کا تھان ۔

To bolt in : پیچوں سے کس دینا ؛ دروازہ کی چٹخنی لگا دینا ؛ زنجیر چڑھانا ؛ بند کرلینا ۔

To bolt out : دروازہ بند کرکے کسی کو اندر نہ آنے دینا ۔

Bolt : (adv) سیدھے میں ؛ سیدھے ؛ تیر کی طرح ؛ مستقیماً ۔

Bolt Cutter : (n) چٹخنی بنانے والا ؛ پیچ بنانے والی مشین ۔

Bolt - head / Bolt's head : (n) (۱) تیر اور میخ کا سرا ۔ (۲) (علم کیمیا) گول اور اسطوانہ گردن والی فلاسك جو تقطیر کے لئے استعمال ھوتی ھے۔

Bolt-hole : (n) (کان کنی) ایك چھوٹا ملانے والا سوراخ ۔

Bolt-hole : (n) (۱) وہ سوراخ جس سے پیچ گذرے ۔ (۲) بھاگنے کا راستہ یا جگہ ۔

Bolt iron : (n) لوھے کی گول سلاخ ۔

Bolt-rope : (n) (۱) (جہاز رانی) وہ رسی جو بادبان میں چاروں طرف سے دی جاتی ھے تا کہ بادبان نہ پھٹیں ۔(۲) اچھے قسم کی کوئی رسی ۔

Bolt strake : (n) وہ تختے یا پٹرے جس سے ھو کر شہتیر کی بندھنیں گذرتی ھیں ۔

Bolt threader : (n) میخوں میں جوڑ بنانے والی مشین ۔

Boltel : (n) (۱) سادہ گول آرائشی حاشیہ ۔ (۲) ستون کے جھنڈوں میں سے ایك ؛ ستون کے اوپر کا گول آرائشی حلقہ ۔

Bolter / Boulter : (n) چھلنی ؛ چھاننے والا ؛ چھاننے کا کپڑا ۔

Bolter : (n) فراری ؛ بھگوڑا ؛ منہ زور (گھوڑا) ؛ سیاسی جماعت سے علاحدہ ھونے والا ۔

Bolting/ Boulting : (n) چھاننے کا کام ؛ چھان بین ۔

Bolting : (n) (Bolt کا فعل) چھلانگ مارنا ؛ تیزی سے بھاگنا ۔

Bolting hole : (n) نکل بھاگنے کا سوراخ ؛ بھاگنے کا ذریعہ ۔

Boltless : (a) (۱) بغیر کوندکی (بجلی) ؛ بغیر کڑك ؛ برق بے صدا ۔(۲) بغیر چٹخنی کے ۔

Boltonite : (n) ایك معدنی شئے جو Boltone میں پائی جاتی ھے ۔

Boltzmann : (کیمیا) بولٹزمن ۔

Boltzmann Concentration law : (کیمیا) بولٹزمن ارتکازی قانون ۔

Boltzmann Constant : (کیمیا و طبیعیات) بولٹزمن کونسٹینٹ : بولٹزمن اچر ۔

Boltzmann distribution law : (طبیعیات) بولٹزمن کا قانون تقسیم ۔

Bolus : (n) [Gr. "bolos"] (۱) ایک بڑی گولی : حب کلاں ۔ (۲) کسی چیز کا گولہ ۔ (۳) گیرو مٹی ۔

Bom/Boma : (n) (۱) مغربی افریقہ کا ایک بہت بڑا زہریلا سانپ ۔ (۲) جانوروں کی حفاظت کے لئے کانٹوں یا لکڑی کا گھیرا ۔ (۳) چھپنے کی جگہ جو شکاری یا فوٹو گرافر بناتے ھیں ۔ (٤) پولیس چوکی (وسطی افریقہ میں) ۔

Bomb : (n) [L. " bombus "] (۱) بم کا گولہ : بم : ھتھ گولہ ۔(۲) (وھیل کے شکار میں) برمے کی شکل کا تیزھا کانٹا جس کے سرے پر بارود لگا رھتا ھے ۔ (۳) ریڈیائی لھریں خارج کرنے والی اشیا کو رکھنے کا جستے کا برتن ۔(٤) وہ تفکہات جو دو تین چیزیں ملا کر گول ڈھانچے میں جمائے جاتے ھیں ۔

Volcanic bomb : جوالامکھی سے نکلا ھوا لاوا جو گول تودہ کی شکل میں ھوتا ھے : آتشی بم ۔

Bomb : (v) بم مارنا : بم پھینکنا : بم سے حملہ کرنا ۔

To bomb out : کسی صنعتی مرکز کو بمباری کا نشانہ بنانا تا کہ وھاں رھنا اور کام کرنا مشکل ھو ۔

Bomb bay : (n) بمبار ھوائی جہاز کے چوکٹے کے نچلے حصہ میں بم رکھنے کا خانہ ۔

Bomb blast : (n) بم دھماکہ ۔

Bomb-calorimeter : (n) بم حرارہ پیما : (طبیعیات) بم کیلوری میٹر : بم کیلوری پیما ۔

Bomb lance : (n) ھتھ گولا ۔

Bomb-proof : (a) بم روک : جس پر بم کے گولے کا اثر نہ ھو ۔

Bomb-shell : (n) (۱) توپ کا گولا : بم : دستی بم ۔ (۲) (مجازاً) ناگہانی واقعہ : غیر متوقع حادثہ ۔ (۳) کوئی انقلابی کام ، حرکت ، خیال یا عمل ۔ (٤) وہ شخص جو سنسنی خیز طور پر متوجہ کرنے کا سبب ھو ۔

Bombard : (n) [L."bombus"] (۱) توپ کی وہ پرانی شکل جو پتھر کے گولے یا بڑے بڑے گولے پھینکتی تھی ۔ (۲) وہ جہاز جس سے بم پھینکتے تھے : الغوزہ ۔

Bombard : (v) (۱) گولہ باری کرنا ، خصوصاً جنگی جہاز کا ۔ (۲) (طباخی) بھرنا ۔ (۳) کسی چیز یا مادہ کو بسرعت حرکت کرنے والے ذروں سے متصادم کرنا ۔ (٤) بحث میں مقابل پر دلیلوں اور گالیوں وغیرہ کی بھرمار یا بوچھار کردینا ۔

Bombardier : (n) (۱) توپ خانہ کے نان کمیشن آفیسر ۔ (۲) بمبار ھوائی جہاز کا آدمی جس کے ذمہ بم گرانا ھوتا ھے ۔

Bombardier beetle : (n) وہ بھونرا جو چھیڑنے پر زور سے سیال خارج کرتا ھے اور نیلی بھاپ نکالتا ھے ۔

Bombardment : (n) مسلسل گولہ باری : بمباری ۔

Bombardment theory : (n) (طبیعیات) بمباری نظریہ ۔

Bombardo : (n) الغوزہ ۔

Bombardon /-one : (n) [It. "bombardone"] (۱) نیچے سروں کا برنجی باجا ۔ (۲) ارگن باجے کے نیچے سر والے پردے ۔

Bombasine : (n) [L."bombasinum"] اون اور ریشم یا اون اور سوت کا بنا ھوا کالا کپڑا جو ماتمی لباس کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Bombast : (n) بے جا عبارت آرائی یا بلند پروازی : بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا : بڑا بول ۔

Bombast : (a) پھولا ھوا : خالی : طنطنہ دار ۔

Bombastic / Bombastical : (a) بے جا عبارت آرائی یا بلند پروازی سے متعلق : طنطنہ دار ۔

Bombastically : (adv) بے جا عبارت آرائی کے طور پر : طنطنے سے ۔

Bombax : (n) [Altered. f. L. "bombyx"] منطقہ حارہ میں

پیدا ہونے والا ایک درخت جس کے پھل کےبیج کے چاروں طرف ریشمی ریشے ہوتے ہیں ۔

Bombic : (a) [L. "bombyx"] ریشمی کیڑے کا ۔

Bombic acid : (n) وہ تیزاب جو ریشمی کیڑا نکالتا ہے ۔

Bombilate : (v) [L. "bombilaxe"] گنگنانا : گھنگھنانا : بھنبھنانا ۔

Bombilation : (n) گنگناہٹ : گھنگھناہٹ : بھنبھناہٹ ۔

Bombinate : (v) بھنبھنانا ، گنگنانا : گھنگھنانا ۔

Bombination : (n) بھنبھناہٹ : گھنگھناہٹ ۔

Bombus : (n) [L.] (۱) آنتوں یا کانوں میں بھنبھناہٹ کی آواز ہونا ۔ (۲) بڑی مدھ مکھی کی ایک ذات ۔

Bombyx : (n) [Gr. "bombyx"] (۱) ریشم کا کیڑا ۔ (۲) پروانوں کی ایک ذات جس میں ریشم کا کیڑا بھی شامل ہے ۔

Bon : (a) [Fr.] اچھا ، اچھی ۔

Bon : (n) [Du."boon"] (ولندیزی) ایک قسم کی چوڑی سیم ۔

Bon : (n) [Jap.] (جاپانی) جاپان کا ایک مقبول عام تہوار جو ۱۳جولائی سے ۱٦جولائی تک منایا جاتا ہے ، جس میں آبا و اجداد کی روحیں اپنے عزیزوں کے گھروں میں آتی ہیں ۔

Bon : (n) (تبت) بدھ مت سے قبل کے تبّت کا ایک فطرت پرست مذہب ۔

Bon : (n) =(China grass) (Origin unknown] چینی گھاس ۔

Bon accord : مفاھمت : نیک : رفاقت : نیک خواھی : خیرخواھی ۔

Bon-bon : (n) [Fr.] ایک قسم کی مٹھائی ۔

Bon chretien : (n) (۱) گلابی : شراب کا برتن ۔ (۲) ایک قسم کی ناشپاتی ۔

Bon Mot : (n) [Fr.] چٹکلہ : لطیفہ ۔

Bon - tok / - toe : (n) [Native name] فلپائن کے باشندے ۔

Bon ton : (n) [F.] (۱) شائستہ اطوار : شرفاء ۔ (۲) صحیح چیز۔

Bon-vivant : (n) [F.] کھانے پینے میں خوش ذوق ۔

Bon-viveur : (n) [F.] اعلی ذوق ۔

Bon-voyage : (n) [F.] سفر بخیر ۔

Bona : (n) [L. " bonus"] جائداد ۔

Bona - roba : (n) کسبی : رنڈی : طوائف : چھوکری : لڑکی ۔

Bonafide : (adv & a) [L.] (۱) حقیقت میں : اصل میں ۔ (۲) اصلی : سچا : حقیقی : کھرا ۔ (۳) نیک نیتی سے ۔

Bonafide annual value : (تجارت) حقیقی سالانہ قیمت ۔

Bonafide transaction : (n) (تاریخ وسیاسیات) صحیح معاملہ : کھرا معاملہ ۔

Bonafides : (n) [L.] خلوص نیت : نیک نیتی (قانون) ۔

Bonanza : (n) [ML."bonacia"] (۱) خوش قسمتی : خوش حالی ۔ (۲) خوب کامیاب ۔ (۳) (کان کنی) قیمتی کچی دھات : بیش قیمت دھات کا ذخیرہ خصوصاً چاندی کی وہ کان جو Comstock کے علاقوں میں پائی جاتی ہے ۔

Bonanza farm : (n) "دولت کی کان" جہاں بڑے پیمانے پر کاشتکاری ہو اور جدید آلات استعمال کئے جائیں ۔

Bonanza farmer : (n) بڑے پیمانے پر جدید آلات کے ساتھ کاشتکاری کرنے والا ۔

Bonapartism : (n) (۱) اس حکومت یا خاندان سے تعلق جیسے فرانس میں نیپولین بونا پارٹ نے قائم کیا تھا ۔ (۲) ایک عوامی رھنما کے ذریعہ آمرانہ حکومت کی پالیسی جس نے بظاھرعوام کی رضامندی حاصل کرلی ہو ۔

Bonapartist / Buonapartist : (n) مخصوص آمرانہ پالیسی کا حامی ۔

Bonasus / Bonassus : (n) (Bison) بیسن : ارنا بھینسا ۔

Bonce : (n) [origin unknown] کھیل کی گولیاں : گولیوں کا کھیل ۔

Bond : (n) [ME."bond"] (۱) قید : بندھن ۔
(۲) بندش : رابطہ : دستاویز : تعلق ۔
(۳) اقرار نامہ : معاھدہ : تمسك : رھن : رھن نامہ ۔ (٤) بانڈ : ڈبنچر ۔
(٥) زنجیر : بیڑی ۔ (٦) حراست ۔
(۷) ضمانت : ضامن ۔ (۸) (خشت سازی اور معماری) اینٹ پر اینٹ اسطرح جوڑنا که مضبوط عمارت بنے ۔ (۹) (بخاری) دو لکڑیوں کا جوڑ (جمع میں) : وہ لکڑی جس سے دیوار کو مضبوط بناتے ھیں ۔
(۱۰) وہ فاصلہ جو اوپر کے سلیٹ کے نچلے کنارے اور نچلے سلیٹ کی کانٹی کے درمیان ھو ۔ (۱۱) وہ موصل یا برق کش جو بجلی کی لھر کے لئے مسلسل راستہ فراھم کرے ۔
(۱۲) وہ مکانیکی ترکیب جس میں ایٹم یا ایٹموں کے مجموعے ایك سالمہ کے اندر وصل ھو جائیں ۔ (۱۳) باھم وصل کرنے والی قوت ۔
(۱٤) بیمہ کا اقرار نامہ ۔ (۱٥) کم سے کم چار سال پرانی وھسکی شراب ۔ (۱٦) اچھا کاغذ : مضبوط، پائدار کاغذ ۔

Active bond : (تجارت) سرگرم بانڈ ۔

Adjustment bond : (تجارت) تطبیق بانڈ ۔

Annuity bond : (تجارت) سالانہ بانڈ : برسوڑی بانڈ ۔

Assented bond : (تجارت) تسلیم شدہ بانڈ ۔

Assumed bond : (تجارت) اختیار شدہ بانڈ : انتقالی بانڈ : گارنٹی شدہ بانڈ : دیکھو Guaranteed -bond

Bail bond : (تجارت) ضمانتی بانڈ ۔

Bearer bond : (تجارت) حامل بانڈ ۔

Blanket bond : (تجارت) جامع بانڈ ۔

Bottomry bond : (تجارت) بوٹمری بانڈ (قرض کا بانڈ جو مالك جھاز اس شرط پر لے که اگر جھاز ڈوب جائے تو روپیہ نہ واپس کرے) ۔

Callable bond : (تجارت) قابل مطالبہ بانڈ : قابل ادائی بانڈ ۔

Chemical bond : (تجارت) کیمیائی بانڈ ۔

Collateral trust bond : (تجارت) کفالتی ٹرسٹ بانڈ ۔

Colonial bond : (تجارت) نوآبادیاتی بانڈ : جزیریاتی بانڈ (Insular bond) ۔

Continued bond : (تجارت) دائمی بانڈ : استمراری بانڈ (Perpetual bond) ۔

Consol bond : (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔ (Consolidated bond , Unified bond) ۔

Consolidated bond : (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔

Convertible bond : (تجارت) قابل بدل بانڈ ۔

Coupon bond : (تجارت) کوپن بانڈ ۔

Currency bond : (تجارت) کرنسی بانڈ ۔

Debenture bond : (تجارت) قرض نامہ بانڈ ۔

Deferred bond : (تجارت) التوائی بانڈ ۔

Definitive bond : (تجارت) پختہ بانڈ : پکا بانڈ ۔

Drawn bond : (تجارت) قبل ازوقت ادائی بانڈ ۔

English bond : دیوار میں اینٹیں چننے کے مختلف طریقے ۔

Equipment trust bond : (تجارت) ساز و سامان وقف بانڈ ۔

Extended bond : (تجارت) توسیع شدہ بانڈ ۔

Financing bond : (تجارت) بانڈ برائے مالیات ۔

First lien bond : (تجارت) اولین حق قبضہ بانڈ ۔

Flemish bond : دیوار میں اینٹیں چننے کے مختلف طریقے ۔

Gold bond : (تجارت) سونا بانڈ ۔

Post obit bond : (تجارت) بعد از مرگ ادائی بانڈ ۔

Prior lien bond : (تجارت) اولین لئین بانڈ ؛ اولین استحقاقی بانڈ ۔

Prize bond : (تجارت) انعامی بانڈ ۔

Profit sharing bond : (تجارت) شرکت منافع بانڈ ۔

Public bond : (تجارت) سرکاری تمسک ؛ پبلک بانڈ ۔

Redeemable bond : قابل انفکاک بانڈ ؛ قابل ادائی بانڈ ؛ قابل مطالبہ بانڈ ۔

Refunding bond : (تجارت) بھگتانی بانڈ ۔

Registered bond : (تجارت) رجسٹری شدہ بانڈ ۔

Registered Coupon bond : (تجارت) رجسٹری شدہ کوپن بانڈ ۔

Reorganisation bond : (تجارت) نوتنظیمی بانڈ ۔

Rescission bond : (تجارت) دست برداری بانڈ ۔

Respondentia bond : (تجارت) ریسپانڈینشیا بانڈ ۔

Revenue bond : (تجارت) مالیاتی بانڈ ۔

Savings bond : (تجارت) بچت بانڈ ۔

Security bond : (تجارت) ضمانتی بانڈ ۔

Serial bond : (تجارت) نمبری بانڈ ۔

Short bond : (تجارت) قلیل المدتی بانڈ ۔

Special assessment bond : (تجارت) خاص تشخیصی بانڈ ۔

Stamped bond : (تجارت) ٹکٹ چسپاں شدہ بانڈ ؛ مہرشدہ بانڈ ۔

State bond : (تجارت) ریاستی بانڈ ؛ سرکاری بانڈ ۔

Tax anticipation bond : (تجارت) ٹیکس متوقع بانڈ ۔

Tax exemption bond : (تجارت) ٹیکس چھوٹ بانڈ ۔

Guarantee bond : (تجارت) گارنٹی بانڈ ۔

Guaranteed bond : (تجارت) گارنٹی شدہ بانڈ ۔

In bond : وہ مال جو چنگی خانہ میں جمع رھے جب تك درآمد کرنے والا اس کی چنگی ادا کرکے اس کو نہ لے ۔

Income bond : (تجارت) محاصل بانڈ ؛ آمدنی بانڈ ۔

Indorsed bond : ظہری تصدیقی بانڈ ۔

Instalment bond : (تجارت) قسط بانڈ ۔

Insular bond : (تجارت) جزیریاتیر و نو آبادیاتی بانڈ ۔

Interchangeable bond : (تجارت) بین المبادلہ بانڈ ۔

Interest bond : (تجارت) سودی بانڈ ۔

Interim bond : (تجارت) عبوری بانڈ ۔

Irredeemable bond : (تجارت) ناقابل مطالبہ بانڈ ؛ ناقابل ادائی بانڈ ؛ ناقابل انفکاك بانڈ ۔

Joint several bond : (تجارت) اجتماعی انفرادی بانڈ ؛ مشترکہ و منفرد بانڈ ۔

Junior lien bond : (تجارت)ادنی استحقاقی بانڈ ۔

Medium bond : (تجارت) میڈیم بانڈ ؛ وسطی بانڈ ۔

Municipal bond : (تجارت) میونسپل بانڈ ۔

Optional bond : (تجارت) اختیاری بانڈ ۔

Participation bond : (تجارت) شرکت منافع بانڈ ۔

Passive bond : (تجارت) بلا سودی بانڈ ۔

Penal bond : وہ معاهدہ جس کی شرطوں میں سے ایك شرط یہ ھو کہ فلاں فلاں کام انجام دینے سےمعاهدہ منسوخ ھوجائیگا اور ضمانت سوخت ھو جائیگی ۔

Perpetual bond : (تجارت) استمراری بانڈ ؛ دائمی بانڈ ؛ جاری بانڈ ۔

Plain bond : (تجارت) سادہ بانڈ ۔

Territorial bond : (تجارت) علاقائی بانڈ ۔

To put under bonds : ضمانت طلب کرنا۔

To release from bond : ادائی محصول کے بعد مال وصول کرنا ۔

To take out of bond : ادائی محصول کے بعد مال وصول کرنا ۔

Unified bond : (تجارت) اطلاقی بانڈ ۔

Washing bond : (تجارت) بانڈ کی فرضی فروخت ۔

Bond : (a & n) [ON."bonde(-i) "] (۱) غلام ؛ اسیر ۔ (۲) غلامی ؛ اسیری ۔

Bond : (n) [Du.] انجمن یا وفاق ؛ جماعت ؛ اتحاد ؛ ایکا ۔

Bond : (v) (۱) پتھر یا اینٹیں جوڑنا ؛ کلمبو لگا کر مضبوط کرنا ۔ (۲) تمسک لکھ کر مکفول کرنا ۔ (۳) کروڑ گیری کی تحویل میں مال رکھنا ۔ (٤) قید میں لانا ؛ پابند کرنا ۔ (۵) متفق کرنا ؛ متحد کرنا ؛ مستحکم کرنا ۔

Bond broker : (n) تمسک دلال ۔

Bond certificate : (n) (تجارت) بانڈ سرٹیفیکٹ ؛ بانڈ سند ۔

Bond Creditor : (n) تمسکی قرض خواہ ۔

Bond debit : (n) قرض بذریعہ تمسک ۔

Bond energy : (n) (طبیعیات) بند توانائی ؛ بندش قوت ۔

Bond friend : (n) دوست جو معاہدہ کے ذریعہ ہو ۔

Bond holder : (n) جس کے پاس بانڈ (ڈبنچر) ہوں ؛ (تجارت) حامل بانڈ ۔

Bond in series : (تجارت) سلسلہ وار گودام ۔

Bond land : (n) وہ زمین جو گروی رکھی جائے ۔

Bond piece : (n) اینٹ جو خاص طریقہ سے دیوار میں لگائی جائے ۔

Bond servant : (n) زرخرید غلام ؛ حلقہ بگوش ۔

Bond service : (n) غلامی ۔

Bond stone : (n) جوڑ پتھر ۔

Bond street : (n) لندن کی ایک سڑک جہاں فیشن ایبل لوگ سیر کو جاتے ہیں ۔

Bond strength : (n) (طبیعیات) مضبوط بندھن ۔

Bond tester : (n) (انتظامیہ) بانڈ پارکھ۔

Bond timber : (n) داسا مجوسا ۔

Bond value : (n) (تجارت) بانڈ کی قدر ۔

Bondage : (n) [Angle L. " bondagium "] غلامی ؛ قیدی ؛ پابندی ؛ بندش ؛ اسیری ؛ گرفتاری ؛ بیگاری ؛ رابطہ ؛ الزام ؛ کسی اثر یا احسان کی وجہ سے پابندی ۔

Bondager : (n) وہ عورت جسے کسان کھیت میں رہنے کی اجازت اس شرط پر دے کہ اسے کھیت میں بوقت ضرورت کام کرنا ہوگا (اسکاٹ لینڈ اور نارتھمبر لینڈ میں) ۔

Bonded : (۱) (مکفول) جانداد ۔ (۲) سامان (جو کروڑ گیری میں رکھا ہو) ۔ (۳) قرض جو تمسک کے ذریعہ لیا گیا ہو ؛ مرھون ؛ مشروط ۔ (٤) محصور ۔ (۵) پابند ۔

Bonded deal : (n) (تجارت) بانڈ شدہ سودا ۔

Bonded goods : (n) (تجارت) مکفول مال ۔

Bonded servant : (n) (تاریخ و سیاسیات) رھنی ملازم ۔

Bonded store : (n) کروڑ گیری کا گودام ؛ چنگی خانے کے افسروں کی نگرانی میں رکھا ہوا کروڑ گیری ۔

Bonded warehouse : (n) کروڑ گیری کا گودام ؛ چنگی خانے کے افسروں کی نگرانی میں رکھا ہوا کروڑ گیری ۔

Bonder : (n) (۱) جوڑ پتھر یا اینٹ ۔ (۲) کروڑ گیری کے گودام میں مال رکھنے والا ۔

(۲) مکفول جائداد کا مالک ۔

Bonder : (n) [Erraneous formation from Narweg." bonde"]
ناروے کا کسان یا چھوٹا لا خراج زمین رکھنے والا ۔

Bonding : (n) (۱) پابند کرنا ؛ قید کرنا۔
(۲) کروڑ گیری کے گودام میں مال رکھنا ۔

Bonding Clay : (n) (کیمیا) بندشی مٹی ۔

Bonding electron : (n) (طبیعیات) بندھک الیکٹرون ؛ بندشی الکٹرون ۔

Bonding house : (n) کروڑ گیری کا گودام ۔

Bonding warehouse : (n) کروڑ گیری کا گودام ۔

Bondless : (n) بے انتہا ؛ بے پایاں ؛ بلاقید ۔

Bondmaid/ maiden : (n) لونڈی ؛ باندی ؛ کنیز ۔

Bondman : (n) غلام ۔

Bondmanship : (n) غلامی ۔

Bonds : (n) بندھن ۔

Physical bonds : (سماجیات) جسمانی بندھن ؛ فطری بندھن ۔

Psychical bonds : (سماجیات) نفسیاتی بندھن ۔

Bondslave : (n) زرخرید غلام ۔

Bondsman : (n) ضامن ۔

Bondsman : (n) غلام ؛ زرخرید غلام ۔

Bonds of matrimony / Bonds of wedlock : رشتہ ازدواج ؛ شادی۔

Bonduc : (n) [Arab."bunduq"] فندق ۔

Bone : (n) [OE. " ban"] (۱) استخوان ؛ ہڈی ؛ مچھلی کا کانٹا ۔ (۲) (جمع) جسم ؛ لاش ۔
(۳) جسم کا سخت یاخاص حصہ ۔
(٤) وہ اجزا جن سے ہڈی بنتی ہے۔
(٥) ہڈی جیسی چیزیں مثلاً ہاتھی دانت ۔
(٦) ہڈی کی بنی ہوئی چیزیں ۔
(۷) گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا ۔
(۸) جھگڑا ؛ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو ۔
(۹) ڈھانچہ ؛ انسانی پنجر۔
(۱۰) (جمع میں) کعبتین ؛ پانسہ ۔
(۱۱) ہڈی کے وہ ٹکڑے جنکو کھڑکھڑانے یا ایک دوسرے سےٹکرانے سے بھدی موسیقی پیدا ہوتی ہے ۔(۱۲) (جمع) پائے کی ہڈی کی بنائی ہوئی بابن جس سے لیس بناتے ہیں ؛ وھیل مچھلی کی ہڈی کا وہ ٹکڑا جس سے لباس کے لئے فریم بناتے ہیں ۔
(۱۳) گھوڑے کے پاؤں پر کا ایک گومڑ جو ہڈی کی طرح سخت ہوتا ہے۔ (١٤) کسی چیز کا سخت ڈھانچہ مثلاً جہاز کا۔
(۱٥) (معدنیات) کوئلے کے کان کے شگاف میں پائی جانے والی تہ یا سلیٹ کا ٹکڑا ۔
(١٦) ست ؛ جوہر ؛ مغز ۔(۱۷) کسی قصے کا ضروری خاکہ ۔(۱۸) موضوع ۔
(۱۹) ڈالر (عامیانہ) ۔(۲۰) (جمع) مطرب کا گانا جو ہڈی سے بنے باجے پر آخر میں گاتا ہے ۔

A bone to pick or gnaw : کوئی مشغلہ ؛ مشکل مسئلہ ۔

All bone : ہڈی چمڑا ۔

Bred in the bone : سرشت میں ؛ گھٹی میں ۔

Flesh and bone : جسم کا ٹھوس اور ضروری حصہ ۔

Hard or dry as bone : سخت ۔

Horse with plenty of bones : اچھی کڑی کاٹھی کا گھوڑا ۔

In the bone : ہڈی تک ؛ اندر تک ۔

Skin and bone : دبلا پتلا آدمی ؛ پوست و استخواں ۔

To feel in one's bone : پوری طرح یقین کرنا ۔

To have a bone to pick with one : کسی معاملے میں کسی سے نمٹنا ۔

To make bones of or about : اعتراض کرنا ؛ تامل کرنا؛ پس و پیش کرنا ۔

To the bone : (۱) گوشت سے گذر کر ہڈی تک ۔
(۲) (مجازاً) اندرونی حصہ ۔

Will never make old bones : بڑی عمر تک نہیں

پہنچے گا ۔

Without more bones : بغیر کسی زیادہ رکاوٹ کے ۔

Bone : (v) (۱) گوشت سے هڈی یا مچھلی سے کانٹے الگ کرنا ۔ (۲) هڈی کی کھاد ڈالنا۔ (۳) وهیل کی هڈی کے ذریعہ کڑا کرنا ۔ (٤) هڈی کے ٹکڑے سے رگڑ کر داغ دور کرنا ۔ (٥) سیدھ نکالنا ۔ (٦) محنت سے پڑھنا ۔ (۷) تھوڑی مدت میں زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنے کی کوشش کرنا : ٹھونس لینا : بھرلینا ۔

Bone (v) (عامیانہ) حراست میں لینا : پکڑنا : چوری کرنا۔

Bone age : (n) عهد استخواں : هڈیوں اور سینگوں کے اوزار استعمال کرنے کا زمانہ ماقبل تاریخ ۔

Bone ash : (n) هڈیوں کی جلی راکھ : وہ معدنی راکھ جو هڈیوں کو کھلی هوا میں جلانے سے بچتی هے اور جس میں چونے کا فاسفیٹ هوتا هے : (کیمیا) هڈی راکھ ۔

Bone bed : (n) زمین یا سمندر کی وہ پرت جہاں جانوروں کی هڈیاں کثرت سے پائی جاتی هیں ۔

Bone black : (n) جانوروں کی هڈیوں کا کوئلہ : هڈی کاجل : (کیمیا) هڈی کوئلہ ۔

Bone breaker : (n) شکاری پرندہ جو مچھلیاں پکڑتا هے ۔

Bone brown : (n) هڈیوں کو بھون کر نکالا هوا رنگ ۔

Bone Cave : (n) وہ غار جس میں جانوروں کی هڈیاں پائی جائیں ۔

Bone cells : (n) (حیوانیات) هڈی خلیے ۔

Bone Charcoal : (n) دیکھو Bone black

Bone conduction : (n) (عظمی) عظمی ایصال : (فلسفہ و نفسیات) استخوانی ایصال ۔

Bone dog : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Bone dry : (a) بالکل خشک : تارک شراب ۔

Bone dust : (n) هڈیوں کا سفوف جو کھاد کےلئے هو ۔

Bone earth : (n) دیکھو Bone ash

Bone fever : (n) هاتھ یا بازو کا بلغمی ورم جو هڈیوں کے کام کرنے والے مزدور کو اکثر هوتا هے ۔

Bone fish : (n) وهیل مچھلی کی ایک قسم جس کی هڈی قیمتی هوتی هے ۔

Bone lace : (n) وہ لیس جو دھاگے سے ایک نمونے کے مطابق اور هڈی کے بابن کے ذریعہ بنایا گیا هو ۔

Bone manure : (n) =(Bone dust) هڈیوں کی کھاد ۔

Bone meal : (n) (کیمیا) هڈی چورن ۔

Bone nipper : (n) هڈی نکالنے کے لئے جراحی کا ایک چمٹا ۔

Bone of contention / discord : متنازع فیہ ' ما بہ النّزاع : جھگڑے کا سبب : لڑائی کی جڑ۔

Bone oil : (n) هڈی تیل (کیمیا) : هڈی کا تیل : روغن استخواں ۔

Bone-setter : (n) شکستہ بند : ٹوٹی هڈی بٹھانے والا ۔

Bone-setting : (n) شکستہ بندی : ٹوٹی هڈی کی درستگی : ٹوٹی هڈی بٹھانا ۔

Bone-shaker : (n) سائیکل جس پر ربڑ نہ چڑھی هو : انجز پنجز ڈھیلا کرنے والی سائیکل ۔

Bone spavin : (n) گھوڑوں کے پیرکا بد گوشت : هڈا موتھرا ۔

Bone spirit : (n) هڈی سے نکالا هوا کچا امونیائی عرق ۔

Boned : (a) هڈی دار : استخوان والا ' خاص قسم کی هڈی رکھنے والا ' هڈی کھاد دیا هوا : وهیل کی هڈی سے کڑا کیا هوا ۔

Bonefire : (n) (۱) وہ آگ جو خوشی کے موقع پر جلائی جائے ۔ (۲) کوڑا کرکٹ جلانے کی آگ ۔ (۳) کافروں اور مرتدوں اور ضبط شدہ کتابوں کو جلانے کی آگ ۔ (٤) مذهبی جشن کی تقریب میں میدان میں جلائی جانے والی آگ ۔ (٥) اظہار فتح کی خوشی میں روشن کی جانے والی آگ ۔

To make a bonfire of : تلف کردینا : جلا دینا ۔

Bonehead : (n) احمق : کم عقل ۔

Bonelet : (n) چھوٹی هڈی ۔

Boner : (n) (۱) لباس میں هڈی جڑنے والا ۔ (۲) خراب قسم کے گوشت والا جانور جس کا صرف ساسیج یا ڈبہ بند گوشت استعمال هوتا هے ۔ (۳) مضحکہ خیز اور پریشان کن غلطی ۔

Boneset : (n) شمالی امریکہ کا ایک پودا جو طبی خواص کے لئے مشہور هے ۔

Bong : (n) [Echoic] بانگ جرس ۔

Bong : (v) گھنٹی بجنا ۔

Bongo : (n) [of African origin] افریقی چیتل ۔

Bongo : (n) مشرقی سوڈان کے حبشی لوگ جو کاشتکاری اور دھات کا کام کرتے هیں ۔

Bongo : (n) [Amer.Sp.] امریکہ کی عمارتی لکڑی کا درخت ۔

Bongo : (n) [Amer. Sp.] کیوبا کے بینڈ میں هاتھ سے بجایا جانے والا ڈھول ۔

Bongo : (n) [Amer.Sp.] ٹرینیڈاڈ (Trinindad) کے حبشیوں کا ایک هوس خیز رقص ۔

Bonhomie : (n) [F.] خوش مزاجی : خوش طبعی : یار باشی ۔

Bonhomme : (n) [Fr.] کسان ۔

Jacque Bonhomme : فرانسیسی کسان ۔

Boniface : (n) [Proper name] بھٹیارہ : سرائے والا ۔

Bonification : (n) بونس دینا : فائدہ دینا : بود و باش اور کاشتکاری کے حالات کو بہتر بنانا ۔

Boniform : (a) [L."boniformis"] نیک خو : منسوب بہ خوبی ۔

Bonify : (v) [F. "bonifier"] اچھا بنانا : خیر میں تبدیل کرنا ۔

Boniness : (n) دبلاپن : اجاڑ ۔

Boning : (n) (۱) گوشت سے هڈی یا مچھلی سے کانٹا الگ کرنا ۔ (۲) هڈی کی کھاد ڈالنا ۔ (۳) کپڑوں کو کڑا کرنے کے لئے استعمال کی جانے والی هڈی ۔

Boning : (n) (پیمائش) کسی سطح یا خط کی سیدھ کو آنکھوں کے ذریعہ جانچنے کا عمل ۔

Boning rod : (n) نگاهوں سے سیدھ جانچنے کا ڈنڈا ۔

Bonitarian : (a) [Late L. "bonitarius"] فائدہ مند : قانونی حق کے بغیر کسی چیز پر قبضہ کرکے فائدہ اٹھانا ۔

Bonitary : (n) قانونی حق کے بغیر کسی چیز سے فائدہ اٹھانے والا ۔

Bonito : (n) [Sp.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Bonne : (n) [F.] خادمہ : کھلائی ۔

To make a bonne mine : (ملٹری) قوت کی نمائش کرنا۔

Bonne-bouche : (n) [F.] (۱) لذیذ کھاناجو آخر میں کھایا جائے ۔ (۲) آخر کی غیر متوقع خوش آئند چیز ۔

Bonne vivante : (n) [F.] عیش پسند خصوصاً اچھی غذا کی شوقین ۔

Bonne's fortunes : (n) حسینوں کی عنایت ۔

Bonnet : (n)[OF."bonet" / "bonnet"] (۱) اهل اسکاٹستان کی ٹوپی : مردوں اور لڑکوں کی ٹوپی ۔ (۲) عورتوں کی بیچھجے کی ٹوپی جو دو ڈوریوں سےکھلتی اور بند هوتی هے ۔ (۳) (جہاز رانی) بادبان کے نیچے کی حفاظتی کرمچ ۔ (٤) چمنی کا ڈھکنا : چھوٹی کلوں کا ڈھکنا ۔ (٥) موٹرکارانجن کا قبضہ دار ڈھکنا ۔ (٦) (نیلام اور جوئے میں) وہ شخص جو ملا هوا هو اور دوسروں کو پھانسنے کے لئے بڑھ بڑھ کر بولی لگائے ۔ (۷) لال ٹوپی (انقلابیوں کا نشان) ۔ (۸) (نقابت) چھوٹے تاج کے اندر کی مخملی ٹوپی ۔ (۹) کسی نمایاں زاویہ پر

پشتہ بندی کا کام جو گولہ باری سے حفاظت کے لئے بنایا جائے ۔ (۱۰) چگالی کرنے والے جانوروں کا دوسرا معدہ ۔ (۱۱) مدافعت اور محافظت کے لئے Bonnet کسی شکل کی کوئی چیز ۔ (۱۲) ایک قسم کا نیلا پھول ۔ (۱۳) وہ چیز یا شخص جس کو پوشیدہ کارروائی میں خوش طبعی کی نمائش کےلئے استعمال کیا جائے ۔

To have a bee in one's bonnet : بے چین ہونا ۔

To vail (or vale) the bonnet : احتراماً یا تعظیماً ٹوپی اتارنا ۔

Bonnet : (v) (۱) ٹوپی پہننا ؛ ٹوپی پہنانا ۔ (۲) تعظیماً ٹوپی اتارنا ۔ (۳) کسی کی ٹوپی کھینچ کر آنکھ تک لے آنا ۔

Bonnet-headed : (a) وہ کھڑکی جس کی محراب کا باہری حصہ زیادہ ڈھلواں بنایا گیا ہو ۔

Bonnet limpet : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Bonnet macaque / monkey : (n) وہ بندر جس کے سر پر ٹوپی نما بال ہوتے ہیں ۔

Bonnet piece : (n) اسکاٹ لینڈ کا سونے کا سکہ ۔

Bonnet shape : (n) ٹوپی کا قالب ۔

Bonneted : (a) ٹوپی دار ؛ ڈھکن دار ۔

Bonnetless : (a) بغیر ٹوپی کا ۔

Bonnibel : (n) [F. "bonne et belle"] حسین دوشیزہ ۔

Bonnily : (adv) قابل اطمینان یا معقول طور پر ؛ خوبصورتی سے۔

Bonniness : (n) خوب صورتی ؛ توانائی ؛ صحت مندی ۔

Bonny : (a) [ME "bonie"] (۱) (اسکاٹش) خوب رو ؛ حسین ؛ سندر ۔ (۲) توانا ؛ گداز ؛ خوش منظر ؛ خوش گوار۔ (۳) معقول ؛ اچھا ۔ (٤) ہشاش بشاش ؛ شادماں ۔ (٥) اظہار پسندیدگی کے لئے لفظ جو اکثرطنزاً استعمال ہوتا ہے ۔

Bonny-Clabber : (n) [Ir."bainne-Claba"] جما ہوا گھنا دودھ ۔

Bonspiel : (n) [Du.) دو کلبوں یا علاقوں کے درمیان پتھر کنڈلی کھیل کا مقابلہ ۔

Bontebok : (n) [Du."bont + bok"] جنوبی افریقہ کا بارہ سنگھا ۔

Bonum Consummatum : (n) [L.] (فلسفہ) خیر مکمل ۔

Bonus : (n) [L. "bonus"] (۱) فائدہ یا بھلائی کی چیز ۔ (۲) مزید نفع یا فائدہ خصوصاً زائد منافع جو کمپنی کےحصہ داروں کو ملے ۔ (۳) بیمہ کرانے والوں کا نفع ۔ (٤) انعام جو مزدوروں کو علاوہ اجرت کے دیاجائے ۔

Attendance bonus : (تجارت) حاضری بونس ۔

Cash bonus : (تجارت) نقد بونس ۔

Commuted bonus : (تجارت) تبدیل شدہ بونس ۔

Compound reversionary bonus : (تجارت) مرکب عمودی بونس ۔

Contingency bonus : (تجارت) اتفاقی بونس ۔

Deferred bonus : (تجارت) ملتوی شدہ بونس ۔

Discounted bonus : (تجارت) کٹوتی شدہ بونس ۔

Guaranteed bonus : (تجارت) گارنٹی شدہ بونس ۔

Interim bonus : (تجارت) عبوری بونس ؛ بین مدتی بونس ؛ انٹریم بونس ؛ درمیانی بونس ۔

Reversionary bonus : (تجارت) عودی بونس ۔

Uniform reversionary bonus : (تجارت) یکساں عودی بونس۔

Vested bonus : (تجارت) مضمر بونس ۔

Bonus Certificate : (n) (تجارت) سند بونس : بونس سرٹیفیکٹ ۔

Bonus plan : (n) (سماجیات) بونس منصوبہ ۔

Bonus share : (n) (تجارت) بونس حصہ : بونس شیئر ۔

Bonus share : (تجارت) اجراء بونس شیئر ۔

Bonus stock : (n) (تجارت) بونس اسٹاک ۔

Bonus wage system : (تجارت) اجرت کا بونسی طریقہ ۔

Bonxie : (n) ایک سمندری پرندہ ۔

Bony : (a) (۱) استخوانی : ھڈیوں کا : ھڈیوں کے متعلق : ھڈی دار (حیوانیات) ۔ (۲) دبلا پتلا ' سوکھا : سکھنا : ھڑیلا ۔ (۳) چوڑی ھڈی کا ۔ (٤) اجاڑ : بنجر۔

Bony pike : (n) امریکہ کی ایک مچھلی ۔

Bonze : (n) [Chin."fan seng"] چینی یا جاپانی بدھ مت کا مذھبی پیشوا ۔

Bonzer : (n) [perhaps alter. of BONANZA] (عامیانہ) عمدہ : اول درجہ کا ۔

Bonzery : (n) بدھوں کی خانقاہ ۔

Boo / Booh : (interj) [Echoic] نفرت یا تحقیر کا کلمہ : بوبو : نفرت ظاھر کرنے کی چیز ۔

Boo : (v) (۱) بوبو کرنا ۔ (۲) ڈرانا ۔ (۳) گائے کی طرح ڈکارنا ۔ (٤) ھوٹ کرنا ۔

Boob : (n) دیکھو Booby

Boob : (n) [short for booby] (آسٹریلیا) جیل ۔

Boob : (v) دھوکا دینا : الو بنانا ۔

Booboisie : (n) [" boob" + - "oisie"] احمقوں کی جماعت : جمعیت الحمقاء ۔

Booboo : (n) [prob. baby -talk alter. of "boohoo"] (۱) جسم کا نیلا داغ یا زخم کا داغ ۔ (۲) فاش غلطی : بےوقوفی کی غلطی ۔

Booby : (n) [Echoic] (۱) احمق : قبیح : کند ذھن : گھنٹل : گاؤدی : للہ : کند ۔ (۲) ایک قسم کی بط ۔

Booby-hatch : (n) (۱) روشن دان کا سرپوش (جہاز رانی) ۔ (۲) پاگل خانہ ۔ (۳) پاگل خانہ سےمشابہ کوئی چیز ۔

Booby - hatch : (n) ایک بھدی قسم کی گاڑی : تھیلا ۔

Boobyish : (a) احمقانہ : الو سا ۔

Boobyism : (n) احمق پن : حماقت : کند ذھنی ۔

Booby-prize : (n) ایک حقیر انعام جو بدترین کھلاڑی کو دیا جاتا ھے ۔

Booby-trap : (n) (۱) دروازہ پر ایسی چیز رکھنا کہ دروازہ کھلتے ھی اوپر سے گرپڑے (ایک قسم کا مذاق) ۔ (۲) غیر محتاط اور بےخبر لوگوں کے لئے پھندا ۔ (۳) چھپا خطرہ : مقام لغزش ۔

Boodh / Boodha : (n) (۱) گوتم بودھ یا دوسرے بودھ ۔ (۲) گوتم بودھ کا مجسمہ ۔

Boodle : (n) [Du."boedel"] (۱) بھیڑ : انبار : مجمع : ڈھیر ۔ (۲) جعلی سکّہ ۔ (۳) سیاسی رشوت وغیرہ کی رقم ۔ (٤) تاش کا ایک کھیل ۔ (٥) لوٹ : کسی قسم کی لوٹ ۔

The whole boodle : سارا سرمایہ : کل اثاثہ ۔

Boodler : (n) سیاسی رشوت خور اور رشوت دینے والا ۔

Boodling : (n) سیاست میں رشوت اوردھوکا ۔

Booger-dance : (n) امریکی انڈین کا ایک عجیب نقاب پوش رقص ۔

Boogey-man : (n) بھوت پریت ۔

Boogie / Boogy : (n) (عامیانہ) حبشی : سیاہ فام ۔

Boogey-woogie : (n) (۱) ایک قسم کی موسیقی ۔ (۲) ایک قسم کا رقص ۔

Boohoo : (v) بھوں بھوں رونا : بھیں بھیں رونا : قہقہہ : ھنسنا ۔

Book : (n) [OE."boc"] - (۱) کتاب (قلمی یا مطبوعہ) (۲) (استعارتاً) کوئی ذریعہ تعلیم ۔ (۳) خیالی صحیفہ یا تحریر (٤) بائبل ۔ (٥) فصل ؛ مقالہ ؛ باب ۔ (٦) بیاض ؛ یاد داشت کی کتاب ؛ لکھنے کی کاپی ۔ (۷) گھوڑ دوڑ کی شرط کی کتاب ؛ بازی نامہ ۔ (۸) (تاش کے کھیل ، کوٹ پیس میں) جو پارٹی لگاتار پہلے چھ ہاتھ جیت لے۔ (۹) ورق طلا کا ایک پیکٹ ؛ طلائی طبق کا ایک پیکٹ ۔ (۱۰) غنائی ڈرامہ کے گانوں کی کتاب ۔ (۱۱) چرم یا لکڑی یا ہاتھی کے دانت پر لکھی ہوئی تحریر۔ (۱۲) نجی خطوط ۔ (۱۳) ٹیلیفون یا تجارت خانوں کی رہنما کتاب (ڈائرکٹری) ۔ (۱٤) اسکول یا وہ وقت جو اسکول میں صرف ہو ۔ (۱۵)ذریعہ تعلیم ؛ ذریعہ علم ؛ روشن خیالی یا تعلیم ۔ (۱٦) کوئی سرکاری یا ذاتی درجہ معیار ؛ رائے ۔ (۱۷) الزامات کا مجموعہ جو کسی ملزم کے خلاف عائد کیا گیا ہو ۔ (۱۸) کسی چیز کا پیکٹ ۔ (۱۹) جگالی کرنے والے جانوروں کا تیسرا معدہ ۔ (۲۰) اسٹیج کے سینوں کاپلیٹ قبضوں سے جڑا ہوا ۔ (۲۱) رکنیت کا ریکارڈ ۔

A merchant's book : بہی کھاتا ۔

By (the) book : مقررہ عبارت میں ۔

Cash book : آمد و خرچ کا حساب ۔

In a person's good (or bad) book : کسی کا معتوب یا منظور نظر ۔

In one's book : کسی کی رائے میں ۔

One for the book : ایک قابل ذکر کام ۔

Swear on the book : بائبل یا قرآن اٹھانا ؛ حلف اٹھانا ؛ حلف لینا ۔

To be upon the books : اراکین کی سرکاری فہرست میں درج ہونا ۔

To bring to book : مواخذہ کرنا ؛ کسی بیان کی جانچ پڑتال کرنا ۔

To close the book : عارضی طور پر بہی کھاتا میں اندراج بند کردینا ۔

To shut the book : تجارتی کاروبار ملتوی کردینا ۔

To speak like a book : صحیح خبر کے ساتھ بولنا ؛ کتابی زبان بولنا ؛ کتابی معلومات بگھارنا۔

To take a leaf out of book : کسی کی تقلید کرنا ؛ تتبع کرنا ۔

To take one's name off the book : اراکین کی سرکاری فہرست سےخارج ہو جانا ۔

Without book : بغیر سند کے ؛ حافظہ سے ؛ زبانی ۔

Wont suit my book : میرے مطلب کا نہیں ۔

Book : (v) [OE. "bocian"] (۱) بہی کھاتا میں اندراج کرنا ۔ (۲) کتاب یا فہرست میں لکھنا ۔ (۳) (ناٹک یا ریل وغیرہ میں) کسی کے نام سےنشست محفوظ کرنا ؛ ریلوے ٹکٹ دینا یا لینا ؛ کسی کا پتہ لکھ لینا یا دینا (مال بھیجنے کے لئے) ۔ (٤) رقم ادا کرکے نشست محفوظ کرنا ؛ ٹکٹ خریدنا ۔ (٥) مہمان بنانا۔ (٦) پولیس کے دفتر میں نام اور الزامات عارضی طور پر درج کرنا۔ (۷) شرطوں کو مان لینا ۔ (پیشہ ور شرط باز کی طرح) ۔

Book adjustment : (n) (تجارت) کتابی تطبیق ۔

Bookbinder : (n) جلد ساز۔

Book bindery : (n) جلد سازی کا کارخانہ ۔

Book binding : (n) جلد سازی ۔

Book boat : (n) کشتی کا گشتی کتاب خانہ ؛ وہ کتاب خانہ جو کشتی میں ہو ۔

Book burning : (n) ان کتابوں کو اور تصویروں کو جلا دینا جو سماجی اور سیاسی اعتبار سے مخرب اور مضرت رساں ہوں ۔

Book-case : (n) کتابوں کی الماری ؛ کتاب دان ۔

Book club : (n) (۱) وہ جماعت جو کتابیں خرید کر آپس میں دورہ کراتے ہیں ۔ (۲) وہ تجارتی ادارہ جو اپنے اراکین کو نئی اور خاص قسم کی کتابیں اکثر رعایتی قیمت پر بھیجتا ہے ۔

Book crab : (n) عقرب ؛ بچھو ۔

Book -craft : (n) کتابی علم ؛ ادبی مہارت ؛ مصنف ہونا ۔

Book credit : (n) وہ رقم جو کسی حساب میں جوڑی یا گھٹائی جائے ؛ (تجارت) کتابی ادھار۔

Book-debits : (n) وہ رقم جو کسی حساب میں جوڑی یا گھٹائی جائے ؛ (تجارت) کتابی قرضہ جات ۔

Book deposit : (n) (تجارت) کتابی جمع ۔

Book ends : (n) کتابوں کو قطار میں رکھنے کا ٹیک ۔

Book fair : (n) کتابوں کا میلہ ۔

Book hunter : (n) کتابوں کا متلاشی (خریدنے کے لئے) ۔

Book holder : (n) کتابوں کو سہارا دینے کی چیز ۔

Book-keeper : (n) (تجارتی) حساب کتاب رکھنے والا ؛ دفتردار ؛ حساب دار ۔

Book-keeping : (n) حساب داری ؛ تجارتی حساب کا علم ؛ کھاتا نویسی کا فن ؛ (تجارت) کھاتا نویسی ۔

Columnal book-keeping : (تجارت) خانہ دار کھاتا نویسی ۔

Book-keeping machine : (n) (تجارت) حساب داری مشین ؛ کھاتا نویسی مشین ۔

Book - latin : (n) [OE. " boc-leden"] کتابی زبان ۔

Book-learned : (a) کتابی معلومات رکھنے والا ؛ کتابی علم ۔

Book-learnedness : (n) کتابی علم ۔

Book -learning : (n) کتابی علم ۔

Book-lore : (n) علم کتابی ؛ کتابی علم ۔

Book louse : (n) کرم کتابی ؛ کتاب کا کیڑا ۔

Book-maker : (n) (۱) کتاب کا مولف یا مرتب ۔ (۲) روپئے کی خاطر کتابیں لکھنے والا ؛ کتاب ساز ۔ (۳) (گھوڑ دوڑ) پیشہ ور شرط باز۔

Book making : (n) تالیف کتاب ؛ کتاب سازی ؛ شرط بازی۔

Book mark : (n) مالک کتاب کے نام کی چٹ جو کتاب پر چسپاں ہو ۔

Book marker : (n) کتاب میں نشان کے لئے استعمال ہونے والا فیتہ یا کوئی چیز ۔

Book mate : (n) ہم درس ؛ ہم جماعت ۔

Book-mobile : (n) گشتی کتب خانے ۔

Book muslin : (n) (۱) نفیس ململ کا تھان جو کتابی صورت میں تہ کیا جائے ۔ (۲) کتاب کی جلد کی مضبوطی کے لئے پیٹھ پر لگائی جانے والی ململ ۔

Book number : (n) تقسیمی نمبر ۔

Book oath : (n) انجیل یا قرآن کی قسم ۔

Book of Genesis : توریت کی کتاب ؛ کتاب آفرینش ؛ کتاب پیدائش ؛ کتاب تکوین ۔

Book of God : انجیل ۔

Book of life / Book of living : ناجیوں کی فہرست ۔

Book of original entry : (تجارت) ابتدائی اندراج کی بہیا ۔

Book of reference : سند یا حوالے کی کتاب ؛ لغت ؛ کتاب استناد ۔

Book of the dead : (تاریخ) صحیفہ متوفیات (قدیم مصر) ۔

Book packet : (n) کتابوں کا پیکٹ جو (بک پوسٹ) Book post کے ذریعہ بھیجا جائے ۔

Book-plate : (n) مالک کتاب کے نام کی چٹ جو کتاب پر چسپاں ہو ۔

Book post : (n) وہ طریقہ جس کے ذریعہ کتابیں یا مطبوعہ چیزیں ڈاک خانےکے ذریعہ کم محصول پر بھیجی جا سکیں : (انتظامیہ) بک پوسٹ ۔

Book postage /-rate : (n) تخفیف شدہ ڈاک محصول جس پر کتابیں ڈاک سے بھیجی جا سکیں ۔

Book profit : (n) (تجارت) کتابی منافع ۔

Book-read : (a) کثیر المطالعہ شخص ۔

Book rest : (n) رحل ۔

Book scorpion : (n) وہ عقرب نما کیڑا جو کتابوں کو برباد کرے ۔

Book slide : (n) چھوٹا کتاب دان جو گھٹ بڑھ سکے ۔

Book stall : (n) کتاب کی کھلی دکان ۔

Book transfer : (n) (تجارت) کتابی تبادلہ ۔

Book value : (n) (انتظامیہ ، تجارت) کتابی قیمت ۔

Book ways / Book-wise : (adv) کتاب کی شکل میں : بشکل کتاب ۔

Book wise : (n) کتابوں کا علم ۔

Book work : (n) درسی کتابوں کا مطالعہ : کتابی کام (جو عملی کام کے مقابلہ میں سائنس کے شعبہ میں ہو) : کاغذی کام : کتاب تیار کرنے کا کام ۔

Book-worm : (n) کتابوں کا کیڑا : کرم کتابی : ہر وقت کتابوں کا مطالعہ کرنے والا ۔

Book wright : (n) کتاب تیار کرنے والا ۔

Booker (n) [OE. "bocere"] دیکھو Book keeper

Bookery : (n) کتابوں کا ذخیرہ : کتاب خانہ : کتاب گھر ۔

Booketaria : (n) وہ کتاب کی دکان جس میں کتاب لینے نکالنے وغیرہ کا کام خود سے کیا جاتا ہے ۔

Bookful : (a) جتنا ایک کتاب میں سمائے : کتاب بھر ۔

Bookie : (n) دیکھو Book - maker

Booking : (n) کتاب میں اندراج کرنا : سیٹ یا نشست محفوظ کرنا : ٹکٹ بیچنا : ٹکٹ کی فروخت : معاہدہ ۔

Booking office : (n) ٹکٹ گھر ۔

Bookish : (a) کتاب کا کیڑا : کتابی علم سے متعلق : محنتی : ادبی جو صرف کتابوں سے علم حاصل کرے ۔

Bookishly : (adv) کتابی کیڑے کی طرح ۔

Bookishness : (n) کتابی کیڑا ہونا ۔

Bookland : (n) وہ زمین جو بذریعہ پروانے کے کسی کو دی جائے ۔

Bookless : (n) عامی : جاہل : غیرعالمانہ ۔

Booklet : (n) کتابچہ : کتبیا ۔

Bookling : (n) کتابچہ : کتبیا ۔

Bookman : (n) صاحب علم : ادیب ۔

Bookseller : (n) کتاب فروش ۔

Bookselling : (n) کتاب فروشی ۔

Booky : (a) دیکھو Bookish

Bools inequality : (شماریات) بولی نامساوات ۔

Boom : (n) گرج : بلند آواز : توپ کی گرج : دنادن کی آواز : سارس کی سی آواز : موجوں کی گرج : ایک قوی سریع توسیع کی رفتار ۔

Boom : (n) چوب روک جو بہتی ہوئی لکڑیوں کے لئے بندرگاہ کے دہانے یا دریا میں بنا دیتےہیں : بادبان کے نیچے کی بلّی : کسی خاص بادبان کے نچلے کنارے کو بڑھانے کی بلّی : دو مستولی چلنے والا جہاز جو سواحل تجارت کے لئے ہو ۔

آباد ہونے والوں کے ساتھ دوڑ کر پہنچنا ۔
(۳) وہ شخص جو ملک کے مختلف علاقوں میں
گھوم کر تھوڑی تھوڑی مدت کے لیے کام کرتا ہے۔
(٤) Salvation army کی کتابوں کو بیچنے والا ۔

Boomer : (n) بڑی ذات کے کنگارو کا نر ۔

Boomerang : (n) آسٹریلیا کا ایک چوبی ہتھیار
جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ہے :
(استعارۃ) تجویز یا دلیل جو پیش کرنے والے
پر الٹی پڑے ۔

Boomerang : (v) [Native name, N.S. Wales]
(۱) Boomerang کی طرح واپس آنا ۔
(۲) تدبیر یا دلیل کا الٹا پڑجانا ۔

Booming : (n) (۱) زور شور کے ساتھ کام کا آغاز ۔
(۲) سرعت کے ساتھ بڑھنا ۔
(۳) کسی بند کے پیچھے پانی کا اخراج
(پہاڑ کے ڈھلوان پر) : پانی کا جمع
ہو جانا اور یکایک بہہ نکلنا ۔ (٤) گرج ۔

Boomingly : (adv) گرج کر : زور شور سے :
دھوم دھام سے ۔

Boon : (n) [ON."bon"] (۱) عطیہ : عنایت ۔
(۲) برکت : نعمت ۔ (۳) مراد ۔
(٤) احسان : تحفہ ۔ (٥) بیگاری ۔

Boon : (n) سن کا ریشہ نکالا ہوا ڈنٹھل ۔

Boon :(a) [OF."bon" / "bone"] (۱) فیاض : دریا دل :
نیک خواہ : خیر خواہ ۔(۲) سازگار :
موافق ۔ (۳) ہنس مکھ : زندہ دل :
یار شاطر ۔ (٤) قریبی ۔

Boonless : (a) بے برکت ۔

Boor : (n) گنوار ۔

Boorish : (a) اجڈ : گنوار : دہقانی ۔

Boorishly : (adv) عدم شائستگی سے : گنوار پن سے :
دہقانی طور پر : غیر مہذب طریقہ پر ۔

Boorishness : (n) دہقانیت : ناشائستگی : بھانڈ پنا :
مسخرا پن ۔

Boos Mustard : (n) ایک قسم کی جڑی بوٹی ۔

To give a boom to : دھکیلنا : پہلا دینا :
بہت تعریف کرنا۔

Boom : (n) (تجارتی : کاروباری) گرم بازاری :
قیمتوں میں تیزی سے زیادتی :
کسی مال کو دھوم دھام سے موثر طریقے پر
عام لوگوں کی توجہ میں یا بازار میں لانا :
کسی تجارتی مہم میں زور پیدا کرنا : کسی
امیدوار یا سوال یا معاملے کی حمایت میں
پر زور تحریک ۔

Boom : (v) [Echoic] بھنبھنانا : کلبلانا : سارس کی
سی آواز نکالنا : گرجنا : زور سے دوڑ پڑنا ۔

Boom : (v) چوب روک مہیا کرنا : لکڑی کے کندے
جمع کرنا ۔

To boom off : ڈنڈے کے ذریعہ آگے ٹھیلنا ۔

To boom out : بادبان کے اگلے حصے کو اس کے
نیچے لگی ہوئی بلّی کے سہارے آگے پھیلانا ۔

Boom : (v) گرج کے ساتھ چھوٹنا (توپ کا) : یکا یک
حرکت میں آجانا : بسرعت ترقی کرنا :
پر زور طریقے سے آگے بڑھنا : مشہور
ہوجانا (کسی ایجاد یا خاص بات میں) :
شہرت پاجانا(اشتہار بازی سے) : شروع
کرنا (دھوم دھام سے) ۔

Boom and bust : (n) گرم بازاری اور کساد بازاری یکے
بعد دیگرے آنا ۔

Boom-iron : (n) لوہے کا وہ کڑا جو سہارے کی بلّی کے
سرے میں لگا ہو ۔

Boom-jigger : (n) بادبان کو رسی سے چڑھانے کی چرخی ۔

Boom period : (n) دور گرم بازاری ۔

Boom-sail : (n) وہ بادبان جو بلّی سے جڑا ہو ۔

Boom-sheet : (n) نچلے گوشے کی زنجیر یا رسی جو بلّی
سے لگی ہو ۔

Boom spar : (n) بادبان کی بلّی جو بڑی قسم کی ہو ۔

Boom town : (n) گرم بازار شہر ۔

Boomer : (n) (۱) (امریکی عامیانہ) کسی تجارتی
مہم کو دھوم دھام سے شروع کرنے والا ۔
(۲) تیزطور پر ترقی پانے والے علاقے میں

Boose : (n) [OE. "bos"] گوشالہ : بتھان ۔

Boost : (n) (۱) اٹھان : اچھال ۔ (۲) زیادتی : افزائش ۔ (۳) تعاون و سفارش جو حالت کو بہتر بنائے ۔

Boost : (v) (۱) گھسیڑنا : بڑھانا : حمایت کرنا : کسی کے مفاد یا معاملہ کو ترقی دینا۔ (۲) برقی قوت محرکہ کو بڑھانا(برقی مورچہ وغیرہ) ۔ (۳) اچھالنا ۔ (٤) افزائش کرنا ۔ (٥) پر زور سفارش کرنا ۔ (٦) (عامیانہ) چرانا ، خاص کر دکان سے اٹھانا ۔

Booster : (n) برقی قوت محرکہ کو بڑھانےکا آلہ ۔

Boot : (n) [OE."bot"] (۱) تعمیر : مرمت : علاج : امداد ۔ (۲) معاوضہ جو کسی نقصان یا ضرب کے لئے دیا جائے : تاوان : کفارہ : ھرجانہ ۔

Grace to boot : ھماری مدد کے لئے ۔

None other boot : کوئی علاج نہیں : دیگر چارہ نہیں ۔

To boot : مزید برآں :بہ علاوہ نیز ۔

Boot : (n) [OF."bote"] (۱) جوتا جو ٹخنے تک اونچا ھو ۔ (۲) (تار یخ) تعذیب کا آلہ ۔ (۳) کوچوان کی نشست کے نیچے اسباب کا صندوق : گاڑی میں نوکروں کے بیٹھنے کی جگہ : گاڑی کے پیچھے سامان رکھنے کی جگہ ۔ (٤) چمڑے کی کوئی چیز جو بوٹ سے مشابہ ھو ۔ (٥) لات : غیر متوقع برطرفی یا علاحدگی ۔ (٦) عارضی لطف وعیش ۔ (۷) مبتدی : نوسکھا ۔ (۸) تیل کی ٹنکی میں نیچے کی طرف کی ٹونٹی ۔ (۹) (گلاس سازی) مٹی کا برتن جو بھٹی کےاوپر لٹکا رھتا ھے تا کہ شیشے پر بغیر براہ راست حرارت اور گیس کے رابطہ کا کام کر سکے ۔

Like old boots : (عامیانہ) شدت سے : پختہ طور پر ۔

Over shoes over boots : کسی کام میں بے پروائی سے پیچھے پڑجانا ۔

The boot is on the other leg : ذمہ داری فریق کے سر ھے ۔

To get the boot : خدمت سے علاحدہ ھونا ۔

To give the boot : خدمت کرنا ۔

To have one's heart in one's boot ; بے حد خوف زدہ ھونا : دہشت سے ۔

Boot : (v) [ME."boten"] بھلا کرنا ، فائدہ پہنچا نا ، سود مند ھونا : فائدہ ھونا ۔

Boot : (v) (۱) جوتا پہننا : جوتا پہنانا ۔ (۲) جوتا مہیا کرنا ۔ (۳) شکنجے کے ذریعہ اذیت دینا ۔ (٤) لات مارنا۔ (٥) برطرف کرنا ۔ (٦) (ملٹری) مارنا (پہلے جوتے سے مارتےتھے اب کمر بند سے مارتے ھیں) ۔ (۷) غلطی کرنا ۔ (۸) (عامیانہ) ریس میں گھوڑ سواری کرنا ۔

Boot black : (n) جوتا پالش کرنے والا ۔

Boot closer : (n) بوٹ کےاوپر چمڑے کو سینے والا ۔

Boot-hill : (n) بندوق کی لڑائی میں مارے جانے والوں کا قبرستان ۔

Boot-hook : (n) جوتا پہننے کا ھک / چمچہ ۔

Boot hose : (n) بڑا موزہ ۔

Boot jack : (n) بوٹ اتارنے کا آلہ ۔

Boot lace : (n) جوتے کا تسمہ ۔

Boot last : (n) جوتوں کا قالب یا کالبد ۔

Boot-leg : (n) (۱) بوٹ کا بالائی حصہ ۔ (۲) شراب کا ناجائز کاروبار ۔

Boot leg : (v) (۱) شراب کا ناجائز کاروبار کرنا ۔ (۲) ناجائز طور پر شراب بنانا : بیچنا : اسمگلنگ ۔

Boot lick : (v) خوشامد کرنا۔

Boot money : (n) (تجارت) زائد زر معاوضہ ۔

Boot stocking : (n) بڑا موزہ ۔

Boot straps : (n) سعی بلا مدد : وہ کوشش جس میں کسی کی مدد شریک نہ ھو ۔

Boot stretcher : (n) جوتوں کا قالب یا کالبد ۔

Boot-topping : (n) (جہاز رانی) جہاز کے پیندے کے اوپر

سطح کو صاف کرنا اور اس کی چربی ، گندھک وغیرہ کے مرکب سے لیپ دینا : کسی جہاز میں تختہ جز دینا ۔

Boot tree : (n) جوتوں کا قالب یا کالبد ۔

Booted : (a) (۱) جوتا پہنے ہوئے ۔ (۲) پاؤں تک کپڑا پہنے ہوئے یا چھپائے ہوئے ۔

Bootee : (n) [dim. of "boot"] (۱) عورتوں کا اونچی ایڑی کا نیچا جوتا / سلیپر ۔ (۲) بچوں کا اونی جوتا ۔

Bootery : (n) جوتوں کی دکان ۔

Bootes : (n) [Gr. "bootes"] سات ستاروں کا ایک جھنڈ ، بنات النعش ۔

Booth : (n) [ME. "bope","bothe"] (۱) کرمچ کا عارضی سائبان ۔ (۲) عارضی دکان جس پر سائبان ہو (میلے یا ہاٹ میں) ۔ (۳) ایک چھوٹی گھیری ہوئی جگہ جس میں صرف ایک آدمی کی گنجائش ہو ۔ (٤) کسی ہوٹل یا رستوراں سے علاحدہ گھیری ہوئی جگہ جہاں بیٹھنے اور کھانے کا انتظام ہو ۔

Polling booth : (انتظامیہ ، تاریخ و سیاسیات) پولنگ بوتھ : ووٹ دینے کی جگہ (انتخاب کے لئے) ' ووٹنگ کےلئے بنی ہوئی عارضی کوٹھری ۔

Bootikin / Bootakin : (n) (۱) ایک قسم کا نرم جوتا یا بے انگلیوں کا دستانہ جو اون اور روغن دار چمڑے کا بنا ہوتا ہے اور گنٹھیا کے علاج کے لئے پہنا جاتا ہے ۔ (۲) چھوٹا جوتا ۔ (۳) بچوں کے لئے بنا ہوا موزہ ۔ (٤) اذیت کا شکنجہ ۔

Booting : (n) (۱) شکنجے کے ذریعہ اذیت ۔ (۲) جوتے سے ٹھوکر مارنا۔

Bootlegger : (n) شراب کا ناجائز کاروبار کرنے والا ۔

Bootlegging : (v) شراب کا ناجائز کاروبار کرنا : (سماجیات) : خفیہ شراب فروشی : (تجارت) چوری سے شراب بیچنا ۔

Bootless : (a) بغیر جوتے کے ۔

Bootless : (a) بے فائدہ : لا حاصل ۔

Bootlessly : (adv) بے فائدہ طور پر : بے سودمندی سے ۔

Bootlessness : (n) بے فائدگی : غیر سودمندی ۔

Bootlick : (n) خوشامدی ۔

Bootlicker : (n) خوشامد کرنے والا ۔

Boots : (n) (۱) ہوٹل کے عمال : کسی ہوٹل میں جوتےصاف کرنے والا ۔ (۲) (عامیانہ) کسی فوجی دستے کا سب سے کم عمر افسر : کسی کلب کا جونیر ممبر۔

Lazy boots : کاھل شخص ۔

Booty : (n) [ON."byti"] مال غنیمت : ساجھے کا مال : لوٹ کا مال : چوری کا مال : نفع ۔

To play booty : مل کر پھنسانا یا دھوکا دینا ۔

Booty : (v) سازش کر کے دھوکا دینا ۔

Booze / Boose : (v) پی کر دھت ہو جانا : برابر پیئے جانا ۔

Booze : (n) شراب : شراب خواروں کی مجلس : بزم شراب ۔

Booze-hound : (n) کثرت سے شراب پینے والا : شراب خواری کا عادی : پیکڑ : نشہ باز ۔

Boozer : (n) (۱) شراب پینے والا : شرابی ۔ (۲) (عامیانہ) شرا ب خانہ : بھٹی ۔

Booziness : (n) شراب خواری : مستی : مد ھوشی ۔

Boozy : (n) شرابی : مخمور : مد ھوش : دھت : شراب کا عادی : مئے خوار ۔

Bop : (n) [Echoic.] ضرب ۔

Bop : (v) گھونسے ، ڈنڈے سے مارنا ۔

Bop : (n) ایک قسم کی موسیقی Jazz ۔

Bopper : (n) Jazz موسیقی بجانے والا ۔

Bor : (n) همسایہ : گپ شپ ۔

Bora : (n) وہ رسم جو آسٹریلوی ادی باسی کے سن بلوغ کو پہنچنے پر ادا کی جاتی ہے ۔

Bora : (n) [L. " Boreas"] ایک سخت ٹھنڈی شمالی ہوا ۔

Boracic : (a) [BORAX+ - IC] سہاگے کا یا اس سے متعلق یا اس سے بنا ہوا ۔

Boracic acid : (n) (کیمیا) بوریسک ایسڈ : بورک ایسڈ (Boric acid) ۔

Boracite : (n) میگنیشیا کا بنیادی بوریٹ : (کیمیا) بوریسائٹ ۔

Borage : (n) [med. L."borrago"] نیلے پھولوں اور چبھنے والے روئیں دار پتوں اور ڈنٹھل والے پودے : گل گاؤ زبان (پہلے انھیں مفرح کی طرح استعمال کرتے تھے) ۔

Borage - wort : (n) نیلے پھولوں والے پودوں کی ایک قسم ۔

Boraginaceous : (n) [f. L. "borago-","-agin" + -ACEOUS] نیلے پھولوں والے پودوں کی ایک نسل کا ۔

Boragineous : (n) نیلے پھولوں والے پودوں کی ایک نسل کا ۔

Borasco / -asque : (n) [Fr. "bourrasque"] (۱) ہوا کا ایک تند جھونکا : جھکڑ ۔ (۲) غیر نفع بخش کان ۔ (۳) افلاس ۔

Borassus : (n) [Gr. "borassos "] کھجور جس سے شراب بنتی ہے اور گڑ تیار ہوتا ہے ۔

Borate : (n) [f. BORON + - ATE] سہاگے کے ترشے کانمک : (کیمیا) بوریٹ ۔

Borax : (n) [Pers. " burah "] سہاگہ : بورق ۔

Borax : (n) گھٹیا سستا معمولی بنا ہوا نمائشی فرنیچر ۔

Borax : (a) گھٹیا مال کو خوب اشتہار دے کر بیچنے کے متعلق ۔

Borax bead : (n) سہاگے کا دانہ ۔

Borax bead test : (n) (کیمیا) بوریکس منکا جانچ ۔

Borax carmine : (n) (کیمیا) بوریکس کارمین ۔

Bordage : (n) [L. "bordagium "] ادنیٰ درجے کے غلام کی مدت غلامی :ادنیٰ درجے کے غلام کی غلامی ۔

Bordar : (n) [med.L. "bordarius] (جاگیردارانہ نظام) ایک ادنیٰ درجے کا غلام جو اس جھونپڑے کے بدلے معمولی خدمت انجام دے جو مالک کی خواہش کے مطابق ہو ۔

Bordeax : (n) (۱) فرانس کا ایک شہر ۔ (۲) شراب کی ایک قسم : لال شراب : ارغوانی شراب ۔

Bordeaux mixture : (n) (کیمیا) بورڈو مکسچر ۔

Bordel : (n) [See BORDURE] (۱) قحبہ خانہ : رنڈی بازی : عصمت فروشی ۔ (۲) بیکار چیز۔

Bordeller : (n) قحبہ خانہ کا مالک یا وہاں آنے جانے والا ۔

Bordello : (n) دیکھو Bordel

Border : (n) [ME. "bordure "] سرحد: حصار : حد : کنارہ : باغ کے چاروں طرف چمن بندی : حاشیہ : سوانہ : خط سرحد ۔

Over the border : سرحد کے پار ۔

The Border / the Border : انگلستان اور اسکاٹستان کے درمیان سرحد یا سرحدی اضلاع (ممالک متحدہ امریکہ) ۔

Border : (v) حد بندی کرنا : حاشیہ لگانا : متصل ہونا : ڈانڈے ملانا : باندھنا : سرحد پر واقع ہونا : ہم سرحد ہونا : ہم جوار ہونا ۔

To border on or upon : مشابہ ہونا : لگ بھگ ہونا : کسی شئے کی حد تک پہنچنا ۔

Border land : (n) (۱) سرحد کے قریب کا ملک یا ضلع : سرحدی ضلع یا سرزمین ۔ (۲) دور افتادہ : حد : انتہا : خیر و شر کے درمیان کی سر زمین ۔

Border light : (n) وہ لمبی روشنی جو تھیٹر کے اسٹیج کے اوپر رہتی ہے تمام اسٹیج کو روشن کرنے کے لئے ۔

Border line : (n) (۱) سرحد کی پٹی ۔ (۲) انتہائی کنارہ ؛ تقریباً نا مھذب ؛ تقریباً دیوانہ ۔

Border line risk : (n) (تجارت) سرحدی جوکھم ۔

Border-pen : (n) حاشیہ پر نقش و نگار بنانے والا قلم ۔

Border point : (n) (لسانیات) نقطہ اتصال ۔

Border pricker : (n) سرحد پر رھنے والا گھوڑ سوار ڈاکو ۔

Border side : (n) سرحدی ضلع ۔

Border states : (n) (۱) امریکہ کی وہ ریاستیں جو غلامی کی مخالف ریاستوں کی سرحد پر تھیں اور غلامی کی حامی تھیں ۔ (۲) وہ ملک جو کسی بزرگ تر اور زیادہ طاقتور ملک کی سرحد پر واقع ھوں یا کسی دو بڑے ملکوں کے بیچ واقع ھوں ۔

Border trade : (n) (تجارت) سرحدی تجارت ۔

Border warden : (n) سرحدی نگراں ؛ مرزبان ۔

Border warrant : (n) سرحد کے پار رھنے والے کسی شخص کےنام اس کی گرفتاری کے لئے عدالتی حکم ۔

Borderer : (n) (۱) (خصوصاً انگلستان اور اسکاٹستان کے) سرحدی علاقہ کا رھنے والا ۔ (۲) پڑوسی ؛ ھمسایہ ؛ ھم جوار ۔

Bordering : (n) حد بندی ؛ حاشیہ ۔

Bordure : (n) (نقابت) وہ نقش جو سپر کے کنارے کے متوازی اورچاروں طرف ھو ۔

Bore : (n) [ON."borr."] (۱) سوراخ جو زمین میں پانی معلوم کرنے کے لئے کیا جائے ۔ (۲) بندوق کی نال کا قطر ؛ بندوق کی نال کی سمائی ۔ (۳) گھرا عمودی سوراخ ۔

Bore : (n) (۱) اجیرن ؛ مغز چاٹ ؛ اکتاھٹ ؛ تھکا دینے والا ۔ (۲) اکتا دینے والا ؛ خستہ کنندہ شخص ۔

Bore : (n) اونچی بڑی لھر جو دریا / سمندر کے دہانے کی طرف سے آتی ھے ؛ موج ۔

Bore : (v) [OE. "borian"] برمانا ؛ برمے سے سوراخ کرنا ؛ مشین سےکنواں کھودنا ؛ مسلسل جدو جھد سے راستہ نکالنا ؛ (گھوڑ دوڑ) دوسرے گھوڑے کو دھکا دیکر کسی راستے سے الگ کر دینا ؛ (گھوڑے کا) آگے کی طرف سر پھینکنا ؛ (معدنیات) زمین میں سوراخ کرنا (معدنیات معلوم کرنے کے لئے) ؛ نظر گاڑ کر دیکھنا ؛ رکاوٹوں کے باوجود تھیلتے ھوئے گھس پڑنا ؛ سوراخ ھونا ؛ چبھ جانا ۔

Bore : (v) تنگ کرنا ؛ کان کھا جانا ؛ تھکا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ خستہ کردینا ؛ عدم دلچسپی سے اکتا دینا ۔

Bore core : (n) (اثریات) برما ۔

Bore scope : (n) وہ نلکی جس میں چھوٹا آئینہ لگا ھوتا ھے اور جس سے اسطوانی جوف کو دیکھتے ھیں ۔

Boreal : (a) [See BOREAS] (۱) اتروان ؛ شمالی ؛ باد شمال کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) برفانی ؛ ٹھنڈی ۔ (۳) اس دور سے متعلق جبکہ شمالی امریکہ اور یورپ کی آب و ھوا سرد تر تھی جیسا کہ آج کل قطب شمالی پر ھے ۔ (٤) حیوانیات نامیہ کے شمالی علاقے سے متعلق ۔

Boreal science : (n) فلك کے چھ منطقة البروج ؛ حمل سے لیکر سنبلہ تك ۔

Borealis : (n) Aurora Borealio کا مخفف ؛سپیدہ صبح ۔

Borean : (a) باد شمالی کا یا اس سے متعلق ۔

Boreas : (n) [Gr."boreas "] باد شمالی ؛ شمالی ھوا کا دیوتا۔

Borecole : (n) [Du."beerenlol"] کرم کلاّ ۔

Boredom : (n) (۱) اکتاھٹ ؛ طبیعت کی بیزاری ؛

اچاٹ ہونا : اکتا جانا ۔ (۲) بورلوگ : اکتا دینے والے لوگ ۔

Boreism : (n) بوریت : بور ہونےکی صفت ۔

Borer : (n) (۱) سوراخ کرنے والا (اوزار ، مشین یا آدمی) : (طبیعیات) برما ۔ (۲) اگے کی طرف سر پھینکنے والا (گھوڑا) ۔ (۳) درختوں میں سوراخ کرنے والے کیڑے ۔

Borer-scraper : (n) (اثریات) برما اورکھرچنی ۔

Boresome : (a) بور کرنےوالا : اکتا دینےوالا ۔

Boric : (a) بوروں کا : بوروں (غیرفلزی ٹھوس عنصر) ۔

Boride : (n) بوروں کا مرکب ۔

Boring : (n) (۱) سوراخ کرنا : سوراخ ۔ (۲) سوراخ کرنے کے بعد جو چیزیں نکلتی ہیں ۔ (۳) سوراخ کرنے والا ۔

Boring : (a) اکتا دینے والا : تھکا دینے والا ۔

Boring bar : (n) سوراخ کرنے والی مشین کا سرا ۔

Boring bit : (n) سوراخ کرنےوالی مشین کا دہانہ ۔

Boring gauge : (n) کئے ہوئے سوراخ کوناپنے کا آلہ ۔

Boring machine : (n) برما ۔

Boringly : (adv) تھکا دینے کے طور پر ۔

Borith : (n) [late L. " borith "] ایک پودا جس سے صاف کرنے کا القلی ملتا ہے ۔

Born : (a) [See BEAR (v)] (۱) پیدا ہوا : متولد : جنما ہوا : زائیدہ : مولود ۔ (۲) اصلی باشندہ : ماخذ : نژاد : پیدا شدہ ۔ (۳) پیدائشی : خلقی ۔ (٤) جبلی ۔ (٥) مقدر ۔

Be born : دنیا میں آنا : وجود میں آنا ۔

Born with silver spoon in mouth : قسمت کا دھنی ۔

Born under lucky star : خوش طالع : خوش قسمت ۔

(One's) born days : زندگی بھر : زندگی میں ۔

To be born again : اصلاح کے بعد زندگی کا جدید دور شروع کرنا ۔

To be born in or with : پیدائشی ۔

To be born of God : خدا کا پیارا ہونا ۔

Born criminal : (n) (سماجیات) پیدائشی مجرم ۔

Borne : (a) دیکھو Bear

Borne : (a) [OF. "borner" / "bonner "] تنگ نظر : تنگ خیال ۔

Borneo : (n) مجمع الجزائر ہند کا ایک جزیرہ : انڈونیشیا کا ایک جزیرہ ۔

Borneol : (n) Borneo کے کپور درخت کے مرکبات ۔

Bornesite : (n) بھاپ بن کر اڑ جانے والا مادہ ۔

Bornite : (n) (کیمیا) بورنائٹ ۔

Boro- : جزو ترکیبی Born کا ۔

Borocalcite : (n) (کیمیا) بوروکیلسائٹ ۔

Borofluoride : (n) بوروفلورائڈ ۔

Boroglyceride : (n) بورو گلیسرائڈ ۔

Boroglycerine : (n) (کیمیا) بوروگلیسرین ۔

Boron : (n) [BOR(-AX + (CARB-)ON] (کیمیا) بوران : ایک غیرفلزی عنصر (ایک قسم کا سبزی مائل بھورا یا زرد سفوف) ۔

Boronatrocalcite : (n) (کیمیا) بوران نٹیٹروکیلسائٹ ۔

Borosilicate : (n) (کیمیا) بوروسیلیکیٹ ۔

Borosilicate glass : (n) (کیمیا) بوروسیلیکیٹ کانچ ۔

Borotungstate : (n) ایک قسم کا نمک جو بورک اور ٹنگسٹک ایسڈ کے ملانے سے تیارھوتا ھے ۔

Borough : (n) [OE. "burz","burh "] (۱) ایسا قصبہ جسکو

یا قصبہ کا حاکم ۔

Borough-town : (n) وہ شہر جسے پارلیامنٹ میں نمائندہ بھیجنے کا حق ہو ۔

Borrow : (v) [OE."borzian"] (۱) عاریتاً لینا ؛ ادھار لینا ؛ قرض لینا ۔ (۲) کسی دوسرے کی چیز استعمال کرنا عارضی طور پر ۔ (۳) کسی دوسرے سے اخذ کرنا یا لینا ۔ (٤) (گولف) گیند کو مار کر اونچائی کی طرف پہنچانا - (٥) (علم الحساب میں) تفریق کے سوال میں مفروق منبع کے بائیں عدد سے قرض لینا ۔ (٦) ایک زبان کا لفظ دوسری زبان میں داخل کر دینا ۔

Borrow : (v) (جہاز رانی) زمین یا ہوا کے نزدیک پہنچنا (جہاز کا) ۔

Borrowed : (a) قرض لیا ہوا ؛ ماخوذ ؛ مستعار ۔

Borrowed light : (n) وہ روشنی جو منعکس ہو کر آئے ؛ وہ روشنی جو کسی دوسرے کمرے سے ہو کر کسی کمرے میں آئے ۔

Borrowed time : (n) وقت کی توسیع جو غیر متوقع ہو یا مصنوعی طور پر اس کی تدبیر کی گئی ہو ۔

Borrowed word : (n) (لسانیات) مستعار لفظ ۔

Borrower : (n) قرض لینے والا ؛ (لسانیات) مستعار لینے والا ۔

Borrower country : (n) قرض لینے والا ملک ؛ (لسانیات) مستعار لینے والا ۔

Borrowing : (n) (۱) قرض لینا ؛ قرض ۔ (۲) وہ لفظ یا فقرہ جو کسی زبان میں دوسری زبان سے لیا گیا ہو ۔ (۳) کسی رسم و رواج کا کسی ہمسایہ ملک سے اپنا لینا ۔

Autonomous borrowing : (تجارت) خود اختیار قرض کاری ۔

Compensatory borrowing : (تجارت) تلافی کن قرض کاری ۔

Foreign borrowing : (تجارت) غیر ملکی ادھار یا قرض ۔

Inter governmental borrowing : (تجارت) بین حکومت

فرمان شاہی کے مطابق انتظامی حقوق حاصل ہوں ۔ (۲) میونسپلٹی ؛ بلدیہ یا قصبہ جسکو ایوان عام (پارلیامنٹ) میں نمائندہ بھیجنے کا حق ہو ۔ (۳) (امریکہ کے) کچھ ریاستوں کے وہ بلدیے جو دوسرے ریاستوں کے شہروں کے مثل ہوں ۔ (٤) نیوزی لینڈ کا کوئی شہر یا گاؤں جس میں خاص مجلس انتظامیہ ہو ۔ (٥)نیو ساؤتھ ویلس (آسٹریلیا) کا کم سے کم آبادی اور رقبے کا بلدیاتی علاقہ ۔

Close borough / Pocket borough : وہ قصبہ جو کسی کی ملکیت ہو ۔

Rotten borough : فرضی انتخابی حلقہ ؛ وہ قصبہ جو تنزلی کی وجہ سے انتخابی حلقہ باقی نہ رہا ہو ۔

The Borough : South Wark کا ضلع ۔

To buy a borough / To own a borough : پارلیامنٹ کے ممبروں کےانتخاب پر نگرانی رکھنے کا اقتدار ۔

Borough-English : (n) ایک سابق قانون اراضی جو انگلستان کے چند حصوں میں رائج تھا جس کی رو سے حق وراثت سب سے چھوٹے بیٹے کو منتقل ہوتا تھا ۔

Borough-holder : (n) وہ شخص جو جائداد یا زمین کو مال گذاری پر لگانے کا (قدیم دستور کے مطابق) مالک ہے ۔

Borough- man : (n) (۱) شہری ؛ قصبے کا باشندہ ۔ (۲) پارک شائر میں ؛ دیکھو Borough holder

Borough - master : (n) (۱) قصبے کا مالک ۔ (۲) قصبے کا ولندیزی یا بلجیکی مالک ۔

Borough-monger : (n) وہ شخص جو پارلیمنٹری نشستوں کو خریدتا یا بیچتا ہے (انگلستان میں) ۔

Borough-mongering : (n) پارلیامنٹری نشستوں کی خرید و فروخت ۔

Borough-mongery : (n) پارلیامنٹری نشستوں کی خرید و فروخت کا فن ۔

Borough-moot : (n) قصبے کی عدالتی مجلس ۔

Borough-reeve : (n) چیف میونسپل افسر ؛ کسی شہر

قرض کاری ۔

Public borrowing : (تجارت) پبلک قرض کاری : عوامی قرض کاری ۔

Borrowing cycle : (n) (تجارت) دور قرض ۔

Borrowing days : (n) ماہ مارچ کے آخری تین دن ۔

Borrowing language : (n) (لسانیات) مستعار لینے والی زبان ۔

Borrowing power : (n) (تجارت) اختیار قرض کاری : قرض لینے کی قوت : قوت قرض ۔

Borrowing rates : (n) (تجارت) قرض یا ادھار کی شرح ۔

Borrowingly : (adv) قرض لینے کے طور پر ۔

Borsh : (n) [Russ. "borshch"] (چقندر) کا شوربہ : جس میں کھٹا دودھ یا کریم ملی ہو ۔

Borsholder : (n) ایک معمولی درجے کا کانسٹبل : عیسائی حلقے کا افسر ۔

Borstal : (n) کمسن مجرموں کی اصلاح کا اسکول ۔

Borstal association : (n) وہ انجمن جو کم سن مجرموں کی رھائی کے بعد ان کی امداد کرتی ھے ۔

Borstal institution : (n) کم سن مجرموں کا تادیب خانہ ۔

Borstal system : (n) کمسن مجرموں کی اصلاح کا خاص اصول ۔

Bort : (n) [OF. "bord / bort"] گھٹیا ھیرا یا اچھے ھیرے کے چھوٹے چھوٹے ذرے جو تیز کرنے کے لئے استعمال ھوتے ھیں ۔

Borzoi : (n) [Russ.] روس یا سائبریا کا کتا جو بھیڑیے کے میل سے پیدا ھوا ھو ۔

Bos : (v) [L] نشانہ خطا کرنا : خالی جانا : گڑبڑ کرنا : گڈمڈ کردینا ۔

Bos : (n) (عامیانہ) غلط قیاس : غلط نشانہ : انکل پچو : خالی نشانہ : گڑبڑ جھالا ۔

Boscage /Boskage : (n) [late L. "boscaticum"] جھاڑیوں یا درختوں کا جھنڈ : کنج : جنگل کا منظر ۔

Bosch : (n) =(Bush) [Du.] جھاڑی ۔

Bosch : (n)=(Bosh) [In full "bosch butter"] نقلی مکھن ۔

Bosch-bok : (n) جنوبی افریقہ کا بارہ سنگھا ۔

Bosch-man : (n) = (Bush man) جنوبی افریقہ کا قبایلی ۔

Bosch vark : (n) جنوبی افریقہ کے جنگلی سور کی ایک قسم ۔

Bosh : (n) (۱) لوہا پگھلانے والی بھٹی (Blast furnace) کا نچلا ڈھالو حصہ ۔ (۲) کان کنی) وہ ناند جس میں اوزار اور گرم ڈلے ٹھنڈے کئے جاتے ھیں ۔ (۳) ابلتے ھوئے سوڈا واٹر کی ٹنکی جس میں دھات کے اوزار دھوئے جاتے ھیں ۔

Bosh : (n) [Turk .] حماقت : بیھودہ گفتگو : مہملات : لغو ۔

Bosh : (v) چھیڑنا : برباد کرنا : شیخی بگھارنا : گڑبڑ کرنا ۔

Bosgesman : (n) دیکھو Bosch man

Bosk : (n) [ME."bosk"] جھاڑی : چھوٹا جنگل ۔

Bosket / Bosquet : (n) [It."boschetto"] کسی خاص چیز کا باغ : چھوٹے چھوٹے درختوں کا باغ ۔

Bosky : (a) جھاڑی دار : درختوں سے بھرا ھوا : درخت دار : گھنا ۔

Bosky : (a) (عامیانہ) مدھوش : مخمور : نشے میں غل پل ۔

Bosom : (n) [OE "bosm"] (۱) گود : سینہ : چھاتی : بغل ۔ (۲) قمیض وغیرہ کا سینہ ۔ (۳) لباس اور سینے کے درمیان خالی جگہ (سینہ) ۔ (٤) سطح (جھیل یا زمین کی) ۔ (۵) آغوش ۔ (٦) دل : خیالات و خواھشات ۔ (۷) خم دار طاق : جوف : اندرونی کھوکھلا حصہ : ناسور ۔ (۸) (میکانیات) چکی کے پتھر کے سوراخ کے چاروں طرف کا جوف ۔ (۹) بیچ کا حصہ : (۱۰) تخیلات درونی : تمنا : آرزو ۔ (۱۱) دل : قریبی تعلق ۔ (۱۲) چوڑی سطح : کشادہ سطح ۔ (۱۳) سہارا دینے والی سطح ۔

Friends of one's bosom : یار غار : دلی دوست ۔

In Abraham's bosom : مرحوم مردوں کے مسکن : جنت ۔

In the bosom of one's family : خاندان کی آغوش میں ۔

In the bosom of a church : عیسائیت کی آغوش میں ۔

To take to one's bosom : شادی کرنا ۔

Wife of one's bosom : چہیتی بیوی ۔

Bosom : (a) نجی : ذاتی ' پوشیدہ ۔

Bosom : (v) (۱) سینے میں رکھنا : بغل گیر ہونا : سینے سے سینہ ملانا ۔
(۲) سینے میں راز چھپانا ۔ (۳) یاد رکھنا ۔

Bosom friend : (n) خاص جگری دوست ۔

Bosom staff : (n) چکی پتھروں کی سیدھ جانچنے کا آلہ ۔

Bosomed : (a) سینہ دار : سینے میں چھپایا ہوا : بادبان کی طرح پھولا ہوا : سانس روکا ہوا ۔

Bosomy : (a) (۱) محفوظ خلاؤں / غاروں سے بھرا ہوا ۔
(۲) اوپر یا باھر کی طرف پھولا ہوا ۔
(۳) سینہ والا / والی : پستان دار ۔
(٤) پستان دار عورتوں کی تصویر والا ۔

Boss : (n) [OF."boce"] (۱) ابھار : ڈھال اور آرائشی چیزوں پر کے پھول : (تعمیرات) گنبد کا بالائی حصہ ۔ (۲) چٹان کے وہ تودے جو دوسری قسم کی چٹانوں کے پرت سے باھر نکلے ہوں ۔ (۳) ہتھوڑے سے پیٹے ہوئے یا کھدے ہوئے کام کے اوپر کا ایک گول ابھار ۔ (٤) دھرے کا بڑھایا ہوا حصہ جس میں پہیا لگایا جاتا ھے ۔
(٥) (جہاز سازی) رفاسہ کے دنبالہ کے درمیانی کھمبے کا نکلا ہوا حصہ : جہاز کے گردش کرنے والی دھری کا وہ حصہ جہاں پھل لگے ہوتے ہیں ۔
(٦) کارد گر یا کارد ساز کے استعمال کا ٹھپا ۔ (۷) نرم چمڑے صاف کرنے کے لئے سلک وغیرہ کا نرم گدا ۔

Boss : (n) [MDu."bosse","busse-"] پلاسٹر کرنے والے کا لکڑی کا برتن جس میں پلاسٹر کا مسالہ رکھتے ہیں ۔

Boss : (n) پیالی (پوال) کا گدا : (تاریخ) بوتہ ۔

Boss : (n) گائے یا اس کی جنس کے دوسرے جانور ۔

Boss : (n) [Du. "baas"] (۱) آقا : مالک : افسر ۔
(۲) (امریکہ) سیاسی جماعت کا کار پرداز ۔
(۳) وہ شخص جو کسی کام میں سب سے بڑھ کر نکلے ۔ (٤) میر : سالار ۔
(٥) کسی سیاسی جماعت کا وہ آمر جس کے ھاتھ میں بہت سارے ووٹ دینے والے ہوتے ہیں ۔ (٦) وہ اعلا عہدہ دار جو آمرانہ اختیار کسی پارٹی پر رکھتا ھے ۔

Gang boss : (سماجیات) جتھے کا سردار ۔

Repair boss : (سماجیات) مرمت کے کام کا سردار ۔

Speed boss : (سماجیات) صحیح رفتار کارکردگی کا سردار ۔

Boss : (v) (۱) ابھرے ہوئے کام بنانا ۔
(۲) ابھاروں سے آراستہ کرنا ۔

Boss : (v) (سوقیانہ) آقا ہونا : منتظم ہونا (کسی پر) ۔

Boss : (a) (۱) اختیار رکھنے والا : حکم چلانے والا ۔
(۲) (عامیانہ)اعلیٰ درجے کا : عمدہ ۔

Boss-eyed : (a) ڈیرا : اینچا ۔

Bossage : (n) [F. "bosse"] (۱) وہ پتھر جو دیوار میں بغیر کاٹے ہوئے اور نکلا ہوا رکھا جائے (بعد میں کاٹنے کے لئے) ۔
(۲) وہ موٹا بھدا کام جو کسی عمارت کے ڈھانچے کے سامنے اسکی جڑائی کے دندانے یا شگاف کی وجہ سے معلوم ہو ۔

Bossed : (a) (۱) نکالا ہوا : ابھارا ہوا ۔
(۲) ابھاروں سے آراستہ کیا ہوا ۔
(۳) دھرے کا ابھرا ہوا حصہ ۔

Bosselated : (a) (عضویات) چھوٹی چھوٹی گمڑیوں کی شکل میں بنا ہوا ۔

Bosset : (n) (١) چھوٹی گمزی ۔
(٢) ھرن کے ابتدائی سینگ ۔

Bossiness : (n) (١) سوجن : پھولن : ابھار ۔
(٢) آمریت ۔

Bossism : (n) وہ طریقہ سیاست جس میں جماعت کا امیر پارٹی پر قابو یا اختیار رکھتا ھو ۔

Bossy : (a) پھولا ھوا : دائرے کی شکل میں ابھرا ھوا : گومڑیوں والا ۔

Bossy : (a) جابر : تحکم سے کام لینے پر مائل ۔

Bostangi : (n) [Turk.] ترکی محل کا شاھی محافظ ۔

Bosthoon : (n) [L."bastum"] احمق : گاؤدی : کودن ۔

Boston : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Boston : (a) بوسٹن کا یا اس سے متعلق ۔

Boston : (n) ایک قسم کا رقص ۔

Boston-bag : (n) سفری تھیلا ۔

Boston-rocker : (n) ایک قسم کی کرسی ۔

Bostonese : (n) بوسٹن کا رھنے والا : بوسٹن کی بولی یا اس کے نزدیکی علاقے کی بولی ۔

Bostrychoid : (a) [Gr. "bostrychos"] حلقه کی شکل یا صفت کا : حلقه نما ۔

Bostrychoidal : (a) حلقه کی شکل کا یا صفت کا حلقه نما ۔

Bostryx : (a) [Gr. "bostryx"] یک شاخه ۔

Boswellian : (a) [f. Boswell, the biographer of Dr.Johnson.]
(١) سوانح نگار بوسویل Boswell) کی طرح جس نے جانسن کی سوانح حیات لکھی ۔
(٢) وہ سوانح نگار جو اپنے کسی ھم عصر کو ھیرو مان کر اس کی زندگی کے تمام حالات کو تفصیل کے ساتھ قلم بند کرے ۔
(٣) وہ مصنف جو کسی موضوع کو محبت اور گھری معلومات کے ساتھ لکھے ۔
(٤) وہ شخص جو کسی ایک شخص کو ھیرو بنا کر اس کی خدمت میں لگا رھے ۔

Boswellism : (n) بوسویل کے انداز کی سوانح نگاری ۔

Boswellize : (n) بوسویل کے انداز میں لکھنا ۔

Bot / Bott : (n) ایک طفیلی کیڑا ۔

The botts : گھوڑوں کی وہ بیماری جو ایک طفیلی کیڑے سے اس کے معدہ میں پیدا ھوتی ھے ۔

Bot : (n) ھمیشه قرض لینے والا شخص ۔

Bot : (v) ادا نه کرنے کی نیت سے قرض لینا ۔

Bot bee : (n) وہ کیڑے جو گھوڑوں کے معدے میں بیماری پیدا کرتے ھیں ۔

Bot fly : (n) وہ کیڑے جو گھوڑوں کے معدے میں بیماری پیدا کرتے ھیں ۔

Bot hole : (n) وہ سوراخ جو طفیلی کیڑے کھال میں بناتے ھیں (اس کے ذریعه بھاگ نکلنے کے لئے) ۔

Botanic : (a) [Gr." botany "] نباتاتی ۔

Botanical : (n) جڑی بوٹی سے تیار کی ھوئی دوا جس میں کوئی حیوانی جز یا معدنی شئے نه ھو ۔

Botanical : (a) نباتیاتی ۔

Botanically : (adv) از روئے علم نباتیات ۔

Botanist : (n) [F."botaniste"] ماھر علم نباتیات ' نباتیات داں : : گیاہ شناس : (انتظامیه) ماھر نباتیات ۔

Botanize : (v) [Gr."botanizin"] (١) مطالعه کی غرض سے نباتات کا جمع کرنا اور مشاھدہ کرنا ۔
(٢) از روئے نباتیات کسی چیز کو جانچنا یا دریافت کرنا ۔

Botanizer : (n) مطالعه کی غرض سے نباتات کو جمع کرنے والا اور مشاھدہ کرنے والا ۔

Botanizing : (n) مطالعه کی غرض سےنباتات کو جمع کرنا اور مشاھدہ کرنا ۔

Botanomancy : (n) پودوں سے شگون لینا یا فال گیری ۔

Botany : (n) [f. BOTAN] (۱) علم نباتات : نباتیات : گیاہ شناس ۔ (۲) Botany bay کا مخفف ۔

Botany Bay : (n) (۱) حبس بعبور دریائے شور : کالا پانی ۔ (۲) آسٹریلیا کے نیئو ساوتھ ویلس میں ایک جگہ جہاں مجرموں کو بسایا جاتا تھا ۔

Botany wool : (n) اچھی قسم کی عمدہ آسٹریلوی اون ۔

Botany yarn : (n) عمدہ آسٹریلوی اون کا بنا ہوا دھاگا۔

Botargo : (n) [Coptic " outarakhon" + Gr. "tarichion"] مچھلی کے انڈوں کا سالن ۔

Botch (n) [ME. "boche","bocche"] (۱) پھوڑا : پھنسی : مہاسا ۔ (۲) گومڑ ۔

Botch : (n) (۱) بگڑا کام : نقص : عیب ۔ (۲) بھدی پیوند لگی جگہ یا حصہ : بھدا پیوند ۔

Botch : (v) [ME. "bocche-n"Perh. echoic] (۱) بھدا پیوند لگانا : بری طرح مرمت کرنا : بھدے طریقہ سے جوڑ لگانا ۔ (۲) بھدا کام کرکے بگاڑ دینا : خراب کر دینا ۔ (۳) بھدے پن سے تعمیر کرنا یا ترتیب دینا ۔

Botchedly : (adv) بھدے پن سے : کام بگاڑ کر : خراب کرکے ۔

Botcher : (n) (۱) پھوہڑ : اناڑی : خصوصاً نا اہل مصنف ۔ (۲) پیوند لگانے والا/ مرمت کرنے والا ، خاص کر وہ چمار یا درزی جو مرمت کرنے کا کام کرتا ہے ۔

Botcher : (n) ایک چھوٹی سالمن مچھلی ۔

Botchery : (n) کام بگاڑو : پیوند سازی : مرمت ۔

Botchily : (adv) بھدے پن سے : ناقص طور پر ۔

Botchy : (a) ناقص : بھدا : عیب دار ۔

Bote : (n) مرمت : لوازمات زندگی جو قانوناً جائز ہو : معاوضہ : کفارہ ۔

Boterol : (n) [F. "bouterolle"] (نقابت) کونٹی مارکہ ۔

Both : (pron., adv, conj.) [ON."badar"] دونوں: ہر دو : بھی ۔

Have it both ways : چت بھی میری پٹ بھی میری : ہر حالت میں فائدہ ۔

Bother : (v) [Anglo-Irish] ناک میں دم کرنا : جان کھانا : دق کرنا : پریشان کرنا : تنگ کرنا : متردد ہونا : اذیت دینا : تکلیف دینا : ہنگامہ کرنا : بات کا بتنگڑ بنانا : زحمت کرنا ۔

Bother : (n) پریشانی : زحمت : طومار : بکھیڑا ۔

Bother-headed : (a) پراگندہ دماغ کا : اوچھے دماغ کا : کڑھ مغز : الٹی سمجھ کا ۔

Botheration : (n) پریشانی : زحمت : طومار : بکھیڑا : دقت : کھٹ کھٹ : جھمیلا ۔

Bothersome : (a) تکلیف دہ : پریشان کن ۔

Bothrenchyma : (n)[Gr."bothros" +" egchyma"] (نباتیات) غار دار ریشہ ۔

Bothy / Bothie : (n) (اسکاچ) جھونپڑی : کٹی : کٹیا خاص کر مزدوروں کی وہ کوٹھری جس میں غیر شادی شدہ مزدور ایک ساتھ رہتے ہیں ۔

Botling : (n) ایک پودے کا نام ۔

Botone / -ee /-y : (a) [OF.mod."boutonne"] (۱) (نقابت) غنچوں کی طرح تین ابھاروں سے آراستہ : جو تین پتے سے مشابہ ہو ۔ (۲) (صلیب) ہر سرے پر تین بندوں سے آراستہ ۔

Botrycymose : (n) [Gr."botrys"+CYMOSE] عنب کوبیا ۔

Botrylle : (n) [mod.L."botryllus "] ایک قسم کا صدف ۔

Botryllian : (a) Botrylle کی طرح ۔

Botryoid : (a) [Gr."botryoides"] انگور کے گچھے کے مانند ۔

Botryoidal : (a) انگور کے گچھے کے مانند ۔

Botryolite : (n) [Gr. "botrys+lithos"] ایک معدنی شئے ۔

Botryose : (a) [as prec.+ - OSE] عنبیا ۔

Bottine : (n) [F. dim. of "botte"] (۱) ایک قسم کا جوتا جو پیر کے کچھ حصوں کو ڈھکتا ھے ۔
(۲) عورتوں اور بچوں کا هاف بوٹ ۔

Bottle : (n) [OF. "bouteille "] (۱) بوتل : بوتل بھر ۔
(۲) مئے خواری کی عادت : پینے کی عادت ۔
(۳) شراب : مئے ۔ (٤) بوتل کا دودھ ۔

A five bottle man : ایک نشست میں پانچ بوتل شراب پینے والا : دریا نوش ۔

Aspirator bottle : (کیمیا) ھوا کش بوتل ۔

Over a bottle : مئے نوشی کے دوران ۔

Stoppered bottle : (کیمیا) کانچ ڈاٹ بوتل ۔

The bottle : مئے نوشی ۔

To bring up on the bottle : بوتل کے دودھ سے بچے کی پرورش کرنا ۔

Tubulated bottle : (کیمیا) ٹونٹی دار بوتل ۔

Woulfe bottle : (کیمیا) وولف بوتل ۔

Bottle : (n) [OF."botel"] گھاس کا گٹھا ۔

To look for a needle in a bottle of hay : سعی لاحاصل : گھاس کے ڈھیر میں سوئی ڈھونڈنا ۔

Bottle : (n) [Corruption of "bopel"] پودوں کی قسمیں ۔

Bottle : (v) (۱) بوتل میں بھرنا ۔
(۲) مربہ بنا کر بویام میں رکھنا ۔
(۳) (استعارتاً) ضبط کرنا : چھپانا ۔
(٤) گھیرنا : پھانسنا ۔

To bottle off : پیپے سے شراب بوتل میں رکھنا ۔

Bottle-baby : (n) بوتل کے دودھ پر پرورش پانے والا بچہ ۔

Bottle- boy : (n) دوا ساز کا نوکر ۔

Bottle-brush : (n) (۱) بوتل صاف کرنے کا برش : بوتل کوچی : (کیمیا) بوتل برش ۔
(۲) پودوں کی ایک جنس ۔

Bottle chart : (n) سمندر کی سطحی لہروں کا نقشہ جو جہاز پر بوتل پھینکنے اور اٹھا لینے کے ذریعہ سے بنتا ھے ۔

Bottle club : (n) ایک نجی کلب جس کے اراکین کو شراب ھر وقت مل سکتی ھے ۔

Bottle fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو اپنے بدن کو پھلا کر چرمی بوتل کی طرح بنا لیتی ھے ۔

Bottle-glass : (n) گہرے سبز رنگ کا بھدا شیشہ : بوتل شیشہ ۔

Bottle-gourd : (n) بوتل کی شکل کا کدو ۔

Bottle-green : (a) گہرا سبز : (کیمیا) بوتل ھرا ۔

Bottle-head : (n) وھیل مچھلی کی ایک قسم ۔

Bottle-heath : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bottle - holder : (n) (۱) بوتل رکھنے کا خانہ ۔
(۲) پنھو : پٹھا : گھونسہ باز۔

Bottle-imp : (n) وہ پری جو بوتل میں رھتی ھے۔

Bottle - jack : (n) بھوننے کا سانچہ جو بوتل کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Bottle neck : (n) (۱) آمد و رفت اور حمل و نقل کا تنگ راستہ ۔ (۲) وہ حالت یا کیفیت جب ترقی میں رکاوٹ ھوتی ھے۔ (۳) وہ جگہ جو ٹریفک کی بھیڑ کیوجہ سے اکثر تنگ ھو جاتی ھے ۔ (٤) ناقابل حل مشکل ۔

Bottle-nest : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Bottle - nose : (n) (۱) پھولی ھوئی ناک ۔ (۲) ایک قسم کی وھیل مچھلی : ڈولفن کی ایک قسم ۔

Bottle- nosed : (a) پھولی ھوئی ناک والا ۔

Bottle-ore : (n) ایک قسم کی بحری گھاس جو بطور کھاد کے استعمال ھوتی ھے ۔

Bottle party : (n) ایک نجی پارٹی جس میں مہمان اپنے

ساتھ شراب لاتے ہیں ۔

Bottle slide : (n) ایک قسم کی میز جس پر شراب رکھ کر ٹیبل کے گرد گھماتے ہیں ۔

Bottle-tit : (n) دیکھو Bottle nest

Bottle - tom : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Bottle-washer : (n) (۱) بوتل صاف کرنے والا ۔ (۲) ہرکام کرنے والا نوکر ۔

Bottled : (a) بوتل میں رکھا ہوا ۔

Bottleful : بوتل بھر ؛ بھر بوتل ۔

Bottler : (n) بوتل میں شراب بھرنے والا ۔

Bottom : (n) [OE."botm"] (۱) پیندا ؛ تہ ۔ (۲) چوتڑ ؛ سرین ۔ (۳) (کرسی وغیرہ کی) بیٹھک ۔ (٤) (جھیل وغیرہ کی) تلی ؛ قعر دریا ؛ نشیبی زمین ؛ وادی ۔ (۵) پائنیں ۔ (٦) پائنیں نشیں ۔ (۷) خلیج کا انتہائی اندرونی کونہ ۔ (۸) جہاز کا پیندا ۔ (۹) جہاز میں پیندے کے قریب کا حصہ ۔ (۱۰) جہاز خاص کر مال کا ۔ (۱۱) جہاز کا ڈھانچہ ۔ (۱۲) بنیاد ؛ اساس ؛ اصل ۔ (۱۳) بات کی تہ ؛ اصلیت ؛ حقیقت ۔ (١٤) کس ؛ قوت برداشت ۔ (۱۵) آخری ؛ سب سے نیچے کا ۔ (١٦) اساسی ؛ بنیادی ۔

At (the) bottom : درحقیقت ؛ فی الحقیقت ؛ بنیادی طور پر ۔

At the bottom of one's heart : دلی طور پر ؛ اپنے دل میں ۔

From the bottom of one's heart : انتہائی خلوص کے ساتھ ؛ تہ دل سے ۔

From the bottom up : : شروع سے ہی ؛ مکمل طور پر ؛ از سر نو ۔

Horse of good bottom : بڑی اچھی دم والا گھوڑا ۔

To be at the bottom of : باعث ہونا ؛ سبب ہونا ۔

To go to the bottom : تہ میں ڈوبنا ۔

To have no bottom : بے بنیاد ہونا ؛ بے پیندے کا ہونا ۔

To send to the bottom : تہ میں ڈبونا ۔

To stand on one's own bottom : اپنے بل بوتے پر کھڑا ہونا ؛ اپنے پیر پر کھڑا ہونا۔

To touch bottom : تہ تک پہنچنا؛ معاملہ یا بات کی تہ تک پہنچ جانا ۔

Bottom : (v) (۱) پیندا چڑھانا ۔ (۲) بحث کو کسی چیز پر مبنی کرنا ۔ (۳) تہ تک پہنچنا ۔ (٤) تہ تک پہنچانا ۔ (۵) خالی کرنا ؛ ختم کرنا ۔ (٦) گھاس جمانا ۔ (۷) (نباتیات) پیازہ بیٹھنا ۔

To bottom upon : بنیاد رکھنا ؛ مبنی کرنا ۔

Branchery : (n) شاخ سار ۔

Branchiae / Branchia : (n) [Gr."bragchia"] خیشوم (حیوانیات) : مچھلیوں کے اعضائے تنفس : گل پھڑہ ۔

Branchial : (a) خیشومی : گل پھڑوں والی (حیوانیات) : گلپھڑے کا یا گلپھڑے کی طرح ۔

Branchiate/-ed : (n) گلپھڑے رکھنے والا ۔

Branchiferous : (a) گلپھڑے دار ۔

Branchiform : (a) گلپھڑے نما یا گلپھڑے کی طرح ۔

Branchiness : (n) شاخ درشاخ یا شاخ دار ھونا ۔

Branching : (n) شاخ پھینکنا : شاخ کا پھوٹنا : شاخوں کا جھنڈ ۔

Branching : (a) (۱) شاخ پھینکنے والا ۔(۲) پھیلنے والا : منشعب ھونے والا : الگ الگ ھونے والا : منتشر ۔(۳) سینگ دار ۔

Branching chains : (n) شاخی زنجیریں : تقسیم یاد داشت (نفسیات وغیرہ) ۔

Branching paths : (n) (فلسفہ ونفسیات) چندراھا ۔

Branchio- : [Gr."bragchia"] جزو ترکیبی بمعنی گلپھڑہ ۔

Branchio-anal : (a) گلپھڑے اور مقعد سے متعلق ۔

Branchio-cardiac : (a) گلپھڑے اور دل سے متعلق ۔

Branchio-gasteropod-/ podda / -pods : وہ گھونگا جو پانی کے ذریعہ سانس لیتا ھے ۔

Branchio-pallial : (a) صدف کے گلپھڑے اور پیٹ کی جھلی سے متعلق ۔

Branchio-parietal : (a) صدف کے گلپھڑے اور آنتوں کے جوف کی دیوار سے متعلق ۔

Branchiopod : (n) [F.BRANCHIO-+Gr."pods","pod"] وہ حیوانیات قشریہ جس کے منھ کے دونوں طرف پاؤں ھوتے ھیں : بازو پایہ ۔

Branchiopodous : (a) منھ کے دونوں طرف پاؤں رکھنے والا ۔

Branchiostegal : (a) اس جھلی سے متعلق جو گلپھڑے کے خانے کی حفاظت کرتی ھے : گلپھڑے کا غلاف ۔

Branchiostegan : (n) [medL."branchiostegi"+ - AN] ایک قسم کی مچھلی جس کے گلپھڑے جھلی سے ڈھکے رھتے ھیں ۔

Branchiostege : (a) [BRANCHIO -+Gr."stegin"] گلپھڑے کو ڈھکنے والا ۔

Branchiostegite : (n) گلپھڑے کو ڈھکنے والی جھلی ۔

Branchiostegous : (a) دیکھو Branchiostegal

Branchiostomous : (a) [BRANCHIO -+Gr."stomos"+- oos] گلپھڑا منھ کے ساتھ لگا رھنے والا ۔

Branchireme : (n) [F. L. "branchiae + remus"] Branchioped کا وہ عضو جو تنفس اور تحریک دونوں کے لئے ہو ۔

Branchless : (a) بے شاخ ۔

Branchlet : (n) ڈالی : شاخک : ٹہنی ۔ (۲) (نباتیات) وہ چھوٹی شاخ جو بڑی شاخ سے پھوٹے ۔

Branchy : (a) شاخ دار : شاخ در شاخ ۔

Brand : (n) [OE."brand"] (۱) لوکا : مشعل : داغ (لوہے سے) ۔ (۲) مجازاً کلنک کا ٹیکہ ۔ (۳) تجارتی نشان : مارکہ ۔ (٤) خاص قسم کا مال : پتروگ (پودا کی بیماری جس میں پتے جل جاتے ھیں) ۔ (۵) داغ لگانے کا ٹھپا۔ (٦) (شعر میں) تلوار ۔ (۷) داغ دینے کا لوہا ۔ (۸) خاص قسم ۔

A brand from the burning : وہ شخص جس نے آنےوالے خطرے سے نجات پائی ہو ۔

God's brand : بجلی ۔

Phaebus's brand : آفتاب کی جھلسانے والی کرنیں ۔

Secondary and tertiary brand : (تجارت) دوم و سوم برانڈ ۔

Brand : (v) (۱) جلتے ہوئے لوہے سے داغ لگانا ۔ (۲) (جرّاحی) سزا ، ملکیت یا مارکہ کے لئے ۔ (۳) ذہن نشین کرنا : نا قابل محو طریقہ پر کسی کے حافظہ میں بٹھانا ۔ (٤) کلنک کا ٹیکہ لگانا ۔ (۵) داغ لگانا ۔

Brand-building : (n) (تجارت) برانڈ بنانا : برانڈ بلڈنگ ۔

Brand-exploitation : (n) (تجارت) برانڈ علاقہ استعمال ۔

Brand-goose : (n) سب سے چھوٹے قسم کا جنگلی ھنس ۔

Brand-mark : (n) لوہے کی سیخ کا نشان ۔

Brand name : (n) (تجارت) برانڈ نام ۔

Brand-new / Bran-new : (a) دیکھو Bran new

Branded line : (n) برانڈ شدہ لائن ۔

Brander : (n) سیخ دار چولھا ۔

Brander : (n) تجارتی مارکہ لگانے والا ۔

Brander : (v) سیخ دار چولھے پر گوشت پکانا : سلاخوں کو سیخ دار چولھے کی شکل میں ترتیب دینا ۔

Brandering : بلّیوں کو پٹیوں سے ڈھک دینا پلاسٹر کرنے کے لئے ۔

Brandied : (a) برانڈی ملا ھوا ' برانڈی میں محفوظ کیا ھوا ۔

Branding : داغنا ۔

Brandiron : (n) (۱) سیخ دار چولھا ۔ (۲) تلوار ۔

Brandish : (v) [F."brandiss ","brandir"] (۱) تلوار چمکانا (دھمکی یا لڑائی کے لئے) ۔ (۲) دکھاوے کے طورپر نمائش کرنا یا ظاھر کرنا ۔

Brandish : (n) تلوار کا گھمانا ۔

Brandisher : (n) تلوار چمکانے یا گھمانے والا ' دکھاوے کے طور پر نمائش کرنے والا ۔

Brandling : (n) ایک لال سا کیڑا جو مچھلیوں کے چارے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Brandreth : (n) [ON.] (۱) سیخ دار چولھا ' آھنی تپائی ۔ (۲) ایک چوبی فریم سہارے کے لئے ۔

Brandy : (n) [Du."brandewijn"] انگور کی شراب ۔

Brandy-ball : (a) ایک قسم کی کھٹائی ۔

Brandy-bottle : (n) (۱) برانڈی کی بوتل ۔ (۲) ایک قسم کا پھول ۔

Brandy-pawnee : (n) [F.BRANDY+Hindi"pani"] برانڈی اور پانی ۔

Brandy-snap : (n) ھلکا ادرکی بسکٹ ۔

Branks : (n) (۱) دریدہ دہن عورت کی لگام ۔ (۲) لکڑی کا توبڑا بطور مہرا ۔ (۳) گلسوا : گلپھڑا ۔

Branks-ursine : (n) [med.L."branca ursina"] ایک قسم کا

خاردار پودا ۔

Branny : (a) چوکر یا بھوسا جیسا یا اس سے بھرا ھوا ۔

Brant : (a) اونچا ' سیدھا کھڑا ' ڈھلوان ۔

Brant : (n) ایک چھوٹے قسم کی جنگلی بط ۔

Brant-fox : (n) [Ger."brand- fuchs"] ایک قسم کی کالی لومڑی ۔

Brash : (n) [perh. echoic] (۱) مرض کا حملہ ۔ (۲) یکایک بارش کا ھونا ' غیر متوقع بارش ۔ (۳) کسی سیال شے کا پھوٹنا ۔

Brash : (n) [F."breche"] چٹان یا برف کے ریزے یا ٹکڑے : جھاڑیوں اور پودوں کی کترن ۔

Brash : (a) [Echoic] (امریکہ) نازک : کمزور (خاص کر لکڑی) ۔

Brash : (a) (۱) جلد باز ۔ (۲) توانا ۔ (۲) بے تکا : بے شعور ۔ (٤) گستاخ ۔ (٥) بھونڈا : بھدا : بے پروا : بے حیا ' شوخ چشم ۔ (٦) تیز ۔ (۷) گرجنے والا ۔ (۸) نمایاں ۔

Brashy : (a) ٹوٹا ھوا ' ٹکڑا ٹکڑا : کمزور : ٹوٹنے والا : ریزہ ریزہ ' جلد باز : گستاخ : بے تکا : بھدا : توانا : بے شعور : تیز ۔

Brasque : (n) [F."braser"] مٹی اور کوئلے کا چورا جو بھٹی اور کھٹال میں لگایا جاتا ھے ۔

Brass : (n) [OE."braes"] (۱) پیتل ۔ (۲) پیتل کا کتبہ (قبر پر) ۔ (۳) (عامیانہ) روپیہ پیسہ ۔ (٤) بے باکی : بے شرمی : ڈھٹائی ۔ (٥) پیتل کا ۔ (٦) سختی ، بقا وغیرہ کی علامت ۔ (۷) کوئلہ میں لوھے کے پیریٹس (Pyrites) ۔ (۸) سیسہ اور ٹین کا مرکب ۔ (۹) دھرا کا سہارا ۔ (۱۰) پیتل کے باجے۔ (۱۱) چمکیلے دھات کے سازو سامان یا برتن یا زیورات ۔ (۱۲) زرد رنگ ۔ (۱۳) فوجی افسر ۔ (۱٤) اداب : سلام ۔

Commercial brass : تجارتی پیتل ۔

High brass : عمدہ پیتل ۔

Naval brass : بحری پیتل ۔

Part brass rager : دوستی ترک کر دینا ۔

The brass : بینڈ : پیتل باجہ ۔

Brass : (v) (۱) پیتل چڑھانا ۔ (۲) (مجازاً) شوخی کرنا ۔

Brass : (a) (۱) پیتل کا بنا ھوا ۔ (۲) پیتل کے رنگ کا ۔ (۳) بلند آھنگ ۔ (٤) پیتل کے باجوں کےلئےبنایا ھوا ۔

Brass aluminium : (n) پیتل المونیم ۔

Brass band : (n) پیتل کا باجہ بجانے والوں کا طائفہ ۔

Brass bound : (a) (۱) پیتل کے حلقے یا حصوں کا ۔ (۲) روایتی : ضدی ۔ (۳) گستاخ ۔

Brass cartridge : (n) پیتل کارتوس ۔

Brass check : (n) وہ رقم جو خفیہ طور پر کسی اخبار کے نمائندے کو کسی کام کے لئے دی جاتی ھے ۔

Brass clamp : (n) (طبیعیات) پیتل کلیمپ : (کیمیا) پیتل شکنجہ ۔

Brass farthing : (n) پھوٹی کوڑی ۔

Brass furnace : (n) پیتل بھٹی ۔

Brass hat : (n) فوجی اعلی افسر ۔

Brass plate : (n) پیتل کی تختی : کتبہ ۔

Brass-pounder : (n) (عامیانہ) ٹیلی گراف میں کام کرنے والا ۔

Brass rags : (n) ملاحوں کا جھاڑن ۔

Brass ring : (n) اچھا سود مند موقع ۔

Brass rule : (n) ٹائپ میں وہ لائن جو کالموں کے بیچ بیچ میں ھوتی ھے ۔

Brass-smith : (n) پیتل کا کام کرنے والا ٹھٹھیرا ۔

Brass tacks : (n) فوری اھمیت : حقیقی : تفصیلی ۔

Brass yellow : (a) (کیمیا) پیتل جیسا پیلا ۔

Brassage : (n) [F."brasser"] (دارالضرب) سکہ ڈھالنےکی اجرت ۔

Brassard : (n) [F."bras"] (۱) مونڈھے سے کہنی تک زرہ ۔ (۲) بازو پر کا بلاّ ۔

Brassate : (n) (علم کیمیا) Brassic acid کا نمک ۔

Brassic : (a) ان پودوں کا یا ان سے متعلق ۔

Brassica : (n) [L.] چھر برگ پودوں کی ایک نوع (جس میں کرم کلہ ، پھول گوبھی وغیرہ ھوتی ھے) ۔

Brassiere : (n) [F.] چولی : انگیا ۔

Brassily : (adv) ڈھٹائی سے ۔

Brassiness : (n)

Brassy : (a) (۱) پیتل کا سا (رنگ آواز یا ذائقہ میں) ۔ (۲) ڈھیٹ ' گستاخ ۔ (۳) جھوٹے دعوے کرنے والا ۔ (٤) گولف کے بلے Brass(e)y ۔ (٥) بےشرم ۔ (٦) (مجازاً) سخت ۔ (۷) شوروغل : ھنگامہ : کرخت ۔

Brasse : (n) مچھلی کی ایک قسم ۔

Brassed : (a) پیتل کا بنا ھوا یا پیتل سے ڈھکا ھوا ۔

Brasserie : (n) [F."brasser"] کھانا اور شراب پینے کا ریستوران ۔

Brass(e)y : (n) گولف کا بلاّ ۔

Brat : (n) [OE."bratt"] (۱) لباس ۔ (۲) لبادہ ۔ (۳) پیش بند ۔ (٤) بھیڑ کا کوٹ ۔ (٥) پڈنگ ، فرنی وغیرہ کے اوپر جمی ھوئی تہ ۔

Brat : (n) (۱) چھوکرا : بچہ : چھوکری ۔ (۲) (مجازاً) زائیدہ ۔

Brat : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Brat : (n) (کان کنی) کوئلےکی ایک پتلی تہ جس میں پیریطس یا چونے کا کاربونیٹ ملا ھوتا ھے ۔

Bratchet : (n) (۱) سراغ رساں کتّا ۔ (۲) چھوٹا : چھوکرا ۔

Bratery : (n) پرورش گاہ ۔

Bratling : (n) چھوٹا بچہ ۔

Brattach : (n) [Ge."bratach"] جھنڈا ۔

Brattice : (n) [Ger."brett"] (۱) اوٹ ۔ (۲) سلاخ دار روشن دان ۔

Brattice : (v) اوٹ بنانا یا لگانا ۔

To brattice up : اوٹ لگانا ۔

Bratticing : (n) (۱) (کوئلے کی کان) سلاخ دار روشن دان ۔ (۲) (تعمیرات) دیکھو Brattishing

Brattishing : (n) کسی مقدس عمارت کے بالائی حصے کا منقش کام ۔

Braunite : (n) [F.Mr.Braun of Gotha] (کیمیا) ایک بھربھری بھورے رنگ کی دھات ' براؤنائٹ ۔

Bravado : (n) [Sp."bravada"and F."bravade"] دکھاوے کی بہادری : بہادری جتانا ۔

Bravais correlation coefficient : (شماریات) براوائس ھم ربط ھم رشتگی ۔

Brave : (a) [It."bravo"] (۱) بہادر ' جری : نڈر ۔ (۲) خوش پوشاک ' چھیلا ' عمدہ ۔ (۳) بہادرانہ ۔ (٤) بہادر ادمی ' جنگ جو ' ریڈ انڈینس ۔

The brave : بہادر ادمی ۔

Brave : (v) مقابلہ میں ڈٹ جانا ' مقابلے پر آنا ' مقابلہ کرنا ' خاطرمیں نہ لانا ' بےحقیقت سمجھنا ' للکارنا ۔

Brave : (n) [It.] پیشہ ور خونی ۔

Bravely : (adv) بہادرانہ : بہادری سے : جنگ جویانہ ۔

Braveness : (n) بہادری' نڈر پن : جنگ جو ۔

Bravery : (n) [F."braverie"] (۱) بہادری : جرأت ۔ (۲) شان ۔ (۳) خود نمائی ۔ (٤) زرق برق لباس ۔ (٥) نمائشی چیزیں ۔

Bravingly : (adv) بہادرانہ طورپر : جرأت مندانہ طورپر : مقابلہ کرتے ھوئے ' للکارتے ھوئے ۔

Bravissimo : شاباش : شاباشی ۔

Bravo : (Interj.& n) [It." bravo"] دیکھو Bravissimo

Bravura : (n) [It.] (۱) کار نمایاں ۔ (۲) ھنر کی نمائش : کرتب دکھانا ۔ (۳) (موسیقی) نغمہ کی تحریر کا کوئی حصہ جس کا بجانا یا گانا مشکل ھو ۔

Braw : (a) (۱) شاندار ' زرق برق ' عمدہ: خوبصورت ۔ (۲) بہت اچھا : عمدہ : جاذب نظر: خوش لباس : اچھا لباس : خوش پوش ۔

Brawl : (n) دنگا فساد : چیخ پکار ۔

Brawl : (n) مےنوشی کی دعوت : ندی کا شور ۔

Brawl : (v) [Late ME. origin unknown] (۱) جھگڑا فساد کرنا ' شورمچانا : ندی کا شور مچانا ۔ (۲) بلندآواز میں حکم دینا ۔

To brawl in church : کلیسا میں غیرمذھبی اور بےموقع بات کرنا ۔

Brawler : (n) دنگا فساد کرنے والا : شورمچانےوالا ۔

Brawlingly : (adv) دنگا فساد کرکے : شور مچا کر ۔

Brawn : (n) [OF."braon","braoun"] (۱) عضلہ : پنھا (خصوصاً بازو یا پاؤں کا) ۔ (۲) سور کا گوشت (نمك لگا کر رکھا ھوا) ۔ (۳) جسمانی طاقت و قوت ۔ (٤) سخت اور موٹا چمڑا ۔ (٥) آدمیوں کی تعداد ۔

Brawn : (v) (۱) سخت بنانا یا سخت ھونا ۔ (۲) موٹا کرنا : فربہ کرنا (سور کو) ۔

Brawn fallen : (a) دبلا ۔

Brawned : (a) (۱) مضبوط ۔ (۲) سخت : سخت دل ۔

Brawner : (n) موٹا سور ۔

Brawniness : (n) مضبوطی : گٹھیلا پن : کسرتی پن ۔

Brawny : (a) (۱) کسرتی : مضبوط ۔ (۲) سخت دل : بےحس ۔

Braxy : (a & n) [prob.from the"bracks"] (۱) بھیڑوں کی طحالی مرگی ۔ (۲) طحالی مرگی میں مبتلا ۔ (۳) ایسی بھیڑ کا گوشت ۔

Bray : (n) (۱) گدھےکی سی یا گدھے کی آواز ۔ (۲) کوئی سخت ناگوار آواز ۔

Bray : (v) (۱) گدھے کی سی آواز نکالنا : گدھے کا بولنا ۔ (۲) (تحقیراً) انسانی آواز ۔ (۳) سخت بلند و کرخت آواز نکالنا ۔ (٤) کرختگی سے بولنا ۔

Bray : (v) [OF."breier"] (۱) چور چور کرنا یا پیسنا : کوٹنا (ھاون دستے یا موسل سے) ۔ (۲) کوٹنا : رگڑنا (اونی کپڑوں کا) ۔ (۳) گھلا دینا (غم وغیرہ سے) ۔ (٤) ھلکے سے لگانا (طباعت میں) ۔

Bray : (n) (نقابت) ایك مارکہ ۔

Braye : (n) [F."braie"] ایك فوجی بیرونی حد بندی ۔

False bray : بیرونی فصیل ۔

Brayer : (n) گدھا : گدھے کی آواز نکالنے والا ۔

Brayer : (n) (طباعت میں) ایك چوبی بیلن جس سے روشنائی کو ٹھیك طرح سے پھیلاتے ھیں ۔

Brayer : (n) پیسنے والا ۔

Braying : (n) گدھے کی آواز نکالنا ۔

Braze : (v) [OE."brasion"] پیتل یا جستے کے فلز سے جوڑنا ۔

Braze : (v) [F."braser"] (۱) پیتل سے بنانا : پیتل منڈھنا : پیتل کا سا رنگ چڑھانا ۔ (۲) سخت کرنا : سخت بنانا ۔

Brazen (a) [OE."braesen"] (۱) پیتلی : پیتل کا بنا ھوا : مضبوط (پیتل کی طرح) ۔ (۲) پیتل کی طرح : مثل پیتل ۔ (۳) بے حیا : بے عزت : بے ایمان : بے باك ۔ (٤) بلند اور کرخت ۔ (٥) شدید : شدت کا ۔

Brazen : (v) (۱) (Out کےساتھ) جرأت : شوخی یا استقلال سے مقابلہ کرنا : ڈھٹائی سے کام نکالنا ۔ (۲) بہادر بنانا یا بے دھڑك بنانا : بے شرم بنانا ۔

Brazen age : (n) پیتل جُگ : برنجی عھدہ یا زمانہ : دنیا کے تنزل کے چار عھدوں میں تیسرا عھد ۔

Brazen-face : (n) بے دھڑك : بیباك : بے حیا : بے غیرت ۔

Brazen face : (n) بے دھڑک : بے حیا آدمی ۔

Brazen-faced : (a) بے دھڑک : بے باک : بے حیا : بےغیرت ۔

Brazen-facedly : (adv) بے باکی سے : بے حیائی سے ۔

Brazen law of wages : (تجارت) اجرت کا کانسوی قانون ۔

Brazenly : (adv) بے حیائی سے : بے باکی سے ۔

Brazenness : (n) بےحیا پن : بے حیائی : بیباکی : بے ایمانی ۔

Brazier : (n) پیتل کا کام کرنے والا : ٹھٹھیرا : کسیرا : صفار ۔

Brazier : (n) [F."brasier"] انگیٹھی : دہکتے ہوئے انگارے اٹھانے کا طباق : پکانے کا ایک برتن ۔

Braziery : (n) پیتل کا کام : برنجی سازی کی دکان ۔

Brazil : (n) [Sp."brasil"or It."brasile"] (۱) جنوبی امریکہ کی ایک سخت لال لکڑی جس سے رنگ بنایا جاتا ہے ۔ (۲) وہ رنگ جو اس لکڑی سے نکالا جاتا ہے ۔ (۳) جنوبی امریکہ کا ایک ملک ۔

Brazil : (n) (۱) فولادی پیریطس ۔ (۲) زیادہ پیریطس پایا جانے والا کوئلہ ۔

Brazil-nut : (n) برازیلی جوز : ایک میوہ جس میں گری ہوتی ہے ۔

Braziletto : (n) [Sp."brasilete"] رنگ بنانے والی لکڑی کی ایک قسم جو جمیکا میں پائی جاتی ہے ۔

Brazilian : (a) برازیلی ۔

Brazilian emerald : (n) (کیمیا) برازیلی زمرّد ۔

Brazilian sapphire : (n) (کیمیا) برازیلی نیلم ۔

Brazilin : (n) Brazil wood کے رنگ کا مادہ ۔

Breach : (n) [ME."breche"] (۱) (بحری) موجوں کا ٹکرانا (جہاز سے) ۔ (۲) نقص : خلاف ورزی ۔ قطع تعلق : ان بن : ترک مراسم ۔ (۳) شکستگی ۔ (٤) رخنہ (خصوصاً قلعے کی دیوار میں گولوں کی مار سے) ۔ (٥) وھیل مچھلی کا تڑپ کر پانی سے اوپر اچھلنا ۔

Clean breach : موجوں کا اس طرح عرشے پر چڑھ جانا کہ اس کی ساری چیزیں بہالے جائے ۔

Clear breach : موجوں کا ٹکرانے بغیر جہاز پر چڑھ جانا ۔

Law breach : (تاریخ و سیاسیات) قانون شکنی ۔

To stand in the breach : توپوں کی مار سے قلعے کی دیوار میں جو رخنہ پیدا ہو گیا ہے اس میں کھڑا ہونا ' (مجازاً) جوکھوں یا جوکھم میں ہونا ۔

Breach : (v) (۱) توڑکرنکل جانا : رخنہ ڈالنا ۔ (۲) وھیل مچھلی کا تڑپ کر پانی سے اوپر اچھل جانا ۔

Breach of arrestment : قرق شدہ جانداد کو غیرقانونی طریقہ پرفروخت کر دینا ۔

Breach of blockade : (تاریخ وسیاسیات) ناکہ بندی توڑنا ۔

Breach of close : مداخلت بیجا ۔

Breach of confidence : (انتظامیہ) اعتماد شکنی ۔

Breach of contract : شکست عہد : وعدہ خلافی ' (تجارت و انتظامیہ) معاہدہ شکنی ۔

Breach of law : قانون کی خلاف ورزی : (انتظامیہ) قانون شکنی ۔

Breach of peace : (تاریخ وسیاسیات) نقص امن : امن شکنی ۔

Breach of pound : ضبط شدہ مال کا غیر قانونی طریقہ پر وصول کرنا ۔

Breach of prison : کسی قیدی کا قید سے فرار ۔

Breach of privilege : حقوق یافتہ کے کسی حق کی خلاف ورزی ' (انتظامیہ) استحقاق شکنی نقص مراعات ۔

Breach of promise : شادی کرنے کے وعدے کےخلاف کرنا ۔

Breach of treaty : معاہدہ کی خلاف ورزی ' (تاریخ و سیاسیات) معاہدہ شکنی ۔

Breach of trust : شکست عہد : وعدہ خلافی (تجارت) :

اعتماد شکنی ' خیانت :
(انتظامیہ) اعتماد شکنی ' نقص امانت ۔

Breach of warranty : تصدیق اصلیت شکنی ۔

Breachy : (a) (۱) باڑ کو توڑ کر باہر نکل جانے والا ۔
(۲) رخنہ دار ۔

Bread : (n) [OE. "bread"] (۱) روٹی ' نان پاؤ ' پاؤ روٹی ' ڈبل روٹی ۔(۲) روزی ' رزق ۔(۳) روٹی کا یا روٹی کےبارے میں ۔(٤) (عامیانہ) روپیہ پیسہ ۔

Black bread : ایک قسم کی موٹے آٹےکی روٹی ۔

Bread buttered on both sides : انتہائی خوش قسمتی ' آسودہ حالی : اللےتللے ۔

Daily bread : روزی ۔

Ship's bread : (بحری) سخت بسکٹ

To break bread : (۱) روٹی کھانا۔(۲) رزق دینا ۔
(۲) عشائےربانی میں شریک ہونا ۔

To know on which side one's bread is buttered : اپنے نفع نقصان کو سمجھنا ۔

To make one's bread : روزی کمانا ۔

To take the bread out of one's mouth : کسی کی روزی چھین لینا ۔

Bread : (v) (۱) (باورچی خانہ) روٹی کے چور سے لپیٹنا ' روٹی مہیا کرنا ۔(۲) روٹی سے رگڑ کر صاف کرنا ۔

Bread and butter : (n) (۱) مکھن لگی ہوئی روٹی : رزق : روزی : مایحتاج ۔
(۲) (مجازاً) بچپنا : اسکول کی لڑکی کا سا مزاج اور بھولا پن ۔
(۳) مہمان نوازی کا شکریہ ۔

Bread and cheese : (مجازاً) سادہ غذا : غریبا مئو کھانا : رزق روزی۔

Bread and circuses : وہ ضیافت وتفریح جو حکومت اپنے خلاف ناراضی کو دور کرنے کے لئے مہیا کرے ۔

Bread and scrape : روٹی جس پر برائے نام مکھن لگا ہو ۔

Bread and wine : عشائے ربانی ۔

Bread-basket : (n) (۱) (عامیانہ) پیٹ : شکم ۔
(۲) روٹی رکھنےکی ڈلیا ۔(۳) غلہ پیدا کرنے والا علاقہ جو دوسرے علاقوں کے لئے بھی پیدا کرے ۔

Bread-board : (n) آٹا گوندھنے اور بیلنے کا تختہ ۔

Bread-colonies : (n) (تاریخ و سیاسیات) کثرت سے غلہ پیدا کرنے والے علاقے (ریاستہائے متحدہ امریکہ) ۔

Bread-corn : (n) وہ اناج جس سے روٹی بنتی ہے ۔

Bread crumb : (n) (۱) روٹی کا چور ' روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے ۔ (۲) روٹی کا گودا یا نرم حصہ ۔

Bread-crumb : (v) روٹی کے چور میں لپیٹنا ۔

Bread dance : (n) وہ رقص جو امریکی انڈین اپنے دیوتا سے روزی مانگنے کے لئے کرتے ہیں ۔

Bread earner : (n) (تجارت) روزی کمانے والا ۔

Bread-flour : (n) آٹا ۔

Bread fruit : (n) بحر جنوبی کا ایک درخت جس کا پھل نشستنی ہوتا ہے ۔

Bread knife : (n) روٹی کاٹنے کا دندانہ دار چاقو ۔

Bread line : (n) خیراتی روٹی لینے والوں کی قطار ۔

Bread meal : (n) گھر کا کھانا : چوکر کی روٹی ۔

Bread nut : (n) ایک قسم کے درخت کا گری دار پھل جس کو بھون کر اور پیس کر روٹی پکاتے ہیں ۔

Bread of affliction : محنت کی روٹی : مصیبت سے ۔

Bread of idleness : بے محنت کی روزی یا روٹی ۔

Bread-root : (n) ایک قسم کا پودا جس کی جڑ کھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Bread roll : (n) وہ روٹی جو شوربا کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

Bread riot : (n) وہ فساد جو غذا کے لئے ہو ۔

Bread stick : (n) وہ روٹی جو شوربا کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

Bread-stitch : (n) (بال کی) چوٹی کی طرح سلائی ۔

Bread-stuff : (n) روٹی پکانے کی چیز ، اناج ، میدہ ، آٹا وغیرہ ۔

Bread-tree : (n) وہ درخت جس کے پھل کے آٹے کی روٹی پکاتے ہیں ۔

Bread-winner : (n) کنبہ پرور (شخص و پیشہ) ۔

Bread work : (n) (تجارت) روٹی کے لئے مزدوری ۔

Breaden : (a) روٹی کا بنا ہوا ۔

Breadless : (a) بے روزی : محتاج ۔

Breadlessness : (n) محتاجی : فاقہ مستی ۔

Breadness : (n) (عشائے ربانی کےبحث میں) روٹی ہونے کی صفت ۔

Breadth : (n) (۱) چوڑائی : پھن : عرض : پورے عرض کا کپڑا : گنجائش : جگہ ۔(۲) فاصلہ : وسعت (نظر) : فیاضی : فراخدلی : رواداری ۔ (۳) وسیع زور (قلم ، طرز تحریر وغیرہ) : آزاد مشربی : کشادہ دلی ۔(٤) کسی وصف کا مظاہرہ : ایک وسیع تاثر (فن میں) : جذبات سے الگ ہو کر کشادگی اور اتحاد کا نقش قائم کرنا ۔

To a hair's breadth : بال برابر ۔

Breadthless : (a) بے وسعت : بلا فاصلہ ۔

Breadthway / Breadthwise : (adv) عرضاً : عرض کے حساب سے ۔

Break : (v) [OE. "brecan"] (۱) توڑنا : ٹوٹنا : ٹکڑے کرنا : چور چور کردینا ۔ (۲) پھوڑنا : پھوٹنا : پھٹنا : تڑکنا ۔(۳) اپنی جگہ سے سرک جانا: راستہ بنانایا نکالنا۔(٤) توڑ ڈالنا ۔ (۵) منقطع کرنا ۔ (٦) بدلنا ۔ (۷) گھس جانا ۔(۸) نکل آنا: نکل بھاگنا ۔(۹) کمزور ہونا یا کردینا ۔(۱۰) پست ہمت کرنا ۔ (۱۱) تباہ کرنا : برباد کرنا ۔(۱۲) رکنا : بند ہونا : ختم ہو جانا ۔(۱۳) سدھانا : تربیت کرنا : تربیت دینا : دبا دینا : فرو کر دینا ۔ (١٤) خلاف ورزی کرنا : پورانہ کرنا۔(۱۵) کھول دینا۔(١٦) مغلوب کر دینا ۔(۱۷) احترام نہ کرنا : ثابت نہ رکھنا : زور زبردستی کرنا ۔(۱۸) ثابت و سالم نہ رکھنا ۔(۱۹) ظاہر کرنا : خبر دینا : بول پڑنا ۔ (۲۰) کھولنا : شروع کرنا ۔ (۲۱) سلسلہ یا اتحاد توڑ ڈالنا ۔ (۲۲) روک دینا : تتر بتر کر دینا : ابتری پھیلانا ۔(۲۳) (کسی خط کا) یك بیك خط بدل ڈالنا ۔(٢٤) توڑ کر الگ کرنا ۔(۲۵) جھگڑنا ۔(۲٦) (کسی عہدہ دار کو) برطرف کر دینا ۔ (۲۷) تاریکی سےنکل آنا: چمکنےلگنا ۔ (۲۸) کاٹ دینا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۲۹) کسی وصیت نامے کو رد کردینا: کالعدم قرار دینا ۔(۳۰) (کرکٹ) وکٹ کو گرا دینا۔(۳۱) توڑنا(پھل وغیرہ کا) ۔ (۳۲) ختم کرنا ۔(۳۳) خردہ کرنا : بھنانا ۔ (٣٤) دیوالیہ نکالنا ۔ (۳۵) سن وغیرہ سے ریشہ الگ کرنا ۔(۳٦) ریکارڈ توڑ دینا ۔(۳۷) قیمت کم کرنا ۔(۳۸) کسی قصے کا سلسلہ دوسرے تیسرے صفحہ پر لیجانا ۔(۳۹) کسی معاملہ کا حل نکالنا یا شرح بتانا ۔(٤٠) تقسیم کرنا ۔ (٤١) رخ بدل دینا : رخ بدلنا : بدلنا ۔ (٤٢) کسی رنگ کو دوسرے رنگ کے ذریعہ بدل دینا ۔ (٤٣) رقص میں ہم رقص کے ہاتھ کو چھوڑ دینا ۔ (٤٤) کیمرہ کے مقام کو بدلنا ۔ (٤٥) (مچھلی یا وھیل کا) پانی سے اچھلنا۔(٤٦)تجزیہ کرنا ۔(٤٧) شاخیں پھوٹنا ۔(٤٨) گاڑھا اور دھندلا ہونا ۔

Cloud breaks : بادلوں کا پھٹنا ۔

To break a lance with : بحث کرنا یا مناظرہ کرنا : مقابلہ کرنا ۔

To break and enter : گھس پڑنا ۔

To break a jest : مذاق کرنا : بری خبر پہنچانا ۔

To break an indenture : توڑ ڈالنا ۔

To break an officer : بر طرف کر دینا ۔

To break a set : کسی چیز کے سیٹ کو الگ الگ کرکے بیچنا ۔

To break away : (۱) (Intra) توڑ کر علاحدہ کرنا: توڑنا ۔(۲) (Trans) بھاگنا ۔

To break bank : دیوالہ نکالنا ۔

To break bread with : کسی کے ہاں کھانا کھانا ۔

To break bulk : سامان اتارنا : بوجھ کم کرنا : تخفیف کرنا ۔

To break butterfly on wheel : قوت بیجا صرف کرنا ۔

To break camp : فوجیوں کا سامان باندھ کر چلنے کی تیاری کرنا ۔

To break contract : توڑ ڈالنا (معاہدہ) ۔

To break on the wheel : پہیئے سے باندھ کر ہڈیاں توڑ ڈالنا ۔

To break out : (۱) بھاگ نکلنا ، فرار ہونا ؛ نکلنا ۔ (۲) پھیلنا (بیماری) ۔ (۳) چھیڑنا (لڑائی) ۔

To break out flag : جھنڈا کھولنا ۔

To break Priscian's head : گرامر کی ٹانگ توڑنا ۔

To break sheer : دیکھو "sheer" ، جہاز کے راستے کا رخ ۔

To break square / squares : با قاعدہ حکم کی خلاف ورزی کرنا : نقصان پہنچانا ۔

To break the ball : (بلیرڈ) پہلی ضرب لگانا ۔

To break the back : مغلوب کرنا ، شکست دینا ۔

To break the bank : (جوئے بازی میں) بینکر کو روپیے دینے سے روک دینا ۔

To break the ice : شروع کرنا : ابتدا کرنا ، آغاز کرنا : حجاب اٹھانا یا توڑنا ۔

To break the marriage : رشتہ ازدواج منقطع کرنا ۔

To break the neck of a journey : سفر کا سب سے دشوار مرحلہ طے کر لینا ۔

To break the leg of arm : ہاتھ پاؤں توڑ دینا ۔

To break the ranks : صف میں ابتری پڑنا ۔

To break through : (۱) گھسنا ۔ (۲) خلاف قاعدہ کام کرنا ۔ (۳) نمایاں طور پر کامیاب ہونا ۔

To break through obstacle : سدّ راہ کو توڑ کر نکل جانا ۔

To break up : (۱) منتشر ہونا : خندق کھودنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا۔ (۲) نئی راہ نکالنا ۔ (۳) کم ہونا ۔ (٤) کم زور ہونا ۔

To break wind : ریاح نکالنا ۔

To break with : لڑنا ، قطع تعلق کرنا ۔

Voice breaks : آواز کا بھرّا جانا : کنٹھا پھوٹنا ؛ آواز کا پختہ ہونا (بلوغ میں) ۔

To break down : (۱) (.Int) برباد کرنا ؛ توڑ پھوڑ کرنا ؛ مسمار کرنا ۔ (۲) سڑانا ۔ (۳) پاش پاش کر دینا ۔ (٤) (.Int) بیکار ثابت ہونا ؛ بیٹھ جانا ، منقطع ہونا (طبیعیات) ۔

To break forth : (۱) (.Int) لپکنا ۔ (۲) پھیلنا (بیماری ، جنگ وغیرہ کا) ۔ (۳) بھاگنا ؛ آزاد ہو جانا ۔ (٤) بول اٹھنا ۔

To break ground : پہلی بار ہل چلانا ، محاصرہ شروع کرنا ، ڈول ڈالنا ۔

To break in : گھس جانا ، مداخلت کرنا ، قطع کلام کرنا ، برس پڑنا ۔

To break into arms : ہتھیار اٹھا لینا ۔

To break into house : سینڈھ دینا یا لگانا ، نقب زنی کرنا ۔

To break into laughing : دفعتاً ہنس دینا ۔

To break into rebellion : مسلح بغاوت کر دینا ۔

To break into weeping : یك بیك رو دینا ۔

To break joint : اینٹوں کے جوڑوں کے خطوط کو لگاتار نہ رکھنا ۔

To break news : بری خبر پہنچانا ؛ مذاق کرنا ۔

To break oath : قسم توڑ ڈالنا ۔

To break off : (۱) منقطع کرنا ؛ ختم کر دینا ۔ اچانك چھوڑ دینا ۔ (۲) توڑنا ؛ علاحدگی اختیار کرنا ۔

To break (anyone) of a practice, or, habit : عادت چھڑا دینا ۔

To break one's blow / fall : چوٹ یا ضرب کا ضرر کم ہو جانا ۔

To break one's heart : غم سے مغلوب ہو جانا ؛ دل پر نہایت صدمہ گزارنا ۔

To break one's journey : سفر کے بیچ میں رك جانا ؛ ٹھہر جانا ۔

To break one's neck : پوری کوشش کرنا ؛ حتی الوسع کوشش کرنا ۔

Break- : جزو ترکیبی ۔

Break : (n) (۱) توڑنا : ٹوٹنا ۔
(۲) گیند کا ٹپّا کھا کر مڑنا (کرکٹ میں) ۔
(۳) نمبر جو ایک سلسلے میں جیتے جائیں
(بلیرڈ میں) ۔ (٤) رخنہ ۔ (٥) شکستہ حصہ ۔
(٦) خلل : وقفہ : (موسم وغیرہ کی) تبدیلی ۔
(۷) (موسیقی) وہ نقطہ جہاں سروں وغیرہ
کا امتداد ھے ۔ (۸) بے قاعدگی ۔
(۹) زمین کا کوئی حصہ جو کھیتی کے لئے
بنایا گیا ھو : کسی خاص خصوصیت والی
زمین کا کوئی حصہ ۔
(۱۰) وہ علامت [- - - -] جو اشاعت یا تحریر
میں اچانک وقفہ کے لئے استعمال ھوتی ھے
اور جسے طباعت کی اصطلاح میں لیڈرز
(leaders) کہتے ھیں ۔ (۱۱) (کان کنی) نقص ۔
(۱۲) شکن : موڑ ۔ (۱۳) جھپٹ ۔ (١٤) قطع
تعلق : اختلاف ۔ (۱۵) چائے کی پیٹیوں کی
تعداد جو جہاز پر بھیجی جائیں ۔
(۱٦) وقفہ یا تبدیلی کی جگہ یا مقام ۔
(۱۷) جنگل کی وہ آگ جو فوراً قابو میں
نہ لائی جا سکے ۔ (۱۸) بے ڈھنگ سماجی
فاش غلطی ۔ (۱۹) خوش بختی : خوش
طالعی ۔ (۲۰) تڑکا : طلوع سحر ۔

Electrolytic break : (کیمیا) برق پاشیہ توڑ۔

Mercury break : (کیمیا) پارہ توڑ ۔

Platinum break : (کیمیا) پلیٹینم توڑ۔

Break / Brake : (n) (۱) گاڑی کا وہ چوکھٹہ جس میں باندھکر
جوان گھوڑوں کو سدھاتے ھیں : اڑگڑا ۔
(۲) ایک بڑی چار پہیوں والی گاڑی جس
میں کوچوان اور سائیس کے علاوہ چھ یا
زیادہ آدمی بیٹھ سکیں : بڑی ویگنٹ گاڑی ۔

Break-ax : کلھاڑی کو توڑنے والی (شئے) ۔

Break away : (n) (۱) علاحدگی ۔ (۲) (آسٹریلیا) بھگدڑ
خصوصاً مویشی اور بھیڑوں کی) ۔
(۳) کسی دوڑ میں وقت سے پہلے دوڑ پڑنا ۔
(٤) آسانی سے ٹوٹ جانے والی کوئی چیز ۔

Break-away : (a) (۱) علاحدگی اختیار کرنیوالا ۔
(۲) آسانی سے ٹوٹ جانے والی (کوئی چیز) ۔

Break-back : (v) پہلی حالت یا مقام پر اچانک واپس آجانا ۔

Break-bone : استخواں شکن : ھڈی توڑ ۔

Break-bones : (n) ایک قسم کا باز ۔

Break-bulk : (n) وہ کپتان جو اپنے جہاز کے مال کے کچھ
حصوں کو چرا لیتا ھے ۔

Break-covert : (n) پوشیدہ جگہ سے نکل بھاگنے والا ۔

Break-down : (n) (۱) بیٹھ جانا : ڈوب جانا : رک جانا :
بند ھو جانا ۔ (۲) جواب دینا یا دے جانا
(صحت کا) ۔ (۳) ٹوٹ جانا (قوت، حکومت
وغیرہ کا) ۔ (٤) حبشیوں کا ایک ناچ ۔
(٥) (مشین وغیرہ کا) ٹوٹ جانا : گھس جانا
یا بیکار ھو جانا ۔ (٦) جذبات سے مغلوب
ھوجانا : تحلیل ھوجانا یا سڑجانا : تجزیہ :
تقسیم ۔

Ego break-down : انا کشی : انانیت کا خاتمہ ۔

Nervous break-down : اعصابی شکستگی ۔

Break-down : (a) مرمت کرنے کے کام آنے والا ۔

Break-down voltage : (طبیعیات) منقطع وولٹیج '
(کیمیا) ٹھپ وولٹیج ۔

Break-even : (a) نفع یا نقصان نہ ھونا ۔

Break-even chart : (تجارت) ھم سطح چارٹ ۔

Break-even point : (n) (تجارت) ھم سطح نقطہ ۔

Break in prices : (تجارت) قیمتوں کا توڑنا ۔

Break-neck : (a & n) (۱) بہت تیز۔ (۲) (مجازاً) تباھی :
بربادی ' خطرناک : مخدوش ۔

Break of day or morn : تڑکا ' طلوع سحر ۔

Break-off : (n) (۱) قطع تعلق ۔ (۲) (بندوق وغیرہ میں)
کندے کا وہ فلزی حصہ جس میں نال لگائی
جاتی ھے ۔

Break of June : جون کا آغاز ۔

Break of service : (انتظامیہ) وقفہ ملازمت ۔

Break phenomenon : (n) کسری مظہر ۔

Break-through : (n) (۱) سد راہ کو توڑنے کا عمل ۔
(۲) (جنگ میں) دشمن کے دفاعی حدود
سے گذر جانا ۔ (۳) حیرت انگیز اور غیر
متوقع علمی ترقی ۔

Break-through stage : (n) (تجارت) پھوٹ نکلنے کی منزل ۔

Break-up : (n) ٹوٹنا ؛ شیرازہ بکھرنا ؛ منتشر ہونا ؛ چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم ہونا ؛ انحطاط ؛ زوال ؛ تبدیلی ۔

Break up value : (n) =(Scrap value) (تجارت) قیمت کباڑ ۔

Break-wind : (n) بھیڑوں کی ایک قسم کی بیماری ۔

Breakble : (a) ٹوٹنے پھوٹنے والا ؛ پھونک ۔

Breakage : (n) (۱) ٹوٹ پھوٹ ۔ (۲) ٹوٹ پھوٹ سے نقصان ۔ (۳) ٹوٹی ہوئی چیزوں کا معاوضہ ۔ (٤) وقفہ ۔ (٥) (جہازرانی) جہاز کے گودام میں مال رکھنے کے بعد جو جگہ بچ جائے ۔

Breakback : (a) شکست دینے والا ؛ کمر توڑنے والا ؛ پاش پاش کرنے والا ۔

Breaker : (n) (۱) توڑنے والا ؛ برباد کرنے والا ؛ چور چور کرنے والا ۔ (۲) سدھارنے والا ۔ (۳) ساحل سے ٹکرانے والی بڑی موج ؛ شطاج (شط + موج = بڑی ندی) ۔ (٤) چور چور کرنے والی مشین ؛ توڑنے کی مشین یا آلہ ۔ (٥) جہاز یا موٹر کو توڑ کر پارٹ پرزہ علاحدہ کرنے والا ۔

Breaker : (n) (بحری) چھوٹا پیپا ۔

Breakfast : (n) ناشتا ۔

Breakfast : (v) ناشتا کرنا یا کھلانا ۔

Breaking : (n) (۱) نئی قابل کاشت بنائی ہوئی زمین کا ٹکڑا ؛ پہلی بار کاشت کی ہوئی زمین ۔ (۲) توڑنے والا ۔ (۳) (لسانیات) مصوتہ شکنی (Vowel fracture) ۔

Breaking crop : (n) پہلی بار کاشت کی ہوئی زمین کی پہلی فصل ۔

Breaking frame : (n) اون کو بننے میں چھوٹے چھوٹے ٹکڑے نکالنے کی مشین ۔

Breaking up : ٹوٹنا ؛ شیرازہ بکھرنا ؛ منتشر ہونا ؛ چھوٹے حصوں میں تقسیم ہونا ؛ انحطاط ؛ زوال ؛ تبدیلی ۔

Breaks : رخنے ۔

Breakstone : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Breakwater : (n) ایک قسم کا پشتہ ؛ بند (جو پانی کی لہروں کی روک کے لئے بنایا گیا ہو) ؛ بند توڑ ۔ (۲) سنگریزوں کو روکنے کے لئے بنایا ہوا باندھ ۔

Bream : (n) [OF."bresme"] بریم ؛ سمندر یا دریا کی ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ اٹھی ہوئی ہوتی ہے ۔

Bream : (v) (جہاز کے پیندے کو) آگ سے جھلس کر اور کھرچ کر صاف کرنا ۔

Breards : (n) انکر ؛ کونپل ؛ سوئی ۔

Breast : (n) [OTeut. "brust-s"] (۱) چوچی یا مرد کی چھاتیاں ؛ پستان ۔ (۲) (مجازاً) وہ شئے جس سے جسمانی یا روحانی غذا حاصل ہو ۔ (۳) سینہ (آدمی ، جانور یا لباس کا) ۔ (٤) دل ؛ جذبات ؛ خیالات ؛ سینے کی ہڈی ۔ (٥) سینے کی قسم کی کوئی چیز ۔ (٦) (تعمیرات) کھڑکی اور فرش کے درمیان کی جگہ ؛ دیوار کا وہ حصہ جو باہر نکلا ہوا ہو ؛ (کان کنی) سامنے کا حصہ ۔ (۷) کان کے اندر کا کمرہ (کوئلے کی کان کا) ۔ (۸) تیر کا وہ حصہ جو کمان کو چھوتا ہے ۔

To make a clean breast : صاف صاف اقرار کر لینا ؛ اقبال کرلینا ؛ کہ ڈالنا ۔

Breast : (v) (۱) مقابلہ کرنا ؛ سامنا کرنا ؛ سینہ سپر ہونا ۔ (۲) (پرندوں کا) سینے سے لگانا؛ سینا (انڈے وغیرہ) ۔ (۳) چڑھنا ۔ (٤) کھینچنا ؛ چھونا (سینہ سے) ۔ (٥) آگے بڑھانا ۔ (٦) نزدیک ہونا ۔

To breast a fence, horse etc : باڑ کو پار کرنا یا گھوڑے پر اس طرح چڑھنا کہ سینہ اس کے اوپر رہے ۔

Breast-backstays : (n) (جہاز رانی) وہ لمبا رسا جو مستول کو تیز ہوا سے محفوظ رکھنے کے لئے اور مضبوطی کے لئے باندھا جاتا ہے ۔

Breast band : (n) Breast collar دیکھو

Breast-beam : (n) (۱) جہاز کے وسطی عرشہ کے اگلے حصہ کی شہتیر یا بالائی عرشہ کی شہتیر ۔ (۲) کپڑے بننے کی مشین کے سامنے کی افقی لکڑی ۔ (۳) ریل گاڑی کے سامنے کی شہتیر ۔

Breast-board : (n) (۱) ہل کی پھال ۔ (۲) (رسہ سازی) وہ لدی ہوئی گاڑی جس سے دھاگے کا

ایک سرا باندھتے ھیں ۔

Breast collar : (n) سینہ بند (گھوڑے کا) ۔

Breast-drill : (n) برما جو سینے سے ٹیک لگا کر چلایا جاتا ھے ۔

Breast-fast : (n) وہ لمبا رسًا یا چین جس سے جہاز کے پچھلے حصے کو گھاٹ سے باندھتے ھیں ۔

Breast-fed : (a) ماں کے دودھ پر پلا ھوا ۔

Breast feed : (v) دودھ پلانا ۔

Breast harness : (n) گھوڑے کا ساز جس میں بجائے گردن کے سینہ بند ھو ۔

Breast-height : (n) (۱) فصیل کی اندرونی ڈھلوان ۔ (۲) زمین سے ساڑھے چار فٹ کی اونچائی ۔

Breast-high : (a & adv. & n) (۱) سینے تک ۔ (۲) شکار کی تیز بو ۔

Breast-hook : (n) لکڑی یا لوھے کا وہ ٹکڑا جو جہاز کی شہتیروں کو جوڑتا ھے ۔

Breast knot : (n) ربن کا وہ پھندا جو سینے پر لگایا جاتا ھے ۔

Breast pain : (n) گھوڑوں کی ایک بیماری ۔

Breast pang : (n) سینے کا درد ؛ درد دل ۔

Breast -plate : (n) (۱) چار آئینہ ۔ (۲) کچھوے کے سینے کی ھڈی ۔ (۳) نعش کے صندوق کی تختی ۔ (٤) سپر ۔ (٥) یھودی اسقف اعظم کا ایک لباس ۔ (٦) دیکھو Breast summer (۷) دیکھو Breast strap (۸) برما کا وہ حصہ جس میں سینہ ٹیکا جاتا ھے ۔

Breast-plough : (n) گھاس کاٹنے کی ایک مشین جو سینے سے دھکیل کر چلائی جاتی ھے ۔

Breast-pump : (n) سینے سے دودھ نکالنے کا ایک آلہ ۔

Breast rail : (n) (جہازرانی) منڈیر کا بالائی حصہ ۔

Breast rope : (n) (جہاز رانی) وہ رسًا جو جہاز پر گھرائی ناپنے والے کے سینے میں باندھتے ھیں ؛ وہ رسًا جو سہارے کی بلّی کو محفوظ رکھنے کےلئے لگایا جاتا ھے ۔

Breast strap : (n) وہ چمڑے کا تسمہ جو گردنی سے گاڑی

کے بم تک باندھا جاتا ھے ۔

Breast-summer / Bressummer : (n) {BREAST +Fr."Sommier"} وہ شہتیر جو کسی کھڑکی یا دروازہ وغیرہ کے اوپر سہارے کے لئے لگاتے ھیں تا کہ اس پر مزید تعمیر ھو سکے ۔

Breast-wall : (n) مٹی کے بند کی پشتی ۔

Breast wheel : (n) پن چکّی کا پہیا ۔

Breast wimble : (n) وہ برما جس پر کام کرنے میں سینہ رکھ کر دبایا جاتا ھے ۔

Breast-wood : (n) کسی پھل کے درخت کی وہ نئی شاخ جو ٹٹی یا کسی دیوار پر چڑھائی گئی ھو ۔

Breast-work : (n) (۱) دمدمہ ' عارضی قلعہ بندی ۔ (۲) وسطی یا بالائی عرشے کا کٹہرہ یا ریلنگ ۔

Breastbone : (n) سینے کی ھڈی ۔

Breasted : (a) سینہ رکھنے والا (ترکیبی جز) ۔

Breasting : (n) (۱) مقابلہ کرنا ؛ سامنا کرنا ۔ (۲) سینہ بند ۔ (۳) خمیدہ رسًا جس میں پن چکّی کا پہیا چلتا ھے ۔

Breastwise : (adv) ساتھ ساتھ ایک قطار ۔

Breath : (n) {OE.} سانس ' ھوا کی جنبش ؛ لپٹ (خوشبو کی) ؛ منھ کی بھاپ ؛ دم ؛ بھنک ؛ بھاپ ؛ دھواں ' سانس لینے کی قوت ؛ ھلکا سا جھونکا (کسی چیز کا) ؛ روح ؛ زندگی ' آواز؛ سانس کا آغاز ؛ دھبا ؛ داغ ؛ آواز (موسیقی کے آلات سے نکلی ھوئی) ؛ (philology) سانس کو اس طرح نکالنا کہ اثار صورت میں کوئی ارتعاش نہ ھو ۔

Bated breath : روکی ھوئی سانس ۔

Below or under one's breath : بہت ھی آھستہ سے ؛ سرگوشی میں ۔

In (with) one or the same breath / at one breath : ایک سانس میں ؛ ایک ساتھ ۔

Keep breath to cool porridge : چپ چاپ بیٹھے رھنا ۔

Out of breath : سانس پھول جانا ۔

To catch or hold one's breath : سانس روک لینا ؛ دم بخود ہوجانا (خوف یا قومی جذبے سے) ۔

To draw breath : سانس لینا ؛ زندہ رہنا ۔

To spend breath : وقت ضائع کرنا ؛ بے کار سمجھنا ۔

To take away person's breath : حیرت میں ڈالنا ؛ دنگ کردینا ۔

To take breath : آرام کی سانس لینا ؛ دم لینا ؛ سستانا ۔

To waste breath : وقت ضائع کرنا ۔

Breath consonant : وہ حروف صحیح جو سانس سے بنتے ہیں بغیر اتار صوت کی حرکت کے (جیسے t, p, k) ۔

Breath of life / nostril : ناگزیر شے ۔

Breathable : سانس لینے کے لائق ۔

Breathe : (v) [ME."brethe(n)"] سانس لینا ؛ بقید حیات ہونا ؛ جان باقی ہونا ؛ دم لینا ؛ سستانا ، بجانا ؛ کہنا ؛ دھیمی دھیمی ہوا چلنا ؛ ہونکنا ؛ چپکے سے یا جوش سے کہنا ؛ ٹپکنا (سادگی وغیرہ) ؛ سستانے دینا ؛ دم لینے دینا ؛ تھکا دینا ؛ شل کردینا ؛ سانس نکالنا ؛ پھونکنا ، بولنا ، گانا ، دم لینے کی فرصت دینا ، فصد کھولنا ۔

To breathe again : حواس بجا ہونا ۔

To breathe freely : دم میں دم آنا ؛ آرام کی سانس لینا ۔

To breathe one's last : مرجانا ؛ دم نکلنا ؛ دم توڑنا ۔

To breathe through : زندہ کرنا ؛ خیر کرنا ۔

To breathe upon : (۱) منھ کی بھاپ سے آلودہ کرنا ؛ منھ کی بھاپ دینا (کسی کو) ۔ (۲) (مجازاً) دھبا لگانا ۔

Breathe in : (n) = (Inspiration) (لسانیات) درنفسی (اندر سانس لینا) ۔

Breathe out : (n) = (Expiration) (لسانیات) برنفسی (سانس باہر نکالنا) ۔

Breathed : (a) (۱) (لسانیات) تنفسی ؛ سانس دار ۔ (۲) لمبی سانس والا ۔ (۳) اتارصوت کو بغیرارتعاش دئے بولے جانے والا ۔ (٤) تھکا ہوا ۔ (٦) سرگوشی میں کہا ہوا ؛ ایک سانس میں کہا ہوا ؛ سانس لیا ہوا ۔

Breathed beginning : (n) (لسانیات) تنفسی (سانس دار) آغاز ۔

Breathed sound : (n) (لسانیات) تنفسی آواز ۔

Breather : (n) (۱) سانس لینے والا ۔ (۲) گھڑی بھر کی ورزش ۔ (۳) بولنے والا ۔ (٤) (کام کے درمیان یا بعد کا) آرام ۔ (٥) کمزور مخالف کے خلاف کھیل کا مقابلہ ۔ (٦) ہوا بند چیز میں ایک چھوٹا سا سوراخ ۔ (۷) سانس کو آسان بنانے کی ترکیب ۔

Breathful : (a) سانس سے بھرا ہوا ؛ زندہ ۔

Breathiness : (n) ایسی آواز جس میں گانے کے وقت سانس بھی سنائی دے ۔

Breathing : (n) (۱) تنفس ؛ سانس لینا ۔ (۲) تھوڑا وقت ؛ کم وقت ۔ (۳) (مجازاً) اثر ۔ (٤) ہوا ۔ (٥) وقفہ ۔ (٦) Breather = (ورزش) ۔ (۷) آواز ۔ (۸) تمنا ؛ آرزو ۔ (۹) ہوا کی جنبش ۔ (۱۰) فصد ۔ (۱۱) یونانی قواعد میں علامت (،) (،) جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حرف کے بولنے میں اتار صوت ارتعاش ہوتا ہے ۔

Rough breathing : (لسانیات) ناہموارتنفیس ۔

Smooth breathing : (لسانیات) ہموار تنفیس ۔

Breathing : (a) (۱) سانس لینے والا ؛ سستانے والا ؛ بجانے والا ، وغیرہ ۔ (۲) زندگی نما ۔ (۳) سانس لیتا ہوا ؛ جیتا جاگتا ۔

Breathing fit : (n) وقفہ ؛ آرام ؛ سکون ۔

Breathing hole : (n) ہوا کا سوراخ ؛ ہوا دان ۔

Breathing part / place : (n) گھڑی بھر کی ورزش کی جگہ یا مقام ؛ وقفہ ۔

Breathing pore : (n) ہوا کا باریک رستہ ؛ نتھونے ؛ نتھنے ۔

Breathing space : (n) دم لینے کی مہلت ؛ دم بھر فرصت ۔

Breathing spell : (n) دم لینے کی مہلت ؛ دم بھر فرصت ۔

Breathing time : (n) دم لینے کی مہلت ؛ دم بھر فرصت ۔

Breathing while : (n) دم لینے کی مہلت ؛ دم بھر فرصت ۔

Breathingly : (adv) سانس لیتے ہوئے ؛ سانس لینے کی طرح ۔

Breathless : (a) بے جان ' بے دم ؛ دم سادھے ؛ سانس روکے ؛ بے سانس ؛ ہانپتے ہوئے ؛ سانس پھلا دینے والا ؛ دم بخود ؛ شدید ؛ ضیق النفس ۔

Breathlessly : (adv) ہانپتے ہوئے ؛ امیدوبیم کی حالت میں ؛ بے صبری سے ۔

Breathlessness : (n) ضیق النفس ۔

Breathy : (a) (۱) سانس کا یا اس سے متعلق یا اس کی صفت ۔ (۲) وہ آواز جس میں گانے کے وقت سانس بھی سنائی دے ۔

Breathy voice : (n) (لسانیات) تنفسی آواز ۔

Breccia : (n) [It.] کونے دار پتھر ، چونے سے جڑے ہوئے ۔

Osseous or bone breccia : متحجر ہڈیاں ۔

Brecciated : (a) کونے دار پتھر بنا ہوا ؛ کونے دار پتھر کی ساخت کا ۔

Bred : (n) [OTeut. "bredo"] تختی ؛ تختہ ۔

Bred : (Present and past participle of Breed) زیادہ ترمرکب الفاظ بنانے میں بطور جزو ترکیبی استعمال ہوتا ہے ۔

Brede : (n) [OE. "breedu,-o"] چوڑائی ؛ عرض ۔

Brede : (v) (۱) چوڑا کرنا ۔ (۲) پھیلنا ۔

Bree : (n) شوربا ؛ یخنی ۔

Breech : (n) [OE. "brec"] (۱) سرین ۔ (۲) بندوق یا توپ میں نال کے بعد کا حصہ ۔ (۳) (جمع میں) برچس ۔ (٤) (جہازسازی) خمیدہ شہتیر کے باہر کا زاویہ ۔

To wear the breeches : اس عورت کے بارے میں کہتے ہیں جو شوہر کو دبا کر رکھے ۔

Breech : (v) (۱) بچّہ کو برچس پہنانا ۔ (۲) (جہاز سازی) توپ کو جہاز پر رسّے سے باندھنا ۔

Breech-action : (n) بندوق کی نال کے پچھلے حصے کے پاس کی ساخت ۔

Breech block : (n) وہ ڈاٹ جس سے توپ یا بندوق کے پیچھے کے منھ کو بند کرتے ہیں ۔

Breech clout / -cloth : (n) لنگوٹ ؛ جانگیا ۔

Breech delivery : (n) بچے کی ایسی پیدائش جس میں سر کے بجائے پہلے سرین باہر ہو ۔

Breech-loader : (n) توڑے دار بندوق ۔

Breech-loading : (n) بندوق کو نال کے پچھلے حصے سے بھرنا ۔

Breech pin : (n) وہ ڈاٹ یا پن جس سے توپ یا بندوق کے پیچھے کے منھ کو بند کرتے ہیں ۔

Breech plug : (n) وہ ڈاٹ یا پن جس سے توپ یا بندوق کے پیچھے کے منھ کو بند کرتے ہیں ۔

Breeched : (a) برچس پہنے ' وہ بندوق یا توپ جس میں Breech ہو ۔

Breeches-ball : (n) بندوق صاف کرنے کی مختلف اجزا سے بنی ہوئی گولیاں ۔

Breeches Bible : (n) بائیبل (جس میں کتاب پیدائش باب ۳ ورس ۷ میں 'oproas' کی جگہ 'Breeches' چھپ گیا تھا) ۔

Breeches buoy : (n) ڈوبنے سے بچنے کا جانگیا یعنی وہ جانگیا جو ڈوبنے کے خطرے کے وقت پہن لیا جاتا ہے ۔

Breeches-part : (n) ڈرامے میں وہ کردار جس میں عورت مرد کے لباس میں ادا کاری کرتی ہے ۔

Breeching : (n) (۱) وہ تسمہ جو گاڑی روکنے کے لئے گھوڑے کے سرین کے گرد بندھا رہتا ہے ۔ (۲) (بحری) وہ رسّا جس سے جہاز میں توپ کو باندھا جاتا ہے ۔ (۳) بھیڑ کی سرین پر کا موٹا اور چھوٹا اون ۔ (٤) بندوق یا توپ کی نال کے پچھلے حصے کے پرزے ۔

Breechless : (a) بغیر برچس کا ؛ بےتوڑے کا ۔

Breed : (n) [OE."bredan"] (۱) نسل ؛ نسلی صفات قائم

تازہ، ھلکی پھلکی یا جلد گزر جانیوالی ھو ۔

Land breeze : نسیم برّی ۔

Mountain breeze : نسیم کوھی ۔

Sea breeze : نسیم بحری ۔

To bat, or, shoot the breeze : گپ شپ کرنا ۔

Valley breeze : نسیم وادی ۔

Breeze : (n) [F. "braize"] (۱) کوئلے کا چور ۔
(۲) راکھ ؛ بھوبل ۔

Breeze : (v) (۱) آھستہ چلنا (ھوا کا) ۔
(۲) بسرعت چلنا ؛ تیزی سے چلنا ۔
(۳) جلدی سے چلا جانا ۔

To breeze in : آسانی سے کامیاب ھونا ۔

To breeze up : (بحری) ھوا کا تیز ھو جانا ۔

Breezeless : (a) بغیر ھوا کے ۔

Breezeway : (n) وہ چھت دار کھلا ھوا راستہ جو دو عمارتوں کو منسلک کرتا ھے ۔

Breezily : (adv) بے تکلّفی سے ۔

Breeziness : (n) بے تکلّفی ؛ خوش طبعی ؛ زندہ دلی ؛ تازگی ۔

Breezy : (a) (۱) ھوادار؛ تازہ ۔ (۲) خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ (مجازاً) بے تکلّف ؛ سرسری ۔

Bregma : (n) [Gr. "brechma"] کھوپڑی کا وہ حصہ جہاں سامنے کی اوربازوؤں کی ھڈّیاں ملتی ھیں ۔

Bregmatic : (a) کھوپڑی کے اس حصے سے متعلق جہاں سامنے اور بازوؤں کی ھڈّیاں ملتی ھیں ۔

Brehon : (n) ایک قدیم آئرستانی جج ۔

Brehon law : (n) آئرستانی مجموعہ قانون جو انگریزوں کے قبضے سے پہلے آئرستان میں رائج تھا ۔

Breithauptite : (n) [f. Breithaupt, mineralogist] نکل اور سرمے کی ایک آمیزش جو ھاز پہاڑ پر پائی جاتی ھے ۔

رکھنے والا خاندان ۔ (۲) انسان یا چیز کا وہ گروہ جس میں ایک قسم کے صفات ھوں ۔
(۳) دغلا ۔ (٤) امتیازی لطیف مزہ (شراب کا) ۔

Breed : (v) (۱) جننا ؛ سینا ؛ نسل بڑھانا ؛ حاملہ ھونا ؛ گابھن ھونا ۔ (۲) پیدا کرنا ؛ باعث ھونا ۔ (۳) چڑھانا (بیل یا پودے کا) ۔ (٤) تیارھونا ؛ تیار کرنا (کسی کام کیلئے یا پیشہ کے لئے) ۔ (٥) تربیت دینا ؛ پرورش کرنا ۔ (٦) پیدا ھونا ؛ پھیلنا ۔ (۷) نیوٹروں کی بمباری سے یورونیم سے پلوٹونیم بنانا ۔

Born and bred / bred and born : پرورش پانا ۔

To breed in and in : خاندان سے باھر شادی نہ کرنا ؛ ھمیشہ قریبی رشتہ داروں میں شادی کرنا ۔

What is bred in the bone : موروثی خصوصیتیں ۔

Breeder : (n) پیدا کرنے والا ؛ نسل بڑھانے والا ؛ پالنے والا ؛ (انتظامیہ) افزائش کنندہ نسل ۔

Breeding : (n) (۱) پیدا کرنے کا عمل ۔ (۲) نسل ۔
(۳) تعلیم و تربیت ۔ (٤) خوش اخلاقی ۔
(٥) پرورش ؛ تغذیہ ؛ تخم ؛ نژاد ؛
(سماجیات) نسل کشی ۔

In breeding : (سماجیات) اندرونی نسل کشی ۔

Out breeding : (سماجیات) بیرونی نسل کشی ۔

Breeding ground : (n) (۱) جانوروں کے بچہ دینے کی جگہ ۔
(۲) خیالات وغیرہ کو پھیلانے کی جگہ یا اس کے اسباب ۔

Breeding season : (n) (حیوانیات) زمانہ تولید ؛ موسم تولید

Breedy : (a) (۱) بہت بچّے پیدا کرنے والا ۔
(۲) نسلی خصوصیت کو امتیازی طور پر نمایاں کرنے والا ۔

Breeks : (n) دیکھو Breeches

Breeze : (n) [OE."briosa", "breosa"] ڈانس ؛ بڑمکھی ؛ گئو مکھی ۔

Breeze : (n) [Osp. "briza"] (۱) نسیم ؛ برّی یا بحری ھوا ۔
(۲) جھگڑا ۔ (۳) خبر ؛ سرگوشی ۔ (٤) آسان کام ؛ آسان کامیابی ۔ (٥) کوئی چیز جو

Brekekekex : (n) [Gr."brekekekex"] مینڈک کی ٹرٹراھٹ کی نقل ۔

Breloque : (n) [F.] کلائی گھڑی کی آرائشی زنجیر ۔

Breme : (a) [OE."broeme", "breme"] (سمندر، موسم وغیرہ) ناخوشگوار : طوفانی : متلاطم ۔

Bren : (n) [Brno, city in Czechoslovakia+Enfield, town in England.] ایک قسم کی چھوٹی مشین گن ۔

Brennage : (n) [OF."bren"] وہ لگان جو بھوسے کی شکل میں یا بھوسے کے بدلے رعیت اپنے مالک کے کتوں کو کھلانے کے لئے دیتے تھے ۔

Brent : (n) ایک چھوٹے قسم کا ھنس جو جاڑوں میں برطانیہ میں آ جاتا ھے ۔

Brent : (a) (۱) کھڑا : عمودی ۔ (۲) چکنا : بے شکن ۔

Brepho- : [Gr."brephos"] جزو ترکیبی بمعنی بچّہ ۔

Brepholatry : (n) بچّوں کی پرستش ۔

Brer : (n) بھائی (مخفف Brother کا) ۔

Brerd : (n) [OE] سب سے اونچی سطح یا کنارہ ۔

Brere : (n) (۱) جھاڑی خصوصاً جنگلی گلاب کی ۔ (۲) اس جھاڑی کی پتلی شاخ ۔ (۳) (مجازاً) (جمع میں) پریشانیاں ۔

Bressomer / Bressumer : (n) دیکھو Breast Summer

Bret : (n) برطانیہ : برطانوی ۔

Bretesse / Bretessee / Bretessy : (a) [F."bretesse"] (نقابت) سپر جس کی دونوں جانب دندانے ھوں ۔

Brethren : (n) Brother کی جمع (جو خاص خاص موقعوں پر استعمال ھوتا ھے)۔

Bretherenism : (n) ایک عیسائی فرقے کا اصول اور نظام ۔

Breton : (n) برٹنی (فرانس) کا رھنے والا ۔

Brett : (n) [Short f. BRITIZKA] چارپہیوں والی ایک گاڑی ۔

Bretwalda : (n) [OE.] انگلستان کےقدیم بادشاھوں کا خطاب ۔

Breve : (n) [var. of. "bref","brefe"] (۱) بادشاہ یورپ کا فرمان ۔ (۲) (موسیقی) لمبا سُر ۔ (۳) چھپائی میں عروضی تقطیع کا نشان ۔ (٤) عدالتی حکم ۔ (٥) ایک قسم کی چھوٹی دم والی چڑیا ۔ (٦) (لسانیات) ایجاز تخفیفیہ ۔

Breve : (v) [med. L. "breviare"] بطور یاد داشت لکھنا : تصنیف کرنا : تنظیم کرنا : تصفیہ کرنا ۔

Brevet : (n) [F. dim of "bref"] (۱) کوئی اعزازی عہدہ (برائے نام) ۔ (۲) سند سرکاری جس کی رو سے کوئی خاص رعایت یا اعزازی فوجی عہدہ دیا جائے ۔

Brevet : (v) اعزازی فوجی عہدہ دینا ۔

Brevetcy : (n) کوئی اعزازی عہدہ ۔

Breveted : (a) اعزازی عہدہ دیا ھوا ۔

Brevi- : [L. "brevis] ایک سابقہ بمعنی "چھوٹا" کے ۔

Brevi-manu : (adv) [L.] فوراً ' سرسری طور پر' بے مقدمہ ۔

Brevi-pennate : (a) چھوٹے بازوؤں والا : پنکھ والا ۔

Brevi-rostrate : (a) چھوٹی چونچ والا ۔

Breviary : (n) [L. "breviarium"] (رومن کیتھولک) کتاب جس میں ھر روز کی دعائیں لکھی جاتی ھیں ۔

Breviate : (n) [See prec.] تلخیص ۔

Brevier : (n) [L. "breviarium "] ٹائپ کی ایک قسم ۔

Breviloquence : (n) [L. "breviloquentia"] کم سخنی ۔

Breviloquent : کم سخن ۔

Breviped : (a) چھوٹے پاؤں والا ۔

Brevipen : (n) چھوٹے بازوؤں والی چڑیا ۔

Brevit : (v) (۱) شکار کرنا : شکار تلاش کرنا ۔ (۲) تاک جھانک کرنا ۔

Brevity : (n) [L. "brevitatem"] (۱) ایجاز : اختصار : عمر دو روزہ : چھوٹی عمر ۔ (۲) موسیقی یا تحریرکی کوئی مختصر چیز۔

Brevity of expression : (لسانیات) ایجاز بیان ۔

Brevoortia : (n) [f. J. Carson Brevoort, a naturalist] چھوٹی

Brewsterite : (n) [f. Sir David Brewster] زیولائیٹ کی قسم کی معدنی شے جو سفید رنگ کی ہوتی ہے اور اس میں کھردرا شگاف ہوتا ہے ۔

Briar : (n) جھاڑی جس کی جڑ سے تمباکو کے پائپ بنتے ہیں ۔

Briarean : (a) سو ہاتھوں والے دیو کا یا اس سے متعلق ؛ سو ہتھا ۔

Briareus : (n) سو (۱۰۰) ہاتھوں والا دیو یونانی دیو مالا کا ۔

Bribability : (n) رشوت پذیری ؛ ضمیر فروشی ۔

Bribable / Bribeable : (a) (۱) رشوت پذیر ۔ (۲) راشی ۔

Bribe : (n) [OF. "bribe"] (۱) رشوت ؛ گھوس ۔ (۲) تحریک ؛ ترغیب ۔

Bribe : (v) (۱) رشوت دینا ؛ ناجائز اثر یا ترغیب سے کام نکالنا ۔ (۲) ترغیب دینا ۔ (۳) رشوت دے کر خرید لینا ۔

Bribee : (n) راشی ؛ رشوت لینے والا ۔

Bribeless : (a) رشوت سے پاک ؛ دیانت دار ۔

Briber : (n) [AF."bribour"] رشوت دینے والا ؛ رشوت دہندہ ؛ مرتشی ۔

Bribery : (n) [OF."briberie"] (۱) رشوت لینے اور دینے کا عمل ۔ (۲) رشوت دے کر ناجائز اثر ڈالنا خصوصاً ووٹ حاصل کرنے کے لئے (تاریخ) ؛ رشوت ستانی ؛ رشوت خوری ۔

Bribery oath : (n) پارلیمانی انتخاب سے پہلے ووٹر سے لی ہوئی قسم کہ اس نے رشوت نہیں لی ہے ۔

Bric-a-brac : (n) [F.] (۱) نوادر؛ پرانے قسم کا چینی فرنیچر وغیرہ ؛ پرانے قسم کی چیزیں ؛ پرانی چینی کی بنی ہوئی آرائشی چیزیں ۔ (۲) آرائشی صفت ؛ خارجی آرائش ۔

Brick : (n & a) [F. "brique"] (۱) اینٹ ؛ خشت ۔ (۲) اینٹ نما ؛ اینٹ کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۳) (مجازاً) نیک دل آدمی ۔ (٤) سرخ رنگ ؛ سرخی مائل بھورا رنگ ۔ (٥) اینٹ کا ؛ خشتی ۔

Like bricks/ like a brick : پر زور نیک نیتی سے ۔

بحری مچھلیوں کی ایک قسم ۔

Brew : (v) [OE."breowan"] (۱) شراب اٹھانا ؛ شراب بنانا ۔ (۲) چائے بنانا ؛ پنچ شراب بنانا ۔ (۳) (کیمیا) خمیر اٹھانا ۔ (٤) شراب بننا ۔ (٥) ترکیب دینا ؛ منصوبہ باندھنا ۔ (٦) پیدا کرنا ؛ بنا ڈالنا ۔ (۷) پختہ ہوجانا (سازش وغیرہ کا) ؛ فساد پیدا ہونا ؛ زور پکڑنا ؛ تیار ہونا ؛ شروع ہونا ۔

Drink as you have brewed : جیسی کرنی ویسی بھرنی ۔

Brew : (n) (۱) شراب کی کشید ۔ (۲) مشروب (کشید کیا ہوا) ۔ (۳) مرکب ؛ مخلوط ؛ ممزوج ۔ (٤) تیاری ۔ (٥) ایک گھان کی مقدار شراب ۔ (٦) اس چیز کی کنیت یا قسم جس سے شراب بنائی جائے ۔

Brew : (n) [ME."brewe"] سیدھا ڈھلوان ' کھڑی پہاڑی ۔

Brew-house : (n) شراب کی بھٹی ؛ شراب کا کارخانہ ۔

Brewage : (n) (۱) ترکیب دی ہوئی شراب یا دوسرے مشروبات ۔ (۲) (مجازاً) کھچڑی پکنا ؛ منصوبہ ؛ سازش ۔ (۳) کشید کرنے کا عمل ۔ (٤) اُبال ؛ کھول ۔

Brewer : (n) (۱) شراب بنانے والا ؛ أبجو ساز ۔ (۲) تیار کرنے والا ۔ (۳) وہ برتن جس میں شراب وغیرہ کشید کی جاتی ہے ۔

Brewery : (n) شراب کا کارخانہ ؛ شراب کی بھٹی ۔

Brewing : (n) شراب بنانے کا عمل یا پیشہ ؛ (کیمیا) خمیر اٹھانا ۔ (۲) (مجازاً) تیار کرنے کا عمل ۔ (۳) ایکبار میں جتنی شراب تیار ہو ۔ (٤) (بحری) کالے بادلوں کا اجتماع (جو کسی طوفان کی علامت ہے) ۔

Brewing elements : (n) (کیمیا) خمیری اجزاء ۔

Brewing of beer : بیئر سازی ۔

Brewis : (n) [OF."brouetz","brouet"] (۱) شوربا ؛ یخنی (متروک) ۔ (۲) شوربا میں ڈوبی ہوئی روٹی ۔

Brewster : (n) (۱) شراب کشید کرنے والی عورت ۔ (۲) دیکھو Brewer

Brewster sessions : (n) عدالت کا اجلاس جس میں شراب فروشی کا لائسنس دیا جائے ۔

To drop a brick : (عامیانہ) لغزش کرنا : نا فہمی کرنا ۔

Brick : (v) (۱) اینٹوں سے چن دینا ۔ (۲) اینٹ کی شکل بنانا (پلاسٹر کی ہونی سطح پر) ۔

To brick over : اینٹوں سے چھپا دینا ۔

To brick up : اینٹوں سے چن دینا ۔

Brick and tile clay : (کیمیا) اینٹ اور ٹائل مٹی ۔

Brick-bat : (n) (۱) اینٹا : اینٹ کا ڈھیلا ۔ (۲) الزام : ملامت ۔

Brick-bat : (v) (۱) اینٹا یا ڈھیلا پھینکنا ۔ (۲) الزام لگانا ' ملامت کرنا ۔

Brick-box : (n) لکڑی کی اینٹوں کا بکس جس سے بچے مکان بناتے ہیں ۔

Brick-bread : (n) خشت نما روٹی ۔

Brick-burner : (n) بھٹے میں آگ لگانے والا ۔

Brick chamber : (n) (تاریخ) اینٹوں کی کوٹھری ۔

Brick-clay : (n) اینٹ بنانے کی چکنی مٹی : (کیمیا) اینٹ مٹی ۔

Brick-dust : (۱) اینٹ کا چورا : سرخی ۔ (۲) اینٹ کا سا رنگ ۔

Brick-earth : (n) اینٹ بنانے والی مٹی ۔

Brick-field : (n) اینٹ بنانے کی جگہ ۔

Brick-kiln : (n) بھٹا : پجاوا : آوا ۔

Brick-laying : (n) فن معماری ۔

Brick loaf : (n) خشت نما روٹی ۔

Brick-nog / Brick-nogging : (n) تعمیر کا ایک طریقہ جس میں لکڑی کی شہتیروں کے بیچ میں اینٹ کی جوڑائی کا کام ہوتا ہے ۔

Brick-press : (n) اینٹ بنانے کی مشین ۔

Brick-red : (a) خشتی سرخ : (کیمیا) سرخ (اینٹ کی طرح) ۔

Brick-setter : (n) راج ' معمار ۔

Brick-tea : (n) چائے کی اینٹ ' خشت نما چائے ۔

Brick-trimmer : (n) آتش دان کی محراب ۔

Brick-work / Brickwork : (n) (۱) اینٹ کا کام ۔ (۲) فن معماری ۔ (۳) (جمع میں) اینٹ بنانے کی جگہ ۔

Brick-yard : (n) اینٹ بنانے کی جگہ ۔

Bricken : (a) خشتی ۔

Bricklayer : (n) راج : معمار ۔

Bricklayer's itch : (n) ایک جلدی بیماری جو معماروں کے ہاتھ میں چونے کے ساتھ مسلسل کام کرنے سے ہو جاتی ہے ۔

Brickle : (a) [Doublet of ME "bruchel"] کمزور ' جلد ٹوٹ جانے والا ۔

Brickmaker : (n) (۱) اینٹ بنانے والا ۔ (۲) اینٹ بنانے پر ملازم والا ۔

Brickmaking : (n) خشت سازی ۔

Bricky : (a) (۱) اینٹ سے بنا ہوا ۔ (۲) اینٹ کی طرح ' اینٹ کی شکل کا ۔ (۳) اینٹ کے رنگ کا ۔ (٤) اینٹوں سے بھرا ۔

Bricole : (n) [L. "bricola"] (۱) منجنیق ۔ (۲) بلیرڈ یا ٹینس کا ایک ہاتھ (جس میں گیند ٹپا کھا کر مڑے) ۔ (۳) کوئی بلا واسطہ غیر متوقع عمل یا ضرب ۔ (٤) وہ ساز جو گھوڑا نہ ہونے کی صورت میں آدمی پہن کر توپ کھینچتے ہیں ۔

Bridal : (n) [OE."bryd-ealo"] جشن شادی : شادی ۔

Bridal : (a) عروسی ' شادی کا ۔

Bride : (n) [OE. "bryd"] (۱) دلہن ۔ (۲) راہبہ ۔

Bride : (n) [F.] لیس کی مہین جالی : Bonnet کی ڈوری ۔

Bride-ale / Bridale : (n) شادی کے موقع پر شراب نوشی ۔

Bride-bowl : (n) ایک جس سے شادی کے موقع پر

شراب پیتے ھیں - (۲) وہ خوش مزہ مشروب جو شب عروسی میں دلہا دلہن کو دی جاتی ھے -

Bride-cake : (n) شادی کا کیک -

Bride chamber : (n) حجلہ عروسی -

Bride-couple : (n) نیا شادی شدہ جوڑا -

Bride-cup : (n) دیکھو Bride bowl

Bride-door : (n) شادی کے گھر کا دروازہ -

Bride-knot : (n) شادی کی نشانی -

Bride-lace : (n) (۱) وہ لیس جس سے اکلیل کوھی کو باندھا جاتا تھا اور شادی کے موقع پر پہنا جاتا تھا - (۲) (جمع میں) ایک قسم کی گھاس -

Bride price : (n) وہ قیمت جو دلہن کے لئے ادا کیجائے ؛ (تاریخ) دلہن کی قیمت ؛ زرعروس ؛ (سماجیات) معاوضہ برائے والدین عروس -

Bride purchase : (n) (سماجیات) دلہن کی خریداری -

Bride service : (n) (سماجیات) شادی بہ عوض خدمت گاری (شادی کا ایک طریقہ) -

Bride-stake : (n) وہ ستون جو شادی کے دن دلہن کے گرد ناچنے کے لئے لگایا جائے -

Bride wealth : (n) (سماجیات) معاوضہ برائے والدین عروس -

Bride-weed : (n) لباس عروسی -

Bride wort : (n) گلاب کے قسم کا ایک پودا جو مرغزاروں میں اگتا ھے اور جس کا پھول خوشبودار ھوتا ھے -

Bridegroom : (n) [OE. "brydguma"] دلہا -

Bridehouse : (n) دلہن کا گھر -

Brideman / Bridesman : (n) شہ بالا -

Bridesmaid : (n) [orig. "bridemaid"] دلہن کی سہیلی -

Bridewell : (n) [f. Bride will i. e .(St.) Bride's well in London] (سماجیات) قید خانہ ؛ زنداں ؛ بندی خانہ ؛ چاہ زنداں (عورتوں کے لئے اصلاحی قید خانہ) -

Bridge : (n) [OE."bryeg"] (۱) پُل - (۲) (بحری) جہاز کا دیدبان - (۳) بانسہ (ناک کا) - (٤) بلیرڈ میں کیو کے لئے بائیں ھاتھ کا سہارا - (۵) جیٹی - (٦) چٹانوں ، ریتوں یا سنگریزوں کا وہ پشتہ جو کسی ندی یا چشمے کی تہ سے اس کنارے سے اس کنارے تک ھو - (۷) چشمے کے بیچ کا حصہ جو ناک پر رھتا ھے - (۸) (موسیقی) وائلن میں لگا وہ سیدھا پتلا لکڑی کا ٹکڑا جس پر سے تار گذرتا ھے ؛ پیانو کے تختہ آواز کا ڈانڈ ؛ پیانو کے Sonata نغمے میں ایک موضوع سے دوسرے موضوع میں تبدیلی - (۹) کسی بھٹی میں وہ نیچا عمودی فاصل جو ایندھن کو اپنی جگہ قائم رکھے اور شعلہ کو ادھر ادھر موڑے ؛ وہ ترکیب جس سے غیر برق گزاری کی پیمائش کی جائے - (۱۰) کان کے راستے کا پھسلنے والا ڈھکن - (۱۱) وہ لفٹ جو اسٹیج کے متوازی ھو - (۱۲) برما کئے ھوئے سوراخوں میں سے کوئی سوراخ -

A gold or silver bridge : فرار کا ایک آسان اور جاذب توجہ راستہ -

Golden bridge : پسپائی کی آسانیاں (دشمن کے لئے) -

Wheatstone's bridge : ایک پیمائشی آلہ : (طبیعیات) وھیٹ اسٹون برج ؛ (کیمیا) وھیٹ اسٹون پل -

Bridge : (n) [Etym. uncertain] تاش کا ایک کھیل -

Auction bridge / Contract bridge : تاش کے ایک کھیل کی دو قسمیں -

Bridge : (v) [OE."bryegian"] (۱) پل باندھنا - (۲) پل کی طرح پاٹنا - (۳) پل کے ذریعہ راستہ بنانا - (٤) برقی لگاؤ قائم کرنا -

Bridge board : (n) وہ تختہ جس میں چوبی زینہ کے سرے لگے ھوں -

Bridge deck : (n) جہاز کا دیدبان -

Bridge elements : (n) (کیمیا) درمیانی عناصر -

Bridge-head : (n) (۱) پل کے اس سرے پر کا مورچہ جو دشمن سے نزدیک ترین ھو - (۲) سرحدی دریا کے پار دشمن کے علاقے میں وہ علاقہ جو دشمن کے قبضے میں ھو اور پل کی حفاظت کے لئے ھو - (۳) کوئی اقدام یا ابتدائی بالا دستی (سیاست یا تجارت میں) -

Bridge-house : (n) (۱) وہ مکان جو کسی پل سے لگا ہو ۔
(۲) جہاز کے خاص عرشے کے بیچ کا وہ ڈھانچہ جس کی چھت جہاز کے دیدبان کا کام کرتی ہے ۔

Bridge islet : (n) خشکی کا وہ حصہ جو جزر کی حالت میں جزیرہ نما ہو ۔

Bridge-letter : (n) (لسانیات) حرف ارتباط (ناک کا بانسہ) ۔

Bridge method : (n) (طبیعیات) برج طریقہ ۔

Bridge-money : (n) پل کی مرمت کا محصول ۔

Bridge of boats : کشتیوں کا بنا ہوا پل ۔

Bridge of gold : پسپائی کی آسانیاں (دشمنوں کیلئے) ۔

Bridge of sighs : وینس کا وہ ڈھکا ہوا پل جو ڈوجے کے محل سے قید خانہ تک کا راستہ ہے ۔

Bridge phoneme : (n) (لسانیات) ارتباطی صوتیہ ۔

Bridge-rail : (n) لوہے کی وہ پٹری جو الٹے (U) کی طرح ہو ۔

Bridge rate : (n) ارتباطی شرح (تجارت) : خلا پُر کرنے کی شرح ۔

Bridge sound : (n) (لسانیات) ارتباطی آواز ۔

Bridge stone : (n) (۱) وہ پتھر جس سے نالی وغیرہ پاٹی جائے ۔(۲) پل بنانے کا پتھر ۔

Bridge syllable : (n) (لسانیات) ارتباطی اماکن ۔

Bridge train : (n) فوجی انجینیروں کا وہ دستہ جو پل بنانے کے سامان کے ساتھ ہو ۔

Bridge tree : (n) (۱) گاڑیوں میں وہ ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگی ہوتی ہے ۔
(۲) وہ شہتیر جس پر چکی کا دھرا لگا رہتا ہے ۔

Bridge work : (n) نقلی دانتوں کو مسوڑھے میں بٹھانے کا فریم ۔

Bridge vowel : (n) (لسانیات) ارتباطی مصوتہ ۔

Bridgeless : (a) بے پل کا ۔

Bridgeman : (n) (۱) وہ شخص جو برف گھر میں برف بیچتا ہے ۔(۲) دیکھو Bridge master

Bridgemaster : (n) (۱) پل کا نگراں افسر ۔
(۲) بعض قصبوں کے کارپوریشن کا رکن ۔

Bridgetin : (n) [L. St. Bridget, in L. Brigidia] سینٹ بریجٹ کا قائم کیا ہوا ایک مذہبی فرقہ ۔

Bridgeward : (n) [OE.] (۱) کسی پل کا محافظ یا محافظ کا عہدہ ۔(۲) کنجی کا اصلی دندانہ ۔

Bridgeway : (n) (۱) پل سے بنا ہوا راستہ ۔
(۲) پل کے نیچے کشتیوں کا راستہ ۔

Bridging : (n) (۱) پل بنانے کا کام ۔(۲) پل کا کام ۔
(۳) (نجاری) دو چیزوں کو جوڑنے والا ۔
(٤) (کیمیا) بھرنا (خالی جگہ کو) ۔

Bridging floor : (n) وہ فرش جس میں ملانے والا جوڑ ہو ۔

Bridging joist : (n) فرش کی وہ کڑی جو فرش کے تختوں کا سہارا ہو ۔

Bridging piece : (n) دو کڑیوں کے بیچ کی وہ پٹری جو دو کڑیوں کو ملنے سے روکتی ہے ۔

Bridle : (n) [OE."bridel"] (۱) لگام مع دہانے کے ۔
(۲) (بحری) لنگر کی زنجیر ۔
(۳) (عضویات) رباط (عضو کی حرکت کو روکنے کے لئے) ۔(٤) (مجازاً) روک : مانع ۔
(۵) لکڑی کا توبڑا بطور لگام ۔
(٦) بیزاری : گھمنڈ یا غرور کا اندازہ ۔
(۷) لگام کی طرح یا لگام کی طرح استعمال ہونے والی چیز ۔
(۸) (بندوق وغیرہ) لبلبی کے اندر کا پتر جو بندوق کے کتے اور قفل کو اپنی جگہ پر رکھتا ہے ۔(۹) وہ پرزہ جو مشین کے دو حصوں کو ملاتا ہے خصوصاً حرکت کو محدود کرنے اور روکنے کے لئے ۔
(۱۰) چھانٹنے والا ۔

Horse going well upto bridle : اشارے پر چلنے والا گھوڑا ۔

To give horse the bridle / To lay bridle on his neck :
باگ ڈھیلی چھوڑ دینا : گھوڑے کو آزاد چھوڑ دینا ۔

Bridle : (v) [OE."bridlian"] (۱) لگام لگانا ۔
(۲) روک تھام کرنا : قابو میں لانا ۔
(۳) ناک بھوں چڑھانا ۔

Bridle-bridge : (n) وہ راستہ جس پر صرف گھوڑا چل سکے (گاڑی نہیں) ۔

Bridle-cable : (n) وہ کیبل جو زمین دوز کیبل کے بیچ میں لگی ہو ۔

Bridle gate : (n) وہ پھاٹک جو اس راستے پر لے جائے جس پر گھوڑے کی سواری ہو سکتی ہے ۔

Bridle path : (n) دیکھو Bridle bridge

Bridle port : (n) جہاز کے اگلے حصے کا وہ سوراخ جس کے درمیان زنجیر، بندوق کی نال وغیرہ گزاری جا سکتی ہو ۔

Bridle-rein : (n) دہانے میں بندھی ہوئی لگام ۔

Bridle-road : (n) وہ راستہ جس پر صرف گھوڑا چل سکے (گاڑی نہیں) ۔

Bridle trail : (n) دیکھو Bridle-road

Bridle way : (n) دیکھو Bridle-road

Bridler : (n) لگام لگانے والا ' روک تھام کرنے والا : ناک بھوں چڑھانے والا ۔

Bridoon : (n) فوجی گھوڑوں کی لگام جس میں ڈوری اور سادہ دہانہ ہو ۔

Brie : (n) [F."brie" f. Brie, a district in France] ایک قسم کی پنیر: برائی پنیر ۔

Brief : (n) [L. "breu"] (۱) اسقف اعظم کا ہدایت نامہ (کسی شخص یا جماعت کے نام) ۔ (۲) (قانون) کسی مقدمہ کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لئے لکھا جاتا ہے ۔ (۳) سرکاری یا شاہی ہدایت نامہ ۔(٤) مختصر طور پر لکھی ہوئی دستاویز : خلاصہ مضمون ۔ (٥) جادو : سحر (اسکاٹستان) ۔(٦) جانگیا ۔ (۷) (تاریخ) وکالت : ہدایت ۔

A brief : مرجوعہ ۔

In brief : اختصار میں : مختصر طور پر ۔

To hold a brief : کسی کا وکیل ہونا : کسی کی طرف سے بحث کرنا ۔

To make brief of : جلد کام کرنا ۔

To take a brief : کسی کی طرف سے وکیل بننا ۔

Watching brief : نگراں وکیل کا کام ایسے موکل کی طرف سے جس کا مقدمہ سے بالواسطہ تعلق ہو ۔

Brief : (a) [L. "brevent"] مختصر: مجمل : جامع : تھوڑی دیر کا : خلاصہ : چند لفظوں میں : مختصر طور پر: محدود : روکھا : قلّ و دلّ ۔

The brief : خلاصہ ۔

To be brief : مختصر لفظوں میں کہنا ۔

Brief : (v) (۱) (قانون) واقعات وغیرہ کا خلاصہ کرنا یا کسی وکیل کو مقدمہ کے حالات سے آگاہ کرنا ۔(۲) پیروکار وکیل کے لئے مسل تیار کرنا ۔(۳) وکیل کرنا ۔ (٤) مختصر طریقہ پر ہدایت دینا ۔ (٥)پہلے سے ساری باتیں سمجھا دینا ۔ (٦) ضروری معلومات فراہم کرنا ۔

Brief-bag : (n) جزدان : چمڑے کا چھوٹا دستی تھیلا ۔

Brief-case : (n) کیف اسناد ' کیف : بیگ ۔

Briefless : (a) وکیل جس کی طرف رجوعات نہ ہوں ، بے روزگار یا بے موکل وکیل ۔

Brieflessness : (n) بے روزگاری : وکیل کی طرف مرجوعہ نہ ہونا ۔

Briefly : (adv) مختصراً : چند لفظوں میں ۔

Briefness : (n) اختصار ۔

Brier / Briar / Brere : (n) [OE. of unknown origin] (۱) جھاڑی خصوصاً جنگلی گلاب کی ۔ (۲) اس جھاڑی کی پتلی شاخ ۔ (۳) (مجازاً) (جمع میں) پریشانیاں ۔

Australian brier : جنگلی گلاب کی ایک قسم ۔

Green brier : جنگلی گلاب کی ایک قسم ۔

Sensitive brier : جنگلی گلاب کی ایک قسم ۔

Sweet brier : خوشبودار جنگلی گلاب ۔

Brier / Briar : (n) دیکھو Briar

Brier root : (n) جھاڑی کی جڑ ۔

Brier rose : (n) جنگلی گلاب ۔

Brier tree : (n) جنگلی گلاب ۔

Brier wood : (n) جھاڑی کی لکڑی ۔

Briered / Briared : (a) اس جھاڑی میں پھنسا یا ڈھکا ہوا جس کی جڑ سے تمباکو کے پائپ بنتے ہیں ۔

Briery / Briary : (a) جھاڑی دار ؛ پریشان کن ۔

Brieve : (n) فرمان یا ہدایت نامہ جو بادشاہ یا حاکم کی طرف سے جاری ہو تا کہ بعض مقررہ نکات پر سماعت کی جائے ۔

Brig : (n) [Abbrev. of Brigantine] دو مستولی کشتی (دو مستول والی کشتی) ۔

Brig : (n) دیکھو Bridge

Brig schooner : دو مستولی ۔

Brigade : (n) [L. "briga"] (۱) ایک بڑا فوجی دستہ ۔ (۲) آدمیوں کی ایک منظم جماعت ۔

Fire brigade : آگ بجھانے والوں کا دستہ ۔

Brigade : (v) (۱) فوجی دستہ (بریگیڈ) بنانا ۔ (۲) لوگوں کی منظم جماعت تیار کرنا ۔

Brigadier : (n) بریگیڈ کا اعلا عہدہ دار ۔

Brigadier-Major : (n) ایک فوجی افسر جو بریگیڈ کی مدد کرتا ہے ۔

Brigand : (n) [OF.] رہزن : ڈاکو ' قزاق : بٹ مار ۔

Brigandage : (n) [F.] قزاق ' رہزنی : بٹ ماری ۔

Brigandine / Brigantine : (n) [OF.] آہنی حلقوں یا پتروں سے تیار کردہ زرہ بکتر ۔

Brigandish : (a) لٹیروں کا سا ؛ قزاقوں سے متعلق ۔

Brigandishly : (adv) قزاقی سے : رہزنی سے ۔

Brigandism : (n) قزاقی ؛ رہزنی : بٹ ماری ۔

Brigantine : (n) [It. "brigantino"] دو مستولی مربع بادبان کا جہاز ۔

Bright : (a) [OE."beorht"] (۱) چمکتا ہوا ؛ دمکتا ہوا ۔ (۲) شوخ (رنگ وغیرہ) ۔ (۳) بشاش ؛ درخشاں ؛ تاباں ' آفتابی ؛ خندہ رو' روشن : طباع ؛ نامی گرامی ' ناموری ۔ (٤) (آواز) صاف : تیز آواز ۔ (۵) طباع ' تیز : ہوشیار ۔ (٦) صاف ' شفاف ۔ (۷) شوخ ' چکنا ' صاف ۔ (۸) انفلوئنزا سے شفا یافتہ : زن زیبا ۔

Bright : (n) شکوہ : جلال : درخشندگی ' پرتو ؛ رونق : درخشندہ ۔

Bright : (adv) چمکتا ہوا ' بطور درخشاں ' بطور روشن : از رونیٔ زرنگی : آب و تاب سے ' چمک دمک سے ۔

Bright blue : (a) (کیمیا) چمکیلا ' نیلا : نیلگوں ۔

Bright line : (n) (طبیعیات) منوّر لکیر ۔

Bright line spectrum : (طبیعیات) منوّر لائن اسپکٹرم ۔

Bright vowel : (n) = (Front vowel) (لسانیات) اگلا مصوتہ ۔

Brighten : (v) (۱) چمکانا ۔ (۲) چمک اٹھنا : چمکنا ' روشن کرنا ' درخشاں کرنا ' درخشاں ہونا ' شاد ہونا ۔

Brightly : (adv) آب و تاب سے : درخشاں طور پر ' چمک دمک سے ۔

Brightness : (n) [OE."beorhtnes","brehtnis"] چمک دمک : اجلا پن ' بشاشی : ناموری ' تاب ؛ (نفسیات وغیرہ) تیز فہمی ۔

Brightness contrast : (n) تاب تخالف : (فلسفہ و نفسیات) تقابلی تابانی ۔

Brightness of image : (کیمیا) امیج کی چمک ۔

Bright's Disease : (n) ضعف گردہ ۔

Brill : (n) ایک چپٹی مچھلی (Turbot کی طرح کی) ۔

Brillante : (a) [It.] (موسیقی) طرز میں جولانی دکھاتا ہوا ؛ نشاط انگیز ؛ نمائشی ' شوخ ۔

Brilliance : (n) جگمگاہٹ : چمک دمک ؛ آب و تاب ؛ تابش ؛ ذکاوت ؛ (نفسیات) طباعی ؛ دیکھو Brilliant

Brilliancy : (n) جگمگاہٹ ؛ چمک دمک ؛ آب وتاب ؛ (طبیعیات) نوریت ۔

Brilliant : (a) [F."brillant"] تاباں ؛ بھڑکیلا ؛ شوخ ؛

چمک دمک کا ؛ چمک دمک والا ؛ با شکوہ ؛ تیز: طباع ؛ ممتاز؛ روشن ؛ نامی گرامی ؛ جھلکتا ھوا ؛ منوّر ؛ چمکیلا ؛ چمکدار ۔

Brilliant : (n) [F."brilliant"] (۱) بہترین تراش اور جوت کا ھیرا ۔ (۲) آتش بازی ۔ (۳) باریک ترین ٹائپ ۔

Brilliantine : (n) (۱) بالوں کا روغن ۔ (۲) ایک قسم کا چمکدار کپڑا ؛ روغن سے سر کے بال کو چمکانا ۔

Brilliantly : (adv) روشن طور پر، نمایاں طور پر ؛ چمک دمک سے ۔

Brilliantness : (n) چمکیلا پن ؛ طباعی ؛ شوخی ؛ تابانی ۔

Brim : (n) [ME."brimme"] لب ؛ ککر؛ چھجا ؛ کور ؛ کنارا ۔

Brim : (v) [OE."bremman"] سور کا گرمانا یا مستی میں آنا ؛ جفتی کھانا ۔

Brim : (v) لبریز کرنا ؛ بھرنا ؛ لبالب کرنا ، ھونا یا بھرنا ؛ ڈبڈبانا ۔

To brim over : لبریز ھونا ؛ بہ نکلنا ؛ چھلک جانا ۔

Brimborian /-um : (n) [F.] بے کار ؛ بے فائدہ ؛ واھیات ؛ افسوں ؛ طلسم ۔

Brimful / Brim-full : (a) لبالب ؛ لبریز، پُر، مالا مال ؛ سرشار۔

Brimless : (a) بے ککر کا ؛ بے چھجے کا ۔

Brimmed : (a) (۱) لبالب ؛ لبریز ۔ (۲) ککردار، چھجے دار؛ کنارے دار ۔

Brimmer : (n) (۱) بھرنے والا ؛ لبریز کرنے والا ۔ (۲) لبریز پیالہ ؛ چھلکتا ھوا ۔ (۳) چھجے دارٹوپی ۔ (٤) چھجے دار ٹوپی بنانے والا یا ٹوپی کا چھجا بنانے والا ۔

Brimming : (a) لبریز ؛ لبالب ؛ بھرا ھوا ؛ بھر پور۔

Brimmingly : (adv) لبریز ھوکر، لبالب ھوکر: بھرکر ۔

Brimse : (n) [ON."brims"] مکھا ؛ بڑی مکھی ؛ خرمگس ۔

Brimstone : (n) (۱) جہنم کا ایندھن ۔ (۲) گندھک ؛ کبریت ۔ (۳) پرکالہ آتش ؛ غوغائی ؛ بدمزاج ؛ تند مزاج ؛ آتش مزاج ۔ (٤) ایک قسم کی تتلی جس کے بازو گندھک کے رنگ کے ھوتے ھیں ۔

Brimstone and treacle : بچوں کی دوا ۔

Brimstone -match : (n) وہ ماچس / دیا سلائی جس کا سرا گندھک میں ڈبویا رھتا ھے ۔

Brimstone-moth : (n) کبریتی یا گندھکی رنگ ۔

Brimstone wort : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Brimstony : (a) گندھکی ؛ کبریتی ۔

Brindle : (a) [Deduced from "brindled"] چت کبرا ۔

Brindled : (a) [Var. of brinded] دیکھو Brindle

Brine : (n) [OE."bryne" ,"brine"] (۱) نمکین پانی ؛ کھارا پانی ؛ نمکیلا پانی ؛ نمکاب ۔ (۲) سمندر ؛ سمندر کا پانی ۔ (۳) (شاعری) آنسو ۔

Brine : (v) نمک میں رکھنا ؛ نمک لگا کر رکھنا ۔

Brine-gauge : (n) نمک پیما ۔

Brine-pan : (n) نمک بنانے کا کڑھاؤ ۔

Brine-pump : (n) جہاز کے بائلر سے نمک ھٹانے کا پمپ ۔

Brine seeth : (n) نمک بنانے کی جگہ ؛ جہاں نمک بنایا جاتا ھے ۔

Brine shrimp : (n) ایک قسم کا کیڑا جو نمکیلے پانی کے ذخیرے میں رھتا ھے ۔

Brine smeller : (n) وہ شخص جو نمک کی کان تلاش کرتا ھے۔

Brine valve : (n) بائلر کا وہ کھل مندن جس کو کھول کر نمکیلا پانی نکالا جاتا ھے ۔

Brine worm : (n) ایک قسم کا کیڑا جو نمکیلے پانی کے ذخیرے میں رھتا ھے ۔

Bring : (v) [OE."bringan"] (۱) لانا ؛ لیتے آنا ۔ (۲) لے آنا (کسی شخص کو) ۔ (۳) (مجازاً) حاصل کرنا ؛ دلانا ۔ (٤) لگانا (جرم) ؛ شروع کرنا (قانونی کار روائی) ؛ پیش کرنا (بیان وغیرہ کا) ۔ (۵) بطور نفع ملنا ؛ پیش کرنا (دلیل وغیرہ) ؛ رائج کرنا ؛ فیصلہ سنانا (جیوری کا) ۔ (٦) باعث ھونا ۔ (۷) ترغیب دینا ؛ پہنچانا؛ آمادہ کرنا۔ (۸) (جہازرانی) جہاز کو پھیرنا کسی خاص رخ یا مقام پر ۔ (۹) ھونا ؛ مجبور کرنا ۔ (۱۰) یاد دلانا ۔

کرنا ؛ لڑکی کا سوسائٹی سے تعارف کرانا ۔

To bring over : ملا لینا ؛ توڑ لینا ؛ قائل کرنا ؛ ہم رائے بنا لینا ۔

To bring round : ہم رائے بنا لینا ؛ ہوش میں لانا ۔

To bring through : بچا لینا (بیمار کو) ۔

To bring to : ہوش میں لانا ؛ تھمنا ؛ ٹھہرانا ؛ روکنا ؛ رک جانا ۔

To bring to account : (۱) سرزنش کرنا ۔ (۲) ذمہ دار ٹھہرانا ۔

To bring to bear : کام میں لانا (اثر ، محنت وغیرہ) ۔

To bring to bed : وضع حمل کرنا ؛ جننا (بچہ) ۔

To bring to boil : کھولا دینا ؛ جوش میں لانا ۔

To bring to book : مواخذہ کرنا ؛ جواب طلب کرنا ۔

To bring to light : واضح کرنا ؛ روشن کرنا ۔

To bring to mind : یاد دلانا ۔

To bring to pass : باعث یا سبب ہونا ۔

To bring to remembrance : یاد دلانا ؛ یاد دہانی کرنا ۔

To bring to shame : شرم دلانا ؛ شرمندہ کرنا ۔

To bring to terms : (۱) شرط منوانا۔(۲) رضامندی پر مجبور کرنا ۔

To bring to the bearings : کسی مسئلہ کے متعلقات تک لانا ۔

To bring to the end : ختم کرنا ؛ انجام دینا ۔

To bring to the head : کسی معاملہ کا نقطہ عروج تک پہنچانا ۔

To bring under : زیر کرنا ۔

To bring up : پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ تربیت دینا ؛ عدالتی چارہ جوئی کرنا ؛ حساب جاری رکھنا ؛ دوبارہ توجہ مبذول کرانا ؛ رکنا ؛ جہاز کو لنگر دینا ؛ تقریر پر آمادہ کرنا (پارلیامنٹ میں) ۔

To bring about : باعث ہونا ؛جہاز کو پھیرنا ۔

To bring back : یاد کرنا ۔

To bring by the lee : جہاز کے رخ کو یکایک اس طرح بدلنا کہ بے ہوا رخ سے وہ ہوا کے رخ پر چلا جائے ۔

To bring down : نیچا دکھانا ؛ (نرخ) کم کرنا ؛ کسی خاص حد تک تکمیل کرنا (حسابات وغیرہ کی) ؛ سزا دلانا ؛ زخمی کرنا ؛ مار ڈالنا ۔

To bring down the house : پرجوش تحسین حاصل کرنا ۔

To bring forth : جننا ؛ پھلنا ؛ وجود میں لانا ۔

To bring forward : کسی صفحے کی رقومات کے میزان کو اگلے صفحہ پر درج کرنا (حساب کا سلسلہ قائم رکھنے کے لئے) ؛ پیش کرنا ۔

To bring home (of a jockey) : گھوڑ دوڑ میں جیتنا ۔

To bring home the bacon : (۱) کسب معاش کرنا ۔(۲) انعام مطلوبہ حاصل کرنا ؛ نتیجہ مطلوبہ حاصل کرنا ۔

To bring home to : قائل کردینا ؛ ذہن نشین کر دینا ؛ ثابت کر دینا ۔

To bring in : بطور نفع ملنا ؛ پیش کرنا (دلیل وغیرہ) ؛ رائج کرنا ؛ فیصلہ سنانا (جیوری کا) ۔

To bring into play : کام میں لانا (تدبیر وغیرہ) ۔

To bring into world : پیداکرنا ؛ جننا ۔

To bring to issue : اصل مسئلہ تک لانا ۔

To bring to naught : ناکام کردینا ۔

To bring off کامیاب بنانا ؛ تباہی سے بچانا ۔

To bring on : باعث ہونا ؛ سبب ہونا ؛ سلسلہ چھیڑنا ؛ شروع کرنا ۔

To bring out : شائع کرنا ؛ واضح ہونا ؛ ظاہر

To bring up the rear : سب سے پیچھے آنا ۔

Bringer : (n) لانے والا ۔

Brinish : (a) [See Brine] (۱) نمکین : نمک دار۔
(۲) سمندری : بحری ۔ (۳) (مجازاً) تلخ ۔
(٤) نمکین پانی جیسا (کیمیا) ۔

Brinjal / -jaul : (n) [Anglo-Ind. Skr. "vatingana"] ۔ بیگن/بینگن

Brinjarry : (n) [Anglo-Ind. Corruption of Urdu "banjara"]
بنجارا ۔

Brink : (n) [ME."brink"(brenk)] (۱) ساحل : کرارہ ، کنارا :
لب آب ۔ (۲) (تباهی ، انقلاب و غیرہ کی)
حد : گھاٹ : کنارا ، انتہا ، ابتدا
(۳) ٹوپی کا چھجا ۔

Brinkmanship : (n) ایک خطرناک صورت حال کو سلامتی
کی آخری حد تک پہنچا دینے کا فن
یا طریقہ ۔

Brink of grave : لب گور ۔

Briny : (a) (۱) نمکین ، نمک سے مملو ، نمک آلود
(۲) بحری ، سمندری ۔

The briny : اوقیانوس ۔

Briny : (a) تاباں ؛ تابش ، تابندہ : ضوفگن ،
درخشندگی ، درخشندہ ۔

Brio : (n) [It.] زندہ دلی ، خوش مزاجی ۔

Briquette / briquet : (n) [F. "briquette"] ۔ (۱) مصنوعی پتھر کا ڈلا
(۲) کوئلے کی خاک کا ڈلا ۔
(۳) (کیمیا) کوئلے کا گولہ ۔

Brise-bise : (n) [F.] کھڑکی کے نچلے حصے میں
تنا ہوا پردہ ۔

Brisk : (a) [Welsh."brysg" or *f.* "brusque"] : چالاک : پھرتیلا
تیز؛ چاق چوبند : چست : فرحت بخش :
بشاش : خوش لباس : نشاط افزا (ہوا
وغیرہ) کھد کھداتا ہوا : تند (شراب وغیرہ)۔

Brisk : (v) بھرتی کرنا ، تیز کرنا : تیز ہونا :
تند کرنا یا ہونا : آراستہ : پاکیزہ ہونا
یا کرنا ۔

To brisk about : پھرتی سے چلنا پھرنا ۔

To brisk up : پھرتی سے آ جانا ۔

Brisk trade : (n) تیز تجارت ۔

Brisket : (n) [OE."bruschet","brischet"] ۔ (۱) جانور کا سینہ
(۲) سینے کا گوشت : سینۂ انسان ۔

Briskiness : (n) تیزی : تندی : پھرتی : چالاکی
(رواج ، بازار) : دیکھو Brisk

Briskish : (a) تیز : تند وغیرہ : دیکھو Brisk

Briskly : (adv) تیزی سے : پھرتی سے : چستی سے ۔

Brisling : (n) ناروے کی ایک چھوٹی مچھلی جو
سارڈین مچھلی کے مشابہ ہوتی ہے ۔

Bristle : (n) [OE."bryrst-"See BIRSE] سور بال : کڑا بال :
خشخشی داڑھی کے بال : پودوں کے
سخت روئیں : (حیوانیات) سوئی نما شوک ۔

To set up another's bristles : تاؤ دلانا ۔

To set up one's bristles : تاؤ میں آنا ۔

Bristle : (v) (۱) مشکلات سے اٹا ہوا ہونا ۔ (۲) گھنے بال
ہونا ۔(۳) بال کھڑے کرنا یا ہونا ۔
(٤) رونگٹے کھڑے ہونا : پھریری لینا ۔
(٥) غصّہ کرنا : تاؤ میں آنا : لڑائی
پر تل جانا ۔ (٦) کڑے بال لگانا ۔

Bristle : (n) گرمی سے چرمرا ہونا یا بنا دینا ۔

Bristle fern : (n) گھاس کی ایک قسم ۔

Bristle grass : (n) گھاس کی ایک قسم –

Bristle moss : (n) گھاس کی ایک قسم ۔

Bristletail : (n) ایک بے پر کا کیڑا جس کا خاردار
دم چھلا ہوتا ہے ۔

Bristling : (n) کھڑے بال والا ہونا ۔

Bristling : (a) بھرا ہوا : اٹا ہوا –

Bristly : (a) (۱) کھڑے بال والا ۔
(۲) کڑے بال کی طرح –

Bristol : (n) [A city in England] انگلستان کا ایک
شہر جس کے نام پر کئی چیزوں کے نام ہیں ۔

Bristol-board : (n) ایک قسم کی وصلی یا مقوا لکھنے یا ڈرائنگ کے لئے ۔

Bristol brick : (n) سلیکائی مادے کی اینٹ جو چھری کانٹا صاف کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔

Bristol diamond : (n) شفاف قیمتی پتھر جو برسٹل کے نزدیک دستیاب ہوتا ہے۔

Bristol fashion : (a) (بحری اصطلاح) ٹھیک ٹھاک ؛ مرتب ' آراستہ و منظم ۔

Bristol gem : (n) شفاف قیمتی پتھر جو برسٹل کے نزدیک دستیاب ہوتا ہے: دیکھو Bristol Diamond

Bristol milk : (n) عمدہ شراب ؛ شیری ۔

Bristol stone : (n) دیکھو Bristol gem

Brisure: (n) [F.] (۱) (نقابت) خاندانی مارکہ کی ڈھال میں کوئی اضافہ یا تبدیلی ۔ (۲) (قلعہ بندی) کسی فصیل یا برج کے عام رخ میں ایک موڑ ۔

Brit / Britt : (n) چھوٹی هیرنگ مچھلی اور اسپرٹ کا مقامی نام ۔

Brit /Brett : (n) [OE."Bret"] برطانیہ ؛ برطانوی ۔

Britain : (n) [L. "Brittannia" or "Brittania"] برطانیہ ؛ سلطنت برطانیہ ۔

Greater Britain : جزائر برطانیہ اور برطانوی مقبوضات۔

North Britain : اسکاٹ لینڈ ۔

Britannia : (n) [L." Brittannia" ,"Brittania"] برطانیہ کی خیالی مجسم صورت ۔

Britannia-metal : (n) ٹن اور سرمہ (انتی مونی) کی ایک ممزوج دھات جو چاندی سے مشابہ ہوتی ہے: (کیمیا) برطانوی دھات ۔

Britannic : (a) [L. "Brittannicus"] برطانی یا برطانوی ۔

Britannically : (adv) برطانوی طرز پر ؛ برطانیہ عظمی کا حوالہ دے کر ۔

Brite : (v) [OE. "breotan"] زیادہ پک کر پھٹ جانا ۔

Briticism / Britishism / Britticism : (n) (۱) برطانیہ عظمی کی انگریزی کا مخصوص محاورہ یا فقرہ ۔ (۲) برطانیت ۔

British : (a) [OE. "Brettisc"] (۱) انگریزی ؛ برطانوی۔ (۲) برطانیہ کا یا برطانیہ کے باشندے ۔

The British : برطانی ' برطانوی سپاهی یا قوم ۔

British academy : (n) انجمن اخلاقی اور سیاسی علوم کی ترقی کے لئے جس کے سو رکن ہوتے ہیں ۔

British Association : (n) انجمن ترقی سائنس ۔

British Commonwealth : (n) برطانوی دولت مشترکہ ' دولت عامہ ۔

British Crown : (n) چارلس اول کے زمانے کا ایک طلائی سکہ ۔

British Empire : (n) سلطنت برطانیہ ۔

British expeditionary force : وہ انگریزی فوجیں جو جنگ عظیم میں شامل تھیں ۔

British gum : (n) Dextrin کا تاجرانہ نام ۔

British Museum : (n) برطانوی عجائب گھر (لندن میں) ۔

British standard candle : (طبیعیات) برٹش حرارتی ناپ ۔

British subjects : (n) (تاریخ و سیاسیات) برطانوی رعایا ۔

British thermal unit : (طبیعیات) برٹش حرارتی ناپ ۔

British warm : (n) چھوٹا فوجی اوور کوٹ ۔

Britisher : (n) برطانیہ یا سلطنت برطانیہ کا دیسی باشندہ ۔

Briton : (n) [L. "brittonem"] برطانیہ یا سلطنت برطانیہ کا دیسی باشندہ ۔

North Briton : اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ۔

Brittle : (a) [ME."britul","britil" ,"bretil"] پھوٹک ؛ کڑکیلا ؛ بےلوچ ؛ نازک ؛ کمزور ۔

Brittle star : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Brittleness : (n) پھوٹك پن ؛ کڑکیلا پن ؛
بے لوچ ؛ نزاکت ۔

Britzka / Britzska / Britschka / Britzschka / britska : (n)
[Polish. "bryczka"]
ٹپ دار اور تکیہ دار گاڑی ۔

Broach : (n) [L. "brocca"] (۱) میخ ؛ سیخ ۔
(۲) گرجا کے بے جنگلے مینار کا کلس ؛ کلس ؛
سوراخ کرنے کا برما ۔ (۳) نوجوان هرن کے
سینگ کی ابتدا ۔ (٤) برما کی گاؤ دم نوک ۔
(۵) پیپےمیں سوراخ کرنےکا ایک آله ۔
(٦) تالے کی وہ کیل جو کنجی کی ناک کے اندر
داخل هوتی هے۔ (۷) معمار کی نوکدار کھانی ۔
(۸) سوراخ ۔ (۹) دندان سازی کا ایک آله ۔
(۱۰) سوراخ کر کے بہانا ۔

Broach : (v) (۱) شراب نکالنے کےلئے پیپے میں چھید
کرنا ؛ شراب نکالنا ۔ (۲) مال کے صندوق
یا گٹھے کو کھول کر چیزیں نکال کر بیچنا
شروع کرنا ۔ (۳) (کسی امر کے متعلق)
بحث چھیڑنا ؛ اشاعت کرنا۔ (٤) چھینی سے
پتھر چھیلنا ۔ (۵) فصد کھولنا ۔
(٦) باھرنکل آنا ؛ سیخ سے سوراخ کرنا ؛ توڑنا ؛
غصب کرنا ؛ آشکار کرنا ؛ ازالۂ بکارت کرنا ۔

Broach : (v) (جہاز رانی) جہاز کا رخ هوا یا موجوں
سے پھیرنا ۔

Broacher : (n) سوراخ کرنے والا ؛ بحث چھیڑنے والا
وغیرہ ۔

Broad : (a) [OTeut. "braido-z"] کشادہ ؛ چوڑا ؛ چکلا ؛
واضح ؛ کھلا هوا ؛ چوڑا حصه ؛ صاف صاف اصل ؛
خاص (فرق) کھلے کھلے ؛ عام (فائدے وغیرہ) ؛
صاف ؛ پورا ؛ وسیع ؛ ٹھیٹھ یا بھونڈا (لهجهٔ) ؛
وسیع مشرب ؛ پر زور ؛ بے باك (گفتگو یا مقرر
اکثر ذم کے پہلو میں) ؛ سادہ ؛ غیر شائستہ ؛
غیر مهذب ؛ روا دار ؛ بے روك ؛ فنی کشادگی کا
اثر ؛ حجم میں کم اور سائز میں بڑا (سکه) ؛
(جغرافیه) میدان ؛ (بیمه میں) دو یا زیادہ ایك
هی طرح کے خطروں کے خلاف بیمه ؛
(پارچه جات) عریض ؛ (اناج وغیرہ) پورے
پورے چوکر والا ۔

It is as broad as it is long / It is as long as it is broad :
دونوں طرف سے یکساں ۔

Broad : (adv) صفائی سے ؛ صاف صاف ؛ پورے طور پر؛
کھلم کھلا ؛ کشادہ طور پر ؛ منھ پھٹ طریقے پر۔

Broad-arrow : (n) برطانیه کا وہ نشان جو سرکاری
چیزوں پر اور ملزموں کے کپڑوں پر
لگایا جاتا هے ۔

Broad awake / Broad awaking : (a) بالکل بیدار ۔

Broad -axe : (n) چوڑے پھل کی کلھاڑی ۔

Broad-bean : (n) چوڑی سیم ۔

Broad-bill : (n) چوڑی چونچ والے پرندے ۔

Broad-blown : (n) بالکل پھولا هوا ؛ پورے بہار پر ۔

Broad-brim : (n) (۱) چوڑے کگر والا هیٹ ۔
(۲) کیکر (quaker) جو چوڑے هیٹ
پہنتا هے ۔

Broad-brimmed : (a) چوڑے کگر کے هیٹ والا ۔

Broad church : (n) وسیع مشرب کلیسا یعنی
انگلستانی کلیسا کے وہ رکن جو اسکے
عقائد اور رسوم کو وسیع معنی میں لیتے
هیں اور راسخ العقیدگی کی حدود میں
کشادگی کی اجازت دیتے هیں ۔

Broad-churchism : (n) وسیع مشرب کلیسائیت ۔

Broad- churchman : (n) وسیع مشرب کلیسا کا پیرو ۔

Broad daylight : (adv) دن دہاڑے ۔

Broad distinction : (n) موٹا فرق ۔

Broad-eyed : (a) بڑی بڑی آنکھوں والا/والی ؛
آنکھ پھاڑ کر دیکھنے والا ۔

Broad-faced : (a) چوڑے چہرے والا ۔

Broad facts : (n) کھلے واقعات ؛ موٹی موٹی باتیں ۔

Broad-gauge : (n) ریل کی دو پٹریوں کے درمیان کا
زیادہ تر فاصله ؛ (تجارت) بڑی لائن ۔

Broad-gauged : (a) زیادہ تر فاصله رکھنے والا ۔

Broad glass : (n) کھڑکیوں کا شیشه ۔

Broad hint : (n) کھلا اشارہ ۔

Broad leaf : (n) جمیکا کا ایک درخت ۔

Broad-leaved / -leafed : (a) چوڑی پتیوں والا ۔

Broad market : (n) (تجارت) وسیع بازار ۔

Broad pendant / pennant : (n) وہ جھنڈ جو گاؤ دم ہو اور آخر میں اس کی شکل ابابیل کی دم کی طرح ہو ۔

Broad seal : (n) کسی ملک یا ریاست کی عوامی مہر ۔

Broad-spectrum : (a) جراثیم کی بہت سی قسموں کے خلاف با اثر ۔

Broad spoken : (a) بےباک : صاف صاف : صاف گو۔

Broad transcription : (n) (لسانیات) تحریری محتوی : عمودی تحریر : صریحی تحریر

Broad wise / Broadway /- ways : (adv) عرضاً ۔

Broadcast : (a) بکھیرا ہوا : چھڑکا ہوا ۔

Broadcast : (adv) بکھیرے ہوئے طور پر ۔

Broadcast : (n) (۱) لاسلکی کے ذریعہ نشر ۔ (۲) تخم کاری (بکھیر کر کی ہوئی) : تخم بکھیر کر بونا ۔

Broadcast : (v) (۱) تخم بکھیرنا ۔ (۲) لاسلکی کے ذریعہ نشر کرنا : اشاعت کرنا : شہرت دینا : چرچا کرنا : سنانا : (لاسلکی) گانا یا تقریر کرنا ۔

Broadcloth / Broad cloth : (n) بڑے عرض کی نفیس سیاہ بانات (یہ لفظ ایسےکپڑوں کے لئےاستعمال ہوتا ہے جو مقدار کے لحاظ سے نہیں بلکہ خوبی کے لحاظ سے برتر ہوں) ۔

Broaden : (v) کشادہ کرنا : وسیع بنانا : وسیع کرنا : چوڑا کرنا : پھیلانا : طول دینا ۔

Broadish : (a) چوڑا : عریض ۔

Broadly : (adv) بطور جامع : وسیع نظر سے : اجمالی نظر سے : غیر محجوبانہ : از روئے بے نزاکتی ۔

Broadness : (n) کشادگی : جامعیت : چوڑائی : کھردرا پن : گھنیا پن : بے لطافتی ۔

Broadsheet : (n) کاغذ کا بڑا تختہ جو ایک ہی طرف چھپا ہو : ایک رخا چھپا ہوا بڑا کاغذ ۔

Broadside : (n) (۱) (جہاز رانی) جہاز کا پھلو جو پانی کی سطح سے اوپر رہتا ہے۔ (۲) جنگی جہاز کی توپ کا ایک طرف نصب ہونا یا ایک ہی وقت میں داغنا ۔ (۳) کسی چیزکی چوڑی سطح جو کہیں سے مڑی تڑی نہ ہو ۔(٤) وہ تختہ٘ کاغذ جس کے ایک یا دونوں رخ پر چھپائی ہو اور جیسے ڈاک میں ڈالنے کے لئے تہ کیا گیا ہو ۔ (۵) گالیوں اور لعنت ملامت کی بوچھاڑ۔ (٦) کسی فلم یا ٹیلی ویژن کےسیٹ پر اجالا کرنے کے لئے روشنیوں کا سیلاب ۔ (۷) Broad sheet

Broadside on / Broadside to : جہاز کا اگلا رخ پورے طور پر نشانے کی طرف مڑا ہونا ۔

Broadside : (a) (۱) ایک رخ کی طرف مڑا ہوا ۔ (۲) چھپے ہوئے کاغذ کے ایک طرف رکھا ہوا ۔

Broadside : (v) (۱) جہاز کے ایک ہی رخ سے توپ داغنا ۔ (۲) جہاز کا بازو کی طرف سے بڑھنا ۔ (۳) بغیر کسی ہدف کا انتخاب کئے ہوئے آگے بڑھنا یا چلنا ۔

Broadside : (adv) (۱) ایک بوچھاڑپن : سب ملکر ۔ (۲) اٹکل پچو : اوٹ پٹانگ ۔ (۳) بغیر کسی مقصد کے انتخاب کئے ہوئے۔(٤) متن کے عام رخ پر عمودی طور پر چھپا ہوا ۔

Broadside on position : (طبیعیات) سیدھی وضع ۔

Broadsider : (n) یک رخے چھپے ہوئے کاغذ کے تختوں کو جمع کرنے والا ۔

Broadsword : (n) (۱) چوڑی تلوار ۔ (۲) (جمع میں) چوڑی تلواروں سے مسلح لوگ ۔

Broadway : (n) (۱) کشادہ کھلی سڑک ۔ (۲)نیویارک کی ایک سڑک ۔ (۳) انگلستانی کلیسا کے وہ روحانی رہنما جو اس کی بنیاد کو کشادہ کرنے کے حق میں تھے (ڈرائڈن نے اس معنی میں استعمال کیا ہے) ۔

Brock : (n) [OE."broc"] (۱) بجّو جو بدبودار ہو ۔ (۲) ایک گندہ بری مہک والا شخص ۔

Brocket : (n) [F. "brocart", "broqart"] (۱) ہرن کا دو سال کا بچہ جس کو سینگ نکل رہا ہو ۔ (۲) برازیل کے ہرنوں کی ایک قسم جس کے سینگ چھوٹے چھوٹے ہوں ۔

Brod : (n) [ON. "broddr"] (۱) آنکس ۔ (۲) کانٹا : آنکس کی چبھن ۔ (۳) گول سروں والی کانٹی جو لوہار بناتے ہیں ۔

Brod : (v) آنکس چبھانا : چبھانا ۔

Broderer : (n) لندن شہر کی تجارتی کمپنیوں کا نام ۔

Brog : (n) [of uncertain origin] (۱) سوراخ کرنے یا چبھانےکا ایک آلہ : تکوا ۔ (۲) تکوا سے بنایا ہوا سوراخ ۔ (۳) ایک چھوٹی چھڑی جو زمین میں دھنس سکے ۔

Brog : (v) (۱) چبھونا : تکوا گڑانا : بھونکنا ۔ (۲) کانٹے کے ذریعہ ایل مچھلی پھنسانا : شکار کرنا ۔

Brogan : (n) [It. dim. of "brog"] سخت مضبوط قسم کا جوتا ۔

Broggerite : (n) [Sw."broggerit" f. W.C. Brogger, Norw.mineralogist] ایک قسم کا پتھر ، مثل اورانینیٹ (Uraninite) (کیمیا) بروگیرائیٹ ۔

Broggle : (v) کانٹے کے ذریعہ ایل مچھلی کا شکار کرنا ۔

Brogue : (n) [O. Ir."broce"] (۱) آئرستان اور اسکاٹستان کے بے کمائے ہوئے چمڑے کا موٹا جوتا ۔ (۲) گولف کھیلنے کا موزہ ۔ (۳) پن روک موزہ ۔

Brogue : (n) دیہاتی لہجہ خاص کر آئرستان میں ۔

Brogue : (v) دیہاتی لہجہ میں بولنا ۔

Broiden : (a) ملا کر بنا ہوا : گندھا ہوا : بڑی مہارت و ہوشیاری سے تیار کیا ہوا ۔

Broil : (n) [F. "brouiller"] ہنگامہ : دنگا : جھگڑا : فساد ۔

Broil : (n) [OF."brullir "] (۱) سخت گرمی : سخت گرمی کی حالت ۔ (۲) بھنا ہوا گوشت ۔

Brob : (n) وہ خاص قسم کی سلاخ جو کسی چیز کے سہارے پر رکھی ہوئی کڑی کے آخر میں اس کو پھسلنے سے روکنے کے لئے لگادی گئی ہو ۔

Brobdingnag : (n) سوئفٹ (Swift) کی کتاب Gulliver's Travels کا ایک خیالی ملک جہاں ہرچیزعظیم پیمانے پر یا عظیم الجثہ تھیں : عظیم ۔

Brobdingnagian : (a) Brobdingnag کا باشندہ : دیو : دیو زادوں کا سا ۔

Brocade : (n) دیبا : کامدانی : جامہ دار : زربفت : کمخواب ۔

Brocade : (v) ابھرا ہوا کام کرنا : زری کا کام کرنا : منبت کاری کرنا : دیبا یا زربفت بنانا ۔

Brocaded : (a) زرسے بنا ہوا : کمخواب کی طرح آرائش کیا ہوا : کمخواب کا لباس پہنے ہوئے ۔

Brocard : (n) [F.] (۱) (قانون) ابتدائی اصول یا اصول موضوعہ ۔ (۲) چبھنے والی تقریر : قوانین فزیکسی : ضرب المثل : تہدید: استہزا ۔

Brocatella : (n) [It. "broccatello"] (۱) نقلی کمخواب جو پردہ یا غلاف یا پوشاک بنانے کے مصرف میں آئے ۔ (۲) دیکھو Brocatello (گولیاں جس میں قسم قسم کی رنگین تحریریں ہوں) ۔

Brocatello : (n) [It."broccatellodi Siena"] رنگین یا رنگین ریشےدار گولیاں ۔

Broccoli / Brocoli : (n) [It. "broccoli"] پھول گوبھی کی ایک قسم ۔

Broch/ Brogh/Brough : (n) [ON."borg"] (باستا شناسی) ماقبل تاریخ کی ایک عمارت جو ایک قسم کے گول مینار کی طرح تھی اور جس کے اندر انسان کے رہنے کی کوٹھریاں تھیں ۔ اس قسم کی عمارتیں Orkney اور Shetland اور اسکاٹ لینڈ میں پائی جاتی ہیں ۔

Brochantite : (n) [f. Brochant de Villiers, a French mineralogist ایک معدنی شئے جس کا نام [Brochant de Villiers پر رکھا گیا ہے ۔

Brochure : (n) [F. "brocher"] چند اوراق کا ایک مختصر مطبوعہ رسالہ جس کے اوراق باہم سلے ہوئے ہوں : رسالہ : کتابچہ : پمفلٹ ۔

Broil : (v) [OF. "bruillir"] (۱) گوشت بھوننا یا کباب لگانا : سیخوں پر بھوننا ۔ (۲) گوشت کا گریل بنانا ۔ (۳) جھلسنا : گرم کرنا ۔ (٤) بہت گرم ہونا (۵) دھوپ سے تپنا یا بھن جانا یا تپانا ۔

Broil : (v) [F. "brouille"] (۱) دنگا فساد میں مبتلا ہو جانا یا کرنا ۔ (۲) جھگڑا کرانا ۔ (۳) جھگڑے میں پھنسا دینا ۔ (٤) درھم برھم کرنا ۔

Broiler : (n) (۱) بھوننے والا یا جو چیز بھونی جاتی ہو ۔ (۲) بہت ہی گرم دن : جھلسانے والا دن : تپتا ہوا دن ۔ (۳) مرغی کے بچےکا گوشت (بھوننے کے لئے) ۔

Broiler : (n) جھگڑا فساد کرنے والا / کرانے والا : درھم برھم کرنے والا ۔

Broiling : (n) تپانے کا کام : گریل بنانے کا کام ۔

Broilingly : (adv) تپاتے ہوئے' تپا کر : بھون کر ۔

Broke : (v) [f.BROKER] دلالی کا کام کرنا : دلال بننا ۔

Broke : (n) [OE."broc"] (۱) ٹوٹا ہوا : شکستہ ۔ (۲) چھوٹے بالوں کی پشم ۔ (۳) وہ کاغذ جو تیار ہوتے وقت مصرف کے قابل نہ رھے ۔ (٤) (جمع) حاشیہ ۔ (۵) نقص دار پتوں کا گھٹیا درجہ کا تمباکو ۔

Broke : (n) [ME. alter. of "broken"] (۱) ٹوٹا ہوا : برخاست کیا ہوا : برطرف کیا ہوا ۔ (۲) قلاش : دیوالیہ : بالکل قلاش ۔ (۳) خاص کاموں کے لئے سدھایا ہوا تربیت یافتہ جانور ۔ (٤) زبردستی مطابقت پیدا کیا ہوا (آدمی) ۔

Broken : (a) (۱) ٹوٹا ہوا : شکستہ : چور چور ۔ (۲) پھٹا ہوا ۔ (۳) ھڈی ٹوٹی ہوئی : جلد پھٹی ہوئی ۔ (٤) ریزہ ریزہ ۔ (۵) تھکا ہوا : خستہ حال : چور چور ۔ (٦) مصیبتوں سے احساسات میں کچلا ہوا : مجروح : پشیماں : نیچا دکھایا ہوا : ذلیل کیا ہوا ۔ (۷) دیوالیہ : قلاش ۔ (۸) پالتو : سدھایا ہوا ۔ (۹) توڑا ہوا : خلاف ورزی کیا ہوا : غیر سالم ۔ (۱۰) شکستہ حرف : ھزیمت یافتہ ۔ (۱۱) پارہ پارہ : غیر متعلق : پیوند دار ۔ (۱۲) جدا جدا : خلل ڈالا ہوا ۔ (۱۳) نحوی طور پر نا مکمل ۔ (۱٤) توڑ کر نکالا ہوا : الگ کیا ہوا ۔ (۱۵) ھلکا کیا ہوا (دوسرے رنگوں کے ملانے سے) ۔ (۱٦) (کاغذ) ناھموار قسم کا ۔

Broken ale : (n) بچی کھچی شراب ۔

Broken backed : (a) (۱) پست : شکستہ ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کی وہ حالت جس میں اس کا ڈھانچہ اتنا ڈھیلا ہو جائے کہ وہ دونوں کناروں سے جھک جائے ۔

Broken bellied / Broken bodied : (a) ھرنیا کا مریض : فتق کا مریض ۔

Broken clan : (n) وہ قبیلہ جس کا ایسا سردار نہ ہو جو قبیلہ کے لوگوں کی نیک چلنی کی ضمانت دے سکے ۔

Broken English : (n) ٹوٹی پھوٹی غلط سلط انگریزی ۔

Broken family : (n) (سماجیات) شکستہ خاندان ۔

Broken ground : (n) ناھموار زمین ۔

Broken-hearted : (a) شکستہ دل : نا امید ۔

Broken-heartedly : (adv) شکستہ دلی سے ۔

Broken-heartedness : (n) شکستہ دلی ۔

Broken Hill skull : (n) (تاریخ) (بروکن ھل ، روڈیشیا کا ایک مقام) بروکن ھل کی کھوپڑی ۔

Broken kneed : (a) ٹھوکر کھا جانے سے ٹخنا ٹوٹا ہوا ۔

Broken line : (n) (ریاضی) شکستہ خط ۔

Broken man : (n) (۱) مریل سا : نامراد ۔ (۲) (اسکاٹش قانون) قانون کی حمایت سے محروم : راندہ' قانون ۔

Broken meat : (n) بچا کھچا کھانا یا گوشت ۔

Broken money : (n) خوردہ : ریزگاری ۔

Broken number : (n) کسر ۔

Broken series : (n) (ریاضی) شکستہ سلسلہ ۔

Broken sleep : (n) اچاٹ نیند ۔

Broken tale : (n) ادھورا قصہ ۔

Broken tea : (n) چائے کا بردہ : چائے کا چورا ۔

Broken water : (n) چھوٹی چھوٹی موجیں ۔

Broken weather : (n) گھڑی گھڑی بدلنے والا موسم ۔

Broken wind /Broken-wind : (n) گھوڑوں کا وہ لاعلاج مرض جو اسے تھکاوٹ برداشت کرنے کے نا قابل بنا دیتا ھے ۔

Broken-winded : (n) ناکارہ گھوڑا (پھیپھڑوں کی خرابی سے)۔

Brokenly : (adv) رہ رہ کر ؛ ھچکولے کے ساتھ ؛ جھٹکے کے ساتھ ۔

Brokenness : (n) شکستگی ۔

Broker : (n) [Anglo F. "brocour"] (۱) دلال ؛ ایجنٹ ؛ کباڑی ۔ (۲) قرق شدہ مال کا بیچنے والا ۔ (۳) نیلام کا مال بیچنے والا ۔ (٤) پرانا فرنیچر اور سامان بیچنے والا ۔ (٥) قاصد ؛ ترجمان ؛ پیامبر ۔

Money broker : (تجارت) دلال زر ۔

To false knaves need no broker : جھوٹے بدمعاشوں کو دلال کی ضرورت نہیں ۔

Broker agent : (n) (تجارت) دلال ایجنٹ ۔

Brokerage : (n) دلالی ؛ دستوری ؛ دلال کا کمیشن ؛ مزد دلالی ؛ حق العمل ۔

Brokerage on war risk : (تجارت) دلالی برجنگی خطر ۔

Broker's note : (n) (تجارت) دلال کا رقعہ ۔

Broking : (n) (۱) دلالی ؛ سٹّابازی ؛ سمساری ۔ (۲) پست ؛ لئیم ؛ خسیس ۔

Brolly : (n) چھاتا ۔

Broma : (n) [Gr.] (۱) وہ غذا جو چبا کر کھائی جائے ؛ (۲) چاکلیٹ سے بنی ھوئی کھانے کی چیز ۔

Bromal : (n) [f. BROM-INE + AL-COHOL] ایک کیمیاوی برومین کا مرکب جو الکحل سے بنتا ھے ۔

Bromate : (n) برومك ایسڈ کا نمك ؛ (کیمیا) برومیٹ ۔

Bromatology : (n) [Gr. "bromato +logia"] (۱) غذا کے بارے میں مضمون ۔ (۲) علم الغذا ۔

Brome : (n) [Gr. "bromos"] برومین کا فرانسیسی نام ۔

Brome : (n) [Gr."bromos"] جئی کی قسم کی ایک گھاس ۔

Brome-grass : (n) جئی کی قسم کی ایک گھاس ۔

Bromeliaceous : (a) پودوں کی ایک ذات کے متعلق ۔

Bromic : (n) برومین کا کیمیاوی مرکب ۔

Bromic acid : (n) برومین کا تیزاب ۔

Bromic silver : (n) ایک معدنی شئے جس میں برومین اور چاندی رھتی ھے ۔

Bromide : (n) (۱) ایک معمولی وبال جان آدمی ؛ ایک فرسودہ فقرہ ؛ رسم پرستی ۔ (۲) (کیمیا) برومائڈ ۔

Bromide paper : (n) (کیمیا) برومائڈ کا کاغذ ۔

Bromidrosis : (n) [Gr. "bromos" + "idros"] پسینے کی گلٹیوں کی ایک بیماری۔

Brominate : (v) (کیمیا) برومینانا ۔

Brominated : (a) وہ مرکب جس میں برومین شامل ھو یا ڈالا گیا ھو ۔

Bromination : (n) (کیمیا) برومینانا ۔

Bromine : (n) [F. "brome"+ - INE] (۱) ایک قسم کا غیر معدنی عنصر جو مختلف مرکبات میں استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) ایک سرخی مائل تیز زھریلا غلیظ رقیق جس کی تیز بو ھوتی ھے ۔

Bromism : (n) برومین کے استعمال سے پیدا ھونے والی حالت ۔

Bromite : (n) دیکھو Bromic Silver

Bromize / - ise : (v) (۱) برومین شامل کرنا ، داخل کرنا یا اس سے مرکب بنانا ۔ (۲) برومین لگانا ۔ (۳) (فوٹوگرافی میں) برومین یا برومائڈ سے فوٹو پلیٹ تیار کرنا ۔

Bromo-/ Brom- : جزو ترکیبی بمعنی برومین ۔

Bromoform : (n) کلوروفارم کی طرح کا ایک مرکب ۔

Bromyrite : (n) Bromic Silver دیکھو

Bronchadene : (n) نرخرے کا ایک غدود ۔

Broncharctia : (n) قصبے کا تنگ ہو جانا ۔

Bronchia : (n) [Gr. "brogchia "] قصبے یا نرخرے کی دو نالیاں ۔

Bronchial / Bronchic : (a) نرخرے کی نالی سے متعلق ۔

Bronchially : (adv) نرخرے کی نالی سے ہو کر ۔

Bronchiarctia : (n) نرخروں کی نالی کا تنگ ہو جانا ۔

Bronchiectasis : (n) نرخروں کی نالیوں کا پھیل جانا ۔

Bronchio- / Bronchi : جزو ترکیبی بمعنی دو نرخروں میں سے ایک ۔

Bronchio - crisis : (n) کالی کھانسی وغیرہ کا دورہ ۔

Bronchio-pneumonia : (n) پھیپھڑوں کا ورم جو نرخرے کی جھلی سے شروع ہوتا ہے ۔

Bronchio- pulmonary : (a) نرخرے اور پھیپھڑے سے متعلق ۔

Bronchiole : (n) [L. "bronchiola"] (۱) نرخرے کی باریک نالی ۔ (۲) (لسانیات) قصیبی ۔

Bronchitic : (a) قصبی ورم سے متعلق ۔

Bronchitis : (n) [f. "bronchi"+ - ITIS] نرخرے کی نالیوں کا ورم ۔

Broncho-pneumonia : (n) نرخرے کی نالیوں کا ورم ۔

Bronchocele : (n) [Gr. "bronchos+cele "] ورقی غدود کا ورم ۔

Bronchophonic : (a) نرخرے کی آوازوں کو سننے سے متعلق ۔

Bronchophony : (n) [Gr. "bronchos+ phonia"] نرخرے میں پیدا ہونے والی آوازوں کو سننا ، اسٹیتھسکوپ کے ذریعہ ۔

Broncholith : (n) قصبے کے غدود میں کیلسیم کا جمع ہو جانا ۔

Bronchorrhoea : (n) پرانا قصبی ورم ۔

Bronchotome : (n) [Gr. "bronchos+tomos"] نرخرے کی جراحی میں استعمال ہونے والا چاقو یا قینچی ۔

Bronchotomist : (n) (۱) قصبے کی نالیوں پر عمل جراحی کرنے والا ۔ (۲) (مزاحاً) خونی : ظالم : سفاک : قاتل ۔

Bronchotomy : (n) [Gr."bronchos+tomia "] قصبے کی نالیوں پر عمل جراحی ۔

Bronchus : (n) آواز کی دو نالیوں میں سے ایک نالی : (لسانیات) قصیب ۔

Bronco : (n) [Sp.] نیم وحشی گھوڑا یا عام گھوڑا اور جنگلی گھوڑے کی دوغلی نسل ۔

Bronteon / Bronteum : (n) [Gr. "brontion"] قدیم رومی اور یونانی تھیٹر میں آواز کی نقالی کا ایک طریقہ ۔

Brontology : (n) [Gr. "bronte + logia"] موسمیات کا وہ حصہ جو رعد سے بحث کرتا ہے ۔

Brontosaurus : (n) [mod. L.] ایک بہت بڑا چوپایہ رینگنے والا جانور جو گھاس پات کھاتا تھا ۔

Brontothere : (n) یک ناپید سم دار دودھ پلانے والا جانور جو ہاتھی اور تاپیر سے مشابہ ہوتا تھا اور اکثر اس کے سینگ ہوا کرتے تھے ۔

Bronx : (n) [f. the Bronx, borough of New york] (۱) ایک قسم کا کاک ٹیل (Cock tail) ۔ (۲) امریکہ کے شہر نیویارک کا ایک حصہ ۔

Bronze : (n) [It. "bronzo "] (۱) کانسی : ٹن اور تانبے کا ممزوج : کانسا ۔ (۲) کانسہ کا مجسمہ وغیرہ ۔ (۳) کانسی کا رنگ ۔ (٤) کانسی کا سا ۔ (٥) ایک فلزی سفوف جو رنگنے اور نقاشی کرنے وغیرہ میں کام آتا ہے ۔ (٦) کانسے کا بنا ہوا : کانسےکے رنگ کا ۔ (۷) بڑی قسم کا پیلو (فیل مرغ) جس کے پر بھورے ہوتے ہیں ۔ (۸) ایک قسم کا سکہ ۔

Aluminium bronze : المونیم اور تانبے کا ایک مرکب ۔

Phosphor bronze : کانسے یا تانبے کا مرکب جس میں تھوڑا فاسفورس ملا ہوتا ہے ۔

Bronze : (a) [F "bronzer"] (۱) کانسے کے رنگ کا : کانسے کا بنا ھوا ۔ (۲) گہری گونجنے والی (آواز) : بےشرم : گستاخ ۔

Bronze : (v) [F. "bronzer"] (۱) کانسے کے رنگ کا ھو جانا یا کرنا ۔ (۲) کانسے کا سا رنگ دینا ۔ (۳) دھوپ سے سانولا ھوجانا ۔ (٤) (مجازاً) بے حس اور بے حیا بنا دینا : سخت بنا دینا ۔

Bronze age : (n) برنجی عہد : کانسے کا عہد : کانسی جگ ۔

Bronze age barrow : برنجی عہد کی قبر : (تعمیرات ، تاریخ) کانسے کے دور کا استوپ ۔

Bronze collar : (n) (تاریخ ، اثریات) کانسے کی ھنسلی ۔

Bronze cross : (n) گرل اسکاؤٹ :بہادری کے لئے دیا جانے والا سب سےاونچا انعام ۔

Bronze Culture : (n) (تاریخ) برنجی عہد کی تہذیب ' کانسے کی تہذیب ۔

Bronze figure : (n) (تاریخ) کانسے کی مورتی ۔

Bronze man : (n) کانسے کے عہد کا انسان ۔

Bronze period : (n) ما قبل تاریخ کا ایک زمانہ جس دوران ھتھیار وغیرہ کانسے کے بنائے جاتے تھے ۔

Bronze powder : (n) ایک فلزی سفوف (پیتل ، تانبا یا ٹن کا) جو رنگنے چھاپنے وغیرہ میں کام آتا ھے ۔

Bronze smith : (n) کانسے کا کام کرنے والا ۔

Bronze yellow : (a) (کیمیا) کانسی پیلا ۔

Bronzed : (a) (۱) کانسے جیسا ۔ (۲) کانسے کے رنگ کا ھو جانا : سانولا ھو جانا ۔

Bronzed skin : (n) ایک قسم کی بیماری جس میں چمڑے کا رنگ کانسے کا سا ھو جاتا ھے ۔

Bronzing : (n) (کیمیا) کانسیانا ۔

Bronzing powder : (n) (کیمیا) کانسی سفوف ۔

Bronzite : (n) ایک قسم کی دھات جس میں کانسے کی سی چمک ھوتی ھے ۔

Bronzy : (a) کانسے کے رنگ کا : کانسے کی طرح کا ۔

Broo : (n) [OF."bro", "breu"] شوربا : یخنی ۔

Brooch : (n) [ME. "broche"] جڑاؤپن : بروچ ۔

Penannular brooch : (تاریخ ، اثریات) چھلے کی شکل کا بروچ ۔

Brood : (n) [OE."brod"] (۱) انبوہ : جھنڈ : ڈھیر (پرندوں اور جانوروں کا اور حقارت سے آدمیوں کے بچے کے لئے) ۔ (۲) چینگی پونے: جھول ۔ (۳) نسل : ذات ۔(٤) صدف ماھی کا دوسرے سال میں انڈے دینا ۔ (٥) (معدنیات) خام دھات کا غیر کارآمد حصہ جو ذرا بھاری قسم کا ھوتا ھے ۔ (٦) کوئی ایک طرح کی چیز (خاصیت اور شکل کے لحاظ سے) کا مجوعہ ۔

Brood : (v) (۱) سینا : انڈے سینا ۔ (۲) منصوبہ باندھنا ۔ (۳) گھڑنا ۔ (٤) چھاجانا ۔ (٥) (غصہ وغیرہ کو) دماغ میں لئےرھنا / پرورش کرنا ۔ (٦) سوچتے رھنا : اداسی اور افسردگی کا دماغ پر طاری رھنا ۔ (۷) سود کا بڑھتا جانا ۔ (۸) گھونسلے میں آرام سے پڑے رھنا ۔

Brood-hen : (n) انڈے سینے والی مرغی ۔

Brood-mare : (n) وہ گھوڑی جو بچہ دینے کے لئے رکھی جاتی ھے ۔

Brood-matron : (n) پالتو مادہ جانور جو بچہ دینے کے لئے پالا جائے ۔

Brood- parasitism : (n) پرندوں کی طفیلی حرکت ، یعنی دوسرے پرندوں کے گھونسلے میں انڈے دیتے ھیں اور بچوں کو اسی کے حوالے چھوڑ دیتے ھیں ۔

Brood-stock : (n) جانور کی وہ تعداد جو افزائش نسل یا نئی نسل کے لئے خاص جگہ رکھی جائے ۔

Broodiness : (n) (مرغی وغیرہ کا) کڑکپن ۔

Brooding : (a) (۱) سینے والی ۔ (۲) سوچ میں مبتلا رھنے والی / والا ۔

Broody : (a) (۱) کڑک (مرغی) ۔ (۲) مغموم ۔ (۳) انڈے سینے والا / والی ۔

Broody coop : (n) وہ چھوٹا تنگ پنجرا جس میں مرغی کو کڑک توڑنے کے لئے رکھا جائے ۔

Brook : (n) [OE. "broc "] نالا : ندی : چشمہ ۔

Brook : (v) [OE. "brucan"] (١) فائدہ اٹھانا ۔ (٢) برداشت کرنا : جھیلنا : سہنا ۔

Brook : (n) کالك : پھلیا ۔

Brook-ouzel / Brook-runner : (n) یك قسم کا پودا ۔

Brook-trout : (n) نالا : ندی میں پائی جانے والی مچھلی ۔

Brooked : (a) گندہ ۔

Brookite : (n) [f. H. J. Brooke, mineralogist] ایك قسم کی معدنی شئے جس کا نام Brooke پر رکھا گیا ھے ۔

Brooklet : (n) چھوٹا نالا ' چھوٹا چشمہ –

Brooklime : (n) [ME. "Brok-lemok"] نیلے پھول کا ایك پودا : جل کمبی ۔

Brooklynese : (n) نیویارك کی گنوارو بولی ۔

Brooky : (a) چشموں ، ندیوں سے بھرا ھوا ۔

Brool : (n) [Gr. "brull"] بھنبھناھٹ : بڑبڑاھٹ ۔

Broom : (n) [OE. "brom "] (١) سینك کی قسم کی ایك جھاڑی -(٢) ایك قسم کی جھاڑی جس کے پھول زرد ھوتے ھیں ۔ (٣) جھاڑو ۔

A new broom sweeps clean : نیا نوکر مارے ھرن : نیا نمازی مسجد کے دروازے ۔

New broom : نیا نوکر جو کام میں مستعد ھو ۔

Broom : (v) (١) جھاڑو دینا : صاف کرنا : جھاڑو لگانا ۔(٢) جہاز کا پیندا صاف کرنا (گھونگے وغیرہ سے) ۔

Broom-bush : (n) ایك قسم کی جھاڑی ۔

Broom cod : (n) Broom -bush کا بیج ۔

Broom corn : (n) باجرا جس کے گچھوں سے جھاڑو بنتی ھے ۔

Broom cypress : (n) ایك قسم کی جھاڑی ۔

Broom grass : (n) ایك قسم کی گھاس ۔

Broom rape : (n) [med. L. "Rapum genistae"] : طفیلی بیل : علقی بیل جو Broom پر چڑھے ۔

Broom sedge : (n) ایك قسم کی گھاس ۔

Broom squire : (n) New Forst کے وہ لوگ جو جھاڑو بنا بنا کر گذر کرتے ھیں ۔

Broom stick : (n) جھاڑو کا دستہ ۔

To marry over the broom stick : جھوٹ موٹ کی شادی کرنا (جس میں فریقین جھاڑو کو پھاندتے ھیں (To jump the besam) ۔

Broom tail : (n) (١) (گھوڑے کی) گھنی دم ۔ (٢) گھوڑے کی ایك گھٹیا قسم کی ذات جس کا قد چھوٹا ھوتا ھے اور جو جنگلی اور بغیر سدھایا ھوا ھوتا ھے ۔

Broom weed : (n) (١) امریکہ کا ایك پودا جس کی پتی سےشراب بناتے ھیں ۔ (٢) ایك قسم کی جھاڑی جس میں چھوٹے سفید پھول ھوتے ھیں ۔ (٣) ایك پودا جس سے جھاڑو بنائی جاتی ھے۔

Broomy : (a) ایك قسم کی سینك کی جھاڑی سے بھراھوا ۔

Broose : (n) شمالی اسکاٹستان میں قصباتی شادی کی ایك رسم جس میں نوجوان شرکاء کے درمیان دوڑ کا مقابلہ ھوتا ھے اور یہ دوڑ دلھن کے گھر سے دولھا کے گھر تك لگائی جاتی ھے ۔

Broozeled . (a) چور چور : ٹوٹا ھوا ۔

Brose : (n) [mod. Sc. "browes"] ولائتی جو کی دلیا جو دودھ کے ساتھ ملا کر پکائی جائے ۔

Athole brose : وھسکی اورشھد کا ایك مخلوط ۔

Pease brose : مٹر کا دلیا ۔

Brosy : (a) [brose + - y] موٹا : پھولا ھوا (شکل و صورت میں) ۔

Broth : (n) [OE."brop"] یخنی : شوربا ۔

A broth of a boy : (۱) (مجازاً) اپنی قسم کی نمایاں چیز ۔ (۲) غیر منظم ؛ ہنگامہ آفریں یا پر شور چیز ۔

Broth culture : (n) شور باتی کشت ۔

Brothel : (n) چکلہ ؛ قحبہ خانہ ۔

Brothel - house : (n) قحبہ خانہ ؛ چکلہ ۔

Brother : (n) [Gr. "phrater"] (۱) بھائی ۔ (۲) برادری والا ۔ (۳) رفیق ۔ (٤) ساتھی ؛ یار غار ؛ ہم پیشہ ؛ ہم مذہب ؛ ہم جنس ؛ ہم وطن ۔ (٥) راہبوں کے طبقے کا رکن ؛ وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلہ کا رکن ہو مگر پادریوں کے سلسلہ میں شامل نہ ہو ۔ (٦) بعض انجمنوں کے عہدیدار ۔ (۷) (عامیانہ) بھائی ؛ مردک ؛ شخص ۔

A man and brother : ہم جنس بھائی خاص کر حبشی غلاموں کے لئے کہا جاتا ہے ۔

Half-brother : سوتیلا بھائی ۔

The brethren : انجیل میں قدیم عیسائی کلیسا کا رکن ۔

Brother : (v) (۱) بھائی بنانا ۔ (۲) کسی کو بھائی کہہ کر پکارنا ۔ (۳) کسی کا بھائی بن جانا ۔ (٤) کسی برادری میں شامل کرنا ۔

Brother consanguineum : (n) ایک جدی بھائی ؛ وہ سوتیلے بھائی جن کا باپ ایک ہو ۔

Brother-german : (n) سگا بھائی ؛ اپنا بھائی ؛ حقیقی بھائی ۔

Brother-in-arms : (n) ایک قریبی ساتھی خاص کر فوجی ملازمت کا ۔

Brother-in law : (n) (۱) سالا بہنوئی ؛ برادر نسبتی ۔ (۲) ہم زلف ؛ ساڑھو ؛ نندوئی ۔

Brother interjection : (n) ندایہ جو جذبے کی شدت کو ظاہر کرتا ہے ۔

Brother Jonathan : (n) امریکہ کے مرد باشندے کا پکارو نام ۔

Brother uterine : (n) اخیافی بھائی ؛ وہ سوتیلے بھائی جن کی ماں ایک ہو ۔

Brother- wort : (n) ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں بہت خوشبودار ہوتی ہیں اور مصالحہ کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ؛ بن جوائن ۔

Brotherhood : (n) (۱) بھائی کا رشتہ ۔ (۲) بھائی بندی ۔ (۳) برادری ۔ (٤) بھائی چارا ۔ (٥) اپنایت ۔ (٦) باہمی امداد کی برادری ۔ (۷) ہم خیالی ؛ ہم عقیدگی ۔ (۸) ٹریڈ یونین ؛ مزدوروں کی انجمن ۔ (۹) ہم پیشہ لوگ ۔ (۱۰) مشترک مفاد یا خصوصیات کے لوگوں کا باہمی رشتہ ۔ (۱۱) اخوت ۔

Brotherless : (a) بے برادر ۔

Brotherliness : (n) بھائی چارا ۔

Brotherly : (a) برادرانہ ؛ مہربان ؛ شفیق ۔

Brotherly : (adv) برادر دار ؛ مثل بھائی ؛ بھائی کی طرح ۔

Brothership : (n) (۱) برادری کا رشتہ ۔ (۲) بھائی ہونے کا رشتہ ۔ (۳) برادری ۔

Brouette : (n) [OF."bouete", "broete"] ایک قسم کا رکشا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں انگلستان میں استعمال ہوتا تھا اور جسے آدمی کھینچتے تھے ۔

Brough : (n) [ON." borg"] (۱) ہالہ ۔ (۲) کسی درخشاں جسم کی چاروں طرف کا نورانی حلقہ ۔

Brougham : (n) [f. Lord Brougham] (۱) ایک قسم کی بند گھوڑا گاڑی جسے ایک گھوڑا کھینچتا ہے ۔ (۲) برقی قوت سے چلنے والی ایک سیڈان گاڑی ۔

Brougham landaulet : (n) ایک قسم کی بند گاڑی جس کی چھت کھلتی اور بند ہوتی ہے ۔

Brought : (a) لایا ؛ لایا ہوا ؛ Bring کا ماضی مطلق ۔

Brought down : (a) (تجارت) B/d یعنی سابق لایا گیا (س / ل) ۔

Brought forward : (a) (تجارت) B / fd. یعنی آگے لایا گیا (آ / ل) ۔

Brouhaha : (n) [Heb. "barakh habba"] (۱) انسان کے بولنے کی ملی جلی ناقابل فہم آوازیں ؛ ہوہلا ۔ (۲) ضرورت سے زیادہ شہرت ؛ اشتہار یا جوش ۔

Brouillon : (n) [F. "brouiller"] کچا خاکہ ؛ کچا مسودہ ؛ ابتدائی خاکہ ۔

Brow : (n) [OTeut. " bru-s"] (۱) بھوں : ابرو -
(۲) پیشانی : جبیں -
(۳) پہاڑی کی چوٹی جس پر سڑک گذرتی ہو -
(٤) کنارا : چھجا (پہاڑی وغیرہ کا) -
(٥) (کوئلے کی کان) کوئلے کے رخ کی سرنگ ، اس کنارے سے اس کنارے تک -
(٦) ذہنی صلاحیت اور خوبی -

To knit / bend one's brows : ناک بھوں چڑھانا : چیں بجبیں ہونا -

Brow : (n) [ON. "bru"] (جہاز رانی) جہاز کا زینہ : تختوں کا ڈھالو راستہ : زینہ -

Brow-ague : (n) درد شقیقہ : آدھا سیسی -

Brow-antler : (n) ہرن کے سینگ کی پہلی شاخ -

Brow band : (n) (تاریخ ، اثریات) پیشانی کا زیور : سرا سری -

Brow-beat : (v) ڈانٹنا : دھمکانا؛ گھڑکنا : ستانا ' توہین کرنا -

Brow-beater : (n) ڈرانے والا : دھمکانے والا : گھڑکنے والا -

Brow-point : (n) دیکھو Brow-antler

Brow-post : (n) (تعمیرات) اس کنارے سے اس کنارے تک کا شہتیر -

Brow-stone : (n) دیکھو Brow post

Brow-snag : / Brow-tine : (n) دیکھو Brow-antler

Browed : (a) (بطور لاحقہ) جبیں سا : جھکا ہوا : ابرو دار ' پیشانی دار -

Browis : (n) [OF. "broez", "brouetz"] ایک قسم کا دلیا -

Brown : (n) [OTeut.] (۱) بھورا : بادامی : خاکی : کھیرے رنگ کا - (۲) سانولا : ملیح -
(۳) (مجازاً) افسردہ : اداس : سنجیدہ -
(٤) (عموماً ٹوپی) نازی -

To do brown : (۱) پوری طرح انجام دینا -
(۲) (عامیانہ) دھوکا دینا : دغا دینا : جل دینا -

Brown : (n) (۱) بھورا رنگ -
(۲) خاکی یا بھورے رنگ کے کپڑے -
(۳) تتلی - (٤) (عامیانہ) تانبے کا سکہ -

Brown : (v) (۱) بھورا ہو جانا -
(۲) بھورا کرنا ' بھون کر بھورا کرنا -
(۳) (کیمیاوی عمل سے) بندوق کی نال کو بھورے رنگ کی چمک دینا -
(٤) شکار کے پرندوں کے جھنڈ پر بلا امتیاز گولی چلانا -

Brown Bess : (n) پرانے زمانے کی چقماقی بندوق جس کا کندا بھورے رنگ کے اخروٹ کی لکڑی کا بنا ہوتا ہے -

Brown bill : (n) پرانے زمانے کا ایک ہتھیار -

Brown bread : (n) بغیر چھنے آٹے کی روٹی ' چوکردار آٹے کی روٹی ' کوئی بھورے رنگ کی روٹی -

Brown coal : (n) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو : بھورا کوئلہ -

Brown gannet : (n) ایک قسم کا پرندہ -

Brown George : (n) (۱) ایک موٹا سخت بسکٹ -
(۲) پان رکھنے کا مٹی کا برتن -

Brown gull : (n) دیکھو Brown gannet

Brown gum : (n) ایک قسم کا گوند -

Brown haematite : (n) (کیمیا) بھورا ہیمیٹائٹ -

Brown heart : (n) (۱) گیانا کا ایک درخت -
(۲) سیب یا ناشپاتی کی ایک بیماری : دوسرے پودوں کی ایک بیماری -

Brown hen : (n) مادہ تیتر -

Brown Holland : (n) ایک قسم کا کپڑا : کپڑے کی ایک قسم -

Brown Jolly : (n) بیگن : بینگن -

Brown limonite : (n) (کیمیا) بھورا لیمونائٹ -

Brown rust : (n) گیہوں کی ایک بیماری -

Brown shirt : (n) (تاریخ و سیاسیات) براؤن شرٹ پارٹی (نازی جرمن) -

Brown spar : (n) معدنی شئے کی ایک قسم :

بھورا اسپار (کیمیا) ۔

Brown-spearman formula : (فلسفہ و نفسیات) براؤن اسپرمین فارمولا۔

Brown stout : (n) ایک قسم کی عمدہ بیئر شراب ۔

Brown study : (n) محویت ۔

Brown sugar : (n) بھوری چینی ؛ بھورا کھانڈ ؛ لال شکر ۔

Brown thrasher : (n) ایک امریکی پرندہ ۔

Brown ware : (n) معمولی قسم کا چینی کا برتن ۔

Brownian : (a) [F. Dr. Robert Brown, who first described the movement] کسی شفاف رقیق چیز میں معلق خورد بینی ذرات کی بے قاعدہ حرکت ۔

Brownian motion : (n) (طبیعیات) براؤنی حرکت ۔

Brownian movement : (n) (طبیعیات) براؤنی جنبش ؛ دیکھو Brownian

Brownie : (n) (۱) نیک دل بھوت جو مخفی طور سے گھر کا کام کر جاتا ھے ۔ (۲) ساڑھے سات سے گیارہ برس تک کی لڑکی جو گرل گائڈ کے لئے تیاری کر رھی ھو ۔ (۳) ایک قسم کا عکسی کیمرہ ۔ (٤) (آسٹریلیا) ایک قسم کی میٹھی روٹی جو بے چھنے آٹے اور شکر سے بنتی ھے ۔ (٥) ایک قسم کا چاکلیٹ کیک ۔ (٦) بھورے رنگ کا کوئی جانور ۔ (۷) پینی (Penny) یا سینٹ (Cent) ۔ (۸) (عامیانہ) قواعد کی خلاف ورزی کا نشان جو ریل کے ملازم کو دیا جاتا ھے ۔

Browning : (n) J.M. Browning کا ایجاد کردہ ایک خود کار پستول ۔

Browning : (n) (۱) بھورا کرنا یا بھورا ھونا ۔ (۲) (طباخی) بھورا بنانے کی کوئی چیز (مثلاً بھورا آٹا ، چینی وغیرہ) ۔ (۳) پودوں کی بیماری ۔

Brownish : (a) بھورا مائل ۔

Brownish black : (a) (کیمیا) بھورا مائل سیاہ ۔

Brownish red : (n) (کیمیا) بھورا مائل سرخ ۔

Brownism : (n) [F. the surname " Brown "] (۱) رابرٹ براؤن کا عقیدہ یا خیال جس کی رو سے کلیسا حکومت سے خود مختار اور آزاد ھو ۔ (۲) ڈاکٹر جان براؤن کے علاج کا وہ نظام جس کی رو سے تمام بیماریاں ھیجان / جوش کی کمی یا زیادتی کی وجہ سے پیدا ھوتی ھیں اور سبھوں کا علاج یا تو مسکّن یا محرک سے کیا جانا چاھیئے ۔

Brownist : (n) رابرٹ براؤن کے عقیدوں یا ڈاکٹر جان براؤن کےخیال کا پیرو ۔

Brownness : (n) بھورا پن ۔

Browny : (a) بطور سابقہ ؛ بھورے رنگ کا ۔

Browse : (n) [F. "broust"] (۱) گھاس پات ؛ چارا ؛ کونپل ۔ (۲) چارا کھانا ؛ چرنا ۔

Browse : (n) دھات کا میل ۔

Browse / Brawze : (v) [F."brouter"] (۱) چرنا ؛ چارا کھانا ۔ (۲) (مجازاً) تفریحی مطالعہ کرنا ؛ سرسری مطالعہ کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) سرسری طور سے دیکھنا (خریدنے یا لینے سے پہلے) ۔

Browser : (n) چرنے والا جانور ۔

Browse-wood : (n) وہ جھاڑیاں یا ٹہنیاں جنھیں جانور کھاتے ھیں ۔

Browsing : (n) (۱) چرنا ؛ چارا کھانا ۔ (۲) چراگاہ ۔ (۳) سرسری مطالعہ کرنا (کتابوں وغیرہ کا) ۔

Bruchian : (a) بے پر والی ٹڈی کی نسل کا ؛ دیکھو Bruchus

Bruchus : (n) [Gr. "brouchos"] (۱) بے پروں والی ٹڈی ۔ (۲) بھونرے کی ایک قسم جس کا پھل روپ مٹر وغیرہ کے لئے تباہ کن ھوتا ھے ۔

Brucine /Brucia : (n) [From "Brucee antidysenterica"] ایک قسم کا زھریلا نباتاتی القلی جو کچلا میں ھوتا ھے ؛ (کیمیا) بروسین ۔

Brucite : (n) [F. A. Bruce, an American mineralogist"] میگنیشیا کا اساسی ھائیڈریٹ ؛ (کیمیا) بروسائٹ ۔

Brucite marble : (n) (کیمیا) بروسائٹ سنگ مرمر ۔

Bruckle : (v) [a frequentative of Sc."bruick"] گندہ کرنا ؛ میلا کرنا ۔

Bruin : (n) [MDU."bruin"] بھالو : ریچھ : بھالو کا نام ۔

Bruise : (n) (۱) ضرب : چوٹ : خراش : رگڑ : داغ یا چوٹ (کسی پھل پر) ۔
(۲) احساس یا خود داری پر ضرب یا چوٹ : دیکھو Bruise (v)

Bruise : (v) [OF."brisier"] (۱) جسم کا چھل جانا : خراش آنا : چوٹ پہنچانا : رگڑ دینا ۔
(۲) (مجازاً) صدمہ پہنچانا : مجروح کرنا ۔
(۳) لکڑی یا دھات میں ضرب سے نشان ڈالنا ۔
(٤) پیس ڈالنا : کوٹنا : ریزہ ریزہ کردینا ۔
(٥) ضرب پذیر ہونا (شکار) ۔

Bruised : (a) نیلا : خون جما ہوا ۔

Bruiser : (n) (۱) مارنے والا : کچلنے والا ۔
(۲) پیشہ ور گھونسے باز۔
(۳) موٹا مضبوط آدمی ۔
(٤) (عامیانہ شکاریات) سرپٹ گھوڑا دوڑانے والا ۔ (٥) چشمے کے شیشے وغیرہ کو رگڑنے کا ایک مقعر آلہ ۔

Bruit : (n) [F. "bruire"] (۱) افواہ : خبر ۔
(۲) آواز : شور ۔ (۳) (طب) قلب وغیرہ کی حرکت سننے میں عجیب قسم کی آوازیں ۔

Bruit : (v) (۱) چرچا کرنا : افواہ اڑانا ۔
(۲) مشہور کرنا : شہرت دینا ۔

Bruja : (n) [Sp.] جادوگرنی ۔

Brujo : (n) [Sp. f. "Bruja"] جادوگر ۔

Bruke : (n) [L. "brucus"," bruchus"] (۱) بے پروں کی ٹڈی ۔
(۲) جھینگر ۔

Brum : (a) Brummagem کا مخفف : نقلی : کھوٹا : جعلی ۔

Brumaire : (n) [F."brume"] فرانسیسی جمہوریت کی ۱۷۹۳ میں جاری کی گئی جنتری کا دوسرا مہینہ ۔

Brumal (a) [L. "brumalis"] سرمائی : جاڑے کا ۔

Brume : (n) [L. "bruma"] دھند کہرا : بخار : بھاپ ۔

Brummagem : (n) (۱) برمنگھم کا نام (مقامی بولی میں تحقیراً) ۔ (۲) برمنگھم کی بنی ہوئی چیز ۔ (۳) نمائشی : سستی : نقلی : جعلی ۔

Brumous : (a) [F. "brumeux"] کہر آلود : دھندلا : سرمائی ۔

Brunch : (n) [BREAKFAST+LUNCH] Break fast اور لنچ کے بجائے ایک کھانا ۔

Brunette : (a) [F. "brun"] (۱) سانولی : بھورے یا کالے بال والی ۔ (۲) بھورا یا سانولا رنگ : گندمی رنگ ۔

Brunette : (n) سانولے رنگ کی عورت یا لڑکی ۔

Brunonian : (a) [L. "Bruno"] (۱) ڈاکٹر جارج براؤن کے طریقۂ علاج کا ہیرو : دیکھو Brownism

Brunswick : (n) [L.G. "Brunswik / -wyk"] جرمنی کی ایک ریاست اور شہر کا نام ۔

Brunswick black : (n) کالی وارنش ۔

Brunswick green : (n) سبز رنگ (تانبے کے مرکب سے بنا) ۔

Brunt : (n) [Echoic] (۱) بوجھ ۔ (۲) حملہ ۔
(۳) چوٹ : صدمہ ۔ (٤) اصلی دباؤ : بحران ۔

Brush : (n) [OF. "brosse"] (۱) درختوں کی چھانٹ / کٹی ہوئی شاخیں ۔ (۲) جھاڑی سے کٹے ہوئے حصوں کا مٹھا ۔ (۳) گھنی جھاڑی : گھنا جنگل ۔

Brush : (n) [OF."brosse"] (۱) برش : جھاڑن : موقلم ۔
(۲) فن مصوری ۔ (۳) برش کے مانند گچھا اور مٹھا ، خصوصاً لومڑی کی دم ۔
(٤) شہد کی مکھی کی ٹانگوں پر کا برش نما عضو ۔ (٥) (برقیات) بجلی کی وہ چنگاریاں جو برش کی طرح نکلیں : کثیر برق پاروں کا اخراج ۔ (٦) دھات کا کوئی ٹکڑا جس کے دم سروں پر دھات کے تار یا کاربن یا پیتل کے ٹکڑوں کی پتریاں لگی ہوں اور جو برقی آلہ کے دو حصوں کے درمیان تعلق قائم کرے : انتقال برقی تار ۔
(۷) (نظریات) روشن یا سیاہ شکلیں جو بعض مظاہرۂ فطرت کے ساتھ تقطیب شدہ روشنی میں مشاہدہ کرتے وقت نظر آتی ہیں اور جو برش سے مشابہ ہوتی ہیں : روشن یا سیاہ شئے جس کا کنارا دھندلا ہو ۔
(۸) برش کا استعمال ۔ (۹) گھوڑوں کی ٹانگوں کی خراش ۔ (۱۰) برش نما ۔
(۱۱) پروں کا گچھا جو ہیٹ میں لگاتے ہیں ۔

(۱۲) لمس ۔ (۱۳) رقص میں جوتے یا پیر کو زمین پر پٹکنا ۔ (۱٤) خاموش اور فیصلہ کن انکار ۔ (۱۵) موصل دھات کا انتقال پذیر ٹکڑا جو اتصال اور انفعال کا کام دے ۔

Carbon brush : کاربن برش ۔

From the same brush : ایک ھی قلم کا ۔

The brush : فن مصوری ۔

Brush : (n) (۱) جھڑپ ، وہ چیز جس میں خطرے یاجھگڑے کا احتمال ھو ۔ (۲) مختصر اور بلا قصد دوڑ ۔ (۳) مرض کا ھلکا سا حملہ ۔

Brush : (v) [F. "brosser"] (۱) دوڑ کر بھاگ جانا ؛ فرار ھو جانا ۔ (۲) تیز تیز چلنا (کسی کے نزدیک سے یا کسی کے درمیان سے اس کو بُہارتے یا رگڑتے ھوئے) ۔ (۳) تھوڑے سے فاصلے میں گھوڑے کو تیز دوڑانا ۔

Brush : (v) (۱) جھاڑنا ؛ پونچھنا ؛ بُہارنا ۔ (۲) رگڑ سے خراش لگنا ۔ (۳) گھس جانا (زبردستی) ۔ (٤) جلد ختم کردینا ؛ نبٹانا ۔ (۵) اثر پذیر ھونا ؛ اثر ڈالنا ۔ (٦) (کاغذ سازی) ریشوں کو مارنا تا کہ کھردرا پن پیدا ھو۔ (۷) کترنا ؛ تراشنا ۔

To brush aside / away : دھکا دینا ؛ نظر انداز کرنا ؛ بے پروائی سے گذر جانا ۔

To brush (a thing) over : ھلکے سے رنگ چڑھانا ؛ گذرتے میں چھو جانا یا رگڑ لگنا ۔

To brush up : (۱) چھوٹے چھوٹے نقائص کو دور کرنا ۔ (۲) جھاڑ پونچھ کر چمکا دینا ؛ تازہ کرنا ۔ (۳) (استعارتاً) کسی چیز کے بارے میں واقفیت تازہ کرنا ؛ کسی چیز کی مشق کرنا ؛ یاد تازہ کرنا ۔

Brush : (n) مشق کرنے کی مدت ۔

Brush-arbour : (n) کیمپ میٹنگ کے لئے بنائی ھوئی کٹیا ۔

Brush-burn : (n) جلد کی وہ جراحت جو زبردست رگڑ سے پیدا ھو ۔

Brush country : (n) زمین کا وہ وسیع حصہ جس میں خصوصاً نیچی جھاڑی ھو ۔

Brush fire : (n) جھاڑیوں کی آگ ۔

Brush fire : (a) (رقبہ یا پیمائش میں) محدود ۔

Brush grass : (n) گھاس کی ایک قسم ۔

Brush kangaroo : (n) بڑا کنگارو ۔

Brush-man : (n) (۱) جھاڑو دینے والا ۔ (۲) مصور ؛ قلم کار ۔

Brush-off : (n) خاموش اور فیصلہ کن انکار ۔

Brush ore / -iron ore : (n) خام لوھا ؛ مٹی ملا ھوا لوھا ۔

Brush pencil : (n) موقلم ۔

Brush turkey : (n) آسٹریلیا کا بوقلموں ۔

Brush wheel : (n) (۱) وہ چکا جو دوسرے چکّے کو حرکت میں لائے اور جس کے محیط پر کپڑا ، چمڑا ، یا سخت بال لگے ھوں ۔ (۲) گول چکر کھانے والا برش جو صاف کرنے کے کام میں استعمال ھوتا ھے ۔

Brush wood : (n) (۱) درختوں کی ٹوٹی یا کٹی ھوئی ڈالیاں یا ٹہنیاں ۔ (۲) گھنی جھاڑی ؛ جھاڑ جھنکاڑ ؛ جھاڑ جنگل ۔

Brush work : (n) مصور کا اسلوب عمل ؛ قلم کاری کا اسلوب ؛ کسی فن کے آلات کا واضح اور مخصوص استعمال ۔

Brusher : (n) برش استعمال کرنے والا ؛ چھوٹی جھاڑیوں اور درختوں کو کاٹ کر جلانے والا ۔

Brushing : (n) (۱) برش سے صاف کرنا ؛ برش لگانا ۔ (۲) کپڑوں کا تکمیلی عمل (جمع میں) ؛ برش سے صاف کرنے میں جمع ھو جانے والی چیز ۔

Brushing machine : (n) سن کو چکنا اور ھموار کرنے کی مشین ۔

Brushite : (n) [f. Prof. Brush , of Yale, U.S.] چونے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Brushless : (a) بغیر برش کا ؛ بغیر برش کے استعمال ھونے والا ۔

Brushman : (n) چھوٹی چھوٹی جھاڑیوں کو کاٹنے اور جلانے والا ۔

Brushy : (a) جھاڑیوں سے بھری ہوئی ۔

Brushy : (a) برش نما : گھنا : گچھا دار ۔

Brusque : (a) اکھڑ : منھ پھٹ : صاف گو : روکھا ۔

Brusque : (v) روکھے پن سے پیش آنا : اکھڑ پن سے پیش آنا ۔

To brusque it : روکھا پن کا انداز اختیار کرنا ۔

Brusquely : (adv) اکھڑپن سے ۔

Brusqueness : (n) اکھڑپن : اکھڑپنا ۔

Brusquerie : (n) [Fr.] اکھڑپن : روکھاپن ۔

Brussels : (n) بلجیم کا صدر مقام : بروسیلز ۔

Brussels carpet : (n) وہ قالین جس کے نیچے کا حصہ سوت سے اور اوپر کا حصہ رنگین اون سے بنا ہو ۔

Brussels lace : (n) تکیہ کا قیمتی جھالر جو بلجیم میں بنتا ہے۔

Brussels sprout : (n) کرم کلےکی ایک قسم ۔

Brussels treaty organisation : (تاریخ و سیاسیات) تنظیم معاہدہ بروسیلز (ویسٹرن یوروپین یونین) ۔

Brut : (n) [M.Welsh."brud"] اساطیری بروٹس سے لے کر عہد وسطی کی تاریخ ۔

Brut : (a) ایک قسم کی شمپین شراب جس میں 1.5 فی صد شکر ہوتی ہے ۔

Brutal : (a) [L. "brut-us"] (۱) ہوس پرست : وحشی : حیوان ۔ (۲) ناشائستہ : انگھڑ: اجڈ ۔ (۳) کٹّر : بے درد : قساوت القلب : ظالم : ظالمانہ : وحشیانہ ۔(٤) نا قبل انکار مگر تلخ : ناخوشگوار طریقے پر صحیح مگر چبھتا ہوا ۔

Brutalism : (n) وحشیانہ پن : قساوت : بے دردی : کٹّرپن ۔

Brutalitarian : (n&a) بےرحمی کا فعل اور اس کی وکالت کرنے والا (بہیمیت کا فعل اور اس کی وکالت کرنے والا) ۔

Brutality : (n) وحشیانہ پن : قساوت : بے دردی : کٹّرپن ' بہیمیت : سفّاکی ۔

Brutalization : (n) (۱) بے رحم یا کٹر بنانا ۔ (۲) کٹر یا بے رحم ہو جانا ۔ (۳) بے رحمی کا سلوک کرنا ۔

Brutalize : (v) (۱) بے رحم یا کٹر بنانا ۔ (۲) کٹر یا بے رحم ہو جانا ۔ (۳) بے رحمی کا سلوک کرنا ۔

Brutally : (adv) وحشیانہ پن سے : قساوت کے ساتھ : بے دردی سے : بے رحمی سے : ظالمانہ : بے رحمانہ ۔

Brute : (a) [L."brutus"] (۱) جانور : حیوان : حیوان مطلق : بہائم صفت ۔ (۲) کند ذہن : غبی : اجڈ ۔ (۳) ہوس پرست : شہوت پرست : ظالم ۔ (٤) حیوانی : بہیمی : وحشی ۔ (۵) بے حس : مادی : غیر عقلی : غیر شعوری : محض مادی : محض جسمانی ۔ (٦) ادنیٰ حیوانات ۔ (۷) نفس حیوانی انسانی فطرت کا حیوانی جز : وحشی صفت انسان ۔

Brute : (v) کسی ہیرے کو دوسرے ہیرے سے رگڑ کر شکل دینا ۔

Brutehood : (n) جانور پن : حیوانیت ۔

Brutely : (adv) وحشیانہ طور پر : بہیمانہ طور پر ۔

Bruteness : (n) وحشت : بہیمیت : حیوانیت ۔

Brutification : (n) حیوان وغیرہ بن جانا : حیوان بنانےکا فعل ۔

Brutify : (v) [L. "bruti- "] وحشی بنانا : حیوان بنانا : وحشی ہو جانا : حیوان ہو جانا ۔

Bruting : (n) [L. "brutage"] ہیرے کو درسرے ہیرے سے رگڑنے کا عمل ۔

Brutish : (a) (۱) بہیمی : حیوانی ۔ (۲) وحشیانہ : کٹّر : بے درد : بے حد ہوس پرست : بےحد شہوت پرست ۔ (۳) احمقانہ طور پر بے رحم ۔ (٤) (بجلی ، رعد کے لئے) گرنے والی ۔

Brutishly : (adv) حیوانی طور پر : ظالمانہ طور پر : بے دردی سے ۔

Brutishness : (n) حیوانیت : بہیمیت : وحشت ۔

Brutism : (n) حیوانی فعل یا حالت : بہیمانہ فعل یا حالت ' وحشت ۔

Brutum fulmen : (n) خالی دھمکی : (استعارتاً) خالی کارتوس ۔

Brutus : (n) (۱) نقلی بالوں کی وضع (انیسویں صدی میں) ۔ (۲) وہ سر جس کے بال نا ہموار طور پر کٹے ہوئے ہوں ۔

Bruxism : (n) [Gr."brychein"] غیر شعوری طور پر دانت کرکزانا (نیند یا تردد کی حالت میں) ۔

Bruxomania : (n) [Gr. "brychein" + MANIA] Bruxism دیکھو

Bryological : (a) سواری کے علم کے متعلق ' سواریات سے متعلق ۔

Bryologically : (adv) نم گیاہ شناسی کے طور پر ۔

Bryologist : (n) سوار کے انواع کا علم شناس ۔

Bryology : (n) [Gr. "bryon+logia"] نم گیاہ شناسی ' سوار کے انواع کا علم ' پانی میں سے اگنے والی گھاس ۔

Bryoma : (n) (۱) (بیل دار) پودوں کی قسم ۔ (۲) بیل دار پودوں کی عام قسم ۔

Bryonin : (n) برانیونیا کی جز کا تلخ بنیادی عنصر ۔

Bryony : (n) [Gr."bryonia"] Bryonia دیکھو

Black Bryony / Bastard Bryony : ایسے پودے جو Bryony سےمشابہ ہوں مگر اس نوع کے نہ ہوں ۔

Bryony vine : (n) برانیونیا کی لت یا بیل ۔

Bryozoa : (n) [Gr."bryon+zon"] صدف کی ادنا ذات ۔

Bryozoan : (a) صدف کی ادنا ذات کا یا اس سے متعلق ۔

Brython : (n) [Ocelt."Britton-"] ویلز (Wales) ، کارنوال (Cornwal) یاقدیم Cumbria کا برطانوی باشندہ ۔

Brythonic : مذکورہ بالا برطانوی باشندے سے متعلق ۔

ایک قسم کی لالٹین ۔

Bub : (n) [echoic] (۱) ایک قسم کی تیز شراب ۔ (۲) جو کی تیز شراب ۔

Bub : (n) (۱) Bubby کامخفف ۔ (۲) عورت کے پستان ۔ (۳) لڑکے : بھائی ۔

Bubal / -ale : (n) [L."bubalus"] بارہ سنگھے کی ایک قسم ۔

Bubble : (n) [See next] (۱) حباب : بلبلہ ۔ (۲) آبلہ جو شیشہ وغیرہ میں پڑجائے ۔ (۳) (مجازاً) خیالی پلاؤ : بےایمانی : سٹہ بازی ۔ (٤) کھد بد کھد بد (ابلنےکی آواز) یا ابلنے کی حالت : جوش ۔

A bubble of a sea : سمندر کا جوش ۔

Bubble : (v) [var. of BURBLE] (متروک) فریب دینا : لبھانا : کھد بدانا : بلبلے اٹھانا : کھد بد کرنا : خیالی پلاؤ پکانا ۔ (۱) غرغرانےکی آواز کے ساتھ بہنا یا ڈھالنا ' غرغرانے کی آواز نکالنا : جولانیء طبع اور جوش سے بولنا : حرکت میں آجانا : یک بیک دماغ میں آ جانا : ڈکار لینا ۔ (۲) (کیمیا) بلبلہ چھوڑنا : رقیق میں گیس گذارنا ۔

To bubble over : جوش میں آنا ۔

To bubble up : ابل پڑنا (جوش میں) ۔

Bubble and squeak : (n) ترکاری دار گوشت (کرم کلاّ اور گوشت ساتھ ملا کر پکایا ہوا) ۔

Bubble-bath : (n) خوشبو دار عرق یا دانہ جو پانی میں ڈالنے سے جھاگ بن جاتا ھے ۔

Bubble-canopy : (n) ہوائی جہاز کی نیم دائرہ نما شفاف چھتری ۔

Bubble-dance : (n) برھنہ یانیم برھنہ رقص جس میں رقاصہ غبارہ سےبدن کو چھپائے رھتی ھے ۔

Bubble-gum : (n) ایک قسم کا چوننگم ۔

Bubble level : (n) (تاریخ) پن سال ۔

Bubbler : (n) (۱) تازہ پانی کی ٹنکی ۔ (۲) پینے کے پانی کا چشمہ یا فوارہ ۔

Bubblet : (n) ننھا بلبلہ ۔

Bubbly : (a) بلبلہ دار : بلبلوں سے بھرا ھوا : بلبلہ نما ۔

Bubbly : (n) شیمپین ۔

Bubbly-jock : (n) نرپیلو : فیل مرغ ۔

Bubby : (n) بھائی : لڑکا ۔

Bubby : (n) عورت کی چھاتی : پستان ۔

Bubo : (n) [Gr."bubon"] بغل یا ران کی گلٹیوں کی سوجن : گلٹی ۔

Buboed : (a) الّو کی ایک قسم جس کے سر پر سینگ نما بال کے گچھے ھوتے ھیں ۔

Buboed : (a) گلٹیوں کی سوجن میں مبتلا ۔

Bubonic : (a) گلٹیوں کی سوجن کے ساتھ ساتھ ۔

Bubonocele : (n) [Gr."bubon + cele"] فتق : آنت کا نیچے اتر آنا ۔

Bucca : (n) [L.] (کیڑوں کا) سر سے لے کر منھ تک کا حصہ : رخسار ۔

Buccal : (a) [L."buccalis"] رخسار سے متعلق یا رخسار کا : اس حصے سے متعلق : (حیوانیات) بوقی ۔

Buccal cavity : (n) (لسانیات) دہنی جوف : (حیوانیات) بوقی کھفہ ۔

Buccan /Bucan / Boucan : (n) [F."boucan"] (۱) گوشت بھوننے کا لکڑی کا فریم ۔ (۲) لوھے کی سلاخ جس پر گوشت بھونتے ھیں ۔ (۳) بھنا ھوا گوشت ۔

Buccan : (v) لکڑی کے فریم پر گوشت کا بھوننا یا دھواں دینا ۔

Buccanee / -ier : (n) [F."boucanier"] (۱) بحری قزاق (ھسپانوی ساحل کے ڈاکو) ۔ (۲) لٹیرا ڈاکو ۔ (۳) بےایمان قسمت آزما (تجارت یا سیاست کا) ۔ (٤) گھرا سرخی مائل نارنجی رنگ ۔

Buccaneer : (v) (۱) گوشت کو لکڑی کے فریم پر بھوننا یا دھواں دینا ۔ (۲) قزاقی کا کام کرنا ۔

Buccaneerish : (a) قزاق صفت ۔

Buccina : (n) [L."buccina"] بگل : وہ ڈھول جس کی شکل انگریزی حرف C کی طرح ھوتی ھے ۔

Buccinal : (a) [L."buccina"] بگل کی شکل یا آواز کا ۔

Buccinator : (n) [L."buccinare"] رخساروں کےنرم عضلات ۔

Buccinator muscle : (n) (لسانیات) رخساری پٹھا ۔

Buccinatory : (a) بگل بجانے یا بگلچی کے متعلق ۔

Buccinoid : (a) گھونگے کی طرح ۔

Buccinum : (n) [L.] گھونگے کی ایک قسم ۔

Bucellas : (n) [Name of a village near Lisbon] ایک قسم کی پرتگالی شراب ۔

Bucentaur : (n) [Gr."bucentauros"] (۱)وہ سرکاری بجرا جس میں وینس کے فرماں روا نے رفع مسیح کے دن اپنی انگوٹھی بحر اڈرانٹیک کے اندر ڈال کر اس سے شادی کی ۔ (۲) بڑا جھاز ۔

Bucephalla : (n) [Gr."boukephate"] بطخ کی ایک قسم ۔

Bucephalus : (n) [Gr."Bus+kephale"] (۱) سکندر اعظم کے گھوڑے کا نام ۔ (۲) (مزاحاً) سواری کا گھوڑا ۔

Buchner funnel : (n) (کیمیا) بکنر قیف ۔

Buchu : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Buck : (n) [OE."buk"] (۱) (نر) چیتل : سانبھر : ھرن : کالا مرگ : خرگوش ۔ (۲) چھیلا : بانکا ۔ (۳) امریکی ھندوستانی : نیگرو : حبشی ۔ (٤) ھرن کی کھال ۔ (٥) (عامیانہ) ڈالر ۔ (٦) سھارا دینےوالا باریک فریم ۔

To blow the buck's horn : محنت رائگاں جانا ۔

Buck : (n) بام مچھلی پکڑنے کا جھابا ۔

Buck : (n) [OE."buc"] گاڑی کا دھڑ ۔

Buck : (n) [Du."zaag- boc"] وہ فریم جس پر لکڑی کاٹتے ھیں : آرے کا فریم ۔

Buck : (n) چھلانگ ۔

Buck : (n) یاد دہانی کے لئے کوئی نشان ۔

Buck : (v) (۱) کپڑے کو اجلا بنانے کے لئے اسکو سجی دار پانی میں ڈبونا یا جوش دینا ۔ (۲) تر کرنا ' بھگونا ۔

Buck : (v) نر خرگوش کا جفتی کرنا ۔

Buck : (v) کودنا : چھلانگ مارنا ۔

To buck off : (گھوڑے کا) اچک کر سوار کو پشت سے گرا دینا ۔

Buck : (v) کندے کو سہارے پر چڑھانا ۔

Buck : (v) ھتھوڑے سے خام دھات کو چور چور کرنا ۔

Buck (v) چاق و چوبند ھو جانا : جلدی کرنا ' بشاش ھوجانا (Buck up میں) ۔

Buck : (v) رکاوٹ کو دور کرنا ۔

Buck : (v) مقابلے میں ڈٹے رھنا ۔

Buck : (v) جھٹکوں کے ساتھ اور غیر مستقل طور پر آگے بڑھنا ۔

Buck : (v) اخلاقی رو سے یا دوسرے کے حقوق یا مفاد کا لحاظ کئے بغیر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔

Buck : (v) مقابلہ کرنا : بازی لگانا : جوکھوں میں پڑنا ۔

Buck : (v) کسی بھاری چیز کو ھٹانا ، لیجانا یا لادنا ۔

Buck : (v) (فٹ بال) حریف کے علاقے میں گھس جانا ۔

Buck : (v) باندھنا (سزا کے لئے) ۔

Buck : (v) ایک سے دوسرے کو چیز میں بڑھاتے جانا ۔

Buck : (a) [F. buck (man)] فوجی عھدوں میں کسی ایک درجہ میں سب سے کم درجہ ۔

Buck : (v) لانا : لیجانا ۔

Buck-a-roo : (n) = (Cow boy) گھوڑ سوار : گوالا ۔

Buck and wing : (n) ایک قسم کا رقص (Solo) : اکیلا رقص ۔

Buck basket : (n) کپڑا رکھنے کی ٹوکری ۔

Buck-bean : [Flemish"bocks-boonen"] bog دیکھو

Buck board : (n) ایک چار پہیے کی بگھی گاڑی ۔

Buck-shot : (n) بڑے جانوروں یا ھرن مارنے کا بڑا چھَرا (گولی) ۔

Buck-shot rule : (n) آئرستان کی حکومت کا سیاسی عرف نام کیونکہ وہ بھری رائفلوں کے ساتھ سپاھیوں کے ذریعہ قائم تھی ۔

Buck-stall : (n) ھرن پکڑنے کا جال ۔

Buck-stay : (n) (آتشدان کا) وہ شہتیر جس پر محراب کا بوجھ ھوتا ھے ۔

Buck-tail : Tammany سوسائٹی کے اراکین جو بعض مواقع پر اپنی ھیٹ میں ھرن کی دم لگاتے تھے ' مذکورہ سوسائٹی کا ایک رکن ۔

Buck thorn : (n) ایک قسم کی خاردار جھاڑی ۔

Buck-tooth : (n) بڑا دانت منھ سے نکلا ھوا ۔

Buck wagon : (n) جنوبی افریقہ میں بوجھ لے جانے والی گاڑی ۔

Buck wheat : (n) (۱) ایک قسم کا اناج جس کا بیج گھوڑوں ، مرغیوں اور مویشیوں کو کھلاتے ھیں : انگلستان اور شمالی امریکہ میں اس کو چور کرکے تکیہ بناتے ھیں ۔ (۲) اسی اناج کو چور کرکے دلیا بناتے ھیں : گندم سیاہ ۔

Bucker : (n) (۱) اچکنے والا گھوڑا : چھلانگ لگانے والا ۔ (۲) لکڑی چیر کر کندا بنانے والا ۔ (۳) بوجھ لے جانے والا ۔ (٤) کوئلے کی کان میں کوئلے کو گاڑی میں بھرنے والا ۔ (٥) فٹ بال کا وہ کھلاڑی جو حریف کے علاقہ میں گھسنے والا ھو ۔

Bucker : (n) خام دھاتوں کو چورنے والا ھتھوڑا ۔

Bucked shin : (n) عضلاتی تناؤ کی وجہ سے گھوڑے کے پاؤں کی سختی ۔

Buckeen : (n) [dim. of BUCK] آئرستان کے کمتر درجے کے شریف خاندان کا نوجوان جو دولتمند کی نقل کرتا ھے : غربت زدہ بانکا ۔

Buckeen : (n) امریکی هندوستانی عورت ۔

Bucket : (v) [OF."buket"] (۱) ڈول میں پانی اٹھانا ۔ (۲) ڈول سے پانی بہانا ۔ (۳) دھوکا دینا ۔ (٤) (کشتی رانی) تیزی سے کھینچنا ۔ (٥) گھوڑا سرپٹ دوڑانا : گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا ۔ (٦) ڈول میں پانی بھر بھر نکالنا ۔ (۷) تیزی سے کار چلانا ۔ (۸) بےایمانی سے دلالی کا کاروبار کرنا ۔ (۹) کسی مقصد کے بغیر مارے مارے پھرنا ۔ (۱۰) جھٹکےکےساتھ بے ڈھنگےپن سے چلنا ۔

Bucket : (n) وہ کڑی جس پر کوئی چیز لٹکائی جائے ۔

To kick the bucket : (عامیانہ) مرجانا ۔

Bucket : (n) (۱) بالٹی : ڈول ۔ (۲) دولاب کے پہیے کی ڈولچی ۔ (۳) پمپ کا فشارہ ۔ (٤) (سامان) منتقل کرنے والی مشین کا حامل ۔ (٥) چرمی تیلی یا خانہ (کوڑے ، نیزہ وغیرہ کے لئے) ۔ (٦) بڑی مقدار ۔ (۷) پرانا آہستہ چلنے والا جہاز ۔ (۸) (عامیانہ) جیل : قید خانہ ۔

Buck's horn plantain : (n) کیلے کا درخت جس کی پتیاں ہرن کے سینگ کےطرح ہوتی ہیں ۔

Buck's horn weld : (n) ایک درخت جس کی پتیاں ہرن کی سینگ کی طرح ہوتی ہیں ۔

Buckskin : (n) (۱) ہرن کی کھال ۔ (۲) ہرن کی کھال کا چمڑا : بھیڑ کی کھال کا چمڑا ۔ (۳) برچس یا دستانے (ہرن کے بنے ہوئے) ۔ (٤) موٹا بھاری اونی یا سوتی کپڑا ۔ (٥) ایک قسم کی پودوں اورپھلوں کی بیماری ۔ (٦) وہ لکڑی کا کندا جس کی چھال چھڑا لی گئی ہو ۔

Buckshee : (n) (ملٹری میں) فاضل رسد : انعام : صلہ ۔

Bucoliast : (n) [Gr."boukoliastes"] دیہاتی موضوعات کا شاعر ۔

Bucolic : (a) [Gr."bukolos"] (۱) گڈرئے یا گلہ بانوں سے متعلق یا ان کا : دھقانی : دیہی ۔ (۲) گنوار : دیہاتی : گاؤں کا ۔

Bucolic : (n) (۱) (جمع میں) دیہاتی زندگی کےمتعلق نظمیں ۔ (۲) دیہاتی موضوعات کا شاعر ۔ (۳) (مزاحاً)دیہاتی : دھقانی ' گنوار ۔

Bucolically : (adv) دیہاتی کی طرح سے ۔

Bucrane / Bucranium : (n) [Gr."bukranion"] (تعمیرات) بت تراشی میں بیل کی کھوپڑی کےنقش جو فیتے اور ہار سے مرصع ہوتے ہیں ۔

Bud : (n) [ME."budde","bodde"] (۱) کلی ' انکھوا ' کونپل ' غنچہ ۔ (۲) (حیوانات) کسی جاندار کے عضوسے دوسرے جاندار کی پیدائش (رحم میں) ۔ (۳) ایک سال کا بچھڑا ۔ (٤) ایک نوجوان لڑکی جو سماجی زندگی میں داخل ہو رہی ہو ۔ (٥) بچہ ' نوجوان ۔ (٦) غنچگی کی حالت میں ۔ (۷) کلی کے مانند : مانند غنچہ ۔

In bud : (پودوں کے بارے میں) کلی پھوٹتی ہوئی ۔

In the bud : ناپختگی کی حالت میں ۔

To nip or crush in the bud : ابتدا ھی میں دبا دینا (کسی منصوبہ وغیرہ کا) یا خاک میں ملا دینا ۔

Bud : (v) (۱) کلی نکلنا ۔ (۲) (Out کےساتھ) پھوٹنا ' نشو و نما پانا ۔ (۳) کلی کی طرح پیدا کرنا ۔ (٤) کسی جاندار کے عضو سے دوسرے جاندار کا پیدا ہونا ۔ (٥) کلیاں نکلوانا ۔ (٦) (باغبانی) قلم لگانا : ایک درخت کےانکر نکال کردوسرے درخت کی چھال میں لگانا ۔

Bud : (n) بھائی ' Buddy کا مخفف ۔

Bud-moth : (n) پروانےکی بعض قسم جس کے پھل روپ (Larval) ثمردار درختوں کے بور کو برباد کرتے ہیں ۔

Bud-rudiment : (n) رحم میں وہ خلیہ جس سے کلی پھوٹتی ہے ۔

Bud-time : (n) موسم بہار ۔

Budded : (a) غنچہ دار ۔

Budder : (n) پھوٹنے والا : قلم لگانے والا ۔

Buddha : [Skr."budh"] دیکھو Boodh

Buddha field : (n) تاریخی حدود سے ماورا وہ فردوسی مقام جو ایک بودھ کے ماتحت ہو ۔

Buddha hood : (n) نروان ۔

Buddhaship : (n) ایک بودھ عہدہ ۔

Buddhi : (n) وجدان : آگہی ۔

Buddhism : (n) بودھ مت ۔

Buddhist : (n) بودھ مت کا پیرو ' بودھ مت سے متعلق ۔

Buddhology : (n) مہاتما بودھ کی دینیات ۔

Budding : پھوٹتے ہوئے : ہونہار : (حیوانات) کلیار ۔

Buddle / Boodle : (n) گیندے کے پھول کی ایک قسم ۔

Buddle : (n) [Origin unknown] (کان کنی) ایک اتھلی ترچھی ناند جس میں خام دھات دھوئی جاتی ہے ۔

Buddle : (v) [Origin unknown] خام دھات کو اتھلی ترچھی ناند میں دھونا ۔

Buddleia : (n) [L. F. the name of Adam Buddle] ایک قسم کا پودا جس میں زرد یا نیلے پھولوں کے گچھے ہوتے ہیں ۔

Buddy : (a) (۱) غنچوں سے بھرا ہوا : کلی دار ۔ (۲) چھوٹا لڑکا ۔ (۳) ساتھی : رفیق خصوصاً ساتھی سپاہی ۔ (٤) قریبی دوست ۔ (٥) شخص : مردک ۔

Buddy : (v) دوستی کرلینا : دوست ہو جانا : دوست بنا لینا ۔

Buddy-buddy : (n) یار غار : رفیق دم ساز ۔

Buddy-system : (n) فوجی کاروائی یا خطرناک کھیلوں میں جوڑا جوڑا ہونا تا کہ ایک دوسرے کی محافظت اور مدد کی جائے ۔

Bude : (n) کارنوال (Cornwall) میں ایک جگہ کا نام ۔

Bude-burner : (n) ایک قسم کی گیس کا چولہا ۔

Bude-light : (n) انڈوں کے چھلکوں پر Oxy-hydrogen گیس ڈال کر نکالی گئی روشنی ۔

Budge : (n) [OF."bouchet"] ایک قسم کا رواں دار لباس جو بھیڑ کے چمڑے سے بنا ہو اور جس میں اون باہر ہو ۔

Budge : (a) اطوار میں سنجیدہ : پر تکلف ۔

Budge : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) نشّہ آور شراب ۔

Budge : (n) [Origin unknown] (عامیانہ) معمولی چور ۔

Budge : (v) [F."bouger"] (۱) ہٹنا : ہٹانا : ہلنا : ہلانا : سرکنا : سرکانا ۔ (۲) کسی کو نئے فیصلہ پر آمادہ کرنا ۔

Budge bachelor : (n) یوم لارڈ میئر (۹ نومبر) کے جلوس میں شامل ہونیوالی جماعت کا ایک رکن جس کے گون کے حاشیے میں رواں لگا رہتا ہے ۔

Budge-barrel : (n) پاؤڈر رکھنے کا ایک چھوٹا پیپا جس کا غلاف چرمی ہو اور جس کی لمبی گردن کو تھیلے کے منہ کی طرح کھینچ کر بند کیا جا سکے ۔

Budger : (n) ہلنے والا : ہلانے والا : ہٹنے والا : ہٹانے والا ۔

Budgeree : (a) [Native name in Australia] اچھا : عمدہ : خوبصورت ۔

Budgerigar : (n) [Native Austral.] آسٹریلیا کا چھوٹا توتا ۔

Budgerm : (n) کلی ۔

Budgerow : (n) بجرا ۔

Budget : (n) [F."bougette"] (۱) چرمی تھیلی : بٹوا : کیسہ : گٹھا : تھیلا : خریطہ ۔ (۲) چمڑے کی بوتل ۔ (۳) مقدار : انبار : ذخیرہ ۔ (٤) موازنہ : میزانیہ ۔ (٥) بجٹ ۔ (٦) بندوق کے کندوں کو رکھنے کا خانہ ۔ (۷) جریدے کا نام ۔ (۸) بند منہ سے نکالی ہوئی بے معنی آواز ۔

Abstract budget : (تجارت) بجٹ کا خلاصہ ۔

Balanced budget : (تجارت ، معاشیات و انتظامیہ) متوازن میزانیہ (بجٹ) ۔

Capital budget : (تجارت) اصل بجٹ ۔

Cash budget : (تجارت) نقد بجٹ ۔

Civil budget : (تجارت) شھری بجٹ ۔

Deficit budget : (معاشیات ، تجارت و انتظامیہ) گھاٹے کا بجٹ : خسارے کا میزانیہ : خسارےکا بجٹ ۔

Double budget : (تجارت) دوھرا بجٹ ۔

Emergency budget : (تجارت) اتفاقی اخراجات کا بجٹ : ھنگامی بجٹ ۔

Family budget : (معاشیات و تجارت) خاندانی بجٹ : گھریلو بجٹ ۔

Financial budget : (تجارت) مالیاتی بجٹ ۔

Fixed budget : (تجارت) قائم بجٹ : مقررہ بجٹ ۔

Flexible budget : (تجارت) لچکدار بجٹ ۔

Interim budget : (تجارت) عارضی بجٹ : عبوری بجٹ ۔

Multiple budget : (تجارت) مرکب بجٹ ۔

Opening budget : افتتاحی بجٹ ۔

Performance budget : (تجارت) تکمیلی بجٹ ۔

Reappropriation budget : (معاشیات ، تجارت) بجٹ کی تخصیص نو ۔

Revised budget : (انتظامیہ) نظر ثانی شدہ بجٹ : ترمیم شدہ بجٹ ۔

Sanctioned budget : (انتظامیہ) منظور شدہ بجٹ ۔

Supplementary budget : (تجارت و معاشیات) ضمنی بجٹ ۔

Surplus budget : (تجارت ، معاشیات و انتظامیہ) بچت میزانیہ : بچت کا بجٹ ۔

Unbalanced budget : (تجارت) غیر متوازن بجٹ ۔

Budget : (v) بجٹ میں گنجائش نکالنا ۔

Budget allocation : (n) میزانی تخصیص ۔

Budget allotment : (n) میزانی تفویض ۔

Budget bar : (n) لکڑی کا وہ شھتیر جس پر گاڑی میں مال رکھنے کا حصہ ٹکا رھتا ھے ۔

Budget estimate : (n) (تجارت ، انتظامیہ) بجٹ کا تخمینہ ' میزانی تخمینہ ۔

Budget grant : (n) میزانی منظوری : (تجارت) بجٹ گرانٹ ۔

Budget guts : (n) بڑی آنت کا پہلا حصہ جس کے ایک ھی طرف سوراخ ھو ۔

Budget heads : (n) مدات میزانیہ ۔

Budget line : (n) (تجارت) بجٹ لائن ۔

Budget note : (n) توضیح میزانیہ ۔

Budget provision : (n) (تجارت و انتظامیہ) گنجائش میزانیہ : گنجائش بجٹ ۔

Budget statement : (n) میزانی تختے ۔

Budgetary : (a) بجٹ سے متعلق ۔

Budgetary control : (n) بجٹ سے متعلق کنٹرول : اختیار : (تجارت) کنٹرول بذریعہ بجٹ ۔

Budgetary powers : (n) بجٹ سے متعلق اختیارات : (تاریخ و سیاسیات) اختیارات میزانیہ : اختیارات بجٹ ۔

Budgeteer : (n) بجٹ بنانےوالا : سامان جمع کرنے والا ۔

Budgeter : (n) تھیلا ڈھونے والا ' تھیلا استعمال کرنے والا : گشت لگانے والا کھلاڑی ۔

Budlet : (n) ننھی کلی ۔

Budmash : (n) بدمعاش ۔

Budong monkey : (n) [Native name in Ceylon] بیگنی رنگ کے چھرے والا لنگور ۔

Buff : (n) [F."buffe"] ضرب ' چپت ' تھپڑ ۔

To stand buff : ثابت قدم رهنا ۔

Buff : (v) مارنا ۔

Buff : (a) (۱) پیلےرنگ کا : پیلا ۔ (۲) بھینس کے چمڑے کا : بھینس کے چمڑے کےمانند ۔

Buff : (a) ثابت قدمی سے : مضبوطی سے ۔

Buff : (n) [Origin unknown] احمقانه گفتگو ' مهمل ۔

Buff : [back-formation F."buffer"] ٹکر روک کا کام کرنا ۔

Buff : (n) [F."buffle"] (۱) پوست ' چمڑا : بھینس کا چمڑا ۔ (۲) فوجی کوٹ (چمڑے کا بنا هوا) ۔ (۳) انسانی جلد ۔ (٤) پیلا رنگ ۔ (٥) (مرضیات) بخار کے مریض کے نکالے هوئے خون پر لیس دار ته ۔ (٦) صیقل کرنے کے اوزار جن پر چمڑا چڑھارهتا هے : چمکانے کی کوئی چیز یا پالش کرنے کی کوئی چیز ۔ (۷) مشرقی کینٹ کی پلٹن ۔ (۸) جوشیلا : سرگرم ' پرستار ۔

Blue and buff : انگلستان کی سیاسی جماعت Whigs کا امتیازی نشان ۔

In buff : عریاں ۔

The buffs : مشرقی کینٹ کی پلٹن ۔

Buff : (v) [prob. echoic] (۱) هکلانا : هنس پڑنا : قہقهه لگانا ۔ (۲) پھاڑ دینا ۔ (۳) دھب دھب کرنا ۔ (٤) کسی نرم پھولی هوئی چیز پر ضرب لگانا ۔

Buff : (v) (۱) چمڑے کو کما کر نرم کرنا ۔ (۲) چمڑے سے دھات پر صیقل کرنا : پالش کرنا ۔

Buff : (v) زرد رنگنا ۔

Buff ability : (n) پالش کئے جانے کی صلاحیت ۔

Buff-bare : (a) عریاں : بالکل ننگا ۔

Buff-coat / Buffcoat : (n) (۱) بھینس کے چمڑے کا کوٹ خاص کر چھوٹی آستین والا کوٹ ' فوجی کوٹ جو سترھویں صدی میں دفاع کے لئے پہنتے تھے ۔ (۲) اسطرح کا کوٹ پہننے والا : سپاهی ۔ (۳) بخار کے مریض کے نکالے هوئے خون کی لیس دار ته ۔

Buff jerkin : (n) سپاهی کی پوستین ۔

Buff sheet : (n) بف شیٹ ۔

Buff-slip : (n) (اثریات ، تاریخ) بھورا بنن ۔

Buff stick and wheel : صیقل کرنے کا اوزار جس پر چمڑا چڑھا هوتا هے ۔

Buff-tip : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Buff ware : (n) (اثریات ، تاریخ) بھورے برتن ۔

Buffa : (n) [It. Fem. of"buffo"] اوپیرا میں مضحک کردار ادا کرنے والی مغنیه ۔

Buffalo : (n) [Gr."boubalos"] (۱) بھینس ' بھینسا ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) امریکی ارنا بھینسا کے چمڑے کا نیا لباده ۔ (٤) بھینس کے سینگ کا مخفف نام ۔ (٥) ایک بڑی مسلح جل بھومی فوجی گاڑی ۔ (٦) رقص کا ایک طرز ۔

Buffalo : (v) دھوکا دینا : حیرت میں ڈالنا : مرعوب کرنا ۔

Buffalo-bag : (n) روئیں دار بھینس کے چمڑے کا لباده ۔

Buffalo berry : (n) (۱) ایک قسم کی سفید پتیوں والی جھاڑی ۔ (۲) اس جھاڑی کا سرخ پھل جو کھایا جاتا هے ۔

Buffalo bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو بھینسوں کے جھنڈ کےساتھ ساتھ رهتی هے ۔

Buffalo chips : (n) اپلا : گونٹھا ۔

Buffalo cloth : (n) ایک قسم کا اونی کپڑا جس میں بڑے بڑے روئیں نکلتے هیں ۔

Buffalo clover : (n) ایک قسم کی پتیتا گھاس ۔

Buffalo dance : (n) امریکی بھینس کا ایک رقص (بھینس کی نقل میں برائے شفا یا شکار میں کامیابی کےلئے) ۔

Buffalo fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Buffalo grass : (n) ایک قسم کی چھوٹی گھاس ۔

Buffalo gun : (n) بڑے قطر والی رائفل جس سے بھینس کا شکار کیا جاتا ہے ۔

Buffalo nut : (n) شمالی امریکہ کی ایک جھاڑی اور اس کا پھل ۔

Buffalo robe : (n) دیکھو Buffalo Bag

Buffalo wolf : (n) مرکزی اور مغربی امریکہ کا بھورا بھیڑیا ۔

Buffed : (a) (۱) بھینس کے چمڑے کا لباس پہنے ہوئے ۔ (۲) روئیں دار بھینس کے چمڑے کا لبادہ پہنےہوئے۔ (۳) چکنا اور پالش کیا ہوا ۔

Buffer : (n) (۱) ٹکر روک ۔ (۲) تجارت میں قیمت کے تغیرات سے بچاؤ کی ترکیب ۔ (۳) دو چیزوں کو علاحدہ کرنے والی کوئی چیز ۔ (٤) (کیمیا) وہ مرکب جس کا محلول تیزاب اور اساس کو بے اثر کرتا ہے ۔

Buffer : (n) (۱) کسی چیز کو چمکانے والا / صیقل کرنے والا ۔ (۲) صیقل کرنے والا اوزار جس پر چمڑا چڑھا رہتا ہے ۔ (۳) تصویر کی پلیٹ پر پالش کرنے کی ایک مشین ۔

Buffer : (v) ٹکر کے اثر کو کم کردینا ۔

Buffer : (a) (۱) کتا ۔ (۲) نکما : ناکارہ شخص : مردک ۔ (۳) پستول ۔

Buffer solution : (n) (کیمیا) بفر محلول ۔

Buffer state : (n) فاصل ریاست یا مملکت : ٹکر روک ریاست : وہ غیر جانب دار ریاست یا مملکت جو دو مملکتوں یا ریاستوں کے درمیان ہوتی ہے اور دونوں کے درمیان دشمنی یا ٹکر کو کم کرنے کا کام انجام دیتی ہے : (کیمیا) بفر حالت ۔

Buffer stock : (n) ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی جو کم قیمت پر خریدی گئی ہوں تاکہ انہیں قیمت بڑھنے پر بیچاجائے تا کہ نرخ بڑھنے سے رک جائے : (تجارت) بفر اسٹاک : حفاظتی ذخیرہ ۔

Buffered : (a) (کیمیا) بفرایا ۔

Buffering : (n) (کیمیا) بفرانا

Buffet : (n) [OF. dim.of "buffe"] (۱) مکا : گھونسا : تھپڑ ۔ (۲) مار (تقدیر کی) ۔ (۳) تھپیڑا (موجوں کا) (٤) جہاز کا اس کی مقررہ رفتار سےتیز تر چلانے پر تھرتھرانا ۔

Buffet : (n) [F.] (۱) نیچی تپائی ۔ (۲) گدا جس پر کھڑے ہوتے وقت گھٹنے ٹیکتے ہیں ۔

Buffet : (n) [F.] (۱) برتنوں کی الماری ۔ (۲) ریستوران (تناول خانے میں وہ جگہ جہاں شراب، کھانا وغیرہ دیا جاتا ہے) ۔

Buffet : (v) (۱) مکا مارنا ' تھپڑ مارنا ۔ (۲) مقابلہ کرنا ' ھاتھ پیر مارنا (موجوں میں) ۔ (۳) گھونسا مار کر نکالنا ۔ (٤) (گھنٹےکی) کپڑا مونڈھ کر آواز دبا دینا۔

Buffle head : (n) (۱) احمق : بیوقوف ' کوڑھ مغز ' کند ذھن ۔ (۲) شمالی امریکہ کی ایک چھوٹی غوطہ مارنے والی مرغابی ۔

Buffle-headed : (a) احمق : بیوقوف ' کوڑھ مغز ۔

Buffle-horn : ایک قسم کا چھوٹا افریقی درخت (جس کی لکڑی بہت سخت اور پھول سرخ ہوتے ہیں) ۔

Buffo : (n) مسخرا : ھنسانے والا ایکٹر (اوپیرا میں) ۔

Buffoon : (n) [It. "buffo"] (۱) پیشہ ور دل لگی باز : مسخرا ۔ (۲) بیوقوف اور کم پڑھا ہوا آدمی جو مسخرگی کرتا ہے ' کم پڑھا ہوا : بیوقوف مسخرا ۔

Buffoon : (v) [It. "buffone"] مسخرا پن کرنا : دل لگی کرنا : تمسخر کرنا ۔

Buffoonery : (n) مسخراپن : دل لگی باز ۔

Buffoonish : (a) تمسخر آمیز ۔

Buffoonize : (v) مسخرگی کرنا ۔

Buffy : (a) (۱) زرد ۔ (۲) لسیلی تہ والا (خون) ۔ (۳) مدھوش (عامیانہ) ۔

Buffy-coat : (n) بخار کے مریض کے نکالے ہوئے خون کی لسیلی تہ ۔

Bufo : (n) [F.] مینڈک کی ایک قسم : ٹوڈ کی ایک قسم ۔

Bufonite : (n) | L."bufo"| (۱) ایک متحجر مچھلی کے دانت اور منہ کی ھڈیاں ۔ (۲) ایک قسم کا پتھر جو اکثر قیمتی ھوتا ھے ۔

Bug : (n) | L."bugge"| (۱) بھوت : جن : سایہ : ھوّا ۔ (۲) مغرور اور خود پندار شخص ۔ (۳) غیر متوقع شکست یا خرابی یا کمی ۔ (٤) بیماری کے جراثیم : ایسے جراثیم سے پیدا ھونے والی بیماری ۔ (٥) خبط : مشغل : مشغلہ : سرگرمی : گھری دلچسپی ۔ (٦) وہ شخص جو کسی معاملے میں ماھر یا فعال ھو ۔ (۷) خبط آدمی ۔ (۸) پوکر کے کھیل میں جوکر پتہ ۔ (۹) خطرے کی گھنٹی ۔ (۱۰) ایک مخفی مائیکروفون ۔ (۱۱) برقی رو کا رخ بدل دینا (پیغام وغیرہ کو سننے کے لئے) ۔ (۱۲) جوکی کو دی جانے والی پانچ پونڈ کی رعایت (گھوڑ دوڑ میں) ۔ (۱۳) ھلکی دو نشست والی موٹرگاڑی ۔ (۱٤) مچھلی پکڑنے کا مصنوعی چارا جو لمبے کیڑے کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Big bug : اھم اور با اثر شخصیت ۔

Bug : (n) | Etym. unknown| (۱) کھٹمل : جوئیں : جوں ۔ (۲) چھوٹے کیڑے ۔

Bug bane / wort : (n) وہ پودے جن سے کھٹمل بھگائے جاتے ھیں ۔

Bug bear : (n) (۱) ھوّا : بھوت : جوجو ۔ (۲) خوف اورنفرت کی چیز ۔ (۳) مسئلہ جو مسلسل تکلیف دہ اور پریشان کن ھو ۔ (٤) فرضی خوف ۔

Bug-boy : (n) شاگرد پیشہ جوکی ۔

Bug-dust : (n) مھین کوئلہ ۔

Bug-eye : (n) ایک چھوٹا دو مستولی جھاز ۔

Bug-eyed : (a) دیدہ پھاڑے ھوئے (حیرت میں) ۔

Bug-house : (n) پاگل خانہ ۔

Bug-house : (a) پاگل ۔

Bug hunter : (n) (عامیانہ) ماھر حشریات ۔

Bug-juice : (n) ادنا قسم کی وھسکی یا تیز شراب ۔

Bugaboo : (n) (۱) ھوّا : بیچا : جوجو ۔ (۲) تردد کی بات ۔

Bugaku : (n) | Jap.| جاپان کا ایک کلاسیکی رقص ۔

Bugala : (n) | Arab."buglaq"| بغلق : ایک بڑی کشتی جو زیادہ تر بحر احمر میں استعمال ھوتی ھے ۔

Bugger : (n) | L."Bulgarul"| (۱) اغلام باز : مغلم ۔ (۲) کافر : مرتد ۔ (۳) گالی گلوچ میں شیطان : بدمعاش وغیرہ ۔ (٤) (پیار سے بچوں کے لئے) بدمعاش : شریف : مردک : شخص ۔

Bugger : (v) (۱) اغلام بازی کرنا ۔ (۲) لعنت بھیجنا ۔ (۳) تھک جانا ۔ (٤) چلا جانا : رخصت ھوجانا ۔

Bugger up : (v) پراگندہ کرنا ۔

Buggery : (n) اغلام : خلاف وضع فطری حرکت ۔

Buggy : (n) | Of unknown origin| (۱) بگھی ۔ (۲) ٹرین کے آخر کا ایک ڈبہ جو ریلوے ملازمین کے کام کے لئے رھتا ھے ۔ (۳) کوئی گاڑی (کسی قسم کی) ۔

Buggy : (a) (۱) کھٹملوں سے بھرا ھوا ۔ (۲) کھٹملوں سے متعلق ۔ (۳) (عامیانہ) بیوقوف : خبط : پاگل : شاندار ۔

Buggy boat : (n) وہ کشتی جس میں پہیا لگا کر زمین پر چلایا جا سکے ۔

Buggy-cultivator / Plough : (n) وہ ھل جس میں ھلواھے کے بیٹھنے کی جگہ ھو ۔

Buggy-man : (n) ٹھیلے پر اسباب ڈھونے والا ۔

Bugle : (n) | L."buculus"| (۱) بگل : قرنہ (فوجی) ۔ (۲) سانڈ ۔

Bugle : (n) | Etym. unknown| نلکی کی شکل کے شیشے کے دانے جو کپڑوں پر آرائش کے لئے ٹانکے جاتے ھیں ۔

Bugle : (n) | late L."bugula"| پودوں کی ایک قسم ۔

Bugle : (v) (۱) بگل بجانا ۔ (۲) بگل کی طرح آواز نکالنا ۔ (۳) بگل کے ذریعہ بلانا ۔ (٤) (بیل ، ھرن وغیرہ کی خصوصیت) لمبی چیخ جو بگل کی آوازسے مشابہ ھوتی ھے اور ھرن کی مستی کے وقت کی پکار ۔

Bugle : (a) کتے کی تیز گہری مترنم آواز ۔

Bugle : (a) (۱) شیشے کے لمبے دانے کی طرح ۔ (۲) شیشے کے لمبے دانے لگا ہوا یا ان سے آراستہ ۔

Bugle-blast : (n) بگل کی آواز ۔

Bugle-call : (n) بگل کے ذریعہ بلاوا ۔

Bugle clang : (n) بگل کی جھنکار ۔

Bugle-horn : (n) سنکھا ۔

Bugle-man : (n) بگلچی ۔

Bugler : (n) بگل بجانےوالا ۔

Buglet : (n) چھوٹا بگل ۔

Bugleweed : (n) ایک امریکی پودا جو خون تھوکنے کے علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Bugloss : (n) [Gr."buglossos"] ایک قسم کا پھولدار پودا : لسان الثور ۔

Bugloss cowslip : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Bugologist : (n) ماہر علم الحشرات ۔

Bugology : (n) علم الحشرات ۔

Bugolout / Bug-out : (v) دشمن کے سامنے سے غیر منظم طریقے سے بھاگنا ۔

Bugout / Bug-out : (n) فوج سے فرار : پسپائی ۔

Bugs : (a) خبطی ۔

Buhl / Boule : (n) [F."Boule"] کچھوے کی ہڈی یا بیل کے تراشے ہوئے بیل بوٹے : بیل بوٹے جو لکڑی میں جڑے جائیں ۔

Buhr : (n) دیکھو Buhr - stone

Buhr-stone : (n) [alter. of"burrstone"] (۱) ایک قسم کا پتھر جو چکی بنانے کے کام آتا ہے ۔ (۲) اس پتھر کی بنی ہوئی چکی ۔

Build : (v) [ME."bulden","bylden"] (۱) بنانا : تعمیر کرنا ۔ (۲) گھر یا گھونسلہ بنانا : اینٹیں وغیرہ چننا ۔ (۳) بنیاد رکھنا : قائم کرنا ۔ (٤) بھروسہ کرنا : اعتماد رکھنا : بحث ترتیب دینا ۔ (٥) بنوانا ۔ (٦) ایک منظم خاکے کے مطابق تعمیر کرنا یا شکل دینا ۔ (۷) شکل دینا : تخلیق کرنا ۔ (۸) خلقی رجحان دینا ۔ (۹) روشن کرنا (آگ) ۔ (۱۰) سینا (کپڑا) ۔ (۱۱) غذا تیار کرنا ۔ (۱۲) سگریٹ لپیٹنا ۔ (۱۳) (ادبی یا فنی) تخلیق کرنا ۔ (۱٤) بڑھانا : درجہ بلند کرنا ۔ (۱٥) حروف کو جوڑ کر لفظ بنانا ۔ (لفظ سازی کے کھیل میں) ۔ (۱٦) (صابن سازی) صابن کے اجزا میں اضافہ کرنا ۔ (۱۷) انتہا کی طرف ، عروج کی طرف بڑھنا ۔

To build a fire : جلاون اکٹھا کر کے آگ لگانا ۔

To build a nest : آشیانہ بنانا ۔

To build a railroad : ریلوے لائن بچھانا ۔

To build in : عمارات سے گھیر لینا ۔

To build up : (۱) عمارات سے بھر دینا : کسی تعمیر کے ذریعہ راستہ مسدود کردینا (۲) بڑھانا : اضافہ کرنا : ترقی دینا ۔ (۳) اہمیت بڑھانا : شہرت دینا ۔ (٤) برقی رو یا قوت کو بڑھا دینا ۔ (٥) دلچسپی پیدا کرنا یا بڑھانا - (٦) افادہء روحانی کرنا ۔

Build : (n) (۱) کاٹھی (انسان کی) : وضع : بناوٹ : ساخت ۔ (۲) تاش کے کارڈ کو جمع کرنا ۔ (۳) تعمیر میں عمودی جوڑ ۔ (٤) بڑھتی ہوئی شدت کی حالت : عروج کی طرف بتدریج ترقی ۔

Builder : (n) (۱) تعمیر کا ٹھیکہ دار : بنانے والا ۔ (۲) معمار : تعمیر کرنے والا : صدر معمار۔ (۳) صابن کے اجزاء میں وہ اضافہ جو اس کی صفائی کی قوت کو بڑھائے ۔ (٤) (Back Gammon کے کھیل میں) وہ مہرہ جو بغیر کسی نقصان کے بڑھایا جا سکے۔ (٥) بنانے والا یا جوڑنے والا مزدور ۔

Builder's risk insurance : (n) (تجارت) عمارتی ٹھیکے داری جوکھم بیمہ ۔

Building : (n) (۱) عمارت : مکان : مکان کا حصہ ۔ (۲) تعمیر ۔

Building bulk indent : (انتظامیہ) بلڈنگ بلک انڈنٹ ، تعمیراتی تھوک مطلوبہ ۔

Building division : (n) (انتظامیہ) شعبہ ، تعمیرات ۔

Building drain : (n) مکان کی نالی ۔

Building inspection : (n) (انتظامیہ) تعمیراتی معائنہ ۔

Building lease : (n) وہ معاہدہ جس کی رو سے پٹہ دار کو تعمیر مکان کی اجازت دی جائے ۔

Building lot : (n) پیمائش کی ہوئی اور گھیری ہوئی قطعہ زمین جو تعمیر کے لئے مخصوص کردی جائے ۔

Building sacrifice : (n) (سماجیات) قربانی برائے تعمیر ۔

Building society : (n) تعمیر مکانات کے لئے قرض دینے والی انجمن ۔

Building superintendent : (n) مکان کا نگراں جو اس کی صفائی اور نگرانی کا ذمہ دار ہو ۔

Building trade : (n) تعمیراتی لوازمات کا پیشہ ۔

Building term : (n) تعمیر مکان کے اجارے کی مدت ۔

Built : (a) تعمیر کیا ہوا : بنایا ہوا ۔

Built-in : (a) کسی ساخت کا لازمی حصہ ۔

Built-in department : (n) (تجارت) خود ساختہ محکمہ ۔

Built-in insurance : (n) (تجارت) مضمر انشورنس ۔

Built in stabiliser : (n) (معاشیات) خود بخود کام کرنے والے آلات ۔

Built-in storage bin : (تاریخ) خود ساز گودام ۔

Buirdly : (a) بڑا اور خوش ساخت : توانا : شاندار : دراز : تنومند : ہٹا کٹا : تگڑا ۔

Bukranium : (n) (تاریخ) گو مکھ ۔

Bukshi / Bukshee : (n) [Per."bakshi"] بخشی : تنخواہ بانٹنے والا ۔

Bulb : (n) [Gr."bolbos"] (۱) گنٹھی (پیاز وغیرہ کی) : گولہ : بصلہ : گانٹھ : قند : کسی عضو کی پھولی ہوئی جڑ ۔
(۲) شیشے کی نلی کا پھولا ہوا حصہ : جوفہ ۔
(۳) (برقی روشنی کا) قمقمہ : بلب ۔
(٤) گنٹھی دار پودا یا گنٹھی سے پیدا ہونے والا پودا ۔ (٥) بصل النخاع : مغز کا سب سے پچھلا حصہ ۔
(٦) گھوڑے کی کھر کا بالائی حصہ ۔
(۷) فوٹو کیمرہ کی ایک ترتیب جس سے مختصر وقت میں تصویر لی جا سکے ۔

Bulb : (v) (۱) جڑ کا پیازہ کی طرح ہو جانا : گنٹھی پیدا کرنا ۔ (۲) گانٹھ یا گنٹھی بننا : پھولنا (گنٹھی کی شکل میں) ۔

Bulb of purcussion (on a flake) : (ماقبل تاریخ) دباؤ سے پیدا کردہ (پرت پر) ۔

Bulbaceous : (a) گنٹھی سے پیدا ہونے والا ۔

Bulbar : (a) گنٹھی سے متعلق یا گنٹھی کا خصوصاً نخاع کے گنٹھی سے متعلق ۔

Bulbar surface : (n) (تاریخ و اثریات) کروی سطح ۔

Bulbed : (a) گنٹھی دار یا پیازہ دار : بصلہ دار : پیاز کی شکل کا ۔

Bulbiferous : (a) گنٹھی دار : پیازہ دار : گنٹھی پیدا کرنے والا ۔

Bulbiform : (a) پیازہ نما : بصلہ نما ۔

Bulbil : (n) [mod. L."bulbillus"] (۱) ایک گنٹھی کے بغل میں ایک چھوٹی ننی گنٹھی ۔
(۲) وہ چھوٹی ٹھوس اور چھلکےدار کلی جو تنے سے علاحدہ ہو کر خود ایک مستقل پودے کی شکل میں بڑھتی ہے ۔
(۳) ان چند خلیہ دار گچھوں میں سے کوئی جو بعض قسم کے سماروغ کثیر تعداد میں پیدا کرتے ہیں ۔

Bulbo : جزو ترکیبی ۔

Bulbous / Bulbose / Bulbaceous : (a) [L."bulbus"] متورّم ۔

Bulbul : (n) [Arab."bulbul"] (۱) بلبل ۔
(۲) مغنی : گلوکار : گویّا ۔
(۳) شاعر شیریت نوا : شیریت نوا گویّا ۔

Bulbule : (n) [L."bulbulus"] چھوٹی گنٹھی : چھوٹا پیاز ۔

Bulge : (n) [L."bulga"] (۱) ابھار : ناہموار ابھار ۔ (۲) پیپے (شراب کے) کا پھولا ہوا درمیانی حصہ : جہاز کی تہ کا افقی حصہ ۔ (۳) حاملہ عورت کا پیٹ : توند : برآمدگی ۔ (٤) پھولا یا باہر نکلا ہوا حصہ : (الف) دباؤ سے نکلا ہوا کسی چیز کا خمدار حصہ ۔ (ب) زمین کا وہ حصہ جو سرحدی خط سے باہر نکلا ہوا ہو ۔ (ج) فوج کے عام خط محاذ سے آگے بڑھا ہوا دستہ ۔ (٥) بالا دستی : فوقیت ۔ (٦) ابھارکامیلان ۔

To get the bulgeon : بالا دستی حاصل کرنا ۔

Bulge : (v) (۱) ابھاربنانا : ابھرا ہوا بنانا : برآمدگی بنانا : ابھار پیدا کرنا ۔ (۲) ابھرنا : بےڈول ابھرنا ۔ (۳) پھلنا : پھولنا۔ (٤) لبالب ہو جانا : لبریز ہو جانا ۔

Bulge of stricture : (لسانیات) سکڑن کی سلوٹ ۔

Bulger : (n) گولف کا بلہ جو محدب ہوتا ہے ۔

Bulginess : (n) ابھار پن : ابھار ۔

Bulging bottom : (n) (تاریخ) ابھری پیندی ۔

Bulgy : (a) ابھرا ہوا : پھولا ہوا ۔

Bulimia : (n) جوع البقر : کھانے کا ہوکا : کھانے کی حرص : پیٹو : ہوکا ۔

Bulimic : (a) جوع البقر والا : ہوکا رکھنے والا ۔

Bulimiform : (a) شکم پرور نما ۔

Bulimious : (a) جوع البقر والا : حریص : پیٹو ۔

Bulimus : (n) [Gr."bulimos"] زمینی شکم پرور جانوروں کی ایک ذات ۔

Bulimy : (n) [Gr."bulimia"] جوع البقر : ہوکا : کھانے کا ہوکا ۔

Bulk : (n) [ON."bulki"] (۱) جسامت : مقدار : بڑی مقدار : ضخامت : تودہ : تھوک ۔ (۲) جہاز کا بار : کثیر تعداد : حجم ۔ (۳) بھاری جسم ۔ (٤) زیادہ تر حصہ : (کسی چیز کا) اصلی حصہ ۔ (٥) تناؤ : (انسانی یا حیوانی) دھڑ ۔

In bulk : کھلا مال : ڈھیر ۔

To break bulk : مال اتارنا شروع کرنا ۔

To load in bulk : غلے کو جہاز پر ویسے ہی لاد دینا ۔

To sell in bulk : (مال) بھرا جہاز بیچ دینا جہاز میں بھرا ہوا مال بیچ دینا۔

Bulk : (n) [ON."balk-r"] کسی عمارت سے باہر نکلا ہوا ڈھانچہ (دکان یا سائبان کی طرح) : چھوٹی دکان : (طبیعیات) حجم : آتن ۔

Bulk : (n) (۱) بڑا نظر آنا : پھلا دینا : بھر دینا ۔ (۲) ڈھیر لگانا ۔ (۳) ضخیم ہونا : جسیم ہونا : تنو مند ہونا ۔ (٤) مقدار کا اندازہ لگانا ۔ (٥) پیمائش میں یا اندازہ میں یا تخمینہ میں ہونا ۔ (٦) پھولنا ' وسیع ہونا : وسعت میں بڑھنا : پھیلنا ۔ (۷) تودہ بن جانا ۔

Bulk : (a) (۱) ڈھیر سا : تھوک ۔ (۲) تھوک مال کا کاروبار کرنے والا ۔

Bulk elasticity : (n) (طبیعیات) حجم الاسٹک پن ۔

Bulk freight : (n) (تجارت) کثیر المقدار شرح محصول ۔

Bulk head : (n) کھلی دکان ' خانہ : ڈبہ : جہاز کے کمروں کی درمیانی دیوار : پتھر یا لکڑی یا کنکریٹ کی دیوار جو پانی ، آگ یا گیس سے محافظت کرے : بڑا کمرہ : دکان کی چھت : برآمدہ دکان : باہر نکلا ہوا ڈھانچہ جس کےتہ خانے کی سیڑھیوں میں داخل ہونے کے واسطے ڈھالو دروازہ ہو ۔

Bulk head : (v) دیواروں کے ذریعہ الگ الگ کرنا ۔

Bulk headed : (a) وہ جہاز جس میں فاضل دیواریں ہوں ۔

Bulk modulus : (n) حجم موڈولس : حجم معیار ۔

Bulk modulus of elasticity : (طبیعیات) حجم (الاسٹکی) موڈولس۔

Bulk not equal to sample : مال نمونے کے مطابق نہیں ۔

Bulk purchase : (n) اکٹھی خرید ۔

Bulk sale : (n) (تجارت) کثیر المقدار فروخت ۔

Bulk sampling : (n) (شماریات) انتخاب نمونہ از انبار ۔

Bulk strain : (n) (طبیعیات) حجمی بگاڑ ۔

Bulked : (a) پھولا ہوا ؛ پھیلا ہوا ۔

Bulker : (n) تھوک مال کا اندازہ لگانے والا ۔

Bulkily : (adv) بےڈھنگے پن سے ؛ جسیم ہو کر ۔

Bulkiness : (n) ضخامت ؛ جسامت ؛ تنومندی ؛ فربہ اندامی ۔

Bulky : (a) فربہ اندام ؛ جسیم ؛ بڑی جسامت کا ؛ جثہ دار ؛ پُرجثہ ؛ تنومند ؛ لحیم ؛ تند دار ؛ ضخیم ؛ بے ڈھنگا ؛ حد سے زیادہ جو سنبھالا نہ جا سکے ؛ (انفجاری مادے کے متعلق) جو تباہ کن طاقت کے تناسب سے زیادہ مقدار میں ہو ؛ وزن کے حساب سے زیادہ جسامت رکھنے والا ۔

Bulky colour : (n) کوئی جزوی یا کلی شفاف رنگ جو ابعاد ثلاثہ میں خلا کو پُر کرے ۔

Bull : (n) [ON."bole","boli"] (۱) بیل ؛ نر گاؤ ؛ سانڈ ؛ نر وھیل یا ھاتھی وغیرہ ۔ (۲) برج ثور ۔ (۳) (اسٹاک اکسچینج) وہ شخص جو حصوں کو گراں ہونے کی توقع میں پہلے سے خرید کر دام بڑھائے ۔ (٤) متفائل یا رجائی شخص (خصوصاً کاروبار میں) ۔ (٥) نر ۔ (٦) بیل کے مانند ؛ ایک بڑا طاقت ور مگر تھوڑا بے ڈھنگا ؛ بےحس شخص ۔ (۷) (عامیانہ ، برطانیہ میں) ایک کرون (سکّہ) ۔ (۸) (عامیانہ) پولیس کا آدمی ؛ جاسوس ۔

A bull in a china shop : وہ شخص جو بد تمیزی سے چیزوں کو توڑ پھوڑ کے رکھ دے ؛ ظروف چینی کی دکان میں گھستا ہوا سانڈ ۔

To take the bull by the horns : مصائب کا دلیری سے مقابلہ کرنا ۔

Trapped bull : (تجارت) پھنسا تیجڑیا ۔

Bull : (a) [ME."bule"] نر ؛ بیل کی طرح ؛ بڑا (اپنی قسم کا) ؛ درشت و ناگوار ، بڑھتا ہوا ؛ (بازار میں) حصوں کو خرید کر ان کی قیمت بڑھانے والا ۔

Bull : (n) [L. "bulla"] (۱) پوپ کا فرمان ۔ (۲) وہ مہر جو پوپ کے فرمان پر لگائی جاتی ہے ۔ (۳) وہ فرمان جس پر مہر لگی ہوئی ہو ۔ (٤) کوئی فرمان جس پر مہر لگی ہو ۔

Bull : (n) فاحش غلطی ۔

Irish bull : (۱) گفتار متناقض ؛ جملہ جس میں تناقض پایا جائے ؛ جو اختصار کی وجہ سے معمہ ہوجائے ۔ (۲) ایک اوچھی اور عام طور پر غلط ڈینگ ؛ ایک اوچھی مغرورانہ غلط گفتگو ۔

Bull : (n) [Origin unknown] پانی جو شراب کے شیشے میں بسایا جائے ۔

Bull : (n) سراؤن کی ایک خاص سلاخ ۔

Bull : (n) [Origin unknown] کوئٹ (Quoit) کی قسم کا ایک کھیل جو عموماً جہاز پر کھیلتے ہیں ۔

Bull : (n) John Bull اور Bull-eye کا مخفف ۔

Bull- : جزو ترکیبی جیسے Bull -oak, Bull-brier وغیرہ ۔

Bull : (v) (۱) گائے کا مستی میں آنا ۔ (۲) سانڈ کا گائے کے ساتھ جفت کھانا ۔ (۳) سٹہ بازی میں قیمت بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (٤) مخالفت کے باوجود نافذ کرنا ۔ (٥) سانڈ کی طرح دھکیلنا (مخالف کو) ۔

Bull : (v) (۱) غلطیوں کے ساتھ کام کرنا ۔ (۲) بے وقوف بنانا ؛ چکرمیں ڈالنا ؛ (بہت تیزی سے بول کر) ۔

Bull account : (n) (تجارت) تیجڑیا کھاتا ۔

Bull-bat : (n) امریکی چمگادڑ ۔

Bull-baiter : (n) سانڈ لڑانے والا ۔

Bull baiting : (n) سانڈ اور کتوں کو لڑانا ۔

Bull-bitch : (n) بل ڈاگ کی مادہ ؛ بل ڈاگ کتیا ۔

Bull-boat : (n) ایک فریم پر کھال سے مڑھ کر بنائی ہوئی کشتی ۔

Bull-brier : (n) ایک قسم کا پودا جس کی جڑ سے

امریکی ہندوستانی روٹی بناتے ہیں ۔

Bull capital : (n) (تاریخ) نرگاؤ کی شکل کا سرستون ؛ سر ستون پر نر گاؤ کی شبیہ ۔

Bull-comber : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Bull compaign : (n) (تجارت) اسٹاک کی نرخ بڑھانے کی باضابطہ کوشش ۔

Bull -dog : (n) (۱) وہ کتّا جس کا سر سانڈ کے سر جیسا، تھوتھنی چھوٹی ، جسم مضبوط اور گٹھیلا ، قد اوسط اور چھوٹے بال ہوتے ہیں ۔(۲) بندوق یا طمنچہ۔ (۳) پراکٹر کا اردلی (آکسفورڈ اور کیمرج یونیورسٹیوں میں) ۔(٤) ایک قسم کی مکھی ۔ (٥) ایک قسم کی آسٹریلوی چیونٹی ۔(٦) (لوھے کے کام) بہت زیادہ حرارت برداشت کرنے والی چیز جو بھٹی میں استر کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Bull dog : (a) بل ڈاگ کے متعلق یا بل ڈاگ کی صفت رکھنے والا ۔

Bull dog : (v) (۱) بل ڈاگ کی طرح ھوجانا خصوصاً پرزور حملہ کرنے میں ۔(۲) کسی بیل کو سینگ پکڑ کر اور گردن مروڑ کر زمین پر گرا دینا ۔

Bull-doze / Bull-dose : (v) (۱) (امریکہ) دباؤ ڈالنا ؛ دبانا ۔ (۲) کوڑے سے مارنا ۔(۳) پتھر یا دھات کو توڑنا ۔(٤) بل ڈوزر سے صاف کرنا ؛ مسطح کرنا ؛ کھودنا ۔(٥) راستہ سے ھٹا دینا ۔

Bull-doze / Bull-dose : (n) کوڑے کی سخت مار ۔

Bull-dozer : (n) (۱) دباؤ ڈالنے والا ؛ ستانے والا ۔ (۲) پستول ۔(۳) بل ڈوزر سے کام کرنے والا ۔ (٤) زمین ، سڑک ، راستہ وغیرہ صاف کرنے ، مسطح کرنے کی ایک مشین ۔

Bull-eye : (n) وہ آنکھ (جیسے کبوتر کی) جس کی پتلی اور پردہ؛ غیبیہ سیاہ ہوتی ہے ۔

Bull feast : (n) دیکھو Bull fight

Bull -fight : (n) ھسپانیہ میں آدمی اور سانڈ کی لڑائی ۔

Bull-fighter : (n) سانڈ سے لڑنے والا آدمی ۔

Bull finch : (n) [Corrupt. of "bull-fence"] بلند جھاڑیوں کا ایک احاطہ ۔

Bull-finch : (n) ایک خوبصورت سخت چونچ کی گانے والی چڑیا ۔

Bull-finch : (v) گھوڑے کوبلند جھاڑی والے احاطہ سے چھلانگ لگوانا ۔

Bull fist : (n) ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ہے ۔

Bull foot : (n) (نباتی) ایک قسم کا پودا ۔

Bull frog : (n) امریکہ کا بڑا مینڈک ۔

Bull-gang : (n) غیر ھنر مند مزدوروں کی ایک جماعت ۔

Bull-grip : (n) ایک قسم کا خاردار پودا ۔

Bull-grunter : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Bull-gun : (n) بھاری نالوں والی ، چاند ماری والی رائفل ۔

Bull hoof : (n) (نباتی) ایک قسم کا پودا ۔

Bull horn : (n) آواز رساں خصوصاً بحریہ کے جہاز کا ۔

Bull liquidation : (n) (تجارت) تیجزیا تحلیل ۔

Bull-mastif : (n) ایک قسم کا بڑا طاقتور انگلستانی نسل کا کتّا ۔

Bull-neck : (n) (۱) سانڈ کی گردن کی کھال سے بنا ہوا چمڑا ۔(۲) چھوٹی موٹی اور مضبوط گردن ۔(۳) ایک قسم کی امریکی جنگلی بط ۔

Bull-nose : (n) (۱) استری کی ایک قسم ۔ (۲) ایک قسم کی سور کے چہرے کی بیماری ۔

Bull oak : (n) (۱) شاہ بلوط کا وہ درخت جس کے نیچے بیل پناہ لیتے ہیں ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک بڑا درخت ۔

Bull of brass / Brazen bull : اذیت دینے والی مشین ؛ اذیت دینے والی آلے ۔

Bull of the bog : ایک قسم کا بگلا ۔

Bull-pen : (n) (۱) قید خانہ ؛ محبس ۔

(۲) بیس بال (Base ball) کے میدان میں ایک مخصوص جگہ ۔ (۳) کوئی جگہ جہاں لوگ ایک خاص مقصد کے لئے جمع ہوں ۔

Bull plum : (n) ایک قسم کی جنگلی جھاڑی کا نیلگوں سیاہ پھل جو بیر سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Bull poll : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Bull pottery : (n) (تاریخ) ظروف جن پر بیلوں کی شکل بنی ہو ۔

Bull pup : (n) بل ڈاگ کا پلاّ ۔

Bull ring : (n) سانڈ اور آدمی کے مقابلہ کا اکھاڑہ ؛ وہ حلقہ جس میں سانڈ بندھا ہوتا تھا ۔

Bull roarer : (n) ایک کھلونا جو بہت شور مچاتا ہے ، ٹرو : (تاریخ) ٹرو (لکڑی سے بنا ایک کھلونا جس میں رسی باندھ کر زوروں سے گھمانے سے گرج دار آواز پیدا ہوتی ہے) ۔

Bull rope : (n) (جہازرانی) لوہے کا موٹا تار؛ جہاز کا رسا ۔

Bull sedge : (n) ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ہے ۔

Bull session : (n) مختلف موضوعات پر غیر رسمی گفتگو ؛ بحث ۔

Bull shit : (n) (عامیانہ) گستاخ گفتگو ۔

Bull shit : (v) مہمل گستاخ گفتگو کرنا ۔

Bull snake : (n) شمالی امریکہ کا ایک بڑا اور بے ضرر سانپ ۔

Bull stag : (n) اختہ کیا ہوا بیل ۔

Bull-terrier : (n) بل ڈاگ اور ٹیریر کے میل سے پیدا ہوا کتّا ۔

Bull toad : (n) مینڈک ۔

Bull transaction : (n) (تجارت) تیجڑیا سودا ۔

Bull-trout : (n) سالمن قسم کی ایک مچھلی ۔

Bull -voiced : (a) بلند گہری آواز والا ۔

Bull weed : (n) ایک گھاس جس کا ڈنٹھل سخت اور پھول ارغوانی ہوتا ہے ۔

Bull-whack : (n) چھوٹے دستہ والا لمبا، بھاری کوڑا ۔

Bull-whack : (v) بیلوں کا ہانکنا ۔

Bull-whacker : (n) بیل ہانکنے والا (امریکہ کی مغربی ریاستوں میں) ۔

Bull-whip : (n) گندھے ہوئے خام چمڑے کا لمبا کوڑا ۔

Bull-work : (n) سخت جسمانی کام ۔

Bull wort : (n) گیاہ اسقف (ایک قسم کا پودا) ۔

Bull's-eye : (n) (۱) سانڈ کی آنکھ ۔ (۲) شیشہ بنانے میں جو ابھار اکثر پیدا ہو جاتا ہے ۔ (۳) جہاز میں موٹے شیشے کا گول قابدان ۔ (٤) نیم کروی یا مسطح مقعر عدسہ ۔ (٥) نیم کروی عدسہ کی لالٹین ۔ (٦) (جہازرانی) ایک چھوٹی چرخی ، گھرنی حلقہ کی شکل کی جس کے خارجی کنارے پر رسا ہوتا ہے اور بیچ میں سوراخ ۔ (۷) (تعمیرات) چھوٹی گول کھڑکی ۔ (۸) نشانے کا مرکز (چاند ماری میں) : وہ گولی جو نشانے کے مرکز میں لگے ؛ (مجازاً) کوئی مرکزی یا اہم چیز ؛ مقصد کا پورا حصول : مکمل مقصد ۔ (۹) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۱۰) ایک قسم کا پھول ؛ ڈیزی ۔ (۱۱) سونے کی لیس کا ایک گول زیور ۔ (۱۲) ایک قسم کی گول مٹھائی ۔ (۱۳) گولی (شیشہ کی) ۔ (١٤) سیاہ بادل کا ٹکڑا جس کا مرکز سرخ ہوتا ہے (کیپ آف گڈ ہوپ) اور جو طوفان کی علامت ہوتا ہے ؛ طوفان ۔ (١٥) (عامیانہ) انگلستانی چاندی کا ایک سکہّ ۔

Bull's head ornament : (تاریخ) گاؤ سری زیور ۔

Bull's nose : (n) (تعمیرات) شکل کثیرالاضلاع کا ایک بیرونی زاویہ یا کوئی دوسرا زاویہ یا وہ زاویہ حادہ جو دو خطوں کے ملنے سے پیدا ہو ۔

Bull's puzzle : (n) سانڈ کا آلہ تناسل ، جسے کوڑا مارنے کے واسطے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Bull's worship : (n) (تاریخ) گاؤ پرستی ۔

Bulla : (n) (pl. Bullae) [L.] (۱) پھپھولا ؛ پھولا ؛ آبلہ ۔ (۲) پتلی ہڈی کا گول ابھار جو کتے وغیرہ کے کان کے پاس ہوتا ہے ۔ (۳) گہرے پانی میں رہنے والے گھونگے کی ایک ذات جس کا غلاف پتلا اور نازک ہوتا ہے ۔ (٤) مہر جو دستاویز پر ثبت کی گئی ہو ۔ (٥) دھات یا چمڑے کا غلاف جس میں تعویذ لکھا جائے ؛ گول آویزہ (زیور) ؛ تاریخ (قدیم روم) لٹکن تعویذ ۔

Bullace : (n) [L. "bolluca", "bulluga"] (۱) جنگلی آلوچہ ۔ (۲) جنگلی آلوچہ کا درخت ۔

Bullary : (n) [L. "bullarium"] پوپ کے فرامین کا مجموعہ ۔

Bullate : (a) [L. "bullatus"] (۱) آبلہ دار ؛ پھولا ہوا ۔ (۲) پھپھولے والا ۔

Bullated : (a) (۱) غلاف میں تعویذ رکھ کر گلے میں پہنے ہوئے ۔ (۲) آبلہ دار ؛ پھپھولے والا ۔

Buller : (n) (۱) گرجدار آواز ؛ گرجنے کا شور ؛ گرجدار شور ۔ (۲) بھنور یا موجوں کا کھولنا ۔ (۳) بھنور ؛ گرداب ۔

Buller : (v) [Scand.] (۱) گرجنا ؛ شور کرنا ۔ (۲) کف بلب ہونا ۔

Buller : (n) بل ڈاگ ۔

Buller : (n) گائے یا بچھیا جو ہمیشہ گرم رہے (مستی میں رہے) ۔

Bullescence : (n) [L."bullescentia"] آبلہ دار ہونا ؛ پھولا ہوا ہونا ۔

Bullet : (n) [F."boulette"] (۱) گولی ۔ (۲) توپ کا گولہ ۔ (۳) سیسہ کی گولی جو بندوق وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے ۔ (٤) کارتوس ۔ (٥) گولی کے مانند ؛ گولی جیسا ۔ (٦) یکہ (تاش کا) ۔ (۷) مچھلی پکڑنے کے آلہ کا سا ہول ۔ (۸) ایک بڑا نمایاں نقطہ (طباعت میں) ۔

Every bullet has its billet : بے موت کوئی نہیں مرتا ۔

Bullet drawer : (n) زخم سے گولی نکالنے کا آلہ ۔

Bullet -head : (n) (۱) گول سر ۔ (۲) گول سر کا آدمی ۔ (۳) کڑھ مغز ۔

Bullet-headed : (a) (۱) گول سر والا آدمی ۔ (۲) کڑھ مغز ۔ (۳) کڑھ مغز پن ۔

Bullet-jacket : (n) گولی کی دھات کا غلاف ۔

Bullet-money : (n) سیامی سکہ ؛ سیام کا سکہ ۔

Bullet proof : (a) گولی روک ۔

Bullet proof : (v) گولی روک بنانا ۔

Bullet shell : (n) کارتوس ؛ گولہ ۔

Bullet-tree : (n) امریکہ کا ایک درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے ۔

Bulleted : (a) گولی کی شکل کا ؛ گولی سے بھرا ہوا ۔

Bulletin : (n) [It."bullettino" & F."bulletin"] (۱) بلیٹن ؛ ایک مختصر خبر یا اطلاع سرکاری یا غیر سرکاری ۔ (۲) کسی معذور شخص کی صحت کے بارے میں سرکاری اطلاع ۔

Bulletin : (v) بلیٹن کے ذریعہ اعلان کرنا ۔

Bulletin board : (n) وہ تختہ جس پر بلیٹن یا دوسری اطلاعات چسپاں کی جاتی ہیں ۔

Bullhead : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جس کا سر بڑا ہوتا ہے ۔ (۲) مینڈک کا بچہ جب تک اس کی دم اور گلپھڑے موجود رہیں ۔ (۳) کڑھ مغزا ۔

Bullheaded : (a) (۱) چوڑے سر والا ۔ (۲) (مجازاً) کڑھ مغزا ؛ سرپھرا ؛ ضدی ؛ جلدباز ؛ خود رائی سے کام بگاڑنے والا ۔

Bullheadedness : (n) کڑھ مغز پن ؛ ضدی پن ؛ سرپھرا پن ۔

Bulliform : (a) بلبلے کی طرح یا شکل کا (پودوں کی ساخت کے بارے میں) ۔

Bullimong : (n) ایک ساتھ بوئے ہوئے مختلف قسم کے اجناس (مویشیوں کو کھلانے کے لئے) ۔

Bullion : (n) [F."bouillon"] (۱) سونے چاندی کی سلاخیں (مسکوک ہونے سے قبل) ۔ (۲) خالص سونا یا چاندی ۔ (۳) کوئی دھات کا تودہ ۔

Bullion : (n) [F."bouillon"] خالص سونے یا چاندی کا

کلابتو کا کنارہ یا حاشیہ ۔

Bullion-balance : (n) سونا چاندی تولنے کی ترازو ۔

Bullionist : (n) سونے چاندی کے سکے کے رواج کا حامی ۔

Bullish : (a) (۱) سانڈ کی طرح ؛ سانڈ کی شکل کا ؛ سانڈ سے متعلق یا سانڈ کا ۔
(۲) سانڈ کی طرح ضدی ۔ (۳) سٹہ بازار میں چیزوں کی قیمتوں کو بڑھانے کا میلان رکھنے والا ۔ (٤) خوش امیدانہ ؛ خوش بینی ؛ خوش امیدی ۔
(٥) (تجارت) تیزی رخ ۔

Bullish trend : (n) (تجارت) تیزی رجحان ۔

Bullishly : (adv) سانڈ کی طرح ؛ قیمتوں میں اضافہ کے رجحان کے ساتھ ؛ خوش امیدی سے ۔

Bullock : (n) [OE."bulluc"] (۱) بدھیا بیل ۔
(۲) گائے بھینس کی قسم کا کوئی جانور۔

Bullock : (v) (۱) ڈرانا ؛ دھمکانا ۔
(۲) محنت سے کام کرنا ۔

Bullocking : (n) (۱) جسامت یا طاقت میں سانڈ کی طرح ۔ (۲) سخت کام ؛ محنت کا کام ۔

Bullock puncher : (n) (آسٹریلیا) بیلوں کا گلہ ھانکنے والا ۔

Bullock's eye : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bullock's heart : (n) بھورے رنگ کا امریکہ کا ایک پھل جو مزے میں کچھ ترش ہوتا ھے ۔

Bullock's hungwort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Bully : (n) [Du."boel"] (۱) معشوق ؛ محبوب ۔
(۲) اچھا شخص ، انسان ۔ (۳) تنومند ۔
(٤) ساتھی ؛ رفیق ۔ (٥) غنڈا ؛ دھونسیا ؛ بزدل ظالم ؛ بھاڑے کا غنڈا ۔
(٦) بھڑوا ؛ دلال (طوائفوں کا)۔

Bully : (n) (۱) (فٹ بال) کھلاڑیوں کا نرغہ ۔
(۲) ھاکی کے کھیل کا آغاز ۔

Bully : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Bully : (n) [F."bouilli"] ڈبّے میں بند گائے کا گوشت (دراصل یہ Bully beef ھے جسے سہولت کے لئے صرف Bully کہا جاتا ھے)۔

Bully : (a) (۱) لائق ؛ خوش مزاج ؛ بانکا ؛ پسندیدہ ۔
(۲) (امریکہ اور کالونی) اول درجہ کا ؛ اعلیٰ درجہ کا ۔ (۳) دھمکانے کی شکل کا یا خصوصیت کا ۔ (٤) شاباش ۔

Bully : (v) (۱) ڈرانا ؛ دھمکا کر کام کرانا یا کسی کام سے باز رکھنا ؛ مردم آزاری کرنا ؛ دق کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ ظلم کرنا ؛ ستانا ۔
(۲) ھاکی میں Bully کرنا یعنی کھیل کے شروع میں مارنا ۔

Bully : (adv) بہت اچھا ۔

Bully boy : (n) غنڈا قسم کا آدمی ؛ (سیاسیات) جماعت کے ایجنٹ کا کام کرنے والا ۔

Bully for you : شاباش ۔

Bully rag : (v) (۱) دھمکی سے ڈرانا ۔
(۲) گالی دینا ؛ ستانا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

Bully rook : (n) بھاڑے کا غنڈا ۔

Bully-tree : (n) امریکہ کا ایک درخت جس کی لکڑیاں سخت ہوتی ھیں ۔

Bulrush : (n) ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ھے ۔

Bulse : (n) [med. L. "bursa"] تھیلی جو سونے یا ھیرے کا چور رکھنے یا لیجانے کے لئے استعمال ہوتی ھے ۔

Bulto : (n) [L."vultus","voltus"] کسی ولی کا لکڑی کا بنا مجسمہ ۔

Bulwark : (n) [Sw."bolverk"] (۱) دھس ؛ فصیل ۔ (۲) بند ۔
(۳) جہاز کی دیوار کا وہ حصہ جو عرشے سے اوپر ہوتا ھے ۔
(٤) پشت پناہ ؛ پشتہ ۔
(٥) مضبوط دفاع یا دفاع کرنے والا ۔

Bulwark : (v) (۱) دھس بنانا ؛ فصیل بنانا ؛ محفوظ کرنا ؛ پشتہ بنانا ۔ (۲) دھس کا کام دینا ؛ فصیل کا کام دینا ۔

Bum : (n) [Perh. echoic] پشت ؛ سرین ۔

Bum : (v) زور زور سے بھنبھنانا ۔

Bum : (n) مستقل بھنبھناھٹ ۔

Bum : (n) [prob. short for "bummer"] (۱) شرابی آوارہ گرد: کاہل شخص جو دوسروں کے سر زندگی گزارتا ہے ۔ (۲) وہ آوارہ گرد جو صرف ضرورت کے مطابق کماتا ہے ۔ (۳) اپنی فرصت کا سارا وقت کھیل میں لگانے والا کھلاڑی ۔ (٤) ڈاک کاخالی تھیلا ۔ (۵) بھیڑ کا بچّہ جس کی ماں مرگئی ہو یا چھوڑ گئی ہو ۔

Bum : (a) (۱) گھٹیا قسم کا ؛ کام کرنے کی حالت میں نہیں (مشین وغیرہ) ۔ (۲) (انسانی اعضا کے بارے میں) مستقل طورسے سخت ، تکلیف دہ یا بیکار بنا دینے والا ۔

Bum : (n) مے نوشی کا دور ۔

On the bum : آوارہ گرد ؛ طفیلی ؛ دوسرے کے سر رہنے والا ؛ خراب حالت میں ؛ ابتر حالت میں ۔

Bum : (v) کھانے پینے کا تازہ سامان جہاز پر لے جانے والی عورت کا کام کرنا ۔

Bum rap : (n) (عامیانہ) غلط الزام یا سزا ۔

Bum steer : (n) قصداً غلط اطلاع یا ھدایت ۔

Bumbailiff : (n) عدالت دیوانی کا اھل کار: قرق امین جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار ھو ۔

Bumbarge : (n) کھانے پینے کا تازہ سامان جہاز تک لے جانے والی کشتی ۔

Bumbaste : (v) سرین پر مارنا ؛ کوٹنا ؛ اچھی طرح مارنا ؛ زدوکوب کرنا ۔

Bumbaze : (v) متحیر کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا ۔

Bumbee : (n) شھد کی بڑی مکھی ۔

Bumbelo / Bumbolo : (n) [It."bombola"] کافور کو تصعید کے ذریعہ صاف کرنے کی شیشے کی بوتل ۔

Bumble : (n) شھد کی بڑی مکھّی ۔

Bumble : (n) (۱) آوارہ گرد ؛ کاھل ۔ (۲) کام کو خراب کرنے والا ۔

Bumble : (n) (۱) غلط سلط ؛ غلطی ۔ (۲) کام کو خراب کرنے والا ؛ گڑبڑ کرنے والا ؛ بگاڑنے والا ؛ اناڑی ۔

Bumble : (v) (۱) کام کو بگاڑنا ؛ گڑبڑ کرنا ۔ (۲) بگاڑ کر کام کرنا ۔ (۳) ڈگمگاتے ھوئے چلنا یا بڑھنا ۔

Bumble : (v) بھنبھناھٹ کی آواز پیدا کرنا ۔

Bumble : (n) دفتر کاادنی عھدہ دار جسے اپنے اختیارات پر بہت گھمنڈ ھو ؛ کرسی کا شیر ۔

Bumble bee : (n) شھد کی بڑی مکھّی ۔

Bumble-foot : (n) (۱) پاؤں پھرا ۔ (۲) مرغیوں کی بیماری (پاؤں کی) ۔

Bumble-puppy : (n) (۱) ایک قسم کا کھیل ۔ (۲) بے قاعدہ کھیل ۔

Bumbledom : (n) عھدے کا گھمنڈ ۔

Bumbler : (n) شھد کی بڑی مکھّی ۔

Bumbler : (n) کام کو بگاڑنے والا ؛ اناڑی ۔

Bumbling : (n) احمقانہ طورپر کام بگاڑنا ۔

Bumbling : (a) نا اھل ؛ بے اثر ۔

Bumbo : (n) [It."bombo"] شراب کی ایک قسم جو رم ، شکر پانی اور جائفل یا اسی قسم کی چیز ملا کر بنتی ھے ۔

Bumbo : (n) [Of West African origin] مغربی افریقہ کا ایک درخت جس سے گوند نکلتا ھے ۔

Butchery : (n) [F. "boucherie"] بے رحمانہ قتل ؛ خون ناحق ؛ قتل ناحق ؛ خون ریزی ؛ قصائی کا پیشہ ؛ مسلخ ؛ مذبح ؛ قصاب خانہ ؛ گوشت فروشی ؛ بد سلیقگی ؛ غلط تنقید ۔

Butene : (n) (کیمیا) بیوٹین ۔

Butine : (n) (کیمیا) بیوٹائن ۔

Butler : (n) [med. L.buticufarius "] (۱) خانساماں ؛ ساقی ؛ پیش خدمت ؛ آبدار ؛ شربت دار ۔ (۲) گھر کا خاص ملازم ۔

Butt : (n) (۱) (کوئلہ کی کان) کوئلے کی ایک سطح کے ساتھ جو اوپر سطح کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتی ہوئی کھلی ہو ۔
(۲) دیکھو Butt end

Butt : (n) ٹھونس : سینگ یا سر مارنا ۔

Butt : (n) چھوٹی اور بےڈھنگی سی بنی ہوئی گاڑی ۔

Butt : (n) چمڑے کا سب سے موٹا حصہ : کھال کا پچھلا حصہ : جوتے کے تلے کا چمڑا ۔

Butt : (v) [OF."boter","buter"] (۱) ٹھونس مارنا : ٹکرمارنا : دھکا دینا ۔
(۲) ٹکرانا ' لڑ جانا ۔ (٤) نشانہ لینا ۔

Butt : (adv) سیدھے سیدھے : شدید طریقے پر : چھوٹتے ھی : صاف صاف : تشدد کے ساتھ ۔

Butt : (v) (۱) کندہ یا موٹا حصہ دیوار وغیرہ کے سہارے رکھنا ۔ (۲) سر سے ملنا ۔
(۳) سرسے ملا دینا ۔ (٤) چھانٹنا ۔
(٥) مضبوط گرفت کے لئے چھڑ کے موٹے سرے کو مچھلی کی طرف گھمانا ۔ (٦) (سگریٹ وغیرہ کو) موٹا کردینا پاؤں سے کچل کر یا ٹھوکر سے ۔

To butt in : دخل در معقولات کرنا : مداخلت کرنا ۔

To butt on / upon : کسی خط کا کسی نقطے پر ختم ہو جانا : کسی سڑک کا نکلنا

Butt and butt : تختے کے آخری حصے ملےتو ہوں مگر ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے نہ ہوں ۔

Butt-end : (n) (۱) آخری حصہ : موٹا حصہ ۔
(۲) (استعارتاً) آخری حصہ ۔
(۳) کسی جہاز کی چادر یا تختےکا سرا جو دوسری چادر یا تختے کے سرے سے ملا ہوا ہو ۔

Butt hinge : (n) وہ قبضہ جس کے دونوں پتر ملے ہوئے ہوں مگر ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے نہ ہوں ۔

Butt joint : (n) (نجّاری) دوتختے کا اس طرح کا جوڑ کہ ایک کی سطح دوسرے کی سطح کے ساتھ زاویہ حادہ بنائے ۔

Butt strap : (n) آهنی جہاز کے دو چادروں کی جوڑ پر دھات کی وہ پٹی جو جوڑ پر جکڑی رہتی ہے ۔

(۳) ظرف — کھانا اور شراب لے جانے ، رکھنے ، لگانے وغیرہ کے لئے ۔

Butlerage : (n) (۱) (تاریخی) درآمد کی ہوئی شراب پر محصول جو بادشاہ کے خانساماں کو ادا کیا جاتا تھا۔
(۲) خانساماں کا عہدہ ، درجہ یا محکمہ ۔

Butlership : (n) خانساماں گیری : بیش خدمتی ۔

Butler's pantry : جائے ظروف و خوراک ' باورچی خانہ اور کھانے کے کمرے کے درمیان کا کمرہ جس میں کھانے کی چیزیں رھتی ھیں ۔

Butlery : (n) [F. "bouteillerie"] کالج کے طلباء کے لیے اشیائے خوردنی اور عرقیات کا گودام ۔

Butment : (n) (۱) دیکھو about ment
(۲) چٹانوں کا ایک نکلا ھوا حصہ ۔
(۳) کسی بڑی زمین کے اندر گھسا ھوا کوئی دوسری زمین کا ٹکڑا ۔

Butment cheeks : (n) کسی چول کے دوٹھوس کنارے ۔

Butt : (n) [ME. "butte"] چپٹی مچھلیوں کا نام ۔

Butt : (n) [Late L. "butta"," buttis"] (۱) شراب کا پیپا : پیمانہ ۔ (۲) پیپا ۔

Butt : (n) [ME."butt", "butte"] (۱) کسی چیز کا موٹا سر ۔
(۲) درخت کا تنا ۔ (۳) سرین : چوتڑ ۔
(٤) پتی کا آخری حصہ : کسی شاخ کی نوک : منجری : پتی کا ڈنٹھل ۔
(٥) لوھے کا وہ تودہ جس سے نہائی بنتی ھے ۔
(٦) (عامیانہ) سگریٹ ۔
(۷) (عامیانہ) باقی حصہ ۔

Butt : (n) [F. "but"] (۱) چاند ماری کا نشانہ : ھدف : نشانہ : چاند ماری کا دھس ۔
(۲) وہ ٹیلہ جس پر توپ یا رائفل کے نشانے کے لئے ھدف رکھا جاتا ھے : نشانہ : مدعا : مقصد ۔ (۳) تمسخر : طنز : دشنام : تنقید یا تحقیر کا نشانہ : وہ شخص جو برابر مسخرگی کا نشانہ بنے ۔

Butt : (n) [F. "butte"] پہاڑی : ٹیلہ ۔

Butt : (n) [F. "butte"] (۱) جوتے ہوئے کھیت کے دو آر کے درمیان کا ابھرا ھوا حصہ ۔
(۲) زمین کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو آس پاس کی زمینوں سے جدا کیا گیا ھو ۔

Butte : (n) [F. "butte"] سلسلہ سے الگ ایک پہاڑی یا چھوٹا پہاڑ ۔

Butter : (n) [Gr. "boutyron"] (۱) مکھن ۔ (۲) روغن سے مشابہ چیز ۔ (۳) (استعارتاً) چکنی چپڑی باتیں : روغن قاز ۔ (٤) مکھن کی طشتری : مکھن دانی ۔

Clarified or run butter : کھانا پکانے کے استعمال کےلئے مکھن ۔

(To look) as if butter would not melt one's mouth : بھیگی بلی : بناوٹی شرمیلا پن : مصنوعی متانت ۔

Butter : (n) ڈھونس مارنے والا جانور ۔

Butter : (n) پایہ یا تختہ کے کناروں کو چوکور بنانے کی مشین ۔

Butter : (v) (۱) مکھن لگانا : مکھن میں پکانا ۔ (۲) روغن قاز ملنا : چاپلوسی کرنا : چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔

To butter one's bread on both sides : فضول خرچی کرنا ۔

Fine words butter no parsnips . خالی خولی باتوں سے کام نہیں بنتا ۔

Butter and egg man : (۱) خراج ۔ (۲) دولت مند کاروباری ۔

Butter and eggs : ایک قسم کا پودا جس میں ہلکے اور گہرے زرد رنگ کے پھول ہوتے ہیں ۔

Butter-back : (n) ایک قسم کی بط ۔

Butter-ball : (n) (۱) موٹا تازہ آدمی ۔ (۲) ایک قسم کی بط ۔

Butter-bean : (n) سیم کی پھلی کی ایک قسم ۔

Butter-bird : (n) ایک قسم کی امریکی چڑیا ۔

Butter-boat : (n) پگھلے ہوئے مکھن کا ڈونگا ۔

Butter-box : (n) مکھن دانی ۔

Butter-bump / Bitter bump : (n) بگلہ ۔

Butter-factor : (n) وہ تاجر جو کسانوں سے مکھن خرید کر تھوک میں بیچے ۔

Butter-fingered / Butter-fingers : (a) (۱) ایسا آدمی جس کی انگلیوں سے کوئی چیز تھامی نہ جاسکے ۔ (۲) کرکٹ کے کھیل میں " کیچ پکڑ کر چھوڑ دینے والا کھلاڑی ۔

Butter-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Butter-flip : (n) ایک قسم کا چوھا ۔

Butter-knife : (n) مکھن نکالنے اور لگانےکی چھری ۔

Butter-man : (n) (۱) مکھن بنانے والا یا بیچنے والا ۔ (۲)(جہاز رانی) ایک قسم کا چھوٹا جہاز ۔

Butter-nut : (n) (۱) امریکہ کا گری دار پھل اور اس کا درخت ۔ (۲) کرگھے کا بنا ہوا موٹا کپڑا جو butter-nut کے عرق میں رنگا ہوتا ہے ۔

Butter of almond : روغن بادام ۔

Butter of cacao : ککاؤ کے بیج سےنکلی ہوئی چیز۔

Butter of mace / shea : روغنیات ۔

Butter-print : [n] مکھن ٹکیہ پر نشان ڈالنے کا ٹھپا : چھاپ ۔

Butter-scotch : (n) چینی اور مکھن سےبنی ہوئی ٹافی (مٹھائی) ۔

Butter-tree : (n) وہ درخت جس کے بیج سے مکھن جیسی چیز نکلتی ہے ۔

Butter weed : (n) زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Butter-weight : (n) ۱۸ یا زیادہ اونس کا ایک پونڈ ۔

Butter-worker : (n) مکھن سے چھاچھ علاحدہ کرنے کا ایک آلہ ۔

Butter-wort : (n) دلدل کا ایک پودا جس کی پتی زردی مائل سبز ہوتی ہے ۔

Butterbur : (n) ایک بڑے اور نرم پتوں والا پودا جس کے پتوں میں مکھن لپیٹتے ہیں ۔

Buttercup : (n) (۱) زرد پھولوں والا ایک پیالہ نما پودا ۔ (۲) زرد رنگ ۔ (۳) ایک قسم کی مرغی (اوسط جسامت کی) ۔

Butterfly : (n) [OE. "buttor -fleoze"] (۱) تتلی : تتری ۔ (۲) شوخ رنگ کا لباس پہننے والا آدمی : عیش پسند ۔ (۳) گاڑی کے اگلے حصے میں لگام کو سیدھا رکھنے والا ۔ (٤) تتلی کی طرح کوئی چیز۔ (٥) کسی چیز میں لپیٹ کر ریل گاڑی سے پھینکا ہوا نوٹ ۔ (٦) روشنی کو پھیلانے کے لئے پتلے کپڑے میں لپیٹا ہوا فریم ۔ (۷) (جمع میں) جذباتی یا اعصابی الجھن یا تناؤ کی وجہ سے گھبراھٹ ۔

Butterfly-block : (n) (جہاز رانی) دو بازوؤں والا کندہ جس سے زنجیر گذرنے کے لئے رولر لگا رھتا ھے ۔

Butterfly cock : (n) ایک قسم کا کھل مندن جو کھلی حالت میں تتلی کے دو پروں کے مشابہ ھوتا ھے ۔

Butterfly fish : (n) کئی رنگوں والی ایک قسم کی مچھلی ۔

Butterfly flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Butterfly nut : (n) ایسی ڈھبری جس میں گھمانے کے لئے تتلی کے سے پر بنے ھوں ۔

Butterfly orchis : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Butterfly plant : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Butterfly screw : (n) ایسا پیچ جس میں گھمانے کے لئے تتلی کے سے پر بنے ھوں ۔

Butterfly shaped : (a) تتلی نما ۔

Butterfly shell : (n) تتلی نما صدف ۔

Butterfly valve : (n) دیکھو Butterfly cock

Butterfly weed : (n) ایک امریکی پودا ۔

Butterine : (n) نقلی مکھن : مصنوعی مکھن (دودھ اور مارجرین سے مل کر بنا ھوا) ۔

Butteriness : (n) چکنا پن : چکنائی : دوھنیت ۔

Butteris : (n) نعل بند کا سم کاٹنے کا چھرا : سم تراش ۔

Buttermilk : (n) چھاچھ۔

Buttery : (n) [Late L. "botaria"] (۱) کالجوں وغیرہ کا مودی خانہ ۔ (۲) شراب اور کھانے پینے کی چیزیں رکھنے کا بھنڈار ۔

Buttery : (a) (۱) مکھن کی طرح یا مکھن دار ۔ (۲) مکھن کی طرح ملائم ۔ (۳) مکھن لگا ھوا ۔ (٤) چاپلوس : خوشامدی : روغن قاز ملنے والا : چکنا چپڑا ۔

Buttery-bar : (n) بٹری کی کھڑکی کے اوپر لگا تختہ یا چھجہ ۔

Buttery-book : (n) (جامعوں میں) وہ کتاب جس میں لڑکوں کے نام اور خوراک کا حساب درج ھوتا ھے ۔

Buttery-hatch : (n) بٹری کی کھڑکی جس میں سے گھی مسالہ وغیرہ دیا جاتا ھے ۔

Butting : (n) ڈھونس مارنا ' ٹکر مارنا ' ڈھونس : ٹکر۔

Butting : (n) سرحدی : حد : سیما ۔

Butting : (n) اگر مکر کرنا " Buts " کا استعمال کرنا ۔

Butting-joint : (n) دیکھو Butt joint

Buttinsky : (n) دخل در معقولات کرنے والا ' مداخلت کرنے والا ۔

Buttock : (۱) (جہاز رانی) جہاز کی چوڑائی : جہاز کے سب سے اخری حصے کا محدب حصہ ۔ (۲) کشتی کا پیچ : داؤ ۔ (۳) (جمع میں) سرین ' چوتڑ ۔

Buttock : (v) کولھے پر لاد کر دے مارنا (پیچ) ۔

Buttocked : (a) سرین دار ۔

Button : (n) [Late L. "buttonem"] (۱) بوتام : بٹن : تکمہ ۔ (۲) کلی : غنچہ ۔ (۳) بے کل کھمبی : ککرمتا ۔ (٤) لبلبی : بٹن : گھنٹی (جیسے برقی گھنٹی میں) ۔ (٥) چنخنی : منھا : دستہ ۔ (٦) کوئی چھوٹی سی گول چیز : گونڈی ۔ (۷)بعض پودوں کے نام کا جز ۔ (۸) ایسی تلوار جس کی نوک پر ٹوپی سی لگی رھتی ھے (شمشیر زنی کے لئے) ۔ (۹) دھات کی وہ گونڈی جو پگھلانے پر کلھیا میں رہ جاتی ھے ۔ (۱۰) کم قیمت چیز : بے وقعت چیز ۔ (۱۱) ایک انچ کا پیمانہ (دستانے کو ناپنے کےلئے) ۔ (۱۲) (جمع میں) وردی پوش کم سن خدمت گار ۔ (۱۳) (جمع میں) بھیڑ کی مینگنی ۔ (۱٤) کم سن لڑکا ۔ (۱٥) داب بٹن (Push -button) ۔

(١٦) سننے کے آلے کا وہ حصہ جو کان میں رہتا ہے ۔ (١٧) ٹھوڑی کی نوک جس پر خصوصاً مکے کی ضرب پڑتی ہے ۔ (١٨) عقل ۔

Bachelor's button / Beggar's button : گل تکمہ ۔

Boy in buttons : وردی پوش کم سن خدمتگار ۔

On the button : بجنسہ ؛ ٹھیک ٹھیک ۔

To take by the buttons : روکنا ۔

To touch the button : ذرا سے اشارہ پر بڑے بڑے کاموں کا عمل میں آنا ۔

Button : (v) (١) بٹن لگانا یا آراستہ کرنا ؛ بٹن ٹانکنا ۔
(٢) (لباس) بٹن لگا کر بند کرنا ۔
(٣) بٹن لگانےکے لائق ہونا ۔
(٤) لب بستہ ہونا ؛ خاموش رہنا ۔
(٥) بوتام کی شکل میں ہونا (پھلوں کا) ۔

Button ball : (n) شمالی امریکہ کی جھاڑی جس میں بٹن نما پھول ہوتے ہیں ۔

Button blank : (n) دھات کا وہ ٹکڑا جس کو کاٹ کر بٹن بنایا جاتا ہے۔

Button-boot : (n) بٹن دار جوتے ۔

Button -boy : (n) وردی پوش کم سن خدمت گار ۔

Button-bush : (n) دیکھو Button ball

Button-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Button-hold : (v) (١) کاج ۔ (٢) پھول جو بوتام کے کاج میں لگاتےہیں ۔
(٣) (استعارتاً) دہن تنگ ۔

Button-holder : (n) (١) خواہ مخواہ روک کر باتیں کرنے والا ۔ (٢) بوتام دانی ۔

Button-hole : (n) دیکھو Button -hold

Button-hole : (v) (١) کاج بنانا ۔
(٢) خواہ مخواہ روک کر باتیں کرنا ۔
(٣) متوجہ کرنا ۔

Button-holer : (n) (١) کاج بنانے والا ؛ کاج بنانےکی مشین ۔
(٢) کاج میں لگانے والا پھول ۔

Button -hook : (n) بٹن لگانے کا ھک ۔

Button -mould : (n) لکڑی یا دھات کا قرص جس پر کپڑا لپیٹ کر بوتام بنایا جاتا ہے ۔

Button-mushroom : (n) کھمبی ۔

Button seal : (n) (تاریخ) بٹن کا سکہ ؛ بٹن کی مہر ۔

Button-strike : (n) انجمنوں کی وہ ھڑتال جس کا مقصد اراکین سے بقایا وصول کرنا ہو اور جو یونین کےممبر نہ ہوں ان کو ملازمت سے روکنا ہو ۔

Button-tree : (n) ایک قسم کا درخت یا جھاڑی جس کے پھل بٹن کی طرح سخت ہوتے ہیں ۔

Button-up : (v) (١) مضبوطی سے بند کرنا ۔
(٢) انجام دینا ؛ آخری فیصلہ کرانا ۔
(٣) خاموش ہو جانا ۔

Button-weed : (n) ایک قسم کی چھوٹی تکلیف دہ گھاس جس کے پھل اور پھول دونوں بٹن جیسے ہوتے ہیں ۔

Button-wood : (n) دیکھو Button-tree / Button- ball

Buttoned : (a) (١) بوتام دار ؛ تکمہ دار ؛ بٹن دار ۔
(٢) بٹن سےبند کیا ہوا ۔
(٣) بٹن سے آراستہ ۔

Buttoner : (n) (١) بٹن ٹانکنے والا ۔
(٢) لباس یا جوتا تیاری کے بعد اور بستہ بندی سےقبل ؛ بٹن لگانے والا ۔

Buttonless : (a) بے بٹن کا ؛ بے بوتاموں کا ۔

Buttonlessness : (a) بے بٹن کا ہونا ۔

Buttons : (n) (١) وردی پوش کم سن خادم ۔
(٢) پودوں کی ایک جنس ۔

Buttony : (a) بٹنوں سے آراستہ ؛ بٹن کی طرح ؛ تکمہ دار ۔

Buttress : (n) [OF."Bouterez"] (١) اڑواڑ ؛ سہارا ؛ پشتہ ؛ تھمبی ؛ ٹیک ۔ (٢) سہارا ۔
(٣) کسی پہاڑ یا پہاڑی کا باہر نکلا ہوا حصہ ۔
(٤) گھوڑے کے سم میں نکلا ہوا سخت ابھار ۔
(٥) درخت کے تنے کا نچلا پھیلا ہوا حصہ ۔

Buttress : (v) (١) پشتہ بندی کرنا ؛ اڑواڑ لگانا ؛ تھمبی لگانا ۔ (٢) پشتی لینا ؛ سہارا لینا ؛ حمایت کرنا ؛ سہارا دینا ؛ مضبوط کرنا ۔

Butty : (n) [Corrupt f."Booty] (۱) ساتھی : رفیق : (۲) ٹھیکہ دار (کوئلہ یا خام دھات نکالنے کا) ۔

Butty system : (n) (تجارت) ذیلی ٹھیکہ داری ۔

Butyl : (n) بیوٹیل ($C_4 H_9$) ۔

Butylactic : (a) بیوٹیل سے متعلق : بیوٹیل ایسڈ ($C_4H_8O_3$) ۔

Butylalcohol : (n) (کیمیا) بیوٹانل الکوحل($C_4 H_{10} O$) ۔

Butyl aldehyde : (n) (کیمیا) بیوٹانل الڈے ھائیڈ ۔

Butylene : (n) بیوٹیلن ($C_4 H_8$) ۔

Butylenic : (a) بیوٹیلن سے متعلق ۔

Butylic : (a) بیوٹیلن سے متعلق ۔

Butyr / Butyro : جزو ترکیبی بمعنی " مکھن کا " ۔

Butyraceous : (a) [F. L. "butyrum"] مکھنیا : روغنی : مکھن کے جیسا روغن دار : روغنی چیز ۔

Butyrate : (n) بیوٹیرک ایسڈ کا ایک نمک ۔

Butyrene : (n) (کیمیا) بیوٹانرین ۔

Butyric : (a) مکھن سےمتعلق : مکھن کا خصوصاً اس کی کیمیاوی ترکیب اورتشکیل کے حساب سے ۔

Butyric acid : (n) (کیمیا) بیوٹانرک ایسڈ : بیوٹانرک تیزاب ($C_4 H_8O_2$) ۔

Butyrically : (adv) روغنی ھونے کے لحاظ سے ۔

Butyrin : (n) ایک سیّال روغن جو بیوٹیرک ایسڈ کو گلیسرین (Glycerin) میں ملانے سے بنتا ھے ۔

Butyrolactone : (n) (کیمیا) بیوٹانرولیکٹون ۔

Butyrometer : (n) (کیمیا) بیوٹانرو پیما : مکھن پیما : چربی پیما ۔

Butyron : (n) (کیمیا) بیوٹانرون $(C_3 H_7)_2$ ۔

Butyrous : (n) [L. "butyrum "+ -ous] دیکھو Butyraceous

Buvette : (n) [MF. "beuvette ", "buvette"] شراب خانہ : مے خانہ ۔

Buxaceae (n) [L. "Buxus" + - aceae] سدا بہار درخت : جھاڑی اور پودوں کی ایک جنس ۔

Buxeous : (a) [L. "buxeus] باکس یا باکس درخت سے متعلق ۔

Buxerry : (n) توڑے دار بندوقچی (توڑے دار بندوق چلانے والا) ۔

Buxine : (n) [L." Buzus"+ -INE] باکس کے درخت کا نباتی القلی ۔

Buxom : (a) [ME."buhsum"] گداز جسم کی : قبول صورت : خوش دل : شاد : خوش مزاج : صحت مند : گداز سینے والی : بھری بھری چھاتیوں والی ۔

Buxomness : (n) گدازپن : خوش مزاجی ۔

Buy : (v) [OE. "byez(e)an"] (۱) مول لینا : خریدنا ۔ (۲) میسر آنا : مہیا کرنا ۔ (۳) کسی کو رشوت دے کر توڑ لینا : اپنی طرف ملا لینا ۔ (٤) مصیبت اٹھا کر حاصل کرنا : کچھ کھوکر حاصل کرنا : ایثار کر کے حاصل کرنا ۔ (٥) معاوضہ میں لینا ۔(٦) نجات دلانا ۔ (۷) یقین کرنا : قبول کرنا ۔

To be bought and sold : رشوت کےلئے دھوکا کھانا ۔

To buy a pocket / To buy it : (عامیانہ) مرجانا ۔

To buy a pig in a poke : (۱) بےسوچے سمجھے اپنے کو پھنسا لینا ۔ (۲) بے دیکھے بھالے کسی بات کو منظور کرلینا۔

To buy in : اکھٹاخریدنا : نیلامی کی بولی بڑھا کر خود خرید لینا : کسی کارخانے یا کمپنی کے حصے خریدنا ۔

To buy in to : کسی کارخانے یا کمپنی کے حصے خریدنا ۔

To buy off : (۱) کچھ دے دلا کر فوجی خدمت سے مستثنٰی کرا دینا ۔ (۲) دے دلا کر گلو خلاصی کرانا ۔

To buy out : (۱) کچھ دے دلا کر حقوق سے دست بردار ھونے پر آمادہ کرنا ۔ (۲) سب حصوں کو (کسی کارخانے یا کمپنی کے) خرید لینا ۔

To buy over : رشوت دے کر اپنی طرف ملا لینا ۔

To buy up : (۱) کسی مال کو جتنا زیادہ سے زیادہ مل سکے خرید لینا (بازار کو قابو میں رکھنے کے لئے) ۔

Buyable : (a) قابل خرید ۔

Buyer : (n) خریدار ؛ گاھک ؛ مشتری ۔

Business buyer : (تجارت) کاروباری خریدار ۔

Cash buyer : (تجارت) نقد خریدار۔

Potential buyer : (تجارت) ممکنہ خریدار ۔

Residential buyer : (تجارت) رھائشی خریدار ۔

Buyer's market : (n) (تجارت) خریدار بازار ۔

Buyer's monopoly : (n) (تجارت) اجارہ داری خریدار ۔

Buyer's right of routing : (تجارت) اختیار خریدار برائے راستہ ۔

Buyer's strike : (n) (تجارت) خریدار کی هڑتال ۔

Buyer's surplus : (n) (تجارت) خریدار کا زائد ۔

Buying : (n) خرید ؛ خریدنا ؛ مول لینا ۔

Central buying : (تجارت) مرکزی خرید ۔

Committee system of buying : (تجارت) کمیٹی خرید طریقہ ۔

Forward buying (تجارت) اگاؤ خرید ؛ وعدہ خرید

Hand to mouth buying : (تجارت) کام چلاؤ خرید ۔

Memorandum buying : (تجارت) کچی تحریر خرید ۔

Reciprocal buying : (تجارت) جوابی خرید ۔

Buying activity : (n) (تجارت) خریداری عمل ؛ عمل خریداری ۔

Buying agent : (n) (تجارت) خریدار ایجنٹ ۔

Buying committee : (n) (تجارت) خریداری کمیٹی ۔

Buying in : (n) (تجارت) نیلامی خرید ۔

Buying information : (n) (تجارت) خرید جانکاری ؛ خرید معلومات ۔

Buying in margin : (تجارت) نیلامی خرید گنجائش ۔

Buying rate : (n) (تجارت) خرید در ؛ شرح خرید ۔

Buys ballot table : (شماریات) بائس بیلٹ جدول ۔

Buz : (n) دیکھو Buzz

Buzz : (n) [See Buzz (v)] (۱) بھنبھناھٹ ؛ بھنک ۔ (۲) شور و غل ؛ هلچل ؛ ناقابل فهم آوازیں ؛ جوش و خروش ؛ سرگرمی ۔ (۳) افواہ ۔ (٤) ٹیلیفون کی ایک کال ۔ (٥) شراب یا نشہ آور چیزوں کا رد عمل ۔ (٦) هیجان ۔ (۷) صفیری حروف کے ادا کرنےکی آواز ۔

Buzz : (n) [Echoic] (۱) مچھلی کا چارا ۔ (۲) روئیں دار بھونرا ۔

Buzz : (n) (۱) گھنے نقلی بال ؛ بڑے نقلی بال ؛ نقلی بال لگانے والا ۔ (۲) بڑا افسر یا عھدہ دار یا بڑے درجے کا آدمی ۔

Buzz : (v) [Echoic] (۱) بھنکنا ؛ بھنبھنانا ۔ (۲) سر ھو جانا ۔ (۳) کسی مجمع یامقام سے ایسی آوازوں کا آنا جو سمجھ میں نہ آ سکیں ۔ (٤) بھنبھنانا ۔ (٥) پھیلنا ؛ پھیلانا (افواہ وغیرہ کا) ۔ (٦) ایک ساتھ بولنا ؛ زن زن ھونا (پتھر وغیرہ کے پھینکنے کی آواز) ۔ (۷) (استعارتاً) چکر لگانا ؛ اڑنا ؛ تیزی سے جانا ۔ (۸) بے فائدہ اضطراب کے ساتھ مشغول رھنا۔ (۹) Buzzer کے ذریعہ بلانا ۔ (۱۰) ٹیلیفون پر بات کرنا ۔ (۱۱) زورسے پھینکنا ۔ (۱۲) گول آرے سے کاٹنا ۔ (۱۳) غوطہ لگا کر نیچی اور تیز اڑان کرنا ۔ (١٤) انٹرویو لینا ؛ سوال کرنا ۔

Buzz / Buzza : (v) شراب کی بوتل چڑھا جانا ۔

Buzz-saw : (n) گول آرا ۔

Buzzard : (n) (۱) شکرے کی قسم ۔ (۲) شکاری چڑیوں کی قسم ۔ (۳) احمق ؛ نادان ؛ ناکارہ شخص ۔ (٤) حریص ؛ قابل نفرت عادتوں والا۔ (٥) ناپسندیدگی کے اظھار کا عمومی لفظ ۔ (٦) گولف کھیل کی اصطلاح ۔ اوسط اسکور سے دو فاضل ۔

Bald buzzard : شکاری پرندوں کی ایک قسم ۔

Honey buzzard : شکاری پرندوں کی ایک قسم ۔

Moor buzzard : شکاری پرندوں کی ایک قسم ۔

Buzzard : (n) (۱) رات میں اڑنے والے پروانے ؛ پتنگے۔ (۲) بزر (گھنٹی) ۔

Buzzard clock : (n) پتنگے ۔

Buzzardet : (n) ایک لمبی ٹانگوں والا شکرا ۔

Buzzed : (a) کچھ نشے میں ۔

Buzzer : (n) (۱) بھنبھنانے والا کیڑا ۔ (۲) بھونپو (جہاز کا) ؛ پونگا ؛ بھاپ سیٹی ۔ (۳) بھنبھنانےوالا ۔(٤) بزر (برقی مشین جس سے بز بز کی آواز اطلاع کےلئے نکلتی ھے) ۔ (٥) (فوج عامیانہ) سگنل والا ۔ (٦) (عامیانہ) پولیس یا سراغ رسانوں کا بلاّ ۔

Buzzingly : (adv) بھنبھناتے ھوئے ؛ بھنبھنا کر ۔

Buzzy : (a) بھن بھنانے والا ؛ گپّی ؛ باتونی ۔

Bwana : (n ([Arab."abuna"] مالک ؛ آقا (سواحلی افریقہ) ۔

By : (prep., adv., a. & n) [OE. "bi"] سے ؛ سمت ؛ طرف ؛ پاس ؛ قریب ؛ ساتھ ؛ میں سے ؛ پر ؛ کو ؛ میں ؛ براہ ؛ پاس سے ؛ وساطت سے ؛ معرفت سے ؛ ذریعے سے ؛ بوجہ ؛ یوں ؛ ساتھ ؛ جوں ھی ؛ تک ؛ بر بنائے (حق وغیرہ) ؛ دوران سے اجازت وغیرہ ؛ بہ (بتدریج میں) ؛ بقدر ؛ متعلق ؛ پرے ؛ باعتبار ؛ قسم ؛ الگ ؛ علاحدہ ؛ مطابق ؛ کرکے (دو دو کرکے) ؛ علاوہ ؛ ضمناً (حساب داری میں) بذریعہ ۔

Abide by : تعمیل کرنا ؛ پابندی کرنا –

Come by : حاصل کرنا ۔

Four feet by two feet : چارفٹ x دوفٹ ۔

Full and by : (جہازرانی) ھوا کے رخ پر چلنا ۔

Lay /put / set by : جمع کرنا ؛ ترک کرنا ۔

Lead by the hand : ھاتھ پکڑ کر رھنمائی کرنا ۔

North by east : شمال میں مائل بمشرق ؛ تقریباً شمال میں ۔

Stand by : ساتھ دینا ؛ مدد دینا (خصوصاً بحری) ؛ تیار کھڑے رھنا ؛ کھڑے دیکھتے رھنا ۔

Swear by : کسی چیز کا کلمہ پڑھنا ۔

To be pregnant by : اس کے نطفے سے حاملہ ھونا ۔

To have children by : اس کے بطن سے ۔

Too moral by half : حد سے زیادہ پابند اخلاق ۔

To set by the ears : بھڑکانا ؛ شہ دینا ۔

Two devided by three : دو بٹے تین : ۲/۳

By /Bye : (a) شاہ راہ سےالگ ؛ بازو کا ؛ مخفی ؛ اتفاق ۔

By / Bye : (n) ضمنی مسئلہ ؛ ثانوی معاملہ ۔

By (bye) : Good bye کا مخفف ۔

By - . (Prefix) سابقہ کے طورپر ۔

- by : (Suffix) (۱) (لاحقہ) مقامات کے نام کےساتھ مثلاً : Grins by ۔(۲) اشخاص کے لقب کے ساتھ جو محض مذاق یا تحقیر کے لئے دیا جائے مثلاً : idles by = کاھل ؛ Wigs by= نقلی بالوں والا ۔

By-aim : (n) پوشیدہ مقصد ۔

By-alley : (n) بغلی گلی ۔

By all means : ضرور ؛ ھر ذریعہ سے ؛ ھرطریقہ سے ۔

By-and -by : (n) ٹال مٹول ؛ آئندہ موقع ۔

By and by : رفتہ رفتہ ؛ عنقریب ؛ تھوڑی مدت میں ؛ تھوڑے عرصے میں ۔

By and large : (adv) مجموعی طور پر ؛ بطور کلّی ؛ کل ملا کر ؛ سب ملا کر ۔

By beat of drum : (انتظامیہ) ببانگ دہل ' ڈھول بجاکر ؛ اعلانیہ ۔

By-bidder : (n) نیلام میں قیمت بڑھانے کے واسطے بولی بولنے والا ۔

By-blow : (n) اتفاقی یا بالواسطہ ضرب ؛ حرامی اولاد ۔

By book : کتاب کے مطابق ۔

By-chamber : (n) بغلی کمرہ ۔

By-corner : (n) علاحدہ گوشہ ۔

By-day : (n) چھٹی کا دن ۔

By-election : (also bye-election) : (n) (انتظامیہ) ضمنی انتخاب : ذیلی انتخاب ۔

By-end : (n) مخفی مقصد ' ٹکڑا ۔

By feature : (n) ثانوی جاذب توجہ چیز (تماشہ کھیل) ۔

By flown : (a) پاس سے اڑنے والا ۔

By -form : (n) (کسی لفظ کی) ثانوی شکل ۔

By glance : (n) اچٹتی نگاہ ۔

By hand : دستی : دست بدست ۔

By heart : حفظ : زبانی : ازبر ۔

By-issue : (n) ضمنی مسئلہ ۔

By-lane : (n) چھوٹی گلی جو سڑک سے ملی ہو ۔

By-law/ Bye-law : (n) مقامی قاعدہ یا قانون ' مخصوص جماعت یا انجمن کا قانون ' ذیلی قانون ۔

By-matter : (n) ذیلی واقعہ 'ادنی معاملہ ۔

By-name / Byname : (n) عرف ' پیار کا نام : چھیڑ کا نام ۔

By one self : خود بخود : اکیلے : تن تنہا ۔

By our lady : حضرت مریم کی قسم ۔

By-pass : (۱) بھاپ نکلنے کی ثانوی نالی ۔ (۲) گیس ، لیمپ کی چھوٹی نلکی ۔ (۳) شکمی سڑک : ذیلی راستہ : فرعی راستہ : (طبیعیات) ضمنی گذر ۔

By-pass : (v) (۱) نظرانداز کرنا : چھوڑ کر گذر جانا۔ (۲) ذیلی راستہ بنانا ۔ (۳) (ملٹری) دشمن کے بغل سے آگے نکل جانا (حملہ کئے بغیر) ۔

By-past / Bypast : (a) گذرا ہوا : گذشتہ : ماضی ۔

By-path : (n) غیر معروف راستہ : پگڈنڈی : مخصوص راستہ : نجی راستہ ۔

By-payment : (n) خفیہ ادائی ۔

By-play : (n) اصل نمائش کے درمیان کوئی ضمنی عمل : ڈرامے میں ضمنی حصہ : گونگا تماشہ ۔

By-plot : (n) ذیلی پلاٹ ۔

By-product : (n) (۱) ضمنی پیداوار۔ (۲) بلا ارادہ اور غیر متوقع نتیجہ : (حیوانیات) ضمنی حاصل ۔

By-production : (n) ذیلی پیداوار ۔

By right : حق و انصاف کی رو سے ۔

By -road : (n) ذیلی سڑک : کم چالو سڑک ۔

By-room : (n) ضمنی کمرہ ۔

By rote : (a) رٹا ہوا ۔

By rote : پاس سے ۔

By - route : (n) شاہراہ سے الگ راستہ ۔

By - stander : (n) تماشائی : تماشا بین : الگ کھڑا رھنے والا ۔

By-street : (n) گلیاری۔

By-stroker : (n) پاس سے سیر کرنے یا گھومنے پھرنے والا۔

By-talk : (n) گپ شپ ۔

By-term : (n) کیمرج یونی ورسٹی میں اصلی میعاد سے الگ میعاد (term) (داخلہ اور سند کے لئے) ۔

By that : اس لئے :لہٰذا ۔

By the astern : (جہاز رانی) پیچھے کی طرف جھکا ہوا ۔

By the by : تذکرتاً : بر سبیل تذکرہ ۔

By the hands of : اس کے ہاتھ سے : اس کے ذریعے ۔

By the head : (جہاز رانی) اگلا حصہ پچھلے حصے کے اعتبار سے زیادہ گہرے پانی میں ہو ؛ آگے کی طرف جھکا ہوا ۔

By the space of : دوران میں ۔

By the way : اس سلسلے میں ؛ برسبیل تذکرہ ؛ ضمناً ۔

By the way of knowing every body : جہاں / جگت آشنا ہونے کا دعویٰ کرنا یا سمجھا جانا ۔

By-thing : (n) معمولی چیز ؛ غیر اہم چیز ۔

By-thought : (n) سرسری خیال ۔

By-time : (n) درمیانی ؛ فرصت کا وقت ۔

By-turning : (n) غیر معروف موڑ ۔

By-view : (n) (۱) اچنتی ہوئی نگاہ ؛ سرسری نظارہ ۔ (۲) ذاتی مفاد کا مقصد ۔

By virtue of : نتیجہ میں ؛ ذریعہ سے ؛ وجہ سے ۔

By-walk : (n) ایک الگ ٹہلنے یا خاص راستہ ؛ تنہا چلنے کی روش ۔

By-way : (n) (۱) غیر معروف راستہ ۔ (۲) کسی علم یا فن کا غیر معروف شعبہ ۔

By way of : بطور ۔

By-west : پچھم کے قریب ۔

By-window : (n) بغلی کھڑکی ۔

By-wipe : (n) دیکھو Side stroke ؛ ضمنی فعل ؛ بغلی دار ؛ (تیراکی میں) بغلی ہاتھ ۔

By-word : (n) (۱) ضرب المثل ؛ کہاوت ۔ (۲) تحقیر یا طنز کا نشانہ ۔ (۳) سخن تکیہ ۔ (٤) عرف ۔

By-work : (n) (۱) ضمنی کام ؛ وہ کام جو درمیانی فرصت میں کر لیا جائے ۔ (۲) وہ کام جو مقصد بعید کےلئے کیا گیا ہو ؛ وہ کام جس کی ثانوی اہمیت ہو ۔

By your leave : آپ کی اجازت سے ۔

Byard : (n) چمڑے کا تسمہ (جو کوئلہ کی کان میں گاڑی کھینچنے والے سینے پر باندھتے ہیں) ۔

Bye : (n) (۱) (کرکٹ) وہ رن جو گیند کے وکٹ کیپر سے چھوٹ جانے پر بن جاتا ہے ۔ (۲) (ٹینس اور باکسنگ وغیرہ) ایسے شخص کی حالت جو آزمائش میں تنہا رہ جائے اور دوسرے اپنے مقابل کے ساتھ میدان میں جائیں ۔ (۳) (Lacross کھیل میں) ایک گول ؛ شروع کرنے کی لائن ۔ (٤) جیمس اول کی حکومت کے خلاف ایک سازش کا نام ۔

Bye -bye : خدا حافظ (Good-bye) ۔

Bye -bye : (n) لوری ؛ بستر یا نیند ۔

Bygoing : (n) گذر ۔

In the bygoing : ضمناً ۔

Bygone / By-gone : (a & n) ماضی ؛ قدیم ؛ گذشتہ ؛ گزرا ہوا ۔

Bygones : (n) زمانہ گذشتہ ؛ باقی ؛ گذشتہ خطائیں ۔

Let bygones be bygone : گذشتہ را صلواۃ ۔

Bylander : (n) دیکھو Bilander

Bylaw-man : (n) دیکھو Byrlawman وہ مقامی افسر جو شمالی انگلستان اور اسکاچستان میں مقامی قانون بناتا ہے اور معمولی مقدمات کا فیصلہ کرتا ہے ۔

Byre : (n) [OE."byre"] بتھان ؛ گاؤ شالہ ؛ گاؤ خانہ ۔

Byrlady : (int.) حضرت مریم کی قسم ۔

Byrlawman : (n) وہ مقامی افسر جو ضمنی یا ذیلی قانون کے بنانے اور نافذ کرنے کے لئے مقرر ہو ۔

Byrnie : (n) زرہ ۔

Byronic : (a) بائرن یا اس کی شاعری سے متعلق ؛ بائرن کے طرز کی ہجو ؛ بائرن کی شاعری کی طرح ۔

Byronism : (n) بائرن کی تقلید ؛ بائرن کی نقل ۔

Byrsa : (n) [Gr.] (طب) باریک چمڑا جس پر پلاسٹر لگایا جاتا ہے ۔

Byssaceous : (a) [Byssus + - ACEOUS] (نباتیات) ۔

کتانیہ دار ؛ ریشہ دار ۔

Byssiferous : (a) کتانی ۔

Byssine : (a) [Gr. "byssinos"] باریک باریک ریشوں کے لچھے کا بنا ہوا ؛ کتانی ۔

Byssoid : (a) کتانیہ نما ۔

Byssolite : (a) [Gr. "byssos" + - LITE] بیسٹس کی طرح کا = Asbestoid

Byssus : (n) [Gr. " byssos"] (۱) قدیم باریک سن یا اس کا کپڑا ۔ (۲) باریک باریک ریسوں کے لچھے جن کے ذریعہ صدف چٹانوں سے چمٹے رہتے ہیں ۔

Byward : (n) ضمنی محافظ خانہ ۔

Byzantian : (a & n) [L."Byzantius"] دیکھو Byzantine

Byzantine : (a) [L."Byzantinus"] (۱) بزنطینی : قسطنطنیہ سے متعلق ۔ (۲) بزنطینی طرز کی موسیقی جس کا مشرقی کلیسا میں رواج تھا ۔ (۳) بزنطینی طرز تعمیر جس کی تکمیل رومن سلطنت کے مشرقی حصے میں ہوئی تھی ۔ اس طرز تعمیر میں دائرے ؛ گنبد اور گول ستون خاص اہمیت رکھتے ہیں ۔

Byzantine : (n) بزنطین کا باشندہ ۔

Byzantine cathedral : (n) (تاریخ و سیاسیات) بازنطینی صدر کلیسا ۔

Byzantine historians : (n) چھٹی صدی سے پندرھویں صدی تک کی رومن شہنشاہیت کے مورخ ۔

Byzantinesque : (a) بزنطینی (طرزتعمیر، موسیقی وغیرہ) ۔

Byzantinism : (n) بزنطینیت ۔

Byzantinize : (v) بزنطینی وضع یا ساخت میں ڈھالنا یا بنانا ۔

Byzen : (n) [OE."bisen"," bysen"] ۔ شرمناک منظر یا مثال

C

C : (۱) انگریزی حروف تہجی کا تیسرا حرف ۔ (۲) (اعداد شمار میں) 100 ؛ (عامیانہ) سو ڈالر ۔ (۳) (موسیقی) طبعی میجر اسکیل کا پہلا سر ۔ (٤) (منطق) مفروضہ شخص یا شے ۔ (٥) (الجبرا) تیسرا مقدار معلومہ ۔ (٦) کسی جزو یا شخص کو آسانی کے لئےیا بلا وجہ C مان لینا ۔ (۷) امتحان میں ممتحن کے کام کی درجہ بندی میں تیسرا درجہ ۔ (۸) درجہ بندی کے لحاظ سے کسی شخص یا چیز کا C کہا جانا ؛ فوجی ملازمت میں اہلیت کے لحاظ سے آخری درجہ ۔ (۹) کوئی چیز جو حرف C کی شکل کی ہو ۔

Ca : (v) [mod. Sc. f. CALL] (اسکاٹستان) پکارنا ' ہانکنا ۔

CA : (n) ہانک ' پکار ۔

Caaba : (n) [Arab] کعبہ : مکہ معظمہ میں ایک عمارت جو مسلمانوں کی سب سے بڑی عبادت گاہ ہے ۔

Caam : (n) کرگھے کی چھوٹی ڈوریاں جن سے تانا گذرتا ہے ۔

Cab / Kab : (n) [Heb. "qab"] تقریباً دو کوارٹز کے برابر ایک قدیم عبرانی پیمانہ ۔

Cab : (n) [Abbrev. of CABRIOLET] (۱) ایک گھوڑے کی بگھی ؛ یکہ ۔ (۲) انجن پر ڈرائیور کے لئے سائبان ۔ (۳) یکہ ۔ (٤) ٹیکسی (Taxicab کا مخفف) ۔ (٥) لفٹ کا خانہ ۔

Cab : (n) [short for CABBAGE] (عامیانہ) طلبا کو رٹانے کی کتاب ؛ نصاب کا ترجمہ یا خلاصہ ۔

Cab : (v) بگھی میں جانا ۔

Cab : (v) [short for CABBAGE] چوری کرنا ؛ نصاب کے ترجمہ یا خلاصہ کو رٹنا ۔

Cab : (n) [Perh. alter. of gob (lump)] کوئی میلی یا لیس دار چیز ۔

Cab-rank : (n) اڈے میں گاڑیوں یا بگھیوں کی قطار ۔

Cab-runner : (n) حمال ' قلی ؛ مزدور ۔

Cab-stand : (n) بگھی یا گاڑی کا اڈہ ۔

Cab-tout : (n) حمال ؛ قلی ؛ مزدور ۔

Caba : (n) [L. "Capere"] عورت کا دستی بیگ ۔

Cabaan / Caban : (n) [Arab .] قبا ؛ عبا ۔

Cabal : (n) [L. "Cab (b) ala"] (۱) سازش ؛ سانٹ بانٹ ' سازباز ؛ سازش ۔ (۲) چارلس ثانی انگلستان کے عہد میں امور خارجہ کی کمیٹی کا نام جس میں Clifford , Arlington , Buckingham , Ashley اور [illegible] سن ١٦٧٢ء میں تھے اور ان کے ناموں کے سر حروف سے یہ لفظ بنا ھے ۔ کبال (چارلس دوم کے عہد کی مشاورتی کمیٹی مجلس سن ١٦٧٢ء (تاریخ) ۔ (۳) سازش کرنے والوں کی ایک چھوٹی جماعت ' ٹولی ؛ جتھا ۔ (٤) خفیہ جلسہ ؛ سازش ۔ (٥) فنکاروں کا حلقہ ۔

Cabal : (v) (۱) سازش کرنا ؛ سازباز کرنا ۔ (۲) خفیہ جماعت میں شریک ھونا ؛ سازش کرنےوالوں کی ٹولی میں شریک ھونا ۔ (۳) جتھا بنانا ' جتھابندی کرنا ۔

Cabala / Cabbala / Kabala / Qabala : (n) [ML.CABAL] (۱) یہودیوں کی قدیم روایات جو سینہ بہ سینہ چلی آرھی ھیں ۔ (۲) پر اسرار تاویل و توجیہ ؛ باطنی تعلیم ' راز ؛ پر اسرار فن یا عقائد ۔

Cabaletta : (n) [L."Copula"] سازوں پر ایک راگ یا نغمہ ۔

Cabalic / Cabbalic : (a) (۱) یہودیوں کی قدیم روایات کا علم ۔ (۲) پراسرار فن یا عقائد سے متعلق یاعقائد کا ۔

Cabbage : (n) [M. F."Cabas"] (۱) کپڑے کا وہ ٹکڑا جو درزی کاٹتے میں چرا لیتا ھے ۔ (۲) اسکول کے بچے کی زبان میں نصابی کتاب کا خلاصہ یا ترجمہ ۔

Cabbage : (n) [It.Capochia] (۱) کرم کلا : کلم : کریلا : بندگوبھی ۔ (۲) تاڑ کی طرح کے وہ درخت جنکی کلیاں مثل کرم کلے کے کھائی جاتی ھیں ۔ (۳) (عامیانہ) کاغذی سکہ : بنک نوٹ : بنک کی ھنڈی ۔

Turnip Cabbage : گھم قمری ۔

Cabbage : (v) (۱) کرم کلے کی طرح گول ھو جانا ۔ (۲) ھرن کے سر کو سینگ کے ٹھیک پیچھے سے کاٹنا ۔

Cabbage : (v) (۱) چرانا ۔ (۲) رٹنا (اسکول کے بچے کی زبان میں) ۔

Cabbage : (v) دھات کے بیکار ٹکڑوں کو دبا کر ایسا بنا دینا کہ ان کو پکڑنے میں یا دوبارہ پگھلانے میں آسانی ھو ۔

Cabbage-bark : (n) ایک قسم کے درخت کی چھال جو خواب آور اور کرم کش ھوتی ھے ۔

Cabbage-beetle : (n) دیکھو Cabbage-flea

Cabbage- butterfly : (n) بڑی سفید تتلی : چھوٹی سفید تتلی : گھم قمری ۔

Cabbage -cole : کرم کلے کی ایک قسم ۔

Cabbage-flea : ایک بہت بڑا اچھلنے والا بھونرا ۔

Cabbage -fly /Cabbage-head : (۱) ایک کیڑا جو بندگوبھی کو برباد کرتا ھے ۔ (۲) بندگوبھی ۔ (۳) بیوقوف آدمی : احمق : نادان ۔

Cabbage-lettuce : سلاد جس کا سر کرم کلے کی طرح ھوتا ھے ۔

Cabbage-moth : (n) ایک قسم کا کیڑا جو کرم کلے کو تباہ کرتا ھے ۔

Cabbage-palm : (n) جزائر الغرب الھند کا ایک درخت ۔

Cabbage-plant : (n) کرم کلے کی گاچھی ۔

Cabalism / Cabbalism : (n) علم الاسرار : علم باطن : قبل دانی ۔

Cabalist / Cabbalist : (n) قبلہ داں : عالم اسرار ۔

Cabalist : (n) سازشی : کسی سازش کا رکن ۔

Cabalistic / Cabbalistic : (a) سری : قبلائی : باطنی ۔

Cabalistically / Cabbalistically : (adv) (۱) پر اسرار طریقہ پر ۔ (۲) سازشی ۔

Caballero : (n) [L. "Caballarius", F. "Caballus"] (۱) ایک ھسپانوی شریف آدمی ۔ (۲) نائٹ ۔ (۳) گھوڑ سوار ۔

Caballine : (a) [L. "Caballinus"] (۱) گھوڑوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) شاعرانہ الھام دینے والا : شاعرانہ فیضان دینے والا ۔

Caballine fountain : (n) سرچشمہ الھام : چشمہ فیضان ۔

Caballo : (n) [L. "Caballus"] گھوڑا ۔

Caban / Cavan : (n) [Tagalog. "Kaban"] (۱) کوٹھری خصوصاً مچھروں کی ۔ (۲) غلہ ناپنے کا پیمانہ ۔

Cabana : (n) سگار کی ایک قسم : کبانہ ۔

Cabana : (n) [ML."Capanna"] (۱) چھوٹے سفری خیمے کی ایک قسم ۔ (۲) ھلکی چھوٹی کوٹھری کے مثل ساخت جس میں رھنے کا انتظام ھو ۔

Cabane : (n) [F."Cabin"] وہ ڈھانچہ جو ھوائی جہاز کے بازوؤں کو سہارا دیتا ھے ۔

Cabaret : (n) [L. L. "Camera"] (۱) مے خانہ : بھٹی : کلوار خانہ : شراب خانہ ۔ (۲) وہ ریستوران جہاں کھانے کے دوران رقص و سرود کا سامان ھو ۔ (۳) ایسے ریستوران کا رقص و سرود کا سامان ۔ (٤) چائے، کافی یا چاکلیٹ کا چینی کا سیٹ ۔

Cabaret : (v) شراب پینا : رقص و سرود میں شریک ھونا ۔

Cabbage - rose : (n) سرخ گلاب کا بڑا پھول : کلم گلاب ۔

Cabbage-tree : (n) تاڑ کی قسم کا ایک درخت جس کے آخری گول حصےکو کھایاجاتا ھے : مخمل ھندی ۔

Bastered or black Cabage-tree / تاڑ جیسےدرختوں کی
Canary Island Cabbage-tree / Small umbelled ۔ قسمیں
Cabbage-tree دیکھو

Cabbage-wood : (n) Cabbage-tree کی لکڑی ۔

Cabbage-worm : (n) کرم کلےکو کھانے والا کیڑا : جھنجا ۔

Cabben : (n) [F. CAB] بگھی گھوڑا ۔

Cabbing : (n) [F. CAB (v)] بگھی ھانکنا : بگھی کرایہ پر دینا ۔

Cabble : (v) (لوھا گلانے میں) کچے لوھے کو چھوٹے چپٹےتکڑوں میں توڑنا (دوبارہ گلا کر سرخ بنانے کے لئے) ۔

Cabbler : (n) کچے لوھے کو چھوٹے چپٹے تکڑوں میں توڑنے والا ۔

Cabby : (n) [F. Cab] بگھی ھانکنے والا : بگھی والا : ٹیکسی والا ۔

Caber : (n) [Gael. "Cabar"] (۱) صنوبر کا کندا ۔ (۲) شہتیر ۔

Throwing or tossing the Caber : کندا پھینکنا ۔

Cabernet : (n) [F.] کلیفورنیا کی ارغوانی شراب ۔

Cabestro : (n) [L. "Capere"] بالوں کا بنایا ھوا رسا ۔

Cabette : (n) ٹیکسی چلانے والی عورت ۔

Cabful : (n) بگھی یا ٹیکسی میں سمانے بھر مقدار یا تعداد : بھر بگھی : ٹیکسی بھر ۔

Cabiai : (n) [Fr." Galibi"] سب سے بڑا کترنے والا چوپایہ جانور ۔

Cabilliau / Cabeliau : (n) [Du."Kabeljauw"] کاڈ مچھلی : کاڈ مچھلی کا بھرتہ ۔

Cabin : (n) [L."Capanna"] (۱) جھونپڑا : جھونپڑی : کٹی : چھوٹی کوٹھری ۔ (۲) جہاز کی کوٹھری : حجرہ : کمرہ ۔ (۳) ھوائی جہاز کا بند کمرہ ، اسباب، مسافر یا عملہ کےلئے ۔ (٤) شیشے سے گھرا ھوا کمرہ (کسی مینار کے اوپر مشاھدہ کےلئے) ۔ (٥) گاڑی جو دوسری گاڑی کے پیچھےلگی ھو اور جو رھنےکے کمرے کا کام دے ۔

Cabin : (v) (۱) جھونپڑے ، کمرے ، حجرے میں رھنا : چھوٹے کمرے میں رھنا ۔ (۲) جھونپڑی میں رکھنا یا پناہ دینا ۔ (۳) بند کرنا (چھوٹےکمرے میں) ۔

Cabin boy : (n) جہاز کا بیرا یا خدمت گار ۔

Cabin class : (n) جہاز کا وہ کمرہ جو فرسٹ کلاس سے کم درجے کا ھوتا ھے ۔

Cabin coat : (n) ھوٹل ۔

Cabined : (a) (۱) جھونپڑی کی طرح بنا ھوا ۔ (۲) چھوٹا کمرہ مہیا کیا ھوا ۔ (۳) تنگ جگہ میں بند کیا ھوا ۔ (٤) (استعارتاً) محدود ۔

Cabinet : (n) [F. "Cabinet" It. "gabinetto"] (۱) کوٹھری : حجرہ ' چھوٹا کمرہ ۔ (۲) چھوٹی الماری ' صندوقچہ : بکس ۔ (۳) خلوت خانہ ' شورا خانہ ' کمرۂ کابینہ : مجلس مشاورت : مجلس عاملہ ۔ (٤) کابینہ : جماعت وزراء ' کابینہ کا جلسہ ' وزیر کابینہ ۔ (٥) عجائب خانہ میں نمائش والی الماری ۔ (٦) کوئی چھوٹی سی گھیری ھوئی جگہ ۔ (۷) Cabinet photograph کا مخفف ۔ (۸) حکومت ۔ (۹) خفیہ ' نجی : پوشیدہ کمرے کا ۔ (۱۰) کمرے یا کوٹھری میں رکھنے کے لائق ۔ (۱۱) صندوق یا الماری بنانے کے لائق ۔ (۱۲) کابینہ کا یا کابینہ سے متعلق ۔

Cabinet : (v) صندوق یا الماری میں بند کرنا : بند کرنا ۔

Cabinet affairs : (n) (انتظامیہ) امور کابینہ ۔

Department of Cabinet affairs : (انتظامیہ) محکمہ امور کابینہ ۔

Cabinet Council : (n) (۱) دیوان خاص یا مشیروں کی کاؤنسل ۔ (۲) مجلس کابینہ ۔

Cabinet crisis : (n) کاؤنسل کی مشکلات جس کی وجہ سے وزارت بدل جائے یا چند ارکان مستعفی ہو جائیں : کشاکش کابینہ ' کابینہ کی نازک حالت : نازک وقت وزارت -

Cabinet edition : (n) متوسط تقطیع کی کتاب : کابینی -

Cabinet-maker : (n) (۱) صندوقچہ ، چھوٹی الماری وغیرہ بنانے کا کاریگر : کاریگر (نجار ، بڑھئی) - (۲) عمدہ قسم کا فرنیچر بنانے والا - (۳) کابینہ ساز -

Cabinet minister : (n) (انتظامیہ) وزیر کابینہ -

Cabinet Particulier : (n) کسی ریستوران میں مہمانوں کیلئے چھوٹا نجی کمرہ -

Cabinet photograph : (n) متوسط تقطیع کا کابینی فوٹو -

Cabinet piano : (n) چھوٹا عمودی پیانو -

Cabinet pudding : (n) ایک قسم کی پڈنگ -

Cabinet secretariat : (n) (انتظامیہ) دفتر کابینہ -

Cabinet secretary : (n) (انتظامیہ) سکریٹری کابینہ : ناظم وزارت -

Cabinet-sized : (a) (۱) صندوق یا چھوٹی الماری میں رکھنے لائق - (۲) ٤/٦ انچ سائز -

Cabinet wine : (n) بہترین قسم کی شراب -

Cabineteer : (n) (عامیانہ) کابینہ کا ایک رکن -

Cabiri / Cabeiri : (n) [Gr. "Kabiroi," "Kabeiroi"] (تاریخ) یونانی مذہب کے دیوتاؤں کی ایک جماعت -

Cable : (n) [L. "Capulum","Caplum"] (۱) مضبوط رسا - (۲) (جہاز رانی) جہاز کا رسا : لنگر کی زنجیر یا رسی : جہاز کے رسے کی لمبائی - (۳) بحری تار - (٤) بل دار نقش و نگار - (٥) کھجور یا رسی : تین بانٹ کی رسی - (٦) رسے کی طرح کی کوئی چیز - (٧) طناب -

Cable : (v) (۱) رسے سے باندھنا : رسا مہیا کرنا - (۲) رسے کی طرح کی کسی چیز سے آراستہ کرنا - (۳) بحری تار بھیجنا - (٤) رسا بنانا یا رسے کی شکل کا بنانا - (٥) بل دار نقش و نگار بنانا -

Cable-bends : (n) چھوٹا رسا جو بڑے رسے کے سرے پر حلقہ بنانے کے لئے باندھا جاتا ہے -

Cable-buoy : (n) پیراک پیپا جو بحری تار کو سہارا دینے کیلئے ہوتا ہے : لنگر پیراکو -

Cable-car : (n) اوپر سے چلنے والی ریل گاڑی کا ایک ڈبہ -

Cable conductor : (n) (انتظامیہ) کیبل کنڈکٹر : تار کنڈکٹر -

Cable-forman : (انتظامیہ) کیبل فورمین -

Cable-gram : (n) بحری تار -

Cable-guard : (n) (انتظامیہ) محافظ تار : کیبل گارڈ -

Cable jointer : (n) (انتظامیہ) تار ساز : کیبل جوائنٹر -

Cable-laid : (n) تین رسوں سے بنا ہوا رسا جس کے ہر رسے میں تین ڈوریاں ہوتی ہیں -

Cable-man : (n) بگھی چلانے والا : بگھی وان : ٹیکسی ڈرائیور -

Cable-railway : (n) وہ ریلوے جس میں گاڑیاں یا ڈبے موٹے رسے کے ذریعہ چلائی جاتی ہیں -

Cable-rope : (n) مضبوط موٹا رسا : تین بانٹ کا رسا -

Cable-stock : (n) لنگر کا چرخ -

Cable superviser : (n) (انتظامیہ) نگراں تار : کیبل سپروائزر -

Cable-tier : (n) رسوں وغیرہ کے رکھنے کی جگہ (جہاز میں) : پتلا رسا -

Cable-tools : (n) کھودنے کا ایک آلہ -

Cable-transfer : (n) ایک ملک سے دوسرے ملک میں پیسہ منتقل کرنا ریڈیو ، ٹیلیفون یا تار کے ذریعہ -

Cable-way : (n) نقل و حمل کا ایک ذریعہ جس میں دو سہاروں کے بیچ میں تاروں کا رسا آویزاں رہتا ہے جس کے ذریعہ چیزیں بھیجی جاتی ہیں : طنابی راہ -

Cablet : (n) [F. CABLE] دس انچ سے کم محیط والی بٹی ہوئی رسی -

Cabling : (n) بلدار نقش ۔

Cabman : (n) [F. CAB] وہ کارندہ جو برقی تاروں کو لگاتا ہے یا مرمت کرتا ہے ۔

Cabob : (n) (Also Kabob) [Arab " Kabab"] کباب ۔

Cabob : (v) کباب بنانا ۔

Caboceer : (n) [Pg."Cavo"] مغربی افریقہ کا ملکی حاکم یا سردار ۔

Caboched / Caboshed / Cabossed : (a) [It."Capocchia"] (نقابت) گردن کے بغیر سر بنا ہوا (ہرن ، بیل وغیرہ کا) ۔

Cabochon : (n) [F. "Caboche"] (۱) نیا تراشا کچھ پالش کیا ہوا پتھر (جواہرات) ۔ (۲) محدب شکل کا پالش کیا ہوا پتھر یا دانہ وغیرہ : قبہ، جوہر ۔ (۳) قیمتی پتھروں کو اس طرح تراشنے کا طرز ۔

Caboclo : (n) [Pg. fr. tupi. "Caboco"] خالص نسل کا برازیلی ہندوستانی ۔

Cabomba : (n) [Sp. "Cabomba"] دریائی پودوں کی ایک قسم جس میں چھوٹے سفید یا زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Caboodle : (n) [The whole Caboodle] کھیپ : مجموعہ : جماعت ۔

Caboose : (n) [Prob. LG. "Kabuse"] (۱) جہازی باورچی خانہ ۔ (۲) مال گاڑی کا ایک ڈبہ جس میں کارندے یا نگراں رہتے ہیں ۔ (۳) جھونپڑا : جھونپڑی ۔ (٤) کھلا چولھا ۔

Caboose / Camboose : (n) [Prob.LG."Kabuse"] (عامیانہ) جیل ۔

Cabot : (n) [F.Romanic,"Cabo"] Channel Island میں ناپنے کا ایک پیمانہ : نصف بوشل ۔

Cabotage : (n) [F. "Caboter"] ساحلی تجارت : ساحلی تجارت کرنے کا حق ۔

Cabotinage : (n) [F. "Cabotintage"] تصنع آمیز اداکاری ۔

Cabre : (a) [F."Cabrer"] (نقابت) پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ۔

Cabrie / Cabrit : (n) [Sp. "Cabrito"] شاندار سینگوں والا ہرن ۔

Cabriolet : (n) [F. "Cabriole"] ہلکے دوپہیوں کی تب دار ایک گھوڑے کی گاڑی ' تم تم کا سکہ ' ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کے ہڈ کو گرایا جاسکتا ہے ۔

Cabrito : (n) [Sp. dim of Cabro.] بکری کے چھوٹے بچے کا بھنا ہوا گوشت ۔

Caburn : (n) [Conn. W. CABLE] (جہاز رانی) رسا یا رسی جس سے موٹے رسوں کو لپیٹتے ہیں ۔

Cacaerometer : (n) نجاست ہوا پیما ۔

Cacaesthasia / Cacesthesia : (n) (طب) فتور حسّی ۔

Cacafuego : (n) [Pg. "Cagar" + Sp."fuego"] دریدہ دہن ' شیخی بگھارنے والا : منہ پھٹ ۔

Cacanny : (v) آہستہ کام کرنا : ہشیاری سے کام کرنا ۔

Cacanny : (n) ارادۃً آہستہ کام کرنے کی پالیسی ۔

Cacao : (n) کوکو : کوکو کا درخت : ناریل ۔

Cacao butter : (n) کوکو کے جوز سے نکالا ہوا روغنی مادہ جس سےبالوں کی کریم ، موم بتی بنتی ہے ۔

Caccagogue : (n) [Gr. "Kakke" + "agogos"] (طب) پھنکری اور شہد سے بنا ہوا ایک مرہم جو قبض دور کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Cachalot : (n) [F.] ایک قسم کی وھیل مچھلی جس کے نچلے جبڑے میں دانت ہوتےہیں : غیر ماھی قیاس ۔

Cache : (n) [F.] (۱) سامان رسد : گولہ بارود وغیرہ چھپانے کی کوئی پوشیدہ جگہ خصوصاً جو سیاح استعمال کرتے ہیں : چورخانہ ۔ (۲) دفینہ : خزانہ : چھپائی ہوئی چیزیں ۔

Cache : (v) زمین میں چھپانا : زمین کے اندر گاڑ کر رکھنا ۔

Cache-sexe :(n) [F. "Cacher" + "sexe"] لنگوٹ : جانگھیہ ۔

Cachectic / -al : (a) [Gr. "Kachektikos" + - AL] جسمانی یا دماغی مریض ' ضعیف البنیان : ضعیف دماغ ، لاغر جسم والا ۔

Cachepot : (n) [F. "Cacher" +"Pot"] آرائشی ظرف پھول کے گملے کو رکھنے یا چھپانے کے لئے ۔

Cachet : (n) [F. "Cacher"] (۱) مہر ۔(۲) امتیازی نشان : امتیازی علامت ۔(۳) مستند اندرونی شہادت ۔(٤) (طب) کیپسول ۔(٥) وقار ۔ (٦) لفافہ پر کوئی تصویر، نقش یا تحریر جو ڈاک یا ٹکٹ سے کسی اہم واقعہ کی یادگار ہو ۔

Cachexy / Cachexia : (n) [Gr.] (۱) جسمانی کمزوری اور دبلا پن (جو کسی مزمن بیماری کی وجہ سے ہو) ۔(۲) دماغ یا نقطہ نظر کی خرابی : جسمانی یا دماغی خلل : فساد مزاج ۔

Cachinnate : (v) [L."Cachinnare"] قہقہہ لگانا : کھلکھلا کر ہنسنا ۔

Cachinnation : (n) [L."Cachinnationem"] قہقہہ : کھلکھلاھٹ ۔

Cachinnator : (a) قہقہہ لگانے والا : کھل کھلا کر ہنسنے والا ۔

Cachinnatory : (a) قہقہے سےمتعلق ۔

Cacholong : (n) [F. "Kaschtschilon"] ایک قسم کا دودھیا پتھر ' قشلونگ : دودھیا کار ۔

Cachou : (n) [Malayalam " Kaccu"] (۱) کتھا ۔(۲) کاجو سے بنائی ہوئی خوشبودار گولی جو تمباکو کے ساتھ منھ کو خوشبو دار کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Cachua : (n) (Also Kashua or Kaswa) [Amersp. "Cachua"] پیرو کا ایک تیز رقص ۔

Cachucha : (n) [Gr. "Kakkabos"] ایک قسم کا ھسپانوی رقص۔

Cacique : (n) [F. "Cacique"] (۱) امریکی انڈین ، جزائر غرب الھند کےقبائل کا سردار ۔(۲) اسپین اور جنوبی امریکہ کا مقامی سردار ۔ (۳) امریکہ کی ایک چڑیا ۔

Caciqueship : (n) امریکی انڈین یا جزائر غرب الھند کے قبائل کے سردار کا عہدہ ۔

Cack : (v) [L. "Cacare"] (۱) پاخانہ کرنا : فضلات خارج کرنا ۔(۲) قے کرنا ۔

Cack : (n) پاخانہ : قے : فضلہ ۔

Cack : (n) [Origin Unknown] شیرخوار بچے کا بے ایڑی کا جوتا ۔

Cackle : (n) [ME. "Cakelen"] (۱) کٹ کٹ : کٹر کٹر ۔ (۲) بک بک : بکواس : گپ شپ ۔(۳) ھلکی ھنسی (قہقہ اور مسکراھٹ کے درمیان کی) : کھی کھی ۔(٤) بکواس ۔

Cackle : (v) (۱) کڑ کڑانا (مرغی کا) ۔(۲) بک بک کرنا : ٹائیں ٹائیں کرنا : فخر کرنا : شیخی بگھارنا ۔(۳) کھی کھی کرنا : دانت نکالنا ۔

Cackle : (v) (جہاز رانی) موٹے رسے کو تین انچ موٹے رسے سے ڈھک دینا (رگڑ سے بچانے کے لئے)۔

Cacker : (n) بکواسی : کڑکڑ کرنے والی مرغی وغیرہ ۔

Caco : (Prefix) [Gr."Kak'os"] سابقہ بمعنی مرض ۔

Caco-demon / -daemon : (n) (۱) بھوت پریت : خبیث روح : شیطان ۔(۲) بدسگال : بدطینت شخص ۔ (۳) (خراب اثر، مضرت رساں) آسمان کا بارھواں خانہ ۔

Caco-demonia : (n) جنون جس میں مریض کو یہ دھوکا ھوتا ھے کہ اس پر بھوت سوار ھو گیا ھے ۔

Caco-doxical : (a) غلط رائے یا ارتداد سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Caco-doxy : (n) [Gr. "Kak+doxia"] غلط رائے یا عقیدہ ۔

Caco-epistic : (a) خراب تلفظ والا ۔

Caco-epy : (n) [Gr."Kakoepia"] خراب تلفظ ۔

Caco-gastric : (a) خراب معدہ یا پیٹ والا ۔

Caco-genesis : (n) [Gr.] (۱) بگڑی ھوئی شکل : عجیب و غریب چیز: بدشکل ۔(۲) نسلی انحطاط : ناقص تولید ۔

Caco-magician : (n) مضرت رساں جادوگر یا ساحر ۔

Caco-rhythmic : (a) [Gr.] خراب آهنگ والا ۔

Cacocholia : (n) فتور صفرا ۔

Cacochylia : بری طرح قیلوس هونے کی حالت ؛ فتور قیلوس ۔

Cacochylous : (a) [Gr.] برے قیلوس کی خاصیت کا ۔

Cacochymic : (a) بد مزاج ۔

Cacochymic : (n) بد مزاج شخص ۔

Cacochymy : (n) جسم کی رطوبت کی نا تندرست ، غیر صحت مند حالت ۔

Cacodyl : (n) [Gr. "Kakodes"+ - YL] مینتھول اور سنکھیا کا بدبودار زھریلا مرکب ۔

Cacodyl chloride : (n) (کیمیا) کیکو ڈائل کلورائڈ ۔

Cacodylic acid : (n) (کیمیا) کیکو ڈائلك ایسڈ ۔

Cacoethes : (n) [Gr. "Kakethes"] (١) لت ؛ بری عادت یا خو ۔ (٢) ایک خراب قسم کی بیماری ؛ جان لیوا بیماری ۔

Cacoethes Loquethes : (n) (نفسیات) شوق تکلم ؛ بولنے کا شوق ۔

Cacoethes-scribendi : کچھ نہ کچھ کرنے کی خواهش ؛ خواہ مخواہ لکھنے کی لت ۔

Cacogalactia : (n) دودھ کی خرابی ۔

Cacogenics : (n) انحطاط نسل ۔

Cacography : (n) [Gr.] (لسانیات) بد انشائی ؛ بد خطی ؛ بد املائی ؛ املا کا غلط اصول ؛ غلط نویسی ۔

Cacographer : (n) بد خط ؛ بد املا ۔

Cacographic/ -al : (a) بد خطی یا بد املائی سے متعلق ۔

Cacolet : (n) [F.] ایک قسم کی فوجی بیمار ٹولی جو یا تو بازو والی کرسی کی شکل کی گھوڑے کی زین سے بندھی ھوتی ھے یا پلنگ کی شکل کی گھوڑے کی پیٹھ پر ھوتی ھے ۔

Cacology : (n) [Gr.] (لسانیات) ناقص بیان ؛ غلط انشا ؛ لفظوں کا برا انتخاب ؛ خراب تلفظ ؛ غلط لہجہ ۔

Cacoon : (n) [African] گرم ملکوں کی ایک جھاڑی کی لمبی اور چپٹی پھلی ۔

Cacophonous / Cacophonic / Cacophonical : (a) [Gr.] (لسانیات) صوتی تناخر ؛ کرخت بد آواز ؛ کریه الصوت ۔

Cacophony : (n) [Gr. "Kakophonia"] (١) کرخت آواز ، خاصکر الفاظ اورفقروں کی کرختگی بے آهنگی، بد آوازی، بےتالاپن ۔ (٢) (استعارتاً) اخلاقی بد آهنگی ۔

Cacoplastic : (a) [Gr. "Kakoplastos"] نا مکمل طور پر منظم کیا ھوا ۔

Cacosmia : (n) ناقص شامه ۔

Cacothymia : (n) دماغ کی بگڑی هوئی حالت ۔

Cacotiopia : (n) [Gr.] وہ جگہ جہاں بدی کی حکومت هے ۔

Cacotrophy : (n) [Gr "Kakotropia"] ناقص غذائیت یا تغذیه ۔

Cacotype : (n) طباعت میں ناقص تفصیل ۔

Cacoxenite : (n) [Gr. "Kako- + xenos"] لوھے کا اساسی فاسفیٹ ۔

Cacozyme : (n) [Gr."Kako - + zyme"] وہ ذرہ جس سے چھوت کی بیماری پھیلتی هے ۔

Cacta ceous : (a) [NL."Cactus+aceae"] ناگ پھنی کی مانند ؛ خاردار ۔

Cactal : (a) ناگ پھنیا ؛ ناگ پھنی کے متعلق ۔

Cactoid : (a) ناگ پھنی سا ؛ ناگ پھنیا ۔

Cactus : (n) [Gr. "Kaktos"] ناگ پھنی ۔

Cacuminal : (a) [L."Cacumin-","Cacumen" +al.] (لسانیات) معکوسی ۔

Cad : (n) [Short F. CADEE, CADDIE, CADET] (١) معاون ؛ (٢) کام کی تلاش میں رھنے والا شخص یا لڑکا ۔ (٣) آکسفورڈ یونی ورسٹی) پہلے شہریوں کے بارے میں حقارت سے استعمال ھوتا تھا ۔(٤) نیچے ذات والے ؛ کمینه ؛ سفله ؛ پاجی ۔

Cadastral : (a) [F. "cadastre"] سرکاری رجسٹر (جائداد کی مقدار یا قیمت اور ملکیت کا) یا اس سے متعلق ؛ تشخیص ؛ مساحتی ۔

Cadastral survey : (n) تعین مال گذاری کے لئے زمین کی پیمائش ۔

Cadastral surveyor : (a) (انتظامیہ) ناظم مساحت اراضی ۔

Cadastre : (n) [L. " Capitastrum"] سرکاری رجسٹر (جائداد کی مقدار ، قیمت اور ملکیت کا) ۔

Cadaver : (n) [F. "Cadavre"] (۱) لاش ۔ (۲) پنجر ۔ (۳) لاش کا مجسمہ ۔

Cadaveric : (a) (۱) مخصوص بہ لاش ؛ لاش سے متعلق ۔ (۲) لاش کے لمس سے پیدا ہونے والا ۔

Cadaverine : (n) سڑی ہوئی لاش سے نکلنے والا غیر زہریلا مادہ ۔

Cadaverizable : (a) بے جان مادہ بنائے جانے کے لائق ۔

Cadaverize : (v) مردہ سا بنانا ۔

Cadaverous : (a) [L. " Cadaverosus"] (۱) مردہ سا ؛ مردہ وش ؛ زرد ، پیلا (جیسے مردوں کا رنگ) ؛ دبلا ۔ (۲) مردے سے متعلق یا مردے کا ۔ (۳) مردہ نما ؛ قبر نما ۔

Cadaverously : (adv) مردہ کی طرح سے ۔

Cadaverousness : (n) پیلاپن ؛ زردی ؛ دبلاپن ۔

Caddie / Cadie : (n) [F. "Cadet"] (۱) موٹے کام کی تلاش میں رہنے والا لڑکا یا شخص ۔ (۲) گولف کھیلنے والوں کا خدمت گار ؛ گولف چاکر ۔ (۳) لڑکا ۔ (٤) ٹھیلا ۔

Caddis / Caddice : (n) [Irish " cadas", F."cadis"] ایک قسم کا موٹا سستا سرج کپڑا ۔

Caddis / Caddice : (n) [dim of CAD] مے فلائی ؛ (مے مکھی) کا پھل روپ ؛ منی رودہ ۔

Caddis fly : (n) مے فلائی (مے مکھی) ۔

Caddis -worm : (n) مے فلائی کا پھل روپ ؛ منی رودہ ۔

Caddised : (a) پھل روپ دار ۔

Caddish : (a) [CAD+ ISH] سفلہ ؛ کمینہ ۔

Caddishly : (adv) سفلہ پن سے ؛ کمینہ پن سے ۔

Caddishness : (n) سفلہ پن ؛ کمینہ پن ۔

Caddle : (n) پریشان ؛ انتشار ؛ ابتری ؛ پراگندگی ۔

Caddle : (v) (۱) پریشان کرنا ؛ تکلیف دینا ۔ (۲) گپ شپ کرنا ۔

Caddo : (n) امریکی انڈین کا ایک قبیلہ ۔

Caddow : (n) [Sc. KAE+DAW] کوا ۔

Caddow : (n) موٹا اونی لحاف ۔

Caddy : (n) [Malay."Kati"] (۱) چائے کی چھوٹی پٹاری (قطی) ۔ (۲) (امریکہ) آب پاش ۔

Caddy : (n) [F. CAD] دیکھو Caddie

Cade : (n) [L. "Cadus"] پیپا ۔

Cade : (n) [ME. "Cad"] (۱) پالتو جانور خصوصاً پالتو بھیڑ کا بچہ ۔ (۲) لاڈ پیار میں بگڑا ہوا بچہ ۔ (۳) گرا ہوا پھل ۔

Cade : (a) پالتو ۔

Cade : (n) [F. "Cade"] ایک قسم کی سدا بہار صنوبری جھاڑی جسکا تیل دوا میں کام آتا ھے اور جن (شراب) میں دیاجاتا ھے ۔

Cade : (n) پیپے میں رکھنا ۔

Cade : (v) لاڈ پیار میں پالنا ۔

Cade : (suffix) (لاحقہ) بمعنی جلوس یا تماشا ۔

Cadeau : (n) [Fr.] تحفہ ۔

Cadelle : (n) [L. "Catella", fem. of "Catellus"] چھوٹا کالا بھونرا یا اس کا پھل روپ جو غلے کےذخیرے کو نقصان پہنچاتا ھے ۔

Cadence : (n) [It. "Cadenza"] (۱) لے ، زیروبم ؛ پڑھنے یا بولنے میں آواز کا اتارچڑھاؤ ؛ (لسانیات) آھنگ ۔ (۲) تال ؛ نپی تلی حرکت خصوصاً آواز کی ۔ (۳) (موسیقی) گیت کے بند کا اختتام ۔ (٤) الحان ؛ لحن ؛ نوا؛ دھن ؛ انداز ؛ ترتیل ؛ امتیازی آھنگ (کسی مصنف یا تصنیف کا) ۔

Cadge : (n) [Var. of CAGE] (۱) لکڑی کا وہ گول فریم جس پر شکرا بٹھا کر بیچنے کے لئے لےجاتے ھیں ۔ (۲) بند ٹوکری : جھابا ۔

Cadge : (v) [Conn. W. CATCH] (۱) بھیک مانگتے پھرنا : گداگری کرنا : بھیک مانگ کر حاصل کرنا ۔ (۲) پھیری لگانا : بیچتے پھرنا ۔ (۳) شکم پری کرنا : پیٹ بھرنا ۔

Cadger : (n) (۱) بیچنے والا : خصوصاً وہ جو دیہات سے انڈے مکھن لاکر شہر میں اور شہر سے سامان لے کر دیہات میں بیچتا ھے ۔ (۲) پھیری والا ۔ (۳) بھیک مانگنے والا : لفنگا ۔ (٤) شکر بردار ۔

Cadgily : (adv) خوش مزاجی سے : عاشق مزاجی سے ۔

Cadginess : (n) خوش مزاجی : عاشق مزاجی : آوارگی ۔

Cadgy : (n) [Origin unknown] (۱) خوش مزاج ۔ (۲) عاشق مزاج : آوارہ ۔

Cadi : (n) [Arab "Qazi"] قاضی ۔

Cadilesker : (n) [F. CADI + Turk. "leskar"] (ترکستان) فوجی قاضی ۔

Cadinene : (a) [F. CADE] (کیمیا) کیڈنین ۔

Cadish : (a) [F. CADE] پالتو ۔

Cadiship : (n) قاضی کا عہدہ ۔

Cadjan : (n) [Malay."kajang"] ناریل کے پتےکی بنی ہوئی چٹائی ، چھپانے کےلئے ۔ (۲) تاڑ کے پتے کا ٹکڑا جس پر لکھنے کا کام ہوتا تھا : تاڑ کے پتے پر لکھی ہوئی دستاویز ۔

Cadmean /Cadmian : (a) [Gr. "kadmios"] Cadmus سے متعلق

Cadmean victory : (n) وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو : وہ فتح جس میں فاتح کی تباہی ہو ۔

Cadmiferous : (a) [NL. "Cadmiam"] کیڈمیم خیز : کیڈمیم دار ۔

Cadmium : (n) [Gr.] رانگ کی طرح کی سفید نیلگوں دھات ۔

Cadmium electrode : (n) (کیمیا) کیڈمیم الیکٹروڈ ۔

(٥) کوئی ہم آہنگ آواز ۔ (٦) تکیہ دار اور بے تکیہ ھجاؤں کی ترتیب یا ایسی ترتیب جس میں کوئی وزن نہ ہو ۔ (۷) رنگوں کی ھم آھنگی ۔ (۸) گھوڑے کی چال کی ھم آھنگی ۔

Cadenced : (a) لحن دار موضوع وغیرہ ۔

Cadency : (n) [L."Cadentia"] (۱) دیکھو Cadence (۲) فرع : شاخ : شعبہ (خاندان کی شاخ) ۔ (۳) کیڈنسی ۔

Mark of cadency : (نقابت) خاندانی مارکہ میں کچھ اختلاف ۔

Cadent : (a) [L. "Cadentem"] (۱) گرتا ہوا ۔ (۲) ھبوط ۔ (۳) آھنگ دار ۔ (٤) زمین کی ایک پرت طبقات الارض کے متعلق ۔

Cadent stress : (n) (لسانیات) بےدار بل ۔

Cadenza : (n) [It. see CADENCE] (۱) اتار ۔ (۲) گانے یا بولنے کے ختم پر باجے کا زور : آخری الاپ ۔ (۳) اصل موضوع سے ایک علاحدہ فرعی موضوع ۔

Cader / Cadar : (n) [Welsh. "Cader "] (۱) درانتی کا دستہ ۔ (۲) لکڑی کا وہ فریم جس پر مچھیرا اپنی ڈور رکھتا ھے ۔

Cadet : (n) [L. "Caput "] (۱) چھوٹا بیٹا یا بھائی ۔ (۲) کسی خاندان کی چھوٹی شاخ یا اس کا کوئی فرد ۔ (۳) سب سے چھوٹا بیٹا ۔ (٤) وہ شخص جو فوج میں بغیر کمیشن کے صرف سیکھنے کی غرض سےبھرتی ہو ۔ (٥) بحری یا فوجی کالج کا طالب علم ۔ (٦) اسکول کا وہ طالبعلم جو فوجی تعلیم پارھا ہو ۔ (۷) کارآموز جو کسی پیشہ یا کاروبار میں ہو ۔ (۸) (عامیانہ) بھڑوا : دلال ۔

Cadet : (n) [Russ."Kadet"] روس کی آئینی جمہوری جماعت کا رکن ۔

Cadet corps : (n) (انتظامیہ) کیڈٹ کور ۔

Cadet ship : (n) کیڈٹ کا درجہ ، عہدہ یا کمیشن ۔

Cadmium nickel accumulator : (n) (کیمیا) کیڈمیم نکل ذخیرہ (برقی) ۔

Cadmium vapour lamp : (n) (کیمیا) کیڈمیم ابخرہ لیمپ ۔

Cadmium yellow : (n) زرد رنگ یا روغن ۔

Cadophose : (n) قدح پرواز ' ظہری ابھار ۔

Cadre : (n) [L. "quadrum"] (۱) ڈھانچہ ' اسکیم : لائحہ : نقشہ ۔ (۲) (فوجی) مستقل عملہ یا جمیعت : ایک فوجی دستے کے افسران ۔ (۳) کوئی چھوٹی جمیعت (ارکان ، افسروں یا لیڈروں کی جو کسی خاص کام میں ماہر ہو) ۔

Emergency cadre : (انتظامیہ) ہنگامی کیڈر ۔

Regular cadre : (انتظامیہ) مستقل کیڈر ' یا ضابطہ کیڈر ۔

Caducary : (a) [L." Caducarius"] جانداد لاوارث ضبط شدہ بحق سرکار یا تمادی سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Caducean : (a) قدیم زمانے میں نقیبوں کے عصا سے متعلق ۔

Caduceous : (n) (pl. Caducei) [Dor. Gr.] (۱) قدیم زمانے میں نقیبوں کا عصا خصوصاً نامہ بر دیوتا ہرمیز کا عصا ' قلم عطارد ۔ (۲) طبیبوں کا مارکہ ۔ (۳) فوج کے طبی شعبے کا نشان ۔

Caducibranchiate : (a) [L. "Caducust"+branchiae"] پختگی سے پہلے کلپھڑ ے کھو دینے والا (مثلاً مینڈک وغیرہ) : جل تھلی : خیشوم ریز : کلپھزا انداز ۔

Caducibranchiate : (n) ایسے جانور جو پختگی سے پہلے کلپھڑے کھو دیتے ہیں ۔

Caducity : (n) [F." Caducite "] (۱) فنا پذیری : نا پائداری : میل سقوط : زود ریزی ۔ (۲) ضعف : بڑھاپا : کمزوری : پیری ۔ (۳) تمادی ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) اعضا کا جھڑاؤ : ریزندگی ۔

Caducous : (a) [L. Caducus] (۱) جھڑاؤ (اعضا وغیرہ کا) : جلد جھڑنے والا ۔ (۲) زود فنا : فناپذیر ۔ (۳) (نباتیات) زود ریز ' پت جھڑیا ۔ (٤) تمادی شدہ ۔

Caecal : (n) [F. CAECUM] (عضویات) بڑی آنت کے پہلے حصے سے متعلق / کی طرح ، ایک طرف سے بند سرے والا ۔

Caecally : (adv) اعور کی طرح : کانی آنت کی طرح : اعوری۔

Caeciform : (a) بڑی آنت کے پہلے حصے سے متعلق ۔

Caecilian : (n) [L." Caecilia"] پتلے سانپ کی طرح کا جل تھلی کیڑا : حشر (کیڑا) جس کی آنکھ بہت چھوٹی ہوتی ہے ۔

Caecitis : (n) اعور یا کانی آنت کی سوزش : ورم اعور ۔

Caecity : (n) اندھاپن ۔

Caecum : (n) (Pl.Caeca) [L. for intestinum caecum] (۱) دودھ پلانے والے جانور کی بڑی آنت کا پہلا حصہ : رودہ' چہارم : کانی آنت : رودہ' کور ' (حیوانیات) اعور : کے کم ۔ (۲) بند منہ کی نلی ۔

Caen-stone : (n) [named aft. Caen , a French city] نارمنڈی میں پایا جانیوالا زردی مائل عمارتی پتھر ۔

Caenogeaca / Caenogenesis : (n) ارض جدید : ارتقاء جدید : نوتولید ۔

Caenoloice : (a) نوحیاتی ، تیسرا جگ ۔

Caenuleus : (a) آسمانی ، لاجوردی ۔

Caesar : (n) [L.] (۱) قیصر ، رومی شہنشاہ کا خطاب (اگسٹس سے ہمیڈرین تک) ۔ (۲) بعد کے بادشاہوں کے ولی عہد ۔ (۳) قیصر روم ۔ (٤) خود مختار بادشاہ : مطلق العنان ۔ (۵) (انجیل) دینوی حکومت یا حاکم ۔

Caesardom / Caesarship : (n) قیصریت : قیصر کا عہد یا حکومت۔

Caesarean / Caesarian : (a) [L." Caesarianus"] (۱) قیصری : قیصر یا قیاصرہ سے متعلق ۔ (۲) قیصریہ : قیصر یا شخصی حکومت کا طرف دار : استبدادی ۔

Caesarean birth / operation / section : قیصری ولادت : پیٹ چیرکر بچہ نکالنا (پیدا کرنا) : قیصری عمل : قیصری ترادہ ۔

Caesarism : (n) [F. SAESAR] : (۱) استبدادیت ؛ قیصریت ؛ شخصی حکومت ؛ حکومت قیصریت ؛ مطلق العنانی ۔ (۲) دنیاوی اقتدار کو مذہبی اقتدار سے بالاتر سمجھنے کا عقیدہ ۔

Caesarist : (n) شخصی حکومت کا حامی ؛ قیصری ؛ مستبد ؛ استبدادی ؛ استبداد پسند ۔

Caesarize : (v) (۱) قیصر بننا ؛ قیصر کی طرح کام کرنا ۔ (۲) قیصر یا قیصر کا بنانا ۔

Caesious : (a) [L. "Caesius"] (نباتیات) نیلگوں یا خاکی مائل سبز ؛ ہرا ؛ بھورا ۔

Caesium : (n) [L. "Caesium"] (کیمیا) ایک سفید قلوی دھات ۔

Caespitose / Cespitose : (a) [L. "Caesptiem"] گچھے دار ؛ باہم نمو ۔

Caesura : (n) [L."Caesura"] (۱) (عروض) وقف شعری ؛ تقطیع ۔ (۲) سبب ؛ سبب خفیف ۔ (۳) وقفہ ۔

Caesural / Caesuric : (a) وقف شعری سے متعلق ؛ تقطیع سے متعلق ۔

Cafe : (n) [Turk. "Kahve"] (۱) قہوہ خانہ ؛ ریستوران ۔ (۲) قہوہ ؛ کافی ۔ (۳) شراب خانہ ۔ (٤) نائٹ کلب ۔ (٥) وہ ریستوران جہاں کھانے کے ساتھ رقص و سرود کا سامان ہو ۔

Cafe au lait : (n) (Pl. Cafes au lait) [F.] وہ قہوہ جس میں آدھا قہوہ اور آدھا دودھ ہوتا ہے ۔

Cafe brulot : (n) (Pl.Cafe brulots) [F.] وہ مشرب جس میں قہوہ اور ایک شراب ملا کر آگ پر رکھ دیتے ہیں اور تھوڑی دیر جلنے دیتے ہیں اور بعد میں لیموں کا چھلکا ، لونگ اور شکر ملا کر میٹھا اور ذائقہ دار بنا دیتے ہیں ۔

Cafeneh / Cafenet : (n) [Turk. "Kahvane"] ترکی قہوہ خانہ یا سرائے ۔

Cafenoir : (n) (Pl. Cafes noirs) [F.] بے شیر قہوہ ؛ کالی کافی ۔

Cafeteria : (n) [Amer. Sp. "Cafeteria"] ایسا ریستوران جہاں کوئی بیرا نہیں ہوتا اور چیزیں خود خرید کر کھانا ہوتا ہے ؛ ایسا ریستوران جس میں گاہک اپنا کھانا خود لاتا ہے (کوئی ویٹر نہیں ہوتا ہے) ۔

Cafeteria question : (n) (سماجیات) کیفٹیریا کا سوال ۔

Cafetorium : (n) ["Cafeteria + auditorium"] ایک بڑا کمرہ جو قہوہ خانہ اور سماعت گاہ دونوں کے کام آتا ہے ۔

Caffeic : (a) [F. "Cafeique"] (کیمیا) قہوائی ؛ قہوہ سے متعلق ۔

Caffeic acid : (n) دانہ دار چمکیلا زرد ایسڈ ۔

Caffeidine : (n) غیر قلمی اساس جو کیفین پر القلی کے عمل سے پیدا ہوتی ہے ۔

Caffeine : (n) [F. "Cafeine"] قہوین ؛ کافین ؛ قہوے یا چائے کے درختوں کا نباتی قلوی جزو ۔

Caffetannate : (n) قہوہ کے بیری میں پایا جانے والا ترشے کا نمک ۔

Caffetannic acid : (n) قہوہ کے بیری میں پایا جانے والا ترشہ ۔

Caffre : (n) [Arab "Kafir"] (۱) کافر ؛ منکر دین ؛ غیر مسلم ۔ (۲) جنوبی افریقہ کے قبائل بانٹو کا کوئی شخص ؛ اس قبیلہ کی زبان ۔ (۳) کافرستان کا باشندہ ۔

Caffre-bread : (n) ایک قسم کا درخت جس کے پھل کا گودہ جنوبی افریقہ میں کھایا جاتا ہے ۔

Caffre-corn : (n) باجرا ۔

Cafila : (n) [Arab "Qafilah"] قافلہ ۔

Caftan : (n) [Turk.and Pers. "qaftan"] ترکی اور ایران کا ایک جامہ ؛ خفتان ۔

Cag : (n) کڑی بات ؛ ہتک ۔

Cag : (v) [Origin unknown] رنجیدہ کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ رسوا کرنا ۔

Cage : (n) [F. "Cage"] (۱) پنجرا ؛ قفس ؛ کٹھرا ؛ پنجرا نما کوئی چیز ۔ (۲) قیدخانہ ۔ (۳) کانوں میں گاڑیوں کے چڑھانے اتارنے کا کھٹولا ۔ (٤) سہارا دینےوالا ڈھانچہ نما وہ پیالہ جس کا پیندا اور ڈھکن شیشے کا ہوتا ہے اورجس میں ایک قطرہ پانی رکھ کر خورد بینی جائزہ لیا جاتا ہے ۔ (٥) کسی پائپ کے منہ پر لگی چھلنی ۔ (٦) باز لے جانے کا فریم ۔ (۷) گول پوسٹ جس میں جالی لگی رہتی ہے (باسکٹ بال وغیرہ) ۔

Cage : (v) (۱) پنجرے میں بند کرنا ؛ قید کرنا ۔ (۲) لگانا ۔ (۳) گول کرنا (باسکٹ بال وغیرہ میں) ۔

Cage aerial : (n) قفسی ہوائیہ ۔

Cage work : (n) کھلی ہوئی جگہ (قفس کے سلاخ کی طرح) ۔

Caged : (a) محبوس ؛ بند ۔

Cageless : (a) بے قفس ۔

Cageling : (n) پنجرے میں بند پرندے ۔

Caggy : (a) [Origin unknown] (۱) غیر صحت مند ۔ (۲) بد مزاج ۔ (۳) صاف بولنے یا کام کرنے میں تامل کرنے والا ؛ ہوشیار ؛ پیش بیں ۔

Cagmag : (n) [Origin unknown] بوڑھی بط ؛ خراب گوشت ؛ گھٹیا گوشت ۔

Cagmag : (a) سڑا ہوا ؛ خراب ۔

Cagot : (n) [F.] جنوبی فرانس کا ایک نیچی ذات کا قبیلہ ۔

Cagui : (n) [Brazilian] بندر جس کی دم لومڑی کی سی ہوتی ہے ۔

Cahier : (n) [F. in OF. "quaier"] (۱) کاپی ۔ (۲) کسی پالیسی کے متعلق تجاویز یا ہدایات کی رپورٹ یا عرضداشت ، کاغذات ؛ (تاریخ) کارروائی کی روداد ۔

Cahoot : (n) [Prob. a. F. "Cahute"] (امریکہ) مشارکت ؛ سازش ؛ شرکت ۔

Cahoot : مشارکت میں کرنا ۔

Cailleach : (n) [Gael.] بڑھیا ؛ بڈھی ؛ بوڑھی ۔

Cain / Kain : (n) [Celt. "Cain"] (۱) جنس کی شکل میں دی ہوئی مال گذاری ۔ (۲) (آئرستان) جرمانہ ۔

Cain : (n) [Heb. "Qayin"] (۱) قابیل ، برادرکش ؛ اولین قاتل کا نام ۔ (۲) شورو غل ؛ فساد ؛ ہنگامہ ۔

To raise cain : (v) (امریکہ) شوروغل کرنا ؛ فساد برپا کرنا ؛ ہنگامہ کرنا ۔

Caing whale : (n) [Sc." Caing"] ایک قسم کا سوس ۔

Cainian : (n) (۱) اس فرقہ کا رکن جس کا عقیدہ تھا کہ قابیل اور اس جیسے لوگ ولی تھے ۔ (۲) قابیل کے خاندان والے ۔

Cainish : (n) قابیل کے مزاج کا ۔

Cainism : (n) اس عقیدے کا ارتدادکہ قابیل اور اس جیسے لوگ ولی تھے ۔

Cainite (n) دیکھو Cainian

Cainitic : (a) قابیل یا اس فرقے سے متعلق ۔

Cainotophobia : (n) جدید ترسی ؛ نو ترسی ۔

Cainozoic / Kainozoic / Caenozoic : (a) [Gr."Kainos+zoon"] تیسرے ارضی عہد سے متعلق ؛ نوحیاتی ۔

Caiper-caillie : (n) جنگلی مرغ ۔

Caique : (n) [Turk."Kaik"] (۱) قائق ؛ دردانیال میں چھوٹی ہلکی کشتی ؛ بحیرہء روم کا جہاز ۔ (۲) قلزمی جہاز ۔

Caique : (n) [Sp. or Pg.] جنوبی افریقہ کا ایک چمک دار طوطا ۔

Caiquejee / Caikjee : (n) [Turk. "Kayik"] قائق کا ملاح ۔

Cair : (v) [On. "Keyra"] گھومنا پھرنا ؛ گھمانا پھرانا ؛ ٹہلنا ٹہلانا ۔

Caird : (n) [Gr. "kerdo"] گشتی ٹھٹیرا ؛ خانہ بدوش ؛ آوارہ گرد ۔

Cairene : (n) [F. Cairo] قاهرہ کا باشندہ ۔

Cairene : (a) [F. Cairo] قاہرہ کے متعلق ۔

Cairn : (n) [Gael. "Carn"] (۱) سنگی قبر یا مزار ۔ (۲) پتھروں کا گاؤدم ڈھیر جو کسی یادگار، نشان یا قبر کا کام دے ؛ سنگورا (سنگ گور) ۔ (۳) پتھروں کا ڈھیر ؛ تودہ سنگ ۔ (٤) برطانیہ کا چھوٹی ذات کا ایک کتا ۔

To add a stone to anyone's cairn : (v) کسی کے مرنے کے بعد اس کی عزت بڑھانا ۔

Cairn burial : (n) (تاریخ) سنگورا دفن ۔

Cairn circle : (n) (تاریخ) سنگورا دائرہ ۔

Cairned : (n) پتھروں سے گاؤدم ڈھیربنا ہوا ۔

Cairngorm / Cairngorum : (n) [Gael. "Carngorm"] زرد یا ارغوانی رنگ کاپتھر ۔

Caisson / Caissoon : (n) [F. "Caisse"] (۱) گولہ بارود سے بھرا صندوقچہ جو دشمن کے راستے میں رکھ دیا جاتا ہے اور دشمن کے نزدیک آنے سے پھٹ جا تا ہے ۔(۲) گولہ بارود کاصندوق یا دو پہیے کی گاڑی ؛ عربہ ؛ صندوق گولہ بارود ۔ (۳) پانی میں بنیاد ڈالنے کے لئے آب بند ڈبہ ؛ صندوق غواصی ۔(٤) گودی کا کشتی نما دروازہ ۔ (٥) ڈوبے ہوئے جہاز کو نکالنے کی ایک مشین ۔ (٦) وہ تختہ یا پیٹی جو اندر سے جڑی ہوئی ہو ۔

Caisson disease : (n) ایک بیماری جو ہوا کے دباؤ میں یکایک کمی کی وجہ سے ہوجاتی ہے ؛ غوصی تشنج ۔

Caisson gate : (n) گودی کا کشتی نما دروازہ یا پھاٹک ۔

Caitiff : (a.) [ONF. "Caitif"] ذلیل ؛ نابکار ؛ اوباش ؛ لقہ ؛ شہدا ؛ بد ذات ؛ کمینہ ۔

Caitiff : (n) بد حال اور بد قسمت شخص ۔

Caitiveness : (n) ذلالت ؛ نابکارہ پن ؛ اوباش پن ؛ کمینہ پن ؛ بدذاتی ؛ بدقسمتی ؛ بدحالی ۔

Cajan : (n) [Malay. "Kachang "] ایک قسم کا درخت جس کے بیج سےدال بنتی ہے ۔

Cajan : (n) جزائر غرب الہند کا ایک ریشہ دار پودا ۔

Cajanus : (n) جنس ارہر ۔

Cajole : (v)[F."cajoler"] تملق ؛ پھسلانا ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ دم دینا ؛ جل دینا ؛ جھا نسا دینا ؛ میٹھی میٹھی باتیں بنانا ۔

Cajolement : (n) تملق ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ جھانسا ؛ مداہنت ۔

Cajoler : (n) دم باز ؛ چاپلوس ؛ مداہن ؛ خوشامدی ؛ تملق گر ؛ کاسہ لیس ۔

Cajolery : (n) تملق ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ جھانسا ؛ مداہنت ۔

Cajolingly : (adv) چاپلوسی سے ؛ خوشامد سے ؛ دغابازانہ ؛ چرب زبانی سے ۔

Cajuput / Cajaput / Cajeput : (n) [Malay. "Kayu-putih"] (۱) جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس سے تلخ تیل نکلتا ہے ۔ (۲) اس درخت سے نکلا ہوا تیل ۔

Cake : (n) [ME."Kake"] (۱) کیک ؛ روٹی ؛ کلچہ ؛ نان ؛ قاق ؛ روٹ ؛ لٹی ۔(۲) کوئی کھانے کی چیز (روٹی کی شکل کی) ۔(۳) کسی چیز کی ٹکیہ جیسے صابن وغیرہ کی ۔ (٤) (اسکاٹستان) پتلی جئی کی روٹی ۔ (٥) (انگلستان) وہ مشہور کیک جس میں میدہ کے علاوہ کشمش ، انڈا ، شکر وغیرہ ہو ۔(٦) مواد جس کا کیک بنے ۔ (۷) (عامیانہ) احمق ؛ بےوقوف ۔

A piece of cake : کوئی آسان اور اچھی چیز ۔

Cannot eat your cake and have it : نا ممکن بات ممکن نہیں ہو سکتی ۔

Land of cake : (n) اسکاٹ لینڈ ۔

Salt cake : (n) نمکین کیک ؛ (تاریخ) نمک بٹّی (کیک) ۔

To take the cake : (v) بازی لےجانا ؛ اعزاز حاصل کرنا ۔

Cake : (v) (۱) کیک بنانا ؛ ٹکیہ بنانا ؛ پپڑیانا ؛ پپڑی جمانا ۔(۲) پپڑی جم جانا ؛ کیک بن جانا ۔

Cake-bread : (n) کیک کی طرح کی روٹیاں ۔

Cake-house : (n) شکیوں کو رکھنے کی جگہ ؛ شکیہ گھر ۔

Cake-meal : تیسی کی کھلی ۔

Cake of custom : (سماجیات) مجموع رواج ۔

Cake-urchin : (n) چپٹا گول خارپشت ۔

Cake-walk : (v) نیگرو لوگوں کا ایک رقص جس میں سب سےعمدہ طور پر پاؤں اٹھانے اور رقص کی شکل پیدا کرنے میں کیک انعام دیاجاتا ہے ۔

Cakes and ale : شراب و کباب ؛ مجلس عیش و نشاط ؛ اچھی چیزیں ؛ رنگ رلیاں ۔

Caking : (کیمیا) پپڑیانا ؛ پپڑی جمانا ۔

Caky : (a) کیک سا ؛ کیک کی مانند ؛ کمزور دماغ کا ۔

Cal : (n) Wolfram کا رنوالی نام ۔

Calaba : (n) [Sp.] منطقہ حارہ کا ایک سدا بہار درخت جس سے روشنی جلانے کا تیل نکلتا ہے ۔

Calaba-balsam : (n) کلابا کا روغن بلسام ۔

Calaba-bean : (n) [F. Calabar, on the gulf of Guinea] ایک قسم کی زہریلی پھلی جو جادو کی پہچان کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Calabar : (n) [Var. of CALABER] خاکی گلہری کی کھال یا سائبیریا کی خاکی گلہری کی کھال ۔

Calabarine : (n) مذکورہ زہریلی پھلی کا القلی ۔

Calabash : (n) [F. & Sp.] (۱) لوکی ؛ تنبہ ؛ تنبی ۔ (۲) امریکی کدو جسکے خول سے مختلف ظروف بناتے ہیں جیسے کشکول وغیرہ ۔ (۳) کدو وغیرہ کے بنے ہوئےبرتن ؛ کچکول ؛ کشکول ۔ (٤) (امریکہ) کدو ۔

Calabash gourd : (n) کدو ۔

Calabash tree : (n) ایک امریکی درخت جس کا پھل کدو کی طرح ہوتا ہے ۔

Calabaza : (n) [Sp.] کلاباز ؛ توبنی ۔

Calaber / Calabar : (n) [F."Calabre"] دیکھو Calabar

Calaboose : (n) [Sp. "Calabozo"] قید خانہ ۔

Calade : (n) [It. "Calare"] سواری سکھانے کےمدرسے کا وہ ڈھلوان جس پر گھوڑے کو تیز دوڑایا جاتا ہے تا کہ پٹھا لچک دار بن سکے ۔

Caladium : (n) [Malay. "kelady"] ایک قسم کا پودا جس کے پتے رنگین اور تیر کی طرح کے اور مختلف رنگوں کےہوتےہیں ۔

Calamanco : (n) [Origin unknown] (۱) ملک فلانڈرز کی چمک دار بانات جس کا رواج اٹھارویں صدی عیسوی میں زیادہ تھا ۔ (۲) لکڑی اور پلاسٹر کے بارے میں یہ لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

Calamander : (n) [Du. "Coromandel"] لنکا اورجنوبی ہندوستان کی ایک سخت لکڑی جس سے میز کرسی وغیرہ بناتے ہیں (کارومانڈی لکڑی کہتےہیں، قریب قریب آبنوس کی طرح ہوتی ہے) ۔

Calamary : (n) [L. "Calamarius"] ایک قسم کی لکڑی نما مچھلی جس کا اندر کا خول قلم کی طرح ہوتا ہے ؛ قلم ماہی ؛ قلم مچھلی ۔

Calambac/Calambour : (n) [Malay. "Kelambak"] ایک قسم کی خوشبودار اور گونددار لکڑی ۔

Calamiferous : (a) [F. "Calamus"] نے دار ؛ نےمانند ؛ نرسل دار ؛ نےبردار ۔

Calamiform : (n) نے کی شکل کا ۔

Calaminaris : (n) [L.] لفظ Calamine کی قدیم شکل ۔

Calamine : (n) [Gr. "Kadmia"] کچا جست ؛ سنگ سرمہ ؛ سنگ سلیمان ؛ سنگ توتیا ؛ (کیمیا) کیلمائن ۔

Calamint : (n) [Gr. "Kalaminte"] خوشبودار جڑی بوٹی کی قسم ؛ بقلتہ العدس ؛ بادرنجبویہ ۔

Calamite : (n) [L. "Calamus"] (۱) کلکاسا (کلک آسا) ؛ نے گونہ ؛ اسپ دما سےملتا جلتا ایک پودا ۔ (۲) ایک متحجر پودا ۔

Calamites : (n) (کیمیا) کیلے مائٹس ۔

Calamitous : (a) [L "Calamitatosus"] منحوس ؛ تکلیف دہ ؛ آفت رسا ؛ پُر آفت ؛ غم آور ؛ پُر اندوہ ؛ پُر بلا ؛ غم و اندوہ سے بھرا ہوا ۔

Calamitously : (adv) خطرناکی سے ؛ نحوست کے ساتھ ؛ آفت رسانی سے ۔

Calamity : (n) [L. "Calamitatem"] (۱) تکلیف ؛ نکبت ؛ حادثہ ؛ آفت ؛ بلا ؛ مصیبت ۔ (۲) بدبختی ؛ بپتا ؛ قہر ؛ صدمہ ؛ گزند ؛ آفت سماوی ؛ آفت ارضی ۔

Calamity howler / Calamity jane / Calamity prophet : (n) جو آنے والی مصیبت کی یاس انگیز پیشین گوئی کرے ۔

Calamus : (n) [Gr. "Kalamos"] (۱) سرکنڈے کا قلم ۔ (۲) قصبة الجذور Sweet calamus ۔ (۳) ایک قسم کا تاڑ کا درخت جس کےتنے سےقصبة الجذور بنتا ھے ۔

Calando : (a) [L."Calandum"] موسیقی میں سر اور رفتار کم کرنےکی ہدایت ۔

Calash / Caleche : (n) [F. "Caleche"] (۱) ہلکی نیچی ٹپ دار گاڑی ؛ کلاش ۔ (۲) (کنیڈا میں) دو پہیوں کی ایک نشستی گاڑی ۔ (۳) ایک قسم کی چھجے دار زنانہ ریشمی ٹوپی ۔

Calastic : (n) [Gr. " Chalastikos"] سامان کو اٹھانے والی گھرنی دار مشین ۔

Calathidium : (n) [L. "Calathus"] (نباتیات) مرکب پھولوں کا سرا ، فرقیا ، گھنڈیا ۔

Calathiform : (a) [L. "Calathus"] ٹوکری نما ؛ پیالہ شکل ۔

Calathus : (n) (Pl. Calathi) [Gr. "Kalathos"] (۱) یونانی اور مصری مجسموں کے سر پر کی پھلوں کی ٹوکری جو کامیابی کی علامت ھے ۔ (۲) مرکب پھولوں کا سرا ۔

Calaverite : (n) [F. Calaveras in California] ایک زرد معدنی شے جس میں دھات کی سی چمک ہوتی ھے اور جس میں سونا اور چاندی کی مختلف نسبت سے آمیزش رہتی ھے ۔

Calc - : [L."Calcem"] لفظوں کےشروع میں بطور جزو ترکیبی ، بمعنی چونا ۔

Calc-sinter : (n) [Gr."Kalk-sinter"] وہ سخت بلوری تہ نشیں مادہ جو ان چشموں سے نکلتا ھے جن کے پانی میں چونے کا کاربونیٹ رہتا ھے ؛ کیلشیم پرت (کیمیا) ۔

Calc-spar : (n) [See CALC] (کیمیا) کلک اسپار ؛ کلسی بلور۔

Calcaire : (n) [L. "Calcarius"] ارضیات میں پیرس کے طاس کے دو طبقوں کے فرانسیسی نام ۔

Calcaneal / Calcanean : (a) [L. "Calcaneum"] ایڑی کی ھڈی کا یا اس سےمتعلق ۔

Calcaneum : (n) [L."Calcem"] ایڑی کی ھڈی ؛ (حیوانیات) عقبیہ ، ابھار پشت پا ۔

Calcar : (n) (Pl.calcaria) [L."Calcaria"] (۱) (شیشہ سازی) وہ چھوٹی بھٹی جس میں ریت اور پوٹاش کی تکلیس کرکے شیشے کے لئے مرکب تیار ھوتا ھے ؛ چونا بھٹی ۔ (۲) (فلزیات) گرم کرنے کی بھٹی (سونا وغیرہ گلانے کے لئے) ۔

Calcar : (n) [L. "Calcar"] مہمیزنما کوئی چیز یا ابھار ؛ (حیوانیات) مہمیز ۔

Calcarate : (a) (also Calcarated) مہمیز دار ؛ سونڈ دار ؛ من دار ۔

Calcareo- : (comb.) [F. CALCAREOUS] جزو ترکیبی بمعنی "چنیلا" ۔

Calcareous/- ious : (a) [L. calcarius] چنیتی ؛ چنیلا ؛ چونے کا ؛ چونا گوں ؛ آھکی ؛ آھک صفت ؛ (کیمیا) کیلسیمی ؛ چونے دار؛ چنیلا ۔

Calcareous spar : (n) کیلسائٹ ۔

Calcareous tufa : (n) چونے کی آتش فشاں چٹان ۔

Calcareously : (adv) چنیلےپن سے ؛ آھکی طور پر ۔

Calcareousness : (n) چنیلاپن ؛ آھک صفتی ۔

Calcariferous : (a) [L. Calcar + - (i) Ferous] سونڈدار ؛ میخ دار ۔

Calcariform : (a) مہمیزنما ؛ میخ کی شکل کا ؛ جوتے کی شکل کا معین نما ۔

Calcarine : (a) مہمیزنما ؛ میخ کی شکل کا ۔

Calcarious ooze : (n) (کیمیا) کیلسیمی اخراج (رطوبت) ۔

Calcarious rock : (n) (کیمیا) کیلسیمی چٹان ۔

Calcarious-shell : (n) (کیمیا) کیلسیمی خول ۔

Calcarious tufa : (n) (کیمیا) کیلسیمی توفا ۔

Calcavella / Calcavellos : (n) [F."Carcavelhos", in Portugal] پرتگال کی ایک سفید شیریں شراب ۔

Calceiform : (a) [L."Calceus"+ - (i) FORM] (نباتیات) پاپوش نما ؛ کفشیا ۔

Calceolaria : (n) [L."Calceolus"] (نباتیات) جنوبی امریکہ میں ایک قسم کا پودا جس کا پھول قدیم زیرپائیوں کی طرح ہوتا ہے ؛ کفشیا ؛ پاپوشی گلداراں ۔

Calceolate : (a) [L. "Calceolus"] کفش نما ؛ پاپوش نما ؛ پا پوشی گلدار ۔

Calceolately : (adv) کفشیا کے طور پر یا اندازمیں ۔

Calci- : (comb.) [Comb.F. of L. Calx] جزو ترکیبی بمعنی چونا ۔

Calcic : (a) [F. CALCIUM] کیلشیم کا یا کیلشیمی ۔

Calcieosis : (n) مرمری سیل ؛ مرمری نمونیا ۔

Calciferous : (a) جس سے چونےکا کاربونٹ حاصل ہو ؛ چونے کی کاربونٹ سے بھرا ہوا ؛ آهکی ؛ آهك دار ۔

Calcific : (a) چونا بنانے والا –

Calcification : (n) تکلیس (کیمیا) ؛ کلشیم جمنا ۔

Calcified : (a) (حیوانیات) کلسایا ؛ مکلس ۔

Calciform : (a) (۱) سنگریزہ کی شکل کا ۔(۲) پاشنہ نما کوئی چیز رکھنےوالا ؛ ایڑی سا ۔

Calcifuge : (n) کلس گریز ۔

Calcify : (v) [L."Calc" (i) -.] (۱) چونا بن جانا یا چونا بنانا ۔(۲) چونے میں بدلنا ۔(۳) چونے کی نمکوں کی تہ جماکرسخت بنانا ۔(٤) پتھر بن جانا ؛ پتھر بنا دینا ۔

Calcigenous : (n) (کیمیا) چونا پیدا کرنے والا مثلاً کچھ دھات کلس زا ۔

Calcigerous : (a) چونے دار ؛ آهك دار ؛ کلس خیز ۔

Calcimine : (n) سفیدی ، دیواروں پر چڑھانے کا رنگ ۔

Calcimine : (v) چونا گردانی کرنا ؛ سفیدی پھیرنا ۔

Calciminer : (n) سفیدی پھیرنے والا ؛ چونا گردانی کرنے والا ۔

Calcinable (a) چونا بننے یا بنانے کے لائق ۔

Calcinate : (v) (کیمیا) خاکستر کرنا ؛ کشتہ بنانا ۔

Calcination : (n) [L. "Calcinare"] (۱) تکلیس ۔(۲) کشتہ بنانا ؛ خاکستر کرنا ؛ پھونکنا ؛ بھسم کرنا ۔

Calcinatory : (n) [L. "Calcinat" + ORY.] تکلیس کرنے والا ۔

Calcine : (v) [L. "Calcinare"] (۱) تکلیس ۔(۲) پھونك کر یا جلا کر چونا بنانا ؛ جلا کر راکھ کر دینا ؛ پھونکنا ؛ کشتہ بنانا ؛ جلا کر خاك کر دینا ؛ (۳) خشك کرنا (گرم کرکے) ۔ (٤) خالص بنانا جلاکر ؛ تخلیص ۔

Calciner : (n) کشتہ گر ؛ چونا ساز ؛ آهك ساز ؛ خام دھات کو جلانے کی بھٹی (میل دور کر کے خالص بنانے کی) –

Calcio- : [comb. F. CALCIUM] جزو ترکیبی بمعنی کیلشیم ؛ معدنیات کے ناموں کے ساتھ ۔

Calciphobe : (n) (کیمیا) کیلشیم گریز ۔

Calcite : (n) [L."Calcem"+ITE.] چونے کا کچا کاربونیٹ ، کلسی بلور ۔

Calcitrate : (v) [L. "Calcitrare"] لات مارنا ؛ لات لگانا ۔

Calcitration : (n) لات مارنے کاعمل ۔

Calcium : (n) [L. Calx.] کیلشیم ؛ ایك کیمیائی عنصر زاد دھات ۔

Calcivorous : کلس خوار ۔

Calculability : (n) [L."Calculare"] شمار یا پیمائش کی قابلیت ؛ تخمین پذیری ۔

Calculable : (a) [L."Calculare"] قابل شمار؛ پیمائش ؛ حساب یا اعتبار ۔

Calculagraph : (n) وقت نگار؛ وقت شمار ۔

Calcular : (a) [F. "Calculus"] پتھری یا سنگ مثانہ کا یا اس سے متعلق ۔

Calculary : (a) [L."Calculus"] سنگ مثانہ سے متعلق یا اس کا ۔

Calculate : (v) [L. "Calculus"] (۱) حساب لگانا ؛ گنتی کرنا ؛ شمار کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ آنکنا ؛ تخمینہ کرنا ۔(۲) حساب لگا کر صحیح اندازہ کرنا ؛ (واقعات، تاریخ وغیرہ کا) پیش اندازہ کرنا ۔(۳) اعتبار کرنا ؛ بھروسا کرنا ۔(٤) ترتیب دینا ؛ جمانا ؛ لگانا (آلات وغیرہ کا) ۔

Calculated : (a) (۱) مناسب ؛ موزوں ۔(۲) اندازہ لگایا ہوا ؛ تخمینہ کیا ہوا ؛ بالقصد ؛ بالعمد ۔(۳) سوچ بچار کر کیا ہوا ۔

Calculating : (a) خود غرض ۔

Calculating machine : (n) (طبیعیات) حسابی مشین ؛ تخمینہ مشین ؛ شمارکرنا ۔

Calculatingly : (adv) خود غرضانہ ۔

Calculation : (n) [L. "Calculationem"] گنتی ؛ حساب ؛ شمار ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ قیاس ؛ پیش گوئی ؛ احصاء محاسبہ (ریاضی) ۔

Calculation of finite differences : (n) (طبیعیات) متناهی فرق کا حسابیہ ۔

Calculation of variation : (n) (طبیعیات) تبدیلی حسابیہ ؛ احصاء متغیرات ۔

Calculative : (a) [L.] حساب سے متعلق ؛ حسابی ؛ تخمینی ۔

Calculator : (n) [L.] حساب لگانے والا ؛ محاسب ؛ سیاق داں ؛ حساب گیر ؛ حساب کنندہ ؛ رقمچی ؛ اندازہ گیر ؛ حسابی جنتری ؛ حسابی مشین ؛ شمار کنندہ ۔

Calculatory : (a) [L.] حساب سے متعلق ۔

Calculifrage : (n) [F. "Calculifrage"] (طب) سنگ مثانہ کو توڑنے کا آلہ ۔

Calculifragous : (n) سنگ مثانہ توڑنے یا کم کرنے کی دوائیں ۔

Calculist : (n) حساب داں ؛ ریاضی داں ۔

Calculous : (a) [L. "Calculosus"] (۱) پتھریلا ؛ کنکریلا ؛ (۲) حصوی ۔(۳) پتھری کا مریض ۔

Calculus : (n) [L. dim. of "calx"] (۱) (طب) پتھری ؛ سنگ مثانہ ؛ سنگریزہ ۔(۲) (ریاضی) علم الاحصاء ؛ احصاء ؛ حسابیہ ۔

Difference calculus : (n) (ریاضی) تفریق حسابیہ ؛ احصاء فرقی ۔

Differential calculus : (n) ؛ تفرقی احصاء (طبیعیات) ؛ تفریقی حسابیہ ؛ تفرقی احصا ۔

Integral calculus : (n) ؛ تکملی احصاء (طبیعیات) ؛ اتحادی حسابیہ ۔

Propositional calculus : (n) (فلسفہ و نفسیات) احصاء قضایا ۔

Calculus of differences : (n) (ریاضی) احصاء فرقیات ۔

Caldarium : (n) [L.] رومی حمام ۔

Caldera : (n) [Sp.] (ارضیات) مردہ آتش فشاں پہاڑی کی چوٹی پر کا کڑا نما دہانہ ؛ کاس البرکان ۔

Calean / Callean / Calleoon : (n) [Pers. "qaliyan"] حقہ ۔

Caledonian : (a) [F. "Caledonia"] اسکاتستان کے متعلق ۔

Caledonian : (n) اسکاتستان کا باشندہ ؛ کلدانی ۔

Caledonite : (n) اساسی تانبہ اور جستہ کے سلفیٹ کا بنا ہوا ایک مرکب ۔

Calefacient : (n) [L. "Cale facientem"] گرم کرنےوالا ؛ مولد حرارت ۔

Calefacient : (n) حار دوا ۔

Calefaction : (n) [L. "Calefactionem"] گرمی ؛ حرارت ۔

Calefactor : (n) [L. "Calefacere"] ایک چھوٹا چولھا ۔

Calefactory : (a) [L. "Calefactorius"] گرمی پہنچانے والا ۔

Calefactory : (n) (۱) خانقاہ کا گرم کمرہ ۔ (۲) قیمتی دھات کا ظرف جس میں گرم پانی ھوتا تھا اور جس پر پادری سردی کے دنوں کی عشائے ربانی میں اپنا ھاتھ گرم رکھتے تھے ؛ انگیٹھی ؛ دھات کا گولہ ۔

Calembour : (n) [Fr.] ضلع جگت ۔

Calendal : (a) [L. "Calendae"] رومی تقویم سے مہینہ کی پہلی تاریخ کا یا اس سے متعلق ۔

Calendar : (n) [AF. "Calender"] (۱) نظام تقویم ۔ (۲) تقویم ؛ خصوصاً گریگوری جو ۱۷۵۲ء سے انگلستان میں مستعمل ھے ؛ جنتری ؛ پترا ؛ سال نما ؛ سالنامہ ۔ (۳) فہرست ۔ (٤) سیاھہ ؛ رجسٹر یا فہرست (خصوصاً اولیا کی یا دستاویزات کی خلاصہ کے ساتھ مقدمات کی فہرست) ۔ (٥) مسودات قانون ؛ تجاویز وغیرہ کی فہرست ۔ (٦) واقعات اور کاروائیوں کی فہرست ۔

Gregorian calendar : (n) تقویم گریگوری ؛ پوپ گریگوری کی تیار کردہ تقویم جو سن ۱۵۸۳ء میں بنی تھی اور جو بعد میں انگلستان میں ۱۷۵۲ء میں ترمیم کے ساتھ رائج کی گئی ۔

Julian calendar : (n) جولیس سیزر کی بنائی ھوئی جنتری جو سن ٤٦ قبل مسیح میں بنی تھی جو آج کل بھی رائج ھے ۔

Calendar : (v) (۱) فہرست بنانا ؛ درج رجسٹر کرنا ۔ (۲) دستاویز کا ترتیب دینا ؛ تجزیہ کرنا ؛ اشاریہ تیار کرنا ۔

Calendar-clock : (n) وہ گھڑی جو دن ، ھفتہ اور مہینہ بتائے ۔

Calendar-day : (n) نصف شب سے نصف شب تک کا وقت ۔

Calendar-month : (n) (۱) شمسی مہینہ ۔ (۲) کسی مہینے کی کسی تاریخ سے دوسرے مہینے کی اسی تاریخ تک کی مدت ۔

Calendar-week : (n) اتوار سے شروع ھوکر سنیچر کو ختم ھونے والا ھفتہ ۔

Calendar-year : (n) شمسی سال ۳٦۵ یا ۳٦٦ کی مدت ۔

Calendarer : (n) فہرست ساز ؛ رجسٹر نویس ۔

Calender : (n) [F. "Calandre"] استری یا کاغذ وغیرہ کو چکنا کرنے اور چمکانے کی ایک مشین ؛ چنٹ ڈالنے کی مشین ؛ استری مشین ۔

Calender : (n) [Pers. "qalandar"] قلندر ۔

Calender : (v) [F. "Calandrer"] استری کرنا ؛ چنٹ ڈالنا ؛ گیلھا کرنا ۔

Calenderer : (n) استری کرنے والا ؛ چنٹ ڈالنے والا ۔

Calendry : (n) استری خانہ ۔

Calends / Kalends : (n) [L. "Kalendae"] (۱) رومی جنتری کے حساب سے کسی مہینے کا پہلا دن ؛ غرہ ماہ ۔ (۲) جنتری ؛ تقویم ؛ دستاویز ؛ ریکارڈ ۔

On (at) the greak calends : کبھی نہیں ؛ قیامت تک ۔

Calendula : (n) [dim. of "Calendae"] (۱) گیندے کا پھول ؛ گل اشرفی ۔ (۲) اس پھول کا ٹنکچر جو خون بند کرنے میں کام آتا ھے ۔

Calendulin : (n) [F. "Calendae"] (۱) گیندے سے نکالا ھوا ایک چپچپا مادہ ۔ (۲) زرد رنگ ۔

Calenture : (n) [L. "Calentem"] (۱) ملاحی بخار جس میں سرسامی کیفیت کی وجہ سے سمندر سبزہ زار معلوم ھوتا ھے اور بے اختیار اس میں کود پڑنے کی خواھش ھوتی ھے ۔ (۲) تپ حار ؛ گرم ملکوں کا بخار ؛ بخار ؛ زبردست خواھش ۔

Calescent : حرّی ؛ گرم شدید ۔

Calf : (n) [OWS. "Cealf"] (۱) بچھڑا ؛ بچھیڑا ؛ بچھیا ؛ باچھا ۔ (۲) بچھڑے کی کھال ۔ (۳) دوسرے جانوروں کے بچے (مثلاً ھرن ، ھاتھی) ۔ (٤) گاؤدی ؛ احمق ؛ بے ضرر شخص ؛ بیل ؛ اللہ میاں کی گائے ۔ (٥) برف کا بہتا ھوا ٹکڑا ۔ (٦) بڑے جزیرے کے نزدیک ایک چھوٹا جزیرہ ۔

Essex calf : (n) Essex کا باشندہ ۔

In calf : (a) (گائے کے لئے) گابھن ۔

Golden calf : (n) زرپرستی (زر کی پوجا) ۔

Moon calf : (n) زربندگی ؛ سامریت ۔

Sea calf : (n) سیل مچھلی ۔

Slip her calf : اسقاط ہونا ؛ گابھ ڈالنا ۔

Calf : (n) [ON."Kalfi"] (۱) پنڈلی ؛ ساق ؛ پھلی ۔ (۲) موزے کی پنڈلی ؛ ساق موزہ ۔

Calf-kill : (n) کوئی پودا جس کا پتا جانوروں کے لئے زہر ہو ۔

Calf-knee : (a) چلنے میں جس کے گھٹنے ٹکرائیں ۔

Calf-lick : (n) پر ۔

Calf-love : (n) طفلانہ محبت ۔

Calf-skin / calves'-skin : (n) (۱) بچھڑے کی کھال ؛ ایک قسم کا چمڑا جو اس سے بنتا ھے ۔ (۲) تیماج ؛ جلدبندی کا چمڑا ۔

Calfhood : (n) بچپنا ؛ بچھڑا پن ؛ بچپن ۔

Calfish : (n) (۱) بچھڑے کی طرح ؛ بچھڑا مانند ۔ (۲) خام ؛ غیر شائستہ ؛ بے وقوف ؛ غیر تربیت یافتہ ؛ بھولا ؛ سادہ لوح ۔

Calfless : (a) بے ساق ؛ بے پنڈلی کا ۔

Calfling : (n) چھوٹا بچھڑا ۔

Calfs : (n) دیکھو Calf-skin

Calf's foot / calves'-foot : (n) (۱) بچھڑے کا پایہ ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو بوٹی کا کام دیتا ھے ۔

Calf's -foot / jelly : (n) یخنی ؛ گوڑی ؛ پایہ ۔

Calf's snout : (n) پھول کی قسم ۔

Calf's teeth : (n) دودھ کے دانت ۔

Calfy : (a) گابھن ۔

Caliban : (n) [APP. a var.of CANNIBAL] انسان بصورت حیوان ؛ حیوان صفت انسان ۔

Calibanism : (n) انسان کی حیوان سیرتی ۔

Caliberating : (کیمیا) پیمانہ بندی کرنا ۔

Caliberation : (n) (کیمیا) پیمانہ بندی ؛ قطرسنجی ۔

Caliberation curve : (n) خم دار قطرسنجی ۔

Caliberator : (n) قطر پیما ۔

Calibogus : (n) [origin unknown] رم ، بیر اور راب کی مخلوط شراب ۔

Calibrate : (v) [F.CALIBRE+ATE.] قطر معلوم کرنا ؛ کسی نل، نلی وغیرہ کی قطرسنجی کرنا ۔

Calibrated : (a) قطر سنجی کیا ہوا ؛ قطرمعلوم کیا ہوا ؛ پیمانہ بند ۔

Calibre / Caliber : (n) [Arab "qalib"] (۱) توپ یا کسی نلی کا اندرونی قطر ۔ (۲) حیثیت ؛ لیاقت ؛ قابلیت ؛ ذھانت ؛ پایہ ؛ وجاھت ؛ ذاتی صلاحیت یا قابلیت ؛ سیرت کا وزن ؛ استعداد ؛ (جمع میں) طول پیما ؛ پر کار ؛ قطرپیما ۔

Calibre-compass / Calibre-square : (n) اندرونی قطر پیما ۔

Calibre-rule / Calibre-scale : (n) کسی گول چیز کے وزن سے اس کا اندرونی قطر ناپنے کا آلہ ۔

Calibred : (n) ذی اثر ؛ ذی وقعت ؛ صاحب استعداد ۔

Caliburn / Caliburno : (n) [ME.] بادشاہ آرتھر کی تلوار کا نام ۔

Caliche : (n) [L."Calx"] (۱) چلی اورپیرو کی وہ چٹانیں جنمیں سوڈیم نائٹریٹ کا ذخیرہ ہوتا ھے ۔ (۲) کلشیم کاربونیٹ کی وہ تہہ جو پتھر میں زمین کے اندر یا اوپر جمتی ھے ۔

Caliciform / Calyciform : (a) [L."Calicem"] پیالہ نما ۔

Calicinated : (a) پیالہ نما بنا ہوا ۔

Calicle : (n) [L. "Caliculus"] کٹوری نما جسم ؛ کٹوری نما ابھار۔

Calico : (n) [Calicut , the Indian city] (۱) سادہ سفید سوتی کپڑا ۔ (۲) چھینٹ ؛ چھپا ہوا کپڑا ؛ قلم کار (امریکی) منقش ۔ (۳) دریز (ایک قسم کی چھینٹ) ۔ (٤) پودوں کی ایک بیماری ۔ (٥) چتکبرا جانور ؛ گلدار جانور ۔ (٦) (عامیانہ) لڑکی یا عورت ۔

Calico-ball : (n) وہ ناچ جسمیں سوتی کپڑے پہنے جائیں ۔

Calico-printer : (n) چھینٹ چھپگر ؛ چھپگر ۔

Calico- printing : (n) کپڑے چھاپنے کا فن ۔

Calicular : (a) [L."Caliculus"] کٹوری نما ؛ پیالہ نما ؛ کاسہ نما ۔

Calicularly : (adv) پیالہ نماھونےکی حیثیت سے یا طور سے ۔

Caliculate : [also caliculated] : (a) [L."Caliculus"] کاسہ دار ۔

Calid : (a) [L. "Calidus"] نیم گرم ؛ گرم ؛ بہت گرم ۔

Caliduct : (n) [L."calor"+ductus"] گرمی کو منتقل کرنے کی نلکی ۔

Californium : (n) [NL. " California"+ium] ایك ریڈیائی عنصر جو کیوریم ۲٤۲ کو الفا ذرّات کے دھماکے سے دریافت کیا گیا ۔

Caliginous : (a) [L. "Caliginosus"] دھندلا ؛ ابر آلود ؛ تاریك ؛ کھریلا ؛ غیر واضح ۔

Caliginousity : (n) دھندلا پن ۔

Caligo : (n) [L.] نظر کا دھندلا پن ؛ التہاب نظر ۔

Caligulism : (n) دیوانہ وار نامعقول عمل جو روم کے تیسرے شہنشاہ کیلیگولا کیلئے مناسب تھا ۔

Calililogy : (n) گھونسلوں کا علم ۔

Calin : (n) [Fr.] (تھائی لینڈ) سیام اور ملایا کا کاشن (سوت) جس کی آمیزش سے چینی لوگ چائے کے ظروف بناتے ھیں ۔

Calipash / Callipash : (n) [Perh.W . Indian, of Sp. Carapacha] کچھوے کا چربی دار گوشت (اوپری خول کےنیچے ھلکے ھرے رنگ کا) ۔

Calipee / Callipee : (n) [Perh. as prec.] کچھوے کےنیچے والے خول کے بعد ھلکے زرد رنگ کا چربی دار گوشت ۔

Calipeva / Callipeva : (n) جزائر غرب الھند کی ایك مچھلی ۔

Caliph / Calif : (n) [Arab "Khalifah"] خلیفہ ۔

Caliphate : (n) [Arab " Khalifah"] خلافت ۔

Calisaya : (n) [S. Amer.] کونین کا درخت ۔

Caliver : (n) ایك قدیم دستی بندوق جو بغیر کسی سھارے کے داغی جاتی ھے ۔

Calix : (n) (Pl. Calices) [L.] (تشریح) کٹوری ؛ کاسہ ؛ کٹوری نما عضو یا جوف ؛ کاسہ ؛ پھول کٹوری ۔

Calixtin/-ine :(n) [L. "Calix"] (۱) عیسائیوں کا وہ فرقہ جو عشائے ربانی کی روٹی اور پیالے کو عیسائیوں کی ملکیت سمجھتا ھے ۔ (۲) لوتھر کے عقیدے کے پیشوا جارج کیلیکٹس کے مفاھمتی اور امتزاجی نظریے کا پیرو ۔

Calk : (n) [L. "Calcaneum"] ایسی کیلیں جو جوتے اور گھوڑے کی نعل میں پھسلنے سے روکنے کے لئے لگائی جاتی ھیں ۔

Calk : (v) [L."Calcaneum"] جوتے اور گھوڑے کی نعل میں کیل لگانا ۔

Calk : (v) [It. "Calcare"] کسی نقشے کی نقل اتارنا (اس کی پشت پر رنگ لگا کر) اور تھوتھی نوك سے اس کا خاکہ دوسرے کاغذ پر اتارنا ۔

Calkler : (n) [L."Calcaneum"] (۱) گھوڑنعل کے سرے جو نوك دار اور مڑے ھوئے ھوتے ھیں ۔ (۲) نعل ۔ (۳) وہ کیلیں جو جوتے کے تلے میں پائیداری بڑھانے کیلئے لگائی جائیں ۔

Calkin : (n) [MDU."Calcoen"] دیکھو Calkler

Calking : (n) گھوڑ نعل کی سرے پر کی نوکدار اور مڑی ھوئی کیل ۔

Calking anvil : (n) وہ نہائی جس پر روك کرکیل لگائی جاتی ھے ۔

Calking tongs : (n) کیلوں کو تیز کرنے کا چمٹا ۔

Call : (v) [Com. Teut.] (۱) چلّانا ؛ چیخنا ؛ زورسے بولنا ۔ (۲) (پرند اورقرنا وغیرہ کی.) مخصوص آواز نکالنا ؛ زفیل دینا ؛ زفیل بجانا ؛ سیٹی بجانا ۔ (۳) چلا اٹھنا ؛ چیخ اٹھنا ۔ (٤) پکارنا ؛ پکار کے کہنا ۔ (٥) تاش میں ترپ بولنا ؛ تاش کے کھیل میں بولی بولنا ؛ پتی دکھلانے کا تقاضا کرنا ۔ (٦) دید یا باز دید کو جانا؛ ملاقات کو جانا ۔ (۷) نام پکارنا ؛ حاضری لینا ۔ (۸) طلب کرنا ؛ بلانا ؛ بلا بھیجنا (کرایہ گاڑی، گواہ ، پردہ گرنے پر ایکٹر کو) ۔ (۹) جگانا ؛ بیدار کرنا ۔ (۱۰) شوق دلانا ؛ تشویق کرنا ؛ دعوت دینا ؛ بلانا ؛ نامزد کرنا ۔ (۱۱) نام ہونا ؛ نام رکھنا (تسمیہ) ؛ نام لےکر پکارنا ؛ مکمل ہونا ؛ پکارا جانا ؛ کہنا ؛ عنوان دینا ۔ (۱۲) سمجھنا ؛ خیال کرنا ۔ (۱۳) گالی دینا ۔ (١٤) ھانکنا ؛ ٹھوکنا ؛ گھسنا ۔

To call a halt : روکنے کیلئے آواز دینا ؛ ٹھہرانا ؛ قیام کرنا ؛ ٹھہرجانا ۔

To call a meeting : جلسہ بلانا ؛ میٹنگ بلانا ۔

To call a spade a spade : حقیقت کااظہار کرنا ؛ دودھ کو دودھ اور پانی کو پانی کہنا ۔

To call a thing one's own : مالک ہونا ۔

To call at : کسی کے مکان پر ملاقات کو جانا ۔

To call attention to : متوجہ کرنا ؛ توجہ دلانا ۔

To call back : واپس بلانا ؛ واپس لانا ؛ واپس لینا ۔

To call cousin : عزیزداری جتانا ؛ رشتہ جوڑنا ۔

To call down : نیچے بلانا ؛ نیچے لانا ؛ دعا یا بددعا کرنا ۔

To call for : مانگنا ؛ طلب کرنا ؛ لےآنا ؛ فرمائش کرنا ۔

To call forth : ظہورمیں لانا ؛ نکلوانا (جواب وغیرہ) ۔

To call for trumps : (تاش میں) رنگ کھیلنے کے لئے شریک کو اشارہ کرنا ۔

To call in : (۱) واپس لینا ۔ (۲) طلب کرنا (ڈاکٹر سے مشورہ وغیرہ) ؛ تقاضا کرنا ۔

To call in question / To call in doubt : اعتراض کرنا ؛ معترض ہونا ؛ شک و شبہ کرنا ۔

To call into being : پیدا کرنا ؛ وجود میں لانا ۔

To call into play : بروئے کار لانا ؛ مقتضی ہونا ۔

To call it a day : کام کو ملتوی کرنا ۔

To call it quits : کوشش ترک کردینا ۔

To call names : دشنام طرازی کرنا ؛ ملامت آمیز کلمات استعمال کرنا ۔

To call off / To call away : بلا لینا ؛ رخ بدل دینا ؛ منعطف کردینا ؛ ھٹانا ۔

To call on : (تاش میں) بولی بولنا ۔

To call on / upon : کسی شخص کی ملاقات کو جانا ؛ خدا کا واسطہ دینا ؛ دہائی دینا ۔

To call one's bluff : کسی کے خالی دعوے یا دھمکی کو چنوتی دینا اور پول کھولنا ۔

To call out : للکارنا ؛ مقابلہ چاھنا ؛ خم ٹھوکنا ؛ مبارزہ طلب کرنا ۔

To call over : (۱) ناموں کی فہرست زور سے پکارنا ۔ (۲) حاضری لینا ۔

To call over : (n) گھڑ دوڑ میں پیشہ ور شرط بازوں کی میٹنگ جس میں دوڑنے والے گھوڑوں کی فہرست وغیرہ بنائی جاتی ھے ۔

To call over the coals : ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

To call the shorts / To call the tune : مختار ہونا ؛ منتظم ہونا ۔

To call to account : حساب لینا ؛ محسابہ کرنا ؛ مواخذہ کرنا ۔

To call to memory : یاد کرنا ۔

To call to mind : یاد کرنا ؛ ذھن میں لانا ۔

To call to ministry : وزارت کے لئے نامزد کرنا / انتخاب کرنا ۔

Within call : نزدیک ۔

Call back pay : (n) (کامرس ، معاشیات) حاضری تنخواہ ؛ مشاہرہ باز طلبی ۔

Call-bell : (n) اردلی کو بلانے کی گھنٹی ؛ خطرے کی گھنٹی (آگ بجھانے والوں کو بلانے کی)۔

Call bird : (n) دوسری چڑیوں کو پھنسانے والی چڑیا ۔

Call book : (n) (تجارت و معاشیات) طلب بہی ؛ مانگ بہی ۔

Call box : (n) (۱) ڈاکخانےمیں مخصوص بکس ۔ (۲) عوام کے استعمال کا ٹیلی فون ۔

Call boy : (n) (۱) وہ لڑکا جو ایکٹروں کو بلاتا ہے ؛ تھیٹر بچہ ۔ (۲) وہ لڑکا جو جہاز پر کپتان کا حکم انجینئر تک پہنچاتا ہے ۔ (۳) ہوٹل کا وہ ملازم جو مہمانوں کو پیغام پہنچاتا ہے ۔

Call duck : (n) ایک چھوٹی بط جس کو شکاری دوسری بطوں کو پھانسنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Call for inspection : (انتظامیہ) کال برائے معائنہ ۔

Call girl : (n) ایسی طوائف جس کو ٹیلی فون کے ذریعہ بلایا جاسکے ۔

Call house : (n) وہ مکان جس میں ایسی طوائفیں ملتی ہیں ۔

Call -in -pay / overtime pay / Call back pay : (سماجیات) زائد وقت کی اجرت ؛ (کامرس و معاشیات) حاضری تنخواہ ؛ مشاہرہ باز طلبی ۔

Call letter (n) طلبی حروف ۔

Call-loan : (n) (کامرس) عندالطلب قرضہ ؛ قرض غیر معیاری / موجل ۔

Call-note : (n) چڑیوں کی وہ آواز جس سےوہ اپنے جوارے کو بلاتی ہیں ۔

Call -notice : (n) (معاشیات و تجارت) طلب نوٹس ؛ طلب نامہ ۔

To call to (one's) feet / legs : کھڑے ہونے کا حکم دینا (خاص کر تقریر کرنے یا گانے وغیرہ کے لئے) ۔

To call to order : (۱) جلسے کا آغاز کرنا ۔ (۲) خلاف قاعدہ بولنے والے کو تنبیہ کرنا ۔

To call to the bar : پیشہ وکالت کے لئے نامزد کرنا ۔

To call to the colors : فوج میں بھرتی ہونا ۔

To call to witness : گواہ کرنا ؛ گواہ پیش کرنا ؛ بطور گواہ پیش کرنا ۔

To call up : خیال کرنا ؛ من میں لانا ؛ مردے کی روح کو بلانا ؛ یاد کرنا ؛ ذہن میں لانا ؛ تصور کرنا ۔

Call : (n) [Com. Teut.] (۱) بانگ ؛ چیخ ؛ پکار ۔ (۲) پرند وغیرہ کی اصلی آواز ؛ زفیل ؛ زفیل کی نقل اتارنے کا باجا ۔ (۳) بگل ؛ سیٹی ۔ (٤) رسمی ملاقات ۔ (٥) طلب ؛ طلبی ؛ بلاوا ؛ دعوت (خدا ، ضمیر ، ملك و ملت کی طرف سے) ۔ (٦) حاجت ؛ ضرورت ؛ موقع ؛ فرض ۔ (۷) قسط طلبی ۔ (۸) (ساهو کار کا) مقررہ تاریخ پر مال کے دعوے کرنے کا اختیار ۔ (۹) کسی خاص وقت پر جگا دینے کا حکم (ہوٹل وغیرہ میں) ۔ (۱۰) دعوی ۔ (۱۱) پکاری ہوئی چیز ۔ (۱۲) درخواست ۔ (۱۳) حاضری ۔ (١٤) ترپ کی بولی ۔ (۱۵) پیمائش میں اشارہ ۔ (١٦) ٹیلیفون کی بات چیت ۔ (۱۷) عوام کے گیت کا وہ حصہ جو ایك آدمی گاتا ہے ۔ (۱۸) ٹینس کے کھیل میں نمبر کی دریافت ۔ (۱۹) رقص میں ہدایت ۔ (۲۰) کھیل میں کسی افسر کا فیصلہ ۔ (۲۱) کتوں کی ہمت بڑھانے کے لئے بگل کی آواز ۔ (۲۲) ہانکنا ۔

A call to the bar : وکالت کے لئے نامزدگی ۔

At call / on call : (طلبی کے لئے) ہر وقت تیار ۔

To have the call : مطلوب ہونا ۔

To make a call / To pay a call : گھر جاکر ملاقات کرنا ۔

To have a call : ملنا ۔

Call pay : (n) (کامرس) حاضری تنخواہ ۔

Call price / redemption price : (n) (کامرس) وقتی قیمت ۔

Call rate : (n) (کامرس) فوری طلب شرح ۔

Call up : (n) طلبی ؛ بلاوا (کسی حاکم کے سامنے) ۔

Calla : (n) [NL. mod. of Gr. "Kallaia"] (۱) دلدلی پودوں کی ایک قسم ۔ (۲) سفید أرم (white Arum) ؛ پاگل شیبوری کا غلط نام، سفید سوسن ۔

Callable : (a) مطالبہ ؛ طلب ؛ پذیر ۔

Callable bond : (n) = (redeemable bond) (معاشیات) مطالبہ بانڈ ؛ عندالطلب بانڈ ۔

Callable preferred stock : (n) (معاشیات و کامرس) طلب پذیر ترجیحی اسٹاك ۔

Callaesthetic / -tics : (n) [Gr. "Kallos+aesthetikos"] Whewell کا تجویز کیا ھوا نام (جمالیات کے لئے) ۔

Callaite : (n) فیروزہ ۔

Callant : (n) [F. "Caland"] لڑکا ۔

Callday / Call night : (n) انگلستان میں قانونی کالجوں میں طلبہ کو اجلاس میں بلانے کا دن یا رات ۔

Called up capital : (n) (کامرس) مطلوبہ اصل ۔

Caller : (n) [See call] (۱) پکارنے والا ۔ (۲) ملاقاتی ؛ ملاقات کرنے والا ۔

Caller : (a) [Sc. form of CALVER] (۱) (اسکاتستان) تازہ ۔ (۲) ٹھنڈا ؛ خوشگوار ۔

Callet : (n) [Perh. MF."Caillette"] (۱) طوائف ۔ (۲) دریدہ دہن عورت ۔

Callet : (v) [Perh. MF. "Caillette"] ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Callety : (a) منہ پھٹ ؛ دریدہ دہن ۔

Callidity : (n) [L. "Calliditetem"] چالاکی ؛ هوشیاری ۔

Calligraph / Calligrapher / Calligraphist : (n) [Gr.] خطاط ؛ خوش نویس ؛ ماهر خطاطی ؛ خوش خط ۔

Calligraph : (n) [Gr.] خوش خطی ؛ خطاطی ؛ خوش نویسی ۔

Calligraph : (v) خوش خط لکھنا ؛ خطاّطی کرنا ۔

Calligraphic/-al : (a) خوش خط ؛ متعلق بہ خطّاطی ۔

Calligraphically : (adv) خوش خطی سے ؛ خوش نویسی سے ۔

Calligraphy : (n) [Gr.] خوش نویسی ؛ خوش خطی ؛ خطاطی ۔

Calling : (n) [F. CALL + ING.] (۱) پکار ۔ (۲) حکم الهی ؛ امور الهی ۔ (۳) پیشہ ؛ کام ؛ دھندا ۔ (٤) کسب ؛ حرفہ ۔ (٥) امر نیك کی توفیق ۔ (٦) کوئی خاص کاروبار کرنےوالے لوگ ؛ پیشہ ور ۔

Calling : (a) [As Prec.] پکارنے والا (خصوصاً جانورکے نام کے ساتھ) ۔

Calling a deck : (شماریات) پتے بتانا ۔

Calling crab : (n) کیکڑے کی ایك قسم ۔

Calling hare : (n) ایك قسم کا خرگوش جس کی آواز عجیب قسم کی هوتی هے ۔

Calling tax : (n) (کامرس) پیشہ ورانہ ٹیکس ۔

Calliope : (n) [Gr. "kalliope"] (۱) موسیقی کی دیوی ۔ (۲) ایك قسم کا باجا ۔

Calliper / Caliper : (n) [See CALIBRE] (۱) سرل چاپ ؛ طول پیما ؛ پرکار کی طرح کا ایك آلہ جس سےطول اورقطر کی پیمائش کرتے هیں ۔ (۲) دمکلہ کا چاپ ۔

Verdier calliper : ورڈیر طول پیما ۔

Calliper : (v) [See CALIBRE] طول پیما یا قطر پیما سے پیمائش کرنا ۔

Calliper square : (n) دوهرا سرل چاپ ؛ قطر پیما ؛ طول پیما؛ قطر پیما سے پیمائش کرنا ۔

Callippic : (a) [Gr. "Kallippos" + - IC] یونان کےهیئت داں کیلیپس کا یا اس سے متعلق یا اس کا ۔

Callipygian : (a) [Gr."kallipygos"] دیدہ زیب سرین والی یا اس سے متعلق ۔

Callis - sand : (n) [F. "Callis". 16 th. c. form of "calais"] ایک باریک سفید ریت جو روشنائی سوکھ وغیرہ کے کام آتی ھے ۔

Callisthenic : (a) [Gr. "Kalli + sthenos"] حسن افزا ورزش سے متعلق ۔

Callisthenics : (n) [F.Prec.] (۱) حسن کے ساتھ طاقت پیدا کرنے کےلئے موزوں زنانہ ورزش : حسن افزا ورزش ۔ (۲) اس ورزش کا فن ۔

Callisthenium : (n) حسن افزا ورزش کرنے کی جگہ ۔

Callithrix / - trix : (n) [L.] برازیل کے چھوٹے بندروں کی ایک قسم ۔

Callitriche : (n) [Gr. "Kallitrichos"] آبی پودوں کی ایک قسم ۔

Callmoney : (n) (کامرس) عندالطلب رقم (قرضہ) : فوری طلب رقم : زرعندالطلب ۔

Calloo / Calaw / Callow : (n) قطب شمالی کی بط کی ایک قسم ۔

Callose : (a) [L."Callosus"] ابھری ھوئی سخت پھنسیوں والا : صلابت دار ۔

Callosity : (n) [L. "Callosite"] (۱) جلد کی صلابت ، سختی اور موٹاپن ۔(۲) ڈھٹا : گھٹا ۔(۳) بے رخی : سنگ دلی : سخت دلی ۔

Callous : (a) [L. "Callum"] (۱) (عضویات ، حیوانیات) سخت (بدن) : صلابت دار ۔(۲) سنگ دلی : بے حس : بے رحم : کٹھور : بے درد : کٹر : شقی القلب ۔

Callous : (v) [L. "Callum"] سخت بنانا : سنگ دل بنانا (صرف Calloused میں) ۔

Callousness : (n) [L. "Callum"] (۱) سنگ دلی : بے رحمی : بے دردی : قساوت ۔ (۲) گھٹا ۔

Callow : (a) [OE. "Calu"] (۱) بے بال و پر : جس کے پر نہ نکلے ھوں : نرم روئیں دار، بے بال و پر : تنڈا ۔(۲) خام : ناپختہ کار : ناتجربہ کار ۔ (۳) نشیبی دلدل ۔

Callow : (n) (۱) نشیبی اور دلدلی زمین : نشیبی سیرابی کھیت یا سبزہ زار ۔ (۲) زمین پست کی اوپری تہ ۔

Callowness : (n) بے بال و پری : ناتجربہ کاری : خامی ۔

Callowy : (a) بےبال و پر : نا تجربہ کار ۔

Calls in : مطالبات اقساط ۔

Calls in advance : (کامرس و معاشیات) طلب پیشگی ادائگی ۔

Calls in arrears : (کامرس و معاشیات) بقایا طلب ۔

Callum : (n) [L. "Callous"] (۱) (فعلیات ، اراضیات ، نباتیات)صلابت جلد ۔(۲) وہ ھڈی جو بعد اندمال جڑی ھوئی ھڈیوں کے پاس پیدا ھو جاتی ھے : وشبد (طب) ۔ (۳) احساس کی کمی : بے حسی ۔

Calluna : (n) سنوارنا : سجانا : خوبصورت بنانا ۔

Callus : (n) [L. "Callous"] دیکھو Callum

Calm : (n) [LL. "Cauma"] سکون : اطمینان : دل جمعی : ٹھہراؤ : قرار : آھستگی : آسائش : شانتی : سکوت : خاموشی : متانت : آرام : آرامی : ھیجان یا ھنگامہ سے آزادی ۔

A calm : امس : گھٹن : گھمس : احتباس (ھوا) ۔

Calm : (n) (۱) سانچہ یا چوکھٹا جس میں دھات کی چیزیں ڈھالی جاتی ھیں ۔(۲) کرگھے کا تانا / تانی ۔

Calm : (a) (۱) پرسکون : مطمئن : چپ چاپ : ٹھہرا ھوا : ساکن : ساکت : شانت : دل جمع : خاموش : متین ۔(۲) بالقصد ۔ (۳) بے جھجھک : بے شرم : ڈھیٹ ۔ (٤) گھٹن کا : رمس کا ۔

Calm : (v) (۱) ساکن کرنا : روکنا : بند کرنا : تسکین دینا : تسلّی دینا : مطمئن کرنا : خاموش کرنا : ساکت کردینا ۔

Calm belts : (n) منطقات سکون : ساکن منطقع ۔

Calmant : (n) (۱) مسکّن ۔(۲) مسکّن دوا ۔

Calmative : (n & a) Calmant دیکھو

Calmer : (n) سکون بخشنے والا ؛ تسکین دینے والا ۔

Calmly : (adv) سکون کے ساتھ ؛ نرمی سے ؛ آھستہ سے ؛ ٹھنڈے دل سے ۔

Calmness : (n) [F. CALM] سکون : سکوت ؛ خموشی ؛ قرار؛ ٹھہراؤ ؛ احتباس ؛ اطمینان ۔

Calms : (n) سکون ؛ ساکن منطقے ۔

Calogram : (n) [Gr. "Kalos"] بحری تار ۔

Calomel : (n) [Gr. "Kalos + melas"] مرکیوریس کلورائڈ جو مسہل ھے ؛ کیلومل ؛ زیبق ؛ رس کپور ؛ جیوہ سفید ۔

Calorescence : (n) [F. L. " Calor"] استنارہ : گرمی کے غیر منور پرتو کو منور کرنوں میں تبدیل کردینا ۔

Caloric : (n) [L."Calorem"] حرارت ؛ گرمی ؛ اصول گرمی ؛ کیلوری (کیمیا) ۔

Caloric engine : (n) گرم ھوا سے چلنے والا انجن ؛ گرم ھوا انجن ۔

Caloric theory of heat : (طبیعیات) حرارت کا کلورک نظریہ ۔

Calorically : (adv) حرارت کی طرح ؛ گرمی کی طرح ۔

Caloricity : (n) [F. CALORIC + ITY] (حیاتیات) جاندار چیزوں میں گرمی پیدا کرنے کی وہ صلاحیت جس سے خاص معتدل حرارت قائم رہ سکے۔

Caloriduct : (n) [F. L. "Calorem"] انتقال حرارت کی نالی یا نلکی ۔

Calorie : (n) [L. "Calor"] گرمی کا وہ درجہ جو کلو گرام پانی کی حرارت ایک ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچانے کے لئے ضروری ھو ۔

Average calorie : (طبیعیات) اوسط کلوری۔

Gram calorie : (طبیعیات) گرام کلوری ۔

Kilo calorie : (طبیعیات) کلو کلوری۔

Mean calorie : (طبیعیات) اوسط کلوری۔

Calorifacient / Calorifiant : (a) [L. "Calorifacientem"] مولد حرارت ؛ حرارت زا ۔

Calorific : (a) [L. "Calorificus"] (۱) حرارت بر ۔ (۲) گرمی سے متعلق ۔

Calorific value / Calorific power : (n) (طبیعیات) حرارتی قدر ؛ کلوری قیمت ؛ حرارتی قیمت ۔

Calorifically : (adv) حرارت کے ذریعہ ۔

Calorification : (n) [L."Calorificare"] تولید حرارت خاص کر جاندار/ جانوروں کے اجسام میں ؛ محرّر ۔

Calorifics : (n) علم حرارت ۔

Calorifier : (n) ھوا کو گرم کرنے والا ؛ حرارت رساں ۔

Calorify : (v) [L."Calorificohe"] گرمانا ؛ حرارت پہنچانا ۔

Calorimeter : (n) [L. "Calorem" + METER] حرارت پیما ؛ وہ آلہ جس سے حرارت یا حرارت نوعی کی مقدار کا اندازہ کیا جاتا ھے ۔

Adiabatic calorimeter : (طبیعیات) مستقل الحرار کلوری پیما / حرارت پیما ۔

Bomb calorimeter : (طبیعیات) بم کلوری پیما ؛ بم حرارت پیما ۔

Continuous flow calorimeter : (طبیعیات) مسلسل بھاؤ حرارت پیما ۔

Differential calorimeter : طبیعیات) تفرقی حرارت پیما ۔

Ice calorimeter : (طبیعیات) برف حرارت پیما ۔

Micro calorimeter : (طبیعیات) مائیکرو حرارت پیما ۔

Nernest calorimeter : (طبیعیات) نرنسٹ حرارت پیما ۔

Steam calorimeter : (طبیعیات) بھاپ حرارت پیما ۔

Calorimeter jacket : (طبیعیات) حرارت پیما جیکٹ ۔

Calorimetric/ -al : متعلق بہ حرارت سنجی ؛ حرارت سنجی کا ۔

Calorimetry : (n) حرارت سنجی ؛ تاپ ناپ ۔

Micro calorimetry : مائیکرو حرارت سنجی ۔

Calorimotor : (n) [L. Calorem+motor] بڑے پتروں والا برقی مورچہ جو حرارت پیدا کرتا ھے ؛ حر موثر ۔

Calory : (n) حرارہ ؛ کلوری ۔

Calotte : (n) [F. dim. of cale] (۱) پادریو ں کی ایک ٹوپی ؛ پادریانہ ٹوپی ؛ ملایانہ ٹوپی ۔ (۲) پرندوں کے سر پر کا کلاہ نما تاج ۔ (۳) کوئی چھوٹی ٹوپی نما چیز ۔ (٤) پیالہ نما تعمیر ۔

Calotype : (n) [Gr. "kalos+typos"] (تصویر کشی) سلور آیوڈائڈ میں کاغذ بھگوکر اور اس پر شعاع گذار کر تصویر اتارنے کا پرانا عمل ۔

Calotype : (v) [Gr.] مندرجہ بالا طریقہ سے تصویر اتارنا ۔

Calotypic : (a) اس طریقہ سےتصویر اتارنے کے متعلق ۔

Calotypist : (n) اس طریقہ پر تصویر اتارنے والا ۔

Caloyer : (n) [Late Gr. "Kalogepos"] سنت بیسل کے سلسلہ کا یونانی پادری ۔

Calpac / Calpack / Kalpack : (n) [Turki. "qalpaq"] (۱) نمدی ٹوپی جو ترکی اور تاتاری استعمال کرتےھیں ۔ (۲) کوئی شرقی ٹوپی ۔

Caltha : (n) [L.] گیندے کے پھول کی ایک قسم ۔

Caltrop / Caltrap : (n) [OE. "Calcatrippe"] (۱) گوکھرو ؛ خنجک ۔ (۲) گھوڑوں کو زخمی کرنے کے لئے لوھے کی خاردار گیند ؛ خسک ۔ (۳) پاگیر ؛ گھوڑوں کے کُھر اورگاڑیوں کے ٹائر خراب کرنے کے لئے دھات سے بنی ایک چھار شاخہ نوکدار چیز ۔

Calumba : (n) [Perh. of African origin] ایک قسم کے افریقی پودے کی جڑ ۔

Calumbin / Calumbic acid : (n) اس پودے کی جڑ کا تلخ عنصر جو مقوی معدہ اور قوت بخش دوا کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Calumet : (n) [L. "calamellus"] تمباکو پائپ جو منقش اور پروں سےآراستہ ھوتے ھیں اورامریکی انڈین اسے امن کی علامت کے طور پر استعمال کرتے ھیں ۔

To smoke the calumet together : صلح کرلینا ؛ ملاپ کرلینا ۔

Calumniate : (v) [L."Calumniari"] تہمت لگانا ؛ الزام دینا ؛ بدنام کرنا ؛ بہتان باندھنا ؛ افترا باندھنا ۔

Calumniation : (n) بہتان تراش ؛ اتہام ؛ افترا ؛ بدگوئی ۔

Calumniator : (n) بہتان تراشی ؛ مفتری ؛ افترا پرداز ؛ بہتان لگانے والا ۔

Calumniatory : (a) تہمت آمیز ؛ پر افترا ۔

Calumnious : (n) [L."Calumnia "] افتراپرداز؛تہمت انگیز؛ بدگو ؛ مفسد ؛ مفسدانہ ۔

Calumniously : (adv) بطور بہتان ؛ مفسدانہ ؛ مفتریانہ ۔

Calumny : (n) [L. "Calumnia"] تہمت ؛ الزام ؛ افتراء ؛ توھین ؛ بہتان ؛ بدنامی ؛ اتہام ۔

Calvaria / Calvarium : (n) [L. "Calvus"] کنپٹی ؛ کان اور رخساروں کی ھڈیوں کے اوپر کی کھوپڑی کا حصہ ؛ کاسہء سر ۔

Calvarial : (a) کنپٹی سے متعلق ۔

Calvary : (n) [L. "Calvaria"] (۱) حضرت عیسیٰ کے صلیب پر چڑھائے جانے کی جگہ ۔ (۲) کھلی جگہ میں چبوترے پر حضرت عیسیٰ کا صلیب پر چڑھایا ھوا مجسمہ ۔ (۳) گرجا میں تصویروں یا مجسموں کا سلسلہ جن میں حضرت عیسی کو صلیب پر چڑھانے کے مناظر دکھائے گئے ھوں ۔ (٤) شدید اذیّت کا تجربہ ۔

Calvary cross : (n) (or cross calvary) (نقابت) تین زمینوں کے ھرم پر بنایا ھوا صلیب کا نشان ۔

Calve : (v) [OE. "cealf", CALF] (۱) بچہ دینا (جانوروں کا) ۔ (۲) برف کی سلیں گرنا ۔

Calved : (a) بچہ دار ؛ بچہ والی ۔

Calved : (a) ساق دار ۔

Calven : (a) بیانی ہوئی ؛ بچہ دی ہوئی ۔

Calver : (n) بچہ دینے والی گائے ۔

Calvinian : (a) [L. "Calvinus"] کالوین کے عقائد یا اس سے متعلق یا اس کا پیرو ۔

Calvinism : (n) (۱) کالوینیت ؛ کاروین نامی قیسیسی کا مشرب ۔ (۲) کالوینیت کی تقلید ۔

Calvinist : (n) کالوین کا معتقد ؛ کالوینی ؛ کالوین کا پیرو ۔

Calvinistic : (a) متعلق بہ کالوینیت ؛ کالوین کے مشرب کا پیرو ۔

Calvinistical : (a) کالوینیی ۔

Calvinistically : (adv) کالوینیت کے طریقہ پر ۔

Calvinize : (v) (۱) کالوینی بنانا ۔
(۲) کالوینیت کی تعلیم دینا ۔
(۳) کالوینیت کی تبلیغ کرنا ۔

Calvish : (a) [CALF + ISH] گاؤدی ؛ بچھڑے کے مانند ؛ احمق ۔

Calvities : (n) گنجاپن ۔

Calvo clause : (n) (تاریخ) کلیوو دفعہ ۔

Calx : (n) [L. "Calx"] (۱) دھات کا کشتہ ؛ پھکی ہوئی دھات ؛ بھسم شدہ دھات ۔
(۲) (فٹبال) گولی کے پاس کی لکیر ۔

Calybite : (n) [Gr. "kalybe"] جھونپڑی میں بسر کرنے والے پرانے زمانے کے اولیاء میں سے ایک ۔

Calycanthus : (n) [Gr. "Kalyk + anthos"] امریکی جھاڑیوں کی ایک چھوٹی ذات ؛ خوشبو دار چھال ؛ ارغوان یا سرخ پھول ۔

Calycifloral : (a) [L. "Calycem" (calyx) +"floren"] وہ پھول جسمیں حامل زر اور پنکھڑیاں مسند گل کے اندر گھسے ہوں ۔

Calyciform : (a) [As Prec.] مسندگل یا کاسہء گل کی مانند ؛ کاسہ شکل ۔

Calycinal / Calycinar : (a) [As prec.] مسندی ۔

Calycine : (a) [As prec.] مسندی ؛ کلائی ۔

Calycle : (n) [L. "Calyculus"] (نباتیات) بیرونی مسند ؛ مسند زائد ۔

Calycular : (a) بیرونی مسند کے متعلق ؛ بیرونی مسند بنانے والا ۔

Calyculate : (a) بیرونی مسند والا ۔

Calyon : (n) [ME.] چقماق یا سنگریزہ ۔

Calyptra : (n) [Gr. "Kalyptra"] کلاہ نما غلاف ؛ برقعہ ۔

Calyptrate : (a) کلاہ نما غلاف والا ؛ برقعہ دار ۔

Calyptriform : (a) برقعہ نما ؛ کلاہ نما غلاف کی شکل ۔

Calyptrogen : (n) پودے کے سب سے نئے ریشہ دار منقسم کا باھری حصہ ؛ ٹوپ زا ۔

Calyx : (n) (Pl. Calyces) [Gr. "kalyx"] مسند گل ؛ کاسہء گل ؛ پھول کٹوری ؛ کماسہ ۔

Cam / Camb / Camm : (n) [Du."Kam"] کیم ؛ پہیے کا نکلا ھوا حصہ (دندانے دار ھو یا بے دانے کا) جس سے دائروی حرکت کو دوسری حرکت میں تبدیل کرسکیں ۔

Cam : (n) [Sc. "Kame"] ماھی پشت ؛ مٹی کا ٹیلا ؛ وہ پشتہ جس پر احاطے کی جھاڑی لگی ھو یا اس قسم کی کوئی دوسری چیز۔

Cam : (a & adv) [Welsh."Cam"] کج ؛ مڑا تڑا ؛ کج رو ؛ گمراہ ۔

Cam-wood : (n) [Tenna. "Kam"] کمبی لکڑی ؛ مغربی افریقہ میں ایک سرخ اور سخت لکڑی جس سے رنگ نکلتا ھے ۔

Camaieu : (n) [F. See CAMEO] مصوری کا طریقہ جس میں ایک رنگ استعمال کرتے ھیں ۔

Camail : (n) [F. Cap + mail] حلقہ دار زرہ کا وہ حصہ جو گردن اور بازوؤں کی حفاظت کرے ؛ رومن کیتھولک پادریوں کی ایک ٹوپی آرائش کی ؛ وہ بلو یا ارغوانی چیز جو اسقف اپنے جبہ پر پہنتا ھے ۔

Camailed : (a) اس قسم کا لباس پہنے ہوئے ۔

Camaldolite / Cameldulite /-dulian : (n) [It. Camaldoli, monastery in S. Italy.] اس مذہبی سلسلہ کا رکن (جس میں لوگ ننگے پاؤں رہتے ہیں) جس کو سینٹ Romuald نے Camaldoli میں قائم کیا تھا ۔

Camara : (n) ایک سخت اور مضبوط لکڑی ۔

Camara : (n) [Gr. "Kamara"] پھل کا ایک خلیہ ؛ بقچہ' گل ؛ درخت کی سخت لکڑی ۔

Camaraderie : (n) [F. "Camarade"] بے تکلفی ؛ ملنساری ؛ اعتماد باہمی ۔

Camarilla : (n) [Sp. dim. of "camara"] خلوت خانہ ؛ خفیہ جماعت یا جتھا ۔

Camas /Camash /Cammas : (n) ایک سوسن نما پودا جس کی گٹھلی کو امریکی انڈین غذا کے طور پر کھاتے ہیں ۔

Camber : (n) [F. "Cambrer "] کسی اوپری سطح کا محدب جیسے عرشہ جہاز یا شہتیر کا محدب ؛ خم دار شہتیر ؛ ایک چپٹی محراب ؛ محدب کڑی ۔

Camber : (v) ذرا خم دار بنانا ؛ محدب کرنا ؛ شہتیر وغیرہ کو اوپر کی طرف موڑنا اس طرح کہ سروں کی بہ نسبت مرکزی حصہ اونچا ہوجائے ۔

Camber-beam : (n) محدب شہتیر ۔

Camber-ship : (n) تختے کا وہ حصہ جو ایک طرف یا دونوں طرف محدب بنایا گیا ہو اور جو رول کی طرح استعمال ہو ۔

Camberwell beauty : (n) [F. Camberwell, London] تتلی کی ایک قسم ۔

Cambial : (a) [L. "Cambium"] (۱) تجارتی صرافہ سے متعلق ۔ (۲) گرہ دار درختوں کی چھال کے نیچے خانہ دار رگ سے متعلق ؛ فارقہ سے متعلق ؛ برساپرت سے متعلق ۔

Cambiform : (a) [CAMBIUM + FORM] برساپرت کی شکل کا یا مانند ؛ نوزا شکل ۔

Cambio : (n) [L. "Cambium"] (۱) ہنڈی ۔ (۲) صرافہ ۔

Cambism : (n) [F. "Cambiste"] صرافہ کا کاروبار ؛ نظریہ' مبادلہ ۔

Cambist : (n) [F. "Cambiste"] (۱) ہنڈی کا بیوپاری ؛ مہاجن ؛ صراف ۔ (۲) (معاشیات) ماہر مبادلات ؛ کتاب مبادلات ۔

Cambistry : (n) ہنڈی کا کاروبار ؛ صرافہ کا کاروبار ؛ زرمبادلہ کا کاروبار ۔

Cambium : (n) [LL. "Cambium"] برساپرت ؛ فارقہ ؛ گرہ دار درختوں کی چھال کے نیچے خانہ دار رگ جہاں سالانہ چھال ، پرت بنتی ہے ۔

Cambrel : (n) [F. "Cambrer"] (۱) لکڑی یا لوہے کا کانٹا جس سے قصاب جانوروں کو ذبح کے بعد کھال اتارنے کے لئےلٹکاتے ہیں ؛ کانٹا ؛ آنکڑا ۔ (۲) گھوڑے کی پچھلی ٹانگ کے اوپری حصہ کا خم ۔

Cambresine / Cambrasine : (n) [F.] ۔ Camray کا باریک کتان

Cambrian : (n) [O Welsh. "Cymry"] ویلس کا باشندہ ۔

Cambrian : (a) ویلس سے متعلق ؛ (ارضیات) Palaeozovic یا عہد اول کے چٹان کے متعلق جو ویلس اور کیمبر لینڈ میں سیلورین کے نیچے پائے جاتے ہیں ۔

Cambric : (n) [L. "Camaracum"] مہین سوتی سفید کپڑا ؛ (یا اس کپڑے کا) رومال (منسوب بہ شہر کیمبرے) ۔

Cambridge equation : (n) (کامرس) کیمرج مساوات ۔

Cambridge school : (n) (کامرس) کیمرج اسکول ۔

Came : (n) [See CALM] جالی دار کھڑکیوں میں شیشہ لگانے کے لئے گھاٹی دار سیسے کی سلاخ ۔

Camel : (n) [L. "Camelus"] (۱) اونٹ ؛ شتر ۔ (۲) (مجازاً) نا قابل قبول بات ؛ نا قابل یقین بات ۔ (۳) عظیم الجثہ بےھنگم شخص ؛ بہت طاقت ورشخص ۔ (٤) مشین جس سے جہازوں کو اتھلے پانی میں تیراتے ہیں ؛ شترہ ۔

Camel bird : (n) شتر مرغ ۔

Camel brown : (n) چارا جو بنسی میں لگاتے ھیں ۔

Camel cade : (n) اونٹ سواروں کی ایک قطار۔

Camel dom : (n) اونٹوں کا علاقہ ۔

Camel engine : (n) شترہ ۔

Camel gut : (n) اونٹ کا خشک رودا جو آلات موسیقی کے بنانے میں کام آتا ھے ۔

Camel hair : (n) [or camel's hair] (۱) اونٹ کے بالوں کا (گلھری کی دم کا) بنا ھوا مو قلم ۔ (۲) اونٹ کے بالوں کا بنا ھوا کپڑا یا اس کے بالوں اور اون کا بنا ھوا کپڑا ۔

Camel insect : (n) جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا جس کی چھاتی زرا چوڑی ھوتی ھے ۔

Camel kneed : (a) سخت گھٹنوں والا ۔

Camel locust : (n) دیکھو Camel insect

Camel thorn : (n) چپچپے رس والا پودا ۔

Camel tree : (n) ببول ۔

Camel yarn : (n) انگورہ کے بکرے کی اون کا تاگا ۔

Cameleer : (n) (۱) شتربان ؛ ساربان ۔ (۲) شتر سوار سپاھی ۔

Cameline : (a) اونٹ یا اونٹوں سے متعلق ۔

Cameline : (n) [L. "Camelinum"] اونٹ کے بالوں کا بنا ھوا کپڑا ۔

Cameline : (n) [F.] شلغمہ پودوں کی ایک قسم ۔

Camelish : (a) ضدی ؛ ھٹی ؛ اونٹ کی مانند ۔

Camelishness : (n) ضدی پن ؛ ھٹ ؛ ضد ۔

Camellia : (n) [After "kamel"] چین اور جاپان کی ایک سدا بہار جھاڑی۔

Camelopard : (n) [L. Camelopordus"] (۱) زرافہ ؛ شتر گاؤ ۔ (۲) فرساؤس ؛ کوکبتہ الزراف ؛ رب اکبر اور ذات الکرسی کے مابین واقع ستاروں کا ایک مجموعہ ۔

Camelopardel : (n) (نقابت) خاندانی نقابت کی ڈھال کا ایک نشان جس کی شکل زرافہ کی اور جس کے سینگ پہاڑی بکرے جیسے ھوتے ھیں ۔

Camelry : (n) ["Camel + ry"] (۱) شتر سوار فوج ۔ (۲) شتر خانہ ۔

Camembert : (n) (or camembert cheese) [F. "Camembert"] نرم عمدہ نارمن پنیر ۔

Camenes : (n) منطق کی ایک شکل یاد کرانے کے لئے ۔

Cameo : (n) [med. L. "Cammaeus"] (۱) پتھر کا ابھرواں کام جس کی زمین رنگین ھو ؛ سنگینی خاتم کاری ۔ (۲) کوئی مختصر تحریر یا تمثیل جو کسی کردار، واقعہ یا مقام کو نمایاں کرے ۔

Camera : (n) [L. "Camera"] (۱) جج کا کمرہ ۔ (۲) مجلس قانون ساز ۔ (۳) پوپ کی عدالت کا ایک شعبہ ۔ (٤) فوٹوگرافی کا کیمرا ؛ عکس آلہ ۔

In camera : جج کی خلوت گاہ میں نہ کہ کھلی عدالت میں ؛ خلوت میں ؛ راز میں ؛ تخلیہ میں ۔

Meeting in camera : (تاریخ) خفیہ میٹنگ ؛ بند اجلاس ؛ (انتظامیہ) بند میٹنگ ۔

On camera : ٹیلی ویژن کے کیمرے کے سامنے (جس وقت تصویر اتاری جارھی ھو)۔

Camera obscura : (n) تاریک کیمرہ ؛ تاریک عکاسہ ۔

Cameral : (a) [med. L. " Cameralis"] (۱) قانون ساز مجلس یا جج کےاجلاس/عدالت سے متعلق ۔ (۲) جرمنی کے سرکاری مالیات سے متعلق ۔

Cameralucida : (n) روشن عکاسہ ۔

Cameronian : (a) [After Cameron] (۱) رچارڈ کیمرن یا اس کےاصول سے متعلق ؛ کیمرونی ؛ کیمرونیا ۔ (۲) رچارڈ کیمرون یا اس کے اصول کا پیرو ۔ (۳) (اسکاٹش) رائفل فوج کا ایک دستہ ۔

Camerostome : (n) قبتہ دہن ۔

Camestres : (n) منطق کی ایک شکل یاد رکھنے والا نام ۔

Cami-knickers : (n) عورتوں کا ایک پارچہ کا بنا ھوا زیر جامہ ۔

Camise / Camiss : (n) [Arab "qamis"] قمیض ۔

Camisole : (n) [Sp. dim.of "camisa"] (۱) عورتوں کی پہننے کی ڈھیلی چولی ۔ (۲) مختلف قسم کا جیکٹ ۔

Camister : (n) کشیش ۔

Camlet : (n) [Arab "Khamlat"] اونٹ کے بال اور اون کا بنا ھوا کپڑا : مخمل : اون اور ریشم کا بنا ھوا کپڑا ۔

Camlet : (v) کپڑے کو لھردار بنانا : لھر دار بنانا ۔

Camleteen / Camletine : (n) بٹے ھوئے تاگے کا کپڑا : نقلی مخمل ۔

Camleting : (n) خام جنس جس سے مخمل بنتا ھے ۔

Cammed : (n) کج رو : گمراہ ۔

Cammock : (n) [OE. "Cammoc"] زرد پھول والے پودے ۔

Cammock / Cambock : (n) [LL." Cambuca"] (۱) خم دار چھڑی یا ڈنڈا، خصوصاً ھاکی کا بلاً ۔ (۲) لکڑی کا خم دار حصہ ۔

Camomile / Cham- : (n) [L. "chamomilla"] بابونہ : بابونہ کی قسم کے پودے ۔

Camomile tea : (n) پھولوں کا خساندہ ۔

Camorra : (n) [It.] (۱) ایک قسم کی فراك یا بلاؤز ۔ (۲) نیپل وغیرہ میں خفیہ جماعت (فسادیوں کی) : (سماجیات) کیمورا (ایک خفیہ جرائم پیشہ تنظیم)۔

Camorrism : (n) نراج : بدامنی : لا قانونیت ۔

Camorrist : (n) بدمعاشوں کی خفیہ جماعت کا ایک رکن ۔

Camouflage : (n) [Fr. "Camouflet"] (۱) تبدیل ھنیت (جنگ کے زمانے میں توپ وغیرہ کی پینٹ یا دھواں وغیرہ کے ذدیعہ)۔ (۲) (تاریخ) نظر فریبی ۔ (۳) ماحولی رنگت۔

Camouflage : (v) ھنیت تبدیل کرنا : چھپانا : مغالطہ میں ڈالنا ۔

Camp : (n) = (Camp ball) [L. "Campus"] فٹ بال کھیل کی قدیمی شکل جس میں بہت سارے کھلاڑی ھوا کرتے تھے ۔

Camp : (n) [L. "Campus"] (۱) چھاؤنی : پڑاؤ : کیمپ : ڈیرہ : لشکر گاہ : خیمہ : اردو ۔ (۲) فوج : عسکر : لشکر (پڑاؤ میں) ۔ (۳) فوجی زندگی ۔ (٤) خانہ بدوشوں ، بنجاروں اور مسافروں کی عارضی قیام گاہ : پڑاؤ ۔ (٥) جھیل یا کوھستانی علاقوں میں خیمہ گاہ جہاں بچےتفریح یا آرام کرنے کے لئے گرمیوں میں اقامت کرتےھیں : خیمہ گاہ ۔ (٦) اشخاص کی انجمن یا جماعت جو کسی خاص نظریے کی حمایت یا اشاعت کرتی ھے ۔ (۷) خیمہ بردوش سفر شکار وغیرہ کے لئے ۔ (۸) ایك بڑا میدان جو عموماً چراگاہ کے لئےاستعمال ھوتا ھے ۔

Camp : (n) آلو اور شلغم کا کھلے میدان میں مخروطی ڈھیر جو پیال اور مٹی سے چھپا ھوا ھو اور اسے جاڑے میں استعمال کرنے کی غرض سے رکھا گیا ھو ۔

Camp : (v) [OE. "Campian"] (۱) مقابلہ میں حصہ لینا خاص کر کیمپ بال میں ۔ (۲) جھڑکنا : سرزنش کرنا ۔

Camp : (v) [F. "Camper"] پڑاؤ ڈالنا : کیمپ لگانا : خیمہ زن ھونا : لشکر ڈالنا : چھاؤنی ڈالنا : خیمہ میں رھنا : کیمپ میں جگہ دینا ، رھنا : بیٹھنا : دھرنا دینا : سونا : آرام کرنا ۔

Camp bed / Camp bedstead : (n) سفری پلنگ ۔

Camp Bell's theorem : (n) (شماریات) کیمپ بل مسئلہ ۔

Camp chair : (n) سفری کرسی ۔

Camp colour : (n) خیموں کی نشان دہی کے لئے جھنڈا : خیامی جھنڈا : پڑاؤ جھنڈا ۔

Camp commandant : (n) (انتظامیہ) کیمپ کمانڈنٹ ۔

Camp cot : (n) سفری کھاٹ ۔

Camp fever : (n) ٹائیفائڈ : وبائی بخار جو خیمہ گاہ میں پھیل جائے خصوصاً ٹائی فائیڈ وغیرہ : تپ اردو ۔

Camp fighting : (n) لڑ کر مقدمے کا فیصلہ ۔

Camp fire : (n) الاؤ ؛ خیمہ گاہ میں روشن کی ھوئی آگ خصوصاً فوج کا تفریحی اجتماع ۔

Camp fire girl : (n) سات سے اٹھارہ سال کی لڑکیوں کی ایسی قومی انجمن کی ایک رکن جو تفریحی کاموں کےعلاوہ ذمہ دار شہریت اور مختلف هنرمندیوں کے اکتساب میں معاون ھو ۔

Camp follower : (n) (۱) بھیر ؛ طوائف ۔
(۲) کوئی شہری جو فوجی دستوں کے نزدیک اقامت اختیار کرتا رھے (ان کی خدمت کرنے کے لئے یا فائدہ اٹھانے کے لئے خصوصاً طوائف) ۔
(۳) کوئی شاگرد یا مقلد جو ذاتی مفاد کے لئے پیرو ھوتا ھے ۔

Camp furniture / - seat / -stool : سفری فرنیچر ؛ تپائی ۔

Camp-meeting : (n) امریکہ میں کھلے میدان یا خیموں میں مذھبی جلسہ جو کئی دنوں تک رھتا ھے ؛ زیر سما جلسہ ؛ میدانی جلسہ ۔

Camp Meidell inequality : (n) (شماریات) کیمپ میڈل نا مساوات ۔

Camp officer : (n) (انتظامیہ) کیمپ آفیسر ۔

Camp-shot : (n) کسی ندی کے کنارے یا پشتے پر تختوں اور کھمبوں کی ایک باڑ ؛ تختوں یا مٹی کا بند ۔

Camp-shot : (v) پانی روکنے کے لئے بند باندھنا ۔

Campagna / Compagnia : (n) [L. "Campania"] اٹلی میں دریائے ٹیبر کے جنوب میں مشرق کا میدان کمپانیا ۔

Campagnol : (n) [F. " Campagne"] چھوٹی دم والا میدانی چوھا ۔

Campaign : (n) [It. "Campagna"] (۱) جنگ ؛ مہم ؛ کارزار ؛ رزم ؛ پیکار ؛ لڑائی ؛ معرکہ ۔
(۲) تنظیمی جدوجہد؛ باقاعدہ جدو جہد خصوصاً کسی سیاسی مسلک کے لئے لوگوں کو ابھارنے کی کوشش ؛ وہ مدت جس کے دوران بھٹی لگاتار کام کرتی رھتی ھے ؛ فوجی مہم کی مانند کوئی کارروائی۔

Campaign : (a) (۱) کھلے میدان سے متعلق ۔
(۲) فوجی مہم سے متعلق ۔

Campaign : (v) مہم میں شریک ھونا ؛ جدو جہد میں حصہ لینا ؛ فوجی کارروائی میں حصہ لینا یا جانا ۔

Plan of campaign : آئرستان میں سن ۱۸۸٦ء میں مکان داروں کو کرایہ کم کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش ۔

Campaigner : (n) مہم میں حصہ لینے والا ؛ فوجی کارروائی میں حصہ لینے والا ۔

Campana : (n) [Late L.] (۱) گرجا کا گھنٹہ ؛ جرسیہ ۔
(۲) ایک پودا جس میں گھنٹی کی شکل کے ارغوانی پھول لگتے ھیں ۔
(۳) (تعمیرات) نقطوں کی قطار بطور آرائش کے ۔

Campanal : (a) گھنٹی نما پھولوں والے پودوں پر مشتمل ۔

Campane : (n) [L. "Campana"] (نقابت) خاندانی نشان بشکل گھنٹہ ۔

Campaned : (a) گھنٹے دار ۔

Campanero : (n) [Sp.] جنوبی افریقہ کی ایک چڑیا جس کی آواز گھنٹی کی طرح بلند ھوتی ھے ؛ جرسی پرندہ ۔

Campaniform : (a) [L. "Campana"] گھنٹی نما ؛ جرسی شکل ؛ قبہ نما ۔

Campanile : (n) [It.] گھنٹہ گھر ؛ گھنٹہ مینار ؛ مینار جرس ۔

Campaniliform : (a) گھنٹہ گھر نما ، گھنٹہ مینار کی شکل کا ۔

Campanilla : (n) [Sp. dim. of "campana"] جزائر غرب الهند کا ایک قسم کا پودا جسکے پھول سفید اور گلابی ھوتے ھیں ۔

Campanist : (n) [ML. "Campaniste"] گھنٹی سازی کا ماھر ؛ جرسیاتی ؛ اجراس داں ۔

Campanologer / Campanologist : (n) ماھر جرسیات ۔

Campanological : (a) جرسیہ یا جرسیانہ ؛ جرسیاتی ۔

Campanology : (n) [mod. L. "Campanologia"]
(۱) علم الاجراس ؛ جرسیات ۔
(۲) جرس بنانے کا علم ۔

Campanula : (n) [mod. L. dim. of "campana"] ایک قسم کا پودا جسکے پھول گھنٹی کی شکل کے (عموماً نیلے یا سفید) ہوتے ہیں ؛ گھنٹی نما پھول ؛ جرسی پودا ۔

Campanulaceous : (a) گھنٹی نما ؛ جرسی ۔

Campanular : (a) گھنٹی کی شکل کا۔

Campanularia : (n) (حیوانیات) مرجانی حیوان نباتی کی ایک قسم جس کے کثیر یا خلیے گھنٹی نما ہوتے ہیں اور لمبی لمبی ٹانگوں پر سہارا لئے رہتے ہیں ۔

Campanulate / Campanulated / Campanulous : (a) [L. " Com panula"] (نباتیات و حیوانیات) گھنٹی نما ؛ گھنٹی کی شکل کا ؛ جرسی نما ؛ جرسی ۔

Campeachy wood : (n) امریکہ کا ایک درخت جو رنگ کے کام آتا ہے ؛ بکم ؛ بقم ؛ سرخ لکڑی ۔

Campement : (n) [Fr.] فوج کا وہ دستہ جس کا کام فوج آنے سے پہلے زمین کو خیمہ گاہ کے لئے منتخب کرنا ہے ۔

Camper : (n) [F. CAMP] خیمے میں رہنے والا ؛ خیمہ گاہ میں جانے والا ۔

Campestral : (a) [L. "Campestris"] (۱) دیہاتی ۔ (۲) میدان میں اگنے والا ؛ میدانی کشت زاری ۔

Camph : [abbr. of CAMPHOR] کیمفر کا مخفف جس کے ذریعہ اس مادہ سے بننے والی چیزوں کے نام لکھے جاتے ہیں ۔

Camphene : (n) ایک بے رنگ تارپین ($C_{10}H_{16}$) ۔

Camphine : (n) تارپین کا تیل یا الکحل اور تارپین کے تیل کا مخلوط ۔

Camphogen : (n) هائیڈرو کاربن ($C_{10}H_{14}$) ۔

Camphol : (n) کافور کے درخت سے حاصل شدہ عضویاتی مرکبات ۔

Campholic acid : (n) کیمفولک ایسڈ ($C_{10}H_{18}O_2$) ۔

Camphor : (n) [Arab " Kafur"] کافور ؛ کپور ۔

Camphoraceous : (a) کافوری ۔

Camphorate : (n) [See next] کافوری تیزاب کا نمک ۔

Camphorate : (v) [med. L. "Camphoratus"] کافور سے بھرنا یا بسانا ۔

Camphoric : (a) کافوری ۔

Camphorous : (a) =(Camphoraceous) کافوری ۔

Camphoroxime : (n) (کیمیا) کیمفرو کسیم ۔

Camphory : (a) =(Camphoraceous) کافوری ۔

Camphyle : (n) کیمفل ($C_{10}H_{17}$) کا جزو مستقل (Radical) ۔

Camphylic : (a) کیمفلک ، کیمفل سے متعلق ۔

Camping : (n) خیمہ زنی ۔

Camping site : (n) پڑاؤ کی جگہ ؛ خیمہ گاہ ۔

Campion : (n) [Fr. " Campagnon "] پھولدار پودوں کی ایک قسم ۔

Campish : (a) [F. CAMP] خیمہ گاہ کا لطف ۔

Cample : (v) غصہ سے جواب دینا ؛ جھگڑنا ۔

Campless : (n) بے خیمہ ۔

Campo : (n) جنوبی امریکہ کا سبزہ زار ۔

Campodia : (n) جنس سرخہ ؛ جنس خار دم ۔

Campoo : (n) [Pg. "Campo"] کیمپ ۔

Camporee : (n) بوائے اسکاؤٹ یا گرل اسکاؤٹ کا ایک اجتماع ۔

Campshedding / - sheeting : (n) دیکھو Camp shot

Camptonite : (n) [Gr."Campton"] (کیمیا) کیمپٹونائٹ ۔

Campus : (n) [L. "Campus"] (۱) کسی اسکول ، کالج یا جامعہ کا میدان اور عمارت ۔ (۲) علمی دنیا ؛ کسی اسکول یا کالج کا تعلیمی ، سماجی ، تفریحی اور روحانی لحاظ سے وجود ۔

Campus : (v) کالج کے احاطہ اور خواب گاہ میں مقررہ وقت تک رہنے کی سزا دینا ۔

Campwards : (adv) سوئے خیمہ ؛ خیمہ کی طرف ۔

Campylo- : (comb) (نباتیات) میں بطور جزو ترکیبی بمعنی خمیدہ ۔

Campylospermous : (a) [Gr. "Kampylos+sperma-" ous] بقچہء گل کے متعلق ؛ خمید تخمی ۔

Campylotropous / - tropal : (a) خمیدہ رخ ؛ سرنگوں ؛ ساجد ۔

Camsteary : (a) [Sc & E "Cam" +Sc. Steery] ضدی ؛ کج رو ؛ هٹّی ۔

Camstone : (n) [Sc. "Cam+stone"] مٹی میں ملا هوا ؛ چونا جس سے چولها وغیرہ لیپتے هیں ۔

Camus : (a) [Var. of CAMIS] (۱) (ناک کے لئے) چھوٹی چپٹی معقرناک ۔(۲) ایسی ناک والا ۔

Can : (n) [WGer. "Kanna"] (۱) رقیق چیزوں کے لئے برتن عموماً دھات کا جس کے اوپر پکڑنے کا دستہ هوتا هے ؛ ڈونگا ؛ بالٹی ؛ ڈولچہ ۔ (۲) مٹی یا دھات کا تلوا جو چمنی کی چھت کے اوپر کے حصے پر لگا رهتا هے ۔ (۳) (اسکاٹ لینڈ) ایک پیمانہ ۔(٤) ٹن کا وہ برتن جس میں پھل، مچھلی وغیرہ هوا بستہ کر کے محفوظ کرتے هیں ۔ (٥) (عامیانہ) جیل ۔(٦) (عامیانہ) بیت الخلا ۔ (۷) (عامیانہ) سرین ؛ چوتڑ ۔(۸) مقررہ گهرائی میں پھٹنے والا بم (آبدوز کو ڈبانے کےلئے) ۔(۹) تباہ کن جهاز ؛ تارپیڈو جهاز ۔

In the can : نمائش کےلئے ترتیب دی هوئی تیار فلم ۔

Can : (a & v) (۱) سکنا ؛ قابل هونا ؛ لائق هونا ؛ ممکن هونا ؛ مجاز هونا ؛ هوسکنا ۔ (۲) جاننا ؛ سمجھنا ۔

Can : (v) (۱) ڈولچہ میں بند کرنا ؛ (گوشت مچھلی وغیرہ) هوا بستہ ڈبے میں محفوظ کرنے کےلئے بند کرنا ۔(۲) گولف بال کو سوراخ میں گرانا ۔(۳) (عامیانہ) برطرف کرنا ؛ ختم کرنا ؛ نکال دینا (اسکول وغیرہ سے) ؛ مکمل طور پر گھیرلینا ۔(٤) ٹیپ ریکارڈ یا گراموفون کی ڈسک پر محفوظ کرلینا ۔

Can-dock : (n) [CAN+DOCK] ۔ زرد یا سفید للی (نیلو فر)

Can-hook : (n) چھوٹارسًا یا زنجیر جس کی دونوں جانب چپٹے کانٹے هوتے هیں (پهیوں وغیرہ کو لٹکانے کے لئے) ۔

Canaan : (n) [Heb. "kenaan"] ارض موعودہ ؛ فردوس ؛ جنت ؛ فلسطین کا پرانا نام ؛ کنعان ۔

Canaanite : (n) (۱) ارض موعودہ کا باشندہ ۔(۲) فلسطین کے بنی اسرائیل (پهلے باشندے) ۔ (۳) یهودیوں کا ایک فرقہ جو رومیوں کے شدید طور پر خلاف تھا ؛ متعصب ؛ کٹّر ۔

Canaanite : (n) (Pyroxene) پائیروکسین کی ایک قسم جو کنعان میں پائی جاتی هے ۔

Canaanitic / Canaanitish : (a) ارض موعودہ کے باشندے کی طرح ؛ کنعانی ۔

Canada : (n) کناڈا ۔

Canada : (n) وادی ؛ جهرنا ؛ ندی ۔

Canada balsam : (n) کناڈا بلسان ۔

Canada rice : (n) کناڈا رائس ۔

Canada turpentive : (n) بلسان ۔

Canadian : (a) (۱) کناڈی ۔(۲) کناڈا کا باشندہ ۔

Canadianism : (n) (۱) کناڈیوں کی امتیازی خصوصیت ۔ (۲) کناڈا سے وفاداری یا کناڈی هونے پر فخر ۔

Canadianize : (v) کناڈی بنانا ؛ کناڈا کا باشندہ بنانا ۔

Canaille : (n) [L. "Canis"] ارذل ؛ عوام ؛ نیچ ذات والے ؛ عوام کالانعام ؛ بھیڑ ۔

Canal : (n) [L. "Canalem"] (۱) نهر ؛ آب گذار ؛ قنات ۔ (۲) هوا کی نالی ۔(۳) (حیوانیات) گھونگے کی سانس کی نالی ۔(٤) درخت یا انسانی جسم میں غذا ؛ هوا وغیرہ کی نالی ۔ (٥) (تعمیرات) کھانچہ ؛ نالی ؛ کمر کی نال ۔

Canal : (v) نهر کھودنا ؛ نهر جاری کرنا ۔

Canal-built : (n) نهر میں چلانے کے قابل کوئی چیز ۔

Canal officer : (n) (انتظامیہ) نهر افسر ؛ کنال آفیسر ۔

Canalicular : (a) [mod. L. "Canalicularis"] ایک چھوٹی نالی سے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ باریک نلکی کی طرح ۔

Canaliculate : (a) [mod. L. "Canaliculatus"] (۱) کھانچے دار ؛ نالی دار ؛ گھاٹی دار ۔ (۲) خط دار ؛ مخطط ؛ چھری دار ؛ لکیردار ۔

Canaliculation : (n) گھاٹی دار بناوٹ ؛ مخطط ساخت ؛ باریک گھاٹی ۔

Canaliculus : (n) (Pl. Canaliculi) [L. dim. of "canalis"] چھوٹی نالی ۔

Canaliferous : (a) [mod. L."Canalifer"] نالی دار (خصوصاً گھونگے کے بارے میں کہاجاتا ھے) ۔

Canalization : (n) [See CANALIZE] نہر کنی ؛ نہر کنائی ۔

Canalize : (v) [F."Canaliser"] (۱) دریا سے نہریں کاٹنا یا نکالنا ۔ (۲) نہر بنانا ۔ (۳) طریقۂ اظہار نکالنا ۔ (٤) کسی مقررہ راہ پر لگانا ؛ نہج پر لگانا ؛ ایک ھی دھارے میں ملا لینا ۔ (۵) زخم سے پیپ نکالنا (بغیر نلکی لگائے) ۔

Canape : (n) [ML."Canapeum"] ماھی نان ؛ مچھلی کے ساتھ تلی ھوئی روٹی ؛ اشتہا افزا جس میں روٹی اور مچھلی ھوتی ھے ۔

Canard : (n) [OF. "quanart"] جھوٹی افواہ ؛ بے بنیاد خبر ؛ گپ ۔

Canary : (n) [F."Canarie"] (۱) جزائر کناری سے ۔ (۲) زرد رنگ کی مکھی جو مچھلی پکڑنے میں چارے کا کام دیتی ھے ۔ (۳) زرد رنگ کا گانے والا پرندہ ۔ (٤) ایک اسپینی رقص جو اب پرانا ھو چکا ھے ۔ (۵) جزائر کناری کی میٹھی شراب ۔ (٦) ھلکا زرد رنگ ۔ (۷) تیز آواز والی مغنیہ ۔ (۸) رقص کی ٹولی کی مغنیہ ۔ (۹) زرد رنگ کا ھیرا ۔

Canary : (a) چمکیلا زرد رنگ کا ۔

Canary -bird : (n) (۱) کناری زرد پر والا اور گانے والا پرند ؛ بلبل زرد ۔ (۲) (عامیانہ) قیدی ۔

Canary creeper : (n) زرد پھول والی ایک قسم کی بیل ؛ کناری پھول ۔

Canary finch : (n) =(Canary -bird) کنگنی گھاس ۔

Canary-grass / Canary-seed : کنگنی ۔

Canary-stone : (n) عقیق کی ایک قسم ۔

Canary -wood : (n) ھلکی نارنجی رنگ کی لکڑی ۔

Canary wine : (n) سولھویں سے اٹھارویں صدی تک کی مقبول ایک شراب ۔

Canary yellow : (n) زرد کنیری چڑیا جیسا ۔

Canasta : (n) [L. "Canistrum"] تاش کا ایک کھیل ۔

Canaster : (n) [Sp."Canastra"] (۱) کنستر ؛ تمباکو رکھنے کی جل بید کی ایک ٹوکری ؛ کنٹر ۔ (۲) تمباکو کا چورا جو ایسی جل بید کی ٹوکری میں آتا ھے ۔

Canaut : (n) [Arab "qanat"] قنات ۔

Can - buoy (n) [CAN + BUOY] (جہاز رانی) بڑا ڈولچہ نما پیراک پیپا جو پہچان کے لئے خاص رنگ کا ھوتا ھے ۔

Cancan : (n) [F. of uncertain origin] ایک فرانسیسی ناچ ، جس میں خفیف ناشائستہ حرکتیں کی جاتی ھیں ۔

Cancel : (n) ["Cancelli"] (۱) رد ؛ تنسیخ ۔ (۲) (طباعت میں) تیار شدہ کاپی کو قلم زد کرنا اور دوبارہ چھاپنا ۔ (۳) چھاپ شدہ ورق ؛ چھپا ھوا ورق یا اس کی جگہ لگے ھوئے ورق ۔ (٤) ڈاک خانہ کی ڈاک ٹکٹ پر لگانے والی مہر ؛ مہر لگانا ۔

Pair of cancels : ٹکٹ قیمتی ؛ ٹکٹوں میں سوراخ کرنے کا آلہ ۔

Cancel : (v) (۱) کاٹنا ؛ قلم پھیرنا ؛ مٹانا ؛ محو کرنا ؛ اٹھا دینا ؛ توڑنا ؛ منسوخ کرنا ؛ نسخ کرنا ؛ رد کرنا ؛ تنسیخ کرنا ؛ تعدیل کرنا ۔ (۲) (حساب) شمار کنندہ اور ضرب نما یا مساوات کے طرفین سے مشترک جزو کاٹنا ۔ (۳) کسی چھپے ھوئےورق کو رد کر دینا اور پھر چھپوانا ۔ (٤) بے اثر کر دینا ۔ (۵) (استعارتاً) باطل کر دینا ۔

Canceleer / Cancelier : (v) [mod. F. "Chanceler"] (۱) کسی باز کا شکار پر حملہ کرنے سے پہلے اپنے بازوؤں پر گھوم پڑنا ۔ (۲) (استعارتاً) موضوع سے بھٹک جانا ۔

Canceleer : (n) (۱) کسی باز کا شکار پر حملہ کرنے سے پہلے اپنے بازوؤں پر گھوم پڑنا ۔ (۲) انحراف ؛ اصل موضوع سے بھٹک جانا ۔

Cancellable / Cancelable : (a) قابل تنسیخ ؛ قابل رد ۔

Cancellarian : (a) [L. "Cancellarius"] چانسلر کی صفت کا؛ چانسلر کا ۔

Cancellate : (a) [L. "Cancellare"] چلیپا دار ؛ جالی دار ؛ خط دار ؛ نالی دار ۔

Cancellated : (a) (۱) چلیپا دار ؛ جالی دار ؛ خط دار ؛ نالی دار ۔ (۲) ریشوں اور پتوں سے بنی ہوئی مجوف ؛ جالی دار ؛ مسام دار ۔

Cancellation : (n) [L."Cancellationem"] منسوخی ؛ تنسیخ ؛ فسخ ؛ قلم زدگی ؛ خط کھینچنا ؛ تعدیل ۔

Flat cancellation : (n) (کامرس) یکساں منسوخی ؛ یکساں تنسیخ ۔

Prorate cancellation : (a) (تجارت) تناسبی شرح تنسیخ ۔

Short rate cancellation : (n) (تجارت) کم شرح تنسیخ ۔

Cancellation date : (n) تاریخ تنسیخ ۔

Cancellation of allotment : (انتظامیہ) تنسیخ نامزدگی ؛ تنسیخ الاٹمنٹ ۔

Cancellation of indent : (انتظامیہ) منسوخی انڈنٹ ۔

Canceller : (n) فسخ کرنے والا ؛ مٹا دینے والا ؛ باطل کرنے والا ؛ کاٹ دینے والا ۔

Cancelli : (n) [L. dim . of "caner"] (۱) جالی دار سلاخیں خصوصاً اسفنجی حصے میں جالی کا کام ۔ (۲) ریشوں اورتھوں سے بنی ہوئی جالی ہڈی کے اسفنجی حصوں میں ۔ (۳) جالی دار ؛ مسام دار ؛ اسفنجی ۔

Cancellous : (a) (طبیعیات) جالی نما کھلے ہوئے مسام دار ساخت والا جس کی ساخت جال کی طرح کھلے مساموں والی ہو ۔

Cancelment : (n) دیکھو Cancellation

Cancer : (n) [L. "Cancer"] (۱) (فلکیات) سرطان ۔ (۲) منطقة البرج کا چوتھا برج ۔ (۳) راج پھوڑا ؛ سرطان (بیماری) ؛ لاگو رسولی جو پھیلتی جاتی ھے اور کاٹنے پر بڑھتی رھتی ھے ۔ (٤) (مجازاً) خراب عادت جو مثل ناسور جاں گزیں ھو گئی ھو جیسے کاھلی ، رشوت ستانی وغیرہ ۔ (٥) زخم کی پٹی جس کے آٹھ سرے ھوں ۔ (٦) کیکڑا ۔

Tropic of cancer : خط سرطان ۔

Cancer : (v) سرطان کی طرح کھا جانا / برباد کرنا ۔

Cancerate : (v) [L. "Canceratus"] سرطان ھوجانا ؛ سرطانی ھوجانا ۔

Canceration : (n) سرطان ھو جانا ؛ سرطانی ھوجانا ۔

Cancered : (a) ناسور صفت ؛ سرطانی ؛ سرطان میں مبتلا ۔

Cancerin : (n) مصنوعی کھاد جو نیوفاؤنڈ لینڈ سے آتی ھے ۔

Cancerite / Cancrite : (n) متحجر کیکڑا ۔

Cancerous : (a) ناسور دار ؛ ناسوری ؛ سرطانی ۔

Cancerously : (adv) سرطان وار ۔

Cancerousness : (n) ناسوریت ۔

Cancer-root : (n) طفیلی جڑ ۔

Cancer-wort : (n) ایک قسم کا پودا جو مرض سرطان میں نافع سمجھا جاتا تھا ۔

Cancriform : (a) [L. "Caner" + - FORM] (۱) کیکڑے کی شکل کا ۔ (۲) سرطان نما ۔

Cancrine : (a) [L. "Cancrinus"] (۱) سرطان صفت ؛ (۲) (شعر میں) صنعت تقلیب کا ۔

Cancrinite : (n) [F. Cancrin, a Russian Statesman] ایک معدنی شے ۔

Cancroid : (a) (Also cancride) [L. "Cancer"] سرطان نما ؛ کیکڑے کی طرح ۔

Cancroid : (n) (Also cancride) (۱) سرطان سا مرض ۔ (۲) (سرطان کی جنس کے) قشری حیوان ۔

Cand : (n) بلور کی ایک قسم جو عینک بنانے میں کام آتا ھے ۔

Candareen : (n) [Malay "Kandur"] (۱) چین کا سکّہ ۔ (۲) چینی وزنی پیمانہ ۔

Candelabrum : (n) (Pl. candelabra & also candelabras) [L. "Candela"] (۱) فرش جھاڑ ؛ چل چراغ ۔ (۲) چراغ دان ۔ (۳) جھاڑ ۔

Candescence : (n) گرم تابانی ۔

Candescent : (a) [L. "Candescentem"] اتنا گرم کہ سفید روشنی دے ؛ گرم سفید ۔

Candescently : (adv) تابانی سے ؛ گرمی سے ۔

Candid : (a) [L. "Candidus"] (۱) کھلا ؛ صاف ؛ صاف دل ؛ صاف گو ؛ سینہ صاف ؛ صاف باطن ؛ اخلاص پسند ؛ مخلص ؛ صادق ؛ راست باز ؛ بے لاگ ؛ بے لوث ۔ (۲) غیر جانب دار ۔ (۳) سفید ۔ (٤) غیر رسمی ؛ فطری ۔ (٥) فطری تصویر ؛ غیر رسمی تصویر ۔

Candidacy : (n) [F. CANDIDATE] امید واری ۔

Candidate : (n) [L. "Candidatus"] (۱) امید وار (کسی عہدہ وغیرہ کےلئے) خواست گار ؛ ہونہار طالب علم ۔ (۲) پرانے رومی شہنشاہ کے اس محافظ دستے کا کوئی رکن جس دستے کے سب ممبر سفید لباس پہنتے تھے ۔

Candidateship /candidacy : (n) امیدواری ۔

Candidature : (n) [F.] امیدواری ۔

Candidly : (adv) صاف صاف ؛ کھلا کھلا ؛ صاف دلانہ ؛ صفائی سے ؛ صاف باطنی سے ؛ بے لاگ طریقہ پر ۔

Candidness : (n) : اخلاص ؛ خلوص ؛ صاف دلی ، صاف گوئی ؛ صاف باطنی ۔

Candied : (a) [F. CANDY] (۱) شکر لگا ہوا ؛ شکر لپٹا ہوا ۔ (۲) جما ہوا ۔ (۳) (استعارتاً) للّو پتّو ؛ خوشامد کیا ہوا ۔ (٤) چمک دار ؛ شیریں ؛ دلکش ۔

Candite : (n) [F. Candy in Ceylon] مختلف رنگ کی معدنی اشیاء جن کی با قاعدہ قلمیں ہوتی ہیں ۔

Candle : (n) [L. "Candela"] (۱) شمع ؛ موم بتی ۔ (۲) روشنی دینے والی چیزیں (خصوصاً اجرام فلکی) ۔ (۳) دوا ملی ہوئی موم بتی جو دھواں دینے کے لئے ہوتی ہے ۔ (٤) بین الاقوامی اکائی روشنی کی شدت کو ناپنے کے لئے ۔ (٥) رنگین گہرا دھواں نکالنے کا آلہ فوجی مقاصد کے لئے ۔

British standard candle : (طبیعیات) برٹش معیاری کینڈل ۔

International candle : (طبیعیات) بین الاقوامی کینڈل ۔

Medicated candle : دواؤں سے بنی موم بتی دھواں دینے کے لئے ۔

Not able (or fit) to hold a candle : حقیر ؛ کچھ نسبت نہ رکھنا ۔

Pentane candle : (طبیعیات) پنٹین کینڈل ۔

The game etc. is not worth the candle : بے حقیقت ؛ ہیچ و پوچ ۔

To burn (or light) the candle at both ends : دونوں ہاتھوں اڑانا یا لٹانا ؛ اللّے تللّے کرنا ۔

To hide candle under bushel : اخفائے کمال ؛ گن چھپانا ۔

To hold a candle to the devil : کسی برے آدمی کی مدد کرنا ؛ برائی میں سرگرم ہونا ۔

To sell by inch of candle : : بذریعہ نیلام فروخت کرنا (جس میں بولی اسی وقت قبول کی جاتی ہے جب تک ایک چھوٹی شمع جلتی رہتی ہے) ۔

Unit candle : (کیمیا) کینڈل اکائی کام ۔

When the candle is away all cats are grey : (۱) اندھیرے میں ہر چیز یکساں ہے ۔ (۲) اندھیرے میں ہر بلی سمور ہے ۔

Candle - beam : (n) آڑا شہتیر ۔ (۲) وہ افقی لوہے کی کڑی جس پر مفت کی شمع جلاتے ہیں ۔ (۳) لٹکتی ہوئی کڑی جس پر موم بتیاں جلاتے ہیں ۔

Candle-berry : (n) ایک روغنی پھل جس سے موم بتی بنتی ہے ۔

Candle-bomb : (n) شیشےکا بلبلا جس میں پانی بھرا ھو اور شمع کے نزدیک رکھنے سے دھماکے کے ساتھ پھٹ جائے ۔

Candle-book and bell : (گرجےکے لوازم) شمع ، کتاب اور گھنٹی (لوازمات ثلاثہ) ۔

Candle-end : (n) (۱) جلی موم بتی کا بچا ھوا حصہ ؛ کنجوس کا اندوختہ ؛ ھر چیزکا چھوڑا ھوا حصہ جو بخیل لوگ جمع کرکے آپ لیتے ھیں ۔ (۲) (استعارتاً) ادنیٰ ؛ معمولی چیز ؛ بے مصرف ٹکڑا ۔ (۳) شمع کی روشنی ؛ مصنوعی روشنی ۔

Candle-fish : (n) ایک روغن دار امریکی سمندری مچھلی جو سوکھنے پر موم بتی کے طور پر استعمال کی جاتی ھے ۔

Candle-holder : (n) (۱) رات کے وقت کام کرنےوالے کو روشنی دکھانے والا ۔ (۲) شمع بردار ؛ چراغ دکھانےوالا ۔

Candle-lamp : (n) شمع ۔

Candle-light : (n) [OE."Candlleoht"] (۱) شمع کی روشنی ؛ مصنوعی روشنی ۔ (۲) چراغ ؛ شام ؛ رات ۔

Candle-lighter : (n) (۱) چراغ روشن کرنےوالا ۔ (۲) گرجا کا ادنیٰ ملازم ۔ (۳) لکڑی یا کاغذ کا ٹکڑا چراغ وغیرہ جلانے کے لئے ؛ فتیلہ ۔

Candle meter : (n) (طبیعیات) کینڈل میٹر ۔

Candle nut : (n) ایک روغنی پھل جو موم بتی بنانے کے کام آتا ھے ۔

Candle power : (n) (طبیعیات) نورکی پیمائش کی ایک اکائی ؛ بتی طاقت ۔

Candle shrift : (n) شمع کے ذریعہ گناھوں سے توبہ ۔

Candle-snuff : (n) موم بتی کا جلا ھوا فتیلہ ۔

Candle-snuffer : (n) گل گیر ؛ گل تراشنے کا آلہ ۔

Candle standard : (n) (طبیعیات) کینڈل (اکائی) اسٹینڈرڈ ۔

Candle stick : (n) [OE."Candelsticca"] شمع دان ؛ چراغ دان ۔

Candle-tree : (n) =(Candle berry) (۱) کینڈل بیری ۔ (۲) (امریکہ) ایک درخت جسمیں موم بتی کے برابر پھل ھوتے ھیں ؛ فتیل بر ۔

Candle-waster : (n) رات کو دیر تک پڑھکر موم بتی برباد کرنےوالا ؛ موم بتی کو فضول پگھلا دینے والا ۔

Candle wick : (n) (۱) موم بتی کا فتیلہ ۔ (۲) نرم سوتی دھاگا جو کشیدہ کاری میں استعمال ھوتا ھے ۔

Candle-wood : (n) (۱) ایک لکڑی جس سے گوند نکلتا ھے ۔ (۲) بعض درخت جس سے ایسی لکڑیاں نکلتی ھیں ۔

Candlemas : (n) [OE."Candelmaesse"] (۱) حضرت مریم کے چلہ نہانے کا دن ؛ عیسائیوں کا ایک تہوار ؛ عید تطہیر حضرت مریم ۔ (۲) ۲/ فروری ۔

Candour : (n) [L."Cand"] صاف دلی ؛ صفائی ؛ کھرا پن ' غیر جانبداری ؛ بے لاگ پن ؛ اخلاص مندی ؛ راستی ؛ راست بازی ؛ صاف باطنی ؛ خلوص ' بے طرفی ؛ بے تعصبی ۔

Candroy : (n) سوتی کپڑے کو چھینٹ یا منقش بنانے کی مشین ۔

Candy : (n) (Sugar-candy) [Arab."qand"] قند ؛ قندمصری ؛ أبلوچ نبات ۔

Candy : (n) [Mahr."Khandi"] ھندوستان میں وزن کا ایک پیمانہ جو پانچ ھزار پاونڈ کےقریب ھوتا ھے ۔

Candy : (v) (۱) قند کے قوام میں رکھنا ؛ پاگنا ؛ مربہ بنانا ؛ شکر کی پرت لپیٹنا ؛ شکر کی تہ جمانا ۔ (۲) قند کے قلم بنانا ؛ قند سے ڈھک دینا۔

Candy-man : (n) (۱) قند فروش ؛ گھوم گھوم کر قند بیچنے والا ۔ (۲) قرق امین جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار ھو ۔

Candy-pull : (n) (امریکہ) نوجوانوں کا ایک سماجی اجتماع جس میں شافی بنائی جاتی ھے ۔

Candy sugar : (n) مصری ؛ قند ۔

Candy tuft : (n) قند خوشہ : ایک درخت جس میں سفید رنگ کے پھول گچھوں میں لگتے ھیں ۔

Cane : (n)[L."Canna"] (۱) بید : نے : نرسل : نرکٹ ۔ (۲) گنا : روکھہ : ایکھہ : کتاری ۔ (۳) چھڑی : جریب : عصا ، لا ٹھی ۔ (٤) لاکھہ : گندھک یا شیشے کی قلم ۔ (٥) قمچی : سزا کے لئے بید ۔ (٦) دستی بنانے کی تانی ۔

Cane : (n) مشرقی کارواں سرائے ۔

Cane : (n) نیولا : رامو ۔

Cane : (v) (۱) بید مارنا : مار مار کر پڑھانا /سبق سکھانا : بید سے سزا دینا ۔ (۲) بید سے بننا : بید لگانا (کرسی وغیرہ میں) ۔

Cane : (v) (شراب کے لئے) جھاگ بننا : پھین بننا ۔

Cane-apple : (n) اسٹرا بیری کا درخت ۔

Cane-binder : (n) (انتظامیہ) بیدباف ۔

Cane-brake : (n) (۱) بید کی جھاڑی : نیستاں ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس ۔

Cane-chair : (n) بید کی کرسی ۔

Cane development officer : (انتظامیہ) افسر ترقی گنا ۔

Cane-gun : (n) ٹہلنے کی چھڑی کی شکل کی بندوق ۔

Cane-harvester : (n) گنّے کی فصل کاٹنے والا ۔

Cane-juice : (n) گنّے کا رس ۔

Cane-killer : (n) ایک پودا ۔

Cane-mill : (n) گنّے سے رس نکالنے کی مل ۔

Cane-press : (n) گنّے سے رس نکالنے کی مشین ۔

Cane-stripper : (n) گنّا چھیلنے کی چھری یا چاقو : نے تراش ۔

Cane-trash : (n) گنّےکا چھلکا اور فضلہ : کھوجڑ : کھوڑی ۔

Canella : (n) [med L. dim of"canna"] ایک قسم کاپودا خصوصاً جنگلی دار چینی جو دواؤں اور مسالوں میں کام آتی ھے : سفید دار چینی : ھری دار چینی ۔

Canephorus / Canephora : (a) [Gr."kanephoros"] (۱) کینفوری : سبد برسر : یونانی تہوار جس میں نوجوان لڑکی اپنے سر پر ٹوکری اٹھائے چلتی تھی اور جس میں مقدس چیزیں رھا کرتی تھیں ۔ (۲) (تعمیرات) طرز تعمیر میں وہ پتھر کا مجسمہ جو کسی عورت یا مرد کا ھوتا ھے اور اپنے سر پر ٹوکری اٹھائے رھتا ھے ۔

Canescent : (a) [L."canescentem"] پھیکا سفید : سفیدی مائل ۔

Canette : (n) [F.dim.of"cane"] مٹی کی پیالی ، چھوٹا برتن ۔

Canful : (n) ڈولچہ بھر ۔

Cangia : (n) [Arab."qanjah"] دریائےنیل میں چلنے والی ھلکی کشتی ۔

Cangica-wood : (n) ھلکی زردی مائل بھوری برازیل کی لکڑی جو الماری وغیرہ بنانے میں کام آتی ھے ۔

Cangue/ Cang : (n) [F."Cangue"] (۱) چینی جوا : لکڑی کا بھاری تختہ جو چینی مجرموں کی گردن میں سزا کےطورپر ڈالا جاتا ھے ۔ (۲) (تاریخ) شکنجۂ چوبی ۔

Cangue : (v) شکنجۂ چوبی کے ذریعہ سزا دینا ۔

Canicide : (n) [L."Canicida"] کتا مار چیز ۔

Canicular : (a) [L."Canicularis"] (۱) کتّے کا : سگی ۔ (۲) جولائی ، اگست کا گرم ترین حصہ : چلہ تابستاں ۔ (۳) ایک قدیم مصری سال ۔ (٤) کتّے سے متعلق : شعرائے یمانی سے متعلق ۔ (٥) (جمع میں) Dog days (٦) زٹل قافیہ : تک بندی ۔

Canine : (a) [L."caninus"] (۱) سگ صفت : کلبی : کتے سے متعلق ۔ (۲) بسیار خور : پیٹو ۔ (۳) کتّے کے سامنے کے چار دانتوں میں سے ایک بڑا دانت : ناب : کچلی : سولا ۔

Canine appetite /-hunger : (n) کتّے کی سی بھوک ۔

Canine fossa : (n) (تشریح) اوپر جبڑے کی ھڈی میں ایک دھنسا ھوا حصہ ۔

Canine-line : (n) (لسانیات) کچلی قطار ۔

Canine madness : (n) آب ترسی : پانی کا ڈر ؛ پانی کا خوف ۔

Canine prominence /-ridge : (n) سگ دنداں کی وجہ سے اوپری جبڑے کی ھڈی کا ابھار ۔

Caniniform : (a) سگ دنداں کی شکل کا ۔

Caninity : (n) سگ صفتی : کتّوں سے همدردی ۔

Canion / Cannion / Canon : (n) [SP."Canon"] پاجامه یاپتلون کے ٹخنے پر کا کوئی آرائشی کام ۔

Canister : (n) [L."Canistrum"] (۱) چائے، چھروں ، کافی وغیرہ رکھنے کا دھاتی ڈبہ : کنستر ۔ (۲) روئی یا پھول وغیرہ رکھنے کی ٹوکری۔ (۳) دیکھو Canister shot

Canister : (v) ڈبہ میں رکھنا : ڈبہ باندھنا ۔

Canister-shot : (n) چھرہ دان : چھروں کا ڈبہ ۔

Cank : (v) [Echoic] کٹ کٹانا : کڑکڑانا : چڑچڑانا ۔

Canker : (n) [L."Cancrum"] (۱) ناسور: آکلہ خوردہ : انسان کے منھ کا ایک مرض ' کتّوں کی ایک بیماری ۔(۲) گھوڑے کے پاؤں کا ایک مرض ۔ (۳) درختوں کا ایک روگ جس سے پتّے اور چھلکے سڑ کر گر پڑتے ھیں : پت روگ ۔ (٤) (مجازاً) مخرب اثر : اثر بد ۔ (٥) کیڑا ، گھن جو پتیوں اور کلیوں کو کھا جاتا ھے ۔(٦) ایک قسم کا گلاب ۔ (۷) فساد : بگاڑ کا مرکز ۔

Canker : (v) گھن لگنا یا لگا دینا : روگ لگ جانا : کسی مرض یا بری عادت کا لگ جانا : بگاڑ دینا : گھلا دینا (گھن کی طرح) ناسور میں مبتلا ھو جانا : ناسور وغیرہ ھو جانا ۔

Canker-berry : (n) جنگلی گلاب ، پھل یا درخت ۔

Canker-bloom : (n) جنگلی گلاب کا پھول ۔

Canker-blossom : (n) گھن ۔

Canker-rash : (n) لال بخار میں حلق کی زخمی کیفیت : سرخ بادہ ۔

Canker- rose : (n) جنگلی گلاب ۔

Canker-worm : (n) کیڑا : گھن جو پتیوں اور کلیوں کو کھا جاتا ھے ۔

Cankered : (a) ترش : کینہ دار : حاسد : انتقام کش : بدمزاج : کینہ ور ۔

Cankeredly : (adv) ترشی سے ' کینہ وری سے : بد مزاجی سے ۔

Cankeredness : (n) ترشی : کینہ وری : حسد : بد مزاجی ۔

Cankerfret : (n) منھ کا چھالا ۔

Cankerous : (a) گھن لگا دینے والا : سزا دینے والا : گھلا دینے والا : گھنیا (گھن صفت والا) ۔

Cankery : (a) (۱) گھن لگاھوا : گھن دار ۔(۲) بدمزاج ۔

Cann : (n) شراب پینے کا پیالہ (خصوصاًپھولا ھوا) ۔

Cann : (v) جہاز کو سیدھا چلانا: کھینا۔

Canna : (n) [L.] گل تسبیح ' زرد ، سرخ یا نارنجی پھولوں والا پودا ۔

Cannabene : (n) [See CANNABIC] حشیش سے کشید کیا ھوا : ایک اڑ جانیوالا بے رنگ تیز بو عرق ۔

Cannabic : (a) [Gr."kannabis "] حشیش سے متعلق ۔

Cannabin : (n) حشیش سے نکالا ھوا زھریلا گوند ۔

Cannabine : (a) حشیش سے متعلق ۔

Cannabisindica : (n) حشیش ۔

Cannach : (n) (Also canna) [Gael.] لمبی نرم گھاس ۔

Cannel : (n) [Sc.] کوئلے کی گیس یا روغن بنانے کے لئے نفت آمیز کوئلہ : نفتی کانی کوئلہ ۔

Cannel coke : (n) (کیمیا) کینل کوئلہ ۔

Cannelure : (n) [F.] کھانچہ : کمر کی نالی ۔

Cannelured : (a) کمرك دار : کھانچہ دار ۔

Canner : (n) پھل ، گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبے میں بند کرنے والا ۔

Cannery : (n) پھل ، گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبےمیں بند کرنے کا کارخانہ ۔

Cannet : (n) [F."Canetted",dim.of"cane"] (نقابت) نقابتی نشان جس میں بغیر چونچ اور پاؤں کی بط بنی ہوتی ہے ۔

Cannibal : (a & n) [Sp."Carib"] (۱) مردم خور ؛ آدم خور ۔ (۲) اپنی جنس کو کھانےوالا جانور ؛ جنس خور ۔ (۳) خوگر مردم خوری ؛ آدم خوری سےمتعلق ؛ خونخوار آدم خور جیسا ۔

Cannibalic : (a) آدم خور جیسا ؛ آدم خور صفت کا ۔

Cannibalish : (a) آدم خور جیسا یا جیسی ۔

Cannibalism : (n) آدم خوری ؛ خونخواری ؛ وحشی گری ؛ جنس خوری ؛ مردم خوری ؛ حریف کو برباد کر دینے کا فعل یا عادت ۔

Cannibalistic : (a) آدم خوری کا عادی ؛ آدم خوری سےمتعلق ؛ آدم خورانہ ؛ جنس خورانہ ۔

Cannibalistically : (adv) آدم خوری کی عادت کےطور پر ۔

Cannibalize : (v) (۱) زندہ جانور کا گوشت کھانا ۔ (۲) کسی کام کے لائق مشین ؛ ہوائی جہاز کو توڑ کر اس کے پرزے دوسری مشین وغیرہ میں استعمال کرنا ۔ (۳) ایک جنگی جماعت سے اس کے سپاہیوں اور ساز و سامان کو چھین کر دوسری جنگی جماعت کو لیس کرنا ۔

Cannibally : (adv) آدم خوری کے طرز پر ؛ آدم خوری کے طور پر ۔

Cannikin / Canikin : (n) [dim. of CAN] چھوٹا پیالہ ؛ چھوٹا کپا ؛ ڈولچی ۔

Cannily : (adv) [f.CANNY] ہوشیاری سے ؛ خوشگوارانہ ؛ کفایت شعاری سے ؛ عیاری سے ؛ محتاط ہو کر ؛ عیارانہ ۔

Canniness : (n) کفایت شعاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ ہشیاری ؛ عیاری ؛ چالاکی ؛ پیش بینی ۔

Canning : (v & n) [f.CAN] (۱) گوشت ، مچھلی وغیرہ کو ڈبے میں بھر کر محفوظ رکھنا ۔ (۲) (کیمیا) ڈبہ بندی ۔

Canning Industry : (n) (کیمیا) صنعت ڈبہ بندی ۔

Canning process : (n) (کیمیا) ڈبہ بندی طریقۂ عمل ۔

Cannon : (n) [It."Cannone"] (۱) توپ (پرانی قسم کی) ۔ (۲) مجوف اسطوانہ جو کسی دھرے پر آزادانہ حرکت کرے ۔ (۳) گول چکنا دہانہ (گھوڑے کی لگام کا) ۔ (٤) گھنٹی کا وہ حصہ جس سے اسکو لٹکایا جاتا ہے ؛ کڑا ؛ حلقہ ۔ (۵) بلیرڈ کھیلنے والوں کی گیند کا دو گیندوں کو متواتر مارنا ؛ دھری مار ؛ دو گیندی مار ۔ (٦) (عامیانہ) پاکٹ مار ۔ (۷) (عامیانہ) پستول ۔

Cannon : (n) سمبوسہ نما بڑا گھونگرو ۔

Cannon : (v) (۱) توپ داغنا ؛ مسلسل توپ داغنا ۔ (۲) بلیرڈ میں دو گیندی مارنا ؛ دوھری مارنا ۔ (۳) تصادم ہونا ؛ ترچھا ٹکرانا ۔

Cannon-ball : (n) (۱) توپ کا گولہ ۔ (۲) گھٹنوں کو سینے سے لگا کر اور بازوؤں سے مضبوط جکڑ کر پانی میں کودنا ۔ (۳) ٹینس میں بہت زور سے گیند مارنا ۔ (٤) تیز رفتار ریل گاڑی خصوصاً اکسپریس ، میل وغیرہ ۔

Cannon-ball : (v) توپ کے گولے کی سی رفتار سے سفر کرنا ۔

Cannon-ball-fruit : (n) جنوبی امریکہ کا ایک پھل جو سخت چھلکے والا اور گول ہوتا ہے ۔

Cannon -ball-tree : (n) جنوبی امریکہ کا ایک درخت ۔

Cannon-bit : (n) گھوڑے کی لگام کا چکنا گول دہانہ ۔

Cannon-bone : (n) ران نلی ۔

Cannon-clock : (n) آتشی شیشےکےذریعہ چلنےوالی دوپہری توپ ؛ سورج توپ ۔

Cannon curl : (n) سمبوسہ نما ؛ گھونگر ۔

Cannon-fodder : (n) (تاریخ) توپ چارا ۔

Cannon-lock : (n) توپ کو چھوڑنے کی ایک ترکیب ۔

Cannon-pinion : (n) وہ دندانہ دار پرزہ جس کےذریعہ گھڑی کی منٹ کی سوئی حرکت کرتی ہے ۔

Cannon-proof : (a) توپ روک ۔

Cannon-proof : (n) توپ روک ؛ آلات حرب ۔

Canoe : (n) [Sp."Canoa"] چھوٹی کشتی : ڈونگا ۔

Canoe : (v) ڈونگی چلانا : ڈونگی سے سفر کرنا : ڈونگی میں سوار ہونا ۔

Canoe-birch : (n) امریکا کا ایک درخت ۔

Canoe-wood : (n) امریکا کے ایک پھولدار درخت کی لکڑی ۔

Canoeist : (n) ڈونگیا : ڈونگی چلانےوالا ۔

Canon : (n) [Gr."kanon"] (۱) فتوی ۔ (۲) قانون : طریقہ ۔ (۳) اناجیل کی فہرست مسلمہ : کلیسا ۔ (٤) عیسائیوں کی عبادت کا وہ حصہ جس میں الفاظ تقدیس ہوتے ہیں : نمازتقدیس کا رکن ۔ (٥) (موسیقی) دوری گیت ۔ (٦) معیار : اصول ۔ (٧) (طباعت) ٹائپ کے سب سے بڑے حروف ۔ (٨) (رومی قانون) زر استثنا جو معافی دار یا کاشت کار خدمت سے مستثنی کئے جانے کے عوض میں ادا کرے ۔ (٩) عہد مخصوص : کوئی خاص عہد جب سے تاریخ کا حساب ہوتا ہے ۔ (۱۰) کسی رہبانی سلسلے کے قواعد ۔ (۱۱) اولیا کی فہرست ۔ (۱۲) کسی مصنف کی تصانیف کی مستند فہرست ۔ (۱۳) گھنٹیوں کے لگانے کے لئے حلقہ ، کڑا یا کندہ ۔

The canon Cannon law : کلیسائی قانون : شریعت : کسی فرقے کے مذہبی قوانین ۔

Canon : (v) دوری گیت گانا : دوری ناچ ناچنا ۔

Canon : (n) [L."Canonicus"] (۱) کشیش جو دوسرے کشیشوں کے ساتھ کشیش خانہ میں رہتا ہو اور کلیسائی قانون کا پیرو ہو ۔ (۲) پادریوں کی مجلس کا رکن ۔

Honorary canon : پادریوں کی مجلس کا برائے نام رکن ۔

Minor canon / petty cannon : وہ پادری جو گرجا کی عبادت میں مدد دیتا ہے مگر پادریوں کی مجلس کا رکن نہیں ہے : بیرونی معین پادری ۔

Canon / Canyon : (n) [Sp."Canon"] وہ وادی یا گھاٹ جسکی دونوں طرف کھڑی چٹانیں ہوں اور جس کےنیچے ندی بہہ رہی ہو : عمیق درہ جس میں چشمہ بہتا ہو : گھاٹی : آبی کنڈ : آب درہ ۔

Cannon-royal : (n) ساڑھےآٹھ انچ دہانےکی توپ جس سے ٦٦ پاؤنڈ وزنی گولہ پھینکا جاتا ہے ۔

Cannon-shot : (n) (۱) توپ داغنا ۔ (۲) توپ کا گولہ ۔ (۳) توپ کی مار ۔ (٤) (تاریخ) توپ ماری ۔

Cannon shot rules : (n) (تاریخ) توپ ماری کے قاعدے ۔

Cannonade : (n) (۱) مسلسل گولہ باری : توپ سے حملہ : گولندازی ۔ (۲) بوچھار : پر شور حملہ ۔

Cannonade : (v) (۱) توپیں داغنا ، چھوڑنا ، مارنا یا چلانا : گولہ پھینکنا : مسلسل گولہ باری کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بوچھار کرنا ۔

Cannonarchy : (n) توپ کی حکومت ۔

Cannoned : (a) توپ دار : توپ والا ۔

Cannoneer : (n) [F."Canonnier"] توپچی : گولہ باز ۔

Cannonical : (a) (کیمیا) مسلم : مستند ۔

Cannonical elements : (n) [Pl.] (کیمیا) مستند عنصر ۔

Cannonical form : (n) (۱) (لسانیات) اصولی روپ : مستند شکل ۔ (۲) (کیمیا) کینانکی شکل : مستند شکل ۔

Cannonry : (n) توپ خانہ ۔

Cannot : دیکھو Can

Cannot but : دیکھو But : لازمی ہونا ۔

Cannula : (n) [L.dim.of"canna"] پیپ نکالنے کی نلکی : جراحی نلکی : قنولہ ۔

Cannular : (a) نلکی نما ۔

Cannulate / -ated : (a) نلکی نما : نلکی دار : سوراخ دار ۔

Canny : (a) [App.f.CAN] (۱) ہوشیار : سیانا : چالاک : کائیاں ۔ (۲) (طبچی) جس میں بے کھٹکے دخل دے سکیں (عموماً نفی کے ساتھ) ۔ (۳) خوشگوار ۔ (٤) کافی ۔ (٥) کفایت شعار ۔ (٦) عیار : مکار ۔ (٧) محتاط ۔

Canny moment : (n) ولادت کا لمحہ ۔

Canny wife : (n) دائی : دایہ ۔

Canonicalness : (n) شرعی ہونے کی صفت یا حالت ۔

Canonicate : (n) [med.L."Canonicatus"] کشیش کا عہدہ ۔

Canonicity : (n) [L. type."canonicitas"] پایۂ تقدیس ؛ پایۂ استناد ۔

Canonist : (n) [F."Canoniste"] کلیسائی قانون کا ماہر ؛ (کامرس) مربوط ۔

Canonistic/Canonistical : (a) فقیہانہ ؛ کلیسائی قوانین سے ۔

Canonization : (n) [L."Canonisationem"] تشریح ؛ تقدیس ؛ مقدس کلیسا کے دفتر میں متوفی کے نام کا اندراج ۔

Canonize : (v) [md. L."Canonizare"] (۱) اولیا کی فہرست میں با قاعدہ داخل کرنا یا سمجھنا ۔ (۲) ولی سمجھنا ۔ (۳) کسی کتاب کو مذہبی تسلیم کرنا ۔ (٤) مذہباً جائز کرنا ۔

Canonry : (n) [f.CANON] کشیش کا عہدہ ؛ کشیش کا کلیسائی وقف یا جاگیر ؛ پادریوں کی چھوٹی مجلس ۔

Canons of taxation : (کامرس) ٹیکس کے بنیادی اصول ؛ ٹیکس کے معیار ۔

Canoodle : (v) [Obscure] (۱) سینے سے لگانا ؛ پیار کرنا ؛ گلے لگانا ۔ (۲) پیار سے پھسلانا یا منانا ۔

Canoodler : (n) سینے سے لگانے والا ؛ گلے لگانے والا ؛ پیار کرنے والا ۔

Canoodling : (n) پیار ؛ چھاتی سے لگانا ۔

Canopic : (a) [L."Canopicus"] قدیم مصر کے شہر کینوپس سے متعلق یا اس شہر کا ؛ مخروطی ۔

Canopic jar : (n) (تاریخ) ڈھکن دار مرتبان ؛ چھتر دار مرتبان ۔

Canopic vase : (n) قدیم مصر کا وہ ظرف جس میں لاش میں مسالا لگاتے وقت لاش کے اندرونی اعضا رکھے جاتے تھے ۔

Canopied : (a) چھتری لگا ہوا ؛ چھجا لگا ہوا ۔

Canopus : (n) [L. a. Gr.] (۱) جنوبی ستاروں کے جھنڈ کا ایک روشن ستارہ ؛ سفینہ ؛ سہیل ؛ ناؤ ۔ (۲) قدیم مصر کا وہ ظرف جس میں مسالا لگاتے وقت لاش کے اندرونی اعضا رکھے جاتے تھے ۔

Canon-law : (n) کلیسائی قانون ؛ شریعت ؛ کسی فرقے کے مذہبی قوانین ۔

Canon of actuality : (لسانیات) اصول واقعیت ۔

Canon of compatibility : (لسانیات) اصول مطابقت ۔

Canon of definition : (لسانیات) اصول تعریف ۔

Canon of individuality : (لسانیات) اصول انفرادیت ۔

Canon of singularity : (لسانیات) اصول واحدیت ۔

Canoness : (n) [CANON+ESS] (۱) عورتوں کی وہ جماعت جو کلیسائی قانون کے اندر رہتی ہے مگر جس نے ذاتی خدمت کی قسم نہیں لی ہے ۔ (۲) (مزاحاً) کشیش کی بیوی ۔

Canonic / Canonical : (a) [Perh.F."Canonique"] (۱) احکام مذہبی کا مقرر کردہ ؛ شرعی ؛ مذہبی قانون ؛ دینی ۔ (۲) کتاب مقدس میں شامل یا کتاب مقدس کا جزو ۔ (۳) (ریاضی) مستند ؛ مسلّم ؛ معیاری ؛ آئینی ۔ (٤) (موسیقی) دوری گیت کے طرز کا ۔ (٥) پادریوں کی مجلس یا اس کے ممبر کے متعلق ؛ کلیسائی ۔ (٦) فلسفی یا منطقی قوانین کا نظام ۔ (۷) (جمع میں) کشیشوں کا لبادہ ۔ (۸) (ریاضیات) قاعدے کے مطابق ۔

Canonical dress : (n) پادریوں کا لباس ۔

Canonical epistles : (n) پطرولس ؛ یوحنا وغیرہ کے سات خطوط ۔

Canonical home morphism : (n) (ریاضی) آئینی ہم مارفی ۔

Canonical hours : (n) آٹھ بجے صبح سے تین بجے شام تک نماز یا شادی کا وقت ۔

Canonical matrix : (n) (ریاضی) مستند ماتریس ۔

Canonical obedience : (n) نیچے درجوں کے کشیشوں کا اسقف کے لئے احترام ۔

Canonical set : (n) (ریاضی) آئینی سیٹ ۔

Canonical variate : (n) (ریاضی) آئینی متغیرہ ۔

Canonically : (adv) نماز یا شادی سے متعلق ۔

Canopy : (n) [Cl. L."Canopeum"] (۱) شامیانہ ؛ چھتر ؛ چھتری ؛ منڈپ ؛ آفتاب گیر ؛ شاد رواں ؛ سائبان ؛ نم گیرا ؛ سیگ ڈمبر ؛ آسمانہ ۔ (۲) طاق کا چھجا ۔ (۳) چھت کی طرح کی ساخت اسٹیج کی پشت پر ۔ (٤) ہوائی جہاز میں طیارچی کے بیٹھنے کی جگہ پر کا شفاف ڈھکن ۔ (۵) پیرا شوٹ کی چھتری ۔

Canopy : (v) شامیانہ لگانا ؛ چھجا لگانا ۔

Canorous : (a) [L."Canorus"] سریلی آواز ؛ سریلا ؛ خوش الحان ؛ رسیلی ؛ گمکیلا ۔

Canorously : (adv) سریلے پن سے ؛ خوش الحانی کے ساتھ ۔

Canorousness : (n) سریلا پن ؛ خوش الحانی ۔

Cant : (n) [OF."Cant"] (۱) زاویہ ؛ ترچھا رخ ؛ کونا ۔ (۲) دھکا ، اچھال یا حرکت جس سے شئے الٹ جائے ۔ (۳) پہلو ؛ ضلع ۔ (٤) لکڑی کا مربع کندہ ۔ (۵) (جہاز رانی) جہاز کے پیندے سے لگی ترچھی فریم ۔ (٦) ڈھلوان ۔ (۷) (وھیل مچھلی کے شکار میں) وھیل مچھلی کی گردن اور بازوؤں کے درمیان کاٹ کر بنایا ھوا وہ حصہ جسکے ذریعہ اس کو اٹھاتے ھیں ۔

Cant : (n) (۱) جزو ؛ حصہ ۔ (۲) نیلام کے ذریعہ تقسیم کرنے کا طریقہ ؛ نیلام (آئرستان) ۔

Cant : (n)[L."Cantus"] (۱) کسی جماعت، فرقہ، پیشہ وغیرہ کی مخصوص بولی ؛ اصطلاح ۔ (۲) مقرر اشارے ؛ بازاری زبان ۔ (۳) ظاھر داری ؛ ریا کاری ؛ ریا ۔ (٤) منافقت ۔ (۵) ملتجیانہ انداز میں بولنا ؛ گڑگڑانا ۔ (٦) بندھے ٹکے الفاظ کا استعمال ۔ (۷) بندھے ٹکے الفاظ کا استعمال کرنے والا ۔ (۸) گپ ۔

Cant : (a) صحت مند ؛ مضبوط ؛ تنومند ؛ تیز ۔

Cant : (v) (۱) ڈھلوان کرنا ۔ (۲) زاویہ بنا دینا (چوکور پہلو کا) ۔ (۳) اوٹ دینا ؛ تیزھا کر دینا ؛ جھکانا ؛ پھینکنا ۔ (٤) الٹنا پلٹنا ؛ نیچے اوپر کرنا ۔ (۵) پہلو پر دھکا دینا ۔ (٦) مائل ھو جانا ؛ مائل وضع اختیار کرنا ۔ (۷) جھک جانا ؛ ترچھا ھو جانا ۔ (۸) گھوم جانا (بحری) ۔

Cant : (v) (۱) گڑگڑانا ؛ بھیک مانگنا ۔ (۲) کسی جماعت ، پیشہ یا فرقہ کی مخصوص بولی بولنا ۔ (۳) ریا کاری سے بولنا ۔ (٤) گپ شپ کرنا ؛ گپیں ھانکنا ؛ بولنا ۔

Cant : (v) نیلام کرنا ؛ نیلام کے ذریعہ فروخت کرنا ۔

Can't : دیکھو Can not

Cant block : (n) وھیل مچھلی کو کاٹنے کے لئے اٹھانے کا کندہ ۔

Cant-board : (n) تختہ مائل ؛ ڈھلواں تختہ ۔

Cant-dog : (n) ھك دار دستی سلاخ ۔

Cant-hook : (n) لکڑی کو الٹنے کا ایك بیرم جس کے کنارے پر لوھے کا دستہ لگا رھتا ھے ۔

Cant-moulding : (n) زاویہ دار ؛ سطح والی ڈھلائی ۔

Cant phrase : (n) اوپری باتیں ؛ دکھاوے کی باتیں ؛ ریا کاری کی باتیں ۔

Cant purchase : (n) وھیل مچھلی کا چمڑا اتارنے کے لئے اٹھانے کا سہارا ۔

Cant spar : (n) دستی مستول کا کھمبا ۔

Cant timbers : (n) جہاز کی وہ لکڑی جو پیندے سے جہاز کی دونوں طرف ترچھی اٹھی رھتی ھے ۔

Cantab : (n) Canta Brigian کا مخفف ؛ جامعہ کیمبرج کا رکن ۔

Cantab : (a) جامعہ کیمبرج سے متعلق ؛ کیمبریجی ۔

Cantabank : (n) [It."Cantambanco"] بازاری گانے والا ؛ گھوم گھوم کر گانے والا ۔

Cantabile : (a) [It.] (موسیقی) رواں ۔

Cantabile : (n) روانی ؛ اس طرز کی موسیقی ۔

Cantabrigian : (a & n) [L."Cantabrigia"] (۱) جامعہ کیمبرج کا یا اس سے متعلق ؛ جامعہ کیمبرج کا رکن ۔ (۲) (امریکہ) کیمبرج اور مسیا چوٹس کا باشندہ ۔ (۳) (امریکہ) ھارورڈ یونیورسٹی کا طالب علم یا گریجویٹ ۔

Cantaloup/-lupe/-leup : (n) [It."Cantalupo"] گرمك ؛ ایك قسم کا یورپی خربوزہ ؛ ولایتی خربوزہ ۔

Cantankerous : (a) [*f*.ME. CONTECK] حجتی ؛ تکراری ؛ جھگڑالو ؛ بدمزاج ۔

Cantankerously : (adv) تکرار کے ساتھ ؛ حجت کے ساتھ ۔

Cantankerousness : (n) جھگڑالو پن ؛ حجت پنا ۔

Cantar : (n) [L."Cantharus"] بحر روم کے کنارے واقع ملکوں میں مستعمل ایک پیمانہ ۔

Cantata : (n) [It."Cantare"] (۱) راگ نامہ ؛ کسی نظم کو راگ سے گانا۔ (۲) تشبیہ ۔

Cantate : (n) [L."Cantate"] ۹۸ واں بھجن جو مختصر مناجات کےطور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Cantation : (n) [L."Cantationem"] راگ ؛ گانا ۔

Cantator : (n) [L.] گانےوالا ؛ مغنی ۔

Cantatrice : (n) [It. & fem. of "cantator"] پیشہ ور گانےوالی ؛ مغنّیہ ۔

Canted : (a) [F. "Cant"] ڈھلواں ؛ زاویہ دار؛ ترچھا ٹیڑھا ۔

Canteen : (n) [F."Cantine"] (۱) فوجی کینٹین ؛ بارکوں اور چھاؤنی میں رسد اور شراب کی دکان ؛ مے خانہ ؛ شراب خانہ ؛ ناشتہ خانہ (کسی ادارہ وغیرہ میں) ۔ (۲) برتن یا شراب رکھنے کےلئے خانہ دار صندوق ۔ (۳) ٹین یا لکڑی کا برتن (سپاہیوں کے پانی پینے کا) تام لیٹ / تام لوٹ ۔

Canter : (n) [CANT + ER] (۱) کسی جماعت یا پیشے کی مخصوص بولی بولنےوالا ۔ (۲) ریا کار ۔ (۳) Waltz رقص کا ایک انداز ۔

Canter : (n) پویہ ۔

To win in a canter : آسانی سےجیت لینا ۔

Canter : (v) [Abbr. of CANTERBURY] پویہ چلنا ؛ پویہ چلانا ۔

Canterbury : (n) (Kae'nterberi/-beri) (۱) کینٹر بری ؛ کینٹر بری کے زائرین یا راستے میں کہی گئی کہانیوں سے متعلق ۔ (۲) (موسیقی) میگزین وغیرہ کو رکھنے کا ریک ۔

Canterbury Bell (s) : (n) ایک پودا جس کے گھنٹی نما پھول ہوتے ہیں ۔

Canterbury gallop : (n) پوئی (چال) ۔

Canterbury pace : (n) قدم چال ۔

Canterbury palm : (n) ایک قسم کی کھجور کا درخت ۔

Canterbury rack : (n) میٹھی پوئی ؛ رہوال ۔

Canterbury rate : (n) آہستہ چال ۔

Canterbury tale (or story) : (n) (۱) وہ کہانی جو کینٹر بری کے زائرین سے راستہ میں کہی گئی ۔ (۲) لمبی اور اکتا دینے والی کہانی ۔

Canterbury trot : (n) دُلکی (چال) ۔

Canterer : (n) پویہ چلانےوالا ۔

Cantharic : (a) [CANTHAR-IDES +-IC] (Cantharic acid میں) کینتھرائی ڈین کی صفت کا ایک مادہ ۔

Cantharidal : (a) خشک بھونرے سے متعلق یا بناھوا ۔

Cantharidate : (n) Cantharic acid کا نمک ۔

Cantharidate : (v) خشک بھونرے سے علاج کرنا ۔

Cantharides : (n) [L. Pl.of"cantharis."] (۱) خشک ھسپانوی مکھی ۔ (۲) خشک بھونرا ؛ اس سے بنے ہوئے مرکبات ۔

Cantharidian / -ean : (a) خشک بھونرے کی صفت کایا اس سے بنا ھوا ۔

Cantharidic : (a) خشک بھونرے کی خاصیت کا ۔

Cantharidin : (n) ایک تلخ قلوی مرکب ؛ سفوف ذرارح ۔

Cantharidism : (n) خشک بھونرے کے غلط استعمال سے پیدا شدہ زھر ؛ سمیت ذراحی ۔

Cantharidize : (v) خشک بھونرے سے علاج کرنا ۔

Canthoplastic : (a) گوشہء چشم کی جراحی سے متعلق ۔

Canthoplasty : (n) آنکھ کے پپوٹوں کے شگاف کو دراز کرنے کی جراحی ۔

Canthus : (n) [Gr."Kanthos"] گوشہء چشم ۔

Canticle : (n) [L."Canticulum"] چھوٹا سا بھجن ؛ مختصر مناجات ؛ نغمات سلیمان ۔

Cantilena : (n) [L."Cantus"] عام فہم یا عام پسند گیت ۔

Cantilever : (n) [CANT + LEVER] چھجا سنبھالنے کے لئے دیوار میں لگاھوا بریکٹ ؛ توڑہ ؛ بیرم ؛ قنطروس ۔

Cantillate : (v) [L."Cantillare"] (مذہبی نغمہ) گانا ؛ نغمہ سرا ہونا ۔

Cantillation : (n) مذہبی گانا ۔

Cantily : (adv.) زندہ دلی سے ؛ شادمانی سے ۔

Cantiness : (n) خوشی ؛ زندہ دلی ؛ شادمانی ۔

Canting : (n) (۱) زاویہ دار بنانا ؛ الٹ پلٹ کردینا ؛ پھینکنا ۔ (۲) مخصوص اصطلاح میں بات کرنےکی عادت ۔ (۳) مخصوص زبان میں گفتگو ۔ (٤) ریاکاری کی گفتگو ۔ (٥) نیلام کے ذریعہ فروخت ۔

Canting : (v) گڑگڑانا ؛ آہ و زاری کرنا ۔

Canting arms : (n) وہ ہتھیار جس پر صاحب اسلحہ کا کوئی نشان ہو ؛ طغرائی اسلحہ ۔

Cantingly : (adv) گڑگڑا کر ۔

Cantingness : (n) گڑگڑانا ؛ گڑگڑاہٹ ۔

Cantinier : (n) [Fr.] کینٹین کا مالک ۔

Cantle : (n) [med. L."Cantellus"] (۱) ٹکڑا ؛ پارہ ؛ قاش ؛ حصہ ۔ (۲) زین کا پچھلا حصہ ۔ (۳) چندیا ۔

Cantlet : (n) چھوٹا ٹکڑا ۔

Cantle-wise : (adv) ٹکڑوں میں ۔

Canto : (n) [It.] (۱) نظم کا باب یا فصل ۔ (۲) (موسیقی) تیز آواز ۔

Canto fermo : (n) [It.] سادہ نغمہ ۔

Canton : (n) [It."Cantone"] (۱) ضلع ۔ (۲) (تاریخ) جمہوریہ سوئس کی ایک ریاست (سویٹزرلینڈ کا ضلع) ۔ (۳) (نقابت میں) سپر یا ڈھال کے اوپر کنارے پر مربع بنانا ؛ اس مربع میں رکھنا ۔

Canton : (v) (۱) ضلعوں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) چھاؤنی ڈالنا ؛ فوج کے رہنے سہنے کا انتظام کرنا ۔ (۳) (نقابت میں) سپر یا ڈھال کے اوپر کنارے پر مربع بنانا ؛ اس مربع میں رکھنا ۔

Cantonal : (a) ضلع کا ؛ ضلع سے متعلق ۔

Cantonalism : (n) ضلع داری کا نظام ۔

Cantoned : (a) (۱) ضلعوں میں منقسم ۔ (۲) چھاؤنی میں ٹھہرایا ہوا ۔ (۳) (تعمیرات) باھری حصے یا زاویئے(پایوں وغیرہ سے آراستہ کئےھوئے) ۔

Cantoner : ایک ضلع کے باشندے ۔

Cantonment : (n) [F."Cantonnement"] (۱) چھاؤنی ؛ صدر کیمپ ؛ اردو ؛ معسکر ؛ لشکر ۔ (۲) (مجازاً) رھائش گاہ ؛ کوارٹر ۔

Cantor : (n) [L.] (۱) مناجات خانوں کا ھادی ۔ (۲) عبادت گزاروں یابھجن منڈلی کا ھادی ۔

Cantorial / Cantoral : (a) (۱) مناجات خوانوں کے ھادی سے متعلق ۔ (۲) گرجے میں سماع خانہ کی شمالی جانب ۔

Cantoris : (n) [L.] موسیقی کی اصطلاحی ھدایت یعنی سماع خانہ کے شمالی جانب والے ہم آواز ہو کر گائیں ۔

Cantorship : (n) مناجات خوانوں کے ھادی کا عہدہ ۔

Cantred / Cantref / Cantrev : (n) [W."Cantref"] سو (۱۰۰) شہروں والا ایک ضلع ۔

Cantrip : (n) [origin unknown] (۱) جادو ؛ سحر ؛ منتر ۔ (۲) (مزاحاً) ظریفانہ اور مبالغہ آمیز کام ۔

Cantus firmus : (n) [med. L.] Canto fermo دیکھو

Canty : (a) [*f.* CANT] خوش ؛ زندہ دل ؛ شاداں ۔

Canuck : (n) [Prob.alter."Canadian"] (۱) فرانسیسی کناڈا کا باشندہ ۔ (۲) کناڈا کا گھوڑا ۔

Canvas / Canvass : (n) [ME."Canevas"] (۱) پلاس ؛ کرمچ ؛ ولایتی ٹاٹ ۔ (۲) بادبان ۔ (۳) دوز کی کشتی کا چھت دار کنارہ ۔ (٤) تصویر کشی کا کپڑا ؛ تصویر ۔ (٥) مشجر کپڑا ۔ (٦) پس منظر ۔ (۷) سرکس ۔ (۸) خیمہ ۔

Under canvass : زیر خیمہ ؛ بادبان کھولے ۔

Canvas / Canvass : (v) کرمچ (ولایتی ٹاٹ) کی تہ جمانا یا لگانا ؛ چھپانا ۔

Canvas- back : (n) (۱) شمالی امریکہ میں کرمچی پشت کی ایک بطخ ؛ کرمچی پشت بطخ ؛ پلاس پشت ۔ (۲) پلاس پشت پوشاک ۔

Canvas board : (n) ایک قسم کا تختہ جس پر تصویر کشی کی جاتی ہے ۔

Canvas length : (n) تقریباً پندرہ فٹ ۔

Canvas man : (n) سرکس کا ملازم جو خیمہ لگاتا اور اکھاڑتا ہے ۔

Canvass / Canvas : (v) (۱) بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ سخت نکتہ چینی کرنا ؛ تفصیلی جائزہ لینا ۔ (۲) ووٹ ، رائےدہی ، چندہ وغیرہ کےلئے گزارش کرنا ؛ ووٹ یا رائے طلب کرنا ۔ (۳) کسی شخص کے متعلق رائے عامہ دریافت کرنا ؛ کسی مقام کےلوگوں کے خیالات و عادات کا پتہ لگانا ۔ (٤) پیش کرنا (کوئی نظریہ یا پلان) ۔ (٥) پھیلانا (افواہ وغیرہ) ۔ (٦) لوگوں کی توجہ اپنی طرف منعطف کرنا ؛ ہم رائے بنانا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ۔ (۷) تبلیغ کرنا (نفع کےلئے) ۔

Canvass : (n) (۱) رائےطلبی ؛ حصول رائے ۔ (۲) گزارش ۔

Canvasser : (n) (۱) رائےطلبی ؛ رائےجو ؛ طالب رائے ؛ چندہ مانگنے والا ؛ تبلیغ کرنے والا (نفع کےلئے) ۔ (۲) جانچ پڑتال ؛ تنقیح ۔ (۳) گھر گھر جا کر آڈر لینے والا ۔

Canvassing leaflet : (n) رائےجو یا تبلیغ کرنےوالا دستی اشتہار ۔

Cany : (a) [CANE + Y] بید سے بھرا ہوا ؛ بید کی مانند ؛ بید سے بنا ہوا ۔

Canzona : (n) [It.] (۱) (گیت) موسیقی کے مطابق کسی گیت کے الفاظ کی ترتیب ۔ (۲) گیت کے طور کی موسیقی ۔

Canzone : (n) [L."Cantionem"] ایک قسم کا گیت (غزل یا قصیدہ کی قسم کا) ۔

Canzonet : (n) [It."Canzonetta"] ایک چھوٹا گیت ؛ سرود ؛ ٹھمری ۔

Caoutchin : (n) [CAOUTCH + IN] ہندوستانی ربڑ کی تقطیر سے پیداشدہ تیل میں پایا جانےوالا ہائیڈرو کاربن ۔

Caoutchouc : (n) [Carib."Cahuchu"] ہندوستانی ربڑ ؛ خام ربڑ ۔

Caoutchoucin : (n) [prec.+-IN] ہندی ربڑ کی خشک تقطیر سے حاصل ہونے والا ایک پتلا اور اڑ جانے والا رقیق مادہ ۔

Cap : (n) [L."Cappa"] (۱) ٹوپی ؛ کلاہ ۔ (۲) سر اور گردن کی پوشش ۔ (۳) اوپری پرت ؛ ڈھکن ۔ (٤) کسی تعمیر کو ڈھکنے والی ساخت ۔ (٥) علامتی ٹوپی (کسی خاص عہدےیا موقع کے لئے) ۔ (٦) (تعمیرات) کسی تعمیر کا بالائی حصہ ؛ لنٹل ؛ داسہ ۔ (۷) (جہازرانی) مستول کو کڑی یا تختہ وغیرہ لگا کر لمبا کرنے کے لئے دو سوراخہ کندہ ۔ (۸) کاغذ یا دھات کی بنی ہوئی وہ ٹوپی جس میں آتشگیر مادہ ہوتا ہے ؛ کارتوس کی ٹوپی ؛ آتشی ٹوپی (اسلحہ کی) ۔ (۹) Cap paper کا مخفف ۔

Gun cap : (۱) کلاہ تصادم ۔ (۲) اسلحہ آتشیں کی ٹوپی جس میں بارود بھرا ہوتا ہےاور لبلبی کی رگڑ سے مشتعل ہوجاتی ہے۔

Knee cap : گھٹنے کی ہڈی ؛ کاسۂ زانو ۔

Percussion cap : کارتوس کی ٹوپی ۔

Scotch cap : ہائی لینڈ والوں کی وردی کی ٹوپی ۔

Steel cap : خود ؛ فوجی ٹوپ ۔

Cap of liberty : (Also Phrygian bonnet) پرانے زمانہ میں رومی غلاموں کو آزاد ہونے پر مخروطی ٹوپی دی جاتی تھی اب اس سے جمہوریت مراد لیتے ہیں ؛ کلاہ جمہوری ؛ کلاہ آزادی ۔

Cap of maintenance : کلاہ منصب ؛ درباری ٹوپی ؛ کلاہ حکومت ؛ کلاہ شاہی جو جلوس میں بادشاہ کے آگے چلتی ہے ۔

Cap of paper : سفیدی مائل بھورا کاغذ پیکٹ وغیرہ بنانے کے لئے ' طبلقی کاغذ ؛ خط لکھنے کا ایک قسم کا کاغذ ۔

Cap-paper : (n) (۱) سفیدی مائل بھورا (کاغذ پیکٹ وغیرہ بنانے کےلئے) ۔ (۲) طبلقی کاغذ ۔ (۳) ایک قسم کا خط لکھنے کا کاغذ (اس کاغذ میں ٹوپی کا مائی نشان ہوتا ہے) ۔

Cap-sheaf : (n) (۱) سب سے اوپر کا گٹھا ؛ سب سے اوپر کا بوجھا ۔ (۲) (مجازاً) حد ؛ انتہا ۔

Cap-stone : (n) (۱) ڈھکن کا پتھر ؛ سنگی ڈھکن یا ٹوپی ؛ منڈیر ۔ (۲) (ارضیات) ایک متحجر معدنی شے ۔

Capa : (n) [L."Cappa"] (۱) ایک ہسپانوی قبا ۔ (۲) سانڈ سے لڑنے والے آدمی کا لبادہ ۔

Capability : (n) [*f*.CAPABLE] (۱) قابلیت ؛ لیاقت ؛ بل ؛ زور ؛ طاقت ؛ مقدور ۔ (۲) جوہر ؛ استعداد ؛ صلاحیت ؛ توانائی ۔

Capable : (a) [L."Capabilem"] (۱) اثر قبول ۔ (۲) قابل ؛ لائق ؛ موزوں ؛ اہل ۔ (۳) کرگزرنے والا (آڑے کام کا) بڑے کام کا ۔ (٤) جوہر قابل ؛ با استعداد ؛ صلاحیت دار ۔

Capableness : (n) صلاحیت ؛ قابلیت ؛ استعداد ؛ اہلیت ۔

Capably : (adv) قابلیت سے ؛ لیاقت سے ؛ صلاحیت سے ۔

Capacious : (a) [L."Capaci"] کشادہ ؛ فراخ ؛ چوڑا ؛ چکلا ؛ وسیع ؛ لمبا چوڑا ۔

Capaciously : (adv) کشادگی سے ؛ فراخی سے؛ وسعت سے ۔

Capaciousness : (n) کشادگی ؛ فراخی ؛ وسعت ؛ گنجائش ۔

The cap fits : کسی شخص کا محسوس کرنا کہ کوئی بات اس پر صادق آتی ہے ؛ کسی بات کا کسی پر چھا جانا ؛ چھپ جانا ۔ (محاورہ) پانی مرتا ہے ۔

To put on one's thinking cap : سوچنے یا غور کرنے کے لئے وقت لینا ؛ غور کرنا ۔

To set one's cap at : ڈورے ڈالنا ۔

Cap : (n) [OE."Copp"] (۱) لکڑی کا پیالہ ۔ (۲) مقدار کا پیمانہ ۔

Cap : (v) (۱) ٹوپی پہنانا یا پہننا ۔ (۲) (اسکاٹس جامعوں میں) سند عطا کرنا ؛ دستار باندھنا ۔ (۳) بندوق پر ٹوپی چڑھانا ۔ (٤) حفاظت کی غرض سے کسی شئے پر دھات وغیرہ کی ٹوپی چڑھانا ؛ شام چڑھانا (چھڑی میں) ۔ (٥) کسی کو سلام کرنے کی غرض سے ٹوپی چھونا یا اتارنا ؛ سلام کرنا ۔ (٦) ڈھانکنا ؛ چڑھانا ۔ (۷) شکست دینا ؛ سبقت لے جانا ؛ انتہا تک پہنچ جانا ۔ (۸) بیت بازی کرنا ۔

Horse caps its hocks : چوٹ لگا لینا (گھوڑا اپنی جانگھ زخمی کرلیتا ہے) ۔

To cap an anecdote / proverb / quotation, etc : ایک قصہ ، ضرب المثل وغیرہ کا دوسرے قصہ ، ضرب المثل وغیرہ سے جواب دینا ۔ (جوابی فقرے یا لطیفے میں) سبقت لے جانا ۔

To cap climax/ all : انتہا تک پہنچ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔

To cap verses : بیت بازی کرنا ۔

Cap : (v) [OF."Caper"] زبردستی لے لینا ۔

Cap and bells : نقال یا مسخرہ کی علامت ۔

Cap-a-pie : (adv) [OF.=mod *f*."de pied encap"] سراپا ؛ سر سے پاؤں تک ؛ سر تا پا (مسلح یا تیار) ۔

Cap-a-pie armed : سر تا پا مسلح ۔

Cap of fence : خود ؛ فوجی ٹوپی ۔

Capacitance : (n) [f.CAPACITY] برقی غیر موصل کی یہ خصوصیت کہ توانائی کو جمع کرسکے ؛ (طبیعیات) موثر صلاحیت ' ظرفیت ؛ موثر گنجائش ۔

Balances capacitance : (طبیعیات) توازنی صلاحیت ۔

Bridge capacitance : (طبیعیات) برج صلاحیت ۔

Distributed capacitance : (طبیعیات) تقسیم شدہ صلاحیت ۔

External capacitance : (طبیعیات) خارجی صلاحیت ۔

Geometric capacitance : (طبیعیات) جیومیٹرک صلاحیت ۔

Internal capacitance : (طبیعیات) داخلی صلاحیت ۔

Self capacitance : (طبیعیات) خود صلاحیت ۔

Capacitate : (v) [f.CAPACITY] (۱) قابل بنانا ؛ لائق بنانا ۔ (۲) (قانوناً) حق دار بنانا ۔

Capacitation : (n) حق دار بنانا ۔

Capacitive : (a) صلاحیتی ۔

Capacitive load : (n) (طبیعیات) صلاحیتی لداؤ یا بوجھ ۔

Capacitive reactance : (n) (طبیعیات) صلاحیتی نااھلیت ۔

Capacitor : (n) (طبیعیات) چارج دان ؛ برقی مکثفہ ؛ برقی کنڈنسر ۔

Blocking capacitor : (طبیعیات) ناگزار چارج دان ۔

Synchronous capacitor : (طبیعیات) ہم وقت چارج دان ۔

Transformer capacitor : (طبیعیات) ٹرانسفارمر چارج دان ۔

Capacity : (n) [L."Capacitatem"] (۱) گنجائش ؛ سمائی ؛ وسعت ؛ ظرفیت ۔ (۲) قابلیت ؛ استعداد ؛ ذھن کی رسائی ؛ قوت ذھنی ۔ (۳) (طبیعیات) حرارت (برق وغیرہ کی) ؛ صلاحیت ؛ گنجائش ؛ کسی ظرف کا اندرونی حجم ؛ امکان ۔ (٤) حیثیت ؛ مرتبہ ؛ عہدہ ؛ درجہ ۔ (٥) قانونی حق ۔ (٦) بجلی کی وہ مقدار جو ایک مورچہ سے مخصوص حالت میں حاصل ہو سکتی ہے ۔

Absolute capacity : (طبیعیات) مطلق صلاحیت ۔

Carrying capacity : لے جانے کی استعداد ۔

Electric capacity : (طبیعیات) برقی صلاحیت ۔

Excess capacity : (تجارت) زائد استعداد ۔

Idle capacity : (تجارت) غیر مستعلمہ استعداد ۔

Inherited capacity : (تجارت) موروثی استعداد ۔

Measure of capacity : پیمانہ ۔

Mental capacity : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) ذھنی صلاحیت ۔

Optimum capacity : (تجارت) مناسب استعداد ۔

Productive capacity : (تجارت) پیداواری استعداد ۔

Taxable capacity : (تجارت) محصول پذیر استعداد ۔

Thermal capacity : (تجارت) استعداد کی اکائی ۔

Unit of capacity : (تجارت) استعداد کی اکائی ۔

Capacity : (a) صلاحیت ؛ وسعت ؛ لیاقت ۔

Capacity creating process : (تجارت) تخلیق استعداد ۔

Capacity factor : (n) (تجارت) عامل استعداد ؛ کسر گنجائش ۔

Capacity for heat, moisture etc . حرارت ، نمی وغیرہ جذب کرنے کی طاقت ۔

Capacity growth : (n) (تجارت) استعدادی ترقی ۔

Capacity increasing aspect : (تجارت) استعدادی اضافہ کا پہلو ۔

Capacity of work : (طبیعیات) کام کی صلاحیت ۔

Capacity output : (n) (تجارت) استعدادی پیدا وار ۔

Capacity to pay wages : اجرت دینے کی استعداد ۔

Capacity utilization rate : (تجارت) استعمال استعداد کی شرح ۔

Caparison : (n) [mid.L."Caparo"] (۱) گھوڑے کا ساز ؛ زین پوش ؛ جھول ۔ (۲) آرائش ؛ لباس ۔

Caparison : (v) گھوڑے کو آراستہ کرنا ؛ جھول ڈالنا ۔

Cape : (n) [Early form of "cope"] برقع نما قبا، لبادہ ۔

Cape : (n) [F."Cape"] لبادے کا گلوبند یا رومال ۔

Cape : (n) [L."Cappa"] (۱) مرغ کی گردن یا بازو کے چھوٹے پر ۔ (۲) کسی جانور کی کھال (سر، گردن اور بازو تک کی)۔ (۳) سانڈ سے لڑنےوالوں کا لال لبادہ ۔

Cape : (n) [L."Caput"] راس ۔

The cape کوئی جانا بوجھا راس خصوصاً راس امید ۔

Caricaturable : (a) فوٹو بنانے کے قابل ۔

Caricature : (n) [L."carricare "] کسی شخص کی نمایاں خصوصیات کا حامل تحریری تقریری یا بیانیہ خاکہ : لولو ؛ گُڈا : تمسخرآمیز تصویر : مضحک تصویر : مضحک نقل ۔

Caricature : (v) تمسخر آمیز نقل اتارنا (تحریر یا تصویر میں) : مضحک نقل بنانا : خاکہ اڑانا ۔

Caricaturish : (a) مضحک نقل کی طرح ۔

Caricaturist : (n) مضحک نقال : ھزّال : خاکہ اڑانے والا : ھزلیہ ، مسخریہ تصویر بنانے والا ۔

Caricous : (n) [L."carica"] انجیر نما : انجیر کی طرح ۔

Caries : (n) [L.] (۱) ھڈی یا دانت کا سڑنا یا گلنا : کیڑا لگنا : ھڈی میں ناسور : کرم دندان : ھڈی کی بوسیدگی : فساد عظم : بوسیدگی استخواں ۔ (۲) (نباتیات) نباتیاتی ریشوں کا سڑ جانا ۔

Carillon : (n) [med. L."quadrilionem"] (۱) گھنٹہ باجا ؛ گھنٹوں کا ساز جو ہاتھ یا کسی پرزے سے بجایا جائے ۔ (۲) وہ دھن جو ایسے باجوں سے بجائی جائے ۔

Carina : (n) [L.] (حیوانیات ؛ نباتیات) کوھانیہ ؛ پشتے کی شکل کی ساخت ۔

Carinal : (a) پشتہ نما ساخت ۔

Carinaria : (n) [L."carina".] صدف کی ایک قسم ۔

Carinate : (a) [L."carina"] پشتہ نما ؛ پشتے کی طرح ؛ کارینی ؛ زورقی ۔

Carinate : (v) [L."carina"] پشتہ نما بنانا ۔

Carinated : (a) پشتہ نما بنا ہوا ۔

Carinated shoulder : (n) (تاریخ) کوھانی شانہ ۔

Carination : (n) کشتی نما ؛ تیغ کی شکل کی بنی ہوئی کونی چیز ۔

Cariosity : (n) [L."cariosus"] سڑنے کی کیفیت ؛ سڑاند ؛ بوسیدگی ؛ بوسیدگی کی حالت ۔

Carious : (a) [F."carieux"] سڑا ہوا ؛ بوسیدہ (دانت یا ہڈی) ۔

Caritas : (n) [L.] مسیحائی محبت ۔

Caritative : (a) [L."caritas"] مسیحائی محبت کی طرف مائل ۔

Caritive case : (n) (قواعد) ایسی حالت جس سے غیاب کا اظہار ہو ۔

Cark : (n) [L."carricare"] تردد ؛ فکر ؛ غم والم ؛ محنت ۔

Cark : (v) تردد میں ڈالنا ؛ فکرمند بنا دینا ؛ اندیشہ ناک ہونا ؛ پریشان ہونا ۔

Carl / Carle : (n) [ON."karl"] (۱) عام آدمی ؛ ادنیٰ شخص ؛ کمینہ شخص ۔ (۲) حبشی ۔ (۳) شخص ؛ مردک ۔ (٤) تخم دار رسن ۔

Carl : (v) (۱) بھوننا (مٹر کی چھیمی کو) ۔ (۲) تاؤ میں آنا ۔

Carl : (۱) (بحری) لکڑی کا ٹکڑا جو پانچ انچ کا مربع ہوتا ہے اور عرشہ کے نیچے اس سرے سے اس سرے تک لگا ہوتا ہے اور اسکے شہتیروں میں پیوست ہوتا ہے ۔ (۲) لکڑی کا ٹکڑا جو آڑے طور پر جہاز کے عرشے کا سہارا ہو ۔

Carl : (v) ادنیٰ درجے کے آدمی کی طرح سلوک کرنا ؛ غُرّانا ۔

Carl-Sunday : (n) دیکھو Care-sunday

Carleman 's criterion : (n) (شماریات) کیر لیمنس کسوٹی ۔

Carline/-ing : (n) [ON."kerling" fem. of "karl"] عورت خصوصاً بڑھیا عورت (تحقیراً) ۔

Carline : (n) [SP. It., and med L."carlina"] ایک قسم کا خار دار درخت ۔

Carling/Carline : (n) [? in mod. F."carlingue"] دیکھو Carl

Carling : (n) [? f. care in CARE-SUNDAY] بُھنا ہوا سیم کا بیج یا مٹر جو Care Sunday کے دن کھاتے ہیں ۔

Carload : (n) بھر گاڑی کا بوجھ ۔

Carload freight : (n) (تجارت و معاشیات) ویگن بھرمال کا کرایہ ۔

Carload rate : (n) (تجارت و معاشیات) شرح ویگن بھر؛ ویگن بھر مال کے کرایہ کی شرح ۔

Carlock : (n) [Russ."karluk"] روس کی اسٹرین مچھلی کے مثانہ سے نکلی ہوئی جلاٹین ۔

Carlot-purchase : (n) (تجارت) پوری گاڑی خرید ۔

Carlot-rate : (n) (تجارت) پوری گاڑی شرح ۔

Carlovingian : (a) [F."carlovingian"] شارل اعظم کے شاہی خاندان سے متعلق ۔

Carlylean : (a&n) [f. Thomeas Carlyle] کارلائیلی ؛ کارلائیل کے مانند ۔

Carlylese : (n) کارلائیل کا اسلوب بیان ۔

Carlylism : (n) کارلائیلیت ؛ مشہور انگریزی انشا پرداز کارلائل کے اصول ، اسلوب بیان و دیگر تصانیف ۔

Carnalize : (v) محو لذات کرنا : شہوانی لذات یا نفسانی خواھشات یا مادی لذات سے بھر دینا : روحانیت سے محروم کردینا ۔

Carnallite : (n) [f. Von Carnell, a Prussian] ایک معدنی شئے : پوتاشیم اور میگنیشیم کا ھائیڈرس کلورائیڈ : (کیمیا) کارنیلائٹ ۔

Carnally : (adv) نفسانی طورپر ' مادی طور پر ۔

Carnaptious : (a) بدمزاج ' ترش مزاج ۔

Carnassial : (a & n) [L."carnaceus"+-AL] مخصوص دانت سے متعلق : گوشت خوری سے متعلق : گوشت کو چبانے والے دانت سے متعلق : گوشت کو چبانے والا دانت ' قاطعه : قاطعه دانت ۔

Carnate : (a) [by shortening] In Carnate کی تخفیف ۔

Carnation : (n) [L."carnationem"] (۱) انسانی جسم کا رنگ ' لحمی رنگ ۔ (۲) سرخ گلابی : پیازی سرخ : گلنار : پیازی ۔ (۳) چیری کی ایک قسم ۔

Carnation : (n) [L."carnatio"+-on] (Claw-pink) گلابی رنگ کا ایک پھول : قرن پھول ۔

Carnationed : (a) سرخ رنگا ھوا ' گلابی رنگا ھوا ۔

Carnelian : (n) [var. of CORNELIAN, after L."carnem"] (۱) عقیق ابیض کی ایک قسم ۔ (۲) سرخی مائل نارنجی رنگ ۔ (۳) عقیق احمر : جمست ۔

Carnelian bead : (n) (تاریخ) عقیق کا دانه ۔

Carneous : (a) [L."carneus"+-ous] لحم دار : لحمی : گوشت فام ۔

Carnifex : (n) [L.] جلاّد : قصّاب ۔

Carnification : (n) [see CARNIFY] (۱) استحاله عشائی میں روئی کی گوشت میں تبدیلی ۔ (۲) پھیپھڑے کے ریشوں کا نمونیا کی وجه سے تعزّی بن جانا ۔ (۳) تلحم : لحماؤ ۔

Carnificial : (a) جلاّدی : قصّابی ۔

Carnify : (v) [L."carnificare"] لحمانا : گوشت میں تبدیل کر دینا : ھڈی پھیپھڑے وغیرہ کو عضلات یا گوشت میں تبدیل کر دینا : گوشت میں تبدیل ھو جانا ۔

Carmagnole : (n) [Fr.] (۱) فرانسیسی انقلاب اول کا عوامی گانا ۔ (۲) فرانسیسی انقلاب اول کے عوامی گانے کی دھن پر کا رقص ۔ (۳) فرانسیسی سپاھی کا عرف نام ۔ (٤) فرانسیسی انقلابی فوج کی مبالغه آمیز رپورٹ ۔

Carman : (n) گاڑی بان ۔

Carmelite : (n & a) [L."Carmelites"] (۱) کارمیلی راھب : بارھویں صدی عیسوی میں ماونٹ کارمل پر راھبوں کا جو سلسله قائم ھوا تھا اس سلسله کا ایک ممبر ۔ (۲) ایک عمدہ اونی کپڑا ۔

Carmelitess : (n) [see prec.] کارمیلی راھبه ۔

Carmen : (Pl. carmina) [L."canere"] نغمه : شعر : منتر ۔

Carminative : (a) [L."carminat"] دافع ریاح : کاسر ریاح : باؤ ھرن : باد شکن : محلل ریاح ۔

Carmine : (n) (۱) نہایت گہرا سرخ رنگ : قرمزی رنگ ۔ (۲) گہرے سرخ رنگ کا : قرمزی رنگ کا :

Carmine : (v) قرمزی : گہرا سرخ رنگنا : قرمزی رنگ میں رنگنا : گہرا سرخ رنگ ملانا ۔

Carmine red : (کیمیا) کارمین سرخ ۔

Carminic : (a) کارمین سے بنا ھوا یا کارمین سے متعلق ۔

Carminic acid : (n) کارمین ترشه ۔

Carnage : (n) [late. L."carnaticum"] (۱) قتل و قتال : خونریزی : کشت وخوں : قتل عام ۔ (۲) قتل کئے ھوئے یا ذبح کئے ھوئے انسان یا جانور کا گوشت ۔

Carnal : (a) [L."carnalis"] (۱) بدنی : نفسانی : حیوانی : جسمانی ۔ (۲) دنیاوی : مادی : ناپاک ۔ (۳) شہوت پرست : شہوتی : شہوانی : بھوگی : نفسانی ۔

Carnal abuse : (n) رضامندی سے یا بغیر رضامندی کے نا بالغه لڑکی کے ساتھ زنا : عصمت دری ۔

Carnalism : (n) شہوت پرستی : شہوانیت ۔

Carnalist : (n) شہوت پرست ۔

Carnality : (n) شہوت پرستی : شہوت : مستی : نفس پرستی : مادیت ۔

Carnival : (n) [It."carnevale"] (۱) ایک عیسائی تہوار۔ (۲) Lent سے قبل کا ہفتہ یا نصف ہفتہ ؛ رومن کیتھولک ملکوں میں اس تہوار کا جشن ؛ جشن عیش و عشرت ؛ رنگ رلیاں۔

Carnival of bloodshed : : خونریزی میں دل کھول کر حصہ لینا ؛ زبردست خونریزی ؛ خونریزی کا جشن۔

Carnivalesque : (a) قرنوال کی طرح ؛ قرنوال کے انداز میں۔

Carnivora : (n) [L."carnivora"] گوشت خوار جانور ؛ درندہ۔

Carnivoracity : (n) گوشت خواری کی بھوک ؛ (حیوانیات) کارنیور۔

Carnivore : (n) [E.] (۱) گوشت خوار جانور یا پودا۔ (۲) کیڑا خوار پودا۔

Carnivorism : (n) پودوں کی حشرہ خواری۔

Carnivorous : (a) (۱) گوشت خوار (جانور) ؛ حشرہ دار (پودا) دوائیں۔ (۲) پتلے بدن اور چھوٹی انتوں والا (علم الانسان میں)۔

Carnivorously : (adv) گوشت خواری سے۔

Carnivorousness : (n) گوشت خواری۔

Carnophobia : (n) کراہت گوشت۔

Carnose : (a) [L."carnosus"] (۱) لحمی ؛ پرگوشت۔ (۲) گوشت کی طرح دبیز (پودے)۔

Carnosity : (n) [See prec.] گوشت کا خراب طریقے سے بڑھ جانا ؛ گوشت زیادی ؛ لحمیت۔

Carnoso - : جزوترکیبی بمعنی لحمی۔

Carnot cycle : (n) (طبیعیات) کارنوٹ کا چکر۔

Carnot engine : (n) (طبیعیات) : کارنوٹ انجن۔

Carnotit : (n) [f. M. A."carnot"] (کیمیا) ایک معدنی شئے ؛ کارنو ٹائٹ۔

Carnous : (a) [L."carnosus"] (۱) گوشت سے بھرا ہوا ؛ پرگوشت ؛ لحمی۔ (۲) پر مغز ؛ گودہ دار۔

Carny / Carney : (v) [Origin unknown] پھسلانا ؛ اکسانا ؛ دم دینا ؛ اینٹھنا۔

Carny / Carney / Carnice : (n) (Pl. Carnies / Carneys) [Short for CARNIVAL] (۱) سرکس۔ (۲) سرکس میں کام کرنے والا۔

Caro : (n) گودا۔

Carob : (n) [Arab. "kharrubah"] (۱) خروبہ ؛ خرنوب۔ (۲) ایک درخت کی سیم جیسی پھلی۔

Carol : (n) [OF."carole"] خوشی کا گیت خواہ انسان کا یا پرند کا ، بالخصوص عیسائیوں کے بڑے دن یا عید کا گیت ؛ نغمہ ؛ گیت ؛ چہچہا ؛ سرود ؛ حلقہ بنا کر ناچنا اور گانا ؛ جھومر ؛ حمد و ثنا ؛ نغمہ طرب۔

Carol : (v) نغمہ سرائی کرنا ؛ خوشی کا گیت گانا ؛ الاپنا۔

Caroler / Caroller : (n) : خوشی کا گیت گانے والا ؛ نغمہ سرا ؛ زمزمہ سنج۔

Carolin : (n) [L."Carolus","Charles"] ایک قدیم طلائی سکّہ جو بیوریا اور وارٹمبرگ میں رائج تھا۔

Carolina : (n) شمالی امریکہ کی ایک نو آبادی کانام۔

Carolina pink : (n) ایک قسم کا پودا۔

Caroline : (n) [f."carolus"] چارلس اول یا دوم بادشاہ انگلستان کے متعلق یا شارلیمن کے متعلق۔

Carolingian : (a) دیکھو carlovingian

Carolingian dynasty : (n) (تاریخ) کیرولینجین خاندان کے افراد۔

Carolinian : (a) جنوبی یا شمالی کیرولینا کا باشندہ۔

Carolus : (n) چارلس اول کے عہد کا ایک طلائی سکّہ۔

Carom / Carrom : (n) [Abbrev.CARMBOLE] دیکھو Carambole

Caromel : (n) دیکھو Caramel

Caroteel /-el : (n) [Arab.] ڈبہ یا پیپا جس میں خشک میوے رکھے جاتے ہیں۔

Carotene : (n) [Gr."karotin"] (کیمیا) کروٹین ؛ جزرین۔

Carotic : (a) [Gr."carotikos"] (۱) بے ہوش کردینے کی طاقت رکھنے والا ؛ دماغ کو مختل، ماؤف کر دینے والا۔ (۲) مدھوشی سے متعلق ؛ سباتی۔

Carotid : (a) [Gr."carotides"] ان دونوں شریانوں سے متعلق جن کے وسیلہ سے خون دماغ تک پہنچتا ھے ' متعلق بہ شریان سباتی ۔

Carotid arch : (n) (حیوانیات) سباتی کمان ۔

Carotid artery : (n) (حیوانیات) سباتی شریان ۔

Carotid gland : (n) (حیوانیات) سباتی غدّہ ۔

Carousal : (n) بد مستی ؛ مئے نوشی : سیرمستی ؛ بلا نوشی ۔

Carouse : (n) [Ger. garaus] بد خواری ؛ بدمستی ؛ بلا نوشی ' سیر مستی ۔

Carouse : (v) ڈٹ کر شراب پینا : شراب پی کر بدمست ہو جانا : مئے نوشی کرنا ۔

Carousel / Carrousel : (n) [It."carosello"] ایک آزمائش جس میں نائٹ لوگ ٹولی بنا بنا کر اور مختلف قسم کے لباس پہن کر کھیلوں ، مشقوں اور رتھ‌وانی میں حصہ لیتے ھیں ۔

Carouser : (n) بد مست : شراب خوار ' بلا نوش ۔

Carp : (n) [late L."carpa"] (۱) سیم ماھی ؛ ایک قسم کی مچھلی جو عموماً تالابوں میں پالی جاتی ھے ' (حیوانیات) کارپ : مچھلی ؛ کاپور ۔ (۲) نکتہ چینی ۔

Carp : (v) [ON."karpa"] اعتراض کرنا : عیب جوئی کرنا ؛ خردہ گیری کرنا ؛ حرف گیری کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ' کھوٹ نکالنا ؛ مین میخ نکالنا ۔

Carpal : (a) [mod. L."carpalis"] کلائی سے متعلق ؛ ساعدی ؛ رُسغی ۔

Carpal : (n) (جمع میں) کلائی ھڈیاں ؛ (حیوانیات) ساعد ۔

Carpel / Carpid : (n) [Gr."karpos"] (نباتیات) بقچہ : نباتات کے اندام نہانی کا خانہ (خواہ وہ ایک ہو یا کئی) ؛ ثمر برگ : پھل پتا ۔

Carpellary : (a) بقچئی : بقچوی : پھل پتا ۔

Carpenter : (n) [late L."carpentarius"] (۱) بڑھئی ؛ نجّار ؛ ترکھان ۔ (۲) چینونٹی : بھنورا وغیرہ کی قسمیں ۔ (۳) بحریہ کا وہ افسر جس کی یہ ڈیوٹی ھوتی ھے کہ وہ جہاز اور اسکی کشتیوں کی مرمت کا کام دیکھے ۔

Carpenter : (v) بڑھئی کا کام کرنا ' بنانا ۔

Carpenter ant : (n) چیونٹی جو درخت میں سوراخ کر دیتی ھے ' نجّار مور ۔

Carpenter bee : (n) مکھی جو درخت میں سوراخ کردیتی ھے ' ' نجار مگس ۔

Carpenter bird : (n) چڑیا جو درخت میں سوراخ کردیتی ھے ' جیسے کاٹ کھڑا ۔

Carpenter scene/Carpenter's Scene : (n) پیش پردہ 'نجارپردہ ۔

Carpenter 's measure : (n) مکعب فٹ میں ناپی ہوئی لکڑی کا وزن ۔

Carpentership : (n) نجار کا فن ۔

Carpentry : (n) [L."carpentaria"] نجاری : بڑھئی کا کام ۔

Carpet : (n) [L."carpetta"] (۱) قالین : غالیچہ ' بساط ؛ فرش ۔ (۲) پھولوں کا تختہ ' سبزی کا فرش : قالین نما چیز ۔ (۳) ایک قسم کا رنگین پتنگا ۔

On the carpet : زیر بحث ' زیر غور ۔

To be upon the carpet : تنبیہ کے لئے بلایا جانا ۔

Carpet : (v) فرش بچھانا : قالین بچھانا : (نوکر وغیرہ کو) کمرے کے اندر بلاکر جھڑکنا ' زجر و توبیخ کے لئے کمرے کے اندر بلانا ۔

Carpet-bag : (n) خورجی : خورجین : سفری بیگ ۔

Carpet-bagger : (n) (امریکی عامیانہ) غیر مقامی امیدوار کے انتخاب پر گاؤں کا سیاسی ھنگامہ آراء : شمالی امریکی جو جنوبی اسٹیٹ میں خانہ جنگی کے بعد بس گئے تھے ؛ قسمت آزما ' زمانہ ساز ؛ عیار ۔

Carpet-bagging : (n) زمانہ سازی : قسمت آزمائی ۔

Carpet-bed : (n) چمن کی کیاری : خیاباں : تختہ ۔

Carpet-dance : (n) برجستہ رقص ' سادہ ناچ : وہ ناچ جس کے لئے پہلے سے کوئی تیاری نہ ہو ۔

Carpet-knight : (n) (۱) شیر قالین ؛ محرم کے سپاھی ؛ گھر بیٹھے سورما ؛ چھار دیواری کا سورما ؛ وہ سپاھی جو کبھی میدان میں نہ گیا ھو اور اپنے گھر پر آسائش سے بسر کرتا ھو ؛ گھرکا مرد ؛ گھرکا شیر ۔ (۲) زن فریب ؛ استری موھن ۔

Carpet-monger : (n) زن باز ۔

Carpet-moth : (n) (۱) قالین کا تاجر ۔(۲) آرام طلب ؛ عیش طلب ؛ ایک قسم کا رنگین پتنگا ۔

Carpet -rod : (n) (۱) قالین گیر ۔(۲) لکڑی یا دھات کے وہ ڈنڈے جو زینے کی قالین کو اپنی جگہ قائم رکھتے ھیں ۔

Carpet snake : (n) آسٹریلیا کا ایک بڑا اور رنگین سانپ ۔

Carpeting : (n) فرش کا کپڑا ؛ قالین بچھانے کا عمل ۔

Carpetless : (a) بے فرش ؛ بے قالین ۔

Carpholite : (n) [Gr."carphos"+"lithos"] گھرے زرد رنگ کے ریشمی ریشوں میں موجود المونیا اور میگنیز کا آبدار سلیکیٹ ۔

Carphology : (n) [Gr."carphologia"] (طب) حالت هذیان میں خیالی چیزوں کی تلاش میں بستر کو نوچنا ، کھسوٹنا ؛ بحرانی کیفیت ۔

Carping : (a) نکتہ چیں ؛ عیب جو ؛ جھگڑالو ۔

Carping criticism : (n) حرف گیری ؛ عیب جوئی ؛ ناکتہ چینی ؛ تنقیص ۔

Carping tongue : (n) حرف گیر ؛ معترض ؛ عیب جو ؛ نکتہ چیں ۔

Carpo -: Carpus کا مختصر بطور جز ترکیبی بمعنی کلائی ۔

Carpo -: (نباتیات) یونانی لفظ Carpus کا مختصر بطور جزو ترکیبی بمعنی پھل ؛ ثمر ؛ ساعد ؛ کلائی ۔

Carpo-metacarpus : (n) ساعد بعد ساعد ۔

Carpocratian : (n) کارپوکریٹ کا معتقد جس کا یہ نظریہ تھا کہ روحانی روشنی حضرت مسیح علیہ السلام سے بھی زیادہ حاصل کی جا سکتی ھے ۔

Carpolite/-lithe : (n) متحجر پھل ۔

Carpological : (a) میوہ شناسی سے متعلق ۔

Carpologically : (adv) از روئے ثمریات ۔

Carpologist : (n) میوہ شناس ؛ ماھر ثمریات ۔

Carpology : (n) (۱) پھلوں کا علم ؛ ثمریات ۔ (۲) میوہ شناسی ؛ معرفت الاثمار ۔

Carpophagous : (a) (حیوانیات) پھل کھانے والا ؛ ثمرخوار ۔

Carpophore : (a) (نباتیات) پھول کے محور کی درازی جس سے بقچہ گل حامل زرسے اوپر اٹھ جاتا ھے ۔

Carposporous : (a) ثمر پر ؛ تخمک والا ۔

Carpus : (n) [Gr."carpos"] (علم تشریح) جسم کا وہ حصہ جو پنجے کو بازو سے ملاتا ھے ؛ انسان میں کلائی اور گھوڑے وغیرہ میں ٹخنہ ؛ پہنچا، بند دست ؛ (حیوانیات) کارپس (Carpus) ؛ کلائی ؛ (حیوانیات) ساعد ؛ رسغیات ۔

Carr : (n) چنان ۔

Carr / Car : (n) [ON.] (۱) دلدلی علاقہ یا زمین جو سبزہ زار میں تبدیل کی جائے ۔ (۲) دلدل میں درختوں کا جھنڈ ۔

Carrack / Carack : (n) [OF."carraque"] ایک بڑا پرتگالی یا ھسپانوی مسلح جھاز ۔

Carrageen/-gheen : (n) [f."carragheen in Ireland] چھوٹی بحری گھاس جس کی جیلی بطور غذا اور دوا کے استعمال ھوتی ھے ؛ Carrageen سے نکلنے والی جیلی ۔

Carrat : (n) دیکھو Carat

Carraway : (n) دیکھو Caraway

Carre : (n) [F.] ڈیمی سائز کا نقش اتارنے والا کاغذ ۔

Carre : (n) [F.] چھوٹے جانور مثلاً گائے ، بچھے یا میمنے کا سینہ ۔

Carreau : (n) [F.] (۱) سادہ یا رنگین شیشے کا مربع ٹکڑا ۔ (۲) مربع یا ھیرے کی شکل کا نقش ۔ (۳) ایک قسم کا فرانسیسی کھیل ۔ (٤) لیس بنانے میں استعمال ھونے والی گدی ۔

Carrefour : (a) دیکھو Carfour

Carreta : (n) [Sp. Amer] گاڑی : گھر کا سامان منتقل کرنے میں کام آنے والی ایک لمبی پتلی گاڑی ۔

Carretela : (n) [Sp.] ٹم ٹم یا یکہ قسم کی گاڑی ۔

Carretera : (n) [Sp.] شاہراہ ۔

Carriage : (n) [ONF."cariage"] (۱) بار برداری : حمالی ۔ (۲) ڈھلوائی ۔ (۳) بندوبست : اہتمام : انصرام (کسی کارعظیم، مہم یا کارخانے کا) ۔ (٤) پاس ہونا : منظور ہونا (پارلیمنٹ میں کسی تجویز کا) ۔ (٥) چال : ڈھنگ : وضع قطع : انداز : روش ۔ (٦) گاڑی (آدمیوں کی سواری کے لئے) : نجی گاڑی ۔ (۷) مشین کا وہ حصہ جو دوسرے حصوں کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر کر سکے : پھسلتا حصہ ۔ (۸) بوجھ : بار : باربرداری : ڈھلائی ۔ (۹) معنی (الفاظ کے) ۔ (۱۰) فتح ۔ (۱۱) میلان : رجحان : سمت : جانب ۔ (۱۲) کسی چیز کو سہارا دینے کا چوکھٹا : سہارا : حامل کڑی ' بار کڑی ۔ (۱۳) ریل کا ڈبہ ۔

Disappearing carriage : متحرک مشین جو توپ کو اوپر اٹھائے اور داغنے کے بعد فوراً فصیل سے نیچے لے جائے ۔

Gun carriage : گاڑی جس پر توپ چڑھی ہوتی ہے ۔

Carriage and pair : بگھی جوڑی دار ۔

Carriage band : (n) (تجارت) کیرج بینڈ : کیرج پٹی ۔

Carriage bow : (n) ایک لمبی کمانی جو بیچ سے موڑی جاسکے تاکہ لے جانے اور لانے میں آسانی ہو ۔

Carriage bridge : (n) وہ پہیا دار پُل جو محاصرہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

Carriage company : (n) نجی گاڑی رکھنے والے لوگ (بطور امارت یا امتیاز کی نشانی) ۔

Carriage-dog : (n) ڈلمیشیا کا چتی دار کتا ۔

Carriage-drive : (n) باغ وغیرہ میں گاڑی کے لئے سڑک ۔

Carriage free : بے محصول : محصول ادا شدہ ۔

Carriage foreward : محصول طلب ' جس کا محصول ادا نہ کیا گیا ہو ۔

Carriage governer : (n) (تجارت) کیرج گورنر (رفتار کو قابو میں رکھنے کے لئے) : گاڑی کا ایک پرزہ ۔

Carriage horse : (n) گاڑی میں لگنے والا گھوڑا ۔

Carriage length : (n) (تجارت) کیرج لمبائی ۔

Carriage lock : (n) (تجارت) کیرج تالا ۔

Carriage release : (n) (تجارت) کیرج واگذاری ۔

Carriage-return : (تجارت) کیرج واپسی ۔

Carriage rod : (n) (تجارت) کیرج سلاخ ۔

Carriage way : (n) گاڑی گذرسڑک : وہ سڑک جس پر گاڑی چل سکے ۔

Carriageable : (a) گاڑیوں کے گزرنے کے قابل ۔

Carriaged : (a) گاڑی لگا ہوا ۔

Carriageful : (a) گاڑی بھر ۔

Carriageless : (a) بغیر گاڑی کے ' بغیر محصول کے ۔

Carrick : (n) [Scot.] گیند جو ہاکی وغیرہ میں ماری جاتی ہے : گیند سے کھیلا جانے والا کھیل ۔

Carrick-bend : (n) [f."carrick"var. of CARRACK] (جہازرانی) دو رسوں کو باندھنے کی گرہ : کِرک گرہ ۔

Carrick bitts : (n) (جہاز رانی) آہنچہ کو سہارا دینے کا کھمبا ۔

Carried : (a) آپے سے باہر : محو ' غیر متوجہ ۔

Carried down (C/D) : (تجارت و معاشیات) لے جایا گیا : (انتظامیہ) حاصل جمع ۔

Carried forward (C/F) : (تجارت و معاشیات) آگے لے جایا گیا : (انتظامیہ) حاصل سابق ۔

Carried over (C/o) : (تجارت) آگے لے جایا گیا : پیش بردہ ۔

Carrier : (n) [f.CARRY+-ER] : (۱) باربردار : بارکش : پارسل : چھکڑے پر کرایہ سے لے جانے والا ' حامل : ناقل ' چھکڑے والا ۔ (۲) حمال ' قلی ' مزدور ' باربردار ۔ (۳) بائسکل کا وہ حصہ جس پر اسباب یا سامان رکھ سکتے ہیں ' بار گیر ۔ (٤) قاصد کبوتر ۔ (٥) ایک کشتی جو پکڑی ہوئی مچھلیوں کو مچھلی بازار لے جاتی ہے ۔ (٦) پانی کی نالی : مشک ۔ (۷) پیغام رساں : نامہ رساں : خط : اخبار : پیغام لے جانیوالا ۔ (۸) جانور یا پودا جو بیماری پھیلانے والے کیڑوں کو پھیلاتا ہے ۔ (۹) ہوائی جہاز کو لے جانے والا جہاز ۔

Common carrier : وسائل نقل و حمل ۔

Private carrier : خاص ٹھیکہ کرکے اسباب یا آدمیوں کو لے جانے والا ۔

Carrier bird : (n) حواصل : پیلیکن : قاصد کبوتر ۔

Carrier current : (n) (طبیعیات) حاملی دھارا ۔

Carrier frequency : (n) (طبیعیات) حاملی اورتی ۔

Carrier nation : (n) تاجر قوم : تجارت پیشہ قوم جو دوسری قوموں کی طرف سے بحری تجارت کرے ۔

Carrier pigeon : (n) قاصد کبوتر : نامہ بر کبوتر ۔

Carrier-power : (n) حاملی طاقت ۔

Carrier shell / Carrier trochus : صدف کی ایک قسم جو اپنے غلاف میں پتھر کے ٹکڑے ، مونگا وغیرہ سٹا لیتا ہے ۔

Carrier-snail : (n) بحری گھونگا ۔

Carrier's risk : (n) (تجارت) باربردار جوکھم : خطر ۔

Carriole : (n) [med. L."carriola"] (۱) ایک آدمی کے لئے کھلی ہوئی گاڑی ' ٹم ٹم ۔ (۲) ڈھکا ہوا ہلکا چھکڑا ۔ (۳) کناڈا کی برفانی گاڑی ۔

Carrion : (n) [ONF."caronie"] : (۱) مردار : سڑا ہوا گوشت : مرا ہوا : دھورا : لاشہ : جیفہ ۔ (۲) ملغوبا : فضلہ : اوجھڑی : گندگی : آلائش ۔ (۳) گندہ، سڑا ہوا گوشت کھانے والا جانور : مردہ سڑی گلی چیز کھانے والا ۔ (٤) لومڑی، نیولے، چوھے : نقند کے سے جانور ۔

Carrion : (a) سڑا : گندہ : متعفن : گھناؤنا : مکروہ ۔

Carrion crow : (n) مردار خور : ایک قسم کا کوا جو مردار کھاتا ہے : مردار خور کوا ۔

Carrion flower : (n) ایک امریکی جھاڑی جس کے پھولوں کی بو سڑے ہوئے گوشت جیسی ہوتی ہے : متعفن پھول ۔

Carrion fly : (n) ایک قسم کی مکھی جو سڑی جگہ میں انڈے دیتی ہے ۔

Carritch : (n) [F."cate chese"] سوال و جواب کےذریعہ تعلیم : زبانی تعلیم خصوصاً مذہبی ۔

Carriwitchet / Carwitchet : (n) [origin unknown] (۱) دو معنی لفظ کا مزاحیہ استعمال : ایسے لفظوں کا مزاحیہ استعمال جو تلفظ میں مشابہ ہوں مگر معنی میں مختلف : ایہام : تجنیس : ضلع جگت ۔ (۲) جگت : (لفظی) تلازمہ : بولی ٹھولی : فقرہ بازی : حیلہ حوالہ : سخن سازی : مغالطہ دہی ۔

Carrocio : (n) [It.] ایک قسم کی جھنڈے دار گاڑی جو عہد وسطی میں اطالوی فوج میں استعمال ہوتی تھی ۔

Carrom : (n) Carom یا Carombole کی متبادل شکل ۔

Carromata : (n) [alter. of Sp."carrimato"] دو پہیے کی بکس نما گاڑی جس میں ایک ٹٹو ہوتا ہے ۔

Carronade : (n) [f. "carron" in Scot] چھوٹی بڑے دہانے کی جہازی توپ : کرانی توپ ۔

Carron oil : (n) [f."carron"iron work] تیسی کے تیل اور چونے کے پانی کو برابر ملاکر بنایا ہوا مرہم ۔

Carrot : (n) [Gr. "caroton"] (۱) گاجر : گزر ۔ (۲) (مزاحاً) (جمع میں) لال بالوں والا شخص : لال بال : سرخ بال : للسرا ۔ (۳) موعودہ خیالی صلہ یا نفع ۔ (٤) ایک کیمیاوی مادہ جو فلٹ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Carrot : (v) کیمیاوی مرکب لگا کر فلٹ بنانا ۔

Carrot beetle : (n) ایک قسم کا بڑا سرخی مائل بھونرا : بھونرا جو گاجر کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Carrot-oil : (n) (also carrot-seed oil) گاجر کے بیج سے نکالا ہوا تیل : روغن گاجر ۔

Carrot fly : (n) ایک چھوٹی دو پروں والی مکھی جس کا پہل روپ گاجر کی جڑوں میں گھس جاتا ہے ۔

Carrot soft rot : (n) گاجر کی ایک بیماری ۔

Carroty : (n) للسرا : سرخ بالوں والا : سرخ ۔

Carrousel / Carousel : (n) [It."carosello"] (۱) ایسا مقابلہ جس میں گھوڑوں پر سوار دو دستے مختلف قسم کی نقل و حرکت دکھلاتے ہیں ۔ (۲) چرخ ہنڈولا : چرخ جھولا ۔ (۳) منتقل کرنے والی مشین جس پر چیزیں ایک پورا چکر طے کرتی ہیں ۔

Carry : (v) [late L."carricare "] (۱) لے جانا : لے چلنا : ڈھونا (گاڑی ، جہاز وغیرہ کے ذریعہ) : ہاتھ سے لے جانا : پہنچانا (خبر وغیرہ کا) ۔ (۲) (حساب میں) ایک عدد کا اعلی درجہ میں لے جانا : حاصل گننا : اپنا خیال دوسروں کے دلوں پر بٹھا دینا ۔ (۳) لے جانا : پہنچانا : کام دینا (سفر خرچ وغیرہ میں) : کافی ہونا روپیہ وغیرہ کا سفر میں) ۔ (٤) جیتنا : سر کرنا : فتح کرنا ۔ (٥) منوانا : تسلیم کرا لینا ۔ (٦) پہننا ، پاس رکھنا (ہتھیار، گھڑی وغیرہ) : دلالت کرنا : مضمر رکھنا ۔ (۷) سہارنا : تھامنا : بوجھ اتارنا : بوجھ سنبھالنا : انتظام کرنا ۔ (۸) شکار کے ساتھ بھاگ جانا ۔ (۹) سر، چشم وغیرہ کا خاص انداز میں رکھنا ۔ (۱۰) (طالب علم کے لئے) کسی درجہ تعلیم کے لئے داخلہ لینا : (معلم کے لئے) پڑھانا ۔ (۱۱) کسی کھیل میں مقابل کے لئے مروت کرنا : اپنے ساتھی کے خراب کھیل کا اپنے اچھے کھیل سے پورا کرنا ۔ (۱۲) (فٹبال یا ہاکی میں) گیند کو آہستہ آہستہ لے جانا ۔ (۱۳) ایک ہی ضرب میں گولف گیند کا ایک خاص دوری تک پہنچانا ۔ (١٤) بادبان کو پھیلانا : پھیلائے رکھنا ۔ (١٥) (شکاریات) مہك سونگھنا اور پیچھا کرنا ۔ (١٦) اجرت دینا ۔ (١٧) شائع کرنا : نشر کرنا ۔ (۱۸) کامیاب ہونا ۔ (۱۹) جاری رکھنا : بڑھانا : دراز کرنا ۔ (۲۰) موجود رکھنا ۔ (۲۱) نشانی رکھنا ۔ (۲۲) اثر پزیر ہونا ۔ (۲۳) حاملہ ہونا ۔

Fetch and carry : ہاتھ کے نیچے ہونا : پیش دست : پیش خدمت ۔

Loans carry interest : قرض پر سود لگتا ہے یا چڑھتا ہے ۔

Principles carry consequences : اصول کے عواقب ہوتے ہیں ۔

To carry about : ادھر اُدھر چلانا ۔

To carry a hawk : باز کو مٹھی میں رکھنا ۔

To carry all before one : سبقت لے جانا : بازی لے جانا ۔

To carry a position : فتح کرنا : کامیاب ہونا ۔

To carry a torch / the torch : (۱) جہاد کرنا ۔ (۲) عشق کرنا : محبت کرنا ۔

To carry away : (۱) آپے سے باہر کر دینا ۔ (۲) ٹوٹ پھوٹ کر خسارہ ہونا : رو میں بہا لے جانا ۔ (۳) مار ڈالنا ۔ (٤) توڑنا : جیتنا ۔

To carry coal to newcastles : بے کار کام کرنا : الٹے بانس بریلی کو ۔

To carry conviction : اپنا خیال دوسرے کے ذہن نشین کرنا ۔

To carry corn : غلہ برداری کرنا ۔

To carry fortress : قلعہ فتح کرنا / سر کرنا ۔

To carry hearers with one زور تقریر سے سامعین کو اپنی طرف کر لینا : ترغیب دینا : ہم خیال بنانا ۔

To carry into effect : تعمیل کرنا : بجالانا : پورا کرنا : عمل میں لانا ۔

To carry it : جیتنا ۔

To carry modesty to excess : حیا کو حد سے زیادہ بڑھانا : حیا میں مبالغہ کرنا ۔

To carry off well : لے بھاگنا : بھگا لے جانا : جیتنا : قابل گزر بنانا : قابل قبول بنانا : مار ڈالنا : برداشت کرنا ۔

To carry on : چلاتے رہنا : جاری رکھنا : انتظام کرنا (کاروبار کا) : (روزمرہ) عجیب برتاؤ کرنا ۔

To carry one back : زمانہ ماضی کو یاد کرنا ۔

To carry one 's body / head or oneself : خاص انداز میں رکھنا : جسم وغیرہ کو ایک خاص انداز میں رکھ کر چلنا : اپنے کو لئے ہوئے چلنا ۔

To carry one 's point / emotion / bill, etc : اپنی تجویز، تحریک یا مسودہ قانون منظور یا پاس کرا لینا ۔

To carry on with : (روزمرہ) ڈورے ڈالنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ نخرے بازی کرنا ؛ عشوہ گری کرنا ۔

To carry out : (١) تعمیل کرنا ؛ بجا لانا ؛ عمل میں لانا ۔ (٢) دفن کے لئے ۔

To carry out one's bat : کرکٹ میں کھلاڑی کا کھیل کے آخیر میں آؤٹ ہونا ۔

To carry over : دوسرے دن پر فروخت کے لئے اٹھا رکھنا ۔

To carry over or foreward : (سیاق) میزان ماسبق نئے صفحے یا نئے حساب میں درج کرنا ۔

To carry sword : تلوار کو سلامی کی وضع میں رکھنا ۔

To carry the ball : (١) سب سے زیادہ کام کرنا ۔ (٢) سب سے زیادہ ذمہ داری لینا ۔

To carry the banner : مفلس ہونا ۔

To carry through : مشکلوں اور دقتوں سے صاف نکل آنا ؛ نکال لے جانا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ تکمیل کرنا ۔

To carry up : (١) جاری رکھنا (تعمیر وغیرہ کا) ۔ (٢) ماضی میں کسی چیز کا پتا لگانا ۔ (٣) (سیاق) میزان ماسبق نئے صفحے یا نئے حساب میں درج کرنا ۔

To carry weight : (١) مساوی کرنے کے لئے بوجھ بڑھا دینا ؛ (گھوڑ دوڑ میں) ہینا رھنا ؛ پیچھے رہ جانا ۔

To carry weight / auothority : با وقعت یا باوقر ہونا ؛ صاحب اثر ہونا ؛ وزن رکھنا ۔

To carry with one : یاد رکھنا ۔

Carry : (n) (١) تھیلا ۔(٢) اسلحہ کو ایک خاص انداز میں رکھنا ۔(٣) مار (کسی بندوق کی) ۔ (٤) کشتی رانی کے قابل دریاؤں کا محصول ۔(٥) بادل : بادل کا ھوا میں ادھراُدھر منڈلانا ؛ آسمانی ۔(٦) قرضہ لےکرھنڈی خریدنا (نفع کے خیال سے) ۔

Carry-all / Carry all : (n) (١) ایک ھلکی چار پہیوں والی گاڑی جس میں ایک گھوڑا لگا ہوتا ھے اور کئی افراد کے بیٹھنے کی جگہ ھوتی ھے ۔(٢) ایک مسافر گاڑی (موٹر) جس میں دو مقابل نشستیں بغل میں لگی ھوتی ھیں ۔(٣) کشادہ تھیلا یا بیگ ۔ (٤) مٹی یا چھَری وغیرہ ڈھونے کی ایک مشین ۔

Carry-back : (تجارت) واپس لے جانا ۔

Carry home pack : (تجارت) ھلکا پیکٹ ؛ ھلکا بنڈل ۔

Carrying : (n) (١) لے جانا ؛ لے چلنا ؛ اپنے خیال دوسرے کے دلوں پر بٹھانا ؛ سفر خرچ لے جانا ؛ منوانا ؛ تسلیم کرا لینا ۔(٢) کامیاب ھونا ؛ تعلیم کےلئے کسی درجہ میں داخلہ لینا ؛ سہارنا ؛ بوجھ اتارنا؛ بوجھ سنبھالنا ؛ انتظام کرنا ۔

Carrying agent : (n) (تجارت) ڈھلائی ایجنٹ ؛ کارندہ ۔

Carrying capacity : (n) کسی مخصوص جگہ میں جانوروں کی آبادی جہاں ان کے کھانے پینے کی چیزوں کی کمی نہ ھو ؛ (تجارت) ڈھلائی کی استعداد ؛ حاملی گنجائش ۔(تجارت) خرچ بار برداری ۔

Carrying charge : (n) (١) کسی جائداد کی مستقل ملکیت یا استعمال پر کا محصول ۔(٢) اجرت یا محنتانہ جو قسط پر بھیجے گئے مال کی قیمت کے ساتھ جوڑ دیا جائے ۔

Carrying cost : (n) (تجارت) ڈھلائی ؛ باربرداری کی لاگت ۔

Carrying on : (n) (Pl. Carryings on) احمقانہ اور ناشائستہ حرکت ۔

Carrying over (of loss) : (n) (تجارت) آگے لےجانا (نقصان کا) ۔

Carrying place : (n) کشتی رانی کے قابل دریاؤں کا محصول ۔

Carrying trade : (n) (تجارت حمل و نقل) ایک ملک کا مال دوسرے ملک لے جانے کا کاروبار ؛ بار برداری کا کاروبار ۔

Carrying value : (n) چیز کی وہ قیمت جو تجارتی کھاتے میں درج ھوتی ھے ۔

Carse : (n) [ME."kerres"] (اسکاٹش) نشیبی زرخیز زمین خصوصاً کسی دریا کے کنارے کی ۔

Cart : (n) [ON."kartr"] (۱) چھکڑا یا گاڑی وزنی سامان کے لئے۔ (۲) کمانی دار گاڑی (دو پہیوں والی)۔

Dog cart : ٹم ٹم ۔

In the cart : (عامیانہ) پریشان کن حالت میں ہونا : شش و پنج کی حالت میں ہونا ۔

Mail cart : ڈاک لانے اور لے جانے کی گاڑی۔

Turn cart wheel : قلابازی کھانا (بچوں کا سڑکوں پر)۔

To set or put the cart before the horse : (۱) الٹا سمجھنا : الٹی بات کرنا : اثر کو علت گرداننا : گھوڑے کے آگے گاڑی ۔ (۲) گھوڑے کی دم میں لگام : الٹی گنگا بہانا ۔

Cart : (v) (۱) چھکڑے پر ڈھونا ۔ (۲) گاڑی یا چھکڑے پر لاد کے لے جانا : چھکڑے پر کام کرنا ۔ (۳) کسی کھیل وغیرہ میں آسانی سے ہرا دینا ۔ (٤) کسی شخص کو زبردستی کھینچ کرلیجانا ۔

Cart boot : (n) رعایا کو دیا گیا عطیہ یا وظیفہ ۔

Cart-head : (n) چھکڑے کا اگلا حصہ ۔

Cart-horse : (n) لدو گھوڑا یا ٹٹو ۔

Cart house : (n) چھکڑا خانہ ۔

Cart ladder / Cart leather : (n) چھکڑے کا کنگھرا جس سے چھکڑے کی گنجائش کو گھٹا بڑھا سکتے ہیں ۔

Cart-man : (n) گاڑی بان : چھکڑا بان ۔

Cart way : (n) چھکڑے کی سڑک جو سواری گاڑی کے کام کی نہ ہو : کچی سڑک ۔

Cart wheel : (n) چھکڑے کا پہیا : (مجازاً) بڑا سکہ ۔

Cart whip : (n) چھکڑے کا لمبا اور بھاری کوڑا ۔

Cart-wright : (n) چھکڑا بنانے والا : چھکڑا ساز ۔

Cartable : (a) چھکڑے پر ڈھونے جانے کے لائق : جہاں سے چھکڑا گزر سکے ۔

Cartage : (n) بار برداری : چھکڑے کا کرایہ : ڈھلائی ۔

Carte : (n) [L."carta"] (۱) تاش (جمع میں) : تاش کا پتہ ۔ (۲) طعام نامہ ۔

Carte : (a) [It."quarta"] شمشیر بازی میں مدافعت ' ہول : ہول کا پینترا ۔

Carte blanche : (n) [Fr.] (۱) دستخط کرکے سادہ کاغذ دیدینا جو جی چاہے لکھ لو ۔ (۲) اختیار کلی ' سیاہ و سفید کا اختیار : اختیار کلی ۔ (۳) Piquet کھیل میں کسی کے پاس ایسے پتوں کا ہونا جن میں بادشاہ، بیگم اور غلام نہ ہو ۔

Carte-dentree : (n) [Fr.] داخلہ کارڈ : ٹکٹ ۔

Carte-de-visite : (n) [Fr.] (۱) ملاقاتی کارڈ ۔ (۲) تصویر جس کی تقطیع ڈھائی X ساڑے تین انچ ہوتی ہے : چھوٹا فوٹو کارڈ ۔

Carte-du jour : (n) [Fr.] اشیائے خوردنی کی فہرست اور قیمت : طعام نامہ : مینو ۔

Carted chip : (n) (تاریخ) قیدیوں کا جہاز ۔

Cartel : (n) [It."cartello"] (۱) مبارزت نامہ : تحریری دعوت مبارزت ۔ (۲) بندی بدل نامہ : قیدیوں کا آپس میں بدلنے کا عہد و پیمان : قیدیوں کے تبادلہ کا جہاز ۔ (۳) ایک کارڈ یا کاغذ جس پر تحریر ہو یا کوئی چیز چھپی ہو ۔ (٤) بھاؤ سبھا : چیزوں کی قیمتیں طے کرنے کے لئے کارخانہ داروں کی انجمن ۔ (٥) سیاسی جماعتوں کا مل کر کام کرنے کا معاہدہ : (تجارت) کارٹل ۔

Cartel clock : (n) دیوار میں لٹکایا جانے والا فرانسیسی گھڑیال ۔

Cartel ship : (n) جہاز جو جنگ کے زمانے میں قیدیوں کو آپس میں تبادلہ کے لئے یا تجاویز لے جانے کے لئے دو لڑنے والی قوموں یا ممالک کے درمیان استعمال ہوتا ہے ۔

Cartelling : (n) قیدیوں کا آپس میں تبادلہ : مبارزت نامہ بنانا ۔

Carter : (n) (۱) گاڑی بان : بہلی بان : چھکڑے بان ۔ (۲) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Carter fish : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Cartesian : (n) [mod. L."cartesianus"] کارتیسی : ڈیکارٹ (مشہور فرانسیسی حکیم) فیلسوف کے فلسفہ اور ریاضیاتی قاعدوں سے متعلق یا ان کا پیرو ۔

Cartesian : (a) ڈیکارٹ کا پیرو ۔

Cartesian coordinates : (n) (ریاضی) کارتیسی مختصات ۔

Cartesian devil / Cartesian diver : (n) ایک چھوٹے کھوکھلے شیشے کی شکل جس کو پانی سے بھرے برتن میں رکھا جاتا ھے ، جس کا لچکیلا ڈھکن ھوتا ھے اور دباؤ سے پانی اس شکل میں داخل ھو جاتا ھے اور دباؤ کی تبدیلی سے ڈوبنے تیرنے وغیرہ کا اثر پیدا ھوتا ھے ؛ کارتیسی غوّاص ۔

Cartesian value : (n) (طبیعیات) کارتیسی قدریں ۔

Cartesianism : (n) ڈیکارٹ کا فلسفہ ؛ کارتیسیت (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ۔

Carthamic : (a) یوروپی ایشیائی پودے یا ان کے رنگ سے متعلق ۔

Carthamin : (n) [L."carthamus"] لال رنگ جو سافلاور (Safflower) سےنکلتا ھے ۔

Carthamus : (n) [Arab."qartam"] ایک قسم کا یوروپی ایشیائی پودا جس میں سے لال اور زرد رنگ نکلتاھے ؛ کسلم ؛ عصفر ؛ قرطوم ۔

Carthusian : (a) [L."carthusianus"] (۱) سن ۱۰۸٦ء میں راھب برونو کے قائم کردہ سلسلہ راھبان کے متعلق ؛ کارتھوزی مذھبی خانقاہ سے متعلق ۔

Carthusian : (n) (۱) کارتھوزی ؛ کارتھوزی سلسلے کا رکن ۔ (۲) کارتھوزی مذھبی خانقاہ یا مدرسے کا ممبر ۔

Cartilage : (n) [L."cartilago"] (۱) ذوی الفقرات یعنی ھڈی دار جانوروں میں مضبوط ، لچک دار بافت ؛ غضروف ۔ (۲) کرکری ھڈی ؛ کری ؛ مرمری ھڈی ؛ چپٹی ھڈی ؛ نرم استخوان ۔

Permanent cartilage : پختہ غضروف ۔

Temporary cartilage : بچوں کی دودھیا ھڈی جو بعد میں پکی بن جائے ؛ عارضی غضروف ۔

Cartilaginification : (n) غضروف کی تشکیل یا غضروف مین تبدیلی ۔

Cartilaginiform : (a) غضروف نما ؛ غضروف سے مشابہ ۔

Cartilaginoid : (a) مثل غضروف کے ؛ غضروف آگیں ؛ کرکری سا ۔

Cartilaginous : (n) [F."cartilagineux"+-ous] کر کری کا ؛ مرمری ھڈی کا ؛ کریلا ؛ کرکریلا ؛ غضروفی ۔

Cartilaginous fish : (n) کرکری مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا ڈھانچہ کرکرا ھو ۔

Cartload : (n) چھکڑا بھر ؛ گاڑی بھر ؛ کھیپ ۔

Cartographer : (n) [L."carta"+Gr."graphos"] رسام ؛ نقشہ کش ؛ نقشہ نگار ۔

Cartographic / -al : (a) نقشہ کشی کے متعلق ؛ نقشہ نگاری سے متعلق ' رسامی ۔

Cartography : (n) [prec.+ Gr."graphia"] نقشہ کشی ' علم ترتیب نقشہ جات ؛ نقشہ نگاری (فلسفہ ، نفسیات و تعلیمات) ۔

Cartomancy : (n) [It. "carta"+ Gr."mantia"] تاش فال ؛ تاش کے ذریعہ پیش گوئی کرنا ۔

Carton : (n) [It "cartone"] (۱) چاند یعنی چاند ماری کی تختی پر سفید قرص ؛ بلزی ؛ وہ گولی جو بلزی پر لگے ۔ (۲) دفتی کا ڈبہ ؛ ڈبہ بنانے کی دفتی ۔

Cartoon : (n) [See prec.] (۱) موٹے کاغذ پر خاکہ ۔ (۲) پورے صفحے پر تصویر خصوصاً سیاسی جو پنچ اخباروں میں ھوتی ھے ؛ کارٹون ؛ پنچانہ تصویر ۔

Cartoon : (v) (۱) کارٹون بنانا ؛ خاکہ بنانا ۔ (۲) خاکہ اڑانا تصویر کے ذریعہ ؛ تصویری خاکہ اڑانا ۔

Cartoonery : (n) کارٹون کا فن ۔

Cartoonist : (n) کارٹون نگار ؛ کارٹون بنانے والا ۔

Cartouche : (n) [F."cartoucho"] (۱) کارتوس ؛ ٹوٹا ؛ کارتوس کا ڈبہ ۔ (۲) (تعمیرات) ستون کی کارنس پر بیل ۔ (۳) تختی جس پر ستونی بیل نہ ھو یا جو اس انداز کی بنائی گئی ھو کہ اسے زیبائش یا کتبہ لکھنے کے لئے استعمال کریں ۔ (٤) بیاض ؛ بیل تختی ۔ (٥) (اثریات) شکبہ (شاھی کتابہ + بیضوی + ھیرو غلیفی) ؛ بیضوی حلقہ جس پر خط تصویری میں مصری بادشاھوں وغیرہ کے نام اور خطاب درج ھوں ۔

Cartouche-box : (n) کارتوس کا ڈبہ ۔

Cartridge : (n) [A corruption of CARTOUCHE] (۱) کارتوس ۔ (۲) روشنی کے محفوظ کیمرہ میں لگانے کےلئے لپیٹا ہوا فلم ۔ (۳) کارتوس نما چیز جس میں گراموفون کی سوئی ہوتی ہے ۔ (٤) مقناطیسی ٹیپ کی ریل کا ایک چھوٹا ڈبہ ۔

Ball cartridge : گولی کا کارتوس ۔

Blank cartridge : خالی کارتوس : بغیر گولی کا کارتوس ۔

Cartridge belt : (n) کارتوس پیٹی جس میں کارتوس رکھنے کے خانے بنے ہوتے ہیں ۔

Cartridge box : (n) کارتوس کا ڈبہ ۔

Cartridge case : (n) دیکھو Cartridge belt

Cartridge road : (n) چھکڑے کی سڑک جو سواری گاڑی کے کام کی نہ ہو : کچی سڑک ۔

Cart 's tail : چھکڑا یا گاڑی کا وہ پچھلا حصہ جس سے مجرم کو باندھ کر سڑکوں پر گھمایا جاتا تھا ۔

Cartulary / Chartulary : (n) [mod. L."chartularium"] (۱) مِل کا دفتر ۔ (۲) رجسٹر ۔

Carucage / Carr-: (n) [mod. L."carruca"] ہر ایک ہل پر لگایا ہوا محصول یا اتنی زمین کا ٹیکس جو ایک ہل سے جوتی جا سکتی تھی ۔

Carucate / Carrucate : (n) [L."car(r)ucata"] سال میں ایک ہل (۸ بیلوں سے) جوتی جانے بھر زمین : ۱۲۸ ایکڑ زمین ۔

Carum : (n) [Gr."karon"] وہ خوشبودار پودا جو سال میں دو بار اگتا ہے اور جس کے پھول سفید ہوتے ہیں : کردیہ : زیرہ سیاہ ۔

Caruncle : (n) [L."caruncula"] گوشت کا لٹکا ہوا حصہ : دھشنہ : گندمہ : لحمیہ : ناف دانہ : گوشت پارہ ۔

Caruncular / Carunculate / Carunculous : (a) گوشت کے لٹکے ہوئے حصہ کی طرح : لحمہ دار : ناف دانہ دار ۔

Carus : (a) [Gr. "karos"] شدید قسم کی بے حسی : لا حسیت : مکمل بے حسی ۔

Carve : (v) [OE. "ceorfan"] (۱) کاٹنا ، تراشنا ۔ (۲) تراش کر شکل بدل دینا ۔ (۳) نقش و نگار کھود کر مزین کرنا : منبت کاری کرنا ۔ (٤) کھاتے وقت گوشت کاٹنا ۔ (٥) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ (٦) اپنی خواھش کے مطابق ٹکڑے کرنا ۔ (۷) راستہ بنانا یا نکالنا ۔

To carve in : نقش کرنا : کھودنا ۔

To carve on : نقش و نگار کھودنا ، منبت کاری کرنا : کسی چیز پر کھود کر نقش بنانا : کندہ کرنا ۔

To carve one 's way : اپنے بل پر یا اپنی قوت بازو سے بڑھنا : اپنے لئے راستہ پیدا کرنا ۔

To carve out : ٹکڑا اتارنا : بزور شمشیر حاصل کرنا ۔

To carve out of : تراشنا : کھودنا : بنھا کر یا کاٹ کر نقش کرنا ۔

Carve : (n) تراش : کاٹ ۔

Carved : (a) کاٹا ہوا : کٹا ہوا : نقش کیا ہوا : کھود کر بنایا ہوا ۔

Carvel : (n) [OF."caruelle"] دیکھو Caravel

Carvel-built : (n) ہموار تختہ بندی ۔

Carvel-joint : (n) تختوں کا ہموار جوڑ ۔

Carvel planked : (a) ہموار تختوں سے بنا ہوا ۔

Carvene : (n) زیرہ رومی کے تیل میں پایا جانے والا ھائیڈرو کاربن ۔

Carver : (n) (۱) کندگر : سنگ تراش : بت تراش : کندہ کار : منبت کار ۔ (۲) بوٹی کاٹنے والا ۔ (۳) چھرا : بغدہ : سکین : کارد ۔ (٤) کھانے کی میز پر گوشت کاٹنے والا ۔

A pair of carver : چھری کانٹا ۔

Carving : (n) (۱) تراشنا : کاٹنا : منبت کاری کرنا : چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا : نقاشی ۔ (۲) کندہ کاری سے نقش یا خاکہ بنایا ہوا : کندہ کاری : سنگ تراشی ۔

Carving in relief : (تاریخ) اُبھری نقاشی ۔

Carving knife : (n) چھری ؛ سکین ؛ کارد ۔

Caryatid : (n) [Gr."karyatides"] (تعمیرات) ستون پری ؛ عورت کا بت جو بجائے ستون بنایا جائے ؛ زن ستون ؛ (تاریخ) عورت کی مورتی جو ستون کا کام دے ۔

Caryaphyllaceous : (a) [mod. L."caryophyllaceae"] (نباتیات) لمبے پنجوں والے پتے دار پودے جو حلقہ دار مسند گل میں چھپے ہوتے ہیں ۔

Caryophylleous : (a) ایسے پودوں سے متعلق جن کے پھولوں کے لمبے پنجہ نما پتے ہوتے ہیں ۔

Caryopsis : (n) [Gr."karyo+ophis"] ایک بیج والا چھوٹا پھل جس میں پھل اور بیج اس طرح جٹے ہوتے ہیں کہ وہ ایک معلوم ہوتے ہیں ۔

Casa : (n) [Short for "capias ad satisfaciendu"] Capias دیکھو

Casa : (n) [L.] مکان ؛ گھر ۔

Casaba : (n) [Turk] خربوزہ کی ایک قسم جو سردیوں میں پیدا ہوتا ہے ۔

Casal : (a) [CASE + AL] اسم کی حالت سے متعلق ۔

Casal / Casale : (n) [It."casale"] قریہ ۔

Casalty : (n) [alter. of "CASUALTY"] غیر متیقن ؛ اتفاقی ؛ ناقابل اعتماد ۔

Casanova : (a) [f.Giovanni Jacopo Casanova, It. adventurer"] عاشق ؛ تماشہ بیں ؛ عیاش ۔

Casaque : (n) [MF."Cassock"] ایک قسم کا عورتوں کا شلوکا ۔

Casasia : (n) [NL.] ایک قسم کی امریکی جھاڑی یا درخت جس کے پھول سفید یا زرد ہوتے ہیں ۔

Casbah : (n) [Arab"qasbah"] (۱) شمالی افریقہ کا ایک قلعہ ۔ (۲) قلعہ کے نزدیک وہ شہر جس میں شمالی افریقی باشندے رہتے ہیں خصوصاً جہاں رقص گاہیں یا قحبہ خانے ہوتے ہیں ۔

Cascabel : (n) [Sp. "cascabel"] (۱) توپ کا پچھلا حصہ ؛ توپ کی نال کے بعد کے حصے کا گھنڈی نما ابھار ۔ (۲) جنوبی امریکہ کا ایک زہریلا سانپ ؛ سانپ کی دم کا حلقہ جس سے آواز نکلتی ہے ۔ (۳) ایک چھوٹی کھوکھلی گول گھنٹی جس میں ایک چھوٹی گولی ہوتی ہے اور جسے ہلانے سے آواز نکلتی ہے ۔

Cascade : (n) [It."cascata"] (۱) مثل آبشار کے گرنا ؛ آبشیب ؛ آبشارک ؛ جھرنا ۔ (۲) (عامیانہ) قے کرنا ۔ (۳) کسی کام کو بتدریج کرنا ؛ سلسلہ ۔

Cascade connection : (n) (۱) (کیمیا) آبشاری جوڑ ۔ (۲) سلسلہ وار اتصال ۔

Cascade process : (n) (شماریات) بتدریج اشتقاقی ؛ (کیمیا) آبشاری طریقہ عمل ۔

Cascade shower : (n) (کیمیا) آبشاری بوچھاڑ ۔

Cascara : (n) [Sp.] (۱) کسکارا ؛ ملین دوا جو ایک درخت کی چھال سے حاصل ہوتی ہے ۔ (۲) اسپینی امریکی چھال سے بنی ہوئی کشتی ۔

Cascarilla : (n) [Sp. dim. of "cascara"] جزائر غرب الہند کا ایک خوشبو دار پودا جس کی چھال بطور خوشبو یا بطور ٹانک استعمال ہوتی ہے ۔

Cascarillin : (n) جزائر غرب الہند کے ایک پودے کی چھال سے نکلا ہوا تلخ مادہ ۔

Cascaron : (n) [Sp.] انڈے کا چھلکا جس میں رنگین کاغذ کے چھوٹے چھوٹے گول ٹکڑے بھرے ہوتے ہیں اور ناچنے والے رقص کے موقع پر پھینکتے ہیں ۔

Caschrom : (n) [Gael. "cas"+"chrom"] تیشہ ؛ گینتی ۔

Casco : (n) [Sp.] ایک لمبا مستطیل بجرہ جس میں بادبان بھی ہوتے ہیں ۔

Case : (n) [L."casus"] (۱) حالت ؛ معاملہ ؛ وقوعہ ؛ صورت ۔ (۲) حیثیت ؛ حالات ؛ کیفیت ۔ (۳) (طب) کسی بیماری کی حالت مرض ؛ واقعہ یا حادثہ مرض ؛ مریض زیرعلاج ۔ (٤) دعوا ؛ مقدمہ ؛ مقدمہ زیر تجویز عدالت ؛ بیان واقعہ جو عدالت بالا کے لئے تیار کیا گیا ہو ؛ نالش ؛ معاملہ ۔ (٥) نظیر عدالت ؛ حوالہ ۔ (٦) عرض ؛ عرض حال ؛ صورتحال ؛ گزارش ؛ حقیقت ؛ عرض معروض ۔ (۷) کسی ایک فریق کا بیان ۔ (۸) (نحو) اسم کی حالت ۔ (۹) مثال ۔ (۱۰) عجیب و غریب آدمی ۔ (۱۱) دلیل ۔ (۱۲) گھری مگر عارضی محبت ۔

A leading case : نظیری مقدمہ ۔

Abessive case : (لسانیات) معیاری حالت ۔

Accusative case : (لسانیات) معنوی حالت ۔

Active case : (لسانیات) عملی حالت ۔

Aditive case : (لسانیات) جہتی حالت ۔

Agential case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Ambiguous case : (ریاضیات) مبہم حالت ۔

Case of first impression : ایسا مقدمہ جس میں قانون کے کسی سوال کو اٹھانے جانے کی کوئی نظیر نہ ہو ۔

Case on appeal : مرافعہ یا اپیل کنندہ جو بیان عدالت میں داخل کرتا ہے جس میں ان واقعات کی تفصیل ہوتی ہے جس کی بنا پر اپیل دائر کی گئی ہو ۔

Comformative case : (لسانیات) مشابہتی حالت ۔

Comparative case : (لسانیات) تقابلی حالت ۔

Compellative case : (لسانیات) ندائی حالت ۔

Delative case : (لسانیات) تنزیلی حالت ۔

Destinative case : (لسانیات) مقصودی حالت ۔

Direct case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Directive case : (لسانیات) رہبرانہ حالت ۔

Discriminative case : (لسانیات) امتیازی حالت ؛ فاعلی حالت ۔

Elative case : (لسانیات) استنباطی حالت ۔

Elgative case : (لسانیات) مجہول فاعلی حالت ۔

In any case : بہر حال ؛ ہر طرح ؛ بہر طور ؛ بہر نمط ؛ بہر کیف ؛ ہرچہ بادا باد ۔

In case : درصورت ؛ شاید ؛ بحالت ؛ مبادا ۔

In case of : در صورت ؛ بہ حالت ؛ درباره ۔

In case to / for : تیاری ۔

In evil case : مفلوک الحال ؛ پریشان ؛ برے حال میں ۔

In good case : مرفہ حال ؛ آسودہ حال ؛ اچھی حالت میں ۔

In no case : کسی حالت میں بھی نہیں ۔

In that case : اس صورت میں ؛ درآں صورت ۔

In the case : درباره ۔

Instrumental case : (لسانیات) آلی حالت ۔

General case : (ریاضیات) عام حالت ۔

Genitive case : (لسانیات) اضافی حالت ۔

Judge states a case : جج مقدمہ بیان کرتا ہے یا تیار کرتا ہے ۔

Locative case : (لسانیات) مکانی حالت ۔

Make out one 's case : دعوی ثابت کرنا ۔

Mediative case : =(Instrumental case) (لسانیات) آلی حالت ۔

Nominative case : (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Oblique case : (لسانیات) غیر فاعلی حالت ۔

Particular case : (ریاضیات) خاص حالت ۔

Similative case : (لسانیات) مشابہتی حالت ۔

That is our case : یہ ہمارا دعوی ہے ۔

To put or set (the) case : بالفرض؛ فرض کرنا ؛ مثلاً ۔

Vocative case : (لسانیات) ندائی حالت ۔

Case : (n) [L."capsa"] (۱) غلاف ؛ خول ؛ میان ؛ خانہ ؛ نلوا ؛ چونگا ؛ گھر ؛ پیٹی ؛ صندوق ؛ بیگ ؛ پودوں کو لگانے کے لئے چوکھٹا ۔(۲) نمونہ ؛ عجائبات وغیرہ دکھلانے کےلئے شیشے کا صندوق ؛ نمائش دان ۔ (۳) بکس معہ اندر کی چیزوں کے ؛ سٹ ؛ مجموعہ ۔ (٤) (چھاپہ) حروف دان ۔(٥) چوکھٹ جس میں دروازہ یا کھڑکی لگتی ہے ۔(٦) کسی چیز کا ڈھانچہ ؛ کسی فرنیچر کا ڈھانچہ ۔ (۷) بند گولیہ یا گولی (تبہ میں بند)۔ (۸) وھیل مچھلی کے سر کے اگلے حصہ میں ایک مثلث جوف ۔(۹) کارتوس ۔ (۱۰)(عامیانہ) ڈالر ۔(۱۱) پلاسٹر کا سانچہ ۔ (۱۲) خانہ دار بکس ۔ (۱۳) (تاش میں) کسی رنگ کا ایک پتہ جو بچ جائے ۔(١٤) جِلد ۔

A case of pistols : دو (پستول) : دو عدد پستول ۔

Down to cases : اصل معاملہ : اصل معاملہ کی بات ۔

Dressing case : جامعہ دان ۔

Lower case : (طباعت)چھوٹے حروف ' (تجارت) کیس کا نچلا حصہ ۔

Upper case : (طباعت) بڑے حروف : (تجارت) کیس کا اوپری حصہ ۔

Case / Case char : (n) سالمن خاندان کی کوئی مچھلی ۔

Case : (v) (۱) صندوق میں رکھنا : صندوق میں بند کرنا : غلاف چڑھانا : میان میں رکھنا : بکس میں بند کرنا ۔(۲) (تعمیرات) دیوار میں اینٹ کی جگہ کوئی دوسری چیز جڑ دینا ۔ (۳) شیشہ چڑھانا کسی چیز پر ۔ (٤) جلد لگانا ۔(٥) کنویں کی دیواروں کو پختہ کرنا ۔ (٦) (عامیانہ) معائنہ کرنا کوئی جرم کرنے کےقبل ۔(۷) کھاد کو مٹی کی پتلی تہ سے چھپا دینا ۔(۸) (تاش) کھیلے ہوئے پتوں کو یا د رکھنا ۔

Case book : (n) کتاب جس میں ایسے واقعات کی تفصیل درج ہو جس سے عام اصولوں کی وضاحت ہوتی ہے : (طب) کتاب المرضی ۔

Case-bottle : (n) چوکور بوتل : ایسی بوتل جو کسی صندوق میں بآسانی دوسری بوتل کے ساتھ رکھی جا سکے ۔

Case-count : (n) کسی چیز کی تعداد کا شمار بلا لحاظ ان کی صفات کے ۔

Case ending : (n) (لسانیات) حالتی اختتامیہ ۔

Case-form : (n) (لسانیات) حالتی روپ ۔

Case-glass / Cased glass : (n) ایسا شیشہ جس میں دو مختلف رنگوں کی تہیں جٹی ہوئی رھتی ہیں ۔

Case grouping : (n) (سماجیات) کیس کی جماعت بندی : مصیبت زدہ افراد کی جماعت بندی ۔

Case -gun : (n) ایک انچ سے بڑے دھانے کی بندوق ۔

Case harden : (v) (۱) سطح کو سخت یا کڑا کرنا : کیمیاوی طریقے سے لوھے پر فولاد چڑھانا : (استعارتاً) سخت یا بے حس بنا دینا : سنگ دل کردینا ۔

Case-hardened : (a) (۱) بے حس : سنگ دل ۔ (۲) خیال اور چلن کسی خاص ڈھنگ کا ہو ۔

Case-history : (n) (۱) کسی شخص کی ذاتی اور خاندانی تاریخ اور ماحول کی دستاویز : بیان جس سے اسکی حالت سمجھنے میں مدد ملتی ھے ۔(۲) کسی خاص مثال کا بیان جس سے اس قسم کی چیزوں پر روشنی پڑے ۔(۳) کسی حالت یا چیز کی تاریخ ۔ (٤) معنی خیز مثال ۔

Case-history (method) : (n) (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) سوانحی مطالعہ (طریقہ) ۔

Case in plastic : (n) (کیمیا) کیسین پلاسٹک ۔

Case-knife : (n) (۱) میان میں رکھا ہوا چھرا ۔ (۲) لمبا چھرا ۔

Case-law : (n) نظیری قانون یعنی وہ قانون جو از روئے نظیر مقرر کیا جائے ۔

Case-liner : (n) نمی روک اور کاغذ روک کاغذ یا دوسری چیز کا غلاف ۔

Case load : (n) (سماجیات) کیس کا بوجھ (ایسے افراد یا خاندان کی تعداد جو کسی کے ھاتھوں میں ھو) ۔

Case method : (n) کالج اور یونیورسیٹیوں میں ذریعہ تعلیم جس میں صحیح واقعات کو مطالعہ اور تجزیہ کے لئے پیش کیا جاتا ھے ۔

Case moth : (n) ایک مکھی کا پھل روپ جو اپنے جسم کے لئے غلاف بنا لیتا ھے ۔

Case of conscience : وہ قضیہ جس میں ضمیر کو دو متضاد اصولوں میں فیصلہ کرنا پڑے : ضمیر کا معاملہ ۔

Case record : (n) مثل مقدمہ ۔

Case-shot : (n) بند گولہ یا گولی : ڈبے میں گولہ یا گولی جو بغیر فیتہ کے چھوڑی جائے ۔

Case-study : (n) انفرادی اکائی کا تفصیلی تجزیہ : (فلسفہ ، تعلیم و نفسیات) مطالعہ فرد ۔

Case-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Case work : (n) ایسے فرد یا خاندان کا تفصیلی سماجی مطالعہ جو اپنے ماحول سے ہم آهنگ نہ ہو ۔

Case worm : (n) دیکھو Case moth

Caseation : (n) [L."caseatu"] دودھ کا جم جانا ' جبنیت ؛ پنیراؤ ۔

Caseic : (n) [L."caseus"+ic] (کیمیاوی) پنیر کی اصل کا ترشہ ۔

Casein : (n) [as prec .] پنیر کی اصل : چھینا : جبنین ؛ (کیمیا) کیسین ۔

Caseinogen : (n) [f. CASEIN] دیکھو casein

Caseinogenate : (n) (کیمیا) کسینو جنیٹ ۔

Caseless : (a) بغیر بکس : غلاف : خول وغیرہ کے ۔

Casemate : (n) قلعے کا کمانچہ جس میں رند ھوتے ھیں ؛ (تاریخ) کمانچہ (فریم جو کھڑکی کا کام دے) ۔

Casemated : (a) قلعے کا کمانچہ جس میں رُند ھونے کی صفت پائی جائے ؛ کمانچہ بنایا ھوا ؛ مستحکم کیا ھوا ۔

Casement : (n) (۱) (تعمیرات) ایک کھوکھلی خمیدہ ڈھلائی ۔ (۲) جھروکہ : آئینہ دار کھڑکی ؛ روزنہ ؛ دریچی ۔(۳) کھڑکی کی چوکھٹ یا چوکھٹ کاوہ حصہ جس میں قبضے لگے ھوں ۔

Casement cloth : (n) ایک قسم کا سادہ یا منقش کپڑا جو کھڑکیوں کے پردوں میں استعمال ھوتا ھے ۔

Casement window : (n) جھروکہ؛ آئینہ دار کھڑکی؛ دریچی ۔

Casemented : (a) جھروکہ دار؛ کھڑکی دار ۔

Caseous : (a) [L."caseus"] پنیر کا ؛ پنیری ؛ پنیر کے مانند ؛ پنیر نما ؛ پنیر سا ؛ پنیر صفت ۔

Casern /Ceserne : (n) [Sp."caserna"] (عموماً جمع) قلعہ کے مکانات اورفصیل کے درمیان سپاھیوں کے لئے چھوٹے چھوٹے مکانات ؛ بیرک ؛ گڑھ چھاؤنی ۔

Cash : (n) [L."capsa"] روکڑ ؛ زرنقد ؛ روپیہ ۔

Hard cash : زرنقد ۔

In cash : جس کے پاس نقدی ھو ۔

Local cash : (تجارت) مقامی روکڑ ؛ مقامی نقدی ۔

Out of cash : جس کے پاس نقد روپیہ نہ ھو ۔

Prompt cash : (تجارت) فوری بھگتان : فوری ادائی ۔

Ready cash : زر نقد ؛ (تجارت) تیارنقد ی ۔

Cash : (n) [Tamil] ایک چھوٹا سوراخ دار تانبے کا سکہ جو جنوبی ھندوستان اور جزائر شرق الھند میں رائج تھا ۔

Cash : (v) بھنانا ؛ تڑانا ۔

To cash in one 's chips : مر جانا ۔

Cash account : (n) (تجارت) نقد کا حساب ۔

Cash and carry : خود خرید کر چیزیں لے آنا ۔

Cash asset : (n) نقدی اثاثہ اور جو اثاثہ نقد میں آسانی سے تبدیل ھو سکے ۔

Cash-book : (n) نقد کھاتا ؛ روکڑ بہی ؛ نقدی رجسٹر ۔

Agency and branch cash book : (تجارت و معاشیات) ایجنسی اور شاخ نقد بہی ۔

Bank column cash book : (تجارت و معاشیات) بنک کالم نقد بہی ؛ بنک کالم روکڑ بہی ۔

Petty cash book : (تجارت و معاشیات) خورد روکڑ بہی ؛ خورد نقد بہی ۔

Columner cash book : (تجارت و معاشیات) خانہ وار نقد روکڑ ؛ خانہ وار نقد بہی ۔

Shareholder 's cash book : (تجارت و معاشیات) نقد بہی حصہ داران ۔

Slip cash-book : (تجارت و معاشیات) نقدبہی پرچی ۔

Three columner 's cash-book : (تجارت و معاشیات) تین خانے والی نقد بہی ۔

Trustees cash-book : (تجارت ومعاشیات) نقدی بہی متولیان ؛ متولیوں کی نقد بہی ۔

Cash-box : (n) تجوری ۔

Cash-boy : (n) کسی دکان کا وہ ملازم جس کا کام خریداروں کا پیسہ خزانچی سے بھنا کر لے آنا ھے ۔

Cash-budget : (n) (تجارت) نقد بجٹ ؛ نقد کا میزانیہ ۔

Cash carrier : (n) خزانچی سے پیسہ لانے اور لے جانے کی مشین ۔

Cash certificate : (n) (تجارت) نقدی سند ؛ نقد نامہ ۔

Cash contract : (n) سٹہ بازار میں فروخت کرنا اس شرط پر کہ رقم ایک خاص تاریخ تک ادا کر دی جائے ۔

Cash control : (n) (تجارت) نقدی کنٹرول ۔

Cash counter : (n) (انتظامیہ) کیش کاؤنٹر ؛ جائے ادائی (رقم) ۔

Cash credit : (n) وہ قرض جو بینک اپنے گاھک کو ایک مقررہ حد تک دیتا ھے ۔

Cash-crop : (n) (تجارت) تجارتی فصل ۔

Cash customer : (n) نقد ادا کرنے والا خریدار ۔

Cash discount : (n) منہائی جو نقد ادا کرنے میں دی جاتی ھے ؛ (تجارت و معاشیات) نقد کٹوتی ۔

Cash down : (n) نقد (اُدھار کی ضد) ۔

Cash fare : (n) (تجارت و معاشیات) نقد کرایہ ۔

Cash flow : (n) (تجارت) نقد کا بہاؤ ۔

Cash-income : (n) (تجارت) نقد آمدنی ۔

Cash-in-hand : (n) زر نقد جو پاس میں ھو ؛ نقد روپیہ ؛ موجودہ بقایا ۔

Cash-market : =(spot market) (تجارت) نقد بازار ۔

Cash-memo : (انتظامیہ) نقد پرچی ؛ رسید نقدی ۔

Cash nextus : (n) (تجارت) نقدی لین دین ۔

Cash on delivery : (تجارت و معاشیات) ادائی بر سپردگی ؛ عندالوصول ۔

Cash payment : (n) نقد ادائی ۔

Cash position ratio : (n) (تجارت) نقدی کا تناسب ۔

Cash price : (n) نقد قیمت ۔

Cash price concession : (تجارت و معاشیات) رعایت بہ ادائی نقد ۔

Cash purchase : (n) (تجارت و معاشیات) نقد خرید ۔

Cash ratio : (n) (تجارت) نقدی نسبت ۔

Cash receipt : (n) (تجارت) نقدی رسید ۔

Cash refund warrant : (تجارت و معاشیات) نقد واپسی وارنٹ ۔

Cash register : (n) ایک مشین جو روزانہ کی فروخت کی آمدنی وغیرہ کا حساب کتاب کرتی ھے ۔

Cash relief : (n) (عمرانیات) ذاتی نظام ؛ ذات کا نظام ۔

Cash-rent : (n) (تجارت) نقد لگان ۔

Cash-reserve : (n) (تجارت و معاشیات) نقد محفوظ ۔

Compulsory cash reserve : (تجارت و معاشیات) لازمی نقد ریزرو (محفوظ) ۔

Cash sale : (n) (تجارت و معاشیات) نقد بکری ؛ نقد فروخت ۔

Cash scroll : (n) (تجارت) نقدی فہرست ۔

Cash-sheet : (n) (تجارت) نقدی شیٹ ؛ روکڑ شیٹ ؛ نقدی تختہ ۔

Cash system of accounting : (تجارت و معاشیات) طریقہ نقد کھاتا نویسی ۔

Cash tenant : (n) رعیت جو نقد مال گذاری ادا کرتا ھے ۔

Cash transaction : (n) (تجارت) نقدی سودا ۔

Cash value : (n) بیمہ کرنے والے کو جو رقم میعاد مقررہ سے پہلے لینے سے ملتی ھے ۔

Cash wage : (n) (تجارت) نقدی معاوضہ ۔

Cash with order : (تجارت) نقدی بوقت آرڈر ۔

Cash wrap facility : (تجارت) مشینی کیش میمو سہولت ۔

Cashel : (n) [L."castellum"] دائرہ نما دیوار جو کلیسائی عمارتوں کے گرد آئرلینڈ اوراسکاٹ لینڈ میں پائی جاتی ھے ۔

Cashew : (n) [Brazil "acajoba"] کاجو کا درخت ۔

Cashew bird : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Cashew nut : (n) کاجو ۔

Cashier : (n) [F."caissier"] تحویل دار ؛ خزانچی ؛ بینک یا کسی سوداگر کی نقدی کا محافظ ؛ صراف ۔

Cashier : (v) [Flem. or Du. "casseren"] معزول کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ جواب دے دینا ؛ برخاست کرنا ؛ نام کاٹنا ؛ خارج کر دینا ؛ رد کردینا ؛ چھنکارا پا لینا ۔

Cashierer : (n) معزول کرنے والا ؛ برطرف کرنے والا ؛ برخاست کرنے والا ؛ رد کرنےوالا ۔

Cashierment : (n) برخاستگی ؛ موقوفی ؛ معزولی ؛ بر طرفی ۔

Cashmere : (n) [Place name] (۱) کشمیری شال ۔(۲) وہ اون جس سے کشمیری شال بنتی ھے ۔ (۳) مصنوعی کشمیری شال ۔

Cashmere goat : (n) کشمیری بکرا / بکری ۔

Cashmere stag : (n) کشمیری ھرن ۔

Cashmerette : (n) [f. CASHMERE] کشمیرہ ۔

Casing : (n) (۱) غلاف ؛ صندوق ۔ (۲) Case فعل کا عمل ۔

Casing : (n) گونٹھا ؛ اُپلا ۔

Casino : (n) [It."casa"] (۱) جوا خانہ ؛ عام ناچ گھر ؛ رقص خانہ ۔ (۲) (اطالوئی) چھوٹا سا بنگلہ جو باغ وغیرہ میں بیٹھنے کے لئے بنالیتے ھیں ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔

Casita : (n) [Sp. "casa"] چھوٹا مکان ؛ چھوٹا گھر ۔

Cask : (n) [Sp. "casa"] (۱) پیپا (لکڑی کا) ؛ چوبی پیپا ۔ (۲) پیپے میں رکھی ھوئی چیز ؛ پیپے میں رکھی ھوئی چیز کی مقدار ۔

Cask : (v) پیپے میں رکھنا یا بھرنا ۔

Casket : (n) [of unknown etym.] (۱) صندوقچہ ؛ ڈبا زیورکا ؛ جواھرات کا ڈبا جو عموماً قیمتی اور منقش ھوتاھے ؛ حقہ ؛ درج ۔(۲) تابوت ؛ میّت کا صندوق ۔

Casket : (v) صندوقچے یا ڈبے میں بند کرنا یا رکھنا ۔

Casket : (n) Gasket کا متبادل ۔

Casque : (n) [Sp. "casco"] (۱) خود ؛ ٹوپ ؛ مغفر ۔ (۲) (مجازاً) خود کی طرح کوئی چیز ۔

Casqued : (a) خود پہنے ھوئے ۔

Casquet : (n) [Sp. "casco"] ھلکا کھلا ھوا خود ۔

Casquetel : (n) [f. CASQUET] بغیر چھجے کا ھلکا اور کھلا ھوا خود ۔

Casquette : (n) [F. "casque"] چھجے دار ٹوپی ۔

Cass : (v) [L. "quassare"] رد کرنا ؛ تنسیخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ۔

Cassada : (n) Cassava کا متبادل ۔

Cassandra : (n) [Gr."kasandra"] (۱) کل جبًا ؛ سیاہ زبان ۔ (۲) ایسا کاھن یا پیشین گو جسے کوئی نہ مانے ؛ زرقہ ۔(۳) ایک دلدلی جھاڑی جس کے سدابہار پتے اور چھوٹے سفید پھول ھوتے ھیں ۔

Cassareep : (n) [Carib.] لت کث (جزائر غرب الھند کا ایک پودا) کا رس جو جراثیم کش ھوتا ھے ۔

Cassation : (n) [OFr. "cassation"] رد ؛ تنسیخ ؛ ابطال ؛ منسوخی ؛ مرافعہ ۔

Court of cassation : عدالت مرافعہ یا اپیل خصوصاً غیر ممالک میں ۔

Cassava : (n) [Taino (Haiti)] (۱) لت کث ؛ جزائرغرب الھند کا ایک پودا جس کی جڑیں گرہ دار ھوتی ھیں ۔(۲) لت کث سے نکالا ھوا نشاستہ ؛ اس کی روٹی ۔

Casse : (n) [Fr.] شراب میں ایک قسم کی خرابی (دھات کے برتن میں رکھنے کی وجہ سے)۔

Casse paper / Cassie paper : (n) [Fr. "papier casse"] رِم کے دونوں طرف کا کاغذ جو حمل و نقل میں خراب ھو جاتا ھے ۔

Casserole : (n) [late L."cattion"] (۱) مٹی ؛ شیشہ یا کسی دھات کا بنا ھوا ظرف جس میں ایک ڈھکن ھوتا ھے ۔ (۲) ایسے ظرف میں پکایا ھوا کھانا ۔ (۳) چیزیں جو بعض کھانوں کے حاشیہ پر رکھی ھوتی ھے ۔

En casserole : مندرجہ بالا ظرف میں پکا ہوا کھانا ۔

Cassette : (n) [Fr. dim. of "case"] (۱) صندوقچہ ؛ بٹوا ۔ (۲) قلم رکھنے کا چھوٹا چپٹا ڈبا ۔ (۳) مٹی کے برتن پکانے کا سانچہ ؛ وہ خول جس میں پکایا جانے والا برتن ملفوف کیا جاتا ھے ۔

Censure : (v) [F. "censurer"] (۱) الزام لگانا ؛ ملامت کرنا ؛ مذمت کرنا ۔ (۲) کسی افسر کے خلاف قانون ساز مجلس کی تحریک میں ناپسندیدگی کا اظہار کرنا ۔

Censure motion : (n) (تاریخ) تحریک مذمت ۔

Censureless : (a) الزام سے بری ؛ ملامت سے آزاد ۔

Censurer : (n) الزام لگانے والا ؛ ملامت کرنے والا ؛ مذمت کرنے والا ۔

Censureship : دیکھو Censorship

Census : (n) [L. "census"] (۱) مردم شماری ؛ سرشماری ۔ (۲) قدیم روم میں مردوں اور جانداد کی شمار محصول کے لئے ۔ (۳) شمار یا فہرست ؛ عدد بندی ۔ (٤) کرایہ زمین ۔

House hold census : (سماجیات) خانہ وار مردم شماری ۔

Census : (v) مردم شماری کرنا ؛ شمار کرنا ۔

Census of population : (انتظامیہ) مردم شماری ۔

Census organisation : (n) (تجارت) مردم شماری تنظیم ۔

Census paper : (n) مردم شماری کا تختہ ۔

Census report : (n) (تجارت) مردم شماری رپورٹ ۔

Census return : (n) (تجارت) مردم شماری فرد ۔

Census schedule : (n) (سماجیات) گوشوارہ مردم شماری ۔

Census taker : (n) مردم شماری کرنے والا ۔

Census tract : (n) (تجارت) مردم شماری کا حلقہ ۔

Cent : (n) [L. "centum'] (۱) سینکڑہ ؛ صد ؛ سو ۔ (۲) فرانس اور امریکہ کا ایک کم قیمت سکّہ ؛ ڈالر کا سوواں حصہ ۔ (۳) فیصد ؛ فی سینکڑہ ۔ (٤) سوواں ۔ (٥) کسی بنیادی سکّہ کا سوواں حصہ ؛ سوویں حصے کا سکہ یا نوٹ ۔ (٦) معمولی رقم ۔ (۷) دو خالص سروں کےبیچ کا وقفہ ۔

Percent : فی صدی ؛ فی سینکڑہ ۔

Three (etc.) per cents : تین (وغیرہ) فی صد ؛ پبلک تمسکات کی شرح سود ۔

Cent percent : سو فی صدی ۔

Centage : (n) دیکھو Per centage : فی صد ۔

Cental : (n) صدم ؛ سو پونڈ کا وزن (غلہ کے ناپ کے لئے) ۔

Centaur : (n) [Gr. "Kentauros"] (۱) دیومالا میں ایک جانور جس کا جسم گھوڑے کا اور گردن کی بجائے آدمی کا اوپر کا دھڑ ؛ قنطور ؛ قنطورس ؛ قنطروس ۔ (۲) دو نسلا ؛ دوغلا ؛ دومیلہ (شخص یا چیز) ۔ (۳) ستاروں کے ایک جھرمٹ کا نام ؛ قنطورس ؛ ظلمان ۔ (٤) شہسوار ۔

Centaurdom : (n) دونسلیت ؛ دو میلیت ۔

Centauress : (n) (مونث) قنطورہ ۔

Centaurium : (n) [L. "centaureum"] ایک قسم کے چھوٹے پودے ؛ گل گندم ۔

Centauromachia : [Gr."kentauros"] قنطوروں کی جنگ ۔

Centaurus : (n) (فلکیات) قنطورس ۔

Centaury : (n) [L."centaureum "] (۱) مختلف قسم کے پودوں کا نام ؛ قنطاری ۔ (۲) (نباتیات) قنطاریون ؛ حشیش العلیب ؛ خسك ؛ بھکھڑا ۔

Centavo : (n) [L."centum"] جنوبی امریکہ کے بعض ممالك جیسے ارجنٹینا ، چلی وغیرہ کے Peso سکے کا سوواں حصہ ۔

Centenarian : (a) [L. "centenarius"] (۱) سوبرس کا ؛ صد سالہ ۔(۲) صد سالگی کے متعلق ۔

Centenarian : (n) صد سالہ شخص ؛ سوبرس کا آدمی ۔

Centenary : (a&n) [L. "centeni"] (۱) صد سالہ ؛ سوبرس کا؛ شتابدی ۔ (۲) کسی صدی کی ایک تاریخ سے دوسری صدی کی اسی تاریخ تك ؛ سو برس کا زمانہ ۔(۳) سو برسی ؛ صد سالہ سالگرہ ، جشن صد سالہ ؛ صد سالہ برسی ۔

Centenier : (n) [L. "centenarius"] جزیرہ جرسی کا پولیس افسر ۔

Centennial : (a) [L. "centennium"] (۱) صد سالہ ؛ سو برس کا ۔(۲) جو سو برس تك قائم رہے ؛ سو برس کا ؛ جو سو برس میں ختم کرے ؛ سو برسا ؛ سوویں برسی کے متعلق ۔(۳) سوویں برسی ؛ جوبلی ۔ (٤) صد سالہ ۔(٥) پانسے کا ایک کھیل ۔

Centennium : (n) [L. "centum+annus"] سو سال کی مدت ؛ صدی ۔

Center : (n) دیکھو Centre

Centering / Centreing : (n) (۱) قالب ۔(۲) عدسوں کو اس طرح لگانا کہ ان کا محور ایک خط مستقیم میں ہو ۔

Centering error : (n) (طبیعیات) خطاء مرکزاؤ ۔

Centesimal : (a) [L. "Centesimus"] (۱) سوویں حصوں کے حساب سے گننا یا گنا ہوا ۔ (۲) سوواں حصہ ؛ سوواں ؛ صدم ۔

Centesimal system : (n) (ریاضی) ماءتی نظام ۔

Centesimally : (adv) صدی کی ؛ سوویں حصے سے لے کر ۔

Centesimate : (v) ہرسوویں آدمی کو سزا دینا یا قتل کر دینا ۔

Centesimation : (n) ہر سوویں آدمی کی سزا یا قتل ۔

Centesimo : (n) (Pl. centesimi) [L. "centesimus"] ایک اطالوی Cent

Centesis : (n) (Pl.centeses) [Gr. "kentein"] جراحی چھید ؛ نقب ؛ بزل ۔

Centgener : (n) [L."centum +gener"] پودوں اور جانوروں کی بڑی تعداد جو ایك ھی خاندان سے ہوتے ہیں ۔

Centi -, [Comb. f. L."centum"] بطور جزو ترکیبی بمعنی "سو" یا "سوواں حصہ" ۔

Centiday : (n) ١٤منٹ اور ٢٤ سکنڈ کا وقت جو پودوں کی بالیدگی کے مطالعے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Centifolious : (a) صد برگہ ۔

Centigrade : (a) [L."centum + gradus"] جس میں سو درجے ہوں (سیلسیس کے تپش پیما کے متعلق جس میں نقطۂ جوش کے درمیان سو درجے ہوتے ہیں) ؛ مئ ؛ مئوی ؛ سنٹی گریڈ ۔

Centigrade : (n) سنٹی گریڈ تھرما میٹر ؛ سنٹی گریڈ پیمانہ ۔

Centigrade temperature scale : (طبیعیات و کیمیا) سنٹی گریڈ ناپ پیمانہ ؛ پیمانۂ حرارت ۔

Centigrade thermometer : (طبیعیات) مئی تپش پیما ؛ سنٹی گریڈ تھرما میٹر ۔

Centigramme : (n) [F.] ایک گرام کا سوواں حصہ ؛ ١/١٠٠ گرام ۔

Centilitre : (n) ایک لیٹر کا سوواں حصہ ؛ ١/١٠٠لیٹر ۔

Centile : (n) (شماریات) ایک سوواں ۔

Centiloquy : (n) | "Centiloquium" | بطلیموس کی ایک کتاب جس میں علم نجوم کے متعلق سو اقوال ھیں ۔

Centime : (n) | Fr. | ایک فرانسیسی سکه جو فرینک (سکه) کا سوواں حصه ھوتا ھے ۔

Centimetre : (n) | Fr. | (۱) ایک میٹر کا سوواں حصه ؛ (۲) (کیمیا) سنٹی میٹر ۔

Centimetre wave : (n) (طبیعیات) سنٹی میٹر لہر ۔

Centimetregram second system : (ریاضی) سینٹی میٹرگرام سکنڈ پیمانه ؛ (C.G.S.) ؛ (طبیعیات) سینٹی میٹر گرام سکنڈ نظام ۔

Centimo : (n) ھسپانوی پیسیٹا (Peseta) سکے کا سوواں حصه ۔

Centinormal : (a) (کیمیا) فطری تیزی کا سوواں حصه رکھنے والا ۔

Centipedal : (a) | L. "Centum -" + - AL | صدپا ۔

Centipede / Centiped : (n) (حیوانیات) کنکھجورا ؛ صدپا ؛ گوم ۔

Centner : (n) | L. "centenarius" | (۱) جرمن وزن جو انگریزی ایک سو سے ایک سو بیس پاؤنڈ کےبرابر ھوتا ھے ۔(۲) (فلزیات) ایک وزن جو پہلے سو حصوں میں پھر مزید چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ھے ۔

Cento : (n) (Pl. centos) | L. "cento", PL. "centones" | وہ مضمون جو مختلف مصنفوں سے خوشه چینی کے بعد بنایا گیا ھو ؛ منتخبات ۔

Centoism : (n) (also centonism) دوسرے مصنفین سے خوشه چینی کرنا ۔

Centonate : (a) (نباتیات) داغ داغ ۔

Central : (a) L."centrum" | (۱) مرکزی ؛ مرکز کا ؛ مرکز سے ؛ مرکز پر ؛ مرکز میں ؛ جس میں مرکز واقع ھو یا شامل ھو ؛ درمیانی ؛ وسطی ؛ متوسط ۔(۲) بنیادی ؛ ضروری ؛ خاص ؛ نمایاں ؛ سربرآوردہ ؛ ممتاز ۔ (۳) (عضویا ت) کسی اعصابی مرکز کا یا اس سے متعلق ۔(٤) (علم الامراض) اس اعصابی نظام سے متعلق جس میں دماغ اور حرام مغز واقع ھیں ۔

Central acceleration : (n) (ریاضی) مرکزی اسراع ؛ (طبیعیات) مرکزی شرح رفتار ۔

Central account : (n) (تجارت) مرکزی کھاتا ۔

Central air escape : (n) (لسانیات) درمیانی ھوا نکاسی ۔

Central axis : (n) (طبیعیات ، ریاضی) مرکزی محور ۔

Central banking : (n) (تجارت) مرکزی بینک کاری ۔

Central conic : (a) (ریاضی) مرکزی مخروطی ۔

Central conicoid (n) (ریاضی) مرکزی مخروطی نما ۔

Central confidence interval : (n) (شماریات) مرکزی اعتمادی وقفه ۔

Central consonant oral (vocoid) : (لسانیات) مرکزی مصمته نما ۔

Central cylinder : (n) (ریاضی) مرکزی اسطوانه ۔

Central disc : (n) (ریاضی) مرکزی قرص ۔

Central ellipsoid : (n) (ریاضی) مرکزی ناقص نما ۔

Central fire : (n) کارتوس کی ٹوپی پر گھوڑے کے گرنے سے داغا جاتا ھے ۔

Central force : (n) (ریاضیات) مرکزی قوت ۔

Central Government : (n) (انتظامیه) مرکزی حکومت ۔

Central line : (n) (ریاضی) مرکزی خط ۔

Central meaning : (n) | Also essential meaning | (لسانیات) ۔ اصل معنی ۔

Central meridian : (n) (ریاضی) مرکزی نصف النهار ۔

Central moment : (n) (شماریات) مرکزی حرکت ۔

Central nervous system : (n) (حیوانیات) مرکزی عصبی نظام ۔

Central orbit : (ریاضی) مرکزی مدار ۔

Central planning: (n) (تجارت) مرکزی منصوبه بندی ۔

Central point : (n) (ریاضی) مرکزی نقطه ۔

Central position : (n) (ریاضی) مرکزی مقام ۔

Central vowel : (n) (لسانیات) درمیانی مصوتہ ۔

Centrale : (n) [L.] os centrale کا اختصار : (علم التشریح) کلائی کی ھڈی ۔ (حیوانیات) مرکزیہ ۔

Centralism : (n) مرکزیت : نظام مرکزی ۔

Centralist : (n) مرکزیت پسند : مرکزی نظام کے حامی ۔

Centralist : (n) مرکزی نظام کی حمایت کرنے والا ۔

Centrality : (n) مرکزیت : مرکز پر : مرکز پرھونے کی حالت ۔

Centralization : (n) [See next] (۱) مرکزی نظام : مرکزیت ۔ (۲) مرکز پر لانےکا عمل : مرکز پر ھونا : مرکزیت کی حالت ۔

Centralize /- ise : (v) [Perh. ad. F. "centraliser"]
(۱) مرکز پر آنا : مرکز پر لانا ۔
(۲) حکومت کو ایک مرکز پر لانا ۔
(۳) مرکزی نظام حکومت کو جاری کرنا ۔

Urban centralization : (n) (سماجیات) شہری ارتکاز ۔

Centralized : (a) مرکوز : مرکز بنایا ھوا ۔

Centralized vowel : (n) (لسانیات) مرکوز مصوتہ ۔

Centralizer : (n) مرکزی نظام حکومت کا حامی ۔

Centrally : (adv) بیچوں بیچ : درمیان میں : مرکز میں ۔

Centralness : (n) مرکز میں ھونے کی حالت : مرکزیت : وسطیت ۔

Centre / Center : (n) [L. "centrum"] (۱) وسطی نقطہ : بیچ کا نقطہ : مرکز : وسط ۔ (۲) گردش کا نقطہ : محور یا اس کی چول : خراد میں مخروطی شکل کا سہارا جو گردش کرنے والے حصے کو قائم رکھتا ھے : چول ۔
(۳) نقطہء ارتکاز یا انتشار : مبدا : قلب : وہ چیز جس کے گرد اور چیزیں جمع ھوں ۔
(٤) (فنی اصطلاح) منتظم : سرفراز : قائد : سر مرکز ۔ (۵) چاند ماری کا مرکز : چاند ماری کے مرکز پر نشانہ لگنا ۔
(٦) (تعمیر) گنبد یا محراب بنانے کے لئے لکڑی کا ڈھانچہ : گردہ (خاکہ) ۔
(۷) (فوج) قلب لشکر ، قلب ۔ (۸) زمین کا مرکز : زمین ۔ (۹) اعصابی مرکز ۔
(۱۰) Fenians (آئرلینڈ کی سوسائٹی) کا سرغنہ ۔ (۱۱) کسی چیز کا نقطہٴ توازن یا حالت توازن ۔ (۱۲) قانون ساز اور دوسرے سیاست داں جو متوازن نظریہ رکھتے ھیں ۔ (۱۳) اسٹیج کا وسطی حصہ ۔
(۱٤) کسی کھیل کا وہ کھلاڑی جو بیچ میں رھتا ھے (خصوصاً فٹ بال میں) : وسط سے پیچھے گیند کو پھینکنا ۔

Dead centre : (n) غیر متحرک مرکز۔

Head centre : (n) سرناظم : سر قائد ۔

Instantaneous centre : (n) (طبیعیات) فوری مرکز۔

Left centre / Left : (n) انتہا پسند جماعت : یساری جماعت : یساری ۔

Line of centres : (n) (طبیعیات) مرکزوں کا خط ۔

Radical centre : (ریاضی) مرکز جذری ۔

Right centre / Right : (n) قدامت پسند جماعت : یمنی جماعت : یمنی ۔

The centre : (n) (سیاسیات) قلب : وسطی یعنی اعتدال پسندوں کی جماعت ۔

Centre : (v) (۱) مرکز میں : مرکز پر : مرکز کے چاروں طرف یا مرکز کے گرد جمع ھونا : مرتکز ھونا : یکجا ھونا : مرکز کے گرد گھومنا ۔ (۲) مرکز میں رکھنا : مرکز کا نشان ڈالنا : مرتکز کرنا : مرکز معلوم کرنا ۔ (۳) مرکز میں ھونا یا مرکز کو آراستہ کرنا ۔ (٤) عدسوں یا آئینوں کو اس طرح ترتیب دینا کہ سب کے محور ایک ھوں ۔ (۵) بیچ کے کھلاڑی کی حیثیت سے کھیلنا (فٹ بال) ۔ (٦) ٹکٹوں وغیرہ میں اس طرح سوراخ کرنا کہ چاروں حاشیوں کی چوڑائی برابر ھو ۔

Centre adjunct : (n) (لسانیات) مرکزی ترمیمیہ ۔

Centre bit : (n) مرکز تراش برما : دائرہ تراش برما : ولایتی برما ۔

Centre board : (n) کشتی میں ھوا اوٹ تختہ ۔

Centre fire : (n) central fire دیکھو

Centre of acceleration : (n) (ریاضی) مرکز اسراع ۔

Centre of action : (n) (طبیعیات) مرکز عمل ۔

Centre of a fleet : (n) بحری بیڑے کا وسطی حصہ ۔

Centre of a higher curve : (n) وہ نقطہ جہاں دو قطر ملتے ہوں ۔

Centre of an army : (n) قلب فوج ؛ قلب لشکر ۔

Centre of attraction : (n) (طبیعیات) مرکز تجاذب ؛ (یعنی وہ مرکز جسکی طرف تمام اجسام بوجہ جاذبہ مائل ہوں) ؛ (مجازاً) مرکز توجہ ؛ جالب توجہ ؛ (ریاضی) مرکزکشش ۔

Centre of bouyancy : (n) (طبیعیات) مرکز اچھال ؛ مرکز سبکی ۔

Centre of curvature : (n) مرکز انحنا ۔

Centre of gravity : (n) (طبیعیات) مرکز جاذبہ ؛ مرکز ثقل ۔

Centre of gyration : (n) مرکز تدویم ؛ وہ نقطہ جہاں اگر کسی گردش کرنے والی چیز کی پوری کمیت جمع کی جائے تو گردش کی رفتار یکساں رہےگی ۔

Centre of inertia : (n) = (centre of gravity) & (centre of mass) (ریاضی) مرکز جمود ۔

Centre of inversion : (n) (ریاضی) مرکز تعاکس (طبیعیات) مرکز تقلیب ۔

Centre of location : (n) (شماریات) مرکز وقوع ۔

Centre of mass : (n) (طبیعیات) مرکز کمیت ؛ (ریاضی) مرکز کمیت (مقدار مادہ) ۔

Centre of motion : (n) وہ نقطہ جوساکت (غیر متحرک) رهتا ھے جب کہ سب حصے متحرک ہوں ۔

Centre of oscillation : (n) (۱) مرکز نوسانی ۔ (۲) (طبیعیات) ڈولن مرکز ؛ (ریاضی) مرکز اهتزاز ۔

Centre of percussion : (n) کسی متحرک چیز کا وہ نقطہ جہاں تصادم سب سے زیادہ ہو ؛ (ریاضی) مرکز اخلال ۔

Centre of pressure : (n) (۱) کسی متحرک چیز کا وہ نقطہ جہاں پورا دباؤ ڈالا جاسکے اسی اثر کے ساتھ جو اس کے منقسم ہونے میں ہو ۔ (۲) (طبیعیات) داب مرکز ؛ (ریاضی) دباؤ کا مرکز ۔

Centre of reflection : (n) (ریاضی) مرکز انعکاس ۔

Centre of revolution : (n) (ریاضی) مرکز دوران ۔

Centre of similitude : (n) (ریاضی) مرکز مشابہت ۔

Centre of suspension : (n) (طبیعیات) مرکز تعلیق ۔

Centre of symmetry : (n) (طبیعیات) مرکز سمیٹری ۔

Centre of the tongue : (n) (لسانیات) وسط زبان ۔

Centre piece : (n) وہ چیز جو آرائش کے لئے میز پر رکھتے ھیں ؛ میز آرا ۔

Centre second : (n) گھڑی میں سیکنڈ بتانے والی سوئی ۔

Centre rail : (n) بیچ کی پٹری جو پٹریوں کے بیچ میں ڈالی جائے تاکہ پہاڑی ریلوں کا دندانہ دار پہیہ چل سکے ؛ بیچ کی پٹری ۔

Centred / Centered : (a) (۱) مرکز رکھنے والا ۔ (۲) بیچ میں رکھا ہوا ؛ برابر حاشیوں والا۔

Centreless : (a) لامرکز ؛ بے مرکز ۔

Centremost : (a) مرکز سے قریب ترین ۔

Centric : (a) [Gr. "kentrikos"] (۱) بیچ کا ؛ متوسط ؛ مرکزی ؛ درمیانی ؛ درمیان میں قائم اعصابی مرکز سے متعلق یا اس مرکز کا ۔ (۲) مکانی رشتہ کے متعلق خصوصاً دانتوں کا باھمی ارتباط ۔

Centric : (n) [Gr. "kentrikos"] ایک دائرہ جس کا مرکز زمین ہو ۔

Centrically : (adv) بیچوں بیچ ؛ درمیان میں ؛ مرکزمیں ۔

Centricity : (n) مرکز پر ؛ مرکز میں ہونا ؛ تمرکز ۔

Centrifugal : (n) [mod. L. "centifugus"] (۱) جو مرکز سے بھاگنے یا بھاگنے پر مائل ہو ؛ مرکز گریز ؛ متباعد المرکز ؛ متنفر المرکز ۔ (۲) (طبیعیات) بر مرکز۔ (۳) (عضویات) اعصابی مرکز سے باہر جانے والا ؛ بیروں بر ؛ باہر آنے والا ۔

Centrifugal force : (n) وہ قوت جس سے کسی مرکز پر گھومتا ہوا جسم مرکز سے دور ہو ؛ مرکز گریزقوت ؛ قوت متباعد المرکز ؛ قوت متنفر المرکز ؛ قوت ہاربہ ؛ قوت دافعہ ؛ مرکز سے دفع کرنےوالی قوت ؛ مرکز گریز قوت ؛ قوت نابذہ ۔

Centrifugal inflorescence : (n) (نباتیات) پودوں کے اوپر چوٹی کے پھولوں کا پہلے مہکنا اور بعد میں بیچ والوں کا یہاں تک کہ جڑ کے پاس والے پھول کھلیں ؛ مرکز گریز ازہار ؛ مرکز گریز نظام گل ۔

Centrifugal machine : (n) مرکز گریز مشین ۔

Centrifugal method : (n) (طبیعیات) برمرکز طریقہ ۔

Centrifugal pump : (n) گھومنے والا پمپ جس میں سیال ایک مرکز سے باہر اور اوپر کی طرف نکلتا ہے ۔

Centrifugal tendency : (n) مرکزگریزہونے کا میلان ؛ مرکز گریز میلان ۔

Centrifugally : (adv) مرکز گریزانہ ۔

Centrifuge : (a) [F.] (ریاضی) مرکز گریزہ ؛ گردشی حرکت کے ذریعہ دودھ سےمکھن الگ کرنے کی مشین ۔

Centrifugence : (n) مرکز گریزقوت ، میلان یا عمل ۔

Centrifuging : (n) (ریاضی) مرکز گریزی ۔

Centring / Centering / Centreing : (n) (کامرس) بیچوں بیچ لانا ۔

Centring dipthong : (n) (لسانیات) درمیانی دوھرا مصوتہ ۔

Centring scale : (n) (تجارت) سینٹرینگ اسکیل ۔

Centripetal : (a) [mod.L. "centripetus"] (۱) مرکز کی طرف مائل ؛ مرکز جویا در مرکز ؛ جاذب المرکز ؛ مائل المرکز ؛ جاذبہ مرکزی - (۲) (نباتیات) درمرکزیہ ۔ (۳) (حیاتیات) باہر سے اندر کی طرف جانے والا ۔ (٤) (اعصاب) اندر کی طرف جانے والا ۔

Centripetal acceleration : (n) (طبیعیات) مرکز جو اسراع ۔

Centripetal force : (n) مرکز جو قوت ؛ قوت مائل المرکز؛ قوت جاذب المرکز ؛ قوت جاذبہ ؛ قوت مرکزی ؛ (ریاضی) مرکز جو قوت ۔

Centripetal inflorescence : (n) مرکز جو ازهار ؛ مرکز جو نظام گل ۔

Centripetal machine : (n) مرکز جو مشین ۔

Centripetal tendency : (n) مائل المرکز ہونے کا میلان ۔

Centripetally : (adv) مرکز جویانہ ۔

Centripetence : (n) [L."centripetentia"] مرکز جو حرکت یا عمل ۔

Centripetency : (n) مرکزجوئی ۔

Centrism : (n) مرکزیت ۔

(سماجیات) جماعتی مرکزیت ۔ Group centrism : (n)

Centrist : (n) [F.] (۱) معتدل ۔ (۲) فرانس کی سیاسی جماعت (Centre) کا رکن : مرکزی ۔

Centro - : [Comb. f. L. "centrum"] نیم جزو ترکیبی بمعنی " مرکز/ مرکزی " ۔

Centro sphere : (حیوانیات) مرکزی کرہ ۔

Centrobaric : (a) مرکز ثقل سے متعلق یا اس کو معلوم کرنے کے متعلق ۔

Centroclinal : (a) (ارضیات) ایک مرکز کی طرف جھکا ہوا ۔

Centrode : (n) مرکز ہندسی ۔

Centroid : (n) مرکز ہندسی ؛ (ریاضی) مرکز وسطانی ۔

Centroid method : (n) (شماریات) طریقہ مرکزیت ۔

Centrolinead : (n) (اقلیدس) ایک قسم کا آلہ جس سے رسائی سے دور نقطوں تک خط کھینچا جاتا ہے ۔

Centrolineal : (a) ایسے خطوں سے متعلق جو ایک نقطہ پر ملتے ہوں یا رجوع کرتے ہوں ۔

Centronote : (n) [Gr. "kentron + notos"] مچھلی کی ایک قسم جس کی پیٹھ پر آگے کی طرف جھکا ہوا کانٹا ہوتا ہے ۔

Centrosome : (حیوانیات) مرکزی جسم ۔

Centrostaltic : (a) ریڑھ کے مرکز میں اعصابی قوت کا عمل ۔

Centrum : (n) [Gr. "kentron"] (۱) فقری جانوروں کا جسم ۔ (۲) کھوکھلے تنوں والے پودوں میں ہوا کی مرکزی جگہ ۔ (۳) وہ نقطہ ، لکیر یا جگہ جہاں سے زلزلے کی لہر شروع ہوتی ہے ۔

Centum : (n) [L.] سو : صد ۔

Centum : (a) انڈو یورپی زبان کے خاندان کا ایک حصہ ۔

Centum tongue : (n) (لسانیات) کینٹم زبان ۔

Centumvir : (n) [Pl. centumviri L. "centum" + vi] (۱) رومی دیوانی عدالت کے تقریباً سو ججوں یا جیوریوں میں سے ایک ۔ (۲) (تاریخ) قدیم رومی عدالت ۔

Centumviral : (a) رومی سو ججوں میں سے ایک کے متعلق ۔

Centumvirate : (n) رومی ججوں یا جیوریوں کا عہدہ : رومی تمام جج : سو آدمیوں کی ایک جماعت ۔

Centuple : (a) [L." Centuplus"] صد چنداں : سوگنا : صد برابر ۔

Centuple / Centuplicate : (v) سو گنا کرنا : سو سے ضرب دینا : سو نقلیں کرنا یا لینا ۔

Centuplicate : (a & n) سو گنا : سو نقلیں ۔

Centuplication : (n) سو گنا کرنا : سو سے ضرب دینا ۔

Centurial : (a) [L. "centuria"] سو سال سے متعلق : سو سال کا : صدی کا آغاز ۔

Centuriation : (n) (تاریخ) سو سو میں تقسیم کرنا ۔

Centuriator : (n) [L. "centuriatus"] (۱) سولہویں صدی عیسوی کے پروتسٹنٹ علما جنھوں نے کلیسا کی تاریخ تیرہ جلدوں میں تیار کی اور ہر جلد ایک ایک صدی کے متعلق تھی ۔ (۲) وہ مورخ جو عہدوں کو یا وقت کو صدیوں میں تقسیم کرتا ہے یا وقت کا امتیاز صدیوں میں کرتا ہے ۔

Centuried : (a) صدیوں پرانا ۔

Centurion : (n) رومی فوج کا سردار جس کے ماتحت سو (۱۰۰) جوان رہتے تھے ۔

Century : (n) [L. "centuria"] (۱) (رومی تاریخ) سو جوانوں کا دستہ ۔ (۲) رائے دہی کے لئے سیاسی حلقہ ۔ (۳) کسی چیز کا سو ، صد ، صدی (خصوصاً کرکٹ کھیل کے سو (۱۰۰) رن ۔ (٤) صد سال : سو برس : صدی (خصوصاً عیسوی صدی) ۔ (٥) صد سالہ زمانہ : مسلسل سو برس : صدی ۔ (٦) (مجازاً) سو آدمیوں کی کوئی جماعت ۔ (۷) (جمع میں) سولہویں صدی عیسوی کے پروتسٹنٹ علما کی تاریخ کلیسا ۔ (۸) سو پاؤنڈ یا سو ڈالر ۔

Century plant : (n) ایک قسم کا امریکی پودا جس میں بہت برسوں کے بعد پھول آتے ہیں اور اس کے بعد وہ پودا مرجھا جاتا ہے ۔

Century writer : (n) دیکھو Centuriator

Ceorl : (n) [OE.] اینگلو سیکسین عہد میں سب سے نیچے طبقے کا آزاد آدمی ۔

Cepe : (n) [F. "cepe"] سماروغ : ککرمتا : سانپ کی چھتری ۔

Cephalalgic : (a) [See "cephalalgy "] درد سر یا اس سے متعلق : درد سر میں مبتلا ۔

Cephalalgic : (n) [See next] درد سر کی دوا ۔

Caphalalgy : (n) [L. "cephalalgia"] درد سر ۔

Cephalanthium : (n) [Gr. "kephle + anthos"] (نباتیات) گل سر ۔

Cephalaspis : (n) [Gr. "kephale + aspis"] متحجر مچھلیوں کی ایک قسم جو اولڈ ایڈ سینڈ استون میں پائی گئی ۔

Cephalate : (n) [Gr. "kephale" + - ATE] نمایاں سر والا صدف ۔

Cephalic : (a) [Gr. " kephalikos"] (۱) سر کا : سر سے متعلق : راسی : سر کے نزدیک : سر بھر : سر میں ۔ (۲) سر کی بیماری کو ٹھیک کرنے والا ۔

Cephalic : (n) مقوی دماغ ؛ دوائے درد سر ۔

Cephalic index : (n) سر کی لمبائی اور چوڑائی کا تناسب ۔

Cephalic vein : (n) بازو کی رگ ۔

Cephalically : (adv) سر کے بارے میں ۔

Cephalitis : (n) [Gr. "kephale" + - ITIS] دماغ اور اس کی جھلی کا ورم ۔

Cephalization : (n) [Gr. "kephale"] دماغ کی ترقی اور اس کے جسم پر حاوی ہونے کی حد کے لئے Dans کی ایک اصطلاح ۔

Cephalized : (a) ترقی یافتہ دماغ والا ۔

Cephalo - : (comb.) [Comb. f. Gr. "kephale"] نیم جزو ترکیبی بمعنی سر ۔

Cephalo-extractor : (n) بچے کی پیدائش میں اس کا سر پکڑ کر نکالنے کا آلہ ۔

Cephalocathartic : (n) دماغ کی اصلاح کرنے والا ۔

Cephalocaudal gradient : (n) (فلسفہ و نفسیات) سر سے دم تک ڈھال کا تناسب ۔

Cephalocele : (n) سر کی رسولی ۔

Cephaloid : (a) [Gr. " kephaloides"] سر کی شکل کا ۔

Cephalology : (n) علم سر شناسی ۔

Cephalometer : (n) [Gr.] (۱) سر کو ناپنے کا آلہ جو پہلے پیدائش کے وقت جنین کے سر کو ناپنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) زندہ سر کو ناپنے کا آلہ ۔

Cephalometry : (n) سر پیمائی کا علم ؛ علم قیاس الراس ۔

Cephalophorous : (a) [Gr.] نمایاں سر والے صدف کا وصف ۔

Cephalopod : (n) [f. CEPHALOPODA] (حیوانیات) سرپایہ ؛ صدفوں کی ایک قسم جن کے پاؤں سر پر لگے ہوں جیسے گھونگا ۔

Cephalopoda : (n) [Gr.] (حیوانیات) گھونگے وغیرہ کی ایک اعلیٰ جنس جن کے پاؤں سر پر ہوتےہیں ۔

Cephalopodal / Cephalopodic / Cephalopodous : (a) گھونگے کا یا اس سے متعلق ۔

Cephalopodan : (a) دیکھو Cephalopodal

Cephalopodan : (n) دیکھو Cephalopoda

Cephalopterous : (a) [Gr.] کلغی دار سر والا ؛ پروں یا بازووں والے سر والا یا سر کا ۔

Cephalostat : (n) [Gr.] سر کا سہارا ۔

Cephalothoracic : (a) [See next] سر اور سینہ ملے ہونے جانوروں کا یا ان سے متعلق ۔

Cephalothorax : (n) [Gr. "kephale" + THORAX] سر اور سینہ ملے ہونے جانور جیسے کیکڑا ، مکڑی وغیرہ ۔

Cephalotime : (n) [Gr.] جنین کے سر کاٹنے کا آلہ ۔

Cephalotomy : (n) سر کی تشریح ۔

Cephalotribe : (n) [Gr.] جنین کے سر کو کچل دینےکا آلہ ۔

Cephalotripsy : وضع حمل کی دشواری کی حالت میں جنین کا سر کچل دینے کی جراحی ۔

Cephalous : (a) دیکھو Cephalate

Cephalous : (suff.) لاحقہ خصوصاً لسانیاتی اصطلاحات کا بمعنی سر والا ۔

Rechycephalous : (a) چھوٹے سر والا ؛ خرد سر ۔

Cepheid : (n) [Gr.] مرتعش ہونے والے ستاروں میں سے ایک جن کی روشنی میں تبدیلیاں باضابطہ ہوتی ہیں ۔

Ceraalba : (n) [NL.] سفید بنایا ہوا موم ۔

Ceraceous : (a) [L. "cera"] موم جیسا ؛ موم کا ۔

Ceraflava : (n) [NL.] زرد موم جس کو سفید نہیں بنایا گیا ہو ۔

Cerago : (n) [L. "cera"] زرگل اور شہد جس کو شہد کی مکھیاں کھاتی ہیں ۔

Ceral : (a) [f. "Cere"] بعض پرندوں کی چونچ کی موم جھلی سے متعلق ۔

Ceral : (a) [L. "cera"] موم سے متعلق ۔

Cerambycidae : (n) [NL.] بھونرے کا ایک خاندان ۔

Ceramic : (a) (also keramic) [Gr. "keramikos"] (۱) فن کوزہ گری ؛ سفل گری ؛ خزافی ؛ کمہاری کے متعلق ۔(۲) (جمع میں) فن کوزہ گری ؛ سفال گری ؛ کمہاریات ؛ خزافیات ۔

Ceramic expert : (n) (انتظامیہ) ماہر سفال گری ؛ ماہر گل کاری ۔

Ceramic industry : (n) (کیمیا) صنعت کوزہ گری ۔

Ceramic insulator : گلی ؛ سفالی ؛ غیر موصل ۔

Ceramist : (n) سفال گر ؛ کوزہ گر ؛ خزاف ؛ ماہر خزافیات ۔

Ceramography : (n) سفالیات کا مطالعہ ۔

Cerargyrite : (n) [improp. f. Gr. " keras + argyros"] سلور کلورائیڈ ؛ ایک قسم کی معدنی شے جو سفید یا ہلکے زرد یا خاکستری رنگ کی ہوتی ہے اور روشنی میں یا گلنے سے سیاہ ہوجاتی ہے ۔

Cerasin : (n) [L. "cerasus" + IN] چیری یا دوسرے درختوں کے گوند کا ناقابل تحلیل حصہ ۔

Cerastes : (n) [Gr. "kerastes"] ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کی دونوں آنکھوں کے اوپر سینگ کی قسم کا ابھار ہوتا ہے ۔

Cerastium : (n) [Gr. "kerastes"] چھوٹے پودوں کی قسم جس میں چھوٹے سفید پھول ہوتے ہیں ۔

Cerasus : (n) [NL.] جھاڑیوں یا درختوں کی ایک نوع جس میں چیری وغیرہ شامل ہیں ۔

Cerate : (n) [Gr. "kerotos"] روغن موم ؛ موم روغن ؛ مرہم ۔

Cerated : (a) موم میں لپٹا ہوا ۔

Ceratiidae : (n) [NL.] گہرے سمندر میں پائی جانے والی مچھلیوں کا خاندان جن کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور جن کے نر چھوٹے ہوتے ہیں اور مادہ کے جسم یا سر ملحق رہتے ہیں ۔

Ceratinous : (a) [Gr. "keratinos"] سینگ نما ۔

Cerato - : (comb.) [Comb. f. Gr. "keras","krat"] جزو ترکیبی بمعنی " سینگ " " سینگدار " " قرنیہ " ۔

Cerato-branchial : (a) [Gr.] مچھلیوں اور جل بھو سیا کے گلپھڑے کے حصوں کا وصف ۔

Ceratocele : (n) [Gr.] آنکھ کے قدنیہ کی رسولی ۔

Ceratodus : (n) [NL.] (حیوانیات) سیراٹوڈس ۔

Ceratohyal : (n) کرکری ہڈی جو زبان کی جڑی ہڈیوں کا ایک حصہ ہوتی ہے ۔

Ceratophilus : [NL."cerat+phyllum"] پسّو کی ایک قسم جو عموماً چڑیوں میں پائی جاتی ہے ۔

Ceratophyllum : (n) [NL."cerat+phyllum"] بے جڑ اور پتلے تنے کے آبی پودوں کی ایک قسم ۔

Ceratoplasty : (v) [Gr.] مصنوعی قرنیہ بنانا۔

Ceratopogonidae : (n) [NL." ceratopogon + idae"] ایک چھوٹی لمبی ٹانگوں اور دو پر والی مکھیوں کی ایک قسم جو آدمی ، جانوروں اور چڑیوں کو کاٹتی ہے ۔

Ceratorhine : (n) [NL."ceratorhinus"] ایک قسم کا دو سینگوں والا گینڈا جس کے نیچے کے دانت بڑے ہوتے ہیں ۔

Ceratostomataceae : (n) [ML. "ceratostoma"] سماروغ کی ایک نوع ۔

Ceraun-/Cerauno - : [Comb. f. Gr. "keraunos"] جزو ترکیبی بمعنی "رعد" ۔

Ceraunics : (n) [Gr. "keraunos" + - ICS] طبیعیات کا وہ شعبہ جو حرارت اور برقیات کے متعلق ہوتا ہے ۔

Ceraunogram : (n) برق نگار آلے کے ذریعہ اندراج ۔

Ceraunograph : (n) ایک آلہ جو رعد اور بجلی کی کڑک اور چمک کو بالترتیب اندراج کرتا ہے ؛ برق نگار ۔

Ceraunomancy : (n) رعد و برق کے ذریعہ پیشین گوئی ۔

Ceraunophone : (n) آواز کی لہروں کو ریکارڈ کرنے کا آلہ ۔

Ceraunoscope : (n) [Gr. "keraunoskopion"] ایک مشین جو قدیم زمانے میں لوگ رعد و برق کی نقل کرنے میں استعمال کیا کرتے تھے ۔

Cerberean : (a) سہ سرا ۔

Cerberic : (a) سہ سرا کتے کی طرح ۔

Cerberus : (n) [Gr.] (۱) (یونانی اور لاطینی دیومالا) تین سر والا کتا جو عالم سفلی یا تحت الثریٰ کا دربان ھے ؛ دوزخ کا کتا ؛ سگ جہنم ؛ سہ سر کتا ؛ قزبیرس ۔ (۲) دربان ؛ نگہبان ۔ (۳) جزائر شرق الھند کا ایك آبی سانپ ۔

Cerc - (or) cerco - : (comb) [Gr. "kerkos"] جزو ترکیبی بمعنی " دم " ، " دمدار " ۔

Cercaertus : (n) [NL. "cerc + aertus"] تھیلی دار جانوروں کی ایك نوع ۔

Cercal : (n) ["cerc + al"] دم سے متعلق ؛ دمدار ۔

Cercaria : (n) (حیوانیات) بینگچی کی شکل کے نوزائیدہ کیڑے کی ایك قسم ۔

Cercarial / cercarian : (a) بینگچی کی شکل کے نوزائیدہ کیڑے سے متعلق ۔

Cercariform : (a) بینگچی کی شکل ؛ نوزائیدہ کیڑے کی شکل کا ۔

Cercis : (n) [Gr. "kerkis"] جھاڑیوں یا چھوٹے پودوں کی ایك قسم جس کے پھول سرخ ھوتے ھیں ۔

Cercle : (n) [F.] فرانسیسی ضلع ؛ سیاسی انجمن ؛ انجمن ۔

Cercocebus : (n) ["cerc" + Gr. "kebos"] مغربی افریقہ کی لمبی دم والے بندروں کی ایك قسم ۔

Cercomonas : (n) [NL. "cerc + monas"] ایك قسم کا خلوی کیڑا جسکی کوئی معین شکل نہیں ھوتی ۔

Cercopidae : (n) Pl. [NL. "cercopis"] ایك قسم کے کیڑے جو پودوں کے رس کو چوس لیتے ھیں ۔

Cercopithecidae : (n) [NL. "cercopithecus"] قدیم زمانے کے بندر کی وہ نوع جس میں سبھی بندر شامل ھیں سوائے ان بندروں کے جو آدم نما ھیں ۔

Cercopithecoid : (a) قدیم زمانے کے بندروں کی قسم کا ۔

Cercopithecus : (n) [Gr. "kerkopithekos"] افریقہ کے لمبی دم اور نازك جسم والے بندروں کی ایك نوع ۔

Cercospora : (n) [NL. "cerc + spora"] ایك قسم کے نامکمل سماروغ جو پتوں کے طفیلی ھوتے ھیں ۔

Cercus : (n) (Pl. cerci) [Gr. "kerkos"] بہت سے کیڑوں کے پچھلے حصے کی وہ دم نما چیز جس سے وہ حس کرتے ھیں ۔

- cercy : (n) [f. "-cercal" + y] جزو ترکیبی بمعنی "خاص قسم کی دم کی ساخت" ۔

Cere / Sear : (n) [f. " -cercal" + - y] موم جھلی ؛ بعض پرندوں کی چونچوں کی جڑ میں موم کی سی جھلی ھوتی ھے جس میں سوراخ بینی لگی ھوتی ھے ۔

Cere : (v) موم جامہ میں لپیٹنا ۔

Cereaflexibilitas : (n) [NL.] اعضا کو اسی طرح رکھنے کی صلاحیت جس حالت میں وہ رکھے گئے ھیں ۔

Cereal : (a) [L. "cerealis"] غلّے یا اناج کا ؛ غلّے یا اناج کے متعلق ۔

Cereal : (n) (۱) وہ پودا جس سے گیہوں ، چاول وغیرہ کی قسم کا غلہ پیدا ھوتا ھے ۔ (۲) غلّہ ؛ اناج ۔ (۳) غلے سے تیار کی ھوئی چیز ۔

Cerealian : (a) غلہ یا اناج کا یا اس سے متعلق ۔

Cerealin : (n) چوکر میں پایا جانے والا نائٹروجن کی قسم کا ایك مادہ ۔

Cerealist : (n) (۱) غلّوں یا اناج کا ماھر ۔ (۲) (انتظامیہ) ماھر غلّہ ۔

Cerebellar / Cerebellic : (a) [See next] پیچھے کے دماغ سے متعلق ۔

Cerebellum : (n) [L. dim. of "cerebrum"] چھوٹا یا پیچھے کا دماغ ؛ دمیغ ؛ منجیخ ؛ مغزك ؛ مغ کوچك ؛ مخچہ ۔

Cerebral : (a) (۱) دماغی ؛ مخی ؛ مغزی ؛ فکری ۔ (۲) دیکھو Cerebral letter ؛ (لسانیات) معکوس ۔

Cerebral cortex : (n) (فلسفہ و نفسیات) قشر ۔

Cerebral ganglion : (n) (حیوانیات) دماغی عقدہ ۔

Cerebral haemorrhage / - hemo- : (n) دماغ کی کسی رگ پھٹ جانے سے جریان خون ۔

Cerebral hemisphere : (n) (حیوانیات) دماغی نیم کرہ ۔

Cerebral letter : (n) یہ اصطلاح سنسکرت کے لفظ "مردھنّیہ" کا ترجمہ ھے جس کےمعنی ھیں ایسے حروف جن کے نکلنے سے زبان کی نوک تالو سے لگتی ھے ۔

Cerebral localization : (n) (فلسفہ و نفسیات) تقشیر دماغی ۔

Cerebral meningitis : (n) (علم الامراض) ورم غشائے دماغ؛ التہاب دماغی ؛ دماغی مادوں کا ورم ۔

Cerebral nerve : (n) اعصاب مغزی۔

Cerebral thrombosis : (n) دماغ کی رگوں میں خون کے جم جانے سے سیلان خون کا رک جانا ۔

Cerebral vesicles : (n) (حیوانیات) دماغی کیسے ۔

Cerebralism : (n) یہ نظریہ کہ شعور صرف دماغ کی پیدا وار ھے : دماغی ، ذھنی اور مجرد خیالات پر ضرورت سے زیادہ زور دینے کا میلان ۔

Cerebralist : (n) اس نظریہ کا حامی کہ شعور صرف دماغ کی پیداوار ھے ۔

Cerebraliztion : (n) (لسانیات) معکوسیت : معکوسیانا ۔

Cerebrate : (v) فکر کرنا ؛ سوچنا ؛ دماغ سے کام لینا ۔

Cerebrate : (n) ترشہ مغز کا نمك ۔

Cerebration : (n) عمل دماغی ؛ دماغی عمل ؛ فکر ؛ خیال (عموماً غیر شعوری) ۔

Unconscious cerebration : (n) غیر شعوری عمل دماغی ۔

Cerebratulus : (n) [L. "Cerebrum"] ایك قسم کا بحری کھودنے والا کیڑا جو چپٹا ھوتا ھے اور کئی فٹ لمبا ھوتا ھے ۔

Cerebric : (a) مغزی ؛ دماغی ۔

Cerebric acid : (n) ترشہء مغزی ۔

Cerebriform : (a) دماغ کی طرح ؛ مثل دماغ ؛ شبیہ مغز ؛ دماغ مانند ۔

Cerebrifugal : (a) وہ اعصابی ریشے جو دماغ سے حرام مغز تك جاتے ھیں ؛ مغز گریزاعصابی ریشے ۔

Cerebrin : (n) [Also -ine] کئی قسم کے مادے جو دماغ سے حاصل کئے جاتے ھیں ۔

Cerebripetal : (a) حرام مغز سے دماغ کی طرف جانے والے اعصابی ریشے جو احساسات کو دماغ تك پہنچاتے ھیں ۔

Cerebritis : (n) دیکھو Cerebral meningitis

Cerebro-: (comb.) جزو ترکیبی بہ معنی " گنج مغزی / دماغ " ۔

Cerebro-cardiac : (a) دل اور دماغ سے متعلق ۔

Cerebro-spinal : (a) دماغ اور حرام مغز کے متعلق ۔

Cerebro-spinal axis : (n) مخی اور نخاعی نظام کا محور ؛ مرکزی نظام اعصابی ۔

Cerebro-spinal fluid : (n) مایع نخاعی ۔

Cerebro-spinal system : (n) مرکزی نظام اعصابی ؛ (فلسفہ و نفسیات) دماغ اور ریڑھ کا نظام ۔

Cerebroid : (a) شبیہ دماغ ؛ مغز کی طرح ؛ مثل دماغ ۔

Cerebrology : (n) دماغ کا علم ۔

Cerebrometer : (n) دماغی ارتعاش کے اندراج کرنے کا آلہ ۔

Cerebropathy : (n) ایك قسم کا مالیخولیا جو زیادہ دماغی کام کرنے سے ھوتا ھے ۔

Cerebroscopy : (n) شبکیہ کی حالت معلوم کرکے دماغ کی کیفیت معلوم کرنے کے لئے آنکھ کو جانچ کرنے کے آلے کا استعمال ۔

Cerebrose : (a) [L. "cerebrosus "] خود سر ؛ خبطی ؛ مریض دماغ ؛ ضدی ۔

Cerebrotonia : (n) (فلسفہ و نفسیات) سوداوی مزاج (سوداویت) ۔

Cerebrum : (n) [L.] بڑا دماغ ؛ دماغ جو دمیغ کے اوپر ھوتا ھے ؛ دماغ ؛ مخ کبیر ؛ (لسانیات) مغز ۔

Cerecloth : (n) موم جامہ ؛ پارچہ مومی ؛ مشمع ۔

Cered : (a) [f. CERE (v)] مومی ؛ موم لگا ھوا ۔

Cerement : (n) [F. "cirer"] کفن ؛ موم جامہ ؛ مومی کپڑا (مردوں کے لئے) ۔

Ceremonial : (a) [L. "caerimonia"] رسمی ؛ ریت کا ؛ رسم کا ؛ رسم کے ساتھ ؛ دستور کے ساتھ ؛ ظاھری طریقوں کے متعلق ؛ آئین ؛ تشریفاتی ۔

Ceremonial : (n) مراسم ؛ آداب ؛ رسم ؛ ریت ؛ چال ؛ دستور ؛ ظاهر داری ؛ نظام رسوم آداب ؛ رسوم یا آداب کی پابندی ؛ (رومن کیتھولک گرجا) آداب کی کتاب ؛ کتاب ارکان ۔

Ceremonial honour : (n) (تاریخ) تشریفات ۔

Ceremonial licence : (سماجیات) سماجی تقریبات میں جنسی چھوٹ ۔

Ceremonial nubility : (n) (سماجیات) شادی کی اہلیت کی تقریب (عورت کے لئے) ۔

Ceremonial parade : (n) (انتظامیہ) تقریباتی پریڈ ۔

Ceremonial terrace : (n) (تاریخ) جشن کا چبوترہ ۔

Ceremonialism : (n) رسمیت ؛ تکلفیت ؛ شعائر مذہبی کی عادت ۔

Ceremonialist : (n) پابند رسوم ؛ رسوم پرست ؛ شعائر مذہبی کا عادی ۔

Ceremonialize : (n) آداب رسوم بجا لانا ؛ شعائر مذہبی کو انجام دینا ۔

Ceremonially : (adv) پابندی رسم کے ساتھ ؛ ظاہر دارانہ ؛ تکلف سے ؛ رسوم پرستی سے ؛ رسوم پرستانہ ۔

Ceremonious : (a) [L. "caerimoniosus"] پابند رسوم ؛ پرتکلف ؛ تکلف آمیز ؛ رسم پرست ؛ آداب و تشریفات کا مقید ؛ رسمی ؛ شعائر مذہبی کا پابند ۔

Ceremoniously : (adv) تکلف سے ؛ رسماً ؛ رسمانہ ۔

Ceremoniousness : (n) تکلف ؛ رسم پرستی ۔

Ceremony : (n) [L. "caerimonia"] (۱) ظاہری مذہبی ریت یا رسم ؛ شعار ۔ (۲) ظاہری اخلاق ؛ آداب ؛ تکلف ؛ آئین ۔ (۳) محض ظاہر داری ؛ دکھاوا ۔ (٤) رسوم ؛ تشریفات ؛ آداب شاہی ۔ (٥) رسوم کی پابندی ؛ آداب مجلس کی پابندی ؛ رسم پرستی ۔ (٦) تعارف ۔ (۷) (انتظامیہ) تقریب ۔

Farewell ceremony : (n) (سماجیات) الوداعی تقریب ۔

Investiture ceremony : (n) (تاریخ) رسم تفویض ۔

Master of the ceremonies : میر تشریفات ؛ وہ شخص جس کے ذمہ آداب و رسوم بجا لائے جانے کی نگرانی ہوتی ہے ؛ تشریفاتی اقاسی ۔

To stand upon ceremony : تکلف کرنا یا برتنا ؛ بے تکلف نہ ہونے دینا ؛ حفظ مراتب میں مبالغہ کرنا ؛ لئے دئے رهنا ۔

Without ceremony : بے تکلفی سے ، سادگی سے ۔

Cereous : (a) [L. "cereus"] مومی ؛ نرم ؛ موم کی طرح ؛ دیکھو Cerite

Cererite / Cerite : (n) ایک دھات ؛ سیرائٹ ۔

Cererium / Cerium: (n) [See Serium] ایک دھات ؛ سیریم ۔

Ceres : (n) [L.] (۱) اناج کی دیوی ۔ (۲) ایک قسم کی نارنگی ۔

Ceresin : (n) [L. f." cera"] ایک قسم کا سفید یا زرد موم ۔

Cereus : (n) [L. f. "cera"] (نباتیات) ناگ پھنی کی ایک نوع جو امریکہ کے منطقہ حارّہ میں پیدا ہوتی ہے ۔

Cerevisial : (n) [L. "cerevisia"] بیر شراب کا یا اس سے متعلق ۔

Ceric : (a) [f. CERIUM] (کیمیا) سیریم کا یا اس سے متعلق ۔

Ceric : (a) [L. "cera"] (کیمیا) کیمیاوی طور پر موم سے متعلق ۔

Cerin : (n) [L."cera"] ایک موم دار مادہ جو کاگ سے الکحل یا ایتھر کے ذریعہ استخراج کیا جاتا ہے ۔

Cerine : (n) [f. DERIUM] (معدنیات) سیریم کی ایک قسم ۔

Cerinthian : (a) [f. "cerinthus"] سیرنتھس کی تعلیمات سے متعلق ، جس نے عرفان اور یہودیت کو ملاکر مسیحیت سے متحد کرنے کی کوشش کی ۔

Cerinthian : (n) سیرنتھس کا پیرو ؛ سیرنتھوسی ۔

Ceriph : (n) کسی حرف کی باریک لکیروں میں کوئی لکیر ؛ حروف کی نوک پلک ۔ (خوشنویسی میں) خصوصاً انگریزی بڑے حروف کی بالائی یا زیریں نوک پلک ۔

Cerise : (n) [F.] هلکا چمکیلا سرخ رنگ جو بعض چیری کا ہوتا ہے ۔

Cerise : (a) هلکے چمکیلے سرخ رنگ والا ۔

Cerite : (n) [f. CERIUM] ایک کمیاب دھات ۔

Cerite : (n) [mod. L. "cerithium "] ایک قسم کا متحجر صدف ۔

Cerium : (n) [NL. f."ceres"] ایک کمیاب دھات ۔

Cernuous : (a) [f. L. "cernuus"] لٹکا ہوا ؛ جھکا ہوا ؛ سرنگوں (خصوصاً پھول وغیرہ) ۔

Cero -: (comb.) نیم جزو ترکیبی بمعنی " موم "

Cero : (n) [Pl. Cero or ceros] [modif. of. Sp. "Sierros"] ایک قسم کی مچھلی جو ویسٹ انڈیز میں پیدا ہوتی ہے ۔

Cerograph : (n) [Gr.] موم پر تحریر یا کندہ کاری ۔

Cerographic / - al : (a) مومی تحریر یا کندہ کاری سے متعلق ۔

Cerographist : (n) موم پر لکھنے والا یا کندہ کرنے والا ۔

Cerography : (n) موم نگاری ؛ موم پر نقاشی ؛ موم سے نقاشی ۔

Ceroid : (n) ["cer- + oid"] زرد یا بھورے رنگ کا مادہ جو جگر کی بیماری میں پایا جاتا ہے ۔

Cerolite / Kerolite : (n) [Gr. "Keros + lithos"] الومونیم کا سلیکیٹ جس میں مومی چمک اور روغنیت ہوتی ہے ۔

Ceroma : (n) [Gr. "Keroma"] (۱) پرندوں کی چونچ کی مومی جھلی ۔ (۲) روغنی مادہ جسے کشتی لڑنے والے اپنے بدن پر ملتے ہیں ۔

Ceromancy : (n) [Gr.] پانی میں پگھلے ہوئے موم کو گرا کر شگون لینا ۔

Ceromel : (n) [f. L. "cera + mel"] شہد اور موم کا مخلوط جو گرم ملکوں میں مرہم کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Ceronoutite : (کیمیا) سیرونٹائٹ ۔

Ceroon : [U.S.Var. of SEROON] Seroon کا امریکی متبادل ۔

Ceroplastic : (a) [Gr."Keroplastikos"] مومی ؛ موم کی بنی ہوئی ؛ مومی تصویر سازی کے متعلق ۔

Ceroplastics : (n) مومی تصویر سازی ؛ مومی گری ۔

Ceroplasty : (n) موم سے قالب سازی ۔

Cerosin : (n) [f. L. "cerosus"] وہ مومی مادہ جو گنے کی بعض قسم کو اوپر سے چھیلنے سے نکلتا ہے ۔

Cerotates : (n) [F. "cerotic"] سیروٹک ایسڈ کا نمک ۔

Cerotene : (n) [f. next] وہ olfine جو چینی موم کی خشک تقطیر سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cerotic : (n) [Gr. "keroton" +- IC] ٹھوس روغنی ترشہ جو موم اور چربی میں پایا جاتا ہے ۔

Cerotic acid : (n) (کیمیا) سیروٹک ایسڈ ۔

Cerotin : (n) [f. CEROTIC] چینی موم کا ہائیڈریٹ ۔

Cerotyl : (n) چینی موم سے حاصل کردہ ایک مادہ ۔

Cerous : (n) [f. CERIUM] سیریم کا ؛ سیریمی ۔

Ceroxylon : (n) [NL. f. "cer- + xylon"] جنوبی امریکہ کی لمبی کھجور کی ایک قسم ۔

Cerris : (n) [L. "cerrus"] یورپی ترکستان کا شاہ بلوط ۔

Cert : (n) [Abbr. of CERTAIN (TY)] (۱) (عامیانہ) وہ گھوڑا جس کا جیتنا یقینی ہے ۔ (۲) کوئی یقینی چیز ۔

Certain : (a) [OF. "certain"] (۱) پکا ؛ تحقیق ؛ محقق ؛ مقرری ؛ معین ؛ مسلّم ۔ (۲) یقینی ؛ صحیح ؛ اچوک ؛ موثر ؛ قابل اعتبار ؛ مجرب ؛ صادق ؛ موکد ؛ اکید ۔ (۳) غیر معین ؛ کوئی ؛ کسی ایک ؛ کسی قدر ؛ کچھ ۔ (٤) تحقیقی ؛ متعیّن ؛ مقرر ؛ کارگر ؛ حکمی ۔ (٥) مقدر ؛ مطمئن ؛ ثابت ؛ بلا شک ؛ قطعی ؛ حتمی ؛ مبرھن ؛ خاطر جمع ؛ معلوم ؛ مشخص ؛ تاحد ؛ تا اندازہ ؛ قدرے ؛ فلاں ۔ (٦) (جمع میں) محققات ؛ مسلمات ؛ حقایق ؛ بدیہیات ۔

Certain : (n) اطمینان ؛ خاطر جمع ؛ حتمیت ؛ قطعیت ؛ ایقان ؛ راستی ؛ درستی ؛ حقانیت ؛ مبلغ معین ؛ مقدار معین ۔

Certain : (adv) حتماً ؛ قطعاً ؛ یقیناً ۔

A certain age : غیر متعین عمر کی ؛ ادھیڑ سن کی ؛ اوسط عمر کی (عورت) ۔

For certain : بے شک ؛ یقیناً ؛ لاریب ؛ بے شبہ ؛ قطعاً ۔

Morally certain : اخلاقی طور پر مطمئن ۔

Of a certain : یقیناً ۔

Certainly : (adv) ضرور ؛ بالضرور ؛ البتہ ؛ بے شک ؛ اور کیا یقیناً ؛ بالیقین ؛ مسلمًا ؛ اکیداً حقاً ؛ بلاریب ؛ (جواب دینے میں) مجھے اعتراف ھے ؛ بے شک ؛ ھاں ؛ اور کیا ۔

Certainty : (n) [OF. "certainete"] (۱) متحقق واقعہ ؛ یقینی ؛ امر مسلّم ؛ خاطر جمعی ؛ اطمینان ۔(۲) شے جو فی الوقت قبضے میں ھو ۔(۳) یقین ؛ جو شے مقرر یا سچ ھے ؛ ایقان ؛ تحقیق ۔

Bet on a certainty : عموماً بے ایمانی سے شرط لگانا یا بدنا جب کہ دوسرے ذرائع سے نتیجے کا پورا پورا علم ھو ۔

For / to (a) certainty : لاریب ؛ بغیر امکان شك ؛ بدون شك ؛ شك و شبہ سے بری ۔

Logical certainty : (فلسفہ و نفسیات) منطقی تیقن ۔

Moral certainty : اخلاقی اطمینان ۔

Psychological certainty : (نفسیات) نفسیاتی تیقن ۔

Certes : (adv) [OF.] (متروك) بالیقین ؛ یقیناً ؛ میں تم کو یقین دلاتا ھوں ؛ درحقیقت ؛ واقعی ۔

Certifiable : (a) [f. CETIFY] قابل تصدیق ۔

Certificate : (a) [See next] مصدق تصدیق یافتہ ؛ سند یافتہ ۔

Certificate : (n) [L. "certificare"] (۱) صداقت نامہ ؛ سند ؛ وثیقہ ؛ کسی کمپنی کے حصہ دار ھونے کا حصہ نامہ ؛ تصدیق نامہ ؛ گواھی نامہ ؛ شہادت نامہ ؛ رضایت نامہ ۔(۲) اظہاربیان گواھی شدہ ؛ حقیقت امر کے بارے میں تحریری شہادت؛ رسمی سند؛ وہ گواھی نامہ جو تعلیمی مدت کےآخر میں دی جائے ۔ (۳) کسی عدالت کی وہ تحریر جس کے ذریعہ اس کی کارروائی کی اطلاع دوسری عدالت کو دی جائے ؛ مالیات کی وصولی کے لئے حکومت کی طرف سے اطلاع ۔

Age certificate : (n) (تعلیمات) صداقت نامہ عمر ؛ عمر سرٹیفکیٹ ۔

Bankrupt's certificate : (n) وہ صداقت نامہ جو اس امر کی تصدیق کرے کہ فلاں دیوالیے نے قانونی شرطیں پوری کر دی ھیں اور اب وہ کاروبار دوبارہ شروع کرسکتا ھے ؛ دیوالیہ صداقت نامہ ۔

Character certificate : (n) (انتظامیہ) سرٹیفکیٹ (سند) چال چلن ؛ چال چلن کا سرٹیفکیٹ ۔

Medical certificate : (n) (انتظامیہ) میڈیکل سرٹیفکیٹ ۔

Supervisory certificate : (n) (نفسیات و تعلیمات) صداقت نامہ نگرانی ؛ سند نگرانی ۔

Trial by certificate : عدالتی کارروائی کا ایک طریقہ جس میں کسی مناسب حاکم کی شہادت سے مقدمہ کا فیصلہ ھوتا ھے ۔

Certificate : (v) صداقت نامہ دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ اجازت نامہ دینا ؛ گواھی دینا ؛ شہادت دینا ؛ تائید کرنا ؛ اطمینان دلانا ۔

Certificate mark : (n) (تجارت) نشان سند ؛ سرٹیفکیٹ مارك ۔

Certificate of bond : (تجارت) بانڈ سند ۔

Certificate of competence : (انتظامیہ) سند اھلیت ۔

Certificate of credit : (تجارت) اعتباری سند ؛ ساکھ سند ۔

Certificate of damage : (تجارت) نقصان کا سرٹیفکیٹ ۔

Certificate of deduction : (تجارت) سرٹیفکیٹ تخفف ۔

Certificate of deposit : (تجارت) جمع سند ؛ جمع سرٹیفکیٹ ۔

Certificate officer : (n) (انتظامیہ) سرٹیفکیٹ افسر ۔

Certificate of entry : (تجارت) داخلہ سند ۔

Certificate of exchange : (تجارت) تبادلہ سند ۔

Certificate of origin : (تجارت) سند مخرج ۔

Certificate of posting : (انتظامیہ) سند ترسیل ڈاك ۔

Certificate of profit : (تجارت) سرٹیفکیٹ منافع ۔

Certificate of registration : (تجارت) سرٹیفکیٹ رجسٹری ۔

Certificate of stability : (تجارت) سرٹیفکیٹ استحکام ۔

Certificate of transfer : (تجارت) سرٹیفکیٹ منتقلی ۔

Certificate of weight : (تجارت) سرٹیفکیٹ وزن ۔

Certificating officer : (n) ۔ (نفسیات و تعلیمات) افسر تصدیق ۔

Certification : (n) [L. "certificationem"] تصدیق ؛ گواہی ؛ شہادت ؛ صداقت ؛ (انتظامیہ) تصدیق کرنا ۔

Certification by subject : (فلسفہ و نفسیات) مضمون وار تقسیم ۔

Certification centre : (n) (انتظامیہ) مرکز تصدیق ۔

Certificate of cheque : (تجارت) تصدیق چك ۔

Certificatory : (a) [med. L."certificatorius"] تصدیق ؛ سندی ۔

Letter certificatory : تحریر صداقت نامہ ۔

Certified : (a) مصدقہ ؛ تصدیق شدہ ۔

Certified bill of loading : (تجارت) مستند جہازی بلٹی ۔

Certified copy : (n) ۔ (انتظامیہ) مصدقہ نقل ؛ نقل باضابطہ ۔

Certified school : (n) (سماجیات) تصدیق شدہ اسکول ۔

Certifier : (n) تصدیق کرنے والا ؛ مصدق ۔

Certify : (v) [L. "certus"] (۱) باقاعدہ تصدیق کرنا ؛ حسب ضابطہ تصدیق کرنا ؛ صداقت نامہ کے ذریعہ تصدیق کرنا ۔ (۲) یقین کے ساتھ اطلاع دینا ؛ یقین دلانا ؛ کسی چیز کی درستی یا نا درستی کو معلوم کرنا ؛ تحریری شہادت دینا ؛ اطمینان دلانا ؛ مطمئن کرنا ؛ کسی شخص کے جنون کی گواہی دینا ۔

Certiorari : (n) [L.] (قانون) کسی مقدمے کے مدعی کی درخواست پر عدالت بالادست کا عدالت ماتحت سے مسل مقدمہ طلب کیا جانا ؛ حکم مسل طلبی ۔

Writ of certiorari : (تاریخ) حکم مسل طلبی ۔

Certiorate : (v) [L. "Certiorare"] بہ حیثیت حاکم اطلاع دینا ۔

Certitude : (n) [L. "certifudinem"] ایقان ؛ یقین ؛ حجت ؛ تحقیق ؛ اطمینان ۔

Cerulean / Caerulean : (a) [L. "caeruleus"] گہرا آسمانی ؛ آکاشی ؛ آبی ؛ نیلا ؛ گہرے نیلے رنگ کا ؛ لاجوردی ؛ طاؤسی ۔

Cerulean / Caerulean : (n) (۱) نیلا رنگ ؛ گہرا آسمانی رنگ ۔ (۲) (مزاحاً) عالم فاضل عورت ۔

Cerulein / Cerulin : (n) [Also cae -] ایك گہرا آسمانی مادہ جو بہت سے اصلی روغنیات میں پایا جاتا ہے ۔

Cerumen : (n) [L. "cera"] (۱) کان کا میل ؛ کان میل ؛ کھونٹ ۔ (۲) وہ مخلوط مادہ جو بے نیش والی مکھیاں موم کی جگہ چھتہ بنانے میں استعمال کرتی ہیں ۔

Ceruminiferous : (a) " سیرومن " مادہ کو پیدا کرنے والا ؛ کھونٹ یا میل پیدا کرنے والا ۔

Ceruminious : (a) کھونٹ یا کان کے میل سے متعلق ۔

Ceruse : (n) [L. "cerussa"] وھائٹ لیڈ ؛ سیسے کے کاربونیٹ اور ھائیڈریٹ سے بنا ھوا ایك سفید مسالہ جس کو بطور غازہ استعمال کرتے ھیں ؛ انگریزی غازہ ؛ سفیدہ ؛ سفید آب سرب ؛ (کیمیا) سفید سیاہ (غازہ) ۔

Cerussite / Cerusite : (n) [f. L. "cerussa"] (معدنیات) سیسے کا کاربونیٹ ؛ خام وھائٹ لیڈ ۔

Cervantic : (a) [f. "cervantes", Pr. name] سروینٹس سے متعلق ۔

Cervantist : (n) سروینٹس کا مقلد یا حامی ۔

Cervantite : (n) [f. "cervantes" in Galicia, Spain] انٹی منی کا آکسائڈ (ٹٹراکسائڈ) ($Sb_6 O_4$) ۔

Cervelat / Cervalet : (n) [It. " cervelloata "] بانسری کی قسم کا ایك موسیقی کا آلہ ۔

Cervical : (a) [L. " cerviz"] (عضویات) گردن کا ؛ گردن سے متعلق ؛ حلقی ؛ گردن ۔

Cervical : (n) اعصاب گردنی ؛ گردن کے اعصاب یا رگ ؛ گردن کے پاس کی ریزھ ۔

Cervical vertebra : (n) (حیوانیات) گردنی فقرے ۔

Cervicide : (n) [med. L. " cervicida "] ہرن کشی ؛ ہرن کا شکار ۔

Cervico - : (comb .) [L. "cervix"] جزو ترکیبی بہ معنی "گردن" ۔

Cervico - brachial : (a) گردن اور بازو سے متعلق ۔

Cervine : (a) [L. "cervix"] ہرن کا : ہرن سے متعلق : ہرن کے مانند : ہرن کے خاندان کا یا اس سے متعلق ۔

Cervisial : (a) [L. "cervisia"] (مزاحاً) بیر شراب سے متعلق ۔

Cervix : (n) [L.] (عضویات) پشت گردن : گردن : رحم کا منھ یا گردن ۔

Ceryl : (n) [Gr. "keros" + - YL] چینی موم سے حاصل کردہ ایک مومی مادہ ۔

Cesar / - ean : (See caesar / caesarean) قیصر : قیصری ۔

Cesare : (n) (منطق) ایک قضیہ جس میں ایک کبرائے کلی و منفی اور ایک صغرائے کلی اور مثبت ہو جس سے کلی اور منفی نتیجہ حاصل ہوتا ہے ۔

Cesarevich : (n) [Russ. "tsesar"] زار کا سب سے بڑا بیٹا یا ولی عہد ۔

Cesium / Caesium : (n) [L. "caesius" ایک بزنی سفید نرم معدنی شے ۔

Cespititious : (a) [L. "caespiticius"] دوب تختہ : دوب تختے سے متعلق ۔

Cespitose : (a) [Also CAESPITOSE] سبزہ زار ۔

Cess : (n) [f. ASSESS] (۱) چنگی : محصول : کر : سیس : تشخیص مالیات : تعین مالیات : اراضی کی مالیات : محصول اراضی ۔ (۲) (آئرلینڈ) فوجی محصولات ۔ (۳) روڈ سیس ۔

Bad cess to : بمعنی براچاھنا جیسے "تمہارا برا ہو" ۔

Cess : (v) (آئرستان) کسی برادری پر مقرر شرح پر فوجی خرچ کے لئے محصول لگانا ۔

Cessation : (n) [L. "cessationem "] موقوفی : خاتمہ : توقف : ٹھہراؤ : انقطاع : وقفہ : التوا : تعطیل : مہلت ، متارکہ جنگ : صلح وقتی : عارضی صلح : (تاریخ) التوا ۔

Cessation of active hostilities : (تاریخ) جنگی کارروائی کی موقوفی ۔

Cessative : (a) (لسانیات) موقوفی ۔

Cessative aspect : (n) (لسانیات) موقوفی کیفیت ۔

Cessavit : (n) [L. f. "cessare"] زمین کی بازیابی کا حکم نامہ جو اس وقت اجرا ہوتا ہے جب کہ دو سال تک رعیت مالیات ادا نہ کرے یا قانونی فرائض انجام نہ دے ۔

Cesser : (n) [F. "cesser"] (۱) (قانون) اختتام : انجام : خاتمہ (مدت قرضہ وغیرہ کے متعلق) ۔ (۲) مال گذاری یا قرض کی ادائی میں دو سال کا توقف ۔

Cessio bonorum : (n) [L.] قرض دار کا اپنے تمام اثاثے کو قرض خواہوں کو بہ خوشی حوالہ کر دینا ۔

Cession : (n) [L. "cessionem"] (۱) حوالگی : سونپ : سپردگی : دین : تفویض (خصوصاً حقوق مالکانہ کا مثلاً ایک حکومت کا دوسری حکومت کو ملک دینا) : رعیت : وا گذاری : انتقال دین ۔ (۲) قرض دار کا اپنے تمام اثاثے کو قرض خواہ کو بہ خوشی حوالہ کر دینا ۔

Cession with compensation : (تاریخ) بامعاوضہ حوالگی ۔

Cession without compensation : (تاریخ) بے معاوضہ حوالگی۔

Cessionary : (n) [f. L. "cessio (bonorum)"] منتقل الیہ ۔

Cessor : (n) [f. CESS] قانونی فرائض کو پورا نہ کرنے والا ۔

Cesspipe : (n) [Of uncertain . etym.] آب ریز : بدر رو ۔

Cesspit : (n) [f. Prec.] ناب دان : میل کنڈ : حوض ۔

Cesspool : (n) [Of. uncertain etym.] نابدان : وہ کنواں جس میں باورچی خانے وغیرہ کے فضلے جاکر جمع ہوتے ہیں : کیچڑ کنڈ : میل کنڈ ۔

Cest (e) : (n) [F. "ceste"] کمربند خصوصاً وینس یا ایفروڈائٹ کا ۔

Cestoid : (n) (Also cestode) [L. "cestus"] (۱) ربن کی مانند ۔ (۲) (حیوانیات) فیتا سا : فیتے کی طرح کے کیڑے : فیتا : کرم نواری ۔

Cestracion : (n) [Gr. "kestra + ake"] ایک قسم کی شارک مچھلی جو زیادہ تر آسٹریلیا میں ہوتی ہے اور جسکے دانت بہت تیز ہوتے ہیں ۔

Cestraciont : (a) شارک مچھلی کے خاندان سے متعلق ۔

Cestraian : (n) [f. " cester", OE. form "chester"] چسٹر یا چشائر کا ۔

Cestui / Cestuy : (n) (Pl. cestuis) [LL. ecceistum] وہ شخص ؛ جو شخص ۔

Cestus : (n) [Gr. "kestos"] کمربند ۔

Cestus : (n) قدیم روم کے باکسر کا چرمی دستانہ جس میں سیسے یا لوہے کی پتیاں ہوتی تھیں ۔

Cesure : (n) = (ceasure) (لسانیات) وقف شہری ۔

Cet- : (comb.) [F. Gr.] کیمیاوی ناموں میں بطور نیم جزو ترکیبی بمعنی "روغن فیل ماھی / وھیل" ۔

Cetacea : (n) [Gr. "ketos"] بحری پستان دار جانور مثل وھیل مچھلی ۔

Cetacean : (a) فیل ماھیہ ؛ بحری پستان دار جانوروں سے متعلق ۔

Cetaceous : (a) بحری پستان دار جانوروں کی قسم کا یا فطرت کا ؛ فیل ماھیہ کے سلسلے کا ۔

Cetane : (n) پیرافین ۔

Cete : (n) وھیل مچھلی ؛ فیل ماھی ؛ غول دریائی ۔

Cetene : (n) Cetane (پیرافین) کی ترتیب کا اولفائن ۔

Ceteosaur / -us : (n) [Gr. "ketus + sauros"] ایک قسم کی بڑی چھپکلی جس کے آثار زمانۂ قدیم میں پائے جاتے ھیں ؛ چل پاسا ۔

Ceterach : (n) [med. L. "ceterach", "ceteraah"] (نباتیات) سرخس کی قسمیں جن کی ورق دار پشت پر فلس سے ہوتے ھیں ؛ مشترک ۔

Ceteris paribus : (adv)[NL.] اگر صورت حالت سے نہ بدلے ۔

Cetic : (a) فیل ماھی کا ؛ وھیل مچھلی کا ۔

Cetin : (n) ایک سفید بلوری روغنی مادہ ۔

Cetological : (a) وھیل شناسی سے متعلق ۔

Cetologist : (n) وھیل شناس ۔

Cetology : (n) [Gr. "ketos + logia"] (حیوانیات) وہ شعبہ جو وھیل سے متعلق ھو ؛ وھیل شناسی ۔

Cetrarin : (n) [L. "cetra"] (کیمیا) ایک سفید بلوری مادہ جو Icetance کی کائی کا تلخ عنصر ہے اسے Cetaric acid بھی کہتے ھیں ۔

Cetyl : (n) موم میں پائے جانے والے یك گرفتہ (Univalent) ؛ جزو مستقل مرکبات ۔($C_{16}H_{33}$)

Cetyl alcohol : (n) (کیمیا) سیٹائل الکوحل ۔

Cetylic : (a) (کیمیا) سیٹلك ۔

Ceylonite / Celanite : (n) [f. "ceylan" F. form of ceylon] سری لنکا میں پایا جانے والا سیاہ رنگ کا یاقوت جس میں لوھا اور مینگنیز ھوتا ھے ۔

C. G. S. System : (n) (کیمیا) سینٹی میٹر گرام سیکنڈی نظام ؛ (طبیعیات) سی، جی، ایس نظام ۔

C. G. S. unit : (n) (کیمیا) سینٹی میٹر گرام سیکنڈ اکائی ؛ (طبیعیات) سی، جی، ایس اکائی ۔

Ch : دو حرفوں سے مخلوط ایک آواز جو کبھی "چ" اور کبھی "ك" کی آواز دیتا ھے ؛ (۱) انگریزی میں "کے"، "چے" ۔ (۲) یونانی اور عبرانی میں "ك" ۔ (۳) جدید فرانسیسی میں "ش" ۔ (٤) اسکاچ ، ولش یا دوسرے بیرونی الفاظ میں "خ" ۔

Cha : (n) [Chinese " cha"] چائے ۔

Cha-cha : (n) [Also cha-cha- cha] [Amer. sp.] جنوبی امریکہ کا ایک قسم کا رقص ۔

Chabazite/Chabasite : (n) [Also chabasie, -zie] [Gr."chalaxi] ایک بے رنگ یا لحمی رنگ کی معدنی شے جو شیشے سے بلور میں پائی جاتی ھے اور جس میں سلیکا ، الومینیا اور چونا ھوتا ھے ۔

Chablis : (n) [Fr.) ایک فرانسیسی سفید شراب ؛ شابلی ۔

Chabot : (n) [Romantic "cabo", "capo"] (نقابت) مچھلی کا ایک نشان ۔

Chabouk/ -buk : (n) [Pers. & Urdu] چابک ۔

Chack : (v) [Echoic] (۱) دانت سے کاٹنا ۔ (۲) جبڑا : کھڑکی یا دروازے میں دبا کر چور کرنا ۔

Chack : (n) (۱) دانت سے کاٹنے کا عمل ۔ (۲) لقمہ : تھوڑی سی غذا ۔ (۳) ایک قسم کی چڑیا ۔

Chackle : (v) [Prob. blend of "chatter & cackle"] (۱) کڑ کڑانا (مرغی کا) ۔ (۲) بک بک کرنا ۔

Chacma : (n) جنوبی افریقہ کا ایک بندر ۔

Chaco : (n) (Also chako) ایک فوجی ٹوپی جس کی نوک تراشی ہوئی ہوتی ہےاور نوک سامنے ہوتی ہے ۔

Chaconne : (n) [Basque. "chucun"] (۱) ایک متروک رقص ۔ (۲) مذکورہ رقص کی موسیقی ۔

Chacra : (n) [quechua. "chakhra"] جنوبی امریکہ کا چھوٹا مزرعہ ۔

Chad : [Var. of shad] سیاہ آنکھوں والی ایک قسم کی مچھلی : Shad کا متبادل ۔

Chaenactis : (n) [Gr."chainein+aktis"] پودوں کی ایک نوع جو مغربی امریکہ میں پائی جاتی ہے اور جس میں سفید یا زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Chaenomeles : (n) [NL. "chaeno+ meles"] ایشیائی جھاڑیوں کی ایک نوع ۔

Chaet - / Chaeto - : (comb.) [Gr. "chaite"] جزو ترکیبی بمعنی " بال " ۔

- chaeta : (n) (Comb.) [Pl. chaetae] جزو ترکیبی بمعنی " سخت بالوں والا " ۔

Chaetal : (a) [NL.] سخت بالوں کا یا اس سے متعلق ۔

Chaetetes : (n) [NL.] ایک قسم کا متحجر مونگا ۔

Chaetodon : (n) [Gr."chaete+odous"] (حیوانیات) ایک قسم کی خاردار مچھلی ۔

Chaetophorous : (a) (حیوانیات) خار دار ۔

Chaetopod : (n) خاردار پیروں والے جانوروں کے سلسلے کے حلقوی کیڑے ۔

Chafant : (a) [See next] (نقابت میں) خشمگیں سور ۔

Chafe : (v) [L."calefare"] (۱) ملنا : مالش کرنا : مل کر گرمی پہنچانا ؛ سہلانا ۔ (۲) کھجانا : ملنے سے بدن کا چھل جانا یا چھیلنا : خراش ڈالنا ۔ (۳) رگڑنا ؛ گھسنا : کھجانا ۔ (٤) بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ خفا کرنا : خفا ہونا ؛ غصہ ہونا ۔ خشمناک ہونا : خشمناک کرنا ؛ تیہا دلانا ؛ تیہے میں آنا ؛ لال پیلا ہونا : ناراض ہونا: جزبز ہونا : پیچ و تاب کھانا ؛ ہیجان میں آنا ؛ تحریک ہونا ؛ رنج ہونا : سرزنش کرنا ؛ ڈانٹنا : تنگ ہو جانا ۔

Chafe : (n) (۱) رگڑ سے پیدا شدہ زخم ؛ خراش ؛ چھیلن ؛ گھسا ؛ خشم ؛ ہیجان ؛ تحریک ۔ (۲) غیظ : غضب : تیہا : پیچ و تاب ؛ رنجش ۔ (۳) مزاحمت کے خلاف ناراضگی ۔

In a chafe : جزبز میں : پیچ و تاب میں ؛ تیہے میں ؛ غیظ و غضب میں ۔

Chafer / Chaffer : (n) [OE."cefer","ceafor"] گبریلا کی ایک قسم ۔

Chafery : (n) [prob. f. F."chauffer"] وہ بھٹی جس میں لوہا دوبارہ گرم کیا جاتا ہے ۔

Chafeweed : (n) [CHAFE + WEED] ایک قسم کی بوٹی ۔

Chaff : (n) [OE."ceaf".] (۱) بھوسی : بھوسا ؛ چوکر ؛ چھلکا ؛ چھاٹن : سبوس : پوست ۔ (۲) کٹی ہوئی گھاس یا چری ۔ (۳) کونپل ۔ (٤) فضلہ ۔ (۵) آخور : گھاس پھوس ۔

An old bird is not caught with chaff : ہوشیار چڑیا دام میں نہیں پھنستی ۔

Chaff : (n) نوک جھونک ؛ شوخی : مذاق : پھبتی ؛ استہزا ؛ تمسخر : مسخرگی ؛ فقرہ بازی ۔

Chaff : (v) (۱) کاٹنا (بھوسی ، چارہ ، چری وغیرہ) ۔ (۲) نوک جھونک کرنا : پھبتی کسنا ۔ (۳) فقرہ بازی کرنا ۔

Chaff-cutter : (n) چارہ کٹ مشین ۔

Chaff-weed : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Chaffer : (v) جھگڑ کے مول لینا /چکانا : سسک سسک کے دام لگانا : خریدتے وقت تکرار کرنا ؛ زیادہ اور فضول بولنا : بکواس کرنا ۔

Chaffer : (n) نوک جھونک کرنے والا ؛ پھبتی کسنےوالا ؛ فقرہ بازی کرنے والا ۔

Chafferer : (n) جھگڑ کے مول لینے والا / چکانے والا ؛ خریدتے وقت تکرار کرنے والا ۔

Chaffinch : (n) ایک قسم کی گانے والی چڑیا ؛ سرشور ؛ چڑچڑیا ۔

Chaffingly : (adv) مذاق سے ؛ بطور استہزا ؛ شوخی سے ؛ تمسخر سے ۔

Chaffron : (n) [var.of CHAMFRON] جنگی گھوڑے کے سرکی ایک قسم کی بوشی ۔

Chaffy : (a) (۱) بھوسی دار ؛ سبوسی ؛ بھوسیلا ؛ بھوسی ملا ہوا ۔ (۲) ھلکا ؛ خالی ؛ ناکارہ ؛ سبک ۔

Chafing : (n) گرم رکھنے کا عمل ؛ دیکھو chafe (v)

Chafing dish : (n) وہ برتن جس کے اندر جلتے کوئلے ھوں تاکہ پکی ھوئی چیزوں کو گرم رکھیں ۔

Chafing gear : (n) رسے اور تختوں پر رکھی ھوئی کوئی چیز تا کہ آپس میں رگڑ نہ لگے ۔

Chafing pan : (n) دیکھو Chafing dish

Chaft : (n) [ON."kjaft"] جبڑا ۔

Chagal : (n) [Skr.] مشک ؛ چھاگل ۔

Chagan : (n) [Old. Turk."khaqan"] کاگان ؛ خان ؛ خاقان ۔

Chagrin : (n) [F."chagrin"] جھنجھلاھٹ ؛ کھجاوٹ ؛ طیش ؛ برہمی ؛ جھانجھ ؛ دل شکستگی ؛ حسرت ؛ آزردگی ؛ غم و غصّہ ؛ خفت و خواری ؛ دق ۔

Chagrin : (v) برہم کرنا ؛ آزردہ کرنا ؛ طیش دلانا ؛ پریشان کرنا ۔

Chain : (n) [L."catena"] (۱) زنجیر ۔ (۲) (زیور) توڑا ؛ گلو بند ؛ کنٹھا ؛ گھڑی کی زنجیر ؛ سونے یا چاندی کی زنجیر ۔ (۳) تار ؛ لڑی ؛ قطار ؛ سلسلہ (ثبوت ، واقعات ، ستون ، پہاڑ وغیرہ کا) ۔ (٤) دھات کا چھیاسٹھ فٹی ناپ ۔ (۵) (بحری) ستون کے سنبھالنے کے لئے تختے کے نیچے کی بندش جو جہاز کے پہلو میں اسی غرض کے لئے ھوتی ھے ؛ مستول بند ؛ رسیوں کی بندش ؛ زیر تختی ۔ (٦) بندش ؛ رکاوٹ ؛ روک ۔ (۷) (جمع میں) قید ۔ (۸) دروازوں کی وہ زنجیر جس سے دروازہ تھوڑا ھی سا کھل سکے ۔ (۹) جریب ؛ زمین کی پیمائش کی زنجیر ۔ (۱۰) (تعمیرات) لوھے کی چھڑ جو دیوار میں مضبوطی کےلئے دیجاتی ھے ۔ (۱۱) دو گولےیا دو نصف گولے جن کو زنجیر سےباندھ دیا جائے تاکہ مستول وغیرہ کاٹ سکیں ؛ زنجیر گولہ ؛ زنجیری ۔ (۱۲) (بنائی) تانا ۔ (۱۳) زنجیری ؛ زنجیر کی طرح ؛ مانند زنجیر ؛ زرہ کی صفت کا ۔ (١٤) رقاصوں کی ٹولی ؛ ایک دوسرے کا ھاتھ تھامے ھوئے ۔ (۱۵) زنجیر کی کڑی کی طرح جٹے ھوئے ایٹم ؛ (کیمیا) کڑی پیمائش ۔

Dune chain : (کیمیا) ڈون کا سلسلہ ۔

Endless chain : تسمہ یا زنجیر جس کے دونوں سرے جڑے ھوتے ھیں ۔

Chert blade : (n) (تاریخ) چرٹ کا پھل ؛ چقماقی پھل ۔

Chert hoe : (n) (تاریخ) چرٹ کدال ؛ چقماقی کدال ۔

Cherty : (a) چقماق نما بلور کی مانند ۔

Cherub : (n) [Pl. Cherubs & Cherubim] [Heb."Kerub"] (۱) کروبی ؛ فرشتہ ۔ (۲) دوسرے طبقے کا فرشتہ جس کو علم عطا کیا گیا ہو ۔ (۳) (فنون لطیفہ) پردار بچہ (مواتی) یا اس بچے کا سر ۔ (٤) خوب صورت یا معصوم بچہ ؛ بھولا بچہ ؛ سندر بالک ۔ (٥) حسین عورت یا معشوقہ ۔ (٦) معصوم بچے کی شکل کا آدمی ۔

Cherubic / -al : (a) معصوم صورت ؛ فرشتہ خو ؛ ملائک صفت ؛ فرشتہ سا ؛ ملکی ؛ کرّوبیوں کے متعلق ۔

Cherubim / -in : (n) دیکھو Cherub

Cherubimical / -ic : (a) دیکھو Cherubic / -al

Chervil : (n) [Gr."Cherethyllon"] یخنی ، سلاد وغیرہ میں استعمال کرنے کا ایک ساگ ؛ خوشبودار ساگ ؛ جعفری فرنگی ۔

Cheshire : (n) [Proper name] انگلستان کا ایک علاقہ ۔

Cheshire cheese : (n) چشائر کا پنیر ۔

Chesil / Chisel : (n) [OE."Cisil","Ceosel"] کنکری ؛ سنگ ریزہ ۔

Chesil / Chissal : (n) [Origin unknown] چھوٹی سبزناشپاتی کی ایک قسم ۔

Chess : (n) [OFr."esches"] شطرنج ۔

Chess : (n) [Origin unknown] (۱) تہ ؛ قطار ۔ (۲) (جمع میں) (فوجی) کشتی کے پل کے متوازی تختے ۔

Chess : (n) [Origin unknown] ایک قسم کی گھاس جو گیہوں کے ساتھ کھیتوں میں اگتی ہے ۔

Chess-board : (n) بساط ؛ شطرنج کی بساط ۔

Chess-men : (n) شطرنج کے مہرے ۔

Chess-tree : (n) [Unidentified element + tree] (جہازرانی) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو کشتی کے اوپر کے حصے میں لگا رہتا ہے ۔

Chessel : (n) [CHEESE + WELL] پنیر کا سانچہ ۔

Chessner : (n) شطرنج کا کھیلنے والا ۔

Chessylite : (n) [F."Chessy" in France] (کیمیا) چیزی لائٹ ۔

Chest : (n) [OE."Cest"] (۱) بڑا مضبوط صندوق ۔ (۲) ملاحوں کے سامان رکھنے کا صندوق ؛ پیٹی ۔ (۳) خاص صندوق ۔ (٤) روکڑ کا صندوق ؛ (مجازاً) صندوقوں کے اندر کی رقم ۔ (٥) کسی چیز کے رکھنے کا ڈبہ خصوصاً چائے کا ڈبہ ، پیٹی ۔ (٦) سینہ ؛ صدر ۔ (۷) تابوت ۔ (۸) سرچشمہ؛ جذبات ۔ (۹) (تجارت) تجوری ۔

Carpenter's Chest : بڑھئی کا اوزار دان (اوزار بکس) ۔

Currency Chest : نقد تجوری ۔

Medicine Chest : دواؤں کا صندوق ؛ صندوق ادویہ ۔

Sepulchral Chest : (تاریخ) تابوت ۔

Subsidiary Chest : معاونی تجوری ۔

Chest : (v) (۱) صندوق یا تابوت میں رکھنا ۔ (۲) سینہ سے لگانا ۔ (۳) ذخیرہ کرنا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ۔

Chest beating : (n) ماتم ؛ سینہ کوبی (اعتراف قصور میں) ۔

Chest facilities : (n) (تجارت) تجوری سہولتیں ۔

Chest-founder : (n) گھوڑے اور کتّے کے سینے کی بیماری جو کثرت کار یا عدم کارکردگی سے لاحق ہو جاتی ہے جس سے سینہ دھنس جاتا ہے ۔

Chest money : (n) (تجارت و معاشیات) محفوظ زر ؛ اندوختہ ؛ (تجارت) بینک کا زر ۔

Chest-note : (n) (Also Chest voice) پست ترین سر ؛ پست ترین آواز ۔

Chest of drawers : دراز دار صندوق ؛ ششدرہ ۔

Chest of voils : ہم آہنگ سازوں کا مجموعہ ۔

Chest-on-chest : دوہرا صندوق جس کے اوپر کا دراز نیچے کے دراز سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

Chest-protector : (n) سینہ بند ؛ صدری ۔

Chest-pulse : (n) گھوڑے کے سینے کے عضلات کا تنفس کی وجہ سے یکایک حرکت کرنا ؛ (لسانیات) سینے کی دھڑکن : صدری حرکت ۔

Chest slip : (n) (تجارت) تجوری پرچی ۔

Chest-weight : (n) رسی اور گھرنی کے ذریعہ سینہ اور پیٹھ کے عضلات کے لئے ورزش ۔

Chested : (a) (۱) صندوق یا تابوت میں رکھا ہوا ۔ (۲) چوڑے چکلے سینے والا ؛ سینہ دار ۔

Chester : (n) [OE."Ceaster"] حصار دار شہر خصوصاً انگلستان کا وہ شہر جو رومیوں نے بنایا تھا اور جو ان کا مرکز تھا ۔

Chesterfield : (n) [F. an Earl of Chesterfield] (۱) چسٹر ؛ ایک قسم کا لمبا کوٹ ۔ (۲) لمبا صوفہ ۔

Chesterfieldian : (a) چسٹر فیلڈ کے آداب و اخلاق سے متعلق ۔

Chesterlite : (n) [chester Co.Penn.U.S.A.+ -LTTE] (معدنیات) ایک معدنی شئے Orthedase کی ایک قسم ۔

Chestnut / Chesnut : (n) [Gr."Kastanea"] (۱) شاہ بلوط کا درخت ؛ کستانہ ۔ (۲) شاہ بلوط کا پھل ؛ جوز ۔ (۳) پا مال ؛ فرسودہ ؛ پرانا قصہ ؛ فرسودہ مذاق ۔ (٤) خرمائی رنگ ؛ قھوی رنگ ۔ (٥) سرنگ ؛ کمیت گھوڑا ؛ گھوڑے کے پاؤں کی ایک بیماری ؛ گومڑ ۔

Chestnut : (a) سرخی مائل بھورے رنگ کا ؛ Chestnut کے رنگ کا ۔

Chesty / Chestier : (a) طنطنہ باز ؛ مغرور ۔

Chetah : (n) دیکھو Cheetah

Chevage : (n) [OFr. "Chevage"] وہ ٹیکس یا مالیات جو فرداً فرداً مالك یا رئیس کو ادا کیا جاتا ھے ۔

Cheval : (n) [Fr.] (۱) گھوڑا ۔ (۲) (فوجی) دو راستوں یا مواصلات کے دو ذریعوں کی سرداری ۔

Cheval de frise : (n) [Fr.] (۱) (فوج) لکڑی یا لوھے کا بڑا بلا جس میں چھ فٹ لمبی نوك دار سلاخیں لگی ھوں اور دشمنوں کی راہ روکنے کےلئے استعمال کی جائے ۔ (۲) دیوار میں لگی نوکدار سلاخیں ۔

Cheval-glass : (n) [Fr."Cheval"+GLASS] بڑا جھولنا آئینہ ؛ قد آدم آئینہ جو ڈنڈوں میں آویزاں ھو اور گھمایا جا سکے ۔

Chevalet : (n) [Fr.dim. of CHEVAL] آلات موسیقی کی گھوڑی ۔

Chevalier : (n) [med.L. "Caballarius"] (۱) دلاور سوار ؛ بہادر ؛ سلح شور ۔ (۲) ایك قسم کا نائٹ ۔ (۳) قدیم فرانسیسی امرا میں سےنوجوان سپاھی ؛ فرنچ لیجین آف آنر کا رکن ۔ (٤) ایك لمبی چونچ والا پرندہ ۔

The chevalier or chevalier de St.George : : جیمس اسٹوارٹ ؛ جیمس دوم کا لڑکا ؛ مدعی کلاں ۔

The young Chevalier : چارلس ایڈورڈ اسٹوارٹ ؛ مدعی خرد ۔

Chevalier of industry / Chevalier of fortune : قسمت آزما ؛ قسمت باز ؛ دھوکا باز ؛ دھوکا بازی اور نا جائز مال ملك سے باھر بھیج کر زندگی گزارنے والا ۔

Chevaline : (a) [Fr."Chevalin"] گھوڑے کے متعلق ۔

Chevaline : (n) گھوڑے کا گوشت ۔

Chevee : (n) [Fr."Chevee"] چپٹا نگینہ جس کی اوپری سطح تھوڑی دھنسی ھوئی ھو ۔

Chevelure : (n) [L."Capillatura"] (۱) بالوں کا سنگار ۔ (۲) دمدار ستارے کے مرکز کے چاروں طرف کا ھالہ ۔

Chevet : (n) [Fr.] کلیسا کی وہ محراب جہاں مذھبی نغمہ گایا جاتا ھے ؛ آستانہ٭ مقدس ۔

Cheville : (n) [Fr.] (۱) کوئی فاضل لفظ جو جملہ یا شعر کو مکمل کرنے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) تار دار آلات موسیقی کی کھونٹی ۔

Chevin : (n) [Rom."Capitine"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Cheviot : (n) [name of a range of hills on Scotland border] (۱) ایک قسم کی بھیڑ ۔ (۲) بھیڑ کے اون یا اس سے بنا ھوا کپڑا ۔ (۳) ایک قسم کا ھلکا کاغذ جو اس بھیڑ کی چمڑی کے مانند ھوتا ھے اور جو ڈبوں کا غلاف بنانے یا آراستہ کرنے کے کام آتا ھے ۔

Chevon : (n) [Fr."Chevre"] خصی کا گوشت ۔

Chevret : (n) [Fr."Chevre"] بکری کے دودھ سے بنا ھوا پنیر ۔

Chevrette : (n) [Fr. dim.of"Chevre"] (۱) بکرے کا پتلا چمڑا (دستانہ بنانے کے لئے) ۔ (۲) توپ کو گاڑی پر چڑھانے اور رکھنے کی ایک مشین ۔

Chevron : (n) [L."Caper"] (۱) شہتیر یا بلّی یا کڑی خصوصاً (جمع میں) چھت کی کڑیوں کی جوڑی جو موگری پر ملتی ھے ۔ (۲) (نقابت) تین کونیا نشان یا مارکہ جس کا سرا اوپر ھوتا ھے : (۸) ۔ (۳) تین کونیا آرائشی نشان ۔ (٤) نان کمیشنڈ افسروں ، پولیس کی آستین پر تین کونیا نشان کی علامت ۔

Cheron-bone : (n) ۸ کی شکل کی ھڈیاں جو بعض جانوروں کی ریڑھ کی ھڈی سے نکلتی ھیں ۔

Chevron-moulding : (n) آرائشی حاشیے کے ٹیڑھے میڑھے نشان ۔

Chevron wise /-ways : (adv) تین کونیا نشان کی طرح ۔

Chevron work : (n) آرائشی حاشیے میں ٹیڑھے میڑھے کام ۔

Chevronel : (n) [dim.of CHEVRON] (نقابت) پتلا تین کونیا نشان یا مارکہ ۔

Chevrotain / -in : (n) [Fr."Chevrotain,-tin"] (۱) چھوٹا نافہ دار ھرن ۔ (۲) جگالی کرنے والا پستان دار جانور جو بےسینگ کے ھرن کی شکل کا ھوتا ھے اور ایشیا اور افریقہ کے جنوبی حصے میں پایا جاتا ھے ۔

Chevy / Chivy (Chivvy) : (n) (۱) شکار کے وقت کی ایک پکار (۲) تعاقب ۔ (۳) شکار ؛ گریز ؛ فرار ۔ (٤) قیدیوں کا ایک کھیل مثل کبڈی ۔

Chevy / Chivy : (v) (۱) پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ۔ (۲) سنک جانا ؛ بھاگ جانا ؛ رفو چکر ھو جانا ؛ کافور ھو جانا ؛ نکل بھاگنا ؛ پتہ توڑ کر بھاگنا ؛ چمپت ھونا ۔ (۳) اذیت دینا ؛ تکلیف پہنچانا ؛ ایذا رسانی کرنا ۔

Chevy Chase : (n) (۱) سرحدی جھڑپ (انگلستان اور اسکاتستان کی) ۔ (۲) رزمیہ نظم ۔ (۳) (تعاقب) شور و غل ؛ ھنگامہ ۔

Chew : (v) [OE."Ceowan"] (۱) چبانا ؛ چابنا ۔ (۲) تمباکو کھلانا (منہ میں) ۔ (۳) سوچنا ؛ غور کرنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ مستغرق ھونا ؛ کسی مضمون پر غور و فکر کرنا ۔ (٤) جگالی کرنا ؛ جگالنا ۔ (٥) نقصان پہنچانا ؛ برباد کر دینا ۔ (٦) (عامیانہ) ملامت کرنا ؛ لعنت بھیجنا ؛ سرزنش کرنا ۔

To chew the cud : (۱) جگالی کرنا ؛ پگھرانا ۔ (۲) فکر یا خیال میں محو ھونا ؛ فکر میں ھونا ۔

To chew the fat / To chew the rag : دوستانہ گفتگو کرنا ؛ گپ شپ کرنا ۔

To chew the scenery : کسی ڈرامے کے منظر میں ۔

Chew : (n) [F. Prec.] (۱) چبائی ؛ جگالی ؛ پاگُھر ۔ (۲) سوچ بچار ۔ (۳) تمباکو کی گولی یا اننا ۔

Chew out : (v) تنبیہ کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Chew over : (v) غور و فکر کرنا ؛ سوچ بچار کرنا ۔

Chewer : (n) چبانے والا ؛ چابنے والا ۔

Chewing : (n) چبانا ؛ چابنا ۔

Chewing gum : (n) چوئنگ گم ؛ گوند کی بنی ھوئی مٹھائی ۔

Chewink : (n) [Imitative] دیکھو Cheewink

Chez : (Prep.) [L."Casae"] (۱) گھر میں یا دکان میں ۔ (۲) ساتھ ۔

Chhatri : (n) [Hindi"Chatri"] مقبرہ ؛ مزار ؛ درگاہ ؛ استراحت گاہ جو درگاھوں یا مسجدوں میں ھوتی ھے ۔

Chi : [Gr.] یونانی حروف تہجی کا بائیسواں حرف ۔

Chi-rho : (n) حضرت عیسیٰ کے یونانی نام کے پہلے دو حروف ۔

Chi-square distribution : (n) (ریاضی) شارلیر بٹاؤ ۔

Chi-square formula : (n) (ریاضی) دائری ضابطہ ۔

Chi-square serial correlation : (ریاضی) دائری سلسلہ ۔

Chi-square test : (n) (طبیعیات) کائی اسکوائر ٹسٹ ؛ (ریاضی) کائی مربع جانچ ۔

Chia : (n) [Sp." Chia"] (۱) Cha ؛ (۲) ایک قسم کا پودا جو میکسکو وغیرہ میں پایا جاتا ھے اور جس کے تخم سے مشروب بناتے ھیں ۔

Chia oil : (n) کھانے کا تیل جو اس پودے (Chia) سے بنتا ھے ۔

Chiack : (v) [Prob. alter.of"Cheek"] تمسخر کرنا ؛ مذاق اڑانا ۔

Chian : (a & n) [L."Chius"] (۱) کیباؤس کا باشندہ ؛ کیباؤس کا ۔ (۲) کیبان شراب ۔

Chian earth : (n) کیباؤس کی مٹی جو پہلے بطور آرائش کے استعمال ھوتی تھی ۔

Chianti : (n) [It.] ایک اطالوی سرخ شراب ۔

Chiaroscurist : (n) (نقاشی میں) دھوپ چھاؤں دکھانے والا یا ایسی نقاشی کرنے والا ۔

Chiaroscuro / Chiaro-oscuro : (n) [It."Chiaro + oscure"] (۱) تصویر کشی میں دھوپ چھاؤں دکھانا ۔ (۲) دھوپ چھاؤں ۔ (۳) متنوع ؛ (مجازاً) ادب میں دھوپ چھاؤں کی کیفیت پیدا کرنا ۔ (٤) نقاشی کی ایک قسم جس میں صرف سایہ اور روشنی سے کام لیا جاتا ھے اور کوئی رنگ نہیں ملایا جاتا ھے ۔ (٥) پرانے زمانے میں لکڑی کی چھاپ کا ایک عمل جس میں ھر رنگ کے لئے جدا گانہ قالب اور تختہ استعمال ھوتا تھا ۔ (٦) (اطالیہ میں) مٹی کے برتنوں پر ابھری ھوئی نقاشی کی ایک قسم ۔

Chiasma / Chiasm : (n) [Gr."Chiasma"] (۱) (تشریح) تقاطع ۔ (۲) (حیوانیات) درمیان یا عرض میں آمیزش ؛ (حیوانیات) صلیبیہ ۔

Optic Chiasm : تقاطع بصری ۔

Chiasmal : (a) تقاطع سے متعلق ۔

Chiasmus : (n) [Gr."Chiasmos"] (ادب) صفت تقلیب ۔

Chiastic : (a) صفت تقلیب سے متعلق ؛ قلبی ۔

Chiastolite : (n) [Gr."Chiastos"+-LITE] (معدنیات) ایک قسم کا نرم اور نا خالص اندالوزائیٹ کہ اسکی عرضی تراش میں چلیپائی شکل ھوتی ھے ۔

Chiaus : (n) [Turk."Cavus"] (۱) چاؤش ؛ قاصد (ترکی) ۔ (۲) حیلہ باز ؛ فریبی ۔

Chibol : (n) [Late L.] پیازچہ ؛ پیاز ۔

Chibouk / Chibouque : (n) [Turk."Cubuk"] لمبا ترکی پائپ ؛ (تمباکو پینے کا) چبوق ۔

Chiaroscuro : (a) [It. chiro+oscuro] دھوپ چھاؤں سے متعلق دھوپ چھاؤں کا ؛ کچھ ڈھکا کچھ کھُلا ۔

Chic : (n) [Fr."] (۱) چابک دستی ؛ مہارت ؛ استادی ؛ مشاقی ؛ دستگاہ ۔ (۲) مقبول وضع قطع ؛ مقبول اسلوب فیشن ۔

Chic : (a) وضع دار ؛ طرح دار ؛ فیشن ایبل ۔

Chica : (n) [Native name] سرخ رنگ جو ایک قسم کی گھاس سے حاصل ھوتا ھے ۔

Chica : (n) مکئی سے بنی خمیری شراب (جنوبی امریکا والوں کی) ۔

Chicalote : (n) [Nahuatle "Chicaloti"] سفید پھول والا خاردار پوپی (خشخاش) ؛ گل شقائق ۔

Chicane : (n) [Fr."Chicane"] (۱) حیلہ باز ؛ فریب ؛ چکمہ ؛ جھانسا ؛ مغالطہ ۔ (۲) (گھوڑ دوڑ کے میدان میں) کوئی رکاوٹ ۔ (۳) رنگ کا پتا نہ ھونا (تاش کے کھیل میں) ۔

Chicane : (v) [Fr."Chicaner"] (۱) حیلہ بازی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ پھسلانا ؛ قانونی حیلہ نکالنا ۔ (۲) شرعی حیلہ ڈھونڈنا ؛ روباہ بازی کرنا ؛ پھسلانا ؛ چکمہ دینا ؛ دھوکا دے کر کچھ حاصل کرنا ۔

Chicane : (a) (۱) برج (تاش) میں رنگ نہ رکھنے والا ۔ (۲) (عامیانہ) قلاش ۔

Chicaner : (n) حیلہ باز ؛ فریبی ؛ دھوکا باز ۔

Chicanery : (n) [Fr."Chicanerie"] حیلہ بازی ؛ مغالطہ ؛ شرعی حیلہ ؛ جھانسا پٹی ؛ دھوکا ؛ قانونی حیلہ ؛ لفظی بحث ؛ لا طائل بحث ؛ سوفسطائیت ۔

Chicha : (n) [Amer.Sp.] دیکھو Chica

Chichi : (a) [F.] (۱) آرائشی ؛ نمائشی ۔(۲) تصنع رکھنے والا ۔(۳) فیشن پرست ؛ طرح دار ۔

Chichi : (n) نمائش ؛ تصنع ؛ آرائش ۔

Chick : (n) [Short for Chicken] (۱) مرغی کا بچہ ؛ چوزہ ؛ چینگا ؛ بچہ (کسی پرند کا) ۔(۲) بچہ (آدمی کا) ۔(۳) (عامیانہ) جوان عورت ؛ دوشیزہ ۔

The chicks : کسی خاندان کے چینگے پوتے ۔

Chick : (n) [Pers."Chiq"] چق ۔

Chick : (n) [Echoic] ٹك ٹك ۔

Chick : (n) [Short for "Chickeen"] ایك سکہ جو هندوستان کی بندرگاهوں میں استعمال هوتا تها اور چار روپئے کے برابر هوتا تها ۔

Chick : (v) [Echoic] انکھوا نکلنا ؛ نکل آنا ۔

Chick pea : (n) [Fr.] ایك قسم کا چھوٹا مٹر ۔

Chick weed / Chicken weed : (n) ایك قسم کی گھاس یا پودا جو چھوٹا هوتا هے اور پتے بھی چھوٹے هوتے هیں ۔

Chickabiddy : (n) [CHICK + BIDDY] (۱) چوزہ ۔(۲) بچوں کو پیار سے کہتے هیں ,للّا ؛ میاں ؛ منا ۔

Chickaree : (n) [From its note] امریکا کا ایك گانے والا پرندہ ۔

Chickaree : (n) [From its note] امریکا کی ایك بڑی سی سرخ گلہری ۔

Chicken : (n) [OE."Cicen"] (۱) چوزہ ؛ مرغی کا بچہ ؛ چوزے کا گوشت ۔(۲) بچہ ۔(۳) جوان عورت ؛ جوان مرد ؛ نا تجربہ کار مرد ۔(٤) بزدل ؛ ڈرپوک ۔(٥) زود آشنا جوان عورت ۔(٦) (عامیانہ) معمولی باتوں پر زیادہ تاکید ؛ جزئیات پر زور ۔

Mother cary's chicken : بحری کلنگ ؛ ایك قسم کا پرند ۔

To count one's chicken before they are hatched : آکاش میں بیل هونٹوں میں تیل ۔

Chicken : (a) (۱) بزدل ؛ ڈرپوک ۔ (۲) چھوٹی باتوں پر مصر ۔

Chicken : (v) بزدلی دکھانا ۔

Chicken breast : (n) سینے کی هڈی کا غیر معمولی طور پر ابھار ۔

Chicken-breasted : (a) سینے کی ابھری هڈیوں والا ۔

Chicken Cholera : (n) چوزوں کا وبائی مرض ۔

Chicken hazard : (n) پانسہ کا ایك کھیل ۔

Chicken heart : (n) ڈرپوک آدمی ؛ بزدل آدمی ۔

Chicken hearted / livered : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ۔

Chicken hood : (n) چوزگی ؛ بچپن ؛ طفلگی ۔

Chicken meat / Chick meat / Chicken's meat : (n) چوزوں کی خوراك ؛ غذا ؛ مختلف قسم کی گھاسوں کا نام جس کو چوزے کھاتے هیں ۔

Chicken pox : (n) موتیا ؛ سیتلا ؛ چھوٹی چیچك ۔

Chicken weed / Chicken wort : (n) دیکھو Chick weed

Chickery : (n) وہ جگہ جہاں مرغیوں کے انڈوں سے بچے نکالتے هیں ۔

Chickling : (n) چھوٹا چوزہ ۔

Chickling / Chickling vetch : (n) موٹ (موٹھ) ۔

Chicle : (n) [Nahuatle"Chictli"] ایك قسم کا گوند ۔

Chicklero : (n) [Am. Sp.] گوند جمع کرنے والا ۔

Chico : (n) [Mex. Sp.] ایك قسم کا تاش کا کھیل ۔

Chicory : (n) [Gr."Kischoria"] (۱) نیلے پھول کا پودا جس کی جڑ کام میں لائی جاتی هے ؛ کاسنی ؛ کاسنی تلخ ۔(۲) بیخ کاسنی جو کبھی قہوے کے ساتھ کبھی قہوے کی جگہ استعمال هوتی هے ۔

Chicote : (n) [MF."Chicot"] چوبی دار دستے والا لمبا کوڑا ۔

Chide : (v) [OE."Cidan"] (۱) ڈانٹنا ؛ جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گھرکی دینا ؛ ملامت کرنا ؛ زجر و توبیخ کرنا ؛ شکوہ شکایت کرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ صلواتیں سنانا ۔ (۲) جھگڑا کرنا ؛ جھگڑنا ۔ (۳) شور و غل مچانا ۔

Chide : (n) شور (جھرنے کا) ۔

Chider : (n) ڈانٹنے والا ؛ جھڑکنے والا ؛ سرزنش کرنے والا ؛ ملامت کرنے والا ۔

Chiding : (n) نزاع ؛ سرزنش ؛ ملامت ۔

Chidingly : (adv) ڈانٹتے ہوئے ؛ جھڑکتے ہوئے ؛ بطور سرزنش ۔

Chief : (n) [OFr."chef"] (۱) (نقابت) سپر یا ڈھال کا بالائی ثلث ۔ (۲) لیڈر ؛ راہنما ؛ رہبر ؛ سردار ؛ مکھیا ؛ پیشوا ؛ حاکم ؛ امیر ؛ رئیس ؛ قائد ۔ (۳) قوم، فرقہ یا جرگے کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری ؛ شیخ قبیلہ ۔ (٤) افسر محکمہ ؛ بالاترین افسر ؛ افسر بالا دست ؛ حاکم ۔ (٥) بلندی ؛ رفعت ؛ بزرگی ۔ (٦) بدل خدمت ؛ زر استثنی جو معافی دار یا کاشتکار خدمت سے مستثنی کئے جانے کے عوض ادا کرے ۔

In chief : (۱) (نقابت) سپر یا ڈھال کے بالائی حصے میں بنا ہوا ۔

In chief : وہ جاگیر جو بادشاہ نے عطا کی ہو ۔

-in chief : اعلیٰ ؛ اعظم ۔

Colonel-in-chief : کرنل اعلیٰ ۔

Commander-in-chief : سپہ سالار اعظم ۔

Ruling chief : (n) (تاریخ) حکمران راجہ ۔

Chief : (a) (۱) بلحاظ خطاب کے اول و اعلیٰ ۔ (۲) بلحاظ اہمیت یا اثر کے اول ؛ اہم ؛ خاص ؛ بزرگ ؛ اصلی ۔ (۳) پیش پیش ؛ نمایاں ؛ سربرآوردہ ؛ خاص ۔

Chief : (adv) (۱) خاص طور سے ؛ خاص کر کے ؛ بالخصوص ؛ اولاً ۔ (۲) (اسکاٹش) قریب ۔ (۳) (جمع میں) خاص یا اہم لوگ ۔

Chief good : خیر اعلیٰ ۔

Chief-justice : (n) قاضی اعلیٰ ؛ میر عدلیہ ؛ میر مجلس عدالت عالیہ ۔

Chief of Air staff : (انتظامیہ) سربراہ فضائیہ ۔

Chief of Army staff : (انتظامیہ) سربراہ مسلح افواج ۔

Chief of Materials : (انتظامیہ) سربراہ لوازمات

Chief of mission : (تاریخ) سربراہ مشن ۔

Chief of Naval staff : (انتظامیہ) امیر البحر ۔

Chief of Protocol : (تاریخ) سربراہ پروٹوکول ؛ سر رشتۂ آداب و رسوم ؛ (انتظامیہ) افسر تواضع ۔

Chief of staff : چیف آف اسٹاف ۔

Chief whip : (انتظامیہ) چیف وہپ ۔

Chiefage : (n) Cherage کا متبادل ۔

Chiefdom : (n) کسی سردار کی ریاست ؛ اس کا مرتبہ یا علاقہ ۔

Chiefery / Chiefry : (n) [Ir.] (۱) آئرلینڈ کے سردار کا عہدہ اور علاقہ ۔ (۲) کسی قبیلے کے سردار کے واجبات (مالگذاری اور پیشکش وغیرہ) ۔

Chiefess : (n) (مونث) چودھرائن ؛ سردارنی ۔

Chiefless : (a) بے سالار ؛ بے افسر ؛ بے سردار ۔

Chiefly : (a) امیرانہ ؛ سردارانہ ؛ سزاوار سرداری ؛ بزرگانہ ۔

Chiefly : (adv) (۱) سب سے پہلے ؛ سب سے پیشتر ۔ (۲) خاص کر ؛ خاص طور سے ؛ اغلباً ؛ غالباً ۔

Chiefship : (n) (۱) سرداری ؛ سرداری کا عہدہ ؛ امارت کا عہدہ ۔ (۲) افسری ؛ سرداری ؛ قیادت ؛ سالاری ۔

Chieftain : (n) [Late ME."Cheftain"] (۱) فوجی سردار ؛ قائد ؛ سالار ؛ ملک ؛ سرخیل ؛ (نظم میں) ۔ (۲) قزاقوں کا سرغنہ ؛ لٹیروں کا سردار ۔ (۳) پہاڑی قبیلوں کا رئیس یا شیخ ؛ غیر تمدن یافتہ قبیلہ کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری ۔

Chieftaincy : (n) [after "Lieulenancy"] چودھرایت ؛ ریاست ؛ چودھری کا علاقہ ؛ سردار کا حلقہ ۔

Chieftainery : (n) سردار کا عہدہ یا علاقہ ؛ سرداروں کی جماعت ۔

Chieftainess : (n) چودھرائن ؛ سردارنی ۔

Chieftainship : (n) سرداری ؛ چودھراھٹ ؛ سالاری ؛ سرغنائی ؛ مکھیائی ۔

Chiel : (n) [ME."Cheld"] (اسکاچستان) نوجوان ؛ بچہ ۔

Chield : (n) [Var. of CHILD] (اسکاچستان) نوجوان ؛ بچہ ۔

Chiff-chaff : (n) [From its note] ایک بھورے رنگ کی گانے والی چڑیا ۔

Chiffer / Chiffre : (n) [It."Cifra"] عدد ؛ شمار ۔

Chiffon : (n) [Fr.f."chiffe"] (۱) (جمع میں) زنانہ پوشاک کی آرائشی و زیبائشی چیزیں جیسے بیلیں ، لیس ، جھالریں ؛ زنانہ کپڑا ۔ (۲) (واحد میں) ھلکا باریک کپڑا ۔

Chiffonade : (n) [Fr."Chiffonnade"] باریک کٹی ھوئی سبزی جو شوربے یا سلاد میں کام آتی ھے ۔

Chiffonier / Chiffonnier : (n) [Fr."Cheffonier"] (۱) آرائشی قسم کی خانہ دار الماری ؛ ششدرہ ۔ (۲) چیتھڑے جمع کرنے والا ۔

Chigetai : (n) [Also dzeggetai) [Mongolian"tchikhitei"] (منگولیا کا) خر وحشی ۔

Chigger : (n) [African origin] ایک قسم کا چھ پایہ جو آدمی یا جانوروں کا خون چوستا ھے ۔

Chignon : (n) [L."Catena"] گدی پر بالوں کا جٹا ؛ بالوں کا جوڑا ۔

Chigoe : (n) [Fr.] جزائر غرب الھند اور جنوبی امریکہ کا ایک چھوٹا پسو جس کی مادہ پاؤں کےاندر گھس جاتی ھے اور خارش اور تکلیف دہ دانہ پیدا کرتی ھے ۔

Chihuahua : (n) [Mex."Chihuahua"] بہت ھی چھوٹے قسم کا گول سر اور لمبے کانوں والا کتّا ۔

Chikara : (n) [Skr."Chikkara"] ایک قسم کا ھرن جو ھندوستان میں پایا جاتا ھے ۔

Chiblain : (n) سردی سے ھاتھ پاؤں کا پھٹنا ؛ بوائی ۔

Chilblained : (a) (Also chilblainy) [CHILL + BLAIN] بوائی دار ؛ پھٹے ھوئے (ھاتھ پیر) ۔

Child : (n) [OE."cild"] (۱) جنین ؛ نوزائیدہ ؛ (آدمی کا) بچہ ؛ طفل ؛ کودک ۔ (۲) بچہ ؛ بالک ؛ بچی ۔ (۳) طفل مزاج شخص ؛ نادان ؛ نا سمجھ شخص ؛ سادہ لوح ۔ (٤) بیٹا یا بیٹی (کسی عمر کی) ؛ فرزند ؛ دختر ۔ (٥) اولاد ۔ (٦) آل اولاد ؛ خلف ؛ نسل (حقیقی و مجازی دونوں معنوں میں) ؛ طرفدار ؛ جانبدار ؛ پیرو ؛ متوسل ۔ (۷) نتیجہ ؛ زادہ ۔ (۸) متبنّی ۔ (۹) شاگرد مدرسہ ؛ کلیسائی سرود خواں جماعت کا ایک بچہ ۔ (۱۰) شریف زادہ ؛ امیر زادہ ۔ (۱۱) پروردہ ۔

Abandoned child : (سماجیات) متروک بچہ ۔

Antisocial child : (نفسیات) سماج مخالف بچہ ۔

Asocial child : (نفسیات) نا ملنسار بچہ ۔

Burnt child dreads fire : دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ھے ۔

Delinquent child : (نفسیات) بد راہ بچہ ۔

Dependent child : (نفسیات) سہارا طلب بچہ ۔

Deviate (or Deviant)child : (نفسیات) منحرف بچہ ۔

Dull child : (نفسیات) غبی بچہ ۔

Exceptional child : (نفسیات) استثنائی بچہ ۔

Exceptionally intelligent child : (نفسیات) غیر معمولی ذھین بچہ ۔

Feeble minded child : (نفسیات) ضعیف العقل بچہ ۔

Guidance child : (نفسیات) رھنمائی اطفال ۔

Handicapped child : (نفسیات) معذور بچہ ۔

Imaginative child : (نفسیات) ذی تخیل بچہ ۔

Mentally retarded child : (نفسیات) پسماندہ ذھن بچہ ۔

Neglected child : (نفسیات) ناپرس بچہ ؛ (سماجیات) نظر انداز شدہ بچہ ۔

Nervous child : (نفسیات) غصبی بچہ ۔

Normal child : (نفسیات) نارمل بچہ ؛ طبعی بچہ ۔

Overgrown child : (نفسیات) زائد جثہ بچہ ۔

Over inhibited child : (نفسیات) بے حد اظہار بستہ بچہ ۔

Over protected child : (نفسیات) بےحد تحفظ زدہ بچہ ۔

Physically retarded child : (نفسیات) پسماندہ جسم بچہ ۔

Precocious child : (نفسیات) پیش رس بچہ ۔

Preschool child : (نفسیات) قبل مدرسہ عمر کا بچہ ۔

Problem child : (نفسیات) مسئلہ خیز بچہ ۔

Rejected child : (نفسیات) مسترد بچہ ۔

Retarded child : (نفسیات) پس ماندہ بچہ ۔

Superior child : (نفسیات) برتر بچہ ۔

Talented child : (نفسیات) باصلاحیت بچہ ۔

This child : (n) (سوقیانہ) (اپنی طرف اشارہ) مراد "میں یا مجھے" ؛ ایں جانب ۔

Truant child : (نفسیات) بھگوڑا بچہ ۔

Typical child : (نفسیات) مطابق ، ٹائپ بچہ ۔

With child : (۱) پیٹ میں ھونا ؛ دوجی سے ھونا ؛ حمل سے ؛ حاملہ ؛ امید یا اس سے ھونا ؛ بار دار ۔(۲) مشتاق(کسی کام کے لئے) ۔

Withdrawn child : (نفسیات) تنہائی پسند بچہ ۔

Child-bearing : (n) وضع حمل ؛ زچگی ؛ بچہ دینا ۔

Child-bed : (n) (۱) زچگی یا وضع حمل کی حالت ؛ عالم زچگی ؛ جاپا ۔(۲) وہ بستر جس پر وضع حمل ھو ۔

Child-birth : (n) وضع حمل ؛ (درد) زہ ؛ ولادت ؛ درد زہ ۔

Child clinic : (n) (سماجیات) بچوں کا کلینک / اسپتال ۔

Child crowing : (n) خناق اطفال جس میں زور سے سانس چلتی ھے ۔

Child-guidance : (n) (۱) بچوں کی ناسازگی کا مطالعہ اور علاج ۔(۲) بچوں کی صلاحیت کے مطابق ان کو ھدایت دینے کا عمل ۔ (۳) (سماجیات) بچہ کی رھنمائی ۔

Child labour : (n) قانون کے خلاف بچوں سے کسی کارخانہ میں کام لینا ۔(تجارت) طفلی محنت ؛ بچہ مزدور ۔

Child language : (n) (شماریات) بچوں کی زبان ؛ بال زبان ۔

Child-likeness : (n) طفل وشی ؛ بچپنا ؛ معصومیت ؛ بے لوثی ؛ سادہ لوحی ۔

Child minder : (n) والدین کی غیر حاضری میں بچوں کی نگہ بانی کرنے والا ۔

Child mortality : (n) (تجارت) بچوں کی موتیں ۔

Child of God : نکو کار ؛ ولی ؛ اللّٰہ والا ۔

Child of Izzak walten : مچھلی کا شکاری ؛ ماھی شکار ۔

Child of Nature : ابن فطرت ؛ پروردہ فطرت ؛ فطرت کا لال ۔

Child of the devil : شیطان زادہ ؛ بد ؛ بد کار ؛ خبیث ۔

Child psychology : (n) بچوں کی نفسیات کا مطالعہ ۔

Child rites : (n) بچوں کے بپتسما کے رسوم ۔

Child sacrifice : (n) (سماجیات) بچے کی قربانی ۔

Child welfare : (n) سماجی کام جو بچوں کی بہبود کے لے ھوتا ھے ؛ (سماجیات) بچے کی فلاح و بہبود ۔

Child wife : (n) بالك دلہن ؛ بال استری ۔

Childcare : (n) (سماجیات) بچہ کی دیکھ بھال ۔

Childe : (n) دیکھو Child

Childed : (a) بچہ یا بچوں والی ؛ بچہ دار ۔

Childermass : (n) [OE."cildramaesse"] عید معصومین ؛ مقدس معصوموں کا تہوار = ۲۸/دسمبر ۔

Childhood : (n) [OE."cildhad"] (۱) بچہ ؛ طفلی ؛ بالک پن ۔ (۲) زمانہ طفلی ؛ پیدائش سے بلوغ تک ؛ ایام طفلی ؛ بچپن کا زمانہ ۔ (۳) (مجازاً) آغاز ؛ ابتدائی عہد ۔

Second childhood : سترا بہترا ؛ بڈھا پوس ۔

Childing : (a) (۱) حاملہ ۔ (۲) بار آور ۔ (۳) بڑے غنچے کے نزدیک چھوٹے چھوٹے غنچے پیدا کرنے والا ۔

Childish : (a) [OE."cildisc"] (۱) طفلانہ ؛ بچوں کے متعلق ؛ بچکانہ ۔ (۲) طفل مزاج ؛ بچوں کا سا ؛ سفیہانہ ؛ احمقانہ ؛ کودکانہ ۔

Childishly : (adv) بچکانہ پن سے ؛ طفلانہ طور پر ؛ احمقانہ طریقہ پر ۔

Childishness : (n) طفلانہ پن ؛ بچکانہ پن ؛ طفل مزاجی ۔

Childless : (a) بے اولاد ؛ لا ولد ؛ بے فرزند ؛ نپوت ۔

Childlessness : (n) بے اولادی ؛ لا ولدی ؛ بے فرزندی ۔

Childlike / Child-like : (n) بچوں کی سی ؛ طفل وش ؛ بچوں کی اچھی صفت مثل معصومیت اور اخلاص رکھنے والا ؛ معصوم صفت ؛ بے لوث ۔

Childliness / Childness : (n) بچگی ؛ طفلی ۔

Childly : (adv) معصوم صفت ؛ مثل بچہ ؛ بطور بچکانہ ۔

Childness : (n) دیکھو Childliness

Children : (n) [OE."childra"] بچے ؛ اطفال ۔

Children act : (designed to protect children , 1908) (برطانیہ تاریخ) چلڈرن ایکٹ ۔

Children of Israel : یہودی ؛ قوم یہود ۔

Children of light : فرزندان نور (عیسائی) ۔

Children of the sun : (تاریخ) ابنائے شمس (قدیم لوگ جو بڑی بڑی چٹانوں کو نصب کرتے تھے ؛ (" انکا " سلطنت کی مہذب رعایا) ۔

Children's allowance : (n) (تجارت) بچوں کا الاؤنس ۔

Children's assurance : (n) (تجارت) بیمہ' بچگان ۔

Deferred children's assurance : (تجارت) التوائی بیمہ' بچگان ۔

Children's court : (n) وہ عدالت جہاں ملزم بچوں کے مقدمے کی سماعت ہوتی ہے ؛ (سماجیات) بچوں کی عدالت ۔

Children's day : (n) خاص دن خصوصاً جون کا دوسرا اتوار جو پروٹسٹنٹ گرجوں میں منایا جاتا ہے ۔

Children's endowment policy : (تجارت) بال بندوبستی پالیسی ۔

Child's play : (n) بازیچہ' اطفال ؛ آسان کام ؛ بچوں کا کھیل ۔

Chile / Chili : (n) فلفل سرخ ؛ لال مرچ ۔

Chiliad : (n) [L."chilias"] (۱) ہزار ۔ (۲) ہزاری ؛ ہزار برس ؛ ہزار سال کی مدت ؛ ست یگ ۔

Chiladal / Chiliadic : (a) ہزار سال سے متعلق ۔

Chiliagon : (n) [Gr."chilie+gonia"] ایسی سطح جس میں ہزار زاویئے ہوں ۔

Chiliahedron : (n) [Gr."chilie+edpa"] ایسی سطح جس میں ہزار ضلعے ہوں ۔

Chiliarch : (n) [Gr."chiliarches"] ایک ہزار سپاہیوں کا سالار ۔

Chiliarchy : (n) ایک ہزار آدمیوں کی سالاری ۔

Chiliasm : (n) [Gr."chiliasmos"] الفیت : یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں آکر ایک ہزار برس تک بادشاہت کریں گے ؛ (تاریخ) نظریہ الفیت ۔

Chiliast : (n) الفی ؛ الفیا ؛ اس عقیدے کا ماننے والا ۔

Chiliastic : (a) الفیت کے متعلق ۔

Chiliastically : (adv) الفیت سے ۔

Chill : (n) [OE."cele"] (۱) کپکپی ؛ ٹھنڈ ؛ لرزہ ؛ تھر ۔ تھر تھری ؛ جھر جھری ۔ (۲) ہوا، پانی وغیرہ کی ناگوار خنکی ؛ سردی ۔ (۳) افسردگی ؛ اداسی ؛ اضمحلال ؛ پژمردگی ؛ اوس (مجازاً) ۔ (٤) سرد مہری ؛ روکھائی ؛ بے رخی ؛ نا امیدی ؛ یاس ۔ (٥) ایک سانچہ جس میں کھولتے ہوئے لوہے یا دوسری دھات کو ٹھنڈا کیا جاتا ہے ۔ (٦) کسی ڈھالی ہوئی چیزکا سخت حصہ ۔ (۷) جوڑدار سلاخ جو دستی مطبع کی پلیٹ کو متحرک کرتی ہے ۔

Liver child : جگر کا نزلہ ؛ نزلہ کبدی ۔

To cast / throw a chill over : اوس پڑنا ؛ اداسی چھا جانا ؛ افسردہ کرنا ۔

To catch a chill : سردی لگ جانا ؛ زکام ہو جانا ؛ نزلہ ہو جانا ۔

To give one a chill : سردی لگانا ۔

To take the chill off (of a liquid) : خنکی کو دورکرنا ؛ ٹھنڈک مارنا ۔

Chill : (a) (۱) بہت ہی ٹھنڈا ؛ یخ سا ؛ سرد ؛ ناگوار طورپر ٹھر پیدا کرنے والا ۔ (۲) سردی زدہ ؛ جاڑے کا مارا ؛ ٹھٹھرتا ہوا ۔ (۳) بے حس ؛ ٹھس ؛ ٹھنڈے خون کا ؛ سرد دلا ؛ خشك ؛ بے جوش ۔

Chill : (v) (۱) سرد ہوجانا ؛ سرد کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ خنک ہونا ؛ سردی سے مرجانا ؛ پالا مار جانا ۔ (۲) سردی سے ٹھٹھر جانا ؛ سردیا جانا ۔ (۳) سست ہو جانا ؛ تنگ دل کرنا یا ہو جانا ؛ افسردہ کرنا ؛ آزردہ کرنا ؛ پژمردہ کرنا ؛ دل یا جی توڑنا ؛ نراش کرنا ؛ نا امید کرنا یا ہونا ؛ اوس پڑ جانا ۔ (٤) پگھلے ہوئے لوہے کو سرد لوہا ڈال کر جمانا یا سانچے میں ڈھالنا ۔ (٥) (محاورہ) سردی مارنا ۔ (٦) وارنش کی ہوئی سطح کو دھندلا کرنا ۔

Chill-room : (n) گوشت کو ٹھنڈا رکھنے کا کمرہ ۔

Chiller : (n) (۱) خوفناک قصہ ، خون یا کسی فوق الفطرت واقعے سے متعلق ۔ (۲) خنک ساز آلہ ؛ کھانے کو ٹھنڈا رکھنے کا ڈبہ یا خانہ ۔ (۳) ایک قسم کا آلہ جو پیرافین سےٹھنڈا کر کے موم نکالنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) خنك ساز آلہ کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Chilli / Chilly : (n) [Aztec."chilli"] دیکھو Chile

Chillily / Chilly : (adv) سرد مہری سے ؛ سرد مزاجی سے ؛ بے رخی سے ؛ رکھائی سے ۔

Chilliness : (n) سردی ؛ ٹھنڈك ؛ سرد مزاجی ؛ نا ملنساری ؛ روکھائی ؛ بے رخی ۔

Chillingly : (adv) سرد مہری سے ؛ سرد مزاجی سے ؛ روکھائی سے ۔

Chillo : =(chilo) واصلہ بمعنی " لب "

Chillsome : (a) سرد ؛ ٹھنڈا ۔

Chillum : (a) [Pers."chilam"] چلم ۔

Chillumchee : (n) [Pers."chilamchi"] چلمچی ۔

Chilly : (a) (۱) سرد ؛ ٹھنڈا ؛ خنك ۔ (۲) تھوڑا ٹھنڈا ۔ (۳) جو کسی قدر سردی محسوس کرے ؛ سردی یا نزلہ وغیرہ سے اثر پذیر ہونے والا ۔ (٤) سرد مزاج ؛ سرد مہر ؛ کم ملنسار ؛ نا ملنسار ؛ غیر تاثراتی نکتہ چیں ؛ خوف پیدا کرنے والا ۔

Chilmoogra : (n) دیکھو Chalmoogra

Chilo / Cheil : (n) [Gr."cheilos"] ایک قسم کا چھوٹا پتلا پروانہ یا پتنگا جو رات میں نکلتا ہے ۔

Chilognathan : (a & n) [f. mod.L."chilognatha"] جفت پایاں ۔

Chiloma : (n) [Gr."chilos"] دودھ پلانے والے جانوروں کا بالائی لب جو ناک سے سٹا رہتا ہے ۔

Chilopod : (n) [f. mod. L."chilopoda"] صدپا ۔

Chilopodan : (a & n) صدپایہ ۔

Chilopodus : (a) صدپایہ کی فطرت کا ۔

Chilostomatous : (n) [Gr."chilos + stomat"] وہ خلیہ جس کا منھ متحرک لب سے بند ہو ۔

Chilter Hundreds : انگلستان کے دارالعلوم سے استعفا دے دینا ۔

Chiltern : (n) [OE."ciltern"] (۱) کھلّی کی پہاڑیوں کا سلسلہ جو جنوبی انگلستان میں ہے ۔ (۲) کھلّی دار ؛ بالو دار اور سنگریزہ دار مٹی جو فطری طور پر خشك ہوتی ہے ۔

Chilver : (n) [OE."cilfer"] بھیڑ کی ایک قسم ۔

Chimaera : (n) [Var. of CHIMERA] Chimera کی متبادل شکل ۔

Chimaera : (n) استخواں غضروفی والی مچھلی سے متعلق ۔

Chimaeroid : (a) [f. CHIMERA+OID] استخواں غضروفی والی مچھلی سے متعلق ۔

Chimbe : [Var. of chime] Chime کی متبادل شکل ۔

Chime : (n) (Also Chimb) [L.MDU."kimme"] (۱) ککر : کور : پیپے کے نکلے ہوئے کنارے ۔ (۲) عرشہ جہاز کی نالی کا سب سے موٹا حصہ ۔

Chime : (n) [L."chimmbalum"] (۱) ہم آہنگ گھنٹوں کا ساز : جھنکارہ ۔ (۲) گھنٹوں کے ساز کی سریلی آواز : جھنکار ' چھم چھم ۔ (۳) موسیقیت : ایک تال ہونا : ہم آہنگی ۔ (٤) موافقت : ہمنوائی : مطابقت ۔ (۵) وزن (شعر کا) ۔

Chime : (v) [ME."chimbe","chyme"] (۱) گھنٹوں کا سریلا بجنا یا بجانا ۔ (۲) سریلی آوازیں نکالنا ۔ (۳) گھنٹیوں سے آوازیں نکالنا ۔ (٤) گھنٹہ بجاکر وقت بتانا : گجر بجانا ۔ (۵) گھنٹی بجا کر بلانا ۔ (٦) بے ارادہ باربار دہرانا : رٹ لگانا ۔ (۷) ہم آواز ہونا : ہم آہنگ ہونا : ہم سُر ہونا ۔ (۸) موافقت ظاہر کرنا : ہمنوا ہو جانا : ہاں میں ہاں ملانا : سُر میں سُر ملانا ۔ (۹) دمسازی کرنا ۔

Chime : (v) پیپے کا ککر بنانا ۔

Chime in : (v) شریک ہونا گانے یا گفتگو وغیرہ میں : متفق ہونا : اتفاق ظاہر کرنا : ہم آہنگ ہونا : دخل دینا : دخل انداز ہونا ۔

Chimer / Chimere : (n) [Fr."simarre"] پادری یا اسقف کی عبا ۔

Chimer : (n) [F. Chime (v)] گھنٹی بجانے والا ۔

Chimera / Chimaera : (n) [Gr."chimaera"] (۱) (یونانی دیو مالا) عجیب الخلقت جانور جس کا سر شیر کی طرح، جسم بکری کی طرح اور دم سانپ کی طرح ہوتی تھی اور منھ سے شعلے نکلتے تھے ' اسی قسم کا خیالی عجیب الخلقت جانور (مصوری یا نقاشی میں) ۔ (۲) ہوّا ۔ (۳) (نباتیات) دو نسلا : دو رنگا پودا ۔ (٤) وہم : خیال باطل ۔ (۵) خام خیالی ۔

Chimeric / Chimerical : (a) خیالی : بے اصل : بے بنیاد : پا در ہوا ' موہوم : وہمی ' خام خیالی ' عجیب و غریب ۔

Chimerically : (adv) خیالی طور پر ۔

Chiminage : (n) [OFR."cheminage"] جنگل سے گذرنے کا ٹیکس : جنگل کی راہداری کا محصول ' باج راہ (خصوصاً جنگل کے گزرنے کا)

Chimney : (n) [Gr."kaminos"] (۱) آتش دان : بھٹی ' بھنی یا انجن سے دھواں یا بھاپ نکلنے کا راستہ ' دود داں : دود کش ' چمنی : دھنوارا ۔ (۲) چمنی کا حصہ جو مکان کی چھت سے اوپر رہے ۔ (۳) لیمپ کی چمنی ۔ (٤) دہانہ جیسے آتش فشاں کا دہانہ ۔ (۵) (پہاڑیوں کی اصطلاح) تنگ شگاف یا راہ جس سے پہاڑی پر چڑھ سکیں ۔ (٦) کسی دکان کا ڈھلواں راستہ ۔

Chimney : (v) کوہ پیمائی میں بغل میں دباؤ ڈال کر چڑھنا ۔

Chimney back : (n) آتش دان کی پشت یا سہارا ۔

Chimney board : (n) موسم گرما میں آتش دان بند کرنے کا تختہ ۔

Chimney breast : (n) آتش دان اور کمرے کے درمیان دیوار کا نکلا ہوا حصہ ۔

Chimney corner : (n) آتش دان کے قریب کی جگہ : پرانے زمانے کے آتش دان کے گرد کی گرم جگہ ۔

Chimney corner (a) سطحی : کم غور و فکر کا ۔

Chimney hook : (n) آتش دان کے قریب برتن وغیرہ لٹکانے کا ہک ۔

Chimney jack : (n) باد گیر ۔

Chimney-piece : (n) لکڑی یا پتھر کی تختی جو انگیٹھی کے اوپر لگی ہوتی ہے : آتش دان کی پیشانی : آتش دان کے اوپر اور اردگرد کی آرائشی ساخت ۔

Chimney-pot : (n) مٹی یا دھات کا نلوا جو چمنی کی چھت کے اوپر کے حصے پر لگا رہتا ہے ' چمنی نلوا ۔

Chimney-pot hat : (n) ریشم کی اونچی ہیٹ ۔

Chimney shaft : (n) چمنی کا وہ حصہ جو مکان کی کی چھت کے اوپر رھے؛ ساق چمنی ۔

Chimney stack : (n) ساق چمنیوں کی قطار ۔

Chimney stalk : (n) دیکھو Chimnecy shaft

Chimney swallow : (n) ابابیل ۔

Chimney sweep / sweeper : (n) (۱) چمنی روپ ؛ چمنی صاف کرنے والا - (۲) چمنی برش ۔

Chimney tax : (n) چمنی کا محصول ۔

Chimney top : (n) ساق چمنی ۔

Chimneyless : (a) بغیر چمنی کا ؛ بغیر آتش دان کا ۔

Chimpanzee : (n) [Native name in Angola, W. Africa] بوزنہ ؛ افریقہ کا لنگور جو انسان کے مشابہ ہوتا ہے ؛ چمپا نزی ۔

Chimpanzoid : (a) بوزنہ کے متعلق یا مشابہ ۔

Chin : (n) [OE."cin(n)"] ٹھوڑی ؛ ٹھڈی ؛ زنخ ؛ زنخدان ؛ ذقن ۔

Up to the chin : سر تا پا غرق ؛ گلے تک ڈوبا ہوا ۔

Chin : (v) بات چیت کرنا ؛ بولنا ؛ ٹھوڑی سے دابنا ؛ سارنگی کو ٹھوڑی سے دبانا ۔

Chin-chin : (n) [Chinese,"ts ing ts ing"] سلام ؛ احترام ۔

Chin-chin : (v) (۱) سلام کرنا ؛ مودبانہ گفتگو کرنا ۔ (۲) گفتگو کرنا ۔

Chin music : (n) (امریکہ) بک بک ؛ گفتگو ؛ بات چیت ۔

Chin mute : (n) ٹھوڑی سے داب کر وائلن کی آواز کو دھیما کرنا ۔

Chin-rest : (n) سارنگی کے سرے کے لئے ایک ترکیب تا کہ اس کو ٹھوڑی سے دبایا جائے ۔

Chin strap : (n) ھیٹ کا تسمہ جو ٹھوڑی سے لگایا جاتا ھے ۔

Chin-up : (a) دلیر ؛ بہادر ۔

Chin up : (n) دلیری ؛ بہادری ۔

Chin wag : (n) (عامیانہ) بات چیت ؛ گفتگو ؛ غپ شپ / گپ شپ ۔

Chin welk : (n) ٹھڈی کی ایک بیماری ۔

China : (n) [of doubtful origin] ملک چین ؛ براعظم ایشیا کا ایک ملک ۔ (۲) چین کا باشندہ ؛ چینی ۔ (۳) چینی (جس سے برتن بناتے ھیں) ؛ چینی کا بنا ہوا ۔ (٤) چینی کے برتن ؛ ظروف چینی ۔

China : (n) (عامیانہ) دوست ؛ یار ۔

China : (n) [From "china" in Asia] ایک قسم کے پودے کی گدی دار موٹی جڑ ؛ چائنا روٹ ۔

China : (n) [Var.of"kina"or"quina"] سنکونا کی چھال ؛ اس سے تیار کردہ ایک ہومیو پیتھک دوا ۔

China-ale : (n) ایل شراب جس میں رامی کا ذائقہ ملا رھتا ھے ۔

China-aster : (n) گل مینا ؛ مینا فرنگی ۔

China-broth : (n) رامی ملا کر ذائقہ دار کیا ہوا شوربہ ۔

China-clay : (n) چینی مٹی ؛ گل چینی ۔

China closet /-cabinet : (n) چینی کے برتن رکھنے کی الماری ۔

China-crape : (n) چینی مٹی ؛ گل چینی ۔

China glaze : (n) نیلا رنگ رنگنے کا مسالہ ۔

China grass : (n) چینی گھاس ؛ رامی اور کپڑا جو اس کے مضبوط ریشے سے بنتا ھے ۔

China-ink : (n) سیاہ روشنائی جو پھلیا اور گوند ملا کر سکھا کر سلائیوں کی شکل میں بکتی ھے ۔

China-mania / Chinamania : (n) (۱) پرانے چینی ظروف جمع کرنے کا خبط ۔ (۲) چین پرستی ؛ چین زدگی ۔

China-maniac : (n) چین پرست ؛ چین زدہ ۔

China-orange : (n) چینی نارنگی ۔

China-pink : (n) ایک قسم کا چھوٹا پودا جس میں سفید یا گلابی پھول ہوتے ھیں ۔

China-root : (n) رامی ؛ چائنا ؛ چائنا روٹ ۔

China rose : جھاڑی دار چینی گلاب ۔

China-silk : (n) ہلکا چینی ریشمی کپڑا ۔

China-tea : (n) چھوٹے پودے کی چھوٹی پتی والی چینی چائے ۔

China-town : (n) کسی شہر کا وہ حصہ جس میں چینی رہتے ہیں ۔

China-tree : (n) زیتون تلخ ۔

China-ware : (n) چینی کا برتن : ظروف چینی ۔

China-wax : (n) چینی موم ۔

Chinaman : (n) (۱) چینی ظروف کا دکاندار ۔ (۲) چین کا باشندہ : چین کا رہنے والا : چینی ۔

Chinaman's hat : ایک قسم کا گھونگا ۔

Chincapin / Chinquapin : (n) [Corruption of N Amer.native] کوتاہ قد شاہ بلوط کا درخت جو امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Chinch : (n) [L."cimicem"] (۱) کھٹمل ۔ (۲) کھٹمل سے مشابہ ایک کیڑا ۔

Chinchilla : (n) [Sp."chinchilla"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایک چھوٹا کترنے والا جانور : چنچیلا ۔ (۲) چنچیلا کی کھال ۔ (۳) ایک قسم کا کیڑا جو لچھےدار ہوتا ہے ۔ (٤) ایک قسم کا خرگوش جو کھال کے لئے پالا جاتا ہے ۔ (۵) سفید بڑے بالوں والی بلّی ۔

Chinchona : (n) (۱) سنکونا کا درخت : چھال ۔ (۲) سنکونا کی چھال سے بنی دوا ۔ (۳) کونین ۔

Chinchy : (n) [L."ciccum"] بخیل : کنجوس ۔

Chincough : (n) [For"chink-cough"] ککر کھانسی : کالی کھانسی (بچوں کی) ۔

Chine : (n) [OE."cinu"] تنگ گہرا نالا (جو پانی کے ذریعہ نرم چٹانوں کے کٹنے سے بنا ہو) ۔

Chine : (n) [OFr."eschine"] (۱) ریڑھ کی ہڈی ۔ (۲) ککر ۔ (۳) عرشے کی نالی کا موٹا حصہ ۔ (٤) (مطبخ) پیٹھ کا پارچہ ۔

Chine : (n) دیکھو Chime

Chine : (v) (۱) ریڑھ کی ہڈی کو کاٹنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا : پارچے بنانا ۔ (۲) پسلی توڑنا ۔ (۳) کنارہ یا ککر بنانا ۔

Chine : (n) رنگ برنگ کی بندکیوں والا ۔

Chined : (a) ریڑھ دار : ریڑھ کی ہڈی رکھنے والا ۔

Chinee : (n) [back-formation"chinese"] (۱) چین کا رہنے والا : چین کا باشندہ : چینی ۔ (۲) چینی زبان ۔

Chinela : (n)[Sp."chinela"] بےریڑھ والی سلیپر جو فلپائن کی عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Chinese : (n) [f.CHINA(Indian name)] دیکھو Chinee

Chinese : (a) چین کا : چینی ۔

Chinese boxes . (n) درجے وار ڈبے جو ایک دوسرے میں آسانی کے ساتھ رکھے جا سکتے ہیں ۔

Chinese lantern : (n) چینی قندیل : چینی کاغذی فانوس ۔

Chinese puzzle : (n) پیچیدہ معمہ ۔

Chinese wall : (n) (۱) دیوار چین جو تیسری صدی قبل مسیح میں چین اور منگولیا کے بیچ بنائی گئی تھی اور پندرہ سو میل لمبی ہے ۔ (۲) کوئی بھی رکاوٹ ۔

Chinese wax : (n) (کیمیا) چینی موم ۔

Chinese white : (n) سفیدہ چینی : ایک قسم کی سفیدی ۔

Chinfest : (v) مشورہ کرنا : رائے کرنا ۔

Ching : (n) [Chinese"ching"] چینی مقدس کتاب ۔

Ching-ming : (n) موسم بہار کا چینی تہوار جس میں قبروں کو سجایا جاتا ہے اور مردوں کو نذر پیش کی جاتی ہے ۔

Chink : (n) [f.CHINK(v)] ہنسی یا کھانسی کا بے اختیار تشنجی دورہ ۔

Chink : (n) [rel.in some way to CHINE] (۱) تڑک : دراز : دراڑ : شگاف : سوراخ : رخنہ : چھید ۔ (۲) شگاف یا دراز سے آنے والی شعاع کا نور یا پرتو ۔ (۳) سوراخ بند کرنے کی لکڑی ۔

Chink : (n) [Echoic.] (۱) شیشے یا دھات کے برتنوں کی جھنکار ؛ جھنکار ؛ جھنجھناھٹ ؛ روپیہ وغیرہ کے بجنے کی آواز ۔(۲) (سوقیانہ) نقد روپیہ ؛ نقدہ حرمتہ ؛ مبلغ علیہ السلام ۔ (٤) ایک قسم کی چڑیا ۔

Chink : (n) (امریکہ) (تحقیراً) چینی ؛ چین کا باشندہ ۔

Chink(Also kink) : (v) [origin unknown] بے اختیار ھانپنا (کھانسی یا ھنسی کے دورہ میں) ۔

Chink : (v) [f.CHINK] سوراخ ، شگاف ، دراز وغیرہ بھرنا ۔

Chink : (v) [Echoic] کھنکنا : روپیہ ، برتن وغیرہ بجانا ؛ جھنکارنا ؛ جھنجھنانا ۔

Chink : (v) [origin unknown] مروڑنا ؛ مرک جانا ؛ موچ آنا ۔

Chinking : (n) شگاف کو بند کرنے کا مسالہ یا کوئی دوسری چیز ۔

Chinkle : (v) مسلسل جھنجھنانا ؛ مستقل کھنکھنانا ۔

Chinkless : (a) [f. CHIN(n)] بغیر ٹھوڑی کا؛ دھنسی ھوئی ٹھوڑی والا ۔

Chinky : (a) [f.CHINK] شگاف دار ؛ سوراخ دار ؛ رخنہ دار ۔

Chinned : (a) ٹھڈی دار ؛ زنخ دار ؛ ذقن دار ۔

Chino : (۱) ھسپانوی امریکی مخلوط نسل کا ۔ (۲) چینی نارنگی ۔

Chino : (n) خاکی رنگ کا کپڑا ۔

Chino-(comb.) واصلہ بمعنی " چینی " ۔

Chinoidine : (n) [f.CHINA] کونین کے فضلات میں پایا جانے والا گوند جیسا مادہ ۔

Chinoiserie : (n) [Fr."chinois-+erie"] چینی فن کا اسلوب خصوصاً آرائش میں (لباس ، فرنیچر، تعمیرات وغیرہ میں) ۔

Chinoline : (n) [f.CHINA+ L."oleum"+INE] ایک روغنی مادہ (COHIN) جو پوٹاشیم ھائڈرو آکسائڈ کے ساتھ کونین کی تقطیر سے نیز کوئلے کی خشک تقطیر سے حاصل ھوتا ھے ۔

Chinologist : (n) ماہر صینیات ۔

Chinook : (n) [N. AMER. A native name] دریائے کولمبیا کے شمالی کنارے پر رھنے والی امریکی ھندوستانی قوم یا اس قوم کا ایک فرد یا زبان ؛ مرطوب اور کسی قدر گرم ھوا جو شمالی امریکہ کے سمندری علاقوں میں چلتی ھے ۔

Chinotto : (n) [Origin unknown] ترش نارنگی کا درخت ۔

Chinquapin : [Var. of CHINCAPIN] Chincapin کا متبادل ۔

Chinse : (v) [var.of CHINK(v)] (۱) سوراخ ؛ شگاف بند کرنا ۔(۲) (جہاز رانی) دراز کو بند کر دینا ھلکے سے یا عارضی طور پر ۔

Chintz : (n) (Pl. chintaes) [Hindi"chint"] چھینٹ (کپڑا) ؛ پھلور کپڑا ۔

Chintzy : (a) (۱) چھینٹ سے آراستہ کیا ھوا ۔ (۲) بھڑکیلا اور سستا ۔

Chiolite : (n) [Gr."chion"] (معدنیات) الومینیم اور سوڈیم کا فلورائیڈ ۔

Chionablepsia : (n) [L.] برف کی چمک سے آنکھ کا خیرہ ھونا ۔

Chip : (n) [OE."cipp","cyp"] (۱) چپٹی ؛ چھپٹی ؛ کتلی ؛ چیلی ۔ (۲) آلو وغیرہ کی پتلی قاش ۔ (۳) ٹوپیاں بنانے کے لئے لکڑی یا پیال وغیرہ کی کھپّچی ؛ کھپاچ ؛ تیلی ۔ (٤) چینی کے برتنوں وغیرہ میں ایسی جگہ جہاں سے کوئی ریزہ ٹوٹ گیا ھو یا اتر گیا ھو ؛ چھیپ ۔(٥) (جہاز رانی) رفتار پیمائی کی ڈوری کے سرے میں لگا ھوا ایک مثلث لکڑی کا ٹکڑا ۔ (٦) بلور کا چھوٹا ٹکڑا ۔ (۷) نا تراشیدہ ھیرے کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ۔ (۸) بے قیمت چیز ؛ کوئی اپنی قسم کی چھوٹی چیز ؛ سوکھی ھوئی اور بے مزہ کوئی چیز ۔ (۹) وہ جزو جس میں کل کی خصوصیت ھو ۔ (۱۰) سکہ ؛ گٹا ۔ (۱۱) ساز کے پردے کا ایک نام ۔ (۱۲) (جمع میں) (عامیانہ) روپئے، سکے جیسے شلنگ، روپیہ ، سوورین وغیرہ ۔ (۱۳) شرط ؛ بازی ۔ (١٤) اُپلہ ؛ گوئٹھا ۔ (۱٥) گولف کی ایک ضرب ۔

Dry as a chip : بے مزہ ؛ غیر دلچسپ ؛ پھیکا ۔

Chip : (n) (۱) کشتی کا داؤ ؛ اڑنگا ۔ (۲) جھگڑا ۔

Chip : (v) (۱) لکڑی چھیلنا : لکڑی کاٹنا ۔ (۲) (پتھر ، ظروف وغیرہ سے) کنارے پر سے توڑنا : چھپٹی اتارنا ۔ (۳) پترے اتارنا یا کاٹنا ۔ (٤) کمزور ، نازک ، خستہ ہونا کناروں یا کگر سے ۔ (۵) کھودنا (نقش کا) : تراشنا ۔ (٦) پھوڑنا (خول کا جیسے چوزے انڈے پھوڑ کر نکلتے ہیں) : کٹکنا ۔ (۷) ریزہ ریزہ کرنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۸) (آسٹریلیا) سراون پھیرنا : کھودنا ، کوڑنا ۔ (۹) تمسخر کرنا : ہنسی اڑانا : تضحیک کرنا ۔ (۱۰) تاش کے کھیل میں بازی لگانا ۔ (۱۱) گولف میں اس طرح ضرب لگانا کہ گیند زمین سے اچھل جائے ۔

Chip / Chepp : (n & v) دیکھو Cheep (n & v)

Chip : (v) (۱) اڑنگی لگانا : داؤ پیچ کرنا ۔ (۲) جھگڑنا ۔ (۳) تیزی سے چلنا ۔

Chip axe : (n) چھوٹی کلہاڑی ۔

Chip carving : (n) (تاریخ) نقش تراشی ۔

Chip in : (v) (۱) (سوقیانہ) مخل ہونا : دخل در معقولات کرنا : بیچ میں بول اٹھنا : بات کاٹنا ۔ (۲) شرط لگانا : بازی لگانا ۔ (۳) امداد کرنا : معاونت کرنا ۔

Chip of the old block : جیسا باپ ویسا بیٹا : اپنے باپ کا بیٹا : اولد سرّ لابیہ ۔

Chip on one's shoulders : جھگڑالو قسم کا : زود رنج ۔

Chip proof : (a) ایسے برتن جن کی چٹ نہ اکھڑے ۔

Chip shot : (n) (گولف) ایسی ضرب جس میں گیند اچھل جاتی ہے ۔

Chipmunk / -muck (Also mink / monk / muk) : (n) [Of Algonquian origin] شمالی امریکہ کی ایک گلہری ۔

Chippendale : (a) [F.proper name] (۱) ڈرائنگ روم کے ہلکے ، خوبصورت اور آرائشی فرنیچر کے طرز کا ۔ (۲) آرائشی چٹ جو کتاب کی اندرونی جلد میں لگائی جاتی ہے : کتاب کی چٹ کا آرائشی طرز ۔

Chipper : (v) (۱) چڑیوں کا چیں چیں کرنا ۔ (۲) (آدمی کا) بک بک کرنا ۔

Chipper : (a) دل خوش : خوش : صحتمند : تنومند ۔

Chipper : (n) لکڑی کاٹنےوالا : تراشنےوالا ، چھیلنےوالا ۔

Chipper up : (v) خوش کرنا یا ہونا ۔

Chippiness : (n) [f.CHIPPY] (۱) خشکی ، بے مزگی ، بے مزگی : سوزش : متلی : قئے ۔ (۲) شیشے یا مٹی کے برتن کے کنارے کا چھوٹے ٹکڑوں میں ٹوٹنا : ٹوٹا ہوا ٹکڑا ۔ (۳) شیشہ بنانے کا خاص طریقہ ۔

Chipping-bird : (n) چھوٹی ابابیل کی ایک نوع ۔

Chippy : (a) (۱) (سوقیانہ) خشک : بے مزہ : پھیکا : بے لطف : غیر دلچسپ ۔ (۲) نشے کے بعد تشنگی اور متلی زدہ : تشنگی اور متلی کا ہونا ۔ (۳) ٹکڑوں سے بنا ہوا : ٹکڑوں سے مشابہ ۔

Chippy : (n) (۱) دیکھو chippy sparrow (۲) دکھاوے کی محبت کرنے والی یا بدکار عورت ۔

Chirayta / Chiretta : (n) [Hindi "chiraita"] چریتا ۔

Chirimia : (n) [Sp."chirimia"] ایک قسم کا ہسپانوی باجا ۔

Chiripa : (n) [Amer. Sp."chiripa"] ایک قسم کا لبادہ جو جنوبی امریکہ کے انڈین پہنتے ہیں ۔

Chirk : (v) [Var.of CHARK] (۱) چر چرانا ۔ (۲) چوں چوں کرنا : چیں چیں کرنا ۔ (۳) خوش کرنا ۔

Chirk : (a) دلشاد : خوش : خوش دل ۔

Chirl : (v) [Echoic] (۱) گانا خصوصاً چڑیوں کا ۔ (۲) دھیمی غمگین آواز نکالنا ۔

Chirl : (n) (۱) گانا : چوں چوں ۔ (۲) دھیمی غمگین آواز ۔

Chirm : (n) [OE."cearm","cierm"] شور ، ہنگامہ ۔

Chirm : (v) (۱) شور مچانا : چیخنا ۔ (۲) چوں چوں کرنا : گانا ۔

Chiro- / Chir -: (comb.) [Gr."chiro-","chir-"] واصلہ بمعنی "ہاتھ" ۔

Chiro / Cheiro : (n) [origin unknown] ایک بڑی مچھلی ۔

Chirognomist : (n) [F. next.] کف شناس ۔

Chirognomy / Cheirognomy : (n) [Gr."chiro+gnomonia"] کف شناسی ۔

Chirograph : (n) [Gr."chirographon.-os"] (۱)مختلف قسم کی دستاویزیں ' دستاویز ' نوشتہ ۔ (۲) خط جو پوپ کے ہاتھوں لکھا ہو ۔

Chirographal / Chirographary : (a) (۱) قانونی دستاویز سے بنایا ہوا ۔ (۲) اپنی تحریر میں دیا ہوا یا اس سے متعلق ۔

Chirographate : (v) ہاتھ لگانا ۔

Chirographer : (n) [med.L."chirographarius"] خطاط : خوش نویس ۔

Chirographic / -al : (a) تحریر سے متعلق ۔

Chirographist : (n) دیکھو chirognomist

Chirography : (n) فن خط ' خوش نویسی ؛ تحریر ؛ خطاطی ' خود نویسی ۔

Chirogymnast : (n) [Gr.] پیانو بجانے کی مشق کرنے کی مشین ۔

Chirological : (a) [f. CHIROLOGY] دست شناسی سے متعلق ۔

Chirologically : (n) [f.CHIROLOGY] دست شناسی کی رو سے ۔

Chirologist : (n) [f.CHIROLOGY] دست شناس ۔

Chirology : (n) [Fr."chirologie"] دست شناسی : علم دست شناسی ۔

Chiromancer : (n) [See next] ہاتھ کی لکیروں سے پیش گوئی کرنے والا : دست شناس ۔

Chiromancy / Cheiro-: (n) [Gr.] ہاتھ کی لکیروں سے پیش گوئی کرنے والا ؛ علم کف دست ۔

Chiromantic / -al : (a) تحریر سے متعلق ۔

Chiromegaly : (n) ہاتھ کا غیر معمولی طور پر بڑا ہونا ۔

Chiromys / Cheir- : (n) [Gr.] مڈغا سکر کا ایک چوپایہ جانور ۔

Chironomic : (a) [f.CHIRONOMY] تقریر کرنے میں ہاتھوں سے اشارہ یا حرکت سے متعلق ۔

Chironomy / Cheir-: (n) [Gr."chiro-+nomos"] تقریر کرنے میں ہاتھوں سے اشارہ یا حرکت دینے کا علم یا فن ۔

Chiroplast : (n) [Gr."chiro-+plastes"] پیانو بجانے میں صحیح جگہ ہاتھ رکھنے کا ایک میکانیکی آلہ ۔

Chiroplastic : (a) (۱) پیانو بجانے میں صحیح جگہ ہاتھ رکھنے کے آلے سے متعلق ۔ (۲) ہاتھ کی پلاسٹک جراحی سے متعلق ۔

Chiroplasty : (n) ہاتھ کی پلاسٹک جراحی ۔

Chiropod : (n) دیکھو Cheiropod

Chiropodical : (a) ہاتھ پیر ، ناخون ، گھٹنوں وغیرہ کے علاج سے متعلق ۔

Chiropodist : (n) ہاتھ پیروں کی بیماریوں کا علاج کرنے والا خصوصاً گھٹنوں وغیرہ کا ۔

Chiropodistry : (n) دست و پا کی بیماریوں کا معالجہ ۔

Chiropodology : (n) گھٹنوں ، مسّوں وغیرہ کے متعلق لکھی گئی کتاب ۔

Chiropody : (n) دیکھو Chiropodistry

Chiropractic : (n) [See CHIRO -and PRACTIC] ایک طریقہ٫ علاج کے طور پر جوڑوں کی ، خصوصاً ریڑھ کے جوڑوں کی مالش ؛ اس طریقہ٫ علاج کا جاننے والا ۔

Chiropractic : (a) مذکورہ بالا طریقہ٫ علاج پر عمل کرنے والا یا اس سے متعلق ۔

Chiropractor : (n) [F.Chiropractic] ایک طریقہ٫ علاج کے طور پر جوڑوں کی ، خصوصاً ریڑھ کے جوڑوں کی مالش کرنے والا ۔

Chiroptera : (n) پستان دار پرندہ جیسے چمگادڑ وغیرہ ۔

Chirosophist : (n) دیکھو Chiromancer

Chirosophy : (n) دیکھو Chiromancy

Chirospasm : (n) لکھتے لکھتے پنجوں میں اکڑن ہوجانا ۔

Chirotony : (n) (۱) هاتھ اٹھاکر انتخاب کرنا ۔
(۲) هاتھ بڑھا کر کسی کو دعا دینا ۔

Chirp : (v) [modification of CHIRK or CHIRT] (۱) چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا ؛ چہچہانا ؛ چرغنا ۔
(۲) چیں چیں کی طرح آواز نکالنا ۔

Chirp : (n) چوں چوں ؛ چیں چیں ؛ چہچہاھٹ ۔

Chirper : (n) (۱) چیں چیں کرنے والا ؛ چوں چوں کرنے والا ۔ (۲) سر زندہ ۔

Chirpily : (adv) خوشی سے ؛ بشاشت سے ؛ خوش ھوکر ؛ زندہ دلانہ ۔

Chirpiness : (n) خوشی ؛ شادمانی ؛ بشاشت ؛ زندہ دلی ۔

Chirping : (n) مسرور ؛ خوش ؛ شادماں ؛ زندہ دل ۔

Chirpingly : (adv) دیکھو Chirpily

Chirpy : (a) (۱) زندہ دل ؛ شاد ؛ شادماں ؛ مگن ؛ خوش ۔
(۲) چوں چوں یا چیں چیں کرنے والا ۔

Chirr : (v) [Echioc] چہچہانا ؛ ٹڈے کی سی آواز نکالنا ۔

Chirr : (n) چہچہاھٹ ۔

Chirrup : (v) [Modification of CHIRP] (۱) چرغنا ؛ چرکنا ؛ چوں چوں کرنا ؛ چہچہا کرنا ۔ (۲) زندہ دلی کی بات کرنا ۔ (۳) گھوڑے کو تیز چلانے کے لئے ھونٹوں کو داب کر آواز نکالنا ۔
(٤) تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنا ۔

Chirrup : (n) چوں چوں ؛ چہچہاھٹ ۔

Chirruper : (n) (۱) چہچہا کرنے والا ؛ چوں چوں کرنے والا ۔
(۲) تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنے والا ؛ کرایہ کا بھانٹ ۔

Chirrupy : (a) (۱) خوش ؛ بشاش ؛ خوش سخن ۔ (۲) گپّی ۔

Chirt : (v) [A parallel form to CHIRK, CHIRP] (۱) پھوٹنا ؛ فوارہ چھوٹنا ؛ پھوٹ پڑنا یا نکلنا ۔
(۲) نچوڑنا ۔

Chirt : (n) فشار ۔

Chirurgeon : (n) [OFr."cirurgien"] جراح ۔

Chirurgery : (n) [OFr."cirurgerie"] جراحی ۔

Chirurgia - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی "جراحی" ۔

Chirurgic /-al : (a) جراحی سے متعلق ۔

Chisel : (n) [OE."cisel"] چھینی ؛ ٹانکی ؛ رکھانی ؛ نھانی ؛ بسولی ۔

Chod chisel : ٹھنڈے لوھے کے کاٹنے چھانٹنے کے لئے فولادی چھینی ۔

Engraver chisel : (تاریخ) نقاش کی چھینی ۔

Parallel-sided chisel : (تاریخ) متوازی الاضلاع چھینی ۔

The chisel : سنگتراش کی چھینی ؛ فن سنگ تراشی ، بت سازی ۔

Chisel (Also Chissel) : (n) [same word as CHESIL] چوکر ؛ سبوس ۔

Chisel : (v) (۱) چھینی سے لکڑی ، پتھر وغیرہ کاٹنا ۔
(۲) ٹانکی لگانا یا مارنا ۔ (۳) (سوقیانہ) دھوکا دینا؛ ٹھگنا ؛ دغا دینا ۔ (٤) دخل دینا ۔

Chiselled / Chiseled : (a) (۱) چھینی سے کاٹا یا متشکل بنایا ھوا یا چھینی سے ترشا ھوا معلوم ھونے والا ۔ (۲) چھینی کیطرح ۔ (۳) صاف ؛ شستہ ۔

Chiselled features : (n) کھڑا نقشہ ۔

Chiseller / Chiseler : (n) دھوکا باز ؛ ٹھگ ؛ دغا باز؛ فریبی ۔

Chiselly : (a) (۱) سنگریزہ دار ۔ (۲) ناگوار ۔

Chit : (n) [of doubtful origin] (۱) چھوٹا بچہ ؛ ننھا بالك ۔
(۲) کمسن ؛ پست قد یا نازك عورت (حقارتاً استعمال ھوتا ھے) ۔

Chit : (n) انکھوا ۔

Chit : (n) [Anglo Indian short for CHITTY] (۱) چٹھی ؛ رقعہ ؛ پرچہ ۔ (۲) چیك ؛ ھنڈی ؛ بل ؛ رسید ۔

Chit : (n) [Origin unknown] پیپا بنانے والے کا ایك چیرنے والا چھوٹا آلہ ۔

Chit : (v) پھوٹ نکلنا ؛ انکھوا نکلنا ۔

Chit-chat : (v) بات چیت : گپ شپ ' باتیں ۔

Chit-chatty : (a) گپّی ۔

Chit of girl : لونڈیا : چھوکری ' چھوری ۔

Chitin / Chitine : (n) [Fr."chitine"] (حیوانیات و کیمیا) سفید اور سخت پوشش جو بعض حشرات اور قشریہ جانوروں میں پائی جاتی ہے : صلبین : وہ نامیاتی مادہ جو کیڑوں مکوڑوں کے پروں کی اصل ہے اور ان سخت خولوں کی جو قشریوں پر پائے جاتے ہیں ' قاطنی (حیوانیات) ۔

Chitinization : (n) سفید سخت پوشش میں تبدیل ہونے کا عمل ۔

Chitinize : (v) سفید سخت پوشش میں بدلنا ۔

Chitinous : (a) صلیبی ' مادہ قاطنی (حیوانیات) ۔

Chitling : (Also chitlin) (n) [contraction of CHITTERLING] (۱) (جمع میں) چھتھڑا ؛ گودڑ ۔ (۲) سور کی انت ۔

Chiton : (n) [Gr."chiton"] (۱) یونانی لبادہ جو بے آستین کا ہوتا تھا یا چھوٹی استین کا چوغہ ۔ (۲) صدف کی ایک قسم ۔

Chitter : (v) [A form of CHATTER] (۱) چوں چوں کرنا ؛ چہچہانا ۔ (۲) ٹھنڈ سے لرزنا ؛ کپکپانا ۔

Chitter : (n) چہچہا ۔

Chitter-chatter : (n) (۱) دوستانہ گفتگو و بحث ۔ (۲) بیکار ؛ مہمل یا مسلسل گفتگو ۔

Chitterling : (n) (Mostly in Pl.) [of uncertain origin] (۱) سور وغیرہ کی اوجھڑی جو غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) چھوٹا بچہ ۔

Chitty : (n) [Hindi"chitthi"] چٹھی ؛ رقعہ ؛ پرچہ ؛ پرزہ ؛ یاد داشت ۔

Chitty : (a) [assoc.W. CHIT (n)] لاغر ' دبلا ' بچکانہ ؛ کودکانہ ۔

Chiule : (n) [OE."ciol","ceol"] ایک قدیم انگلستانی جنگی جہاز ۔

Chivalresque (Also Cheralresque) : (n) [Fr."chevaleresque"] جوانمرد ؛ مردانگی رکھنے والا ۔

Chivalric : (a) [f.CHIVALRY] (۱) عہد شجاعت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) سورما کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) بہادر ؛ سورما ؛ اولوالعزم ؛ جری ؛ اخلاق ؛ بے لاگ ؛ کھرا ؛ جانباز ؛ دلیر ؛ جوانمرد ؛ بلند ہمت ۔ (٤) شیخ چلی ۔ (٥) مجبوروں کی مدد کرنےوالا ۔ (٦) بے لاگ ؛ بے غرض ؛ اخلاق (عورتوں کے ساتھ) ۔

Chivalrous : (a) [OFr."chevalier"] دیکھو Chivalric

Chivalrously : (adv) بہادرانہ ؛ دلیرانہ ؛ الو العزمی سے ؛ اخلاق سے ؛ بے لوثی سے ؛ بے غرضانہ ؛ جانبازانہ ۔

Chivalrousness : (n) بہادری ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ جوانمرد ۔

Chivalry : (n) [med L."caballerius"] (۱) سوار ؛ سواروں کا رسالہ ۔ (۲) (متروک) بانکا ؛ طرحدار ؛ سوربیر ۔ (۳) (متروک) نائیٹوں کے سے ہنر ۔ (٤) ازمنہ وسطیٰ میں یورپ میں نائٹوں کا نظام جس کے مذہبی ، اخلاقی اور معاشرتی قوانین مقرر تھے ؛ نظام فتوت ۔ (٥) نائیٹوں کی خصوصیات ۔ (٦) صنف نازک کے لئے فدا کاری ۔ (۷) زیر دستوں کی حمایت ۔

Flower of chivalry : بہترین سورما کا نمونہ ؛ مہا سورما ؛ کسی قوم کے مایہ ناز سپاہی ۔

Chive (Also Cive) : (n) [L."cepa"] پیاز کی طرح کا ایک پودا ۔

Chive : (n) [" Thieves cant"][origin unknown] (چوروں کا) چاقو ' چھرا ۔

Chive : (v) [F. Prec.] چھرا مارنا ؛ چاقو بھونکنا ۔

Chivy : (v) [Later var. of CHEVY(v)] (۱) مسلسل پریشان کرنا ؛ متواتر تنگ کرنا ۔ (۲) تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا ۔

Chivvy : (n) دیکھو Chevy

Chlamydate : (a) [Gr."chlamyd-"] (حیوانیات) غشا ۔

Chlamydeous : (a) [mod.L."chlamydeae"] (نباتیات) ایک یا زیادہ محیط گل رکھنے والا ۔

Chlamydophore / Chlamyphore : (n) [See CHLAMY DATE] جنوبی امریکہ کا ایک پستان دار جانور جو زمین کھودنےوالا ہوتا ہے اور جسکی پشت پر پیالہ نما ہڈی ہوتی ہے اور جس میں خطرے کے وقت وہ چھپ جاتا ہے ۔

Chlamys : (n) [Gr.] (۱) قدیم یونان میں مردوں کے پہننے کا ایک کوتاہ لبادہ ۔ (۲) محیط گل ۔

Chloasma : (n) (Pl. Chloasmata) [Gr."chloazin"] (طب) جلد کی ایک بیماری جس میں زردی مائل بھورے رنگ کے یا سیاھی مائل دھبے پیدا ہو جاتےھیں ۔

Chloasmata : (n) [Pl.of the prec.] مرض Chloasma میں جلد پر ہونے والے زردی مائل بھورے رنگ کے یا سیاھی مائل دھبے ۔

Chlo- : (comb.) [Gr."chloros"] زردی مائل سبز رنگ ۔

Chlor - : (comb.) [Ghem.comb.F."chlorin] جزو ترکیبی ۔

Chloracetic acids : (n) Acetic acid سے نکلے ہوئے ترشوں کا نام جو ھائڈروجن کے بدلے کلورین کے۱، ۲، ۳ ذرات شامل کرنے سے بنتے ھیں ۔

Chloracetyl chloride : (n) (کیمیا) کلوریسٹل کلورائیڈ ۔

Chloraene : (n) جلد کی وہ پھنسی جو کلورین لگ جانے سے نکلتی ھے ۔

Chloral : (n) [Fr.f.CHLOR (INE+ALCOHOL)] ایک بے رنگ روغنی پتلا سیال مادہ جسکی تیز بو ہوتی ھے اور جو الکحل پر کلورین کے عمل سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Chloral hydrate : (n) ایک تلخ بلوری بے رنگ مرکب جو کلورل میں پانی ملانے سے بنتا ھے اور جو خواب آور ہوتا ھے ۔

Chloralism : (n) (طب) کلورل ھائیڈریٹ کے طویل اور مسلسل استعمال سے پیدا کی ہوئی مریضانہ حالت ۔

Chloralize : (v) کلورل ھائڈریٹ کے زیر اثر لانا ؛ کلورل ھائیڈریٹ کے ذریعہ مریضانہ حالت پیدا کرنا ۔

Chloraluminite : (n) (معدنیات) الومینیم کا آبدار کلورائیڈ ۔

Chloranil : (n) (کیمیا) کلورینل ۔

Chloranil electrode : (n) (کیمیا) کلورینل الکٹوریڈ ۔

Chloranthus : (a) [f.CHLOR+Gr."anthos"] (نباتیات) سبز پھولوں والا ۔

Chloranthy : (n) پھول کی پنکھڑیوں کا سبز پتیوں میں تبدیل ہو جانا ؛ ایک حالت جس میں کسی پودے کے پھولوں کے رنگین حصے پتیوں میں بدل جاتے ھیں ۔

Chlorapatite : (n) APATITE کی ایک قسم جو کلوریت کی حامل ہوتی ھے ؛ (کیمیا) کلوراپے ٹائٹ ۔

Chlorate : (n) [f.CHLOR (IC+-ATE)] (کیمیا) کلورک ایسڈ کا نمک (کلوریٹ آف پوٹاش) ۔

Chloraurate : (n) دیکھو Chlorate

Chlorhydrate : (n) کلوروھائڈرک ایسڈ کا نمک ۔

Chlorhydrin : (n) گلیسرین کا کلوروھائڈرک ایسڈ ۔

Chloric : (a) [f.CHLOR(INE+IC)] کلورین سے متعلق ؛ کلورین رکھنے والا ۔

Chloridate : (v) [f. next] (فوٹو گرافی) کاغذ کو چاندی کے کلورائڈ میں بھگونا حساس بنانے کے لئے ؛ کشتہ نقرہ سے کاغذ کو بھگو کر حساس بنانا ۔

Chloride : (n) [f.CHLOR (INE+IDE)] (۱) (کیمیا) کسی دھات یا کسی نامیاتی جزو مستقل کے ساتھ کلورین کا ایک سادہ مرکب ۔ (۲) رنگ اڑانے والے اور جراثیم کش مرکبات (مثلاً چونے کا کلورائیڈ، پوٹاش کا کلورائیڈوغیرہ) جو سادہ کلورائیڈ نہیں ہوتے ۔ (۳) چاندی کے کلورائیڈ کے حامل فلزات (Ores) ۔

Chloride of lime : چونے کا کلورائیڈ ۔

Chloride of potash : پوٹاش کا کلورائیڈ ۔

Chloride of soda : سوڈا کا کلورائیڈ ۔

Chloridize / Chloridate: (v) (۱) کلورین ملانا ۔ (۲) کسی دھات کا کلورائیڈ بنانا ۔

Chlorimeter / -try : (n) ایک آلہ جو کلورین کی سفید کرنے کی طاقت کا اندازہ لگاتا ھے ۔

Chlorinate : (v) [f.CHLORINE+ATE] کلورین ملانا یا مرکب بنانا ۔

Chlorinated : (a) (کیمیا) کلوریناتی ؛ کلورین ملا ہوا ۔

Chlorination : (n) (۱) کلورین ملانے کا عمل ؛ کلور بنانا (کیمیا) ۔ (۲) بعض خام دھات سے کلورین کے ذریعہ سونا اور چاندی نکالنے کا عمل ۔

Chlorine : (n) [f.Gr."chloros"] (کیمیا) ادھاتی عنصر ؛ زردی مائل سبز زھریلی اور بدبو دار گیس ۔

Chlorine water : (n) (کیمیا) کلورین پانی ۔

Chloriniferous : (a) کلورین پیدا کرنے والا ۔

Chlorinize : (v) کلورین ملانا ؛ کلورین لگانا ۔

Chlorinous : (a) مثل کلورین ؛ کلورین کا ۔

Chlorion : (n) [Gr."chlorion"] ایک قسم کی بھیڑ ۔

Chloris : (n) [Gr."chloris"] ایک قسم کی خار دار گھاس ۔

Chlorite : (n) [Gr." chloritis"] (۱) کلورائیٹ ۔ (۲) کلورس ایسڈ کا نمک ۔

Chlorite slate : (n) سبز سلیٹ کا پتھر جس میں کلورائیٹ ھوتا ھے ۔

Chloritic : (a) کلورائیٹ سے بنا ھوا ۔

Chloritous : (a) کلورائیٹ رکھنے والا ۔

Chloritoid : (n) [f. CHLORITE+IOD] ایک دھات جس میں سلیکیٹ آف الومینیا اور فولاد ھوتا ھے جو مختلف رنگ خاص کر خاکی یا سبز رنگ کی ھوتی ھے ۔

Chloro- : (comb.) [Gr."chloro-"] (۱) نباتیات اور معدنیات کی اصطلاحوں میں واصلہ بمعنی سبز ۔ (۲) کیمیا میں واصلہ بمعنی کلورین ۔

Chloroaurate : (n) (۱) کلورو آوریٹ ؛ کلورو اور ایسڈ کا نمک ۔ (۲) اساسی کلورائیڈ یا ھائیڈرو کلوریٹ کے ساتھ سونے کے کلورائیڈ کا مرکب ۔

Chlorobenzene : (n) کلورو بینزین ؛ ایک بے رنگ آتش گیر اور پراں زھریلا سیال جس میں بادام کی مہک ھوتی ھے اور جو محلل کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Chlorobromide : (n) کسی دھات یا نامیاتی جزو مستقل کے ساتھ کلورین اور بیرومین کا مرکب ۔

Chlorocarbonic acid : (n) ۔ (COCl2) کلورو کار بونک ایسڈ

Chlorocrous : (a) سبز رنگ کا ؛ سبزی مائل ۔

Chlorocruorin : (n) وہ سبز مادہ جو حلقہ وار کیڑوں کی بعض قسموں کے سبز رنگ ھونے کا سبب مانا جاتا ھے ۔

Chlorodyne : (n) ["chloro (form+ano)dyne"] مختلف خواب آور دواؤں کا مرکب جو دافع درد ھوتا ھے ؛ کلورڈائن ۔

Chloroform : (n) [Fr.f.CHLORO+form (yl)] رقیق دوا جو بے ھوشی پیدا کرتی ھے ؛ داروئے بےھوشی ؛ کلوروفارم ۔

Chloroform : (v) (۱) کلورو فارم سنگھانا ؛ بیھوش کرنا ؛ کلوروفارم سے بھرنا ۔ (۲) کلوروفارم سنگھا کر مارنا ۔

Chloroformamide : (n) (کیمیا) کلوروفارمامائڈ ۔

Chloroformic : (a) کلوروفارم سے متعلق ۔

Chloroformic easter : (n) (کیمیا) کلوروفارمک ایسٹر ۔

Chloroformist : (n) بے ھوش کرنے والا ؛ کلوروفارم سنگھانے والا ۔

Chloroformization : (n) کلوروفارم کی وجہ سے بیھوشی ۔

Chloroformize : (v) کلوروفارم سنگھانا ؛ بیھوش کرنا ۔

Chlorohydrine : (n) (کیمیا) کلوروھائیڈرین ۔

Chloroid : (a) [CHLOR(INE+IOD)] کلورین کے مشابہ ۔

Chloromelan /-ite : (n) [Gr."chloromelon"] (معدنیات) میگنیز کا آبدار سلیکیٹ ؛ کانسنڈ ثائٹ ۔

Chlorometer (Also Chlori) : (n) [CHLORO+METRE] کلورین کی قوت کو ناپنے کا آلہ ؛ کلورین سنج ؛ کلورو میٹر ۔

Chlorometric : (a) کلورین سنج سے متعلق ؛ کلورو میٹر –

Chlorometry (Also Chlori) : (n) کلورین سنجی ۔

Chloropal : (n) [f.CHLOR+OPAL] ایک سبزی مائل دودھیا شیشے کی مانند لوھے کا ھائیڈ رائیٹڈ (آبیدہ) سلیکیٹ ۔

Chlorophaeite : (n) [Gr.] لوھے کا ایک گھرے سبز رنگ کا ھائیڈ ریٹیڈ (آبیدہ) سلیکیٹ جو کھلا رھنے پر بھورا یا کالا ھو جاتا ھے ۔

Chlorophane : (n) [Gr.] (معدنیات) کیلشیم کا فلورائیڈ جو گرم کرنے پر خوبصورت سبز روشنی دیتا ھے

Chlorophyll (Also phyl (e, phylle) : (n) [CHLORO+Gr. "phyllon"] (کیمیا و نباتیات) خضرہ ؛ خضریہ ؛ کلوروفل : پودوں کی پتیوں وغیرہ کو بنانے والا مادہ جو عموماً کلیوں میں انتہائی باریک ریزوں کی شکل میں ملتا ھے اور جو سبز رنگ کے مختلف آبی خردبینی حیوان میں بھی موجود ھوتا ھے ۔

Chlorophyllous : (a) خضریہ ؛ کلوروفل کی صفت کا یا اس کا حامل ۔

Chlorophyte : (n) [Gr.] کوئی پودا جس میں مستقل ارتقاء اور سبز حصہ یا توسیع ھوتی رھی ھو ۔

Chloropicrin : (n) ایک بے رنگ روغنی رقیق جو کہ چونے کے کلورائیڈ کے ساتھ پکرک ایسڈ کی تقطیر سے ملتا ھے ؛ ایک روغنی بے رنگ سیال جس کی بو میٹھی ھوتی ھے اور جس سے آنسو نکلتے ھیں اور متلی آتی ھے ۔

Chloroplatinate : (n) کلورو پلاٹینک ایسڈ کا نمک ۔

Chloroplatinous : (a) کلوروپلاٹینک ایسڈ کے نمک سے متعلق ۔

Chlorosilicate : (n) (کیمیا) کلوروسلیکیٹ ۔

Chlorosis : (n) [Gr."chloros"] (۱) (مرضیات) سبز یرقان ؛ نوجوان عورتوں کی ایک بیماری جس میں ضعف کے ساتھ رنگ پیلا یا سبزی مائل ھو جاتا ھے اور ماھواری بےقاعدہ ھوتی ھے ؛ ھرا روگ ۔ (۲) (نباتیات) پودوں کی ایک بیماری جس میں سبز حصے سفید ھو جاتے ھیں ؛ بے خضری یا پنکھڑیوں وغیرہ کا بےرنگ ھو جانا ۔

Chlorosulphonic : (a) (کیمیا) کلورو سلفونک ۔

Chlorotic : (a) ھرے روگ کے متعلق ؛ ھرے روگ (ھریاؤ) کا بیمار ۔

Chlorotoluene : (n) (کیمیا) کلورو ٹالوین ۔

Chlorous : (a) [f.CHLORINE+OUS] کلورین دار ؛ کلورین کا ؛ کلورینی ؛ کلورین کی زیادتی ۔

Chlorous acid : (n) (کیمیا) کلورس ایسڈ ۔

Choanite : (n) [Gr."choane"] متحجّر گیاھی جانور جس کا استخوانی ڈھانچہ قیف کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Choanoid : (a) [F. Prec.] قیف کی شکل کا ؛ ذی فقار جانوروں کی آنکھوں کے عضلات سے متعلق بولا جاتا ھے ۔

Choate : (a) [F."inchoale"] مکمل ؛ جامع ۔

Chobdar : (n) [Pers. and Urdu] چوب دار ' یساول ۔

Chock (Also choak and chuck) : (n) [origin unknown] (۱) لکڑی کا کندہ خصوصاً فانہ جس سے پیپےیا پہیے کی حرکت کو روکتے ھیں نیز جہازوں پر کشتی کو تختے پر روکنے کے لئےبھی استعمال کرتے ھیں ؛ اڑانا ۔ (۲) وہ سہارا جو خرادی جانے والی چیز کو خراد کے محور کے پاس رکھے ۔ (۳) لکڑی کا کندہ (جلانے کےلئے) ۔ (٤) تیز کھوکھلی آواز ۔

Chock : (v) (۱) اڑانوں سے قائم کردینا ۔ (۲) کشتی کو اڑانوں پر رکھنا ۔ (۳) (کمرے وغیرہ کو) سامان وغیرہ سے بھر دینا ۔

Chock (Also Chok) (adv) [F."chock-full"] نزدیک نزدیک ؛ پیوستہ ؛ متصل ۔

Chock-a-block : (جہاز رانی) (وہ دو کندے جو رسّا چرخی میں ساتھ ساتھ چلتے ھیں) متصل ؛ نزدیک نزدیک ؛ کھچا کھچ ؛ بھرپور ؛ لبریز ۔

Chock-full (Also Chokefull) [of doubtful origin] بھر پور ؛ کھچا کھچ ؛ منھا منھ ؛ لبریز ؛ ٹھنسا ھوا ۔

Chock up : اڑانیں اچھی طرح لگا دینا ۔

Chocolate : (n) [Aztec."chocolatl"] (۱) چاکلیٹ ؛ چاکلیٹ خوردنی - (۲) چاکلیٹ نوشیدنی ۔

Chocolate : (a) لاکھیا ؛ کاکریزی ؛ چاکلیٹی ۔

Chocolate box : (a) بظاھر حسین یا جذباتی ۔

Chocolate cream : (n) چاکلیٹ کی مٹھائی جس میں کریم بھری رھتی ھے ۔

Chocolate-house : (n) چاکلیٹ خانہ جہاں چاکلیٹ کے مشروبات ملتے ھیں ۔

Chocolate soldier : (a) بےلڑے سپاھی ؛ یا لڑنے والا سپاھی ۔

Chocolate tree : (n) کوکو کا درخت ۔

Chocolatenut : (n) کوکو کا پھل اور اس کا بیج ۔

Chocolaty : (a) چاکلیٹ سے بنا ہوا یا چاکلیٹ کی طرح بنا ہوا ۔

Choctaw : (n) [Perh. alt. of Sp."chato"] (۱) اسکیٹنگ میں قدم رکھنے کا ایک انداز ۔ (۲) اجنبی اور ناقابل فہم زبان ۔ (۳) قدیم میسیسپی اور الباما میں رہنے والی ایک قوم اور اس قوم کا رکن اور اس کی زبان ۔

Choenix : (n) [Gr."choenix"] خشک چیزوں کو ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Choffer : (n) [ME."chaufour"] ایک دستی بخاری (ہیٹر) ۔

Choga : (n) [Sindhi] چوغہ ۔

Chogset : (n) [Indian name] ایک چھوٹی سمندری مچھلی ' برگل مچھلی ۔

Choice : (n) [OF."chois"] (۱) پسند ؛ پسندیدگی ؛ مرضی ؛ چناؤ ؛ انتخاب ۔ (۲) پسند کرنے کا حق ؛ لیاقت ؛ قدرت ؛ قوت تمیزی ؛ حق انتخاب ؛ اختیار ۔ (۳) منتخب ؛ ممتاز ؛ زبدہ ؛ برگزیدہ ؛ چیدہ ؛ بڑھیا ۔ (٤) انتخاب کے لئے انواع و اقسام کی چیزیں ۔ (٥) پسندیدہ شئے یا شخص ؛ منتخب شئے یا شخص ؛ ترجیح ؛ پسندیدہ چیزوں کی فراھمی ۔ (٦) چارہ ' علاج ؛ اختیار ؛ دوسری صورت ۔

At choice : مرضی پر ؛ حسب مرضی ؛ حسب پسند ۔

By choice / For choice : اگر پسند کرتا ھے تو ؛ اگر انتخاب کرتا ھے تو ۔

Hobson's choice : صرف ایک ھی صورت ھے ؛ پیش کردہ چیز کو لو یا مت لو ۔

Multiple choice : (سماجیات) کثرت پسند ۔

To have no choice : کچھ بھی ھو ۔

To have no choice but : کوئی چارہ نہیں ؛ اس کے سوا کوئی صورت نہیں ۔

To have one's choice : اپنی مرضی سے پسند کرنا ؛ خود انتخاب کرنا ۔

To take one's choice : فیصلہ کرنا ؛ پسند کرنا ۔

Choice : (a) (۱) چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ منتخب ؛ عمدہ ؛ تحفہ ؛ اعلیٰ ۔ (۲) احتیاط کے ساتھ چیدہ یا پسند کردہ ؛ منتخب ؛ مناسب ؛ موزوں ؛ لائق ؛ انتخاب ۔ (۳) محتاط ؛ نفاست پسند ؛ وہ جسکو مشکل سے کوئی چیز پسند آئے ۔

Choice of the mean : (منطق ، نفسیات) انتخاب اوسط ۔

Choice reaction : (n) (منطق ، نفسیات) منتخب رد عمل –

Choice theory : (n) (تجارت) نظریۂ انتخاب –

Choiceful : (a) پسند کرنے میں متامل ؛ ھچکچاھٹ ؛ انتخاب کا موقع دینے والا ۔

Choicely : (adv) بطریق احسن ؛ از روئے اختیار ؛ اختیار سے ؛ مناسب طریقہ سے ؛ کمال احتیاط سے ؛ احتیاط سے ؛ انتخاب کر کے ۔

Choiceness : (n) برگزیدگی ؛ خوبی ؛ نفاست ؛ عمدگی ؛ تحفگی ۔

Choicy : (a) (عامیانہ) نازک مذاق ؛ مشکل سے پسند کرنے والا ۔

Choil : (n) [origin unknown] جیب چاقو کا دندانہ خصوصاً پھل کے اس حصے میں جو دستہ کے نزدیک ھوتا ھے ۔

Choil : (v) جیبی چاقو کے پھل میں دستے کے نزدیک دندانہ بنانا ۔

Choiler : (n) جیبی چاقو کے پھل میں دستے کے نزدیک دندانہ بنانے کی مشین ۔

Choir / Quire : (n) [L."chorus"] (۱) گرجوں میں عبادت کے گانے بجانے والوں کی جماعت ؛ بھجن منڈلی ؛ سرود خوانوں کی ٹولی ؛ قوال منڈلی ؛ چوکی ۔ (۲) قوال گاہ ؛ سرود خوانوں کی جگہ ؛ سماع خانہ ۔ (۳) گانے والوں کی جماعت ؛ قوالوں کی جماعت ؛ فرشتوں کی جماعت ۔ (٤) ناچنے والوں کی جماعت ؛ طائفہ رقص ؛ سہ گان ۔ (٥) ایک منظم جماعت یا ٹولی ۔ (٦) ایک ھی قسم کے سازوں کا مجموعہ جو آرکسٹرا میں ھوتا ھے یا ان سازوں کو بجانے والوں کی جماعت ۔ (۷) چوکی ارگن ۔

Choir / Quire : (v) ملکر گانا ؛ جماعت میں یا ٹولی میں گانا گانا ۔

Choir-boy : (n) سہ گان میں مل کر گانے والا لڑکا ۔

Choir-man : (n) سہ گان میں گانے والا آدمی ۔

Choir office : (n) وہ عبادت جو جماعت میں مل کر گائی جائے ۔

Choir organ : (n) چوکی ارگن ۔

Choir school : (n) گرجا میں گانے والے بچوں کی تعلیم گاہ ۔

Choir screen : (n) سرود خانہ یا سماع خانہ کی ایک آرائشی چوبی چق ۔

Choirmaster : (n) سہ گان کا ہدایت کار ۔

Chois : (v) انتخاب کرنا: پسند کرنا ۔

Chokage : (n) [f. CHOKE] حالت گرفتگی : حالت فشار : پھنسا ہوا : غصہ وغیرہ سے دم بند ہو جانے کی حالت ۔

Choke : (n) [ME."choke","cheke"] (۱) حبس دم : فشار ۔ (۲) رکاوٹ : انسداد : گھٹن ۔ (۳) بندوق کے سوراخ کی تنگی نال کے قریب ۔ (٤) بعض گھاسوں کے پھولوں کے پھولنے میں سماروغ کی وجہ سے رکاوٹ ۔ (٥) (جوڈو) شہ رگ میں دباؤ ۔ (٦) مسدود ہونے کا عمل یا شور ۔ (۷) سانس میں پھانس ۔

Choke : (n) [Prob.var.of CHEEK] جبڑے : رخسار ۔

Choke : (v) [ME."cheke","choke"] (۱) گلا گھونٹنا : ٹینٹوا دبانا : گلا دبانا : گلے میں پھنس جانا : گلا گھٹنا : پھندا پڑجانا : پانی، دھویں وغیرہ سے گرہ پڑ جانا ۔ (۲) (مجازاً) (جذبے کا) پژمردہ کر دینا، دبانا ۔ (۳) دم رکنا : سانس رکنا : دم گھٹنا : غصہ وغیرہ سے دم بند ہو جانا ۔ (٤) (درخت، آگ وغیرہ) روشنی ، ہوا وغیرہ بند کر کے بجھانا : مار ڈالنا : سکھا ڈالنا ۔ (٥) جذبات کا روکنا : ضبط کرنا ۔ (٦) کلیتاً یا جزویتاً روک دینا : اٹکا دینا : (اڑانا نلی کو اسکا ایک حصہ تنگ کرکے) ۔ (۷) خلیج یا کھاڑی وغیرہ کا پتھر ، ریت یا بالو سے بھرنا : پٹ جانا : اٹ جانا ۔ (۸) کھچا کھچ بھرنا : بھرپور کرنا : منھ منھ بھرنا ، ناکوں ناک بھرنا ۔ (۹) روکنا : خموش کرنا : بولنے سے روک دینا ۔ (۱۰) ترقی ، افزائش ، سرگرمی اور قوت نمو کو روک دینا ۔ (۱۱) بندوق کی نالی کو تنگ بنانا ۔ (۱۲) گاڑی کے انجن کے کاربوریٹر میں ہوا کو جزویتاً روک کر پٹرول کی مقدار کو بڑھانا ۔ (۱۳) (کھیل میں) بلا، ریکٹ وغیرہ کو دستے کے آخری حصہ سے آگے پکڑنا ۔

Choke apple : (n) کھٹا سیب ۔

Choke berry : (n) چھوٹی گوندی کی طرح کا قابض پھل ۔

Choke-bore : (n) بندوق کا سوراخ جو نال کی طرف تنگ ہوتا جاتا ہے : بندوق کی گائے دم نال ۔

Choke-cherry : (n) شاہ دانہ جس میں قبض پیدا کرنے کی خاصیت ہوتی ہے ۔

Choke coil : (n) برقی رو کو بڑھانے یا روکنے والا تاروں کا گچھا ۔

Choke-collar : (n) طاقت ور کتوں کو تربیت میں قابو میں رکھنے کے لئے وہ پٹہ جسے پھندے کی طرح کسا جاتا ہے ۔

Choke-damp : (n) کاربونک ایسڈ گیس جو کنوؤں ، کانوں وغیرہ میں پیدا ہوتی ہے ۔

Choke-dog : (n) ایک قسم کا پنیر ۔

Choke-full : (a) دیکھو Chock-full

Choke-off : (v) کسی شخص کو کسی سعی یا عمل یا گفتگو سے باز رہنے پر مجبور کرنا : باز رکھنا ۔

Choke-pear : (n) (۱) ترش ناشپاتی ۔ (۲) وہ واقعہ جس کو قبول کرتے نہ بنے : وہ ملامت وغیرہ جس کو برداشت کرتے نہ بنے ۔

Choke-strap : (n) وہ تسمہ جو گھوڑے کے کالر سے لے کر اس کے کمر بند میں لگا ہو ۔

Choke-weed : (n) طفیلی پودوں کی ایک قسم ۔

Choke-up : (v) (۱) شدید جذبات سے دم بند ہو جانا ۔ (۲) فرط اشتیاق یا گھبراہٹ کی وجہ سے رکاوٹ پڑ جانا ۔

Choker : (n) (۱) دم گھونٹنے والا : گلا گھونٹنے والا : روکنے والا : باز رکھنے والا ۔ (۲) ایک گلوبند جو گلے کے گرد لپیٹا جائے : چوڑا گلوبند : بہت اونچا سخت کالر : گلوبند (زیور) : پتلا روئیں دار کپڑا عورتوں کے لئے ۔ (۳) تاروں کے رسے کا پھندا کندوں کو باندھ کر کھینچنے کے لئے ۔

Choker : (a) سٹا کر گلے میں بندھا ھوا ۔

Chokered : (a) گلوبند پہنے ھوئے ۔

Chokerman : (n) وہ شخص جو کندوں کے گرد تار کے پھندے باندھتا ھے ۔

Chokidar : (n) [Urdu "chaukidar"] چوکیدار ۔

Choking : (n) (۱) دم گھٹنے کا احساس پیدا کرنے والا ۔ (۲) نا مفہوم آواز ۔

Chokra : (n) [Hindi "chokra"] چھوکرا ۔

Choky / Chokey : (n) [Hindi "chauki"] (۱) جنگی چوکی ؛ تھانہ ؛ چوکی ؛ گھوڑوں کا اڈہ ۔ (۲) حاجت ؛ حوالات ۔

Choky : (a) [f. CHOKE (v)] دم گھٹنے والا ؛ خشك ۔

Chol- / Chole- / (comb.) [Gr."chole"] طب ، کیمیا میں واصلہ بمعنی صفرہ ۔

Cholaemia (Also Cholehaemia) (n) خون میں صفرہ کا ھونا جیسا یرقان میں ھوتا ھے ۔

Cholaemic : (a) صفراوی ؛ یرقانی ۔

Cholagogue : (n) [Gr."chole+agogos"] ایك دوا جو صفرہ کو دور کرتی ھے ؛ دافع صفرہ ۔

Cholate : (n) کولك ایسڈ کا نمك ۔

Choleate : (n) کولینك ایسڈ (Choleic Acid) کا نمك ۔

Cholecystectomy : (n) [Gr."chole+kystis+ektomia"] (جراحی) زھر دان کو کاٹ کر نکال دینا ۔

Cholecystitis : (n) [Gr.] زھر دان کا زخم ۔

Cholecystotomy : (n) [Gr.] زھر دان کو چاك کر کے پتھری نکالنا ۔

Choledoch : (a) [Gr."choledochos"] صفرہ دار ۔

Choledoch : (n) صفرائی نالی ۔

Choleic : (a) صفرا کا یا اس سے متعلق یا اس سے نکلا ھوا ۔

Cholelith : (n) سنگ مثانہ ؛ پتھری ۔

Choler : (n) (See next) [L."cholera"] (۱) (طب) چار خلطوں میں سے ایك خلط ۔ (۲) صفرہ ؛ زرد آب ؛ پت ۔ (۳) (شاعری میں قدیم) غصہ ؛ طیش ؛ کرودھ ؛ بد مزاجی ؛ چڑچڑاپن ؛ تیہا ۔

Black choler : (n) سودا ۔

Choler adust : (Also Black choler) (n) دیکھو Black bile

Cholera : (n) [Gr."cholera"] ھیضہ ؛ تخمہ ۔

Asiatic / Epidemic / Malignant cholera : ھیضہ ؛ ھلکی ؛ ننانواں ۔

Chicken cholera : مرغیوں کا ایك متعدی مرض ۔

English / Bilious / Summer cholera (also cholera nostras) : ھیضہ ؛ تخمہ ۔

Cholera typhoid : (n) ھیضہ کے ساتھ ساتھ بخار ۔

Cholerafungus : (n) ھیضہ کے مریض کے پاخانہ کا سماروغ ۔

Choleraic : (a) ھیضاوی ؛ وبائی ھیضے کا ؛ تخمے کا ۔

Choleraization : (n) ادنیٰ جانوروں میں مصنوعی طور پر ھیضہ پیدا کرنا ۔

Choleriform : (a) ھیضاوی ؛ وبائی ؛ ھیضہ کا ؛ تخمہ کا ۔

Choleric : (a) [Gr.] (۱) غصیل ؛ غصیلا ؛ تیز مزاج ؛ تندمزاج ؛ محرور المزاج ؛ چڑ چڑا ؛ صفراوی ۔ (۲) ھیضائی ؛ ھیضے کا ؛ وبائی ۔

Cholerine : (n) [Fr.dim.of"cholera"] (۱) بد ھضمی ؛ سوء ھضم ؛ اسھال ؛ تخمہ ؛ ھیضے کی علامت ۔ (۲) ھیضائی ؛ ھیضے کا ؛ وبائی ۔

Choleroid : (a) دیکھو Choleriform

Cholesteric : (a) [F. next] $C_{24}H_{44}O$ سے متعلق یا اس سے بنایا ھوا ۔

Cholesterin : (n) [Gr."chole+stereos"+-IN] ایك بے مزہ ، بے بو روغنی قسم کا مادہ ($C_{26}H_{44}O$) جو بیشتر حیوانی رقیق یا ٹھوس میں اور اکثر پودوں کے پھل اور بیج میں پایا جاتا ھے ۔

Cholesterol : (n) دیکھو Cholesterin

Choli : (n) [Skr."cola"] چولی ۔

Choliamb : (n) [Gr."choliambos"] یونانی رجز (عروض) ایمبک شعر جس کا آخری رکن trochee یا spondee ہوتا ہے ۔

Choliambic : (a) رجزی ؛ شعری ۔

Choliambist : (n) اس نوع شعر کا ماہر ۔

Cholic : (a) [Gr."cholikos"] صفراوی ۔

Cholic acid : (n) کولک ترشہ ؛ بلوری صفراوی ترشہ ۔

Choline : (n) [Gr."chole"+-INE] (کیمیا) ایک بلوری یا شیرہ نما اساس جو حیوانی اور نباتاتی چیزوں میں پائی جاتی ہے ؛ ایک نامیاتی اساس ۔

Cholinic : (a) بلوری نامیاتی اساس کا ۔

Cholo -: (comb.) [Gr."cholo"] واصلہ بمعنی " صفرا " ۔

Cholochrome : (n) [Gr."cholo+chroma"] صفرا کو رنگین بنانے والا مادہ ۔

Cholography : (n) صفرا سے متعلق رسالہ ۔

Choloid : (a) [Gr."Chole"] صفرا ؛ پتہ ؛ صفرا کا سا ۔

Chololith : (n) سنگ مثانہ ؛ پتھری ۔

Chology : (n) عضویات اور مرض شناسی کا وہ حصہ جو صفرا سے متعلق ہو ۔

Cholophaein : (n) صفرا کا بھورا رنگ ۔

Choltry : (n) [Var. of CHOULTRY] دیکھو Choultry

Cholum : (n) [Tamil] گھاس ؛ باجرہ ۔

Chomp : (v) [Var. of CHAMP] دیکھو Champ

Chondrification : (n) [f. next] غضروف میں تبدیلی ۔

Chondrify : (v) [f. Gr."chondros"+-Fy] غضروف بن جانا ۔

Chondrigen دیکھو Chondro

Chondrigenous : (a) غضروف پیدا کرنے والا ۔

Chondrin : (n) [Gr."chondros"] جلاٹین ایسا ایک مادہ سلولی جو غضروف کو پانی میں ابالنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chondrite : (n) [mod. L."chondrus"] ایک شہابی پتھر جس میں گول گول دانے ہوتے ہیں ۔

Chondrite : (n) ایک متحجر سمندری پودا ۔

Chondritis : (n) [f. Gr."Chondros"] ورم غضروف ۔

Chondro -: (comb.) [f. Gr."chondros"] واصلہ بمعنی "دانہ" غضروف کرکری ۔

Chondrocranium : (n) (حیوانیات) کانڈرو کرینیم : کری کھوپڑی ۔

Chondrodite : (n) [Gr."Chondrodes"+-ITE] ایک زردی مائل یا بھورا مائل لال "میگنیشیم کا سلیکیٹ" جس میں تھوڑا فلورین بھی ہوتا ہے ۔

Chondrogen : (n) Chondrine یا وہ نسیج جو Chondrin پیدا کرتے ہیں ۔

Chondrogenesis : (n) غضروف کی نشو ونما ۔

Chondroid : (a) [Gr."Chondros+oid] غضروف کے مشابہ ۔

Chondrology : (n) [Gr.] (۱) علم غضروف ۔ (۲) غضروف کے متعلق رسالہ یا گفتگو ۔

Chondrometer : (n) [Gr.] غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Chondropterygian : (n) مچھلیاں جن کا غضروفی ڈھانچہ ہو (مثلاً شارک وغیرہ) ۔

Chondropterygious : (a) غضروفی ڈھانچہ والی مچھلیوں سے متعلق ۔

Chondrosis : (n) [See CHONDROID] غضروف کی تشکیل ۔

Chondrostean : (a) Chondrostean ذات کی مچھلی ۔

Chondrostean : (n) مچھلیوں کی ایک ذات جس کی ریڑھ کی ہڈی نرم ہوتی ہے ۔

Chondrotomy : (n) [Gr.] غضروف کی تشریح یا تلاش ۔

Chonicrite (Also, krite) [Gr."Chonia+kritos"] (معدنیات) الومینیم یا میگنیشیم کے اساسی سلیکیٹ ۔

Choose : (v) [OE."ceosan"] (۱) چننا : چھانٹنا : انتخاب کرنا : (تعریفی) کسی صفت یا خوبی کی وجہ سے منتخب کرنا ؛ چاھنا ۔(۲) (عیسائی دینیات) ناجی : برگزیدہ ھونا ۔(۳) فیصلہ کرنا (کسی فعل کے کرنے کا) ۔(٤) کرنے کے لئے مناسب خیال کرنا : کرنے کے لئے آمادہ ھونا ۔(٥) اختیار کرنا : انتخاب کرنا : پسند کرنا ۔

Cannot choose but : کوئی چارہ٫ کار نہ ھونا ۔

Nothing to choose between them : ان میں کوئی فرق نہیں ۔

Pick and choose : نہایت ھوشیاری سے چھانٹنا : انتخاب کرنا : ٹھوک بجا کر لینا ؛ اپنی پسند کے مطابق چن لینا ۔

Choose up : (v) کھیل میں ٹولی کا انتخاب کرنا : کھیلنے والوں کا انتخاب کرنا ۔

Chooser : (n) اختیار کنندہ : مختار ' پسند کرنے والا : چننے والا ۔

Beggars are not choosers : فقیروں کو رائے اور انتخاب کا حق نہیں : مفت کی چیزوں میں انتخاب نہیں کرنا چاھئے ۔

Choosingly : (adv) انتخاب کرکے : پسند کرکے : چن کر۔

Choosy / Choosey : (a) مشکل پسند : (کسی چیز کے لینے یا وصول کرنے میں) متامل : پس و پیش کرنے والا ؛ دیر پسند : وسواسی : انتخابی ۔

Chop : (n) [A form of CHAP] (۱) تیشہ یا تبر وغیرہ کی ضرب ؛ وار : ھاتھ' چوٹ : خراش ۔(۲) ٹکڑا : پارچہ ؛ پارہ : بوٹی : تکا ۔(۳) سمندر کی طوفانی حرکت ؛ جھٹکے دار حرکت ۔(٤) شگاف ؛ دندانہ ۔(٥) کٹی ھوئی چیز ۔(۷) شکاری کتے کی تیز آواز ۔

Chop : (n) [Var. of CHAP] (۱) جبڑا ؛ کلا : گال ۔(۲) (جمع میں) (مزاحاً یا تحقیراً) منہ : دہانہ : دہن ۔(۳) دہانہ (توپ، گھاٹی، نہر وغیرہ کا) : مدخل ۔

Chop : (n) [CHOP (v)] تبادلہ : ادلا بدلی : مبادلہ ۔

Chop : (n) [f. CHOP (v)] منہ مارنا ۔

Chop : (n) [Hindi "chhap"] (۱) (ھندوستان اور چین میں) مہر ؛ چھاپ ۔(۲) پروانہ راھداری ؛ اجازت نامہ ؛ گزر نامہ ۔(۳) نشان ؛ مارکہ ؛ (چین میں) نشان تجارت ۔

First (second) chop : اول درجہ کا ؛ دونم درجہ کا ۔

Chop : (n) (عامیانہ) غذا ۔

Chop : (v) [A form of CHAP (v)] (۱) کاٹ ڈالنا ؛ قلم کرنا : اڑا دینا ۔(۲) قیمہ کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ چور کرنا ۔(۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ میں) کتر بیونت کرنا ؛ تراش خراش کرنا ۔(٤) شگاف پڑ جانا ۔(٦) ضرب لگانا ۔(۷) ھوائی جہاز کے انجن میں تیل کی دھار کو کم کرنا یا بند کرنا ۔

To chop to an anchor : بسرعت لنگر ڈال دینا ۔

Chop : (v) [Perh. var. of ME."chappe"] (۱) بدل جانا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ قائم نہ رھنا ؛ ڈگمگانا ؛ مبادلہ کرنا ؛ عوض کرنا ۔(۲) جہاز رانی میں ھوا کا یکایک سمت بدل جانا ۔(۳) قیل و قال کرنا ۔

To chop and change : خرید و فروخت کرنا ؛ جلد جلد بدلنا ۔

To chop logic : منطق بگھارنا ؛ کٹھ حجتی کرنا : کٹھ بحثی کرنا ۔

Chop : (v) [f. CHOP (n)] (شکار کو) تعاقب کے بغیر پا لینا اور مار ڈالنا ۔

Chop : (v) مہر لگانا ؛ نشان لگانا ۔

Chop and change : تبادلہ ؛ تبدیلی ؛ تغیرات ؛ غیر مستقل ھونا ۔

Chop away : (v) ایک ھی ضرب میں اڑا دینا ۔

Chop-boat : (n) ھلکی کشتی جس کو مال لے جانے لے آنے کی اجازت ھو ۔

Chop-box : (n) افریقہ میں کھانا لے جانے لے آنے کا بکس ۔

Chop-chop : جلدی جلدی ؛ فوراً ۔

Chop-fallen : (a) دیکھو Chap-fallen

Chop-house : (n) (۱) چنگی خانہ ۔(۲) وہ ھوٹل جہاں مٹن چاپ وغیرہ بکتا ھے ۔

Chop round : (v) ہوا کا یکایک رخ بدل جانا ۔

Chop-stick : (n) [Chinese."k 'wai-tsze"] (۱) (جمع میں) ہاتھی دانت وغیرہ کی پتلی پتلی تیلیاں جو چینی لوگ کھاتے وقت استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) (عامیانہ) دیہاتی ؛ گنوار ۔ (۳) وہ موسیقی جس میں کسی جذبے کا اظہار نہ ہو ۔

Chop-suey : (n) [Chinese] ایک چینی کھانا جس میں گوشت اور چاول وغیرہ ہوتا ہے اور تل کے تیل میں پکایا جاتا ہے ۔

Chopin : (n) [LG."schopen"] رقیق چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ ۔

Chopine / Chopin : (n) [Sp."chapin"] ایک قسم کا جوتا جسکا تلا گتے کے ذریعہ زمین سے اٹھا رہتا ہے ۔

Chopper : (n) [f. CHOP (v)] (۱) کاٹنے والا ؛ قطع کرنے والا ۔ (۲) تبر ؛ تیشہ ؛ چھرا ؛ ساطور ۔ (۳) قصائی کا چھرا ؛ بغدہ ۔ (٤) برق میں برقی روکو روکنے والا ۔ (٥) بوڑھا جانور ۔ (٦) ایک قسم کی کناری چڑیا جس کی آواز زور دار ہوتی ہے ۔ (۷) (عامیانہ) دانت ۔ (۸) مشین گن سے مسلح ڈاکو ؛ مشین گن ۔ (۹) ہیلی کوپٹر ۔

Chopper : (n) [f. CHOP (v)] مبادلہ کرنے والا خصوصاً کلیسائی جاگیر کو خرید و فروخت کرنے والا ۔

Chopper : (n) [Hindi "chhappar"] چھپر ۔

Choppered : (a) چھپر والا ۔

Chopping : (n) بڑا اور تنو مند ؛ لمبا تڑنگا ؛ مضبوط ؛ گٹھا ۔

Choppy : (a) (۱) Chappy پر شگاف ۔ (۲) تھوڑا متلاطم ؛ متغیر ؛ غیر مستقل ؛ پے در پے سمت بدلنے والا ۔

Choppy market : (n) وہ بازار جس میں نرخ میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے ۔

Choragic : (a) [Gr.] کورس کے رہنما سے متعلق ۔

Choragic monument : (n) (تاریخ، قدیم یونان) سنگت میں گانے والوں کی یادگار ۔

Choragium : (n) [L.] میدان رقص ۔

Choragus (Also choregus) (pl. -agi, -egi) [Gr. choregos] (۱) (یونان و روم قدیم) گانے والوں کی ٹولی کا رہبر ۔ (۲) آکسفورڈ یونیورسٹی کا وہ کارکن جو موسیقی کی مشق کی نگرانی پر معمور ہو ۔ (۳) قدیم ایتھنس میں وہ جو اپنی طرف سے گانے والے کی ٹولی کا خرچ ادا کیا کرے ؛ پیش خوان ۔ (٤) (مجازاً) کسی جماعت یا تحریک کا رہبر ۔

Choral : (a) [med. L."choralis"] طائفہ کے متعلق ؛ قوالوں کا ؛ سرود خوانوں کا ؛ جس میں سہ گان یا کورس ہو ۔

Vicker choral : گرجا کا وہ افسر جو عبادت کے اس حصے کا نغمہ گائے جو غیر کلیسائی یا ادنیٰ درجے کے پادری کو گانے کی اجازت ہو ۔

Choral / Chorale : (n) [G."choralgesang"] (۱) جرمانیہ کے گرجوں میں بھجن گانے کی سادہ تال ۔ (۲) وہ گانا جس میں وزن اور بحر ہو اور کلیسائی مجلسوں میں مناجات کے طور پر کورس میں گایا جائے ۔

Choralist : (n) سہ گان ؛ کورس میں گانے والا ۔

Chorally : (adv) سہ گان میں ؛ کورس میں ۔

Choral service : (n) وہ عبادت جس میں نشید، ترانے وغیرہ ملکر گائے جائیں ۔

Full choral service : پورے طائفہ کا نغمہ یا گانا ۔

Chord : (n) [After L."chorda"] (۱) (حیوانیات) رسی یا چھوٹا رسا ؛ حبل ؛ تانت ۔ (۲) تار ؛ تانت ؛ (باجے کا) (نظم میں اور مجازاً بھی) ۔ (۳) (عضویات) تار یا تانت جیسا عضو ۔ (٤) (ریاضیات) وتر ؛ زہ ۔ (٥) (مجازاً) مخصوص جذباتی یا ذہنی تاثر ؛ دماغ یا ذہن کا خاص میلان ۔

Focal chord : (ریاضی) ماسکی وتر ۔

Major chord : (ریاضی) وتر اکبر ؛ (طبیعیات) اونچا سر ۔

Minor chord : (ریاضی) وتر اصغر ؛ (طبیعیات) نیچا سر ۔

Spinal chord : نخاع ؛ حرام مغز ۔

To touch the right chord : حسب منشا جذبات کو ابھارنا ؛ دوسرے کے جذبات سے اپنے من کے موافق کام لینا ۔

Vocal chord : گویائی کی رگیں ؛ صوتی وتر ۔

Chord : (n) [aphet. f. ACCORD] (۱) دو یا تین یا زیادہ سروں کا ملاپ ۔ (۲) رنگوں کی مناسب و موزوں آمیزش ۔

Break or spread chord : راگ راگنیوں کا پے در پے بجانا یا نکالنا ۔

Common chord : کوئی سر جس کے ساتھ میجر میجر یا مائنر تھرڈ وغیرہ ہوں ۔

Chord music : (n) (فزکس) ہم آہنگ سُر ۔

Chord of curvature : (طبیعیات) خمی وتر ؛ (ریاضی) وتر انحنا ۔

Chordal : (a) تار یا تانت کا ؛ تار یا تانت کی طرح ؛ وتری۔

Chordata : (n) (حیوانیات) کارڈیٹا ؛ خلیے ۔

Chorded : (a) تار دار ؛ تانت لگا ہوا ؛ ہم آہنگ ؛ سُر ملا ہوا ۔

Chordee : (n) [Fr."cordee"] (مرضیات) مرد کے عضو تناسل کا تکلیف دہ ورم ۔

Chore : (n) [Unexpl . var. of CHARE] ادنیٰ شغل ؛ خردہ کاری۔

Chore : (v) خردہ کاری کرنا ؛ چھوٹا چھوٹا کام کرنا ؛ روزانہ کا کام کرنا ۔

Chorea : (n) [Short for L."chorea sanctiviti"] بچوں کی بیماری ؛ ام الصبیان ؛ جموگا ؛ پسلی کی بیماری ؛ تشنج ۔

Choreal / Choreic : (a) ام الصبیان کا مریض۔

Choree : (n) [Gr."Chorios"] (عروض انگریزی) شعر کا ایک وزن جس میں اول ھجاء بڑی اور دوسری چھوٹی ہوتی ہے ۔

Choregy : (n) [Gr."Choregia"] (یونان قدیم) گانے والوں کی جماعت کے رہبر کا کام ۔

Choreic : (a) [f. CHOREE] دیکھو Chorea / choreal

Choreic : (a) [F. CHOREA] وہ رکن جس میں ثراچی ہو ۔

Choreograph / Choreographer : (n) [f. Gr."Choria+graphos"] میر رقص ؛ رقص بیلے کا انتظام یا ترتیب دینے والا ۔

Choreographic : (a) بیلے رقص سے متعلق ۔

Choreography : (n) فن رقص بیلے ۔

Chori -/Choris-/ : (comb.) [Gr."Chori","choris"] نباتیاتی سابقہ بمعنی علاحدہ ۔

Chorial : (a) [Gr.] جنین کی بیرونی جھلی یا تخم کے مرکز کے پلپلے مادہ یا اصلی پوست سے متعلق ۔

Choriamb : (n) [Gr."Chorios+iambos"] (عروض انگریزی) وہ رکن جس میں ایک وتد سبب ثقیل ہو ؛ انگریزی بحر کا وہ رکن جس میں پہلا حصہ Trochee اور دوسرا Iambus ہو ۔

Choriambic : (a) Trochee اور Iambus رکھنے والے رکن سے متعلق ۔

Choric : (a) [Gr."Choros"] کورس سے متعلق یا کورس کے طرز کا گانے والی چوکی کے متعلق ۔

Chorics : (n) کورس کے اشعار ۔

Chorion : (n) [Gr."Chorion"] (۱) (تشریحات) جنین کی بیرونی جھلی ۔ (۲) (نباتیات) تخم کے مرکز کا پلپلا مادہ ۔ (۳) (علم تشریح) اصلی پوست ۔

Choripetalous : (a) (نباتیات) جس کی پتیاں علاحدہ ہوں ۔

Chorisis : (n) [Gr."korizin"] تکثیر ؛ تعدد ؛ پنکھڑیوں یا پھولوں کا پھٹنا اور جدا ہونا اس طرح کہ اسکے الگ الگ ٹکڑے ہوں ؛ پھٹنا ؛ تقسیم تکثیری ۔

Chorism / Choriation : (n) تکثیر ؛ تعدد ؛ پھٹنا ؛ تقسیم تکثیری ۔

Chorist : (n) [med. L."chorista"] (۱) (قدیم یونان) کورس کا ایک رکن ۔ (۲) کورس میں گانے والا۔

Choristate : (a) [f CHORISM] عمل تکثیر سے بنا ہوا ۔

Chorister : (n) [F. CHORIST] سرود خوانوں کی جماعت کا رکن خصوصاً گانے والا چھوکرا ۔

Choristership : (n) سرود خوانوں کی جماعت کی رکنیت ۔

Chorizontal /-ic : (a) [F. CHORIZONTES] ان لوگوں سے متعلق جو chorizontes عقیدہ رکھتے ھیں ۔

Chorizontes : (n) [Gr."chorizontes"] وہ شخص جو الیڈ اور اوڈیسی (Illiad and Odyssey) کو مختلف شاعروں کی تخلیق سمجھتے ھیں ۔

Chorizontist : (n) (Illiad and Odyssey) الیڈ اور اوڈیسی کو مختلف شاعروں کی تخلیق سمجھنے والا یا ایسا سمجھنے والوں کا پیرو ۔

Chorograph : (n) [Gr.] کسی مقام کا محل وقوع معلوم کرنے کا آلہ ۔

Chorographer : (n) نقشہ میں کسی خاص ناحیہ یا علاقہ بتانے کا فن جاننے والا ؛ بلاد نگار ۔

Chorographical /-ic : (a) بلاد نگاری کے فن سے متعلق ؛ بلاد نگاری ؛ بلاد نگارانہ ۔

Chorographically : (adv) اس فن کی رو سے ؛ ازروئے بلاد نگاری۔

Chorography : (n) [Gr.] نقشے میں کسی خاص ناحیہ یا علاقہ کو دکھانے یا بتانے کا فن ۔

Choroid : (n) [Gr."choroides"] آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ ؛ مشیمہ ۔

Choroid : (a) مشیمہ نما ۔

Choroid plexus : (n) (حیوانیات) مشمّی صفیرہ ۔

Choroidal : (a) مشیمہ کے متعلق ؛ مشیماتی ۔

Choroidal fissure : (n) مشمی درز ۔

Choroidean : (a) دیکھو Choroidal

Choroiditis : (n) آنکھ کے ڈھیلے کے پردے کا ورم ؛ مشیمہ کا ورم ۔

Chorology : (n) [Gr."chora+logia"] انواع وغیرہ کی مقامی تقسیم ؛ نوعیات ۔

Chorological : (n) نوعیاتی ۔

Chorometry : (n) [Gr."chorometria"] علم مساحت زمین ؛ زمین کی پیمائش کا فن ۔

Chortle : (n) [Coined by the author of "through the Looking Glass"] قہقہہ لگانا ؛ ٹھٹا لگانا ۔

Chorus : (n) (pl. choruses) [Gr."choros"] (۱) (قدیم یونانی تہواروں میں) مذھبی ڈرامہ وغیرہ میں ناچنے گانے والوں کا طائفہ ۔ (۲) یونانی ڈراموں میں ناچنے گانے والوں کی جماعت جو عمل میں حصہ لیتے ھیں یا ھونے والے واقعات پر تبصرہ کرتے ھیں ۔ (۳) اسی قسم کی جماعت دوسرے ڈراموں میں جو یونانی ڈرامے کے طرز پر لکھے گئے ۔ (٤) انگریزی ڈرامے میں وہ شخص جو افتتاحیہ اور خاتمہ میں بولتا ھے : الزبیتھ کے زمانے کے ڈراموں میں پیش خواں ۔ (٥) گانے والوں کی منظم جماعت ؛ چوکی ۔ (٦) کوئی چیز جو سرود خوانوں کی جماعت کے لئے موزوں ھو ۔ (۷) (موسیقی) ایک نظم کئی (اکثر چار) حصوں میں جس کو کئی آدمی ملکر گائیں ۔ (۸) ترجیع ؛ انترا ۔ (۹) وہ نغمہ جو سب ملکر گائیں ؛ ھم آھنگی ؛ ھم نوائی ؛ ھم وقتی بول ؛ آواز ؛ صدا ۔

In chorus : سب کا ملکر ایک ساتھ (بولنا) ۔

Chorus : (v) سب کا مل کر گانا ؛ بولنا ؛ کہنا ؛ ھم آواز ھوکر بولنا ۔

Chorus boy : (n) نوجوان جو سرود خواں کی جماعت میں گاتا یا ناچتا ھے ۔

Chorus girl : نوجوان لڑکی جو سرود خواں کی جماعت میں گاتی یا ناچتی ھے ۔

Chorusman : (n) دیکھو Chorus boy

Chorusmaster : (n) کورس کا ھدایت کار ۔

Chose : (n) [L."cause"] (قانون) چیز ؛ ذاتی ملکیت یا چیز ۔

Chose : [past tense of CHOOSE] دیکھو Choose

Chose in action : کوئی حق جو واقعی نہ ھو لیکن قانونی طور پر حاصل ھو سکے ۔

Chose in possession : ملکیت جو ذاتی قبضہ میں ھو ۔

Chose jugee : (n) طئے شدہ یا فیصلہ شدہ امر ؛ ایسا معاملہ جس پر بحث کرنا تحصیل حاصل ھو ۔

Chosen : (a) (۱) منتخب ؛ چنا ہوا ۔ (۲) برگزیدہ ؛ ناجی ۔

Chosen : (n) برگزیدہ آدمی ۔

Chosen people : (n) یہودی ۔

Chou : (n) (۱) عورتوں کی ٹوپی ؛ پوشاک ؛ فیتے وغیرہ کی خوبصورت گرہ ؛ پھول دار گرہ ۔(۲) کرم کلہ ۔ (۳) پیاری ۔

Chouan : (n) [Fr.] مغربی فرانس میں شاہی جانثاروں کا ایک رکن فرانسیسی انقلاب کے دوران اور بعد ۔

Chouan : (v) شاہی خاندان کی حمایت کرنا ۔

Chough : (n) [ME."choghe"] سرخ پا کوا ؛ للپیرا کوا ۔

Choultry (Also choltry) : (n) [Corruption of Telugu "chawadi"] (۱) مہمان خانہ ؛ کارواں سرائے ۔ (۲) کسی مندر میں ستون کا سلسلہ ؛ ستون دار کمرہ ۔

Chounse/-ce : (v) [Alter. of JOUNCE] ہلانا ۔

Chouse : (n) [Earlier "chiausa"] (۱) دھوکا کھانے والا ۔ (۲) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ۔

Chouse : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جل دینا ؛ ٹھگنا ؛ مونڈنا ؛ دغا کرنا ؛ احمق بنانا ۔

Chouser : (n) دھوکا دینے والا ؛ فریبی ؛ دغاباز ۔

Chout : (n) [Marathi,"chauth"] چوتھ(مال گزاری کا چوتھا حصہ جو مرہٹے جبریہ لیا کرتے تھے)۔

Chow : (n) (۱) کھانا ؛ غذا ۔(۲) کھانے کا وقت ۔

Chow : (v) کھانا کھانا ۔

Chow-chow : (a) [origin unknown] ملا جلا ۔

Chow - chow : (n) (۱) ملی جلی چیز ۔(۲) چینی مربہ ۔

Chow-chow chop : (n) جہاز سے بوجھ اتارنےکی آخری کشتی جس میں چھوٹے چھوٹے پیکٹ ہوتے ہیں ۔

Chowder : (n) [perh. Fr."chaudiere"] (۱) تازہ مچھلی ؛ سور کا گوشت ؛ پیاز، بسکٹ اور آلو وغیرہ سے بنا ہوا ایک کھانا ؛ مچھلی کا دو پیازہ ۔ (۲) chowder beer ایک شراب جو ایک قسم کے صنوبر کی پتیوں کو پانی میں ابالنے اور چھوا کے ساتھ ملانے سے بنتی ہے ۔

Chowder : (v) مندرجہ بالا کھانا یا شراب بنانا ۔

Chowder head : (n) احمق ؛ بیوقوف ۔

Chowhound : (n) حریص ؛ پیٹو ۔

Chowk : (n) [Hindi "Cauk"] چوک ؛ بازار ۔

Chowry : (n) [Hindi "chaunri"] مرچھل ۔

Choy [Var. of CHAY] Chay کا متبادل ۔

Chrematist : (n) [Gr."chrematistes"] دولت کا مطالعہ کرنے والا ۔

Chrematistic : (a) [Gr.] دولت کا ؛ دولت سے متعلق ؛ روپیہ پیدا کرنے والا ؛ دولت کمانے کا ؛ کفایت شعار ؛ کفایت شعارانہ ۔

Chrematistics : (n) [Gr.] دولت کا مطالبہ یا دولت کے متعلق کوئی خاص نظریہ ۔

Chreotechnics : (n) [Gr."chrea+techne"] افادی فنون خصوصاً زراعت ، صنعت و تجارت ۔

Chrestomathic : (a) [From next] علم حاصل کرنے سے متعلق ۔

Chrestomathy : (n) [Gr."christomathis"] چیدہ اقتباسات ؛ مجموعہ ۔

Chrism : (n) [L."chrisma"] (۱) مقدس تیل جو مذہبی رسوم میں ملا جاتا ہے ۔ (۲) روغن‌مسلح ۔(۳) Chrisom

Chrismal : (a) مقدس تیل کا یا اس سے متعلق ۔

Chrismal : (n) مقدس تیل رکھنے کا برتن ، ظرف ۔

Chrismatory : (n) [med. L."chrismatorium"] (۱) وہ ظرف یا جگہ جہاں مقدس تیل رکھا جائے ۔ (۲) رسم تدہین ؛ مقدس تیل کی مالش ۔

Chrisom : (n) [Differentiated form of CHRISM] (۱) دیکھو chrism ۔(۲) سفید لبادہ یا چادر جو بپتسما کے وقت بچے کو پہناتے ہیں اور اگر بچہ پیدائش کے ایک ماہ کے اندر مر جائےتو اسے کفن کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔(۳) معصوم بچہ ۔

Chrisom child / babe : (n) (۱) معصوم بچہ : ایک مہینہ کابچہ ۔ (۲) وہ بچہ جو ایک مہینے کے اندر مر جائے ۔

Christ : (n) [Gr."christos"] (۱) مسیح موعود ۔ (۲) حضرت عیسیٰ بحیثیت مسیح موعود ۔ (۳) آسمانی ؛ روحانی ؛ بادشاہ ؛ نجات دہندہ ؛ مسلم مسیحا ۔ (٤) انسان کامل ۔

The / a Christ : نجات دہندہ ؛ مسیحا ۔

The Christ child : مسیح کا عہد طفولیت ؛ مسیح کے بچے کی حالت میں ۔

Christ-cross / Criss-cross : (n) صلیب کا نشان ۔

Christ-cross-row / Criss-cross-row : (n) حروف تہجی ۔

Christ-like : (a) مسیح مانند ؛ مسیحا کی طرح ؛ مثل مسیحا کے ؛ عیسیٰ صفت ۔

Christ 's thorn : (n) فلسطین کی خاردار جھاڑی ۔

Christ-within : (n) اندرونی نور ۔

Christed : (pa. ppl.) فنا فی العیسیٰ ؛ حضرت عیسیٰ میں فنا ہونے والا ۔

Christen : (v) [OE."cristnian"] (۱) بپتسما دے کر عیسائی بنانا ؛ عیسائی بنانا ؛ متنصر کرنا ۔ (۲) بپتسما دینا ؛ اصطباغ دینا ۔ (۳) بپتسما دیتے وقت بطور عرف کے کسی شخص کا نام رکھنا ؛ نام دینا ۔ (٤) جہاز، جرس وغیرہ کا نام رکھنا ۔ (۵) پہلی بار استعمال کرنا ۔

Christendom : (n) (۱) عیسائی ؛ نصاریٰ ۔ (۲) ممالک نصاریٰ ؛ دنیائے مسیحیت ۔

Christening : (n) نام رکھائی ؛ تسمیہ ۔

Christer : (n) (عامیانہ) وہ شخص جو ظاہر داری اور غلو کے ساتھ عیسائی اصولوں کا ادعا کرتا ہے ؛ جو زہد میں غلو سے کام لیتا ہے ۔

Christhood : (n) مسیحیت ۔

Christian : (n) (۱) نصرانی ؛ عیسائی ؛ معتقد ؛ مسیح شخص ۔ (۲) انسان ؛ آدمی (جنگلی یا وحشی کی ضد پر) ۔ (۳) (سوقیانہ) مہذب آدمی ؛ معقول آدمی ؛ بھلا مانس ۔

Christian : (a) (۱) نصرانی ؛ عیسائی ؛ معتقد ؛ مسیح ۔ (۲) مسیحا یا اس کے مذہب کے متعلق ؛ عیسوی ؛ مسیحی ۔ (۳) مسیحا سیرت ؛ عیسیٰ صفت ؛ عیسیٰ کا سچّا پیرو ۔

Christian d 'or : (n) ڈنمارک کا انیسویں صدی کا سونے کا سکّہ ۔

Christian era : (n) سنہ عیسوی جس کا شمار حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے ہے ۔

Christian name : (n) پہلا نام ؛ (عیسائی) نام کا پہلا جزو ؛ (لسانیات) بپتسمے کے وقت کا نام ۔

Christian Science : (n) علاج بذریعہ عیسائی روحانیت ۔

Christian scientist : (n) (۱) مسیحی روحانیت کے ذریعہ علاج میں اعتقاد رکھنے والا ۔ (۲) عیسائیوں کا روحانی معالج ۔

Christian socialism : (n) (تجارت) عیسائی سماج واد ۔

Christian year : (n) سنہ عیسوی کا ایک سال ۔

Christianism : (n) عیسائی مذہب ؛ عقیدے اور اعمال ۔

Christianity : (n) عیسائیت ؛ مسیحیت ؛ عیسائی مذہب ۔

Christianization : (v) تنصر ۔

Christianize : (v) عیسائی بنانا ؛ عیسائی بن جانا ؛ تنصر ۔

Christianizer : (n) عیسائی بنانے والا ۔

Christianlike : (a) عیسائیانہ ؛ شایان عیسائیت ۔

Christianly : (adv) عیسائیوں کے طریقہ پر ؛ عیسائیانہ ؛ مسیحانہ ۔

Christianness : (n) عیسائیت ۔

Christiano- : (comb.) [f. L."christianus"] واصلہ بمعنی عیسائی ؛ مسیحی ۔

Christless : (a) غیر مسیحی ؛ غیر عیسائی ۔

Christlessness : (n) غیر مسیحیت ۔

Christlikeness : (n) مسیحا صفتی ۔

Christly : (adv) مسیحا کی طرح ؛ مسیحانه ۔

Christmas : (n) [Late OE."cristes maesse"] (۱) عیسائیوں کا بڑا دن ؛ عید نصاریٰ بتاریخ ۲۵ دسمبر ؛ سالانه کلیسائی تہوار جو ۲۵ / دسمبر کو حضرت عیسیٰ کی پیدائش کی یادگار میں ہوتا ہے ۔(۲) پتیاں (Holly) وغیرہ جن سے کمروں کو بڑے دن میں آراسته کیا جاتا ہے ۔

Christmas : (a) بڑے دن کا ؛ بڑے دن کے متعلق ۔

Christmas : (v) (۱) بڑا دن منانا ۔(۲) بڑے دن کے روز آرائشی چیزوں سے آراسته کرنا ۔

Christmas box : (n) ایک تحفه جو بڑے دن کے موقع پر دیا جاتا ہے ۔

Christmas-card : (n) بڑے دن کا آرائشی کارڈ ۔

Christmas-day : (n) ۲۵ / دسمبر ۔

Christmas-eve : (n) ۲٤ / دسمبر کی شام ؛ شام عیدنصاریٰ ۔

Christmas flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Christmas gift : (n) کرسمس کی مبارکباد (پہلے یه قاعده تھا که جو پہلے کسی کو مبارکباد کہے اس کو دوسرا شخص ایک تحفه دے) ۔

Christmas present : (n) عیدی ؛ هدیه عید؛ عید نصاریٰ کا تحفه ۔

Christmas pudding : (n) ایک قسم کا کیک ؛ عید پڈنگ ۔

Christmas rose : (n) ایک پودا جس میں سفید یا ارغوانی گلاب کی طرح کے پھول ہوتے ہیں اور جو موسم سرما میں ہوتا ہے ۔

Christmas stalking : (n) لمبا موزه یا تکیه کا غلاف جو بچے عید نصاریٰ کے دن کی پہلی شام آتش دان کے قریب تحفه رکھنے کے لئے ٹانگتے ہیں ۔

Christmas tide : (n) عید نصاریٰ کا ہفته ؛ ۲٤ / دسمبر سے شروع ہونے والا ہفته یا عشره ۔

Christmas tree : (n) (۱) ایک چھوٹا سا سدا بہار درخت جو کمرے کے اندر رکھا جاتا ہے اور اس میں موم بتیاں، مٹھائی، تحائف وغیره لٹکا دیئے جاتے ہیں ؛ شجر عید نصاریٰ ۔ (۲) تیل کے کنویں سے تیل کی پیداوار کو قابو میں رکھنے کی مشین ۔ (۳) آبدوز کشتیوں کے نگراں کمرے میں سرخ اور سبز روشنیوں کا انتظام جو جل بجھ کر کھل مندن کی حالت کو بتاتا ہے ۔

Christmasy / Christmassy : (a) (۱) عیدی ؛ عید کا ؛ بڑے دن کے متعلق ؛ بڑے دن کے لائق ۔ (۲) بوقلموں ؛ شادماں ۔

Christo-: (comb.) [f. L."christus"] واصله بمعنی مسیح ۔

Christolatry : (n) مسیح پرستی ۔

Christological : (a) مسیحیات سے متعلق ۔

Christologist : (n) مسیحیاتی ؛ مسیحیات کا ماہر ۔

Christology : (n) مسیحیات ۔

Christomaniac : (a) عاشق مسیح ؛ وارفته مسیح ؛ دیوانه مسیح ۔

Christophany : (n) ظہور عیسیٰ (اپنے پیرووں کے سامنے دوباره زنده ہونے کے بعد) ۔

Christopher : (n) [Gr."christophoros"] دیکھو Bave berry اور Herb christopher

Christward : (a) مسیحا کی جانب ؛ مسیح کی طرف ؛ الی المسیح ۔

Christy-minstrel : (n) بڑے دن کو حبشیوں کا سارنگ بھرکر گانے والا ؛ بڑے دن کے بہروپئے ۔

Chromascope : (n) [Gr."chroma+skopos"] (بصریات) بصارت پر رنگوں کا اثر جانچنے کا آله ۔

Chromate : (n) [f. CHROMIMUM+ATE] کرومك ایسڈ کا نمك ؛ کرومیٹ (کیمیا) ۔

Chromatic : (a & n) [Gr."chromatikos"] (۱) لونی ؛ رنگ سے بھرا ہوا ؛ رنگین ؛ کرومیٹی (کیمیا) ۔ (۲) تیز رنگ ۔(۳) (موسیقی) ایسے سروں کا استعمال جو بنیادی طرز میں نہیں ہے ۔ (٤) نغماتی سرگم سے متعلق جس میں سرتیاں ہوں ۔(۵) (نباتیات) کسی رنگ سے رنگا جانے والا ۔ (٦) رنگین تعبیرات رکھنے والا ۔ (۷) نفیس رنگین جزویات والا ۔

Chromatic : (n) ایسا سر جو موسیقی کی طرز سے بدلا ہوا ہو ۔

Chromatic aberration : (n) طیف کی رنگین شعاعوں کا ایک نقطہ پر مرکوز نہ ہونا ؛ رنگینی فتور (طبیعیات) ۔

Chromatic accent : (n) (شماریات) رنگین دباؤ ؛ سر لہجہ (مکمل دباؤ) ۔

Chromatic alteration : (n) کسی سُر کو نصف طور پر کم یا تیز کرنا ۔

Chromatic chord : (موسیقی) وہ تار جس کے سُر مخصوص طرز میں نہ ہوں ۔

Chormatic error : (n) (طبیعیات) سہو رنگ ۔

Chromatic printing : (n) رنگین طباعت ۔

Chromatic scale : (n) نغماتی سرگم جس میں سرتیاں ہوں ۔

Chromatically : (adv) رنگینی سے ؛ رنگ سے ؛ بلحاظ رنگ کے ؛ رنگ کا خیال رکھتے ہوئے ۔

Chromatics : (n) (۱) علم الوان ؛ لونیات ؛ علم رنگ شناسی ۔ (۲) ایسے سُر رکھنے والا جو Diatonic سرگم میں شامل نہیں ہیں ۔

Chromatin : (n) [Gr."chromat"+-IN] (۱) (حیاتیات) خلیہ کے مرکز کا وہ حصہ جو رنگ پذیر ہوتا ہے ۔ (۲) نسیج جسے رنگ میں ڈبو کر رنگا جا سکے ؛ (حیوانیات) لونی ۔

Chromatism : (n) [Gr."chromatiskos"] انحراف لونی ؛ (طبیعیات) رنگینی ۔ (۲) پودوں کا غیر طبعی رنگ ۔ (۳) طبعی رنگ ۔

Chromatist : (n) ماہر علم الوان ۔

Chromato-/Chromat-: (comb.) [Gr.] واصلہ بمعنی رنگ ۔

Chromato graphic analysis : (n) (طبیعیات) رنگی خطی تجزیہ ؛ (کیمیا) کرومیٹو گرافی تجزیہ ۔

Chromatogenous : (a) (مرضیات) رنگ پیدا کرنے والا ۔

Chromatographic : (a) [Gr."Chromato"+GRAPHY+IC] رنگوں کے بیان سے متعلق ۔

Chromatographic separation : (n) (طبیعیات) رنگی خطی علاحدگی ؛ (کیمیا) کرومیٹو گرافی علاحدگی ۔

Chromatography : (n) [CHROMATO+GRAPHY] (۱) رنگوں کا بیان ؛ رنگ خطی ۔ (۲) گیس، سیال اور ٹھوس چیزوں کو محلول کر کے علاحدہ کرنے کا عمل ۔

Chromatology : (n) [CHROMATO+LOGY] علم الوان ۔

Chromatometer : (n) [CHROMATO+METER] رنگ کی مقدار کو ناپنے کا آلہ ؛ رنگ سنج ؛ مقیاس الوان ۔

Chromatophore/-phor : (n) [CHROMATO-+Gr."phoros"] رنگ رکھنے والا خلیہ ۔

Chromatophorous : (a) رنگ کا خلیہ رکھنے والا ۔

Chromatopsy : (n) غیر طبعی رنگ بینی ؛ اختلال بصارت جس میں بےرنگ چیز رنگین نظر آتی ہے ۔

Chromatoscope : (n) (طبیعیات) رنگ نما ۔

Chromatoscopy : (n) اجسام کے رنگوں کا معائنہ ۔

Chromatosphere : (n) [CHROMATO+SPHERE] سورج کے گرد گیس کا سرخ ہالہ ؛ کرۂ نور ۔

Chromatrope : (n) [irreg. f. Gr."chroma+tropos"] قندیل مناظر میں دو گول قرصوں کی تختی جس کو گھمانے سے طرح طرح کے رنگ پیدا ہوتے ہیں ؛ رنگ گرداں ۔

Chromatype : [irreg. var. of CHROMOTYPE] Chromatype کا متبادل ۔

Chrome : (n) [Gr."Chroma"] (۱) (کیمیا) کرومیم ۔ (۲) زرد رنگ جو لیڈ کرومیٹ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chrome alum : (n) (کیمیا) کروم پھٹکری ۔

Chrome green : (n) ایک آبی یا غیر آبی کرومک آکسائڈ ۔

Chrome iron ore : (n) (کیمیا) کروم لوہا کچی دھات ۔

Chrome leather : (n) (کیمیا) کروم چمڑا ۔

Chrome nickel : (n) (کیمیا) کروم نیکل ۔

Chrome orange : (کیمیا) کروم نارنجی ۔

Chrome red : (کیمیا) کروم سرخ ۔

Chrome vanadium steel : (کیمیا) کروم وینڈیم فولاد ۔

Chrome yellow : (کیمیا) کروم پیلا ۔

Chromic : (a) (۱) کرومیم کا ؛ کرومیم سے متعلق ؛ کرومیم دار ۔ (۲) طابع رنگ ؛ رنگ پذیر ۔

Chromic acid : (n) (کیمیا) کرومیك تیزاب ۔

Chromic iron : (n) (کیمیا) کروم لوھا ۔

Chromide : (n) ایك چمکیلی زرد رنگ کی مچھلی ۔

Chromiferous : (a) (کیمیا) کرومیم بردار ۔

Chromism : (n) [Gr."Chroma"+-ISM] (نباتیات) پودوں کا غیر طبعی رنگ ؛ حد سے زیادہ رنگین ھونا ؛ پودوں کاحد سے زیادہ غیر طبعی رنگ ۔

Chromite : (n) [f. CHROMIUM+ITE] ایك دھات جو لوھے اور کرومیم کے آکسائیڈ کا مرکب ھوتا ھے ؛ کرومائیٹ (کیمیا)۔

Chromium : (n) [f. CHROME+IUM] کرومیم ؛ ایك دھاتی عنصر ۔

Chromo-: (comb.) [f.CHROMIUM] واصلہ بمعنی کرومیم ۔

Chromo : (n) [Short for CHROMOLITHOGRAPH] Chromolithograph کا مخفف ۔

Chromoblast : (a) [Gr.] (۱) تشریحی خلیہ جو رنگین خلیہ میں تبدیل ھو جاتا ھے ۔ (۲) ریشوں کا مختلف جسمیہ جس میں سیاہ رنگ ھوتا ھے ۔

Chromogen : (n) (۱) پودوں کا رنگین مادہ ؛ وہ مادہ جو پودوں کو رنگین بناتا ھے ۔ (۲)رنگ دینے والا۔

Chromogenic : (a) رنگین مادہ والا ؛ رنگ دینے والا ۔

Chromograph : (n) (۱) رنگین طباعت ؛ رنگین چھاپہ یا چھاپے والا دستی پریس ۔(۲) کسی تحریری مواد کو چھاپنے کا آلہ ۔

Chromograph : (v) رنگین طباعت کرنا ۔

Chromolithograph : (n) (۱) سنگی مطبع کی چھپی ھوئی رنگین تصویر ۔(۲) رنگین سنگی چھپائی ؛ رنگین لیتھو۔

Chromolithograph : (v) سنگی رنگین چھپائی کرنا ۔

Chromolithographer : (n) رنگوں سے چھاپنے والا ؛ طابع رنگین ؛ رنگین سنگی طابع ۔

Chromolithographic : (a) سنگی طباعت سے متعلق ۔

Chromolithgraphy : (n) رنگین سنگی طباعت ؛ رنگوں سے چھاپنے کا فن ۔

Chromometer : (n) (۱) رنگ سنج ۔ (۲) خام دھات میں رنگ کے ذریعہ معدنی اشیا کا پتہ لگانے کا آلہ ۔

Chromophane : (n) [Gr.] شبکی چشم کے اندرونی حصے کا رنگین مادہ ۔

Chromophore : (n) وہ جسم جس کے وجود اور رنگ بنانے والے گروپ سے رنگ کی قوت رکھنے کا پتہ چلتا ھے ۔

Chromophotography : (n) رنگ عکاسی ؛ رنگین تصویر کشی ۔

Chromophotolithograph : (n) ایك رنگین سنگی عکس ۔

Chromophyll : (n) [Gr.] خضرہ کی مانند پودوں میں رنگ پیدا کرنے والا مادہ ۔

Chromoplast : (n) (حیاتیات) ایك رنگین مادۂ حیات ۔

Chromosome : (n) [Gr. "chromosom"] (نباتیات) لونیہ ؛ کرومو سوم ۔

Chromosphere : (n) [CHROMO+SPHERE] دیکھو Chromatosphere : کرۂ نور ؛ (حیوانیات) سبزہ برداری ؛ لونی کرہ ۔

Chromospheric : (a) کرۂ نور سے متعلق ۔

Chromotype (Also Chromatype) : (a) (تصویر کشی) کرومیم کے نمك کے ذریعہ بنائے حساس کاغذ پر عکس لینے کا طریقہ ؛ اس طرح لیا گیا عکس ۔

Chromotypography (Also Chromotypy) : (n) رنگین چھپائی ۔

Chromous : (a) [f. CHROME+OUS] (کیمیا) کرومیم سے متعلق ؛ وہ مرکبات جن میں کرومیم ملا ھوتا ھے ۔

Chromoxylography : (n) چوبی بلاك کے ذریعہ رنگین طباعت ۔

Chroneme : (لسانیات) اعرابیت ؛ اعراب دار ۔

Chronic/-al : (a) [Gr."chronikos"] (۱) مزمن : کہنہ ؛ دیرینہ ۔ (۲) (عامیانہ) بد ؛ شدید ؛ سخت ؛ عیبی ۔

Chronic alcoholism : (n) وہ مرض جو اجباری شراب نوشی کی وجہ سے پیدا ھو ۔

Chronic doubt : (n) دیرینہ شک ؛ مزمن شک ۔

Chronic ignorance : (n) شدید جہل (جہالت) ۔

Chronic invalid : (n) پرانا مریض ۔

Chronic unemployment : (n) (تجارت) مسلسل بے روزگاری ۔

Chronically : (adv) مزمن طور پر ؛ دیرینہ ۔

Chronicity : (n) (مرض وغیرہ کی) کہنگی ؛ مزمنیت ۔

Chronicle : (n) [Gr."Chronikos"] (۱) روز نامچہ ؛ روزنامہ ؛ وقائع ؛ تاریخ وار واقعات یا سوانح ۔ (۲) سرگزشت ؛ واقع ؛ بیان ؛ حال ۔ (۳) عہدنامہ قدیم کے دو بابوں کے نام ۔

Chronicle : (v) (۱) تاریخ لکھنا ؛ روزنامچہ لکھنا ؛ سرگزشت لکھنا ۔ (۲) وقائع نگاری ۔

Chronicler : (n) واقع نگار ؛ مورّخ ؛ روزنامچہ نویس ۔

Chronique scandaleuse / Chroniques scandaleuses : (n) [Fr.] (۱) بدنام کن افواہ ؛ بکھان ۔ (۲) بدنام کنندہ تاریخ ؛ سوانح حیات یا افواہ ۔

Chronogram : (n) [f. Gr."Chronos"+GRAM] مادہ تاریخ ؛ تاریخی مادہ ؛ جملہ یا کلمات ؛ قطعہ تاریخ ۔

Chronogramatic : (a) تاریخی مادہ کا ؛ مادہ تاریخی سے متعلق ۔

Chronogramatically : (adv) از روئے مادہء تاریخی ۔

Chronogramatist : (n) مادہ تاریخ بنانے والا ۔

Chronograph : (n) [f. as prec.+GRAPH] وقت نگار سا ؛ وقت بتانے والا ؛ وقت سنج ؛ چل رکنی گھڑی ؛ (طبیعیات) وقت خط ؛ وقت خطی آلہ ۔

Chronographer : [Gr.] وقت نگار ؛ واقعہ نگار ۔

Chronographic /-al : (a) وقت نگارسا ؛ وقت نگار کا ؛ وقت نگار کے متعلق ۔

Chronographically : (adv) از روئے وقت نگاری ۔

Chronography : (n) [Gr.] ماضی کے واقعات کی ترتیب وقت کے حساب سے ۔

Chronologer : (n) [f. CHRONOLOGY+ER] تاریخ شماری کا مطالعہ کرنے والا ؛ تاریخ شمار ؛ روزنامچہ لکھنے والا ؛ واقعہ نگار ؛ تاریخ نویس ؛ وقائع نگار ؛ جدول نویس ؛ شجرہ نویس ۔

Chronologic /-al : (a) تاریخی واقعہ نگاری سے متعلق ؛ فن تاریخ کا ؛ تاریخ وار ۔

Chronological development : (n) (شماریات) تاریخ وار ارتقاء ۔

Chronological limits : (n) (تاریخ) تاریخی دور ۔

Chronological order : (n) تریتب تاریخ ؛ (تاریخ) تاریخی ترتیب ۔

Chronological record : (n) (تاریخ) تاریخ کا ریکارڈ ۔

Chronological sense : (n) (تاریخ) تاریخوں کا شعور ؛ تاریخی شعور ۔

Chronological sequence : (n) (تاریخ) تاریخی ترتیب ۔

Chronological table : (n) (تاریخ) تاریخی جدول ؛ جنتری ۔

Chronologically : (adv) تاریخ شماری کی روسے ؛ ترتیب کے حساب سے ؛ واقع نگارانہ ؛ تاریخ وارانہ ۔

Chronologist : (n) فن تاریخ کا ماھر ؛ مورخ ؛ تاریخ داں ۔

Chronologize : (v) تاریخ وار ترتیب دینا ؛ واقعات کو تاریخ وار لکھنا ؛ تاریخ لکھنا ؛ روز نامچہ لکھنا ؛ جدول بنانا ۔

Chronology : (n) [Gr."Chronos"+LOGY] (۱) واقعہ نگاری ؛ علم تاریخ ۔ (۲) تاریخ وار سلسلہ واقعات ۔ (۳) وہ تختہ یا نقشہ جس میں تاریخ وار واقعات درج ھوں ۔

Chronometer : (n) [Gr."Chronos"+METER] وقت سنج ؛ ٹھیک گھڑی ؛ صحیح وقت بتانے والی گھڑی ؛ جہاز گھڑی ؛ وقت پیما ؛ (طبیعیات) کرونو میٹر ؛ وقت پیما ۔

To rate a chronometer : (v) صحیح وقت کے حساب سے روزانہ کمی و بیشی کا حساب کرنا ۔

Chronometer-escapement : (n) وقت پیما کا وہ پرزہ جو اس کی با قاعدہ حرکت کو قائم رکھتا ھے ۔

Chronometric/-al : (a) وقت پیما سنجی سے متعلق ۔

Chronometrically : (adv) از روئے وقت سنجی ؛ وقت پیمائی کے حساب سے ۔

Chronometry : (n) [f. as prec.+METRY] علمی طور سے وقت کی پیمائش ؛ صحیح وقت معلوم کرنا ؛ وقت پیمائی ؛ وقت سنجی ۔

Chronopher : (n) [L."Chronofer"] وقت رساں آلہ ' بعید مقامات پر بجلی کے ذریعہ صحیح وقت کی اطلاع دینے والا ۔

Chronos : (n) (تعلیمات) زمانہ ۔

Chronoscope : (n) [Gr."Chrono"+SCOPE] وقت کے قلیل وقفوں کو صحیح طور پر ناپنے کا آلہ خصوصاً گولوں ، گولیوں وغیرہ کی رفتار ناپنے کا آلہ ۔

Chronoscopic : (a) مذکورہ بالا آلہ سے متعلق ۔

Chronoscopy : (n) وقت کو صحیح طور سے دیکھنا اور اندازہ لگانا ۔

Chrys-: (comb.) [Gr."chrisos"] واصلہ بمعنی سنہرا ؛ زریں ؛ زرکا ۔

Chrysalid : (n) [Gr. CHRYSALIS] (۱) تیتری ، پتنگے وغیرہ کے پر نکلنے سے بہت پہلے کی حالت ؛ پیلہ ۔ (۲) اس حالت میں کیڑے پر جو سخت خول ہوتا ہے ؛ پیلہ کا خول ؛ بادامہ ۔ (۳)(مجازاً) ارتقائی حالت ؛ تکوینی اور تمہیدی حالت ۔

Chrysaline : (a) [irreg. f."chrysal"-] پیلہ کی طرح ۔

Chrysalis : (n) (pl.chrysalides or chrysalises) Chrysalid دیکھو

Chrysaloid : (a) مثل پیلہ ۔

Chrysaniline : (n) چمکدار سنہرا پیلا رنگ ۔

Chrysanthemum : (n) [Gr."Chrysanthemon"] (۱) گل داؤدی ۔ (۲) جاپان کے شاہی خاندان کا ایک مکمل سولہ کرنوں والا گل داؤدی کی طرح کا نشان ۔

Chrysarobin : (n) ایک بھورے رنگ کا سفوف جو جلدی امراض کے علاج میں استعمال ہوتا ہے ۔

Chryselephantine : (a) [Gr."chryselephantinos"] سونے اور ھاتھی کے دانت کے نقوش سے آراستہ ؛ زرو عاج سے منقش ۔

Chrysene : (n) سفید بلوری ھائیڈرو کاربن جو پٹرول اور الکترا سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chryso-: (comb .) [Gr."Chrysos"] واصلہ ۔

Chrysoberyl : (n) [Gr."Chrysos+beryllos"] عقیق زرد ؛ زبرجد ؛ ایک قیمتی دھات جو بطور جواہر کے استعمال ھوتی ہے ۔

Chrysobull : (n) [Gr."chrysboullon"] (۱) سونے کی بنی ھوئی آویزاں مہر ۔ (۲) مہر لگی ھوئی دستاویز ۔

Chrysochlore : (n) [Gr.] سنہری مائل سبز رنگ کے بالوں والی چھچھوندر ۔

Chrysocolla : (n) [Gr."chrysokolla"] (۱) سنہرا رانگا ۔ (۲) تانبے کا آبدار سلیکیٹ ۔

Chrysocracy : (n) [After"Aristocracy"] دولت مندوں کی حکومت ؛ مالدار ۔

Chrysogen : (n) نارنگی کے رنگ کا ھائیڈرو کاربن ۔

Chrysograph : (v) [f.CHRYSIGRAPHY] طلائی حروف میں لکھنا ۔

Chrysography : (n) [Gr.] تحریر زریں ؛ تحریر طلائی ۔

Chrysoidine : (n) [Gr."chryso"+INE] زرد اور بھورے کے درمیان ایک زرد رنگ ۔

Chrysolite : (n) [L."chrysolithus"] لھسینہ ؛ یشب سبز ۔

Chrysology : (n) [Gr.] سونے یا دولت کا علم ۔

Chrysophan (e) : (n) [Gr.] (۱) ریوند چینی کی الکحلی کشید میں موجود نارنجی سرخ رنگ کے ایک تلخ مادے کا نام ۔ (۲) وہ نارنجی سرخ رنگ کا تلخ مادہ جو ریوند چینی کی الکحلی کشید میں موجود ہوتا ہے ۔

Chrysophane : (n) Clintonite ایک قسم کا ابرک

Chrysophilist / Chrysophilite : (n) [Gr.] عاشق زر ؛ عاشق مال ۔

Chrysophyll : (n) [Gr.] پودوں کو زرد رنگ بنانے والا مادہ ۔

Chrysopoetic : (a) [Gr.] سونا بنانے والا ؛ سونا بنانے کا ۔

Chrysoprase / Chrysoprasus : (n) [Gr."chrysos+prason"] (۱) زردی مائل فیروزہ ۔ (۲) پکھراج ؛ پکھراج کا سبز رنگ ۔

Chrysotile : (n) [Gr.] ریشہ دار حجرالحیہ ۔

Chrysotype : (n) (تصویر کشی) تصویر اتارنے کا وہ طریقہ جس میں نیگیٹو پر سونے کا کلورائیڈ استعمال ہوتا ہے ؛ اسطرح کی بنی ہوئی تصویر ۔

Chthonian (Also, chthonic) : [Gr."Chthonios+IN] زیر زمین رہنے والا ؛ عالم اسفل میں رہنے والا ۔

Chub : (n) [of unknown origin] (۱) ایک قسم کی دریائی مچھلی ؛ چوب ماہی ۔ (۲) لکڑی کا کندہ ۔ (۳) مثل چوب ماہی ۔

Chubb : (n) [Inventor 's name] ایک قسم کا قفل ؛ تالا (موجد کے نام سے) جس کو چورکھول نہ سکے ۔

Chubbiness : (n) گدازی ؛ موٹاپا ۔

Chubby : (a) پھولا ہوا ؛ کچوری سے گال والا ؛ گداز ؛ گل پھلا ۔

Chuck : (n) [Echoic] کٹ کٹ ؛ ثغ ثغ ؛ کڑ کڑ مثلاً مرغی کی آواز (بچوں کو بلانے کے لئے)۔

Chuck : (n) پیار کا لفظ ؛ پیارے ؛ پٹھے ؛ یار ؛ عزیز ۔

Chuck : (n) (۱) ٹھوڑی میں ہاتھ لگانا ۔ (۲) اچھال ؛ ھچکولا ؛ برطرفی ۔ (۳) Chuck farthing کا مخفف ۔

Chuck : (n) (۱) کندہ ۔ (۲) گائے کے گوشت میں سینے پٹھے کا حصہ ؛ بھیڑ، بکرا وغیرہ کے گوشت میں بھی سینے کا حصہ ۔ (۳) غذا ؛ کھانا ۔ (٤) لکڑی کا گاؤ دم ٹکڑا ۔ (٥) وہ اڑان جو کسی چیز کو مشین کے اندریا نیچے قائم رکھنے کےلئے استعمال کرتے ہیں ؛ خراد ٹیک ؛ ٹیک ۔ (٦) کشتی کی اڑان ۔

Chuck : (n) بندرگاہ ؛ تنگ کھاڑی ۔

Chuck : (v) [Echoic] (۱) کٹکٹانا ؛ مرغیوں کے بلانے کی آواز کرنا ؛ کٹ کٹ کرنا۔ (۲) گھوڑے کو ھانکنا ؛ ثغ ثغ کرنا ۔

Chuck : (v) (۱) ٹھوڑی میں ھاتھ دینا ؛ ھلکے سے پیار کرنا ۔ (۲) پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ پرے پھینکنا ؛ اُچھالنا ۔ (۳) پھینک دینا ؛ علاحدہ کر دینا ؛ خارج کرنا ؛ نکال دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ زمین صاف کرنا ۔ (٤) گچی پالہ کھیلنا ۔ (٥) ایک کھیل جسے بچے سنگریزوں سے کھیلتے ہیں ۔ ١

Chuck : (v) امریکی مارموت (ایک طرح کی گلہری)

Chuck : (v) خراد کی ٹیک لگا کر مستقل کرنا ؛ خراد کی مشین پر اوٹ لگانا ۔

Chuck : (v) [F. CHUCK+LE] (۱) ھنسی روک روک کر ھنسنا ۔ (۲) اس طرح ھنسنا کہ آواز نہ نکلے ؛ خوشی کی علامات ظاھر کرنا ۔ (۳) تفاخر کی ھنسی ھنسنا ؛ کسی کو ھرا کر یا ذلیل کر کے خوش ھونا ؛ بغلیں بجانا ۔ (٤) مرغیوں کی کٹ کٹ آواز نکالنا ؛ مرغیوں کی آواز نکالنا ۔

Chuck : (adv) براہ راست فشار / ضرب سے ۔

Chuck-a-luck : ایک کھیل جو تین پانسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Chuck-farthing / Chuck-halfpenny / Chuck-hole : کچی پالا ۔

Chuck-hole : (n) راستہ کا گڈھا ۔

Chuck it : (v) (سوقیانہ) اس کو چھوڑ دو ۔

Chuck out : (v) نکالنا ؛ باھر کرنا ؛ خارج کرنا ؛ بدر کرنا ؛ چادر ڈھک دینا ؛ نکال باھر کرنا ؛ گردن میں ھاتھ دیکر نکال دینا ۔

Chuck up : (v) چھوڑ دینا ؛ نفرت سے ترک کرنا ؛ عاجز آکر چھوڑ دینا ۔

To chuck up the sponge : کوشش سے ھاتھ اٹھانا ؛ کوشش ترک کرنا ؛ بھاگ جانا ؛ ھاتھ دھر بیٹھنا ۔

Chuck-will 's-widow : (n) ایک پرندہ جس سے متعلق یہ خیال ہے کہ رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے ۔

Chucker : (n) (۱) ایک چھوٹا سنگریزہ ۔ (۲) پھینکنےوالا ؛ نکال دینے والا ۔ (۳) مشین جو کاٹتی ہے ، کھڈا بناتی ہے، تراش و خراش کرتی ہے ۔ (٤) نکال باھر کرنے والا ۔

Chucker-out : (۱) لٹے ہوئے شخص کو قمار خانہ ، قحبہ خانہ یا شراب خانے سے نکال دینے والا ۔ (۲) کسی سیاسی یا دوسرے جلسہ سے مخالفین کو باہر نکالنے والے بھاڑے کے بد معاش ۔

Chuckie : (n) [dim. of CHUCK] سنگریزے ۔

Chuckie / chucky : (n) پیارا بیٹا ؛ عزیز ؛ جان من ۔

Chuckle : (n) (۱) منہ بند ھنسی ؛ دبی ھنسی ۔ (۲) بعض چڑیوں کی آواز بچوں کو بلانے کے لئے ؛ مرغی کی کٹ کٹ ۔

Chuckle : (a) بڑا اور بے ڈھنگا ؛ بے مغز ؛ غبی ؛ کند ذھن ؛ گودن ؛ گودنی ۔

Chuckle : (n) احمق آدمی ؛ بیوقوف آدمی ۔

Chuckle-head / Chuckle-headed : (a) کند ذھن ؛ غبی ؛ تھس ؛ کودن ؛ گاؤدی ؛ بغلول ؛ احمق ۔

Chuckle-head : (n) ایک قسم کی مچھلی جو کیلفورنیا کے کنارے پائی جاتی ھے ۔

Chuckle-headedness : (n) کند ذھنیت ؛ حماقت ؛ بغلولیت ۔

Chuckler : (n) چمار ؛ کفش دوز ؛ موچی ۔

Chucky : (n) [dim . of CHUCK] (۱) مرغی کا چوزہ ۔ (۲) عزیز ۔

Chuddar : (n) [Hindi, pers."chadar"] چادر ۔

Chufa : (n) [Origin unknown] ایک یورپی پودا جس میں بادام جیسا پھل ھوتا ھے ۔

Chuff : (a) [As prec .] (۱) بد مزاج ؛ افسردہ ۔ (۲) موٹا ؛ پھولا ھوا ۔ (۳) مغرور ؛ مطمئن ۔

Chuff : (n) گنوار ؛ دیہاتی ؛ بخیل ۔

Chuff : (n) (۱) شگاف دار اینٹ ۔ (۲) بھاپ والے انجن کی ایک آواز ۔

Chuff : (v) بھاپ والے انجن کی سی آواز نکالنا ۔

Chuffy : (a) پست قد اور موٹا ۔

Chuffy : (adv) بد مزاج ؛ گنوار ؛ دیہاتی ؛ بخیل ۔

Chuffily : (adv) گنوار کی طرح ؛ دیہاتی کے طرز پر ۔

Chuffiness : (n) گنوار پن ؛ دہقانیت ۔

Chug : (n) [Echoic] انجن کی وقفہ دار دبی ھوئی آواز ۔

Chukka : (n) ایک قسم کا چمڑے کا جوتا ۔

Chukker (Also, chucker) [Skr."cakra"] (۱) (پولو) چکر ؛ دور ۔ (۲) پہیا ؛ چرخ ۔

Chulha : (n) [Skr."culli"] چولہا ۔

Chum : (n) [Prob. short for "chamber-fellow"] بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ ھم پیالہ و ھم نوالہ ؛ ھم حجرہ ؛ رفیق ؛ شریک ؛ ھمدم ۔

New chum : (آسٹریلیا کی اصطلاح) نو وارد ۔

Chum : (v) ساتھ رھنا ؛ ایک گھر میں رھنا ؛ ایک کمرے میں رھنا ؛ ھم پیالہ و ھم نوالہ ھونا ؛ بے تکلف ھونا ۔

Chum up : (v) بے تکلفی پیدا کرنا ؛ ربط ضبط بڑھانا ؛ میل جول بڑھانا ؛ پینگ بڑھانا ۔

Chumage : (n) کئی آدمیوں کا ایک کمرے میں رھنا ؛ رفاقت ؛ ھم اُطاقی ۔

Chummery : (n) [Chum + ery] ساتھ رھنے کا مکان ؛ ایک ساتھ رھنا سہنا ۔

Chumminess : (n) رفاقت ؛ دوستی ؛ یاری ۔

Chummy / chum : [dim. of CHUM] بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ رفیق ۔

Chummy : (n) [f."chumley"=CHIMNEY] صاف کرنے والا ؛ صاف کرنے والے کا معاون لڑکا ۔

Chump : (n) [of doubtful etymology] (۱) لکڑی کا کندہ ؛ آخری حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا موٹا حصہ ۔ (۳) احمق ؛ بیوقوف ؛ خر دماغ ؛ دھوکا کھانے والا ۔

Off one's chump : (مزاحاً) جوش میں دیوانہ ھو گیا ھے ؛ آپے سے باھر ھوگیا ھے ۔

Chump-chop : (n) بکری کی پیٹھ ۔

Chump : (v) چبانا ۔

Chumpy : (n) موٹا ۔

Chumship : (n) رفاقت ؛ دوستی ؛ یار غاری ۔

Chunam : (n) [Tamil,"chunnam"] (۱) چونا جو پان کے ساتھ کھایا جاتا ھے ۔ (۲) چونے اور بالو کا منقش پلاسٹر ۔

Chunam : (v) چونے اور بالو کا منقش پلاسٹر لگانا ۔

Chunk : (n) [modification of CHUCK] (۱) موٹا ٹکڑا؛ قتلہ ؛ پھانک ؛ قاش ؛ کندہ ۔ (۲) قابل توجہ مقدار ۔ (۳) چھوٹا اور گٹھیلا جسم والا گھوڑا ؛ مضبوط گٹھیلا آدمی ۔

Chunk : (v) (۱) پھینکنا ۔ (۲) آگ کو تیز کرنا ۔

Chunky : (a) چھوٹا ، موٹا ، گٹھیلا مضبوط جسم والا ۔

Chunter : (v) [Echoic] آھستہ یا دھیمی آواز میں بولنا ؛ فریاد کرنا ۔

Chuppatty : (n) [Hindi,"Chapati"] چپاتی ۔

Chaprassy : (n) [Hindi,"chaprasi", f. chapras] چپراسی ۔

Church : (n) [OE."cirice","circe","cyr (ice"] (۱) گرجا ؛ گرجا گھر ؛ کلیسا ؛ صومعہ ؛ دیر ؛ کنیسا ۔ (۲) نصاریٰ ؛ عیسائی ؛ عیسائی لوگ ؛ مذھب عیسوی کے پیرو ۔ (۳) عیسائیوں کی جماعت ' دینی جماعت ؛ مذھبی انجمن ؛ مذھب ۔ (٤) مذھبی لوگوں کی انجمن ۔ (٥) مذھبی پیشہ ؛ پادریوں کا پیشہ ۔ (٦) عبادت یا جماعت ۔ (۷) کوئی عبادت گاہ ؛ معبد ۔

Established church : مسلمّ کلیسا جسکو حکومت تسلیم کرے ۔

Going to the church : پادری بن جانا ؛ مذھبی پیشہ اختیار کرنا ۔

High, Low, Broad church : عیسائیوں کے مختلف فرقے ؛ اعلیٰ و ادنیٰ ؛ فراخ کلیسا ۔

Holy church : کیتھولک عیسائیوں کا چرچ ۔

Poor as church mouse : نہایت ھی مفلس ۔

Primitive church : ابتدائی مذھب ؛ ابتدائی دینی جماعت ؛ ابتدائی کنیسا ۔

Reformed church : اصلاح یافتہ کلیسا ۔

To go to church : گرجا میں جانا ؛ عبادت میں شریک ھونا ۔

Church : (v) (۱) عورت کو وضع حمل کے بعد گرجا میں شکرانہ ادا کرنے کے لئے لانا ؛ شکرانہ زچگی ادا کرنا ۔ (۲) کلیسا میں لے جانا یا جانا (کسی مذھبی رسم کو ادا کرنے کے لئے) ۔

Church : (a) کلیسائی ؛ کلیسا سے متعلق ۔

Church-bell : (n) جرس کلیسا ۔

Church -book : (n) کوئی کلیسائی کتاب ۔

Church-congress : (n) کشیشوں اور عیسائیوں کی ایک نیم سرکاری سالانہ مجلس ۔

Church-flag : (n) عبادت کے دوران جہاز پر لہرایا جانے والا جھنڈا ۔

Church-flok : (n) کلیسائے حکومت کے ماننے والے ارکان ۔

Church-garth : (n) کلیسا کا احاطہ جو قبرستان کے لئے بھی استعمال ھوتا ھے ؛ گرجا سے ملا ھوا قبرستان ' گورستان ۔

Church-goer : (n) پابندی سے گرجا جانے والا شخص ۔

Church-going : (a) پابندی سے گرجا جانے والا ۔

Church-going : (n) پابندی سے گرجا جانے والا شخص ۔

Church-government : (n) نظام کلیسا ۔

Church-governor : (n) ناظم کلیسا ۔

Church-hay : (n) (۱) گرجا کا احاطہ ۔ (۲) گرجا سے ملا ھوا قبرستان ؛ گرجا کا قبرستان ۔

Church-house : (n) مکان جو کلیسا کی ملکیت ھو یا گرجے کے مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Church invisible : (n) زندوں اور مردوں کی پوری جماعت جو عیسائی ھیں اور جن کی نجات متیقن ھے ۔

Church-land : (n) کلیسا کی زمین ۔

Church-lease : (n) کلیسا کی جائداد کا اجارہ ۔

Church-living : (n) پادری کی مدد معاش خصوصاً کلیسائے انگلستان میں ۔

Church-member : (n) کلیسا کا ایک رکن ۔

Church-membership : (n) کلیسا کی رکنیت ۔

Church-mode : کلیسائی طرز (موسیقی)۔

Church office : (n) (۱) کلیسا کی مقررہ دعا ۔ (۲) عبادت کا مقرر کردہ طریقہ ۔

Church officer : (n) عہد دار کلیسا ۔

Church-owl : (n) دیکھو Barn-owl

Church-rate : (n) گرجا کا چندہ ' گرجا کر ۔

Church-register : (n) بپتسما ، شادی اور موت کا رجسٹر ۔

Church school : (n) ایسا اسکول جس میں عام تعلیم دی جاتی ھے مگر جس کا خرچ کوئی کلیسا برداشت کرتا ھے ۔

Church scot/-shot : (n) [OE."ciricsceatt"] غلے کی شکل میں گرجا کا چندہ جو کشیش پہلے اپنے اخراجات کے لئے لیا کرتے تھے ۔

Church service : (n) نماز کی کتاب : عیسائیوں کی نماز با جماعت ۔

Church text : (n) گوتھك ٹائپ ۔

Church-woman : (n) گرجا کی رکن ۔

Church-work : (n) کلیسائی کام (جو کلیسا کے اغراض و مقاصد کے مطابق ھوں)۔

Church-worker : (n) کلیسائی کام کرنے والا ۔

Church-yard : (n) دیکھو Church-hay

Fat churchyard : مردوں سے پٹا ھوا قبرستان ۔

Churchdom : (n) کلیسائی مرتبہ : نظام کلیسا ۔

Churchianity : (n) کسی خاص کلیسا سے انتہائی اور فرقہ پرستانہ طور پر لگاؤ ۔

Churchify : (v) کٹر کلیسائی بنانا : کلیسا کا اندھا مقلد بنانا : غالی کلیسائی بنانا ۔

Churchiness : (n) غالی عیسائیت : کلیسائیت ۔

Churchism : (n) محکم کلیسائیت ۔

Churchite : (a) حامی کلیسا ۔

Chuchless : (a) بغیر گرجا کا : بے گرجا : بے کلیسا ۔

Churchlet : (n) چھوٹا کلیسا ۔

Churchlike : (a) مانند کلیسا : مثل گرجا : کلیسا کے مناسب ۔

Churchly : (adv) کلیسائی ۔

Churchman : (n) (۱) کشیش ۔(۲) گرجا کی جماعت کارکن ۔

Chruchmanly : (a) کلیسائی ۔

Churchmanship : (n) گرجا کی رکنیت ۔

Churchward : (n) [OE."ciricweard"] کلیسا کا نگہبان : کلیسا کا امین ۔

Churchward / -wards : (adv) کلیسا کی جانب ۔

Churchwarden : (n) (۱) کلیسا کا متولی : کلیسا کا نگہبان ۔ (۲) تمباکو پینے کا لمبا پائپ ۔

Churchwardenship : (n) کلیسا کی نگہبانی ۔

Churchway : (n) کلیسا کا راستہ ۔

Churchwise : (adv) کلیسا کی طرح : بطور کلیسا ۔

Churchwise : (a) کلیسا کی طرح کا ۔

Churchyard cough : (n) مہلك کھانسی : جان لیوا کھانسی ۔

Churel : (n) [Hindi"Curail"] چڑیل ۔

Churl : (n) [OE."ceorl"] (۱) کم ذات : رذیل : وضیع ۔ (۲) دیہاتی : دہقانی : بانگڑو : گاؤدی : گنوار ۔(۳) بد تمیز : غیر مہذب : اجڈ : انگھڑ : نا شائستہ : کندۂ نا تراش ۔ (٤) کنجوس : بخیل : مکھی چوس : شوم : ممسك ۔(٥) مرد : شوھر ۔(٦) سب سے نچلے طبقے کا آزاد آدمی ۔

Churlhood : (n) آزاد آدمیوں کا سب سے نیچا طبقہ ۔

Churlish : (a) [OE."ceorlisc"] (۱) اکھڑ : گنوار : گاؤدی : بد تمیز : اُجڈ ۔(۲) کنجوس : ذلیل ۔ (۳) بے رحم : ظالم : ضدی ۔

Churlishly : (adv) اکھڑ پن سے ؛ گنوارپن سے ؛ بخیلانہ ؛ بد تمیزی سے ۔

Churlishness : (n) اجڈ پن ؛ گنوار پن ؛ بد تمیزی ؛ بخل ؛ اکھڑ پن ۔

Churn : (n) [Late. OE. "cyrin"] (۱) مکھن نکالنے کی مشین ؛ رنی ؛ مدھانی ؛ متھانی ؛ بلونی یا اس سے مشابہ کوئی برتن یا مشین ۔ (۲) (مجازاً) ھیجان ۔ (۳) منھنا ۔ (٤) بڑا شیر دان ؛ چاکی ۔

Churn : (v) (۱) مکھن نکالنا ؛ بلونا ؛ متھنا ۔ (۲) جھاگ اٹھانا ؛ ادھر ادھر لہروں کا اٹھنا ؛ جوش آنا ؛ طوفان آنا ۔ (۳) مسلسل ذھنی کاوش سے کوئی چیز پیدا کرنا ؛ مسلسل ھیجان پیدا کرنا یا ھونا ۔

Churn dash (er) : (n) رنی ؛ مدھانی ؛ متھنی ؛ مکھن نکالنے کا آلہ ۔

Churn-owl : (n) ایک قسم کا پرندہ جس کے متعلق کہا جاتا ھے کہ رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جاتا ھے ۔

Churn staff : (n) دیکھو Churn-dash (er)

Churner : (n) مکھن نکالنے کی مشین ؛ مکھن بنانے والا ۔

Churning : (n) مکھن نکالنے کا عمل ؛ مدھانی کے ذریعہ مکھن نکالنا ۔

A churning : مکھن کی مقدار جو ایکبار حاصل ھو ؛ ایک گھان ؛ ایک متھاوی ؛ ایک مرتبہ جتنا مکھن نکل آئے ۔

Churnmilk : (n) مکھن نکالا ھو دودھ ۔

Churr : (n) [Echoic] چرچر ؛ گٹ کری ۔

Churr : (v) چر چر کی آواز نکالنا ۔

Churr-worm : (n) [From the sound it makes] ایک قسم کا جھینگر ۔

Churrus : (n) [Hindi "charas"] چرس ؛ موٹ ۔

Chuse : (v) [Var. of CHOOSE (v)] Choose کی متبادل شکل ۔

Chusite : (n) [perh . f. Gr."Chuse+ite"] ایک قسم کا زبرجد ۔

Chutt : (n) [Cf. Fr. "chut"] علامت بے صبری ؛ جلد جلد ؛ جھٹ ؛ جھٹ پٹ ؛ چٹ پٹ ؛ اُف ؛ اوہ ۔

Chute (Also Shute) : (n) [Fr."chute"] (۱) پانی کا ڈھلوان پر سے بہاؤ ۔ (۲) ڈھلوان نالی ۔ (۳) کوڑا نیچے پھینکنے کی نالی ؛ بد رود ۔ (٤) پھسلنے والی گاڑی ۔ (٥) اناج ؛ کوئلہ وغیرہ نیچے گرانے کی نالی ۔ (٦) جانوروں کو روکنے کے لئے اونچی دیواروں والا تنگ راستہ ۔ (۷) چتر نجات ؛ پیرا شوٹ ؛ محافظ چھتری ۔ (۸) ڈھلوان ۔

Chute : (v) نالی کے ذریعہ نیچے لے جانا ۔

To chute the chutes : ڈھلوان سے پھسلنا ۔

Chutney / Chutnee : (n) [Hindi "chatni"] چٹنی ۔

Chylaqueous : (a) [f. CHYLE+AQUEOUS] کیلوسی ؛ پانی میں ملے کیلوس کی طرح ۔

Chylaqueous fluid : (n) بغیر ریڑھ والے بعض جانوروں کے جسم میں دوڑتا ھوا ایک شفاف و بے رنگ سیال ۔

Chyle : (n) [Gr."Kylos"] کیلوس ؛ کیلو ۔

Chyliferous : (a) کیلوس بر ۔

Chylific : (a) (Also Chylifactory) کیلوس ساز ۔

Chylification : (n) کیلوس سازی ۔

Chylify : (v) کیلوس بنانا ؛ کیلوس میں بدلنا ۔

Chylo-: (comb.) [f. Gr."Chylos"] واصلہ بمعنی "کیلوس" ۔

Chylopoeitic / Chylopoetic : (a) [Gr."chylos+poein"] کیلوسی ؛ کیلوس پیدا کرنے والا ۔

Chylous : (a) [med. L. "chylosus"] کیلوسی ۔

Chyluria : (n) [mod. L.] (مرضیات) پیشاب میں کیلوس کا ھونا ۔

Chym -: دیکھو chim

Chyme : (n) [Gr. "chymos"] (۱) کیموس ۔ (۲) رس (پودوں کا) ۔

Chymic / Chymist : (n) دیکھو chemic / chemist

Chymiferous : (a) کیموس دار ۔

Chymification : (n) غذا کی کیموس میں تبدیلی ۔

Chymify : (v) کیموس بنانا ' کیموس میں تبدیل کرنا ۔

Chymo-: (comb.) [f. L."chymus"] واصلہ بمعنی " کیموس " ۔

Chymous : (a) کیموس سے متعلق ؛ کیموس ۔

Chyometer : (n) [f. Gr."chy"+METER] سیال چیزوں کو ناپنے کا آلہ ۔

Cibol / Ciboule : (n) [OFr."Cibole"] chibol کی متبادل شکل ۔

Ciborium : (n) [Gr."Kiborian"] (۱) (تعمیر) چتر ؛ چتر دار معبد ' مقبرہ وغیرہ ۔ (۲) عیسائیوں کی عید قربان میں پیالہ ، قدح (سر پوش دار) ؛ سرپوش پیالہ ۔

Cicada : (Also cicala) (n) [L."cicada"] ندا ؛ نذی ' ملخ ؛ زنجرہ ' جھینگر ۔

Cicala : (n) [L. cicala See prec.] دیکھو Cicada

Cicatrice : (n) [L."cicatrix"] زخم کا نشان ' داغ ۔

Cicatricial : (a) داغی ؛ وسمی ۔

Cicatricose : (a) داغوں بھرا ' داغدار ۔

Cicatricula / Cyeatricle / Cicatricule : (n) [L.dim of "cicatrix"] (۱) (حیاتیات) انڈے کی زردی پر کا خال جس سے چوزہ پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) ورقہ یا پتا اکھڑنے کا نشان ۔ (۳) (طب) چھوٹا داغ ' چھوٹا نشان ۔

Cicatricular : (a) انڈے کی زردی کے خال یا ورقہ یا پتے کا نشان رکھنے والا ۔

Cicatrisive : (a) [irreg. f. CICATRIZE] داغ یا نشان پیدا کرنے کا میلان رکھنے والا ۔

Cicatrix : (pl. cicatrices) [L.] (۱) زخم کا نشان ؛ داغ ۔ (۲) درخت پرسے ورقہ اکھڑ جانے کا نشان ۔ (۳) پتے کے جھڑ جانے کے بعد جو نشان رہ جاتا ہے ۔

Cicatrizant : (a) زخم کو مندمل کرنے والا ۔

Cicatrization : (n) اندمال ؛ زخم کا بھراؤ ؛ انگور آنا ' داغ ڈالنا ۔

Cicatrize : (v) [OFr."cicatriser"] (۱) زخم بھرنا ؛ مندمل ہونا ؛ اچھا ہونا ؛ انگور آنا ۔ (۲) داغ ڈالنا ؛ نشان پڑنا ۔

Cicatrizer : (n) مندمل کرنے والا ؛ داغ ڈالنے والا ۔

Cicely : (n) [App. L."seselis"] ایک پھولدار درخت ۔

Cicerone : (Pl. ciceroni) [The Roman orator Marcus Tullius Cicero] آثار قدیمہ کا رہبر ۔

Cicerone : (v) آثار قدیمہ کی رہنمائی کرنا ؛ مناظر دکھلانا ۔

Ciceronian : (a) [f."cicero"] سیسرو جیسا ؛ سیسرو کا سا ۔

Ciceronian : (n) (۱) سخنور ؛ فصیح اور موزوں طبع ۔ (۲) سیسرو کی تصنیفات سے شغف رکھنے والا ؛ سیسرو شناسی ؛ سیسرو کا پیرو ۔

Ciceronianism : (n) سیسرو کی فصاحت و بلاغت کی تقلید ۔

Cichoraceous : (a) [mod. L."cicoraceae"] کاسنی دار ۔

Cicisbeism : (n) شادی شدہ عورتوں سے عاشقی کا رواج ۔

Cicisbeo : (pl. cicisbei,-beos) [It. of unknown origin] (۱) (اٹلی میں) شادی شدہ عورتوں کا عاشق یا عاشق مزاج مصاحب ۔ (۲) فیتے کی ایک گرہ جو تلوار کے دستے یا چھل قدمی والی چھڑی میں بندھی ہو ۔

Cicuta : (n) [L."cicuta"] ایک قسم کے چھوٹے پودے جن کی جڑیں زہریلی ہوتی ہیں ۔

Cicutene / Cicutine : (Also cicutoxin) [f."cicuta"] (۱) Cicuta میں موجود زہریلا مادہ ۔ (۲) Cicuta سے حاصل ہونے والے کیمیاوی مرکبات ۔

Cid : (n) [Arab. "sayyid"] ہسپانوی مسیحی مجاہد کا لقب جو گیارھویں صدی میں گذرا ۔

Ciaris : (n) [Heb."keter"] قدیم ایرانی بادشاہوں کا تاج ۔

-cide : (suffix) لاحقہ بمعنی (۱) قاتل ؛ ہلاک کرنے والا ۔ (۲) قتل ؛ خون ۔

Cider : (n) [ME."cidre"] سیب کی شراب ؛ شربت سیب ؛ سیب کا رس ۔

Cider-brandy : (n) سیب کی شراب سے تقطیر کی ہوئی برانڈی شراب ۔

Cider-cellar : (n) تہ خانہ جس میں سیب کی شراب رکھی جاتی ہے ۔

Cider cup : (n) کاسہ ؛ جام ۔

Cider mill : (n) وہ کارخانہ جس میں سیب کو شراب بنانے کے لئے کچلا جاتا ہے ۔

Cider-press : (n) سیب کا عرق نکالنے کا آلہ ؛ سیب نچوڑ ؛ سیب افشار ۔

Ciderist : (n) سیب کی شراب بنانے والا ۔

Ciderkin /Water-cider : (n) سیب کی ہلکی شراب ۔

Cidevant : (a) [Fr.] سابق ؛ پچھلا ؛ اگلا ؛ گزشتہ ؛ پیش ؛ ماضی ؛ سلف ؛ پہلا ؛ منسوخ ۔

Cidevant : (n) وہ جو انقلاب فرانس کے پہلے امیر تھا یا رہا ہو ؛ گزشتہ چیز یا شخص ؛ کسی کام سے سبکدوش ؛ بے اختیار اور بے اثر شخص ۔

Ciel : (n) [L."caelum"] آسمان ؛ آسمانی (رنگ) ۔

Cierge : (n) [L."cereus"] شمع مومی جو مذہبی رسومات میں استعمال ہوتی ہے ۔

Cigala / Cigale : (n) [L."Cicala"/ Cicada / Cicala.] دیکھو

Cigar / Segar : (n) [Fr."cigare" of Sp. "cigarr"] سگار ؛ چرٹ ۔

Cigaresque : (a) (مزاحاً) نمایاں طور پر سگار رکھنے والا ۔

Cigarette : (n) [Fr."cigarette"] سگریٹ ۔

Cigar holder : (n) چرٹ کی منہال ؛ نلکی ؛ سگار گیر ۔

Cigarless : (a) بے سگار ۔

Cigar shaped : (a) سگار نما ؛ سگار کی شکل کا ۔

Cilia : (n) [L. pl. of "cilium"] (۱) مژگاں ؛ پلک ۔ (۲) پتوں کی جھالر ۔ (۳) تیتریوں کا بازو ؛ تتلیوں کےپر ۔ (٤) ادنیٰ آبی جانوروں کے روئیں ۔

Ciliary : (a) f. L."cilium"] پلکوں کے ؛ مژگانی ؛ پلک دار ؛ (حیوانیات) ھدبی ۔

Ciliary motion : (n) مژگاں کی اہتزازی حرکت ۔

Ciliary muscle or cirle : (n) وہ عضلہ جو آنکھ کے ڈھیلے کی دیوار کے اندرونی حصے میں ہوتا ہے ؛ (نفسیات) مژگانی عضلہ ؛ (حیوانیات) ھدبی عضلہ ۔

Ciliary process : (n) آنکھ کے ڈھیلے کی دیوار کے اندرونی حصے کی وہ تہ جس سے آنکھ کے پردے کی جھلی جٹی ہوتی ہے ۔

Ciliate / Ciliated : (a) مژگانی ؛ پلک کا ؛ پلک دار ؛ مو حاشیہ ؛ (حیوانیات) ھدبہ دار ۔

Ciliation : (n) ھدبیت ؛ روئیں داری ۔

Cilice : (n) [Gr."kilikion"] بالوں کا کپڑا ؛ بالوں کا لباس ؛ اونی لباس ۔

Cilicious : (a) اونی لباس والا ؛ بالوں کے لباس والا ۔

Cilicism : (n) [f. "cilicia" in Asia Minor] سائلیشیا کی ایک مخصوص بولی ۔

Ciliiform / Ciliform : (a) مژگاں نما ۔

Cilio-spinal : (a) حرام مغز کا وہ مرکز جہاں اعصابی ریشے جو مژگاں کو سکڑاتے ہیں پیدا ہوتے ہیں ۔

Ciliograde : (a) اہتزازی روئیں سے حرکت کرنے والا ۔

Ciliograde : (n) [L."cilio-+gradus"] ایک قسم کا ادنیٰ آبی جانور جو روئیں کی مدد سے تیرتا ہے ۔

Ciliolate : (a) مژگانی ؛ پلک کا ؛ پلک دار ؛ مو حاشیہ ۔

Cill : [Var. of SILL] Sill کی متبادل شکل ۔

Cillosis : (n) [irreg. f. L."cillere"] پپوٹوں کی غیر ارادی حرکت ۔

Cima : [Var . of CYMA] Cyma کا متبادل ۔

Cima : (n) [L."cyma"] پہاڑ کی چوٹی یا گنبد ۔

Cimarron : (Also cimaron or cimaroon) [Amer.Sp."cimarron"] (۱) فراری غلام ؛ مفرور غلام کی نسل ۔ (۲) وحشی جانور ۔

Cimbalom / Cymbalom /-lon : (n) [L."cymbalum"] ایک قسم کا ہنگری کا باجا ۔

Cimex : (n) [Pl. cimices) [L.] کھٹمل ۔

Cimicic : (a) [in cimicic acid. vars. cimise / cimisse] ایک زرد بدبو دار ، قلم پذیر ترشہ جو کھٹمل کی رطوبت سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cimmerian : (n) [L."cimmerius"] Cimmetii کا باشندہ ، (وہ قوم جس کا ہومر نے بیان کیا ہے کہ وہ ایسے دور افتادہ ملک میں رہتی تھی جہاں ہمیشہ تاریکی چھائی رہتی تھی) ۔

Cimmerian : (a) (۱) Cimmetii کے رہنے والوں سے متعلق ۔ (۲) تاریک ؛ دیجور ؛ نہایت اندھیری ؛ اندھیری گھپ ۔

Cimolite : (n) [f. L."cimolia"] الومینیا کا نرم آبدار سیلیکیٹ ۔

Cinch : (n) [Sp."cincha"] (۱) (امریکہ) گھوڑے کا زیر بند ۔ (۲) (سوقیانہ) پورا قبضہ ؛ پورے قابو میں ؛ پکی بات ؛ آسان بات یا کام ۔

Cinch : (v) (۱) زیر بند لگانا یا کسنا ؛ کسنا ۔ (۲) (مجازاً) زور ڈالنا ؛ مجبور کرنا ؛ پکا کرنا ۔

Cinchona : (n) (Also chinchona) [After the Countess of "chinchona"] (۱) سنکونا کا درخت ؛ چھال ۔ (۲) سنکونا کی چھال سے بنی دوا ۔ (۳) کونین ۔

Cinchona-bark : (n) سنکونا کی چھال جو مقوی اور دافع بخار ہوتی ہے ۔

Cinchonaceous : (a) سنکونا دار ؛ سنکونا والی ؛ سنکونیلی ۔

Cinchonal : (a) سنکونا سے متعلق ۔

Cinchonia : (n) سنکونا کی ایک دوا؛ کونین ۔

Cinchonic : (a) سنکونی ؛ سنکونا سے متعلق ؛ سنکونا دار ۔

Cinchonicine / Cinconidine : (n) تلخ اساسی مادہ جو سنکونا سے حاصل ہوتا ہے ۔

Cinchonine : (n) دیکھو Cinchonia

Cinchonism : (n) سنکونا کے اثرات (بہرا پن، درد سر وغیرہ) ؛ خشکی ۔

Cinchonize : (v) سنکونا سے علاج کرنا ؛ سنکونا دینا ۔

Cincinnatus : (n) عزلت نشیں بڑا آدمی جسے خطرے کے وقت ملکی خدمت کے لئے طلب کر لیا جاتا ہے ؛ سنسناٹس ۔

Cincture : (n) [L."cinctura"] پیٹی ؛ پٹکا ؛ کمر بند ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گھیر ۔

Cincture : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ۔ (۲) گھیرا کرنا ؛ گھیرنا ؛ محیط ہونا ۔

Cinder : (n) [Fr."cendre"] (۱) دھات کا میل ۔ (۲) ادھ جلا کوئلہ ؛ کجلا ہوا کوئلہ ۔ (۳) راکھ ؛ خاکستر ۔ (٤) چائے یا دیگر مشروبات میں ملائی ہوئی وھسکی ، برانڈی وغیرہ ۔

Cinder : (v) جلا کر خاک کرنا ؛ راکھ چھڑکنا ۔

Cinder-bed : (n) زمین کی وہ تہ جس میں صدف وغیرہ ہوتے ہیں ۔

Cinder dick : (n) ریلوے پولیس ۔

Cinder man : (n) خاکستر کش ؛ وہ شخص جو بھٹی سے دھات کا میل وغیرہ نکالتا ہے ۔

Cinder-notch : (n) بھٹی کا وہ سوراخ جس سے دھات کا میل نکالا جاتا ہے ۔

Cinderella : (n) [Fr."cendrillon"] (۱) وہ شخص جس کی قدر نہ کی جاتی ہو ؛ کشتۂ نا قدر شناسی ؛ کشتۂ ناقدری ۔ (۲) Cinderella dance کا مخفف ۔

Cinderella dance : (n) وہ رقص جو بارہ بجے شب تک رہے ؛ نیم شبی رقص ۔

Cindermound : (n) (اثریات) راکھ کا ٹیلہ ؛ خاکستر کا ٹیلہ ۔

Cinderpath : (n) راستہ جس پر پسے ہوئے کوئلے بچھے ہوں ۔

Cindersifter : (n) ادھ جلے کوئلوں کو راکھ سے الگ کرنے کی چھلنی ؛ خاک بیز ؛ کوئلے کی چھلنی ۔

Cindery : (a) بھوبل سا ؛ خاکستری ؛ خاکستر دار ؛ ادھ جلے کوئلے سا ؛ بھوبل کا ۔

Cine - : [Abbrev. of CINEMA] Cinema (سنیما) کا مخفف ۔

Cinecameraman : (n) (انتظامیہ) سنیما کیمرہ مین ۔

Cinema : (n) [Gr."kinema"] : (۱) Cinematograph کا مخفف ؛ سنیما ؛ متحرک تصویر ۔ (۲) وہ جگہ یا تھیٹر جہاں متحرک تصویریں دکھائی جاتی ہیں ۔ (۳) متحرک تصویر بنانے کا فن یا ہنر ۔ (٤) متحرک تصویر سازی اور اس کی تقسیم کاری کی صنعت ۔

Cinema-goer : (n) عادتاً سنیما جانے والا ۔

Cinema projector : (n) (طبیعیات) سنیما پروجیکٹر ۔

Cinematic : (a) (۱) سنیمائی ؛ متحرک کیمرے کے ذریعہ فوٹو گرافی کے لئے موسیقی کی صورت میں بیانیہ طور پر یا کسی اورطریقے سے پیش کردہ (مواد) ۔ (۲) متحرک تصویر سازی کے فن سے متعلق ؛ متحرک تصویر کی تکنیک جاننے والا یا اسے استعمال کرنے والا ۔

Cinematics : (n) علم الحرکات ؛ متحرک تصویر بنانے کا فن ۔

Cinematize : (v) متحرک تصویریں بنانا ۔

Cinematograph : (n) وہ آلہ جس سے سنیما کی تصویریں متحرک نظر آتی ہیں ؛ متحرک تصویر بنانے کا کیمرہ یا آلہ ؛ متحرک تصویروں کی نمائش یا نمائش گاہ ۔

Cinematograph : (v) متحرک تصویری کیمرہ سے تصویر لینا ۔

Cinematographer : (n) متحرک تصویر لینے والا یا دکھلانے والا ۔

Cinematographic : (a) متحرک تصویر سازی سے متعلق ؛ متحرک تصویر سازی کا ماہر ۔

Cinematographist : (n) دیکھو Cinematographer

Cinematography : (n) متحرک تصویر سازی کا فن ۔

Cinenchym (a&n) : [Gr."kinin"+"egchyma"] دودھیا نسیج ۔

Cineproject operator : (n) (انتظامیہ) سنیما پروجیکٹ آپریٹر ۔

Cinerama : (n) ایک قسم کی نئی فلم جس میں تین طرف سے تصویر لی جاتی ہے اور پردے پر اس کی نمائش بھی تین آلات تظلیل (پروجکٹرس) کے ذریعہ کی جاتی ہے ۔

Cineraria : (n) [mod.L.fem.of"cinerarius"] ایک قسم کا پھولدار درخت جو شیشہ بند اُگایا جاتا ہے ۔

Cinerarium : (n) [L.] مُردوں کی راکھ رکھنے کی جگہ ؛ خاک دان ۔

Cinerary : (a) [f. L. "cinis / ciner-"] خاکستری ؛ خاکستر جیسا ؛ خاکستر کا ؛ راکھ کا ؛ خاک کا ؛ خاک رکھنے کا ؛ خاکستر دان ۔

Cinerary urn / vase : (n) جلانے کےبعد مردوں کی راکھ رکھنے کی جگہ ؛ راکھ دان ؛ (تاریخ) مردوں کی راکھ کا کلش ۔

Cinereous : (a) خاکستری ؛ خاکستر کے رنگ کا ۔

Cineritious : (a) خاکستری ؛ خاکستر کے رنگ کا ۔

Cingalese : (a) [f.Skr."sinhalam"] سری لنکا کا ؛ سری لنکائی ۔

Cingalese : (n) سری لنکا کا باشندہ ؛ سری لنکائی ؛ سری لنکا کی زبان ۔

Cingle : (n) [f. L. " cingere"] (۱) زیر بند ۔ (۲) کمر بند ؛ پیٹی ؛ پٹکا ۔

Cingular : (a) [L."singulum"+-ar] حلقہ دار ۔

Cingulum : (n) [See CINGLE] (۱) ایک قسم کی پیٹی ؛ منطقہ ؛ پٹکا ۔ (۲) رشتہء عصبی (دماغ کا یا مغز دماغ کا) ۔ (۳) رنگین اور پیچدار خط جو بعض گھونگوں کے غلاف میں ہوتا ہے ۔ (٤) کیچوؤں کے جسم کو گھیرتے ہوئےابھرے خطوط ۔ (٥) دانت کے نچلے حصے کا خط ۔

Cinnabar : (n) [Pers."shinjarf"] شنگرف ؛ شنجرف ؛ زرمام ۔

Cinnabar : (a) (۱) شنجرفی ؛ شنگرفی ؛ شنگرف کا شنگرف جیسا ۔ (۲) سرخ ؛ سیندوری ۔

Hepatic cinnabar : سرخی مائل بھورے رنگ کا شنگرف ۔

Cinnabaric / Cinnabarine : (a) شنگرفی ؛ شنگرف سےمتعلق ۔

Cinnamate : (n) سینامک تیزاب (Cinnamic acid) کا نمک ۔

Cinnamein : (n) بنزل سینامیٹ ($C_9H_7O_2C_7H_7$) ۔

Cinnamene / Cinnamol : (n) ایک خوشبو دار ہائڈرو کاربن ۔

Cinnamic : (a) دار چینی سے متعلق یا دار چینی کا : دار چینی سا ۔

Cinnamic acid : (n) ایک سفید بلوری بغیر بو کا ترشہ جو خاص طور سے روغن دار چینی میں پایا جاتا ھے ۔

Cinnamomic / Cinnamonic : (a) دار چینی ؛ دار چینی کا : دار چینی سا ۔

Cinnamon : (n) [L."cinnamomum"] (۱) دار چینی ۔ (۲) دار چینی کا درخت ۔

Cinnamon : (a) دار چینی کے رنگ کا ؛ نسواری ؛ ناسی ۔

White cinnamon : جنگلی دار چینی چھال ۔

Wild cinnamon : جنگلی دار چینی ۔

Cinnamon-oil : (n) روغن دار چینی ۔

Cinnamon stone : (n) یاقوت کی زرد اور بھوری قسموں کا نام ؛ (کیمیا) دار چینی پتھر ۔

Cinnamyl : (n) سینامیل ۔

Cinquangled : (a) [See next] پانچ زاویوں والا ۔

Cinque / Cinq : (n) [L."quinque"] (۱) پنجڑی ؛ پنجہ دار ؛ پنجی (تاش اور گنجیفہ) ۔ (۲) (جمع میں) گھنٹیوں کو بجانے کا ایک خاص طریقہ ۔

Cinque ports : (n) [L."quinque portus"] انگلستان کی وہ پانچ بندرگاھیں جنھوں نے زمانۂ قدیم میں بحریہ کے اھم کام انجام دئے اور جن کے عوض انھیں کئی اھم مراعات اور حقوق حاصل رھے ۔

Cinquecentist : (n) سولھویں صدی کے صناع اور فنکار ۔

Cinquecento : (n) [It.] سولھویں صدی ؛ فن کا وہ اسٹائل جو اطالیہ میں ۱۵۰۰ء کے بعد پیدا ھوا ۔

Cinquedea : (n) [It.] ایک بھاری چوڑے پھل والا خنجر ۔

Cinquefoil / Cinqfoil : (n) (۱) پنچ پتیا ؛ پنچ مرغول ؛ پنچ برگا ۔ (۲) (نقابت) سپر کا نشان جو پانچ گول پتیوں کے نشان پر مشتمل ھوتا ھے ۔ (۳) حشیش الارض ۔

Cinquefoiled : (a) پنچ مرغول والا ۔

Cinquespotted : (a) پانچ نشانوں والا ۔

Cinzano : (n) [After "cinzano", name of the manufacturers] ایک قسم کی اطالوی شراب ۔

Cion : (n) [Gr."kion"] (۱) حلق کا کوا ؛ لھات ؛ ملازہ ۔ (۲) نتھنوں کے بیچ کی غضروفی دیوار ۔

Cionotome : (n) حلق کے کوے میں نشتر لگانے کا آلہ ۔

Cionotomy : (n) حلق کے کوے میں نشتر لگانا ۔

Cipher / Cypher : (n) [Arab."sifr"] (۱) صفر ؛ بندی ؛ بندو ۔ (۲) جس شخص یا شئے کی کوئی اھمیت نہ ھو ؛ نکما ؛ نا کارہ ؛ نا چیز ؛ ھیچ ؛ کالعدم ؛ پوچ ؛ لچر ۔ (۳) عربی کا کوئی ھندسہ ۔ (٤) خفیہ تحریر ؛ مخفی تحریر لکھنے کا قاعدہ ؛ خفیہ تحریر کی کنجی ۔ (٥) ملا ھوا دستخط یا طغرا ۔ (٦) پردے کی خرابی کے باعث ھارمونیم وغیرہ کا ایک ھی سر میں بجتے رھنا ۔

Cipher : (v) (۱) حساب کرنا ؛ سوال نکالنا ۔ (۲) حساب کے قاعدہ سے سوال نکالنا ؛ جوڑنا ؛ پھیلانا ؛ حساب لگانا ۔ (۳) خفیہ رسم خط میں لکھنا ۔ (٤) بغیر بجائے ھوئے بجنا ۔ (٥) (جہازسازی) کج ھونا ؛ کج کر دینا ؛ ڈھلوان بنانا ۔

Cipherable : (a) قابل حساب ۔

Cipherdom : (n) معدومیت ؛ معدوم ھونے کی حالت ؛ غیر اھم ھونے کی حالت ۔

Ciphered : (a) (۱) خفیہ طریقہ سے لکھا ھوا ۔ (۲) ڈھلوان بنا ھوا ۔

Cipherer : (n) حساب لگانے والا ؛ خفیہ لکھنے والا ؛ ڈھلوان بنانے والا ۔

Cipher /Cypher officer : (n) (انتظامیہ) خفیہ تحریر کا افسر ۔

Cipher procedure : (n) (تاریخ) ضابطہ رمز نویسی ۔

Cipolin : (n) [occas. (Cipollino) [It."cipolla"] ھلکے رنگ کے اطالوی سنگ مرمر کی ایک قسم جس میں ابرق ، کوارٹس وغیرہ کی پرتیں ھوں ۔

Cippus : (n) [L."cippus"] (تعمیرات) ایک چھوٹا ستون جس پر کتبے ہوں اور جو قدیم روم اور یونان میں قبروں پر بطور نشان کے لگایا جاتا تھا ؛ قبہ دار یادگار ۔

Circ : [var. of CIRQUE] Cirque کی متبادل شکل ۔

Circa : (prep. & adv.) [L.] قریب قریب ؛ تقریباً ۔

Circa : (n) حد ؛ حدود ۔

Circar : (n) [pers."sarkar"] سرکار ؛ ضلع ؛ صوبہ ۔

Circassian : (n) [f."circassia"] بٹے ہوئے تاگے کا ایک باریک کپڑا ۔

Circe : (n) [Gr."kirke"] (۱) جادوگرنی ؛ عیارہ ؛ ساحرہ ؛ مکارہ ؛ فریب دینے والی ۔ (۲) ایک سیارچہ ۔

Circean : (a) جادوگرنی کا ؛ ساحرہ کا ۔

Circensian : (a) [f. L."circensis"] قدیم رومی سرکس کا ۔

Circinal : (a) [f. L. "circinus"] مدور ؛ گول ؛ مڑی ہوئی ؛ سرنوردہ (پتیوں والا) ۔

Circinate : (a) [pa. ppl.stem of L"circinare"] Circinal دیکھو

Circination : (n) [f. L."circinatio"] دور ؛ گردش ؛ قوس ۔

Circinus : (n) [L.] فلک جنوبی میں ستاروں کا ایک مجموعہ ؛ پرکار ؛ ابرہ الملاحین ؛ قطب نما ؛ حقة السفائن ، صورت فلکی پرکار ۔

Circle : (n) [L."circulus",dim. of "circus"] (۱) دائرہ ؛ گول گھیرا ؛ کنڈل ؛ گھیرا ؛ گھیر ؛ احاطہ ؛ حلقہ ؛ ہالا ؛ محیط ؛ مدار ؛ گول سطح مستوی ۔ (۲) انگوٹھی کا حلقہ ؛ تاج ؛ انگشتری ؛ تھیٹر میں نشستوں کا ایک حلقہ ۔ (۳) دور ؛ چکر ۔ (٤) مکمل ؛ سلسلہ ؛ کامل دور ؛ پورا چکّر ۔ (٥) وہ عمل اور رد عمل جو ایک دوسرے کو شدید کردیں ؛ تعامل دوری ۔ (٦) ہم مذاق لوگوں کا حلقہ ؛ انجمن ؛ سماج کا ایک حلقہ ؛ گُٹ ۔ (۷) جماعت ؛ جرگہ ۔ (۸) احاطہ اثر ؛ احاطہ اقتدار ؛ حلقہ عمل ؛ حلقہ اثر ۔ (۹) (آثارقدیمہ) پتھروں کا ایک مدور سلسلہ ۔ (۱۰) (فلکیات) اجرام فلکی کے مشاہدہ کا ایک آلہ ۔ (۱۱) (منطق) منطقی چکر ۔ (۱۲) علاقائی تقسیم ۔

Antarctic circle : دائرہ جنوبی ۔

Arctic circle : دائرہ شمالی ۔

Asymptotic circle : (طبیعیات) لا متقاربی دائرہ ؛ اسمٹوٹی دائرہ ۔

Auxiliary circle : (طبیعیات) امدادی دائرہ ۔

Azimuth circle : (ریاضی) دائرة السمت ؛ (طبیعیات) افقی دائرہ ؛ دائرة السمت ۔

Declination circle : (ریاضی) دائرہ میل ۔

Diurnal circle : دائرہ حرکت یومیہ ؛ دائرة النہار ؛ (ریاضی) دائرہ یومیہ ۔

Dress circle : (۱) کرسیوں کا حلقہ ، تھیٹر میں نشستوں کی پہلی قطار ۔ (۲) (آثارقدیمہ) سنگی حلقہ ؛ سنگی دائرہ ۔

Family circle : تھیٹر میں نشستوں کی دوسری قطار

Family of circles : (ریاضی) دائروں کا خاندان ۔

Great circle : دائرہ عظیم ؛ (ریاضی) بڑا دائرہ ؛ دائرہ ؛ دائرہ عظمی ۔

Horary circle : دوائرالساعات ۔

Imaginary circle : (ریاضی) خیالی دائرہ ۔

Orthogonal circle : (ریاضی) قائمی دائرہ ؛ (طبیعیات) عمودی دائرہ ؛ قائمی دائرہ ۔

Osculating circle : (ریاضی) لثمی دائرہ ۔

Point circle : (طبیعیات) نقطہ دائرہ ؛ صفر دائرہ ؛ دیکھو Zero circle

Polar circle : قطبی دائرہ ۔

Position circle : (ریاضی) مقامی دائرہ ۔

Secondary circle : (طبیعیات) ثانوی دائرہ ۔

Small circle : دائرہ صغیر ؛ (ریاضی) صغیر دائرہ ۔

System of circles : (ریاضی) دائروں کا نظام ۔

Circle of perpetual apparition : دائرہ ظہور دائم ۔

Circle of perpetual occultation : دائرہ اختفاء دائم ۔

Circle of position : دائرۃ الوضع –

Circle of similitude : (طبیعیات) مشابہت کا دائرہ ۔

Circle-wise : (adv) دائرہ کےطورپر؛ بشکل دائرہ ؛ حلقہ وار ۔

Circler : (n) گھیرنے والا ؛ احاطہ کرنے والا ؛ چکر کاٹنے والا ؛ دائرہ میں گھومنے والا ؛ ایک ھی موضوع پر مسلسل نظموں کا کوئی شاعر ؛ داستان گو ۔

Circlet : (n) (۱) چھوٹا دائرہ ؛ چھوٹا حلقہ ؛ چھوٹا چکر ۔ (۲) پیٹی ؛ کمر بند ؛ پٹکا ؛ مرصع جو سر وغیرہ میں باندھتے ھیں ؛ طلائی یا جواھر دار انگشتری ۔

Circocele : [Var. of CIRSOCELE] (مرض) سیاہ رگ منویہ کابڑھ جانا ؛ بیضے کی سیاہ رگ کی سوجن یا ورم ۔

Circled : (a) مدور ؛ دائرہ دار ؛ گول ۔

Circuit : (n) [Pa. ppl. stem of L."circuir"] : (۱) گھیرا ؛ چکر ؛ گردہ ؛ حلقہ ؛ محیط ؛ گھوم گھماؤ ۔ (۲) چکر کے اندر کا رقبہ ۔ (۳) دورہ ؛ گشت ؛ گردش ۔ (٤) دورہ گاہ ؛ علاقہ دورہ ؛ گردش گاہ ۔ (٥) کسی بیرسٹر کا حلقہ ۔ (٦) عیسائیوں کےایک فرقے کا مذھبی ضلع ۔ (۷) برقی رو کا راستہ ؛ برقی دورہ ؛ مقناطیسی لہر کا حلقہ ۔ (۸) سفری جج یا مبلغ کا راستہ ۔ (۹) عدالتی علاقہ جو قانوناً قائم کیا گیا ھو ؛ وہ جج یا قانون داں جو اس حلقہ میں کام کرتے ھیں ۔ (۱۰) کانفرنس ؛ انجمن ؛ لیگ ۔ (۱۱) متحرک تصاویر کے تھیٹروں کی جماعت ۔ (۱۲) الکٹرونیکی عناصر کا اجتماع ؛ دو مقامات کے درمیان دو طرفہ مواصلات ۔ (۱۳) ایک میکانکی نظام ۔ (۱٤) (قانون) ھیر پھیر ؛ وہ کار روائی جس میں ھیر پھیر ھو ۔ (۱٥) (مرضیات) مرض کی میعاد ۔

Acceptor circuit : (طبیعیات) گزار سرکٹ ۔

Anode circuit : (طبیعیات) انوڈی سرکٹ ۔

Anticoincidence circuit : (طبیعیات) خلاف میل سرکٹ ۔

To come full circle : پورا چکر لگانا ؛ گرد پھرنا ؛ طواف کرنا ؛ جہاں سے چلے تھے اسی مقام پر پہنچ جانا ۔

To square the circle : ناممکنات کی کوشش کرنا ؛ محالات کے پیچھے پڑنا ؛ دائرہ کا ھم رقبہ مربع دریافت کرنا ۔

Transit circke : (ریاضی) عبوری دائرہ ۔

Unit circle : (ریاضی) اکائی دائرہ ۔

Upper circle : دیکھو Family circle

Vertical circle : (ریاضی) دائرہ عمودی ۔

Vicious circle : استدلال دوری ؛ برائی کا چکر ۔

Zero circle : (ریاضی) صفری دائرہ ۔

Zodiacal circle : (ریاضی) برجی دائرہ ۔

Circle : (v) گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ حلقہ میں لینا ؛ محیط ھونا ؛ گھیر لینا ۔(۲) دور چلنا ؛ گردش میں آنا (شراب وغیرہ کا) ؛ گرد پھرنا ؛ گھومنا ۔ (۳) (فوجی) چکر کاٹ کر حملہ آور ھونا ؛ گھوم کر آپڑنا ۔

Circle-Director : (n) ناظم دائرہ ؛ ھادی دائرہ ۔

Circle of altitude : دائرہ ارتفاع ۔

Circle of convergance : (طبیعیات) دائرہ تقارب ؛ دائرہ مرکوزیت ۔

Circle of curvature : دائرہ انحنا ؛ (طبیعیات) دائرہ خمی ۔

Circle of declination : دائرۃ المیل ۔

Circle of friction : (طبیعیات) دائرہ رگڑ ۔

Circle of illumination : (طبیعات) دائرہ روشنی ۔

Circle of issue : (تجارت) دائرہ اجرا سرکار ۔

Circle of latite : دائرۃ العرض ۔

Circle of least confusion : (طبیعیات) کمترین خلل کا دائرہ ۔

Circle of longitude : دائرۃ الطول ۔

Branch circuit : (طبیعیات) شاخ سرکٹ ۔

Closed circuit : (طبیعیات) بند سرکٹ ؛ بند دور ۔

Composite circuit : (طبیعیات) مخلوط سرکٹ ۔

Constant circuit : (طبیعیات) مستقل یاغیر مذبذب ۔

Coupled circuit : (طبیعیات) جگ بند سرکٹ ۔

Divided circuit : (طبیعیات) تقسیم شدہ سرکٹ ؛ منقسم سرکٹ ۔

Internal circuit : (طبیعیات) داخلی سرکٹ ۔

Open circuit : (طبیعیات) کھلا سرکٹ ۔

Oscillating citrcuit : (طبیعیات) ڈولن سرکٹ ۔

Plate circuit : (طبیعیات) پلیٹ سرکٹ ؛ تختی سرکٹ ۔

Quenching circuit : (طبیعیات) زائلی سرکٹ ۔

Rejector circuit : (طبیعیات) ناگزار سرکٹ ۔

Short circuit : مقصر دور ؛ ناقص دور (برقی تار کے ناقص غیر موصل ھونے کی وجہ سے) ؛ برقی دور کا چھوٹا ھو جانا ۔

Sweep circuit : (طبیعیات) سویپ سرکٹ ۔

Tank circuit : (طبیعیات) ٹینک سرکٹ ۔

To make a circuit : گھوم کر جانا ؛ ایك دور بنانا ۔

Tuned circuit : (طبیعیات) ھمسُر سرکٹ ۔

Untuned circuit : (طبیعیات) بے سرا سرکٹ ۔

Voltage circuit : (طبیعیات) وولٹیج سرکٹ ۔

Circuit : (v) دائرہ میں گھومنا ؛ چکر لگانا ؛ دائرہ میں حرکت کرنا ۔

Circuit-breaker : (n) وہ آلہ جو مقررہ وقفوں پر برقی رو کو روك دیتا ھے ۔

Circuit-court : (n) دورہ والی کچھری ؛ وہ کچھری جو دو یا زیادہ مقامات پر ایك ھی عدالتی علاقہ میں قائم کی جائے ۔

Circuit element : (n) (طبیعیات) سرکٹ عنصر ۔

Circuit house : (n) (انتظامیہ) سرکٹ ھاؤس ؛ سرکاری مہمان خانہ ۔

Circuiteer : (n) (Also circuiter) (۱) سفری جج یا بیرسٹر ۔ (۲) دورہ لگانے والا ۔

Circuition : (n) [f. CIRCUIT] (۱) چکر لگانا ۔ (۲) (مجازاً) طول کلامی ۔

Circuitor : (n) [L.] دورہ لگانے والا ۔

Circuitous : (a) [med. L."circuitosus"] گھیردار ؛ چکر دار ؛ پھیر کا ؛ دوری ؛ دورہ دار ؛ مدور ؛ بالواسطہ ؛ ھیر پھیر ۔

Circuitously : (adv) پھیر سے ؛ چکرسے ؛ دور در دور ۔

Circuitousness : (n) گھیر ؛ چکر ؛ گردش ؛ دور ۔

Circuitry : (n) برقی دور کا تفصیلی نقشہ ۔

Circuittuned : ھم سر سرکٹ ۔

Circuity : (n) [OFr."circuite"] گھیر ؛ چکر ؛ دورہ ؛ دور ۔

Circuity of action : (قانون) غیر ضروری طول عمل ۔

Circulable : (a) [f. CIRCULATE] مشتہر کرنے کے لائق ؛ گشت کرنے کے لائق ؛ قابل اشتہار ؛ قابل گردش ۔

Circular : (a) [OFr."circulier"] (۱) گول ؛ مدور ؛ چکردار ؛ دائرہ میں حرکت کرنے والی ؛ دور حرکی ؛ گشتی ؛ دوری ؛ دورانی ؛ بالواسطہ ۔ (۲) استدلال دوری سے متعلق (منطق میں) ۔ (۳) دائرہ کی طرح ؛ دائرہ کی شکل کا ؛ دائرہ جیسا ؛ دائرہ نما ۔ (٤) (ریاضی و طبیعیات) دائری ؛ دوری ۔

Cicular : (n) گروہ یا مجلس کے نام خط ؛ اشتہار، حکم یا اعلان ؛ گشتی ۔

Circular aperture : (n) (طبیعیات) دائری روزن ۔

Circular asymptote : (n) (طبیعیات) دائری اسمٹوٹ ۔

Circular cella : (n) (تاریخ) گول گوبھ ۔

Circular combination : (n) (تجارت) مدور اتحاد ۔

Circular cone : (n) (طبیعیات و ریاضی) دائری مخروط ۔

Circular cylinder : (n) (ریاضی) دائری اسطوانہ ۔

Circular dichromic : (n) (طبیعیات) دائری دو رنگی ۔

Circular dichromism : (n) (طبیعیات) دائری دو رنگینی ۔

Circular flow : (n) (تجارت) مدور بہاؤ ۔

Circular frequency : (n) (طبیعیات) دائری آورتی ؛ دائری تعدد ۔

Circular fringe : (n) (طبیعیات) دائری فرنج ۔

Circular function : (طبیعیات) دائری تفاعل ۔

Circular graph : (n) (طبیعیات) دائری گراف ؛ دائری ترسیم ۔

Circular helix : (n) (طبیعیات) دائری مرغولہ ۔

Circular hut : (n) (تاریخ) گول جھونپڑی ۔

Circular instrument : (n) زاویہ پیما ؛ زاویہ سنج ۔

Circular integration : (n) (تجارت) مدور یکجہتی ۔

Circular jet : (n) (طبیعیات) دائری جیٹ ۔

Circular letter : (n) گشتی چٹھی ؛ گشتی ؛ اعلان ؛ اشتہار ۔

Circular letter of credit : وہ خط جو مہاجن یا ساھوکار اپنے مسافر گاھک کو دے جس سے اس کو دوسرے مقامات پر بھی روپیہ مل سکے؛ گشتی ھنڈی ؛ (تجارت) گشتی نوٹ ۔

Circular line : (n) دائری خط : ایسا خط مستقیم جو کسی دائرے کی قوس سے تقسیم کیا گیا ھو ؛ (طبیعیات) دائری خط ؛ دائری لکیر ۔

Circularly polarized : (a) (طبیعیات) دائری تقطیب شدہ ؛ (کیمیا) دائرہ میں مقطوب ۔

Circular measure : (n) (طبیعیات) دائری ناپ ۔

Circular motion : (n) (طبیعیات) دائری حرکت ۔

Circular note : (n) دیکھو Circular letter of credit

Circular number : (n) ایسا عدد جس کی قوت کا آخری ھندسہ وھی ھے جو عدد کا ھے ۔

Circular pendulam : (n) (طبیعیات و ریاضی) دائری رقاص ؛ دائری پنڈولم ۔

Circular point at infinity : (ریاضی) لامتناھی پردائری خطے ۔

Circular points : (n) لا متناھی پر دو قیاسی نقطے جن سے ھو کر تمام دائرے گزرتے ھیں ۔

Circular polarization : (n) (طبیعیات) دائروی تقطیب ۔

Circular reaction : (n) (سماجیات) تدویری رد عمل ۔

Circular sailing : (n) (جہاز رانی) دائرہ عظیم کی قوس پر جہاز رانی ۔

Circular saw : (n) گول زرّہ ۔

Circular test : (n) (ریاضی) دائری جانچ ۔

Circular ticket : (n) گول دورہ کا ٹکٹ ۔

Circular tour : (n) ایسا دورہ کہ جہاں سے شروع ھو وھیں پر ختم بھی ھو ؛ گول دورہ ۔

Circular triads : (n) (شماریات) دائری سلسلہ ۔

Circularism : (n) یہ نظریہ کہ خلا دائرہ نما ھے ۔

Circularity : (n) [med. L."circularitas"] گولائی ؛ تدویر ؛ دور ؛ چکر ۔

Vertical circularity : (سماجیات) عمودی تدویر ۔

Circularize : (v) (۱) گشتی اعلانات جاری کرنا ؛ گشتی اشتہار کرنا ۔ (۲) دائرہ بنانا ۔

Circularly : (adv) چکر سے ؛ گردش سے ؛ دوراً ؛ مدورانہ ۔

Circularness : (n) گولائی ؛ تدویر ؛ دور ؛ چکر ۔

Circulate : (v) [L."circulare/-ari"] گردش کرنا ؛ دورہ کرنا ؛ جاری ھونا ؛ مشتہر ھونا ؛ رواں کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ چلنا ؛ رواج پانا ؛ مروج ھونا ؛ چکر کرنا ؛ گھومنا ؛ دوران کرنا ۔ (۲) دست بدست گھومنا ؛ ھاتھوں ھاتھ پھرنا ؛ پڑھنے والوں کے ھاتھ تک پہنچنا ۔ (۳) رواج دینا ؛ مروج کرنا ؛ رائج کرنا ؛ عام کرنا ۔ (٤) (ریاضی) (عشاریہ کسر کے متعلق) کئی شکلوں میں بار بار دور کرنا ۔

Circulating asset : (n) (تجارت) گشتی اثاثہ ؛ دائر اثاثہ ۔

Circulating capital : (n) (تجارت) دائر اصل ؛ دائر سرمایہ ۔

Circulating capital goods : (n) (تجارت) دائر اشیائے اصل ۔

Circulating library : (n) گشتی کتب خانہ ۔

Circulating medium : (n) روپیہ ؛ زر ؛ سکہ چلنی ؛ سکہ رائج ؛ سکہ متداولہ ؛ (تجارت) دائر ذرائع ۔

Circulation : (n) [L."circulatio"] (۱) دوران خون ۔ (۲) گردش ؛ دور ؛ چکر ؛ گھماؤ ؛ گشت ۔ (۳) تقسیم ؛ ترسیل ؛ مشتہر ہونا ؛ نشر و اشاعت (خبروں، کتابوں وغیرہ کی) ۔ (٤) اشاعت (اخبار، کتابوں کے لئے) ؛ بکری ۔ (٥) زر ؛ سکہ وغیرہ کی گردش ۔ (٦) کتب خانوں کو کتابیں ، جریدے وغیرہ عاریتاً دینا ۔ (۷) (کسی عمارت کے اندر) مواصلاتی ذرائع ۔ (۸) آزاد ؛ سرگرم سماجی زندگی ۔

Circulation of blood : (حیوانیات) دوران خون ۔

Circulation of currency : (تجارت) زر گردش ۔

Circulation of elites : (سماجیات) گردش خواص ۔

Circulative : (a) گردش دینے والا ؛ مائل بہ گردش ؛ معین گردش ۔

Circulator : (n) (۱) گردش دینے والا ؛ گردش کرنےوالا ؛ مشتہر ؛ رواج دینے والا ؛ رواج دہندہ یا شائع کنندہ ؛ بدنامی پھیلانے والا ؛ بدنام کرنے والا ؛ بہتان دھرنے والا ۔ (۲) دائری عشاریہ ۔

Circulatory : (a) (۱) گردش کے متعلق ؛ دوران خون سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) عرق سے متعلق ۔

Circulatory system : (n) نظام دوران خون ۔

Circulus : (n) [L.] (۱) جراحی کے مختلف آلات کا نام ۔ (۲) شیشے کے گول حصوں کو کاٹنے کا اوزار ۔ (۳) شیشے کے ظروف کی گردنوں کو کاٹنے کا اوزار ۔ (٤) فلس ماہی کا حلقہ ۔

Circum-: (adv. & prep.) [L.] واصلہ بمعنی "دور" ، "حلقہ" ۔

Circum adjacent : (a) متصل ؛ پیوستہ ؛ بلا فاصلہ ۔

Circum-oesophageal connective : (n) (حیوانیات) گرد زیوی ربط ۔

Circumambages : (n) طول کلامی ؛ گول مول بات ۔

Circumambience : (n) گھیر ؛ احاطہ ؛ دور ؛ چکر ۔

Circumambiency : (n) دیکھو Circumambience

Circumambient : (a) گھیرے ہونے ؛ احاطہ کرنے والا ؛ محیط ؛ گردا گرد ۔

Circumambulate : (v) (۱) گرد پھرنا ؛ گرد پھرانا ؛ طواف کرنا ؛ چکر دینا ؛ چکر کھانا ۔ (۲) ادھر ادھر پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا ۔ (۳) ہیر پھیر کی باتیں کرنا ۔

Circumambulation : (n) (۱) چکر ؛ گردش ؛ طواف ۔ (۲) چکر ؛ آوارگی ؛ ہیر پھیر کی باتیں ۔

Circumambulator : (n) گردش کرنے والا ؛ چکر لگانے والا ؛ طواف کرنے والا ؛ ہیر پھیر کی باتیں کرنے والا ۔

Circumambulatory : (a) چکر کا ؛ دور کا ؛ دوری ؛ طوفی ۔

Circumambulatory path : (n) (تاریخ) طواف کا راستہ ؛ مطاف ۔

Circumbendibus : (n) ہیر پھیر کا طریقہ ؛ پیچیدہ طریقہ ؛ ہیر پھیر کی بات ؛ طول کلام ؛ اطناب کلام ۔

Circumcellion : (n) [f. L."circum+cella"] (۱) راہب در بدر ؛ کشیش آوارہ ۔ (۲) شمالی افریقہ کا ڈونا تسٹ (Donatist) فرقہ ۔

Circumcentre : (n) (ریاضی) محیطی مرکز ؛ (طبیعیات) حائطہ مرکز ۔

Circumcircle : (n) (ریاضی) محیطی دائرہ ؛ (طبیعیات) حائطی دائرہ ؛ محیطی دائرہ ۔

Circumcise : (v) [OFr."circonciser"] (۱) ختنہ کرنا ؛ سنت کرنا ؛ مسلمانی کرنا ۔ (۲) تزکیہ کرنا ؛ روحانی تزکیہ حاصل کرنا ۔

Circumcised : (a) مختون ؛ ختنہ کیا ہوا ۔

Circumciser : (n) ختنہ کرنے والا ۔

Circumcision : (n) [L."circumcisio"] (۱) ختنہ ؛ مسلمانی ؛ سنت ۔ (۲) تزکیہ روحانی ۔ (۳) یہودی ؛ بنی اسرائیل ۔ (۳) (کلیسا) عید ختنہ مسیح ؛ یکم جنوری جبکہ حضرت عیسیٰ کا ختنہ ہوا تھا ۔

Circumclude : (v) [L. "circum+cludere"] ہر طرف سے بند کر دینا ؛ مسدود کردینا ؛ حبس کر دینا ۔

Circumclusion : (n) مکمل مسدودیت ؛ حبس مکمل ۔

Circumdenundation : (n) کسی چیز کے گرد یا چاروں طرف کٹاؤ ۔

Circumduce : (v) [L."circum+ducere"] عدالتی فیصلے سے کسی چیز کی حد مقرر کرنا یا کسی چیز کو ختم کر دینا ۔

Circumduct : (v) [Pa. ppl. stem of L."circumducere"] (۱) دور کرنا ؛ چکر لگانا ۔ (۲) (قانون) ختم کرنا ؛ محدود کرنا ؛ رد کرنا ۔

Circumduction : (n) [L."circumductio"] (۱) ایک محور کے گرد مخروطی حرکت ۔ (۲) چکر ۔ (۳) رد ؛ ابطال ؛ فسخ ؛ تحدید ۔

Circumference : (n) [L."circumferentia"] (۱) دور ؛ گرد ؛ گھیر ؛ گھیرا ۔ (۲) محیط ؛ محیط دائرہ ۔ (۳) حدود ۔

Circumferential : (a) محیطی ؛ محیط سے متعلق ؛ بیرونی حد سے متعلق ۔

Circumferentially : (adv) مدورانہ ؛ محیطی طور پر ۔

Circumferentor : (n) (۱) پیمائش کا آلہ ۔ (۲) کسی پہیے کے گھیر کو ناپنے کا آلہ ؛ ٹائر کے گھیر کو ناپنے کا ایک درجہ بند آلہ ۔

Circumflect : (v) [L."circumflectere"] (۱) تلفظ کے علامتی نشانات لگانا ۔ (۲) گول موڑنا ؛ جھکانا یا خمیدہ کرنا ۔

Circumflex : (n&a) [L"circumflexus"] (۱) شوشہ ؛ حد؛ نشان ؛ اعراب ؛ یونانی زبان میں وہ علامتیں جو تلفظ میں صعود اور نزول کی نشاندھی کرتی ہیں ۔ (۲) (تشریح) خمیدہ ۔ (۳) خمیدہ ؛ جھکا ہوا ؛ دائرہ وارخمیدہ ۔

Circumflex : (n) خط منحنی : (قواعد) ایک خمیدہ علامت ۔

Circumflex : (v) (۱) تلفظ کا علامتی نشان لگانا یا اس کے مطابق تلفظ ادا کرنا ۔ (۲) جھکانا یا جھکنا ؛ گول لپیٹنا ۔

Circumflex accent : (n) (لسانیات) نشان لہجہ ۔

Circumflex artery : (n) خمیدہ شریان ؛ خمیدہ پٹھے یا عضلات ۔

Circumflexion /-flection : (n) (۱) تلفظ کا علامتی نشان لگانے یا اس کے مطابق تلفظ کرنے کا عمل ۔ (۲) جھکاؤ ؛ خم ؛ خمیدگی ؛ لپیٹ یا لپیٹنے کا عمل ۔

Circumfluence : (n) گرد بہاؤ ؛ چوطرفی روانی یا جریان ۔

Circumfluent : (a) [pres. ppl. stem of L."circumfluere] گرد بہنے والا ؛ چاروں طرف جاری ۔

Circumfluous : (a) [f. L."circumfluus"] (۱) رواں ؛ جاری ۔ (۲) پانی سے گھرا ہوا ۔

Circumforaneous : (a) [f. L."circumforaneus"] آوارہ ؛ بازار بازار گھومنے والا ؛ در بدر ۔

Circumfuse : (v) [pa. ppl. stem of L."circumfundere"] (۱) چاروں طرف ڈالنا ؛ سب طرف پھیلانا ۔ (۲) بھگونا ؛ گھیرنا؛ احاطہ کرنا ؛ غسل دینا ۔

Circumfusion : (n) (۱) چاروں طرف پھیلاؤ یا بہاؤ ۔ (۲) غسل ۔

Circumgyrate : (v) [f. CIRCUM+GYRATE] گھومنا ؛ چکر کاٹنا ؛ گرد سفر کرنا ؛ گرد پھرنا ؛ طواف کرنا ۔

Circumgyration : (n) طواف ؛ گردش ؛ گھوم ؛ دور ؛ چکر ۔

Circumgyratory : (a) گردشی ؛ طوافی ؛ گرد پھرنے سے متعلق ؛ دوری ۔

Circumincession : (n) [med. L."circumincessio"] (الٰہیات) یہ عقیدہ کہ تثلیث کا ہر ایک خدا ایک دوسرے میں موجود ہے ۔

Circuminteric : (a) (حیوانیات) گرد روندگی ۔

Circumjacence : (n) [f. CIRCUMJACENT] ہر طرف سے گھراھوا ہونے کی حالت ۔

Circumjacency : (a) ہر طرف سے احاطہ ؛ (جمع میں) ہر طرف سے احاطہ کیا ہوا حصہ ۔

Circumjacent : (a) [pres. ppl. stem of L."circumjacent"] (۱) چو طرفہ ؛ چاروں طرف کا ؛ چوطرفی ؛ نواحی ۔ (۲) احاطہ کرنے والا ۔

Circumjovial : (a) [mod. L."circumjovialis"] مشتری کے گرد چکر لگانے والا ۔

Circumlittoral : (a) [f. CIRCUM+LITTORAL] ساحل سے متصل ۔

Circumlocution : (n) [L."circumlocution"] (۱) زیادہ گوئی ؛ بسیار گوئی ؛ طول کلامی ۔(۲) ٹالنے والی بات ؛ جو بات ٹالنے کی غرض سے کی جائے ؛ اڑن گھائیاں ۔(۳) ہیر پھیر کی بات ؛ پیچیدہ گفتگو ؛ (لسانیات) گول مول بیان ۔

Circumlocution office : (n) سرکاری کام، دفتر جہاں کام بہت دیر میں ہو اور سستی سے ہو ۔

Circumlocutional /-ary / -ory : (a) زیادہ گوئی کے متعلق ؛ ہیر پھیر کی باتوں کا ؛ چکر دار ؛ پھیرکا ؛ پیچیدہ یا اطناب ؛ طولانی ۔

Circumlocutionist : (n) بسیارگو ؛ زیادہ گو ؛ ہیر پھیر کی باتیں کرنے والا ؛ بت بنا ؛ باتونی ۔

Circummeridian : (a) (فلکیات) سمت الراس کے قریب ؛ سمت الراسی ۔

Circummeter : (n) محیط کو ناپنے کا آلہ ؛ محیط پیما ؛ محیط سنج ۔

Circummure : (v) [f. CIRCUM+MURE] دیوار کھینچ کر محصور کرنا ۔

Circumnavigable : (a) [See next] دنیا کے گرد جہاز رانی کےقابل ۔

Circumnavigate : (v) [L."circumnavigare"] دنیا کےگرد جہاز میں سفر کرنا ۔

Circumnavigation : (n) دنیا کے گرد جہاز رانی ۔

Circumnavigator : (n) دنیا کے گرد جہاز رانی کرنے والا ۔

Circumnavigatory : (a) دنیا کے گرد جہاز رانی سے متعلق ۔

Circumnutate : (v) [f. CIRCUM+NUTATE] (نباتیات) یکے بعد دیگرے ہر سمت مڑ جانا ۔

Circumnutation : (n) (نباتیات) گرد نموئی ۔

Circumnutatory : (a) گرد نموئی سے متعلق ؛ گرد نمو ۔

Circumoral : (a) [f. CIRCUM+ORAL] منہ کے ارد گرد کا ؛ منہ کے قریب کا ؛ حوالی فم کا ؛ گرد فمی ؛ (حیوانیات) گرد دہنی ۔

Circumpolar : (a) [f.CIRCUM+POLAR] (۱) (فلکیات) قطب کے نزدیک ؛ قطب کے قریب یا آس پاس ؛ گرد قطب ۔(۲) (ارضیات) گرد قطبین ۔

Circumpolar motion : (n) گرد قطبی حرکت ۔

Circumpolar star : (n) گرد قطبی تارا ۔

Circumpose : (v) [repr. L."circomponere"] ارد گرد رکھنا ؛ گملے میں پودا لگانا ۔

Circumposition : (n) جاگزینی ۔

Circumquaque : (n) [L.] دیکھو Circumbendibus

Circumrotation : (n) [perh. f. L."circumrotalio"] گردش ؛ گردش محوری۔

Circumrotatory : (a) گردشی ۔

Circumsciss : (a) [L. pa. ppl. of "circumcindere"] (نباتیات) مقطوع افقی کرنے والا ؛ بطریق افقی قطع کرنے والا ۔

Circumscissile : (a) [f. as prec.] مقطوع افقی ۔

Circumscribable : (a) [See next] قابل حد بندی ؛ محدود کئے جانے کے لائق ؛ احاطہ بندی کے لائق ۔

Circumscribe : (v) [L."circumscribere"] (۱) گھیرنا ؛ حد باندھنا ؛ احاطہ بندی کرنا ؛ محدود کرنا ۔ (۲) (ہندسہ) ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانا ؛ کسی شکل کے گرد خط کھینچنا ۔(۳) منطقی اصول کے لحاظ سے تعریف کرنا ؛ تحدید کرنا ؛ حد بیان کرنا ۔ (٤) حدود مقرر کرنا ؛ محدود کرنا ؛ بند کرنا ۔

Circumscribed : (a) (طبیعیات) احاطہ شدہ ؛ (ریاضی) محیط ۔

Circumscriber : (n) گھیرنے والا ؛ خصوصاً دائرہ میں دستخط کرنے والا ؛ ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانے والا ؛ تعریف کرنے والا ۔

Circumscribing circle : (n) (ریاضی) محیطی دائرہ ۔

Circumscribing triangle : (n) (ریاضی) محیطی مثلث ۔

Circumscription : (n) [L. pa. ppl. stem of "circumscribere"] (۱) حدبندی ؛ گھیر ؛ حد ؛ احاطہ ؛ تحدید ۔ (۲) محدود رقبہ ؛ محدود احاطہ ؛ حدود ؛ محدودیت ۔ (۳) تعریف ۔ (٤) ایک شکل کے گرد دوسری شکل بنانا ۔ (٥) سکے کے ارد گرد نقش کاری ۔

Circumscriptive : (a) کسی فضا میں محدود ؛ کسی معین جگہ میں محصور ۔

Circumsolar : (a) [f. CIRCUM+SOLAR] سورج کے گرد گھومنے والا ؛ افتاب گرد ؛ سورج کے قریب کا ۔

Circumspect : (a) [L."circumspectus"] بیدار ؛ ہوشیار ؛ چوکنا ؛ محتاط ؛ چوکس ؛ مآل اندیش ؛ با تدبیر ۔

Circumspection : (n) ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ خبر داری ؛ مآل اندیشی ؛ حالات یا واقعات کا چوکس اور محتاط مشاہدہ ۔

Circumspective : (a) دیکھو Circumspect

Circumspectively / Circumspectly : (adv) ہوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ ہوشیارانہ ؛ چوکسی سے ۔

Circumspectness : (n) دیکھو Circumspection

Circumstance : (n) [L."circumstantia"] (۱) (جمع) حالت ؛ صورت حال ؛ واقعات ؛ قرائن ؛ مقتضیات ۔ (۲) کسی فعل کا ماحول ؛ حالات جن میں کوئی فعل انجام پائے ۔ (۳) حال ؛ گت ؛ حقیقت حال ؛ حالت ؛ شرائط ؛ کیفیات ۔ (٤) واقعہ ؛ وقوعہ ؛ ضمنی واقعہ یا جزوی روداد ؛ اتفاق؛ موجبات ۔ (٥) (واحد) تفصیل ؛ شرح ؛ تکلف ؛ اہتمام ۔

Aggravating circumstances : کیفیات مشددہ ۔

In bad/ reduced/ straightened circumstances : تنگ حال ؛ برے حالوں ؛ شکستہ حال ؛ تنگ دست ؛ تکلیف میں ۔

In / under the circumstances : ان حالات میں ؛ ان حالات کی بناء پر ؛ دریں صورت ؛ دریں حال ۔

Not a circumstance to : نسبتاً ؛ غیر اہم ہونا ۔

Pomp and circumstances : شان و شوکت ؛ کڑوفر ؛ سازو سامان ۔

Under no circumstances : کسی حال میں نہیں ؛ کسی صورت میں نہیں ۔

Without circumstances : بغیر کسی اہتمام کے ؛ سیدھا سادہ ؛ سادگی سے ۔

Circumstance : (v) کسی خاص حالت میں ہونا ۔

Circumstanced : (a) کسی خاص حالت یا صورت میں ۔

Circumstantial : (a) (۱) مبنی بر قرائن ؛ مبنی بر جزئیات ۔ (۲) اتفاقی ؛ ضمنی ؛ اچانک ؛ تفصیلی ؛ تفصیل وار ؛ بالشرح ؛ مشرح ؛ بالتفصیل ؛ مفصل ۔

Circumstantial evidence : (n) ثبوت قرائن ؛ براہین قرائینی ؛ قرائینی شہادت ۔

Circumstantial story : (n) مفصل قصہ ؛ طویل داستان ۔

Circumstantiality : (n) (۱) اتفاق ۔ (۲) تفصیل ؛ شرح و بسط ۔

Circumstantially : (adv) (۱) اتفاق سے ؛ اچانک طور پر ؛ اتفاقیہ طور پر ۔ (۲) تفصیلاً ؛ جزوی طور پر ؛ براہین و قرائن سے ۔

Circumstantiate : (v) [f.CIRCUMSTANCE+ATE] قرائن و براہین پیش کرنا ؛ کسی واقعہ کی جزئیات کو تفصیل سے پیش کرنا ۔

Circumstantiation : (n) ثبوت ؛ براہین ۔

Circumstantiator : (n) ثبوت پیش کرنے والا ؛ تفصیل پیش کرنے والا ۔

Circumundulate : (v) [f.CIRCUM+UNDULATE] موج وار گردش کرنا ؛ لہروں کی شکل میں چاروں طرف بہنا ۔

Circumundulation : (n) موجوار گردش ؛ لہردار مدور بہاؤ ۔

Circumvallate : (a) [L."circumvallatus"] قلعہ بند ؛ محاصرہ شدہ ؛ محصور ۔

Circumvallate : (v) قلعہ بندی کرنا ؛ محصور کرنا ؛ گردا گرد دمدمہ وغیرہ بنانا ؛ حصار بنانا ؛ گھیرنا ؛ فصیل یا خندق سے گھیرنا ۔

Circumvallation : (n) [L."circumvallatio"] مورچہ بندی : قلعہ بندی ؛ حصار ؛ احاطہ ؛ فصیل ؛ شہر پناہ ؛ چہار دیواری ؛ گھیرا ۔

Circumvene : (v) (۱) پھانسنا؛ دام میں لانا؛ پھندے میں لانا؛ فریب دینا؛ جل دینا؛ دھوکا دینا؛ جھانسا دینا؛ چھل کرنا ۔ (۲) حیلہ یا فریب سے کام نکالنا ۔ (۳) احاطہ کرنا؛ محاصرہ کرنا؛ تسخیر کرنا؛ گھیر کر فرار کی راہ بند کرنا ۔ (٤) گھوم کر جانا؛ طواف کرنا ۔

Circumvent : (v)[pa. ppl.stem of L."circumvenire"] دیکھو Circumvene

Circumvention : (n) [L."circumventio"] (۱) دام ؛ پھندا ؛ چال ۔ (۲) دھوکا ؛ فریب ؛ چھل ؛ دغا ؛ جھانسا ؛ ایچ پیچ ؛ توڑ جوڑ ؛ جل ۔ (۲) دھوکا فریب سے بچ نکلنا ۔

Circumventor /-er : (n) (۱) جھانسا دینے والا ؛ جل دینے والا ؛ دھوکا فریب سے بچ نکلنے والا ۔ (۲) دیکھو Circumferentor

Circumvolant : (a) [pres. ppl. stem of L."circumvolare"] ادھر ادھر پرواز کرنے والا ؛ اطراف میں پرواز کرنے والا ؛ دور لگانے والا ۔

Circumvolation : (n) ادھر ادھر پرواز ؛ اطرف میں پرواز ۔

Circumvolute : (v) [pa. ppl. stem of L."circumvolvere"] گول کر کے لپیٹنا ؛ مرکز یا محور کی چاروں طرف گھومنا ؛ چکر دینا ؛ لپیٹنا ؛ تہ کرنا ۔

Circumvolution : (n) (۱) چکر ؛ گھیرا ؛ دور ؛ گردش ؛ موڑ ؛ تہ ۔ (۲) کنڈلی ۔ (۳) دور ؛ زمانہ ؛ عہد ۔ (٤) سانپ کی سی چال ؛ لہریا چال ۔

Circus : (n) [L."circus"] (۱) گول یا بیضوی اکھاڑا ؛ دنگل ؛ دوڑ ؛ چوگان ؛ تماشہ گاہ ؛ جولان گاہ ؛ مقابلہ کی جگہ ؛ ورزشی نمائش ۔ (۲) چوک ؛ چوراہا ۔ (۳) سرکس ۔ (٤) مکانوں کا دائرہ نما سلسلہ ۔ (٥) ایک مدور اکھاڑا جس کی چاروں طرف نشستوں کی قطاریں ہوں اور جہاں گھوڑوں کے کرتب ، ورزش اور دوسرے کھیل تماشوں کی نمائش ہو ، کھیل تماشا کرنے والوں اور ان کے ساز و سامان کا دستہ ۔ (٦) چاروں طرف سے گھرا ہوا ایک مدور میدان یا نشیبی زمین ۔ (٧) (عامیانہ) مخصوص دلچسپ اور جالب توجہ تفریح ۔

Circus : (n) [Gr."kirkos"] باز کی ایک قسم ۔

Circusy : (a) سرکس کی طرح ، سرکس کے قابل ۔

Cire perdue : (n) [Fr.] کانسے کو ڈھالنے کا ایک طریقہ جس میں سانچے کا موم پگھل کر نکل جاتا ہے ۔

Cirl : (n) [It."cirlo"] گانے والی ایک چھوٹی چڑیا جو یورپ میں پائی جاتی ہے ۔

Cirque : (n) [Fr. f. L."circus"] (نظم میں) دنگل ؛ اکھاڑا ؛ میدان ؛ جولانگاہ ؛ تماشہ گاہ ؛ سرکس ۔

Cirque couchant : (a) گول کنڈلی لگائے ہوئے ۔

Cirrh- : [bad spelling of Cirr-, Gr."kirros"] واصلہ ۔

Cirrhopod : (n) [L."Cirrhopoda"] (حیوانیات) ایک قسم کا بحری جانور ، زلف پا ۔

Cirrhosed : (a) تشمع الکبدکامریض: تشمع جگرمیں مبتلا۔

Cirrhosis : (n) (occas. Cirrhose) [Gr. +OSIS] جگر کی ایک بیماری ؛ جگر کا مومی ساخت کا ہو جانا ؛ تشمع الکبد ؛ تشمع ۔

Cirrhotic : (a) دیکھو Cirrhosed

Cirriferous : (a) [Erron. Cirrh- [f. L."cirrus"] (۱) ریشہ دار ۔ (۲) بالوں جیسا ؛ اون جیسا ؛ پیچدار ۔

Cirriform : (a) [f. as prec . +FORM] بالوں کی شکل کا ؛ اون نما ۔

Cirrigerous : (a) [f. as prec.+GEROUS] ریشہ دار ؛ اون دار ؛ بال دار ۔

Cirrigrade : (a) [f. as prec.+ L."-gradus"] (حیوانیات) ریشہ کے ذریعہ چلنے والا ۔

Cirriped / -pede : (n) (Erron. Cirrhi -) [mod. L." cirripeda"] ایک قسم کا بحری جانور ، زلف پا ۔

Cirro- , (comb.) [f. CIRRUS] واصلہ بمعنی "ریشہ" : "اون"

Cirrocumular / Cirrocumulated / Cirrocumulative / Cirrocumulous : (a) مرغولے دار اون نما بادلوں کا یا اس سے متعلق ۔

Cirrocumulus : (n) اون جیسے بادلوں کا مرغولہ نما سلسلہ ؛ گھونگریالے اور اون نما بادلوں کا سلسلہ ۔

Cirrose : (a) (Erron. Cirrh-) [f. L. "cirrus"] (۱) (حیوانیات و نباتیات) گھونگر دار ؛ پیچدار ؛ بالوں جیسا ؛ گھونگر والا ۔ (۲) (موسمیات) گھونگر دار بالوں کی طرح ۔

Cirrostome : (a) ریش دار دہانے والا ۔

Cirrostrative / Cirrostratous : (a) گھونگرالے تہ دار بالوں جیسا ۔

Cirrostratus : (n) بادل کی وہ شکل جس میں گھونگر دار اور تہ دار بادل ملے ہوئے ہوں ۔

Cirrous : (a) (Erron. Cirrh-) [f. as prec.+ OUS] : (۱) پیچدار ؛ پیچوان ؛ گھونگر والا ۔ (۲) گھونگرالے بادلوں کا یا ان سے متعلق ۔

Cirrus : (n) [L.] (۱) (نباتیات) ریشہ ؛ سوت ' بیل ۔ (۲) (حیوانیات) پنچھیا ؛ دم ؛ قضب ۔ (۳) (موسمیات) اون جیسے بادل ' سنبل نما بادل ؛ طرح دار بادل ۔ (٤) گھونگردار گچھا ؛ حاشیہ ؛ ریشہ ۔

Cirrus-bag : بعض ریشہ دار کیڑوں کا خول ۔

Cirsocele : (n) [Gr. "kirgos+ kele"] دیکھو Circocele

Cirsoid : (a) [Gr. "kirsides"] : پیچدار سیاہ رگ کی مانند ؛ پیچدار سیاہ رگ والا ۔

Cirsotome : (n) پیچدار سیاہ رگ کو نکالنے کا آلہ ۔

Cirsotomy : (n) متورم ورید کا کاٹنا ۔

Cis - : (pref.) [L. "cis"] سابقہ بمعنی " اس طرف " " اس پار " " اس رخ " : Ultra یا Trans کی ضد ، بطور واصلہ بھی ان ہی معنوں میں مستعمل ہے ۔

Cis - alpine : (n) کوہ آلپس کے اس پار ۔

Cis - Alpine Republic : (n) (تاریخ و سیاسیات) سس الپائن جمہوریہ ۔

Cis-atlantic : (a) اوقیانوس کے اس پار ۔

Cis-Elizabethan : (a) ایلزبیتھ کے زمانے کے اس طرف ؛ مابعد زمانہ ایلزبیتھ ۔

Cloud-compeller : (n) (۱) بادلوں کا دیوتا ؛ اندر دیوتا ۔ (۲) بادلوں کو جمع کرنے والا ؛ سگریٹ پینے والا ۔

Cloud-cuckoo-land : (n) اقلیم خواب و خیال ؛ ایتوپیائی تخیل کی ایک غیر حقیقی دنیا ؛ خیالی جنت ۔

Cloud-drift : (n) اڑتے ہوئے بادل ؛ ابر رواں ۔

Cloud-kissing : (a) آسمان سے باتیں کرنے والی ؛ بلند ؛ اونچی ؛ فلک بوس ؛ ابر بوس ۔

Cloud-on-brow : ابرو پر بل ؛ مکدر چہرہ ۔

Cloud-rack : (n) پھٹے پھٹے بادل ۔

Cloud-ring : (n) خط استوا کے دونوں جانب کچھ فاصلہ پر وہ ابر دار علاقہ جہاں سناٹا اور بدلتی ہوئی ہوائیں ہوتی ہیں ۔

Clouded : (a) رنگ برنگ کا ؛ گونا گوں ؛ دھندلا ؛ پراگندہ ذہن ؛ قابل اعتراض ۔

Cloudly : (adv) تکدر سے ؛ دھندلے پن سے ؛ اداسی سے ۔

Cloudiness : (n) (۱) ابر آلودگی ؛ گھنا ۔ (۲) دھندلا پن ؛ تکدر ۔

Cloudland / -world : (n) (۱) وہ بالائی فضا جہاں بادلوں کا جمگھٹ ہوتا ہے ۔ (۲) خیالی عالم ؛ عالم خیال ؛ شاعرانہ تخیل کی دنیا ۔

Cloudless : (a) بے ابر ؛ صاف ؛ کھلا ؛ نکھرا ۔

Cloudlessly : (adv) صاف طور سے ؛ کھلے طور پر ؛ واضح اور روشن طور پر ۔

Cloudlessness : (n) مطلع صاف ہونا ۔

Cloudlet : (n) بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا ؛ لکہ ٔ ابر ۔

Cloudscape : (n) بادلوں کا خوشنما منظر ؛ بادلوں کی تصویر ۔

Cloudwards : (adv) (۱) بادل کی سمت ؛ گھٹا کے رخ ۔ (۲) آرزوؤں اور ان کے حصول میں بلند ۔

Cloudy : (a) (۱) دھندلا ؛ غبار آلود ؛ ابر آلود ؛ بادل چھایا ہوا ؛ بادل گھرا ہوا ۔ (۲) مکدر ؛ ملول ؛ افسردہ ؛ اداس ؛ محزوں ۔ (۳) بادلوں کا یا بادلوں سے متعلق ؛ بادلوں سے بنا ہوا ۔ (٤) غیر واضح ؛ مدھم ؛ مبہم ۔ (٥) بادلوں کی طرح ہلکا ؛ سبک ۔ (٦) رنگ اور ساخت میں ناہموار ۔

Clough : (n) [OE."cloh"] گھاٹی ؛ پہاڑوں میں چشمے کا راستہ ؛ کھالا ۔

Clour : (n) [Origin unknown] دھپ ؛ دھول ؛ وہ ضرب جس سے سر میں تیز اٹھ جائے ؛ وار ۔

Clour : (v) تیز اٹھانا ۔

Clout : (n) [OE."clut"] (۱) چیتھڑا ؛ پیوند ؛ تھگلی ۔ (۲) صافی ؛ پوچھن ؛ دست مال ۔ (۳) گھونسہ ؛ مُکّا ۔ (٤) کرمچ کا ہدف یا نشانہ ۔ (٥) لوہے کا پتر جو خصوصاً گھسنے سے روکنے کے دُھرے پر لگا رہتا ہے ۔

A dish clout : صافی ۔

In the clout : زد میں ۔

Clout : (n) [f. as prec.] مٹی کا ڈھیلا ؛ کلوخ ۔

Clout : (v) (۱) پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ تھگلی لگانا ؛ گانٹھنا ۔ (۲) گھونسا مارنا ؛ چپتیانا ؛ ڈگیانا ۔ (۳) آہنی نعل لگانا ؛ دھرے میں لوہے کا پتر لگانا ؛ جوتے میں چوڑے سر والی کانٹی لگانا ۔ (٤) کپڑے سے ڈھانکنا یا ڈھک دینا ۔ (٥) (عامیانہ) چوری کرنا ۔

Clout-nail : (n) بڑے چپٹے سر والی کانٹی ۔

Clouted : (a) پیوند لگا ہوا ؛ پیوند دار ۔

Clouted : (a) موٹی (بالائی یا ملائی) ۔

Clouted shoe : (n) وہ جوتا جس میں چوڑے سر والی کانٹی لگی ہو ؛ دیہاتی جوتا ۔

Clouter : (n) موچی ۔

Clove : (n) [OE."clufu"] لہسن وغیرہ کی پوتھی یا گنٹھی ۔

Clove : (n) [F."clou"] (۱) لونگ قرنفل ۔ (۲) لونگ کا درخت ۔ (۳) Clove gilly flower کا مخفف ۔ (٤) (جمع) لونگ سے خوشبو دار بنایا ہوا مشروب یا شربت ۔

Clove : (n) [Anglo- L."clavus"] پنیر اور اون ناپنے کا ایک قدیم پیمانہ جو تقریباً ۷ یا ۸ پونڈ کے برابر ہوتا تھا ۔

Clove : (n) [DU."klove"] گھاٹی ؛ درہ ؛ ندی کا راستہ ۔

Clove : (v) لونگ کا مسالا ڈالنا ؛ پیاز وغیرہ میں لونگ لگانا ۔

Clove : (n) Cloven کا مخفف ۔

Clove : Past tense کا Cleave

Clove-bark : (n) دار چینی کے درخت کی چھال ۔

Clove-bitch : (n) ایک طرح کی گرہ ؛ بلی کے چاروں طرف کی گرہ ۔

Clove-gilly flower : (n) ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو آتی ہے ۔

Clove-hook : (n) لوہے کا قبضہ ۔

Clove-pink : (n) گل میخک ؛ گلابی رنگ کا پھول ۔

Cloven : (a) شگاف دار ۔

Cloven hoof / foot : (n) (۱) شگاف دار کُھر ۔ (۲) شیطنت کی نشانی ۔

Cloven-hoofed / footed : (a) شگاف دار کُھر والا ۔

Clover : (n) [OE."clabre","clafre"] تین پتیا گھاس ۔

To like / be in / clover : آرام و آسائش سے زندگی بسر کرنا ؛ فراغ بالی سے بسر کرنا ۔

Clover : (v) تین پتیا گھاس بونا ۔

Clover-hayworm : (n) ایک قسم کے کیڑے کا پہلا روپ ۔

Clover-weevil : (n) کرم دانہ جو غلے میں رہتا ہے ؛ سونڈ والا کیڑا ۔

Clovered : (a) تین پتیا گھاس اُگی ہوئی یا چھائی ہوئی ۔

Clow : (n) [late L."clusa"] (۱) بند ؛ باندھ ؛ آب بند ۔ (۲) دریچہ ؛ باندھ کا دروازہ ؛ پانی نکالنے یا روکنے کا پھاٹک ۔

Clow (e) gilofri : (n) Clove-gillyflower دیکھو

Clown : (n) [Of Low German origin] (۱) گنوار ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ کسان ۔ (۲) جاهل ؛ اکھڑ ؛ اجڈ ؛ گاؤدی ؛ انگھڑ ؛ کندۂ نا تراش ؛ نا تراشیدہ ؛ بے تمیز ؛ غیر مہذب ۔ (۳) مسخرا ؛ بھانڈ ؛ نقال ؛ بھاٹ (خصوصاً سرکس وغیرہ میں) ۔ (٤) ایک رقاص جو مضحك اور طنز آمیز رقص کیا کرتا ہے خصوصاً بھیس بدل کر ۔

Clownery : (n) مسخراپن ؛ بھانڈ پن ؛ نقالی ۔

Clownish : (a) گنوارو ؛ بد خلق ؛ بد تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بے تمیز ؛ انگھڑ ۔

Clownishly : (adv) گنوار پن سے ؛ بد خلقی سے ؛ بد تمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے ؛ نقالی سے ؛ بد تہذیبی سے ۔

Clownishness : (n) گنوار پن ؛ بد تمیزی ؛ بد خلقی ؛ بد تہذیبی ۔

Clownship : (n) (۱) نقالی ؛ مسخرگی ؛ بھانڈ پن ۔ (۲) مضحکہ کا لقب ۔

Cloy : (v) سیر کر دینا ؛ منہ پھیر دینا ؛ جی بھر دینا ؛ چھکانا ؛ اکتا دینا ؛ بے رغبت کر دینا ؛ اگھا دینا ۔

Cloyedness : (n) سیری ؛ بے رغبتی ؛ بیزاری ۔

Cloying : (a) کسی خوبی کی اس قدر زیادتی کہ بیزاری پیدا ہو جائے ۔

Cloyless : (a) جس سے جی نہ بھرے ؛ جو سیر نہ کرے ؛ جس کا جی نہ بھرے ۔

Club : (n) [ON."clubba"] (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ لٹھ ؛ گرز ؛ گتکا ؛ مگدر ۔ (۲) گولف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا ، تھاپی ۔ (۳) (نباتیات) فراخ سر ۔ (٤) تاش کے کھیل میں پھول یا چڑیا کا رنگ ؛ پھول ؛ چڑیتا ۔ (٥) انجمن ؛ مجلس ؛ سبھا ؛ کلب ؛ بزم ۔ (٦) بندوق کا کندہ ۔ (۷) تھاپی یا ڈنڈے کی ساخت کی کوئی چیز ۔

Benefit club : بیمه باهمی ۔

Indian clubs : مگدر ؛ جوڑی ۔

Club : (v) (۱) ڈنڈے لگانا ؛ ڈنڈے سے پیٹنا ۔ (۲) بندوق کے کندے سے مارنا ۔ (۳) ملنا ؛ ملانا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ مجتمع ہونا ' مل جانا ۔ (٤) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ۔ (٥) اپنی فوج کو گڈ مڈ کرنا ۔ (٦) متحد ہونا ؛ متفق ہونا ؛ شرکت کرنا ۔ (٧) (جہاز رانی) لنگر ڈال کر پانی کے بہاؤ پر چلنا ۔

To club a musket : نال کو ڈنڈے کی طرح استعمال کرنا ۔

Club-foot : (n) پاؤں پھرا ۔

Club footed : (a) پاؤں پھرا ۔

Club-haul : (v) (بحری) رسّے کاٹ کر جہاز کو موڑنا ۔

Club-house : (n) کلب گھر ؛ انجمن کا مکان ۔

Club-land : (n) انجمن زار ؛ لندن میں سینٹ جیمس کا محلہ جہاں انجمنوں کی کثرت ہے ۔

Club-law : (n) جس کی لاٹھی اس کی بھینس ؛ ڈنڈے کی حکومت ؛ زبردستی ؛ جس کی تیغ اس کی دیگ ۔

Club-man : (n) (۱) ڈنڈے سے مسلح ۔ (۲) انجمن کا رکن ۔

Club-money : (n) انجمن بیمہ باہمی کا چندہ ۔

Club-moss : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Club-riser : (n) (۱) دیکھو Club-man (۲) سمور ۔

Club-root : (n) شلغموں میں ایک قسم کی بیماری ؛ شلغم کا کیڑا ۔

Club-rush : (n) ایک پودا ۔

Club-shaped : (a) مگدر کی شکل کا گرز نما ؛ فراخ سر ۔

Clubable / Clubbable : (a) کلب یا انجمن کی رکنیت کے لائق ؛ کلب کے قابل ؛ مردم آمیز ۔

Clubbed : (a) (۱) ڈنڈے کی شکل کا ؛ مگدر کی شکل کا ۔ (۲) مگدر کی طرح مستعمل ۔ (۳) (فوج) درہم برہم ؛ گڈ مڈ کی ہوئی فوج ۔

Clubbed rim : (تاریخ) موٹھ دار کنارا ۔

Clubber : (n) (۱) کسی انجمن کا رکن ۔ (۲) مگدر بھانجنے والا ؛ مگدر باز ۔

Clubing offer : (n) (تجارت) اجتماعی رعایتی چندہ یا پیش کش ۔

Clubbish : (a) (۱) مسخرا ۔ (۲) انجمن باز ۔

Clubbism : (n) نظام انجمن ؛ کلب کا نظام ۔

Clubbist : (n) فرانسیسی انقلاب کی سیاسی انجمنوں کا رکن یا حامی ؛ کسی انجمن کا رکن ۔

Clubless : (a) بے انجمن والا ؛ بے ڈنڈے والا ۔

Clubster : (n) (۱) دیکھو Club-man (۲) سمور ۔

Cluck : (n) [Echoic] (۱) کٹ کٹ ؛ کڑ کڑ (مرغیوں کی بولی) ۔ (۲) (عامیانہ) احمق آدمی ۔

Cluck : (v) کٹ کٹ کرنا ؛ کڑ کڑ کرنا ؛ کٹکٹانا یا اس طرح کی کوئی آواز نکالنا ۔

Cludder : (v) Clodder کی متبادل شکل ۔

Clue : (n) [Var.of CLEW] (۱) کھوج ؛ نشان ؛ پتا ؛ اشارہ ؛ اتاپتا ؛ سراغ ؛ سر رشتہ ۔ (۲) سلسلہ خیالات ؛ قصہ کا سلسلہ ۔ (۳) کبھی کبھی Clew کے معنی میں ۔

Clue-line : (n) دیکھو Clew-line

Clueless : (a) بے نشان ؛ بے کھوج ؛ بے سراغ ؛ بے پتا ۔

Clumber : (n) [f. Clumber,a seat of the Duke of Newcastle] ایک قسم کا چھوٹا کتا ؛ اسپینیل کی ایک قسم ؛ کلمبر ۔

Clump : (n) [LG. klump"] (۱) جھنڈ ؛ کنج ؛ تودہ ؛ ڈھیر ؛ انبار ؛ گچھا ۔ (۲) جوتے کا موٹا زائد تلا ۔ (۳) سفید چونے کا پتھر ۔ (٤) (جمع میں) ایک قسم کا کھیل ۔

Clump : (v) (۱) گنوار پن سے چلنا ؛ بے ڈھنگے پن سے چلنا ؛ بھد بھد چلنا ۔ (۲) درختوں کو گنجان طریقہ سے لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا ۔ (۳) جوتے میں دہرا تلا لگانا ۔

Clump-sole : (n) دہرا تلا ۔

Clumpboot / shoe : (n) دہرے موٹے تلے والا جوتا ۔

Clumped : (a) (۱) دہرا تلا لگا ہوا ۔ (۲) (درخت) گنجان طریقے سے لگا ہوا ۔

Clumper : (n) دیکھو Clump

Clumpish : (a) بھاری اور بے ڈھنگا ۔

Clumps : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Clumpy : (a) ھدا ؛ بے ڈھنگا ۔

Clumse : (a) [Of Norse origin] (۱) ٹھٹھرا ہوا ۔ (۲) بے وقوف ؛ نادان ؛ بد خلق ؛ بد مزاج ۔

Clumsily : (adv) اناڑی پن سے ؛ بری طرح سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Clumsiness : (n) اناڑی پن ؛ بے ڈھنگاپن ؛ بھونڈا پن ۔

Clumsy : (a) (۱) بے ڈھنگا ؛ انگھڑ ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول ۔ (۲) بھدا ؛ بھدیسل ؛ کڈھب ؛ بد ترکیب ؛ نا ھنجار ۔ (۳) اناڑی ؛ پھوھڑ ؛ بے سلیقہ ؛ خام دست ؛ نا آزمودہ ؛ بے مہارت ۔

Clunch : (a) [f. LG."klunt",Du."klont"] گٹھیلا ؛ گٹھا ہوا ؛ ڈلے دار ؛ سخت ۔

Clunch : (n) (۱) بھدا بے ڈھنگا ؛ انگھڑ ۔ (۲) سخت مٹی ۔ (۳) سفید چونے کا نرم پتھر ۔

Cluniac : (a & n) [mod.L."cluniacus"] (۱) فرانسیسی خانقاہ کلونی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) فرانسیسی خانقاہ کلونی کا راھب ۔

Cluniacensian : (n) کلونی خانقاہ کا راھب ۔

Clunist : (n) کلونی خانقاہ کا راھب ۔

Clupeoid : (n) [L."clupea"] ھیرنگ کے خاندان کی ایک مچھلی ۔

Cluster / Gluster : (n) [OE."clyster"] (۱) گھچھا ؛ گپھا ؛ جھنڈ ؛ خوشہ ؛ جھرمٹ ؛ جھومر ؛ جھمکا ۔ (۲) ٹڈی دل ؛ ھجوم ؛ مجمع ؛ گروہ ؛ جم غفیر ؛ جمگھٹ ۔

Cluster : (v) جھنڈ ھونا یا بنانا ؛ گچھا ھونا یا بنانا ؛ اکٹھا ھونا یا کرنا ؛ جمع ھونا یا کرنا ۔

Cluster analysis : (n) (سماجیات) جھرمٹ تجزیہ ؛ جمعی تجزیہ ۔

Cluster-candlestick : (n) جھاڑ ۔

Cluster of star : (n) (ریاضی) ستاروں کا جھرمٹ ۔

Cluster point : (n) (ریاضی) ازدحام نقطہ ۔

Cluster sampling : (n) (ریاضی) انبوھی نمونہ سازی ۔

Clustered : (a) مجتمع ؛ جھنڈ بنا ہوا ؛ ایک جگہ اکٹھا ۔

Clustered-pillar : (n) ستونوں کا جھرمٹ یا جھنڈ ۔

Clusteringly : (adv) مجمع بناکر ؛ اکٹھا ھوکر ؛ غول بناکر ؛ جمگھٹ میں ۔

Clustery : (a) اجتماعی ؛ جھنڈ دار ۔

Clutch : (n) [ME."cloke" Sc."cluke"] (۱) مضبوط پکڑ ؛ گرفت ۔ (۲) (جمع میں) پنجے ؛ چنگل ؛ پنجہ ستم ؛ پنجۂ ظلم ۔ (۳) وہ آلات جن سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ھے ۔ (٤) شکنجہ ؛ جر ثقیل کا وہ حصہ جو وزن کو پکڑتا ھے ؛ گیرندہ ۔ (٥) دشوار حالت ؛ نازک وقت ۔

Clutch : (n) (۱) انڈوں کی جھولی ۔ (۲) ایک ساتھ نکلے ھوئے بچے ؛ جھول ۔ (۳) جھنڈ ؛ گروہ ؛ جماعت ۔

Clutch : (v) (۱) مضبوطی سے پکڑنا ؛ چنگل میں لے لینا ۔ (۲) جھپٹنا ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ اچک لینا ۔

Clutch : (v) انڈے سینا ۔

Clutch : (a) (عورتوں کے تھیلی یا بیگ کے متعلق) بے دستے والا ؛ بے بند والا (لیڈی کوٹ وغیرہ) ۔

Clutch-fist : (n) بخیل ؛ کنجوس ۔

Clutter : (n) (۱) پریشان حرکات ؛ شور و غل ؛ بوکھلاھٹ ؛ پریشانی ؛ گھبراھٹ ۔ (۲) درھم برھم ۔

Clutter : (v) (۱) بوکھلا جانا ؛ گھبرا جانا ؛ سراسیمہ ھونا ؛ ھاتھوں کے طوطے اڑ جانا ۔ (۲) الل بلل بولنا ۔ (۳) ڈھیر لگ جانا ۔ (٤) شورو غل کرنا ۔

Clutterment : (n) بھیڑ بھڑکّا ۔

Cly : (n) [See CLAN] (چوروں کا عامیانہ) جیب ؛ روپیہ پیسہ ؛ رقم ۔

Cly : (v) چرانا ؛ چرالینا ۔

Clydesdale : (n) اسکاٹستان کے گھوڑوں کی ایک نسل ۔

Clypeal : (a) حشرات کے سر کے ڈھال نما حصہ سے متعلق ؛ سپری ؛ سپر نما ۔

Clypeaster : (n) [L."clypeus"+Gr."aster"] خار پشت ؛ جانوروں کی ایک نوع ۔

Clypeastroid : (a & n) خارپشتی ۔

Clypeate : (a) (۱) سپر نما ؛ گول سپر کی طرح یا شکل کا ۔ (۲) سپر دار ۔

Clypeiform : (a) سپر کی شکل کا ۔

Clypeo : جزء ترکیبی بمعنی " سپر " ۔

Clypeolar : (a) چھوٹی سپر کی شکل کا ۔

Clypeolate : (a) وہ جس میں چھوٹی سپریں ھوں ۔

Clypeole : (n) [L."clypeolum"] چھوٹی سپر ۔

Clypeus : (n) [L."clipeus"] حشرات کے سرکا ڈھال نما حصہ ؛ سپر ۔

Clysmic : (a) [Gr."klyemos"+-IC] دھونے والا ؛ صاف کرنے والا ۔

Clyssus : (n) [L.] جوھر ؛ مادہ ؛ اصل ۔

Clyster : (n) [Gr."klyster"] تنقیہ ؛ امالہ ؛ حقنہ ؛ شیافہ ۔

Clyster : (v) تنقیہ کرنا ؛ امالہ دینا ؛ حقنہ دینا ۔

Clyster-pipe : (n) امالے کی نلی ؛ حقنے کی نلی ۔

Cnemial : (a) [Gr."knyme"+-(I) AL] پنڈلی کی ھڈی سے متعلق ؛ ٹانگ کی ھڈی سے متعلق ۔

Cnida : (n) (Cnidas-P) [Gr."kunide"] وہ عقربی خلیہ جس میں نیش رھتا ھے اور جسکو matocyst کہتے ھیں ؛ رستہ کیسہ ؛ جیلی فش (Jelly-fish) وغیرہ کے بدن کا وہ حصہ جس میں اس کا نیش رھتا ھے ۔

Cnidoblast : (n) وہ خلیہ جس میں جیلی فش وغیرہ کا نیش پرورش پاتا ھے ۔

Cnidocil : (n) رشتہ کیسہ کا خارجی حساس مژگانی عمل ۔

Cnidophore : (n) رشتہ کیسہ کے ایک سلسلہ کے پیدا ھونے کا عمل ۔

Co : Company (کمپنی) کا مخفف ۔

Co-(prefix) : سابقہ جو " مع، ساتھ، سنگ " ریاضی کے الفاظ کے پہلے آتا ھے ۔ (۲) ھم درجہ ؛ ھم پلہ ۔ (۳) شریک ؛ ساتھی ۔ (٤) نائب ؛ معاون ؛ ھم کار ۔

Co adjacent : (n) باھمی متصل خیالات یا افکار ۔

Co-adunation : (n) [L "coadunationem"] پیوستگی ؛ جڑواں ھوا ؛ پیہم پیوستگی ؛ ھم زادگی ۔

Co-agency : (n) مشترک ایجنسی ؛ مشترک عمل ۔

Co-agent : (n) شریک عمل ۔

Co-alley : متصل گلی ۔

Co-aration : (n) کاشت بہ اصول امداد باھمی ۔

Co-assessor : (n) پنچ ؛ ثالث ؛ شریک ثالث ۔

Co-assist : (v) باھم مدد کرنا ۔

Co-assume : (v) ایک ساتھ قبول کرنا ۔

Co-attest : (v) باھم تصدیق کرنا ۔

Co-attestation : (n) باھم تصدیق ۔

Co-attestator : (n) باھم تصدیق کرنے والا ۔

Co-author : (n) شریک مصنف ۔

Co-brother : (n) ہم کار ؛ رفیق کار ؛ ہم پیشہ ۔

Co-carde : (n) ربن یا ربن کی گرہ جو ھیٹ پر کسی عہدہ یا پارٹی کی علامت کے طور پر لگاتے ھیں ؛ دیکھو Cockade

Co-curricular: (n) وہ نصاب جو اصلی نصاب تعلیم سے الگ ہو مگر متمم ہو ۔

Co-defendent : (n) مدعا علیہ مشترک ۔

Co-determination : (n) (تجارت) ہم تعین ۔

Co-ed : (n) ایک مخلوط تعلیم گاہ کی طالبہ ۔

Co-ed : (a) مخلوط تعلیم کے متعلق ۔

Co-educate : (v) مخلوط تعلیم دلانا ۔

Co-education : (n) لڑکے اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم ۔

Co-educational : (a) مخلوط تعلیم سے متعلق ؛ مخلوط تعلیم ۔

Co-effect : (n) (۱) اثر مشترک ؛ ہم اثر ۔ (۲) (تعلیمات) متوازی اثر ۔

Co-establishment : (n) مشترک ادارہ ؛ مشترک نظام ۔

Co-estate : (n) سیاسی مقام کی حیثیت سے برابر یا جائدادی حیثیت سے برابر ۔

Co-executor / Co-executrix : (n) (۱) ہم وصی ؛ مشترک اجرا کنندہ ۔(۲) (تجارت) ہم تعمیل کنندہ ۔

Co-exist : (v) کسی دوسری چیز کے ساتھ موجود ہونا یا وجود رکھنا ؛ ہم وجود ہونا ؛ ہم بود ہونا ؛ ہم زیست ہونا ۔

Co- existing : (a) ہم زیست ؛ ہم وجود ؛ ہم بود ۔

Co-feoffe : (n) ہم تیول ؛ ہم جاگیر ۔

Co-insurance : (n) (تجارت) ہم بیمہ ۔

Co insurer : (n) (تجارت) ہم بیمہ کنندہ ۔

Co-labourer : (n) [Co+LABOURER] ہم کار؛ رفیق کاریگر ؛ شریک مزدور ۔

Co-latitude : (n) [Co+LATITUDE] (فلکیات) عرض البلاد کا خاتمہ ؛ عرض اتمام ۔

Co-lessee : (n) شریک ٹھیکہ دار ؛ شریک پٹہ دار ؛ شریک اجارہ دار ۔

Co-lessor : (n) شریک اجارہ دھندہ ؛ شریک پٹہ دینے والا ۔

Co-mart : (n) عہد و پیمان ؛ معاھدہ ؛ اقرار نامہ ۔ میثاق ؛ قانون اقرار نامہ ۔

Co-martyr / Commartyr : (n) شریک شہادت ۔

Co-mate : (n) رفیق ؛ ساتھی ؛ ھمدم ۔

Co-obligant : (n) مشترک طور پر متعھد ؛ تعھد مشترک رکھنے والا ۔

Co-obligor : (n) تعھد مشترک ۔

Co-occupant : (n) متفرق ؛ مشترک ۔

Co-occurence . (n) (لسانیات) ہم وقوعیت ؛ (تاریخ) ہم وقوع (دو کلچروں کا) ۔

Co - op : Co - operative کا مخفف ۔

Co-operancy : (n) ہم کاری ؛ ہم مقصدی ۔

Co-operant : (n) [L. "Cooperai"] ہم کار ؛ بہم مقصد ؛ ہم غایت ۔

Co-operate : (v) [L. "cooperat"] (۱) مل کر یا بالاشتراک کام کرنا ؛ ساتھ دینا یا مدد دینا ؛ (کام میں) ہم کار ہونا ؛ ہم دست ہونا ۔ (۲) مل جانا ؛ مدد ؛ سازگار ؛ مساعد ؛ موید ہو جانا (مختلف چیزوں کا کسی ایک نتیجہ پیدا کرنے میں) ۔ (۳) معاشیاتی تعاون کرنا ۔

Co-operation : (n) (۱) اتحاد عمل ؛ ہم دستی ؛ ہم کاری ؛ اشتراک ؛ تعاون ؛ موالات ۔ (۲) (معاشیات) امداد باھمی ؛ انجمن ھائے قرضہ باھمی ؛ معاشی پیدا وار اور اس کی تقسیم ۔

Co-operative : (a) اشتراک کا ؛ مساعد ؛ موید ؛ معاونت کرنے والا ؛ مائل بہ تعاون ؛ انجمن باھمی کا رکن ؛ صنعت و حرفت کی امدادی انجمن سے متعلق ۔

Co-operative society : (n) (تجارت) انجمن امداد باھمی ؛ کوآپریٹو سوسائٹی ۔

Co-operative store : (n) (تجارت) امداد باھمی اسٹور ؛ انجمن امداد باھمی کا مال خانہ یا گودام جہاں سے اجناس مناسب قیمت پر انجمن کے اراکین کے ھاتھوں فروخت ھوں ۔

Co-operative union : (n) (تجارت) کوآپریٹو یونین ۔

Co-operativity : (n) معاونت کر کے ؛ تعاون کے ساتھ ۔

Co-operator : (n) مددگار ؛ مساعد ؛ معاون ؛ موید ؛ شریک کار ؛ ھم کار ؛ ساتھی ؛ انجمن ؛ امداد باھمی کا رکن ۔

Co-opt : (v) (ساتھی یا شریک کار) چن لینا ؛ منتخب یا نامزد کرلینا ؛ ساتھ لینا ؛ شریک کرنا ۔

Co-optate : (v) [L. "Cooptat-"] co-opt کا مخفف ۔

Co-optation : (n) انتخاب شریک ؛ انتخاب جوئی ۔

Co-option : (n) Co-optation کا مخفف ۔

Co-ordinal : (n) کئی خطوط منظم رکھنے والا ؛ کثیر الحدد ۔

Co-ordinate : (a) [L. "co-ordinatus"] (۱) ھم وزن ؛ ھم پلہ ؛ ھم رتبہ ؛ ھم درجہ ؛ ھم قسم ۔ (۲) (نحو) ھم رتبہ جملہ ؛ ذی اماثل ؛ مشتمل بر اشیائے ھم درجہ ۔ (۳) (ریاضی) منظم ؛ محدد (خطوط وغیرہ) ۔ (٤) لڑکے لڑکیوں کو علاحدہ علاحدہ پڑھا کر ایک ھی سند دینےوالی (جامعہ) ۔

Co-ordinate : (n) (۱) ھم پلہ ؛ مساوی ؛ جزو ھم پلہ ۔ (۲) مختصات (ریاضی) ۔

Cartesian co-ordinate : (طبیعیات) کارٹیزن مختصات ؛ کارتیس قدریں ؛ دیکارتی مختصات ۔

Polar co-ordinate (طبیعیات) قطبی قدریں ؛ قطبی مختصات ۔

Co-ordinate : (v) (۱) ھم پلہ یا ھم وزن بنانا یا ھو جانا ۔ (۲) (اجزاء کو) مربوط کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تنظیم دینا یا کرنا ۔ (۳) کسی خاص نتیجے کو حاصل کرنے کےلئے منظم ھو کر عمل کرنا ؛ (طبیعیات) سمتی قدریں ۔

Construction cooperative : (تجارت) تعمیری کوآپریٹو ۔

Consumer's co-operative : (تجارت) صارف کوآپریٹو ۔

Farm co-operative : (تجارت) زرعی کوآپریٹو ۔

Health co-operative : (تجارت) صحت عامہ کوآپریٹو ۔

Labour co-operative : (تجارت) مزدور کوآپریٹو ۔

Marketing co-operative : (تجارت) بیوپار کوآپریٹو ۔

Producer's co-operative : (تجارت) پیدا کار کوآپریٹو ۔

Co-operative action : (n) (سماجیات) تعاونی کام ۔

Co-operative bank : (n) (تجارت) کوآپریٹو بینک ۔

Co-operative commonwealth : (n) (تاریخ) ھم کار دولت مشترکہ ؛ (تجارت) کوآپریٹو دولت مشترکہ ۔

Co-operative council : (n) (تجارت) کوآپریٹو کاؤنسل ۔

Co-operative distributive society : (تجارت) کوآپریٹو تقسیم انجمن ۔

Co-operative enterprise : (n) (تجارت) کوآپریٹو کاروبار ۔

Co-operative farming : (n) (تجارت) کوآپریٹو کھیتی ۔

Co-operative insurance : (n) (تجارت) امداد باھمی بیمہ ۔

Co-operative marketing : (n) (تجارت) کوآپریٹو بیوپار ۔

Co-operative movement : (n) (تجارت) کوآپریٹو تحریک ۔

Co-operative pension plan : (تجارت) کوآپریٹو پنشن پلان ۔

Co-operative planning : (n) (تجارت) کوآپریٹو منصوبہ بندی ۔

Co-operative principle : (n) (تجارت) کوآپریٹو اصول ۔

Co-operative production : (n) (تجارت) کوآپریٹو پیداوار ۔

Co-operative retail buying groups : (تجارت) پھٹکر خریداروں کے کوآپریٹو گروہ ۔

Co-operative socialism : (n) (تاریخ) کوآپرٹیو سوشلزم ۔

Co-ordinate complex : (n) (طبیعیات) مخلص قدریں ۔

Co-ordinate compound : (n) (طبیعیات) مرکب قدریں ۔

Co-ordinately : (adv) منظم ہو کر ؛ ہم وزن ہو کر ؛ معطوف ۔

Co-ordinating : (n) عطفی ۔

Co-ordinating centre : (n) (نفسیات و تعلیمات) مرکز تنسیق ۔

Co-ordination : (n) (۱) ہم وزن سازی ؛ ربط دہی ؛ ترتیب ؛ ترکیب ۔ (۲) ([illegible]) کسی پیچیدہ حرکت کے لئے متعدد عضلات کا مل کر عمل کرنا ؛ (حیوانیات) مربوطیت ۔

Co-ordinative : (a) معطوف ؛ مربوط کن ؛ (لسانیات) عطفی ۔

Co-ordinatograph : (n) (شماریات) محددی ترسیم ۔

Co-ordinator : (n) منظم کرنے والا ؛ مربوط کرنے والا ۔

Co-organise : (v) مل کر تنظیم کرنا ۔

Co-original : (a) ہم اصل ۔

Co-orthogonal : (a) ہر نقطۂ تقاطع پر زاویہ قائمہ بناتے ہوئے قطع کرنے والا ۔

Co- orthotonic : (a) دیکھو Co-orthogonal

Co-ossification : دو ہڈیوں کا مل کر ایک ہوجانا ۔

Co-ossify : (v) دو یا زیادہ ہڈیوں کا مل کر ایک ہڈی بن جانا ۔

Co-owner : (n) مشترک مالک ۔

Co-patriot : (n) دیکھو Compatriot

Co-presence : (n) باہم حاضری ؛ دو چیزوں کا ایک ہی وقت میں ایک جگہ جمع ہو جانا ۔

Co-present : (a) باہم حاضر ۔

Co-products : (n) (تجارت) مشترک پیداوار ۔

Co-prosperity sphere : (تاریخ) ہم فلاحی دائرہ ۔

Co-radicate : (a) ہم مادہ ۔

Co-regent : (n) مشترک قائم مقام بادشاہ ۔

Co-relation : (n) ربط باہمی ؛ تعلق باہمی ۔

Co-religionist : (n) ہم فرقہ ؛ ہم مذہب ؛ ایک دین کا ۔

Co-respondent : (n) مدعاعلیہ ثانی (جس پر طلاق کے مقدمے میں) اصل مدعاعلیہ کے ساتھ نالش کی گئی ہو ۔

Co-rival : (n) ہم رقیب ؛ رقابت میں شریک ۔

Co-rival : (v) رقابت کرنا ؛ رقیب ہونا ؛ حریف ہونا ۔

Co-rivalry : (n) ہم رقابت ؛ مشترک رقابت ۔

Co-sentiency : (n) احساس مشترک ۔

Co-sentient : (a) احساس مشترک رکھنے والا ۔

Co-signatory : (n) شریک دستخط ؛ ہم پیماں ؛ شریک معاہدہ ؛ ساتھ دستخط کرنے والا ۔

Co-significative : (a) علامت یا دلیل میں شریک ۔

Co-significator : (n) ہم علامتی ۔

Co-sovereign : (n) سلطان مشترک ۔

Co-subordinate : (n) ماتحت مشترک ۔

Co-sufferer : (n) شریک مصیبت ہونا ؛ شریک غم ہونا ۔

Co-surety : (n) (تجارت) ہم ضمانتی ؛ (تجارت) ہم ضامن ؛ توام ضامن ۔

Co-trustee : (n) (تجارت) ہم متولی ۔

Co-tenancy : (n) پٹے میں شرکت ؛ شرکت کاشت ۔

Co-tenant : (n) شریک کاشت ؛ پٹے میں شریک ۔

Co-tidal : (a) مساوی المد ۔

Co-tidal line : (n) مدی ؛ وہ خط جو نقشوں پر ان مقامات کو دکھاتا ہے جہاں وقت واحد میں سمندر کا مد آئے ۔

Co-trustee : (n) ہم متولی ؛ مشترک متولی ۔

Co-unite : (v) باهم متحد هونا ۔

Co-versed : (a) سہم التمام ۔

Coacervation : (n) ڈھیر ؛ انبار ؛ تودا ۔

Coach : (n) [Fr.] (۱) شاهی گاڑی ؛ سواری گاڑی ؛ پالکی گاڑی ۔ (۲) ریل کا ڈبہ (ریلوے والوں کی اصطلاح میں) ۔ (۳) (بحری) جنگی جہاز کا پچھلا کمرہ ۔ (٤) گھر پر پڑھانے والا استاد ؛ وہ کتاب جس میں کسی موضوع پر مجمل معلومات درج ہوں ۔ (٥) کشتی رانی کا استاد ؛ کھیل کود کا استاد ۔ (٦) دو دروازے والی بند گاڑی جس کی اگلی دو نشستیں الگ ہوتی ہیں اور انہیں موڑا جا سکتا ہے ۔ (۷) گشتی مکان ۔ (۸) (آسٹریلیا) مصنوعی بیل جو وحشی مویشی کو پکڑنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ دھوکے سے پھانسنے والا مصنوعی بیل ۔

Drive coach and six through act of Parliament : پارلیامنٹ کی بدولت مزے اڑانا ؛ پارلیامنٹ کو بے وقوف بنانا ۔

Hackney coach : کرائے کی گاڑی ۔

Mourning coach : ماتمی گاڑی ؛ جنازے کی گاڑی ۔

Slow-coach : مٹھا ؛ غبی ؛ دقیانوسی (شخص) ۔

Stage coach : شاهی گاڑی ؛ سواری گاڑی ۔

Coach : (v) سواری گاڑی میں سفر کرنا ؛ کوچ گاڑی کے ذریعہ سے جانا ؛ پرائیویٹ طور سے تعلیم دینا ؛ امتحان کے لئے تیار کرنا ؛ کشتی کھینا ؛ سکھانا ؛ ہدایتیں دینا ؛ سکھانا پڑھانا ؛ نجی معلم سے تعلیم پانا ؛ کھینا ؛ سیکھنا ۔

Coach-and-four : (n) چار گھوڑوں والی سواری گاڑی ۔

Coach-box : (n) کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ ۔

Coach-dog : (n) گاڑی کے ساتھ دوڑنے والا کتا ۔

Coach-horse =(Coacher) : (n) گاڑی کا گھوڑا ۔

Coach-house : (n) گاڑی خانہ ؛ بگھی خانہ ۔

Coach-office : (n) ڈاک گاڑی کا ٹکٹ گھر ۔

Coach-wagon : (n) ریل گاڑی کا ڈبہ ۔

Coach-whip : (n) (۱) گاڑی ہانکنے کا کوڑا ؛ چابک ۔ (۲) لمبی نیلی دھجی ۔ (۳) (بحری) جہاز کا جھنڈا ۔

Coach-whip snake : (n) ایک لمبا پتلا سانپ ۔

Coachee / Coachy : (n) کوچوان (کوچبان) ۔

Coachful : (n) گاڑی بھر ؛ کھیپ بھر ۔

Coaching : (n) (۱) گاڑی کی سواری ۔ (۲) معلمی کا پیشہ ۔ (۳) (فلسفہ و تعلیم) پیشگی تیاری ۔

Coachman : (n) (۱) کوچوان ۔ (۲) مصنوعی لکھی (مچھلی کے لئے چارا) ۔

Coachmanship : (n) گاڑی بانی کا ہنر ؛ کوچوانی ۔

Coact : (v) مل کر کام کرنا ۔

Coaction : (n) متحدہ کام ؛ باہمی عمل ۔

Coactive : (a) هم کار ۔

Coactively : (adv) جبراً ؛ مل کر کام کرتے ہوئے ۔

Coadaptation : (n) (۱) تصرف باہمی ۔ (۲) (سماجیات) هم رابطگی ۔

Coadjacent : (a) باہمی متصل ۔

Coadjacence / Coadjacency : (n) باهم نزدیکی ۔

Coadjust : (v) باہم تطبیق کرنا ؛ برابر کرنا ۔

Coadjustment : (n) تطابق باهم ۔

Coadjutant : (n) معاون ؛ مددگار ؛ معین ۔

Coadjutor : (n) (۱) معاون ؛ مددگار ؛ معین ؛ حامی ؛ ممد ؛ شریک کار ؛ هم کار ؛ یاور ۔ (۲) (کلیسائی) وہ شخص جو کسی اسقف یا پادری کا معاون مقرر کیا جائے ۔

Coadjutorship : (n) معاون کا عہدہ ؛ مددگار کا عہدہ ؛ مددگاری ؛ معاونت ۔

Coadjutress /Coadjutrix : (n) وہ عورت جو کسی راہبہ کی مدد کے لئے مقرر ہو ۔

Coadjuvancy : (n) مددگاری ؛ معاونت (صفت و عمل) ۔

Coadjuvant : (a) (متروک) مددگار ؛ معاون ۔

Coadjuvant : (n) (طب) وہ جزو جو خاص عامل کی مدد کرتا ہے ۔

Coadnate : (a) (نباتیات) پیندی جڑا ؛ جڑواں ۔

Coadunate : (a) [L."coadunatus"] (تشریح نباتیات) جڑے ہوئے ؛ جڑواں ؛ توام ۔

Coadunated : (a) جڑا ہوا ؛ جڑواں ۔

Coadventure : (v) باہم مہم جوئی کرنا ۔

Coadventure : (n) باہم مہم جوئی ؛ (تجارت) باہم مہم جوئی ۔

Coadventurer : (n) باہم مہم جو ۔

Coae / Coe : بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Coagment : (v) [L."coagmentare"] باہم متحد کرنا ؛ باہم پیوست کرنا ؛ مربوط کرنا ۔

Coagulability : (n) منجمد ہونے کی صلاحیت ۔

Coagulable : (a) [L."coagulare"] قابل انجماد ۔

Coagulant : (n) منجمد کرنے والی شے ۔

Coagulate : (a) جما ہوا ؛ منجمد ۔

Coagulate : (v) جمنا ؛ جمانا ؛ بستہ ہونا؛ منجمد ہونا ؛ چکتا بندھنا ؛ سخت ہونا ؛ بندھنا ۔

Coagulation : (n) بستگی ؛ جماؤ ؛ انجماد ؛ جماوٹ ؛ چکتا ؛ منجمد شے ۔

Coagulative : (a) منجمد کرنے یا منجمد ہونے کی خاصیت رکھنے والا ۔

Coagulator : (n) جمانے والی شے ؛ بستہ کرنے والی شے ۔

Coaguline : (n) ایک قسم کی سیمنٹ ۔

Coagulum : (n) (Pl.-Coagula) [L.Co+"agere"] منجمد مواد کا تودہ ؛ خون کا جما ہوا چکتا ، خون کا وہ جزو جو منجمد ہو جاتا ہے ۔

Coaita : (n) [Tupi.] جنوبی امریکا کا لال منہ والا چھوٹا بندر ۔

Coak : (n) [ONF."coque"] (۱) لکڑی کا وہ حصہ جو دوسری لکڑی میں جاکر لگ جاتا ہے اور جوڑ بناتا ہے ؛ چول ۔(۲) لوہے کا چھلہ جو کسی دھرے میں لگا رہتا ہے ؛ سوراخ دار ذات ۔

Coak : (v) چول بنا کر جوڑنا ؛ چول بیٹھ جانا ۔

Coal : (n) [OE."col"] (۱) پتھر کا کوئلہ ؛ معدنی کوئلہ ۔ (۲) لکڑی کا کوئلہ ؛ راکھ ۔

Anthrecite coal . (کیمیا) انتھریسائٹ کوئلہ ۔

Bituminous coal : (کیمیا) بٹومنی کوئلہ ۔

Black as coal : کوئلہ جیسا کالا ۔

Brown coal : (کیمیا) بھورا کوئلہ ۔

Cooking coal : (کیمیا) کوکنگ کوئلہ ؛ پکانے والا کوئلہ ۔

Lignite coal : (کیمیا) لگنائٹ کوئلہ ۔

Non-cooking coal : (کیمیا) نان کوکنگ کوئلہ ، کھانا نہیں پکانے والا کوئلہ ۔

To blow the coal : جذبات کو بھڑکانا ۔

To carry coals to Newcastle : فضول کام کرنا ؛ الٹے بانس بریلی کو ۔

To haul / call / over the coals : ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ جھڑکی دینا ؛ زجر و توبیخ کرنا ۔

To heap coals of fire on the head : بدی کا بدلہ نیکی سے دینا ۔

Coal : (v) (۱) کوئلہ بار کرنا ؛ کوئلہ لینا ۔(۲) کوئلہ بنا دینا ۔(۳) کوئلہ مہیا کرنا (انجن وغیرہ میں) ۔

Coal basin : (n) (کیمیا) کوئلہ کا میدان ۔

Coal-bearing : (a) (ارضیات) کوئلہ پیدا کرنے والا ۔

Coal-bed / Coal-seam : (n) کوئلے کی تہ ۔

Coal-black : (n) کالا ؛ کوئلے کی رنگت ۔

Coal-box / -scuttle / -vase : (n) کوئلہ دان ۔

Coal-breaker : (n) (تکنیکی) وہ عمارت جہاں کوئلہ توڑنے، صاف کرنے وغیرہ کی مشین ہوتی ہے ۔

Coal cutter : (n) (انتظامیہ) کوئلہ تراش ۔

Coal dust : (n) کوئلے کا چورا ۔

Coal-factor : (n) کوئلے کا دلاّل یا بچولیا ۔

Coal-flap / plate : (n) کوئلہ خانہ کا ڈھکنا جو فرش میں جڑا ہوتا ہے ۔

Coal gas : (n) کوئلے کی گیس ۔

Coal-goose : (n) ماہی خور ؛ ایک قسم کا پرندہ جو مچھلیاں پکڑتا ہے ۔

Coal-heaver : (n) کوئلہ نکالنے والا ؛ کوئلہ ڈھونے والا ۔

Coal-hole : (n) کوئلوں کی کوٹھری ۔

Coal-house : (n) کوئلہ گھر ۔

Coal-man : (n) کوئلہ کی کان میں کام کرنے والا ۔

Coal-master-owner : (n) کوئلے کی کان کا ٹھیکہ دار یامالک ۔

Coal-measure : (n) (ارضیات) وہ چٹان جو کوئلوں کی پرتوں سے بنی ہو ؛ (کیمیا) کوئلہ تیلی ۔

Coal-meter : (n) کوئلہ کو ناپنے کا آلہ ۔

Coal-mine/pit : (n) (۱) کوئلہ کی کان ۔(۲) وہ جگہ جہاں لکڑی کا کوئلہ بنتا ہے ۔(۲) (کیمیا) کوئلہ ۔

Coal-mouse : (n) سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ ۔

Coal-oil : (n) (کیمیا) کوئلہ کا تیل ۔

Coal-plant : (n) متحجر پودوں کے نشانات جو کوئلہ کی کانوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Coal-reserve : (n) (کیمیا) کوئلہ کا ذخیرہ ۔

Coal-screen : (n) بڑے اور چھوٹے کوئلے کو جدا کرنے کی چھلنی ۔

Coal-seam : (n) کوئلے کی تہ ۔

Coal-tar : (n) تارکول ؛ (کیمیا) کول تار ۔

Coal-tit/Coal-tit mouse : (n) سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ ۔

Coal-whipper : (n) کوئلہ اٹھانے والا یا حمال ؛ کوئلہ اٹھانے کی مشین ؛ کوئلہ بردار ۔

Coal-working : (n) جہاں کوئلے کا کام ہوتا ہے ۔

Coal-works : (n) کوئلے کی کان ۔

Coalise/- ize : (v) متحد ہونا ۔

Coalery : (n) کوئلے کی کان ؛ معدن زغالی ۔

Coalesce : (v) [L."coalescere"] (۱) جڑنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ۔(۲) متحد ہونا ؛ متفق ہونا ؛ مل جانا ؛ ایتلاف ہونا (مدبروں اور پارٹیوں کا)۔

Coalescence : (n) (۱) جوڑ ؛ اتصال ؛ امتزاج ؛ ارتباط ؛ اتحاد ؛ ایتلاف ؛ آمیزش ؛ پیوستگی ۔ (۲) (لسانیات) ادغام ۔

Coalescent : (a & n) جوڑا ہوا ؛ متحد ؛ یکجا ؛ مرتبط ؛ متفق ؛ مربوط ؛ ملا ہوا ؛ بہم ؛ پیوستہ ۔

Coalfield : (n) کوئلے کا میدان ؛ وہ علاقہ جس میں کوئلے کی کانیں ہوں ؛ کوئلے کا علاقہ ۔

Coalfish : (n) سیاہ رنگ کی کاڈ مچھلی ۔

Coaliser : (n) متحد ہونے والا ؛ اتحاد کرنے والا ۔

Coalition : (n) (۱) اتحاد ؛ میل ؛ اتفاق ؛ امتزاج ۔ (۲) (تاریخ) اختلاط ۔(۳) (سیاسیات) مختلف الاصول جماعتوں کا عارضی طور پر کسی خاص مقصد کے لئے مل جانا ۔ (۳) ترکیب؛پیوستگی ؛ عہدنامہ ؛ پیمان ۔(٤) اتحاد ۔

Coalition government : (n) مخلوط حکومت ؛ (تاریخ) مخلوط سرکار ۔

Coalitioner : (n) ایتلافی ؛ متحد ؛ متفق ۔

Coalitionist : (n) متحد ؛ متفق ؛ ایتلافی ۔

Coalless : (a) بغیر کوئلے کا ؛ جس میں کوئلہ نہ ہو ۔

Coaly : (n) کوئلہ دار ؛ کوئلہ والا ؛ کاربن پیدا کرنے والا ۔

Coaly : (n) کوئلہ ڈھونے والا حمال ۔

Coalyard : کوئلہ رکھنے کی جگہ ؛ کوئلہ باڑا ۔

Coaming : (n) [Origin unknown] (جمع میں) جہاز کا کنہرا ؛ چھت وغیرہ پر کا کٹہرا (پانی روکنے کی غرض سے) ۔

Coapt : (v) جوڑنا ؛ باندھنا ؛ پیوستہ کرنا ۔

Coaptation : (n) جوڑ تصرف باھمی ۔

Coarb : (n) [Ir."comharba"] (۱) کلیسائی جانشین ۔ (۲) آئرستانی راھبوں کا ایک سلسلہ ۔

Coarctate : (a) [L."coartatus"] (حشریات) جڑا ھوا ؛ پیوستہ ۔

Coarctation : (n) دباؤ ؛ رکاوٹ ۔

Coarse : (a) (۱) ادنا ؛ معمولی ؛ گھٹیا ؛ کم حیثیت ؛ معمولی درجہ کا ۔ (۲) موٹا ؛ کھردرا ؛ بھدا ؛ گنوارو ۔ (۳) اناڑی ، بھونڈے مذاق کا؛ گنوار ؛ بے درد ۔ (٤) اجڈ ؛ اکھڑ ؛ انگھڑ ؛ بد تہذیب ۔ (٥) فحش ؛ غیر مہذب ، گندہ (صرف زبان کے لئے) ۔ (٦) طوفانی (موسم کے لئے) ۔ (۷) کرخت (آواز) ۔

Coarse estimate : (n) (ریاضی) موٹا تخمینہ ۔

Coarse-fare : (n) موٹا جھوٹا کھانا ۔

Coarse-fibred : (a) موٹے ریشے کا ؛ موٹے روئیں کا ۔

Coarse-fish : (n) ادنی قسم کی مچھلی ؛ معمولی مچھلی ۔

Coarse-grained : (a) موٹا جھوٹا (مجازاً انسان کے لئے بھی) ۔

Coarse-wool : (n) موٹے ریشے کی اون ۔

Coarsely : (adv) بے تمیزی سے ؛ اکھڑپن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Coarsen : (v) بھدا ھونا ؛ کھردرا ھونا ۔

Coarseness : (n) (۱) گھٹیا پن ؛ معمولی پن ۔ (۲) سختی ؛ کھردرا پن ، موٹا پن ۔ (۳) اکھڑپن ؛ کرختگی ۔ (٤) ناشائستگی ، بد تہذیبی ۔

Coarsish : (a) گھٹیا سا ؛ سخت سا ؛ کرخت سا ؛ بد تہذیب سا ۔

Coarticulate : (v) جوڑنے کے لئے متصل کرنا ۔

Coarticulation : (n) (۱) اتصال ؛ اتحاد ۔ (۲) (لسانیات) ھم نطقی ۔

Coast : (n) [L."costa"] (۱) ساحل سمندر ، سمندر کا کنارہ ؛ ساحل بحر ۔ (۲) (ممالک متحدہ امریکا اور کناڈا) پھسلنی گاڑی ۔ (۳) ڈھلان پر سے بائیسکل کی رو جس میں چلانےوالا اپنے پاؤں کو جنبش نہیں دیتا ھے ۔ (٤) سرحد ۔ (٥) ڈھلوان ۔

The coast is clear : میدان صاف ھے ۔

Coast : (v) (۱) کنارے کنارے جانا ، جہاز یا کشتیوں کو کنارے کنارے لے جانا ؛ ایک ھی ساحل کی بندر گاھوں سےتجارت کرنا ۔ (۲) پہاڑی پر سے رپٹنا ؛ بلندی سے نیچے کی طرف بائیسکل پر آنا ؛ بغیر پاؤں چلائے بائیسکل کوڈھلان پر چلانا؛ ایک ھی ملک کی بندر گاھوں سےتجارت کرنا ۔

Coastal : (a) (۱) ساحل سے متعلق ۔ (۲) (انتظامیہ) ساحلی ۔

Coastal aircraft : (n) (تجارت) ساحلی ھوائی جہاز ۔

Coastal line : (n) (تاریخ) ساحلی سیما / حد ۔

Coastal shipping : (n) (تجارت) ساحلی جہاز رانی ۔

Coastal trade : (n) (تجارت) ساحلی تجارت ۔

Coast cocket : (n) سامان کو ساحل کے کنارے نقل و حمل کرانے کا پروانہ ۔

Coast guard/ Coast guard-man : (n) بحری پولیس کا سپاھی ؛ بحری پولیس ۔

Coast station charges : (تجارت) ساحل پر ٹھہرنے کا کرایہ ۔

Coast rat : (n) افریقہ کا ایک چوھے جیسا چوپایہ ۔

Coast-waiter : (n) چنگی کا افسر جو ساحل پر جہاز کے مال لادنے اور اتارنے کی نگرانی کرتا ہے ۔

Coast wise /-ways : (adv) ساحل کے کنارے کنارے ' از راہ ساحل ۔

Coasted : (a) ساحل کے نزدیک ؛ ساحل پر ۔

Coaster : (n) (۱) ساحل کے کنارے چلنے والا ۔(۲) ساحل نشین ۔(۳) تشت (گول) ۔(٤) (امریکا) ساحل کے کنارے کھیلنے والا ؛ پھسلنی گاڑی ۔

Coasting : (n) (۱) ساحل کا کنارہ ۔(۲) کشتی رانی ؛ ساحلی جہاز رانی ۔ (۳) سائیکل کو بغیر پاؤں چلائے ہوئے ڈھلان پر چلانا ۔

Coasting trade : (n) (تاریخ) ساحلی تجارت ۔

Coasting trade vessel : (تجارت) ساحلی تجارتی جہاز ۔

Coastline : (n) خط ساحلی ۔

Coastward : (adv) ساحل کی سمت ؛ ساحل کے رخ ۔

Coat : (n) [OF."cote"] (۱) آستین دار مردانہ لباس ؛ کوٹ ۔ (۲) فرنگستانی عورتوں کا لبادہ ۔ (۳) پیٹی کوٹ ۔(٤) پوشش ۔(٥) جانوروں کے بال ؛ سمور وغیرہ ۔ (٦) (تشریح) پردہ ' جھلی ۔(۷) چھلکا ؛ پوست ؛ جلد ۔(۸) ملمع ؛ تہ ؛ قلعی ؛ کوٹ ۔(۹) کالا رنگا ہوا کپڑا جو مستول وغیرہ میں لگاتے ہیں ۔ (۱۰) (نقابت) مارکہ ؛ قدیم زمانہ کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکہ بنا ہو ۔

Coat of mail : (تاریخ) زرہ بکتر ۔

Coat tail merchandise : (تجارت) کوٹ تیل سودا ۔

Dress coat : شام کے وقت پہننے کا دمدار کوٹ ۔

Dust our coat : مارنا ؛ پیٹنا ؛ حرکت کرنا ؛ ٹھوکنا ۔

Frock coat : فراک کوٹ ۔

Great coat : لبادہ ؛ فرغل ؛ اوور کوٹ ۔

Red coat : انگریزی فوجی وردی ۔

To trail one's coat tails : چھیڑ نکال کر لڑنا ؛ بے وجہ لڑنا ۔

Turn coat : غدار ۔

To wear the king's coat : فوج میں بھرتی ہونا ۔

To cut the coat according to the cloth : Cloth دیکھو

Coat : (v) پچارا پھیرنا ؛ تہ چڑھانا ؛ استر کاری کرنا ؛ لیپنا پوتنا ؛ قلعی کرنا ؛ ملمع کرنا ؛ اٹا ہوا ہونا ؛ ڈھکا ہوا ہونا ؛ پہنانا ۔

Coat-armours : (n) وہ بکتر جس پر خاندانی مارکے بنے ہوں ؛ مارکہ دار بکتر ۔

Coat-money : (n) سپاہیوں کے لئے کوٹ مہیا کرنے کے واسطے پیسے (ٹیکس) ۔

Coat of arms : (۱) مارکہ (۲) قدیم زمانے کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکہ بنا ہو ۔

Coated : (a) (۱) ڈھکا ہوا ؛ پچارا دیا ہوا ؛ کوٹ پہنے ہوئے ؛ چھلکے دار ۔(۲) پٹا ہوا ؛ تہ چڑھایا ہوا ؛ اٹا ہوا ۔

Coatee : (n) چھوٹا کوٹ ؛ بے دامن کا کوٹ ؛ خصوصاً فوجی کوٹ ۔

Coati / Coati-mondi : (n) [Tupi."cua"+"tim"] امریکا کا ایک گوشت خور جانور جو مشک بلاؤ سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Coating : (n) (۱) رنگ کی تہ ؛ روغن کی تہ ۔ (۲) کوٹ کا کپڑا ۔

Coatless : (a) بغیر کوٹ کا ؛ بغیر چھلکے کا ۔

Coattail : (n) کوٹ کا پچھلا حصہ (خصوصاً مردوں کے کوٹ کا) ۔

Coattails : (n) شام کے وقت پہننے کے کوٹ کا دامن ۔

On one's coattails : تعاون کے لئے دوسرے پر انحصار کرنے والا ؛ طفیلی ۔

Coax : (v) [f. COKES (n)] پھسلانا ؛ بہلانا ؛ دم دلاسا دینا ؛ منانا ؛ لبھانا ؛ بہکانا ؛ فریب دینا ؛ ورغلانا ؛ چرب زبانی کرنا ۔

Cox away /-out : ورغلانا ؛ پھسلانا ۔

Coax thing out of person : کسی شخص سے کوئی چیز پھسلا کر لے لینا ۔

Coaxal : (a) (ریاضی) ہم محور ۔

Coaxal circles : (n) (طبیعیات و ریاضی) ہم محور دائرے ۔

Coaxal parabola : (n) (ریاضی) ہم محور مکافی :
(طبیعیات) ہم محور پیرا بولا ۔

Coaxal planes : (n) (ریاضی) ہم محور مستوی ۔

Coaxal triangles : (n) (ریاضی) ہم محور مثلث ۔
(طبیعیات) ہم محور تکون ۔

Coaxial : (a) (ریاضی) ہم محور ۔

Coaxially : (adv) ہم محوری سے ۔

Coaxingly : (adv) پھسلا کر ؛ بہلا کر ؛ فریب دے کر ۔

Cob : (n) [ME."cobbe"] (۱) رئیس ؛ بزرگ شخص ؛ عالی مقام ؛ مشہور ۔ (۲) ہنس ؛ قاز ؛ راج ہنس ۔
(۳) ٹٹو ؛ یابو ؛ میانہ ؛ قد کا گھوڑا ؛ ٹانگن ۔
(٤) کوئلے کا گول ڈلا ۔ (٥) پیال کا تودہ ۔
(٦) کسی چیز کا تودہ ؛ روٹی کا ٹکڑا ۔
(۷) ہسپانوی امریکا کا ڈالر ۔ (۸) بھٹا ؛ مکئی ۔ (۹) تیتیا گھاس کے تخم دان کا سر ۔ (۱۰) مکئی کا ڈنٹھل ۔ (۱۱) دودھ کی شکر کے قلموں کی قطار ۔

Cob : (n) [Origin unknown] گارا ؛ پانی میں سنی ہوئی مٹی اور بھس وغیرہ جس سے دیوار بناتے ہیں ۔

Cob / Cobb : (n) [Origin unknown] (Gull) (۱) سمندری بطخ کی ایک قسم ۔ (۲) بید کی ٹوکری ۔
(۳) پشتہ ۔ (٤) ضرب ۔

Cob / Cobb : (v) (۱) مارنا ۔ (۲) توڑنا ؛ چورنا ۔ (۳) چوتڑ پر مارنا ۔ (٤) کوٹنا ۔ (٥) پھینکنا ۔
(٦) آگے بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔

Cob-coal : (n) کوئلے کا بڑا گول ٹکڑا ۔

Cob-iron : (n) سیخ کی وہ گھنڈیاں جو اسے آگ پر سہارا دیتی ہیں ۔

Cob loaf : (n) گول سر والی روٹی ۔

Cob-nut : (n) (۱) بڑی قسم کی ہیزل نٹ ؛ ایک قسم کا فندق ۔ (۲) ایک قسم کا جوز ۔ (۳) بچوں کا ایک کھیل جو جوز سے کھیلتے ہیں ۔

Cob-swan : (n) نر ہنس ۔

Cobalt : (n) [Ger."kobalt"] (۱) ایک قسم کی دھات جو نکل سے مشابہ ہوتی ہے ؛ کوبالٹ ؛ فلز لاجورد ۔
(۲) سوسنی رنگ جو اس دھات سے نکلتا ہے ۔

Cobalt-bloom : (n) ایک قسم کی سرخی مائل قلمی دھات ؛
(کیمیا) کوبالٹ بلوم ۔

Cobalt blue : (n) لاجورد ۔

Cobalt glance : (n) چاندی کی طرح سفید رنگ کی ایک دھات جس میں کوبالٹ شامل رہتا ہے ۔

Cobalt vitriol : (n) کوبالٹ کا اساسی سلفیٹ ؛
(کیمیا) کوبالٹ سلفیٹ ۔

Cobalti -: واصلہ بمعنی کوبالٹ ۔

Cobaltio : (a) کوبالٹ کا ؛ کوبالٹی ۔

Cobaltiferous : (a) کوبالٹ زا ۔

Cobaltite : (n) دیکھو Cobalt glance

Cobalto -: واصلہ بمعنی "کوبالٹ کا" ۔

Cobaltous : (n) کوبالٹ سا ؛ کوبالٹ کا ۔

Cobber : (n) (آسٹریلیا) فریبی دوست ؛
دلی دوست ؛ یار غار ؛ رفیق ۔

Cobble : (n) (۱) پانی سے ترشا ہوا پتھر جو فرش میں لگایا جاتا ہے ؛ پن پتھر ۔
(۲) (جمع میں) کوئلے کا ڈلا ۔

Cobble : (n) [Etym.unknown] بھدا پیوند ؛ بھدی مرمت ۔

Cobble : (n) Coble کی متبادل شکل ۔

Cobble : (n) گول پہاڑی ؛ گول ٹیلہ ۔

Cobble : (v) پن پتھر کا فرش کرنا ۔

Cobble : (v) گوتھنا ؛ گانٹھنا ؛ جوڑ لگانا ؛ تھگلی لگانا ؛ پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا ۔ (۲) بھدے پن سے کرنا (کسی کام کو) ؛ بد سلیقگی سے کرنا ؛ پھوھڑ پن کے ساتھ کرنا ۔

Cobbler : (n) (۱) چمار ؛ جوتے گانٹھنے والا ' موچی ۔ (۲) بھدا کام کرنے والا ' پھوہڑ کاریگر ' اناڑی ۔ (۳) ایک مشروب جو شراب، شکر، لیموں اور چور کی ہوئی برف سے بنتا ہے اور پیال کی پتلی نلکی کے ذریعہ پیا جاتا ہے ۔ (٤) ایک قسم کا میوہ دار سنبوسہ ۔

Sherry cobbler : برف آمیختہ شراب ۔

Cobbler fish : (n) جزائر غرب الہند میں پائی جانے والی مچھلی ۔

Cobbler's punch : (n) ایل شراب کا ایک گرم مشروب جس میں شراب ، مسالا ، شکر وغیرہ ملے رہتے ہیں ۔

Cobbler's wax : (n) موچی کا موم ۔

Cobble-stone : (n) پانی سے ترشا ہوا پتھر ' پن پتھر ۔

Cobby : (a) (۱) توانا ' تنو مند ۔ (۲) سرکش ۔ (۲) ٹٹو کا ' ٹٹو سے متعلق ' ٹٹو کی طرح کا ۔

Cobdenism : (n) [F. name Richard Cobden] آزاد تجارت ' بین الاقوامی تعاون ' امن و امان کی حمایت کا عقیدہ ' رچرڈ کوبڈین کا عقیدہ امن و امان کی حمایت کے متعلق ' کوبڈین کا اصول ۔

Cobdenite : (n) کوبڈین کے سیاسی اور اقتصادی اصول کا حامی ۔

Cobelligerent : (n) (تاریخ) شریک جنگ ۔

Coble : (n) [ME.] (۱) ایک قسم کی کشتی ' چھ پتواری کشتی ۔ (۲) ماہی گیری کی کشتی جس کا پیندا چوڑا ہوتا ہے ۔

Cobra : (n) [See next] (۱) کالا سانپ ' کالا ناگ ' ناگ ۔ (۲) کالا ۔

Cobra-de capello : (n) [L."colubra","capello"] (۱) کالا سانپ ' کالا ناگ ' ناگ ۔ (۲) کالا ۔

Coburg : (n) [F. Coburg in Germany] سوتی یا ریشمی بٹے ہوئے دھاگوں کا بنا ہوا ایک کپڑا جس سے عورتوں کا لباس بنتا ہے ۔

Cobweb : (n) [ME."coppeweb"] (۱) مکڑی کا جالا ' تار عنکبوت ۔ (۲) کم زور شے ۔ (۳) دقیق استدلال ' منطقی ایچ پیچ ۔ (٤) کباڑ ؛ کوڑا ۔ (٥) جال ؛ پھندا ؛ دام ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (٦) ایک چتکبرا مکھی خوار پرندہ جو اپنا گھونسلا بنانے میں تار عنکبوت سے کام لیتا ہے ۔

Blow away the cobwebs : تازگی پیدا کرنا ۔

Cobwebs of the law : قانون کا جال ؛ قانونی پیچ ؛ قانونی ایچ پیچ ۔

Cobweb : (a) (۱) نا پائدار ؛ کم زور ' تار عنکبوت ؛ مہین ؛ چھننا ۔ (۲) (حیوانیات) مکڑی کا جالا ۔

Cobweb : (v) (۱) پراگندگی یا جمود سے دماغ دھندلا کردینا ۔ (۲) جال دار کپڑے سے ڈھک دینا ۔

Cobweb chart : (n) (تجارت) کاب وب خاکہ ۔

Cobweb theory : (n) (تجارت) کاب وب نظریہ ۔

Cobwebbed : (a) تار عنکبوت سے ڈھکا ہوا ؛ جالی سے ڈھکا ہوا ۔

Cobwebbery : (n) (۱) ایچ پیچ ؛ ہیر پھیر ۔ (۲) جالوں بھرا ۔

Cobwebby : (a) کہنہ ؛ فرسودہ ؛ پیش پا افتادہ ۔

Cobwebs and antiquity : پرانا کاٹھ کباڑ ۔

Coca : (n) [Peruv."cuca"] کوکا ؛ ایک امریکن درخت جس کی پتیاں چبائی جاتی ہیں ۔

Cocaigne : (n) بے فکروں کی دنیا ۔

Cocaine : (n) [COCA+-INE] کوکین ؛ ایک القلی (دوا) جس سے جلد سن ہو جاتی ہے ۔

Cocainism : (n) کوکین کھانے کا اثر ' کوکین زدگی ؛ کوکین مسمومیت ۔

Cocainization : (n) کوکین کا اثر ؛ بے حسی ۔

Cocainize : (v) کوکین سے متاثر کرنا ' بے حس کرنا ؛ سُن کرنا ۔

Coccagee : (n) [mod. Ir."cac a"gheidh] (۱) ایک قسم کا سیب جس سے شراب بنتی ہے ۔ (۲) اس سیب کی شراب ۔

Cocceian : (a) [f. the prop. name] جان کوکسیس کے اس عقیدے سے متعلق کہ حضرت مسیح کی زندگی اور اس کے واقعات کی پیش گوئی عہد عتیق میں موجود ہے ۔

Coccidium : (n) [Gr."knokkis"] صدف البحر یا کائی یا گیاہ جلبک کے تخم دان کا وہ گڈھا جو کروی یا نیم کروی ہوتا ہے ۔

Coccin : (n) [mod. L."coccus"] (کیمیا) سرخ رنگ کے کیڑے یا دوسرے حشریات سے حاصل کیا ہوا ایک کیمیاوی نائٹروجن عنصر ۔

Cocco/Cocoa/Coco : (n) (Pl. cocoes) (۱) کوکو : کوکو کا سفوف ۔ (۲) کوکو کا مشروب جسے چائے کی طرح بناتے ہیں ۔

Coccolite : (n) [Gr."kokkos"+-LITE] ایک طرح کا دانہ دار پائروکسین جس کا رنگ سبز یا سبزی مائل ہوتا ہے ۔

Coccolith : (n) [Gr."kokkos"+lithos] وہ مہین گول یا بیضاوی نامیاتی اجرام جو گہرے سمندر میں پائے جاتے ہیں اور جو کائی اور صدف البحر کی ذات کے ہوتے ہیں : کوکو لتھ ۔

Coccosphere : (n) [Gr. "kokkos + sphaera"] کوکو لتھ کا مجموعہ ۔

Coccosteid : (n) ایک قسم کی زرہ پوش مچھلی جو اب نا پید ہے ۔

Coccule : (n) [L."coculum"] انگوری میوے کی ایک قسم ۔

Cocculiferous : (a) انگوری میوہ پیدا کرنے والا ۔

Cocculus indicus : (n) ایک قسم کی بیل جس کا پھل زہریلا ہوتا ہے ۔

-coccus-: (comb. form) واصلہ بمعنی "بیری دار درخت" ۔

Coccus : (n) [Gr."kokkos"] (۱) یک بالی حشرات کی جنس ۔ (۲) خشک میوے کا بفچہ جو مشترک تنا سے پھوٹ پڑتا ہے ۔

Coccy -: واصلہ بمعنی "دم" ۔

Coccygeal : (a) [med. L. coccygeus"+-AL] دم گزا کے متعلق : عصعصی ۔

Coccygean : (a) (حیوانیات) دم گزائی ۔

Coccyx : (n) [Gr."kokkyx"] دم گزا : دمچی کی ہڈی : عصعص : دمبالچہ ۔

Cochin-china : (n) کوچین چین کی مرغیوں کی ایک نسل : اس نسل کی مرغیاں ۔

Cochineal : (n) [Sp."cochinilla"or It."cocciniglia"] قرمزی : فرنگی : کرم دانہ : وہ مردہ کیڑے جو میکسیکو کے ملک میں ملتے ہیں اور جن سے قرمزی رنگ بنایا جاتا ہے ۔

Cochineal fig : ناگ پھنی کا پودا ۔

Cochlea : [Gr."kochlias"] (۱) (نفسیات و تعلیمات) کن گھونگا ۔ (۲) (حیوانیات) قوقلیہ : کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف ۔

Cochlean / Cochlear : (a) قوقلیہ سے متعلق : کان کے پیچ در پیچ جوف سے متعلق ۔

Cochleare : (n) [L."coc(h)-leare"] (طب) چمچہ یا چمچہ بھر (نسخوں میں) ۔

Cochleariform : (a) چمچہ کی شکل کا : بشکل چمچہ ۔

Cochlite : (n) [Gr."kochlos"+ITE] ایک قسم کا متحجر پیچ دار صدف ۔

Cocin / Cocinin : (n) ناریل کے تیل سے نکالا ہوا روغنی ترشہ ۔

Cochran's test : (n) ["coco"+-In] (شماریات) کوکران جانچ ۔

Cock : (n) [OE."cocc / coc / kok"] (۱) مرغ : خروس ۔ لگز : بطور مرکب دیگر چڑیوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تو ان کے نر کو ظاہر کرتا ہے ۔ (۲) ٹونٹی ۔ (۳) (غیر مہذب) مرد کا عضو تناسل ۔ (٤) گھوڑا (بندوق کا) : کتا ۔ (٥) ترازو کا کانٹا ۔ (٦) ایک مہاجر پرندہ ۔ (۷) مرغ کی بانگ ۔ (۸) مرغ باد نما ۔ (۹) صبح کو جگانےوالا : نیند سے بیدار کرنے والا خصوصاً مؤذن وغیرہ ۔ (۱۰) سردار : مکھیا : فاتح : دلیر : جنگ جو : بہادر ۔ (۱۱) گھڑی کا ایک پرزہ جو چکری اور پنڈولم کو سنبھالے رہتا ہے ۔ (۱۲) کرلر (Curlor) کھیل کا نشانہ ۔ (۱۳) (عامیانہ) بیہودہ : بکواس ۔

At cock / at (on) full cock : (بندوق) گھوڑا چڑھائے ہوئے ۔

Cock-a-hoop : (۱) شاداں و فرحاں ؛ خوش و خرم ؛ نہایت خوش ۔ (۲) شادمانی سے ؛ فخریہ ۔

Cock-a- leekie : (n) (۱) Cocky leeky کی متبادل شکل ۔ (۲) مرغ کا شوربا گندنے کے ساتھ پکا ہوا (اسکاچستان میں) ۔

Cock-and-bull story : (n) بناوٹی قصہ ؛ لغو کہانی ؛ بے بنیاد من گھڑت بات ۔

Cock-and-hen : (a) مرد و زن کی مخلوط پارٹی ۔

Cock-bill : (n) (بحری) لنگر گرانے سے پہلے لٹکانا ۔

Cock-bill : (v) لنگر گرانے سے پہلے لٹکانا ۔

Cock-boat : (n) ایک چھوٹی کشتی جو جہاز کے پیچھے لگی رہتی ہے ۔

Cock-crow : (n) صبح ؛ تڑکا ؛ فجر ؛ مرغ کے بانگ دینے کا وقت ؛ فجر کی اذان کا وقت ۔

Cock-eye : (n) بھینگی آنکھ ؛ چشم احول ۔

Cock-eyed : (a) (۱) احول چشم ؛ بھینگا ؛ احول ۔ (۲) ٹیڑھا ؛ کج ؛ خمیدہ ۔ (۳) الٹا پلٹا ؛ پراگندہ ؛ نا قابل فہم ۔ (٤) مدھوش ؛ سرمست ؛ بد مست ۔

Cock-fight : (n) مرغوں کی لڑائی یا مقابلہ ۔

Cock-fighter : (n) مرغ باز ۔

Cock-fighting : (n) مرغ بازی ؛ مرغ لڑانا ؛ مرغوں کی لڑائی ۔

Cock-horse : (n) کاٹھ کا گھوڑا ؛ سوارہ ۔

A-cock horse / On (a) cock horse : سوار ۔

Cock-laird : (n) چھوٹا زمین دار ۔

Cock lobster : نر جھینگا ۔

Cock-loft : (n) مچان ۔

Cock-master : (n) مرغ باز ؛ مرغ لڑانے والا ۔

Cock-nest : (n) انڈا سینے کے لئے نر پرند کا بنایا ہوا گھونسلا ۔

Cock of the north : پودنا ؛ شکر خورہ ۔

At (on) half cock : گھوڑا آدھا چڑھائے ہوئے ۔

Fighting cock : لڑنے والا مرغ ۔

Game cock : پالی کا مرغ ؛ لڑنے والا مرغ ۔

Living like fighting cocks : مست رہنا ؛ بے فکرے پن کی زندگی گذارنا ۔

Old cock : یار عزیز ۔

That cock wo'nt fight : یہ تدبیر کار گر نہ ہوگی ۔

This beats cock fighting : (۱) بہت ہی پر تکلف ۔ (۲) مرغوں کی لڑائی سے زیادہ ہی پر لطف ۔ (۳) بھانڈوں کی نقل سے بھی زیادہ پر لطف ۔

Cock : (n) [ME."cok"] اناج کا چھوٹا مخروطی ڈھیر ۔

Cock : (n) (۱) خمیدگی یا کجی ؛ کج کلاہی (وضع) ۔ (۲) ہیٹ کے چھجے کا اوپر کی طرف جھکا ہوا ہونا ۔ (۳) خمیدہ یا کج حصہ ۔ (٤) ناک کی چڑھواں پھننگ ؛ آنکھ کا اشارہ ۔

Cock : (n) گھوڑا چڑھی بندوق ؛ پانسے پر ہونا ۔

Cock : (v) (۱) کھڑا کرنا ؛ چڑھانا ؛ تاننا ۔ (۲) ہیٹ کا کنارہ اوپر کی طرف ہونا ۔ (۳) چاھا کا شکار کرنا ۔ (٤) لڑنا ؛ جنگ کرنا ۔ (٥) اکڑنا ۔

To cock the ears : کان کھڑے کرنا ؛ چوکنّا ہونا ۔

To cock the eyes : کنکھی مارنا ؛ آنکھ مارنا ؛ آنکھوں سے اشارہ کرنا ۔

To cock the nose : ناک بھوں چڑھانا ۔

To cock the hat : ترچھی ٹوپی پہننا ۔

Cock : (v) گھوڑا چڑھانا ۔

Cock : (v) انبار لگانا ؛ ڈھیر لگانا ۔

Cock / Coulk / Couk / Calk : (v) جوڑ بٹھانا ؛ چول بٹھانا ۔

Cock : (v) گل میخ ٹھوکنا ؛ نعل لگانا ۔

Cock : (a) (۱) مہم ۔ (۲) سردار ۔

Cock of the school : (لڑکوں میں) تیس مار خاں ؛ خدائی فوج دار ؛ مدرسے کا سانڈ ۔

Cock of the walk : غالب ؛ مسلط ؛ چھایا ہوا ۔

Cock of the wood : جنگلی مرغ ؛ ایک قسم کا بڑا تیتر ۔

Cock-paddle /-paidle : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Cock sparrow : (۱) چڑا ۔ (۲) پست قد زندہ دل شخص ۔

Cock-snook /-snooks / -snout : (n) ایک حقارت آمیز حرکت جو ہاتھ کے انگوٹھے کو ناک پر رکھ کر کی جاتی ہے ۔

Cock-snooks : بیچ کی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز ؛ ٹلی للی (حقارتاً) ۔

Cock-sure : (a) (۱) یقینی ؛ حتمی ؛ متیقن ۔ (۲) پورا یقین یا یقین واثق رکھنے والا ۔ (۳) اپنے یقین، دعوے یا عقیدے پر جما رہنےوالا ؛ ذاتی اعتماد یا اعتماد بہ نفس رکھنے والا ۔

Cock-sureness : (n) وثوق ؛ حتمی تیقن ۔

Cock-up / Cockup : (n) (۱) اوپر کو مڑا ہوا سرا ۔ (۲) ٹوپی اوپر کو مڑی ہوئی؛بانکی ٹوپی۔ (۳) بکٹی مچھلی ۔ (٤) اوپر کو مڑا ہوا ۔

Cockabondy : (n) ماہی گیری کی مصنوعی مکھی ؛ مچھلی پکڑنے کا چارا ۔

Cockade : (n) [F."cocarde"] ربن یا ربن کا طرہ ۔

Cockaded : (a) طرہ دار ۔

Cockadoolledoo : (n) ککڑوں کوں ۔

Cockaigne / Cockayne : (n) [mod. F."cocagne"] بے فکروں کی دنیا ۔

Cockal : (n) (۱) بھیڑ کے گھٹنے کی ہڈی ۔ (۲) ان ہڈیوں سے کھیلا جانے والا ایک کھیل ۔

Cockalorum : (n) (۱) چھوٹا مگر شیخی باز آدمی ۔ (۲) شیخی ۔ (۳) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Cockapert : (a) گستاخ ؛ چور ؛ شوخ ۔

Cockatiel /-eel : (n) [DU."kaketielje"] ایک قسم کا چھوٹا توتا / طوطا ۔

Cockatoo : (n) [Malay."kakatua"] (۱) کاکاتوا ۔ (۲) (اسٹریلیا) چھوٹا کاشت کار ۔ (۳) پولیس کے آنے کی خبر دینے والا ۔ (٤) (حیوانیات) کوکاٹو ، بڑے طرّے والا توتا ۔

Cockatrice : (n) [OF."cocatris"] (۱) ایک اساطیری سانپ جو مرغی کے انڈے سے پیدا ہوا تھا اور جو ایک نظر میں ہلاک کر دیتا تھا ۔ (۲) (نقابت) ایک نشان جس میں سر، بازو اور پاؤں مرغ کا ہوتا ہے اور دم سانپ کی طرح ہوتی ہے ۔ (۳)نہایت خطرناک اور مضرت رساں آدمی ۔

Cockchafer : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Cocked : (a) (بانس کے بارے میں) ٹیڑھا ۔

Cocked hat : (n) (۱) ایک تین کونیا ہیٹ جس کا چھجہ اوپر کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا کھیل ۔

To knock into a cocked hat : نا قابل شناخت حد تک بگاڑ دینا ۔

Cocker : (n) پاؤں میں لگانے والی پٹی ۔

Cocker : (n) (۱) مرغ باز ۔ (۲) کتوں کی ایک قسم ۔

Cocker : (n) =(coker) پیال کا انبار لگانے والا ؛ فصل کاٹنے والا مزدور ۔

Cocker : (n) ایک ریاضی داں کا نام ۔

According to cocker : ریاضی کے اصول کے مطابق ۔

Cocker : (v) لاڈ پیار میں رکھنا ۔

Cockerel : (n) (۱) ایک سال سے کم کا مرغ ؛ مرغ کا پٹھا ؛ مرغچہ ۔ (۲) نوجوان (شخص) ؛ لڑاکا لڑکا ؛ جھگڑالو لڑکا ۔

Cocket : (n) [L."coketa","coketum"] (۱) شاہی چنگی خانے کی مہر ۔ (۲) سر بہ مہر پروانہ جو تجارتی مال کی چنگی ادا کر دینے پر دیا جاتا ہے ۔ (۳) چنگی ۔

Cocket : (n) کم تر درجے کی روٹی ۔

Cocket : (a) شوخ ؛ گستاخ ؛ شادماں ؛ بے ادب ؛ پھرتیلا ۔

Cocket : (v) مہر لگانا ۔

Cocket : (v) جوڑنا ۔

Cockie-leekie : (n) مرغ کا شوربا گندنے کے ساتھ پکا ہوا ۔

Cocking : (n) (۱) مرغ بازی ۔ (۲) چاھا کا شکار ۔

Cocking dog / spaniel : (n) وہ کتا جو چاھا کے شکار میں کام آتا ھے ۔

Cockish : (a) (۱) مزاحاً مرغ کی طرح ۔ (۲) خود نما ۔ (۳) شہوت راں ؛ شہوت کار ۔

Cockishly : (adv) اکڑ سے ؛ شہوت رانی سے ؛ شہوت کاری سے ۔

Cockishness : (n) اکڑ فوں ؛ شہوت رانی ؛ شہوت کاری ۔

Cockle : [OE."coccul","coccel"] ایک قسم کا پودا ؛ سرخ پھولوں والی ایک گھاس جو عموماً گیہوں کے کھیت میں ہوتی ھے ۔

Cockle : (n) [F."coquille"] (۱) ایک قسم کا صدف جو کھایا جاتا ھے ۔ (۲) گھونگےکا خول ۔ (۳) دلی جذبات ۔

Cockles of the heart : دلی جذبات ؛ احساسات شخصی کا مرکز ۔

Cockle : (n) کاغذیا کپڑے وغیرہ کا ابھار یا شکن یا چین ؛ سلوٹ ؛ پیچ ؛ خم ؛ بال ؛ لہر ۔

Cockle : (n) [Ger."kachel"] (۱) آھنی آتشدان جس سےکمرہ گرم کیا جاتا ھے ۔ (۲) ایک قسم کا چولھا ۔

Cockle : (v) ابھرنا ؛ ابھارنا ؛ نکالنا ؛ موڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ بال پڑنا ؛ لہر اٹھنا ۔

Cockle-boat : (n) چھوٹی اتھلی کشتی ۔

Cockle-hat : (n) ٹوپی جس میں گھونگے کا خول لگا رھتا ھے اور جسے زائرین استعمال کرتے ھیں ۔

Cockle-shell : (n) گھونگے کا خول ۔

Cockle-stairs : (n) پیچ دار سیڑھی ۔

Cockled : (a) خول دار ۔

Cockler : (n) گھونگا اکٹھا کرنے والا ؛ صدف جمع کرنے والا ۔

Cocklight : (n) شام یا صبح کا دھندلکا ۔

Cockney : (n) [ME."coken-ey"] لندنیا ؛ لندن کا رھنے والا (تحقیراً) ۔

Cockney : (a) (۱) لندنی ؛ لندن کا ۔ (۲) نازک مزاج ؛ تنک مزاج ؛ لاڈ پیار میں رکھا ھوا ۔

Cockneydom : (n) (۱) ادنیٰ فرقہ ۔ (۲) لندنیوں کی مخصوص سیرت ۔ (۳) لندنیوں کی دنیا ۔

Cockneyese : (n) لندنیوں کی بولی ۔

Cockneyfy / -ify : (v) لندنیا بنانا ؛ لندنیا کے سے خصائل پیدا کرنا ؛ لندنیا ھونا ۔

Cockneyish : (a) لندنیا ؛ لندنیوں کی سی صفت رکھنے والا ۔

Cockneyism : (n) لندنیت ؛ لندنی بولی ، محاورہ یا تلفظ ۔

Cockneyize : (v) لندنیوں کا سا بننا یا بنانا ۔

Cockpit : (n) (۱) مرغوں کی پالی ؛ مرغوں کے لڑنے کی جگہ ۔ (۲) میدان ؛ اکھاڑا ؛ دنگل ۔ (۳) جنگی جہاز کی نچلی منزل جو جونیر افسروں کی اقامت گاہ ھوتی ھے ۔ (٤) طیارہ میں طیارچی وغیرہ کی جگہ ۔ (٥) کوئی جگہ جو کشت و خوں ، تشدد اور طویل رزم آرائی کے لئے مشہور ۔

Cockroach : (n) [Sp."cucaracha"] تل چٹا ؛ بھونرے کی قسم کا کیڑا ؛ (حیوانیات) جھینگر ۔

Cocks : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Cock's-comb / Cocks : (n) (۱) تاج خروس ؛ مرغ کی کلغی ۔ (۲) بھانڈ کی ٹوپی جو مرغ کی کلغی کی طرح ھوتی ھے ۔ (۳) بعض پودوں کے نام ۔ (٤) ایک قسم کا صدف ۔

Cock's-foot / Cocksfoot : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Cock's-head / Cockshead : (n) ایک قسم کی تپتیا گھاس ۔

Cocks-shut : (n) شام کا دھندلکا ۔

Cocks-shy : (n) (۱) ھدف ؛ نشانہ ۔ (۲) وہ جگہ جہاں پیسہ دے کر ناریل پر چھڑی پھینکی جاتی ھے ۔

Cocksiness : (n) گستاخی ؛ شوخی ؛ خود بینی ؛ خود پسندی ۔

Cockspur : (n) (۱) مرغ کی ٹانگوں کا ابھار ۔ (۲) (پانی کا) ایک قسم کا کیڑا ۔

Cocksper-burner : (n) وہ گیس برنر جس میں تین سوراخ ھوں ۔

Cockspur thorn / -howthorn : (n) شمالی امریکا کا ایک خار دار پودا ۔

Cockswain /Coxswain : (n) ناخدا ۔

Cocksy / Coxy : (a) گستاخ ؛ شوخ ؛ خود بیں ؛ خود پسند ۔

Cocktail / Cock-tail : (n) (۱) دم کٹا گھوڑا ؛ گھوڑ دوڑ کا گھوڑا جو خوب سدھایا ھوا ھو مگر اصیل نہ ھو ۔ (۲) اوچھا ؛ نو دولتیا ۔ (۳) ایک قسم کا بھونرا ۔ (٤) ایک قسم کی شراب ؛ مختلف چیزوں کو ملا کر بنی ھوئی شراب ؛ کوئی چیز جو مختلف قسم کی چیزوں سے بنی ھوئی ھو ۔ (٥) وہ سنبل نما بادل جو مرغ کی دم کی طرح معلوم ھوں ۔ (٦) محرک اشتہا ۔

Cocktail : (a) (۱) کاک ٹیل سے متعلق یا کوئی چیز جو کاک ٹیل کے لئے مخصوص ھو ۔ (۲) نیم رسمی (عورتوں کے لباس سے متعلق) ۔

Cocktail : (v) کسی کو مہمان خصوصی کے طور پر کاک ٹیل پارٹی میں مدعو کرنا ۔

Cocktailed : (a) دم کٹا ؛ دم بریدہ ؛ اوچھا ؛ نودولتیا ۔

Cockweed : (n) =(corn cockle) سرخ پھولوں والی گھاس جو عموماً گیہوں میں ھوتی ھے ۔

Cocky : (n) (۱) مرغ کی تصغیر ۔ (۲) شوخ ؛ خود نما ؛ خود بیں ۔

Cocky : (a) گستاخ ؛ شوخ ۔

Cocky-leeky : (n) دیکھو Cockie-leekie

Cockyolly : (n) پیاری ننھی چڑیا ۔

Coco / Cocoa : (n) (۱) کوکو کا سفوف ۔ (۲) کوکو کا مشروب جسے چائے کی طرح بناتے ھیں ۔

Coco-plum : (n) جزائر غرب الھند کے ایک درخت کا پھل ؛ چھوٹا چھتنار درخت ۔

Cocoa-bean : (n) کوکو کا بیج ۔

Cocoa-nib : (n) کوکو کا گدرا پھل ۔

Cocoa-powder : (n) ایک قسم کا بارود ۔

Cocoa-press : (n) بعض اخباروں کا طنز آمیز نام جن کے مالک چند کوکو کے تاجر تھے اور جو آزاد تجارت کے حامی اور استبداد کے مخالف تھے ۔

Cocodette : (n) [F."cocodete"] فرانسیسی طوائف یا قحبہ ۔

Cocomat : (n) ناریل کا بنا پا انداز ۔

Coconut / Cocoa nut / Cocker-nut : ناریل ؛ کھوپا ؛ نارجیل (عامیانہ) انسان کا سر ؛ کھوپڑی ۔

Coconut mating : (n) ناریل کی چٹائی ۔

Coconut-milk : (n) ناریل کا پانی ۔

Coconut-oil : (n) ناریل کا تیل ۔

Coconut-palm : (n) ناریل کا درخت ۔

Coconscious : (a & n) ثانوی شعور ؛ ھم شعور خفی ۔

Coconciousness : (n) ثانوی شعور ۔

Cocoon : (n) [F."cocon"] (۱) ابریشم کا کویا ۔ (۲) ابریشم کے کویا سے مشابہ کوئی غلاف یا خول ۔

Cocoon : (v) کویا بنانا ؛ کویا میں لپیٹنا ؛ غلاف چڑھانا ۔

Cocoonery : (n) ابریشم کے کیڑوں کا پرورش خانہ ؛ کویا گھر ۔

Cocotte : (n) [F."cocotte"] (۱) بد اخلاق عورت ؛ بد کردار عورت ۔ (۲) دستہ دار چھوٹا برتن سینکنے کے لئے ۔

Coctile : (a) [L."coctilis"] (۱) پکا کر بنایا گیا ۔ (۲) پکی ھوئی اینٹ سے بنا ھوا ۔

Cocus / Cocuswood : (n) جزائر غرب الهند کے ایک درخت کی لکڑی جسے خراد کرنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

Cod : (n) [OE."cod(d)] (۱) بھوسی : تھیلیا ۔ (۲) فوطہ : (جمع میں) خصیہ ۔ (۳) زمین یا پانی کا تھیلا نما ٹکڑا یا حصہ ۔

Cod : (n) [ON."cuddi"] (۱) تکیہ ۔ (۲) محور کا سہارا ۔

Cod : (n) [Origin unknown] ایک قسم کی بڑی سمندری مچھلی ۔

Cod : (n) بے وقوف : احمق : نادان ۔

Cod : (v) (۱) پھلیاں پیدا کرنا : مٹر کی پھلیاں جمع کرنا ۔ (۲) جھاڑ دینا (out کے ساتھ) ۔

Cod : (v) کاڈ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Cod : (v) بے وقوف بنانا : دھوکا دینا ۔

Coda : (n) [L."cauda"] (۱) (موسیقی) گیت کا آخری حصہ جو آھنگ کو مکمل کرتا ھے ۔ (۲) کسی ادبی یا تمثیلی تصنیف کا آخری حصہ رقص ۔ (۳) بیلے کا آخری حصہ : ایک رقص کا آخری حصہ ۔ (٤) (لسانیات) اختتامیہ ۔

Cod-fish : (n) کاڈ مچھلی ۔

Cod-fishery : (n) کاڈ مچھلی کا شکار ۔

Codbank : زیر آب کنارہ جہاں کاڈ مچھلی پکڑی جاتی ھے ۔

Codder : (n) مٹر کی پھلیاں جمع کرنے والا ۔

Coddle : (v)[perh.alter.of CAUDLE] آھستہ آھستہ ابالنا ۔

Coddle : (v) (۱) بیماروں کے سے نخرے اٹھانا ۔ (۲) ناز برداری کرنا ، حد سے زیادہ توجہ کرنا ۔

Coddle : (n) وہ شخص جو ناز برداری کرتا ھو یا جس کی ناز برداری کی گئی ھو ۔

Coddy / -moddy : (n) سیاہ سر والی سمندری مرغابی ۔

Code : (n) (۱) قانون نامہ : مجموعہ' قوانین : اشاروں کا کلام : خفیہ لغت : برّی اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ : خفیہ تحریر ۔ (۲) نظام نامہ ۔ (۳) وہ لفظ جو بطور علامت استعمال ھو ۔ (٤) اعداد کا مجموعہ جس کی ترتیب سے تالا کھولا جاتا ھے ۔ (۵) وہ عدد جو نام کے بدلے کسی نئی چیز کی شناخت کے لئے استعمال کرتے ھیں ۔ (٦) (ریاضی) ضابطہ ۔ (۷) (انتظامیہ) کوڈ : اشارہ : قانون ۔

Basic code : (تاریخ) بنیادی ضابطہ ۔

Civil code : ضابطہ دیوانی ۔

Justinian code : (تاریخ) ضابطہ جسٹی نی ان : جسٹی نی ان کوڈ : جسٹی نی ان کامجموعہ' قوانین ۔

Morse code : (انتظامیہ) مورس کوڈ ۔

Napoleon code : (تاریخ) نیپولین کا مجموعہ' قوانین : ضابطہ نیپولین ۔

Penal code : (انتظامیہ) مجموعہ' تعزیرات ۔

Code : (v) مخصوص اشاروں میں ادا کرنا : قانون کا مجموعہ' مقرر کرنا : خفیہ لغت میں پیغام بھیجنا : علامتی نشان کے ذریعہ طبقہ بندی کرنا ۔

Code-ethical : (n) اخلاقیاتی قانون ۔

Code-moral : (n) اخلاقی قانون ۔

Code-noise : (n) رمزی آواز : (لسانیات) کوڈ آواز ۔

Code - number : (n) (ریاضی) عدد اشارہ ۔

Code of honour : (۱) کسی موضوع کے قواعد و ضوابط کا مجموعہ ۔ (۲) کسی قوم کا مروجہ اخلاق ۔ (۳) آئین غیرت داری ۔

Code of nomenclature : (کیمیا) نظام تسمیہ ۔

Code of number : اشارہ کا عدد ۔

Code of practice : (تجارت) پریکٹس کوڈ ۔

Code of signals : (تاریخ) اشاروں کا ضابطہ ۔

Codeclination : (n) (فلکیات) زاویہ انحراف کا تتمہ ؛ قطب شمالی کا فاصلہ ۔

Codeine : (n) [Gr."kodia"] افیون سے حاصل کردہ ایک سفید بلوری القلی ؛ کوڈین ؛ افیون کا مسکن جوہر ۔

Codes of fair competition : (تجارت)مناسب مقابلے کے اصول ۔

Codetta : (n) [It.] کوڈ (Code) کی تصغیر ۔

Codex : (n) (Pl.-codices) [L."codex"] (۱) بائبل یا کسی ادبی کتاب کا قلمی نسخہ ۔ (۲) (طب) نسخوں کا مجموعہ ؛ قرابادین ۔

Codger : (n) مرد آدمی ؛ عجوبہ ؛ دقیانوسی ؛ خسیس ؛ ناکارہ ؛ طرفہ معجون ۔

Codical : (a) قرابادینی ؛ نسخوں کے مجموعے سے متعلق ۔

Codicil : (n) [L."codicillus"] (۱) وصیت نامہ کا تتمہ یا ضمیمہ ۔ (۲) ضمیمہ یا تتمہ ۔

Codicillary : (a) وصیت نامہ کے تتمہ یا ضمیمہ سے متعلق ۔

Codification : (n) قانون کی ترتیب یا تدوین یا تنظیم یا تبویب ۔

Codifier : (n) قانون کو ترتیب دینے یا مدون کرنے والا ۔

Codify : (v) [F."codifier"] قانون کی تبویب یا تدوین کرنا ۔

Codilla : (n) [L."couda"] سن یا کتان کا موٹا ریشہ یا جھونتا ۔

Codille : (n) [Sp."codillo"] تاش کے ایک کھیل کی اصطلاح اس وقت استعمال ہوتی ہے جب کہ وہ کھلاڑی جس نے جیتنے کا دعویٰ کیا تھا ہار جاتا ہے ۔

Coding : (n) (تجارت) خفیہ اشارہ ؛ کوڈنگ ۔

Binomial coding : (ریاضی) دو رکنی ضریب ۔

Detached coding : (ریاضی) منفصل ضریب ۔

Differential coding : (ریاضی) تفریقی ضریب ۔

Guide-coding : (سماجیات) کوڈنگ کا رہنما ۔

Qualitative coding : (سماجیات) کیفیتی کوڈنگ

Simple coding : (سماجیات) سادہ کوڈنگ ۔

Coding of Co-existent equation : (ریاضی) ہم وجودی مساوات کا ضریب ۔

Coding of data : (ریاضی) ڈاٹا کی ضابطہ سازی ۔

Coding of elasticity : (ریاضی) لچک کا ضریب ۔

Coding of friction : (ریاضی) فرک کا ضریب ۔

Coding of regression : (ریاضی) ضریب رجعت ۔

Coding of resilience : (ریاضی) ضریب رجوعیت ۔

Coding restitution : (n) (ریاضی) ضریب باز گردانی ۔

Coding skewness : (n) (ریاضی) ضریب اعوجاج ۔

Coding variation : (n) (ریاضی) ضریب تغیر ۔

Codist : (n) مجموعہ قوانین کا ماہر ۔

Codling : (n) (۱) چھوٹی کوڈ مچھلی یا اسی قسم کی دوسری مچھلیاں ۔ (۲) لکڑی کا کندہ جس کو چیر کر پٹیاں بنائی گئی ہوں ۔

Hot codlings : بُھنا ہوا سیب ۔

Codling-lin : (n) [Uncertain origin] ایک قسم کا سیب ؛ گھٹیا اور کچا سیب ؛ گھٹیا قسم کے سیب کا درخت ۔

Codling moth : (n) چھوٹا کیڑا جس کا پھل روپ سیب یا ناشپاتی وغیرہ میں ملتا ہے ۔

Codlins and cream : (n) ایک قسم کی بوٹی ؛ بید مجنوں ۔

Coe : (n) [L."cavea"] (کان کنی) کان کے دہانے پر بنی ہوئی ایک جھونپڑی ۔

Coecal : (a) =(caecal) ایک سوراخ والی (آنت) ۔

Coecum : (n) =(caecal) ایک سوراخ والی آنت ۔

Coefficient : (n) (۱) نتیجہ یا اثر پیدا کرنے میں باہم معاون ؛ ہم عامل ۔ (۲) ایک مشترک علت ۔ (۳) (ریاضی) سر ؛ عامل مشترک ۔ (٤) شرح ؛ قدر ۔ (طبیعیات) گنك ۔ (۵) عام چیز ۔

Alignation coefficient : (شماریات) سر بیگانگی ۔

Differential coefficient : (۱) تفرقی شرح ۔
(۲) (طبیعیات) تفرقی سر ۔

Reliability coefficient : (شماریات) سر اعتباری ۔

Scatter coefficient : (شماریات) سر بکھراؤ ۔

Self-correlation coefficient : (شماریات) سرخود هم رشتگی ۔

Validity coefficient : (شماریات) سر معقولیت ۔

Weighting coefficient : (شماریات) عطائے وزن ۔

Coefficient beta : (n) (طبیعیات) بیٹا گنك ؛ بیٹا شرح ۔

Coefficient binomial : (n) (طبیعیات) بائی نومیل گنك ۔

Coefficient disturbancy : (شماریات) نمائندہ سرخلل اندازی ۔

Coefficient elasticity : (تجارت) لوچ کا سر ' (طبیعیات) لچك کی شرح ؛ الاسٹیسیٹی گنك ۔

Coefficient of aberration : (طبیعیات) انحراف کی شرح ۔

Coefficient of acceleration : (تجارت) اسراع ؛ اسراع کا سر ۔

Coefficient of agreement : (شماریات) نمائندہ سر موافقت ۔

Coefficient of alienation : (نفسیات و تعلیمات) شرح عدم ربط ؛ (سماجیات) هم شرح انحراف ۔

Coefficient of association : (سماجیات) هم شرح تلازم ۔

Coefficient of concordance : (شماریات) نمائندہ مطابقت ۔

Coefficient of consistence : (شماریات) نمائندہ یگانگیت ۔

Coefficient of correlation : (نفسیات و تعلیمات) شرح ربط ؛ (سماجیات) هم شرح لزوم ؛ هم شرح هم رشتگی ۔

Coefficient of cubical expansion : (طبیعیات) حجمی پھیلاؤ گنك ۔

Coefficient of determination : (تجارت) تعین کا سر ؛ (شماریات) نمائندہ سر وارفتگی ۔

Coefficient of disarray : (شماریات) نمائندہ سر بے ترتیب سلسلہ ۔

Coefficient of expansion : (طبیعیات) پھیلاؤ گنك ۔

Coefficient of friction : (طبیعیات) رگڑ گنك ؛ رگڑ کی شرح ۔

Coefficient of individuality : (شماریات) نمائندہ سر انفرادیت ۔

Coefficient of linear expansion (طبیعیات) خطی پھیلاؤ کی شرح ؛ طولی گنك ۔

Coefficient of mutual induction : (طبیعیات) باهمی تحریك گنك ۔

Coefficient of non-determination : (شماریات) ضرب عدم دریافت ۔

Coefficient of racial likeness : (شماریات) نمائندہ سر نسلی مشابهت ۔

Coefficient of skewness : (کیمیا) ترچھے پن کی شرح ۔

Coefficient of superficial expansion : (n) (طبیعیات) اوپر پھیلاؤ کی شرح ؛ ذاتی تحریکی گنك ۔

Coefficient of surface tension : (طبیعیات) سطحی تناؤ کا گنك ۔

Coefficient of total determination : (شماریات) نمائندہ سرکل دریافتگی ۔

Coefficient of variation : (سماجیات) هم شرح تغیر ؛ (شماریات) نمائندہ سر اختلاف ۔

Coehorn / Cohorn : (n) [f.Baron Coehorn,the Dutch military engineer] (۱) (فوجی) چھوٹی توپ جس سے بم پھینکتے هیں ۔(۲) بم پھینکنے کی چھوٹی توپ ۔

Coelacanth : (a) [L."coelacanthus"] جوف دار ریڑھ والی مچھلی کے متعلق ۔

Coelacanthid : (n) جوف دار ریڑھ والی نسل کی ایك مچھلی ۔

Coelacanthine : (a) جوف دار ریڑھ والی مچھلی سے متعلق ۔

Coelacanthoid / Coelacanthous : (a) جوف دار ریڑھ والی نسل کی مچھلی کی مانند ۔

Coelelminth : (n) [Gr."koelos+elminth"] آنت میں رهنے والا ایك کیڑا ۔

Coelentrata : (n) [Gr."koelos+enteron"] (۱) ایك قسم کا جانور جس میں هاضمه کے لئے جوف رهتاهے اور جس کے ارد گرد وه نالیاں رهتی هیں جو منه تك پهنچتی هیں ۔ (۲) (حیوانیات) سیلنٹریٹا ۔

Coelenterate : (a) ایك قسم کے جانور سے متعلق جس میں هاضمه کے لئے جوف رهتا هے اور جس کے ارد گرد وه نالیاں رهتی هیں جو منه تك پهنچتی هیں ۔

Coeliac : (a) [Gr."koeliakos"] (۱) معدے سے متعلق ؛ معدی ؛ شکمی ۔ (۲) (حیوانیات) قعری ۔

Coeliac artery : (n) وه نلی جو پرده° شکم کے پاس شریان بزرگ سے نکلتی هے ۔

Coeliac canal : (n) وه نلی جو معدے کے جوف سے نکلتی هے (چند سلولی جانوروں میں) ۔

Coeliaco mesenteric artery : (حیوانیات) قعری مارساریقینی شریان ۔

Coelialone senteric : (n) (حیوانات) قعری مار ساریقه ۔

Coelio - : [Gr."koilia"] جزء کلمه بمعنی شکم ۔

Coelio - : [Gr."koelos"] واصله بمعنی جوف ۔

Coelo -: [L."c ae lum"] واصله بمعنی آسمان ۔

Coelodont : (a) جوف دار دانت والا ۔

Coeloma : (n) چند سلولی جانوروں کی نسل ۔

Coelomata : (n) [Gr."koelomat"] چند سلولی جانوروں کی اعلی نسل ۔

Coelomate : (a) سلولی نسل کے جانوروں سے متعلق ۔

Coelomatous : (a) سلولی نسل کے جانور کی طرح ۔

Coelome / Coelom : (n) [Gr."koeloma"] چند سلولی جانوروں کا شکم ۔

Coelomic : (a) چند سلولی قسم کے جانوروں کے شکم سے متعلق ۔

Coelospermous : جوف دار تخم والا ۔

Coemption : (n) [L."coemptionem"] بازار سے حق تجارت قائم رکھنے کے لئے کسی خاص جنس کا سب مال خرید لینا ؛ (رومی قانون) عورت کی فرضی بکری ۔

Coemptive : (a) ایسی فروخت سے متعلق جس میں بازار سے حق تجارت قائم رکھنے کے لئے کسی خاص جنس کا سب مال خرید لیا جائے ۔

Coenaesthesis : (n) [Gr."koenos+esthesis"] (نفسیات) احساس حیات ؛ جسم کے وجود کا عمومی احساس ۔

Coenenchym / Coenenchyma : (n) [Gr."koinos+egchyma"] جانوران مرجانی کو متحد کرنے والا آهکی ڈھانچه ۔

Coeno - : [Gr."koenos"] واصله بمعنی "مشترك" ۔

Coenobite / Cenobite : [late L."coenobita"] کسی مذهبی فرقه کا وه فرد یا رکن جو ایك برادری یا جماعت میں بود و باش رکھتا هو ؛ ایسے فقرا کا ایك فرقه جو خانقاهوں یا تکیوں میں مل جل کر رهتے هیں ؛ خانقاه نشینی ؛ تکیه نشیں ؛ تکیه دار ؛ دیرنشیں ؛ راهب ۔

Coenobitic /-al / Cenobitic /-al : (a) خانقاه نشیں سے متعلق ۔

Coenobitism / Cenobitism : (n) خانقاهی ۔

Coenobium / Cenobium : (n) [Gr."koenobion"] (۱) خانقاه ؛ تکیه ۔ (۲) (نباتیات) تلسی پھل ؛ ریحان ثمر ؛ چند خلیوں سے جڑا هوا ایك ڈھانچه ۔ (۳) (حیوانیات) حیوانات ابتدائی کا مجموعه ۔

Coenoby / Cinoby : (n) خانقاه ؛ دیر ؛ تکیه ۔

Coenoecium : (n) (حیوانیات) کثیر سلولی حشرات کی جماعت کا مشترك پوستینی نظام ۔

Coenogany : (n) شوهروں یا بیویوں کی برادری ۔

Coenosarc : (n) قصری لحم ؛ وه مشترك حیاتی بنیاد یا لحم جو مرکب حیوان نباتی کے افراد کو متحد کرتا هے ۔

Coenostem : (حیوانیات) حیوان آبی کا مشترک آهکی ڈھانچہ ؛ استخوان مشترک ۔

Coenure : (n) [Gr."koenos+ura"] (حیوانیات) متعدد سروں والا کرم (جانوروں کے پیٹ کا ایک کیڑا) ۔

Coenzyme : (n) (کیمیا) معاون انزائیم ۔

Coenzyme pressure : (n) (کیمیا) چپکنے کا دباؤ ۔

Coequal : (a) برابر ؛ مساوی ؛ همسر ۔

Coequality : (n) مساوات ؛ برابری ؛ همسری ۔

Coequally : (adv) برابری سے ؛ مساویانہ ؛ مساوی طور پر ۔

Coerce : (v) [L."coereere"] (۱) دبانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ جبر کرنا ۔ (۲) طاقت کا استعمال کرنا ؛ جبراً حاصل کرنا ۔

Coerced obedience : مجبوری کی اطاعت ؛ اطاعت مبرم ؛ نا گزیر اطاعت ۔

Coercer : (n) دباؤ ڈالنے والا ؛ مجبور کر دینے والا ؛ بجبر حاصل کرنے والا ۔

Coercible : (a) جبر پذیر ۔

Coercion : (n) (۱) جبر ؛ زبر دستی ؛ دباؤ ؛ ابرام ۔ (۲) استبدادی حکومت ؛ استبداد ۔ (۳) جسمانی دباؤ ۔

Coercion of outrage : دست درازی کا دباؤ ؛ ظلم کا دباؤ ۔

Coercionary : (a) جبری ؛ استبدادی ۔

Coercionist : (n) جابر ؛ سخت گیر ؛ استبدادی ؛ استبداد پسند ۔

Coercive : (a) جابرانہ ؛ تشدد آمیز ؛ ظالمانہ ؛ جبری ۔

Coercive action : (n) (تاریخ) جبریہ کاروائی ۔

Coercive force : (n) کسی مقناطیسی اثر والی شے کی وہ فرضی قوت جو مقناطیسی یا غیر مقناطیسی ہونے میں مزاحمت پیدا کرتی ہے ۔

Coercively : (adv) جبری طور پر ؛ جبراً ؛ جبر کے ساتھ ۔

Coerciveness : (n) جابریت ؛ استبدادیت ؛ تشدد ۔

Coessential : (a) ہم جوہر ؛ ہم مادہ ؛ ہم اصل ؛ ہم ذات ۔

Coessentiality : (n) اصل ؛ نوعیت ؛ جوہر ۔

Coetaneous/Coaetaneous : (a &n) [L."coaetaneus"] (۱) ہم عہد ؛ ہم عصر ؛ ہم زمانہ ؛ ہم دور ؛ معاصرہ ۔ (۲) ہم ابتدا ۔ (۳) ہم سن ؛ ہم مدت ؛ ہم سال ۔

Coetaneously : (adv) معاصرانہ ۔

Coeternal : (a) ہم قدم ؛ ہم ابد ۔

Coeternally : (adv) ہم قدمانہ ؛ ہم ابدانہ ۔

Coeternity : (n) ہم قدمی ؛ ہم ابدی ؛ ہم ابدیت ۔

Coeval : (n) [L."Coaevus"] دیکھو Coetaneous

Coevality : (a) ہم عہدی ؛ ہم عصرانہ طور پر ۔

Coevally : (adv) معاصرانہ لحاظ سے ؛ ہم عصرانہ طور پر ۔

Coexistence : (n) (۱)ہم زیستی ؛ ہم وجود ہونا ؛ ہم بودی ؛ ہم موجودیت ۔ (۲) (تاریخ) بقائے باہم ۔

Coexistent : (a) (۱) ہم زیست ؛ ہم وجود ؛ ہم بود ۔

Coextend : (v) ہم سرحد ہونا ؛ ہم حدود ہونا ۔

Coextension : (n) (۱) اشتراک حدود ۔ (۲) (لسانیات) ہم توسیعی ۔

Coextensive : (a) ہم مکان ؛ ہم زمان ؛ ہم حدود ؛ ہم ثغور ؛ ہم وسعت ؛ (منطق) مساوی وسعت رکھنے والا ۔

Coextensively : (adv) ہم مکانی یا ہم زمانی کے لحاظ سے ؛ ہم وسعت ہونے کے اعتبار سے ۔

Coextensiveness : (n) ہم مکانیت ؛ ہم زمانیت ۔

Cofactor : (n) (ریاضی) ہم ضربی ۔

Coffee : (n) [Arab. "qahwah"] (۱) قہوہ ؛ کافی ۔ (۲) ناشتہ ؛ حاضری ۔ (۳) بُن ؛ کافی کا بیج ۔ (٤) کافی کی جھاڑی ۔

Black coffee : بے دودھ کا قہوہ : کالی کافی ۔

Coffee-bean : (n) کافی کا بیج : بُن ۔

Coffee-berry : (n) قہوہ کا پھل یا بیج : تخم قہوہ ۔

Coffee-break : (n) کام کے درمیان آرام کا وقفہ جس میں قہوہ یا کوئی دوسری چیز پی جاتی ہے ۔

Coffee-bug : (n) وہ کیڑا جو قہوہ کے پودوں کو برباد کر دیتا ہے ۔

Coffee-ground : (n) قہوہ کی تلچھٹ ۔

Coffee-house : (n) قہوہ خانہ : کافی ھاؤس ۔

Coffee-mill : (n) قہوہ پیسنے کی چکی ۔

Coffee-pot : (n) قہوہ دان : قہوہ جوش ۔

Coffee-rat : (n) جنوبی ہندوستان میں پایا جانے والا ایک قسم کا چوھا ۔

Coffee-room : (n) کسی ہوٹل کا کھانے کا کمرہ ۔

Coffee-tavern : (n) قہوہ خانہ ۔

Coffee-wit : (n) قہوہ خانے کے بذلہ سنج لوگ ۔

Coffee-wood : (n) ایک سخت اور سیاہ جنگلی لکڑی ۔

Coffer : (n) [Gr."Kophinos"] (۱) خزانے کا صندوق : تجوری ۔ (۲) (جمع میں) سرمایہ : روپیہ : خزانہ ۔ (۳) (تعمیرات) دھنسا ہوا دلاّ (چھت وغیرہ کا) : کسی دیوار کے اندر کا وہ خلا جہاں سنگریزے وغیرہ بھر دیئے گئے ہوں ۔ (٤) کوٹھی (پل بنانے میں) نہر کا بند ۔

Coffer : (v) (۱) خزانے میں رکھنا : خزانے کے صندوق میں رکھنا ۔ (۲) دھنسا ہوا دلاّ بنانا ۔ (۳) کان کنی ، معماری یا نجاری کے کام میں مٹی سے بھر کر ٹپکنے سے روکنا ۔

Coffer-dam : (n) کوٹھی (پل بنانے میں) : سر صندوقی : بند صندوقی : بستاب ۔

Coffer-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کا جسم بکس نما ہوتا ہے ۔

Cofferer : (n) خزانچی ۔

Coffin : (n) [Gr."Kophinos"] (۱) تابوت : میت کا صندوق ۔ (۲) ناکارہ جہاز ۔ (۳) گھوڑے کا سُم ۔ (٤) کاغذ کا ٹھونگا ۔ (٥) (طباعت) مشین کا پھسلنے والا حصہ ۔ (٦) وہ ڈبا جس میں رکھ کر چیزیں سینکی یا پکائی جاتی ہیں ۔ (۷) (کان کنی) کچی دھات کو ایک چبوترے سے دوسرے چبوترے پر کھلےطور پر ڈھالنے کا طریقہ : دھات ڈھالنے کا کھلا طریقہ ۔

Coffin : (v) تابوت میں رکھنا : کفنانا : دفنانا : سینتنا ۔

To drive nail into one 's coffin : موت بلانا : موت کو دعوت دینا : خود اپنی موت یا تباھی کا باعث ہونا ۔

Coffin bone : (n) گھوڑے کے سم کی ھڈی ۔

Coffin-joint : (n) سم کا جوڑ ۔

Coffin-nail : (n) (عامیانہ) سگریٹ ۔

Coffin-plate : (n) تابوت کی تختی : لوح تابوت ۔

Coffinless : (a) بے تابوت : بے گوروکفن ۔

Coffle : (n) [Arab."qafilah"] قطار (جانوروں یا غلاموں کی جو ایک رسی میں بندھے ہوں) : لار : لنگنار (عربی قافلہ) ۔

Coffret / Cofferet : (n) [F."Coffre"] چھوٹا صندوق : چھوٹی تجوری ۔

Cog : (n) [OF."Cogue"] جہاز کی قدیم شکل جس کا پیندا چوڑا اور اگلا پچھلا مدور ہوتا تھا : چھوٹی اتھلی کشتی ۔

Cog : (n) [ME."Kogge"] (۱) دندانے : دانت (پہیے کے) ۔ (۲) Cogwheel کا مخفف ۔ (۳) (کان کنی) کان کی چھت کو سنبھالنے کےلئے سہارے کا کندہ : چوب بندی کا کندہ ۔ (٤) کسی چیز یا نظام کا ضروری لیکن کمتر حصہ ۔

Cog : (n) (نجاری) چول : سرا (کسی لکڑی کا) جو جوڑنے کے لئے کسی خانہ یا چول میں بٹھا دیا جاتا ہے : کڑیوں کو جوڑنے کی چول ۔

Cog : (n) [Origin unknown] دستہ دار چوبی ظرف ۔

Cog : (v) (۱) پہیے میں دندانے بنانا ۔ (۲) پچڑ کے ذریعہ کسی چیز کو مستحکم کرنا ۔

Cogitable : (a) [L."Cogitablis] قریب القیاس ؛ قریب الفہم ؛ قابل قبول ؛ قابل ادراک ؛ قابل خیال ۔

Cogitabund : (a) [L."Cogitabundus"] غرق تفکر ؛ فکر میں محو ؛ مراقبے میں ۔

Cogitant : (a) [L."Cogitantem"] متفکر ؛ دھیانی ؛ مراقب ۔

Cogitate : (v) [L."Cogitat-"] (۱) غور کرنا ؛ سوچنا ؛ فکر کرنا ؛ خیال کرنا ؛ بچارنا ؛ اندیشہ کرنا ۔ (۲) جتن کرنا ؛ صورت نکالنا ۔ (۳) (فلسفہ) کسی شے کا تصور کرنا ۔

Cogitatio : [L.] (کیمیا) غور ؛ فکر ۔

Cogitation : (n) (۱) سوچ ؛ سوچ بچار ؛ تفکر ؛ فکر ؛ تامل ؛ خیال ؛ غور و فکر ۔ (۲) (جمع میں) اندیشہ ؛ فکر ۔

Cogitative : (a) (۱) تفکراتی ؛ تصوراتی ؛ خیالی ؛ فکری ؛ فکر آمیز۔(۲) فکر ؛ اندیشہ کنندہ ؛ قوت تفکر کا حامل ؛ متفکرانہ ۔

Cogitatively : (adv) متفکرانہ ؛ متصورانہ ؛ سوچ بچار سے ؛ فکر یا تصور کے طور پر ۔

Cogitativeness : (n) سوچ بچار میں ہونا ؛ فکر یا دھن میں ہونا ۔

Cogito : (n) [L.] وہ فلسفیانہ اصول کہ انسانی وجود کا ثبوت اس کے تفکر سے ہوتا ہے ۔

Cogito ergo sum : [L.] (فلسفہ) اثبات وجود بربنائے فکر ؛ میں سوچتا ہوں اس لئے موجود ہوں ۔

Cognac : (n) [F. place name] فرانسیسی برانڈی ؛ ایک قسم کی شراب ؛ کنیاک (فرانس کا ایک شہر)۔

Cognate : (a) [L."Cognatus"] (۱) قرابت دار ؛ رشتہ دار ؛ ہم اصل ؛ ہم جد ؛ نسبتی ؛ ہم نسل ؛ ہم مصدر ؛ ہم ریشہ ۔ (۲) (لسانیات) ہم اصل ؛ ہم خاندان ؛ متجانس ؛ ہم جنس ۔

Cognate : (a) (۱) (رومی قانون) خونی رشتہ دار ؛ خاندانی رشتہ دار ۔ (۲) (اسکاٹش قانون) ماں کی طرف کا رشتہ دار ۔ (۳) (کلمہ) متجانِس ۔

Cognate accusative : (n) (۱) (نحو) مفعول مطلق ؛ ہم مصدر مفعول ۔(۲) دیکھو Cognate object

Cog : (v) شہتیر کو جوڑنا یا چول بٹھانا ۔

Cog : (v) [Origin unknown] پانسے بناکر یا گونتھ کر پھینکنا (عیاری سے) ؛ عیاری سے پانسے پھینکنا ۔

To cog a die or the dice : پر فریب طور پر پانسوں کی چال پر گرفت رکھنا ۔

Cog : (v) ہتھوڑے سے پیٹ کر لوہے کو ٹھوس بنانا ۔

Cog-wheel : (n) دندانہ دار چکر ؛ دندانہ دار پہیا ؛ دنتیلا پہیا ۔

Cog-wood : (n) جمائیکا کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے ۔

Cogency : (n) معقولیت ؛ دلنشینی ؛ (جمع میں) قائل کرنے والی بحث ۔

Cogenial / Cogenite : (a) : موافق ؛ مناسب (حال) ؛ پسندیدہ ؛ خوشگوار ۔

Cogent : (a) [L."Cogentum"] معقول ؛ دل نشیں ؛ قوی ؛ دل لگتی ہوئی (دلیل یا حجت) ؛ قائل کن ؛ پسندیدہ ۔

Cogently : (adv) معقول یا دلنشیں طور پر ۔

Cogged : (a) دندانہ دار ؛ دندانہ دار پہیے والا ۔

Cogged wheel breathing /rhythm : (طب) اکھڑی اکھڑی سانس ۔

Cogged : (a) (۱) بے ایمانی سے متاثر کیا ہوا ۔(۲) (پانسے کے لئے) گونتھا ہوا پانسہ (عیاری سے)۔

Cogger : (a) دھوکا دینے والا ؛ خوشامدی ؛ چاپلوس ۔

Coggle : (n) [Echoic] (۱) پانی سے گھسا ہوا گول پتھر ۔ (۲) دیکھو Cobble

Coggle : (v) لڑکھڑانا ۔

Coggly : (a) لرزاں ؛ متزلزل ؛ ناپائدار ؛ غیر ثابت ؛ غیر مستحکم ۔

Cogie / Coggie : (n) [f. COGUE] لکڑی کا چھوٹا پیالہ یا اس کے اندر رکھی چیزیں ۔

Cognate form : (n) (لسانیات) ہم اصل روپ ؛ متجانس روپ۔

Cognate object : (n) (لسانیات) ہم اصل مفعول ؛ متجانس مفعول۔

Cognate words : (n) (لسانیات) ہم اصل الفاظ ؛ متجانس الفاظ۔

Cognateness : (n) رشتہ داری ؛ قرابت داری ؛ ہم اصلی ؛ ہم ریشی ؛ ہم جنسی۔

Cognatic : (a) رشتہ داری سے متعلق ؛ قرابت مندی کا ؛ متجانس۔

Cognatic import : (n) (لسانیات) اصل مفہوم ؛ متجانس مفہوم۔

Cognation : (n) رشتہ داری ؛ نسبتی تعلق ؛ ہم اصلیت ؛ ہم خاندانی (زیادہ تر لسانیات میں) ؛ ہم ریشگی ؛ ہم جنسیت ؛ مناسبت ؛ مشابہت۔

Cognition : (n) [L."Cognitionem"] (۱) (فلسفہ) وقوف ؛ ادراک ؛ احساس ؛ گیان ؛ آگاہی ؛ عرفان ؛ علم ؛ معرفت ؛ دانش۔(۲) (قانون) قانونی اختیار کا استعمال اختیار سماعت۔

Discursive cognition : (فلسفہ) استدلالی وقوف۔

Inter-subjective cognition : (فلسفہ) بین موضوعی وقوف۔

Cognitional : (a) ادراکی ؛ وقوفی ؛ احساسی ؛ علمی ؛ گیان کے متعلق ؛ عرفانی۔

Cognitive : (a) (۱) باوقوف ؛ گن گیان والا ؛ علم رکھنے والا ؛ واقف ؛ شناسا ؛ دانشمند ؛ عارف۔ (۲) (فلسفہ) وقوفی۔

Cognizable/-isable : (a) (۱) قابل فہم ؛ قابل ادراک۔ (۲) قابل شناخت۔(۳) قابل سماعت عدالت ؛ اندرونِ اختیارات عدالت۔

Cognizable offence : (n) جرم قابلِ سماعتِ عدالت ؛ وہ جرم جس کے لئے پولیس افسر بغیر پروانہ گرفتاری کے گرفتار کرلے۔

Cognizably : (adv) بظاہر ؛ محسوس طریقہ پر ؛ قابل سماعت طریقہ پر۔

Cognizance /-sance : (n) [OF."Conis(s)ance"] (۱) وقوف ؛ علم ؛ آگہی ؛ دائرہ مشاہدہ۔(۲) قانونی اختیار کا استعمال ؛ اختیار سماعت۔ (۳) امتیازی علامت ؛ امتیازی نشان (طرہ، مارکہ وغیرہ)۔(٤) (تاریخ) قابل سماعت ؛ قابل دست اندازی۔

To come (fall / lie / be) under / within / beyond / out of the cognizance : کسی کے تعلق سے خارج ہونا ؛ دائرہ وقوف سے باہر ہونا ؛ کسی کے تعلق میں ہونا۔

To have cognizance of : علم ہونا(سرکاری طورپر)۔

To take cognizance of : توجہ کرنا ؛ دھیان میں لانا ؛ چشم پوشی نہ کرنا ؛ متوجہ ہونا ؛ سماعت کا اختیار ہونا۔

Cognizant / Cognisant : (n) (۱) آگاہ ؛ باخبر۔(۲) (فلسفہ) ذی ادراک ؛ صاحب معرفت ؛ ذی وقوف ؛ صاحب اختیار یا ذمہ دار۔

Cognize / Cognise : (v) (۱) وقوف یا ادراک رکھنا ؛ علم رکھنا۔ (۲) شناخت کرنا۔(۳) (فلسفہ) موضوع بنانا (کسی شے کو)۔

Cognizee /-see : (n) (قدیم قانون) وہ فریق جس کے حق میں جرمانہ عاید کیا جائے۔

Cognizer /-ser : (n) (قدیم قانون) وہ فریق جو جرمانہ عائد کرتا ہے۔

Cognomen : (n) [L.] (۱) گوت ؛ نام ؛ ازنام ؛ نام خانوادگی۔ (۲) عرف ؛ لقب۔(۳) نام ؛ اسم۔

Cognominal : (a) ہم لقب ؛ ہم عرف ؛ عرف یا لقب سے متعلق۔

Cognominally : (adv) ہم لقب ؛ ہم عرف کے طورپر۔

Cognominate : (v) [L."Cognominat-"] لقب رکھنا ؛ عرف رکھنا ؛ نام رکھنا۔

Cognomination : (n) لقب ؛ عرف ؛ نام ؛ لقب دینا ؛ لقب گزاری ؛ کنیت گزاری۔

Cognosce : (v) [L."Cognoscere"] (۱) تحقیقات کرنا ؛ کسی مقدمے کو عدالتی سماعت میں لانا ؛ عدالتی طورپر کسی کی حالت کافیصلہ کرنا۔ (۲) شناخت کرنا ؛ علم رکھنا ؛ وقوف یا ادراک رکھنا۔

Cognoscence : (n) علم ۔

Cognoscente : (n) [L."Cognoscentem"] دقیقه شناس ؛ نکته رس ؛ جاننے والا ؛ کسی موضوع پر کامل گرفت رکھنے والا ۔

Cognoscendum : (n) (فلسفه) نظریه وقوف ۔

Cognoscibility : (a) علم کا امکان ۔

Cognoscible : (a) ممکن العلم ؛ جاننے کے لائق ۔

Cognoscitive : (a) آگاهی رکھنے والا ؛ آگاهی کی قوت رکھنے والا ۔

Cognoscitively : (a) آگاهی رکھنے والے کے لحاظ سے ؛ اندیشناکی سے ۔

Cognovit : (n) [In full "Cognovit actionem"] (قانون) اقبال دعوی ۔

Cogradation : (n) (شماریات) هم درجه بندی ۔

Coguardian : (n) مشترك سر پرست ۔

Cogue / Cog : (n) [Etym. unknown] لکڑی کا پیاله ۔

Cogueful / Cogful : (n) پیاله بهر ۔

Cohabit : (v) [L."Cohabitare"] (۱) میاں بیوی کی طرح رهنا ؛ هم خواب هونا ؛ هم بستر هونا ؛ مباشرت کرنا ؛ جماع کرنا ؛ صحبت کرنا (عموماً بے نکاحی عورت کے ساتھ) ۔ (۲) ایک ساتھ رهنا یا هونا ۔

Cohabitant : (n) دوسروں کے ساتھ رهنے والا ۔

Cohabitation : (n) هم خوابی ؛ هم بستری ؛ جماع ؛ مباشرت ؛ صحبت ۔

Illicit cohabitation : (n) (سماجیات) ناجائز مباشرت ۔

Matrimonial cohabitation : (n) (سماجیات) ازدواجی مباشرت ۔

Coheir / Coheiress : (n) شریك میراث ؛ هم ورثه ؛ هم میراث ۔

Coheirship : (n) هم وراثت ؛ وراثت مشترکه ۔

Cohere : (v) [L."Cohaerere"] (۱) چپکنا ؛ چسپیده هونا ؛ جمنا ؛ جُڑنا ؛ وابسته هونا ؛ متحد هونا ۔ (۲) مربوط هونا ؛ یکساں هونا (دلیل اورطرز بیان میں) ؛ هم آهنگ هونا ؛ یك رنگ هونا ۔

Coherence / Coherency : (n) (۱) ربط ؛ وابستگی ؛ وصل ؛ ارتباط ؛ موافقت ؛ چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ یك رنگی ۔ (۲) (فلسفه و نفسیات) ربط ۔

Systenatic coherence : (فلسفه و نفسیات) باضابطه ربط ۔

Coherence theory of good : (فلسفه و نفسیات) نظریه ربط خیر ۔

Coherence theory of truth : (فلسفه و نفسیات) نظریه ربط صداقت ۔

Coherent : (n) (۱) جما هوا ؛ چپکا هوا ؛ چسپیده ؛ جُڑا هوا ؛ ملا هوا ۔ (۲) مربوط ؛ یك رنگ ؛ یکساں ؛ قوی الحجت؛ سہل ؛ یسیرالفهم؛ سمجھ میں آنے والی بات ۔ (۳) (تاریخ) با ربط ۔

Coherent radiation : (n) (طبیعیات) باربط تابانی ؛ مربوط تابانی ۔

Coherent source : (n) (طبیعیات) مربوط ماخذ ۔

Coherently : (adv) مربوط طورپر ؛ ربط کے ساتھ ۔

Coherer : (n) (۱) چسپنده ۔ (۲) دو دھات کے ٹکڑوں میں برقی رو کے نقص کو دور کر کے اسے بر قرار رکھنے والا آله ؛ کوهیرر (طبیعیات) ۔

Cohering : (a) (نباتیات) بیرونی طورسے متحد ۔

Coheritor : (n) دیکھو Coheir

Cohesion : (n) [F."Cohesion"] (۱) چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ اتصال ۔ (۲) کشش اتصال ؛ اتصاق ۔ (۳) قوت جاذبه ذرات ۔ (٤) (نباتیات) اتصال ۔

Principle of cohesion : (فلسفه و نفسیات) اصول پیوستگی ۔

Social cohesion : (سماجیات) سماجی پیوستگی ۔

Cohesive : (a) (۱) چسپنده : اتصال پذیر : مائل : متصل ۔(۲) (کیمیا) چپکنے والا ۔

Cohesively : (adv) پیوستہ طورپر ؛ چسپیدہ ہوکر ۔

Cohesiveness : (n) چسپیدگی : پیوستگی ۔

Cohibit : (v) [L. "Cohibit-","Cohibere"] روکنا : منع کرنا : محدود کرنا ۔

Cohibition . (n) رکاوٹ ؛ روک : ممانعت : انسداد ۔

Cohobate : (v) [L."Cohobatus"] (قدیم کیمیا) دوبارہ تقطیر کرنا ۔

Cohorn : (n) دیکھو Coehorn

Cohort : (n) [L."Cohortem"] (۱) (قدیم روم) رومی فوج کا ایک دستہ ۔(۲) فوج کا دستہ ۔(۳) مجمع : گروہ ۔(٤) (نباتیات، حیوانیات) دستہ (متعلق بجماعت بندی) ۔(۵) شریک جرم : پیرو : طرفدار : ساتھی : ساجھی ۔

Cohortation : (n) وعظ : نصیحت : مواعظ ۔

Cohortative : (a) وعظ : نصیحت سے متعلق ۔

Cohortative mood : (لسانیات) ترغیبی طور : اعتناب : استقرار (فعل کا) ۔

Cohosh : (n) [The Indian name] ایک قسم کا امریکی پودا جس سے دوا تیار ہوتی ہے ۔

Cohow / Cahow / Cohoo : (n) (Kahu) [From its cry] برمودہ کا ایک پرندہ جو اب تقریباً ناپید ہے ۔

Cohuna skull : (n) (تاریخ) کوھونا کھوپڑی ۔

Cohune : (n) کھجور کے درخت کی ایک قسم جو پنڈورا میں پائی جاتی ہے ۔

Coif : (n) [L."Cofea"] (۱) ایک قسم کی ٹوپی : کنٹوپ ۔ (۲) ایک سفید ٹوپی جو انگلستان کےوکلاء پہنا کرتے تھے : قانون داں کا عہدہ ۔ (۳) (تاریخ) کلاہ خود ۔ (٤) عورتوں کی چست ٹوپی ۔(۵) نم گیاہ کا برقع ۔ (٦) بال بنانے کی وضع ؛ مانگ پٹی ۔

Coif : (v) کنٹوپ سے چھپانا : قانون داں کی ٹوپی پہننا : بال سنوارنا ۔

Coiffeur / Coiffeuse : (n) [Fr.] بال سنوارنے والا : مشاطہ : مشاطہ ۔

Coiffure : (n) [Fr.] (۱) بال بنانے کی وضع : آرائش گیسو : کلاہ ۔ (۲) (تاریخ) مانگ پٹی کا طریقہ : بال بنانے کی وضع ۔

Coign / Coigne : (n) [archaic form of Coin, QUOIN] (۱)گوشہ ۔ (۲) دو دیواروں کے بیچ نکلا ہوا پتھر : سنگ زاویہ ۔(۳) (طباعت میں) پچڑ ۔

Coign of vantage : نظارہ گاہ : دیدبان : وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز صاف دکھائی دے ۔

Coigne /Coigny : (n) آئرستان کے سردار جو اپنی رعیت سے سپاھیوں کے کھانے پینے کیلئے رقم وصول کرتے تھے ۔

Coil : (v) [OF."Coillir"] (۱) کنڈل بنانا : اینڈوی بنانا : کنڈلیاں بنانا ۔(۲) سانپ کی طرح سے چلنا : بل کھانا : بل کھاتے ہوئے چلنا ۔

Coil : (n) (۱) لچھا : گولہ : پنڈا : انٹی ۔(۲) گھونگر : مرغولہ ۔(۳) کنڈل : کنڈلی : حلقہ حلقہ : کوائل ۔(٤) (بندوق‌سازی) لوھے کا وہ چھز جو کنڈل بناکر نلکی میں تبدیل کردیا جاتا ہے ۔

Exploring coil : (طبیعیات) کھوج کنڈلی ۔

Field coil : (طبیعیات) فیلڈ کنڈلی ۔

Impedance coil : (طبیعیات) عداوتی کوائل ۔

Induction coil : (طبیعیات) تحریکی کوائل ۔

Magnetizing coil : (طبیعیات) مقناؤ کوائل ۔

Reactance coil : (طبیعیات) نا اھلیت کوائل ۔

Search coil : (طبیعیات) کھوج کوائل ۔

Single turn coil : (طبیعیات) یکپھیری کوائل ۔

Coil : (n) (۱) شوروشغب : گڑبڑ : ابتری : آشوب ۔ (۲) امور دنیوی ۔

Mortal coil : امور دنیوی ۔

To keep a coil : شورو شغب کرنا ۔

Coil : (n) [Etymology not clear] پیال کا انبار ۔

Coil-winder : (n) (انتظامیہ) لچھا ساز ؛ مرغولہ ساز ۔

Coiled : (a) (لسانیات) مرغولہ دار ۔

Coin : (n) [L."Cuneum"] (۱) سکہ ۔ (۲) روپیہ ۔ (۳) زر ؛ پیسہ ۔ (٤) رقم ۔ (٥) دو دیواروں کے بیچ میں نکلا ہوا پتھر ۔

Base coin : (تجارت) ناقص سکہ ؛ خراب سکہ ؛ کھوٹا سکہ ۔

Counterfeit coin : (تجارت) نقلی سکہ ؛ جعلی سکہ ۔

Debased coin : (تجارت و معاشیات) گھٹیا سکہ ۔

Defaced coin : (معاشیات) کھوٹا سکہ ؛ چہرہ مٹا سکہ ۔

Drilled coin : (تجارت) سوراخ دار سکہ ۔

False coin : (۱) سکہ قلب ؛ جعلی سکہ ؛ کھوٹا سکہ ۔ (۲) دھوکے کی چیز ؛ جعلی شئے ۔

Full bodied coin : (تجارت) پوری مالیت کا سکہ ۔

Garbed coin : (تجارت) گھسا پٹا سکہ ۔

Gold coin : (تجارت) سونے کا سکہ ۔

Minor coin : (تجارت) چھوٹا سکہ ۔

Silver coin : (تجارت) چاندی کا سکہ ۔

Small coin : دیکھو Minor coin

Standard coin : (تجارت و معاشیات) معیاری سکہ ۔

Subsidiary coin : (تجارت) ضمنی سکہ ؛ ذیلی سکہ ؛ معاون سکہ ۔

Token coin : (تجارت و معاشیات) علامتی سکہ ۔

To pay one in his own coin : جیسے کو تیسا ؛ ترکی بہ ترکی ۔

Uncurrent coin : (تجارت) غیر چالو سکہ ۔

Coin : (v) (۱) سکّہ ڈھالنا ، بنانا یا ضرب کرنا ۔ (۲) دھات کو سکّے میں تبدیل کرنا ۔ (۳) دماغی قوت سے روپیہ پیدا کرنا ۔ (٤) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ گھڑنا ؛ نکالنا ؛ بنانا ؛ پیدا کرنا ؛ لفظ وضع کرنا ۔

Coin : (v) (۱) سکّہ مہیا کرنا ۔ (۲) دو دیواروں کے بیچ پتھر لگانا ۔

To coin money : (عامیانہ) روپیہ بنانا ۔

Coin examiner : (n) (تجارت) سکّہ جانچ کنندہ ؛ سکّہ پڑتالیا ۔

Coin expert : (n) (انتظامیہ) ماہر سکّہ جات ۔

Coin hoard : (n) (تاریخ) سکّوں کا ذخیرہ ۔

Coinage : (n) [OF."Coinaige"] (۱) سکّہ ڈھلائی ؛ ضرب سکّہ ۔ (۲) سکّے ۔ (۳) رائج الوقت سکّے ۔ (٤) اختراع ؛ ایجاد ؛ گھڑے ہوئے الفاظ ؛ من گھڑت ۔ (٥) (تجارت) سکّہ سازی ؛ تسکیک ۔ (٦) (لسانیات) وضع ۔

Decimal coinage : عشاری سکّے ۔

Free coinage : (معاشیات) آزاد سکّہ سازی ؛ (تجارت) مفت سکّہ سازی ؛ کھلی سکّہ ڈھلائی ۔

Gratuitous coinage : (معاشیات) مفت سکّہ سازی ؛ (تجارت) بلا معاوضہ سکّہ سازی ؛ مفت سکّہ ڈھلائی ۔

Limited coinage : (تجارت و معاشیات) محدود سکہ سازی ؛ محدود سکّہ ڈھلائی ۔

Non-gratuitous coinage : (تجارت و معاشیات) با قیمت سکہ سازی ؛ با معاوضہ سکّہ ڈھلائی ۔

Coinage account : (n) (تجارت) سکّہ سازی کھاتہ ۔

Coinable : (a) سکہ بنانے کے لائق ؛ گھڑے جانے کے لائق (الفاظ) ۔

Coincide : (v) [med. L."Coincidere"] (۱) ہم مکان ہونا ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ ٹھیک آنا ؛ چسپاں ہونا ؛ منطبق ہونا ۔ (۲) ہم زمان ہونا ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونا ۔ (۳) مطابق ہونا ؛ موافق ہونا ؛ ٹھیک ہونا ۔ (٤) متفق ہونا ؛ اتفاق رائے کرنا ۔

Coincidence : (n) (۱) انطباق ؛ ہم مکانیت ؛ ہم زمانیت ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ مطابقت ؛ تطابق ؛ موافقت ۔ (۲) اتفاق ؛ میل ؛ سنجوگ ؛ اتفاقی مطابقت ۔

Casual coincidence : (فلسفه و نفسیات) بے قاعدہ انطباق ۔

Chance coincidence : (فلسفه و نفسیات) اتفاقی انطباق ۔

Coincidence circuit : (n) (طبیعیات) میل سرکٹ ۔

Coincidence method : (n) (طبیعیات) میل طریقه ۔

Coincidence rate : (n) (طبیعیات) میل شرح ۔

Coincident : (a) مطابق ؛ موافق ؛ هم مکان ؛ هم زمان ؛ ملتا هوا ؛ منطبق ۔

Coincident distribution : (n) (لسانیات) تطبیقی تقسیم ۔

Coincident indicator : (n) (تجارت) اتفاق نما ۔

Coincidental : (a) مطابقی ؛ تطابقی ؛ هم مکانی ؛ هم زمانی ۔

Coincidentally/ Coincidently : (adv) ساتھ۔ساتھ ؛ اسی وقت ؛ اتفاق سے ؛ اتفاقاً ۔

Coincidation : (n) هم نشانی ؛ هم علامتی ؛ علامت مشترك ۔

Coined word : (n) (لسانیات) وضع کئے گئے الفاظ ؛ وضعی الفاظ ۔

Coiner : (n) (۱) سکّہ زن ۔(۲) خراب نکسالیه ۔(۳) قلب سکّہ بنانے والا ؛ سکّہ باز ۔(٤) الفاظ گھڑنے والا ؛ الفاظ وضع کرنے والا ۔

Coinfinite : (v) مشترکًا لا محدود ۔

Coinhere : (v) باهم موجود هونا ۔

Coinherence : (n) باهم موجودگی ؛ باهم وجود ؛ وجود مشترك ۔

Coinheritance : (n) میراث مشترکه ۔

Coinheritor : (n) هم میراث ۔

Coinless : (a) بے زر ؛ کنگال ۔

Coinstantaneous : (a) هم وقت ؛ هم زمان ؛ هم آن ؛ ایك هی لمحه میں واقع هونے والا ؛ هم لمحه ۔

Cointense : (a) مساوی شدت والا ۔

Cointension : (n) مساوی شدت ۔

Cointise : (n) [OF."cointe"] کوئی چیز جو بطور علامت یا نشان پہنی جائے جیسے گلوبند یا رومال وغیرہ ۔

Coir : (n) [Malayalam."Kayar"] ناریل کے ریشے جن سے رسیاں، چٹائیاں وغیرہ بنتی هیں ؛ نارا ۔

Coistrel : (n) [MF. "coustillier"] (۱) جانبازوں (نائٹ) کے گھوڑوں کی رکھوالی کرنے والا سائیس یا نوکر ۔(۲) کمینه آدمی ؛ رذیل ۔

Coition : (n) [L. "coitionem"] (۱) جماع ؛ صحبت ؛ مباشرت ؛ مجامعت ؛ بھوگ ؛ وصل ؛ وصلت ؛ مواصلت ؛ وصال ۔(۲) اقتران ۔

Coitus : (n) [L. "coitus"] دیکھو Coition

Extramarital coitus : (سماجیات) بیرون ازدواجی مباشرت ؛ غیر ازدواج مباشرت ۔

Premarital coitus : (سماجیات) قبل از شادی مباشرت ۔

Cojuror : (n) [Co + JUROR] شریك جیوری ۔

Coke : (n) [ME. "Coke"] پتھر کا وہ کوئله جس سے آنچ دیکر کاربن خارج کر دیتے هیں اور جو لوهے کے پگھلانے میں کام آتا هے ؛ نرکول ۔

Coke : (v) نرکول بنانا ؛ نرکول میں تبدیل هونا ۔

Cokery : (n) نرکول بنانے کی جگه یا کارخانه ۔

Cokey / Cokie : (a) کوکین کھانے کا عادی ۔

Col : (n) [L. "collum"] تنگ گھاٹی ۔

Col-: واصله (بجائے -COM) ۔

Col-/ colo-/ coli -: واصله بمعنی "بڑی آنت" ۔

Cola : (n) [of African origin] مغربی افریقه کا ایك درخت ۔

Cola : (n) Colon کی جمع ۔

Cola : (n) [L."coda","cauda"] قطار ؛ صف ؛ لائن ۔

Cola nut : (n) مغربی افریقہ کے ایک درخت کا بیج جو اچار، مقوی دوا یا الکحل کے مارک کےطور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Cola seed : (n) دیکھو Cola nut

Colander / Cullender : (v) [med.L."colatorium"] سوراخ کرنا ؛ چھلنی بنانا ؛ چھاننا ۔

Colander / Cullender : (n) (۱) چھلنی ؛ آنگی ؛ غربال ؛ آب کش ۔(۲) چھرا ڈھالنے کا سانچہ ۔

Colation : (n) [L."colare"] صاف کرنا ؛ چھاننا ۔

Colature : (n) [late L."colatura"] (۱) چھاننا ۔(۲) چھناھوا ۔ (۳) چھلنی ۔

Colcannon : (n) [Ir. Gael."cal+ceannan"] ایک آئرستانی کھانا ، آلوگوبھی کا سالن ۔

Colchicine /Colchicia : (n) [COLCHICUM+-INE] ایک قسم کا زھریلا زرد بلوری القلی ۔

Colchicum : (n) [Gr."kolchikon"] (۱) سورنجان ؛ ایک زھریلا پودا جو زعفران کے بہت مشابہ ھوتا ھے ۔ (۲) سورنجان سے حاصل ھونے والی دوا ۔

Calcothar : (a) [Arab."qolqotar"] لوھے کا سرخ آکسائڈ جس سے شیشے پر جلا کرتے ھیں ؛ قلقطار ۔

Cold : (a) [OTeut. "kaldo-z"] (۱) ٹھنڈا ؛ سرد ؛ خنک ؛ بارد ۔(۲) جو گرم نہ کیا گیا ھو ؛ جو گرم کرنے کے بعد سرد ھو گیا ھو ۔(۳) بے حس ؛ بے مہر ؛ بے درد ؛ بے اثر ۔(٤) سرد مہر ؛ افسردہ ؛ نا مہربان ۔(۵) کپکپا دینے والا ؛ افسردہ کن ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ۔ (٦) (شکاریات) ھلکی خفیف بو ؛ (شکار) شکارباس ۔ (۷) (مجازاً) بےمزا ۔(۸) ارادتاً ۔ (۹) مردہ ۔(۱۰) بے ھوش ۔(۱۱) دوسرے کے رحم و کرم پر ۔(۱۲) یقینی ؛ متیقن ۔ (۱۳) (مصوری) نیلا ؛ خاکستری یا اس طرح کا رنگ ۔ (١٤) قانونی ۔(۱۵) بیکار ؛ غیر چالو ۔ (١٦) (ریڈیو اور ٹیلی ویژن) بغیر موسیقی یا تفریح کا ۔(۱۷) غیراصیل ۔ (۱۸) شدید ۔(۱۹) بے ظاھری تشدد کے ۔ (۲۰) غیر جاذب حرارت زمین ۔

In cold blood : قصداً ؛ جان بوجھ کر ۔

To give the cold shoulder to : : سردمہری سے پیش آنا ؛ بد خلقی سے ملنا ؛ رکھائی سے پیش آنا ، بے رخی برتنا ۔

To throw cold water on plan : دبانا ؛ کسی کام یا منصوبے پر پانی پھیر دینا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ پست ھمت کرنا ؛ افسردہ کرنا ۔

Cold : (n) [OE"cals","ceald"] (۱) ٹھنڈا ؛ ٹھنڈک ؛ جاڑا ۔ (۲) زکام ؛ نزلہ ؛ سردی ؛ ھوا زدگی ۔ (۳) افسردگی ؛ نا امیدی ۔

To be left out in the cold : بے پروائی برتا جانا ؛ بےتوجہی ھونا ؛ کس مپرسی میں ڈال رکھنا ۔

Cold-abscess : (n) وہ زخم جو بغیر ورم وغیرہ کے پیدا ھو ۔

Cold bed : (n) (باغبانی) ٹھنڈا تختہ ۔

Cold blast : (n) دھونکنی کی ھوا ۔

Cold-blooded : (a) (۱) سرد خون والے (مچھلی اور دوسرے رینگنےوالے کیڑے) ؛ بلغمی مزاج ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ بے درد ۔

Cold-blooded animal : (n) (حیوانیات) سرد خونی جانور ۔

Cold cathode tube : (n) (طبیعیات) سرد منفی ٹیوب ۔

Cold chisel : (n) ٹھنڈے لوھے کو کاٹنے والی چھنی ۔

Cold coil : (n) ٹھنڈی پٹی (متورم مقام پر ٹیوب میں پانی بھر کرلپیٹ دیتے ھیں) ۔

Cold colours : (n) ٹھنڈے رنگ مثلاً نیلا، خاکستری وغیرہ ۔

Cold cream : (n) نرم اور مفرح روغن (جلد اوربدن کےلئے) ۔

Cold discharge : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا اخراج ۔

Cold-drawn : (a) بغیر گرم کئے ھوئے بیجوں سے نکالا ھوا (تیل) ۔

Cold emission : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا خروج ۔

Cold emitter valve : (طبیعیات) سرد مخروجی والو ۔

Cold feet : (n) (عامیانہ) خوف ۔

Cold finch : (n) ایک قسم کی مگس گیر چڑیا ۔

Cold-fish : (n) سرد اور بے حس آدمی ۔

Cold-hammer : (v) ٹھنڈے لوھے کو کوٹنا پیٹنا ۔

Cold-hearted : (a) قسی القلب ؛ بے رحم ۔

Cold-heartedness : (n) بے رحمی ؛ قسی القلبی ۔

Cold-livered : (a) سرد جگر ؛ سرد ؛ افسردہ دل ؛ بے جذبات ؛ بے جوش ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ ٹھنڈی مٹی کا ۔

Coldly : (adv) سرد مہری سے ۔

Cold meat : (n) (عامیانہ) ٹھنڈا گوشت ؛ مردہ ۔

Cold neutron : (n) (طبیعیات) ٹھنڈا نیوٹرن ۔

Cold-pig : (n) (۱) ٹھنڈے پانی کے چھینٹے دیکر جگانا ۔ (۲) ٹھنڈے پانی کے چھینٹے (کسی کو جگانے کے لئے)۔

Cold -proof : (a) جس پر سردی اثر نہ کرے ؛ سردی روک ؛ ٹھنڈ روک ۔

Cold-short : (n) کڑکیلا ٹھنڈا لوھا ۔

Cold shoulder : (n) بے توجہی ؛ بے اعتنائی ۔

Cold spot : (n) (فلسفہ و نفسیات) سرد نقطہ ۔

Cold steel : (n) تلوار؛ سنگین (یعنی وہ ھتھیار جو داغے نہیں جاتے)۔

Cold storage : (n) (۱) خنک سار جگہ جہاں چیزیں محفوظ کی جاتی ھیں ۔ (۲) (مجازاً) التوا ۔

Cold turky : (n) (۱) روکھا ؛ دو ٹوک ۔(۲) متیقن نشانہ ۔ (۳) منشیات کا یکایک ترک کر دینا ۔ (٤) بے حس ۔

Cold war : (n) سرد جنگ ؛ حالت دشمنی جس میں دھمکی، رکاوٹ، پروپیگنڈا ھو مگر باضابطہ جنگ نہ ھو ۔

Cold wave : (n) سرد لہر ؛ یکایک ٹھنڈک کا بڑھ جانا ۔

Cold without : (n) تلخ شراب پانی کے ساتھ ؛ بغیر شکر کی شراب ٹھنڈے پانی میں ۔

Coldblood : (n) سرد خون ۔

Coldish : (a) ٹھنڈا سا ؛ خنک سا ، سرد سا ۔

Coldness : (n) (۱) سردی ؛ ٹھنڈک ۔(۲) سرد مہری ۔

Cole : (n) [L. "caulis"] ایک قسم کا کرم کلا ؛ گوبھی (اب متروک ھے صرف بطور واصلہ ان معنوں میں آتا ھے)۔

Cole : (n) (عامیانہ) رقم ۔

To post the cole : رقم ادا کرنا ۔

Cole-goose : (n) دیکھو Coal goose

Cole-rake / Colrake : (n) [f."col", COAL+RAKE] خاك انداز ؛ چولہے یا بھٹی میں راکھ جھاڑنے کا ایک الہ ؛ خاکستر کش ۔

Cole-slaw : (n) [Du."Koolsla"] کٹے ھوئے کرم کلا کا سلاد ۔

Cole-staff : (n) بھاری دستہ دار دیگ وغیرہ کے لے جانے والی لکڑی ۔

Cole-tit : (n) دیکھو Coal mouse

Colectomy : (n) [Cole-+ectomy] (جراحی) بڑی آنت کے ایک حصے کو کاٹ کر نکال دینا ۔

Colegatee : (n) [CO+LEGATEE] (تجارت) هم ترکہ یا بندہ ۔

Colemanite : (n) [f. w. t. Coleman] کیلشیم کا آبدار بوریٹ جو کیلی فورنیا میں پایا جاتا ھے ۔

Colemouse : (n) دیکھو Coalmouse

Coleopter : (n) [See next] بھونرے کی ایک قسم ۔

Colepotera : (n) (sing. Coleopteron) [Gr."Koleopteros"] حشرات کی ایک قسم جن کے دو سخت پر ھوتے ھیں جو اڑنے کے لئے استعمال نہیں ھوتے بلکہ اڑنے والے پروں کی حفاظت کے لئے ھوتے ھیں ؛ بھونرے ۔

Coleopteral : (a) اس قسم کے حشرات (بھونروں) سے متعلق ۔

Coleopteran : (n) بھونرے کی ایک قسم ۔

Coleopterist : (n) بھونروں کا مطالعہ کرنے والا اور ان کا ماھر ۔

Coleopteroid : (a) بھونرے کی طرح ؛ مثل بھونرا ۔

Coleopterous : (a) دیکھو Coleopteral

Coleorhiza : (n) [Gr."Coleos"+"rhiza"] کلاہ بیخ ۔

Coleseed : (n) (۱) گوبھی کا بیج ۔(۲) وہ درخت جس سے روغن کلزا حاصل ہوتا ہے (گوبھی کے بیج کا روغن)۔

Coleus : (n) [Gr."koleos"] دو برگہ ؛ لب دار پودوں کی ایک جنس جو پودینے کی طرح ہوتی ہے ۔

Colewort : (n) کرم کلا کا پودا جو گٹھا ہوا نہ ہو ۔

Colewort twice sodden : پرانی خبر ۔

Colibri : (n) [Carib] ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے بھن بھن کی آواز نکلتی ہے ۔

Colic : (n) [Gr."Kolikos"] قولنج ؛ درد شکم ؛ پیٹ کا درد ؛ مروڑ ؛ پیچ ۔

Colic : (a) قولن ؛ بڑی آنت سے متعلق ؛ قولنجی ۔

Colic root : (n) حشیشۃ النجم ؛ وہ پودے جن کی جڑوں سے قولنج کا علاج کیا جاتا ہے ۔

Colical : (a) قولنج سے متعلق ؛ قولنج کی مانند ؛ قولنجی میلان رکھنے والا ۔

Colicky : (n) قولنج کا مریض ؛ قولنج پیدا کرنیوالا ؛ قولنجی ؛ درد شکم سے متعلق ۔

Colies : (n) [Gr."Kolios"] افریقی پرندوں کی ایک نوع ۔

Colin : (n) [Erron. form of Mex."Colin"] ایک قسم کی بٹیر ۔

Coliseum : (n) نمائش گاہ ؛ ورزش گاہ ۔

Colitis : (n) [mod. L.] قولون کا ورم ۔

Colk : (n) (۱) مغز ؛ اندرونی حصہ ۔ (۲) ایک قسم کی مرغابی ۔

Coll : (v) [ON."Kollr"] کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ تراشنا ۔

Collaborate : (v) [L."Collaborare"] ساتھ مل کر کام کرنا ؛ ساتھ محنت کرنا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ ہم کاری کرنا (ادب اور فنون لطیفہ میں) ؛ دشمن کی مدد کرنا ؛ تعاون کرنا ۔

Collaboration : (n) ہم کاری ؛ رفاقت ؛ شرکت محنت ؛ ہاتھ بٹائی ؛ شرکت کار ؛ تعاون ۔

Collaborator : (n) شریک ؛ شریک کار ؛ شریک محنت ؛ ہم کار ؛ رفیق کار ؛ معاون ؛ مخالف جماعت یا دشمن کی مدد کرنے والا ۔

Collaborateur : (n) [Fr.] دیکھو Collaborator

Collagen : (n) [Gr."Kolla"+"gene"] (حیاتیات) نسیج موصل کا وہ عنصر جس کو ابالنے پر جلاتین نکلتا ہے ۔

Collagenic : (a) نسیج موصل کے اس عنصر کی طرح یا وہ عنصر رکھنے والا ۔

Collagenous : (a) دیکھو Collagenic

Collapse : (n) [L."collapsus"] (۱) گرنا ۔(۲) یکایک غش ہو جانا ۔(۳) سقوط ؛ شکستگی ؛ اضمحلال ۔(٤) تباہی ؛ بربادی ۔

Collapse : (v) [L."collaps-","collabi-"] دفعتًا گرنا ؛ دھڑام سے گر پڑنا ؛ ہمت ہار دینا ؛ جواب دے دینا ؛ حالت سقیم ہو جانا ؛ ڈھیر ہو جانا ؛ ساقط ہو جانا ؛ مضمحل ہونا ؛ خراب ہونا ؛ بے اثر ہونا ؛ بے معنی ہونا ۔

Collapsed : (a) نقیہ ؛ درماندہ ؛ شکستہ ۔

Collapsible / Collapsable : (a) تہ ہو جانے والا ۔

Collapsible corporation : (n) (تجارت) تباہ ہونے والا کارپوریشن۔

Collar : (n) [L."collare"] (۱) کنٹھا ؛ گلوبند ؛ کالر ۔ (۲) گردنی ۔(۳) نائٹ کےتمغے کی زنجیر ۔ (٤) پٹہ ؛ حلقہ ۔(۵) وہ چھلا جس میں مچھلیوں کا چارہ پرویا ہوا ہوتا ہے ۔(٦) دھاری دار حلقہ ؛ کنٹھا ؛ کنٹھی ؛ ہنسلی ؛ طوق گردن ۔ (۷) گرفتاری ۔(۸) کوئی گول حلقہ ؛ تسمہ یا پٹہ جو روکنے، کوئی مخصوص کام کرنے، مستحکم کرنے یا آراستہ کرنے کے لئے ہوتا ہے ۔(۹) (نباتیات) طوق ۔

Against the collar : سخت کھنچائی ؛ جفاکشی ؛ سخت محنت ؛ شدید کوشش ؛ جدو جہد ۔

In collar : باکار ۔

Out of collar : بے کار ۔

Collar : (v) [See prec.] (۱) گریبان پکڑنا ؛ گریبان میں ہاتھ ڈالنا ؛ گرفتار کرنا ۔ (۲) مخالف کو روکنا ؛ پکڑنا ؛ گیند چھیننے کی کوشش کرنا (فٹ بال میں) ۔ (۳) چھیننا ؛ غصب کرنا ؛ ہضم کرنا ۔(٤) مچھلی یا گوشت کے ٹکڑوں کو لپیٹ کر ڈوری سے باندھنا ۔ (٥) کالر لگانا ؛ کالر پہننا ؛ کالر باندھنا ۔ (٦) جانوروں کو پٹہ لگانا ۔ (۷) کسی کو روک کر زبردستی باتیں کرنا ۔

Collar beam : (n) وہ شہتیر جو دوسرے شہتیروں کو جوڑتا ہے ۔

Collar-bone : (n) ہنسلی ؛ ہنسلی کی ہڈی ؛ ہانس ۔

Collard : (n) [Corrupt. f. "colort","colewort"] Cole wort دیکھو

Collar-day : (n) وہ دن جس روز نائٹ تمغے کی زنجیر پہنتے ہیں ۔

Collar gall : (n) گھوڑے کا وہ زخم جو حلقے کی خراش سے ہو جاتا ہے ۔

Collar harness : (n) گلے کا ساز ۔

Collar of SS / S's / Esses : قدیم زمانے میں لنکا سٹر کا نشان تھا ؛ اب بھی بعض موقعوں پر لباس میں لگایا جاتا ہے ۔

Collar proud : سازو سامان میں سرکشی کرنےوالا (گھوڑا) ۔

Collar-work : (n) سخت کھینچائی ؛ جفا کشی ؛ سخت محنت ؛ شدید کوشش اور جدوجہد ۔

Collared : (a) کنٹھے دار ؛ گریبان دار ؛ پٹے دار ؛ کالر دار ۔

Collared bead : (n) (تاریخ) ہنسلی دار ۔

Collarette/-et : (n) [Fr."collerette"] (۱) چھوٹا یا تنگ کالر ۔ (۲) گلوبند (زیور) ۔ (۳) زنانہ گریبان جو زریں یا سمور کا ہوتا ہے ۔

Collarino : (n) [It. dim. of "collare"] (تعمیرات) گردن ستون ؛ ستون کا حلقہ ۔

Collarless : (a) بے گریبان کا ؛ بے پٹے کا ۔

Collarlike : (a) پٹہ نما ؛ حلقہ نما ؛ کالر نما ۔

Collatable : (a) [See next] ترک لگانے کے لائق ؛ (نسخوں کا) مقابلہ کرنے کے لائق ؛ ملانے کے لائق ۔

Collate : (v) [L."Collat-","Conferre"] (۱) کتاب کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کرنا ؛ ملانا ؛ مطابق کرنا ۔(۲) ترک لگانا (جلد بندی میں) ۔ (۳) پادری کو گرجا کی خدمت سپرد کرنا ۔ (٤) مساوی تقسیم کی حالت میں لانا ۔

Collated : (a) ملایا ہوا ؛ مقابلہ کیا ہوا ۔

Collateral : (n) [Med. L."collaterulis"] (۱) ایک دادا کی اولاد ؛ یک جدی ۔ (۲) وثیقہ ۔ (۳) ذاتی اسباب (مختلف قسم کے) ۔ (٤) کوزا کرکٹ ۔

Collateral : (a) (۱) پہلو بہ پہلو ، برابر برابر ؛ متوازی ہم پہلو ۔(۲) ہم اصل ؛ ہم جد ۔(۳) معترضہ ؛ غیر متعلق ۔

Collateral ancestor : (n) جد یا جدہ کے بھائی یا بہن ۔

Collateral assurance : (n) وثیقہ ضمانت ۔

Collateral clause : (لسانیات) فقرہ معترضہ ؛ تابع فقرہ ؛ فقرہ تابع ۔

Collateral issue : سزائے جرم کی براءت میں عذر پیش کرنا جو قانوناً جائز ہو ۔

Collateral kin : (سماجیات) ہم جد ؛ قرابت دار ۔

Collateral loan : (n) (تجارت) کفالتی قرض ؛ متوازی قرض ۔

Collateral security : (n) مزید کفالت ؛ (تجارت) کفالتی سیکوریٹی ۔

Collateral surety / bond : مزید ضمانت ۔

Collateral trust bond : (تجارت) کفالتی ٹرسٹ بانڈ ۔

Collaterally : (adv) (۱) متوازیاً ؛ پہلو بہ پہلو ؛ ضمناً ؛ برابر ۔ (۲) یک جدی حیثیت سے ؛ معترضہ کے طور پر ۔

Collation : (n) [L."collationem"] (۱) مقابلہ ؛ موازنہ ؛ مطابقت ؛ تطبیق ۔ (۲) (رومن کیتھولک) ناشتہ ؛ افطاری ۔ (۳) پادری کو گرجا کی خدمت کی سپردگی اورسپرد کرنے کاحق ۔ (٤) کسی وارث کا اپنے حصے کو جو اسے

پہلے مل چکا تھا واپس کر دینا تا کہ جاگیر حقداروں میں برابر تقسیم ہو سکے ۔ (٥) کسی خانقاہ کے اراکین کے سامنے کی مذہبی کتاب سے کچھ حصوں کو پڑھنا یا ان پر گفتگو کرنا ۔

Collatitius : (a) [L."collaticius"+-ous] (١) عام چندوں کے ذریعہ کیا ہوا ؛ اعانت دیاھوا ؛ اعانت سے انجام پایا ہوا ۔ (٢) تطبیق کیا ہوا ۔

Collative : (a) [L."collativus"] (١) مشترک طور پر اعانت دیا ہوا یا کیا ہوا ۔ (٢) کشیش کو دی ہوئی جاگیر ۔ (٣) تطبیق کیا ہوا ؛ مقابلہ کیا ہوا ۔

Collator : (n) [L.] (١) مقابلہ کرنے والا ۔ (٢) عطا کرنے والا ۔

Colleague : (n) [L."collaga"] ہم منصب ؛ شریک کار ؛ رفیق کار ؛ شریک منصب ۔

Colleague : (v) [L."colligare"] تعاون کرنا ؛ متحد ہونا ؛ سازش کرنا ۔

Colleagueship : (n) ہم منصبی ؛ ہم کاری ؛ رفاقت ۔

Collect : (n) [L."collecta"] (١) (تاریخ) عیسائیوں کی ایک مختصر دعاء ۔ (٢) چوبچہ (چہ بچہ) ۔

Collect : (a) [L."collectus"] (١) (ٹیلی فون ، ٹیلی گرام وغیرہ میں) پانے والے سے وصول کرنے والا (کرایہ، دام، چارج وغیرہ) ۔ (٢) دیکھو Collected

Collect : (v) [OF."collecter"] (١) جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جوڑنا ؛ یکجا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ۔ (٢) وصول کرنا ؛ اگاھنا ؛ تحصیل کرنا ۔ (٣) حواس مجتمع کرنا ؛ حواس میں آنا ؛ ہوش میں آنا ؛ حواس بحال کرنا ؛ حواس درست کرنا ۔ (٤) استنباط کرنا ۔ (٥) گھوڑے کو قابو میں رکھنا ؛ گھوڑے کا قابو میں آنا ۔ (٦) لے لینا ؛ ساتھ جانا ؛ ساتھ لے جانا ۔

Collectable : (a) جمع کرنے کے لائق ؛ جمع ہونے کے لائق ۔

Collectanea : (n) [L."collectaneus"] تحریروں کا مجموعہ ؛ منتخبات ؛ انتخاب ؛ چیدہ مضامین ۔

Collected : (a) (١) حواس میں ؛ بے جوش ؛ حواس درست ؛ خاطر جمع ؛ متین ؛ خود دار ۔ (٢) جمع کیا ہوا ؛ مجتمع ۔

Collectedly : (adv) حواس میں رہ کر ؛ بغیر جوش کے ؛ حواس مجتمع کر کے ۔

Collectedness : (n) درست حواسی ؛ خاطر جمعی ؛ متانت ؛ خود داری ۔

Collecting : (a) وصولی ؛ اگاھی ؛ فراھمی ۔

Collecting agent : (n) (تجارت) وصول کنندہ ؛ وصولی ایجنٹ ؛ اگاھی ایجنٹ ۔

Collecting banker : (n) (تجارت) اگاھی بینکر ؛ وصولی بینکر ۔

Collecting charges : (n) (تجارت) اگاھی اخراجات ؛ اگاھی مصارف ۔

Collecting stage : (n) (سماجیات) دور فراھمی (وہ دور جب انسان چھوٹی چھوٹی جماعتوں میں رہتا تھا اور جنگلی پھلوں اور جڑی بوٹیوں پر بسر کیا کرتا تھا) ۔

Collection : (n) [L."collectionem"] (١) جمع ؛ جوڑ ؛ بٹورن ؛ فراھمی ۔ (٢) اگاھی ۔ (٣) چندہ ۔ (٤) انبار ؛ ذخیرہ (پانی یا مٹی کا) ۔ (٥) مجموعہ ؛ ذخیرہ ؛ مرقع (ایک ھی قسم کی چیزوں کا) ۔ (٦) (جمع) آکسفورڈ کے میقاتی انتخابات ۔ (٧) تحصیلداری ۔ (٨) کلکٹر کا حلقہ اقتدار ؛ کلکٹری ۔ (٩) گھوڑے کو قابو میں رکھنا ۔

Collection agent : (n) (انتظامیہ) وصولی ایجنٹ ۔

Collection book : (n) (تجارت) اگاھی بہی ۔

Collection charges : (تجارت) محنتانہ وصولی ؛ آگاھی خرچ ؛ وصولی خرچ ۔

Collection on realisation : (تجارت) وصولیابی پر آگاھی ۔

Collection register : (n) (تجارت) اگاھی رجسٹر ۔

Collection tray : (n) (انتظامیہ) وصولی ٹرے ؛ کلکشن ٹرے ۔

Collective : (a) (١) مجموعی ؛ اکٹھا ۔ (٢) گروھی ؛ جمعی ؛ جماعتی اجتماعی ؛ یکساں ؛ اشتراکی ۔

Collective : (n) (۱) اسم جمع ؛ جماعت ؛ انجمن اشتراکی ۔ (۲) انبار ؛ ڈھیر ۔

Collective action : (n) متحدہ اقدام یا عمل ؛ (تاریخ) اجتماعی کاروائی ۔

Collective agreement : (n) (سماجیات) اجتماعی معاہدہ ؛ اجتماعی سمجھوتہ ۔

Collective bargain : (n) اجتماعی گفت و شنید ۔

Collective bargaining : (n) (سماجیات) اجتماعی سودا کاری ؛ اجتماعی سمجھوتہ (آجر اور مزدوروں کے نمائندوں کے درمیان مزدوری کی اجرت کے معاملہ میں سمجھوتہ) ؛ (تجارت) اجتماعی سودا بازی ۔

Collective behaviour : (n) (سماجیات) اجتماعی کردار ۔

Collective burial : (n) (سماجیات) اجتماعی تدفین ۔

Collective egoism : (n) (سماجیات) اجتماعی انانیت ۔

Collective farm : (n) اجتماعی کاشت ؛ (تجارت) اجتماعی کھیت ۔

Collective farming : (n) (تجارت) اجتماعی کھیتی ۔

Collective fruit : (n) (نباتیات) متعدد پھولوں کا پھل ؛ اجتماعی پھل ؛ مرکبہ ۔

Collective good : (n) (تعلیمات) اجتماعی فلاح ۔

Collective goods : (n) (تجارت) اجتماعی اشیاء ۔

Collective guarantee : (n) (تجارت) اجتماعی ضمانت ۔

Collective hunt : (n) (تاریخ) اجتماعی شکار ۔

Collective investment : (n) (تجارت) اجتماعی اصل کاری ۔

Collective measures : (n) (تاریخ) اجتماعی اقدامات ۔

Collective mind : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجتماعی نفس ۔

Collective note : (n) متحدہ یاد داشت ۔

Collective noun : (n) (لسانیات) اسم جمع ۔

Collective number : (n) (لسانیات) عدد جمع ۔

Collective opinion : (n) (لسانیات) اجتماعی رائے ۔

Collective ownership : (n) (تجارت و معاشیات) اجتماعی ملکیت ۔

Collective psychology : (n) سماجی نفسیات ؛ (سماجیات) اجتماعی نفسیات ۔

Collective response : (n) (سماجیات) اجتماعی جوابی عمل ۔

Collective responsibility : (n) (سماجیات، انتظامیہ) اجتماعی ذمہ داری ۔

Collective savagery : (n) (تاریخ) اجتماعی بر بریت ۔

Collective savings : (n) (تجارت) اجتماعی بچت ۔

Collective security : (n) (تاریخ) اجتماعی تحفظ ۔

Collective self-defence : (n) (تاریخ) اجتماعی دفاع ۔

Collective unconscious : (n) اجتماعی لا شعور ۔

Collective use : (n) (فلسفہ و نفسیات) اجتماعی استعمال ۔

Collective wealth : (n) (تجارت) اجتماعی دولت ۔

Collectively : (adv) مجموعی طور پر ۔

Collectivisation : (n) (سماجیات) اجتماعیت پیدا کرنا ۔

Collectivise : (n) اجتماعی یا اشتراکی اصول پر عمل کرنا ۔

Collectivism : (n) نظریہ اجتماعیت (یعنی ملکیت اجتماعی ہونی چاھئے)۔

Collectivist : (n) نظریہ اجتماعیت کا حامی یا پیرو ۔

Collectivist economy : (n) (تجارت) اجتماعی معیشت ۔

Collectivity : (n) (۱) اجتماعیت ؛ جامعیت ۔ (۲) ملکیت ؛ اشتراکی ۔ (۳) ریاست ؛ ملک ۔

Human collectivity : (سماجیات) انسانی اجتماعیت ۔

Collector : (n) [late or med. L."collectorem"] (۱) محصل ؛ جامع ؛ وصول کرنے والا ؛ اکھٹے والا ؛ تحصیل کرنے والا ؛ تحصیلدار ۔ (۲) جمع کرنے والا ؛ اکھٹا کرنے والا ۔ (۳) کلکٹر ؛ ڈپٹی کمشنر ؛ صاحب ضلع (ھندوستان) ۔ (٤) ایک پرزہ جو کسی برقی روکے ساکت اور متحرک حصوں میں ربط قائم رکھتا ھے ۔

Collectorate : (n) کلکٹری ؛ کلکٹر کا حلقۂ اقتدار ؛ تعلقہ داری ؛ تحصیلداری ۔

Collectorship : (n) کلکٹری ؛ تعلقہ داری ۔

Colleen : (n) [Ir."cailin"] لڑکی ؛ آئرستان کی لڑکی ۔

Collegatory : (n) [L."collegatarius"] موصی الیہ مشترک ۔

College : (n) [L. "collegium"] (۱) کالج ؛ مدرسۃ العلوم ؛ بڑا مدرسہ ؛ کلیہ ۔ (۲) مجلس ؛ انجمن ؛ جمعیت ۔ (۳) کلیہ یا جامعہ سے الحاق یافتہ ادارہ ۔(٤) چھوٹی سند دینے والی جامعہ ۔ (٥) بڑا ثانوی مدرسہ ۔(٦) غیر سرکاری مدرسے کا نام ۔(۷) کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ ۔(۸) کشیشوں کی جماعت جو ایک ساتھ کسی ادارہ خیریہ میں زندگی بسر کرتی ھے ۔ (۹) ادارہ خیریہ (کالج کی قسم کا) ۔(۱۰) (عامیانہ) قید خانہ ؛ جیل ۔

Apostolic college : حضرت عیسیٰ کے حواریوں (یا ان کے خاندان والوں) کی جماعت ۔

Herald 's college : دیکھو College of Arms

Sacred college : ۷۵ کارڈنیل جو یورپ کی مجلس شوریٰ میں ھوتے ھیں ۔

College living : (n) مدد معاش (منجانب کالج) ۔

College of Arms : (n) مدرسہ نقابت جہاں انساب کا اندراج ھوتا ھے اور مارکہ عطاکیا جاتا ھے ۔

College of justice : (n) اسکاتستان کی عدالت عالیہ ۔

College pudding : (n) آلوچے کی پڈنگ (ایک شخص کے کھانے بھر) ۔

Colleger : (n) ایٹن (Eton) کالج کے قائم ھونے کے زمانے کے ستر طلباء میں سے ایک ۔

Collegial : (a) [L."collegialis"] کالج کے متعلق ؛ کلیسا کے متعلق ؛ کالجی ؛ مجلسی ۔

Collegial church : (n) ایسا گرجا جو اسقف کا گرجا نہیں لیکن ادارہ خیریہ ھے ۔

Collegialism : (n) یہ نظریہ کہ گرجا ایک رضاکارانہ ادارہ ھے جس کو دیوانی مجسٹریٹ سے کوئی واسطہ نہیں ۔

Collegiality : (a) دیکھو Colleagueship

Collegially : (adv) کالجی یا مجلسی طورپر یا حیثیت سے ۔

Collegian : (n) (۱) کالج کا طالب علم ؛ کالج کا رکن ۔ (۲) (عامیانہ) قیدی ۔

Collegian : (a) دیکھو Collegial

Collegiate : (a) [L."collegiatus"] (۱) کالج کا ؛ مدرسہ کا ؛ جامعہ کا ؛ کلیسا کا ۔(۲) مجلس کا ؛ انجمن کا ۔ (۳) کالج یا مدرسہ کے طالب علم سے متعلق ۔

Collegiate : (v) کالج کی حیثیت دینا ؛ کالج کا درجہ دینا ۔

Collegiate Church : (n) دیکھو Collegial Church

Collegiate school : (n) اعلیٰ درجے یا حیثیت کا مدرسہ ۔

Collegiately : (adv) کالج کی حیثیت سے ؛ کالج یا جامعہ یا مدرسہ کے طور پر ۔

Collenchyma : (n) [Gr."Kolla"+"enchyma"] کلا نشیم ؛ محافظ بافت ؛ دبیز گوشہ ۔

Collenchymatous : (a) محافظ بافت یا دبیز گوشے سے متعلق یا اس طرح کا ۔

Collery : (n) [Tamil "Kallar"] جنوبی ھند کی ایک غیر آریائی نسل ۔

Collery-horn : (n) دیکھو Collery-Stick

Collery-stick : (n) مذکورہ بالا نسل کے لوگوں کا تیر سر گرد (بوم رنگ Boomerang) ۔

Collet : (n) [L. "collum"] (۱) حلقہ ؛ گردا ۔(۲) خانہ ؛ گھر یا بیٹھک ؛ (زیور میں) جس میں نگینہ جڑا جاتا ھے ۔(۳) تنےاور جڑکے بیچ کی فرضی حد ۔(٤) (طبیعیات) غیر دھاتی دستہ جو حرارت کو روکنے کے لئے کسی ظرف میں لگاتے ھیں ۔

Collet : (v) [See prec.] حلقہ لگانا ؛ گردا لگانا ۔

Collet : (n) [Earlier f. CULET] ترشے ھوئے ھیرے کی افقی بنیاد ۔

Colleter : (n) [Gr."Kolleter"] (نباتیات) پودوں کے لعاب دار ریشے ۔

Colleterium : (n) [See prec.] بعض مادہ کیڑوں کے وہ غدود جن سے انڈوں کو باہم جوڑنے والا لعاب پیدا ہوتا ہے ۔

Colleterial : (a) کیڑوں کے ان غدود سے متعلق یا ان کی صفت کا ۔

Colley : (n) ایک قسم کا کتا : اسکاٹستان کا گلہ بان کتا : Collie

Collide : (v) [L."collidare"] (۱) ٹکرانا : متصادم ہونا : لڑنا بھڑنا : ٹکر کھانا ۔ (۲) مخالف ہونا : کھٹ پٹ ہونا : اختلاف ہونا ۔

Collidine : (n) [Gr."kolla+Idos"+-INE] (کیمیا) ایک قسم کی زہریلی، بے رنگ، روغنی اور خوشبو دار القلی جو حیوانی مادے اور کوئلے کی خشک تقطیر سے حاصل ہوتی ہے ۔

Collie / Colly : (n) دیکھو colley

Collier : (n) [ME."colier","colyer"] (۱) کوئلہ کھودنے والا ۔ (۲) کوئلے کا جہاز ۔ (۳) کان سے کوئلہ نکالنے والا ۔ (٤) کوئلے کے جہاز کا ملاح ۔ (٥) ایک قسم کا پروانہ ۔ (٦) ایک قسم کی چڑیا : قطقاط ۔

Colliery : (n) [f. prec.] دیکھو Coalery

Collieshangie : (n) [Doubtful origin] قیل وقال : منازعہ : جھگڑا : مناقشہ ۔

Colligate : (v) [L."colligat-","colligare"] (۱) مربوط کرنا : ترتیب دینا : اکھٹا کرنا ۔ (۲) (منطق) ایتلاف کرنا : تلفیق کرنا ۔

Colligation : (n) [L."colligationem"] ربط : ترتیب : اتصال : ارتباط : تلفیق ۔

Coefficient of colligation : (کیمیا) عددی شرح ۔

Colligation of facts : (فلسفہ و نفسیات) ترتیب واقعات ۔

Colligative property : (n) (کیمیا) عددی خواص ۔

Colligible : (a) [L."colligere"] جمع کئے جانے کے لائق ۔

Collimate : (v) [L."collimare"] شست درست کرنا : خط نظر ٹھیک کرنا : دوربیں ملانا : سیدھا باندھنا : متوازی کرنا ۔

Collimating lens : (n) (طبیعیات) متوازی لینس ۔

Collimation : (n) (۱) خط نظر کی درستگی : خط نظر کی تنظیم ۔ (۲) (طبیعیات) متوازیت ۔

Error of collimation : خط نظر کا انحراف ۔

Line of collimation : (طبیعیات) سطر متوازیت ۔

Plane of collimation : (طبیعیات) متوازیت تل ۔

Collimator : (n) (۱) ایک چھوٹی دوربیں یا چھوٹا آلہ جو بڑی دوربیں میں لگاتے ہیں (خط نظر کو درست کرنے کے لئے) ۔ (۲) طیف نما نلکی جو شعاع کو جمع کر کے متوازی طور پر منشور کرتی ہے ۔ (۳) (طبیعیات) متوازی گر ۔

Collin : (n) [Gr."kolla"+-IN] خالص جلاٹین ۔

Collinear : (a) (اقلیدس) ہم خط : ہم سطح جو ایک ہی خط یا سطح پر واقع ہوں ۔ (طبیعیات) ہم سطر ۔

Collinearity : (n) (۱) ہم خطی : ہم سطحی ۔ (۲) (طبیعیات) ہم سطریت ۔ (۳) (ریاضی) ہم خطیت ۔

Collinearly : (adv) ہم خطی طورپر : ہم سطحی طور پر ۔

Collineate : (v) [L."collineat-" "collineare"] متوازی کرنا : خط نظر ٹھیک کرنا : سیدھا باندھنا ۔

Collineation : (n) خط مستقیم کی ترتیب دینا : شست باندھنا : نشانہ لینا : خط نظر کی درستگی ۔

Collinic : (a) ایک خوشبو دار ترشہ جو جلاٹین وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Colliquative : (a) [L."colliquate-"] (طب) گداختہ بنانےوالا : رقیق بنانے والا ۔

Collision : (n) [L."collisionem"] ٹکر : دھکا : مڈبھیڑ : تصادم : تخالف : (مجازاً) حروف کا ناگوار طور سے ملنا ، تنافر (حروف) ۔

Homonymic collision : (لسانیات) ہم صوتی تصادم : ہم صوتی ٹکراؤ ۔

To come into collision with : کسی چیز سے ٹکرانا : لڑنا : لڑ جانا : متصادم ہونا ۔

Collision diameter : (n) (طبیعیات) قطر تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر قطر ۔

Collision insurance : (n) (تجارت) تصادم بیمه ۔

Collision mat : (n) (بحری) جہاز میں تصادم سے پیدا شدہ سوراخ کو بند کرنے کا بوریا ؛ پنبہ' جہاز ۔

Collision process : (n) (طبیعیات) عمل تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر عملی ۔

Collision theory : (N) (طبیعیات) نظریہ تصادم ؛ (کیمیا) ٹکر نظریہ ۔

Collocate : (v) [L."collocatus"] نصب کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ سجانا ۔

Collocation : (n) [L."collocationem"] (۱) ترکیب ؛ ترتیب ؛ سجاوٹ ؛ تنظیم ۔ (۲) (تعلیمات) مجموعہ (الفاظ کا) ۔

Collocative : (a) ترتیبی ؛ تنظیمی ۔

Collodio -: [Gr."kollodes"] واصلہ بمعنی "محلول" (عکاسی یا جراحی میں استعمال ہونے والا) ۔

Collodio-type : (n) کولوڈیون سے تصویر کشی ۔

Collodion / Collodium : (n) [Gr."kollodes"] عکاسی اور جراحی میں استعمال ہونے والا ایک محلول ؛ کلوڈین ۔

Collodioned : (a) کلوڈینی ؛ کلوڈین دار ۔

Collodionize : (v) کلوڈین بنانا ؛ کلوڈیانا ۔

Collogue : (v) [Origin unknown] (۱) للوپتو کرنا ؛ روغن قاز ملنا ؛ تملق کرنا ؛ پھسلانا ؛ ہاں میں ہاں ملانا ۔ (۲) سازش کرنا ؛ ساز باز رکھنا ؛ ملی بھگت رکھنا ۔ (۳) گھس پھس کرنا ؛ تخلیہ میں گفتگو کرنا ۔

Colloguer : (n) سازش کرنے والا ؛ ملی بھگت رکھنے والا ؛ روغن قاز ملنے والا ؛ پھسلانے والا ۔

Colloid : (a) [Gr."kolla"] (۱) چپچپا ؛ لعابی ؛ سریش جیسا ۔ (۲) (کیمیا) بستہ (منجمد مادہ وہ جو بلوری نہ ہو مگر سخت ہو جائے) ۔

Colloid : (n) (۱) گداختہ روگ و ریشے جو کسی بیماری میں بگڑ کر چپچپے ہو جاتے ہیں ۔ (۲) معدینات کی ایک شکل ۔ (۳) (کیمیا) ایک مادہ جس میں ذرے سالمہ کے سائز سے لے کرنا صاف تالیق کی شکل میں ہوتے ہیں ۔

Colloid body : (n) (کیمیا) کولائڈ شئے ۔

Colloid degeneration : (n) ریشوں کی گداختگی ۔

Colloidal : (a) (۱) منجمد ؛ بستہ ؛ چپچپا ؛ لعابی ۔ (کیمیا) کولائڈی ۔

Colloidal character : (n) (کیمیا) کولائڈہ خواص ۔

Colloidal dispersion : (n) (کیمیا) کولائڈی انتشار ۔

Colloidal movement : (n) (کیمیا) کولائڈی حرکت ۔

Colloidal particle : (n) (کیمیا) کولائڈی ذرہ ۔

Colloidal state : (n) (کیمیا) کولائڈی حالت ۔

Colloidal substance : (n) (کیمیا) کولائڈی شئے ۔

Colloidal suspension : (n) (حیوانیات) لسونتی آویزہ ۔

Colloidal system : (n) (کیمیا) کولائڈی نظام ۔

Colloidality : (n) بستگی ؛ چسپیدگی ؛ چپچپاہٹ ۔

Collop : (n) [ME."colope","colhoppe"] (۱) گوشت کی پرت ؛ قاشی ؛ پارچہ ؛ ٹکڑا ۔ (۲) وہ بٹ یا سلوٹ جو موٹے آدمی یا جانور کے بدن پر ہوتی ہے ۔

Scotch collop : گوشت کا تلا ہوا قتلہ پیاز کیساتھ ۔

Collop : (n) [Ir. Gael."colpa"] زمین کا آئرستانی پیمانہ کہ ایک گائے یا گھوڑا جتنا ایک سال میں چر سکے ۔

Colloped : (a) سلوٹ دار ؛ موٹے بٹ والا ۔

Colloquial : (a) [L."colloquium"] عام بول چال کا ؛ روز مرہ کا (لفظ) ؛ غیر علمی ؛ عامی (لفظ) ؛ غیر ادبی ۔

Colloquial standard : (n) (لسانیات) روز مرہ کا معیار ؛ عام بول چال کا معیار ۔

Colloquial style : (n) (لسانیات) محاوراتی اسلوب ؛ عام بول چال کا اسلوب ۔

Colloquialism : (n) (۱) بول چال : بول چال کا محاورہ ۔ (۲) بے تکلف اور روز مرہ اسلوب ۔

Colloquialist : (n) خوش گپ : خوش گو : بے تکلف اور روز مرہ استعمال کرنے والا ۔

Colloquiality : (n) دیکھو Colloquialism

Colloquially : (adv) عام بول چال کے طورپر : روز کے طور پر : بطور روز مرہ ۔

Colloquist : (n) [L."colloquium"] بولنے وال : بات چیت کرنے والا : شریک گفتگو ۔

Colloquium : (n) [L.] (۱) مباحثہ : جلسہ ۔ (۲) مدعی کے عذر کا وہ حصہ کہ مدعا علیہ نے گفتگو میں اس پر تہمت لگائی تھی ۔ (۳) سیمینار : مجلس مذاکرہ : بحث و تقریر کی انجمن ۔

Colloquize : (v) گفتگو کرنا ' بات چیت کرنا ۔

Colloquy : (n) [L."colloquium"] (۱) بول چال ' محاورہ : مکالمہ ' بے تکلف گفتگو : بات چیت : مذاکرہ ۔ (۲) (کلیسائی اصطلاح میں) فصل خصومات اور وضع قوانین کی عدالت ' گرجا کچہری ۔

Colloquy : (v) بول چال کرنا : بات چیت کرنا : گفتگو کرنا : مذاکرہ کرنا ۔

Collotype : (n) [Gr."kolla"+-TYPE] کیمیاوی مسالے کی لوح یا جھلی جس پر آفتاب کی روشنی پڑنے سے نقش بن جاتے ہیں اور ان ہی کا عکس کاغذ پر چھاپ لیتے ہیں : عکس ریز : عکس بخش : عکس ریزی کا عمل : عکس ریزی کی طباعت ۔

Collotype plate : (n) عکس ریز لوح : عکس بخش لوح ۔

Collotype printing : (n) عکس ریز طباعت : عکس ریز چھپائی : طباعت بذریعہ عکس ریزی ۔

Collotype process : (n) عکس ریزی کا عمل : عکس ریزی ۔

Collow : (v) [ME."colwen"] سیاہ کرنا : دھبا لگانا : داغ لگانا ۔

Collow : (n) دھبا : داغ : کوئلے کاچور ۔

Colluctation : (n) [L."colluctationem"] کشمکش : نزاع : مجادلہ ۔

Collude : (v) [L."colludere"] ساز باز ہونا ' خفیہ مل جانا ' ساز باز کرنا ' سازش کرنا : سانٹھ گانٹھ ہونا : ملی بھگت ہونا : اندرونی قرارداد ہونا ' دھوکا دینا ۔

Colluder : (n) ساز باز کرنے والا ' سازشی ' ملی بھگت ' دھوکا دینے والا ۔

Collusion : (n) خفیہ سازش : اندرونی قرارداد (خاص کر فریقین مقدمہ کی جو بظاہر ایک دوسرے کے مخالف ہوں) : ملی بھگت : دھوکا ' فریب ۔

Collusive : (v) سازشی ' سازش آمیز : پر فریب : جعل ساز ' دھوکا باز : فریبی ۔

Collusively : (adv) سانٹھ گانٹھ سے : دغابازی سے ' جعل سازی سے ' ساز باز سے ۔

Colluvial : (a) اجتماع سے متعلق : فاسد مادے سے متعلق ۔

Colluvies : (n) [L."colluere"] (۱) اجتماع ۔ (۲) فاسد مادے کا اجتماع ۔ (۳) مختلف النوع چیزوں کا مجمع ' مخلوطہ ۔

Colly : (n) [f. COLLY (a)] (۱) پھلیا ' دھبا ' کالك ۔ (۲) ایك قسم کی چڑیا ۔

Colly : (a) [ME. "cole"+-Y] سیاہ : دود زدہ ۔

Colly : (v) کالك سے کالا کرنا : سیاہ کرنا ' دھبا لگانا ۔

Collyridian : (n) [Gr."Kollyris".."-ida] چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی کے عیسائی مرتدوں کا ایك فرقہ جو حضرت مریم کی پرستش کرتا، ان کے نام کیك نیاز کرتا اور انہیں ملکہء بہشت کہتا تھا ۔

Collyrite : (n) [Gr."kollyrion"] ۔ الومینا کا آبدارسیلیکیٹ ۔

Collyrium : (n) [Gr."kollyrion"] (۱) سرمہ ' چشم شو : کحل ' (۲) شافہ سلائی ۔

Collywobbles : (n) [COLIC, WOBBLE] (سوقیانہ) قراقر : پیٹ کے اندر کی گڑبڑی ' درد معدہ ۔

Colmar : (n) [A town in Alsace] (۱) ناشپاتی کی ایك قسم ۔ (۲) ملکہ این کے دور کا ایك پنکھا ۔

Colon : (n) [sp."colon"] کاسٹاریکا (Costa Rica) کے سکوں کی بنیادی اکائی ۔

Colon : (n) [L. colonus] (تاریخ) نو آباد کار ۔

Colonate : (n) قدیم رومیوں میں ایسے کسان جو زمین کے ساتھ منتقل ہوتے تھے ؛ رعیت ۔

Colonel : (n) [It "colonnello"] کرنل ؛ ایک اعلیٰ فوجی عہدہ دار؛ سردار فوج ؛ پلٹن یا رسالہ کا اعلیٰ افسر ؛ کرنیل ؛ (قدیم اصطلاح میں) کمیندان ۔

Colonel : (v) کرنل بنانا ؛ کرنل کا کام کرنا ۔

Colonel blimp : (n) پرانا ؛ دقیانوسی ؛ تنگ خیال ؛ کرنل یا دوسرا افسر ۔

Colonel commandant : (n) بریگیڈیر ۔

Colonelcy : (n) کرنل کا عہدہ ؛ کرنیلی ۔

Colonelship : (n) کرنیلی ؛ کمیندانی ۔

Colonial : (n) [L."colonia"+-AL] نو آباد ؛ نوآبادی کا باشندہ ؛ آباد کار ۔

Colonial : (a) (۱) نوآبادی سے متعلق ۔ (۲) (تاریخ) نو آبادیاتی ۔ (۳) (حیاتیات) بستی بنانے والا ۔

Colonial affairs : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی معاملات ۔

Colonial agent : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ایجنٹ ۔

Colonial bond : (n) (تجارت) نوآبادیاتی بانڈ ؛ جزیریاتی بانڈ ۔

Colonial dependency : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ماتحت علاقہ ۔

Colonial imperialism : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی سامراج ۔

Colonial office : (n) محکمہ نو آبادی ؛ وزارت مستعمرات ؛ (تاریخ و سیاسیات) کالونیل آفس (U.K)

Colonial policy : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی پالیسی ۔

Colney hatch : (n) صوبہ لندن کے دارالمجانین کا نام ؛ کولنی ہیچ ۔

Colobium : (n) [Gr."kolobion"] بے آستین یا چھوٹی آستین کا ایک لبادہ جسے کشیش ، راہب یا بادشاہ تاج پوشی کے وقت پہنتے تھے؛ جبہ ۔

Coloboma : (n) [Gr."kolobos"] کسی عضو کا نقص خصوصاً عنبیہ چشم کا نقص ۔

Colocole /-la : (n) جنوبی امریکہ کی وحشی بلّی ۔

Colocynth : (n) [Gr."koloynthis"] کڑوا کھیرا ؛ خیار تلخ کی ایک قسم جو مسہل کے کام آتی ہے ؛ اندرائن ؛ حنظل ۔

Colocynthin : (n) حنظل کا تلخ جوہر جو گوند کے مانند ہوتا ہے اور الکحل میں آسانی سے گھل جاتا ہے ۔

Cologne : (n) [L."colonia Agrippina"] (۱) جرمنی کا ایک شہر جو دریائے رائین پر واقع ہے ۔ (۲) ایک قسم کا عطر ؛ پیسٹ(paste) اور کریم(روغن)۔

Cologne brown / earth / ember : (n) ایک بھورا رنگ جو کولون کے نزدیک پائی جانے والی لگنائٹ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Cologne water : (n) نہایت لطیف خوشبو جو کولون (جرمنی) میں بنتی ہے ۔

Cololite : (n) [Gr."kolon+lithos"] آنتوں کی شکل کا تودا یا نشان جو سولن ہافن کی چٹانوں میں پایا جاتا ہے اور جسے کیڑوں کے فضلات تسلیم کیا جاتا ہے ۔

Colombier : (n) تجارتی کاغذ ۔

Colon : (n) [Gr."kolon"] بڑی آنت ؛ قولون ؛ لمبی انتڑی کا دوسرا یا بڑا حصہ ۔

Colon : (n) [as prec.] (۱) وقف توضیحی ؛ اشارہ تفصیلیہ ؛ ایک تحریری علامت جس میں نیچے اوپر دو نقطے (:) ہوتے ہیں ۔(۲) (لاطینی اور یونانی) ایک شعر یا شعر کا ٹکڑا جو باعتبار معنی مکمل ہو ؛ کسی سطر کا دو سے چھ ارکان والا حصہ جس میں ایک اہم تکیہ ہوتا ہے ۔(۳) مخطوطوں کی لمبائی ناپنے کی ایک اکائی ۔

Colonial power : (n) (تاریخ و سیاسیات) نوآبادکار ممالک ۔

Colonial protectorate : (n) (تاریخ و سیاسیات) استعماریت کے زیر سایہ علاقہ ۔

Colonial rule : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی علاقہ ۔

Colonial service : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ملازمت۔

Colonial states : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی ریاستیں ۔

Colonial superiority : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی برتری ۔

Colonial wars : (n) (تاریخ و سیاسیات) نو آبادیاتی جنگیں ۔

Colonialism : (n) (۱) نو آبادی والوں کے عادات یا لب و لہجہ یا محاورہ ؛ نو آباد کاروں کا طرز ؛ مستعمروں کی وضع ۔(۲) استعمار پسندی یا مستعمرین کی حمایت ؛ مستعمریت ۔ (۳) (تجارت) نو آبادیاتی نظام ؛ (تاریخ و سیاسیات) استعمار پسندی ۔

Colonially : (adv) مستعمرانہ ؛ نوآبادیوں کے اغراض و مصالح کو پیش نظر رکھ کر ۔

Colonist : (n) آبادکار ؛ مستعمر ؛ نو آبادی کو بسانےوالے ۔

Colonitis / Colitis : (n) [COLON + -ITIS] ورم قولون ؛ آماس روده ؛ قولنج کی سوجن ۔

Colonizable : (a) آبادکاری کے قابل ؛ نئی بستی بسانے کے لائق ۔

Colonization : (n) (۱) آباد کاری ۔(۲) مشتبہ انتخابی حلقوں میں نئے لوگوں کو بسانا (ووٹ حاصل کرنے کے لئے) ۔(۳) غیر جانبدار یا مخالف حلقے میں خفیہ داخلہ (اس کی رائے بدل دینے کے لئے)۔

Colonizationist : (n) (۱) (امریکی تاریخ) افریقہ میں امریکی حبشیوں کو بسانے کا نظریہ رکھنے والا ۔(۲) (تاریخ) نو آباد کاری کا حامی ۔

Colonize : (v) [L."colonus"] (۱) نئی بستی بسانا ؛ نئی جگہ آباد کرنا ؛ نئی جگہ جا کر آباد ہونا ؛ استعمار ۔(۲) جانوروں اور پودوں کا بستی بنانا ۔(۳) مشتبہ انتخابی حلقوں میں نئے لوگوں کو بسانا ۔ (٤) غیر جانبدار یا مخالف حلقے میں خفیہ طور پر داخل ہونا ۔(٥) زیر نگرانی جماعت میں رکھنا (ایک قسم کے لوگوں کو) ۔ (٦) (بیکٹیریا وغیرہ کا) کسی جگہ جم جانا ۔

Colonizer : (n) آباد کار ؛ مستعمر ؛ آباد گر ۔

Colonizing state : (n) (تاریخ و سیاسیات) آبادکار ریاست ۔

Colonizing language : (n) (لسانیات) نو آبادیاتی زبان ۔

Colonnade : (n) [F."colonne"] (۱) (تعمیرات) ستونوں کی قطار ؛ دالان یا برامدہ (جس میں بہت سے ستون یا کھمبے ہوں اور اوپر گردنا دیا گیا ہو) ۔(۲) درختوں کی قطار (جیسے نخلستان میں)۔

Colonnaded : (a) ستون دار ؛ کھمبوں والا ۔

Colonnette : (n) [F. dim. of "colonne"] چھوٹا ستون (خصوصاً جو قطار میں ہو)۔

Colony : (n) [L."colonia"] (۱) نئی بستی ؛ نو آبادی ؛ کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے باقی رہے ؛ آبادکاروں کی جماعت یا ان کا علاقہ ۔ (۲) قدیم یونانی تاریخ کی اصطلاح میں وہ نیا شہر جسے یونانی مہاجرین نے بسایا ہو اور وطنی حکومت آزاد ہو ۔(۳) رومی تاریخ میں فوجی نو آبادی جس میں بالعموم فوج کے پرانے سپاہی آباد کر دیئے جاتے تھے ؛ چھاؤنی ۔(٤) (حیاتیات) کیڑوں یا جانداروں کی بستی (جیسے مونگوں کی) ؛ کیڑبستی ؛ کیز بادھا ۔(٥) کسی خاص نوع میں ایک امتیازی مقامی آبادی ۔ (٦) جراثیم جو ایک ہی خلیے سے پیدا ہوئے ہوں ۔ (۷) ایک طرح کے لوگوں کی جماعت جو ایک محدود علاقے میں رہتے ہیں ؛ لوگوں کی جماعت جو کسی ادارے میں کسی خاص مقصد کے لئے رکھی گئی ہو ۔(۸) کسی ادارے میں رہنے والے لوگ جو مرکزی عمارتوں سے دور رہتے ہیں ۔

Coloph-/ Colophon-: Colonophony کا مخفف جو بطور واصلہ استعمال ہوتا ہے بمعنی "ذامر"۔

Colophon : (n) [Gr. "kolophon"] خاتمہ (کتاب کا) ؛ خاتمہ کتاب ؛ کتاب کے آخر کی وہ تحریر جس میں قدیم زمانے میں مصنف اپنے اور اپنی تصنیف کے حالات لکھتا اور اکثر لفاظی اور انشا پردازی کا زور دکھاتا تھا ۔

Colophonite : (n) [f. COLOPHONY+-ITE] بھورا یا سرخی مائل قسم کا تامڑا (یاقوت) ۔

Colophony : (n) [L."coloquintida"] سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ہیں : ڈامر ۔

Coloquintida : (n) [med. L."coloquintida"] Colocynth دیکھو

Color : (n) Colour دیکھو

Colorado : (n) [Sp. "Rio colorado"] (۱) زرد بھونرا جس پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں اور جو آلو کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے ۔ Colorado (potato) Beetle (۲)

Coloradoite : (n) پارے کا اساسی ٹیلو رائڈ جو کلوریڈو میں پایا جاتا ہے ۔

Coloration / Colouration : (n) (۱)رنگت : رنگ داری : رنگینی ۔ (۲) رنگ بھرائی (تصویر میں) : رنگ دینے کا عمل : رنگ آرائی : رنگ آمیزی ۔ (۳) قدرتی رنگ خاص کر جانوروں کی رنگا رنگی ' بوقلمونی : رنگ طبعی ۔ (٤) فن رنگ ریزی ۔ (٥) خصوصیت : مخصوص صفت ' میلان ' سُر کی شدت یا صفت میں لطیف تبدیلی ۔

Coloratura / Colorature : (n) [L."colorat-","colorare"] (موسیقی) رنگ آمیزی : شیریں اور بدیع طریقے سے سُر یا آواز کا زیروبم ۔

Colorful : (a) ادبی رنگ سے بھرا ہوا : پر رنگ ' رنگا رنگ ' پر آب و تاب ۔

Colorific : (a) [F."colorifique"] رنگ آور ' رنگ فشاں : رنگ چکاں : رنگ بار : رنگ بیز ' رنگ افگن : رنگ چھوڑنے والا : گہرے رنگ کا : شوخ رنگ ' رنگ سے متعلق ۔

Colorimeter : (n) [L."colorem"+-METER] رنگ سنج ' مقیاس اللون : رنگ پیما ۔

Colorimetric / -al : (a) رنگ سنجی سے متعلق ۔

Colorimetric analysis : (n) (کیمیا) رنگ پیمائی تجزیہ ۔

Colorimetric test : (n) (کیمیا) رنگ پیمائی جانچ ۔

Colorimetry : (n) رنگ سنجی : رنگ پیمائی ۔

Coloss /-osse : (n) [L."colossus"] (۱) معمولی قدوقامت سے بڑی مورت : دیو پیکر مجسم : عفریت پیکر ۔ (۲) (استعارتاً کوئی بڑی یا عظیم سلطنت : وہ وسیع سلطنت جس کے زیر اثر یا قبضے میں مختلف ممالک ہوں ۔ (۳) کوئی دیو پیکر یا عظیم الشان چیز ۔ (٤) (تاریخ) قدیم یونان یا روم کا ایک دیو پیکر بت ۔

Colossal : (a) [COLOSSUS+-AL] (۱) عظیم الجثہ : دیوپیکر : دیو ہیکل : عفریت آسا ۔ (۲) (عام محاورے میں) شاندار : خوش نما : دیدار ور ۔

Colossally : (adv) شان کے ساتھ : خوش نمائی سے ۔

Colosseum / Coliseum : (n) [L."colosseum"] Coliseum دیکھو

Colossus : (n) [Gr."kolossos"] Coloss دیکھو

Colostrum : (n) [L.] دودھ پلانے والے جاندار کا بچہ دینے کے پہلے چند دنوں تک کا دودھ (پہلا دودھ) : ہوبلو : کھیس ۔

Colostration : (n) نو زائیدہ بچوں کی وہ بیماری جو "پہلا دودھ" پینے سے ہوتی ہے ۔

Colotomy : (n) [Gr. "kolon + tomia"] جراحی شگاف (قولنج کے مرض میں) ۔

Colour / Color : (n) [L."colorem"] (۱) رنگ : لون : ایک خاص احساس جو انتشار شعاع سے آنکھ کی پتلی پر پیدا ہوتا ہے : ہر قسم کا ہلکا، گہرا رنگ : مرکب یا مفرد رنگ ۔(۲) سرخ فامی (چہرے کی) : سرخی ۔(۳) رنگ روپ : شکل صورت : شان : بشری ۔(٤) (مصوری) نقاشی : رنگ آمیزی : رنگ بھرنے کا اصول : رنگ بھرنے کی خوبی : وہ کیفیت جو ہلکے رنگوں کے ملانے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (٥) رنگ (سفوف یا قرص کا جس سے تصویروں میں کام لیتے ہیں) : روغن : مسالا ۔(٦) (جمع) رنگین فیتا یا وردی جو کسی خاص جماعت یا گروہ کے لوگ یا کھلاڑی بطور نشان اختیار کرلیتے ہیں : بانا ۔(۷) فوج یا جہاز کا جھنڈا : پھریرا : علم : پرچم : رنگین کپڑے : رنگ برنگ کے ملبوسات ۔(۸) بناوٹی بات : قسم : نوعیت : حیلہ : بہانہ : عذرلنگ : عذر باطل : (موسیقی) گانے کی قسم : طرز ادا کی نوعیت : نمائش : شباہت : شائبہ : منطقی نمائش ۔(۹) طرز : حالت : رنگ ڈھنگ ۔

(۱۰) خاص معنی : کنایه : اشارہ : (موسیقی اور علم بیان) رنگینی ؛ حسن بیان ؛ جادو بیانی : عبارت آرائی : انشا پردازی؛ لفاظی۔ (۱۱) مقامی رنگ ۔(۱۲) نقطہ نظر ۔ (۱۳) رنگا رنگی : بوقلمونی ۔(۱٤) دلچسپی : دل کشی ۔(۱۵) جلد کی رنگت ۔ (۱٦) (معدنیات) سونے کا ذرہ ۔ (۱۷) (نباتیات) سبز رنگ کے سوا کوئی رنگ ۔(۱۸) ایک رنگ کے پتے (تاش میں)۔

Accidental colour : دیکھو Complementary colour

Complementary colour : امدادی رنگ : ہر رنگ کے لئے ایک دوسرا امدادی رنگ ہوتا ہے جسے مقررہ مقدار میں ملانے سے وہ رنگ سفید ہو جاتا ہے : (فلسفہ و نفسیات) تکمیلی رنگ ۔

Contrast of colour : (طبیعیات) رنگ کا تضاد ۔

Dead colour : (مصوری میں) وہ رنگ جو شبیہ بنانے سے پہلے کینوس پر لگایا جاتا ہے ۔

Fundamental colour : لون صحیح ' لون اصلی (سرخ، سبز اور بنفشئی یا مصوروں کے نزدیک سرخ، نیلا اور زرد اصلی رنگ ہیں اور باقی تمام رنگ ان ہی رنگوں کو مختلف مقدار میں ملانے سے بنتے ہیں)۔

Induced colour : (فلسفہ و نفسیات) ساختہ رنگ ۔

Local colour : جزئیات (جن سے اصل شئے یا تصویر زیادہ نمایاں اور واضح ہو جائے) : پس منظر : فضا : مقامی رنگ ۔

Man of colour : کالا آدمی : غیر صبیح اقوام کا فرد خاص کر حبشی : زنگی ۔

Munsell colours : (فلسفہ و نفسیات) منسل رنگ ۔

Non-spectral colour : (کیمیا) غیر اسپکٹری رنگ ۔

Ostwald colours : (فلسفہ و نفسیات) اوس والڈ رنگ ۔

Primary colour : دیکھو Fundamental colour

Secondary colour : ثانوی رنگ : مرکب اول (یعنی دو اصل رنگوں کو ملانے سے جو رنگ پیدا ہوتا ہے)۔

Simple colour : دیکھو Fundamental colour

Tint colour : (فلسفہ و نفسیات) ہلکا رنگ ۔

To change colour : رنگ بدلنا ' رنگ اُجانا : رنگ بدل جانا : سرخ ہو جانا : سرخی دوڑ جانا ۔

To come off with flying colour : کامیابی پانا : بازی جیتنا : قابل تحسین کام کرنا ۔

To get one 's colour / To give one his colour : کھیلنے والے یا ورزش کرنے والوں کی جماعت میں داخل کیا جانا، لے لیا جانا : وردی پانا ۔

To lose colour : رنگ اڑنا : رنگ فق ہونا ۔

To nail colours to mast : جمے رہنا : مستقل رہنا : جگہ سے نہ ہٹنا : نیچے اترنے سے انکار کرنا ۔

To show one 's colours : اپنی اصلی فطرت یا منصوبے کو ظاہر کرنا ۔

To take one colour : شرمانا : لجانا : رنگ اڑ جانا ' جھینپنا ۔

Under colour of : بظاہر ساتھ ہونا ۔

Zones of colour : (فلسفہ و نفسیات) رنگ کے منطقے ۔

Colour : (v) [L."colarare"] (۱) رنگنا : رنگ بھرنا : رنگ دینا ۔ (۲) رنگ آمیزی کرنا : حاشیہ چڑھانا : بات بنانا ۔(۳) اپنی طرف سے جھوٹ ملا دینا ۔ (٤) اثر ڈالنا : اثر پذیر ہونا ۔ (۵) چہرے پر سرخی دوڑ جانا ۔(٦) صیقل کرنا : جلا کرنا ۔

Colour bar : (n) اختلاف رنگ ' نسلی کالی اور گوری قوموں میں قانونی یا معاشرتی امتیاز ۔ (تاریخ و سیاسیات) امتیاز رنگ : رنگ کی بناء پر بندش ۔

Colour blind : (a) رنگ ناشناس : رنگندھا (رنگ +اندھا س): رنگوندھیا ۔

Colour blindness : (n) رنگ نا شناسی : رنگندھاپن : (فلسفہ و نفسیات) رنگ کوری۔

Partial colour blindness : (فلسفہ و نفسیات) جزوی رنگ کوری۔

Colour-box : (n) (۱) رنگوں کا بکس ؛ صندوقچہ، نقاشی ؛ رنگ دان (جس میں نقاشی کےلئے مختلف رنگ رکھے جاتے ھیں)۔(۲) وہ بکس جو چھاپنے والے بیلن کو رنگ فراھم کرتا ھے (کپڑے کی چھپائی میں)۔

Colour circle : (n) (فلسفہ و نفسیات) حلقہ رنگ ۔

Colour disc : (n) (طبیعیات) رنگ چکتی ۔

Colour discrimination : (طبیعیات) تمیز رنگ ۔

Colour dispersion : (n) (طبیعیات) انتشار رنگ ۔

Colour film : (n) (طبیعیات) رنگین فلم ۔

Colour index : (n) (طبیعیات) رنگ اشاریہ ' رنگ انڈکس ۔

Colour-man : (n) رنگ فروش ' رنگوں کا سودا کرنےوالا ؛ رنگ بیچنے والا ؛ رنگ ملانے والا ؛ رنگ زنی کا نگراں ۔

Colour matching : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ میل ۔

Colour mixer : (n) (طبیعیات) رنگ آمیز ؛ رنگ ملانےوالا ۔

Colour mixing : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ آمیزی ۔

Colour mixture : رنگ آمیزہ ۔

Binocular colour mixture : (فلسفہ و نفسیات) دو چشمی رنگ آمیزہ ۔

Newton's law of colour mixture : (فلسفہ و نفسیات) نیوٹن کا قانون رنگ آمیزی ۔

Colour photography : (n) (طبیعیات) رنگین فوٹو گرافی ۔

Colour prints : (n) (کیمیا) رنگین تصویر ۔

Colour pyramid : (n) (فلسفہ و نفسیات) اھرام رنگ ۔

Colour scheme : (n) رنگ بندی : کسی کمرے کی آرائش یا چمن بندی میں رنگوں کا جو التزام ملحوظ رکھا جائے ۔

Colour sensation : (n) (کیمیا) رنگ کا احساس ۔

Colour sensitivity : (n) (کیمیا) رنگ کی حس ۔

Colour sergent : (n) علم بردار سپاھی ؛ جھنڈے کا سپاھی ؛ نشان دار ؛ جھنڈے کی نگہداشت کرنے والا سپاھی ۔

Colour shades : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ کے روپ ۔

Colour television : (n) (طبیعیات) رنگین تیلی ویژن ۔

Colour temperature : (n) (طبیعیات) رنگ تاپ ۔

Colour transparency : (n) (کیمیا) رنگین فلمی تصویر ۔

Colour triangle : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ تکون ۔

Colour vision : (n) (طبیعیات) رنگ نمائی ۔

Colour vision theory : (فلسفہ و نفسیات) نظریہ ادراک رنگ ۔

Colour wheel : (n) (طبیعیات) رنگین چکتی ؛ (فلسفہ و نفسیات) رنگ چکر ۔

Colourable / Colorable : (a) مصنوعی ؛ جعلی ؛ بناوٹی ؛ نمائشی ؛ صورت حرام ۔

Colourably / colorably : (adv) بناوٹ سے ؛ رنگ آفرینی سے ؛ فریب کے ساتھ ۔

Coloured : (a) (۱) رنگ دار ؛ رنگین ۔(۲) (استعارتًا) آراستہ ؛ مرصع ۔(۳) بناوٹی ؛ مصنوعی ۔(٤) مبالغہ آمیز ؛طرفدار، طرفدارانہ ۔ (٥) صف بند ۔ (٦) حبشیوں سے متعلق ۔(۷) (تاریخ) غیر سفید (لوگ)۔

Coloured glass : (n) (کیمیا) رنگین شیشہ ۔

Coloured hearing : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگ آمیز سماعت ۔

Coloured person : (n) (۱) حبشی ؛ حبشی نژاد (جس میں قوم کی آمیزش ھو) ۔(۲) کالے لوگ (سفید فام کے سوا) ؛ کالا ۔

Coloured shadow : (n) (فلسفہ و نفسیات) رنگین سایہ ۔

Coloured stucco : (n) (اثریات) رنگین گچ ۔

Coloured vision : (n) ایک قسم کی بیماری جس میں بے رنگ چیز رنگین نظر آتی ھے ۔

Colourer / Colorer : (n) رنگ بھرنے والا : رنگ آمیزی کرنے والا : رنگ ریز : رنگنے والا ۔

Colouring / Coloring : (n) (۱) رنگ : رنگ بھرنے کی وضع یا طرز : رنگ آرائی : رنگینی ۔ (۲) ظاہری نمائش : طرفداری ۔ (۳) ذاتی نقطۂ نظر کا اظہار ۔ (٤) (موسیقی) گانے کی قسم : طرز ادا کی نوعیت ۔

Colouring matter : (n) (کیمیا) رنگنے والا مادہ ۔

Colourist / Colorist : (n) (۱) رنگ آرا : رنگ بھرنے کا ماہر : مصور : رنگوں کا ماہر ۔ (۲) (استعارتاً) مرصع نگار ۔

Colourless / Colorless : (a) (۱) بے رنگ : پھیکا : زرد : بے لطف ۔ (۲) بے اصول : کمزور (اخلاقاً) : الگ تھلگ : روکھا پھیکا : غیر جانب دار : بے رنگ ۔

Coloury / Colory : (n) (تجارت) چوکھا : مشہور (ایسے رنگ کا مال جس سے اس کی عمدہ قسم ظاہر ہوتی ہے) ۔

Colp : (n) دیکھو Collop

Colportage : (n) [Fr.f."colporter"] کتب فروشی : انجیل فروشی ۔

Colporteur : (n) [Fr. f.as prec .] پھیری والا کتب فروش : انجیل فروش : مذہبی کتابیں بیچتے یا بانٹتے پھرنے والا ملازم ۔

Colstaff : (n) بھاری دستہ دار دیگ وغیرہ کو لے جانے والی لکڑی ۔

Colt : (n) [OE. "colt"] (۱) چار یا پانچ سال کی عمر تک کا نوجوان گھوڑا : اونٹ کا بچھڑا : کرہ ۔ (۲) ناتجربہ کار نوجوان شخص : بےوقوف یا کم عقل آدمی : لال بجھکڑ : اناڑی ۔ (۳) کرکٹ کا پیشہ ور کھلاڑی جو پہلی مرتبہ میدان میں آئے ۔ (٤) (قانونی عامیانہ) کار آموز وکالت ۔ (٥) (بحری) زیر بند : کوڑا : رسی جس سے سزا دی جاتی ہے ۔

Colt : (n) [after Samnet Colt, the inventor] ایک قسم کا پستول ۔

Colt : (v) کوڑے سے مارنا : کوڑے لگانا ۔

Colt-drift : (n) نوجوان گھوڑوں یا ٹٹوؤں کا علاقہ ڈارٹ مور (Dartmoor) میں جمع کرنا ۔

Colt-pixi : (n) روح خبیثہ جو بچھڑے کی شکل میں ظاہر ہوکر لوگوں اور گھوڑوں کو دلدل میں پھنسا دیتی ہے ۔

Colthood : (n) بچھیڑا پن ۔

Colting : (n) کوڑے سے مارنا ۔

Coltish : (a) بچھیڑے سا : بیہودہ : خفیف الحرکات : کھلنڈرا ۔

Coltishly : (adv) کھلنڈرا پن سے ۔

Coltishness : (n) کھلنڈرا پن : بچھیڑا پن ۔

Coltsfoot : (n) [From the shape of the leaves] ایک قسم کے پھول لانے والے درخت کا بیج : جنگلی ادرک ۔

Colt's tooth : (n) (۱) بچھیڑے کے ابتدائی دانت ۔ (۲) بوالہوسی : نوجوانی کی امنگیں ۔

Colt's tail : (n) (۱) بادل جس کے کنارے پھٹے پھٹے سے ہوں : دامن چاک ابر : ابر چاک داماں ۔ (۲) ذنب الثعلب : دُم اسپ ۔

Coluber : (n) [L.] (حیوانیات) غیر زہریلے سانپوں کی ایک نوع ۔

Colubrid : (n) [L. "coluber"] غیر زہریلا سانپ ۔

Colubriform : (a) غیر زہریلے سانپ کی شکل کا (زہریلے سانپ کے متعلق کہا جاتا ہے) ۔

Colubrine : (n) [L. "colubrinus"] غیر زہریلے سانپ ۔

Colubrine : (a) (۱) سانپ سے متعلق ۔ (۲) غیر زہریلے سانپ کی صفت کا ۔

Columba : (n) دیکھو Calumba

Columba : (n) [L.] کبوتر کی ایک قسم ۔

Columbaceous : (a) [L."Columba"] کبوتر یا فاختہ کی طرح کا : کبوتر سے متعلق ۔

Columbarium : (n) [L.] (۱) کبوتر خانہ ۔ (۲) میز یا الماری کے چھوٹے چھوٹے خانے ۔

Columbary : (n) [as prec .] کبوتر خانہ ۔

Columbate : (n) [f. COLUMBIUM] (کیمیا) کولمبك ایسڈ کا نمك ۔

Columbiad : (n) [See next .] (۱) امریکہ سے متعلق رزمیہ نظم ۔(۲) قدیم امریکی فوج میں استعمال ہونے والی بھاری توپ ۔

Columbian : (a) [L."columbia"] امریکہ کا باشندہ ۔

Columbic : (n) [COLUMBIUM+-IC] (کیمیا) کولمبیم (ایك قسم کی دھات) سے متعلق ۔

Columbic : (a) ایك افریقی پودے کی جڑ سے متعلق ۔

Columbier : (n) [F."colombier"] ایك قسم کا کاغذ جو ۲٤ × ۱/۲ ۳٤ انچ سائز کا ہوتا ہے ۔

Columbiferous : (a) کولمبیم دار ۔

Columbin : (n) [Transf . use of F. "colombin"] ایك قسم کی حاجز چیز ۔

Columbin : (n) دیکھو Calumbin

Columbine : (a) [L."columbinus"] (۱) کبوتر نما : مثل کبوتر ۔ (۲) فاختہ کے رنگ کا ۔

Columbine : (n) [F."colombine"] گل کبوتر ؛ گل تاج الملوك ۔

Columbine : (n) [It."colombina"] ہارلے کوئین (Harlequin) کی معشوقہ ۔

Columbite : (n) خام کولمبیم ؛ ایك سیاہ دھات جس میں لوہا اور میگنیز کولمبیٹ ہوتا ہے ۔

Columbium : (n) [f. Columbia poet. name for America] کولمبیم ؛ ایك فلزی عنصر جو نایوبیم بھی کہلاتا ہے ۔

Columbo : (n) Calumbe کی متبادل شکل ۔

Columel : (n) [L."columella"] چھوٹا ستون ۔

Columella : (n) [L. dim. of "columna"] (۱) وہ عضو جوستون کے مشابہ ہوتا ہے ۔ (۲) (حیوانیات) ستونك ۔

Columella aures : (n) (حیوانیات) سمعی ستونك ۔

Columellar : (a) مثل ستون ۔

Columelliform : (a) مانند ستون ؛ ستونی شکل کا ۔

Column : (n) [L."coluna"] (۱) کھم ؛ کھمبا ؛ ستون ؛ لاٹ ؛ مینار ؛ (مجازاً) سہارا ؛ ٹیك ؛ تکیہ ؛ تھم ۔ (۲) ستون نما شئے ۔(۳) (عضویات و نباتیات) استوانہ ۔(٤) مشین کا جزء ؛ استوانہ ۔ (۵) (فوج کا پرا ؛ صفیں (جن کے سامنے کا رخ بہت کم چوڑا ہو) ۔(٦) (ریاضی) کالم ۔ (۷) صفحے کا حصہ (خاص کر اخبار کا) ؛ کالم ؛ خانہ ۔(۸) جہازوں کا بیڑا جب وہ ایك دوسرے کے پیچھے جا رہے ہوں ؛ جہازوں کی قطار ۔

Null space column : (ریاضی) صفر اسپیس کالم ۔

Column and lintel construction : (اثریات) ستون سردلی تعمیر ۔

Column combination : (n) (ریاضی) کالمی اجتماع ۔

Column diagram : (n) (طبیعیات) ستون ڈائیگرام ؛ کالم ڈائیگرام ۔

Column matrix : (n) (طبیعیات) کالم میٹرکس ۔

Column method : (n) کالمی طریقہ ۔

Column of air : (طبیعیات) ہوا کا کالم ۔

Column of water : (n) (طبیعیات) پانی کا کالم ۔

Column rank : (n) (طبیعیات) کالمی حیثیت ۔

Column rate : (n) (تجارت) کالم کی شرح ۔

Column rule : (n) (طباعت) پیتل کی وہ پٹری جو ٹائپ کے کالم کو جدا رکھنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Column space : (n) (ریاضی) کالمی اسپیس ۔

Column-wise : (adv. & a) (ریاضی) کالم دار ۔

Columnal : (n) (Pl. Columnae) تھم ؛ کالم ؛ ستون ؛ کھمبا ؛ جسم کے مختلف حصوں کا نام ۔

Columnar / Columnal : (a) [late. L."Columnaris"] (۱) ستونی ؛ ستون دار ؛ ستون کی شکل کا ۔(۲) کالم میں لکھا ہوا ؛ اخبار کے کالم سے متعلق ۔ (۳) عمودی ۔

Columnar cash-book : (n) (تجارت) خانہ دار نقد بہی ؛ خانہ دار روکڑ بہی ۔

Columned / Columnared / Columiated : (a) ستون دار ؛ کھمبے والا ۔

Columniation : (n) [L."intercolumnium"] ستون بندی ۔

Columniferous : (a) ستون دار ۔

Columniform : (a) ستون نما ۔

Columnist : (n) اخباروں میں کالم لکھنے والا ؛ کالم نویس ۔

Colure : (n) [Gr."kolouros"] دائرہ منقاطعہ ؛ دائرۃ الانقلاب ؛ ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ہوئے ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چاربڑے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں ۔

Colutea : (n) [Gr."kolontea"] (نباتیات) ایک چھوٹی جھاڑی جس میں زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Coly : (n) دیکھو Colies

Colza : (n) [L. Gr. "kolsat"] گوبھی کا بیج ؛ کرم کلے کا بیج ؛ تخم کرنب ۔

Colza oil : (n) روغن کرنب ۔

Com - : ایک سابقہ جو مختلف حالتوں میں Co -, Con -, Cor -, کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور "ساتھ" "باہم" "اکھٹا" کے معنی دیتا ہے ۔

Coma : (n) [Gr."koma"] (۱) (نباتیات) بج داڑھی ؛ بج گچھا (باریک اور نرم ریشوں کا وہ گچھا جو بیج کے سرے پر نکل آتا ہے ؛ پھیٹر ؛ ریشے دار اکھوا ؛ ریش ؛ شاخوں کا گچھا ۔ (۲) (ہیئت) لفہ یا غلاف ؛ سحابی ؛ سحابیہ کا وہ غلاف، لفافہ یا خول جو دمدار تارے کے سر پر لپٹا ہوتا ہے ؛ کہکشاں کاذب ؛ ذوات الاذناب ۔ (۳) سنجد تلخ یا خولان ۔

Coma : (n) [Gr."koma"] (۱) غیر طبعی گہری نیند ؛ خواب غفلت ؛ خواب گراں ؛ بے ہوشی ؛ غفلت ۔ (۲) ذہنی یا جسمانی جموڈ ۔

Coma vigil : (n) بے ہوشی کا وہ عالم جس میں مریض کی آنکھیں کھلی رہتی ہیں ۔

Comal : (a) بج داڑھی یا بج گچھا سے متعلق ؛ کہکشاں کاذب سے متعلق ۔

Comarum : (n) [Gr."komaron"] دو رویہ پودوں کی ایک نوع ۔

Comatose : (a) [COMA+-TOSE] (۱) غیر طبعی طور پر غافل یا سوتا ہوا ؛ بے ہوش ۔ (۲) (طب) سباتی ؛ خواب آلود ؛ بے حس ۔

Comatula / Comatulid : (n) (pl.-lae) [L."Comatulus"] سوسن خار پشت حیوان کی ایک قسم جو آزادی سے تیرتا ہے ۔

Comb : (n) [OTeut. "kamboz"] (۱) کنگھی ؛ کنگھا ؛ شانہ ۔ (۲) کوچ ؛ کوچی ؛ اون صاف کرنے یا بجلی جمع کرنے کا شانہ نما آلہ ؛ شانہ نما کوئی چیز۔ (۳) (مرغ وغیرہ پرندوں کا) کیس ؛ کلغی ؛ تاج ؛ (کبوتر وغیرہ کی) چوٹی ؛ کلغی نما کوئی چیز ۔ (٤) چوٹی ؛ قلعہ کوہ ۔ (٥) (سمندر میں) لہر چوٹی ؛ سر موج ۔ (٦) شہد کا چھتا ۔

To cut the comb of : ذلیل کرنا ؛ شیخی کرکری کرنا ۔

Comb : (n) Coomb کی متبادل شکل بمعنی ایک پیمائش ۔

Comb : (n) Coomb کی متبادل شکل بمعنی گھاٹی ؛ کھاڑی ۔

Comb : (v) (۱) کنگھی کرنا ؛ کھریرا کرنا ؛ اون یا سن کوصاف کرنا ؛ تومنا ؛ بل نکالنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ۔ (۲) موج کا بل کھانا ؛ بل مارنا ؛ پیچانی ہونا ۔ (۳) (ظرافت) پیٹنا ؛ مرمت کرنا ۔ (٤) تلاش کرنا ۔ (٥) قاعدے کے ساتھ گولہ باری کرنا ۔

To comb out : کسی کو داخل یا خارج کرنا (خاص کر ان لوگوں کو جو مستثنیٰ کردئے گئے تھے) ؛ فوج میں بھرتی کرنا ۔

Comb-brush : (n) کنگھی صاف کرنے کا برش ۔

Combaron : (n) [Fr.] لڑائی ؛ جنگ ؛ تن بہ تن جنگ ؛ جنگ یکایکی ۔

Combat : (n) [Fr."combattra"] مبارزت ؛ کشتی پکڑ ؛ اکیلے اکیلے کا مقابلہ ۔

Trial by combat : آزمائش بہ وسیلہ جنگ ؛ جنگ ؛ جنگی آزمائش ۔

Combat : (v) [Fr."combattre"] (۱) لڑنا ؛ جنگ کرنا ؛ مبارزہ کرنا ؛ کشمکش کرنا ؛ کشتی کرنا یا لڑنا ۔

Combative : (a) جنگ جو ؛ جنگ آور ؛ مبارز ؛ لڑاکا ؛ جھگڑالو ۔

Combatively : (adv) جنگ جوئی سے ؛ مبارزت سے ۔

Combativeness : (n) جنگ جوئی ؛ مبارزت ؛ جنگ آوری ۔

Combatant : (n) [OF.] لڑنے والا سپاہی ؛ حریف (جنگی اصطلاح میں) ؛ مصافی سردار (غیر مصافی کا علمبردار) ؛ محارب ۔

Combatant : (n) (۱) جنگ جو ؛ جنگ آور ؛ جنگ آزما ؛ حریف ۔(۲) (نقابت میں) (شیر کےلئے) بپھرا ہوا ؛ ایستادہ ؛ پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا ۔

Combe : (n) Coomb کی متبادل شکل ۔

Comber : (n) (۱) اون یا سن صاف کرنے والا آدمی یا آلہ ؛ دھنیا ؛ نداف ۔(۲) لمبی بل کھاتی ہوئی موج ؛ موج پیچاں ۔

Beach comber : لمبی بل کھاتی ہوئی موج ؛ موج پیچاں ۔

Comber : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Combinable : (a) ترکیب پذیر ؛ قابل اجتماع ۔

Combinableness : (n) ترکیب پذیری ۔

Combinant : (n) [late L."Combinantem"] (ریاضی) اجتماع کنندہ ۔

Combinantive : (a) اجتماع کنندہ سے متعلق ۔

Combination : (n) (۱) اتحاد ؛ اتصال ؛ یکجائی ؛ میل ؛ جتھا ؛ متحدہ کاروائی ۔ (۲) (ریاضی بصیغہ جمع) اجتماعات ؛ اجتماع ۔ (۳) (کیمیا) مختلف الخواص مادوں کا اتصال ؛ اتصاق ۔(٤) (جمع) تہ جامہ ؛ زیر جامہ ؛ بچوں یا عورتوں کا وہ تنگ لباس جس میں پاجامہ اور کرتا جڑے ہوتے ہیں ۔(۵) ترکیب ؛ آمیزش ۔ (٦) بستہ ؛ گروہ ؛ بستہ بندی ؛ پیوستگی ۔ (۷) کمبینیشن روم کا مخفف ۔(۸) موٹر سائیکل میں جتی ہوئی گاڑی ۔

Horizontal combination : (تجارت) افقی اتصال ۔

Linear combination : (کیمیا) خطی جوڑ ۔

Physical combination : (کیمیا) طبعی جوڑ ۔

Vertical combination : (تجارت) عمودی اتصال ۔

Combination character : (n) (تجارت) اتصالی خصوصیت ۔

Combination garment : (n) تہ جامہ ؛ زیر جامہ ؛ بچوں یا عورتوں کا وہ تنگ لباس جس میں پاجامہ اور کرتا جڑے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Combination in restraint of trade : (تجارت) تجارت کی مشترکہ رکاوٹ ۔

Combination pedal : (n) ارگن باجے کا بیرم جو سُروں کو اٹھانے اور مدھم کرنے میں کام آتا ہے ۔

Combination policy : (n) (تجارت) اتصال پالیسی ؛ متحدہ پالیسی ۔

Combination rate : (n) (تجارت) اتصال شرح ؛ اشتراک شرح ۔

Combination room / -chamber : (n) کیمبرج میں طلبا کا عام یا مشترک کمرہ ۔

Combination sale : (n) (تجارت) ملی جلی فروخت ؛ ملی جلی بکری ۔

Combination tariff : (تجارت) اتصالی ٹیرف ۔

Combination through rate : (تجارت) شرح کے ذریعہ اشتراک ۔

Combinational : (a) اجتماعی ؛ اتحادی ۔

Combinative : (a) (۱) اتحاد پذیر ؛ قابل اتصال ؛ یکجا ہونے والا ۔(۲) جمع ہونے والا ۔

Combinatorial : (a) اجتماعات سے متعلق ۔

Combinatorial analysis : (n) (شماریات) جماعتی تجزیہ ۔

Combinatorial power mean : (شماریات) جماعتی قوتی درمیانہ ۔

Combinatorial test : (n) (شماریات) جماعتی جانچ ۔

Combinatory : (a) — دیکھو Combinative

Combine : (v) [late L. "combinare"] — (۱) جمع ہونا ؛ مل جانا ؛ یکجا ہو جانا ؛ متحد ہو جانا ؛ باہم ترکیب پانا ؛ آمیز ہو جانا ؛ جماعت بنانا ؛ انجمن بنانا (اقتصادی ، سماجی یا سیاسی مقصد کے لئے) ؛ ملانا ۔ (۲) باندھنا ۔

To combine efforts / forces etc : اجتماعی کوشش کرنا ۔

Combine : (n) [as prec.] — اتحاد ؛ اجتماع ؛ ایکا ؛ جتھا ؛ دھڑا (خاص کر امریکہ میں عوام کے مفاد کے خلاف کوئی کام کرنے کے لئے)۔

Combined : (a) — متحد ؛ ملا جلا ؛ مرکب ۔

Combined iron : (n) — (کیمیا) ملا ہوا لوہا ۔

Combined legation : (n) — (تاریخ و سیاسیات) مشترک سفارت خانہ ۔

Combined protein : (n) — (کیمیا) ملی ہوئی پروٹین ۔

Combinedly : (adv) — متحد ہو کر ؛ مل جل کر ۔

Combinedness : (n) — اتحاد ؛ جتھا بندی ۔

Combiner : (n) — (۱) جمع کرنے والا ؛ یکجا کرنے والا ؛ انجمن بنانے والا ۔ (۲) وہ مشین جو کاغذوں میں گوند لگا کر اور انھیں داب کر کُٹ (گتّا) بناتی ھے ۔

Combing : (n) — (۱) صفائی ؛ جھڑائی ؛ تومائی ۔ (۲) جھاڑن ؛ اترن (خاص کر اترے ہوئے بالوں کی)۔

Combing : (a) — بل کھانے والی موج ۔

Combing : (n) — Coaming کی متبادل شکل ۔

Combing machine : (n) — اون، سن اور کتان صاف کرنے کی مشین ۔

Combining weight : (n) — (کیمیا) ملنے کا وزن ۔

Combless : (a) — بے کنگھی کا ؛ بے کلغی کا ؛ بے شانہ ۔

Combretaceous : (a) [L. "combretace"] — گیاہ عسمہ یا اس سے متعلق ۔

Comburgess : (n) [med. L."comburgensis"] — ہم شہری ؛ ہم ولایتی ۔

Combust : (a) [L."combustus"] — (۱) سوختہ ؛ نابود ۔ (۲) آفتاب کی نزدیکی کے باعث نظر نہ آنے والا ستارہ ۔

Combust : (v) — جلا دینا ؛ جلا ڈالنا ۔

Combustibility : (n) — آتش پذیری ۔

Combustible : (a) — (۱) آتش پذیر ؛ اشتعال پذیر ؛ بھڑک اٹھنے والا مادہ ؛ قابل احتراق ۔ (۲) (حیوانیات) اشتعال پذیر ۔ (۳) (مجازاً) غضبناک ہو جانے والا شخص ۔

Combustibleness : (n) — دیکھو Combustibility

Combustion : (n) — (۱) افروختگی ؛ اشتعال ؛ احتراق ؛ سلگن ؛ سوزش ۔ (۲) (کیمیا) عمل احتراق ؛ حرارت پذیری ؛ جلانا ۔ (۳) (مجازاً) ھیجان ؛ غوغا ؛ تحریک ۔

Combustion boat : (n) — (کیمیا) جلانے کی ناؤ ۔

Combustion bomb : (n) — (کیمیا) جلانے کا بم ۔

Combustion furnace : (n) — (کیمیا) جلانے کی بھٹی ۔

Combustion tube : (n) — (کیمیا) جلانے کی نلی ۔

Combustive : (a) — اشتعال دینے والا ؛ اشتعال پذیر ؛ اشتعال انگیز ۔

Combwise : (adv) — شانہ کی طرح ؛ مثل شانہ ؛ شانہ وار ۔

Comby : (a) — شانہ دار ؛ شانہ نما ۔

Come : (v) [OTeut."kuman"] — (۱) آنا ؛ چلنا ؛ آگے بڑھنا (کسی مقام ، وقت یا نتیجہ تک)۔ (۲) پہنچنا ۔(۳) زمین پر گرنا ؛ اترنا ؛ نازل ہونا ؛ تیزی سے آنا ۔ (٤) نکلنا ؛ نکاسی ہونا ؛ باھر آنا کسی خاندان یا شہر کا فرد ہونا ۔ (۵) رفتہ رفتہ یا آخر میں کسی نتیجہ پر پہنچنا یا مجبور ہو جانا یا ھٹ جانا ۔ (٦) ہونا یا ہو جانا ؛ واقع ہونا ۔ (۷) کھڑا ہو جانا ۔(۸) نتیجہ نکلنا ۔ (۹) ملنا ؛ حاصل ہونا ؛ حاصل کرنا ۔ (۱۰) متوجہ ہونا ۔ (۱۱) نرم پڑنا ۔ (۱۲) نزدیک ہونا ۔ (۱۳) نقل کرنا ؛ نقالی کرنا ۔ (١٤) دھوکا دینا ؛ کھیلنا ۔ (۱۵) نظر آنا ؛ دکھائی دینا ۔

Light come, light go : چاردن کی چاندنی ؛ آسانی سے ہاتھ آنا پھر جلد ہاتھ سے نکل جانا ۔

Marry come up : اظہار تعجب یا حقارت کے لئے مستعمل تھا ۔

To come about : گذرنا ؛ بیتنا ؛ واقع ہوجانا (اتفاقاً) ہونا ۔

To come aboard : (۱) مشہور ہونا ؛ معروف ہونا ۔ (۲) نمودار ہونا ؛ ظاہر ہونا (عوام کے سامنے آنا)۔

To come-a-cropper : (۱) سر کے بل گرنا ۔ (۲) (مجازاً) ناکام ہونا ۔

To come across : کسی کا سامنا ہونا ؛ مڈبھیڑ ہونا ؛ (کسی کو) کوئی چیز یا شخص ملنا ؛ دینا خصوصاً چندہ دینا ۔

To come again : (۱) واپس آنا ۔ (۲) تکرار کرنا ؛ دہرانا ۔

To come alive : زندگی کی علامت ظاہر کرنا ؛ حقیقی معلوم ہونا ۔

To come along : ساتھ ساتھ چلے آنا ؛ جلدی کرنا ۔

To come a long way : کامیاب ہونا ۔

To come apart : شکستہ ہونا ۔

To come a sneeze : (عام محاورے میں) چھینک مارنا ۔

To come at : بات کو پہنچ جانا ؛ پا لینا ؛ رسائی ہو جانا ؛ حاصل کرلینا ۔

To come away : الگ ہو جانا ؛ چلے آنا ؛ ہٹ جانا ؛ ساتھ چلنا ؛ تیزی سے بڑھنا ۔

To come back : (۱) واپس آنا ۔ (۲) زندہ ہو جانا ۔ (۳) یاد آنا ۔ (٤) جواب دینا ۔ (٥) پہلی حالت یا جگہ پر لوٹ آنا ۔

To come between : دو آدمیوں کے درمیان کشیدگی پیدا کرنا ۔

To come by : (۱) پڑا پانا ؛ مل جانا ؛ ہاتھ آنا ۔ (۲) قریب سے گزرنا ؛ قریب آنا ۔

To come clean : اقرار کرنا ۔

To come close : قریب ہونا ۔

To come compass : (کمان کا) کھینچنے پر قوس بنانا ۔

To come down : نیچے آنا ؛ بعد کے زمانے تک روایتاً پہنچنا ؛ گرنا ؛ شیخی کرکری ہونا ؛ گرنا ؛ (مجازاً) کھو دینا ؛ مخالفت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ سزا دینا ؛ عطیہ دینا ؛ بیمار پڑنا ۔

To come down upon : جھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ سزا دینا ؛ تاوان وصول کرنا ۔

To come down with : ادا کرنا ؛ اتارنا ۔

To come forward : سامنے نکل آنا ؛ اپنے تئیں پیش کرنا ؛ جواب دہی کے لئے سامنے آنا ؛ (جواب میں) لبیک کہنا ۔

To come home to : واضح ہو جانا ؛ سمجھ میں آجانا ؛ دل نشیں ہو جانا ۔

To come home to roost : اپنے کئے کی سزا پانا ۔

To come in for : حصہ پانا ؛ لینا ؛ حاصل کرنا ۔

To come in one's way : حائل ہونا ؛ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔

To come into one's head : دل میں آجانا ؛ القاء ہونا ۔

To come into one's own : اپنا حق حاصل کرنا ۔

To come into play : اثر کرنا ۔

To come it : کامیاب ہونا ۔

To come it over : غلبہ پانا ؛ تسلط پانا ۔

To come it strong : زور کرنا ؛ طاقت دکھانا ؛ بڑھ کے قدم مارنا ۔

To come near : نزدیک ہونا (کسی چیز میں)۔

To come one 's way : کسی کے حصے میں ہونا ۔

To come out of : (۱) نکلنا ؛ نکلا ہوا ہونا ۔ (۲) نکل جانا ۔(۳) اعتراف کرنا ۔

To come out with : کہہ دینا ؛ بیان کر دینا ۔

To come short : قاصر ہونا (ادائے قرض وغیرہ سے) ۔

To come through : (۱) برداشت کرنا ۔ (۲) تبدیلی مذہب ہونا ۔ (۳) دینا ؛ عطا کرنا ۔ (٤) حقیقت بن جانا ۔

To come to a head : منہ بننا ؛ (زخم کا) پک جانا ۔

To come to an end : ختم ہونا ؛ موقوف ہو جانا ۔

To come to anchor : جہاز کا لنگر ڈالنا ؛ رک جانا ۔

To come to blows : لڑائی پر اتر آنا ؛ سر پڑنا ؛ گھونسہ بازی شروع کر دینا ۔

To come to grips : جٹ جانا ؛ لگ جانا ۔

To come to hand : پہنچنا ۔

To come to light : ظاہر ہو جانا ؛ منکشف ہو جانا ؛ شائع ہونا ۔

To come to naught : نا کامیاب ہونا ۔

To come to nothing : نا کامیاب ہونا ۔

To come to oneself : (بے ہوشی یا بیوقوفی کے بعد) ہوش میں آنا ؛ دل قابو میں آنا ۔

To come to one 's knowledge : معلوم ہونا ۔

To come to pass : ہونا ؛ گزرنا ۔

To come to stay : کسی شے کا مستقل یا یقینی ہو جانا ۔

To come to terms : متفق ہونا ۔

To come true : خواہش کے مطابق ہونا ؛ حقیقی ثابت ہونا ۔

To come under : تحت میں آنا ؛ زیر اثر آنا ؛ (کسی کے ساتھ) شمار ہونا ۔

To come under notice : کسی بات کا علم میں آنا ۔

To come within : دائرے کے اندر آنا ۔

Come : (n) آنا ؛ آمد ۔

Come-and-go : (n) آمد و رفت ؛ آوا جائی ؛ سکڑنا اور پھیلنا ۔

Come-and-go : (a) تبدیلی پذیر ۔

Come-at-table : (n) پہنچ میں ؛ پہنچ کے اندر ؛ ممکن الحصول ؛ قابل حصول ؛ قابل رسائی ؛ رسیدنی ؛ آسان رس ۔

Come-back : (n) (۱) بدلہ ۔ (۲) واپسی ۔

Come-by-chance : (n) اتفاقی ' حرامی ۔

Come-down : (n) تنزل ' پستی ؛ ذلت ؛ زوال ۔

Come-hither : (n) تحریص ؛ ترغیب ؛ دعوت ۔

Come in : (v) (۱) اندر آنا ؛ داخل ہونا ۔ (۲) کھیل شروع کرنا ؛ دوڑ وغیرہ میں درجہ پانا ۔ (۳) منتخب ہونا ؛ بر سر اقتدار آنا ۔ (٤) رواج پانا ؛ رائج ہونا ۔ (٥) کام آنا؛ کار آمد ہونا ۔ (٦) آمدنی ہونا ؛ (بطور آمدنی) وصول ہونا ۔ (٧) بر محل ہونا ۔ (٨) مناسب ہونا ۔ (٩) جواب دینا ۔ (١٠) نشانہ ہونا ۔ (١١) کسی کام میں عملی حصہ لینا ۔ (١٢) سرکاری فرائض کا ذمہ لینا ۔ (١٣) بار آور ہونا ۔

Come into : (v) (۱) قبضہ پانا ؛ قابض ہونا ۔ (۲) نکلنا ؛ حاصل ہونا ؛ ماخوذ ہونا ۔

Come it : کامیاب ہونا ۔

Come of : (v) (۱) ماخوذ ہونا ؛ نکلنا ۔ (۲) ہونا ۔

Come off : (n) (۱) خاتمہ ؛ انجام ۔ (۲) بہانہ ؛ حیلہ ۔

Come-off : (v) (۱) الگ ہونا ؛ بچ کر نکل آنا ؛ اپنے کو بچا لینا (لڑائی کے الجھاؤ سے) ؛ (مرگرکے) بچ نکلنا ۔ (۲) پورا ہو جانا ؛ مراد بر آنا ؛ مکمل ہو جانا ؛ ہو جانا ؛ واقع ہو نا ۔ (۳) کامیاب ہونا ۔ (٤) تشفی بخش ہونا ۔

Come on : (v) (۱) مڈبھیڑ ہونا ۔ (۲) (بصیغہ امر) پیروی کرنا ؛ بات، مانو (تنبیہ) ۔ (۳) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ بڑھنا ۔ (٤) ہو جانا ؛ آن پڑنا ؛ آپڑنا ؛ حائل ہونا ۔ (٥) پہنچنا ۔

(۵) لڑھکنے لگنا ۔(٦) کسی کا ست نگر ہونا ۔ (۷) مطالبہ کرنا ۔

Comedia : (n) [L."comedia"] Comedy (ہسپانوی) دیکھو

Comedian : (n) [Gr."komodia"] (۱) ناٹکی ؛ تمثیل نگار ؛ ناٹک نویس ؛ کومیڈی نگار؛ طربیہ نگار۔ (۲) نقال ؛ بھانڈ ؛ سوانگی ؛ سوانگیا ؛ تماشا گر ؛ ایکٹر ۔

Comedienne : (n) [Fr. fem. of "comedien"] ناٹکی (عورت) ؛ اداکارہ ؛ رقاصہ ۔

Comedietta : (n) [It. dim. of "comedia"] چھوٹی یا ہلکی کومیڈی ؛ نقل ؛ سوانگ ۔

Comedo : (n) (pl. -ones,-os,-ons) [L."comedere"] (۱) چربی دانہ ؛ کیلیں ؛ مہاسہ ۔ (۲) وہ جلدی مرض جس میں چربی دانہ نکلتا ھے ۔

Comedy : (n) [Gr."komoidia"] سوانگ ؛ ناچ رنگ (دل لگی کی اور اکثر طنزآمیز نقل جس کا انجام خوشی پر ہو) ؛ کھیل ؛ ناٹک کی قسم ؛ بیانیہ ؛ طربیہ ؛ خندہ آورناٹک ؛ (مجازاً) زندگی کا مضحك واقعہ ؛ مضحك عنصر ۔

Comeliness : (n) [ME."comlynesse"] خوش روئی ؛ خوش اندامی ؛ دلکشی ؛ خوب روئی ۔

Comeling : (n) [ME."comeling"] نو وارد ؛ نو آباد ؛ مہاجر ؛ تازہ وارد ۔

Comely : (a) [W. Ger. "kumi + lic"] قبول صورت ؛ خوش اندام ؛ دل پسند (صورت یا کبھی ڈھنگ اور برتاؤ کے اعتبار سے) ؛ خوش نما؛ شکیل ؛ خوب رو ؛ خوش آئند ؛ خوش منظر ؛ خوش ہیکل ؛ خوش اخلاق ۔

Comer : (n) (۱) آنے والا ؛ وارد ۔(۲) (عام محاورے میں) نو وارد ؛ تازہ وارد ۔

Comes : (n) [L. f."com+ire"] (۱) وہ کتاب جس میں چاروں انجیل اور عہد جدید کے رسالے ہوں اور وہ کلیساؤں میں عبادت کے موقع پر پڑھی جائے ۔(۲) (موسیقی) سوال و جواب کی نظم میں پہلے حصے کا جواب ۔(۳) رومی شہنشاہوں کے قانونی یا فوجی مشیر ۔ (٤) بادشاہ کا ایك شریف ونجیب خادم ۔

Comestible : (n) [L."come - + edere"] اشیائے خوردنی ؛ ماکولات۔

Come out : (v) (۱) چھوڑ بیٹھنا ؛ بیٹھ رہنا ؛ ہڑتال کر دینا ۔(۲) امتحان سے نکلنا ؛ کامیاب ہونا ۔(۳) ظاہر ہونا ؛ منکشف ہونا ؛ کھل جانا ؛ مل جانا ۔(٤) چھپنا ؛ شائع ہو جانا ؛ (پہلی دفعہ سوسائٹی میں) نمودار ہونا ؛ بر آمد ہونا ؛ مشہور ہونا ۔ (۵) لڑنا ۔(٦) نتیجہ ہونا ۔(۷) نکلنا (بیماری، پھول وغیرہ کا) ؛ اپنی رائے ظاہر کرنا ۔(۸) پہلی دفعہ منظر عام پر آنا ۔

Come over : (v) (۱) غالب آنا ؛ غلبہ پانا ؛ رعب جمانا ؛ رسوخ جما لینا ۔(۲) (فاصلہ یا دشواری) طے کرکے آنا ۔(۳) رائے کا بدلنا (دوسری طرف آ ملنا) ۔ (٤) آ نکلنا ؛ (نگراں یا محافظ کا) دیکھنے آ جانا ۔(۵) من جانا ؛ رضامند ہو جانا ۔(٦) جا لینا ۔(۷) دھوکا دینا ۔(۸) واقع ہونا ؛ ہونا ۔(۹) ملاقات کے لئے آنا ۔

Come round : (v) (۱) (دھوکے یا چاپلوسی سے) غالب آنا ؛ غلبہ پانا ۔ (۲) آپ میں آ جانا (غش یا بیماری میں) ؛ سنبھل جانا ؛ شفا یاب ہو جانا ۔

Come to : (v) (۱) وارث ہونا (اپنی جگہ پر) ٹھہر جانا ۔ (۲) تازہ دم ہونا ؛ تازہ قوت پانا ؛ نئی زندگی پانا ۔(۳) ہوش میں آنا (غش یا بیوقوفی کی حالت سے) ۔(٤) متفق ہونا ۔ (۵) جہاز کو ہوا کے رخ پر کرنا ؛ کسی خاص جگہ لنگر ڈالنا یا رکنا ۔(٦) مساوی ہونا ۔ (۷) مطلب ہونا ۔(۸) میزان ہونا ۔ (۹) نتیجہ ہونا ۔

Come up : (v) (۱) یونیورسٹی میں داخل ہونا ۔(۲) (کچھ کہنے کے لئے) آگے بڑھنا یا پاس انا ؛ نزدیك ہونا ۔(۳) شانہ ملاکے چلنا ؛ سامنے آ جانا ۔(٤) اگنا ؛ پھوٹنا ۔(۵) رائج ہونا ؛ مقبول ہونا ۔(٦) زیربحث آنا ؛ پیش آنا ۔(۷) معیار کے مطابق ہونا ؛ پورا اترنا ؛ (بصیغہ امر) دوڑو ! تیزچلو! ۔(۸) مساوی ہونا ؛ برابر ہونا ؛ مہیا کرنا ۔(۹) یاد آنا ۔ (۱۰) (بحری) رخ بدلنا ۔(۱۱) ڈھیل دینا ؛ ڈھیلا کرنا (رسّی وغیرہ کا)۔

Come upon : (v) (۱) جھپٹنا ؛ آپڑنا ؛ آگے بڑھنا ؛ حملہ کرنا ؛ اثر کرنا ۔(۲) ترقی کرنا ؛ پھلنا پھولنا ۔ (۳) (طوفان یا وبا کا) ناگہاں آجانا ؛ آ دبانا ؛ وارد ہونا ۔ (٤) (بحث کےلئے) پیش ہونا ؛ (سوال) اٹھایا جانا ۔

Comet : (n) [Gr."kometes"] (۱) دم دار تارا ؛ پچھل تارا ؛ جھاڑو تارا ؛ دنبالہ دار سیارہ ۔ (۲) لمبی دم والا ایک پرندہ جس کے پر سے بھنبھناھٹ کی آواز نکلتی ھے ۔ (۳) ایک قسم کی سنہری مچھلی ۔ (٤) ایک قسم کی کشتی رانی کی کشتی ۔ (٥) وہ شخص جو بسرعت ترقی کرتا ھے لیکن جیسے وہ تا دیر برقرار نہیں رکھ سکتا ۔

Head of comet : (ریاضی) کامٹ کا سر ؛ دم دار ستارے کا سر ۔

Periodic comet : (ریاضی) دوری کامٹ ۔

Tail of comet : (ریاضی) کامٹ کی دم ۔

Comet-finder : (n) کم قوت والی مگر وسیع منظر کی دوربین جو دمدار ستاروں کی تلاش کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Comet-seeker : (n) دیکھو Comet-finder

Comet wine : (n) وہ شراب جو جھاڑو تارے کے سال کھینچی جائے اور جو عام خیال کے مطابق عمدہ قسم کی ھوتی ھے ۔

Comet year : (n) جھاڑو تارے کا سال ۔

Cometarium : (n) خارج المرکز محور پر حرکت دکھانے کی ایک ترکیب ۔

Cometary : (a) دمدار ستارے سے متعلق ؛ دمدار ستارہ نما ؛ ذو ذنبی ۔

Comethod : (n) (ریاضی) طریقہ انطباق ۔

Cometic /-al : (a) (۱) دیکھو Cometary (۲) شعلہ وار ؛ مستقل ؛ بد شگون ؛ عجیب و غریب (چیز) ۔

Cometographer : (n) دمدار ستارے کو بیان کرنے والا ۔

Cometography : (n) سدمدار ستارے سے متعلق علم ھیئت کا حصہ ۔

Cometology : (n) دمدار ستارے کا علم ۔

Comfit : (n) [L."comfectum"] نقل ؛ پاگ ؛ الانچی دانہ ؛ ھر قسم کی مٹھائی جس کے اندر کوئی خشک پھل یا گری ھو ۔

Comfiture : (n) [F. "comfiture"] مٹھائی ؛ مربّا ۔

Comfort : (v) [L."confortare"] تسلّی دینا ؛ تشفی کرنا ؛ آرام پہنچانا ؛ راحت دینا ۔

Comfort : (n) [See prec.] (۱) تسکین ؛ تسلّی ؛ تشفی ؛ آرام ؛ خاطر جمعی ؛ راحت ؛ اطمینان ؛ آسودگی ؛ آسائش ؛ سکھ ۔ (۲) تسکین دینے والا ؛ غم خوار ؛ غمگسار ۔ (۳) مایۂ تسلی ؛ سرمایۂ راحت ۔ (٤) دوھر ؛ دولائی ۔

Articles of comfort : (معاشیات) سامان آرائش ۔

Creature comfort : مایحتاج ؛ اچھا کھانا، کپڑا وغیرہ ۔

Home comfort : خانگی آسائش ؛ گھر کا کام ؛ گھر کے ایسی راحت ۔

Comfortable : (a) (۱) آرام دہ ؛ آسائش ؛ اطمینان بخش ؛ آرام و عافیت دینے والا ؛ وسیلۂ راحت ۔ (۲) آسودہ ؛ خوش حال ؛ مطمئن ۔ (۳) دست بند ؛ گلو بند ؛ لحاف ۔

Comfortableness : (n) راحت بخشی ؛ آسائش بخشی ۔

Comfortably : (adv) آسائش بخشی سے ؛ آسائش بخشی کے طور پر ۔

Comforter : (n) (۱) سکھ پہنچانے والا ؛ تسلی دینے والا ؛ غم خوار ؛ غم گسار ۔ (۲) روح مقدس ؛ (انجیل کی اصطلاح میں) حضرت عیسیٰ اور روح القدس ۔ (۳) اونی گلوبند ۔ (٤) بچوں کی چسنی (نیپل) ۔

Comfortful : (a) آرام سے بھر پور ؛ آرام دہ ۔

Comfortless : (a) بےچین ؛ بے آرام ؛ رنجور ؛ غمگین ؛ دکھی ؛ ناراحت ؛ ناشاد ۔

Comfortlessly : (adv) بے چینی سے ؛ دکھی ھو کر ۔

Comfortlessness : (n) نا راحتی ؛ نا آسودگی ؛ بے چینی ؛ بے آرامی ۔

Comfortress : (n) آرام پہنچانے والی عورت ۔

Comfrey : (n) [L. "conferva"] ایک جنگلی درخت جس کے کھردرے پتے کھانسی کی دوا یا چارے کے کام آتے ھیں ؛ سنفیتون فرنگی ؛ اذن الحمار ۔

Comfy : (a) بول چال میں Comfortable کا مخفف ۔

Comic : (a) [Gr. "komikos"] نقل یا کومیڈی سے متعلق : تفنن آمیز ؛ پر تمسخر ؛ مضحکہ خیز ؛ مضحك ؛ خندہ انگیز ۔

The comic : مضحك خیز ؛ مضحك نقل ۔

Comic opera : (n) نقلوں کا تماشا ؛ مسخرے پن کا تماشا ، جس میں ظرافت کے پیرائے میں عام بول چال کے گیت یا محض مسخرے پن کے گیت ہوں ۔

Comical : (a) (۱) مضحکہ خیز ؛ مضحك ؛ خندہ آور ؛ ظریفانہ ۔(۲) نرالا ؛ انوکھا ؛ عجیب و غریب ۔

Comicality : (n) مضحکہ خیزی ؛ مسخرا پن ؛ نرالہ پن ۔

Comically : (adv) مضحکانہ ؛ مسخرے پن سے ؛ تمسخرانہ ؛ انوکھے پن سے ۔

Comicalness : (n) مسخرگی ؛ خندہ آوری ؛ خندہ انگیزی ۔

Comico- : [Gr. "komikos"] سابقہ بمعنی " مضحکہ " ۔

Coming : (n) آمد ؛ ورود ؛ ظہور ۔

Coming : (a) آنے والا ؛ پہنچنے والا ؛ آئندہ ؛ آگے ۔

Coming and going : ناچار ؛ مجبور ؛ بے یارو مددگار ؛ بے سہارا ۔

Coming in : (n) (۱) ابتدائی ؛ آغاز ۔(۲) آمدنی ۔

Coming-of age : (n) سن بلوغ ؛ بلوغیت ۔

Coming-on : (a) رضامند ؛ تسلیم کرنے والا ۔

Coming out : (n) لڑکیوں کا کسی سماجی تقریب میں پہلی بار حصہ لینا ۔

Coming season : (n) (تجارت) اگلا موسم ۔

Coming year : (n) (تجارت) اگلا سال ۔

Comings and goings : سرگرمیاں ؛ معاملات ۔

Comintern : (n) [Russ.] روس کی پارٹی کمیونسٹ انٹرنیشنل (Communist International) ۔

Comique : (a) دیکھو Comic

Comitadji : (n) [F. "Comitem"] بے قاعدہ سپاہیوں کا دستہ ۔

Comitative case : (n) (لسانیات) معیتی حالت ؛ زفافی حالت ۔

Comitatus : (n) [L. "Comitem"] (۱) جنگ آوروں یا امیروں کی وہ جماعت جو بادشاہوں یا سرداروں کے حق میں ہو ۔(۲) انگلستان کا ایک ضلع ۔

Comitia : (n) [L. "Com+itium"] (۱) (قدیم روم) رومی عوام کا وہ اجلاس جس میں ضلعوں کے حاکموں کا انتخاب ہوتا تھا اور قوانین منظور کئے جاتے تھے ۔(۲) آکسفورڈ کے بانیوں اور محسنوں کی یادگار کا سالانہ جشن ۔

Comitia centuriata : (تاریخ) (قدیم روم) کومی شیا سنتوریاتا ۔

Comitia tributa : (n) (تاریخ) کومی شیا تری بوتا ۔

Comitial : (a) Comitia سے متعلق ۔

Comity : (n) [L. "Comitatem"] (۱) اخلاق ؛ تواضع ؛ تعظیم و تکریم (خاص کر بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم جن کی رو سے ایك قوم دوسری قوم کے آئین و قوانین کا پاس و لحاظ رکھتی ہے) ۔(۲) قوموں کی برادری ؛ زمرۂ اقوام (جن میں باہم ایسے دوستانہ تعلقات ہوں) ؛ (تاریخ) برادری ۔

International comity : (۱) بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم ۔(۲) (تاریخ و سیاسیات) بین الاقوامی دوستانہ مراسم ۔

Comity of nations : (تاریخ و سیاسیات) قوموں کی برادری ۔

Comma : (n) / (pl.-Commas) (۱) سکتہ ؛ عبارت میں ٹھہراو کی ایك علامت ؛ وقفہ ؛ کوما ۔ (۲) موسیقی کی تحریر میں ٹھہراؤ کی علامت یا مختلف تانوں میں فرق دکھانے کا نشان (٬) ۔

Inverted comma : کسی منقول قول کے آخر اور شروع کی دوھری یا اکہری چھوٹی واو (" ") ؛ قول نشان ؛ واوین ۔

Comma bacillus : (n) ہیضہ کے جراثیم ؛ نناویں کیڑے ؛ واو نما جراثیم ۔

Comma butterfly : (n) ایک قسم کی تتلی جس کے پروں کے نیچے کوما جیسا نشان ہوتا ہے ۔

Command : (v) [L. "Commandare"] (۱) حکم دینا ' (خاص کر امر مذہبی احکام کے لئے) : فرمان جاری کرنا : حکمرانی کرنا ۔ (۲) حاکم ہونا : بالا دست ہونا ' مسلط ہونا ' فرماں روائی کرنا ۔ (۳) (جذبات کو) قابو میں رکھنا ' زیر اثر کرنا : دسترس میں ہونا ۔ (٤) مستحق ہونا (ہمدردی وغیرہ کا) ۔ (٥) (جنگی اصطلاح) چھایا ہونا : زد میں لئے ہونا : نظر آنا (بلندی پر سے) ۔

To command a suit of cards : تاش کے حکم پتےکو ہاتھ میں رکھنا ۔

Yours to command : فرماں بردار ۔

Command : (n) [See Prec.] (۱) حکم ' بولی (جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں) ' کمان : ہدایت : فرمان ۔ (۲) سرداری ' سپہ سالاری : قیادت : امارت ۔ (۳) قبضہ : تسلط : اقتدار : مہارت ۔ (٤) فوجی دستہ ، ضلع یا علاقہ (جو کسی سپہ سالار کے زیر حکم ہو) ۔ (٥) امر (مذہبی معنوں میں) ۔ (٦) دباؤ : جبر ۔ (۷) حد نظر : حد نگاہ : ارد گرد کے علاقوں پر تسلط رکھنے کی قوت ۔ (۸) حاکم ۔ (۹) (تاش کے کھیل میں) سب سے بڑے پتے پرقبضہ ۔ (۱۰) استعمال کی قدرت (خصوصاً زبان ،لفظ وغیرہ پر) ۔

At command : قبضہ' قدرت میں : اختیار میں : منہی میں : فرماں بردار : حکم ماننے پر آمادہ : خرچ اور استعمال کے لئے مہیا ۔

Command directed economy : (تجارت) حکمی معیشت ۔

Command economy : (n) Command directed economy دیکھو

Command-in-chief : (n) اعلیٰ سرداری : سپہ سالاری : اعلیٰ کمان ۔

Command-night : (n) وہ رات جس میں ناٹک کا تماشہ یا جلسہ طرب شاہی حکم سے کیا جائے : شاہی مجرے کی رات ۔

Command of language : (n) زبان پر قدرت ۔

Command paper : (n) (۱) کاغذ جو بادشاہ کے حکم سے پارلیامنٹ کے سامنے پیش ہو ۔ (۲) وہ دستاویز جو سرکاری حکم سےعوام کے خرچ پر اشاعت پذیر ہو ۔

Commandable : (a) فرماں پذیر ' حکم پذیر ۔

Commandant : (n) [Fr.] کمین دار ' فوجی سردار ' قلعہ دار ' جنگی حاکم ۔

Commandantship : (n) سرداری ' قلعہ داری ' کمان داری ۔

Commandeer : (v) [F. "commander"] (۱) (فوجی خدمت کے لئے) حکم دینا : بیگاری لینا ۔ (۲) (مجازاً) چھین لینا ' ضبط کر لینا (فوجی ضرورت کی بنا پر) ۔

Commander : (n) [See "COMMAND"] (۱) امیر ' بحری سردار جو کپتان سے درجہ میں کم ہوتا ہے ۔ (۲) نائٹوں کا خطاب ۔ (۳) کمان دار ' فوجی سردار ' حاکم ' کمانڈر ۔ (٤) مذہبی جاگیر کا منتظم ۔ (٥) بڑا چوڑا چوبی ہتھوڑا : موگرا ۔

Commander of the faithful : خلفائے اسلام کا خطاب ' امیر المومنین ۔

Wing commander : ہوائی فوج کا ایک عہدہ ۔

Commander - in - chief : (n) جنگی سردار ' سپہ سالار ' امیر فوج : سینا پتی ' قائد ' مقامی بیڑے کا حاکم ۔

Commandership : (n) کمان داری ' سپہ سالاری ۔

Commandery / -dry : (n) [Med. L."commendaria"] وہ جاگیر یا جائداد یا عمارت جو نائٹوں کے کسی سلسلے کی ملکیت ہو اوران میں سے کسی ایک نائیٹ کے ذمہ لگا دی جائے ۔

Commanding : (a) (۱) شان دار : بارعب : رعب دار والا : پر شوکت ' رفیع الشان ۔ (۲) بلند : وسیع النظارہ (پہاڑی وغیرہ) : چھایا ہوا : مسلط ۔

Commandingly : (adv) مسلط ہوکر : قابو میں رکھ کر : رعب داب سے ۔

Commandite : (n) [F. "Commander".] وہ کمپنی جس کے لئے لوگ سرمایہ پیشگی لگاتے ہیں لیکن شریک کی حیثیت نہیں رکھتے اور نہ ان پر کوئی ذمہ داری ہوتی ہے ۔

Commandment : (n) [Late L."Commandare"] : (۱) حکم الٰہی : امر ربی ۔ (۲) احکام عشرہ : اوامر عشرہ (موسوی شریعت کے دس احکام)۔ (۳) (عامیانہ) دس انگلیوں کے ناخن (خاص کر عورتوں کے لئے)۔

Ten commandments : احکام عشرہ : اوامر عشرہ ۔

Commando : (n) [Sp.] فوجی دستہ : جمعیت ' چھاپا مار دستہ : غافل پاکر حملہ کرنے والا دستہ : (تاریخ) فوجی دستہ (کسی خاص مقصد کے لئے ترتیب دیا ہوا)۔

Commandress : (n) عورت سردار : عورت حاکم ۔

Commandrie / -ry : (n) دیکھو Commandery

Comme il faut : (adj. phr.) [F.] شائستہ : اچھی تربیت پایا ہوا : مناسب ۔

Commeasurable : (a) (۱) دیکھو Commensurable (۲) ہم مقدار : ہم معیار : ہم پیمانہ : متناسب : مساوی ۔ (۳) (ریاضی) ہم عاد : وہ اعداد جو ایک ہی عدد پر ٹھیک تقسیم ہو سکیں ' ہم قسمت ۔

Commeasure : (v) ہم مقدار ہونا : مقدار یا وسعت میں برابر کرنا : ہم مقدار کرنا : برابر کرنا : مساوی کرنا ۔

Commemorate : (v) [L. "com + memorare"] : منانا : رچانا : (تحریر یا تقریر میں) یاد دلانا ' یادگار قائم کرنا (کسی شے کی) : یادگار ہونا : یاد آوری کرنا ۔

Commemoration : (n) یادگار : یادگار کا کوئی کام : تقریب (فاتحہ برسی وغیرہ جو کسی بزرگ کی یادگار میں منائی جائے) : (آکسفورڈ یونیورسٹی) جلسہ جو بانیان جامعہ کی یادگار میں کیا جاتا ہے ۔

Commemoration coin : (n) (تاریخ) یادگار سکہ ۔

Commemoration seal : (n) (تاریخ) یادگار مہر ۔

Commemorative : (a) یادگاری : یاد دلانے یا منانے والی شے ۔

Commence : (v) [OF. "Cumencer"] شروع کرنا : آغاز کرنا : ابتدا کرنا : بسم اللہ کرنا : (قدیم محاورے میں) چلانا : چل پڑنا ' کام شروع کرنا یا کام کا جم جانا (جیسے وکالت وغیرہ میں) : تکمیل کی سند پالینا : شروع ہونا ۔

To commence an action : کوئی کام شروع کرنا ۔

Commencement : (n) : قابل ابتدا : بسم اللہ کرنے کے لائق ۔

Commencement : (n) (۱) آغاز : ابتدا : شروع ۔ (۲) عطائے اسناد کا جلسہ یا تقریب (مذہبی نیز کیمبرج ، ڈبلن یا امریکی یونیورسٹی کی اصطلاح میں) : دستار بندی کی تقریب ۔

Commencement of risk : (تجارت) آغاز خطر : جوکھم کی ابتدا ۔

Commencer : (n) ابتدا کرنے والا : بسم اللہ کرنے والا ۔

Commend : (v) [L. "Commendare"] (۱) سونپنا : سپرد کرنا : حوالہ کرنا : تفویض کرنا ۔ (۲) تعریف و توصیف کرنا : سعی سفارش کرنا ۔ (۳) (قدیم محارے میں) سلام کہنا : (اکثر طنزاً) دینا : عنایت کرنا ۔ (٤) (کلیسائی اصطلاح میں) جاگیر عطا کرنا ۔ (۵) (تاریخ) کسی جاگیر دار کی مخالفت میں دے دینا ۔

Commend me (us) to : مجھ کو ترجیحاً دیا جائے ۔

To commend to God : اللہ کے حوالے کرنا ۔

Commendable : (n) لائق تعریف : پسندیدہ : لائق توصیف ۔

Commendableness : (n) قابل تعریف ہونا : پسندیدہ ہونا ۔

Commendably : (adv) تعریفاً : توصیفاً ۔

Commendador : (n) =(commander)[Sp. "commendador"] کمان دار ۔

Commendam : (n) [L. "commenda"] جاگیر کی مدت جو کسی کشیش یا غیر کشیش کے ذمہ لگائی جائے تاکہ وہ اس وقت تک اس کی آمدنی سے فائدہ اٹھائے جب تک کہ کوئی مستقل انتظام نہ ہو جائےیا اسے ہی تا حیات عطا کر دی جائے : جاگیر : عہدہ (اس قسم کا) : تولیت غیر مستقل : مدد معاش جو مستقل مذہبی کارکن کی غیر حاضری میں (عارضی طور پر) دوسرے کے حوالے کی جائے ۔

Commendatary : (a) : (۱) شفارشی: تعریفی: (۲) ایسی املاک وقف جو اصل شخص کی غیر حاضری میں کسی دوسرے کے قبضے میں رہے - (۳) جاگیر داری کے نظام سے متعلق -

Commendatary : (n) [L. "commendat - "] (۱) (کلیسائی اصطلاح) جاگیر دار - (۲) کمشنر -

Commendation : (n) [L. "commedationem"] (۱) تعریف : تحسین : مدح - (۲) سفارش - (۳) درود : سلام - (٤) مردوں کے گناہوں کی معافی کے لئے خدا سے دعا - (٥) (جاگیر دار کا قانون) کسی رعیت کا اپنی جائداد اور خود کو جاگیر دار کی حفاظت میں حوالہ کر دینا - (٦) جاگیر تولیت میں دینا -

Commendator : (n) (۱) متولی : امین - (۲) فرماں روا : حاکم -

Commendatory : (a) دیکھو Commendatary

Commendatory letter : (n) سفارشی یا تعریفی خط -

Commendatory prayer : (n) بخشش و معافی کی دعائیں -

Commender : (n) سفارش کرنے والا: تعریف کرنے والا : توصیف کرنے والا -

Commensal : (a) [L."com + mensa"] (۱) ہم پیالہ : ہم نوالہ - (۲) (نباتیات، حیوانیات) طفیلی : ہم باش -

Commensal : (n) (۱) ہم نوالہ شخص - (۲) طفیلی پودے یا جانور -

Commensalism : (n) ہم پیالگی : طفیلی پن : طفیلیت : (حیوانیات) ہم باشی -

Commensality : (n) ہم پیالگی : طفیلی پن : طفیلیت : (حیوانیات) ہم باشی -

Commensurability : (n) ہم مقداری : ہم معیاری : ہم عادیت -

Commensurable : (n) [L. "commensurabilis"] ہم مقدار : ہم معیار : ہم پیمانہ (یعنی جو ایک پیمانہ سے ناپا جا سکے) : مناسب : متناسب -

Commensurable forces : (n) (ریاضی) ہم عاد قوتیں -

Commensurable number : (n) (ریاضی) ہم عاد اعداد -

Commensuableness : (n) ہم مقداری : ہم معیاری : ہم عادیت -

Commensurably : (adv) ہم مقداری سے : ہم عادیت سے -

Commensurate : (a) [L."commensuratus"] برابر : مطابق : ہم نسبت : مناسب : ہم سنگ : ہم وسعت -

Commensurately : (adv) برابری سے : ہم نسبتی سے : مناسبت سے -

Commensurateness : (n) ہم نسبتی : ہم مقداریت : مطابقت :

Commensuration : (n) [L. "Commensurationem"] مقابلہ : مقائسہ : تناسب -

Comment : (n) [L. "commentus"] رائے زنی : شرح : توضیح : تنقید : انتقاد : تبصرہ : نظریہ : تشریح -

Comment : (v) رائے زنی کرنا : رائے دینا (خاص کر مخالفانہ) : نکتہ چینی کرنا : شرح لکھنا : حاشیہ چڑھانا : تنقید کرنا : تبصرہ کرنا : انتقاد کرنا -

Commentary : (n) شرح : حاشیہ : تنقید : تبصرہ : تفسیر : تقریظ -

Commentation : (n) [L."commentationem"] شرح نویسی : تفسیر نگاری : تحشیہ : تبصرہ نگاری -

Commentator : (n) (۱) شارح : مفسر : توضیح نگار : حاشیہ نگار - (۲) وہ چشم دید گواہ جو کسی تقریب یا کھیل کود کے واقعات کو ریڈیو پر نشر کرے -

Commentatorial : (a) شارح سے متعلق : مفسر سے متعلق -

Commentatorship : (n) شرح نگاری : شرح نگار کا عہدہ -

Commerce : (n) [L."commercium"] (۱) تجارت : سوداگری (خاص کر بڑے پیمانہ پر) : بیوپار - (۲) باہمی رابطہ : راہ و رسم : ملاقات - (۳) تاش کا ایک کھیل - (٤) جنسی تعلقات : مجامعت : صحبت (برے معنوں میں) - (٥) ذہنی یا روحانی تعلق یا رابطہ -

Chamber of commerce : : ایوان تجارت : تجارتی مجلس : بیوپار سبھا -

Commerce : (v) کلام کرنا -

Commerce destroyer : (n) جنگی جہاز جو دشمن کے تجارتی جہازوں کو لوٹ لے ۔

Commercia belli : (n) دشمن ممالک کے درمیان معاہدہ ۔

Commercial : (n) (۱) سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر فرمائشیں حاصل کرتا پھرتا ہے ۔ (۲) نشری اشتہار ۔

Commercial : (a) تجارتی : تجارت کا : تجارت کے متعلق ۔

Commercial art : (n) تجارتی آرٹ یا فن ۔

Commercial adviser : (n) تجارتی مشیر : (تاریخ) مشیرتجارت ۔

Commercial agent : (n) تجارتی نمائندہ : کمرشیل ایجنٹ ۔

Commercial association : (n) تجارتی انجمن ۔

Commercial attache : (n) تجارتی وصل : تجارتی وسیلہ (تاریخ) تجارتی اتاشی ۔

Commercial banker : (n) (تجارت) کمر شیل بینکر ۔

Commercial blockade : (n) (تجارت) تجارتی ناکہ بندی ۔

Commercial capital : (n) (تجارت) تجارتی اصل ۔

Commercial capitalism : (n) (تجارت) تجارتی سرمایہ داری ۔

Commercial code : (n) (تجارت) کمرشیل کوڈ : (تاریخ) ضابطہ تجارت ۔

Commercial counceller : (n) (تجارت) کمرشیل کانسلر : (تاریخ) مشیر تجارت ۔

Commercial crisis : (n) (تجارت) تجارتی بحران ۔

Commercial diplomatic service : (n) (تجارت) تجارت کی سفارتی ملازمت ۔

Commercial domicile = (Trade domicile) (تاریخ) رهائش بغرض تجارت ۔

Commercial establishment : (n) (تجارت) کمرشیل ادارہ ، تجارتی ادارہ ۔

Commercial forgery policy : (n) (تجارت) تجارتی جعلی پالیسی ۔

Commercial goods : (n) (تجارت) تجارتی مال ۔

Commercial grades : (n) (تجارت) تجارتی درجات ۔

Commercial insurance : (n) (تجارت) بیوپار بیمہ ۔

Commercial intelligence : (n) (تجارت) تجارتی معلومات ۔

Commercial labour : (n) (تجارت) تجارتی مزدور ۔

Commercial letter : (n) لکھنے کے کاغذ کا سائز (امریکہ میں) ۔

Commercial note : (n) لکھنے کے کاغذ کا سائز (امریکہ میں) ۔

Commercial paper : (n) (تجارت) تجارتی اخبار ۔

Commercial revenue : (n) (تجارت) تجارتی محاصل ۔

Commercial revolution : (n) (تاریخ) تجارتی انقلاب ۔

Commercial sample : (n) (تجارت) تجارتی نمونہ ۔

Commercial services : (n) (تجارت) تجارتی خدمات ۔

Commercial transaction : (n) (تاریخ) تجارتی معاملہ ۔

Commercial traveller : (n) (تجارت) تجارتی مسافر : سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر فرمائشیں حاصل کرتا پھرتا ہے ۔

Commercial treaties : (n) (تاریخ) تجارتی معاهدے ۔

Commercial wing : (n) تجارتی شعبہ ۔

Commercialise : (v) تجارتی بنانا : بیع و شراء کے قابل کر دینا : بازار میں رواج دینا : گھٹیا بنا دینا ۔

Commercialism : (n) تجارت پرستی : تجارتی انہماک ، ادا یا طریقہ ۔

Commercialist : (n) سوداگری پیشہ : تجارت پسند : تجارت میں منہمک ۔

Commerciality : (n) سوداگرپن : تاجریت ۔

Commercially : (adv) تاجرانہ : بطور تجارتی ۔

Comminate : [L."comminat - "] تکفیر کرنا : تہدید کرنا: (عذاب الٰہی سے) ڈرانا ۔

Commination : (n) [F. "com-+ minari"] (عذاب الٰہی سے) ڈرانا ؛ کلیسائے انگلستان میں ان آیات یا کلمات کاپڑھنا جن میں گنہگاروں کو عذاب آخرت کی خبر دی گئی ہے ؛ لعنت و نفریں ؛ تہدید جزائی ۔

Comminator : (n) تہدید یا تکفیر کرنے والا ؛ لعنت کرنے والا ۔

Comminatory : (a) تہدیدی ؛ تکفیری ؛ ترهیبی ۔

Commingle : (v) گڈمڈ کرنا ؛ باهم ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیز کرنا ؛ ملنا ؛ مخلوط هونا ؛ جمع هونا ۔

Comminute : (v) [L. "Comminuere"] چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ؛ تکہ بوٹی کرنا ؛ پرزے پرزے کرنا ؛ (جائداد کی) تقسیم یا چھوٹے چھوٹے حصے کر دینا ۔

Comminuted : (a) ریزہ ریزہ کیا ہوا ۔

Comminuted fracture : (n) جراحی میں ریزہ ریزہ کی هوئی شکستگی ؛ ٹکڑے ٹکڑے کی هوئی شکستگی ۔

Comminution : (n) تقسیم ؛ تسہیم ؛ بٹوارا ؛ شکستگی ۔

Commiserable : (a) [L. "commiserari"] قابل ترحم ؛ قابل ترس ۔

Commiserate : (v) [as prec.] (۱) ترس کھانا ؛ دردمندی کرنا ؛ ترحم ۔ (۲) تاسف کا اظہار کرنا ؛ همدردی کرنا ۔

Commiseratingly : (adv) درد مندانہ ؛ درد مندی سے ۔

Commiseration : (n) دردمندی کا اظہار ؛ ترحم ؛ شفقت ؛ دل سوزی ؛ اظہار تاسف ؛ رحم ۔

Commissar : (n) [Russ.] (سوویت یونین گورنمنٹ میں) ناظر ٬ افسر محکمہ ۔

Commissarial : (a) ناظر یا نائب سے متعلق ۔

Commissariat : (n) [See next] (۱) (فوجی اصطلاح میں) محکمہ رسد ؛ کمسریٹ ۔ (۲) کمشنروں کا بورڈ ۔ (۳) رسد ۔

Commissary : (n) [Med. L. "commissarius"] (۱) ناظر ؛ نائب ؛ نائب اسقف ۔ (۲) (فوج کا) داروغہ رسد رسانی ۔ (۳) (کیمبرج یونیورسٹی میں) رئیس دانش گاہ کانائب ۔ (٤) کسی فلم اسٹوڈیو کا کمرہ ۔ (٥) (فرانس) پولیس کا اعلیٰ افسر ۔

Commissary court : (n) (۱) نائب اسقف کی عدالت ۔ (۲) (اسکاٹ لینڈ میں) ایك عدالت جو وصی مقرر کرتی ہے ۔

Commissary general : (n) محکمہ رسد کا اعلا عہدہ دار یا ناظر (فوجی) ۔

Commissaryship : (n) نظارت رسد ۔

Commission : (n) [L."commissionem"] (۱) حکم ؛ هدایت ؛ پروانگی ؛ اختیار ؛ سند تقرر ؛ پروانہ تقرری ؛ عہدہ (کسی فوجی افسر کو دیا گیا) ۔ (۲) وفد ؛ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا ہو ٬ کمیشن ؛ جماعت خصوصی ؛ جماعت ماهرین ؛ محکمہ نظارت ۔ (۳) (جنگی جہازوں کے متعلق) بحری سفر کے لئے تیار هونا ؛ جنگی سازو سامان سے لیس هو جانا ۔ (٤) تفویض ؛ تحویل ۔ (٥) سپرد کردہ معاملات یا ذمہ داری ۔ (٦) (تجارتی اصطلاح) آڑھت کے کام کرنےکی اجازت ٬ دوسرے کی طرف سےفروخت کرنے کی پروانگی ؛ کمیشن ۔ (۷) معاوضہ جو کمیشن ایجنٹ یا آڑھتیےکو دیا جائے یا فی صدی رقم جو معاوضہ قرار پائی هو ؛ آڑھت ؛ دلالی ؛ رسوم ۔ (۸) ارتکاب ۔(جرائم وغیرہ) ۔ (۹) ماموریت ۔

Disarmament commission : (تاریخ) ترك اسلحہ کمیشن ۔

Error of commission : کمیشن کی غلطی ۔

Fiscal commission : (تاریخ، معاشیات) مالیاتی کمیشن ۔

In commission : (۱) (نیابت) مفوضہ اختیارات جو کسی انتظامی عہدہ دار کے بجائے کسی جماعت کو خاص اجازت سے دئے گئے هوں ۔ (۲) (جنگی جہاز کے بارے میں) تیار ؛ آمادہ کار ۔

On commission : مخصوص معاوضہ پر کام کرنا ۔

On the commission : اجازت یافتہ ؛ سند یافتہ ؛ (فوجی اصطلاح) جمعداری یا لیفٹننٹی کا عہدہ ۔

(۲) (عامیانہ) پیشہ ور شرط باز ۔
(۳) ھرکارہ ؛ پیک ۔ (٤) کسی ضلع یا علاقے کا حاکم ؛ کمشنر ۔

High commissioner : (تاریخ) ھائی کمشنر ۔

Trade commissioner : (تاریخ) ٹریڈ کمشنر ۔

Commissionership : (n) عہدہ نظارت ۔

Commissive : (a) ماموریت سے متعلق ۔

Commissively : (adv) ماموریت کے طور پر ۔

Commisural : (a) [L. "commisura"] جوڑ یا خط اتصال سے متعلق ؛ جوڑ کی طرح ۔

Commisure : (n) [as prec.] (۱) جوڑ ؛ جائے اتصال ۔
(۲) دو ھڈیوں کے بیچ کا جوڑ ؛ پیوند ۔
(۳) باچھ ؛ گھاٹی ؛ وہ خط جس پر آنکھ کے پپوٹے ایک دوسرے سے ملتے ھیں ؛ خط اتصال ؛ گویا ؛ گوشہء چشم ؛ (حیوانیات) رباط ۔ (٤) ریشے اور نسیں جو دماغ کے دونوں حصوں اور ریڑھ کی ھڈی کے دونوں حصوں کو ملاتی ھیں ۔
(٥) (نباتیات) وصل رو ۔

Commit : (v) [L. "Commitere"] (۱) (کسی کے) حوالہ کرنا ؛ سونپنا ؛ تفویض کرنا ؛ سپرد کرنا ۔
(۲) ارتکاب کرنا (جرم یا خطا کا) ۔
(۳) (تجاویز کا) مجلس میں پہنچنا ؛ استصواب کرنا ۔ (٤) پھنسالینا (اپنے آپ کو) ؛ مخدوش یامشتبہ کر دینا (عزت یا چال چلن کو) ۔ (٥) پابند یا مقید ھو جانا ؛ خود کو (کسی خاص طریقہء عمل کا پابند کرلینا) ۔ (٦) حراست میں لینا ۔ (۷) مخالفت پیدا کرنا ؛ اکھٹا کرنا ۔

To commit to memory : یاد کرنا ؛ ازبر کرنا ؛ حفظ کرنا ۔

To commit to prison : حوالات میں ڈال دینا ؛ قید کرلینا ۔

To commit to the earth : دفن کرنا ۔

To commit to the flame : جلا دینا ۔

To commit to writing : لکھنا ؛ تحریر کرنا ۔

Out of commission : (۱) بیکار (جنگی جھاز کے بارے میں) ۔ (۲) ناکارہ ؛ کام کے لائق نہیں ۔

Commission : (v) (۱) اختیار دینا ؛ پروانگی دینا ؛ سند دینا ۔ (۲) جنگی جھاز کی سرداری دینا ؛ جنگی جھاز کو سفر یا جنگ پر جانے کی اجازت دینا ۔ (۳) معاوضہ یا حق دینا ۔
(٤) حکم دینا ، آرڈر دینا ، ھدایت دینا ۔

Commission account : (n) (تجارت) کمیشن کا حساب ۔

Commission agent : (n) مقرر فی صد معاوضہ پر کام کرنے والا ایجنٹ ۔

Commission broker : (n) بری یابحری فوج میں فوجی افسر کے لئے خرید و فروخت کرنے والا ایجنٹ ۔

Commission business : (n) (تجارت) کمیشن کا کاروبار ۔

Commission day : (n) عدالت اضلاع کے کھلنے کا دن جس میں ججوں کے تقرر کا اعلان کیا جاتا ھے ؛ عدالت خصوصی کا افتتاح ۔

Commission house : (n) (تجارت) کمیشن گھر ؛ آڑھتی کوٹھی ۔

Commission of appointment : (تاریخ) تقررات کا کمیشن ۔

Commission of array : بے قاعدہ فوج کی صف آرائی ۔

Commission of enquiry : (تاریخ) تحقیقاتی کمیشن ۔

Commission of lunacy : وہ جماعت خصوصی جو یہ دریافت کرتی ھے کہ کوئی شخص پاگل ھے یا نہیں ۔

Commission of the peace : اراکین عدالت کا وہ گروہ یا جماعت جسے جسٹس آف دی پیس کہتے ھیں ؛ عدالت خصوصی ۔

Commission on human right : انسانی حقوق کا کمیشن ۔

Commissionaire : (n) (۱) ھرکارہ ؛ پیک ؛ قاصد ۔ (۲) وظیفہ یاب فوجیوں کی جماعت کا آدمی ۔

Commissional : (a) ماموریت سے متعلق ؛ گماشتگی سے متعلق ۔

Commissioner : (n) جس کو کوئی خاص کام تفویض کیا گیا ھو ؛ وفد کارکن ۔

Commitable / -ible : (a) قابل ارتکاب : قابل تفویض ۔

Commitment : (n) پابندی : قید : سپردگی : ارتکاب : تدفین : (کسی تجویز وغیرہ کو) استصواب کے لئے بھیجنا : الزام : تعہد : حکم یا پروانہ' گرفتاری : (نفسیات و تعلیمات) پیمان : جائے اتصال ۔

Committal : (n) الزام : تعہد : پابندی : قید : سپردگی : ارتکاب : تدفین ۔

Committee : (n) [Fr. "committe"] (۱) وہ شخص جس کے سپرد کوئی دوسرا شخص اور اس کی جاگیر کر دی جائے ۔ (۲) جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے مقرر کی گئی ہو : کمیٹی : انجمن ' ذیلی مجلس : مجلس مشاورت ۔

Collective measures committee : (تاریخ) اجتماعی اقدامات کمیٹی ۔

Committee of the whole or whole house : کسی انجمن کے تمام ممبروں کی کمیٹی یا نشست اس کاروائی کی جزئیات پر غور کرنے کے لئے جو اس کے سپرد کی گئی ہو ۔

Committee of ways and means : مالی وسائل پر غور کرنے کی کمیٹی ۔

Credentials committee : (تاریخ) کمیٹی مراسلہ تعارفی ۔

Executive committee : (تاریخ) مجلس عاملہ : عاملہ کمیٹی ۔

Select committee : (تاریخ) سیلیکٹ کمیٹی : مجلس منتخبہ ۔

Standing committee : مستقل مجلس جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے ۔

Committee-men : (n) رکن مجلس ذیلی (قانون) : ضامن : ولی : کارکن (جس کے سپرد کوئی اور شخص یا جائداد کردی جائے) ۔

Committee of inspection : (n) (تجارت) معائنہ کمیٹی ۔

Committee of secrecy : (n) (تاریخ) سیکریسی کمیٹی (East India company) ۔

Committee on Co-ordination : (n) (تاریخ) رابطہ کمیٹی ۔

Committeeship : (n) دیوان یا فاترالعقل کی ذمہ داری کا عہدہ ۔

Committer : (n) (۱) مرتکب ۔ (۲) (مجازاً) زانی ' فاجر ۔

Committor : (n) مرتکب ۔

Commix : (v) [L. "commixtus"] (شعر میں اب متروک) ملنا ' ملانا : مخلوط کرنا ' آمیز ہونا ۔

Commixed : (a) ملا ہوا : مخلوط ' مرکب ۔

Commixtion / Commixion : (n) (۱) آمیزش: ترکیب ' مرکب : اختلاط ۔ (۲) عشائے ربانی کی روٹی کے چھوٹے ٹکڑے کو پیالہ میں رکھنا جو قیامت میں روح اور جسم کے دوبارہ اتحاد کی علامت ہے ۔

Commixture : (n) [L. "commixtura"] دیکھو Commixtion

Commodate : (v) L. "commodatum"] چیزوں کو بطور قرض دینا (واپس کردینے کی غرض سے) ۔

Commode : (n) [L. "commodus"] (۱) دراز دار صندوق ' پیٹی ۔ (۲) عورتوں کی اونچی لیس دار ٹوپی ۔ (۳) وہ چوکی جس میں پاخانہ کا برتن ہو : پاخانہ کی چوکی ۔

Commodious : (a) [med. L. "commodiosus"] وسیع : کشادہ : گنجائش دار : فراخ : هلکا پهلکا ۔

Commodiously : (adv) وسیع طور پر ' گنجائش کے ساتھ : کشادگی سے ۔

Commodiousness : (n) کشادگی ' وسعت : فراخی : گنجائش ۔

Commodity : (n) [L. "commoditatem"] (۱) کار آمد : مفید (متروک) ' شے ۔ (۲) (جمع میں) تجارتی مال : اشیاء پیداوار ۔ (۳) سہولت : آسانی (متروک) ۔

Homogenous commodity : (تجارت) یک جنسی شے ۔

Non - perishable commodity : (تجارت) پائدار شے ۔

Perishable commodity : (تجارت) غیر پائدار شے ۔

Commodity tariff : (n) (تجارت) اشیاء ٹیرف ؛ محصول شرح نامہ اشیاء ۔

Commodity tax : (n) (تجارت) اشیائی ٹیکس ۔

Commodity theory of money : (تجارت) اشیائی نظریہٴ زر ۔

Commodore : (n) [OF. "comaneor"] (بحری) سردار ؛ ایک اعلی عہدہ دار جس کا درجہ امیر البحر کے بعد ہوتا ہے ؛ صدر کپتان ؛ (تعظیماً) انجمن کشتی رانی کا صدر نشیں ؛ صدر نا خدا ؛ صدرنا خدا کا جہاز ؛ تجارتی جہازوں کے بیڑے کا رهنما جہاز ۔

Air commodore : ایئر کموڈر ؛ ہوائی جہاز کے بیڑے کا ایک افسر ۔

Common : (a) [L. "communis"] (۱) مشترک ؛ متحدہ ؛ واحد ؛ جس کا تعلق سب کے ساتھ یکساں ہو ۔ (۲) عوام سے متعلق ؛ عام رعایا سے متعلق ۔ (۳) عام ؛ معمولی ؛ روز مرّہ کا ؛ عمومی ؛ عادی ؛ متداول ؛ پیش پا افتادہ ۔ (٤) عامی (لوگ) ؛ مبتذل ادنا ؛ بےتوقیر گنوار ؛ (ریاضی) عدد مشترک جیسے مشترک مقسوم علیہ ؛ عامیانہ ۔ (٥) جنس مشترک ۔ (٦) (لکڑی) گرہ دار ؛ ناقص ۔ (۷) غیر محتاط ؛ غیر رسمی ۔ (۸) دو یا دو سے زیادہ شاخوں میں تقسیم ۔

To make common cause with : کسی مقصد میں شریک ہو جانا ؛ ہم مقصد ہو جانا ۔

Common : (n) [L. "commune"] (۱) (اراضی) شاملات خاص کر بنجر یا چراگاہ کی زمین ؛ جھاڑیاں اوردرخت والامیدان ۔ (۲) حق شاملات ؛ چرائی وغیرہ کا حق جو کسی کو دوسرے کی زمین میں حاصل ہوتا ہے ۔ (۳) کھانے کی میز ؛ کھانے کا کمرہ ؛ وہ عمارت جس میں کھانے کا کمرہ ہو ۔ (٤) (جمع) آزوقہ ۔ (٥) (جمع) عام لوگوں کی سیاسی جماعت ؛ مجلس عوام ؛ دارالعلوم ۔ (٦) ایک مذہبی عبادت جو بعض قسم کے تہوار کے لئے مشترک ہوتی ہے ۔ (۷) تختہ یا لکڑی کا ٹکڑا ۔

In common : مشترک ؛ عموماً ؛ استعمال میں ؛ سب کے حصہ میں ۔

In common with : ویسا ہی ؛ اسی طرح ۔

In the common of : مقروض ۔

Physical commodity : (تجارت) مادی اشیاء ۔

Quasi commodity : (تجارت) نیم اشیاء ۔

Staple commodity : (تجارت) وہ چیز جو کم قیمت پر بھیجی جائے تاکہ اور چیزوں کی بکری زیادہ ہو ۔

Taxed commodity : (تجارت)ٹیکس لگائی ہوئی اشیاء ۔

Traditional commodity : (تجارت) روایتی اشیاء ۔

Commodity agreement : (n) (تجارت) معاہدہٴ اشیاء ۔

Commodity capital : (n) (تجارت) شے اصل ۔

Commodity concept of labour : (تجارت) اشیائی محنت ۔

Commodity exchange : (n) (تجارت) مبادلہ اشیاء ۔

Commodity flow : (n) (تجارت) اشیاء کا بہاؤ ۔

Commodity gold : (n) (تجارت) شے بہ شکل سونا ۔

Commodity paper : (n) (تجارت) شے بہ شکل کاغذ ۔

Commodity price : (n) (تجارت) اشیاء کی قیمت ۔

Commodity price index : (n) (تجارت) اشیاء کی قیمت اشاریہ۔

Commodity production : (n) (تجارت) اشیائی پیداوار ۔

Commodity rate : (n) (تجارت) شرح اشیاء ۔

Commodity rate of interest : (n) (تجارت) اشیائی شرح سود۔

Commodity reserve capital : (n) (تجارت) اشیائی محفوظ سرمایہ ۔

Commodity reserve currency : (n) (تجارت) اشیائی محفوظ کرنسی ۔

Commodity reserve theory : (n) (تجارت) اشیاء کا محفوظاتی نظریہ ۔

Commodity stablization agreement : (n) (تجارت) اشیاء کا استحکام معاہدہ ۔

Commodity standard : (n) (تجارت) اشیاء کا معیار ۔

Out of (the) common : غیر معمولی ۔

The common : ادنی درجہ کی چیز ؛ معمولی چیز ؛ دیسی زبان ۔

Common allegiance : (n) (تاریخ) مشترکہ تابعداری ۔

Common ancestry : (n) (تاریخ) ہم جدّی ۔

Common angle : (n) (طبیعیات) زاویہ مشترکہ ۔

Common assurance : (n) انتقال جائداد کی قانونی شہادت ۔

Common axis : (n) (طبیعیات) محور مشترکہ ۔

Common base : (n) (طبیعیات) مشترکہ اساس ۔

Common bench : (n) عام اجلاس ۔

Common case : (n) (لسانیات) حالت مشترک ۔

Common carotid artery : (n) (حیوانیات) مشترکہ سباتی شریان ۔

Common carrier : (n) (تجارت) عوامی باربردار ۔

Common core : (n) (لسانیات) مشترک بطن ؛ قلب مشترک ۔

Common cost : (n) (تجارت) مشترک لاگت ۔

Common crier : (n) عام منادی ؛ عام ڈھنڈورچی ۔

Common cycloid : (n) (ریاضی) مشترک خط تدویر ۔

Common denominator : (n) (ریاضی) مشترک نصب نما ۔

Common descent : (n) (ریاضی) مشترک نزول ۔

Common difference : (n) (ریاضی) مشترک فرق ۔

Common disaster clause : (n) عمومی آفتی دفعہ ۔

Common factor : (n) (طبیعیات) مشترک جزء ؛ (شماریات) مشترک جزء ۔

Common form : (n) (ریاضی) مشترک صورت ۔

Common gender : (n) (لسانیات) جنس مشترک ۔

Common good : (n) (تاریخ) مفاد عامہ ۔

Common interest : (n) (سماجیات) مشترک مفاد ۔

Common ion effect : (n) (کیمیا) مشترک آئن اثر ۔

Common jury : (n) عام جیوری ۔

Common labour : (n) (تجارت) عام مزدور ۔

Common land : (n) (تاریخ) شاملات دیہی ؛ مشترک زمین ۔

Common language : (n) (لسانیات) عام زبان ؛ زبان مشترک ۔

Common law : (n) (تاریخ) قانون عرفی ؛ کامن لاء ؛ مشترکہ قانون ۔

Common law marriage : (تاریخ) قانون عرفی والی شادی ؛ شادی از روئے رواجی قانون ۔

Common law states : (تاریخ) قانون عرفی والی ریاستیں ۔

Common lawyer : (n) عام قانون داں ؛ قانون رواج کا ماہر ؛ قانون رواج کا وکیل ۔

Common logarithm : (n) (طبیعیات) مشترک لوگارتھم ۔

Common look : (n) گنوار شکل ؛ گنوار صورت ۔

Common market : (n) (تجارت) مشترکہ بازار ؛ ساجھا بازار ۔

Common measure : (n) (ریاضی) عام ناپ ۔

Common metre : (n) چار مصرعوں کا ایمبک بند جس میں باری باری چار اور تین ارکان ہوتے ہیں ۔

Common multiple : (n) (طبیعیات) مشترکہ ضعف ۔

Common nationality : (n) (تاریخ) مشترک قومیت ۔

Common noun : (n) = (Appelative noun) (لسانیات) اسم عام ؛ اسم نکرہ ۔

Common origin : (n) (تاریخ) مشترک نژاد ۔

Common ownership : (n) (سماجیات) مشترک ملکیت ۔

Common pleas : (n) عدالتی کاروائی جو ایک شخص دوسرے کے خلاف کرتا ہے ۔

Common prayer : (n) دعائے معمولہ ؛ وہ دعائیں جو شاہ ایڈورڈ ششم کے وقت میں مرتب ہوئیں اور کلیسائے انگلستان میں رائج ہیں ۔

Common ratio : (n) (طبیعیات) مشترک نسبت ۔

Common recovery : (n) عدالت کے حکم سے جائداد کی بازیافت ۔

Common right : (n) ہر شہری کا حق ۔

Common room : (n) بیٹھك ؛ نشست گاہ رفقاء (آکسفورڈ یونیورسٹی میں طعام کے بعد رفقاء کے بیٹھنے کا کمرہ ' مذکورہ کمرہ میں بیٹھنے والے ممبران ۔

Common salt : (n) (کیمیا) سوڈیم کلورا : عام نمك ۔

Common school : (n) (امریکہ) ابتدائی اسکول جسے عام لوگ چلاتے ہیں ۔

Common seal : (n) (تجارت) کمپنی مہر : کسی بلدیہ کی سرکاری مہر ۔

Common sense / Common-sense : (n) [Gr. "koine aisthesis] (۱) فہم : عقل سلیم : سمجھ (روز مرہ کے معاملات کی) : معمولی فہم و فراست : حس عام : حس مشترک ۔ (۲) (نفسیات و تعلیمات) فلاح عام : عام فہم : بنیادی صداقت کا ملکہ ۔

Philosophy of common sense : (تعلیمات) فلسفہ فہم عام : عام عقل اور تجربہ کی بات ۔

Common sense morality : (نفسیات و تعلیمات) اخلاقیات فہم عام ۔

Common - sensible : (a) عقل سلیم والا : فہیم : معمولی فہم و فراست والا ۔

Common soldier : (n) وہ سپاہی جس کا کوئی امتیاز یا عہدہ نہ ہو ۔

Common space : (n) (شماریات) مشترکہ جگہ ۔

Common stock : (n) (تجارت) عام اسٹاك ' عام حصے ۔

Common syllable : (n) مشترك رکن : مشترك بول ۔

Common tangent : (n) (طبیعیات) مشترك مماس ۔

Direct common tangent : (ریاضی) راست مشترك مماس ۔

Traverse common tangent : (ریاضی) اریب مشترك مماس ۔

Common tariff : (n) (تجارت) عمومی ٹیرف ۔

Common time / Common measure : (n) (موسیقی) دوھری یا چوھری تال : وہ ٹھہراؤ جس میں دو چار سر نکالے جاتے ہیں ۔

Common variance : (n) (شماریات) مشترك اختلاف ۔

Common weal / Commonweal : (n) =(Commonwealth) (۱) فلاح عامہ ۔ (۲) دولت مشترکہ ۔

Commonable : (a) (۱) مشترکہ ۔ (۲) عمومی چراگاہ میں چرائی کا حق رکھنے والا : شاملاتی ' پنچایتی ۔

Commonage : (n) (۱) حقوق مشترکہ : حق شاملات ۔ (۲) شاملات : ملك مشترکہ ۔ (۳) شاملائیت : مشترکیت ۔ (٤) عامۃ الناس : عوام : خلقت : مخلوق : طبقۂ عوام ' بودہ ۔

Commonalty / Commonality : (n) [L. "communalitatem"] (۱) عوام الناس : عام گروہ : خلق خدا ۔ (۲) ارکان (جماعت عوام کے) ۔ (۳) عام جماعت : عام اراکین : جماعت ۔

Commoner : (n) (۱) شہری یا ملکی (باشندہ) ۔ (۲) انگلستان کے بعض کالجوں کے وہ طالب علم جنھیں کالج کے فنڈ سے کچھ نہیں ملتا ۔ (۳) اہل شاملات : شریك شاملات : شاملات کا حصہ دار : پنچایت والا ۔ (٤) عامی (جو طبقہ امراء سے نہ ہو) : کبھی کبھی دارالعلوم کے رکن کو بھی کہتے ہیں ۔

Commoney : (n) (کھیلنے کی) گولی (مٹی کی) ۔

Commonly : (adv) (۱) بالعموم : علی العموم : عموماً : عام طور پر : معمولاً : مشترکاً ۔ (۲) معمولی طور پر : ادنیٰ طور پر : گھٹیا طورپر : پیش پا افتادہ طور پر ۔

Commonness : (n) یکسانیت : اتحاد : عمومیت : اشتراك ۔

Commonplace : (n) [L. "locus communis"] (۱) منتخبات : مقتبسات (جو کسی بیاض میں بطور یاد داشت لکھ لئے جائیں) : کتاب یاد داشت ۔ (۲) عام باتیں : روزمرّہ : پیش پا افتادہ : پامال (مضامین) : سنی سنائی : پرانی دھرانی (فرسودہ بات یا قول) ۔

The commonplace : معمولی بات : عمومیت ۔

Commonplace : (a) : پرانی دھرانی (فرسودہ بات یا قول) ؛ معمولی ؛ گھٹیا ۔

Commonplace : (v) (۱) اقتباس کرنا ؛ یاد داشت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ بیاض میں ٹاکنا ۔ (۲) سنی سنائی یا فرسودہ باتیں کہنا ؛ پا مال مضامین پر تقریر کرنا ۔

Commonplace book : (n) کتاب یاد داشت ۔

Commonplaceness : (n) عمومیت ۔

Commonplacer : (n) بیاض رکھنے والا ؛ کتاب یاد داشت رکھنے والا ۔

Commons : (n) (۱) عوام ؛ جمہور ۔ (۲) انگلستان میں اہل ملک کا طبقہ ثالثہ جس کے افراد پارلیامنٹ "دار العلوم" کے لئے منتخب ہوتے ہیں ۔ (۳) طعام مشترکہ ؛ سفرہ عام ؛ مشترکہ کھانا ۔ (٤) خوراک ؛ مقررہ کھانا (آکسفورڈ، کیمبرج میں) طلبہ کی مقررہ خوراک ایک معین رقم ادا کرنے پر کالج سے ملتی ہے ۔ (٥) راشن ؛ خوراک ۔

Commonsensibly : (adv) عقل سلیم کے ساتھ ؛ معمولی فہم و فراست کے ساتھ ۔

Commonty : (n) [L. "communitatem] مشترک زمین ۔

Commonwealth : (n) (۱) آزاد ریاست یا قوم ؛ قومی جمہوری حکومت ؛ جمہوریہ دولت مشترکہ (انگلستان کی جمہوری حکومت جو سن ١٦٤٩ء میں قائم ہوئی) ۔ (۲) سنگت ؛ ٹولی ؛ منڈلی (ایکٹروں کی جو آمدنی میں برابر کے شریک ہوں) ؛ (قدیم محاورہ میں) فلاح عامہ ؛ بہبود ملک ۔ (۳) ریاستہائےمتحدہ امریکہ کی ریاست ۔

Commonwealth's man : (n) انگلستان کی جمہوری حکومت کا حامی ۔

Commorancy : (n) [See next] (قانون) اقامت ؛ سکونت ؛ قیام ۔

Commorant : (n) [L. "commorantum"] ساکن ؛ قیام کرنے والا شخص یا باشندہ ۔

Commorant : (a) ساکن ؛ مقیم ۔

Commorient : (a) [L."commorientum"] ایک ساتھ یا ایک ہی وقت میں مرنے والا ؛ کسی آفت ناگہانی میں دو یا زیادہ مرنے والوں میں سے ایک ۔

Commot : (n) [Welsh. " cymwd"] ویلس کی علاقائی اور انتظامی تقسیم ۔

Commotion : (n) [L. "commotionem"] بے قراری ؛ بے کلی ؛ گڑ بڑ (جسمانی) ؛ خلل ؛ فساد ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل ؛ ہیجان ؛ افراتفری ؛ شورش ؛ بلوہ ؛ بغاوت ؛ آشوب ؛ اضطراب ؛ جنبش ؛ (طب) دماغی صدمہ ۔

Commove : (v) [L. "commovere"] زور سے ہلانا ؛ حرکت دینا ؛ جھنجھوڑنا ؛ ابھارنا ؛ بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ بیقرار کرنا ۔

Communal : (a) [See Commune] (۱) بستی کا ؛ آبادی کا ؛ پنچایتی ؛ قریہ واری ؛ قوم واری ؛ گروہ واری ؛ فرقہ واری ۔ (۲) قریوی ؛ پیرس کی انقلابی حکومت کا (رکن یا قانون وغیرہ جسے کمیون کہتے تھے) ۔ (۳) اشتراکی ۔

Communal code : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ قانون ۔

Communal house : (سماجیات) اشتمالی گھر ۔

Communal ownership : (n) (سماجیات) جماعتی ملکیت

Communalism : (n) قرویت ؛ حکومت قرا کا اصول ؛ بستی بستی کی خود مختاری کا طریقہ ؛ قراشاہی ؛ قری شاہی ؛ قری کی علاحدہ علاحدہ حکومت کی حمایت ؛ قرویت پسندی ؛ فرقہ واریت ؛ اشتراکی نظام ۔

Communalist : (n) قری شاہی کا حامی ؛ قروی ؛ قرویت پسند ؛ فرقہ واریت پسند ؛ اشتراکی نظام کا حامی ۔

Communalistic : (a) قرویت شاہی سے متعلق ؛ قرویت پسندی سے متعلق ؛ فرقہ واریت سے متعلق ۔

Communality : (n) (شماریات) شراکت ۔

Communalization : (n) تملیک دیہہ ؛ شاملات میں داخل کرنے کا عمل ؛ اشتراکی بنانے کا عمل ۔

Communalize : (v) بستی یا قریہ کی ملک بنانا ؛ اشتراکی بنانا ؛ داخل شاملات کرنا ؛ شاملانا ۔

شرکت کرنا ؛ حصہ لینا ؛ منتقل کرنا ۔ (۲) تعلق رکھنا ؛ ربط پیدا کرنا ؛ رسائی پیدا کرنا ؛ راہ نکالنا ۔ (٤) بات کرنا ؛ گفتگو کرنا ۔ (٥) (فلسفہ) ارسال کرنا ؛ ابلاغ ؛ مشترک منطقی وجہ رکھنا ؛ شریک ہونا ۔

Communication : (n) (۱) اطلاع دہی ؛ خبر رسانی ؛ ترسیل ؛ (تعلیمات) ابلاغ ۔ (۲) اطلاع ؛ خبر ؛ مکتوب ؛ مرسلہ ۔ (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ میل جول ؛ ارتباط ۔ (٤) راستہ ؛ رسائی ؛ آمد و رفت ؛ نقل و حمل کا وسیلہ ؛ راہ سرایت ۔ (٥) عشائے ربانی میں شرکت ۔ (٦) مشارکت ؛ شرکت ۔ (۷) (بلاغت) ایک صنعت جس میں بولنے والا سننے والے کو ہم زبان بنا لیتا ہے اور " میں " کی بجائے "ہم" کہتا ہے ۔

Communication states : (شماریات) اصلاحی حالات ۔

Communication test : (لسانیات) آزمائشی مبادلہ ۔

Communications : (n) رسل و رسائل ؛ رابطے ۔

Direct communications : (سماجیات) بلاواسطہ رابطہ ۔

Indirect communication : (سماجیات) باواسطہ رابطہ ۔

Communicative : (a) (۱) خبر رساں ؛ پیام دہ ۔ (۲) باتونی ؛ گویا ؛ بےتکلف (باتیں کرنے والا) ؛ پرگو ۔ (۳) ارتباطی ۔ (٤) ملنسار ؛ خوش خلق ۔ (٥) سخی ؛ سخاوت مند ۔

Communicatively : (adv) خبر رسانی سے ؛ پیام دہی سے؛ سخاوت سے ؛ بے تکلفی کے ساتھ ۔

Communicativeness : (n) خبر رسانی ؛ پیام دہی ؛ گویائی ؛ بے تکلفی ؛ ارتباط ؛ سخاوت ؛ ملنساری ؛ خوش خلقی ۔

Communicator : (n) [L.] (۱) مرسل ؛ پیامی ؛ رابطہ ؛ خبررساں (آلہ یا شخص) ۔ (۲) پیام رسانی کا آلہ مرسل (تار کا) ۔

Communicatory : (a) ابلاغی ؛ مائل بہ خبر رسانی ۔

Communion : (n) [L. "Communionem"] (۱) شرکت ؛ رفاقت ؛ ہم مشربی (خاص کر کیتھولک فرقے کے افراد میں) ۔ (۲) اہل مشرب ؛ مذہبی گروہ ؛ جماعت یا فرقہ ۔ (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ ملاقات ؛ آمد و رفت ۔ (٤) شرکت عشائے ربانی (اس موقع کو بالعموم Holy communion کہتےہیں) ؛ عشائےربانی ۔

Communally : (adv) فرقہ واریت سے ؛ فرویت پسندی کے ساتھ ۔

Communard : (n) [COMMUNE + - ARD (depreciatory)] (۱) اشتراکی نظام کا طرف دار یا حامی ۔ (۲) فرانسیسی حکومت قری کا حامی یا طرف دار ۔

Commune : (n) [OF. "comuner"] (۱) فرانسیسی پرگنہ ؛ تعلقہ ؛ تحصیل ؛ ملکی انتظام کا سب سے چھوٹا مرکز قریہ ؛ گاؤں ؛ مجلس قری ؛ ملکی پنچایت ۔ انقلاب فرانس کے عہد ہیبت کی وہ جماعت جو حکمراں بن بیٹھی تھی ؛ ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری کے اصول و عمل ۔

The commune of Paris : انقلاب فرانس کے عہدھیبت کی وہ جماعت جو حکمراں بن بیٹھی تھی ؛ سن ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری ؛ سن ۱۸۷۱ء کی فرانسیسی حکومت قری کےاصول و عمل ۔

Commune : (n) [See next] تعلق ؛ رابطہ ؛ ملاقات ؛ مکالمہ ؛ گفتگو ۔

Commune : (v) [OF. "communer"] (۱) دل کی بات کہنا ؛ کلام کرنا ؛ راز و نیاز کرنا (اپنے دل سے یا آپس میں یا کسی دوسرے سے) ؛ (امریکی محاورے میں) عشائے ربانی میں شریک کیا جانا ؛ مسیحی تسلیم کیا جانا ۔

Communicability : (n) ابلاغ پزیری ؛ خبر دہی کی قابلیت ؛ گوش گذاری کی قابلیت ؛ خبر رسانی کی قابلیت ۔

Communicable : (a) [L. "commkunicare"] (۱) اطلاع کے لائق ؛ خبر دہی ؛ قابل گوش گذاری ؛ ابلاغ پذیر ؛ قابل سرایت ؛ مسری (مرض وغیرہ) ۔ (۲) خلیق ؛ خوش خلق ۔

Communicably : (adv) ابلاغ پذیری سے ۔

Communicant : (n) [L."communicantem"] (۱) عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والا ۔ (۲) خبر رساں ؛ اطلاع دینے والا ؛ خبر دینے والا ۔

Communicate : (v) [L. "communicare"] (۱) خبر دینا ؛ اطلاع پہنچانا ؛ آگاہ کرنا ؛ پہنچانا ؛

Close communion : اخراج ؛ ممانعت ؛ قدغن (مذہبی رسوم میں حصہ لینے کی ، یعنی جب تک مذہبی اصول کے مطابق بپتسما نہ کیا گیا ہو) ۔

Communion in both kind : عشائے ربانی میں روٹی اور شراب دونوں پانا یا کھانا ۔

Communion in one kind : عشائے ربانی میں صرف روٹی پانا یا کھانا ۔

Open communion : داخلہ ؛ اجازت ؛ شرکت (بپتسما لینے کے بعد) ۔

The Holy communion : عشائے ربّانی ۔

Communion cup : (n) عشائے ربانی کا پیالہ ۔

Communion table : (n) عشائے ربانی کی میز ۔

Communion with God : (n) (نفسیات و تعلیمات) قرب الٰہی ۔

Communionist : (n) (۱) عشائے ربانی کے متعلق مخصوص نظریہ رکھنےوالا ۔ (۲) عشائے ربانی میں با قاعدہ شریک ہونے والا ۔

Communique : (n) [Fr.] سرکاری اطلاع ؛ اعلان ؛ اعلامیہ ؛ ابلاغ رسمی ۔

Communis juris : (n) (تاریخ) عام قانون ۔

Communism : (n)[L. "communis" or Fr. "commun" + - ISM] اشتمالیت ؛ مواخات ؛ مساوات ؛ مزدکیت ؛ مال و املاک کو قوم کی مشترک ملک بنانے کا اصول (جس کی رو سے ہر فرد کو حسب قابلیت اور حسب ضرورت حصہ دیا جائے) ؛ اشتراکیت ؛ کمیونزم ؛ اصول اشتراکی ۔

Positive communism : اثباتی اشتراکیت ؛ اثباتی کمیونزم ۔

Communist : (n) اشتمالی ؛ اشتمالیت پسند شخص ؛ اشتراکی ؛ کمیونسٹ ۔

Communist International (comintern) : (n) (تاریخ) عالمی اشتراکیت ؛ کومن ٹرن ۔

Communist manifesto : (n) (تاریخ) اشتمالی منشور ؛ کمیونسٹ منشور ۔

Communistic / -al : (a) اشتمالی ؛ اشتراکی ۔

Communistically : (adv) اشتمالی طور پر ؛ اشتراکی طور پر ۔

Communitarian : (n) اہل اشتمالیت ؛ اہل مواخات ؛ ایسے گروہ یا پالیسی کا آدمی جس کا عمل اصول اشتمالیت پر ہو ۔

Communitarian : (a) اصول اشتمالیت کا پرچار کرنے والا ؛ عمل کرنے والا ۔

Communitorium : (n) اہل اشتمالیت کا گھر ۔

Community : (n) [L. "communitatem "] (۱) ملکیت مشترکہ ؛ ساجھا ؛ شراکت ؛ حصہ داری ؛ مشترک مالکیت ۔ (۲) اتحاد ؛ یکساں ؛ مماثلت ۔ (۳) طبقہ ؛ فرقہ ؛ گروہ (کسی ایک مذہب یا پیشہ والوں کا) ۔ (٤) بستی ؛ آبادی ؛ محلہ ؛ برادری ؛ قوم ۔ (٥) اہل مواخات ؛ برادری ؛ اشتمالین (جن کا عمل درآمد مال مشترکہ کے اصول پر ہو) ۔ (٦) انجمن ؛ جماعت ؛ دستہ ؛ جامعہ ؛ ملت ؛ اشتراک ؛ مشترک صفات ؛ عمومیت ؛ مالکیت مشترک (مثل زن و شو) ۔

Agricultural community : (تاریخ) زرعی طبقہ ۔

Ethnic community : (تاریخ) نسلی برادری ؛ نسلی کمیونٹی ۔

Farming community : (تاریخ) کاشتکار برادری ؛ کاشت کار طبقہ ۔

Hellenic community : (تاریخ) یونانی برادری ۔

Indo-European community : (تاریخ) ہند یورپی برادری ۔

Local community : (سماجیات) مقامی فرقہ ۔

Metropolitan community : (سماجیات) عظیم شہری فرقہ ۔

Moral community : (سماجیات) اخلاقی فرقہ ۔

Peasant community : (تاریخ) کسان برادری ۔

Planned community : (سماجیات) منصوبہ بند فرقہ ۔

Rural community : (سماجیات) دیہی فرقہ ۔

Small community : (سماجیات) چھوٹا فرقہ ۔

The community : عام لوگ ؛ اہل ملک ؛ خلقت ۔

Urban community : (سماجیات) شہری فرقہ ۔

Village community : (تاریخ) دیہاتی طبقہ ۔

Community action : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ کام ؛ گروہی کام ۔

Community centre : (n) (سماجیات) برادری خانہ ؛ فرقہ خانہ ۔

Community chest : (n) (سماجیات) بیت المال ۔

Community development : (n) (تجارت) کمیونٹی ڈیولپمنٹ ؛ بستی / ادارہ کی ترقی ۔

Community disorganisation : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی انتشار ۔

Community group : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی جماعت ۔

Community indifference curve : (تجارت) کمیونٹی کی قوس بے نیازی ۔

Community of human interest : (تاریخ) انسانی مفاد کا اتحاد و اشتراک ۔

Community of interest : (تاریخ) اشتراک مفادات ۔

Community of nations : (تاریخ) قوموں کی برادری ۔

Community of states : (تاریخ) ریاستوں کی برادری ۔

Community organisation : (n) (سماجیات) فرقہ جاتی تنظیم ۔

Community property : (n) (تجارت) سماجی اثاثہ ۔

Community property principle : (تجارت) سماجی جائداد کا اصول ۔

Community savings : (n) (تجارت) سماجی بچت ۔

Community sentiment : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ جذبہ ۔

Community standard : (n) (سماجیات) فرقہ وارانہ معیار ۔

Community worker : (n) (سماجیات) گروہی کارندہ ؛ فرقہ جاتی ورکر ۔

Communization : (n) [L. "communis" + - IZATION] اشتمال کا اصول جاری کرنا ۔

Communize : (v) [back-formation f. "COMMUNIZATION] حال مشترکہ بنانا ؛ (اراضی وغیرہ کو) جمہوری یا قومی بنانا ؛ اشتمالنا ۔

Commutability : (n) بدل پذیری ؛ قابلیت تبدل ۔

Commutable : (a) [L. "commutabilis"] مبادلہ پذیر ؛ بدل پذیر (جس میں تبدیل یا رد و بدل کی صلاحیت ہو) ؛ تبدیل پذیر ؛ تخفیف پذیر ۔

Commutate : (v) (ریاضی) تقلیب ؛ منقلب کرنا ؛ (طبیعیات) جوڑتوڑ کرنا ۔

Commutation : (n) [L. "commutationem"] (۱) مبادلہ (سکہ کا) ؛ تبدیل ؛ زرمبادلہ ؛ تخفیف (جرم) ۔ (۲) برقی رو کے راستے کی تبدیلی ؛ تخفیف سزا ؛ نرم تبدیلی ۔

Angle of commutation : زاویہ رباط اعظم ۔

Commutation fare : (n) (تجارت) رعایتی کرایہ ۔

Commutation symbol (تجارت) متبادل نشان ۔

Commutation ticket : (n) (امریکہ) کم کرایہ پر جاری کردہ ٹکٹ (ریلوے کی) ۔

Commutation traffic : (n) (تجارت) نواحی آمدو رفت ۔

Commutative : (a) مبادلت پذیر ؛ مبادلہ سے متعلق ؛ (ریاضی) تقلیبی ؛ (طبیعیات) تبدیل پذیر ۔

Commutative algebra : (n) (طبیعیات) تقلیبی الجبرا ؛ الجبر و المقابلہ ۔

Commutative justice : (n) (نفسیات و تعلیمات) مبادلہ پذیر ؛ انصاف / عدل ۔

Commutative law : (n) (نفسیات و تعلیمات) قانون تبادل ۔

Commutative law of multiplication : (ریاضی) ضرب کا کلیہ تقلیبی ۔

Commutative operation : (n) (ریاضی) تقلیبی عمل ۔

Commutative ring : (n) (ریاضی) تعلیبی رنگ ۔

Commutatively : (adv) مبادلت پذیری سے ؛ مبادلت پذیری کےطور پر ۔

Commutator : (n) [L."commutare"] (۱) مبادل (بدلنے والا شخص) ؛ آلۂ تبدیل ۔ (۲) رو بدل (تانبے کا ایک پرزہ جسے کلوں میں بجلی کی رو کو مختلف جانب بدلنے کے لئے لگاتے ہیں) ؛ (ریاضی) مقلب ۔

Commutatorial : (a) دیکھو Commutative

Commute : (v) [L. "commutare"] (۱) مبادلہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ معاوضہ دینا - (۲) سزا کی نوعیت بدل کر اسے نرم کر دینا ۔ (۳) قسطوں کی بجائےایک مرتبہ ادائی کر دینا ؛ کم کرایہ پر سفر کرنا ؛ میعادی ٹکٹ پر سفر کرنا ۔

Commuted : (a) متبادل ۔

Commuted bonus : (تجارت) متبادل بونس ۔

Commuted value : (تجارت) متبادل رقم ۔

Commuter : (n) میعادی ٹکٹ پر سفر کرنے والا ۔

Commutual : (a) باهمی ؛ مشترک ؛ دوطرفہ ؛ متقابل ؛ بالمقابل ۔

Comose / Comous : (a) [L."comosus"] بال والا ؛ ریشہ دار ؛ گچھےوالا ؛ گچھا دار ؛ گچھیلا ؛ طرہ دار (پودا) ؛ ریش دار ۔

Compact : (n) [L. "compactum"] (۱) اقرار ؛ معاهده ؛ عہد و پیماں ؛ قول و قرار۔ (۲) آرائشی لوازمات کا چھوٹا ڈبا ۔ (۳) (امریکہ) ایک چھوٹی موٹر کار ۔ (٤) متحد یا محکم ساخت ۔

General compact : عام رضامندی ۔

Compact : (a) [L. "Compactus"] کسا ہوا تہ بہ تہ ؛ (جما ہوا) پختہ ؛ پیوستہ ؛ چست ؛ متین ؛ ماقلّ و دلّ ؛ (طرزتحریر) محکم ؛ خلاصہ ؛ مختصر و مفید ۔

Compact : (v) (۱) کسنا ؛ پیوستہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ بھینچنا ؛ جمانا ۔ (۲) مختصر کرنا ؛ خلاصہ کرنا - (۳) ترکیب دینا ۔

Compacter / Compactor : (n) جمانے یاتوڑنے کا آلہ ۔

Compactly : (adv) پیوستگی سے ' مختصر طور پر ؛ چستی سے ' متانت سے ۔

Compactness : (n) پیوستگی ' متانت ؛ اختصار ؛ چستی ۔

Compadre : (n) [L. "compater"] رفیق ؛ دوست ؛ یار ۔

Compages :(n) [L. "com + pag -. Pager"] ڈھانچہ ؛ ٹھاٹر ؛ بہت سے جوڑوں کا بنا ہوا ڈھانچہ یا نظام ؛ کالبد ۔ (۲) ایک ہو جانا ۔

Compaginate : (v) [late L. "compaginare"] جزجانا ؛ باہم پیوستہ ہونا ؛ بستہ ہونا ؛ محکم ہونا ۔

Compagination : (n) پیوستگی ؛ بندش ؛ جزائی ۔

Companion : (n) [L. "companionem"] (۱) رفیق ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک ؛ هم نشیں ؛ هم دم ؛ دوست ۔ (۲) خلاصہ یا کلید (معلومات کی کتابوں کانام) ۔ (۳) یار ؛ وفادار کی قسم کا ایک سرکاری خطاب ۔ (٤) ملازم ؛ مصاحب (خاص کر سہیلی ، ساتھ والی ؛ هم نشیں ، جوڑا) ؛ هم راہ ۔ (٥) شخص (تحقیراً) ۔ (٦) روشن ستارے کے ساتھ کا ایک کم روشن ستارہ ۔ (۷) مشابہ ۔

Companion : (n) [It "compagna"] (جہازی) روشن دان ؛ تابدان (جس سے نیچے کے حصوں میں روشنی پہنچتی ہے) ۔

Companion : (v) ساتھ دینا ؛ هم راہ رهنا ؛ رفاقت کرنا ؛ رفیق هونا ؛ هم نشیں هونا ۔

Companion hatch / Companion head : (n) سائبان ؛ سرپوش (روشن دان کا) ۔

Companion hatch way : جہازی چھتہ ؛ برآمدہ (عرشے سے نیچے کے کمروں میں جانے کا راستہ) ۔

Companion ladder : (n) راستہ ؛ عرشے سے نیچے کے کمروں تک ۔

Companionable : (a) ملنسار ؛ یار باش ؛ یاروں کا یار ؛ زندہ دل ؛ لائق صحبت ؛ قابل رفاقت ۔

Companionableness : (n) ملنساری ؛ یار باشی ؛ زندہ دلی ۔

Companionably : (adv) رفیقانہ ؛ دوستانہ ۔

Companionate : (a) رفیق یا رفاقت سے متعلق ۔

Companionate marriage : (n) ایسی شادی جس میں قانونی ضبط تولید اور باھمی رضامندی سے علاحدگی کا معاھدہ ھو ۔

Companioned : (a) دوست دار ۔

Companionhood : (n) رفاقت ' ساجھا ؛ ھم نشینی ؛ یاری ۔

Companionless : (a) (۱) بے رفیق ؛ بے ساتھی ؛ بےدوست ۔ (۲) بے روشن دان ؛ بےتابدان ۔

Companionship : (n) (۱) رفاقت ؛ ھم سفری ؛ ھم نشینی ؛ معیت ۔ (۲) کمپوزیٹروں کی جماعت جو ساتھ مل کر کام کرتے ھوں ۔ (۳) نائٹ ھڈ کا ایک درجہ ۔

Company : (n) [See COMPANION] (۱) ساتھ ؛ سنگت ' صحبت ؛ رفاقت ؛ معیت ۔ (۲) جماعت ' مجمع ؛ اھل محفل ' جمعیت ' انجمن ۔ (۳) ھم صحبت ؛ ھم نشیں ۔ (٤) مہمان ' اھل بزم ' مجمع دوستاں ؛ مصاحب ۔ (٥) جماعت ؛ شراکت ۔ (٦) کارخانہ کے شریك یا شرکاء جن کا نام ظاھر نہ کیا جائے ' حصہ دار ۔ (۷) ٹولی ؛ منڈلی (گانے بجانے والوں کی) ۔ (۸) فوجی دستہ ' پیادوں کا جوق (جو بالعموم کپتان کے ماتحت ھوتا ھے) ۔ (۹) (بحری) جہاز کا پورا عملہ ۔

Addicted to low company : بری صحبت ' (کمینوں کی صحبت) کا عادی ۔

Chartered company : وہ کمپنی جو فرمان شاھی سے قائم ھوئی ھو ۔

Closely held company : (تجارت) محدود کمپنی ۔

Co-operative company : (تجارت) امداد باھمی کمپنی ۔

Holding company : (تجارت) ھولڈنگ کمپنی ۔

I sin in good company : گناہ میں اچھے اچھے میرے ساتھ ھیں یعنی مجھ سے بہتر لوگ یہ کام کر چکے ھیں ۔

Joint stock company : (تجارت) مشترکہ سرمایہ کمپنی : چند افراد کا گروہ جو کسی خاص غرض سےخاص کر سوداگری کے واسطے متحد ھوا ھو ۔

Limited by shares company : (تجارت) حصص محدود کمپنی ۔

Limited company : (تجارت) محدود کمپنی ۔

Mutual company : (تجارت) باھمی کمپنی ۔

Parent company : (تجارت) بنیادی مرکزی کمپنی ۔

Private company : (تجارت) نجی کمپنی ؛ خانگی کمپنی ۔

Proprietory company : (تجارت) ملکیتی کمپنی : جانداد کمپنی ۔

Public company : (تجارت) پبلك کمپنی ؛ سرکاری کمپنی ؛ عوامی کمپنی ۔

Ship's company : ملاحوں کی جماعت ؛ جہاز کے جملہ خدام ۔

Subsidiary company : (تجارت) ذیلی کمپنی ؛ ضمنی کمپنی ۔

To get one's company : کپتان کے عہدہ پر ترقی پانا ۔

To keep company : ساتھ جانا ؛ ھم راہ ھونا ۔

To keep company with : شریك ھونا ؛ دوست ھونا : ملنا (چاھنے والوں کی طرح) ۔

To know a man by his company : آدمی کو اس کی صحبت سے پہچاننا ۔

To weep for company : کسی کےغم میں شریك ھونا : دوست کو روتا دیکھ کر رونا ۔

Unlimited company : (تجارت) غیر محدود کمپنی ۔

Company : (v) ھم راہ ھونا ؛ ساتھ رھنا ؛ زوج ھونا ؛ ساتھ ھونا ؛ ھم نشینی کرنا ؛ ھم سفر کرنا ۔

Company Loan : (n) کمپنی کا قرض ۔

Company manners : (n) مصنوعی آداب ؛ ظاھری اخلاق جو محض غیروں کو دکھانے کے لئے اختیار کئے جائیں ۔

Company ownership : (n) (تجارت) ملکیت کمپنی ۔

Company store : (n) (تجارت) کمپنی اسٹور ۔

Company town : (n) (تجارت) کمپنی نگر ۔

Company union : (n) (تجارت) کمپنی انجمن ۔

Company-wide bargaining : (n) (تجارت) کمپنی کی سودا بازی ۔

Company's register of charges : (تجارت) کمپنی کا رجسٹر بار ۔

Comparability : (n) ہم رتبگی : ہم چشمی : موازنہ پذیری ۔

Comparable : (a) (۱) ہم پلّہ : ہم رتبہ : حریف : مد مقابل : ہم چشم ۔ (۲) مانند : یکساں : نظیر کے قابل موازنہ ۔

Comparableness : (n) ہم رتبگی : ہم چشمی : موازنہ پذیری ۔

Comparably : (adv) ہم رتبگی سے : ہم چشمی سے : بطور موازنہ ۔

Comparative : (a) [L. "Comparativus"] (۱) بالمقابل : بہ نسبت : بالموازنہ : متناسب : متوازن : آمنے سامنے کا : نسبتی ۔ (۲) تقابلی : نسبتی (جو چیز ایک دوسرے کی نسبت یا مقابلہ سے جانچی جائے یا محسوس ہو) : تفضیلی : تطبیقی : (لسانیات) تقابلی : تشبیہی ۔

In comparative comfort : نسبتاً آرام سے ۔

The comparative method : طریق متناسبہ : تقابلی طریقہ : طریق بالموازنہ (جس میں مختلف طریقوں اور پہلوؤں کا مقابلہ کیا جائے ، خاص کر جدید علوم میں) جیسے تقابلی لسانیات ۔

Comparative : (n) متناسب : متوازن : اسم تفضیل : صفت تفضیلی : درجہ تفضیلی ۔

Comparative adjective : (n) (لسانیات) صفت تفضیلی ۔

Comparative advantage : (تجارت) تقابلی فائدہ ۔

Comparative case : (n) (لسانیات) حالت تفضیلی ۔

Comparative cost : (تجارت) تقابلی لاگت ۔

Comparative degree : (n) (لسانیات) تفضیلی درجہ ۔

Comparative grammar : (n) (لسانیات) تقابلی گرامر ۔

Comparative linguistics : (n) (لسانیات) تقابلی لسانیات ۔

Comparative method : (لسانیات) تقابلی طریقہ کار : (تاریخ) تقابلی اصول ۔

Comparative process : (n) (لسانیات) تقابلی طریقہ عمل ۔

Comparative rate schedule : (تجارت) تقابلی شرح نامہ ۔

Comparative scale : (n) (ریاضی) تقابلی اسکیل : تقابلی پیمانہ ۔

Comparative school of law : (تاریخ) قانون کا تقابلی اسکول ۔

Comparative statics : (n) (تجارت) تقابلی سکونیات ۔

Comparative trading account : (تجارت) تقابلی بیوپار کھاتہ ۔

Comparative transcription : (n) (لسانیات) تقابلی تحریر : تقابلی نقل ۔

Comparativist : (n) تقابلی طریقہ اختیار کرنے والا شخص ۔

Comparatively : (adv) مقابلہ میں : نسبت سے : مقابلتاً : نسبتاً ۔

Comparator : (n) موازنہ کرنے کا آلہ (خصوصاً تقریباً یکساں لمبائی کے جھڑوں کو ناپنے کا) ۔

Compare : (n) = (Without compare) بے نظیر : بے مثل ۔

Compare : (n) موازنہ : مماثلت : مقابلہ ۔

Compare : (v) [L. "comparare"] (۱) موازنہ کرنا : مقابلہ کرنا ، ملانا (ایک دوسرے کو) جانچنا : ٹکرانا ۔ (۲) تفضیلی بنانا ۔ (۳) ہم رتبہ ہونا : برابر کا ہونا : مقابلہ کرسکنا : یکساں ہونا : مانند ہونا : مطابق ہونا ۔

No to be compared to : یکساں قرار نہیں دینی جا سکتی ۔

To compare notes : تبادلہ خیالات کرنا : نتائج ملانا ۔

To compare to : مماثل قرار دینا ، برابر بنانا ۔

Comparer : (n) موازنہ کرنے والا : ملانے والا : ہم رتبہ ہونے والا ۔

Comparingly (adv) موازنت سے ' مماثلت سے ۔

Comparison : (n) [L."comparitionem"] (۱) موازنہ : مقابلہ ' مماثلت ' مشابہت : مثال ' نظیر ' تطبیق : برابری ' تشبیہ ۔ (۲) تفضیل ۔

Degrees of comparison : مدارج صفت ۔

In comparison with : مقابلہ میں : نسبتاً ۔

Without / out of all / beyond all / comparison : بےنظیر ' عدیم المثال ' لاثانی : بے مثل : بے مانند ' بےھمتا ۔

Comparison of frequency : (ریاضی) تعددات کا تقابل (کیمیا) ارتعاش کا مقابلہ ۔

Comparison shopper : (n) (تجارت) تقابلی خریدار ۔

Comparison spectroscope : (n) (کیمیا) تقابلی اسپیکٹروسکوپ ۔

Comparison star : (n) ستارہ سنجش ۔

Comparison test : (n) (کیمیا) جانچ مقابلہ ۔

Compart : (v) [L."compartiri" or OF. "compartier"] الگ الگ حصے کرنا ' درجوں یا حجروں میں تقسیم کرنا ۔

Compartition : (n) [L. "compartiri"] (۱) درجوں یا الگ الگ حصوں میں تقسیم ۔ (۲) الگ الگ حصوں میں منقسم ایک حصہ ۔

Compartment : (n) [as prec.] کمرہ : حجرہ : درجہ : ڈبا ' خانہ جو پردہ یا اوٹ لگا کے بنا دیا جائے : خاص کر ریل کا ڈبا : جہازکے بند حصے یا خانے جن میں پانی داخل نہیں ہو سکتا ۔

Compartment bulkhead : (n) جہاز کے بند حصے یا خانے جن میں پانی داخل نہیں ہو سکتا ۔

Compass : (n) [F. "compas"] (۱) پر کار ۔ (۲) محیط ' حد ' رقبہ : وسعت : دائرہ ۔ (۲) (آواز) پاٹ ' پہنچ : رسائی ۔ (٤) ایر پھیر ' چکّر : ایچ پیچ ۔ (٥) قطب نما ۔

Beam compass : کھٹتی بڑھتی پرکار جس کا ایک بازو پھیلا سکتے یا کم کرسکتے ھیں ۔

Beyond my compass : (استعارتاً) میری دسترس سے باھر ۔

Bow compasses : خمیدہ پرکار (جس کے بازو اندر کے رخ مڑسکتے ھیں) ۔

By compass : باضابطگی سے ۔

Cardinal points of compass : (طبیعیات) اساسی نقطائے کمپاس ' کمپاس کے اساسی نقطے ۔

Magnetic compass : (طبیعیات) مقناطیسی کمپاس ۔

Mariner's compass : بحری کمپاس ' قطب نما : جہازی سمت زا ۔

Pair of compasses : (طبیعیات) پرکار ۔

Points of the compass : قطب نما کے بتیس (۳۲) نقطے ۔

To box the compass : قطب نما کے سب درجوں کے نام ترتیب سےلینا ۔

To go a compass : چکّر سے جانا ۔

Compass : (a) گول : مدور ' منحنی ۔

Compass : (v) [L."compassare"] گرد پھرنا : گھیرنا ' محاصرہ کرنا : احاطہ کرنا : ذھن نشین کرنا : تدبیر نکالنا : سمجھنا : سوجھنا ' پورا کرنا ' اتمام کو پہنچانا : ابلاغ کرنا ' تفکر کرنا : حاصل کرنا ' خمیدہ کرنا یا ھونا : درک کرنا ' سازش کرنا ۔

Compass needle : (n) (طبیعیات) کمپاس سوئی ۔

Compassable : (a) قابل حصول ۔

Compassed : (a) گھیرا ھوا : احاطہ کیا ھوا ۔

Compasser : (n) گھیرنے والا ' احاطہ کرنے والا ۔

Compassion : (n) [late L."compassionem"] ترس : رحم : درد مندی : تلطف : رافت : دل سوزی : دیا : شفقت : غم خواری : ھمدردی ۔

To have compassion upon : ترس کھانا : رحم کرنا ۔

Compassionate : (a) [F."compassionne"] ترس کھانے والا : رحیم : رؤف : درد مند ' مہربان ' دل سوز : غم خوار : شفیق ' قابل ترحم ۔

Compassionate : (v) رحم کرنا ' ترس کھانا : تلطف ۔

Compassionately : (adv) دردمندانہ ' رحیمانہ : مشفقانہ : غم خواری سے : دل سوزی سے ۔

Compassionatness : (n) دردمندی : غم خواری : غم گساری : دل سوزی ' رحیمی : رحم دل ۔

Compassive : (a) قابل ترحم : رقت انگیز ۔

Compassless : (a) بغیر قطب نما کے ۔

Compaternity : (n) [See COMPATIBLE] (۱) کسی بچے کے روحانی والدین اور حقیقی والدین کے درمیان روحانی رشتہ ۔(۲) کسی بچے کے روحانی ماں باپ کے درمیان آپس کا روحانی رشتہ ۔

Compatibility : (n) مطابقت ' مناسبت : موزونیت ' موافقت ۔

Compatible : (a) [F. "compati"] مناسب ' موزوں : مطابق ' ساز گار ۔

Compatibleness : (n) مطابقت : مناسبت : موزونیت : موافقت ۔

Compatibly : (adv) مناسب طور پر : موزوں طور پر ' مطابقت کے ساتھ ۔

Compatriot : (n) [L."compatriota"] (۱) ہم وطن : ملکی : دیس کا آدمی ۔(۲) ساتھی : ہم پایہ ' ہم رتبہ ۔

Compatriot communities : (تاریخ) ہم وطن برادریاں ۔

Compatriotic : (a) وطنی ' دیسی ' ملکی ۔

Compatriotism : (n) ہم وطنیت : ہم وطنیت کا احساس ۔

Compear : (v) [L."comparere"] (اسکاٹ لینڈ) عدالت میں حاضر ہونا (اصالتاً یا وکالتاً)۔

Compearance : (n) اصالتاً یا وکالتاً حاضری ۔

Compeer : (n) [L."com+parem"] ہم رتبہ : برابر کا شخص ؛ ہم چشم : ساتھی ؛ رفیق : ہم پایہ ؛ ہم دوش ؛ قرین ؛ ہم راہ : ہم دم ۔

Compel : (v) [L."compellere"] (۱) مجبور کرنا : دبانا (کسی کام کو زبر دستی کروا لینا) نا چار کرنا ۔ (۲) (نظم میں) دھکیلنا : پیلنا : بزور داخل کرنا ۔(۳) زبردستی کھینچنا ۔ (۴) زبردستی شریک کرنا ۔

Compellable : (a) قابل جبر ' جبر پذیر ۔

Compellation : (n) [L. "compellationem"] (۱) خطاب ' عمل خطاب ۔ (۲) نام ' اسم ' لقب ' تسمیہ ۔

Compellative case : (a) جبری حالت : حالت جبریہ ۔

Compelled rate : (تجارت) جبری شرح ۔

Compeller : (n) (۱) مجبور کرنے والا (۲) آگے بڑھانے والا ' متحرک کرنے والا ۔

Compend : (n) [L."compemdium"] خلاصہ ' لُبِّ لباب ' معجز ۔

Compendious : (a) [L. "compendiosus"] مختصر ' جامع ' قلّ و دلّ ' (کتاب یا طرز انشاء) مجمل ' ملخص ۔

Compendiously : (adv) مختصر طور پر : مجمل طور پر ۔

Compendiousness : (n) اختصار ' اجمالی ' تلخیص ۔

Compendium : (n) (pl. compendums) [L."compendere"] دیکھو Compend

Compentrate : (v) نفوذ کرنا : سرایت کرنا ۔

Compenetration : (n) نفوذ ' سرایت ۔

Compensable : (a) (تجارت) قابل تلافی ۔

Compensable injury : (n) (تجارت) قابل تلافی چوٹ ۔

Compensate : (v) [L."compensare"] (۱) تلافی کرنا ؛ بدلہ دینا : معاوضہ دینا : کفارہ ادا کرنا ۔ (۲) (جر ثقیل کی اصطلاح میں) وزن یا رفتار درست کرنا ' تلافی کرنا ؛ پاسنگ لگانا : عوض کرنا ' تعدیل ' تثویب ۔ (۳) بدل ہونا ' پورا کرنا ۔

Compensating balance : (n) (تجارت) توازن تلافی ۔

Compensating error : (n) (تجارت) تلافی کن غلطی ۔

Compensating payment : (n) (تجارت) متلافی ادائیگی ۔

Compensating tariff : (n) (تجارت) متلافی تجارتی ٹیکس ۔

Compensatingly : (adv) بطور تلافی ؛ بدل ہوکر ۔

Compensation : (n) بدلہ ؛ عوض ؛ (کسی شے کا) اجر ؛ مکافات ؛ تلافی ؛ پاداش ؛ تاوان ؛ پاسنگ ؛ بدل ؛ (طب) کسی ایک عضو کی خرابی یا کمزوری کی وجہ سے دوسرے عضو کی فعالیت کو زیادہ کرنا ؛ (تاریخ) معاوضہ ۔

Employee's compensation : (تجارت) مزدور معاوضہ ۔

Dismissal compensation : (سماجیات) برطرفی معاوضہ ۔

Mechanism of compensation : (سماجیات) معاوضہ کا طریق کار ۔

Under compensation : (تجارت) کم تلافی معاوضگی ۔

Unemployment compensation : (تجارت) بے روزگاری کا معاوضہ ؛ (سماجیات) کارندوں کا معاوضہ ۔

Vicarious compensation : (نفسیات و تعلیمات) نیابتی تلافی ۔

Workman's compensation : (تجارت) کاریگر معاوضہ ؛ مزدوروں کا ہرجانہ ۔

Compensation award : (n) (تجارت) معاوضہ فیصلہ ۔

Compensation balance : (n) (تجارت) متلافی توازن ؛ آلہ تثویب ؛ آلہ توازن ۔

Compensation borrowing : (n) (تجارت) متلافی قرضہ ۔

Compensation pendulum : (n) متوازن لنگر ؛ آلہ توازن ؛ آلہ تثویب ؛ متکافی ۔

Compensational : (a) بدلہ ؛ عوض ؛ تلافی ؛ مکافات سے متعلق ۔

Compensative : (a) عوض ؛ معاوض ؛ تلافی کن ؛ متکافی ؛ (نفسیات) بطور تلافی ۔

Conciliar movement : (n) (تاریخ) تحریک مجلس کلیسائی (پوپ کے اختیارات کو کلیسائی مجلس کے ماتحت کرنے کی کوشش، ۱۵ویں صدی) ۔

Conciliate : (v) [L. "Concilium"] (۱) منانا : راضی کرنا : خوش کرنا : دل ہاتھ میں لینا : ملا لینا : (کسی کو) اپنا طرفدار بنالینا : مصالحت کرانا (تاریخ) ۔ (۲) (مخالف نظریوں کو) ملانا یا متحد کرنا : تاویل کرنا ۔

Conciliation : (n) [L. "Conciliationem"] (۱) صلح : اتفاق : ارتباط : مصالحت : میل ملاپ ۔ (۲) (تجارت) مفاہمت ۔

Board of Conciliation : صلح بورڈ : سمجھوتا بورڈ ۔

Court of Conciliation : وہ عدالت جو فریقین کو تصفیہ باہمی کا موقع دے : عدالت مصالحہ ۔

Conciliation board : (n) (تجارت) مجلس مصالحت : صلح بورڈ ۔

Conciliative : (a) (۱) صلح کن : مصالحت آمیز : مصالحت ساز : ملانے والی بات یا تدبیر ۔ (۲) (تاریخ) مصالحتی ۔

Conciliator : (n) (۱) ثالث : ثالث باخیر : بیچ میں پڑ کر صلح کرانے والا ۔ (۲) (کامرس) مفاہم ۔ (۳) (تاریخ و سماجیات) صلح کار : مصالحت کار ۔

Conciliatoriness : (n) ثالثی : مصالحت : صلح کاری ۔

Conciliatory : (a) دیکھو Conciliative

Conciliatory policy : (n) (تاریخ) مصالحتی پالیسی ۔

Concilium : (n) مجلس ۔

Concinnity : (n) [L. "Concinnitas"] شستگی : (طرز بیان یا انشا پردازی کی) صفائی : خوبی : ہم آہنگی : زیبائی ۔

Concinnous : (a) شستہ : صاف : شاندار ۔

Concise : (a) [L. "Concisus"] مختصر : ما قلّ و دلّ : بلیغ (تقریر، طرز بیان یا شخص) : خلاصہ : ملخص : صریح و روشن ۔

Concisely : (adv) بالاختصار : مختصر طور پر : بطور خلاصہ ۔

Conciseness : (n) اختصار : ایجاز : بلاغت ۔

Concision : (n) [L. "Concisionem"] : کانٹ چھانٹ ؛ ختنہ ؛ قطع و برید ؛ اختصار ؛ نفاق ؛ تفرقہ (خصوصاً کلیسا میں) ۔

Conclamation : (n) [L. "Conclamationem"] فریاد یا مشترک ؛ بہت سے آدمیوں کا مل کر ایک ساتھ چلانا ۔

Conclave : (n) [L. "Conclave"] پوپ کے انتخاب کے لئے اساقفہ کا جلسہ ؛ مقام مجلس ؛ جلسہ گاہ ؛ مجلس خاص (جسمیں عام اجازت نہ ہو) ؛ اسقفوں کی جماعت ۔

Conclavist : (n) اسقف کا خادم ۔

Conclude : (v) [L. "Concludere"] ختم کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ تصفیہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ تہیّہ کرنا ؛ بند کرنا ؛ ختم ہونا ؛ انجام کو پہنچنا ۔

Concluder : (n) ختم کرنے والا ؛ نتیجہ نکالنے والا ؛ تصفیہ کرنے والا ۔

Concludingly : (adv) بطور خاتمہ ؛ ختم کرتے ہوئے ۔

Conclusion : (n) [L. "Conclusionem"] (۱) خاتمہ ؛ اختتام ؛ نتیجہ (آخر) ؛ انجام کار ؛ مآل کار ؛ پایاں ۔ (۲) فیصلہ ؛ تصفیہ ؛ ترتیب (معاہدۂ امن کی) ۔ (۳) (منطق) نتیجہ (جو صغرا اور کبرا سے مستخرج ہوتا ہے) ۔

In Conclusion : مختصراً ؛ آخر میں ۔

To try Conclusion (with) : آزمائش یا مقابلہ کرنا (کسی فن میں) ۔

Conclusion of peace : (تاریخ) صلح کا فیصلہ ۔

Conclusive : (a) قطعی ؛ تصفیہ کن ؛ قاطع ؛ مصمم ۔

Conclusive proof : (n) (نفسیات و تعلیمات) قطعی ثبوت ۔

Conclusive standard of indemnity : (تجارت) تلافی نقصان کا فیصلہ کن معیار ۔

Conclusive verb : (n) (لسانیات) اختتامی فعل ۔

Conclusively : (adv) قطعیت کے ساتھ ؛ قطعی طور پر ۔

Conclusiveness : (n) قطعیت ؛ اختتامیت ۔

Conclusory : (a) دیکھو Conclusive

Conclusum : (n) [L. "Concludere"] کسی حکومت کے مطالبوں کا خلاصہ ۔

Concoct : (v) [L. "Concoct" / "Concoquere"] (۱) پکانا ؛ بنانا (کسی مخلوط یا مرکب شے کا جیسے صابن ؛ شربت وغیرہ) ۔ (۲) بنانا یا مرتب کرنا (جوڑ گانٹھ کر) ؛ گھڑنا (قصہ ، ثبوت وغیرہ) ؛ اختراع کرنا ۔

Concocter / -or : (n) بنانے والا ؛ گھڑنے والا ۔

Concoction : (n) بناوٹ ؛ گھڑت ؛ بنانا ؛ من گھڑت بیان ؛ اختراع ۔

Concoctive : گھڑت کی ؛ ہاضمہ ۔

Concolorous / Conclorate : (a) [L. "Concolor"-+ous] (طبیعیات) ایک رنگا ؛ یک رنگ ؛ ہم رنگ ۔

Concomitance / Concomitancy : (n) [L. "Concomitantia"] (۱) لزوم ؛ لازم و ملزوم ہونے کی حالت ؛ خاص کر عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ کے جسد و خون کا روٹی اور شراب میں لزوم ؛ ہمکاری ؛ پیوستگی ۔ (۲) (نفسیات) ہم وقوعی ۔ (۳) دو متغیر سیٹ کے درمیان تفاعلی تحویل کی صحیح مطابقت ۔

Concomitant : (n) [L. "Concomitantem"] (۱) پیوستہ ؛ ساتھی ؛ لازم ؛ متلازم ؛ ساتھ یا جوڑ کی چیز ۔ (۲) (ریاضی) تفاعلات جن کی نسبت قدریت تغیرات خطی متغیر نہیں ہوتی ہے ۔

Concomitantly : (adv) متلازمانہ ۔

Concomitant variation : (n) (نفسیات و تعلیمات) ہم وقوع تبدیلی ۔

Concord : (n) [L."Concordia"] (۱) ایکا ؛ میل ؛ اتفاق ؛ ہم آہنگی ؛ ہم رنگی ؛ اتحاد سازگاری ؛ آشتی ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ مساعدت ۔ (۲) (موسیقی) ہم آہنگی ؛ تال میل ۔ (۳) (نحو) مطابقت (جنس و تعداد وغیرہ میں) ؛ پیمان ؛ معاہدہ ۔

Concord and peace : (تاریخ) امن و یگانگت ۔

Concordal : (n&a) (تاریخ) کنکو رڈل ؛ کسی حکومت کا پوپ سے معاہدہ ؛ (نحو) تطبیقی ؛ مطابقت سے متعلق ۔

Concordance : (n) [L. "Concordantia"] (۱) ربط ' تفاوق : ترتیب : مناسبت (اشخاص یا اشیاء میں) : ہم آھنگی : مطابقت ۔ (۲) نجوم : ابجد : ترتیب سے الفاظ یا مضامین کی فہرست (متن کتاب کے حوالوں کے ساتھ) : مکمل اشاریہ : کشف اللغات ۔

Coefficient of Concordance : (شماریات) نمائندہ سر مطابقت۔

Sample Concordance : (شماریات) نمائندہ نمونہ مطابقت۔

Concordance : (v) مطابقت کرنا : ہم آھنگ کرنا : ترتیب دینا ۔

Concordancer : (n) مطابقت کرنے والا : ہم آھنگ کرنے والا : ترتیب دینے والا ۔

Concordant : (a) (۱) موافق : مطابق : ہم رنگ ۔ (۲) (موسیقی) ہم اھنگ ' ملا ھوا ۔

Concordantial : (a) الفاظ یا مضامین کی فہرست سے متعلق ۔

Concordantly : (adv) (۱) ہم آھنگی سے : سر ملائے ھوئے : مطابقت کے ساتھ ۔ (۲) (تاریخ) کسی حکومت کا پوپ سے معاھدہ ۔

Concordat : (n) [L. "concordantum"] پوپ کا معاھدہ (کسی دینوی حکومت سے) عہد نامہ : قرار داد ۔

Concordatum : (n) [L. "Concordare"] (آئرستان) حکومت کا فیصلہ مصارف کے متعلق : اس حکم کےمطابق پیسے کی ادائیگی ۔

Concorporate : (v) [L. "concorporate"] ایک ھونا یا بنانا : متحد ھونا ۔

Concorporate : (a) متحد (ایک جسم میں) ۔

Concourse : (n) [L. Concursum"] (۱) بھیڑ : مجمع : جمگھٹا : جماؤ : اجتماع (اشیاء کا) ۔ (۲) (قانون) ایک ھی بنیاد پر کئی دعووں کا پیش ھونا ۔

Concrement : (n) [L. Concrementum"] مشترک نشو و نما ۔

Concrescence : (n) [L. "Concrescentem"] مشترک نمو : ہم دمیدگی : ساتھ اگنا : ہم رستگی : پیوستگی ۔

Concresible : (a) قابل اجماد : قابل نشو و نمو ۔

Concrete : (a) [L. "Concretus"] (۱) (نحو اور منطق) مادی : محسوس : موجود : (فی الخارج یا مادی صورت میں) حقیقی : جامد : ٹھوس : پختہ : واقعی ' غیر خیالی : معین ۔ (۲) (نفسیات) مقرون ۔ (۳) (حیوانیات) مخصوص ۔

Concrete : (n) (۱) کنکریٹ ' کنکر اور سمنٹ کا مرکب : کنکر ۔ (۲) محسوس ' مادی ۔ (۳) جوھر یا عطر گل جو تقطیر کیا جاتا ھے ۔

Concrete : (v) منجمد کرنا ' گچ کرنا : کنکریٹ سے چننا : ٹھوس کرنا ' متحد ھونا یا کرنا ' ملانا ' ترکیب دینا ' حقیقی بنانا ۔

Concrete Capital : (n) (تجارت) ٹھوس اصل ۔

Concrete concept : (n) (لسانیات) مادی تصور ۔

Concrete duty : (n) (نفسیات و تعلیمات) معین فرض : مقرون فرض ۔

Concrete labour : (n) (تجارت) ٹھوس محنت ۔

Concrete name : (n) (لسانیات) مادی اسم ۔

Concrete term : (n) (لسانیات) مادی اصطلاح ۔

Concreter / Concretor : (n) کنکریٹ سے چننے والا : گچ کرنے والا ۔

Concretely : (adv) واقعی طور پر : پختہ کرکے ۔

Concreteness : (n) واقعیت : پختگی : بستگی ۔

Concretion : (n) (۱) انجماد : جمود : بستگی : ٹھوس پن ۔ (۲) (طب) پتھری : سنگ مثانہ ۔ (۳) (ارضیات) صلابت اعضا : حجریت : تحجر : جمود ذرات : ڈھیپا (ٹھوس ذروں کا جم کر ایک جسم ھو جانا) ۔

Concretional : (a) انجماد : جمود سے متعلق : پتھری یا سنگ مثانہ سے متعلق : حجریت سے متعلق ۔

Concretionary : (a) ٹھوس : جامد : ذرہ بستہ ۔

Concubinage : (n) [L. "Concubinarius"] (۱) نا جائز جنسی تعلق ؛ آشنائی ؛ متعہ گیری ۔ (۲) داشتہ رکھنا ۔ (۳) داشتہ ہونے کی علامت ۔ (٤) ذہنی غلامی ۔ (٥) (رومی قانون) غیر قانونی مگر جائز شادی ۔

Concubinarian (a) / Concubinary : (n) (اولاد) انجب ؛ مولا زادہ ؛ مولا زادی ؛ لونڈی بچہ ۔

Concubinary : (a) (۱) داشتہ پن ؛ مدخولیت ۔ (۲) مدخولہ ؛ آشنا یا داشتہ کا ۔

Concubine : (n) [L. "Concubinus"] (۱) داشتہ ؛ مدخولہ ؛ خواص (یورپ کے لوگ غیر قوموں کی دوسری، تیسری بیوی کو بھی اسی لفظ سے یاد کرتے ہیں) ۔ (۲) (تاریخ و سماجیات) ایک سے زیادہ رکھیل ؛ داشتہ ۔

Concupiscence : (n) [L. "Concupioscentia"] (۱) مستی ؛ نفسانی خواهش ؛ شہوت ؛ نفس امّارہ ؛ ہوس ۔ (۲) شدید مادی خواهش ۔ (۳) (نفسیات) آرزو ؛ تائید رہانی (سینٹ آگسٹائن کا فلسفہ) ؛ اتفاق (خیال کا) ۔

Concupiscent : (a) مست ؛ شہوت پرست ؛ سخت خواهش مند ؛ بندہء خواهش ۔

Concupiscently : (adv) مستی سے ؛ شہوت پرستی سے ۔

Concupiscible : (a)[L. "Concupiscibilis"] سخت خواهشمند ؛ ہوسناک ۔

Concur : (v) [L. "Concurrare"] (۱) مطابق ہونا (واقعات کا) ؛ ایک ساتھ واقع ہونا ۔ (۲) باہم ہونا ؛ متفق الرائے ہونا ۔ (۳) ساتھ کام کرنا ؛ موافقت کرنا ؛ شرکت کرنا ۔ (٤) (دو تہواروں کا) مسلسل ہونا ۔ (٥) (قانون) حقوق وغیرہ کا ٹکرانا ۔

Concurrence / Concurrency : (n) (۱) اتفاق رائے ؛ مطابقت ؛ ہم وقتی ؛ ایک ساتھ رضامندی ؛ ہم چشمی ؛ رقابت ؛ حق مشترک ۔ (۲) (طبیعیات) ہم نقطگی ۔

Concurrency of lines : (طبیعیات) خطوط کی ہم نقطگی ۔

Concurrent : (a) [L. "Concurrentem"] (۱) متفق ؛ ہم رائے ؛ ساتھ ساتھ چلنے والا (جیسے خطوط متوازی) ؛ متلازم ؛ ہم کار ۔ (۲) (اقلیدس) ایک نقطہ پر ملنے والا ۔ (۳) مساوی قوت رکھنے والا ۔ (٤) موافق ۔ (٥) (قانون) حریف ؛ مقابل ۔ (٦) پے بہ پے ؛ پیہم ؛ متصل ؛ مسلسل ۔ (۷) (طبیعیات، ریاضی) ہم نقطہ ۔

Concurrent : (n) (۱) امدادی سبب ؛ موافق یا متفق حالات ۔ (۲) سال کے باون ہفتوں سے زیادہ کا ایک دن ۔

Concurrent accreditation : (تاریخ) بہ یک وقت ایک سے زیادہ جگہ سند اعتماد دیا جانا ۔

Concurrent action : (n) (تاریخ) بہ یک وقت کاروائی ۔

Concurrent deviation : (n) (شماریات) علامتی انحراف ۔

Concurrent force : (n) (طبیعیات) ہم نقطہ قوتیں ۔

Concurrent insurance : (n) متوازی بیمہ ۔

Concurrent Jurisdiction : (n) (تاریخ) یکساں دائرہ اختیار ۔

Concurrent lease : (n) مسلسل یا متصل پٹّہ ؛ تعہد متصل (جو پہلے کی میعاد ختم ہونے سے قبل تحریر کر دیا جائے) ۔

Concurrent list : (n) (تاریخ) مشترک فہرست ۔

Concurrently : (adv) بالاتصال ؛ ساتھ ساتھ ؛ موافقت کے ساتھ ۔

Concurrentness : (n) تسلسل ؛ موافقت ؛ اتفاق ؛ مطابقت ۔

Concurringly : (adv) مطابقت سے ؛ متفق الرائے ہو کر ۔

Concuss : (v) [L. "Concuss"] صدمہ پہنچانا ؛ جھنجھوڑنا ؛ دھکا دینا ؛ زور سے ہلانا ؛ (استعارتاً) مضطرب کرنا ؛ دھمکی دینا ؛ دباؤ ڈالنا ۔

Concussion : (n) (۱) صدمہ ؛ دھکا ؛ چوٹ ۔ (۲) (جراحی میں) دماغی صدمہ ؛ سر کی چوٹ ۔ (۳) دھمکی ۔

Concussion billows : (n) خود کار دھونکنی (جو باجے میں از خود چلتی ہے) ۔

Concussion fuse : (n) پلیتہ ؛ فتیلہ ؛ چوٹ بتی (جو ضرب لگانے سے آگ پکڑتی ہے) ۔

Concussive : (a) تصادمی ؛ ضرب پہنچانے والا ۔

Concutient : (a) ضرب کھا کر ملنے والا ۔

Concyclic : (a) ہم دائرہ ؛ متوازی سطحوں سے کٹ کر دائرہ کی شکل بننے والا ۔

Condemn : (a) [L. "Conden (p)nare"] (۱) برا بھلا کہنا ؛ عیب لگانا ؛ ملامت کرنا قصور وار ٹھہرانا ؛ مجرم قرار دینا ۔ (۲) خلاف فیصلہ دینا ؛ سزا سنانا ؛ موت کا حکم سنانا ۔ (۳) نا کارہ کرنا ؛ رد کرنا ؛ نکمّا بنا دینا ۔ (٤) ضبطی کا حکم دینا ؛ ضبط کرنا ۔ (٥) لا علاج سمجھنا ۔ (٦) مسدود کرنا ؛ بند کرنا ۔

Condemnable : (a) قابل رد ؛ لائق تعزیر ؛ قابل ملامت و سرزنش ؛ قابل ضبط ۔

Condemnably : (adv) بطور ملامت ؛ بطور سرزنش ۔

Condemned : (a) رد کیا ہوا ' نا کارہ ؛ ردی ؛ مجرم ۔

Condemner : (n) ملامت کرنے والا ؛ سر زنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ۔

Condemnation : (n) (۱) سزا یا قصاص کا حکم سنانا ؛ سزا ؛ سر زنش ۔ (۲) وجہ سزا ؛ موجبات سزا ۔ (۳) ملامت ۔ (٤) ضبطی ؛ حکم ضبطی ۔ (٥) (تاریخ) سزا ؛ مذمت ۔

Condemnatory : (a) تعزیری ؛ پر ملامت ' اعتراض آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ ملامتی ۔

Condemningly : (adv) ملامتی کے طور پر ؛ بطور سزا وغیرہ ۔

Condensability : (n) انجماد پذیری ؛ انجماد ؛ بستگی ؛ تکثیف ۔

Condensable : (a) انجماد پذیر ؛ قابل تکثیف ؛ قابل تلخیص ۔

Condensation : (n) (۱) انجماد ؛ بستگی ؛ تکاثف ؛ منجمد کمیت ؛ تلخیص ۔ (۲) (لسانیات) خلط (توریہ / چھوٹ) ۔

Condensation of molecule : (کیمیا) تکاثف مالیکیول کا ۔

Condensation of vapour : (کیمیا) بھاپ کا تکاثف ۔

Condense : (v) [L. "Condensare"] بستہ کرنا ؛ منجمد کرنا ؛ جمانا ؛ کثیف کرنا ؛ (روشنی کی شعاعوں کو) مجتمع کرنا ؛ (برقی قوت کو) یکجا کرنا ؛ سمیٹنا ' مجتمع کرنا ؛ مرتکز کرنا ؛ (گیس یا بھاپ سے) سیال بنا دینا ؛ (مطالب کا) ایجاد کرنا ؛ (چند لفظوں میں) مختصر کر دینا ؛ خلاصہ کرنا ؛ (استعارتاً) عطر کھینچ لینا ؛ کثیف ہونا ' مختصر ہونا ؛ کم ہونا ۔

Condensed : (a) (کیمیا) جما ہوا ۔

Condensed milk : (n) (کیمیا) گاڑھا کیا ہوا دودھ ؛ جما ہوا دودھ ۔

Condensed nuclei : (n) (طبیعیات) اجتماعی نیوکلی ۔

Condensed relative clause : (لسانیات) متکاثف / فقرہ موصولہ ۔

Condensedly : (adv) مختصر طور پر ؛ بطور خلاصہ ۔

Condensedness : (n) انجماد پذیری ؛ بستگی ؛ انجماد ۔

Condenser : (n) (۱) آلہ تکثیف ؛ بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں) ' تلخیص کرنے والا ؛ شعاعوں کو مرتکز کرنے کا عدسہ یا آئینہ ۔ (۲) (کیمیا) کنڈنسر ۔

Adjustable Condenser : (طبیعیات) قابل درستی کنڈنسر ؛ ٹھیك ہونے کے قابل کنڈنسر ۔

Block Condenser : (طبیعیات) بلاك کنڈنسر ۔

Blocking Condenser : (طبیعیات) ناگذار کنڈنسر ۔

Bypass Condenser : (طبیعیات) بائی پاس کنڈنسر ۔

Coupling Condenser : (طبیعیات) جگہ بندی کنڈنسر ۔

Dry electrolytic Condenser : (طبیعیات) خشك برق پاشیدہ کنڈنسر ۔

Electro-Chemical Condenser : (طبیعیات) برق کیمیائی کنڈنسر ۔

Gang Condenser : (طبیعیات) گینگ کنڈنسر ۔

Gaurdring Condenser : (طبیعیات) محافظ حلقہ کنڈنسر ۔

Condign : (a) [L. "Condignus"] مناسب حال ؛ واجبی (سزا، انتقام وغیرہ) ۔

Condignity : (n) [L. "Condignitas"] (۱) اکتسابی اجر (اچھے کام کےلئے) ۔ (۲) (نفسیات) ثواب ۔

Condignly : (adv) واجبی طور پر ۔

Condignness : (n) سزا واری ۔

Condiment : (n) [L. "Condimentum"] مسالا ؛ چاشنی ؛ چٹنی ؛ اچار ۔

Condimental : (a) مسالہ دار ؛ چٹپٹا ؛ چاشنی دار ۔

Condisciple : (n) هم شاگرد ۔

Condition : (n) [L. "Condicionem"] (۱) حالت ؛ احوال ؛ کیفیت ؛ طور ۔ (۲) شرط ؛ قرار ؛ اقرار (وہ چیز جس کے پورا ہونے پر کسی دوسری چیز کا انحصار ہو) ؛ شرط اول ؛ شرط لازمی ۔ (۳) جملہ شرطیہ ۔ (٤) نا موافق حالات ۔ (٥) (سماجی) درجہ ؛ مقام ۔ (٦) موزوں حالت ؛ مناسب حالت ۔

Casual Condition : (نفسیات و تعلیمات) شرط اتفاقی ۔

Constitutive Condition : (نفسیات و تعلیمات) لازمی شرط ۔

Energy Condition : (ریاضی) شرط توانائی ۔

Epistemic Condition : (نفسیات و تعلیمات) عملیاتی شرط ۔

Equation of Condition : (ریاضی) مساوات شرط ۔

Express Condition : (تجارت) ظاهر شرط ۔

General Condition : (ریاضی، طبیعیات) عام شرط ۔

Implied Condition : (تجارت) مضمر شرط ۔

In condition : اچھے (ٹھیک) حال میں ۔

Initial Condition : (ریاضی، طبیعیات) ابتدائی شرط ؛ شروع کی شرط ۔

Necessary Condition : (ریاضی) ضروری شرط ۔

Negative Condition : (نفسیات و تعلیمات) منفی حالت ؛ منفی شرط ۔

Parallel Plate Condenser : (طبیعیات) متوازی پلیٹ کنڈنسر ۔

Rotary Condenser : (طبیعیات) گھومنی کنڈنسر ۔

Smoothing Condenser : (طبیعیات) هموار کن کنڈنسر ۔

Standard Condenser : (طبیعیات) معیاری کنڈنسر ۔

Tuning Condenser : (طبیعیات) ٹیوننگ کنڈنسر ۔

Variable Condenser : (طبیعیات) تغیر پذیر کنڈنسر ۔

Vernier Condenser : (طبیعیات) ورنیر کنڈنسر ۔

Condenser lens : (n) (طبیعیات) اجتماع کن لینس ۔

Condenser microphone : (n) (طبیعیات) کنڈنسر مائکروفون ۔

Condensible : (a) دیکھو Condensable

Condensity : (n) [L. "Condensus"] اختصار ؛ کثافت ۔

Condescend : (v) [L. Condescendere"] فروتنی کرنا ؛ جھکنا ؛ انکسار یا تواضع کرنا ' (چھوٹوں سے) اتفاق کرنا (رائے سے) ؛ برتری کا احساس کرنا ؛ تعین یا تخصیص کرنا ۔

Condescedence : (n) انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ رعایت ؛ اطاعت ۔

Condesceaent : (n) تسلیم کرنے والا ؛ رضامندی دینے والا ۔

Condescending : (a) (۱) منکسر ؛ با اخلاق ؛ متواضع ۔ (۲) ملتفت ؛ شفیق ؛ کرم فرما ؛ مائل بہ سرپرستی ۔ (۳) بالتفصیل ۔

Condenscendingly : (adv) از راہ شفقت ؛ از راہ کرم فرمائی ؛ مشفقانہ طور پر ؛ بطور التفات ۔

Condescension : (n) انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ کرم فرمائی (چھوٹوں پر) ۔

Condiction : (n) [L. "Condictionem"] (رومی قانون) واپسی کا رسمی دعویٰ ؛ غلط ادائیگی کی وصولی کا دعویٰ ۔

Condictitious : (a) واپسی کے رسمی دعوے سے متعلق ؛ غلط ادائگی کی وصولی کے دعوے سے متعلق ۔

Objective Condition : (نفسیات و تعلیمات) معروضی شرط : معروضی حالت ۔

On Condition that : اس شرط پر کہ : بشرطیکہ ۔

Out of Condition : برے حال میں ۔

Particular Condition : (ریاضی) خصوصی شرط ۔

Positive Condition : (نفسیات و تعلیمات) مثبت شرط ۔

Regularity Condition : (شماریات) باقاعدگی شرط ۔

Single Condition : (نفسیات و تعلیمات) واحد شرط ۔

Sufficient Condition : (طبیعیات) کافی شرط : کافی حالت ۔

To change one's condition : شادی کرنا ۔

Condition : (v) (۱) شرط لگانا ' شرط عائد کرنا : (کسی کام کے کرنے پر) کسی شرط پر راضی ہونا ' عہد و پیماں کرنا ۔ (۲)(تجارت) مال کی حالت جانچنا : پڑتالنا : مشروط کرنا ' شرط ہونا ۔ (۳) (امریکی جامعات میں) شرط پر داخلہ لینا (کہ جس مضمون میں فیل ہو اس میں مقررہ معیاد کے اندر پاس کرنا ہوگا) : مناسب حالت میں ہونا : موزوں حالت میں ہونا ۔ (٤) (منطق) محدود کرنا ۔ (٥) (جانوروں کو) موٹا کرنا ۔ (٦) (نفسیات) اثرانداز ہونا : مخصوص تبدیلی کرنا ۔

Size is Conditioned by the requirements : عرض و طول کا انحصار ضروریات پر ہے ۔

The two things Condition each other : دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں ۔

Condition of collinearity : (طبیعیات) ہم خطی حالت : ہم ریکھی : شرط ہم خطیت ۔

Condition of equilibrium : (ریاضی) شرط توازن ۔

Condition of integrability : (ریاضی) شرط تکملیت ۔

Condition of sale : نیلام کے شرائط ۔

Condition of tangency : (ریاضی) شرط مماس ۔

Conditional : (a) (۱) شرطیہ ' مشروط : منحصر ۔ (۲) مقید ۔

Conditional : (n) شرطیہ لفظ ' جملہ ' حرف وجہ : قضیہ یا قیاس منطقی ۔

Conditional distribution : (n) (طبیعیات) مشروطی تقسیم ' مشروط بٹائی ۔

Conditional dominance : (n) (ریاضی) مشروط غلبہ ۔

Conditional equation : (n) (طبیعیات) مشروط مساوات ۔

Conditional mood : (n) (لسانیات) کیفیت شرطیہ ۔

Conditional morality : (n) (نفسیات و تعلیمات) مشروط اخلاقیات ۔

Conditional power function : (شماریات) مشروط قوی تفاعل ۔

Conditional probability : (n) (طبیعیات) مشروط احتمال ۔

Conditional receipt : (n) (تجارت) مشروط رسید ۔

Conditional sale : (n) (تجارت) مشروط بکری ۔

Conditional sentence : (n) (لسانیات) جملہ شرطیہ ۔

Conditional sound change : (لسانیات) مشروط صوتی تبدیلی ۔

Conditional statistics : (n) (شماریات) مشروط ۔

Conditional stress : (n) (لسانیات) مشروط بل ۔

Conditional test : (n) (شماریات) مشروط جانچ ۔

Conditional unbiased estimator : (شماریات) مشروط غیر طرفی تخمینہ کار ۔

Conditional work : (سماجیات) کام کی شرطیں ۔

Conditionality : (n) مشروطیت ۔

Conditionally : (adv) با شرط : مشروط طور پر ۔

Conditionally convergent series : (ریاضی) شرطی متقارب سلسلہ ۔

Conditionate : (a) (۱) مشروط ' محدود ۔ (۲) مشروط چیز ۔

Conditionate : (n) مشروط چیز ۔

Conditionate : (v) مشروط کرنا : شرط لگانا ۔

Conditionately : (adv) مشروط طور پر ۔

Conditioned : (a) (۱) کسی خاص حالت میں ۔ (۲) مقید ' مکلف ۔

Ill conditioned : بری حالت میں ۔

Well conditioned : اچھی حالت میں ۔

Conditioned dominance : (n) (ریاضی) غلبہ بالشرط ۔

Conditioned response : (n) (سماجیات) مشروط تاثر ۔

Conditioning : (n) ساختہ لزوم ۔

Cross conditioning : (نفسیات و تعلیمات) برعکسی لزوم ۔

Delayed conditioning : (نفسیات و تعلیمات) دیرلزوم ۔

Conditioning factor : (n) (لسانیات) شرطی امر ۔

Condivision : (n) تقسیم متقابل ۔

Condolatory : (a) تعزیتی ؛ ہمدردانہ ؛ متاسفانہ ؛ تسلی آمیز ۔

Condole : (v) [L. "Condolare"] ماتم پرسی کرنا ؛ پرسہ دینا ؛ تعزیت کرنا ' ہمدردی کرنا ؛ تسلی دینا ؛ اظہارتاسف کرنا ۔

Condolement : (n) پرسہ ؛ ماتم پرسی ؛ تعزیت ؛ تاسف ؛ تسلی ۔

Condolence : (n) دیکھو Condolement

Condolent : (a) [L. "Condolentum"] متاسف ؛ سوگوار ۔

Condoler : (n) پرسہ دینے والا ؛ تعزیت دینے والا ۔

Condolingly : (adv) بطور تعزیت ۔

Condominim : (n) [mod. L.] مشترک حق حکومت ۔

Condonation : (n) [L."Condonationem"] معافی ؛ اغماض ؛ عفو تقصیر ' چشم پوشی ؛ بخشائش ۔

Condone : (v) [L."Condonare"] معاف کرنا(قصور ، خاص کر ازدواجی معاہدہ کی خلاف ورزی کو) ؛ نظر انداز کرنا (قصور یا افعال کا) ؛ چشم پوشی یا اغماض کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ عوض کرنا (کسی قصور کا) ۔

Condoner : (n) معاف کرنے والا ؛ نظر انداز کرنے والا ؛ چشم پوشی کرنے والا ۔

Condor : (n) [Peruvian "Cuntur"] (۱) جنوبی امریکہ کا ایک بڑی قسم کا گدھ یا کرگس ۔ (۲) جنوبی امریکہ کا ایک سونے کا سکہ جس پر کرگس کی تصویر ہوتی ہے ۔

California Condor : کلیفورنیا کا بڑا گدھ یا کرگس ۔

Condottiere : (n) (Pl. Condottieri) [It. "Condotto"] (۱) کرائے کی فوج کا سردار ؛ پیشہ ور سالار (جو محض روپیے کی خاطر اپنی جمعیت سمیت کسی فریق جنگ کا شریک ہو جائے) ۔ (۲) (تاریخ) اٹلی کا پیشہ ور سپاہی ۔

Conduce : (v) [L. "Conducere"] رجوع ہونا ؛ مائل ہونا ؛ رہنما ہونا ؛ واقعات یا کسی خاص نتیجے کی طرف رہنما ہونا ؛ باعث ہونا ؛ ممد ہونا (کسی نتیجہ تك پہنچانے میں) ۔

Conducingly : (adv) باعث ہوکر ؛ ممد ہو کر ۔

Conducive : (a) راجع ؛ مائل ؛ ممد ؛ باعث ؛ سود مند ؛ موجب ۔

Conduciveness : (n) رجوع ؛ میلان ۔

Conduct : (n) [L."Conductus"] (۱) رہبری ؛ رہنمائی ؛ انصرام ۔ (۲) (کارو بار وغیرہ چلانے کا) طریقہ ؛ طور ؛ اخلاق ۔ (۳) چال چلن ' اطوار ؛ راہ و روش ؛ طور طریق ؛ چلن (خاص کر اخلاقی حیثیت سے) ۔ (٤) (پانی کو) لہر کے ذریعہ لے جانا ؛ رسانی ۔

Moral Conduct : (سماجیات) اخلاقی چلن ۔

Regularised Conduct : منضبط چلن ۔

Conduct : (n) اٹین کالج (انگلستان) کا کشیش ۔

Conduct : (a) (۱) استخدام شدہ ۔ (۲) رہبری شدہ ؛ ہدایت یافتہ ۔

Conduct : (v) (۱) رهنمائی کرنا : رهبری کرنا : سیادت کرنا : سپه سالاری کرنا : (باجے یا گانے کے متعلق) هدایت کرنا : (کاروبار کا) انتظام کرنا : اهتمام کرنا : عمل کرنا : طرزعمل کرنا : طرز عمل اختیار کرنا ۔ (۲) (طبیعیات) ایصال (حرارت) کرنا : لے جانا (نهر کے ذریعه)۔

Conduct - money : (n) (۱) طلبانه (گواه کے مصارف سفر) ۔ (۲) فوج کے اخراج سفر : هزنیه سفر ۔ (۳) بحریه کے لئے ملاحوں کے سفر کا خرچ ۔

Conductance : (n) (۱) (بجلی) قوت ایصال : ایصالیت ۔ (۲) (کیمیا) موصلیت ۔

Conductibility : (n) ایصال کی قابلیت ۔

Conductible : (a) موصل : ایصال پذیر (حرارت) ۔

Conduction : (n) [L. "Conductionem"] (۱) ایصال یا نقل (حرارت) : رسائی (کسی سیال یا پانی کی) ۔ (۲) (کیمیا) موصلیت رو ۔

Conductitious : (a) بهاڑے پر لیا هوا : بهاڑے کا : مزدی ۔

Conductive : (a) ایصالی : رساں : ناقل ۔

Conductively : (adv) ایصال یا نقل کے ذریعه ۔

Conductivity : (n) (طبیعیات) چالکتا : موصلیت ۔

Bridge Conductivity : (طبیعیات) پل چالکتا ۔

Equivalent Conductivity : (طبیعیات) هم موصلیت : هم پله چالکتا ۔

Molecular Conductivity : (طبیعیات) مولی کولر چالکتا : سلمی موصلیت ۔

Specific Conductivity : (طبیعیات) مخصوص چالکتا : نوعی موصلیت ۔

Thermal Conductivity : (طبیعیات) حرارتی چالکتا : حراری موصلیت ۔

Water Conductivity : (طبیعیات) چالکتا پانی ۔

Conductivity cell : (طبیعیات) چالکتا سیل : موصلیت خانه ۔

Conductometer : (n) (طبیعیات) چالکتا پیما : موصلیت پیما ۔

Conductometrio titration : (کیمیا) موصلیتی معاشره ۔

Conductor : (n) (۱) رهنما : رهبر : اگوا : پیش رو : منتظم ۔ (۲) (ناچ یا باجے کا) مهتمم : استاد : پکهاوجی ۔ (۳) (کرایه کی گاڑی کا) کرایه وصول کرنے والا ۔ (٤) موصل : ناقل (حرارت وغیره) : برق کش (وه تار یا کلس جس سے بجلی عمارت کو نقصان پهنچائے بغیر زمین میں اتر جاتی هے) ۔ (٥) کرایه پر لینے والا یا دینے والا ۔

Lightning Conductor : (طبیعیات) کوندها چالك : چالك ۔

Conductorship : (n) خدمت رهنمائی : رهنمائی : رهنمائی کا عهده ۔

Conductress : (n) وه عورت جو بس یا ترام وغیره میں کرایه وصول کرتی هے ۔

Conduit : (n) [Med. L. "Conductus"] (۱) نالی یا نل (جو سیال اشیا کو منتقل کرے) : اب گذر ۔ (۲) برقی تار کو محفوظ رکھنے کی نالی : اینٹ یا نلکی ۔ (۳) چشمه ۔ (٤) زمین دوز پوشیده راسته ۔

Conduit pipe : (n) نلکی ۔

Conduplicate / Conduplicated : (a) [L."Conduplicatus"] (۱) (نباتیات) دو تها ۔ (۲) لمبا لمبا ته کیا هوا ۔

Conduplication : (n) مضاف ۔

Condurrite : (n) [f. Condurrow] ایك قسم کی سیاه رنگ کی دهات جس میں توم تانبه اور آرسینك هوتے هیں ۔

Condyle / Condyl : (n) [Gr. "Kondylos"] (تشریح) قفلی یعنی هڈی کا وه گول سرا جو دوسری هڈی (حضره) میں جوڑ پر پهنسا هوا هوتا هے : مهره استخواں : هڈی کا ابهار ۔

Condyloid : (a) قفلوئی : مهره استخواں کی مانند : قفلی سے متعلق ۔

Condyloma (Pl. Condylomata) : (n) [Gr. "kondylos"] (مرضیات) فاسد پهوڑا جو جلد پر کهیں هوجاتا هے خصوصاً اعضائےتناسل یا مقعد کے نزدیك ۔

Condylomatous : (a) فاسد پھوڑے کی طرح کا ۔

Condyloped / Condylope : (n) [mod. L. "Condylopus"] گرہ دار پاؤں والے جانوروں کی ایک نوع ۔

Condylor : (a) مہرہ استخواں سے متعلق ۔

Condylura : (n) [Gr. "kondylos + ura"] جنوبی امریکہ کی چھچھوندر کی ایک نوع ۔

Cone : (n) [Gr. " konos"] (۱) مخروطہ ؛ مخروط ؛ مخروط مستدیر ؛ صنوبر وغیرہ کا پھل ۔ (۲) ایک آبی جانور ؛ کونوس کا مخروطی خول یا گھونگا ، کوکلا ۔ (۳) طوفان نما (ایک مخروطی شکل کا آلہ جو اندھی اور مینہ کا آنا بتاتا ھے) ۔ (٤) مخروطی شکل کی کوئی چیز ۔ (٥) پردہ شبکی کا ایک چھوٹا حساس حصہ ۔ (٦) کوئی مخروطی راس یا نقطہ ۔

Circular Cone : (ریاضی و طبیعیات) دائرہ مخروط ؛ دائرہ کون ۔

Hollow Cone : (طبیعیات) کھوکھلا کون ؛ (ریاضی) تہی مخروط ۔

Oblique Cone : (طبیعیات) آڑا کون ۔

Right circular cone : (طبیعیات) سیدھا دائرہ مخروط ؛ قائم دائرہ مخروط ۔

Solid cone : (طبیعیات) ٹھوس کون ؛ ٹھوس مخروط ۔

Cone : (v) مخروط بنانا ؛ (مخروط پھل) بننا یا اگنا ۔

Cone attachment : (n) (تاریخ) مخروطی جوڑ ۔

Cone - bit : (n) مخروطی برما ۔

Cone - flower : (n) ایک قسم کا پودا جس کا پھول مخروطی شکل کا ھوتا ھے ۔

Cone - gear : (n) مخروطی پرزہ ۔

Cone - in - cone : (n) ایک عجیب و غریب ارضیاتی ساخت جسے دیکھ کر یہ معلوم ھوتا ھے کہ بہت سے مخروط ایک دوسرے پر رکھ دیئے گئے ھیں ۔

Cone of friction : (طبیعیات) رگڑ کا مخروط ؛ رگڑ کا کون ؛ مخروط مزاک ۔

Cone of rays : (n) شعاع کی لکیر جو ایک نقطہ سے نکل کر کسی سطح پر پھیلی ھو ۔

Cone of revolution : (n) (طبیعیات) دوران کا مخروط ؛ گردش کا کون ۔

Cone of shade : (n) (فلکیات) کسی سیارے کا مخروطی سایہ جو سورج کے مخالف حصہ میں پڑتا ھے ۔

Cone of shadow : (n) (طبیعیات) سایہ کا کون ۔

Cone pat : (n) [Mexican] امریکہ کا ایک گوشت خور بلی کی طرح کا جانور جو حملہ یا مارنے کےوقت سخت بدبو نکالتا ھے ۔

Cone - pully : (n) کٹے ھوئے مخروط کی شکل کی گھرنی ۔

Cone - seat : (n) بندوق توپ وغیرہ میں لوھے کا ٹکڑا جس پر ھوا کے سوراخ کی ڈاٹ رھتی ھے ۔

Cone - sholl : (n) کونس کی نوع کا ایک گھونگا ۔

Cone - wheel : (n) کٹے ھوئے مخروط کی شکل کا پہیا ۔

Coneine : (n) ایک قسم کا نباتی زھر ۔

Conenchyma : (n) [Gr. "konos + egchyma"] مخروطی خلیوں سے بننے والے پودوں کے رواں کی نسیج ۔

Conessive : (n) [f."Conessi"] ایک قسم کی چھال سے پیدا ھونے والی تلخ اساس ۔

Coney : (۱) (خرگوش ولایتی) ؛ سرخ چشم ؛ ارنب ۔ (۲) (انجیل کی اصطلاح میں) چھوٹا سور ؛ خنزیر ۔ (۳) (نقابت) سپر پر خرگوش کی شبیہ ۔

Confab : (n) [Collq. abbrev. of CONFABULATION] گفتگو ؛ بات چیت ۔

Confab : (v) گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

Confabulate : (v) [L. "Confabulari"] باتیں کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا ۔

Confabulation : (n) (۱) گفتگو ؛ (بے تکلف) بات چیت ۔ (۲) حافظہ یا یاد داشت کے تاریک گوشوں کو فکر و خیال سے بھرنا ۔

Confabulator : (n) گفتگو کرنے والا ؛ بات چیت کرنےوالا ۔

Confabulatory : (a) بات چیت کا سا : گفتگو کا ۔

Confarreation : (n) [L. "Confarreationem"] قدیم رومیوں کی شادی کا سب سے موقر طریقہ جس میں شوھر کو بیوی پر پورا حق حاصل ھو جاتا تھا ۔

Confated : (a) ھم تقدیر : ھم سرنوشت ۔

Confect : (n) [med. L. "Confectum"] ایک منھائی : شیرینی ۔

Confect : (v) [L. "Confect"] بنانا : مخلوط کرنا ' مرکب کرنا ۔ (۲) منھائی بنانا ۔

Confection : (n) [L. "Confectionem"] (۱) ملانا : مرکب کرنا (خاص کر منھائی ، شیرینی، مربه، حلوه) : مخلوط کرنا ۔ (۲) معجون ۔ (۳) (فرانس میں) آرائشی سازو سامان یا لباس ۔ (٤) کوئی مصنوعی، مرصع چیز (فن پاره ، عمارت یا لباس) ۔

Confection : (v) منھائی بنانا : شیرینی بنانا ۔

Confectionary : (a) شیرینی سے متعلق : منھائی جیسا ۔

Confectionary : (n) (۱) منھائی رکھنے کی جگه یا الماری ۔ (۲) شیرینی : منھائی ۔ (۳) شیرینی : شیرینی سازی : شیرینی فروش ۔

Confectioner : (n) حلوائی ' مربّه ساز : کیک بنانے والا ۔

Confectionery : (n) (۱) شیرینی ' منھائی ۔ (۲) شیرینی سازی ۔ (۳) شیرینی فروشی : شیرینی کی دکان ۔

Confederacy : (n) [L. "Confaederatio"] (۱) اتفاق : پیمان : اتحاد : ایکا : سازش : تعاھد : (متحد افراد یا ریاستوں کا) جتھا ' دسته بندی ۔ (۲) (تاریخ) ریاستوں کا اتحاد ۔

Southern Confederacy : امریکا کی اتحادی ریاستیں ۔

Confederal : (a) اتحادی : اتحاد سے متعلق : متحد ریاستوں سے متعلق ۔

Confederalist : (n) متحد ریاستوں کا رکن یا حامی ۔

Confederate : (n) [L. Confoederatum] (۱) شریک کار یا حلیف ۔ (۲) امریکا کی معاھد ریاستوں کے پیرو ۔

Confederate : (a) متحد : امریکا کی معاھد ریاستیں (جنھوں نے ۱۸٦۰–٦٥ میں امریکی اتحاد سےالگ ھوکراپنا جتھا علاحده باندھ لیا) ۔

Confederate : (v) (۱) اتحاد میں شریک کرنا (کسی شخص، ریاست یا اپنی ذات کو) ۔ (۲) (سماجیات) الحاق کرنا ' ملحق کرنا : ملانا ۔

Confederated : (a) (تاریخ) متحده ۔

Confederated states : (n) (تاریخ) متحده ریاستیں ۔

Confederation : (n) (۱) گروه : جتھا : گروه بندی : جتھا بندی ۔ (۲) ممالك منسلکه : متحد ریاستیں (جو اندرونی معاملات میں ازاد ھوں) ۔ (۳) (سماجیات) الحاق ۔

Articles of Confederation : اتحاد کی شرائط ۔

Confederative : (a) اتحادی ۔

Confer : (v) [L."Conferre"] (۱) خطاب ، ڈگری وغیره عطا کرنا : مرحمت کرنا ۔ (۲) گفتگو کرنا ' مشوره کرنا ۔

Conferee : (n) شریک مشوره یا صلاح : جس کو ڈگری، خطاب وغیره عطا کیا جائے ۔

Conference : (n) مشاورت : مشاورت کا جلسه : کانفرنس : مجلس : ویسیلین فرقه کا سالانه جلسه ۔

Conferential : (a) مشاورتی : کانفرنس سے متعلق ۔

Conferment : عطا : مرحمت : مشوره : بخشش ۔

Conferrable : (a) قابل عطا : قابل مرحمت : قابل مشوره ۔

Conferrer : (n) عطا کرنے والا ' عطا کننده : مشوره کرنے والا ۔

Conferruminate / Conferruminated : (a) (نباتیات) محلق شده : چسپیده : حلقه وصل ۔

Conferava : (n) [L. perh. "Comfrey"] جلبك کی جنس : پودوں کی ایک جنس جس میں اشنه (Alga) شامل ھے ۔

Confervaceous : (a) جلبك کی قسم کا یا اس سے متعلق ۔

Conferval : (a) جلبك سے متعلق یا جلبك کی مانند ۔

Confervite : (n) ایک متحجر پودا جو کھلی میں پایا جاتا ہے ۔

Confervoid : (a) دیکھو Conferval

Confess : (v) [L. Confessare"] (۱) قبول کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ اعتراف کرنا (با قاعدہ گناہوں کا اعتراف کرنا خصوصاً پادری کے سامنے) ؛ توبہ استغفار کرنا (مسیحی طریقہ کے مطابق) ؛ اعتراف گناہ سننا (پادری کا) ۔ (۲) مان لینا ؛ یقین رکھنا ۔ (۳) اظہار کرنا ' ظاہر کرنا ۔ (٤) گناہوں سے پاك ہونا یا پاك کرنا ۔

To confess and avoid : جرم کا اقرار کرنا مگر بری الذمہ قرار دینا ۔

Confessant : (n) مقر : معترف (گناہ) ؛ اعتراف گناہ کرنے والا ۔

Confessed : (a) مسلم ؛ اعتراف شدہ ' اعتراف کیا ہوا ؛ گناہوں سے پاك کیا ہوا ۔

Confessedly : (adv) باقرار ؛ معترفانہ ۔

Confessee : (n) معترف ' مقر ۔

Confesser : (n) مقر ؛ معترف ۔

Confession : (n) [L. "Confessionem"] (۱) اقبال ؛ اقرار ؛ اعتراف ' ایجاب (قصور واقعہ وغیرہ کا) ۔ (۲) وہ بات جس کا اعتراف کیا گیا ہو ۔ (۳) (اگلے زمانے میں معترف گناہ کی قبر کو بھی کہتے تھے) شہید کی قبر ' مقبرے پر بنی قربان گاہ ۔ (٤) اقرار جرم ؛ مذہبی عقیدے کا اقرار ۔ (٥) کوئی ایك کلیسا یا عیسائیوں کی جماعت ۔ (٦) (جمع میں) خود نوشت سوانح عمری جس میں پوشیدہ اور ذاتی باتوں کا بیان ہو ۔

Auricular Confession : پادری کےسامنے اعتراف گناہ اور توبہ ۔

Confession and avoidance : اقرار جرم عذر برأت کے ساتھ ۔

Confession of faith : اقرار مذہب ؛ اظہار عقیدہ ۔

Confessional : (n) وہ کرسی یا نشست گاہ جہاں بیٹھ کر پادری اقرار گناہ سنتا ہے ؛ اعتراف ۔

Confessional : (a) (۱) اقراری ؛ اقبالی ؛ ایجابی ۔ (۲) اظہار عقیدہ سے متعلق ۔

Confessionalism : (n) (۱) اظہار عقیدہ کا اصول ۔ (۲) کسی خاص دینی نظام کی پیروی ۔

Confessionalist : (n) اعتراف کرنے والا ؛ مقر ؛ معترف ۔

Confessionary : (a) گناہوں کے اعتراف سے متعلق ۔

Confessionary : (n) دیکھو Confessional

Confessionist :(n) کسی خاص عقیدہ کا پیرو ؛ معتقد ؛ خاص کر لوتھر کے عقیدہ کا ۔

Confessionless : (n) بے عقیدہ ۔

Confessor : (n) (۱) مقر ؛ معترف ؛ مجیب ۔ (۲) راسخ العقیدہ ؛ صاحب استقامت (جس نے اقرار مذہب کی وجہ سے شہادت کے سوا ہر قسم کی ایذا برداشت کی ہو) ۔ (۳) اعتراف گناہ سننے والا پادری ۔

Confessoress : (n) اعتراف کرنے والی ؛ اقرار کرنے والی ۔

Confessorship : (n) اعتراف کرنے والےپادری کا عہدہ ۔

Confest : (a) دیکھو Confessed

Confetti : (n) [It. "Confetto"] (۱) مٹھائی کی نقل ۔ (۲) رنگین کاغذ کی ٹکیاں وغیرہ (جو نوروز یا شادی وغیرہ میں ایك دوسرے پر پھینکتے ہیں) ۔

Confidant : (n) [F. "Confident"] (خانگی) (خصوصاً محبت کے) معاملات کا معتمد علیہ ؛ ہم راز ؛ محرم ؛ دم ساز؛ محرم راز ؛ محرم اسرار ؛ راز دار ۔

Confidante : (n) (۱) ہم راز عورت ؛ راز دار عورت ؛ سہیلی ۔ (۲) ایك قسم کا صوفہ جس میں بازو لگا کر علاحدہ نشستیں بنائی جاتی ہیں ۔

Confide : (v) [L. "Confidere"] (۱) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ اعتبار کرنا ۔ (۲) راز دار بنانا ۔ (۳) حوالہ کرنا ؛ تفویض کرنا ۔

Confidence : (n) (۱) پورا بھروسہ ؛ اعتماد ۔ (۲) زعم ؛ داعیہ ؛ اعتماد علی النفس ؛ جسارت ؛ دلاوری ؛ بیباکی ۔ (۳) ہمرازی ؛ راز داری ؛ تفویض ۔ (٤) سہارا ۔

Central interval confidence : (شماریات) مرکزی وقفہ اعتماد ۔

Levels of confidence : (نفسیات و تعلیمات) مدارج اعتماد ۔

Limits of confidence : (نفسیات و تعلیمات) حدود اعتماد ۔

Confidence : (v) دھوکا دینا ۔

Confidence belt : (n) (شماریات) اعتمادی پٹی ۔

Confidence coefficient : (n) (شماریات) نمانندہ اعتماد ۔

Confidence interval : (n) (شماریات) نمانندہ وقفہ ۔

Confidence limit : (n) (ریاضی) اعتمادی انتہا ۔

Confidence man : (n) فریبی : جل دینے والا : عیار ۔

Confidence region : (n) (شماریات) خطہ اعتماد ۔

Confidence trick : (n) عیاری : جُل ۔

Confident : (a & n) (۱) بھروسہ کرنے والا : معتمد : متیقن ۔ (۲) جری ' بے باک ۔ (۳) صاحب داعیہ ' ھمراز : محرم : دمساز : راز دار ۔ (٤) گستاخ : ادعائی : راز دارانہ : مخفی ۔

Confidently : (adv) راز دارانہ طور پر ' بھروسہ کر کے : تیقن کے ساتھ ۔

Confider : (n) بھروسہ کرنے والا : اعتماد کرنے والا : راز دار بنانے والا ۔

Confidential : (a) (۱) راز میں ' بصیغہ راز (تحریر یا تقریر) ۔ (۲) راز داں ' واقف اسرار : محرم راز ۔ (۳) راز کے کام آنے والا (ملازم) ۔ (٤) مخفی : پوشیدہ ۔ (٥) اعتماد کرنے والا ، بھروسہ کرنے والا ۔

Confidentiality : (n) راز دانی : راز داری ۔

Confidentially : (adv) راز دارانہ : راز دانی کے طور پر ۔

Confidentialness : (n) راز دانی : راز داری ۔

Confidingly : (adv) راز داری سے : اعتماد کے ساتھ ۔

Confidingness : (n) راز داری : اعتماد : بھروسہ ۔

Configuration : (n) [L. "Configuration"] (۱) ترتیب اجزاء : ھیئت : وضع : شکل ۔ (۲) (طبیعیات) تشکیل ۔ (۳) (ھیئت) ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب : اجرام فلکی (مثلاً قمر، سیاروں وغیرہ) کے مقامات متناسبہ ۔

Electron Configuration : (کیمیا) الکترانی تشکیل (طبیعیات) الکٹرون تشکیل ۔

Configurational : (a) متشکل : مرتب ۔

Configure : (v) [L. "Configurare"] شکل دینا : تشکیل کرنا ۔

Confineable : (a) محدود ھونے والا ' مقید ھونے والا ۔

Confine : (n) [L. "Confinia"] (۱) (جمع) سرحد : حد اخیر : (استعارتاً) حد فاصل دو قسم کے خیالات میں) ۔ (۲) حدود : احاطہ کی ھوئی (کوئی چیز) : روک ' قید ۔

Confine : (v) (۱) (شخص ، شئے ، خود کو) روکنا یا روک رکھنا ' حد سے باھر نہ ھونے دینا : حد سے تجاوز نہ کرنے دینا : حدود میں رکھنا ۔ (۲) قید کرنا ' مقید کرنا ۔ (۳) صاحب فراش ھونا ' زچہ خانہ میں ھونا ۔ (٤) باندھنا ۔

To be confined : زچہ خانہ میں ھونا ' ولادت ھونا ۔

To confine with : ملحق ھونا ۔

Confinedly : (adv) محدود طور پر : حد میں رکھ کر ۔

Confinedness : (n) حدود ' قید ۔

Confineless : (a) غیر محدود : بے حد و پایاں ۔

Confinement : (n) (۱) قید ' بند : روک : گرفتاری ۔ (۲) (سماجیات) نظر بندی ۔ (۳) زچگی ' صاحب فراشی ۔ (٤) حد : روک ' تحدید ۔

Congregate Confinement : (سماجیات) اجتماعی نظر بندی ۔

Solitary Confinement : (سماجیات) انفرادی قید ۔

Confinity : (n) مجاورت : قربت ۔

Confirm : (v) [L."Confirmare"] (۱) (طاقت ، شخص، قبضہ کو) پکا کرنا : مضبوط کرنا : مستحکم کرنا : تقویت دینا : جمانا ۔ (۲) (سماجیات) تصدیق کرنا : توثیق کرنا : مضبوطی دینا ۔ (۳) توثیق کرنا : منظوری دینا (صلح، قبضہ، خطاب کی) : برقرار رکھنا : تصدیق کرنا (بیان یا شہادت کی) ۔ (٤) کسی شخص کو اس کی

عادت یا رائے میں پختہ کرنا یا قائم کرنا ۔ (۵) عیسائی بچوں کی دینی تلقین و توثیق کی رسم ادا کرنا ۔

Confirmable : (a) (نفسیات) توثیق پذیر ؛ قابل توثیق ؛ قابل استحکام ۔

Confirmation : (n) (۱) اثبات ؛ استقلال ؛ تائید ؛ استحکام ؛ برقراری ؛ بحالی ؛ تصدیق ؛ توثیق ؛ منظوری ؛ ثبوت ۔ (۲) (نفسیات) مستقلی ۔ (۳) عیسائی بچوں کے سن شعور کو پہنچنے پر ان کو عیسوی دین کی تعلیم و تلقین کی رسم ۔

Confirmation cartarum : (تاریخ) چارٹروں کی توثیق ۔

Confirmation of balance : (تجارت) توثیق بقایا ۔

Confirmation of the charters : منشور اعظم اور معاهده جنگلات کی ایڈورڈ اول کے ذریعہ سن ۱۹۲۷ء میں توثیق ۔

Confirmative : (a) تصدیق کننده ؛ تائیدی ؛ توثیقی ؛ تصدیقی ۔

Confirmatively : (adv) بطور تصدیق ؛ تائیدی طور پر ۔

Confirmatory : (a) تصدیقی ؛ توثیقی ؛ تائیدی ۔

Confirmed : (a) : (۱) پکا ؛ سخت ۔ (۲) (مرض کے لئے) کہنہ ۔

Confirmee : (n) (۱) جسکے لئے تائید ، توثیق یا تصدیق کی جائے ۔ (۲) جس کی دینی تلقین و توثیق کی رسم ادا کی جائے ۔

Confirmer : (n) تصدیق کرنے والا ؛ توثیق کرنے والا ۔

Confirmor : (n) (قانون) دوسرے کے حق ملکیت کی تصدیق کرنے والا ۔

Confiscate : (v) [L. "Confiscare"] ضبط کرنا ؛ قرق کرنا ۔

Confiscate : (a) (۱) ضبط شده ۔ (۲) ضبطی کے ذریعہ جائداد یا اثاثہ سے محروم کیا ہوا ۔

Confiscable / Confiscatable : (a) قابل ضبطی ؛ قابل قرقی ۔

Confiscation : (n) قرقی ؛ ضبطی ؛ (عام محاورہ میں) قانون کے پردے میں لوٹ ؛ قانونی حیلہ سے لوٹنا ۔

Confiscator : (n) ضبط کرنے والا ؛ قرق امین ۔

Confiscatory : (a) ضبطی کا ؛ قرقی کا ۔

Confitent : (n) [L. "Confitentem"] معترف گناہ ۔

Confiteor : (n) [L.] اعتراف گناہ کی دعا ۔

Confix : (v) مضبوطی سے باندھنا ؛ محکم کرنا ۔

Conflagrate : (v) [L. "Conflagrare"] جلنا ؛ جلانا ۔

Conflagrate : (a) مشتعل ؛ سوزاں ؛ فروزاں ۔

Conflagration : (n) [L. "Conflagrationem"] : (۱) آتش زدگی ؛ آگ ؛ آتش کلاں ؛ زبردست آتشزدگی ۔ (۲) ورم ؛ التہاب ۔

Conflagration hazard : (تجارت) آتش زدگی خطره ؛ آگ پھیلاؤ خطره ۔

Conflagrative : (a&n) آگ لگانے والا ؛ آتش فروز ۔

Conflagrator : (n) آگ لگانے والا ۔

Conflagratory : (a) مشتعل ؛ ملتہب ۔

Conflate : (v) [L. "Conflate"] (۱) مجتمع کرنا ؛ مخلوط کرنا ۔ (۲) ترکیب کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔ (۳) تالیف کرنا ؛ مختلف عبارتوں کو یکجا کرنا ۔

Conflate : (a) (۱) مجتمع ؛ مخلوط کیا ہوا ۔ (۲) تالیف شده ؛ مختلف عبارتوں کا یکجا کیا ہوا ۔

Conflation : (n) (۱) تالیف ۔ (۲) ملانا ۔

Conflict : (v) لڑنا ؛ ٹکرانا ؛ ٹکر کھانا ؛ بھڑنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ آویزش یا مجادلہ ہونا ؛ متصادم ہونا ؛ نبرد آزما ہونا ؛ مخالفت کرنا ؛ اختلاف کرنا ۔

Conflict : (n) ["Conflictus"] : (۱) لڑائی ؛ آویزش ؛ تصادم ؛ مجادلہ ؛ کشمکش ؛ اختلاف ؛ رقابت ؛ مخالفت ۔ (۲) (تاریخ) نبرد ؛ نزاع ۔ (۳) (نفسیات) کشاکش ۔

Class Conflict : (سماجیات) طبقاتی تصادم ۔

Constructive Conflict : (سماجیات) تعمیری تصادم ۔

Destructive Conflict : (سماجیات) تخریبی تصادم ۔

Emotional Conflict : (سماجیات) جذباتی تصادم ۔

Internal Conflict : (سماجیات) اندرونی تصادم ۔

Mental Conflict : (سماجیات) ذهنی تصادم ؛ (نفسیات) ذهنی کشاکش ۔

Primary Conflict : (سماجیات) بنیادی تصادم ۔

Race Conflict : (سماجیات) نسلی تصادم ۔

Situation Conflict : (سماجیات) حالت تصادم ۔

Conflict of duties : (نفسیات و تعلیمات) کشاکش فرائض ۔

Conflict of laws : قوانین کا ٹکراؤ ۔

Confliction : (n) مجادله ' تخالف ؛ مخالفت ؛ تصادم ۔

Confluence : (n) [L. "Confluentia"] (۱) اتصال ؛ سنگم ۔ (۲) اجتماع ؛ ازدہام ؛ جمیعت ۔

Analysis Confluence : (شماریات) سنگم تجزیه ۔

Confluence hypergeometric function : (شماریات) سنگمی زائد هندسی ۔

Confluence relation : (شماریات) سنگمی رشته ۔

Confluent : (a) ساتھ بہنے والا ؛ هم رو ؛ سنگمی ؛ (ندی، چشمے، سڑک وغیرہ) ؛ اکٹھا ۔

Confluent : (n) ایک نہر جو دوسری نہر کے ساتھ بہتی ہے ۔

Confluent small pox : مسوریا چیچک ۔

Conflux : (a) [L."Conflux"] جوڑ ؛ میل ؛ هم روی ؛ اجماع ۔

Confocal : (a) (۱) (علم هندسه) هم ماسکه ؛ هم کانون (حقیقی یا خیالی) ۔ (۲) (ریاضی) هم مرکز شعاع ۔

Confocal conicoid : (ریاضی) هم ماسکی مخروط ۔

Confocal conies : (ریاضی) هم ماسکی مخروط نما ۔

Confocal ellipses : (ریاضی) هم ماسکی مخروطی ۔

Confocal hyperbolas : (ریاضی) هم ماسکی ناقص ۔

Confocal parbolas : (ریاضی) هم ماسکی مکافی ؛ هم ماسکی زاید ۔

Conform : (v) [L. "Conformare"] (۱) کسی نمونه کے مطابق بنوانا یا بنانا ؛ مطابق یا موافق کرنا ؛ هم آهنگ کرنا ۔ (۲) ماننا ؛ اطاعت کرنا ؛ تعمیل یا پیروی کرنا ۔ (۳) عادی هونا ؛ خوگر هونا ۔ (٤) انگریزی کلیسا کی مطابقت کرنا ۔

Conform : (a) (سماجیات) هم آهنگی ۔

Conformability : (n) (۱) مطابقت ؛ تربیت پذیری ۔ (۲) انطباق ۔

Conformable : (a) (۱) مشابه ؛ خوگر ؛ مطابق ؛ تربیت پذیر ؛ اصلاح پذیر ' هم آهنگ ؛ انگریزی کلیسا کی رسموں کے موافق یا مطیع ؛ منطبق کیا هوا ۔

Conformableness : (n) مطابقت ؛ هم آهنگی ' مشابهت ؛ اصلاح پذیری ۔

Conformably : (adv) (۱) مطابقت سے ؛ هم آهنگی سے ؛ اصلاح پذیری سے ۔ (۲) (ارضیات) بطور انطباق ۔

Conformal : (a) (ریاضی) متشاکل ۔

Conformal mapping : (ریاضی) متشاکل نقشه گری ۔

Conformal representation : (ریاضی) متشاکل تغیر ۔

Conformal transformation : (ریاضی) متشاکل استحاله ۔

Conformance : (a) تطبیق ؛ تعمیل ؛ پیروی ؛ تطابق ۔

Conformative case : (n) = (Simative case) (لسانیات) مشابهتی حالت ۔

Conformer : (n) بنانے والا ؛ مطابقت کرنے والا ؛ مدافعت کرنے والا ۔

Conformism : (n) (تاریخ) تقلید پسندی ' مطابقت پسندی ۔

Conformist : (n) کلیسائے انگلستان کا پیرو یا مقلد ۔

Conformity : (n) (۱) مشابہت ' میل : موافقت : مطابقت : تطابق : ہم آہنگی ۔ (۲) تعمیل : پیروی ۔ (۳) کلیسائے انگلستان کی پیروی ۔

Confound : (v) [L. Confuddare"] (۱) درہم برہم کرنا : گذمڈ یا بے ترتیب کرنا : پریشان یا حیران کرنا : شکست دینا ۔ (۲) نا کام کرنا : زك دینا : خاك میں ملانا (منصوبہ یا امیدوں کو) : (انجیل کی اصطلاح) شرمندہ کرنا : شرم دلانا : شرمانا ۔ (۳) لعنت و نفرین کرنا ۔ (٤) خراب کرنا ۔ (٥) خلط ملط کرنا : مخبوط کرنا ۔

Confounded : (a) لعنتی ' شرمندہ ۔

Confoundedly : (adv) گڈ مڈ کرکے : درہم برہم کر کے : انتہائی طور پر : نفرت انگیزی سے : مکروہانہ : ملعونانہ ۔

Confoundedness : (n) بے ترتیبی : برہمی ۔

Confounder : (n) گڈ مڈ کرنے والا ' حیران یا پریشان کرنے والا یا شرمندہ کرنےوالا : لعنت و نفرین کرنے والا ۔

Confounding : (n) (شماریات) گتھن ۔

Double Confounding : (شماریات) دوہری گتھن ۔

Partially balanced confounding design : (شماریات) ادھورا گتھا ھوا متوازن ۔

Partial Confounding : (شماریات) جزوی بے ترتیبی ۔

Confound it : خدا ستیاناس کرے ۔

Confraternity : (n) [med. L. "Confraternitas"] برادری : جماعت ' گروہ : انجمن اخوت : انجمن برادری ۔

Confrere : (n) [L. "Confrater"] ہم پیشہ : ہم رتبہ : ہم منصب ' ہم کار ۔

Confront : (v) [[L. "Confrontem"] رو برو ہونا : مقابل ہونا : مقابلہ کرنا : سامنا کرنا ۔ (۲) (مشکلات یا مخالفت سے) دو چار ہونا ' سابقہ پڑنا ۔ (٤) (اشیا کا) آمنے سامنے لانا : مقابلہ کرنا : ٹکرانا ۔

Confrontation : (n) مقابلہ : آمنے سامنے ہونا ۔

Confronte : (adv) [F.] (نقابت) آمنے سامنے : پورے چہرے کے ساتھ ۔

Confronter : (n) مقابل ہونے والا : سامنا کرنے والا ۔

Confrontment : (n) (۱) مقابلہ : مخالفت ۔ (۲) منظر ۔ (۳) دشنام : اہانت ۔

Confucian : (a) [f. name Confucius] کنفیوشس سے متعلق : چینی فلسفی کنفیوشس کا ۔

Confucian : (n) کنفیوشس کا پیرو یا مقلد ۔

Confucianism : (n) کنفیوشیت : کنفیوشس مذہب ۔

Confucianist : (n) کنفیوشیت کا پیرو ۔

Confuse : (v) [L. "Confusus"] (۱) ابتر کردینا : درہم برہم کر دینا : خلط مبحث کر دینا : پریشان کرنا : بے ترتیب یا گڈ مڈ کرنا ۔ (۲) شرمندہ کرنا : جھنپانا ۔

Confused : (a) درہم برہم ' پریشان خاطر : سراسیمہ : آشفتہ : گڈ مڈ : مشتبہ ۔

Confusedly : (adv) گڈ مڈ کر کے : درہم برہم کر کے ۔

Confusedness : (n) ابتری : پریشانی : بے ترتیبی ' شرمندگی ۔

Confusingly : (adv) گڈ مڈ طور پر ۔

Confusion : (n) (۱) گڑبڑ : ابتری : پراگندگی : انتشار : الجھن : برہمی : پریشانی : افراتفری : اختلاط : شکست ' تباہی : اشتباہ ۔ (۲) (قانون) دو حقوق کا ایك جگہ مل جانا ۔

To drink confusion to : (کسی کی) بربادی کا جام پینا ۔

Confusional : (a) ذہنی پراگندگی سے متعلق ۔

Confusion worse confounded : پہلے سے زیادہ خرابی : بدتری ۔

Confutation : (n) [L. "Confutationem"] (۱) تکذیب : ابطال : رد کلام ۔ (۲) (نفسیات) تردید ۔

Confute : (v) (۱) (کسی کو) خطا وار ثابت کرنا ۔ (۲) (استدلال کو) غلط ثابت کر دینا ۔ (۳) مغلوب کرنا : خاموش کرنا : ساکت کرنا ۔ (٤) باطل کردینا ۔

Confutable : (a) قابل رد : قابل تکذیب : قابل ابطال ۔

Confutative : (a) تکذیب : ابطالی ۔

Confutator / Confuter : (n) رد کرنے والا: مغلوب کرنے والا۔

Confutement : (n) دیکھو Coufutation

Conge / Congee : (n) [L. "commeatus"] (۱) جانے کا رسمی اجازت نامہ ۔ اجازت ؛ اجازت نامہ۔ (۲) برطرفی ؛ موقوفی۔ (۳) تادیب ؛ تعظیماً کورنش بجا لانا رخصت کے وقت۔

Conge: (n) ایک چوتھائی مدور ڈھلائی۔

Conge d'clire: اسقف کے انتخاب کی شاہی اجازت۔

Congeal : (v) [L."congelare"] جمنا یا جمانا ؛ یخ بستہ کرنا یا ہونا؛ منجمد کرنا (سیال اشیاء کا)۔

Congealable : (a) قابل انجماد۔

Congealableness : (n) انجماد پذیری ؛ یخ بستگی۔

Congealed : (a) منجمد ؛ یخ بستہ ؛ جماھوا۔

Congealer : (a) جمانے والا ؛ جمنے والا۔

Congealment : (n) (۱)انجماد ؛ عمل انجماد۔(۲) منجمد

Congee : (n) وہ پانی جس میں چاول ابالا گیا ھو ؛ مانڈ۔

Congee: (v) [OF."congeer"] رخصت کے وقت سلام کرنا ؛ کورنش بجالانا۔

Congelation : (n) [L."congelationem"] (۱)جماوٹ ؛ انجماد ؛ بستگی۔(۲)منجمد شئے ؛ انجمادیت۔

Congener : (n) [L."con-+-gener"] (۱) ھم جنس ؛ ھم نوع ؛ متحد النوع ؛ مشابہ ؛ متجانس۔ (۲) (لسانیات) حالت مشابہتی ؛ ھم قوم۔

Congeneric/-al : (a) ھم جنس ؛ ھم قوم ؛ ھم اصل ؛ متحد الاصل ؛ ھم قسم۔

Congenerous : (a) متحد العمل اعصاب۔

Congenerousness : (n) ھم نوعیت ؛ ھم جنسیت۔

Congenial : (a) [L."congenialis"] (۱) (اشخاص یا مزاج وغیرہ) ھم مزاج ؛ ھم رنگ ؛ ھمدرد ؛ ھم خو؛ ھم ذوق ؛ ھم مشرب۔(۲) موافق ؛ مناسب (حال) ؛ پسندیدہ ؛ خوش گوار ؛ سازگار۔

Congenial atmosphere : (سماجیات) موافق ماحول۔

Congeniality : (n) ھم رنگی ؛ موافقت ؛ مناسبت ؛ خوشگواری؛ سازگاری۔

Congenialize : (v) موافق بنانا ؛ مناسب بنانا ؛ سازگار بنانا ؛ خوشگوار بنانا۔

Congenially : (adv) موافقت سے ؛ مناسب طور پر ؛ خوشگوارانہ۔

Congenital : (a) [L. "congenitus"] پیدائشی ؛ مادر زاد ؛ آبائی ؛ موروثی ؛ خلقی ؛ طبعی (خصوصاً بیماری ، عیوب وغیرہ)۔

Congenital : (adv) پیدائشی طور پر ؛ طبعی طور پر ؛ پیدائش سے۔

Conger : (n) [Gr. " gongros"] بڑی بام (مچھلی) ؛ سمندری بام۔

Conger : (n) کتب فروشوں کی انجمن۔

Conger-eel : (n) بڑی بام مچھلی۔

Congerios : (n) [L.] ڈھیر تودہ ؛ مجموعہ ؛ ذخیرہ۔

Congest : (v) [L. "congest"] بھرنا ؛ ٹھس جانا ؛ جمع ھو جانا ؛ جماؤ ھونا (خاص کر خون کا کسی رگ میں) ؛ اشتداد یا غلبہ ھونا ؛ (طب) اختناق دم ھونا۔

Congested : (a) (۱) خون جماھوا ؛ اختناق۔ (۲) (نباتیات) مجتمع۔

Congestion : (n) [L. "congestionem"] اشتداد ؛ انجماد ؛ اختناق ؛ (استعارتاً) کثرت آبادی ؛ بھیڑ بھاڑ (مسافروں وغیرہ کی)۔

Congestion problem : (شماریات) قضیہ بھیڑ۔

Congestive : (a) اختناقی یا دمونی (امراض وغیرہ)۔

Congestive : (n) [L. " congiarium"] (قدیم روم) عوام یا سپاھیوں میں تقسیم شدہ ؛ تحفہ۔

Congius: (n) [L.] (۱) (قدیم روم) سیال چیزوں کو ناپنے کا ایک آلہ جو ۷ پوائنٹ کے برابر ھوتا تھا۔ (۲) (دواسازی) ایک گیلن۔

Conglobate : (v) [L. "conglobare"] گولانا ؛ گول یا مدور بنانا ؛ گول تودہ بنانا۔

Conglobate : (a) گول ؛ مدور ؛ گنبد کاسا ۔

Conglobately : (adv) مدورانہ ؛ گول شکل میں ۔

Conglobation : (n) استدرات ؛ تدویر؛ مدوریت ۔

Conglobe : (n) دیکھو Conglobate

Conglomerate : (a) [L."con+gloulubs"+-ATE] کم بیش مدور ڈھیر یا تودہ ؛ گچھا دار؛ گول تودے یا ڈھیر کی شکل میں جمع کیا ہوا ۔

Conglomerate : (n) [L. "conglomeratus"] (۱) مدور اور پانی سے گھسے ہوئے ٹکڑوں کی جڑی ہوئی چٹان ؛ شفتہ سنگی یا طبیعی ۔ (۲) (ارضیات) تحجر ؛ تراکم ؛ ذروں کا پانی میں بیٹھ کر جمنا یا پتھربن جانا ؛ رکمہ ۔ (۳) مخلوط ۔ (٤) (کیمیا) ڈھیر ؛ تودہ ۔

Conglomerate: (v) ڈھیر کرنا ؛ گول ڈھیر چننا؛ ڈھیر ہوجانا ۔

Conglomeratic/Conglomeritic : شفتہ سنگی سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Conglomeration : (n) (۱) ڈھیر ؛ ڈھیر ہونا ؛ رکام ۔ (۲) (کیمیا) جمع ہونا ۔

Conglutin: (n) (کیمیا) ایک پروٹینی سفید مادہ جو بادام میں پایاجاتا ھے ۔

Conglutinate : (a) [L. "conglutinatus"] (نباتیات) چسپیدہ ؛ چپکا ھوا (گوند یا سریش سے) ۔

Conglutinate : (v) چپکانا ؛ چپکنا ۔

Conglutination : (n) چسپیدگی ۔

Conglutinative : (a) جوڑنے والا ۔

Congo : (n) (۱) کونگو ؛ مغربی افریقہ کا ایک ملک ۔ (۲) اھل کونگو ؛ کونگو کا باشندہ ۔

Congo : (n) ایک قسم کا رقص ۔

Congo-monkey : (n) ایک قسم کا بندر جو کونگو امریکا میں پایا جاتا ھے ۔

Congo snake : (n) ایک قسم کا زھریلا سانپ جو کونگو میں پایا جاتا ھے ۔

Congored : (n) (کیمیا) کونگو ریڈ ۔

Congou/ Congo : (n) [Chinese. "Kung-fu-h'a"] ایک قسم کی کالی چائے جو چین میں پائی جاتی ھے ۔

Congratulate : (v) [L."congratulat'] مبارک باد دینا ؛ مبارکباد کہنا ؛ تہنیت ادا کرنا ۔

To congratulate oneself: اپنے آپ کو خوش نصیب خیال کرنا ۔

Congratulable : (a) قابل مبارکباد ۔

Congratulant : (n) (۱) تہنیت خواں ۔ (۲)مبارکباد کہنے یا دینے والا ۔

Congratulatingly : (adv) مبارکباد دیتے ہوئے ؛ مبارکباد کہتے ہوئے ۔

Congratulation : (n) تہنیت ؛ مبارکبادی ؛ مبارکباد ؛ مبارکی ۔

Congratulator : (n) تہنیت گذار ؛ مبارکباد کہنے والا ۔

Congratulatory / Congratulative : (a) تہنیت آمیز ؛ تہنیتی؛ مبارکباد کا ۔

Congreganist : (n) [F." congreganiste"] عیسائی سلسلے کے راھبوں یا دوسرے مذھبی سلسلوں کی راھباؤں کے ذریعے چلائے جانے والے فرانسیسی اسکول ۔

Congregate : (a) [L. "congregare"] مجتمع ؛ اجتماعی ۔

Congregate: (a) اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا یا ھونا (اشخاص کا) ؛ ڈھیر لگانا (چیزوں کا) ۔

Congregated : (n) مجتمع ؛ (نباتیات) اجتماعی ۔

Congregation : (n) [L. "congergationem"] (۱) سبھا ؛ انجمن ؛ مجلس ؛ جماعت ؛ اجماع ۔ (۲) اراکین جامعہ کا عام اجتماع ۔ (۳) (بائبل) بنی اسرائیل (بحالت سر گردانی) ۔ (۳) مجمع جو کسی قومی غرض کے لئے جمع ھوا ھو۔ (٤) عبادت گذاری کا مجمع یا جماعت ۔ (٥) اساقفہ کی مستقل مجلس ۔ (٦) کسی بڑے سلسلے کی خانقاھوں کا ایک مجموعہ جو عقائد و ضوابط کے قریبی رشتے میں منسلک ھوں ۔ (۷) (تاریخ) مذھبی اجتماع ؛ مذھبی جماعت ۔

Lords of the congregation: وہ امرا اور رؤسا جو قومی عیسائی خانقاہ کے حامی ہوں ۔

Congregation of saints and wicked &co. (بائبل) زمرہ ابرار و اشرار وغیرہ ۔

Congregational : (a) جماعت سے متعلق ؛ اجتماعی ؛ باجماعت ۔

Congregationaliee : (v) کلیسا کو اندرونی اختیارات دے دینا ۔

Congregationalism : (n) (۱) کلیسا کی خود مختاری (اپنے معاملات میں) ۔ (۲) وہ جماعتی آداب و رسوم جو علاقائی طور پر کلیسا کے اندرونی حلقہ میں ادا کئے جائیں ۔

Congregationalist : (n) کلیسا کی خود مختاری کا حامی ؛ خود مختار ۔

Congregationally : (adv) کلیسا کی خود مختاری کی رو سے ۔

Congregationless : (a) بے جماعت ؛ غیر جماعتی ۔

Congress : (n) [L."congressus"] (۱) (نائبین یا مبعوثین کی) مجلس ۔ (۲) سبھا ؛ انجمن ؛ کانگریس (خصوصاً ملکی معاملات کی) ۔ (۳) امریکہ کی مجلس ملکی یا جمہوری ۔ (٤) مباشرت ؛ جنسی صحبت ؛ مجامعت ؛ مقاربت ۔ (۵) سماجی روابط ؛ سماجی ارتباط؛ ذهنی ارتباط ۔ (٦) کسی مسئلہ پر بحث مباحثہ یا تصفیہ کی مجلس (خصوصاً سیاست میں) ۔ (۷) بین الاقوامی معاملات کو تصفیہ کرنے کےلئے خود مختار ملکوں کے سفرایا نمائندوں یا خودفرمانروائی کا جلسہ ۔ (۸) کسی انجمن یا متخصصین کا میعادی جلسہ یا جلسوں کا سلسلہ ۔

Bird of congress : جهنڈ میں رہنے والا پرندہ ۔

Congress : (v) مجتمع ہونا ؛ انجمن بنانا ؛ جمع ہونا ۔

Congrees-boot : (n) اونچا بوٹ جس کے دونوں کنارے پھیلنے سکڑنے والے ہوں ۔

Congress-cap : (n) اجلی نیچی کھدر کی ٹوپی جو ہندوستان کے کانگریسی پہنتے ہیں ؛ گاندھی ٹوپی ۔

Congress man : (n) (۱) (امریکہ) امریکی کانگریس کا رکن ۔ (۲) (تاریخ) کانگریسی ۔

Congress-water : (n) کانگریس اسپرنگ (جھرنا) کا معدنی پانی ۔

Congress- woman : (n) امریکی کانگریس کی رکن ۔

Congress- worker : (n) کانگریس کارکن ۔

Congressional : (a) مجلس کا، مجلسی ؛ انجمن سے متعلق ۔

Congressist : (n) =(congressionalist, congressionit) کانگریس کا رکن یا پیرو ۔

Congressite : (n) کانگریسی ، ہندوستانی کانگریس کا رکن ۔

Congreve :(a) [f.Sir W. Congreve, the inventor of both] ایک شخص کا نام جس کے نام سے کانگریودیا سلائی اور کانگریو خدنگہ منسوب ہیں ۔

Congreve match : (n) کانگریو دیا سلائی ۔

Congreve rocket : (n) کانگریو خدنگہ ۔

Congrid : (n) [L. "cod.L.'congridae"] ایک قسم کی مچھلی ۔

Congroid : (n) [L." congrus"] کانگر ذات کی مچھلی ۔

Congruence/Congruency : (n) [L."congruentia"] تطابق ؛ توافق ؛ اتحاد ، مناسبت (باهمی) ، هم آهنگی ؛ دمسازی ؛ اتفاقی ، (نظریہ اعداد) ان دو عدد کا باهمی رشتہ جو ایک هی عدد سے تقسیم کرنے سے باقی یکساں هو ؛ (هندسہ) خطوں کا رہ طریقہ جس میں دونوں خطوں کی مجموعی لمبائیوں میں دہرا رشتہ هو؛ (طبیعیات) هوبہوبت ؛ (ریاضی) مماثلت ۔

Congruency axiom : (طبیعیات) هو بہویت کا عقیدہ ۔

Congruent : (a) سازگار ؛ مطابق ؛ موزوں ، مناسب ؛ موافق ؛ مماثل ۔

Congruent reduction : (n) (ریاضی) مماثل تخفیف ۔

Congruent transformation : (n) (ریاضی) مماثل استحالہ ۔

Congruently : (adv) مطابق هوکر ؛ سازگاری سے ، موزونیت سے ؛ موافق هوکر ۔

Congruently patterned : (a) =(pattern congruity) (لسانیات) نمونہ جاتی مناسبت ۔

Congruism : (n) [L."congruus"] (کلیسا) یہ عقیدہ کہ فیض خداوندی ہر شخص کو اس کی شخصیت اور وضعیت کے مطابق عطا ہوتا ہے۔

Congruist : (n) فیض خداوندی کے عقیدے کا حامی ۔

Congruistic : (a) اس عقیدے کے حامی سے متعلق ۔

Congruity : (n) [L."conguitatem"] موزونیت ؛ متجانست: مطابقت ؛ توافق ؛ ہم آہنگی ' (مسیحی دینیات) یہ نظریہ کہ خداوند تعالیٰ اعمال نیک کے مطابق یا اس سے فاضل اپنی بخششیں عطا کرتا ہے ' (عقیدہ تفویض مسیحی) یہ عقیدہ کہ خداوندی فیض ہر شخص کو اس کی شخصیت اور وضعیت کے مطابق عطا ہوتا ہے ۔

Congruous : (a) مطابق ؛ مناسب ؛ موافق ' متجانس' شایاں ؛ موزوں ؛ سازگار ؛ ہم آہنگ ۔

Congruously : (adv) موافق ہو کر ؛ مطابق ہو کر: ہم آہنگی سے ۔

Congruousness : (a) تطابق؛ موافقت؛ موزونیت؛ متجانس

Conhydrine/Conhydria : (n) [CON(INE)+HYDR (ATE)+ INE] زہریلی بلوری القلی جو شکران میں پائی جاتی ہے ۔

Conia : (n) [L."conium"] ایک قسم کا نباتی زہر ۔

Conic : (a) [Gr. "konos"] (۱) مخروطی شکل ؛ مخروط ؛ ہرم: تراش مخروطی ۔ (۲) کیمیا) کونک ۔

Central conic : (طبیعیات) مرکزی کونک ' (ریاضی) مرکزی مخروطی ۔

Conic node : (n) (ریاضی) مخروطی عقدہ ۔

Conical : (a) (۱) مخروطی ' متعلق بہ مخروط ۔ (۲) (طبیعیات) کونکی ۔

External conical refraction : خارجی کونکی اپ ورتن ۔

Internal conical refraction : اندرونی کونکی اپ ورتن ۔

Conical angle : (n) (طبیعیات) مخروطی زاویہ ؛ کونکی زاویہ ۔

Conical core : (n) (تاریخ) مخروطی قلب ۔

Conical flask : (n) (کیمیا) مخروطی فلاسک ۔

Conical frustum : (n) (ریاضی) مخروطی مقطوعہ ۔

Conical helic : (n) (طبیعیات) کونکی ہیلیکس ؛ مخروطی مرغولہ ۔

Conical pendulum : (طبیعیات) کونک پنڈولم ۔

Conical pipe : (n) (طبیعیات) کونک نلی ؛ کونک نل ۔

Conical pivot : (n) (طبیعیات) کونک چول ۔

Conical point : (n) کسی سطح پرکا وہ نقطہ جہاں خط ہائے مماس مخروط بناتے ہیں ۔

Conical projection : (n) (طبیعیات) کونک ظل ۔

Conical refraction : (n) (طبیعیات) کونکی اپ ورتن ۔

Conical surface : (n) (کیمیا) مخروطی سطح ' (طبیعیات)

Conically : (adv) مخروط بناکر ۔

Conicalness : (n) مخروطیت ۔

Conichalcite : (n) چونے اور تانبے کا ایک سبز آبی فاسفیٹ اور آرسینٹ ۔

Conicity : (n) دیکھو Conicalness

Conico : [Gr."koniko"] جزو ترکیبی بمعنی مخروط نما ؛ مخروطیت پذیر ؛ مائل بہ مخروطیت ۔

Coniocylinderical : (a) وہ استوانہ جس کا سرا مخروط نما ہو ۔

Conicohemispherical : (a) نصف کروی مائل بہ مخروط ؛ مخروط نما نصف کروی ۔

Conicoid : (n) (۱) (ہندسہ) وہ سطح جس کا ہر قطع مخروط ہو: شبیہ مخروطی ؛ مخروطی شکل ۔ (۲) (ریاضی) مخروطی نما ۔ (۳) (طبیعیات) کون کوئڈ ۔

Conicopoly : (n) [Corrupt f. Tamil "Canakka- pillai"] صوبہ مدراس کا ایک محرر یا منشی ۔

Conics : مخروطیات ۔

Analytical conics : (طبیعیات) تحلیلی مخروطیات ؛ تجزیاتی کونکس ۔

Confocal conics : (طبیعیات) ہم فوکس کونکس ؛ ہم ما کسی مخروطات ۔

Conidial : (a) ایک یك خلیہ کے غیر جنسی تولید کنندہ جرم سے متعلق ۔

Conidiferous : (a) غیرجنسی تولید کنندہ؛ جرم رکھنےوالا۔

Conidium : (n) [f. dim .of Gr." konis"] ایک یك خلیہ کا غیر جنسی تولید کنندہ جرم جو بعض سماروغ میں پایا جاتا ھے ۔

Conidophore : (n) قطرومہ کی شاخ یا ڈنٹھل جس میں Conidia پیدا ھوتے ھیں ۔

Conidophorous : (a) ایک یك خلیہ غیر جنسی تولید کنندہ قسم کے جرم پیدا کرنے والا ۔

Conifer : (n) [L. "conus-fer'] صنوبر کی قسم کے پودے ؛ نوع صنوبری : درخت کاج ۔

Coniferin : (n) صنوبر کے درختوں کی چھال یا پرت میں پیدا ھونے والا ' نباتی شکر ۔

Coniferous : (a) [L."conifer"] صنوبری ۔

Coniform : (a) مخروطی : ھر مخروطی شکل یا وضع کا ۔

Conine/ coniine : (n) [Gr."knonion"] ایک قسم کانباتی زھر ۔

Coniomycetas : (n) [Gr."konis+mykes"] اس سماروغ کا ایک خاندان جس میں گردآلود تخمك ھوتے ھیں۔

Coniomycetous : (a) گرد آلود تخمك والے سماروغ سے متعلق ۔

Coniospermous : (a) [f.as prec.+Gr.'sperma"] وہ سماروغ جس کے تخمك گرد کی مانند ھوتے ھیں ۔

Coniroster : (n) [L."conirostris"] مخروطی منقار والے پرندے ۔

Conirostral : (a) مخروطی منقار والے پرندے۔

Conite : (n) [Gr. "Konis',"Konia"] ایک قسم کی چٹان جس میں میگنیشیم کے اجزا ھوتے ھیں ۔

Conium : (a) [Gr. "Konion"] شوکران ۔

Conjecturable: (a) قابل قیاس آرائی ۔

Conjecturably : (adv) قیاساً ۔

Conjectural : (a) قیاسی : خیالی : اٹکل پچو : احتمالی : قیاسی ؛ تخمینی ۔

Conjecturally : (adv) قیاساً : احتمالاً : تخمیناً ۔

Conjecture : (n) [L. "conjectura"] خیال یا رائے (بغیر کسی کافی وجہ کے) قیاس : ظن : اٹکل : اندازہ خصوصاً کسی متن کی تنقید میں (اسی لئے قیاسی تعبیر یا تاویل) : گمان ' تخمینہ ۔

Conjecture : (v) قیاس کرنا ' قیاس دوڑانا : اٹکل چلانا : گمان کرنا : اندازہ کرنا ۔

Conjee / Congee : (n) =(Conjee) [Tamil."Kanji"] کانجی ۔

Conjee house : (n) کانجی ھاؤس : اڑگڑا ۔

Conjobble : (v) بحث کرنا : مشورہ کرنا ۔

Conjoin : (v) [L. "conjungere'] جوڑنا ؛ ملانا : جُڑ جانا : منظم کرنا ؛ وصل کرنا ' پیوستہ کرنا۔

Conjoined : (a) ملاھوا ؛ پیوستہ ' جڑا ھوا : متفق ۔ نشان نقابت میں دو یا دو سے زائد ملے ھونے نشان ۔

Conjoinedly : (adv) مل کر : پیوستہ ھو کر ' ضم ھو کر۔

Conjoiner : (n) ملانے والا : جوڑنے والا : منظم کرنے والا ۔

Conjoint : (a) جڑا ھوا : ملا ھوا : پیوستہ : ملزوم ' مقرون ' مربوط : مشترك ۔

Conjoint cause : (n) مشترك اسباب ۔

Conjoint degrees : (n) دوسُر جو پردے میں فوراً یکے با دیگرے ھو : دو پشت سر ھم سر۔

Conjointly : (adv) متفق ھو کر : مل کر ۔

Conjugable : (a) قابل گردان : قابل تصریف؛ صرف پذیر؛ قابل ازدواج ' نکاحی ۔

Conjugacy : (n) نکاحی رشتہ؛ ازدواجی رشتہ : تصریف : صرف ۔

Conjugal : (n) [L. "conjugalis"] ازدواجی : نکاحی بیاہ کا۔

Conjugal family : (n) (سماجیات)ازدواجی خاندان ۔

Conjugal right : (n) محبت و الفت : حقوق زوجیت :

Conjugality : (n) ازدواجیت ۔

Conjugally : (adv) بطور زوجیت ؛ ازدواجی طور پر ۔

Conjugate : (v) [L."conjugatus"] (۱) (صرف) گردانںا ؛ فعل کی گردان کرنا ۔ (۲) مباشرت کرنا ؛ هم بستر هونا ۔ (۳) (حیاتیات) مل جانا ؛ آمیز هو جانا؛ گھل مل جانا ؛ مواصل هونا۔

Conjugate : (a & n) (۱) جوڑ ؛ جفت ؛ زوج ؛ توام ۔ (۲) (نحو) ایک هی مادے سے مشتق؛ مشتقات؛ هم ماده ؛ هم ریشه ۔ (۳) (ریاضی) مزدوج (قطر) مقرون (مقادیر) ۔ (٤) (کیمیا) مرکب (جو دو مادوں سے براه راست بغیر پانی کے ملکربنے هوں) ؛ جوڑی دار۔ (٥) (نباتیات) جوڑا (پتیاں ، جو جفت جفت اُگی هوں) ۔ (٦) (طب) مرض چشم (دونوں آنکھوں کا مجبوراً بار بار ایک طرف مڑ جانا) ۔

Conjugate angles : (n) (طبیعیات) زوجی زاویے ؛ جوڑی دار زاویه ۔

Conjugate arcs : (n) (طبیعیات) زوجی قوس ؛ جوڑی دار کمان ۔

Conjugate chords : (n) (طبیعیات) زوجی اوتار (وترین) ؛ جوڑی دار وتر ۔

Conjugate complex number : (n) (طبیعیات) زوجی اعداد ملتف ؛ جوڑی دار مخلوط عدد ۔

Conjugate diametrical planes : (n) (ریاضی) زوجی قطری مستویان ۔

Conjugate element : (n) (طبیعیات) زوجی عناصر؛ جوڑی دار جزء ۔

Conjugate foci : (n) (طبیعیات) زوجی ماسکے ؛ جوڑی دار فوکس ۔

Conjugate forces : (n) (طبیعیات) زوجی قوتیں ؛ جوڑی دار بل ۔

Conjugate function : (n) (طبیعیات) زوجی تفاعل ؛ جوڑی دار فنکشن ۔

Conjugate hyperbolas : (n) (طبیعیات) جوڑی دار هائپر بولے ۔

Conjugate hystobolas : (n) (ریاضی) زوجی زائد۔

Conjugate imaginary line : (n) (طبیعیات) زوجی خیالی خطوط ؛ جوڑی دار خیالی خطوط ۔

Conjugate imaginary points : (n) (طبیعیات) زوجی خیالی نقطے ۔

Conjugate kinetic focus : (n) (ریاضی) زوجی حرکی ماسکه ۔

Conjugate latin squares : (n) (شماریات) مندوج لاطینی مربعے ۔

Conjugate of a matrix : (n) (ریاضی) ماترس کازوج ۔

Conjugate quadratic surds : (n) (طبیعیات) زوجی اصم ؛ جوڑی دار دو مدی اصم ۔

Conjugate radius : (n) (طبیعیات) جوڑی دار ریڈیس ؛ زوجی نصف قطرین ۔

Conjugate rankings : (n) (شماریات) مندوج درجه بندی ۔

Conjugate solution : (n) (طبیعیات) زوجی حل ؛ جوڑا دار حل ۔

Conjugate transpose : (n) (طبیعیات) زوجی حل ؛ جوڑا دار حل ۔

Conjugated : (a) مرکب ؛ جفت شده ؛ پیوسته ۔

Conjugated diameters : (n) (طبیعیات) زوجی قطرین؛ جوڑی دار قطر ۔

Conjugated double bond : (n) (کیمیا) جٹا دو بند؛ (طبیعیات) جوڑی دار دوهرا بند۔

Conjugating tube : (n) (طبیعیات) جوڑا دار نلی ۔

Conjugation : (n) (L."conjugationem") (۱) مواصلیت ؛ ترویج ؛ پیوند ۔ (۲) فعل کی گردان ۔ (۳) (حیاتیات) دو متوالد خلیوں کی مواصلت جس سے تیسرے کی تولید هو ۔ (٤) (حیوانیات) سنجوگ ؛ ازدواج ۔

Mixed conjugation : (لسانیات) مخلوط گردان ۔

Negative conjugation : (لسانیات) گردان نفی ۔

Periphrastic conjugation : (لسانیات) پیچیده گردان ۔

Strong conjugation : (لسانیات) بے قاعده گردان ۔

Weak conjugation : (لسانیات) باقاعده گردان ۔

Conjugational : (a) (۱) مواصلتی : پیوندی : ترویجی : تصریفی ۔ (۲) (عضویات) دو ہڈیوں کے جوڑ پر واقع ۔

Conjugationally : (adv) پیوستگی سے : پیوندی سے : مواصلت سے ۔

Conjugative : (a) تصریف پذیر : مواصلت پذیر۔

Conjugato- : جزء ترکیبی بمعنی پیوستہ : جوڑ ۔

Conjugial : (a) ازدواجی Swedon Borg کا یہ عقیدہ کہ ازدواج روحانی ہوتا ہے ۔

Conjunct : (a&n) [L. "conjunctus"] (۱) ہم پیوستہ، جزواں : توام : آپس میں ملے ہوئے : لازم و ملزوم : متصاحب : مشترک : کسی کا اس طرح رشتہ دار کہ وہ کسی کے خلاف یا موافق گواہی نہیں دے سکتا اور نہ کسی معاملے میں اس کا حکم بن سکتا ہے ۔ (۲) (لسانیات) معطوف ۔

Conjunct consonant : (n) =(compound command) (لسانیات) مرکب مصمتہ ۔

Conjunct degrees : (n) Conjoint degrees دیکھو

Conjunction : (n) [L. "conjunctionem"] (۱) ساتھ، میل : جوڑ : تلازم ۔ (۲) (نجوم) دو اجرام فلکی کا اجتماع یا قران، اجتماع ۔ (۳) حالات یا واقعات کا ایک ہی زمانہ میں ہونا۔ (٤) (نحو) حرف عطف ۔ (٥) سنجوگ : اجتماع : اتحاد ۔ (٦) (منطق) وہ قضیہ جو اسوقت سچ ہوتا ہے جب اس کے دونوں اجزاء سچ ہوں ۔

Adversative conjunction : (لسانیات) عطف نقیض ۔

Affirmative conjunction : (لسانیات) عطف ایجابی ۔

Causal conjunction : (لسانیات) عطف سببی ۔

Comulative conjunction: (لسانیات) عطف مجموعی ۔

Concessive conjunction : (لسانیات) رعایتی حرف ربط۔

Connective conjunction : (لسانیات) عطف ربطی ۔

Contimative conjunction : (لسانیات) عطف تسلسلی ۔

Coordinating conjunction : (لسانیات) عطف ترتیبی ۔

Copulative conjunction : (لسانیات) عطف وصلی ۔

Correlative conjunction : (لسانیات) عطف تلازمی: عطف متلازم ۔

Disjunctive conjunction : (لسانیات) عطف تفریقی ۔

Hypothetical conjunction : (لسانیات) عطف شرطی ۔

Illative conjunction : (لسانیات) عطف استخراجی ۔

Negative conjundtion : (لسانیات) عطف منفی ۔

Positive conjunction : (لسانیات) عطف مثبت ۔

Purposive conjunction : (لسانیات) عطف تابع ۔

Subordinating conjunction : (لسانیات) عطف تطابق ۔

Suppositive conjunction : (لسانیات) عطف مفروضی ۔

Temporal conjunction : (لسانیات) عطف زمانی ۔

Conjunctional : (a) اقترانی : عطفی : اجتماعی ۔

Conjunctiva : (n) غشاء مخاط، پلک چشم کی داخلی سطح ۔

Conjunctival : (a) غشاء مخاط سے متعلق ۔

Conjunctive : (a) (۱) (نحو) واصل، ملانے والا : عطفی: عطفیہ : معطوف علیہ : جملہ عطف : متصل پیوستہ ۔ (۲) (منطق) شرطیہ، تمنائی ۔ (۳) (نفسیات) اتصالی ۔

Conjunctive Adverb : (n) (لسانیات) عطف متعلق فعل ۔

Conjunctive mood : (n) شرطیہ (فعل کی شرطی صورت) ۔

Conjunctive pronoun : (n) (لسانیات) ضمیر عطفی ۔

Conjunctively : (adv) ملاکر : عطف کرکے : پیوستہ کرکے : شرط کرکے ۔

Conjunctively : (adv) پیوست ہو کر : متحد ہو کر: مل کر : متفق ہو کر : متفقہ طور پر۔

Conjunctiveness : (n) پیوستگی : عطفیت : شرطیت ۔

Conjunctivitis : (n) ورم ملتحمہ ۔

Conjuncture : (n) [F."conjoncture"] واقعات یا حالات کا تواقف (املنا، آپڑنا) : نازک وقت : دشوار موقع : سنکٹ : اتفاقی مشکل وقت ۔

Conjuration : (n) [L." conjurationem"] (۱) استدعا (قسم دے کر یا خلوص دل سے) ' مفت : التجا : حلف : محالفه ۔ (۲) جادو : منتر : جهاڑ پهونك : ٹوٹکا ' سحر : طلسم : افسوں ۔

Conjurator : (n) [L."conjuratorem"] سازش میں شریك : باهم عهد و پیماں ۔

Conjure : (v) [L. "conjurare"] (۱) به قسم : صدق دل سے درخواست کرنا ' جادو کے زور سے مسان جگانا ' حاضرات کرنا ' شعبده بازی کرنا ۔ (۲) خدا کا واسطه دلانا ' حلف دیکر پوچهنا' افسوں یا سحر کرنا۔ (۳) (جادو کا) اثر کرنا: باهر لانا : نکالنا ' لے جانا : خیال کے ساتھ لا کر کهڑا کرنا (بهوت پریت کا)؛ مؤکل بلانا' هم عهد هونا : هم میثاق هونا ۔

Conjurer / -ror : (n) (۱) جادو گر : مداری : ساحر ' شعبده باز : عیار؛ بلا کا چالاك ۔ (۲) هم عهد: هم میثاق : هم سوگند : هم پیماں ۔ (۳) مستدعی : ملتمس ۔

No conjuror : سست : بودا' غیر چالاك ۔

Conjuress : (n) جادو گرنی : ساحره ' عورت جادو گر۔

Conk : (n) [fig. from CONCH] (بازاری اصطلاح) ناك : سر۔

Conk : (v) سر پر ضرب لگانا ' غش کهانا؛ بیهوش هو جانا؛ ٹوٹ جانا (خاص کر انجمن کا) ۔

Conky : (a) بڑی اور ابهری ناك والا۔

Conkers : (n) [dial."conker"] بچوں کا ایك قسم کا کهیل ۔

Connate : (a) [L."connatus"] (۱) جڑواں : توام؛ همزاد' خلقی؛ پیدائشی: مادر زاد ۔(۲) (نباتیات و حیوانیات) متحد فی الاصل : توام : هم خلقت ۔

Connate perfoliate : (نباتیات) ایسی متخالف پتیاں جو قاعده پر متحد هو کر ایك بڑا پته بن جاتی هیں اور جس کے اندر سے ڈنٹهل گذرتا هے ۔

Connation : (n) پیدائشی اتحاد ' اتحاد مادر زاد۔

Connatural : (a) [L."connaturalis"] طبعی : خلقی : جبلی ۔ (۲) هم فطرت : هم مزاج ۔ (۳) هم ذات : هم جنس ۔

Connaturality : (n) هم جنسی : هم طبعی ۔

Connaturalize : (v) هم ذات بنانا؛ هم جنس بنانا ۔

Connaturally : (adv) هم جنس هو کر : خلقی طور پر: طبعی طور پر : جبلّی طور پر ۔

Connature : (n) هم جنسی : جبلت ۔

Connect : (v) [L."connectere"] (۱) (دو چیزوں کو) جوڑنا؛ ملانا؛ لگانا : گانٹهنا : باندهنا۔ (۲) (استدلال وغیره میں) ملانا؛ تعلق پیدا کرنا : سلسله قائم کرنا؛ پیوست یا رشته کرنا؛ وصل کرنا؛ مربوط کرنا : متصل کرنا۔

Connected : (a) جوڑا هوا ' مسلسل : مربوط: متحد: متصل ۔

Connectedly : (adv) مسلسل: متصل : سلسله وار۔

Connectedness : (n) ربط : تعلق ۔

Connecter/ -or : (n) (۱) ملانے والا: جوڑنے والا: متحد کرنے والا: سلسله قائم کرنے والا ۔ (۲) ابر کی چهوٹی نلکی ۔ (۳) (برقیات) برق کش کے دو حصوں میں اتصال پیدا کرنے والا ۔ (٤) ریل کے ڈبوں کو جوڑنے والی زنجیر۔ (٥) شهتیروں کو جوڑنے والا ۔

Connectible : (a) مل سکنے والا : اتحاد پذیر : ارتباط پذیر۔

Connecting : (n) ملاتے هونے ' جوڑتے هونے ' ملانے والا۔

Connecting link : (n) جوڑنے والی کڑی ۔

Connecting rod : (n) مشین کا وه پرزه جو دوسرے پرزوں کو ملانے ۔

Connecting vowel : (n) (لسانیات) رابط مصوته ۔

Connection / Connexion : (۱) سلسله : تعلق : جوڑ: علاقه : میل : لگاؤ : بندش ۔ (۲) اتحاد؛ اتفاق؛ رابطه؛ ارتباط؛ وابستگی؛ اتصال ۔ (۳) مجامعت : جنسی تعلق : مقاربت ۔ (٤) ارتباط اور سلسله (خیالوں کا) ۔ (٥) سباق : حواله : موقع ۔ (٦) سلسله : مطابقت ۔ (۷) حروف : رابطه : اتصال ۔ (۸) حلقه : جوڑ : کڑی ۔ (۹) وسیله حمل و نقل : ذریعه آمد و رفت ۔ (۱۰) وه شخص

جو ازدواجی، سماجی، خونی، خاندانی یا مشترک مفاد کے ذریعہ وابستہ ھو۔ (۱۱) مقام : کام : شغل ۔(۱۲) مال ممنوعہ کا ذریعہ ۔ (۱۳) فرقہ : طبقہ : زمرہ ۔ (۱٤) ایک مذھبی انجمن جو کلیسا کی تنظیم کی ایک مخصوص شکل پرعمل کرتی ھو ۔(۱۵) جوڑ لگانے والا ۔ (۱٦) ناجائز تعلق ' آشنائی ۔ (۱۷) رشتہ داری : رشتہ دار ۔(۱۸) گاھک ۔(۱۹) (حالت جمع میں) خریدار (ساتھ والے) ۔ (۲۰) میل (ریل یا جہاز وغیرہ کا) ۔

Index of connection : (شماریات) اشاریہ تعلق ۔

To run in connection : سلسلہ وار ھونا ۔

To make connection : رشتہ قائم کرنا: رابطہ پیدا کرنا۔

Connectional : (a) متعلق ' مسلسل' سلسلہ وار۔

Connectionalism : (n) (۱) کلیسا کی تنظیم کی ایک مخصوص شکل ۔(۲) (نفسیات) علاقیت ۔

Connectival : (a) ربط ساز سے متعلق ۔

Connective : (a&n) (۱) ربط پیدا کرنے والا: ربط ساز: ملانے والا' جوڑ لگانے والا ' حرف ربط یا اتصال ۔ (۲) (نباتیات) ریشے کا وہ حصہ جو گوشوں کو زیرہ سے ملاتا ھے۔

Connective conjunction : (n) (لسانیات) عطف ربطی ۔

Connective tissues : (n) (۱) (تشریح) نسیج موصل ۔ (۲) (حیوانیات) اتصالی بافت ۔

Connectively : (adv) ربط سازی سے: جوڑ لگاکر۔

Connector : (n) =(connected) واصل/ ملانے والا۔

Conner : (n) [OE."cunnere"] مفتش : جانچنے والا' آزمانش کرنے والا' نگراں : باز پرس کرنے والا ۔

Connex : (n) [L."connexus"] (۱)اپنے علاقے کے دو ممیز رکنوں کو ملانے والا ۔(۲) (نحو) کسی نحوی ترکیب کی اکائی سے متعلق ۔

Connexity : (n) جوڑ : ارتباط ' تعلق ' علاقہ: ربط ۔

Connexivum : (n) [L.] (حشریات) بعض حشرات کے شکم کے پہلوؤں کے پھیلے ھوئے کنارے ۔

Conning : (n) جہازیا طیارہ کی رفتاراوررخ کی رھنمائی ۔

Conning tower : (n) جنگی جہاز کا اطاق رھنمائی ۔

Conniption : (n) [Origin unknown] غصہ یا ھسٹریا یا دہشت یا خوف کی کیفیت ۔

Connive : (v) [L."connivere"] (۱) چشم پوشی کرنا: اغماض کرنا : نظر انداز کرنا' ھو جانے دینا: تجاھل کرنا ۔(۲) غلط کام کی مجرمانہ اجازت دینا ۔

Connivence/-ance : (n) چشم پوشی' اغماض ' اندرونی یا در پردہ اجازت (تجاھل یا برداشت کے ذریعے) : حوصلہ افزائی ۔

Connivent : (n) (۱) چشم پوشی یا اغماض کرنے والا: چشم پوش ۔(۲) (حیاتیات) راجع : مائل بہ مرکز (جیسے پھول کی پنکھڑیاں) ۔

Connivent valves : چھوٹی انتوں کے غشاء مخاطی کی اور تہیں ۔

Connixation : (n) [L."nix"] آتش زدگی کے بعد ۔ برف ۔

Connoisseur : (n) [L."cognscitorem" نقاد : دقیقہ شناس' نکتہ رس' مبصر: (ذوقی معاملات میں) جانچنے والا : پرکھنے والا ' صاحب ذوق ۔

Connoisseur of art : (n) (تاریخ) مبصر فن' نقادفن ۔

Connoisseurship : (n) دقیقہ شناسی : ذوق سلیم : پرکھ: نکتہ رسی ۔

Connotation : (n) [L. "connotationem"] (۱) تعبیر : عبارت: منطق : تضمین ' دلالت : ضمنی : معنی ۔(۲) (نفسیات) مفہوم ۔

Conventional connotation : (نفسیات و تعلیمات) رسمی مفہوم ۔

Objective connotation : (نفسیات و تعلیمات) معروضی مفہوم ۔

Subjective connotation : (نفسیات و تعلیمات) موضوعی مفہوم۔

Connotative : (a) (۱) مرادف: تعبیری: متضمن: تضمینی: متعلق بمعنی ۔ (۲) (نفسیات) مفہومی ۔

Connotative term : (n) (منطق) وہ حد جو کسی فرد کو بتائے اور ضمنی طور پر اس کے اوصاف کی طرف اشارہ کرے ۔

Connotatively : (adv) تعبیری طور پر ؛ ضمنی طور پر؛ معنی سے متعلق ہو کر ۔

Connote : (v) [L. "connotare"] (۱) اصل کے ساتھ اضافی معنی دینا؛ اصل یا جنس ظاہر کرنا؛ نتیجہ ظاہر کرنا ۔ (۲) (منطق) کسی فرد کو بتاتے ہوئے اس کے اوصاف کی طرف اشارہ کرنا ۔

Connubial : (a) [L."connubialis"] ازدواجی : میاں بیوی؛ زن و شوہر کے متعلق ؛ نکاحی ۔

Connubiality : (n) زوجیت : شادی کی رسم یا اس کا حق ۔

Connubialize : (v) شادی کرنا ۔

Connubially : (adv) ازدواجی طور پر۔

Conocarp : (Gr."konos+korpos") وہ پھل جس کے بغچہ، گل ایک مخروطی مرکز پر مرتب ہوں ۔

Conocarpous : (a) اثمار یا۔

Conocuneus : (n) [L."conus+cuneus"] (ہندسہ) وہ شکل جس کا قاعدہ مخروط کی طرح ایک دائرہ ہو لیکن اس کا سرا نوکیلا ہونے کے بجائے ماہی پشت ہو ۔

Conodont : (n) [Gr."konos-odont"] (قدیم حجریات) دانت کی مانند ایک چھوٹا سا جسم متحجر ۔

Consequential damage : (n) (تجارت) تاوان بطور نتیجہ ؛ ضد بطور نتیجہ ۔

Consequential loss : (تجارت) نقصان بطور نتیجہ ۔

Conoid : (a&n) [Gr."konoides"] (۱) مخروطی؛ صنوبری ؛ گاؤ دم ۔ (۲) (ہندسہ) مخروطی ؛ ہرم ؛ قبہ ؛ مخروط نما ۔

Conoidal : (a) قبہ نما؛ ہرمی ؛ ہرم نما ۔

Conormal : (a) (ریاضی) ہم عمود؛ مشترک عمود رکھنے والا ۔

Conoscente : (n) [It.] دقیقہ شناس؛ نکتہ رس ۔

Conquer : (v) [L."conquerere"] غالب آنا؛ زیر کرنا؛ مطیع کرنا ؛ مالک ہو جانا (ملک کا) ؛ فتح کرنا ؛ تسخیر کرنا ؛ سر کرنا؛ مغلوب کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ شکست دینا ؛ جنگ میں جیتنا۔

Stoop to conquer : تدبیر کرنا؛ ایرپھیر سے کام لینا۔

Conquerable : (a) قابل تسخیر؛ تسخیر پذیر ؛ مسخر کرنے کے قابل ۔

Conquerableness : (n) تسخیر پذیری ۔

Conqueress : (n) فاتح (عورت) ۔

Conquering state : (n) (تاریخ) فاتح ریاست ۔

Conqueringly : (adv) فتح پاکر؛ غلبہ حاصل کرکے؛ مغلوب کرکے ۔

Conquerless : (a) نا قابل تسخیر ۔

Conqueror : (n) فاتح : غالب، فتحمند ، ظفریاب؛ مظفر۔

Play the conqueror : ہار جیت کا فیصلہ کرنا : (محاورہ) آخری بازی لگانا ۔

The conqueror : ولیم اول شاہ انگلستان کا لقب ۔

Conquest : (n) [See CONQUER] (۱) فتح ؛ ظفر ؛ غلبہ؛ نصرت؛ تسلط (ملک پر) ۔ (۲) ملک مفتوحہ؛ مقبوضہ؛ فتوحات ۔ (۳) شخص جسے کسی نے اپنی محبت کا گرویدہ کر لیا ہو ؛ (کسی کا) کشتہ ۔ (٤) تحصیل مال ؛ مال کی تھیلی (غیر از راہ تورث خرید وغیرہ کے ذریعے) ۔

The conquest or Norman conquest : ولیم ڈیوک آف نارمنڈی کا انگستان کا تخت و تاج حاصل کرلینا ۔

Conquistador : (n) [Sp.] دیکھو Conqueror

Consanguine/ Consanguineous/ Consanguinean : (n) (سماجیات) ہم خون ؛ ہم جد ۔

Consanguine family : (n) (سماجیات) ہم خونی خاندان ۔

Consanguine group : (n) (سماجیات) ہم جدی گروہ یا جماعت۔

Consanguineous : (a) [L."consanguineus: +-OUS] هم خون؛ یك خون ' یگانہ : هم خاندان: رشتہ دار؛ یك جدی : صلبی ۔

Consanguineously : (adv) یگانگت سے : رشتہ داری سے ۔

Consanguinity : (n) (۱) یگانگت ' قرابت : هم خاندانی ؛ هم نژادی : قرابت : صلبی ۔ (۲) (سماجیات) هم خونی : هم جدی ۔

Lineal consanguinity : (سماجیات) خاندانی هم جدی ۔

Conscience : (n) [L."conscientia"] (۱) اچھے برے کی اخلاقی تمیز : ضمیر : ایمان : باطن ۔ (۲) ایقان : وجدان ' شعور خود آگاهی ۔ (۳) (میکانك) چار آئینہ : وہ قطعہ یا ٹکڑا (مشین کا) جس پر مزدور سینہ رکھ کر دباؤ ڈالتا ھے ۔

A matter of conscience : ایمانداری کا معاملہ ۔

For conscience sake : ضمیر کی خاطر : اطمینان قلب کے لئے ۔

Have on one's conscience : قصور کا احساس : اپنے قصور کا صدمہ دل پر رهنا ۔

Have the conscience to : جسارت کرنا ۔

God or clear,bad or guilty conscience : بے خطا؛ نا خطاوار ۔

To make a thing a matter of conscience : کسی چیز کو ایمانداری کا معاملہ بنالینا ۔

Conscience clause : (n) (in act) (قانون میں) استثنائے بر بنائے ضمیر ۔

Conscience money : (n) (۱)ایمان بہا ' زر ایمان (یعنی وہ رقم جو ناجائزطریقے سے حاصل کی گئی هو یا نہ ادا کی گئی هو اسے اپنے ضمیر کی تشفی کے لئے گمنام طور پر ادا کرنا) ۔ (۲) (تجارت) گمنام بیباقی ۔

Conscience of nations : (n) (تاریخ) قوموں کا ضمیر۔

Conscience-wise : ضمیر سے متعلق ؛ بہ نسبت ضمیر۔

Conscienced : (a) ایماندار ؛ ضمیر رکھنے والا ۔

Conscienceless : (a) بے ایمان : ظالم : بے رحم : شقی ۔

Consciencelessly : (adv) بے ایمانی سے ' بے رحمی سے ؛ ظالمانہ ۔

Consciencelessness : (n) بے ایمانی : بے رحمی : شقاوت ۔

Conscient : (n) [L."conscientem"] صاحب احساس ' ایماندار ' واقف ' آگاہ : صاحب شعور ' هوشمند' باخبر' اپنی کوتاهی یا خوبی سے باخبر۔

Conscientious : (a) فرض شناس ' ایماندار' صاحب تقوی ' با اصول ' پابند اصول ۔

Conscientious objector : (n) (تاریخ) معترض بر بنائے ضمیر ۔

Conscientiously : (adv) ایمانداری سے ' فرض شناسی سے؛ راستبازی سے ۔

Conscientousness : (n) دیانت داری ؛ ایمانداری ؛ تدیّن ؛ راست بازی۔

Conscionable : (a) باشعور ' فرض شناس ' دیانت دار۔

Conscious : (a) [L."sonscius"] آگاہ ؛ واقف ؛ صاحب شعور' صاحب احساس : هوش مند؛ باخبر ' اپنی کوتاهی یا خوبی سے باخبر : هوشیار۔

Conscious experience : (n) (سماجیات) باشعور تجربہ ۔

Consciously : (adv) آگاهی سے : هوشمندی سے ' هوشیاری سے ۔

Consciousness : (n) (۱) شعور : احساس' آگاهی ' علم' (حالت جمع پر) باشعور لوگ ۔ (۲) (عمرانیات) سمجھ ؛ هوش ۔

Class consciousness : (سماجیات) طبقاتی شعور ۔

Double consciousness : ذهن کی وہ حالت جس میں دو جدا جدا خیالات کے سلسلے هوں اور ایك هی فرد میں دو جداگانہ ذهنی صلاحیتیں موجود هوں ۔

Ethnic consciousness : (سماجیات) نسلی شعور ۔

Fringe of consciousness : (نفسیات و تعلیمات) حاشیہ شعور ۔

General consciousness : (نفسیات و تعلیمات) عام شعور ۔

Public consciousness : (سماجیات) عوام کا شعور

Secondary consciousness : (نفسیات و تعلیمات) ضمنی شعور ۔

Social consciousness : (نفسیات و تعلیمات) سماجی شعور ۔

Stream consciousness : (نفسیات و تعلیمات) شعور کا دھارا ۔

Consciousness-in-general : (نفسیات و تعلیمات)شعور مطلق ۔

Consciousness of kind : (سماجیات) شعور جنسی ۔

Conscribe : (v) [L."conscribere"] فوج میں زبردستی بھرتی کرنا ؛ قانوناً داخل فوج کرنا؛ محدود کرنا ۔

Conscript : (a) [L."conscriptus"] مجبور ؛ جبراً بھرتی کیا ہوا ۔

Conscript : (v) جبراً فوج میں بھرتی کرنا۔

Conscript : (n) بیکار کا سپاہی ۔

Conscript father : (n) (رومی تاریخ میں) اراکین مجلس اعیان ۔

Conscription : (n) جبری خدمت ؛ جبری بھرتی؛ قانونی داخلہ (فوج میں) بیکار سپاہی لوگ ؛ (تاریخ) لازمی فوجی خدمت ۔

Conscriptional : (a) جبری خدمت کا؛ جبری بھرتی سے متعلق ۔

Conscription of wealth : جبری جزیہ ؛ مقاصد جنگ کے لئے ایسے اشخاص پر ٹیکس لگانا یا ان کی املاک ضبط کرنا جو فوج میں بھرتی نہیں ہوتے تا کہ دونوں گروہوں کی حالت برابرھو جائے ۔

Consecrate/ Consecrated : (a) [L."consecratus"] مقدس ؛ متبرک ؛ نذر (دیا ہوا) نذر کردہ؛ واقف کردہ ؛ نذر و نیاز کا ؛ نذرکیا ہوا۔

Consecrate : (v) (۱) وقف (مذہبی) کرنا؛ (کسی دینی کام کے لئے) مخصوص یا موسوم کرنا ؛ بھینٹ چڑھانا ؛ نذر کرنا؛ مخصوص کرنا؛ محترم و مقدس بنادینا ۔ (۲) کسی شخص کو ایک مستقل عہدے پر مذہبی رسوم کے ساتھ فائز کرنا؛ کسی عہدے کو سرکاری طور پر مذہبی یا سماجی رسومات کے ساتھ مستقل کر دینا۔

Consecrated : (a) رواج سے اجازت دیا ہوا ؛ رواج کے ذریعے مجاز بنایا ہوا ۔

Consecration : (n) (۱) نذر نیاز ؛ چڑھاوا ؛ بھینٹ ؛ وقف ۔ (۲) تقدیس ؛ تسمیہ ؛ تبریک ۔ (۳) (مذہبی اغراض سے) تخفیص ؛ نام زدگی ۔ (٤) مذہبی عہدہ یابی کی رسم (خاصکر عہدہ اسقف) ؛ دستار بندی ؛ خرقہ یابی ۔

Consecrator : (n) وقف کنندہ ؛ واقف ؛ نذر دہندہ ؛ بھینٹ چڑھانے والا ۔

Consecratory : (a) نذر کردہ ؛ متبرک ؛ وقف سے متعلق ؛ موقوفہ ۔

Consectary : (n) [L. "consecutionem"] نتیجہ؛ نتیجہ ضمنی؛ نتیجہ منطقی ۔

Consecution : (n) [L."consecutionem"] منطقی نتیجہ ؛ تسلسل واقعات ؛ (نحو) مطابقت کلمے یا زمانے کی ؛ توالی ۔

Consecutive : (a) (۱)لگاتار ؛ سلسلہ وار ؛ متواتر؛ مسلسل ؛ متوالی ؛ تابع؛ (نحو) جزا ۔ (۲) (ریاضی) پے در پے ۔

Consecutive consequence : (n) (ریاضی) متواتر نتیجہ ۔

Consecutive curves : (n) (طبیعیات) سلسلے وار خم ۔

Consecutive intervals : (n) (موسیقی) ابعاد متواترہ ۔

Consecutive numbers : (n) (طبیعیات) سلسلے وار عدد؛ (ریاضی) متواتر اعداد ۔

Consecutive points : (n) کسی مقناطیسی سلاخ پر کے وہ مسلسل نقطے جہاں سے مقناطیسیت کی سمت الٹ جاتی ہے ۔

Consecutively : (adv) مسلسل ؛ متواتر۔

Consecutiveness : (n) تواتر؛ تسلسل ؛ توالی ۔

Consenescence : (n) [L."consenescere"] پیری ؛ اضمحلال (بوجہ کبرسنی) ؛ انحطاط قوی ۔

Consensual : (a) [L."consensus"+AL] (عضویات) متابع؛ مطاوع ؛ اضطراری ؛ غیر ارادی (حرکت اعضا)؛ رضامندی سے متعلق ؛ طرفین کی رضامندی سے متعلق ۔

Consensual contract/ Consensual obligation : (رومی قانون) وہ راضی نامہ جو طرفین کی باہمی رضامندی سے لازمی ہو جاتا ہے ۔

Consensually : (adv) باہمی رضامندی سے ۔

Consensus : (n) [L."consentive"] (۱) (رائے وغیرہ) اتفاق ؛ توافق ؛ مطابقت (رائے یا کسی شہادت کی)۔ (۲) (تاریخ) عام اتفاق ۔ (۳) (نفسیات) اجماع ۔(٤) (عضویات) ہمدردی ؛ مطاوعت (یعنی کسی مطلوبہ مقصد کےلئے مختلف اعضاء کا اتحاد عمل) ۔ (٥) اجماع (فقہ)؛ توافق عام ' رضایت و موافقت عمومی ۔

Consensus genitum : (n) (نفسیات وتعلیمات) اجتماع عام ۔

Consent : (v) [L." consentive"] منظور کرنا ؛ مان لینا؛ قبول کرنا ؛ رضامند ہونا ' موافقت کرنا ۔

Consent : (n) رضامندی ' رضایت ؛ منظوری ' اجازت؛ توافق عقیدہ (طب) ' بدن کے اعضا کے درمیان توافق ۔

Age of consent : (۱) سن بلوغ ؛ سن شعور (یعنی وہ عمر جس میں کوئی قانوناً رضامندی دینے کا مجاز ہو) ۔ (۲) لڑکیوں کا قانونی سن بلوغ ۔

Common consent : (تاریخ) عام رضامندی ۔

Express consent : (تاریخ) واضح رضامندی ؛ صریحی رضامندی ۔

Implied consent : (تاریخ) مضمر رضامندی ۔

Silence gives consent : خاموشی نیم رضا ۔

Tacit consent : (تاریخ) رضا بہ سکوت ۔

With one's consent : بالاتفاق ' متفق ہو کر ۔

Consen by coduct : (تاریخ) رضا بہ عمل ۔

Consentable : (a) (قانون) طرفین سے منظور شدہ ۔

Consentable line : (n) فریقین سے منظور شدہ سرحد ۔

Consentaneity : (n) ہم آہنگی ؛ سازگاری ؛ مناسبت ۔

Consentaneous : (a [L."consentaneus"] ہم آہنگ ؛ ہم رائے ؛ موزوں ؛ موافق ؛ متفق ؛ راس آنے والا (والی) ؛ سازگار ۔

Consentaneously : (adv) ہم آہنگی کے ساتھ ؛ متفقاً ۔

Consentaneousness : (n) ہم آہنگی ' اتفاق ' توافق ۔

Consentant : (a) [F."consentir"] رضا مند ' راضی ہونے والا ۔

Consenter : (n) رضامندی دینے والا ؛ موافقت کرنے والا۔

Consentience : (n) اتفاق ؛ رضامندی ؛ رضایت ' ہم فکری ' ہم عقیدگی ' حرکت اضطراری کا شعور ۔

Consentient : (a) [L."consentientem"] متفق ؛ راضی بہ رضا ' رضامند ۔

Consentiently : (adv) متفق ہو کر ' رضا مند ہو کر؛ رضایت سے ۔

Consentingly : (adv) برضا و رغبت ؛ موافق ہو کر ۔

Consentingness : (n) رضامندی ' موافقت ۔

Consentive : (a) متفق ' رضامند ؛ راضی بہ رضا ۔

Consequence : (n) [L."consequentia"] (۱) نتیجہ ؛ حاصل ' پھل ' ما حصل ' جزا ؛ انجام ؛ اثر' ثمر' ثمرہ' لازمہ ۔ (۲) منطقی نتیجہ ۔ (۳) اہمیت ؛ قدر ؛ اعتبار ' منزلت ؛ مرتبہ ؛ امتیاز ۔(٤) (نجوم) مغرب سے مشرق کی جانب حرکت ۔

In consequence/As consequence: نتیجتاً؛ نتیجہ یہ کہ ۔

Of consequence : اہم ۔

Of no consequence : غیر اہم ؛ بےوقعت ' ناچیز ؛ ہیچ ۔

Take the consequence : نتیجہ بھگتنا ؛ اپنے کئے کی سزا پانا ۔

Consequence clause : (n) (لسانیات) فقرہ منتجی ۔

Consequence theory: (n) (نفسیات و تعلیمات) نظریہ' مکافات ۔

Consequent : (n) واقعہ ما بعد؛ نتیجہ (شرط) ' جزا' منتج ؛ (ریاضی) سیاق ۔

Consequent : (a) منتج ؛ موخر ؛ متعاقب ۔

Consequential : (a) (۱) ضمنی ؛ ذیلی ؛ (بالواسطہ) لازمی؛ عقبی ؛ مابعد ۔ (۲) خودبیں ؛ خود پسند ۔ (۳) اہم ۔

Consequential damages : (n) تاوان ؛ بطور نتیجہ ؛ لازمی نقصان ؛ نقصان مابعد ۔

Consequentiality : (n) خود بینی ؛ لزوم ؛ عقبیت ؛ خود پسندی ۔

Consequentially : (adv) لزوماً ؛ ما بعد ؛ خود پسندی سے؛ خود بینی سے ۔

Consequently : (adv) لہذا ؛ بانتیجہ ؛ اس وجہ سے؛ اس سبب سے ؛ اسلئے ؛ پس ۔

Conservable : (a) [L."conservabilis"] قابل تحفظ ۔

Conservation : (n) (۱) حفاظت ؛ بچاؤ ۔ (۲) (لسانیات) حفظ دوام (برقرای) ؛ انگلستان میں ایک بورڈ جس کا حلقۂ اقتدار دریا یا بندرگاہ پر ہوتا ہے ؛ تحفظ ؛ (یعنی گھاس ، جنگل دریا کا سرکاری طور پر محفوظ ہونا) ؛ نگرانی (سرکاری) ؛ (محکمۂ نگرانی) بندرگاہ ، جہاز رانی ؛ دریا وغیرہ ؛ تحفظ (جنگل، نالے اوردریاوغیرہ کا سرکاری تحفظ)۔

Conservation of angular momentum : (کیمیا) بقائے زاویائی مومنتم ؛ (طبیعیات) زاویائی مقدار حرکت کی بقا ۔

Conservation of energy : (کیمیا) بقائے توانائی ؛ (طبیعیات) توانائی کی بقا ؛ (حیوانیات) تحفظ توانائی ؛ بقاء توانائی ؛ بقائے دوام توانائی (مجموعی قوت کا نظام عالم میں ہمیشہ یکساں رہنا) ۔

Conservation of (insurance) : (تجارت) تجارتی تحفظ (بیمہ) ۔

Conservation of linear momentum : (کیمیا) بقائے خطی مومنتم ؛ (طبیعیات) لکیری مقدارحرکت کی بقا ؛ محافظت خطی مقدار حرکت ۔

Conservation of mass : (کیمیا) بقائے کمیت ؛ (طبیعیات) مادیت کی بقا ۔

Conservation theory : (نفسیات و تعلیمات) نظریہ حفظ؛ نظریہ بقائے مادہ یا توانائی ۔

Conservational : (a) تحفظ پذیر ؛ حفاظت کرنے والا ۔

Conservatiore : (n) ادارۂ موسیقی ؛ غنا گاہ ؛ راگ شالہ ۔

Conservatism : (n) قدامت پسندی وغیرہ ؛ سیاست میں تسلیم شدہ چیزوں کو باقی رکھنے کا رجحان ؛ سیاسی فلسفہ جس کی بنیاد روایت اور سماجی استحکام پر ہے اور تسلیم شدہ اداروں کو باقی رکھنے کی اہمیت پر زور دیتا ہے ؛ انگلستان کی قدامت پسند جماعت Conservative party کے اصول اور پالیسی ؛ موجودہ چیزوں کو تسلیم کرنے کا میلان اور تبدیلیوں کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھنا؛ کسی نئی چیز کی مدافعت یا مخالفت ۔

Conservatist : (n) محفوظ رکھنے والا؛ انگلستان کی سیاسی پارٹی کا نام ؛ متحفظ ؛ حفاظت خواہ ؛ محافظ جو موجودہ اداروں خصوصاً سیاسی اور کلیسائی کو محفوظ رکھنا چاہتا ہے ؛ انگلستان کی سیاسی پارٹی کا یا اس سے متعلق ؛ (طبیعیات) بقائی ؛ روایتی ؛ محتاط ؛ معتدل ؛ محدودالنظر؛ پست خیال ؛ لکیر کا فقیر ۔

Conservative : (a) دیکھو Conservatist

Conservative field : (n) (طبیعیات) بقائی میدان ۔

Conservative forces : (n) (طبیعیات) بقائی قوتیں ؛ بقائی بل ۔

Conservative party : (n) (تاریخ) قدامت پسند پارٹی ۔

Conservative process : (شماریات) مقیمی عمل ۔

Conservator : (n) محافظ (عجائب خانے وغیرہ کا) ؛ نگراں کار ؛ مہتمم ۔

Conservator of the peace : بادشاہ ؛ میر عدل ؛ محافظ امن ۔

Conservatory : (n) پود گھر (جس میں پودے حفاظت اور پرورش کے لئے رکھے جاتے ہیں) ۔

Conservatory : (n&a) ادارۂ فنون لطیفہ ؛ محفوظ رکھنے کی جگہ ؛ محفوظ رکھنے والا ۔

Conserve : (n) (usu. PL.) ["conservare"] شیرینی ؛ مٹھائی ؛ مربّا ؛ ایک قسم کی قدیم دوا؛ معجون طبّی ۔

Conserve : (v) حفاظت کرنا : محفوظ رکھنا : (نقصان یا بربادی سے) بچانا : قائم رکھنا ' بقا کی تدبیر کرنا : مربّا بنانا ۔

Consider : (v) [L."considerare"] (۱) سوچنا ' غور کرنا : تفکر کرنا ' تامل کرنا ۔ (۲) پاس ، لحاظ یا توجہ کرنا : سمجھنا ۔ (۳) قیاس کرنا : گننا ' تخمینہ کرنا ۔ (٤) جانچنا : پڑتالنا : پرکھنا ۔ (٥) قدر کرنا ۔

Considerable: (a) قابل لحاظ ' لائق توجہ : قابل غور : اہم : معقول ' کثیر : وسیع ' معتد بہ ۔

Considerably : (adv) معتد بہ طور پر ۔

Considerableness : (n) اہمیت ۔

Considerate : (a) دوسروں کا لحاظ رکھنے والا : (قدیم محاورے میں) محتاط ' ہوشیار ۔

Considerately : (adv) دوسروں کا لحاظ کرتے ہوئے : محتاط طور پر : توجہ سے ۔

Considerateness : (n) دوسروں کا لحاظ ۔

Consideration : (n) [L."considerationem"] (۱) غور ' تامل ' سوچ : سمجھ ' توجہ ' اندیشہ : التفات : تفکر ۔ (۲) پاس و لحاظ : ملاحظہ ۔ (۳) اہمیت : وقعت اعتبار : قابل لحاظ امر جیسے (That is a consideration) ۔ (٤) تلافی : معاوضہ بدل : اجر ' پاداش ۔ (٥) (قانون) عوض ۔ (٦) پختہ رائے ۔

In consideration of : بعوض' بوجہ ۔

Take into consideration : لحاظ کرنا : غور کرنا ۔

Under consideration : زیر غور ۔

Considered: (a) پختہ (رائے) : معتبر ۔

Considering : (prep.) بہ لحاظ اس کے : اس لحاظ سے۔

Consign : (v) [L."consignare"] (۱) دینا : دے ڈالنا : سپرد کر دینا : سونپ دینا : تفویض یاحوالے کرنا ۔ (۲) ارسال کرنا : بذریعہ ریل بھیجنا ۔ (۳) امانت رکھنا ۔

Consignable : (a) قابل امانت ۔

Consignation : (n) (۱) ادائی (رقم) : تحویل : تفویض ۔ (۲) مال کی ترسیل ۔

To the consignation of : پتہ یا مقام (مرسل الیہ کا) ' بنام ۔

Consignatory : (n) (۱) پانے والا : مرسل الیہ ۔ (۲) (تجارت) مال پانے والا ۔

Consignee : دیکھو Consignatory

Consignee insurance : (n) (تجارت) مرسل الیہ بیمہ ۔

Consigner/ Consignor : (n) (۱) بھیجنے والا ' مرسل ۔ (۲) (تجارت) مال بھیجنے والا ۔

Consignment : (n) (۱) حوالگی ' تفویض ' سپردگی ۔ (۲) مال مفوصہ ' سپرد کیا ہوا مال ' (تجارت) ترسیل مال ۔

Inwards consignment : (تجارت) داخلی ترسیل مال ۔

Outward consignment : (تجارت) خارجی ترسیل مال ۔

Part consignment : (n) (تجارت) جزوی ترسیل مال ۔

Consignment ledger : (n) (تجارت) ترسیل (مال) : کھاتا بہی ۔

Consignment plan : (n) (تجارت) ترسیل مال منصوبہ ۔

Consignment stock account : (تجارت) ترسیل مال اسٹاک کھاتا ۔

Consilient : (a) [F."consalire"] (استقرا) ہم نتیجہ ۔

Consimilar : (a) [L."consimilis"] بالکل مشابہ ۔

Consist : (v) [L."xonsistere"] مشتمل یا مرکب ہونا ' (بعض اجزاء سے) بننا ' ہم آہنگ ہونا ' ہم وجود ہونا ' مطابق ہونا ۔

Consist in : وجود میں (ہونا) ۔

Consist of : مرکب ہونا : عبارت ہونا۔

Consistence : (a) (۱) دباز : ٹھوس پن : استحکام ۔ (۲) استقامت ' وضع داری : یک رنگی : یکساں روی ' ہم ہنگی ۔ (۳) (نفسیات) توافق ۔ (٤) (ریاضی) سازگاری ۔

Coefficient of consistence : (شماریات) نمائندہ شریک رنگی ۔

Consistency : (n) دیکھو Consistence

Consistent : (a) یکساں : یك رنگ : باوضع ' مستقیم: با اصول ' محکم ' سازگار : هم آهنگ: مربوط ۔

Consistent statistics/- data : (طبیعیات) سازگار شماریات ' یکساں آنکڑے ۔

Consistent system : (n) (طبیعیات) یکساں نظام: سازگار نظام ۔

Consistently : (adv) یکسانی سے ' هم اهنگی سے ' هم وضع طور پر ۔

Consistorial : (a) مشاورتی : کلیسا کے اسقفوں کی مجلس مشاورت سے متعلق ۔

Consistory : (n) [L."consistoriam"] (۱) مجلس اساقفه ' پوپ کی مجلس ' پادریوں کی جماعت یا عدالت ۔ (۲) (تاریخ) کلیسائی عدالت ' پادریوں کی عدالت ۔

Consociate /-shiat : (a&n) [L."consociatus"] ندیم ' جلیس : هم صحبت : مصاحب' رفیق : ساتھی ۔

Consociate : (v) ساتھ هونا' رفیق هونا : شریك هو نا ۔

Consociation : (a) مصاحبت : رفاقت ' کلیساؤں یا مذهبی انجمنوں کا وفاق ' کلیسائی انجمن ۔

Consociational : (a) کلیسائی انجمنوں سے متعلق ۔

Consociationism : (n) کلیسائی وفاق کا نظریه یا عمل ۔

Consol : (n) [Short for" consolidated annuities"] غیر میعادی هنڈی ۔

Consol bond : =(consolidated bond/ unified bond) (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔

Consolable : (a) قابل تسلی ۔

Consolation : (n) [L."Consolationem"] (۱) تسلی ' تشفی ' دلاسه : ڈھارس : اشك شوئی : دلداری ۔ (۲) جرمانه جو بعض تاش کے کھیلوں میں هارنے والے کو ادا کرنا پڑتا هے ۔ (۳) مقابله جو هارنے والوں کے لئے کیا جاتا هے ۔

Consolation prize/ stakes : (n) دومی حیثیت انعام (جو هارنے والےکو دیا جاتا هے) : اشك شوئی کا انعام ۔

Consolation race : (n) اشك شوئی کی بازی یا دوڑ (هارنے والوں کی دوڑ یا بازی جس میں پھر ایك مرتبه انعامی مقابله کرایا جائے) ۔

Consolatorily : (adv) بطور تسلی : بطور اشك شوئی ۔

Consolatory : (a) تسکین بخش : پر تسلی' تسلی آمیز۔

Console : (v) [L."consolare"] تسلی ، تشفی، ڈھارس دینا۔

Console : (n) سہارا : ٹیکا ' رحل : چوکھٹا : وہ میز جو دیوار سے جڑی هو ' ٹیلی ویژن سیٹ یا ریڈیو سیٹ رکھنے کی الماری یا میز۔

Consoler : (n) تسلی دینے والا' تسکین دینے والا۔

Consolette : (n) وہ چھوٹی الماری جس میں ریڈیو یا ٹیلی ویژن یا گراموفون رکھے هوتے هیں ۔

Consolidate : (a) (۱) منجمد : ملحق : مجتمع ۔ (۲) (تاریخ) انضمامی فنڈ ۔

Consolidated : (a) دیکھو Consolidate

Consolidate : (v) [L."consolidatus"] (۱) جمانا' جمنا' منجمد کرنا ' سخت یا بسته کرنا ' (استعارتاً) (قوت کو) مضبوط کرنا : (خصوصاً فوجی ذرائع سے) استوارکرنا ' زیاده مستحکم یا مضبوط کرنا: مضبوط هونا ۔ (۲) (ریاستوں ، صوبوں ، کمپنیوں یا قرضوں کو) ملانا ' الحاق کرنا : ملحق هونا' انضمام یا منضم کرنا: ملا کرایك کردینا ' اجتماع یا تالیف کرنا ۔

Consolidated annuities/ consols : (n) قرض مجتمع کے تمسکات ۔

Consolidated bond : (n) (تجارت) اجتماعی بانڈ ۔

Consolidated cancellation statement : (تجارت) مجموعی تنسیخی گوشوارہ ۔

Consolidated fund : (n) (تجارت) اجتماعی فنڈ : مختلف محاصل کا : انضمام (جس سے قومی قرضے وغیرہ کا سودا کیا جاتا هے) ۔

Consolidated mortgage : (n) (تجارت) مجتمع رہن ۔

Consolidation : (n) (۱) انجماد : بستگی : پیوستگی: استحکام : مضبوطی : اجتماعی: انضمام : اتحاد : استواری ۔ (۲) (نباتیات) وصل ۔

Consolidation act : (n) (تاریخ) انضمامی ایکٹ ۔

Consolidation of holdings : (تجارت) چك بندی ۔

Consolidation of shares : (تجارت) اجتماعی حصص ۔

Consolidation of shipment : (تجارت) اجتماعی جہازی لدان ۔

Consolidationist : (n) ایك مضبوط وفاقی حکومت کا حامی ۔

Consolidative : (a) منجمد کرنے والا ' متحد کرنے والا: مستحکم کرنے والا ۔

Consolidator : (n) جمانے والا' پیوستہ کن: استحکام دہ ۔

Conslidatory : (a) جماهوا : بستہ ' پیوستہ ۔

Consols : (n) [Pl.] برطانوی حکومت کے تمسکات کا قرض ۔

Consomme : (n) [L."consummare"] یخنی ' شوربا ۔

Consonance : (n) [See next] (۱) تجنیس ' صوتی : هم آهنگی (الفاظ یا ترسیل میں) ۔ (۲) (موسیقی) ابعاد اهنگ ' سریلا پن ۔ (۳) (نفسیات) هم صوتی ۔ (٤) (لسانیات) هم آهستگی : (استعارتاً) همنوائی : هم ارائی ' اتحاد ' موافقت : خوش صدائی : خوش آهنگی : خوش نوائی ۔

Consonant : (a) [L."consonantem"] (۱) خوش اهنگ: خوش نوا : موزوں : هم اهنگ : موافق؛ متحد ۔ (۲) (تجارت) مطابق ۔ (۳) (موسیقی) درستی ساز : سرملائی ۔

Aspirated consonant : (لسانیات) هکاری مصمتہ ۔

Cardinal consonant : (لسانیات) بنیادی مصمتہ ۔

Dental consonant : (لسانیات) دندانی مصمتہ ۔

Kinetic consonant : (لسانیات) بندشی مصمتہ' حرف شدت ۔

Static consonant : (لسانیات) جاریہ مصمتہ: مصمتہ قائم (مصمتہ مسلسل) ۔

Syllabic consonant : (لسانیات) رکنی مصمتہ ۔

Velarized consonant : (لسانیات) عشائیاتی مصمتہ ۔

Consonant : (n) (۱) (لسانیات) مصمتہ ۔ (۲) حرف صامت ' حرف صحیح : حرف یا صوت (جو کسی حرف علت کے ساتھ ملکر آواز دے سکے) ۔

Consonant phoneme : (لسانیات) مصمتی فونیم ۔

Consonant sound : (طبعیات) اواز ۔

Consonantal : (a) (۱) حرف صامت یا صحیح سے متعلق ۔ (۲) (لسانیات) مصمتی ۔

Consonantal anaptyxis : (لسانیات) مصمتی فاصلہ ۔

Consonantal digraph : (لسانیات) مصمتہ کی دوسری ترسیم ۔

Consonantal group : (لسانیات) مصمتی مجموعہ ۔

Consonantal trigraph : (لسانیات) (معطوف یا مرکب مصمتی) مصمتی تہری ترسیم ۔

Consonantal vowel : (لسانیات) مصمتی مصوتہ ۔

Consonantal writing : (لسانیات) مصمتی تحریر ۔

Consonantal element : (لسانیات) مصمتی عنصر ۔

Consonantism : (n) (لسانیات) مصمتیت: حرف صامت کا نظام : حرف صامت یا ان کی ترتیب ۔

Consonantization : (n) (لسانیات) مصمتیانا' حرف صامت میں تبدیل ہونے کا عمل ۔

Consonantize : (v) حرف صامت میں تبدیل کرنا (کسی حرف علت کو) ۔

Consonantiness : (n) حرف صامت ہونے کی صفت ۔

Consonantoid : (لسانیات) مصمتہ نما ۔

Consonate : (v) [L."consonare"] هم آهنگ هونا : هم نوا هونا ۔

Consonous : (a) [L."consonus"+OUS] هم اهنگ ' هم نوا ۔

Consopite : (v) [L."consopire"] سلانا : سونا' ساکت کرنا اور لوری گانا' مدہوش کرنا: بے ہوش کرنا۔

Consopition : (n) نیند لانے کی لوری ۔

Consort : (n) [L."consors"] (۱) زوج (شوہر یا زوجہ) ۔ (۲) همسر : هم سفر ' همدم ' شریك ۔ (۳) همراهی یا ساتھ کا جہاز: رفیق جہاز۔ (٤) دستہ ' جماعت ۔ (۵) سازندوں کی جماعت ۔

Consort : (v) ساتھ رهنا : متفق ، همنوا یا رفیق هونا' ساتھ دینا ' موافقت کرنا ۔

King consort : شوهر ملکہ ۔

Prince consort : نواب دولہا ۔

Queen consort : بادشاہ بیگم ۔

Consortial : (a) (۱) بین الاقوامی مہاجنی معاھدہ سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ انجمن ، متعلق بہ مجلس ۔

Consortism : (n) ہم زیستی ۔

Consortium : (n) (۱) بین الاقوامی مہاجنی ، (تجارتی) معاھدہ ۔ (۲) انجمن : مجلس یا کلب ۔ (۳) ازدواجی رشتہ یا تعلق ۔ (٤) ہم زیستی ۔

Consortship : (n) (۱) شرکت : ساجھا : رفاقت ۔ (۲) زوج ھونے کی حالت ۔

Consound : (n) [L."consolida"] (نباتیات) سنفیتون ۔

Conspecies : (n) ہم جنس ۔

Conspecific : (a) ہم نوع : ہم جنس اور متحد النوع کا یا اس سے متعلق ۔

Conspectus : (n) [L.] (ذھنی) تبصرہ ، سرسری نظر : خاکہ یا منصوبہ (سرسری) : اجمال : خلاصہ : جدول : (مضامین کی) ۔

Consperse : (a) [L."conspersus"] پراگندہ یا منتشر: سوراخوں یا ابھرے نقطوں سے بھرا ھوا ۔

Conspicuity : (n) نمایاں : اظہار : نمایاں پن : امتیازی خصوصیت ۔

Conspicuous : (a) [L."conspicuus"] (۱) ظاھر ، نمایاں : بیّن : واضح ۔ (۲) جالب توجہ ، جالب شہرت ۔ (۳) ھویدا : روشن : آشکار ۔

Conspicuous consumption : (تجارت) نمائشی صرف: دکھاوٹی خرچ ۔

Conspicuously : (adv) واضح طور پر : نمایاں طور پر ۔

Conspicuousness: (n) دیکھو Conspicuity

Conspiracy : (n) [L."conspiration"] (۱) سازش : ساز باز: ایکا ، اتفاق : منصوبہ (اچھا یا برا) ۔ (۲) شرکت (خلاف قانون کام کے لئے) : سازش مجرمانہ ۔ (۳) اتفاقات کا نمایاں اتحاد ۔

Conspiracy of silence : کسی واقعہ پر خاموش رھنے کا خفیہ معاھدہ ۔

Conspirant : (n) سازشی ۔

Conspirator : (n) سازش کنندہ : سازشی: شریک (مجرمانہ منصوبے میں) ۔

Conspiratorial : (a) سازش سے متعلق ۔

Conspiratress : (n) سازش کنندہ یا سازش کار عورت ۔

Conspire : (v) [L."conspirare"] ساز باز کرنا (خاص کر قتل یا بغاوت کے لئے) سازش : میل: اتفاق یا ایکا کرنا: منصوبہ گانٹھنا: جمع ھونا (نامساعد واقعات کا) : کسی ایک مقصد کےلئےمل کرکام کرنا ۔

Conspirer : (n) دیکھو Conspirator

Conspiringly : (adv) سازشی طورپر ۔

Conspue : (v) [L."conspuere"] اظہار نفرت کرنا: تھو تھو کرنا: (کسی حکمت عملی یا شخص کے خلاف) شور مچانا ، ھنگامہ کرنا: احتجاج کرنا ۔

Constable : (n) [L."comes stabuli"] (۱) کوتوالی کا جوان یا سپاھی : کانستبل ۔ (۲) حاکم قصر شاھی : محافظ قطع : (قرون وسطی) محافظ امن عامہ ۔

Outrun the constable : مقروض ھوجانا ۔

Special constable : وقتی یا منصرم چوکیدار ۔

Constabulary : (n) (۱) جمعیت سر ھنگاں: کوتوالی کی جمعیت ۔ (۲) مسلح پولیس دستہ ۔ (۳) افسر شاھی کا حلقہٴ اقتدار یا محل کار ۔

Constabulary : (a) کوتوالی کی جمعیت سے متعلق ۔

Constancy : (n) [L."constanita"] قیام : قرار: استقلال: ثابت قدمی : وضع داری : وفاداری : ثبات : استقامت : استواری : پائداری ۔

For a constancy : پائداری کے لئے ۔

Constancy phenomenon : (n) (نفسیات و تعلیمات) مظہر ثبات ۔

Constant : (a) [L."constans"] (۱) ثابت قدم: مستقل: راسخ: وفادار : غیر مذبذب ۔ (۲) (طبیعیات و ریاضی) (مقادیر) مستقلہ : ثابتہ : مقدار ثابت : تغیر پذیر : پائیدار : استوار : دائمی : محکم : مثبت : معین (مجازاً) ۔ (۳) (تجارت) قائم ، استقرار ۔

Acceleration constant : (طبیعیات) شرح رفتار کا مستقل ۔

Arbitrary constant : (طبیعیات) من مانی مستقل ۔

Astronomical constant : (طبیعیات)فلکیاتی مستقل ۔

Coiling point constant : (طبیعیات) نقطہ ابال کا مستقل ۔

Complex constant : (طبیعیات) مخلوط مستقل ۔

Cosmic constant : (نفسیات و تعلیمات) کائناتی مستقل ۔

Error constant : (نفسیات وتعلیمات) خطائی مستقل ۔

Gravitational constant : (کیمیا) کشش ثقل مستقلہ؛ (طبیعیات) مادی کشش کا مستقل ۔

Number constant : (طبیعیات) مستقل عدد ۔

Optical constant : (کیمیا) مظاہری مستقلہ؛ (طبیعیات) نوری مستقل ۔

Term constant : (طبیعیات) مستقل فرد؛ مستقل رکن ۔

Universal constant : (کیمیا) عالم گیر مستقلہ؛ (طبیعیات) ہمہ گیر مستقل ۔

Constant boiling mixture : (n) (کیمیا) مستقل ابلنے والا مخلوط ۔

Constant capital : (n) (تجارت) قائم اصل ۔

Constant-cost industry : (n) (تجارت) قائم لاگت کی صنعت ۔

Constant character : (n) (کیمیا) مستقل خصوصیت ۔

Constant demand: (n) (تجارت) قائم مانگ ، قائم طلب ۔

Constant deviation prism : (n) (طبیعیات) مستقل و چلن پرزم ۔

Constant error : (n) (کیمیا) مستقل غلطی؛ (طبیعیات) مستقل خطا ۔

Constant heat summation : (n) (کیمیا) مستقل اجتماع حرارت ۔

Constant of abberration : (طبیعیات) مستقلہ فتور؛ فتور کا مستقل ۔

Constant of gravity : (طبیعیات) زمینی کشش کا مستقل ۔

Constant of integration : (طبیعیات) یك جہتی کامستقل ۔

Constant of inversion : (طبیعیات) تعاکس کا مستقل ۔

Constant of involution : (ریاضی) بریع کا مستقل ۔

Constant parameter : (n) (طبیعیات) پیراچل کا مستقل ؛ مستقل پارا میٹر ۔

Constant pressure gasthermometer : (طبیعیات و کیمیا) مستقل دباؤ گیس تھرمامیٹر ۔

Constant product curve : (تجارت) قائم پیداوار کا خط منحنی ۔

Constant proportion : (n) (کیمیا) مستقل تناسب ؛ (ریاضی) مستقل تناسب ؛ (تجارت) قائم تناسب ۔

Constant ratio plan : (تجارت) قائم تناسب منصوبہ ۔

Constant return : (n) (تجارت) استقرار حاصل ؛ قائم حاصل ۔

Constant slope : (n) (ریاضی) مستقل ڈھال ۔

Constant speed : (n) (کیمیا و ریاضی) مستقل چال ۔

Constant temperature regulator : (کیمیا) مستقل درجہ حرارت معدل ؛ (طبیعیات) مستقل تاپ ریگولیٹر ۔

Constant term : (n) (کیمیا) مستقل رقم ؛ (ریاضی) مستقل رکن ۔

Constant velocity : (n) (ریاضی) مستقل رفتار ۔

Constant volume gas thermometer : (طبیعیات و کیمیا) مستقل حجم گیس تھرمامیٹر ۔

Constant wage : (n) (تجارت) قائم اجرت ۔

Constant wage plan : (تجارت) قائم اجرت کا منصوبہ ۔

Constantia : (n) [African" Constantia"] جنوبی افریقہ کی ایك شراب ۔

Constantininan : (a) شہنشاہ روم Constantine یا اس کے عہدے سے متعلق ۔

Constantinopolitan : (a) [L."Constantinopolitanus"] متعلق بہ قسطنطنیہ ۔

Constantly : (adv) (۱) ہمیشہ : اکثر؛ پیہم ، بارہا؛ دائماً ؛ علی الاتصال ، مستقلاً ۔ (۲) وفاداری سے ۔

Constantness : (n) Constancy دیکھو

Constat : (n) [L.] قانونی سند (مسل کی باتوں سے متعلق) ' (مجازاً) کسی بات کی تصدیق یا گواہی ۔

Constate : (v) [L. "Constat-"] تصدیق کرنا ' تائید کرنا : توثیق کرنا ' وثوق کے ساتھ کہنا ۔

Constellate : (v) [L. "Constellat"] (۱) ستاروں کے اقران سے طالع بینی کرنا ۔ (۲) جھرمٹ ہونا ' (ستاروں کا) جھمکا بن جانا ' جمع ہو جانا ۔ (۳) اراستہ کرنا (ستاروں کی طرح) ۔

Constellation : (n) [L. "Constellationem"] (۱) ستاروں کا مجمع، جھمکا ' تارا منڈل ' مجموعۂ نجوم ' مجمع الکواکب ' گروہ اختراں ۔ (۲) ستاروں کے انہاسی مجموعوں میں سے کوئی ایک ' درخشاں اجتماع ' ترتیب ۔ (۳) اہم خیالات کا شعوری اجتماع ۔

Constellational : (a) ستاروں کے اجتماع سے متعلق ۔

Constellatory : (a) اجتماع سیارگان سے متعلق

Consternate : (v) [L. "Consternare"] ہیبت زدہ کرنا یا ہونا ' سراسیمہ یا بد حواس ہو جانا ' اضطراب چھا جانا ' ششدر رہ جانا ' متحیر ہونا ' متوحش ہونا ۔

Consternation : (n) ہیبت ' خوف ' حیرانی ' سراسیمگی ' اضطراب ' حیرت ' بدحواسی ' اسفنگی ۔

Constipate : (v) [L." Constipat "] قبض یا یبس (معدہ) ہونا یا کرنا ۔

Constipation : (n) [L." Constipationem "] (۱) قبض ' یبس (معدہ) انقباض ' پیوست ۔ (۲) پیوست مزاج ۔

Constituency : (n) جماعت منتخبین : حلقۂ انتخاب : رائے دینے والوں کی جماعت جو اپنے نمائندے کا انتخاب کرتے ہیں ' ابادی یا مقام جہاں انتخاب ہوا ہو ۔

Constituent : (n) [L. "Constituentem"] (۱) جز ' حصہ ' ٹکڑا : عنصر ۔ (۲) انتخاب کنندہ ' رائے دہندہ ' مختار ' نمائندہ ۔ (۳) بنانے والا ' واضع ۔ (٤) (تاریخ) جز ترکیبی ' رائے دہندہ : رکن ' واضع ۔ (٥) (کیمیا) اجزائے ترکیبی ۔

Immediate Constituent : (لسانیات) متصل جز ۔

Ultimate Constituent : (لسانیات) اخر جز ۔

Unique Constituent : (لسانیات) منفرد جز ۔

Constituent assembly / power : (n) وہ جماعت یا حکومت جسے آئین ملکی میں رد و بدل کا اختیار ہو ' (سیاسیات و تاریخ) دستور ساز اسمبلی ' مجلس وضع قوانین ۔

Constituent clause : (n) (لسانیات) اجزائی قسم ۔

Constituent function : (n) (سیاست و تاریخ) دستوری فرائض ۔

Constituent structure : (n) (لسانیات) اجزائی ساخت ۔

Constitute : (v) (۱) متعین ، مقرر یا مامور کرنا ۔ (۲) وجود میں لانا ، بنانا ، قائم کرنا ' مرتب کرنا ' تشکیل دینا ۔ (۳) مشتمل ہونا ' ترکیب پانا ۔ (٤) آئینی یا قانونی صورت دینا ۔

Constitute : (n) (۱) کلمہ ' مرکب ۔ (۲) (لسانیات) ساخت شمولیہ ۔

Constitute : (a) [L. "Constitutus"] متشکل ' مرتب ' قانونی حیثیت رکھنے والا ' تاسیس شدہ ۔

Constituted authorities : (سیاسیات و تاریخ) آئینی ارکان اختیار ۔

Constitution : (n) [L. "Constitutionem "] (۱) ساخت : ترکیب ' بناوٹ (جسم یا دماغ کی) ۔ (۲) نظام ' آئین : دستور اساسی ۔ (۳) مزاج ' سرشت : فطرت ' طبیعت ۔ (٤) (قدیم تاریخ) فرمان : حکمنامہ : ضابطہ : قانون ۔ (٥) سماجی یا سیاسی تنظیم کا انداز ۔

Flexible Constitution : (سیاسیات و تاریخ) لوچ دار دستور ۔

Rigid Constitution : (سیاسیات و تاریخ) بے لوچ دستور ۔

Unwritten Constitution : (سیاسیات و تاریخ) غیر تحریری دستور ۔

Written Constitution : (سیاسیات و تاریخ) تحریری دستور ۔

Constitution of matter :- (طبیعیات . کیمیا) مادہ کی ساخت ۔

Constitutional : (a) (۱) جسمانی ' طبیعی : خلقی (جسم یا دماغ کی ساخت سے متعلق) ۔ (۲) آئینی : دستوری ۔ (۳) لازمی ۔ (٤) موجودہ آئین کا حامی ۔ (٥) صحت کی غرض سے چہل قدمی یا ورزش ۔

Constitutional anomaly : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستور میں بے ربطی ۔

Constitutional formula : (n) (کیمیا) ضابطہ ساخت ۔

Constitutional law : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستوری قانون ۔

Constitutional process : (n) (سیاسیات و تاریخ) دستوری عمل ' دستوری طریقہ ۔

Constitutional type : (n) (نفسیات) جسمانی ٹائپ ۔

Constitutionalism : (n) (۱) نظام آئینی ' حکومت مشروط ۔ (۲) آئین پسندی ' پابندیٔ آئین ۔ (۳) (تاریخ) دستوریت ۔

Constitutionalist : (n) آئین پسند ' آئینی : حامیٔ آئین : نظام آئینی کا ماہر : (تاریخ) دستور پرست : آئین پرست ۔

Constitutionality : (n) مشروطیت ' آئینیت ' دستوریت ۔

Constitutionalize : (v) آئینی بنانا : آئین کا رنگ دینا : آئین وضع کرنا ۔

Constitutionally : (adv) طبیعیتاً : مزاجاً : ذاتاً : اساسی طور پر ' آئین اساسی کے مطابق : آئینی طور پر : قانونی طور پر ۔

Constitutioner : (n) حامیٔ آئین : آئین کا بنانے والا ۔

Constitutive : (a) تعمیری . ترکیبی : اساسی : اصلی : جزء ترکیبی : ضروری : لازمی ۔

Constitutively : (adv) اساسی طور پر : لازمی طور پر : جزء ترکیبی ہوتے ہوئے : اصلی طور پر ۔

Constitutiveness : (n) آئینیت : تعمیریت : اصلیت : لازمیت ۔

Constitutor : (n) تعمیر کنندہ : ترکیب دہندہ (شخص یا شئے) ۔

Constrain : (v) [L. "Constringere"] مجبور کرنا ' دبانا ' روکنا ' جبراً باز رکھنا ' قید کرنا ' محدود کرنا ۔

Constrained : (a) مجبور ' مقید ' محدود ۔

Constrained motion : (n) (ریاضی) پابند حرکت ۔

Constrainedly : (adv) مجبور ہو کر ' مجبوری کی حالت میں ۔

Constrainedness : (n) مجبوری کی حالت یا کیفیت ۔

Constrainingly : (adv) جبراً ' بزور ' زبردستی سے ' مجبور کرتے ہوئے ۔

Constraint : (n) (۱) جبر ' دباؤ ' زبردستی ' روک ' بندش ' قید ' ضبط ' قابو (جذبات پر) ' سمٹنا : سکڑنا ' کھنچنا ' بھینچنا ' دبانا ۔ (۲) فشار خجالت ۔ (۳) (نفسیات) رکاوٹ ۔

Social Constraint : (سماجیات) سماجی دباؤ ۔

Linear Constraint : (ریاضی) خطی پابندیاں ۔

Constraints : (n) (ریاضی) پابندیاں ۔

Constrict : (v) [L. "Constringere"] سکڑن پیدا کرنا ' چھوٹا کرنا ' منقبض کرنا ' رکاوٹ ڈالنا ۔

Constricted : (a) (۱) تنگ ' سکڑا ہوا ' کھنچا ہوا ' مقبوض ۔ (۲) (لسانیات) انقباض ۔

Constriction : (n) انقباض : قبض ' کھنچاؤ ' فشار ' رکاوٹ ہونے یا سکڑن کی حالت یا کیفیت ' مانع یا مزاحم ہونے والی شئے ' تنگی : انسداد : تنگی یا انقباض کا احساس ۔

Constrictive : (a) قابض ' انقباضی ' کھنچاؤ کرنے والا ۔

Constrictor : (n) (۱) (طب) عضلہ ' قابضہ ۔ (۲) ایک دبانے والا آلہ : مقباض ۔ (۳) ایک سانپ جو اپنے شکار کو دبا کر مار ڈالتا ہے ۔

Constrictor (or the pharynx) :- (لسانیات) قابض (حلقوم) ۔

Constringe : (v) [L. "Constringere"] کھینچنا ' سکیڑنا : بھینچنا ۔

Constringency : (n) انقباض : انسداد : کھنچاؤ : سکڑن ۔

Constringent : (a) قابض ' فشار آور : انسداد کنندہ : سکڑن یا کھنچاؤ پیدا کرنے والا ۔

Construable : (a) قابل تفسیر : قابل تجزیہ : قابل تعبیر ۔

Construal : (n) Construe تفسیر : تعبیر ' تجزیہ : دیکھو

Construct : (v) [L. "Construct"] (۱) بنانا : تعمیر کرنا : تیار کرنا : مرتب کرنا : انشاء کرنا : کلمہ بنانا ' ترکیب دینا : کھینچنا (شکل) ۔ (۲) (طبیعیات) رچنا ۔

Construct : (n) ترکیب ۔

Imaginative Construct : (نفسیات و تعلیمات) تخیلی ترکیب ۔

Logical Construct : (نفسیات و تعلیمات) منطقی ترکیب ۔

Psychological Construct : (نفسیات وتعلیمات) نفسیاتی ترکیب ۔

Constructed : (a) بنایا ہوا ' تعمیر کیا ہوا ' ترکیب یا ترتیب دیا ہوا : کھینچی ہوئی (شکل) ' مرتب ۔

Constructed language : (n) (لسانیات) ساختہ زبان ۔

Constructer/Constructor : (n) (۱) معمار ' بنانے والا ' عامر ۔ (۲) بحریہ کا ایک افسر جو جہاز سازی اور مرمت کی نگرانی کرتا ھے : بحری تعمیرات کا نگراں کار : عمارت ساز : ترکیب دینے والا : غیر صریح فن پارے کا خالق ۔

Construction : (n) [L. "Constructionem"] (۱) بناوٹ ' ترکیب : تعمیر ' ساخت ۔ (۲) انشاء ' عبارت : کلام ۔ (۳) تعبیر : تاویل : تفسیر : توجیہ ۔ (٤) (طبیعیات) رچنا ۔

Geometrical Construction : (طبیعیات) جیومیٹریاتی عمل ۔

Graphical Construction : (طبیعیات) گرافی عمل : ترسیمی عمل ۔

Construction cooperative : (n) (تجارت) تعمیری کوآپریٹیو ۔

Construction of marine policy : (تجارت) بحری بیمہ پالیسی کی ترسیل ۔

Construction of term policy : (تجارت) پالیسی شرائط تشکیل ۔

Construction of warranties : (تجارت) وارنٹی تشکیل ۔

Construction pattern : (n) (لسانیات) تعمیری سانچہ ۔

Constructional : (a) ترکیبی : ساختہ : تفسیری : تعبیری : تعمیری ۔

Constructional homonymity : (n) (لسانیات) ترکیبی تجنیس ۔

Constructionally : (adv) ترکیبی طور پر : از روئے تعمیر : تفسیری طور پر : ساخت کے اعتبار سے ۔

Constructionism : (n) میکانیکی ساخت کے ذریعہ فنی اظہار : عمل ساختمانی ۔

Constructionist : (n) قانون یا آئین کی تفسیر یا تعبیر کا حامی یا (Constructionism) ساختمانی کے اصول کا پیرو ۔

Constructive : (a) (۱) تعمیری : ساختہ : بنانہاد : تخلیقی : اصلاحی یا تعمیری (تخریبی کے مقابلے میں) ۔ (۲) تاویلی : تعبیری : (بالواسطہ) حقیقی : اساسی ۔

Constructive allowance : (n) (تجارت) اضافی بھتہ ۔

Constructive conflict : (n) (سماجیات) تعمیری تصادم ۔

Constructive interference : (n) (طبیعیات) تعمیری دخل ۔

Constructive mileage : (n) (تجارت) اضافی میل دوری ۔

Constructive placement : (n) (تجارت) مناسب تعین ۔

Constructive policy : (n) تعمیری پالیسی ۔

Constructively : (adv) تعمیری طور پر : تخلیقی طور پر : تعبیری طور پر ۔

Constructiveness : (n) تعمیریت : تخلیقیت ۔

Constructivism : (n) اصول ساختمانی کا استعمال ۔

Constructivist : (n) اصول ساخت کا پیرو : اصول ساختمانی سے متعلق ۔

Constructorship : (n) نگراں کاری (بحری تعمیر کے نگراں کار کا عہدہ) ' معماری : عمارت سازی ۔

Construe : (v) [L. "Construere"] (۱) ترکیب کرنا یا دینا (الفاظ کو) ۔(۲) لفظاً لفظاً ترجمہ کرنا : معنی لگانا : تفسیر تعبیر کرنا : تحلیل حرفی کرنا : کسی مخصوص طور سے تعبیر و تشریح کرنا : نتیجہ نکالنا : استنباط کرنا ' تجزیہ کرنا ۔

Construe : (n) تفسیر : خصوصاً لفظی ترجمہ کے طور پر : ترجمہ ۔

Construer : (n) مترجم : مفسر ۔

Construing : (n) تفسیر : ترجمہ ۔

Consubsist : (a) باہم زندگی کرنا ' ہم وجود ہونا ۔

Consubstantial : (a) عین ذات : متحد الجواہر : بالخصوص "واحد فی الثلاثہ" ہم جوہر : ہم جنس : ہم ذات : ہم نوع : ہم طبیعت ۔

Consubstantiality : (n) عینیت ' وحدت ذات : وحدت فی اصلیت : ہم جنسی : ہم ذاتی : ہم گوہری ۔

Consubstantiate : (v) [L. "Consubstantiar"] ایک ذات کرنا ' جمع فی الذات یا عین ذات ہونا، کرنا یا سمجھنا : ایک جنس ہونا / کرنا ۔

Consubstantiation : (n) [L. Consubstantionem"] عینیت مسیح (یہ عقیدہ کہ عشائے ربانی میں نان و شراب کے ساتھ عیسیٰ کا حقیقی جسم اور خون بھی موجود ہوتا ہے)۔

Consubatantiationist : (n) عقیدہ' بالا کا پیرو : عینیت مسیح کا حامی ۔

Consuetude : (n) [L. "Consuetudo"] (۱) رواج (خاص کر وہ جسےقانونی قوت حاصل ہو جائے) : عادت ۔(۲) معاشرت : میل جول ۔

Consuetudinal : (a) (۱) رواجی : معتاد ۔(۲) دستور العمل : (۲) ضابطہ' گرجا : کتابچہ' رسم و رواج ۔

Consuetudinary : (a & n) دیکھو Consuetudinal

Consul : (n) [L. "Consul"] (۱) قنصل (قونصل) (جمہوریہ روما کے دو اعلی حاکم جو ہر سال قنصل کے نام سے منتخب ہوتے اور مل کر انتظام کرتے تھے) ۔(۲) جمہوریہ' فرانس کے حکام ثلاثہ کا لقب (۱۷۹۹ - ۱۸۰٤ء) ۔ (۳) وکیل : نائب : کار پرداز (جو ممالک غیر میں کسی سلطنت کی طرف سے اپنی رعایا اور تجارت کے حقوق کی نگرانی کے لئے مقرر ہو) ' سفیر سے کم درجے کا عہدیدار ۔ (٤) سائیکل سواروں کے گشتی کلب کا مقامی نمائندہ ۔

Non-Professional Consul : (تاریخ) غیر پیشہ ور کاؤنسل ۔

Professional Consul : (تاریخ) پیشہ ور کاؤنسل ۔

Consul : (v) قونصل کے سامنے کاغذات پیش کرنا (اسکی جانچ اور رضامندی کے لئے) ۔

Consulage : قونصلی محصول ۔

Consular / Consulary : (a) قنصلی ' متعلق بہ قنصل ' روما میں وہ شخص جو قنصل رہ چکا ہو ۔

Consular district : (n) (تاریخ) کانسلی علاقہ ۔

Consular functions : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی فرائض ۔

Cousular invoice : (n) (تجارت) قونصل بیجک ۔

Consular officer : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی افیسر ۔

Consular transactions : (n) (تجارت) قونصل سودے ۔

Consular treaties : (n) (سیاسیات و تاریخ) کاؤنسلی معاہدے ۔

Consulate : (v) [L."Consulatus"] کاغذات اور مسل کو قنصلی جانچ اور ویزا کے لئے پیش کرنا ۔

Consulate : (n) قنصل خانہ : قنصل یا وکیل کی قیام گاہ ، دفتر یا عملہ : (تاریخ فرانس میں) زمانہ' قنصلی : عہد قنصلیت : کاؤنسل خانہ ' (تاریخ) کانسیلیٹ ۔

Consulate general : (n) (سیاسیات و تاریخ) کانسلیٹ جنرل ؛ قنصل اعلیٰ ؛ سر قنصل ؛ قنصل خانہ کا بڑا عہدیدار ۔

Consules electi : (سیاسیات و تاریخ) منتخب کاؤنسل ۔

Consules missi : (سیاسیات و تاریخ) فرستادہ کاؤنسل ۔

Consuless : (n) قنصل کی بیوی ۔

Consulship : (n) عہدۂ قنصلی ؛ وکالت ۔

Consult : (v) [L. "Consultare"] (۱) مشورہ کرنا ؛ رائے، اطلاع ، ہدایت یا صلاح طلب کرنا ؛ رجوع کرنا ؛ (کتاب یا شخص کی طرف) مراجعہ کرنا ۔ (۲) لحاظ رکھنا ؛ پاس کرنا (دوسروں کے اغراض و جذبات کا) ؛ تجزیہ و تحلیل کرنا ؛ غور و خوض کرنا ۔

Consult with : مراجعہ کرنا (کسی کتاب یا شخص سے) ؛ مشورہ کرنا ۔

To consult one's pillow : رات بھر کی مہلت لینا (غور کے لیے) ۔

Consult : (n) مشورہ ؛ مشورے کی مجلس ؛ مجلس شوریٰ ؛ مجلس مشاورت ؛ (رومی تاریخ) سینٹ کا حکم نامہ ۔

Consulta : (n) [It. or Sp.] کاؤنسل کا جلسہ ؛ اس جلسے کی روداد ؛ (تاریخ) مجلس ۔

Consultable : (a) لائق مراجعت ؛ قابل مشورہ ۔

Consultant : (n) مشورہ گیر ؛ مشورہ یا رائے چاہنے والا ؛ مراجع ۔ (۲) مشیر طلبی ؛ طبیب مشاور ؛ انجینیئر مشاور ؛ صلاح کار ؛ مشیر (تجارت) ۔

Consultation : (n) [L. "Consultationem"] مشورہ ؛ صلاح ؛ مشاورت ؛ مجلس مشاورت طبی ؛ (قانون) وہ حکم نامہ جس کی رو سے کوئی مقدمہ جو حکم امتناعی کے ذریعہ کسی کلیسائی عدالت سے کسی دوسری عدالت میں منتقل کیا گیا ہو، پھر اسی عدالت کو واپس کر دیا جائے ۔

Joint Consultation : (سماجیات) مشترک مشورہ ۔

Consultative : (a) مشورتی ؛ شورائی ؛ مشورے کا ؛ مشورہ دینے کا مجاز ؛ (مجلس) شوریٰ (وہ جماعت جسے مشورہ دینے کا حق تو ہو مگر فیصلہ کا حق نہ ہو) ۔

Consultative bodies : (n) (سیاسیات و تاریخ) مشاورتی مجالس ؛ مشاورتی انجمنیں ۔

Consultatory : (a) مشورتی ؛ شورائی ۔

Consultee : (n) مشاور الیہ ؛ مستشار ؛ مرجع ؛ رائے زن ۔

Consulter / Consultor : (n) مشورہ گیر ؛ صلاح طلب ؛ راجع ۔

Consulting : (n) مشورت گیر ؛ ارشاد طلب ؛ نصیحت جو ۔

Consulting Physician : (n) طبیب مشاور ۔

Consumable : (a) سوختنی ؛ مصرف میں آنےوالا ؛ صرف ہونے والا ؛ نیست و نابود ہونے والا ؛ لائق استعمال ۔

Consume : (v) [L. "Consumere"] خرچ کرنا ؛ برت ڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ کھا پی جانا ؛ اڑا دینا ؛ ضائع کرنا ؛ اسراف ، برباد کرنا ؛ خرچ کرنا (کیمیا) ؛ (حسد سے) جلنا ؛ کباب کا تلف ہونا ؛ نیست و نابود ہونا ؛ صرف کرنا ؛ حسد سے زیادہ کھانا پینا ؛ شراب خوری کرنا؛ بیگاری کرنا ؛ وقت صرف کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ استفادہ کرنا ؛ اپنی توجہ کسی طرف مبذول کرنا ۔

Consumed : (a) صرف کیا ہوا ؛ مستعملہ ۔

Consumedly : (adv) نہایت ؛ بے حد ۔

Consumer : (n) صارف ؛ کام میں لانے والا ؛ خرچ کرنےوالا ؛ مستفید ؛ متمتع ؛ مسرف (پیدا کرنے والے کے مقابلہ میں) ۔

Private Consumer : (تجارت) نجی صارف ۔

Rational Consumer : (تجارت) منطقی صارف ۔

Representative Consumer : (تجارت) نمائندہ صارف ۔

Ultimate Consumer : (تجارت) آخری صارف ۔

Consumer appeal : (n) (تجارت) پسند صارف ۔

Consumer cooperation : (n) (تجارت) صارف کوآپریشن ۔

Consumer council : (n) (تجارت) صارف کونسل : وہ نقد رقم جو کسی فرد کو مصرفی اشیا کی خریداری یا نجی اور خاندانی اخراجات کے لئے دی جائے اور جو قسطوں میں ادا کی جائے ۔

Consumer credit : (n) (تجارت) صارف اُدھار ۔

Consumer economics : (n) (تجارت) صارفی معاشیات ۔

Consumer finance company : (تجارت) صارف سرمایہ کار کمپنی ۔

Consumer goods / Consumption goods : (n) (تجارت) اشیائے صرف ۔

Consumer group : (n) (تجارت) گروہ صارف ۔

Consumer interest : (n) (تجارت) صارف مفاد : نفع صارف ۔

Consumer items : (n) اشیائے استعمال ۔

Consumer jury / Consumer Panel : (n) (تجارت) صارف پینل ۔

Consumer motivation : (n) (تجارت) صارف ترغیب ۔

Consumer movement : (n) (تجارت) صارف تحریک ۔

Consumer pressure group : (n) (تجارت) صارفین کا با اثر گروہ ۔

Consumer price : (n) (تجارت) صارفی قیمت ۔

Consumer price index : (n) (تجارت) صارف قیمت کا اشاریہ ۔

Consumer protection : (n) (تجارت) صارف کا تحفظ ۔

Consumer research : (n) (تجارت) صارف ریسرچ ۔

Consumer unit : (n) (تجارت) صارف کی اکائی ۔

Consumer's association : (n) (تجارت) صارف کی انجمن ۔

Consumer's behaviour : (n) (تجارت) صارف کا برتاؤ ۔

Consumer's choice : (n) (تجارت) صارف پسند ۔

Consumer's cooperative : (n) (تجارت) صارف کوآپریٹیو ۔

Consumer's cooperative store : (تجارت) امداد باھمی اسٹور صارفین ۔

Consumer's demand theory : (تجارت) صارف مانگ کا نظریہ ۔

Consumer's good : (n) (تجارت) اشیاء صرف ۔

Consumer's preference : (n) (تجارت) ترجیح صارف : صارف ترجیح ۔

Consumer's price index : (سماجیات) صارفین کے لئے قیمت اشاریہ ۔

Consumer's sovereignty : (n) (تجارت) صارف کا اقتدار اعلی ۔

Consumer's surplus : (n) (تجارت) نفع صارف ۔

Consuming centre : (n) (تجارت) مرکز صرف : کھپت مرکز ۔

Consumingly : (adv) شدید طور پر ' مشتاق ہو کر : شدت : اشتیاق ۔

Consuming market : (n) (تجارت) بازار صرف ۔

Consuming unit : (n) (تجارت) صرف اکائی ۔

Consumingness : (n) شدت ' اشتیاق ۔

Consummate : (a) [L. "Consummatus"] کامل ' مکمل : پختہ : پورا : انتہائی : نہایت رسیدہ : کمال یافتہ : اعلی ترین : بہترین (ماہر) ۔

Consummate : (v) کمال کو پہنچانا: تکمیل یا اتمام کرنا : پختہ یا پورا کرنا (خاص کر تعلق زن و شوھر کی تکمیل یا خلوت صحیحہ کرنا) : زفاف کرنا : وصال تك پہنچنا : حد کمال تك پہنچانا ۔

Consummately : (adv) پختہ طور پر : بطور کامل : ماہرانہ : کاملانہ ۔

Consummation : (n) تکمیل (زفاف) : کمال : نہایت : غایت : منزل مقصود : انجام : مطمح نظر : (سماجیات) اختتام : منتہی : تکمیل شدہ شئی ۔

Consummation of marriage : (سماجیات) تکمیل شادی ۔

Consummative : (a) تکمیلی : اتمام کن ۔

Consummator : (n) پختہ کرنے والا : تکمیل کنندہ ۔

Consumptible : (a) وہ شئے جو مصرف میں آنے سے ختم ہو جائے : قابل صرف ۔

Consumption : (n) [L. "Consumptionem"] : (۱) خرچ : صرف : اتلاف : خاتمہ : ضائع شدگی : کھپت : گھلا دینے والی تپ (خاص کر سل یا دق) ۔ (۲) مقدار خرچ شدہ (معاشیات) ' صنعتی پیدا وار کا مصرف (جو پیداوار کو ختم کر دے) ۔

Conspicuous Consumption : (تجارت) نمائشی صرف ۔

Diseconomics of Consumption : (تجارت) صرف کی عدم کفایات ۔

Domestic Conumption : (تجارت) گھریلو صرف ۔

Economics of Consumption : (تجارت) صرف کی کفایات ۔

Final Consumption / Ultimate Consumption : (تجارت) آخری صرف ۔

Home Consumption : (تجارت) گھریلو کھپت : گھریلو صرف ۔

Induced Consumption : (تجارت) ترغیبی صرف ۔

Internal Consumption : (تجارت) اندرونی صرف ۔

Mill Consumption : (تجارت) مل کھپت : مل صرف ' کارخانہ کا صرف ۔

Optional Consumption : (تجارت) اختیاری صرف ۔

Over Consumption : (تجارت) زائد صرف ۔

Permanent Consumption : (تجارت) مستقل صرف ۔

Personal Consumption : : انفرادی کھپت : ذاتی کھپت : ذاتی صرف ۔

Productive Consumption : (تجارت) پیداواری صرف ۔

Public Consumption fund : (تجارت) اجتماعی صرف فنڈ ۔

Pulmonary Consumption : سل سینہ : سل ریونی ۔

Under Consumption : (تجارت) کم صرفی ۔

Unproductive Consumption : (تجارت) غیر پیداواری صرف ۔

Consumption Capital : (n) (تجارت) صرفی اصل ۔

Consumption ceiling : (n) (تجارت) صرف کی حد ۔

Consumption effect : (n) (تجارت) صرف کا اثر ۔

Consumption function : (n) (تجارت) صرف کا تفاعل ۔

Consumption fund : (n) (تجارت) ذخیرۂ صرف : صرفی فنڈ ۔

Consumption goods : (n) (تجارت) صرفی اشیاء ۔

Consumption groups : (n) (تجارت) صرفی گروہ ۔

Consumption income : (n) (تجارت) صرفی آمدنی ۔

Consumption line : (n) (تجارت) صرفی خط ۔

Consumption loan : (n) (تجارت) صرفی قرض ۔

Consumption motive : (n) (تجارت) صرف کا مقصد ۔

Consumption pattern . (n) (تجارت) صرف کا طرز ۔

Consumption products : (n) (تجارت) صرفی پیداوار ۔

Consumption tax : (n) (تجارت) صرفی ٹیکس ۔

Consumption trend : (n) (تجارت) صرف کا رجحان ۔

Consumptive : (a) (۱) مدقوق : دق والا : مسلول : مخرب : تلف کنندہ : پیداوار کا مصرف ۔ (۲) خرچ پذیر : مائل بہ اسراف : سرف نہاد ۔

Consumptive demand : (n) مطالبہ برائے صرف ۔

Consumptively : (adv) صرف کرنے کےطور پر : اسراف کے لحاظ سے : مدقوق یا مسلول طور پر ۔

Consumptiveness : (n) : مدقوقیت : مسلولیت : دق پذیری : سرف : نہادی ۔

Cont-line : (n) البیث لکیر : خط رس : (رسی کی بناوٹوں کےبیچ کی خالی جگہ یا لکیر جو بل کھاتی ہوئی آخر تک چلی جاتی ھے) : ایک ساتھ رکھے ہوئے دو پہیوں کے درمیان کا فاصلہ ۔

Contabescence : (n) اتلاف : ضائع شدگی : روگ : (نباتیات) سوکھا روگ : اتلاف (کلی کے مادہ ٔ پرورش کا) : اسقاط ۔

Contabescent : (a) [L."Contabescentem"] روگی : اتلافی ۔

Contact : (n) [L."Contactus"] مس : اتصال : چھوت : لمس : تماس : ربط : ارتباط : تعلق : نزدیکی : (برقیات) حلقہ : (ریاضی) تماس : (نفسیات) اتصال : (سماجیات) تعلق : اتصال : (ارضیات) دو غیر متشابہ متصل چٹانوں کے بیچ کی سطح : طیارے کے مقام کو سمجھنے اور اس کی صحیح رہنمائی کےواسطے طیارے سے زمین یا پانی کی سطح کا بلا واسطہ عینی مشاہدہ : دلال یا قاصد یا ایجنٹ جو خاص خبر کا ذریعہ ہو (خصوصاً خفیہ کارروائیوں میں) ۔

Action Contact : (کیمیا) عمل لمس ۔

Anticipation Contact : (لسانیات) متوقع لمس ۔

Area in Contact : (طبیعیات) رقبہ ٔ لمس، تماس کا رقبہ ۔

Chord of Contact : (طبیعیات) لمس وتر : وترتماس ۔

Close Contact : (لسانیات) لمس قریبی ۔

Direct Contact : (سماجیات) براہ راست اتصال ۔

Indirect Contact : (سماجیات) بالواسطہ اتصال ۔

Loose Contact : (لسانیات) سست لمس ۔

Point of contact : (کیمیا) نقطہ مس : (طبیعیات) نقطہ ٔ لمس ۔

Social Contact : (سماجیات) سماجی اتصال ۔

Sympathetic Contact : (سماجیات) ھمدردانہ اتصال ۔

Contact : (v) ارتباط پیدا کرنا : تعلق پیدا کرنا : گفتگو کرنا : مشورہ کرنا : ملاقات کرنا : اتصال پیدا کرنا ۔

To come in contact with : روبرو ھونا : دو چار ھونا : ملنا ۔

To make / break contact : برقی حلقے کا پورا کرنا یا اس کا توڑنا ۔

Contact angle : (n) (ریاضی) تماسی زاویہ ۔

Contact dissimilation : (n) (لسانیات) تماثل خلاف لمس ۔

Contact lens : (n) (طبیعیات) لمس لینس ۔

Contact level : (n) طول کے باریک فرقوں کو دکھانے کا آلہ ۔

Contact mine : (n) وہ بارودی سرنگ جسے چھونے سے دھماکہ ھوتا ھے ۔

Contact of continuity : (سماجیات) تسلسل کا اتصال : اتصال تسلسل ۔

Contact potential : (n) (طبیعیات) لمس مضمر ۔

Contact potential difference : (طبیعیات) لمس فرق مضمر ۔

Contact sound : (n) (لسانیات) لمس اصوات ۔

Contact stratum : (n) (سیاسیات و تاریخ) سطح رابطہ ۔

Contact vernacular : (n) (لسانیات) رابطہ بولی ' رابطے کی بولی ۔

Contactual behaviour : (n) (سماجیات) اتصالی عمل ۔

Contactual function : (n) (تجارت) اتصالی تفاعل ۔

Contadina : (n) اطالوی کسان عورت ۔

Contadino : (n) [L."Comitatus"] (اطالوی زبان میں) کسان : اطالوی کاشتکار ۔

Contagion : (n) [L. "Contagionem "] چھوت : وبا : تعدیہ ' مرض (متعدی یا وبائی) : (استعارتاً) اخلاقی خرابی : (بد اخلاقی کا) متعدی اثر : زھر ۔

Contagioned : (a) چھوت سے متاثر ۔

Contagionist : (n) تعدیہ کش : تعدیے کا قائل : چھوت یا وبائی مرض کا معتقد : وسواسی ۔

Contagious : (a) [late L. "Contagiosus"] متعدی : ساری : سری : وبائی : اڑنی یا لگنی (بیماری) : چھوت کی بیماری : استعارتاً عادت ۔

Contagious abortion : (n) مویشی (مثلاً گائے) کا ایک متعدی مرض : پالتو جانوروں کا ایک متعدی مرض جس سے اسقاط حمل ھو جاتا ھے ۔

Contagious distribution : (n) (شماریات) وبائی متاؤ ۔

Contagious magic : (n) (سماجیات) متعدی جادو ۔

Contagiously : (adv) چھوت سے ' متعدی طور پر ۔

Contagiousness : (n) وبائیت : متعدیت : مسریت ۔

Contagium : (n) مادہ' مسری ' چھوت لگنےوالا مادہ : دیکھو Contagion

Contain : (v) [L. "Continere"] (۱) مشتمل : مرکب، حامل ہونا (کسی شئے کو) لئے ہوئے ہونا : (اپنے اندر) داخل کئے ہوئے ہونا : گھرا ہوا ہونا ۔ (۲) حد بننا : گھیرے میں لئے ہوئے ہونا ۔ (۳) (طبقات الارض) محیط ہونا ' حد بندی ہونا ۔ (٤) (ریاضی) پورا تقسیم ہونا۔ (٥) آپے میں ہونا : (جذبات وغیرہ پر) قابو پانا ۔ (٦) (جنگی اصطلاح) روکے رکھنا : (فوج کو) هلنے نہ دینا : محدود کر دینا : محتوی ہونا : جگہ دینا ۔

Containable : (a) قابل احاطہ : قابل ضبط : قابل حدبندی ۔

Container : (n) چیزدان : کوئی شئے رکھنے کے لئے ڈبہ ، بوتل وغیرہ ' (تجارت) کنتینر ۔

Container premium : (تجارت) کنٹینر پریمیم ۔

Containment : (n) تحدید : حد میں رکھنا : (تاریخ) کمیونسٹ جارحیت کو حد میں رکھنے کی پالیسی ۔

Contaminable : (a) آلودہ ہونے کے قابل : ملوث ہونے کے قابل : قابل سرایت ۔

Contaminant : (n) آلودہ یا ملوث جسم ۔

Contaminate : (n) [L."Contaminatus"] : ناپاک : آلودہ :نجس : گندہ ۔

Contaminate : (v) ناپاک : نجس یا آلودہ کرنا : چھوت ہو جانا : بھرسٹ کرنا : بگاڑنا : فاسد کر دینا : چھوت لگ جانا : کثیف کرنا ۔

Contamination : (n) (۱) چھوت ' نجاست ۔ (۲) مختلف کہانیوں کو باهم ملانا : خلط ملط کر دینا ۔ (۳) ناپاکی : آلودگی : فساد : کثافت ۔ (٤) (کیمیا) ملاوٹ : ملاوٹ کرنا ۔ (٥) دو لسانی شکلوں کو ملاکر ایک نئی شکل پیدا کرنا ۔ (٦) قید خانے میں پکے مجرموں کے درمیان نسبتاً ناتجربہ کار ملزموں کو رکھ کر ان کا اخلاق بگاڑنا ۔

Contaminative : (a) ناپاک کرنے والا ' نجس کرنے والا : کثیف کنندہ ۔

Contango : (n) [App. a fortuitous formation from"Continue"] هرجانہ (جو مال اٹھوانے میں تاخیر یا التوا پر دیا جائے) : (تجارت) تاخیری تاوان : تاخیری جرمانہ ۔

Contango : (v) هرجانہ دینا (جو مال اٹھانے میں تاخیر یا التوا پر دیا جائے) ۔

Contangoda : (n) ادائے قیمت سے ایک دن قبل (جو دن ادائے قیمت کے لئے مقرر ہو چکا تھا اس سے پہلے کا دن) ۔

Contemn : (v) [L. "Contemnere"] (۱) حقیر جاننا ' ذلیل کرنا ' خفت دینا : ذلت ، اہانت سے پیش آنا ۔ (۲) نفرت کرنا : ذلیل و خوار سمجھنا ۔

Contemner / Contemnor : (n) حقیر جاننے والا : ذلیل کرنے والا : اهانت سے پیش آنے والا : نفرت کرنے والا ۔

Contemningly : (adv) حقارتاً ' اهانتاً : منافرت سے : ذلت آمیز طور پر ۔

Contemplant : (n) [L." Contemplantem"] مفکر : سوچنےوالا ۔

Contemplate : (v) [L. "Contemplat"] (۱) تاک میں رهنا : سوچنا : ارادہ کرنا : نیت کرنا : توقع رکھنا : مقصد یا غایت قرار دینا : تصور کرنا ' اندیشہ کرنا ۔ (۲) دھیان میں ہونا ' مدنظر رکھنا : مستغرق ہونا : توجہ کرنا : تفکر کرنا : تامل کرنا : مطالعہ کرنا ۔

Contemplatingly : (adv) تفکر کے ساتھ : تامل سے ' مقصد کرکے : سوچ بچار کے ساتھ ۔

Contemplation : (n) غور و فکر : تصور : دھیان : ارادہ : تامل : اندیشہ : تفکر : تفکر روحانی : تفکر عبادت (مراقبہ) : توقع : پیش بینی : ارادہ : مطالعہ : انتظار ۔

Contemplative : (a) پُر استغراق ' مستغرق : دھیان والا : غور والا : هوشمندانہ : (ازمنۂ وسطیٰ میں) گیان دھیان (کی زندگی) رکھنے والا : مراقب ۔

Contemplatively : (adv) غور و فکر کے ساتھ ؛ گیان دھیان سے ؛ پر استغراق کے ساتھ ؛ ہوشمندانہ ۔

Contemplativeness : (n) حالت استغراق ؛ حالت مراقبت ۔

Contemplator : (n) گیانی دھیانی ؛ مراقب ؛ مستغرق ؛ متفکر ۔

Contemporaneity / Contemporaneousness : (a) معاصرت ؛ ہم عصری ہونا ؛ ہم زمانی ہونا ۔

Contemporaneous : (a) ہم عصر ؛ ہم عہد ؛ ہم عصری ؛ معاصر ؛ ہم وقت ؛ ہم عمر ؛ اس زمانے کا ' (تاریخ) ہم عصری ۔

Contemporaneously : (adv) معاصر ہوکر ؛ ہم عصری سے ؛ ہم عہد ہوکر ؛ ہم عمر ہو کر ۔

Contemporary : (a) [L. "Contemporarius"] ہم سن ؛ ہم عصر ؛ ہم زماں ؛ معاصر ؛ ہم عمر ۔

Contemporary society : (n) (سماجیات) ہم عصر سماج ۔

Contemporize : (v) [L. "Contemporate "] ہم عصر یا معاصر بنانا ؛ ہم زماں کرنا ؛ ہم عہد کرنا ۔

Contempt : (n) [L. "Contemptus "] توہین ؛ ذلت ؛ حقارت ؛ سبکی ؛ (قانون) نا فرمانی ؛ عدول حکمی (بادشاہ ، عدالت یا مجلس ملکی کی) ؛ اہانت ۔

Contempt of court : توہین عدالت ۔

In contempt : تحقیراً ؛ حقارتاً ؛ اہانتاً ۔

Contemptible : (a) ذلیل ؛ سبک ؛ دنی ؛ خوار ؛ قابل حقارت ؛ قابل تحقیر ؛ قابل نفرت ۔

Contemptibility / Contemptibleness : (n) تذلیل ؛ تحقیر ؛ توہین ؛ قابل حقارت ہونا ؛ ذلیل و پست ہونا ۔

Contemptibly : (adv) ذلیل ہو کر ؛ حقیر ہو کر ۔

Contemptuous : (a) حقارت آمیز ؛ اہانت آمیز ؛ تحقیر ؛ ذلت آمیز ؛ متکبرانہ (طرز عمل) ؛ مغرورانہ ۔

Contemptuously : (adv) حقارت سے ؛ تحقیر آمیز طور پر ؛ اہانت آمیز طور سے ؛ متکبرانہ طور سے ۔

Contemptuousness : (n) حقارت آمیزی ؛ ذلت آمیزی ؛ تکبر ؛ غرور ؛ خود بینی ۔

Contend : (v) [L. "Contendere"] (١) لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ جد و جہد کرنا ۔ (٢) بحث ، جدال یا حجت کرنا ۔ (٣) مسابقت یا آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔ (٤) مقابلہ کرنا ؛ (جذبات یا قوائے فطرت کا) ۔ (٥) مجادلہ کرنا ؛ رقابت کرنا ؛ مناظرہ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ اثبات کرنا ؛ کسی سے زبردستی لے لینا ۔

Contender : (n) مقابل ؛ ستیزہ کار ؛ جھگڑالو ' لڑاکا ' حجتی ' مجادل ؛ بحثی ' کسی اعلیٰ اعزاز یا چمپئن ہونے کے لیے مقابلہ کرنے والا ۔

Content : (n) [L. "Contentum "] (١) (جمع میں) مضامین (کتاب) مافیہ ' محتویات ۔ (٢) سمائی ' گنجائش ؛ (جہاز کی) ضخامت ' (ٹھوس اشیاء کا) حجم ' مقدار ' وسعت ؛ مندرجات ؛ موضوع ' اصلی معنی ؛ (نفسیات) مواد ۔

Factual Content : (نفسیات و تعلیمات) واقعی مواد ۔

Ideal Content : (نفسیات و تعلیمات) تخیلی مواد ۔

Iron Content : (کیمیا) لوہے کی مقدار ۔

Moisture Content : (کیمیا) نمی کی مقدار ۔

Salt Content : (کیمیا) نمک کی مقدار ۔

Sulphur Content : (کیمیا) سلفر کی مقدار ۔

Table of content : فہرست مضامین ۔

Content : (n) صبر و شکر ' قناعت ؛ اطمینان ؛ طمانیت؛ خوشنودگی ' آسودہ خاطری ۔

Content : (a) صابر ؛ صابر و شاکر ' قانع ' مطمئن ؛ آسودہ خاطر ؛ خوشدل ۔

Be Content : قانع رہو ؛ آسودہ خاطر رہو ؛ مطمئن رہو ۔

Content, not content : انگلستان کے دارالامراء میں رائے لیتے وقت کی اصطلاح (ہاں، نہیں) ۔

Content : (v) مطمئن ہونا ؛ قانع ہونا ؛ مطمئن کرنا ؛ خوش کرنا ؛ راحت پہنچانا ۔

To take upon content : بغیر جانچ کے قبول کرنا ۔

Content analysis studies : (n) (سماجیات) مطالعہ تحلیل اجزاء ، مطالعہ تجزیہ مواد ۔

Content - word : (n) (لسانیات) بامعنی لفظ ۔

Contented : (a) راضی ؛ مطمئن ؛ قانع ؛ آسودہ خاطر ۔

Contentedly : (adv) صبر و شکر کے ساتھ ؛ قناعت سے ؛ راضی ہوکر ؛ خوشدلی سے ۔

Contentedness : (n) حالت اطمینان ؛ قناعت پسندی ۔

Contents rate : (n) (تجارت) سامان شرح (بیمہ) ۔

Contentation : (n) رضامندی ؛ قناعت ؛ رضایت ؛ خوشدلی ؛ آسودہ خاطری ؛ اطمینان ۔

Contention : (n) [L. "Contentionem"] (۱) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ جدال ؛ تکرار ؛ بحث و مباحثہ ؛ جدو جہد ؛ قیل و قال ؛ مناقشہ ؛ حجت ؛ نزاع ؛ ستیزہ ؛ دعویٰ ؛ اعتراض ۔ (۲) مقابلہ ؛ مسابقہ ؛ مجادلہ ؛ منافسہ (جہادبالنفس) ؛ سعی ، کوشش (کسی کے مقابلہ میں کامیابی کے لئے) ۔

Bone of contention : (سیاسیات و تاریخ) جھگڑے کی جڑ ؛ بنائے مخاصمت ؛ بنائے اختلاف ؛ وجہ نزاع ؛ وجہ تنازعہ ؛ امرمتنازعہ فیہ ۔

Contentional : (a) نزاعی ؛ متعلق بہ دعویٰ ؛ حجتی ؛ مناقشہ جو ؛ ستیزہ کار ؛ نزاع انگیز ؛ پر مناقشہ ؛ جدال پرداز ؛ جھگڑے کا ؛ کسی تنازعہ میں فریقین کے مابین اختلاف سے متعلق ۔

Contentious : (a) [L."contentious"] جھگڑالو ؛ جدال پسند ؛ حجتی ؛ مناقشہ جو ؛ ستیزہ کار ؛ نزاع انگیز ؛ پُرمناقشہ ؛ جدال پرداز ؛ جھگڑے کا ؛ کسی تنازعہ میں فریقین کے مابین اختلاف سے متعلق ۔

Contentious jurisdiction : متنازعہ فیہ امور میں اختیار سماعت ۔

Contentiously : (adv) مناقشانہ ؛ تنازعہ کر کے ۔

Contentiousness : (n) نزاع پسندی ؛ جدال پردازی ؛ ستیزہ کاری ؛ مناقشہ جوئی ؛ جھگڑالو پن ۔

Contentive : (a) (لسانیات) معنی دار ۔

Contentless : (a) بے معنی ۔

Contentment : (n) قناعت ؛ آسودہ دلی ؛ دل جمعی ؛ اطمینان ؛ خوشنودی ؛ صبرو شکر ۔

Conterminal : (a)[L."Conterminalis"] ہم سرحد ؛ ایک سرحد والا ؛ مشترک الاحاطہ ؛ متلاقی ؛ متحد الراس (خطوط جنکے سرے ایک نقطے پر مل جاتے ہوں) ؛ ہم بر (زمان و مکاں) ؛ متحد (معنیٗ) ۔

Conterminate : (a) دیکھو Conterminal

Conterminous : (a) دیکھو Conterminal

Contest : (v) [L. "Contestari"] لڑنا ؛ مبارزت کرنا ؛ بحثنا ؛ جدو جہد یا سعی کرنا ؛ جنگ و جدال کرنا ؛ مقابلہ کرنا (انتخاب وغیرہ) ؛ (قانون) شہادت دینا ؛ دفاع کرنا ؛ مقاومت کرنا ؛ ہم چشمی کرنا ؛ مجادلہ کرنا ؛ بحث کرنا ۔

(To) Contest (an)election : الیکشن لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

Contest : (n) (سیاسیات و تاریخ) الیکشن لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

Contest award : (n) (تجارت) انعام مقابلہ ؛ مقابلہ فیصلہ ۔

Contestable : (a) قابل جنگ ؛ لائق جدل ؛ قابل مباحثہ ؛ لائق مبارزت ۔

Contestant : (n) مبارز ؛ مجادل ؛ مقابل ؛ حریف ؛ مناظرہ ؛ مدافع ؛ ستیزہ کار ؛ مناظرہ کرنے والا ۔

Contestation : (n) (۱) حجت بازی ؛ کٹ حجتی ۔ (۲) تنازع ؛ بحث ؛ مناظرہ ؛ رقابت ؛ مدافعت ؛ شہادت ۔

Contestible clause : (تجارت) مبارزتی دفعہ ؛ لائق جدول دفعہ ۔

Contesting state : (سیاسیات و تاریخ) حریف ریاستیں ۔

Conteur : (n) [F.] قصہ گو ؛ داستان گو ۔

Context : (n) [L. "Contextus"] سیاق عبارت ؛ سیاق و سباق ؛ اوپر نیچے کی عبارت ؛ ماحول ؛ اطراف ۔

In this context : اس سلسلے میں ۔

Context of situation : (لسانیات) صورت حال کاسیاق ۔

Contexual : (a) سیاقی ؛ سیاق و سباق سے متعلق ۔

Contexual imagery : (n) (لسانیات) سیاقی پیکر ۔

Contexual meaning : (n) (لسانیات) سیاقی معنی ۔

Contexual pronunciation : (n) (لسانیات) سیاقی تلفظ ۔

Contexual variant : (n) (لسانیات) سیاقی نظریہ ۔

Contexualization : (n) (لسانیات) سیاقیانا ۔

Contexualized word : (n) (لسانیات) سیاقیا یا لفظ ۔

Contexually : (adv) سیاق عبارت کی رو سے ۔

Contexural : (n) بافت سے متعلق ۔

Contexure : (n) [L. "Contexura"] (۱) بناوٹ : تانا بانا : ساخت : بافت ۔ (۲) (عبارت یا تقریر کی) بندش : ربط : مربوطی ۔

Conticent : (a) [L. "Contaceve"] ساکت : خموش : چپ ۔

Contignation : (n) [L"Contignationem"] جڑے ہوئے تختے : ساخت : منزل ۔

Contiguity : (n) [L. "Contiguus"] اتصال : ربط : قریبی تعلق : قرب : (نفسیات) مقارنت (تصور ان اشیاء کا جو کسی وقت یا مقام پر ایک ساتھ نظر سے گذری ھیں) : نزدیکی : وابستگی : ارتباط ۔

Law of contiguity : (نفسیات و تعلیمات) قانون اتصال ۔

Temporal contiguity : (نفسیات و تعلیمات) زمانی اتصال ۔

Contiguous : (a) متصل : ملحق : قریب : ھم سایہ : مقرون ۔

Contiguous assimilation : (n) (لسانیات) مقرون تماثل ۔

Contiguous zone : (n) (تاریخ) متصل علاقے ۔

Contiguously : (adv) نزدیک : پیوستہ : مسلسل ۔

Contiguousness : (n) تسلسل وقت؛ دوام؛ تواتر ۔

Continence : (n) [L. "Continentia"] پرھیزگاری : پارسائی : تقویٰ : زھد : (طب) جسمانی اخراج کو ارادی طور سے روک لینے کی صلاحیت : (سماجیات) ضبط نفس ازدواجی ۔

Marital Continence : (سماجیات) ازدواجی زھد ۔

Ritual Continence : (سماجیات) رسمی زھد ۔

Continence in marriage : (سماجیات) ازدواجی زھد ۔

Continent : (a) [L. "Continentum"] پرھیزگاری : متقی : زاھد : پارسا : متعادل : (طب) جسمانی اخراج کو ارادی طور سے روک لینے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Continent : (n) زمین مسلسل : بر اعظم : قارہ : ظرف : ظرفیت ۔

Continental : (a) (۱) براعظم کا : براعظم سے متعلق : (تاریخ) براعظمی : بری ۔ (۲) یورپ سے متعلق : شمالی امریکہ سے متعلق ۔ (۳) ان نو آبادیوں اور ریاستوں سے متعلق جو بعد میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کا حصہ بن گئیں ۔ (٤) بے قیمت (ایسے فقروں میں مثلاً (Not worth a Continental damn) ۔

Continental : (n) ایک امریکی سپاھی (جنگ آزادی کی فوج میں) : کسی براعظم کا باشندہ (خصوصاً براعظم یورپ کا) : کاغذی سکہ (امریکی جنگ آزادی کے وقت کا) ۔

Continental Army / Patriot Army : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل آرمی ۔

Continental bill : (n) براعظمی بل : یورپی بل ۔

Continental breakfast : (n) ھلکا ناشتہ ۔

Continental congress : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل کانگریس (امریکہ) ۔

Continental currency : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل سکہ (امریکہ) ۔

Continental shelf : (n) (تاریخ) تہ بحری علاقہ ۔

Continental state : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل اسٹیٹ ۔

Continental system : (n) (تاریخ) کونٹی نینٹل سسٹم : (تجارت) براعظمی کھاتا نویسی ۔

Continentalism : (n) براعظم پرستی : قارہ پرستی : قاریت : اپنے براعظم کی حمایت یا طرفداری ۔

Continentalist : (n) براعظم پرست ؛ اپنے براعظم کی حمایت یا طرفداری کرنےوالا ؛ براعظم پرستی کا حامی ۔

Continentalize : (v) براعظم میں گشت لگانا ؛ براعظم کا رنگ اختیار کرنا ؛ یورپی کلچر سے متاثر ہونا ۔

Continentally : (adv) براعظم سے متعلق ہو کر (خصوصاً یورپ سے) ۔

Continently : (adv) پرہیزگاری سے ، از روئے پاکدامنی ؛ اعتدال سے ۔

Contingency : (n) [See CONTINGENT] (۱) حالات کا غیر متیقن ہونا ؛ اتفاق ؛ اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ ۔ (۲) حالت منتظرہ ؛ موقوف یا مبنی ہونا (کسی دوسری شئے پر) ۔ (۳) اتفاقی مصارف وغیرہ (صادر) ؛ احتمال ؛ امکان ؛ امکان وقوع یا عدم وقوع ؛ اضافی ؛ الحاقی ؛ واقعہٴ ضمنی ؛ ایک محفوظ فنڈ (اتفاقی مصارف کے لئے) ؛ مشروط شئے (واقعہ وغیرہ) ؛ (تاریخ) اتفاقی صورت حال ؛ (نفسیات) عدم لزوم اتفاقیت ۔

Contingency freight : (n) (تجارت) اتفاقی بھاڑا ؛ اتفاقی کرایہ ۔

Contingency fund : (n) (تجارت) اتفاقی فنڈ ، ناگہانی فنڈ ، صادر فنڈ ۔

Contingent : (a) [L. "Contingentem"] (۱) اتفاقی ؛ ناگہانی ۔ (۲) موقوف یا مبنی (کسی دوسری شئے پر) ، مشروط ۔ (۳) عارضی یا معاونتی ۔ (٤) فوج امدادی ، غیر لازمی ۔ (٥) آزاد ، (نفسیات) ذیلی ، غیر لازم شئے ۔

Contingent : (n) (۱) جنگی دستہ (جو کسی خاص شخص یا ریاست کو دینا پڑے) ۔ (۲) نمائندہ دستہ یا جماعت ۔ (۳) امتیازی جماعت ۔ (٤) (منطق) غیر لازمی ۔

Contingent annuity : (n) (تجارت) اتفاقی سالیانہ ؛ مشروط سالیانہ ۔

Contingent beneficiary : (n) (تجارت) اتفاقی حق دار ؛ مشروط حق دار ، ثانوی حق دار ۔

Contingent bonus : (n) (تجارت) مشروط بونس ؛ ناگہانی بونس ۔

Contingent business insurance : (n) (تجارت) اتفاقی تجارتی بیمہ ۔

Contingent charges : (n) (تاریخ) (تجارت) اتفاقی لاگت ؛ اتفاقی مصارف ؛ غیر متوقع مصارف ۔

Contingent contract : (n) (تجارت) اتفاقی معاہدہ ؛ مشروط معاہدہ ۔

Contingent duty : (n) = (countevailing duty) (تجارت) متلافی ٹیکس ؛ متلافی ڈیوٹی ۔

Contingent expenditure : (n) (تجارت) اتفاقی اخراجات ۔

Contingent liability : (n) (تجارت) ناگہانی ذمہ داری ۔

Contingent obligation : (n) (تجارت) اتفاقی ذمہ داری ۔

Contingently : (adv) اتفاقیہ ؛ اتفاقی طور پر ؛ مشروط طور پر ۔

Continuable : (a) قابل برقراری ؛ جاری رکھنے لائق ۔

Continual : (a) [L. "Continuus"] جاری ؛ رواں ، مستمرہ ؛ متصلہ ؛ مسلسل ؛ دائمی ؛ پیوستہ ؛ پے درپے ؛ بدون وقفہ ؛ سریع الوقوع ؛ مکرر ۔

Continually : (adv) برابر ؛ مسلسل ؛ مکرر طور پر ۔

Continuance : (n) استمرار ؛ قیام ؛ ہمیشگی ؛ دوام ؛ سلسلہ ؛ (قانون) تعویق سماعت (مقدمات) ؛ استقامت ؛ ناول یا کتب میں سلسلہ یا دنبالہ ۔

Continuant : (n) متمدد حرف ؛ ایسا حرف صحیح جس کی آواز میں تمدد کا امکان ہو جیسے (F. V. S. R.) ؛ (لسانیات) جاریہ ۔

Continuant : (a) اس قسم کے حرف صامت سے متعلق ۔

Continuation : (n) [L. "Continuationem"] (۱) سلسلہ ، تسلسل ؛ اجرا؛ جریان ؛ استمرار ؛ (مہاجنی اصطلاح) کھاتا چلائی ؛ پچھلی میزان سے کھاتے میں جوڑنا یا لکھنا ؛ پیش آورد ۔ (۲) توسیع ؛ زوائد ؛ ایزاد ؛ بیشی ۔ (۳) پائچہ ؛ موزہ (جو گھٹنوں سے مل جائے) ؛ (عامیانہ محاورہ) پاجامہ ؛ پتلون ؛ کوئی تصنیف جو مسلسل حصوں میں شائع کی جائے یا ایسی تصنیف کا ایک حصہ ۔

Continuation school : فرصتی مدرسہ (جس میں ایسےلوگوں کی تعلیم فرصت کے اوقات میں جاری رکھی جاتی ھے جو ابتدائی تعلیم کےبعد مدرسہ چھوز چکے ھیں) : کناڈا کا ایک ثانوی اسکول خصوصاً دور افتادہ دیہاتی علاقے میں ۔

Continuation sheet : (تجارت) منسلك كاغذ ۔

Continuative : (a) [L."Continuativus"] استمراری : مسلسل : رواں : جاری : عطف بیانیہ ۔

Continuative conjunction : (لسانیات) عطف جاری ۔

Continuator : (n) کسی دوسری کتاب کا سلسلہ آگے جاری رکھنے والا : بقیہ نویس ' سلسلہ گیر : توسیع دھندہ : اجرا کنندہ : پےنویس : مستمر ۔

Continue : (v) [L. "Continuus"] جاری رکھنا (خصوصاً وقفے کے بعد) : چلائے جانا : قائم یا برقرار رکھنا : سلسلہ اٹھانا: بقیہ لکھنا (قصے وغیرہ کا) : باقی رھنا : رھنا ' قائم رھنا : طول دینا : دوبارہ شروع کرنا : بند نہ ھونا : باز نہ رھنا : (عدالت کی اصطلاح) التوا ھونا فیصلہ ۔

Continued : (a) مسلسل : پیوستہ : باقی : ثابت : وقفے کے بعد جاری شدہ ۔

Continued bond : (n) = (Perpetual bond) (تجارت) دائمی بانڈ : استمراری بانڈ ۔

Continued fraction : (n) (ریاضی) کسر مسلسل ۔

Continued product : (n) (ریاضی) مسلسل ضرب ۔

Continued proportion : (n) (ریاضی) مسلسل تناسب ۔

Continuer : (n) دیکھو Continuator

Continuing : (n) مسلسل : ثابت : قائم : برقرار ۔

Continuing guarantee : (n) (تجارت) استمراری گارنٹی : دوامی گارنٹی ۔

Continuingly : (adv) مسلسل طور پر : قائم رہ کر ۔

Continuity : (n) (طبیعات) تسلسل وقت : دوام : تواتر : جاری ماندگی : تسلسل ' پیہم روانی : استمرار : غیر منقطع سلسلہ : وہ چیز جس سے تسلسل ظاہر ھو ۔

Law of continuity : قانون تسلسل (یعنی یہ قانون کہ فطرت کا ھر تغیر تدریجی ھوتا ھے نہ کہ یك بہ یك اور بے سلسلہ) ۔

Continuity girl / Continuity clerk . (n) ستحرك کے عملے کی وہ رکن جو تصویر لیتے وقت ساری تفصیلات کو لکھ لیتی ھے ۔

Continuity of coverage : (تجارت) تسلسل بیمہ ۔

Continuity of function : (طبیعیات) تفاعلی تسلسل ۔

Continuity of state : (طبیعیات) حالت کا تسلسل ۔

Continuity premium : (n) (تجارت) لگاتار خریداری پریمیم ۔

Continuous : (a) مسلسل ' علی الاتصال : پیہم ' پیوستہ ' غیر منقطع : پے در پے : استمراری ۔

Continuous audit : (n) (تجارت) استمراری محاسبہ ' لگاتار محاسبہ ۔

Continuous brake (of train) : پچر کنجی (ریل گاڑیوں کو ٹھہرانے کی کل جس سے ایک دفعہ سب گاڑیوں میں پچر (بریك) لگائی جا سکتی ھے ۔

Continuous charge : (n) (تجارت) استمراری بار ۔

Continuous current : (n) (طبیعیات) مسلسل کرنٹ ۔

Continuous electrode : (n) (طبیعیات) مسلسل الیکٹروڈ ۔

Continuous flow : (n) (تجارت) مسلسل بہاؤ ۔

Continuous flow calorimeter : (n) (طبیعیات) مسلسل بہاؤ سکوری پیما ۔

Continuous function : (n) (طبیعیات) مسلسل تفاعل ' مسلسل فنکشن ۔

Continuous market : (n) (تجارت) مسلسل بازار ۔

Continuous movement : (n) (تجارت) استمراری تحریك : مسلسل تحریك ۔

Continuous process : (n) (تجارت) مسلسل طریق عمل ۔

Continuous script : (n) (لسانیات) خط مسلسل ۔

Continuous spectrum . (n) (طبیعیات) مسلسل اسپکٹرم ۔

Continuous style : (n) (تعمیرات) محرابی جھروکے یا دریچے والا : قوسی دریچہ دار ۔

Continuous surface : (n) (طبیعیات) مسلسل سطح ۔

Continuous variable : (n) (طبیعیات) مسلسل چو سطح ۔

Continuous variation : (n) (طبیعیات) مسلسل تغیر ۔

Continuously : (adv) مسلسل طور پر : دائماً : غیر منقطع طور پر : پیوستہ طور پر : استمراری طور پر ۔

Continuousness : (n) استمراریت : جاری یا قائم رہنے کی حالت یا کیفیت : مداومت : مسلسلیت : عدم انقطاع ۔

Continuum : (a) [L.] مادے ، احساسات ، واقعات اور تعداد کا تسلسل : رشتہ ، مسلسل : تسلسل : (طبیعیات) کنٹی نیوم : مسلسلہ : (ریاضی) مسلسلہ ۔

Sensory continuum : (نفسیات و تعلیمات) حسیاتی تسلسل ۔

Conto : (n) [L. "Computus"] ایک سکّہ جو دس لاکھ ریس (Reis) یا دو سو بیس لیرے (Lira) کے برابر ہوتا ہے ۔

Contoid : (لسانیات) مصمتہ نما ۔

Contorniate : (n) [It. "contorno"] تمغا یا سکّہ جس کے کنارے کنارے گول لکیر ہو ۔

Contorno : (n) [It.] گردہ ، مجسمہ ۔

Contort : (v) [L. "Contorquere"] مروڑنا : اینٹھنا : بٹ دینا : خم کرنا ، کج کرنا : شکل بگاڑ دینا ، روگردانی کرنا ۔

Contorted : (a) مروڑا ہوا ، پیچیدہ : (نباتیات) خمیدہ : بل دار ، حلقوی ۔

Contortion : (n) [L. "Contortionem"] پیچیدگی : اینٹھن : مروڑ (خاص کر چہرے یا بدن کے رگ پٹھوں میں) : پیچ ۔

Contortionist : (n) نٹ : عضل نگار (مصور یا بت تراش جو تصویر میں چہرے کی شکن یا بدن کے پٹھے دکھائے یا پہلوان جس کے بدن کی مچھلیاں نظر آتی ہوں) : بند باز ۔

Contortive : (a) بند بازی سے متعلق : توڑمروڑ سے متعلق : پیچیدہ ۔

Contortuplicate : (a) [L. "contortus" + "plicatus"] (نباتیات) پیچ نورد ۔

Contour : (n) [L. "contourner"] ناک نقشہ : خدو خال : ڈول : حلیہ : (زمین کا) نشیب و فراز : ہئیت : شکل : ساخت : حدود نما (خط) : خط ساحل یا کوہ ، ساحل کا پیچ و خم : (نفسیات) سراپا : (تاریخ) خطوط نشیب و فراز : کنٹور ۔

Terminal contour : (لسانیات) اختتامی لہریا ۔

Contour : (v) لہریئے بنانا : پہاڑی کے گرد سڑک نکالنا : پہاڑی کی ہموار سطح پر زراعت کرنا ۔

Contour integration : (n) (ریاضی) کنٹوری تکملہ ۔

Contour line : (n) (کیمیا) خطی : خط و خال : کنٹوری خط : لہریا جس سے نقشے میں سطح زمین کی بلندیاں دکھاتے ہیں : وہ خیالی لکیر جو سطح زمین کی یکساں بلندی والی سطحوں کے نقطوں کو ملاتی ہے ۔

Contour map : (n) (ریاضی) کنٹوری نقشہ ۔

Contour tone system : (لسانیات) لہریا تانی نظام ۔

Contoured Plan : (n) (تاریخ) نشیب و فراز کا نقشہ ۔

Contourne : (a) [F.] (نقابت) بائیں طرف مڑی ہوئی ۔

Contra : (Pref.) [L.] (۱) مخالف : بالعکس : برخلاف ۔ (۲) اطالوی باجوں کے نشان جن سے سرگم کی کمی بیشی ظاہر ہوتی ہے ۔

Contra-indicant : (n) (طب) کسی معالجے کی مخالف علامت ۔

Contra-indicate : (v) معالجے کی غلطی کی نشان دہی کرنا ۔

Contra-indication : (n) (طب) مرض کی کوئی علامت جو کسی خاص معالجے کو غلط بتاتی ہے ۔

Contra-lode : (n) کچی دھات کی درز ۔

Contra-related : (a) ارتباط متقابل رکھنے والا ۔

Contra-remonstrance : (n) (کلیسائی تاریخ) مخالفت ۔

Contra-remonstrant : (کلیسائی تاریخ) فرقہ٭ مخالفین یا معترضین ۔

Contra-rotation : (n) مخالف سمت میں گردش ۔

Contraband : (n) [L. "contrabannum"] : (۱) ممنوع تجارت : نا جائز بیوپار ٭ خفیہ لین دین ۔ (۲) ایک حبشی غلام جو خانہ جنگی میں فرار ہو گیا تھا ۔ (۳) قابل گرفتاری مال ؛ محصول مارے کا مال ۔

Absolute contraband : (تاریخ) ممنوعات مطلق ؛ وہ اشیاء جو بذات خود جنگ میں استعمال ہو سکیں ۔

Conditional or relative contraband : (تاریخ) مشروط ممنوعات ٭ اشیاء جو بذات خود جنگی مقصد کی نہ ہوں لیکن متحاربین کےلئے یا لڑائی جاری رکھنے کے لئے مفید ہوں ۔

Contraband : (a) ممنوع (قانونی طور پر) ۔

Contraband : (v) ممنوع قرار دینا ؛ غیر قانونی طور پر تجارتی مال حاصل کرنا ۔

Contraband baggage : (n) (تجارتی) ممنوعہ سامان ۔

Contraband control : (n) (تجارت) ممنوع بیوپار کنٹرول ۔

Contraband goods : (n) (تجارت) ممنوع اشیاء ۔

Contraband of war : ممنوعات جنگ (ہرقسم کی اشیا جو قانون بین الاقوام کی رو سے متحاربین کو پہنچانی نا جائز ہوں) ۔

Contrabandism : (n) نا جائز تجارت ؛ اسمگلنگ ۔

Contrabandist : (n) محصول مار ؛ محصول چور ؛ ناجائز تجارت کرنے والا ؛ اسمگلر ۔

Contrabass / Contrabasso : (n) سارنگی کے قسم کا سب سے بڑا باجا ۔

Contraception : (n) ممانعت حمل (ارادی اور مصنوعی طور پر) ۔

Contraceptive : (a & n) مانع حمل ۔

Contract : (n) [L. "contractus"] : (۱) اقرار ؛ تعہد ؛ ٹھیکہ ؛ پیمان ۔ (۲) اقرار نامہ ٭ ٹھیکہ نامہ ۔ (۳) کابین نامہ ٭ شرائط شادی ؛ نکاح نامہ ۔ (٤) قرارداد ؛ معاہدہ ۔ (۵) قانون کے اصول جو معاہدے سے متعلق ہوں ۔ (٦) مخفف لفظ ۔

Buying contract / tie-in sale : (تجارت) معاہدہ٭ خریداری ۔

Chain contract : (تجارت) سلسلہ واری ٹھیکہ ۔

Freedom of contract : (تجارت) معاہدے کی آزادی ۔

Hedging contract : (تجارت) پیش بندی معاہدہ ۔

Running contract : (تجارت) چالو ٹھیکہ ۔

Social contract : (تاریخ) معاہدہ٭ عمرانی ۔

Wage contract : (تجارت) اجرت کا معاہدہ ۔

Works contract : (تجارت) کام کا ٹھیکہ ۔

Contract : (a) مخفف ٭ سکڑا ۔

Contract : (v) (۱) اقرار نامہ لکھنا ؛ تعہد کرنا ٭ ٹھیکہ یا ٹھیکہ دینا یا لینا ۔ (۲) حاصل کرنا ٭ اختیار کرنا (دوستی وغیرہ کا) ؛ مول لینا ؛ اخذ کرنا ۔ (۳) سر لینا ؛ گراں بار ہونا (قرض سے) ۔ (٤) چڑھنا یا بل ڈالنا (تیوری پر) ؛ اینٹھنا ؛ مروڑنا (اعضا کو) ۔ (۵) کھینچنا ؛ قصر کرنا ؛ مختصر کرنا ٭ سرخم کرنا ٭ (استعارتاً) محدود کرنا ؛ بند یا تنگ کرنا ۔ (٦) سمٹنا ؛ سکڑنا ؛ اکڑ جانا ٭ تنگ یا کوتاہ کرنا ۔ (۷) (نحو) تخفیف ؛ تقلیل یا ترخیم کرنا ٭ حروف گر جانا ٭ چھوٹا رہ جانا ؛ مرکب الفاظ میں سے کچھ حذف کر دینا ۔

To contract oneself out of : بذریعہ اقرارنامہ مخلصی پانا ٭ دست کش ہونا ۔

To contract friendship acquaintance : دوستی کرنا ؛ دوست بنانا ۔

Contract account : (n) (تجارت) کنٹریکٹ کھاتا ؛ ٹھیکہ کھاتا ۔

Contract ant : (n) معاہدہ کرنے والا ۔

Contract bridge : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Contract carrier : (n) (تجارت) کنٹریکٹ باربردار ۔

Contract department : (n) (تجارت) ٹھیکے کا شعبہ ۔

Contract labour : (n) (سماجیات) ٹھیکہ مزدوری : ٹھیکہ مزدور ' ٹھیکے کا مزدور ۔

Contract marriage : (n) عقد : نکاح کرنا ۔

Contract of affreightment : (تجارت) بھاڑہ معاہدہ ۔

Contract of guarantee : (تجارت) ضمانتی معاہدہ ۔

Contract price : (n) (تجارت) طے شدہ قیمت ۔

Contract rent : (n) (تجارت) طے شدہ لگان ۔

Contract shop : (n) (تجارت) ٹھیکے کی دکان ۔

Contract system : (n) (سماجیات) ٹھیکہ داری نظام/طریقہ ۔

Contract theory : (n) (نفسیات و تاریخ) نظریہ معاہدہ ۔

Contractable : (n) قابل تخفیف ' اختصار پذیر ' تخفیف پذیر ' سر پڑنے والا ' سر لینے والا (مرض) ۔

Contracted : (a) (۱) مخفف : تنگ : محدود ' کوتاہ : حاصل شدہ ۔

Contractedly : (adv) مخفف یا محدود ہوکر ۔

Contractedness : (n) تخفیف : تنگی : اختصار ' کوتاہی ۔

Contractible : (a) انقباض پذیر: کشش پذیر: انقباض پیدا کرنے والا ۔

Contractibility : (n) اختصار پذیری ' تخفیف پذیری ' کشش : (نفسیات) سکڑنے کی صلاحیت ۔

Contractibility : (n) اختصار پذیری : تخفیف پذیری : کشش ۔

Contractibiliy : (n) انقباض پذیری : قابلیت انقباضی ۔

Contractile : (a) دیکھو Contractible

Contractile vacuole : (حیوانیات) انقباض خالیہ ۔

Contracting party : (تاریخ) فریق معاہدہ ۔

Contraction : (n) [L."contractionem"] (۱) کھینچ : اینٹھن ' انقباض : پیچ و تاب ۔(۲) تنگی : تحدید : بندش ۔(۳) ترخیم : اختصار : (حروف کے حذف یا ترکیب باھمی سے) تخفیف ۔ (٤) مرخمات : الفاظ ترخیم شدہ ' مخففات : علامات : (نفسیات) سکڑن : (تجارت) اختصاری اشارہ ۔(٥)اخذ: (عادت) اختیار کرنا ' (بیماری میں) مبتلا ھو جانا ۔ (٦) گراں باری قرض ۔

Contraction of curvency : (تجارت) اختصار زر ۔

Contraction of demand : (تجارت) اختصار طلب ۔

Contractional : (a) خلاصه : مخفف : جمع شده : معاھدہ شدہ ۔

Contractionalist : (n) امریکی کاغذی سکے کو کم کرنے کا حامی ۔

Contractionary impact : (n) (تجارت) اختصاری اثر ۔

Contractive : (a) انقباضی : منقبض ' تخفیفی : تنگی کن : تحدیدی ' ترخیمی ۔

Contractor : (n) ٹھیکہ دار : صاحب تعهد ' متعهد ' مستاجر : بدل ڈالنے والا ۔

Contractual : (a) ٹھیکے کا : تعهدی : انقباضی : (تاریخ) معاھدہ جاتی ۔

Contractual act : (n) (تاریخ) معاھدہ جاتی فعل ۔

Contractual capacity : (n) (تجارت) معاھدہ استطاعت ۔

Contractual function : (n) (تجارت) ٹھیکے کا کام ۔

Contractual income : (n) (تجارت) ٹھیکے کی آمدنی ۔

Contractual liability : (n) (تجارت) معاھداتی دین داری ۔

Contractual liability insurance : (تجارت) معاھداتی دین داری بیمہ ۔

Contractual obligation : (n) (تاریخ) معاھدہ جاتی فرائض ۔

Contracture : (n) [L. "contractura"] (۱) تشنج ۔ (۲) (تعمیرات) ستون کے بالائی حصے کا پتلا ھونا ۔

Contractured : (a) تشنج زدہ : تشنج عضلہ میں مبتلا ۔

Contradict : (v) [L. "contradicere"] : رد کرنا : تردید کرنا : تغلیط : انکار کرنا : مخالفت کرنا : تکذیب : نقیض یا متناقض ہونا ۔

Contradictable : (a) قابل تردید : قابل رد ۔

Contradiction : (n) (۱) انکار : تردید : تخالف : تکذیب : تناقض : تضاد : مخالفت : رد ۔ (۲) متضاد صفات رکھنے والا شخص ۔

Contradiction in tone : تناقض لفظی : متناقض : بیان یا الفاظ کا تناقض یا تضاد ۔

The law (principle) of contradiction : اصول تناقض : یہ اصول کہ دو متناقض چیزیں بیک وقت مجتمع نہیں ہو سکتی ہیں ۔

Contradiction in terms : (نفسیات وتعلیمات) لفظی ناقض ۔

Contradictional : (a) = (Contradictiary) متناقض : متضاد ۔

Contradictous : (a) منکرانہ : حجتی : مائل بہ تردید : تردیدی : متناقض انگیز : متضاد ۔

Contradictiously : (adv) منکرانہ طور پر : انکار یا رد کرتے ہوئے ۔

Contradictiousness : (n) حجتی پن : رد پسندی : انکار آمادگی ۔

Contradictive : (a) تردیدی : تناقض : تبائن : متضاد ۔

Contradictively : (adv) متناقضانہ : تردیدی طور پر ۔

Contradictorily : (adv) Contradictively دیکھو

Contradictoriness : (n) تناقض یا متناقض ہونا ۔

Contradictory : (a) [L."contradictorius"] Contradictive دیکھو

Contradictory . (n) متناقض بیان : انکاری یا تردیدی بیان ۔

Contradictory term : (n) (لسانیات) متضاد لفظ : متضاد اصطلاح ۔

Contradistinct : (a) متناقض : متاثر ۔

Contradistinction : (n) تمیز : امتیاز : تفریق (بین الاشیا) ۔

Contradistinctive : (a) متناقض ' مغائر : متمائز ۔

Contradistinguish : (v) تفریق کرنا : (متناقض خصوصیتوں کی وجہ سے) امتیاز کرنا :پہچان لینا : الگ کرنا ' الگ نظر آنا ۔

Contrafagotto : (n) = (Contrabassoon) ایک قسم کا باجا (بڑے قسم کا الغوزہ) ۔

Contrafocal : (a) (ریاضی) دو مخروطوں کا یعنی دو نظیری محوروں کے مربعوں کا مساوی جوڑ رکھنے والا ۔

Contragraduation : (n) (شماریات) متضاد درجہ بندی ۔

Contragredient : (a) تغیر کے دو نظاموں کے بارے میں اس طرح کہ جب ایک میں خطی بدل واقع ہو تو دوسرے میں بھی واقع ہو مگر متضاد قسم کا ۔

Contrahent : (a) [L. "Contrahentem"] معاہدہ یا نکاح سے متعلق ۔

Contrahent : (n) معاہدہ یا نکاح کے طرفین ۔

Contralateral : (a) (طب) جسم کے مخالف حصے میں ہونے والا ۔

Contralto : (n) (Pl. contralti,-tos) [It.] (۱) (موسیقی) سب سے اونچی مردانہ آواز ' کم ترین عورتوں کی آواز ۔(۲) مدھم آواز میں گانےوالی عورت یا مغنیہ ۔

Contranatural : (a) غیر طبعی ۔

Contraplex : (a) دو مخالف سمتوں میں بیک وقت پیغام بھیجنے کے قابل تیلی گراف / تار سے متعلق ۔

Contrapose : (v) (۱) برابر یا ایک دوسرے کے مقابل رکھنا : متقابل کرنا ۔(۲) (منطق) عکسی نقیض کے ذریعہ تبدیل کرنا : عکس نقیض کرنا ۔

Contraposition : (n) [L. "Contrapositionem"] (۱) تقابل : سامنا : مقابلہ : (منطق) عکس نقیض : عکس تقابل ۔

Contrapositive : (a) متضاد : مخالف : (نفسیات) متقابل ۔

Obverted contrapositive : (نفسیات) متقابل معدول ۔

Contraprovectant : (n) (ریاضی) ایک ہم متغیر جو کسی دوسرے ہم متغیر سے پیدا ہو ۔

Contraption : (n) (عامیانہ) انوکھی کل : کام چلاؤ مشین : اختراع ۔

Contrapuntal : (a) [It. "Contrapunto"] (موسیقی) گمکی ' گمک کی تان دینے والا ' سر دینے والا یا سر (ساتھ) ملانے والا ' چند صوتی ۔

Contrapuntally : (adv) بطور گمکی ' چند صوتی کے طور پر ' سُر ملا کر ۔

Contrapuntist : (n) گمکیا ' گمک دینے میں استاد یا مشاق ۔

Contrariant : (a) [L."contrarius"] مخالف : متضاد : منافی : نا گوار خاطر ۔

Contrariantly : (adv) مخالفت سے ' متضاد طور پر ۔

Contrariety : (n) [med. L. "contrariosus"] تخالف (فعل، مزاج یا نوعیت میں) ' مخالفت : نا موافقت ' ضد : مغائرت : سخن متناقض : (منطق) ارتباط متضاد : نا سازگار ۔

Contrarily : (adv) برخلاف اس کے : برعکس ۔

Contrariness : (n) مخالفت : ضد ۔

Contrarious : (n) مخالفت : ناموافق : ناراض : نا سازگار ' دشمن ' مخالفت آمیز ' خصومت امیز ۔

Contrariously : (adv) از روئے مخالفت : نا موافق طور پر : مخالفت امیزی سے : از روئے دشمنی ۔

Contrariousness : (n) نا موافقت : مخالفت آمیزی : ناراضگی : نا سازگی : ضدی پن : دشمنی ۔

Contrariwise : (adv) برخلاف اس کے : برعکس اس کے ' دوسری طرف ۔

Contrary : (a & n) [L. "Contrarius"] مخالف : معکوس : نا سازگار : مقابل : برعکس : متضاد : ضدی ' خود سر : خود رائے ۔

Contrary : (adv) برخلاف اس کے ' برعکس اس کے ۔

Interpret by contrary : الٹا سمجھنا : ہاں کی جگہ نا سمجھنا ۔

On the contrary : اس کے بر عکس : نہیں بلکہ ۔

To the contrary : خلاف : برعکس ۔

Contrary : (v) مخالفت کرنا : تردید کرنا ۔

Contrary opposition : (n) مخالفت ۔

Contrary proposition : (n) مخالف قضیہ ۔

Contrary term : (n) (لسانیات) مخالف لفظ : مخالف کلمے ۔

Contrast : (v) [L. "contrastare"] (۱) مقابلہ کرنا : آمنے سامنے لانا : مقابلہ کرکے جانچنا : فرق دیکھنا ۔(۲) ممتاز ' نمایاں یا سب سے الگ ہونا : الگ نظر آنا ۔

Contrast : (n) (۱) امتیاز : فرق (نمایاں) ۔(۲) مقابلہ : آمنا سامنا؛ (نفسیات) تخالف : (شماریات) فوق مقابلہ ۔(۳) ممتاز یا علاحدہ یا نمایاں شے : الگ ۔(٤) (فنون لطیفہ) رنگوں اورشکلوں کی مغائرت : مغائر رنگوں اورشکلوں کا پہلو بہ پہلو رکھنا ۔

Contrast meaning : (n) (لسانیات) تخالفی معنی ۔

Contrast of colour : (n) (کیمیا) تفرق رنگ ۔

Contrast-suggestion : (n) (سماجیات) مخالف رائے ۔

Contrastimulant : (n) [It. "contrastimolante"] (طب) مسکن : وہ دوا جو محرک دواؤں کے برعکس کام کرے ۔

Contrasting distribution : (n) (لسانیات) تخالفی تقسیم ۔

Contrasting stress : (n) (لسانیات) تخالفی زور ۔

Contrastive : (a) مغائر : ممتاز : نمایاں : مقابل ۔

Contrastive grammar : (n) =(Transfer grammar) (لسانیات) تخالفی قواعد ۔

Contrastive Linguistics : (n) (لسانیات) تخالفی لسانیات ۔

Contrastive pair : (n) (لسانیات) تخالفی جوڑا ۔

Contrate : (a) [L. "contrata"] سیدھے دندانے یا کھڑے دندانے کا پہیا ۔

Contravallation : (n)[L. "Contravallationem"] : حصار بندی ؛ حیاط بندی : محصور شہر یا لشکر گاہ کے گرد کی دیوار یا دمدمے جو محاصرین بنالیں ۔

Contravariant : (n) (ریاضی) ضد متغیر ۔

Contravene : (v) [L."contravenire"] (۱) (قانون) خلاف ورزی یا تجاوز کرنا ۔ (۲) رد و قدح کرنا ؛ جھگڑنا ؛ معارضہ کرنا ۔ (۳) مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ ٹکرا جانا (باہم) ۔

Contravene : (n) خلاف ورزی کرنے والا : معارضہ کرنے والا : مزاحم ہونے والا : حائل ہونے والا ۔

Contravention : (n) (۱) تجاوز : خلاف ورزی ۔ (۲) چھوٹے موٹے جرائم کے مقدمات جو پولیس کی عدالتوں میں پیش ہوتےہیں (خصوصاً یورپ میں) ۔

Contravention of rules : (تجارت) قواعد کی خلاف ورزی ۔

Contrayerva : (n) [Sp.] ایک امریکی پودا جس کی جڑ بطور قوت بخش استعمال ہوتی تھی ۔

Contre - : (Pref.) سابقہ بمعنی " مخالف ، مقابل" وغیرہ ۔

Contrecoup : (n) [F." Contre" + "Coup"] (۱) وہ صدمہ جو جسم کی ایک طرف ضرب لگنے سے دوسری طرف پیدا ہو ۔ (۲) شکستگی ۔

Contrectation : (n) [L. "Contrectationem"] عمل جنسی کا پہلا مرحلہ : ہاتھ سے حرکت دینا ۔

Contredance / Contra-dance : (n) [Corrupt. of Country-dance] ایک قسم کا رقص ۔

Contrefort : (n) پشتہ : ڈھال ؛ چبوترہ (جو کسی فصیل کی مضبوطی کے لئے بنایا جائے) ۔

Contretemps : (n) بدنصیبی سوئےاتفاق : رنگ میں بھنگ ۔

Contributable : (a) قابل شرکت / چندہ ۔

Contribute : (v) [L. "contribuere"] (۱) شرکت کرنا : (کسی صرف میں) چندہ دینا ؛ مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ۔ (۲) سبب ہونا ؛ موئد ہونا (کسی شے کے واقع ہونے میں) ۔ (۳) اعانت کرنا ۔ (٤) (اشاعت کےلئے) مضمون، مقالہ یا مراسلہ بھیجنا یا دینا ۔

Contribution : (n) (۱) چندہ ؛ حصہ ؛ چندہ دہی ؛ امداد ۔ (۲) مضمون؛ مراسلہ ؛ مقالہ (جو کسی جریدہ یا کتاب میں چھپنے کے لئے بھیجا جائے) ؛ صحیفہ ۔ (۳) جزیہ : جنگی محصول (جو فوج کے مصارف کے لئے وصول کیا جائے) ۔ (٤) ادائگی (ہرفرد کے کسی نقصان کےلئے) ۔

To lay under contribution : جنگی محصول وصول کرنا یا عائد کرنا ؛ مدد لینا ۔

Contributional : (a) امدادی ۔

Contributive : (a) شرکت کرنے والا ؛ امداد کرنےوالا ؛ مقالہ لکھنےوالا ۔

Contributor : (n) چندہ دینے والا : امداد کرنے والا : اعانت کرنے والا : شرکت کرنے والا (خاص کر مضمون نگار، صحیفہ نویس) ۔

Contributory : (a) امدادی ۔

Contributory : (n) وہ شخص جو کسی کمپنی کے ٹوٹ جانے پر اس کےقرضوں کے ادا کرنے میں شریک ہو ۔

Contributory health service : (تجارت) صحت عامہ کی شرکتی سروس ۔

Contributory negligence : (n) ایسے مجروح کی غفلت جس کا اپنا ہی فعل یا ترک فعل حادثے کا معین ہوا ہو ؛ امدادی غفلت ۔

Contributory provident fund : (تجارت) شرکتی پراویڈنٹ فنڈ ۔

Contributory value : (n) (تجارت) اعانتی قدر ؛ شرکتی قدر ۔

Contrite : (a) [L. "contritus"] (۱)نادم ؛ تائب ؛ پشیمان ؛ متاسف محزوں ۔ (۲) ندامت آمیز ؛ پر انفعال ۔

Contritely : (adv) ندامت سے ؛ پشیمانی سے ۔

Contrition : (n) ندامت ؛ پشیمانی ؛ توبہ ؛ استغفار ؛ دل شکستگی ۔

Contrivable : (a) قابل ایجاد ؛ قابل اختراع ۔

Contrivance : (n) (۱) حیلہ ؛ جھانسا ؛ تدبیر ؛ ترکیب ؛ اختراع ؛ ایجاد ؛ جدت ؛ استعداد ۔ (۲) آلہ ؛ پرزہ ؛ کل ۔

Contrivancy : (n) قوت اختراع ۔

Contrive : (v) [It. "controvare"] (۱) حیلہ کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ جتن کرنا ؛ تدبیر نکالنا ۔ (گھر یا گھر کے کام) چلانا ۔ (۲) ترکیب نکالنا ؛ نقشہ کھینچنا ۔ (۳) بروئے کار لانا ؛ کر دکھانا ۔

Contrived : (a) مصنوعی ؛ غیر فطری ؛ آوردہ ۔

Contriver : (n) حیلہ کرنے والا ؛ ایجاد کرنے والا ؛ مخترع ؛ موجد ؛ تدبیر نکالنے والا ۔

Control : (n) [See CONTROL (v)] (۱) اختیار ؛ اقتدار ؛ قابو ' حکومت ؛ نگرانی ۔ (۲) محاسبہ ' جانچ پڑتال ۔ (۳) معیار مقابلہ (تجربات کےنتائج کی جانچ کیلئے) ۔ (٤) روک ؛ رکاوٹ ' قید ؛ بندش ؛ ضبط ۔ (٥) قابو یافتہ شخص ؛ مسلط روح یا ہمزاد ، موکل ۔ (٦) موٹر منزل ؛ موٹر اڈا ' موٹر چوکی (وہ جگہ جہاں دوڑ میں ہوائی جہاز یا موٹر ٹھہرانے اور درست کرنے کی اجازت ہوتی ہے) ؛ (جمع) پرزے جن سے ہوائی جہاز کے رکنے میں مدد ملتی ہے ۔

Budgetary control : (تجارت) بجٹی کنٹرول ؛ بجٹ سے کنٹرول ۔

Credit control : (تجارت) قرض کنٹرول ؛ کریڈٹ کنٹرول ۔

Employment control : (تجارت) روزگار کنٹرول ۔

Exchange control : (تجارت) مبادلہ کنٹرول ۔

Expenditure control : (تجارت) اخراجات کنٹرول ۔

Investment control : (تجارت) اصل کاری کنٹرول ۔

Monopoly control : (تجارت) اجارہ داری کنٹرول ۔

Point of control : (شماریات) نقطۂ قابو ۔

Population control : (تجارت) آبادی کنٹرول ۔

Price control : (تجارت) قیمت کنٹرول ۔

Production control : (تجارت) پیداوار کنٹرول ۔

Quality control : (تجارت) صفاتی/معیار کنٹرول ۔

State control : (تجارت) ریاستی کنٹرول ۔

Stock control : (تجارت) اسٹاک / ذخیرہ کنٹرول ۔

Unified control : (تجارت) یکجاتی کنٹرول ۔

Wage control : (تجارت) اجرت کنٹرول ۔

Control : (v)[L. "contrarotulus"] اختیار یا قابو میں لانا ؛ تسلط یا حکومت کرنا ؛ روکنا ؛ ضبط کرنا ؛ جانچنا ؛ محاسبہ کرنا ۔

Control experiment : (n) معیار مقابلہ (تجربات کے نتائج کی جانچ کے لئے) ۔

Control grid : (n) (طبیعیات) کنٹرول گرڈ ۔

Control group : (n) (سماجیات) زیرتسلط جماعت ؛ زیر نگرانی جماعت ۔

Control magnetic field : (طبیعیات) مقناطیسی میدان ؛ چمبکی میدان ۔

Control pit : (n) (تاریخ) مرکزی غار ؛ مرکزی گڑھا ۔

Control torque : (n) (طبیعیات) مل گھوم کار ؛ اینٹھن ۔

Controllable : (a) (تجارت) قابل ضبط ، تسلط پذیر ؛ قابل ضبط یا محاسبہ ۔

Controllable cost : (n) (تجارت) قابل ضبط لاگت ۔

Controlled circulation : (n) (تجارت) کنٹرول شدہ گردش ۔

Controlled democracy : (n) (تاریخ) محدود جمہوریت ۔

Controlled economy : (n) (تجارت) منضبط معیشت ۔

Controlled experimentation : (n) (سماجیات) زیر نگرانی تجربہ ؛ زیر تسلط تجربہ ۔

Controlled price : (تجارت) منضبط قیمت ۔

Controller : (n) (۱) محاسب سرکاری ؛ ناظم ؛ صرف خاص وغیرہ کا میرسامان ؛ ناظر ۔ (۲) روکنے والا ؛ ضبط کرنے والا ۔ (۳) آلۂ تنظیم ۔

Controller General : کنٹرولر جنرل ؛ ناظم عمومی ؛ محاسب اعلیٰ ؛ ناظم اعلیٰ ؛ ناظراعلیٰ ۔

Controllership : (n) محاسبی کا عہدہ ۔

Controlling branch : (n) (تجارت) انتظامی شاخ : کنٹرول کرنے والی شاخ ۔

Controlment : (n) روک : رکاوٹ ، نظارت : قابو : حکومت : نگرانی ۔

Controversial : (a) [L." Controversialis"] نزاعی ، متنازع فیہ ، مباحثہ انگیز : پر مناقشہ ۔

Controversialism : (n) نزاع انگیزی ، مناقشہ پسندی ، مباحثہ جوئی ۔

Controversialist : (n) نزاع انگیز : مناقشہ پسند ، مباحثہ جو ۔

Controversially : (adv) نزاع انگیزی سے : مباحثہ جوئی : مناقشہ پسندانہ ۔

Controversion : (n) (۱) مباحثہ : مناقشہ : نزاع ، بحث ۔ (۲) مخالف سمت میں مڑنا ۔

Controversy : (n) [L. "Controversus"] (۱) مباحثہ ، نزاع ، مناقشہ : قیل و قال ، مجادلہ (لفظی) ۔ (۲) (قانون) دیوانی مقدمہ : (تاریخ) تنازعہ ۔

Without controversy : بلا مناقشہ ، مسلمہ : خارج از مناقشہ ۔

Beyond controversy : بحث یا مناقشہ سے بالاتر ۔

Controvert : (n) [L."Controversus"] بحث کرنا ، حجت کرنا ، جھگڑنا : نہ ماننا : انکار کرنا ، رد کرنا ۔

Controverted : (a) نزاعی ۔

Controverter : (n) حجتی ، جھگڑالو : منکر ۔

Controvertible : (a) قابل نزاع : قابل مناقشہ ۔

Controvertist : (n) نزاع انگیز : مناقشہ پسند : مباحثہ جو ۔

Contubernal : (n) [L."Contubernalis"] ہم منزلی : ہم خانگی ۔

Contubernal : (a) ہم منزل : نزدیک ۔

Contumacious : (a) [L."contumaci"] سرکش : شورہ پشت : نا فرمان (خاص کر عدالت کے احکام نہ ماننے والا) : سرتاب : متمرد : خودسر ۔

Contumaciously : (adv) سرکشی سے ، شورہ پشتی سے ، خود سری کے طور پر ۔

Contumaciousness : (n) سرکشی ، شورہ پشتی ، نافرمانی ، خودسری ، سرتابی ۔

Coxocerite : (n) [L."Coxor"+Gr."Keras"+-ITE] حشرات کے قرن کا نچلا حصہ ۔

Coxoceritic : (a) حشرات کےقرن کے نچلے حصے سے متعلق ۔

Coxopodite : (n) [L."coxa"+Gr."pod"+-ITE] قشریات کے پاؤں کا بالائی حصہ جو جسم سے لگا رھتا ھے ۔

Coxswain / Cockwain : (n) [ME."cokswayne"] پتواری ؛ صدر ملاح ؛ وہ چھوٹا افسر جو مستقل طور سے جہاز اور اس کے عملہ کا نگراں ھوتا ھے ۔

Coxswainless : (a) بے پتواری ؛ بے ناخدا کی (کشتی) ۔

Coxswainship : (n) ناخدائی ؛ پتوار گیری ۔

Coxy : (a) گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ مغرور ۔

Coy : (n) [L."cavea"] (۱) دام و دانہ ؛ جال ۔ (۲) جال جھینگے پھنسانے کا ۔ (۳) وہ بطخ جو دوسری بطخوں کو تالاب میں دھوکے سے لاکر پھنساتی ھے ۔

Coy : (n) [L."quetus"] (۱) شرمیلی ؛ لجانے یا بھڑکانے والی (نازنین) ۔ (۲) علاحدہ ؛ تنہا ؛ الگ تھلگ ؛ نظروں سے بچا ھوا (مقام) ۔ (۳) مصنوعی شرمیلی ؛ بناوٹی شرمیلی ۔ (٤) اپنے آپ کو پابند نہ کرنے والا ۔

Coy : (v) (۱) شرمانا ؛ خاموش رھنا ۔ (۲) (مجازاً) علاحدہ ھو جانا ۔

Coy-duck : (n) دیکھو Decoy duck

Coyish : (a) تھوڑی شرمیلی ۔

Coyly : (adv) لجاتے ھوئے ؛ شرمیلے پن سے ۔

Coyness : (n) لاج ؛ لجاوٹ ؛ شرمیلاپن ؛ حیا ۔

Coynye / Coignye : (n) [Irish"coinnemh"] (حربی) سپاھیوں کو لوگوں کے گھروں میں رکھنا اور (ان کے) کھانے اور قیام کا انتظام کرنا ۔

Coyote : (n) [Mexican."coyotl"] (۱) شمالی امریکا کا چھوٹا بھیڑیا ؛ گرگ نیستاں ۔ (۲) دھوکا باز ؛ فریبی ؛ دغا باز ۔

Coyote : (v) (کان کنی) چھوٹے چھوٹے گڈھے کھود کر دھات نکالنا ۔

Coyote-diggings : (n) چھوٹے گڈھے ۔

Coypu / Coypou : (n) [Native name] جنوبی امریکا کا کترنے والا آبی جانور ۔

Coystrel : (n) دیکھو Coistrel / Custrell

Coz : (n) cousin کا مخفف ۔

Coze : (v) [F."causer"] بات چیت کرنا ؛ گپ کرنا ۔

Coze : (n) گپ ؛ گپ شپ ۔

Cozen : (v) ٹھگ لینا ؛ دم دینا ؛ بہکانا ؛ بہلانا ؛ پھسلانا ؛ جُل دینا ؛ فریب دینا ۔

Cozenage : (n) ٹھگائی ؛ دغا بازی ؛ فریب دہی ۔

Cozener : (n) فریبی ؛ دغا باز ؛ ٹھگ ۔

Cozie : (a) دیکھو Cosy

Cozily : (adv) دیکھو Cosily

Coziness : (n) دیکھو Cosiness

Cozy : (a) دیکھو Cosy

Cr. : Creditor اور Credit کا مخفف ۔

Craal : (n) (۱) کرال ؛ جنوبی یا مرکزی افریقہ کے ادیباسیوں کا گاؤں جو جھونپڑیوں پر مشتمل ھوتا ھے ۔ اور جس کے چاروں طرف باڑھ یا دھس بنی ھوتی ھے ؛ احاطے سے گھرا ھوا ؛ ایسے گاؤں میں رھنے والا طبقہ ۔ (۲) مویشی یا بھیڑوں کا احاطہ ۔ (۳) (بے قاعدہ) تنگ و تاریک گھر یا جھونپڑا ۔

Crab : (n) [OE."crabba"] (۱) کیکڑا ؛ سرطان ۔ (۲) (ھیئت) برج سرطان ۔ (۳) کانٹا (وزن اٹھانے کےلئے کل) ۔ (٤) (جمع میں) قماربازی میں سب سے گھٹیا چال ؛ گھٹیا داؤں ۔ (۵) پتیوں کا الجھ جانا یا پھنس جانا ۔ (٦) (ھوائی جہاز کی) حرکت عرضی ۔ (۷) (جمع میں) کیڑے کا پہل روپ ۔

To catch a crab : چپو کا الجھنا یا پھنس جانا ۔

To turn out crabs : ھارنا ؛ خالی ھاتھ ؛ نا کام رہ جانا ۔

Crab : (n) [Origin unknown] (۱) جنگلی سیب ۔ (۲)ترش رو ؛ ترش رو آدمی ؛ بے جا نکتہ چینی ۔ (۳) جنگلی سیب کی لکڑی کی چھڑی ۔

Crab : (n) [Corruption of "CARAP"] جنوبی امریکا کا ایک درخت ؛ crap کی بگڑی شکل ۔

Crab : (v) — (۱) نوچنا ؛ پنجے چلانا ؛ لڑنا (بازکا) ۔ (۲) (عام محاورہ) نوچنا کھسوٹنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ ذلیل کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

Crab : (v) — (۱) (جہاز رانی) ترچھا چلنا ؛ پہلو میں چلنا ۔ (۲) (عام بول چال) پیچھے ہٹنا ؛ رو گردانی کرنا ۔ (۳) اونی کپڑے کو گرم پانی میں ڈبونا (صاف کرنے کے لئے) ۔ (٤) کیکڑوں کو پھنسانا ۔

Crab-apple : (n) — جنگلی سیب ۔

Crab-catcher : (n) — بگلے کی طرح کا ایک پرندہ جو کیکڑا کھاتا ہے ۔

Crab-claw : (n) — پکڑنے کا پنجہ ۔

Crab-eater : (n) — بگلے کی ایک قسم ۔

Crab-faced : (a) — ترش رو ۔

Crab-favour : (a&n) — ترش رو ۔

Crab-grass : (n) — ایک قسم کی گھاس ۔

Crab-lobster : (n) — کیکڑے کی ایک قسم ۔

Crab-harrow : (n) — دندانے دار سراون (جس کے دندانے جھکے ہوئے رہتے ہیں) ۔

Crab-harrow : (v) — دندانے دار سراون سے زمین کھودنا یا توڑنا ۔

Crab-like : (a) — کیکڑا سا ؛ سرطان نما ۔

Crab-louse : (n) — جوں ۔

Crab-pot : (n) — کیکڑا پکڑنے کا جال یا ٹوکرا ۔

Crab-sidle : (v) — کیکڑے کی طرح (بازو میں) چلنا ۔

Crab-spider : (n) — مکڑے کی قسم ۔

Crab-stick : (n) — جنگلی سیب کی چھڑی ۔

Crab-stock : (n) — جنگلی سیب کا ذخیرہ ۔

Crab-tree : (n) — جنگلی سیب کا درخت ۔

Crab-yaws : (n) — (طب) حبشیوں کے تلووں کا ایک متعدی مرض ۔

Crabbed : (a) — (۱) ترش ؛ تند ؛ کڑا ؛ کڑوا ۔ (۲) بد خو ؛ چڑ چڑا ؛ بد مزاج ۔ (۳) (عبارت یا تحریر) غامض ؛ پیچیدہ ؛ الجھی ہوئی ؛ دشوار ؛ بد نما ؛ لایقری ؛ بد خط ۔

Crabbedly : (adv) — ترش روئی سے ؛ بد مزاجی سے ؛ تندی سے ۔

Crabbedness : (n) — ترشی ؛ تندی ؛ کڑواہٹ ؛ بدمزاجی ؛ بد خوئی ؛ چڑچڑا پن ؛ پیچیدگی ؛ دشواری ؛ بدخطی ۔

Crabber : (n) — کیکڑے پکڑنے والا شخص یا کشتی ۔

Crabbery : (n) — وہ جگہ جہاں کیکڑے زیادہ ملتے ہیں ؛ خرچنگ دار ۔

Crabbing : (n) — (۱) کیکڑا گیری ۔ (۲) جنگلی سیب جمع کرنا ۔

Crabbing : (n) — اونی کپڑے کو گرم پانی سے گزار کر صاف کرنا ۔

Crabby : (a) — (۱) کیکڑا نما ۔ (۲) کیکڑوں سے بھرا ہوا ۔

Crabby : (a) — بد مزاج ؛ بد خو ؛ چڑ چڑا ۔

Crabier : (n) — کیکڑا خور پرند ۔

Crablet : (n) — چھوٹا کیکڑا ۔

Crabbling : (n) — چھوٹا کیکڑا ۔

Crabs : (n) — پانسے کا سب سے گھٹیا داؤ جسے ہمارے یہاں "تین کانے" کہتے ہیں ۔

Crab's eye / -eyes : (n) — سنگ دانہ ۔

Crack : (n) [See next] — (۱) چٹاخا ؛ تڑاخا ؛ کڑک ؛ گرج ؛ دھماکا ۔ (۲) ضرب ؛ تیز ہاتھ (مارنے میں) ؛ چوٹ (اچانک) ۔ (۳) (بازاری) گپ ؛ زیٹ ؛ دون کی لینا ؛ (شمالی برطانیہ میں) گپ شپ ؛ تڑاق پڑاق (باتیں) ۔ (٤) (جمع) خبریں ؛ اخبار ۔ (٥) دراز ؛ شگاف ۔ (٦) کھلاڑی ؛ مشاق ؛ ماہر ؛ عمدہ سدھا ہوا ؛ تیز یا برق دم یا برق رفتار گھوڑا ۔ (۷) نقب زن ؛ نقب زنی ۔ (۸) لحہ ۔ (۹) گپی ۔ (۱۰) کمی ؛ نقص ۔ (۱۱) (عامیانہ) سوکھی لکڑی ۔

In a crack : — آناً فاناً ؛ پلک مارتے ۔

Crack : (v) [OE."cracian"] (۱) تڑقنا ؛ تڑقانا ؛ پٹخارنا ؛ کڑکنا ۔ (۲) باتیں کرنا ؛ چٹر پٹر باتیں کرنا ۔ (۳) توڑنا پھوڑنا (سر یا اخروٹ وغیرہ کا کڑاکے سے) ۔ (٤) دراڑ، درز یا شگاف ڈال دینا ۔ (٥) (آواز کا) بھاری پڑ جانا ؛ (سن بلوغ کے وقت) کنٹھ پھوٹنا یا نکلنا ۔ (٦) صدمہ پہنچنا ؛ نقصان پہنچانا (ساکھ وغیرہ کو) ۔ (۷) مارنا ۔ (۸) شیخی بگھارنا ۔ (۹) تعریف کرنا ۔ (۱۰) سوچنا ؛ غور کرنا ۔ (۱۱) خالی کرنا ؛ چڑھا جانا (بوتل) ۔ (۱۲) نقب لگانا؛ کھولنا ۔ (۱۳) ٹوٹنا ۔ (۱٤) برباد کرنا ۔ (۱٥) پاگل بنا دینا ۔ (۱٦) جھٹکے کے ساتھ چلنا ؛ تیزی سے چلنا ۔

To crack a bottle : بوتل چڑھا جانا ؛ سب پی جانا ؛ خالی کر دینا ۔

To crack a crib : (عامیانہ) نقب لگانا ۔

To crack a joke : مسخرہ پن کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ ھنسی اڑانا ۔

Crack : (a) اعلیٰ ؛ عمدہ ؛ تڑاقے کا ؛ زور کا ۔

Crack : (adv) تڑاقے سے ؛ کڑ کڑاتے ھوئے ۔

Crack-brained : (a) پگلا ؛ مخبوط ؛ دل جلا ۔

Crack-headed : (a) دیکھو Crack-brained

Crack-jaw : (a) ثقیل ؛ نامانوس ؛ (لفظ) مشکل سے ادا ھونے والا ۔

Crack of doom : رعد قیامت ۔

Crack-pot : (n) پگلا ؛ مخبوط ۔

Crack-skull : (n) دیکھو Crack-brained

Crack-tryst : (n) موعودہ ملاقات کی خلاف ورزی کرنے والا ۔

Crack-up : (v) تعریض کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ۔

Crack-up : (n) شکستگی ؛ اعصابی شکستگی ۔

Crack-willow : (n) ایک قسم کی بید ۔

Crack-winded : (a) ٹوٹی ھوئی سانس لینے والا ۔

Crackable : (n) جو توڑا جا سکے ؛ قابل شکست ۔

Cracked : (a) (۱) (عام محاورہ) مخبوط الحواس ؛ پگلا ؛ دماغ چلا ھوا ۔ (۲) ٹوٹا ھوا ؛ شکستہ ؛ ناقص ۔ (۳) شگاف دار ۔ (٤) بھاری (آواز) ۔

Cracker : (n) (۱) پٹاخا ؛ گولا (آتش بازی کا) ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی ۔ (۳) کرارا بسکٹ ۔ (٤) تڑاقا ؛ دڑیڑا ؛ دھماکا (رگڑنے یا ٹوٹنے کا) ۔ (٥) (طالب علموں کی اصطلاح) گپ ؛ جھوٹ ؛ دروغ ۔ (٦) جھوٹا ؛ شیخی باز ۔ (۷) ایک قسم کی بط ۔ (۸) (امریکا) غریب سفیدفام لوگ ۔ (۹) سروتا ؛ توڑنے کا آلہ ۔

Nut cracker : (توڑنے کا) آلہ ؛ سروتا ۔

Crackers : (n) پگلا ؛ مخبوط ۔

Crackle : (n) [See next] (۱) چٹخ ؛ چرچراھٹ ۔ (۲) ایک قسم کا چینی ظرف جس پر تمام بال پڑے نظر آتے ھوں ۔ (۳) چمک دمک ۔

Crackle : (v) [dim. and freq.of CRACK] (۱) چٹخنا ؛ چرچرانا ۔ (۲) چمکنا ۔ (۳) چورا کرنا ۔

Crackle-china /-glass /-ware : شیشے یا چینی کے ظروف جن پر بطور نقش بال یا درزیں بنی ھوں ۔

Crackled : (a) (۱) چٹخا ھوا ۔ (۲) (سور کا گوشت) کرکرا ۔

Crackling / Craclin : (n) (۱) چٹخ ؛ چٹخانا ؛ بھربھراھٹ ؛ کرارا پن ؛ خستہ پن ۔ (۲) سور کا کرکرا گوشت ۔ (۳) چینی کا ظرف جس پر بال یا درزیں نقش ھوں ۔

Crackmans : (n) (چوروں کی اصطلاح میں) حصار ؛ باڑ ۔

Cracknel : (n) [F."Craquelin"] (۱) کرارا بسکٹ ؛ بھر بھرا بسکٹ ۔ (۲) سور کا خشک اور کرکرا گوشت ، چینی کا ظرف جس پر بال یا درزیں نقش ھو ۔

Cracksman : (n) نقب زن ؛ سیندھ دینے یا لگانے والا ۔

Cracky : (a) (۱) درز دار ؛ دڑاڑیں پڑا ۔ (۲) چرچراتا ؛ چٹختا ۔ (۳) (عام محاوروں میں) پگلا ؛ باتونی ؛ خبطی ۔

Cracovienne : (n) [F.] پولینڈ کا ایک رقص ۔

-Cracy / -cratie / -crasia : [Gr."kratia"] ایک یونانی لاحقہ بمعنی حکومت ؛ حکام ؛ اقتدار ؛ شاھی ، سماجی یا سیاسی طبقہ ؛ نظریہ حکومت ۔

Cradle : (n) [Gr."kratze"] (۱) پنگوڑا : پالنا : بچوں کا کھٹولا یا بچھونا : جھولا : گہوارہ ۔ (۲) (استعارتاً) وہ مقام جہاں کسی چیز کا آغاز یا ابتدائی پرداخت ہوئی ہو ۔ (۳) چھینکا یا جھولا : کوئی ڈھانچہ یا قالب جو پنگوڑے سے ملتا جلتا ہو خاص کر گہوارہ، جہاز جس میں بنتے وقت جہاز رکھے جاتے ہیں ۔ (٤) درانتی کا پنجہ : ھنسیا گھیر (درانتی کے ساتھ کاٹنے میں آسانی کے لئے ایک پنجہ سا بنا لیتے ہیں) ۔ (٥) (کندہ کاری کی اصطلاح) سنگ تراش یا کندہ کاری کی چھینی : منقاش ۔ (٦) (کان کنی کی اصطلاح) منی ' چھاج : شمشویا (ایک خانہ جس کو ھلا کر منی نکالتے ہیں) ۔ (۷)بچپن ۔ (۸) زخمی ملاحوں کاپلنگ ۔ (۹) کشتی کا ایک داؤ ۔ (۱۰) بچوں کا ایک کھیل (Cat's cradle) ۔

Cradle : (v) گہوارہ میں ڈالنا : جھولے چڑھانا (بچے یا جہاز کو) : پنگوڑے میں ہونا : جھولے جھلا کر سلانا یا پناہ لینا : کاٹنا : دور کرنا (پنجے دار درانتی سے) : پالنا : (بچپن میں) پرورش کرنا : سہارا دینا ۔

Cradle-holding : (n) (انگلستان میں) رواجاً سب سے چھوٹے لڑکے کو وراثت میں ملی ہوئی زمین ۔

Cradle-hole : (n) سڑک کا نشیب ۔

Cradle-land : (n) (تاریخ) جنم بھومی : جائے پیدائش ۔

Cradling : (n) (۱) گہوارہ جنبانی ۔ (۲) (تعمیرات) لوہے یا لکڑی کا ڈھانچہ : خانہ : چوکھٹا ۔

Cradle-roof : (n) لکڑی کی چھت محرابی شکل کی ۔

Cradle-scythe : (n) پنجے دار درانتی ۔

Cradle-snatcher : (n) بہت ہی کم سن لڑکی سے شادی کرنے والا ۔

Craft : (n) [OE."creft"] (۱) ہوشیاری : چالاکی : دستکاری : کاریگری : استادی (فن یا صنعت میں) ۔ (۲) پیشہ : صنعت ۔ (۳) کشتی : ناؤ ۔ (٤) (برے معنی میں) حیلہ : فریب : دھوکا ۔ (٥) ہوائی جہاز ۔ (٦) پیشہ وروں کی جماعت ۔ (۷) مچھلی خصوصاً وھیل مچھلی پکڑنے یا مارنے کا اوزار ۔

The craft : جماعت فراميشن : فراميشنوں کا گروہ یا برادری : فرامیشی بھائی چارہ ۔

The craft of the woods : چوبی دستکاری ۔

The gentle craft : مچھلی کا شکار ۔

The seven craft : عہد وسطی کے سات فنون ۔

Craft guild : (n) پیشہ وروں کی جماعت : برادری (دستکاری) ۔

Craftily : (adv) چالاکی سے : مکاری سے : عیاری سے ۔

Craftiness : (n) چالاکی : مکاری ' عیاری ۔

Craftless : (a) بے ھنر ۔

Craftsman : (n) دست کار کاریگر : پیشہ ور ۔

Craftsmanship : (n) دست کاری : استادی ' صنعت گری ' کاریگری ۔

Craftsmaster : (n) استاد : ماہر ۔

Crafty : (a) (۱) چالاک : مکار ' عیار ۔ (۲) استاد : ماہر ۔

Crag : (n) [ME. of celtic origin] (۱) کڑاڑا : گھاٹی : ڈھلواں چٹان : چٹان ۔ (۲) (ارضیات) وہ چٹان جس میں صدف کے ٹکڑے اور ریت پائے جاتے ہیں ۔

Crag : (n) [ME.] گردن ۔

Cragged : (a) ناہموار : سنگستانی : چٹانوں بھرا : اونچا نیچا ۔

Cragged / Craiged : (a) واصلہ بمعنی گردن یا گردن والا ۔

Craggedness : (n) ناہمواری : اونچا نیچا پن ۔

Craggy : (a) ناہموار : سنگستانی : چٹانوں بھرا : اونچا نیچا ۔

Cragsman : (n) چٹان یا پہاڑ کی چڑھائی میں مشاق ۔

Craike : (۱) کوا ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ جس کو کارن کریک کہتے ہیں ۔ (۳) اس (کارن کریک) پرند کی آواز ۔

Crake : (n) [ON."kraka"] دیکھو Craike

Crake : (v) (۱) کرخت آواز نکالنا ؛ زفیل مارنا ۔ (۲) شکایت کر نا ۔

Crake : (v) شیخی بگھارنا ۔

Crake-berry : (n) ایک چھوٹی جھاڑی کا پھل ۔

Crake-needle : (n) صدف کی ایک قسم ۔

Craker : (n) کارن کریک (ایک قسم کی چڑیا) ۔

Craker : (n) شیخی باز ۔

Crakow : (n) [f. "Crakow" in Polan.] ایک قسم کا جوتا جس کی لمبی باریک نوک ہوتی تھی ۔

Cram : (v) [OE."crammian"] (۱) بھرنا (لبالب یا کھچا کھچ) ؛ ٹھونسنا : تھورنا ؛ بھرانا (مرغیوں وغیرہ کو) ؛ (ندیدے کی طرح) کھانا ۔ (۲) (استعارتاً) رٹنا یا تیاری کرنا ؛ (امتحان کےلئے) پڑھنا ؛ (خاص غرض کے لئے) ازبر کرنا ۔ (۳) (عامیانہ) جھوٹ بولنا ؛ جھوٹ سے بھر دینا ۔ (٤) جبریہ تاکید سے چلانایا آگے بڑھانا (گھوڑے کو) ۔

Cram : (n) (۱) (بازاری محاورہ) بھیز : جھوٹ ۔ (۲) رٹائی ۔ (۳) موٹا کرنے والی غذا ۔ (٤) دو دھاگوں والا تانا ۔

Cram-full : (a) (۱) خوب بھرے ہوئے ۔ (۲) لبالب : کھچا کھچ ۔

Cramberry : (n) شمالی یورپ اور شمالی امریکا کی ایک جھاڑی کا پھل جیسے بیرونی کرونده ۔

Crambo : (n) [Var. of CRAMBE] (۱) قافیہ بازی ؛ تک بندی (اس قسم کاایک کھیل) ؛ بیت بازی ۔ (۲) گھٹیا قسم کی شاعری ۔

Dumb crambo : گونگی مکھو (ایک کھیل جس میں ایک فریق لفظ دل میں لے کے اس کا حرف قافیہ بتاتا اور چپ ہو جاتا ھے اور دوسرا فریق اصل لفظ بولنے کی کوشش کرتا ھے) ۔

Crammer : (n) (۱) رٹو ۔ (۲) جھوٹ ۔ (۳) موٹا کرنے والا (مرغیوں وغیرہ کو) ۔ (٤) رٹانے والا ۔

Cramoisy / Cramesy : (a) [Arab."qirmazi"] قرمزی ۔

Cramoisy / Cramesy : (n) قرمزی کپڑا ۔

Cramp : (n) [OF."crampe"] (۱) اینٹھن ؛ اکڑن ؛ مروڑ (جو پٹھوں میں سردی وغیرہ سے ہو جائے) ؛ رگ چڑھنا ؛ درد شکم ۔ (۲) تکلیف دہ حیض ۔ (۳) رعشہ ؛ مقامی جزوی فالج (فالج جو بعض حاملہ جانوروں کو ہوتا ھے یا ان پرندوں کو جو بہت تنگ جگہ میں رکھے جائیں) ۔

Cramp : (n) (۱) اڑ ؛ اڑوا ؛ قینچی ؛ قلابہ (لوھے کی سلاخیں جن کے سرے خمیدہ ہوتے ھیں تا کہ کڑیاں اور دیوار تھامے رکھیں) ۔ (۲) (جوتا سازی) فرما ؛ قالب ۔ (۳) روک ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش ؛ محصور ۔ (٤) چٹانوں کا وہ حصہ جو سہارے کےلئے چھوڑ دیا جاتا ھے ۔

Cramp : (a) (۱) گنجلک ؛ پیچیدہ ؛ عسیرالفہم (لفظ یا تحریر) ۔ (۲) اینٹھا ہوا ؛ مڑا تڑا ؛ مڑا ہوا ۔

Cramp : (v) (۱) اینٹھ جانا ؛ اکڑن ہو جانا (پٹھوں میں) ۔ (۲) گھیرلینا ؛ گھوٹ لینا ؛ مقید یا محدود کرنا (قوی وغیرہ کو) ۔ (۳) اڑداڑ لگانا ؛ قینچی ڈالنا ؛ کلاب باندھنا ۔ (٤) قالب پر چڑھانا ؛ فرما پر چڑھانا ۔

Cramp-bark : (n) کرونڈے کی طرح کی ایک جھاڑی ؛ Cramberry کی چھال یا درخت ۔

Cramp-bone : (n) بھیز کے گھٹنے کی ھڈی ۔

Cramp-fish : (n) راعدہ یا رعدہ (مچھلی جس کو چھونے سے بجلی کا سا صدمہ پہنچتا ھے) ۔

Cramp-iron : (n) لوھے کی خمیدہ سلاخ جس کے سرے خمیدہ ہوتے ھیں تاکہ کڑیاں اور دیوار تھامے رکھے ۔

Cramp-ring : (n) ایک انگوٹھی جو اینٹھن اور دوسری بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Crampedness : (n) تنگی ۔

Crampet : (n) (۱) نیام شمشیر (جو اکثر نقابت میں بطورنشان استعمال ہوتی تھی ۔ (۲) کنڈا ؛ قلابہ ؛ کانٹا ۔ (۳) سیخ دار ؛ لوھے کا تلا جو برف پر چلنے کے لئے جوتے میں لگایا جاتا ھے ۔

Crampness : (n) اینٹھن ؛ گنجلک پن ؛ عسیرالفہمی ؛ پیچیدگی ۔

Crampon / Crampoon : (n) [F."campon"] (۱) کنڈا ؛ قلابہ ؛ کانٹا (لوھے ، چیزیں پکڑنے یا اٹھانے کے لئے) ۔ (۲) کیلوں دار لوھے کا تلا برف پر چلنے کے لئے ۔ (۳) ریشہ جو بیلوں کے چڑھنے میں مدد کرتا ھے ۔

Cramponne / Crampone : (n) [F.] وہ صلیب جس کے چاروں سروں پر کلاب ھوتا ھے ۔

Crampy : (a) انقباض شدہ ؛ اینٹھن پیدا کرنے والا ۔

Cran : (n) [Geal."crann"] مچھلیاں تولنے کا ایک پیمانہ : قرن ساڑھے سینتیس گیلن کے برابر ھوتا ھے ۔

Cran : (n) [ME.] (۱) چولہے پر برتن رکھنے کا سہارا ۔ (۲) ایک لمبی دم والی چڑیا ۔

To coup the crans : گڑبڑی ھونا ۔

Cranage : (n) (۱) دمکلا لگائی ۔ (۲) اٹھوائی ؛ ڈھلوائی (سماک کی اجرت یا کرایہ) ۔

Cranberry /Craneberry : (n) [LG."kranebere"] Cramberry دیکھو

Crance : (n) [MHG."kranz"] (جہاز رانی) جہاز کے شہتیر کے بیرونی سرے کا حلقہ ۔

Crane : (n) [OE."cran"] (۱) کلنگ ؛ کونج ؛ لق لق ؛ سارس ۔ (۲) دمکلا (وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ) ؛ سماک ؛ رافعہ ۔ (۳) (فلکیات) کلنگ ؛ کرکی ؛ غرنیق ۔ (٤) خمیدہ نلکی جس سے سیال چیزنکالتے ھیں ۔ (٥) سائفن ؛ انجن میں پانی پہنچانے کا نل ؛ دمکلا ۔

Crane : (a) قرمزی رنگ کا ۔

Crane : (n) [med.L."cranium"] کھوپڑی ۔

Crane : (v) (۱) دمکلا سے اٹھانا ۔ (۲) سارس کی طرح گردن آگے نکالنا ۔ (۳) گردن دراز کر کے جھکنا ۔ (٤) تامل کرنا ؛ (شکارمیں کسی مزاحمت کے سامنے پھاندنے سے پہلے رکنا) ۔

Crane at : (v) دبکنا ؛ پیچھے ھٹنا ؛ رک رھنا (مشکلات سے) ۔

Crane colour : (n) قرمزی رنگ ۔

Crane coloured : (a) قرمزی رنگ کا ۔

Crane-fly : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Crane-necked : (a) دراز گردن ۔

Craner : (n) (۱) دمکلا اور دوسری تولنے والی مشینوں کا افسر ۔ (۲) تامل کرنے والا (خطرناک پھاند سے پہلے) ۔

Crane's bill / Cranes bill : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) (جراحی) لمبی نوک والا گھوا ۔

Crang : (n) [med. L."krang"] وھیل مچھلی کی لاش (چربی ھٹانے کے بعد) ۔

Cranial : (a) [med. L."cranium"] (حیوانیات) دماغی ؛ کھوپڑی سے متعلق ؛ قحفی ۔

Cranial flexure : (n) قحفی یا دماغی خم ۔

Cranial nerve : (n) عصبی خم ۔

Craniata / Craniota : (n) [L."cranium"and Gr."kranion"] ریڑھ دار جانوروں کی ایک تقسیم ۔

Craniectomy : (n) [CRANIO-+Gr."ectome"] کھوپڑی کے ایک حصے کا نکالنا تا کہ دماغ ٹھیک رھے ۔

Cranio - : [Gr."kranion"] ترکیبی جزو بمعنی کھوپڑی ۔

Cranio-spinal : (a) کھوپڑی اور ریڑھ سے متعلق ۔

Craniocele : (n) مغز کا کھوپڑی سے باھر نکل آنا ۔

Cranioclasm : (n) جنین کے سر کو توڑ دینا ۔

Cranioclast : (n) جنین کے سر کو توڑ کر باھر نکالنے کا آلہ ۔

Craniofacial : (a) کھوپڑی اور چہرے سے متعلق ۔

Craniognomic : (a) کھوپڑی کے خواص اور شکل معلوم کرنے کے علم سے متعلق ۔

Craniognomy : (n) کھوپڑی کے خواص اور شکل معلوم کرنے کا علم ۔

Craniograph : (n) کھوپڑی کا خاکہ اتارنے کا آلہ ۔

Craniographer : (n) کھوپڑی کی خصوصیتوں کا ماھر ۔

Craniography : (n) کھوپڑیوں کا بیان ۔

Cranioid : (a) (حیوانیات) صدف کی ایک قسم ؛ صدف نما ۔

Craniological : (a) جمجمہ شناسی سے متعلق ۔

Craniology : (n) جمجمہ شناسی ؛ کاسۂ سر کی شناخت کا علم ۔

Craniologist : (n) جمجمہ شناس ۔

Craniometer : (n) کھوپڑی ناپنے کا آلہ ؛ سر پیما ۔

Craniometric : (a) سر پیما سے متعلق ۔

Craniometrical : (a) سر پیما سے متعلق ۔

Craniometrically : (adv) سر پیمائی کے طور پر ۔

Craniometrist : (n) سر پیمائی کا ماہر ۔

Craniometry : (n) سر پیمائی ؛ کھوپڑی پیمائی ۔

Craniopathy : (n) کھوپڑی کی بیماری ۔

Craniophore : (n) کھوپڑی پیما آلہ ۔

Cranioplasty : (n) کھوپڑی کا عمل جراحی ۔

Cranioscopic : (a) جمجمہ بینی سے متعلق ۔

Cranioscopical : (a) دیکھو Cranioscopic

Cranioscopist : (n) جمجمہ بین ۔

Cranioscopy : (n) جمجمہ بینی ۔

Craniota : دیکھو Craniata

Craniotomy : (n) (۱) کھوپڑی کا عمل جراحی ۔ (۲) ولادت کے وقت رکاوٹ ہونے کیوجہ سے جنین کے سر کو توڑنے کا عمل جراحی ۔

Cranium : (n) (Pl.Crania) [Gr."kronion"] (۱) کھوپڑی : کاسہ (سر کا) ؛ جمجمہ ۔ (۲) (مزاحاً) سر ۔

Crank : (n) [OE."cranc"] (۱) چکر کہنی ؛ گھمیا ؛ دھری پھیر (محور یا دھری کا وہ پرزہ جو عمودی اور دوری دونوں قسم کی حرکت دے سکتا ہے) ۔ (۲) کہنی (گھنٹا لٹکانے کی) ۔ (۳) گھومتا چکلا (بطور سزا قیدیوں سے چلواتے ہیں) ۔ (٤) کہنی نما سہارا یا بریکٹ ۔

Crank : (n) (۱) دور از کار استعارہ یا ترکیب ۔ (۲) وسواسی ؛ مراقی ۔ (۳) بیماری ؛ مرض ۔

Crank : (a) (۱) ڈھیلا پن ؛ خمیدہ ۔ (۲) مشکل ؛ دشوار ۔

Crank : (a) [Origin unknown] (۱) خوش ؛ خوش حال ؛ بشاش ۔ (۲) با ہوش ۔

Crank : (a) [Du. and Fris."krengd"] (جہاز رانی) ڈگمگاتا جہاز یا کشتی جس کے الٹ جانے کا اندیشہ ہو ۔

Crank : (v) موڑنا ؛ خمیدہ کرنا ؛ کہنی بنانا ؛ کہنی میں جڑنا ؛ کہنی بٹھانا ۔

Crank : (v) ناگوار آواز نکالنا ۔

Crank-axle : (n) (۱) مشین کا دھرا ۔ (۲) گاڑی کا وہ دھرا جو سرے پر دوبار مڑا رہتا ہے ۔

Crank-hook : (n) وہ کونڈا جو خراد میں پاؤں دان اور کہنی کو ملاتا ہے ۔

Crank-pin : (n) دھرے کی کیل ۔

Crank-shaft : (n) وہ دھرا جو دھری پھیر سے چلتا ہے ۔

Crank-wheel : (n) وہ پہیا جو دھری پھیر کا کام کرتا ہے ۔

Cranked : (a) کہنی بنا ہوا یا کہنی لگا ہوا ۔

Crankily : (adv) بودے پن یا خبطی پن سے ؛ جلد بازانہ ۔

Crankiness : (n) بوداپن ؛ کمزوری ؛ بوالہوسی ؛ بد مزاجی ۔

Crankle : (v) مروڑی دینا ؛ پیچ دینا ۔

Crankle : (n) مروڑی ؛ پیچ ۔

Crankly : (adv) زندہ دلی سے ؛ بشاشت کے ساتھ ۔

Crankness : (n) ڈگمگاہٹ ۔

Crankous : (a) زود رنج ؛ چڑ چڑا ۔

Cranky : (a) (۱) کمزور ؛ علیل ؛ بودا ؛ ڈھیلا ۔ (۲) بوالہوس ؛ خبطی ۔ (۳) خمیدہ ۔ (٤) متلون ؛ مراقی ۔ (٥) بد مزاج ۔

Cranky : (a) خوش ؛ خوش حال ؛ بشاش ۔

Crannied : (a) دراز دار ؛ شگاف دار ۔

Crannog : (n) [Irish"crannog",Gael."crannag"] جھیل جھونپڑی (اسکاچستان اور آئرستان والوں کے قدیم مکانات جو جھیلوں میں شہتیروں پر بنائے جاتے تھے) ۔

Cranny : (n) [F."cran"] درز ؛ دراز ؛ سوراخ ؛ روزن ؛ شگاف ۔

Cranny : (n) [Origin unknown] (شیشه سازی) لوہے کی سلاخ جو بوتل کی گردن بنانے میں کام آتی ھے ۔

Cranreuch : (n) [Gael."crann"+"reodhadh"] پالا ۔

Crap : (n) [Du."krappe"] (۱) گندم سیاہ ۔ (۲) باقی ماندہ ؛ بچا کھچا ۔ (۳) ایل (شراب) کی تلچھٹ ۔ (٤) (عامیانہ) زر ؛ روپئے پیسے ۔ (٥) فضلات ۔ (٦) بچی کھچی چیز ۔

Crap : (n) [Du."krap"] پھانسی ؛ دار ۔

Crap : (n) [back-formation Fr."craps"] دو پانسے سے کھیلا جانے والا جوا ۔

Crap : (v) پھانسی دینا ۔

Crap : (v) جوا کھیلنا ؛ قمار بازی کرنا ۔

Crapaudine : (n) [F.] وہ خانہ جس میں دروازہ کی چول گھومتی ھے ؛ دروازے کا لولہ ۔

Crape : (n) [F."crepe"] (۱) جالی ؛ کتان ؛ ایک قسم کا باریک چھینٹ دار کپڑا ؛ کریپ ۔ (۲) کریپ کی پٹی جو ہیٹ کے گرد لگاتے ھیں ۔

Crape : (v) کریپ پہنانا ؛ کریپ اوڑھانا ۔

Crape-fish : (n) نچوڑی ھوئی نمک زدہ کاڈ مچھلی ۔

Crappie : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Crappit-head : (n) ہیڈوک (Haddock) مچھلی کا سر جس میں مسالا وغیرہ بھرا رھتا ھے ۔

Craps : (n) [F."crabs"] دیکھو Crap

Crapula : (n) [Gr."kraipate"] بیماری جو بسیار خوری یا کثرت مےنوشی سے پیدا ھوتی ھے ۔

Crapulence : (n) [See next] (۱) کثرت مےنوشی ؛ غذا کی افراط ۔ (۲) بے اعتدالی (مےنوشی یا کھانے میں) ۔ (۳) عیاشی ۔

Crapulent : (a) [L."crapulentus"] شرابی ؛ شراب کا لتّی ؛ شراب کا مارا ؛ کثرت سے مےنوشی کا عادی ؛ عیاش ؛ بے اعتدال ۔

Crapulous : (a) مبتلائے شراب خواری ؛ عیاش ؛ بےاعتدال ۔

Crapulousness : (n) عیاشی ؛ بے اعتدالی ۔

Crapy : (a) [f.CRAPE+-Y] کتانی ؛ کریپ دار ۔

Crash : (v) [Echoic.] (۱) کھڑ کھڑانا ؛ دھما دھم کرنا ؛ دھماکے سے چلنا یا بڑھنا ۔ (۲) دھماکے سے توڑنا ؛ گرانا یا دھکیلنا ۔ (۳) (ھوائی جہاز کا) دھماکے سے گرنا ۔

The crash the gate : بے دعوت یا بے اجازت اندر داخل ھونا ۔

Crash : (n) دھڑا کا ؛ گرج ؛ گڑگڑاھٹ ؛ شور ؛ جھنکار ؛ (استعارتاً) تباھی ؛ بربادی ؛ ساکھ کا خاتمہ ۔

Crash : (n) [Russ."krashenina"] موٹا کپڑا ؛ کھیس (تولیوں وغیرہ کا کپڑا) ۔

Crash : (n) (تجارت) اچانک گراوٹ ۔

Crash-dive : (n) آب دوز کشتی کا یکایک غوطہ مارنا (حملہ سے بچنے کے لئے) ۔

Crash-helmet : (n) چمڑے یا پلاسٹک کا حفاظتی خود ۔

Crash-land : (n) دشواریوں کی حالت میں ھوائی جہاز کو اتارنا جس سے اس کو نقصان پہنچے ۔

Crash-programme : (n) (تجارت) دھماکہ خیز پروگرام ۔

Crasis : (n) [Gr."krasis"] (یونانی نحو کی اصطلاح) امتزاج حروف علت یعنی جب دو متصل لفظوں میں سے پہلے کے آخر اور دوسرے کی ابتدا میں حرف علت ھو تو یہ دونوں ممزوج ھو کر ایک سادہ حرف علت میں بدل جائیں ؛ (لسانیات) مصوتی امتزاج ۔

Craspedon /-dum " (n) [Gr."kraspedon"] (حیوانیات) پیچیدہ رشتے جو مرجان کے خلیوں میں لپٹے ھوتے ھیں ۔

Craspedote : (a) [Gr."kraspedotos"] (حیوانیات) پردہٴ عشائی والے ستارہٴ دریائی ۔

Crass : (a) [L."crassus"] بونگا ؛ بھدا ؛ (استعارتاً) حد کا ؛ انتہائی ؛ سراسر ۔

Crassitude : (n) [L."crassitudo"] بھدا پن ؛ بھونڈا پن ؛ حماقت ۔

Crassly : (adv) بھونڈے پن سے ؛ بھدے پن سے ؛ سراسر طور پر ؛ انتہائی طور پر ۔

Crassness : (n) بھدا پن ؛ انتہا ؛ نہایت ۔

Crassula : (n) [L.dim.of"crassa"] جڑی بوٹی جو جنوبی افریقہ میں پائی جاتی ہے ۔

Crassulaceous : (a) اس جڑی بوٹی کی جنس کا جو جنوبی افریقہ میں پائی جاتی ہے ۔

-Crat / -ocrat : لاحقہ " بمعنی کسی نظام حکومت کے نظریہ کاحامی " کسی با اثر طبقے کا حامی ؛ سیاسی جماعت کا رکن یا حامی ۔

Cratch : (n) [OF."creehe","cresche"] (۱) ناند ؛ کونڈا ؛ کنڈالی (جانوروں کو صحن یا میدان میں کھلانے کی) ۔ (۲) لکڑی کا ڈھانچہ ؛ لکڑی کا جنگلا ۔

Cratch : (n) (۱) خارش کی ایک قسم ۔ (۲) گھوڑوں اور بھیڑوں کے پاؤں کی ایک بیماری ۔

Crate : (n) [L."cratis"] (۱) چھیپا ؛ ٹوکرا ۔ (۲) (سامان وغیرہ کو حفاظت سے لے جانے کے لئے) لکڑی کا ڈھانچہ ۔

Crateman : (n) پھیری کرکے برتن بیچنے والا ۔

Crater : (n) [Gr."krater"] (۱) کسی مخروطی چیز کے سرے پر سوراخ ؛ جوالا مکھی ؛ آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ۔ (۲) قدح یا بڑا پیالہ جس میں شراب اور پانی مخلوط کرکے جام میں ڈھالتے ہیں ۔ (۳) (فلکیات) باطیہ ؛ کاس ایک جنوبی صورت جو قدح سے مشابہ ہے اور جو صورت شجاع کے نیچے اور صورت کے اوپر واقع ہے ۔

Crater : (n) چینی شیشے وغیرہ کے سامان کو صندوق میں بند کرکے جہاز پر چڑھانے والا ۔

Crateral : (a) آتش فشاں کے دہانے سے مشابہ یا متعلق ۔

Crateriform : (a) جوالا مکھی کی شکل کا ؛ مانند قدح ؛ فنجانی شکل کا ؛ پیالہ نما ۔

Craterlet : (n) چھوٹا دہانہ ۔

Craterous : (a) دیکھو Crateral

Cratic / -Cratical : صفتی لاحقہ " کسی با اثر طبقے کا حامی " کے معنی میں ۔

Cratometer : (n) [Gr."kratos metron"] قوت پیما ۔

Cratometrical : (a) قوت پیمائی سے متعلق ۔

Craunch / Cranch : (v) [Echoic] چرمر کرنا ؛ کرم کرم کرنا ؛ دانتوں سے یا کنکروں کا روندتے ہوئے آنا ؛ کھندلتے ہوئے چلنا ۔

Craunch / Cranch : (n) (۱) چرمر ؛ کرم کرم ۔ (۲) (کان کنی) وہ سطح جو کھدائی میں چھت کے سہارے کے لئے چھوڑ دی جاتی ہے ۔

Cravat : (n) [F."cravate"] گلوبند ؛ نکٹائی ۔

Cravatted : (a) گلوبند پہنے یا لگائے ہوئے ۔

Crave : (v) [OTeut."kra ojan"] (۱) التجا، التماس یا استدعا کرنا ۔ (۲) آرزو مند یا خواستگار ہونا ۔ (۳) چاہنا ۔

Craven : (a) [Etym."obscure] ڈرپوک ؛ ذلیل ؛ پست ہمت فرومایہ ؛ نامرد ؛ بزدل ۔

To cry craven : ہتھیار ڈال دینا ؛ ہار مان لینا ؛ شکست مان لینا ؛ اطاعت قبول کر لینا ۔

Craven : (v) ڈرپوک یا بزدل بنانا ۔

Cravenly : (adv) بزدلی سے ؛ فرومائیگی سے ۔

Craver : (n) ملتجی ؛ ملتمس ؛ مستدعی ؛ آرزو مند ۔

Craving : (n) آرزو ؛ اشتیاق ؛ خواستگاری ۔

Cravingly : (adv) التماس کے ساتھ ؛ التجا کے ساتھ ؛ آرزومندی سے ۔

Cravingness : (n) آرزومندی ؛ خواستگاری ۔

Craw : (n) [Norse."krage"] (۱) پوٹا ؛ اوجھ (پرندے یا کیڑے کا) ۔ (۲) پیٹ ۔

Craw : (n) (۱) پرندوں کی ایک قسم خاص کر کوا ؛ زاغ ؛ کاگا ۔ (۲) سابر ؛ سیل ۔ (۳) جنوبی ستاروں کا ایک جھمکا ؛ غراب ؛ عرش السماک ۔ (٤) حبشی نیگرو ۔ (٥) (چوروں کے محاورے میں) وہ چور جو پہرا دیتے ہیں جبکہ دوسرے چوری کرتے ہیں ۔ (٦) (معدنیات) کوئلے کی ناقص پرت یاتہ ۔

Craw-craw : (n) [Du."kraauw"] افریقہ کی ایک قسم کی خارش ۔

Crawfish : (n) جھینگا مچھلی ۔

Crawfish : (v) پسپا ہونا ؛ پیچھے ہٹنا ۔

Crawk : (v) [Echoic] کرخت آواز نکالنا ۔

Crawk : (n) جانوروں کی بولی یا آوازنقل کرنےوالا آدمی ۔

Crawk : (n) [See CRAWL (v)] (۱) کھسکنا ؛ پیٹ کے بل چال ۔ (۲) تیرنے کا ایک طریقہ ؛ تیراکی کا ہاتھ ۔

Crawl : (n) اتھلے پانی ؛ گڈھا جو مچھلیوں کو جمع کرنے کے لئے بنا دیتے ہیں ۔

Crawl : (v) [ON."krafla"] (۱) رینگنا ؛ گھسٹنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ کھسکنا ۔ (۲) آہستہ آہستہ چلنا ؛ ذلت سے گھسٹنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ غلامانہ خوشامد کرنا ۔ (۳) (کیڑوں مکوڑوں کا ہر طرف) رینگتے پھرنا ؛ کیڑے مکوڑوں کی کثرت ہونا ؛ سرسری محسوس کرنا ۔ (٤) سرزنش کرنا ۔

Crawler : (n) (۱) رینگنے والا ؛ گھسٹنے والا ۔ (۲) سڑکوں پر گھوم گھوم کر مسافر اٹھانے والی بگھی ۔

Crawly : (a) رینگتا ہوا ؛ گھسٹتا ہوا ۔

Crayer / Crare : (n) [OF."crayer"] چھوٹا تجارتی جہاز ۔

Crayfish / Crawfish : (n) [OF."crevice"] جھینگا مچھلی ۔

Crayon : (n) [L."creta"] (۱) رنگین کھریا نقاشی کے لئے ۔ (۲) (استعارتاً) تصویر (رنگین کھریا کی) ؛ کاربن کی نوک (بجلی کے چراغ میں) ۔

Crayon : (v) کھریا سے تصویر کھینچنا ۔

Craze : (v) [ME."crasen"] (۱) لایعقل یا مخبوط کر دینا ؛ سڑی بنانا ؛ حواس بگاڑنا ۔ (۲) (گلی ظروف پر) خط ڈالنا یا خط ہونا ؛ مخلوط ہونا ۔ (۳) کمزور کر دینا ۔ (٤) (کان کنی) چکی میں خام بٹن کو چور کرنا ۔ (٥) پاگل ہونا ۔

Craze : (n) (۱) خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا ؛ جنون ؛ سڑی پن ۔ (۲) (استعارتاً) خبط ۔ (۳) خط (گلی ظروف پر) ۔ (٤) (کان کنی) ریزہ ۔

Crazily : (adv) مجنونانہ ؛ خبط کے ساتھ ؛ سودا پن سے ؛ دیوانہ وار ۔

Craziness : (n) سودائیت ؛ جنون ؛ بودا پن ؛ دیوانگی ۔

Crazing : (n) خطوط پڑھ جانا ۔

Crazing mill : (n) ٹین پیسنے کی چکی ۔

Crazy : (a) (۱) (عمارات و بحریات) کمزور ؛ بودا ۔ (۲) علیل ؛ نادرست ؛ مخبوط ؛ مجنوں ؛ سودائی ۔ (۳) ٹیڑھا سیدھا پیوند لگا ہوا ۔

Crazy : (adv) (۱) (عامیانہ) بہت ؛ بہت زیادہ ۔ (۲) مجنونانہ ۔

Crazy : (n) گینڈے کی طرح کا ایک قسم کا پھول ۔

Crazy-bone : (n) (امریکا) عجیب قسم کی ہڈی جس میں ضرب لگنے سے شدید درد محسوس ہوتا ہے ۔

Crazy-quilt : (n) (امریکا) عجیب و غریب نمونہ کی پیوند دار رضائی ۔

Creagh / Creach : (n) [Gael. and Ir."creach"] (۱) حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ۔ (۲) مال غنیمت ؛ شکار ۔

Creagh : (v) حملہ کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یورش کرنا ۔

Creaght : (n) [Ir."caeraigh eacht"] بدوی مویشیوں کا ریوڑ یا گلہ ۔

Creaght : (v) مویشیوں کو چرانے کے لئے لے جانا ۔

Creak : (n) [Echoic] چرچرا پن ؛ چرچراہٹ ؛ (کواڑ یا جوتے کی) ۔

Creak : (v) چرمرانا ؛ چوں چوں کرنا ۔

Creaky : (a) چرمراتا ہوا ؛ چوں چوں کرتا ہوا ۔ (۲) خستہ ۔

Cream / Creme : (n) [L."chrisma"] دیکھو Chrim

Cream : (n) [F."creme"] (۱) بالائی ؛ ملائی ؛ پپڑی یا جھلی (جو کسی سیال شے کے اوپر آجائے) ۔ (۲) ملائی کی مٹھائی ۔ (۳) خلاصہ ؛ لب لباب ؛ عطر عطیر (کسی شے کا) ۔ (٤) (رنگ یا تیاری میں) ملائی کی مثال ۔ (٥) زرد رنگ ۔

Clotted cream / Clouted cream : منجمد ملائی ؛ موٹی ملائی ۔

Cream : (v) (۱) ملائی نکالنا : ملائی ڈالنا ۔ (۲) ملائی بننا : ملائی پڑنا ۔ (۳) عطر یا لب لباب نکالنا ۔ (٤) (چائے میں) ملائی ملانا ۔ (٥) (عامیانہ) مارنا : زود و کوب کرنا ۔ (٦) روغن لگانا ۔

Cream-cake : (n) بالائی دار کیک ۔

Cream-cheese : (n) دودھیا پنیر ۔

Cream-coloured : (a) سفیدی مائل دودھیا : (صرف گھوڑے کے لئے) نقرہ ۔

Cream-cups : ایک قسم کا پھول ۔

Cream-faced : (a) (خوف سے) زرد یا بے رنگ چہرے والا ۔

Cream-fruit : (n) دودھیا پھل (ایک افریقی پھل) ۔

Cream-laid : (n) شربتی رنگ کا کاغذ ۔

Cream-nut : (n) برازیلی جوز ۔

Cream of lime : خمیرۂ لیموں ۔

Cream of tartar : (کیمیا) کریم آف تارتار : تارترک کریم ۔

Cream-paper : (n) دیکھو Cream-laid

Cream puff : (n) (۱) گول ملائی دار بسکٹ (جس کے بیچ ملائی بھری رہتی ہے) ۔ (۲) کمزور ، بزدل یا بے حد حساس شخص ۔

Cream-separator : (n) ایک کل جس سے ملائی دودھ سے نکالتے ہیں ۔

Cream-slice : (n) چھری کی قسم کا چاقو جس سے ملائی نکالتے یا دیتے ہیں ۔

Cream-wove : (n) ملائی کی بناوٹ والا کاغذ ۔

Creamed : (a) ملائی دار : روغن دار ۔

Creamer : (n) ملائی نکالنے کا کفچہ یا آلہ : کریم دینے کا جگ ۔

Creamery : (n) [F."cremerie"] (۱) مسکہ خانہ : دودھ کی دکان ۔ (۲) مکھن اور پنیر بنانے کا کارخانہ ۔

Creamily : (adv) نرمی سے ۔

Creaminess : (n) ملائی داری : ملائی پن ۔

Creamometer : (n) ملائی سنج : دودھ میں ملائی کی مقدار جانچنے کا آلہ ۔

Creamware : (n) ملائی کے رنگ کے برتن ۔

Creamy : (a) ملائی دار : ملائی جیسا : چکنا : روغنی ۔

Creance : (n) [L."credere"] (باز بازی میں) ایک لمبا رشتہ جو پتلا ہوتا ہے اور باز کی تربیت کے وقت اس کے چنگل میں باندھتے ہیں ۔

Crease : (n) [ME."creste"] (۱) تہ کی سلوٹ کا خط : چرس : شکن ۔ (۲) (کرکٹ) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد ۔ (۳) (تعمیرات) خمیدہ کھپرا ۔

Bowling crease : وہ خط جہاں سے باؤلر گیند پھینکتا ہے ۔

Popping crease : بلے باز کے کھڑے رہنے کا خط ۔

Return crease : گیند پھینکنے کے خط کے سروں کا چھوٹا خط ۔

Crease : (n) جمبیا : لہریا خنجر (ملایا والوں کا) ۔

Crease : (v) (۱) شکن ڈالنا : چرس ڈالنا ۔ (۲) چرسیں پڑ جانا ۔ (۳) بے ہوش کرنا (گردن میں گولی مارکر) ۔

Creaser : (n) شکن بنانے والا آلہ ۔

Creasote : (n) روغن قطران : ایک قسم کا تریاق : (تجارتی اصطلاح) کوئلے کاست : تیزاب فحمی : کاربونک ایسڈ ۔

Creasy : (a) شکن پڑا : شکن دار : جھری دار : پرشکن : شکن زدہ ۔

Create : (v) [L."creatus"] پیدا کرنا : خلق کرنا : وجود میں لانا : آغاز کرنا : بنا ڈالنا : بنانا : تشکیل کرنا (ایکٹروں کا) : تشکیل دینا : خطاب یا عہدہ عطا کرنا : (عامیانہ) زور سے شکایت کرنا ۔

To create a man / peer : بنانا (خطاب یا عہدہ عطا کرنا) ۔

Creatic : (a) [Gr."kreas"+IC] گوشت سے متعلق ۔ : لحمی ۔

Creatine : (n) [as prec+ - INE] ایک سفید بلوری مرکب جو عضلات میں پایا جاتا ھے ؛ جوھر لحم ؛ ایک عضوی مادہ جو گوشت کے عرق میں پایا جاتا ھے ۔

Creatinine : (n) [prec.+ - INE] ایک قلوی بلور پذیر مادہ جو کریٹائن سے نکلتا ھے ۔

Creatio-exnihilo : (نفسیات و تعلیمات) عدم سے تخلیق ۔

Creation : (n) [L."creationem"] (۱) تخلیق ؛ خلقت ؛ کائنات ؛ موجودات ۔ (۲) عطائے خطاب یا مرتبہ ۔ (۳) تصنیف ؛ اختراع (خاص کر کسی درزی یا ایکٹر کی عموماً خیالی) ۔ (٤) دنیا ؛ مخلوق ۔

Lord of creation : انسان ؛ آدمی ۔

Creational : (a) تخلیقی ۔

Creationism : (n) (۱) یہ عقیدہ کہ خدا مادہ کو زندگی کی مختلف صورتوں کو اور دنیا کو عدم سے وجود میں لایا ھے ۔ (۲) یہ عقیدہ کہ ھر شخص کی الگ روح ھوتی ھے ؛ انفرادی روح کا مسلک ۔

Creationist : (n) تخلیق پرست ؛ مسلک تخلیق کا قائل ۔

Creative : (a) (۱) موجدہ (قوت) ؛ پیدا کار ؛ مخترعہ ؛ تخلیقی ۔ (۲) تخلیقی (ارتقاء) ۔ (۳) پیدا کرنے والا ۔

Creative evolution : (n) تخلیقی ارتقاء ۔

Creatively : (adv) موجدانہ ؛ تخلیقی طور پر ۔

Creativeness : (n) پیدا کاری ؛ قوت ایجاد ؛ اختراعیت ۔

Creativity : (n) (فلسفہ و نفسیات) تخلیقی مادہ ؛ خلاّقیت ۔

Creator : (n) [L."creatorem"] خالق کل ؛ خلاّق ؛ پیدا کرنیوالا ۔

Creatorship : (n) خلاّقی ۔

Creatress / Creatrix : (n) مصنف ؛ موجد (عورت) ۔

Creatural : (a) مخلوق سے متعلق ۔

Creature : (n) [L."creatura"] (۱) مخلوق ؛ حیوان مطلق ۔ (۲) آوردہ ؛ دست پروردہ ؛ بنایا ھوا (جو کسی دوسرے کی بدولت ترقی کرتا ھے) ۔ (۳) انسان ؛ آدمی ۔ (٤) نتیجہ ۔

Creature-comfort : (n) جسمانی آرام (کھانا کپڑا وغیرہ) ۔

Creaturehood : (n) مخلوقیت ۔

Creatureliness : (n) بشریت ؛ حیوانیت ۔

Creaturely : (adv) حیوانی ؛ بشری ۔

Creatureship : (n) مخلوقیت ؛ بشریت ۔

Creaze : (n) دیکھو Craze

Crebri - : [L."creber"] واصلہ بمعنی قریب ، منسلک ، سٹا ھوا ؛ نزدیک ۔

Crebricostate : (a) سٹی سٹی پسلیوں والا ۔

Creche : (n) [OHG."kripua"] دار الصبیان ؛ بچوں کی سرکاری پرورش گاہ ؛ دایہ خانہ ۔

Credat Judaeus Appella : (n) (لاطینی ضرب المثل) میں ایسے فقروں میں نہیں آتا ، ایسا فقرہ کسی اور کو دیجئے ۔

Credence : (n) [L."credentia"] (۱) یقین ؛ اعتبار ؛ عقیدہ ۔ (۲) تبرکات کی چھوٹی میز (جس پر عشائے ربانی کے بعض تبرکات رکھے ھوئے ھوتے ھیں) ۔ (۳) تعارف نامہ ۔

Letter of credence : تعارف نامہ ؛ تعارف کا خط ؛ تصدیق ؛ روشناسی ۔

To give credence to : یقین دلانا ؛ اعتبار کرنا ۔

Credenda : (n) [L.] اصول عقائد ؛ اعتبار نامہ ۔

Credent : (n) [L."credent"] اعتماد کنندہ ؛ باور کنندہ ۔

Credential : (n) [med.L."credentia"-+-AL] (۱) مراسلہ تعارف ؛ تصدیق سرکاری ؛ سند ؛ وثیقہ ؛ مختارنامہ ۔ (۲) (استعارتاً) اسباب تصدیق یا رو شناسی ؛ (تاریخ) تعارفی مراسلہ ۔

Credential : (a) سفارشی ؛ تعارفی ۔

Credently : (adv) اعتماد کرتے ھوئے ۔

Credibility : (n) قابل یقین ہونا ؛ معتبریت ؛ ثقاہت ؛ صداقت ۔

Credible : (a) [L."credibilis"] قابل یقین ؛ معتبر (روایت یا شخص) ؛ قابل اعتماد ؛ قرین عقل ۔

Credibleness : (n) معتبریت ؛ صداقت ؛ قابل یقین ہونا ۔

Credibly : (adv) بالیقین ؛ معتبرانہ ۔

Credit : (n) [L."creditus"] (۱) اعتماد ؛ بھروسا ؛ یقین ؛ اعتبار ۔ (۲) شہرت ؛ نیک نامی ؛ ساکھ ؛ پت ؛ آبرو ؛ بھرم ؛ عزت و وقعت ؛ رسوخ ؛ اقتدار (جو نیک نامی سے حاصل ہوتی ہو) ۔ (۳) مجرائی ؛ مجرائی رقم (جو کھاتے میں جمع کرانے والے کے نام سے چڑھائی جائے) ؛ جمع ؛ وصول ۔ (٤) قرض ؛ یافتنی ؛ ادھار ؛ (استعارتاً) کسی سے کوئی فعل یا وصف منسوب کرنا ؛ انتساب ؛ اتصاف ۔ (٥) تعریف (کسی اچھے کام کے لئے) ۔ (٦) سبب تعریف ۔

Blank credit : (تجارت) کورا ادھار ۔

Capital credit : (تجارت) سرمایہ ادھار ؛ پونجی ادھار ۔

Commercial credit : (تجارت) کمرشیل ادھار ؛ تجارتی قرض ۔

Confirmed credit : (تجارت) پکا ادھار ۔

Consumer's credit : (تجارت) صارفین کا ادھار ۔

Current credit : (تجارت) فوری قرض ۔

Emergency credit : (تجارت) ہنگامی قرض ۔

Integrated credit : (تجارت) مدغم قرض ؛ یک جاتی ادھار ۔

Letter of credit : ہُنڈی ؛ پرچہ یا رقعہ (دوسری جگہ سے) وصول زر کے لئے ؛ (تجارت و معاشیات) ساکھ پروانہ ؛ ساکھ چٹھی ۔

Long credit : (تجارت) طویل میعادی ادھار ۔

Omnibus credit : (تجارت) ہمہ گیر ادھار ۔

On (upon) credit : طویل مدت کا قرضہ ۔

Open letter of credit : (تجارت) کھلی قرض چٹھی ؛ کھلی ساکھ چٹھی ۔

Paper credit : (تجارت) کاغذی ادھار ؛ پیپر کریڈٹ ۔

Public credit : (تجارت) پبلک قرض ؛ عوامی قرض ۔

Pyramid of credit : (تجارت) ہرمی ادھار ؛ ادھار پریمڈ ۔

Running credit : (تجارت) چالو ادھار ۔

Stand by credit : (تجارت) احتیاطی ادھار ۔

To give credit to : اعتبار کرنا (کسی روایت کا) ۔

Credit : (v) باور کرنا ؛ یقین لانا ؛ ماننا ؛ کھاتے میں جمع کرنا ؛ وصولی لکھنا ۔

To credit (something) to a person (or) a person with : منسوب کرنا ۔

Credit advice : (n) (تجارت) جمع اطلاع ۔

Credit balance : (n) (تجارت و معاشیات) جمع باقی ۔

Credit control : (n) (تجارت) قرض کنٹرول ۔

Credit extension : (n) (تجارت) ساکھی اضافہ ۔

Credit facilities : (n) (تجارت) ادھار سہولیات ۔

Credit monetization : (n) (تجارت) قرض بہ صورت زر ۔

Credit note : (n) (معاشیات) کریڈٹ نوٹ ۔

Credit rating : (n) (تجارت) قرض کی شرح بندی ۔

Credit-sale : (n) (تجارت) ادھار بکری ۔

Credit-squeeze : (n) (تجارت) قرض کی روک ۔

Creditable : (a) مستحسن ؛ پسندیدہ ؛ لائق تعریف ۔

Creditableness : (n) قابل یقین ہونا ؛ معتبریت ؛ ثقاہت ؛ صداقت ۔

Creditably : (adv) خوبی سے ؛ مستحسن طور پر ؛ لائق تعریف طور پر ۔

Creditor : (n) (۱) قرض خواہ ؛ لین دار ؛ ساہو کار ؛ (معاشیات) قرض دینے والا ۔ (۲) (مخفف Cr.) کھاتے میں وصولی یا جمع خانہ (دائیں طرف سے) ۔

Creel : (n) [L."craticulum"] (۱) مچھلی جھاب ؛ ماھی گیری ٹوکرا ۔ (۲) مچھلی ، جھینگا وغیرہ کو پکڑنے کا جال ۔

In a creel : عارضی انحراف کی حالت میں ۔

To coup the creels : صدمہ پہنچانا یابرداشت کرنا ۔

Creel : (n) [same as prec.] ڈھانچہ ؛ تاگا دینے والا ۔

Creeler : (n) خالی ریل کو بدلنے والا (آدمی) ۔

Creep : (v) [OTeut."kreupan"] (۱) رینگنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ جوں کی چال چلنا ؛ آھستہ ، بلا آواز یا دبے پاؤں چلنا ۔ (۲) گھس پیٹھ کرنا ؛ (مقام یا معاملے میں) گھسنا ۔ (۳) (بری طرح) تیر کرنا ؛ (ذات) بسر کرنا یا چلنا (کاموں کا) ۔ (٤) بیل چڑھنا (درختوں دیواروں پر) ؛ (بحری) کانٹا گھسٹتے چلنا ۔ (٥) گھن ھونا ۔ (٦) سرسری ھونا ؛ سنسنی ھونا ۔ (۷) (دھات کے ریل وغیرہ کا) آگے بڑھنا (دباؤ ، پھیلاؤ یا سکڑن کی وجہ سے) ۔

Creep : (n) (۱) رینگنا ۔ (۲) گھن اور خوف (عام محاورے میں اکثر جمع بولتے ھیں) ۔ (۳) (ریل کے پشتے کی) محراب ؛ کمان ۔ (٤) (جھاڑیوں میں) گٹھا ؛ موکھا ؛ آمد و رفت کی جگہ ؛ گھر گھس ۔ (٥) احاطہ میں جانوروں کے آنے جانے کا راستہ یا ڈگر (جس سے صرف چھوٹے بچےنکل سکتےھیں) ۔ (٦) چور ؛ بھید لینے والا ؛ نا پسندیدہ شخص ۔ (۷) کان کی زمین کابتدریج اٹھنا (کوئلہ کان کا) ۔

Flesh creep : جسم میں سنسنی پڑ جانا ؛ چیونٹیاں سی چلنا ؛ (خوف یاطیش کے موقع پر) جھرجھری ۔

Creep-hole : (n) موکھا ؛ گھس ۔

Creeper : (n) (۱) بیل ؛ لت ۔ (۲) کانٹا ؛ (پانی یا کنویں میں سے چیزیں نکالنے کا آلہ) ۔ (۳) آھستہ ؛ رینگنے والا ؛ بلا آواز یا دبے پاؤں چلنے والا ۔ (٤) چھوٹی چڑیا ؛ رینگنے والے جانور ۔ (٥) (جوتے کا) میخ لگا ھوا تلا پھسلن سے بچنے کےلئے ۔ (٦) تین پاؤں والی لوھے کی کڑاھی ۔ (۷) (جمع میں) ایک قسم کا پتہ یا آویزہ جو مکان کے درو دیوار پر بطور آرائش بناتے ھیں ۔ (۸) بچوں کا ایک لباس ۔ (۹) اناج کو چکی میں لے جانے کا آلہ ۔

Bond creditor : (تجارت) بانڈ لین دار ۔

Fully secured creditor : (تجارت) کلی محفوظ لین دار ۔

Preferential creditor : (تجارت) ما قبل ترجیحی لین دار ۔

Creditress : (n) قرض خواہ (عورت) ۔

Credo : (n) [L.] (۱) عقیدہ ؛ ایمان (خاص کر وہ مسیحی عقائد جو نیکائنیا کی مجلس نے لازمی قرار دیئے تھے ۔ (۲) عقائد نیکائنیا کا بھجن ۔

Credulity : (n) [L."credulitas"] سریع الاعتقادی ؛ زود اعتقادی ؛ سادہ لوحی ۔

Credulous : (a) سریع الاعتقاد ؛ خوش اعتقاد ؛ بھولا ؛ سیدھا سادہ ؛ ضعیف الاعتقاد ۔

Credulously : (adv) سریع الاعتقادی سے ؛ بھولے پن سے ؛ سادہ لوحی سے ۔

Credulousness : (n) سریع الاعتقادی ؛ خوش اعتقادی ؛ زود اعتقادی ؛ سادہ لوحی ؛ بھولا پن ۔

Cree : (v) [F."crever"] (۱) ابال کر نرم کرنا ؛ جوش دے کر نرم کرنا یا ھونا ۔ (۲) کوٹ کر نرم کرنا ۔

Creed : (a) [as prec.] نرم کیا ھوا یا بنایا ھوا ۔

Creed : (n) [L."credo"] (۱) عقائد یا ارکان دین مسیحی (خاص کر چار رسولوں یا نیکانیائی مجلس کے فیصلے کے مطابق) ۔ (۲) عقائد ؛ مذھب ؛ مسلک ؛ معتقد (مذھبی نیز غیر مذھبی) ۔

Creedal : (a) عقائد سے متعلق ؛ مسلک سے متعلق ۔

Creedless : (a) لا مذھب ؛ لا مسلک ۔

Creedlessness : (n) لا مذھبیت ؛ لا مسلکیت ۔

Creek : (n) [ME."crike"] (۱) کھاڑی ؛ ساق یا شاخ دریا ؛ آب درا ۔ (۲) گودی ؛ چھوٹی بندرگاہ ؛ (امریکا اور نو آبادیوں میں) معاون دریا ۔ (۳) جوف جبال ؛ (پہاڑوں کے درمیان کا) تنگ میدان ؛ پہاڑی کھانچہ ۔ (٤) پر پیچ راستہ ؛ دور افتادہ گوشہ ۔

Creekward : (a) کھاڑی کی طرف ۔

Creeky : (a) کھاڑی سے بھرا ؛ آب درا سے بھرا ۔

Creepie : (n) (۱) تین پایہ والی نیچی تپائی ۔ (۲) ایک قسم کا چھوٹا مرغ ۔

Creeping : (n) (۱) رینگنا ؛ دبے پاؤں چلنا ۔ (۲) سنسنی ؛ سرسری ؛ چھرچھری ۔ (۳) (کنیڈا میں) ھرن کا پیچھا کرنا ۔ (٤) (نباتیات) غلطان ۔

Creeping-hole : (n) دیکھو Creep-hole

Creeping inflation : (n) رینگتا پھیلاؤ زر ۔

Creeping sheet : (n) تومنے والی مشین کا پیش بند ۔

Creeping socialism : (n) رینگتا سوشلزم ۔

Creepingly : (adv) رینگتے ھوئے ۔

Creepmouse : (n) ڈرپوک ؛ شرمگیں ؛ لجانا ۔

Creepy : (a) (۱) رینگنے والا ؛ رینگتا ھوا ۔ (۲) (بدن میں) سنسنی ڈالنے والا ؛ سنسنی پڑا ۔ (۳) سنسنی خیز ۔

Creepy-crawly : (n) رینگتا ۔

Creese / Crease / Kris : (n) [Malay."kiris","kris","kres"] دیکھو Crease

Creese/Crease/Kris : (v) جمبیا سے مارنا ؛ خنجر گھونپنا ۔

Creesh / Creish : (n) [L."crassa"] (۱) چربی ؛ روغن ۔ (۲) ضرب ۔

Creesh : (v) چربی لگانا ؛ روغن لگانا ۔

Creeshy : (a) چربی دار ؛ روغن دار ؛ چکنا ۔

Cremaillere : (n) [Fr.] دمدے کی دندانے دار یا ٹیڑھی میڑھی شکل ۔

Cremaster : (n) [Gr."kremaster"] (۱) (تشریحات) رشتہ منویہ کا وہ عضلہ جس کے ذریعہ خصیہ لٹکا رھتا ھے ۔ (۲) (حشریات) کسی حشر کے پھل روپ کی پیٹھ یا پیٹ کی نوک جو مکمل طور سے تبدیل ھو جاتی ھے ۔

Cremasteral : (a) رشتہ منویہ کے عضلات سے متعلق ۔

Cremate : (v) [L."cremat"] جلانا (خاص کر مردے کو) ۔

Cremation : (n) داہ کرن ؛ میت سوزی ؛ لاش جلانا ۔

Cremation ground : (n) (تاریخ) شمشان (مردہ جلانے کی جگہ) ۔

Cremation urn : (n) (تاریخ) داہ کلش (مردوں کی راکھ کا برتن) ۔

Cremationist : (n) داہ کرمی ؛ میت سوز یا حامیء میت سوزی ۔

Cremator : (n) داہ کرمی ؛ میت کو جلانے والا ؛ بھٹی جس میں کوڑا کرکٹ جلایا جائے ۔

Crematoria : (a) لاش بھٹی کا یا اس سے متعلق ۔

Crematorium : (n) لاش بھٹی ؛ وہ جگہ جہاں مردے جلائے جاتے ھیں ۔

Crematory : (a) داہ کرن یا میت سوزی سے متعلق ۔

Crematory : (n) دیکھو Crematorium

Creme de menthe : (n) پودینے کی شراب ۔

Creme de la creme : (n) [Fr.] عطر عطیر ؛ جوھر ؛ چیدہ ۔

Cremerie : (n) [F.] دودھ مکھن وغیرہ کی چھوٹی دکان ۔

Cremocarp : (n) [Gr."krema"+"karpos"] سونف وش ؛ ثمر پارہ ؛ خشک میوہ (ایک قسم کا) ۔

Cremona : (n) [It.] کرمونا ؛ (اطالیہ) کی سانگی یا بیلا یعنی وائلین ۔

Cremona : (n) [Corrupt.f.CROMORNE] ارگن باجے کا ایک پردہ ۔

Cremor : (n) [L.] گاڑھا عرق ۔

Crena : (n) [mod.L."crena"] (۱) (نباتیات) دندانہ دار ؛ کنگورہ ۔ (۲) (تشریحات) سرین کا شگاف ۔ (۳) دندانہ دار دانت ۔ (٤) قحفی ھڈی کا وہ دندانہ جس کے ذریعہ وہ جڑی ھے ۔

Crenate : (n) [CREN+-IC] کرینک ایسڈ (crenic acid) کا نمک ۔

Crenate : (a) [mod.L."crenatus"] دندانہ دار ؛ دنتیلا ؛ کنگورہ دار ۔

Crenated : (a) (۱) دندانہ دار ؛ کنگورہ دار ۔ (۲) کرینک ایسڈ کے نمک کا ۔

Crenation : (n) (۱) دندانہ داری ؛ دنتیلا پن ۔ (۲) خون کے خلیوں کی سکڑی ہوئی حالت ۔

Crenato - : [mod.L."crenatus"] واصلہ بمعنی دندانہ دار یا کنگورہ دار ۔

Crenature : (n) [as prec.] (نباتیات) گول دانت یا کٹاؤ (پتے کے کنار پر) ۔

Crenel / Crenelle : (n) [OF."crenel"] (۱) فصل کے کنگوروں میں روزن یا خالی جگہ (بندوق چلانے کے لئے) ؛ مورچہ ؛ کوہ ؛ مزغل ۔(۲) گول دانت یا کٹاؤ (پتے کے کنار پر) ۔

Crenellate / Crenelate : (v) [F."creneler"] (فصیل میں) بندوق کے لئے روزن رکھنا ۔

Crenellation / Crenelation : (n) بندوق کے لئے روزن ؛ کنگورہ ؛ استحکام ۔

Crenic : (a) (In cremic Acid) [Gr."krene"+-IC] ایک نامیاتی ترشہ ۔

Crenulate : (a) [mod.L."crenulatus"] کنگور دار ۔

Crenulation : (n) کنگورک داری۔

Creole : (n) [L."creare"] (لسانیات) کرے اول ؛ ویسٹ انڈیز کا (حبشی یا فرنگی) ؛ مولدنیز حیوانیات جو باہر سے آکر وہاں کے ہوگئے ہیں ۔

Creolian : (a) کریبولی ۔

Creolization : (n) (لسانیات) کریولانا ۔

Creolized language : (n) (لسانیات) کریولائی ہوئی زبان ۔

Creophagous : (a) [Gr."kreophagos"+-OUS] گوشت خوار ۔

Creosol : (n) [f.CREOS (OTE) + - OL] ایک خوشبو دار کیمیاوی شے ؛ کریسول ۔

Creosote / Creasote / Kreosote : (n) [Gr."kreo"- +sozin"] دیکھو Creasote

Creosote : (v) روغن قطران میں لگا کر محفوظ کرنا ۔

Creosote-bush : (n) میکسیکو کی ایک جھاڑی ۔

Crepe : (n) [L."crispa"] (۱) کریپ (شکن دار) ۔ (۲) ایک قسم کا کیک ۔

Crepe : (v) شکن دار بنانا ۔

Crepe de chine : (n) [Fr.] کچے ریشم کا کریپ ۔

Crepe lisse : (n) غیر شکن دار کریپ ۔

Crepe rubber : (n) کریپ ربڑ جو جوتوں کے تلوں میں کام آتا ہے ۔

Crepitaculum : (n) [L.] (حیوانیات) چرخی ناگ ؛ (ثیٹریا سانپ) کی کھڑکھڑاھٹ یا ثرثراھٹ ۔

Crepitant : (a) [L."crepitantem"] (۱) چٹختا ؛ تھتکارتا ہوا ۔ (۲) چٹخنے والا (حشریات) ۔

Crepitate : (v) [L."crepitate-"] (۱) چٹخنا ؛ (بھونروں کا) تھتکارنا یا کلی مارنا ۔ (۲) پھیپھڑوں کی رگوں سے آواز نکالنا ۔(۳) ترترانا یا کھڑکھڑانا ۔

Crepitation : (n) (۱) چٹخنا ۔(۲) پھیپھڑوں کی آواز (جو ڈاکٹر آلہ سے سنتے ہیں) ۔

Crepitus : (n) دیکھو Crepitation

Crepon : (n) [F."crepe"] کریپ کا سا مگر اس سے مضبوط کپڑا ۔

Crept : (a) دیکھو Creep ؛ (کوئلے کی کان) بتدریج اٹھی ہوئی ۔

Crepuscle : (n) دھندلکا ۔

Crepuscular : (a) [L."crepusculum"] (۱) دھندلا ؛ نیم روشن (تاریخی زمانہ) : جھٹپٹا (صبح یا شام کا وقت) ۔ (۲) جھٹپٹے میں نکلنے والا ۔

Crepusculous : (n) دھندلا ؛ نیم روشن ۔

Crepusculum : (n) (L.] جھٹپٹا ؛ دھندلکا ۔

Crescendo : (n) [It."crescere"] (۱) (موسیقی) چڑھتے سروں کا گانا ؛ (استعارتاً) صعود ؛ چڑھائی ؛ چوٹی کی طرف چڑھنا ؛ اوج صدا ۔(۲) تدریجی افزائش ؛ (لسانیات) صوت ارتقا ۔

Crescendo stress : (n) (لسانیات) صوت ارتقائی بل ۔

Crescent : (n) [L."crescentem"] (۱) ہلال : (نیا یا آخری ہفتے کا چاند) ۔ (۲) قوس : نیم دائرہ (خاص کر مکانات کی قوسی قطار) ۔ (۳) ترکی سلاطین کے علم یا پھریرے کا نشان : ہلال کا نشان : (نقابت) ہلال کا نشان ۔ (٤) (استعارتاً) دولت عثمانیہ یا ملت عثمانیہ ۔

Crescent : (a) ترقی پذیر : بڑھنے والا : چڑھتا : قوس نما : قوسی : ہلالی ۔

Crescent blade : (n) (تاریخ) ہلالی پھل : قوسی پھل ۔

Crescentade : (n) جہاد ۔

Crescented : (a) (۱) قوسی : ہلالی : ہلال نما ۔ (۲) ہلالی نشان والا ۔

Crescentic : (a) ہلالی : ہلال نما ۔

Crescentic base : (n) (تاریخ) ہلالی بنیاد ۔

Crescentiform : (a) دیکھو Crescentic

Crescive : (a) [L."crescere" + -IVE] بڑھنے والا ۔

Cresol/Cressol : (n) [f.CREOS (OTE)+ - OL] ایک خوشبودار الکحل ۔

Cresolene : (n) کوئلے سے نکلی ہوئی کاربولک ایسڈ سے مشابہ ایک کیمیاوی شے ۔

Cress : (n) [OE."cresse","cerse"] کاہو ۔

Cresset : (n) [OF."craicet","craisset"] (۱) مشعل : قندیل : شمع دان : ہانڈی (خاص کر وہ جو آج کل بحری گوداموں میں روشنی کے لئے لگاتے ہیں)۔ (۳) ایک قسم کا چولہا ۔

Cresson : (n) [Fr.] کاہو رنگ : ایک قسم کا سبز رنگ ۔

Crest : (n) [L."crista"] (۱) گچھا : چوٹی : چٹیا : گپھا (پروں کا) : تاج : کلغی (جانوروں کی) : کیسی : جھال (پانی کی) ۔ (۲) ایال : خط گردن (حیوانات کا) ۔ (۳) (تشریح) ہڈی کا ابھار ۔ (٤) طغرا : توقیع (جو ڈھال یا کاغذ پر ابھرواں بنایا جائے) ۔ (٥) نقابت کا ایک نشان ۔ (٦) خود کا اوپری حصہ ۔ (۷) سرا : سر ۔ (۸) (تعمیرات) منڈیر۔ (۹) پہاڑ کی ماہی پشت ۔ (۱۰) ابھری ہوئی مگری (چھت کی) ۔ (۱۱) (قلعہ بندی) فصیل کی منڈیر ۔ (۱۲) موج کا جھاگ دار سرا : موج کی جھاگ دار چوٹی ۔ (۱۳) کسی چیز کا ابھرا ہوا حصہ ۔ (١٤) (طبیعیات) فراز ۔

Royal crest : (تاریخ) شاہی نشان ۔

Crest : (v) کیس یا تاج لگانا : چوٹی یا گپھے کا کام دینا : چوٹی تک پہنچنا (پہاڑ یا موج کا) : موجوں کا چوٹی بن جانا : (پانی کی) جھال ہو جانا : تاج پہنانا : دھاری بنانا (تاج کے پروں کی طرح) : (پرندوں کا) تاج اٹھانا ۔

Crest-fallen : (a) (۱) سرنگوں : افسردہ : دل شکستہ : شرمندہ : ہارا پٹا ہوا ۔ (۲) (گھوڑے کا) ایال ایک طرف گرا ہوا ۔

Crest of sonority : (لسانیات) گونج کی انتہا ۔

Crest-tile : (n) چھت کی مگری کا خمیدہ کھپرا ۔

Crest-wreath : (n) (نقابت) ریشم کا ہار یا پٹی جس سے تاج لگا رہتا ہے ۔

Crested : (a) (۱) تاج دار : کلغی دار ۔ (۲) (نقابت) دوسرے رنگ کےتاج والا ۔ (۳) ابھرواں مگری والا یا سرے والا ۔

Crested ridge : (n) (تاریخ) دندانہ دار دھار (پتھر کی) ۔

Cresting : (n) (تعمیرات) دیوار یا چھت کی آرائشی مگری ۔

Crestless : (a) بے تاج : بے کلغی : بے کیس کا ۔

Cresyl / Cresssyl : (n) [f.CRES - OL+ - YL] کریسول کا اساسی جزو مستقل ۔

Cresylate : (n) کریسائلک ایسڈ کا نمک ۔

Cresylic : (a) کریسول کا ۔

Cretaceo - : واصلہ بمعنی کھریا کی خاصیت کا ۔

Cretaceous : (a) [L."cretaceus"] (۱) کھریا کی خاصیت کا : کھریا کا : گچی ۔ (۲) (طبیعیات) کھریا جیسا ۔

Cretaceously : (adv) بہ طور کھریا ۔

Cretic : (a) [L."creticus"] بحر شعر کا وہ رکن جس میں ایک ، وتد ، اور ایک ، سبب ، ہو ۔

Cretification : (n) کھریانا ۔

Cretify : (v) [L."creta"+ - FY.] کھریانا ؛ چونے یا کھریا کے اجزا سے بھر دینا ۔

Cretin : (n) [L."christianum"] کریٹن ؛ فاترالعقل (خاص کر وہ جو اکثر الپ کی وادیوں میں پائے جاتے ہیں) ۔

Cretinism : (n) موروثی فتور عقل ؛ مرض کریٹنی ؛ (نفسیات و تعلیمات) ایک پیدائشی مرض جس میں ذہنی اور جسمانی نشو و نما رک جاتی ہے ۔

Cretinize : (v) فاترالعقل بنانا ۔

Cretinous : (a) کریٹنی ؛ فاترالعقل ۔

Cretion : (n) [L."cretionem"] (۱) (رومن قانون) قبول میراث کا اعلان ۔ (۲) قبول میراث کے اعلان کی مدت ۔

Cretize : (v) [Gr."kretizine"] جھوٹ بولنا ۔

Cretonne : (n) [F."creton"] ایک قسم کا گفش سوتی پھول دار کپڑا ۔

Crevasse : (n) [F."crevasse"] دراڑ (گلیسیر) ؛ شگاف ۔

Crevasse : (v) دراڑ ڈالنا ؛ شگاف ڈالنا ۔

Crevassing : (n) دراڑ پڑنا ۔

Crevice : (n) [L."crepare"] درز ؛ چھوٹا شگاف ۔

Creviced : (a) شگاف دار ۔

Crew : (n) [OF."creue"] (۱) جہاز یا کشتی کے (سارے) ملاح ؛ جہازی ؛ مانجھی ؛ منجھیارے ۔ (۲) جماعت ؛ گروہ ؛ جرگہ ؛ جتھا ؛ گولی ؛ غول ۔

Crew-cut : (n) چھوٹے بالوں کا ایک طرز ۔

Crewel : (n) [ME."crule"] (۱) کھرا (ایک قسم کا موٹا تاگا جو کشیدہ کاری میں کام آتا ہے) ۔ (۲) کشیدہ کاری ؛ کڑھائی ؛ کھرے کا کام ۔

Crewels : (n) [F."ecrouelles"] خنازیر ۔

Crewel-work : (n) کھرے کا کام ؛ کشیدہ کاری ؛ کڑھائی ۔

Crib : (n) [OE."crib (b)"] (۱) (سلاخ دار) کھور ؛ کھولی ؛ ناند ؛ کنڈالی ۔ (۲) جھونپڑا ؛ کٹی ؛ چھپر ۔ (۳) پن گوڑا ؛ پالنا ؛ کھٹولا (بچوں کا جس کے گرد کٹہرا لگا ہو) ۔ (٤) مچھلیاں پکڑنے کا ٹوکرا ؛ ماھی ٹوکرا ۔ (٥) نیو بھرت جو دیوار وغیرہ کی نیو میں رکھ دیا جاتا ہے ۔ (٦) (امریکا میں) کوٹھی ؛ کھٹلا (جوار ، مکئی وغیرہ بھرنے کے لئے) ۔ (۷) (تاش میں) ہار جیت کے پتے ؛ بھرتی کے پتے ۔ (۸) (عام محاورہ) سرقہ (خاص کر امتحان کے طالب علموں کا) نیز ترجمہ یا خلاصہ جس کا استعمال طالب علموں کےلئےممنوع ہو) ۔ (۹) مکان ؛ گھر ؛ دکان ؛ (چوروں کی اصطلاح میں) سیف ؛ الماری ۔(۱۰) سونے کی جگہ ۔ (۱۱) (نمک سازی) نمک سکھانے کا ایک برتن ۔ (۱۲) بلیوں یا سلاخوں کا ایک ڈھانچہ جو سہارے کا کام کرتا ہے ۔ (۱۳) (کان کنی) چوبی فریم یا ڈھانچہ ۔ (١٤) کندوں کا ایک ڈھانچہ جو ڈیم وغیرہ کے کام کے لئے پانی کے اندر دیا جاتا ہے ۔ (۱٥) تختوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی کشتی ۔ (١٦) کھانا (دوپہر کا) ؛ لنچ ۔ (۱۷) قحبہ خانہ ۔ (۱۸) cribbage کا مخفف ۔ (۱۹) روک ؛ رکاوٹ ۔

To crack a crib : چوری کرنا ؛ نقب زنی کرنا ۔

Crib : (v) (۱) موندنا ؛ بھیڑنا ؛ ڈبے میں بند کرنا یا گھیرنا ۔ (۲) کنڈالی یا کٹھور بنانا ۔ (۳) چوری کرنا ؛ نقل اڑانا (بلا اجازت) ؛ سرقہ کرنا ۔ (٤) محدود کرنا ؛ کسی تنگ جگہ میں بند کر دینا ۔ (٥) روکنا ۔ (٦) پالنے میں لیٹنا ۔ (۷) لکڑی کے ڈھانچے سے سہارا دینا ۔ (۸) تختے جوڑ کر کشتی بنانا ۔ (۹) (گھوڑوں کا) توبڑا چبانا ۔ (۱۰) شکایت کرنا ۔

Crib-biter : (n) توبڑا چبانے والا گھوڑا ۔

Crib-biting : (n) توبڑا وغیرہ چبانا (گھوڑوں کا) اور زور زور سے سانس لینا ۔

Cribbage : (n) [CRIB + AGE] تاش کا ایک کھیل ۔

Cribbage-board : (n) (کھیل میں) حساب رکھنے کی تختی ۔

Cribbage-faced : (a) سوراخ دار ۔

Cribbing : (n) (۱) توبڑا چبانا ۔ (۲) ڈھانچہ بنانے کی لکڑی ۔

Cribrate : (a) [L."cribrum"] چھلنی کا سا ؛ سوراخ دار ۔

Cribriform : (a) [See prec.] چھلنی کا سا ؛ غربال نما ؛ غربال شکل ۔

Cribrose : (a) [L."cribrum"] چھلنی سا : سوراخ دار ۔

Cribwork : (n) لکڑی کی بلیوں کا ڈھانچہ ۔

Crick : (n) [Echoic] اکڑن : اکڑا : جھٹکا (گردن کے پٹھوں میں) ۔

Crick : (n) دیکھو Creek

Crick : (v) (گردن میں) جھٹکا دینا : موڑنا : مروڑنا ۔

Crick : (v) اچانک تیز آواز نکالنا ۔

Crick-crack : (n) [Echoic] مسلسل تیز آواز ۔

Cricket : (n) [OF."criquet"] (۱) جھینگر : زنجیرا ۔ (۲) جھینگر کی آواز نکالنے والی کوئی چیز ۔ (۳) چھوٹا اور چست آدمی ۔

Cricket : (n) [F."criquet"] (۱) کرکٹ : (کھیل) گیند بلاّ (جس میں گیارہ گیارہ کھلاڑی کھیلتے ہیں) ۔ (۲) شائستہ رویہ ۔

Not cricket بے قاعدہ یا بے انصافی کی بات ۔

Cricket : (n) [Origin unknown] لکڑی کی نیچی تپائی ۔

Cricket : (v) کرکٹ کھیلنا ۔

Cricket-bird : (n) ایک گانے والی چڑیا ۔

Cricket-forg : (n) ایک قسم کا بینگ ۔

Cricket-teal : (n) ایک قسم کی چھوٹی بط ۔

Cricketer : (n) کرکٹ باز : کرکٹ کا کھلاڑی ۔

Crico- :[Gr."krikos"] واصلہ بمعنی حلقوی : غضروف حلقوی ۔

Crico-thyroid : (a) ورقی اور حلقوی غضروف سے متعلق ۔

Cricoid : (n) [L."cricoides"] حلقہ نما : چھلے جیسا : گلے کا کنٹھہ ۔

Cricoid cartilage : (n) (لسانیات) ھجڑے کے حلقہ نما اعصاب ۔

Cricotomy : (n) حلقوی غضروف پر عمل جراحی ۔

Cried : (a) بلند آواز سے اعلان : علی الاعلان ۔

Crier : (n) (۱) چلانے والا : ڈھنڈورا پیٹنے والا ۔ (۲) نیلام کرنے والا ۔ (۳) خوانچہ والا ۔ پھیری والا ۔

Crikey : (int.) (بازاری محاورہ) کلمۂ حیرت و استعجاب (ھائیں : ارے) ۔

Crile : (n) [Du."kriel"] بونا ۔

Crim/Con : [Abbrev.of"criminal conversation"] زنا کاری : حرام کاری : زنا ۔

Crime : (n) [L."crimen"] جرم : گناہ : خلاف قانون فعل : خطا (واجب التعزیر) ۔

Companionate crime : (سماجیات) مشترک جرم ۔

Organised crime : (سماجیات) منظم جرم ۔

Crime index : (a) (سماجیات) اشاریۂ جرم ۔

Crime rate : (سماجیات) شرح جرم : جرم در ۔

ڈکشنری کی ہر جلد میں کوشش یہ رہی ہے کہ کوئی بھی لفظ بیچ میں منقطع نہ ہونے پائے جس کی وجہ سے کسی جلد کی ضخامت زیادہ ہوگئی ہے تو کسی کی کم ۔ موجودہ جلد (دوم) تقریباً ایک ہزار پچاس صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس جلد میں اندازاً ۲٦۸۰۰ اندراجات ہیں ۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ عام استعمال کے الفاظ کے اندراجات کا اس لغت میں احاطہ کیا جائے تاکہ ہر میدان کے طلباء و قاری ، مترجمین و محققین کو اس کے سامنے کسی اور ڈکشنری کی ضرورت نہ محسوس ہو ۔ دیگر بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں نہ صرف روزمرہ محاورہ بلکہ سائنس ، نفسیات ، ریاضیات ، فلسفہ ، طبیعیات، حیاتیات، ادبیات ، سماجیات، لسانیات و معاشیات وغیرہ غرض یہ کہ تمام مروجہ علوم و فنون کے روزمرہ استعمال کے الفاظ و تراکیب کا بھی قابل قدر ذخیرہ اس میں موجود ہے ۔

علاوہ برایں اس کے اندراجات کو عام قاری و طلباء کے لئے اتنا آسان فہم بنایا گیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کی دشواری نہ پیش آئے کیونکہ اس کی ترتیب اندراجات انگریزی حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ لفظ بہ لفظ بھی کر دی گئی ہے مثال کے طور پر :

Division : (n) [ME."de-","divisioun".] (۱) تقسیم : انقسام : علاحدگی : جدائی : تفریق ۔ (۲) قسمت کا بٹوارا : حصے کرنا ۔ (۳) اختلاف : مخالفت : پھوٹ : دستہ بندی : طبقہ بندی : تفرقہ ۔ (٤) (ریاضیات) تقسیم ۔ (٥) (م) تقسیم : تربیت ۔(٦) (پارلیمنٹ) رائے شماری کے واسطے پارلیمنٹ کے ممبروں کا دو گروھوں میں تقسیم ہونا یا کرنا : تفریق ۔ (۷) حد: حدفاصل ۔ (۸) جز : حصہ : شعبہ : فصل : باب ۔ (۹) قسمت : حلقہ ۔ (۱۰) فوج یا بیڑے کا معین حصہ جو ایک افسر کے ماتحت ہو : (فوج) فوجی جماعت جو دو یا تین بریگیڈیروں پر مشتمل ہو ۔(۱۱) (تاریخ طبعی) جنس : نوع ۔

Cross division : تقسیم متوارد ۔

Overlapping division : تقسیم متراکب ۔

Short division : معمولی تقسیم ۔

Zony division : (علم الحساب) تقسیم طویل ۔

Division centre : (n) مرکز تقسیم ۔

Division of fare : (تجارت) تقسیم کرایہ ۔

Division of labour : تقسیم کار : تقسیم عمل ؛ کام کو بانٹ دینا ۔

Division of powers : تقسیم اختیارات ۔

Division of rates : (تجارت) تقسیم شرح ۔

Division peg : (n) تقسیم کیل ۔

Division plate : (n) تقسیم تختی ۔

Division wall : (n) دیوار جو کسی عمارت کو مختلف حصوں میں تقسیم کرے ۔

Divisional : (a) تقسیمی ؛ متعلق بہ تقسیم ؛ قسمت داری یا قسمت سے متعلق ؛ سرحد کے فوجی ڈویزن کا ۔

Divisional title : (n) ذیلی سر ورق ۔

Divisionally : (adv.) تقسیم یا قسمت کے لحاظ سے ۔

Divisioner : (n) تقسیم کرنے والا ۔

اس کے ساتھ ساتھ ذیلی اندراجات کو بھی لفظ بہ لفظ حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے جیسے :

Diagonal expansion : (تجارت) قطری توسیع ۔

Economic expansion : (تجارت) معاشی توسیع ۔

Industrial expansion : (تجارت) صنعتی توسیع ۔

Monetary expansion : (تجارت) زری توسیع ۔

Triple expansion engine : وہ انجن جس میں بھاپ تین تین بیلنوں میں ہوکر گزرتی ہے؛ بھاپا انجن ۔

جہاں ضروری سمجھا گیا ہے وہاں اسلوبیاتی اہمیت کی بھی نشاندہی کی گئی ہے ۔ جیسے متروک ، قدیم ، ادبی و لسانیاتی وغیرہ ۔ اس کے علاوہ ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہوسکا انگریزی محاوروں کے معنی واضح کرنے کے لئے اس کے مترادف ہم معنی ضرب الامثال یا محاورے وغیرہ کا بھی استعمال کرنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے ۔ مثلاً :

Probed it to the quick : دکھتی رگ پکڑنا ۔

Quick change : روپ بدلنا ۔

Probed it to the quick : دکھتی رگ پکڑنا ۔

Quick change : روپ بدلنا ۔

Quick eared : سن گن لینے والا ۔

To quit claim : حق سے دست بردار ہونا ۔

To pay a person in his own coins : جیسے کو تیسا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

To talk nineteen to the dozen : قینچی کی طرح زبان چلنا ۔

علاوہ ازیں یہ تمام دفتری اہلکاروں، اہل قلم و علم ، صحافیوں ، اساتذہ ، ماہرقانون ، طلباء، مترجمین و محققین اور عام قاری کی روزمرہ ضروریات کے لئے بھی یکساں کارآمد و مفید ثابت ہوگی ۔ یہ جامع انگریزی اردو لغت اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن ہے جس کے مکمل سیٹ میں تقریباً ۳ لاکھ الفاظ و اندراجات کا احاطہ کیا گیا ہے ۔ امید ہے کہ یہ اکیسویں صدی کے علمی و سائنسی تقاضوں کو بھی پورا کرے گی ۔ اردو دنیا اور اردو قارئین کے مشورے حاصل رہے تو انشاء اللّٰہ یہ بہت جلد اور زیادہ جامع انداز میں آپ لوگوں کے سامنے ہوگی ۔

میں اس لغت کے چیف ایڈیٹر کلیم الدین احمد صاحب (خدا ان کو غریق رحمت کرے) اور ان کی ٹیم میں شامل سبھی لوگوں کا شکر گذار ہوں جو اس کی ترتیب و تدوین میں کلیم الدین احمد صاحب کے معاون و مددگار رہے ۔ ان کے اسمائے گرامی میں سید شاہ عطاء الرحمن ، محمد صدیق ، ممتاز احمد ، مصطفیٰ کمال ہاشمی اور سید عبد الحامد ، ناصر رضا خان جلیلی ، رضوان احمد خان، کاظم حسین ، بشیرالدین احمد خاں ، شمیم احمد صدیقی وغیرہ شامل ہیں ۔

عموماً لغات کی پروف خوانی ایک انتہائی محتاط انداز اور باریک بینی کا کام ہوتا ہے خاص طور سے ذولسانی لغات کی تصحیح و پروف خوانی ایک انتہائی نازک اور دقت طلب معاملہ ہے اس لئے اس کی پروف خوانی میں کافی توجہ اور محنت و لگن کی ضرورت ہوتی ہے اس خدمت کو ہماری ریسرچ اسسٹینٹ مہ جبیں اختر نے دفتر کی ذمہ داریوں کے ساتھ خوش اسلوبی محنت و لگن سے انجام دیا ہے اس لئے وہ خاص طور سے شکریہ کی مستحق ہیں ۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دوسری زبانوں کی لغات و اصطلاحات ، دائرۃ العلوم وغیرہ جیسے تامل ۔ اردو ڈکشنری ، اردو انسائیکلوپیڈیا کے علاوہ بہت سی اصطلاحات و مضامین کی لغات جیسے حیاتیات ، عمرانیات، لسانیات ، نباتیات، نفسیات ، تاریخ و سیاسیات وغیرہ کی تدوین و ترتیب میں مصروف ہے جن کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے ۔ ان میں سے کچھ تو مکمل ہوچکی ہیں ، اور کچھ طباعت کے اور کچھ تیاری کے مرحلے طے کررہی ہیں ۔ ان فرہنگوں کے آنے کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد اردو یونیورسٹی ، جو کہ اب وجود میں آچکی ہے ، کو بھی اپنے علمی پروگرام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی ۔

امید ہے کہ آئندہ آنے والے دو تین سالوں میں کونسل کی کافی کچھ کاوش و محنت لغات و اصطلاحات کی شکل میں موجود ہوگی ۔ مجھے امید ہے کہ تمام کرم فرما و محبان اردو کونسل کی اس کاوش کو سراہیں گے اور اپنے مفید و اہم مشوروں سے نوازتے رہیں گے تاکہ اس کے اشاعتی پروگرام کو جِلا مل سکے ۔ دراصل کوئی بھی انسانی کام مکمل و بے عیب نہیں ہوتا حالانکہ اس ڈکشنری کی تدوین و ترتیب میں پوری لگن اور انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود اگر اس میں کوئی خامی یا کمی نظر آئے تو میری محبان اردو سے درخواست ہے کہ وہ بلا کسی جھجھک کے کونسل کو مطلع کریں تاکہ آئندہ ان اغلاط کا اعادہ نہ ہو ۔

حمید اللہ
(محمد حمید اللّٰہ بھٹ)
ڈائرکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
منسٹری آف ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ
(حکومت ہند)
ویسٹ بلاک ۔ ۱ ، آر ۔ کے پورم
نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰٦٦

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

Abbreviation	Meaning
a	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev	...abbreviation, abbreviated
abstr	...abstract
ad	...adaptation of
adj	...adjective
adv	...adverb
AF (r)	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic.	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...Archaic
A.V.	...Authorised Version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N.Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt.	...Celtic
Cf.cf.	...Confer, Compare
Cl. L.Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjunction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv.	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...form of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H.G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M.Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle High German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N.O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N.S.W.	...New South Wales
N.T.	...New Testament
N.W., n.w. N. Z	...north-west,-western
N.Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscene,-ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo- Saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL., Oslav.	...Old Slavonic
OSp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
OT.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa.t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post-Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple.	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash.	...refashioned
Rom.	...Roman, I
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Turk.	...Turkish
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U.S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, west., western
WFr.	...West French
WFris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies.	...West Indies
W.S.	...West Saxion
WycL.	...Wyclif
YMCA	... Young Men's Christian Association
Yr	... Year
Yrbk	... Year book
YWCA	... Young Women's Christian Association
Zool	... Zoological , Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات
Administration	انتظامیہ
Aeronautics	طیرانیات
Agriculture	زراعت
Anatomy	تشریح
Anthropology	بشریات
Archaeology	اثریات
Architecture	تعمیرات
Astrology	علم النجوم
Astronomy	فلکیات
Bacteriology	جرثومات
Biology	حیاتیات
Bleaching	سفید کاری
Botany	نباتیات
Chemistry	کیمیا
Colloquial	روز مرّہ
Commerce	تجارت
Conchology	صدفیات
Crystyllography	قلمیات
Cytology	علم خلیات
Dentistry	دندان سازی
Dynamics	حرکیات
Ecclesiastical	کلیسائی
Economics	معاشیات
Education	تعلیمات
Electricity	برقیات
Engineering	انجینیئرنگ
Entomology	حشریات
Ethics	اخلاقیات
Fishery	ماہی گیری
Fortification	قلع بندی
Forestry	جنگلات
Gardening	باغبانی
Geography	جغرافیہ
Geology	ارضیات
Geometry	ہندسہ
Grammar	قواعد
Heraldry	نقابت
History	تاریخ
Horology	ساعت شناسی
Jewellery	جواہرات
Law	قانون
Linguistics	لسانیات
Logic	منطق
Mathematics	ریاضیات
Mechanics	میکانیات
Medicine	طب
Metallurgy	فلزیات
Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Meteorology	موسمیات
Military	فوج
Minerology	معدنیات
Mining	کان کنی
Music	موسیقی
Mythology	اساطیر
Natural History	تاریخ طبیعی
Nautical	بحری
Nonce- word	یک وقتی لفظ
Optics	بصریات
Ornithology	طیوریات
Palaeontology	فوسلیات
Pathology	مرضیات
Philosophy	فلسفہ
Phonetics	صوتیات
Photography	فوٹو گرافی

Physics	طبیعیات	Smelting	تصفیہ
Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	سکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho - analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphic	تلغرافی
Radiology	شعاعیات	Theology	دینیات
Rhetoric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانہ	Zoology	حیوانیات

D

D (de), letter (pl. Ds.,D, 's, Dees) : (۱) رومی حروف تہجی کا چوتھا حرف ۔ (۲) چوتھا درجہ ۔ (۳) (موسیقی) بڑے سرگم کی دوسری سرتی ۔ (٤) لاطینی Demarius کا مخفف بمعنی پینی Penny ؛ رومی اعداد میں پانچ سو ؛ بہت سے ناموں کے لئے جیسے David وغیرہ ؛ تاریخ کے پہلے = died ؛ doctor ؛ جیسے D. Sc.= Doctor of Science وغیرہ ۔

'D'/d : Had یا Would کی مختصر صورت ۔

D-day : (n) مقررہ دن (مخصوص عملہ کے لئے) ۔

D-day force : (n) وہ فوج جو جنگ کے پہلے دن لڑنے کے لئے ہوتی ہے خصوصاً فضائیہ ۔

D-duct : (n) وہ نلکی جو ہوائی جہاز کے دھرے یا بازو کے کنارے گرم ہوا پہنچاتی ہے تاکہ برف نہ جمنے پائے ۔

Da capo : (n) [It.] (۱) موسیقی کی ہدایت ؛ شروع سے دوہرانا ؛ اس کا مخفف d. c. ہے ۔

Dab : (n) [ME] (۱) اچانک تھپکی؛ دستک ؛ تھپک ۔ (۲) اسفنج یا رومال وغیرہ کا آہستہ سے پھیرنا؛ پچرا ؛ تری یا رنگ جو اس طرح پھیرا جائے ۔

Dab : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Dab : (n) [Origin unkn.] شاطر ؛ کامل ؛ ہوشیار ؛ استاد؛ کاریگر ؛ ماہر ۔

Dab : (n) [alter. of DAUB] تھوڑی مقدار ۔

Dab : (v) [ME.] زور سے لگانا یا تھپتھپانا ؛ کھٹکھٹانا ؛ تھپکنا؛ ٹھوک مارنا ۔ (۲) دبانا؛ اسفنج وغیرہ سے دبانا ؛ پچارا دینا ؛ برش مارنا ؛ پوتنا ۔(۳) (کونچی یا گدی) سطح پر پھیرنا یا دبانا ۔

Dab : (adv.) بطور پچارا ؛ بطور تھپکی ۔

Dabb : (n) (حیوانیات) ضب ۔

Dabber : (n) [f. dab+er.] (۱) پچارا دینے والا ؛ پچرا خصوصاً کسی لچکیلی چیز کی بنی ہوئی گدی جس سے پچارا دیتے ہیں ۔ (۳) سینجک ۔

Dabbing : (n) (تعمیرات) کھردرانہ خشن ؛ سخت ٹاٹ ۔

Dabble : (v) [Du."Dabbelel".] (۱) وقفے سے بھگونا؛ خفیف تر کرنا؛ آلودہ کرنا؛ چھینٹے ڈالنا یا اڑانا؛ چھڑکنا؛ گھگولنا۔ (۲) پانی میں کھیلنا؛ پانی میں ہاتھ پاؤں مارنا ؛ چونچ ہلانا ۔ (۳) کسی کام کو دل بہلاوے کے طور پر اختیار کرنا ۔(٤) دخل اندازی کرنا ۔

Dabbler : (n) (۱) اتائی؛ نیم حکیم؛ بطور دل بہلاوے کےکسی کام کو اختیار کرنے والا ۔ (۲) ایک قسم کی بط ۔

Dabby : (a) [f."dab"+-y.] تر ؛ بھیگا ہوا ۔

Dabchick : (n) [OE."dufe/doppa","pelicanus".] پانی کا ایک پرند ؛ دریائی چڑیا ؛ (مجازاً) لڑکی ۔

Daboya /Daboia : (n) [Hindi."daboya".] جزائر شرق الہند کا ایک بڑا سانپ ۔

Dabster : (n) [f."dab+ster".] (۱) شاطر ؛ کامل ؛ ہوشیار۔ (۲) لیپنے والا ؛ لیپنے والا ؛ بھدا روغن کرنے والا ۔(۳) اناڑی ۔

Dabuh : (n) [Arab.] دھاریدار چرخ یا لکڑبگھا ۔

Dace : (n) [OFr. drs.] چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Dacha/Datch : (n) [Russ.] دیہات میں امرا کا مکان ۔

Dachshund : (n) [G.] چھوٹی ٹانگوں کی نسل کا کتا ؛ بجو کتا ۔

Dacoit : (n) [Hindi"dakait".] ڈکیت ؛ ڈاکو ؛ رہزن ؛ ہندوستانی یا برمی مسلح قزاق ۔

Dacoit : (v) ڈاکہ دینا ؛ رہزنی کرنا ۔

Dacoity : (n) [Hindi"dakaiti".] ڈکیتی ؛ قزاقی ؛ رہزنی ۔

Dacryd : (n) [Mod. L."Dacrydi-um".] (نباتیات) ایک قسم کا درخت یا جھاڑی ۔

Dacryo-adenalgia : (n) [L.] (طب) درد غدہ دمعیہ ۔

Dacryo-adenitis : (n) [L.] (طب) غدہ ٔ دمعیہ ۔

Dacryo-cystolome : (n) (جراحی) دمعی کیسہ تراش ۔

Dacryocele : (n) [L.] (طب) فتق دمعی ۔

Dacryocyst : (n) [L.] (تشریح) کیسہ ٔ دمعی ۔

Dacryocystitis : (n) (طب) ورم کیسہ ٔ دمعی ۔

Dacryohemorrhea : (n) [L.] (جراحی) خونی اشك باری ؛ تدمع الدم ۔

Dacryolin : (n) [Gr.] (کیمیا) البومین (زلال) کی وہ شکل جو آنسوؤں میں پائی جاتی ھے ۔

Dacryolith /-lite : (n) [Gr.] (عضویات) ایک قسم کی پتھری جو آنسوؤں کی نلکیوں میں پائی جاتی ھے ۔

Dacryoma : (n) [Gr.] (طب) دمعی سلعہ ۔

Dacryon : (n) [Gr.] (طب) اشکینہ ؛ دمعینہ ۔

Dacryops : (n) [Gr.] (طب) نم چشمی دمعیت ۔

Dacryorrhea : (n) [Gr.] (طب) اشکباری ؛ تدمیع ۔

Dactyl : (n) [L."dactylus".] (۱) ایک تاریخ ١٦٥٦ ۔ (۲) عروض، ایک رکن جس میں ایک لمبی ہجا اور دو چھوٹی ہجائیں ہوتی ہیں یا ایک تاکید دار ہجا اور دو بےتاکیدی ہجائیں ہوتی ہیں ۔ (۳) صدفہ ۔

Dactylet : (n) چھوٹا Dactyl ۔

Dactylic : (a) [L."dactylicus".] : Dactyl کا یا Dactyl سے متعلق بحالت جمع اس وزن کے اشعار ۔

Dactylio -: واصلہ بمعنی Finger ring : خاتم ؛ انگوٹھی ۔

Dactylioglyph : (n) [Gr.] (۱) انگوٹھی کے جواہرات پر نقش بنانے والا ؛ حکاك ۔ (۲) حکاك کا نام جواہرات پر ۔

Dactylioglyphic : (a) حکاکی سے متعلق ۔

Dactylioglyphist : دیکھو Dactylioglyph

Dactylioglyphy : (n) (۱) حکاکی کا فن ۔ (۲) جواہرات پر نقش بنانے کا فن ۔

Dactyliographer : (n) انگوٹھیاں اور مہریں بنانے والا ۔

Dactyliographic : (a) انگوٹھیوں کے بنانے سے متعلق ۔

Dactyliography : (n) انگشتری نامہ ۔

Dactyliology : (n) انگوٹھیوں کا مطالعہ ۔

Dactyliomancy : (n) انگشتری تفاعل ۔

Dactylis : (n) [Gr."dactylos".] (نباتیات) جنس انگشت پا ۔

Dactylitis : (n) (عضویات) ورم انگشت ۔

Dactylo -: واصلہ بمعنی انگشت ۔

Dactylogram : (n) نشان انگشت ۔

Dactylography : (n) انگشت نگاری : علم نشانات انگشت ۔

Dactylology : (n) (۱) اصبیعیات ۔ (۲) انگشتی اشاریات ؛ انگشت بلاغی ۔

Dactylomegaly : (n) (طب) کلاں انگشتی ۔

Dactylonomy : (n) انگلیوں پر شمار کرنے کا فن ۔

Dactylopodite : (n) (۱) انگشت پایہ ۔ (۲) قشری حیوانات کے عضو کی آخری پور ۔

Dactylopore : (n) (حیوانیات) آبی حیوان مرجانی کے ڈھانچے کا مسام : انگشتی روزن ۔

Dactyloporic : (a) (حیوانیات) آبی حیوان مرجانی کے ڈھانچے کے مسام سے متعلق ۔

Dactylopteroid : (a) (حیوانیات) انگشت پرا ۔

Dactylopterous : (a) (حیوانیات) انگشت پرا ۔

Dactyloscopy : (n) (طب) انگشت بینی ۔

Dactylose : (a) (نباتیات) انگشتیا یا انگلیوں والا یا انگشت نما ۔

Dactylospasm : (n) (طب) تشنج انگشت ۔

Dactylozooid/-zoid : (n) بے مُنہ کا استوانہ حویُن ؛ انگشتی حیوانیہ ۔

Dad : (n) [perh. of infantile origin.] (روزہ) ابا ؛ باپ ۔

Dad : (v) مارنا ؛ پیٹنا ۔

Dada : (n) باپ ۔

Dadaism : (n) پہلی جنگ عظیم کے زمانے میں Tristan Tzara نے زیورخ میں اس طرز کی بنیاد ڈالی ؛ فن اور ادب میں یہ ایک منکرانہ یا منفی تحریک تھی اور اس نے منطق ، اعتدال ، سماجی رواج بلکہ ادب کے خلاف احتجاج کی ۔ شاید دادائیوں کا خیال تھا کہ ادب اور فن میں مردانگی چاہیئے : دادا (باپ) گویا ماما (ماں) کی ضد تھا ۔

Daddle : (n) [Origin unkn.] مٹھی ۔

Daddle : (v) [f. dad-as in dial dadder.] لڑکھڑا کر چلنا ۔

Daddock : (n) سڑی ہوئی یا خراب لکڑی ۔

Daddocky : (a) سڑی ہوئی یا خراب لکڑی سے متعلق ۔

Daddy : (n) [f."dad+-y".] (۱) (روز مرّہ) ابّا ؛ باپ ۔ (۲) دیکھو Sugar-daddy ۔

Sugar-daddy : وہ بوڑھا شخص جو کسی جوان لڑکی کو داشتہ بنانے کے لئےاس کے زیورات اور آرائش کےلئے بہت پیسے خرچ کرتا ھے ۔

Daddy-long-legs : (n) (۱) لمبی ٹانگوں کا کیڑا مچھروں سے مشابہ ۔(۲) کلنگ مکھی ۔

Daddyism : (n) اسلاف کی عزت ۔

Dade : (v) (۱) آہستہ یا لڑکھڑا کر چلنا ۔ (۲) سہارا دینا (لڑکھڑا کر چلنے والے کو)۔

Dado : (n)[It. "dado".] (۱) ستون کا وہ حصہ جو پایہ اوراس کی کنگنی کے درمیان ھو۔ (۲) دیوار کے زیریں حصے پر لکڑی کا یا رنگ کا حاشیہ ۔

Dadoed : (a) چوبی یا رنگین حاشیہ لگایا ھوا ۔

Daedal /-de : (a) [L."daedalus".] (۱) (شیر) چابک دست ؛ مشاق ؛ رسا ؛ موجدانہ ۔ (۲) پیچ در پیچ ؛ پریشان کن ؛ الجھاؤ کا ؛ پیچیدہ ۔ (۳) گوناگوں ؛ طرح طرح کا ؛ پراسرار ۔

Daedaleous : (a) (نباتیات) بڑے دور کے نقطے والا (لیکن مقطوع اور کھردرا) ۔

Daedalian /-ean : (a) [f. Daedalus.] (۱) یونانی صناع Daedalus کے طریقے پر ۔(۲) پیچیدہ ؛ الجھاؤ کا ؛ پیچ در پیچ ؛ پیچ دار ۔ (۳) چکردار ؛ بھول بھلیاں کی طرح کا ۔

Daedalist : (n) Daedalus کا پیرو یا نقال ۔

Daedalous/ De- : (a) (نباتیات) (پیتیوں کے بارے میں) پیچ در پیچ حاشیہ والی ۔

Daedalus : (n) [L.] (Daedalus کی طرح) چابک دست یا ماہر ۔

Daemia extenxa : (n) (حیوانیات) دریبہ ۔

Damon/Demon : (n) [med.L"daemon".] (۱) مافوق الفطرت مخلوق؛ نیچے درجہ کا دیوتا یا دیو؛ آسیب؛ عفریت ۔(۲) بھوت ؛ پریت ۔(۳) جن ؛ روح ۔ (٤) شیطان ؛ ابلیس ۔(۵) بے رحم ؛ خونخوار یا ظالم شخص ۔(٦) بری عادت یا بری خواہش ۔ (۷) غیر معمولی جوش و سرگرمی کا حامل ۔

Daena : (n) [Av."daena".] (۱) ضمیر ۔ (۲) مذہب ۔

Daer-stock : (n) [f. Mr. daer+stock.] زمین دار کے مویشی جو رعایا کے استعمال میں ھوں ۔

Daff : (n) [ME.] بے وقوف ؛ احمق ؛ بزدل ؛ سادہ لوح ۔

Daff : (v) دل لگی کرنا ؛ بے وقوف بننا ۔

Daff : (v) [Var. of "doff".] علاحدہ رکھنا ؛ قطع نظر کرنا ؛ دست بردار ھونا ؛ کنارہ کش ھونا ؛ ترک کرنا ؛ چھوڑنا ۔

Daffodil : (n) [alt. f.Affodill.] (۱) آبی نرگس؛ نرگس زرد۔ (۲) ہلکا زرد رنگ ۔

Daffodilly/Deffadilly : (n) Daffodil کی متبادل شکلیں ہیں ۔

Daffy : (a) [Daff+-y.] ابلہ ؛ سفیہ ۔

Daffy down dilly / Daffa - : (n) (۱) دیکھو daffodilly ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Daft : (a) [ME.'dafte'.] (۱) احمق ؛ بیوقوف؛ نادان ؛ جاہل ؛ بے دھڑك ؛ وحشی ؛ خبطی ؛ سنکی ؛ سودائی ۔ (۲) منکسر ۔

Daftlike : (a) احمق ؛ بیوقوف ؛ احمقانہ ۔

Daftly : (adv.) احمقانہ طور پر ۔

Daftness : (n) بے وقوفی ؛ حماقت ۔

Dag : (n) [ME. of unkn. origin.] (۱) کسی چیز کا نوکدار آویزاں حصہ ۔ (۲) بھیڑ کے پچھلے حصے کا گرد سے جما ہوا اون کا ٹکڑا ۔

Dag : (n) [of unkn. origin.] ایك قسم کا بھاری پستول ۔

Dag : (n) [OFr."dague".] (۱) جوان بارہ سنگے کا سیدھا نوکدار سینگ ۔ (۲) ایك پن یا چٹخنی ۔

Dag : (n) [ON."dagg".] اوس ؛ شبنم ؛ ترشح ؛ کہرہ ۔

Dag : (v) [ME.] (۱) (کسی کپڑے کے) کنارے کو کاٹنا اس طرح کہ اس میں دندانے پڑ جائیں ۔ (۲) میلا کرنا؛ کیچڑ سے لت پت کرنا ۔ (۳) (بھیڑوں کے) جمے اور الجھے ہوئے اون کو کاٹنا ۔

Dag : (v) [ME.] [related to Ofr. dague.] (کسی نوکیلے ہتھیار سے) بھرنکنا ۔

Dag : (v) پستول سے مارنا ۔

Dag : (v) چھڑکنا ؛ تر کرنا ؛ ترشح ہونا ۔

Dag-lock : (n) (جمع میں) بھیڑ کے پچھلے حصوں میں گرد سے اٹے ہوئے اون کے گچھے ۔

Dagesh / Daghesh : (n) [Heb.] عبرانی حرف میں ایك نقطہ ۔

Dagger : (n) [ME. perh. f. Dag+er.] (۱) خنجر ؛ کٹار ؛ پیش قبض ۔ (۲) (مجازاً) اذیت پہنچانے والی کوئی چیز ۔ (۳) شہتیر کا ایك ٹکڑا ۔ (٤) (طباعت) چلیپے کا نشان حوالے کے لئے ۔ (٥) ایك قسم کا پروانہ جس کے اگلے پَر پر سیاہ خنجر نما نشان ہوتا ہے ۔

Fint dagger : چقماقی ٹیگر ۔

Gerzean Copper dagger : تانبے کا گرزیانی خنجر ۔

Midrib dagger : پسلی خنجر ۔

Pressure-flaked dagger : دباؤ سے تراشے ہوئے پتھر کا خنجر ۔

Rhomboid dagger : اٹرستان کے پارلیمنٹ کا ایوان زیریں ۔

Dagger : (v) (۱) خنجر بھونکنا ؛ چھرا مارنا ۔ (۲) خنجر نما نشان لگانا (طباعت میں) ۔

Daggle : (v) [f. Dag (v)] (۱) تر کرنا ؛ بھگونا ۔ (۲) کیچڑ سے لت پت کرنا ۔

Daggle-tail : (n) وہ عورت جس کے کپڑے کیچڑ سے لت پت ہوں ؛ بد سلیقہ عورت ۔

Daggle-tailed : (a) کیچڑ سے لت پت کپڑوں والی ؛ بد سلیقہ ۔

Dago : (n) [Sp."Diego".] ہسپانوی ۔

Dagoba : (n) [Sinhalese."dagaba".] گنبد نما عمارت جس میں بدھ یا بدھ مت کے سنت کے تبرکات یا صالحات ہوں ۔

Dagon : (n)[Heb."dagan".] قدیم فلسطینیوں کا قومی دیوتا جس کا سر ، سینہ اور بازو آدمی کے ہوتے ہیں اور جسم مچھلی کا ؛ بت ۔

Daguerreotype : (n) [F."daguerreotype".] ڈیگرو ٹائپ ؛ ڈیگرو عکاسی ؛ تصویر لینے کا ابتدائی طریقہ جس میں عکس پہلے ریوڈین سے حساس بنائے ہوئے نقرئی پلیٹ پر لیا جاتا تھا اور پھر اسے پارے کے بھاپ سے آشکار کیا جاتا تھا ۔

Daguerreotype : (v) ڈیگرو عکاسی کرنا ۔

Daguerreotyper /-pist : (n) ڈیگرو عکاسی کرنے والا ۔

Daguerreotypic /-al : (a) ڈیگرو عکاسی سے متعلق ۔

Daguerreotypy : (n) ڈیگرو عکاسی کا عمل ۔

Dahabeeyah/-biah : (n) دریائے نیل کی بادبانی کشتی ؛ ذہبیہ ۔

Dahlia : (n) [f.Dahl, a Swedish botanist.] (۱) ڈالیا؛ گل کوکب؛ میکسیکو کا ایك پودا رنگ برنگ کے پھول کا ۔ (۲) ایك قسم کا سرخ رنگ ۔

Blue dahlia : (مجازاً) ناممکن چیز ؛ گولر کا پھول ۔

Dahlin : (n) ڈالیا کے پھلوں سے نکلنے والا انولین ۔

Dail Eireann : (n) [Ir.] آئرستانی پارلیمنٹ کا دارالعوام ۔

Daily : (a) [W. Ger. 'dag'.] روزانہ ؛ یومیہ ؛ روز مرّہ ؛ روز بروز ؛ متواتر ؛ مسلسل ؛ لگاتار ؛ اکثر ۔

Daily : (n) (۱) روزنامہ اخبار ؛ روزنامہ ۔ (۲) یومیہ تنخواہ پر کام کرنے والا نوکر ۔

Daily : (adv.) روزانہ طور پر ؛ ہر روز ؛ مسلسل طور پر ؛ لگاتار ۔

Daily allowance : (n) یومیہ بھتا ۔

Daily bread : (n) روزی ۔

Daily counter payment book : (تجارت) یومیہ کاؤنٹر ادائی بہی ۔

Daily counter receipts book : (تجارت) یومیہ کاؤنٹر وصولی بہی ۔

Daily earning : (n) یومیہ آمدنی ۔

Daily-graph : (n) (صوت) تلفونی صوت نگار ۔

Daily hours : (n) روزانہ اوقات کار ؛ اوقات کار یومیہ ۔

Daily-paid labour : یومیہ بھتا مزدور ۔

Daily pay : (n) یومیہ تنخواہ ۔

Daily task : (n) یومیہ کام (کار) ۔

Daily wages : (n) (تجارت ، معاشیات) یومیہ اجرت ۔

Daily waiter : (n) یومیہ اجرت پر کام کرنے والا ہوٹل کا ملازم ۔

Daily wants : (n) یومیہ ضرورتیں ۔

Daim : (n) [OF.'dain'.] چکارا ؛ ایک قسم کا ہرن ۔

Daimio : (n) [Chinese 'dai+mio'.] جاپانی جاگیر دار ؛ مشروط الخدمت جاگیردار ؛ سردار ؛ امیر ۔

Daimon : (n) [Gr.'daimon'.] محافظ روح ۔

Dain : (n) [ME. f. 'dedain'.] بدبو ؛ حقارت ۔

Dainteth /-ith : [OEr.'deintiet'.] (۱) لطیف؛ نفیس؛ عمدہ؛ اعلا؛ تحفہ ۔ (۲) لذیذ ؛ خوشگوار ؛ مزے دار؛ حسین ؛ خوب صورت ؛ نازک ؛ صاف ستھرا؛ صفائی پسند ؛ نفاست پسند ؛ نازک مذاق ؛ حد سے زیادہ نفیس مزاج ؛ تانا شاہ ۔ (۳) عشرت پسند ۔

Daintify : (v) لطیف بنانا ۔

Daintily : (adv.) نفاست سے ؛ عمدگی سے ؛ خوب صورتی کے ساتھ؛ نزاکت سے ؛ عیش پسندانہ ۔

Daintiness : (n) [f. Dainty+-ness.] نفاست ؛ خوبصورتی ؛ باریک بینی ؛ عیش پسندی ۔

Dainty : (n) [OF."deintie","daintie".] (۱) لذیذ یا نفیس غذا ؛ تحفہ ؛ ترلقمہ ؛ ترمال ۔(۲) پسندیدہ (چیز) ۔

Dainty : (a) دیکھو Dainteth

Daiquiri : (n) [f. Daiquiri, in Cuba.] رم (شراب) چونا یا لیموں اور چینی کا ایک مشروب ۔

Dairi : (n) [Chinese "dai+ri".] میکاڈو ؛ میکاڈو کا محل ۔

Dairi-sama : (n) میکاڈو کا لقب ۔

Dairy : (n) [ME."deierie".] (۱) شیر خانہ ؛ پنیر اور مکھن بنانے کا کارخانہ یا عمارت ۔ (۲) زراعتی فارم کا شیر خانہ ۔ (۳) دودھ وغیرہ کی دکان ؛ دودھ کے کارخانہ کی گائیں ۔

Dairy farm : (n) شیر خانہ ؛ دودھ کا کارخانہ ۔

Dairy-farmer : (n) شیر خانہ کا مالک ۔

Dairy farming : (n) شیر خانہ داری ۔

Dairy husbandry : (n) انتظام شیر کاری ۔

Dairy industry : (n) صنعت شیر کاری ۔

Dairy school : (n) اسکول جس میں شیر کاری سکھائی جاتی ہے ۔

Dairy woman : (n) شیرخانہ کی منتظمہ ۔

Dairying : (n) شیر کاری ؛ دودھ رکھنے یا پنیر اور مکھن بنانے کا طریقہ یا کام ۔

Dairymaid : (n) شیر خانہ میں کام کرنے والی لڑکی ۔

Dairyman : (n) دودھ فروش ؛ شیرخانہ کا مالک ؛ شیر خانہ میں کام کرنے والا ۔

Dais : (n) [OF."deis".] (۱) چبوترہ ؛ شہ نشین ؛ ڈائس ۔ (۲) تخت کا قبہ ۔

Daisied : (a) گل مروارید سے آراستہ یا بھرا ہوا ۔

Daisy : (n) [OE."dazes","eaze".] (۱) ڈیزی ؛ گل مروارید ؛ بابونہ ۔ (۲) ڈیزی کے قسم کے دوسرے پودے ۔ (۳) (عامیانہ) اعلا درجہ کی چیز یا شخص ۔ (٤) ایک مشروب جس میں شراب، لیموں، سوڈا کا پانی وغیرہ ہوتے ہیں ۔ (۵) سور کے شانہ کا گوشت دھوئیں میں سکھایا ہوا ۔

Michaelmas daisy : گل مینا کی قسم کے پھول ۔

Ox-eye daisy : گل داؤدی ۔

Daisy-chain : (n) ڈیزی کا ہار ۔ (۲) سلسلہ (واقعات ، مدات وغیرہ کا) ۔

Daisy cutter : (n) (۱) گھوڑا ، جو قدم بہت کم اٹھائے ۔ (۲) (کرکٹ) گیند جو زمین پر لڑھکتی جائے ۔ (۳) (عامیانہ) ایک قسم کا بم ۔

Dak : (۱) چٹھی رسانی یا بار برداری بذریعہ ڈاک ۔

Daker/Daiker /Dakir : (n) Dicker کی متبادل شکل ۔ (۲) ڈاک ؛ آدمیوں یا گھوڑوں کی ڈاک ۔

Daker-hen : (n) [Origin unknown.] آب چلیک بری ؛ آب چلیک صحرائی ۔

Dakoit : (n) دیکھو Dacoit

Dal : (n) [Hindi] دال ۔

Dalai / Dalai-lama : (n) تبت یا منگولیا کا بودھ پجاری ؛ لاما گرو ؛ تبت کا دلائی لاما یا بڑا لاما ۔

Dale : (n) [OE."dael"] وادئی صغیر ۔

Dale : (n) [ME.] زمین کا ٹکڑا خصوصاً غیر منقسم شدہ کھیت ۔

Dale : (n) [LDu.] چوبی نلکی یا تگاڑ (پانی نکالنے کےلئے) ۔

Dale-land : (n) کسی ضلع کی نشیبی زمین ۔

Dale-lander / -man : (n) کسی ضلع کی نشیبی زمین کے باشندے ۔

Dalesman : (n) وادئ صغیر کا باشندہ ؛ خصوصاً کمبر لینڈ (Cumber land) ، ویسٹ مورلینڈ (West morland) کا باشندہ ۔

Daleth : (n) [Heb.] عبرانی زبان کا چوتھا حرف ۔

Dalle : (n) [Fr.] (۱) پتھر؛ سنگ مرمر یا مٹی کی سل فرش پر لگانے کےلئے ۔ (۲) (جمع میں) سیل تیز ۔

Dalliance : (n) [Dally+-ance.] نازونیاز ؛ بوس و کنار ؛ تساہل ؛ ٹال مٹول ۔

Dallier : (n) دل لگی کرنے والا ؛ وقت ٹالنے والا ؛ ٹال مٹول کرنے والا ؛ عشق باز ۔

Dallop : (روزمرہ) کھانے کی چیزوں وغیرہ کا لوندا ۔

Dally : (v) [OF."dalier".] (۱) جی بہلانا ؛ دل لگی کرنا ۔ (۲) ہنسنا بولنا ؛ بوس و کنار کرنا ؛ پیار کرنا ۔ (۳) اٹھلانا ؛ نخرے کرنا ؛ چوچلے کرنا ۔ (٤) ٹالنا ؛ ٹال مٹول کرنا ۔ (۵) دیر لگانا؛ وقت ٹالنا ؛ مٹر گشتی میں وقت کھونا؛ سستی کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ بیہودہ وقت گزاری کرنا ؛ تضیع اوقات کرنا ۔

Dalmatic : (n) (۱) ڈھیلا چغہ یا عبا جو اسقف پہنتے ہیں ۔ (۲) ڈھیلا چغہ یا عبا جو بادشاہ تاج پوشی کے وقت پہنتے ہیں ۔

Dalmatic : (a) [L."dalmatica".] دالماسیا کا یا اس سے متعلق ۔

Dalmation : (a) دالماسیا کا ۔

Dalmation : (n) (۱) دالماسیا کا باشندہ ۔ (۲) دیکھو Dalmation dog ۔

Dalmation Coast : (n) (جغرافیہ) دالمیسی ساحل ۔

Dalmation dog : (n) گلدار کتا جو گاڑی کے ساتھ دوڑنے کے لئے پالا جائے ۔

Dalt : (n) [Gael "dalta".] لے پالک بچہ ۔

Daltonian : (n) (۱) جان ڈالٹن یا اس کے نظریہ جوہر سے متعلق ۔ (۲) رنگ کور (آدمی) ۔

Daltonism : (n) رنگ کوری خصوصاً لال رنگ سے ۔

Daltonist : (n) دیکھو Daltonian

Dalton's atomic theory : ڈالٹن کا ایٹمی نظریہ ۔

Dalton's law of partial pressure : جزوی دباؤ کا قانون ۔

Dam : (n) [(M) Du."dam".] (۱) بند ؛ پشتہ ۔ (۲) جو بند کے ذریعہ روک دیا جائے ۔ (۳) (کان کنی) کان میں لکڑی یا اینٹ کی دیوار پانی، آگ یاگیس سے محفوظ رکھنے کےلئے ۔ (٤) (تصفیہ) دھات کا وہ حصہ جو بھٹی کےاگلے حصہ میں دیوارکی طرح جم جاتا ھے ۔ (٥) (دندان سازی) نرم ابر کا ٹکڑا جو جراحی کے وقت دانت کو خشک رکھنے کےلئے لگایاجاتاھے۔ (٦) پانی کی ایک ہلکی ٹنکی جو آگ بجھانے میں کام آتی ھے ۔

Dam : (n) [Var. of Dame.] (۱) ماں (خصوصاً چوپایہ کی) ۔ (۲) (تحقیراً) ماں ۔

The Devil's dam : (حقارتاً) عورت ۔

Dam : (n) [F."dame".] ایک قسم کا کھیل جسے انگریزی میں Dranghts کہتے ہیں ۔

Dam : (v) [OE."d mman".] (۱) پشتہ لگانا یا پشتے سے روکنا ؛ بند باندھنا ؛ روکنا ؛ بند کرنا ۔ (۲) مسدود کرنا ؛ محدود کرنا ۔

Dam-brod/-board : (n) ڈرافٹ کی بساط ۔

Dam plate : (n) بھٹی کے پیندے کے اگلے پتھر کی تختی ۔

Dama : (n) [L."dama".] ہرن کی ایک جنس جس میں چکارا شامل ھے ۔

Damage : (n) [OF."damage".] (۱) نقصان ؛ ضرر ؛ زیاں ؛ خسارہ ؛ ٹوٹا ؛ گھاٹا ؛ خلل ۔ (۲) تاوان ؛ ہرجہ (قانونی)۔ (۳) (عامیانہ) قیمت ؛ خرچہ ۔

Damage : (v) نقصان پہنچانا ؛ خسارہ دینا ؛ قدر گھٹانا ؛ صدمہ پہنچانا ۔

Damage claim : (n) (تجارت) دعوا تلافی خسارہ / نقصان ۔

Damage feasant : (n) [OF."damage fessant".] (غیر مویشی کے بارے میں) گھس کر نقصان پہنچانے والی ۔

Damageable : (a) نقصان پذیر ؛ خسارہ پذیر ۔

Damages : (n) (سیاسیات) ہرجانہ ۔

Damalic : (a) [Gr."damalis".] (کیمیا) دمیلیک ترشہ $(C_7 H_8 O_2)$ جو گائے کے پیشاب میں پایا جاتا ھے ۔

Damaluric acid : (n) (کیمیا) ایک ترشہ $(C_8 H_{10} O_2)$ جو گائے کے پشاب میں پایا جاتا ھے ۔

Daman : (n) [Arab "daman israil".] شام کا ایک خرگوش نم جانور ۔

Damascence : (a) [L."Damascenus".] (۱) دمشق یا دمشق سے متعلق ؛ دمشقی ۔ (۲) شنجر (کپڑا) کا یا اس سے متعلق ؛ دھات پر سیمی یا نقرئی پچی کاری سے متعلق ۔

Damascene : (n) (۱) دمشقی ؛ دمشق کا باشندہ ۔ (۲) دھات پر سونے یا چاندی کی پچی کاری ۔ (۳) آلو بخارا ۔

Damascene : (v) (۱) دھات پر سونےیا چاندی کی پچی کاری کرنا ۔(۲) فولاد میں جوہر ڈالنا ۔

Damascene plum : (n) آلو بخارا ۔

Damascener : (n) مرصع کار ۔

Damascus : (n) [Gr."Damaskas".] دمشق ۔

Damascus iron : (n) نقلی دمشقی فولاد ۔

Damascus twisl : (n) نقلی دمشقی لوھے کی بنی ھوئی (بندوق کی) نال ۔

Damask : (v) [Anglo-Fr."Damasc".] (۱) بوٹے بنانا یا بننا ؛ مشجر کا کام کرنا ؛ جال یا پھول ڈالنا ۔ (۲) دھات پرسونے یا چاندی کی پچی کاری کرنا ۔(۳) مسخ یا برباد یا خراب کرنا ؛ مٹانا ۔

Damask : (n) (۱) مشجر ؛ بوٹی دار ریشمی کپڑا ۔ (۲) دھوپ چھاؤں ۔ (۳) دمشقی فولاد ۔ (٤) گلابی رنگ۔

Damask : (a) (۱) دمشق میں بنا ھوا یا دمشق سے لایا ھوا ۔ (۲) دمشقی ریشم سے بنا ھوا ؛ مشجر (کپڑے) سے آراستہ ۔ (۳) دمشقی فولاد سے بنا ھوا یا اس سے مشابہ ۔ (٤) گلابی ۔

Damask rose : (n) لال گلاب ۔

Damask steel : (n) دمشقی فولاد ۔

Damask work : (n) دھات پر سونے اور چاندی کی پچی کاری ۔

Damasked : (a) (۱) گلابی رنگ کا ۔ (۲) مشجر کپڑے سے آراستہ کیا ہوا ۔ (۳) بوٹے بنایا ہوا ؛ بوٹے دار ۔ (٤) سونے یا چاندی کی پچی کاری کیا ہوا ۔

Damaskeen : (v) دیکھو Damascene

Damasse : (n) [Fr.] پھلور سوتی کپڑا ۔

Damassin : (n) [F."damas".] زر دوزی کپڑا ۔

Dambonite : (n) [f."dambo" native name.] ڈیمبونائٹ : ایک سفید بلوری مادہ (C_4 H_8 O_3) جو خام ربر میں پایا جاتا ھے اور مغربی افریقہ سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Dambose : (n) قلمی شکر (C_3 H_6 O_3) جو ڈیمبونائٹ سے نکالا جاتا ھے ۔

Dame : (n) [OF."dame".] (۱) خاتون حکمراں ؛ سردارنی ۔ (۲) بیگم ؛ بیوی ؛ خاتون ؛ بانو ۔ (۳) ایٹن (Eton) کے دارالاقامت کا منتظم یا منتظمہ ۔ (٤) (قانون) نائیٹ یا نواب کی بیوی ۔ (٥) معزز خاتون ۔ (٦) مخاطب کرنے کا ایک طریقہ = My lady, Madame ۔ (۷) راھبہ ۔ (۸) لڑکی ؛ باکرہ ۔ (۹) (عامیانہ) عورت ۔ (۱۰) ماں ۔ (۱۱) انگریزی چپ سوانگ میں زنانہ پارٹ جو مسخرے ادا کرتے ہیں ۔

Dame Fortune : (n) شاہد بخت و اقبال ۔

Dame Nature : (n) مادر روزگار ؛ مادر طبیعت ۔

Dame's-violet : (n) براتی شب بو ۔

Dammar : (n) [Malay."damar".] گوند ۔

Dammara : (n) درختوں کی جنس جن سے گوند نکلتا ھے ۔

Damme : (int & n) (۱) Damn me کا مخفف ۔ (۲) قسم ۔

Damn : (v) [OFr."dampner","damner".] (۱) لعنت کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ مردود کرنا ؛ مطعون کرنا ۔ (۲) (ناٹک) حاضرین کا بے التفاتی کرنا ؛ قدر نہ کرنا ؛ بند کرا دینا ۔ (۳) مردود ٹھہرانا ۔ (٤) جہنّم واصل کرنا ؛ جہنّم رسید کرنا ۔ (٥) باعث لعنت ھونا ؛ باعث عذاب ھونا ۔ (٦) کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ بد دعا کرنا ۔

Damn : (n) بد دعا ؛ سراپ ۔

Not to care a damn : ذرہ برابر پروا نہ کرنا ۔

Not worth a damn : بے قیمت ۔

Damnable : (a) لعنتی ؛ ملعون ؛ جہنمی ؛ مردود ؛ مطعون ؛ قابل نفریں ۔

Damnable : (adv.) بطور لعنت ۔

Damnableness/Damnability : (n) لعنتی پن ؛ مطعونیت ؛ ملعونیت ۔

Damnably : (adv.) از روئے لعنت ۔

Damnation : (n) (۱) (تماشے کو) مردود قرار دینا ۔ (۲) (دینیات) لعنت ابدی ؛ پھٹکار ؛ عذاب دائمی ؛ خلود فی النار ۔ (۳) اس پر لعنت ھو ۔ جہنم واصل ھو ؛ اسکا برا ھو ۔

Damnation : (a&adv.) دیکھو Damnably

Damnatory : (a) لعنت آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ موجب عذاب؛ موجب لعنت ۔

Damned : (a) (۱) مردود ؛ ملعون ؛ جہنم واصل ؛ سزا وار نفریں ۔ (۲) مکروہ ؛ موذی ؛ دوزخی ؛ شیطانی ؛ ناگوار ؛ نامبارک ۔ (۳) نہایت ؛ سخت ؛ شدید ۔

The damned : اہل جہنم ؛ اصحاب النار ؛ دوزخیاں ۔

Damned : (adv.) دیکھو Damnably

Damnification : (n) (قانون) نقصان رسانی ؛ ضرر رسانی ۔

Damnify : (v) [OF."damnifier".] نقصان پہنچانا ؛ ضرر پہنچانا ؛ حرج کرنا ۔

Damning : (n) (۱) لعنت کرنے والا ۔ (۲) برباد کرنے والا ۔ (۳) غیر مذہبی قسمیں کھانے والا ۔

Damning evidence : (n) پھنسا دینے والی شہادت ؛ شہادت جس سے جرم قطعی طور پر ثابت ھو جائے ۔

Damningly : (adv.) قطعی طور پر ۔

Damningness : (n) تباہی ۔

Damnosa hereditas : (n) [L.] وہ ارث جس پر منافع سے زیادہ بار ہو ۔

Damnous : (a) [L."damnosus".] (قانون) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ۔

Damoclean : (a) ڈیمو کلس سے متعلق ۔

Damocles : (n) [Gr.] دائونائسیس کے ایک خوشامدی کا نام ۔

Sword of Damocles/Damocle's sword : خطرہ جس کا کھٹکا ہر وقت لگا رہے ۔

Damoiseau : (n) نجیب زادہ جو ابھی نائیٹ نہ ہوا ہو ۔

Damoisel /-elle : (n) Damsel کی متروک شکل ۔

Damolic : (a) دیکھو Damalic

Damourite : (n) [f. the F. chemist Damour.] ایک آبدار پوٹاش ابرک جس میں موتی کی سی چمک ہوتی ہے ۔

Damp : (n) [MLG."damp".] (۱) ایک قسم کی گیس جو کان یا معدن میں جمع ہو جاتی ہے جس سےاکثر دم گھٹ جاتا ہے ۔ (۲) جسے Suffocating, Black-damp, Choke-Damp. بھی کہتے ہیں ۔ (۳) ایک قسم کی گیس جو کوئلے کی کان میں ہوا سے مل کر مشتعل ہوجاتی ہے ۔ (٤) نمی ؛ تری ؛ رطوبت؛ سیلن ؛ گیلاپن ۔ (٥) افسردگی ؛ پژمردگی ؛ بددلی؛ اضمحلال ؛ اداسی ۔ (٦) رکاوٹ ۔ (۷) (عامیانہ) مشروب ۔ (۸) (ریڈیو) قصر ۔

Choke damp : (کان کَنی) گلوگیر تُف ۔

Fire damp : آتشی تُف ۔

Damp : (a) (۱) تر ؛ نم ؛ گیلا ؛ سیلا ؛ (ہَوا) مرطوب ۔ (۲) افسردہ ؛ پژمردہ ؛ مضمحل ؛ بد دل ۔

Damp : (v) (۱) دم گھٹنا ؛ دم خفا کرنا ؛ سانس بند کرنا ۔ (۲) افسردہ کرنا ؛ بجھانا ۔ (۳) (موسیقی) تار کی جنبش روک دینا ؛ ہمت شکنی کرنا ؛ امید یا جوش کو دبا دینا؛ حوصلہ پست کرنا ؛ بد دل کرنا ۔ (٤) تر کرنا ؛ نم کرنا ؛ گیلا کر دینا ۔ (٥) (باغبانی) (نمی کی وجہ سے) گل کر گر پڑنا ۔

To damp down : آگ پر مشتعل ہونے سے روکنے کے لئے راکھ وغیرہ ڈالنا یا آگ کو راکھ میں دبا دینا ۔

To damp off : (باغبانی) نمی کی وجہ سے گل کر گر پڑنا ۔

Damp-course /-proof course : (n) (تعمیرات) نمی روک ردا ؛ سلیٹ وغیرہ کی تہ جو دیوار کو سیلن سے محفوظ رکھے ؛ تری کا بچاؤ ۔

Damp proof : (n) نمی روک ۔

Damped : (a) (ریڈیو) مقصور ؛ قصری ۔

Damped harmonic oscillation : (طبیعیات) قصری ہارمونک ڈولن ۔

Damped harmonic motion : (طبیعیات) قصری ہارمونک حرکت ۔

Damped motion : (n) (طبیعیات) قصری حرکت ۔

Damped oscillation : (n) قصری ڈولن ۔

Damped resonator : (n) قصری گمک کار ؛ قصری مضراب ۔

Damped waves : (n) مقصور امواج ؛ قصری امواج ۔

Dampen : (v) (۱) تر کرنا ؛ دم گھٹنا ؛ سانس بند کرنا ۔ (۲) افسردہ کرنا ؛ بجھانا (آگ وغیرہ کا)۔ (۳) ہمت شکنی کرنا ؛ امید یا جوش کو دبانا ؛ حوصلہ پست کرنا ؛ بد دل کرنا ۔ (٤) افسردہ ہونا؛ نم ہونا ۔

Damper : (n) (۱) بجھا دینے والا ؛ افسردہ کرنے والا ؛ پست کرنے والا ۔(۲) (پیانو) ایک گدی جو آواز مدھم کرنے کے لئے لگا دی جاتی ہے ۔(۳) دود کش میں ایک دھات کی تختی یا پتر ہَوا کو کم زیادہ کرنے کے لئے ۔(٤) کاغذ یا ٹکٹ کو تر کرنے کی گدی یا کل ۔(٥) روٹی یا کیک جو بھوبل میں پکائی جائے ۔ (٦) (برقیات) قاصر ۔

Damper pedal : (n) (پیانو) وہ بیرم جو آواز مدھم کرنے والی سبھی گدیوں کو اٹھا دیتی ہے ۔

Damping : (n & a) تقصیر ؛ تقصیری ۔

Damping co-efficient : (n) (طبیعیات) تقصیر ضربیہ ۔

Damping constant : (n) (برقیات) تقصیری مستقل ۔

Damping loop : (n) (طبیعیات) تقصیری حلقہ ۔

Damping magnet : (n) (برقیات) تقصیری مقناطیس ۔

Damping off : (n) (باغبانی) (نمی کی وجہ سے) گل کر گر پڑنا ۔

Damping ring : (n) (طبیعیات) تقصیری چھلہ ۔

Damping torque : (n) (طبیعیات) تقصیری بلگر رشتہ ۔

Dampish : (a) کسی قدر نم یا مرطوب یا تر ۔

Dampishly : (adv) قدرے نمی کے ساتھ ؛ کسی قدر مرطوب ھو کر ۔

Dampishness : (n) کسی قدر نمی ؛ کسی قدرتری یارطوبت ۔

Damply : (adv) تری سے ؛ گیلے پن سے ؛ نمی کے ساتھ ۔

Dampness : (n) تری ؛ نمی ؛ گیلا پن ؛ رطوبت ؛ سیل ۔

Dampy : (a) مرطوب ؛ نمناک ۔

Damsel/ Damosel : (n) [OF."damoisele".] (۱) نوجوان دوشیزہ ؛ ناکتخدا ؛ کنواری ؛ باکرہ ۔ (۲) مستخدمہ ۔ (۳) استری ۔ (٤) چکی کے محور کا نکلا ھوا حصہ ۔

Damsel fish : (n) خوش رنگ مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Damsel fly : (n) کابلی مکھی ؛ بھبیری ۔

Damson : (a) [L."Damascenum".] آلو بخارے کے رنگ کا ؛ ارغوانی ۔

Damson : (n) آلو بخارا ؛ آلو بخارے کا درخت ۔

Damson Cheese : (n) آلو بخارے کا مربہ ۔

Dan : (n) ایك چھوٹا تیراك پیپا جس میں دن میں جھنڈا لگا رہتا ھے ، اور رات میں روشنی لگی رہتی ھے اور اسے گھرے سمندر میں مچھلی پکڑنے کے لئے بطور نشان استعمال کرتے ہیں ۔

Dan : (کوئلہ کی کان) وہ چھوٹا ٹرك یا گاڑی جسے کان میں کوئلہ ڈھونے کے لئے اُستعمال کرتے ہیں ۔

Danaid : (a&n) [Gr."Danaides".] (۱) داناؤس (Danaus) کی لڑکی ۔ (۲) (مجازاً) بیکار اور بے پایاں ۔

Danaide : (n) [mod. F."danaide".] افقی پن چرخی ۔

Danaidean : (a) بیکار اور بے پایاں ۔

Danaite : (n) [f. J. D. Dana, U. S. Chemist.] ایك قسم کی معدنی شے جس میں کو بالٹ ھوتا ھے ۔

Danalite : (n) [f. J. D. Dana, U. S mineralogist.] لوھے وغیرہ کا سلیکیٹ اور جستے کے سلفائیٹ کا مرکب جو سنگ خارہ میں پایا جاتا ھے ۔

Danburite : (n) [f. Danbury, U. S. A.] زردی مائل سفید نیم شفاف کڑکیلا چونے کا بورو سلیکیٹ ۔

Dance : (n) [OF."danse","dance".] (۱) ناچ ؛ رقص ۔ (۲) رقص کی کوئی خاص قسم ۔ (۳) (ناچ) دور ؛ گشت ؛ موڑ ۔ (٤) سُر جو رقص کی حرکت کے ساتھ ملایا جائے ۔ (٥) صحبت رقص (غیر پیشہ ور) ۔

Puberty dance : رقص سن بلوغ ۔

St. vitus's dance : (طب) قترب ؛ رقصہ ۔

To lead a dance : سبز باغ دکھانا ؛ مفت کے چکر میں ڈال دینا ؛ بھٹکانا ۔

Dance : (v) [OF."dancer","danser".] (۱) ناچنا ؛ رقص کرنا ۔ (۲) کودنا ؛ اُچھلنا ؛ جست کرنا ؛ اچھلنا ؛ (دل کا یا خون کا) خوشی سے حرکت کرنا ۔ (۳) پانی وغیرہ پر اب ڈب کرنا ؛ تلے اوپر حرکت کرنا ۔ (٤) (کوئی خاص قسم کا رقص) کرنا ۔ (٥) نچانا ۔

To dance attendance : درباداری کرنا ؛ حاضری باشی کرنا ؛ ہر وقت ساتھ لگے رہنا ۔

To dance (a person's) pipe/-whistle etc : اشارہ پر چلنا ۔

To dance upon nothing : پھانسی پڑنا ۔

Dance of death : ازمنہ وسطیٰ کی تصاویر کا موضوع جن میں موت امیر غریب سب کو منزل گور تك پہنچا رہی ھے ؛ اسی کو Dance of Macabre بھی کہتے ہیں ۔

Dancer : (n) (۱) ناچنے والا؛ رقص کرنے والا ـ (۲) نچنیا ؛ رقاص یا رقاصہ ـ (۳) (جمع) سیڑھیاں ـ (٤) (جمع) انوار شمالی ـ (٥) سنہ ١٣٧٤ء میں فلینڈر (Flander) کا ایک فرقہ جو رقص مفرط کے لئے مشہور تھا ـ

Dancette : (n) [See next] (۱) (نقابت) تین دندانے والی ڈھال کے بیچ کے دو افقی خط ـ (۲) (تعمیرات) ٹیڑھی میڑھی ڈھلائی ـ

Dancette /-ee : (a) [F."danche".] دندانے دار ـ

Dancing : (n) ناچنا ؛ رقص کرنا ؛ رقص کا عمل ؛ ناچ ؛ رقص ـ

Dancing : (a) ناچنے والا ؛ رقص کرنے والا ـ

Dancing girl : (n) پیشہ ور رقاصہ ـ

Dancing girls : (n) ایک پودا جس کے ارغوانی اور زرد پھول ہوتے ہیں ـ

Dancing malady/-mania/-plague : (n) قترب ؛ رقصہ ـ

Dancing master : (n) معلم رقص ـ

Dancing mistress : (n) معلمہ رقص ـ

Dancing mouse : (n) (نفسیات) موش رقصندہ ؛ نچن چوہا ـ

Dancing school : (n) مدرسہ رقص ـ

Dancus : (n) جنس گاجر ـ

Dancus carota : (n) گاجر ـ

Dandelion : (n) [F."dant de lion".] ککرونده ؛ زرد پھول کا ایک پودا جس کے پتے دندانہ دار ہوتے ہیں ـ

Dander : (n) بفا ؛ سبوسہ ـ

Dander : (n) [Origin unkn.] خفگی ؛ غصّہ ؛ ناراضگی ؛ بد مزاجی ـ

Dander : (n) (۱) مٹر گشت ؛ لرزہ ـ

Dander : (v) (۱) مٹرگشت کرنا ـ (۲) بھولی بھٹکی باتیں کرنا ؛ مرتعش ہونا ـ

Dandiacal : (a) [f. Dandy.] بانکا ـ

Dandie Dinment /Dandy : (n) ٹیر ٹیر کتوں کی ایک قسم ـ

Dandification : (n) (۱) بانکا بنانا یا بننا ؛ خود آرائی ـ (۲) بانکا زیور ـ

Dandified : (a) بانکا ؛ چھیلا ـ

Dandify : (v) بانکا بنانا ؛ چھیلا بنانا ـ

Dandily : (adv) بانکے طور پر ـ

Dandiprat : (n) [Origin unkn.] حقیر شخص ـ

Dandizette : (n) بانکی عورت ؛ بانکی ؛ چھیلی ـ

Dandle : (v) [Origin unkn .] گھٹنوں پر اچھالنا ؛ گود میں اچھالنا ؛ کھلانا ؛ جھلانا ؛ ہلانا ـ (۲) پیار کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ دلار کرنا ـ

Dandler : (n) لاڈ پیار کرنے والا ؛ دلار کرنے والا ـ

Dandruff /Dandriff : (n) [Origin unkn .] دیکھو Dander

Dandy : (n) [Short for "Jack-a-dandy".] (۱) بانکا ؛ چھیلا ؛ ستھرا ؛ خوش لباس ؛ بنا سنورا ہوا ـ (۲) خاص قسم کے بادبان ، مستول وغیرہ کی کشتی ـ (۳) (عامیانہ) صحیح چیز ؛ اعلیٰ درجہ کی چیز ـ (٤) اصیل مرغ ـ (٥) Dandy roller کا مخفف ـ

Dandy : (a) بانکا ؛ چھیلا ؛ بناسنورا ہوا ؛ خوش لباس ـ

Dandy/Dandi : (n) [Hindi."dandi".] (۱) ملاح ـ (۲) گدا ؛ فقیر ؛ فقیر شیوائی ـ (۳) ڈانڈی ـ

Dandy /-fever : (n) ہڈی توڑ بخار ـ

Dandy-brush : (n) کھرارا ؛ کھریرا (وہیل کی ہڈی کا بنا ہوا) ـ

Dandy-cock : (n) اصیل مرغ ـ

Dandy-hen : (n) اصیل مرغی ـ

Dandy-horse : (n) اولین سائیکل ـ

Dandy-line : (n) ہیرنگ (مچھلی) پکڑنے کی بنسی ـ

Dandy-roller : (n) (کاغذ سازی) کاغذ پر آبی نشان بنانے والا سوراخ دار بیلن ـ

Dandyish : (a) بانکا سا ؛ چھیلا سا ۔

Dandyism : (n) بانکپن ؛ چھیلاپن ۔

Dane : (n) [OE."Dene".] (۱) اہل ڈنمارک ؛ ڈنمارک کا باشندہ ۔ (۲) کتوں کی ایک نسل ۔

Great dane : طاقتور چھوٹےبالوں والے کتوں کی نوع ۔

Lesser dane : دیکھو Dalmation

Dane-law : (n)[OE."Dan lazu".] (۱) ڈنمارک کا قانون جو پہلے انگلستان کے اس حصہ میں رائج تھا جو ڈنمارک کے قبضہ میں تھا۔(۲) انگلستان کا شمالی مشرقی علاقہ جو ڈنمارک کے قبضہ میں تھا ۔

Danebrog : (n) (۱) ڈنمارک کا قومی جھنڈا ۔(۲) ڈنمارکی نائیٹوں کا ایک سلسلہ ۔

Danegeld/-gelt : (n) [OE.] (انگلستانی تاریخ) سالانہ ٹیکس جو ابتدا میں انگلستان کی حفاظت کی غرض سے لگایا گیا تھا اور پھر عرضی ٹیکس کی حیثیت سے جاری رہا ۔

Dane's blood : (n) بیلسان ؛ شقائق نعمانی ۔

Daneweed : (n) دیکھو Dane's blood

Danewort : (n) دیکھو Dane's blood

Dang : (v) دیکھو Damn

Danger : (n) [OF."dangier".] (۱) خطرہ؛ جوکھم؛ کھٹکا؛ خوف؛ ڈر ؛ موجب خطر ۔(۲) مالک کا اختیار اور قلمرو ؛ قلمرو ۔

In (a person's) danger : قبضہ اختیار میں ۔

Out of debt out of danger : موجب خطر ؛ قرض سے محفوظ خطر سے دور ۔

Danger money : (n) (تجارت) زر خطر ؛ جوکھم بھتا ۔

Danger-signal : (n) (ریلوے) خطرے کا نشان ۔

Dangerless : (a) بے خطر ؛ بے خوف ۔

Dangerous : (a) (۱) خطرناک ؛ خوفناک ؛ پُرخطر ؛ مہلک ۔ (۲) سخت مریض ۔

Dangerous area : (n) (طب) مخدوش رقبہ ۔

Dangerous articles : (n) (تجارت) خطرناک اشیاء ۔

Dangerously : (adv.) خطرناکی کے ساتھ؛ خطرناک طورپر؛ خطرے سے ۔

Dangerousness : (n) خطرناکی ۔

Dangersome : (a) خطرناک ۔

Dangle : (v) [of Scand. Origin.] (۱) جھولنا ؛ لٹکنا ؛ لٹکانا؛ پھانسی پانا ؛ جھلاتے یا لٹکاتے لے جانا ؛ جھلانا ۔ (۲) (مجازاً) للچانا؛ سبز باغ دکھانا ۔(۳) (مجازاً) پیچھے پیچھے پھرنا ؛ منڈلانا ۔

Dangle : (n) لٹکانا ؛ لٹکنا ۔

Dangleberry : (n) ایک قسم کی امریکی جھاڑی ۔

Danglement : (n) آویختگی ؛ لٹکنا ۔

Dangler : (n) پیچھے لگے پھرنے والا ؛ منڈلانے والا ۔

Danicism : (n) ڈنمارکی محاورہ ۔

Daniel : (n) [f. Daniel, a Hebrew prophet.] عادل ؛ بے لاگ ؛ منصف ؛ صائب الرائے حکیم ۔

Danish : (a) [OS."Dnisc".] ڈنمارک کا ؛ اہل ڈنمارک کا ؛ ڈنمارکی ۔

Danish : (n) اہل ڈنمارک کی زبان ۔

Danish ax : (n) ڈنمارکی کلہاڑی جس کاپھل بہت لمبا ہوتا ہے ۔

Danish dog : (n) دیکھو Dane

Danishry : (n) ڈنمارکی نسل کے لوگ (انگلستان میں) ۔

Danism : (n) دیکھو Danicism

Dank : (a) [Etym. unkn.] (۱) تر ؛ گیلا ۔ (۲) مرطوب جگہوں میں اگنے والی (گھاس) ۔

Dank : (v) ترشح ہونا ۔

Dankish : (a) کسی قدر نم ؛ تر ۔

Dankishness : (n) رطوبت ؛ نمی ؛ تری ۔

Dankly : (adv) نمی کے ساتھ ۔

Dankness : (n) نمی ؛ رطوبت ۔

Dannebrog : [Da.'Danne','Dane'-+brog'.] دیکھو Danebrog

Danseuse : (n) [Fr.] رقاصہ ؛ ناچنے والی ؛ بیلے رقاصہ ۔

Dansker : (n) دیکھو Dane

Dante/Danta : (n) [Sp."Ante","Dante".] امریکی خوک خرطوم دار ۔

Dantean : (a) مشہور شاعر دانتے کا یا اس سے متعلق ؛ دانتے یا اس کی تحریروں سے مشابہ ۔

Dantean : (n) دانتے کے کلام کا شیدائی ۔

Dantesque : (a) دانتے کی طرز کا ۔

Dantist : (n) دانتے کا محقق ۔

Dantophilist : (n) دانتے کا شیدائی ۔

Dap : (n) [Origin unkn.] (۱) (جمع) طرز ؛ طریقہ ؛ شبیہ ۔ (۲) گیند کی بازگشت ؛ ٹپا ؛ گدا ۔

Dap/Dape : (v) (۱) پانی میں چارہ ڈال کر مچھلی کا شکار کرنا ۔ (۲) آہستہ سے غوطہ دینا ۔ (۳) گیند اچھالنا ؛ (گیند کا) ٹپا یا گدا کھانا ۔

Daphanad : (n) [See next] پودوں کی نوع کا نام جس میں غار بھی شامل ھے ۔

Daphne : (n) [Gr."daphne".] (۱) غار ؛ لارل ۔ (۲) پھول دار جھاڑیوں کی بعض قسمیں ۔ (۳) اکتالیسواں سیارچہ ۔

Daphnean : (a) غار یا اکتالیسویں سیارچہ سے متعلق ۔

Daphnetin : (n) ڈیفنن کے سڑنے سے پیدا ھونے والا ایک مادہ ۔

Daphnia : (n) [mod. L.] (۱) خاکشی حشرات کی ایک نوع ۔ (۲) پسّو ؛ آبی برغوس ؛ ماز ریون ۔

Daphniaceous : (a) آبی برغوس سے متعلق ۔

Daphniad : (n) خاکشی حشرات کے نوع کا ایک رکن جس میں آبی برغوس شامل ھے ۔

Daphnin : (n) دو قسموں کے ماز ریوں سے نکالا جانے والا ایک تلخ گلوکوسائیڈ ؛ ڈیفنن ۔

Daphnioid : (a) دیکھو Daphniad

Daphnioid : (n) دیکھو Daphniad

Dapifer : (n) [L."daps","dapi"-+fer".] کھانے کے میز پر گوشت لانے والا ؛ بادشاہ یا اشراف کا ناظر؛ ناظراشراف ۔

Dapper : (n) [Flemish or L G.] صاف ستھرا ؛ پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ خوش لباس ؛ زندہ دل ۔

Dapperlong : (n) ایک صاف ستھرا چھوٹا شخص ۔

Dapperly : (adv.) صاف ستھرے طریقے سے ؛ مستعدی سے ؛ زندہ دلی سے ۔

Dapperness : (n) پھرتیلا پن ؛ مستعدی ؛ چستی ؛ زندہ دلی ۔

Dapple : (n) [Origin unkn.] (۱) بوقلمونی ؛ رنگ برنگی ۔ (۲) چت کبرا جانور ۔

Dapple : (a) ابلق ؛ چت کبرا ؛ گل دار ۔

Dapple : (v) دھبے ڈالنا ؛ ابلق کرنا ؛ داغدار کرنا یا ھونا؛ رنگ برنگ کرنا ؛ پچ رنگا کرنا یا ھونا ۔

Dapple-bay : (n) ابلقی کمیت گھوڑا ۔

Dapple-grey : (a & n) (۱) چت کبرا (گھوڑا) ۔ (۲) چت کبرا گھوڑا ۔

Dappled : (a) دیکھو Dapple

Dappled grey : (n) دیکھو Dapple-grey

Darapti : (n) قیاس منطقی کو یاد رکھنے کی ایک اصطلاح ؛ دراپتی ۔

Darby : (n) (۱) سخت قسم کا بانڈ (مہاجن کا) ۔ (۲) (جمع) ہتھکڑی ۔ (۳) Derby ale کا مخفف ۔ (٤) گچکار کی دو دستے والی کرنی ۔ (٥) بوڑھے اور غریب میاں بیوی جو ایک دوسرے پر عاشق ھوں ۔

Darbyism : (n) [f. Rev. John N. Darby.] جان ان ڈاربی کے مذہبی عقائد یا اس کے پیروں کی ایک شق ۔

Darbyite : (n) جان ان ڈاربی کے عقائد کا پیرو ۔

Dardan : (a & n) [L."Dardanus".] (۱) ٹرائے (Troy) کا ۔ (۲) ٹرائے کا باشندہ ؛ ٹروجن ۔

Dardanian : (a & n) دیکھو Dardan

Dardanium : (n) زریں دست بند ۔

Dare : (v) [OE."durran".] (۱) جرأت کرنا ؛ ہمت کرنا ؛ دل کرنا ؛ جسارت کرنا ۔ (۲) کوشش کرنا ؛ قصد کرنا ؛ خطرہ مول لینا ؛ جوکھوں میں پڑنا ۔ (۳) مقابلہ کی دعوت دینا ؛ للکارنا ؛ مقابلہ میں آنا ۔

Dare : (v) [OE."darian".] خوف دلانا ؛ خوفزدہ کرنا ۔

Dare : (n) للکار ؛ مبارز طلبی ۔

Dare : (n) لوا(Lark) کو فریفتہ کرنے کی ترکیب ۔

Dare-devil : (n&a) (۱) بے دھڑک آدمی ؛ بیباک شخص ۔ (۲) بے دھڑک ؛ بے پروا ؛ نڈر ؛ بیباک ۔

Dare-devilry : (n) بے باکی ؛ نڈر ہونا ۔

Darer : (n) جری ؛ ہمت ور ؛ مبارز ۔

Darg : (n) [Syncopated f."daywerk".] روزانہ کام ؛ مقررہ کام ۔

Darger / Dargsman : یومیہ مزدور ۔

Daric : (n) [Gr."Darikos".] قدیم ایران کا ایک طلائی یا نقرئی سکہ ۔

Darii : (n) قیاس منطقی کو یاد رکھنے کی اصطلاح ؛ دار ائی ۔

Daring : (n) جرات ؛ ہمت ؛ جسارت ؛ دلیری ؛ بیباکی ؛ بہادری ؛ ہم جوئی ؛ جیوٹ ۔

Daring : (a) دلیر ؛ بہادر ؛ جری ؛ باہمت؛ مہم جو؛ جیوٹ کا ۔

Daringly : (adv.) جسارت سے ؛ ہمت کے ساتھ؛ دلیرانہ ؛ بہادری سے ۔

Daringness : (n) جسارت ؛ ہمت ؛ جرأت ؛ بہادری ۔

Dariole : (n) [F.] مختلف قسم کی شیرینی اور ذائقہ دار مٹھائی ۔

Dark : (a) [OE."deorc"] (۱) تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ بے نور ؛ اندھیرا گھپ ؛ بے رونق ؛ بھیانک ؛ اداس؛ سونا ۔ (۲) سیاہ؛ کالا ؛ مائل بہ سیاہی؛ سیاہی مائل ۔ (۳) (رنگ) خاکی ؛ سانولا ؛ غیر صبیح ۔ (٤) بد؛ سنگین؛ زشت؛ دہشت ناک ؛ شدید ۔ (٥) تاریک (پہلو یا رخ کسی چیز کا) ۔ (٦) غمگین ؛ برہم ؛ غضب ناک ؛ چیں بہ چیں ؛ چیں بہ ابرو ؛ ترش رو ۔ (۷)نامعلوم ؛ غیر؛ مبہم؛ مگھم ۔ (۸) پوشیدہ ؛ مخفی ؛ چھپا ہوا ؛ مستور ؛ مجہول ۔ (۹) غیرمعلوم ؛ نا معلوم ؛ غیر معروف ۔(۱۰) غیرمہذب ؛ غیرمتمدن ؛ تاریک خیال ؛ غیر تربیت یافتہ ۔(۱۱) خاموش ؛ کم گو؛ کم سخن ۔(۱۲) جاہل ۔ (۱۳) بھاری اور پُر درد (آواز) ؛ (لسانیات) گونجیلا ۔ (١٤) محفوظ کیا ہوا (تمباکو) ۔

Dark : (n) (۱) تاریکی؛ بے نوری ؛ اندھیرا ؛ سیاہی ؛ تیرگی ۔ (۲) شام ؛ سانجھ؛ شب ؛ رات ۔ (۳) کالاپن ؛ کالا رنگ ۔ (٤) بےعلمی ؛ جہالت ؛ ناواقفیت ۔ (٥) چوڑی پتیوں کا یا ھوانا کے بیج کا تمباکو جو سگار بنانے میں کام آتا ھے ۔

In the dark : (۱) بے خبری یا لاعلمی میں ۔ (۲) پوشیدگی میں ۔

Dark adaptation : (n) تاریک تطبیق ۔

Dark Ages : (n) قرون تاریک ؛ قرون وسطیٰ؛ قرون مظلمہ؛ عہد قدیم ؛ سنہ ۱۱۰۰ء سے قبل کا زمانہ ۔

Dark brown : (n) (طبیعیات) گہرا بھورا ۔

Dark bule : (n) لاجوردی ۔

Dark Chamber : (n) (طبیعیات و حیاتیات) تاریک خانہ ؛ تاریک کمرہ ۔

Dark colour : گہرا رنگ ۔

Dark Continent : (n) (جغرافیہ) سیاہ بر اعظم ؛ افریقہ ۔

Dark current : (n) (طبیعیات) تاریک برقی رو ۔

Dark discharge : (n) (طبیعیات) تاریک اخراج ۔

Dark-glass : (n) تاریک شیشہ ؛ اندھا شیشہ ۔

Dark-half : (n) (طبیعیات) تاریک نصف ۔

Dark-horse : (n) چھپا رستم ۔

Dark-house : (n) پاگلوں کا کمرہ ۔

Dark lantern : (n) چور لالٹین ؛ ایک لالٹین جسکی روشنی چھپائی جا سکتی ھے ۔

Dark lines : (n) (طبیعیات) تاریک خطوط ۔

Dark nebulae : (n) (فلکیات) سحابیات مظلمہ ۔

Dark of the moon : ماہ قمری کے آخری تین دن جب چاند نظر نہیں آتا ھے ۔

Dark pigmentation : (n) (حیوانیات) گہرا لون ۔

Dark pine : (n) مسند روس ؛ چوب کافور ۔

Dark rays : (n) (طبیعیات) اشع مظلمہ ؛ تاریک شعاعیں ۔

Dark room : (n) (طبیعیات و فوٹو گرافی) تاریک کمرہ ۔

Dark slide : (n) (فوٹو گرافی) پلیٹ گیر ۔

Dark space : (n) (حیوانیات) تاریک رقبہ ؛ تاریک علاقہ ؛ (طبیعیات) خطۂ سیاہ ؛ خطۂ تاریک ۔

Dark vowel : (n) (لسانیات) پچھلا مصوتہ ۔

Darken : (v) (۱) تاریک کرنا ؛ تاریک ھونا ؛ سیاہ کرنا یا ھونا؛ بے نورھونا ۔ (۲) غمگین ھونا ؛ افسردہ ھونا ۔ (۳) اندھا کرنا ۔ (٤) (مجازاً) گمراہ کرنا ۔ (٥) (مجازاً) غمگین بنانا؛ افسردہ کرنا ۔

To darken (a person's) door or doors : دہلیز پر قدم رکھنا ۔

Darkener : (n) تاریک کرنے والا ؛ افسردہ کرنے والا ۔

Darkish : (a) کسی قدر تاریک ۔

Darkle : (v) (۱) چھپے ھونا یا چھپ رہنا ؛ اندھیرا ھو جانا ۔ (۲) پراسرار طور پر ظاہر ھونا ۔ (۳) چہرے کا رنگ بدل جانا ۔

Darkling : (adv.) تاریکی میں یا اندھیرے میں ۔

Darkling : (a) (۱) تاریکی میں ھونے والا ۔ (۲) تاریک ؛ کسی قدر تاریک ۔

Darkmans : (n) رات ؛ شب ۔

Darkness : (n) [OE."deorcnes","-nys".] (۱) تاریکی ؛ اندھیرا ؛ دھندلاپن ۔ (۲) جہالت ۔ (۳) بے بصیرتی ؛ اندھاپن ؛ نابینائی ۔ (٤) موت ۔ (٥) ابہام ۔ (٦) پوشیدگی ۔ (۷) اندوہ ۔ (۸) بدی ۔ (۹) تاؤسیا تاریکی ؛ جہالت ۔

Prince of darkness : شیطان ؛ ابلیس ۔

Darksome : (a) (۱) (شاعری) کسی قدر تاریک ؛ تیرہ ؛ دھندلا ۔ (۲) اداس ؛ غمگین ۔

Darky/Darkey : (n) (۱) (روز مرّہ) حبشی ؛ زندگی ۔ (۲) (عامیانہ) شب ؛ رات ۔ (۳) (عامیانہ) چور لالٹین ۔

Darling : (n) [OE."deorling".] عزیز ؛ محبوب ؛ حبیب ؛ دلارا ؛ پیارا ؛ معشوق ۔

Darling : (a) پیارا ؛ عزیز ؛ بہت پیارا ؛ چہیتا ؛ لاڈلا ۔

Darn : (v) [Origin unkn.] رفو کرنا ۔

Darn : (n) رفو ؛ وہ حصہ جس پر رفو کیا گیا ھو ۔

Darn/Darnation : (n) دیکھو Damn

Drnel : (n) [Origin unkn.] ایک ولایتی گھاس جو اناج کے ساتھ اُگ آتی ھے ؛ تلخہ ۔

Red darnel : تلخہ ۔

Darner : (n) رفو گر ؛ رفو کرنے والا ۔

Darning : (n) (۱) رفو ؛ رفوگری ۔ (۲) رفو کی ھوئی چیز ۔

Darning ball /-last : (n) بیضوی چوبی ٹکڑا جس پر رکھ کر کپڑے کو رفو کرتے ہیں ۔

Darning needle : (n) رفو کرنے کی لمبی موٹی سُوئی ۔

Darning stitch : (n) بخیہ رفو گری ۔

Daroga / Darogha : (n) [Urdu] (۱) داروغہ ؛ حاکم ؛ پولیس کا اعلا افسر ۔ (۲) (مغلوں کے زمانے میں) حاکم ؛ گورنر ۔

Dart : (n) [OF."dart".] (۱) برچھی ؛ نیزہ ؛ بھالا ؛ تیر ۔ (۲) کیڑے وغیرہ کا ڈنک ؛ نیش ؛ سلخہ ۔ (۳) جھپٹ ؛ لپک ؛ تڑپ ۔ (٤) (جمع) بچوں کی تیر اندازی کا کھیل ۔ (٥) (لباس سازی)

Dictative/ Dikteitiv/ Diktitiv : (a) آمرانہ ؛ اختیار کلی کی رو سے ؛ خودسرانا ؛ تحکمانہ ؛ استبدادی ۔

Dictator : (n) [L.] (۱) (سلطنت کا) حاکم مطلق؛ مختار کل ؛ ڈکٹیٹر ۔ (۲) (عام) سکہ چلانے والا ؛ فرماں روا ۔
(۳) املا بولنے والا ؛ املا لکھانے والا ۔

Dictatorate : (n) ڈکٹیٹر کا عہدہ ۔

Dictatorial/Dictatury : (a) دیکھو Dictative

Dictatorially : (adv.) حاکم مطلق کی طرح ؛ تحکمانہ ؛ مستبدانہ ۔

Dictatorialness : (n) استبدادیت ؛ آمریت ۔

Dictatorily : (adv) دیکھو Dictatorially

Dictatorship : (n) آمریت ؛ حکومت مطلق ؛ اختیار کلی ؛ ڈکٹیٹری ۔

Dictatorship of proletariate : پرولیتاریا کی ڈکٹیٹری ۔

Dictatress / Dictatrix : (n) حاکمہ مطلق ۔

Dictature : (n) [L."dictatura".] (۱) آمریت ۔ (۲) ڈکٹیٹروں کی جماعت ۔

Diction : (n) [L."dictio".] (۱) الفاظ کا انتخاب اور صحیح استعمال ؛ بندش ؛ طرز تحریر ۔
(۲) (موسیقی) لحن ؛ طرز تقریر ۔

Dictionary : (n) [med. L."dictonarium".] (۱) لغت ؛ فرہنگ ؛ قاموس: فرہنگ اصطلاحات؛ حوالہ جات؛ ڈکشنری ۔

Walking / Living dictionary : مجسم لغت ؛ وسیع معلومات رکھنے والا ۔

Dictionary definition : (n) لغوی تعریف ۔

Dictograph : (n) صوت نگار ۔

Dictum : (n) [L.] (۱) قول : ملفوظہ ۔ (۲) (قانون) حاکم عدالت کی رائے (جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہو) ۔ (۳) مشہور مقولہ : مثل : کہاوت ۔ (٤) تصفیہ: فیصلہ ثالثی ۔

Dicty/ Dickty : (a) [Origin unkn.] (۱) (عام) بلند آہنگ : گھمنڈی ۔ (۲) نہایت خوشگوار : بہت اچھا ۔

Dictyogen : (n) [Gr."diktnon".] پت جالا ۔

Dicyan (o) : (a) (کیمیا) اصلیہ سیانوجن (Cyanogen) کے دو معادلوں سے ملا ہوا ۔

Dicyanide : (n) سیانوجن کے دو معادلوں سے بنا مرکب ۔

Dicyanogen : (n) سیانوجن آزاد شکل میں ۔

Dicyclic : (a) دو دَوری : دو حلقی ۔

Dicynodont : (a) دو دانتوں والے خزندہ سا ۔

Dicynodontian : (a) دو دانتوں والے متحجرخزندہ سے متعلق ۔

Didache : (n) [Gr."Didache".] دوسری صدی عیسوی کی ایک مسیحی کتاب ۔

Didact : (n) ناصح ۔

Didactic : (a)[Gr."didaktikos".] (۱) نصیحت آمیز: پندآمیز: تعلیمی ۔ (۲) ناصحانہ : معلمانہ ۔

Didactic analysis : (n) تحلیل نفسی کرنے والے کی تحلیل نفسی ۔

Didactically : (adv) نصیحت آمیزی سے : ناصحانہ ۔

Didacticism : (n) معلمانہ یا ناصحانہ طرز : نصیحت آمیزی ۔

Didactics : (n) علم تربیت ۔

Didactyl /- yle / Didactylous : (a) دو انگشتہ : دو پنجہ ۔

Didapper : (n) (۱) (تمسخرانہ) غوّاص : غوطہ زن (شخص) ۔ دیکھو Dabchick ۔

Didascalar : (a) دیکھو Didactic

Didascalic : (a) [L."didascalicus".] تعلیمی : معلمانہ : ناصحانہ ۔

Didascalics : (n) دیکھو Didactics

Didder : (v) [Onomatopoeic.] کانپنا : تھرّانا : تھر تھرانا ۔

Diddle : (v) (۱) تھرّانا ۔ (۲) جھٹکے سے چلنا ۔

Diddle : (v) [OE."didrian".] (۱) دھوکا دینا: ٹھگنا ۔ (۲) برباد کرنا : قتل کرنا ۔ (۳) مجامعت کرنا ۔ (٤) وقت ضائع کرنا ۔

Diddle : (n) جز وترکیبی ۔

Diddle-daddle : (n) واہیات ۔

Diddle-dee : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Diddle-diddle : (n) سارنگی کی آواز : سارنگی بجانا ۔

Diddledum : (n) حقیر ۔

Diddler : (n) دھوکا باز : فریبی : ٹھگ ۔

Diddy : (n) [alt. of "titty".] سر پستان : بھٹنی ۔

Didelphian / Didelphic / Didelphine / Didelpous : (a) [mod. L."Didelphia".] (حیوانیات) دو رحمی ۔

Didelphid / Didelph : (a) دو رحمہ ۔

Didelphoid : (a) دو برا ۔

Didine : (a) [mod. L."didus"+-INE] ماریشس (Mauritius) کے ایک معدوم پرند کے خاندان سے متعلق ۔

Didle : (n) [Origin unkn .] سہ گوشہ بیلچہ ۔

Didle : (v) (۱) سہ گوشہ بیلچے سے زمین کھودنا ۔ (۲) دریا : خندق کی تہ صاف کرنا ۔

Dido : (n) [Origin unkn.] (۱) شرارت : اچھل کود: کود پھاند : عجیب و غریب حرکت ۔ (۲) کم قیمت چیز ۔ (۳) جھالر (کپڑے کی) ۔

Didonia : (n) وسیع ترین منحنی (مقررہ سطح پر) ۔

Didrachm : (n) [L."didrachma".] ڈائی ڈریم : قدیم یونان کا ایک نقرئی سکہ (دو درہم کے برابر) ۔

Didrachmal : (a) دو درہم کا وزن ۔

Didymate : (a) دیکھو Didymous

Didymium : (n) [Gr."didymos".] (کان کنی) ایک کمیاب دھات ۔

Didymous : (a) [Fr."didyme".] (۱) (نباتیات) دوتائی (مچھلی) ؛ دو توامی ۔ (۲) (جو) جفتی ۔

Didynam : (n) دو جفتہ ۔

Didynamia : (n) [mod. L.] دو جفتنے (پودے)۔

Didynamian : (a) (۱) (نباتیات) دو جفت نرا ۔ (۲) دو جفتنے جنس کا (پھل یا پودا) ۔

Diynamous : (a) دیکھو Didynamian

Die : (n) (pl.- dice/dies) [ME."de, dee".] جمع Dice کے ساتھ: (۱) پانسا ؛ کعب ۔ (۲) پانسے کا کھیل ۔ (۳) جوا ؛ بھاگ ۔ (٤) مکعب (چیز)۔ جمع Dies کے ساتھ: (۱) (تعمیرات) ستون کی کرسی ؛ زیر ستون ۔ (۲) ٹھپہ ۔ (۳) میکانکی آلوں کا نام ۔ (٤) کھلونا ۔

The die is cast : پانسا پڑگیا یعنی معاملہ اٹل ھے؛ طے شدہ ھے ۔

Die : (v) [ME."dezen, deghen".] (۱) مرنا؛ فوت ھونا؛ معدوم ھو جانا؛ نیست ونابود ھو جانا؛ فنا ھوجانا؛ ختم ھو جانا ۔ (۲) موت کا سا دکھ سہنا ؛ روحانی حیثیت سے مردہ ھو جانا ؛ روح کا مر جانا ۔ (۳) (پودوں وغیرہ کا) مرجھانا ۔ (٤) بجھ جانا؛ گل ھو جانا ؛ مٹ جانا ؛ محو ھو جانا؛ غائب ھو جانا۔ (٥) گھلنا(کسی چیز کی تمنا سے) ؛ شدت سے چاہنا یا آرزومند ھونا ۔ (٦) بےمزہ ھونا ؛ ختم ھونا ۔ (۷) تبدیل ھو جانا؛ مدغم ھو جانا ۔ (۸) (تعمیرات) مدغم ھو جانا ۔

Never say die : ہمت نہ ہارنا ۔

To die in harness : مرتے دم تک کام کرتے رہنا ۔

To die in one's bed : طبیعی موت مرنا ۔

To die in one's shoes /-boots / To die with one 's shoes on /- boots on : مارا جانا ۔

To die in the last ditch : مرتے دم تک حفاظت کرتے رہنا ۔

To die laughing : ہنستے ہنستے بے دم ھوجانا ۔

To die on the wine : نا کامیاب ھونا ۔

To die the death : مرنا ؛ مارا جانا ۔

Die : (v) ٹھپہ لگانا ؛ ڈھالنا ۔

Die-away : (a) مضمحل ؛ پست ؛ چراغ سحری ۔

Die-back : (n) نارنگی کے درخت کی ایک بیماری ۔

Die game : (v) (۱) بہادری سے جان دینا ۔ (۲) آخری حد تک جدو جہد کرنا ۔

Die hard : (v) (۱) مشکل سے جان دینا ۔ (۲) نا کامیء مقدر کے باوجود لڑتے رہنا ۔

Die-hard : (a) سخت جان ؛ کٹر ۔

Die-hard : (n) کٹر سیاسی لیڈر ۔

Die-hards : (n) پیدل فوج کی ستانویں رجمنٹ ۔

Die sinker : (n) ٹھپہ ساز ؛ ٹھپہ بنانے والا ۔

Die sinking : (n) ٹھپہ سازی ۔

Die-stock : (n) ٹھپہ گیر ۔

Die-up : (n) (۱) کسی فطری مظاہر کی وجہ سے مویشیوں کی تباہی ۔ (۲) فطری مظاہر کی وجہ سے مردہ مویشی ۔

Dieb : (n) [Arab."dib".] ۔ (حیوانیات) شمالی افریقہ کا گیدڑ

Diecious : دیکھو Dioccious

Diedral : Dihedral کی متبادل شکل ۔

Diegesis : (n) [Gr."diegeomae".] بیان ؛ توضیح ۔

Diel : (a) [L."dies" + - AL] چوبیس گھنٹوں کا ۔

Dielectric : (n) برق گزار ۔

Dielectric : (a) برق گزار ۔

Dielectric constant : (n) برق گزاری مستقل ۔

Dielectric fatigue : (n) برق گزاری تکان ۔

Dielectric polarisation : (n) تقطیب برق گزار ۔

Dielectric strength : (n) طاقت برق گزار ۔

Diencephalic : (a) وسط دماغ سے متعلق ۔

Diencephalon : (n) [mod. L.] وسط دماغ ؛ بین دماغ ۔

Dieresis : (n) دیکھو Diaeresis

Dies : (n) [L.] دن ۔

Dies irae : (n) [L.] (۱) روز جزا ؛ روز قیامت ؛ روز محشر ۔ (۲) لاطینی مناجات جو ان الفاظ سے شروع ھوتی ھے ۔

Dies non : (n) (۱) (قانون) وہ دن جس میں کوئی قانونی کار روائی نہ کی جا سکے ؛ تعطیل کا دن ۔ (۲) وہ دن جو شمار نہ کیا جائے یا کام میں نہ لایا جائے ۔

Diesis : (n) [Gr."diesis".] (۱) (یونانی موسیقی) نیم سرتی ۔ (۲) (طباعت) نشان ۔

Diesel : (n) ڈیزل ۔

Diesel cycle : (n) ڈیزل دور ۔

Diesel engine : (n) ڈیزل انجن ۔

Diet : (n) [OF."diete".] (۱) خورد و نوش ۔ (۲) مقررہ غذا ؛ پرہیزی غذا ۔ (۳) معمولی غذا ۔

Absolute diet : فاقہ ۔

Adequate diet : مناسب غذا ۔

Light diet : ہلکی غذا ۔

Diet : (n) [med. L."dieta".] (۱) مجلس ؛ کانفرنس ؛ قومی مجلس ؛ بین الاقوامی کانفرنس ۔ (۲) سلطنت کے مختلف طبقوں یا متفقہ ریاستوں کے نمائندوں کی مجلس ۔ (۳) مقررہ دن (مقدمہ کی سماعت کا) ۔ (٤) اجلاس (کسی کانفرنس کا جو ایک دن میں ختم ھو) ۔ (٥) قانون ساز سبھا ۔ (٦) (ٹکسال میں) چاندی یا سونے کی چھیلن جو نمونہ کے لئے رکھی جاتی ھے ۔

Diet : (v) [OE."dueter".] (۱) کھلانا ۔ (۲) پرہیزی غذا استعمال کرانا ۔ (۳) مقررہ غذا دینا ۔ (٤) مقررہ نرخ پر کھلانا ۔ (٥) کھانا ۔ (٦) پرہیزی غذا کھانا ۔

Diet bread : (n) (بیماروں کے لئے) مخصوص روٹی ۔

Diet kitchen : (n) لنگر خانہ ۔

Dietal : (a) مجلس سے متعلق ؛ اجلاس سے متعلق ۔

Dietary : (n) [L."dietarius".] مقررہ نظام غذا ؛ مقررہ غذاؤں کی کتاب ۔

Dietary : (a) غذا کا یا غذا سے متعلق ؛ نظام غذا سے متعلق ۔

Dietetic : (a) [L."diaeteticus".] غذائی ؛ پرہیزی ؛ غذا کا یا غذا سے متعلق ؛ نظام غذا سے متعلق ۔

Dietetic : (n) غذائیات داں ۔

Dietetically : (adv.) غذائیات کی رو سے ۔

Dietetics : (n) غذا ئیات ؛ علم الاغذا ۔

Diethene : (n) دو ایتھین کے معادل سے بنا ۔

Diethyl : (n) اصلیہ اتھیل کا دوہرا لمہ ۔

Dietic /Dietical : (a) دیکھو Diaeresis

Dietine : (n) [F.] ذیلی مجلس شوری ۔

Dietist /Dietician /Dietitian : (n) غذائیات داں ؛ ماہر علم الاغذیہ ۔

Dietrichite : (n) [f."Dietrich, a German Dhenist".] ریشہ دار پھٹکری جس میں جست اور دوسرے اساسے ھوتے ہیں ۔

Dif : (Prefix.) لاطینی الفاظ میں f سے پہلے آتا ھے ۔

Diffa : (n) [Arab."dyafah".] ضیافت ۔

Diffame : دیکھو Defame

Diffarreation : (n) [L."diffareationem".] قدیم روم میں طلاق کا ایک طریقہ ۔

Differ : (v) [F."differer".] (۱) مختلف ہونا ۔ (۲) ممتاز ہونا ۔ ممیز ہونا ۔ (۳) مختلف رائے رکھنا؛ اختلاف کرنا ۔ (٤) مختلف بنانا ۔

To agree to differ : ایک دوسرے کو معقول کرنے کی کوشش سے دست بردار ہو جانا ۔

Differ : (n) (۱) اختلاف ؛ عدم مشابہت ؛ عدم مطابقت ۔ (۲) مابہ الاختلاف ؛ مابہ الامتیاز ۔ (۳) تفاوت ؛ کمی بیشی ؛ باقی ؛ ما بقی ۔ (٤) (اسٹاک) تجارتی قرضے کے حصوں کی قیمت میں تبدیلی ۔ (٥) اختلاف رائے ؛ نزاع ؛ جھگڑا ۔ (٦) علامت امتیازی ؛ فرق ؛ فصل ؛ تفریق ۔ (۷) (نقابت) مارکہ میں تبدیلی یا اضافہ ۔

Difference : (n) [F."difference".] دیکھو Differ

Common difference : (ریاضی) فرق مشترک ۔

It makes a great difference : یہ بات بہت اہم ہے ۔

Method of difference : طریقہ عکس ۔

To make a difference between : مختلف برتاؤ کرنا ؛ یکساں سلوک نہ کرنا ۔

To split difference : سمجھوتہ کرنا ۔

Difference : (v) ممیز کرنا ؛ (نقابت) علامت امتیازی ہونا ؛ فرق کرنا ؛ (ریاضی) فرق نکالنا ۔

Difference of exchange : فرق شرح مبادلہ ؛ بٹاون ۔

Difference of opinion : اختلاف رائے ۔

Difference tone : (n) (سماجیات) تفریقی سرتی ۔

Different : (a) مختلف ؛ علاحدہ ؛ الگ ؛ جدا ؛ دوسرا ؛ متفاوت ؛ غیر معمولی ؛ مخصوص ۔

Different : (adv.) مختلف طورپر ؛ دوسری طرح ؛ جداگانہ ۔

Differential : (a) [L."differentialis".] (۱) اختلا ف یا فرق کا ؛ اختلاف سے متعلق ؛ اختلافی ؛ امتیازی ؛ تفریقی ؛ اختلاف ظاہرکرنے والا ؛ اختلاف پر مبنی ۔ (۲) ما بہ الامتیاز ؛ ممتاز یا ممیز کرنے والا ؛ نوعی یا ذاتی فرق پر مبنی ۔ (۳) (طبیعیات) فرق نما ؛ فرقی ۔ (٤) (میکانیات)تبدیلی پذیر؛ فارقہ (پرزہ)۔ (٥) (ریاضی) تفریقی ؛ تفرقی ۔

Differential : (n) (۱) (ریاضی) تفریق ۔ (۲) (ص) امتیازی خصوصیت ؛ امتیازی ساعت ۔ (۳) (تجارت) تفاوتی محصولات ؛ تفریقی محصولات ۔ (٤) تفاوت اجرت ۔ (٥) تفاوت شرح ۔ (٦) فرقی گیرہ ۔ (۷) تفرقی شمار الدم ۔

Differential association : (n) (سماجیات) تفاوتی انیلا ۔

Differential blood count : (n) تفرقی شمار جسمیات خوں ؛ تفرقی شمارالدم ۔

Differential calculus : (n) (ریاضی) احصائے تفرقی ۔

Differential coefficient : (n) تفرقی سر ۔

Differential diagnosis : (n) فرقی تشخیص ۔

Differential duties : (n) تفاوتی محصولات ؛ تفریقی محصولات۔

Differential equation : (n) (ریاضی) تفرقی مساوات ۔

Differential fertility : (n) تفرقی بار آوری۔

Differential galvanometer : (n) فرق نما رو پیما ۔

Differential gear : (n) فرق گیرہ ۔

Differential geometry : (n) تفرقی علم ہندسہ ۔

Differential motion : (n) فرقی حرکت ۔

Differential process : (n) تفر یق پذیر عمل ۔

Differential psychology : (n) تفرقی نفسیا ت ۔

Differential pully : (n) تفرقی چرخی ۔

Differential rate : (n) تفرقی شرح ۔

Defferential refraction : (n) (فلکیات) تفرقی انعطاف فلکی ۔

Differential route : (n) تفاوتی شرح ۔

Differential sensibility : (n) تمیزی حساسیت ۔

Differential thermometer : (n) فرق نما تپش۔

Differential wheel and axle : فرقی چرخ و محور ۔

Differential winding : (n) تفرقی لپیٹ ۔

Differentially : (adv.) اختلاف یا فرق دکھاتے ہوئے ؛ تفریق یا امتیاز کرتے ہوئے ۔

Differentiate : (v) (۱) ما بہ الامتیاز ہونا ؛ فصل ہونا ۔ (۲) رفتہ رفتہ امتیاز یا تفریق پیدا ہونا یا پیدا کرنا ؛ مخصوص ہونا یا کرنا ؛ تقسیم عمل ہونا یا کرنا ۔ (۳) امتیاز کرنا ؛ فرق کرنا ؛ ممیز کرنا ۔ (٤) فرق نکالنا ؛ تفرقی سر نکالنا ۔ (٥) مختلف بنانا ؛ فرق بتانا ۔

Differentiation : (n) امتیاز ؛ تمیز ؛ تقسیم عمل ؛ تفریق ؛ تفرق ؛ (حیاتیات) تدریجی تفرق ۔

Induced differentiation : (حیاتیات) امالی تفرق ؛ ماحولی تفرق ۔

Inherent differentiation : (حیاتیات) خلقی تفرق ؛ ذاتی تفرق ۔

Social differentiation : (سماجیات) عمرانی تفریق ؛ سماجی تفریق ۔

Differentiator : (n) تفریق کنندہ ؛ تغیر دہندہ ۔

Differently : (adv.) دیکھو Different

Difficile /-il : (n) [OF."diffcile".] مشکل ؛ دشوار ؛ کھرا ؛ سخت گیر ؛ معاملے کا سخت ۔

Difficileness : (n) دشواری ؛ سخت گیری ۔

Difficult : (a) [Back-formation f "difficulty".] مشکل ؛ دشوار ؛ کٹھن ؛ بھاری ؛ سخت ؛ ٹیڑھا ؛ پیچیدہ ؛ دقت طلب ۔

Difficult : (v) مشکل میں ڈالنا ؛ حیران کرنا ۔

Difficultly : (adv.) مشکل سے ؛ بہ دقت ۔

Difficulty : (n)[L."difficultas".] (۱) مشکل ؛ اشکال ؛ دشواری ؛ دقت ؛ پیچیدگی ۔ (۲) روک ؛ رکاوٹ ؛ امر مانع ۔(۳) پریشانی ؛ خصوصاً مالی دشواریاں ۔(٤) پس و پیش ؛ تامل ؛ اعتراض ۔ (٥) اختلاف ۔

To make a difficulty : تامل کرنا ۔

Diffidation : (n) [med. L."diffidatio".] دشمنی کا اعلان ؛ قطع روابط دوستانہ ۔

Diffidence : (n) [L."diffidentia".] اعتماد نفس نہ ہونا ؛ بےحوصلگی ؛ شرمیلاپن ؛ جھجك ؛ حجاب ؛ انکسار ؛ شك ؛ شبہ ؛ بے اعتمادی ۔

Diffident : (a) اعتماد نفس رکھنے والا ؛ بے حوصلہ ؛ شر میلا ؛ منکسر ؛ مشکوك ۔

Diffidently : (n) بے حوصلگی یا شرمیلےپن سے ؛ جھجکتے ہوئے ۔

Diffluence : (n) [See next.] (۱) رقت ؛ رقیق یا سیال ؛ سیالیت ۔ (۲) پگھل جانا ؛ رقیق ہوجانا ؛ سیال شدگی ۔

Diffluent : (a) [L."diffluentem".] (۱) پگھلنے والا ؛ رقیق ہوجانے والا ۔(۲) (طبیعیات) رقیق ؛ سیال ۔ (۳) (نباتیات) رقیق شوندہ ۔

Diffract : (a) [L."diffractus".] (نباتیات) قطع دار ۔

Diffract : (v) [L."diffringere".] (بصریات) شعاع کو تاریك اور روشن پٹوں میں منتشر کرنا ۔

Diffraction : (n) (۱) (بصریات) انکسار شعاع ؛ کسر شعاع ؛ انکسار ۔ (۲) انکسار امواج ۔

Diffraction grating : (n) انکساری جالی ۔

Diffraction of light : (n) (بصریات) انکسار نور ۔

Diffraction of sound : (n) (سماجیات) انکسار صوت ۔

Diffractive : (a) کاسر شعاع ۔

Diffractively : (adv) کسر شعاع کرتے ہوئے ۔

Differactometer : (n) انکسار پیما ؛ کسر شعاع پیما ۔

Diffugient : (a) [L."diffugientem".] منتشر ہونے والا ۔

Diffusate : (n) [DIFFUSE+-ATE.] مرکب کا وہ قلم نما حصہ جو زق پاشی میں جھلی سے گزرتا ہے ۔

Diffuse : (a) [L."diffusus".] (۱) پھیلا ہوا ؛ منتشر ؛ بکھرا ہوا ؛ پریشان ۔ (۲) طول طویل ؛ طولانی ۔

Diffuse : (v) [L."diffus-".] (۱) پھیلانا؛ منتشر کرنا؛ تشریح کرنا ۔ (۲) (طبیعیات) (گیسوں یا رقیق مادوں کا) نفوذ کرنا ۔ (۳) منتشر ہونا ۔

Diffused : (a) منتشر ؛ پھیلا ہوا ؛ بکھرا ہوا ؛ نفوذ شدہ ۔

Diffused emission : (n) منتشر اخراج بو ۔

Diffused light : (n) (بصریات) نفوذ شدہ نور ۔

Diffused lighting : (n) نفوذی تنویر ۔

Diffused nebula : (n) غیر منظم سحابہ ۔

Diffused reflection : (n) (بصریات) بے قاعدہ انعکاس ۔

Diffusedly : (adv.) منتشر طور پر ۔

Diffusedness : (n) انتشار ؛ پراگندگی ؛ بکھرا ہوا ہونا ۔

Diffusely : (adv.) منتشر طور پر ؛ طوالت کے ساتھ ۔

Diffuseness : (n) پھیلاؤ ؛ انتشار ؛ طول طوالت ۔

Diffuser : (n) منتشر کرنے یا ہونے والا ؛ پھیلانے والا ۔

Diffusibility : (n) نفوذ پذیری ۔

Diffusible /- able : (a) نفوذ پذیر ؛ قابل نفوذ ۔

Diffusible ion : (n) قابل نفوذ برق پارہ ۔

Diffusibleness : (n) نفوذ پذیری ۔

Diffusiometer / Diffusimeter : (n) نفوذ پیما ۔

Diffusion : (n) [L."diffusionem".] پھیلاؤ ؛ انتشار ؛ نفوذ ؛ طول ؛ نشر ۔

Diffusion barrier : (n) (طبیعیات) نفوذی پردہ ۔

Diffusion co-efficient : (n) نفوذی شرح ؛ نفوذی ضربیہ ۔

Diffusion flow : (n) نفوذی بہاؤ ۔

Diffusion motion : (n) نفوذی حرکت ۔

Diffusion of culture : تہذیب کا رچاؤ ۔

Diffusion of light : (n) (بصریات) نفوذ نور ؛ بےقاعدہ انعکاس ۔

Diffusional : (a) نفوذی ۔

Ddiffusionism : (n) پھیلی ہوئی ثقافتی مماثلت تاریخی میل جول کی شہادت میں ۔

Diffusionist : (n) ثقافتی تاریخ میں ثقافتی نفوذ کی اہمیت کا حامی ۔

Diffusive : (a) پھیلنے والا ؛ منتشر ؛ طولانی ؛ طول طویل ۔

Diffusively : (adv.) پھیل کر ؛ منتشر ہو کر ؛ طولانی طریقے سے ؛ طوالت سے ۔

Diffusiveness : (n) انتشار ؛ طول ؛ طوالت پسندی ؛ نفوذ پذیری ؛ نفوذیت ۔

Diffusivity : (n) دیکھو Diffusibility

Dig : (v) [OE."dic".] (۱) کھودنا ۔ (۲) کریدنا ؛ تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ کھوج لگانا ۔ (۳) کھود کر راستہ نکالنا ؛ راہ نکالنا؛ سرنگ کھودنا ۔ (٤) کھودکر نکالنا یا حاصل کرنا ۔ (٥) بھونکنا؛ بھونك دینا؛ چبھونا ؛ گڑونا ۔ (٦) (پسلی میں) گدگدانا ۔ (۷) (عام) سمجھنا ؛ بغور سننا ؛ غور کرنا ۔ (۸) (عام) قیام کرنا ۔ (۹) (عام) پسند کرنا ۔

To dig a pitfall : پھانسنے کی کوشش کرنا ؛ جال بچھانا ۔

Dig : (n) (۱) کھدائی ۔ (۲) کھودنے کا اوزار ۔ (۳) گڑونا ۔ (٤) محنتی طالب علم ۔ (٥) قیام گاہ ۔ (٦) رقص میں پاؤں پٹکنا ۔

Dig-at : (n) (کسی پر) چوٹ ؛ فقرہ ۔

Dig at : (v) کسی پر چوٹ کرنا ؛ فقرہ کسنا ۔

Dig down : (v) (۱) کھودکر گرادینا ؛ کھود کر نکالنا ۔ (۲) اپنی جیب میں ہاتھ دینا ۔

Dig in : (v) (۱) (لڑائی میں) خندق کھود کر دفاعی مورچہ بنانا ۔ (۲) قدم جمانا ؛ جمنا ۔ (۳) کھانا شروع کرنا ۔ (٤) تیز دوڑنا ۔

Dig into : (v) خرچ کر دینا ۔

Dig out : (v) (۱) کھود کر نکالنا یا حاصل کرنا ۔ (۲) تیزی سے روانہ ہونا ؛ روانہ کرنا ۔

Dig up : (v) (۱) کھود کر نکالنا ۔ (۲) کھودنا ۔ (۳) جوتنا ۔ (٤) کھوج نکالنا ۔ (٥) چندہ دینا ۔

Digallic acid : (n) ڈائی گیلک ایسڈ ؛ گیلک ترشے کے کے دو سالموں والا ۔

Digamist : (n) دو زواجی ؛ دو شادی کرنے والا / والی ۔

Digamma : (n) [Gr."digamma".] قدیم یونانی حروف تہجی کا چھٹا حرف ، سامی "و" کے مماثل ۔

Digammate / Digammated : (a) "و" رکھنے والی (زبان) ۔

Digamous : (a) (۱) دوسری شادی کرنے والا/والی ؛ عقد ثانی سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) نر مادہ ۔

Digamy : (n) [L."digamia".] عقد ثانی ؛ نکاح ثانی ۔

Digastric : (a) (۱) (تشریحات) دو پھولے ہوئےکناروں والا (پٹھا) ۔ (۲) نچلے جبڑے کے پٹھوں سے متعلق ۔

Digastric : (n) دو شکمی عضلہ ۔

Digenea : (n) [Dl-+Gr."genea".] (حیوانیات) وشیعات ۔

Digeneous : (a) (۱) دو جنسی ۔ (۲) وشیعات سے متعلق ۔

Digenesis : (n) [mod. L.] (حیوانیات) دو طریقی تولید ؛ (حیاتیات) دو طفیلی نوازی ۔

Digenetic : (a) دو طریق تولیدی ؛ تبدیل تولیدی ۔

Digenite : (n) [Gr."digenes".] تانبے کے خالص سلفائیڈ کی ایک قسم ۔

Digenous : (a) [Gr."di+genos"+-OUS.] دو جنسہ ۔

Digeny : (n) تولید ۔

Digest : (n) [L."digesta".] مجلہ ؛ مجموعہ ؛ خلاصہ (خصوصاً قوانین کا) ؛ خلاصہ مضامین ؛ مجموعہ قوانین ۔

Digest : (v) [L."digerere".] (۱) ترتیب دینا ؛ تدوین کرنا ؛ مرتب کرنا ۔ (۲) خلاصہ کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ تلخیص کرنا ۔ (۳) غور کرنا ؛ ذہن میں ترتیب دینا ۔ (٤) ہضم کرنا ؛ ہضم ہونا ؛ تحلیل کرنا یا ہونا ؛ پچنا ۔ (٥) ہضم میں مدد دینا ۔ (٦) (فتح کئے ہوئے ملک پر) تسلط جمانا ۔ (۷) سہنا ؛ برداشت کرنا ؛ سہارنا ؛ انگیز کرنا ؛ سن کر پی جانا ۔ (۸) کسی چیز سے غذائے روحانی حاصل کرنا ۔ (۹) جوش دینا ۔

Digesta : (n) [[mod. L.] ہضم شوندہ ۔

Digestant : (n) (طب) ہاضم ؛ دوائے ہاضمہ ۔

Digested : (a) ہضم کیا ہوا؛ تلخیص کیا ہوا؛ سمجھا ہوا ۔

Digestedly : (adv) ہضم کرتے ہوئے ۔

Digester /-or : (n) (۱) ترتیب دہندہ؛ مرتب ؛ خلاصہ کنندہ؛ ہضم کرنے والا ؛ چورن ؛ ہاضم دوا ۔ (۲) یخنی کا برتن ؛ پختالہ ۔

Digestible/ Digestable : (a) قابل ہضم ؛ ہضم پذیر ؛ ترتیب پذیر ۔

Digestible nutrient : (n) ہضم پذیر اغذیہ جیسے کاربوہائیڈریٹ پروٹین اور چربی ۔

Digestableness : (n) ہضم پذیری ؛ ترتیب پذیری ؛ تلخیص پذیری ۔

Digestibly : (adv) قابل ہضم طور پر ؛ ہضم پذیر طریقے سے ؛ ترتیب پذیری سے ۔

Digestion : (n) (۱) ہضم ؛ پچاؤ ؛ گوارائی ۔ (۲) قوت ہضم ؛ ہاضمہ ؛ انہضام ۔ (۳) دم پخت کرنا ؛ یخنی تیار کرنا ۔ (٤) (نفسیات) قوت مدرکہ ۔ (٥) (کیمیا) تجزیہ ؛ پاشیدگی ۔ (٦) چٹانوں کا زمین کے رقیق طبقے میں گھل جانا ۔

Digestion coefficient : (n) شرح انہضام ۔

Digestive : (a) ہاضمہ کا ؛ ہاضم ؛ مدد ہاضم ؛ ہاضمی ۔

Digestive : (n) (۱) ہاضوم ؛ دوائے ہاضمہ ؛ کوئی چیز جو ہاضمہ میں مدد دے ۔ (۲) پھوڑے کو پکا دینے والا مرہم ۔ (۳) کاغذی میٹھا بسکٹ ۔

Digestive apparatues : (n) آلات ہضم ؛ اعضائے انہضام ۔

Digestive gland : (n) ہاضمی غدہ ۔

Digestive juice : (n) ہاضمی رس یا عرق ۔

Digestive powder : (n) چورن ۔

Digestive system : (n) باضمی نظام ؛ نظام انہضام ۔

Digestive tract : (n) خطۂ ہضم ۔

Digestively : (adv) ہاضمہ میں مدد دیتے ہوئے ۔

Digestiveness : (n) ہاضمیت ۔

Diggable : (a) کھودنے کے لائق ؛ کھدائی کے لائق ۔

Digger : (n) (۱) کھودنے والا ؛ جستجو کرنے والا ۔ (۲) سونا کھودنے والا یا تلاش کرنے والا ۔ (۳) (عام) آسٹریلیا کا رہنے والا ؛ آسٹریلوی ۔ (٤) مشین کا ایک پرزہ ؛ حافر ۔ (٥) شمالی امریکا کے باشندے جو جڑیں کھود کر کھاتے ہیں ۔ (٦) (انگلستانی تاریخ) حامیء مساوات ۔ (۷) ایک قسم کی بھڑ ؛ تتیا ۔ (۸) (عام) سٹے بازوں کے لئے تھیٹر کا ٹکٹ خریدنے والا ۔

Grave digger : گورکن ۔

Digger wasp : (n) ایک قسم کی بھڑ ؛ تتیا ؛ زنبور ۔

Digging : (n) (۱) کھائی ؛ کرید ؛ کھوج ؛ تفتیش ؛ تحقیقات حفر ۔ (۲) (جمع) کان ؛ سونے کی کان ۔ (۳) (جمع) (روز) کرایہ کے کمرے ۔ (٤) مکان ؛ جگہ ؛ مقام ۔

Dry digging : سونے کی وہ کان جو اونچی جگہ پر ہو ۔

Wet digging : سونے کی وہ کان جو دریا کے کنارے ہو ۔

Dight : (v) [OE."dihtan".] سنورنا ؛ کپڑے پہننا ؛ سنوارنا ؛ تیار کرنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا ۔

Digit : (n) [L."digitus".] (۱) انگلی ۔ (۲) تین چوتھائی انگل ؛ انگل بھر ۔ (۳) صفر سے نو تک کوئی ہندسہ عدد؛ عدد مفرد ۔ (٤) (فلکیات) (سورج یا چاند کے) قطر کا بارھواں حصہ ؛ اِصبع ۔

Digital : (a) انگلی کا ؛ انگل کا ؛ ہندسے یا عدد سے متعلق ؛ انگشتی (فلکیات) اِصبعی ۔

Digital : (n) (۱) (تمسخرانہ) انگلی ؛ انگشت ۔ (۲) پیانو یا آرگن باجے کا پردہ ۔ (۳) عنکبوت کے پا محسہ کا آخری جوڑ ۔

Digital artery : (n) انگشتی شیریان ۔

Digitalic : (a) [f. DIGITALIS+-IC.] زہرالکشاتبین سے متعلق ۔

Digitaliform : (a) (نباتیات) انگشتی شکل ؛ انگشت نما ۔

Digitalin : (n) مادہ زہرالکشاتبین ؛ ڈیجیٹلِن ۔

Digitalis : (n) [mod. L."digitalis".] زہرالکشاتبین ؛ برگ زہرالکشاتبین ۔

Digitally : (adv) انگشت وار ؛ انگشت سے ۔

Digitate : (a) [L."digitatus".] (۱) (حیوانیات) پنجہ دار ؛ اصبع دار (۲) (نباتیات) پنجہ نما ؛ کُھرے بر مرکزی (Centifngal) حصوں پر مشتمل ۔

Digitate : (v) پنجہ نما حصوں میں منقسم ہونا ۔

Digitated : (a) دیکھو Digitate

Digitately : (adv) پنجہ وارانہ ۔

Digitation : (n) پنجہ داری ؛ اِصبعیت ؛ تصبع ۔

Digiti : جزو ترکیبی بہ معنی "انگشت" ؛ "انگلی" ۔

Digitiform : (a) انگشتی شکل ۔

Digitigrade : (a) (حیوانیات) پنجوں کے بل چلنے والا ؛ اِصبع خرام ؛ پنجہ چال ۔

Digitigrade : (n) پنجہ چال جانور ۔

Digitigradism : (n) اِصبع خرامی ؛ پنجہ چالی ۔

Digitinervate / Digitinerved / Digitinervous : (a) (نباتیات) پنجہ رگہ ۔

Digitipartite : (a) کثیر گوشکہ ؛ کثیر الفصوص ۔

Digito : جزو ترکیبی Digitalis کا مخفف ۔

Digitolein : (n) برگ زہرالکشاتبین سے حاصل کیا ہوا روغن ۔

Digitus : (n) [L.] اِصبع ؛ انگشت ۔

Diglossia : (n) [L."di+glossia".] دو شگافی زبان رکھنا ۔

Diglot / Diglott : (a) [Gr."diglottos".] دو زبانہ ۔

Diglot / Diglott : (n) دو زبانی کتاب ۔

Diglotism : (n) دو زبانی ۔

Diglyph : (n) [Gr."di+glyphin".] (تعمیرات) چھجہ جس میں دو عمودی نالیاں ھوں ۔

Dignified : (a) باوقار ؛ معزز ؛ بلند مرتبہ ؛ بزرگ ؛ شاہانہ ؛ ذی شان ۔

Dignifiedly : (adv.) باوقارطور پر ؛ معززانہ ۔

Dignifier : (n) با رتبہ بنانے والا ؛ بلند مرتبہ بنانے والا ۔

Dignify : (v) [OF."dignifier".] (۱) لائق بنانا ؛ اہل بنانا ؛ قابل بنانا ۔(۲) اعزاز عطا کرنا ؛ عزت بخشنا ؛ سرفراز کرنا ؛ مشرف کرنا ۔ (۳) شاندار بنانا ؛ پر شوکت بنانا ۔ (٤) چھوٹے شخص یا چھوٹی چیز کو اونچے لقب سے مخاطب کرنا ۔

Dignitary : (n) [L."dignitas".] معزز افسر ؛ بڑا عہدہ دار (خصوصاً کلیسا کا)۔

Dignitary : (a) معزز ؛ باوقار (خصوصاً کلیسا کا)۔

Dignity : (n) [OF."dignete".] (۱) عظمت؛ حرمت؛ قدروقیمت ۔ (۲) شان ؛ بلند درجہ یا رتبہ ؛ منزلت؛ مرتبہ ۔(۳) معزز عہدہ یا درجہ ؛ معزز خطاب ؛ منصب ۔ (٤) آن بان ؛ وجاہت ؛ وقار ۔(٥) امراء ۔ (٦) (فلکیات) سعود ۔ (۷) جامع کلمہ یا قول ۔

Digoneutic : (a) [Gr."di+goneunin".] (حشریات) دو جھولی ۔

Digonous : (a) [Gr."di+gonos".] (نباتیات) دو زاویوں والا ۔

Digram : (n) دیکھو Diagraph

Digraph : (n) [Gr."di+graphe".] (۱) دو حرفوں کا مجموعہ جو مل کر ایک آواز دے ۔(۲) دو متواتر حروف کا مجموعہ ۔

Digraphic : (a) ایک ایسے دو حرفوں والا جو مل کر ایک آواز دے ۔

Digress : (v) [L."digress -".] (۱) بھٹک جانا ؛ ہٹ جانا ؛ انحراف کرنا ؛ تجاوز کرنا ؛ شاہراہ کو چھوڑ دینا ۔ (۲) اصل موضوع سے ہٹ جانا (تقریر یا تحریر میں)۔

Digresser : (n) بھٹکنے والا ؛ اصل موضوع سے گریز کرنے والا ۔

Digression : (n) انحراف ؛ تجاوز ؛ اصل موضوع سے ہٹ جانا ؛ لغزش ؛ گریز ؛ جملہ معترضہ ۔

Digressional : (a) انحرافی ۔

Digressive : (a) منحرف ؛ متجاوز ؛ انحراف پذیر ۔

Digressively : (adv.) بطور تجاوز ؛ منحرف ھو کر ۔

Digressiveness : (n) انحرافیت ۔

Digue : (n) [Fr.] دیکھو Dike

Digynia : (n) [mod. L.] دو بقچوی پودوں کی ایک نوع ۔

Digynian / Digynious : (a) دو بقچوی پودوں سے متعلق ۔

Digynous : (a) دو بقچوی۔

Dihedral : (a) [f. next+-AL.] (۱) دو سطحی ۔(۲) سطحوں کے تقاطع سے بنے مسطح کا ۔

Dihedral : (n) وہ سطح جو دو سطحوں کے تقاطع سے بنے ۔

Dihedral angle : (n) دو سطحی زاویہ ۔

Dihedron : (n) [Gr."di+dis+edra".] دیکھو Dihedral

Dihelios / Dihelium : (n) [Mod. L.] (فلکیات) شکل بیضوی کا معین جو ماسکہ سے گزرتا ھے ۔

Dihexagonal : (a) دو شش سطحی ؛ بارہ سطحی ۔

Dihybrid : (a) دوغلا دو دوغلا ؛ دو ارثی دوغلا ؛ دو نسلی دوغلا ۔

Dihybrid inheritance : دو نسلی دوغلی میراث ۔

Dihydrate : (n) کیمیاوی مرکب جس میں پانی کے دو سالمے ھوں ۔

Dihydrite : (n) تانبے کا خالص فاسفیٹ جس میں پانی کے دو معادل ھوں ۔

Dihydor : (a) ہائیڈروجن کے دو جوہروں سے مرکب ۔

Diiamb : (n) [L."diiambus".] وہ رکن جس میں دو آئیمب (Iamb) ہوں ۔

Dik-dik : (n) ایک چھوٹا افریقی آھو ۔

Dika : (n) [W. "African name".] جنگلی آم کی قسم کے ایک پھل سے تیار کیا ہوا کو کوا کی طرح کا مادہ ؛ ڈیکا ۔

Dika bread : (n) ڈیکا اور دوسرے گرم مسالوں سے تیار کی ہوئی روٹی ۔

Dike/Dyke : (n) [OE."dic".] (۱) کھائی ؛ خندق ۔ (۲) مینڈھ ؛ پشتہ ؛ بند ؛ نیچی دیوار ۔ (۳) (مجازاً) مورچہ ؛ روک ؛ سد ۔ (٤) (ارضیات) چٹان کا شگاف جس میں کوئی مادہ جمع ہوجائے؛ ایسا مادہ ؛ چٹانی پشتہ ۔ (٥) آب گزر؛ نالا ۔

Dike/Dyke : (v) (۱) مینڈھ ؛ پشتہ یا بند باندھ کر محفوظ کرنا ۔ (۲) کھائی یا خندق کھودنا ۔ (۳) سن وغیرہ کو آب گزر میں بھگونا ۔ (٤) آب گزر بنا کر پانی نکالنا ۔

Dike-grave : (n) (۱) ولینديزی افسر جو بند کا نگراں ہوتا ھے ۔ (۲) (انگلستان) دیکھو Dike-reeve ۔

Diker/Dyker : (n) پشتہ یا احاطہ کی دیواریں بنانے والا ۔

Diktat : (n)[L."dictatum".] بےرحمانہ فیصلہ جو کسی مغلوب قوم یا ملک پر نافذ کیا جائے ۔

Dilacerate : (v) [L."dilacerare".] پھاڑنا ؛ پارہ پارہ کرنا ۔

Dilaceration : (n) دریدگی ۔

Dilactic : (a) دو شیری ۔

Dilambdodont : (a) [Gr."di+lamda+odont".] (حیوانیات) دو نوکی ڈاڑھ والا (جانور) ۔

Dilamination : (n) [L."dilaminare".] (نباتیات) دو رقیت ۔

Dilapidate : (v) [L."dilapidare".] (۱) توڑپھوڑ دینا؛ ٹوٹ پھوٹ جانا ۔ (۲) شکستہ حال کرنا یا ہونا؛ خستہ حال کرنا یا ہونا ؛ ضائع کرنا ۔

Dilapidated : (a) شکستہ حال ؛ مسمار شدہ ۔

Dilapidation : (n) (۱) اسراف ؛ فضول خرچی ۔ (۲) توڑ پھوڑ؛ ٹوٹ پھوٹ ؛ شکست و ریخت ؛ شکستہ حالی ؛ خستہ حالی ؛ زوال ۔ (۳) شکست و ریخت کا معاوضہ ۔ (٤) ٹیلہ یا پہاڑی کے کسی حصے کا گرنا یا اس کا ملبہ ۔

Dilapidator : (n) شکست و ریخت کرنے والا ؛ توڑ پھوڑ کرنے والا ۔

Dilatability : (n) توسیع پذیری ؛ اتساع پذیری ۔

Dilatable : (a) توسیع پذیر ؛ اتساع پذیر ؛ بڑھانے یا کشادہ کرنے کے قابل ۔

Dilatableness : (n) توسیع پذیری ؛ اتساع پذیری ۔

Dilatancy : (n) قابلیت اتساع ۔

Dilatant : (a) [L."dilatantem".] متسع ۔

Dilatant : (n) متسع ؛ متسع (آلہ) منبسط شوندہ ؛ پھیلنے والا ۔

Dilatate : (a) (حیوانیات) متسع ؛ پھیلا ہوا ۔

Dilatation : (n) کشادگی ؛ توسیع ؛ پھیلنا ؛ اتساع ؛ پھیلاؤ ؛ انبساط ؛ طوالت ؛ افزائش ۔

Dilatator : (n) (تشویش) پھیلانے والا ؛ توسیعی عضلہ ؛ موسع (حرکیات) ؛ موسع (آلہ) ۔

Dilatatory : (n) (حرکیات) موسع (آلہ) ۔

Dilate : (v) [F."dilater".] (۱) چوڑا کرنا یا ہونا ؛ پھیلنا ؛ پھیلانا ؛ وسیع کرنا یا ہونا ؛ کشادہ کرنا یا ہونا ۔ (۲) تفصیل کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ شرح و بسط سے بیان کرنا ۔

Dilate : (a) دیکھو Dilated

Dilated : (a) پھیلا ہوا ؛ متسع ؛ (نقابت) منبسط ۔

Dilatedly : (adv.) کشادگی کی رو سے؛ کشادگی کے طور پر ۔

Dilater : (n) (عضویات) وہ پٹھا جو کسی عضو کو پھیلانے کا کام کرے ۔

Dilation : (n) دیکھو Dilatation

Dilation of heart : انبساط قلب ۔

Dilative : (a) موسع ۔

Dilatometer : (n) اتساع پیما ۔

Dilatometric : (a) اتساع پیمائی سے متعلق ۔

Dilator : (n) موسع ؛ دیکھو Dilatator ۔

Dilatoriness : (n) تعویق ؛ تساہل ؛ ٹال مٹول ؛ سستی ؛ درنگ ؛ تاخیر ۔

Dilatory : (a) [L."dilatorius".] تعویقی ؛ تاخیری ؛ سست ؛ دیر لگانے والا ؛ دیر کرنے والا ۔

Dilatory : (n) (قانون) تاخیری عذر ۔

Dilatory defence/- plea : (n) تاخیری عذر ۔

Dilatory motion : (n) تعویقی تحریک ۔

Dilemma : (n) [Gr."diemma".] دوہری شکل ؛ دونوں طرف شکل ؛ گومگو (کا معاملہ) ؛ چپقلش ؛ محتمل الضدین ؛ ذوالجہتین ۔

Dilemmatic /-al : (a) گومگو کا ؛ ذوالجہتی ۔

Dilemmatically : (adv.) گومگو کی حالت میں ؛ حیص بیص کے ساتھ ۔

Dilettant : (n) دیکھو Dilettante

Dilettante : (n) [It."dilettare".] (۱) فنون لطیفہ کا شائق یا قدر داں ۔(۲) اتائی ۔(۳) (کسی فن میں) شُد بُد رکھنے والا ۔(٤) اتائیوں کا سا ۔ (٥) (فلسفہ) شوق ور ۔

Dilettante : (v) فنون لطیفہ میں شوق رکھنا ؛ (کسی فن میں) شُدبُد رکھنا ۔

Dilettantish/Dilettantaish : (a) اتائی سا ؛ شوق ور سا ۔

Dilettanism/Dilettantasm : (n) اتائیت؛ اتائی پن ؛ شوق وریت؛ فنون لطیفہ کا شوق ۔

Dilettantist : (n) دیکھو Dilettantish

Diligence : (n) [L."diligentia".] (۱) سرگرمی ؛ جانفشانی ؛ تندہی ؛ محنت ۔ (۲) (اسکاتستانی قانون) قانونی کار روائی ۔(۳) (قانون) توجہ ۔

To do or have diligence : خبردار ہونا ۔

Diligence : (n) [mod. f.] کرائے کی شکرم ؛ ڈاک کی گاڑی ۔

Diligent : (a) [L."diligentem".] محنتی ؛ تن دہی سے کام کرنے والا ؛ مستعد ؛ ساعی ۔

Diligently : (adv.) تن دہی سے ؛ مستعدی سے ؛ محنت سے ۔

Dill : (n) [OE,"dili","dile".] ایک پتھر دار بوٹی جس کا پھل یا بیج کا سر ریاح ہوتا ہے ؛ شبت ؛ سویا ؛ اجوائن ۔

Dill : (v) تسلی دینا ۔

Dill water : (n) ایک دوا جو بچوں کو پیٹ میں مروڑ ہونے پر دی جاتی ہے ؛ گرائپ واٹر ۔

Dillenia : (n) [after "Dillenius" professor of botany at Oxford.] درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم جو جزائر شرق الہند میں پائی جاتی ہے اور جس کے درخت اونچے اور پھول خوبصورت ہوتے ہیں ؛ ڈیلنیا ۔

Dilleniaceous : (a) خوبصورت پھولوں والے اونچے درختوں سے متعلق جو جزائر شرق الہند میں پائے جاتے ہیں ۔

Dilleniad : (n) ان خوبصورت پھولوں والے اور اونچے درختوں میں سے ایک جو جزائر شرق الہند میں پائے جاتے ہیں ۔

Dilligrout : (n) [Origin unkn.] دم پخت جو انگلستان کے بادشاہوں کو تاج پوشی کے دن پیش کیا جاتا تھا ۔

Dilling : (n) [Origin unkn .] پیارا ؛ سب سے چھوٹا بچہ ؛ جھول کا سب سے کمزور بچہ ۔

Dilly : (n) [Abbrev. of DILIGENCE.] گاڑی ؛ ٹرک جو زراعت میں استعمال ہوتا ہے ۔

Dilly : (n) (۱) بطوں کو پکارنے کی آواز ۔(۲) بط ۔

Dilly : (n) [Shortend from "Sapodilla".] جزائر غرب الہند کا ایک چھوٹا کھرینویہ درخت ۔

Dilly : (n) دیکھو Daffodil (ly)

Dilly : (a) (آسٹریلوی عام) بے وقوف ؛ احمق ۔

Dilly : (n) کوئی غیر معمولی چیز ۔

Dilly : (v) (۱) (روز) پس و پیش کرنا ؛ ہچکچانا ۔ (۲) دیر لگانا ؛ سستی کرنا ؛ ڈھیل ڈالنا ؛ وقت ضائع کرنا ۔

Dilly-dally : (v) دیکھو Dilly

Dilly-dally : (a) سست ؛ پس و پیش کرنے والا ؛ ہچکچانے والا ۔

Dilogical : (a) [Gr. "dilogos".] ابہامی ؛ ذومعنی ۔

Dilogy : (n) ابہام عمدی ؛ دو گوئی ۔

Diluent : (n) [L."diluentem".] رقیق کرنے والی (چیز) مرقق ؛ رقیق گر ؛ محلل ۔

Diluent : (n) رقیق کرنے والی چیز ؛ مرقق ؛ رقیق گر ؛ محلل ؛ وہ شے جو خون وغیرہ میں پانی کا تناسب بڑھائے ۔

Dilute : (a) [L."dilutus".] (۱) پانی ملا ؛ ہلکا ؛ پتلا ۔ (۲) (رنگ وغیرہ) پھیکا ؛ ہلکا ۔ (۳) (مجازاً) بے مزہ ؛ بے لطیف ؛ پھیکا ؛ بے رنگ ۔

Dilute : (v) پانی ملا کر ہلکا کرنا یا پتلا کرنا ۔ (۲) (رنگ) ہلکا کرنا ؛ پھیکا کردینا ۔ (۳) (عقیدہ یا جوش) دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ۔ (٤) ہلکا یا پتلا ہونا ۔

Dilute : (n) ہلکی جلدی لونیت والا شخص ۔

Diluted : (a) ہلکا کیا ہوا ؛ پتلا کیا ہوا ؛ ہلکا یا پانی ملا ؛ (نباتیات) پیلا ۔

Dilutedly : (a) ہلکا کرکے ؛ پانی ملا کر ؛ پھیکے طور پر ۔

Dilutedness : (n) ہلکا پن ؛ پیھکا پن ؛ پتلا پن ۔

Dilutee : (n) بن سیکھے مزدور جو سیکھے مزدوروں کی جگہ کام کریں ۔

Diluter : (n) ہلکا بنانے والا ؛ پتلا کرنے والا ؛ محلل ؛ رقیق کنندہ ۔

Dilution : (n) (۱) پانی کی ملونی ؛ رنگ کا ہلکانا یا پانی ملا کر ہلکا کرنا ؛ ترقیق ؛ آب آمیزی ؛ ہلکاؤ ؛ کسر ارتقا ۔ (۲) با مہارت کاموں کا بے مہارت کاموں میں منتقل ہو جانا ۔ (۳) نالی کو پانی سے بہا دینا یا صاف کرنا ۔ (٤) تخفیف ۔

Diluvial : (a) [L."diluvialis".] دریابرد ؛ سیلابی ۔

Diluvialist : (n) عالمگیر سیلاب کا قائل یا معتقد ۔

Diluvian/De- : (a) [L."diluvium"+-AN.] طوفانی ؛ سیلابی ۔

Diluvianism : (n) عالمگیر سیلاب کا عقیدہ ؛ نظریہ طوفان ؛ طوفانیت ۔

Diluvium : (n) [L.] طوفانی طبقہ ؛ سیلابی مٹی ۔

Dim : (a) [OE."dim(m)".] (۱) دھندلا ۔ (۲) بے نور ؛ بے آب ؛ ماند ۔ (۳) غیر واضح ؛ غیر متعین ؛ تاریک غیر معروف ۔ (٥) (عام) تھکا دینے والا ۔

Dim : (n) دھندلاپن ؛ تیرگی ؛ دھندلکا ؛ شام ۔

Dim : (v) دھندلا کرنا یا ہونا ؛ دھیما کرنا یا ہونا ؛ ماند کر دینا ؛ چوندھا کر دینا ۔

Dim /Dimin : (موسیقی) Diminuendo کا مخفف ۔

Dim-eyed : (a) چندھا ۔

Dim out : (v) روشنی مدھم کرنا (ہوائی حملے کے خطرے کے موقع پر)۔

Dim-sighted : (a) ضعیف البصر ؛ بے بصیرت ۔

Dimaris : (n) (منطق) قیاس منطقی کو یاد کرنے کی ایک شکل ۔

Dimastigate : (a) [DI-+Gr."mastig".] (حیوانیات) دو سوطہ ۔

Dimble : (n) [f. DIM of DINGLE .] تنگ سایہ دار وادی ۔

Dime : (n) [OF."disme","dime".] (۱) امریکا کا دس سنٹ کا ایک نقرئی سکہ ؛ ڈائم ۔ (۲) دسواں حصہ ۔

Dime : (a) ایک ڈائم کی قیمت کا ۔

Dime novel : (n) سستے سنسنی خیز ناول ۔

Dimension : (n) [F."dimension".] (۱) بُعد ؛ ابعاد ثلاثہ میں سے کوئی بُعد ؛ لمبائی ، چوڑائی ، موٹائی یا گہرائی ؛ جسامت ؛ ناپ ؛ رقبہ ؛ حجم ۔ (۲) (الجبرا) ابعاد؛ درجہ؛ قوت ۔ (۳) وسعت ۔

Fourth dimension : بعد رابع ؛ چوتھا بُعد ؛ (آئین اسٹائن کے نظریہ میں) وقت ۔

Three dimensions : ابعاد ثلاثہ ۔

Dimension timber : (n) مخصوص ناپ کا شہتیر ۔

Dimension timber : (n) مخصوص ناپ کی لکڑی ۔

Dimension of consciousness : (فلسفہ) ابعاد شعور ۔

Dimension of units : (طبیعیات) اکائیوں کے قویٰ ۔

Dimension stone : (n) مخصوص ناپ کا پتھر ۔

Dimension work : (n) مخصوص ناپ کی سنگی تعمیر ۔

Dimensional : (a) ابعادی ؛ بعدی ۔

Dimensionality : (n) بعدیت ۔

Dimensioned : (a) مخصوص بُعد یا ابعاد والا ۔

Dimensionless : (a) بے بُعد ۔

Dimer : (n) دو ترکیبی مرکب ۔

Dimeran : (n) [mod.L."dimera".] (حشریات)نیم بالان حشرات کا ایک رکن جس کے پاؤں میں دو جوڑ ہوتے ہیں ۔

Dimeric : (a) [See IMEROUS.] (۱) (حیاتیات) دو ترکیبیہ ؛ دو پارہ ۔ (۲) دو ترکیبی مرکب سے متعلق ۔

Dimerism : (n) دو ترکیبیت ؛ دو رکنیت ۔

Dimerous : (a) [mod. L."dimerus".] (حیاتیات) دو پارہ ؛ دو جزئی ؛ دو رکنی ؛ دو حصے رکھنے والا ۔

Dimetallic : (a) (کیمیا) دو فلزی ۔

Dimeter : (n) [L."dimetrus".] (عروض) دو بحری نظم ؛ وہ نظم جس میں دو وزن ہوں ۔

Dimethly : (n) (کیمیا) اصلیہ میتھل جس میں دو سالمے ہوں ۔

Dimetient : (a) [L."dimetientem".] ابعاد گیرندہ ؛ ابعاد کا تعین کرنے والا ۔

Dimetria : (a) (طب) دو رحمی ۔

Dimetric : (a) [Gr."di+metron".] (۱) چوگوشہ ؛ چہار زاویائی (قلم) ۔ (۲) (عروض) دو بحری ۔

Dimidiate : (a) [L."dimidiatus".] (حیاتیات) دو نصفہ ؛ مختلف نصفہ ؛ متفاوت نصفہ ۔

Dimidiate : (v) (۱) نصف کرنا ۔ (۲) نصف مارکہ پیش کرنا ۔

Dimidiation : (n) نصف کرنا ۔

Diminish : (v) [ME."deminishen".] (۱) گھٹانا ؛ گھٹنا ؛ کم کرنا ؛ کم ہونا ؛ تقلیل کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔ (۲) (تعمیرات) گاؤ دم کرنا یا ہونا ۔ (۳) (موسیقی) دو سُر ایک ساتھ بجاتےوقت ان کا فصل بقدرنصف سُر کے کم کر دینا ۔

Diminishable : (a) تخفیف پذیر ؛ کمی کے قابل ؛ گھٹا نے کے قابل ؛ تقلیل پذیر ۔

Diminishableness : (n) تخفیف پذیری ؛ تقلیل پذیری ۔

Diminished : (a) گھٹا ہوا ؛ کم کیا ہوا ؛ گھٹایا ہوا ؛ (موسیقی) فصل بقدر نصف سُر کے کم کیا ہوا ۔

Diminished arch : (n) محراب جو نصف دائرہ سے کم ہو ۔

Diminished bar : (n) گاؤ دُم سلاخ ۔

Diminished column : (n) گاؤ دم ستون ۔

Diminishing : (a) تخفیف ؛ تقلیل ۔

Diminishing returns : (n) (معاشیات) تقلیل حاصل ۔

Diminishing substitution : (n) تقلیل پذیر تبدل ۔

Diminishing utility : (n) تقلیل افادیت ۔

Diminishingly : (adv.) گھٹتےیا گھٹاتے ہوئے؛ کم کرتے ہوئے ؛ گاؤ دم کرتے ہوئے ۔

Diminuendo : (v) [It.] (ہدایت موسیقی) آواز کو تدریجاً دھیمے کرو ، کی ہدایت دینا ؛ ہولے ہولے ؛ آہستہ آہستہ ۔

Dimineundo : (n) گیت کا وہ جز جس میں آواز تدریجاً دھیمی کی جائے ۔

Diminution : (n) [L."diminutionem".] (۱) تخفیف ؛ تقلیل ؛ کمی؛ کم کی ہوئی مقدار؛ گھٹائی ہوئی

مقدار۔(۲) (موسیقی) کسی موضوع کے گھٹتے ہوئے سروں میں تکرار ۔(۳) (نقابت) مارکہ کے کچھ حصے کو مٹا دینا ؛ میں تفریق ۔ (٤) (قانون) مقدمہ کی مسل میں فروگذاشت ۔ (٥) (تعمیرات) ستون کو گاؤ دم بنانا ؛ گاؤ دم ہونے کی مقدار ۔

Diminutival : (a) تصغیری۔

Diminutival : (n) تصغیری سابقہ ۔

Diminutive : (a) [F."diminutif".] (۱) (قانون) مصغر ۔(۲) بہت چھوٹا ؛ ننھا ؛ مختصر ۔

Diminutive : (n) (۱) (قانون) اسم تصغیر ۔(۲) ننھی سی چیز ؛ ننھا سا آدمی ۔(۳) (نقابت) معمولی چھوٹا مارکہ۔

Diminutively : (adv.) تصغیر کے طور پر ۔

Diminutiveness : (n) تصغیر ؛ بہت چھوٹا ہونا ۔

Dimissory/Demissory : (a)[late L."dimissorius".] معطل کنندہ؛ رخصت کنندہ ۔

Dimissory : (n) (۱) اسقف کا خط جس میں کشیش کو ایک تعلقہ سے معطل کرکے دوسرے تعلقہ کے لئے سفارش کی گئی ہو ۔(۲) اسقف کا خط جس میں حامل رقعہ کو پادری کے عہدے پر معمور کرنے کی سفارش کی گئی ہو ۔

Dimissory letter : (n) دیکھو Dimissory

Dimity : (n) [Gr."dimitos".] ایک موٹا سوتی کپڑا جس پر ابھرواں دھاریاں یا گل بوٹے بنے ہوں ۔

Dimity : (a) ابھرواں دھاریاں اور گل بوٹے والا (موٹا سوتی کپڑا)۔

Dimly : (adv.) دھندلے طور پر ؛ غیر واضح طور پر ۔

Dimmer : (n) مدھم گر ؛ (روشنی کی تیزی کو) کم کرنے والا ؛ کم روشنی والا لیمپ ۔

Dimmish : (a) کسی قدر دھندلا یا تاریک ۔

Dimmy : (a) کم و بیش دھندلا ۔

Dimness : (n) [OE."dimnis".] دھندلاپن ۔

Dimorph : (n) [Gr."dimorphos".] دو شکلا ؛ دوشکلی ؛ دو صورتہ ۔

Dimorphic : (a) دو شکلا ؛ دو شکلی ؛ دوصورتی ۔

Dimorphism : (n) (۱) دو شکلیت؛ دو صورتہ ہونا؛ دو شکلی ۔ (۲) (قلمیات) دو شکلی قلماؤ ۔

Dimorphous : (a) دیکھو Dimorphic

Dimout : (n) (ہوائی حملے کے خطرے کےموقع پر) روشنی مدھم کرنا ۔

Dimple : (n) [ME."dympull".] (۱)چھوٹاگڑھا(خصوصاً رخسار یا تھوڑی کا) ؛ چاہ ذقن ؛ چاہ زنخداں ؛ غمازہ ۔ (۲) ہلکی لہر ؛ ہلکورا ۔(۳) (تعمیرات) چابک ۔ (٤) گڑھا؛ نشیب ۔

Dimple : (v) گڑھا پیدا کرنا ؛ گڑھا پڑنا ؛ ہلکورا ڈالنا ۔

Dimply : (a) جس میں ہلکورے یا گڑھے ہوں ۔

Dimpsy : (n) دھندلکا ؛ شام ۔

Dimpsy : (a) دھندلا ؛ دھیما ؛ تیرہ ؛ تاریک ۔

Dimwit : (n) بے وقوف ؛ احمق ۔

Dimyaria : (n) دو مقربہ داران ۔

Dimyarian : (a) دو عضلی ؛ دو مقربی ۔

Dimyary : (a) [mod. L."dimyarius".] دو عضلہ ؛ دو مقربہ ۔

Dimyary : (n) دو عضلی صدف ؛ دو مقربہ عضلیت ۔

Din : (n) [OE."dyne".] ہلڑ ؛ غل ؛ شورو غوغا ۔

Din : (v) (۱) شورو غوغا سے بہرہ کر دینا ۔(۲) (کوئی بات) کہتے کہتے ناک میں دم کر دینا۔ (۳) ہنگامہ برپا کر دینا ؛ شورو غوغا کرنا؛ غل مچانا؛ ہلڑ مچانا ؛ غل غپاڑہ کرنا ۔

Dinanderie : (n) [F.] برتن خصوصاً پیتل کے ۔

Dinar : (n) [Arab."dinar".] دینار ۔

Dindle : (v) [Onomatopoeic .] (۱) اہتزاز پیدا کرنا ۔ (۲) جھنجھنانا (سردی یا درد سے)۔ (۳) مرتعش کرنا ۔

Dindle : (n) اہتزاز ؛ جھنجھناہٹ ؛ ارتعاش ۔

Dindle : (n) مختلف زرد پھولوں کا نام ۔

Dine : (v) [OF."disner".] (۱) کھانا کھانا ۔ (۲) دعوت کرنا ۔ (۳) (کمرے میں) کھانے والوں کے بیٹھنے کی گنجائش ۔

To dine with Duke Humphrey : دعوت بر مکی نوش کرنا ؛ بھوکا رہنا ۔

Dine : (n) کھانا ۔

Dine out : (n) گھر سے باہر کھانا کھانا ۔

Diner : (n) (۱) کھانے والا ؛ مہمان ۔ (۲) کھانے کی گاڑی (ریل میں) ۔ (۳) دعوتیں کھانے والا ؛ گھر سے باہر کھانے والا ۔

Diner out : (n) دعوتیں کھانے والا ؛ گھرسے باہر کھانے والا ۔

Dinergate : (n) سپاہی چیونٹی ؛ کھتری ۔

Dineric : (a) [DI-+Gr."noron".] (طبیعیات) دو آبی ؛ متمائز ؛ سطح تمائز ۔

Dinero : (n) [L."denarius".] (عام) زر ۔

Dinette : (n) [DINE+ette.] (۱) باورچی خانہ ؛ توشہ خانہ سے متصل چھوٹا سا کھانے کا کمرہ ۔ (۲) اس کمرے کا فرنیچر (میز کرسی وغیرہ)۔

Ding : (v) [ME."dingen".] (۱) مارنا ۔ (۲) بازی لے جانا ۔ (۳) زبردستی نکال دینا ۔ (٤) (اسکاچستان) سخت بارش ہونا ۔ (۵) (فجائیہ) دیکھو Dash ۔

To ding to death : مارتے مارتے مار ڈالنا ۔

Ding : (n) ضرب ؛ ضرب شدید ۔

Ding : (v) [Echoic.] (۱) ٹن ٹن بجنا ۔ (۲) باتوں کو بار بار دوہرانا ۔

To ding into the ears : (کسی بات کو) باربار دوہرانا۔

Ding : (n) صدائے نا قوس ۔

Ding : (adv) مکرر طور پر ۔

Ding an sich : (n) شے کما ہی ۔

Ding-dong : (n) [Echoic.] (۱) گھنٹے وغیرہ کی دوہری آواز (یعنی باری باری سے ایک نیچی ایک اونچی آواز) ؛ کڑم دھم ۔ (۲) نیچی اونچی آواز گھنٹی وغیرہ بجاتےوقت ۔ (۳) گھنٹے وغیرہ کی آواز۔ (٤) خالی قافیہ پیمائی ۔ (۵) (ساعت) پاؤ گھنٹہ بنانے کی ایک ترکیب ۔

Ding-dong : (a) (۱) صدائے ناقوس یا قافیہ پیمائی سے متعلق ۔ (۲) دل سے ؛ بالعزم ۔

Ding-dong : (v) (۱) گھنٹی کی طرح بجنا ۔ (۲) (مجازاً) یکساں دوہرانا ؛ باربار کہنا ؛ استدعا کرنا یا ڈانٹنا ۔

Ding-dong race : (n) دوڑ جس میں کبھی ایک کبھی دوسرا آگے نکل جائے ۔

Ding-dong theory : (n) یہ نظریہ کہ زبان کی ابتدا فطری آوازوں کی نقالی سے ہوتی ہے ۔

Dingbat : (n) [Oringin unkn .] (طباعت) ابتدائی یا دو پیرا گراف کے فرق کی طرف متوجہ کرنے کا آرائشی نشان ۔

Dinge : (n) [Oringin unkn .] سطحی نشان ۔

Dinge : (v) سطحی نشان ڈالنا ۔

Dinge : (v) میلا کرنا ۔

Dinge : (n) میلاپن ؛ گڑھا ۔

Dinge : (n) حبشی ۔

Dinghy/Dingey/Dingy : (n) [Hindi"dingi","dengi".] (۱) ڈونگی؛ جہاز کی چھوٹی کشتی ۔ (۲) چھوٹی تفریحی کشتی ۔

Dingle : (n) [Origin unkn .] سایہ دار تنگ وادی ۔

Dingle : (n) [Origin unkn .] مدخل ؛ سقف دار راستہ جو بطور توشہ خانہ استعمال ہوتا ہے ۔

Dingle-dangle : (adv) لٹکتے ہوئے ۔

Dingle-dangle : (n) لٹکنا ؛ دم نما چیز ۔

Dingle-dangle : (a) لٹکنے والا ۔

Dingo : (n) [Native name in Australia.] آسٹریلیا کا جنگلی یا نیم پالتو کتا ۔

Dingus : (n) [Du."dinges".] (۱) کل پرزہ جس کا نام معلوم نہیں ۔ (۲) مردانہ عضو تناسل ۔

Dingily : (adv.) میلے پن سے ۔

Dinginess : (n) تاریکی ؛ میلاپن ؛ چکٹ پن ۔

Dingy : (n) [perhaps OE."dynge".] (۱) اندھیرا ؛ تاریک ۔ (۲) میلا ؛ چکٹ ۔ (۳) گندہ ؛ ذلیل ؛ فرسودہ ۔

Dinical : (a) دواری ۔

Dining : (n) کھانا ۔

Dining alcove : (n) رہنے کے کمرے سے متصل ایک کنج جہاں کھانا کھایا جاتا ھے ۔

Dining hall /- room : (n) کھانے کا کمرہ ۔

Dining table : (n) کھانے کی میز ۔

Dinitro -/ Dinitr- : اصلیہ نائٹروجن آکسائیڈ کے دو معادل والا ۔

Dinitro-cellulose : (n) بارود پنبہ سے مماثل ایک مادہ ؛ $(C_6H_8(NO_2)_2O_5$ ۔

Dink : (a) [Origin unkn .] آراستہ ۔

Dink : (v) آراستہ ھونا ۔

Dinkly : (adv.) آرستہ ھوکر ۔

Dinkum : (a) صحیح ؛ درست ؛ بے غل و غش ؛ منصفانہ ۔

Dinkum : (adv.) منصفانہ ؛ صحیح طور پر ۔

Dinkum oil : (n) صحیح ؛ سچ ۔

Dinky : (a) (روز) صاف ستھرا ؛ خوش نما ؛ نفیس ؛ لطیف ۔ (۲) ننھا سا ؛ چھوٹا ۔

Dinmont : (n) ایک اور دو سال کے درمیان کا مینڈھا ۔

Dinner : (n) [ME."diner".] (۱) دن کا بڑا کھانا ؛ (دوپہر یا شام کا) ڈنر ۔ (۲) دعوت ؛ دعوت عام ؛ عام دعوت جو کسی کے اعزاز میں دی جائے ۔

Dinner : (v) (۱) کھانا کھانا ۔ (۲) دعوت دینا ۔

Dinner cloth : (n) میز پوش ۔

Dinner clothes : (n) کھانے کا لباس ۔

Dinner jacket /Dinner coat : (n) ڈنر میں پہننے کا کوٹ ۔

Dinner set : (n) رکابی وغیرہ کا جوڑ ؛ ڈنرسٹ ؛ ڈنر کے لئے ۔

Dinner wagon : (n) پہیے دار کشتی جس پر کھانے کی چیزیں لائی جاتی ہیں ۔

Dinnerless : (n) بے ڈنر ۔

Dinnerly : (a) ڈنر کا ؛ کھانے کا ؛ ڈنر سے متعلق ۔

Dinnerly : (adv.) کھانے کی مناسبت سے ۔

Dinoceras : (n) [mod. L.] (حیوانیات) مہیب سہ قرنہ (جواب معدوم ھے) ۔

Dinocerate : (a) مہیب سہ قرنہ سے متعلق ۔

Dinomic : (a) [Gr."di+nomos".] دو منطقہ ؛ دو بھومی ۔

Dinornis : (n) [mod. L.] بڑے پرندوں کی ایک نوع جو حال میں معدوم ھوئی ھے ۔

Dinornithic/Dinornithine : (a) بڑے پرندوں کی اس نوع سے متعلق جو اب معدوم ھوگئی ھے ۔

Dinosaur/Deino-: (n) [mos. L."dinosaurus".] مہیب سوسمار ۔

Dinosaurian : (a) مہیب سوسمار سے متعلق ۔

Dinosauric : (a) (۱) مہیب سوسمار ۔ (۲) عظیم ؛ بہت بڑا ۔

Dinothere/deino-: (n)[mod. L."dinotherium".] مہیب خرطومہ ۔

Dinotherian : (a) مہیب خرطومہ سے متعلق ۔

Dinsome : (a) پرشور ۔

Dint : (n) [OE."dynt".] (۱) سطحی نشان ؛ (چوٹ یاضرب کا) نشان ؛ دینے کا نشان ؛ سطحی گڑھا ۔ (۲) شدت ؛ طاقت ؛ قوت ۔

By dint of : (کسی) کے زور سے ؛ بل پر ؛ بوتے پر ۔

Dint : (v) چوٹ وغیرہ کا نشان ڈالنا ۔

Dintless : (a) بے سطحی نشان ؛ بے گڑھا ۔

Dinumeration : (n) [L."dinumerationem".] (۱) ایک ایک کرکے گننا یا نمبر لگانا ۔ (۲) (بدیع) شمار کرنا؛ ایک ایک کرکے گننا ۔

Diobol : (n)[Gr."diobolon".] قدیم یونان کا ایک نقرئی سکہ ۔

Diocesan : (a) [F."diocesain".] بشپ کے حلقے کا یا اس سے متعلق ۔

Diocesan : (n) (۱) سردار کلیسا ؛ بشپ ۔ (۲) بشپ کے تعلقہ کا رہنے والا ۔

Diocese : (n) [ME "diocise".] (۱) (تاریخ) ضلع ؛ تعلقہ ۔ (۲) بشپ کا تعلقہ ۔

Diocoel : (n) [perh. alter of."diacoele".] (حیوانیات) درونہ دماغ۔

Diode : (n) دو برقیرہ ۔

Diodon : (n) [Gr."di. odons".] (حیوانیات) مچھلیوں کی ایک قسم جس کے جبڑے میں دو دندان نما گلٹیاں ہوتی ہیں ۔

Diodont : (a) دو دانتوں والی ۔

Diodontoid : (a) دو دانتوں والی ۔

Dioecia : (n) [mod. L.] (نباتیات) پودوں کی دو جنسی نوع ۔

Dioecian : (a) (نباتیات) دو زر بقچوی ؛ جدا زر بقچوی ؛ (حیوانیات) دو صنفی ؛ جدا صنفی ۔

Dioecious : (a) دیکھو Dioecian

Dioeciously : (adv.) دو صنفی طور پر ۔

Dioeciousness : (n) جدا جنسیت ۔

Dioecism : (n) جدا جنسیت ۔

Dioecous : (a) دیکھو Dioecious

Diogenes : (n) کلبی یونانی فلسفی دیو جانس (۴۱۲ - ۳۲۳ قبل مسیح) ۔

Diogenes crab ; (n) جزائر غرب الہند کا ایک کیکڑا جو خالی (صدف کے) خول میں رہتا ھے ۔

Diogenes cup : (n) چلّو ۔

Diogenic /-al : (a) دوجانس سے متعلق یا اس کی صفت کا ۔

Dionysiac : (a) [Gr."Dionysiakos".] دیونیس سے متعلق ۔

Dionysiac : (n) دیونیسی تہوار ۔

Dionysian : (a) [L."Dionysius"and proper name "Dionysious".] (۱) دیونیسی ۔ (۲) دیونیس سے متعلق ۔ (۳) دیونیس صغیر سے متعلق چھٹی صدی عیسوی میں صدر راہب تھا ۔ (٤) Dionysius, the Areopagite سے متعلق ۔

Dionysian period : (n) دور دیونیسی ۔

Diophantine : (a) دیا فنطسی ۔

Diophantine analysis : (n) دیا فنطسی تحلیل ۔

Diopside : (n) [F.] (معدنیات) دو انعطافہ ۔

Dioptase : (n) [F.] زمردی تانبا ۔

Diopter /Dioptra : (n) [F."dioptre".] زاویہ گیر ؛ بصریہ ۔

Dioptometer : (n) بصریہ پیما ؛ انعطاف چشم پیما ۔

Dioptric : (a) [Gr."dioptrikos".] (۱) بصری ؛ نگاہ کو انعطاف کے ذریعہ مدد دینے والا ۔ (۲) (طبیعیات) انعطافی ؛ منعطف ۔ (۳) علم المرایا کے متعلق ؛ بصریاتی ۔

Dioptric /- al : (n) (۱) قوت انعطاف کو ناپنے کی اکائی ۔ (۲) عدسہ کی قوت جس کا فصل ماسکہ ایک میٹر ہو ۔ (۳) دیکھو Dioptrics -

Dioptric system : (n) بصری نظام ۔

Dioptrically : (adv.) انعطاف کے ساتھ ؛ انعطاف کے طور پر ۔

Dioptrics : (n) مرایا یا بصریات کا وہ حصہ جس میں انعطاف کی بحث ہو ۔

Diorama : (n) [Gr."dia+orama".] وہ تصاویر جن میں رنگ اور روشنی کی تبدیلی سے طلوع اور غروب آفتاب کے مناظر دکھائے جاتے ہیں ؛ مناظر قمقیرہ ہیں ۔

Dioramic : (a) مناظربیں سے متعلق ۔

Diorism : (n) [Gr."diorismos".] (فلسفہ) تجزیت ۔

Diorite : (n) [Gr."diorizin".] ایک قسم کا پشم سبز ۔

Dioritic : (a) پشم سبز سا ؛ پشم سبز زار ۔

Diorthosis : (n) [Gr."diorthosis".] (۱) ازالہ خلا ؛ جوڑ بٹھانا ۔ (۲) متن کی تصحیح یا نظر ثانی ۔

Diorthotic : (a) تصحیحی ۔

Dioscoreaceous : (a) [mod.L."Dioscoreaceae".] رتالوی ؛ رتالو کی قسم سے متعلق ۔

Diosma : (n) [mod. L.] جنوبی افریقہ کے خلنج سے پودوں کی ایک قسم ۔

Diosmosis : (n) [DI+OSMOSIS.] درد لوج ۔

Diosmotic : (a) درد لوجی ۔

Diota : (n) [L.] دو دستہ ظرف ۔

Diotic : (a) دو اُذنی ؛ دو گوشی ؛ دو صوتی ۔

Diotrephes : (n) جاہ طلب (خاص کر کلیسا میں) ۔

Diotrephesian /Diotrephian /Diotrephic : (a) جاہ طلبی سے ۔

Diospyros : (n) [L.] جنس الموک ۔

Diovular : (a) دو بیضوی ۔

Dioxide : (n) (کیمیا) آکسائیڈ جو دو حصے آکسیجن اور ایک حصہ دھات ملکر بنے ۔

Dip : (v) [OE."dippan".] Dib دیکھو

To dip (deeply etc.) in to one's purse : دل کھول کر خرچ کرنا ۔

To dip one's finger into : دخل دینا ۔

To dip one's pen in gall : تحریر میں زہر اگلنا ۔

Dip : (n) (۱) ڈوب ؛ ڈبکی ؛ غوطہ ۔ (۲) پانی وغیرہ کی مقدار جو ڈوبنے میں ایک بار ڈبونے میں آئے ؛ ڈونگا بھر ۔ (۳) (روز) سمندر وغیرہ میں غسل ؛ ڈبکی ۔ (٤) ڈوبنے کی مقدار یا حد ۔ (٥) (ہیئت مساحت) انخفاض میلان ؛ انخفاض اُفق ۔ (٦) (مقناطیس) زاویہ افق ؛ میلان افق ؛ زاویہ میلان ؛ میلان مقناطیسی ۔ (۷) نیچے کی طرف ڈھال ؛ میلان طبقات ۔ (۸) چربی کی بتی ؛ چربی کی شمع ۔ (۹) وہ کرم کش دوا جس سے بھیڑیں نہلائی جاتی ہیں ۔ (۱۰) سر سری مطالعہ ۔ (۱۱) میٹھی چٹنی ۔ (۱۲) (عام) پاکٹ مار ؛ پاکٹ ماری ۔ (۱۳) (عام) رگ معدن ۔ (۱٤) مردانہ ہیٹ ۔ (۱٥) (انجینیری) جھوک ۔

High dip : اونچا میلان ۔

Low dip : نیچا میلان ۔

Dip angle : (n) میلان زاویہ ۔

Dip-bucket : (n) ڈول ۔

Dip-candle : (n) چربی کی شمع ؛ چربی بتی ۔

Dip circle : (n) میلان دائرہ ۔

Dip fault : (n) (جغرافیہ) میلان خطا ؛ نزول شگاف ۔

Dip needle : (n) مائل سوئی ۔

Dip net : (n) مچھلیاں پکڑنے کا دستی جال ۔

Dip of the horizon : میلان افق ۔

Dip pipe : (n) پانی یا ثار میں ڈبونے والا صمام ؛ ڈاٹ دار نلکی ۔

Dip sector : (n) انخفاض پیما ۔

Dip slope : (n) (جغرافیہ) میلانی ڈھلان ۔

Dip splint : (n) ایک قسم کی دیا سلائی ۔

Dip stream : (a) (جغرافیہ) نزولی ندی یا چشمہ ۔

Dip switch : (n) موٹر کی روشنی مدھم کرنے کا سوئچ ۔

Dip tube : (n) ماہی خانہ سے خوردہ نکالنے کا آلہ ۔

Dip valley : (n) نزولی وادی ۔

Dipartite : (a) [L."dis+partitus".] مختلف حصوں میں منقسم؛ تقسیم شدہ ۔

Dipartition : (n) مختلف حصوں میں تقسیم ۔

Dipaschal : (a) (یہودیوں کی) دو عید فصح والا ۔

Dipchick : (n) دیکھو Dabchick

Dipcoat : (n) پن روک اور بخار روک لیپ جو کسی چیز کو پگھلے ہوئے موم میں ڈبو کر چڑھاتےہیں ۔

Dipcoat : (v) ناقابل گزر یا تکمیلی مائے میں ڈبو کر لیپ چڑھانا ۔

Dipetalus : (a) [L."dipetalus".] دو گلبرگہ ؛ دو پنکھڑیہ ۔

Diphase : (a) دو ہینٹ ؛ دو فیزی رو ۔

Diphasic : (a) دو ہینٹی ۔

Diphead (also dipheading) : (n) رگ معدن ۔

Diphen -: جز ترکیبی جو کیمیاوی اصطلاحات میں استعمال ہوتاہے ۔

Diphenyl : (n) (کیمیا) ایک خوشبودار ہائیڈروکاربن : ($C_6H_5C_6H_5$) ۔

Diphtheria : (n) [F."diphtherie".] (مرضیات) خُناق ۔

Avian diphtheria : خناق طیور ۔

Malignent diphtheria : خناق خبیث ۔

Diphtherial /Diphtherian : (a) خناقی ۔

Diphthritis : (n) [F.] دیکھو Diphtheria

Diphtheritic : (a) خناقی ؛ خناق زدہ ۔

Diphtheroid : خناق نما ۔

Diphthong : (n) [F."diphthongue".] (۱) دوہرا حرف علت ؛ دو حرف علت کی ملی ہوئی آواز (جیسے Oi) ۔ (۲) دو حرف علت جو ایک کی آواز دیں (جیسےfeat میں "ea") ؛ مجموعہ جو ایک آواز دے (جیسے "Ch") ۔ (۳) مرکب حرف علت (جیسے "ea") ۔ (٤) (طباعت) دو باہم جڑے ہوئے حروف ۔

Diphthong : (v) دوہرے حروف علت کی آواز ہونا ۔

Diphthongal : (a) دوہرے حرف علت سے متعلق ۔

Diphthongic : (a) دیکھو Diphthongal

Diphthongization : (n) ایک حرف علت کو دوہرے حرف علت میں تبدیل کرنا ۔

Diphthongize : (v) دو حروف علت کو ایک آواز کرکے بولنا ؛ دو یا زیادہ حروف کو ملانا ۔

Diphy -: جزو ترکیبی بہ معنی "دو شکلا" "دوگنا" "دوہرا" ۔

Diphycercal : (a) دو لہری دمہ ۔

Diphycercy : (n) دو لہری دُمہ ہونا ۔

Diphycere : (n) دو لہری دُمہ مچھلی ۔

Diphygenic : (a) دو طور نموئی ۔

Diphyid : (n) نوع مرجانیہ کا ایک رکن ۔

Diphyletic : (a) دو نسلا ۔

Diphyllous : (a) دو برگہ ۔

Diphyodont : (a) دو قسم دنتہ ۔

Diphyodont : (n) دو قسم دنتہ جانور ۔

Diphysite : (n) [Gr."di+physis".] معتقد دو فطرت مسیح ۔

Diphysitism : (n) دو فطریت ۔

Diphyzooid/Diphyo : آزادانہ تیرتے ہوئے ہوین کی ایک جماعت ۔

Dipjoint : (n) (ارضیات) نزول میلان ؛ نزول کا جوڑ ۔

Diplacusis : (n) دو سماعتی ۔

Diplanetic : (a) دو حتی تخمی ۔

Diplarthrism : دو مفصلیت ۔

Diplathrous : (a) دو مفصلہ ۔

Diplasic : (a) [Gr."diplasios".] (عروض) دوہرا ؛ دوگنا ؛ دو یکی ؛ شرح والا ۔

Diple : (n) [Gr."diple".] حاشیہ میں اس قسم (‹) کا نشان ۔

Diplegia : (a) [Gr."dis+plege".] (مرضیات) دو طرفہ فالج ۔

Diplegic : (a) دو طرفہ فالج سے متعلق ۔

Dipleidoscope : (n) [Gr."diplo-os+idos+skopos".] عبور بیں ۔

Dipleura : (n) [L."dipleurus".] دو جانبی متشاکل ۔

Dipleural : (a) دو جانبی متشاکل سے متعلق ۔

Dipleuric : (a) دو جانبی متشاکل ۔

Dipleurobrabchiate : (a) [mod. L."Dipleurobranchia".] دو جانبی خیشوم دار ۔

Diplex : (a) [altered f."duplex".] دو تائی تار برقی ۔

Diplex : (v) دو تائی تار برقی ارسال کرنا ۔

Diplo : (جرثومیات) (جز ترکیبی ، یونانی لفظ Diplous دوہرا سے ماخوذ) دوہرا ۔

Diplobacillus : (n) (جرثومیات) مزدوج عصبہ ۔

Diplobacteria : (n) (جرثومیات) مزدوج جراثیم ۔

Diplobiont : (a) (نباتیات) دو قسم حیاتہ ۔

Diploblastic : (a) (حیاتیات) دو نہوضی ۔

Diplocardia : (a) (حیوانیات) دو قلبی ۔

Diplocardiac : (a) (حیوانیات) دو قلبی ۔

Diplocarpon : (n) سماروغ کی ایک نوع ۔

Diplocaubescant : (a) (نباتیات) ثانوی ساق دار ۔

Diplocphalous : (a) (طب) دوسرا ذو راسین ۔

Diplocephaly : (n) (طب) ذو راسیت ۔

Diplochlamydeous : (a) (نباتیات) ذو قبائی ۔

Diplochromosome : (n) دو لونیہ ۔

Diplococcus : (n) (جرثومیات) دو نبقہ ؛ جفت نبقہ ۔

Diplodal : (a) (حیوانیات) دو قنالہ ۔

Diplodocus : (n) (حیوانیات) مہیب نبات خور سوسمار کی ایک نوع جو اب ناپید ھے ۔

Diploe : (n) (نباتیات) ڈپلوئی ؛ سطویہ ۔

Diplogangliate : (a) (حیوانیات) جفت عقدہ دار ۔

Diplogenesis : (n) (حیاتیات) دو گونہ تولید ؛ جفت تولید ۔

Diplogenetic / Diplogenic : (a) (قانون) جفت تولیدی ؛ دو گونہ تولیدی۔

Diploglossata : (n) حشرالاذن سے مماثل ایک کیڑے کی نوع ۔

Diploglossata : (a) دو زبانی ۔

Diplograph : (n) جفت نگار ۔

Discriminating duty or rate : (n) محصول تفریقی؛ شرح تفریقی ؛ امتیازی محصول ؛ امتیازی شرح ۔

Discriminating intellect : (n) (نفسیات) قوت معیزہ ۔

Discriminating market : (n) (تجارت) امتیازی بازار ؛ تفریقی بازار ۔

Discriminating protection : (n) (معاشیات) امتیازی تامین ۔

Discriminatingly : (adv.) امتیازی طور پر ؛ تمیز فہمی سے ۔

Discrimination : (n) فرق ؛ امتیاز ؛ تفریق ؛ تمیز ؛ ادراک ؛ شعور ۔

Perceptual discrimination : امتیاز ادراکی ۔

Racial discrimination : نسلی امتیاز ؛ نسلی بھید بھاؤ ۔

Discriminative : (a) فرق کرنے والا ؛ امتیاز کنندہ ؛ امتیازی ؛ امتیازانہ ۔

Discriminative case : (n) امتیازی حالت ۔

Discriminative power : (n) قوت معیزہ ۔

Discriminatively : (adv.) امتیازی طور پر ؛ امتیازانہ ۔

Discriminoid : (n) (ریاضیات) معیز تفاعل ۔

Discriminoidal : (a) معیز تفاعل سے متعلق ۔

Discrown : (v) تاج اتار لینا ؛ معزول کرنا ۔

Disculpate : (v) [med. L. "desculpate".] الزام سے بری کرنا ۔

Disculpation : (n) براءت ۔

Discumber : (v) بوجھ ہلکا کرنا ۔

Discurerive cognition : (n) (فلسفہ) برہانی وقوف ۔

Discurerively : (adv.) پیچ دارطور پر ؛ چکر کھا کر ؛ منحرف طور پر ؛ مدلل طریقے سے ۔

Discureriveness : (n) پیچدار ہونا ؛ گھماؤ ہونا ؛ مدلل ہونا ۔

Discursive : (a)[L."discurs-","discurrere"+-IVE.] (۱) طوفانی ۔ (۲) مدلل ؛ مبرہن ؛ غیر بدیہی ۔

Discus : (n) [Gr."diskos".] قرص ؛ چکر ؛ ڈسکس ۔

Discuss : (v) [L."discuss".] (۱) بحث کرنا ۔(۲) نوش کرنا ؛ تناول کرنا ۔ (۳) (طب) تحلیل کرنا ۔ (٤) (قانون) ساری قانونی کارروائیاں ختم کر دینا (قرض دار کے خلاف) ۔

Discussable/Discussible : (a) قابل مباحثہ ؛ بحث پذیر ۔

Discusser : (n) بحث کرنے والا ۔

Discussion : (n) [L."discussionem".] (۱) بحث ؛ مباحثہ ؛ مذاکرہ ۔(۲) تناول ۔ (۳) (قرض دار کے خلاف) ساری قانونی کارروائیوں کا اختتام ۔

Discussion method : (n) طریقۂ مباحثہ ۔

Discussional : (a) بحث یا مباحثہ سے متعلق ۔

Discussive : (a) بحثی ؛ مذاکراتی ۔

Discutient : (a&n) [L."discutientem".] محلل ۔

Disdain : (n) [ME."dedeyne","desdeyn".] حقارت ؛ تحقیر ۔

Disdain : (n) [OF."desdeignier".] (۱) حقارت کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا ۔(۲) کسر شان سمجھنا ؛ توجہ کے لائق نہ سمجھنا ۔

Disdainer : (n) تحقیر کرنے والا ؛ حقارت سے دیکھنے والا ۔

Disdainful : (a) متکبر ؛ حقارت آمیز ۔

Disdainfully : (adv.) متکبرانہ ؛ حقارت سے ۔

Disdainfulness : (n) تکبر ؛ حقارت آمیزی ۔

Disdiaclasis : (n) [mod. L.] (بصریات) دوہرا انعطاف ۔

Disdiaclast : (n) دو تکسیری ۔

Disease : (n) [ME."di-","desese".] (۱) بیماری ۔(۲) عارضہ ۔ (۳) دماغی یا اخلاقی بیماری ۔

Acute disease : مرض حاد ۔

Addison's disease : عشائی کیسے کی ایک بیماری ۔

Chronic disease : مرض مزمن ۔

Disease : (v) مرض میں مبتلا کرنا ۔

Diseased : (a) (۱) بیمار ؛ مریض ؛ علیل ۔ (۲) بگڑا ہوا مختل ۔

Diseasedly : (adv.) مریضانہ ۔

Diseasedness : (n) مریض ہونا ۔

Diseaseful : (a) بیمار ڈالنے والا ؛ بیمار پڑنے والا ۔

Disedge : (v) کند کرنا ۔

Disedification : (n) مذہبی جذبات کو ٹھیس لگانا ۔

Disedify : (v) مذہبی جذبات کو ٹھیس لگانا ۔

Diselectrify (v) ازالۂ برقیت کرنا ۔

Diselenide : (n) سلنیم کا کسی اصلیہ کے ساتھ دوہرہ مرکب ۔

Disembarass : (v) پریشانی یا الجھن دور کرنا ؛ چھٹکارا دینا ؛ نجات دینا ۔

Disembarassment : (n) پریشانی یا الجھن سے چھٹکارا ؛ نجات ۔

Disembark : (v) [F."desembarquer".] دیکھو Debark

Disembarkation : (n) دیکھو Debarkation

Disembellish : (v) غیر آراستہ کرنا ؛ آرائش سے محروم کرنا ۔

Disembodied : (a) بلا جسم ۔

Disembodiment : (n) ان جسماؤ ؛ تجرید ؛ جسمانیت یا مادیت دور کرنا یا ہونا ۔

Disembody : (v) جسمانیت یا مادیت دور کرنا؛ تجرید کرنا ۔

Disembogue : (v) [Sp."desembocar".] (۱) (دریا یا سمندر وغیرہ میں) گرنا ۔(۲) (تقریر کا) دریا بہانا یا بہنا ؛ (بھیڑ یا مجمع کا) امنڈنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔

Disemboguement : (n) (دریا وغیرہ) کرنا یا گرنے کی جگہ ۔

Disembosom : (v) (۱) ظاہر کرنا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا ۔ (۲) (کسی سے) اپنا راز کہنا ؛ راز دار بنانا ۔

Disembowel : (v) انتیں نکال ڈالنا ؛ (پیٹ کو) اس طرح چاک کرنا کہ انتیں نکل پڑیں ۔

Disembowelment : (n) آنتوں کا اخراج ۔

Disembower : (v) برگ پوشہ سے نکالنا ۔

Disembroil : (v) سلجھانا ؛ ابتری یا الجھاؤ دور کرنا ۔

Disemburden / -burthen : (v) دیکھو Disburden

Disemic : (a) [L."disemus".] (یونانی اور لاطینی عروض) دو زمانی ؛ دو بحری ۔

Disemploy : (v) بر طرف کرنا ؛ بیکار کر دینا ۔

Disemployed : (a) بر طرف ؛ بیکار ۔

Disemprison : (a) رہا کرنا ؛ آزاد کرنا ۔

Disen-/Disem- : سابقہ بمعنی " بے ؛ بغیر" ۔

Disenable : (v) نا کارہ بنانا ۔

Disenamour : (v) عشق سے رہا کرنا ؛ عشق سے آزاد کرنا ۔

Disenchant : (v) طلسم ربائی کرنا ؛ جادو کے اثر سے نجات دینا ۔(۲) خیال خام دور کرنا ؛ وہم باطل دور کرنا ۔

Disenchanter : (n) طلسم ربا ۔

Disenchantment : (n) طلسم ربائی ؛ جادو یا وہم باطل سے چھٹکارا یا نجات ۔

Disenchantress : (n) جادو کے اثر سے نجات دینے والا ۔

Disencrease : (v) گھٹانا ؛ مختصر کرنا ؛ اختصار کرنا ۔

Disencumber : (v) سبکدوش کرنا ؛ آزاد کرنا ؛ سر کا بوجھ اتارنا ۔

Disendow : (v) (گرجا وغیرہ سے) اوقاف چھین لینا ۔

Disendowment : (n) ازالہٴ وقف ؛ اوقاف کی ضبطی ۔

Disenfranchise : (v) (۱) حقوق شہریت سے محروم کرنا ۔ (۲) پارلیامنٹ میں نمائندگی (یا ووٹ) کے حق سے محروم کرنا ۔(۳) کارپوریشن کی رکنیت سے خارج کرنا ۔

Disengage : (v) (۱) الگ کرنا ؛ جدا کرنا ؛ چھڑانا ؛ آزاد کرنا ؛ مخلصی دینا ؛ ڈھیلا کرنا ۔ (۲) (شمشیر زنی) تلوار کی نوک کو حریف کی تلوار کے ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف لانا ۔(۳) علاحدہ ہونا ؛ جدا ہونا ۔(٤) جنگ سے الگ ہونا ۔

Disengage : (n) (شمشیر زنی) تلوار کی نوک حریف کی تلوار کے ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف لانا ۔

Disengaged : (a) (۱) الگ کیا ہوا ؛ جدا ؛ آزاد ؛ رہا ۔ (۲) جسے ملاقات کی فرصت ہو ؛ فارغ ؛ غیر مشغول ۔ (۳) خالی ؛ (نشست وغیرہ) جو رکی ہوئی نہ ہو ۔

Disengagedness : (n) علاحدگی ؛ فراغ ؛ آزادی ۔

Disengagement : (n) (۱) علاحدگی ؛ رہائی ؛ آزادی ؛ مخلصی ۔ (۲) تخلیص (کیمیائی اجزا کی) ۔(۳) ترک تعلق ؛ تجرد ؛ علائق سے آزادی ۔(٤) نسبت چھوٹ جانا ۔(٥) (شمشیر زنی) تلوار کی نوک کو حریف کی طرف بڑھانے کا کرتب ؛ تلوار کی نوک کو حریف کی تلوار کے ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف لانا ۔

Disennoble : (v) بے عزت بنانا ۔

Disenslave : (v) (غلامی سے) آزاد کرنا ۔

Disentail : (v) (قانون) اس قید کو توڑ دینا کہ جائداد کسی کو بذریعہ وصیت منتقل نہ ہوسکے ۔

Disentail /Disentailment : (n) میراث وقف کی شکستگی ۔

Disentangle : (v) (۱) چھڑانا ؛ خلاصی دینا ؛ نجات دینا ۔ (۲) سلجھانا ؛ حل کرنا ؛ کھولنا ؛ (الجھاؤ یا مشکل) سے نکل آنا ۔

Disentanglement : (n) آزادی ؛ خلاصی ؛ سلجھاؤ ؛ حل ۔

Disenthral/-ll : (v) غلامی سے آزاد کرنا ۔

Disenthralment : (n) غلامی سے رہائی یا آزادی ۔

Disenthrone : (v) تخت سے اتار دینا ۔

Disenthronement : (n) تخت سے محرومی ۔

Disentitle : (v) حق سے محروم کرنا ۔

Disentomb : (v) (۱) قبر سے نکالنا ۔(۲) کھود کر نکالنا ؛ کھوج لگا لینا ؛ تفتیش یا تحقیقات سے دریافت کر لینا ۔

Disentombment : (n) قبر سے نکالنا؛ کھود کر نکالنا ۔

Disentramel : (v) قیود سے آزاد کرنا ۔

Disentrance : (v) (۱) ہوش میں لانا ۔(۲) خیال خام دور کرنا ۔

Disentwine : (v) سلجھانا (نیز مجازاً)۔

Disenvelop /-e : (v) لفافے یا غلاف سے نکالنا ؛ کھولنا ۔

Disepalous : (a)[Gr. di-+L."Sepalum".] دو سکہ: دو پھول پتیا۔

Disequilibrium : (n) عدم توازن ۔

Disequilibration : (n) عدم توازن ۔

Disequilibrize/ Disequilibrate : (v) توازن بگاڑنا ۔

Disestablish : (v) (۱) کسی کا انتظام مسترد کر دینا ۔ (۲) (کلیسا کو) سرکاری تعلقات سے محروم کر دینا ؛ سرکاری حیثیت سے علاحدہ کر دینا ۔

Disestablishment : (n) کلیسا کی سرکاری امداد سے محرومی؛ کسی کے انتظام یا کاروبار کا استرداد ؛ دفتری حیثیت سے علاحدگی ؛ (سیاسیات) موقوفی۔

Disesteem : (n) کم قدری ؛ بے اہمیتی ۔

Disesteem : (v) کم قدری یا نا قدری کرنا ؛ نیچی نظر سے دیکھنا ؛ خاطر میں نہ لانا ۔

Disesteemer : (n) کم قدری کرنے والا؛ خاطر میں نہ لانے والا ۔

Diseur : (n) [Fr.] وہ شخص جو ناٹک وغیرہ میں تماشائیوں کو ہنسانے کے لیے ظریفانہ تقریر کرتا ھے ۔

Diseuse : (n) [Fr.] وہ عورت جو ناٹک وغیرہ میں تماشائیوں کو ہنسانے کے لیے ظریفانہ تقریر کرتی ھے ۔

Disfashion : (v) فیشن بگاڑنا ؛ خراب کرنا ۔

Disfavour /-or : (n) (۱) ناراضی ؛ نا خوشی ؛ نا رضامندی ؛ نا پسندی ۔ (۲) مورد نا خوشی یا ناراضی ۔

To be in disfavour : مورد نا خوشی ھونا ۔

To bring into disfavour : مورد ناخوشی بنانا ۔

To come in to disfavour/-fall : مورد ناخوشی ھونا ۔

Disfavour/-or : (v) نا پسند کرنا ؛ نا خوش ھونا ۔ ناراض ھونا ۔

Disfeature : (v) شکل بگاڑ دینا ؛ صورت خراب کر دینا ۔

Disfellowship : (n) رکنیت یا وظیفے سے محرومی ؛ عشائے ربانی کی شرکت سے محروم کرنا ۔

Disfiguration : (n) بدنما کرنا یا ھو جانا ؛ بدنمائی ؛ زیشتی ؛ بدشکلی۔

Disfigure : (v) [OF."desfigurer".] بدنما کرنا ؛ شکل بگاڑنا ؛ ہیئت بگاڑنا ؛ آلودہ کرنا ؛ داغ لگانا ۔

Disfigurer : (n) بدنما کرنے والا ؛ شکل بگاڑنے والا ۔

Disfigurement : (n) دیکھو Disfiguration

Disflesh : (v) جسم سے محروم کرنا ؛ بے جسم بنانا ۔

Disfoliaged : (a) بے برگ ۔

Disforest : (v) [OF."desforester".] (۱) دیکھو Disaffores ۔ (۲) (زمین کو) جنگل کاٹ کر صاف کرنا ۔

Disforestation : (n) جنگل کی کٹائی ۔

Disfranchise : (v) دیکھو Disenfranchise

Disfranchisement : (n) حق رائے دہی سے محرومی ؛ حقوق شہریت سے محرومی ؛ نمائندگی یا ووٹ کے حق سے محرومی ۔

Disfrock : (v) پادریانہ لباس یا منصب سے محروم کر دینا ۔

Disfurnish : (v)[OF."desfourniss-".] ساز و سامان سے محروم کر دینا ۔

Disfurnishment : (n) ساز و سامان سے محرومی ۔

Disgarland : (v) ہار اتار لینا ۔

Disgarnish : (v) [OF."desgarniss-".] دیکھو Disfurnish

Disgavel : (v) موروثی اجارہ داری سے ہٹا لینا ۔

Disgeneric : (a) مختلف الاجناس ۔

Disgorge : (v) [OF."desgorger".] (۱) اگلنا ۔ (۲) (دریا کا) سمندر وغیرہ میں گرنا ۔ (۳) ثانوی تخمینہ کے بعد شیمپین شراب کی تلچھٹ دور کرنا ۔ (٤) غصب کی ھوئی چیزوں سے دست بردار ھونا ۔

Disgown : (v) سند یا عہدہ چھین لینا ۔

Disgrace : (n) [F."disgrace".] (۱) تقرب سے محرومی ؛ مورد عتاب ھونا ؛ جاہ و مرتبہ کا چھن جانا ۔ (۲) بدنامی ؛ شرم ؛ ذلت؛ خواری ؛ رسوائی ۔ (۳) موجب ذلت ؛ بدنامی کی بات ؛ شرمناک چیز ؛ قابل ملامت فعل ۔

Disgrace : (v)[F."disgracier".] (۱) عنایت اور مرحمت کا برتاؤ موقوف کرنا ؛ جاہ و منصب چھین لینا ۔ (۲) ذلیل کرنا ؛ موجب رسوائی یا موجب بدنامی ھونا ؛ باعث شرم ھونا ۔

Disgraceful : (a) شرمناك ؛ ذلیل ؛ نا معقول ؛ موجب رسوائی ۔

Disgracefully : (adv.) ذلت آمیز طور پر ؛ شرمناك طور سے ۔

Disgracefulness : (n) شرمناکی ؛ ذلت آمیزی ۔

Disgracer : (n) ذلیل کرنے والا ؛ رسوا کرنے والا ۔

Disgracia /-grazia : (n) [Sp."desgracia",It."desgrazia".] ناگوار حادثہ۔

Disgracious : (a) [F."disgracieux".] کم رو ۔

Disgrade : (v) [OF."desgroder".] دیکھو Degrade

Disgregate : (v) [L."desgregat-","disgregare".] منتشر ہونا ۔

Disgregation : (n) انتشار؛ تکسر خصوصاً گرمی وغیرہ کی وجہ سے کسی مادے کے سالموں کا علاحدہ ہو جانا ۔

Disgruntle : (v) آزردہ کرنا ؛ اداس بنانا ؛ برہم کرنا ۔

Disgruntled : (a) آزردہ ؛ برہم ۔

Disguise : (v) [ME."desgisen".] (۱) بھیس بدلنا ؛ بہروپ بدلنا ۔ (۲) اصلیت کو چھپانا ؛ غلط رنگ میں دکھانا ؛ کچھ کا کچھ ظاہر کرنا ۔ (۳) چھپانا ؛ مخفی رکھنا ۔ (٤) مخمور کرنا ۔

Disguise : (n) (۱) بھیس بدلنا ۔ (۲) بھیس ؛ بہروپ ۔ (۳) بناوٹ ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (٤) بد مستی ۔

Disguised : (a) (۱) مخفی ؛ بھیس بدلا ہوا ۔ (۲) مخمور ۔

Disguised unemployment : (n) (معاشیات) مخفی بےروزگاری ۔

Disguisedly : (adv.) مخفی طور پر ؛ بھیس بدل کر ؛ بد مستی میں ۔

Disguiseness : (n) بہروپ ؛ بد مستی ۔

Disguiseless : (a) ظاہر ؛ کھلا ہوا ۔

Disguisement : (n) بہروپ بدلنا ؛ اخفا ؛ چھپانا ۔

Disguiser : (n) بھیس بدلنے والا ۔

Disgulf /-gulph : (v) خلیج سے گرنا (پانی کا) ۔

Disgust : (n) [F."desgaust".] نفرت ؛ کراہت ؛ تنفر ۔

Disgust : (v) متنفر کرنا ؛ نفرت یا کراہت پیدا کرنا ؛ غصہ دلانا ۔

Disgusted : (a) متنفر ۔

Disgustedly : (adv.) متنفر ہوکر ؛ غصہ میں آ کر ۔

Disgustful : (a) (۱) نفرت انگیز ؛ مکروہ ؛ کریہہ ۔ (۲) نفرت آمیز ؛ نفرت بھرا ۔

Disgustfully : (adv.) نفرت انگیزی سے ؛ کریہہ طور پر ؛ نفرت آمیزی سے ۔

Disgustfulness : (n) نفرت انگیزی ؛ کراہت ؛ نفرت آمیزی ۔

Disgustingly : (adv.) نفرت انگیز طریقے سے ۔

Disgustingness : (n) نفرت انگیزی ؛ کراہت ۔

Dish : (n) [OE."disc".] (۱) قاب ؛ ڈونگا ؛ ڈش ۔ (۲) کسی خاص قسم کا کھانا ۔ (۳) پیالہ ؛ کٹورا ؛ جام ۔ (٤) کونی (ڈونگے کی شکل کا) ظرف ۔ (٥) پیالہ بھر ؛ قاب بھر ۔ (٦) ڈونگے کی شکل کا نشیب یا قعر ۔ (۷) (ٹین کی کان) ایک گیلن خام ٹین ۔ (۸) (سیسے کی کان) خام سیسے کا ایک پیمانہ ۔ (۹) (عامیانہ) حسینہ ۔ (۱۰) (عامیانہ) مرغوب شے ؛ بس کی بات ۔ (۱۱) (عامیانہ) خرد امواج گیر ۔

Dish : (v) (۱) (کھانا) قاب میں نکالنا ۔ (۲) قاب نما یا مجوف بنانا یا ہونا ؛ مقعر ہونا ۔ (۳) گھوڑے کا اگلا پاؤں گھماتے ہوئے چلنا ۔ (٤) زك دینا؛ داؤ یاچال میں سبقت لےجانا (خصوصاً سیاست میں) ؛ حریف ہی کی پالیسی اختیار کرکےاس کو زك دینا ۔ (٥) (عامیانہ) گپ شپ کرنا ۔

To dish up : کھانا میز پر چننا ؛ واقعات یا دلائل دلکش انداز میں بیان کرنا ۔

Dish : (v) دھکیلنا ۔

Dish cloth /clout /rag' towel : (n) رکابیاں وغیرہ صاف کرنے کا کپڑا یا صافی ۔

Dish cover : (n) سر پوش ۔

Dish wash/-water : (n) قاب وغیرہ کا دھوون ۔

Dish washer : (n) (۱) برتن صاف کرنے والا خادم یا خادمہ ۔ (۲) ایک دریائی پرند ۔

Dishabiliate : (v) نا قابل ٹھہرانا ۔

Dishabilitation : (n) نا قابل ٹھہرانا ۔

Dishabille : (n) [F."deshabille".] دیکھو Deshabille

Dishabituate : (v) عادت چھڑانا ۔

Dishallucination : (n) ازالہء وہم ؛ ازالہء التباس ۔

Disharmonic : (a) ناساز ؛ بے آہنگ ؛ بے سُرا ۔

Disharmonious : (a) (۱) غیر متجانس ؛ غیر موافق ۔ (۲) ناساز ؛ بے سُرا ۔

Disharmonize : (v) (۱) ہم آہنگی میں خلل ڈالنا ؛ بے سُرا کر دینا ؛ ناساز کرنا ۔ (۲) ناساز ہونا ؛ بے آہنگ ہونا ۔

Disharmony : (n) ناسازی ؛ بے سُرا پن ؛ بے آہنگی ؛ عدم توافق ۔

Dishaunt : (n) غیر حاضر ہونا ۔

Dishearten : (v) ہمت توڑنا ؛ ہمت شکنی کرنا ؛ نا امید کرنا ؛ مایوس کرنا ؛ نراش کرنا ؛ ہمت پست کرنا ؛ حوصلہ پست کرنا ۔

Disheartenment : (n) ہمت شکنی ؛ مایوسی ؛ پست ہمتی ۔

Dished : (a) کٹورا نما ؛ مقعر ۔

Dishelm : (v) ٹوپی اتارنا یا اتار لینا ۔

Dishelm : (v) پتوار ہٹادینا ۔

Disherison : (n) [ME."desertison".] عاق کرنا ؛ محروم الارث کرنا ۔

Dishevel : (v) بال پریشان کرنا ۔

Dishevelled /Disheveled : (a) (۱) پریشان مو ؛ جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں ؛ ژولیدہ مو ۔ (۲) (بالوں کی صفت میں) پریشان ؛ بکھرے ہوئے ؛ کھلے ہوئے ۔ (۳) (انسان کی صفت میں) پریشان لباس ؛ آشفتہ حال ۔

Dishevelment : (n) ژولیدہ موئی ؛ پریشانی ؛ آشفتہ حالی ۔

Dishful : (n) پیالہ بھر ؛ قاب بھر ۔

Dishing : (n) کھانا قاب میں نکالنا ؛ پہیئوں کے آرے کا ترچھا ہونا ۔

Dishome : (v) بے گھر کرنا ۔

Dishonest : (a) [OF."deshoneste".] (۱) فریبی ؛ مکار ۔ (۲) بے ایمان ؛ بد دیانت ؛ غیر متدین ؛ خائن ۔ (۳) منافقانہ ؛ ریاکارانہ ؛ جھوٹا(قول) ۔

Dishonestly : (adv.) فریب سے؛ بے ایمانی سے ؛ منافقانہ ؛ بد دیانتی سے ۔

Dishonesty : (n) [OF."desho(n)neste".] بے ایمانی ؛ خیانت ؛ بددیانتی ؛ مکاری ؛ دغابازی ؛ مکر ؛ فریب ۔

Dishonour /-honor : (n) [OF."deshonor".] (۱) بے عزتی ؛ بے حرمتی ؛ بے وقری ؛ بدنامی ؛ رسوائی ؛ ذلت ؛ شرم ؛ بے اعتباری ۔ (۲) ذلت کی بات ؛ موجب رسوائی ؛ ننگ ۔ (۳) عصمت دری ۔ (٤) ہنڈی وغیرہ سکھارنے سے انکار ۔

Dishonour /-honor : (v) (۱) تذلیل ؛ بے عزتی کرنا ؛ رسوا کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔ (۲) بے آبرو کرنا ؛ بےعصمت کرنا ؛ عصمت دری کرنا ۔ (۳) بدنام کرنا ؛ بٹا لگانا ؛ داغ لگانا ۔ (٤) (ہنڈی وغیرہ کو) نہ سکھارنا ؛ چلک قبول کرنے یارقم ادا کرنے سے انکار کرنا ۔

Dishonourable : (a) (۱) ذلت آمیز ؛ شرمناک ۔ (۲) بے ایمان ؛ کمینہ ؛ فرومایہ ؛ منافیء عزت ؛ باعث ننگ ؛ اصول اخلاق کے خلاف ؛ بےایمانی ۔

Dishonourableness : (n) ذلت آمیزی ؛ باعث ننگ ہونا ؛ فرومائیگی ۔

Dishonourably : (adv.) بےایمانی سے ؛ ذلت کے ساتھ ؛ شرمناک طور پر ۔

Dishonoured/-ored : (a) (۱) بے عزت ؛ رسوا ؛ عصمت دریدہ ۔ (۲) بے سکارا ہوا (چلک ، ہنڈی وغیرہ) ۔

Dishonourer /-orer : (n) بے عزت کرنے والا ؛ رسوا کرنے والا؛ عصمت دری کرنے والا ۔

Dishorn : (v) سینگوں سے محروم کرنا؛ سینگ کاٹ لینا۔

Dishorse: (v) گھوڑے سے اتار لینا ۔

Dishouse : (v) (۱) بے گھر کرنا ؛ بے خانماں کرنا ؛ گھر چھین لینا ۔(۲) مکانو ں کو توڑ کر زمین صاف کرنا ۔

Disillusion : (n) ازالہء سحر ؛ ازالہء وہم ۔

Disllusion : (v) جادو کے اثر سے نجات دینا ؛ وہم دور کرنا ۔

Disillusionize : (v) دیکھو Disillusion

Disillusionment : (n) دیکھو Disillusion

Disillusive : (a) وہم دور کرنے والا ۔

Disimagine : (v) معدوم تصور کرنا ۔

Disimmure : (v) رہا کرنا ؛ آزاد کرنا ۔

Disimpassioned/ Disempassioned : (a) جوش مبرا ؛ سرد ۔

Disimprison/ Disemprison : (v) آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ۔

Disimprove : (v) خرا ب کرنا یا ھونا ۔

Disimprovement : (n) خرابی ۔

Disincarcerate : (v) دیکھو Disimprison

Disincarceration : (n) دیکھو Disimprison

Disinclination : (n) عدم میلان ؛ بے رغبتی ۔

Disincline : (v) دل پھیر دینا ؛ رغبت یا میلان دور کردینا ۔

Disinclose : (v) دیکھو Disenelose

Disincorporate : (v) (منظم جماعت کو) توڑنا ۔

Disincorporation : (n) منظم جماعت کو توڑنا ۔

Disnicrease : (n) دیکھو Disencrease

Disincrustant : (n) پپڑی دور کرنے والا ۔

Disindividualize : (v) انفرادیت کا ازالہ کرنا ۔

Disinfect : (v) متعدی جراثیم دور کرنا ؛ وبائی اثر سے پاک کرنا ؛ چھوت دور کرنا ۔

Disinfectant : (n) جراثیم کش ، مزیل جراثیم متعدی دوا ۔

Disinfecter /-or : (n) جراثیم کش دافع چھوت ۔

Disinfection : (n) ازالہء جراثیم (متعدی) ؛ دفع چھوت ؛ دفع تعدیہ ؛ جراثیم کشی ۔

Disingenuity : (n) ظاہر داری ؛ زمانہ سازی ؛ دو رنگاپن ؛ بدنیتی ؛ گھناپن ۔

Disingenuous : (a) زمانہ ساز ؛ ابن الوقت ؛ ظاہر دار ؛ بدنیت ؛ گُھنا ؛ دو رویہ ؛ دو رخا ؛ دو رنگا ۔

Disingenuously : (adv.) زمانہ سازی سے ؛ دو رخے پن سے ؛ بدنیتی سے ۔

Disingenuousness : (n) دیکھو Disingenuity

Disingume/ Disenheme : (v) قبر سے نکالنا ۔

Disinherison /disen- : دیکھو Disherison

Disinherit/ Disenherit : (v) محروم الارث کرنا ؛ محجوب الارث کرنا ؛ عاق کرنا ؛ ترکہ یا وراثت سےمحروم کرنا ۔

Disinheritable : (a) محجوب الارث ھونے کے قابل ۔

Disinheritance : (n) ارث سے محرومی ۔

Disinhibition : (n) ازالہء اظہار بستگی ؛ ازالہء رکاوٹ ۔

Disintegrable : (a) انتشار پذیر ؛ تکسر پذیر ۔

Disintegrant : (a) انتشار پذیر ؛ منتشر کرنے والا ۔

Disintegrant : (n) منتشر کرنے والا عامل ۔

Disintegrate : (v) ایک دوسرے سے جدا کرنا ؛ تجزیہ کرنا یا ھونا ؛ (اجزا) الگ الگ کرنا ؛ منتشر کرنا یا ھونا ۔

Disintegrated : (a) تکسر ۔

Disintegrating : (a) تکسری ۔

Disintegratingagent : (n) انتشار کار ۔

Disintegration : (n) تجزیہ ؛ انتشار ؛ تکسر ؛ انشقاق ؛ تفرق ؛ ان تکمل ؛ عدم یکجہتی ؛ پھوٹ ۔

Disintegration constant : (n) پھوٹ مستقل ؛ انتشار مستقلہ ۔

Disintegration of rocks : (جغرافیہ) چٹانوں کا انشقاق ۔

Disintegraion of wealth : (معاشیات) انتشار دولت ۔

Disintegration series : سلسلۂ انتشار ۔

Disintegration theory : (n) نظریۂ انشقاق ۔

Disintegration tract : (n) راہ انتشار ۔

Disintegrative : (a) تکسری ۔

Disintegrator : (n) تجزیہ کنندہ ؛ منتشر کرنیوالا ؛ مکسار ۔

Disintegrity : (n) انتشار ؛ سالمیت کی کمی ۔

Disinter : (v) [F."desenterrer".] (۱) گڑی ہوئی چیز (کے لئے) کھودنا ؛ کھود کر نکالنا ۔(۲) تفتیش سے معلوم کرنا ۔

Disinterested : (a) بے لوث ؛ بے غرض ؛ غیر جانب دار ؛ بے تعصب ؛ غیر متعصب ۔

Disinterested action : (n) بے غرض عمل ۔

Disinterestedly : (adv.) بے غرضانہ ؛ غیر جانبدارانہ ۔

Disinterestedness : (n) بے غرضی ؛ بے لوثی ؛ غیر جانب داری ؛ بے تعصبی ۔

Disinteresting : (a) غیر دلچسپ ۔

Disinterment : (n) کھود کر نکالنا ؛ نعش براری ؛ حفر ۔

Disintricate : (v) سلجھانا ۔

Disinvest : (v) (۱) بے لباس کرنا ۔(۲) (مجازاً) سرمایہ چھین لینا ۔

Disinvestiture /Disinvesture : (n) سرمایہ سے محرومی ۔

Disinvolve : (v) سلجھانا ؛ الجھن دور کرنا ۔

Disjasked /-et /-it : (a) [Corruption of "dejected"] خستہ ؛ منہدم ۔

Disject : (v) [L."disject-"] توڑنا ؛ منتشر کرنا ؛ چھترانا ۔

Disjecta membra : (n) منتشر باقیات ؛ منتشر اجزا ؛ بچے کھچے اجزا ۔

Disjection : (n) انتشار ۔

Disjoin : (v) [OF."desjoin".] (۱) جدا کرنا؛ توڑنا؛ الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا۔(۲) جدا ہونا ؛ الگ ہونا ۔

Disjoint : (v) (کسی چیز کو اصل جگہ سے) سرکانا یا ہٹانا ؛ سلسلہ توڑنا ؛ بے ربط کرنا ؛ جوڑ الگ کرنا ؛ ٹوٹنا ؛ الگ ہونا ۔

Disjointed : (a) جوڑ جوڑ الگ کیا ہوا ؛ ٹوٹا ہوا ۔

Disjointedly : (adv.) بے ترتیب طور پر ؛ غیر مسلسل طریقے سے ؛ بے ربطی سے ۔

Disjointedness : (n) بے ترتیبی ؛ عدم تسلسل ؛ بے ربطی ۔

Didjoitly : (adv.) الگ الگ ؛ غیر مسلسل طور پر ؛ منفصل طور پر ۔

Disjointure : (n) علاحدگی ؛ عدم تسلسل ۔

Disjunct : (a)[L."disjunctus".] (۱) منفصل ؛ علاحدہ ؛ تفریقی ؛ انفصالی ۔(۲) (موسیقی) بے ربط ۔ (۳) (منطق) مجرد ۔

Disjunct tetrachord : (n) بے سرتی کے وقفے سے جدا کیا ہوا چار سروں کا سرگم ۔

Disjunction : (n) انفصال ؛ جدائی ؛ تفریق ؛ علاحدہ کرنا یا ہونا ۔

Disjunctive : (a) (۱) منفصل ؛ جدا کرنے والا ؛ علاحدہ کرنے والا ؛ تفریقی ؛ انفصالی ؛ غیر ملتفی ۔ (۲) (منطق) تردیدی ؛ (نحو) تردیدی ۔

Disjunctive : (n) (منطق) تردیدی قضیہ ؛ (نحو) تردید ۔

Disjunctive conjunction : (n) عطف تفریقی ۔

Disjunctive opposition : (n) انفصالی تضاد ۔

Disjunctive pronoun : (n) انفصالی ضمیر ۔

Disjunctive propsition : (n) تردیدی قضیہ ۔

Disjunctive syllogism : (n) قیاس منفصلہ ؛ تردیدی قیاس ۔

Disjunctive symbiosis : (n) تفریقی ہم باشی ؛ منفصل ہم باشی ۔

Disjunctively : (adv.) جدا کرتے ہوئے ؛ تردیداً ۔

Disjunctor : (n) (برقیات) برقی رو کو جدا کرنے کا آلہ ؛ منفصل ۔(۲) (حیوانیات) منفصل ۔

Disjuncture : (n) [med.L."disjunctura".] انفصال ؛ علاحدگی ؛ جدائی ۔

Disk /Disc : (n) [L."discus".] (۱) قرص ؛ گردہ ؛ ٹکیا (مثلاً قرص خورشید ، قرص مہتاب وغیرہ) ؛ طبق ۔(۲) کوئی پتلی گول چیز (مثلاً سکہ وغیرہ) ۔ (۳) جسم یا پودے کا گول چپٹا عضو یا حصہ ؛ قرص ۔ (٤) گراموفون کا ریکارڈ۔

Disk armature : (n) قرصی ناظر ۔

Disk barrow : (n) قرصی تودہ ۔

Disk dynamo : (n) قرصی مبراق ؛ قرصی ڈائنمو ۔

Disk engine/ Stean ingine : (n) قرصی انجن ؛ قرصی بھاپ انجن ۔

Disk owl : (n) ایک قسم کا اُلوّ ۔

Disk signal : (n) قرصی سگنل ۔

Disk valve : (n) قرصی صمام ۔

Disk wheel : (n) قرصی پہیہ ۔

Diskless : (a) بے قرص ۔

Disklike : (a) قرص نما ۔

Disleaf / -leave : (v) بے برگ کرنا یا بنانا ۔

Dislikable : (a) قابل تنفر ؛ ناپسندیدہ ۔

Dislike : (v) دیکھو Derry

Didlike : (n) نفرت ؛ نا پسندیدگی ؛ تنفر ۔

Disliker : (n) ناپسند کرنے والا ؛ نفرت کرنے والا ۔

Dislimb : (v) عضو قطع کرنا ۔

Dislimn : (v) (۱) مٹانا ؛ محو کرنا ۔(۲) مٹ جانا ۔

Dislink : (v) جدا کرنا ؛ علاحدہ کرنا ؛ منفصل کرنا ۔

Disload : (v) بوجھ اتارنا ۔

Dislocate : (v) [med.L."dislocare".] (۱) جوڑ الگ کردینا ؛ ہڈی اتار دینا ؛ نظم وترتیب میں خلل ڈالنا ۔(۲) (ارضیات) (چٹانوں کی تہوں کا) سلسلہ توڑ دینا ۔ (۳) سرکانا ؛ ہٹانا ۔

Dislocated : (a) اُکھڑا ہوا (جوڑ) ؛ سرکا ہوا ۔

Dislocation : (n) (۱) جوڑ اُکھڑنا ؛ ہڈی اتارنا یا ترنا ؛ نظم و ترتیب میں خلل ؛ بے محل خلل ۔ (۲) (ارضیات) سرکاؤ ۔(مجازاً) بےترتیبی ؛ اختلال ۔

Dislocation of rocks : (n) چٹانوں کا بگاڑ ۔

Dislodge : (v) نکال دینا ؛ ہٹا دینا ؛ (قلعہ بند دشمن کو) مورچے سے ہٹادینا ؛ (جائے رہائش) چھوڑ دینا ؛ ہٹ جانا ۔

Dislodgement /Dislodgment : (n) نکال دینا یا نکالا جانا ؛ سرکاؤ ۔

Disloyal : (a) (۱) بے وفا ۔(۲) نمک حرام ؛ غدار ؛ باغی ۔

Didloyalist : (n) باغی ؛ غدار ۔

Disloyally : (adv.) بے وفائی سے ؛ نمک حرامی سے ۔

Disloyalty : (n) بے وفائی ؛ غداری ؛ نمک حرامی ؛ بغاوت ۔

Dislustre : (v) دھندلا کرنا یا ھونا ؛ ماند کرنا یا ھونا ۔

Dismail : (v)[OF."desmailler".] زرہ چھین لینا؛ زرہ توڑ دینا۔

Dismal : (a) [ME.] (۱) اداس کرنے والا ؛ افسردہ کرنے والا ؛ بدقسمت ؛ خراب و خستہ ۔ (۲) تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ سنسان ؛ اداس ؛ افسردہ ۔

Dismal : (n) امریکا کے مشرقی ساحل کے نزدیک دلدلی زمین کا مقامی نام ۔

Dismal jimmy : (n) قنوطی ۔

Dismal science : (n) معاشیات ۔

Dismality : (n) (۱) افسردہ گی ؛ بد قسمتی ؛ خرابی ؛ تاریکی ؛ تیرگی ؛ غمگینی ۔ (۲) افسردہ کن واقعہ ۔

Dismalize : (v) افسردہ کرنا ؛ تیرہ وتارکرنا ؛ غمگین بنانا ۔

Dismally : (adv.) افسردہ کن طور پر ؛ مغموم طور پر ۔

Dismalness : (n) دیکھو Dismality

Dismals : (n) افسردہ دلی ۔

Disman : (v) غیر آباد کرنا ۔

Dismantle : (v) [F."desmanteller ".] (۱) ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ لباس سے محروم کرنا ؛ حفاظت کے سامان سے محروم کرنا ۔(۲) (قلعے کی) مورچہ بندی وغیرہ توڑ دینا ؛ (جہاز کا) بادبان مستول وغیرہ توڑ کر بیکار کردینا ۔(۳) توڑ دینا ؛ منہدم کردینا ؛ بیکار کردینا ۔

Dismantlement : (n) لباس یا سامان حفاظت سے محروم کرنا یا ہونا ؛ انہدام ؛ توڑپھوڑ ۔

Dismast : (v) مستول توڑ دینا ؛ مستول ہٹادینا ؛ مستول گرادینا ۔

Dismastment : (n) مستول توڑ دینا یا گرا دینا ۔

Dismay : (n) دہشت ؛ ہول ؛ ہمت شکنی ؛ ہراس ؛ ہیبت ۔

Dismay : (v) [ME. "dismayen".] دہشت زدہ کردینا ؛ ہیبت بٹھا دینا ؛ ہمت توڑ دینا؛ چھکے چھڑادینا ۔

Dismayedness : (n) دہشت ؛ ہول ؛ ہیبت ۔

Dismayer : (n) دہشت زدہ کرنے والا ؛ ہیبت بٹھا نے والا ؛ ہمت شکن ؛ دہشت ۔

Dismayful : (a) دہشت انگیز ۔ ہولناک ؛ ہیبت ناک ۔

Dismayfully : (adv.) دہشت انگیزی سے ؛ ہولناک طور پر ۔

Dismember : (v)[OF."desmember".] (۱) عضوعضو الگ کرنا؛ بند بند جدا کرنا ۔ (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ۔(۳) رکنیت سےعلاحدہ کرنا ؛ خارج کرنا ۔ (٤) معاون دریا کو آزاد دریا بنانا ۔

Dismembered : (a) (نقابت) اعضا قطع کئے ہوئے ۔

Dismembered records : (n) الگ الگ کئے ہوئے دستاویزات ۔

Dismembered stream : منقسم چشمہ ۔

Dismemberment : (n) (۱) بند بند جدا کرنا یا ہو جانا ؛ تقسیم ؛ حصے بخرے کردینا یا ہوجانا ؛ تجزیہ ؛ انفصال ۔(۲) رکنیت سے علاحدگی ۔

Dismemberment of state : ریاست کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا یا تقسیم ہوجانا ؛ حصے بخرے ہو جانا ۔

Dismembrator : (n) [md.L."dismembrare".] علاحدہ کرنے والا خصوصاً آٹے کو چوکر سے جدا کرنے کا آلہ ۔

Dismiss : (v) [L."desmissus".] (۱) منتشر کرنا (مجمع کو) ؛ خدمت سے سبکدوش کرنا (فوج کو) ۔ (۲) جانے دینا ؛ جانے کی اجازت دینا ؛ رخصت دینا یا رخصت کرنا ۔(۳) علاحدہ کرنا ؛ برخواست کرنا ؛ موقوف کرنا ۔ (٤) دل سے دور کرنا ؛ (خیال) چھوڑ دینا ؛ دل سے نکال دینا ۔(٥) سرسری طور پر ذکر کرکے ٹال دینا ۔(٦) (قانون) (مقدمہ خارج کردینا ۔(۷) (کرکٹ) زور کا ہٹ لگانا ؛ (مقابل ٹیم) کو تھوڑے رنوں میں آوٹ کردینا ۔

Dismissal : (n) رخصت کرنا ؛ موقوفی ؛ اخراج مقدمہ ؛ برخاستگی ؛ برطرفی ؛ نا منظوری ۔

Dismissible/ -able : (a) قابل موقوفی ؛ قابل برطرفی ؛ قابل برخاستگی ۔

Dismission : (n) دیکھو Dismissal

Dismissive : (a) انکاری ؛ الوداعی ؛ برطرف کرنے والا ۔

Dismissory : (a) دیکھو Dimissory

Dismoded : (a) فرسودہ ؛ مروجہ فیشن سے باہر ۔

Dismount : (v) [OF."desmonter".] (۱) اترنا ؛ نیچے ۔ (۲) گھوڑے سے اترنا یا اتارنا ۔(۳) گھوڑے سے گرا دینا ۔ (٤) (کسی چیز کو) اس کے مرکب سے جدا کرنا (خصوصاً توپ کو گاڑی

صحت خراب کرنا ۔(۳) حکم منسوخ کرنا ۔
(٤) درہم برہم ہونا ؛ بے ترتیب ہونا ؛
ابتر ہونا ؛ بیمار ہونا ۔

Disordered : (a) مختل ۔

Disorderedly : (adv.) بے نظمی سے ؛ مختل طور پر ۔

Disorderedness : (n) بے نظمی ؛ بے ترتیبی ؛ اختلال ۔

Disorderliness : (n) ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ بے ضابطگی ؛ سرکشی ؛ بدلگامی ؛ امن عامہ میں خلل اندازی ۔

Disorderly : (a) (۱) بے سلیقہ ؛ ابتر ؛ بے ترتیب ؛ پراگندہ ۔(۲) بے ضابطہ ؛ بد لگام ؛ منہ زور ؛ سرکش ؛ سرکشانہ ۔
(۳) امن عامہ میں خلل ۔

Disorderly : (adv.) ابتری سے ؛ بے نظمی سے ۔

Disorderly conduct : (n) فاسدرویہ ۔

Disorderly house : (n) چکلہ یا قمار خانہ ۔

Disorderly person : (n) بدچلن ؛ امن عامہ میں خلل ڈالنےوالا ۔

Disorganic : (a) غیر نامیاتی ۔

Disorganization : (n) [F."desorganization".] عدم تنظیم ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ بدنظمی ؛ فساد ؛ عدم نظم وترتیب ؛ بے ساز و سامانی ۔

Community disorganization : (n) قومی ابتری ۔

Family disorganization : (n) خاندانی بدنظمی ۔

Individual disorganization : (n) انفرادی بدنظمی ۔

Personal disorganization : (n) شخصی بد نظمی ۔

Personality disorganization : شخصیت کی بد نظمی ۔

Social Disorganization : (n) سماجی ابتری ۔

Disorganize : (v) ابتر کرنا ؛ بے ترتیب کرنا ؛ ابتری میں ڈالنا ؛ نظام توڑنا ۔

Disorganizer : (n) ابتر کرنے والا ؛ بے ترتیب کرنے والا ۔

سے اتارنا) ۔(٥) حاشیہ ، دفتی، پایہ وغیرہ سے اتار لینا ؛ میکانکی طور پر الگ الگ کردینا ۔

Dismount : (n) نیچے اترنا یا اتارنے کا عمل ۔

Disna : امتناع ؛ کاہل ۔

Disnaturalize : (v) دیکھو Denaturalize

Disnature : (v) [OF."desnaturer".] غیر فطری بنانا ۔

Disobedient : (a) نافرمان ؛ نافرماں بردار ؛ سرکش ؛ خلاف ورزی کرنے والا ۔(۲) ہٹی ؛ ضدی ۔

Disobidiently : (adv.) نافرمانی سے ؛ سرکشانہ ۔

Disobey : (v) [F."desobeir".] (۱) عدول حکمی کرنا ؛ (قانون وغیرہ کی) خلاف ورزی کرنا ۔
(۲) نہ ماننا ؛ اطاعت نہ کرنا ؛ تعمیل نہ کرنا ؛ نافرمانی کرنا ۔

Disobeyer : (n) نافرمان ؛ سرکش ؛ عدول حکمی کرنے والا ۔

Disoblige : (v) [F."desobliger".] آزردہ کرنا ؛ مروت نہ کرنا ؛ پاس ولحاظ نہ کرنا ؛ رکھائی برتنا ۔

Disobligement : (n) (۱) مرہونیت سےآزادی ۔(۲) بےالتفاتی ۔

Disobligingly : (adv.) رکھائی سے ؛ بے التفاتی سے ۔

Disobligingness : (n) رکھائی ؛ بے مروتی ؛ بے التفاتی ۔

Disoccupation : (n) بیکاری ۔

Disomatous : (a) [Gr."disomatos".] دوجسمہ ۔

Disoperative : (a) مخالفانہ ۔

Disorb : (v) (۱) دائرے سے نکالنا ؛ مدارسے خارج کرنا ۔
(۲) شاہی صلیب دار گولا چھین لینا ۔

Disorder : (n) (۱) بے انتظامی ؛ بے نظمی ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ گزبڑ ؛ لاقانونیت ۔(۲) شور ؛ ہنگامہ ؛ بلوا ؛ ہڑبونگ ؛ اختلال ۔
(۳) مرض ؛ بیماری ؛ روگ ؛ عارضہ ۔

Personality disorder : شخصی اشفتگی ۔

Disorder : (v) (۱) درہم برہم کرنا ؛ بے ترتیب کرنا ؛ ابتر کرنا ۔ (۲) بیمار کرنا ؛ بیمار ڈالنا ؛

Disorientate : (v) (۱) (گرجا میں پادریوں کی نشست گاہ) مشرقی سمت سے ہٹاکر بنانا ۔(۲) سمت یا موقع کے متعلق شبہے میں ڈالنا ؛ (عقیدے وغیرہ میں) مذبذب کردینا ۔

Disorientation : (n) مشرقی سمت سے انحراف ؛ ماحول شناسی ؛ شبہے یا تذبذب میں ڈال دینا یا پڑ جانا ۔

Disour : (n) [OF."dire","disant".] ریشہ ور داستان گو ؛ مسخرہ ۔

Disown : (v) (۱) نہ ماننا ؛ تسلیم نہ کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ تردید کرنا ؛ دست بردار ہو جانا ۔(۲) کسی کی اطاعت سے رو گردانی کرنا ۔

Disownment : (n) نہ ماننا ؛ تسلیم نہ کرنا ۔

Dispansive : (a)[L."dispans".] منفی ماسکوں کا عدسی نظام ۔

Disparage : (v) [OF."desparagier".] (۱) بد نام کرنا ؛ حقیر یا بے قدر کرنا ۔ (۲) حقارت سے ذکر کرنا ؛ گھٹا کر دکھانا ۔

Disparageable : (a) قابل تحقیر ۔

Disparagement : (n) بے قدری ؛ بدنامی ؛ تحقیر ؛ استخفاف ۔

Disparager : (n) حقارت سے دیکھنے والا ؛ ناقدری کرنے والا ۔

Disparagingly : (adv.) تحقیراً ؛ حقارت سے ۔

Disparate : (a) [L."disparatus".] مختلف الاصل ؛ مختلف النوع ؛ متفاوت ؛ غیر مساوی ؛ بے تعلق ؛ بے جوڑ ۔

Disparate : (n) (عموماً جمع میں) شتر گربہ ؛ ان مِل ؛ بے جوڑ چیزیں ۔

Disparately : (adv.) مختلف طور پر ؛ متفاوت طور پر ؛ غیر مساویانہ ۔

Disparateness : (n) اختلاف ؛ تفاوت ؛ بے جوڑ ہونا ؛ عدم مساوات ۔

Disparish : (v) کلیسائی حلقہ سے خارج کرنا؛ کلیسائی حلقے کا مرتبہ چھین لینا ۔

Disparity : (n)[F."disparite".] عدم مساوات ؛ اختلاف؛ تفاوت ؛ فرق ؛ بے جوڑ ہونا ۔

Dispark : (v) پارک (رمنہ) کے زمرہ سے خارج کرنا ؛ (پارک کی زمین کو) دوسرے کام میں لانا ۔

Dispart : (v) [Origin unkn.] (۱) (توپ) نال کے دونوں سروں کے نیم قطروں کا فرق ۔ (۲) بندوق کی مکھی ؛ مسا ۔

Dispart : (v) [It."dispartire".] (۱) جدا کرنا ؛ الگ کرنا ؛ علاحدہ کرنا یا ہونا ۔(۲) مختلف سمتوں میں جانا ۔(۳) تقسیم کرنا؛ بانٹنا ۔

Dispart : (v) (۱) نال کے دونوں سروں کے نیم قطروں کے فرق کا تخمینہ کرنا ۔(۲) نشانہ کرتے وقت اس فرق کا لحاظ رکھنا ۔ (۳) بندوق میں مکھی لگانا ۔

Disparat sight : (n) بندوق کی مکھی ۔

Dispassion : (n) بے حسی ؛ سرد دلی ۔

Dispassionate : (a) سرد ؛ غیر جانبدار ؛ بے لاگ ؛ پُر سکون ؛ جذبات سے آزاد ؛ جذبات سے غیر متاثر ؛ منصفانہ ۔

Dispassionatedly : (adv.) ٹھنڈے دل سے ؛ سکون کے ساتھ ؛ بےتعصبی سے ۔

Dispassionateness : (n) سکون ؛ غیرجانب داری ؛ بے تعصبی ۔

Dispassioned : (a) پُر سکون ؛ غیر جانب دار ۔

Dispatch /Despatch : (v) [It."despacciare",or Sp."despachar".] دیکھو Despatch

Dispatch / Despatch : (n) (۱) روانگی ؛ ارسال ۔(۲) قتل ؛ خاتمہ ۔(۳) کاروبار میں مستعدی ؛ مستعدی ؛ تیزی ؛ پھرتی ؛ قابلیت ۔ (٤) مراسلہ ؛ سرکاری روبکار ۔ (٥) مال بھیجنے کی ایجنسی یا کمپنی ۔

Happy dispatch : جاپانیوں کا طریقۂ خود کشی ۔

Dispatch boat : (n) ارسال کشتی ؛ تیز جہاز جس سے سرکاری مراسلے بھیجے جاتے ہیں ۔

Dispatch box : (n) ارسال بکس ۔

Dispatch money : (n) معین وقت میں کمی کا معاوضہ جو جہاز کا مالک جہاز کو کرایہ پر لینے والے کو دیتا ھے ۔

Dispatch note : (n) (بین الاقوامی) پارسل پر لگی تفصیلی چٹ ۔

Dispatch rider : (n) سرکاری قاصد ؛ سوار یا موٹر بائیسکل والا جو فوجی مراسلے لے جاتا ھے ۔

Dispatch tube : (n) ارسال نلی ۔

Dispatcher : (n) مرسل ؛ بھیجنے والا ۔

Dispatchful : (a) سرعت سے کا م کرنے والا ۔

Dispatching function : (n) (تجارت) کارروانگی ؛ کار ارسال ۔

Dispauper : (n) مفلس کے حقوق چھین لینا ۔

Dispauperize : (v) مفلسی دور کرنا ؛ مفلسوں کو خارج کرنا ۔

Dispeace : (n) الجھن ؛ جھگڑا ؛ دشمنی ۔

Dispel : (v) [L."dispellere".] (خوف ، تاریکی وغیرہ) دور کرنا ؛ رفع کرنا ؛ زائل کرنا ۔

Dispeller : (n) رفع کرنے والا ؛ زائل کرنے والا ۔

Dispendious : (a) [L."dispendiosus".] قیمتی ؛ خراج ۔

Dispendium : (n) [L.] نقصان ؛ خرچ ۔

Dispensability : (n) غیر ضروری ھونا ؛ استثنا پذیری ۔

Dispensable : (a)[med.L."despensabilis".] (۱) (قانون یا حلف) استثنا پذیر ۔(۲) غیر ضروری ؛ جس کے بغیر کام چل سکتا ھو ۔

Dispensary : (n) [L."despensare".] (۱) دواخانہ ؛ شفاخانہ خصوصاً خیراتی شفاخانہ ۔ (۲) دوافروش کی دکان ؛ دواخانہ ؛ عطار کی دکان ؛ مطب ۔

Dispensation : (n) [L."dispensationem".] (۱) تقسیم ؛ بانٹ ۔ (۲) نظم ؛ انتظام (خصوصاً کارخانہ عالم کا نظم مشیت الٰہی سے) ۔(۳) نظام فطرت ؛ خدائی کارخانہ ۔(٤) تقدیر الٰہی ؛ امر الٰہی ۔ (٥) مذھبی دستور جو کسی زمانے میں رائج ھو ۔(٦) استثنا ؛ معافی ؛ (کلیسا) ؛ پوپ یا اسقف اعظم کی کسی شخص کو ممنوع کام کرنے کی اجازت ۔(۷) کسی چیز کے بغیر کام چلانا ۔

Dispensation of justice : عمل گستری ؛ دادرسی ۔

Dispensational : (a) انتظام یا استثنا سے متعلق ۔

Dispensationalism : (n) یہ نظریہ کہ تاریخ مشیت الٰہی کی مظہر ھے ۔

Dispensative : (a) استثنا دینے والا ؛ مستثنیٰ کرنےوالا ۔

Dispensatively /Dispensatorily : (adv.) بطور استثنا ۔

Dispensatory : (n) [med.L.dispensatorium".] قرابادین ؛ کتاب الادویہ ۔

Dispensatory : (a) استثنا دینے والا ؛ مستثنیٰ کرنے والا ۔

Dispense : (v) [OF."dispenser".] دیکھو Despence

Dispense : (n) (۱) دوا ساز ؛ نسخہ ساز ؛ دوا فروش ؛ عطار ۔ (۲) ایسا آلہ جس سے چیزیں سہولت کے لئے یکے بعد دیگر نکلتی ھوں ۔

Dispense with : (v) (۱) رعایت کرنا ؛ (کسی قانون سے) مستثنیٰ کرنا ۔(۲) (قسم وغیرہ کی) پابندی سے آزاد کرنا ؛ پابندی سے سبکدوش کرنا یا بری کرنا ۔(۳) کسی چیز کے بغیر کام چلانا ؛ محتاج نہ رھنا ؛ غیرضروری سمجھ کر ترک کرنا ۔

Dispensing : (n) نسخہ سازی ؛ دوا سازی ؛ استثنا ۔

Dispensing power : (n) اختیار استثنا ۔

Dispeople : (v) [OF."despenpler".] غیر آباد کرنا ؛ ویران کرنا ؛ اجاڑنا ۔

Dispeopler : (n) غیر آباد کرنے والا ؛ ویران کرنے والا ؛ اجاڑنے والا ۔

Dispermous/ Dispermatous : (a) [Di.+Gr."sperm"+-ous.] دوتخمہ ۔

Dispermy : (n) دوتخمگی ۔

Dispersal : (n) (۱) شکست ؛ انتشار ؛ پراگندگی ؛ پھیلاؤ ۔ (۲) (بصریات) انتشارنور ۔ (۳) (طب) تحلیل ۔

Dispersal of animals : جانوروں کا انتشار ۔

Disperse : (v) [F."disperser".] (۱) منتشر کرنا یا ہونا : پراگندہ کرنا ؛ بھگا دینا ؛ مختلف سمتوں میں جانا ؛ پھینکنا یا روانہ کرنا ؛ شکست دینا ؛ ہزیمت دینا ۔ (۲) مختلف مقامات پر بھیجنا یا تعینات کرنا ۔ (۳) اشاعت کرنا ؛ پھیلانا ۔ (٤) (سفید روشنی کو) رنگین شعاعوں میں جن سےوہ مرکب ہے، تقسیم کرنا ؛ منتشر کرنا ۔

Dispersed : (a) منشتر ؛ بکھرا ہوا ۔

Dispersed attention : (n) منتشر توجہ ۔

Dispersed phase : (n) منتشر ہیئت ؛ بکھری ہوئی صورت ۔

Dispersed settlement : (n) منتشر بستی ۔

Dispersed system : (n) منتشر نظام ۔

Dispersedly : (adv) منتشر ہو کر ۔

Dispersedness : (n) انتشار ؛ پراگندگی ؛ بکھرا ہوا ہونا ۔

Disperser : (n) منتشر کرنے والا ؛ بکھیرنے والا ۔

Dispersing agent : (n) انتشاری ایجنٹ ؛ بکھیرنے والا ؛ منتشر کرنے والا ۔

Dispersing system : (n) بکھیرنے والا نظام ؛ انتشاری نظام ۔

Dispersion : (n) (۱) شکست ؛ انتشار ؛ پراگندگی ؛ پھیلاؤ ۔ (۲) (بصریات) انتشار نور ۔ (۳) (طب) تحلیل ۔

Angular dispersion : انتشار زاویائی ۔

Anomalous dispersion : بے ضابطہ یا بے قاعدہ انتشار ۔

Binomial index of dispersion : ثنائی اشاریہ انتشار ۔

Colour dispersion : انتشار رنگ ۔

Horizontal dispersion : اُفقی انتشار ۔

Irrational dispersion : غیر منطقی انتشار ۔

Matrix dispersion : آراستہ انتشار ۔

Normal dispersion : حسب معمول انتشار ؛ عام انتشار ؛ نارمل انتشار ۔

Residual dispersion : فاضل انتشار ۔

Rotatory dispersion : گردشی انتشار ۔

Subnormal dispersion : زیر معمول انتشار ۔

The dispersion : یہودیوں کا قیدی ہوکر غیر یہودیوں میں پھیلنا ۔

Dispersion diagram : (n) انتشاری خاکہ ۔

Dispersion effect : (n) اثر انتشار ۔

Dispersion index : (n) اعشاریہ انتشار ؛ انتشار نما ۔

Dispersion of light : انتشار نور ۔

Dispersion medium : (n) وسیلہء انتشار ؛ انتشاری واسطہ ۔

Dispersion method : (n) طریقہء انتشار ۔

Dispersion photometer : (n) انتشار ضیا پیما ۔

Dispersive : (a) انتشاری ؛ منتشری ۔

Dispersive power : (n) انتشاری طاقت ۔

Dispersively : (adv.) منتشرکناں ؛ پراگندہ کرتے ہوئے ۔

Dispersiveness : (n) منتشر کن ہونا ۔

Dispersoid : (n) منتشرہ ۔

Dispersonalization : (n) (نفسیات) خود فراموشی ۔

Dispersonate/ Dispersonalize : (v) ازالہء شخصیت کرنا ۔

Dispersonification : (n) لا شخصیت ؛ غیر ذاتی ظاہر کرنا ۔

Dispersonify : (v) گلبرگ توڑنا ۔

Disphenoid : (n) آٹھ متساوی الساقین مثلثوں سے بنی ہوئی شکل مجسم ۔

Dispiece : (v) [OF."despiecer".] ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Dispireme : (n) دو مرغولہ ۔

Dispirit : (v) مایوس کرنا ؛ نا امید کرنا ؛ ہمت توڑنا ؛ دل توڑنا ۔

Dispirited : (a) مایوس ؛ نا امیدی ؛ افسردہ دل ؛ بد دل ۔

Dispiritedly : (adv.) مایوسانہ ؛ ناامیدانہ ۔

Dispiritedness : (n) مایوسی ؛ نا امیدی ۔

Dispiritment : (n) ؛ نا امید کرنا ؛ مایوس کرنا ؛ دل شکنی کرنا ؛ ہمت شکنی کرنا ۔

Dispiteous : (a) بے رحم ؛ سنگدل ؛ بے مہر ۔

Dispiteousness : (n) بے رحمی ؛ سنگدلی ؛ بے مہری ۔

Displace : (v) [OF."desplacer".] (۱) سرکانا؛ جگہ سے ہٹانا ؛ منتقل کرنا ۔(۲) عہدے سے ہٹانا ؛ برطرف کرنا ۔ (۳) نکال باہر کرنا ؛ کسی کو نکال کر اس کی جگہ لینا ؛ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھنا ؛ قائم مقام ہونا ۔

Displaceable : (a) بدل پذیر ۔

Displaced : (a) ہٹا ہوا ؛ ہٹایا ہوا ؛ منتقل شدہ ؛ بےمحل ؛ ٹلا ہوا ۔

Displaced speech : (n) (Also abstract speech) تجریدی کلام ۔

Displaced strata : (n) منتقل طبقات ۔

Displacement : (n) (۱) ہٹنا یا ہٹایا جانا ؛ انتقال ؛ نقل ؛ ہٹاؤ ؛ سرک ؛ سرکاؤ ؛ انتقالیت ؛ ٹلنا ۔ (۲) (قوت یا حجم کی) مقدار جس سے کوئی چیز سرکائی جا سکے ۔ (۳) بے دخلی ؛ اخراج ؛ ایک چیز کے عوض دوسری چیز کا آجانا یا لایا جانا ۔(٤) ٹھوس چیز کے ڈوبنے سے پانی کے ہٹاؤ کی مقدار ۔ (٥) (نفسیات) انتقال جذبہ ۔ (٦) (ارضیات) رخنہ؛ (برق) انتقال برق ۔ (۷) ٹپکنا ؛ ٹپکاؤ ۔

Centre of displacement : مرکز انتقال ۔

Downward displacement . نچوار ہٹاؤ ۔

Upward displacement : اوپر وار ہٹاؤ ۔

Displacement : (n) نظریہ انتقال ؛ نظریہ سرکاؤ ؛ قانون انتقال ۔

Displacement current : (n) (برقیات) انتقالی رو ۔

Displacement of meaning : انتقال معنی ۔

Displacement phase : (n) نقل ہیئت ۔

Displacement rule : (n) نقل کا قاعدہ ؛ ہٹنے کا قاعدہ ۔

Displacement time graph : نقل وقت گراف ۔

Displacer : (n) ہٹانے والا ؛ منتقل کرنے والا ؛ راوق ؛ چھلنا ؛ چھاننی ۔

Displant : (v) [OF."desplanter".] (درخت وغیرہ کو) اکھاڑنا ۔

Display : (v) [OF."despleier".] (۱) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ۔(۲) نمائش کرنا ؛ نمود کرنا ؛ دکھاوا کرنا ۔(۳) اظہار کرنا ؛ علامت ظاہر کرنا ؛ ظاہر ہوجانے دینا ۔ (٤) پھیلانا (بازو، عضو وغیرہ کو) ۔(٥) (طباعت) نمایاں کرنا ۔(٦) واضح کرنا ۔

Display : (n) (۱) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ۔(۲) اظہار ؛ نمائش ۔ (۳) نمود ؛ دکھاوا ۔(٤) (طباعت) ٹائپ کی ایسی ترتیب جس پر خواہ مخواہ نظر پڑے ؛ حسن ترتیب ۔

Display advertising : (n) نمائشی اشتہار ۔

Display artist : (n) نمائشی اشتہار کا فنکار ۔

Display letter / type : (n) نمائشی حرف یا ٹائپ ۔

Display stand : (n) نمائشی ٹیکن یا کھلی الماری ۔

Display window : (n) نمائشی دریچہ ۔

Displayed : (a) (۱) ظاہر ؛ نمایاں ؛ پھیلا ہوا ۔ (۲) بازو پھیلائے ہوئے ۔

Displayer : (n) نمائش کرنے والا ؛ ظاہر کرنے والا ۔

Displease : (v) [OF."displais-".] آزردہ کرنا ؛ ناخوش کرنا ؛ ناپسند ہونا ؛ ناگوار ہونا ؛ خفا کرنا ؛ ناراض کرنا ۔

Displeasedly : (adv.) نا خوش ہو کر ؛ ناراض ہو کر ۔

Displeasing : (a) آزردہ کن ؛ نا خوشگوار ؛ ناگوار ۔

Displeasingly : (adv.) آزردہ کن طور پر ؛ ناگوار طریقے سے۔

Displeasingness : (n) نا خوشگواری ؛ ناگواری۔

Displeasure : (n) [OF."desplaisur".] (۱) آزردگی ؛ خفگی ؛ غصہ ؛ ناراضی ؛ بے اطمینانی ؛ نا پسندیدگی ۔(۲) ضرر ۔

To take (a) displeasure : خفا ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

Displeasure : (v) آزردہ کرنا ؛ ناخوش کرنا ؛ ناراض کرنا ؛ ناگوار ہونا۔

Displecency : (n) دیکھو Displacency

Displenish : (v) بے ساز وسامان کرنا ۔

Displenishment : (n) بے سازوسامانی۔

Displume : (v) دیکھو Deplume

Dispoint : (v) کند کرنا ؛ بے نقطہ کرنا ۔

Dispond : (v) دیکھو Despond

Dispondaic : (a) دو اسپانڈی (spondee) والا ۔

Dispondee : (n) [L."dispondeus".] ایسا رکن جس کی چاروں ہجائیں طویل ہوں یا جس کی چاروں ہجاؤں پر تاکید ہو ۔

Dispone : (n) [L."disponere".] قانونی طور پر منتقل کرنا ۔

Disponee : (n) منتقل الیہ ۔

Disponer : (n) منتقل کنندہ ۔

Disponent : (a) [L."disponentem".] مائل ۔

Dispope : (v) پاپائیت سے ہٹانا ۔

Disport : (n)[AF."desporter".] تفریح ؛ دل بہلاؤ ؛ کھیل کود ۔

Disport : (v) کھیلنا کودنا ؛ کھیل کرنا ؛ اٹکھیلیاں کرنا ۔

Disportment : (n) کھیل کود ؛ تفریح ؛ دل بہلاؤ ۔

Disposability : (n) فروخت ، ترک یا استعمال کی صلاحیت اختیاری ہونا ۔

Disposable : (a) (۱) قابل تصفیہ ؛ قابل فروخت ؛ قابل ترک ؛ قابل استعمال ؛ استعمال پذیر ۔ (۲) اختیاری ؛ قابو کا ؛ جو مرضی پر موقوف ہو ۔

Disposal : (n) (۱) علاحدگی ؛ ترک ؛ تصفیہ ؛ انفصال ؛ فیصلہ ؛ بندوبست ؛ عطا ؛ بخش ؛ سپردگی ؛ تفویض ۔(۲) بیع ؛ فروخت ؛ تصرف ؛ دفع ۔(۳) ترتیب ؛ نظام ؛ انتظام ۔ (٤) نکاسی ۔(٥) (نفسیات) ارادہ ؛ میلان ۔

At one's disposal /In- : (کسی کے) اختیار میں ۔

Disposal field : (n) وہ زمین جس کے گندے حوض کے پانی کی نکاسی ہوتی ہے ۔

Dispose : (v) [OF."disposer".] (۱) موزوں طریقے سے رکھنا ؛ ترتیب سے رکھنا یا لگانا ؛ سجانا ۔ (۲) (آدمی کی طبیعت میں) کوئی خاص کیفیت یا رجحان پیدا کرنا ۔(۳) مائل کرنا ؛ راغب کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ شوق دلانا (کسی چیز یا کام کا) ۔(٤) (عالم کے کاروبار کو) بنانا ؛ بگاڑنا ۔

Dispose of : (n) (۱) پیچھا چھڑانا ؛ ٹھکانے سے رکھنا ؛ الگ کر دینا ۔(۲) طے کرنا ؛ فیصل کرنا ؛ چکانا ؛ نبٹانا ؛ قتل کرنا ؛ کام تمام کرنا ؛ ختم کر دینا ؛ پوری طرح رد کرنا ؛ باطل کرنا ؛ قلع قمع کرنا ۔(۳) (کھانے کی چیز کو) کھا جانا ۔(٤) بیچنا ؛ فروخت کرنا؛ علاحدہ کرنا؛ الگ کرنا۔ (٥) (کرکٹ) کھیلنے والے کو تھوڑے سے رنوں میں آؤٹ کر دینا ۔

Disposed : (a) (۱) منظم ؛ مرتب ؛ ترتیب دیا ہوا ؛ تیار ۔(۲) مائل ۔

Disposedly : (adv.) باوقار طور پر ؛ پُر وقار طریقے سے ۔

Disposedness : (n) میلان ؛ رجحان ۔

Disposer : (n) (۱) مائل کرنے والا ۔(۲) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی برقی مشین ۔

Disposition : (n) [F.] (۱) ترتیب ؛ انتظام ؛ ضابطہ ۔(۲) آئین ؛ امر الٰہی ۔(۳) ہبہ بذریعہ دستاویز یا وصیت ۔(٤) قابو ؛ اختیار ۔(٥) طبیعت ؛ مزاج ؛ افتاد مزاج ؛ طبعی میلان ؛ رجحان ؛ افتاد طبع ۔ (٦) رغبت ؛ میل ؛ خواہش ۔(۷) (جمع) لڑائی کا نقشہ فوج

کی تیاری : فوج کی تقسیم وترتیب - (۸) (طب) رجحان مرض - (۹) طفلانہ خطا کاری کی سزا یا اصلاح کا حکم - (۱۰) ارگن باجے کے پردوں کی تعداد اور قسمیں -

At / In one's disposition : (کسی کے) اختیار میں -

Physical disposition : نفسی میلان -

Psycho-physical disposition : نفسی طبعی میلان -

Dispositioned : (a) خاص میلان رکھنے والا -

Dispositive : (a) [F."dispositif".] میلانی : اختیاری -

Dispositor : (n) [L.] (علم النجوم) طالع برج (جہاں دوسرا ستارہ ہو) -

Dispossess : (v) [OF."dispossesser".] (۱) بے دخل کرنا : کسی کو نکال کر اس کی جگہ لینا : نکال دینا - (۲) محروم کرنا -

Dispossess notice : (n) بے دخلی کا نوٹس جو مالک مکان کی طرف سے کرایہ دار کو دیا جاتا ہے -

Dispossession : (n) بے دخلی : اخراج : دفع آسیب -

Dispossessory warrant : (n) بے دخلی کا وارنٹ (حکم) -

Dispost : (v) جگہ چھین لینا : عہدہ چھین لینا -

Dispraise : (n) بے قدری : تحقیر : ملامت -

Dispraise : (v) [OF."dispreisier".] قدر گھٹانا : کم کرکے دکھانا : ملامت کرنا : الزام دینا -

Dispraiser : (n) قدر گھٹانے والا : ملامت کرنے والا -

Dispread/ Disspread : (v) پھیلنا : پھیلانا -

Dispreader : (n) پھیلنے والا -

Disprejudice : (v) بے تعصب بنانا : تعصب دور کرنا -

Disprepare : (v) غیر آمادہ بنانا -

Disprison : (v) قید سے رہا کرنا -

Disprivilege : (v) حقوق سے محروم کرنا -

Disproof : (n) (۱) تردید : رد : بطلان : ابطال - (۲) دلیل رد : رد کرنے والی دلیل : رد -

Disproportion : (n) عدم تناسب : ناموزونیت : عدم تشاکل : بے اعتدالی -

Disproportion : (v) غیر متناسب بنانا : بے اعتدال بنانا -

Disproportionable : (a) غیر متناسب : بے اعتدال : غیر معتدل -

Disproportionableness : (n) عدم تناسب : بے اعتدالی -

Disproportionably : (adv.) غیر متناسب طور پر : بے اعتدالی سے -

Disproportional : (a) (۱) غیر متناسب : نا متناسب: بے تناسب - (۲) ضرورت سے زیادہ بڑا یا چھوٹا : نا موزوں -

Disproportional : (n) غیر متناسب تعداد یا مقدار -

Disproportionality : (n) غیر متناسب ہونا -

Disproportionally : (adv.) غیر متناسب طور پر -

Disproportionate : (a) دیکھو Disproportional

Disproportionately : (adv.) غیر متناسب طریقے سے -

Disproportionateness : (n) غیر متناسب ہونا -

Disprovable : (a) قابل رد : قابل ابطال -

Disprove : (v) [OF."disprover".] باطل کرنا : رد کرنا : غلط ثابت کرنا -

Disprover : (n) باطل کرنے والا : غلط ثابت کرنے والا -

Disprovide : (v) مہیا نہ کرنا : فراہم نہ کرنا -

Dispunge /Disponge : (v) چھڑکنا : اُنڈیلنا -

Dispunishable : (a) ناقابل سزا -

Disputable : (a)[L."disputabilis".] اعتراض پذیر : تنازع پذیر : غیر مسلم : مشتبہ : مشکوک -

Disputable land : (n) اراضی متنازعہ فیہ -

Disputableness : (n) اعتراض پذیری : تنازع پذیری -

Disputably : (adv.) غیر مسلم طور پر ۔

Disputant : (a) [L."disputantem".] : متنازع ؛ بحث کرنے والا ؛ تنازع کار ۔

Disputant : (n) بحث کرنے والا ؛ مباحث ؛ مناظر ؛ تنازع کار ۔

Disputation : (n) : (۱) بحث ؛ حجت ؛ دلیل ؛ مناظرہ ؛ مباحثہ ؛ تنازع کاری ؛ ستیزہ ؛ جدال ؛ تنازع ؛ تکرار ۔ (۲) (قرون وسطیٰ کے جامعوں میں) مقالے پر مباحثہ ۔

Disputatious : (a) جھگڑالو ؛ حجتی ؛ بحث یا مباحثے کا شائق ۔

Disputatiously : (adv.) حجتی پن سے ۔

Disputatiousness : (n) حجتی پن ۔

Disputative : (a) (۱) حجتی ۔ (۲) مباحثے سے متعلق ۔

Disputatively : (adv.) حجتی پن سے ۔

Disputativeness : (n) حجتی پن ۔

Dispute : (v) [ME."des"-."dispute".] (۱) بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ؛ مناظرہ کرنا ۔ (۲) جھگڑا کرنا ؛ نزاع کرنا ؛ تکرار کرنا ؛ حجت کرنا ۔ (۳) رد و قدح کرنا ؛ شک یا شبہ ظاہر کرنا ۔ (٤) بحث کرنا ؛ غورکرنا ۔ (٥) روکنا ۔ (٦) مقابلہ کرنا ؛ حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

Dispute : (n) (۱) بحث ؛ مباحثہ ؛ مناظرہ ؛ مجادلہ ۔ (۲) نزاع ؛ تکرار ؛ اختلاف رائے ۔

Beyond dispute/Out of-/Past-/Without - : بلاشبہ؛ یقیناً ؛ بے رد و قدح ۔

In dispute : بالنزاع ؛ مورد بحث ؛ مشکوک ۔

Industrial dispute : صنعتی جھگڑا یا نزاع ۔

Justiciable dispute : متنازع قابل داد رسی ۔

Labour dispute : مزدور کا جھگڑا ۔

Legal dispute : قانونی تنازعہ ۔

Non-justiciable dispute : ناقابل داد رسی متنازعہ ۔

Non-legal dispute : غیر قانونی تنازع ۔

Disputed : (a) بحثی ؛ نزاعی ؛ تکراری ۔

Disputed debt : (n) قرض متنازعہ ۔

Disputer : (n) جھگڑالو ۔

Disqualification : (n) (۱) ناموزونیت ؛ نا اہلیت ؛ عدم صلاحیت ؛ ناقابلیت ۔ (۲) امتناع ؛ نقص ' خامی ۔

Disqualify : (v) (۱) ناموزوں کرنا ؛ ناقابل بنانا ۔ (۲) (قانوناً) ممنوع قرار دینا یا محروم کرنا ؛ ناقابل ٹھہرانا یا قرار دینا ۔

Disquantity : (v) گھٹانا ؛ کم کرنا ۔

Disquiet : (v) سکون چھین لینا ؛ بے چین کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ تشویش میں ڈالنا ۔

Disquiet : (n) بے چینی ؛ بے کلی ؛ پریشانی ؛ تردد ۔

Disquietly : (adv.) پریشان کرکے ؛ سکون چھین کر ۔

Disquietness/Disquietude : (n) بے چینی ؛ بے کلی ؛ پریشانی ۔

Disquisition : (n) [L."disquisitionem".] : (۱) تجسس ؛ جستجو ؛ تفتیش ؛ تحقیق ۔ (۲) تحقیقی مقالہ یا تقریر ۔

Disquistional : (a) محققانہ ۔

Disquisitionist : (n) محقق ؛ تحقیقی مقالے کا مصنف ۔

Disquisitive : (a) محقق ؛ جستجو کرنے والا ؛ متجسس ۔

Disquisitive power : (n) قوت تحقیق ۔

Disquisitor : (n) محقق ؛ جستجو کرنے والا ؛ متجسس ۔

Disrank : (v) عہدہ کم کرنا ۔

Disrate : (v) (کسی ملازم کا) تنزل کرنا یا درجہ گھٹانا ۔

Disrecommendation : (n) خلاف سفارش ؛ مخالف سفارش ۔

Disregard : (a) بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ بے التفاتی ؛ اعراض ؛ غفلت ۔

Disregard : (v) پروا نہ کرنا ؛ توجہ نہ کرنا ؛ التفات نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ (کسی سے) اعراض کرنا ؛ اہمیت نہ دینا ۔

Disregardant : (a) بے توجہ ۔

Disregarder : (n) غیر متوجہ ۔

Disregardful : (a) بے توجہ ۔

Disregardfully : (adv.) بے توجہی ۔

Disrelate : (v) الگ کرنا ؛ نامربوط کرنا ؛ جدا کرنا ۔

Disrelish : (n) نا پسندیدگی ؛ نفرت ؛ کراہت ۔

Disrelish : (v) نا پسند کرنا ؛ نفرت کرنا ؛ کراہت کرنا ۔

Disremember : (v) یاد نہ کرنا ؛ بھول جانا ؛ فراموش کر دینا ۔

Disrepair : (n) بے مرمتی ؛ بوسیدگی ؛ شکست و ریخت ؛ خرابی ۔

Disreputable : (a & n) (۱) نا شائستہ ؛ نا معقول ۔(۲) مشتبہ چال چلن کا ؛ ذلیل ؛ بدحیثیت ؛ بدنام ۔ (۳) بدنام آدمی ۔

Disreputably : (adv.) نا شائستہ طور پر ؛ نا معقولیت سے ۔

Disrepute : (n) بدنامی ؛ رسوائی ؛ بے اعتباری ؛ بے وقری ۔

Disrespect : (n) بے تہذیبی ؛ گستاخی ؛ بے ادبی ۔

Disrespect : (v) بے تہذیبی کرنا ؛ گستاخی کرنا ؛ بے ادبی کرنا ۔

Disrespectability : (n) ناقابل تعظیم ہونا ۔

Disrespectable : (a) ناقابل تعظیم ؛ غیر محترم ۔

Disrespectful : (a) بے ادب ؛ گستاخ ؛ بے تہذیب ؛ گستاخ ۔

Disrespectfully : (adv.) بے تہذیبی سے ؛ گستاخی سے ؛ بے ادبی سے ۔

Disrespectfulness : (n) بے تہذیبی ؛ گستاخی ؛ بے ادبی ۔

Disrobe : (v) (۱) برہنہ کرنا ؛ ننگا کرنا ؛ بے لباس کرنا ۔ (۲) کپڑے اتارنا ۔

Disrober : (n) برہنہ کرنے والا ؛ کپڑے اتارنے والا ۔

Disroof : (v) چھت اتارنا ؛ چھت ہٹا دینا ۔

Disroot : (v) (۱) اکھاڑنا ؛ جڑ سے اکھیڑ دینا ۔ (۲) نکال دینا ؛ ہٹا دینا ۔

Disrump : (v) [L."disrumpere".] توڑنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Disrupt : (a) [L."disruptus".] شکستہ ۔

Disrupt : (v) [L."disruptus".] ٹکڑے کرنا ؛ چیر ڈالنا ؛ منتشر کرنا ۔

Disrupter /-or : (n) توڑ پھوڑ کرنے والا ۔

Disruption : (n) [L."disruptionem".] شق ہونا ؛ پھٹنا ؛ انتشار ؛ پھوٹ ؛ تفرقہ ۔

The disruption : کلیسائے اسکاچستان کا تفرقہ جو سنہ ۱۸۴۲ء میں واقع ہوا ۔

Disruptionist : (n) پھوٹ کا حامی ۔

Disruptive : (a) موجب تفریق ؛ پھوٹ ڈالنے والا ؛ تفرقہ انگیز ؛ شقی ۔

Disruptive discharge : (n) (طباعت) شقی خروج ؛ شقاقی اخراج ؛ چناخہ دار اخراج ۔

Disruptive spark discharge : شقی شرارہ خروج ۔

Disruptive voltage : (n) شقاقی قوت ؛ شقاقی وولتاز ۔

Disruptively : (adv.) تفرقہ انگیز طور پر ۔

Disruptiveness : (n) تفرقہ انگیزی ۔

Disrupture : (n) دیکھو Disruption

Disrupture : (v) توڑنا ؛ توڑ کر الگ کرنا ۔

Diss : (n) [Arab.] ایک قسم کی نے نما گھاس جس سے شوکری وغیرہ بناتے ہیں ۔

Dissatisfaction : (n) بے اطمینانی ؛ ناگواری ؛ ناراضی ۔

Dissatisfactoriness : (n) غیرتسلی بخش ہونا ؛ ناگوار ہونا ۔

Dissatisfactory : (a) غیر تسلی بخش ؛ ناقابل اطمینان ۔

Dissatisfy : (v) مطمئن نہ کرنا ؛ غیر مطمئن کرنا ؛ ناراض کرنا ؛ ناگوار ہونا ۔

Dissaving : (n) آمدنی سے زیادہ خرچ ؛ پس ماندہ خرچ کرنا ۔

Dissceptre : (v) عصائے شاہی سے محروم کرنا ؛ بادشاہت سے محروم کرنا ۔

Disseat : (v) بے نشست کر دینا ۔

Dissect : (v) [L."dissect".] (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۲) چیر پھاڑ کرنا ؛ عمل تشریح کرنا ۔ (۳) ایک ایک جز کی جانچ پڑتال کرنا ؛ تجزیہ کرنا ؛ مفصل تنقید کرنا ۔ (٤) خصوصی غور و فکر کے لئے چن لینا ۔ (٥) مختلف اللون طباعت کے لئے الگ الگ کرنا ۔

Dissected : (a) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ؛ الگ الگ حصوں میں منقسم کیا ہوا ۔

Dissecting : (n) تشریح ؛ تجزیہ ۔

Dissecting : (a) تشریح کرنے والا ؛ تشریحی ؛ تجزیہ کرنے والا ؛ تقطیع ۔

Dissecting aneurism : (n) تقطیعی تسلیع شریان ۔

Dissecting clerk : (n) حساب کتاب کا تجزیہ کرنے والا/ محرر / کلرک ۔

Dissecting forceps : (n) تقطیعی چمٹی ۔

Dissecting microscope : (n) تقطیعی خورد بیں ۔

Dissecting room : (n) کمرہ تقطیع ۔

Dissection : (n) [L."dissectionem".] چیر پھاڑ ؛ تشریح ؛ تجزیہ ؛ تقطیع ؛ تشریح مردہ ۔

Dissection wound : (n) تقطیعی زخم ۔

Dissectioneal : (a) دیکھو Dissective

Dissective : (a) تقطیعی ؛ تشریحی ۔

Dissector /Dissecter : (n) [L."dissecare".] مقطاع ؛ چیر پھاڑ کرنے والا ؛ تشریح کنندہ ؛ تجزیہ کرنے والا ۔

Disseise/Disseize : (v) [AF."disseisie".] قبضہ سے چھین لینا ؛ خارج کرنا ؛ بے دخل کرنا ؛ نکال دینا ؛ قبضہ مخالفانہ کرلینا ۔

Disseisee /-zee : (n) بے دخل کیا ہوا ۔

Disseisor /-zor : (n) بے دخل کرنے والا ۔

Disseisin /-zin : (n) [AF."disseisine".] قبضہ غاصبانہ ؛ بے دخلی ؛ ناجائز قبضہ مخالفانہ ۔

Dissel-boom : (n) [DU. "dissel+boom".] گھوڑا گاڑی کا بم ۔

Dissemblance : (n) [OF."dessemblance".] عدم مشابہت ؛ مکاری ؛ عدم شباہت ۔

Dissemble : (V) (۱) (ایک بات کو کسی دوسری بات کے پردے میں) چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ مخفی کرنا ۔ (۲) دیکھی ان دیکھی کر دینا ؛ نظر انداز کرنا ؛ ٹال جانا ۔ (۳) بیان کرنے سے قاصر رہنا ؛ بات چھپانا ۔ (٤) نیت پوشیدہ رکھنا ؛ ریا کاری کرنا ؛ مکاری ؛ منافقت کرنا ؛ دو رونی کرنا ۔

Dissembler : (n) مکار ؛ ریا کار ؛ حیلہ ساز ؛ منافق ۔

Dissemblingly : (adv.) مکاری سے ؛ ریاکارانہ طور پر ۔

Dissembly : (n) (یک وقتی لفظ) Assembly کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Disseminate : (v) [L."disseminat".] (۱) بیج بونا ؛ بکھیرنا ؛ پھیلانا ۔ (۲) اشاعت کرنا ؛ نشر کرنا ۔

Dissemination : (n) (۱) بیج بونا ۔ (۲) نشر و اشاعت ؛ پرچار ؛ تبلیغ ۔ (۳) (نباتیات و حیوانیات) نقل مکانی ؛ بکھراؤ ۔

Disseminative : (a) اشاعتی ؛ پرچاری ۔

Disseminator : (n) بیج بونے والا ؛ مبلغ ؛ نشر کنندہ ۔

Dissension : (n) [OFr.] اختلاف رائے ؛ أن بن ؛ نزاع ؛ پھوٹ ۔

Dissensious : (a) نزاعی ؛ جھگڑالو ؛ تفرقہ جو ۔

Dissensualize : (v) شہوانیت کا ازالہ کرنا ۔

Dissent : (v)[L."dissentire".] (۱) انکار کرنا ؛ تسلیم نہ کرنا ۔ (۲) اختلاف کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ اختلاف

رائے کا اظہار کرنا (خصوصاً مسلمہ مذہبی عقیدے سے اختلاف کرنا) ۔

Dissent : (n) (۱) اختلاف رائے ؛ اظہار اختلاف ۔(۲) مسلم مذہبی عقیدے سے اختلاف : کلیسائے انگلستان کی تقلید سے انحراف ؛ (مجموعاً یا بطور اسم جنس) وہ انگریز جو کلیسائے انگلستان کے پیرو نہیں ہیں ؛ غیر مقلد ۔

Dissentaneous : (a)[L."dissentaneus".] مخالفانہ ؛ ناموافقانہ ۔

Dissenter : (n) (۱) مختلف الرائے ؛ مختلف العقیدہ ؛ مخالف ۔ (۲) مخالف ؛ قومی کلیسا کا مخالف ۔ (۳) کسی ایسےفرقے کا رکن جس نے کلیسائے انگلستان سےعلاحدگی اختیار کرلی ہو ؛ غیر مقلد ۔

Dissenterism : (n) ایسے فرقے کا اصول یا عقیدہ جس نے کلیسائے انگلستان سے علاحدگی اختیار کرلی ہو ۔

Dissentient : (a&n) [L."dissentientem".] مختلف الرائے ؛ مختلف العقیدہ ؛ اکثریت کی رائے یا سرکاری رائے کا مخالف ۔

Dissentingly : (adv.) اختلاف رائے کرتے ہوئے ؛ مخالفت کرتے ہوئے ۔

Dissentious : (a) نزاعی ؛ جھگڑالو ؛ تفرقہ جو ۔

Dissepiment : (n) [L."dissaepimentum".] (۱) (نباتیات، حیوانیات) حجاب ؛ جدار ؛ پردہ ؛ وہ جھلی جو آڑ کا کام دیتی ہے ۔ (۲) انفصال ؛ علاحدگی ۔

Dissepimental : (a) حجابی ؛ جداری ؛ انفصالی ۔

Dissert : (v) [L. "dissert".] تقریر کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ بیان کرنا ؛ مقالہ لکھنا ۔

Dissertate : (v) دیکھو Dissert

Dissertation : (n) تقریر ؛ توضیح ؛ بیان ؛ مقالہ ۔

Dissertational : (a) توضیحی ؛ مقالہ نما ۔

Dissertationist : (n) مقرر ؛ مقالہ نگار ۔

Dissertator : (n) دیکھو Dissertationist

Disserve : (v) (۱) نقصان پہنچانا ؛ بد سلوکی کرنا ۔ (۲) میز صاف کرنا ۔

Disservice : (n) نقصان رسانی ؛ بد سلوکی ۔

Disserviceable : (a) ضرر رساں ؛ مضرت رساں ۔

Disserviceableness : (n) ضرر رسانی ؛ مضرت رسانی ۔

Disserviceably : (adv.) نقصان پہنچاتے ہوئے ۔

Dissever : (v) [AF."deserver".] (۱) کاٹنا ؛ قطع کرنا ؛ جدا کرنا ؛ بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۲) جدا ہونا ؛ قطع ہونا ۔

Disseveration : (n) جدائی ؛ علاحدگی ؛ قطع ۔

Disseverment : (n) دیکھو Disseveration

Disseverance : (n) [OF."desseverance".] دیکھو Disseveration

Dissidence : (n) [L."dissidentia".] اختلاف ؛ مخالفت ؛ نا موافقت ؛ عدم توافق ۔

Dissident : (a) [L."dissidentem".] مختلف الرائے ؛ مخالف ؛ غیر متفق ۔

Dissident : (n) (۱) مختلف الرائے ؛ مخالفت ؛ غیر متفق ۔ (۲) اکثریت کی رائے کا یا سرکاری رائے کا مخالف ۔(۳) قومی کلیسا کا مخالف ؛ غیر مقلد ۔

Dissight : (n) بد نما چیز ؛ کریہ منظر شے ؛ آنکھوں میں کھٹکنے والی چیز ۔

Dissilient : (a) [L."dissilientem".] (نباتیات) چٹکتا ہوا ؛ پھوٹ پڑنے والا ۔

Dissimilar : (a) (۱) مختلف ؛ غیر مشابہ ۔ (۲) (جمع) مشابہ چیزیں ۔

Dissimilarity : (n) غیر مشابہت ؛ اختلاف ؛ تفاوت ؛ فرق ۔

Dissimilarly : (adv.) غیر مشابہ طور پر ؛ اختلاف کے ساتھ ۔

Dissimilation : (n) (۱) عدم تمثل ؛ تفرق ؛ مکرر یا مدغم حرف کو کسی اور قریب المخرج حرف سے بدلنا ۔(۲) (نباتیات) متبادلہ اجزا ۔

Dissimile : (n) [L.] غیر تشبیہ ۔

Dissimilitude : (n) [L."dissimilitude".] اختلاف ؛ تفاوت ؛ عدم مشابہت ؛ فرق ۔

Dissimulate : (v) [L."dissimulat".] (۱) (کسی خیال یاجذبے کو) چھپانا ؛ بہانہ کرنا ۔ (۲) مکر کرنا ؛ ریا کاری کرنا ؛ منافقت کرنا ؛ دو روئی کرنا ۔

Dissimulation : (n) ریا ؛ مکاری ؛ منافقت ؛ زمانہ سازی ۔

Dissimulator : (n) ریا کار ؛ مکار ؛ منافق ؛ زمانہ ساز ۔

Dissipate : (v) [L."dissipat".] (۱) منتشر کرنا ؛ دور کرنا ؛ رفع کرنا ؛ دور ھونا ؛ رفع ھونا ؛ غائب ھونا (ابر، بخارات ، فکر ، خوف ، تاریکی کا)۔ (۲) پاش پاش یا ریزہ ریزہ کر دینا یا ھو جانا ؛ مٹا دینا یا مٹ جانا ۔ (۳) (دولت کو) اُڑانا ؛ برباد کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ گنوانا ۔ (٤) (قوت یا توجہ کو) برباد کرنا ؛ منتشر کرنا ؛ ضائع کرنا ۔ (٥) لھو و لعب یا عیاشی میں مشغول رھنا ۔

Dissipated : (a) (۱) منتشر ؛ پراگندہ ؛ ریزہ ریزہ ؛ پاش پاش ؛ برباد شدہ ؛ ضائع شدہ ۔ (۲) بد چلن ؛ بد کار ؛ عیاش ۔

Dissipater : (n) منتشر کرنے والا ؛ ضائع کرنے والا ؛ مٹا دینے والا ۔

Dissipation : (n) (۱) انتشار ؛ پراگندگی ؛ تحلیل ؛ تجزیہ ۔ (۲) اسراف ؛ تضیع ؛ فضول خرچی ۔ (۳) قوت یا خیالات کا انتشار ؛ پریشان خیالی ؛ پراگندہ خاطری ۔ (٤) لھو و لعب ؛ تفریح ۔ (٥) بد چلنی ؛ بدکاری ؛ اوباشی ؛ عیاشی ۔

Dissipation of energy : تفریط توانائی ۔

Dissipative : (a) منتشر کنندہ ؛ رفع کنندہ ؛ ضائع کرنے والا ۔

Dissipativity : (n) شرح تضیع توانائی ۔

Dissociable : (a) (۱) غیر سماجی ؛ گوشہ گیر ؛ غیر معاشر ۔ (۲) علاحدگی پذیر ؛ تجزیہ پذیر ۔

Dissociableness : (n) علاحدگی پذیری ؛ تجزیہ پذیری ۔

Dissocial : (a) غیر معاشر ؛ غیر سماجی ؛ خود پسند ۔

Dissocialize : (v) وحشت پیدا کرنا ؛ صحبت یا میل جول سے بیزار کرنا ۔

Dissociate : (v) [L."dissociat".] (۱) علاحدہ کرنا ؛ جدا کرنا ؛ قطع تعلق کرنا ۔ (۲) (کیمیا) تجزیہ کرنا ؛ تحلیل کرنا (خصوصاً حرارت کے ذریعہ)۔ (۳) علاحدہ ھونا ؛ قطع تعلق ھونا ۔ (٤) (جرثومہ کا) تبدیل نوع کرنا ؛ (رجعت پذیرانہ)۔

Dissociating solvent : (n) انفصالی محلل ۔

Dissociation : (n) علاحدگی ؛ جدائی ؛ تجزیہ قطع تعلق ؛ تحلیل ؛ (کیمیا) افتراق ؛ (نفسیات) احتباس ؛ (حیوانیات) خصوصاً جرثومہ کی رجعت پذیر تبدیل نوع ۔

Electrolytic dissociation : بر ق پاشی افتراق ۔

Dissociation constant : افتراقی مستقلہ ۔

Dissociation curve : (n) افتراقی منحنی ۔

Dissociation of gases : گیسوں کا افتراق ۔

Dissociation of ideas : احتباس خیالات ۔

Dissociation pressure : (n) انفصال داب ۔

Dissociation theory : (n) نظریہ افتراق ۔

Dissociative : (a) (۱) افتراقی ؛ تجزیہ کرنے والا ؛ علاحدگی پسند ۔ (۲) غیر معاشرتی ۔

Dissociative interest : (n) علاحدگی پسند مفاد ۔

Dissoconch : (n) دو صدفہ ؛ دو صدفی پہل روپ ۔

Dissogeny/Dissogony : (n)[Gr."dissogonia".] دو حالتی تولید ۔

Dissolubility : (n) صلاحیت تجزیہ ؛ تحلیل پذیری ۔

Dissoluble : (a) علاحدگی پذیر ؛ تجزیہ پذیر ؛ تحلیل پذیر ؛ قابل حل ؛ انتشار پذیر ۔

Dissolutee : (a) [L."dissolutus".] آوارہ ؛ بد چلن ؛ بدکار ؛ عیاش ۔

Dissolutely : (adv.) بدکاری سے ؛ بد چلنی سے ۔

Dissoluteness : (n) بد چلنی ؛ آوارگی ؛ بدکاری ؛ عیاشی ۔

Dissolution : (n) [L."dissolutio".] (۱) تجزیہ ؛ تحلیل ۔ (۲) پگھلنا ۔ (۳) (معاہدے وغیرہ کی)

منسوخی ؛ (رشتے یا شرکت داری کا) ٹوٹ جانا ؛ (نکاح کا) فسخ ہو جانا ۔ (٤) پارلیمنٹ کا برخاست ہونا ۔(٥) موت ؛ ہلاکت ۔(٦) خاتمہ ؛ اختتام ؛ زوال ۔

Dissolution of marriage : فسخ نکاح ۔

Dissolutionism : (n) نظریہ بر خاستگیٔ پارلیمنٹ ۔

Dissolutionist : (n) نظریہ برخاستگی پارلیمنٹ کا حامی ۔

Dissolvability : (n) تجزیہ پذیری ؛ حل پذیری ۔

Dissolvable /Dissolvible : (a) تجزیہ پذیر ؛ حل پذیر ؛ قابل تحلیل ۔

Dissolvableness : (n) دیکھو Dissolvability

Dissolve : (v) [L."dissolvere".] (١) تجزیہ کرنا؛ تحلیل کرنا ؛ تحلیل ہونا ۔(٢) گھلنا ؛ گھلانا ؛ گلنا ؛ گلانا ؛ پگھلنا ؛ پگھلانا ؛ ڈھیلا کرنا یا ہونا ؛ کمزور کرنا یا ہونا ۔ (٣) غائب ہو جانا ۔ (٤) منتشر کرنا یا ہونا ؛ پارلیمنٹ کا برخاست کرنا ۔(٥) (معاہدے یا شرکت وغیرہ کا) خاتمہ کرنا ؛ توڑنا ؛ منسوخ کرنا ؛ فسخ کرنا ۔(٦) حل کرنا (سوال کرنا) ۔ (٧) (سنیما میں) تصویر کا ماند پڑ جانا ۔ (٨) جذباتی طور پر گھلنا ۔

Dissolve : (n) سنیما میں ایک تصویر کو دوسری تصویر پر اس طرح منطبق کرنا کہ پہلی تصویر آہستہ آہستہ غائب ہو جائے ۔

Dissolvent : (a&n) محلل ؛ گدازندہ ؛ (وہ چیز) جو کسی چیز کو گھلا یا پگھلا دے ۔

Dissolver : (n) محلل ۔

Dissolving shutter : (n) سنیما ماند کرنے والا مندن ۔

Dissolving view : (n) گھلتا منظر ۔

Dissolvingly : (adv.) تحلیل کرتے ہوئے ۔

Dissonance : (n) [L."dissonantia".] ناسازگاری ؛ بے سرا پن ؛ بے میل پن ؛ ناہمواری ؛ بے آہنگی ؛ بے جوڑ ہونا ۔

Dissonant : (a) بے میل ؛ ناسازگار ؛ بے سرا پن ؛ کرخت ؛ ناگوار ؛ ان مِل ؛ بے جوڑ ؛ نا موافق ؛ بے آہنگ ۔

Dissonantly : (adv.) بے میل طور پر ؛ نا سازگاری سے ۔

Dissuade : (v) [L."dissuadere".] (١) (کسی کام کے خلاف) مشورہ دینا ؛ باز رہنے کی التجا کرنا ؛ سمجھانا بجھانا ۔(٢) مانع ہو نا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ۔

Dissuader : (n) باز رکھنے والا ؛ منع کرنے والا ؛ مانع ۔

Dissuasion : (n) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ سمجھانا ؛ بجھانا ۔

Dissuasive : (a&n) مانع ؛ باز رکھنے والا ۔

Dissuasively : (adv.) منع کرتے ہوئے ؛ ممانعت کے طور ۔

Dissuasiveness : (n) منع کرنا ؛ باز رکھنا ۔

Dissunder : (n) قطع کرنا ؛ جدا کرنا ؛ الگ کرنا ۔

Dissyllabic : (a) دو ہجائی ۔

Dissymmetric/-al : (a) مقابل اور متناسب ؛ غیر متشاکل ۔

Dissymmetry : (n) عدم تشاکل (جیسے سیدھا اور الٹا ہاتھ) ؛ مقابل شکلی ؛ مناظری تشاکل ۔

Distad : (adv.) [DIST(ANT)+-AD.] بعد رویہ ؛ بود رخہ ۔

Distaff : (n) [OE."distaef".] (١) لکڑی کا ٹکڑا جس پر اون یا سن کو کاتنے کےلئے لپیٹا جائے۔(٢) عورتوں کا کام ؛ زنان ؛ عورت ؛ زنانہ اقتدار ؛ زنانہ شاخ (خاندان) ؛ زن وارث ۔

Distaff side : (n) خاندان کا زنانہ فریق ؛ خاندان کی عورتیں ۔

Distaff thistle : (n) ایک قسم کے گوکھرو کا نام جس کی ڈنٹھل روئیں دار ہوتی ہے ۔

Distaff 's/St. Distaff's day : ظہور عیسیٰ کے تہوار کے بعد کا دن جس دن سے عورتیں کاتنا شروع کرتی ہیں ۔

Distain : (v) [OF."destaindre".] (١) دھبہ لگانا ؛ داغ لگانا ؛ رنگنا ۔ (٢) بےعزت کرنا ۔

Distal : (a) [DIST(ANT)+-AL.] (١) (تشریح و نباتیات) بعیدی ؛ واسع ؛ دور ؛ پھیلا ہوا ؛ مرکز یا نقطۂ اتصال سے دور آخری ؛ سرے کا ۔ (٢) جسمانی یا سماجی ۔

Distally : (adv.) پھیلتے ہوئے : بعیدانہ ۔

Distance : (n) [OF."destance".] (۱) دوری : فصل ۔ (۲) فاصلہ؛ بعد : مسافت ۔ (۳) حفظ مراتب ۔ (٤) دور مقام : نقطہ بعید ۔ (٥) (نقاشی) دور منظر ۔ (٦) عرصہ : مدت ۔

Middle distance : (نقاشی اور قدرتی مناظر) وسطی منظر : پیش منظر اور دور منظر کے درمیان کا حصہ ۔

Social distance : فرق مراتب ۔

To go the distance /To last the distance : مقررہ کام کو ختم کرنا ۔

To keep one's distance/To keep at a distance : الگ رہنا ۔

To know one's distance : دور رہنا ۔

Within striking distance : زد میں ۔

Distance : (v) (۱) دور رکھنا : فاصلے پر دکھانا ۔ (۲) مقابلے یا دوڑ میں بہت آگے نکل جانا ۔ (۳) مقررہ دوری سے جیتنا (گھوڑ دوڑ میں) ۔

Heliocentric distance : شمس المرکز فاصلہ ؛ شمس مرکزی فاصلہ ۔

Mean distance : وسطی فاصلہ : اوسط دوری فاصلہ ۔

Polar distance : قطبی فاصلہ ۔

Zenith distance : نقطہ راست کا فاصلہ ۔

Distance control : (برقیات و انجینیئری) ضبط بعید ۔

Distance flag : (n) (گھوڑ دوڑ) جھنڈا جو جیت نشان کے آگے لگا رہتا ہے ۔

Distance judge : (n) (گھوڑ دوڑ) وہ جج جو دوری نشان کے پاس کھڑا رہتا ہے ۔

Distance language : (n) ترسیل بعید ۔

Distance post : (n) وہ نشان یا جھنڈا جو جیت نشان کے آگے نصب کیا جاتا ہے ۔

Distance receptor : (n) بعید گیر ۔

Distance signal : (n) بحری بعید سگنل ۔

Distanced : (a) (مقابلے یا دوڑ میں) پیچھے چھوٹا ہوا : مقررہ دوری سے ہارا ہوا ۔

Distant : (a) (۱) دور : فاصلے پر ۔ (۲) بعید : دور کا ۔ (۳) سرد مہر : سرد مہری کا : تکلف کا : دیر آشنا ۔

Distant assimilation : (n) (لسانیات) بعید تماثل ۔

Distant environment : (n) بعید ماحول ۔

Distant signal : (n) (ریلوے میں) دوری سگنل ۔

Distant vision : (n) بعید رویت ۔

Distantly : (adv.) دور کے تعلق یا رشتے سے ؛ سرد مہری سے؛ تکلف سے ۔

Distantness : (n) سرد مہری : دیر آشنائی ۔

Distaste : (n) ناپسندیدگی : کراہت : بے رغبتی : تنفر : یک گونہ نفرت ۔

Distasteful : (a) نا پسندیدہ : ناگوار : مکروہ : بے مزہ ۔

Distastefully : (n) کراہت سے : ناپسندیدگی سے : نا پسندیدہ طور پر ۔

Distastefulness : (n) کراہت : ناگواری ؛ نا پسندیدگی ۔

Distemonous : (a) [Gr."di+stemon".] دو زر ریشہ دار : دو پرچمی ۔

Distemper : (v) [late L."distemperare".] (۱) پتلا کرنا ۔ (۲) کلپنی رنگ رنگنا ۔

Distemper : (n) (۱) مرض : علالت : بیماری : جسمانی یا دماغی عارضہ : خلل دماغی : بد خلقی : بدخوئی : تند مزاجی ۔ (۲) کتوں کی ایک بیماری جس میں نزلہ، کھانسی اور کمزوری کی شکایت ہو تی ہے ۔ (۳) سیاسی بے چینی : شورش : ملکی بد نظمی ۔

Distemper : (n) پلاسٹر یا کھریا پھیرنے کا ایک طریقہ جس میں تیل کے بجائے رنگ میں انڈے کی زردی وغیرہ ملاتے ہیں : کلپنی رنگ : چاشمہ ۔

Distemperature : (n) [med. L."temperature".] (۱) موسم کی خرابی ۔ (۲) علالت ؛ عارضہ ۔ (۳) خلل دماغی ۔ (٤) زیادتی ۔

Distend : (v) [L."distendere".] اندر سے پھلانا یا پھولنا ۔

Distensibility : (n) پھولنے یا پھلانے کی صلاحیت ۔

Distensible : (a) پھولنے یا پھلانے کے قابل ۔

Distension : (n) اندر سے پھولنا یا پھلانا ؛ تمدد ؛ نفخ ؛ انتفاخ ؛ پھلاؤ ۔

Distent : (a) [L."distentus".] پھولا ہوا ۔

Distention : (n) دیکھو Distension

Dister : دیکھو Dester

Disthene : (n) [Gr. "di + sthenos".] دو قوتہ ؛ سایانائٹ (Cyanite) ۔

Disthrone : (v) تخت سے اتار دینا ۔

Distich : (n) [L."distichon".] شعر ؛ بیت ؛ فرد ؛ دوہا ۔

Distichal : (a) (۱) (عرض) دو سطری ۔ (۲) دو ضلعی ۔

Distichiasis : (n) [mod. L."distichia".] (مرضیات) جفت مژگانی ۔

Distichous : (a) [L."distichus".] دو قطارہ ؛ دو منزلہ ؛ دو طبعی ۔

Distichously : (adv.) بطور دو منزلہ ؛ دو قطارہ کےطور پر ۔

Distil /Distill : (v) [L."de-, distillare".] (۱) ٹپکنا ۔ (۲) قطرہ قطرہ کر کے گرنا یا گرانا ؛ رسنا یا مقطر کرنا ۔ (۳) عرق کھینچنا ۔ (٤) ست یا جوہر نکالنا ۔ (٥) تبخیر کرنا ۔ (٦) کشید کرنا (ہسکی یا جوہر کا) ۔ (۷) کشید ہونا ۔

Distillable : (a) قابل کشید ؛ قابل تقطیر ۔

Distillate : (n) (۱) عرق کشیدہ ؛ عرق مقطر ۔ (۲) (مجازاً) مقطر ؛ جوہر ۔

Distillation : (n) (۱) تقطیر ؛ کشید ؛ عرق کشی ۔ (۲) (مجازاً) مقطر ؛ جوہر ۔

Destructive distillation : تخریبی کشید ۔

Dry distillation : خشک کشید ؛ خشک عرق کشی ۔

Fractional distillation : جزوی کشید ۔

Distillatory : (a) تقطیری ؛ کشیدی ؛ کشید کا ؛ تقطیر کا ۔

Distilled liquor : (n) مقطر شراب ۔

Distilled water : (n) مقطر پانی ۔

Distiller : (n) (۱) عرق کھینچنے والا خصوصاً شراب کشید کرنے والا ؛ شراب ساز ۔ (۲) سمندر کے پانی کو نمک سے صاف یا پاک کرنے کی مشین ؛ آلہ کشید ؛ انیق ۔

Distillery : (n) کشیدہ گاہ ؛ آبکاری ؛ شراب کا کارخانہ ؛ بھٹی ۔

Distilling flask : (n) کشیدی صراحی ۔

Distilment : (n) تقطر ؛ عرق مقطر ۔

Distinct : (a) [L."distinctus".] (۱) ممیز ؛ متمائز ؛ علاحدہ ؛ جدا ؛ مختلف ؛ جداگانہ ؛ مخصوص ؛ ممتاز ۔ (۲) ظاہر ؛ واضح ؛ صاف ؛ صریحی ؛ بین ؛ معین ؛ روشن ۔ (۳) یقینی ؛ قطعی ؛ حتمی ۔ (٤) مرصع ۔

Distinction : (n) (۱) تفریق ؛ امتیاز ؛ تمیز ؛ فرق ۔ (۲) اختلاف ؛ مخصوص یا ممیز ہونا ۔ (۳) سبب امتیاز ؛ مابہ الامتیاز ؛ نام ؛ خطاب وغیرہ ۔ (٤) اعزاز ؛ سرفرازی ؛ نشان اعزاز ؛ طغرائے امتیاز ۔ (٥) فضیلت ؛ شرف ؛ بزرگی ؛ مرتبہ ؛ رتبہ ؛ منزلت ۔ (٦) (ادبی طرز) خصوصیت ؛ ندرت ۔

Distinction without difference : خواہ مخواہ کی تفریق ؛ ترجیح بلا مرجح ۔

Distinctive : (a) ممیز ؛ خصوصی ؛ مختص ۔

Distinctive : (n) (۱) خصوصیت ۔ (۲) (عبرانی نحو) امتیازی تاکید ۔

Distinctively : (adv.) امتیازانہ ؛ ممیّز طور پر ؛ مخصوص طریقے سے ۔

Distinctiveness : (n) خصوصیت ؛ ممیز یا مخصوص ہونا ۔

Distinctly : (adv.) ممیز طور پر ؛ جدا گانہ ؛ واضح طور پر ؛ صاف طور پر ؛ قطعاً ؛ صریحاً ۔

Distinctness : (n) ممیز یا مخصوص ہونا ؛ وضاحت ؛ صراحت ۔

Distingue : (a) [F.] شاندار ؛ پر شوکت ؛ وجیہ ؛ متمائز ۔

Distinguish : (v) [F."distinguer".] (۱) تقسیم کرنا ؛ (مختلف طبقوں یا قسموں میں) ۔(۲) فرق ہونا ؛ مابہ الامتیاز ہونا ؛ امتیاز کرنا ؛ فرق کرنا ؛ علاحدہ علاحدہ بتانا ؛ امتیاز قائم کرنا ۔ (۳) مخصوص کرنا ؛ خصوصی صفت ہونا ؛ خاصیت یا خاصہ ہونا ۔(٤) پہچاننا ؛ شناخت کرنا ۔(٥) اپنے آپ کو ممتاز یا نمایاں کرنا ؛ جوہر دکھانا ۔

Distinguishable : (a) قابل امتیاز ؛ امتیاز پذیر ؛ شناخت پذیر ؛ شناخت کے قابل ؛ قابل تشخیص ؛ تشخیص پذیر ۔

Distinguishably : (adv.) قابل امتیاز یا قابل شناخت طور پر ۔

Distinguished : (a) (۱) ممیز ؛ مخصوص ۔(۲) غیر معمولی ؛ اعلا ؛ مشہور ؛ نامور ؛ ممتاز ؛ سربر آوردہ ؛ معزز ۔

Distinguishedly : (adv.) ممیز طور پر ؛ معززانہ ؛ اعلا طور پر ؛ شہرت کے ساتھ ۔

Distinguisher : (n) مخصوص کرنے والا ؛ ممیز کرنے والا ۔

Distinguishing : (a) امتیازی ؛ خصوصی ۔

Distinguishing flag : امتیازی جھنڈا ۔

Distinguishingly : (adv.) امتیازی طور پر؛ خصوصی طور پر ۔

Distinguo : (n) [L.] تلازمی ؛ امتیاز ۔

Dististyle : (n) بعض حشرات کے معاون اعضائے تناسل (مردانہ) جو بلیڈ کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Distoclusion : (n) نیچے کے دانتوں کی جا بجائی ۔

Distoma /Distomum : (n) دو دہنہ کِرم ۔

Distomatous : (a) دو دہنہ کِرم ۔

Distomatosis : (n) دو دہنی چھوت ؛ فساد جگر ۔

Distort : (v) [L."distort".] (۱) مسخ کرنا ؛ شکل بگاڑنا ؛ حلیہ بگاڑنا ؛ تحریف کرنا ۔ (۲) غلط ظاہر کرنا ؛ غلط بیان کرنا ؛ مسخ کر کے بیان کرنا ۔

Distorted : (a) مسخ شدہ ؛ بگاڑا ہوا ؛ مفتول ؛ معوج ؛ کج شدہ ؛ تحریف کردہ ۔

Distortedly : (adv.) مسخ شدہ شکل میں ؛ غلط بیانی کے ساتھ ۔

Distortedness : (n) بگاڑ ؛ تحریف ؛ غلط بیانی ۔

Distorter : (n) بگاڑنے والا ؛ مسخ کرنے والا ؛ تحریف کرنے والا ۔

Distortion : (n) مسخ ؛ تحریف ؛ توڑ مروڑ ؛ غلط بیانی ؛ (طب) کجی ؛ کج سازی ؛ تلویہ ؛ فتل ؛ (نفسیات) سوئے تعبیر ۔

Amplitude distortion : (طبیعیات) حیطی کجی ۔

Frequency distortion : (طبیعیات) تعددی کجی ۔

Phase distortion : ہیئتی کجی ۔

Distortionist : (n) (۱) خاکہ ساز ؛ خاکہ اڑانے والا ؛ مضحک تصویر بنانے والا ۔(۲) نٹ (جو اپنے اعضا توڑ مروڑ کرتا ہے)۔

Distortive : (a) بگاڑنے والا ؛ بگڑا ہوا ؛ مسخ شدہ ۔

Distract : (a) [L."distractus".] پریشان ؛ بد حواس ؛ مجذوب ۔

Distract : (v) (۱) توجہ پھیرنا ؛ موڑنا ؛ منعطف کرنا ؛ ہٹانا ۔ (۲) کسی کا خیال بانٹنا ؛ خیال منتشر کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ حیران کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ متحیر کرنا ؛ بد حواس کرنا ۔(۳) دیوانہ کرنا ؛ آپے سے باہر کرنا ۔

Distracted : (a) پریشان ؛ بدحواس ؛ متحیر ؛ مجذوب ؛ آپے سے باہر ؛ مضطرب ۔

Distractedly : (adv.) مضطربانہ ؛ متحیرانہ ؛ مجنونانہ ۔

Distractedness : (n) اضطراب ؛ بد حواسی ؛ پریشانی ۔

Distraction : (n) (۱) خیال ہٹانا ؛ خیال بانٹنا ؛ وہ چیزیں جن سے خیال ہٹ جائے یا بٹ جائے ۔

(۲) خلل ؛ حرج ۔ (۳) جمعیت خاطر ھونا ؛ انتشار ؛ پراگندگی ۔ (٤) تفریح ؛ دل بھلاؤ ؛ آرام ۔ (٥) گھبراہٹ ؛ بد حواسی ؛ پریشانی ؛ الجھن ؛ اندرونی کشمکش ؛ نزاع ؛ پھوٹ ؛ حیرانی ؛ اختلالی ۔ (٦) (نفسیات) انتشار توجه ۔

To distraction : جنون کی حد تك ۔

Distractive : (a) پریشان کن ۔

Distrain : (v) [OF."ditreindre".] (قانون) قرق کرنا ؛ مال منقوله ضبط کرلینا تا که رقم واجب الادا وصول کی جا سکے ۔

Distrainable : (a) قرق ھونے کے لائق یا قابل ۔

Distrainee : (n) جس کا مال قرق کیا جائے ۔

Distrainer /-or : (n) قرق کننده ؛ قرق امین ۔

Distrainment : (n) قرقی ۔

Distraint : (n) قرقی ۔

Distrait : (a) [F."distraire".] (خیال میں) کھویا ھوا ؛ بے خیالی کے عالم میں ۔

Distraught : (a) (۱) پریشان ؛ بد حواس ؛ پراگنده خاطر ۔ (۲) دیوانه ؛ سودائی ۔

Distress : (n) [OF."destrece".] (۱) مصیبت ؛ اذیت ؛ ایذا ؛ تکلیف ؛ رنج ؛ الم ؛ غم ؛ دکھ ؛ درد ۔ (۲) عسرت ؛ تنگدستی ؛ مفلسی ؛ محتاجی ۔ (۳) دقت ؛ دشواری ؛ مشکل ؛ صعوبت ؛ جوکھم ۔ (٤) شل ھو جانا ؛ بے دم ھو جانا ۔ (٥) (قانون) قرقی ؛ قرق شده چیزیں ۔ (٦) (بحری) سخت خطره ۔ (۷) خستگی ۔

Distress : (v) (۱) اذیت دینا ؛ شل کرنا ؛ بے دم کرنا ؛ دکھ دینا ؛ عاجز کر دینا ۔ (۲) متفکر کرنا ؛ تشویش میں ڈالنا ؛ متردد کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ۔ (۳) مغموم کر دینا ؛ رنج میں مبتلا کرنا ۔ (٤) قرقی کرنا ۔

Distress call : (n) سخت خطرے کی فریاد ۔

Distress rocket /gun : (n) بندوق یا ھوائی جو جہاز سے خطرے کی حالت میں چھوڑی جائے ۔

Distress sale : (n) قرق شده چیزوں کی فروخت ۔

Distress signal : (n) سخت خطرے کا سگنل ۔

Distress warrant : پروانه قرقی ۔

Distressed : (a) (۱) مصیبت زده ۔ (۲) مصنوعی قدیم ۔

Distressedly : (adv.) مصیبت زده ھو کر ۔

Distressedness : (n) مصیبت زدگی ؛ مفلسی ۔

Distressful : (a) پر درد ؛ الم ناك ؛ پرخطر ؛ غم زده ۔

Distressfully : (adv.) الم ناك طور پر ؛ پردرد طریقے سے ۔

Distressfulness : پُر درد ھونا ؛ المناك ھونا ۔

Distressingly : (adv.) اذیت دیتے ھوئے ؛ متفکر کرتے ھوئے ۔

Distributable : (a) تقسیم پذیر ؛ قابل تقسیم ۔

Distributary : (a) تقسیمی ؛ تقسیم سے متعلق ۔

Distributary : (a) (۱) تقسیم کننده ۔ (۲) راج باه ۔

Distribute : (v) [L."distribut".] (۱) حصه بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۲) پھیلانا ؛ بکھیرنا ؛ مختلف مقامات پر تعینات کرنا ۔ (۳) حصوں میں تقسیم کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ الگ الگ قسمیں قرار دینا ۔ (٤) (منطق) (لفظ کو) نوع کے ہر فرد کے لئے استعمال کرنا ؛ جزیتاً استعمال کرنا ۔ (٥) ٹائپ کو فرمے سے نکال کر اپنے اپنے بکس میں رکھنا ۔ (٦) (فوج) تقسیمی بنانا ۔

Distributee : (n) (قانو ن) حصه پانے والا ۔

Distributer /Distributor : (n) تقسیم کننده ؛ بانٹنے والا ؛ قاسم؛ نظام تقسیم؛ (برقیات، انجینیئرنگ) شه تار؛ (طبیعیات) حرف ریز ۔

Distributership/-orship : (n) (تھوك) فروخت کرنے کی اجازت ۔

Distribution : (n) (۱) بانٹ؛ قسمت؛ تقسیم ۔ (۲) (معاشیات) اسباب معیشت کی تقسیم ؛ جماعت کی مجموعی پیدائش میں فرد کا حصه ۔ (۳) اشاعت ؛ انتشار؛ نشر؛ منتشر؛ بکھرا ھوا ھونا؛ پھیلاؤ ؛ نقل مکانی ۔ (٤) (حصوں میں) تقسیم ؛ ترتیب ؛ درجه بندی ۔ (٥) (منطق) (لفظ کو) جزیتاً استعمال کرنا۔ (٦) ٹائپ کو اپنے اپنے بکس میں رکھنا ؛ حرف ریزی۔

Asymptotic distribution : متقاربی تقسیم ۔

Bimodal distribution : دو جہتی تقسیم ۔

Binomial distribution : دو حصوں میں تقسیم ۔

Bivariate distribution : دو تغیری تقسیم ۔

Bivariate normal distribution : دو تغیری حسب معمول تقسیم ۔

Circular distribution : دائروی تقسیم ۔

Compound frequency distribution : مرکب تعددی تقسیم ۔

Contagious distribution : وبائی تقسیم ۔

Cumulative normal distribution : مجموعی حسب معمول تقسیم ۔

Double exponential distribution : دو قوتی تقسیم ۔

Fiducial distribution : اعتمادی تقسیم ۔

Free distribution : آزاد یا بے قید تقسیم ۔

Free method distribution : آزاد طریقہ تقسیم ۔

Geometrical distribution : ہندسی تقسیم ۔

Multi-variant distribution : کثیر تغیری تقسیم ۔

Univariate normal distribution : یک نارمل تقسیم ۔

Distribution board : (n) (برقیات) تختہ تقسیم ۔

Distribution of labour : تقسیم کار ۔

Distribution section : (n) (طباعت) صیغہ حرف ریزی ؛ صیغہ تقسیم ۔

Distribution system : (n) (برقیات) نظام تقسیم ؛ رسانی کا نظام ۔

Distributional : (a) تقسیم سے متعلق ۔

Distributive : (a) (۱) تقسیم سے متعلق ؛ تقسیم کا ؛ تقسیمی ۔ (۲) (منطق، نحو) جزیتاً استعمال ہونے والا ۔

Distributive : (n) (نحو) حرف کی تقسیم جیسے (each, neither, every) ۔

Distributive adjective : (n) حرف تقسیم ۔

Distributive fault : (n) (ارضیات) طبقاتی نقص ۔

Distributive function : (n) جزئیتی تفاعل ۔

Distributive justice : (n) انصاف تقسیمی ؛ حقوق کے مطابق انصاف ۔

Distributive numeral : (n) تقسیمی اعداد جیسے ۱/۱ ، ۲/۲ ۔

Distributive use : (n) (فلسفہ) استقرائی استعمال ۔

Distributively : (adv) تقسیمی طور پر ؛ (لفظ کا استعمال) نوع کے ہر فرد کے لئے جزیتاً ۔

Distributiveness : (n) تقسیم ہونا ۔

District : (n) (۱) ضلع ؛ علاقہ ؛ حلقہ ۔ (۲) کلیسائی حلقہ ؛ وہ علاقہ جس کا گرجا اور پادری الگ ہو ۔ (۳) صوبے کا شہری یا دیہاتی علاقہ جس کی انتظامی کونسل الگ ہو ۔ (٤) دائرہ عمل ۔ (٥) خطہ ؛ سر زمین ؛ علاقہ ۔

District : (v) ضلعوں میں تقسیم کرنا ۔

District attorney : (n) وکیل ضلع ۔

District check : (n) ایک قسم کا چارخانہ کپڑا ۔

District council : (n) ضلع مجلس ۔

District councilor : ضلع مجلس کا رکن ۔

District court : (n) ضلع کچہری ۔

District visitor : (n) وہ شخص جو کلیسائی حلقے کے ایک حصے میں پادری کے ماتحت کام کرتا ھے ۔

Distringas : (n) [L.] پروانہ قرقی ۔

Distrix : (n) موشگافی (مرض) ۔

Distrust : (n) بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ شبہ ؛ شک ؛ بد گمانی ۔

Distrust : (v) اعتبار نہ کرنا ؛ بھروسہ نہ کرنا ؛ بد گمانی کرنا ؛ شبہ کرنا ؛ شک کرنا ۔

Disulphide : (n) (کیمیا) وہ مرکب جس میں گندھک کے دو جوہر کسی دوسرے عنصر سے ملے ہوئے ہوں ۔

Disulpho : جزو ترکیبی جو ان ترشوں کے لئے آتا ھے جو سلفیورک ایسڈ کے دو سالموں سے بنائے گئے ہوں ۔

Disulphuret : دیکھو Disulphide

Disulphuric : (a) جس میں سلفیورک ایسڈ کے سالمے ہوں اور جس میں سے پانی کا ایک سالمہ ہٹا دیا گیا ہو ۔

Disuniform : (a) بے یکسانی ۔

Disunion : (n) علاحدگی ؛ جدائی ؛ عدم اتحاد ؛ نا اتفاقی ؛ پھوٹ ؛ نزاع ۔

Disunionist : (n) عدم اتحاد کا حامی خصوصاً جو امریکا میں ریاست متحدہ کے اتحاد کے خلاف ھے ۔

Disunite : (v) الگ کرنا یا ہونا ؛ جدا کرنا یا ہونا ؛ پھوٹ ڈالنا یا پڑنا ۔

Disunited : (a) (گھوڑا) سرپٹ یا پویہ ؛ (چال) میں پاؤں غلط اندازے سے ڈالنے والا ۔

Disunity : (n) علاحدگی ؛ پھوٹ ؛ نزاع ؛ عدم اتحاد ۔

Disuse : (n) متروک ہونا ؛ عدم استعمال ؛ تعطل ؛ بے رواجی ؛ بے مصرفی ؛ ترک ۔

Disuse : (v) استعمال نہ کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ۔

Disutility : (n) بے فائدگی ؛ منفی افادہ ؛ ضرر رسانی ۔

Disutilize : (v) افادہ سے محروم کرنا ؛ بے مصرف کر دینا ؛ بیکار کر دینا ۔

Diswarren : (v) خرگوش کے بھٹ کو خالی کر دینا ۔

Disyllabic /Dissyllabic : (a) [F."dissyllabique".] دو ہجائی ۔

Disyllabically/Diss -: (adv.) دو ہجائی اجزا کی صورت میں ۔

Disyllabize /Diss-/Disyllabify / Diss - : (v) دو ہجائی بنانا ۔

Disyllabizm /Diss - : دو ہجائیت ۔

Distruster : (n) اعتماد کرنے والا ؛ بد گمانی کرنے والا ؛ شبہ کرنے والا ۔

Distrustfull : (a) اعتبار نہ کرنے والا ؛ بد گمان ؛ شکی ۔

Distrustfully : (adv.) بے اعتباری سے ؛ بے اعتمادی سے ؛ بد گمانی سے ۔

Distrustfulness : (n) بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ بدگمانی ؛ شک ۔

Distune : (v) بے سُر بنانا ؛ سُر بگاڑنا ۔

Disturb : (v) [ME."destorben".] (۱) خلل ڈالنا ؛ بے چین کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ؛ درہم برہم کرنا ؛ شورش پیدا کرنا ؛ مضطرب کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بد حواس کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ تشویش یا الجھن میں ڈالنا ۔ (۲) (قانون) مداخلت کرنا ۔ (۳) جگانا (خصوصاً خیال یا نیند سے) ۔ (٤) نقصان پہنچانا ۔

Disturbance : (n) (۱) خلل ؛ اضطراب ؛ شورش ؛ ہنگامہ ؛ گڑ بڑ ۔ (۲) شور و غوغا ؛ بلوا ؛ فساد ؛ فتنہ ۔ (۳) اختلال ؛ خلل دماغ ۔ (٤) (قانون) مداخلت ؛ مزاحمت ؛ خلل اندازی ۔ (٥) آندھی ۔ (٦) زلزلہ ۔

Disturbance of possession : خلل اندازی قبضہ ۔

Disturbant : (a & n) خلل انداز ۔

Disturbed : (a) (۱) مختل ۔ (۲) مختلوں کے لئے ۔

Disturbed area : (a) (۱) فساد زدہ علاقہ ۔ (۲) وہ علاقہ جہاں زلزلہ محسوس کیا گیا ہو ؛ متزلزل علاقہ ۔

Disturbedly : (adv.) مختل طور پر ۔

Disturber : (n) [AF."destourbour".] (۱) شور پشت ۔ (۲) مداخلت بیجا کرنے والا ۔

Disturbor : (a) مداخلت بیجا کرنے والا ۔

Distyle : (a) (تعمیرات) دو ستونی ۔

Distyle : (n) (تعمیرات) ایوان دو ستونی ۔

Disulphate : (n) (کیمیا) نمک جس میں کسی اساس کے ایک معادل کے ساتھ گندھک کے تیزاب کے دو معادل ہوں ۔

Disyllable / Dissyllable : (n) [F."dissyllabe".] دو ہجائی لفظ یا رکن۔

Disyllable/ Diss -: (a) دیکھو Disyllabic

Disyntheme : (n) عناصر کی ایسی ترکیب کہ مختلف گروھوں/مجموعوں میں کوئی ایک عنصر صرف دو بار پایا جائے جیسے ۱.۲، ۲.۳، ۳.٤، ٤.۱ ۔

Dit : (n) [ME.] مختصر اور سادہ گیت۔

Dit : (v) [OE."dyttan".] بند کرنا ؛ بھرنا۔

Dita : (n) [Native name.] فلیپائن کے ایک درخت کی چھال کا مقامی نام۔

Dital : (n) [It."dito".] گیٹار کا ایک پردہ جسے انگوٹھے سے دبایا جاتا ھے۔

Ditch : (n) [OE."dic"] (۱) خندق ؛ گڑھا ؛ کھائی۔ (۲) ندی ؛ نالا ؛ بد رو۔

Ditch : (v) (۱) خندق بنانا ؛ خندق کی مرمت کرنا۔ (۲) بد رو بنانا ؛ پانی کے بہ جانے کا انتظام کرنا۔ (۳) گڑھے میں پھنس جانا (گاڑی وغیرہ)۔ (٤) پھینک دینا ؛ علاحدہ کرنا۔ (۵) (عام) چھپا دینا ؛ چھپ جانا۔ (٦) (انجن میں خرابی کی وجہ سے) ھوائی جہاز کو پانی پر اتارنا یا ھوائی جہاز کا اترنا۔

Ditcher : (n) خندق بنانے والا ؛ خندق بنانے کی مشین۔

Ditetragonal : (a) (قلمیات) ہشت زاویائی۔

Dithecous /Dithecal : (a) [Gr."di"+"theke"+-OUS.] (نباتیات) دو گوشکی۔

Ditheism : (n) ثنویت ؛ دوئی ؛ خیروشر کی دو مستقل قوتوں کا قائل ھونا۔

Ditheist : (n) ثنویہ ؛ معتقد بہ دو خدا۔

Ditheistic /Ditheistical : (a) ثنویت سے متعلق۔

Dither : (v & n) کانپنا ؛ لرزنا۔

Dithionic : (a) [DI-+Gr."thion".] Dithionic acid میں ($H_2 S_2 O_6$) دو اساسی ترشہ جو خالص حالت میں نہیں ملتا لیکن جس سے قلم پذیر نمک بنتا ھے۔

Dithyramb : (n) [L."dithyrambus".] (۱) پُرجوش یونانی بھجن (مناجات) جو مل کر گایا جاتا تھا۔ (۲) بد مستانہ راگ ؛ شراب کے دیوتا کے پجاریوں کا گیت۔ (۳) پُر جوش نظم ؛ تقریر یاتحریر ؛ طمطراق کی تحریر یا تقریر۔

Dithyrambic : (a) بد مستانہ (راگ) ؛ پرجوش تقریر یا تحریر۔

Dithyrambic : (n) شاعری خمریات۔

Ditokous : (a) [Gr."ditokos".] دو زا۔

Ditolyl : (n) (کیمیا) ایک خوشبو دار آبدار کاربن۔

Ditone : (n) [Gr."ditonon".] دوسروں کا وقفہ۔

Ditrematons : (a) [mod."ditremata".] (حیوانیات) دو روزنی ؛ نر مادہ ؛ روزنی۔

Ditremid : (n) [mod. L."Ditremidae".] مچھلی کی ایک قسم۔

Ditriglyph : (n) [F."ditriglyphe".] (۱) (تعمیرات) دوجھری دار مربعوں کے بیچ کی جگہ۔ (۲) ڈورک طرز کے ستونوں کی درمیانی جگہ۔

Ditrigonal : (a) (قلمیات) دو سطحی زاویوں والا۔

Ditrochean : (a) دو trochee والا۔

Ditrochee : (n) وہ رکن جس میں دو trochee ھوں۔

Ditroite : (n) [f."Ditro" in Transylvania.] ایک قسم کی چٹان۔

Dittander : (n) نعناع آبی۔

Dittany : (n) [OF."ditan".] نعناع آبی ؛ آبی پودینہ ؛ ایک بوٹی جو ایک زمانہ میں دوا میں کام آتی تھی۔

Dittay : (n) [OF."dite".] بنیاد استغاثہ ؛ استغاثہ۔

Ditto : (a & n) [It."ditto","detto".] (۱) مذکورہ بالا ؛ ایضاً ؛ بشرح صدر۔ (۲) مثنی ؛ نقل۔ (۳) ایک ہی طرح کا کپڑا۔

Ditto : (v) (۱) ایک طرح کا ھونا۔ (۲) مکرر کہنا یا کرنا ؛ مکرر ھونا۔

Dittograph : (n) حرف مکرر۔

Dittographic : (a) مکرر لکھے جانے سے متعلق ۔

Dittography : (n) [Fr."dittos"+-GRAPHY.] مکرر نویسی ؛ تکرار ؛ (کاتب یا نقل نویس کا) کسی حرف یا جملے کو مکرر لکھ جانا ۔

Dittology : (n) [Gr."dittologia".] دوہری توضیح ؛ تکرار کلام ۔

Ditty : (n) [Ms."dite","ditee".] مختصر اور سادہ گیت ۔

Ditty-bag / box : (n) جہاز رانوں یا ملاحوں کا تھیلا یا صندوقچہ جس میں وہ ہر قسم کی چیزیں رکھتے ہیں ۔

Diureide : (n) (کیمیا) دو بعدیانی رسوب اور ایک اصلیہ ترشے کا مرکب ۔

Diuresis : (n) [Gr."diuresis".] امدار (بول) ؛ پیشاب کی فراوانی ۔

Diuretic : (a) مدر بول ؛ پیشاب آور ۔

Diuretic : (n) پیشاب آور دوا ۔

Diurnal : (a) [L."diurnalis".] (۱) یومی ؛ یومیہ ۔ (۲) روزانہ ۔ (۳) (حیوانیات) روز خیز ۔ (٤) دن سے متعلق ؛ دن کا ؛ روز کا ۔ (٥) (بروج) طاق ۔

Diurnal : (n) (۱) (کلیسا) کتاب عبادت ۔ (۲) روزنامچہ ۔ (۳) روزانہ اخبار ۔ (٤) (حیوانیات) حشرہ روز ۔

Diurnal arc : (n) قوس النہار ۔

Diurnal parallax : (n) اختلاف ؛ منظر یومیہ ۔

Diurnalist : (n) روزنامچہ نگار ۔

Diurnally : (adv) روزانہ ؛ ہر روز ۔

Diurnation : (n) [L."diurnus".] دن میں سونے یا آرام کرنے کی عادت ۔

Div : (n) [pers. "dev".] دیو ؛ غول ۔

Diva : (n) [It.] با کمال مطربہ ؛ اعلا درجہ کی گانے والی ۔

Divagate : (v) [L."divagart".] بہکنا ؛ بھٹکنا ۔

Divagation : (n) انحراف ؛ بہکاؤ ؛ بہکنا ؛ بھٹکنا ۔

Divalent : (a) [DI-+L."Valentem".] دو گرفتہ ؛ وہ مرکب جس میں کسی عنصر (ہائڈروجن وغیرہ) کے دو حصے ہوں ۔

Divan : (n) [pers."devan".] (۱) دیوان ؛ (مشرقی) مجلس حکومت ؛ خصوصاً ترکی شاہی کاؤنسل ۔ (۲) (مشرقی) ایوان شوریٰ ؛ عدالت ۔ (۳) دیوار سے لگا ہوا تکیہ دار صوفہ یا لمبا تخت ۔ (٤) (شاعروں) کا دیوان ۔ (٥) سگار (کی دکان) ؛ تمباکو نوشی کا کمرہ ۔

Divariant : (a) دو تغیری ۔

Divaricate : (v) [L."divaricat".] (۱) (سڑک یا ڈال کی) لمبی شاخیں ہو جانا ؛ شاخیں پھیلنا یا پھیلانا ۔ (۲) پھیلنا ۔

Divaricate : (a) (نباتیات و حیوانیات) منشعب ؛ منتشر ۔

Divaricately : (adv) پھیلتے ہوئے ۔

Divarication : (n) (۱) شاخیں پھوٹنا ؛ انشعاب ؛ انتشار ۔ (۲) (تشریح) فصال بر نامہ ۔ (۳) اختلاف عقیدہ ۔

Divaricatorr : (n) شگافندہ ؛ منشعب ۔

Dive : (v)[OE."dyfan","dufan".] (۱) غوطہ مارنا؛ ڈبکی لگانا ۔ (۲) اچانک نیچے چلا جانا یا نظر سے اوجھل ہو جانا ۔ (۳) (پانی، برتن یا جیب میں) ہاتھ ڈالنا ۔ (٤) مستغرق ہو جانا ؛ ڈوب جانا ۔ (٥) غوطہ دینا ۔ (٦) (عام) جیب کترنا ۔

Dive : (n) (۱) غوطہ ؛ ڈبکی ؛ پانی کے نیچے تیرنا ۔ (۲) اچانک غائب ہو جانا یا نظرسےاوجھل ہو جانا ۔ (۳) (امریکا) شراب خانہ ۔ (٤) گرنا (قیمت کا)۔

Dive-bomb : (v) غوطہ مارکر بم گرانا ۔

Dive-bomber : (n) غوطہ بمبار ۔

Dive-dap /-dop : (n)۔ (تمسخرانہ) غواص ؛ غوطہ زن (شخص)

Dive-dapper : (n) Dive-dap دیکھو ۔

Divellent : (a) [L."divellentem".] جدا ہونے والا ؛ تحلیل ہونے والا ؛ جدا کرنے والا ۔

Divellicate : (v) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ۔

Diver : (n) (۱) غوطہ خور ؛ ڈبکی لگانےوالا ؛ غوطہ زن ۔ (۲) غواص/پن ڈبا ۔ (۳) پن ڈبی ؛ غواص پرند ؛ غوطہ خور ۔ (٤) جیب کترا ۔

Diverge : (v) [mod."divergere".] (۱) ایک مرکز سے منتشر ہو جانا ؛ پھیلنا ؛ پھوٹنا ۔ (۲) شاہراہ سے ہٹ جانا ۔ (۳) مختلف ہونا ؛ منحرف ہونا ؛ اختلاف رائے کرنا ۔ (٤) موڑنا ؛ منحرف کرنا ۔

Divergement : (n) دیکھو Divergence

Divergence /Divergency : (n) انتشار ؛ اختلاف ؛ انحراف ؛ انفراج ؛ اتساع ؛ پھیلاؤ ۔

Divergent : (a) منتشر ؛ متسع ؛ منفرج ؛ اتساعی ؛ منحرف ؛ مختلف ۔

Divergent evolution : (n) انحرافی ارتقاء ۔

Divergent lens : (n) اتساعی عدسہ ؛ موسع عدسہ ۔

Divergent series : (n) (مرضیات) متسع سلسلہ ۔

Divergent squint : (n) شدید بھینگاپن ۔

Divergently : (adv.) منحرفانہ ؛ مڑتے یا موڑتے ہوئے ۔

Diverging : (a) (ریاضیات) اتساعی ؛ منشعب ۔

Diverging point : (n) نقطہء اتساع ۔

Diverging rays : (n) اتساعی شعاعیں ؛ منفرج شعاعیں ۔

Divergingly : (adv.) اتساعی ۔

Divers : (a) [ME."divers","diverse".] کئی ؛ چند ؛ متعدد ۔

Diverse : (a) (۱) کئی ؛ چند ؛ متعدد ؛ مختلف ۔ (۲) گوناگوں ؛ رنگا رنگ ؛ طرح طرح کا ۔

Diversely : (adv.) مختلف طور پر ؛ طرح طرح سے ۔

Diversi : جزو ترکیبی بمعنی رنگا رنگ ؛ طرح طرح کا ۔

Diversification : (n) اختلاف ؛ تنوع ؛ ترمیم ؛ گونا گونی ؛ بوقلمونی ۔

Diversiflorate/ Diversiflorous : (a) مختلف الازہار ؛ مختلف پھولوں والا ۔

Diversifoliate/ Diversifolious : (a) مختلف الاوراق ؛ مختلف قسم کی پتیوں والا ۔

Diversiform : (a) مختلف الشکل ؛ گوناگوں ؛ رنگارنگ ؛ متنوع ۔

Diversify : (a) [OF."diversifier".] مختلف یا متنوع کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ قدرے تبدیل کرنا ؛ گوناگوں کرنا ؛ رنگ برنگ بنانا ۔

Diversion : (n) [med. L."diversio".] (۱) موڑ ؛ ضمنی راستہ ؛ انحراف ؛ میلان ۔ (۲) توجہ ہٹانا یا بٹانا؛ (جنگ) حریف کو مغالطے میں ڈالنے کی چال ؛ چمکا ؛ مغالطہ ۔ (۳) دل بہلاؤ ؛ تفریح ۔ (٤) پانی کا رخ پھیرنا ۔

Diversion cut : (n) ضمنی نالی ۔

Diversional : (a) تفریحی ؛ دل بہلاؤ ۔

Diversionary : (a) (۱) مغالطہ آمیز ۔ (۲) انحرافی ۔

Diversionist : (n) مغالطہ آمیز تخریب کار ۔

Diversity : (n) [F."diversete","diversite".] (۱) اختلاف ؛ عدم مشابہت ۔ (۲) مختلف قسم ؛ جدا گانہ تقسیم ۔ (۳) گونا گونی ؛ تنوع ۔

Diversity reception : (n) گونا گونی تحصیل ۔

Diversely : (adv.) مختلف طریقے سے ۔

Divert : (v) [OF."divertir".] (۱) موڑنا ؛ پھیرنا ؛ منحرف کرنا۔ (۲) (وار) بچانا ؛ خالی دینا ۔ (۳) کسی کی توجہ ہٹانا ؛ خیال ہٹانا ۔ (٤) کسی کا دل بہلانا ؛ تفریح کا سامان کرنا ۔

Diverter : (n) دل بہلانے والا ؛ عاطف ۔

Diverticular : (n) عطفی ۔

Diverticulated : (a) عطفہ دار ۔

Diverticulum : (n) [L."di-","deverticulum".] عطفہ ۔

Divertimento : (n) (۱) تفریح ۔ (۲) ضمنی نقل یا چٹکلا ۔

Divertingly : (adv.) دل بہلاتے ہوئے ۔

Divertingness : (n) باعث تفریح ہونا ۔

Divertisement : (n) — (۱) دیکھو Diversion - (۲) دیکھو Divertimento -

Divertisement : (n) [F.] — دیکھو Divertimento

Dives : (n) [L.] — (۱) امیر ؛ دولت مند ؛ تونگر - (۲) درجہ اعلیٰ کا خرچ -

Dives costs : (n) — درجہ اعلیٰ کا خرچ -

Divest : (v) [med. L."divestire".] — (۱) ننگا کرنا ؛ عریاں کرنا ؛ برہنہ کرنا - (۲) لباس وغیرہ سے محروم کرنا - (۳) کسی چیز سے محروم کرنا یا نجات دینا ؛ عاری کرنا - (٤) (قانون) جائداد سے محروم کرنا -

Divested : (a) — عاری ؛ محروم -

Divestible : (a) — قابل محرومی -

Divestment : (n) — (۱) محرومی (حق یا جائداد سے) - (۲) ننگا کرنا ؛ ننگا ہونا -

Divestitive : (a) — محروم کرنے والا ؛ عاری کرنے والا -

Divestiture/ Divesture : (n) [med.L."divestitura".] — (۱) محرومی (حق یا جائداد سے) - (۲) ننگا کرنا ؛ ننگا ہونا -

Divet : (n) — زمین کا دوب ؛ اگا ہوا -

Divi-divi : (n) [Carib.] — ایک امریکی درخت خمیدہ ڈوڈا جو دباغی میں کام آتا ہے -

Dividable : (a) — قابل تقسیم ؛ تقسیم پذیر -

Divide : (v) [ME."de-" "dividen".] — (۱) تقسیم کرنا یا ہونا ؛ حصے کرنا ؛ ٹکڑے کرنا - (۲) چیرنا ؛ چیر کر نکل جانا - (۳) قسمیں یا حصے قرار دینا؛ قسمیں یا حصے ہونا - (٤) جدا کرنا ؛ الگ کرنا ؛ حد فاصل ہونا؛ مائل ہونا - (٥) پھوٹ ڈالنا ؛ نفاق ڈالنا ؛ اختلاف رائے پیداکرنا؛ بٹانا (توجہ، خیال) - (٦) بانٹنا؛ تقسیم کرنا- (۷) دوسروں کے ساتھ شریک ہونا؛ حصہ لگانا؛ شرکت کرنا - (۸) (مرضیات) تقسیم کرنا؛ عملی تقسیم کرنا؛ (ایک عدد کا دوسرے عدد کو) پورا پورا تقسیم کر دینا - (۹) رائے شماری کے وقت دو گروہوں میں تقسیم کر دینا یا ہو جانا (پارلیمنٹ وغیرہ کا) - (۱۰) درجوں میں تقسیم کرنا -

To divide the hoof : — شگاف دار سُم یا کھر رکھنا -

Divide : (n) — (۱) تقسیم - (۲) (امریکا) اونچی زمین جو دریاؤں کے بیچ میں ہوتی ہے ؛ فاصل آب -

Divided : (a) — (۱) منقسم؛ منقسمہ ؛ (نباتیات) شگافتہ ؛ علاحدہ ؛ نزاعی - (۳) (بندوق قانون) مشترک خاندان سے الگ یا آزاد -

Dividedly : (adv) — منقسم طور پر ؛ الگ الگ ہو کر ؛ فرداً فرداً -

Dividedness : (n) — منقسم ہونا -

Dividend/Dividant : (n) [F."dividende", L."dividendum".] — (۱) (ریاضیات) عدد مقسوم ؛ مقسوم - (۲) سود کی رقم یا مشترک سرمائے کی کمپنی کا منافع ؛ وہ رقم جو دیوالیہ دوکان دار کے قرض خواہوں کو دی جائے ؛ سود ؛ منافع - (۳) حصہ (ہر شریک کا حصہ منافع میں یا قرض خواہوں کا سود میں)-

To declare dividend : — حصہ منافع کا اعلان کرنا -

Dividend warrant : (n) — اطلاع نامہ منافع -

Divider : (n) — (۱) قاسم ؛ تقسیم کنندہ - (۲) (ریاضیات) مقسوم علیہ - (۳) پرکار جو ناپنے کےلئے استعمال ہوتا ہے -

Dividing : (a) — قاسم ؛ تقسیم کرنے والا -

Dividing engine : (n) — مقسم آلہ؛ مقسم کل ؛ پہیے میں دندانہ بنانے والا -

Dividing ridge : (n) — فاصل آب -

Dividingly : (adv.) — تقسیم کرتے ہوئے -

Dividual : (a) — (۱) جدا ؛ علاحدہ ؛ الگ - (۲) علاحدگی پذیر ؛ منفصل -

Dividually : (adv.) — جداگانہ ؛ علاحدہ علاحدہ ؛ الگ الگ -

Divination : (n) — (۱) پیش گوئی ؛ الہام ؛ علم غیب ؛ غیب دانی ؛ غیب کا حال بتانا - (۲) صحیح قیاس ؛ ٹھیک اندازہ -

Divinatory : (a) — قیاسی ؛ الہامی -

Divine : (a) [ME."devine".] (۱) ربانی ؛ الٰہی ؛ خدائی ؛ ایزدی ؛ خدا داد ؛ دیوتا کا ؛ دیوتا کی طرح ۔ (۲) مقدس ؛ سماوی ؛ دینی ؛ ما فوق البشری ؛ قدوسی ؛ ملکوتی (کمال حسن خوبی وغیرہ) ۔

Divine : (n) فاضل الٰہیات ؛ عالم دینیات ۔

Divine : (v) (۱) الہام ؛ جادو ؛ وجدان یا قیاس سے معلوم کرنا ؛ پہلے سے جان لینا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ تاڑ جانا ؛ قرینے سے یا قیاس سے سمجھ جانا ۔ (۲) پیش گوئی کا کام کرنا ؛ غیب داں ہونا ۔

Divine decree : (n) تقدیر ؛ مشیت ۔

Divine healing : (n) علاج بالاعتقاد ۔

Divine right : (n) نیابت الٰہی ؛ خدا داد حق ۔

Divine service : (n) جماعت کی نماز یا عبادت ۔

Divine will : (n) مشیت ایزدی ۔

Divinely : (adv.) خدائی طور پر ؛ بہ طور احسن ۔

Divineness : (n) الوہیّت ؛ مافوق البشر خوبی ۔

Diviner : (n) (۱) غیب گو ؛ غیب داں ؛ پیش گوئی کرنےوالا ؛ مخبر غیب ۔ (۲) جادو گر ؛ شعبدہ باز ، خصوصاً زیر زمیں پانی یا معدنیات کا پتہ چلانے والا ۔

Divineress : (n) غیب گو ؛ غیب داں ؛ پیش گوئی کرنے والی ؛ جادوگرنی ۔

Diving : (n) غواصی ؛ غوطہ ۔

Diving : (a) غواص ؛ غوطہ زن ۔

Diving bell : (n) غواصی آلہ ؛ غواصیہ ۔

Diving board : (n) تختہ غواصی ۔

Diving boat : (n) غواصوں کی کشتی ۔

Diving buck /goat : (n) جنوبی افریقہ کا چکارا ۔

Diving duck : (n) غوّاص مرغابی ۔

Diving pigeon : (n) سیاہ تنگ منقار آک ۔

Diving plane /-rudder : (n) آب دوز کشتی کا پتوار ۔

Diving suit /-dress : (n) غواصی پوشاک ۔

Diving spider : (n) عنکبوت آبی ۔

Divinify : (v) دیوتا بنانا ؛ خدا سمجھنا ۔

Divining : (n) پیش گوئی کرنا ؛ غیب دانی کرنا ۔

Divining rod : (n) غیبی ڈنڈی ؛ طلسمی سلاخ ؛ دو شاخہ چھڑی جس کی مدد سے زیر زمین پانی یا معدنیات معلوم کی جاتی ہیں ۔

Divinity : (n) [ME."de-","divinite".] (۱) الوہیت ؛ خدائی ۔ (۲) الہ ؛ دیوتا ؛ معبود ۔ (۳) قابل پرستش شخص ۔ (٤) علم الٰہیات ؛ دینیات ؛ کسی جامعہ کا شعبہ دینیات ۔ (٥) ایک قسم کی شیرینی جو انڈے کی سفیدی ، بھوری چینی اور جوزوں سے بنائی جاتی ہے ۔

The divinity : اللّٰہ ؛ خدا ؛ ایزد ؛ پرمیشور ۔

Divinity calf : (n) (جلد بندی) گہرے بادامی رنگ کے چمڑے کی جلد جس کے کناروں پر ٹھپے سے سادہ بیل بنائی گئی ہو ۔

Divinityship : (n) الوہیت ؛ خدائی ۔

Divinization : (n) دیوتا بنانا یا بنایا جانا ۔

Divinize : (v) دیوتا بنانا ؛ معبود جاننا ؛ خدائی کا درجہ دینا ۔

Divisibility : (n) تقسیم پذیری ؛ انقسام ؛ قسمت پذیری ؛ پورا پورا تقسیم ہو جانا ۔

Divisible : (a) (۱) انقسام پذیر ؛ تقسیم پذیر ؛ قسمت پذیر ؛ قابل تقسیم ۔ (۲) (ریاضیات) پورا پورا تقسیم ہونے والا ۔

Divisible contract : (n) تقسیم پذیر معاہدہ ۔

Divisible offense : (n) ایسا جرم جس کا کچھ حصہ قابل معافی ہو اور کچھ قابل سزا ۔

Divisibleness : (n) دیکھو Divisibility

Divisibly : (adv.) تقسیم پذیری سے ؛ پورا پورا تقسیم ۔

Division : (n) [ME."de-","divisioun".] (۱) تقسیم ؛ انقسام ؛ علاحدگی ؛ جدائی ؛ تفریق ۔ (۲) قسمت کا بنوارا ؛ حصے کرنا ۔ (۳) اختلاف ؛ مخالفت ؛ پھوٹ ؛ دستہ بندی ؛ طبقہ بندی ؛ تفرقہ ۔ (٤) (ریاضیات) تقسیم ۔ (٥) (م) تقسیم ؛ ترتیب ۔ (٦) (پارلیمنٹ) رائے شماری کے واسطے پارلیمنٹ کے ممبروں کا دو گروھوں میں تقسیم ھونا یا کرنا ؛ تفریق ۔ (۷) حد؛ حد فاصل ۔ (۸) جز؛ حصہ؛ شعبہ؛ فصل؛ باب ۔ (۹) قسمت ؛ حلقہ ۔ (۱۰) فوج یا بیڑے کا معین حصہ جو ایک افسر کے ماتحت ھو ؛ (فوج) فوجی جماعت جو دو یا تین بریگیڈیروں پر مشتمل ھو ۔ (۱۱) (تاریخ طبعی) جنس ؛ نوع ۔

Cross division : تقسیم متوارد ۔

Overlapping division : تقسیم متراکب ۔

Short division : معمولی تقسیم ۔

Zony division : (علم الحساب) تقسیم طویل ۔

Division centre : (n) مرکز تقسیم ۔

Division of fare : (تجارت) تقسیم کرایہ ۔

Division of labour : تقسیم کار ؛ تقسیم عمل ؛ کام کو بانٹ دینا ۔

Division of powers : تقسیم اختیارات ۔

Division of rates : (تجارت) تقسیم شرح ۔

Division peg : (n) تقسیم کیل ۔

Division plate : (n) تقسیم تختی ۔

Division wall : (n) دیوار جو کسی عمارت کو مختلف حصوں میں تقسیم کرے ۔

Divisional : (a) تقسیمی ؛ متعلق بہ تقسیم ؛ قسمت داری یا قسمت سے متعلق ؛ سرحد کے فوجی ڈویزن کا ۔

Divisional title : (n) ذیلی سر ورق ۔

Divisionally : (adv.) تقسیم یا قسمت کے لحاظ سے ۔

Divisioner : (n) تقسیم کرنے والا ۔

Divisionism : (n) مصوری کا ایک طرز ۔

Divisive : (a) تقسیمی ؛ تجزیاتی ۔

Divisively : (adv.) تقسیمی طور پر ؛ تجزیاتی طور ۔

Divisiveness : (n) تقسیمی یا تجزیاتی ھونا ۔

Divisor : (n) [L."divisorem".] (۱) (مرضیات) مقسوم علیہ ؛ قاسم ۔ (۲) وہ عدد جس پر کوئی رقم پوری پوری تقسیم ھو جائے ۔

Common divisor : مقسوم علیہ مشترک ۔

Divisory : (a) [med. L."divisorius".] تقسیم سے متعلق ؛ تقسیمی ۔

Divorce : (n) [F."divorce".] (۱) طلاق ۔ خلع ؛ قانونی فسخ نکاح ۔ (۲) خلع یا طلاق کا فتوی؛ فسخ نکاح کی ڈگری ۔ (۳) (مجازاً) جدائی ؛ علاحدگی ؛ افتراق ۔

Divorce : (v) (۱) طلاق کا فتوا یا ڈگری دینا ۔ (۲) طلاق کے ذریعہ سے علاحدہ کرنا ؛ جدا کرنا ۔ (۳) (زوجہ یا شوہر کو) طلاق دینا ؛ خلع کرنا ۔ (٤) (اتحاد کو) توڑنا ۔ (٥) علاحدہ کرنا ؛ جدا کرنا ؛ افتراق کرنا (دو چیزوں کے درمیان) ۔

Divorceable : (a) قابل طلاق یا خلع ؛ قابل افتراق ۔

Divorcee : (n) مطلقہ ؛ مخلوع ۔

Divorcement : (n) طلاق ؛ خلع ؛ مکمل علاحدگی ۔

Divorcer : (n) طلاق دہندہ ؛ طلاق دینے والا ۔

Divorcive /-sive : (a) طلاق سے متعلق ۔

Divot : (n) [Origin unkn.] زمین کا دوب ؛ اگا ھوا پپڑا ۔

Divulgate : (v) [L."divulgat".] ظاہر کرنا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنے والا ۔

Divulge : (v) [L."divulgare".] دیکھو Divulgate

Divulgement /Divulgence /Divulgation : (n) اظہار ؛ افشا ۔

Divulger /Divulgator/-er : (n) ظاہر کرنے والا ؛ افشا کرنے والا ۔

Divulsion : (n) [L."divulsionem".] قلع ؛ جبر شدید ۔

Divvy : (n) — (عامیانہ) تقسیم ۔

Divvy : (v) — (عامیانہ) تقسیم کرنا ۔

Diwan : (n) — دیکھو Divan اور Dewan

Dixie /Dixy : (n) [pers."degcha".] — دیگچی ۔

Dixie /Dixie land : (n) — شمالی امریکا ۔

Dixit : — نقل قول ۔

Dizain : (n) [F."dix".] — دو سطروں کی نظم یا بند ۔

Dizdar / Disdar : (n) [pers. and Turkish.] — قلعے کا محافظ ۔

Disen : (v) [ME.] — آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ زرق برق لباس پہنانا ۔

Disenment : (n) — آراستگی ؛ سجاوٹ ۔

Diss : (v) — سر چکرانا ۔

Dissily : (adv) — سر گرانی سے ؛ سراسیمگی سے ؛ خیرگی سے ؛ خیرہ کن طریقے سے ۔

Dissiness : (n) — دوران سر ؛ چکر ؛ خیرگی ؛ اضطراب ؛ پریشانی ۔

Dissy : (a) [OE."dysiz","dysez".] — (۱) سرگراں ؛ دوران سر میں مبتلا ؛ خیرہ ؛ پریشان ؛ سراسیمہ ؛ بد حواس ؛ مخبوط ؛ جس کے پاؤں میں لغزش ہو ۔ (۲) جس کا سر چکرا ئے ۔ (۳) (پہاڑ یا مینار کی صفت) بہت اونچا ؛ بہت بلند ۔(٤) (چشمے یا پہیئے کی صفت) تیزی سے چکر کھاتا ہوا یا گھومتا ہوا ۔

Dissy : (v) — سراسیمہ کردینا ؛ خیرہ کر دینا ؛ پریشان کرنا ؛ مضطرب کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بد حواس کر دینا ۔

Do : (v) [OE."don".] — (۱) رکھنا (اب صرف مقامی بولی میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) کرنا ؛ دینا ۔ (۳) بجا لانا ؛ پورا کرنا ؛ ادا کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ انجام دینا ۔ (٤) مکمل کرنا ؛ ختم کرنا ؛ تکمیل کرنا ۔ (۵) لگانا ؛ کام میں لانا ۔(٦) درستی کرنا ؛ مرمت کرنا ۔(۷) پکانا ؛ بھوننا ۔(۸) حل کرنا ؛ نکالنا (سوال کا) ۔(۹) ترجمہ کرنا ۔ (۱۰) یاد کرنا (سبق) ۔(۱۱) کسی کا پارٹ کرنا یا کھیلنا ۔(۱۲) شل کرنا ؛ تھکانا ۔ (۱۳) (عام) کاٹنا ؛ دغا دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔(١٤) طے کرنا (فاصلہ) ۔ (۱۵) سیر کرنا ؛ دیکھ ڈالنا ۔(١٦) (عامیانہ) بھگتنا (قید کا) ۔ (۱۷) لڑنا ؛ جنگ کرنا (مرکب کی شکل میں جیسے do battle) ۔ (۱۸) (عامیانہ) (کسی کے لئے) غذا وغیرہ مہیّا کرنا ۔(۱۹) کام کرنا ؛ طرز عمل اختیار کرنا ۔ (۲۰) کام انجام دینا ؛ کر گزرنا ۔ (۲۱) ختم کرنا ۔(۲۲) گزر کرنا ؛ بسر کرنا ۔ (۲۳) موزوں ہونا ؛ کام چل جانا ۔(۲٤) (ادبی کام کی) تخلیق کرنا ۔ (۲۵) مجامعت کرنا ؛ ہم بستری کرنا ۔(۲٦) صفائی کرنا ۔ (۲۷) سنوارنا ۔(۲۸) غازہ لگانا ۔(۲۹) کام چلانا ۔(۳۰) واقع ہونا ۔

Nothing doing : — کچھ ہوتا ہُواتا نہیں ؛ یہ نہیں ہونے کا ۔

To do one's block : — بدحواس ہونا ۔

To do one's best : — حتی الوسع کرنا ؛ حتی المقدور کرنا ۔

To do to death : — قتل کرنا ۔

To do (one) to know/-understand : — خبر دینا ؛ آگاہ کرنا ۔

To have to do : — سروکار رکھنا ۔

To have to do with : — کسی سے سروکار رکھنا یا واسطہ رکھنا ۔

Well-to-do : — خوش حال ؛ آسودہ ؛ کھاتا پیتا ۔

What's to do : — کیا بات ہے؟

Do : (n) — (۱) تفریح ؛ تماشا ۔(۲) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا بازی ؛ جعل ؛ جھانسا ؛ چکما ۔

Do : (n) — (موسیقی) سرگرم کا پہلا سُر ۔

Do : — Ditto کا مخفف ۔

Do-all : (n) — ہمہ کارہ ؛ مختار کُل ؛ ہر کامی ۔

Do-away : (v) — ختم کرنا ؛ غارت کرنا ۔

Do away with : (v) — موقوف کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا ۔

Do by : (v) برتاؤ کرنا ؛ سلوک کرنا ؛ پیش آنا ۔

Do for : (v) (۱) کسی کی طرف سے کام کرنا ۔ (۲) (روز مرہ) گھر کے منتظم کی حیثیت سے کام کرنا ۔ (۳) برباد کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ قتل کرنا ۔

Do-good/Do-gooding : (a) غیر عملی طور پر بھلائی کرنے والا ۔

Do-goodism : (n) غیر عملی بھلائی ۔

Do in : (v) (۱) (عام) مار ڈالنا ۔ (۲) تباہ کرنا ۔ (۳) تھکا دینا ۔ (٤) دھوکا دینا ۔

Do-little : (n) کاہل ؛ کم کام کرنے والا ۔

Do-naught : (۱) کاہل ۔ (۲) ناکارہ ؛ بے مصرف ۔

Do-nothing : (a) کاہل ۔

Do-nothing : (n) کاہل شخص ۔

Do-nothingism : (n) کاہلیت ۔

Do-nought : (a) (۱) کاہل ۔ (۲) نا کارہ ؛ بے مصرف ۔

Do off : (v) (۱) اتارنا ۔ (۲) نقشہ کھینچنا ۔

Do on : (v) (۱) پہننا (لباس) ۔ (۲) چہرے یا جسم پر مالش کرنا ۔

Do-or-die : (a) سر بکف ؛ کرو یا مرو ۔

Do out : (v) کسی کی سب چیزیں لے لینا ؛ ہڑپ کرلینا ۔

To do (some one) out of : کسی کی سب چیزیں لےلینا ۔

Do over : (v) چھپانا ؛ تہ جمانا ۔

Do-over : (n) (۱) دوبارہ کرنا ۔ (۲) آرائش گری کا ایک طریقہ ؛ مشاطہ گری ۔

Do to / Do unto : (v) سلوک کرنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ پیش آنا ۔

Do up : (v) (۱) درست کرنا ؛ مرمت کرنا ۔ (۲) تہ کرنا ؛ لپیٹنا ۔ (۳) شل کر دینا؛ تھکا دینا ۔ (٤) مفلس بنا دینا ۔ (۵) دھونا؛ درست کرنا ؛ سجانا ۔ (٦) ڈبےمیں محفوظ کرنا ؛ سرکہ بنانا ۔ (۷) بال سنوارنا ۔

Do ut des : (n) [L.] مبادلت پذیر معاہدہ ۔

Do with : (v) (کسی کے ساتھ) نباہنا ؛ برداشت کرنا ؛ کام چلا لینا ؛ کافی سمجھنا ۔

Do without : (v) کسی چیز کے بغیر کام چلانا یا محتاج نہ رہنا؛ غیرضروری سمجھ کر ترک کرنا ۔

Doab / Duab : (n) [pers.] دو آب ؛ دو آبہ ۔

Doable : (a) کرنے کے لائق ۔

Doat : (v) سادہ لوح ہونا ؛ احمق ہونا ؛ کم عقل ہونا؛ نادان ہونا ؛ خوف ہونا ؛ سٹھیا جانا ؛ مخبوط الحواس ہونا ؛ لٹو ہونا ؛ (کسی پر) جان دینا ۔

Dobber : (n) [Du."dobber".] تریا ۔

Dobbin : (n) [f. proper name "Dobbin".] (۱) رو گھوڑا ؛ چھکڑا یا ہل چلانے والا گھوڑا ۔ (۲) پیالہ ۔

Dobby / Dobbie : (n) [f. Dobby, nick name for Robert .] (۱) بوڑھا احمق ۔ (۲) بھوت ۔ (۳) کرگھے کا معاون جس سے چھوٹی شکلیں بُنی جا سکتی ہیں ۔

Dobla : (n) [Sp.] ایک متروک ہسپانوی طلائی سکہ ۔

Dobson : (n) [f.the name "Dobson".] ایک کیڑے کا پھل روپ ۔

Dobule : (n) [mod. L.] شمالی امریکا کی مچھلی کی ایک قسم ۔

Doc : (n) [by Shortening.] (۱) ڈاکٹر ۔ (۲) دستاویز ۔

Docent : (a) [L."docere".] معلمانہ ۔

Docent : (n) معلم ۔

Docetae : (n) [Gr."Doketai".] عیسائیوں کا ایک مرتد گروہ جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ کا جسم مادی نہیں خیالی یا نوری تھا ۔

Docetic : (a) اس عقیدے کو ماننے والا کہ حضرت عیسیٰ کا جسم مادی نہیں خیالی یا نوری تھا ۔

Docetism : (n) یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا جسم خیالی یا نوری تھا مادی نہیں ۔

Docetist : (n) اس عقیدے کا حامی کہ حضرت عیسیٰ کا جسم خیالی یا نوری تھا۔

Docetistic : (a) اس عقیدے یا عقیدے کے ماننے والے سے متعلق کہ حضرت عیسیٰ کا جسم خیالی یا نوری تھا۔

Dochmiac : (a) [Gr."dochmiakos".] پنج بجائی رکن سے متعلق۔

Dochmiac : (n) پنج بجائی رکن۔

Docible : (a) تربیت پذیر ؛ تعلیم پذیر ؛ قابل پذیر۔

Docile : (a) (۱) تربیت پذیر ؛ تعلیم پذیر ۔(۲) اطاعت شعار؛ فرماں بردار : مطیع ۔ (۳) سیدھا (گھوڑا وغیرہ)۔

Docilely : (adv.) تربیت پذیری سے : سیدھے پن سے۔

Docility : (n) [F."docilite".] (۱) تربیت پذیری ۔(۲) فرماں برداری ۔(۳) سیدھاپن۔

Docimastic : (a) عیاری سے متعلق ؛ پرکھ یا جانچ سے متعلق۔

Docimasy : (n) [Gr."dokimasia".] (۱) (یونان قدیم) شہریت یا عہدۂ عامہ کے امیدوار کی سیرت کی قانونی جانچ ۔ (۲) عیاری ؛ پرکھ۔ (۳) امتحان ادویہ۔

Docimology : (n) فلزیات کی جانچ کی کتاب۔

Docity : (n) تربیت پذیری ؛ زیرکی۔

Dock : (n) [OE."docce".] ایک بوٹی جس کے ملنے سے وہ جلن جو کوانچ کی پھلی وغیرہ کے چھونے سے ہوتی ہے جاتی رہتی ہے۔

In dock, out nettle : بچھوا کے چلن کا منتر۔

Dock : (n) [Etym. unkn.] (۱) جانور کی دم کا ٹھوس گوشت دار حصہ ۔ (۲) ساز کی دمچی ۔(۳) کسی چیز کا آخیر کا کٹا ہوا سرا۔

Dock : (n) [Origin uncertain.] (۱) گودی ؛ بندر ۔(۲) ڈاک : گودی کا احاطہ ۔(۳) (ریلوے) پلیٹ فارم ۔ (٤) تھیٹر میں اسٹیج کے نیچے کا تہ خانہ جہاں ساز و سامان رکھا جاتا ہے۔ (٥) میدان جس پر چڑھ کر ہوائی جہاز کے بیرونی حصے تک پہنچا جائے۔

Dry dock /Graving- : خشک گودی ؛ جہاز سازی کے کارخانے کی گودی جس میں سے پانی نکالا جائے۔

Wet docking : پیراك گودی۔

Dock : (n) عدالت میں ملزم کا کٹہرا۔

In the dock : ملزم ہونا۔

Dock : (v) (۱) (دم) کاٹنا ؛ (انسان) کے بال باریك تراشنا ۔(۲) کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ؛ محدود کرنا ۔(۳) (مویشی کا بازار) سستا کرنا (بطور جرمانہ کے)۔

To dock the entail : (قانون) جائداد کے نا قابل بیع ہونے کی شرط کو مسترد کر دینا۔

Dock : (v) (۱) جہاز کا گودی میں آنا یا لایا جانا ۔ (۲) گودی تعمیر کرنا۔

Dock : (v) [Origin unkn.] سینکنے سے پہلے (بسکٹ وغیرہ میں) سوراخ۔

Dock brief : (n) نادار ملزم کا مقدمہ جس میں وکیل بلا معاوضہ کام کرے۔

Dock cress : (n) حشیشة الابراز : ایك قسم کی گھاس جس میں زرد پھول آتے ہیں۔

Dock-master : (n) ڈاك ماسٹر ؛ مہتمم بندرگاہ۔

Dock warrant : (n) گودی کے مال خانے میں جمع کی ہوئی چیزوں کا پروانہ۔

Dockage : (n) (۱) گودی استعمال کرنے کا محصول ۔ (۲) لنگر اندازی کی جگہ ؛ لنگر اندازی۔

Dockage : (n) (۱) کٹوتی ۔(۲) گیہوں یا چاول میں گرد اور کنکری وغیرہ کی آمیزش۔

Dockboard : (n) فلزی تختہ (سڑك پر مال اتارنے کےلئے)۔

Docken : (n) [ME."doken".] (اسکاچستان) کم قیمت چیز۔

Docker : (n) گودی کے نزدیك رہنے والا ؛ گودی کا مزدور۔

Docker : (n) دم کاٹنے والا ۔

Docker : (n) گندھے ہوئے آٹے کو کاٹنے یا اس میں سوراخ کرنے کا ٹھپہ ۔

Docket : (n) [ME."doggette".] (۱) خلاصہ ؛ تلخیص ۔ (۲) (قانون) عدالتی فیصلوں کا رجسٹر ۔ (۳) چنگی کی ادائی رسید ؛ رونا ۔ (٤) کسی خط یا کاغذ کے مضمون کا خلاصہ جو اس کے گوشے پر لکھدیا جائے ۔ (٥) کار روائی نامہ ۔ (٦) (قانون) مقدمات کی فہرست ۔

On the docket : (مقدمے کا) فہرست میں ہونا ۔

Docket : (v) (۱) عدالتی فیصلوں کے رجسٹر میں اندراج کرنا ۔ (۲) کسی خط یا کاغذ کے مضمون کا خلاصہ اس کے گوشے پر لکھنا ۔

Dockhead : (n) گودی کا سب سے اگلا سرا ۔

Dockize : (v) گودی تعمیر کرنا ۔

Docktailed : (a) دم کٹا ؛ دم بریدہ ۔

Dockyard : (n) احاطہ گودی ۔

Docoglossate : (a) [mod. L.] حیوانیات ناعمہ کی ایک نوع سے متعلق ۔

Doctor : (n) [L."doctor".] (۱) استاد ؛ عالم ؛ حکیم ۔ (۲) وہ شخص جسے کسی فن خصوصاً طب میں سب سے بڑی ڈگری یا سند ملی ہو ؛ ڈاکٹر ؛ طبیب ۔ (۳) مشین کا ایک پرزہ جو رفتار گھٹانے بڑھانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) مصنوعی مکھی (مچھلی شکار کرنے میں چارے کے طور پر استعمال ہوتی ہے) ۔ (٥) عالم دینیات ۔ (٦) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۷) (عامیانہ) جہاز کا باورچی ۔ (۸) (پانسہ) جو ایک طرف وزن میں بھاری ہو ۔ (۹) ٹھنڈی ہوا ۔ (۱۰) کوئی معاون چیز ۔ (۱۱) ناظم ؛ مرمت کرنے والا ۔

Doctor : (v) (۱) ڈاکٹر بنانا ؛ ڈاکٹری کی ڈگری دینا ۔ (۲) علاج کرنا ۔ (۳) (مشین کی) مرمت کرنا ۔ (٤) آمیزش کرنا ؛ جھوٹی رپورٹ لکھنا ۔ (٥) ڈاکٹری کرنا ؛ مطب کرنا ؛ طبابت کرنا ۔ (٦) علاج کرنا ۔

Doctoral /Doctorial : (a) طبیب سے متعلق ؛ ڈاکٹر کا ۔

Doctorally : (adv) طبیبانہ ؛ بطور ڈاکٹر ۔

Doctorand : (n) ڈاکٹر کی ڈگری کا امیدوار ۔

Doctorate : (n) [med. L."doctoratus".] ڈاکٹر کی سند ۔

Doctoress : (n) (۱) ڈاکٹرنی ؛ لیڈی ڈاکٹر ۔ (۲) ڈاکٹر کی بیوی ۔

Doctorhood : (n) ڈاکٹری ؛ طبیب کا پیشہ ۔

Doctor's Common : (n) (۱) لندن کے Doctors of Civil law کی انجمن میں کھانے کا کمرہ ۔ (۲) وہ عمارت جس میں پہلے طلاق وغیرہ کے مقدمات کا فیصلہ ہوتا تھا ۔

Doctory : (a) طبیبانہ ۔

Doctorship : (n) (۱) ڈاکٹر کی سند ۔ (۲) ڈاکٹر کا منصب اور کام ؛ ڈاکٹری ۔

Doctress / Doctoress : (n) دیکھو Doctoress

Doctrinaire : (a&n) [F.] اصول پرست ؛ نظریہ پرست ؛ اصول پرستانہ ؛ اصولی ؛ غیر عملی ۔

Doctrinairism : (n) اصول پرستی ؛ نظریہ پرستی ۔

Doctrinal : (a) [F."doctrinal".] نظری ؛ اعتقادی ۔

Doctrinally : (adv.) اصولی طور ؛ نظری طور پر ۔

Doctrinals : (n) نظریہ عقائد اور تعلیمات ۔

Doctrinarian : (a) دیکھو Doctrinaire

Doctrinarianism : (n) دیکھو Doctrinairism

Doctrinate : (v) [med. L."doctrinaire".] تعلیم دینا؛ کسی خاص چیز کی تعلیم دینا ۔

Doctrine : (n) [L."doctrina".] (۱) تعلیم ؛ وصایا ۔ (۲) (مذہبی، سیاسی یا علمی) عقیدہ ؛ اصول ؛ مسئلہ ؛ نظریہ ۔

Monroe doctrine : اصول منرو ؛ جمہوریہ امریکا کے صدر منرو کی پالیسی (۲ /دسمبر سنہ ۱۸۲۳ء جس کی رو سے دول یورپ کی مداخلت امریکا میں رد کی گئی) ۔

Doctrine of correspondence : یہ نظریہ کہ فطری چیزیں اولین نقوش کے مطابق ہوتی ہیں ۔

Doctrine of descent : حیاتیات کا یہ نظریہ کہ سبھی جانور اور پودے گزشتہ جانوروں اور پودوں کی نسل ہیں ۔

Doctrinism : (n) نظریت ۔

Doctrinist : (n) نظریت پسند ۔

Document : (n) دستاویز ؛ تحریر ؛ نوشتہ ۔

Document : (v) (۱) دستاویز یا تحریری شہادت سے ثابت کرنا یا ایسی شہادت فراہم کرنا ۔ (۲) جہاز کے ضروری کاغذات مہیا کرنا ۔ (۳) حقیقت نما بنانا ۔

Document of title : دستاویز ملکیت ؛ قبالہ ۔

Documental : (a) دستاویزی ؛ تحریری ؛ حقیقت نما ؛ حقیقت طراز ۔

Documentary : (a) دیکھو Documental

Documentary : (n) حقیقت نما کوئی چیز (مثلاً ناول یا فلم وغیرہ) ۔

Documentary bill : (n) دستاویزی ہنڈی ۔

Documentation : (n) (۱) ثبوت بذریعہ دستاویز ؛ دستاویزی شہادت فراہمی ۔ (۲) جہاز کے کاغذات فراہم کرنا ۔

Dod : (n) God کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Dod : (n) سعد کوفی ؛ ناگرموتھا ۔

Dod/Dodd : (n) گول چوٹی ۔

Dod : (n) سوراخ دار فلزی تختی ۔

Dod : (v) گول کرنا ؛ چپٹا بنانا ؛ کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔

Dod : (v) مارنا پیٹنا ۔

Dodded : (a) کاٹا ہوا ؛ بے سینگ ؛ بے بالی ۔

Dodder : (n) (۱) کشوث ؛ اکاس بیل ؛ ایک قسم کی بے پتی کی بیل جو درختوں پر چڑھائی جاتی ہے ۔ (۲) ناگرموتھا ؛ سعد کوفی ۔

Dodder : (v) (۱) رعشہ یا ضعف وغیرہ سے کانپنا ۔ (۲) لغزش کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ کمزور ہونا ؛ ضعف ہونا ۔

Doddered : (a) (۱) (شاہ بلوط یا دیگر درختوں کی صفت میں) پھننگ یا ڈالیاں کٹا ہوا ۔ (۲) کمزور سر بریدہ ؛ شاخ بریدہ ۔

Dodderer : (n) رعشہ دار ؛ لڑکھڑانے والا ؛ ڈگمگانے والا ۔

Doddering : (a&n) لڑکھڑاہٹ ؛ کمزوری ۔

Doddering grass : (n) چمن ؛ گیاہ لرزاں ۔

Doddery : (a) رعشہ دار ؛ کمزور ۔

Doddle : (v) ڈگمگاکر چلنا ؛ بے کار پھرنا ۔

Doddy /Doddie : (n) بے سینگ گائے یا سانڈ ۔

Doddy /Doddie : (a) بے سینگ ۔

Dodeca-/Dodec : سابقہ بمعنی دوازدہ ؛ بارہ ۔[Gr."dodeka".]

Dodecadrachm : (n) ایک قدیم یونانی سکہ ۔

Dodecagon : (n) بارہ گوشہ ؛ بارہ ضلعی شکل ؛ دوازدہ اضلاع شکل ۔

Dodecagynia : (n) بارہ بفچوی یا بارہ مادینہ پودوں کی نوع ۔

Dodecagyn : (n) بارہ بفچوی پودا ۔

Dodecatyrian/Dodecagynious/Dodecagynous : (a) بارہ بفچوی ؛ بارہ مادینہ ۔

Dodecahedron : (n) بارہ سطحی مجسم ؛ بارہ بیل ؛ دوازدہ رخ جسم ؛ بارہ رخا جسم یا بارہ رخے جسم کی شکل ۔

Dodecamerous : (a) بارہ پارہ ۔

Dodecander : (n) بارہ نرا پودا ۔

Dodecandria : (n) بارہ نرا پودوں کی نوع ۔

Dodecandrian / Dodecandrous : (a) بارہ نرا ۔

Dodecane : (n) ایک قسم کا پیرافین $(C_{12}H_{26})$ ۔

Dodecapetalous : (a) (نباتیات) بارہ گلبرگہ ۔

Dodecarchy : (n) بارہ شخصی حکومت ۔

Dodecademic : (a) (عروض) بارہ زمانی (رکن) ۔

Dodecastyle : (n) بارہ ستونہ ۔

Dodecasyllabic : (a) بارہ ہجائی ۔

Dodecasyllable : (n) بارہ ہجائی لفظ یا سطر ۔

Dodecuplet : (n) بارہ سُروں کا سرگم ۔

Dodge : (v) [Origin unkn.] (۱) ادھر اُدھر ہٹنا ۔ (۲) بچنا ؛ خالی دینا ؛ آڑ میں ہو جانا ۔ (۳) آڑے بلے کرنا ؛ حیلے بہانے کرنا ؛ حیلے حوالے کرنا ؛ دو رخی بات کہنا ۔ (٤) (گھنٹوں کے بجنے میں کسی گھنٹی کا) بے ترتیب بجنا ۔ (٥) داؤ سے مارنا ؛ چرکا دینا ؛ چٹکیوں میں اُڑانا ۔ (٦) (مخالف سے) بچ نکل جانا ۔ (۷) ادھر اُدھر پھرانا، گھمانا ۔ (۸) گھما کر پوچھنا ؛ ترتیب بدل کر سوال کرنا ۔ (۹) تصویر کی سختی کم کرنا ۔

Dodge : (n) (۱) بچنا ؛ خالی دینا ۔ (۲) داؤ ؛ پیچ ؛ حیلہ؛ چال ۔ (۳) (عامیانہ) استادی ؛ حکمت ؛ چلتی ہوئی تدبیر یا ترکیب ؛ استادانہ صفت ۔ (۳) گھنٹے کا بےترتیب بجنا ۔

Dodger : (n) (۱) ادھر اُدھر ہٹنے والا ؛ بچنے والا ۔ (۲) فریبی یا حیلہ باز شخص ۔ (۳) ایک قسم کا سخت کیک ۔ (٤) دستی اشتہار ۔

Dodgery : (n) فریب ؛ حیلہ بازی ؛ چالبازی ۔

Dodgily : (adv.) چالبازی سے ؛ حیلہ بازی سے ۔

Dodginess : (n) چالبازی ؛ حیلہ بازی ۔

Dodgy : (a) داؤ پیچ کرنے والا ؛ حیلہ باز ۔

Dodkin : (n) [AF."doydekyn".] (۱) چھوٹا ولندیزی سکہ ؛ کوئی چھوٹا سکہ یا چھوٹی رقم ؛ حقیر مقدار یا سکہ ؛ دمڑی ۔ (۲) کسی چیز کا چھوٹا حصہ ؛ نا چیز شے ۔

Dodman : (n) [Origin unkn .] گھونگا ۔

Dodo : (n) [Pg. "doudo".] ایک ناپید پرند جو ماریشش میں پایا جاتا تھا ۔

Dodonaean/-ean : (a) [L."Dodonaeus".] ڈوڈونا Dodona سے متعلق ۔

Dodunk : (n) [Origin unkn .] احمق ؛ کودن ۔

Doe : (n) [OE."da".] ہرنی ؛ مادہ آھو ؛ مادہ خرگوش ۔

Doer : (n) (۱) کرنے والا ؛ گماشتہ ؛ وکیل ۔ (۲) بڑھنے والا درخت یا جانور ۔

Doeskin : (n) ہرنی کی کھال ؛ ہرنی کا چمڑا ؛ ہرنی کی کھال سے مشابہ کپڑا ۔

Dof : (adv) بے حد ؛ بہت ۔

Doff : (v) [Fused form of 'do off'.] (۱) اتارنا (ٹوپی یا لباس کا) ۔ (۲) ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ۔ (۳) کپڑے کے کارخانے سے ہٹانا (چیزوں کو) ۔

Doffer : (n) (۱) اتارنے والا ۔ (۲) کپڑے کی مل سے ریل یا تکلا ہٹانے والا ۔

Dog : (n) [OE."docga".] (۱) کتا ؛ سگ ؛ کلب ؛ کوکر ۔ (۲) شکاری کتا ۔ (۳) نر کتا ؛ بھیڑیا یا لومڑی ۔ (٤) نکما یا بد مزاج (کٹکھنا) آدمی ۔ (٥) شخص ؛ آدمی ؛ اسامی ۔ (٦) برج کلب جہاز ؛ کلب جوزا ۔ (۷) کتا (کھٹکے وغیرہ کا یعنی کسی چیز کو اٹکانے کا کانٹا یا آنکڑا) ؛ گیرا ۔ (۸) (جمع) دھات کے دو آنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔ (۹) افق کے قریب روشنی جو طوفان کی علامت ہے ۔ (۱۰) Dog Fish کا مخفف ۔ (۱۱) پر تکلف نمائش ؛ تصنع ۔ (۱۲) کتے کا چمڑا ۔ (۱۳) (جمع) بربادی ؛ تباہی ۔ (١٤) (جمع) (عام) پاؤں ۔ (١٥) گھٹیا قسم کی چیز ۔ (١٦) درشنی ہنڈی ۔ (۱۷) سرمایہ کاری جس میں منافع کم ہو ۔ (۱۸) کمزور عورت ؛ قحبہ ۔ (۱۹) فرسودہ تماشہ ۔ (۲۰) کتوں کی دوڑ ۔

A hair of the dog that bit you : خمار دور کرنے کے لئے شراب پینا ۔

Every dog has his day : بارہ برس کے بعد گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں ۔

Fight dog/-bear : ہارنے تک لڑتے رہنا ۔

Fire dogs : دھات کے دو آنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔

Greater dog : کلب اکبر ۔

Lesser dog : کلب اصغر ۔

Let sleeping dogs lie : سوتے کتے کو نہ جگاؤ ؛ فتنہ خوابیدہ کو نہ چھیڑو ۔

Love me, love my dog : مجھے چاہو تو میرے دوستوں کو بھی چاہو ۔

Not a dog's chance : مطلق امید نہیں ۔

Not have word to throw at dog : کج خلق اور کم سخن ہونا ۔

Sun dog : شمس کاذب ؛ کلب الشمس ؛ قوس قزح صغیر ۔

To die like a dog/-dog's death : کتے کی موت مرنا ؛ مصیبت یا ذلت سے مرنا ۔

To give a dog bad name and hang him : جو بیچارہ بدنام ہو گیا اس کی موت ہے ۔

To go to the dogs : برباد ہو جانا ؛ تباہ ہو جانا ۔

To help lame dog over stile : مصیبت میں مدد کرنا ؛ آڑے وقت میں کام آنا ۔

To lead a dog's life : تنگ یا عاجز ہونا یا کرنا ۔

To rain cats and dogs : موسلا دھار مینہ برسنا ۔

To the dogs : بربادی یا ہلاکت میں ڈالنا ۔

Whose dog is dead : کیا واقعہ ہوا ۔

Dog : (v) (۱) تعاقب کرنا ؛ پیچھے لگا رہنا ؛ سراغ لگانا ؛ کھوج لگانا ۔ (۲) آنکڑے وغیرہ سے پکڑنا یا اٹکانا ۔ (۳) (بطور بد دعا) Damn, Damn ۔ (٤) (عامیانہ) بھاگ جانا ۔ (۵) حتی الوسع کام نہ کرنا ۔

Dog : (a) (۱) کلبی ؛ کتے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) نر ۔ (۳) دوغلا ؛ گھٹیا ؛ جعلی ۔

Dog-badger : (n) بجو جس کے پیر کتے جیسے ہوتے ہیں ۔

Dog bat : (n) چمگادڑ جس کا سر کتے جیسا ہوتا ہے ۔

Dog-belt : (n) (کوئلے کی) کان کنوں کا کمر بند ۔

Dog biscuit : (n) (۱) کتے کو کھلانے والی ٹکیہ یا بسکٹ ۔ (۲) (مجازاً) سخت بسکٹ ۔

Dog blow : (n) گل داؤدی ۔

Dog-bolt : (n) توپ کی کیلی کا بولٹ ۔

Dog bramble : (n) [Origin unkn.] مختلف قسموں کی خاردار جھاڑیوں کا نام ۔

Dog button : (n) کچلا ۔

Dog-cart : (n) (۱) کتا گاڑی ۔ (۲) تانگا ؛ ٹم ٹم ۔

Dog-cheap : (a) بہت سستا؛ کوڑیوں (کے) مول ۔

Dog collar : (n) (۱) کتے کا پٹا ۔ (۲) (مجازاً) آدمی کا اونچا سیدھا کالر ۔ (۳) ایک قسم کا مزین کنٹھ مالا ۔

Dog daisy : (n) گل داؤدی ۔

Dog days : (n) (۱) جولائی اور اگست کا گرم ترین حصہ ؛ گرم ترین دن ۔ (۲) وہ مدت یا زمانہ جس میں کام کم ہو ۔

Dog-ear : (n) کتاب کے مُڑے ہوئے کنارے ۔

Dog-eat-dog : (a&n) خود غرضی ؛ خود غرضانہ ۔

Dog face : (n) پیادہ سپاہی ۔

Dog-faced : (a) سگ رو ۔

Dog fennel/ Dog's fennel : (n) بدبودار بابونہ ۔

Dog-fish : (n) (۱) چھوٹی شارک مچھلی ؛ سگ ماہی ۔ (۲) خونخوار آدمی ۔

Dog-fisher : (n) اُود بلاؤ ۔

Dog flea / Dog fly : (n) کلنی ؛ ککر مکھی ؛ کتا مکھی ۔

Dog-fox : (n) نر لومڑی ۔

Dog-gone : (v) دیکھو Damn , Hang

Dog-goned : (a) دیکھو Darned

Dog-grass : (n) شرشر ؛ بخیل ؛ کتا گھاس ۔

Dog-grate : (n) علاحدہ آتشدان جو دو سہاروں پر کھڑا ہوتا ہے ۔

Dog-guts : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dog-head : (n) (۱) کانٹی کا چوگوشہ سرا ۔ (۲) بندوق کا گھوڑا ۔

Dog-headed : (a) سگ سر ؛ کتوں کے سر جیسا ۔

Dog-hole : (n) (۱) کتوں کے رہنے کا گھر ۔ (۲) ذلیل مکان یا کمرہ ۔ (۳) تنگ راستہ (کان وغیرہ کا) ۔ (٤) تنگنائے ۔

Dog-hook : (n) (۱) پیچ کس ۔ (۲) لکڑی کے کندوں کو پکڑنے کا آنکڑا ۔

Dog-house : (n) (۱) کتوں کے رہنے کا کمرہ ؛ سگ خانہ ۔ (۲) چھوٹا کمرہ ۔ (۳) (عام) جیل ۔ (٤) (عام) تاکید ۔

In the dog house : عتاب میں ۔

Dog-hutch : (n) ذلیل کمرہ ۔

Dog-in-the-manager : (a) جو ایک چیز سے خود فائدہ اٹھائے اور نہ دوسرں کو فائدہ اٹھانے دے ۔

Dog-iron : (n) دھات کے دو آنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔

Dog-killer : (n) پاگل یا آوارہ کتوں کو مارنے والا شخص ۔

Dog-latin : (n) غلط لاطینی ؛ مخلوط لاطینی ۔

Dog-leg : (n) (۱) گھٹیا قسم کا تمباکو ۔ (۲) سگ پا سا ۔

Dog-leg : (a) خمیدہ ؛ سگ پا ۔

Dog-leg : (v) آگے پیچھے چکر کھاتے ہوئے بڑھنا ۔

Dog-legged : (a) (تعمیرات) سگ پا زینہ (آگے پیچھے چکر کھانے والا زینہ) ۔

Dog-lichen : (n) ایک قسم کی کائی جس سے آب ترسی کا علاج کیا جاتا تھا ۔

Dog-nail : (n) بڑے اور دبے ہوئے سر والی کانٹی ۔

Dog-nap : (n) جھپکی ۔

Dog-padale : (n) تیرنے کا ایک ابتدائی طریقہ ۔

Dog-power : (n) گیرہ قوت ۔

Dog-robber : (n) (عامیانہ) افسر کا اردلی ۔

Dog-rose : (n) سدا گلاب ؛ جنگلی گلاب ۔

Dog-shore : (n) لکڑی کے دو کندوں میں سےایک جو جہاز کو پانی میں اتارتے وقت پھسلنے سے روکتا ہے ۔

Dog-skin : (n) (۱) کتے کی کھال یا چمڑا ۔ (۲) اس طرح کا نقلی چمڑا ۔

Dog-sleep : (n) ہلکی نیند ۔

Dog-star : (n) کلب الجبار ؛ شعری یمانی ۔

Dog-stone : (n) چکی کا پتھر ۔

Dog-stopper : (n) (جہاز رانی) مضبوط رسا جو مستول سے لپٹا رہتا ہے اورعرشہ کے رسے کا معاون ہوتا ہے ۔

Dog-stove : (n) دیکھو Dog grate

Dog tent : (n) سگ خانہ ؛ چھوٹا خیمہ ۔

Dog-throw : (n) پانسے کا سب سے نیچے کا نمبر آنا ۔

Dog-tick : (n) کلنی ۔

Dog-tired : (a) شل ؛ چور ؛ بہت تھکا ہوا ۔

Dog-tooth / dog's - : (n) (۱) ناب ؛ دندان سگ ۔ (۲) (تعمیرات) دندانی حاشیہ ۔

Dog-tooth : (v) دندانی حاشیہ بنانا ۔

Dog-tooth spar : (n) کیلسائیٹ کی ایک قسم ۔

Dog-town : (n) (۱) جنگلی کتوں کی آبادی ۔ (۲) معمولی شہر جہاں بڑے شہروں میں جانے سے پہلے ڈرامہ کھیلا جائے ۔

Dog-tree : (n) زغال آختہ ۔

Dog-trot : (n) کتے کی چال ۔

Dog-trot : (v) کتے کی چال چلنا ۔

Dog-tune : (n) گھٹیا نغمہ ۔

Dog-vane : (n) (۱) (بحری) چھوٹا باد نما ۔ (۲) طرہ ۔

Dog-violet / Dog's violet : (n) ایک قسم کا بنفشہ جس میں خوشبو نہیں ہوتی ۔

Dog-watch : (n) (بحری) دو گھنٹے کا پہرہ ۔

Dog-weary : (a) دیکھو Dog-tired

Dog-whelk : (n) یک صامی صدف کی ایک نوع ۔

Dog-wood : (n) زغال اختہ ؛ مختلف قسم کی جھاڑیوں اور درختوں کا نام ؛ مذکورہ درختوں کی لکڑیاں ۔

Dogal : (a) [It."dogale".] وینس یا جنیوا کے صدر مجسٹریٹ سے متعلق ۔

Dogana : (n) [It.] اطالوی دفتر کروڑ گیری ؛ کروڑ گیری ؛ محصول خانہ ۔

Dogaressa : (n) وینس اور جنیوا کے صدر مجسٹریٹ کی بیوی ۔

Dogate : (n) [It.] وینس اور جنیوا کے صدر مجسٹریٹ ۔

Dogbane : (n) خانق الکلب ؛ پیاز حضرتی ؛ کچلا ۔

Dogberry : (n) زغال اختہ ؛ چیچپی ؛ ایک قسم کی بیری ۔

Dogberry : (n) جاہل لیکن شیخی باز افسر ۔

Doge : (n) [Fr.] وینس اور جنیوا کا صدر مجسٹریٹ ۔

Dogeless : (a) بغیر صدر مجسٹریٹ ۔

Dogfall : (n) (۱) دونوں کشتی لڑنے والوں کا ایک ساتھ گر جانا ۔ (۲) برابر کا مقابلہ ۔ (۳) بچھڑے کو اس طرح گرانا کہ اس کے پاؤں بدن کے نیچے رہیں ۔

Dogfight : (n) (۱) کتوں کی یا کتوں جیسی لڑائی ۔ (۲) سخت مقابلہ ۔ (۳) دو یا زیادہ لڑاکا جہازوں کی فضائی لڑائی ۔

Dogfight : (v) فضا میں ہوائی جہازوں کا لڑنا ؛ فضائی جنگ میں مشغول ہونا ۔

Dogged : (a) (۱) کلبی ۔ (۲) بے رحم ؛ ظالم ؛ بد مزاج ۔ (۳) ضدی ؛ چمچچڑ ؛ مستقل مزاج ؛ مضبوط ؛ استوار ؛ راسخ ؛ پکا ؛ دُھن کا پکا ؛ ہٹیلا ۔

It is dogged does it : استقلال ہی سے کامیابی ہوتی ہے ۔

Doggedly : (adv.) ضد سے ؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے ۔

Doggedness : (n) ضد ؛ ہٹ ؛ مضبوطی ؛ استقلال ۔

Dogger : (n) [ME."doggere".] (۱) دو مستول کی ولندیزی ماہی گیر کشتی ۔ (۲) Dogger Bank کا مخفف ۔

Dogger : (n) (۱) سنگ آہن ۔ (۲) لوہے کا کاربونیٹ ۔

Dogger : (n) گیرہ لگانے والا ۔

Dogger bank : (n) بحر جرمنی کا زیر آب ریتہ ۔

Doggerel/Doggrel : (n & a) تُک بندی ؛ رذل قافیہ ۔

Dogger-man : (n) ولندیزی دو مستولی کشتی کا ملاح ۔

Doggery : (a&n) (۱) کتا سا ؛ ذلیل ۔ (۲) کتے ۔ (۳) بھٹی (شراب کی) ۔

Doggish : (a) (۱) کتے کی طرح ۔ (۲) اُجڈ ؛ بد مزاج ؛ وحشی ۔ (۳) بانکا ۔

Doggishly : (adv.) اجڈ پن سے ؛ بد مزاجی سے ؛ وحشی پن کے ساتھ ۔

Doggishness : (n) اجڈ پن ؛ بد مزاجی ؛ وحشت ۔

Doggle : (n) [Origin unkn .] بچوں کے کھیلنے کی گولی ۔

Doggo : (adv.) (عامیانہ) بطور متعلق فعل مستعمل ہے ۔

To lie (etc) doggo : چپ چاپ پڑا رہنا ۔

Doggy : (a) (۱) کتے کا ۔ (۲) کتے رکھنے کا عادی یا شوقین ۔ (۳) گھٹیا (اون) ۔ (٤) بانکا ؛ چھیلا ۔

Doggy/ Doggie : (n) (۱) چھوٹا کتا ۔ (۲) (کوئلے کی کان) کانوں کے اندر کا منتظم ۔ (۳) پیادہ سپاہی ۔

Dogless : (a) جس کے پاس کتا نہ ہو ۔

Doglike : (a) سگ مانند ؛ کتے کی طرح ۔

Dogly : (a) کلبی ۔

Dogma : (n) [L.] (pl. dogmas, dogmata.) (۱) اذعانی اصول ؛ مذہبی عقیدہ ؛ خصوصاً کلیسا کے مقررہ عقائد ۔ (۲) تحکم ؛ ادعا ۔

Dogmatic : (a) [L."dogmaticus".] (۱) اصول کے متعلق ؛ اعتقادی ۔ (۲) اذعانی ؛ غیر استدلال ۔ (۳) (شخص یا کتاب کی صفت میں) تحکمی ؛ ادعانی ؛ ادعا یا تکبر سے پُر ۔

Dogmatical : (a) اصولی ؛ اعتقادی ؛ اذعانی ؛ تحکمی ۔

Dogmatically : (adv.) اذعانی طور پر ؛ تحکمانہ ؛ ادعائی طور پر ۔

Dogmaticalness : (a) اذعانیت ۔

Dogmaticias : (a) اصول دین یا عقائد کلیسا کا معلم ۔

Dogmatios : (a) اصول دین یا عقائد کلیسا کا علم ۔

Dogmatism : (n) ادعا ؛ اذعانیت ؛ اصول پرستی ۔

Dogmatist : (n) ادعا پسند ؛ اذعانیت پسند ۔

Dogmatize : (v) (۱) قطعیت کے ساتھ بے ثبوت بات کہنا؛ بے دلیل دعویٰ کرنا ۔ (۲) (کسی مسئلہ کو) عقیدہ مسلم کے طور پر بیان کرنا ؛ ادعائی یا اذعانی انداز بیان اختیار کرنا ۔

Dogmatizer : (n) قطعیت کے ساتھ بے ثبوت بات کہنے والا ؛ بے دلیل دعویٰ کرنے والا ؛ ادعائی یا اذعانی انداز بیان اختیار کرنے والا ۔

Dogmeat : (n) (۱) راتب ۔ (۲) کتے کا گوشت ۔ (۳) گھٹیا گوشت ۔ (٤) نا پسندیدہ شے ۔

Dog's age : (n) طویل مدت ۔

Dog's bane : (n) دیکھو Dog-bane

Dog's body : (n) کپڑے میں باندھ کر اُبالا ہوا سوکھا مٹر ۔

Dog's chance : (n) کم سے کم امکان ؛ نہیں کے برابر ۔

Dog's death : (n) کتے کی موت ؛ ذلیل موت ۔

Dog's ear/ Dog-ear : (n) کتاب کے مڑے ہوئے کنارے ۔

Dog's -ear : (v) کتاب کے اوراق کے کناروں کو موڑ کر بد نما کرنا ۔

Dog's letter : (n) حرف "ر" ۔

Dog's life : (n) ذلیل و خوار زندگی ؛ کتوں کی سی زندگی ۔

Dog's-meat / Dog's meat : (n) گھوڑے کا گوشت ؛ اوجھڑی وغیرہ ۔

Dog's nose : (n) "بیر" اور "جن" شراب (کا مخلوط) ۔

Dog's parsley : (n) شکران ۔

Dog's sleep : (n) دیکھو Dog-sleep

Dog's tail/Dog-tail : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Dog's-tones : (n) کلب کی مختلف قسموں کا نام ۔

Dog's tongue/Dog-tongue : (n) لسان الکلب ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Dog's tooth : (n) دندان سگ (ایک پودا جس کے پتے اور پھول چتی دار ہوتے ہیں) ؛ ککر دنتی ۔

Dog's wheat : (n) دیکھو Dog-grass

White dog's wheat : ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Doigte : (n) [F.] انگلیوں کا استعمال ۔

Doiled/Doilt : (a) احمق ؛ خبطی ۔

Doily : (n) [f.Surname, Doiley or Doyley.] (۱) چھوٹا زیر انداز جو انگلیاں دھونے کے ظرف کے نیچے رکھ دیا جاتا ہے ؛ چھوٹا دست مال ۔ (۲) (عام) مصنوعی بالوں کا گچھا ۔

Doina : (n) [Romanian.] (رومانیہ کا) مرثیہ ۔

Doing : (n) (۱) کرنا ؛ مجامعت ۔ (۲) فعل ؛ عمل ۔ (۳) لوازمات (کسی خاص قسم کے کھانے کے) ؛ کسی خاص قسم کا کھانا ۔

Doit : (n) [Du."duit".] دیکھو Dodkin

Doit : (v) گھبرا دینا ۔

Doited : (a) (اسکاچستان) مخبوط الحواس (خصوصاً بڑھاپے کی وجہ سے) ؛ سنھیایا ھوا ؛ خرَف ۔

Doitkin : (n) دیکھو Dodkin

Doke : (n) [ME."dale".] چابك ؛ نشیب ؛ سطحی نشان ۔

Dol : (n) [L."dolor".] درد پیمائی کی اکائی ۔

Dolabrate : (a) تیشہ شکل ۔

Dolabriform : (n) [L."dolabra+forma".] دیکھو Dolabrate

Dolce far niente : (n) [It.] خوشگوار کاہلی ۔

Dolcissimo : (n) [It.] (موسیقی کی ہدایت میں) دھیمے دھیمے ۔

Doldrum : (n) [perhaps f. OE."dol".] (۱) بےکیفی ؛ افسردگی؛ اداسی ۔ (۲) (جہازکےمتعلق) حالت سکون ۔ (۳) خط استوا کے قریب وہ قطعہ جہاں سمندر ساکن میں رہتا ھے اور ھَوا بدلتی رہتی ھے ؛ منطقات سکون ھوتا ھے ۔ (٤) انحطاط ۔

Dole : (n) [OE. "dal".] (۱) نصیب ؛ قسمت ۔(۲) حصہ ۔ (۳) خیرات (جس میں بہت کفایت کی جائے)۔

The dole : سرکاری امداد جو بے روزگاروں کو ملتی ھے۔

Dole / Dool / Dule : (n) [OF."doel".] (۱) رنج ؛ غم ؛ الم ۔ (۲) ماتم ؛ توجہ ۔(۳) غم انگیز ۔(٤) تدفین ۔ (٥) بد بختی ؛ بد قسمتی ۔

Dole : (n) (اسکاچستانی قانون) بری نیت ۔

Dole : (n) (۱) (بچوں کے کھیل میں) گول ۔ (۲) دیکھو dool -

Dole : (v) (۱) خیرات دینا ۔(۲) کفایت کے ساتھ تقسیم کرنا ؛ ہاتھ روك کر بانٹنا (خصوصاً خیرات) ۔(۳) تقسیم کرنا ؛ حصہ بانٹنا ۔

Dole beer : (n) خیراتی بیر ۔

Dole chaser : (n) خیرات کے پیچھے دوڑنے والا ۔

Dole land/-meadow/- moor : (n) مشترك زمین ؛ مرغزار؛ دشت ۔

Doleful : (a) (۱) سنسان ؛ اداس ؛ تاریك ؛ تیرہ و تار ۔ (۲) رنجیدہ ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ بے چین ؛ اداس ؛ ملول ۔

Dolefully : (adv.) اداسی سے ؛ مغمومانہ ۔

Dolefulness : (n) اداسی ؛ غمگینی ؛ بے چینی ۔

Dolefuls : (n) افسردگی ۔

Dolent : (a) [L."dolentem".] غمگین ؛ اداس ۔

Dolerine : (n) [F."dolerine".] کوہ آلپس (Alps) کی چٹان کی ایك قسم ۔

Dolerite : (n) [F."dolerite".] ایك قسم کا سنگ سیاہ ۔

Doleritic : (a) سنگ سیاہ سا ۔

Dolesman : (n) خیرات لینے والا ۔

Dolewindow : (n) خیراتی کھڑکی ۔

Dolichocephali : (n) دراز سر ؛ طویل الراس ۔

Dolichocephalic / Dolikhokiphalic : (a) دراز سر ؛ طویل الراس ؛ طویل ، لمبوتری یا بیضوی کھوپڑی کا ۔

Dolichocephalism : (n) دراز سری ؛ طویل الراسی ۔

Dolichocephalous : (a) دیکھو Dolichocephalic

Dolichocephaly : (n) دیکھو Dolichocephalism

Dolichoid : (a) بیضہ نما ۔

Dolichuric : (a) چھ رکنی dactyl سے متعلق ۔

Dolichurus : (n) [mod. L.] چھ رکنی dactyl جس کے آخری رکن میں ایك فاصل بجا ھوتی ھے ۔

Dolioform : (a) پیپا نما ؛ پیپا شکل ۔

Dolium : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) بڑا سفالی ظرف جس میں شراب، تیل یا سوکھی چیزیں رکھی جاتی تھیں ۔(۲) معدہ یا صدف کی ایك نوع ۔

Doll : (n) [Shortened pet-form of 'Dorothy'.] (۱) گڑیا ؛ گڈا ؛ لُعبت۔ (۲) خوبصورت بے وقوف عورت ؛ مٹی کی مورت ۔ (۳) (عامیانہ) عورت ۔ (٤) (عامیانہ) معشوقہ ۔ (۵) (عامیانہ) محبوب ۔ (٦) (عامیانہ) نیک اور شیریں مزاج عورت ۔

Doll : (v) نفیس لباس پہننا ۔

Doll baby : (n) (۱) گڑیا ۔ (۲) خوبصورت بے وقوف عورت؛ مٹی کی مورت ۔ (۳) معشوقہ ۔

Doll house /Doll's house : (n) (۱) گڑیا خانہ ۔ (۲) بہت چھوٹا مکان ۔

Doll up : (v) (۱) نفیس لباس پہننا ۔ (۲) زیادہ جاذب نظر بنانا ۔ (۳) زرق برق کپڑے پہنانا ۔

Dollar : (n) [LG."daler".] (۱) (ابتدا میں) جرمانی سکے "تالر" کا انگریزی نام ۔ (۲) ہسپانوی سکےکا نام ۔ (۳) امریکا کا نقرئی، طلائی سکہ ۔ (٤) کناڈا اور بعض دوسرے ممالک کے سکوں کا نام ۔ (۵) اسی قیمت کے دوسرے ممالک کے سکوں کا نام ۔ (٦) (عام) کراؤن (پانچ شلنگ کا سکہ) ۔ (۷) دوسرے ملکوں میں امریکا کاتجارتی مفاد ۔

Pillar dollar : ہسپانیہ کا نقرئی سکہ ۔

The almighty dollar : زر علیہ السلام ۔

Trade dollar : نقرئی ڈالر جو تجارت کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Dollar-and-Cent : (a) نقدی۔

Dollar area : (n) وہ ممالک جہاں ڈالر زر مبادلہ کی بنیاد ہو اور جہاں کے سکے آسانی سے ڈالر میں تبدیل کئے جاسکیں ۔

Dollar bird : (n) آسٹریلیا کا ایک پرند جس کے بازو پر سفید گول نشان ہوتا ہے ۔

Dollar diplomacy : تجارتی مفاد کی سیاست مداری ۔

Dollar fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dollar mark / sign : (n) ڈالر کا نشان ($) ۔

Dollarwise : (adv.) ڈالر میں ۔

Dolldom : (n) گڑیوں کی دنیا ۔

Dollface : (n) گڑیا رو (عورت) ۔

Dollish : (a) گڑیا کی سی ۔

Dollishly : (adv.) گڑیا کی طرح سے ۔

Dollishness : (n) گڑیا پن ۔

Dollop : (n) [Origin unkn.] (روز مرہ) (کھانے پینے کی چیزوں کا) لوندا ؛ بڑی مقدار ۔

Dollo's law : (n) قانون ڈولو ؛ حیاتیات کا نظریہ کہ وہ خصوصیات جو دوران ارتقا میں ضائع ہو جاتی ہیں وہ پھر نہیں ابھرتی ہیں ۔

Dolly : (n) [f. DOLL+-Y.] (۱) Dorothy کا پیار کا نام ۔ (۲) پھوہڑ عورت ۔ (۳) گڑیا ۔ (٤) گڑیا نما آلات ؛ لکڑی کی بلانی ؛ متھانی ۔ (۵) (عام) دلکش عورت ۔ (٦) (کرکٹ) آسان نشانہ ۔ (۷) معاون گاڑی ۔ (۸) پہیہ دار مچان جس پر فلم یا ٹیلیویژن کا کیمرہ رکھ کر اس کو حرکت دی جا سکتی ہے ۔

Dolly : (n) [Hindi-"dali".] نذرانہ ۔

Dolly : (a) (۱) گڑیا سا ؛ بچے سا ۔ (۲) (کھیل) آسان نشانہ ۔

Dolly : (v) (۱) بلانا (متھانی یا بلانی سے) ۔ (۲) سنگ مردہ کو چورنا ؛ سنگ مردہ کو چور کر سونا نکالنا : سونا نکلنا ۔

Dolly-shop : (n) بحری گودام ۔

Dolly varden : (n) [f. the character in Dicken's "Barnaby Rudge".] (۱) پھلور لباس ۔ (۲) پھلوربیٹ جو ایک طرف مڑا ہوا ہو ۔ (۳) ٹراؤٹ (trout) مچھلی کی ایک نوع ۔

Dolman : (n) [Turkish."dolaman","dolamah".] (۱) لانبا ترکی چوغا جو سامنے سے کھلا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) ڈھیلی آستینوں کی فوجی صدری ۔ (۳) زنانہ لبادہ (کھلی لٹکتی آستینوں کا) ۔

Dolmen : (n) [mod. F."dolmen".] کھڑے پتھروں پر اڑے پتھروں کا گھیرا ۔

Dolomite : (n) [after M. Dolomieu, a French geologist.] (۱) موتی بلور ؛ ڈولومائیٹ ؛ چونا اور میگنیشیا کا دوہرا کاربونیٹ ۔ (۲) (جمع) (The Dolomitos) ڈولومائیٹ کا پہاڑ ۔

Dolomitic : (a) موتی بلور سے متعلق ؛ ڈولو میٹی ۔

Dolomitization / Dolomization : (n) معدبلور یا ڈولومائیٹ میں تبدیلی ۔

Dolomitize / Dolomize : (v) ڈولومائیٹ میں تبدیل کرنا ۔

Dolorus : (a) [OF."doleros".] (۱) درد ناک ؛ دردآمیز؛ المناک ۔ (۲) اداس ؛ تاریک ؛ وحشت ناک ؛ تیرہ وتار ۔ (۳) غمزدہ ؛ مصیبت زدہ ؛ دکھیا ۔

Dolorously : (adv.) دردناک طریقے سے ؛ وحشتناک طور پر ۔

Dolorousness : (n) درد ناکی ؛ المناکی ؛ وحشت ناکی ؛ اداسی ؛ مصیبت زدگی ۔

Dolose : (a) [L."dolosus".] (۱) مجرمانہ ۔ (۲) قصداً فریب دینے والا ؛ عمداً دغا دینے والا ۔

Dolour / Dolor : (n) [OF."dolor","-our".] غم ؛ درد؛ الم ؛ رنج ؛ دکھ ؛ مصیبت ۔

To make dolour : سوگ منانا ۔

Dolphin : (n) [OF."daulphin".] (۱) خوک بحری ؛ ڈولفین ؛ ایک قسم کا تھن دار جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکلی کی ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی شوخ رنگ کی مچھلی جو پانی سے نکالنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے ۔ (۳) (علم النجوم) ڈولفین ۔ (٤) (اساطیر) بنت البحر ۔ (٥) ڈولفین نما آلات ۔ (٦) ایک سیاہ رنگ کا پودوں کا کیڑا ۔

Dolphin : (n) ڈولفین کی طرح ڈبکی مارتے ہوئے تیرنا ۔

Dolphin flower : (n) گل میمون ؛ زبان درقفا ۔

Dolphin fly : (n) ایک سیاہ رنگ کا پودوں کا کیڑا ۔

Dolphin striker : (n) (بحری) پیش جہاز کی چوب کے سہارے کی رسی ۔

Dolt : (n) [OE."dol","dold".] غبی یا کند ذہن شخص ؛ کودن ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق ۔

Doltish : (a) کودن سا ؛ کسی قدر غبی ؛ کودن ۔

Doltishly : (adv.) کودن کے طور پر ۔

Doltishness : (n) کند ذہنی ؛ کودن پن ۔

Dolus : (n) [L.] دھوکا ؛ فریب ۔

Dom : (n) [Pg."dom",L."dominus".] (۱) پرتگالی اوربرازیلی خطاب ۔ (۲) تعظیمی خطاب جو معزز رومن کیتھولک پادریوں اور راہبوں کے نام کے پہلے آتا ہے ۔ (۳) (امریکا) تاش کا ایک کھیل ۔

Dom : (n) [L."domus".] بڑا گرجا ۔

-dom : (suffix) اسم یا صفت کا (لاحقہ) بمعنی "عہدہ" ؛ "حالت" ؛ "عمل داری" ۔

Dom pedro : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Domain : (n) [mod. F."domaine".] (۱) جاگیر ؛ علاقہ ؛ تعلقہ ؛ مقبوضات ؛ ممالک ؛ محروسہ ؛ ملک ۔ (۲) عمل داری ؛ سلطنت ؛ قلمرو ؛ حلقہء اثر ؛ دائرہء اقتدار ؛ حدود اختیار ۔ (۳) حلقہ ؛ دائرہ ؛ خیال و عمل کا میدان ۔ (٤) (ریاضیات) حلقہ ۔

Eminent Domain : ملکیت فرماں روا ؛ تصرف مالکانہ (فرماں روا کا اپنے ملک کی زمین پر) ۔

Domainial /Domanial : (a) مقبوضات یا حلقہء اثر سے متعلق ۔

Domal : (a) [mod. L."domalis".] (۱) (فلکیات) خانہ سے متعلق ۔ (۲) گھریلو ۔

Domboc : (n) (۱) قدیم نیوٹانی قوانین کا مجموعہ ۔ (۲) دیکھو Doom book ۔

Domdaniel : (n) [F.] ایک افسانوی آبدوز کمرہ جہاں ایک ساحر اپنے شاگردوں سے ملا کرتا تھا ۔

Dome : (n) [L."domus".F."dome".] (۱) (شعر) شاندار عمارت یا محل ؛ قصر ۔ (۲) گنبد ؛ قبہ ۔ (۳) قدرتی گنبد یا چھتر (آسمان وغیرہ) ۔ (٤) پہاڑ وغیرہ کی مدور چوٹی ۔ (٥) بھٹی کا ڈھکن ۔ (٦) مثلثی منشور ۔ (۷) بائلر کا اونچا مخروطی حصہ ؛ ریل کے ڈبے کی چھت ۔ (۸) گھڑی کے اندرونی خول کا پچھلا

حصہ ۔ (۹) کوئی گنبد نما شے ۔
(۱۰) (عامیانہ) آدمی کا سر ۔

Dome : (v) (۱) گنبد نما بنانا ۔ (۲) گنبد یا قبے سے مزین کرنا ۔ (۳) گنبد کی طرح ابھرنا ۔

Domed : (a) (۱) گنبد نما ؛ قبہ نما ۔ (۲) گنبد دار ؛ قبہ دار ۔

Doment : (n) [Do+-MENT.] تقریب ؛ تفریح ۔

Domesday : (n) Dooms Day کی متروک شکل ۔

Domesday book : (n) کتاب بندوبست ؛ بندوبست اراضی کی یادداشت جو انگلستان میں (SLOAC-AY) ولیم فاتح کے حکم سے تیار کی گئی تھی ۔

Domestic : (a) [L."domesticus".] (۱) خانگی ؛ گھریلو ؛ خاندانی ۔ (۲) اندرونی ؛ داخلی ۔ (۳) سودیشی ؛ دیسی ؛ خانہ ساز ۔ (٤) پالتو ؛ پالو ۔ (٥) گھریلو زندگی کا شائق ۔

Domestic : (n) (۱) خدمت گار ؛ نوکر ۔ (۲) خانہ ساز اشیاء خصوصاً کپڑے ۔

Domestic affairs : (n) خانگی امور ؛ داخلی امور ۔

Domestic animal : (n) پالتو جانور ۔

Domestic architecture : (n) ایک یا ایک سے زیادہ مکانوں کی عمارت ۔

Domestic economy : (n) نظام خانہ داری ۔

Domestic fowl : (n) پالتو مرغ ۔

Domestic science Home : (n) علم خانہ داری ۔

Domestically : (adv.) خانگی طور پر ۔

Domesticable : (a) سدھارنے کے قابل ؛ تربیت پذیر ؛ مہذب بننے کے قابل ۔

Domesticate : (v) (۱) (نو آبادی کو) ملکی یا شہری حقوق دینا ؛ (دوسرے ملک کے جانوروں کو) اپنے ملک کی آب و ہوا کا عادی بنانا ۔ (۲) گھریلو زندگی کا شائق بنانا ۔ (۳) پالو یا پالتو بنانا ؛ ہلانا ؛ سدھانا ؛ قابو میں لانا ۔ (٤) مہذب بنانا ؛ متمدن بنانا ۔

Domesticated : (a) پالا ہوا ؛ سدھایا ہوا ؛ پوسا ہوا ۔

Domestication : (n) سدھانا ؛ تربیت کرنا ؛ متمدن بنانا ۔

Domesticator : (n) سدھانے والا ؛ پالنے والا ۔

Domesticity : (n) (۱) گھریلو پن ۔ (۲) خانگی زندگی ؛ خانہ نشینی ؛ خلوت ۔ (۳) سادگی ۔ (٤) الو ہونا ۔ (٥) (جمع) گھریلو انتظام ۔

Domesticize : (v) دیکھو Domesticate

Domett : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا سوتی کپڑا جس میں اون کی آمیزش ہوتی ہے ۔

Domeykite : (n) [after Domeyko, a Chilian mineralogist.] تانبے کا خالص آرسینائیڈ ۔

Domic /-al : (a) قبے کا؛ قبہ نما؛ قبے سے متعلق؛ گنبد دار ۔

Domicile : (n) [F."domicile".] (۱) جائے بود و باش ؛ مکان ؛ وطن ۔ (۲) (قانون) مستقل سکونت کی جگہ ؛ سکونت ؛ مسکن ۔ (۳) وہ جگہ جہاں ہنڈی واجب الادا ہو ۔

Domicile : (v) (۱) کسی جگہ بود و باش اختیار کرنا ؛ آباد کرنا یا ہونا ؛ قائم کرنا ۔ (۲) ہنڈی کو کسی خاص مقام پر واجب الادا قرار دینا ۔

Domiciled bill : (n) مختص المقام ہنڈی ۔

Domiciliary : (a) (۱) مسکن یا بود و باش سے متعلق ۔ (۲) (حیوانیات) خلافی ۔ (۳) خانگی ؛ داخلی ۔ (٤) معذور فوجیوں کی سکونت و نگہداری سے متعلق ۔

Domiciliary : (n) معذور فوجیوں کی جائے سکونت ؛ رہائش گاہ ؛ بیرک ۔

Domiciliary visit : (n) خانہ تلاشی ؛ کسی مکان کا معائنہ جو سرکاری ملازمین کریں ۔

Domiciliate : (v) سکونت اختیار کرنا ۔

Domiciliation : (n) آباد کرنا یا ہونا ۔

Domina : (n) [L.] منتظم راہبہ ۔

Dominance/Dominancy : (n) [f. next.] حکومت ؛ اقتدار ؛ غلبہ ؛ اثر ؛ تسلط ۔

Dominant : (a) (۱) حاکم ؛ غالب ؛ فرماں روا ؛ با اثر ؛ برسر اقتدار ؛ ذی اثر ؛ سربرآوردہ ۔ (۲) (اونچائی کی صفت) سب سے بلند یا نمایاں ؛ سربہ فلک ۔ (۳) (موسیقی) سرگم کے پانچویں سُر سے متعلق ۔ (٤) جدی خصوصیت کا حامل ۔

Dominant : (n) (۱) (موسیقی) سرگم کا پانچواں سُر ۔ (۲) غالب خاصہ ۔ (۳) غالب درخت ۔ (٤) غالب محرک ۔

Dominant land /tenement : (n) (رومی قانون) زمین یا مکان جس کے لئے خدمت ادا کرنی پڑتی ہے ۔

Dominant wavelength : (n) غالب طول موج ۔

Dominantly : (adv.) حاکمانہ ؛ بااثر طور پر ۔

Dominate : (v) (۱) حکومت کرنا ؛ تسلط یا غلبہ رکھنا ؛ چھایا ہوا ہونا ۔ (۲) غالب ہونا ؛ بر سر اقتدار ہونا ؛ سر بر آوردہ ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ پیش پیش رہنا ۔ (۳) (بلند جگہ سے) کسی منظر کا نظر آنا ؛ منظر پر حاوی ہونا ۔

Dominating : (a) حاکمانہ ۔

Domination : (n) (۱) حکومت ؛ فرمانروائی ؛ غلبہ ؛ اقتدار ؛ اثر؛ تسلط ۔ (۲) (جمع) چوتھے درجے کےفرشتے ۔

Dominative : (a) حاکمانہ ۔

Dominator : (n) حاکم ؛ غالب ۔

Domineer : (v) [Du."domineren".] (۱) حکم چلانا ؛ جبر سے حکومت کرنا ؛ حکومت جتانا ؛ تحکم سے کام لینا ۔ (۲) سربلندھونا ۔ (۳) تسلط جمانا ۔

Domineer : (n) حاکمانہ شان ۔

Domineering : (a) جابر ۔

Domineeringly : (adv.) تحکمانہ ؛ جابرانہ ۔

Domineeringness : (n) جابر ہونا ۔

Dominial : (a) [L."dominium"+-AL.] ملکیت سے متعلق ۔

Dominical : (a) [med.L."dominicalis".] (۱) حضرت عیسیٰ کا؛ حضرت عیسیٰ سے متعلق ؛ عیسوی ؛ مسیحی ۔ (۲) یوم السبت کا ؛ اتوار کا ۔

Dominical letter : (n) کلینڈر میں اتوار کی نشاندہی کرنے والا حرف ۔

Dominical year : (n) عیسوی سن ۔

Dominican : (a) سینٹ ڈومینک کا ؛ ڈومینکی راہب کا ۔

Dominican : (n) ڈومینکی راہب یا درویش ۔

Dominie : (n) [L."domine".] (۱) مدرس ؛ ماسٹر ؛ مُلاّ ؛ مولوی ؛ اسکول کا معلم ؛ ٹیچر ۔ (۲) (امریکا) پادری کا خطاب ۔

Dominion : (n) [Fr."dominion".] (۱) حکومت ؛ عمل داری ؛ فرماں روائی ؛ تسلط ؛ قبضہ ؛ قلمرو ۔ (۲) جاگیردار کا علاقہ ؛ ریاست ؛ جاگیر ؛ سلطنت ؛ عمل داری ؛ مقبوضات ۔ (۳) (قانون) حق ملکیت ۔ (٤) خود مختار ریاست ۔ (٥) (جمع) چوتھے درجے کے فرشتے ۔

Eminent Dominion : تصرف مالکانہ ۔

The old dominion : (۱) ورجینیا ۔ (۲)ممالک محروسہ ۔ (۳) کناڈا ؛ آسٹریلیا وغیرہ ۔

Dominium : (n) حق ملکیت ۔

Domino : (n) [F."domino".] ڈھیلا لبادہ جس میں نیم نقاب ہوتا ہےتاکہ کوئی صورت نہ پہچان سکے؛ نیم نقاب ۔ (۲) وہ شخص جو ایسا لبادہ پہنے ہو ۔ (۳) ڈومینو کھیل کا مہرہ ؛ (جمع) ڈومینو کھیل ۔ (٤) اختتام کا اظہار ۔

Domino bridge : (n) دیکھو draw bridge

Domite : (n) [f. Puy de Dome in Auvergne.] بھورے رنگ کا جھام پتھر ۔

Dompt : (v) [F."dompter".] مقابلہ کرنا ۔

Don : (n) [Sp. "don".] (۱) ہسپانوی خطاب جو نام سے پہلے آتا ہے ۔ (۲) ہسپانوی (معزز شخص) ؛ ہسپانیا کا باشندہ ۔ (۳) معزز شخص ؛ ممتاز شخص ۔ (٤) کسی فن کا ماہر ؛ استاد ۔ (٥) کالج کاصدر؛ مودب یا رفیق (ٹیوٹر یا فیلو) ؛ معلم ۔ (٦) تاش کا ایک کھیل ۔

Don : (v) [Contraction from "do on".] (۱) پہننا (لباس) ۔ (۲) چہرے یا جسم پر مالش کرنا ۔ (۳) اختیار کرنا ۔

Don juan : (a) [f. a legendry nobleman.] عیاش ۔

Don juanism : (n) هوس پرستی ۔

Don-quixote : (n) [Sp.] غیر عملی تصوریت پسند ۔

Dona : (n) [Sp. and pg.] (۱) ہسپانوی یا پرتگالی خاتون ۔ (۲) تعظیمی خطاب ۔ (۳) (عامیانہ) عورت ؛ معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Donary : (n) [L."donarium".] مال وقف ؛ نذر ۔

Donatry : (n) دیکھو Donatory

Donate : (v) [L."donat".] دینا ؛ عطا کرنا ۔

Donation : (n) (۱) عطا ؛ بخشش ؛ تہدیہ ۔ (۲) عطیہ ؛ تحفہ ؛ ہدیہ ۔ (۳) (قانون) ہبہ ۔

Donation party : (n) دعوت جس میں ہر مہمان تحفہ لاتا ھے ۔

Donatism : (n) Donatus کے مقلدین کے عقائد ۔

Donatist : (n)[L."Donatista".] Donatus کے مقلدین جن کا عقیدہ تھا کہ وہی سچے عیسائی ہیں ۔

Donatistic /-al : (a) Donatus کے مقلدین یا ان کے عقیدے سے متعلق ۔

Donative : (a) ھدیتاً ۔

Donative : (n) (۱) پادری کا عہدہ جو (بے اُسقف وغیرہ کے توسط کے) اس رئیس کی طرف سے ملے جس نےاس کی تنخواہ کے لئے جائداد وقف کی ھے ۔ (۲) عطیہ ؛ ہدیہ ؛ تحفہ ؛ خصوصاً سرکاری انعام ۔

Donator : (Af. "donatour".] معطی ؛ دہندہ ۔

Donatory : (n) جسے عطیہ ملے ؛ معطی الیہ –

Done : (a) (۱) ختم شدہ ؛ انجام یافتہ ۔ (۲) مجبور شکست یا قضا ۔ (۳) پکا ہوا ۔ (٤) تکمیل یافتہ ۔

Done brown : (a) جو ٹھگا یا بے وقوف بنایا گیا ھو ۔

Done for : (a) (۱) خستہ ۔ (۲) جس کی قسمت میں ہلاکت ھو ۔ (۳) شکست خوردہ ۔ (٤) پھینکا ھوا ۔

Done in : (a) تھکا ھوا ؛ خستہ ۔

Donee : (n) موھوب الیہ ؛ معطی الیہ ؛ جسے عطیہ ملے ۔

Dong : (v) [Echoic.] (۱) بجنا (بڑے گھنٹے کی طرح) ۔ (۲) سخت ضرب ۔ (۳) عضو تناسل (مردانہ) ۔

Dong : (n) گھنٹے کی آواز ۔

Donga : (n) [Native.] گھاٹی ۔

Donjon . (n) [F.] قلعہ کا بڑا مینار ؛ قلعے کا مستحکم ترین مقام ۔

Donk : (n) [by shortening.] دیکھو Donkey

Donkey : (n) [perhaps f."dun+key".] (۱) گدھا ؛ خر ؛ حمار ۔ (۲) احمق ؛ بے وقوف ۔ (۳) لکڑی چیرنے کی ایک بنچ ۔

Donkey boy /man : (n) (۱) گدھے کا نگہبان ۔ (۲) ضمنی انجن چلانے والا ۔

Donkey cart : (n) گدھا گاڑی ۔

Donkey engine : (n) ضمنی دستی انجن ؛ جہاز کے عرشے کا انجن جو مال اٹھانے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Donkey pump : (n) ضمنی پمپ ۔

Donkeyback : (adv.) گدھے پر ۔

Donkeyish : (a) مانند خر ۔

Donkeyism : (n) بے وقوفی ۔

Donkey's breakfast : (n) (عامیانہ) پیال کی توشک ۔

Donkey's years : (n) (عامیانہ) طویل مدت ۔

Donkeywork : (n) محنت ؛ مشقت ۔

Donna : (n) [It.] خاتون ؛ اطالوی خاتون کا اعزازی یا تعظیمی خطاب ۔

Prima donna : اوپیرا میں سب سے اچھی گانےوالی ۔

Donna : (n) [F.] (۱) مفروضہ یا مفروضے ۔(۲) بنیادی واقعہ یا خیال ۔

Donnish : (a) کالج کے صدر سے متعلق ؛ ملایانہ ؛ مولویانہ ۔

Donnishness : (n) ملاپن ؛ مولوی پن ۔

Donnot : دیکھو Do-naught

Donny-brook / Donnybrook fair : (n) ہنگامے یا لڑائی جھگڑے کی جگہ ۔

Donor : (n) [AF."donour".] (۱) واہب ؛ موہب ؛ ہبہ کنندہ ؛ معطی ؛ عطا کرنے والا ۔ (۲) (کیمیا) متعامل ۔

Donship : (n) (۱) معلم کی شخصیت ۔ (۲) Don کا خطاب رکھنا ۔

Don't : (n) (۱) ممانعت ؛ امتناع ؛ نہیں ۔

Don't : (v) ممانعت کرنا ؛ نہیں کہنا ۔

Don't : دیکھو Do not

Donzel : (n) [It."donzello".] نوجوان امیر جو ابھی نائیٹ نہ ہوا ہو ۔

Doo : (n) دیکھو Dove

Doob : (n) [Hindi."dub".] دوب (گھاس) ۔

All of a doobah : ہیجانی حالت ۔

Doodle : (n) [Lg."dudeltolf".] احمق ؛ بے وقوف ۔

Doodle : (v) بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ۔

Doodle : (v) [Ger. "dudeln".] مشک باجا بجانا ۔

Doodle : (n) [Short for "haydoodle".] بھوسہ کا انبار ۔

Doodle : (n) مورشیر کا پہل روپ ۔

Doodle : (v) (۱) غیر ارادی طور پر کچھ کرنا ؛ لکھنا ؛ نقشہ بنانا ۔ (۲) غیر ارادی سرگرمی کرنا ۔

Doodle : (n) غیر ارادی تحریر یا خاکہ ۔

Doodle bug : (n) مورشیر کا پہل روپ ۔

Doodle-sack : (n) بین ؛ مشک باجا ۔

Doodler : (n) (۱) غیر ارادی طور پر لکھنے والا ۔ (۲) ہاں نہیں کرنے والا ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Dool/Dole : (n) (۱)حد فاصل ؛ نشان ؛ سرحد ۔ (۲) گول (کھیل کا) ۔

Dool : (n) غم ؛ رنج ؛ اندوہ ۔

Doolie/Dooly : (n) [Hindi."doli".] ڈولی ؛ بیمار ڈولی ۔

Doom : (n) [OE.] (۱) قانون ؛ آئین ؛ ضابطہ ۔ (۲) فیصلہ ؛ حکم ؛ فتویٰ ۔ (۳) عاقبت ؛ محشر ؛ قیامت؛ انجام (خصوصاً برا) ۔ (٤) تباہی ؛ بربادی ؛ ہلاکت ؛ فنا ؛ موت ۔ (٥) مقسوم ؛ تقدیر ۔

Day of doom : روز محشر ۔

Doom : (v) (۱) سزا کا حکم سنانا ؛ کسی سخت کام یا برے انجام کے لئے نامزد کرنا ۔ (۲) تباہی کے لئے نامزد کرنا ؛ ہلاکت کے حوالہ کرنا ۔ (۳) حکم دینا ؛ فتوا دینا ۔

Doom book : (n) قدیم ٹیوٹانی قوانین کا مجموعہ ۔

Doom ring : (n) (اثریات) پتھروں کا حلقہ جو قدیم فارس کی عدالت کی حدبندی کرتا تھا ۔

Doom-sayer : (n) بد بختی کا پیش گو ۔

Doom tree : (n) درخت جو دار کا کام دیتا تھا ۔

Doomage : (n) حساب نہ دینے کی صورت میں تشخیص مالیت ۔

Doomer : (n) (۱) جج ۔ (۲) برائی یا بدبختی کا پیش گو ۔

Doomful : (a) منحوس ۔

Doomlike : (a) منحوس ۔

Doomsday : (n) یوم الجزاء ؛ قیامت کا دن ۔

Doomsman : (n) جج ۔

Doomster : (n) دیکھو Doomsman

Door : (n) [OE."duru".] (۱) دروازہ ؛ در ؛ باب ۔ (۲) داخلہ ؛ گزر ؛ رسائی ؛ اندر یا باہر کا رستہ ۔

In doors : اندرون خانہ ؛ گھر کے اندر ۔

Next door : بغل میں ؛ نزدیک ؛ بازو میں ۔

Next door to : تقریباً ویساہی ؛ بمنزلہ ۔

Out of doors : (گھرکے) باہر ؛ کھلی ہَوا میں ؛ غیر متعلق ۔

To close the door upon : (۱) اندر جانے کی راہ بند کرنا ۔(۲) بحث ختم کرنا ۔

To darken a door : آنا ؛ ملنا ۔

To keep open doors : اجازت عام دینا ۔

To lay / lie / be at the door of : کسی کے سر الزام دھرنا ؛ کسی پر الزام عائد کرنا یا ہونا ۔

To open a door to : راہ نکالنا ۔

Within doors : اندر ؛ گھر میں ۔

Without doors : باہر ؛ کھلی ہَوا میں ۔

Door alarm : (n) دروازہ گجر ۔

Door badge : (n) گھر میں موت ہونے کی علامت جو دروازے پر لگائی جاتی ہے ۔

Door bell : (n) دروازہ گھنٹی ۔

Door case / Door frame : (n) چوکھٹ ۔

Door check : (n) دروازہ روک ۔

Door cheek : (n) دیکھو Door posts

Door-keeper /Doorkeeper : (n) دربان ۔

Door-key child : (n) بچہ جو گھر کی کنجی لیکر اسکول جاتا ہے تاکہ والدین کی غیر حاضری میں گھر واپس آسکے ۔

Door mat : (n) (۱) پا انداز ؛ دروازے کی چٹائی جس پر جوتا رگڑ کر صاف کیا جاتا ہے ۔(۲) وہ شخص جس کی کوئی قدروقیمت نہ ہو ۔ (۳) ٹیم جو سب سے پیچھے رہتی ہو ۔

Door money : (n) زر داخلہ ؛ وہ رقم جو تماشا گاہ کے دروازے پر لی جاتی ہے ۔

Door opener : (n) (۱) دروازہ کھولنے کی ترکیب ۔ (۲) قیمتی تحفہ (تجارت کو فروغ دینے کے لئے)۔

Door plate : (n) (دروازے پر کسی صاحب خانہ کے) نام کی تختی ۔

Door post : (n) دروازے کے بازو ۔

Door sill : (n) دروازے کی دہلیز ۔

Door stead : (n) ڈیوڑھی ۔

Door step : (n) دہلیز کا زینہ ۔

Door stone : (n) سنگ در ؛ سنگ آستانہ ؛ چوکھٹ کا پتھر ؛ آستانہ ۔

Door stop : (n) دروازہ کو بہت زیادہ کھل جانے سے روکنے کی ترکیب ۔

Door-to-door : (a) (۱) گھر گھر ؛ در بدر ۔(۲) گھر گھر پہنچانے والا ۔

Door-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Door-yard : (n) دروازہ کے سامنے کا احاطہ ۔

Doored : (a) دروازہ دار ۔

Doorless : (a) بے در ؛ بے دروازہ ۔

Doornail : (n) دروازوں پر جڑنے کی کیل ؛ گل میخ ۔

Doorward / Durward : (n) [OE."weard".] دربان ؛ محل کا محافظ ۔

Doorway : (n) (۱) دروزاہ ؛ در ۔(۲) راہ ۔

Doozer/Doozy : (n) [perhaps after "daisy".] غیر معمولی ۔

Dop : (Du.] (۱) منجھ روپ کا غلاف ۔(۲) تانبے کا پیالہ جس میں ہیرا جڑا دیتےہیں (کاٹنےاورجلادینے کے لئے)۔(۳) ایک قسم کی انگوری شراب ۔

Dope : (n) [Du."doop".] (۱) کوئی گاڑھی رقیق شے ؛ چرب مائع ؛ چکنائی ۔(۲) لک یا وارنش خصوصاً

وہ جو ہَوائی جہاز میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۳) خواب آور یا دماغ کو معطل کر دینے والی دوا ۔ (٤) گھوڑ دوڑ سے متعلق اطلاع ؛ غلط اطلاع ؛ اطلاع ۔ (٥) غبی ؛ کودن ؛ شخص ۔

Dope : (v) خواب آور یا نشہ لانے والی دوا کھلانا یا ملانا ۔ (۲) پتاچلانا ۔ (۳) سست اور فرماں بردار بنانا ۔ (٤) خواب آور یا نشہ آور دوا کا عادی ہونا ۔

Dope fiend : (n) نشہ آور دوا کا عادی ۔

Dope off : (n) زیادہ اونگھنا ۔

Dope out : (v) (۱) پتا چلانا ۔ (۲) پہلے سے انتظام کرنا ۔

Dope ring : (n) منشیات بیچنے یا در آمد کرنے والوں کا جتھا ۔

Dope story : (n) خبروں کا پس منظر ۔

Dopehead : (n) (عامیانہ) افیونی ۔

Dopesheet / Dopebook : (n) (۱) شرط بازوں کی اطلاع کے لئے گشتی چٹھی ۔ (۲) کسی چیز سے متعلق تفصیلی اطلاعات کی گشتی چٹھی ۔

Dopester : (n) سیاسی اور دوسرے معاملات کا پیش گو ۔

Dopey / Dopy : (a) (۱) بدھوش ۔ (۲) سست ۔ (۳) کند ذہن ۔

Doppelganger : (n) دیکھو Double-ganger

Dopper : (n) [Du."dooper".] ولندیزی بپٹسٹ ۔

Dopplerite : (n) [f. Doppler, a German physicist.] ایک بے شکل ہائیڈرو کاربن ۔

Dor / Dorr : (n) [OE."dora".] (۱) ایک کیڑا جو اڑتے وقت زور سے بھنبھناتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا بھونرا ؛ بھونرا ؛ گبریلا ۔

Dorado : (n) [Sp."dorado".] (۱) دیکھو Dolphin (۲) (علم النجوم) تیغ ماہی ۔

Dorcas : (n) بائبل میں ایک عورت کا نام ۔

Dorcas society : (n) عورتوں کی انجمن (غریبوں کو کپڑا بانٹنے کے لئے)۔

Dore : (a) [F.] (۱) طلائی ۔ (۲) طلا آمیز ۔

Doree / Dorey : ایک قسم کی سمندری مچھلی جسے John Dory بھی کہتے ہیں ۔

Dorhawk : (n) پشہ خوار ۔

Doria / Dorea : (a) [Hindi. "doriya".] ڈوریا (کپڑا) ۔

Dorian : (a) [L."Dorius"] ڈوریا (قدیم یونانی ضلع) کا ۔

Dorian : (n) ڈوریا کا باشندہ ۔

Dorian mode : (موسیقی) قدیم یونانی سادہ اور سنجیدہ طرز ۔

Doric : (a)[L."Doricus".] (۱) ڈوریا کا ۔ (۲) ڈوریا کے باشندوں سے متعلق ۔ (۳) دیہاتی (زبان) : گنوارو ؛ ٹھیٹھ ؛ دہقانی ۔ (٤) قدیم مضبوط اور سادہ یونانی طرز تعمیر سے متعلق ؛ ڈوریائی ۔

Doric : (n) (۱) قدیم یونان کی ایک مقامی بولی ۔ (۲) دیہاتی یا دہقانی انگریزی ۔ (۳) ڈوریائی طرز تعمیر ۔

Doricism : (n) ڈوریائی طرز اظہار ۔

Dorism : (n) (۱) ڈوریائی کلچر ۔ (۲) ڈوریائی طرز بیان ۔

Dorize : (v) [Gr."dorizin".] ڈوریائی اطوار کی یا زبان کی نقالی کرنا ۔

Dorking : (n) [f."Dorking"in Surrey.] ڈوکنگ نسل کی مرغی ۔

Dorlach : (n) [Gael ."dorlach".] (۱) بنڈل ؛ گٹھر ۔ (۲) سوٹ کیس ۔

Dormancy : (n) [f. next.] حالت خواب ؛ سکوت ؛ خوابیدہ ؛ بے حرکت اور معطل ہونا ۔

Dormant : (a) [OF."dormant".] (۱)خوابیدہ ؛ بےحس وحرکت ۔ (۲) (نقابت) (کسی جانور کی تصویر) خوابیدہ حالت میں ۔ (۳) معطل ؛ ساکت ؛ مخفی ۔ (٤) دیکھو Dorment window ۔

Dormant account : (n) غیر چالو کھاتا ۔

Dormant bolt : (n) مخفی چٹخنی ۔

Dormant partner : (n) وہ شریک جس کا کاروبار میں دخل نہ ہو ؛ غیر کار گزار شریک ۔

Dormant table : (n) زمین میں جڑی ہوئی میز ۔

Dormant warrant : (n) وارنٹ جس میں نام کا خانہ خالی ہو ۔

Dormant window : (n) دیکھو Dormer window

Dormer : (n) [OF."dormeor".] ڈھلوان چھت میں باہر کو نکلی ہوئی کھڑکی ؛ خواب گاہ دریچہ ۔

Dormer window : (n) دیکھو Dormer

Dormered : (a) خواب گاہ دریچہ دار ۔

Dormette : (n) [F.] (ہوائی جہاز کی) نشست جس میں لیٹا جاسکے ۔

Dormeuse : (n) [F.] (۱) سفری گاڑی جس میں مسافر سو سکتا ھے ۔

Dormient : (a) [L."dormientem".] خوابیدہ ۔

Dormition : (n) [L."dormitionem".] (۱) خواب ۔ (۲) (مجازاً) موت ۔

Dormitive : (a & n) [F."dormitif".] خواب آور ؛ مسکن ۔

Dormitory : (n) [L."dormitorium".] (۱) وہ کمرہ جس میں بہت سے لوگ سوتے ہیں ؛ عام خواب گاہ (اسکول وغیرہ میں) ۔ (۲) شہر کے کاروباری لوگوں کے مکانات مضافات میں ۔

Dormouse : (n) [Origin unkn.] (۱) گلہری کی قسم کا ایک کترنے والا جانور ؛ نیم چوہا ؛ زبابہ ۔ (۲) خواب آلود شخص ۔

Dormouse : (n) خواب آلود ؛ اونگھتا ھوا ۔

Dormy /Dormie : (a) [Origin unkn .] (گولف) وہ کھیلنے والا جو دوسرے سے اتنے ہی پوائنٹ آگے ہو جتنے کھیلنے کو باقی ہوں ۔

Dornick : (n) [f."Doornik" in Belgium] ایک قسم کا کپڑا ۔

Dornick : (n) [Ir."Gael."dornog".] (۱) گول پتھر ۔ (۲) خام لوھے کی چٹان جو لیمنائیٹ کی کان میں ملتی ھے ۔

Dorothy bag : (n) عورتوں کا ہینڈبیگ جو کلائی پر لٹکایا جاتا ھے ۔

Dorothy perkins : (n) [personal name.] بیل دار گلاب ۔

Dorr : Dor کی متبادل شکل ۔

Dorsad : (adv) [L."dorsum".] پشت کی جانب ؛ ظہر رویہ ۔

Dorsal : (a) [med. L."dorsalis".] (تشریحات ، نباتیات ، حیوانیات) پستی ؛ ظہری ؛ عقبی؛ ابھری ہوئی پشت کا ۔

Dorsal : (n) قربان گاہ کے پیچھے پڑے ہوئے کپڑے ۔

Dorsal fin : (n) ظہری مہپر ۔

Dorsal vertebra : (n) فقرات ظہر ۔

Dorsally : (adv.) پچھلی طرف ؛ پشت کی طرف ۔

Dorse : (n) [LG."dorsh".] کاڈ مچھلی کا بچہ ۔

Dorsel : (n) دیکھو Dossel اور Dossal

Dorser : دیکھو dosser

Dorsi /Dors : سابقہ بمعنی "ظہر" ؛ "پشت" ۔

Dorsibranchiate : (a) (حیوانیات) ظہری خیشومی ۔

Dorsiduct : (v) پشت کی طرف مڑنا یا کھچنا ۔

Dorsiferous : (a) (نباتیات، حیوانیات) پشت بردار ۔

Dorsifixed : (a) ہم پشت ؛ ہم رست ؛ ہم نمو ۔

Dorsiflex : (v) پس خمیدہ کرنا ؛ پیچھے کی طرف مڑنا ۔

Dorsiflexion : (n) پس خمیدگی ؛ ظہری خمیدگی ۔

Dorsigerous : (a) پشت بردار ۔

Dorsigrade : (a) پشت پاچال ۔

Dorsimedian : (a) وسط پشتی ۔

Dorsimesal /Dorsomesal : (a) وسط پشتی ۔

Dorsimeson : (n) وسط پشتی لکیر ۔

Dorsiparous : (a) (حیوانیات) پشت زا ؛ (نباتیات) پشت ثمرا ۔

Dorsispinal : (a) ظہری نخاعی ۔

Dorsiventral : (a) (تشریح) ظہری بطنی ؛ (نباتیات) دو رخا ۔

Dorso /Dors : سابقہ بمعنی " ظہر" ؛ "پشت" ۔

Dorsoabdominal /Dorsabdominal : (a) پشت و شکم سے متعلق ؛ پشتی شکمی ۔

Dorsolateral : (a) پشت اور پہلوؤں سے متعلق ؛ ظہری جانبی ۔

Dorsolum / Dorsulum : (n) [mod . L.] میان ظہر ؛ ظہیر ۔

Dorsolumbar : (a) ظہری بدنی ۔

Dorsomedian : (a) ظہری وسطی ۔

Dorsoventral : (a) دیکھو Dorsiventral

Dorsoventrally : (adv.) ظہری بطنی طور پر ؛ ظہری بطنی طرف ۔

Dorsum : (n) [L.] (۱) ظہر پشت ۔ (۲) کسی عضو کی بالائی یا محدب سطح ۔ (۳) یک وقتی لفظ ؛ پشتہ ۔

Dort : (v) [Origin unkn.] روٹھ جانا ۔

Dortour /Dorter : (n) [Of."dortour".] عام خوابگاہ خصوصاً خانقاہ میں ۔

Dorts : (n) [Origin unkn.] بد مزاجی ؛ خفگی ۔

Dory : (n) [F."doree".] دیکھو Doree

Dory : (n) [Origin unkn.] چپٹے پیندے کی ڈونگی ؛ خصوصاً امریکا ماہی گیر جہاز کی کشتی ۔

Dosage : (n) [f.DOSE+-AGE.] (۱) دوا کئی خوراکوں میں دینا ۔ (۲) خوراک ؛ معتاد ۔

Dose : (n) [F.] (۱) دوا کی خوراک ؛ معتاد ؛ گھان ۔ (۲) (مجازاً) ردا (خوشامد یا سزا کا) ۔ (۳) (معاشیات) جرعہ (مقدار) ۔

Marginal dose : (معاشیات) جرعۂ حاشیائی ؛ آخری گھان ۔

Dose : (v) (۱) دوا دینا ؛ (دوا کی) خوراک پلانا ؛ (دوا کی) خوراک بنانا ۔ (۲) آمیزش کرنا ؛ ملونی کرنا ۔ (۳) دوا کھانا ۔

Dosimeter : (n) خوراک پیما ؛ معتاد پیما ۔

Dosimetric : (a) خوراک پیمائی سے متعلق ۔

Dosimetry : (n) خوراک پیمائی ؛ معتاد پیمائی ۔

Dosiology /Dosology : (n) خوراک کا علم ؛ معتادیات ؛ علم خوراکاں ۔

Dosis : (n) [Med. L.] دیکھو Dose

Doss : (n) [F."dos".] (۱) پلنگ ؛ (خصوصاً ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ کا) ۔ (۲) خواب ؛ نیند ۔

Doss : (v) [Origin unkn.] سینگوں سے دھکیلنا ؛ زور سے پٹکنا ۔

Doss : (v) سونا (خصوصاً ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ میں) ۔

Doss-house : (n) ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ ۔

Dossal/Dossel : (n) [med.L."dossale".] دیکھو Dorsal

Dosser / Dorser : (n) [OF."dossier".] (۱) قربان گاہ کے پیچھے پڑے ہوئے کپڑے ۔ (۲) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری ۔

Dosser : (n) ادنی قسم کی اقامت گاہ میں سونے والا ۔

Dossier : (n) [F."dossier".] (۱) کاغذات کا فائل ؛ دستاویزوں کا سٹ خصوصاً کسی شخص کے چال چلن کی یاد داشت ۔ (۲) کسی افسانوی کردار سے متعلق مصنف کی یاد داشت ۔

Dossil : (n) [OF."dosil".] (۱) پھایا ۔ (۲) طباعت میں تختی سے رنگ صاف کرنے کا کپڑا ۔

Dossy : (a) [Sc."dossie".] بنا ٹھنا ؛ چھیلا بنا ہوا ۔

Dost : دیکھو Do

Dot : (n) [OE."dott".] (۱) نقطہ ؛ بند کی ؛ بندی ۔ (۲) (علم ہجا) وقف کامل کا نشان ۔ (۳) (نغمہ نگاری) ایک علامت جو مختلف چیزوں کے لئے آتی ھے ۔ (٤) چھوٹی چیز یا چھوٹی شے ؛ حقیر شے ؛ ننھا بچہ ۔ (٥) نوکیلی چیز کے ضرب کی آواز ۔

In the year dot : جہاں تک حساب لگایا جا سکے ۔

Dotterel /Dottrel : (n) (۱) زقزاق ابله ؛ ایك پرند (جو سادہ لوح قرار دیا گیا ھے اس لئے کہ وہ بہت آسانی سے پکڑ لیا جاتا ھے ۔(۲) بے وقوف ۔ (۳) شاخ بریدہ درخت ۔

Dottle : (n) پائپ میں وہ تمباکو جو سلگنے سے بچ گیا ہو ۔

Dotly : (a) (۱) نقطہ دار ؛ منقوط ؛ نقطوں سے نشان کیا ھوا ؛ بکھرا ھوا ۔(۲) (روز مرہ) سست عقل ؛ ضعیف العقل ؛ جس کا قدم چلنے میں ڈگمگاتا ھو ۔

Doty : (a) بوسیدہ (لکڑی) ۔

Douane : (n) [Fr.] چونگی گھر ۔

Douanier : (n) چونگی افسر ۔

Douar /Dowar : (n) [Arab."duar".] مویشی کے احاطے کے گرد عربی خیموں کا حلقہ ۔

Double : (a) [Of."duble","doble".] (۱) دوگنا ؛ دوہرا ؛ دو چند ۔(۲) دوہرا ؛ دو تہ ؛ جھکا ھوا ؛ خمیدہ ۔ (۳) جس کا کوئی حصہ دوہرا ھو ۔(٤) (پھول کی صفت میں) ہزار ۔ (٥) مبہم ؛ دو دھاری ؛ دو رخی ۔ (٦) دو گانہ ؛ مقدار یا تعداد وغیرہ میں دوہرا ؛ مکرر ؛ ڈبل ۔(۷) (موسیقی) سُر میں نیچا ۔(۸) (فوج) ڈبل مارچ کا ۔ (۹) مکار ؛ ریا کار ؛ منافق ۔

Double : (adv.) دوگنا ؛ دوطرح سے ؛ دوبار ؛ دو دو ؛ دو دو بار ؛ دو ساتھ‌ساتھ ؛ دو رویہ ؛ جفت طور پر ۔

Double : (n) (۱) دونی مقدار یا تعداد ؛ دوچند ۔ (۲) مثنٰی ؛ جواب ؛ دو مقابل ۔(۳) ہمزاد ۔ (٤) (تاش) پانچ پوائنٹ سے لے کر تین یا اس سے کم تك کااسکور ؛ دس سے صفر تك کا اسکور ۔(٥) شکار (کے جانور) کا دفعتًا مڑنا ؛ دریا کا تنگ موڑ یا چکر ۔ (۷) لفظ مکرر ۔

At the double : (فوج) دوڑ ؛ بھاگ ۔

To give one the double : بھاگ جانا ؛ بھاگ نکلنا ۔

To work double tides : دو رات کام کرنا ۔

Off one's dot : (عامیانہ) خبطی ۔

Dot : (n) مالی چیز جس کی صرف سالانہ آمدنی شوہر کے قبضہ و اختیار میں ھو ۔

Dot : (v) (۱) نقطوں سے نشان کرنا ۔(۲) نقطے لگانا ؛ نقطے دینا ۔(۳) جا بجا ھونا یا نظر آنا ۔(٤) (نقطوں کی طرح) بکھیرنا یا منتشر کرنا ۔

To dot down : خلاصہ لکھنا ۔

To dot in : نقطے لگانا ۔

To dot thei : جزئیات کی تفصیل دینا ۔

Dot and dash : نقطے اور خطوط ۔

Dotage : (n) (۱) سٹھیاپا ؛ پیرانہ سالی ۔(۲) تعشق ؛ لاڈلا ۔

Dotal : (a) [L."dotalis".] جہیز سے متعلق ۔

Dotard : (n) سٹھیایا ھوا ؛ سترا بہترا ؛ پیر فرتوت ؛ خرف ۔

Dotardly : (a) احمق ؛ احمقانہ ۔

Dotation : (n) [F.] وقف ۔

Dote : (n) [F."dote".] جہیز ۔

Dote /Doat : (v) [ME."doten","dotien".] Doat دیکھو

Doted /Doated : (n) مرجھایا ھوا ؛ اندر سے سوکھا ھوا (درخت) ؛ بوسیدہ ۔

Doter /Doater : (n) (کسی پر) لٹو ؛ فریفتہ ؛ شیفتہ ۔

Doting /Doating : (n) خبطی ؛ خبط ؛ سادہ لوح ۔

Doting /Doating : (n) احمق ؛ ضعیف الدماغ ۔

Dotingly : (adv) سادہ لوحی سے ؛ حماقت سے ۔

Dotish /Doatish : (a) طفلانہ ۔

Dotted : (a) (۱) نقطوں سے بنا ھوا ۔ (۲) نقطہ دار ۔

Dotter : (n) نقطے بنانے والا ۔

Double : (v) (۱) دو کرنا ؛ دو چند کرنا یا ھونا ؛ دو سے ضرب دینا ۔ (۲) (موسیقی) دو مخالف سرگموں کا ایک ھی سُر کے ساتھ بجانا ۔ (۳) (ایکٹر کا) ایک ہی تماشے میں دو پارٹ ادا کرنا ۔ (٤) ڈبل مارچ کرنا ؛ دوڑنا ۔ (٥) (مسافر وغیرہ کو) ایک مکان یا کمرے میں دوسرے کے ساتھ ٹھہرانا ۔ (٦) دوہرا کرنا ؛ تہ کرنا ؛ جھکانا ۔ (۷) جھکنا ؛ اپنے جسم کو دوہرا کرنا ؛ دوسرے کے جسم کو (ضرب سے) دوہرا کر دینا ؛ (کاغذ یا ورق) کا دوہرا ھونا ؛ تہ ھونا ۔ (۸) (مٹھی کو) بھینچنا ۔ (۹) (انشا) گیند کا گدا کھانا یا پلٹنا ؛ گدا کھلانا یا پلٹانا ۔ (۱۰) (بحری) (راس کے) گرد گھومنا چکر کھانا ۔ (۱۱) (دوڑ میں) دفعتاً مڑنا ؛ پیچ در پیچ راستہ اختیار کرنا ؛ چکر کھانا ۔ (۱۲) جھکانا ؛ دوہرا کرنا ۔ (۱۳) مضاعف کام کرنا ۔

To double a part : ایک ہی تماشے میں دو پارٹ کرنا یا کسی دوسرے کردار کا پارٹ کر دینا ۔

To double up : کسی کے جسم کو (ضرب سے) دوہرا کر دینا ۔

To double upon : (فوج) گھیر لینا ۔

Double-acting /Double-action : (n) مضاعف عمل ؛ دو طریقوں یا دو سمت میں کام کرنے والا خصوصاً انجن وغیرہ ۔

Double-aspect theory : (n) فلسفہ کا یہ نظریہ کہ دماغ اور جسم ایک حقیقت کے دو رخ ہیں ۔

Double - bank : (v) ہرچپو پر دو کھینے والے رکھنا ۔

Double-banked : (a) (۱) ہرچپو پر دو کھینے والے ؛ دو مخالف چپوؤں والا ۔ (۲) ایسا جہاز جس کے دونوں عرشوں پر توپیں ھوں ۔

Double-banker : (n) وہ جہاز جس کے دونوں عرشوں پر توپیں ھوں ۔

Double-barrelled /-eled : (a) (۱) دو نالی (بندوق) ۔ (۲) (مجازاً) دوہری ؛ دگنی ؛ دو رخی ؛ دو دھاری (بات) ۔

Double-bass : (n) گہرے سروں والا ؛ سارنگی کی قسم کا ایک باجا ۔

Double-beat valve : پمپ کا دو منہ والا صمام ۔

Double-bed : (n) پلنگ جس پر دو آدمی سو سکیں ؛ دوہرا پلنگ ۔

Double-bedded : (a) (وہ کمرا) جس میں دو پلنگ ھوں یا دوہرا پلنگ ۔

Double-bitt : (v) (بحری) جہاز کے کھمبے کے گرد دوہرا (رسّا) لپیٹنا ۔

Double-bitted : (a) دو دھاری ۔

Double-bond : (n) دوہرا بند ۔

Double-breasted : (a) دوہرے پیش کا (کوٹ وغیرہ) ۔

Double-breather : (n) دو نتھنوں سے سانس لینے والا جانور ۔

Double-brooded : (a) دو جھولا ۔

Double-change : (n) گھنٹوں کے دو جوڑے ۔

Double-check : (n) (۱) (شطرنج) دوہری کشت ۔ (۲) دوہری جانچ ۔

Double-check : (v) دوہری جانچ کرنا ۔

Double-chin : (n) غب غب ۔

Double-circulation : (n) دوہرا دوران خون ۔

Double-clutch : (v) (موٹر کے) گیئر کو دوبارہ بدلنا (ہر بار گیرندہ کو چھوڑتے ھوئے) ۔

Double-coated : (a) دوہری تہ والا ۔

Double-coincidence : (n) دو گنی مطابقت ۔

Double-column :(n) دو کالم والا ۔

Double-cone : (n) دوہرا مخروط ۔

Double-consciousness : (n) دوہرا شعور ۔

Double-consonant : (n) مکرر حرف صامت ۔

Double-crop : (n) دو فصلیں اگانا ۔

Double-cross : (n) (۱) (عامیانہ) دو رخا دھوکا ؛ دھوکا ۔ (۲) دوہرا دوغلا ۔

Double-cross : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Double-crosser : (n) دھوکا باز ؛ فریبی ۔

Double-cut : (n) آڑی کاٹ ۔

Double-date : (n) دو جوڑوں کی ملاقات کا وقت ۔

Double-dealer : (n) دغا باز ؛ مکار ؛ فریبی ۔

Double-dealing : (n) دغا بازی ؛ چال بازی ؛ فریبی ؛ مکاری ۔

Double-deck/-decked : (a) دو منزلہ ؛ دو عرشہ ؛ دو سطحی ۔

Double-decker : (n) (١) دو عرشہ جہاز ؛ دو منزلہ گاڑی ۔ (٢) دوہرے بازوؤں والا ہوائی جہاز ۔ (٣) دو تہ والی کوئی چیز ۔ (٤) دو جلدوں والا ناول ۔

Double decomposition : (n) (کیمیا) دوہری تحلیل ۔

Double descent : (n) دو نسب ۔

Double-distilled : (a) (مجازاً) خالص ۔

Double-dutch : (a) ناقابل فہم ۔

Double-duty : (a) دو منصبی ۔

Double-dye : (v) (١) دو بار رنگنا ۔ (٢) مستقیم ہونا ۔

Double-dyed : (a) (١) گہرا رنگا ہوا ۔ (٢) چھٹا ہوا ؛ پکّا بدمعاش جس کی پور پور میں بدمعاشی ہو ۔

Double-edged : (a) (تلوار) دو دھاری ؛ (بات) ذو معنی ۔

Double-ended : (a) دو کناروں پر ایک سا ۔

Double-ender : (n) (١) دو سِروں والی کوئی چیز خصوصاً جہاز جو دونوں سروں پر ایک جیسا ہو ۔ (٢) آڑی کاٹ والا آرہ جس میں دو دائروی آرے لگے ہوتے ہیں تاکہ لکڑی کے دونوں سرے ایک ساتھ کاٹے جائیں ۔

Double entendre : (n) مبہم یا ذو معنی فقرہ (جس میں " کہ مکرنی " کی طرح سےایک معنی فحش ہو) ؛ قبیح و ملیح ۔

Double-entry : (n) (معاشیات) دوہرا اندراج ۔

Double-envelopment : (n) (فوج) دو طرفہ حملہ ۔

Double-exposure : (n) ایک فلم یا پلیٹ پر دو مرتبہ تصویر اتارنا ۔

Double-face : (n) (١) ریا کاری ؛ فریب ۔ (٢) ریا کاری ۔

Double-faced : (a) (١) دو رُخا ؛ دو رو ۔ (٢) منافق ؛ ریا کار ۔ (٣) مبہم ؛ ذو معنی ۔

Double-feast : (n) (کلیسا) کوئی مذہبی جشن جس میں جوابی راگ بھجن کے پہلے اور بعد گایا جاتا ہے ۔

Double-first : (n) دو امتحانوں میں اول ۔

Double-footed : (a) کثیر پایہ ۔

Double-fronted : (a) دو رُخا ۔

Double-ganger : (n) بھوت ؛ ہمزاد جو مرنے سے قبل یا بعد نظر آئے ۔

Double-glazing : (n) (کھڑکی میں) دوہرا شیشہ لگانا ۔

Double-handed : (a) (١) دو ہتھا ؛ دو دستہ ۔ (٢) دو کارہ ۔

Double-handed : (adv.) دونوں مل کر ۔

Double-head : (v) (١) (ریل) دو انجن لگانا ۔ (٢) دو انجنوں سے کھینچنا ۔

Double-headed : (a) دو سرا ۔

Double-headed shot : (n) دو جٹے ہوئے گولے ۔

Double-header : (n) (١) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (٢) دو انجنوں والی ریل گاڑی ۔

Double-hearted : (a) مکار ؛ دغا باز ۔

Double-hung : (n) دو پٹ والی (کھڑکی) ۔

Double indemnity : (n) دوہری تلافی ؛ دگنی تلافی ۔

Double insurance : (n) دوہرا بیمہ ۔

Double-ironed : (a) دو بیڑیوں والا ۔

Double jeopardy : (n) دوہری زحمت ؛ دوہرا مقدمہ (ایک جرم کے لئے) ۔

Double-jointed : (a) سہل الحرکت جوڑ دار ۔

Double-leaded : (a) ایسے چھاپے کا جس میں توجہ دلانے کےلئے زیادہ بین السطور چھوڑا جائے ۔

Double-letter : (n) (۱) دو صوتی حرف ۔ (۲) (طبیعیات) دو جڑا ہوا حرف ۔

Double-lived : (a) دو طرح کی زندگی بسر کرنے والا ۔

Double-lock : (v) دو بارہ کنجی گھمانا ؛ دوہرے کھٹکے کا قفل لگانا ۔

Double meaning : (n) دیکھو Double entendre

Double-milled : (a) دوہرے بافت والا ۔

Double-minded : (a) متلون المزاج ۔

Double-money column : دوہرے خانہ زر ۔

Double-negative : (n) دوہری نفی ؛ نفی اندر نفی ۔

Double-O : (n) تفصیلی جانچ ۔

Double or nothing /Double or quits : دگنا یا کچھ نہیں ۔

Double-pitch : (a) دو رخی ڈھلوان ۔

Double plea : (n) دوہرا عذر ۔

Double-pneumonia : (n) دونوں پھیپھڑوں کا نمونیا ۔

Double-point : (n) منخنی پر کا وہ نقطہ جہاں دو مماس ملتے ہیں ۔

Double-predestination : یہ مذہبی عقیدہ کہ خدا نے کچھ لوگوں کو جنتی اور کچھ کو جہنمی بنایا ھے ۔

Double-quick : (a) ڈبل مارچ ۔

Double-quick : (adv.) بہت تیزی سے ۔

Double reef : (v) (بحری) بادبان کے دو ٹکڑے کم کر دینا ۔

Double refraction : (n) انعطاف مضاعف ۔

Double rhyme : (n) دو قافیہ ۔

Double rhythm : (n) ذو آہنگ ۔

Double-rivet : (v) دو روئی کیلیں لگانا ۔

Double-roof : (n) (ریاضیات) وہ چیزیں جو مساوات کے حل کرنے میں دوبار آتی ہیں ۔

Double ripper / runner (n) دیکھو Bobsled

Double salt : (n) مرکب نمک ۔

Double-seater : (n) دو نشستی ۔

Double series : (n) (ریاضیات) مضاعف سلسلے ۔

Double shift : (n) دوہری نوبت ۔

Double-shot : (v) چھروں کی دوگنی مقدار بھرنا ۔

Double-sided : (a) دو پہلو والا ۔

Double-sighted : (a) احول ۔

Double snipe : (n) چہا کی ایک قسم ۔

Double-space : (v) ایک سطر چھوڑکر ٹائپ کرنا ۔

Double-spar : (n) آئیس لینڈك بلور ۔

Double-spread : (n) دو صفحی اشتہار ۔

Double-standard : (n) (۱) دو دھاتی اصول ۔ (۲) دوہرا معیار ۔

Double star : (n) جفت ستارے ؛ نجوم مثنیٰ ؛ ستاروں کا جوڑا جو مل کر ایک ستارہ معلوم ھوتا ھو ۔

Double stop : (v) دو یا زیادہ سروں کو ایک ساتھ نکالنا ۔

Double sunk : (a) دو سطحی (ڈائل) ۔

Double-swing door : (n) جھولا دروازہ ۔

Double take : (n) (۱) ثانی رد عمل ۔ (۲) نظر ثانی ۔

Double talk : (n) (۱) مہمل گفتگو ۔ (۲) بے ضرورت لفاظی ؛ ذومعنی گفتگو ۔

Double-talk : (v) مہمل گفتگو کرنا ؛ بےضرورت لفاظی کرنا ۔

Double taxation : (n) دو گنا محصول کاری ۔

Double time : (n) (۱) ڈبل مارچ ۔ (۲) دگنی اجرت ۔

Double-think : (n) دو طرح سوچنا ۔

Double-tongued : (n) دو زبانوں سے بولنے والا : دھوکا دینے والا ۔

Double-track : (v) دوہری ریلوے لائن بنانا ۔

Double up : (v) (۱) ایک کمرے یا ایک مکان میں دو شخص یا دو خاندانوں کا رہنا ۔ (۲) دگنی بازی لگانا ۔

Double valuation : (n) دوہری قدر بندی ۔

Double vision : (n) شفع : دو نظری : دو بینی ۔

Double-worked : (a) دوہرا قلم لگا ہوا (درخت) ۔

Doubleness : (n) (۱) دوہرا ہونا : دونا ہونا ۔ (۲) دغابازی : دو روئی ۔

Doubler : (n) [AF."dobler","dubler".] بڑی طشتری ۔

Doubler : (n) دگنا کرنے والا : خصوصاً برقی رفتار کو بڑھانے والا آلہ ۔

Doublet : (n) [F."double"+-ET.] (۱) چست مردانہ صدری ۔ (۲) جوڑے میں ایک : خصوصاً دومتحدالاشتقاق مگر مختلف المعنی لفظوں میں سے ایک ۔ (۲) (جمع) (پانسے کے کھیل میں) وہ داؤں جس میں دونوں پانسوں میں برابر کے عدد آئیں ۔ (۳) دو پرندے جو دو نالی بندوق سے شکار کئے جائیں ۔ (٤) (خوردبین وغیرہ) دو عدسوں کا میل ۔ (٥) جعلی جواہر ۔ (٦) (طباعت)لفظ مکرر۔

Doublet and hose : مردانہ لباس ۔

Doubleton : (n) (تاش) ایک رنگ کے صرف دو پتے ۔

Doubling : (n) (۱) دو گنا اضافہ : دو سے ضرب ۔ (۲) دوسری تقطیر (شراب کی) ۔ (۳) استر ۔ (٤) (بحری) کھمبے میں جڑی ہوئی لکڑی : جہاز کی فاضل تہ : (جمع) مستول کا ایک حصہ ۔ (٥) (تعمیرات) سلیٹ کی دوسری تہ ۔ (٦) تہ ۔ (۷) دفعتاً مڑنا (دوڑ میں) ۔ (۸) (مجازاً) دھوکا : فریب ۔

Doubloon : (n) [F."doublon" or Sp."doblon".] ہسپانیہ کا ایک طلائی سکہ جو ایک پونڈ کے برابر ہوتا ہے ۔

Doublure : (n) [F.] کتاب کی جلد کا منقش استر جو عموماً چمڑے کا ہوتا ہے ۔

Doubly : (adv.) (۱) دو چند : دوہرے طور پر ۔ (۲) مکاری سے ۔

Doubly crenate : (n) دوہرا کنگرہ دار ۔

Doubly refracting : (a) مضاعف الانعطاف ۔

Doubt : (n) [OF."dute","dote".] (۱) شك : شبہ : اشتباہ : تذبذب : تامل : پس و پیش : بدظنی : بدگمانی ۔ (۲) شک کی حالت : مشتبہ حالت : عدم ثبوت ۔

No doubt : بے شك : لاریب ۔

To give (one) the benefit of doubt : شبہے کی حالت میں ملزم کو بےقصورفرض کرنا : شبہ کا فائدہ ملزم کو پہنچانا ۔

To make doubt : شك کرنا : شبہ کرنا ۔

Without doubt : قطعاً : یقیناً ۔

Doubt : (v) (۱) مذبذب ہونا : تامل کرنا ۔ (۲) شك کرنا : شبہ کرنا : ماننے میں پس و پیش کرنا : مشکوك یا مشتبہ سمجھنا : غیر معین جاننا ۔ (۳) خوف زدہ ہونا : خوف کھانا ۔ (٤) اندیشہ کرنا : گمان کرنا : احتمال کرنا ۔

Doubtable : (a) مشتبہ : قابل شك : زبردست ۔

Doubter : (n) شك کرنے والا ۔

Doubtful : (a) (۱) مشتبہ : مشکوك : غیر متعین : مبہم : غیر واضح : محتاج تصدیق : قابل شبہ ۔ (۲) پس و پیش میں : مذبذب ۔

Doubtful : (n) مشتبہ شخص : مشکوك چیز ۔

Doubtful assets : (n) مشتبہ اثاثے ۔

Doubtful debts : (n) مشکوك قرض ۔

Doubtfully : (adv.) مشکوك یا مشتبہ طریقے سے : مبہم طور پر : پس و پیش کے ساتھ ۔

Doubtfulness : (n) مشکوکیت : ابہام : تذبذب : پس و پیش ۔

Doubting : (a) شک کرنے والا ۔

Doubting mania : (n) شک بہ حد جنون ۔

Doubting Thomas : (n) ہمیشہ شک و شبہ کرنے والا ۔

Doubtingness : (n) تشکیک ۔

Doubtless : (a) بے شک ؛ بے شبہ ۔

Doubtless : (adv.) یقیناً ؛ قطعاً ؛ لاریب ۔

Doubtlessly : (adv.) یقینی طور پر ۔

Douc : (n) [F.] بندر کی ایک قسم جو کوچین میں پائی جاتی ہے ۔

Douce : (a) [OF."dolz","dols","dous".] متین ؛ سنجیدہ ؛ علیم ؛ نیک ؛ سکون پسند ؛ ٹھنڈا ۔

Doucepere : (n) شالمین کے بارہ امرا ۔

Doucet / Dowset : (n) [F."doucet".] ہرن کا خصیہ ۔

Douceur : (n) [F.] (۱) بخشش؛ انعام ؛ شکرانہ ۔ (۲) رشوت ۔

Douche : (n) [Fr.] نطول ؛ آب ریزش ؛ ڈوش ؛ پانی کی پچکاری ۔

Douche : (v) پچکاری سے دھونا ۔

Doucine : (n) [F.] راست ککر ۔

Dough : (n) [OE."dah".] (۱) گندھا ہوا آٹا ؛ لوئی ؛ عجین ؛ خمیر ۔ (۲) چپکتا ہوا ڈھیر ۔ (۳) زر ۔ (٤) پیدل سپاہی ۔

(My) Cake in dough : میرا منصوبہ نا کامیاب ہوا ۔

Dough : (v) آٹا گوندھنا ؛ لوئی بنانا ۔

Dough-baked : (a) (۱) کم سینکا ہوا ۔ (۲) بے وقوف ۔

Dough-bird : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Dough-boy : (n) (۱) پُوا؛ کلچہ ۔ (۲) (امریکا) پیدل سپاہی ۔

Dough-brake / kneader / maker / mixer : (n) آٹا گوندھنے اور ملانے کی مشین ۔

Dough-face /Doughface : (n) (۱) نرم اور پھولے ہوئے جبڑے والا شخص ۔ (۲) تلقین پذیر ؛ زود اثر ۔ (۳) مصنوعی چہرہ ۔

Dough-faced : (a) تلقین پذیر ؛ خمیر رو ۔

Dough-raiser : (n) برتن جس میں گندھے ہوئے آٹے کو خمیر اٹھنے کےلئے رکھ دیا جاتا ہے ۔

Dough-trough / tray : (n) دیکھو dough-raiser

Doughfoot : (n) (عامیانہ) پیدل سپاہی ۔

Doughhead : (n) کودن ؛ بے وقوف ۔

Doughiness : (n) گندھا ہوا ہونا ۔

Doughnut : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیک ۔

Doughtily : (adv) بہادرانہ ؛ دلیرانہ ۔

Doughtiness : (n) بہادری ؛ دلیری ۔

Doughty : (a) [OE."dyhtiz".] (قدیم یا مزاحاً) بہادر ؛ دلیر ؛ مضبوط ؛ تنو مند ؛ رعب دار ؛ ہیبت والا ۔

Doughy : (a) (۱) گندھا ہوا ؛ لوئی سا ۔ (۲) زرد رو ۔ (۳) بے شکل اور بھدا ۔ (٤) بے جان اور ہلکا ۔

Doum /Doom : (n) [Arab.] نخل ۔

Doup : (n) [Du. "dop".] (۱) پیندا ۔ (۲) انڈے کا گول کنارا ۔ (۳) جلی ہوئی بتی یا شمع کا کنارا ۔ (٤) سرین ؛ چوتڑ ۔

Dour : (a) [L."durus".] سخت ؛ درشت ؛ تند خو؛ کڑا؛ ضدی ۔

Doura : (n) دیکھو Durra

Dourly : (adv.) سختی سے ؛ درشتی سے ؛ ضد سے ۔

Dourness : (n) سختی ؛ درشتی ؛ ضد ؛ ضدی پن ۔

Douse : (n) ضرب شدید ۔

Douse : (v) [MDU."dossen".] (۱) (بحری) (بادبان کو) جھکانا ؛ (کیبن کا روشندان) بند کرنا ۔ (۲) بجھانا ؛ گل کرنا ۔ (۳) اتارنا ۔ (٤) روکنا ۔

To douse the glim : روشنی گل کرنا ۔

Douse : (v) [Echoic.] (۱) کسی پر پانی پھینکنا ؛ بھگونا ۔ (۲) ڈبونا ؛ ڈوبنا ۔ (۳) نہانا ؛ غسل کرنا ۔

Douser : (n) ضرب شدید ۔

Douser : (n) بھگونے والا ۔

Douser /Dowser : (n) (سنیما) خود کار پردہ ۔

Dout : (v) [fused f."Do out".] بجھانا ؛ گل کرنا ۔

Dout : (n) آتش کش ۔

Douter : (n) بجھانے والا ۔

Douzaine : (n) [Fr.] بارہ ارکان کی انجمن ۔

Douzainier : (n) بارہ ارکانی انجمن کا رکن ۔

Dove : (n) [OE."dufe".] (۱) فاختہ ؛ قمری ۔ (۲) روح القدس ۔ (۳) سادہ دل ؛ معصوم ۔ (٤) خوشخبری دینے والا ؛ پیام امن لانے والا ؛ پیک خجستہ پے ۔ (٥) پیارا موہن ۔

Ring dove : فاختہ ۔

Stock dove / Turtle dove : قمری ۔

Dove : Dive کا صیغہ ماضی ۔

Dove-colour : (n) فاختئی رنگ ۔

Dove-dock : (n) جنگلی ادرک ۔

Dove-eyed : (a) حلیم چشم ۔

Dove-flower : (n) ایک قسم کا امریکی سحلب ۔

Dove-hawk : (n) فاختئی رنگ کا شکرہ ۔

Dove-plant : (n) وسطی امریکا کا ایک قسم کا سحلب ۔

Dovecot /-cote : (n) کبوتر خانہ ۔

Dovehouse : (n) دیکھو Dovecot

Dovekie : (n) [Sc. dim. of "dove".] آکچہ ۔

Dovelet : (n) فاختہ کا بچہ ۔

Dovelike : (a) فاختہ کا سا ؛ کبوتر کا سا ؛ معصوم ۔

Dovelike : (adv.) فاختے کی طرح ۔

Dover : (v) [OE."dofian".] اونگھنا ؛ بیہوش ہو جانا ۔

Dover : (n) (۱) خواب آلودہ حالت ۔ (۲) جھپکی ۔

Dover's powder : (n) افیون اور عرق الذہب سے بنی ہوئی دوا ۔

Dove's foot : (n) گل شمع دانی کی قسم کے خود رو پودے ۔

Dovetail : (n) فاختہ دم چول یا جوڑ ؛ نرمادگی چول ؛ گٹھہ چول یا گٹھہ جوڑ ۔

Dovetail : (v) (۱) فاختہ دم چول یا بٹھانا ۔ (۲) (مجازاً) جوڑ بٹھانا ؛ چول بٹھانا یا بیٹھنا ؛ چول بٹھانا یا بیٹھہ جانا ؛ گٹھی ہوئی شکل ہونا یا دینا ۔

Dovetail joint : (n) فاختہ دم جوڑ ۔

Dovetail moulding : (n) فاختہ دم حاشیہ ۔

Dovetail saw : (n) فاختہ دم چول بنانے کی آری ۔

Dovey : (n) پیارے ؛ پیاری ۔

Dow : (v) [OE."duzan".] (۱) لائق ہونا ؛ قابل ہونا ۔ (۲) پھلنا پھولنا ؛ ترقی کرنا ۔

Dow : (v) [Origin unkn.] مرجھا جانا ۔

Dowable : (a) [AF."dowable".] سزا وار جہیز ۔

Dowager : (n) [OF."douagere".] (۱) صاحب ریاست یا صاحب خطاب بیوہ ؛ وہ عورت جس کو اپنے متوفی شوہر سے جائداد وغیرہ (ترکہ میں) ملی ہو ۔ (۲) معمر اور معزز خاتون ؛ معزز پرشکوہ خاتون ۔

Dowagerism : (n) صاحب ریاست یا صاحب خطاب بیوہ ہونے کی حالت ۔

Dowd : (n) [Origin unkn.] بد قطع لباس والی عورت ؛ بد قطع لباس والا شخص ۔

Dowd : (n) عورتوں کی ٹوپی ۔

Dowdily : (adv.) بد وضعی سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

Dowdiness : (n) بد وضعی ؛ بد لباسی ؛ لباس کا پھوہڑ پن ۔

Dowdy : (n) بد قطع پوشاک والی عورت ۔

Dowdy : (a) بد قطع ؛ بد لباس ؛ بد وضع ؛ بھدا (لباس) ۔

Dowdyish : (a) کسی قدر بد وضع ۔

Dowdyism : (n) بد لباسی ؛ لباس کا پھوہڑپن ۔

Dowel : (n) [MLG."dovel".] (۱) کیل ؛ لوہے یا لکڑی کی بے نوک کی کھونٹی یا کیل ۔ (۲) لکڑی کا گٹکا ۔

Dowel : (v) کیل یا کھونٹی سے جڑنا ۔

Dowel bit : (n) ایک قسم کا برما ۔

Dowel joint : (n) کیل جوڑ ۔

Dowel pointer : (n) کیلوں کی نوک بنانے کا اوزار ۔

Dower : (n) [OF."douaire".] (۱) شوہر کی جائداد میں بیوہ کا حصہ (تا حیات) ؛ استری دھن ۔ (۲) جہیز ؛ کنیا دان ۔ (۳) بخشش ؛ خدا داد قابلیت ؛ عطیہ فطرت ؛ خلقی استعداد ۔

Dower : (v) (۱) جہیز دینا ۔ (۲) قابلیت عطا کرنا ۔ (۳) جہیز لینا ۔

Dower-house : (n) بیوہ کے رہنے کے لئے ضمنی مکان ۔

Dower land : (n) بیوہ کی جاگیر ۔

Dowerless : (a) بے جہیز ؛ محروم الارث (بیوہ) ؛ بے استعداد ۔

Dowf /Dowff : (a) [On."daufr".] (۱) سست ۔ (۲) افسردہ ۔ بے گونج (آواز) ۔

Dowie /Dowy : (a) بے لطف ؛ افسردہ ؛ تنہا ۔

Dowl : (n) رواں ۔

Dowlas : (n) [f."Daoulas or Doulas, in Brittany.] ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا ۔

Down : (n) [OE."dun".] (۱) کھلا ہوا مرتفع میدان ۔ (۲) (جمع) جنوبی انگلستان میں کھڑیا مٹی کی پہاڑیاں جو چرا گاہ کا کام دیتی ہیں ۔ (۳) ریتیلا کگارا ۔ (٤) بھیڑ کی ایک قسم (جنوبی انگلستان میں پائی جانے والی) ۔ (۵) بحر انگلستان کا ایک حصہ (The Downs) ۔

Down : (n) [ON."dun".] (۱) (چڑیوں کے بچوں کے) نرم پر ۔ (۲) چڑیوں کے گلے کے نیچے کے اور پیٹ کے پر جو تکیہ وغیرہ میں بھرے جاتے ہیں ۔ (۳) رواں ؛ رونگٹا ؛ پھول کے اوپر کا رونگٹا ۔ (٤) روئیں دار چیز ۔ (۵) سبزہ ؛ خط ۔ (٦) سفوف نما پتہ ۔

Down : (n) (۱) تنزل ؛ پستی ؛ گردش تقدیر ۔ (۲) بے وجہ خفگی ۔ (۳) مردہ باد کا نعرہ ۔ (۳) ذلت ۔

Ups and downs : نشیب و فراز ؛ انقلابات زمانہ ۔

Down : (n) (۱) نیچے کی طرف جانے والا ۔ (۲) بند ۔ (۳) بیعانہ ۔ (٤) زیر طبع ۔ (۵) اختتام یافتہ ۔

Down : (adv.) (۱) نیچے ؛ تلے ۔ (۲) کم درجے کی جگہ ؛ تنزل کی طرف ؛ نشیب کی طرف ؛ جنوب کی طرف ؛ ہَوا یا پانی کے بہاؤ کے رخ (حرکت کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔ (۳) دار الحکومت یا جامعہ کا ماہر ۔ (٤) گھرا ہوا ؛ افتادہ ؛ افتاں ؛ نشیب میں ؛ پستی ؛ ذلت ؛ عاجزی کی حالت میں ۔ (۵) اونچے درجے سے لےکر نیچے تک ۔ (٦) زمانہ سابق سے مابعد تک ۔ (۷) بیماری کی حالت میں ۔ (۸) افق کے نیچے ۔ (۹) حلق کے نیچے ۔ (۱۰) شکم میں ۔ (۱۱) بیداری کی حالت میں ۔ (۱۲) بطور نقد ۔

Money down : نقد روپیہ ۔

To be down on(upon) : (۱) حملہ کرنا ۔ (۲) سختی برتنا ۔

Down : (prep) (۱) (نیچے کی طرف) کنارے یا کسی چیز کے آر پار یا اندر ۔ (۲) اوپر سے نیچے تک ۔ (۳) نچلے حصے میں ۔

Down the wind : ہَوا کے ساتھ ؛ ہَوا کے رخ پر ۔

To let go down the wind : چھوڑنا ؛ چھوڑ بیٹھنا ۔

Up and down : اوپر نیچے، آگے پیچھے ۔

Down : (v) (۱) پٹك دینا ؛ گرا دینا ؛ پھینك دینا ؛ ڈال دینا ؛ شکست دینا ۔ (۲) نیچے اتارنا ۔ (۳) دبانا ۔ (٤) روکنا ؛ قتل کرنا ۔ (٥) کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ۔ (٦) ترك کرنا ۔

To down on/-upon : نزول کرنا ۔

To down with : ترك کرنا ۔

Down : (n) روئیں دار بنانا ۔

Down along : (adv.) ایك کنارے سے دوسرے کنارے تك ۔

Down and out : (n) (۱) مفلس ؛ قلاش ۔ (۲) نحیف ۔

Down-and-out : (n) (۱) مفلس ؛ قلاش ۔ (۲) (تاش) برج کھیل کی ایك چال ۔

Down-at-heal : (a) خستہ حال ۔

Down-cutting : (n) (ارضیات) زیریں کٹاؤ ۔

Down displacement : (n) زیریں منتقلی ۔

Down-draught : (n) ھَوا کی رو (نیچے کی طرف) ۔

Down-east : (adv.) نیو انگلینڈ کے مشرقی ساحلی علاقوں میں ۔

Down easter : (n) مین (Maine) کا باشندہ یا مین مقیم ۔

Down-in-the-mouth : (a) ہمت ہارا ھوا ؛ دل شکستہ ۔

Down-lying : (n) (۱) لیٹنا ؛ سونا ؛ سونے یا آرام کا وقت ۔ (۲) زچگی ۔

Down South : (adv.) (۱) دکھن کی طرف ؛ دکھن میں ۔ (۲) (امریکا) جنوبی ریاستیں ۔

Down-the-line : (adv.& a) آخر تك ۔

Down-thrown side : زیر انداز حصہ ۔

Down-time : (n) بیکار وقت ۔

Down-to-date : (a) تازہ ترین ۔

Down-to-earth : (a) ارضی ؛ علمی ؛ حقیقت پسند ۔

Down-to-the-ground : (adv.) مکمل طور سے؛ پورے طریقے پر ۔

Down town : (adv.) شہر میں ؛ شہر کی طرف ۔

Down tree : (n) کاکی لکڑی ۔

Down under : (adv.) آسٹریلیا یا نیوزی لینڈ میں ۔

Down under : (n) تحت الارض ؛ سمت القدم ۔

Down warping : (n) زیریں خم ۔

Down weed : (n) ایك قسم کی گھاس ۔

Downbeat : (a) قنوطی ؛ افسردہ ۔

Downcast : (v) پٹکنا ؛ مسمار کرنا ؛ افسردہ کرنا ۔

Downcast : (n) (۱) پٹکنا ؛ مسماری ؛ جھکا ھوا ھونا (آنکھ وغیرہ کا) ۔ (۲) دستہ جس میں سے کان میں تازہ ھوا آسکے ۔

Downcast : (a) (۱) اداس ؛ مایوس ؛ دل شکستہ ۔ (۲) (نظر کی صفت) نیچی ؛ جھکی ھوئی ؛ سر نگوں ۔

Downcome : (n) (۱) اترنا ؛ تنزل ؛ سبکی ۔ (۲) (شکرہ بازی) وار (شکار پر) ۔ (۳) وہ پائپ/نلکی جس سے گیس بھٹی میں لائی جاتی ھے ۔

Downcoming : (n) تنزل ۔

Downface : (v) رد کرنا ۔

Downfall : (n) (۱) (مینہ ؛ برف وغیرہ کا) زور سے گرنا ۔ (۲) تنزل ؛ زوال ؛ تباہی ؛ بربادی ۔

Downfall : (a) اترنے والا ۔

Downfallen : (a) تباہ شدہ ؛ برباد ۔

Downfalling : (a) تباہ ھونے والا ۔

Downgone : (a) (۱) پریشان حال ۔ (۲) دیکھو Damed اور Doggone ۔

Downgrade : (n) (۱) ڈھلان ۔ (۲) انحطاط ۔

Downgrade : (adv.) نشیب کی طرف ۔

Downgrade : (v) (۱) معیار کم کرنا ۔ (۲) کم قیمت کرنا ۔ (۳) عہدہ کم کرنا ۔ (٤) معیارتحفظ کم کرنا ۔

Downgrown : (n) (نباتیات) زیر بالید ۔

Downhaul : (n) بادبان اتارنے کا رسہ ۔

Downhearted : (a) افسردہ خاطر ۔

Downhill : (n) نشیب ؛ ڈھال ؛ اتار ؛ تنزل ؛ زوال ۔

Downhill : (a) ڈھلوان ؛ مائل ؛ نشیب ؛ مائل بہ تنزل ۔

Downhill : (adv.) ڈھال کیطرف ؛ تنزلی کی حالت میں ؛ زوال میں ۔

Downhold : (n) تخفیف (خرچ وغیرہ میں) ۔

Downhouse : (adv.) نچلی منزل میں ۔

Downily : (adv.) نرمی یا ملائمت سے ؛ ہوشیاری سے ۔

Downiness : (n) روئیں دار ہونا ؛ نرمی ؛ ملائمت ؛ ہوشیاری ؛ چوکسی ۔

Downland : (n) پہاڑی چراگاہ ۔

Downless : (a) بے رواں ۔

Downlock : (n) ہوائی جہاز کے پہیوں کو کھلنے کے بعد مستقیم طور پر نیچے رکھنے کی ایک ترکیب ۔

Downmost : (adv.) سب سے نیچے ۔

Downness : (n) نیچے ہونے کی حالت ؛ پستی ؛ تنزل ۔

Downpour : (n) موسلا دھار (بارش) ۔

Downright : (adv.) پوری طرح ؛ مطلقاً ؛ قطعی طور پر ؛ بالکل ۔

Downright : (a) (۱) عمودی ؛ کھڑا ؛ سیدھا ۔ (۲) صاف ؛ کھلا ؛ صریح ۔ (۳) واضح ؛ معین ۔ (٤) کھرا ؛ صاف گو ؛ منہ پھٹ ۔ (۵) قطعی ؛ پورا ۔

Downrights : (n) اون کی ایک قسم ۔

Downrightness : (n) صراحت ؛ صفائی ؛ کھرا پن ؛ صاف گوئی ۔

Downriver : (adv.) دریا کے دہانے کی طرف یا دہانے پر ۔

Downrush : (n) سریع تنزل ۔

Downset : (v) (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ کا ٹوٹا ہوا افقی خط ۔

Downshift : (v) گاڑی (موٹر گاڑی) کونیچے گیئرمیں لانا ۔

Downside up : (adv.) الٹا ؛ الٹ پلٹ ۔

Downslope : (adv.) دیکھو Downhill

Downslope : (n) زیریں ڈھلان ۔

Downslope : (a) دیکھو Downhill

Downsome : (a) افسردہ ؛ بد دل ۔

Downstair : (adv.) زینے کے نیچے ؛ سیڑھیوں سے اترتے ہوئے ۔ (۲) نیچے کی منزل کی طرف ؛ نیچے کی منزل پر ۔

Downstairs : (a) نیچے کی منزل کا ۔

Downstairs : (n) نچلی منزل ۔

Downstream : (adv.) بہاؤ رخ ۔

Downstreet : (adv.) بازار میں یا بازار کی طرف ۔

Downsun : (adv.) سورج کی طرف سے ۔

Downswing : (n) سرد بازاری ۔

Downthrow : (n) (ارضیات) زیر انداز ؛ چٹان کی تہ کا ایک طرف دباؤ ۔

Downtrend : (n) سرد بازاری کا میلان ۔

Downtrodden / Downtrod : (a) مظلوم ؛ کچلا ہوا ؛ پامال ۔

Downward : (adv.) نیچے کی طرف ؛ نشیب کی جانب ؛ بلندی سے پستی کی طرف ؛ اقبال سے ادبار کی طرف ؛ زمانۂ سابق سے مابعد کی طرف ۔

Downward : (a) جس کا رخ یا حرکت نیچے کی طرف ہو ؛ نچلا ۔

Downwards : (adv.) دیکھو Downward

Downweigh : (v) دبانا ؛ زیادہ بھاری ہونا ؛ افسردہ کرنا ۔

Downwind : (adv.) ھوا کے رخ پر ۔

Downy : (a) جہاں کھڑیا مٹی کی پہاڑیاں کثرت سے ھوں ؛ کھڑیا مٹی کی پہاڑیوں کی طرح ۔

Downy : (a) (۱) روئیں دار ؛ ملائم ؛ روئیں کا ؛ روئیں کا سا ۔ (۲) (عامیانہ) ھوشیار ؛ چوکس ؛ کھاگ ۔

Dowress : دیکھو Doweress

Dowry : (n) [AF."dowarie".] (۱) جہیز ؛ کنیا دان ۔ (۲) خلقی استعداد ؛ جوہر ؛ خدا داد قابلیت ۔

Dowse /Douse : (V) [Origin unkn.] طلسمی چھڑی سے کام لیکر یہ معلوم کرنا کہ کس جگہ کھودنے سے پانی یا معدنیات نکلیں گی ۔

Dowser : (n) طلسمی چھڑی استعمال کرنے والا ۔

Dowsing : (n) طلسمی چھڑی استعمال کرنا ۔

Dowsing cheek /-chock : (n) زیریں پیش جہاز میں جوڑے ھوئے ٹکڑوں میں سے ایک ۔

Dowsing rod : (n) وہ دو شاخا (چھڑی) جس کی مدد سے زیر زمین پانی یا معدنیات معلوم کی جاتی ہیں ۔

Doxastic : (a) [Gr."dozastikos".] رائے سے متعلق ۔

Doxological : (a) مناجات کا یا مناجات کی طرح کا ۔

Doxologise : (v) مناجات کرنا ۔

Doxology : (n) [med. L."doxologia".] مناجات ۔

Doxy : (n) [Origin unkn.] (۱) فقیر کی آشنا/عورت ۔ (۲) آشنا ؛ داشتہ ؛ معشوقہ ۔

Doxy : (n) رائے ؛ عقیدہ ۔

Doyen : (n) [F.] کسی جماعت کا اعلا رکن خصوصاً سفیر اعلا ۔

Doyley /-ly : دیکھو Dolly

Doze : (v) (۱) اونگھنا ؛ خواب آلود ھونا ۔ (۲) اونگھ کر وقت ضائع کرنا ۔

Doze : (n) اونگھی ؛ جھپکی ؛ ہلکی نیند ۔

Dozed : (a) خواب آلودہ ؛ بوسیدہ ۔

Dozer : (n) اونگھنے والا ۔

Dozen : (n) [OF."dozeine".] درجن ؛ بارہ ۔

Round dozen : (n) پورا درجن ۔

To talk nineteen to the dozen : بے انتہا باتیں کرنا ؛ قینچی کی طرح زبان چلنا ۔

Dozener : (n) (۱) دس گھروں کے مجموعے کا ایک ۔ (۲) رکن یا صدر ۔ (۳) سپاہی ۔

Dozenth : (a) بارھواں ۔

Dozily : (adv.) اونگھتے ھوئے ۔

Doziness : (n) غنودگی ؛ خواب آلود ۔

Dr. : Doctor اور Debtors کا مخفف ۔

Drab : (n) [L."drappus".] (۱) پھوہڑ عورت ۔ (۲) بدچلن عورت؛ کسبی ؛ رنڈی ؛ طوائف ؛ بیسوا ۔ (۳) (نمک سازی میں) لکڑی کا بکس جس میں نمک ابالنے کے بعد رکھا جاتا ھے ۔

Drab : (n) جوٹ ؛ سوت یا اون کا کپڑا ۔

Drab : (a) ہلکے بھورے رنگ کا ؛ بے چمک ۔

Drab : (n) (۱) ہلکا بھورا رنگ یا اس رنگ کا کپڑا ۔ (۲) ایک قسم کا پتنگا ۔

Drab : (v) کسب کرنا ؛ چھنالا کرنا ۔

Drabbet : (n) ایک موٹا سوتی کپڑا ۔

Drabbish : (a) پھوہڑ سی ؛ کسی قدر پھوہڑ ۔

Drabbish : (a) بے چمک رنگ ۔

Drabble : (v) [ME."drabelen".] (۱) کیچڑ میں لتھیڑنا ؛ لت پت کرنا ۔ (۲) بھچ بھچ کرتے ھوئے چلنا ؛ چھپ چھپ کرتے ھوئے چلنا ۔ (۳) مچھلی مارنا (لگی سے) ۔

Drabble-tail : (n) (وہ عورت) جس کا سایہ لٹکتا ھو اور زمین پر گھسٹتا ھو ۔

Drabbler/Drabler : (n) کینوس کا ٹکڑا جو بادبان میں جوڑ دیا جاتا ھے ۔

Dracaena : (n) [mod . L.] جنس دمُ الاخوین ۔

Drachm : (n) [F."drachme".] (۱) قدیم یونانی نقرئی سکہ ؛ درہم ؛ درم ۔ (۲) مذکورہ سکّے کا وزن ۔ (۳) قلیل مقدار ؛ حقیر مقدار ۔

Drachma : (pl.-drachmas /-mae.) : (n) [L.] (۱) قدیم یونان کا ایک نقرئی سکہ ۔ (۲) موجودہ یونانی فرانک ۔ (۳) قدیم یونانی درم کا وزن ۔

Draco : (n) (۱) سانپ نما بیگ کی طرح کا پرچم ۔ (۲) اڑن چھپکلی ۔

Draconian : (a) (۱) ڈراکو (Draco) یا اس کے قوانین سے متعلق ؛ سخت ؛ سخت گیر ؛ ظالمانہ ۔ (۲) اجگر سے متعلق ؛ اجگر کا یا اجگر کا سا ۔ (۳) (فلکیات) چاند کے عقدتین سے متعلق ۔

Draconic : (a) [L."draco".] دیکھو Draconian

Draconically : (adv) سختی سے ؛ ظالمانہ طور پر ۔

Draconin /-ine : (n) [L."draco".] دمُ الاخوین کا رنگ ۔

Draconites : (n) [L."draconem".] اژدھا کے سر سے نکلا ھوا قیمتی افسانوی پتھر ۔

Dracontine : (a) [Gr."drakon"+-INE.] اژدھا سا ؛ اژدھا سے متعلق ۔

Dracunculus : (n)[L.dim. of "draco".] (۱) کرم رشتہ ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) (نباتیات) عاقر قرحا ۔

Draff : (n) [ME."draf".] (۱) تلچھٹ ۔ (۲) باورچی خانہ کا دھوون جو سوروں کو پلایا جاتا ھے ۔ (۳) وہ فضلہ جو بیر وغیرہ کی کشید کے بعد رہ جاتا ھے ۔

Draffish /Draffy : (a) بے قیمت ۔

Draffsack : (n) (۱) گاد کا بورا ۔ (۲) توند ۔ (۲) پیٹو ۔

Draft : (n) [Modern phonetic spelling of DRAUGHT.] (۱) ترازو کے پلے کا جھکنا ؛ خام وزن سے اس کو منہا کرنا ۔ (۲) بڑی جماعت کی ٹکڑی جو کار خاص پر معین ھو ؛ دستہ ؛ کمک ؛ کسی دستے کو کار خاص کے لئے منتخب کرنا ۔ (۳) ہنڈی سے روپیہ لینا ؛ ہنڈی کرنا ؛ ہنڈی ؛ چك ۔ (٤) خاکہ ۔ (٥) مسودہ ۔ (٦) (معماری) پتھر کے کنارے کو چھینی سے ہموار کرنا ۔ (۷) کھینچنا ؛ کام کرنے والے جانوروں کا ساز وسامان ۔ (۸) زور یا طاقت جس کی ضرورت ہل چلانے کے کام وغیرہ میں ھوتی ھے ۔ (۹) ڈھالنا (پیسہ وغیرہ سے) ۔ (۱۰) پانی کی گہرائی جو لدے ھوئے جہاز کے بہنے کے لئے ضروری ھے ۔ (۱۱) ھوا کی رو (بند جگہ میں) ۔

Draft : (v) (۱) (فوج کی ٹکڑی کو) کار خاص پر بھیجنا ۔ (۲) مسودہ تیار کرنا ؛ خاکہ تیار کرنا ۔ (۳) پتھر کے کناروں کو ہموار کرنا ۔ (٤) کھینچنا ۔ (٥) بُنائی میں نقشہ بنانا ۔

Draft : (a) (۱) بارکش ۔ (۲) منتخب شدہ (جانور) ۔ (۳) کشیدہ ۔

Draftee : (n) جبراً بھرتی کیا ھوا (فوج میں) ۔

Drafter : (n) (۱) مُسوّدہ بنانے والا ۔ (۲) جانوروں کا انتخاب کرنے والا ۔ (۳) بوجھ کھینچنے والا گھوڑا ۔

Draftsman : (n) (۱) نقشہ نویس ؛ خاکہ کش ؛ ڈرافٹسمین ۔ (۲) مسودہ نویس (خصوصاً قانون مرتب کرنے والا) ۔

Draftsmanship : (n) خاکہ کشی ؛ مسودہ نویسی ۔

Drag : (v) [OE."drazan or ON."draga".] (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) گھسیٹتے ھوئے چلنا ۔ (۳) (موسیقی) رو رو کر گانا یا بجانا ؛ زور نہ ھونا ؛ جان نہ ھونا ۔ (٤) گھسٹنا ؛ بمشکل چلنا ۔ (٥) چھوٹا آنکڑا استعمال کرنا ؛ ڈوبی ھوئی چیزکو نکالنے کے لئے کانٹا ڈالنا یا جال ڈالنا ؛ تہ میں تلاش کرنا ؛ تہ کی مٹی نکالنا ۔ (٦) (زمین پر) سراون پھیرنا ۔ (۷) پہیے یا گاڑی میں رفتار کم کرنے کےلئے کوئی روك کی چیز لگانا ۔ (۸) آہستہ نیچے اڑنا ۔

To drag the anchor : لنگر کا نہ جمنا (زمین پر) ۔

To drag one's feet /To drag one's heels : سستی کرنا ۔

Drag : (n) (۱) بینگا ؛ سراون ۔ (۲) بے پہیے کی بھدی گاڑی ۔ (۳) چار گھوڑوں کی گاڑی ۔ (٤) دریا

میں پھینکنے کا جال : کھیت میں لگانے کا جال ۔(٥) ڈوبی ہوئی چیز کو نکالنے کا آنکڑا ؛ کانٹا ؛ چنگال ۔(٦) کھاد اکھٹا کرنے کا اوزار ۔ (٧) ڈھال پر گاڑی کی رفتارکم کرنے کےلئے لوھے کی روك ۔(٨) روك ؛ رکاوٹ ۔ (٩) آہستہ حرکت ؛ رکتی ہوئی رفتار۔ (١٠) دریا کی تہ سے مٹی نکالنے کا آلہ ۔(١١) کوئی تیز خوشبودار چیز جو شکاری کتوں کو خوشبو پر چلنے کی مشق کرانے کے لئے استعمال کی جائے ؛ وہ کلب جس میں یہ مشق کرائی جاتی ھے ۔(١٢) بوتل کا پیندا ۔ (١٣) لومڑی کی بو ۔(١٤) گھسیٹ : کھینچاؤ ۔(١٥) کش (سگریٹ وغیرہ کا) ۔(١٦) شرب ۔ (١٧)(عامیانہ)رسوخ ۔ (١٨)(عامیانہ) سڑك ۔ (١٩) (عامیانہ) زنانہ لباس (مردوں پر)۔ (٢٠) معشوق ؛ آشنا (عورت)۔

Drag anchor : (n) بہنے والا لنگر ؛ بہنے والا آلہ جو جہاز کو ہَوا کے رخ جانے سے روکتا ھے ۔

Drag bar : (n) جرّی سلاخ ۔

Drag bolt : (n) جرّی کھٹکا ۔

Drag box : (n) (١) ایك قسم کی گاڑی ۔(٢) بوتل کا پیندا ۔

Drag chain : (n) (١) جرّی زنجیر ؛ پہیا روك ۔(٢) ریل کے ڈبوں کو جوڑنے کی زنجیر ۔(٣) (مجازاً) رکاوٹ ۔

Drag down : (v) (١) (عامیانہ) کمانا ۔(٢) جوئے میں جیت کر حصہ ہٹا لینا اور باقی پر بازی لگانا ۔

Drag book : (n) جرّی بك ۔

Drag hound : (n) شکار کی بو پر (شکارکا) پیچھا کرنے والا ۔

Drag hunt : (n) (١) شکار جس میں کوئی تیز خوشبو دار شکاری کتوں کی مشق کے لئے استعمال کی جائے ۔ (٢) وہ کلب جہاں یہ مشق کرائی جاتی ھے ۔

Drag in : (v) (کسی مسئلہ کو) گفتگو میں خواہ مخواہ کھینچ لانا ۔

Drag link : (n) دھروں کو جوڑنے والی کڑی ۔

Drag-net : (n) پھینکواں جال ۔

Drag on : (v) زبردستی چلاتے رہنا ؛ بے لطفی سے چلتے رہنا ؛ جیسے تیسے گزرنا ۔

Drag-rake : (n) بڑی کریدنی ۔

Drag-sheet : (n) دیکھو Dragonchor

Drag-staff : (n) لمبا بانس جو گاڑی کے پیچھے باندھ دیا جاتا ھے تا کہ گاڑی پیچھے نہ جا سکے ۔

Drag-twist : (n) سلاخ کے آخیر میں لگا ہوا پیچ دار بك ۔

Dragade : (v) [Origin unkn.] (شیشے کو) پانی میں پگھلتے وقت ڈھال کر توڑنا ۔

Dragee : (n) [F.] مقنّد ۔

Dragger : (n) کھینچنے والا ؛ خصوصاً ماہی گیر ؛ کشتی ۔

Dragging : (a) کھینچنے والا ۔ (٢) سست ؛ کاہل ۔

Draggle : (v) (١) لتھیڑنا ۔(٢) لٹکنا اور گھسٹنا ۔ (٣) آہستہ چلنا ؛ پیچھے رہ جانا ۔

Draggle-haired : (a) بھیگا ہوا ورید نما؛ بال والا ۔

Draggle-tail : (n) وہ عورت جس کا سایہ لٹکتا اور زمین پر گھسٹتا ہو ۔

Draggle-tailed : (a) (١) وہ عورت جس کا سایہ لٹکتا ہو اور زمین پر گھسٹتا ہو ۔(٢) لٹکتی ہوئی دم والا (جانور)۔

Draggle tails : (n) لٹکتا ہوا اورزمین پر گھسٹتا ہوا سایہ ۔

Dragman : (n) پھینکواں جال استعمال کرنے والا ماہی گیر۔

Dragoman : (n [F."dragoman","drogman".] ترجمان خصوصاً ترکی، عربی اور فارسی کا ۔

Dragomanate : (n) ترجمان کا عہدہ ۔

Dragomanic : (a) ترجمانی ؛ ترجمان سے متعلق ۔

Dragon : (n) [L."draco".] (١) (دیو مالا) اژدہا ۔ (٢) (افسانہ) مار گنج؛خزانے کا سانپ ؛ خزانے یا عصمت کا محافظ ؛ سخت نگرانی کرنے والا ؛ لڑکیوں کی نگراں عورت ۔ (٣) (بائبل) وہیل یا شارك مچھلی ؛ سانپ ؛ گھڑیال ؛ گیدڑ ۔(٤) شیطان ۔(٥) موت ۔ (٦) (علم‌النجوم) ثعبان ۔(٧) (حیوانیات) اڑن چھپکلی ۔(٨) ایك قسم کی مچھلی ۔ (٩) ایك قسم کا کبوتر ۔ (١٠) طرخون (درخت) ۔(١١) (نقابت) اژدہا ۔

Like a dragon : شدت سے ۔

Dragon arum : (n) طرخون ۔

Dragon beam /Dragon piece : (n) شہتیر (دیواروں کو بیچ سے کاٹنے والا) ۔

Dragon china : (n) چینی کے ظروف جن پر اژدھوں کی تصویریں بنی ہوں ۔

Dragon-fly / Dragonfly : (n) سنجاتک : کابلی مکھی ؛ بھنبھیری ۔

Dragon root : (n) طرخون کی پیازیہ جڑیں ۔

Dragon shell : (n) ایک قسم کا چٹانی ناعمہ ۔

Dragon stone : (n) دیکھو Draconites

Dragon tree : (n) دم الاخوین (درخت) ۔

Dragonade : (۱) (جمع) شاہ لوئی دہم کے عہد میں پروٹسٹنٹ فرقےپرمظالم (ان کےگھروں میں سپاہیوں کو جبراً مہمان رکھنا) ۔ (۲) مظالم (جو سپاہیوں کے ذریعہ کرائےجائیں) ۔

Dragoness : (n) (۱) لڑکیوں کی نگراں عورت ۔ (۲) سختی سے نگرانی کرنے والی ۔

Dragonet : (n) [f.] (۱) چھوٹا اژدھا ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) جنوبی امریکا کی مچھلی ۔

Dragonfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dragonish : (a) اژدھائی : اژدھا صفت ؛ اژدھا دار ۔

Dragonnade/Dragonade/Dragoonade : (n) [F.] دیکھو Dragonade

Dragon's belly : (n) ستارے کا وہ حصہ جو ذنب سے زیادہ دور ہو ۔

Dragon's blood : (n) دمُ الاخوین : خون سیما وشان ۔

Dragon's claw /Dragon's herb : (n) طرخون ۔

Dragon's head : (n) (۱) (علم النجوم) راس نتثین : نقطہ اعتدال خریفی ۔ (۲) (نقابت) گندمی رنگ ۔ (۳) ایک قسم کی بوٹی ۔

Dragon's skin : (n) فلسی شجر ۔

Dragon's tail : (n) ذنب تنثین : نقطہ اعتدال ربیعی ۔

Dragon's teeth : (n) (۱) اژدھے کے دانت جو Cadmus نے بوئے تھے اور جس سےایک فوج اٹھ کھڑی ہوئی تھی ۔ (۲) آپس میں لڑائی کا بیج ۔ (۳) مثلث نوکدار : ٹینک روک ۔

Dragoon : (n) [mod. F."dragon".] (۱) سوار رسالے کا ملازم ۔ (۲) غصہ ور وحشی آدمی ۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر ۔

Dragoon : (v) (۱) سواروں کو متعین کرنا ۔ (۲) تشدد کرنا : ظلم کرنا ؛ تشدد سے کسی بات پر مجبور کرنا ۔

Dragoonade : (n) دیکھو Dragonade

Dragsman : (n) (۱) گاڑی چلانے والا ۔ (۲) تہ سے مٹی نکالنے والا : تہ میں تلاش کرنے والا ۔

Drain : (v) [OE."dreahnian".] (۱) (نالی یا پمپ کے ذریعہ) پانی نکالنا : نچوڑ لینا (دولت وغیرہ) ۔ (۲) پینا ؛ چڑھانا : (گلاس وغیرہ) خالی کر دینا ۔ (۳) (زمین کو) رطوبت دور کرکے خشک کرنا ۔ (٤) (دریا کا) کسی خطے کے بیکار پانی کو بہا لے جانا ۔ (٥) رسنا ؛ ٹپکنا ؛ جھرنا ۔ (٦) (طاقت، دولت وغیرہ کو) نچوڑ لینا : کھو کھلا کر دینا ۔

Drain : (n) (۱) بدرو : نالی ؛ موری ؛ سیل ۔ (۲) (جراحی) پھوڑے سے مواد کھینچنے کی نلکی ؛ سیم نالی ۔ (۳) مسلسل نکاس ؛ تقاضا ؛ مفالیہ : خرچ ۔ (٤) (عامیانہ) گھونٹ ۔ (٥) تلچھٹ ؛ تہ نشیں ۔

Drain cock : (n) نکاس ٹونٹی (بائلر کی) ۔

Drainage : (n) (۱) پانی کا اخراج یا نکاس ؛ پن بہاؤ ؛ نکاس ۔ (۲) پانی کے نکاس کا بندوبست یا انتظام ؛ قدرتی نالے یا مصنوعی نالیاں وغیرہ (جو پانی کو بہا لے جائیں) ؛ سیلیات ؛ بد روی ؛ بدر آبی ۔ (۳) نالیوں کاپانی ؛ گندا پانی ۔ (٤) اندرونی کشمکش کو دور کرنے کی صورت ۔

Drainage basin : (n) وہ حصہ ملک جس کا پانی دریا کے ذریعہ خارج ہو ۔

Drained : (a) خالی ۔

Drainer : (n) (۱) پانی نکالنے والا ؛ نچوڑنے والا ۔(۲) وہ برتن جس میں چیزیں نچوڑنے کے لئے رکھی جاتی ہیں ۔(۳) نالیاں بنانے والا ؛ نالی ۔

Draining : (n) سیل ۔

Drainless : (a) (۱) خالی نہ ہونے والا ۔(۲) بے نالی کا ۔

Drake : (n) [OE."draca".] (۱) ایک چھوٹی توپ ۔(۲) ایک کیڑا جو مچھلی پکڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔(۳) چونچ دار کشتی ۔

Drake : (n) [ME.] نر مرغابی یا بطخ ۔

Drake shot : (n) چھوٹی توپ کا گولہ ۔

Drake stone : (n) چپٹا پتھر جو سطح آب پر اس طرح پھینکتے ہیں کہ وہ پھسلتا ہوا آگے چلا جائے ۔

Dram : (n) [OF."drame".] ؛ (۱) ایک وزن ؛ (دیکھو Dranchm) درہم ؛ ڈرام (رقیق ناپنے کا پیمانہ) ۔ (۲) چسکی ؛ شراب وغیرہ کا ذرا سا گھونٹ ۔(۳) حقیر چیز ؛ قلیل مقدار ۔ (٤) لٹھوں کے بیڑے کا حصہ ۔

Dram : (n) [Short for "Drammen".] ناروے کی لکڑی ۔

Dram : (v) پینا ؛ پلانا ۔

Dram shop : (n) شراب خانہ ؛ چسکی گھر ۔

Drama : (n) [late L."drama".] (۱) سوانگ ؛ ناٹک ؛ تمثیل ؛ ڈرامہ ۔(۲) ڈرامائی ادب ؛ فن ڈراما ۔ (۳) ڈرامائی سلسلہ واقعات ۔

The drama : ڈرامائی ادب : فن ڈرامہ ۔

Dramalogue : (n) ڈرامے کو پڑھ کر سامعین کو سنانا ۔

Dramatic : (a) (۱) ناٹکی ؛ ناٹک کا ؛ ناٹک سے متعلق ؛ تمثیلی ؛ سوانگ ۔ (۲) ایکٹر کا سا ۔ (۳) تماشا گاہ میں دکھائے جانے کے قابل ؛ اچانک ؛ ناگہانی ؛ عجیب و غریب ؛ موثر ۔ (٤) (گفتگو) جو دوسروں کی نقل ہو ؛ نقالی کی ؛ تمثیلی ۔(٥) ڈرامائی طور پر موثر (آواز) ۔

Dramatic irony : (n) ڈرامائی طنز ۔

Dramatically : (adv.) ناٹک کے طور پر ؛ تمثیلی انداز سے ؛ اچانک ؛ عجیب یا موثر طریقے سے ؛ ڈرامائی نقطہ نظر سے ۔

Dramaticism : (n) ڈرامائیت ۔

Dramaticle /-cule : (n) مختصر ڈرامہ ۔

Dramatics : (n) ڈرامائی ادب ؛ فن ڈرامہ ۔

Dramatism : (n) (۱) ڈرامائی طرز ۔(۲) زبان اور خیال کا ڈرامائی تجزیہ ۔

Dramatis personae : (n) ڈرامے کے کردار ؛ ڈرامہ کے کرداروں کی فہرست ۔

Dramatist : (n) ڈرامہ نگار ؛ تمثیل نویس ۔

Dramatization : (n) (۱) ڈرامہ کی شکل میں بدلنا یا بدلا جانا ؛ ڈرامائی تشکیل دینا (تحلیل نفسی) ۔(۲) دبے ہوئے خیالات یا جذبات جو ڈرامائی شکل میں تبدیل ہو کر خواب میں نظر آتے ہیں ۔

Dramatize : (v) (۱) (کسی افسانے وغیرہ کو) ڈرامہ کی شکل میں تبدیل کرنا ۔ (۲) ڈرامہ کی صورت میں تبدیل ہو سکنا ۔

Dramaturge : (n) [F.] دیکھو Dramaturgist

Dramaturgic / -al : (n) ڈراما نگاری سے متعلق ؛ ڈرامہ نویسی کا ۔

Dramaturgist : (n) ڈرامہ نگار ؛ تمثیل نویس ۔

Dramaturgy : (n) ڈرامہ نگاری کے اصول ؛ ڈرامہ کا فن ؛ فن تمثیل ۔

Drame : (n) [F.] المیہ نما کامیڈی ۔

Drape : (n)[F."draper".] (۱) (کپڑے وغیرہ سے) آراستہ کرنا؛ پردے لٹکانا ۔(۲) (لباس یا پودوں کو) اس طرح پہنانا یا لٹکانا کہ اس کی شکلوں میں ترتیب اور خوشنمائی پیدا ہو جائے ۔

Drape : (n) (۱) کپڑا ۔ (۲) آراستہ کرنا ۔

Draper : (n) (۱) بزاز ؛ کپڑا بیچنے والا ۔(۲) (ترکیبی شکل میں) بیچنے والا ۔

Draperied : (a) پردوں سے آراستہ ؛ تہ بہ تہ ؛ شکن در شکن ۔

Drapery : (n) [OF."draperie".] (۱) کپڑا ؛ تھان ؛ پارچہ ۔ (۲) بزازی ؛ پارچہ فروشی ۔ (۳) سنگ تراشی وغیرہ میں لباس کی ترتیب ۔ (٤) پردے وغیرہ ۔

Drapery : (v) کپڑے ؛ پردوں وغیرہ سے آراستہ کرنا ۔

Draping : (n) آراستہ کرنا ۔

Drastic : (a) [Gr."drastikos".] (۱) قوی ؛ شدید ؛ سخت ۔ (۲) (طب) قوی مسہل ۔

Drastically : (adv.) شدت سے ؛ سختی سے ۔

Drat : (int.) [Aphetic f."God rot".] خدا سمجھے ؛ لعنت ہو ؛ خدا غارت کرے ؛ آگ لگے ؛ بھاڑ میں جائے ۔

Dratted : (a) ملعون ؛ لعنتی ؛ کمبخت ۔

Draught : (n) [ME."draht".] (۱) بار برداری ؛ (ہل وغیرہ) کھینچنا ؛ جو چیز کھینچی جائے ؛ جو مقدار نکالی جائے ؛ گھوڑے کا ساز و سامان ؛ گھوڑوں یا بیلوں کی جوڑی ۔ (۲) مچھلی وغیرہ کا جال کھینچنا ؛ مچھلیوں کی تعداد جو ایک بار جال کھینچنے میں آجائے ؛ بام مچھلی کاپیمانہ، ۲۰ پونڈ ۔ (۳) کشش ؛ میلان ؛ رغبت ۔ (٤) آرا کشی ؛ آرہ کش کا نام ۔ (٥) گھونٹ ؛ جرعہ ۔ (٦) (رقیق) دوا کی ایک خوراک ؛ دھواں یا بخارات کو نکلنا ؛ (مجازاً) دماغ یا روح کا کسی چیز کو جذب کر لینا ۔ (۷) کھینچنا ؛ لمبا کرنا ؛ دھاگا ۔ (۸) پانی کی گہرائی جو جہاز رانی کے لئے درکار ہو ۔ (۹) (صیغہ جمع) ڈرافٹ ؛ سرا بگھی (کھیل) کانام ؛ ڈرافٹ کا مہرہ ۔ (۱۰) ہوا کا مسلسل گزرنا ؛ ہوا کی رو ؛ بہاؤ ۔ (۱۱) خاکہ (تصویر وغیرہ کا) منصوبہ ؛ خاکہ ۔ (۱۲) برتن سے شراب نکالنا ؛ آبلہ ؛ پتھر کے کنارے کو چھینی سے ہموار کرنا ۔ (۱۳) فوجی دستہ (جوکسی خاص کام پر متعین ہو) کمک ؛ ایسے فوجی دستے کا انتخاب ۔ (١٤) بینک سے روپیہ نکالنے کا تحریری حکم ؛ برات ؛ چک ؛ ہنڈی ۔

Black draught : ایک مسہل ۔

Forced draught : ہوا کی مصنوعی رو ۔

Natural draught : ہوا کی فطری رو ۔

Draught : (a) (۱) بار کش ؛ کھینچنے والے (جانور) ۔ (۲) منتخب (بھیڑ) ۔ (۳) کشید (شراب) ۔ (٤) تسوید شدہ ۔

Draught : (v) (۱) (ایک دستے کو فوجی خدمت کے لئے) منتخب کرنا ۔ (۲) خاکہ تیار کرنا ؛ نقشہ بنانا ۔ (۳) پتھر کے کنارے کو چھینی سے ہموارکرنا ۔ (٤) تانے کے دھاگے کو کرگھے کے تار یا ڈوری میں لگانا ۔

Draught board : (n) دیکھو Dam-brod

Draught bos : (n) ہوا روک نلکی جس سے پانی اونچے پہیے سے نچلے دھارے تک پہنچایا جاتا ھے ۔

Draught engine : (n) کان کے عمودی سرنگ کا انجن ۔

Draught hook : (n) توپ گاڑی کو کھینچنے کا ہک ۔

Draught line : (n) جہاز کی وہ لکیر جس سے معلوم ہوتا ھے کہ پانی کی کتنی گہرائی درکار ھے ۔

Draught-net : (n) پھینکوا جال ۔

Draught-spring : (n) راس اور گھوڑے کے بیچ کی کمانی ۔

Draught-way : (n) (۱) رستہ (جس سے چیز کھینچی جائے) ۔ (۲) ہوا کی رو کا رستہ ۔

Draughtiness : (n) رو گزاری ۔

Draughtsman : (n) (۱) نقشہ نویس ؛ خاکہ بنانے والا ؛ ڈرافٹ مین ۔ (۲) (پارلیمنٹ) وہ شخص جو قانون کا مسودہ مرتب کرتا ھے ۔ (۳) ڈرافٹ کا مہرہ ؛ گوٹ ۔

Draughtsmanship : (n) نقشہ نویسی ؛ نقشہ نویس کا عہدہ ۔

Draughty : (a) رو گزار ؛ جہاں سے ہوا کی رو گزرتی ہو ۔

Dravidian : (a & n) [Skr."Dravida".] دراوڑی ۔

Draw : (v) [OE."drazan".] (۱) کھینچنا ۔ (۲) کھینچ کرلیجانا ؛ بار برداری کا کام کرنا ۔ (۳) گھسیٹنا (کسی چیز میں باندھ کر) ۔ (٤) سکڑنا ؛ (منہ) بنانا ۔ (٥) (جال) کھینچنا ۔ (٦) (کمان) کھینچنا ۔ (۷) (باگ وغیرہ) کھینچنا ؛ روکنا ۔ (۸) (پردہ یا نقاب) ڈالنا

یا ہٹانا ۔ (۹) (کرکٹ میں) بلے سے ایک طرف کر دینا (گیند کو) ۔ (۱۰) (گولف) (گیند کو ضرورت سے زیادہ) بائیں طرف ہٹا دینا ۔ (۱۱) متوجہ کرنا ؛ کھینچنا ؛ (سانس لینا) ۔ (۱۲) کسی کام پر مائل یا آمادہ کرنا ؛ ترغیب دینا ۔ (۱۳) متوجہ ہونا ؛ توجہ کرنا ؛ جمع ہونا ؛ اکھٹا ہونا ۔
(۱٤) باعث ہونا ؛ پیدا کرنا ؛ مخبر ہونا ۔
(۱۵) کھینچ کر نکالنا ۔ (۱٦) (بجو یا لومڑی کو) بھٹ سے کھینچ کر نکالنا /گھسیٹنا ۔
(۱۷) (پانی) کنویں سے کھینچنا ، نکالنا یا بھرنا ۔ (۱۸) (عرق وغیرہ) برتن سے یا خون جسم سے نکالنا ۔ (۱۹) کشید کرنا ؛ (ست) کھینچنا ؛ جوہر نکالنا ۔
(۲۰) (پولٹیس سے مواد کو) کھینچ لینا ۔
(۲۱) حاصل کرنا ؛ لینا ۔ (۲۲) (تاش میں پتے کا) کھلوانا ۔ (۲۳) باتوں باتوں میں پوچھ لینا ، کھلا لینا ؛ چھیڑ کر تقریر کروا لینا ۔ (۲٤) (نتیجہ) نکالنا ؛ (نتیجہ) اخذ کرنا ؛ استنباط کرنا ؛ استخراج کرنا ۔ (۲۵) چوس لینا ؛ خالی کر دینا ۔ (۲٦) پیٹ چیر کر آنتیں وغیرہ نکالنا ۔ (۲۷) شکار میں آڑ کی جگہ ڈھونڈنا ۔
(۲۸) کھینچنا ؛ طول دینا ؛ پھیلانا ۔
(۲۹) (بحری) ہوا سے پھولنا (بادبان کا) ۔
(۳۰) خط کھینچنا ؛ خاکہ بنانا ؛ (تصویر) بنانا ؛ شکل بنانا ۔ (۳۱) الفاظ میں تصویر کھینچنا ۔ (۳۲) نقشہ کشی کی مشق کرنا ۔ (۳۳) (دستاویز کا) مرتب کرنا ۔ (۳٤) (فرق یا امتیاز) کرنا یا قائم کرنا ؛ دو چیزوں میں مقابلہ کرنا ؛ مشابہت دکھانا ۔ (۳۵) طالب ہونا ؛ مطالبہ کرنا (روپیہ یا خدمت وغیرہ کا) ۔ (۳٦) چلنا ؛ حرکت کرنا ؛ قریب یا دور ہونا ۔
(۳۷) (دوڑ میں) اور آگے بڑھ جانا ؛ برابر آ پہنچنا ؛ اورقریب آ پہنچنا ۔ (۳۸) (جہاز کے بہنے کے لئے پانی کی خاص گہرائی) چاہنا ۔ (۳۹) غیر فیصلہ کن حالت میں چھوڑنا ؛ بےفیصلہ کئےہوئے ختم کر دینا ۔
(٤۰) گاڑی میں کھینچ کر لے جانا ۔
(٤۱) (غداروں کو) کھینچ کر لےجانا (مقتل میں) ۔ (٤۲) کوشش کرنا ۔ (٤۳) شکارکی بو پر شکار کا پیچھا کرنا ۔ (٤٤) گاچھی کو نکالنا (دوسری جگہ بونے یا لگانے کےلئے) ۔
(٤۵) سانس لینا ۔ (٤٦) شکل بدلنا ۔

To draw a bead : نشانہ لگانا ۔

To draw a blank : کچھ نہ پانا (لومڑی میں) ۔

To draw a line /To draw the line : حد بندی کرنا ؛ حد سے آگے نہ بڑھنا ۔

To draw a longbow /To draw the longbow : مبالغہ کرنا ۔

To draw against : ہنڈی جاری کرنا ۔

To draw bit /-bridle /-rein : (۱) روکنا (گھوڑے کو) ۔ (۲) مجازاً ضبط سے کام لینا ۔

To draw blank : کچھ نہ پانا ۔

To draw blood : زخمی کرنا ؛ مجروح کرنا ۔

To draw cut (s) / (lot)s : قرعہ اندازی کرنا ۔

To draw in one's horns : محتاط ہو جانا ۔

To draw into example / precedent / comparison : مثال دینا وغیرہ ۔

To draw it fine : بے کم و کاست کرنا ۔

To draw it mild : مبالغہ نہ کرنا ۔

To draw level : برابر ہونا ۔

To draw one's lime : جبراً کام چھوڑنا ۔

To draw the cloth : کھانے کے بعد میز صاف کرنا ۔

To draw the fangs : بے ضرر بنانا ۔

To draw temper : فولاد کی آب کم کرنا (گرم کرکے) ۔

To draw together : متحد ہونا ۔

To draw with : اسی حال میں ہونا ۔

Draw : (n) (۱) کھینچنا ۔ (۲) زور ؛ جھٹکا ۔ (۳) کشش ؛ باعث کشش ؛ وہ چیز جو گاہکوں وغیرہ کو کھینچے ۔ (٤) قرعہ اندازی ؛ چٹھی ڈالنا ۔ (۵) وہ کھیل جس میں دونوں فریق برابر رہیں ۔ (٦) چھیڑ ؛ وہ فقرہ جسے سن کر کوئی شخص کوئی بات کہہ گزرے یا اسے اپنے محبوب موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ہاتھ آجائے ۔ (۷) اٹھاؤ پل ؛ متحرک پل ۔

Draw : جزو ترکیبی ۔

Draw arch : (n) متحرک پل کی محراب ۔

Draw away : (v) ہٹنا ؛ ہٹانا ۔

Draw-bolt : (n) ریل کے ڈبوں کو جوڑنے کا حلقہ ۔

Draw-boy : (n) (پارچہ بافی) کنگھی کی رسیوں کو کھینچنے والا لڑکا ؛ کرگھے کا وہ پرزہ جو یہ کام کرتا ھے ۔

Draw curtain : (n) بیچ سے کھلنے والا پردہ ۔

Draw-cut : (n) کھینچ کر کاٹنا ۔

Draw-dock : (n) شاخ دریا کی گودی ۔

Draw-file : (n) عمودی طور پر ریتنا ۔

Draw-gate : (n) در آب بند ۔

Draw-gear : (n) (۱) بارکش جانوروں کے سازوسامان ۔ (۲) گاڑیوں کو جوڑنے کا حلقہ ۔

Draw-glove : (n) (۱) دستانوں کا ایک کھیل ۔ (۲) تیر انداز کا دستانہ ۔

Draw-head : (n) جری سلاخ کا مہرہ ۔

Draw in /Draw into : (v) (۱) سکڑنا ؛ سکیڑنا ؛ سانس لینا ۔ (۲) پھانس لینا ؛ پھسلا کر شریک کر لینا ۔ (۳) (دن کا) زوال کا وقت ھونا ؛ ختم کے قریب ھونا ؛ (جاڑے کے دنوں کا) چھوٹا ھوتا جانا۔(٤) خاکہ بنانا ۔(٥) محتاط ھونا ۔

Draw kiln : (n) چونے کا بھٹہ ۔

Draw-knife : (n) دو دستی چھری ۔

Draw-link : (n) ریل کے ڈبوں وغیرہ کو جوڑنے والا حلقہ ۔

Draw-loom : (n) منقش کپڑا بننے کا کرگھا ۔

Draw-net : (n) دیکھو Drag-net

Draw off : (v) (۱) (فوج کا) واپس بلا لینا یا واپس آنا ۔ (۲) پھیرنا (دماغ وغیرہ کو) ۔(۳) نکالنا (رقیق چیز کو)۔

Draw on : (v) (۱) نزدیک ھونا ۔(۲) باعث ھونا ؛ ترغیب دینا ؛ پھسلانا ۔(۳) بڑھنا ۔ (٤) (شکار کی) بو پر شکار کا پیچھا کرنا ۔(٥) پہننا (کپڑے وغیرہ)۔

Draw out : (v) (۱) نکالنا ۔(۲) (فوج کی) صفیں مرتب کرنا ؛ دستہ الگ کرنا ۔(۳) پھیلانا (دھات وغیرہ کو) ۔(٤) طول دینا ۔(٥) باتوں باتوں میں پوچھ لینا ؛ کھلا لینا ۔ (٦) چھیڑ کر تقریر کرانا ۔(۷) نقشہ کھینچنا ؛ مرتب کرنا ۔(۸) لمبا ھونا (گرمی کے دنوں کا) ۔(۹) آہستہ آہستہ بڑھتے جانا (دوڑ میں) ۔(۱۰) آشکارہ کرنا ۔

Draw over : (n) اپنی جماعت میں ملا لینا ۔

Draw-plate : (n) لوھےکی سوراخ دار تختی جس سے تاروں کو پتلا کیا جاتا ھے ؛ جنتری ۔

Draw-rod : (n) جری سلاخ کا ڈنڈا ۔

Draw-shave : (n) آرا بنانے کی دو دستی چھری ۔

Draw-spring : (n) گاڑی اور جری سلاخ کے بیچ کی کمانی ۔

Draw-string : (n) کھلمندن ڈوری ۔

Draw-tap : (n) پائپ وغیرہ سے پانی نکالنے کی ٹونٹی ۔

Draw-tube : (n) ایک دوسرے میں گھسنے والا ٹیوب یا نلکی ؛ نلی در نلی ۔

Draw up : (v) (۱) سختی کا انداز اختیار کرنا ۔ (۲) (دوڑ میں) برابر آ پہنچنا ؛ آ لینا ۔ (۳) رک جانا ؛ ٹھہر جانا ۔ (٤) (فوج کی) صفیں مرتب کرنا ؛ (دستاویز کو) مرتب کرنا ۔(٥) روکنا ؛ ٹھہرانا ۔

Draw-well : (n) گہرا کنواں جس میں چرخی لگی ھو ۔

Drawable : (a) کھینچنے کے قابل ؛ کشیدنی ۔

Drawback : (n) (۱) چونگی بھرنا ؛ اشیا کی درآمد پر ادا کئے ھوئے محصول کا وہ حصہ جو بر آمد کے وقت واپس کیا جائے ۔(۲) کمی ؛ منہائی ؛ مجرائی ۔(۳) خرابی ؛ عیب ؛ نقص ؛ خامی ۔

Drawback : (a) جو چیز پیچھے کھینچی جا سکے ۔

Drawback : (v) (۱) پیچھے ہٹنا ۔(۲) چونگی کا حصہ برآمد کرنے پر واپس پانا ۔ (۳) (مجازاً) قول سے پھر جانا ۔

Drawback lock : (n) دروازے کا قفل جو اندر سے لٹو گھمانے سے اور باہر سے کنجی سے کھلتا ھے ۔

Drawbar : (n) جری سلاخ ۔

Drawbench : (n) تار یا پٹی کو پتلا کرنے کی مشین ۔

Drawbore : (n) چول کا سوراخ ۔

Drawbore : (v) (۱) چول کا سوراخ بنانا ۔ (۲) سوارخ کو بڑا بنانا ۔

Drawbridge : (n) اٹھاؤ پل ؛ متحرک پل ؛ وہ پل جو ضرورت کے وقت اٹھایا جا سکے ۔

Drawcansir : (n)[Formed after Dryden's "Almanzor".] وہ شخص جو دوست دشمن دونوں کے لئےخطرناک ھو ۔

Drawcansir : (a) دوست دشمن دونوں کے لئے خطرناک ؛ بد معاش ۔

Drawdown : (v) (۱) کوشش کرنا ۔ (۲) پانا ۔ (۳) خرچ کرنا ۔

Drawdown : (n) سیال کی سطح کم ھونے کی دوری (پمپ سے نکالنے یا گیٹ کھول دینے کی وجہ سے) ۔

Drawee : (n) مجر الیہ ؛ مرتب الیہ ؛ ہنڈی پانے والا ۔

Drawer : (n) (۱) کھینچنے والا ۔ (۲) کشید کرنے والا ۔ (۳) اجرا کنندہ ؛ مرتب ؛ ہنڈی نویس ۔ (٤) نقشہ نویس ۔

Drawer : (n) (۱) میز وغیرہ کی دراز ۔ (۲) (جمع) درازوں والی الماری ۔

Drawers : (n) تنگ مہری کا پاجامہ جو پتلون سے نیچے پہنا جاتا ھے ۔

Drawing : (n) (۱) کھینچنا ۔ (۲) نقشہ کشی ؛ ڈرائنگ ۔ (۳) نقشہ ؛ خاکہ ؛ تصویر (جو بے رنگ یا ایک رنگ ھو) ۔ (٤) ایسا خاکہ، تصویر وغیرہ کھینچنا ۔ (٥) اون کی دبازت کو کم کرنا ۔ (٦) دکان کی آمدنی ۔ (۷) (چائے بنانے کے لئے) چائے کی پتیوں کو گرم پانی میں ڈالنا ۔

In drawing : ٹھیک طور سے کھینچا ھوا ۔

Out of drawing : (۱) غلط کھینچا ھوا ۔ (۲) ناموزوں ۔

Drawing : (a) (۱) کھینچنے والا ؛ خصوصاً بار کش ۔ (۲) فاسد مادہ نکالنے والا ؛ ضماد ؛ مرہم ۔

Drawing account : (n) (۱) ذاتی واپسی کھاتا ۔ (۲) مالك بر آمدنی کھاتا ۔ (۳) چالو کھاتا ۔

Drawing awl : (n) ستالی جس کی نوک کے نزدیک سوراخ ھوتا ھے ۔

Drawing bench : (n) ٹکسال کی ایک میز ۔

Drawing block : (n) ڈرائنگ کے کاغذوں کا پیڈ ۔

Drawing-board : (n) نقشہ کشی کا تختہ ۔

Drawing-book : (n) نقشہ کشی کی کاپی ۔

Drawing-bridge : (n) دیکھو Draw bridge

Drawing compasses : (n) پرکار نقشہ کشی ۔

Drawing card : (n) جاذب توجہ ۔

Drawing frame : (n) دھاگے کو کھینچنے اور چپٹا کرنے کی مشین ۔

Drawing glove : (n) تیر اندازوں کا دستانہ ۔

Drawing knife/Drawknife : (n) دیکھو Draw-knife

Drawing machine : (n) مشین جس سے دھات کی پٹیوں کو پتلا اور برابر کیا جاتا ھے ۔

Drawing master : (n) نقشہ کشی سکھانے والا ؛ معلم نقشہ کشی ۔

Drawing officer : (n) زر برار افسر ۔

Drawing paper : (n) نقشہ کشی کا کاغذ ۔

Drawing pen : (n) خط کش ۔

Drawing pin : (n) ڈرائنگ پن ۔

Drawing press : (n) فلزی پتروں کو کاٹنے اور دبانے کی مشین ۔

Drawing pulley : (n) چلاؤ چرخی ۔

Drawing-room : (n) (۱) ملاقات کا کمرہ ؛ دیوان خانہ ۔ (۲) دربار ۔ (۳) ملاقات کے کمرے میں بیٹھے ہوئےلوگ ۔(٤) (جمع) خوشحال طبقہ ؛ شریف حلقہ ۔

Drawing room : (a) (۱) ملاقات کے کمرے سے متعلق ۔ (۲) شرفاء کی زندگی سے متعلق ۔

Drawing table : (n) نقشہ کشی کا ٹیبل جو بڑھایا جا سکے ۔

Drawk /Drauk : (n) [med. L."dranca".] ایک قسم کی گھاس ۔

Drawk : (v) [ME."drawken".] تر کرنا ۔

Drawl : (v) [Apparently an intensive derivative from DRAW.] (۱) چبا چبا کر باتیں کرنا ؛ چبا چبا کر بولنا ۔ (۲) دیر کرنا ۔

Drawl : (n) چبا چبا کر بولنا ۔

Drawler : (n) چبا چبا کر باتیں کرنے والا ۔

Drawlingly : (adv.) چبا چبا کر ۔

Drawman : (n) پہلے سے کٹے ہوئے پلاسٹک کو مخصوص شکل دینے والا شخص ۔

Drawn : (a) (۱) کھنچی ہوئی یا ننگی (تلوار) ۔ (۲) برابر ۔ (۳) کھنچی ہوئی (لکیر) ۔ (٤) آنت نکالا ہوا ۔ (٥) تناؤ کا حامل ۔ (٦) چنا ہوا ؛ پلیٹیں ڈالا ہوا (کپڑا) ۔

Drawn-work /Drawn-thread work : (n) کشیدہ کاری؛ کپڑے کے ڈورے نکال کر اس میں جالی وغیرہ بنانا ۔

Dray : (n) [Origin unkn.] گلہری کا گھونسلا ۔

Dray : (n) [OE."drazan".] ٹھیلہ ؛ ٹھیلہ نما گاڑی ۔

Dray : (v) (۱) ٹھیلہ یا ٹھیلہ نما گاڑی پر ڈھونا ۔ (۲) ٹھیلہ چلانا (روزی کمانے کے لئے) ۔ (۳) مال ڈھونا (مقامی طور پر) ۔

Dray-cart : (n) ٹھیلہ نما گاڑی ۔

Dray-horse : (n) ٹھیلہ گاڑی کا بڑا اور مضبوط گھوڑا ۔

Drayage : (n) (۱) ڈھونا (ٹھیلے سے) ۔ (۲) ڈھولائی ۔

Drayman : (n) ٹھیلہ بان ؛ شراب کا ٹھیلہ چلانے والا ۔

Drazel : (n) [Origin unkn.] فاحشہ ۔

Dread : (v) [ME."dreden","draeden".] (۱) (کسی سے) ڈرنا ؛ خائف ہونا ۔ (۲) (کسی کام سے) جھجکنا ؛ نام سے کانپنا ۔ (۳) اندیشہ ہونا ۔

Dread : (n) (۱) خوف ؛ دہشت ؛ ہیبت ۔ (۲) رعب ؛ جلال ۔ (۳) اندیشہ خطرہ ۔ (٤) مہیب چیز ؛ رعب دار چیز ۔

Dread : (a) (۱) ہیبت ناک ؛ مہیب ؛ خوفناک ؛ دہشتناک ۔ (۲) پُر جلال ؛ رعب دار ۔

Dreader : (n) خائف ؛ ڈرنے والا ۔

Dreadful : (a) (۱) مہیب ؛ خوفناک ؛ دہشتناک ؛ ڈراؤنا ۔ (۲) ہیبتناک ؛ رعب دار ۔ (۳) تکلیف دہ ؛ اجیرن ؛ ناگوار ؛ اکتا دینے والا ؛ طول طویل ۔ (۳) کمبخت ؛ وبال جان ۔

Dreadful : (adv.) (۱) خوفناک طور پر ؛ ناگوار طور پر ۔ (۲) نہایت ؛ بے حد ۔

Dreadful : (n) سنسنی خیز قصہ ۔

Dreadfully : (adv.) دیکھو Dreadful

Dreadingly : (adv.) ڈرتے ہوئے ؛ خوف سے ۔

Dreadless : (a) بے خوف ؛ نڈر ۔

Dreadlessly : (adv.) بے خوف و خطر ۔

Dreadlessness : (n) بے خوفی ۔

Dreadly : (adv.) دیکھو Dreadfully

Dreadnought : (a) بے خوف ؛ نڈر ۔

Dreadnought : (n) موٹا کوٹ جو خراب موسم میں پہنا جاتا ہے ؛ موٹے کوٹ کا کپڑا ۔ (۲) ڈرونات ؛ مہیب جنگی جہاز ۔

Dream : (n) [ME."dream","drem".] (۱) خواب ؛ رویا ؛ سپنا ۔ (۲) خواب کی حالت ۔ (۳) شیخ چلی کے منصوبے ؛ خیالی پلاؤ ؛ خواب بیداری ۔ (٤) نصب العین ؛ وہ چیزجس کا انسان خواب دیکھا کرتا ہو ۔ (٥) حسن و جمال کا مجسمہ ۔

Day dream : خیالی پلاؤ ۔

Latent dream : (نفسیات) کامن خواب ۔

Manifest dream : بارز خواب ۔

Waking dream : بیداری کا خواب ؛ تصور جو مشاہدے کی حد تک پہنچ جائے ۔

Dream : (v) (۱) خواب دیکھنا ۔ (۲) خواب میں دیکھنا یا سننا ۔ (۳) تصور کرنا ؛ منصوبہ باندھنا ۔ (٤) (بحالت نفی) خواب و خیال میں ہونا یا آنا ۔ (٥) خیال میں محو ہو جانا ؛ تصور میں ڈوب جانا ۔ (٦) خیالی پلاؤ پکانا ؛ شیخ چلی کے منصوبے باندھنا ۔ (۷) کاہل ہونا ؛ نکما ہونا ؛ بیکار تخیلات میں وقت کھونا ۔

Dream book : (n) تعبیر نامہ ۔

Dream experience : (n) رویائی تجربہ ۔

Dream-hole : (n) برج وغیرہ کی دیوار کا روزن ۔

Dream land : (n) عالم خواب ؛ کشور خیال ؛ عالم خواب و خیال ؛ جن اور پریوں کی دنیا ؛ خیالی دنیا ۔

Dream process : (n) رویائی عمل ۔

Dream reader : (n) معبّر ؛ معبر خواب ؛ خواب کی تعبیر دینے والا ۔

Dream up : (v) تخلیق کرنا ؛ اختراع کرنا (عجیب و غریب ایجاد کرنا) ۔

Dream vision : (n) رویائے خواب ؛ رویائی مثالیہ یا تمثیل ۔

Dreamboat : (n) (۱) (عامیانہ) مثالی چیز ۔ (۲) مثالی حسینہ ۔ (۳) معشوق ۔

Dreamer : (n) (۱) خواب دیکھنے والا ؛ وسیع تخیل رکھنے والا ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ شیخ چلی کاہل ؛ نکما ؛ وہ شخص جو قوت عمل سے محروم ہو ۔ (۲) ایک قسم کی چڑیا ۔ (۳) جوا یا گھوڑ دوڑ میں پیش گوئی کرنے والا ۔

Dreamery : (n) خواب و خیال ۔

Dreamful : (a) (۱) رویائی ؛ خواب انگیز ؛ خواب سا ۔ (۲)دیکھو Dreamy

Dreamfully : (adv.) خواب انگیزطور پر ۔

Dreamily : (adv.) محویت کے ساتھ۔

Dreaminess : (n) محویت ؛ تخیل پرستی ؛ دھندلاپن ۔

Dreamingly : (adv.) خواب دیکھتے ہوئے ؛ محویت کے ساتھ ؛ عالم خواب میں ۔

Dreamless : (a) بے خواب ۔

Dreamlessly : (adv.) بغیر خواب کے ۔

Dreamlike : (a) خواب کا سا ؛ دھندلا ؛ مبہم ۔

Dreamwork : (n) وہ صورت جس میں دبی ہوئی خواہشیں خواب کی شکل اختیار کرتی ہیں ۔

Dreamworld : (n) (۱) خیالی دنیا ۔ (۲) غیر دنیاوی چیزوں میں محویت ؛ عالم خواب ۔

Dreamy : (a) (۱) سراپا خواب ۔ (۲) خیال میں محو رہنے والا ؛ بندہ تخیل ؛ قوت عمل سے محروم ؛ خواب سا ؛ دھندلا دھندلا ۔

Drear : (a) [Short for DREARY.] (۱) اداس ؛ تیرہ و تار ؛ طول ؛ دلگیر؛ افسردہ ؛ بےلطف ؛ بے کیف ۔

Drearished : (n) اداسی ؛ تاریکی ؛ دلگیری ؛ افسردگی ؛ بے لطفی ۔

Drearily /Drearly : (adv.) اداسی کے ساتھ؛ دلگیری یا افسردگی سے ۔

Dreariment : (n) اداسی ؛ دلگیری ؛ افسردگی ؛ بے لطفی ۔

Dreariness /Dreamess : (n) دیکھو Drearished

Drearisome : (a) بے کیف ۔

Dreary : (a) [OE."dreoriz".] دیکھو Drear

Dreche : (v) (۱) بڑا جرعہ جو زبردستی پلایا جائے ۔ (۲) (دوا کی خوراک) جو جانوروں کو دی جائے ۔ (۳) دوا یا زہر کا پیالہ ۔ (٤) موسلا دھار بارش ۔ (٥) پانی میں بالکل بھیگ جانا ؛ شرابور ہوجانا ۔

Dredge : (n) [Sc."dreg".] (۱) ایک مشین جس سے دریا یا سمندر کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالی

Drencher : (n) (۱) کثرت سے پلانے والا؛ شرابور کرنے والا ۔ (۲) موسلا دھار بارش : دونگڑا ۔

Dreng/Drench : (n) [OE."dreng".] نیم آزاد رعیت جس کوفوجی یا دوسری خدمت ادا کرنی ہوتی ہے ۔

Drengage : (n) وہ خدمت جو نیم آزاد رعیت ادا کرے ۔

Dresden : (n) (۱) جرمانیہ کے صوبے سکسونی کا صدر مقام ۔ (۲) (بطور صفت) نازک : لطیف ۔

Dresden China /-Ware /-Procelain : (n) ڈرسڈن کے چینی کے برتن ۔

Dress : (v) [OF."dresser".] (۱) (فوج) صف بندی کرنا : صف آرائی کرنا ؛ (صفوں کو) برابر کرنا : درست کرنا : تربیت دینا : صف آرا ہونا : صف میں کھڑا ہونا ۔ (۲) آراستہ کرنا : پہنانا : ملبوس کرنا : سجانا : کپڑے پہنانا : ملبوس کرنا ۔ (۳) شام (کی دعوت) کی پوشاک پہننا ۔ (٤) ناٹک کے ایکٹروں کےلئے پوشاک بنوانا ۔ (٥) مرہم پٹی کرنا ۔ (٦) درست کرنا : سجل کرنا : سرزنش کرنا ۔ (۷) کنگھی کرنا : سنوارنا (بالوں کو) ۔ (۸) کمائے ہوئے چمڑے کو ہموار کرنا : گھوٹنا ۔ (۹) (گھوڑے کے) کھریرا کرنا ۔ (۱۰) (پتھر وغیرہ کو) چکنا کرنا : (کپڑے پر) کندی کرنا ۔ (۱۱) مسالا وغیرہ ملانا : پکانا ۔ (۱۲) پودے کو چھانٹنا ۔ (۱۳) کھاد دینا ۔

To dress a ship : جھنڈوں وغیرہ سے جہاز کو آراستہ کرنا ۔

To dress out : زرق برق کپڑے پہننا : ایسے کپڑے پہننا جن پر لوگوں کی نظر پڑے ۔

Dress : (n) (۱) لباس : پوشاک : بھیس ۔ (۲) وضع : انداز : رنگ ۔ (۳) عورت کا آرائشی لباس ۔ (٤) چکی پر سوراخوں کی ترتیب ۔

Evening dress : شام (دعوت وغیرہ) کا کوٹ ۔

Full dress : (۱) وہ کپڑے جو خاص تقریبوں میں پہنے جاتے ہیں ۔ (۲) (مجازاً) فصاحت ۔

Dress : (a) (۱) پوشاک سے متعلق ۔ (۲) خاص تقریبوں میں پہنے جانے والی پوشاک سے متعلق ۔

Dress circle : ناٹک میں پہلی گیلری (جس میں ایک زمانہ میں وہی لوگ بیٹھنے پاتے تھے جو شام کی پوشاک پہنےہوئےہوتےتھے) ۔

جاتی ہے : کاونده : تہ صفائی کی مشین ۔ (۲) جاروفہ ۔

Dredge : (n) [ME."dragie","drage".] (۱) مخلوط اناج بونا ۔ (۲) مخلوط دھات ۔

Dredge : (v) (۱) ڈریج (مشین) سے صاف کرنا یا نکالنا ۔ (۲) ڈریج سے کام لینا : تہ صفائی کرنا ۔

Dredge : (v) (۱) سفوف وغیرہ (خصوصاً آٹا) چھڑکنا : برکنا (کسی چیز پر) ۔ (۲) چھڑکنا ۔

Dredger : (n) (۱) دریا کی تہ سےکیچڑ وغیرہ نکالنے والا : تہ صفائی کرنے والا ۔ (۲) کستورا مچھلی نکالنے والی کشتی ۔ (۳) تہ صفائی کرنے والی مشین ۔

Dredger / Drudger : (n) سوراخ دار ڈھکن کی بند ڈبیا (جس سے آٹا وغیرہ چھڑکا جاتا ہے) : سفوف پاش ۔

Dredging-box : (n) سفوف پاش ۔

Dree : (v) [OE."dreozan".] برداشت کرنا : سہنا ۔

To dree one's wierd : تقدیر کا لکھا برداشت کرنا ۔

Dree : (n) مصیبت : اذیت ۔

Dree /Dreigh : (a)[ME."drez","dregh".] طویل : تھکا دینےوالا : مشکل : اداس : افسردہ : بے کیف : بے لطف ۔

Dreg : (n) [ME.] (۱) تلچھٹ : درد : کیٹ : گاد : رسوب ۔ (۲) بے کار حصہ : فضلہ : فضول خرچ ۔ (۳) ذراسا بچا ہوا حصہ : ریزہ ۔

To drink to the dregs : تلچھٹ تک پی جانا ۔

Dreggish / Dreggy : (a) درد آمیز : گدلا : بے کار ۔

Dregs : (n) (سماجیات) پست طبقہ : شدر ۔

Dreikanter : (n) سہ کور پتھر ۔

Drench : (n) [OE."drenc".] دیکھو Dreche

Drench : (v) [OE."drencan".] (۱) کثرت سے پلانا : چھکانا : جانوروں کو دوا پلانا (جبراً) ۔ (۲) سر سے پاؤں تک بھگو دینا ۔ (۳) اچھی طرح پانی میں بھگونا (دباغت میں) ۔ (٤) تڑیڑا دینا : شرابور کر دینا ۔

Dress down : (v) دھمکانا ؛ خبر لینا ؛ ڈانٹنا ۔

Dress form : (n) کاغذ، کپڑے یا تار کا بنا عورت کا مجسمہ جس پر ملبوسات کی نمائش کی جاتی ھے ۔

Dress guard : (n) ڈریس گارڈ ؛ لوھے کا غلاف جو بائیسکل کی چین پر چڑھا دیا جاتا ھے (تاکہ کپڑے خراب نہ ھوں) ۔

Dress improver : (n) وہ کمانی جو خیموں کے سائے کو پیچھے کی طرف پھیلائے رکھنے کے لئے لگاتے تھے ۔

Dress in : (v) قیدی کا لباس پہنانا ؛ جیل میں بند کرنا ۔

Dress-maker : (n) درزی ۔

Dress-maker : (a) پیچیدہ بخیے والا ۔

Dress-making : (n) عورتوں کے کپڑے سینا ۔

Dress-parade : (n) مخصوص لباس میں پریڈ ۔

Dress rehearsed : (n) کسی ناٹک کی پورے سازوسامان کے ساتھ مشق ؛ تمرین (مشق) ۔

Dress up : (v) (۱) خاص طرح کی پوشاک پہننا یا پہنانا ؛ بھیس بنانا ۔ (۲) کسی خاص ڈھنگ سے پیش کرنا ۔

Dress-up : (n) اچھے کپڑے کا موقع یا وقت ۔

Dressage : (n) گھوڑے کی تربیت ۔

Dressed : (a) (پکانے کے لئے) تیار (مرغ وغیرہ) ۔

Dresser : (n) [OF."dresseur".] (۱) سائیڈ بورڈ ؛ برتنوں کی الماری (جس پر کھانے کے کمرے میں برتن رکھے جاتے ہیں) ۔ (۲) سنگار میز ۔

Dresser : (n) (۱) آراستہ کرنے والا ؛ پہنانے والا ۔ (۲) سرجن کا نائب ؛ ڈریسر ؛ مرہم پٹی کرنے والا ۔ (۳) چکنا کرنے والا کوئی اوزار یا آلہ ۔

Dressiness : (n) کپڑے کا شوق ؛ جامہ زیبی ؛ خوش وضعی ۔

Dressing : (n) (۱) آراستگی ؛ پہننا ۔ (۲) سرزنش ؛ کندی ؛ زدوکوب ؛ گوشمالی ۔ (۳) مسالا وغیرہ ۔ (٤) کھاد ۔ (٥) مرہم پٹی ۔ (٦) کلب ۔ (۷) (تعمیرات) ابھرا ھوا آرائشی حاشیہ ۔ (۸) دیکھو Dressing Gown ۔

Dressing bell /-gong : (n) کھانے کا لباس پہننے کی گھنٹی ۔

Dressing case : (n) سنگار بیگ ؛ سنگاردان ۔

Dressing floor : (n) وہ جگہ جہاں خام ٹین کو چوڑا اور صاف کیا جاتا ھے ۔

Dressing gown : (n) ایک ڈھیلا ڈھالا چوغا جو صبح اٹھ کر نہانے کے بعد پہنا جاتا ھے ؛ ڈریسنگ گون ۔

Dressing room : (n) خوابگاہ سے ملحق کپڑے پہننے کا کمرہ ۔

Dressing table : (n) سنگار میز ؛ سنگار کی آئینہ دار میز ۔

Dressy : (a) (۱) کپڑے کا شوقین ؛ جامہ زیب ؛ خوش لباس ۔ (۲) (لباس کی صفت) خوش وضع ؛ خوش قطع ۔

Dribble : (v) [f."Drib".] (۱) قطرہ قطرہ بہنا ؛ رسنا ؛ ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ بہانا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) (کسی بچے یا بد سلیقہ شخص کی) رال بہنا ؛ رال ٹپکنا ۔ (۳) (فٹبال) پاؤں سے آہستہ آہستہ ٹھکرانا (گیند کو) ۔

Dribble : (n) (۱) پانی کا قطرہ قطرہ یا پتلی دھار میں بہنا ؛ رقیق کا چھوٹا قطرہ ۔ (۲) (فٹبال) گیند کو پاؤں سے آہستہ آہستہ ٹھکرانا ۔ (۳) حقیر رقم (روپیہ) ۔ (٤) پگھلے ھوئے شیشے کی رسوب (جو برتن کی تہ میں رہ جائے) ۔

Dribbler : (n) (۱) گیند کو آہستہ آہستہ مارنے والا ۔ (۲) (ڈھلائی کے بعد) شیشے کی تلچھٹ صاف کرنے والا ۔

Dribblet /Driblet : (n) (۱) حقیر مقدار ۔ (۲) تھوڑی رقم ۔

Dribs and drabs : (n) حقیر مقدار ؛ رقم یا حصہ ۔

Dried : (a) سوکھا ھوا ؛ خشک ۔

Drier / Dryer : (n) خشک ساز ؛ جاذب ؛ خشک کرنے والا ۔

Drift : (n) [ME."drift".] (۱) بہاؤ ؛ رو ۔ (۲) ہلکی دھارا ؛ دھارا ۔ (۳) جہاز کا انحراف سیدھے رستے

سے (دھار کی وجہ سے) ۔ (٤) (گردش کی وجہ سے) پھینکی ھوئی چیز کا انحراف یا میل ۔ (٥) (جنگل کا قانون) ملکیت اراضی کے استقرار کی غرض سے اس آراضی پر مویشی لے جانا ۔ (٦) زمانے کے ساتھ بہنا ۔ (٧) فطری یا غیر محسوس رجحان ؛ میلان ۔ (٨) مقصد ؛ مفہوم ؛ منشا ؛ مطلب ؛ فحوائے کلام ۔ (٩) سیل ؛ رو ؛ بوچھار ۔ (١٠) برف یا ریت وغیرہ جو ھوا سے جمع ھو جائے ؛ باد آور ۔ (١١) جو چیز پانی کے بہاؤ سے بہی چلی جائے ۔ (١٢) (ارضیات) سطحی مادہ جو ھوا پانی کے بہاؤ سے جمع ھو جائے ؛ آب آور مادہ ۔ (١٣) بیرنگ مچھلی کے پکڑنے کا بڑا جال جو مد و جزر میں بہتا رہتا ھے ۔ (١٤) (کان کنی) معدنی مادے میں ایک رگ یا لکیر جو دور تک دوڑی ھوئی ھو ؛ رگ معدن ۔ (١٥) (جنوبی افریقہ) دریا کا پایاب مقام ۔ (١٦) دھات میں سوراخ کرنے یا بڑھانے کا اوزار ؛ ایک قسم کا برما ؛ کریدنی ۔ (١٧) (جہاز سازی) جہاز کا وہ حصہ جہاں بھاری بوجھ اٹھانے والا آلہ لگاتے ہیں ؛ میخ اور سوراخ کی موٹائی کا فرق ۔ (١٨) (بحری) رسے کا لٹکا ھوا حصہ ۔ (١٩) (طیرانیات) دھکیل ۔ (٢٠) گلہ ؛ جھنڈ ۔

Drift : (v) — (١) اڑنا ؛ اڑا لے جانا ؛ بہنا ؛ بہا لے جانا ۔ (٢) منہ اٹھائے چلا جانا ؛ بغیر مقصد کے چلنا ۔ (٣) ھوا سے اڑا کر ڈھیر کر دینا یا ھوا سے اڑ کر ڈھیر ھو جانا ۔ (٤) (کھیت یا سڑک کو) برف یا ریت سے پاٹ دینا ۔ (٥) سوراخ کرنا یا بڑھنا ۔ (٦) (کان کنی) کھودنا ۔ (٧) بڑے جال کے ذریعہ مچھلی پکڑنا ۔ (٨) انحراف کرنا ؛ منحرف ھونا ۔ (٩) میلان کے مطابق ترقی کرنا (کسی زبان کا) ۔

Drift anchor : (n) — پیراک لنگر ۔

Drift angle : (n) — زاویہ انحراف ۔

Drift bolt : (n) — دوسری میخوں کو نکالنے کے لئے لمبی میخ ۔

Drift-ice : (n) — آب آور میخ ۔

Drift-keel : (n) — جہاز کی تہ کا نیچے کا شہتیر ۔

Drift-net : (n) — مچھلی پکڑنے کا بہاؤ جال ۔

Drift piece : (n) — بھاری تختے جو بوجھ اٹھانے والے کے پاس جڑے ھوتے ہیں ۔

Drift pin/punch : (n) — کریدنی ۔

Drift rain : (n) — بوچھار ۔

Drift -sight : (n) — زاویہ انحراف پیما ۔

Drift way / Drift -way : (n) — (١) مویشیوں کو لیجانے کا رستہ ۔ (٢) (بحری) جہاز کا انحراف ۔ (٣) (کان کنی) رگ معدن ۔

Drift-weed : (n) — سمندر برد گھاس ۔

Drift-wind : (n) — برف اور ریت کو بہا لے جانے والی ھوا ۔

Drift-wood / Driftwood : (n) — دریا برد لکڑی ۔

Drifgage : (n) — (١) رو ؛ بہاؤ ۔ (٢) آب آور یا باد آور شے ۔ (٣) انحراف ۔

Drifting : (n) — کان کھودنا ؛ کان کنی ۔

Driftingly : (adv.) — بہتے ھوئے ؛ بغیر مقصد کے ۔

Driftless : (a) — (١) بے مقصد ۔ (٢) (ارضیات) بے رگ معدن ۔

Drifty : (a) — بہنے والا ؛ بہاؤ سا ۔

Drill : (n) [See DRILL (v).] — چشمہ ؛ ندی ۔

Drill : (n)[Du."dril","drille".] — (١) برما ۔ (٢) ایک قسم کی خول دار مچھلی یا خول دار آبی جانور ۔ (٣) سوراخ کرنے کا طرز یا طریقہ ۔ (٤) فوجی تربیت ؛ قواعد ۔ (٥) قواعد سکھانے والا ۔ (٦) کڑی تربیت ؛ سخت گیرانہ انضباط ۔ (٧) کھٹ کھٹ کی آواز ۔

Drill : (n) [native name.] — مغربی افریقہ کا ایک بندر ۔

Drill : (n) — (١) مرز ؛ میکھ ؛ ریکھا ؛ باہن ؛ جتے ھوئے کھیت کی نالی جس میں بیج ڈالا جاتا ھے ۔ (٢) ڈرل ؛ ایک مشین جس سے کھیت جوتنے، بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ھوتا ھے ۔ (٣) پودوں کی ایک قطار جو ایک باہن میں ھو ۔

Drill : (n) — برمانہ ؛ برماؤ ؛ فوجی قواعد ۔

Drill : (v) [Origin unkn.] — (١) دیر کرنا ؛ ملتوی کرنا ۔ (٢) بھگانا ۔ (٣) بھاگ جانا ؛ آہستہ آہستہ غائب ھو جانا ۔

Drill : (v) [M. Du."drillen".] (۱) برمانا ؛ سوراخ کرنا ۔ (۲) فوجی قواعد سکہانا ۔ (۳) سختی سے تربیت کرنا ؛ کڑی تربیت حاصل کرنا ۔ (٤) کھٹ کھٹ کی آواز نکالنا۔ (٥) (موٹر کا) پھسلنا ۔

Drill : (v) (۱) ریکھا میں بونا ؛ قطار میں بونا ۔ (۲) ڈرل کی مدد سے بونا ۔

Drill-barrow : (n) قطار میں بونے کی ایک مشین ۔

Drill-harrow : (n) ریکھاؤ ں کے بیچ سے گھاس نکالنے والا سراون ۔

Drill machine/plough : (n) ایک مشین جس سے کھیت جوتنے، بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ہوتا ھے ۔

Drill-press : (n) دھات میں سوراخ کرنے کی مشین ؛ برما شکنجہ ۔

Drill sergeant : (n) فوجی قواعد سکھانے والا افسر ۔

Drill-stock : (n) دھات میں برما کرنے کا شکنجہ ۔

Driller : (n) برمانے والا ؛ قواعد سکھانے والا ؛ سختی سے تربیت کرنے والا ۔

Drilling : (n) [Corruption of Ger."drillich".] ایک قسم کا موٹا کپڑا ؛ زین ؛ ڈرل ۔

Drilling : (n) برمانا ؛ برماؤ ؛ فوجی قواعد ۔

Drily : (adv.) خشکی سے ؛ روکھے پن سے ۔

Drink : (v) [OE."drincan".] (۱) پینا ۔ (۲) (کسی صحت بخش مقام کا پانی) بطور دوا پینا ۔ (۳) جذب کرنا ؛ سوکھنا (پودے وغیرہ کانمی کو)۔ (٤) پی کر خالی کر دینا ؛ سارا کا سارا پی جانا ۔ (٥) پی ڈالنا یا پی کر اُڑا دینا؛ (آمدنی وغیرہ) شراب میں اڑا دینا ۔ (٦) شراب پینا ؛ شراب کا عادی ہونا ؛ شرابی ہونا ۔ (۷) جام صحت پینا ۔ (۸) (in کے ساتھ) غور سے سننا ؛ گوش و ہوش سے سننا ؛ ذوق و شوق سے سننا ۔

To drink deep : خوب پینا ؛ بہت پینا ۔

To drink to : کسی کا جام صحت نوش کرنا ؛ سلامتی کا جام پینا ۔

To drink up / off / out : ایک سانس میں پی جانا ؛ چڑھا جانا ۔

Drink : (n) (۱) پینے کی چیز ؛ کوئی عرق یا رقیق شے جو پی جائے ۔ (۲) شربت ؛ نوشیدنی ؛ مشروب ۔ (۳) شراب ؛ مے ؛ بادہ ۔ (٤) شراب خواری ؛ مے کشی ؛ بادہ گساری ۔ (٥) شراب کا ایک جام ؛ ایک پیالہ ایکبار پینا ۔ (٦) سمندر ۔

In drink : مست ۔

Drink-hail : (n) جام صحت ۔

Drink-money / Drink-penny : (n) شراب پینے کےلئے بخشش ۔

Drink offering : (n) شراب کا چڑھاوا ؛ تھوڑی سی شراب دیوتا کے نام پر زمین پر پھینک دینا ۔

Drinkable : (a & n) (۱) نوشیدنی ؛ پینے کے قابل ۔ (۲) (جمع) مشروبات ؛ اشیائے نوشیدنی ؛ پینے کی چیزیں ۔

Drinkableness : (n) قابل نوشیدنی ہونا ۔

Drinker : (n) (۱) پینےوالا ؛ نوشندہ ؛ شرابی ۔ (۲) ایک بڑا یورپی پتنگا (Drinkermoth) ۔ (۳) مویشیوں یا مرغیوں کے پانی پینے کا برتن ۔

Drinking : (n) (۱) پینا ؛ شراب پینا ؛ مے خواری ۔ (۲) مجلس میخواری ۔ (۳) ہلکا ناشتہ ۔

Drinkless : (a) بے شراب ؛ جس نے کچھ نہ پیا ہو ۔

Drip : (v) [OE."dryppan".] (۱) ٹپکنا ؛ رسنا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) قطرے ٹپکانا ؛ قطرے گرانا ۔ (۳) کسی چیز کا اس قدر بھیگ جانا کہ اس سے قطرے ٹپکتے ہوں ۔ (٤) لٹکنا ۔

Drip : (n) (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا ۔ (۲) وہ چیز جو ٹپک رہی ہو ۔ (۳) (تعمیرات) کنگنی ۔ (٤) قطروں کے گرنے کی آواز ۔ (٥) بکواس ۔ (٦) (عامیانہ) سادہ لوح ؛ بے وقوف ۔

Right of drip : دوسرے کی زمین میں اولتی ڈالنے کا حق ۔

Drip-drop : (n) ٹپ ٹپ گرنا ؛ بوندا باندی ؛ تقاطر ؛ لگاتار ٹپکنا ۔

Drip-dry : (v) لٹکا کر بلا شکن کے سکھانا ۔

Drip-dry : (a) لٹکا کر بلا شکن سوکھنے والا ۔

Drip joint : (n) ٹپک جوڑ ۔

Dripping : (n) (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) چربی (جس میں گوشت پکایا جائے) ۔ (۳) پانی یا چربی وغیرہ جو کسی چیز سے ٹپک رہی ہو ۔ (٤) زائد رقیق جو مشین سے ٹپکتی ہو ۔

Dripping pan : (n) وہ برتن جس میں پگھلی ہوئی چربی جمع کرتےہیں ۔

Dripple : (v) [Fusion of DRIP and DRIBBLE.] قطرہ قطرہ ٹپکنا ۔

Dripstone : (n) (۱) پتھر کا چمچہ : سائبان ۔ (۲) مسام دار پتھر کا مقطار ۔

Drive : (v) [OE."drifan","draf".] (۱) (شکار کا) ہانکا کرنا ؛ گھیر کر لانا ۔ (۲) (علاقے کا) دورہ کرنا ؛ (جنگلات کاقانون) دیکھو Drift ۔ (۳) چلانا ؛ ہانکنا ۔ (٤) گاڑی میں لے جانا ۔ (٥) گاڑی چلانا یا ہانکنا ۔ (٦) اپنی گاڑی میں جانا۔ (۷) ٹھیلنا ؛ جبر کرنا ؛ مجبور کرنا ۔ (۸) حد سے زیادہ مشقت لینا ۔ (۹) بہا لے جانا ؛ اُڑا لے جانا ۔ (۱۰) پھینکنا ؛ دھکیلنا ۔ (۱۱) (گولف) گیند کو ڈرائیورسے مارنا ۔ (۱۲) (کرکٹ) (گیند کو) آگے کی طرف مارنا ۔ (۱۳) سوراخ کرنا ؛ برمانا ؛ (سرنگ) کھودنا ۔ (۱٤) (بھاپ کا) چلانا یا متحرک رکھنا (مشین کو) ۔ (۱٥) چلانا (کاروبار) ؛ (سودا) کرنا ۔ (۱٦) ملتوی کرنا ؛ ملتوی رکھنا ۔ (۱۷) (کسی کام میں) محنت کرنا ؛ جانفشانی کرنا ۔ (۱۸) جھپٹنا ؛ دوڑ پڑنا ۔ (۱۹) بہنا ؛ بہا لے جانا ۔ (۲۰) نشانہ کرنا ؛ نشانے پر مارنا ۔ (۲۱) پھیلانا ؛ پتلا کرنا (خصوصاً مصوری میں) ۔ (۲۲) بڑے جال سے مچھلی پکڑنا ۔ (۲۳) کسی طرف مائل ہونا ۔ (۲٤) (کسی خاص بات کی طرف) اشارہ کرنا ؛ مراد ہونا ؛ مطلب ہونا ۔

To drive a quill /-pen : لکھنا ۔

To drive at : مراد ہونا ؛ مطلب ہونا ۔

To drive out : (۱) کسی کو نکال کراس کی جگہ لینا۔ (۲) جگہ چھوڑ کر ٹاپ جمانا ۔

Drive : (n) (۱) گاڑی میں سیر ۔ (۲) ہانکا ؛ گھیر کرنا ۔ (۳) کرکٹ یا گولف کا ہٹ ۔ (٤) زور ؛ قوت عمل ۔ (٥) رجحان ؛ میلان ۔ (٦) گاڑی کی سڑک خصوصاً گھر کے احاطے کی سڑک ۔ (۷) (کان کنی) افقی سرنگ ۔ (۸) ٹاٹپ کا قالب ۔ (۹) کم قیمت پر مال بیچنا ۔ (۱۰) وہ دباؤ جس سے تیل یا دوسری رقیق اشیاء کنوئیں میں جمع ہو جاتی ہیں ۔ (۱۱) جارحانہ کاروائی ۔

Full drive : پوری تیزی سے ؛ سرعت سے ۔

Whist-drive : ایک کھیل ہے جس میں کئی ٹولیاں مختلف میزوں پر خاموش تاش کھیلتی ہیں اور ان میں سے بعض کھلاڑی ہر بازی کے بعد دوسرے میز پر چلے جاتے ہیں ۔

Drive : (a) دھکیلنے والا ۔

Drive-bolt : (n) دیکھو Drift-bolt

Drive-in : (n) ایسی کاروباری جگہ جہاں گاہکوں کو ان کی گاڑی ہی میں چیزیں مہیا کر دی جاتی ہیں ۔

Drive-pipe : (n) گاڑی یا مشین کی پن نلکی ۔

Drive screw : (n) ہتھوڑی سے لگانے والا پیچ ۔

Drive-shaft : (n) مشین کو چلانے کا دھرا ۔

Drive-wheel : (n) (۱) مشین کا وہ پہیہ جو اورحصوں کو حرکت دے ۔ (۲) انجن کا بڑا پہیا ۔ (۳) سائیکل کا پہیا جس سے زنجیر (چین) گھومتی ہے ۔

Driveaway : (n) گاڑی جو چلا کر یا ہانك کر کارخانے سے خریداروں تك پہنچا دی جائے ۔

Drivel : (n) [OE."dreflian".] حماقت کی باتیں ؛ بکواس ؛ مہمل باتیں ۔

Drivel : (v) (۱) بچوں کی طرح رال ٹپکانا یا ناك بہنے دینا ۔ (۲) بچوں کی یا فاتر العقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا ۔ (۳) (قوت‌وغیرہ کو) منتشر کر کے ضائع کر دینا ۔

Driveler / Driveller : (n) احمق ؛ گاؤدی ؛ بے وقوف ؛ حماقت کی باتیں کرنے والا ۔

Driveling / Drivelling : (n) بکواسی ۔

Driveling /Drivelling : (v) (۱) ضعیف العقل - (۲) طفلانہ -

Driven : (a) (۱) ہَوا برد - (۲) آوردہ -

Driver : (n) (۱) ہانکنے والا ؛ چلانے والا ؛ گاڑی بان ؛ کوچ بان ؛ ڈرائیور - (۲) (گولف) ایک قسم کا بلا - (۳) چلانے والا پہیا (مشین کا) - (٤) غلاموں کے گروہ کا نگراں - (٥) ایک ماہی گیر کشتی جس میں بڑا جال لگا رہتا ہے - (٦) اگلا پچھلا بادبان جو مستول کے پرے لگایا جاتا ہے -

Driver-ant : (n) فوجی چیونٹی -

Driver-boom : (n) (بحری) شہتیر جس میں اگلا پچھلا بادبان بندھا رہتا ہے -

Driveway : (n) راستہ جس پر کوئی چیز چلائی جاسکے-

Driving : (n) ہانکنا ؛ چلانا -

Driving : (a) (۱) محرک ؛ دھکیلنے والا - (۲) تیز رفتار - (۳) قوی - (٤) زیادہ کام کرانے والا - (٥) ڈرامائی-

Driving box : (n) (۱) کوچ بان یا ڈرائیور کی نشست - (۲) دُھرے کی چول -

Driving-wheel : (n) دیکھو Drive-wheel

Drizzle : (n) [See next] پھوار ؛ ترشح ؛ بوندا باندی -

Drizzle : (v) [OE."dreosan".] پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا -

Drizzly : (adv.) پھوار سا -

Drog : (n) (اسکاچستان) لکڑی ڈھونے کا نیچا ترک -

Drogher / Droger / Drogger : (n) [F."drogueur".]
(۱) ویسٹ انڈیز کا ساحلی جہاز -
(۲) سست رفتار بھاری کشتی وغیرہ -

Drogoman / Drogueman : (n) دیکھو Dragoman

Drogue : (n) (۱) ترنڈ جو وہیل برچھے (harpoon) کی رسی کے سرے پر ہوتا ہے - (۲) بہاؤ لنگر (بیگ کی شکل کا) - (۳) ایک ترکیب جس سے اڑتے ہَوائی جہاز میں (اڑتے ہوئے ٹینکر سے) تیل بھرا جاتا ہے -

Droit : (n) [F."droit".] حق ؛ لگان کے علاوہ زمیندار کا نذرانہ ؛ مال غنیمت ؛ بالائی نفع -

Droitsman : (n) لگان کے علاوہ زمیندار کا نذرانہ وصول کرنے والا -

Droits of Admiralty : دشمن سے چھینے ہوئے جہاز جو بحری محکمے والوں کا حق سمجھے جاتےہیں -

Droitural : (a) [F."droiture".] (قانون) حق جائداد سے متعلق -

Droll : (n) [F."drole".] مسخرا آدمی -

Droll : (a) (۱) مضحک ؛ مسخرا - (۲) عجیب ؛ انوکھا ؛ نرالا -

Droll : (v) مسخرا پن کی حرکتیں کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ دل لگی کرنا -

Drollery : (n) [F."drolerie".] (۱) ٹھٹھول ؛ مسخرا پن -
(۲) مضحک شعر یا قصہ وغیرہ -
(۳) انوکھی دل لگی یا مذاق -

Drollingly : (adv.) ٹھٹھول کرتے ہوئے ؛ مسخرے کی طرح -

Drollness : (n) انوکھا پن ؛ مسخرا پن -

Drolly : (adv.) مضحک طریقے سے ؛ انوکھے طریقے سے -

Dromaegnathous : (a) [Gr."dromaeos+gnathos".] فک رویہ -

Dromedarian : (a) ناقہ سا -

Dromedarian : (n) ناقہ سوار -

Dromedarist : (n) ناقہ سوار ؛ ناقہ شناس -

Dromedary : (n) [F."dromedaire".] سانڈنی ؛ ناقہ -

Dromic /-al : (a) [Gr."dromikos".] گھوڑ دوڑ کے میدان سا ؛ گھوڑ دوڑ کے میدان سے متعلق -

Dromioid : (a&n) (۱) کیکڑے جیسا ؛ قشریہ کی شکل کا -
(۲) اس قسم کا قشریہ -

Dromograph : (n) [Gr."dromos"+GRAPH.] رفتار خون پیما -

Dromond/ Dromon : (n) [Afr."dromond".] عہد وسطی کا ایک بڑا جہاز جو جنگ اور تجارت دونوں میں کام آتا تھا -

Dromornis/Dromaeornis : (n) [Gr."dromos" or mod. L."Dromaeus".] آسٹریلیا کا ایک معدوم پرند جو شتر مرغ سے مماثل تھا -

Dromos : (n) [Gr.] (اثریات) در رستہ ۔

Dromotropic : (a) قلبی عضلہ کی نا قابلیت پر اثر انداز ہو ۔

Dronage : (n) کاہلی ۔

Drone : (n) [OE."dran".] (۱) مگس نر؛ شہد کی نر مکھی ۔ (۲) (مجازاً) احدی ؛ کاہل ۔ (۳) بے ہَوا باز کا ہَوائی جہاز (جس کو ریڈیو سگنل کے ذریعہ دور سے کنٹرول کیا جائے) ؛ سمندری جہاز جس کو دور سے ریڈیو کے ذریعہ کنٹرول کیا جائے ۔

Drone : (n) (۱) بھنبھناہٹ ۔ (۲) بین باجا کے نیچے سر کی نے ؛ بین باجا کی آواز ۔ (۳) بین باجا ۔ (٤) یکساں لہجے میں تقریر کرنے یا بولنے والا ۔

Drone : (v) (۱) بھنبھنانا ۔ (۲) یکساں لہجے میں بولنا یا تقریر کرنا ۔

Drone : (v) کاہلی کرنا ؛ بے کار وقت ضائع کرنا ۔

Drone-beetle : (n) بھونرے کی ایک قسم ۔

Drone-fly : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Drongo/Drongo shrikes : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Drongo cuckoo : (n) نیپالی کوئل ۔

Droningly : (adv.) بھنبھناتے ہوئے ۔

Dronish : (a) کاہل ؛ سست ۔

Dronishly : (adv.) کاہلی سے ۔

Dronishness : (n) کاہلیت ۔

Drony : (a) کاہل ۔

Drool : (v) دیکھو Drivel

Droop : (v) [ON."drupa".] (۱) جھکنا ؛ گرا پڑا (تکان سے) ۔ (۲) (آنکھوں کا) جھکنا ؛ نظر نیچی ہونا ۔ (۳) (سورج وغیرہ) ڈوبنا ؛ غروب ہونا ۔ (٤) پژمردہ ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ گھلنا ؛ مضمحل ہونا ؛ ڈھلنا ؛ ہمت ہارنا ؛ جی چھوٹ جانا ۔ (٥) گرانا ؛ جھکانا ؛ (سر، چہرے یا نگاہ کو) ۔

Droop : (n) خم ؛ خمیدگی ؛ اضمحلال ؛ افسردگی ؛ (آواز) کمزور ہو جانا ۔

Drooper : (n) جھکنے والا ؛ افسردہ ؛ پژمردہ ۔

Droopingly : (adv.) سر وغیرہ جھکا کر ؛ پژمردگی سے ؛ افسردگی سے ۔

Droopy : (a) [ME."drupi".] افسردہ ؛ مضمحل ؛ پژمردہ ۔

Drop : (n) [OE."dropa".] (۱) بوند ؛ قطرہ ۔ (۲) ذرہ ؛ قلیل ؛ مقدار ۔ (۳) ایک پیالہ شراب ؛ ایک گھونٹ شراب ۔ (٤) بندا ؛ گوشوارہ ؛ آویزہ ۔ (٥) ایک نُقل جو پھلوں کے عرق سے گولیوں کی شکل میں بنایا جاتا ھے ؛ لیمن ڈراپ ۔ (٦) گرنا ؛ زوال ؛ سماجی تنزل ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ (قیمت، حرارت وغیرہ میں) ۔ (۷) (ناٹک) ڈراپ سین ؛ ایک ایکٹ کے خاتمے کا پردا ۔ (۸) پھانسی کا تختہ ؛ وہ فاصلہ جتنی دور ملزم تختے سے گرکر لٹکتا ھے ۔ (۹) سطح میں دفعتاً نشیب آ جانا ؛ کھڑا نشیب یا اتار ۔ (۱۰) (فٹبال) وہ کک (ٹھوکر) جو گیند کو گدا کھلا کر لگائی جائے ۔ (۱۱) گدا کھانے پر فٹبال میں ٹھوکر لگانا ۔ (۱۲) گیس کی روشنی کو کم کرنے کی ایک ترکیب ۔ (۱۳) تالے کے سوراخ کا محرک ڈھکن ۔ (۱٤) لیٹربکس کا سوراخ ۔ (۱٥) (جانوروں کا) بچہ دینا ؛ بچہ (جانورکا) ۔ (۱٦) پیرا شوٹ کے ذریعہ اترنا ۔ (۱۷) ترکاریوں کے تنے کی پژمردگی یا کملاہٹ ۔ (۱۸) دشمن کو نشانے کی زد میں رکھنا ؛ مخالف پر فوقیت ۔

A drop in the bucket /- ocean : حقیر مقدار ؛ آٹے میں نمک ؛ سمندر میں قطرہ ۔

At the drop of a hat : موقع ملتے ہی ؛ فوراً ۔

(Prince) Rupert's Drops : شیشے کا آویزہ جو کسی حصے کے ٹوٹنے سے چور چور ہو جاتا ھے ۔

Drop : (v) (۱) ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ گرنا ؛ رسنا ۔ (۲) گرنا ۔ (۳) (مجازاً) زبان سے نکل جانا ۔ (٤) غائب یا ضائع ہو جانا ۔ (٥) تھک کر یا زخمی ہو کر گرنا ؛ (شکاری کتے کا) شکاری کو دیکھ کر دبک جانا ۔ (٦) سو جانا ؛ عادت پڑ جانا ۔ (۷) مرنا ۔ (۸) ختم ہونا ؛ بند ہونا ؛ موقوف ہونا ۔ (۹) گھٹنا ؛ تخفیف ہونا ؛ گرنا ؛ اترنا ۔ (۱۰) دریا کے

نشیب کی طرف جانا ۔ (۱۱) پیچھے ہو جانا ؛ رہ جانا ۔ (۱۲) اتفاقاً آ جانا ؛ آ نکلنا ۔ (۱۳) ٹپکانا ؛ گرانا ۔ (۱٤) جانے دینا ؛ ڈالنا ؛ چھوڑنا ؛ گرانا ۔ (۱۵) جننا ؛ بچہ دینا (خصوصاً بھیڑ، بکری کا) ۔ (۱٦) سرسری طور پر کہہ دینا یا لکھدینا ۔ (۱۷) مارنا ؛ اڑانا (خصوصاً روپئے کا جوئےمیں) ۔ (۱۸) گھونسا یا کلہاڑی یا گولی مار کر گرانا ۔ (۱۹) (مسافر یا پارسل) اتارنا ۔ (۲۰) کوئی حرف بولنے میں چھوڑ دینا ۔ (۲۱) (آنکھیں) جھکا لینا ؛ نیچی نظر کر لینا ۔ (۲۲) (آواز) دھیمی کرنا ۔ (۲۳) (فٹبال کو) گدا دے کر کک مارنا ؛ (اسی طریقے سے) گول کرنا ۔ (۲٤) کسی سے ملنا جلنا موقوف کرنا ؛صحبت ترک کرنا ؛ کسی بات کو چھوڑنا ؛ ختم کرنا ۔ (۲۵) چھڑکنا ۔

To drop a brick : (عامیانہ) لغزش ۔

To drop a curtsy : کورنش بجالا ۔

To drop anchor : لنگر انداز ہونا ۔

To drop astern : (بحری) دوسرے جہاز کو رستہ دینے کے لئے جہاز کی رفتار کم کرنا ۔

To drop one's lines : اداکار کا اپنی تقریر کا کوئی حصہ بھول جانا ۔

Drop arch : (n) وہ محراب جس کا نصف قطر چوڑائی سے کم ہو ۔

Drop away : (v) (۱) قطرہ قطرہ یا ایک ایک کرکے گرنا ۔ (۲) (مجازاً) ایک ایک کرکے روانہ ہونا ۔

Drop bar : (n) (طباعت) بیلن جس سے مشین میں کاغذ دیا جاتا ہے ۔

Drop-black : (n) عمدہ قسم کا ہڈی کا کوئلہ جسے پیس کر سکھاتے ہیں ۔

Drop-curtain : (n) پردہ نمائش ۔

Drop-dry : (a) پن روک ؛ جس میں پانی نہ داخل ہو سکے ۔

Drop-fly : (n) (مچھلی کے شکار میں استعمال ہونے والی) مصنوعی مکھی کی ایک قسم ۔

Drop-hammer : (n) Drop-press دیکھو

Drop-handle : (n) جھکا ہوا دستہ ۔

Drop in : (v) (۱) سرسری طور پر ملاقات کرنا ۔ (۲) کبھی کبھار آنا ۔ (۳) خالی ہو جانا ۔ (٤) ایک ایک کر کے داخل ہونا ۔

Drop-kick : (n) (فٹبال کو) گدا دے کر مارنا ۔

Drop letter : (n) (۱) مقامی چھٹی ۔ (۲) کتاب کے باب کا ابتدائی حرف جو بڑا ہوتا ہے ۔

Drop-meter : (n) قطرہ پیما ۔

Drop off : (v) (۱) ایک ایک کرکے روانہ ہو جانا ۔ (۲) سو جانا ؛ آنکھ لگ جانا ۔ (۳) آمد و رفت کم کرنا ۔ (٤) مرنا ۔

Drop-off : (n) کھڑی ڈھال ، نشیب یا اتار ۔

Drop out : (v) غائب ہونا ۔

Drop press : (n) ابھرواں نقش اور سوراخ وغیرہ بنانے کی مشین ۔

Drop-scene : (n) (۱) ایکٹ کے خاتمے کا پردہ ۔ (۲) آخری سین ؛ ڈرامے کا خاتمہ ؛ آخری منظر ۔ (۳) زندگی کا انجام ۔

Drop-seed : (n) تخم ریز گھاس ۔

Drop shutter : (n) فوٹو گرافی کا ایک آلہ جس سے فوٹو پلیٹ پر روشنی پڑ کر اثر آتا ہے ؛ سقوطی مندن ۔

Drop sulphur / Drop tin : (n) دانہ دار گندھک یا ٹین ۔

Drop table : (n) (۱) بوجھ اتارنے کی مشین خصوصاً جس سے گاڑی کا پہیا نکالا جاتا ہے ۔ (۲) دیوار میں لگی ہوئی میز جس کو تہ کیا جا سکے ۔

Drophead : (n) ذیلی سرخی ۔

Drophead : (a) (وہ موٹر) جس کی چھت کو کھولا جا سکے ۔

Droplamp /-light : (n) دستی گیس لالٹین ۔

Droplet : (n) بوندی ؛ چھوٹا سا قطرہ ۔

Dropout : (n) کام ختم ہونے سے پہلے اسے چھوڑ دینے والا ۔

Dropped /Dropt : (a) (۱) گرا ہوا ۔ (۲) (انڈا) تلا ہوا ۔

Dropper : (n) (۱) گرانے والا خصوصاً بیج بونے والا ؛ ڈراپر ۔ (۲) شکاری کو دیکھ کر دبک جانے والا شکاری کتا ۔ (۳) مچھلی پکڑنے کی مصنوعی

مکھی کی ایک قسم ۔ (٤) آویزہ ۔ (٥) قطرہ ریز ۔
(٦) ضمنی رگ معدن ۔

Dropping : (n) (١) گرنا ؛ ٹپکنا ۔ (٢) ٹپکنے والا ۔
(٣) جانوروں کا فضلہ ؛ گوبر ؛ بیٹ یا لید ۔

Dropping : (a) (١) ٹپکنے والا ۔ (٢) غیر مسلسل ۔

Dropping-bottle : (n) قطرہ ریز بوتل ۔

Dropping-tube : (n) قطرہ ریز نلکی ۔

Dropping-well : (n) کنواں جو پانی گرنے سے بن گیا ہو ۔

Droppingly : (adv.) رک رک کر ؛ غیر مسلسل طور پر ۔

Dropsical : (a) [f. DROPSY.] (١) استسقا سے متعلق ؛
استسقائی ۔ (٢) استسقا کا (مریض)۔

Dropsically : (adv.) استسقا کے طور پر ۔

Dropsied : (a) (١) مستسقی ۔ (٢) پھولا ہوا ۔

Dropsy : (n) [MB."dropesie".] (١) استسقائے زقی ؛ چلندر کی
ایک قسم ۔ (٢) (مجاز) حد سے زیادہ
پھولا ہوا ہونا ۔

Dropwise : (adv.) قطرہ قطرہ ۔

Dropwort : (n) شوکران آبی ؛ ایک قسم کا پودا جس کی
جڑیں گرہ دار (یا ثعلبی) ہوتی ہیں ۔

Droshky/Drosky/Droitzschka/Droshka : (n) [Russ."drozhki".]
(١) نیچی چار پہیوں والی روسی گاڑی ۔
(٢) جرمانیہ میں کرائے کی گاڑی ۔

Drosometer : (n) [Gr."drosos"+-METER.] شبنم پیما ۔

Dross : (n) [OE."dros".] (١) دھات کا میل ۔ (٢) میل ؛
خارجی مادہ ۔ (٣) فضلہ ؛ کوڑا کرکٹ ۔

Dross : (v) میل نکالنا ؛ خالص بنانا ۔

Drossless : (a) خالص ۔

Drossiness : (n) نا خالصیت ۔

Drossy : (a) میل دار ؛ میل جیسا ۔

Drought /Drouth : (n) [OE."druza".] (١) خشکی ؛ تشنگی ؛
پیاس ۔ (٢) خشک سالی ؛ قحط (باراں) ؛
امساک باراں ۔

Droughtiness : (n) خشکی ؛ بے آبی ۔

Droughty /Drouthy : (a) (١) خشک ؛ بے آب ۔ (٢) پیاس ۔

Drouth /Drouthy : دیکھو Drought

Drove : (n) [OE."draf".] (١) جانوروں کا متحرک گلہ ۔
(٢) بھیڑ ؛ غول ؛ گروہ ؛ مجمع ؛ خیل ۔
(٣) معماروں کی چوڑی چھینی ۔ (٤) گلوں
کی سڑک ۔ (٥) نالا ؛ پنین ؛ (پانی نکالنے
یا سیرابی کے لئے) آبیارنالی ۔

Drove : (v) مویشی کے بیوپاری کا کام کرنا ۔

Drove : (v) چوڑی چھینی سے پتھر کو چکنا کرنا ۔

Drove-road : (n) پرانی بے مرمت سڑک جس پر گلوں کو
لے جانے کا آزاد حق تھا ۔

Drover : (n) جانوروں کے گلے کو نخاس میں لے جانے
والا ؛ مویشی کا بیوپاری ۔

Drovy : (a) [Oe."drof".] گدلا ۔

Drown : (v) [ME."drun","droun".] (١) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ؛
ڈوب مرنا ۔ (٢) ڈبونا ؛ غرق کرنا ۔
(٣) غوطہ دینا ؛ شرابور کرنا ؛ بھگونا ۔
(٤) (شوروغل کا آواز کو) دبا لینا ؛
غالب آجانا ۔ (٥) (شراب کے نشے میں)
غم غلط کرنا ۔

To drown out : سیلاب میں بہا دینا ۔

Drowner : (n) ڈبونے والا ؛ غالب آ جانے والا ۔

Drowningly : (adv.) ڈوبتے ہوئے ۔

Drowse : (v) [Back-formation from DRAWSY.] (١) اونگھنا ۔
(٢) سست ہونا ۔ (٣) غنودگی طاری کرنا ۔
(٤) سستی میں یا اونگھنے میں گزارنا
(وقت کو) ۔

Drowse : (n) غنودگی ۔

Drowsihead/Drawsihood : (n) دیکھو Drawsiness

Drowsily : (adv.) غنودگی میں؛ سستی سے؛ اونگھتےہوئے ۔

Drowsiness : (n) غنودگی ؛ سستی ۔

Drowsy : (a)[OE."drusian".] (١) اونگھتا ہوا ؛ نیم خوابیدہ ؛
خواب آلود ۔ (٢) سلا دینے والی (آوازوغیرہ) ۔
(٣) سست ؛ کاہل ۔

Drowsy-head : (n) سست ؛ کاہل ؛ اونگھتا ہوا ؛ سویا ہوا آدمی ۔

Drub : (v) [Arab."draba".] (۱) ڈنڈے سے لگانا ؛ پیٹنا ؛ کوٹنا ؛ ٹھوکنا ؛ کُندی کرنا ۔ (۲) (لڑائی میں) ہرانا ۔ (۳) مارمار کر (کسی خیال کو) دماغ میں ٹھونسنا یا (دماغ سے) نکالنا ۔ (٤) زمین پر پاؤں پٹکنا ۔ (٥) ملامت کرنا ۔

Drub : (n) ضرب ۔

Drubber : (n) مارنے والا ؛ کندی کرنے والا ۔

Drubbing : (n) زدوکوب ؛ مار ؛ مرمت ؛ کندی ۔

Drudge : (n) [Origin unkn.] خادم ؛ غلام ؛ خدمت گار ؛ بھاری کام کرنے والا ؛ مشقت کرنے والا ؛ مزدور اہل قلم ۔

Drudge : (v) غلام کی طرح کام کرنا ؛ بیل کی طرح جتا رہنا ؛ نا گوار یا خلاف مذاق کام کرنا ۔

To drudge away /-over : مشقت میں دن گزارنا ۔

To drudge out : مشقت کرنا ؛ غلام کی طرح کام کرنا ۔

Drudger : (n) مشقت کرنے والا ۔

Drudgery : (n) غلامی ؛ محنت ؛ مشقت ؛ ناگوار کام ۔

Drudgingly : (adv.) غلام کی طرح ؛ بیل کی طرح مشقت کرتے ہوئے ۔

Drug : (n) [F. "drogue".] (۱) مفرد دوا ؛ جز ۔ (۲) نا قابل فروخت مال ؛ جنس کاسد ؛ سودا جس کا کوئی گاہک نہ ہو ۔ (۳) خواب آور دوا ۔

Drug : (n) لکڑی ڈھونے کا نیچا ٹرک ۔

Drug : (v) [Origin unkn.] کھینچنا ۔

Drug : (v) (۱) ملانا ؛ آمیزش کرنا (زہر یا بےہوشی کی دوا کی) ۔ (۲) دوا دینا ؛ دوا پلانا (خصوصاً بےہوشی کی) ۔ (۳) بے ہوشی کی دوا استعمال کرنا ؛ متلی پیدا کرنا ؛ پیٹ بہت بھر جانا ؛ اُپھر جانا ۔ (٤) عادتاً دوا کھانا ۔

Drug-store : (n) دوا خانہ ۔

Drugger : (n) دوا پلانے والا ۔

Druggery : (n) [F."droguerie".] (۱) اَدویات ۔ (۲) دواخانہ ۔

Drugget : (n) [F."droguet".] موٹا اونی کپڑا جو فرش یا میزپوش کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ ایسے کپڑے کا فرش ۔

Druggeting : (n) موٹے کپڑے کا فرش بنانا ۔

Druggist : (n) [F."droguiste".] دوا فروش ؛ عطار ؛ دوا ساز ۔

Druggy : (a) دوا کا ؛ دوا کے متعلق ۔

Drugstore fold : (n) پیکٹ کے موڑے ہوئے سرے کو کئی تہ اوپر دینا ۔

Druid : (n) [F."druide".] (۱) قدیم کلٹی قوم کا پجاری ؛ جادوگر یا کاہن ۔ (۲) ویلس کی قومی انجمن کا عہدہ دار ؛ ڈرونڈ ۔ (۳) پجاری ؛ پادری ؛ فلسفی شاعر ۔

United Ancient Order of Druids : خفیہ مفاد باہمی انجمن جو لندن میں ۱۷۸۱ء میں قائم ہوئی تھی اور جس کی بہت سی شاخیں تھیں ۔

Druid stone / Druid sandstone : (n) ایک قسم کا ریتیلا پتھر ۔

Druidess : (n) پجارن ۔

Druidic /-al : (a) ڈرونڈ کا یا اس سے متعلق ۔

Drum : (n) [LG."trommelslag".] (۱) ڈھول ؛ ڈھولک ؛ طبل ؛ دہل ۔ (۲) (حیوانیات) وہ عضو (چھاتی وغیرہ) جس میں گمک ہو ؛ پردہ طبل ۔ (۳) نقارے کی سی آواز ۔ (٤) نقرہ نواز ؛ ڈھول بجانےوالا ؛ طبال ۔ (٥) استوانہ نما چیز ۔ (٦) کورنتھین یا کمپوزٹ طرز عمارات میں ستونوں کے سرے کا ٹھوس حصہ ؛ ڈھولنا ۔ (۷) ستون کا (استوانہ نما) وسطی حصہ ۔ (۸) شام یا سہ پہر کی چائے کی پارٹی ۔ (۹) بیلن ۔ (۱۰) چرخی ؛ بڑا پیپا ۔ (۱۱) چھلنی ۔ (۱۲) خاک دان کا استوانہ نما حصہ ۔ (۱۳) مچھلیوں کی ایک قسم جو ڈھول کا سا شور کرتی ہے ۔ (۱٤) خانہ بدوشوں کے ذاتی اثاثے ۔ (۱٥) صماخ گوش ؛ طبل گوش ؛ کان کا پردہ ۔

Base drum : ڈھول

Double drum : دیکھو Base drum

John Drum's entertainment : مہمان کو گھر سے باہر کرنا ۔

Drum : (n) [Gael. and Ir."druim".] (۱) پہاڑی (دو وادیوں کے بیچ میں) ۔ (۲) (ارضیات) لمبی اور تنگ پہاڑی جو ہَوا کی یا دریا کی لائی ہوئی مٹی کے جمع ہوجانے سے بن جاتی ھے ۔

Drum : (v) (۱) ڈھول بجانا ۔ (۲) متواتر ٹھوکنا ؛ تھپ تھپانا ؛ کھٹ کھٹانا ۔ (۳) (چڑیوں یا کیڑوں کا) بازو پھڑ پھڑانا ۔ (٤) طلب کرنا ؛ جمع کرنا ؛ طبل بجا کر بلانا (رنگروٹوں کو) ۔ (٥) (کسی شخص سے کوئی بات) بار بار کہ کر (اسے) بے حس بنا دینا ؛ (سبق کو دماغ میں) ٹھونسنا ۔ (٦) بار بار کسی چیز پر (ہاتھ) مارنا ۔ (۷) (گیت) ڈھول پر گانا یا ایسے گانا جیسے ڈھول پر ہو ۔ (۸) ڈھنڈورا پیٹ کر برخاست کرنا ۔ (۹) دل کا دھڑکنا ۔ (۱۰) ڈھول پر چمڑا لگانا ۔ (۱۱) پیپے میں رکھنا ۔

Drum armature : (n) استوانی ناظر ۔

Drum curb : (n) لکڑی یا لوہے کی استوانی گردنی ۔

Drum fire : (n) تیز اور شدید گولہ باری ۔

Drum-fish : (n) ایک قسم کی امریکی مچھلی جو ڈھول کا سا شور کرتی ھے ۔

Drum head : (a) فوری ۔

Drum-major : (n) چھوٹا فوجی عہدہ دار جو طبل بجانے والے دستے کا افسر ہوتا ھے ۔

Drum of the ear : (n) (۱) کان کا پردہ ؛ صماخ گوش ۔ (۲) مشین کا استوانہ نما پرزہ ۔

Drum-sieve : (n) ڈھول نما چھلنی ۔

Drum-wheel : (n) طبل چرخی ۔

Drumble : (n) [Var. of "dumble".] سست ؛ کاہل ۔

Drumble : (v) سستی کرنا ۔

Drumhead : (n) (۱) ڈھول کی کھال یا جھلی ۔ (۲) پردۂ گوش کی جھلی ۔ (۳) چرخ کا مدور سرا ۔ (٤) ایک قسم کا کرم کلہ ۔

Drumhead court-martial : (n) میدان جنگ میں کئے ہوئے جرموں کا فوری مقدمہ ۔

Drumlin : (n)[f.DRUM.] (۱) دووادیوں کےدرمیان کی پہاڑی ۔ (۲) (ارضیات) لمبی اور تنگ پہاڑی جو ہَوا کی یا دریا کی لائی ہوئی مٹی کے جمع ہونے سے بن جاتی ھے ۔

Drumly : (a) [alter. of ME."drubly".] (۱) (دن یا آسمان کے متعلق) ابر آلود ؛ طوفانی ۔ (۲) (پانی کے متعلق) گدلا ۔

Drummer : (n) (۱) ڈھول بجانے والا ؛ طبل نواز یا نقارہ نواز ۔ (۲) (امریکا) سفری تجارتی گماشتہ ؛ ایجنٹ ۔ (۳) دیکھو Drum fish ۔ (٤) ویسٹ انڈیز کا ایک بداتل چٹا ۔ (٥) خرگوش ۔ (٦) خانہ بدوش ۔ (۷) ڈھول مرمت کرنے والا ۔

Drumming : (n) (۱) ڈھول بجانا ۔ (۲) Drum fish کا شکار کرنا ۔

Drummond light : (n) آکسی ہائیڈروجن روشنی ۔

Drumstick : (n) (۱) نقارے کی چوب ۔ (۲) پکے ہوئے مرغ کی ٹانگ کا نیچے کا حصہ ۔ (۳) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب ریتیلے مقامات میں رہتا ھے ؛ ٹٹہری ۔

Drungar : (n) [med. L."drungarius".] (فوج کا) سپہ سالار ۔

Drunk : (a) [f. DRINK.] پئے ہوئے ؛ سرشار ؛ مست ؛ متوالا ؛ مخمور ۔

Drunk : (n) (۱) (عامیانہ) شراب کا دور ۔ (۲) (پولیس کی فرد جرم میں) بد مستی یا مدھوشی کی واردات ؛ وہ شخص جس پر مدھوشی کا الزام ہو ؛ شرابی ؛ بدمست ۔

Drunkard : (a) [MLG."drunkert".] شرابی ؛ شراب خوار ۔

Drunken : (a) (۱) مخمور ؛ سرشار ؛ متوالا ۔ (۲) شرابی ؛ شراب خوار ۔ (۳) بد مستی کا ۔ (٤) تر ۔ (٥) لڑکھڑانے والی (چیز) ؛ جھکی ہوئی (چیز) ۔ (٦) ناہموار چوڑیوں والا (پیچ) ۔

Drunkenly : (adv.) بد مستی کی حالت میں ؛ نشے میں ۔

Drunkenness : (n) (۱) شراب خواری ؛ بد مستی ۔ (۲) ذہنی عدم توازن ۔

Drupaceous : (a) [mod. L."drupa"+-ACEOUS.] نواتی ؛ گٹھلی دار ۔

Drupe : (n) [L."drupa","druppa".] نواتیہ ؛ گٹھلی دار پھل ۔

Drupel /Drupelet /Drupeole : (n) نواچہ ؛ چھوٹا گٹھلی دار پھل ۔

Drupose : (n) [f.DRUPE+-OSE.] Glyco drupse پر کھولتا ہوا پتلا ہائیڈرو کلورائیڈ کے عمل میں گلوکوز کے ساتھ پیدا ہونے والا مادہ ۔ $(C_{12}\ H_{20}\ O_8)$

Druse : (n) [F."druse".] پہاڑی غار کے اندر بلوروں کی تہ یا پرت ؛ غار جس کے اندر بلورے جمع ہوں ۔

Druse/Druze : (n) [Arab."duruz".] فرقہ دروز ؛ کوہ لبنان کے قریب مسلمانوں کا ایک سیاسی اور مذہبی فرقہ (جس کا بانی اسمٰعیل الدروزی تھا) ۔

Drusian /-ean : (a) فرقہ دروز سے متعلق ۔

Drusy : (a) بلور کے ذروں سے ڈھکا ہوا ۔

Druxy : (a) [Origin unkn.] اندر سے بوسیدہ (لکڑی) ۔

Dry : (a) [OE."dryge".] (۱) خشک ؛ سوکھا ؛ یابس ۔ (۲) وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو یا کم ہو ؛ وہ موسم جس میں بارش نہ ہو یا کم ہو ؛ بے باراں ؛ کم باراں ۔ (۳) جھلسا ہوا ؛ تفتہ ؛ سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ؛ (روز مرہ) پیاسا ؛ تشنہ ۔ (٤) تارک شراب ۔ (٥) بے آب ؛ اندھا (کنواں) ؛ دودھ سے خالی (جانور) ۔ (٦) خشک ؛ جو پانی میں ڈوبا ہوا نہ ہو ؛ جو زیر آب نہ ہو ۔ (۷) بے مکھن کا ؛ سوکھا (ٹکڑا وغیرہ) ۔ (۸) منجمد ؛ ٹھوس ۔ (۹) پھیکی (شراب) ۔ (۱۰) خشکی کا ۔ (۱۱) روکھا ؛ خشک ؛ بے مروت ؛ سخت سرد مہر ۔ (۱۲) روکھے سوکھے ؛ سیدھے سیدھے (واقعات) ۔ (۱۳) غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ پھیکا ؛ سوکھا ؛ جس میں کوئی نفع نہ ہو ؛ بے نتیجہ ؛ بےثمر ؛ بےخبر ۔ (١٤) بے غرضانہ ؛ بے تعصبانہ ؛ بے لوث ۔ (١٥) خشک انداز (مذاق اور طنز) ؛ بظاہر غیر شعوری ظرافت ۔ (١٦) سخت (فن) ۔ (١٧) نقد ؛ نقدی (کرایہ ، قیمت وغیرہ) ۔ (١٨) خسیس ؛ کنجوس ۔ (١٩) بے اشک ۔

Not dry behind the ears : نابالغ ۔

Dry : (n) (۱) خشکی ۔ (۲) خشک زمین ۔ (۳) سکھانے کا کمرہ ۔ (٤) (معماری) (پتھر) جس میں شگاف پڑ گیا ہو ۔ (٥) مانع شراب خواری ۔ (٦) سوکھنا ؛ خشک ہونا ۔ (۷) خشک سالی ۔

Dry : (v) (۱) خشک کرنا یا ہو جانا ؛ سوکھنا ؛ سکھانا ۔ (۲) (گائے کے) تھن خشک کر دینا ۔

Dry : (adv.) خشک طور پر ۔

Dry-bob : (n) ضرب جس سے خون نہ نکلے ۔

Dry-bone : (n) جستے کی خام دھاتوں کا نام ؛ جستے کا سلیکیٹ ۔

Dry-bones : (n) لاغر ؛ سوکھا ہوا آدمی ۔

Dry-bulb thermometer : رطوبت پیما کا خشک جوفے والا حرارت پیما ۔

Dry castor : (n) اودبلاؤ کی ایک نوع ۔

Dry cell /Dry battery : (n) خشک خانہ ۔

Dry-cleaning : (n) خشک دھلائی ؛ کپڑوں کو بغیر پانی کے صاف کرنا ۔

Dry-cupping : (n) خالی سنگی ۔

Dry cultivation : (n) خشک کاشت ۔

Dry-cure : (v) (گوشت وغیرہ کو) خشک حالت میں (بغیر سرکہ وغیرہ کے) محفوظ رکھنا ۔

Dry distillation : (n) خشک تقطیر ۔

Dry-dock : (n) جہاز سازی کے کارخانے کی گودی جس میں سے پانی نکال دیا جائے ؛ خشک گودی ۔

Dry dock : (v) جہاز کو مرمت کےلئے خشک گودی میں لانا یا رکھنا ۔

Dry dockage : (n) خشک گودی مصارف ۔

Dry-eyed : (n) بے اشک ۔

Dry farming : (n) خشک کھیتی ۔

Dry-fly : (n) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی جو سطح آب پر تیرتی رہتی ھے ۔

Dry fly : (v) (چارے کو پانی میں بغیر ڈبوئے) مچھلی پکڑنا ۔

Dry-foot : (adv.) پاؤں کو بغیر تر کئے ھوئے ۔

Dry-foot : (n) سفالی ظرف کا بے جلا پیندا ۔

Dry-footed : (a) خشک پاؤں والا ۔

Dry-founder : (v) دیکھو Founder

Dry fruit : (n) خشک میوہ ۔

Dry goods : (n) خشک مال جیسے غلہ، کپڑا وغیرہ ۔

Dry grins : (n) کھسیانی ہنسی ۔

Dry-gulch : (v) کمین گاہ سے مارنا ۔

Dry-handed : (a) نہتھا ۔

Dry-house : (n) (۱) کپڑے بدلنے کا کمرہ ۔ (۲) سکھانے کا کمرہ ۔

Dry-ice : (n) خشک برف ؛ خشک کارنومک ایسڈ گیس ۔

Dry labour : (n) درد زہ جس میں انفسی مادہ پہلے باہر نکل جاتا ھے ۔

Dry land : (n) (۱) خشک زمین جو تہ آب نہ ھو ؛ زمیں ۔ (۲) کم باراں یا بےباراں خطہ ارض ۔

Dry-march : (n) خشک سرحد ۔

Dry measure : (n) غلہ وغیرہ ناپنے کا پیمانہ ۔

Dry-nurse : (n) (۱) کھلائی ۔ (۲) (مجازاً) بے ضرورت سکھانے والا ۔

Dry-nurse : (v) (۱) کھلانا ۔ (۲) بے ضرورت ہدایت کرنا ۔

Dry-pack : (n) تر کپڑے ، کمبل وغیرہ میں جسم لپیٹنا ۔

Dry-pick : (v) پر نوچنا ۔

Dry-plate : (n) عکاسی کی خشک پلیٹ ۔

Dry-point : (a&n) (بے تیزاب کے) دھات پر نقش و نگار بنانے کی سوئی ؛ طریقہ مذکور سے کام لینا ؛ وہ نقش ونگار جو اس طریقے سے بنائے جائیں ۔

Dry-point settlement : (n) سیلاب سے محفوظ بستی ۔

Dry-rot : (n) (۱) خطر(fungus) کی وجہ سے لکڑی کا گل جانا ۔ (۲) وہ خطر جس کی وجہ سے لکڑی گل جاتی ھے ۔ (۳) گھن لگ جانا ۔

Dry-rot : (V) خطر کی وجہ سے (لکڑی کا) گل جانا ؛ گھن لگ جانا ۔

Dry-rotten : (a) گھن لگا ھوا ۔

Dry-run : (n) (۱) بغیر گولہ بارود کے فوجی مشق ۔ (۲) مشق ؛ ریہرسل ؛ آزمائش ۔

Dry-salt : (v) دیکھو Dry-cure

Dry-salter : (n) وہ شخص جو دوا، رنگ، گوند، تیل، اچار وغیرہ کا بیوپار کرے ؛ مذکورہ بیوپار ۔

Dry-saltery : (n) دوا، رنگ، گوند، تیل، اچار وغیرہ کی دکان ۔

Dry-shave : (v) (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ فریب کرنا ۔

Dry-shod : (a) بغیر پاؤں تر کئے ھوئے ۔

Dry spell : (n) خشک وقفہ ۔

Dry-stone : (a) بے گچ بنا ھوا (پشتہ) ۔

Dry-stove : (n) گرم خانہ یا حرارت خانہ جس میں کم رطوبت ھو ۔

Dry up : (v) (۱) بالکل خشک کر لینا ؛ (نمی کا) بالکل زائل ھو جانا ۔ (۲) (کنویں کا) خشک ھو جانا ۔ (۳) (عامیانہ) (خصوصاً امر کی حالت میں) چپ ھونا یا کام بند کر دینا ۔

Dry-wall : (n) بے گچ کی دیوار ۔

Dryad : (n) [OFr."dryade".] بن دیوی ؛ جنگل پری ؛ درخت یا جنگل کی دیوی یا پری ۔

Dryadic : (a) بن پری سے متعلق ۔

Dryasdust : (n) (۱) آثار قدیمہ یا شماریات کا طالب علم ؛ محنت کش ؛ خشک مزاج یا عہد قدیم کا محقق ۔ (۲) غیر دل چسپ شخص ۔

Dryasdust : (a) خشک ؛ بے لطف ۔

Drydenian : (a) انگریز شاعر John Dryden سے متعلق یا اس کے طرز میں ۔

Drydenism : (n) Dryden کا طرز ۔

Dryer : (n) دیکھو drier

Drying : (n) خشک کرنا ؛ سکھانا ۔

Drying : (a) (۱) خشک کرنے والا ۔ (۲) خشک ہونے والا ۔

Dryish : (a) قدرے خشک ؛ کسی قدر سوکھا ہوا ۔

Dryly / Drily : (adv.) خشکی سے ؛ روکھے پن سے ۔

Dryness : (n) خشکی ؛ روکھاپن ؛ بے آبی ۔

Dryster : (n) خشک کرنے والا یا والی (مزدور) ۔

Dryth : (n) خشکی ۔

Duad : (n) [Gr."duas","duad".] جفت ؛ جوڑا ۔

Duadic : (a) جفت سے متعلق ؛ دو کڑا ؛ جفتی ۔

Dual : (a) [L."dualis".] دو کا ؛ دوہرا ؛ دو حصوں میں منقسم ؛ دگنا ؛ دوہرا ۔

Dual : (n) تثنیہ ؛ مثنیٰ ۔

Dual nationality : (n.) دوہری شہریت ۔

Dual number : (n) (قواعد) تثنیہ ؛ مثنیٰ ۔

Dual pay system : دوہری تنخواہ کا طریقہ ۔

Dual personality : (n) دوہری شخصیت ۔

Dual purpose : (a) دو کار ؛ دو کاج ۔

Dualin : (n) مفرقع ؛ ایک دھماکو مرکب جو شورا، نائٹرو گلیسرین اور لکڑی کے برادے سے بنتا ہے ۔

Dualism : (n) (۱) دوئی ؛ تثنیہ ۔ (۲) تثنیہ کا استعمال ۔ (۳) ثنویت ؛ وہ عقیدہ جس میں دو مستقل جوہر مانے جاتےہیں (مثلاً روح و مادہ یا یزداں و اہرمن یا حضرت عیسیٰ کی دو شخصیتیں ۔ (٤) (کیمیا) یہ نظریہ کہ ہر مرکب دو متضاد برقی حصوں سے بنا ہوتا ہے ۔

Dualist : (n) معتقد دو خدا ؛ ثنوی ؛ ثنویہ ۔

Dualistic /-al : (a) دو خدایانہ ؛ دو خدائی ؛ ثنوی ۔

Dualistically : (adv.) ثنویت کے طور پر ۔

Duality : (n)[late L."dualitas".] دوعملی تنظیم ؛ دوہرا ہونا ۔

Dualize : (v) دوئی پیدا کرنا ؛ دوہرانا ۔

Dually : (adv.) دوئی سے ؛ تثنئے سے ۔

Duan : (n) [Gael. or Ir.] نظم ؛ گیت ؛ نظم کا حصہ ۔

Duarchy : (n) [L."duo".] دو شخصی حکومت ۔

Dub : (n) [Origin unkn.] (۱) گدلا کنڈ ۔ (۲) دریا یا چشموں کا گہرا کنڈ ۔

Dub : (n) (۱) ڈھول کی آواز ۔ (۲) ضرب ۔

Dub : (n) [Telegu."dabba".] ایک چھوٹا تانبے کا سکہ ۔

Dub : (n) انگھڑ ؛ بے وقوف ؛ غبی ۔

Dub : (v) [OE."dubbian".] (۱) کاندھوں پر تلوار مس کرکے نائٹ وغیرہ بنانا ۔ (۲) کوئی نیا لقب دینا یا چھیز کا نام رکھ دینا ۔ (۳) (مچھلی کے چارے کی مصنوعی مکھی) لگانا ۔ (٤) (چمڑے پر) چربی ملنا ۔ (۵) مرغ کی کلغی اور غب غب کاٹ دینا ۔ (٦) باڑ کو چھانٹنا ۔ (۷) تیشے سے برابر کرنا ۔ (۸) مار کر یا پیٹ کر چپٹا کرنا ۔ (۹) خراب کرنا ۔

Dub : (v) [Echoic.] (۱) بھونکنا ۔ (۲) ڈھول بجنا یا بجانا ۔

Dub : (v) [Origin unkn.] (عامیانہ) ادا کرنا ؛ چپکانا ۔

Dub : (v) صوت باز نگاری کرنا ۔

Dubash : (n) [Hindi."dobashi".] ہندوستانی ترجمان ۔

Dubba /Dubber : (n) [Urdu "dabbah".] چرمی بوتل ۔

Dubbing : (n) (۱) نائٹ بنانا ۔ (۲) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی بنانے کا سامان ۔ (۳) چمڑے کو نرم کرنے اور پن روک بنانے کی چربی ۔ (٤) چکنا کرنا (خصوصاً لکڑی کا تیشے کے ذریعہ) ۔ (٥) صوت باز نگاری ۔

Dubby : (a) کند ذہن : کودن ۔

Dubby : (n) گدلا ۔

Dubiety : (n) [late L."dubietas".] (۱) اشتباہ : شبہ : شک : دبدھا ۔ (۲) مشتبہ امر : مشکوک معاملہ ۔

Dubiosities : (n) مشتبہ امر : مشکوک معاملہ ۔

Dubious : (a) [L."dubiosus".] (۱) دھندلا: مبہم: غیر معتبر: نا قابل وثوق ۔ (۲) مشتبہ : مشکوک ۔ (۳) جس کا نتیجہ مشتبہ ہو ۔ (٤) مذبذب: شک کی حالت میں : دبدھا میں ۔

Dubiously : (adv.) مبہم طور پر : مشبہ طریقے سے : مشکوک طور پر ۔

Dubitable : (a) [L."dubitabilis".] مشکوک ۔

Dubitably : (adv.) مشکوک طور پر ۔

Dubitant : (a) مشکک : شبہ کرنے والا : شکاک ۔

Dubitation : (n) [OFr."dubitation".] دبدھا : تذبذب : پس و پیش : بچر مچر ۔

Dubitative : (a) تذبذب کا : دبدھا : مذبذب : پس و پیش کرنے والا ۔

Dubitatively : (adv.) مذبذب طریقے سے : پس و پیش کے ساتھ ۔

Duboisine : (n) ایک آسٹریلوی جھاڑی سے حاصل ہونے والا القلی ۔

Ducal : (a) [Fr."ducal".] ڈیوک کا : ڈیوک کے متعلق : ڈیوک کی طرح : ڈیوک کا خطاب رکھنے والا ۔

Ducape : (n) [Origin unkn .] ایک قسم کا مضبوط ریشمی کپڑا ۔

Ducat : (n) [It."ducato".] (۱) قدیم طلائی سکہ ۔ (۲) سکہ ۔ (۳) (جمع) خد زر : دولت ۔

Ducatoon : (n) [Fr."ducton".] ایک نقرئی سکہ جو بعض یورپی ملکوں میں رائج تھا ۔

Duce : (n) [It.] دیکھو Dictator

Duces tecum : (n) عدالت میں کاغذات پیش کرنےکا حکم ۔

Duchess : (n) [OFr."duchesse".] (۱) ڈیوک کی بیگم : (۲) (عامیانہ) رعب داب یا آن بان کی عورت ۔ (۳) ڈیوک کی ریاست رکھنے والی عورت ۔ (٤) سلیٹ کے چوکے کا ایک سائز (۲٤ x ۱۲انچ) ۔

Duchesse : (n) [Fr.] ساٹن (کپڑا) کی قسم: تکیے کی لیس ۔

Duchesse dressing chest : جھولن آئینے والا سنگار میز ۔

Duchesse toilet set : سنگار میزپوش ۔

Duchy : (n) [OFr."duche".] (۱) ڈیوک کا علاقہ یا ریاست ۔ (۲) کارنوال یا لنکاسٹر کا علاقہ جس کا مالک شاہ انگلستان بحیثیت ڈیوک کے ہے ۔

Duchy court : (n) عدالت جس کا حلقہ اقتدار لنکاسٹر کی شاہی جاگیر ہے ۔

Duck : (n) [OE."duce" or "duke".] (۱) مرغابی : بطخ : بط ۔ (۲) مرغابی یا بط کا گوشت ۔ (۳) پیارا : پیاری (خصوصاً مخاطبت میں) ۔ (٤) بچوں کا ایک کھیل جسے Duck-stone بھی کہا جاتا ہے : اس کھیل میں استعمال ہونے والا پتھر : اس کھیل کے کھلاڑی ۔ (٥) (کرکٹ) Duck's Eggs کا مخفف ۔ (٦) دیکھو Lame duck ۔ (۷) دیکھو Bombay duck ۔ (۸) عجیب و غریب ذہنیت کا آدمی : آوارہ گرد ۔ (۹) (عامیانہ) پیشاب خانہ ۔

Bombay duck : بومل مچھلی ۔

Domestic duck : پالتو بط ۔

In two shakes of duck's tail : دم بھر میں ۔

Lame duck : جو اسٹاک آکسچنج میں اپنا معاہدہ پورا نہ کر سکے : لنجا آدمی ۔

Like duck in thunderstorm : بد حواس : سراسیمہ ۔

Like water off duck's back : بے اثر : بے نتیجہ ۔

Duck : (n) ڈبکی ؛ غوطہ ؛ تیزی سے سر یا جسم جھکانا ۔

Duck : (n) [MDu."dock".] (۱) ڈک ؛ موٹا سنئی کا یا سوتی کپڑا جو بادبان یا ملاحوں کے لباس کے کام آتا ھے ۔ (۲) (صیغہ جمع) اس کپڑے کی پتلون ۔

Duck : (n) چھ پہیوں والی ایک موٹر گاڑی جو پانی میں بھی چل سکتی ھے ۔

Duck : (v) [ME."douke","duke".] (۱) غوطہ لگا کر ابھرنا ؛ غوطہ مارنا ؛ ڈبکی لگانا ۔ (۲) پھرتی سے جھک جانا ؛ تیزی سے سر خم کرنا ۔ (۳) غوطہ دینا ؛ دھکیل دینا ۔

Duck and drake : (n) پانی میں پتھر اچھالنے کا کھیل ۔

To make ducks and drakes (of or with) / To play (at) ducks and drakes with : اُڑا دینا ؛ برباد کر دینا ؛ ضائع کر دینا ۔

Duck-ant : (n) ارضیہ ؛ دیمک ۔

Duck-bill : (n) (۱) Duck-bill wheel کا مخفف ؛ سرخ گیہوں /گندم ۔ (۲) ایک دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ھوتی ھے ؛ بط منقار ۔ (۳) ٹینک کے چکے میں لگا دھات کا کور ۔ (٤) کوئلے کی کان میں استعمال ھونے والا ایک قسم کا بیلچہ ۔

Duck-billed : (a) بط منقار ۔

Duck-billed platypus : ایک دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ھوتی ھے ۔

Duck-billed speculum : (n) چپٹا شہ پر ۔

Duck-boards : (n) لکڑی کے تختوں کا راستہ ۔

Duck-eagle : (n) جنوبی افریقہ کا ایک عقاب ۔

Duck-hawk : (n) (۱) باز کی ایک قسم ۔ (۲) ایک قسم کا امریکی باز ۔

Duck-legged : (a) غیر معمولی چھوٹے پاؤں والا ۔

Duck-mole : (n) ایک دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ھوتی ھے ۔

Duck-mud : (n) ریشمی جلبک ۔

Duck-snipe : (n) امریکا کا ایک قسم کا چہا (پرند) ۔

Duck-wheat : (n) سرخ گیہوں ۔

Ducker : (n) (۱) غوطہ خور ۔ (۲) پن ڈبّی پرند ۔ (۳) عاجزی کرنےوالا ۔ (٤) مردہ جانور کی کھال اتارنے والا شخص ۔

Ducking : (n) (۱) غوطہ ۔ (۲) جسم یا سر کو تیزی سے جھکانا ۔

Ducking : (n) جنگلی بط کا شکار ۔

Ducking-pond : (n) (۱) تالاب جس میں بطوں کا شکار کیا جاتا ھے ۔ (۲) تالاب جس میں مجرموں کو غوطہ دیا جاتا ھے ۔

Ducking stool : (n) تپائی جس میں باندھ کر دریدہ دہن عورت یا بے ایمان تاجروں کو تالاب میں سزا کے طور پر غوطہ دیا جاتا تھا ۔

Duckling : (n) بطخ کا بچہ ؛ بط کا بچہ ۔

Duck's bill : (n) بط کی چونچ ؛ بط کی چونچ کی شکل کے آلات جراحی ۔

Duck's bill bit : (n) ایک قسم کی آنی (برمے کی) ۔

Duck's bill limpet : (n) ایک قسم کا ناعمہ ۔

Duck's egg/Duck egg : (n) (۱) بط کا انڈا ۔ (۲) (کرکٹ) صفر اسکور ۔ (۳) بط کے انڈے کا رنگ ۔

Duck's meat/Duck meat : (n) ایک قسم کی کائی ؛ سبزاب ۔

Duckweed : (n) دیکھو Duck's meat

Ducky : (n) پیارا ؛ عزیز ؛ محبوب ۔

Duct : (n) [L."ductus".] (۱) نل؛ نلکی ۔ (۲) (عضویات) مسامہ؛ قناعت ۔ (۳) (نباتیات) ظرف ۔

Ductile : (a)[OFr."ductile"or L."ductilis".] (۱) (دھات کی صفت) جو پیٹنے سے بڑھ سکے؛ لچیلا ؛ لچک دار؛ ملائم ؛ نرم ؛ مضبوط؛ (طبیعیات) متمدد؛ جس کے تار کھینچے جا سکیں ۔ (۲) تشکیل پذیر ؛ تربیت پذیر ؛ سلیم الطبع ۔

Ductilely : (adv.) متمدد طور پر ۔

Ductilimeter : (n) تمدد پیما ۔

Ductility : (n) لچك ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ (طبیعیات) تمدد ؛ تشکیل پذیری ؛ تربیت پذیری ۔

Ductless : (a) بے مسامہ ؛ جس میں نل یا نلکی نہ ہو ۔

Ductor : (n)[L."ductor".] (طباعت) وہ بیلن جس سے روشنائی دوسرے بیلنوں تك پہنچائی جاتی ھے ۔

Dud : (n) [Origin unkn .] (۱) (جمع) کپڑے ؛ لباس ۔ (۲) (جمع) چیتھڑے ۔ (۳) ڈراوا ؛ گولہ وغیرہ جو نہ پھٹے ۔ (٤) بے نتیجہ تجویز ؛ ٹائیں ٹائیں فش ؛ بے کار آدمی ۔ (٥) چیزیں ؛ اشیاء ؛ ذاتی سامان ۔

Dud : (a) کم قیمت ؛ بے قیمت ؛ حقیر ؛ بے اثر ؛ بیکار ؛ خراب ۔

Duddery : (n) جہاں اونی کپڑے بنے یا بیچے جاتے ہیں ۔

Dudder : (v) کانپنا ۔

Dude : (n) [G."dude".] (۱) نفاست پسند شخص ؛ جو انگریزی اوضاع و اطوار کی نقل اتارتا ہو ۔ (۲) بانکا ؛ چھیلا ؛ ٹھاٹ کرنے والا ۔

Dudeen : (n) [Ir."duidin".] تمباکو پینے کی آئرستانی پائپ ۔

Dudgeon : (n) [Origin unkn.] چوبی دستے والا خنجر ؛ قصاب کا چھرا ۔

Dudgeon : (n) [Origin unkn.] خفگی ؛ رنجش ؛ ناراضی ؛ روٹھنا ۔

Dudine : (n) بانکی ؛ چھیلی ؛ ٹھاٹ کرنے والی ۔

Dudish : (n) کسی قدر نفاست پسند یا بانکا ؛ چھیلا کی طرح ۔

Due : (a) [ME."dew","du (e)".] (۱) واجب الادا ۔ (۲) لائق ؛ شایان شان؛ استحقاق کے مطابق؛ مناسب؛ بجا ؛ کماحقہ ؛ کافی ؛ ٹھیك ۔ (۳) قاعدے یا معاہدے کی رو سے ھونے والا یا کرنے والا یا آنے والا ۔ (٤) (سمت کے متعلق) ٹھیك ؛ بالکل ۔ (٥) وجہ سے ؛ سبب سے ۔

Due : (adv.) (۱) ٹھیك طور پر؛ واجبی طور سے؛ مناسب طریقے سے ؛ باضابطہ ۔ (۲) کافی طور پر ؛ کماحقہ ۔ (۳) پابندی سے ؛ ٹھیك وقت پر ۔

Due : (n) [Fr."du".] (۱) حق ؛ حق واجب ۔ (۲) دینا ؛ مطالبہ ؛ ذمگی ۔ (۳) (جمع) محصول ؛ فیس ؛ چنگی ۔ (٤) (بحری) پورے طور پر کیا ھوا کام ۔

For a full due : (بحری) پوری طرح ؛ ہمیشہ کیلئے ۔

Of (by) due : حقاً ۔

To give the devil his due : برے کے ساتھ انصاف کرنا ۔

Due-bill : (n) قرض کی تحریری رسید ۔

Due date : (n) ہنڈی کی مقررہ تاریخ ۔

Dueful : (a) مناسب ؛ ٹھیك ۔

Duel : (n) [It."duello" or L."duellum".] (۱) نزاع کا فیصلہ کرنے کے لئے دو شخص کی لڑائی (تلوار پستول وغیرہ سے) ؛ ڈوئیل ؛ یکیکی کرنا ۔ (۲) دو شخصوں یا فریقوں وغیرہ کی باہمی جنگ ۔

Duel : (v) ڈوئل لڑنا ؛ یکیکی کرنا ۔

Dueller / Dueler : (n) ڈوئیل لڑنے والا ؛ یکیکی باز ۔

Duelling / Dueling : (n) ڈوئیل ؛ یکیکی ۔

Duellist / Duelist : (n) دیکھو Dueller

Duello : (n) [It.] یکیکی کا رواج ؛ یکیکی کا ضابطہ ۔

Duelsome : (a) یکیکی کی طرف مائل ۔

Dueness : (n) مناسب ؛ موزونیت ۔

Duenna : (n) [Sp."duena".] (۱) ہسپانوی ملکہ کی خاص خادمہ ۔ (۲) ادھیڑ عورت جو لڑکیوں کی استانی اور رفیق ھو ؛ استانی ۔ (۳) محافظ یا نگراں عورت ۔

Duet / Duett : (n) [G."duett" or "duetto".] (۱) دوسازی نغمہ ؛ دو نفری راگ ۔ (۲) مکالمہ ۔

Duet / Duett : (v) دوسازی نغمہ گانا ؛ دو نفری راگ سنانا ۔

Duettino : (n) [It.] مختصر دو سازی نغمہ ۔

Duetto : (n) [It.] دیکھو Duet

Duff : (n) [Variable of DOUGH.] (۱) گندھا ھوا آٹا ؛ لئی ۔ (۲) آٹے کی پڈنگ ۔

Duff : (n) (۱) روٹی وغیرہ کا اسفنجی حصہ ۔ (۲) نرم اسفنجی دلدلی کوئلہ ؛ ماندہ کوئلہ ۔ (۳) سڑے ھوئے نباتی مادے جس سے جنگل کی زمین ڈھکی رہتی ھے ۔ (٤) کوئلے کا چور ؛ کوئلے کا چورا ۔

Duff : (v) (۱) (عامیانہ) تلبیس کرنا ؛ چالاکی سے چیزوں کی شکل بدل دینا ؛ (پرانے مال کو) نیا کرکے بیچنا ۔ (۲) (آسٹریلیا) (مویشی کو) چرانا اور داغوں (یعنی داغے ھوئے نشانات) بدل دینا ۔

Duff : (n) [Origin unkn.] سرین ؛ چوتڑ ۔

Duff : (v) (گولف) نشانہ خراب کرنا ۔

Duffadar : (n) [Pers."dafa-dar".] دفعدار ۔

Duffel / Duffle : (n) [f."Duffel" name of a town in Brabant.] (۱) ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا ۔ (۲) زائد جوڑا جو شکاری یا کیمپ میں رہنے والے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Duffer : (n) (۱) خراب مال کی قیمت بڑھا کر بیچنے والا ۔ (۲) پھیری والا ؛ خوانچے والا ۔ (۳) مویشی چرا کر اس کے داغوں کو بدلنے والا ۔ (٤) پرانےمال کو نیا بنا کر بیچنے والا ۔

Duffer : (n) [Sc."doofart","dowfart".] (۱) نالائق ؛ بے کار یا بے وقوف شخص ۔ (۲) جعلی سکہ ؛ مصنوعی تصویر ۔(۳) بے کار چیز ؛ بے مصرف شے ۔

Duffer : (v) کان میں معدنی شے کا نہ ھونا ۔

Duffing : (a) (۱) پرانے مال کو نیا بنا کر بیچنے والا ۔ (۲) بے مصرف سا ؛ نالائق ۔

Duffle : دیکھو Duffel

Dufoil : (n) [L."duo"+FOIL.] (نقابت) دو برگہ پھول ۔

Dufrenite : (n) [f. M.Dufrenoy, a French mineralogist.] فولاد کا آب دار فاسفیٹ ۔

Dufter : (n) [pers.] (۱) دفتر ۔ (۲) سرکاری کاغذات ۔

Dufterdar : (n) ترکی افسر مالیات ۔

Dug : (n) [Origin unkn.] (۱) تھن ؛ پستان ؛ سر پستان ؛ چوچی ؛ بھٹنی ۔ (۲) (حقارتاً) عورت کا پستان ۔

Dug : (a) کھود کر نکالا ھوا ۔

Dug-out : (a) (کھود کر) کھوکھلا کیا ھوا ۔

Dug-put : (n) (۱) ڈونگی جو درخت کے تنے کو کھوکھلا کرکے بنائی جائے ۔ (۲) (سپاہی کےلئے) خندقوں میں زمین دوز محفوظ جگہ ۔ (۳) (عامیانہ) پنشن یافتہ افسر وغیرہ جن کو از سر نو فوجی خدمت کے لئے طلب کیا جائے ۔

Dugong : (n) [Malay."duyong".] ڈوگانگ ؛ ہندوستان کا ایک بڑا نبات خور پستان دار جانور ؛ بقرالبحر ؛ بحری گائے ۔

Dugway : (n) (۱) کھود کر بنائی ھوئی پہاڑی سڑک ۔ (۲) کھود کر بنائی ھوئی سڑک ۔

Duiker / Duyker : (n) [Du."dinker".] جنوبی افریقہ کا چھوٹا چکارا ۔

Duke : (n) [ME."duc","duk".] (۱) (برطانیہ اوربعض دوسرے یورپی ممالک میں) خاندان شاہی کے بعد سب سے بڑا امیر یا جاگیر دار ؛ ڈیوک ۔ (۲) (دوسرے ممالک یورپ میں) چھوٹی ریاست کا فرماں روا ۔(۳) ایک قسم کی چیری یا گلاس (پھل) ۔(٤)(عامیانہ) مٹھی ؛ ہاتھ۔

Duke : (v) ڈیوک کا سا برتاؤ کرنا ۔

Dukedom : (n) ڈیوک کا علاقہ یا منصب ۔

Dukeling : (n) چھوٹا ڈیوک ؛ ڈیوک کا بچہ ۔

Dukery : (n) (۱) ڈیوک کا مکان یا اس کی جاگیر ۔ (۲) (جمع) ناتھنگم شائر کا وہ ضلع جس میں کئی ڈیوکوں کی جاگیریں ہیں ۔

Dukeship : (n) ڈیوک کا عہدہ ؛ (مزاحاً) بطور خطاب ۔

Dulcamara : (n) [med.L."duleis+amara".] (نباتیات) بھلاوان ۔

Dulcamarin : (n) (کیمیا) بھلاوان سے حاصل کیا ھوا گلوکو سائیڈ (C_{12} H_{34} O_{10}) ۔

Dulce : (n) [L."dulcis".] میٹھا مادہ ۔

Dulcet : (a) [L."dulcis".] شیریں ؛ میٹھا ؛ رسیلا ؛ دلکش ؛ خوش آئند (خصوصاً آواز کی صفت)۔

Dulcet : (n) آرگن باجے کا ایک پردا ۔

Dulcian : (n) [See next.] الغوزہ ۔

Dulciana : (n) [med. L."dulciana".] آرگن باجے کا ایک ۸ فٹ لمبا پردا ۔

Dulcification : (n) شیریں بنانا ؛ ملائم یا شیریں ہونا یا کرنا ۔

Dulcify : (v) [L."dulcificare".] شیریں کرنا ؛ لطافت یا شیرینی پیدا کرنا ؛ دھیما کرنا ۔

Dulcimer : (n) [OFr."dulcemer".] سنتور ؛ بربط ؛ ڈلسیمر ۔

Dulcinea : (n) [Sp."dulce".] محبوبہ ؛ معشوق ۔

Dulcite/ Dulcin / Dulcitol / Dulcose : (n) [L."dulcis".] (کیمیا) ایک شیریں مادہ جو بعض پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Dulcitude : (n) [L."dulcitudo".] شیرینی ۔

Duledge : (n) توپ گاڑی کے پہیوں کو جوڑنےوالی کھونٹی ۔

Dulia / Douleia : (n) خدمت ؛ اطاعت ۔

Dull : (a) [MDu."dul".] (۱) غبی ؛ کند ذہن ؛ تھس ؛ کٹھل ۔ (۲) (نظر، سماعت وغیرہ) دیر حس ؛ کند ؛ بہرہ ۔ (۳) (درد) میٹھا میٹھا ۔ (٤) بیٹھا ؛ سست ؛ مندا (بازار) ۔ (۵) افسردہ ؛ پست ؛ سست ۔ (٦) بے لطف ؛ یک آہنگ ؛ غیر دلچسپ ۔ (۷) کند (دھار) ۔ (۸) (روشنی، رنگ ، مزا وغیرہ) پھیکا ؛ ہلکا ؛ ماند ۔ (۹) (موسمیات) تاریک ؛ ابر آلود ۔

Dull : (v) ماند کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ کند کرنا یا ہونا ؛ بے حس کرنا یا ہونا ؛ پست کرنا یا ہونا ۔

Dullard : (n) [MDu."dull-","dollaert".] غبی ؛ کند ذہن ؛ تھس آدمی ۔

Dullard : (a) بے وقوف ؛ غبی ۔

Dullish : (a) کسی قدر سست ؛ غبی ؛ ہلکا ؛ دھیما ۔

Dullness / Dulness : (n) سستی ؛ کند ہونا ؛ بے حسی ؛ تھس پن ۔

Dully : (adv.) سستی سے ؛ بے حسی سے ۔

Dulocracy / Doulocracy : (n) [Gr."doulokratia".] غلاموں کی حکومت ۔

Dulse : (n) [Ir.Gael."dinleasg".] ایک بحری گھاس جو کھائی جاتی ہے ۔

Duly : (adv.) دیکھو Due

Duma : (n) Russ.] (۱) روسی پارلیمنٹ جو ۱۹۰٦ میں طلب کی گئی تھی ۔ (۲) روس کی منتخب کونسل ۔

Dumb : (a) [OE."dumb".] (۱) گونگا ؛ گنگ ۔ (۲) بے زبان جو حکومت وغیرہ کے معاملات میں بولنے کاحق نہ رکھتا ہو ۔ (۳) (تعجب یا شرم) گم سُم ؛ سناٹے میں ؛ سکوت میں ۔ (٤) چپ ؛ کم سخن ؛ کم گو ۔ (۵) بے گفتگو گونگا (تماشا وغیرہ) ۔ (٦) غیر مسموع ؛ بے آواز ؛ ساکت ۔ (۷) بے وقوف ؛ احمق ۔ (۸) بے معنی ۔

Deaf and dumb : دیکھو Deaf

To strike dumb : گم سُم کر دینا ۔

Dumb : (v) گونگا کر دینا ؛ گنگ کرنا ؛ بے زبان بنا دینا ؛ ساکت کر دینا ۔

Dumb ague : (n) تپ دزدہ جس میں دورہ ظاہر نہیں ہوتا ہے ؛ تپ دزدہ ؛ چور بخار ۔

Dumb barge : (n) بے مستول بادبان کا بجرا ۔

Dumb-bell : (n) (۱) ڈمبل ؛ (ورزش کے لئے) لوہے کا چھوٹا مگدر ۔ (۲) ڈمبل کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۳) ڈمبل نماچیز جو ناقوس کلیسا کو بغیر ناقوس کے بجانے کے لئے بطور مشق استعمال ہوتی تھی ۔ (٤) بےوقوف ؛ گاؤدی ۔

Dumb-bid : (n) (نیلام میں) خفیہ کم سے کم قیمت ۔

Dumb-cake : (n) وہ کیک جو عورتیں St. Mark Eve کے موقع پر اپنے ہونے والے شوہروں کی تلاش کے لئے خاموشی سے بناتی ہیں ۔

Dumb-cane : (n) بیدگنگ ؛ ویسٹ انڈیز کا ایک پودا جس کو چبانے سے زبان پھول جاتی ہے اور طاقت گویائی سلب ہو جاتی ہے ۔

Dumb-chatder /-cleat : (n) (بحری) دھات کا پھانہ ۔

Dumb-crambo : (n) گونگی مکھو (ایک کھیل جس میں ایک فریق لفظ دل میں رکھ کر اس کا صرف قافیہ بتاتا ھے اور چپ ھوجاتا ھےاور دوسرا فریق اصل لفظ پوچھنے کی کوشش کرتا ھے)۔

Dumb-dora : (n) بے وقوف اور بد معاش عورت ۔

Dumb-heed : (n) دیکھو Block head

Dumb-iron : (n) موٹر کے ڈھانچے کا اگلا حصہ ۔

Dumb-peal : (n) (کپڑا لپیٹ کر) گھنٹی کی دبی آواز ۔

Dumb-piano : (n) (مشق کرنے کا) بے آواز پیانو ۔

Dumb-scraping : (n) گودی کو کند کھرچنی سے کھرچنا ۔

Dumb-sheave : (n) بے چرخی کا سوراخ دار کندہ ۔

Dumb-show : (n) (۱) گونگا سوانگ : بے گفتگو تماشا ۔ (۲) معنی خیز اشارے ۔

Dumb tooling : (n) جلد کا ٹھپا جو رنگین نہ ھو ۔

Dumb-waiter : (n) (۱) گھومنے والی الماری جس میں کھانا وغیرہ رکھا جاتا ھے ۔ (۲) ایک منزل سے دوسری منزل پر چھوٹی چیزیں لے جانے والی لفٹ۔

Dumb-well : (n) گڑھا جس میں پانی بہہ کر جاتا ھے ۔

Dumbfound/ Dumfound/ Dumfounder/ Dumbfounder : (v) گونگا کر دینا : سٹ پٹا دینا : بدحواس کر دینا : ھوش و حواس غائب کر دینا ۔

Dumble : سابقہ : دیکھو Dummel

Dumbledore /Dumble-dore : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Dumbly : (adv.) گونگے پن سے : بے زبانی سے : خاموشی سے ۔

Dumbness : (n) گونگا پن : بے زبانی : سکوت ۔

Dumdum : (n) ڈم ڈم گولی : (بندوق کی) ایک قسم کی گولی جو جسم کےاندر جا کر پھیلتی ھے ۔

Dummel : (a) احمق : کودن ۔

Dummy /Dumby : (n) (۱) تاش کا فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ھے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ھے ۔ (۲) وہ شخص جو کسی چیز میں نام کے لئے شریک ھو : شاہ شطرنج : کٹھ پتلی : مٹی کی مورت ۔ (۳) احمق : کوڑھ مغز : گاودی : کاٹھ کا الو ۔ (٤) جعلی یا مصنوعی چیز : جھوٹ موٹ کا پلندہ یا پارسل : لکڑی کا انسانی ڈھانچہ جسے کپڑے پہنا دیتے ہیں : چاند ماری کےواسطے انسانی شکل ۔ (۵) شبیہ ۔ (٦) چسنی : نپل ۔ (۷) سادہ ورقوں کی کتاب ۔ (۸) بے حس گھوڑا ۔ (۹) فرضی کتاب (عموماً کاٹھ کی) جو لائبریری کی گم شدہ کتاب کی جگہ رکھ دی جاتی ھے ۔

Double dummy : تاش کا کھیل جس میں دو کھلاڑیوں کی بازی کھول دی جاتی ھے ۔

To give or sell the dummy : فٹ بال میں مخالف کو دھوکا دینا ۔

Dummy : (a) جعلی : مصنوعی : نقلی : بناوٹی : فرضی : کٹھ پتلی ۔

Dummy : (v) (۱) بے نامی کرنا : دوسروں کےلئےجائداد اپنے نام پر لینا ۔ (۲) سادہ ورقوں کی کتاب بنانا ۔ (۳) (عامیانہ) بول چال بند کرنا ۔

Dummy whist : (n) تاش کا فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ھے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ھے ۔

Dump : (n) [MDu."domp".] (جمع) افسردگی : اضمحلال : پژمردہ دلی ۔

Dump : (n) (۱) کوئی چھوٹی موٹی چیز ۔ (۲) (کھیل) سیسے کی گوٹ جس سے شمار کرنے میں مدد لی جائے : آسٹریلیا کا ایک قدیم سکہ : (عامیانہ) حقیر سکّہ : حبہ ۔ (۳) جہاز کی تعمیر میں ایک قسم کی چٹخنی ۔ (٤) جہاز میں کھیلنے کے لئے رسی کا چکر ۔ (۵) ایک قسم کا کھیل ۔ (٦) ایک قسم کی مٹھائی ۔ (۷) پست قد آدمی : چھوٹا اور موٹا آدمی ۔

Dump : (n) [Norse.] دریا یا تالاب کی تہ کا گرداب ۔

Dump : (n) (۱) (فوج) میدان جنگ میں سامان حرب کا عارضی گودام ۔ (۲) کوڑے کا ڈھیر ؛ کوڑا کرکٹ ۔ (۳) بھد (کی آواز) ؛ گدا ۔

Dump : (v) (۱) پھینکنا؛ ڈالنا؛ جمع کرنا (کوڑے کرکٹ کو) ۔ (۲) گدا کھلانا (گیند وغیرہ کو) ۔ (۳) (تجارت) کم قیمت پر فروخت کرنے کےلئے غیرممالک میں پہنچانا (فاضل مال) : کم قیمت پر زیادہ مال بازار میں پہنچانا ۔ (٤) بھد سے یا گد سے گرنا یا گرانا ۔ (٥) (زائد داخلین کو) ممالک غیر سے اتاردینا (جہاز سے) ۔ (٦) (آسٹریلیا) اون کےگٹھے کو دبانا ۔ (۷) (عامیانہ) شدید ضرب لگانا ۔ (۸) پھینک دینا ؛ چھٹکارا پانا ۔

Dumpage : (n) (۱) (کوڑے کا) ڈھیر لگانا ۔ (۲) کسی خاص جگہ پر کوڑے کا انبارلگانے کی رعایت ۔ (۳) ڈھیر لگانے کی اجرت ۔

Dumper : (n) (۱) پھینکنے والا ؛ گرنے والا ۔ (۲) کوڑا گاڑی ۔

Dumping : (n) (۱) انبار ۔ (۲) کم قیمت پر مال بیچنا ۔

Dumping : (a) پھینکنے والا ۔

Dumpish : (a) افسردہ ؛ مضمحل ۔

Dumpishly : (adv.) افسردگی سے؛ اضمحلال کی حالت میں ۔

Dumpishness : (n) افسردگی ؛ اضمحلال ۔

Dumpling : (n) (۱) ایک قسم کی پڈنگ ۔ (۲) چھوٹا موٹا آدمی یا جانور ۔ (۳) پیاری چیز ؛ قیمتی چیز ۔

Dumpty : (۱) چھوٹا موٹا شخص یا جانور ۔ (۲) ایک چھوٹے پاؤں والی مرغی جو اسکاچستان میں پائی جاتی ہے ۔

Dumpy : (a) افسردہ ؛ مضمحل ۔

Dumpy : (a) چھوٹا موٹا ۔

Dumpy : (n) دیکھو Dumpty

Dumpy l evel : (n) دوربیں دار لیول ۔

Dun : (a) [OE."dun(n)".] (۱) پھیکے بھورے رنگ کا ۔ (۲) تاریک ؛ سیاہ ؛ شہرنگ ۔

Dun : (n) (۱) پھیکا بھورا رنگ ۔ (۲) پھیکے بھورے رنگ کا گھوڑا ؛ سمند ؛ اشہب ۔ (۳) ایک قسم کی مصنوعی مکھی جو مچھلی پکڑنے کے لئے چارے کے کام میں آتی ہے ۔

Dun : (n) [F. Dunkirk.] تقاضا ؛ تقاضا کرنے والا ؛ باربار تقاضا کرنے والا قرض خواہ ۔

Dun : (n) [Ir. Gael."dun".] کوہستانی قلعہ ۔

Dun : (v) (۱) ہلکا بھورا رنگنا ۔ (۲) کوڈ مچھلی کو نمک لگا کر سکھانا جس سے اس کا رنگ ہلکا بھورا ہو جائے ۔

Dun : (v) (۱) بار بار تقاضا کرنا ۔ (۲) دق کرنا ؛ پریشان کرنا ۔

Dun-bar : (n) ہلکے بھورے رنگ کا ایک پتنگا ۔

Dun-bird : (n) سرخ سر بطخ ۔

Dun-cow : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dun-cur : (n) دیکھو Dun-bird

Dun-diver : (n) (۱) بطخ دندانے دار کا نر یا اس کا بچہ ۔ (۲) سرخاب ۔

Dunce : (n) [From John Duns Scotus, a scholastic theologian.] (۱) غبی ؛ کند ذہن ؛ کودن ۔ (۲) Duns Scotus کا پیرو ۔ (۳) بال کی کھال کھینچنے والا ۔

Dunce cap/ Dunce's cap : (n) کاغذ کی لمبی نوکدار ٹوپی جو مدرسے میں کودن لڑکے کے سر پر رکھی جاتی تھی ۔

Duncedom : (n) (۱) احمقوں کی دنیا ۔ (۲) حماقت ۔ (۳) حمقاء ۔ (٤) بے وقوفی سے ۔

Duncery / Dunsery : (n) حماقت ۔

Dunch : (v) [Origin unkn.] دھکا دینا ؛ کہنی سے مارنا ۔

Dunch : (n) دھکا ۔

Dunch : (a) (۱) بہرہ ۔ (۲) دیر فہم ۔ (۳) بھاری (روٹی کی طرح) ۔

Dunciad : (n) (۱) احمقوں کا رزمیہ ۔ (۲) الیگزنڈرپوپ کی ایک نظم ۔ (۳) احمقوں کی دولت مشترکہ ۔

Duncish : (a) کسی قدر احمق ۔

Dunder : (n) گنے کے عرق کی گاد ۔

Dunder-bolt : (n) دیکھو Thunderbolt

Dunderhead : (n) [D."donder".] کوڑھ مغز ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ کاٹھ کا الو ۔

Dunderheaded : (a) کوڑھ مغز ؛ بے وقوف ؛ احمق ۔

Dunderpate : (n) دیکھو Dunderhead

Dundreary : (n) دیکھو dundreary whiskers

Dune : (n) [OFr."dune".] بالو ٹیلا ؛ ریگی ٹیلا ۔

Dune chain : (n) ریت کے ٹیلوں کا سلسلہ ۔

Dune colony : (n) ریت کے ٹیلوں کا علاقہ ۔

Dunfish /Dun-fish : (n) نمک لگاکر سکھائی ہوئی ہلکے بھورے رنگ کی کاڈ مچھلی ۔

Dung : (n) [OE."dung".] (۱) کھاد ۔ (۲) گوبر ؛ لید ؛ غلیظ ۔ (۳) اخلاقی گندگی ؛ روحانی نجاست ؛ ناپاکی ۔

Dung : (v) (۱) (زمین میں) کھاد ڈالنا ۔ (۲) (جانوروں کا) لید کرنا ۔ (۳) (چھینٹ کپڑے کو) گوبر کے محلول میں ڈبونا ۔

Dung-bath : (n) (رنگ ریزی) گائے کے گوبر، کھلی اور گرم پانی کا محلول جس میں چھینٹ کو ڈبوکر اس کی زائد لاگی کو دور کیا جاتا ہے ۔

Dung-beetle : (n) گبریلا ۔

Dung-bird : (n) (۱) ہُد ہُد ۔ (۲) ایک قسم کی چڑیا جو غلاظت کھاتی ہے ۔

Dung-cart : (n) کھاد گاڑی ۔

Dung-chafer : (n) دیکھو Dung-beetle

Dung-fly : (n) گوبر مکھی ۔

Dung-fork : (n) (۱) گوبر (اٹھا یا ہوا) پھیلانے کا دوشاخہ ؛ جیلی ۔ (۲) براز دو شاخہ ؛ جیلی ۔

Dung-hunter /Dungteaser : (n) ایک قسم کا پرندہ جو غلاظت کھاتا ہے ۔

Dungaree/Dungeree : (n) [Hindi."dungri".] ایک قسم کی گھٹیا ہندوستانی چھینٹ (کپڑا) ۔

Dungeon : (n) [OFr."donjon".] (۱) قلعے کا بڑا برج ۔ (۲) مضبوط زمین دوز محبس ؛ قلعے کا تہ خانہ ۔

Dungeon : (v) زمین دوز محبس میں قید کرنا ؛ قلعے کے تہ خانے میں قید کرنا ۔

Dungeoner : (n) زمین دوز محبس میں قید کرنے والا ۔

Dungeon tower/ Dungeon keep : (n) قلعے کا برج ۔

Dunghill : (n) (۱) گھورا ؛ مزبلہ ؛ مزابل ۔ (۲) گندی حالت ۔

Dunghill : (a) بزدل ۔

Dunghill cock / fowl / hen : (n) پلا ہوا مرغا ۔

Dungy : (a) (۱) گوبر سا ؛ گوبر سے بھرا ہوا ۔ (۲) گوبر ۔

Duniwassal : (n) [Gael."duine wasal".] (اسکاچستان) پہاڑی علاقے کا دوسرے درجے کا امیر ۔

Dunker/Tunker : (n) [G."dunker".] جرمن امریکی بپٹسٹوں کا ایک رکن ۔

Dunkirk : (n) (۱) فرانس کے ایک شہر کا نام ۔ (۲) ڈنکرک کا غیر سرکاری مسلح جہاز ۔

Dunkirker : (n) غیر سرکاری مسلح جہاز کا ایک رکن ۔

Dunlin : (n) (۱) شر ؛ سرخ پشت کی ایک ریگستانی چڑیا ۔ (۲) ٹٹیری ۔

Dunnage : (n) [Al."dunnage".] چٹائی وغیرہ جو نمی یا رگڑ سے بچانے کے لئے جہاز کے مال کے نیچے یا بیچ میں رکھ دی جاتی ہے ؛ زیر انداز ۔

Dunnage : (v) زیر انداز سے محفوظ کرنا ۔

Dunner : (n) بار بار تقاضا کرنے والا ۔

Dunnock : (f. Dun.] گوریا یا کنجشک کی ایک قسم ۔

Dunness : (n) بھورا پن ۔

Dunniness : (n) بھورا پن ۔

Dunnish : (a) کسی قدر بھورا ؛ بھورا سا ۔

Dunny : (a) [Origin unkn.] بہرا ؛ بیوقوف ۔

Dunstable : (a) [A town in Bedfordshire.] Dunstable میں بنایا ہوا ؛ Dunstable کے طرز

Dunstone : (n) بھورا پتھر ۔

Dunt : (n) [perhaps a var. of Dint.] (۱) طرب ۔ (۲) دل کی دھڑکن ۔ (۳) بڑا ڈھیلا ۔ (٤) چوٹ ۔

Dunt : (v) (۱) دھپ سے مارنا ۔ (۲) (دل کا) تیزی سے دھڑکنا ۔

Dunter : (n) (۱) ایک قسم کی بط ۔ (۲) سوس ۔

Duo : (n) [It."duo".] دیکھو Duet

Duo -: سابقہ بمعنی "دو" ۔

Duocameral : (a) دو ایوانی ۔

Duodecagon : (n) بارہ ضلعی شکل ؛ بارہ کونیا ۔

Duodecahedral : (a) بارہ سطحی مجسم ۔

Duodecim -: سابقہ بمعنی "بارہ" ۔

Duodecimal : (a) بارہ کا ؛ بارھویں حصہ کا ؛ اثنا عشری ؛ بارہ کے حساب سے ۔

Duodecimals : (n) اثنا عشریہ ضرب ؛ رقبے کے دریافت کرنے کا ایک قاعدہ ۔

Duodecimfid : (a) [L."duodecimo".] بارہ جزہ ۔

Duodecimo : (n) [L.] (۱) کتاب کی تقطیع (کاغذ کے پورے تختے کا بارھواں حصہ) ۔ (۲) اس تقطیع کی کتاب ۔ (۳) بہت چھوٹی چیز ؛ بالشتیا شخص ۔

Duodecuple : (a) [L."duodecim".] بارہ گنا ۔

Duodenal : (a) عفجی ؛ اثنا عشری ۔

Duodenal : (n) دوازدہی پردوں کا تختہ ۔

Duodenary : (a) [L."duodenarius".] دوازدہی ؛ بارہ بارہ کے حساب سے ؛ بارہ بارہ کے سیٹ میں ۔

Duodenary : (n) دوازدہی پردوں کا تختہ ۔

Duodene : (n) [med.L."duodena".] بارہ سروں کا مجموعہ ۔

Duodenitis : (n) ورم عفج ۔

Duodenostomy / Duodenotomy : (n) عفج شگافی ۔

Duodenum : (n) [med.L.] عفج ؛ اثنا عشر ؛ اثنا عشریات ؛ پیٹ کی بالکل چھوٹی آنت کا اگلا حصہ ۔

Duologue : (n) دو آدمیوں کا مکالمہ ؛ دو ایکٹری ناٹک ؛ وہ ناٹک جس میں صرف دو ہی ایکٹر ہوں ۔

Duomo : (n) [It.] اطالوی بڑا گرجا ۔

Dup : (n) [Contraction from "do up".] کھولنا ۔

Dupable / Dupeable : (a) دھوکا کھانے والا ؛ سادہ لوح ۔

Dupe : (n) [Fr."dupe".] وہ شخص جس کو دھوکا دیا جائے جو بیوقوف بنایا جائے ؛ اُلّو ۔

Dupe : (v) اُلّو بنانا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Duper : (n) دھوکا باز ؛ دغا باز ۔

Dupery : (n) دغا ؛ دھوکا بازی ؛ فریب دہی ؛ دھوکے باز ۔

Duplation : (n) [late L."duplatio".] دگنا کرنا ۔

Duple : (a) [L."duplus".] دونا؛ دگنا ؛ دوہرا ۔

Duplex : (a) [L."duplex".] دو رخی (ٹیلیگراف) ؛ دو جزئی ؛ توامی ۔

Duplex : (v) دو رخی پیام بھیجنا ؛ دو رخی بنانا ۔

Duplex escapement : (n) دوہرا مفر ۔

Duplex gas burner : (n) گیس مشعل جس میں دو نلیاں ہوتی ہیں مگر شعلہ ایک ہی ہوتا ہے ۔

Duplex lamp : (n) دو بتیوں کا لیمپ ؛ دو فتیلی لیمپ ۔

Duplex lathe : (n) دو رخی خراد ۔

Duplex telegraphy : (n) دو رخی تار برقی ۔

Duplicate : (a) [L."duplicatus".] (۱) دوہرا ؛ جس میں ایک طرح کے دو حصے ہوں ؛ وہ نوع جس کے صرف دو فرد ہوں ۔ (۲) دونا ؛ دگنا ؛ دو چند ؛ دو چنداں ۔

Duplicate : (n) (۱) ہوبہو نقل ؛ نقل عین ؛ جواب ۔ (۲) دو یکساں چیزوں میں سے ایک ؛ مثنیٰ ؛ نقل ۔ (۳) خط یا دستاویز جس کی نقل مطابق اصل ہو ۔ (٤) بل یا ہنڈی کا مثنیٰ ۔ (٥) گروی رکھنے والے کی رسید ۔ (٦) مترادف ؛ ہم معنی ۔ (۷) دو چیزوں میں کلّی مشابہت ۔

In duplicate : معہ مثنیٰ ۔

Duplicate : (v) (۱) دونا یا دگنا کرنا ؛ دو چند کرنا ؛ دو سے ضرب دینا ۔ (۲) ایک طرح کی دو چیزیں بنانا ؛ مثنیٰ بنانا ؛ نقل مطابق اصل کرنا ؛ نقلیں کرنا ۔ (۳) ایک دن میں دو بار عشائے ربانی کی رسم ادا کرنا ۔

Duplicate sample : (n) مثنیٰ نمونہ ۔

Duplicating machine : (n) نقل گیر مشین ۔

Duplication : (n) (۱) مثنیٰ بنانا ؛ دونا کرنا یا ہونا ؛ تضعیف ؛ نقل گیری ۔ (۲) (کلیسا) ایک ہی پادری کا دن میں دو بار عشائے ربانی کی رسم ادا کرنا ۔

Duplication of the cube : (ریاضیات) تشدید ۔

Duplicative : (a) دو گنا کرنے والا ۔

Duplicative : (n) دوہری جمع ۔

Duplicato : [L."duplicatus".] سابقہ بہ معنی "دوہرا" ؛ "دوگنا" ۔

Duplicator : (n) نسخہ بردار ؛ مثنیٰ ؛ نقل گیر ۔

Duplicature : (n) [Fr."duplicature".] مطویہ ۔

Duplicidentate : (a) [L."duplic-"+ Dentate.] (حیوانیات) دوہر دنتا ۔

Duplicity : (n) [OFr."duplicite".] (۱) دو رنگی ؛ منافقت ؛ دوروئی ؛ دغابازی ؛ فریب ؛ مکر ۔ (۲) دونا ہونا ؛ تضعیف ۔ (۳) (قانون) دوہرا عذر ؛ دوہرا الزام ۔

Duppa /Dupper : (n) دیکھو Dubba

Duppy : (n) [Afr.] بھوت ۔

Dura : (n) (۱) ام جافیہ ؛ دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی ۔ (۲) پختہ چوب ؛ میان چوب ؛ قلب الشجر ۔

Dura mater : (n) [med. L.] ام جافیہ ؛ دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی ۔

Durability : (n) [late. L."durabilitas".] پائیداری ؛ مضبوطی ۔

Durable : (a) [OFr."durable".] (۱) پائیدار ؛ دیر پا ۔ (۲) مضبوط ؛ استوار ؛ مستحکم ۔

Durably : (adv.) پائیداری سے ؛ مضبوطی سے ۔

Dural : (a) ام جافیہ سے متعلق ۔

Duralumin : (n) [Trade name.] الومینیم بھرت ۔

Duramen : (n) [OFr."durance".] پختہ چوب ؛ میان چوب ؛ قلب الشجر ۔

Durance : (n) [OFr."durance".] (۱) قید؛ حبس ۔ (۲) برداشت ۔

In durance vile : قید و بند میں ۔

Durant : (n)[OFr."durant".] ایک قسم کی مضبوط گول ٹوپی ۔

Durante : (n) دوران ۔

Durante absentia : (adv.) غیر حاضری میں ۔

Durante beneplacito : (adv.) جب تک خوشی ہو ۔

Durante vita : (adv.) تا عمر ۔

Duration : (n) [OFr."duration".] (۱) امتداد ۔ (۲) دوران ؛ مدت ؛ میعاد ؛ پائیداری ۔

Duration of pleasure : امتداد لذت ۔

Durbar : (n) [pers."darbar".] دربار ۔

Dure : (v) [OFr."durer".] باقی رہنا ؛ جاری رہنا ۔

Dure : (a) [OFr."dur".] سخت ؛ محکم ۔

Duresque : (a) Abber Dures (۱۵۲۸۔۱٦۷۱) کے طرز میں ۔

Duress /Duresse : (n) [OFr."duresse".] (۱) جبر ؛ اکراہ ؛ حبس ؛ (خصوصاً تہدید یا تشدید جو ناجائز طور پر کیا جائے) ۔ (۲) حبس بیجا ؛ قید ۔

Duretto/ Duretta/ Durette : (a) [It."duro".] ایک قسم کا مضبوط موٹا کپڑا ۔

Durgah : (n) [Pers.] درگاہ ۔

Durian : (n) [Malay."durian".] دورین (ایک بیضاوی گٹھلی دار پھل جس کا گودا سفید ہوتا ہے) ؛ دورین کا درخت ۔

During : (prep.) درمیان میں ؛ اثنا میں ؛ دوران میں ۔

Durmast : (n) [Perhaps an error of "dunmast".] ایک قسم کا شاہ بلوط ۔

Durra / Dhurra : (n) [Arab."dur(r) a".] باجرا ۔

Dusk : (n) [ME."dosk".] (۱) اندھیرا ؛ تاریکی ؛ ظلمت ۔ (۲) جھٹ پٹا ؛ شام ؛ شام کا دھندلکا ۔

Dusk : (a) دھندلا ؛ تاریک ؛ سیاہ ۔

Dusk : (v) ۔ دھندلا یا تاریک معلوم ہونا یا بنانا یا ہو جانا ۔

Dusk : (adv.) گندے طور پر ؛ دھندلے پن سے ۔

Duskiness : (n) دھندلا پن ؛ تاریکی ؛ تیرگی ؛ ظلمت ۔

Duskiness : (a) تاریک ؛ دھندلا یا تاریک ۔

Duskinly : (adv.) دھندلے پن سے ۔

Dusky : (a) تیرہ ؛ کسی قدر دھندلا یا تاریک ؛ (مجازاً) افسردہ ۔

Dust : (n) [OE."dust".] (۱) گرد ؛ غبار ؛ دھول ۔ (۲) زر ؛ زرعمل ۔ (۳) بگولا ۔ (٤) (جلے ہوئے مردے کی) خاک ؛ راکھ ؛ خاکستر ۔ (٥) جسم انسانی ؛ انسان ۔ (٦) تذلیل ؛ ذلت ؛ تحقیر ۔ (۷) گڑ بڑ ؛ ہنگامہ ؛ ہل چل ؛ جنگ و جدال ۔ (۸) (عامیانہ) روپیہ پیسہ ۔ (۹) سفوف ؛ برادہ ۔ (۱۰) قبر ۔ (۱۱) قلیل مقدار ۔ (۱۲) (آسٹریلیا) (عامیانہ) آٹا ۔ (۱۳) غلے کی ایک بیماری ۔

Chalk dust : کھریا کی خاک ۔

In dust and ashes : (۱) خاک سر ڈالے ہوئے ۔ (۲) ندامت اور غم کے ساتھ ۔

To bite the dust : زمین پر گرنا ؛ زخمی ہونا ؛ قتل ہو جانا ۔

To shake the dust off one's feet : خفا ہو کر چلے جانا ۔

To throw dust in the eyes of : (کسی کی) دھوکا دینا؛ آنکھوں میں دھول جھونکنا یا ڈالنا ۔

Volcanic dust : آتش فشاں کی خاک ۔

Dust : (v) (۱) گرد یا سفوف چھڑکنا (کسی چیز پر) ۔ (۲) گرد آلود کرنا ؛ گرد میں اٹنا ۔ (۳) چھڑکنا ؛ برکنا ۔ (٤) جھاڑنا ؛ پونچھنا ؛ صاف کرنا ۔ (٥) جھاڑو دینا ؛ (فرنیچر وغیرہ) صاف کرنا ۔ (٦) بھاگنا ؛ جلدی چلے جانا ۔ (۷) مارنا ۔ (۸) بیج چھڑکنا (سوکھی زمین میں) ۔ (۹) دھوکا دینا ۔ (۱۰) سفوف بنانا ۔

To dust a person's coat / jacket : مارنا پیٹنا ؛ مرمت کرنا ؛ گرد جھاڑنا (کنایتاً) ۔

To dust the eyes of : دھوکا دینا ؛ آنکھوں میں دھول جھونکنا ۔

Dust : (a) گرد سا ۔

Dust-bin/Dustbin : (n) گرد دان ۔

Dust-bowl : (n) آندھی سے بنا گڈھا ۔

Dust-box : (n) گرد پاش ۔

Dust-brand : (n) غلے کی ایک بیماری ۔

Dust-chamber : (n) بھٹی کا راکھ دان ۔

Dust-colour : (n) خاکستری ۔

Dust-cover /-jacket : (n) گرد پوش ۔

Dust-fog : (v) خاک آلود کُہر ۔

Dust -guard : (n) گرد روک (پہیے کا) ۔

Dust-haze : (n) خاک آلود دھند ۔

Dust-heap : (n) (۱) کوڑا کرکٹ کا ڈھیر ۔ (۲) (مجازاً) ناقدری کی حالت ۔

Dust-hole : (n) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ۔

Dust louse : (n) ایک قسم کی جونک ۔

Dust off : (v) مارنا ۔

Dust pan : (n) وہ ظرف جس میں جھاڑو دیتے وقت کوڑا رکھا جاتا ھے ۔

Dust-proof /Dust tight : (n) گرد روک ۔

Dust-shoot : (n) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ وغیرہ پھینکا جاتا ھے ۔

Dust-storm : (n) آندھی ۔

Dust-well : (n) گرد چال ؛ گلیشئیر کا وہ گڈھا جو گرد یا مٹی کے نیچے کی برف کے جلد پگھلنے سے بنتا ھے ۔

Duster : (n) (۱) جھاڑن ؛ صافی ۔ (۲) جھاڑنے والا ؛ فرنیچر وغیرہ صاف کرنے والا ۔ (۳) تیل کا خشک کنواں ۔ (٤) (عامیانہ) جہاز کا جھنڈا ۔

Dustily : (adv.) گرد میں اٹا ھوا ؛ بے لطفی سے ۔

Dustiness : (n) گرد آلودگی ؛ غبار آلودگی ؛ بے مزگی ؛ خشکی ۔

Dusting : (n) (۱) گرد یا سفوف چھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ صفائی ۔ (۲) (عامیانہ) مار پیٹ ؛ مرمت ؛ کندی ۔ (۳) (بحری) سمندر کے طوفان میں ہچکولے کھانا ۔

Dustless : (a) بے گرد ؛ بے غبار ۔

Dustman : (n) (۱) کوڑا کرکٹ صاف کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Sandman (۳) متشدد واعظ ۔

Dustoor /Dustoory : (n) [Pers.] دستور ؛ دستوری ۔

Dustuck /Dustuk : (n) [Pers."dastak".] پاسپورٹ ؛ گزرنامہ ؛ پروانہ راہداری ۔

Dustup : (n) [f."dust up".] جھگڑا ؛ نزاع ۔

Dusty : (a) [OE."dustig".] (۱) گرد سے اٹا ھوا ؛ گرد آلود ؛ غبار آلود ۔ (۲) (گرد کی طرح) باریک ؛ (مٹی کی طرح) خشک ۔ (۳) بے لطف ؛ بے مزہ ۔ (٤) (عامیانہ) بیکار ؛ حقیر ۔

Not so dusty : (عامیانہ) اچھا خاصا؛ ایسا برا نہیں ۔

Dusty miller : (n) (۱) ایک قسم کا پھولدار پودا ؛ پام چال زرد ۔ (۲) مصنوعی مکھی جو مچھلی پکڑنے کے لئے چارے کے طور پر استعمال ھوتی ھے ۔

Dutch : (a&n)[MDu."dutsch","duutsch".] (۱) (تاریخ)جرمانی؛ جرمانیہ سے متعلق (جس میں ولندیز اور بلجیم بھی شامل تھا) ۔ (۲) ولندیزی اور نشیبستان (Nether land) کی زبان یا قوم کا ۔ (۳) نشیبستانی؛ ولندیزی ۔ (٤) (تاریخ) جرمانی زبان یا اس کی کوئی شکل ۔ (٥) ولندیز اور نشیبستان کی زبان ۔ (٦) کھڑی دعوت (کا کھانا) ۔

Double dutch : بے معنی (بولی) ۔

High dutch : جرمن زبان ۔

Low dutch : جرمن اور نشیبستان کی زبان ۔

The Dutch : [abbrev. of DUCHESS.] ولندیزی اور نشیبستانی (قوم) ۔

Dutch : (n) میوہ فروش کی بیوی ۔

Dutch : (v) شاہ پَر کو گرم ریت میں ڈال کر صاف کرنا اور سخت بنانا (قلم بنانے کیلئے) ۔

Dutch : (adv.) بطور اپنا پیسنا اپنا کھانا ۔

Dutch cheese : (n) ایک قسم کا پنیر ۔

Dutch clinker : (n) ایک قسم کی سخت اینٹ جو اصطبل وغیرہ میں بچھائی جاتی ھے ۔

Dutch door : (n) (افقی طور) دو حصوں میں بناھوا دروازہ ۔

Dutch foil /-gold /-gild /-gilding/-leaf /-metal : (n) نقلی (طلائی) طبق ۔

Dutch liquid / oil : (n) رقیق روغن جس کی خوشبو اور مزہ شیریں ھوتا ھے ۔

Dutch Rushes : (n) وہ پودے جو گھوڑے کی دم کی شکل کے ھوتے ہیں اور ان میں پھول نہیں آتے ۔

Dutch treat : (n) اپنا پیسنا اپنا کھانا ۔

Dutch uncle : (n) سختی سے سرزنش کرنے والا ۔

Dutch wife : (n) بید وغیرہ کا بنا ھوا آرام تکیہ جو مسہری میں لگا ھوتا ھے ۔

Dutchify : (v) ولندیزی بنانا ۔

Dutchman : (n) (۱) ولندیزی ۔(۲) ولندیزی جہاز ۔ (۳) (نجاری) گُجھی ۔(٤) ناقص کاموں کو چھپانے کی ایک ترکیب ۔

Flying dutchman : جہاز رانوں کے عقیدے میں ایک بھوت جہاز کی شکل میں نظر آتا ھے ؛ انگلستان کی بعض تیز ریل گاڑیاں ؛ ولندیزی جہاز ۔

I am a dutchman : میں اپنے آپ میں نہیں ھوں ۔

Dutchman's breeches : (n) (۱) ایک قسم کا امریکی پودا ۔ (۲) آندھی میں آسمان کا نیلگوں ٹکڑا (حصہ) ۔

Dutchman's laudanum : (n) گل صلیبی کی جنس کا ایک پودا ۔

Dutchman's pipe : (n) (۱) ایک بیل دار پودا ۔ (۲) بھڑوں کا چھتہ ۔

Duteous : (a) [f. DUTY.] سعادت مند ؛ فرماں بردار ؛ اطاعت شعار ؛ مطیع ۔

Duteousness : (n) سعادت مندی ؛ فرماں برداری ؛ اطاعت شعاری ۔

Dutiable : (a) قابل محصول ۔

Dutied : (a) محصول لگایا ھوا ۔

Dutiful : (a) فرمانبردار ؛ اطاعت شعار ؛ فرض شناس ۔

Dutifully : (adv.) فرماں برداری سے ؛ فرض شناسی سے ۔

Dutifulness : (n) فرماں برداری ؛ اطاعت شعاری ۔

Duty : (n) [AFr."dewete","duete".] (۱) ادب ؛ تعظیم ؛ احترام ۔ محصول ؛ چنگی ۔ (۳) فرض منصبی ؛ اخلاقی یاقانونی فرض؛ فریضہ ۔(٤) اخلاقی پابندی ۔ (۵) خدمت؛ کار منصبی ؛ خدمت کی انجام دہی؛ عبادت یا ادائے فرائض مذہبی ۔ (٦) (میکانیات) انجن کی کارکردگی ۔

Ad valorem duty : قیمت دوری محصول ۔

In line of duty : فرض منصبی کے مطابق ۔

Military duty : فوجی خدمت ۔

Ministerial / Clerical duty : کشیش کے فرائض ؛ کشیشی فرائض ۔

Off duty : فارغ (کام سے فرصت کا دن) ۔

On duty : فرض منصبی میں مشغول ۔

Duty : (a) فرض سے متعلق ۔

Duty : (a) بلا محصول ۔

Duty-paid : (a) محصول ادا کیا ھوا ۔

Duty-roster : (n) نقشہ فرائض (خصوصاً فوج کا) ۔

Duumvir : (n) [L."duum+vir".] دو برابرکے اختیارات رکھنے والے حکام کی کمیٹی کا ایک دن ؛ دو رکنی کمیٹی یا بورڈ کا ممبر ۔

Duumviral : (a) دو رکنی کمیٹی سے متعلق ۔

Duumvirate : دو رکنی کمیٹی یا بورڈ ۔

Duvet : (n) [Fr.] بطخ کے پروں سے بھری ھوئی توشک یا گدا ۔

Dux : (n) [L.] (۱) لڑکا جو اپنے کلاس میں سب سے آگے ھو ۔(۲) موضوع ۔

Duyker : دیکھو Duiker

Dwale : (n) [ME.] بلادو ؛ زہریلے پھل کا پودا ۔

Dwang : (n) دھجی ؛ چوب ۔

Dwarf : (n) [OE."dweorg","dweorh".] (۱) بونا ؛ ٹھنگنا ؛ ناٹا ؛ پست قد ۔ (۲) (اسکنڈے نیویائی دیومالا میں) بالشتیا ۔(۳) بونا (بحالت ترکیبی پودوں کے ناموں میں) ۔

Dwarf : (a) جس کی باڑ ماری گئی ھو ؛ چھوٹا سا ؛ پدی ۔

Dwarf : (v) (۱) باڑ مارنا ؛ اٹھان روک دینا ؛ جسمانی یا دماغی بالیدگی میں مخل ھونا ۔ (۲) (فاصلے کی وجہ سےیا بڑی چیز کے مقابلے میں) بونا یا پست نظر آنا ۔

Dwarfish : (a) کسی قدر ٹھنگنا ؛ پست قد ۔

Dwarfishly : (adv.) ٹھنگنے پن یا بونے پن سے ۔

Dwarfishness : (n) بوناپن ؛ ٹھنگنا پن ؛ بالشتیاپن ؛ کوتاہ قامتی ۔

Dwarfism : (n) بونا ہونا ۔

Dwarfling : (n) چھوٹا ہونا ۔

Dwarfy : (a) دیکھو Dwarfish

Dwell : (v) [OE."dwellan".] (۱) رہنا ۔ (۲) (کسی مسئلے یا مضمون پر) مفصل بحث کرنا ؛ دیرتک گفتگو یا عذر کرتے رہنا ۔(۳) بسنا ؛ رہنا ؛ سکونت ہونا ۔

Dwell : (n) (۱) مشین کی حرکت میں خفیف سا وقفہ ۔ (۲) وقت ۔

Dweller : (n) رہنے والا ؛ ساکن ؛ باشندہ ۔

Dwelling : (n) بحث یا غور کرنا ؛ رہنا ؛ سکونت ؛ بود و باش ۔(۲) مسکن ؛ مکان ؛ گھر ۔

Dwelling house : (n) سکونتی مکان ۔

Dwelling place : (n) جائے سکونت ۔

Dwindle : (v) [f. DWINE.] (۱) گھٹنا ؛ کم ہونا ؛ سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ گھلنا ۔ (۲) رو بہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ قدر گھٹنا ؛ (اخلاقی حالت) بگڑنا ؛ گرنا ۔(۳) سکڑنا ۔

Dwindler : (n) گھٹنے والا ؛ انحطاط پذیر ۔

Dwine : (v) [OE."dwinan".] گھلنا ۔

Dyad : (n) [lare. L."dyas","dyad".] (۱) دو ؛ دو کا عدد ۔ (۲) جوڑا ۔(۳) (کیمیا) وہ زر یا جوہر جس میں ہائیڈروجن کے دو ذروں کے شامل کرنے کی صلاحیت ہو ؛ دو گرفتہ (عنصر) ۔(٤) (حیوانیات) جسمیہ ثانی ؛ ثنائیہ ۔(٥) دو سطروں کی اکائی جس میں ہر سطر کا آہنگ ملا ہو ۔

Dyadic : (a) (۱) جوڑے سے متعلق ۔(۲) دو گرفتی عنصر سے متعلق ۔

Dyadic arithmetic : (n) حساب جسمیں بنیادی عدد ۲ (دو) ہو ۔

Dyakis-dodecahedron : (n) دیکھو Diploid

Dyarchy : (n) دیکھو Diarchy

Dyas : (n) [Gr."dyas".] سلسلہ طبقات الارض کا بالا ترین نظام ۔

Dyassic : (a) سلسلۂ طبقات الارض کے بالا ترین نظام سے متعلق ۔

Dye : (n) [OE."deab","deag".] (۱) رنگ ۔(۲) رنگ رنگنے کا مسالا ۔ (۳) (مجازاً) گہرا ۔

Dye : (v) (۱) رنگنا ؛ رنگ چڑھانا ؛ رنگ دینا یا کرنا ۔ (۲) رنگنا ؛ رنگا جانا ؛ (کسی چیز پر) رنگ چڑھانا یا کھلنا ۔

Dyed-in-the-wool : (۱) کاتنے سے پہلے رنگا ہوا ۔ (۲) پائیدار ؛ محکم ۔

To dye in (the)wool/-in grain : کاتنے سے پہلے رنگنا ۔

Dye-bath /Dye-beck : (n) (۱) وہ ظرف جس میں کپڑا رنگا جاتا ھے ۔(۲) رنگ ۔

Dye-house : (n) رنگریزوں کا کارخانہ ؛ رنگ خانہ ۔

Dye-stuff /ware : (n) مادہ رنگی ؛ صابغ ؛ مسالا ؛ سامان جس سے رنگ بنتا ھے ۔

Dye-wood : (n) لکڑی جس سے رنگ بنتا ھے ۔

Dye-works : (n) مصبغہ ؛ رنگریزی کا کارخانہ ۔

Dyeing/Dying : (n) رنگنا ۔

Dyer : (n) رنگریز ؛ صباغ ؛ رنگنے والا ؛ رنگساز ؛ رنگ آمیز ۔

Dyer's broom /-whin /-greenweed/-moss /-weed : (n) : اسپرک ؛ زرد ؛ مختلف درختوں کے نام جن سے رنگ نکلتا ھے ۔

Dygogram : (n) مقناطیسی قوت کے افقی اجزا کے تغیر کو دکھانے کا نقشہ (جہاز کے قطب نماپر) ۔

Dying : (n) (۱) مرنا ۔ (۲) (اسم ھے مگر ترکیب میں صفت کا معنی دیتا ھے) موت سے متعلق ؛ موت کے وقت کا ؛ آخری وقت کا ۔

Dying : (a) مرنے والا ؛ قریب مرگ ؛ فانی ۔

Dyingly : (adv.) مرتے ہوئے ۔

Dyingness : (n) فانی ہونا ۔

Dyke : دیکھو Dike

Dynameter : (n) [Gr."dyna (mis)"+-METER.] شعاعی قوت پیما ؛ قوت کرن پیما ۔

Dynametric /-al : (a) شعاعی قوت پیما سے متعلق ۔

Dynamic : (a) [Fr."dynamique".] (۱) قوت محرکہ رکھنےوالا ؛ متحرک ؛ محرک ؛ قوت محرکہ کا ۔ (۲) بالفعل (بالقوۃ کے مقابلہ میں)۔ (۳) قوت عمل رکھنےوالا ؛ موثر ؛ قوی ؛ اثر آفریں ؛ قوت آفریں ۔(٤) مرکبات (علم حرکت اجسام) سے متعلق ۔ (٥) (طب) وظائف اعضا سے متعلق ۔ (٦) (فلسفہ) نظریہ قوت سے متعلق ؛ قوتیت کا قائل ۔

Dynamic : (n) (۱) حرکیات ۔(۲) حرکیاتی نظریہ ۔ (۲) قوت محرکہ ۔

Dynamic force : (n) قوت محرکہ ۔

Dynamic friction : (n) حرکی فرک ؛ حرکی رگڑ ۔

Dynamic isomerism : (n) حرکی ہم ترکیبی ۔

Dynamic pressure : (n) حرکی دباؤ ۔

Dynamic relations : (n) روابط علت و معلول ۔

Dynamic theory of Kant : یہ نظریہ کہ مادہ کشش اور دفع کا مرکب ہے ۔

Dynamical : (a) (۱) حرکیات سے متعلق ۔ (۲) قوت محرکہ سے متعلق ۔ (۳) (دینیات) (الہام کی صفت میں) روحانی (مادی یا میکانکی کے مقابلے میں) ۔(٤) نظریہ قوت کا ؛ قوتیت ۔

Dynamically : (adv) حرکیات کی رو سے ؛ قوت محرکہ کے اعتبارسے ؛ نظریہ قوت کی رو سے ؛ روحانی الہام سے ۔

Dynamicity : (n) (کیمیا) گرفت ؛ گرفت جوہری ؛ جوہریت ۔

Dynamics : (n) (۱) حرکیات (علم حرکت اجسام) ۔(۲) کسی علم کا وہ حصہ جس میں فطری قوتوں کی بحث ہو ۔ (۳) مادی یا اخلاقی قوت محرکہ ۔

Dynamism : (n)[Gr."dynamis".] نظریہ قوائیت ؛ عمل قوت ؛ قوتیت (فلسفہ کا ایک نظریہ کہ مادہ اور روح دونوں فطری قوتوں کی حرکت سے پیدا ہوتے ہیں) ؛ اصل جوہر قوت ہے ۔

Dynamist : (n) (۱) (فلسفہ) نظریہ قوت کا قائل ؛ قوتی ۔ (۲) (عالم حرکت) حرکیات داں ؛ علم حرکت اجسام کا ماہر ۔

Dynamistic : (a) حرکیاتی ۔

Dynamitard : (n) [f. DYNAMITE.] ڈائنامائیٹ استعمال کرنے والا ؛ (انقلاب پسند) بم باز ۔

Dynamite : (n) [Gr."dynamis"+-ITE.] (۱) ڈائنامائیٹ ؛ ایک پھٹنے والا مادہ ؛ جاندار چیز ۔

Dynamite : (v) ڈائنامائیٹ سے اڑا دینا ۔

Dynamite cruiser : (n) ڈائنامائیٹ توپوں سے مسلح جہاز ۔

Dynamite-gun : (n) ڈائنامائیٹ کا گولہ پھینکنے والی توپ ۔

Dynamiter : (n) دیکھو Dynamitard

Dynamitic /-al : (a) ڈائنامائیٹ کے استعمال سے متعلق ؛ بم بازی کا ۔

Dynamitically : (adv.) ڈائنامائیٹ استعمال کرتے ہوئے ۔

Dynamitism : (n) ڈائنامائیٹ کا استعمال یا اس کا قائل ہونا ؛ بم بازی کا اصول ۔

Dynamization : (n) قوت بڑھانا ؛ قوت عطا کرنا ؛ قوت افزائی ۔

Dynamize : (v) (۱) قوت بڑھانا ۔(۲) قوت عطا کرنا ۔

Dynamo : [Gr."dynamis".] جزو ترکیبی بمعنی "برقی رو کا " ؛ "برق حرکی" ۔

Dynamo : (n) [Short for "dynamo-machine".] ڈائینمو ؛ مبراق ؛ حرکی برقی مشین ؛ برقی رو پیدا کرنے والی مشین ۔

Dynamo-electric : (a) برقی رو سے متعلق ۔

Dynamogenesis : (n) طاقت زائی ۔

Dynamogenic : (a) طاقت زا ۔

Dynamogeny : (n) طاقت زائی ۔

Dynamograph : (n) طاقت نگار ۔

Dynamometer : (n) (۱) طاقت پیما ؛ برقی قوت پیما ۔ (۲) تکبیری طاقت پیما ؛ تکبیر پیما ؛ دوربین کی قوت ؛ کیمرہ ناپنے کا آلہ ۔ (۳) انقباض عضلہ پیما ۔

Dynamometric /-al : (a) طاقت پیمائی سے متعلق ۔

Dynamometry : (n) طاقت پیمائی ؛ برقی قوت پیمائی ؛ تکبیر پیمائی ۔

Dynamotor : (n) گردشی مبدل ۔

Dynast : (n) [L."dynastes".] حکمران ؛ خاندانی فرمانروا ؛ فرمارواں سلاطین کے کسی سلسلے کا رکن ۔

Dynastic : (a) سلسلہ سلاطین کا ؛ خاندان شاہی کا ۔

Dynastically : (adv.) سلسلہ سلاطین کے لحاظ سے ۔

Dynasticism : (n) خاندان شاہی کا نظریہ ؛ حکمراں خاندانوں کا نظام ۔

Dynastidan : (n) [mod. L."Dynastidae".] ایک قسم کا بڑا بھونرا ۔

Dynasty : (n) [Fr."dynastie".] (۱) شاہی سلسلہ ؛ (موروثی) سلاطین کا سلسلہ ؛ خاندان شاہی ؛ راج بنس ۔ (۲) (مجازاً) خاندانی سلسلہ ۔

Dyne : (n) [Fr."dyne".] (طبیعیات) ڈائن ؛ قوت کی اکائی ۔

Dyophysite : (n) [Gr."dyophysite".] دوفطرتیہ ؛ معتقد دو فطرت مسیح ۔

Dyophysitic : (a) دو فطرت سے متعلق ۔

Dyothelete /-ite : (a) دو مشیت عیسی ۔

Dyothelete / -ite : (n) دو مشیت کا معتقد ۔

Dyphone : (n) [Gr."duo"+-PHONE.] دوہرا عود ۔

Dys : سابقہ بمعنی "بد"؛"سخت"؛"منحوس"؛"برا" ۔

Dysaesthesia : (n) [Gr."dysaesthesia".] فتور حس ؛ بے حسی ۔

Dyscrasia : (n) [Gr."dyskrasia".] سوءالمزاج ؛ فتور خلط ؛ بد مزاجی ؛ اختلال مزاجی یا دماغی ۔

Dyscrasic : (a) سوء المزاج ۔

Dyscrasite / Duscrasite : (n) [Gr."dyskrasia"+-ITE.] سرمئی نقرہ ۔

Dyscrasy : (n) [OFr."dyscrasie".] سوء المزاجی ؛ فتور خلطی ۔

Dysenteric /-al : (a) [L."dysentericus".] (۱) زجری ؛ پیچش سے متعلق ۔ (۲) پیچش میں مبتلا ۔

Dysentery : (n) [OFr."dissenterie".] زجر ؛ پیچش ؛ مروڑ ۔

Dysergia / Dysergy : (n) [L."dysergia".] حرکی نا آہنگی ۔

Dysesthesia : (n) فتور حس ۔

Dysfunction / Disfunction : (n) (۱) ناقص تفاعل ۔ (۲) نا مطابقت ۔

Dysgenesic : (a) فتور تناسلی سے متعلق ۔

Dysgenesis : (n) فتور تناسلی ؛ عسر تناسلی ۔

Dysgenic : (a) فاتر النسل ۔

Dysgenics : (n) نسلی تنزلی کا علم ۔

Dyshidrosis / Dysidrosis : (n) فتور تعرق ۔

Dyskinesia : (n) فاتر حرکیت ؛ عسر الحرکات ۔

Dyslalia : (n) لکنت ؛ عسر تکلم ۔

Dyslesia : (n) عسر القراۃ ۔

Dyslogia : (n) نقص فہم ؛ کم فہمی ۔

Dyslogistic / Dislogistic : (a) طنزیہ ؛ بجویہ ۔

Dyslogistically : (adv.) بجویہ طور پر ؛ طنزاً ۔

Dysluite : (n) [Dis-+Gr."luin"+-ITE.] ایک معدن جس میں میگنیز پایا جاتا ھے ۔

Dyslysin : (n) [Dis-+Gr."lysis"+-IN.] صفراوی مادے سے حاصل ھونے والی ایک شے ۔

Dysmenorrhagia /Dysmenorrhoea /-rhea : (n) (مرضیات) عسر الطمث ؛ تکلیف دہ حیض ۔

Dysmerism : (n) [Gr."dys+"merismos".] ۔ غیرمشابہ ترکیبی ۔

Dysmeristic : (a) غیر مشابہ ترکیبی ۔

Dysmerogenesis : (n) غیر مشابہ جذبیت ۔

Dysmerogenetic : (a) غیر مشابہ جذبیت ۔

Dysodyle /-ile : (n) [F."dysodyle".] بدبوئی معدن ؛ آتش گیر بائیڈرو کاربن ۔

Dyspepsia / Dyspepsy : (n) [L."dyspepsia".] ضعف معدہ ؛ سوء ہضم ؛ بد ہضمی ؛ تخمہ ۔

Dyspeptic : (a) تخمہ زدہ ؛ بدہضمی یا گرانی کی شکایت ۔

Dyspeptic : (n) مریض بد ہضمی ۔

Dyspeptically : (adv.) بد ہضمی کے طور پر ۔

Dysphagic : (a) عسر البلع میں مبتلا ۔

Dysphagia / Dysphagy : (n) [Mod. L.] عسر البلع : عسرت البلع : نگلنے میں دشواری ۔

Dysphonia / Dysphony : (n) [Gr."dysphonia".] عسر الصوت ؛ لکنت ۔

Dysphonic : (a) عسرالصوت میں مبتلا ۔

Dyspnoea : (n) [L."dyspnoea".] (طب) ضیق النفس ؛ سانس کا بھاری چلنا ؛ دم کشی ۔

Dyspnoeal : (a) ضیق النفس سے متعلق ۔

Dyspnoeic : (a) ضیق النفس میں مبتلا ؛ ضیق النفس سا ۔

Dysporomorph : (n) [Dysporus+Gr"morphos".] مواصل کی قسم کا ایک پرندہ ۔

Dysporomorphic : (a) مواصل کی قسم کے پرند سے متعلق ۔

Dysteleological : (a) لاغائیات سے متعلق ۔

Dysteleologist : (n) منکر علت العلل ۔

Dysteleology : (n) [G."dysteleologie".] (۱) لاغائیات : انکار علت العلل ۔ (۲) (طب) بے عمل عضویات ؛ علم نا کارہ اعضا ۔

Dystocia / Dystokia / Dystochia : (n) [Gr."dystokia".] عسر ولادت ۔

Dystocial : (a) عسر ولادت سے متعلق ۔

Dystome / Dystomic / Dystomous : (a) عسر شگاف ۔

Dystonia : (n) سوء طناب ۔

Dystrophic : (a) سوء تغذیہ سے متعلق ۔

Dystrophy / Dystrophia : (n) سوء تغذیہ ۔

Dysury /Disuria : (n) [OFr."dissurie".] عسر بول : پیشاب کی تکلیف ۔

Dysticus : (n) [Gr."dytikos".] (جنس) آبی بھونرا ۔

Dzeren /Dzeron /Dzerin : (n) [Mongolian "dzer".] منگولی غزال ۔

Dziggetai /Dzh -: (n) [Mongolian "dschiggetai".] خر تاتار ؛ گھوڑے کی طرح کا ایک چوپایہ ۔

Dzo/Zho : (n) [Tibetan "wdzo".] دوغلا یاک ۔

E

E : رومی اور انگریزی حروف تہجّی کا پانچواں حرف ۔

E- : Ex- کا مخفف ۔

Ea : (n) [OE.'ea.'] ندی ؛ چشمہ ۔

Eace-worm : (n) (حیوانیات) دودہ* ارضی : کیچوا ؛ کِرم خاکی ؛ (عام) چیرا ۔

Each : (a) [O Fris. 'ellik'.] ہر ایک ؛ ہر ۔

Each : (pron.) ہر ؛ ہر ایک ؛ دو میں سے ایک ؛ فی ۔

Each : (adv.) فرداً فرداً ؛ ایک ایک کر کے ۔

Each and every : (pron.) ہر شخص ۔

Each other : (phr.) ایک دوسرے سے ۔

Ead : Eadem کا مخفف بہ معنی ایک سا؛ ملتا جلتا ؛ یکرنگ ؛ جوں کا توں ۔

- eae : لاحقہ اسم جمع کے لئے، موجودات کی درجہ بندی کےلئے استعمال ہوتا ہےجیسے diatomeae اور floridease وغیرہ ۔

Eager : (a) [AFr. 'egre.'] (۱) مشتاق ؛ آرزو مند ؛ بیتاب ؛ تند ؛ متمنی ۔(۲) شدید خواہش یا اشتہا رکھنے والا ؛ سرگرم ۔

Eager : (v) اشتعال دلانا ؛ برافروختہ کرنا ؛ تحریک دینا ؛ ہیجان افروز کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ۔

Eager air : ٹھنڈی ہَوا ۔

Eager beaver : غیر معمولی طور پر سرگرم شخص ۔

Eagerly : (adv.) آرزومندی سے ؛ شوق سے ؛ تیزی سے ؛ مشتاقانہ ؛ سرگرمی سے ۔

Eagerness : (n) آرزومندی ؛ ذوق و شوق ؛ اشتہا یا خواہش کی شدت ؛ سرگرمی ۔

Eagle : (a) [AFr. 'egle.' L.'aquila.'] مانند عقاب (خاص کر تیز اور چمکیلی آنکھ کےلئے) ۔

Eagle : (v) (گولف) گیند کو دو یکساں ضرب میں گچی میں پہنچانا ۔

Eagle : (n) [A.F.'egle'.] (۱) عقاب ؛ ایک بڑا شکاری پرندہ جو اپنی قوت پرواز اور تیز نظری کے لئے مشہور ہے ۔ (۲) عقاب طاس یا سفید سر (ریاست ہائے متحدہ امریکا کی علامت) ؛ عقاب کی علامت رومی فوج کی علامت ہوا کرتی تھی ، شہنشاہیت کے عہد میں یہ علامت فرانس میں بھی کام آتی تھی ، زرہ کے اوپر عقاب کا نشان ہوا کرتا تھا (خصوصاً آسٹریا ، جرمنی اور روس کے عہد شہنشاہیت میں) ۔ (۳) ہر اس چیز کے لئے جس کی شکل عقاب کی طرح ہوتی ہے جیسے نشانِ کلیسا ۔ (٤) برج عقاب ۔(٥) امریکا کا ایک سونے کا سکہ جو دس ڈالر کے برابر ہوتا ہے ۔ (٦) گرجا کی پڑھنے اور گانے کی میز جو عقاب کی شکل کی ہوتی ہے ۔(۷) (حیوانیات) عقاب ۔ (۸) (فلکیات) نسر طائر؛ عقاب آسمان ۔

Double eagle : بیس ڈالر کا سکہ (سونے کا) ۔

Golden eagle : (حیوانیات) عقاب زریں ۔

Eagle boat : (n) آبدوز کو مارنے والا ایک جنگی جہاز جو تارپیڈو بوٹ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

Eagle dance : (n) امریکی انڈین کا ایک عام مذہبی رقص (بارش ، امن اور صحت کےلئے) ۔

Eagle eye : (n) غیر معمولی اشتیاق کے ساتھ دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی صلاحیت ۔

Eagle eyed : (a) تیز نظر؛ دوربیں ؛ عقابی نظر رکھنے والا ۔

Eagle fern : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Eagle fisher : (n) (حیوانیات) عقاب بحری۔

Eagle hawk : (n) (۱) دکھنی امریکا کا ایک شکاری پرندہ ۔ (۲) آسٹریا کا ایک گاؤ دم عقاب ۔

Eagle kite : (n) ایک قسم کی چیل ۔

Eagle owl : (n) (۱) رات کا ایک شکاری پرندہ ۔ (۲) یورپ کا سب سے بڑی قسم کا اُلو ۔ (۳) (حیوانیات) بڑا اُلو ؛ شاہ اُلو ؛ رات کا شکاری پرندہ ۔

Eagle scout : (n) Boy scout جسے اکیس امتیازی تمغے ملے ہوں ۔

Eagle - skate : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Eagle - stone : (n) (معدنیات) کرنجوا ؛ حجر الولادت ۔

Eagle vulture : (n) مغربی افریقہ کا ایک بڑا سیاہ و سفید پرندہ جو بعض خصوصیات میں کرگس اور عقاب سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Eagle wood : (n) [Fr. 'bois d'aigle.'] (نباتیات) عود ہندی ۔

Eaglet : (n) (۱) عقاب کا بچہ ۔ (۲) (حیوانیات) عقاب بچہ ۔

Eagre/Eager/Aegir : (n) [Unkn. origin.] دریا کے تنگ دہانے میں مد و جزر کی خلاف معمول بلندی ، یہ دو جوار بھاٹے کے ملنے سے بھی ہوتی ہے ؛ موج بلند ؛ (جغرافیہ) طغیان مدّ ؛ موج بلند ۔

-ean : ایک لاحقہ بمعنی "اہل" "متعلق بہ" ، "سے" ، اس کی دوسری صورتیں aian - ، aean- اور ian ہیں ۔

Ear : (n) [OE. 'eare'.] (۱) کان ؛ باہری کان ۔ (۲) درمیانی و داخلی کان ؛ سامعہ ۔ (۳) سننے والا عضو ؛ قوت سامعہ ؛ (واحد) آوازوں کو پہچاننے اور موسیقی کے وقفوں کو سمجھنے کی لیاقت ۔ (٤) باہری کان کی ہم شکل ہر آلہ یا کوزے کے دستے کی طرح ؛ ہر چیز کا دستہ ؛ کان نما ۔ (٥) ہمدردانہ توجہ ؛ رضاکارانہ سماعت ۔ (٦) (نباتیات و نفسیات) کان کی شکل کی کوئی تھیلی یا عضو ۔ (٧) (نباتیات) خوشہ ؛ بھٹا ؛ بالی ۔

A word in your ear : چپکے سے (بطور راز کے) ؛ کان میں (بات کہہ دینا) ۔

About one's ear : میزائلوں کی بوچھار ؛ گرتے ہوئے مکانات ۔

Bring (storm hornet's nest, & C.) about one's ear : طوفان برپا یا بپا کرنا ؛ بہت سے دشمن بنا لینا (وغیرہ) ۔

Button ear : (کتوں کے لئے) دوہرا کان جس سے اندرونی حصہ چھپ جاتا ہے ۔

By ear : کان سے ؛ سن کر ؛ کان میں ۔

Have a person's ear : مقبول ہونا ؛ کسی کا اعتماد حاصل کرنا ۔

I would give my ears : میں ہر طرح ایثار کرنے پر آمادہ ہوں ۔

Inner ear : (لسانیات) اندرونی کان ۔

It goes in at one ear and out at the other : ایک کان سے سننا دوسرے سے اڑا دینا ۔

Middle ear : (لسانیات) وسطی کان ۔

(Not to dare) for one's ears : سزا کے طور پر کان کاٹے جانے کی طرف اشارہ کرنا ۔

Outer ear : (لسانیات) بیرونی کان ۔

Over (head and) ears, up to the ears : : (استعارتاً) غرق ؛ مصروف ؛ مشغول ؛ ڈوبا ہوا ۔

Over head and ears (in) : (کسی چیز میں) غرق یا ڈوبا ہوا ہونا ۔

Pick up ones ears : کان کھڑے کرنا ؛ چوکنّا ہونا ۔

Rose ear : (کتوں کے لئے) پیچھے کی طرف مڑا ہوا کان ۔

Sent him away with a flea in his ear : اس کے کان کھول دیئے ؛ اس سے صاف صاف کہہ دیا ۔

Set (persons) by the ears : اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ شہ دینا (کسی کے خلاف) ۔

Set (person's) teeth on ear : چڑچڑا کرنا ؛ گھن دلانا ۔

Take the ear off : کُند کردینا ؛ شدت کم کردینا ؛ زور توڑ دینا (دلیل ، بھوک وغیرہ کا) ۔

To be all ears : ہمہ تن گوش ہوجانا ۔

To bow down one's ear /To incline one's ear : جان ودل سے سننا ۔

To give ear / To lend an ear : توجہ دینا ؛ دھیان دینا ۔

To set (persons) by the ears : لوگوں کو اختلاف میں ڈال دینا ۔

Were your ears burning last night : "آپکا ذکرخیرتھا"۔

Ear : (n) [OE.'ear.'] خوشہ؛ گندم ؛ خوشہ؛ حبوبات ؛ سنبلہ ۔

Ear : (v) جوتنا ؛ ہل چلانا ؛ خوشہ لگنا (گیہوں اور دوسری فصلوں میں) ۔

Ear bob : (n) (کان کا) بُندا ؛ آویزہ ؛ گوشوارہ ؛ بالی ؛ گل آویز کا پھول ۔

Ear - brisk : (a) چوکنا ۔

Ear - brush : (n) کن ڈونی ؛ کان صاف کرنے کا آلہ ۔

Ear - cap : (n) کنٹوپی ؛ سردی سے بچنے کے لئے کان کی ٹوپی۔

Ear -chamber : (n) اندرونی کان کا جوف ۔

Ear - cockle : (n) گیہوں کا ایک مرض جو بیج کی خرابی سے پیدا ھوتا ھے ۔

Ear - cough : (n) باہری کان کی سوزش سے پیدا ھونے والی کھانسی ۔

Ear - drop : (n) دیکھو Ear bob

Ear - drop : (n) (۱) (تشریح) طبل گوش ؛ سماخ گوش ۔ (۲) کان کا پردہ ؛ کان کا ڈھول ۔

Ear - flap : (n) کان کا باہری حصہ ؛ لَو ؛ بُنا گوش ۔

Ear for music : (n) موسیقی کا شوق ؛ گوش موسیقی ۔

Ear hole : (n) حلقہء گوش ۔

Ear lap : (n) لَو ؛ بنا گوش ۔

Ear - lobe : (n) (تشریح) بُن گوش ۔

Ear - lock : (n) (۱) کان کے اوپر بالوں کی لٹ ۔ (۲) (تشریح) کاکل ۔

Ear - mark : (v) (۱) بھیڑ یا دوسرے جانوروں کے کانوں پر نشان لگانا ۔ (۲) داغ لگانا ؛ مخصوص کرنا ؛ کسی مقصد کے لئے (سرمایہ) متعین کرنا ۔

Ear - mark : (n) (۱) بھیڑ یا دوسرے جانوروں کے کان پر نشان جس سے ملکیت کا پتا چلے۔ (۲) ملکیت کی مہر یا نشان؛ شناختی مارکہ ۔ (۳) تشخیص ۔

Ear - marked : (a) تشخیص شدہ ۔

Ear-phone : (n) (۱)(طبیعیات) ایرفون ۔ (۲) (صوتیات) اذنك ۔ (۳) ٹیلیفون یاوائرلیس کا آلہ جسے کان میں لگا کر سنتے ہیں ۔ (٤) گوش تلفون ۔

Ear - pick /-picker : (n) کان سلائی ؛ کان کو صاف کرنے والا آلہ ؛ نیز استعارتاً ۔

Ear - piece : (n) (طبیعیات) سماعیہ ۔

Ear - pieces / -plate : (n) (کلاہ) خود کا وہ حصہ جو کان کو چھپا کر رکھتا ھے ۔

Ear - screw : (n) پیچدار گوشوارہ ۔

Ear - shell : (n) (حیوانیات) گوش صدفہ ۔

Ear-sore : (n) (۱) کان کا زخم ۔ (۲) (روزمرہ) زود رنج ؛ بد مزاج ۔

Ear - speculum : (n) (طب) گوش بین ؛ مراۃ الاذن ۔

Ear- stone : (n) (طب) حصاۃ الاذن ۔ (۲) سنگ گوش ۔

Ear-tick : (n) دودھ پلانے والے جانوروں کے کان میں ھونے والی چچڑی (کِلّی) ۔

Ear-training : (n) (لسانیات) کان تربیت ۔

Ear-trumpet : (n) (۱) (صوتیات) سماعہ ؛ کَن تُرم ؛ سمعك ۔ (۲) کان کا آلہ ؛ اذنك (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سُن سکتے ہیں) ۔

Ear- vertigo : (n) (طب) دوارگوش ۔

Ear-wax : (n) (طب) چِرك گوش ؛ کان کا میل ؛ جِرم گوش ۔

Ear-wig : (n) حشرۃ الاذن ؛ کن گجر ؛ ایك کیڑا جس کی نسبت خیال ھے کہ کان میں گھس کر سر میں جا پہنچتا ھے ۔

Earache: (n) (طب) دردگوش ؛ وجع الاذن ؛ کان کا درد ۔

Eared : (a) بالی والا (پودا) ؛ (نقابت) خاص رنگ کی بالیوں والا ۔

Eared : (a) کان والا ؛ (نباتیات) گوشك دار ۔

Earing/Earring : (n) (۱) خوشے لگنا ؛ بال لگنا ۔ (۲) بادبان کی رسی جو اس کے اوپری گوشے کو بلّی میں باندھنے کے کام آتی ھے ۔ (۳) چھوٹی رسی جو بادبان کو مستول سےباندھتی ھے ۔

Earing : (v) سماعت میں آنا؛ کان میں آنا ۔

Earl : (n) [OE. 'eorl'.] (۱) انگلستان کے امراء کا خطاب ؛ Marquis اور Viscount کے بیچ کا خطاب ۔ (۲) (تاریخ) انگلستان کے ایك خطه بزرگ کا حاکم جیسے ویسیکس (Wessex) ۔

Earl Marshal : (n) ریاست کا ایك عالی رتبه حاکم جو پہلے پولس کا نمائندہ ھوا کرتاتھا (اب یه مقام موروثی ھے اور وہ ہیرالڈ کالج کا صدرھوتا ھے اورتقریبات کے فرائض کا ذمه دارھوتا ھے) ۔

Earldom : (n) [Earl + -Dom.] ارل کا خطاب یا ارل کی ریاست ؛ نوابی ؛ تعلقه ۔

Earless : (a) [Ear+ -Less.] (۱) بوچا ۔ (۲) بےگوش ؛ بے دسته ۔ (۳) (موسیقی) جو موسیقی کا ذوق نه رکھے؛ جو موسیقی کے ذوق کا حامل نه ھو ۔

Earlet : (n) [Ear+ -Let.] کوئی چیز جو چھوٹے کان سے مشابه ھو ۔

Earlier on : (adv.) اولین مراحل میں ۔

Earliness : (n) علی الصباح ؛ ابتدائی مرحله ؛ ٹھیك وقت پر ھونا ۔

Earls wood : (n) ریڈہل (انگلستان) میں کمزور دماغ والوں کے لئے شفاخانه ۔

Earlship : (n) [Earl+-Ship.] (۱) (تاریخ) ارل کا رتبه یا عہدہ ۔ (۲) مردانگی ؛ انسانیت ؛ فتوت ۔

Early : (a) [OE. 'aerlice.'] (۱) جلد؛ جلدی ؛ قبل ؛ قبل از وقت؛ وقت سے پہلے؛ سویرے؛ شروع ۔ (۲) کسی عہد یا قوم کی تاریخ، دنیا، سائنس کے ابتدائی مرحلے سے متعلق ؛ قدیم ۔ (۳) کسی مسلسل عمل وغیرہ کےابتدائی حصے سےمتعلق ؛ نیز بر وقت ۔ (٤) کسی سلسلهٔ آغاز کے پاس ۔

Early : (adv.) (۱) کسی عہد کےآغازکے قریب ۔ (۲) بہت پہلے ۔ (۳) کسی مسلسل فعل وغیرہ کے ابتدائی حصے میں ؛ موقع پر ۔ (٤) کسی ترتیب میں شروع کے قریب ۔

Early bird : (a) سحر خیز ؛ سویرے اٹھنے والا ۔

Early closing : (n) مزدوروں کے کام کے اوقات کم کرنے کی تحریك (بعد میں) ہفته میں ایك دن دکانوں کو سویرے بند کرنے کا قاعدہ ۔

Early English : (n) (تعمیرات) برطانوی فن تعمیر کا ایك طرز جو نارمن کے بعد مستعمل ھوا اور جو نوکدار محرابوں اور نشتر نما دریچوں کی خصوصیت رکھتا ھے ۔

Early victorian : (a) (۱) وکٹوریا کے ابتدائی عہد کے ۔ (۲) پرانے طرز والے ۔

Earn : (v) [OE. 'earnian, arnen'.] (۱) محنت کی اجرت پانا؛ (اجر یا انعام) پانا ؛ کمانا ۔ (۲) حاصل کرنا ۔ (۳) پیدا کرنا ۔ (٤) باعث ھونا ؛ فراہم کرنا ۔ (٥) سزاوار ھونا ؛ لائق ھونا ۔

Earn : (v) (۱) (روزمرہ) دہی جمنا ۔ (۲) ڈرانا ؛ وحشت زدہ کرنا ۔

Earn : (n) Erne کی متبادل شکل ؛ عقاب ۔

Earned income : (n) (تجارت) اکتسابی آمدنی ۔

Earned leave : (n) مسکوبه رخصت : (انتظامیه) مسکوبه ۔

Earned premium : (n) (تجارت) اکتسابی پریمیم ۔

Earned surplus : (n) (تجارت) اکتسابی بیشی: اکتسابی زائد ۔

Earned wage : (n) (سماجیات) کمائی ھوئی اجرت ۔

Earnest : (a) [OE. 'eornust'.] (۱) مشتاق ؛ شوقین ؛ دل گرم ۔ (۲) واقعی ؛ پرخلوص ؛ سنگین ؛ درپے ؛ سچ مچ کوشاں ۔ (۳) مہم؛ زیادہ ؛ بلیغ ۔ (٤) وقیع ؛ توجه خاص کا طالب ؛ سچا قصد ؛ سنجیدگی ؛ شدت آرزو ؛ سختی ؛ وقار ۔

In earnest : دل سے ؛ واقعی ؛ مستعدی سے ۔

Be in earnest : دل سے کہنا ؛ سچ کہنا ؛ واقعی ھونا ۔

Earnest : (v) اظہار شوق کرنا ؛ جذب و شوق کا اظہار کرنا ۔

Earnest money : (n) زر پیشگی ؛ بیعانه ۔

Earnestly : (adv.) سنجیدگی سے ؛ واقعی ۔

Earnestness : (n) [Earnest + - Ness.] سنجیدگی ؛ شوق ؛ سرگرمی ؛ مستعدی ۔

Earnful : (a) مضطرب و غمگین ؛ نگراں ؛ شائق ؛ مشتاق ؛ آرزومند ۔

Earning : (n) (۱) کمائی ؛ آمدنی شائستگی ۔ (۲) (جمع میں) نفع ۔ (۳) سیب کی ایک قسم ۔

Gross earning : (تجارت) خام آمدنی ۔

Net earning : (تجارت) خالص آمدنی ۔

Nominal earning : (معاشیات) معمولی آمدنی ۔

Earning capacity standard : (n) (تجارت) معیار صلاحیت پیداوار ؛ معیار اکتساب ۔

Earning-grass / -butterwort : (n) (نباتیات) حشیشة الدہن ۔

Earnings : (n) آمدنی ؛ کمائی ؛ آمدنیات ۔

Earring : (n) بُندا ۔

Earsh : (n) لفظ Eddish کا غلط تلفظ جس کے معنی ہیں : ۔ (۱) کاٹا ہوا کھیت ۔ (۲) پارک یا گھری ہوئی چراگاہ (دام کے لئے) ۔ (۳) کھیت ۔

Earshot : (n) حد سماعت ؛ گوش رس ؛ وہ دوری جہاں تک آواز سنی جائے ؛ سماعت ۔

Within earshot : سنے جانے کے قابل ۔

Earsnail : (n) (حیوانیات) حلزون کی قسمیں ۔

Earth : (n) [OE. 'eorpe.'] (۱) خاک ؛ زمین ؛ کرۂ زمین ؛ سطح زمین ؛ دھرتی ؛ ربع مسکون ۔ (۲) سوراخ یا جانوروں کا بھٹ (جیسےلومڑی وغیرہ کا) ۔ (۳) زراعتی زمین ؛ مزروعہ ۔ (٤) (برقیات) موصل تار کا زمین سے اتصال ؛ خواہ اتفاقی (برقی رو رِسنے سے) ہو یا ارادی (ٹیلیگراف کی رو وغیرہ کے لئے واپسی راستہ دینے کےلئے) ؛ ارضہ ؛ ارتھ ۔ (٥) سوکھی مٹی ۔ (٦) بر ؛ قارہ؛ خشکی و دریا پر مشتمل زمین ۔ (۷) گیتی؛ عالم فانی ؛ دنیائے فانی ؛ ارض ؛ دنیا ۔ (۸) کرۂ زمین ؛ کرۂ خاکی ۔ (۹) خاک زمین ؛ مملکت ؛ کرۂ زمین کا ایک حصہ ۔ (۱۰) سطح زمین کا حصہ (جیسے مٹی ، تودہ، خاک وغیرہ) ۔ (۱۱) بدن ؛ جسم ۔ (۱۲) خاک ؛ عناصر اربعہ میں سے ایک ۔ (۱۳) (کیمیا) بعض دھاتوں کے آکسائڈ کے لئے جیسے آلومینیم ، میگنیشیم وغیرہ کے آکسائڈ اور چونا اور اسٹرنشیم کے لئے ۔

Alkaline earth : (کیمیا) قلوی مٹی؛ قلوی آکسائڈ ۔

Fuller's earth : (ارضیات) ریہ ۔

Earth : (v) (۱) سپرد خاک کرنا ؛ دفن کرنا ۔ (۲) زمین میں چھپنا ؛ مٹی سے چھپانا ؛ نیز استعارتاً ۔ (۳) سوراخ یا بھٹ میں گھسیڑنا(لومڑی کو)؛ بھٹ میں گھسنا ۔ (٤) (برقیات) ارتھ کرنا ؛ ارضہ لگانا ؛ موصل کو (زمین سے) جوڑنا ۔ (٥) مٹی بھرنا (آلو وغیرہ کی کھیتی کے لئے) ۔

Earth aerial/Ground antenna : (n) ارضی ایریل؛ ارضی انٹینا ۔

Earth almond : (n) (نباتیات) مونگ پھلی ۔

Earth apple : (n) (نباتیات) ککڑی ؛ آلو کی ایک قسم ۔

Earth axis : (n) (جغرافیہ) محور زمین ۔

Earth bags / Sand- : (n) بالو کے بورے ۔

Earth balls : (n) ایک طرح کی کھمبی جو زمین سے پیدا ہوتی ہے ۔

Earth battery : (n) (برقیات) کچھ فاصلہ پر دو والتائی عناصر کو گاڑنے سے بننے والی بیٹری ؛ زمینی بیٹری ۔

Earth bed : (n) قبر ؛ بسترخاکی ۔

Earth board : (n) ہل کا مٹی پھینکنےوا لاحصہ ؛ خاک برگردا ں ۔

Earth bole : (n) بھونرے کا پہل روپ ۔

Earth - born : (a) خاکزاد ؛ خاکی ؛ فانی ؛ پست ؛ ارضی ۔

Earth - born : (n) (۱) کسی ملک کے قدیم ترین باشندے ؛ بومی ۔ (۲) خاکی نژاد ۔

Earth - chestnut : (n) (نباتیات) پستہ زمینی ؛ مونگ پھلی ؛ پستہ عربستانی ۔

Earth - clay : (n) (ارضیات) سفالی مٹی ۔

Earth-closet : (n) پاخانہ کا قدمچہ جہاں بو دور کرنے کے لئے مٹی ڈال دی جاتی ھے ۔

Earth coil : (n) (برقیات) ارضی امالہ گیر ۔

Earth connected : (a) (برقیات) زمین دوختہ ۔

Earth current : (n) (برقیات) برق زمین ؛ زمین سے برقی رو کا بےقاعدہ ھو جانا جس سے عارضی طور پر ٹیلیگراف کےتار خراب ہوجاتے ہیں: (ارضیات) زمین کی رو ؛ ارضی رو ؛ ارضی دھار ۔

Earth eater : (n) (حیوانیات) گِل خور ۔

Earth - flax : (n) (۱) اسبسٹس : ایک ریشے دار معدنی شے ؛ فتیل ۔ (۲) نہ جلنے والی روئی : ریشہ دار زبرجد ۔

Earth - gall : (n) (نباتیات) چھوٹا قنطاری ۔

Earth god : (n) ہریالی اور زرخیزی کا دیوتا (نچلے طبقہ کےلئے) ۔

Earth goddess : (n) ہریالی اور زرخیزی کی دیوی (سماج کے نچلے طبقہ کےلئے) ۔

Earth hog : (n) دیکھو Aard - vark

Earth house : (n) تہہ خانہ ۔

Earth hunger : (n) مٹی کھانے کا مرض؛ مٹی کھانےکی ھَوس ۔

Earth - induction : (n) (برقیات) ارضی امالہ ۔

Earth - inductor : (n) (برقیات) ارضی امالہ گیر ؛ (طبیعیات) ارضی انڈکٹر ۔

Earth - lead : (n) (تلغرافی) ارضی تار ۔

Earth lichen : (n) (نباتیات) مٹی سے پیدا ھونے والی کائی ۔

Earth - light / - shine : (n) چاند کے تاریک حصے کا زمین کی روشنی سےمنور ھونا؛ (فلکیات) نورالارض ۔

Earth - lit : (a) زمین کی روشنی سے منّور ۔

Earth lodge : (n) مٹی کا بنا گھر (سورکا بھٹ) جو اکثرلکڑی کےتختے پر ٹکا ھوتا ھے اور عموماً اس کا کچھ حصہ زمینی سطح سے نیچےھوتا ھے ۔

Earth louse : (n) (حیوانیات) پودوں کی جڑوں پر زندہ رہنے والے کیڑے کی ایک نوع ۔

Earth man : (n) کرہ٭ ارض کا باشندہ ۔

Earth - metal : (n) ایک دھات جس کا آکسائڈ زمین ھوتی ھے ۔

Earth mother : (n) زمین خاکی زندگی کا سماوی سرچشمہ (قدیم الٰہیات) تصور کی جاتی تھی ؛ پیدائش کا نسائی تخیل ۔

Earth movement : (n) زمین کے طبقات میں تبدیل پذیر حرکت ؛ زمین کا چڑھاؤ یا اتار ۔

Earth - nut : (n) (۱) مونگ پھلی ۔ (۲) ترفاس ؛ دنبلان ۔ (۳) (نباتیات) پستہ زمینی ؛ پستہ٭ عربستان ۔

Earth - oil : (n) (کیمیا) مٹی کا تیل ؛ کراسن تیل ۔

Earth people : (n) انسان ؛ بھوت پریت جو اس دنیائے دنی میں رہتے ہیں (نواھو عقیدے کے مطابق) ۔

Earth physics : (n) ارضی طبیعیات ۔

Earth pig : (n) دیکھو Aard-vark

Earth - pillar / - pyramid : (n) (ارضیات) خاکی ستون ؛ مٹی کا گھیرا؛ مٹی ؛ مٹی کا ستون نما تودہ ؛ چٹانی ستون ۔

Earth plate : (n) (۱) (تلغرافی)زمین دوزتختی ۔ (۲) (برقیات) دھات کی تختی جو زمین کے اندر ھو اور ٹیلی گراف کی بیٹری سے ملحق ھو ۔

Earth point : (n) (ارضیات) نقطہ٭ ارض ۔

Earth potential : (n) (برقیات) قوہ٭ ارض ۔

Earth quadramt : (n) زمین کے محیط کا چوتھائی حصہ ۔

Earth road : (n) کچی سڑک ۔

Earth sack : (n) دیکھو Earth bags

Earth satellite : (n) (طبیعیات) زمین سیارہ ۔

Earth science : (n) (۱) زمین یا اس کے ایک یا کئی خطوں سے متعلق سائنس (جیسے ارضیات ، ارضی طبیعیات ، جغرافیہ، ارضی کیمیا، بحری جغرافیہ یا موسمیات) اکثر جمع میں استعمال ھوتا ھے۔ (۲) ارضی سائنس میں سے کوئی ایک ۔

Earth screen : (n) (شعاعیات) بدل ارضیہ ۔

Earth shaker : (n) لیاقت ، اہمیت یا مرتبہ میں کوئی غیر معمولی شے ۔

Earth shaking : (a) بنیادی طور پر اہم ۔

Earth shine : (n) (۱) چاندنی میں زمین کی روشنی کا انعکاس ۔(۲) زمین تاب ۔(۳) نور الارض ۔

Earth shock : (n) زلزلہ (کسی خاص مقام میں) ۔

Earth slide : (n) (ارضیات) چٹانی پھیلاؤ ۔

Earth smoke : (n) (نباتیات) شاہترہ (ایک پودا) ۔

Earth sounds : (n) زلزلے سے پیدا ہونے والا ارتعاش جو زمینی ارتعاشات کے فضا میں گونجنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Earth spirit : (n) زمین جو شاعرانہ طور پر دیوی کی طرح مشخص کی جاتی ہے ۔

Earth spring : (n) (برقی مشینوں میں) زمین سے ملحق اسپرنگ ۔

Earth - star : (n) (۱) سماروغ ۔(۲) سماروغ کی ایک نوع جو ستارے کی طرح معلوم ہوتی ہے ۔

Earth-stopper : (a) شکار کرنے سے پہلے لومڑیوں کے بھٹ کو بند کرنے والا ۔

Earth system : (n) (شعاعیات) ارض نظام ۔

Earth system of anantenna/Ground system : (طبیعیات) انٹینا کا ارضی نظام ۔

Earth-table : (n) (تعمیرات) دیوار کی کرسی جس کا ابھرا ہوا حصہ زمین کی سطح سےٹھیک اوپر ہوتا ہے ۔

Earth thermometer : (n) (طبیعیات) ارضی تپش پیما ۔

Earth tide : (n) بحری مدو جزر پیدا کرنے والی قوتوں سے زمینی تہوں میں ظہور پذیر ہونے والا دوری تغیر ۔

Earth tilting : (n) زمین کی سطح کے کسی حصہ میں پیدا ہونے والا جھکاؤ خصوصاً جبکہ زمین کا جھکاؤ بڑھ جائے ۔

Earth tremor : (n) معمولی یا معتدل شدت کا زلزلہ ۔

Earth wave : (n) (۱) زمین کی تہوں میں زلزلے کا ارتعاش ۔ (۲) زمین کی سطح پر غیر متحرک خطوط ۔

Earth wire : (n) (برقیات) ارضی تار ؛ زمینی تار ۔

Earth witness : (n) شاہد گوشی ؛ وہ شخص جو اس بات کی تصدیق کرے جو اس نے خود سنی ہے ۔

Earth-wolf : (n) دیکھو Aard wolf

Earth worm : (n) دیکھو Eace-worm

Earth worms : (n) خراطین ؛ کیچوے ۔

Earthed : (a) (برقیات) زمین بند ۔

Earthen : (a) [Earth+ -En.] (۱) خاکی ؛ گلی ؛ سفالی ؛ مٹی کا ۔ (۲) مادی ؛ جسمانی ۔

Earthenware : (n) سفالین ؛ سفال؛ سفالی برتن؛ ظروف گلی؛ مٹی کے برتن ۔

Earthenware pipe : (n) گلی نلی ۔

Earthien : (n) زمین پر رہنے والا؛ زمین باشی ۔

Earthiness : (n) (۱) مٹیالاپن ؛ مٹی کا ہونا ۔(۲) ارضیت ؛ حقیقت ؛ واقعیت ۔ (۳) کھانے میں مٹی جیسا مزہ ہونا ۔

Earthing : (n) (برقیات) زمین بندی ۔

Earthing : (a) زمین بند ؛ زمین واصل ۔

Earthing connection : (n) (برقیات) زمین بندی ؛ زمین بند جوڑ ۔

Earthliness : (n) دنیوی ہونا ؛ ارضی ہونا ۔

Earthling : (n) [Earth + - ling.] (۱) زمین باشی خصوصاً فانی انسان ۔(۲) دنیوی آدمی ۔

Earthly : (a) (۱) زمین کی خاصیت رکھنے والا یا اس سے متعلق؛ واقعی؛ حقیقی؛ دنیوی ؛ غیرروحانی ؛ غیرتخیلی؛ خاکی؛ فرشی؛ ارضی ۔(۲) (متروک) گلی ؛ سفالی ۔(۳) موجودہ ؛ زندہ ؛ خاکی ۔ (٤) حقیقتوں اور صداقتوں کے موافق قابل تصور ؛ ممکن ۔

Earthly-minded : (a) دُنیوی ۔

Earthmover : (n) زمین کھودنے یا مٹی کا ڈھیر ہٹانے یا لےجانے والی مشین (راہ سازی کے لئے) ۔

Earthquake : (n) زلزلہ ؛ بھونچال ؛ مجازاً انقلاب ؛ زمین کی تہوں میں پیدا ہونے والے ارتعاشات جن کے نتیجہ میں پہاڑ بن جاتے ہیں یا زمین کے طبقات میں سنگین تحرکات پیدا ہوتے ہیں جو آتش فشاں ہوتے ہیں یا جرمانی ۔

Earthquake belt : (n) (ارضیات) زلزلے کی پٹی ۔

Earthquake insurance : (n) زلزلے سے ہونے والے مکان یا اثاثہ میں نقصانات کا بیمہ ؛ (تجارت) زلزلہ بیمہ ۔

Earthquake intensity : (n) (ارضیات) زلزلے کی شدت ۔

Earthquake-proof : (a) (ارضیات) زلزلے سے غیر متاثر ۔

Earthquake-wave : (n) سسمی لہر ؛ زلزلی لہر ۔

Earthquaked : (a) زلزلہ یا بھونچال سے اثر زدہ ؛ زلزلے کی زد میں ۔

Earthquaking : (a) زمین ہلانے والی گرج یا آواز ۔

Earthquaky : (a) زلزلے کے اثرات یا مخصوص ارتعاشات کا اشاریہ ۔

Earth's crust : (n) (ارضیات) قشر ارض ۔

Earth's exterior : (n) (ارضیات) بیرون ارض ۔

Earth's interior : (n) (ارضیات) اندرونی ارض ۔

Earth's magnetism : (n) ارضی مقناطیسیت ۔

Earth's orbit : (n) (فلکیات) مدار ارض ۔

Earth's way : (n) (فلکیات) سیر الارض ؛ طریق الارض ۔

Earthward : (adv.) زمین کی طرف ۔

Earthwork : (n) (۱) (انجینیئرنگ) مٹی کا کام ۔ (۲) مٹی کا دُھس ۔

Earthy : (a) (کیمیا) خاکی ؛ مٹی کا ؛ مٹیالا ؛ (مجازاً) سراسر مادّی ۔

Earwig : (v) کسی کے کان بھرنا ۔

Earwort : (n) گھاس کی ایک قسم جو کان کی بیماری میں دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Ease : (n) [OFr.'eise'.] سہولت ؛ آرام ؛ چین ؛ سکھ ؛ عافیت ؛ آسائش ؛ فراغت ؛ سلامتی ۔

At ease/ At ones ease : آرام سے ؛ سکھ سے ۔

Chapel of ease : سہولت ۔

Ill at ease : مضطرب ؛ پریشان ۔

Stand at ease : (فوجی) داہنے پیر کو ذرا پیچھے ہٹاکر اور اس پر جسم کازور دے کر کھڑا ہونا ۔

To take one's ease : اپنے آپ کو آرام پہنچانا ۔

Ease : (v) [OFr. 'eiser'.] (۱) درد مٹانا ؛ دکھ دور کرنا ؛ آرام دینا ؛ سکھ پہنچانا ؛ تسکین دینا ۔ (۲) (مزاحاً) لوٹ لینا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ ٹھیک کرنا ۔ (۳) (بحری) رسی یا بادبان کا ڈھیلا کرنا ۔ (٤) انجن کی رفتار دھیمی کرنا ۔

Ease off : (v) ہلکا ہو جانا ۔

Easeful : (a) آرام دہ ؛ مسکّن ؛ ساکن ؛ کاہل ؛ آرام طلب ؛ راحت رساں ۔

Easefully : (adv.) سستی سے ؛ منھے پن سے ۔

Easefulness : (n) کاہلی ؛ آرام طلبی ؛ منھاپن ۔

Easel : (n) [Du. 'ezel'.] (تعمیرات) نقاشی تپائی ؛ ٹیکن ۔

Easeless : (a) [Ease + -less.] بے آرام ؛ بے چین ۔

Easement : (n) [OFr.'aisement'.] (۱) (قانون) حق آسائش ؛ دوسرے کی زمین پر مرور کا حق ؛ حق العبود ؛ حق گذر ؛ حقابہ ۔ (۲) اصل عمارت سے متعلق ۔ (۳) (قدیم) آسائش ؛ تکلیف یا بار سے چھٹکارا ۔

Easily : (adv.) آسانی سے ؛ بے فکری سے ؛ جلد ؛ آزادانہ ؛ بےنیازی سے ؛ معمولی طور پر ۔

Easiness : (n) آسانی ؛ سہولت ؛ آسودگی ؛ راحت ۔

Eassel : (adv.) مشرق کی طرف ؛ پورب کی جانب سے ۔

East : (n) [OE.'east'.] پورب ؛ مشرق ؛ خاور ؛ پورب ملک ، خطہ یا شہر کا مشرقی حصہ ۔

East : (adv.) طلوع آفتاب کی سمت ؛ افق کے اس نقطہ کی سمت جو شمالی نقطے کے راست سے عمود بناتی ہو ۔

East : (a) پوربی؛ شرقی؛ خاور؛ پورب ملک، خطہ یا شہر کا مشرقی حصہ ۔

Far east : مشرق اقصیٰ ؛ چین جاپان وغیرہ ؛ مشرق بعید ۔

Near east : مشرق قریب ؛ ترکی وغیرہ ۔

To the east (of) : پورب کی طرف ۔

East : (v) (۱) پورب کی طرف حرکت کرنا ۔ (۲) اپنا صحیح موقع پیدا کرنا؛ آشنائی حاصل کرنا ؛ واقف ہونا ۔

East by North : پورب سے ۱۱ ۱/٤ کے فاصلے والے نقطے ۔

East club : (n) لبرل کلب جو سنہ ۱۸۸۰ میں قائم کیا گیا ۔

East country : (n) کوئی مشرقی ملک خصوصاً بالٹک کا خطہ ۔

East-end : (n) کسی چیز کا پوربی حصہ ؛ لندن کا مشرقی حصہ ۔

East India /- Indies : (n) جزائر شرق الہند ۔

East Indian : (a) مشرقی ہندوستان سے متعلق ۔

East Indies : (n) (جزائر) شرق الہند ۔

East West asymmetry : (n) (طبیعیات) مشرقی مغرب غیر سمٹری۔

East wind : (n) پوروا ؛ پروا؛ صبا؛ مشرقی ہَوا؛ باد شرقی ۔

East windy : (a) (۱) ناگوار ؛ ناخوشگوار ؛ نامرغوب ۔ (۲) ناپسندیدہ؛ ناشانستہ؛ مکروہ ۔ (۳) بےرنگ؛ پیلا ۔ (٤) بےگیاہ ؛ کھلا ہوا (میدان وغیرہ) ؛ لق و دق (میدان) ۔ (٥) اجاڑ ؛ ویران ۔

Eastender : (n) لندن کے پوربی حصے کا رہنے والا ۔

Easter : (n) [OE.'eastre'.] (۱) ایسٹر ؛ عیسایئوں کا تہوار جو ۲/مارچ یا اس کے بعد کے پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے ۔ (۲) حضرت عیسیٰ کے قبر سے اٹھنے کا دن ۔

Easter anemone : (n) (نباتیات) شقائق نعمانی ۔

Easter eggs : (n) رنگے ہوئے انڈے جو ایسٹر میں دوستوں کو تقسیم کئے جاتے ہیں ۔

Easter eve : (n) ایسٹر سے قبل کا دن ۔

Easterlies : (n) (ارضیات) مشرقی ہَوائیں ۔

Easterling : (a) (۱) (تاریخ) مشرقی (مشرق کا باشندہ) ۔ (۲) بالٹک سواحل کاباشندہ ؛ ایک پینی کےوزن کےبرابر ۔ (۳) (نسل) مشرقی ملک یا ضلع کا باشندہ ؛ مشرقی کلیسا کا ممبر (متروک) ۔

Easterly : (a) مشرقی ؛ پوربی ؛ شرقی ؛ خاوری ۔

Easterly : (adv.) مشرق کی طرف ؛ شرق رویہ ؛ پورب سے ۔

Easterly wind : (n) پوروا ؛ مشرقی ہَوا ؛ صبا ۔

Eastern : (n) شرقی ؛ مشرقی ؛ پوربی ۔

Eastern : (a) خاوری ؛ مشرق کا ؛ مشرق سے متعلق ؛ شرقی ۔

Eastern church : (a) یونانی کلیسا ۔

Eastern most : (a) انتہائی مشرق ۔

Eastern question : (n) مشرقی مسئلہ ؛ مشرقی پورب کا مسئلہ؛ (سیاسیات) خاص کر ترکی معاملات کا مسئلہ ۔

Easting : (n) (سروے) شرقیت ؛ (بحری) جہاز کو پورب رخ لے جانا ؛ پوربی رخ ؛ پورب رخ کاراستہ ۔

Eastland : (n) مشرقی ملک یا ضلع خصوصاً بالٹک کے سواحلی علاقے ۔

Eastward : (adv.) (ارضیات) جانب مشرق ؛ مشرق کی طرف؛ پورب کےرخ ۔

Eastward : (a) پوربی سمت کا ؛ شرقی ۔

Eastward position : (n) عشائے ربانی کے وقت مشرق کی طرف رخ کرنا ؛ عیسائیوں کا قبلہ ۔

Eastwardly : (adv.) پورب کی سمت ؛ پوربی جانب سے ۔

Eastwardly : (a) شرقی ؛ پوربی رخ کا ۔

Easy : (a) [A Fr.'aise', OFr.'aisie'.] (۱) آسان ؛ سہل ؛ آرام دہ ۔ (۲) جس میں لوچ ہو ۔ (۳) نرم مزاج شخص ۔ (٤) مطمئن ؛ بے فکر ۔ (٥) (تجارت) وہ جنس جس کی مانگ کم ہو ۔ (٦) مندا ۔

Easy : آہستہ آہستہ ؛ قدم اٹھاؤ ۔

An easy : ذرا دیر دم لینا ۔

Stand easy / Stand at ease / Take it easy : گھبراؤ مت ؛ دل جمعی سے کنے جاؤ ۔

Easy all : شہر جاؤ ؛ (کشتی کی دوڑ میں) ۔

Easy chair : (n) آرام کرسی ۔

Easy circumstances : (n) خوش حالی ؛ فارغ البالی ؛ آسودہ حالی ۔

Easy going : (a) (۱) آرام طلب (شخص) ؛ سست ۔ (۲) میٹھی چال سے چلنے والا گھوڑا ۔

Easy manners : (n) بے تکلفی ؛ بے جھجک طرز یا روش ۔

Easy of access / Accessible : (a) سہل الحصول ۔

Easy of belief : زود باور ؛ آسانی سے یقین کنےجانےکے لائق ۔

Easy style : (n) سلیس طرز بیان ؛ طرز رواں ۔

Eat : (v) [OE.'etan.'] (۱) کھانا ؛ تناول کرنا؛ چبانا اورنگلنا ؛ چٹ کر جانا۔(۲) گھسنا ؛ پھٹنا ؛ پھاڑنا ؛ کھانا ۔ (۳) کترنا؛ گھلانا؛ تحلیل کرنا ۔ (٤) سوراخ کرنا (تیزابی کیفیت سے) ۔ (٥) کتر کر راستہ بنانا ۔

To be eaten up with pride : کبر ونخوت میں چور ۔

To eat away : گھن لگنا ؛ (رفتہ رفتہ) تباہ کرنا ؛ غارت کردینا ؛ چاٹ جانا ۔

To eat humble pie : عاجزی سے معذرت کرنا؛ خفت اٹھانا۔

To eat one's own heart : دل میں کڑھنا ۔

To eat one's terms /- dinners : بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنا ۔

To eat one's words : خفیف ہو کر اپنی بات پلٹنا یا واپس لینا ۔

To eat (person) out of house and home: کسی کی ساری املاک کھا جانا ؛ (مجازاً) کسی کا سارا گھر تہس نہس کر ڈالنا ۔

To eat up : کھا جانا ؛ صفایا کردینا ۔

Well, don't eat me : (مزاحاً)میرا سر کیوں کھاتےھو ۔

Eat : (n) خوردنی ؛ غذا ؛ غذا کھانا ۔

Eatable : (a) کھانے کے قابل ؛ خوردنی ؛ خوراک ؛ ماکول ؛ (جمع) غذا ؛ اشیائے خوردنی ؛ ماکولات ۔

Eatage : (n) (۱) چرنے والی گھاس ۔ (۲) چراگاہ استعمال کرنے کا حق ۔

Eater : (n) یہ لاحقہ کے طور پر استعمال ھوتا ھے بمعنی "کھانے والا"یا "خوار"جیسے man - eater آدم خوار ۔

Eating : (n) (۱) کھانا ؛ غذا کھانا ؛ غذا ؛ کسی چیز کو آہستہ آہستہ کھانا ۔ (۲) خوردنی ؛ خوراک ۔

Eating apple : (n) کھانے والا سیب ۔

Eating house : (n) ریستوران ۔

Eau : (n) [Fr.'water.'] (فرانسیسی زبان میں)عرق ؛ پانی ۔

Eau - decologne : (n) اُود کلون ۔

Eau de javelle : (n) (کیمیا) آب جاول ۔

Eau de nil : (n) نیلگوں رنگ ۔

Eau de vie : (n) (کیمیا) عرق ؛برانڈی ؛ (اساطیر) آب حیات ۔

Eave : (n) [f. Eaves.] اولتی ؛ چھجے کا موتیا؛ لبِ بام ؛ (شعر) (جمع میں) پلک ۔

Eave : (v) اولتی کے نیچے پناہ لینا ۔

Eaved : (a) خوشہ دار؛ سنبلہ دار؛ بال لگا ھوا؛ (نباتیات) خوشہ دار؛ خوشہ لگا ھوا ؛ (نقابت) کسی خاص شنکچر کے گوشے رکھنے والا ۔

Eaver : (n) [of unkn. origin.] (روز مرہ) ایک قسم کی گھاس ۔

Eaves drop : (v) (۱) اولتی سے پانی کا گرنا ۔ (۲) اولتی کے نیچے چھپ کر باتیں سننا ؛ چھپ کر سن گن لینا ۔

Eaves-drop : (n) اولتی سے پانی گرنے کی جگہ ۔

Eaves dropper : (n) چھپ کر سن گن لینے والا ۔

Eaves molding/Eave - : (n) عمارت کی اولتی کا زیریں حاشیہ ۔

Eaves swallow / Eave - : (n) کسی عمارت کی اولتی میں آشیانہ بنانے والی ابابیل۔

Eaves tile / Eave- : (n) کسی عمارت کی اولتی کے لئے استعمال ہونیوالی ٹائل۔

Eaves trough / Eave-: (n) اولتی کی نالی۔

Ebb: (n) [OE.'ebba'.] جزر (مقابل مد) ؛ بھاٹا؛ سمندر کی طرف مد کی موجوں کا لوٹنا ؛ استعارتاً انحطاط ؛ زوال ؛ بدتر حالت کی طرف آنا۔

Ebb: (a) (۱)چھچلا (متروک)۔(۲) سطح کے قریب۔

At a low ebb : تنزل کی حالت میں۔

Ebb : (v) [OE. ' ebbian'] (۱) اترنا ؛ گھٹنا جیسے سمندر کے پانی کا یا ندی کا جس میں جواربھاٹا آتا ہو۔ (۲) زوال ہونا؛ انحطاط پذیر ہونا ؛ برباد ہونا۔(۳) مچھلیوں کو گھیر کر جوار کا پانی اترتے وقت ان کا شکار کرنا۔

Ebb and flow : (n) مد و جزر ؛ جزرو مد ؛ جوار بھاٹا۔

Ebb- and- flow structure : (n) تہ دارچٹان کی ساخت جس میں افقی اورالٹی تہیں ہوتی ہیں : جس کے بارےمیں یہ خیال ہے کہ یہ مد و جزر سے بنتی ہے۔

Ebb tide : (n) (۱) جزر ؛ اتار؛ (مجازاً) انحطاط ؛ تنزل۔ (۲)جزر کے دوران مد (Flood Tide کے مقابل)۔ (۳) (سماجیات) زوال کا دور یا حالت۔

Ebenaceae : (n) [L.'ebeneus'.] (نباتیات) آبنوسیہ۔

Ebenales : (n) جھاڑیوں اور درختوں کی ایک نوع۔

Ebeneous : (a)[f.L.'ebeneus'.] آبنوسی؛ آبنوس کی فطرت کا۔

Ebenezer : (n) [Heb.'eben ha -'ezer'.] (۱) میز پہ (Mizpeh) کی فتح کے بعد سموئل کے ذریعہ قائم شدہ یادگار پتھر کا نام ؛ مجازی معنو ں میں جذبے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔(۲) بپتسما دینے والوں کی جلسہ گاہ کا نام ؛ تائید ایزدی کی یادگار۔ (۳) (روزمرّہ) غصہ۔

Eberthella : (n) [L.] جرثومہ (بیکٹیریا) کی ایک قسم جس سے کاربو ہائڈریٹ میں تیزاب پیدا ہوتا ہے مگر گیس نہیں بنتی۔

Ebionite : (n) [L.'ebionita.'] ایک فرقہ جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ ایک معمولی انسان تھےاور حضرت موسیٰ کے قوانین عیسائیوں کےلئے لازمی ہیں۔

Ebionitic : (a&n) ایبونائٹس سے متعلق یا ان کے اصول۔

Ebionitism / Ebionism : (n) ایبونائٹس کے اصول۔

Ebionize : (v) ایبونائٹزم قبول کرنا۔

Eblis / Eblees : (n) [Arab.] ابلیس ؛ شیطان۔

Eblis boat : (n) شیطانی کشتی ؛ جرمنی کی تارپیڈو کشتی (آبدوز کشتی)۔

Eboe : (n) (۱) نیگرو ۔(۲) ایبو۔

Eboe - tree : (n) سنٹرل امریکا کا ایک درخت جس سے ایبو کا تیل نکلتا ہے۔

Ebon : (n) [L.'hebenus,ebenus.'] (۱) Ebenus کی متبادل شکل۔ (۲) آبنوس (شعر)۔(۳) درخت جس سےآبنوس ملتا ہے (متروک)۔

Ebon : (a) آبنوسی : آبنوس نما۔

Ebonation : (جراحی) عظم برآری۔

Ebonist : (n) [f. ebony.] آبنوس یا آرائشی لکڑیوں کا بیوپاری ؛ آبنوس ساز ؛ آبنوسی کار۔

Eboniste : (n) [f.ebony.] (۱) ربر اور گندھک کا مرکب۔ (۲) (جغرافیہ ، کیمیا) ایبو نائٹ ۔(۳) (کیمیا) آبنوسی ربر ؛ آبنوسہ۔

Ebonize : (v) [f. ebony.] (فرنیچر وغیرہ کو) آبنوسی بنانا؛ لکڑی کو آبنوس بنانا؛ لکڑی کو آبنوس کی مانند سیاہ رنگ کا بنانا۔

Ebony : (n) [ME. hebenyf. f. hebenus, ebony.] (۱) آبنوس ؛ سری لنکا، مڈغاسکر اورموریشس کےایک درخت سے حاصل ہونے والی سخت سیاہ لکڑی؛ جمیکا کا ایک درخت اور اس کی لکڑی ۔ (۲) سخت سیاہ شے۔(۳) صنعتی معنوں میں۔

Ebony : (a) (کیمیا) آبنوسی ؛ سخت سیاہ۔

Ebony tree : (n) (نباتیات) خرمالو ؛ انجیرخرما ؛ خرماندو۔

Ebonym: (n) (نباتیات) آبنوس۔

Eboulement : (n) [F.'ebonlement'.] (۱) (قلعه بندی) قلعے کی دیواروں کا انہدام ۔ (۲) (ارضیات) ہبوط ارض ؛ زمین کا گرنا ۔ (۳) (جغرافیہ) پہاڑ سے پتھروں کا گرنا ۔

Ebracteate/- d : (a) [mod. L.'ebracteatus'.] : (نباتیات) بےبرگہ بغیر کا سبرگ کا ۔

Ebracteolate : (a)[mod.L.'ebracteolatus'.] (نباتیات) بےبرگیزہ ۔

Ebraick / Ebrew : (n&a) زبان عبری ؛ عبرانی ؛ عبری ۔

Ebriety : (n) [f.'ebriete'.] مستی ؛ سر خوشی ؛ حالت مستی ؛ متوالا پن ؛ (عضویات) مدهوشی نشه ؛ سرمستی ؛ دائم الخمری ۔

Ebriosity : (n) [F.'ebriosite'.] سرمستی بد مستی؛ مستی کی عادت : (عضویات) دائم الخمری ؛ مدهوشی ؛ نشّه ۔

Ebrious : (a)[L.'ebrius'+ -ous.] (۱) متوالا؛ سرمست؛ میخوار ۔ (۲) مستانه : مدهوشانه ؛ سرشار ۔

Ebulliate : (v) [L.ebullire.] (شاذ) اُبلنا ؛ اُبالنا ؛ غلغل کرنا؛ سرگرم ہونا ۔

Ebullience/Ebulliency : (n) [L.'ebullientem'.] ہیجان؛ جوشش؛ ناگہانی احساسات کا اظہار؛ جوش ؛ ابال ۔

Ebullient : (a) [L.'ebullientem'.] (۱) احساساتی ؛ پُرہیجان ۔ (۲) اُبلنے والا ؛ جوشاں ؛ خروشاں ۔ (۳) گرم ۔ (٤) لبریز؛ پُرحرارت؛ پرجوش ۔ (۵) (طبیعیات) جوشنده ؛ کھولتا ہوا ؛ پُرحرارت ۔

Ebulliently : (adv.) اُبلتے ہوئے ؛ کھولتے ہوئے ؛ جوشاں ؛ پُرہیجان طور پر ۔

Ebulliometer : (n) ایک آله جس سے مائعات کا نقطهٔ جوش معلوم کیا جاتا ہے بالخصوص مائع میں کھلے ہوئے اجزا کا سالمی وزن دریافت کیا جاتا ہے نیز مائع کی پاکیزگی یا مشروب کے الکحل کا پتا چلتا ہے ؛ (طبیعیات) اُبال میٹر ۔

Ebullioscope : (n) [hybrid f.L.'ebulliet'+ Gr.'akopos'.] (کیمیا) جوش بیں ؛ مشروبات کے درجهٔ تقطیر کو معین کرنے کا آله ؛ نقطهٔ جوش اور ہَوا کا دباؤ دیکھ کر شراب کی طاقت متعین کرنے کا ایک آله ۔

Ebullioscopic method : (n) جوش بینی کا طریقه ۔

Ebullioscopy : (n) (کیمیا) نقطهٔ جوش بینی ۔

Ebulliometry : (n) تحلیل شده اجزاء کی موجودگی میں مائعات کا نقطهٔ جوش یا اس کے تغیر کا پتا چلانا ۔

Ebullition : (n) [L.'ebullitionem'.] (۱) جوش کرنے کا عمل ؛ حالت جوش سے پیدا ہونے والا ہیجان ۔ (۲) (طب) گرمازدگی ؛ گرمی کے باعث خون میں ہیجانی کیفیت ۔ (۳) (پانی ، آگ ، لاوا وغیره کے لئے) ابال یا تحریک کی وجه سے خارج ہونے کا عمل ۔ (٤) (استعارتاً) پیکار، جذبه یا احساس وغیره کا اچانک اظہار ۔

Eburin : (n) [L.'ebur'+ - in] عاج یا البومن میں آمیخته استخوانی ذرات سے بنا ہوا ایک ماده ۔

Eburnation : (n) [L.'eburnus'.] (طب) تعجج ؛ عاج کی طرح سخت اور ٹھوس بننے کا عمل ؛ ایک ہڈی عاج کی طرح سخت ہوجاتی ہے ۔

Eburnean /Eburneous /Ebernine : (a) [L.'eburneus'+ -(i) an.] (حیوانیات) عاجی ؛ ہاتھی کے دانت سے بنا ہوا یا اس کے مشابه ۔

Eburnification : (n) دیکھو Eburnation

Eburnitis : (n) (طب) عاجیت ۔

Ec - : [ME.] سابقه بمعنی باہر ؛ بیرون ۔

Ec - /Eco - /Oec - / Oeco - /Oiko : (۱) گھر بار ؛ معاشی اور (معیشتی تمدنی) ۔ (۲) مولد ومنشا یا ماحول جو خاص طورپر زندگی کے طریقے یا ارتقاء کے راستے کو نمایاں طور پر متاثر کرے ۔

Ec : Economics کا مخفف ۔

Ec : [L.'exempli causa] مخفف ہے (L exempli causa) مثلاً کا ۔

Ecad : (n) (۱) ایک عضویه (Organism) یا اس کی قسم (نوع کی حیثیت) جو ماحول سے بدلتی ہے۔ (۲) ماحول سے ہونے والی تبدیلی ؛ مکسوبی خاصیت ۔ (۳) (نباتیات) متوافق ؛ معتاد ۔

Ecalcarate : (a) [e -+L'calcar'+ E - ate.] (حیاتیات) بے مہمیز؛ بے سیخك ۔

Ecanda : (n) [Prob. f. Umbundu, ekanda.] افریقه کی ایک بیل جس سے ربڑ نکلتا ہے ۔

Ecardinal : (a) (حیوانیات) بے قلابہ کا ۔

Ecardine : (n) [NL.E +Cardines.'] (حیوانیات)بےقلابہ جانور ۔

Ecarinate : (a) (نباتیات، حیوانیات) بے کارینی ۔

Ecarte : (n) [Fr.] دو آدمیوں کے کھیلنے کا تاش کا کھیل ۔

Ecarte : (a) [F.fr.ecarter.] (پیروں کے لئے) پھیلا ھوا ؛ بیلے رقص کی ایک ادا جس میں ایک پیر اور بازو پھیلے ھوتے ہیں ۔

Ecaudate : (a) [E + caudate.] (حیوانیات) بے دم ؛ کوتاہ دم ۔ (۲) (نباتیات) بے ساقہ ؛ بے سنبلہ ۔

Ecballium : (n) (نباتیات) اطرلون ؛ گھگھر بیل ؛ کدو کی ایک قسم ۔

Ecbasis : (n) [Gr.] واقعہ ؛ تجاوز ؛ جملہ؛ معترضہ ۔

Ecblastesis : (n) [Gr.'ekblaslesis.'] (نباتیات) بدر نہوض ۔

Ecbolic : (n) [Gr.ekbolikos.] ایک دوا جو رحمی انقباض کو بڑھاتی ھے اوراس کا استعمال خاص طورپر وضع حمل میں ھوتا ھے نیز جنین کے اخراج میں بھی کام آتی ھے ؛ (طب) جنین انداز ؛ واضع حمل دوا ۔

Eccaleolion : (n) [Gr.] (حیوانیات) انڈے سینے کی مشین ؛ مفرخہ ۔

Ecce : [L.] دیکھو ؛ ببیں ؛ حذر ۔

Ecce Homo : [L L.] اس انسان (عیسیٰ) کو دیکھ (اس وقت حضرت عیسیٰ کانٹوں کا تاج اور ارغوانی لباس پہنے باہر آئے تھے اور پائلٹ نے کہا تھا : " اس انسان کو دیکھ" حضرت عیسیٰ کے بارے میں کہا جاتا ھے) ؛ حضرت عیسیٰ کی تصویرجس میں ان کے سر پر کانٹوں کا تاج ھوتا ھے ۔

Eccentric : (a) [L.'eccentricus'.] (۱) بے مرکز ؛ خارج المرکز؛ مختلف المرکز ۔ (۲) مرکز سے باہر ۔ (۳) غیر دائرہ نما ۔ (٤) (استعارتاً) غیر معمولی ؛ عجیب و غریب ؛ مستثنیٰ؛ نا منظم ؛ عام راہ سےالگ؛ مخبوط ۔ (٥) خارج المرکز کا یا اس سے متعلق ۔ (٦) (نباتیات) برون مرکز۔ (۷) (ہندسہ) ناہم مرکز ۔

Eccentric : (n) [-Late L.'eccentricus'.] (۱) سنکی؛ نرالا آدمی ۔ (۲) (ہیئت) کرہ یا سماوی جسم جس کے مرکز میں زمین نہ ھو ۔ (۳) ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کردیتا ھے ۔ (٤) وہ شخص یا چیز جو کسی اعتبار سے روایت سے مختلف ھو ؛ وہ شخص جو مروجہ طرزعمل سے عجیب وغریب طورپر الگ ھو ۔

Angle of eccentric : (ریاضیات) زاویہ خروج المرکز ۔

Eccentric anomaly : (n) (فلکیات) خارج المرکز بے قاعدگی ۔

Eccentric circles : (n) (ہندسہ) نا ہم مرکز دائرے ۔

Eccentric -hoop /-ring /-strap : وہ حلقہ جس میں خارج المرکز گردش کرتا ھے ۔

Eccentric of orbit : (فلکیات) مدار کا خروج المرکز ۔

Eccentrical : (a) (۱) غیر معمولی ؛ بے قاعدہ ؛ مستثنیٰ ۔ (۲) نرالا ؛ خارج المرکز ۔ (۳) بیرون مرکز؛ غیر دائروی ؛ (حرکت مداری سے متعلق) کسی متعین مرکز سے غیر متعلق ۔

Eccentrically : (adv.) عجیب و غریب طور پر ؛ نرالے ڈھنگ سے ؛ خارج المرکز ھو کر ۔

Eccentricity : (n) (۱) بے مرکزیت ؛ سنک ۔ (۲) غیر معمولی طور پر مرکز میں ھونے کی صفت ؛ محور کے مرکزمیں نہ ھونے کی خاصیت ۔ (۳) خط منحنی ؛ دائروی شکل سے انحراف ۔ (٤) بے قاعدگی ؛ روایت سے انحراف کی سنک ۔ (٥) مرتب کے فاصلہ سےماسکی فاصلہ کا (خط منحنی کے کسی نقطہ میں) تناسب ۔

Ecchondroma / Ecchondrosis : (n) (طب) سلعہ؛ غضروف؛ بُنج الغضروف ۔

Ecchondrotome : (n) (جراحی) غضروف تراش ۔

Ecchymoma : (n) [Gr.] ایک قسم کا سلعہ ۔

Ecchymosed : (a) [Fr.ecchymose.] (طب) کدمہ میں مبتلا ۔

Ecchymosis : (n)[mod.L.] (طب) کدم ؛ کدمہ ؛ طرفہ ۔

Ecchymotic : (a) (طب) کدمی ۔

Eccles : (n) (۱)لنکا شائر کا ایک شہر ۔ (۲) کیک کی مانند روٹی کی ایک قسم ۔

Eccles cake : (n) ایک قسم کا کیک ۔

Ecclesia : (n) [med.L.] (ایتھنس والوں کی) ایک باضابطہ مجلس۔

Ecclesiarch : (n) [ecclesi + -arch.] رئیس کلیسا۔

Ecclesiast : (n)[Gr.'ekklesiastes'.] ایتھنس کی مجلس کارکن؛ حضرت سلیمان جو (توریت کے) صحیفہ مواعظ کے مصنف سمجھے جاتے ہیں ؛ واعظ (حضرت سلیمان کا لقب)۔

Ecclesiastes : (n) [Gr.'see prec.'] عہد عتیق میں حضرت سلیمان کی جامع کتاب۔

Ecclesiastic : (n) [Gr.'ekklysia'.] (۱) کلیسا کاعہدہ دارپادری ؛ (جمع) کلیسائی امور؛ چرچ کے انتظام کا علم؛ کلیسائی اجتماع ۔ (۲) کلیسا سے متعلق؛ کلیسائی ؛ دفتری ؛ لباس روحانیت کی مانند ۔

Ecclesiastical : (a) (۱) کلیسا سے متعلق ؛ کلیسائی ؛ روحانی ۔ (۲) کلیسا کے امور سے متعلق ۔

Ecclesiastical calendar : (n) ایک قمری شمسی جنتری جو رومن کیتھولک اور بہت سے پروٹسٹنٹ ممالک میں ایسٹر اوردوسری ضیافتوں کا تعین کرنے کےلئےاستعمال ہوتی ھے ۔

Ecclesiastical commission (ers) : (n) کلیسائے انگلستان کی مالیات کا انتظام کرنے والی جماعت۔

Ecclesiastical corporation : (n) مذہبی آداب و رسوم سے متعلق کارپوریشن جس میں صرف پادری شامل ہوتے ہیں۔

Ecclesiastical court : (n) ایک عدالت جو مذہبی اور کلیسائی امور کی نگراں ہوتی ھے ۔

Ecclesiastical law : (n) کسی کلیسا کانافذ کیا ھوا قانون ۔

Ecclesiastical mode : (n) آٹھ سروں کا ایک سرگرم ۔

Ecclesiastically : (adv.) کلیسائیانہ ۔

Ecclesiasticism : (n) کلیسائیت ؛ کلیسائی اصول ؛ کلیسائی روح ؛ پادریوں کےاصول عقائد ۔

Ecclesiasticus : (n) توریت کاایک حصہ جوغیر معتبر سمجھ کر خارج کردیا گیا ھے ۔

Ecclesiography : (n) [Gr.] کلیسا نامہ ؛ کلیسا اور سچی جماعتوں سے متعلق رسالہ ۔

Ecclesiolatry : (n) کلیسا اور اس کے اصول وضوابط کا احترام ؛ کلیسا کے آداب و رسوم ۔

Ecclesiologic/ - al : (a) کلیسیات سے متعلق ۔

Ecclesiologist : (n) کلیسیات کا ماہر ؛ کلیسیات داں ۔

Ecclesiology : (n) (۱) کلیسا شناسی ؛ کلیسا سازی ؛ کلیسا بنانے اور آرائش کرنے کا علم ۔ (۲) کلیساؤں سے متعلق رسالہ ؛ کلیسیات ۔ (۳) کلیسائی پالیسی۔

Eccoprotic : (a) [Gr.'ek +kopros'.] (طب) مسہل ؛ ملیّن ۔

Eccoprotic : (n) لینت آور دوائیں ۔

Eccoproticophoric: (a) مسہل کی خاصیتوں کوظاہرکرنےوالا۔

Eccrinales : (n) [NL.'Eccrina'.] سماروغ کی ایک نوع ۔

Eccrine : (n) [F.'eccrino'.] (طب) افرازی (غدود)۔

Eccrinology : (n) [F.'eccrino - logie'.] (عضویات) افرازیات ۔

Eccrisis : (n) [Mod.L.] (عضویات) افراز: مدفوع ؛ دفع کےلئے قدیمی اصطلاح ۔

Eccrisis : (n) [Gr.] (۱) ابراز ؛ اخراج ۔ (۲) براز ؛ فضلہ ۔

Eccritic : (a) مسہل ؛ ملین ۔

Eccyclema : (n)[Gr.ekkyklema.] کلاسیکل تھیٹرمیں اندرونی منظر کو ظاہر کرنے والا طریقہ (جیسے قتل کے بعد مردہ اجسام)۔

Eccyesis : (طب) بر رحمی حمل ۔

Ecdemic : (a) (حیوانیات) اجنبی ؛ بدیسی ۔

Ecdemite /Ekdemite : (n) [Gr.'ekdemos'.] زرد یا سبز سیسے کا آرسنائیٹ جو بلور یا تودہ یا قشر ارض میں پایا جاتا ھے ۔

Ecderon : (n) [-Gr. 'ek + deros'.] برطانوی دانشمند ہکسلے کی خارجی پوست کے لئےاصطلاح ؛ Enderon کی ضد ؛ پوست خارجی ؛ برآدمہ ۔

Ecdysial gland : (n) (حیوانیات) کینچلی غدود ۔

Ecdysis : (v) [Gr.'ekdysis'.] (حیوانیات) کینچلی اتارنا (سانپ اور کرم ابریشم کا)۔

Ecdysis : (n) (حیوانیات) کینچلی ۔

Ecdysis centre : (n) (ہندسہ) جانبی مرکز ۔

Ece : (n) [Gr. 'oikos.'] گھر؛ مسکن ۔

Ecesic : (a) ['ecesis' + -ic] توطن سے متعلق ۔

Ecesis : (n) [Gr. 'oikesis'.] قیام ؛ توطن ۔

Echard : (n) [Gr. echein + ardein.] (نباتیات) بے فیض پانی ؛ بیکار پانی ؛ زمین کے اندر کا وہ پانی جو پودوں کے عضویہ تک نہ پہنچے ۔

Echelon : (n) [F .'echelon'.] (۱) فوج کے حصوں کی زینہ نما ترتیب ؛نیز اکائیوں یا افراد کی ایسی ترتیب؛ طیاروں کی پرواز کی زینہ نماترتیب جس میں طیارہ اوپر یا نیچے خاص فاصلہ پر اس طرح پروازکرتا ھے کہ وہ اگلے طیارے کی داہنی یا بائیں جانب رھے ۔ (۲) درجہ ؛ امتیاز؛ کسی تنظیم یا میدان عمل میں مرتبے یا درجے کے سلسلوں میں سے ایک ۔ (۳) ارضی حالات کا سلسلہ جو فوجی ترتیب کی مانند ھو ۔ (٤) (بصریات) زینہ دار؛ (طبیعیات) اشلیون ۔

In echelon : فوج کے مرتب حصے ۔

Echelon : (v) زینے کی طرح ترتیب دینا؛ زینہ نماترتیب میں آنا ۔

Echelon echo : (n) (طبیعیات) ایشیلونی بازگشت ۔

Echelon grating : (n) (بصریات) زینہ دار جالی ۔

Echelon management : (n) (تجارت) منازلی نظام؛ زینہ جاتی نظام ۔

Echelonment : (n)[echelonnementer.] اگلےدستے کو مسلسل رسد بہم پہنچانے کےلئے فوجوں کی ترتیب ۔

Echeneis : (n) [Gr. 'echeneis'.] سمندری مچھلیوں کی ایک نوع ۔

Echidna : (n) [L.'viper'.] (حیوانیات) مور خورخارپشت ؛ خارپشت بے دندان؛ سیہی سے مشابہ آسٹریلیا کا ایک زمین کھودنے والا بے دانتا جانور ۔

Echidnine : (n) (حیوانیات) زہر مار ؛ بِس ؛ سانپ کا زہر ۔

Echin -/Echino-: سابقہ معنی " خار پشت " ۔

Echinal : (a) بحری خار پشت سے متعلق ۔

Echinate : (a) [L.echinatus.] (حیوانیات) شو کی ؛ خار دار ۔

Echinid : (n) خار پشت ۔

Echinite : (n) [L. echinita.] (ارضیات) متحجر خار پشت ۔

Echinococcus : (n) [L.] (حیوانیات) شو کی نبقہ : قنفذیہ ۔

Echinoderm : (n)[L.Echinodermata.] (حیوانیات) قُنفذجلدیہ ؛ خارپوست ؛ حیوانات کا وہ طبقہ جس میں خار پشت شامل ھے ۔

Echinodermata : (n) [L. echin - + - dermata.] (حیوانیات) خار پوستاں ۔

Echinoid : (n) [NL. Echinoidea.] (حیوانیات) خارپشت نما ۔

Echinopaedium : (n) (حیوانیات) لاروائے خارپوست ؛ دو جانبی خار پوست ۔

Echinulate : (a) [mod. L.'echinulatus.'] (۱) (طب) شونکہ دار ۔ (۲) (حیوانیات) خار دار ۔

Echinus: (n) [Gr.'echinos.'] (۱) (حیوانیات) قُنفذ؛ خارپشت ؛ سیہی ؛ دریائی خار پوست ۔ (۲) لویان قدیم کے ستون کے گرد گچ بزی ۔

Echites : (n) [L.] (۱) ارغوانی رنگ کا ایک قیمتی گوہر جو افسانوی شہرت رکھتا ھے ۔ (۲) (حیوانیات) امریکی کجولہ ؛ (نباتیات) شاہ دانہ بندی ؛ بیل کی ایک نوع ۔

Echium sericeum : (n) (نباتیات) برگ گاؤ زباں ۔

Echium vulgare : (n) (نباتیات) گل افعی ۔

Echo : (v) (۱) گونجنا ؛ گونج پیدا کرنا ؛ صدائے باز گشت آنا اور پیدا کرنا ۔ (۲) کسی کے خیالات یا الفاظ کو حرف بہ حرف دہرا دینا ؛ مشابہ ھونا ۔

Echo : (n)[Fr.'echo'.] (۱) گونج؛ گنبد کی صدا؛ آوازبازگشت؛ پوری نقل ؛ ھو بہو نقل ؛ نقالی ؛ نقال ۔ (۲) ایک صنعت جس میں ایک شعر یا مصرع کے آخیر لفظ یا بول سے اگلا شعر یا مصرع شروع ھوتاھے؛ صنعت قطار البحرین؛ صنعت تصدیر ۔ (۳) (اساطیر) گونج دیوی ۔ (٤)(استعارتاً) تکرار یا تقلید (کسی ادیب کےخیالات یا اسلوب کی) ؛ معمولی نقل ۔

To applaud to the echo : اتنی شدت سے کہ گونج پیدا ھوجائے ۔

Echo depth sounding : (طبیعیات) صوتی گہرائی پیمائش ۔

Echograph : (n) [echo+-graphia.] نقالی تحریر کرنے والا ۔

Echoic : (a) گونج کی طرح ؛ اس نوعیت کا ۔

Echoism : (n) (صوتیات) صوتی تسمیہ ؛ اسم اصوات ۔

Echoist : (n) وہ جو گونج کی طرح دہرائے ۔

Echoize : (v) صوتی تسمیہ وضع کرنا ۔

Echokinesis : (n) نقالی حرکت ۔

Echolalia : (n) (طب) لفظی رٹ ۔

Echoless : (a) بے گونج : نیز استعارتاً ۔

Echometer : (n) [-Gr.'echos' + Meter.] (صوتیات) صدا پیما ؛ آواز کے دوران کو ناپنے اور اس کے وقفے اور تناسب کو متعین کرنے کا ایک درجہ دار پیمانہ ۔

Echopathy : (n) (طب) مرض نقالی ۔

Echophony : (n) (صوتیات) صدویّت ۔

Echopraxia / Echopraxis : (n) (طب) نقالی افعال ۔

Echopraxis circle : (n) (ہندسہ) جانبی دائرہ ۔

Eclair : (n) (۱) چاکلیٹ جس میں ملائی بھری ہوتی ہے ۔ (۲) چمکنا ؛ روشن ؛ واضح ۔

Eclaircise : (v) (شاذ) صاف کرنا ۔

Eclaircissement : (n) [Fr.eclair-ciss-very common in XVIII.] توجیہہ ؛ تشریح ؛ توضیح ؛ مبہم اور غیر معروف کی تشریح ۔

Eclampsia / Eclampsy : (n) [mod. L.] (طب) انشناج؛ اعصابی مراکز کے اختلال سے صرع کی مانند بیہوشی ۔

Puerperal eclampsia : انشناج نفاسی ۔

Eclampsia of pregnancy : (n) (طب) انشناج حمل ۔

Eclamptic : (a) (طب) انشناجی حالت ؛ مشنج (مریض) ؛ اعصابی مرض کے باعث بیہوش ہونے والا ۔

Eclamptogenic : (a) (طب) مشنج ؛ انشناج آور ۔

Eclat : (n)[Fr.'eclater'.] نمایاں کامیابی ؛ عام تحسین و آفریں ؛ پسندیدگی ؛ واہ واہ ؛ دھوم دھام ؛ کرو فر ؛ تزک واحتشام ؛ درخشندگی ؛ روشنی ؛ ناگہانی آواز ۔

With great eclat : بڑی دھوم دھام یا بڑے کروفر سے ۔

Eclectic : (a) [Gr. eklecktikos.] (۱) قدیم حکماء کاوہ گروہ جو مختلف مذاہب فلسفہ سے مسائل کا انتخاب کرلیتا تھا ۔(۲) (فلسفہ) تفصیلی؛ اصطفائی ؛ انتخابی ۔(۳) اقتباس شدہ ۔

Eclectic : (n) (۱) وہ شخص جس کے خیالات وغیرہ کسی مخصوص دائرے کے اندر محدودنہ ہوں ؛ اصطفائیہ ؛ انتخاب ؛ منتخبات ۔(۲) وہ فلسفہ جو مختلف افکار مکاتب کا انتخاب کرتا ہو ۔ (۳) انتخابی مکتب کا پیرو ۔ (٤) (ہیئت) دائرۃ البروج ۔

Eclectically : (adv.) انتخابی طور پر ۔

Eclecticism : (n) انتخابیت ؛ مکتب انتخابی کی تقلید ؛ (فلسفہ) انتخاب احسن؛ اصطفائیت؛ انتخابیت فلسفہ التقاطی ۔

Eclegme : (n) [Med.L.eclegma.] (طب) معجون؛ گاڑھاشربت ۔

Eclipsable : (a) گہن میں آنے والا ۔

Eclipse : (n) [OFr.'eclipse'.] (۱) معجون ؛ گرہن ؛ کسوف ؛ خسوف ۔ (۲) تاریکی، عارضی یا مستقل ؛ روشنی کے مینار سےروشنی کا تھوڑی دیر کے لئےغائب ہو جانا ۔(۳) زوال ۔

Annular eclipse : (فلکیات) کسوف حلقہ دار ؛ چنری گرہن ۔

Lunar eclipse : خسوف ؛ چندر گرہن ۔

Partial eclipse : (فلکیات) کسوف جزئی ؛ خسوف جزئی ؛ ناقص گہن ۔

Solar eclipse : کسوف ؛ سورج گرہن ۔

Total eclipse : مکمل گرہن؛ کسوف کلی؛ سرپ گرہن ۔

Eclipse : (v) [-(o) Fr. eclipser.] (۱) گہن پڑنا ؛ بے نور کرنا ؛ بےرونق کرنا ؛ ماند کرنا۔ (۲) (استعارتاً) پوشیدہ کرنا ۔

Eclipse season : (n) ایام گرہن ۔

Eclipse year : (n) گرہن سال ۔

Eclipsed : (a) (فلکیات) مکسوف ؛ مخسوف ؛ گہنایا ہوا ۔

Eclipser : (a) گہن میں لانے والا ۔

Eclipsing binary : (n) (فلکیات) گہنی مثنیٰ؛ انحقاقی مثنیٰ۔

Eclipsis : (n)[Gr.'eklipsis'.] (۱) حذف کلمات؛ ادغام ؛ دوصامت حرفوں میں سے ایک کا حذف تلفظ (جیسے lloyd میں صرف ایک 'L' کاتلفظ ہوتا ہے) ۔ (۲) (طب) غیبہ ۔

Ecliptic : (a) (۱) (فلکیات) دائرۃ البروج ؛ طریق الشمس ؛ سورج کے مدار کا دائرہ ۔ (۲) کسوفی ؛ خسوفی ۔

Ecliptic : (a) گہن کا یا اس سے متعلق ؛ نیز استعارتاً ۔

Ecliptic conjunction : (n) سورج اور چاند کا میل جس سے سورج گرہن ہوتا ہے ۔

Ecliptic limits : (n) وہ حدودجن میں گہن ممکن ہو؛ حدگرہن ۔

Eclogite : (n) [Gr.'ekloge'+ite] لعل کی قسم کا ایک قیمتی پتھر ۔

Eclogue : (n) [L.'ecloga.'] مختصر نظم یا راگ دیہقانی زبان میں ؛ شعر کوتاہ ۔

Eclosion : (n) [Fr.] (حیوانیات) بر آمدگی ؛ بروز ؛ خروج ۔

Eco-system : (n) ماحولی نوع جس کا شمار ماحول کے غیر ذی روح عناصر میں ایک اکائی کی طرح ہوتا ہے ۔

Ecochleation : (n) (۱) (حیوانیات) حلزونہ برآری ۔ (۲) (جراحی) انقاف ۔

Ecod : (interj.) خدا کی قسم ؛ واللہ ؛ بخدا (گفتگو میں تکیہ کلام کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

Ecological : (a) (۱) (سماجیات) ماحولیاتی ۔ (۲) (حیاتیات، طب) ماحولی ۔

Ecological concentration : (n) ماحولیاتی ارتکاز ۔

Ecological concepts : (n) ماحولیاتی تصورات ۔

Ecological distance : (n) ماحولیاتی بُعد ۔

Ecological interaction : (n) (سماجیات) ماحولیاتی بین عمل ۔

Ecological limits : (n) (سماجیات) ماحولیاتی حدود ۔

Ecological maps : (n) (سماجیات) ماحولیاتی نقشے ۔

Ecological mobility : (سماجیات) ماحولیاتی حرکت پذیری ۔

Ecological position : (n) (سماجیات) ماحولیاتی صورت ۔

Ecological range : (n) (سماجیات) ماحولیاتی وسعت یا پھیلاؤ ۔

Ecological symbiosis : (n) (سماجیات) ماحولیاتی ہم موجودگی ۔

Ecological symbols : (n) (سماجیات) ماحولیاتی علامات ۔

Ecological technique : (n) (سماجیات) ماحولیاتی تکنیک ۔

Ecological unit : (n) (سماجیات) ماحولیاتی اکائی ۔

Ecologist : (n) (ارضیات ، جغرافیہ) ماہر ماحولیات ۔

Ecology : (n)[G.okologie.] علم معیشت حیوانات؛ ماحولیات ۔

Ecomania : (n) (طب، عضویات) خانہ مانیا ؛ جنون خانہ ۔

Econometric : (a) [Economy + -metric .] Econometrics کا یا اس سے متعلق ۔

Econometrician : (n) Econometrics کا ماہر یا دانشمند ۔

Econometrics : (n) معاشی نظریات کے مقداری بنانے اور معاشی مسائل کا حل ڈھونڈھنے کیلئے ریاضیاتی فورم اور شماریاتی طریق کار کا استعمال ۔

Economic : (a) [Fr.'economique.'] (۱) پر منفعت ۔ (۲) محتاط (لفظوں کےاستعمال میں) ۔ (۳) علم معاشیات کا یا اس سےمتعلق ؛ اشیاء کی پیداوار، تقسیم اورصرفہ سےمتعلق ؛ مادی ؛ صنعت وحرفت سے متعلق عملی اہمیت ؛ استعمال یا افادیت سے متعلق ؛ نفع بخش ۔

Economic activity : (n) (معاشیات) معاشی سرگرمی ۔

Economic affairs department : (n) (انتظامیہ) محکمہ امور اقتصادیات ۔

Economic aspect : (n) (جغرافیہ) اقتصادی پہلو ۔

Economicbotanist : (n) (نباتیات) معاشیاتی نباتیات داں ؛ نباتیات کا ایک شعبہ جو پودوں کےاستفادہ سے متعلق ہوتا ہے ۔

Economic break down : (n) (تاریخ) اقتصادی بحران ؛ اقتصادی درہمی برہمی ۔

Economic climate : (n) (تجارت) اقتصادی ماحول ؛ معاشیاتی ماحول ۔

Economic data : (n) (جغرافیہ) معاشی ڈیٹا ؛ معاشی اعدادو شمار ۔

Economic determinism : (n) (فلسفہ) معاشی جبریت ۔

Economic division : (n) (جغرافیہ) اقتصادی حصہ ۔

Economic effort : (n) (معاشیات) معاشی کوشش ۔

Economic environment : (n) (معاشیات) معاشی ماحول ۔

Economic exploitation : (n) (معاشیات)معاشی استحصال ۔

Economic forces : (n) (معاشیات) معاشی قوتیں ۔

Economic freedom : (n) (معاشیات) معاشی آزادی ۔

Economic Geography : (n) (جغرافیہ) معاشی جغرافیہ ؛ جغرافیہ کا وہ شعبہ جو اشیاء کی پیداوار و تقسیم اورطبعی و معاشی حالات کے باہمی رشتوں کا مطالعہ کرتا ہے ۔

Economic Geology : (n) (ارضیات) معاشی ارضیات ؛ ارضیات کا وہ شعبہ جو ارضی اشیاء کی معاشی افادیت پر غور کرتا ہے ۔

Economic good : (n) کوئی چیز یا خدمت جو انسان کے لئے مفید ہو اورجس کی قیمت ادا کی جائے ۔

Economic harmony : (n) (معاشیات) معاشی ہم آہنگی ۔

Economic health : (n) (تجارت) اقتصادی صحت ۔

Economic history : (n) (معاشیات) معاشیاتی تاریخ ۔

Economic holding : (n) (جغرافیہ) سود مند جوت ۔

Economic incentives : (n) (معاشیات) معاشی محرکات ۔

Economic interpretation of history : (n) یہ نظریہ کہ معاشی حالات خصوصاً معاشرہ کی تکنیکی سطح اور انسان کے معاشی رشتے سیاسی ، سماجی اور ذہن ارتقا کی راہ میں فیصلہ کن طور پر اثرانداز ہوتے ہیں ۔

Economic laws : (n) (معاشیات) معاشی قوانین ۔

Economic life : (n) وہ مدت جب کہ کوئی اقتصادی شےاپنی افادیت برقرار رکھے؛ (تجارت) معاشی زندگی ۔

Economic man : (n) (معاشیات) معاشی انسان : کلاسیکی معاشیات کا ایک فرضی شخص جو اپنے معاشی عوامل میں ایسے محرکات سےعقلی، باقاعدہ اور عاقبت اندیش طور پر سرگرم ہوتا تھا جو خود پسندانہ ، حریصانہ انداز نظر کے اعتبار سے قلیل المدت ہوا کرتے ہیں ۔

Economic management : (n) (تجارت) اقتصادی تنظیم یا نظام ۔

Economic map : (n) (جغرافیہ) معاشی نقشہ ۔

Economic motives : (n) (معاشیات) معاشی محرکات ۔

Economic obsolescence : (n) (تجارت) اقتصادی کہنگی ۔

Economic planning : (n) (جغرافیہ) معاشی منصوبہ بندی ۔

Economic poison : (n) کوئی شے یا مخلوط جو ایسے پودے یا جانوروں کے ضبط کےلئے ہو جن کی جراثیم کی حیثیت سے (جیسےزراعت، صنعت یا گھر بار میں) معاشی اہمیت ہو ؛ جراثیم کش ۔

Economic policy : (n) (معاشیات) معاشی پالیسی ۔

Economic prosperity : (n) (معاشیات) معاشی خوشحالی ۔

Economic ratio : (n) (تجارت) کفایتی نسبت ۔

Economic rent : (n) کسی جزو کے استعمال کا معاوضہ جو اس کی اصل افادیت سے فاضل ہوتا ہے ۔

Economic statistics : (n) (جغرافیہ) معاشی شمار و اعداد ۔

Economic strike : (n) اجرت ، اوقات کار یا کام کرنے کے حالات کے لئے ورکروں کی اسٹرائك جو مالك کے ناروا سلوك پر ہونے والی اسٹرائك کے برعکس ہوتی ہے ۔

Economic waste : (n) (تجارت) اقتصادی فضلہ ۔

Economical : (a) (۱) کفایت شعار۔(۲) معاشیات سے متعلق ؛ معاشی۔

Economically : (adv.) کفایت شعاری سے ؛ معاشیات کے نقطہء نظر سے ۔

Economics /Economic Science: (n) ['L.oeconomica'.] معاشیات ؛ اقتصادیات ؛ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے ؛ معاشی کیفیت یا اہمیت ؛ لاگت اور نفع کا محاسبہ ۔

Applied economics : (معاشیات) اطلاقی معاشیات ۔

External economics : (معاشیات) خارجی کفایات ۔

Internal economics : (معاشیات) داخلی کفایات ۔

Rural economics : (معاشیات) دیہی معاشیات ۔

Scope economics : (معاشیات) معاشیات دائرہٴ عمل ۔

Theoretical economics : (معاشیات) نظری معاشیات ۔

Economism : (n) وہ نظریہ یا اصول جو معاشی مقاصد یا مفادات پر خاص زور دیتا ہے ۔

Economist : (n) (۱) گھریلو کاموں کی دیکھ بھال کرنے والا (متروک) ؛ (گھریلو) منتظم؛ کفایت شعار یا کفایت شعاری کا مبلغ ۔ (۲) معاشیات داں یا اس کا طالب علم ؛ ایک فرانسیسی دبستان ۔

Economization : (n) کفایت یا بچت پیدا کرنا ۔

Economize : (v) کفایت شعاری کرنا ؛ میانہ روی اختیار کرنا (مصارف میں) ؛ بچانا ؛ اقتصادی قدر و قیمت عطا کرنا؛ اعلیٰ مفاد کے لئے استعمال کرنا ۔

Economizer : (n) وہ شخص یا شے جو کفایت شعاری پیدا کرے ؛ (میکانیات) ایسا آلہ جس سے بچت پیدا ہو ۔

Economy : (n) [-(o)Fr.economie L.oeconomia.] (۱) جماعتی وسائل دولت کا نظم و نسق ۔ (۲) کفایت شعاری ۔ (۳) تنظیم ؛ اجتماعی تنظیم ؛ فطری تنظیم ۔ (٤) (مذہب) کسی عقیدے کو سلیقے سے پیش کرنا تاکہ نارضامندی پیدا نہ ہو۔ (٥) کسی ملک یا علاقے کی معاشی زندگی کی تنظیم ؛ معاشی نظام ؛ معیشی نظام کا کوئی گوشہ ؛ اقتصادی نظام کی خاص قسم یا اقتصادی پیش رفت کا مرحلہ ۔ (٦) (معاشیات) معیشت؛ کفایت؛ معاشی نظام ؛ (عضویات) کفایت ؛ نظام جسم ۔

Domestic economy : نظام خانہ داری ؛ تدبیر منزل ۔

Mixed economy : (معاشیات) مخلوط معیشت ۔

Planned economy : (معاشیات) منصوبہ بند معیشت ۔

Unplanned economy : (معاشیات) غیر منصوبہ بند معیشت ۔

Political economy : اقتصاد سیاسی ؛ معاشیات ؛ اقتصادیات ۔

Economy coil : (n) سلسلہ وار لیمپ کے گرد برقی تار کا لچھا جو برقی دور (سرکٹ) کو کھلنے سے روکتا ہے اگر لیمپ پھٹ جائے ۔

Economy of truth : (n) سچ کہنے میں بخل (حد سے زیادہ احتیاط) کرنا ۔

Ecophene : دیکھو Ecad

Ecophenotype : ماحول کے اثرات سے تغیر یافتہ عضویہ ۔

Ecorche : (a) [Fr.'ecorcher.'] پوست کندہ انسان یا حیوان کی تصویر جس سے عضلات یا اعصاب نمودار ہوتے ہیں ؛ بدون پوست ؛ پوست کندہ ؛ (آرٹ) اعصاب نما ۔

Ecorticate: (a)[E-+corticate.] بغیر بیرونی پوست یا چھال کے ۔

Ecospecies : (n) (حیاتیات) ماحولی نوع ۔

Ecostate : (a) [L.costrarib + -ate.] (۱) (نباتیات) (پتیوں کے لئے) بے رگ ۔ (۲) (تشریح) غیر ضلعی ۔

Ecostic /Ecoparasite : (حیاتیات) بے ضرر طفیلیہ ۔

Ecotone : (n) [fr.Gr.tonos.] دو متصل ماحولی انواع کا درمیانی علاقہ (جیسے جنگل اور مرغزار) جن کے مشترک عضویے میں مقابلہ بازی ہوتی ہے ۔

Ecotype : (n) (حیاتیات) ماحولی نوع ' ماحولی نوع کی ایک قسم جس کے افراد ایک دوسرے سے بارور ہوتے ہیں لیکن وہ اپنی انفرادیت ، ماحولی انتخاب اور علیحدگی کے ذریعہ بر قرار رکھتے ہیں ۔

Ecphonesis : (n) [Gr.] چیخ پکار ؛ بانگ پکار ۔

Ecphore : (v) [-Gr.'ekphore'.] تحریک دینا ؛ قوت دینا ؛ تحریر کو نمایاں کرنا ۔

Ecphyadectomy : (n) (جراحی) زائدہ براری ۔

Ecphylaxis : (n) (طب) عدم تحفظ ۔

Ecphyma : (n) (طب) برآمدگی ؛ ورم ۔

Ecrase : (a) [F.'ecrase'.] (خصوصاًچمڑے یا پارچے کے لئے) دبا ہوا : کچلا ہوا ۔

Ecrasement : (n) (جراح) مختنقہ کاری ۔

Ecraseur : (n) [Fr.] (جراحی) مختنقہ ۔

Ecroulement : (n) [Fr.] انہدام (مکان وغیرہ کا) ۔

Ecru : (n) [Fr.] (۱) ہلکا زردرنگ ۔ (۲) (سوتی کپڑوں کےلئے) ہلکا زردی مائل بھورا رنگ ۔

Ecru silk : (n) معمولی اور گھٹیا ریشم ۔

Ecstasiate : وجد میں لانا (کسی کو) ۔

Ecstasis : (n) (۱) حال ؛ سرور ۔ (۲) (طب) وہ عصبی مرض جس میں ذہن سوا ایک خاص خیال کے بالکل خالی ہوتا ہے ۔ (۳) وجد ؛ غایت انبساط ۔ (٤) شاعرانہ ترنگ یا جنون ۔

Ecstasize : (v) دیکھو Ectasiate

Ecstasy/Ecstacy : (n) [OFr.'extasie'.] دیکھو Ecstasis

Ecstasy : (v) وجد میں لانا ؛ حال و کیف پیدا کرنا ۔

Ecstatic : (a) [Fr.'extatique'.] وجد آفریں ؛ وجد آور ؛ وجدی ؛ سرور آور ؛ حالت وجد میں ۔

Ecstatic : (n) وہ شخص جو وجد و حال کی سی کیفیتوں میں مبتلا ہو ۔

Ecstatical : (a) (متروک) وجدی ؛ حالت وجد میں ۔

Ecstatically : (adv.) وجد آور طور پر ۔

Ectad : (adv.) (تشریح) خارج رویہ ؛ باہر کی طرف ۔

Ectadenia : (n) (حیوانیات) براری غدود ۔

Ectal : (a) (عضویات) بیرونی ؛ خارجی ۔

Ectasia : (n) [Mod.L.] (طب) اتّساع ؛ تمدد ؛ کسی کھوکھلے یا نلکی نما عضو کا پھیلنا ۔

Ectasis/Ectases : (n) [Mod.L.] تمدد ؛ اتساع ؛ پھیلنا ؛ کوتاہ رکن تہجی (بول) کا تمدد ؛ تشدید ؛ مد ؛ (طب) مرض اتساع ۔

Ectatic : (a) [L.'ectaticus.'] (طب) متمدد ؛ اتساعی ۔

Ectene : (n) [Gr.'ektene'.] وہ دعا جو پادری پڑھتا ہے اور حاضرین دہراتے ہیں ۔

Ectental line : (n) (حیوانیات) وربر میل خط ۔

Ectepicondylar : (a) (حیوانیات) بر فلسطاعی منفذ ۔

Ecterograph : (n) (طب) معائی حرکات نگار ۔

Ecteron : (n) (۱) دیکھو Ecderon ۔ (۲) برطانوی دانشمند ہکسلے کی اصطلاح ہے ، قشر خارجی یا روپوست کے لئے ۔

Ectethmoid : (n) (حیوانیات) بر مصفاتی ۔

Ecthlipsis : (n) [Mod.L.] (قواعد) ادغام ؛ بولنے میں کسی حرف کے تلفظ کا حذف کردینا ۔

Ecthoraeum : (n) (حیوانیات) نیشہ ۔

Ecthyma : (n) [Mod. L.] (طب) نافتیت ؛ آبلے ؛ چھالے ؛ اکتیما ؛ زرد زخم کی مانند ایک مرض ۔

Ecthyreosis : (n) (طب) عدم ورقیت ۔

Ecto- : (۱) (سابقہ) بیرونی ؛ خارجی جیسے (ectoplasm) ۔ (۲) بیروں (ectocardia) ۔

Ecto fossa : (n) (حیوانیات) بروں لحمہ ۔

Ectoblast : (n) (حیوانیات) بروں نہوض ؛ خلیہ کاباہری غلاف ؛ خارجی حصہ ۔

Ectobronchus : (n) (حیوانیات، جراحی) بر شعیبہ ۔

Ectocanthion : (n) وہ نقطہ جہاں اوپر اور نچلی پلکوں کےباہری سرے ملتے ہیں ۔

Ectocardia : (n) [L.] (طب) قلبی غیر وضعی ؛ قلب کی غیرمعمولی پوزیشن ۔

Ectocarpaceae : (n) [L. fr. 'Ecto -carpus'.] بھورے رنگ کا ایک سمندری الگا جو دنیا کے ہر حصہ میں پایا جاتا ہے ۔

Ectocarpales : (n) [NL.fr. Ectocarpus+-ales.] (نباتیات) بھورے رنگ کا ایک الگا ۔

Ectocarpous : (a) (نباتیات) بُر ثمرہ ۔

Ectochone : (n) (حیوانیات) قیفہ سر ۔

Ectocoelic : (a) (حیوانیات) بروں قعری۔

Ectocommensal : (n) ایک عضو یہ جو ایک دوسرے عضویہ کے جسم پر طفیلی کی حیثیت سے رہتا ہے۔

Ectocondyle : (n) [Ect -+coudyle.] کسی استخواں کی عرضی قفلی۔

Ectoconus : (n) [NL.fr.ect-+L. conuscome.] شمالی امریکا کے دودھیل جانداروں کی ایک قدیم نوع جو جنگلات میں رہا کرتے تھے۔

Ectocornea : (n)[NL.fr.ect-+ML.cornea.] قرنیہ کی باہری تہ۔

Ectocuneiform : (a) [Fr. or Mod.L.] ٹخنے کی ہڈیوں میں سے ایک کا یا اس سے متعلق۔

Ectocyst : (n) [Gr.] (۱) (حیوانیات) بروں ابنان ؛ بروں خریطہ ؛ حیوان خانے کی دیواروں کا خارجی غلاف۔(۲) (طب) بروں دویرہ۔

Ectoderm : (n) [Gr.'Ekto - + 'derma.'] (۱)میڈوسا یا دوسرے دو نہوضی جاندار کا خارجی سلولی غلاف۔ (۲) جنین کی تین تخمی تہوں کی سب سے خارجی تہ۔(۳) (عضویات ، حیوانیات) بیرونی جلد۔

Ectodermal gland : (n) (حیوانیات) بر جلدی غدود۔

Ectodermal villi : (n) (حیوانیات) برجلدی ابھار۔

Ectodynamomorphic/Ek- : (a) خارجی (جیسے آب و ہوا) حالات یا عناصر سے ہونے والے تغیرات کی خاصیت رکھنے والا۔

Ectogenesis : (n) [NL.fr. ect - + L genesis.] (۱) (نباتیات) بروں نموی۔ (۲) (نباتیات) تاثر بیروں۔ (۳) عضویہ سے باہر اجسام یا ہیئت کی تولید۔

Ectogony : (n) (نباتیات) برنموئی۔

Ectolecithal : (a) (حیوانیات) بروں زرویہ۔

Ectoloph : (n) (حیوانیات) بروں کنگرہ۔

Ectomere : (n) (حیوانیات) بروں پارہ۔

Ectomorph : (a) (فلسفہ ، تعلیمات ، نفسیات) لاغر اندام۔

Ectomorphy : (n) (فلسفہ، تعلیمات، نفسیات) لاغراندامی۔

– ectomy : [Gr.'ektome'.] ایک یونانی لاحقہ بمعنی "قطع" جو دوسرے لفظوں سے مل کر مرکب الفاظ بناتا ہےاوراس کا کام یہ ہے کہ عمل جراحی کے ذریعہ کسی عضو کو کاٹاجائے (جراحی) برآری ؛ استیصال۔

Ectone : (n) (طب) طبقۂ طنش۔

Ectonuclear : (a) (نباتیات) بروں نواتی۔

Ectopalagium : (n) (حیوانیات) بروں حاشیہ ؛ بروں جھلی دار پر۔

Ectoparasite : (n) (حیوانیات) بروں طفیلی ؛ جلد سے غذا حاصل کرنے والا طفیلی۔

Ectophyte : (n) (نباتیات) بر نبات ؛ بر طفیلیہ۔

Ectopia /Ectopy : (n) [Mod.L.] (طب) بے جائی؛ بے محلی۔

Ectopia vesicae : (n) (طب) بے جائی مثانہ۔

Ectopic pregnancy : (n) رحم سے باہر وضع حمل۔

Ectoplasm : (n) [Gr.Ecto-+'plasma'.] (حیوانیات) بروں مایہ؛ Endoplasm کے برعکس امیبا یا اس قسم کے عضویۂ جسم کا خارجی غلاف۔

Ectoproctous : (a) [Gr. ecto -+'proklos.'] Ectoprocta کی نوع سے تعلق رکھنے والا ایک حشرہ۔

Ectopterygoid : (a) (حیوانیات) بروں پر نما۔

Ectosarc : (n) [Gr.Ecto-+ 'sarkos.] (حیوانیات) بروں مایہ ؛ بروں لحمہ ' امیبا جیسے جاندار کی خارجی شفاف تہ۔

Ectoscopy : (n) (طب) بروں بینی۔

Ectosome : (n) (حیوانیات) بیرونی جسم۔

Ectospore : (n) (نباتیات ، حیوانیات) بروں بدرہ ؛ بروں برزہ۔

Ectostosis : (n) [Gr.Ecto -+'ostosis.'] (طب) بروں تعظم ؛ ہڈی کی خارجی نمو۔

Ectotheca : (n) (حیوانیات) بروں صرّہ ؛ بیرونی غلاف۔

Ectotherm : (n) ایک سرد خون جانور۔

Ectothrix : (a) [fr.ect -+Gr.'thrix'.] (حیوانیات) برون شعریہ ۔

Ectotrachea : (n) (حیوانیات) بیرونی سانس نالی ۔

Ectotrophic : (a) (نباتیات) برون غذائی ؛ (حیوانیات) برون پرورش ۔

Ectozoa : (n) [L.fr.ect -+ zoa.] بیرونی طفیلیہ ۔

Ectozoan : (a) بیرونی طفیلیہ سے متعلق ۔

Ectozoic : (a) کسی جانور کےباہری جسم پر زندہ رہنےوالا ۔

Ectozoon : (n) (حیوانیات) برون حوین ؛ برون طفیلی ؛ جسم کی سطح میں رہنے والا کوئی طفیلی کیڑا ۔

Ectro - : [L.] ایک یونانی سابقہ بمعنی منحرف یا ناقص جیسے Ectrodactylic ۔

Ectrodactylie : (n) انگلی کا کم ہونا ۔

Ectromelia : (n) [L.ectro + -melia.] (طب) بے جوارحی ۔

Ectromelus : (a) (طب) عدیم الجوارح ؛ ناقص الجوارح ۔

Ectromely : (a) (طب) ناقص الخلقت ۔

Ectropion /Ectropium : (طب)شترہ٭ خارجی ؛ باہر کی طرف پلٹنا خصوصاً پلک چشم کا ۔

Ectrotic : (a) [-Gr.'ektrotikos.'] سقط کنندہ، جو اسقاط جنین کا موجب ہو ؛ سقط مرض ۔

Ectypal : (a) (۱) برجستہ ۔(۲) محدب ۔

Ectype : (n) [-Gr.'ektypon.'] (۱) (فلسفہ) نقل مطابق اصل ۔ (۲) (فلسفہ) شبیہ تصور۔(۳) محدب یا برجستہ شے ۔

Ectypography : (n)[Gr.'ektypos'+Graphy'.] سیاہ قلم کاری کی ایک قسم جس میں خطوط ابھرے نظر آتے ہیں ۔

Ecu : (n) [Fr.] فرانس کا ایک چاندی کا سکہ ؛ پانچ فرانکی سکہ ۔

Ecuador : (a) جمہوریہ ایکویڈر کایا اس سے متعلق؛ ایکویڈر میں مروج طرز یا اسٹائل کا ۔

Ecuadarian : (a) ایکویڈر کی خاصیت رکھنے والا یا اس سے متعلق ؛ باشندگان ایکویڈر کی خاصیت رکھنے والا یا ان سے متعلق ۔

Ecumenacy : جہانی؛ ساری دنیا سے متعلق (خصوصاً کلیساؤں کے بارے میں کہا جاتا ہے) عام ؛ سارے اہل جہا ں سے متعلق ۔

Ecumene : (n) [Gr.'oikoumene'.] (۱) دنیا کا وہ خطہ جو مستقل یا عارضی طور پر آباد ہو ؛ ریاست کاوہ حصہ جو مرکزی طورپر اہم ہو اورجہاں نقل وحمل کے وسائل بیشتر ہوں ۔ (۲) اعلیٰ ثقافت کاوہ مرکزی علاقہ جس کےمقابلہ میں ہم جوار علاقےپس ماندہ ہوں ؛ تہذیب ۔

Ecumenic/Ecumenical : (a) [L.] (۱) اثر ؛ استعمال یا وسعت کے اعتبار سے ہمہ گیر ، آفاقی یا عمومی ۔ (۲) سارے کلیساؤں سے متعلق ؛ عالمی تحریک کا یا اس سے متعلق ؛ ہمہ گیر کلیسائی وحدت کا یا اس سے متعلق ؛ عالمی کلیسائی وحدت کا حامل؛ بیسویں صدی کی عالمی کلیسائی وحدت پر مبنی مذہبی تنظیم کا یا اس سے متعلق ۔

Ecumenical conference : (n) (تاریخ) کلیسا کی عالمی کانفرنس۔

Ecumenicalism : (n) عالمی عیسائیت کے اصول وطریق کار خصوصاً وہ جو عالمی تحریک کے حامل ہوں ۔

Ecumenically : (adv.) عالمی طورپر؛ ہمہ گیرحیثیت سے؛ اس طرح جس سے کلیسا کی عالمی وحدت ظاہر ہو ۔

Ecumenicism : (n) دیکھو Ecumenicalism

Ecumenicist : (n) وہ جو آفاقیت کا موید ہو خصوصاً کلیساؤں کی عالمی وحدت کا ۔

Ecumenicity : (n) [Ecumenic + -ity.] آفاقی یا ہمہ گیر ہونے کی کیفیت یا صفت ؛ عالمی عیسائیت ۔

Ecumenics : (n) عیسائی کلیسا کی نوعیت ، غایت ، مسائل اور نقطہ٭ نظر کا مطالعہ ۔

Ecumenism : (n) آفاقی اصول وطریق کار خصوصاً وہ جو عالمی تحریک سے روشن ہو ۔

Ecumenist : (n) آفاقی تحریک کا موید ۔

Ecus : (n) [Fr.] Ecu کی جمع ۔

Eczema : (n) [Mod.L.] (طب) جمرہ ؛ چھاجن ؛ چنبل ؛ اکزیما؛ جلد کی شدیدیا مزمن غیر متعدی سوزشی حالت جو قشری اور پپڑی دار ہوتی ہے ۔

Eczema of the ear : (n) (طب) قُلاع الاذن : کان کی پھنسیاں ۔

Eczematization : (n) جلد کا اکزیمائی خلل جس سے دوسری جلد متاثر ہوجائے ۔

Eczematogenic /Eczematogenous : (a) اکزیما پیدا کرنے والا ۔

Eczematoid : (a) اکزیما کے مشابہ ۔

Eczematous : (a) اکزیما میں مبتلا ۔

-ed : [OE.ed.OFris.] (۱) لاحقہ جو فعل ماضی اور اسم مفعول بناتا ہے جیسے blessed, decayed, learned - (۲) حامل : رکھنے والا (اسم سے بننے والی صفت میں) جیسے cultured, moneyed یا مرکبات میں جن کے آخر میں اسم ہوں جیسے three storied, two -legged : اسم سے بننے والی صفتوں میں ed کی خصوصیت رکھنے والا جیسے Dogged, Bigoted وغیرہ ۔

Edacious : (a) [L.'edax, edac'-+-ous.] کھانے سے متعلق؛ کھاؤ : پیٹو : شکمو : جس کو کھانے کا ہوکا ہو : اکھوری : (استعارتاً) حریص ۔

Edacity : (n) [L.'edacitas'.] پیٹو پن : ہوکا : شکم پرستی : پرخوری : تباہ کن صفت : (متروک) (طب) جوع البقر : ہوکا ۔

Edam : (n) [fr. Edam, Netherlands.] ولندیزی پنیر ۔

Edaphic : (a)[fr.G K Edaphos.] (۱) زمین کا یا اس سے متعلق؛ زمینی؛ گِلی ۔ (۲) زمین کے عناصر سے پیدا شدہ یا متاثر (جیسے نمکینیت، القلویت وغیرہ) ۔

Edaphic climax : (n) ماحولی عروج جو زمین کے عناصر ، آب و ہوا اور طبیعی حالات سے پیدا ہو ۔

Edaphodont : (a) [-Mod. L.'edaphodus'.] (فوسلیات) Edaphodus کی جنس کی مچھلی کا فوسیل : فیل ماہی ۔

Edaphology : (n) طینیات : اراضیات : مٹی کا علم ۔

Edaphon : (n) [fr. G K Edaphos .] زمین کے اندر رہنے والے جاندار اور پودے ۔

Edda : (n) [of disputed etym.] شمالی یورپ کی اقوام کے افسانے اور منظومات جو زمانۂ ماضی کی یادگار رہ گئے ہیں ۔

Edder : (n) [Doubtful identified W.O.E.edor.] جبے وغیرہ کو مضبوط کرنے والا چوبی تسمہ ۔

Edder : (v) چوبی تسمے سے جبے وغیرہ کو مضبوط کرنا ۔

Eddering : (n) ایسے تسمے میں استعمال ہونے والی اشیاء ۔

Eddish : (n)[ME.eddysche, prob fr.OE.] (۱) (متروک)جانوروں کو دام میں لانے کے لئے محصور چراگاہ یا پارک ۔ (۲) وہ گھاس جو دوبارہ اگتی ہے : تھنٹی : تھنٹی دار میدان ۔

Eddo : (n) [of African origin.] (۱) تارو : لوف ۔ (۲) جڑ یا تنا جو غذا میں کام آتا ہے؛ خصوصاً تارو کی جڑ ۔

Eddoes : (n) [A gold coast word.] قلقاس کی بصلی دار ساق یا ریشے ۔

Eddy : (v) چکر کھانا : بھنور بننا ۔

Eddy : (n) [prob. f. base of OE.] ورطہ : گرداب : بھنور : پانی : آندھی : کہرے : دھوئیں وغیرہ کے پیچ یا چکر ۔

Eddy currents : (n) (برقیات) گردابی رویں : ایڈی رویں : (جغرافیہ) بھنورنمارویں ۔

Eddying : (n) (موسمیات) ہَوائی بھنور ۔

Eddywind : (n) (موسمیات) بگولا : گردباد ۔

Edel weiss : (n) [F.G. edel + weiss] ابزالعذرا : (نباتیات) کوہستان الپ کا ایک پودا جس میں سفید پھول پیدا ہوتے ہیں اور یہ سوئزرلینڈ کے پہاڑوں کی انتہائی بلندیوں پر پایا جاتا ہے ۔

Edeleanu process : (n) [L . Edeleanu 1941 Romanian chemist.] محلول سلفرڈ آئی آکسائڈ سے پیٹرولیم صاف کرنے کا ایک طریقہ ۔

Edema : (n) [Gr.'Oidema'.] استسقاء لحمی : ایڈیما : ورم یا سوجن ۔

Edema of the leg : ورمِ پا ۔

Edematose/– ous/ Oedematose : (n) ورمی : آماسی : پھولا ۔

Eden/Edene : (n) [Fr.'Eden'] حضرت آدم و حوا کا مسکن : باغ عدن : فردوس بریں : غایت سرور انبساط ۔

Edenata/Edenatal : (n) [f.GK. oidema.] (۱) غیرفطری آماس یا سوجن (رطوبت کے نسیج میں جمع ہو جانے سے) ۔ (۲) نامناسب روشنی اور حرارت کی موجودگی میں سلول میں فاضل رطوبت جمع ہوجانے سےپودے کے اعضا میں پھولن : پودوں کی خاص مختلف بیماریوں میں سےکوئی ایک (جیسےثماٹر میں)جس میں پھولن پیدا ہوتاہے ۔

Edenic : (a) ادیما (آماس) کا یا اس سے متعلق یا اس سے متاثر ؛ باغ عدن کی طرح یا اس سے متعلق ۔

Edenize : (v) باغ عدن کی طرح بنانا: عدن یا فردوس میں داخل کرنا ۔

Edental : (a) [L.'dens, dent'.] ادنت ؛ بے دانتا جانور۔

Edentata : (n) [Mod.L.] (حیوانیات) دودھیل جاندار کی ایک نوع جسے اگلے دانت نہیں ہوتے جیسے مور خور ، تنبل وغیرہ ۔

Edentate : (a) [-L.'edentatus.'.] جس کے اگلے دانت نہ ہوں ؛ ادنت ؛ پوپلا ۔

Edentate : (n) (جمع) بے دانتا جانور؛ (مزاحاً) وہ شخص جس کے دانت ختم ہوگئے ہوں ۔

Edentate : (a) [L.edemtatus.] (حیوانیات) بے دنتیلا ۔

Edentulous : (a) [L.edentulus'+-ous] (۱) ادنت ۔ (۲) ایسے جانوروں سے متعلق ۔

Edeology : (n) (تشریح ، حیوانیات) تناسلیات ۔

Edessan : (n) [Edessa, Mesopotania+E-an or-ene.] قدیم میسوپوٹامیہ کے ایک شہر کا یا اس سے متعلق ۔

Edestin : (n) (۱) (کیمیا) ایڈسٹن ؛ بہت سے خوردنی بیجوں میں پایاجانےوالا ایک قلمی گلوبولین ۔ (۲) ایک قلمی گلوبولین جو خاص طور پر سن کے بیجوں سےحاصل ہوتا ہے اور جن میں تمام ضروری امینوایسڈ پائے جاتے ہیں ۔

Edgar : (n) مصنفوں کی پیشہ ور تنظیم کی جانب سے پُر اسرار تصنیف کے لئے کسی مصنف کو انعام میں ملنے والا ایڈگرایلن پو کابسٹ ۔

Edge : (n) [OE. 'ecg.'] (۱) سیدھی ڈھلان کا کنارا؛ کگر؛ دو ڈھلوان سطحوں کےملنے سےجو کنارا پیدا ہوتا ہے۔ (۲) تیزی ؛ کاٹ ؛ دھار؛ باڑھ۔ (مجازاً) اثر؛ نفوذ؛ شدت (آرزو) ؛ نازک وقت یا حالت ۔ (۳) دو سطحوں کےاچانک ملنے والا خط ؛ کنارا ۔ (٤) حصاری خط ۔ (٥) کتاب ، سکےجیسی اشیاء کانسبتاً پتلا کنارا ۔ (٦) (مجازاً) (ڈانگ وغیرہ کا) کنارا ۔

Do the inside, outside edge : اسکیٹ کے اندرونی یابیرونی سروں پر چلنا ۔

On edge : مشتاق ؛ آرزو مند ؛ بے صبر ۔

On the edge of : (کسی کام کو انجام دینے) پر۔

To have no edge : تیز نہ ہونا ۔

To set the teeth on edge : دانت میں ناخوشگوار جھنجھناہٹ پیدا کرنا ؛ دانت کند کرنا ؛ نیز استعارتاً ۔

To take the edge off : کمزورکرنا ؛ کند کرنا ۔

Edge : (v) [ME.'eggen'.] (۱) تیز کرنا ؛ دھاربنانا ۔ (۲) کنارا ہونا: کور ہونا؛ کند کرنا (دانت) ۔ (۳) حاشیہ ٹانکنا ؛ جھالر لگانا ۔ (٤) اکسانا ؛ بھڑکانا ۔ (٥) دیکھ دیکھ کر قدم دھرنا؛ دھیرے دھیرے آگےبڑھنا ۔ (٦) ہوشیاری سے شامل ہونا ۔

Edge one's way through the crowd : بھیڑ میں سے آہستہ آہستہ آگے بڑھنا ۔

To edge in (a word, etc.) : (باتونی آدمی کے وق سکوت میں) ایک آدھ بات کہہ دینا ۔

Edge-bone : Aitch-bone کی بدلی ہوئی شکل ۔

Edge-dislocation : (n) (طبیعیات) کنارہ بے محلی ۔

Edge-effect : (n) (۱) پودوں کا آس پاس کے جانوروں کی تعداد اور نوعیت پر اثر ۔ (۲) ایک خاص طبعی حالت (جیسے برقی سطح کی کثافت یا ہیجان) جو کسی حلقہ کے کنارے واقع ہو ۔

Edge-iron : (n) مالی کا ایک اوزار جو سبزہ بندی کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Edge-joint : (n) بنشی ؛ دو کوروں سے بننے والا جوڑ جس سے گوشہ بن جائے ۔

Edge-lighting : (n) کسی شفاف شے (جیسےپلاسٹک) کی شعاع ریزی صلاحیت (جیسے چادرکے کناروں سے) ۔

Edge-mill : (n) کچی دھات پیسنے والی چکی ۔

Edge-on : آمادہ کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ اکسانا؛ ابھارنا ۔

Edge-out : (v) تھوڑی سی شکست دینا یا فوقیت پالینا ۔

Edge-rail : (n) ریلوے اسٹیشن کی وہ پٹریاں جن پر مال گاڑیاں ٹھہرتی ہیں ۔ (۲) ریل کی حفاظتی پٹری جو میل لائن کے کنارے واقع ہو ۔

Edge-roll : (n) وہ اوزار جس سے کتاب کی جلد پر نقوش ابھریں ۔

Edge-shot : (a) کور کی مانند مستوی ۔

Edge-stitch : (v) کپڑے کی تہ کے کنارے آرائش کے لئے سلائی دینا ۔

Edge-stone : (n) (۱) سنگ حاشیہ ۔ (۲) رولر ۔

Edge-tone : (n) ہوا کی لہر سے پیدا ہونے والا آہنگ (جیسے مرلی میں) ۔

Edge-trim : (n) تلوار کے کنارے میں جلد کاری کے خط وخال ۔

Edge-water : (n) وہ پانی جو بالو میں پائے جانے والے پٹرولیم کے نیچے ہو ۔

Edge-ways/-wise : (adv.) (۱) (دو چیزیں باہم) کنارے کنارے ۔ (۲) دھار کی جانب ۔

Edge-well : (n) کسی تیل یا گیس کے سرچشمہ کے کنارے پر واقع کنواں ۔

Edge-wheel : (n) ایک پہیہ جو اپنے کور پر مدور یا حلقہ وار حرکت کرے ۔

Edge-warth -Marshall index number : (شماریات) اجورتھ؛ مارشل اشاریہ عدد ۔

Edged : (a) (۱) خاص قسم کا کنارا یا کور رکھنے والا؛ کئی کناروں کا حامل ۔ (۲) تیز : برّاں : سخت ۔ (۳) (نباتیات) حاشیہ دار : کنارہ دار ۔

Edged-tool : (n) دھار دار اوزار : کاٹنے کا اوزار ۔

Edgeless : (a) بے باڑھ : کند : کھونڈا : غیر حاشیہ دار : بے لبہ ۔

Edgeling/-long : (adv.) (۱) کنارے پر ۔ (۲) حاشیہ کے ساتھ ۔

Edger : (n) (نجاری) کنارہ کٹ (آرا) ۔

Edginess : (n) (۱) کسی خاکہ میں تیکھے خطوط یا زاویوں کا ہونا ۔ (۲) کسی کنارے پر واقع ہونے کی حالت ۔

Edging : (n) کور ؛ حاشیہ ؛ جھالر ؛ گوٹ ؛ سنجاف ۔

Edging : (n) (۱) کنارا یا کور پیدا کرنے والی کوئی شے ۔ (۲) کور بنانے میں خراب ہونے والی لکڑی کا ٹکڑا ۔

Edging grinder : (n) بیکار لکڑی کو پیسنے والی ایک مشین ۔

Edging knife : (n) دھار بنانے والا چاقو ۔

Edging- shears : (n) (۱) چمن کے چھانٹنے کی قینچی ۔ (۲) (نباتیات) چھانٹ قینچی ۔

Edgingly : (adv.) رفتہ رفتہ : تھوڑا تھوڑا کرکے ۔

Edgy : (a) (۱) تیکھے خطوط والی (تصویر) ۔ (۲) چڑچڑا : تیکھا ؛ بھرا بیٹھا ۔ (۳) تیز دھار والا ۔

Edible : (n&a) [-Late L - 'edibilis.'] (۱) خوردنی : ماکول ۔ (۲) (جمع میں) ایسے پرندوں کا گھونسلا جو کھائے جاتے ہیں ۔

Edible birds nest : (n) جنوبی ایشیا اور ہم جوار جزیروں کے مختلف چھوٹے پرندوں کا گھونسلا ۔

Edible canna : (n) ایشیا کی جڑی بوٹی ۔

Edible dormouse : (n) (حیوانیات) یورپ خصوصاً خطۂ بحر روم کے مختلف عام خرموش میں سے کوئی ایک ۔

Edible frog : (n) یورپ میں پایا جانے والا مینڈک ؛ یورپی مینڈک ۔

Edible galingale : (n) خلنجان ۔

Edible snail : (n) غذا میں کام آنے والا گھونگا ۔

Edibility/Edibleness : (n) (کسی چیز کے) کھانے جانے کی صلاحیت ۔

Edict : (n)[ME.-L.edictum.] فرمان حکومت؛ فرمان جوبادشاہ کی طرف سے رعایا کےلئے صادر کیاجائے؛ قانون یا اعلان جس کی حیثیت قانون کی ہو ، خصوصاً رومی اور فرانسیسی بادشاہوں کے فرمان ؛ (نیز استعارتاً) فطرت کےعام فرمان؛ (سیاسیات)فرمان ۔

Edict of wantes : فرانس کے بادشاہ ہنری چہارم کا فرمان (۱۵۹۸ء) جس کی رو سے پروٹسٹنٹوں کو رواداری حاصل ہوئی تھی جسےلوئی چہاردہم نے منسوخ کردیا۔

Edictal : (a) [-Late L.'edictalis.'] کسی فرمان کا یا اس سے متعلق ؛ حامل فرمان ؛ حکمی ؛ فرمانی۔

Edictally : (adv.) فرمان کی رو سے۔

Edicter : (v) فرمان یا قانون کے طور پر جاری کرنا؛ حکم نامہ صادر کرنا؛ اصول وضوابط وضع کرنا۔

Edictum : (n) قدیم روم کے انصاف کے اصول و نظریےجن کا اعلان بادشاہ کی طرف سے ہوتا تھا۔

Edictum prepetum : (n) دائمی فرمان۔

Edictum provincialia : (n) صوبوں کےلئے مخصوص فرمان۔

Edictum urbana : (n) شہر میں رہنے والوں کے لئے مخصوص فرمان۔

Edificant : (a) (متروک) تعمیر بخش ؛ تہذیب بخش۔

Edificate : (a) (متروک) تعمیر شدہ ؛ بنا ہوا۔

Edification : (n) (۱) تعمیر(شاذونادر)؛ (متروک) عمارت؛ نیز استعارتاً۔(۲)(استعارتاً) عقیدہ اورپاکیزگی کا ترقی پانا ؛ تہذیب اخلاق ؛ ذہنی یا اخلاقی ترقی ؛ افادیت روحانی ؛ نصیحت (اب اکثر طنزاً) اخلاقی اصلاح۔

Edificative : (a)[-med. L.'edificativus'.] سازندہ؛ تعمیربخش؛ مہذب ؛ اخلاق ؛ مقدس کرنے والا۔

Edificatory : (n) [-Late L.'aedificatorius'.] (۱) سازندہ؛ تعمیر کےلئےمطلوب یا مناسب۔(۲) مہذب۔

Edifice : (n) [-(O) Fr.'edifice'.] (۱) حویلی ؛ عمارت ؛ (بڑی) جیسے گرجا کی عمارت ؛ محل ؛ قلعہ ؛ نیز استعارتاً : شاندار عمارت۔(۲) (متروک) طرز عمارت۔

Public edifices : عام عمارتیں ؛ پبلک عمارات۔

Edificial : (a) بڑی عمارت یا محل کا یا اس سے متعلق ؛ تعمیری۔

Edify : (v) [(O)F.'edifier-'] (۱) افادہ روحانی کرنا؛ (کسی کی) روحانی کیفیت میں ترفع پیدا کردینا؛ اخلاقی اصلاح کرنا (اکثر طنزاً)۔ (۲) (شاذ) بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ قائم کرنا۔(۳) (متروک) قائم کرنا ؛ تعمیر کرنا۔(٤) (متروک) بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ نشوونما پانا۔

Edifying : (a) مہذب اخلاق ؛ اخلاقی اور روحانی ترفع پیدا کرنے والا (کبھی طنزاً)۔

Edifyingly : (adv.) اخلاقی وروحانی رفعت پیدا کرتے ہوئے۔

Edifyingness : (n) تہذیب اخلاق ؛ اخلاقی و روحانی ترفع پیدا کرنے کی صفت۔

Edile : (n) (۱) Aedile کی متبادل صورت۔(۲) روم کا رئیس بزرگ جو عمومی عمارات، نمائش گاہ اور حفاظتی امور کا ذمہ دار ہوتا تھا۔ (۳)میونسپلٹی کا ذی رتبہ رکن۔

Edinburgh : (n) [fr.Edinburgh, Scotland.] اسکاٹ لینڈ کے دار السلطنت ایڈنبرگ کا یا اس سے متعلق ؛ ایڈنبرگ میں مروجہ قسم یا طرز کا۔

Edingtonite (n) [f.the Swuame Edington+ -ite 26.] (معدنیات) ایک ہلکی سفید اور نیم شفاف معدنی شے جو خصوصاً الومنیم اوربیریٹا وغیرہ کے سیلیکیٹ کی حامل ہوتی ہے۔

Edison battery/- storage battery : ایک بیٹری جس کا فریم اسٹیل کا ہوتا ہے اورجس میں کاسٹک پوٹاش کا محلول ہوتا ہے؛ نیکل ہائڈروکسائڈ اورلوہا پلیٹ کے کارگذار ایجنٹ ہوتے ہیں۔

Edison cell : (n) کسی ایڈیسن بیٹری کا سیل (برقی خانہ)۔

Edison effect : (n) حرّ روانی کی رو جو بلب میں مزید الکٹروڈ کے داخل کرنے اورمثبت سرے سے خارجی طور پر جوڑنے پر ظاہر ہوتی ہے۔

Edit : (v) [fomative fr. editor.] مدون کرنا ؛ مرتب کرنا ؛ تہذیب وترتیب دینا؛تحریروں کو کاٹ چھانٹ کےبعد شائع کرنا ؛ حذف کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ خارج کرنا ؛ (عموماً Out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

Edition : (n) [MF'edition'.] اشاعت ؛ طبع (مثلاً پہلی اشاعت، طبع اعلیٰ وغیرہ) تعداد اشاعت (ایک بار اور ایک مطبع کی چھپی ہوئی چیز کا شمار) ؛ وہ شخص جو شکل و کردار میں دوسرے کے مشابہ ہو ؛ تولد ؛ پیدائش ؛ ترتیب وتدوین ؛ کسی کتاب یا ادبی تصنیف کی پہلی یا دوسری اشاعت جس میں متن پر عالمانہ بحث ہو اور تعلیمات وحواشی شامل ہوں جیسے کلیات شاد کا بہار اردو اکادمی اڈیشن۔

Cheap edition : سستی اشاعت : سستا ایڈیشن ۔

Library edition : لائبریری اشاعت ؛ لائبریری ایڈیشن ۔

Pocket edition : جیبی ایڈیشن ؛ پاکٹ اڈیشن ۔

Edition bindery : (n) کتابوں کے مکمل ایڈیشن یا ان کی بڑی مقدار کو مشین کے ذریعہ جلد درست کرنےوالا پلانٹ ۔

Edition binding : (n) یکساں طرز میں کتابوں کی جلد سازی جو عموماً بڑے پیمانے پر کی جاتی ھے ؛ نیز اس طور پر مجلد کتاب اسے Trade binding 'Publisher's binding' بھی کہتے ہیں ۔

Edition deluxe : (n) [Fr.] نفیس اشاعت ؛ طبع اعلیٰ ؛ پُرتکلف اشاعت ؛ اعلیٰ طباعت ۔

Edition princeps : [NL.] کسی کتاب کی پہلی مطبوعہ اشاعت ؛ طبع اول ۔

Editor : (n) [L.'editus'.] ایڈیٹر ؛ مدیر ؛ اخبار نویس ؛ صحافی؛ مرتب ؛ اخبار یا رسالے کا ترتیب دینے والا ؛ مدون ؛ جامع ؛ فلم ایڈٹ کرنے کا ایک طریقہ جو مرتب اورمدون اختیارکرتاھے ۔

Editor in chief : (n) مدیر اعلیٰ ؛ مدیر جو شعبۂ ادارت کا صدرھو ؛ رئیس التحریر ۔

Editorial : (n) (۱) وہ مضامین جنہیں ایڈیٹر خود لکھے یا جن کا وہ براہ راست ذمہ دار ھو ؛ سرمقالہ ؛ اداریہ ۔(۲) شذرات ۔

Editorial : (a) مدیرانہ ؛ایڈیٹر سے متعلق؛ ادارت سےمتعلق ۔

Editorial chair : (n) کرسی مدیر ۔

Editorial capacity : (n) مدیرانہ صلاحیت ۔

Editorial official : (n) مدیر کا عہدہ ۔

Editorialist : (n) سر مقالہ یا اداریہ لکھنے والا ۔

Editorialization : (اخبار نویسی) سر مقالہ لکھنے کا عمل ۔

Editorialize : (v) (۱) (اخبار نویسی) سرمقالہ لکھنا ؛ اداریہ میں کسی رائے کا اظہار کرنا (جیسا کہ تمام اخبارات کرتے ہیں) ۔(۲) واقعات کے بیان میں رائے پیش کرنا ۔ (۳) (کسی متنازعہ فیہ موضوع پر) رائے پیش کرنا ۔

Editorially : (adv.) مدیرانہ طور پر ۔

Editorship : (n) ایڈیٹری ؛ ادارت ؛ ترتیب دینے کی خدمت ؛ ادارتی نگرانی؛ مدیر کےفرائض اوراس کاعہدہ ۔

Editress : (n) مدیرہ (مدیر کی تانیث) ۔

Edo : (n) بانجریا کی ایک نیگرو قوم ؛ اس قوم کا فرد ؛ اس قوم کی زبان ، کوا ۔

Edomitish : (a) [f.Edomite descendant of Esaw or Edom.] ادومی ؛ عیسیٰ کے اخلاف میں سے ایک جو بحر المیت کے جنوب میں زندگی بسر کرتا تھا ۔

Edomite : (n) عیسیٰ کے قبیلے یانسل کا کوئی فرد ۔

Edomitic : (a) عیسیٰ کے قبیلے سے متعلق ۔

Edriophthalmian : (a) [f.mod.L. 'Edriophthalma'.] (حیوانیات) قائم چشمہ کے مشابہ یا اس سے متعلق ۔

Edriophthalmian : (n) اس نوع کا ایک فرد ۔

Edriophthalmic : (a) (حیوانیات) قائم چشمہ ۔

Educabilia : (n) [L. fr. L. educare+ –abilia] مشیمی دودھیل جانوروں کا ایک قبیلہ جس کا دماغ اکبر، دماغ اصغر اور فصِ بصری پر متراکب ھوتا ھے اور اس میں اعلیٰ درجہ کےپستان دارجانور بھی شامل ہیں ۔

Educability : (n) تربیت پذیری ؛ تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت ۔

Educable : (a) [Fr. 'educable.'] تربیت پذیر ؛ تعلیم پانے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Educand : (n) [L.'educandus'.] طالب علم ؛ جسے تعلیم حاصل کرنا ھے ۔

Educate : (v) [L.'educatus'.] (۱) تعلیم دینا ؛ لکھانا پڑھانا ۔ (۲) سدھانا (جانوروں کو) ۔ (۳) تعلیم گاہ میں بھیجنا ۔ (٤) پرورش کرنا ؛ بچپن سے تربیت کرنا تا کہ عادات و اطوار ، دماغی و قدرتی میلانات ابھرسکیں ۔ (٥) تربیت دینا ۔ (٦) اس طرح تربیت کرنا کہ خاص ذوق، میلان، فطرت ترقی کرسکے۔(۷) موافق بنانا۔(۸) اصلاح کرنا؛ (تعلیم کے ذریعہ) دور کرنا ۔

Educated : (a) تعلیم یافتہ ؛ تربیت یافتہ ؛ مہذب ؛ باکمال ۔

Educated unemployment : (n) تعلیم یافتہ افراد کی بیروزگاری۔

Educatee : (n) تعلیم پانے والا ؛ متعلم ؛ طالب العلم ۔

Education : (n) [-(o)Fr. education or L. educatio.] : (۱)تعلیم تربیت ؛ تہذیب عقل و اخلاق ؛ ضابطہ درس ۔ (۲) سدھائی (جانوروں کی) ۔ (۳) کمال ؛ پرورش ؛ ذہنی و اخلاقی قوتوں کی ترقی ۔ (٤) تعلیمات ؛ مطالعہ کا وہ میدان جس کا تعلق تعلیم و تربیت کے اصول و طریق کار سے ہو ۔

Elaborately : (adv.) دیدہ ریزی سے؛ تمام تفصیلات کی تکمیل کے ساتھ؛ مفصل ؛ محنت سے ۔

Elaborateness : (n) تفصیلات کا مکمل ہونا ؛ تکمیل کو پہنچا ہوا ہونا ؛ تکمیل ؛ وقت ؛ کسی کام میں استادی کا ہونا ۔

Elaborater /Elaborator : (n) مُفسر ؛ وضاحت کرنے والا ۔

Elaboration : (n) [L.'elaborationem'.] (۱) تکمیل ؛ (کسی کام میں) مہارت ؛ مفصل بیان ۔(۲) محنت اور مہارت سے تیار کی ہوئی (شے) ۔ (۳) خواب اور دوسرے غیر شعوری عوامل کی نفسیاتی تعبیر وتفسیر ۔(٤) (حیاتیات) نازک کاری ؛ تفصیل۔

Elaborative : (a) قابل تفصیل ؛ قابل تفسیر ؛ وضاحت پذیر۔

Elaboratory/Laboratory : (n) (۱) (قدیم)تجربہ گاہ ۔(۲) محنت سے تیار کیا ہوا؛ محنت سے حاصل کیا ہوا ۔

Elabrate : (a) (حیوانیات) حیوانات بے لب ۔

Elacis : (n) (نباتیات) جنس تاڑ ۔

Elacis guineensis : (n) (نباتیات) تاڑ کا درخت ۔

Elaeagnus /Eleagnaceae : (n) (نباتیات) درخت سنجد کا خاندان ۔

Elaeis/Palmaceae : (n) (نباتیات) تیل کے درخت کا خاندان ۔

Elaeo - : [Gr.] یونانی جزو ترکیبی بمعنی تیل ؛ روغن ؛ مثلاً Elaeopten ۔

Elaeoblast : (n) (حیاتیات) جنینی ابھار؛ روغن نہوض ۔

Elaeodochan : (n) (حیاتیات) غدہ روغن ؛ روغن دار ۔

Elaeolite/Elao- : [Gr.'elaeion.'] (معدنیات) نیفلانٹ کی ایک قسم جو بڑی بڑی بلوری شکلوں میں پائی جاتی ھے ۔

Elaeometer : (n) وہ آلہ جس سے روغن کے خالص ھونے کی جانچ کی جاتی ھے ؛ تیل پیما ۔

Elaeosome : (n) (نباتیات) روغن جسم ۔

Elaeothesium : (n) (روم قدیم کے حمام میں) عطر اور روغن مالش کرنے کا کمرہ ۔

Elaic/Oleic : (a) [as prec.+-idic] (کیمیا) ایک ایسڈ ($C_{18}H_{34}O_2$) کا نام جو ایلیک ایسڈ سے حاصل ھوتا ھے ۔

Elaidin : (n) اولن کی بدلی ھوئی ٹھوس شکل جو نائٹرس ایسڈ کے عمل سے بنتی ھے ۔

El:.io - : (n) ایک یونانی سابقہ بمعنی روغن زیتون ۔

Elaioplast : (n) (Leucoplast) (نباتیات) ایک سفید تکوینہ جس سے تیل نکلتا ھے ؛ روغن خلیہ مایہ ۔

Elam : (n) (جغرافیہ) عیلام ؛ ایلام ۔

Elamite : (n&a) عیلامی ؛ قدیم عیلام کے ملک کا باشندہ ۔

Elan : (n) [Fr.'elancer.'] جوش؛ امنگ ؛ ولولہ ؛ بلاّ (فوج کا) ؛ (مجازاً) شوق ؛ گرمی ؛ فعالیت ؛ جوش وخروش ۔

Elan vital : (n) [Fr.] نشاط حیات ؛ قوت زندگی ؛ برگساں کے نظریہ کے مطابق وہ قوت حیات جو تمام عضویات میں جاری و ساری ھےاور جو ارتقاء کی ذمہ دار ھے ۔

Elance : (v) [Fr. elancer] (قدیم) نیزہ چلانا؛ نیزہ پھینکنا ؛ نیز مجازاً ۔

Eland : (n) [S. A fr. use of Du'eland,'-] جنوبی افریقہ میں ایک بڑی قسم کاہرن جس کا گوشت عمدہ ھوتا ھے ۔

Elanet : (n) [app.f. mod.L.elanus + -et.] (حیوانیات) ایک قسم کا کوّا یا چیل ۔

Elanus : (n) [L.] (حیوانیات) چیل یا کوّے کی ایک مخصوص جنس ۔

Elao/Elaeo : ایک یونانی کلمہ بمعنی روغن (بالخصوص روغن زیتون) جو سابقہ کےطور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Elaphine: (a) [Gr.'elaphos.'] (حیوانیات) گوزن نرسےمتعلق ۔

Elaphoglossum : (n) [Gr.'elaphos.'+NL.'glossum.'] (نباتیات) سر حسن مادہ ۔

Elaphomyces : (n) [Gr. elaphos +NL -myces.] (نباتیات) زمین میں پیدا ھونے والے قارچ کی ایک نوع ۔

Elaphure : (n) [L.'elaphurus.'] (حیوانیات) چینی گوزن ۔

Elapidae : (n) L. 'edap -, elaps.'] دونوں منطقوں کے گرم حصوں میں پائے جانے والے زہریلے سانپ کی ایک نوع ۔

Elaps : (n) ['elap-,elaps'] (حیوانیات) جنوبی افریقہ کا زہریلا سانپ ۔

Elapse : (v) [L. -elaps -, stem of L.elabi.] (۱) (وقت) گزرنا؛ گزر جانا ؛ ختم ھونا ۔ (۲) ختم کرنا ۔ (۳) ختم ھونا ؛ گذرنا ؛ واپس ھونا ؛ منقطع ھونا ۔

Elapse : (n) (۱) امراء ؛ مرور ؛ گذشت ۔ (۲) خاتمہ ۔

Elasmo -/Elasm - : [NL'elasmo -.'] ایک سابقہ بمعنی "صفحہ فلزی" دھات کی چادر ۔

Elasmobranch : (n) ['elasmobranchii.'] (حیوانیات) غضروفی مچھلیاں ۔

Elastance : (n) (برقیات) سرایت برق کا حاجب ؛ عایق ؛ لچکیت ۔

Elastic : (n) [-mod. L.'elasticus.'] (۱) الاسٹک ۔ (۲) زندہ دل ۔ (۳) حالات کے مناسب رنگ اختیار کرنے والا ۔ (٤) سبک روح ۔ (۵) لوچ دار ۔

Elastic : (a) (۱)لچکدار ؛ لچلچا ۔ (۲) (رقیق یا جامد) مادہ جو پھیلانے، سیکڑنے یا دباؤ پڑنے کے بعد اپنی

Elastically : (adv.) لوچ کے ساتھ : تغیر کے ساتھ ۔

Elasticity : (n) لوچ ؛ اصول تغیر ؛ خاصیت کشش ؛ کشش ؛ لوچ کا اصول ۔

Modulus of elasticity : (طبیعیات) مقیاس لچک ؛ معیار لچک ۔

Elasticized : (a) (۱) الاسٹک یا ربر کے دھاگوں سے بنا ہوا یا تیار کردہ ۔ (۲) الاسٹک دھاگوں سے سلا ہوا ۔

Elastin : (n) (کیمیا) ایک البومینی مادہ ۔

Elastique : (n) [F. ' elastique'] اون یا Worsted سے تیار کردہ پارچہ جس سے یونیفارم اور کھلاڑیوں کا لباس بنتا ہے ۔

Elastomer : (n) [elast -+-mer.] (۱) ربر کی طرح ایک لچکدار چیز ۔ (۲) لچکیہ ۔

Elastomeric : (a) ربر کی طرح ایک لچکدار شے کا یا اس سے متعلق ۔

Elastometer : (n) [elast -+-meter.] لچکیت ناپنے کا ایک آلہ (جیسے جسمانی نسیج یا ربر کی) ' لچکیت پیما ۔

Elastoplast : (n) (ٹریڈ مارک) چسپاں ہونےوالی لچکدار پٹی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Elastoplastic : (n) [elast-+plastic(n)] ربر کی مانندایک پلاسٹک : ایک چیز جس میں الاسٹک اور پلاسٹک دونوں کی خصوصیات ہوں ۔

Elastose : (n) الاسٹین (Elastin) سے شکل پذیر ہونے والا ایک پروٹینی مادہ ۔

Elastosis : (n) [L.elast.+ -osis.] ایک حالت جبکہ بوڑھے لوگوں کی جلد کا لوچ ختم ہوجاتا ہے ۔

Elastration : (n) [blend of elastic and castration.] بے خون آختہ کاری ۔

Elate : (v) [L.'elatus.'] ہمت بڑھانا؛ دل بڑھانا؛ مغروربنانا؛ سرمست کر دینا ؛ (کسی) کے لئے موجب فخر ہونا ۔

Elate : (a) [ME.'elat'.] مغرور ؛ شاداں ؛ مگن ؛ خوشی میں مست ؛ نازاں ؛ سربلند ۔

اصلی صورت و حالت پر خود بخودعود کرآنے ۔ (۳) تغیر پذیر ۔ (٤) قیمتوں میں تبدیلی ہونے سے مانگ میں اضافہ یا کمی ہونے والا ۔ (٥) اپنے کو حالات کے مطابق ڈھال لینے والا؛ الاسٹک ۔

Elastic barrier : (n) (شماریات) لچکیلی رکاوٹ ۔

Elastic cartilage : (n) ایک لچکدار زرد گوں غضروف ۔

Elastic collision : (n) ایسا تصادم جس میں متصادم اجسام کی حرکی توانائی غیر متغیر رہتی ہےاور مجموعی حرکت محفوظ رہتی ہے حالانکہ یہ عموماً آپس میں منقسم ہوجاتی ہے ۔

Elastic conscience : (n) آسانی سے تغیر قبول کرنے والا ضمیر ؛ لچکدار ذہن ۔

Elastic currency : (n) ایسا رائج سکہ جو کاروبار کی مانگ کے حجم کے موافق کم اور زیادہ ہوتا ہے ۔

Elastic - fibro - cartilage : (n) (حیوانیات) لچکیلی ریشہ دار غضروف ۔

Elastic limit : (n) کسی لچکدار ٹھوس کا سب سے زیادہ دباؤ جو کسی تشویہ کے بغیر باقی رہتا ہے ۔

Elastic membrane : (n) لچکدار نسیج والی جھلّی ۔

Elastic money : (n) (تجارت) لچکدار زر ۔

Elastic principles : (n) متغیر اصول ۔

Elastic scattering : (n) مادی ذرات کا انتشار یا لچکدارتصادم کےنتیجہ میں پیدا ہونے والے فوٹون (خیانیے)؛ (طبیعیات) لچکدار انتشار ۔

Elastic side boots /Elastic sides : (n) انیسویں صدی کے بوٹ جن میں فیتے کی جگہ ربر لگا ہوتا تھا ۔

Elastic tissue : (n) ایسی نسیج جس میں خاص طور پر لچکدار ریشے ہوں اور جو خصوصاً بند اور اوتار (نَس) میں پائی جاتی ہے ۔

Elastica : (n) [L.'elasticus.'] (۱) شریانوں کی دیواروں میں موجود لچکدار نسیج کی دو تہوں میں سے کوئی ۔ (۲) لچکدار خط منحنی ۔

Elastical : (a) لوچ دار ؛ لچکدار ؛ قابل ارتجاع ؛ مرتجع ۔

Elate : (n) (نباتیات) خرما ؛ درخت خرما ؛ نخل خرما۔

Elatedly : (adv.) سر مست ہوکر ؛ مغرور ہوکر ؛ سر خوشی سے ۔

Elater : (a) [Gr.'elater.'] بلند کرنے والا ؛ مغرور کرنے والا ؛ مداح ؛ مستی و سرور پیدا کرنے والا ۔

Elater : (n) (نباتیات، حیاتیات) ناشر ؛ کٹ بھونرا ۔

Elateridae : (n) [L.] آرہ قرنی بھونرے ۔

Elaterin / Elatin : (n) ایک سفید بلوری زہریلا مصفی مادہ ۔

Elaterite : (n) [G.'elaterit.'] ایک معدنی شے جو ہندوستانی ربر کی طرح نرم اور لچکدار ہوتی ھے ۔

Elaterium : (n) [G.'elaterion.'] ایک جلاّب جو ککڑی کے رس کے رسوب سے تیار ہوتا ھے ؛ (نباتیات) اطریون ، مسہل خیار ۔

Elaterometer : (n) [Fr.'elaterometr.'] بند ہَوا یا بھاپ کے دباؤ کو ناپنے کا آلہ ۔

Elatha : (n) (افسانہ) علم کا دیوتا اور برس (Bres) کا باپ ۔

Elatine : (n) [Gr.'elatine.'] ایک آبی یا جل تھلی لت ۔

Elatine hydropiper : (n) (نباتیات) فلفل آبی ؛ فلفل مائی ؛ سبزہ ٔ فلفل ۔

Elation : (n) [ME.'elacion.'] (۱) انبساط؛ مسرت ؛ سرمستی؛ فخر ؛ غرور ؛ تکبر ؛ ترفع ۔ (۲) مریضانہ اظہار جو کبھی شدید انبساط و مسرت سے وابستہ ہو ۔ (۳) (فلسفہ) سر خوشی ۔

Elative : (a) [L.'elatus' +-ive] مغرور ؛ بلند کرنے والا ؛ بلندی پر لے جانے والا ۔

Elative : (n) [L.'elatus' +-ive.] (لسانیات) اسم تفضیل ۔ (۲) کسی زبان کی تفضیلی حالت ؛ تفضیلی حالت کی ایک شکل ۔

Elative case : (n) (لسانیات) استنباطی حالت ۔

Elayer : (n) آنو سفیر کا سب سے نچلا طبقہ جو دن کے وقت زمین کی سطح سے ۶۰ میل کی بلندی پر واقع ہوتا ھے اور ریڈیو کی لہروں کو منعکس کرنے کی صلاحیت رکھتا ھے ۔

Elb : (n) (نباتیات) درخت عناب ؛ سیلانہ ۔

Elbow : (v) کہنیانا ؛ دھکم دھکا کرکے گھسنا؛ مشکل سے آگے بڑھنا ؛ موڑ لینا ؛ زگ زاگ چلنا؛ کج چلنا ۔

Elbow : (n) [OE.'elboga.'] (۱) کہنی ۔ (۲) کہنی کی شکل کا موڑ ؛ راستے یا ندی کا موڑ ۔ (۳) لباس کا وہ حصہ جو کہنی کو چھپائے۔ (٤) کرسی کا دستہ ۔ (۵) کہنی کی طرح محسوس ہونے والی کوئی شے ۔

At one's elbow / At the elbow : (کسی کے) پاس ہی ؛ بغل میں ؛ متصل ۔

Bend an elbow also crook an elbow /Lift an elbow : نشّہ آور شراب پینا ؛ مشروب لینا ۔

Out at elbows : (۱) (لباس) پھٹا پرانا ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ۔ (۲) (شخص) غریب ؛ مفلس؛ کم مایہ ۔

Up to the elbows : کسی چیز میں مشغول و منہمک ۔

Elbow bending : (n) بیئر یا شراب پینا ۔

Elbow chair : (n) آرام کرسی ۔

Elbow - grease : (n) مشقت؛ محنت ؛ خوب زور سے رگڑنا؛ مانجھنا؛ صیقل کرنا ۔

Elbow - joint : (n) کہنی کا جوڑ ۔

Elbow of capture : (n) ندی کی راہ میں اچانک موڑ کا آنا جہاں بحری قزاقی کا خدشہ ہو ۔

Elbow - room : (n) جگہ کا بہ افراط ہونا ؛ کشادہ جگہ ؛ موقع یا حرکت کی آزادی ؛ آزادی ۔

Elbow stand : (n) بازیگر کی ایک حالت جب اس کا جسم پیش بازو پر ہوتا ھے اور پیر ہَوا میں لہراتے ہیں ۔

Elbow stone : (n) ایک پیش تاریخی خمدار سنگی مصنوعہ جو پورٹوریکو میں پایا گیا ھے ۔

Elbowed : (a) [elbow + -ed.] زانو دار ؛ زانوئی ۔

Elchee : (n) [Turk.'elci.'] ایلچی ؛ سفیر ؛ فرستادہ ۔

Eld : (n) [ME.'elde.'] (۱) (قدیم) کبر سنی ؛ قدیم زمانہ ۔ (۲) (روز مرہ ، برطانیہ) دورحیات ؛ زمانہ ۔ (۳) (قدیم) ضعیف آدمی ۔

Eld / Old : eldest کا مخفف ۔

Eld : (v) تامل کرنا ؛ تاخیر کرنا ۔

Eldebab : (n) [Ar.'al -dhubab.'] شمالی افریقہ کے اونٹ کی ایک بیماری جو ایک طفیلی جاندار سے ہوتی ہے ۔

Elder : (n) [ME.'eldre.'] (۱)عمر میں بڑا (دوشخصوں میں) ۔ (۲) بزرگ تر ؛ سینیئر (عموماً جمع میں) ۔ (۳) (قدیم)ضعیف شخص ۔(٤)انجمن انتظامیہ کارکن جو اپنے تجربہ اور عمر کے لحاظ سے خاص رتبہ کا حامل ہو ۔(٥) چرچ کا کوئی افسر یا رہنما ۔

Elder : (a) بزرگ ؛ عمر میں بڑا ؛ اگلے زمانے کا یا اس سے متعلق ؛ سینیئر ؛ تجربہ کار ۔

Elder : (n) [ME.'eldre.'] ایک جھاڑی دار درخت ؛ بیلساں ؛ اقطعی* ۔

Elder blow : (n) elder کا پودا ۔

Elder hand : (n) (تاش) جس نے پہلے پتا پھینکا ہو ؛ (گنجیفے میں) زبردست ۔

Elder statesman : (n) کسی تنظیم یا جماعت کا معروف و مشہور بزرگ سال رکن خصوصاً وہ جو سیاست سے الگ ہو کر قومی رہنماؤں کو مشورہ دیتا ہے ۔

Elder tree : (n) (نباتیات) خمان ؛ خمان کبیر ۔

Elder (-berry)wine : (n) اس درخت (کے پھل) کی شراب ۔

Elder wort /Dwarf elder : (n) (نباتیات) خمان صغیر؛ غلیون ۔

Elderberry : (n) [ME.'eldreberye.'] Elder کی جھاڑی یا درخت؛ ثمر اقطی* ۔

Elderliness : (n) بزرگ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Elderly : (a) [elder + -ly.] (۱) کسی قدر معمر؛ سن ؛ متوسط عمر سے زیادہ ادھیڑ عمر کا ؛ کہنہ ؛ فرسودہ ؛ قدیم۔ (۲) ابتدائی دور زندگی کے بعد کی خصوصیت رکھنے والا یا اس سے متعلق ۔

Eldern : (a) [Elder+ - en] دیکھو Elderly

Elders : (n) (۱) بڑے بوڑھے ؛ بزرگ ۔(۲) کسی معزز انجمن کے ارکان ؛ عہدقدیم میں عہدہ داران کلیسا؛ پادری ۔

Eldership : [elder +ship.] بزرگی ؛ ارشدیت ؛ ریش سفید ۔

Eldest : (a) [ME.] (۱) اولاد اکبر ؛ بھائی بہنوں میں سب سے بڑا ؛ ہم میں سب سے بڑا ؛ پہلوٹھی کا ۔

Eldest hand : (n) (قدیم) قدیم ترین ؛ کارڈ کھیلنے والا جو سب سے پہلے کارڈ پائے ؛ کھلاڑی جو سب سے پہلے کارڈ پائے ۔

Eldin : (n) جلا وطن ۔

Elding : (n) [ON.] (خصوصاًاسکاٹ)جلاون ؛ جلاون کی لکڑی ۔

Eldmother : (n) [OE.'eald - modor.'] (۱) (متروک) دادی ۔ (۲) ساس ؛ نیز سوتیلی ماں ۔

Eldorado : (n) [Sp.'el.dorado.'] ملک زریں ؛ ایک فرضی ملک یا شہر جس میں سونے کی بڑی افراط ہے ؛ وہ جگہ جہاں دولت آسانی سے پیدا کی جاسکے ۔

Eldress : (n) ایک خاتون بزرگ ۔

Eldritch : (a) [of Sc. origin.] دہشت انگیز؛ جسے دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو جائیں ؛ بھیانک ؛ خارق العادہ ؛ غیر طبیعی ۔

Eleatic : (a) [L.'eleaticus.'] یونانی فلسفیوں کے ایک مکتبے سے متعلق جس کا خیال تھا کہ وجود اورحرکت یا تغیر کی غیر واقعیت میں وحدت ہے ۔

Eleatic : (n) ایلیا کا فلسفی ۔

Eleaticism : (n) یونانی فلسفیوں کے ایک مکتبے کا اصول ۔

Elecampane: (n) [ME.'elycanpane.'] (۱) ایک قسم کا پوداجس کی جڑ اور پتیاں کڑوی اور خوشبودار ہوتی ہیں ۔(۲) مٹھائی جس میں اس پودے کا ذائقہ شامل کیا گیا ہو ۔

Elect : (a) [L.'electus.'] (۱) منتخب ؛ چیدہ ؛ برگزیدہ ؛ نامزد شدہ ۔(۲) (مذہبیات) برگزیدہ حق ۔ (۳) کسی عہدے یا رشتے کے لئے نامزد شدہ مثلاً (Bride elect) ۔

Bride elect : لڑکی جو دلہن بننے کے لئے نامزد ہوچکی ہو ۔

The elect : بہترین افراد ؛ چنے ہوئے لوگ ۔

Elect : (a) [L.'electus'.] (۱) برگزیدہ ۔ (۲) منتخب جماعت یا قوم ؛ منتخبہ ۔

Elect : (v) کسی کام کا یا شخص کا انتخاب کرنا؛ اختیار کرنا ؛ (مذہبیات) نجات کے لئے بعض اشخاص کو دوسروں کے مقابلے میں انتخاب کرنا ۔

Election : (n) [L.'election.'] (۱) انتخاب (اکثریت رائے سے)؛ انتخاب کا طریقہ یا عمل ۔ (۲) کسی عہدے یا رکنیت کے لئے ووٹ کے ذریعہ انتخاب ۔ (۳) انتخاب ربّانی ؛ خصوصی مراعات کا کسی شخص کےلئے مقدر ہونا ۔ (٤) علم نجوم کے اعتبار سے سعد وقت کا انتخاب ۔ (٥) جراحی یا اس کے طریقے کے لئے جگہ کا انتخاب ۔ (٦) منتخب ہونے کی حقیقت یا درجہ ۔

By - election : ضمنی یا ذیلی انتخاب ؛ پارلیمنٹ یا اسمبلی کے کسی ممبر کی جگہ خالی ہونے پر انتخاب ۔

General election : (۱) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا انتخاب عام ۔ (۲) (انگلستان میں دار العوام کےارکان کا) انتخاب عام ۔ (۳) عمومی انتخاب ؛ عام انتخابات ۔

Election cake : (n) پھل ، کشمش ، چینی ، انڈے اور مکھن سےتیار شدہ کیک ۔

Election day : (n) جمہوری عہدہ داروں کے انتخاب کے لئے قانونی طور پر متعین دن (جیسے ر۔م میں نومبر کے پہلے سوموار کے بعد کا پہلا منگل قومی انتخابات کےلئےنامزد ہے) ۔

Election pink : (n) (نباتیات) ایک قسم کا پھول ۔

Electioneer : (v) (۱) سیاسی انتخابات میں مشغول ہونا؛ انتخاب میں کسی کی حمایت کرنا ۔ (۲) انتخابی سرگرمیوں میں عملی حصہ لینا؛ اپنے انتخاب کی مہم میں سرگرم ہونا ۔ (۳) پروپیگنڈہ کے ذریعہ رائےعامہ پر حاوی ہونے کی کوشش کرنا ۔

Electioneer : (n) انتخابی مہم میں حصہ لینے والا ۔

Electioneering : (n) انتخابی مہم چلانا ۔

Elective : (a) [Late L.'electivus.'] (۱) انتخابی ؛ انتخاب سے متعلق ؛ انتخاب کا حق رکھنے والا ؛ انتخاب سے پُر (یا) ہونے والا ۔ (۲) جمہوری انتخاب کے ذریعہ منتخب ۔ (۳) دوسری چیز کے مقابلہ میں کسی ایک کی طرف مائل ہونے والا ؛ ہمدردانہ طور پر (کسی شے کی طرف) مائل ۔

Elective affinity : (n) بعض عناصر کا میلان دوسرے عناصر سے ملنے کا ، موانست ۔

Elective benefits : (n) (تجارت) انتخابی مفاد ۔

Elective subject : (n) انتخابی مضمون ۔

Electively : (adv.) انتخاب سے ؛ انتخابی طور پر ۔

Electivity : (n) انتخاب کا عمل یا اس کی خاصیت ۔

Elector : (n) [Fr.'electeur.'] حق انتخاب رکھنے والا ؛ (علم تاریخ) وہ جرمانی فرماں روا جسے شہنشاہ کےانتخاب میں رائے دینے کاحق حاصل ہو ؛ انتخاب کنندہ ؛ رائے دہندہ ؛ انتخابی حلقہ کا رکن جو ریاستہائے متحدہ کےصدر اور نائب صدر کو منتخب کرتا ہے ۔

Electoral : (a) انتخابی ؛ منتخب کرنے والے کا یا اس سے متعلق ۔

Electoral college : (n) انتخابی حلقہ ؛ خصوصاً ر ۔ م کے صدر کےانتخاب کرنےوالوں کی جماعت جو تمام امریکی ریاستوں کی نمائندگی کرتے ہیں (سینٹ اور کانگریس کے نمائندگان کی مجموعی تعداد پرمشتمل انتخابی حلقہ تیار ہوتا ہے) ۔

Electoral roll : (n) (سیاسیات) انتخابی فہرست ۔

Electorally : (adv.) انتخاب یا انتخاب کرنےوالوں کے حوالہ سے ۔

Electorate : (n) [F.'electorat.'] (۱) انتخابیہ ؛ حلقہ رائے دہندگان ؛ رائے دینے والوں کی جماعت ۔ (۲) جرمانی الیکٹر کی ریاست و منصب ۔

Joint electorate : مخلوط انتخاب ؛ مخلوط انتخابات ۔

Separate electorate : جداگانہ انتخاب ۔

Electorial : (a) دیکھو Electoral

Electorship : (n) رائے دہندگی ؛ رائے دہندہ کی کیفیت یا حالت ۔

Electosome : (n) نخبہ ۔

Electr/Electro : (n) [L.' electr.'] جزو ترکیبی بمعنی "برق" "برقی" "الیکٹرون" برقی مقناطیسی ۔

Electra complex : (n) الکترہ ذہنیت ؛ عشقِ پدری (جو فرائڈ کےنظریہ کےمطابق ہر لڑکی کے دل میں جھانکتا ھے) ؛ (نفسیات) پدری خلط ۔

Electress /Electoress : (n) (۱) انتخاب کرنے والی ۔ (۲) جرمانی الیکٹر کی بیگم ۔

Electret : (n) (برقیات) حاجز ؛ ایك برق گذار جسم جس میں برقی قطبیت کی مستقل حالت قائم ہوچکی ہو ۔

Electric : [L.'electrum.'] بجلی کا ؛ بجلی پیدا کرنے والی خاصیت کا حامل ؛ وہ جسم جس میں بجلی جمع کی جائے یا وہ کام کرے ؛ برق انگیز ۔

Electric : (a) برقی ؛ کہربائی ؛ برق رو ؛ نیز مجازاً ۔

Electric arc : (n) برقی قوس ؛ دو الیکٹروڈ کے نقطوں کا درمیانی برقایا روشن حصہ جس سے برقی لہر دوڑ رہی ہو ۔

Electric atmosphere : (n) برقی اجسام کا وہ حلقہ جس میں وہ اپنی نمایاں خصوصیات ظاہر کرے ۔

Electric aura : (n) برقی نسمہ ۔

Electric branch : (n) (سیاسیات) شعبہ' بجلی ۔

Electric breeze : (n) نسمہ برقی ۔

Electric blue : (n) فولاد کا سا نیلا رنگ ؛ قوس قزاحی رنگ ۔

Electric bulb : (n) برقی قمقمہ ۔

Electric burn : (n) برقی حرقہ ۔

Electric candle : (n) ایك برقی آلہ جس میں کاربن کی پنسل متوازی ہوتی ھے ۔

Electric cantery : (n) (جراحی) برقی مکواۃ ۔

Electric cell : (n) بیٹری ؛ کوٹھری نمبر چھ ۔

Electric charge : (n) قوت کہربائی کا بھرنا (لانڈن کے بنے ہوئے ظروف میں) ۔

Electric chair : (n) وہ کرسی جو بجلی سے جان ہلاك کرنے کے لئے استعمال ہوتی ھے ۔

Electric chaines : (n) دھات کی چھڑ سے لٹکتی ہوئی تین گھنٹیاں جو بجلی سے بجتی ہیں ۔

Electric chorea : (n) (طب) برقی رقصہ ۔

Electric clock : (n) بجلی گھڑی ؛ بجلی سے چلنےوالی گھڑی ؛ ایسی گھڑی جس کا پنڈولم برقی مقناطیسی تحرك سے چلتارھے ۔

Electric current : (n) برقی رو ؛ مثبت اور منفی برقی ذرات حرکت جس کے ساتھ گرمی پیدا ہو ؛ مقناطیسی میدان بنتارھےاور کیمیائی تغیر ہو ۔

Electric discharge : (n) برقی اخراج ۔

Electric doublet : (n) برقی جفتہ ۔

Electric drier : (n) برقی ناشف ۔

Electric drop recorder : (n) برقی قطرہ نگار ۔

Electric Dynamometer : (n) برقی قوت پیما ۔

Electric eel : (n) (حیاتیات) برقی مارماہی ؛ ایك مچھلی جس سے برقی صدمہ پہنچتا ھے ۔

Electric energy : (n) برقی توانائی ۔

Electric eye : (n) برقی آنکھ؛ ضیائی برقی خانہ ۔

Electric field : (n) (برقیات) برقی میدان ۔

Electric fire : (n) (برطانیہ) کمروں کو گرم رکھنے والا برقی ہیٹر ۔

Electric fishes : (n) بعض مچھلیاں جو برقی صدمہ پہنچاسکتی ہیں ۔

Electric fluid : (n) مفروضہ سیال کے لئے فرینکلن کی اصطلاح جو بجلی کا موجب ھے ۔

Electric flux : (n) برقی نفاذ ۔

Electric force : (n) برقی قوت ؛ وہ قوت جس سے برق مادے کو متحرك کرتی ھے ۔

Electric furnace : (n) برقی چولہا؛ چولہا جو برقی رو سے گرم کیا جاتا ھے ؛ برق بھٹی ۔

Electric generator : (n) ؛ (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی جنك ؛ مولد برق ۔

Electric guitar : (n) ایك قسم کا گٹار جس کا آہنگ بجلی کے ذریعہ بلند کیا جاتا ھے ۔

Electric heater : (n) (برقیات) برقی گرمالہ ۔

Electric harpoon : وہ جس میں بجلی کے ذریعہ برقی بار مشتعل ھوتا ھے ۔

Electric indicator : (n) جو مقناطیسی لہروں کا پتا دے ۔

Electric induction : (n) (برقیات) برقی امالہ ۔

Electric inspection : (n) (برقیات) برقی معائنہ ۔

Electric intensity : (n) (برقیات) حدت برقاؤ ؛ شدت برقاؤ ۔

Electric iron : (n) بجلی کے ذریعہ استری کرنے کا آلہ ۔

Electric knife : (n) سوئی کی طرح الیکٹروڈ جو نسیج کو کاٹے اور جلا دے ۔

Electric lamp : (n) الیکٹرك لیمپ ؛ برقی لیمپ ؛ ایسا برقی لیمپ جس میں روشنی بجلی کے ذریعہ ھو ۔

Electric light : (n) بجلی کی روشنی ؛ برقی روشنی ؛ برقی چراغ ؛ (برقیات) بریقہ ۔

Electric light-bulb : (n) (برقیات) قمقمہ بر ق ۔

Electric machine : (n) وہ جس سے رگڑ کر بجلی پیدا کی جائے ۔

Electric moment : (n) (برقیات) برقی معیار اثر ۔

Electric organ : (n) (حیوانیات) برقی عضو ۔

Electric oscillations : (n) (برقیات) برقی ارتعاشات ۔

Electric polarization : (n) (برقیات) برقی تقطیب ۔

Electric potential : (n) (برقیات) برقی قوۃ ۔

Electric ray : (n) (حیوانیات) رعاد ؛ بر ق ماہی ۔

Electric refrigeration : (n) (طبیعیات) برقی خنکانا ۔

Electric regulator : (n) برقی مقناطیسی سرکٹ سے مشین کھولنےیا بند کرنے والا آلہ ۔

Electric reproducing : (n) (صوتیات) برقی باز تولید صوت؛ برقی گراموفون ۔

Electric resistance : (n) برقی مزاحمت ۔

Electric shock : (n) (عضویات) برقی صدمہ ؛ بر ق زدگی ۔

Electric shocker : (n) ندی یا تالاب کی مچھلیوں کو پانی میں برقی رو بھیج کر متوحش کرنے کا ایك طریقہ (مچھلی پکڑنےیا اس کی آبادی کا مطالعہ کرنے کےلئے) ۔

Electric signal : (n) (برقیات) برقی اشارہ ۔

Electric sleep (n) (طب) برقی نیند ۔

Electric spare : (n) برقی شرار ۔

Electric storm : (n) (موسمیات) برقی طوفان ؛ پانی اور گرج کے ساتھ پیدا ھونے والا اچانك شدید طوفان ۔

Electric stroke : (n) (عضویات) برقی ضرب ۔

Electric supply : (n) (معاشیات) برقی بہم رسانی ۔

Electric steel : (n) بجلی کی بھٹی میں صاف ھونے والا فولاد ۔

Electric tension : (n) برقی شدت ۔

Electric tissue : (n) (حیوانیات) برق زا نسیج ۔

Electric tractor : (n) (انجینیئرنگ ،برقیات) برقی ہل ۔

Electric wave : (n) (برقیات) برقی موج ؛ برقی مقناطیسی رو ۔

Electric wave telegraphy : (n) (تلغرافی) بےتار پیام رسانی ۔

Electric whirl : (n) (برقیات) برقی گردہ ۔

Electric wires : (n) برقی تلغراف کے تار ۔

Electrical : (a) برق سے متعلق ؛ برقی ؛ کہربائی ۔

Electrical analogy : (n) (صوتیات) برقی مماثلت ۔

Electrical communication : (n) برقی پیام رسانی ۔

Electrical element : (n) برقی خانہ ۔

Electrical energy : (n) برقی توانائی ۔

Electrical engineer : (n) برقی مہندس ۔

Electrical engineering : (n) برقی انجینیئری ۔

Electrical focussing : (n) (طبیعیات) برقی مرکوزیت ۔

Electrical oscillation : (n) (کیمیا) برقی ڈولن ۔

Electrical phenomenon : (n) (کیمیا) برقی مظہر ۔

Electrical resistivity : (n) برقی مزاحمت ۔

Electrical recording : (n) (صوتیات) برقی صوت نگاری ۔

Electrical resonance : (n) برقی گمک ۔

Electrical storm : (n) برقی طوفان ۔

Electrical technology : (n) برقی صناعیات؛ برقی تکنالوجی ۔

Electrical transcription : (n) فونو گراف ریکارڈ جو ریڈیو نشریہ کے لئے ہو ؛ ریڈیو پروگرام کا نشریہ ۔

Electrical transient : (n) (طبیعیات) برقی لحاتی خلل ۔

Electrically : (adv.) برق ذریعے سے ؛ بجلی کے زور سے ۔

Electrician : (n) [electric + - ian.] (۱) برقی آلات ساز ۔ (۲) برقچی ۔ (۳) برقیات داں ؛ ماہر برقیات ۔

Electricity : (n) (۱) بجلی ؛ برق ؛ کہربا ۔ (۲) علم البرق ؛ برقیات جو برق کی کیفیات اور قوانین سے بحث کرے ۔ (۳) سرگرمی؛ جوش ۔ (٤) برقی رو ۔

Atmospheric electricity : (موسمیات) برق ہَوائی؛ برق کرہٗ ہَوا ۔

Current electricity /Dynamic electricity : (برقیات) برق حرکی ؛ حرکی برق ۔

Frictional electricity : فرکی برق ؛ رگڑ بجلی ۔

Galvonic electricity : مقناطیسی برق ۔

Magnetic electricity : (برقیات) مقناطیسی برق ۔

Negative-/Resinous electricity : سلبی برق ؛ منفی برق ۔

Positive-/ Vitreous electricity : ایجابی برق ؛ مثبت برق ۔

Static electricity : (برقیات) برق سکونی ۔

Technical electricity : (برقیات) صنعتی برق ۔

Thermal electricity : حراری برق ۔

Electrics : (n) (برقیات) برقی اشیاء ۔

Electrification : (n) بجلی لگانا ؛ برقانے کا کام ؛ ریل کو بجانے دخانی کے برقی بنانے کا عمل ؛ (برقیات) برقاؤ ؛ (طبیعیات) برقانا ۔

Electrified body : (n) (برقیات) برقایا ہوا جسم ۔

Electrifier : (n) وہ جو برقاؤ کا کام کرے ۔

Electrify /Electrize : (v) برقانا ؛ بجلی پہنچانا ؛ (مجازاً) مشتعل کرنا ؛ چونکانا ؛ بجلی کی سی لہر دوڑا دینا ۔

Electrine : (a) (فلزیات) الیکٹرمی ؛ (معدنیات) کہربائی ۔

Electrization : (n) برقانے کا فعل ؛ (برقیات) برقی علاج ؛ (طبیات) برقاؤ ۔

Electro (بول چال میں) الیکٹروپلیٹ ؛ الیکٹرو ٹائپ (کا مخفف ہے) ۔

Electro : [Gr.'electron.'] (ترکیبی جزو) برق سے متعلق ؛ بجلی کا ؛ برقی ۔

Electro-active : (a) (کیمیا) برق کا ۔

Electro-affinity : (n) (برقیات) اِلف برقی ۔

Electro-analysis : (n) برقی طریقے سے الگ کیمیاوی تجزیہ جس میں برقی توانائی کی کافی مقدار صرف ہوتی ہے؛ تحلیل بالبرق ؛ برق پاشی تجزیہ ۔

Electro - anesthesia : (n) (طب) برقی تخدیر ۔

Electro-appendectomy : (n) (طب) برقی زائدہ برآری برقی ۔

Electro-ballistic : (a) برقی منجنیقی ۔

Electro-bath : (n) مائع جس میں محلول دھات الیکٹرو پلیٹ کےلئے ھو ؛ (برقیات) برقی محلول ۔

Electro-biology : (n) برقی حیاتیات ؛ حیاتیات کا ایک شعبہ جو جاندار نامئے کے برقی مظاہر سے بحث کرتا ھو ۔

Electro-bioscopy : (n) برقی حیات بینی ۔

Electro-capillary : (a) برقی شعری ۔

Electro-cardiogram : (n) [electr - +cardiogram.] برقی قلب نگاری جس سے دل کے عضلہ کے خلاف معمولیت کا پتا چلتا ھے ۔

Electro-cardiograph : (n) ضرب قلب کے درمیان برقی قوت میں ھونے والے تغیرات تحریر کرنے کا ایک آلہ جس سے دل کے خلاف معمولیت کا پتا چلتا ھے ۔

Electro-cardiography : (n) (طب) برقی قلب نگاری ۔

Electro-chemical : (a) (برقیات ، کیمیا) برقیمیائی ؛ برقی کیمیائی ۔

Electro-chemical equivalent : (n) (کیمیا) برقیمیائی معادل ۔

Electro-chemistry : (n) برقی کیمیا ۔

Electro-comic : (a) (کیمیا) برقی روانی ۔

Electro-conductive : (a) ایصال برق کا حامل ۔

Electro-coppering : (n) (کیمیا) برقی تانبہ کاری ۔

Electro-culture : (n) (نباتیات) برقی کاشت ۔

Electro-cystoscope : (n) (طب) برقی مثانہ بیں ۔

Electro-deposit : (v) (کیمیا) بذریعہ برق پانی جمع کرنا ۔

Electro-deposition : (n) (فلزیات) برقی انداخت ۔

Electro-desiccation : (n) (طب) برقی خشکاؤ ۔

Electro-diagnosis : (n) (طب) برقی تشخیص ۔

Electro-dialysis : (n) (کیمیا) برقی رق پاشیدگی ۔

Electro-dissolution : (n) (برقیات، انجینیئرنگ)برقی تحلیل ۔

Electro-dynamic : (a) برقی حرکیات کا یا اس سے متعلق ۔

Electro-dynamometer : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی طاقت پیما ۔

Electro-encephalography : (n) (طب) دماغ برق نگاری ۔

Electro - endosmosis : (n) (کیمیا) برقی درد لوچ ۔

Electro - engraving : (n) برقی حکاکی ۔

Electro - farming : (n) (برقیات) کاشتکاری ۔

Electro - forming : (n) (فلزیات) برقی تشکیل ۔

Electro-fusion : (n) برقی پگھلاؤ ؛ (دھاتوں کا) ۔

Electro-genesis : (n) (برقیات) تولید برق ۔

Electro-gild : (v) برقی طلا کاری کرنا ۔

Electro-gilding : (n) (کیمیا) برقی طلا کاری ۔

Electro-kinetics : (n) (برقیات) برقی حرکیات ؛ برقی سنیمائیات ۔

Electro-lithotrity : (n) (طب) برقی حصاۃ شکنی ۔

Electro-magnet : (n) برقی مقناطیس، برقاطیس؛ مقناطیسی مادہ (جیسے کچا لوہا) جو برقی رووں سے محصورھو کر مقناطیس کی طرح قوت کشش پیدا کرلیتا ھے اورجب تک رو جاری رہتی ھے اس کی مقناطیسیت قائم رہتی ھے ۔

Electro-magnetic : (a) برقاطیسی ؛ برقی مقناطیسی ۔

Electro - magnetism : (n) برقی مقناطیسیت ۔

Electro-massage : (n) برقی مالش ۔

Electro-mechanics : (n) برقی حرکیات کا ایک شعبہ جو برقی دور میں شامل میکانکی قوتوں سے بحث کرتا ھے ؛ برقی میکانیات ۔

Electro-osmosis : (n) (کیمیا) برقی دلوج ۔

Electro plax : (n) (حیوانیات) لوح برقی عضو ۔

Electrode : (n) برقی مورچه؛ (برقیات) برقیرہ : ایک موصل (کاربن یا کوئی دھات کی شے) جو برقی ایصال قائم کرتا ھے۔

Active-electrode : (برقیات) فعال برقیرہ۔

Indifferen-electrode : (برقیات) غافل برقیرہ۔

Silent -electrode : (برقیات) ساکن بر قیرہ۔

Electrodynamics : (n) برقی حرکیات؛ طبیعیات کاایک شعبہ جو ان اثرات سےبحث کرتاھے جو برقی رو کے مقناطیس یا دوسری لہروں کے باہمی رد عمل کے نتیجہ میں پیدا ھوتے ہیں۔

Electrogram : (n) کسی نسیج کی برقی نگاری (الیکٹروڈ کے ذریعہ) ؛ برق نگارش۔

Electrograph : (n) برق نگار (آلہ) ؛ (طبیعیات) دورنگار ؛ (فوٹو) لاشعاعی تصویر ۔

Electrographite : (n) کسی بجلی کی بھٹی میں کاربن گرم کرنے سے پیدا ھونے والا مصنوعی گریفائیٹ۔

Electrography : (n) (برقیات) برق نگاری۔

Electrolier : (n) برقی چراغوں کا جھمکڑا۔

Electrologist : (n) [NL.f.E.- logist.] برقی رو سے بال ، داغ ، مہاسے دور کرنے والا۔

Electrology : (n) برقیات ؛ علم البرق : (برقیات) اطلاقی برقیات۔

Electrolyse : (v) مقناطیسی عمل کے ذریعے سے تحلیل کرنا؛ (کیمیا) برق پاشنا۔

Electrolysis : (n) کیمیائی تحلیل ، عمل مقناطیسی کے ذریعہ سے ؛ نیز اس فن کا نام ؛ (کیمیا) برق پاش میں برقی رو بھیج کر کیمیاوی تبدیلیاں پیدا کرنے کا عمل ؛ برق پاشیدگی۔

Electrolyte : (n) وہ جسم جس کی تحلیل اس عمل سے کی جائے ؛ برق پاش ؛ برق پاشیدہ۔

Electrolytic : (a) (کیمیا) برق پاشانہ۔

Electrolytic cell : (n) (کیمیا، برقیات) برق پاشی خانہ۔

Electro-polar : (a) برقی قطب دار۔

Electro-positive: (a) (۱) مثبت برق کا حامل۔(۲) مثبت برق سے متعلق۔(۳) جو کسی وولٹا سل میر منفی الیکٹروڈ کی طرح کام کرے۔(٤) الیکٹرون پیدا کرنے والا۔(۵) جو کسی وولٹا سل میں مثبت الیکٹروڈ کی طرح کام کرے۔

Electro-positiveness : (n) برقی مثبتیت۔

Electro-potential : (n) (کیمیا) برقی قوت۔

Electro-puncture : (n) نسیج میں برقی رو دینا۔

Electro-radiology : (n) (طب) برقی شعاعیات۔

Electro-shock : (n) علاج بالبرق ؛ بجلی کے ذریعہ صدمہ پہنچانا۔

Electro-shock therapy : (n) برقی رو کے ذریعے دماغی خلل کا علاج۔

Electro-surgery : (n) (جراحیات) برقی جراحی۔

Electro-technics : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی صناعیات۔

Electro-telegraphy : (n) (تلغرافی) تار برقی۔

Electro - tint : (n) برقی نقاشی۔

Electro valency/Electrovalence : (n) (کیمیا) برقی گرفت۔

Electro-vital (a) برقی حیاتی۔

Electrocantery : (n) بجلی کی رو سے داغنا ؛ بجلی کے ذریعہ کسی نسیج کو داغنا ؛ (طب) برقی مکواۃ۔

Electrocatalysis : (n) (برقیات ، کیمیا) برقی عمل انگیزی۔

Eletrochronograph : (n) برقی وقت نگار۔

Electrocision : (n) (طب) استیصال بالبرق۔

Electrocute : (v) (۱)برقی قوت سے جان لینا۔(۲)برقی صدمہ دے کر جان لینا۔

Electrocution : (n) برقی کرسی پر بٹھانا ؛ برقی قوت سے سزائے موت دینا۔

Electrolytic depolarisation : (n) (برقیات) برقی ازالۂ تقطیب۔

Electrolytic dissociation (Theory of) : (برقیات) (نظریہ) برقپاشی ؛ افتراق ۔

Electrolytic gas : (n) (کیمیا) برقپاشی گیس ؛ دھماکو گیس ۔

Electrolytic polarisation : (n) (برقیات) برقی تقطیب ؛ برقپاشی تقطیب۔

Electrolytic polishing : (n) (برقیات) برق پاشی جلاکاری ۔

Electrolyze : (v) برق پاشیدگی کے عمل میں لانا؛ برق پاشی کرنا۔

Electromagnetic theory of the light : (نظریۂ طبیعیات) روشنی ایسے تموجات پر مشتمل ہوتی ہے جولہر کی حرکت کی راہ کے عمودی ہوتے ہیں۔

Electromagnetic wave : (n) برقی اور مقناطیسی میدان کی شدت کے بیک وقت تغیرات سے پیدا ہونے والی لہروں میں سے ایک جس میں ریڈیائی لہر ، ایکسرے ، گاما لہر وغیرہ شامل ہیں۔

Electromagnetisation : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی مقناد ۔

Electromagnetism : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقاطیسیت ۔

Electromer : (n) دو یا زیادہ اشیاء میں سےایک جو الیکٹرون کی تقسیم کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں۔

Electromerism : (n) (کیمیا) برقی ہم ترکیبی ۔

Electrometallurgy : (n) [electr-+ metallurgy.] برقی دھات کاری ؛ دھات کاری کا ایک شعبہ جو برقی لہروں کےاطلاق سے بحث کرتا ہے ۔

Electrometer : (n) [electr - +-meter.] برق پیما ؛برقی تفاوت قوت ناپنے یا پتا لگانے کا کوئی آلہ ۔

Capilary electrometer : (برقیات) شعری برق پیما ۔

Electrometry : (n) (برقیات) برق پیمائی ۔

Electromigration : (n) [electr -+migration.] برقی میدان میں روانوں (ions) یا لونتی ذرات کاتنقل۔

Electromotion : (n) مقناطیسی رو ؛ میکانی حرکت جو برق سے پیدا ہو ؛ برقی حرکت ۔

Electromotive : (a) [electr-+motive(a).] محرك برق؛ برقی رو کا یا اس سے متعلق یا برقی تحریك پیدا کرنے سے متعلق ۔

Electromotive force : (n) قوت محرکہ برق ؛ جو برق کی تحریك پیدا کرے ۔

Electromotive series /Electromotive force series : (n) سلسلہ برق قوائی ۔

Electromotor : (n) برقی موٹر ۔

Electromuscular : (a) (حیوانیات) برقی عضلی ۔

Electromyography : (n) (طب) عضلی برق نگاری ۔

Electron : (n) [electr - + - on.] برقیہ ؛ الیکٹرون ؛ کسی ایٹم کے جزئی ابتدائی ذرات جو منفی برق کے حامل ہوتے ہیں ۔

Electron affinity : (n) (۱) برقی الف ؛ وہ درجہ جس حد تك ایٹم یا سالمہ زائد الیکٹرون کو کھینچتا ہے ۔ (۲) کم سے کم توانائی جو تعدیلی جوہر یا سالمہ پیدا کرنے کےلئے منفی رواں (ion) سے الیکٹرون دور کرنے میں درکارھو ۔(۳) منفی توانائی جو الیکٹرون کو بلورمیں داخل کرنے میں درکار ھو ۔

Electron-camera : (n) (ٹیلی) برقیہ کیمرا ۔

Electron-cloud : (n) کسی ایٹم کے مرکزہ کے گرد الیکٹرون کا سلسلہ ۔

Electron emission : (n) کسی مادّے سے الیکٹرون کا اخراج ؛ الیکٹرون کے اخراج کی شرح ۔

Electron lens : (n) برقی یا مقناطیسی میدان کے ذریعہ الیکٹرونی شعاع کو ملانے یا پھیلانے کا طریقہ ۔

Electron microscope : (n) (برقیات) برقیائی خوردبین ۔

Electron multiplier : (n) (برقیات) برقیات افزائندہ ۔

Electron optics : (n) الیکٹرونیات کاایك شعبہ جوالیکٹرونی شعاعوں کے ان خواص سے بحث کرتا ہے جو روشنی کی شعاعوں کے خواص کے مماثل ہیں ۔

Electron shell : (n) (برقیات) برقیائی خول ۔

Electron stream : (n) (برقیات) برقیوں کا دھارا ۔

Electron theory : (n) (برقیات) نظریہ' برقیہ ۔

Electron volt : (n) (برقیات) برقیہ وولٹ ۔

Electronation : (n) (برقیات) ازدیاد برقیات ۔

Electronegative : (a) منفی برق سے متعلق؛ (کیمیا) تیزابی؛ (برقیات) برقی منفی ۔

Electronegativeness : (n) (برقیات) برقی منفیت ۔

Electronegativity : (n) برقی منفی ہونے کی صفت ، حالت یا درجہ خصوصاً الیکٹرون کو مرکب میں جوہر یا اصلیہ کھینچنے والی قوت ۔

Electroneurolysis : (n) (طب) برقی عصب پاشی ۔

Electroneurotone : (n) (طب) برقی آلہ مالش ۔

Electronic : (a) (۱)الیکٹرون کا یا اس سے متعلق : (برقیات) برقیائی ؛ برقیہ بردار ۔(۲) الیکٹرونیات کا یا اس سے متعلق خصوصاً اسکےاصولوں کے مطابق کام کرنے والے طریقوں کا استعمال ۔

Electronic brain : (n) ایک بڑی کمپیوٹر مشین جو الیکٹرونی طریقے سے کام کرتی ہو ۔

Electronic charge : (n) (برقیات) بار برقیہ ۔

Electronic computor : (n) (شماریات) برقی کمپیوٹر ۔

Electronically : (a) الیکٹرون کی رو سے ؛ الیکٹرونیات کے اعتبار سے ۔

Electronics : (n) طبیعیات کا ایک شعبہ جو الیکٹر ون کےخلا اور گیسوں میں اخراج ، کیفیت ، اثرات اور الیکٹرونی طریقہ' کار سےبحث کرے ؛ برقیات ۔

Electropath : (n) (طب) معالج برقی ۔

Electropathology : (n) (طب) برقی امراضیات ۔

Electropathy : (n) (طب) برقی علاج ؛ علاج بالبرق ۔

Electrophone : (n) (صوتیات) برقی فون ؛ ایک آلہ جس سے برقی طور پر موسیقی پیدا ہوتی ہے ۔

Electrophonic : (a) (صوتیات) برقی سماعت ۔

Electrophonoide : (n) (صوتیات) صوتی برقالہ ۔

Electrophore/Electrophorus : (n) [L.] کہربا حامل (آلہ) ؛ برق بردار ۔

Electrophoresis : (n)[L.electr-+-phoresis.] (کیمیا)برقی تنقل؛ قوت محرکہ برق کے زیر اثر کسی مائع میں شامل ذرات کاتحرك ؛ برقی برداریت ۔

Electrophoretic effect : (n) (کیمیا) برق برداری اثر ۔

Electrophorus : (n) [electr.-+phorus] مچھلیوں کی ایک نوع؛ جس میں برقی بام بھی شامل ھے ۔

Electrophotography : (n) [electr - +photδgraphy .] ایسی فوٹو گرافی جس میں تصویریں برقی طور پر بنتی ہیں (جیسے xerography میں) ۔

Electrophototherapy : (n) (طب) برقی علاج ۔

Electrophysiology : (n) (عضویات) برقی عضویات ۔

Electroplate (n) [Electr - + plate .] (۱) برقی ذریعے سے چاندی چڑھانا ۔(۲) برقی قلعی کا برتن ۔

Electroplate : (v) (۱) برقی ذریعے سےایک دھات پر دوسری دھات چڑھانا ۔(۲) برقی ذریعے سے ٹھپ کرنا ۔

Electroplating : (n) (کیمیا) برقی ملمع کاری ؛ برقی قلعی ۔

Electrorifining : (n) (کیمیا) برقی تصفیہ ۔

Electroscission : (n) (جراحی) قطع بالبرق ۔

Electros : Electro کی جمع ۔

Electroscope : (n) برق نما؛ کسی جسم میں برقی بار کی موجودگی کا پتا چلانے والا آلہ ۔

Condensing electroscope : (برقیات) تکثیفی برق نما۔

Gold leaf electroscope : (برقیات) برق نما اوراق طلائی ۔

Pith-ball electroscope : (برقیات) گودا گولی برق نما۔

Electrosol : (n) (کیمیا) برقی محلول ۔

Electrospectroscopy : (n) (بصریات) برقی طیف نگاری ۔

Electrostatic : (a) سکونی برق یابرقی سکونیات سے متعلق ۔

Electrostatic attraction : (n) (برقیات) برقی سکونی کشش ۔

Electrostatic field : (n) بجلی کا میدان ۔

Electrostatic generator : (n) (برقیات) برقی سکونی مشین ۔

Electrostatic units : (n) (برقیات) برقی سکونی اکائیاں ۔

Electrostatic voltmeter : (n) (برقیات) برق سکونی وولٹ پیما ۔

Electrostatics : (n) برقی سکونیات ؛ طبیعیات کا ایک شعبہ جو ایسے برقی تار کی کشش یا دفع کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے مظاہر سے بحث کرے جو ان کی حرکت پر منحصر نہ ہو ۔

Electrostriction : (n) (برقیات) برقی ضیق : برقی میدان کے عمل سے کسی برقی جسم میں نقص پیدا ہونا ۔

Electrosynthesis : (n) (کیمیا) برقی تالیف ؛ بجلی کے ذریعے ترکیب پانا ۔

Electrotaxis : (n) [L.] برقی ترتیب ؛ ایسی حرکت جس میں برقی رو اہم عنصر کی طرح کارفرما ہو ۔

Electrotellurograph : (n) (برقیات) ارضی رونگار ۔

Electrothanasia : (n) (طب) ہلاکت بالبرق : برقی ہلاکت ۔

Electrotherapeutics : (n) (طب) برقی علاجیات ۔

Electrotherapeutist : (n) (طب) معالج برقی ۔

Electrotherapy : (n) علاج بالبرق ؛ بجلی کے ذریعے امراض کا علاج ۔

Electrotherm : (n) (برقیات) برقی گرمالہ ۔

Electrothermal (a) (برقیات) برقی حری ؛ بجلی اور حرارت دونوں سے متعلق؛ جس میں برق اور حرارت دونوں شامل ہوں خصوصاً برقی حرارت سے متعلق ۔

Electrothermics : (n) (برقیات) برقی حرّیات ۔

Electrothermotherapy : (n) (طب) برقی حراری علاج ۔

Electrotome : (n) (جراحی) برقی چاقو ؛ (حیوانیات) برقی تراشندہ ۔

Electrotonic : (a) (طب) برقی طنابی ۔

Electrotonus : (n) [L.] برقی اثر کے تحت محرک عصبات کی حالت ؛ (طب) برقی طناب ۔

Electrotrephine : (n) (جراحی) برقی ترفان ۔

Electrotropism : (n) (حیوانیات) برق رُخی ۔

Electrotype : (n) [electr + type.] وہ نقل جو سیال تانبے کو سانچے پر جما کر برقی عمل سے تیار کی جائے؛ اس طریقہ سے قالب تیار کرنا؛ (برقیات)برقی ٹائپ ۔

Electrotype : (v) سیال تانبے کو سانچے پر جما کر برقی عمل سے نقل تیار کرنا ۔

Electrotyping : (n) (برقیات) برقی ٹائپ کاری ۔

Electroviscosity : (n) کسی محلول کی لزوجت پر آیُون کا اثر ۔

Electrozone : (n) (کیمیا) برقی اوزون ۔

Electrum : (n) [L.] سونے چاندی کا میل یا "جوڑ" جو قدما استعمال کرتے تھے ؛ کچ دھات طلا ؛ جرمن چاندی ؛ کہربا (قدیم) ۔

Electuary : (n) [L.'electuarium.'] شہد یا شربت میں محلول کیا ہوا سفوف ؛ (طب) معجون ؛ لعوق ؛ بیطاری طریقہ؛ علاج میں استعمال ہونےوالا لعوق جو شہد یا شیرینی سےتیار ہوتا ہے اورجو دانت، مسوڑھے یا زبان میں مل کر کھلایا جاتا ہے ۔

Thebaic electuary : (طب) تریاق فاروق ۔

Eledone : (n) [Gr.'eledone.'] سرپا کی ایک قسم ۔

Eleemosynarily : (adv.) بطور خیرات ۔

Eleemosynary : (a) [ML.eleemosynarius.] (۱) خیرات خور؛ صدقہ خور۔ (۲) خیراتی ۔(۳) بلا معاوضہ ؛ للّٰہ ۔

Eleemosynary : (a) خیراتی : خیرات کی قسم کا : خیرات سے متعلق ۔

Eleemosynary corporation : (n) (تجارت) خیراتی کارپوریشن ۔

Elegance : (n) [Fr.'elegance.'] شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ سلاست ؛ خوش اسلوبی ؛ سلیقہ مندی ؛ شان ؛ خوبی ؛ حسن صحت ؛ کمال حسن ۔

Elegant : (a)[Fr.'elegant.'] (حرکات، اطوار، طرز تحریر وغیرہ) شستہ ؛ پاکیزہ ؛ نفیس ؛ سلیقہ مند؛ برجستہ؛ بارفعت ؛ خوش اسلوب؛ (طرز معاشرت)امیرانہ؛ ٹھاٹھ سے؛ (دواسازی) بامزہ ؛ خوش شکل اور خوشگوار؛ اعلیٰ درجے یا خوبی کا؛ اعلیٰ ؛ نفیس ۔

Elegante : (n) [F.'elegante.'] فیشن پرست خاتون ۔

Elegantly : (adv.) نفاست سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ تمکنت سے وغیرہ ۔

Elegiac /-al : (a) [L.'elegiacus.'] ماتمی ؛ غمناک ؛ الم انگیز؛ رثائی ؛ مرثیے سے متعلق ؛ مرثیہ نگارانہ ۔

Elegiac : (n) [Late. L. elegiacus.] ان دو یونانی بحروں کےنام جن میں مرثیے لکھے جاتے ہیں ؛ (صیغہٗ جمع) ماتمی اشعار ؛ نوحہ ؛ مرثیہ ؛ مرثیے یا نوحے کی بحر میں ۔

Elegiast : (n) مرثیہ گو ۔

Elegist : (n) مرثیہ گو شاعر ۔

Elegit : (n) [L.] عدالتی فیصلہ جس کے مطابق دائن کو مدیون کی آدھی ملکیت پر قبضہ دیا جاتا تھا ۔

Elegize : (v) [F.] نوحہ لکھنا ؛ درد انگیز اشعار کہنا؛ مرثیہ لکھنا ۔

Elegy : (n) [L. 'elegia'] نوحہ ؛ مرثیہ؛ نظم ماتمی بحر میں؛ درد انگیز نظم ۔

Eleme figs : (n) [Turk. 'eleme.'] اعلیٰ درجے کی انجیر ۔

Element : (n) [L. 'elementum.'] (۱)عنصر ؛ جزء ترکیبی ۔ (۲) (کیمیا) وہ جز جس کی مزیدتحلیل نہ ہو سکے۔ (۳) (جمع) (کسی علم یا فن کے) مبادی ؛ ابتدائی اصول ۔ (٤) آسمان ؛ سما ۔ (٥) سو سے زیادہ دھات یا ادھات اشیاء میں سے ایک ۔

Consonantic element : (لسانیات) مصمتی جزو ۔

Floating element : (لسانیات) غیر ضروری جزو ۔

One's element : اپنےخاص عنصر میں ؛ اپنےعنصری مسکن میں (یعنی چار عناصر میں سے کسی ایک میں) ؛ اپنے مزاج کے موافق عنصر میں ؛ اپنے ماحول میں ہونا ؛ بے جھجک کام کرنا ۔

Out of one's element : اپنے مزاج کےعنصر سے باہر؛ مخالفانہ ماحول میں ہونا ؛ ہچکچانا ۔

Sociatic element : مختصر سوال وجواب کے ذریعہ حقیقت دریافت کرنے کا طریقہ ۔

The four elements : چارعنصر ؛ اربعہ عناصر (آب ، باد، خاک ، آتش) ۔

Vocalic element : صوتی جزو ۔

War of the elements : قوائے فضائی کی جنگ ۔

Element of trenches : (n) (فوجی) خندقوں کے موڑوں کے درمیان فاصلے ۔

Elemental : (a) (۱) عنصری ۔ (۲) بسیط ؛ غیر مرکب ؛ فطرت کی عظیم قوت کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) (متروک) مادی؛ طبیعی ۔ (٤) فطرت کی طاقت کا نمائندہ ۔ (٥) فطرت کی قوت یا اس کے کسی وجود کے شایان شان ، جو سادگی ، معصومیت ، توانائی کاحامل ہو ؛ قدیم ؛ ناتراشیدہ اساسی ؛ ارضی ۔ (٦) ابتدائی ؛ تمہیدی ۔ (۷) خلقی؛ لاینفک ۔

Elemental : (n) (۱) روح ؛ غضب ۔ (۲) ابتدائیہ ؛ اصول ابتدائی (عموماً جمع میں) ؛ (تھیوسوفی) ارض و ہوا کے مؤکل ۔

Elemental part : (n) علاحدہ اکائیاں یا عناصر اشیاء لفظاً فرض کرنے کارجحان (جیسے دماغ اور جسم ، زمان و مکان) ۔

Elementalism : (n) جزو لایتجزیٰ ۔

Elementarily : (adv.) ابتدائی طور پر ؛ معمولی لحاظ سے ۔

Elementariness: (n) ابتدائی کیفیت یاحالت ۔

Elementary : (a) [MF. elementaire.] (۱) ابتدائی ؛ تمہیدی ۔ (۲) (کیمیا) نا قابل تحلیل ۔(۳) (متروک) مادی ؛ طبیعی ۔ (٤) عناصر یا کسی موضوع کے ابتدائیے سے متعلق ؛ ابتدائی ؛ سادہ ؛ بنیادی ؛ قدیم ۔ (٥) ابتدائی اسکول کا یا اس

سے متعلق ۔ (٦) ابتدائی (شے) ۔ (٧) (ہاتھ کے لئے) کھردرا ؛ بھونڈا ۔

Elementary algebra : (n) ابتدائی الجبرا ؛ الجبرا کا وہ حصہ جو سادہ خواص سے بحث کرے ۔

Elementary analysis : (n) کسی شے کے عناصر کا تعین یا دریافت ۔

Elementary bodies : (n) (طب) خلیہ ذرات ۔

Elementary body : (n) قابل تمیز اکائیوں میں سے کوئی ایک جو جسم کی حامل ہو اور جس میں بعض وائرس کے متعدی امراض پھیلانے والے ذرات موجود ہوں ۔

Elementary colours : (n) (طبیعیات) الوان اصلی ۔

Elementary geometry : (n) اقلیدسی جومیٹری کا وہ حصہ جو خط مستقیم ، دائرے ، سطح اور مخروط سے بحث کرے ۔

Elementary particle : (n) مادہ اور توانائی کے اجزا میں سے کوئی ایک (جیسے الیکٹرون ، پروٹون یا فوٹون) ۔

Elementary school : (n) ابتدائی اسکول : اسکول جہاں ابتدائی چیزیں (جیسے پڑھنا، لکھنا، ہجّے کرنا اور حساب) بتائی جائیں ۔

Elementary species : (n) ابتدائی نوع ۔

Elements : (n) Element کی جمع ۔

Elements of an orbit : عددی مقدار کا مجموعہ جو نظام شمسی کے کسی رکن کا مدار بتائے ۔

Elemi : (n) [mod. L.] ایک قسم کا گوند جو مرہم اور وارنش میں ڈالا جاتا ہے ؛ صمغ زیتون ۔

Elemicin : (n) بعض ضروری روغن میں پایا جانے والا مائع ایتھر $(C_{12}H_{16}O_3)$ ۔

Elenchus/Elenchi : (n)[G.'elenchos.'] (منطق) رد منطقی ؛ منطقی تردید ؛ ابطال ؛ (فلسفہ) سفسطہ ۔

Elenctic : (a) [G.'elenktikos] جرح سے متعلق ؛ جرح و تردید کا شائق ۔

Elenge : (a) [OE.] (قدیم) بعید ؛ دشوار ؛ خشک ؛ دردناک ۔

Eleometer : (n) (کیمیا) تیل پیما ؛ روغن پیما ۔

Eleoptene : (n) کسی طبعی روغن کا مائع جزو جو سردی میں ٹھوس ہو جاتا ہے ۔

Eleosachram : (n) شکر روغنی ۔

Elephant : (n) [Gr.'elephant-'] (١) ہاتھی ؛ فیل ۔ (٢) ٢٨ x ٢٣ انچی کاغذ کی تقطیع ۔

Double elephant : ٤ x $\frac{١}{٢}$ ٢٦ انچی کاغذ کی تقطیع ۔

White elephant : سفید ہاتھی ؛ (مجازاً) ایسی ملک جو وبال جان ہو (زیادہ مصارف کے باعث) ۔

Elephant creeper : (n) مشرقی ہندوستان کے انگور کی بیل جس کی پتیاں بڑی ہوتی ہیں اور جس کے پھول گلاب کی طرح ہوتے ہیں اور اسے زیب و آرائش کے لئے لگاتے ہیں ۔

Elephant folio : (n) بڑے تقطیع کی اشاعت (جیسے کوئی کتاب یا اٹلس) ۔

Elephant gun : (n) بڑے سائز کا رائفل (جیسے ٤٠٠ یا اس سے زیادہ) جو افریقہ یا ہندوستان کے بڑے شکاری جانوروں کا شکار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Elephant iron : (n) چھت کے کاموں میں استعمال ہونے والا لوہا جس کی چادریں بڑی اور نیم مخروطی ہوتی ہیں ۔

Elephant sear : (n) ایسے متعدد پودوں میں سے ایک جس کی پتیاں ایک طرف بڑی ہوتی ہیں جیسے تارو کا درخت ؛ بگونیا ۔

Elephant thorn : (n) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس کے کانٹے بڑے اور پھیلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Elephant tortoise : (n) ایک عظیم الجثہ سنگ پشت ۔

Elephant trunk : (n) ایک پھسلنے والی گاڑی جو کوئلہ جمع کرنے میں کام آتی ہے ۔

Elephanta : (n) [Pg. elephante.] مانسون کے آغاز یا انجام پر مشرقی ہندوستان کا شدید طوفان ۔

Elephantiasic : (a) [NL.elephantiasis.] فیل پا میں مبتلا یا اس کی مانند ۔

Elephantiasis : (n) (طب) فیل پا ؛ داء الفیل ؛ ایک مرض جس میں جلد ہاتھی کی کھال کےمشابہ ہوجاتی ہے؛ نا مناسب بالیدگی ؛ توسیع اور پھیلاؤ (جیسے لفظی توسیع)۔

Elephantic : (a) (۱) ہاتھی کا ؛ ہاتھی سے متعلق ۔ (۲) بھدّا؛ حد سے بڑا جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔

Elephantine : (a) [L.'elephantinus.'] دیکھو Elephantic

Elephantine epoch : (n) وہ قدیم زمانہ جب ہاتھی بکثرت پیدا ہوتے تھے ؛ (ارضیات) ہاتھی جگ ۔

Elephantine humour/-task/-movements : (n) بھدّا مذاق یا کام ؛ بھدّے حرکات و سکنات ۔

Elephantoid : (a) (۱) ہاتھی کا یا اس کے مشابہ ۔ (۲) فیل پا کے مشابہ یا اس سے متعلق ؛ فیل پارٹی ۔

Elephas : (n) [L.] ایشیائی ہاتھی کی ایک نوع ۔

Elettaria : (n) [L.] (نباتیات) جنس الائچی ۔

Elettaria cardamom : (n) (نباتیات) الائچی (درخت) ؛ درخت بیل ۔

Eleusinian /-mysteries : (a) [L.'elensinius.'] (۱) قدیم یونان کا ایک تہوار جس کے مراسم مقام الیوسس میں ادا کئے جاتے تھے ۔ (۲) قدیم یونان کے شہر یولس کا باشندہ یا شہری۔

Eleuthero - : [Gr.'eleutheros.'] (ترکیبی جزُ) بمعنی آزاد ۔

Eleutherodactyle : (a) (حیوانیات) آزاد انگشت ۔

Eleutheromania : (n) (نفسیات) جنون آزادی ۔

Eleutheropetalous : (a) (نباتیات) آزاد گلبرگ ۔

Eleutherophyllous : (a) (نباتیات) آزاد برگ ۔

Eleutheros : (a)[Gr.'eleutheros.'] (حیاتیات) جدا جدا؛ علاحدہ ۔

Eleutherozoa : (n) (حیوانیات) آزاد حیوانات ۔

Elevate : (v) [L.'elevare.'] (۱) بلند کرنا ؛ اٹھانا ؛ سرمست کرنا؛ اونچا کرنا۔ (۲) مرتبہ بڑھانا؛ قدربڑھانا ؛ ترقی دینا ؛علمی یا اخلاقی حیثیت سے سرفراز کرنا ۔ (۳) (روز مرہ) کسی قدر مخمور ہونا ۔ (٤) توپ کا دھرا بلند کرنا ۔

Elevate : (a) (قدیم) بلند ؛ رفیع ۔

Elevated : (a) اعلیٰ سطح پر واقع ؛ ذہنی یا اخلاقی اعتبار سے بلند سطح پر ؛ رفعت خیال یا احساس کے اعتبار سے نمایاں ، رفیع ؛ پاکیزہ ؛ شاندار ؛ عظیم الشان ؛ بلند ۔

Elevated : (a) ریل کی بلند لائن ؛ ریل کی اونچی سڑک ۔

Elevated duct : (n) (فلزیات) مرتفع قناۃ ۔

Elevated pole : (n) دو سماوی قطبوں میں سے ایک جو ناظر کے افق سے بلند ہوتا ہے ۔

Elevated rail /-road/-railway : ریل کی لائن جو شہری علاقوں میں ہوتی ہے اور جس کی سطح زمین کی سطح سے بلند ہوتی ہے ۔

Elevatedly : (adv.) سرمستی سے ؛ پاکیزگی کے ساتھ۔

Elevatedness : (n) ترفیع ؛ شکوہ ؛ سرمستی ۔

Elevating : (a) روحانی یا اخلاقی کیفیت میں ترفع پیدا کرنے والا ۔

Elevatingly :(adv.) روحانی کیفیت میں ترفع پیدا کرتے ہوئے۔

Elevation : (n) (۱) بلندی (مادی وغیر مادی) ؛ رفعت ۔ (۲) اونچائی ؛ بلندی (سمندرکی سطح سے) ۔ (۳) عروج ؛ ارتفاع ۔ (٤) عمارت کانقشہ جس میں اس کے سب رخوں کی بلندی دکھائی جائے ۔ (۵) اسلوب یا خیال کی شوکت ؛ شوکت فکر ؛ رفعت آہنگ ۔ (٦) رفعت کردار یا روح ۔ (۷) عمودی سطح پر قائم الزاویہ اظلال ۔ (۸) (تعلیمات) روکار۔

Elevation of boiling point (طبیعیات) نقطہ جوش کاچڑھاؤ ۔

Elevato : (a&adv.) [It.] پرشکوہ آہنگ؛ رفیع (موسیقی میں راہنمائی کےلئے مستعمل) ۔

Elevator : (n) [mod. L. 'elevator.'] بلند کرنے والا؛ اٹھانے والا؛ اعضاء وغیرہ کو اٹھانے والا عضلہ ؛ غلے وغیرہ کو اوپر اٹھانے کی کل ؛ بالائی منزلوں پر پہنچانے والی کل (لفٹ) ؛ مُرفع ؛ دانت کی جڑوں کو اکھاڑنے والا آلہ ؛ پست عضو کو اوپراٹھانے والا ایک آلہ‌جراحی؛ (انجینیئرنگ) رافعہ ؛ بالا بر ؛ لفٹ ؛ (حیوانیات ، تشریح) عضلہ مرتفعہ ۔

Elevatory : (a) اوپر اٹھانے والا وغیرہ ۔

Eleven : (a &n) [ME.'endleven'] گیارہ ؛ گیارہ کھلاڑیوں کی ٹیم خصوصاً فٹ بال میں ؛ گیارہ بجے ۔

Eleven rule : (n) گیارہ کا قاعدہ ۔

Eleven year period : (n) (فلکیات) یازدہ سالہ دور ۔

Elevens : (n) (برطانیہ) (روز مرہ) ناشتا ؛ دوپہر کا کھانا ۔

An elevens : کرکٹ وغیرہ میں ایک فریق کی کل تعداد ۔

The elevens : حضرت عیسیٰ کے حواری (باستثنائے یہودا) ۔

Eleventh : (a&n) [ME.enlefte.] گیارھواں ؛ (موسیقی) ایک آہنگ ؛ وقفہ ۔

Eleventh hour : (n) آخری وقت ؛ آخر میں ۔

Elf : (n) [OE.] (۱) عفریت ؛ پلید؛ بھوت ؛ بھتنا ؛ بونا ؛ کٹنخ ؛ بالشتیا ۔(۲) مکار شخص ؛ شیطان ۔

Elf-arrow/-bolt : (n) چقماقی تیری علامت ۔

Elf-bolt /-arrow /-dart : (n) چقماق کا پرکار ۔

Elf-dart : (n) (۱) ایک بیماری ۔(۲) چقماقی تیری علامت ۔

Elf-land : (n) پرستان ۔

Elf-locks : (n) الجھے ہوئے بال ؛ موئے ژولیدہ ؛ لٹیں ؛ جٹائیں۔

Elf-owl : (n) ایک بہت ہی چھوٹا حشرہ خور اُلو جو شمالی میکسیکو میں پایا جاتا ھے ۔

Elf-shot : (n) دیکھو Elf-dart

Elf struck : (a) آسیب زدہ ۔

Elfin : (a) بھوت پریت سے متعلق ؛ شریر بونے بھتنے کا (سا) ۔

Elfin : (n) بچہ ؛ شریر بونا ؛ دیو ؛ بھتنا ؛ پریا ۔

Elfin woodland : (n) بلندی پر کا جنگل جو گھنا نہ ہو ۔

Elfish : (a) [alter of ' elvish.'] (۱) بھتنا سا ؛ بھتنے کی طرح ۔ (۲) شریر ۔

Eliasite : (n) (معدنیات) یورینیم کا آب دار آکسائیڈ ۔

Elicit : (v) [L.'elicitus.'] استخراج ؛ (قوائے مخفیہ کو) بروئے کار لانا ؛ (کسی سے جواب یا تردید) نکلوانا؛ منطقی طورپرنکالنا ؛ تحریک دینا ؛ اشتعال دینا ؛ اظہار کرنا ۔

Elicitable : (a) قابل استخراج ؛ لائق اشتعال ۔

Elicitation : (n) استخراج ؛ استنباط ۔

Elicitor : (n) منطقی طور پر بات کا پتا لگانے والا ۔

Elide : (v) [L.'elidere.'] (۱) تلفظ میں (کوئی حرف یا آواز) گرا دینا ؛ ادا نہ کرنا ۔ (۲) (قدیم) برباد کرنا ؛ منسوخ کردینا ۔(۳) بدلنا یا دبا دینا (جیسے مصوت یا ہجا کو) ؛ حذف کرنا۔(٤) نظرانداز کرنا ؛ ترک کردینا ۔(٥) ملخص کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم کرنا ۔

Elidible : (a) قابل حذف ؛ قابل تخفیف ۔

Eligibility : (n) (سیاسیات) اہلیت ؛ موزونیت ؛ صلاحیت ۔

Eligible : (a) [L.'eligibilis.'] (کسی عہدے وغیرہ کے) اہل ؛ لائق ؛ مناسب ؛ مستحق ۔

Eligibly : (adv.) مناسب طریقے سے ؛ بہ طریق مناسب ۔

Elijah : (n) [after elijah, 9th cent B.C. Hebrew prophet.] (بائبل) الیاس علیہ السلام ۔

Elijah's chair : (n) [after elijah, Hebrew prophet.] وہ خالی کرسی جو یہودی رسم ختنہ کے موقع پر الیاس کےلئے رکھ چھوڑتے ہیں ۔

Elijah's cup : (n) شراب کا پیالہ جو میز پر الیاس کے لئے مخصوص طور پر رکھا جاتا ھے ، یہودیوں کا یہ عقیدہ ھے کہ وہ کسی وقت مہمان بن کر آسکتے ہیں ۔

Eliminability : (n) قابل اخراج ہونے کی کیفیت یاحالت ۔

Eliminable : (a) (۱) (ریاضی) مخرج ۔(۲) مسقط ؛ حاصل اسقاط ۔

Eliminant : (n&a) (۱) (ریاضیات) مخرج ۔(۲) قابل اخراج ۔

Eliminate : (v) [L.'eliminatus.'] (۱) خارج کرنا ؛ نکال دینا ؛ ساقط کرنا؛ علاحدہ کردینا ۔(۲) (جسمانی ریشوں

سےفضلات کو یا کسی مرکب سےاس کے کسی جزو کو) خارج کرنا ۔ (۳) (جواب دیتے وقت کسی سوال سے) تجاہل کرنا۔ (٤) (قدیم) دروازے سے باہر کرنا؛ ڈھکیل دینا۔ (٥) چھٹکارا پانا ۔ (٦) نظر انداز کرنا ۔ (۷) ہٹانا ، دو یا زیادہ مساوات کو ملا کر ۔

Elimination : (n) اخراج ؛ خارج کرنا وغیرہ ؛ اسقاط؛ حذف ۔

Elimination period : (n) (تجارت) مدت اخراج ۔

Eliminations : (n) تھوک ؛ پیشاب؛ فضلہ؛ منطقی اصطلاحات کا اخراج سالمے سے ؛ ذروں کا اخراج ۔

Eliminator : (n) (ریاضیات) اسقاط کنندہ ۔

Elinguation : (n) (جراحی) زبان برآری ۔

Elinvar : (n) [F.'elinvar.'] ایلن ور ؛ ایک دھات بھرت جس میں پچاس فیصد لوہا ، چھتیس فیصد نیکل اور بارہ فیصد کرومیم ہوتا ھے اور جس کا لوچ حرارت کے تغیر سے غیر متاثر رہتا ھے اور جو گھڑیوں کے اسپرنگ اور دوسرے دقیق آلات میں استعمال ہوتا ھے ۔

Eliquate : (v) [L.'eliquatus.'] (۱) (متروک) آزادی سے بہنے دینا ؛ مائع بنانا ۔ (۲) پگھلانا ؛ سودھنا ۔

Eliquation : (n) [L.'eliquation.'] (۱) (متروک) اماعت ۔ (۲) ذوب ؛ پگھلاؤ ۔ (۳) (کیمیا) ذوبی تجزیہ ؛ (طبیعیات) ذوب ۔

Elision : (n) [L.'elision.'] تلفظ میں کسی حرف علت یا رکن لفظ یا کتاب سے کسی عبارت کو حذف کردینا ؛ حذف ؛ (لسانیات) حذف ؛ اِزالہ ۔

Elisor : (n) [Ofr. 'esliseor.'] (قانون) جوری کا انتخاب کرنے والے دو اشخاص میں سے ایک ۔

Elite : (n) [Fr.] (۱) چیدہ ؛ بہترین ؛ منتخب ؛ زعما؛ ممتاز افراد ۔ (۲) وہ جماعت جو سماجی اعتبار سے پُر وقار ہو ؛ وہ اقلیت جو اپنا اثر ، اقتدار یا فیصلہ کن قوت ڈالتی ھے ۔ (۳) ٹائپ رائٹر کا ایک سائز جس کے بارہ نقوش افقی اور چھ عمودی ہوں ۔

Elite : (a) (۱) چیدہ ؛ بہترین یا منتخب سے متعلق ۔ (۲) انتخاب ؛ عمدہ ؛ اعلیٰ ۔

Elite seed : (n) عمدہ بیج ؛ اعلیٰ بیج ۔

Elitism : (n) (۱) یہ عقیدہ کہ چیدہ افراد ہی حکمرانی کے اہل ہیں ؛ نیز اس عقیدے کی وکالت ۔ (۲) انتخاب روزگار ہونے کا شعور ۔

Elitist : (n) [elite + - ist.] (۱) اس عقیدے کا حامل کہ چیدہ افراد ہی حکمرانی کے اہل ہیں ۔ (۲) وہ جو اپنےکو انتخاب روزگار سمجھے ۔

Elixate : (v) (۱) جوش دینا ؛ ابالنا ۔ (۲) پانی میں ڈالنا ۔

Elixir : [med.L.] (۱) ایک مادہ جس کےمتعلق دورِوسطیٰ میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ دھات کو سونے میں بدل سکتا ھے ؛ ایک شے جس کے بارے میں یہ عقیدہ تھا کہ وہ حیات کو بڑھاتی ھے۔ اس کا اس محاورے یعنی "Elixir of life" میں استعمال ہوتا ھے ۔ (۲) (طب) اکسیر ۔ (۳) (کیمیا) عرق ۔ (٤) (طب) یاقوتی ؛ مقوی دوا ۔ (٥) (Myth) اکسیر (حیات) ۔

Elixir of life/-vitae : اکسیر حیات ؛ آب حیات ؛ آب حیواں ۔

Elixirate : (v) (متروک) تصفیہ ؛ مقطر کرنا ۔

Elizabeth : (a) شہر ایلزبتھ کا یا اس سے متعلق ؛ اس طرز یا قسم سے متعلق جو اس شہرمیں مروج تھی ۔

Elizabethan : (a) (۱) ایلزبتھن؛ ملکہ ایلزبتھ اول یا اس عہد کی تہذیب و ثقافت سے متعلق ؛ اس عہد کے طرزلباس سے متعلق ۔ (۲) ایلزبتھ دوم (۱۹۲٦) یا اس کے عہد حکومت کا یا اس سے متعلق ۔

Elizabethan : (n) زمانہٴ ایلزبتھ اول کا شخص خصوصاً شاعر یا ڈراما نگار ۔

Elizabethan style : (n) (۱) نشاۃ ثانیہ کے دور اول کی طرز تعمیر جس میں ٹیوڈراوراٹلی کی خصوصیات شامل ہیں اورجو زمانہ ایلزبتھ کی عمارتوں میں مشترک تھی ۔ اس طرز کےنقوش بڑے دریچوں ، طویل گیلریوں ، قد آور آراستہ چمنیوں اور دوسرے آرائشی کاموں میں ملتے ہیں ۔ (۲) فرنیچر کا وہ اسٹائل جو نشاۃ ثانیہ کےعہد ایلزبتھ میں مروج تھا ۔

Elk : (n) [ME.] (۱) بڑا بارہ سنگا ؛ گوزن (شمالی یورپ اور شمالی امریکا کا) ؛ سابر ۔ (۲) (روز مرہ، برطانیہ) ایک جنگلی مادہ بط ۔

Ell : (n) (۱) ناپنے کا (ایک متروک الاستعمال) پیمانہ ؛ پینتالیس انچ کا پیمانہ ۔ (۲) نیم گز ؛ ہاتھ ۔

Give him an inch and he will take ell : وہ تو انگلی پکڑ کے پہنچا پکڑتا ہے ۔

Ell-wand : (n) ایک پیمانہ (لمبائی کا) ۔ (۲) (علم النجوم) نطاق الجوزا ۔

Ellagic acid : (n) ایک قسم کا ترشہ ($C_{14} H_8 O_9$) جو مازو سے حاصل ہوتا ہے ۔

Ellek : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Eller : (روز مرہ) elder کی متبادل شکل ۔

Ellipse : (n) [alter of ellipois.] بیضوی شکل ؛ وہ ہندسی شکل جو مخروط کو ترچھا تراشنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ تقدیر کلام ؛ (ہندسہ) بیضوی شکل ؛ قطع ناقص ؛ بیضی ؛ بلیلج ۔

Ellipsis /-pses : (n) [Gr.elleipsis.'] تقدیرکلام ؛ حذف عبارت جسےملاکر مفہوم کلام پیدا ہوتا ہے؛ کسی عنصر کو حذف کرنا ؛ علامت یا علامات سےحروف ، الفاظ یا دوسرے مواد کے حذف کا پتا چلے ۔

Ellipsograph : (n) (۱) بیضوی شکل بنانے کا آلہ ۔ (۲) (ہندسہ) بیضوی نگار ۔

Ellipsoid : (n) بلیلجی نما(شکل) ؛ بیضوی نما (شکل) ؛ مماثل ٹھوس ؛ (ہندسہ) بیضوی مجسمہ ؛ بلیلج نما ؛ ناقص نما ۔

Ellipsoidal : (a) (۱) بیضوی شکل کی مانند ۔ (۲) گول تکیے کی شکل کا ، خاص طور پر لاوا کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ (طبیعیات) بیضوی ۔

Ellipsoidal structure : (n) (حیوانیات) بیضوی ساخت ۔

Ellipsometer : (n) قطبی روشنی کی بیضویت متعین کرنے کا ایک آلہ ۔

Elliptic/Eliptic/- al : (a) [G.elleiptikos.] (۱) بیضوی شکل کی مانند یا اس کےمتعلق ؛ بیضوی ؛ بلیلجی ؛ ناقص ۔ (۲) ایسےبیان سےمتعلق جو قواعد کی رو سےمکمل ہو مگر جامع ہونے کے لئے کسی عنصر کی کمی ہو ۔ (۳) ایسی علامت سے متعلق جو (کسی لفظ کے) حذف کا اشاریہ ہو ؛ (لسانیات) حذفی ۔

Elliptic arch : (n) بیضوی محراب ۔

Elliptic geometry : (n) ہندسہ جو اقلیدس کی متوازی بدیہیات کےعلاوہ تمام اولیات کو قبول کرتا ہے ۔

Elliptic lamina : (n) (حیوانیات) بیضوی برقچہ ۔

Elliptic motion : (n) (حیوانیات) بیضوی حرکت ۔

Elliptic orbit : (n) (حیوانیات) بیضوی مدار ۔

Elliptic polarisation : (n) (بصریات) بیضوی تقطیب ۔

Elliptic section : (n) بلیلجی تراش ۔

Elliptic trammel : (n) (نقشہ) بیضوی کش ۔

Elliptical galaxy /Spheriodal -: (n) کہکشاں بیضوی شکل کی؛ (فلکیات) بیضوی مجرّات ۔

Elliptical polarisation : (n) (طبیعیات) بیضی تقطیب ۔

Elliptical projection : (n) بیضوی شکل کےاندرونی حصہ پر زمین کی سطح کا نقشہ ۔

Elliptical orbit : (n) (فلکیات) بیضوی مدار ۔

Elliptically : (adv.) بیضوی شکل میں ؛ بیضوی طور پر ؛ کسی عنصر کی فروگذاشت کے ساتھ ؛ بغیر منطقی رابطہ کے ؛ خفیہ ؛پیچیدہ طور پر ؛ مختصراً ۔

Elliptically polarised light : (بصریات) بیضوی تقطیب شدہ نور ۔

Ellipticalness : (n) بیضوی ہونے کی کیفیت یا صفت ۔

Ellipticity : (n) (۱) (جغرافیہ) فرق قطرین ۔ (۲) بیضویت ۔

Ellipticyte : (n) بیضوی سرخ جسمیہ ۔

Elm : (n) [OE] ایک درخت جس کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف دندانے دار ہوتی ہیں ؛ بوقیذار؛ بوقیذار کی لکڑی ؛ درخت نارون ؛ (نباتیات) شجر بق ؛ دروار ۔

Big leaved elm : (نباتیات) کاٹن ۔

Elm tea: (n) بوقیذار کی چھال سے تیار کردہ مشروب ۔

Elmansura : (a) [Fr.'El Marsura.'] المنصور (مصر) میں مروجہ طرز یا قسم کا ۔

Elmen : (a) [ME.'elmyn.'] (برطانیہ ، روز مرہ) بوقیذار کی لکڑی سے متعلق یا اس سے بنا ہوا ۔

Elmen-dorf test : (n) [after elmendorf.] کاغذ کی عمدگی کا ایک معیار ۔

Elmer : (n) (حیوانیات) مار ماہیچہ ۔

Elmy : (a) بوقیذار کے درختوں سے بھرا؛ اس درخت کی خاصیت رکھنے والا ۔

Elocular : (a) ایک شگاف والا ؛ ایک جوف والا ۔

Elocute : (v) [back formation fr.elocution.] فن خطابت کا مظاہرہ کرنا ؛ خطاب کرنا ۔

Elocution : (n)[L.'elocution'.] فن تقریر ؛ خطابت ؛ فن خطابت ؛ اسلوب تقریر ؛ (قدیم) ادبی اسلوب یا اظہار ۔

Elocutionary : (a) خطابت سے متعلق ۔

Elocutionist : (n) خطیب ؛ ماہر مقرر ؛ فن خطابت کا استاد ۔

Eloge : (n) [ML.'elogium.'] تقریر ؛ متوفی کے ذکرخیر میں (جو خاص کر فرانسیسی اکادمی کارکن اپنے پیشرو کے محاسن بیان کرنے میں کرتا ہے)۔

Elogy : (n) [fr.L.'elogium.'] (قدیم) سوانحی خاکہ تعریف کے ساتھ؛ (متروک) متوفی کا ذکر خیر ۔

Elohim : (n) [Heb.'elohim.'] (۱) آلہ خصوصاً وہ جس کا تصور انجیل قدیم میں موجود تھا ۔ (۲) یہودیوں اور کسانوں کا مقامی دیوتا ۔

Elohism : (n) ۔ ایلوہیم (Elohim) کا مذہب یا اس کی پرستش ۔

Elohist : (n) یہود کے ان کتب مذہبی کے مصنفین جن میں خدا کےلئے بجائے "یہوے" کے " الوہیم " کا لفظ استعمال ہوا ہے ۔

Eloign /Eloin : (v) [MF.'eloynen.'] (۱) محفوظ رکھنا ۔ (۲) دور کرنا ؛ پوشیدہ رکھنا (قانونی اختیارات سے)۔

Elongate : (a)[L.'elongatus.'] (نباتیات، حیوانیات) نازک ؛ دراز ؛ گاؤ دم ؛ طویل ؛ عرض کے مقابلہ میں طول کا دراز تر ہونا ۔

Elongate : (v) [L.'elongatus.'] (۱) بڑھانا؛ طول دینا ؛ دراز کرنا۔(۲) (نباتیات)نازک شکل کا ہونا؛ گاؤ دم ہونا ؛ بڑھنا ؛ دراز ہونا ۔ (۳) (ستاروں کا) آفتاب سے دور ہونا ۔

Elongate : (v) [L.'elongatus.'] (۱) (قدیم) (جرم سماوی کےبارے میں) آسمان میں خاص نقطہ یا ابتدائی مقام سے ہٹتا ہوا نظر آنا ۔ (۲) کھینچنا؛ لمبا کرنا ۔

Elongated : (a) مطول ۔

Elongation : (n) [ML.'elongation.'] (۱) بڑھاؤ ؛ کھچاؤ ؛ لمبان؛ درازی ۔ (۲) (فلکیات) تباین سیار یا سیارہ ؛ وہ زاویہ جو زمین پر دو خطوں کے مابین واقع ہو جن میں سے ایک خط آفتاب کے، دوسرا سیارے کےمرکزتک کھینچاجائے؛ شمال کے سماوی قطب کے اعتبار سے کسی تارے کا انتہائی مشرق یامغرب میں روزانہ واقع ہونا۔ (۳) (متروک) دوری ؛ بُعد ۔ (٤) (فلزیات) تطول ؛ تطویل؛ (سیارہ) بعد الشمس ۔

Elongation of the ovula : (طب) کوّا گرنا ؛ گھانٹی ۔

Elope : (v) [AF.'aloper.'] (شادی شدہ عورت کا) میکے یا سسرال سے (آشنا کے ساتھ)نکل جانا؛ غیرشادی شدہ عورت کا کسی کے ساتھ اپنے گھر سےنکل بھاگنا؛ (ملزم کا) فرار ہو جانا؛ (مریض کا) نکل جانا (کسی اسپتال سے) ؛ روپوش ہونا ۔

Elopement : (n) الوپ ؛ اغوا ؛ ہرب ؛ فرار (اپنے گھر سے کسی عاشق یا معشوق کے ساتھ)۔

Eloquence : (n) [L.'eloquentia.'] خوش بیانی ؛ فصاحت ؛ طلاقت ؛ خطابت ؛ علم بیان ۔

Eloquent : (a) [ME.fr.MF.] فصیح ؛ خوش بیان ؛ بلیغ ؛ سخن پرداز ۔

Eloquently : (adv.) خوش بیانی سے ؛ خطیبانہ انداز سے ؛ فصاحت سے ۔

Elritch : Eldritch کی متبادل شکل ۔

Elrr quite : (n) لوہے اور الومینیم کا سلیکیٹ ۔

Else : (adv.) [ME.'elles.'] اور؛ کوئی اور ؛ اور کیا؛ اور کچھ؛ اور کوئی ؛ ورنہ ۔

Elsewards : (adv.) دوسری جگہ کی طرف ۔

Elsewhere : (adv.) کہیں اور ؛ دوسری جگہ ۔

Elsin : (n) ایک قسم کا الو ۔

Elucidate : (v) [L.'elucidatus'.] تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ (کسی مسئلے کو) واضح یا روشن کرنا ۔

Elucidation : (n) تشریح ؛ توضیح وغیرہ ؛ شرح ۔

The elucidation of the text : توضیح متن ۔

Elucidative / Elucidatory : (a) مصرح ؛ مشرح ؛ توضیحی ۔

Elucidator : (n) تشریح یا توضیح کرنے والا ۔

Elucubration : (n) [Lak L.] کوئی ادبی تصنیف ۔

Elude : (v) [L.'eludere.'] (۱) چپکے سے بچ نکلنا (گرفت ، زد ، نگرانی ، باز پرس ، خطرے ، دشواری وغیرہ سے) آنکھ بچا جانا ۔ (۲) (معاہدے یا قانون کی پابندی سے) بچنا یا گریز کرنا ۔ (۳) (عقل کو) چکر میں ڈال دینا ۔

Elul : [Heb.] چھٹا عبرانی مقدس مہینہ ۔

Elumbated : (a) (مزاجاً) کمزور کمر ۔

Elusine : (n) (۱) گھاس کی ایک نوع ؛ جنس منڈا ۔ (۲) اس نوع کا کوئی پودا ۔

Elusine corocane : (n) (نباتیات) منڈا ۔

Elusion : (n) بچاؤ ؛ گریز ؛ دھوکے میں ڈالنا ؛ بچ نکلنا ؛ فرار خصوصاً کسی مسئلہ یا حکم سے ؛ مغالطہ آمیزی ۔

Elusive : (a) گرفت سے بچ نکلنے والا ؛ چکر میں ڈالنے والا؛ فریب کار ؛ پیچیدہ ۔

Elusively : (adv.) بچ نکلنے کے طور پر ؛ اجتناب کرتے ہوئے ۔

Elusiveness : (n) فرار ؛ گریز ؛ اجتناب ؛ فریب کاری ؛ پیچیدگی ۔

Elusory : (a) [ML. 'elusorius'.] مغالطے میں ڈالنے والی ؛ گرفت سے بچ نکلنے والے (دلائل ، شرائط وغیرہ) ۔

Elute : (v) [L. 'elutus'.] دھونا؛ صاف کرنا؛ پاک کرنا خصوصاً کسی محلول شے کو محلل کے ذریعہ ۔

Elution : (n) [L. 'elution'.] دھونے یا صاف کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ (کیمیا) نتھراؤ ؛ تصویل ۔

Elutriate :(v) [L. 'elutriatus'.] چھاننا ؛ مخلوط شے کو خارج کرنا ؛ دور کرنا ۔

Elutriation : (n) [L. 'elutriatus'.] (۱) کسی مخلوط سے اشیاء کو دھوکر یا چھان کر دور کرنا ۔ (۲) کسی مخلوط کے باریک ذرات کو ثقیل ذرات سے علاحدہ کرنا ۔ (۳) زمین کے خفیف یا باریک ذرات کا بارش کے ذریعہ دور ہونا ۔

Eluvial : (a) [L. 'eluvium'.] (۱) کیوال مٹی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ایسی مٹی یا علاقے سے متعلق ۔

Eluvies : (n) [L.] سیلان الرحم میں نکلنے والا مادہ ؛ کوئی مادہ ۔

Eluvium : (n) [L.] موسم زدگی یا انتشار سے پیدا ہونے والا ملبہ (چٹان کا) ۔

Eluxate :(v) جوڑ الگ کردینا ۔

Elvan : (n) جوالا مکھی سے نکلا ہوا سخت پتھر ۔

Elver : (n) [alter of eelfere.] ایک چھوٹی مخروطی شکل کی بام مچھلی ۔

Elvish : دیکھو Elf

Elysee : (n) جمہوریہ فرانس کے صدر کی قیام گاہ ۔

Elysian : (a) [L.'elysius.'] متعلق بہ فردوس یا فردوسی ؛ روحانی سرور سے متعلق یا روحانی سرور والا ۔

Elysium : (n) [Gr.'elysion .'] (۱) (یونانی دیو مالا) بہشت ؛ مبارک ارواح کا مسکن ۔ (۲) انتہائی راحت و سرور کی جگہ یا حالت ۔

Elytra :(n) (حیوانیات) پرپوشاں ۔

Elytriform : (a) (حیوانیات) پرپوش شکل ۔

Elytrigerous : (a) پرپوش دار ۔

Elytrisis : (n) (طب) ورم مہبل ۔

Elytro - : ایک یونانی سابقہ بمعنی "غلاف" "خول" ۔

Elytroclasia : (n) (طب) انشقاق مہبل ۔

Elytroid : (a) (تشریح) مہبلی ؛ (حیوانیات) پرپوش نما ۔

Elytron : (n) [Gr. 'elytron'.] (۱) بھونرے کی قسم کے کیڑوں کے بازوؤں کا بیرونی خول ۔(۲) عورت کی شرمگاہ کی نالی ۔

Elytrum : (n) [mod.L.] (حیوانیات) بروں پوش : پر پوش ؛ مہبل۔

Elzevir (er) : (a&n) خاندان الزیور کے مطبعوں واقع امسٹرڈم ، ہاگ وغیرہ میں چھپی ہوئی کتاب ۔

Em : (n) (۱) انگریزی حروف تہجّی کا حرف "M" ۔ (۲) (طبیعیات) پیمانہ جس سے ایک سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

Em : (pom.) [ME.] (روزمرہ) مخفف them کا ۔

Em -: (prefix.) [EN.] سابقہ جو حروف p'b اور (اکثر) m کے پہلے آتا ھے اس کی متبادل صورت Im بھی ھے ۔

Emaciate: (v) [L.' emaciare'.] دبلا کرنا ؛ گھلانا ؛ سکھانا ؛ مریل کرنا ؛ کمزور کرنا؛ (زمین کو) بے قوت کردینا ۔

Emaciate : (a) [L.'emaciatus'.] دبلا ؛ لاغر ؛ نزار؛ مفلوك ؛ بنجر زمین ۔

Emaciated : (a) دبلا ؛ لاغر ؛ نیز مجازاً ۔

Emaciation : (n) [L . emancipatio.] لاغری ؛ دبلاپن؛ کمزوری ؛ لاغر کرنے کا عمل ؛ حالت نزار؛ (طب) نحول ؛ لاغر ۔

Emailloid : (n) (طب) نیا سکھ۔

Emanant : (a) [L.'emanare .'] (قدیم) جوکسی سر چشمے سے نکلے ۔

Emanate : (v) [L.'emanare .'] (کسی شخص یاشے سے) نکلنا؛ ظاہر ہونا ؛ خارج ہونا؛ صادرھونا ؛ برآمد ہونا ؛ خارج کرنا نیز مجازاً ۔

Emanation : (n) [Late L . 'emanatio.'] صدور ؛ ظہور ؛ (صفات حسنہ وغیرہ کا)؛ کسی شخص یا شے کا ظہور؛ (طبیعیات) مخروج گیسی ؛ ریڈون وغیرہ ؛ (طب) فوحہ ؛ (فلسفہ ، دینیات) ظہورتجلی ؛ پرتو؛ نشہ؛ یہ اعتقاد کہ دنیا ذات خدا کانشہ ھے ۔

Radium emanation : (طبیعیات) صدور ریڈیم؛ ریڈیون ۔

Emanational : (a) نظریہ ظہورسےمتعلق جو نظریہ تخلیق سے جداگانہ ھے ۔

Emanatist : (n) [*f.* L.'emanat.'] اس نظریہ کا معتقد کہ عالم وجود میں ذات الٰہی کا پرتو ھے ۔

Emanatistic pantheism :(n) (ملکیات) اشراقی وجودیت ۔

Emanative : (a) [L.'emanatorius.'] صادرھونے والا؛ ساطع ؛ (الہیات)نظریہ بُروز سے متعلق ۔

Emanatorium : (n) (طبیعیات) مصدر؛ صدورگاہ ۔

Emanatory : (a) مشتق ؛ صادرہ ؛ عالم وجودمیں پرتو الٰہی کےنظریہ سے متعلق ؛ ظہوری ۔

Emancipate : (a) [L.'emancipatus.'] آزاد ؛ رہا ؛ (اب عموماً شعرمیں مستعمل) ۔

Emancipate : (v) [L. 'emancipare.'] رہا کرنا ؛ کسی قانونی، معاشری ، سیا سی ، عقلی یا اخلاقی محکومیت یا پابندی سے آزاد کرنا ؛ باپ یا شوہر کے تسلط سےنجات دینا ؛ (قدیم رومی قانون) مرد کےتسلط سے عورت یا بچے کو آزاد کرنا ۔

Emancipation : (n) [L. 'emancipationem .'] آزادی ؛ قانونی یا اخلاقی مجبوری سے آزادی؛ (سیاسیات) بریت؛ خلاصی ؛ رہا ئی ۔

Emancipationist : (n) جو کسی طبقہ خصوصاً غلاموں کی نجات کا حامی ہو ؛ اخلاقی اور ذہنی قیود سے آزادی کا حمایتی ۔

Emancipator : (n) [Emancipate + -or.] آزادی دینے والا؛ نجات دینے والا(لغوی و مجازی) ۔

Emancipatory : (a) جو نجات یاربائی دینے کا کام کرتاھو یا اثر رکھتا ھو ؛ نجات دہندہ ۔

Emancipist : (n) مجرم جو اپنی سزا کی میعاد پوری کر چکا ھو ۔

Emandibulate : (a) [E- + Mandibulate.] (حشرہ) أرواره کے بغیر ؛ بدون فك زیریں ۔

Emanon : (n) (طبیعیات) ریڈون ۔

Emanotherapy : (n) (طب) صدوری علاج : تابکاری علاج ۔

Emansio mensium : (n) (طب) احتباس طمث ۔

Emarcid : (a) [med.L.'emarciaus.'] (۱) (نباتیات) مرجھایا؛ پژمردہ : خشک شدہ ۔(۲) افتادہ : کمزور؛ جھکا ہوا ۔

Emarginate : (a) [L.'emarginatus.'] (۱) (نباتیات) کٹ حاشیہ؛ (حیوانیات) کٹ سرا ۔(۲) (بلور) جس کے حاشیے قدیم طرز میں تراشیدہ ہوں ۔

Emarginate : (v) [L.emarginare.] (۱) حاشیے کو دور کرنا ۔ (۲) (علم نور) (نامساوی انعطاف کی تاثیرات کا) نا منظم دیکھنا : ایک شے کو دو دیکھنا ۔

Emargination : (n) نا منظم دیکھنے کی حالت؛ ایک شے کو دو دیکھنا ۔

Emasculate : (a) [L.'emasculatus.'] (طب) اَختہ : خواجہ : اَختہ : نامرد : مخنث ۔

Emasculate : (v) [L.'emasculare.] نامرد کرنا : اَختہ کرنا : خصی کرنا؛ بدھیا کرنا : کمزور کرنا : (کانٹ چھانٹ کے)تحریر کو بےجان کردینا : نادار کردینا۔

Emasculation : (n) [L.'emasculatus.'] (جراحی) اخصار؛ اَختہ گری : (طب) ہیجزاپن : اَختہ پن : کمزوری : ناداری؛ مردانہ قوت سےمحروم کرنا؛تحریر کو بے جان کرنا ۔

Emasculative : (a) کمزور کرنے والا : نامرد بنانے والا ۔

Emasculator : (n) (جراحی) خصی گر (آلہ) ۔

Emasculatory : (a) نامرد بنانے یا کمزور کرنے کا وصف رکھنے والا ۔

- emastoma : (طب) لاحقہ بمعنی : "کیسہ خونی" جو دوسرے لفظوں کے ساتھہ مرکب ہوتا ہے ۔

Embace : (v) (متروک) Embase کی متبادل شکل؛ پست کرنا؛ گرانا : رتبہ کم کرنا ۔

Embale : (v) گانٹھہ بنانا : بستہ بندی کرنا ۔

Emball : (v) احاطہ کرنا ۔

Embalm : (v) [F.'embaumer.'] لاش کو مسالا لگاکر محفوظ رکھنا؛ حفاظت سے رکھنا؛ سونپنا؛ خوشبودار

مسالا لگانا : (مجازاً) کسی شے یا شخص کو فراموشی سے محفوظ رکھنا ۔

Embalmer : (a) حنوطی : وہ جو مسالا لگا کر محفوظ رکھے؛ اس طرح محفوظ رکھنے والی (شے) : معطر ساز : خوشبو کرنے والا ۔

Embalmering : (n) تحنیط : لاش کو مسالا لگا کر محفوظ رکھنا : (تاریخ) مُردہ کو مومیانا (مصر) ۔

Embalmment : (n) لاش کی حفاظت سڑنے سے یا مسالا جو لاش کو محفوظ رکھنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Embank : (v) (دریا وغیرہ کا) بند باندھنا : پشتہ باندھنا : مٹی یاپتھر سے محصور کرنا؛ ندی کے کنارے بند باندھنا یا حصار ڈالنا ۔

Embankment : (n) (انجینیئرنگ) بند؛ پُشتہ : حصارسازی ۔

Embannered/Imbannered : (a) پرچم دار : حامل پرچم ۔

Embar : (v) [MF.'embarrer.'] (۱) قید کرنا : محصور کرنا : حبس کرنا؛ زنداں میں ڈالنا ۔ (۲) کھینچنا؛ روک لینا : رکاوٹ ڈالنا ۔(۳) روکنا؛ کسی کام سے باز رکھنا ۔(٤) (بندرگاہ میں) کشتی روک لینا ۔

Embargo : (n) [Sp.'embargar.'] (۱) ملک کی بندرگاھوں پر باہر والوں کیلئے کشتی چلانے کی ممانعت : تجارت کا تعطل : مخالفت : روک ۔(۲) جہازوں یا تجارت کے لئے حکم امتناعی جاری کرنا : تجارتی جہاز یا مال کو سرکاری اغراض کےلئے ضبط کرلینا ۔

Embargo : (v) [f.prec.] (۱) پکڑنا : کھینچنا : روک دینا : ضبط کرلینا ۔ (۲) بندرگاہ میں روک دینا ۔ (۳) جہاز یا مال کو سرکاری اغراض کےلئے ضبط کرلینا ۔

Embark : (v) [F.'embarquer.'] (۱) جہاز پر سوار ہونا یا سوار کرنا ۔ (۲) (کسی جنگ یا مہم میں) مشغول ہونا؛ لنگر اٹھانا ۔ (۳) عزم کرنا؛ حرکت کرنا ۔(٤) چھوڑ دینا : لگانا ۔

Embarkation : (n) کشتی پر سوار ہونا : عزم : کشتی پر سوار ہونے کا ارادہ یا عزیمت : (تاریخ) جہاز پر سوار ہونا یا چڑھنا ۔

Embarkment / Embarkation : (n) کشتی پر سوار ہونے کا ارادہ۔

Embarque/Embark : (v) عزم کرنا ؛ کشتی پر سوار ہونا ؛ عازم ہونا ۔

Embarras de choix-derichess : (n) [Fr.] انتخاب کرنے میں الجھن ؛ سامان کی اتنی فراوانی جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔

Embarrass : (n) [F.'embarrer.'] (۱) الجھن؛ پریشانی ؛ رکاوٹ ؛ کش مکش ۔ (۲) ندی کی دشوار گذار راہ ۔ (۳) (ریاستہائے متحدہ) ندی کا وہ حصہ جہاں کشتی رانی مشکل ہو ۔

Embarrass : (v) [F.'embarrasser.'] الجھانا ؛ پریشان کرنا ؛ پیچیدہ کرنا ؛ زیر بار کرنا ؛ مشکل میں ڈالنا ؛ حیران کرنا ۔

Embarrassingly : (adv.) بوکھلاتے ہوئے ؛ جھجھکتے ہوئے ۔

Embarrasment : (n) [F.'embarrassement.] الجھن ؛ پریشانی ؛ رکاوٹ ؛ (نفسیات) سراسیمگی ۔

Embassade : (v) [Var.of Imbassade.] (متروک) ایلچی بھیجنا؛ سفارت میں بھیجنا ؛ (شاذ) سفارت میں ۔

Embassador : (n) Ambassador کی متبادل شکل: انگلینڈ میں متروک ہے مگر ریاستہائے متحدہ میں ابھی تک مروج ہے بمعنی سفیر ؛ ایلچی ؛ سفیر کبیر ۔

Embassage : (n) [ME.'ambassage.'] سفیر کی قیام گاہ؛ اعزام سفیر ؛ سفارت خانہ ؛ قیام گاہ (سفیر) ۔

Embassy : (n) [A.Var.of Ambassy.] سفارت ؛ عہدہ٭ سفارت ۔

Embastordize / Imbastardize : (v) ذلیل کرنا ؛ پست کرنا ۔

Embathe / Imbathe : (v) غسل دینا ؛ پانی میں ڈالنا؛ غوطہ دینا ؛ غسل کرنا ؛ پلانا ؛ عرقِ دوا پلانا۔

Embattle : (v) [OF.'embataillier.'.] (۱) فوج کوصف آرا کرنا ۔ (۲) (عمارت ، دیوار وغیرہ میں) مورچہ بندی کرنا ؛ مورچہ قائم کرنا ؛ نیز مجازاً ۔

Embattled : (a) آمادہ٭ جنگ ؛ صف آرا ؛ مستحکم ؛ کنگرہ دار (نقابت) ؛ (تعمیرات) کنگرہ دار (مثل برج)؛ سوراخ دار ۔

Embattlement : (n) دیکھو Battlement

Embay : (v) [F.] (۱) (کشتی کو) خلیج کے اندر کرنا ؛ (ہوا کے) زور سے (کشتی کو) خلیج کے اندر داخل کرنا ؛ خلیج میں مقید کرنا ۔ (۲) نیز کرنا نیز مجازاً ۔

Embay : (v) نہانا ؛ بھگونا ۔

Embayment : (n) (۱) خلیج بننے کا عمل ؛ خلیج ؛ خلیج کی طرح نشیب ۔ (۲) (جغرافیہ) خلیج ؛ کھاڑی ۔ (۳) خلیج سازی ۔

Embed/Imbed : (v) بٹھانا ؛ تہ میں بٹھانا ؛ نصب کرنا ؛ سلانا ؛ مٹی میں ڈالنا ؛ پودا لگانا ؛ نیز مجازاً ۔

Embedment : (n) تہ میں ڈالنے کا عمل ؛ خصوصاً وہ شےجو تہ میں بیٹھ جائے ۔

Embelia ribes : (n) (نباتیات) بابرنگ ؛ برنگ کابلی ۔

Embellish : (v) [OF.'embelli-.'] تزئین ؛ زینت دینا ؛ آراستہ کرنا ؛ آرائش دینا ؛ سنگارنا ؛ مجازاً (بیان میں) نمک مرچ لگانا ۔

Embellishment : (n) (۱) تزئین ؛ زینت ؛ آراستگی ۔ (۲) جو آراستہ اور حسین بنائے (لغوی و مجازی) ؛ زیور ؛ آرائش ؛ نیز مبالغہ ۔

Ember : (n) [OE.'aemerge.'] انگارہ ؛ چنگاری ؛ اخگر ؛ (خاص کر جمع میں) انگارے ۔

Ember/-days : (a) [OE.'ymbren.'] روزوں کےدن عیسوی عقائد کےمطابق یعنی سنت میں نو چندی اتوار کے بعد کا بدھ ، جمعہ ، اور سنیچر ؛ White Sunday , Holy cross day (۱۴/ ستمبر) اور St. Lucius day (۱۳/دسمبر) ۔

Ember : (n) جزائر آرکنی کا ایک دریائی مرغ ؛ (حیوانیات) غواص پرند ؛ مرغابی بے دم ۔

Embezzle : (v) [AF.ambesciller to destroy.] تغلب کرنا ؛ خیانت کرنا؛ خوردبُرد کرلینا ؛ غبن کرنا ۔

Embezzlement : (n) تغلب ؛ غبن ۔

Embezlement insurance policy : (تجارت) غبن بیمہ پالیسی۔

Embitter : (v) (۱) تلخ کرنا (نیز مجازاً) ۔ (۲) تکلیف میں تکلیف کا اضافہ کرنا ۔ (۳) زچ کرنا ؛ قافیہ تنگ کرنا ؛ ناک میں دم کردینا ۔

Embitterer : (n) وہ جو حالت کو تلخ بنائے ۔

Embitterment : (n) تلخی ؛ پریشانی ؛ عجز ۔

Emblaze : (v) (۱) (قدیم) نقابت کے مارکوں سے آراستہ کرنا ۔ (۲) زینت بخشنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا (جواہرات اور طلائی زرق برق سے) ۔ (۳) (متروک) مشہور کرنا ۔

Emblaze : (v) (۱) روشن کرنا ؛ منور کرنا؛ روشنی سے بجلی بنانا ۔ (۲) جلانا ۔

Emblazon : (v) (۱) (امراء کی ڈھالوں کےمارکوں کو) چمکانا؛ مشہور کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ؛ آراستہ کرنا ۔

Emblazonment : (n) (امراء کی ڈھالوں کے مارکوں کو) چمکانا ؛ آرائش ؛ زینت ۔

Emblazonry : (n) دیکھو Bilazonry

Emblem : (n)[L.'emblema.'] (۱)نشان؛ علامت ۔ (۲) (مجردات یا اشخاص) کی نمائندہ تصویر ۔ (۳) مارکہ ۔ (٤) رمز ؛ کنایہ ۔ (٥) تمثیل ؛ تمغہ ۔

Emblem : (v) نشان بنانا ؛ علامت بنانا؛ کسی شے کو علامت یا تصویر کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ بیان کرنا ؛ علائم کے ذریعہ واضح کرنا ۔

Emblem book : (n) ایسی کتاب جس میں علامات و امثال ہوں ۔

Emblematic/-al : (a) [Gr.'emblematikos.'] نمائندہ ؛ (تصویر یا علامت میں) ؛ مشعر ؛ کنایہ دار ؛ با رمز ۔

Emblematically : (adv.) بطور علامت ؛ تمثیلاً ۔

Emblematist : (n) علامات و امثال کا استعمال کرنے والا ؛ لکھنے والا یا ایجاد کرنے والا ؛ تمثیل ساز ؛ نشان ساز ۔

Emblematize : (v) بطور علامت یا مجاز کے کام لینا ؛ علامت کے ذریعہ وضاحت کرنا ۔

Emblement : (n) [ME.'emblayment.'] (۱) (قانون) پیداوار اراضی ؛ محاصل ۔ (۲) اراضی زیر کاشت کا منافع ۔

Emblic : (n) [L.'emblica.'] (۱) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت ۔ (۲) اس درخت کا پھل ۔

Emblossom : (v) شگوفوں سے آراستہ کرنا ؛ ڈھک دینا ۔

Embodier : (n) وہ جو مجسم ہو ۔

Embodiment : (n) (۱) تجسیم ؛ اظہار مادی شکل میں ؛ مجسمہ ۔ (۲) وہ جس میں کوئی شے (جیسے روح ، خیال ، اصول یا قسم) مجسم ہو ۔ (۳) شمول ؛ درج ۔

Embody /Imbody : (v) (۱) خیالات کا ظاہری صورت میں لانا ۔ (۲) (اصول کو افعال وغیرہ کی) مادی شکل میں ظاہر کرنا ۔ (۳) شامل کرنا ؛ ملانا ۔ (٤) (متروک) مجسم کرنا (روح کو) ۔ (٥) جسم یا مقدار میں ملنا ۔

Embog : (v) دلدل میں پھنسا دینا ؛ (نیز مجازاً) ۔

Emboitement : (n) [Fr.] (۱) ایک ہڈی کو دوسری ہڈی سے ملانا۔ (۲) بہت سے آدمیوں سے گھیر لینا کہ اگلی صف محفوظ رہے ۔

Embolden /Imbolden : (v) جرأت دلانا ؛ ہمت بندھانا ؛ جی بڑھانا ؛ ہمت دلانا ۔

Embole : [Var.of emboly.] (حیوانیات) درافگندگی ؛ سراد ۔

Embolectomy : (n) [Embol -+-ectomy.] (جراحی) سرادبرآری ؛ جراحی جو خون سے خارجی یا غیر معمولی شے کو نکالنے کے لئے کی جائے ۔

Embolemia : (n)[L.] (طب) سراد دمویت ؛ ایک خلاف معمول کیفیت جب کہ خون میں انسداد پیدا ہوجاتا ہے ۔

Embolic : (a) (حیوانیات) سرادی ؛ (طب) درافگندہ ؛ خون میں انسداد پیدا ہونے سے متعلق ۔

Embolism : (n) (فلکیات) تکبیس ماہ ؛ (طب) سرادیت ؛ انجماد خون شریان ؛ سرادہٴ شریان ؛ شریانوں میں خون کاجم جانا ؛ (جو فالج کا باعث ہوتا ہے) ۔

Venous embolism : (طب) وریدی سرادیت ۔

Embolismic/-al : (a) (۱) (فلکیات) تکبیسی ۔ (۲) امبولی ؛ رگ کے راستہ کے انسداد سے متعلق ؛ کسی خارجی جسم سے دوران خون میں انسداد پیدا ہونے والا ۔

Embolismic year : (n) (فلکیات) تکبیسی سال ؛ ۱۳ مہینوں کا سال ۔

Embolite : (n) [Gr.'embolion.'] ایک قسم کی معدنی شےجس میں چاندی کا کلورائڈ اور برومائڈ شامل ہوتا ہے ۔

Embolium : (n) [Gr.'embolion.'] (حیوانیات) درافگن ۔

Embolon : (n) (طب) سراد ۔

Embolus : (n) [Gr.embolos.] (حیوانیات) درافگن ؛ (طب) سراد ؛ خون میں کوئی خارجی شے کا داخل ہو جانا (جیسے بلبلہ یا خون کا انجماد) ۔

Emboly : (n) [Gr.'embole.'] (طب) سرادیت ، انجماد ۔ (حیوانیات) درافگنی ۔

Embonpoint : (n) [MF.'embon point.'] گدازپن (خصوصاً عورت کے جسم کا) ؛ چُستی ۔

Embosom/Imbosom : (v) (۱) (قدیم) آغوش میں لینا ۔ (۲) گھرا ہوا ہونا (درختوں ، پہاڑوں وغیرہ سے) ۔

Emboss : (v) [ME.'embosen.'] بیل بوٹے بنانا؛ کندہ کاری کرنا؛ منبت کاری کرنا ؛ گل کاری کرنا ؛ ابھرواں کندہ کاری کرنا ۔

Embossed : (a) (نباتیات) گمڑی دار ؛ منبت کار ۔

Embossed in low relief : (نقش) کم ابھری نقاشی ۔

Embossing : (n) (تعمیرات) منبت کاری ۔

Embossment : (n) (تعمیرات) برجستہ کاری ؛ منبت کاری ؛ ابھرواں نقش ۔

Embouchement : (n) [Fr.] (۱) دریا یا وادی کا دہانہ ۔ (۲) (طبیعیات) وہ جگہ جہاں ایک طرف دوسرے طرف میں سماتے ہیں ۔

Embouchure : (n) [F.'emboncher.'] (جغرافیہ) دریا کا دہانہ ؛ وادی کا درہ ؛ (موسیقی) باجے کا وہ حصہ جس سے منہ لگا کر بجاتے ہیں ؛ اس کے منہ سے لگانے کا طریقہ ؛ منہال ۔

Embound/Imbound : (v) باندھنا ؛ محدود کرنا ۔

Embow : (v) (۱) خمیدہ کرنا ۔(۲) محراب بنانا ۔ (۳) گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ۔

Embowel : (v) آنت کو (جسم سے) نکال دینا ؛ شکم میں کسی شے کا قرار پانا ؛ آنتوں میں رکھنا ۔

Embower / Imbower : (v) درختوں کے کنج میں لے لینا ؛ کنج میں رکھنا ؛ درختوں کا سایہ کرنا ۔

Embox : (v) بکس میں بند کرنا ۔

Embrace : (n) [ME.'embracn.'] گلے ملنا ؛ معانقہ ؛ بغل گیر ہونا ؛ ہم آغوشی ؛ (کنایتاً) مجامعت ۔

Embrace : (v) [fr. as prec.] محبت سے ہم آغوش ہونا ؛ گلے لگانا؛ چمٹانا؛ کسی چیز کی گرفت کرنا ؛ (کسی پیش کردہ شے یا موقع کو) شوق سے قبول کرنا ؛ (کسی عقیدے یا طریق عمل کو) اختیار کرنا؛ شامل کرنا؛ مشتمل کرنا ؛ آنکھ کے ذریعے کسی شے کا اندازہ کرنا یا ذہن کے ذریعے سے اخذ کرنا ۔

Embrace : (v) (قانون) جیوری کو غلط طور سے متاثر کرنا ۔

Embraceable : (a) ہم آغوشی کے قابل ؛ قابل حصول ۔

Embracement : (n) بغل گیر ہونا ؛ اخذ کرنا ۔

Embracery : (n) (قانون) جیوری وغیرہ کو رشوت دینے کا جرم ۔

Embrangle/Im -: (v) الجھانا ؛ پھنسانا ۔

Embranglement : (n) الجھاؤ ۔

Embrasure/Embrazure : (n) [F.obs.embraser.] جھروکا؛ موکھا؛ دیوارمیں اندر کی جانب سےبندوق کےلئے سوراخ ؛ کھڑکی، دروازے وغیرہ کے لئے دیوار کے اندرونی حصے کو ڈھلواں کرنا ۔ (فوج) کنگرہ ؛ دانتوں کےدرمیان کا حصہ ۔

Embrasured : (a) جھروکہ دار؛ دریچہ دار ۔

Emberave/Enbrave : (v) (۱) (قدیم) روشن کرنا ؛ تاثر پیدا کرنا۔(۲) (قدیم) ہمت پیدا کرنا؛ بہادری دکھانا ۔

Embreastment : (n) زمین کا ابھر جانا ۔

Embreathe : (v) [ME.'embrethen.'] سانس لینا ۔

Embrighten : (v) روشن کرنا ؛ چمکانا ۔

Embrithopoda : (n) [L.fr. em -britho - + -poda.] افریقہ کا ایک ناپید پستان دارجانور ۔

Embrocate : (v) [L.'embrocatus.'] دوا کا ضماد یا لیپ لگانا ؛ (جسم کے حصہ کو) لوشن سے تر کرنا اور رگڑنا ۔

Embrocation : (n) [L.'embrocatus.'] ضماد؛ لیپ ؛ طلا ؛ دوا کی مالش ۔

Embroider : (v) [ME.embroden.] (سوزن کاری سے کپڑے وغیرہ کو) منقش کرنا؛ کارچوبی بنانا؛ زردوز کرنا؛ آراستہ کرنا؛ (بیان میں) نمك مرچ لگانا؛ مبالغہ کرنا؛ زبان کی رنگینی اورتصورات سے بیان پیش کرنا (حاشیہ آرائی کرنا)۔

Embroider : (n) زردوزی ؛ کشیدہ کاری ؛ کار چوبی ؛ گل کاری ؛ مبالغہ آرائی ۔

Embroiderer : (n) [ME.embrawderer.] زردوز ؛ نقاش ؛ مبالغہ گو ۔

Embroideress : (n) زردوزی کا کام کرنے والی عورت ۔

Embriodery : (n) [ME.embrouderie.] سوزن کاری ؛ کارچوبی؛ فن نقاشی ؛ اس قسم کا کوئی ڈیزائن یا آرائش (کپڑے ، چمڑے یا کاغذ پر) ؛ زر دوزی کا کوئی نمونہ ؛ آرائش ؛ بوقلموں کاری ؛ دیدہ زیب مگر سطحی شے ۔

Embroidery hoop : (n) زردوزی کا کام کرنے والا کڑہ جس میں پارچہ سختی سے لگا رہتا ھے ۔

Embroil : (v) [F.'embrouiller.'] (معاملات، واقعات وغیرہ کو) گڑبڑ میں ڈال دینا ؛ (اشخاص میں) آویزش یا ناچاقی پیدا کرنا ۔

Embroilment : (n) [F.'embronillement.'] گڑبڑ ؛ ناچاقی ؛ آویزش ۔

Embrown : (v) بھورا یا سانولا بنانا ۔

Embry/Embryo - : [Gr.'embryon.'] جزو ترکیبی بہ معنی جنین ۔

Embryo : (n) کچا بچہ ؛ کوئی شے جو ابتدائی حالت میں ھو ؛ ادھوری ؛ خام ؛ نا پختہ ؛ (طب) جنین ؛ (حیوانیات) مضغہ ؛ (نباتیات) جنین؛ رویاں ۔

In embryo : نا مکمل ؛ ادھورا ۔

Embryocardia : (n) (طب) جنین قلبی؛ قلبی مرض کی علامت جب کہ دل کی آواز جنینی قلب کی آواز کی طرح ھوتی ھے ۔

Embryoctony : (n) جنینی بیضوں کو ضائع کردینا ۔

Embryogenic : (a) (حیاتیات) جنین زا ۔

Embryogeny : (n) (حیاتیات) جنین زائی ؛ جنین کی تشکیل و نشوونما ؛ جنین افزائش ۔

Embryologist : (n) جنینیات داں ۔

Embryology : (n) [F. embryologie.] (حیاتیات) جنینیات ؛ علم الجنین ؛ رویانیات ؛ علم الحیات کا ایك شعبہ جو جانداروں اورپودوں کے جنین سے بحث کرتا ھے؛ فرد کی نشو ونما کا مطالعہ (جنین سے پیدائش تك) ؛ جنین کی تکوین و نشو ونما کی خصوصیات ؛ جنینیات پر کوئی رسالہ ۔

Embryoma : (n) [NL. fr. embry -+-oma.] (طب) مضغی سلعہ ۔

Embryon : (n) [ML.'embryon -.'] (حیاتیات) مضغہ ؛ جنین ۔

Embryonated/Embryonate : (a) جنین دار ۔

Embryonic : (a) [embroyn - + - ic.] جنینی؛ مضغی؛ ابتدائی؛ ادھورا ؛ خام ؛ نا پختہ ۔

Embryonic stage : (n) [embryon -+ -y.] جنینی مرحلہ ۔

Embryony : (n) (نباتیات) جنینیت ؛ کمیاد ۔

Embryophore : (n) (حیوانیات) جنین بردار ۔

Embryophyta : (a) (نباتیات) جنین پودا ۔

Embryosac : (n) (نباتیات) جنین داں ۔

Embryoscope : (n) (طب) جنین بیں ۔

Embryotome : (n) (جراحی) جنین تراش (آلہ) ۔

Embryotomy : (n) [F.'embryotomie.'] (جراحی)جنین تراشی ؛ جنین بری ؛ مطالعہ کےلئے جنین کی قطع و برید ۔

Embryotrophy : (n) [F.'embryotrophe.'] (حیوانیات) جنین پروری۔

Embryulcia : (n) (حیوانیات) جنین کشی ۔

Embus : (v) [En -+ bus(n)] موٹر گاڑی میں سوار ھونا؛ اس پر سامان وغیرہ لادنا ؛ بس پر لادنا ۔

Embusque : (n) [F.fr.part of embusquer.] کام چور؛ فوجی خدمات سے گریز کرنے والا ۔

Emend : (v) [L.'emendare'.] (۱) (قدیم) اغلاط (کتابت وغیرہ) کی تصحیح کرنا ؛ بہتر بنانا ۔ (۲) متن کی تصحیح کرنا ۔ (۳) ترمیم کرنا ۔

Emendation : (n) تصحیح ۔

Emendator : (n) تصحیح کرنے والا ۔

Emendatory : (a) تادیبی ؛ اصلاحی ؛ تصحیح کے متعلق ۔

Emerald : (n) [ME.'emeralde, emerallde.'] (۱) زمرّد ؛ زبرجد ۔ (۲) زمرّدیں رنگ ۔ (۳) (چھپائی) ٹائپ کی قسم خفی ۔

Emerald: (a) زمردیں ؛ سبز ۔

Emerald cuckoo : (n) ایک چھوٹا چمکیلا سبز افریقی پرندہ جس کے سینے کا رنگ پیلا ہوتا ہے اور جنوبی چین کی پہاڑیوں میں پایا جاتا ہے ۔

Emerald cut : (n) جوہر یا پتھر کی تراش جس کی شکل چوکور یا مستطیل ہو ۔

Emerald green : (n) صاف شفاف چمکیلا زمرد سے مشابہ ؛ ہرا رنگ ۔

Emerald island : (n) (جغرافیہ) جزیرۂ سبز ؛ آئرلینڈ ۔

Emerald Isle : (n) آئرستان ۔

Emerald tint : (n) زردی مائل ہلکا سبز رنگ ۔

Emeraldine : (a) زمردی ؛ زمرّد جیسا ۔

Emerant : (n) Emerald کی متبادل شکل (روز مرہ) ۔

Emerge : (v) [L.'emergere.'] (سیال مادے سے) برآمد ہونا ؛ (پردۂ خفا سے) ظہور میں آنا ؛ مصیبت سے نجات پانا؛ (واقعات کا) تفتیش وتحقیق کے بعد ظاہر ہونا ؛ (کسی جدید مسئلے یا دشواری کا) ابھرنا؛ ارتقائی صورت سے جلوہ گر ہونا؛ ارتقا سےوجود میں آنا ۔

Emergence : (n) ظہور؛ ظاہر ہونا؛ باہرنکلنا ؛ (حیوانیات) برآمدگی ؛ خروج ؛ بروز ؛ (حیاتیات) برزائیدہ ؛ (بصریات) خروج ۔

Emergence of land : (n) (جغرافیہ) نمود ارض ؛ برآمدگی زمین ۔

Angle of emergence : (بصریات) زاویۂ خروج ۔

Emergency : (n) [ML.'emergentia.'] ناگہانی ضرورت ؛ ضرورت جس پرفوری کاروائی لازم ہو ؛ ہنگامی حالت ۔

Emergency : (n) (۱) (قدیم) ظہور کا عمل ؛ بروز ۔ (۲) ارتقائی ظہورکا نظریہ ۔

Emergency door exit : (n) چور دروازہ یا راستہ جو ناگہانی ضرورت کے وقت استعمال کیا جائے ۔

Emergency man : (n) بیلف کے دفتر کا ایک افسر جو بے دخلی کی خدمت انجام دیتا ہے ۔

Emergency money : (n) ناگہانی ضرورت کے لئے رقم ؛ ہنگامی رقم ۔

Emergency power : (n) ہنگامی حالات میں حاصل ہونےوالا اقتدار (ارباب حل وعقد کو) ۔

Emergency rate : (n) (تجارت) ہنگامی شرح ۔

Emergency relief : (n) (سماجیات) ہنگامی امداد ۔

Emergent : (a) [L.'emergent, emergens.] ظاہر ہونے والا ؛ باہر نکلنے والا ؛ اچانک ظاہر ہونے والا ؛ غیر متوقع طور پر نکلنے والا ؛ منطقی یا فطری نتیجہ کے طور پر ظاہر ہونے والا ۔

Emergent evolution : (n) (فلسفہ، نفسیات) فجائی ارتقاء ۔

Emergent mentalism : (n) (فلسفہ ، نفسیات) فجائیہ ۔

Emergent ray : (n) (بصریات) شعاع خارج ۔

Emergentist : (n) فجائی ارتقاء کا معتقد ۔

Emergently : (adv.) فجائی طور پر ؛ ہنگامی طور پر ؛ فوری طور پر ۔

Emergentness : ناگہانی یا فجائی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Emerillon : (n) (۱) شمالی برازیل کے سواحل کے کنارے رہنے والی ایک قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) اس قوم کی زبان ۔

Emerita : (n) [L.fen of'emeritus.'] شمالی امریکا اور جنوبی امریکا کے سواحلی علاقوں میں پائے جانے والے پودوں کی ایک نوع ۔

Emerita : (a) ایمیریٹس صرف خاتون کے لئے مستعمل اور خصوصاً خطاب میں (جیسے پروفیسر ایمیریٹا میری اسمتھ)۔

Emerited : (a) (قدیم) کسی خدمت یا پیشے سے سبکدوش۔

Emeritus : (a) [L.past part of'emerere.'] جو اپنی خدمت سے اعزاز کے ساتھ سبکدوش ہوچکا ہو؛ (تعلیم) متقاعد۔

Emeritus : (n) متقاعد پروفیسر؛ وہ جو کسی خدمت یا پیشے سے سبک دوش ہونے پر بھی سابق درجہ برقرار رکھنے کا مجاز ہو۔

Emeritus Professor : (n) پروفیسر کا اعزازی خطاب (جو خدمت سے سبکدوش ہوگیا ہو)۔

Emerod/Emeroid: (n) [ME.'emeroidea.'] (طب)بواسیری دانہ: مسّا؛ آبلہ۔

Emerrods : (n) بواسیری مسّے۔

Emersal : (a) [L.'emersus.'] پانی کی سطح پر تیرنا یا ابھرنا (خصوصاً آبی پودوں یا جانداروں کے لئے مستعمل) Demersal کی ضد۔

Emersed : (a) [L.'emersus.] سطح کے اوپر ابھرا ہوا (کسی مانع کا)؛ (نباتیات) بر آب؛ جل تھیلی۔

Emersion : (n) [L.'emersus.'] (۱) (قدیم) دریا بر آمد۔(۲) چاند یا سورج کا گرہن سےنکل آنا۔

Emersonian : (a)[RalphW.Emerson.for writer.] رالف ایمرسن، اس کی تالیفات یا اس کے نظریات کی طرح یا ان سے متعلق۔

Emery : (n)[MF.'emeri.] دھاتوں اور پتھروں کو جلا دینے کی سلی؛ کرنڈ؛ سنباذج؛ (معدنیات) سنگ سنبادہ۔

Emery : (v) (۱) کرنڈ ڈالنا؛ سنگ سنبادہ سے ڈھانکنا۔ (۲) کرنڈ رگڑ کر چکنا یا کھردرا کرنا۔

Emery bag : (n) کپڑے کی ایک تھیلی جس میں سفوف کرنڈ ہوتا ہے اور اس سے سوئیوں کو تیز کرنے اور شفاف کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔

Emery ball : (n) بیس بال (Base ball) جو غیر قانونی طور پر سفوف کرنڈ یا ایمری کاغذ یا کپڑے سے کھردرا کردیاگیا ہو۔

Emery cake : (n) کرنڈ ٹکیہ۔

Emery powder : (n) سفوف کرنڈ؛ سنبادہ۔

Emery stone : (n) سان؛ سنگ فساں۔

Emery wheel : (n) (معدنیات) چرخ سنبادہ۔

Emesia/Emesis : (n) [L.] استفراغ؛ قے کرنا۔

Emetia : (n) [Gr.'emitos'+-IA] دیکھو Emetine

Emetic : (n) [Gr.'emetike.'] (طب) قے آور دوا۔

Emetic/-al (a) [Gr.emetikos.] قے آور۔

Emetine : (n) [Gr.'emetos' + - INE.] ایک القلی نما۔

Emetology : (n) (طب) استفراغیات۔

Emeute : (n) [OF.'esmnete.'] (سیاسیات) بغاوت؛ بلوا۔

Emia/-aemia/-henia/-haemia: [NL -emia,- aemia + -ia] (۱) جزو ترکیبی (ایسے) خون کا حامل (جیسے: sephicenia 'leukania.)۔ (۲) خون میں (ایک مخصوص شے کا) ہونا (جیسے: uremia 'cholenia,)۔

Emiction : (n) [L.-'emict'.] (حیوانیات ، عضویات) بَول؛ پیشاب۔(طب) ادرار۔

Emictory : (a) مُدر بول۔

Emigrant : (n) [L.'emigrant.'] (۱) تارک وطن۔(۲) ایک پودا یا جاندار جو نقل مکان کرنے والا ہو۔

Emigrant : (a) [L.'emigrant, emigrans.'] (۱) تارک وطن؛ مہاجر؛ وطن کو ترک کرنے والا تاکہ وہ دوسرے ملک میں سکونت اختیار کرے۔(۲) تارک وطن سے متعلق یا اس کے استعمال کے لئے۔

Emigrate : (v) [L.'emigratus, past part of emigrare.'] نقل وطن کرنا؛ ترک وطن کرنا؛ دوسرے دیس میں جابسنا؛ ترک وطن پر مجبور کرنا یا ترک وطن میں معاون ہونا؛ (روز مرہ) نقل سکونت کرنا۔

Emigration : (n) [L.emigration, fr.L.emigratus +-ion.] ترک وطن؛ مہاجرت؛ ہجرت؛ ترک وطن کرکے جانا یا جا بسنا۔

Emigrational : (a) ترک وطن سے متعلق ۔

Emigratory : (a) نقل وطن کرنے والا (جانور) ؛ ترک وطن سے متعلق ۔

Emigre : (n)[F.'emigre (masc)& emigree (Fem).] فرانسیسی تارک وطن ؛ فرانسیسی شہنشاہیت کا حامی جس نےفرانسیسی انقلاب کے زمانے میں ترک وطن کیا ہو ؛ سیاسی یا دوسرے حالات سے مجبورہو کرترک وطن کرنے والا ۔

Emilia : (n) [NL.prob.fr. name. 'emilia.'] ایشیائی اور افریقی جڑی بوٹیوں کی ایک قسم ۔

Eminence : (n) [L.'eminentia.'] بلندزمین ؛ (علمی یا معاشی) برتری ؛ فوقیت ؛ بزرگی ؛ کارڈنیل کاایک خطاب ۔

Eminency : (n) کمال ؛ نقطۂ برتری ؛ بزرگی ؛ عروج ۔

Eminent : (a) [L.'eminent.'] (۱) ممتاز ؛ بزرگ (اوصاف) نمایاں ۔ (۲) بلند ۔ (۳) مشہور ؛ عظیم ۔

Eminent domain : (n) (تجارت) تصرف مالکانہ ۔

Eminent man : (n) (سماجیات) ممتاز شخص ؛ نمایاں ہستی ۔

Eminentia : (n) (تشریح) فراز ۔

Eminentia jugularis : (n) (تشریح) فراز دواجی ۔

Eminentia lyramedalis : (n) (تشریح) فراز ہرمی ۔

Eminently/Eminenter : (adv.) ممتاز طور پر ؛ خاص طور پر ۔

Eminento : (n) [modif.of It. 'eminente.'] نمایاں شخص ۔

Emir/Amir/Emeer : (n) [Ar.'emir.'] حاکم ؛ والی ؛ امیر ؛ میر ؛ سردار (خطاب کے طور پر مُستعمل) ۔

Emirate/Amirate : (n) امارت ؛ امیر ہونے کی حالت یا اس کا حلقہ ۔

Emissary : (n) [L.'emissarius.'] سفیر ؛ فرستادہ (جاسوسی یا مخبری وغیرہ کی غرض سے) ؛ ایجنٹ ؛ نمائندہ ؛ اخراجی قنات ؛ (حیوانیات) وسیط ؛ (سیاسیات) ایلچی ؛ قاصد؛ جاسوس؛ (قدیم) کسی جھیل یاندی کا مخرج ؛ (متروک) مخرجی نلی ۔

Emissary : (a) (متروک) مخرج سے متعلق ؛ خارجی خصوصاً کاسہ سر کی ورید ۔

Emissile : (a) [L.'emissus.'] (قدیم) باہر نکلنے کے قابل ۔

Emission : (n) [L.'emission.'] (۱) (تشریح)انزال ؛ (طبیعیات) اخراج ؛ (برقیات) اخراج برقیات ؛ نکل پڑنا؛ اخراج ۔(۲) جو شے خارج یا صادرہو ۔

Nocturnal emission : (طب) احتلام ۔

Seminal emission : (طب) اخراج منی ؛ انزال ۔

Emission of Radiation : (n) (طبیعیات) شرح اشعہ ؛ شرح ضو افشانی ۔

Emission spectrum : (n) ایک برقی مقناطیسی طیف جواپنی خصوصیات کے لئے اس مادہ کا پابند ہوتا ہے جس سے اخراجی وسیلہ پیدا ہوتا ہو اور اس طرز سے جس سے مادہ مشتعل ہوتا ہو ۔

Emission theory : (n) اخراج نور کا نظریہ ؛ (طبیعیات) نظریہ اخراج ۔

Emissive : (a) [L.'emissus.'] جس میں اشعہ کی استعداد ہو؛ حامل اخراج ۔

Emissive power : (n) (طبیعیات) اخراجی طاقت ؛ اشعاعی طاقت ۔

Emissivity : (n) (طبیعیات) اخراجیت ؛ اشعاعیت ؛ اشعاعی سطح کی اخراجی طاقت ۔

Emit : (v) [L.'emittere.'] (۱) چھوڑنا ؛ نکالنا ؛ جاری کرنا ؛ رائج کرنا؛ (حرارت ، نور، زر کاغذی وغیرہ کا) ۔(۲) اظہارکرنا(الفاظ، خیالات یا جذبات کا) ؛ بیان کرنا ۔(۳) نکلنا ۔

Emitron : (n) (تلفرافی) امی ٹرون ۔

Emittent : (a) [L.'emittent.'] (متروک) اشعاعی ؛ اخراجی ۔

Emitter : (n) خارج کرنے والا ؛ اکثر کوئی شے یا الکٹروڈ جس سے ذرات خارج ہوتے ہیں ۔

Emma : (n) [Brit. signalmen's pron.of M.] حرف M کی ایک علامت ۔

Emmagee : (n) (سوقیانہ) مشین گن ۔

Emmarble/Enmarble : (v) سنگ مرمرمیں بدلنا؛ سنگ مرمر کی طرح بنانا ۔

Emmarvel : (v) حیرت میں ڈالنا ۔

Emmeleia : (n) [Gr.lit.'harmony.'] ایك شاندار رقص جو قدیم یونانی المیہ میں مروج تھا ۔

Emmenagogue : (a) [Gr.'emmena.'] حیض آور ؛ مدر حیض ۔

Emmenagogue : (n) ایك شے جس سے حیض بڑھ جائے ۔

Emmenia : (n) (طب) حیض ؛ طمث ؛ ایام ۔

Emmenology : (n) (طب) طمثیات ؛ علم حیض ۔

Emmet : (n) [ME.'emete.'] (حیوانیات) چیونٹا ؛ چیونٹی ؛ کیڑی ؛ نملہ ؛ مورچہ ۔

Emmetrope : (n) [Gr.'emmetros.'] (طب) صحیح النظر ۔

Emmetropia : (n) [Gr.'emmetros.'] صحیح النظری ؛ آنکھ کی صحت مند حالت جس میں اس کی انعطافی قوت درست رہتی ہے ۔

Emmetropic : (a) (بصریات) جس کا انعطاف معمول پر ہو؛ طبعی ۔

Emmetropic eye : (n) (طب) صحیح نظر آنکھ ؛ چشم طبعی ۔

Emmollescence : (n) (طبیعیات) ملاست ۔

Emolliate : (v) [L.'emollire'.] کمزور ؛ بے اثر یا نسائی بنانا ۔

Emollience : (n) کمزور ؛ بے اثر یا نسائی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Emollient : (a) [L.'emollient'.] (کھال کو) ملائم کرنے والی ؛ (طب) مُنعِّم ؛ ملائم کنندہ ؛ مُلیِّن ۔

Emollient : (n) ملائم کرنے والی شے ۔

Emollition : (n) [L.'emmollitus.'] (متروک) ملائم کرنے کا عمل یا اثر ۔

Emoloa : (n) [Hawaiian.] جزیرہ ہَوائی کی ایك لمبی گھاس ۔

Emolument : (n) [L.'emobementum.] (۱) مشاہرہ ؛ منافع ؛ یافت ؛ فیس ؛ اجرت ؛ معاوضہ ۔ (۲) (قدیم) فائدہ ؛ نفع ۔

Emony : (n) دیکھو Anemone

Emote : (v) [back formation for emotion.] جذبے کا اظہار کرنا ۔

Emotiometabolic : (a) (حیوانیات) جذباتی تحول ۔

Emotiomotor : (n) (عضویات ، حیوانیات) جذباتی حرکی ۔

Emotion : (n) [MF.'emonvoir.'] جذبہ ؛ قوی احساس؛ جوش ؛ (نفسیات) جذبات ؛ جذبے کا اظہار (خصوصاً شدید جذبے کا) ۔

Aesthetic emotion : (فلسفہ ، نفسیات) جمالیاتی جذبہ ۔

Artistic emotion : (نفسیات) جمالیاتی جذبہ ۔

Asthenic emotion : (نفسیات) جذبہ ضعیف ۔

Conditioned emotion : مشروطی جذبہ ۔

Emergency theory of emotion : نظریہ جذبہٴ ہنگامی ۔

Pseudo emotion : (نفسیات) جذبہٴ کاذب ۔

Sthenic emotion : (نفسیات) جذبہٴ قوی ۔

Tender emotion : (نفسیات) نازك جذبہ ؛ لطیف جذبہ ۔

Emotionable : (a) حساس ؛ احساس سے متاثر ہونے والا ۔

Emotional : (a) جذباتی ؛ جذبیلا ؛ پُر جذبات ؛ حساس ؛ عقل سےزیادہ جذبات سے اثر پذیر ہونے والا ؛ جذبات انگیز ؛ جذبات یا احساسات سے مغلوب ہونے والا ۔

Emotional adequacy : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی موزونیت ۔

Emotional attitude : (n) (سماجیات) جذباتی رویّہ ۔

Emotional blocking : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی رکاوٹ ۔

Emotional control : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ضبط جذبہ ۔

Emotional fixation : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ارتکاز جذبہ ؛ انجماد جذبہ ۔

Emotional growth : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی نمو ۔

Emotioanal insanity : (n) دماغی مریضانہ شخصیت ، ایسی شخصیت جو نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو ۔

Emotional interest : (n) (نفسیات) جذباتی دل چسپی ۔

Emotional instability : (n) (فلسفہ ، نفسیات) عدم استقلال جذبہ۔

Emotional maladjustment : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی عدم مطابقت۔

Emotional maturity : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی پختگی۔

Emotional pattern : (n) (فلسفہ ، نفسیات) انداز جذبات۔

Emotional regression : (n) (فلسفہ، نفسیات) جذباتی رجعت۔

Emotional reinforcement : (n) (فلسفہ، نفسیات) جذباتی تقویت۔

Emotional response : (n) (سماجیات) جذباتی جوابی عمل۔

Emotional shock : (n) (سماجیات) جذباتی ضرب۔

Emotional stability : (n) (فلسفہ ، نفسیات) استقلال جذبہ۔

Emotional supression : (n) (فلسفہ ، نفسیات) امتناع جذبہ۔

Emotional temperament : (n) (سماجیات) جذباتی مزاج۔

Emotional tension : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی تناؤ۔

Emotionalise : (v) (سماجیات) جذباتی بنانا۔

Emotionalism : (n) جذبات کا بندہ ہونا ؛ جذبات کے تابع ہونا؛ عقل کی بہ نسبت جذبات سے دیکھنے کا رجحان ؛ آرٹ میں پیش کئے گئے جذبات کو زیادہ اہم سمجھنے کا رجحان۔

Emotionalist : (n) جذباتی ؛ معتقد جذباتیت ؛ غیر معمولی طور پر جذبات کا تابع جو انسانی عمل کو بجائے عقل کے جذبات پر مبنی قرار دیتا ھے۔

Emotionalistic : (a) جذباتی؛ جذبات سے مملو۔

Emotionality : (n) (نفسیات) جذباتیت ؛ جذباتی ہونے کی حالت یا صفت ؛ جذبات کے تابع مزاج۔

Emotionally : (adv.) جذباتی طور پر۔

Emotionless : (a) بے احساس ؛ بے حس ؛ جذبات سے عاری۔

Emotionlessness : (n) غیر جذباتیت ؛ جذبات سےعاری ہونا۔

Emotive : (n) (لسانیات) جذباتی؛ (نفسیات) جذبہ انگیز ؛ احساسی۔

Emotive accent : (n) جذباتی لہجہ۔

Emotive import : (n) جذباتی مفہوم۔

Emotive language : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)جذباتی زبان۔

Emotive meaning : (n) جذباتی معنی۔

Emotive similarity : (n) جذباتی مشابہت۔

Emotive speech : (n) جذباتی بولی۔

Emotive theory : (n) (فلسفہ، نفسیات) نظریہ توجیہ جذباتی۔

Emotively : (adv.) جذبہ انگیز طور پر۔

Emotivism : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتیت ؛ اخلاق کا جذباتی نظریہ یا اس کی وکالت۔

Emotivity : (n) جذبہ انگیز ہونے کی صفت یا حالت۔

Empaestic art : (n) [Gr.'empaestike.'] منبت کاری کا فن۔

Empale: Impale کی متبادل شکل۔

Empanel/lm - (v) (۱) Impanel کی متبادل شکل۔ (۲) جیوری وغیرہ کی فہرست میں داخل کرنا۔

Empathetic : (a) [Fr.empathy.] در احساسی۔

Empathy : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ہم احساس ؛ دراحساسی؛ ہم گدازی۔

Empennage : (n) [Fr.] (طیرانیات) ذنبیہ ؛ حصہ دُم ؛ طیارے کی دم۔

Empeople : (n) [em - + people (n)] (متروک) آباد کرنا ؛ آباد کاری۔

Emperor : (n) [Fem.'empress.'] (۱) مملکت روما (مغربی و مشرقی) کافرماں روا؛ ہولی (مقدس) رومن ایمپائر کا تاجدار؛ شہنشاہ۔ (۲) شہ تیتری (تتلی)۔

Purple emperor : ایک قسم کی تتلی ؛ (حیوانیات) ارغوانی شہ تیتری۔

Emperor fish : (n) جاپانی سمندر کی ایک مچھلی۔

Emperorship : (n) شہنشاہیت ؛ شہنشاہی ۔

Empery : (n) [ofr. 'emperie.'] شہنشاہیت ۔

Empetrous : (a) [Gr.'empetros.'] (سیل وغیرہ) زمین دراز ۔

Emphasis : (n) [Gr.'emposition.'] تاکید لفظی : کسی عبارت کے مفہوم کے لحاظ سے اس پر زور؛ زور بیان ؛ زوراحساس ؛ زورعمل ؛ کسی شے کی اہمیت ؛ امتیاز؛ صفائی ۔

Emphasize : (v) (تقریر میں کسی لفظ پر) زور دینا ؛ (کسی واقعہ کی) اہمیت کو نمایاں کرنا ۔

Emphatic : (a) پر زور (بیان ، لب و لہجہ وغیرہ) ؛ جن (الفاظ) پر خاص زور دیا جائے ؛ (جن اشخاص کا) بیان زور دار ہو ؛ پُرقوت و پُرمعنی (افعال) ۔

Emphatic articulation : (n) (لسانیات) تاکیدی تلفظ ۔

Emphatic order : (n) (لسانیات) تاکیدی ترکیب ۔

Emphatical : (a) Emphatic کی قدیم متبادل شکل ۔

Emphatically : (adv.) پُر زور طریقےپر ؛ تاکیدی طور پر ۔

Emphlysis : (n) (طب) رسولی ؛ گلٹی جو مواد سے پیدا ہوتی ہے ۔

Emphractic : (a) [Late L.'emphracficus.'] (طب) مسام بند ۔

Emphraxis : (n) (طب) مسام بندی ؛ انسداد ۔

Emphysema : (n) [Gr.'emphysema.'] (طب) نفاخ ؛ ہوائی چھالا؛ پھیپھڑے میں ایسی حالت کا پیدا ہونا جب کہ اس کالوچ کم ہوجائے؛ (بیطاری)نفاخہ ۔

Pulmonary emphysema : (طب) نفاخہ ریہ ۔

Emphysematous : (a) [Emphysema + E ous.] (طب) نفاخی ۔

Emphyteusis : (n)[late L.] (قدیم) دوسرے کی زمین پر دوامی حق ۔

Empierce : (v) (قدیم) داخل ہونا ۔

Empire : (n) حکومت ؛ اقتدار کامل ؛ شہنشاہی ؛ مملکت قلمرو ؛ کشور ۔

Empire : (a) [F.empire.] (۱) انیسویں صدی کے اوائل (۱۸۱٤ـ ۱۸۰٤ء) میں فرانس کے مروجہ طرز کے شایان شان یااس سے متعلق ۔(۲) (پوشاک) فرانس کےطرز کی خصوصیات رکھنے والا ۔ (۳) (فرنیچر) کلاسیکی اور مشرقی طرز کا ۔

The empire : ہولی رومن ایمپائر ۔

Empire blue : (n) اوسط نیلا رنگ ۔

Empire builder : (n) وہ جس کا مقصد تشکیل مملکت ہو ۔

Empire building : (n) تشکیل سلطنت کرنے والے کی سرگرمیاں ۔

Empire city /-state : (n) نیو یارک ؛ ریاست نیویارک ۔

Empire cloth : (n) برقی حاجب کے طورپر استعمال ہونے والا ایک کپڑا ۔

Empire day : (n) ۲٤ مئی ، ملکہ وکٹوریا کی پیدائش کا دن ۔

Empire green : (n) سیاہی مائل سبز رنگ جو ڈنیوبی سبز رنگ سے زیادہ زرد ہوتا ہے ۔

Empire preference system : (n) (تجارت) مملکتی یا سامراجی ترجیحی نظام ۔

Empire red : (n) شنگرفی رنگ یا اس کے مشابہ ۔

Empire wine : (n) برطانوی سلطنت میں بننے والی شراب جو برطانیہ میں بیچنے کے لئے بھیجی جاتی ہے ۔

Empire yellow : (n) شوخی مائل ہلکازرد ۔

Empiric : (n) [L.'empiricus.'] (۱) جو شخص محض تجربات کی بنا پر کام کرے (نظری یا استدلالی کے مقابل) ۔(۲) (قدیم) عطائی؛ اتائی؛ نیم حکیم ۔ (۳) وہ جو عملی تجربات پر اعتماد رکھے یا اس عملی طریق کار کا معتقد ہو ۔

Empirical/Empiric : (a) (۱) (قدیم) جو تجربے یا مشاہدے کی بنا پر کام کرے ، روایت ، سائنس اور نظریہ کا لحاظ نہ رکھے؛ اتائی؛ نیم حکیم ۔(۲) جو نظریاتی علم کے مقابل تجربات و مشاہدات پر مبنی ہو ؛ دوسرے علم کی کم یابی پر مشاہدہ اورتجربہ سے حاصل ہونے والی واقفیتوں پر کام کرنے والا ؛ تجرباتی طریق کار پر مبنی ۔(۳) جو مشاہدے یا تجربے سے صحیح یا غلط ثابت ہونے کے قابل ہو ۔

Empirical formula : (n) (کیمیا)تجربی ضابطہ ؛ سادہ ضابطہ؛ ایک کیمیاوی ضابطہ جو تجربہ پر مبنی ہو، سالمی وزن پر نہیں اور جو کسی مرکب میں عناصر کی صرف نسبت ظاہر کرتا ہو ۔

Empirical method : (n) (کیمیا) تجربی طریقہ ۔

Empirical synthetic hedonism : (n) (نفسیات، فلسفہ)تجربی لذتیت ۔

Empirical treatment : (n) (طب) تجربی علاج ؛ اتائی علاج ۔

Empirical truth/ Actual -/ Contingent - : (n) مشاہدے یاتجربے کی بنا پر بیان اور خارجی وجود کے درمیان مکمل ہم آہنگی ۔

Empirical utilitarianism : (n) تجربی افادیت اجتماعی ۔

Empirically : (adv.) تجربی طور پر ؛ مشاہدے اور تجربے کی بنا پر ۔

Empiricism : (n) (۱) (فلسفہ) (نظریہ) تجربیت ۔ (۲) (طب) اتائیت ؛ تجربے اور مشاہدے پر زور دینے کا طریق کار ۔ (۳) وہ نظریہ جو برطانوی فلسفیوں لاک ، برکلے، اور ہیوم کےنظریہ سے خصوصی طورپر متعلق تھا۔ ان کاعقیدہ تھا کہ تمام علم تجربے سے حاصل ہوتا ہے ۔ (٤) منطقی تجربیت یا سائنسی تجربیت ۔

Atomistic empiricism : (فلسفہ ، نفسیات) جوہری تجربیت ۔

Logical empiricism : (فلسفہ ، نفسیات) منطقی تجربیت ۔

Passive empiricism : (فلسفہ ،نفسیات) انفعالی تجربیت۔

Pragmatic empiricism : (فلسفہ، نفسیات) عملیتی تجربیت ۔

Radical empiricism : (فلسفہ،نفسیات) انتہا پسندانہ تجربیت ۔

Scientific empiricism : (فلسفہ، نفسیات) سائنسی تجربیت۔

Sensationalistic empiricism : (فلسفہ، نفسیات) حسیاتی تجربیت ۔

Empiricist : (n) (۱) (فلسفہ) تجربیتی ؛ حامل تجربیت ۔ (۲) اصولی تجربی کا حامل یا معتقد ؛ تجربی ۔

Empirics : (n) اصولی تجربیت ؛ تجربی طریق کار یا اصول ۔

Empirio -/Empirico : [Gr.'emeiria.'] (۱) جزوترکیبی بمعنی تجربہ ؛ تجربیت ۔ (۲) تجربی ۔

Emplace : (v)[back formation fr. emplacenanl.] جگہ پر رکھنا ۔

Emplacement : (n) صورت حال ؛ موقع ؛ رکھاؤ ؛ توپوں کے رکھنے کا چبوترہ ۔

Emplane : (v) Enplan کی متبادل شکل ؛ ہوائی جہاز میں سوار ہونا یا لادنا ۔

Emplastic : (n) [Gr.'emplastikos.'] (۱) لیسدار ؛ چیپ دار ۔ (۲) (عضویات) اتصاقی ۔ (۳) (طب) قابض دوا ۔

Emplastic : (n) کوئی لیسدار شے ۔

Emplastrum : (n) (طب) لزوق ؛ پلستر ۔

Emplastrum saponis : (n) (طب) لزوق صابونی ۔

Emplectite : (n) [G.'emplektit.'] ایک بھورے رنگ کی معدنی شے جو تانبے سیمتھ اور گندھک پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Empleomania : (n) [Sp.'empleomania.'] پبلک عہدوں کا خبط ۔

Employ : (v) [MF.emploier.] (کسی شے یا اپنی قوت کو) استعمال کرنا (کسی شے میں یا اس پر یا اس کےلئےیا اس کی بابت) ؛ (کسی کی) خدمات سے کام لینا ۔

Employ : (n) (کسی کو) اپنی خدمت میں رکھنا ؛ کام میں لگانا؛ دفتر میں لگانا ؛ روزگار سے لگانا ۔

In the employ of : کسی کی خدمت یا ملازمت میں ۔

Employable : (a) قابل خدمت ؛ ملازمت کے قابل ۔

Employe : (n)[F.'employe.'] ملازم ؛ تنخواہ دار ؛ نوکر ؛ ۔ ماجور ۔

Employee : (n) ملازم ؛ نوکر ؛ کارگر ؛ اجیر ۔

Employee counselling : (n) (تجارت) مشورہ دہی ملازمین ۔

Employer : (n) (معاشیات) أجر ؛ کارفرما ؛ جو کسی کو کام پر لگائے ۔

Employer liability insurance : (n) (تجارت) مالك دَین داری بیمه۔

Employment : (n) [ME.'employement.] نوکری ؛ چاکری ؛ مستقل روزگار یا خدمت ؛ پیشه ؛ دهندا ؛ ملازمت ؛ بر سر روزگار هونا ۔

Full employment : روزگار مکمل ۔

Optimum employment : (سماجیات)متوازن روزگار ۔

Over - employment : کثرت روزگار ۔

Under - employment : قلت روزگار ۔

Employment agency : (n) ایك ایجنسی جس کا کام روزگار فراهم کرناهو ۔

Employment agent : (n) روزگار ایجنسی چلانے والا ۔

Employment bureau : (n) روزگار ایجنسی ؛ دفتر جو روزگار کے مواقع کی فراهمی کا ذمه دار هو ۔

Employment Exchange : (n) دفتر روزگار ۔

Employment function : (n) (تجارت) کار متعلق روزگار ۔

Employment scheme : (n) (سماجیات) بحالی کا منصوبه ۔

Employment test : (n) (سماجیات) امتحان روزگار ۔

Emplume/Implume : (v) پروں سے آراسته کرنا ۔

Empocket : (v) اپنی جیب میں ڈالنا ۔

Empoison : (v)[ME.'empoysoner.'] (۱) (قدیم)زہر آلود کردینا؛ مسموم کردینا؛ زہر ملا دینا۔(۲) (مجازاً) خراب کردینا ؛ تلخ کردینا ؛ کسی کو کسی کا مخالف کردینا ؛ کان بھرنا ؛ بدگمان کرنا ۔

Emporetic : (a)[L.emporeticus.'] تجارتی ۔

Emporium : (n)[Gr.'emporion.'] (۱) دساور؛ منڈی ؛ (عامیانه) دکان ؛ اسٹور ۔(۲) اسٹور جس میں مختلف قسم کی اشیا مہیا هوں ۔

Empower : (v) (۱) مجاز کرنا ؛ اختیار دینا ؛ مختار کرنا ۔ (۲) صلاحیت عطا کرنا ؛ اہلیت بخشنا ۔

Empowerment : (n) اختیار ؛ صلاحیت ؛ مجاز ۔

Empress : (n) [OF.fem. of empereor .'] شہنشاہ بیگم ؛ ملکه ؛ فرماں روا کی بیوی ۔

Empressement : (n) اظہارخلوص ؛ تپاك ؛ سرگرمی ؛ خلوص ۔

Empressite : (n) [Empress, mine +E. ite.] ایك قسم کی معدنی شے ۔

Emprise / Emprize : (n) [OFr.'emprise.'] (قدیم)بہادرانه مہم ؛ کریمانه ہمت کا کام ۔

Emprosthotonos : (n)[L.] (طب) کوز پیش ؛ ایك مرض جس سے جسم جهك جاتا هے ۔

Empt : [OE.' oemtion.'] خالی کرنا ؛ انڈیلنا ؛ تعمیل کرنا ۔

Emptily : (adv.) خالی طور پر ۔

Emptiness : (n) [ME.'emptinesse.'] (۱) (طبیعیات) خلو ؛ خلا ۔ (۲) خالی هونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۳) غیر آباد هونے کی صفت یا حالت ۔ (٤) عقم ؛ بانجھ پن ۔(٥) اس صفت کی کمی جو روحانی زندگی یاارتقا کےلئے لازم هو ۔(٦) حماقت؛ کهوکهلاپن؛ بے وقوفی ؛ ساده لوحی ؛ نمایاں مقصدیت کی کمی ۔ (۷) بھوك ؛ گرسنگی ۔ (۸) کمی ؛ جوش محبت یا شفقت کی کمی ۔ (۹) غیر آباد یا نامعلوم علاقه ۔ (۱۰) (بدھ مت) نروان ۔ (۱۱) جس میں قابل لحاظ مواد کی کمی هو ۔

Emption : (n) [L.'emption.'] (۱) خریدنا ؛ خریداری ؛ خریدنے کا عمل ۔(۲) حق شفعه ۔

Emptor : (n) [L.emptus + - or.] خریدار ۔

Empty : (a) [ME. fr ae + metta] (۱) خالی ؛ خالی خولی ۔ (۲) (روز مره) بھوکا ۔(۳) (سامان یا مکین سے) خالی (مکان وغیره)؛ سونا؛ سُنسان ؛ غیرآباد؛ اسباب سے خالی (جهازیا گاڑی) ۔(٤) بےمعنی؛ بے مغز ؛ بیہوده ؛ کهوکهلا ؛ غیر اہم ۔(٥) (ماده پالتو جانور) بچه نه دینے والی ۔ (٦) بهوکا ؛ گرسنه ۔ (۷) بے کار۔(۸) بے مطلب ؛ بیکار ۔ (۹) مفلس ۔(۱۰) بے مقصدیت کا شکار ۔

Empty : (n) بے مغز ؛ تہی مغز (انسان) ؛ بے معنی (تجویز) خالی صندوق یا گاڑی۔

Empty : (v) خالی کرنا؛ محروم کرنا؛ چھین لینا ؛ فائر کرنا؛ خالی کرنا؛ انڈیلنا؛ منتقل کرنا ؛ گرنا (ریا کا)؛ پیشاب کرنا ۔

Empty-cell process : (n) لکڑی کو کیمیاوی مادے سے اس طرح درست کرنا کہ اس کی خلوی دیواریں محفوظ رہیں ۔

Empty handed : (a) خالی ہاتھ ؛ تہی دست ۔

Empty-headed /-pated : (a) تہی مغز؛ کوڑ مغز ۔

Empty hearted : (a) جس کا دل خالی ہو۔

Empty morph : (n) خالی مارف ۔

Empty out : (v) خالی کرنا ۔

Empty weight : (n) حالت پرواز میں کسی طیارے کے سازو سامان کا وزن ۔

Empurple : (v) سرخ کرنا ؛ ارغوانی کرنا ؛ سرخ ہونا ۔

Empurpled : (a) رنگین ؛ مرصع ۔

Empusa : (n) [Gr.'Emposa.'] بھوت ؛ پریت ۔

Empyema : (n) [Late L.] (طب) دبیلہ ؛ پیپ سینہ ؛ جسم کے کسی حصے میں پیپ کا ہونا ۔

Empyemic : (n) (طب) دُبیلی ۔

Empyesis : (n) (طب) دُبیت ۔

Empyocele : (n) (طب) قیلہ٭ ناف ۔

Empyreal : (a) [L.'empyreus.'] بلند ؛ عرشی ؛ عرش سے متعلق ؛ ناری ؛ آتشیں ۔

Empyrean : (a) [L.'empyreus.'] (دینیات) کرہ٭ ناری ؛ عرش بریں ؛ فلك الافلاك ۔

Empyrean : (n) عرش ؛ بہشت ۔

Empyreuma : [Em+ pyreuin.'] (۱) (کیمیا) آتشیں قتار ؛ چراند؛ چرانید ۔ (۲) عضویاتی اشیا کے جلنے سے پیدا ہونے والی ایک خاص قسم کی بو ۔

Empyrial air : (n) (کیمیا) آتشیں ہوا ؛ آکسیجن ۔

Emu/Emew/Emeu : (n) [modif. of Pg.'ema.'] آسٹریلیا کا ایک بڑا پرند ؛ شتر مرغ آسٹریلیا ؛ ایمو ۔

Emulate : (v) [L.'aemulatus.] (۱) ہم سری یا برتری کی کوشش کرنا ۔ (۲) رشک کرنا؛ رقابت کرنا؛ ریس کرنا ۔ (۳) (متروک) حسد کرنا ۔

Emulation : (n) [L.'aemulation.'] (۱) کمال یا صفت میں دوسروں کی ہمسری کی کوشش ۔ (۲) (نفسیات) ریس ؛ رشك ؛ رقابت ۔ (۳) (سماجیات) ہمسری نقالی ۔

Emulative : (a) رقابت کا مشتعل کرنے والا ۔

Emulator : (n) [L.'aemulator.'] ریس کرنے والا ؛ مقلد ۔

Emulge : (v) [L.emulgere.'] (عضو سے) عرق نکالنا ۔

Emulagent : (a) [L.'emulgant.'] (تشریح) مُخرج ۔

Emulous : (a) [L.'aemulus.'] (۱) رشك مند ؛ رقیب ؛ سبقت خواہ ؛ نقل کرنے والا ۔ (۲) (متروک) حاسد ۔ (۳) (قدیم) ہمت خواہ ؛ سرگرم ۔

Emulously : (adv.) رشك مندی کے ساتھ ؛ نقل کرتے ہوئے ۔

Emulsification : (n) (کیمیا) عمل شیرہ سازی ؛ استحلاب ۔

Emulsifier : (n) (۱) (کیمیا) شیرہ ساز ۔ (۲) شیرہ سازی کی مشین ۔

Emulsify : (v) [Emulsion +- ify .] (کیمیا) شیرہ بنانا ؛ (کسی چیز کو) شیرہ سا کردینا ۔

Emulsifying agent : (n) (کیمیا) شیرہ ساز عامل ۔

Emulsin : (n) [L.'emulsus.'] مختلف انزائم (Enzyme) میں سے کوئی ایک جو عموماً پودوں سے حاصل ہوتا ھے ۔

Emulsion : (n) [NL.emulsion.] (۱) شیرہ جو روغنی اشیا کو پانی میں گھول کر بنایا گیا ہو ؛ حلیب ؛ روغناب ۔ (۲) چاندی کے نمك کے ذرات اور جلاٹین کا مرکب ۔

Emulsion paint : (n) ایک قسم کا پینٹ جس میں پانی پراں حالت میں دوسری ناپراں اشیا کے ساتھ ہوتا ھے ۔

Emulsionize : (v) شیرہ یا دودھیا عرق بنانا ۔

Emulsive : (a) [Emulsion + -ive.] دودھیا سا ؛ شیرے کا سا ۔

Emulsoid : (n) (کیمیا) شیرہ نما ؛ حلیب نما ۔

Emunctory : (n) [L.'emunctorium.] جسم کے فضلات کو دور کرنے والا عضو ؛ (تشریح) دافع فضولات ؛ قنات دافع ۔

Emunctory : (a) ناک صاف کرنے کے متعلق ۔

Emys : (n) [Gr.'emys.] (حیوانیات) جنس کچھوا ؛ شمالی امریکا کا کچھوا ۔

En : (n) (۱) حرف "n" ؛ EM سے چھوٹا پیمانہ جس سے سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

En - : (Prefix) [ME.fr. OF. fr. L. in- , im , fr. in.] سابقہ (لاطینی in 'im سےماخوذ) (الف)جو اسم وغیرہ پر داخل ہو کر اسے فعل بنا دیتا ھے جیسے enamour ، entrust ، engulf ، engage یا (ب) ایسے افعال پر داخل ہوتاھے جن کے آخر میں لاحقہ EN لگا ہوتا ھےجیسے enlighten یا (ج) کسی فعل پر داخل ہو کر اس کی قوت کو بڑھا دیتا ھے جیسے سابقہ (یونانی en ,em سے ماخوذ) جو اسم پر داخل ہوتا ھے جیسے ,energy enthusiasm وغیرہ ۔

- en /-n : (suffix) لاحقہ جو فعل پر داخل ہو کر اسے صفت بنا دیتا ھے جیسے Graven , Spoken یاخود صفت ہی پر اضافہ کیا جاتا ھے جیسے drunken, Lorn وغیرہ ۔

En : (prep.) [F.lit, in, fr, L. in .] شکل یا طرز میں جیسے Enbloc وغیرہ ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو تصغیر کا فائدہ دیتا ھے جیسے maiden , chicken ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو اسما میں پایاجاتا ھے جیسے burden اورصرف Vixen میں تانیث کو ظاہر کرتا ھے ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو بعض اسموں میں جمع کی علامت ھے جیسے brethern, children, oxen وغیرہ ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو صفت کا فائدہ دیتا ھے جیسے Golden, wooden وغیرہ ۔

Excitative : (a) جوش لانے والا ، مُحرک ۔

Excitatory : (a) جوش میں لانے والا ؛ جوش یا اشتعال پیدا کیا ہوا ۔

Excite : (v) (۱) (جذبات وغیرہ کو) برانگیختہ کرنا ؛ تحریک کرنا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا۔ (۲) حرکت میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ گرمانا؛ اکسانا؛ ابھارنا؛ جوش دلانا ۔ (۳) (عکاسی) پلیٹ میں عکس قبول کرنے کی قابلیت پیدا کرنا۔(٤) (برقیات) رو چلانا ؛ کسی مادّے میں حرکت پیدا کرنا ۔

Excitedly : (adv.) جوش سے ؛ گھبراہٹ سے ؛ اشتعال سے ۔

Excitement : (n) اشتعال ؛ جوش گھبراہٹ ؛ کھلبلی ؛ اشتعال انگیز شے ؛ ہیجان ۔

Exciter : (n) (۱) (طب) محرک ۔(۲) (برقیات) برق انگیز ۔ (۳) (ریڈیو) برق امواج زا ۔

Exciting : (a) اشتعال انگیز ؛ محرک ۔

Exciting cause : (n) (فلسفہ) علت محرکہ ۔

Exciting circuit : (برقیات) برق انگیز دور ۔

Excitomotor/Excito-motory : (a) (عضویات ،حیوانیات) مہیج حرکت ۔

Excitomuscular : (a) (عضویات) مہیج عضلہ ۔

Excitor : (n) (۱) دیکھو Exciter ۔ (۲) محرک ؛ مہیج (عصب) ۔

Exitovascular : (a) (عضویات) محرک عروق ۔

Excitron : (n) (برقیات)محرّکیہ ۔

Exclaim : (v) پکار اٹھنا ؛ چیخنا ؛ (غصے ، درد وغیرہ سے) چلا اٹھنا ۔

Exclaimagainst : (v) بہ آواز بلند الزام لگا نا ۔

Exclaimation : (n) چیخ پکار؛ بانگ پکار؛ الفاظ جو بطور فجائیہ استعمال کئے جائیں ۔

Note of exclamation : فجائی علامت؛ علامت فجائیہ ۔

Exclamation mark : (n) فجائیہ نشان ۔

Exclamatory : (a) فجائی ؛ فجائیہ سے متعلق ۔

Exclamatory pitch : (n) (لسانیات) فجائیہ سُر ۔

Exclaimer : (n) پکارنے والا ۔

Exclave : (n) [ex+clave.] (۱) (جغرافیہ) بیرون خطہ ؛ بیرون ملک ۔(۲) (تشریح) الگ حصہ ؛ بیرونی جز ۔

Exclude : (v) [L.'excludere.'] (کسی شخص یا شےکو کسی مقام ، جماعت یاحق سے) خارج کر دینا ؛ نکال دینا؛ باہر کردینا ؛ مستثنیٰ کردینا۔

Excluded : (a) خارج کیا ہوا ؛ نکالا ہوا ؛ مطرود ۔

Excluded areas : (n) (تاریخ) مستثنیٰ حلقے ۔

Excluder : (n) خارج کرنے والا ؛ نکالنے والا ۔

Exclusion : (n) اخراج ؛ (طبیعیات) استثنا ۔

Exclusionary : (a) اخراجی ۔

Exclusioner : (n) اخراج کاحامی ۔

Exclusionism : (n) دوسروں کو حقوق سے محروم کرنے کا نظریہ ۔

Exclusionist : (n) دوسروں کو حقوق سے محروم کرنےوالا ۔

Exclusive : (a) نکال کر؛ (کسی چیزسے) خارج یامستثنیٰ ؛ منہا کر کے ؛ شامل نہ کر کے صرف خواص سے ربط ضبط کا خواہشمند؛ مخصوص؛ بلاشرکت غیرے ؛ کم آمیز ؛ محدود ؛ اختصاصی ۔

Exclusive bargain agency : (n) (تجارت) مخصوص سودابازی ایجنسی ۔

Exclusive dealer : (n) (تجارت) مخصوص ڈیلر؛ بلا شرکت غیرے ڈیلر ۔

Exclusively : (adv.) الاّ خارج کرکے ؛ مختص طورپر ؛ شامل نہ کر کے ۔

Exclusiveness : (n) خلوت پسندی ؛ الگ تھلگ رہنے کی خواہش ؛ تنہا پسندی ؛ نا ملنساری ۔

Exclusivism : (n) لاغیریت پسندی ؛ اکل کھرا پن ۔

Exclusivist : (n) ۔ کسی نظریے کی اختصاصی صحت کا حامی ۔

Exclusory : (a) دیکھو Exclusive

Excogitate : (v) [L.'-excogitat.'] غور کرنا ؛ تدبیر نکالنا ۔

Excogitation : (n) غور و فکر؛ ادھیڑ بُن ؛ تدبیر؛ اختراع ۔

Excogitative : (a) غور و فکر یا ادھیڑبُن کی صلاحیت رکھنے والا (قوائے انسانی کے لئے) ۔

Excommunicable : (a) حقہ پانی بند کئے جانے کے لائق ؛ ذات باہر کئے جانے کے لائق ۔

Excommunicant : (n) ذات باہر کرنے والا یا کہا جانے والا ۔

Excommunicate : (a) ذات باہر کیا ہوا ۔

Excommunicate : (n) ذات نکالا شخص ۔

Excommunicate : (v) [L.'excommunicat-'] (دینیات) کسی شخص کو کلیسائی حقوق سے محروم کر دینا ؛ حقہ پانی بند کردینا ؛ ذات باہر کر دینا ۔

Excommunication : (n) (سماجیات) ذات نکالا ؛ (دینیات) دین بدری ؛ تکفیر؛ (فلسفہ) حقہ پانی بند؛ اخراج از جماعت ۔

Excommunicative : (a) ان حقوق سے محروم کرنے والی (چیز یا بات) ۔

Excommunicator : (n) ان حقوق سے محروم کرنے والا (شخص) ۔

Excommunicatory : (a) محرومیت حقوق بالا سے متعلق ۔

Excoriable : (a) پوست کنی کے لائق یا قابل ۔

Excoriate : (a) پوست کنی کیا ہوا ؛ پوست کندہ ۔

Excoriate : (v)[L.'excoriare.'] چمڑا ادھیڑنا؛ کھال کھینچنا ؛ پوست کنی کرنا ۔

Excoriation : (n) (۱) (طب) پوست کنی ؛ پوست تراشی ۔ (۲) خراش ۔

Excorticate : (v) L.'excorticat-.'] چھیلنا ۔

Excortication : (n) چھیلنا؛ چھلائی ۔

Excrement : (n) [Fr.] فضلہ ؛ گوبر ؛ غلیظ ؛ براز ۔

Excremental : (a) فضلے سے متعلق ؛ فضلے کا ۔

Excrementitial/Excrementitious : (a) نکما؛ بیکار (تلچھٹ وغیرہ) ۔

Excrescence : (n) [L.'excroscentia.'] جسم حیوانی یا نباتی پر کسی غیر طبعی شے کا پیدا ہوجانا ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ (طب) فضلہ ۔

Circular excrescence : (طب) اگنہ ؛ دائروی دنبل ۔

Watery excrescence : (طب) لولونی فضولہ ۔

Excrescent : (a) غیر طبعی (اضافہ) ؛ زائد؛ فضول ؛ حشو ۔

Excrescential : (a) بدگوش کا سا ؛ زائد ؛ فضول ؛ حشو ۔

Excreta : (n) [L.] (حیوانیات) فضلہ ۔

Excreta : (n) جسم سے خارج شدہ غلاظتیں ؛ بول براز وغیرہ ؛ (حیوانیات) براز؛ فضلات ۔

Excrete : (v) [L.'excret-'.] (حیوانات و نباتات کے جسم کا غلیظ مادہ) باہر پھینکنا یا نکالنا ؛ فضلات جسم کو خارج کرنا ۔

Excretin/Excretine : (n) (کیمیا) ایک بلوری مادہ ($C_{20}H_{36}O_2$) ۔

Excretino : (n) اخراج (غلاظت ، فضلہ) ؛پسینہ؛ بول و براز؛ ابراز ؛ فضلہ ۔

Excretive/Excretory : (a) ۔ اخراج کرنے والا؛ اخراج میں معاون ۔

Excretolic acid : (n) انسانی فضلے سے حاصل کیا ہوا ایک روغنی ترشہ ۔

Excretory : (a) (حیوانیات) اخراجی ۔

Excretory organs : (n) (حیوانیات) اعضائے اخراجی ؛ اعضائے ابرازی ۔

Excretory system : (n) (حیوانیات) اخراجی نظام ؛ (فلسفہ) نظام بول و براز ۔

Excruciable : (a) شدید اذیت دئے جانے کے لائق ۔

Excruciate : (v) شدید اذیت پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ دماغی اذیت پہنچانا ۔

Excruciating : (a) سخت (درد) ۔

Excruciatingly : (adv.) اذیت سے ؛ دکھ کے ساتھ ۔

Excruciation : (n) شدید ایذا دہی ۔

Excubant : (a) [L.'excubant.'] نگہبان ۔

Exculpate : (v)[L.'exculpat–'] بری کرنا ؛ بےجرم وبے گناہ ٹھہرانا ؛ بری الذمہ قراردینا ۔

Exculpate : (a) بےقصور؛ بری الذمہ ۔

Exculpation : (n) بریت ؛ برأت ۔

Exculpative/Exculpatory : (a) معاون بریت (بیان ، شہادت وغیرہ)۔

Excurrent : (a) [L.'excurrent-.'] باہر کو بہتا ہوا ؛ قلب سے (شریانی خون) بہتا ہوا ؛ باہر نکلنے کا راستہ دینے والا ؛ باہر کو نکلا ہوا ؛ (نباتیات ، حیوانیات) برون رو ۔

Excurse : (v) [L.'excurs.'] (۱) (شاذ) بھٹکنا ۔(۲)تفریح کے لئے جانا ۔

Excursion : (n) (۱) تفریحی سفر بہ نیت واپسی ؛ سیاحت ؛ سیر سپاٹا ؛ چند یار دوستوں کی مٹرگشت ؛ یورش؛ چڑھائی ؛ دھاوا ۔(۲) (ہیئت) راہ طبعی سےانحراف ۔(۳) (طبیعیات) حیطہ ارتعاش ۔

Excursion : (v) تفریحی سفر کرنا ؛ سیر سپاٹا کرنا۔

Excursion of the eyeball : (n) (طب) انحراف مقلہ ۔

Excursion train : (n) تفریحی ریل گاڑی ؛ ریل گاڑی جو تفریح کرنے والوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے ۔

Excursional : (a) سیرسپاٹے کےمتعلق ۔

Excursionary : (a) سیرسپاٹا کرنے والا ۔

Excursionist : (n) تفریحی سفرپر جانے والا ؛ سیر سپاٹا کرنےوالا؛ اکسکرشن؛ ریل گاڑی پر سفرکرنےوالا ۔

Excursionize : (v) تفریحی سفرکرنا؛ سیاحت کرنا؛ سیر سپاٹا کرنا ۔

Excursive : (a) (۱) تفریحی ۔ (۲) سرسری مطالعہ ۔ (۳) انحرافی ۔

Excursively : (adv.) بطور تفریح ۔

Excursiveness : (n) سرگشتگی ؛ بھٹکنا ۔

Excursus : (n)[L.] (۱) کتاب کی کسی مجمل بات پرتفصیلی بحث عموماً تتمےیاضمیمےمیں مقالہ ضمیمہ ؛ ضمیمہ ؛ تعلیقات ۔ (۲) تجاوز ؛ اصل موضوع سے ہٹ جانا ۔

Excurvation : (n) برون خمیدگی ۔

Excurved : (a) برون خمیدہ ۔

Excusable : (a) قابل معافی ۔

Excusableness : (n) قابل معافی ہونا ۔

Excusably : (adv.) عذرکےطورپر ۔

Excusator : (n) معافی دینےوالا؛ عذرپیش کرنےوالا۔

Excusatory : (a) عذردارانہ؛ معذرت کے(الفاظ، بیان وغیرہ) ۔

Excuse : (v) [OFr.] معاف کرنا ؛ عفو کرنا ؛ درگذرکرنا ؛ عذر معذرت کرنا ؛ برأت کےطورپر پیش کرنا(کسی شخص یا فعل کا) ؛ (فرض سے) سبکدوش کرنا؛ بےقصورقرار دینا ۔

Excuse : (n) معافی؛ معذرت؛ وجہ معافی ؛ خدمت سے معافی چاہنے کی استدعا ؛ عذربرأت ۔

Excuseless : (a) ناقابل معافی ۔

Excuser : (n) معافی دینےوالا ۔

Exeystation : (n) (حیوانیات) برون انبانی ؛ خروج ازانبان ۔

Exeat : (n) [L.] (۱) (مدر سے، کلیسائی علاقے وغیرہ سے) غیرحاضری کی اجازت ؛ رخصت ۔(۲) دیکھو Exit ۔

Execrable : (a) ملعون ؛ مردود ؛ قابل نفرت ۔

Excrably : (adv.) قابل نفریں طور پر ۔

Execrate : (v) [L.'execraat-'.] لعنت بھیجنا ؛ اظہار کراہت کرنا ؛ کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ سراپنا ؛ نفرت کا اظہار کرنا ۔

Execration : (n) سراپ ؛ کوسنا ؛ کراہت ؛ نفرت ۔

Execrative : (a) پُرازلعنت ؛ سراپ بھرا ۔

Execratively : (adv.) بطور لعنت ۔

Execrator : (n) لعنت بھیجنے والا ؛ کوسنے والا ۔

Execratory : (a) لعنتی ۔

Executable : (a) قابل تعمیل ؛ قابل نفاذ ۔

Executancy : (n) گانے بجانے کی صلاحیت ۔

Executant : (n) [Fr.] (۱) تعمیل کرنےوالا ؛ عمل میں لانےوالا ۔ (۲) گانےبجانےوالا ۔

Executant : (a) گانے بجانے والا ۔

Execute : (v) [OFr.'executer.'] (۱)تعمیل کرنا ۔(۲) (قانونی سزا ، حکم وغیرہ کا) نفاذ کرنا ؛ عمل میں لانا؛ عمل درآمد کرنا ؛ بجا لانا۔ (۳) (دستاویز وغیرہ کی) قانونی تکمیل مہر ، دستخط وغیرہ کے ذریعے سے کرنا۔ (٤) از روے قانون کسی جائداد یا ملك کا دینا ۔ (۵) فرض منصبی ادا کرنا ۔ (٦) (راگ) ادا کرنا ؛ (ناٹك وغیرہ) کرنا ۔(۷) پھانسی دینا ۔

Executer : (n) عامل ؛ تعمیل کنندہ ؛ وصیت کی تعمیل کرنے والا ۔

Execution : (n) (۱) کاروائی ؛ بجاآوری ۔(۲) تعمیل ؛ نفاذ ؛ ادائی ۔ (۳) کمال فن موسیقی ۔(٤) (اسلحہ کی) قوت ہلاکت ۔(۵) ترقی ؛ ضبطی مال یا اسیری بہ علت عدم ادائے قرض ۔ (٦) پھانسی ؛ گردن زدنی ۔

Writ of execution : حکم نامہ جس کی رو سے شیرف عدالتی فیصلے کانفاذ کرتا ھے ۔

Executioneering : (a) پھانسی دینے والا ۔

Executioner : (n) جلاّد ۔

Executive : (a) انتظامی ؛ عاملہ ؛ نافذہ ۔

Executive : (n) (۱)حکومت کاصیغہ* انتظامی جس کا تعلق قوانین تعزیرات وغیرہ کے نفاذ سے ھے ؛ انتظامیہ ۔ (۲) قانون نافذ کرنے والاشخص یا اشخاص ۔

Executive trade agreement : (تجارت) باہمی تجارتی معاہدہ ۔

Executively : (adv.) انتظامی طورپر ۔

Executor : (n) [AFr. 'execut (o)ur.'] عامل ؛ تعمیل کنندہ ؛ وصی ؛ جس کے سپرد وصیت نامے کی تعمیل ہو ؛ وصیت کی تعمیل کرنے والا ۔

Literary executor : وہ شخص جس کے سپرد مصنف کی غیر مطبوعہ تصنیف کی طباعت و اشاعت کا کام ہو ؛ ادبی وصی ۔

Executorial : (a) تعمیل وارنٹ کے متعلق ؛ عامل یاتعمیل کنندہ کے متعلق ۔

Executorship : (n) عامل کا منصب یا عہدہ ۔

Executory : (a) [med. L.'executorius.'] (۱) تعمیلی ؛ تعمیل سے متعلق ۔(۲) انتظامی ؛ نافذہ ؛ عاملہ ۔ (۳) (قانون) مستقبل میں تعمیل ہونے والا ۔

Executory : (n) مجلس انتظامیہ ۔

Executrix/Executress : (n) [L.] وصیت کی تکمیل کرنےوالی ؛ وصیہ ۔

Exedra/ Exhedra : (n) [L.] (۱) (قدیم ، تعمیرات) ورزش گاہ کاپیش گاہ ۔(۲) اُسقف کا تخت ۔(۳) باہرکو نکلا ہوا طاق ۔

Exegesis : (n) [Gr. 'exegesis.'] تفسیر ؛ تشریح ؛ تاویل ؛ تعبیر ؛ (ریاضیات) حل مساوات (عملی) ۔

Exegete/Exegetist : (n) مفسر ۔

Exegetic/-al : (a) تفسیری ؛ تشریحی ؛ تاویلی ۔

Exegetic : (n) فن تفسیر ۔

Exegetically : (adv.) تفسیراً ؛ تشریحاً ؛ تاویلاً ۔

Exegetics : (n) (دینیات) علم تفسیر ۔

Exembryonate : (a) (نباتیات) بے جنین ۔

Exemplar : (n) نمونہ ؛ اُسوہ ؛ مثال ؛ نظیر ؛ نقل ۔

Exemplarily : (adv.) بطور عبرت یاتنبیہہ ؛ بطور مثال ۔

Exemplariness : (n) قابلیت ؛ خوبی (جو قابل تقلید ہو) ۔

Exemplarism : (n) (فلسفہ) نظریہ* مثالیت ۔

Exemplarity : (n) — دیکھو Exemplariness

Exemplary : (a) — قابل تقلید ؛ تمثیلی ؛ مثالی ؛ عبرت انگیز ؛ سبق آموز ۔

Exemplary damages : (n) — گراں تاواں (بغرض عبرت یا تنبیہہ) ۔

Exemplifiable : (a) — قابل مثال ۔

Exemplification : (n) — مثال سے توضیح کرنا ؛ (فلسفہ) تمثیلی توضیح ۔

Exemplificative : (a) — توضیحی ۔

Exemplifier : (n) — مثال دینے والا ۔

Exemplify : (v) [Med. L.'exemplificare.'] — مثال دینا ؛ مثال دیکر سمجھانا؛ کسی چیز کی مثال بننا ؛ (دستاویز کی) باضابطہ مصدقہ نقل سرکاری مہر کے ساتھ تیار کرنا ۔

Exempt : (a) [L.'exemptus.'] — (۱) (محصول ، کوتاہیوں وغیرہ سے) پاک ، بری یا مستثنیٰ ۔ (۲) ٹیکس وغیرہ سے مستثنیٰ ؛ بری ۔

Exempt : (n) — مستثنیٰ شخص ؛ اُسقفی دائرہ اختیار سے باہر شخص ۔

Exempt : (n) — یومین گارڈ کے چار افسروں میں سے ایک ۔

Exempt : (v) — پاک کرنا؛ بری کرنا؛ مستثنیٰ کرنا ۔

Exempt commodity : (n) — (تجارت) مستثنیٰ شے ۔

Exempt service : (n) — مستثنیٰ خدمت ۔

Exemptile : (a) — قابل استثنیٰ ۔

Exemption : (n) — استثنا ۔

Exemptive : (a) — استثنائی ۔

Exencephalon : (n) — (طب) برون دماغی ۔

Exencephalus : (n) — (طب) برون دماغ ۔

Exendospermous : (a) — (نباتیات) غیر درون تخمہ ۔

Exenterate : (v) [L.'exenterat-.'] — (صرف مجازاً) فضلے کو خارج کرنا ؛ آنتیں وغیرہ نکال لینا ۔

Exenterate : (a) — آنتیں نکالا ہوا ۔

Exenteration : (n) — اخراج فضلہ ؛ (جراحی) معا برآری ۔

Exenteritis : (n) — (طب) ورم بر معا ۔

Exquatur : (n) [L.] — (۱)کسی حکومت کی طرف سے دوسری حکومت کے سفیر کا تسلیم کرنا ۔ (۲) پوپ کے تحت بشپ کو دنیوی اختیارات کا مجاز کرنا یا پوپ کے احکام کی اشاعت؛ (قانون) منظوری؛ مختارنامہ ؛ (تاریخ) پروانۂ تسلیم ؛ پروانہ قبولیت ۔

Exequial : (a) — تجہیز وتکفین سے متعلق ۔

Exequies : (n) [OFr.'exequies.'] — رسوم تجہیز وتکفین ۔

Exercisable : (a) — قابل عمل ؛ قابل استعمال ؛ مشق یا استعمال وغیرہ کے قابل ۔

Exercise : (n) [OFr. 'exercice.'] — (۱)(کسی عضو ، طاقت ، قوت یاحق کا) استعمال ۔(۲) (فرائض ، مراسم مذہبی، فضائل وغیرہ کی) عمل درآمد؛ تمرین ۔ (۳) کسرت ؛ ورزش ۔(٤) (جمع) قواعد ؛ فوجی قواعد۔(٥) (جسمانی، ذہنی یاروحانی) تربیت ۔ (٦) ریاضت ۔ (۷) علمی ڈگری کی تحصیل کےلئے زبانی امتحان (بحث) ۔(۸) سبق؛ مشق ۔ (۹) تقریب ۔

Exercise : (v) — (۱) (قوت ، حق وغیرہ کا) استعمال کرنا ؛ عمل میں لانا ۔ (۲) مشق کرانا ۔ (۳) سدھانا ۔ (٤) (کسی کی قوتوں پر) بار ڈالنا۔(٥) پریشان کرنایا ہونا؛ دق کرنا یا ہونا ۔ (٦) (فرائض) بجا لانا ۔(۷)ورزش کرنا؛ کسرت کرنا ۔

Exercise of (n) — (تاریخ) حق رائے دہندگی کا استعمال ۔

Exerciser : (n) — ورزش کرنے والا ؛ ورزش کرنے کا ایک آلہ ۔

Exercitation : (n) [L.'exercitatio -.'] — مشق ؛ تمرین ؛ ادبیات یا خطابیات کی مشق ۔

Exercitor : (n) — (قانون روما) جہاز کے روزانہ منافع کا حقدار ۔

Exercitorian : (a) — جہاز کے روزانہ منافع سے متعلق ۔

Exeresis : (n) [Gr. 'exairesis .'] (جراحی) قطع عضو مضر : استیصال : بدر آوری ۔

Exergic : (a) (طب) مقلل توانائی ۔

Exergual : (a) سکے یا تمغے کی پشت پر اصل تحریر کے نیچے چھٹی ہوئی جگہ یا وہاں پر کے کتبے سے متعلق ۔

Exergue : (a) [Fr.] سکے یا تمغے کی پشت پر اصل تحریر کے چھٹی ہوئی جگہ یا وہاں پر کا کتبہ ۔

Exert : (v) [L.'exert-'.] (۱) زور مارنا : کوشش کرنا؛ جدوجہد کرنا۔ (۲) (اثر یا قوت) سے کام لینا ۔

To exert one self : کوشش کرنا ۔

Exetion : (n) کوشش : سعی : مشقت ۔

Exertive : (a) محرک (عمل) ۔

Exes : (n) [abbrev.] (معاشیات) اخراجات ۔

Exeunt : (v) [l.] (تھیٹر) (دو یا زائد) ایکٹروں کا اسٹیج چھوڑنا ۔

Exeunt omnes : (n) [l.] سب (ایکٹروں کا) اسٹیج چھوڑنا ۔

Exfetation/Exfoetation : (n) [Ex-+L.'fetare'+-ATION.] (طب) بیرون حمل : خارج الرحم حمل ۔

Exflagellation : (n) (حیوانیات) برون سوطیّت ۔

Exfoliate : (v)[L.'exfoliat.'] (۱) (ہڈی ، جلد ، معدنیات وغیرہ کا) چھلکا یا کھال اتارنا : پرت اتارنا ۔ (۲) (درختوں کی) چھال اتارنا ۔

Exfoliation : (n) (نباتیات) برگ ریزی : پت جھڑ: پوست ریزی ۔(۲) پرت ریزی ۔

Exfoliative : (a) (نباتیات) برگ ریز ۔

Exgratia payment : (n) (تجارت) نوازش ادائی ۔

Exhalable : (a) بخار بنائے جانے کے لائق ۔

Exhalant : (a) دم برار ۔

Exhalant : (n) دم برار رگ یا عضو ۔

Exhalation : (n) [L. 'exhalatio-'.] (۱) تبخیر : بھاپ : سانس ۔ (۲) کُہر ۔ (۳) باہر کا سانس : منہ کی بھاپ : بھپکا ۔(٤) غصے کی جھنجلاہٹ ۔

Exhale : (v) [OFr.'exhaler.'] (۱) بخار بنانا : اُڑانا : بھپکا چھوڑنا؛ بخارات کا اڑانا : (گیس وغیرہ) نکلنا یا چھوڑنا۔ (۲) بھپکا چھوٹنا ۔(۳) (غصے، جوش وغیرہ کو) بھیڑ ، بھیڑیوں کی طرح سے نکال دینا ۔ (٤) (باہر کو) سانس لینا : حیوانی رطوبتوں کانہایت خفیف مقدار میں شرائن میں ہوکر (ناک یا منہ سے) باہر نکلنا؛ (حیوانیات) سانس چھوڑنا ۔

Exhalement : (n) دیکھو Exhalation

Exhaust : (n) [See Exhaust (v).] (انجن میں) استوانے کے اندر کی بھاپ کا کام پورا ہو جانے کے بعد اس کے نکال دینے کا راستہ : ظرف کو ہوا سے خالی کرنے کی ترکیب: جزئی خلا پیدا کرکے ہوائی رو پیدا کرنے کا آلہ ۔

Exhaust : (v)[L.'exhaust.'] (۱) (ہوا وغیرہ کو) کھینچ نکالنا۔ (۲) بالکل کام ختم کردینا : سارے کا سارا کام میں لے آنا ۔(۳) (ظرف کو اس کے) مشمولات سے خالی کرلینا ۔(٤) (کسی مسئلے کےمتعلق) جامع معلومات بہم پہنچانا ۔(٥) (کسی شخص یا حکومت کو) بالکل چوس لینا ۔(٦) تھکانا : تھکا ڈالنا ۔(۷) پیمانہ (صبر) لبریز کر دینا : ختم کر دینا ۔

Exhaust fan : (n) (انجینیئرنگ) نکاس پنکھا ۔

Exhaust flue : (n) (انجینیئرنگ) دود کش ۔

Exhaust injector : (n) آلہ ریخت ۔

Exhaust pipe : (n) بھاپ نکاس نلی ۔

Exhaust port : (n) (اسٹیم انجن میں) بھاپ نکلنے کاروزن ۔

Exhaust steam : (n) بھاپ انجن کا فاضل بھاپ جو استوانا سے نکلتا ھے ۔

Exhaustedly : (adv.) تھک کر: ختم کرکے ۔

Exhauster : (n) (۱) تھکانے والا ۔(۲) گیس نکالنے کی ترکیب ۔

Exhaustibility : (n) ختم ہو جانا : خاتمہ ۔

Exhaustible : (a) ختم ہو جانے والا ۔

Exhaustingly : (adv.) تھکاتے ہوئے ۔

Exhaustion : (n) (۱) سخت تھکاوٹ : ماندگی : ناتوانی : سلب قوت ۔(۲) تمام دوسری شقوں کو خارج کرکے ایک نتیجے تک پہنچنا ۔

Exhaustive : (a) محتوی ؛ مسئلے کا کوئی پہلو نہ چھوڑنے والا ؛ جامع ؛ مکمل ؛ جامع ومانع ۔

Exhaustively : (adv.) کامل طورسے ؛ جامع طور سے ۔

Exhaustiveness : (n) جامع یا محتوی ہونا ۔

Exhaustless : (a) ختم نہ ہونے والا ۔

Exhibit : (n) [L.'exhibitum .'] (۱) کوئی دستاویز یاچیز جو عدالت میں پیش ہو اور جس کا ذکر تحریری ثبوت میں کیا جائے ؛ تحریر منسلکہ ۔(۲) شے یا مجموعہ اشیاجیسے کوئی شخص یا کارخانہ کسی نمائش میں بھیجتا ہے ۔(۳) نمود؛ نمائش ؛ اظہار ؛ (طب) استعمال دوا ۔

Exhibit : (v) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ ملاحظہ میں پیش کرنا ؛ گزارنا ؛ نمائش کرنا یا لگانا ۔

Exhibitable : (a) قابل نمائش ۔

Exhibition : (n) [OFr.'exhibition.'] (۱) فنون لطیفہ کی نمائش ۔(۲) تعلیمی وظیفہ جو درسگاہوں کے خزانے کو دیا جائے ۔

To make an exhibition one self : اپنے کو دوسروں کی نظرمیں مضحکہ بنانا ۔

Exhibitional : (a) نمائشی ۔

Exhibitioner : (a) وظیفہ یاب (طالب علم) ۔

Exhibitionism : (n) نمائش پسندی ۔

Exhibitionist: (n) نمائش پسند ۔

Exhibitive : (a) نمائشی ۔

Exhibitively : (adv.) بطورنمائش ۔

Exhibitor : (n) نمائش میں اپنی چیزوں کو رکھنے والا ۔

Exhibitory : (a) چیز جو نمائش میں رکھی جائے؛ نمائشی ۔

Exhibite : (n) مشہودات ؛ معروضات ؛ اشیائے نمائش ۔

Exhilarant : (n&a) مفرح ؛ فرحت بخش ۔

Exhilarate : (v)[L.'exhilarat-'.] شگفتہ کرنا؛ فرحت بخشنا ۔

Exhilarating : (a) فرحت بخش ؛ مفرح ۔

Exhilaratingly : (adv.) بطور مفرح ؛ فرحت بخشتے ہوئے ۔

Exhilaration : (n) شگفتگی ؛ خوش وقتی ؛ نشاط ؛ فرحت ۔

Exhilarative : (a) شگفتگی پیداکرنے والی (شے) ۔

Exhilarator : (n) فرحت بخش ۔

Exhort : (v) [OFr.'exhorter.'] (۱) وعظ کہنا؛ نصیحت کرنا ؛ پند دینا ۔(۲) کارخیر کی وکالت کرنا اور اس پر آمادہ کرنا ۔

Exhortation : (n) نصیحت ؛ وعظ ؛ پند ؛ تاکید ۔

Exhortative : (a) نصیحت آمیز ؛ ناصحانہ ۔

Exhortatory : (a) دیکھو Exhortative

Exhorter : (n) وعظ نصیحت کرنے والا ۔

Exhumate/Exhume : (v) [L.'exhumat-', &Fr.'exhumer'.] مدفون کو کھود کر نکالنا (مجازاً) ۔

Exhumation : (n) مدفون کو کھود کر نکالنا۔

Exies : (n) [Sc.] (۱) کپکپی ؛ لرزہ ۔(۲) اختناق الرحم ۔

Exigeant : (a) [Fr.] سخت گیر ۔

Exigeante : (a) سخت گیر (عورت) ۔

Exigence/Exigency : (n) [OFr.] ضرورت اہم ؛ حالت شدید ؛ ناگہانی ضرورت ؛ ہنگامی صورت حال ؛ اشد ضرورت ۔

Exigent : (a) [L.'-exigent-.'] (۱) اہم ؛ ضروری ؛ اشد ۔ (۲) سخت ۔

Exigent of : طالب ؛ متوقع ۔

Exigents : (n) [OFr.] ضرورتیں ۔

Exigible : (a) [Fr.] جس کا مطالبہ کیا جائے ؛ قابل مطالبہ ۔

Exigifacias : (n) [L.] ضرورتیں ۔

Exiguity : (n) [L.'exiguitas.'] قلت ؛ خفت ۔

Exiguous : (a) [L.'exiguus.'] حقیر ؛ خرد ؛ قلیل ؛ خفیف ۔

Exiguousness : (n) قلت ؛ خفت ۔

Exilarch : (n) (تاریخ) جلا وطنوں کا حکمراں ۔

Exile : (n) [OFr.'exil.'] دیس نکالا ؛ جلا وطنی ؛ دیس تیاگ ؛ بن باس ۔

Exile : (n) [OFr.'exil.'] (شخص) جلا وطن ؛ دیس تیاگی ؛ بن باسی ۔

Exile : (v) [OFr.'exil(i)er.'] شہر بدر کرنا ؛ جلا وطن کرنا ؛ دیس نکالا دینا ۔

Exilement : (n) جلا وطنی ؛ دیس نکالا ؛ دیس تیاگ؛ بن باس ۔

Exilian : (a) پرانے زمانے میں یہودیوں کی جلاوطنی اور (بابل میں) اسیری سے متعلق ۔

Post-exilian : (یہودیوں کی) جلا وطنی کے بعد (کے زمانے) سے متعلق ۔

Exilic : (a) دیکھو Exilian

Exility : (n) [L.'exilitas.'] نزاکت ؛ پتلاپن ؛ تخفیف ؛ کم مائگی ؛ کمی ۔

Exindusiate : (a)[EX-+indusium+ Ate.] بےرختہ ؛ بےزیرگیر پوش ۔

Exine : (n) [Gr.] (نباتیات) زرجھلی ؛ زرابرا ۔

Exinguinal : (a)[Ex-+L.'inguen'--AL.] (حشریات ،حیوانیات) برون اُزلی ۔

Exinguinal : (n) مکڑوں وغیرہ کےپاؤں کا دوسرا قطع ۔

Exintine : (n) [L.'ex+intus'+-INE.] (نباتیات) زرابرہ اور زراستر کے بیچ کی جھلی ۔

Exion : (n) دیکھو Action

Exist : (v) [Back-formation frou Exis tence.] (۱) ھونا؛ موجود ھونا ؛ وجود رکھنا ؛ ہستی رکھنا ۔ (۲) (معین حالت میں) موجود یاواقع ھونا ۔ (۳) زندہ رہنا ۔

Existence : (n) [OFr.'existence.'] ھونا ؛ وجود زندگی ؛ طرز زندگی ؛ شے موجود؛ موجودات؛ کائنات ۔

A wretched,precarious,existence : تلخ ؛ غیر مطمئن زندگی ؛ برشاخ آھو ۔

Struggle for existence : جهد البقا؛ تناع البقا۔

Existent : (a) موجود ؛واقعی ؛ زندہ ۔

Self existent : قائم بالذات ۔

Existent : (n) زندہ شخص یا شے ۔

Existential : (a) [Late L.'existentialis'] متعلق بہ وجود ؛ (منطق) متعلق بہ قضیہ ۔

Existential sentence : (n) (لسانیات) وجودی جملہ ۔

Existentialism : (n) وجودیت ۔

Existentially : (adv.) وجودی طور پر ۔

Existently : (adv.) زندہ طور پر ۔

Existibility /Existability : (n) زندہ ھونا ۔

Existing : (a) موجود ؛ زندہ ۔

Exit : (n) [L.'exire.' exitus.'] ایکٹر کا اسٹیج سے رخصت ھونا ؛ موت ؛ روانگی ؛ باہر جانے کی آزادی ؛ اخراج ؛ باہر جانے کاراستہ ؛ نکاس ؛ مخرج ؛ خروج ۔

Exit : (v) (تھیٹر) اسٹیج سے رخصت ھونا ۔

Exite : (n) (حیوانیات) برونیہ ۔

Exitus : (n) [L.] (۱) (انجینیئرنگ) نکاس ؛ مخرج ۔ (۲) (طب) سقوط ؛ خروج ؛ مرض کی مہلک حالت ؛ موت ۔ (۳) اختتام ؛ نتیجہ ۔ (٤) برآمدی محصول ۔ (٥) مبرز ۔

Exmeridian : (n) (فلکیات) ورائے نصف النہار ۔

Exmero motu : بہ رضا و رغبت ۔

Exo : (سابقہ) بَرون ؛ خارجی ۔

Exocardiac/-al : (a) (تشریح) برون قلبی ؛ خارج القلب ۔

Exocarp : (n) (نباتیات) برون ثمر ۔

Exoccipatals : (n) عظم قظالی کا بیرونی حصہ ۔

Exoccipetal : (a) برون عظم قظالی ۔

Exocentric : (a) (لسانیات) بیرون مرکزی ۔

Exocoele : (n) (حیوانیات) برون قعر ۔

Exocoelar : (a) برون قعری ۔

Exocoelom/Exocolitis : (n) (طب) ورم برقولون : ورم محلاف قولون ۔

Exocone : (a) (حیوانیات) برون مخروطیہ ۔

Exocrine : (a) (حیوانیات ، طب) برون افراز (غدود) ۔

Exoculation : (n) [med. L.'exoculatio-'.] اندھابنانا : آنکھیں نکالنا ۔

Exode : (n) [Fr.'exode.'] (۱) (یونانی ڈرامہ) انجام ڈرامہ ۔ (۲) (رومی ڈرامہ) سوانگ یا سانگ : نقل ۔

Exoderm : (n) برون ادمہ : جلد جرثومہ کا بالائی پرت : برون جلد ۔

Exodic : (a) [Gr.'exodos.'] (۱) برآور خروجی ۔ (۲) ہجرت سے متعلق ۔

Exodium : (n) [Gr.'exodion.'] دیکھو Exode

Exodontia : (n) (طب) برون دندانی ۔

Exodus/Exody : (n) [L.'Enodus.'] (۱) (بائبل) خروج : کتاب الخروج : ہجرت : مہاجرت ۔ (۲) کوچ : خروج ۔ (۳) بنی اسرائیل کا کوچ مصر سے ۔

Exogamete : (n) (حیوانیات) برون زواجہ ۔

Exogamic : (a) ازدواج خارجی سے متعلق ۔

Exogamous : (a) ازدواج خارجی کے متعلق ۔

Exogamy : (n) رواج جس کے مطابق مرد اپنے قبیلے کے باہر ہی شادی کرسکتا ھے : ازدواج خارجی : اگوت بیاہ ۔

Caln exogamy : (سماجیات) اگوت بیاہ ۔

Tribal exogamy : (سماجیات) بیرون قبیلہ زوجیت ۔

Exogastric : (a) (تشریح ، حیوانیات) برون معدی : برون شکمی ۔

Exogastrula : (a) برون شکمیہ ۔

Exogen : (n) وہ پودا جس کے ڈنٹھل کا نمو باہر کے ذخیرے پر ھوتا ھے : بر نموئی ۔

Exogenetic : (a) بر نمو ۔

Exogenous : (a) (۱) (نباتیات) بر نمو : برون زاد ۔ (۲) (مرضیات) برو روئندہ : خارجی ۔

Exogenous budding : (n) (نباتیات) بر نمو کلیاں ۔

Exogenous change : (تجارت) بروں زار تبدیلی ۔

Exogenous dome : (n) بر نمو گنبد ۔

Exogenously : (adv.) برون زادانہ ۔

Exognath : (n) [Gr.'gnathos.'] (حیوانیات) برون فلّہ ۔

Exolever : (n) (میکانیات) بیرم دندان : دندان کش بیرم ۔

Exolinguistics : (n) (لسانیات) مابعہ لسانیات ۔

Exomion/Exomis : (n) [Gr.'exomis.'] صدری ۔

Exomologesis : (n) [Gr.'exomologesis.'] مکمل اقرار ۔

Exomphalos : (n) [Gr.'exomphalos.'] (طب) فتق سرہ : بروز سرہ ۔

Exon : (n) [Fr.] یومین گارڈ کے چار افسران میں سے ایک ۔

Exonarthex : (n) یونانی گرجا کی بیرونی دہلیز ۔

Exonerate : (v) [L.' - exonerat -'] بری کرنا : بری الذمہ قرار دینا : بے خطا ٹھہرانا : (خدمت سے) سبکدوش ھونا ۔

Exonerate : (a) بری کیا ھوا ۔

Exoneration : (n) برأت : بریت : سبکدوشی : معافیت ۔

Exonerative : (a) ذمہ داری میں تخفیف کرنے والا (واقعہ وغیرہ) ۔

Exoneretur : (n) [L.] بری کرنے والا ۔

Exoneretur : (n) [L.] ضمانت نامے پر اندراج کہ مدعاعلیہ جیل میں حاضر ہو گیا ہے ۔

Exopathic : (a) مرض جو جسم سے باہر پیدا ہو ؛ خارجی الاصل (مرضیات) ۔

Exoperidium : (n) [L.] (نباتیات) برون غلافہ ۔

Exophagous : (a) جو اپنے قبیلے کو نہ کھائے (مردم خور انسان یاحیوان) ؛ برون خور ۔

Exophagy : (n) برون خوری ؛ اپنے قبیلے والوں کو نہ کھانا ۔

Exophoria : (n) (طب) برون حول ۔

Exophthalmia : (n) [mod. L.] خروج چشم ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا باہر نکل آنا ۔

Exophthalimic : (a) خروج چشم سے متعلق ۔

Exophthalmus/-os /Exophthalmy (n) [Gr.'exophthalmos'] دیکھو Exophthalmia

Exophyllous : (a) (نباتیات) عریاں برگ ۔

Exoplasm : (n) برمایہ ؛ جوہراولیہ کا سب سےاوپری پرت ۔

Exopodite : (n) برون پا (قشریہ) ۔

Exopoditic : (a) برون پایہ ۔

Exoptile : (a) بے رواں اکھوا والا ۔

Exorbital : (a) برون مدار ۔

Exorbitance : (n) مہنگا پن ؛ گرانی ۔

Exorbitant : (a) [L.'exorbitant -.'] (۱) بہت مہنگا ؛ نہایت گراں ۔(۲) بے انداز (قیمت مطالبات ، ہوس وغیرہ) ۔(۳) منحرف ۔

Exorbitantly : (adv.) گرانی سے ۔

Exorcise/Exorcize : (v) [OFr.] جھاڑ پھونک کرنا ؛ بھوت اتارنا ؛ آسیب اتارنا ؛ آسیب کےاثر سے پاک کرنا (مقام وغیرہ) ۔

Exorcism : (n) جھاڑ پھونک ۔

Exorcist : (n) جھاڑ پھونک کرنے والا ؛ اوجھا ؛ گنی ۔

Eexorcization : (n) جھاڑ پھونک کرنا ؛ بھوت اتارنا ۔

Exorcizer : (n) جھاڑ پھونک کرنے والا ؛ بھوت اتارنے والا ۔

Exordial : (a) تمہیدی ۔

Exordium : (n) [L.'exordior.'] آغاز ؛ دیباچہ ؛ مقدمہ ؛ تمہید (تقریر وغیرہ کی) ؛ پیش لفظ ۔

Exor(r)hiza : (n) (نباتیات) برون بیخہ ۔

Exor(r)hizal/Exorrhizous : (a) بے رُواں ؛ برون بیخہ ۔

Exoscopic : (a) برون بیں ۔

Exoscopically : (adv.) برون بیں طور پر ۔

Exosepsis : (n) (طب) خارجی عفونت ۔

Exoskelletal : (a) برکالبدی ؛ کالبد ظاہری سے متعلق ۔

Exoskeleton : (n) ہڈی یا کھال کے باہری پرت کا ڈھانچا (گھونگوں وغیرہ کا سخت خول) ؛ برون ڈھانچا ؛ برکالبد ؛ کالبد ظاہری ۔

Exosmose/Exosmosis : (n) اخراج آلانش (جسم کے کسی مسامدار حصے ، جیسےناک سے) (حیوانیات) برون نفوذ ۔

Exosperm : (n) برون تخم ۔

Exosporal : (a) برون بذرہ سے متعلق ۔

Exospore/Exosporium : (n) (نباتیات) برون بذرہ ۔

Exosporous : (a) برون بذرنی ۔

Exossate : (v) [L. -' exossat -'.] ہڈی نکال لینا ۔

Exossation : (n) ہڈی نکال لینا ۔

Exostome : (n) برون دہن ۔

Exostosed : (a) برون تعظُم میں مبتلا ۔

Exostosis : (n) [Gr.'exostosis.'] برون تعظُم ۔

Exostotic : (a) برون تعظم سے متعلق یا اس جیسا ۔

Exostracize : (n) [Gr. 'exostrakinzin.'] برادری سے خارج کرکے جلا وطن کرنا ۔

Exoteric : (a) [L.'exnoterieus.'] (۱) عام؛ معمولی ؛ عام پسند ؛ خارجی ؛ ظاہری ۔ (۲) (جمع) اصول اور مسائل عامۃ الناس کے لئے ۔

Exoteric : (n) [Gr.'taexoterik.'] (۱) (عقائد ، مسائل ، تقریر وغیرہ) عوام کے لئے قابل فہم ، عامی ؛ عام فہم ۔ (۲) (عام مریدین کا) حلقہ ۔

Exoterical : (a) عام فہم (عقائد وغیرہ) سے متعلق ۔

Exoterically : (adv.) عوام کے فہم کے مطابق ۔

Exoterics : (n) (تعمیرات) تعلیمات عمومی ۔

Exotery : (n) عام فہم عقائد وغیرہ ۔

Exotheca : (n) (حیوانیات) برون صرّہ ۔

Exothecal : (a) (حیوانیات) برون صرّی ۔

Exothecium : (n) (حیوانیات) برون صریہ ۔

Exothermal : (a) (کیمیا) حرارت زا ؛ مخرج حرارت ۔

Exotic : (a) [L.'exoticus.'] (پودے ، لفظ یا رسوم وغیرہ) غیر ملک سے لائے ہوئے ؛ بدیسی ؛ پردیسی ؛ غیر ملکی ؛ بیرونی ۔

Exotic : (n) غیر ملکی پودے ۔

Exoticism : (n) دخیل الفاظ یا محاورے ۔

Exotospore : (a) (نباتیات) بدیسی بذرہ ۔

Exotoxin : (n) سم خارجی ؛ برون سم ۔

Exotropia : (n) (طب) برون رخی ۔

Exotropism : (n) (طب) برون رخی ۔

Expand : (v) [L.'expandere.'] پھیلنا ؛ پھیلانا ؛ تشریح کرنا؛ کھول کر بیان کرنا ؛ بڑا کرنا؛ بڑھانا ؛ پھلانا؛ کھولنا؛ کشادہ کرنا؛ وسعت دینا ۔

Expanding market : (n) (تجارت) توسیعی بازار؛ توسیع پذیر منڈی ؛ وسیع بازار ؛ وسعت پذیر بازار ۔

Expanse : [mod. L.'expansum.'] وسیع رقبہ ؛ وسعت ؛ کشادگی ؛ پھیلاؤ ۔

Expansibility : (n) وسعت پذیری ؛ اتساع پذیری ۔

Expansible : (a) وسعت پذیر ؛ اتساع پذیر ۔

Expansibleness : (n) وسعت پذیری ۔

Expansibly : (adv.) وسعت پذیری سے ۔

Expansile : (a) قابل توسیع ؛ وسعت کا یا اس سے متعلق ۔

Expansion : (n) [Late. L. 'expansis.'] وسعت ؛ پھیلاؤ ؛ کاروبار کا پھیلاؤ ؛ توسیع زر ؛ انجن کے بیلن میں بھاپ کی زیادتی ۔

Diagonal expansion : (تجارت) قطری توسیع ۔

Economic expansion : (تجارت) معاشی توسیع ۔

Industrial expansion : (تجارت) صنعتی توسیع ۔

Monetary expansion : (تجارت) زری توسیع ۔

Triple expansion engine : وہ انجن جس میں بھاپ تین تین بیلنوں میں ہوکر گزرتی ہے؛ بھاپا انجن ۔

Expansion coupling : (n) اتساعی کنڈا ۔

Expansion curb : (n) اتساعی روک ۔

Expansion drum : (n) اتساعی چرخی ۔

Expansion engine : (n) اتساعی انجن ۔

Expansion gear : (n) بھاپ روکنے کا آلہ ۔

Expansion of credit : (n) (تجارت) قرض توسیع ؛ ادھار کی کشاد ۔

Expansion of currency : (n) اتساع زر ۔

Expansion out of demand : (n) (تجارت) طلب توسیع ؛ اتساع طلب ۔

Expansion joint : (n) اتساعی جوڑ ۔

Expansion stide : (n) اتساعی سلائڈ ۔

Expansion valve : (n) اتساعی صمام ۔

Expansionary : (a) توسیعی ۔

Expansionary impulse : (n) (تجارت) توسیعی امنگ ۔

Expansionism : (n) ارضی توسیع پسندی ۔

Expansionist : (n) توسیع پسند ۔

Expansionist policy : (تجارت) توسیعی پالیسی ۔

Expansive : (a) پھیلنے والا : پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والا : وسعت پذیر : وسیع : حاوی ۔

Expansively : (adv.) وسیع طور پر ۔

Expansiveness : (n) پھیلنے کی صلاحیت ۔

Exparte : (a & adv.) [L.] (قانون) یکطرفہ ۔

Expatiate : (v) [L. -'expatial -'.] (کسی مسئلے پرتحریر یا تقریر کو) طول دینا : بے روک ٹوک گھومنا ، پھرنا : (نیز مجازاً) مفصل کہنا یا لکھنا ۔

Expatiater /-or : (n) بسیارگو یا بسیار نویس ۔

Expatiation : (n) پر نویسی : پر گوئی : مفصل نویسی ۔

Expatiative : (a) دیکھو Expansive

Expatiatory : (a) پرنویسی وغیرہ سے متعلق ۔

Expatriate : (v) [L.-'expatriat -'.] جلا وطن کرنا ۔(۲) (Relf) ترک وطن کرنا ۔(۳) (قانون بین الاقوام Relf) کسی ملک کے حقوق شہریت سے دست بردار ہو جانا ۔

Expatriate : (a) جلا وطن ۔

Expatriation : (n) جلا وطنی : ترک وطن : نقل وطن : حقوق شہریت سے دست برداری : حقوق شہریت سے محرومی ۔

Expect : (v) [L.'ex (s) pectare.'] توقع کرنا : امیدرکھنا : انتظار کرنا : (روز مرہ) سمجھنا : خیال کرنا ۔

Expectable : (a) متوقع ۔

Expectance / Expectancy : (n) امید : توقع : آس : انتظار ۔

Expectancy : (n) [L.'ex (s) pectantia.'] امید : توقع : حالت : انتظار : آس : انتظار ۔

Expectant : (n) (۱) متوقع : منتظر : امیدوار۔(۲) وراثت پانے کا متوقع ۔

Expectant : (a) (۱) متوقع : امیدوارانہ : منتظرانہ : حالت کی معمولی رفتار کی روسے کسی عہدے ، منصب وغیرہ کا متوقع : (قانون) عود ترکے کا متوقع : وراثت پانے کا متوقع ۔(۲) عودی : مابعد کا ۔

Expectantly : (adv.) متوقعانہ : امید وارانہ : انتظار کرتے ہوئے ۔

Expectation : (n) توقع : امید : انتظار: وجہ امید : وہ چیز جس کا انتظار ہو : (جمع) ترکہ ملنے کی توقعات : آسرا : آس ۔

Beyond expectation : توقع سے باہر : توقع سے بڑھ کر یا زیادہ ۔

Contrary to expectation : توقع کےخلاف: خلاف توقع : خلاف امید : خلاف قیاس ۔

Expectational equilibrium : (n) (تجارت) متوقع توازن ۔

Expectative : (a) [L.'expectativus.'] عود تر کے سے متعلق ۔ امید یا انتظار سے متعلق : انتظار کا ۔

Expectative : (n) متوقع جاگیر ۔

Expected mortality : (n) (تجارت) موت شرح ۔

Expectedly : (adv.) امید کے مطابق ۔

Expecter : (n) توقع کرنے یا رکھنے والا ۔

Expectorant : (adj.) (طب) دافع بلغم : مُخرج بلغم ۔

Expectorant : (n) بلغم نکالنےوالی دوا ۔

Expectorate : (v) [L.'expectorat-'.] کھنکھارنا؛ کھنکھارکر بلغم نکالنا : تھوکنا ۔

Expectoration : (n) (طب) دفع بلغم ۔

Expectorative : (a) دفع بلغم سے متعلق ۔

Expectorative : (n) دافع بلغم ۔

Expede : (v) بھیجنا ۔

Expedience : (n) مصلحت : حکمت : مناسبت حال ۔

Expediency : (n) دیکھو Expedience

Expedient : (a) [L.- 'expedient -]. (۱) ضروری ؛ مناسب ؛ موزوں ۔(۲) قرین مصلحت (گو عدل کے گونہ خلاف ہو) ۔(۳) مناسب حال ۔(٤) مفید ۔

Expedient : (n) تدبیر ؛ ترکیب ؛ مصلحت ؛ چارۂ کار ۔

Expediential : (a) مناسب ؛ قرین مصلحت ۔

Expediently : (adv.) مناسب طور پر ؛ مصلحت کی رو سے ۔

Expediment : (n) [Late. and med .L. expedimentum.] جملہ اسباب ۔

Expeditate : (v) کتے کے تین پنجوں کو کاٹ دینا ؛ بیکار کردینا تاکہ شرارت نہ کرسکے ۔

Expeditation : (n) کتے کےتین پنجوں کو کاٹ دینا ۔

Expedite : (v) (کسی کاروائی کے کامیاب بنانے میں) معین ہونا ؛ (کام) چلتا کرنا ؛ کام کی تکمیل کی کوشش کرنا ؛ جلدی کرنا ؛ روانہ کرنا ؛ بھیجنا ۔

Expediter : (n) (کام) چلتا کرنے والا ؛ روانہ کرنے والا ؛ تعجیل کنندہ ۔

Expedition : (n) [OFr. 'expedition .'] (۱) مہم ؛ معرکہ ۔ (۲) برّی یا بحری سفر جو کسی مخصوص مقصد کےلئے ہو ۔(۳) اشخاص یا بیڑے جو اس مقصد سےجائیں ۔(٤) تیزی ؛ مستعدی؛ پھرتی؛ عجلت ۔

Expeditionary : (a) مہم سے متعلق ۔

Expeditionist : (n) مہم پر جانے والا ؛ سیر سپاٹے کے لئے جانے والا ۔

Expeditious: (a) پھرتیلا ؛ مستعد ؛ تیز رو ؛ تیز کاروائی کے لئے موزوں ۔

Expeditious dispatch : (n) (تجارت) تعجیلی نبٹاؤ ۔

Expeditiously : (adv.) مستعدی سے؛ تیزی سے ۔

Expeditiousness : (n) مستعدی ؛ تیزی ۔

Expel : (v) [L.'expellere.'] نکالنا ؛ نکال باہر کرنا؛ زورکرکے نکالنا (مثلاً انسان کو کسی مقام سےیا گولی کو بندوق سے) برادری ، مدرسے وغیرہ سے خارج کر دینا ۔

Expellable : (a) نکال باہر کئے جانے کے لائق ۔

Expellant/Expellent : (a) جلاب ؛ مسہل مادے کو خارج کرنے والا ۔

Expellant : (n) (۱) (طب) دافع ۔(۲) مسہل ؛ جلاّب ۔

Expeller : (n) خارج کرنے والا ۔ مسہل ۔

Expend : (v) [L.'expendere.'] (کسی چیز یا کسی کام میں روپیہ ، قوت ، توجہ) صرف کرنا ؛ لگانا؛ خرچ کرنا؛ کھپانا ؛ اٹھانا؛ (جہاز رانی) بچی ہوئی رسی کا مستول سے لپیٹ دینا ۔

Expenditure : (n) خرچ ؛ صرفہ ؛ رقم ؛ مصارف ۔

Beneficient expenditure : (تجارت) فلاحی خرچ ۔

Capital expenditure : (تجارت) اہم اخراجات ؛ پونجی خرچ ؛ سرمایہ اخراجات ۔

Compensating expenditure : (تجارت) متلافی خرچ ۔

Contingent expenditure : (تجارت) اتفاقی خرچ ۔

Current expenditure : (تجارت) رواں خرچ ۔

Current public expenditure : (تجارت) رواں خرچ عامہ ۔

Deffered revenwe expenditure : (تجارت) ملتوی مالیاتی خرچ ۔

Exchanged expenditure : (تجارت) عائد کردہ اخراجات ۔

Exhaustive expenditure : (تجارت) جامع خرچ ۔

Investment expenditure : (تجارت) اصل کاری خرچ ۔

Ostenlations expenditure : (تجارت) نمائشی خرچ ۔

Productive expenditure : (تجارت) متناسب خرچ ۔

Proportional expenditure : (تجارت) متناسب خرچ ۔

Public expenditure : (تجارت) سرکاری خرچ ۔

Recurring expenditure : (تجارت) متوالی خرچ ۔

Regressive expenditure : (تجارت) رجعت پذیر اخراجات ۔

Scale up expenditure : (تجارت) اپنے اخراجات ۔

Unproductive expenditure : (تجارت) غیر پیدا آور خرچ ۔

Expenditure equation : (n) (تجارت) تعدیل خرچ ۔

Expense : (n) [Afr. 'expense.'] خرچ : لاگت :صرفہ : (جمع) اخراجات : مصارف : خرچ کا موقع ۔

At the expense of : (مجازاً) استخفاف کرکے : تذلیل کرکے ۔

Over head expenses : (تجارت) قائم اخراجات ۔

Working expenses : (تجارت) دائرۂ خرچ ۔

Expensive : (a) مہنگا: قیمتی : گراں : خرچیلا: پُر مصارف ۔

Expensively : (adv.) مُسرفانہ طور پر ۔

Expensiveness : (n) اسراف ۔

Experience : (n) [OFr. 'experience.'] تجربہ : تجربہ کاری : آزمائش : (جمع) واردات مذہب و تصوف : ذاتی علم ۔

Experience : (v) تجربہ کرنا : معلوم کرنا : آزمائش کرنا : محسوس کرنا : تجربے سے سیکھنا ۔

Experienced : (a) تجربہ کار : پختہ کار ۔

Experienced mortality : (تجارت) تخفیفیٔ موت شرح ۔

Experiential : (a) تجربی : تجربے سے متعلق ۔

Experiential philosophy : (n) فلسفہ جو معلومات انسانی کی بنیاد تجربے کو قرار دیتا ھے : فلسفۂ تجربی ۔

Experientialism : (n) تجربیت ۔

Experentialist : (n) قائل تجربیت : مسلك تجربیت کا معتقد ۔

Experientially : (adv.) تجربے سے ۔

Experiment : (n) [OFr.] (۱) تجربہ : آزمائش : امتحان ۔ (۲) اختیار۔

Experiment : (v) تجربہ کرنا : آزمائش کرنا ۔

Experimental : (a) تجرباتی : تجرباتی اقدامات : تجربی اختیاری : جو تجربے پرمبنی ہو نہ کہ نقل و روایت یا قیاس پر : امتحانی تجربیت ۔

Experimental cytology : (n) تجرباتی خلویات ۔

Experimental embryology : (n) (حیوانیات ، طب) علمی جنسیات ۔

Experimental mimicry : (لسانیات) تجربی نقالی ۔

Experimental philosophy : تجربی (یا اختیاری) فلسفہ ۔

Experimental phonetics : (لسانیات) تجربی صوتیات ۔

Experimental semantics : (لسانیات) تجربی معنیات ۔

Experimentalism : (n) اختیاریت ۔

Experimentalist : (n) اختیاریت کا ماننے والا ۔

Experimentalize : (v) آزمائش کرنا : تجربہ کرنا ۔

Experimentally : (adv.) آزمائش یا اختیار کی رو سے ۔

Experimentation : (n) تجربہ کرنا : تجربہ کرتے جانا ۔

Experimenter/or : (n) دیکھو Experimentalist

Experimenta : (n) اختیاریت ۔

Expert : (a&n) ماہر : ماہر فن : خصوصی : استاد : مُبصر : حاذق ۔

Expertise : (n) [Fr.] ماہر کی رائے : ماہر کا علم۔

Experto crede(-i) : اس پر بھروسہ کرو جس نےتجربہ کیا ھے : "پیش طبیب مرو ، پیش تجربہ کار برو" ۔

Expiable : (a) قابل کفارہ : تلافی پذیر ۔

Expiate : (v) [L.' -expiat - '.] کفارہ ادا کرنا : تلافی کرنا : تلافی کرنا : ہرجانہ دینا ۔

Expiation : (n) (۱) کفارہ : تلافی : (۲) شفاعت ۔

Expiational : (a) کفارہ سے متعلق ۔

Expiator/Expiatist : (n) کفارہ ادا کرنے والا ۔

Expiatory : (a) کفارہ ادا کرنے والا (غیر کے لئے) تلافی کرنے والا ۔

Expiration : (n) [L.'expiatio.'] خاتمہ(مدت، معاہدے وغیرہ کا) سانس کا نکل جانا : سانس چھوڑنا ۔

Expiratory : (n) سانس چھوڑنے سے متعلق: خاتمے سےمتعلق : تنفسی : متعلق بہ تنفس ۔

Expiratory stress : (n) (لسانیات) بیران تنفسی بَل ۔

Expire : (v) [OFr. 'expirer.'] (مدت) ختم ہونا ؛ مرنا ؛ دم دے دینا ؛ سانس چھوڑنا ؛ (آگ) بجھ جانا ؛ صَرف ہو جانا ؛ فوت ہو جانا ؛ تمادی عارضی ہونا؛ میعاد منتظمی ہو جانا ؛ ہو چکنا ۔

Expiree : (n) سزا یافتہ مجرم ۔

Expirer : (n) (۱) مرنے والا ۔ (۲) سزا یافتہ مجرم ۔

Expiring : (a) سانس لینے والا ؛ مرنے والا ۔

Expiry : (n) خاتمہ؛ اختتام (مدت ، معاہدے وغیرہ کا) انقضا ۔

Expiscate : (v) [L.' -expiscat .'] ڈھونڈ نکالنا ؛ تلاش وتحقیق کرکے نکالنا ۔

Expiscation : (n) ڈھونڈ نکالنا ؛ تلاش و تحقیق ۔

Expiscator : (n) ڈھونڈ نکالنے والا ؛ تلاش وتحقیق کرنے والا؛ محقق ۔

Explain : (v)[L.'explanare.'] تشریح کرنا؛ وجہ بتانا؛ توجیہہ کرنا ؛ مطلب بتانا یا واضح کرنا؛ جوابدہی کرنا ؛ سمجھانا؛ توضیح کرنا ۔

To explain away : کچھ وجہ جواز پیش کرنا ۔

To explain oneself : اپنے مافی الضمیر کو صاف صاف بیان کرنا یا اپنے طرز عمل کے دلائل اور وجوہ کی تشریح کرنا ۔

Explainable : (a) قابل توجیہ ؛ تشریح و توضیح کے لائق ۔

Explainer : (n) تشریح کرنے والا ؛ توضیح کرنے والا ؛ شارح ۔

Explanate : (a) [L.'explanatus.'] (نباتیات) مسطح ؛ چپٹا ۔

Explanation : (n) توضیح ؛ تعریف ؛ بیان ؛ شرح ؛ تعبیر ؛ تاویل ؛ تفسیر ؛ تصفیہ ؛ جواب (بہ غرض رفع غلط فہمی) التیام ۔

Explanative : (a) تشریحی ؛ توضیحی ؛ بیانی ؛ موضحہ ؛ وصفی ؛ تمثیلی ۔

Explanato - : [L.'explanatus.'] جزو ترکیبی بہ معنی "پھیلا ہوا" ۔

Explanatorily : (adv.) تشریح طور پر تمثیلی طریقے سے ۔

Explanatoriness : (n) تمثیلیت ۔

Explanatory : (a) دیکھو Explanative

Explantation : (n) (حیوانیات) نسیج پروری ؛ عضوی کشت ۔

Expletive : (n) [Late L.'expletivus.'] حشو ؛ اشباعی ؛ کلمہ ٔ زائد؛ حرف زائد ؛عبارت زائد ۔(۲) غیرضروری یا فجائیہ قسم کے لفظ جو حسن بیان کےلئے استعمال کئے جاتےہیں ۔(۳) بھرتی کا آدمی یا چیز ۔(٤) (تعمیرات) جاگیر ؛ بھراؤ پتھر ۔ (٥) تکیہ کلام ۔

Expletive : (a) حشوی ؛ اشباعی ؛ بھرتی کا ؛ بھرتی کے لئے ؛ زائد ۔

Expletively : (adv.) بطور کلمہ زائد ۔

Expletiveness : (n) کلمہ زائد ہونا ۔

Expletory : (a) بھرتی کے لئے ؛ بھرتی کا ۔

Explicable : (a) [Fr.] قابل توضیح ؛ قابل تشریح ؛ توضیحی ؛ شرحی ؛ شرح کے قابل ؛ بیانی ۔

Explicate : (v) [L.' -explical - '] (کسی اصول یا مسئلے کی) بتدریج تکمیل کرنا؛ پھیلانا؛ تغیر کرنا؛ تاویل کرنا ؛ روشن کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ مرتب کرنا ۔

Explication : (n) تدریجی تکمیل ؛ توضیح ؛ شرح ؛ بیان ؛ وضاحت ؛ تشریح ۔

Explicative/Explicatory : (a) (منطق) توضیحی ؛ شرحی ؛ بیانی ؛ تفریحی ۔

Explicatively : (adv.) توضیحی طور پر ؛ بطور شرح ۔

Explicit : (n) [L.] تمت ؛ تمام شد (کتاب) ۔

Explicit : (a) [Fr.'explicite.'] صریح ؛ قطعی ؛ واضح ؛ مفصل ؛ روشن ؛ آشکار ؛ صاف ؛ معین ؛ مشرح ؛ صاف گو ؛ کھرا (شخص) ۔

Explicit faith : (n) ایمان مفصل ۔

Explicit function : (n) صریح تفاعل ۔

Explicit -interest : (n) (تجارت) قطعی سود ۔

Explicitly : (adv.) صراحت سے ؛ وضاحت سے ؛ صراحتاً ؛ بالصراحت ۔

Explicitness : (n) وضاحت ؛ صراحت ۔

Explode : (v) [L.'explodere.] (۱) دھماکے سے پھٹنا ؛ بھک سے اڑجانا ؛ دھماکا کرنا ۔(۲) (نظریئے ، مغالطے ، استدلال وغیرہ کی) پردہ دری کرنا یاتغلیط کرنا ۔ (۳) پھٹکارنا ۔ (٤) (صوتیات) انفجاری آواز نکالنا ۔

To explode a bombshell : غیر متوقع اور سنسنی خیز باتوں کا انکشاف کرنا ۔

Explodent : (n) دھماکے سے پھٹنے والا ؛ بھک سے اڑجانے والا (مادہ) ؛ شعلہ گیر ۔

Exploder : (n) دھماکا کرنے والا ؛ بارود کے دھماکا کرنے کا ایک اوزار یا ترکیب ۔

Exploit : (n) [ME.'esploit, explait.] کار نمایاں ؛ کارنامہ ؛ مہم ؛ معرکہ ۔

Exploit : (v) [ME.'expleite.'] پوری طرح استفادہ کرنا ؛ پورا استعمال کرنا ؛ لوٹ کھسوٹ کرنا؛ ناجائز فائدہ اٹھانا ۔

Exploitable : (a) کام لینے یا کام میں لانے کے قابل ؛ استفادہ کے لائق ؛ قابل استفادہ ۔

Exploitage : (n) معاون وغیرہ کا کام نفع بخش طور پر چلانا ۔

Exploitation : (n) ناجائزانتفاع ؛فائدہ یانفع اٹھانا ؛ اشتہار؛ انتشار؛ معروفیت ؛ استخراج ؛ استحصال ؛ جلب منفعت ۔

Exploitative : (a) (معاشیات) انتفاعی ۔

Exploiter : (n) ناجائزانتفاع کرنے والا؛ استحصال کرنےوالا ۔

Exploiture : (n) ناجائز انتفاع ؛ استحصال ۔

Exploration : (n) غیر معروف علاقے کی سیاحت ؛ گہرا مطالعہ؛ غوروخوض ؛ تحقیق وتفتیش ؛ کھوج ؛ تگا پو ؛ باز رسی ؛ استقصاء ؛ اکتشاف ارض ؛ تلاش کاری ۔

Explorative : (a) تفتیش و تلاش سے متعلق ؛اکتشافی ؛ سیاحتی ۔

Explorator : (n) کاشف ؛ جستجو کرنے والا ؛ کسی خطہ ملک وغیرہ کا کھوج لگانے والا ؛ تلاش کار ۔

Exploratory : (a) دیکھو Explorative

Explore : (v) غیر معروف علاقے کی سیاحت کرنا ؛ گہرا مطالعہ کرنا ؛ خوب غور کرنا ؛ (غیر معلوم خطرے وغیرہ کی) چھان بین کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ (زخم وغیرہ کو) ہاتھ سے ٹٹولنا ؛ (طب) استقصاء ؛ چھان مارنا ۔

Explorer : (n) دیکھو Explorator

Explorement : (n) دیکھو Exploration

Exploring : (n) چھان بین ؛ کھوج ؛ تلاش ؛ استقصاء ۔

Explosible : (a) قابل انفجار ؛ بھک سے اڑائے جانے کی قابل ۔

Explosion : (n) [L.'explosio.'] (۱) دھماکا ؛ بھڑاکا ؛ زور دار آواز سے پھوٹنایا چھوٹنا ۔ (۲) (غصے وغیرہ کا) بھڑک اٹھنا ۔ (۳) شکست ؛ نا کامی ؛ رد ؛ نا قابل قبول ؛ آتش گیری ؛ احتراق ؛ اشتعال ؛ انفجار ۔

Explosion insurance : (n) (تجارت) آتش گیر دھماکا بیمہ ۔

Explosive : (n&a) (۱) دھماکے سے پھٹنے والا؛ بھک سےاڑجانے والا (مادّہ) ؛ قابل احتراق ؛ انفجاری ؛ دھماکو ؛ شعلہ گیر ۔(۲) تلفظ میں سانس کے ایک دم رکنے سے جو اصوات پیدا ہوتی ہیں (جیسے b, t, d, p, g, k) ۔

Hight explosive : بھک سےاڑ جانے والی وہ قسمیں جو گولے وغیرہ میں بہت زور سے پھٹتی ہیں ۔

Explosively : (adv.) دھماکے سے ؛ بھک سے؛ زور دار آواز سے ؛ تڑاق سے ۔

Explosiveness : (n) دھماکا پن ؛ تڑاقاپن ۔

Exponent : (a&n) [L.'exponent.'] پیش کرنے والا ؛ بیان کرنے والا ؛ شارح ؛ (الجبرا) قوت نما ؛ (موسیقی) ترجمان ؛ نمونہ ؛ نمائندہ ؛ تعریف کرنے والا ۔

Exponential : (a) [Fr.'exponential.'] نمائشی ؛ توضیحی ؛ نمائش دہندہ ۔

Exponential : (n) قوت نمائی عدد یا تفاعل ۔

Exponential aquation : (n) (طب) قوت نمائی مساوات ۔

Exponential theorem : (n) (طب) مسئلہ قوت نما ۔

Exponible : (a) [med. L.'exponsibilis.'] قابل توضیح ۔

Exponible : (n) قابل توضیح قضیہ ۔

Export : (n) برآمد ؛ برآمدی تجارت ؛ مال برآمد؛ دساور؛ (جمع اشیائے دساور) ؛ نکاسی ؛ برآمدگی ؛ صدور ؛ حمل ۔

Invisible export : غیر مرئی برآمد ۔

Visible export : مرئی برآمد ۔

Export : (v) [L.'exportare.] برآمد کرنا ؛ بندر گاہ سے باہر باہر کھینچنا؛ (مال) غیر ممالک کو بھیجنا؛ دساور چڑھانا ؛ (غیر ممالک کو) ۔

Export biased industry : (n) (تجارت) برآمد مائل صنعت ۔

Export bill of lading : (تجارت) برآمدی جہاز بلٹی ۔

Export duty : (n) محصول برآمد ۔

Export invoice : (n) (تجارت) برآمدی بیجك ۔

Export license : (n) (تجارت) برآمدی لائسنس ۔

Export marchant : (n) (تجارت) برآمدی بیوپاری (تاجر) ۔

Export order : (n) (تجارت) برآمدی آڈر ۔

Eport point : (n) (تجارت) نقطۂ برآمد ۔

Export rates : (n) (تجارت) برآمدی شرحیں ۔

Export traffic : (n) (تجارت) برآمدی ذرائع آمد و رفت ۔

Exportable : قابل برآمد ؛ برآمدنی ؛ باب بیروں ۔

Exporter : (n) برآمد کرنے والا ۔

Exposal : (n) کھلا ہوا ہونا ؛ فلم کا اکسپوزر ؛ ظہور ؛ کھلا ہوا رہنا ۔

Expose : (v) [OFr.'exposer.'] (خصوصاً دھوپ یابارش میں) ڈال دینا یا پڑا رکھنا ؛ (خطرے میں) ڈالنا؛ (عکاسی) پلیٹ کوروشنی پہنچانا ؛ (بچے کو) نکال باہر کرنا؛ قسمت پر چھوڑ دینا ؛ شیر خوار کو پھینك دینا ؛ ظاہر کرنا؛ کھولنا ؛ کھول کر رکھنا ؛ نمایاں کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ فروخت کےلئے پیش کرنا؛ بغیرحفاظت کےحملہ کرنے کےلئے چھوڑ دینا؛ (راز) فاش کردینا؛ پردہ دری کرنا ۔

Expose : (n) [Fr.] اظہار واقعات ؛ بیان جس سے پوشیدہ باتیں معلوم ہوں ۔

Exposedness : (n) نمائش ؛ کھلا ہوا ہونا ۔

Exposer : (n) نمائش کرنے والا ؛ کھونے والا ؛ دکھانے والا ۔

Exposition : (n) [OFr.] بیان ؛ تفسیر ؛ تشریح ؛ نمائش ؛ دکھاوا ؛ پردہ دری ؛ نتیجہ ؛ عاقبت ؛ افشا ؛ نمائش ۔

Expositional : (a) تشریحی ؛ نمائشی ۔

Expositive : (a) بیانیہ ؛ تشریحی ؛ تفسیری ؛ توضیحی ۔

Expositor : (n) شارح ؛ بیان کرنے والا ؛ تفسیر کرنے والا ؛ مفسر ؛ وضاحت کرنے والا ۔

Expository : (a) تشریحی ؛ توضیحی ؛ نمائشی ؛ تفسیری ۔

Expost facto : (a) (۱) (قانون) اپنے نفاذ سے پہلے کے امور پر اثر ڈالنے والا ۔(۲) (انتظامیہ)استقدامی اثر ۔ (۳) (تاریخ) اثر معکوس ؛ بعد وقوع واقعہ ۔

Expost facto law : (n) قانون جو اپنے وضع ہونے سے پہلے کے معاملات یا قضایاپر بھی چلے ۔

Expost investment : (n) (تجارت) حقیقی اصل کاری ۔

Expost saving : (n) (تجارت) حقیقی بچت ۔

Expostulate : (v) [L.'expostulat -'.] رد و کد کرنا ؛ مدلل مگر دوستانہ اصرار کرنا؛ دوستانہ نصیحت کرنا؛ عتاب کرنا ؛ (دوستانہ طور پر) متنبہ کرنا ؛ دوستانہ شکوہ و شکایت کرنا یا الزام دینا ؛ (کسی شخص سے کسی معاملےمیں) ردوبدل کرنا ۔

Expostulation : (n) دوستانہ اصرار؛ افہام ؛ تفہیم؛ ہمدردانہ گلہ شکوہ ؛ تنبیہہ ؛ دوستانہ سرزنش ؛ نصیحت آمیز عتاب ؛ تعرض ؛ مباحثہ ۔

Expostulator : (n) سمجھانےوالا ؛ تنبیہہ کرنے والا ؛ نصیحت کرنے والا ، ناصح ۔

Expostulatory : (a) اعتراض آمیز ؛ شکایت آمیز ؛گلہ آمیز ؛ عتاب آمیز ؛ سرزنش آمیز ؛ تعرض آمیز ؛ نکوہش آمیز ۔

Exposure : (n) [f.EXPOSE. (v)] (۱) کھلا ھوا ھونا؛ پردہ دری؛ فلم کا اکسپوژر؛ ظہور؛ اکسپوزر کا وقفہ ؛ تکشف ؛ (ھوا ، سردی ، گرمی یا خطرے کا سامنے) کھلا ھوا رہنا ۔ (۲) بچے کو باہر پھینک دینا ؛ بکاؤ مال کی نمائش ؛ (فلکیات) ربع فلکی ۔

Southern exposure : جنوبی ربع فلکی ۔

Expound : (v) [ME.'expoune.'] بیان کرنا ؛ شرح کرنا ؛ تفصیل کرنا؛ (کلام ربانی کی) تفسیر کرنا ؛ (نیانظریہ) پیش کرنا؛ تفصیل سے سمجھانا ؛ یاد کرنا ؛ تعلیم دینا؛ تعریف وتشریح کرنا ؛ واضح کرنا ۔

Expounder : (n) مفسّر ؛ شارح ۔

Express : (v) [OFr. 'expres.'] ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ (رس) نکالنا ؛ تعریف کرنا ؛ بیان کرنا ؛ شرح کرنا ؛ پہنچانا ؛ کسی چیز پر دلالت کرنا ؛ تعبیر بیان کرنا؛ نچوڑنا ؛ پکڑنا ؛ کسی تیزرو ذریعے سے بھیجنا ؛ کسی کا نمائندہ ھونا؛ (ریاضیات) علامات کے ذریعے سے ظاہر کرنا؛ اظہار مطلب کرنا؛ ادا کرنا ۔

Express : (a) قطعی؛ واضح ؛صریح ؛ بیّن ؛ خاص ؛ مخصوص ؛ بالخصوص ؛ روشن ؛ معین ؛ جلد ؛ کسی قاصد یا ریل سے (بھیجنا) ؛ خاص تیزرو قاصد ؛ فوری ترسیل ؛ تعجیلی ۔

Express : (v) تعجیلی ڈاک سے بھیجنا ؛ یکسپریس ٹرین سے سفر کرنا ۔

Express : (adv.) فوری ترسیل سے ؛ اکسپرس سے؛ خصوصاً ؛ بیّن طور پر ؛ صریحاً ۔

Express : (n) اظہار ؛ بیان ؛ عبارت ؛ ادا ؛ تصویر ؛ یکسپریس ٹرین ؛ رائفل ۔

Express acceptance : (n) (تجارت) واضح منظوری ۔

Express authority : (n) واضح اختیار ۔

Express delivery : (n) فوری تقسیم؛ وہ ڈاک جو خاص ہرکارہ کے ذریعہ بھیجی جائے ؛ تعجیلی تقسیم ۔

Express proposal : (a) (تجارت) واضح تجویز ۔

Express train : (n) تیز گاڑی جو (چھوٹا) درمیانی اسٹیشن چھوڑ جائے ۔

Expressage : (n) تعجیلی ڈاک سے پارسل بھیجنا اور اس کا خرچ ۔

Expresser /- or : (n) ادا کرنے والا ؛ اظہار کرنے والا ۔

Expressible : (a) قابل ادا ؛ قابل اظہار؛ کہنے کے قابل ۔

Expression : (n) [OFr.] (ریاضیات) عبارت ؛ رقم ؛ جملہ ؛ اظہار بیان ؛ (اپنے جذبات کا) اظہار کرنا ؛ کلمات ؛ نظیریں ؛ چہرہ ؛ بشرہ ؛ لب ولہجہ ؛ (فنون لطیفہ) کسی خصوصیت کے اظہار کا ڈھنگ ؛ وضع ؛ نچوڑ ؛ محاورہ (الجبرا) علامات کا مجموعہ جو کسی مقدار کو ظاہر کرے ؛ باجے کو اس طرح بجانا کہ راگ کی تہ میں جو جذبات ہیں وہ ظاہر ہو جائیں ؛ تجلی ؛ اصطلاح ؛ قیافہ ؛ ادا؛ کلمہ بندی ؛ اظہار؛ اعتقاد ۔

Expression-mark : (n) موسیقی کی علامت ۔

Expression stop : (n) (ہارمونیم) وقفہ جس کی وجہ سے سر بدل جاتا ھے ۔

Expressional : (a) (۱) (زبان) اسلوبی ۔ (۲) بشرے کا ۔ (۳) باطن نگارانہ ؛ اصطلاحی ؛ توصیفی ؛ گویائی ۔

Expressionism : (n) باطن نگار صناع کاطرز ، طریقہ یا رویہ ؛ باطن نگاری ؛ انشائیت ؛ (فلسفہ) اظہاریت ۔

Expressionist : (n) (فنون لطیفہ) صناع جس کے پیش نظر باطنی خصوصیات کا اظہار ھو ۔ (نفسیات) باطن نگار ۔

Expressionistic : (a) باطن نگارانہ صناعی سے متعلق ۔

Expressionless : (a) مگھم ؛ بے کیف ؛ جس کے چہرے سے ظاہر نہ ھوتا ھو ؛ بے روح ؛ بے حالت ۔

Expressive : (a) [Fr.'expressif.'] اظہار کرنے والا ؛ دلالت کرنے والا ؛ رسا ؛ مبین ؛ پُر معنی ؛ معنی خیز ؛ نمائندہ ؛ پُر دال ؛ خبر کرنے والا ؛ اشارہ کرنے والا ؛ (فلسفہ) مُظہر ۔

Expressively : (adv.) خاص طور پر ؛ پر معنی طورپر ؛ بلیغ انداز سے ۔

Expressiveness : (n) اثر ؛ رسائی ؛ صراحت ؛ گویائی ؛ اظہاری صلاحیت ؛ معنویت ۔

Expressivity : (n) (فلسفہ) مظہریت ۔

Expressless : (a) نا قابل بیان یا اظہار ۔

Expressly : (adv.) تیزی سے ؛ تعجیلاً ۔

Expressman : (n) وہ شخص جو پارسل وصول کرتا ھے اور تقسیم کرتا ھے ۔

Expressness : (n) تیزی ؛ تعجیل ۔

Exprobation/Exprobration : (n) ملامت آمیز الفاظ ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ توبیخ ؛ عیب جوئی ۔

Expromission : (n) [L.] (قانون) وہ قانون جس کی رو سے نیا قرض دار پہلے قرض دار کا قرض اپنے ذمہ لے لیتا ھے ۔

Expromissor : (n) (قانون) ادائی قرض کا وعدہ کرنے والا ۔

Expropriate : (v) بے دخل کرنا ؛ (جانداد) غصب کرلینا ؛ کسی چیز پر قابض ھوجانا ؛ ضبط کرلینا ۔

Expropriation : (n) بے دخلی ؛ غصب ؛ ضبطی ؛ قبضہ ؛ تصرف ؛ سلب املاک ؛ استملاک ؛ ضبطی جانداد؛ سرکاری قبضہ ۔

Expropriator : (n) بے دخل کرنے والا ؛ غصب کرلینے والا ۔

Expropriétory : (n) ساقط ملکیت ۔

Expulsion : (n) [L.'expulsio.'] نکالنا ؛ اخراج ؛ خارج کرنا ؛ بے دخلی (قانون) ۔

Expulsive : (a) [OFr.'expulsif.'] مخرج ؛واقع (ادویہ وغیرہ) ۔

Expunction : (n) [L.'expunctio.'] مٹانا ؛ محو کرنا ؛ خارج کرنا ؛ قلمزد کرنا ؛ محو ؛ قلم زدگی ۔

Expunge: (v)[L.'expungere.'] (الفاظ عبارت سے) خارج کرنا، قلم زد کردینا ؛ مٹا دینا ؛ نکال ڈالنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ ترک کرنا ۔

Expurgate : (v) [L.expurgat-.] قابل اعتراض حصے، عبارت اور فقرے سے (کتاب وغیرہ کو) پاک کردینا ؛ اخراج کرنا ؛ تخریج ۔

Expurgation : (n) قابل اعتراض حصوں کا اخراج ؛ تنقیہ؛ (فلکیات) خروج از گہن ؛ اخراج ۔

Expurgator : (n) خارج کرنے والا ؛ پاک صاف کرنے والا ۔

Expurgatorial : (a) محو کرنے والا ؛ خارج کرنے والا ۔

Expurgatory : (a) تخریجی ؛ اِخراجی ۔

Exquisite : (a&n) [L.'exquisitus.'] نفیس ؛ نہایت عمدہ ؛ بہت خوشنما؛ انتہائی (خوشی یا تکلیف) ؛ نازک احساس ؛ چھیلا ؛ البیلا ؛ بانکا ؛ رنگیلا ؛ چھبیلی ۔

Exquisitely : (adv.) نزاکت سے ؛ نفاست سے ۔

Exquisiteness : (n) نفاست ؛ نزاکت ۔

Exquisitism : (n) بانکپن ؛ چھیلاپن ۔

Exsaction : (n) (جراحی) قطع عضو ؛ استصال ۔

Exsanguinate : (v) [L.'exsanguinatus.'] لہو بہنا ؛ خون کا اخراج ۔

Exsanguine : (a) بے خون ؛ جس میں خون نہ ھو ؛ (طب) کم خون ۔

Exsanguinity : (n) خون کی کمی ؛ کم خونی ۔

Exsanguinous /Exsanguious / Exsangueous : (a) بے خون ؛ کم خون ۔

Exscind : (v) [L.'exscindere.'] قطع کرنا ۔

Exsect : (v) [L.'- exsect.'] کاٹ کر الگ کرنا ۔

Exsection : (n) کاٹ کر الگ کرنا ؛ قطع ۔

Exsert : (v) باہر نکلنا ۔

Exsert : (a) برآمدہ ۔

Exserted : (a) (نباتیات) برآمدہ ۔

Exsertible : (a) قابل برآمد ۔

Exsertion : (n) باہر نکلنا ؛ باہر نکالنا ۔

Exsertile : (a) [Fr.] باہر نکالنے کے لائق ۔

Exsiccant : (a) [L.'exsciccant.'] سکھانے والا ؛ خشک کرنے والی ۔

Exsiccant : (n) سکھانے والی دوا ؛ خشک کرنے والی دوا ۔

Exsiccate : (v) [L.] خشک کردینا : بھابھا کرخشک کردینا ۔

Exsiccative : (a) خشک کرنے والا یا خشکی پیدا کرنے والا ۔

Exsiccative : (n) خشک کرنے والی یا خشکی پیدا کرنے والی دوا ۔

Exspuition : (n) (طب) بلغم اندازی ؛ تھوکنا ۔

Exstipulate : (a) (نباتیات) بے پتیا ۔

Exstrophy /Extrophy : (n) [Gr. 'ex+ troph.'] (طب) تشوہ ؛ برون گردانی ۔

Exsuccous : (a) [L.] بے رس ۔

Exsuction : (n) چوس کر باہر نکالنا ۔

Exsufflate : (v) پھونک کر بھگانا ۔

Exsufflation : (n) جھاڑ پھونک ؛ (حیوانیات) قسری ؛ زفیر ۔

Exsurge : (v) [L.'exsurgere.] بلند ہونا ؛ اونچا ہونا ۔

Exsurgent : (a) بلند ؛ اونچا ، مُرتفع ۔

Exta : (n) [L.] أنتیں : أنتیں جن سے فال نکالا جاتا تھا ۔

Extant : (a) [L.- ex (s) tant -'.] (۱) اب تک موجود(قلمی نسخہ وغیرہ)؛ موجود ۔(۲) ابھرا ہوا ؛ نکلا ہوا ۔

Extasy : دیکھو Ecstasy

Extemporaneous /Extemporary : (a) برجستہ ؛ فی البدیہہ ؛ مرتجل ۔

Extemporaneously / Extemporarily : (adv.) فی البدیہہ ۔

Extemporaneousness : (n) برجستگی ؛ بدیہہ گوئی ۔

Extempore : (adv.&a) [L.'ex tempore.'] برجستہ ؛ ارتجالاً ؛ مرتجل ؛ فی الوقت ۔

To speak extempore : فی البدیہہ ؛ بروقت یابرجستہ تقریر کرنا ۔

Extemporization : (n) بدیہہ گوئی یا ارتجال ۔

Extemporize: (v) برجستہ تقریر کرنا (یا گانا) ؛ فی البدیہہ تقریر کرنا یا شعر کہنا ۔

Extemporizer : (n) برجستہ تقریر کرنے والا ۔

Factitious disease : (n) (طب) خود پیدا کردہ مرض۔

Factitiously : (adv.) جعلی یا مصنوعی طورپر؛ غیرطبعی یا غیرفطری طور پر ؛ بطور ساختہ ۔

Factitiousness : (n) مصنوعی پن ؛ بناوٹ ؛ ساختہ پن ۔

Factitive : (a) [mod. L.'factitivus'.] (۱) (قواعد) افعال قلوب ؛ وہ فعل جو اپنے تکمیلی مفعول کے ساتھ آئے ؛ فعلِ مبین ۔(۲) سبب ، باعث یاعلت ہونے والا؛ مُسبّب ؛ متعدی بہ دو فعل ۔

Factitive accusative : (n) تکمیلی مفعول ۔

Factitive object/-predicate : (n) دیکھو Factitive accusative

Factitively : (adv.) افعال قلوب کے طور پر ۔

Factive : (a) [f.L.'facere'.] دیکھو Factitive

Factor : (n) [L.f.'facere'.] (۱) ایجنٹ ؛ منیب ؛ (تجارت) عامل ؛ (معاشیات) گماشتہ ؛ آڑھتیا ؛ (نفسیات وغیرہ) عامل ۔(۲) واقعہ ؛ حقیقت ؛ جز ؛عنصر؛ لازمی جز ۔ (۳) (تاریخ) ایسٹ انڈیا کمپنی کا تیسرے درجے کا ملازم ۔ (٤) منتظم جائداد ؛ زمینداروں کا کارندہ ؛ اہلکار ۔ (٥) (امریکی قانون) لین دارکےمقدمے پر قرضدار کےمال کو ضبط کرنےوالا۔ (٦)(طبیعیات)جزو؛ (ریاضیات) (ا) سبب ۔ (ب) جُزء ضربی ؛ جزو ۔(۷) حالات ، واقعات یاتاثرات میں سے وہ جونتیجہ پیدا کرے؛ سبب ۔ (۸) (حیاتیات) عامل ؛ مورثہ ؛ جین (Gene) ۔

Accessory factor : (ارضیات) جزو معین ۔

Analysis factor : (نفسیات،تعمیرات) تجزیہ عوامل ۔

Area comparability factor : (شماریات) جزو تقابل رقبہ۔

Biotic factor : (حیوانیات) حیاتی عامل ۔

Bipolar factor : (شماریات) دوقطبی جزو ۔

Climatic factor : (حیوانیات) موسمی عامل ۔

Common factor : (شماریات) مشترکہ جزو (حیوانیات) مشترکہ عامل ۔

Damping factor : (شماریات) تخفیفی جزو ۔

Determining factor : (حیوانیات) تعینی عامل ۔

Ecological factor : (حیوانیات) ماحولیاتی عامل ۔

Economic factor : (تجارت) معاشی عامل ۔

General factor : (شماریات) عام جزو ۔

Factor reversaltest : (n) (شماریات)تبادلہ باہم اجزائی جانچ ۔

Factorage : (n) (۱) آڑھتی پن؛ کمیشن ۔(۲) اجتماعی عوامل ۔ (۳) (اسکاچستان) زمین کا گماشتہ ؛ منتظم ۔ (٤) (معاشیات) آڑھت ۔

Factored : (a) (شماریات) اجزا شدہ ۔

Factorial : (n) (ریاضیات) (حاصل) ضربیہ ؛ بہت سے اجزائے ضربی کا حاصل ضرب ؛ عواملی ؛ فیکٹوریل ؛ کسی عددصحیح اوراس کےنیچے کے تمام عددوں کا حاصل ضرب (جیسے 24 = 1+2 +3 +4= 4 .f) ۔

Factorial : (a) (۱) آڑھتیا کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (ریاضیات) ضربیہ سے متعلق ۔

Factorial cumulant : (n) (شماریات) اجزائی مجتمع ۔

Factorial moment : (n) (شماریات) اجزائی مومنٹ ۔

Factorial number : (n) (ریاضیات) عدد ضربیہ ۔

Factorial sum : (n) (شماریات) اجزائی مجموعہ ۔

Factorization : (n) (ریاضیات) تحویل ضربی ۔

Factorize : (v) [f.FACTORY.] (۱) (امریکی قانون) کسی شخص پر سمن کی تعمیل کرنا؛ رقم کی قرقی کا نوٹس دینا ۔ (۲) (ریاضیات) اجزائے ضربی نکالنا ۔

Factors : (n) (تجارت) عوامل (ریاضیات) اجزائے ضربی ؛ کیفیت ۔

Complementary factors : (تجارت) امدادی عوامل ۔

Monetary factors : (تجارت) زری عوامل ۔

Seasonal factors : (تجارت) موسمی عوامل ۔

Strategic factors : (تجارت) اہم عوامل ۔

Factors of production : (۱) (تجارت) عوامل پیداوار ۔ (۲) (معاشیات) عاملین پیدائش ۔

Factorship : (n) ایجنٹ ؛ منیب یا آڑھتیا کا عہدہ ۔

Factory : (n) [med. L.'factoria'.] (۱) سوادگروں کی کمپنی کی بیرونی تجارتی منڈی ؛ سوادگروں کی منڈی ؛ کوٹھی؛ تجارتی کوٹھی ؛ بیوپار گھر ۔

Genetic factor : (حیوانیات) نسلیاتی عامل ۔

Geological factor : (حیوانیات) ارضیاتی عامل ۔

Homogenous factor : (تجارت) یک جنسی عامل ۔

Integrating factor : (حیوانیات) یک جہتی عامل ۔

Lethal factor : (حیوانیات) مہلک عامل ۔

Major factor : (حیوانیات) عامل کبیر ۔

Minor factor : (حیوانیات) عامل صغیر ۔

Negative factor : (نفیسات ، تعمیرات) منفی عامل ۔

Positive factor : (نفسیات ، تعمیرات) مثبت عامل ۔

Prime factor : (n) (۱) (حیاتیات) عامل اُولیٰ ۔ (۲) (ریاضیات) جزو اول ؛ جزو مفرد ۔

Probability factor : (n) (تجارت) اغلبی عامل ۔

Safety factor : (n) (تجارت) حفاظتی عامل ۔

Specific factor : (شماریات) مخصوص جزو ۔

Time comparability factor : (شماریات) جزو تقابل وقفہ ۔

Fcator : (v) (۱) ایجنٹ کی طرح کام کرنا ؛ کمیشن لے کر کام کرنا۔ (۲) گماشتہ یا منتظم کی حیثیت سے (اشیاء کا) انتظام کرنا ۔

Factor analysis : (n) (شماریات) اجزائی تجزیہ ۔

Factor cost : (n) (تجارت) عاملی لاگت ۔

Factor cost index : (تجارت) عاملی لاگت کا اشاریہ ۔

Factor group : (n) (شماریات) اجزائی گروپ ۔

Factor market : (n) (تجارت) عاملی بازار ۔

Factor of merit : (n) (برقیات) قدر حسّاسیت ۔

Factor price movements : (n) (تجارت) قیمت عوامل کا تغیر ۔

Factor pattern : (شماریات) جزو مثالی ساخت ۔

(۲) کارخانہ ؛ کوئی عمارت یا سلسلہء عمارات جہاں چیزوں کی تیاری کےلئےمشینیں نصب ہوں ؛ مصنع ؛ کارگاہ ؛ فیکٹری ؛ (تجارت) کارخانہ؛ فیکٹری۔

Factory Act : (n) (معاشیات وتجارت) فیکٹری ایکٹ ؛ کارخانہ ایکٹ ؛ قانون کارخانہ جات (جو کام کرنےوالوں کےلئے بنائےگئے ہوں۔

Factory cost : (n) (تجارت) کارخانہ لاگت۔

Factory-cotton : (n) گھر کا بناھوا کورا سوتی کپڑا۔

Factory system : (n) (تجارت) کارخانہ نظام۔

Factory theory of taxation (n) (۱) (تجارت) ٹیکس کی ادائیگی کی ملکیت کا نظریہ۔(۲) دیکھو Ability to pay theory ۔

Factotum : (n) [med. L. 'factotum'.] ہرفن مولا ؛ ہرکارہ ؛ ہر کام کا؛ ہرکامی؛ نیز وہ نوکر جو اپنے آقا کے تمام کاموں کا انصرام کرتا ہو یا جس کے اختیار میں‌سب کام ہو؛ مختارنوکر؛ مختارکل؛ ہمہ کاری نوکر ؛ ہمہ کارہ۔

Factotumship : (n) منصرم یا مختار (نوکر کا) منصب۔

Factual : (a) [f. FACT after ACTUAL.] (۱)کسی واقعہ،امر، یا حقیقت سے متعلق یا اس کی نوعیت کا۔ (۲) حقیقی ؛ اصلی ؛ واقعی ؛ واقعاتی۔

Factualism : (n) (۱)حقائق کی اہمیت پرزور دینےوالانظریہ۔(۲)حقائق سے وابستگی یا انتساب (مثلاً سائنسدانوں کا)۔

Factually : (adv.) حقیقی طورپر ؛ واقعتاً۔

Factum : (n) [L.See FACT.] (۱)بیان واقعات ؛ کسی مقدمے یا مختلف فیہ مسئلے میں امور تنقیح طلب۔ (۲) محضر؛یاد داشت ؛ درخواست۔(۲) (دیوانی قانون) کسی شخص کی کاروائی یا دستاویز؛ متیقن یا بیان کردہ بات۔

Facula : (n) [L. dim. of 'fax'.] (فلکیات) مشعل ؛ مشاعیل ؛ سورج کی سطح کے منورنقطوں میں سے ایک۔

Facular/Faculous : (a) مشعلی ؛ سورج کی سطح کے منور نقطے کا یا اس سے متعلق۔

Faculated : (a) (فلکیات) ہلالی (خمیدہ)۔

Facultative : (a) [L.'facultatem.'] (۱) (حیاتیات ، نباتیات) امکانی؛ اختیاری ؛ مجازی ؛ عارضی؛ غیر مقرر؛ عرضی ؛ تفویضی۔ (۲) (نفسیات) قوائی ؛ قویٰ سے متعلق۔(۳) (حیاتیات) مطابقت پذیر۔

Facultative reinsurance : (n) (تجارت) اختیاری مکرر بیمہ۔

Faculty : (n) [L.'facilis'.] (۱) (تعلیمات) فیکلٹی ؛ مجلس ؛ شعبہ ؛ کسی فن یا علم کی شاخ یا شعبہ ؛ یونیورسٹی؛ جامعہ کا شعبہء تعلیم۔(۲) کوئی خاص کام کرنے کی قابلیت؛ استعداد؛ صلاحیت۔ (۳) ہیئت علمی ؛ شعبہ۔ (٤) (نفسیات) قوت (ذہنی) ؛ ملکہ ؛ قوت عمل ؛ شکتی ؛ قوت دماغی (مثلاً ارادہ، استدلال، تعقل وغیرہ)۔ (٥) جسم یا عضو کی مضمر طاقت ؛ قوت (جیسے سماعت و بصارت وغیرہ) ؛ استعداد طبعی۔ (٦)مجموعی طور پر تمام اساتذہ و طلبا؛ حلقہء اساتذہ وطلبا۔(۷) (فنون ، دینیات، طب ، قانون) شعبے کےعالم۔(۸) (حاکم یا قانون کی جانب سے) اقتدار؛ حق ؛ (قانون کے ذریعہ عطا کردہ) کچھ کرنے کا اختیار؛ آزادی ؛ حق۔ (۹) اجازت ؛ اجازت نامہ ؛ پروانہ ؛ سند (خصوصاً کلیسا کی جانب سے)۔

Critical faculty : (نفسیات) قوت ناقدہ ؛ ملکہ ناقدہ۔

Mental faculty : (نفسیات ، تعلیمات) قوتِ ذہنی ؛ ذہنی ملکہ۔

The faculty : (نفسیات) ارکان پیشہ طبابت۔

Verbal faculty : (نفسیات ، تعلیمات) ملکہ لفظی ؛ لفظی ملکہ۔

Faculty of conception : (n) (نفسیات) قوت مُتصورہ۔

Faculty of imagination : (n) (نفسیات) قوت متخیّلہ۔

Faculty of Judgement : (n) (نفسیات) قوت فیصلہ۔

Faculty of Law : (n) (تعلیمات) مجلس شعبہ قانون۔

Faculty of perception : (n) (نفسیات) قوت مُدرکہ۔

Faculty of speech : (n) (نفسیات) قوت ناطقہ۔

Faculty-pew/-seat : (n) کسی شعبے کے ذریعہ عطا شدہ کسی مخصوص شخص کےلئے کلیسا کی مخصوص نشست۔

Faculty psychology : (n) (۱) (نفسیات) ملکاتی نفسیات ۔ (۲) علم النفس کا ایک قدیم مکتب خیال(اسکول) جس نے مختلف ذہنی قوتوں کو فرض کرتے ہوئے انسانی کردار کو سمجھنے کی کوشش کی تھی ۔

Facund : (a) [L.'fari.'] (متروک) فصیح : خوش بیان ۔

Facy : (a) [f. FACE.] شوخ : ڈھیٹ : بے شرم : بے غیرت : بےحیا: گستاخ : دیدہ دلیری: بدتمیز: بدتہذیب ۔

Fad : (n) [Origin unknown.] (۱) (نفسیات) خبط : دُھ : سودا ۔ (۲) مشغلہ: شغف ۔ (۳) من بسا خیال یا رائے : تکیہ خیال : بدعت ۔ (٤) چھپتا اصول : کوئی انوکھا خیال : محبوب منصوبہ (خصوصاً سماجی یا سیاسی اصلاح کےلئے) ۔ (٥) وہمی : روشن خیالی ۔ (٦) وقتی وضع : وقتی فیشن ۔

Fad : (v) ادنیٰ یا چھوٹےموٹے کاموں میں منہمک رہنا : معمولی باتوں کےلئے سرگرمی دکھانا ۔

Faddish : (a) خبطی : خبط کی نوعیت کا ۔

Faddishness/Faddiness : (n) خبطی پن ۔

Faddism : (n) (نفسیات) خبط ۔

Faddist : (n) (نفسیات) خبطی ۔

Faddle : (v) [Origin unkn.] (۱)بہت اہمیت دینا: لاڈپیار کرنا ۔ (۲) فضول حرکتیں کرنا : خفیف الحرکتی سے کام لینا: دل لگی کرنا : کھیلنا : اٹکھیلیاں کرنا ۔

Faddle : (n) لغویات: واہیات یا مہمل بات : خفیف الحرکتی ۔

Fiddle-faddle : (n) دیکھو Faddle

Faddy : (a) خبطی : سودائی ۔

Fade : (a) [F.] (۱) پھیکا: ہلکا ، ماند (رنگ) ۔ (۲) بے مزہ : پھیکا : روکھا ، بے نمک : غیر دلچسپ : معمولی : گھٹیا : پیش پا افتادہ : پامال (مضامین) مبتذل ۔

Fade : (n) (۱) ٹیلی ویژن یا متحرک تصویروں کی مرئیت یا تمیز میں بتدریج کمی ۔ (۲) (ٹیلی ویژن اورمتحرک تصویر) ایک تصویر کی دوسری تصویر میں بتدریج تبدیلی ۔ (۳) موٹر کے بریک کا گھس جانا یا ڈھیلا ہو جانا۔

Fade : (v) [F. 'fade.'] (۱) (نباتیات) ماند ہونا : مُرجھانا ۔ (۲) سوکھنا : سکھانا : سوکھ جانا : جھڑ جانا: خشک ہو جانا : خشک کر دینا ۔ (۳) پژمردہ ہو جانا : مُرجھاجانا : کمھلانا : مُرجھا دینا ۔ (٤) (رنگ وغیرہ کےلئے) رنگ اُترجانا: پھیکا یا ہلکا پڑ جانا : ماند پڑ جانا : غائب ہو جانا ۔ (٥) پیلا پڑجانا: رنگ مدھم ہوجانا : رنگ اُتاردینا: رنگ اُڑادینا: زرد کردینا ۔ (٦) بتدریج زائل ہو جانا یا مدھم پڑ جانا : ذہن سےنکل جانا (یاد داشت کا) : بتدریج متغیر ہونا ۔ (۷) (سنیمافوٹوگرافی) (کسی تصویر وغیرہ کو) پردے پرنگاہ سے بتدریج اوجھل کردینا۔ (۸) کسی خاص حالت، کیفیت یا مرحلے سے بتدریج گزرنا ۔ (۹) (طبیعیات) ماند ہونا: مدھم ہونا: (روشنی) ماند پڑنا۔ (۱۰) (فٹ بال) بیک کا (اسی مقام سے جہاں گیند کی چھینا جھپٹی ہورہی ہو) پیچھےہٹ جانا۔ (۱۱) کھینچ لینا: مخصوص طورپر ، خموشی سے اوربغیر مخل ہوئے پیچھے ہٹ جانا ۔ (۱۲) پسپا ہونا : پیچھے ہٹنا : مورچہ چھوڑنا : لوٹ جانا ۔ (۱۳) کسی طرف سے توجہ ہٹا لینا : ماسکہ توجہ کو موڑلینا ۔ (۱٤) (متحرک تصویر اوربرقی سگنل یا عکس) بلند آوازی اور مرئیت میں بتدریج تبدیلی لانا ۔ (۱٥) (کیمرہ یاصوتی آلات کا) چلانا یا بندکرنا ۔ (۱٦) تازگی یا توانائی کھو دینا ۔ (۱۷) چمک ، بلند آوازی، شدت میں تغیرخصوصاً کمی لانا۔ (۱۸)جواری کی شرط قبول کرنا۔ (۱۹) (گیند کو) حریف کےگول کی طرف موڑ دینا۔

Fade in : (n) کسی تصویر کا تاریکی سے یا کسی آواز کا سکوت سے بتدریج ظہور ۔

Fade out : (n) (۱) ٹیلی ویژن یا متحرک تصویروں کی مرئیت میں بتدریج کمی (خصوصاً تغیر یا اختتام کی نشاندہی کےلئے) ۔ (۲) خلل کےباعث یا ارادی طور پر ڈرامائی اثر پیدا کرنے کی غرض سے ریڈیائی لہروں کا غائب یا کم ہونا۔ (۳) متحرک تصویر کا اختتامی سین ۔ (٤) بتدریج اوجھل ہونا ۔

Faded : (a) پژمردہ : مرجھایا ہوا : کمھلایا ہوا : ماند : جو اپنی تازگی کھو چکا ہو ۔

Fadedly : (adv.) پژمردہ طورپر : ماندگی سے : مرجھاکر ۔

Fadeless : (a) سدا بہار: دائمی : مستقل : پائدار : پکّا : پختہ (رنگ)۔

Fadelessly : (adv.) ہر دم تازہ : مستقلاً ۔

Fader : (n) (۱) ماند کرنےوالا ؛ کم کرنےوالا ۔ (۲) متحرک تصویر کی آواز میں تغیر لانے کا آلہ ۔ (۳) ایک الیکٹرونک آلہ جس کے ذریعہ ٹیلی ویژن یا متحرک تصویر میں بتدریج ظہور یا کمی کو کنٹرول کیا جاتا ھے ۔

Fadge : (n) [Origin unkn.] (۱) چمڑے ، چھڑی ، اون وغیرہ کا گٹھر ۔ (۲) مال کا گٹھر ۔

Fadge : (n) [Sc.] ایک لمبی ، چپٹی، ڈبل روٹی ۔

Fading : (n) (۱) (شعاعیات) ماندگی ۔ (۲) (فوٹوگرافی) ماندپن ۔

Fadingly : (adv.) ماندگی سے ؛ ماند ھو کر ؛ ماندپن سے ۔

Fadingness : (n) دیکھو Fading

Fadometer : (n) (کیمیا) ماندگی پیما ؛ ماند پیما ۔

Fady : (a) مائل بہ ماندگی ؛ مائل بہ پژمردگی ۔

Faecal/Fecal : (a) (۱)(حیاتیات) برازی ۔ (۲) تلچھٹ کا ؛ دُردی ؛ تلچھٹ والا ۔

Faeces/Feces : (n) [L.pl of 'faex'.] (۱) گاد ؛ تلچھٹ ؛ دُرد ۔ (۲) فضلہ ؛ آلائش ؛ براز ؛ لید ؛ گوہ ؛بیٹ ؛ پاخانہ ۔ (۳) (کیمیا) دُرد ؛ تلچھٹ ؛ (حیاتیات) براز ۔

Faecula/Fecula : (n)[LLdim. of 'faex'.] (۱) بیشترنباتی مادوں کےعرق کی تلچھٹ ۔ (۲) دُرد ؛ تلچھٹ ؛ گاد ؛ براز ۔

Faeculence/-ency/-ent : (۱) گدلاپن ؛ غلاظت ؛ میلا یاغلیظ ھونے کی حالت ؛ گندگی ؛ آلودگی ؛ عفونت ؛ ناپاکی ؛نجاست ۔ (۲) غلیظ ؛ ناپاک ؛ گندی ؛ متعفن شے؛ فضلہ ؛ تلچھٹ ؛ دُرد ؛ گاد ؛ میل ؛ کیچ ؛ بے کار یا نکمی چیز ؛ کف ؛ جھاگ ؛ پھپھوندی ؛ آلائش ؛ نجاست ؛ دھات کا میل جو پگھلانے سے نکلتا ھے ۔

Faerie/Faery : (n) [A.Var.of FATRY.] (۱) (اساطیر) پرستان ؛ پری خانہ (خصوصاً Spencer کی وہ خیالی دنیاجس کا ذکراس نے Faerie Queen میں کیا ھے) ۔ (۲) پری ۔

Faerie/-y : (a) خیالی ؛ وہمی ؛ فرضی ؛ افسانی ۔

Faffle : (v) [Echoic.] (۱) ہکلانا؛ ہکلا کرکہنا ۔ (۲) (پرندوں کا) ھوا میں ہلکے ہلکے پر مارنا ؛ پھڑپھڑانا؛ پروں کو جھاڑنا ۔

Fag : (n) [See FAG (V).] (۱) (طب) خستگی؛ تعب ۔ (۲) سخت محنت ؛ جانفشانی ؛ محنت شاقہ ؛ تھکا دینے والا ۔ (۳) (انگلش اسکول میں) وہ جونیئر جسے سینئر کی خدمت کرنی پڑتی ھے، نیز خادم ؛ غلام ؛ خدمت گار۔

Fag : (n) (۱) دیکھو Fag-end ۔ (۲) (عامیانہ) سگریٹ ؛ معمولی سگریٹ ۔

Fag : (n) [Origin unkn.] (۱) کپڑے میں کوئی گرہ ۔ (۲)بھیڑ کے جسم پر بیٹھنے والا ایک قسم کا طفیلی کیڑا ؛ بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Fag : (v) [Said to be a corruption of FLAG (V).] (۱) سخت تکلیف اٹھانا؛ بےطرح محنت کرنا؛ (پیشے کے متعلق)تھک جانا؛ تھکادینا؛ ماندہ ھوجانا؛ کسل مند ھونا ؛ کسل پیدا کر دینا ؛ سست ھو جانا یا کردینا؛ جھکا پڑنا (تکان سے) ۔ (۲) (مدرسوں میں) سینئر کا جونیئر سے خدمت لینا یا کام کرانا ؛ جونیئرکا سینئر لوگوں کی خدمت کرنا۔ (۳) (جہازرانی) رسّے یا بادبان کے کنارے کو کھول لینا ۔

Brain-fag : تکان ؛ تھکاوٹ ۔

To fag out : کرکٹ کےکھیل میں فیلڈنگ کے لئے جانا ۔

What a fag : بیکار؛ نامشکور کام؛ اجیرن ۔

Fag-end : (n) (۱) مارے باندھے کا کام یا محنت ۔ (۲) کپڑے کے ٹکڑے کا آخری حصہ ؛ بیکار بچا ھوا حصہ یا ٹکڑا ؛ بیکار سرا یا آخری حصہ ؛ بقیہ ۔ (۳) رسّے کا کھولا ھوا سرا ۔ (٤) کسی شے کا آخری اور حقیر ترین حصہ ؛ انتہائی سِرا ۔ (٤) اوقات کار کا اختتام ؛ شام ۔

Fagaceous : (a) (نباتیات) زان نما؛ بلُوطی ۔

Fage : (v) [Origin unkn.] پُھسلانا ؛ بہلانا ؛ بہکانا ؛ ترغیب دینا؛ فریب دینا؛ چاپلوسی کرنا؛ خوشامد کرنا ۔

Faggot /Fagot : (n) [Origin unkn.] (۱) چھڑیوں ، درخت کی پتلی ٹہنیوں یا چھوٹی شاخوں کا بندھا ھوا گٹھا جو خندقیں بنانے، مورچے بنانے یا جلاون وغیرہ میں کام آتا ھے ؛ گٹھا؛ بنڈل؛ (مجازاً) انتخاب؛ مجموعہ ۔ (۲) (مجازاً) زندہ جلا دینے کی سزا (مرتدوں کو) ۔ (۳) لوھے یا فولاد کی سلاخوں کا گٹھا؛ (فلزیات) گٹھا؛ دستۂ فولادی ۔ (٤) (عامیانہ) عورتوں کےلئے ایک گالی ۔ (٥) دیکھو Faggot-vote ۔ (٦) جگر کے کباب ۔

سلیٹ نما ریتیلا پتھر جس کی بہ آسانی باریک پرتیں ہوجاتی ہیں ۔

Fail : (n) [OF. f. 'faillir.'] (۱) ناکام ؛ نامراد (شخص، چیز یا کوشش) ؛ طالب علم جو فیل ہو چکا ہو ۔ (۲) ناکامی؛ ناکامیابی ؛ نارسائی ۔ (۳) نہ ہونا؛ واقع نہ ہونا ؛ فقدان ؛ بطلان ۔

Without fail : لازمی ؛ حتمی ؛ لابدی طورپر ؛ یقینی طورپر ؛ یقیناً ؛ بالیقین ؛ ضروربالضرور ۔

Fail : (v) [As prec.] (۱) غیر مکتفی ہونا؛ ناکافی ہونا ؛ کمی پڑنا؛ ناکام ہونا؛ فیل ہونا؛ ٹوٹا پڑنا یا ہونا؛ پوراپورا نہ ہونا ؛ امید سے کم پیداوارہونا ۔ (۲) بھولنا؛ رہ جانا ؛ چوکنا؛ قاصر رہنا؛ تکمیل کو نہ پہنچنا؛ مقصد میں کامیاب نہ ہونا؛ کسی کام کو مجبوراً ادھورا چھوڑ دینا ۔ (۳) زائل ہو جانا ؛ فنا ہوجانا؛ معدوم ہوجانا؛ ختم ہونا؛ گھٹنا؛ کم ہونا ؛ سمٹنا ۔ (٤) بیٹھ جانا؛ رک جانا؛ ہمت ہار دینا ؛ تھک جانا ؛ کمزورہوجانا؛ (مرنے سے پہلے) ضعف کا بڑھنا اورقوت کا کم ہوجانا ۔ (٥) نا مساعدہونا؛ جواب دیدینا۔ (٦) ناکام رہنا ۔ (٧) باورنہ ہونا ۔ (٨) پانی پھرجانا؛ رائیگاں جانا۔ (٩) دیوالیہ ہو جانا؛ دیوالہ نکالنا ، ٹاٹ الٹنا؛ ٹوٹا آنا؛ نادار ہونا ؛ ٹوٹ جانا ؛ (دکان کا) ۔ (١٠) (امیدواری سے) رد کر دیا جانا؛ الگ کر دیا جانا۔ (١١) مدد کو نہ پہنچنا ؛ مایوس ہونا ۔ (١٢) (کسی چیز کا) دھندلا پڑجانا ۔ (١٣) ناقابل درک ہونا ۔

Failing : (n) (۱) زوال پذیر ۔ (۲) ناکامی ؛ محرومی ؛ کمی ۔ (۳) چوک ؛ قصور؛ کمزوری ؛ خطا ؛ کوتاہی ؛ عیب؛ نقص ؛ ضعف ۔

Failing : (Prep.)[Pr. Ppl. of FAIL(V).] بصورت دیگر مثلا (failing this) ۔

Faille : (n) [F.] ہلکی لکیروں والا ریشم ۔

Failure : (n) [See FAIL] (۱) نہ ہونا ؛ واقع نہ ہونا؛ فقدان ؛ بطلان ۔ (۲) کم ہوجانا؛ کمی؛ گھاٹا ؛ نقصان؛ ٹوٹا ۔ (۳) نا کامی ؛ نا کامیابی ؛ نارسائی ۔ (٤) نا کام ؛ نامراد (شخص، چیز یا کوشش) ؛ طالب علم جو فیل ہو چکا ہو ۔ (٥) افلاس؛ اخفاق؛ قصور؛ عجز؛ (تجارت) دیوالیہ پن ؛ تجارت میں ناکامی ۔ (٦) حیاتی تفاعل کی انجام دہی کے قابل نہ رہنا؛ (دل) بیٹھ جانا؛ (دباؤ کسی رگ وغیرہ کا) پھٹ جانا ۔

Failure of supply : (n) (تجارت) عدم بہم رسانی؛ بہم رسانی میں کمی ۔

Faggot /Fagot : (v) (۱) گٹھے باندھنا یا بنانا (کسی چیزکا) ۔ (۲) گٹھے میں یا گٹھے کی شکل میں باندھنا ۔ (۳) (فلزیات) جوڑنےکےلئےلوھے کی سلاخوں کو ایک ساتھ باندھنا۔ (٤) (کسی کو) زندہ جلا دینےکےلئےگٹھوں پررکھنا ۔ (٥) گٹھر بنانا یا باندھنا۔

Faggot-vote : (n) وہ ووٹ جو کسی غیر مستحق شخص کو کافی مال و زر دے کر اسے ووٹ دینے کے قابل بنا کر حاصل کیا جائے ۔

Faggot-voter : (n) وہ شخص جو اس طریقے سے ووٹ دینے کا حق حاصل کرے ۔

Faggoting : (n) (۱) گٹھا باندھنے کا عمل ۔ (۲) کشیدہ کاری میں گرہ بندی کا ایک طریقہ ؛ اس طریقے سے بنایا ہوا کام ۔

Fagotto : (n) [It.] الغوزہ ؛ ایک قسم کی دوہری بانسری ۔

Fahlband : (n) [Ger.'fahl+band'.] (ارضیات) بلوری چٹانوں کی پرت ۔

Fahlerz : (n) [Ger'fahl+erz'.] (معدنیات) بھورا تانبا یا تانبے کا فلز ۔

Fahlore : (n) دیکھو Fahlerz

Fahlunite : (n) [f.'Fahlerz'in Sweden+ITE.] (معدنیات) الومینیم اور لوھے کا آبدار سلیکیٹ ۔

Fahrenheit : (n) (۱) پرشیا کے ایک طبیعیات داں کا نام جو سیمابی تھرمامیٹر کا موجد ھے نیز اس کے ایجاد کردہ پیمانۂ حرارت کےلئے استعمال ہوتا ھے جس کے مطابق پانی کا نقطۂ انجماد ٣٢ ڈگری جوش ٢١٢ ڈگری ھے ۔ (۲) F., Fahor Fahr مخففات کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔ (۳) فارن ہائٹ تھرمامیٹر (مقیاس الحرارت) ؛ تپش پیما؛ حرارت پیما ۔

Fahrenheit sale : (n) (۱) (کیمیا) فارن ہائٹ درجۂ حرارت ۔ (۲) (طبیعیات) فارن ہائٹ پیمانہ ؛ پیمانہ فارن ہائٹ۔

Faience : (n) [prob. f. Faenza in Italy.] (۱) مٹی کے چمکیلے برتن یا چینی مٹی کے برتن ۔ (۲) ظروف گلی اور چینی ۔

Faikes/Fakes : (n) (۱)(معدنیات) سلیٹی پتھر۔ (۲) (ارضیات) اسکاچستان کان کنوں کی اصطلاح میں ایک

Fain : (a) [OF.'faezen'.] (١) خوش؛ رضا مند؛ قانع؛ مطمئن ـ (٢) رضامند (بحالت مجبوری) ؛ مجبور ؛ (بحالت مجبوری کسی کام یا کسی چیز کے کرنے پر) تیار؛ آمادہ ـ (٣)ممنون ؛ احسان مند ـ (٤) مائل ؛ راغب ؛ تیار؛ آمادہ ؛ خواہاں ؛ متمنی؛ شائق (متروک) ـ

Fain : (adv.) (١) (متروک) خوشی سے ؛ رضامندی سے ؛ بہ رضا و رغبت ـ (٢) طوعاً و کرہاً ؛ مجبور ہوکر؛ جبرے ـ

Fain /Fains /Fen (s) : (v) [Var.FEN (V).] (کسی کام میں حصہ لینے سے) انکار کرنا۔

Faineance/-cy : (n) کاہلی ؛ سستی ؛ آلسی پن ؛ نکماپن ؛ ناکارہ پن ـ

Faineant : (n) [F.'fait +neant'.] کچھ نہ کرنے والا ؛ بے کار؛ نکما ؛ ناکارہ ؛ سست؛ کاہل ؛ آلسی ؛ کام چور (شخص) ـ

Faineant : (a) کچھ نہ کرنےوالا ؛ نکمّا ؛ ناکارہ ؛ سست ؛ کاہل ؛ آلسی ؛ کام چور ـ

Faineantise : (n) بےاعتنائی؛ بے پروائی؛ بے توجہی ؛ کچھ نہ کرنے کی حالت ، کیفیت یارجحان ؛ ناکارہ پن ـ

Faint : (n) [See next.] غشی ؛ بے ہوشی ؛ غش ؛ نقاہت ـ

In a dead faint : بالکل بےہوش ؛ قطعی بے ہوش ـ

Faint : (a) (١) ڈرپوک ؛ بزدل ؛ تھُڑ دلا ـ (٢) کاہل الوجود ؛ کم ہمت ـ (٣) کمزور ؛ بے طاقت ؛ بے جان ؛ ناتواں؛ مریل ؛ بے بل ـ (٤) ماند؛ پھیکا ؛ دھیما؛ ہلکا ـ (٥) (بھوک ، خوف ، ڈر یا دہشت سے) چکرایا ہوا؛ بےہوش ـ (٦) غش کھانے یا بےہوش ہونے کے قریب ـ (٧) (ہوا، خوشبو، وغیرہ) ناگوار۔ (٨) (سطریں سیدھی لکھنے کےلئے) ہلکے (خطوط) ـ (٩) غشی لانے والا ؛ متلی پیدا کرنےوالا؛ امتلا انگیز ـ (١٠) ذہن یاحواس کو ہلکے طورپر متاثر کرنے والا؛ مدھم؛ غیرواضح؛ بمشکل قابل درک ـ (١١) (طب) مدھم ؛ غش ؛ نڈھال (کیمیا) ہلکا ـ

Faint : (v) [f. FAINT (a).] (١) ہمت ہارجانا ؛ ڈرپوک ہوجانا ؛ نا مردی دکھانا ؛ خوف زدہ ہونا ؛ ڈر جانا ـ (٢) غش میں آجانا؛ بےہوش ہوجانا؛ مورچھا آنا؛ (شاعری) زوال پذیر ہونا؛ روبہ انحطاط ہونا؛ ضعیف ہونا؛ کمزور ہوجانا ـ (٣) رنگ یا چمک کھو دینا ؛ دھیما پڑجانا؛ ہلکا پڑجانا ـ (٤) کمزور کرنا ؛ پست حوصلہ کرنا؛ خوف زدہ کرنا؛ ہلکا کرنا؛ دھیما کرنا۔

Faint-heart : (n) بودا؛ بزدل ؛ سست مزاج ؛ ڈرپوک ؛ کم ہمت ـ

Faint hearted : (a) بزدل ؛ کم ہمت ؛ بے حوصلہ ؛ ڈرپوک ـ

Faint-heartedly : (adv.) بزدلی سے؛ کم ہمتی سے؛ سستی سے ـ

Faint-heartedness : (n) بزدلی ؛ کم ہمتی ـ

Faint lines/Ruled faint : (n) لکھنے کےلئے ہلکی ہلکی لکیریں کھینچی ہوئی ـ

Fainted : (a) (١) بےہوش ؛ غَشی میں ـ (٢) دھیما ؛ ہلکا ـ

Fainting : (n) (١) (طب) غَشی ـ (٢) بےہوشی ؛ اضمحلال ـ (٣) دماغ کے دوران خون میں خلل کےباعث پیدا شدہ بےہوشی ـ

Faintingly : (adv.) غَشی کے ساتھ؛ بےہوش ہوتےہوئے؛ دھیما پڑتے ہوئے ـ

Faintish : (a) موہوم سا؛ مبہم سا ـ

Faintishness : (n) موہومیت ؛ ابہام ـ

Faintly : (adv.) موہوم طورپر ؛ غیرواضح طورپر ؛ دھیمے پن سے ـ

Faintly : (a) موہوم ؛ مبہم ؛ غیر واضح ؛ ہلکا ؛ دھیما ـ

Faintness : (n) (١) کمزوری ؛ بزدلی ؛ ناطاقتی ؛ اضمحلال (طب) ضعف ؛ نقاہت ـ (٢) دھیماپن ؛ ہلکاپن (طب) مدھم پن ؛ غش ـ

Faints : (n) تقطیر کے عمل میں اول و آخر ہونے والی غیر خالص شراب ؛ شراب پر کے جھاگ (تقاطر کے وقت) ـ

Fainty : (a) دیکھو Faintish

Fair : (a) [OE.'faezer'.] (١) خوب صورت ؛ حسین ؛ شکیل ؛ وجیہہ ؛ جمیل ؛ وسیم ؛ خوش آئند ؛ طاہر ؛ خوش آہنگ ؛ خوش آواز ؛ خوش منظر ؛ دیکھنےمیں عمدہ ؛ بظاہر اچھا ـ (٢) اچھا خاصا ـ (٣) وافر ـ (٤) خوش نما ؛ معقول ؛ نظیف ـ (٥) گورا؛ کِھلے رنگ کا ـ (٦) اوسط درجہ کا ؛

A fair : (قدیم) ایک عورت ۔

Fair : (n)[L.'feria'.] گدڑی؛ ہاٹ جوخاص خاص موسم، اور وقت اور مقام میں ہو یا لگائی جائے؛ کسی پرانے قانون یاقدیم رواج کے مطابق کسی وقت اور مقام پر خریدار اور فروخت کار کا وقتی اجتماع (اکثر مخصوص برائے مویشی ، گھوڑا ، دنبہ وغیرہ)۔

A day after the fair : بہت دیر کے بعد؛ وقت گذر جانے کے بعد یا بے موقع کسی کام کا کرنا۔

Easter fair/Fancy - : مینا بازار (جو خیراتی مقاصد کےلئے لگایا گیا ہو)۔

To see fair : (عامیانہ) انصاف کرنا ۔

Fair : (adv.) (۱) تہذیب و شائستگی سے (بات کرنا) ؛ اخلاق سے (پیش آنا) ؛ خوش سلیقگی سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ مہذب طور پر (بات کرنا)۔ (۲) صاف صاف ؛ واضح طور سے ؛ اچھی طرح ۔ (۳) مساویانہ؛ غیرجانبدارانہ؛ منصفانہ طور پر ؛ انصاف سے؛ انصافاً ؛ اصولوں کے مطابق ۔ (٤) حمایتاً ؛ حمایت کرتے ہوئے ۔ (۵) بالکل ؛ پورے طور سے ۔

Fair : (v) (۱) خوبصورت، خوشنما، خوش آہنگ، حسین وافر ، گورا، لطیف ؛ صاف، ستھرا، بے داغ وغیرہ ہونا یا نظر آنا ۔ (۲) (جہاز سازی) مسطح کرنا ؛ چکنا کرنا ؛ جہاز کے پرزوں کی انحنا کی درستگی کومعلوم کرنا نیز انحنا کے مطابق پرزے لگانا (ہوائی جہاز کےلئے مستعمل ہے)۔

Fair and square : (a) کھرا ؛ سچا ؛ امین ؛ مستقیم ؛ ایماندار ۔

Fair and square : (adv.) صاف طور پر ؛ کھلم کھلا ؛ برملا ؛ بلا فن وفریب ؛ ایمانداری سے ؛ کھرے طور پر ۔

Fair competition : (n) (۱) (تجارت) جائز مسابقت ۔ (۲) مسابقت ؛ اچھا مقابلہ ؛ روا امتحان ؛ مناسب مقابلہ ۔

Fair complexion /-colour : (n) گوری رنگت ۔

Fair complexioned/-coloured : (a) گوری رنگت والا ؛ گورا ۔

Fair-copy : (n) مبیضہ ؛ صاف نقل ؛ آخری تصحیح کے بعد کسی مسودے کی نقل ۔

معمولی ؛ متوسط ۔ (۷) مفیدمطلب ؛ موافق؛ مساعد ؛ مناسب ۔ (۸) سعد ؛ نیک ۔ (طالع یا شگون) ؛ امید افزا ۔ (۹) بےروک ؛ بےمزاحمت ؛ آزادانہ ۔ (۱۰) جائز (ذرائع) ؛ ملائم ؛ نرم ؛ مناسب (زمین، الفاظ) مہر آگیں چہرہ ؛ آسان؛ طبعی (موت) ۔ (۱۱) ستھرا؛ صاف؛ نرمل ؛ اُجلا ۔ (۱۲) بے عیب ؛ بے داغ ۔ (اخلاقی اعتبار سے) بدشکلی یا داغ دھبوں سےپاک ؛ کسی خط انحنا یا سطح کا ناہمواری یا بے ڈھنگے پن سے پاک ہونا ۔ (۱۳) (جہاز سازی) چکنا ؛ مسطح ؛ ہموار۔(١٤) منصف؛ منصف مزاج؛ بےتعصب ؛ منصفانہ ؛ بےلاگ ؛ درست؛ جائز ؛ واجبی ۔ (۱۵) واسع ؛ کبیر۔

A fair field and no favour : بےرو و رعایت ۔

A fair for time/-heritage : وافر ورثہ ۔

All's fair in love and war : عشق اور جنگ میں سب کچھ روا ہے ۔

By fair means : بغیر ظلم یا جبر کئے؛ بغیر دھوکا فریب کئے ۔

The fair sex : جنس لطیف ؛ صنف لطیف ؛ صنف نازک ؛ عورت ۔

To bid fair : امید افزا ہونا ۔

To fall fair : بےلاؤ لپیٹ وارکرنا؛ بھر پور وارکرنا۔

To fight fair/To hit fair : اصول کے مطابق لڑنا یا وار کرنا ۔

To play fair : انصاف کرنا؛ چالاکی نہ کرنا۔

To speak (a person) fair : تہذیب و شائستگی سے بات کرنا ۔

To stand fair : بے تعصب ہونا ؛ بے لاگ رہنا ؛ غیر جانب دار رہنا ۔

To strike fair : To fall fair دیکھو

To write out fair : صاف لکھنا (مثلاً (Fair copy) ۔

Fair : (n) (۱) خوبصورت ؛ حسین ؛ شکیل ؛ خوش نما ؛ معقول ؛ گورا؛ منصف مزاج ۔ (۲) صنف نازک خصوصاً معشوقہ؛ محبوبہ (متروک یا شاعرانہ)۔

Fair-copy : (v) مبیضہ لکھنا یا صاف نقل کرنا ؛ تصحیح شدہ مسودے کی نقل کرنا ۔

Fair-curve : (n) (جہاز رانی) جہاز کا خاکہ بنانے میں وہ ٹیڑھی میڑھی لکیر جو خاکے میں دکھائے جانے والے جہاز کے پرزے کے مطابق گھٹتی بڑھتی یا تبدیل ہوتی ہے ۔

Fair day's pay : (تجارت) مناسب یومیہ اجرت ۔

Fair day's work : (تجارت) مناسب یومیہ کام ۔

Fair deal : (n) (انتظامیہ) خوش معاملگی ۔

Fair-faced : (a) (۱) گوری یا حسین شکل والا ؛ گورا ؛ حسین ۔ (۲) خوشنما؛ شکیل ؛ خوبصورت ؛ صاف ؛ بےداغ ۔ (۳) (برے معنوں میں) بظاہر اچھا ۔

Fair game : (n) جائز شکار، حملہ وغیرہ ۔

Fair ground : (n) میلا گاہ ؛ نمائش گاہ ؛ وہ مقام جہاں میلا لگتا ہے ۔

Fair hair : (n) سنہرے بال ؛ بھورے بال ۔

Fair haired : (a) بھورے بالوں والا؛ سنہرے بالوں والا ۔

Fair Isle : (n) (۱) شٹلینڈ کے جزیروں میں سے ایک ؛ وہاں کےیا وہاں کی طرزپر بنے ہوئے اونی سامان ۔ (۲) سویٹر کی ایک قسم جس کی نسبت کہا جاتاہے کہ آرمیڈا کے ہسپانوئی بیڑے والے پہلے پہل انگلستان لائے ۔

Fair knowledge : (n) (انتظامیہ) مناسب علم ؛ خاصا علم ۔

Fair-lead : (n) (۱) (جہازرانی) کندے یا چرخی سے ہوکر اوپر کی طرف اس طرح رسّہ لگانا کہ جہاز کے مستول ؛ بلّیوں سے دوسرے رسّوں کے کٹنے یا رگڑ کھانے کا امکان نہ رہے ۔ (۲) دیکھو Fair leader ۔

Fair-leader : (n) (۱) (جہازرانی)رسّہ گردانی کےلئےلکڑی کے تختے کا ایک لمبا پتلا سوراخ دار ٹکڑا ؛ نیز لکڑی یا دھات کا وہ حلقہ جو رسوں میں یا بادبان کے سروں پر رگڑ سے بچانے کے لئے لگا دیا جاتا ہے ۔

Fair-maid : (n) (۱) گل چاندنی ؛ اوائل بہار کا سفید پھولدار پودا ۔(۲) دیکھو Fumade ۔

Fair maids of February/Ferbuary fair maid : (n) گل چاندنی ؛ اوائل بہار کا سفید پھول دار پودا ۔

Fair margin : (n) (تجارت) زائد نفع ؛ زائد رقم ؛ مناسب پڑتا ؛ مناسب حد ۔

Fair minded : (a) عادل ؛ انصاف کرنےوالا ۔

Fair name : (n) نیک نامی ۔

Fair play : (n) (۱) منصفی ؛ مساوی برتاؤ ؛ عدل ؛ انصاف ۔ (۲) اصولوں کے مطابق کھیل ۔

Fair price : (n) (۱) (معاشیات وتجارت) مناسب قیمت ۔ (۲) (انتظامیہ) مناسب نرخ ؛ مناسب دام ۔

Fair price shop : (n) (تجارت) مناسب قیمت دکان ۔

Fair rent : (n) (تجارت) مناسب لگان ۔

Fair speaker : (n) خوش اسلوب ؛ شستہ بیان ؛ معجز بیان ؛ سحر البیان ؛ فصیح ؛ خوش بیان ؛ شیریں کلام ۔

Fair-spoken : (n) (۱) (اشخاص کےلئے) خوش خلق ؛ ملنسار ؛ مہذب؛ لطیف ؛ شیریں زبان ؛ شیریں دہن ؛ شیریں مقال ۔ (۲) (الفاظ کےلئے) ہلکا؛ نرم ؛ خوشگوار۔

Fair tooled : (a) سُر اچھا ۔

Fair-trade : (n) (۱) باہمی آزاد تجارت (مابین اقوام) ؛ جائز تجارت ۔(۲) اٹھارھویں صدی عیسوی میں یہ لفظ اسمگلنگ کے معنوں میں (اس لفظ کی ناگواری کو کم کرنے کے لئے) مستعمل تھا ۔ (۳) یہ نظریہ کہ آزاد تجارت کو رعایات باہم دگر کے اصول پر مبنی ہونا چاہئیے ۔

Fair trader : (n) (۱) جائز تجارت کرنے والا ؛ باہمی آزاد تجارت والے ممالک ۔ (۲) رعایات باہم دگر کےاصول پر مبنی آزاد تجارت کرنے والا یا اس نظریے کا حامی ۔

Fair treatment : (n) (انتظامیہ) حسن سلوک ۔

Fair wage : (n) (تجارت) مناسب اجرت ۔

Fari-weather : (n) خوشگوار (یعنی خشک) موسم ۔

Fair-weather friends : اچھے وقت کے ساتھی ۔

Fair-wind : (n) موافق ھَوا ؛ سازگار ھَوا ۔

Fair-world : (n) دار السلام ؛ فلاحی ریاست / دنیا ۔

Fairfieldite : (n) [f.'fair field' in connecticut.] (معدنیات) کیلشیم ؛ میگنیز اور لوھے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Fairies-arrow : (n) (۱) بھتنا ؛ وہ بیماری جس کا باعث بھوت پریت کو سمجھا جاتاھے ۔ (۲) ایک چقماقی پیکان یا چقماق کی نوک جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ھے کہ پریاں موشیوں کو نشانہ بناتی ہیں ۔

Fairies table : (n) مختلف قسم کے سماروغ (سانپ کی چتھری)۔

Fairies-treasure/-wealth : (n) پریوں کی دی ھوئی رقم جو تیزی سے ختم ھوجاتی ھے ۔

Fairily : (adv.) پریوں کی طرح ؛ ساحرانہ طورپر ۔

Fairing : (n) (۱) تحفہ ؛ سوغات ؛ سودا؛ ہدیہ ۔(۲) وہ تحفہ جو کسی میلے سے خریدا جائے یا اس موقع پر دیا جائے۔

Fairing : (n) ھَوائی مشین کی سطح کی چکنی اور دھارا نما (Stream-like) بناوٹ (ھوا کی مزاحمت کم کرنے کےلئے) یا اس مقصد سے لگایا ھوا ڈھانچہ ۔

Fairish : (a) عمدہ ؛ خاصا ؛ اچھا ؛ کام چلاؤ ؛ متوسط ؛ اوسط درجے کا ؛ بڑا (عامیانہ)۔

Fairish : (adv.) خوش اسلوبی سے؛ اچھی طرح ؛ سلیقے سے؛ نسبتاً عمدہ (عامیانہ)۔

Fairly : (adv.] (۱) بالکل ؛ قطعی؛ تمام تر ۔(۲) خاصا ۔ (۳) انصاف سے ؛ کافی اچھی طرح سے؛ انصافاً ۔ (٤)صاف صاف؛ صفائی سے؛ صاف دلانہ ؛ بےلاگ ۔ (۵) جائز طورسے ؛ واضح طورسے ۔ (٦) صاف طورسے ؛ شرعاً ؛ قانوناً ۔ (۷) اعتدال سے ؛ معتدلانہ ۔(۸) حقیقی طورپر؛ حقیقتاً ؛ سچ مچ؛ دراصل ؛ واقعتاً ۔ (۹) برابر برابر ؛ متناسب طور سے ؛ نسبتاً ؛ از راہ تناسب ۔

Fairness : (n) (۱) حسن ؛ خوبصورتی ؛ خوب روئی ۔ (۲) صباحت؛ صاف رنگ ھونا؛ (جلد وغیرہ کا) ؛ (۳) (انتظامیہ) خوش معاملگی ؛ انصاف ۔

Fairway/-Fare-way : (n) (۱) کسی ندی میں یا چٹانوں،ریتوں وغیرہ کے بیچ قابل جہازرانی؛ جہاز کاراستہ ۔ (۲) (گولف) گولف کورس میں ٹی اور پٹنگ گرین کے بیچ کا چکنا اورصاف ستھرا حصہ ؛ گولف کے میدان کی راہیں ۔

In a fair way to succeed : کامیابی کے لگ بھگ ۔

Fairy : (n) [OF. f.'faerie.'] (۱) (اساطیر) پری ؛ فوق الفطری ہستیوں میں سے سب سے چھوٹی ہستی جسے عموماً طلسماتی قوتوں کی حامل اور انسان کےہر اچھے برے میں دخل رکھنے والی تصور کیا جاتا ھے ۔(۲) ساحرہ ؛ جادوگرنی ۔ (۳) ایک چھوٹی حسین عورت یا بچہ ۔ (٤) طلسمات ۔ (۵) کسی عجیب وغریب واقعے، اتفاقی، عجیب یا حیرت انگیز ترقی وغیرہ کا بیان ۔

Fairy : (a) (۱) پریوں کا ؛ پریوں سے متعلق ؛ پریوں جیسا ؛ پری وش ؛ پری رو ۔ (۲) خیالی ؛ فرضی ؛ افسانے کا۔ (۳) خوبصورت؛ حسین ؛ خوب رو ؛ روپ ونت ؛ شکیل ۔ (٤) نازک ؛ نرم ؛ نفیس ؛ نفیس بنایا ھوا یا بُنا ھوا ۔ (۵) ننھا سا ؛ چھوٹا سا ۔ (٦) مسحور؛ لبھایا ھوا ؛ جس سے دھوکا ھوجائے ؛ فریب دہ ؛ پُر فریب ۔

Fairy bird : (n) (۱) (حیوانیات) خرشنہ ؛ دریائی ابابیل ۔ (۲) ایک قسم کا دریائی پرندہ جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ھوتی ھے ۔

Fairy cheeses : (n) (۱) (حیاتیات) خبازی ؛ پنیرک ۔ (۲) میوہ پنیرک کوتاہ ۔

Fairy-circle : (n) (۱) دیکھو Fairy-ring ۔(۲) پریوں کا رقص ۔(۳) رقص کرتی ھوئی پریوں کا گھیرا یا دائرہ ۔(٤) ایک قسم کی صنوبری سدا بہار جھاڑی جو دائرہ نما شکل میں کثرت سے اُگتی ھے ۔

Fairy-circled : (a) رقص کرتی ھوئی پریوں سے بنے ھوئے دائرے والا ؛ دائرہ دار ؛ پریوں کے دائرے والا ۔

Fairy cups : (n) (۱) ایک قسم کا ولایتی پودا جس کے پھول خوشبو دار اور زرد ھوتے ہیں ؛ گاؤزباں ؛ Primula veris کا دوسرا نام (ایک خود رو پودا جو چراگاھوں اور گھاس والے کناروں میں ھوتا ھے) ؛ گل پنجہء علی ۔ (۲) (امریکا) ایک طرح کا پودا جو مرطوب چراگاھوں میں اُگتا ھے اورجس کا پھول سنہرا ھوتا اور آغاز بہارمیں کھلتا ھے؛ امریکی گاؤزباں ۔

Fairy cupped : (a) گاؤزباں کی شکل کا ؛ گل پنجہء علی جیسا۔

Fairy-dart : (n) دیکھو Fairies-arrow

Fairy-flax : (n) برسال اگنے والی ایک یورپی بوٹی جس کے پھول سفید یا زردی مائل سفید ہوتے ہیں اور جس کے بیج دست آور یا دافع قبض ہوتے ہیں۔

Fairy-grass : (n) ایک قسم کی گھاس۔

Fairy hood : (n) پری کا سا یا پرستانی حالت۔

Fairy lamps/- lights : (n) آرائشی فانوس ؛ چھوٹے رنگین قمقمے جو آرائش میں کام آتے ہیں۔

Fairy land : (n) (۱) پرستان ؛ پریوں کا مقام ؛ ارض الجن ؛ موطن ساحر۔ (۲) دل فریب اور حسین جگہ۔

Fairy-loaf : (n) ایک متحجر بحری خار پشت جس کے متعلق قیاس کیا جاتا ھے کہ پریوں نے بنایا ھے۔

Fairy-martin : (n) ابابیل جیسا ایک چھوٹا، اڑنے والا آسٹریلوی حیوان جس کے اگلے اور پچھلے پاؤں چمگادڑوں کی طرح ایک چوڑی جھلی سے جڑے ہوتے ہیں جو اڑنے کے کام آتی ھے اس کو flying phalonger یا flying squirrel بھی کہتے ہیں۔

Fairy-money : (n) دیکھو Fairies-treasure

Fairy-mushroom : (n) سانپ کی چھتری۔

Fairy of the m[illegible] : ایک شریر روح جو (تصور کیا جاتاھے کہ) کانوں (معادن) میں رہتی ھے۔

Fairy-ring : (n) (۱) گہرے رنگ کے گھاس کے حلقے جن کے متعلق کہاجاتا ھے کہ پریوں کےناچ سے پیدا ہوجاتے ہیں۔ (۲) گھاس کا وہ دائرہ جس کے گرد دوسرے رنگ کی گھاس اُگ آتی ہو اور جو دراصل مخصوص سماروغ کے اُگنے سے بن جاتا ھے مگر جسے عوام پریوں کے رقص کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔

Fairy-shrimp : (n) ایک برطانوی میٹھے پانی والا قشری جانور۔

Fairy-stone : (n) (۱) ایک متحجر بحری خار پشت؛ بھدی اور عجیب و غریب شکل کا متحجر۔ (۲) چقماقی پیکان ؛ چقماق کی نوک ؛ نوکدار پتھر۔

Fairy-tale : (n) [After F.'conte de fee'.] (۱) پریوں کی کہانی ؛ پریوں کا قصہ۔ (۲) من گھڑت قصہ ؛ افسانہ۔

Fairydom : (n) پرستان۔

Fairyism : (n) (۱) پری پن ؛ سحرکاری ؛ ساحرانہ قوت۔ (۲) پریوں کے وجود کے حالات ؛ پرستان۔ (۳) پریوں کے وجود کا عقیدہ ؛ پریوں میں عقیدہ (رکھنا)۔

Fait accompli : (n) Fr.] امرواقعہ؛ قطعی فیصلہ؛ اٹل فیصلہ۔

Faith : (n) [L.'fidem'.] (۱) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) اعتقاد؛ عقیدہ۔ (۲) اعتبار؛ بھروسہ ؛ اعتماد۔ (۳) یقین ؛ اعتقاد۔ (٤) (دینیات) اعتقاد ؛ ایمان۔ (٥) دین؛ مذہب۔ (٦) معتقدات؛ عقائد۔ (۷) وعدہ؛ قول قرار ؛ بچن۔ (۸) وفاداری۔

Bad faith : (n) فتورنیت ؛ بےاعتباری؛ بے اعتمادی ؛ فریبی؛ فریب کار۔

Breach of faith : نقض عہد؛ عہد شکنی ؛ اعتماد شکنی۔

By or on my, thy, etc faith : (n) (قسم کے طور پر) حقاً ایماناً ؛ ایمان سے ؛ ایمان کی قسم۔

Commanedr or father of the faithful : (سیاسیات) امیر المومنین ؛ خلیفہ۔

Father of the faithful : ابراہیم علیہ السلام۔

Good faith : (n) صدق ارادہ ؛ صدق نیت ؛ وفاداری ؛ حسن نیت۔

Implicit faith : (فلسفہ ، نفسیات، تعلیمات) کامل اعتقاد۔

In (good) faith : (adv.) حقیقت میں ؛ واقعی۔

My faith : (n) آدھی قسم ؛ تقریباً نہیں کے برابر قسم۔

Of Faith : (n) جزو ایمان۔

On the faith of : ضمانت یا کفالت پر۔

Punic faith/Carthagiman-: (n) [L.'fides punica.'] غداری ؛ بے ایمانی۔

The faith : (n) (۱) دین حق ؛ سچا مذہب ؛ سچا دین۔ (۲) عیسائیت ؛ دین عیسوی۔

Faithfulness : (n) وفاداری ؛ نمک حلالی ؛ ایمانداری ؛ صدق دلی ؛ امانت ؛ اخلاص ؛ صحت ؛ درستگی ۔

Faithless : (a) (۱) بے ایمان ؛ بے اعتقاد ۔(۲) غدار ؛ ناقابل اعتبار ؛ غیر معتبر ؛ جھوٹا ؛ بے وفا ؛ دغاباز ۔ (۳) بے دین ؛ مرتد ؛ ملحد ؛ غیر مسیحی ۔

Faithlessly : (adv.) غداری سے ؛ بے وفائی سے ؛ بے اعتباری سے ؛ دغابازی سے ؛ غیر معتبر طور پر ؛ ملحدانہ ؛ بے ایمانی سے ۔

Faithlessness : (n) غداری ؛ بے وفائی ؛ دغابازی ؛ بے ایمانی ؛ بے دینی ؛ الحاد ؛ ارتداد ؛ نامسیحیت ۔

Faithworthy : (a) بھروسے کے لائق؛ قابل اعتماد؛ قابل اعتبار ۔

Faitour : (n) [L.'Factorem'.] (متروک) ٹھگ ؛ عیار ؛ فریبی ؛ خصوصاً وہ خانہ بدوش جو بیماری کابہانہ کرتا ھے یا قسمت کا حال بتانے کا ڈھونگ رچاتا ھے ۔

Fake : (n) (۱) (جہاز رانی) رسا ۔(۲) رسی یا رسے کا پیچ یا بل ؛ تار یا رسّے کی ایک لپیٹ جس طرح کنڈلی میں ھوتی ھے ۔

Fake : (n) (۱) (عامیانہ) چالبازی ؛ چال ؛ دھوکا ؛ اختراع ؛ گھڑی ھوئی بات یا بیان ؛ جعلی رپورٹ ۔ (۲) چالبازی کا آلہ کار ۔

Fake : (v) (جہاز رانی) رسّے کو کنڈلی کی شکل میں رکھنا؛ کنڈلی (Coil) بنانا ۔

Fake : (v) [Origin doubtful.] (۱) (عامیانہ) لیپ پوت کر قابل قبول بنانا ؛ دھوکا دہی کی غرض سےتحریف کرنا (دستاویزوغیرہ میں) ۔ (۲) بناوٹی بات کرنا ؛ یا بیان دینا ؛ چالبازی کرنا ؛ جُل دینا ؛ سازباز کرنا ۔(۳) (چوروں کی زبان میں) کوئی چال چلنا؛ کسی تدبیر کو انجام دینا؛ ختم کرنا؛ تباہ کرنا؛ غارتگری کرنا ؛ مجروح کرنا ؛ مارڈالنا ؛ لوٹ لینا ؛ بیکار کر دینا؛ چرا لینا ؛ یا چوری کرلینا ۔

Fakement - : (n) (عامیانہ) دھوکا ؛ چال ؛ حیلہ ؛ چغلی ؛ کوئی شے؛ کوئی چیز ٹھگنا؛ دھوکے سے روپیہ وغیرہ وصول کرلینا (بطوراسم) ۔

Faker : (n) دھوکا باز؛ چالیا ؛ چالباز ؛ جعلساز؛ ٹھگ ؛ لٹیرا ؛ چور ۔

Fakes : (n) (کان کنی) سلیٹی پتھر ۔

The faithful : (n) ایماندار ؛ مسلمان ؛ مومن ؛ سچا مسلمان ۔

To engage, pledge, plight (one's)faith : عہد کرنا ؛ یقین دلانا ؛ قول وقرارکرنا ۔

To give (one's) faith : یقین دلانا؛ اعتماد دلانا ۔

To kee p, break or violate (one's)faith : : اعتبار کھونا ؛ اعتماد کھونا ۔

To perjure (one's)faith : جھوٹی قسم کھانا؛ ایمان فروشی کرنا ۔

To pin one's faith to or upon : کامل یقین یا اعتماد کرنا یا ھونا ۔

Faith-cure : (n) علاج بالاعتقاد ؛ دعا، تعویذ یا جھاڑ پھونک سے علاج ؛ شفا بالعقیدہ ۔

Faith healer : (n) دعا، تعویذ یا جھاڑپھونک میں اعتقادرکھنے والا یا ان کے ذریعہ علاج کرنے والا ۔

Faith healing : (n) دعا، تعویذ یا جھاڑ پھونک کے ذریعہ شفا ۔

Faith philosophy : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) فلسفۂ اعتقاد ۔

Faithful : (a) (۱) وفادار ؛ باوفا ؛ نمک حلال ؛ صادق القول ؛ امین ۔(۲) ایمان دار ؛ سچائی کے ساتھ کام کرنے والا ؛ سچے دل اور سچی نیت سے کام کرنے والا ۔(۳) قابل اعتبار ؛ قابل اعتماد ؛ اعتبار کے لائق ؛ بھروسے کے لائق ۔ (٤) صحیح ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ مطابق حقیقت ؛ کالاصل ؛ مطابق اصل ۔ (۵) (خصوصاً جمع میں) سچےمعتقدین ؛ کسی مذہبی فرقے کے راسخ العقیدہ لوگ ؛ مومن ؛ جماعت المومنین ۔

Faithfully : (adv.) پُر اعتماد طورپر ؛ مخلصانہ ؛ وفادارانہ ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح طورپر ؛ کامل یقین کے ساتھ ؛ کامل اعتبار سے ۔

To deal faithfully with : سچی سچی بات کہدینا ؛ کھری بات کہنا ۔

To promise faithfully : حتمی وعدہ کرنا ۔

Yours fatithfully : پکا وفادار ؛ خطوط کے آخرمیں نام سے پہلے لکھا جانے والا ایک رسمی فقرہ جو اب کاروباری خطوط میں زیادہ مستعمل ھے ۔

Faki : (n) [Arab. 'faqih'.] افریقہ میں اسکول کے اساتذہ کا خطاب۔

Faking : (n) (سینما) کرتبی عکاسی۔

Fakir/Faquir/Fakeer : (n) [Arab. 'Faqir'.] (۱) مفلس ؛ غریب ؛ نادار ۔ (۲) درویش ؛ فقیر (خصوصاً مسلم) ۔ (۳) (غیرصحیح طور سے) ہندو بھگت ؛ ننگا جوگی یا سنیاسی۔

Fal-lal : (n) (۱) ٹیپ ٹاپ؛ زیب وزینت کی چیزیں ؛ سامانِ آرائش ؛ کپڑوں کی غیر ضروری آرائش ؛ ٹھاٹ باٹ۔(۲) دیکھو Fa-la ۔

Falbala : (n) [Origin unkn.] گوٹ ؛ مغزی ؛ زنانہ پیٹی کوٹ ؛ گلو بند وغیرہ کے لئے آرائشی لیس ؛ جھالر ؛ جھالر ؛ سنجاف۔

Falcade : (n) [L.'falcala'.] (گھوڑسواری) لنگوری چال میں گھوڑے کی وہ حرکت جب کولھے اور پاؤں بہت نیچے جھک آتے ہیں۔

Falcate : (a) [L.'Falcatus'.] (تشریح وغیرہ) ہنسیا کی طرح جھکا ہوا یا مُڑا ہوا ؛ درانتی نما ؛ خمیدہ ؛ ہلال نما ؛ ہلال آسا (حیوانیات، نباتیات) منجلی ؛ داسی۔

Falcated : (a) (ہیئت) ہلالی (قمر) داسی۔

Falchion : (n) [vulg.L.'falcionem'.] چوڑی ، خم کھائی ہوئی تلوار ؛ تیغہ۔

Falcidian : (a) [from'falcidius+-AN'.] (فرانسیسی قانون) فالسیڈیوس کا رائج کردہ قانون جس کے مطابق کسی رومن شہری کو اپنی ملکیت کا کم سے کم چوتھائی حصہ اپنے جائز وارثوں کےلئے چھوڑنے کی اجازت تھی۔

Falcidian portion : (n) کسی رومن شہری کی ملکیت کا وہ چوتھائی حصہ جو فرانسیسی قانون کےمطابق شہری اپنے وارثوں کےلئے چھوڑنے کا مجاز تھا۔

Falciform : (a)[f. L.'falx'.] (تشریح) درانتی نما؛ درانتی شکل؛ خمیدہ ؛ ہنسیا جیسا ؛ مُڑا ہوا ؛ خمدار۔ (حیوانیات) ہلال نما۔

Falciform cartilage : (n) (تشریح) خمیدہ یا خمدار غضروف۔

Falciform ligament : (n) (تشریح) خمدار رباط۔

Falciform process : (n) (تشریح) خمیدہ ابھار۔

Falcon : [Origin doubtful.] (طیوریات) باز؛ شکرہ ؛ شاہین (باز کے شکار کی اصطلاح میں) صرف مادہ باز کےلئے۔

Royal falcon : (حیوانیات) شاہین ؛ شاہباز۔

Falcon-eyed : (a) باز جیسی آنکھوں والا ؛ شاہین نظر ؛ شکرہ نگاہ۔

Falcon face : (a) شاہین نما؛ باز کی شکل کا۔

Falcon- gentle : (n) [After F. 'faucon gentil'.] مادہ یا بچہ شاہین۔

Falconer : (n) (۱) باز آموز ؛ شاہین باز ؛ بازوالا ؛ بازدار ۔ (۲) باز سے شکار کرانے والا ؛ باز کی مدد سےشکار کرنے والا۔

Falconet : (n) (۱) (تاریخ) ہلکی توپ (جو سولھویں اور سترھویں صدی میں مستعمل تھی) ۔ (۲) ایک قسم کی چڑیا جس کی چونچ آگے سے مُڑی ہوئی ہوتی ہے؛ باز صغیر ۔ (۳) (حیوانیات) بازچہ ؛ باز بچہ۔

Falconiformes : (n) (حیوانیات) صیاد طیور؛ شکاری پرندے۔

Falconine : (a) [f. L.'falconem'.] شکرے جیسا؛ شاہین نما ؛ باز تمثال ؛ شکرے کی ایک قسم سے متعلق۔

Falconry : (n) شاہین بازی ؛ شکرہ بازی؛ بازکی پرورش اور تربیت کا فن یا پیشہ۔

Falculate : (a) [f.L. 'falcula'.] چھوٹی ہنسیا یا درانتی کی شکل کا ؛ چھوٹا اور خمدار؛ (حیوانیات) کنٹیا دار۔

Faldage : (n) [OE.'fald'.] (قانون) ایک پرانی رعایت جس کے مطابق تعلقہ دار اپنےتعلقہ کے اندر کسی کھیت میں باڑے بنوا سکتاتھا جس میں اس کے اسامیان کھیت کی زرخیزی کےلئے اپنی بھیڑیں رکھنے کےلئے پابند تھے۔

Falderal/Falderol : (n) (۱) کٹھ پتلی ؛ کھلونا ۔(۲) دکھاوٹی ؛ ٹیپ ٹاپ کی چیز ؛ پوچ چیز ؛ نمائشی چیز؛ ناقص یا کمزور چیز ۔ (۳) گیتوں میں ٹیپ کا مصرع ؛ ترجیع (جو ہر بند کے آخر میں آتا ہے)۔

Faldetta : (n) [It.t.dim.of 'falda'.] ایک بے آستین کی قبا جس میں سر اور گردن کی پوشش بھی جڑی ھوتی ھے اور جسے مالٹا کی عورتیں پہنتی ہیں ۔

Faldstool : (n) [OHG.'faldan+stuol'.] (۱) لاٹ پادری کی بےہتھے کی کرسی ۔ (۲) مسیحی عبادت میں گھٹنے ٹیکنے کے لئے مُڑنے والی تپائی یا چوکی ۔ (۳) ورد اور وظیفه پڑھنے کی چوکی ۔

Falerin (e) : (n&a) [L.'Falernum.'] کمپانیا کی شراب ۔

Falerinian : (a) قدیم ملک کمپانیا (Compania) یا اس سے متعلق ۔

Falerinian : (n) دیکھو Falerin (e)

Falk : (n) آک (پرندہ کا مقامی نام) ۔ اُسترا منقار (پرندہ) کا مقامی نام ۔

Fall : (n) [M. E] (۱) (گرنا ۔ (۲) قوت کشش کے باعث نیچے گرنا یا ٹپکنا ؛ گرنے یا ٹپکنے والی چیز ۔ (۳) (خصوصاً امریکا میں) موسم خزاں ؛ پت جھڑ کا زمانه ؛ خریف ۔ (٤) کسی چیز کے گرنے کا انداز ۔ (۵) پیدائش یا پیداوار (خصوصاً بھیڑ بکریوں کی) مقداریا تعداد ۔ (٦) زوال ؛ غروب ؛ ہبوط ؛ اُتار ؛ انحطاط ؛ تنزل ؛ انزال ۔ (۷) دریا کا سمندر میں اُترنا یا گرنا؛ وہ مقام جہاں دریا سمندر سے ملتا ھے ۔ (۸) ڈھلان سے نیچے چشمےیا آبشارکا اُتار ؛ آبشار ؛ چشمه ؛ جھرنا (جمع میں) واٹر فال ۔ (۹) کسی سطح یا خاکے کا نشیب ؛ خاکے کانشیب ؛ ڈھلان ؛ اتار ۔ (۱۰) کسی چیز کے گرنے کا فاصله ۔ (۱۱) (زمین، پانی وغیرہ کی) سطحوں کا فرق ۔ (۱۲) موسمیاتی آلے کے سیّال کا اترنا یا گرنا؛ درجۂ حرارت کا کم ھونا ؛ گھٹنا ۔ (۱۳) (موسیقی) سُر یا آواز کا اُتار ؛ گیت کے بند کا اختتام ۔ (۱٤) قدر، قیمت وغیرہ میں کمی ؛ اُتار؛ انحطاط یا پستی ۔ (۱۵) زمین کی طرف جھکنا ؛ (نیز استعارتاً) کسی ادارے کازوال یا انحطاط ۔ (۱٦) (کُشتی) مخالف کے ذریعه پٹکا جانا یا چت ھونا ؛ کُشتی میں چت ھونا ؛ کُشتی کے مقابله کا ایک راؤنڈ (داؤ) ۔ (۱۷) درختوں کا کٹنا ؛ ایک درخت میں کٹی ھوئی یا کاٹی ھوئی لکڑیوں کی مقدار ۔ (۱۸) شہر، قلعے وغیرہ کی تسخیر یا سپردگی ۔ (۱۹) (مجازاً) ترغیب یاتحریص سے مغلوب ھونا ؛ بہکاوے میں آجانا ؛ اخلاقی زوال ۔ (۲۰) قتل ؛ تخریب کاری ؛ ہزیمت ؛ تباہی ؛ غارت گری ۔ (۲۱) ایک پیمائش (پرچ، پول روڈ = ۵ $\frac{۱}{۲}$ مربع گز)؛ ایک فرلانگ کا چالیسواں حصه ۔ (۲۲) گردن میں پہنی جانے والی ایک سپاٹ پٹی یا کالر ۔ (۲۳) عورتوں کا ایک طرح کا برقعه ؛ زنانه نقاب کی ایک قسم ۔ (۲٤) (میکانیات، جہازرانی) رسّا چرخی کا ڈھیلا سرا جس کے ذریعه بادبان کو کھولا جاتا ھے ؛ گانٹھ وغیرہ کو اتارنے کا سازو سامان ؛ باربردار آنکڑے کی رسی ۔ (۲۵) مقدارترکه ۔ (۲٦) بارش وغیرہ کی مقدار ۔

Fair fall : حسن اتفاق ؛ حسین موقع ۔

Foul fall : سوء اتفاق ۔

The fall : زوال ؛ ہبوط؛ سقوط؛ شکست ؛ مغلوبیت ۔

The fall of man : آدم کی معصیت ؛ آدم کا نکالا جانا ۔

To try a fall : کُشتی ؛ کُشتی میں چت ھوجانا (حقیقی اور مجازی دونوں معنوں میں) ۔

Fall : (n) [OE.'fealle'.] (۱) گرنے والی چیز یا وہ چیز جو گرتی ھو ۔ (۲) دروازہ جو فرش یا چھت میں لگا ھو ؛ سقفی دروازہ ؛ فرشی دروازہ ۔ (۳) اُتھاؤ زینه ۔

Fall : (n) (۱) وھیل کے دیکھے جانے یا برچھا (ہارپون) لگنے پر آواز ۔ (۲) وھیل کا تعاقب ۔

Fall : (v) [OE.feallan.] (۱) گرنا ؛ ٹپکنا ؛ گرپڑنا ۔ (۲) پیدا ھونا (جانوروں کا) ۔ (۳) زوال پذیر ھونا؛ منزل ھونا ؛ انزال ھونا ؛ رتبے یا درجے کا کھو دینا ؛ قدرو قیمت گھٹ جانا ۔ (٤) جھپٹنا ؛ جھپٹ کرگذرنا ۔ (۵) ٹوٹ کر الگ ھوجانا ؛ اکھڑ جانا ؛ لٹک جانا ؛ لٹکتے رہ جانا ۔ (٦) گرنا؛ کم ھونا (قیمت وغیرہ) ؛ اُترنا (باد پیما کے پارے کا) گھٹنا ؛ کم ھونا ؛ (حرارت کا) ۔ (۷)گرنا ؛ اترنا (دریا وغیرہ کا) ؛ گھٹنا ۔ (۸) اوندھا ھوجانا ؛ منه کے بل گرجانا؛ زمین پر گر پڑنا ؛ کسی کو اوندھا گرا دینا ۔ (۹) مصیبت میں مبتلا ھونا ؛ تہس نہس ھوجانا ۔ (۱۰) کسی سمت یا رخ پر ھونا ؛ کسی سمت میں جھکنا ؛ جھك جانا ؛ خمیدہ ھوجانا ۔ (۱۱)راجع ھونا۔ (۱۲) واقع ھونا (کسی تاریخ کو) ؛ منتج ھونا ؛ پیش آنا ؛ واقع ھونا ۔ (۱۳) دشمن کےقبضے میں چلا جانا (شہر، قلعے وغیرہ کا) ۔ (۱٤) (کسی حالت سے) نکلنا ؛ باہر آنا یا آگے بڑھنا ۔ (۱۵) (سلسله کلام) جاری کرنا ؛ شروع کرنا ۔ (۱٦) (زمین کا) ڈھلوان ھونا ؛ نشیبی ھونا۔ (۱۷) (ندی ، چشمے

Woman falls : عصمت کا جاتے رہنا ۔

Fall aboard :(v) وارکرنا یا مقابلہ کرنا ؛ مقابلہ پرآنا ۔

Fall across : (v) اتفاقاً ملنا ؛ مڈبھیڑ ہوجانا ؛ دوچار ہوجانا ؛ اچانک حملہ کرنا ؛ اچانک آپڑنا ۔

Fall astern : (v) (جہازرانی) پیچھےرہ جانا ؛ یا پیچھے ہٹنا یا پھرنا ۔

Fall away : (v) (١) پھرجانا ؛ بغاوت کرنا ؛ غداری کرنا ؛ مُرتد ہوجانا ۔ (٢) گھُن لگنا ؛ مٹ جانا؛ فنا ہونا ۔ (٣) (مکان کا) ڈھینا ؛ گرجانا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ کمزور ہونا ۔ (٤) قد یا لمبائی میں کم ہونا ؛ بتدریج چھوٹا ہونا ۔ (٥) راہ سے ہٹ جانا ؛ بھٹک جانا ۔

Fall back/-edge : (n) ہرچہ باداباد ؛ جوبھی ہو ؛ جو کچھ پیش آئے ؛ جو ہو سو ہو ۔

Fall back : (v) پیچھے ہٹنا ؛ پسپاہونا ؛ واپس لوٹنا ؛ راہ دینا ؛ راستہ چھوڑنا ۔

Fall back on/-upon : واپس ہونا یا واپسی کا حکم دینا ۔ (٢) (مجازاً) (کسی چیزکا) سہارا لینا (جب دوسرے سہارے ختم ہوجائیں) ۔ (٣) رجوع کرنا ۔

Fall-back pay : (١) دیکھو Call pay ۔ (٢) (تجارت) بیکاری اجرت ۔

Fall behind : (v) پیچھے رہ جانا ؛ بہت آہستہ چلنا ؛ صف سے نکل جانا ؛ پیچھے چھوٹ جانا ۔

Fall board : (n) فرشی دروازہ ؛ فرشی قلابے سےلگا ہوا شٹر (ٹوٹواں کواڑ) ۔

Fall down : (v) (١) نیچے گرنا ؛ ڈھلواں سمت میں گرنا ؛ جھکنا ؛ خم کھانا ؛ خمیدہ ہونا ؛ سجدے میں گرنا ؛ اوپرسے نیچے کی طرف آنا ۔ (٢) (ندی وغیرہ کا) نشیبی سمت میں بہنا یا سمندر میں گرنا ۔

Fall down : (v) (١) گرجانا ؛ نیچے آپڑنا ؛ مغلوب ہونا ؛ شکست کھانا؛ ساقط ہونا ۔ (٢) (جہاز وغیرہ کا) سمندر میں اترنا ۔

Fall due : (v) واجب الادا ہونا ؛ (رقم وغیرہ کا) ۔

Fall-for : (v) بہکاوے میں آجانا ؛ موہ لیاجانا ؛ دھوکے میں آجانا ؛ کھنچ جانا ؛ دلفریبی میں مبتلا ہونا ؛ گرویدہ ہونا ؛ خودکو کسی کے سپرد کردینا ۔

وغیرہ کا) نکلنا؛ جاری ہونا؛ شروع ہونا؛ پھوٹنا؛ (نیزاستعارتاً سڑک کےلئے) ۔ (١٨) دبنا؛ کم ہو جانا ؛ فرو ہو جانا ۔ (١٩) (چہرہ) اتر جانا ؛ سرد پڑجانا ؛ جوش کھو دینا ؛ ہیبت زدہ ، مایوس یا پست ہمت دکھائی دینا ۔ (٢٠) (موسیقی) دھیما سُر نکالنا ؛ مدھم آواز نکالنا۔ (٢١) بہکاوے میں آجانا (خصوصاً عورت کا) ؛ عصمت حوالے کرنا ؛ عورت کا اپنی عصمت کسی کے سپرد کر دینا ۔ (٢٢) مجروح یا مقتول ہو کر گر پڑنا ؛ تشدد کی وجہ سے مرنا ۔ (٢٣) عمارت وغیرہ کا ٹوٹ کر گرنا ۔ (٢٤) جلدبازی یا تشدد کے ساتھ آگے بڑھنا ؛ تیزی سے آگے بڑھنا ۔ (٢٥) یکسو کرنا ؛ (ایک چیز کا دوسری چیز سے) ٹکرانا ۔ (٢٦) انبار کی کسی مخصوص چیز پرروشنی ڈالنا یا دکھانا ۔ (٢٧) (کسی چیز کا) حصے بخرے یا ملك کے طور پر نکل جانا ۔ (٢٨) بوجھ یا فریضے کے طور پر آپڑنا ۔ (٢٩) اچانك یا اتفاقی آنا ۔ (٣٠) فطری طورپر واقع ہونا یا پیش آنا ۔ (٣١) فطرتاً قابل تقسیم ہونا ۔ (٣٢) تکملہ کے مطابق ہوجانا ۔ (٣٣) بعض مخصوص حالت یا کیفیت سےمتاثر ہوکر (دفعتاً) گزرنا یا گزر جانا ۔ (٣٤) تمادی ہو جانا یا استحقاق باقی نہ رہنا ۔ (٣٥) اتارنا ؛ نیچا کرنا ؛ وقت پر ساتھ چھوڑ دینا ۔ (٣٦) اتفاقاً کسی بات کا منہ سے نکل جانا؛ کنایتاً کسی بات کا کہنا ۔ (٣٧) حصہ کے طور پر پانا ؛ حصہ پانا ؛ حاصل کرنا ۔

Eyes fall : نظریں نیچی ہوجانا ۔

Faces fall : پژمردہ ہونا؛ افسردہ ہونا؛ چہرہ اُترنا ۔

Fortress falls : قلعہ فتح ہوگیا ۔

To fall a prey, sacrifice, victim to : شکار ہونا ؛ ماراجانا ؛ ہلاك ہونا ۔

To fall in a snare/-into danger/-error etc. : مشکل میں پڑنا؛ خطرے میں گھرنا؛ پھندے میں پھنس جانا؛ دشواری پیش آنا ۔

To fall in love : محبت میں گرفتار ہونا ۔

To fall in (or to) pieces/-powder : ٹکڑے ٹکڑے ہوکر گرنا ؛ چورچور ہوکر گرنا ؛ پاش پاش ہونا ۔

To fall in two/-as under : دوٹکڑے ہوکر گرنا ؛ دوٹکڑے ہونا ۔

Wicket falls : (کرکٹ) کھلاڑی آؤٹ ہوگیا ؛ کھلاڑی کا آؤٹ ہونا ۔

Fall foul of : (v) (۱)ٹکرانا: متصادم ہونا۔(۲) (مجازاً) لڑپڑنا لڑنا: جھگڑنا ؛ مخالفت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ بگڑ بیٹھنا ؛ لڑپڑنا۔(۳) حملہ کرنا ؛ وارکرنا۔

Fall from Grace : سایہء رحمت سے نکل جانا ؛ گناھوں کا مرتکب ھونا۔

Fall in : (v) (۱) دیکھو Fall into ۔(۲) صف بندی کرنا ؛ صف بستہ ھونا ؛ صف میں کھڑے ھونا ؛ قطار میں کھڑے ھونا ؛ صف میں اپنی جگہ لینا ؛ قطار میں اپنی جگہ پر کھڑے ھونا۔(۳) ٹکڑے ٹکڑے ھو کر اندر کی طرف گرنا (عمارت اور چٹان وغیرہ کا)۔(٤) ھونا؛ واقع ھونا۔(٥) فوج کا قطارمیں کھڑے ھونا؛ پریڈ کرنا۔(٦) راضی ھونا: آمادہ ھونا ؛ موافق ھونا ؛ ٹھیك بیٹھنا ؛ درست ھونا۔

Fall into lines : (v) (فوج) قطار میں کھڑا ھونا یا کرنا۔

Fall into a rage : طیش میں آنا۔

Fall into conversation with : کسی سےباتیں کرنےلگنا۔

Fall into habit : (v) اختیار کرنا (عادت وغیرہ کا)۔

Fall in with : (v) (۱) اتفاقی ملاقات ھونا: ملنا: مڈبھیڑھونا۔(۲) اتفاق کرنا ؛ مان لینا ؛ قبول کرنا (کسی کے قول ، خیال یا رائے کا)۔(۳) متفق ھونا (کسی شخص سے): ہم خیال ھونا: متفق الرائے ھونا۔(٤) مطابق ھونا ؛ ڈھال لینا (اپنے تئیں) ؛ مطابق کرنا ؛ موافق کرنا۔(٥) (کسی منصوبے میں) شامل ھونا۔(٦) ہم آہنگ ھونا ؛ ہم ساز ھونا ؛ ہم سر ھونا ؛ ہم پلّہ ھونا؛ سازگاری کرنا۔(۷) ہم زماں ھونا ؛ ایك ہی وقت میں واقع ھونا۔

Fall off : (v) (۱) دیکھو To fall off ۔(۲) گرنا ؛ ٹپك پڑنا۔(۳) کسی منصب یا عہدے میں کمی ھوجانا۔(٤) (جہازرانی) جہاز کو ھَوا کے رخ رکھنے میں ناکامیاب ھونا۔(٥) (جہازرانی) ٹولی سے الگ ھو جانا ؛ ساتھ چھوڑ دینا ؛ ساحلی خط سے دور ہٹ جانا ؛ کسی خاص سمت میں مڑ جانا۔(٦) روبہ زوال ھونا ؛ اصالت یا شرافت کھو دینا۔

To fall off : (۱) (جانوروں میں) کھانے کی رغبت کا ختم ھوجانا ؛ بھوك مر جانا ؛ منہ پھیرلینا۔(۲) (جہاز کا) اپنے راستے سےہٹ جانا ؛ پتوار یا سکّان کےقابو سےنکل جانا۔(۳) الگ ھوجانا؛ ساتھ چھوڑنا ؛ علاحدگی اختیار کرنا ؛ واپس لینا ؛ پیچھے ہٹ جانا۔(٤) گھٹ جانا ؛ کم ھو جانا؛ انحطاط پذیر ھونا ؛ چھیجنا۔(٥) بغاوت کرنا۔

Fall of temperature : (طبیعیات) تپش کی کمی۔

Fall on : (v) (۱) (فوج) اچانك حملہ کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ آ پڑنا؛ دھاوا بولنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ہلاّ بول دینا۔(۲) مڈبھیڑ ھوجانا۔(۳) آسرا لینا ؛ پناہ لینا ؛ مددلینا۔(٤) بخوبی بسر ھونا۔(٥) لڑائی میں شریك ھونا؛ گرنا یا ٹوٹ پڑنا (کھانے پر)۔

To fall on one's feet or legs : (مجازاً) مشکل سے بچ نکلنا۔

To fall on one's sword : خودکشی کرنا۔

Fall out : (v) (۱) گر پڑنا ؛ زوال پذیر ھونا۔(۲) لڑ پڑنا ؛ جھگڑبیٹھنا: ناموافق ھونا؛ ہم خیال نہ ھونا۔(۳) واقع ھونا ؛ پیش آنا ؛ ظہور پذیر ھونا۔(٤) انجام بخیر ھونا ؛ ثابت ھونا یا کرنا۔(٥) (فوج) صف سےالگ ھو جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ پیچھے چھوڑ دینا۔

Fall out (radio active) : (n) (طبیعیات) اینٹمی غبار۔

Fall out of : (v) (۱) گرپڑنا ؛ گرنا ؛ زوال پذیر ھونا۔(۲) (فوج) عہدہ یا منصب سے علاحدہ ھوجانا ؛ صف سے الگ ھو جانا یا نکل جانا۔(۳) چھوڑ دینا ؛ ترك کردینا (عادت وغیرہ)۔

Fall out with : (v) جھگڑا کرنا ؛ غیرمتفق ھوجانا ؛ ہم خیال نہ رہنا۔

Fall over : (v) نیچے گر پڑنا۔

Fall prostrate/-flat/ Fall to the ground : (v) پانی بھرجانا ؛ خاك میں مِل جانا۔

Fall short : (v) (۱) کمی ھوجانا۔(۲) غیرمکتفی ھوجانا۔(۳) نشانے تك نہ پہنچنا (تیر یا گولی کا)۔(٤) ناکام ھونا ؛ چوك جانا۔

Fall short of : (v) (۱) حصول مقصد میں ناکام ھونا؛ قاصر رہنا؛ پورا نہ ھونا؛ انجام دہی میں ناکام رہنا۔(۲) پہنچنے، پانے یا حاصل کرنےمیں ناکام ھونا یا رہنا ؛ کسی مقدار یا درجے تك نہ پہنچنا۔

Fall through : (v) مسمار ھونا ؛ بیٹھ جانا ؛ نیست ونابود ھوجانا ؛ ختم ھو جانا ؛ ساقط ھو جانا۔

Fall to : (v) (۱) اختیار کرنا ؛ استعمال کرنا ۔ (۲) شروع کرنا (خاص کر کھانا، لڑائی، مارپیٹ وغیرہ) ؛ شروع کردینا۔ (۳) شروع کرنا (کسی فعل کا) ۔ (٤) کسی دروازہ (گیٹ) کا خود بند ہوجانا ۔

Fall trap : (n) سقفی دروازہ ؛ چھت کے قلابے سے لگاہوا شٹر (ٹوٹواں کواڑ) ۔

Fall under : (v) (۱) کسی ضمن میں ہونا ؛ کسی تقسیم کے تحت آنا یا ہونا ؛ کسی جماعت میں ہونا ۔ (۲) کسی کا محکوم ہونا ؛ کسی سے مغلوب ہونا ؛ (کسی عمل کا) موضوع ہونا ۔

Fall under observation : (v) مشاہدے میں آنا ۔

Fall unto : (v) دیکھو Fall to

Fall upon : (v) (۱) دیکھو Fall on ۔ (۲) ناگاہ رك جانا ؛ ساتھ لے لینا ۔ (۳) (ہندسہ) (کسی خط ، نقطے وغیرہ کو) ڈھك لینا ؛ پورے طور پر چھپالینا ۔

Fall upon a corrupt age : بُرے زمانے سے سابقہ پڑنا ؛ بُرے زمانے میں ہونا ۔

Fall within : (v) شامل ہونا ؛ دائرۂ عمل میں آنا ؛ حدود میں آنا ۔

Fallacies : (n) (منطق) مغالطے ؛ دھوکے ؛ بہلاوے ؛ فریب ۔

Fallacious : (a)[L.'fallacia'+-ous.] (فلسفہ، نفسیات،تعلیمات) مغالطہ آمیز ؛ مغالطہ دہ ؛ پُر فریب ؛ گمراہ کن ؛ مایوس کن ؛ وہمی ؛ فرضی ۔

Fallaciously : (adv.) مغالطے کے طور پر؛ پُر فریبانہ ؛ دغابازانہ۔

Fallaciousness : (n) مغالطہ آمیزی ؛ مغالطہ دہی ؛ پُرفریبی؛ دغابازی ۔

Fallacy : (n) [L.'fallax'.] (۱) (تجارت) مغالطہ ؛ سفسطہ ۔ (۲) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ ؛ مغالطے کی ایک صورت ۔ (۳) دھوکا ؛ فریب ؛ چال ؛ جھوٹ ؛ مغالطہ ؛ جُل ؛ چھل ؛ بہلاوا ؛ غلطی؛ غیر اعتمادی ۔ (٤) بوداپن؛ فریب کاری ؛ غیر تشفی بخش ہونا (دلیل یا اعتقاد کا) ۔ (٥) (فلسفہ) ایسا نقص جو کسی قیاس منطقی کوباطل کردے ؛ ایسےنقائص میں کوئی ایك سر؛ فسطائیت؛ غلط استدلال پرمبنی کوئی غلطی ۔ (٦) دلائل کا کمزورہونا؛ مغالطہ آمیزی یا پرفریبی (کسی رائے، قیاس، خیال وغیرہ کی) ۔

Converse fallacy of accident : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ اطلاق عام ۔

Direct fallacy of accident : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) بلاواسطہ مغالطہ اطلاق خاص ۔

Extra dictionem fallacy : (فلسفہ، نفسیات) غیر لفظیاتی مغالطہ ۔

Extralogical fallacy : (فلسفہ، نفسیات)ماورائےمنطق مغالطہ ۔

Genetic fallacy : (فلسفہ، نفسیات) نشائی مغالطہ ۔

Inductive fallacy : (فلسفہ، نفسیات) استقرائی مغالطہ ؛ مغالطہ استقرائی ۔

Inferential fallacy : (فلسفہ، نفسیات) استنباطی مغالطہ ۔

Non- inferential fallacy : (فلسفہ، نفسیات) غیر استنباطی مغالطہ ۔

Non-logical fallacy : (فلسفہ، نفیسات) غیر منطقی مغالطہ ۔

Pathetic fallacy : مغالطہ جذباتی (یعنی فطرات کا انسانی جذبات سے منسوب کرنا) ۔

Semi-logical fallacy : (فلسفہ، نفسیات) نیم منطقی مغالطہ ۔

Fallacy in dictionem : (فلسفہ، نفسیات) لفظیاتی مغالطہ ۔

Fallacy of accent : (فلسفہ، نفسیات) تاکیدی مغالطہ ۔

Fallacy of accident : (۱) (منطق) مغالطہ اتفاق ۔ (۲) (نفسیات، تعلیمات) مغالطہ اطلاق خاص ۔

Fallacy of affirming the consequent : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ اثبات موخّر ۔

Fallacy of ambiguous major : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ ابہام اکبر ۔

Fallacy of abiguous middle : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطۂ ابہام اوسط ۔

Fallacy of ambiguous minor : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ ابہام اصغر ۔

Fallacy of amphiboly : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) مغالطہ التباس کلام ۔

Fallacy of analogy : (منطق) مغالطہ تمثیل (ناقص) ۔

Fallacy of appeal to passion : (منطق) مغالطہ مرافعہ تشافقی ۔

Fallacy of argumentative circle : (منطق) مغالطہ دوران دوری۔

Fallacy of begging the question : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) مغالطہ ادعائے مدعا ۔

Fallacy of circular argument : (فلسفہ، نفسیات)مغالطہ دلیل دوری۔

Fallacy of co-effects : (فلسفہ، نفیسات) مغالطہ ہم محلولی ۔

Fallacy of co-existence : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ بہم موجودی۔

Fallacy of composition : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ ترکیب ۔

Fallacy of consequent : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ مؤخر ۔

Fallacy of denying the antecedent : (فلسفہ،نفسیات، تعلیمات) مغالطہ انکار مقدم ۔

Fallacy of division : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ تقسیم ۔

Fallacy of double question : (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) دو سوالی مغالطہ ۔

Fallacy of equivocation : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ ابہام لفظی۔

Fallacy of false cause : (فلسفہ ، نفسیات) مغالطہ علّت ناصواب۔

Fallacy of false conclusion : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ نتیجہ باطل۔

Fallacy of figure of speech : (فلسفہ، نفسیات)مغالطہ صنعت کلام۔

Fallacy of four terms : (فلسفہ، نفسیات)مغالطہ حدوداربعہ ۔

Fallacy of hysteron proteron : (فلسفہ ، نفسیات) مغالطہ ترتیب معکوس۔

Fallacy of ignoratis elenchi : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ جہل مدلول۔

Fallacy of illicit major : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ ناروا حد اکبر ۔

Fallacy of illicit minor : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ ناروا حد اصغر ۔

Fallacy of many questions : (فلسفہ، نفسیات) چند سوالی مغالطہ۔

Fallacy of negative conditions : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ شرائط منفی ۔

Fallacy of negative premises : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ مقدمات منفی ۔

Fallacy of negative questions : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ سوالات منفی ۔

Fallacy of non causa pro causa : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ تسبیب غیر سبب ۔

Fallacy of non sequitru : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ دلیل بےتعلق ۔

Fallacy of pititio principii : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ مفروض ناروا ۔

Fallacy of secundum quid : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ اطلاق ناروا ۔

Fallacy of selected instances : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ امثال منتخب۔

Fallacy of succession : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ توالی ۔

Fallacy of undistributed middle : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ عدم استغراق اوسط ۔

Fallacy of unproved hypothesis : (فلسفہ، نفسیات) مغالطہ مفروضہ غیرثابت ۔

Fallalery : (n) ٹیپ ٹاپ؛ بھڑکیلا اور بھونڈا زیور یا آرائش کا سامان ۔

Fallax : (n) باطلہ ۔

Bacillus fallax : عُصّیہ باطلہ ۔

Fallen : (a) (۱) پیش آمدہ ؛ تمام شدہ ؛ ختم ؛ گرایا ہوا ؛ ہٹایا ہوا ؛ معزول ۔ (۲) غروب شدہ (سورج) ۔ (۳) سکڑا ہوا ؛ مریل ؛ کمزور ؛ دبلا ؛ سوکھا ہوا ۔ (٤) جھکا ہوا؛ گرا ہوا؛ زمین پر پڑا ہوا؛ منہدم ۔ (٥) (The کے ساتھ) لڑائی میں مارے گئے؛ مقتولین ۔ (٦) (مجازاً) اخلاقی طور پرگرا ہوا؛ آبرو باختہ؛ عصمت فروش ۔ (۷) تقدیر کا ہیٹا؛ بدنصیب؛ بدبخت؛ مٹا ہوا؛ تباہ حال ۔

Fallen building clause : (تجارت) منہدم عمارت دفعہ ۔

Fallen on eviltimes : بُرے دن آنا ۔

Faller : (n) (۱) گرنے یا گرانے والا (خصوصاً بنائی کی مشین کا کوئی پرزہ) ۔ (۲) درختوں کو گرانے کی ایک مشین ۔ (۳) مشین کا وہ پرزہ جس کے گرنے سے مشین کام کرنے لگتی ہے؛ کھٹکا ۔

Fallibility : (n) خطا کاری ؛ فریب خوردگی ۔

Fallible : (a) [L.L.f. 'fallere'.] خطاپذیر؛ خاطی ؛ چوکنے والا ؛ دھوکا کھانے والا ؛ فریب خوردنی ۔

Fallibly : (adv.) خطا پذیری سے ؛ دھوکا کھاکر ۔

Falling : (n) (۱) گرنا؛ ٹپکنا ۔ (۲) رحم کی بیماری ۔ (۳) گرنے والا یا گرا ہوا ۔ (٤) (لسانیات) گراوٹ ۔ (٥) (طبیعیات) سقوط ؛ گراؤ ؛ رو بہ تنزل ؛ تنزل رو ۔

Falling : (a) (۱) (لسانیات) گرتا ہوا ؛ اترتاہوا ۔ (۲) ٹپکتا ہوا؛ لٹکتا ہوا؛ جھکتا ہوا؛ ڈھلواں ۔ (۳) روبہ زوال ؛ گھٹتا ہوا ؛ کم ہوتا ہوا ؛ ٹوٹتا ہوا ؛ مائل بہ انہدام ۔ (٤) مائل بہ معصیت ؛ مائل بہ ترغیب؛ مائل بہ عصمت فروشی ۔ (٥) پیدا ہوتا ہوا ۔

Falling-band : (n) گردن میں پہنی جانے والی ایک سپاٹ پٹی یا کالر ۔

Falling body : (n) (طبیعیات) ساقط جسم ؛ گرتا ہوا جسم ۔

Falling dipthong : (n) (لسانیات) گرتا دوہرا مصوتہ ۔

Falling-moulds : (n) [pl.] (تعمیرات) کٹہرے کی پچھلی اور نچلی سطح بنانے اور مربع نما کرنے کےلئے اوپری سروں پر لگائے گئے دو قالب ۔

Falling of the womb : راحم کا ٹل جانا یا اندام نہانی میں اتر آنا ۔

Falling pitch : (n) (لسانیات) اترتا سُر ۔

Falling sickness : (n) صرع ؛ مرگی ؛ اُم الصبیان ۔

Filling-sluice : (n) سیلاب دروازہ (جو سیلاب کی حالت میں خود بخود کھل جاتا ہے) ۔

Falling star : (n) شہاب ثاقب ؛ نیزک ؛ ٹوٹا ہوا تارا ۔

Falling starch : (n) (نباتیات) ساقط نشاستہ ۔

Fallopian : (a) [f. 'Fallopius', latinized name of an Italian anatomist.+ AN] (تشریح) Fallopius (فیلوپیئس) کا ایجاد کردہ یا اس سے منسوب ۔

Fallopian canal : (n) (حیوانیات) فیلوپی نالی ؛ قنات فالوپ یا فلوپی ؛ پرنی ٹونیم (غشائے مصلی) سے جڑی ہوئی دونالیاں جن سے ہوکرانڈا بیضہ دان یا مبیض سے رحم میں آتا ہے ۔

Fallopian duct : (n) (حیوانیات ، تشریح) بیض نالی ۔

Fallopian tubes : (n) (حیوانیات) دیکھو Fallopian canal

Fallow : (a) [Origin doubtful.] (۱)(زراعت) نکاشت؛ ورسیال ؛ اُوسر ۔ (۲) پرتی ؛ افتادہ ۔ (۳) سال رواں میں جس پر فصل نہ لگائی گئی ہو ۔

Fallow : (a) [OE.'falu'.] (۱) ہلکا بھورا ؛ ہلکا سرخ ؛ سرخی مائل زرد خصوصاً چکارا کے لئے ۔ (۲) ایک رنگ کا نام ۔

Fallow : (v) (۱) جوتنا ؛ فصل لگانے کے لئے زمین کو تیار کرنا ؛ نلانا ؛ کوڑنا ۔ (۳) پرتی یا افتادہ چھوڑ دینا؛ گھاس ختم ہونے اور زرخیز بنانے کےلئے کھیت کو جوت کر چھوڑ دینا (نیز استعارتاً) ۔

Fallow : (n) (۱) وہ زمین جس کو ہل چلا نے کے بعد ایک سال یا اس سے زیادہ عرصہ تک بغیر ہوئے چھوڑ دیا جائے ۔ (۲) اراضیء غیر مزروعہ ؛ پرتی زمین ؛ اوسر زمین ؛ افتادہ کھیت ؛ بن جوتی بوئی زمین ؛ بنجر ۔ (۳) پرتی یا افتادہ ہونے کی حالت یا مدت ۔

Fallow deer : (n) (۱) چکارا؛ ایک قسم کا چھوٹا نہایت چالاک اورنازک ہرن ؛ (حیوانیات) زرد ہرن ۔

Fallow field : (n) (تجارت) پرتی زمین ؛ افتادہ زمین ۔ (زراعت) افتادہ اراضی ؛ پرتی کھیت ۔

Fallowist : (n) زمین کو افتادہ چھوڑ دینے کا حامی ۔

Fallowness : (n) بنجرپن ؛ پرتی یا افتادہ ہونے کی حالت ؛ اوسرپن ؛ بیکاری ؛ نکماپن ۔

Falls : (n) (جغرافیہ) آبشار ۔

False : (n) (۱) جھوٹا (شخص یا چیز) ۔ (۲) دھوکے کا داؤ (حریف کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے) ۔ (۳) بناوٹ ؛ حیلہ ؛ تصنع ؛ جعل ؛ مکر ؛ جھوٹ ؛ دروغ بافی ۔

To play (a penson) false : دھوکا دینا ؛ غداری کرنا ۔

False : (a) [OE.'false'.] (۱) غلط ؛ مغالطہ آمیز ۔ (۲) بےقاعدہ ؛ بےاصول ؛ غیرقانونی ؛ باطل ؛ بیجا ۔ (۳) نا درست ؛ غیر صحیح ۔ (٤) خام ؛ ناقص ؛ نیم (جیسے نیم حکیم) ۔ (٥) نقلی ؛ جعلی ؛ فرضی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ کھوٹا ۔ (٦) جھوٹا ؛ کاذب ؛ دغاباز ؛ فریبی ؛ مکار ؛ جعل ساز ؛ دروغ آمیز؛ خائن ۔ (۷) مغالطہ دہ ؛ پُرفریب ؛ دروغ باف ۔ (۸) مسخ کرنے والا ؛ غلط بیانی کرنے والا ۔ (۹) (فوج) دشمن کو دھوکا دینے کےلئے ایجاد کردہ (بہانہ، مکر، جعل وغیرہ) ۔ (۱۰) (رنگ کےلئے) کچا ؛ نا پختہ ؛ ناپائدار ۔ (۱۱) (خصوصاً میکانیت) ضمنی ؛ ذیلی ؛ تکمیلی؛ (ریاضیات، کیمیا) جھوٹا ۔

False acacia : (n) انگلستان کے ایک آرائشی پودے کا نام ۔

False alarm : (n) بے بنیاد انتباہ ؛ بے بنیاد خطرے کابگل ۔

False amnion : (n) (حیوانیات) مشیمہ ۔

False attack : (n) فوج کی وہ بناوٹی نقل وحرکت جو حقیقی حملے سے دشمن کی توجہ ہٹانے کےلئےکی جائے ۔

False balance : (n) (کیمیا) جھوٹا توازن ؛ جھوٹی ترازو ۔

False bearing : (n) (تعمیرات) (کسی سردل کا) وہ سہارا جو بلاواسطہ کسی عمودی سہارے پر نہیں ہوتا ۔

False billing : (n) (تجارت) جھوٹا بل بنانا ۔

False-boding : (n) نقلی اظہار ؛ نقلی تجسیم ۔

False bottom : (n) (۱) کشتی میں کا عارضی (افقی) پردہ یا آوٹ ۔ (۲) کشتی کا افقی حصہ یا درجہ ۔

False cadence : (n) (موسیقی) پُر خلل اور مغالطہ آمیز لَے ۔

False cirrus : (n) (حیوانیات) کاذب قضیب ۔

False coiner : (n) جعلی سکّہ ساز ؛ جعلی، نقلی سکّے بنانے والا ۔

False colour : (v) کچّا رنگنا ۔

False colours : (n) جعلی جھنڈا (جس کے استعمال کا حق نہ ہو) ۔

To hang out false colours : غلط جھنڈے لگانا ؛ نقلی جھنڈے لٹکانا ۔

False colours/-dyes : (n) کچا رنگ ؛ ناپائدار رنگ ؛ جلد اڑجانے والا رنگ ۔

Under false colours : دھوکے سے ؛ فریب سے ؛ نقلی طور پر ؛ روپ بھرکر ؛ روپ دھار کر ۔

False concord : (n) (نحو) اصول مطابقت کی خلاف ورزی ؛ جملے میں الفاظ کی مطابقت کے کسی اصول کی خلاف ورزی ۔

False cowpox : (n) (بیطاری) کاذب گوتھی ستیلا ۔

False deck : (n) (جہاز سازی) بڑے عرشے کے اوپر کٹھرے کے سہارے پر بنا ہوا ایک سلاخ دار جنگلا ۔

False-derived : (a) غلط آمیز اشتقاق ؛ غلط طورپر ماخوذ ؛ غلط طور پر مستنبط ۔

False dice : (n) غلط ترازو ؛ کم تولنے کی ترازو ۔

False drawing : (n) خلاف اصول نقاشی ۔

False etymology : (n) (لسانیات) غلط اشتقاقیات ۔

False-faced : (a) نقلی چہرے والا ؛ مکار ؛ فریبی ؛ دغاباز ؛ جعل ساز ؛ دھوکاباز ؛ حیلہ گر ؛ جھوٹا ؛ دروغ باف ۔

False fire : (n) دشمن کو فریب دینے کے لئے یا رات میں سگنل یا اشارے کے طورپر جلائی یا لگائی گئی آگ ۔

False-hearted : (a) بےوفا ؛ غدّار ؛ دغاباز ۔

False-heartedness : (n) بےوفائی ؛ غداری ؛ دغابازی ۔

False-imagined : (a) غلط متصور ۔

False imprisonment : (n) (۱) (قانون) خلاف قانون قید ؛ کسی کے ساتھ مداخلت بیجا (اُسے خلاف قانون قیدی بنا کر) ؛ حبس بیجا ۔ (۲) (موسیقی) نا درست لَے ، بے سُر ۔ (۳) (نقابت) بیچ میں کٹا ہوا (مارکہ)۔

False keel : (n) (جہاز سازی) جہاز کے پیندے کا پشتی بان ۔

False keelson : (n) (جہازسازی) عارضی شہتیروں کی قطار جو فرش جہاز کے تختوں کو جہاز کے پیندوں پر قائم رکھتی ہے ۔

False key : (n) ہرقفلی کنجی ؛ کھوکھلی کنجی ؛ وہ کنجی جو تھوڑی سی تبدیلی کے بعد مختلف تالوں میں لگ سکے ۔

Falsely : (adv.) دھوکے سے ؛ بناوٹ سے ؛ حیلے سے؛ مکّارانہ ؛ دغابازانہ ؛ غلط طور پر ؛ جعل سازی سے ؛ بےایمانی سے ۔

False medium : (n) غلط واسطہ ۔

False mirror : (n) فریب دہ ۔

False note : (n) (موسیقی) غلط سُر ۔

False palate : (n) (لسانیات) مصنوعی تالو (بناوٹی تالو) ۔

False pillar : (n) (تعمیرات) عارضی کھمبا ؛ جھوٹا کھمبا ۔

False play : (n) غلط اقدام ۔

False-play : (v) غلط اقدام کرنا ۔

False position : (n) اڑچن میں پڑنا ۔

False post : (n) (جہاز سازی) عارضی ستون ؛ جھوٹا کھمبا ۔

False pride : (n) جھوٹا گھمنڈ ۔

False-promising : (n) جھوٹا وعدہ کرنا ؛ بد عہدی ۔

False quantity : (n) شعر کے مصرعے میں یا تلفظ میں کسی حرف علت کی حرکت کا امالہ ۔

False rail : (n) (جہازسازی) عارضی باڑ ؛ عارضی روک ۔

False relation : (n) (موسیقی) دو سُروں کے درمیان نغماتی سرتی کی علاحدگی ۔

False ribs : (n) (حیوانیات) کاذب پسلیاں ؛ دونوں پہلوؤں کی پانچ پانچ چھوٹی پسلیاں ۔

False ring : (n) (نباتیات) کاذب حلقہ ۔

False roof : (n) عارضی چھت ؛ چھت کا قالب ۔

False septum : (n) (حیوانیات) کاذب فاصل ۔

False shame : (n) جھوٹ موٹ کی شرم ۔

False start : (n) (دوڑ کا) اصول کے خلاف آغاز ؛ غلط آغاز (اکثر مجازاً) ۔

False statement : (n) (تجارت) جھوٹا بیان ۔

False stay : (n) (جہازسازی) عارضی روک ؛ عارضی سہارا ۔

False stem : (n) (جہازسازی) تیز دھارکی لکڑی جو جہاز کے سامنے پانی کاٹنے کےلئےلگی ہوتی ہے ۔

False step : (n) لغزش ۔

False stern : (n) (جہازسازی) عارضی دنبالہ جہاز ۔

False stern-post : (n) (جہازسازی) عارضی دنبالہ کا درمیانی سیدھا کھمبا ۔

False testimony : (n) (فلسفہ، نفسیات ، تعمیرات) جھوٹی شہادت ۔

False tissue : (n) (نباتیات) کاذب اسفنجیّہ ۔

False topaz : (n) زرد سنگ مردہ ؛ نقلی پکھراج ۔

False traitor : (n) نمک حرام ؛ غدّار ۔

False vocal cords : (n) (لسانیات) مصنوعی صوت تانت ۔

False weights : (n) جھوٹے باٹ ۔

Falsehood : (n) (۱) جھوٹی یا بناوٹی چیز یا بات ؛ خلاف واقع ؛ عدم صحت ؛ ناراستی ۔ (۲) فریب ، مکر ؛ دھوکا ؛ غدر ؛ جعل ۔ (۳) جھوٹ ؛ کذب ؛ دروغ بیانی ؛ غلط بات کو دعوے سے کہنا ۔

Falseness : (n) جھوٹ ؛ فریب کاری ؛ جعل سازی ؛ غدّاری ؛ دغا بازی ؛ مکّاری ؛ بے وفائی ؛ دروغ بافی ؛ حیلہ سازی۔

Falsetto : (n) [It.'dim.'of 'falso'.] (۱)معمولی سےزیادہ اونچی چیخ ۔(۲) آرگن باجے کے ایک پُرزے (رجسٹر) سےنکلنے والی ایک زوردار آواز ؛ بلند آواز؛ اونچی آواز ؛ اونچا سُر ۔(۳) اونچی آواز میں گانے والا ؛ اونچے سُر میں بجنے والا ۔

A falsetto tone/In- : جھوٹی آواز ؛ اکثر جھوٹے یا بناوٹی غصے کے معنے میں بھی آتا ھے ۔

Falsifiable : (a) قابل تحریف ؛ لائق تغلیط ؛ قابل تکذیب ؛ غلط یا جھوٹا بتانے یا ثابت کرنے کے لائق ۔

Falsification : (n) [f. L. L.'falsificare'.] (۱) عمل تغلیط ؛ کسی چیز کو جعلی ، غلط وغیرہ بنانے کاعمل ؛ جعل سازی ۔ (۲) تحریف ؛ بگاڑنا؛ (حقائق کی) غلط تاویل یا تعبیر ؛ مسخ کر دینا؛ غلط بیان ؛ دروغ بافی ۔(۳) (کسی چیز کو) غلط یا بے بنیاد بتانا ۔

Falsificator : (n) (۱) فریب کاری ؛ جعل سازی ؛ دروغ بافی وغیرہ کرنے والا ۔ (۲) فریب کار ؛ جعل ساز ؛ مکّار ؛ دھوکاباز ؛ دروغ باف ۔ (۳) حقائق کو توڑ مڑوڑ کر پیش کرنے والا ۔

Falsifier : (n) دیکھو Falsificator

Falsify : (v) [L.'falsus'.] (۱) جھوٹ، غلط ، جعلی وغیرہ بنانا۔ (۲) جھوٹ بتانا یا ثابت کرنا؛ باطل قرار دینا (خصوصاً قانون میں) ۔(۳) جعلی بنانا ؛ گھڑنا (دستاویز یا تحریر کا) ؛ تحریف کرنا ۔(٤) غلط بیانی کرنا ؛ بگاڑنا ؛ ڈنڈی مارنا ۔(٥) مایوس کردینا؛ پانی پھیرنا (امیدوں پر) مٹانا (خوف)۔

Falsism : (n) صریحاً غلط بیانی ۔(۲) ایک غلط اور فرسودہ بات یا قول ۔

Falsity : (n) (۱) حقیقت یا واقفیت سے اختلاف یا غیر موافقت ۔(۲) وہ چیز جو جھوٹی ھو ؛ کالعدم ؛ باطل ۔ (۳) بطلان ؛ عدم صداقت ؛ دروغ بافی ؛ جھوٹ ؛ فریب کاری ؛ خیانت ؛ سُقم۔

Falstaffian : (a) (۱) کردار Falstaff سےمتعلق ۔(۲) موٹا، خوش مزاج ، ظریف (شخص) ۔ (۳) نیز (Falstaff کا) فرسودہ اور بے ڈھنگا فوجی دستہ ۔

Faltboat /Fold boat : (n) [Fr. OHG faldan+boot.] ایک قسم کی تہ کی جانے والی ربڑ کی چھوٹی کشتی ۔

Falter : (v) [ME.'falden'.] (۱) ٹھوکر کھانا ؛ غلطی کرنا ؛ متامل ھونا ؛ رکنا ؛ پس و پیش ھونا یا کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا؛ ہچکچانا؛ پاؤں اکھاڑ دینا ۔ (۲) رُک رُک کر بولنا ؛ ہکلانا ؛ تتلانا ؛ رُک رُک کر ، ہکلا کر منہ سے بات نکالنا ؛ لٹ پٹانا ۔ (۳) حیص بیص میں ھونا ؛ پاؤں ڈگمگا جانا ؛ جھجکنا ؛ چونکنا ؛ گھبرا جانا ؛ دبنا ؛ ہٹنا ؛ چھوڑ دینا ۔(٤) کمزورکرنا ؛ توڑ دینا ؛ زوال پذیر ھونا ؛ گرنا ۔

Falter : (v) [OF. 'faltrer'.] (اناج کا) گاہنا ؛ صاف کرنا ؛ دونی یا اوسنی کرنا ؛ جھاڑنا ۔

Falter : (n) (۱) پس وپیش ؛ تامل ؛ ٹھوکر ۔(۲) لکنت ؛ حیص بیص ؛ تتلاہٹ ۔(۳) لڑکھڑاتی آواز ؛ رُکی رُکی آواز ۔

Falter out : (v) ہچکچاہٹ کے ساتھ یا اٹک اٹک کر یا رُک رُک کر بات کرنا ۔

Falteringly : (adv.) اٹک اٹک کر ؛ رُک رُک کر ؛ تامل سے ؛ ہچکچاتے ھوئے ؛ ڈگمگاتے ھوئے ؛ تتلاتےھوئے ؛ غیریقینی طور پر ۔

Falun : (n) ٹورین اور لوائر فرانس کی دورثالث کی گھونگے دار زمینی پرتیں ۔

Falunian : (a) (ارضیات) تیسرے ارضیاتی دور کے بالائی طبقۂ اوسط کا ۔

Falx : (n) [L.] (تشریح) دماغ اور حرام مغز کے مضبوط جھلی دار بیرونی غلاف کا اُبھار؛ مِنجل الدِماغ۔

Falx ceriberi : (n) دیکھو Falx

Famatinite : (n) [after 'Famatina'mountains in the Argentine, Republic.] سُرمئی تانبے کا سلف آئرسنائیڈ ۔

Famble : (n) [Origin 'doubtful'.] (عامیانہ) ہاتھ ۔

Famble : (v) [ME.] (۱) تتلانا ؛ ہکلانا ؛ رک رک کر بولنا ۔ (۲) بغیر بھوک یا رغبت کے کھانا ۔

Famble-crop : (n) (بول چال) جگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ ۔

Fame : (n) [L.'fama'.] (۱) شہرہ ؛ چرچا ؛ شہرت ؛ تشہیر ۔ (۲) افواہ ؛ عام خبر ؛ آوازہ ۔(۳) نیک نامی ؛ جس ؛ نام ؛ ناموری ؛ تعظیم ۔

House of ill fame : رنڈی خانہ ؛ چکلہ ۔

Fame : (v) مشہور ہونا ؛ معروف ہونا ؛ زبان زد ہونا ؛ مشہور کرنا ۔

Fameful : (a) نامور ؛ نیک نام ؛ مشہور ؛ معروف ؛ شہرت یافتہ ؛ شہرہ آفاق ۔

Fameless : (a) غیرمعروف ؛ گمنام ؛ غیر مشہور ۔

Famelessly : (adv.) گمنامی سے ؛ غیر معروف طورپر ۔

Familial : (a) (سماجیات) خاندانی ۔

Familiar : (n) (١) کسی گھرانے یاخاندان کا کوئی رکن ۔ (٢) (رومن کیتھولک چرچ) وہ شخص جو پوپ یا لاٹ پادری کے گھر میں مخصوص خدمات پر مامور ہو ۔ (٣) ملزم کو پکڑنے اورگرفتار کرنے پر مامورمحکمہ٭ تحقیقات وتفتیش کا ایک افسر ۔ (٤) بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ لنگوٹیا یار۔ (٥) موکل ؛ موکل جن ؛ بھوت وغیرہ (نیز استعارتاً)۔

Familiar : (a) [L.'familia'.] (١) (متروک) اپنے خاندان کا ؛ خانگی؛ گھریلو؛ گھریلو انداز کا ۔ (٢) بےتکلف؛ بیباک ۔ (٣) (جانوروں کےلئے)پالتو ؛ سدھایا ہوا ؛ مانوس کیا ہوا ۔(٤) خوب واقف ؛ آشنا؛ یار (عشق یا تعلق کے اعتبار سے) ؛ جانا بوجھا؛ اچھی طرح سے جانا ہوا ؛ نیا پرانا ۔ (٥) عام ؛ معمولی ؛ روزمرہ کا ۔ (٦) خوب واقف اور آشنا کسی مضمون سے)۔

Familiar spirit : (n) (١) موکل جن ؛ بھوت ؛ دیو وغیرہ ۔ (٢) (استعارتاً) اچھی شراب ۔

Familiarity : (n) [L.'familiaritatem'.] (١) بے تکلفی ؛ گھرا تعلق ؛ ربط ؛ گہری واقفیت (شخص یا مضمون سے) ۔(٢) لگاؤ یا تعلق (عشقیہ) ؛ (جمع) بوس و کنار۔ (٣) آزادانہ برتاؤ ؛ بے تکلف رسم و راہ (خصوصاً چھوٹوں سے) ۔ (٤) (علم النجوم) کسی معینہ وقت میں زمین سے مشاہدہ کرنے والے کو نظر آنے والے سیاروں کی اتصالی حالت ۔(٥) خو گری ؛ خو پذیری ۔

Familiarization : (n) (١) واقفیت ؛ روشناسی وغیرہ ۔ (٢) واقف کرانا ؛ آشنابنانا ۔

Familiarize : (v) (١) پوری طرح واقف کرادینا (کسی چیز یا شخص کو) ۔روشناس کرانا؛ معروف کرانا ۔ (٢) (کسی کو) آشنا بنانا یا کرنا؛ آشنائی کی کی سطح پر لانا ؛ بے تکلف کرنا ؛ یار بنانا ۔ (٣) بےتکلفانہ برتاؤ کرنا؛ آزاد روش اختیار کرنا ۔(٤) واقف کرانا ؛ روشناس کرانا ؛ آشنا کرانا؛ بےتکلف کرنا ۔

Familiarizer : (n) واقف ، روشناس ، بے تکلف کرانے والا ؛ آشنا کرنے یا بنانے والا ۔ (٢) یاربنانے والا ؛ آزادروش اختیار کرنے والا ۔

Familiarizingly : (adv.) واقفیت کے ساتھ؛ آشنائی سے ؛ روشناس ہو کر ؛ بےتکلفی سے ؛ بطوریارانہ ؛ بےتکلفانہ ؛ آزادانہ ۔

Familiarly : (adv.) (١) گھریلوطور پر ؛ بےتکلفی سے ؛ کامل واقفیت کے ساتھ؛ جان بوجھ کر؛ آشنائی سے؛ بطور یارانہ ۔(٢) عام طورپر؛ عموماً ؛ معمولاً ؛ روزمرہ کے طور پر ۔(٣) مانوس انداز میں ۔

Familiarness : (n) (١) گھریلوپن؛ بےتکلفی؛ بیباکی؛ آشنائی؛ یارانہ ؛ واقفیت ؛ جان بوجھ ؛ مانوسیت ۔ (٢) عمومیت ؛ معمولی پن ۔

Familism : (n) [f.L.'familia+-ISM.] (١) یہ عقیدہ کہ مذہب کی بنیاد محبت پر ہے اور یہ کہ کامل اطاعت کا انحصارمستحکم حکومت پر ہے؛ اس عقیدے کی پیروی ۔(٢) (فوریئر میں) کسی خاندان کےافراد پر مشتمل گروہ بندی کارجحان ۔

Familist : (n) (١) 'Family of love'فرقے کا رکن ۔(٢) سولہویں اور سترھویں صدی میں یورپ کاایک صوفیانہ اور قلندرانہ فرقہ ۔

Family : (n) [L.f.'famulus'.] (١) کسی حویلی کے نوکران ؛ کسی ایک گھرانے کے لوگ ۔ (٢) کسی فوجی افسر یا (ہندوستان میں) سرکاری افسر کے اہل کار ۔ (٣) ایک گھرانے کے لوگ ؛ ماں باپ ؛ والدین ؛ بچے ؛ اولاد؛ اہل وعیال ؛ خادم ؛ نوکر ؛ چاکر ؛ خاندان ؛ گھرانا ؛ کنبہ ؛ بھائی بند ۔ (٤) ماں باپ ؛ بھائی بند (خواہ وہ اکٹھے رہتے ہوں یا نہ رہتے ہوں ۔(٥) ہم جدی ؛ ہم نسل ؛ ہم قبیلہ ؛ ہم جنس ؛ ہم نوع ؛ ہم خواص ۔ (٦) قوم ؛ نسل ؛ پیڑھی ؛ ایک ہی نسل یا قوم کے لوگ ؛ کنبہ ؛ خاندان ؛ عشیرہ ۔(٧) اشخاص یا اقوام کی ملت یا جو سیاسی یا مذہبی تعلق سے متحد ہوں ۔ (٨) (سائنسی درجہ بندی میں) ہم جنس ۔ (٩) (فلکیات) نظام ۔ (حیوانیات) خاندان ؛ طائفہ ؛ سلسلہ ؛ نظام ۔ (١٠) دیکھو Family of love ۔ (١١) (ریاضیات) انحنا اور سطحوں کی کوئی لامتناہی ترکیب (Set) ۔

Patriarchal family : (n) (سماجیات) پدر اقتداری خاندان ۔

Patrilinial family : (سماجیات) پدرنسبی سلسلہ ۔

Polyandrous family : (n) (سماجیات) کثیر شوہری خاندان۔

Polygynous family : (n) (سماجیات) کثیر زوجی خاندان ۔

Punaluan family : (n) (سماجیات) پونالوون خاندان (مارگن کے مطابق خاندان کے ارتقا کا دوسرا مرحلہ جس میں گروہی شادی کا رواج تھا)۔

Rural family : (n) (سماجیات) دیہی خاندان ۔

To be in the family way : (سماجیات) حاملہ ہونا ۔

Unbroken family : (n) (سماجیات) غیر منتشر خاندان۔

Urban family : (n) (سماجیات) شہری خاندان ۔

Family adjustment : (n) (سماجیات) خاندانی توافق ۔

Family allowance : (n) (۱) (تجارت) خاندانی الاؤنس۔ (۲) (سماجیات) خاندانی بھتہ ۔(۳) (انتظامیہ) گذارہ عیال ۔

Family Bible : (n) گھر میں عبادت کے وقت استعمال کی جانے والی بڑی انجیل مقدس جس میں کچھ سادے ورق لگے ہوتے ہیں جن پر بچوں کی پیدائش اور خاندانی مندرجات یاد داشتیں لکھی جاتی ہیں ۔

Family budget : (n) (۱) (تجارت) خاندانی بجٹ ۔ (۲) (سماجیات) خاندانی موازنہ ۔

Family budget enquiry : (n) (۱) (تجارت) خاندانی بجٹ کی پوچھ گچھ۔ (۲) (شماریات) کنبہ کی تحقیقات ۔

Family butcher : (n) گھروں کے راتب کا قصاب ۔

Family circle : (n) (سماجیات)خاندانی حلقہ ؛تھیٹر یا اوپیرا ہاؤس کی ایک گیلری جو ممتاز نشستوں کے پیچھے یا اوپر ہوتی ہے ۔

Family coach : (n) (۱) بڑی سی بند گاڑی ۔(۲) ایک طرح کا کھیل جس میں ہارنے پر بعض مضحکہ خیز شرطیں پوری کرنی پڑتی ہیں ۔

Broken family : (n) (سماجیات) منتشر خاندان ۔

Composite family : (n) (سماجیات) متحد خاندان ۔

Conjugal family : (n) (سماجیات) ازدواجی خاندان ۔

Consanguine family : (n) (سماجیات) ہم جدّی خاندان ۔

Conventional family : (سماجیات) روایتی خاندان ۔

Equalitarian family : (سماجیات) مساوات پسند خاندان ۔

Extended family : (سماجیات) توسیعی خاندان ۔

Happy family : مختلف قسم کے جانور جو ایک ہی پنجرے میں ہوں ۔

Holy family/The - : مریم عذرا ؛ عیسیٰ مسیح ؛ سینٹ یوسف (اور اکثر) سینٹ یحیی اور سینٹ الزبتھ ۔

In a family way : بے تکلفانہ ۔

In the family way : پیٹ سے ؛ حمل سے ؛ حاملہ ۔

Joint family : (n) (سماجیات) مشترک خاندان ۔

Language family : (لسانیات) خاندان السنہ ۔

Maternal family : (سماجیات) مادری خاندان ۔

Matriarchal family : (سماجیات) مادر اقتداری خاندان ۔

Matrilinial family : (سماجیات) مادر نسبی خاندان ۔

Mid-palaeolithic family : (تاریخ) متوسط قدیم حجری دور کی نسل ۔

Of family : شریف النسل ؛ شریف ؛ خاندانی ؛ عالی خاندان ۔

Palaeolithic family : (تاریخ) قدیم حجری دور کی نسل ۔

Paternal family : (سماجیات) پدری خاندان ۔

Family compact : (n) اٹھارھویں صدی میں فرانس ، اسپین اور دونوں صقلیہ کے بوربون خاندان کا معاہدہ (انگلستان اور آسٹریا کے خلاف)۔

Family desertion : (n) (سماجیات) ترکِ خاندان ۔

Family disorganisation : (n) (سماجیات) خاندانی بدنظمی ۔

Family environment : (n) (سماجیات) خاندانی ماحول ۔

Family expense : (n) گھریلو اخراجات ؛ خانگی مصارف ۔

Family expense policy : (تجارت) کنبہ خرچ پالیسی ۔

Family head : (n) (تجارت) سربراہ خاندان ؛ صدر خاندان ۔

Family history : (n) (تجارت) تاریخ خاندان ؛ تاریخ کنبہ ؛ خاندانی سرگذشت ۔

Family hotel : (n) وہ ہوٹل جہاں اکثر پورے خاندان مقیم ہوتے ہیں ۔

Family immunity : (n) (طب) اعضاءِ نَسبی ۔

Family laws : (n) (انتظامیہ) قانون خانوادہ ۔

Family life : (n) گھریلو زندگی ؛ متاہل زندگی ؛ خانگی زندگی ۔

Family likeness : (n) خاندانی مشابہت ۔

Family living : (n) پادری معاش جس کے دینے کا خاندان کا بزرگ مجاز ہو ۔

Family man : (n) (۱) متاہل ؛ اہل وعیال والا ؛ گھربار والا ۔ (۲) ایک ذمہ دار گھریلو شخص ۔

Family of curves : (کسی غیر مقطع درجےکی یکساں مساوات والی) (ہندسہ) مختلف النوع انحناؤں کا ایک گروپ ؛ (شماریات) کنبہء منحنی ۔

Family of love ایک فرقہ جس کی ابتدا ہالینڈ اور نشوونما انگلینڈ (سولہویں صدی) میں ہوئی اور جس کا یہ عقیدہ تھا کہ مذہب کی بنیاد محبت پر ہے اور یہ کہ کامل اطاعت کا انحصار مستحکم حکومت پر ہے ۔

Family of transformation : (لسانیات) خاندان تبادل ۔

Family organisation : (n) (سماجیات) خاندانی تنظیم ۔

Family planning : (n) (تجارت) خاندانی منصوبہ بندی ۔ (معاشیات) (سماجیات) خاندانی منصوبہ ۔

Family planning centre : (انتظامیہ) مرکز خاندانی منصوبہ بندی ۔

Family protection : (n) (تجارت) حفاظت کنبہ ۔

Family relief : (n) (معاشیات) امداد قحط زدگان ۔

Family system : (n) (سماجیات) خاندانی نظام ۔

Family tree : (n) (۱) شجرہ نسب ؛ نسب نامہ ؛ خاندانی شجرہ ۔ (۲) لسانی شجرہ ؛ شجرہ السنہ ؛ زبانوں کا نسب نامہ ۔ (۳) ایک ہی نسل کی زبانوں کےباہمی رشتوں کو ظاہر کرنے والا خاکہ یا نقشہ ۔

Family wage : (n) (۱) (سماجیات ، تجارت) خاندانی اجرت ۔ (۲) کسی خاندان کی مجموعی آمدنی ۔ (۳) کسی خاندان کی گذر اوقات کےلئے ضروری آمدنی ؛ خاندانی مایحتاج ۔

Famine : (n) [L.f.'fames'.] (۱) (سماجیات، معاشیات،تجارت) قحط؛ بھوک مری؛ کال؛ گرانی ۔ (۲) قلت؛ کمی ۔

To die of famine : (۱) (مجازاً) بھوکوں مرنا ۔ (۲) قحط میں مرنا ۔

Famine bread : (n) ایک کائی نما نباتات جو قطب شمالی کے علاقہ میں پائی جاتی ہے اور جو کبھی کبھی خوراک کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Famine fever : (n) (۱) (طب) محرِقہء دماغی ؛ کال تپ ۔ (۲) ایک قسم کا بخار جس میں ارغوانی رنگ کے دانےنکلتے ہیں اورضعف بےحد ہوجاتا ہے اور عموماً ہذیانی بھی ہوتا ہے ؛ ٹائفائیڈ ۔ (۳) عود کرنے والا بخار ۔

Famine prices : (n) کال کے زمانے کی قیمتیں ۔

Famine relief : (n) (تجارت) قحط امداد ۔

Famine-stricken : قحط زدہ ۔

Famish : (v) [L.'fames'.] (۱) بھوکوں مرنا ؛ بھوکوں مارنا ۔ (۲) انتہائی فاقوں کی نوبت پہنچنا ؛ فاقہ کرنا ۔ (۳) انتہائی غذا کی قلت سے مصیبت میں پڑنا ۔ (٤) انتہائی بھوکا ہونا ۔ (٥) دانہ پانی سے محروم کر کے مارڈالنا ۔

To be famishing : (بول چال میں) بھوک لگنا ۔

Famous : (v) [L.'famosus'.] (متروک) مشہور کرنا ۔

Famous : (a) [L.f.'fama'.] (۱) مشہور؛ شہرہ آفاق ؛ معروف ؛ نامی ؛ نامور ۔ (۲) (بول چال) نہایت عمدہ : بڑھیا ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ بہت اچھا ؛ خوب ۔

Famously : (adv.) مشہورطورپر ؛ عمدہ طورپر ؛ نہایت عمدہ طور پر ؛ عمدگی کے ساتھ ؛ بہ آئین شائستہ ؛ خوش اسلوبی سے ؛ بہ اسلوب احسن (عامیانہ)۔

Famousness : (n) شہرت ؛ شہرہ ؛ نام ؛ نام وری ؛ خوبی ؛ عمدگی۔

Famp : (n) [Origin unkn .] چونا پتھر کی چٹانوں میں پایا جانے والا ایک سخت لہر یا چنیلا سلیٹ نما پتھر ۔

Famulus : (n) [L.] ملازم (خصوصاً کسی جادوگر ، شعبدہ باز یا علم داں کا)۔

Fan : (n) [L.'vannus'.] (۱)پنکھا ؛ باد کش ۔(۲) (حیوانیات) پنکھا نما (شے) ۔ (۳) ایک گھومنے والا پنکھا ۔ (٤) داسر۔ (۵) بھوسے سے اناج الگ کرنے کی مشین (انجینیئرنگ) چھاج ؛ باد افشاں ؛ دھونکنی ۔ (٦) (شاعرانہ) پنکھ ؛ ڈاننا ؛ بازو (پرند کا) ؛ بال ؛ پر ۔ (۷) پنکھے کی شکل کی کوئی چیز (مثلاً پتا ، پرند کی دم ، دریچہ وغیرہ) پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی آرائش کی چیز ۔ (۸) انجن کی پنکھی (یا پنکھا) ۔ (۹) پون چکی کی پنکھی؛ ہوا کی چکی کی پنکھی ۔ (۱۰) وھیل مچھلی کی دم کا چوڑا چپٹا مثلث نما ٹکڑا ۔ (۱۱) (جہازرانی) ہوائی مشینوں میں یا جہازوں میں لگے پنکھے کا پیچ یاپیچ کا ایک پھل ۔ (۱۲) (مچھلی کا شکار) چارہ ڈالنے کی ایک تدبیر ۔ (۱۳) پھٹکنا ، اڑانا یا پنکھا جھلنا ۔(١٤) (پون چکی میں) چھوٹا سا بادبان جس سے چکی کے پردوں کا رخ ہوا کی طرف رہتا ہے ۔

Propeller fan : (انجینیئرنگ) داسر پنکھا ۔

Fan : (n) [abbrev. of FANATIC.] (۱) سرگرم ؛ پرجوش ۔ (۲) (عامیانہ) رسیا (کھیل تماشے کا شوقین) ۔

Fan : (v) (۱) اناج پھٹکنا ، اڑانا یا اُسانا ۔(۲) بھوسی کو پھٹک کر اڑا دینا ۔(۳) پنکھے سے کسی چیز کو اڑا دینا ۔ (٤) پنکھا جھلنا ؛ پنکھا کرنا ؛ پنکھا ہلانا ؛ پنکھے سے ہوا دے کر کسی چیز کو ٹھنڈا کرنا ۔ (۵) آگ کو پنکھا کر کے یا ہوا دے کر بھڑکانا ؛ آگ بھڑکانا ؛ اشتعال پیدا کرنا ۔ (٦) (ہوا کا) آہستہ آہستہ چلنایا بہنا ؛ ٹھنڈا کرنا ۔ (۷) پنکھے کی طرح پھیلنایا پھیلا دینا۔ (۸) (کسی پر) آہستہ آہستہ سانس چھوڑنا یا پھونکنا ۔ (۹) (پنکھے سے یا پنکھے کی طرح سے) ہوا دینا یا ہوا مارنا ۔

To fan out : (پنکھے کی طرح) جھلنا ۔

Fan antenna : (n) (ریڈیو) پنکھا نما ہوائیہ ۔

Fan blower : (n) (انجینیئرنگ) باد افشاں ؛ دھونک مشین ۔

Fan- flower : (n) گرم ملکوں کی ، سفید پھولوں والی ایک جھاڑی۔

Fan-fly : (n) رفتار کم کرنے کا آلہ ۔

Fan-governor : (n) [Throttle-valve] بھاپ والے انجن کےبخارے کو باقاعدہ رکھنے والی پنکھی ۔

Fan-groining : (n) گوتھی عمارت کی کھڑکی کے اوپر آرائشی حصہ ۔

Fan- light : (n) دروازے کے اوپر کی پنکھا نما کھڑکی ۔

Fan- mount : (n) پنکھے کی فریم (جس پر پنکھا نصب ہوتا ہے)۔

Fan-painter : (n) پنکھا رنگنے والا ۔

Fan-palm: (n) پنکھا نما پتوں والے کھجور کا درخت ۔

Fan-plant : (n) نخلک ؛ ایک قسم کی چھوٹی کھجور ۔

Fan-shaped : (a) پنکھے جیسا ؛ پنکھا نما ؛ پنکھے کی شکل کا ۔

Fan-shell : (n) ایک صدفی مچھلی یا اس کا پوست ۔

Fan- stick : (n) پنکھے کی ڈنڈی ۔

Fan-structure : (n) (ارضیات) پنکھا نما ساخت ۔

Fan-tail : (n) (۱) پنکھے کی شکل کی دُم یا آخری سرا ۔ (۲) ایک طرح کا کبوتر ؛ لقا کبوتر (جس کی دم پنکھے جیسی ہوتی ہے) ؛ (حیوانیات) پنکھا دُم ؛ چتری (کبوتر) ۔ (۳) کوئلے کی کان میں کام کرنے والے کی ٹوپی ؛ پن روک

ٹوپی ۔(٤) مگس گیر پرندہ ۔(٥) خوشنما نسل کی چینی سرخ مچھلی ۔(٦) جنگلی یا پست قد گھوڑا ۔ (٧) کسی عمارت کا پنکھا نما حصہ ۔ (٨) بط کی چونچ جیسا جہاز کا گردنا ۔ (٩) دیکھو Fan tail deer ۔(١٠) آسٹریلیا میں پائے جانےوالےپرندے کی ایک جنس ۔(١١) (میکانیات) ایک قسم کا جوڑ ۔(١٢) گیس برنر کی ایک قسم جس کی فروزاں نلی محراب نما ہوتی ھے ۔ (١٣) ایک بڑی پن روک ٹوپی یا ہیٹ جسے جہازراں طوفانی موسم میں استعمال کرتے ہیں (سر اور گردن کی حفاظت کےلئے)۔

Fan-tail : (v) (وھیل مچھلی کا) دُم سے پنکھے کی طرح کام لینا ۔

Fan tail /Fan tail deer : (n) چھوٹی سفید دُم والا ہرن ۔

Fan-tail /Fan-tail -hat : (n) ایک بڑی پن روک ٹوپی یا ہیٹ جسے جہازراں طوفانی موسم میں استعمال کرتے ہیں (سر اور گردن کی حفاظت کے لئے)۔

Fan-tailed : (a) پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی دُم والے (خصوصاً پرندے اور مچھلیاں)۔

Fan-tan : (n) [chinese 'fantan'.] چین میں جوئے کا ایک کھیل : بازی بد کر تاش کا کھیل ۔

Fan-tracery : (n) گوتھی عمارت کی کھڑکی کے اوپر آرائشی حصہ ۔

Fan-vauling : (n) دیکھو Fan-tracery

Fan-window : (n) نصف قطری آئینہ دار پٹ والا نیم دائری دریچہ ۔

Fan-work : (n) دیکھو Fan-tracery

Fanam : (n) [Skr.'Pana'.] (١) جنوبی ہند کا ایک قدیم چھوٹا سکّہ ۔(٢) ٹراونکور کا ایک نقرئی سکہ (دوآنے کے برابر جو آزادی ہند سے قبل تک رائج تھا)۔ (٣) اس سکّے کی قیمت ۔

Fanatic : (a)[L.f.'fanum'.] (دینیات) کٹر ؛ متشدد ؛ متعصب ۔ (٢) خبطی ؛ جنونی ؛ مشتعل ؛ غضبناک ۔ (٣) کٹر ؛ متشدد؛ پرجوش ؛ سرگرم (خصوصاً مذہبی معاملات میں)۔

Fanatic : (n) (١) خبطی ؛ جنونی ؛ غضبناک ۔(٢) کٹر ؛ متشدد؛ متعصب ۔(٣) سترھویں صدی کے نصف میں یہ لفظ غیر مقلد پروٹسٹنٹ عیسائیوں کےلئے مستعمل تھا ۔

Fanatical : (a) کٹر ؛ متشدد ؛ متعصب ؛ متعصبانہ ؛ متشددانہ ۔

Fanatically : (adv.) (١) کٹرپن سے ؛ متعصبانہ ؛ متشددانہ ۔ (٢) غضبناک طورپر ؛ جنونی انداز میں ؛ متعصب طورپر ۔

Fanaticalness : (n) کٹر پن ؛ تعصب ؛ خبط ؛ جنون ؛ غضبناکی ۔

Fanaticism : (n) (١) خبط ؛ جنون ؛ اشتعال ؛ غضبناکی ؛ انتشار دماغی ۔ (٢) (دینیات) کٹرپن ؛ شدید تعصب ؛ (فلسفہ ، نفسیات) مجنونانہ عقیدت ۔ (٣) غلو ؛ غیر معقول سرگرمی؛ تعصب؛ تشدد ۔

Fanaticize/Fanatise : (v) تعصب یا تشدد برتنا ؛ تعصب یا جوش پھیلانا ؛ متعصب ہونا یا کرنا ؛ کٹر بننا یا بنانا ؛ متشدد ہونا یا بنانا ۔

Fancied : (a) (١)تصوراتی ؛ تخیلی ؛ وہمی؛ خیالی؛ قیاسی؛ فرضی ؛ غیر حقیقی ۔(٢) پسندیدہ ؛ محبوب ۔

Fancier : (n) (١) شوقین ؛ پرکھنے والا(کسی جانوریا چیزکا) ۔(٢) خیالی دنیا میں رہنے والا ؛ خواب و خیال کی دنیا میں رہنے والا؛ ہوائی محل بنانےوالا ۔ (٣) مصور ؛ فنی تصویریں بنانے والا ؛ نقاش ۔ (٤) جانور ، پودے ، نوادر وغیرہ کا شوقین اور پرکھنے والا نیز ان کی بہتر نسل تیار کرنے یا ان میں کسی خاص قسم کا وصف اجاگر کرنے کی غرض سے انہیں پالنے والا ۔

Dog fancier : کتے کا شوقین ؛ کتا پالنے اور اس کی پرکھ رکھنے والا ۔

Flower fancier : (n) پھولوں کا شوقین ۔

Pigeon fancier : (n) کبوتر کا شوقین ؛ کبوترباز ۔

Fanciers : (n) شوقین یا رسیا ۔

Fanciful : (a) (١) وہمی ؛ وسواسی ؛ خیالی ؛ متلون ؛ لہری ۔ (٢) انوکھا ؛ عجیب شکل کا ؛ انوکھی وضع سے آراستہ ۔(٣) فرضی ؛ غیر واقعی ؛ غیرحقیقی ؛ خیالی ؛ وہمی ؛ انوکھی شکل کا ۔ (٤) مصوری میں انوکھے پن کا مظاہرہ کیا ہوا ۔

Fancifully : (adv.) انوکھے طورپر ؛ نادر انداز میں ؛ عجیب طور پر ؛ فرضی طور پر ؛ غیر حقیقی طور پر؛ تصوراتی طورپر ؛ خیالی طور پر ؛ وہمی انداز میں ۔

Fancifulness : (n) انوکھا پن ؛ نادرانداز ؛ وہمی ؛ خیالی ؛ تصوراتی انداز ۔

Fancify : (v) (١) آراستہ کرنا ۔ (٢) واضح کرنا ۔

Fanciless : (a) غیر تخیلی ؛ غیر وہمی ؛ غیر تصوراتی ؛ غیر خیالی ؛ غیرفرضی ؛ حقیقی ؛ واقعی ۔

Fanciless compositions : (n) غیر فرضی نگارشات ۔

Fancily : (adv.) دیکھو Fancifully

Fanciness : (n) دیکھو Fancifulness

Fancy : (n) [A contr of 'FANTASY'.] (١) وہم ؛ وہمیات ؛ ظن ؛ گمان ؛ خیال باطل ؛ وسواس ۔ (٢) واہمہ (نفسیات) خوش خیالی ۔ (٣) تصور؛ تخیل کاری ۔ (٤) قیاس ؛ مفروضہ ۔ (٥) موج ؛ لہر؛ ترنگ ؛ تلون ؛ تلون مزاجی ۔ (٦) رغبت ؛ میلان؛ رجحان ؛ متلون ترجیح ۔ (٧) خاص اوصاف کو اجاگر کرنے کے لئے جانوروں کی اچھی نسلیں بنانے کا فن یا پیشہ نیز یہ اوصاف ۔ (٨) ایجاد ؛ اختراع ؛ اختراعی طرز ۔ (٩) بیباکانہ خیال؛ بےقاعدہ تخیل ۔ (١٠) چاہت؛ پیار ؛ الفت ۔ (١١) وہمی چیز ۔ (١٢) ذوق ؛ ناقدانہ رائے (فن اور لطافت کے سلسلے میں) ۔ (١٣) دیکھو The fancy ۔ (١٤) فیشن کی وقتی ضرورت کے مطابق بنائےگئے خوشنما کپڑے ۔ (١٥) ہیرا جس کارنگ نہ سفید ہو اور نہ نیلگوں سفیدرنگ کاہو ۔ (١٦) قوت تخیل وبیان (خصوصاً فنی اظہارمیں) موہوم شے کا درک اور اسےتخیل سے فنی شکل میں لانے کی قوت ۔ (١٧) رنگ برنگ کے پھولوں والا پودا ؛ رنگ برنگ کے پھول ؛ مختلف اللون پھول ۔ (١٨) کسی مخصوص فن کا رسیا یا شائق ۔ (١٩) جانوروں کا شائق ؛ ایسے شوق کی چیزیں ۔ (٢٠) کسی مخصوص فن ، پیشہ ، یا تفریحی مشغلے (مثلاً کھیل کود، مکہ بازی) کا رسیا، شائق یا ذوق رکھنے والا ۔ (٢١) دیکھو Fancy roller ۔

The fancy : (١) کسی تفریح یا مشغلے (خصوصاً انعامی مکّا بازی) کا رسیا یا شائق ۔ (٢) مکّا بازی؛ گھونسا بازی ۔ (٣) عام تفریح (کھیل کود) ۔

To catch the fancy of : گرویدہ کرنا ؛ مائل کرنا ؛ رِجھانا ۔

To have, take a fancy for, to : مائل ہونا؛ راغب ہونا؛ لٹّو ہونا ؛ ریجھنا؛ بھانا ؛ پسند کرنا یا پسندآنا ۔

Fancy : (v) (١) قیاس کرنا ؛ تصور کرنا ؛ درک کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (٢) گمان کرنا ؛ (بول چال) اپنے کو بڑا سمجھنا ؛ دون کی لینا ؛ خود بیں ہونا ۔ (٣) کسی خاص وصف کو اُجاگر کرنے کی خاطر پالنا ۔ (جانوروں یا پرندوں کو) ۔ (٤) پسند کرنا ؛ مائل ہونا ؛ راغب ہونا ؛ ریجھنا؛ خوش ہونا (خصوصاً ظاہری صورت یا انداز پر) ۔ (٥) کسی خاص وصف کو اُجاگر کرنے کےلئے اُپجانا (پودوں کو) ۔ (٦) شائق ہونا ؛ رسیا ہونا ؛ (کسی چیز کا) ذوق رکھنا ۔ (٧) خوش سلیقگی سےترتیب دینا (کسی ڈیزائن ، تدبیریا منصوبے کو) ۔ (٨) خیال بندھانا ؛ گمان کرنا؛ تصور کرانا (کسی خاص انداز میں) ۔ (٩) (غلط ثبوت یا غلط تصور کی بنا پر یا بلا ثبوت) یقین کرلینا ۔ (١٠) بلا تحقیق یقین کر لینا ؛ (کسی خاص اندازمیں) سوچنے پر مائل ہونا ۔ (١١) (کسی چیزکو) غلط طور پر دیکھنا یا تعبیر کرنا ۔

Fancy : (تعجب ظاہر کرنے یا کسی خیال کی طرف توجہ مرکوز کرانے کے لئے) دیکھو تو ؛ خیال کرو ؛ غور کرو ۔

Fancy : (a) (١) عمدہ ؛ آرستہ ؛ (سادہ کی ضد) زرق برق ؛ پر تکلف ؛ آرائشی ؛ نما نشی ۔ (٢) رنگ برنگے ؛ بوقلموں (پھول وغیرہ) کئی رنگوں کے ۔ (٣) فینسی چیزوں کا کاروبار کرنے والا ؛ عمدہ چیزوں کا کاروبار کرنے والا ۔ (٤) غیرمعمولی طور پر یا زیب و زینت میں مستعمل ۔ (٥) وہمی؛ گمانی؛ وسواسی؛ خیالی؛ تصوراتی ؛ تخیلی ؛ قیاسی ؛ فرضی، عجیب و غریب اورانوکھی وضع سے آراستہ ؛ نادر؛ اختراعی؛بےقاعدہ؛ غیراصولی؛ تکنیکی مہارت کی کمی کے باوجود سلیقے اورقاعدہ سے ادا کیا ہوا ۔ (٦) غلط تصورات پر مبنی ؛ باطل ؛ غیرحقیقی ۔ (٧) گرانقدر؛ بیش قیمت؛ فینسی؛ مہنگا ؛ خرچیلا ۔

Fancy-ball : (n) (١) ناچ جس میں طرح طرح کے بہروپ بدلتے ہیں ۔ (٢) افسانوی اور تاریخی کرداروں کا روپ بھرنے کے لئے رنگ برنگ کے لباس ؛ بہروپ کا لباس ۔

Fancy-bread : (n) پرتکلف روٹی ۔

Fancy-dog : (n) کسی خاص وصف یا خوبی کو اُجاگر کرنے کی خاطر پالا ہوا کتا ۔

Fancy-dress/-ball : (n) افسانوی اور تاریخی کرداروں کا روپ بھرنے کےلئے رنگ برنگ کےلباس ؛ بہروپ کا لباس؛ رنگ برنگ کےلباس میں ناچ ۔

Fancy-fair : (n) مینا بازار ؛ نمائش ؛ میله ؛ ہاٹ جو خاص موسم اور وقت اور مقام پر لگائی جائے ۔

Fancy-franchise : (n) من مانے اوصاف (رائے دہندگی کے لئے) ۔

Fancy-free : (a) ناآشنائے محبت ؛ قوتِ عشق سے عاری ؛ جذبات محبت سے خالی ۔

Fancy-man : (n) معشوق ؛ محبوب ؛ دلآرام ؛ یار ؛ (سوقیانہ) بھڑوا ۔

Fancy-men : (n) (کسی کھیل کا) رسیا یاشوقین ۔

Fancy-picture/-portrait : (n) خیالی تصویر ؛ قیاسی تصویر ؛ وہمی تصویر ؛ خالی پیکر ۔

Fancy-pigeon : (n) کسی خاص خوبی یا وصف کو اُجاگر کرنے کی خاطر پالا ہوا کبوتر ۔

Fancy price : (n) (۱)(معاشیات) من مانی قیمت ۔ (۲) بےتکی قیمت ؛ بے انداز قیمت ۔

Fancy-roller/Fancy : (روئی دھنکنے کے لئے) لمبے دانتوں والا بیلن جو بڑے استوانے کے گرد گھومتا ہے اور جس سے تیز دُھنائی ہوتی ہے ۔

Fancy-sick : (a) بیمار عشق ؛ محبت کا مارا ؛ مریض عشق ۔

Fancy-stitches : (n) کشیدہ کاری ؛ سوئی سے بنایا ہوا آرائشی کام ۔

Fancy-stocks : (n) خیالی ذخیرہ ؛ فرضی ذخیرہ ۔

Fancy-stops : (n) (کسی عضو کا) بے قاعدہ یا غیر معمولی ٹھہراؤ (ارتقاء یا کارکردگی میں) ۔

Fancy-woman/-girl/-lady : (n) داشتہ ؛ رکھیل ؛ معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Fancy-work : (n) کشیدہ اور گل کاری کا کام ؛ آرائشی کام ۔

Fandangle : (n) [origin doubtful.] عجیب آرائش ؛ انوکھی سجاوٹ ؛ مورکھ پن ؛ گاؤدی پن ؛ مہملات ؛ حماقتیں (صفت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

Fandango : (n) [a Sp. 'fandango'. Perh. of negro Origin.] (۱) ہسپانیہ کا ناچ ؛ اس ناچ کی لے یا تان ۔ (۲) رقص کا ایک سماجی اجتماع ؛ مجلس رقص ۔

Fane : (n) [L.'fanum'.] (شعر) مندر ؛ عبادت خانہ ؛ معبد ؛ دیول ۔

Fanega : (n) [Ar.'faniqah'.] غلہ ناپنے کا ایک ہسپانوی پیمانہ ۔

Fanfare : (n) [Fr.perh.'echoic'.] (موسیقی) نفیری ؛ ترئی یا بگل کی آواز ؛ شکاری بگل کی آواز ۔

Fanfare : (v) مشتہر کرنا ؛ (پُر زور آواز سے) متوجہ کرنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ آگاہ کرنا ؛ خبردار کرنا ۔

Fanfaron : (n) [Fr. f. 'fanfare'.] (۱) ڈینگ ہانکنے والا ؛ شیخی بگھارنے والا ؛ کلہ درازی کرنے والا ؛ شیخی باز ؛ لاف زن ؛ دبنگ ۔ (۲) نفیری ، ترئی یا بگل کی آواز ؛ شکاری بگل کی آواز ۔ (۳) بھڑکیلی نمائش ۔

Fanfaronade : (n) [Fr.f.'fanfaron'.] (۱) ڈینگ ؛ اکڑ ؛ شیخی ؛ گھمنڈ ؛ دھونس ۔ (۲) تحکمانہ ، گستاخانہ ، متکبرانہ لہجہ ۔ (۳) طمطراق ؛ ٹھاٹ ؛ دکھاوا ؛ خودنمائی ؛ نمود ؛ بھڑک ۔ (٤) نفیری یا بگل کی آواز ؛ شکاری بگل کی آواز ۔

Fanfaronade : (v) (۱) اکڑ کر چلنا ؛ دون کی لینا ؛ شیخی بگھارنا؛ دھونس جمانا؛ ٹھاٹ دکھانا؛ خودنمائی کرنا؛ لاف زنی کرنا ؛ دھمکی سے کام لینا ۔

Fanfold : (n) (لکھنے یا ٹائپ کرنے کے لئے) کاغذ کے اوراق کا وہ مجموعہ جن کے درمیان کاربن رکھے گئے ہوں ۔

Fang : (n) [OE.'Fang'.] (۱) دانت ؛ کھیس (خاص کر کتے یا بھیڑیے کے) ؛ ناب ۔ (۲) سانپ کے زہری دانت؛ (حیوانیات) کچلی؛ زہر کا دانت ۔ (۳) (تشریح) دانت کی جڑ یا اس کی کوئی شاخ؛ لمبا نوکیلا دانت (خصوصاً ہاتھی، وال رس کا) ۔ (٤) لمبا دندانہ ؛ شکاری جانور کا بڑا دانت جس سے وہ شکار کرتاہے۔ (٥) چنگال طیور؛ زہریلے چنگل ۔ (٦) کسی اوزار کی نوک ؛ پکڑنے یا تھامنے کا کوئی اوزار ؛ لوہے کی نوکدار سلاخ یا میخ ۔ (۷) مکڑے کا زہریلا چنگل ۔ (۸) (جہازرانی) اُن دو طنابوں میں سے ایک جو اگلے اور پچھلے بادبان کی اوپر کو نکلی ہوئی بلّی سے عرشے تک تنی ہوتی ہیں ؛ (جمع میں) پمپ بکس کے کُھل مندن ۔ (۹) (معدنیات) ہَوا گزار ؛ ہَوا کی نالی ۔

Fang : (v) (۱) لینا : ضبط کرنا ؛ جکڑنا ؛ قبضہ میں کرنا؛ لے لینا ۔ (۲) اُکسانا ؛ حملہ کے لئے بڑھنا ؛ (کتے وغیرہ کو) لہکانا ؛ جھپٹنا ؛ برانگیختہ کرنا ۔(۳) کسی کام پر لگنا ؛ شروع کرنا ؛ ابتدا کرنا ۔ (٤) مہمان کا استقبال کرنا ۔(٥) خرچہ کرنا ۔

Fang : (v) نل چالو کرنے کے لئے اُس میں پانی ڈالنا ۔

To fang a pump : نل چالو کرنے کے لئے اُس میں پانی ڈالنا ۔

To fang cristendom : (v) بپتسما پانا ؛ عیسائی ہونا یا بننا ۔

Fanged : (a) دنتیلا ؛ کھیس والا ؛ ناب دار ؛ زہریلے چنگل یا دانتوں والا ؛ نوك دار ؛ دندانہ دار ؛ لمبے دندانوں والا ۔

Fanging : (n) (۱) جکڑنا ؛ قبضہ میں لینا یا کرنا ؛ ضبط کرنا ؛ جھپٹنا ؛ جکڑن ؛ انضباط؛ جھپٹ ۔ (۲) (معدنیات) (کانوں میں) ہَوا کش ۔

Fangless : (a) (۱) بےدانت کا ؛ ادنت ۔ (۲) مضرت رسانی سے محروم ۔

Fangot : (n) [ad.It.'fangotto'.] مصنوعات کی ایك مقدار خاص کر خام ریشم کی ۔

Fangy : (a) دانت والا ۔

Fanion : (n) [a.F.,F. as 'fanon '.] گھوڑ سوار دستے کے سامان کے آگےلگا ہوا ایك جھنڈا نیز ایك چھوٹا جھنڈا جو پیمائشی اسٹیشن کے نام اورنشان کو ظاہر کرے ۔

Fannell : (n) [med.L.'fanula'.] (۱) کلیسائی لباس کا ایك جزو جو عشائے ربانی کے وقت (استعمال ہوتا ہے ۔(۲) چاررنگ کی دھجیوں سے بنا ہوا ایك کپڑا جسے پوپ عشائے ربانی کے وقت بائیں بازو پر باندھتا ہے ؛ عشائیہ ۔

Fanner : (n) (۱) (انجینیئرنگ) چھاج ۔(۲) باد زن ؛ دھونك مشین ۔ (۳) پھٹکنے والا ؛ بھوسا الگ کرنے کی کَل ۔ (٤) ہَوا پہنچانے اور سرد رکھنے والی مشین ۔(٥) شکرے کی ایك قسم ۔

Fanning : (n) (۱) اناج پھٹکنا ؛ بھوسی کو پھٹك کر اُڑانا ؛ پنکھا جھلنا ؛ پنکھے سے کسی چیز کو ٹھنڈا کرنا؛ آگ بھڑکانا ؛ بھوسا ؛ پھٹکن ۔ (۲) دیکھو Fan-tracery ۔(۳) مارنا ؛ کوڑے سے مارنا ۔

Fanning machine/-mill : (n) بھوسا الگ کرنے کی مشین ؛ پھٹکنے کی مشین ۔

Fanon : (n) [L.'fano'.] دیکھو Fannell

Fantasia : (n) [It 'fantasia'.] (۱) (نفسیات) خیالی منصوبہ ۔ (۲) (موسیقی) وہ گیت یا گانا جس میں بمقابلے فن کے خیال آرائی کا زیادہ لحاظ کیا گیا ہو ۔(۳) (لیوانٹ اور شمالی افریقہ) کرّ و فر ؛ شان وشکوہ ؛ تزك و احتشام ؛ خودرائی ۔ (٤) ایك عربی رقص جس میں گھوڑے پر بیٹھ کر یا بندوق چلا کر شورو شغب کرتے ہیں (ایك تیز دھن کے ساتھ) ۔

Fantascope : (n) (بصریات) فنطاس بیں ؛ عجوبہ بیں ۔

Fantasied/ Phantasied : (a) [f.'FANTASY'.] (۱) خیالی ؛ تصوراتی ؛ تخیلی ؛ وہمی ؛ مبنی بر تخیل ؛ غیرحقیقی ۔(۲) پُر استعجاب ؛ ندرت سے بھرا ہوا ؛ پرتکلف ؛ زرق برق ؛ آراستہ ؛ بوقلموں ؛ پُر از وہم ؛ پُر از خیال ۔

Fantasm(a) : (n) (۱)بصریات) عجوبہ ؛ فریب نظر ۔ (۲) (نفسیات) پیکر خیال ؛ سراب خیال ؛ مایا ۔ (۳) دیکھو Phantasm(a) ۔

Fantasmagoria : (n) (بصریات) عجوبہ نمائی ؛ نمائش فریب نظر ۔

Fantasque : (a) [L.'fantasticus'.] دیکھو Fanciful

Fantassin : (n) [It.'fantaccino'.] پیادہ سپاہی ۔

Fantast/Phantast : (n) [med.L.'phantasta'.] (۱) دیکھنے والا ؛ صاحب کشف ۔ (۲) غیر عملی ؛ خیال پرست ؛ خیالی پلاؤ پکانےوالا؛ تصورپرست ۔(۳) وہمی؛ وحشی ؛ متلون مزاج ؛ بدحواس ؛ من موجی (شخص) ۔(٤) تصوراتی مصنف؛ خیالی قلم کار ۔

Fantastic : (a) [Med.L.'Fantasticus'.] (۱) (نفسیات) فنطاسی؛ عجوبہ پسند ؛ خرق عادی ؛ طرفہ ۔ (۲) خیالی (شاذ) ؛ عجیب ؛ عجیب وغریب ؛ بے اصل ؛ متلون ؛ وہمی ؛ لہری ؛ سنکی ؛ شیخ چلّی ۔ (۳) نرالا ؛ بے ڈھنگا ؛ عجوبہ ؛ طرفہ ؛ غیرواقعی ۔(٤) غریب الاطوار ؛ احمق ؛ انوکھے یا غیر معمولی کردار کا ۔ (٥) (لباس میں)

خود نما؛ طمطراق دکھانے والا ؛ بننے ٹھننے والا ۔ (٦) انتہائی وہمی ؛ بیحد عجیب ۔ (٧) عجیب وغریب شکل یا ڈیزائن کا ؛ ڈیزائن یا صورت میں انوکھا ۔ (٨) (رقص میں) عجیب حرکات کرنے والا ؛ من موجیا ۔

Fantastic/-al : (n) وہمی ؛ متلون ؛ غیر حقیقی یا وحشی خیالات رکھنے والا ۔

Fantastic delusion : (n) (نفسیات ، طب) فنطاسی احتیاط ۔

Fantasticality : (n) عجوبہ پن ؛ سنکی پن ؛ من کی موج ؛ ترنگ ؛ تلون ؛ خبط ؛ خیال جو اچانک آجائے ؛ خیالی پن ؛ متلون مزاجی ۔

Fantastically : (adv.) خیالی طورپر ؛ عجیب وغریب طورپر ؛ متلون مزاجی سے ؛ نرالے انداز سے ؛ پُر استعجاب طور پر ؛ احمقانہ انداز سے ؛ عجوبہ پن سے ؛ خبطگی کے ساتھ ؛ طرفگی سے؛ طُمطراق کے ساتھ؛ پُر تکلف طورپر ۔

Fantasticalness : (n) خیالی پن ؛ عجوبہ پن ؛ سنکی پن ؛ طرفگی ؛ طرفہ مزاجی ؛ انوکھا پن ؛ تلون ؛ خبط ؛ خود نمائی ؛ طُمطراق ؛ تکلف ۔

Fantasticism : (n) (١) موضوعیت (یعنی وجود خارجی سے انکار) ۔ (٢) (فن یا تحقیق میں) تخیل کاری ؛ خیال آرائی ۔

Fantasy : (n) [ad. L.'Phantasia'.] (١) (نفسیات) فنطاسیہ ؛ سراب خیال ۔ (٢) واہمہ؛ ذہنی شبیہ ۔ (٣) قوت متخیلہ ؛ قوت واہمہ ۔ (٤) تصورکا دھوکا؛ وہم؛ فریب نظر؛ پُرفریب تصور؛ مغالطہ دہ تصور ۔ (٥) انوکھی وضع ۔ (٦) تصور؛ غیرموجود یا معدوم اشیاء کی ذہنی خاکہ کشی نتیجہ یا صلاحیت نیز مجسم یامجسم کردہ ؛ موہوم تصور ؛ خیالی واہمہ ۔ (٧) (موسیقی میں) وہ گیت یا گانا جس میں بمقابلے فن کےخیال آرائی کا زیادہ لحاظ رکھاگیا ہو ۔ (٨) کوئی مفروضہ جو ٹھوس بنیادوں پر قائم نہ ہو (متکبرانہ یا حقارت آمیز قیاس یا گمان) ۔ (٩) وہم ؛ وسواس؛ مَن کی موج ؛ ترنگ؛ خبط ؛ تلون مزاجی ؛ لہری پن ۔

Fantasy : (v) [OF .f. 'fantasie'.] (١) دیکھو fancy ۔ (٢) خیال آرائی پر مشتمل گیت گانا یا بجانا ۔ (٣) شان و شوکت دکھانا؛ خودنما ہونا ؛ خودنمائی کرنا ۔

Fantee/Fanti : (n) گولڈ کوسٹ میں رہنے والے ایک حبشی قبیلے کا فرد یا اس کی زبان ۔

To go fantee : کسی غیر مہذب نسل میں شامل ہونا یا اس علاقے میں بود وباش اختیارکرنا اور وہاں کی عادات و اطوار اختیارکرنا ۔

Fantoccini : (n) [It.] (١) (جمع) کٹھ پتلیاں ۔ (٢) کٹھ پتلیوں کا تماشہ ۔

Fantom : (n) (١) وہمی صورت ؛ خیالی صورت ۔ (٢) طیف ؛ توہم ۔ (٣) بھوت پریت ۔

Faquir : (n) دیکھو Fakir

Far : (adv.) [Skr.'paras'.] (١) بہت دور (فاصلےکےاعتبار سے) ۔ (٢) بہت دور ؛ بعید (ماضی میں) ؛ دور دراز ۔ (٣) بہت فاصلے پر ؛ دور تک ؛ دور دور تک ۔ (٤) ترقی کے سب سے اگلے زینے پر ؛ آگے ؛ بہت آگے ؛ آگے تک (بہ اعتبار زماں و مکاں) ۔ (٥) وقفے سے؛ فاصلے سے ؛ دور سے ۔ (٦) غائب ؛ گم (خیال میں) ۔ (٧) معینہ مقدار کے تصور کے ساتھ thus, so, how as سےمل کر مستعمل ہے ۔

As far as : جہاں تک ہو سکے ؛ جس حدتک ہو ۔

By far : بہت ۔

From far : دور ؛ دوری پر ؛ فاصلے پر ۔

From far and near : ہر جگہ سے؛ تمام سے ۔

Go far to effect : (١) ایسا ایسا کر بیٹھے گا ؛ قریب ہی ہے کہ کرگزرے یا کرڈالے ۔ (٢) بہت فاصلے سے ۔

He will go far : وہ اپنی سی کرے گا ۔

How far : کہاں تک ؛ کس حد تک ۔

In so far : یہاں تک ؛ اتنی دور ؛ ابتک ۔

In so far as : دیکھو As far as

So far : (١) اتنی دور ؛ اتنے فاصلے پر ؛ اتنی مسافت پر ۔ (٢) ابتک ؛ تا ایں دم ۔

So far as : دیکھو As far as

Thus far : دیکھو As far as

To be a far cry : ہنوز دلّی دور است ۔

Far : (a) [OE.'feorr'.] (۱) دور ؛ دور دراز ؛ بعید المسافت ؛ بعید ؛ طویل الفاصلہ ؛ دور افتادہ ؛ دور کا ۔ (۲) (مجازاً) بے تعلق ؛ بے واسطہ ؛ بیگانہ ۔ (۳) دورتک پھیلا ہوا ؛ طویل ۔ (٤) (کسی دو چیز کو) الگ کرنے والا ؛ جداکرنے والا؛ فرق کرنے والا ؛ ابتداً موازنہ کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

The far west : امریکا یا شمالی امریکا کے مغربی حصے ۔

Far : (v) [OE.'feorran'.] دور کردینا ؛ ہٹالینا ؛ ہٹادینا ؛ الگ کردینا ۔

Far-about : (adv.) بہت ؛ بہت زیادہ ۔

Far and away : (adv.) کہیں زیادہ ۔

Far and near or nigh : (adv.) دور و نزدیک ؛ ہر طرف ؛ ہر سمت ؛ ہر جگہ ۔

Far and wide : (adv.) ہر جگہ ؛ ہر مقام پر ؛ ہر سمت ؛ ہر طرف ۔

Far-away : (a) (۱) دور ؛ بہت دور ؛ بعید ؛ دور افتادہ ؛ جدا (بہ اعتبار زماں و مکاں) ؛ بہت دور کا ؛ بہت فاصلے پر ۔ (۲) بے واسطہ ؛ بے تعلق ؛ بیگانہ ۔ (۳) دھندلا؛ دھندلا سا؛ غائب ؛ گم ؛ غیر واضح ؛ مبہم ۔

Far-away : (n) (۱) دورافتادہ شے ؛ نامعلوم شے ؛ بیگانہ ؛ غیر ۔ (۲) دوری ؛ بُعد ؛ فاصلہ ؛ بےتعلقی ؛ بیگانگی ۔

Far away : (adv.) بہت دورپر ؛ بہت فاصلے پر ۔

Far -back : (a) قدیم ؛ عہد؛ عتیق کا؛ پاستانی ؛ کہن سالہ ؛ اگلے وقتوں کا ؛ دقیانوسی ۔

Far-beaming : (n) دورتک روشن ۔

Far beit from me : دور پار کہ میں ؛ خدا نہ کرے کہ میں ۔

Far-between : (a) شاذ ؛ کبھی ؛ کبھی کبھی ۔

Far carpentary : (n) (نجاری) زرعی نجاری ۔

Far-eastern : (a) بعید مشرقی ؛ دور پوربی ۔

Far forth : (v) چلو ؛ کوچ کرو ۔

Far-famed : (a) مشہور ومعروف ؛ شہرۂ آفاق ؛ نامور ؛ نامی ؛ نامدار ؛ نامی گرامی ۔

Far-fetched : (a) دورازکار؛ دورکی (تشبیہ ، استعارہ وغیرہ) دورکی کوڑی ؛ آورد یا تکلف یا تصنع سے؛ بعید الاحتمال ؛ متکلف (جو بے تکلف اور بے ساختہ نہ ہو) ؛ بڑی محنت سے نکالا ہوا یا تلاش کیا ہوا ؛ زبردستی کا ۔

Far-flung : دور تک پھیلا ہوا ۔

Far-forth : (adv.) (۱) ایک معینہ درجے یا فاصلےتک ۔ (۲) دور ؛ دور دراز تک ؛ دور دورتک ۔

So far forth : وہاں تک ؛ یہاں تک ؛ اتنی دور ؛ اتنے فاصلے پر ۔

Far- forthly : (adv.) ایک بڑے یا معینہ فاصلے تک ؛ پورے کا پورا؛ تمام تر ؛ بالکل ۔

Far gone : (a) (۱) بہت بیمار ؛ مخبوط الحواس ؛ نشے میں چور؛ مقروض ۔ (۲) دورپہنچا ہوا (معاملہ وغیرہ)۔

Far infra red : (a) (طبیعیات) بعید زیری سرخ ۔

Far-northern : (a) بعید شمالی ؛ قطب شمالی کا ۔

Far-off : (a) دور ؛ بعید المسافت ؛ بعید؛ دور دراز ۔

Far or near : (adv.) دور یا نزدیک ۔

Far other : بہت جدا ؛ بہت مختلف ؛ دوسرے لوگ ؛ دور کے لوگ ۔

Far point : (بصریات) نقطۂ بعید ۔

Far-reaching : (a) دور رس ؛ دور اثر ۔

Far-seeing : (a) (۱) دوراندیش ؛ دوربین ؛ (جس سے دور کی چیز اچھی طرح دکھائی دے) ؛ دراز نظر ۔ (۲) حکیم ؛ بعید النظر ؛ دانا ؛ صائب ؛ زیرک ؛ پیش گوئی کرنے والا ۔

Far-seen : (a) دور سے دیکھا ہوا ۔

Far-sight : (a) (۱) دوربینی ؛ دراز نظری ؛ بعید النظری ۔ (۲) دانائی ؛ زیر کی ؛ فراست ۔

Far-sighted : (a) Far seeing دیکھو

Far-sightedly : (adv.) (۱) دور اندیشی سے ؛ دراز نظری سے ؛ بعید النظری سے ۔ (۲) دانائی سے ؛ فراست سے ۔ حکیمانہ۔

Far-sightedness : (n) دور اندیشی؛ دراز نظری؛ بعیدالنظری؛ فراست ؛ دانائی ؛ پیش گوئی ۔

Far-southern : (a) بعید جنوبی ؛ دور دکھن کا ؛ قطب جنوبی کا ۔

Far ultraviolet : (طبیعیات) بعید بلا بینجینی ؛ بعید ماورائے بنفشئی ۔

Farad : (n) [Short f.'Faraday'.] (۱) (برقیات) فیراڈ ؛ فرادیہ (اکائی) ۔ (۲) (برقیات)فیرائے برقی مقناطیسی روکے ناپنے کی اکائی، کسی موصل کی وہ صلاحیت جس میں ایک کولون (Coulomb) کے اضافے سے برقی دباؤ ایک والٹ (Volt) بڑھ جاتا ھے ۔

Faradaic/Faradic : (a) امالی : بھرا ھوا ؛ امالہ انگیز (بجلی کی رو) ؛ امالی برق اور اس کے متعلقات کا امتیازی وصف ۔

Faraday : (n) (۱) (برقیات) فیرائے (اکائی) ۔ (۲) برق کی مقدار ۔ (۳) مائیکل فیرائے (مشہور ماہر برقیات) ۔

Faraday cage : (n) (طبیعیات) فیرائے پنجرہ ۔

Faraday dark space : (n) (طبیعیات ، کیمیا) فیرائے تاریک حصہ یا جگہ ؛ (برقیات) فیرائے کا خطۂ تاریک ۔

Faraday disc : (n) (کیمیا) فیرائے قرص ؛ (طبیعیات) فیرائے چکتی ۔

Faraday effect : (n) (کیمیا) فیرائے اثر ۔

Faraday ice pail experiment : (طبیعیات) فیرائے کا برف ڈبہ تجربہ ۔

Faraday laws of Electrolysis : (طبیعیات) فیرائے کے برق پاشی قوانین ۔

Faraday unit : (n) (کیمیا) فیرائے اکائی ۔

Faradic currents : (n) (برقیات) فیرائے رویں ۔

Faradism : (n) (طب) فیرائی علاج ؛ برقی علاج ؛ امالی برق نیز اس کا معالجاتی استعمال ۔

Faradization : (n) جسم پر برق کی امالی رو کا استعمال ؛ (طب) فرادیّت ۔

Faradize : (v) (۱) برقی رو سے علاج کرنا ۔ (۲) برقی رو کے ذریعہ متہیّج کرنا (کسی عضو کا) ۔

Faradizer : (n) برقی رو سے علاج کرنے والا ۔

Farand : (n) مخصوص صورت ، مزاج یا رجحان ۔

Farandole/Farandola : (n) [pr.] (۱) ایک پرو وانسالی رقص ؛ پرووانس کا ایک مسلسل رقص ۔ (۲) پرووانسالی رقص سے متعلق موسیقی ۔

Farce : (n) [f.'farce'.] (۱) نقل ؛ سوانگ ؛ ڈھونگ ؛ ہنسنے ہنسانے کےواسطے ایک قسم کا ناٹک یا بھروپ؛ طنز و مزاح پر مشتمل ڈرامے ۔ (۲) لغو ؛ لایعنی ؛ استہزا ؛ ہنسنے ہنسانے کی چیز ۔ (۳) نقلی نمائش ؛ مسخرہ پن ؛ موضوع تمسخر ۔

Farce : (v) (متروک) مسالا لگانا ؛ چٹ پٹا بنانا (طباخی میں اور مجازاً انشا میں) ۔

Farcer : (n) (۱) مسخرا ؛ ظریف ؛ ٹھٹھول ؛ ٹھٹھےباز ؛ مزاح ؛ جوکر ۔ (۲) مزاح نگار ۔

Farceur : (n) [F. f. 'farcer'.] مسخرا ؛ ظریف ؛ ٹھٹھول ؛ ٹھٹھے باز ؛ مزاح ۔

Farcical : (a) (۱) ہنسی مذاق کا ؛ مذاقیہ ؛ پُر مزاح ؛ مُضحک ۔ (۲) ہنسنے کے لائق ؛ مذاق کے لائق ۔ (۳) بے حد مضحکہ خیز ؛ فضول ؛ لاحاصل ؛ لا طائل ۔

Farcical : (a) بیماری سے متعلق (خصوصاً گھوڑوں کی) ۔

Farciclity : (n) نقالی ؛ مسخراپن ۔

Farcically : (adv.) مذاقیہ طورپر ؛ نقالی کے طورپر ؛ پُر مزاح طریقے سے ۔

Farcicalness : (n) مزاح ؛ ٹھٹھا ؛ ظرافت ؛ مذاق ۔

Farcied : (a) مرض (جس میں جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ھے اور اُس سے رطوبت خارج ھوتی ھے) میں مبتلا ۔

Farcin : (n) [L. 'farcumimum'.] دیکھو Farcied

Farcing : (n) (۱) چٹ پٹا بنانا یا مسالا لگانا ۔(۲) مسالا دار کٹا ہوا گوشت ، جس کو کھانے کی مختلف اشیاء میں بھر کر پکاتے ہیں ۔

Farctate : (a) [L. 'farctus'.] (نباتیات) بھرا ہوا ؛ ٹھوس ؛ جو اندر سے کھوکھلا نہ ہو ۔

Farcy : (n) [Var. of. FARCIN.] (۱) (بیطاری) کنار مزمن ؛ سراجہ ؛ فرسیہ ؛ ایک بیماری ؛ (خاص کر گھوڑوں کی)؛ کھیکھے کی قسم کی ایک بیماری جس میں جبڑے پھول جاتے ہیں اور رطوبت خارج ھوتی ھے ۔ (۲)یہ متعدی بیماری جو آدمی کو بھی ھوجاتی ھے ۔

Farcy button/-bud : (n) (بیطاری) ورم کنار؛ اس بیماری کی گلٹی یا گومڑا ۔

Fard : (n) [F.'Fard'.] (متروک) چہرے کاپینٹ خصوصاً سفید ؛ چہرے کی رنگ آمیزی خصوصاً سفید (نیز استعارتاً)۔

Fard : (n) [Ar. 'fard.'] ایک قسم کی کھجور (خصوصاً مشرقی عرب اور کیلیفورنیا کی)۔

Fardel : (n) [O.Fr. 'fardel.'] (۱) گٹھر ؛ گٹھا ؛ بوجھ؛ بوجھا ؛ گانٹھ ۔(۲) (استعارتاً) بارگناہ ؛ بار عصیاں ؛ بار غم ؛ بار الم۔

Fardel : (n) [OE.'feartha'.] (۱) (روز) کسی چیز کا چوتھا حصہ ؛ چوتھائی (۱/۴) ۔(۲) (جمع میں) ٹکڑے ۔

Farden : (n) Farthing (فاردنگ) کا متبادل ۔

Fare : (n) [OE.'faer'.] (۱) مسافر گاڑی کا کرایہ ؛ کرایہ سفر؛ سفر کا کرایہ ؛ بھاڑا؛ سواری کا کرایہ ۔ (۲) کرایے کی گاڑی کا مسافر ۔(۳) زادراہ ؛ توشہ ؛ خوراک ؛ خوراک کی رسد ۔(٤) (امریکا) مچھلی کے شکار کی کھیپ ۔

Bill of fare : (۱) طعام نامہ ؛ مینو ۔(۲) پروگرام (مجازاً)۔

What fare : کرایہ؛ کتنا کرایہ ھے ۔

Fare : (n) سور کے بچوں کا ایک جھول (ایک بار پیدا ھوئے بچے)۔

Fare : (v) [OE.'faran'.] (۱) (شعر) سفر کرنا ؛ خرچ کرنا ۔ (۲) واقع ھونا ؛ پیش آنا ؛ معلوم ھونا ؛ ظاہر ھونا۔ (۳) (وسیع معنوں میں) جاؤ ؛ گزرجاؤ (قدیم انگریزی) ۔(٤) اچھی یا بری طرح پیش آنا ۔ اچھی یا بری طرح بسر ھونا ؛ گندنا (کسی پر یا کسی کی) ۔ (٥) سیر چشمی یا خست سے کھانا کھلانا ؛ عمدہ کھانوں سے تواضع ھونا یا اچھا کھانا ملنا ؛ کھانے کے لئے بڑھنا ۔ (٦) خوش آمدید یا الوداع کہنا (بول چال) ۔ (۷) نکال باہر کرنا ؛ چلتا کر دینا ؛ نکال دینا ۔(۸) (گھوڑے کا) آمنے سامنے ھونا ۔ (۹) آگےبڑھنا؛ کامیاب ھونا ؛ ترقی کرنا ؛ چڑھنا (گھوڑے پر) ۔(۱۰) صیغہ امر میں 'Well' کے ساتھ استعمال ھوتا ھے ۔

To fare astray : راہ بھٹک جانا ۔

To go farther and fare worse : : کوہ کندن کاہ برآوردن ؛ کھودا پہاڑ نکلی چوہیا ۔

Fare indecator : (n) مسافر گاڑیوں میں ادا کئے ھوئے کرایوں کے اندراج کا ایک آلہ ۔

Farer : (n) مسافر (سمندرکا) ۔

Fare well : (interj.) خدا حافظ ؛ اللّٰہ بیلی ؛ اللّٰہ کے حوالے ؛ اللّٰہ نگہبان ؛ الوداع ؛ خیرباد ؛ رخصت ؛ بس الوداع ؛ اچھا خدا حافظ ۔

Farewell : (n) الوداع ؛ رخصت ؛ خداحافظ ؛ فی امان اللّٰہ ؛ والسلام ؛ الوداعی سلام ۔

Farewell : (a) الوداعی ۔

Farewell : (v) الوداع کہنا ؛ خداحافظ کہنا ؛ رخصت کرنا ؛ رخصت ھونا ؛ وداع کرنا ؛ رخصتی سلام کرنا ۔

Farewell address : (n) (انتظامیہ) وداعی سپاسنامہ ۔

Farewell ceremony : (n) (سماجیات) وداعی رسم ۔

Farewell to : بس الوداع ؛ و السلام ؛ اچھا خدا حافظ ۔

Fargite : (n) [f.'Farg'in fifeshire.] (معدنیات) ایک سرخ فیٹرو لائٹ جس میں قریب ٤ فی صد چونا ملا ھوتا ھے ۔

Farina : (n) [L.f.'far'.] (۱) آٹا؛ میدہ ۔(۲) سفوف ۔ (۳) (نباتیات) زیرہ ؛ زرگل (حشریات) بعض کیڑوں کے جسم پر پایا جانے والا ایک میدہ نما سفوف ۔ (٤) (کیمیا) آرد ؛ آٹا ؛ نشاستہ ۔ (٥) مکئی کی چھنی (پڈنگ تیار کرنے کے لئے)۔

Fossil farina : ایک سفید یک خلیہ اجرام سے بھری ہوئی زمین ۔

Farina tritici : (n) (نباتیات) آرد گندم ؛ گیہوں کا آٹا ۔

Farinaceous : (a) [L.f.'farina'.] (کیمیا) نشاستی ؛ نشوی ؛ آٹے یا میدے کا ؛ نشاستہ کا ؛ نشاستہ دار ؛ آٹا یا نشاستہ پیداکرنے والا ؛ میدے جیسا ؛ میدے کی صفت کا ؛ بظاہر میدے جیسا ۔

Farinaceously : (adv.) نشاستی طورپر ؛ آٹے یا میدے کا یا اُن جیسا ھوتے ھوئے ۔

Farinha : (n) [L.'farina'.] جڑوں سے حاصل شدہ مقوی نشاستہ ؛ اس سے بنی ھوئی روٹی ۔

Farinose : (a) [L.'farinosus'.] نشاستی ؛ نشاستہ دار ؛ بُھربُھرا ؛ میدہ یا آٹے جیسا ؛ سفوف چھڑکی ھوئی (شے) ؛ (نباتیات) آردی ؛ دقیقی ۔

Farinose : (n) (کیمیا) نشاستی اناج کے عناصر میں سے کوئی ایک ۔

Fario : (n) [L.] تقریباً نیم بالیدہ سامن مچھلی ۔

Farl : (n) [Contr. f. 'FARDEL'.] (۱) آٹے یا جئی کے میدے سے بنا ھوا ایک باریک کیک ؛ ایسے کیک کا چوتھائی حصہ ۔ (۲) (آٹے کی) ٹکیہ ؛ قرص ۔

Farleu : (n) [Origin unkn.] (قانون) حقِ زمیندار (مویشی ، روپیہ وغیرہ جو اسامی کے مرنے کے بعد زمیندار کو دیا جاتا ھے) کے عوض روپیے کی ادائی ۔

Farley/-i (e)/-ik/-y (e) : تعجب انگیز بات یا حیرت انگیز واقعہ ۔

Farm : (n) [med.L.f.'farma'.] (۱) ایک مقررہ سالانہ رقم (ٹیکس ، کرایہ وغیرہ) نیز ایک مقررہ ٹیکس جو کسی شہر یا دیہات پر لگایا جائے ۔ (۲) ٹھیکے یا اجارہ پر دینے کا عمل ؛ اجارہ ؛ استحقاق یا رعایت جو اس طرح دی گئی ھو ۔ (۳) ٹھیکے یا اجارے پر لینے کی شرط ۔ (٤) کاشت کے لئے لیا گیا قطعہ زمین ، کبھی مخصوص معنوں میں مثلاً ڈیری فارم ، پولٹری فارم وغیرہ نیز مخصوص ماہی گاہ کے طورپر لیا ھوا ، دریا وغیرہ کے پانی کا ایک حصہ ۔ (۵) کھیت ؛ کاشت ؛ کشت ؛ مزروعہ زمین ؛ آراضیٔ مزروعہ ۔ (٦) کھیت سے ملحق رہائشی مکان ؛ خانۂ زراع ؛ باڑی ۔ (۷) (زراعت) مزروعہ فارم ۔ (۸) بچوں کی پرورش وتربیت گاہ (تجارت) کھیت ؛ فارم ۔

Dairy farm : (n) ڈیری فارم ؛ شیر خانہ ؛ دودھ گھر ؛ پنیر اورمکھن بنانے کا کارخانہ ۔

Fish farm : (n) ماہی گاہ ؛ پرورش گاہ مچھلی ۔

Grass farm : (n) چراگاہ ۔

Home farm : (n) سیر ؛ وہ آراضی جو مالک جایداد خود کاشت کرنے کے لئے محفوظ کرلے ؛ بکاشت مالک ۔

Oyster farm : ماہی گاہ ۔

Poultry farm : پولٹری فارم ؛ مرغی خانہ ؛ پرورش خانۂ مرغی ۔

Farm : (v) [O.E. feormian] (عامیانہ) خالی کردینا ؛ کھنگال دینا ؛ صاف کردینا ؛ گندگی دور کرنا ۔

Farm : (v) [f. FARM (n)] (۱) کسی مدت معینہ کے لئے ایک مقررہ رقم پر ٹھیکہ یا اجارہ لینا ؛ ٹھیکہ ، اجارہ دینا ۔ (۲) چُنگی ، لگان ، ٹیکس ؛ دہ یکی (عُشر) وغیرہ سے حاصل شدہ آمدنی کی ایک مقررہ رقم پر کسی کو ٹھیکہ دے دینا ۔ (۳) مزدور یامویشی کرائے پر دینا ۔ (٤) مقررہ معاوضے پر بچوں کی پرورش و تربیت کرنا ؛ افراد ، ادارے وغیرہ کی نگہداشت اور انتظامات کا ایک مقررہ رقم پر ٹھیکہ لینا ۔ (۵) کھیتی باڑی کرنا ؛ کاشت کرنا ؛ کاشت کاری کرنا ؛ کاشت کار بننا ۔

To farm out : ٹھیکے یا اجارہ پر دینا ۔

Farm-crossing : (n) وہ ریلوے کراسنگ جو فارم کےایک حصے سے دوسرے حصے تک جاتی ھو ؛ فارم چوپڑ ۔

Farm hand : (n) (کھیت میں کام کرنے والا کوئی شخص ؛ کاشت کار ؛ کھیتی بار مزدور ۔ (۲) (امریکا) بیس بال (امریکا کا ایک کھیل) کا ایک کھلاڑی جو فارم ٹیم میں شامل ھو ۔

Farm-house : (n) (زراعت) خانۂ زراع ؛ باڑی ؛ کھیت سے ملحق مکان ؛ مُزارع کا گھر ؛ فارم سے ملحق رہائشی مکان ۔

Farm labourer : (n) (سماجیات) مزدور ۔

Farm management survey : (تجارت) فارم انتظام کا جائزہ ۔

Farm operating cost : (تجارت) فارم لگانے کی لاگت ۔

Farm price : (n) (تجارت) فارم قیمت ۔

Farm price support : (تجارت) (زرعی پیداوارکی) ضمانتی قیمت ۔

Farm-stead : (n) احاطہ دار فارم ؛ کھیت مع مکانات ؛ کھیت باڑا ۔

Farm-steading : (n) دیکھو Farm-stead

Farm stock : (n) کسی فارم کے مویشی، کاشت کاری کے سامان اور اُس کی پیداوار ۔

Farm store : (n) فارم کی پیداوار؛ کھیت کی پیداوار ؛ زرعی پیداوار ۔

Farm subsidy : (n) (تجارت) زرعی امداد ۔

Farm yard : (n) احاطہ یا باڑہ ؛ کھیت سے ملحق مکان کا صحن یا احاطہ ۔

Farmer : (n) [med. L. firmarius.] (۱) کُل آمدنی کے عوض ایک مقررہ رقم کی ادائی پر لگان ، ٹیکس وغیرہ کی تحصیل کا ذمہ لینے والا ۔ (۲) (کان کنی) بادشاہ کے حصے کا اجارہ دار ؛ شاہی حصہ کا اجارہ دار ۔ (۳) کاشت کے لئے پٹے یا لگان پر زمین دینے والا ۔ (٤) کاشت کار (بہ حیثیت مالك یا رعیت) ؛ کسان ۔ (٥) مقررہ معاوضے پر کسی کام یا خدمت کی انجام دہی کا ذمہ لینے والا ۔ (٦) اَن پڑھ دیہاتی ۔ (۷) گنوار؛ گھامڑ ؛ اناڑی ؛ پھوہڑ ؛ بےوقوف ۔ (۸) دوسروں کی زمین پر کاشت یا نگرانی کرنےوالا ۔

The farmer of infants : (n) بچوں کی پرورش و پرداخت کرنے والا ۔

Farmer-general : (n) قدیم فرانسیسی شاہی دورحکومت میں کسی ضلع پر ٹیکس لگانے والا ۔

Farmeress : (n) (۱) کاشت کار عورت ؛ کسان عورت ۔ (۲) نیز کاشت کار کی بیوی ۔

Farmerette : (n) کسان عورت یا لڑکی (خصوصاً ہنگامی حالات میں شہری فرض کی حیثیت سے کھیت میں کام کرنے والی) ۔

Farmery : (n) کسی کھیت کے احاطے ، باڑے وغیرہ ۔

Farmhold : (n) (۱) کاشت کاری کے لئے مخصوص قطعۂ زمین ۔(۲) کسی بھی کھیت کے لئے مخصوص قطعۂ زمین ۔

Farming : (n) (تجارت) کاشتکاری ؛ (معاشیات) کھیتی ؛ کاشت ؛ (انتظامیہ) کھیتی باڑی ؛ اجارہ یا ٹھیکے دینے کا عمل یا طریقہ ؛ کاشتکاری کرنے، پیداواربڑھانے اور عمدہ قسم کے بیج تیار کرنے کا کاروبار ۔

Capitalist farming : (تجارت) سرمایہ دارانہ کھیتی ؛ سرمایہ دارانہ کاشتکاری۔

Collective farming : (معاشیات وتجارت) اجتماعی کھیتی ؛ اجتماعی کاشتکاری ۔

Co-operative farming : (معاشیات وتجارت) کو آپریٹیو کھیتی ؛ کوآپریٹیو کاشتکاری ؛ کوآپریٹیو کاشت ؛ اشتراکی، موالاتی یا تعاونی کاشتکاری ۔

Mixed farming : (تجارت) مخلوط کھیتی ؛ مخلوط کاشتکاری۔

Peasant farming : (تجارت) کسانی کھیتی ؛ کسانی کاشتکاری ۔

Subsistence farming : (تجارت) گذرانی کھیتی ؛ گذرانی کاشتکاری ۔

Farming Inspector : (n) (انتظامیہ) انسپکٹر کاشت ۔

Farming of taxes : (تجارت) ٹیکس وصولی کی ٹھیکیداری ۔

Farness : (n) دوری ؛ بُعد ؛ مسافت ؛ فاصلہ ۔

Faro : (n) [It. 'faraon'.] جوئےکی قسم کا ایک کھیل جس میں کھلاڑی تاش کے پتوں کی گڈی سے شرط بد کر ایک پتّہ نکالتے ہیں (زمانہ ماضی میں کسی ایک پتّے پر فرعون کی شبیہہ ہوتی تھی)۔

Faro bank : (n) جوئے بازی کی جگہ جہاں Faro کھیلا جاتاھے؛ دوسرے کھلاڑیوں کے مقابلہ میں داؤ پرلگائی ہوئی قمارخانہ کے مالك کی رقم۔

Faro banker : (n) Faro کھلانے والا اورایسے قمار خانہ کا مالك۔

Faroelite : (n) [f. Faroe+-LITE.] تاسنائٹ (Thowsonite) کی ایک قسم ۔

Farouche : (a) [L.'ferocem'.] آزردہ ؛ افسردہ ؛ شرمیلا ؛ بدمزاج ؛ بیزار ؛ ناشائستہ ؛ غیرمہذب ؛ وحشی ؛ اُجڈ ۔

Faroucheness : (n) ناشائستگی ؛ شرمیلاپن ؛ افسردگی ؛ بدمزاجی ؛ آزردگی ؛ وحشی پن ۔

Farraginous : (a) [L.'farrago'.] گڈ مڈ ؛ خلط ملط ؛ ملا جُلا ؛ مخلوط ؛ پچ میل ۔

Farrago : (n) [L.'farrago'.] (۱) خلط ملط ؛ مجموعہ ؛ گڈ مڈ ؛ اختلاط؛ گھال میل؛ پچ میل ؛ کھچڑی ؛ مخلوط ۔ (۲) (الفاظ یا خیالات) غیرمرتب ؛ غیرمربوط ۔

Farrand/Farrant : (a) [Origin doubtful.] کسی مخصوص صورت ، مزاج یا رجحان کا ۔

Auld Farrand : فرسودہ خیالات کا ۔

Fighting farrand : جنگجو ؛ لڑاکو ؛ جھگڑالو ۔

Foul farrand : گندی طبیعت کا ؛ بدطینت ؛ بدمزاج ؛ کریہ منظر ۔

Farrandly/Farrantly : (adv.) کسی مخصوص صورت ، رجحان یا مزاج سے ۔

Farreation : (n) [L. f. 'farreationem.'] Confarreation دیکھو

Farrier : (n) [L.'ferrarius.'] (بیطاری) نعلبند ؛ سلوتری ؛ بیطار۔ (۲) گھوڑسوار دستوں میں گھوڑوں کی نگہداشت کرنے والا افسر ۔

Farriery : (n) (۱) (بیطاری) نعلبندی ۔ (۲) بیطرہ ۔ (۳) بیطاری ؛ سلوتری کا کام ؛ جانوروں کی جراحی ؛ ویٹنری سرجری ۔

Farrow : (n) [O.E. fearh.] (۱) (حیوانیات) بچہ خوک ۔ (۲) سور کے بچوں کا ایک جھول (ایک مرتبہ جنے گئے بچے) ۔

Farrow : (a) [Origin unkn.] (گائے سے متعلق) نٹھلّی ؛ غیر حاملہ ؛ گائے جس کو (فی الوقت) بچھڑا نہ ہو ۔

To be farrow/To go farrow/To run farrow : نٹھلّی ہونا ؛ نٹھلّی ہوجانا ؛ نٹھلّی رہنا (گائے کا) غیرحاملہ ہونا ؛ غیرحاملہ ہوجانا ؛ غیرحاملہ رہنا (گائے کا) ۔

Farrow : (v) [M.E.] سور کا جھول نکالنا یا بچے پیدا کرنا ۔

Farsang : (n) [Pers.] فرسنگ ؛ دوری ناپنے کا ایک فارسی پیمانہ ؛ (قدیم) پارہء سنگ ؛ تقریباً ٤ میل نیز فارسی کی ایک میٹرک اکائی جو دس کیلو میٹر یا ۶.۲۱ میل کے برابر ہوتی ہے ۔

Farse : (n) [med.L.'farsa'.] (قدیم کلیسائی) عشائے ربانی سے متعلق عبارت میں توسیع یا اضافہ نیز مکتوب حواری یا انجیل کی آیتوں کے لاطینی جملوں میں ، پڑھتے وقت شامل کی گئی مقامی زبان کی تنبیہی یا دیگر عبارتیں ۔

Farse : (v) مخصوص الفاظ کی شمولیت سے اضافہ کرنا ؛ مخصوص الفاظ کا اضافہ کرنا ؛ (مکتوب حواری میں) مقامی زبان میں کسی تنبیہی عبارت کا شامل کرنا ۔

Fars series : (ارضیات) طبقات فارس ۔

Fart : (n) [M.E.] (غیرشائستہ) (عضویات) گوز ؛ پاد ؛ باؤ ۔

Fart : (v) (غیرمہذب) پادنا ؛ گوز مارنا ؛ باؤ چھوڑنا ؛ پاد مارنا ؛ ھوا خارج کرنا ۔

Farther : (adv.) [ME.'ferper'.] (۱) بہت آگے ؛ دورتر ؛ اور دور ؛ آگے ؛ فاصلے پر ۔ (۲) دور سے ؛ اور آگے سے ؛ فاصلے پر سے ؛ فاصلے سے ۔ (۳) علاوہ ؛ بھی ؛ اور؛ مزید براں ؛ مزید ۔ (٤) نسبتاً زیادہ فاصلے تک ؛ نسبتاً زیادہ فاصلے پر ۔ (۵) نسبتاً زیادہ وقفے سے ۔

To wish anyone farther : کسی کی ترقی چاہنا ؛ ترقی کی دعا دینا ۔

Farther : (a) مستزاد ؛ زیادہ ؛ زائد ؛ مزید ؛ آگے ؛ زیادہ فاصلے پر ؛ زیادہ تر ؛ بہت ؛ زیادہ وسیع ؛ زیادہ دور ۔

Farther India : (جغرافیہ) ہند چینی ۔

Farthermost : (a) بعید ترین ؛ بہت دور ؛ سب سے زیادہ دوری پر ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ۔

Farthest : (a) بہت دور ؛ نہایت دور ؛ نہایت بعید ؛ بعیدترین ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ؛ انتہائی طویل ۔

Farthest : (adv.) بہت دور ؛ نہایت دور ؛ نہایت بعید ؛ بعید ترین ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ؛ انتہائی طویل فاصلے پر ۔

At the, at, farthest : بہت ہی فاصلے پر ؛ نہایت دور ؛ زیادہ سے زیادہ ؛ زائد سے زائد ؛ زیادہ سے زیادہ دیر میں ؛ بہت دیر ہوئی تو ؛ دیر سے ؛ دیر میں۔

Farthing : (n) [OE.'feording'.] (۱) (سکہ) ایک پینی کا چوتھائی حصہ ؛ چوتھائی پینی (کا سکہ) ؛ ایک فاردنگ۔ (۲) عہد نامہ جدید (New Testament) میں یہ لفظ دو رومی سکوں As اور Quadrans کےلئے استعمال ہوا ہے۔ (۳) (مجازاً) بہت کم یا حقیر ؛ پھوٹی کوڑی ؛ حبہ برابر ؛ ذرا سا ؛ تھوڑا سا۔

Farthing-land : ایک ایکڑ کا چوتھائی حصہ۔

Farthingale : (n) [Sp.f.'verdugado'.] (۱) (پیٹی کوٹ) سایہ جس کے اندر کی طرف لچک دار لکڑی یا تار کا چکر لگا ہوتا ہے تاکہ اُٹھا اور پھیلا رہے۔ (۲) لچکدار حلقوں کا جو عموماً وھیل کی ہڈی سے بنے ہوتے ہیں ، ایک ڈھانچہ جو پہلے زنانے لباس کے دامن کو پھیلا رکھنے کےلئے استعمال ہوتا تھا۔

Farthingale chair : (n) الزبیتھ اول اور جیمس اول کے دور حکومت میں انگلینڈ میں چوڑی نشست والی بغیر بازو کی کرسی۔

Fasces : (n) [L. pl. of 'fascis'.] (۱) (تاریخ روما) ڈنڈوں کا گٹھا جس کے بیچ میں ایک کلہاڑی بھی ہوتی تھی جس کا پھل باہر کی جانب ہوتا تھا اور جس کو ایک افسر مجسٹریٹ کے آگے آگے لے کر چلتا تھا۔ (۲) (مجازاً) نشان حکومت ؛ نشان اقتدار ؛ اقتدار۔

Fascet : (n) [Origin unkn.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی میں شیشے کی بوتلوں کو ڈالنے کا ایک اوزار۔

Fascia : (n) [L.] (۱) (تعمیرات)لکڑی ،پتھریا سنگ مرمر کی لمبی اور چپٹی سطح خصوصاً آیونی اور کورنتھی طرز تعمیر میں ان تین سطحوں میں سے ہر ایک جو مرغول کی تشکیل کرتی ہیں ؛ کگر یا اولتی کے نیچے کی لکڑی یا پتھر؛ ابھرا ردا ؛ برجستہ سطح۔ (۲) (تشریح) کسی عضلا یا بعض مخصوص نسیج یا عضو کو گھیرے ہوئے ریشے دار نسیج کا ایک باریک غلاف ؛ نسیجی غلاف ؛ ردا۔ (۳) پٹی ؛ بند ؛ بندھن ؛ پٹی یا فیتے کے مماثل کوئی چیز ؛ ایک سفید چمکدار ریشہ دار جھلی جو کسی عضلہ کے خول کا کام دے یا عضلہ اور وتر کو ملاتی ہو۔ (٤) ڈورا ؛ ڈوری۔ (٥) (حیوانیات) دھاری ؛ رنگین دھاری۔ (٦) (فلکیات) حلقہ (کسی سیارے کا)۔ (۷) (صدفیات) سوراخوں کی قطار۔ (۸) (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ دو افقی خط۔

Aponeurotic Fascia : (تشریح) ردائے صفاتی۔

Sper matic Fascia : (تشریح) ردائے منوی۔

Fascial : (a) (تشریح ، حیوانیات) ردائی ؛ غلافی ؛ عضلات کو ڈھکنے والی ریشہ دار نسیجی جھلی یا غلاف کا یا اس سے متعلق۔

Fasciate/-d : (a) [L.L.'fasciatus'.] (۱) (تشریح) بہم بستہ ؛ (۲) (نباتیات وغیرہ) ردا دار ؛ یکجا کیا ہوا۔ (۳) پٹی دار؛ دھاری دار ؛ پٹیوں یا دھاریوں کا نشان بنایا ہوا۔

Fasciate : (v) [L. faciat.] بندھن ، فیتے یا وتر سے یا اس کی طرح باندھنا۔

Fasciation : (n) (۱) کسی عضو وغیرہ کو پٹیوں سے باندھنا۔ (۲) بہم بستہ یا یکجا ہونے کا عمل نیز بہم بستگی ؛ یکجائی؛ ملاکر بندھے ہوئے ہونے کی حالت ؛ مل کر ایک ہونا ؛ بندش۔ (۳) (نباتیات) (خلقت میں) نقص جیسے بہت سے ڈنٹھلوں کو یکجا ملا دیا گیا ہو ؛ (نباتیات) بہم بستگی۔

Fascicle : (n) [L.'fascoeulus'.] (۱) گچھا ؛ گانٹھ؛ لچھا۔ (۲) (نباتیات) متعدد پتے ؛ پھول ؛ جڑوں وغیرہ کا گچھا ؛ گانٹھ؛ طرّہ ؛ لچھا ؛ یا حُزمہ۔ (۳) (تشریح) ریشوں کا گچھا(عصب کی ساخت میں) حُزمہ۔ (٤) (کسی طباعت کا) ایک حصہ، جزو یا قسط ؛ کتاب کے اجزا جو قسط وار شائع کئے جائیں۔

Fascicled : (a) گچھادار ؛ گچھا نما۔(نباتیات) حُزمی ؛ گچھا گچھا۔

Fascicular : (a) (نباتیات) حزمی ؛ گچھے دار ؛ گچھے کا ؛ گچھے جیسا ؛ لچھے دار؛ گٹھیلا ؛ گانٹھ دار ؛ گچھے سے متعلق۔

Fascicular fibres : (n) گچھے دار یا گچھے نما ریشے ؛ حُزمی ریشے۔

Fascicular tissue : (n) حُزمی نسیج ؛ گچھے دار یا گچھے نما نسیج۔

Fascicularly : حُزمی طور پر ؛ گچھے دار طور پر ؛ گچھے جیسی شکل میں ۔

Fasciculate : (a) گچھے دار ؛ (نباتیات) حُزمی ؛ (حیوانیات) حُزمی ؛ گچھا ؛ گانٹھ یا لچھا بنایا ہوا ؛ گچھے کی طرح ملاکر باندھا ہوا ؛ گچھے دار ؛ حُزم نما ۔

Fasciculate bladder : (n) (حیوانیات) حُزمی مثانہ ۔

Fasciculated : (a) گچھا بنایا ہوا یا گچھے جیسا بنایا ہوا ۔

Fasciculation : (n) (حیاتیات) حُزمیت ؛ گچھے دار ہونا یا گچھے نما ہونا؛ گچھے دار یا گچھےنما شے ۔

Fascicule : (n) دیکھو Fascicle

Fasciculite : (n) (معدنیات) گچھا نما ریشہ دار معدنی شے جو سنگ خارہ وغیرہ میں پائی جاتی ہے اور گہرے بادامی، سیاہ یا سبزرنگ کی ہوتی ہے ۔

Fasciculus : (n) (۱) (حیوانیات) حُزیمہ ؛ حزمك ۔ (۲) دیکھو Fascicle ۔

Fascinate : (v) [L.'fasinare'.] (۱) گرویدہ کرنا ؛ موہ لینا ؛ جادو کر دینا ؛ مسحور کرنا ؛ افسوں کرنا (خاص کر سانپوں کے لئے) ؛ شکار کو اپنی نگاہ یا محض موجودگی کی زور سے بھاگنے کےقابل نہ رہنے دینا(خاص کر سانپوں کےلئے)؛ نظر باندھنا ۔(۲) بے انتہا کشش سے کام لینا ۔ (۳) ناقابل مدافعت اثر اندازی کے ذریعہ اپنی طرف متوجہ کرلینا ۔

Fascinating : (a) دلرُبا ؛ دلکش ؛ گرویدہ کرنے والا ؛ مسحور کن ؛ موہ لینے والا ؛ ساحر ۔

Fascinatingly : (adv.) دلکشی سے ؛ دلُربائی سے ؛ مسحورکن طور پر ؛ ساحرانہ انداز میں ۔

Fascinative : (a) مائل بہ سحر ؛ مائل بہ افسوں ؛ موہ لینے والا ؛ مسحور کن ؛ دل رُبا ؛ دلکش ۔

Fascinator : (n) (۱) دل رُبا ؛ من موہن ؛ دلکش ؛ ساحر ۔ (۲) عورتوں کا ہلکا دوپٹہ (عموماً کشیدہ کاری والا)۔

Fascination : (n) [L. 'fascinationem'.] (۱) افسوں ؛ سحر ؛ جادو ؛ ٹونا ۔(۲) مسحوریت ؛ افسوں طرازی ؛ فسوں زدہ کرنا (جیسے سانپ کا) ؛ موہ لینا یا گرویدہ کر لینا یا موہنے کی صلاحیت ۔ (۳) دلکشی؛ دل رُبائی ، دل فریبی ؛ جادو گری؛ فسوں سازی ۔ (٤) کسی بات میں غایت دلچسپی یا رغبت ۔ (٥) موہ لینے کی صفت ؛ مسحور کرلینے کی صفت ؛ غیر مدافعانہ توجہ گیر اثر ۔(٦) تاش کا ایک کھیل جو ایک شخص اکیلا کھیلتا ہے ۔

Fascine : (n) [L.'fascina'.] (فوج) (انجنیئرنگ) حُزمہ حطب ؛ لکڑیوں کے گٹھے جو مورچوں کے اونچاکرنے ، گھاٹیوں کے بھرنے، فصیلوں کو مضبوط کرنے اور پشتوں کے بنانے کےکام آتے ہیں (خاص کر جنگ کے موقعوں پر)۔

Fascine : (v) لکڑیوں کے گٹھے سے بھرنا یا پاٹنا ؛ پُشتوں کو مضبوط کرنا ۔

Fascine dwelling : (n) (قبل تاریخ) جھیلوں میں بنے ہوئے گھر یا گھروندے ، جو پانی کی سطح کے نیچے بانس، بلیاں وغیرہ گاڑ کر اور ان پر لکڑیاں بچھا کر بنائے جاتے تھے ۔

Fascio : (n) [It.] منڈل ؛ سیاسی جماعت ؛ فاشسٹوں کی ایک مقامی شاخ ۔

Fasciola/Fasciole : (n) [L.] (۱) (حیوانیات، تشریح) ردائیہ ۔ (۲) چھوٹی پٹی ۔

Fascioliasis/Fasciolosis : (n) [L.] (طب) ردائیت ؛ جگر میں ایک قسم کے باریک کیڑوں کی کثرت اور ان سے پیدا شدہ مرض ۔

Fascioplasty : (n) (جراحی) ردا پیوندی ۔

Fasciorrhaphy : (n) (جراحی) ردا دوزی ۔

Fasciotomy : (n) (جراحی) ردا تراشی ؛ ردا شگافی ۔

Fascist : (n) [It.] اطالوی محبان وطن کی جماعت کا ایک رکن جو ۱۹۱۹ء میں مسولینی کی زیرقیادت بالیشوزم کی مخالفت کے لئے منظم کی گئی تھی ؛ مسلك فاشسٹی کا پیرو ؛ فاشسٹ ۔

Fascista : (n) [It.] دیکھو Fascist

Fascism : (n) مسلك فاشسٹی ؛ اٹلی کی محبان وطن کے اصول اور تنظیم جو پہلی جنگ عظیم کے دوران قائم ہوئی اورجس کا مسلك اشتراکیوں کے اصول کے خلاف ہے اور مسولینی اس کا سردار ہے ۔

Fascitis : (n) (طب) ورم ردا ؛ ردائی سوزش ۔

Fash : (n) [See verb.] (۱) (بول چال) جھنجھٹ ؛ مصیبت ؛ علّت ؛ آفت ؛ کھکھیڑ ؛ کوفت ؛ پریشانی کی حالت ؛ تکلیف ؛ زحمت ؛ طومار ؛ بکھیڑا ؛ تردد ؛ فکرمندی ؛ بیزاری ؛ رنجش ؛ آزار ؛ آزردگی ۔ (۲) کشتی میں بے قاعدہ شگاف ۔ (۳) لیک (پیاز کی ایک قسم کا ایک پودا) کی باریک جڑیں ۔

Fash : (v) [OF.'Fascher'.] (بول چال) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ مصیبت میں پھنسانا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ آفت میں ڈالنا ؛ کھجانا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ پریشان کرنا یا ہونا ؛ فکر مند ہونا ؛ زحمت میں پڑنا ؛ رنج پہنچانا ؛ جان کھانا ؛ کسی کو دق کرنا ؛ متردد ہونا ؛ مصیبت مول لینا ؛ تردد کرنا ؛ بیزار ہونا یا کرنا ؛ عاجز ہونا یا کردینا ؛ آزردہ ہونا یا کرنا ۔

To fash one's beard/-head/-thumb : (بول چال) کسی کو تنگ کرنا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ۔

Fashery : (n) دیکھو Fash (n)

Fashion : (n) [OF.'fason'.] (۱)وضع ؛ ساخت ؛ شکل ؛ صورت ؛ روپ ؛ تراش خراش ؛ ڈول ؛ دھج ؛ تراش ؛ انداز ۔ (۲) مخصوص وضع ؛ مخصوص شکل ؛ مخصوص تراش؛ مخصوص طور۔ (۳) طرزعمل؛ طور؛ انداز ؛ برتاؤ ؛ ڈھنگ ؛ سلوک ؛ طور طریق ۔ (٤) مروجہ رسم؛ لباس کا مروجہ انداز؛ رواج ؛ وضع ؛ رسم ؛ ریت ۔ (٥) طرز زندگی خصوصاً طبقہء امرا کا ؛ طبقہء امرا کے طور طریق ؛ اس طرز کی پیروی یا اس سے مطابقت ۔ (٦) وضع دار لوگ ؛ فیشن ایبل طبقہ یا افراد ۔

After, in, a or some fashion : خاص طورپر نہیں ؛ معمولی طورپر ؛ یونہی سا ؛ بہت اچھا نہیں ۔

Fafter the fashion of : مثل ؛ مانند؛ طرح کا ؛ وضع کا؛ اندازکا ؛ شکل کا ۔

In fashion to : وضع کا ؛ طرح کا ؛ قسم کا ۔

In, out of (the) fashion : مروجہ وضع قطع کے موافق یا خلاف ۔

Man, woman of fashion : (۱) رودلر ۔ (۲) جس کی اعلیٰ طبقے کے لوگوں سے راہ و رسم ہو یا جس کا طرز رہائش اُن جیسا ہو ۔

The fashion : (۱) مروجہ فیشن ؛ وقتی طور پر سماج کے اپنائے ہوئے لباس ، آداب و اطوار، طرز گفتگو وغیرہ کا انداز یا وضع ۔ (۲) وہ شخص یا شے جس کا چرچا ہو یعنی جو عام طورپر مقبول ہو ۔

To set the fashion : نئی وضع ایجاد کرنا ۔

Fashion : (v) بنانا؛ گھڑنا ؛ وضع کرنا؛ وضع نکالنا ؛ ڈھالنا ؛ ایجاد کرنا ؛ نئی راہ نکالنا ۔

Fashion goods : (n) (تجارت) فیشنی اشیاء ۔

Fashion-monger : (n) فیشن زدہ ؛ فیشن پرست ؛ فیشن کا دیوانہ ؛ فیشن میں رہنے والا ؛ فیشن پرستی کرنے والا ۔

Fashion paper : (n) فیشن یا فیشن ایبل زندگی سے متعلق رسالہ ۔

Fashion piece : (n) (جہازرانی) دنبالہء جہاز کی چوڑائی بتانے والے دوشہتیروں میں سے ایک ۔

Fashion plate : (n) (۱) وہ تصویر جس میں لباس کی مروجہ یا نئی وضع قطع دکھائی جائے ۔ (۲) جدیدترین فیشن کا لباس پہننے والا ۔

Fashionable : (a) (۱) پابندوضع یا فیشن ۔ (۲) اہل فیشن سے تعلق رکھنے والا ؛ اہل فیشن کا یا ان کی خصوصیات رکھنےوالا ؛ دنیائے فیشن کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) مروجہ وضع یا فیشن کے مطابق چیزیں ؛ رواج کے مطابق چیزیں ؛ مروجہ ؛ رائج الوقت ؛ فیشن ایبل ۔ (٤) اہل فیشن کی مطبوع (جیسے ہوٹل ، طرز زندگی وغیرہ)۔

Fashionability : (n) فیشن کی مطابقت ؛ رواج پذیری ؛ وضع داری۔

Fashionableness : (n) دیکھو Fashionability

Fashionably : (adv.) فیشن کے مطابق ؛ رواج کے مطابق ۔

Fashioned : (a) مخصوص وضع و انداز کا (مثلاً پرانی وضع کا وغیرہ) ۔

Old fashioned : پرانی وضع کا ؛ پرانے انداز کا ؛ اگلے وقتوں کا ۔

Fashioner : (n) بنانے والا ؛ گھڑنے والا ؛ نئی وضع ایجاد کرنے والا ؛ خصوصاً ٹیلر ماسٹر ؛ پوشاک ساز۔

Fashionist : (n) (۱) فیشن پرست ۔ (۲) نئی وضع ایجاد کرنے یا نکالنے والا ؛ فیشن کے مطابق لباس تیار کرنے والا یا اس میں مہارت رکھنے والا ؛ ماہرِ فیشن ۔

Fashionless : (a) بے وضع ؛ بے قطع ؛ بے ڈھب ۔

Fashious : (a) [OF.'fascheux'.] اضطراب آور ؛ پریشان کن ؛ تردد خیز؛ تکلیف دہ ؛ افسردہ کن ؛ تھکانے والا؛ کٹھن ؛ بے لطف ؛ تفکر انگیز ؛ مزاحم ؛ مخل ؛ زحمت دینے والا ؛ مصیبت پیدا کرنے والا ؛ تنگ کردینے والا ؛ اکتا دینے والا ۔

Fassaite : (n)[f.'fassa', in the Tyrol.] پائروکسین (pyroxene) کی ایک قسم جس میں تھوڑی مقدار الومینیا کی بھی ہوتی ہے ۔

Fast : (n) [ME.'faste'.] (۱) صوم ؛ روزہ ؛ برت ؛ فاقہ ۔ (۲) وقت صیام ؛ روزِ صیام ؛ ماہ صیام ؛ رمضان کا مہینہ ؛ روزے کا دن ؛ برت کا دن ۔

To break (one's) fast : روزہ افطارکرنا ؛ دن میں پہلی دفعہ کھانا ؛ برت توڑنا ۔

Fast : (n) [ME.'fest'.] (جہازرانی) جہاز یا کشتی کو گھاٹ سے باندھنے والا رسہ ؛ زنجیر یا کڑی ۔

Fast : (n) ۔ قائم اور جماہوا (خصوصاً ساحل یا ساحلی برف) ۔

Fast : (a) (۱) کسا ہوا ؛ جکڑا ہوا ؛ مضبوطی سے لگا ہوا ؛ بندھا ہوا ؛ پیوستہ ؛ قوی ؛ نصب ؛ مضبوط ؛ پکّا ؛ جو بہ آسانی الگ نہ کیا جاسکے ؛ محکم ؛ محکم گیر ؛ کس کر بندھا یا بُنا ہوا ۔ (۲) تیز؛ تیز قدم ؛ تیز رفتار ؛ جلد ؛ سریع ۔ (۳) راسخ ؛ ثابت ؛ مستقل؛ قائم؛ غیرتغیر پذیر ۔ (٤) گہرا؛ جگری ؛ (دوست یا دشمن) ۔ (٥) (نیند کے لئے) گہری ؛ بےخبری کی ؛ (خواب) گراں ۔ (٦) پختہ؛ پکّا ؛ نہ چھوٹنے والا (رنگ) ۔ (۷) (عامیانہ) گاڑھا ؛ منجمد ؛ ٹھوس ۔ (۸) مضبوط (گرہ) ناقابل حل (عقدہ) ؛ لاینحل ۔ (۹) (دروازہ) مضبوطی سے بند کیا ہوا؛ مقفل ۔ (۱۰) تیزی سے گھومنے یا گھومانے والا ؛ تیز حرکت دینے والا ؛ تیز چلنے یا چلانے والا ؛ مسرع ۔ (۱۱) پئے در پئے تیزی سے واقع ہونا ۔ (۱۲) (گھڑی) صحیح وقت سے آگے؛ تیز؛ فاسٹ ۔ (۱۳) (پیمانہ)صحیح وزن سے زیادہ بتلانےوالا ۔ (۱٤) تیز حرکت یا گردش سے ہم آہنگ ہونے والا یا تیز حرکت پیدا کرنےوالا (خصوصاً کرکٹ ، فٹبال ، بلیرڈ میں) ۔ (۱٥) آوارہ ؛ بدچلن ؛ بدکار ؛ عیاش (اکثر عورتوں کےلئے مستعمل ہے) ۔

To lead a fast life : عیاش و آوارگی کی زندگی بسر کرنا ۔

To live fast : (۱) آوارگی میں زندگی بسر کرنا ؛ عیاش زندگی بسر کرنا ۔ (۲) قوت حیات کو عجلت سے صرف کرنا ۔

To make fast : باندھنا ؛ جکڑنا ؛ مضبوط کرنا ۔

To play fast and loose : ناقابل اعتبار ہونا؛ اپنےقول وقرار یا فرض منصبی کی پرواہ نہ کرنا ؛ غیر معتبر ہونا ۔

To sleep fast : گہری نیند سونا ؛ بے خبر ہونا ۔

To stand fast : ڈٹے رہنا ؛ مضبوطی سے کھڑے رہنا ؛ قدم جمائے رہنا ؛ ثابت قدم رہنا ۔

To stick fast : (اکثر مجازاً) متحیر رہ جانا ؛ بکّا بکّا ہوجانا ؛ دم بخود ہوجانا ؛ سکتے میں آجانا ؛ حیرت زدہ ہو جانا ؛ مبہوت ہوجانا ؛ حواس باختہ ہوجانا ۔

To take fast hold of : مضبوطی سے پکڑلینا ۔

Fast : (v) (۱) برت یا روزہ رکھنا ۔ (۲) بغیر غذا یا خوراک کے رہنا ؛ فاقہ کرنا ؛ بہت کم کھانا ؛ غذا سے دور رہنا (خواہ مذہبی طورپر یا غم و اندوہ کی حالت میں) ۔ (۳) بغیر کھائے پیئے رہنا ۔

To fast against, upon (a person) : (۱) (قدیم آئرستان) کسی قرض دار یاایسے شخص کے دروازے پر بغیر کھائے پیئے بیٹھنا جو کسی جائز مطالبے سے روگرداں ہو ۔ (۲) ستیہ گرہ کرنا ؛ بھوک ہڑتال کرنا ؛ دھرنا دینا ۔

Fast : (adv.) (۱) مضبوطی سے ؛ استحکام سے ؛ زورسے ؛ استقامت سے؛ ثابت قدمی سے ؛ مستقل مزاجی سے ۔ (۲) مضبوط گرفت سے؛ سخت گیری سے؛ کس کر ؛ بھینچ کر ؛ دبوچ کر ؛ تان کر ؛ سخت گُتھا ہوا؛ زور سے؛ پختہ طورپر؛ پکّا ؛ محفوظ طورپر ۔ (۳) (شعر میں متروک) بالکل قریب ؛ بالکل نزدیک ؛ قریب میں ۔ (٤) جلدی جلدی ؛ تیزی کے ساتھ ؛ سُرعت سے ؛ سُبک روی سے؛ یکے بعد دیگرے ؛ متواتر ؛ مسلسل ۔ (٥) تیز فہمی سے ۔ (٦) آوارگی سے ؛ عیاشی سے ؛ وحشیانہ طور پر ۔ (۷) مقررہ وقت سے آگے یا زائد (گھڑی یا ٹرین کا چلنا) ۔

Door is fast : دروازہ بند ہے؛ دروازہ مقفل ہے ۔

Eyes fast shut : مچی ہوئی آنکھیں ۔

Ship fast a ground : دھنسا ہوا جہاز ۔

Fast a ground : (a) زمین پر نصب ۔

Fast and loose : (adv.) غیر ذمہ داری سے ؛ بے احتیاطی سے ؛ دھوکا دہی سے؛ دھوکے بازی سے ۔

Fast and loose : (n) (۱) دھوکا دہی کا ایک قدیم کھیل جو چھڑی اور بیلٹ یا فیتے سے کھیلا جاتا تھا ۔ (۲) (استعارتاً) ناقابل اعتبار ؛ غیر معتبر ؛ غیر متیقن ؛ تلون مزاج ؛ تلون طبع ؛ عیار ؛ مکّار ؛ بے ایمان ؛ فریبی ۔ (۳) عیاری ؛ مکّاری ؛ فریب ۔

To play (at) fast and loose : عیاری کرنا؛ مکاری کرنا؛ دھوکا دینا ؛ بے ایمانی کرنا ۔

Fast and loose pulley : (n) مشین کے دُھرے میں لگا ہوا ایک پُرزہ (جس سے انجن کی طاقت منتقل کی جاتی ہے) ۔

Fast ashore : (adv.) ساحل پر ؛ کنارے پر ۔

Fast asleep/-in sleep : (adv.) گہری نیند میں ۔

Fast back : (n) مضبوط اور گٹھی ہوئی ریڑھ کی ہڈی ۔

Fast bind/-find : جو چیز عزیز ہے اُسے احتیاط سے رکھو ۔

Fast colour : (a) (کیمیا) تیز رنگ ؛ پکّا رنگ ۔

Fast colour salt : (n) تیز رنگ نمک ۔

Fast cricket-ground/-racguet-court/-billiard-table : (n) جس پر گیند خوب اُچھلے ۔

Fast clay/Fasting day : (n) روزے کا دن ؛ برت کا دن ؛ روزِ صیام ۔

Fast electron : (n) (کیمیا) تیزرو الکٹران ۔

Fast fission : (n) (طبیعیات) تیز فشن ؛ تیز انقسام ۔

Fast foe : (n) گہرا دشمن ؛ سخت حریف ؛ انتہائی بدخواہ ۔

Fast friend : (a) پکا ؛ گہرا دوست ؛ جگری دوست ؛ یار غار ۔

Fast friendship : (a) گہری دوستی ؛ جگری دوستی ۔

Fast green : (رنگنےمیں) پختہ سبز رنگ ۔

Fast -mass : (n) ایسٹر سے تقریباً پچاس دن پہلےوالے اتوار، سوموار اور منگل کے روزے ۔

Fast neutron : (n) (کیمیا) تیز رو نیوٹران ۔

Fast neutron reactor : (n) (طبیعیات) تیزنیوٹران ری ایکٹر ۔

Fast-neutrons : (n) سریع عَدلیِّے ۔

Fast person : (a) عیاش ؛ آوارہ ؛ بدراہ ؛ بدچلن ؛

Fast prisoner : (a) عادی قیدی ۔

Fast-pulley : (n) دیکھو Fast and loos pulley

Fast reactor : (طبیعیات) تیز ری ایکٹر ۔

Fast hock wave : (a) (طبیعیات) تیز شاک لہر ۔

Fast-shot : (n) (کان کنی میں) کوئلے کو متاثر کئے بغیر کسی دھماکے کا وقوع ہونا ۔

Fast spine : (n) دیکھو Fast back

Fast stepping (a) (۱) تیز رفتار(گھوڑا) ۔ (۲) انتھک کوشش کرنے والا ۔

Fast talk : (n) (عامیانہ) روغن قاز ملنا ؛ چرب زبانی سے متاثر کرنا ۔

Fast woman : (a) بدچلن عورت ؛ فاحشہ ۔

Fast with gout : (a) گٹھیا میں مبتلا ۔

Fasten : (v) (۱) مضبوط کرنا ؛ باندھنا ؛ جکڑنا (کسی بندھن یا تسمے وغیرہ سے) ۔ (۲) لگانا؛ جوڑنا ؛ کسی چیز سے ملا کر باندھنا ؛ مضبوط و محفوظ کرنا ۔ (۳) منعطف کرنا (خیال ، نگاہ وغیرہ) ۔ (٤) مضبوط یا مستحکم ہو جانا؛ قائم کرنا ۔ (٥) ہاتھ آجانا ؛ قبضے میں کرلینا ۔ (٦) تھوپنا ؛ لگانا (بہتان وغیرہ) ۔ (۷)توثیق کرنا ؛ تصدیق کرنا ۔ (۸) بند ہونا ؛ (دروازہ وغیرہ کا) ۔ (۹) مضبوطی سے گرفت میں لانا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔

Fastidiously : (adv.) نازک مزاجی سے ؛ نازک مذاقی سے ؛ نفیس طبعی سے ؛ نفاست پسندی کےساتھ ؛ تنک مزاجی سے ۔

Fastidiousness : (n) دیکھو Fastidiosity

Fastigiate : (a) [L.'fastigium'.] (۱) مخروطی یا اہرام کی طرح اوپر کی طرف ڈھلواں ؛ مخروطہ نما ؛ اہرام نما ۔ (۲) حیوان نباتی کا ۔ (۳) نظام گل کی ایک قسم کا ؛ ایسے خوشے یا دستہء گل والا جس میں پھول چپٹے اور قدرے کُروی سرے کی تشکیل کرتے ہیں ؛ انگورکے خوشے جیسا ۔ (٤) (حیوانیات) مخروطی (جغرافیہ) اہرامی ؛ برمی الراس (نباتیات) حزمی ؛ مخروط نما پھول یا شاخیں ۔

Fastigiate : (v) (منذیر کی طرح) چوٹی پر نوکیلا بنانا ؛ کسی سرے کو مخروطی یا گاؤ دم بنانا ؛ اہرام نما کرنا ؛ مخروطی بنانا ۔

Fastigiated : (a) اوپر کی طرف مخروطی (چھت) ؛ اہرام نما (چھت)۔

Fastigium : (n) [L.] (۱) چوٹی ؛ بلندی ؛ اوج ؛ نوک ؛ پھننگ ؛ سرا ؛ منتہا؛ عروج ۔ (۲) (چھت کا) نوکیلا سرا ۔ (۳) (تعلیمات) اوج ؛ مکان کی چھت کی چوٹی یا مُگری ۔ (٤) (طب) اوج بخار ؛ (کسی مرض کی شدت کا) نقطہء عروج ؛ (مرض کی) انتہائی شدید (حالت)۔

Fasting : (n) (۱) روزہ رکھنا ؛ برت کرنا ؛ یا فاقہ کرنا ۔ (۲) وصفی معنوں میں مثلاً روزہ دار یا فاقہ کش کا تھوک ، قارورہ وغیرہ ۔

Fasting-day : (n) دیکھو Fast-day

Fasting-spittle : (n) روزہ افطار کرنے سے قبل یا دن میں پہلی بار کھانے سے پہلے منہ میں موجود رال ۔

Fastish : (a) (۱) قدرے کسا ہوا ؛ تھوڑا پیوستہ ؛ قدرے تیز ؛ قدرے مضبوطی سے ؛ ذرا زور سے ۔ (۲) بدرویہ ۔

Fastland : (n) ایک بلند اور خوشک خطہء زمین ؛ ایک بڑا خطہء زمین ؛ براعظم۔

Fastly : (adv.) (۱) دیکھو Fast ۔ (۲) تیزی سے ؛ بسرعت ۔

To fasten off thread : (v) گرہ کے ذریعے سے مضبوط کرنا یا جکڑ دینا یا باندھ دینا ۔

To fasten quarrel upon : لڑائی مول لینا ۔

To fasten on, upon : (v) (۱) ہاتھ آجانا (کسی حیلے کا الزام کی غرض سے) ؛ پکڑنا خصوصاً حریف کی کمزوری کو ؛ (کسی عذرکی) آڑ لینا یا آڑ پکڑنا ۔ (۲) پکڑ لینا ؛ ضبط میں لانا ؛ جکڑلینا؛ روک لینا ۔

Fastener : (n) (۱) پکڑنے والا ؛ باندھنے والا ؛ جکڑنے والا ۔ (۲) بندھن ؛ تسمہ ؛ بٹن ؛ ہُک ؛ زنجیر ؛ بند ؛ کُھنڈی ؛ نٹ بولٹ ۔ (۳) جہاز سازی میں شہتیروں ، لوھے کی پلیٹوں اور دوسرے سازو سامان کو جوڑنے یاباندھنے والا کاریگر ۔

Paper fastener : ورق بند ۔

Fastening : (n) (۱) باندھنا ؛ جکڑنا ؛ جوڑنا ؛ مضبوط کرنا ؛ محفوظ کرنا ؛ (دروازہ) بند کرنا ؛ بندش ؛ ہم بستگی ۔ (۲) رشتہ ؛ بندھن ؛ باندھنے ؛ جکڑنے یا مضبوط و محفوظ کرنے کی چیز ۔ (۳) دو چیزوں کو جوڑنے اورجکڑنے والی چیز ۔

Fastens : Fastens-een کا مخفف ۔

Fastens-een/-eve/-even : (n) [OE 'faestenes'.] (۱)لینٹ (ایسٹر سے قبل چالیس دن) کےروزے کی شام یا اُس کے پہلے کا دن ۔ (۲) ایش ویڈنس ڈے کے فوراً کا منگل ۔

Faster : (n) روزہ رکھنےوالا ؛ برت کرنےوالا ؛ فاقہ کرنےوالا ؛ غذا سے دور رہنے والا ۔

Fasti : (n) [L. pl. of 'fastus'.] (۱) (قدیم روما) ایک تقویم جس میں سال کے ہر دن سے متعلق قانونی مشغولیات ، تہواروں ، کھیل کود ، سالانہ تقریبات وغیرہ کا اندراج ھوتا ھے ۔

Fastidiosity : (n) [L.'fastidiosus'.] نازک مزاجی ؛ نفاست پسندی ؛ نفیس طبعی ؛ نازک مذاقی ؛ خوش ذوقی ؛ تنک مزاجی ۔

Fastidious : (a) [L. fastidiosus.] نازک ؛ نازک مزاج ؛ نازک طبع ؛ نفیس طبع ؛ نک چڑھا ؛ تنک مزاج ؛ حد درجہ خوش ذوق ؛ جس کو مشکل سے کوئی چیز پسند آئے ؛ نازک مذاق ؛ حد سے زیادہ نازک مزاج ؛ نفاست پسند ؛ باریک بیں ؛ شدید الحساس (ذوق کے معاملہ میں) ۔

Fastness : (n) (۱) جکڑن ؛ مضبوطی ؛ مضبوط بندش ؛ بم بستگی ؛ پیوستگی ؛ تنصیب ؛ محفوظ ھونے کی حالت یا صفت ؛ پختگی ؛ استحکام ۔ (۲) تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ جلدی ؛ سرعت ۔ (۳) ثبات ؛ رسوخ ؛ استقلال ؛ قیام ؛ غیرتغیر پذیری ۔ (٤) (نیند کی) گہرائی ؛ گرانی ۔ (٥) ثبات اللون ؛ پختہ رنگی ۔ (٦) (عامیانہ) انجماد ؛ ٹھوس پن ۔ (۷) تسلسل ؛ تواتر ۔ (۸) آوارگی ؛ بد چلنی ؛ بد کاری ؛ عیاشی ۔ (۹) قلعہ ؛ کوٹ ؛ گڑھ ؛ ایسی جگہ جس پر بہ آسانی قابو نہ پایا جاسکے یا ایسی جگہ جس پر آسانی کے ساتھ قبضہ نہ ہو سکے ۔

Fat : (a) [OE.'faet (t)'] (۱) موٹا تازہ ؛ تیار ؛ فربہ ؛ خوب کھلایا ھوا (ذبح کے لئے) ۔ (۲) ہٹا کٹا ؛ چربی دار ؛ مرغن ؛ روغن دار ؛ لحیم شحیم ؛ جسیم ؛ گداز ؛ چربیلا ؛ تنومند ۔ (۳) (چیزوں کے لئے) موٹا ؛ دبیز ؛ (خصوصاً چھاپے کے ٹائپ کےلئے) ۔ (٤) روغنی ؛ روغن دار ؛ چکنائی والا ؛ چربی دار؛ چکنا ۔ (٥) (امریکا) رال دار ؛ گوند والی (لکڑی وغیرہ) ؛ روغن دار ؛ نفط دار ؛ رال دار (پتھر کا کوئلہ) ۔ (٦) (مٹی وغیرہ کےلئے)۔ چپکواں ؛ چپکنے والی ؛ لس دار ؛ لعاب دار ؛ ڈھلنے والی ؛ سانچے میں ڈھلنے کے لائق ؛ صورت پذیر ؛ شکل پذیر ؛ تکوینی ؛ (مجازاً) نرم ؛ ملائم ۔ (۷) (کیمیا) چربی ؛ شحم ۔ (حیوانیات) فربہ ؛ موٹا ؛ نسیج شحمی ۔ (۸) (چونا پتھر کے لئے) خالص ؛ غیرمخلوط ۔ (۹) (سیّال کا) ٹھوس یا خارجی ذرات سے بھر دینا ۔ (۱۰) زرخیز؛ زرریز؛ بہت پیداواروالی ۔ (۱۱) غنی ؛ مستغنی ؛ خوش حال ؛ متمول ۔ (۱۲) موٹے جانور جیسا ؛ سست مزاج؛ سست فہم ؛ مردھو ؛ احمق ؛ گاودی ؛ سست؛ مجہول ؛ آلسی ؛ آحدی ؛ خود آسودہ ۔ (۱۳) لبریز ؛ بھرا ھوا ؛ کثیر ؛ وسیع ۔ (١٤) ضخیم (کتاب کے لئے ۔ (۱۵) بڑا ؛ غیرمعمولی لمبا ۔ (١٦) شان دار؛ (ضیافت) ۔ (۱۷) سودمند؛ نفع بخش ۔ (۱۸)گاڑھا (چونے سیمنٹ وغیرہ کا مسالہ) ۔

A fat lot عامیانہ) کافی مقدار؛ بہ کثرت ؛ بڑی حد تک ؛ معقول تعداد (اکثر طنزیہ) ۔

To cut it fat (v) دکھاوا کرنا ؛ ظاہر داری کرنا ؛ نمود و نمائش کرنا ۔

To cut up fat : (v) بہت سی دولت چھوڑنا ۔

To kill the fatted calf for : (v) خاطر مدارات میں بہتر سے بہتر چیزیں صرف کرنا ۔

Fat : (n) (۱) کسی چیز کا موٹا یا دبیز حصہ ؛ کسی چیز کا پہلا، اگلا، سامنے کا حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا مرغن حصہ ؛ چربی ؛ روغن ؛ دہنیت یا چکنائی (جو حیوانی جسموں میں ہوتی ھے) ؛ کسی چیز کا بہترین حصہ ۔ (۳) بہتات ؛ افراط ؛ کثرت ؛ زیادتی ؛ فراوانی ۔ (٤) وہ روغنی ٹھوس مادہ جس سے حیوانی جسموں کے چرب دار حصے مخصوص طورپر مرکب ھوتے ہیں ۔ (٥) (کیمیا) عضویاتی مرکبات کی ایک نوع کا کوئی روغن جس کی ایک قسم روغن حیوانی (چربی) ھے ۔ (٦) (کیمیا) گلیسرین اورتیزاب کا مرکب ۔ (۷) فربہی ؛ موٹا پا ؛ موٹاپے کی حالت ۔ (۸) مختلف کاروبار وغیرہ میں موٹی آمدنی والے کاموں کے لئے مستعمل ھے ؛ موٹی آمدنی والا کام ۔ (۹) بہترین اور وافر پیداوار ۔ (۱۰) (تھیٹر میں) کسی ایکٹر کے کھیل کا وہ حصہ جس سے اس کا کمال نمایاں ہو ۔ (۱۱) فروخت کے لئے تیار اور فربہ جانور ۔ (۱۲) مایحتاج سے زائد ذرائع (بچت، محفوظ سرمایہ وغیرہ) ۔

The fat is in the five (۱) ہنگامہ بپا ھونے والا ؛ غیظ وغضب کی آگ مشتعل ھونے والی ھے ۔ (۲) منصوبہ لاعلاج طورپر ناکام ھوچکا ھے (قدیم استعمال) ۔

To live on one's own fat : (v) اپنے اصل سرمایے (مالی نیز دماغی) کو خرچ کرنا ؛ گزر بسر کرنے کےلئے اصل سرمایہ کےخرچ کرنے کی نوبت آجانا ۔

To live on the fat of the land : ہرچیز کا بہترین حصہ لے لینا یعنی ہر قسم کے تعیش سے متمتع ھونا ۔

Fat : (v) (۱) موٹا ھونا؛ فربہ ھونا ۔ (۲) موٹا کرنا ؛ فربہ بنانا ۔ (۳) زرخیز بنانا (زمین کو) ۔ (٤) چمڑے پر روغن چڑھا کر چکنا کرنا ۔ (٥) کسی چیز میں روغن یا چربی ملانا ۔

Fat back : (n) (۱) کھاد مچھلی ؛ ہیرنگ کی قسم کی مچھلی جو کھاد کے کام آتی ھے اور اس سے قیمتی تیل بھی حاصل ھوتا ھے ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی (Blue fish) ۔ (۳) سور کی ریڑھ کی چربی جسے نمک لگا کر سکھایا گیا ھو ۔

Fat bird : (n) (۱) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب ریتلے مقامات میں رہتا ھے ۔ (۲) جنوبی امریکا یا ٹرینیداد میں پایا جانے والا رات کا پرندہ جس سے تیل نکالا جاتا ھے ۔

Fat cat : (n) (۱) (بول چال) کسی سیاسی مہم میں سب سے زیادہ چندہ دینے والا دولت مند خصوصاً وہ جو خود بھی ایک سیاسی اُمیدوار ہو ۔ (۲) بڑا اور با اثر شخص ۔ (۳) سست اور آسودہ خاطر شخص ۔

Fat-chewing : (n) غپ ؛ بات چیت ؛ غپ شپ ؛ بے تکلف گفتگو ۔

Fat-child : (a) موٹا تازہ بچہ ۔

Fat-choy : (n) [chin. faat ts'oi'] ایک نیلگوں سبزجلبک (کائی) جو کھائی جاتی ھے ۔

Fat crab : (n) کیکڑا جو اپنا خول چھوڑنے والا ھو ۔

Fat dormouse : (n) وسطی یورپ اور ایشیائے کوچک کا گلہری کی قسم کا ایک جانور ۔

Fat-faced : (a) (۱) فربہ رو ۔ (۲) (طباعت) موٹے حروف والا ۔

Fat guts : (a) موٹا ؛ لحیم شحیم ۔

Fat-head : (n) (۱) کودن ؛ غبی ؛ بدھو ۔ (۲) لیبریڈا کی جنس کی ایک مچھلی ۔ (۳) سیاہ سر والی چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Fat-headed : (a) سادہ لوح ؛ کودن ؛ بدھو ؛ غبی ؛ کند ذہن ؛ بے وقوف ؛ ٹھس ؛ کاہل ؛ سست ۔

Fat-hen : (n) ایک قسم کا پودا جس کے پتے قاز کے پیر کی شکل کے ھوتے ہیں ۔

Fat land : (a) زرخیز زمین ۔

Fat line : (n) (تعمیرات) فربہ چونا ۔

Fat-necrosis : (n) (طب) شحم پاشی ۔

Fat page : (n) ایسا صفحہ جس میں بہت زیادہ خالی یا سادہ جگہیں ھوں ۔

Fat paint/Fatty- : (n) روغن دار پالش ۔

Fat pine : (n) مختلف قسموں کے درخت جن کے بیج (بیر) کی لکڑی سیاہی مائل ھوتی ھے ۔

Fat pork : (n) (۱) جنگلی انجیر کا پھل ۔ (۲) کوکوپلم کا پھل ۔

Fat salary : (a) اونچی تنخواہ ۔

Fat splitting : (n) (طب) شحم پاش ۔

Fat-trained : (a) خوب کھلایا ھوا؛ موٹا تازہ ؛ تنومند؛ فربہ ؛ چرب دار ؛ مرغن ؛ موٹے جانور جیسا ؛ سست مزاج ؛ کند ذہن ؛ آلسی ؛ احدی ۔

Fat-witted : (a) احمق ؛ سست ؛ کاؤدی ؛ کند ذہن ؛ غبی ؛ بیوقوف ؛ کند ذہن ؛ کٹھل دماغ کا ۔

Fat-work : (n) (ٹائپ) ٹھیکے پر کام کرنے والے کمپوزیٹر کےلئے موٹی آمدنی والا کام ۔

Fata morgana : (n) [It.'fata'+'Morgana'] (موسمیات) سراب سینا ؛ کوراب ؛ سراب ۔ (۲) ایک طرح کا سراب خاص کر وہ جو آبنائے سینا میں اکثر نظر آتا ھے ۔

Fatal : (a) [L.fatum] (۱) قسمت کی طرح اٹل ؛ مقدر ؛ قسمت کا لکھا ھوا ؛ تقدیر کا لکھا ھوا ؛ ناگزیر ۔ (۲) قسمت کا فیصلہ کرنے والا ؛ قسمت سے متعلق ؛ اہم ۔ (۳) فیصلہ کن ؛ تابع تقدیر ؛ نحس ؛ بدشگون ۔ (٤) مہلک؛ کاری ؛ جان لیوا ؛ جان ستاں ۔ (٥) قاتل ۔ (٦) مضرت رساں ؛ تباہ کن ؛ برباد کن ؛ مُخرب ۔ (۷) (دینیات) اٹل ؛ مقدر (طب) مُہلک ۔ (۸) (قدرے ضعیف معنوں میں) مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ پُر آفت ؛ غم آور ؛ پُر اندوہ ؛ مفسد ؛ فتنہ پرداز ؛ انتہائی شریر ۔ (۹) تقدیری ؛ جبری ؛ لابدی ۔

A fatal instrument : مہلک ہتھیار ؛ مہلک اوزار ۔

The fatal spot : جائے ہلاکت ؛ موقع ہلاکت ۔

The fatal thread of life : زندگی کی معینہ میعاد ۔

Fatal accident : (n) حادثہ؍ جاں کاہ ؛ مہلک حادثہ ۔

Fatal blow : (n) ضرب کاری ؛ کاری ضرب ؛ جان لیوا ضرب ؛ مہلک چوٹ ؛ صدمہ؍ جاں کاہ ۔

Fatal disease : (n) (طب) مرض مُہلک ۔

Fatal error : (n) (۱) اہم غلطی ؛ مضرت رساں غلطی؛ تباہ کن غلطی ؛ عظیم نقص ۔ (۲) قسمت کی بھول ؛ شومئی تقدیر ۔

Fatal goddesses : (n) (یونانی دیومالا) قسمت کی تین دیویاں ۔

Fatal influence : (n) تباہ کن اثر ؛ خطرناک اثر ؛ مہلک اثر ۔

Fatal shears : (n) موت ؛ کال ۔

Fatal sisters : (n) (یونان) قسمت کی دیویاں ۔

Fatal stroke : (n) دیکھو Fatal blow

Fatal thread : (n) زندگی کی معینہ میعاد ۔

Fatal weapon : (n) مہلک ہتھیار ؛ مہلک اوزار ۔

Fatalism : (n) (۱) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) تقدیریت ؛ تقدیر پرستی ؛ یہ عقیدہ کہ سب کچھ تقدیر سے ہوتا ہے اور انسان مجبور محض ہے ۔ (دینیات) قضاو قدر؛ عقیدۂ تقدیر ؛ تقدیریت ؛ (تجارت) تقدیر پرستی ۔ (۲) مسئلہ تقدیر ؛ مسئلہ قدر ؛ عقیدۂ قضا و قدر ؛ مسئلہ جبر ؛ تقدیر پر ایمان ۔(۳) شیوۂ تسلیم و رضا ۔

Fatalist : (n) (دینیات) قائل تقدیر ؛ قدریہ ؛ مُقدرپرست ؛ تقدیر کا قائل ؛ قضا و قدر پر ایمان رکھنے والا ؛ تسلیم و رضا کا قائل ۔

Fatalistic : (a) تقدیری ؛ مسئلہ جبر کے متھلق ؛ تقدیریت کا یا اس سے متعلق ۔

Fatalistically : (adv.) تقدیری طور پر ۔

Fatality : (n) (۱) تقدیر ؛ تقدیری آفت یا مصیبت ؛ مقدر ۔ (۲) مہلک یا تباہ کن اثر ۔(۳) مصیبت ؛ آفت ؛ بلا ؛ شامت ۔(٤) حادثاتی موت ؛ مرگ ناگہانی (جنگ وغیرہ میں) جان لیوا مصیبت زدہ ؛ حادثۂ جان کاہ ۔(٥) آفت زدہ ؛ مصیبت زدہ ؛ شامت کا مارا ۔ (٦) جبر و قدر کی عاملیت ؛ تابع تقدیر ہونے کی حالت ؛ حالت تسلیم و رضا ؛ حالت بیچارگی ؛ مجبوری محض ؛ جبریت محض ۔

Fatalize : (v) تقدیر کا قائل ہونا ؛ قسمت کا ماننا ۔

Fatally : (adv.) (۱) تقدیر کے لکھے کے مطابق ؛ ناگزیرطورپر ۔ (۲) مہلک طور پر ؛ جان لیوا انداز سے ؛ ہلاکت آمیز طور پر ؛ تباہ کن طور سے ۔

Fatalness : (n) (۱) جبریت ؛ تقدیریت ؛ ناقابل تسخیری ؛ قضائے مبرم ۔(۲) آفت انگیزی ؛ ہلاکت خیزی ؛ مہلکیت ۔

Fate : (n) [L.'fatum'.] (۱) قسمت ؛ تقدیر؛ قضاوقدر؛ نسیج ؛ قدر ؛ مقدر۔ (۲) (دیومالا) یونانیوں کی تین قسمت کی دیویوں میں سے ایک دیوی ؛ قسمت کی دیوی ۔ (۳) مقدر امر ؛ ہونے والی بات ؛ مقررہ امر ؛ مقدر کی بات ؛ مقدر یا تقدیر کا لکھا ۔ (٤) سروش غیبی ؛ ہاتف غیبی ؛ وحی الہی ۔ (٥) انجام ؛ حشر ۔ (٦) موت ؛ تباہی ؛ ہلاکت ۔ (۷) مرنے کیلئےمقدر ؛ ہلاکت کے لئے مقدر ۔ (۸) (شاعری) ہلاکت وتباہی کا ہتھیار ؛ مہلک یا تباہ کن ہتھیار ۔

To seal one's fate/To decied-/Tofix- : کسی کی قسمت یا تقدیر کا مالک ہونا ۔

Fate : (v) مقدرکرنا ؛ قسمت کرنا ؛ مقدر میں رکھ دینا ؛ قسمت میں لکھ دینا ۔

Fated : (a) (۱) محتوم ؛ مقدر؛ مقررہ بہ قضاوقدر ؛ تابع تقدیر ۔(۲) مقدر کیا ہوا ؛ تقدیر کا مارا ہوا ؛ تباہ کیا ہوا ؛ تباہ شدہ ۔(۳) منحوس ؛ شوم ؛ سیاہ بخت ۔(٤) (زرہ بکتر) جادو یا منتر سے محفوظ بنایا ہوا (تاکہ ہتھیار اثر نہ کرسکے)۔

Fateful : (a) (۱) ملہم ؛ تقدیر ۔(۲) نحس ۔(۳) بُرے شگون والی ۔ (٤) نہایت ضروری ؛ اہم ؛ فیصلہ کن ۔ (٥) مقدر ۔(٦) تابع تقدیر ۔(۷) مہلک ؛ تباہ کن؛ ہلاکت انگیز ۔(۸) اہم تاریخی ؛ پُر از واقعات ؛ تاریخ کا ۔

Fatefully : (adv.) منحوسانہ ؛ شومئی تقدیر سے ؛ تابع تقدیر ہو کر ۔

Fatefulness : (n) نحوست ؛ شومئی تقدیر ۔

Fates : (n) (رومی اور یونانی دیومالا میں) قسمت کی تین دیویاں (کلوتھو، لیکی سیس اور اٹروپوس) جنھیں تقدیر انسانی کا مالک سمجھا جاتا ہے ۔

Father : (n) (۱) ابو ؛ باپ ؛ والد ۔(۲) پیدا کرنے والا ؛ مورث اعلیٰ ؛ جدّ ؛ سلف؛ قریب ترین سلف ۔ (۳) موجد ؛ مبدی ؛ مبدع ؛ پہلے پہل بنانے والا (جیسے F. of English poetry) ؛ بانی ۔(٤) ہادی دین ؛ مقتدا ؛ روحانی پیشوا ۔(٥) خدا ؛ اللہ (عیسائی) ۔(٦) تثلیث الہ میں سے پہلاشخص ۔ (۷) جس کے سامنے گناہوں کا اعتراف کیا جائے اور جو سزا تجویز کرے ۔(۸) ایک درجے کا پادری ؛ خانقاہ کا سردار ؛ بڑا راہب ؛ کاہن ؛ پیر مرشد ؛ اسقف ؛ بطریق ۔(۹) لاٹ پادری کا خطاب ؛ پاپائے اعظم ۔(۱۰) محترم دیوتا (جیسے F. thomes) ۔(۱۱) پیر کبیر ؛ سب

سےبوڑھا ۔ (۱۲) پادری کے نام کے ساتھ ہونے والا لاحقہ ۔ (۱۳) کسی معمر کو احتراماً دیا ہوا خطاب ۔ (۱٤) کسی چیز کو مشخص کر کے اس لفظ کے ساتھ بولنا مثلاً F. chirstmas ۔ (۱۵) کسی سماج کا معمر ترین شخص ؛ کسی جماعت کا رہنما ۔ (۱٦) (جمع میں) کسی شہر یا جماعت کے رہنما یا بزرگ افراد ۔ (۱۷) باپ کی طرح نگہداشت کرنے والا ۔ (۱۸) گود لینے والا ؛ متبنیٰ کرنے والا ۔ (۱۹) جس کا احترام یا فرماں برداری بیٹے یا بیٹی کے لئے لازمی ہو مثلاً سوتیلا باپ ، سسر وغیرہ ۔ (۲۰) سب سے پہلا امریکی نوآباد کار ۔ (۲۱) زائرین کا قافلہ سالار ۔ (۲۲) امریکا کا سب سے پہلا مدبر ۔ (۲۳) (امریکا) آئین کے بنانے والوں میں سےایک ۔ (۲٤) مصدر ؛ منبع ؛ اصل ۔ (۲۵) کسی جماعت یا پیشے کا بزرگ ترین رکن یا صدر ۔

Adoptive father : منہ بولا باپ ۔

Conscript Fathers : روما کے سینٹ کے ممبر ۔

Step father : سوتیلا باپ ۔

The father : تثلیث الہ میں سے پہلی ہستی ؛ خدا ۔

The Father of lies : ابلیس ؛ شیطان ۔

The Fathers (of the church) : پرانےعیسائی مصنفین ؛ ابتدائی پانچ صدیوں کے مسیحی مصنفین ۔

The Fathers : (امریکا) آئین سازان ؛ آئین بنانے والے ۔

The Holy Father : پوپ ؛ پاپائے اعظم ؛ پاپائے روم ۔

The wish is father to the thought : ذاتی خواہش کے پورا یا صحیح ہونے کی خاطر کسی خاص خیال کو ماننے کے لئےتیار ہو جانا ۔

Father : (v) (۱) باپ ہونا یا بننا؛ پیدا کرنا۔ (۲) بانی مبانی ہونا (کسی عقیدے یا بیان وغیرہ کا) ۔ (۳) اپنے کو بانی یا مالک ظاہر کرنا۔ (٤) باپ کا تعین کرنا؛ تصنیف کا کسی سے منسوب کرنا ۔ (۵) باپ کی طرح سے اقتدار رکھنا ۔ (٦) بچے کے باپ یا کتاب کے مصنف کا تعین کرنا ۔ (۷) گودلینا ؛ متبنیٰ کرنا ؛ کسی کی ذمہ داری لینا ۔ (۸) باپ کا سا برتاؤ کرنا ؛ باپ کی طرح دیکھ بھال کرنا ۔ (۹) بانی ہونا ؛ مصنف ہونا ؛ موجد ہونا ۔ (۱۰) کسی ادارے سےتعلیم وتربیت دے کر فارغ کرنا ۔ (۱۱) اپنے باپ کے مشابہ ہونا ۔

To father (a thing) upon : کسی (چیز) کو بطور اصل یا منبع ، دریافت کرنا ؛ کسی چیز کی اصل یا اُس کے منبع کا سراغ لگانا ۔

Father Christmas : (n) سینٹ نکولس ؛ ایک فرضی شخص جس کےمتعلق بچوں کو یہ عقیدہ دلایا جاتا ہےکہ وہی رات کے وقت ان کے موزوں میں بڑے دن کے تحفے ڈال جاتا ہے ۔

Father complex : (n) (نفسیات) پدری خلط ؛ پدری گتھی ۔

Father confessor : (n) (۱) ایک پادری جس کے سامنے گناہوں کا اعتراف کیا جاتا ہے ۔ (۲) کسی کا مستقل روحانی پیشوا (پادری) ؛ روحانی پیشوا یا مشیر ۔

Father-dust : (n) (نباتیات) زر؛ زردانہ ؛ زرگل ؛ پھول کا زیرہ ۔

Father family : (n) دادیہالی خاندان ۔

Father figure : (n) وہ شخص جو جذباتی طور پر باپ کا بدل ہو ۔

Father-general : (n) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوارین کا سردار ۔

Father Hugo's rose : (n) (۱) ۱۸۸۹ء میں فادر ہیگو کے ذریعہ چین سے انگلستان لایا ہوا ایک قسم کا گلاب ۔ (۲) سب سے پہلے پھول لانے والا جھاڑی دار گلاب جس کا پھول مہاگنی سُرخ ہوتا ہے ۔

Father image : (n) باپ کا وہ تصور جو کسی نے اپنے طور پر ذہن میں قائم کر رکھا ہو اور دوسرے پر منطبق کرکے اس سے محافظت اور مدد کا طالب ہو ۔

Father Imago : (n) (نفسیات) پدری اماگو ۔

Father land : (n) (۱) جائے پیدائش ؛ مرزبوم ؛ مسقط الراس ؛ جنم استھان ۔ (۲) وطن ؛ دیس ۔ (۳) آبائی وطن ؛ اجداد کی زادبوم ؛ اسلاف کا وطن ۔ (٤) مادری ملک؛ کوئی ملک اپنی نوآبادیوں کے مقابلے میں ۔

The father land : ملک جرمنی ۔

Fathere-lasher : (n) سمندری مچھلیوں کی دو جنسوں کا نام جو شمالی مغربی یورپ میں پائی جاتی ہیں ۔

Father like : (a) باپ جیسا ؛ پدرانہ ۔

Father like : (adv.) پدرانہ طورپر ؛ باپ کی طرح سے ؛ باپ کی حیثیت سے ۔

Father-long-legs : (n) Daddy-long-legs دیکھو

Father-in-law : (n) (۱) خسر ؛ سسر ۔(۲) بیوی یا شوہر کا باپ ۔(۳) سوتیلا باپ (غلط العام) ۔(٤) (بطور فعل) کرکٹ کی فیلڈنگ کرنا ۔

Father of his country : (n) وہ جو باپ کے جیسا ادب کا مستحق ہو ۔

Father of Lights : (n) خدا ؛ اللّٰہ ۔

Father of the city : (n) سرداران قوم ؛ مقتدایان قوم ؛ بزرگان قوم ؛ قوم کے بڑے بوڑھے ۔

Father of the House of commons : (n) سب سے پرانا ممبر ؛ قدیم ترین رکن ۔

Father of the nation : (n) (۱) بابائے قوم ؛ راشٹر پتا ۔ (۲) (ہندوستان میں) باپو ؛ مہاتما گاندھی کاخطاب ۔

Father of waters : (n) ابو البحر ۔

Father right : (n) پدری وراثت ۔

Fathers day : (n) جون کا تیسرا اتوار جس روز بچے اپنے باپ کے احترام کا جشن مناتے ہیں ؛ احترامِ پدر کا دن ۔

Father-sib : (n) دادیہالی رشتہ دار ؛ دادیہالی قرابت دار ۔

Father thames : (n) دریائے ٹیمس کا احترامی نام ۔

Father Time : (n) وقت مشخص ؛ ایک فرضی بوڑھا شخص جو چندلا ، ریش دار ہوتا ھے اور جو ہاتھ میں درانتی اور شیشہ ساعت رکھتا ھے ۔

Fatherhood/Fathership : (n) (۱) ربوبیت ؛ پدریت ۔(۲) بیٹے سے باپ کا رشتہ (نیز استعارتاً) ۔ (۳) باپ ہونے کی صفت یا حالت ۔(٤) باپ کا اقتدار یا کردار ۔(٥) باپ کا مرتبہ یا رتبہ ۔

Fatherless : (a) (۱) یتیم ؛ بے باپ کا ؛ بے پدر ۔(۲) مجہول النسب ۔ (۳) مجہول المؤلف یا مصنف (کتاب) ؛ کتاب وغیرہ جس کا مؤلف یا مصنف نا معلوم ہو ۔

Fatherlessness : (n) یتیمی ؛ بے پدریت ۔

Fatherliness : (n) باپ کا سا برتاؤ ؛ باپ کی سی خصوصیت؛ باپ کی طرح شفقت ۔

Fatherly : (a) (۱) باپ جیسا ؛ باپ کے مشابہ ؛ باپ کی طرح ۔ باپ کے مانند ۔(۲) بالکل باپ جیسا ؛ پدرانہ ؛ سراسر باپ کی طرح (شفقت، نگاہ اوربرتاؤ میں)۔

Fatherly : (adv.) پدرانہ طورپر ؛ باپ کی طرح سے ۔

Fathership : (n) ربوبیت ۔

Fathogram : (n) صوتی عُمق پیما کے ذریعہ بنایا ہوا گراف یا خاکہ ۔

Fathom : (n) [Pre-Teut.pet-.pot-.] (۱) (استعارتاً) وسیع الخیالی؛ وسعت ادراک ؛ وسعت فہم ؛ اہلیت ؛ صلاحیت (متروک) ۔(۲) مقیاس الطول ؛ لمبائی ناپنے کا پیمانہ ۔ (۳) پھیلے ہوئے بازووں کی لمبائی ؛ چھے فٹ ؛ چھے فٹ کا پیمانہ (خاص کر وہ جو پانی کی گہرائی ناپنے کے لئے استعمال ہوتا ھے) ۔ (٤) (کان کنی میں) شگاف کے پورے حجم میں سے چھے فٹ کا مربع ۔(٥) چھے فٹ مربع کے پیمائش کی لکڑی خواہ اس کی لمبائی کتنی ہی ہو ۔(٦) (نفسیات) پُرس ؛ فیدم ۔

Fathom : (v) (۱) گھیرنا ؛ ہاتھوں سے گھیرلینا ؛ بازووں میں لےلینا ؛ (اس طرح) پیمائش کرنا ؛ ناپنا ؛ اندازہ کرنا ۔ (۲) گہرائی ناپنے کے آلے سے گہرائی ناپنا ؛ پانی کی گہرائی ناپنا (سمندر، ندی ، نالہ ، حوض وغیرہ کی) ؛ عُمق دریافت کرنا؛ گہرائی ناپنا ۔ (۳) کسی بات کی تہ کو پہنچنا؛ پوری طرح سمجھ لینا؛ تفتیش کرنا؛ سراغ لگانا؛ پتا لگانا؛ جاننا۔(٤) ساحلِ سمندر کے پاس پانی کی گہرائی ناپنا ۔

Fathomable : (a) قابل پیمائش ؛ جس کی گہرائی ناپی جاسکے ؛ جس کا اندازہ ممکن ہو ؛ قابل تفہیم ؛ جس کی تہ کو پہنچا جاسکے ۔

Fathomer : (n) (۱)عُمق دریافت کرنےوالا ؛ گہرائی ناپنےوالا ۔ (۲) ساحل سے قریب سمندر کی گہرائی دریافت کرنے کا آلہ ؛ عُمق پیما ۔

Fathometer : (n) صوتی عُمق پیما ؛ (سمعیات) فیدم پیما ؛ عُمق آب پیما ۔

Fathomless : (a) (۱) اتھاہ ؛ بے پایاں ؛ جس کی پیمائش ممکن نہ ہو ؛ ناقابل پیمائش ۔ (۲) (مجازاً) جس کی تہ کو نہ پہنچ سکیں ؛ نا قابل فہم ؛ نا قابل ادراک ؛ جس تک رسائی ممکن نہ ہو ۔

Fathomlessly : (adv.) انتہائی گہرائی سے ؛ اتھاہ طور پر ؛ بے پایاں طور سے ؛ ناقابل فہم انداز سے؛ نارسا نا رسا طور پر ۔

Fatidic/-al : (a) [L.'fatidicus'.] (۱) پیغمبر صفت ؛ وہ شخص جس میں پیشن گوئی کی استعداد ہو ؛ پیغمبرانہ صلاحیت کا حامل ۔ (۲) پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ ؛ پیش گویانہ ۔ (۳) پیشن گوئی کا یا اُس سے متعلق ۔ (٤) غیب داں ۔

Fatidically : (adv.) پیغمبر صفت سے ؛ پیغمبرانہ طور پر ؛ پیش گویانہ طور پر ۔

Fatigability : (n) (عضویات) تکاسل ؛ تکان پذیری ۔

Fatigable/Fatiguable : (a) [L.'fatigare'.] (۱) آسانی سے تھک جانے والا ؛ سریع التعب ؛ جلد تھک جانے والا ۔ (۲) تکان پذیر ۔

Fatigableness/Fatiguableness : (n) جلد اور آسانی سے تھک جانا ؛ زود تکان پذیری ۔

Fatigue : (v) (۱) تھکانا ؛ چورکردینا ؛ کم زور کردینا ۔ (۲) دھات کو پیٹ پیٹ کر کمزور کر دینا ۔ (۳) (فوج میں) مشقت آمیز سزا دینا ۔

Fatigue : (n) [L.'fatigare'.] (۱) کام (دماغی اور جسمانی) کے بعد سستی کی حالت ؛ تھکان ؛ تکان ؛ ماندگی ؛ تھکن ؛ تھکاوٹ ؛ تعب؛ کسل ؛ ضعف ؛ ناتوانی ۔ (۲) دھات کی کمزوری (متواتر چوٹ یا بوجھ پڑنےکی وجہ سے) ۔ (۳) تھکانے والا کام ؛ مشقت؛ سخت محنت ۔ (٤) سپاہی کا غیر فوجی فرض منصبی ۔ (٥) Fatigue-party کا مخفف ۔ (٦) قوت زرخیزی میں کمی (مثلاً زمین کی) ۔ (۷) مسلسل اور متواتر تحریک سے کسی اعصاب میں پیدا شدہ عارضی انحرافی حالت ۔ (۸) سزا کے طور پرمہیا کیا ہوا مشقت کا کام ۔ (۹) (ملٹری کےلئے) سزا کے طور پر دیا ہوا نیچا یا مشقت کا کام (مثلاً کیمپ ایریا کی صفائی یا سڑک بنانا) ۔ (۱۰) مسلسل استعمال کےباعث کسی چیز کی کارکردگی میں کمی ۔

Elastic fatigue : (عضویات) لچکی تکان ۔

Fatigue allowance : (n) (تجارت) تکان چھوٹ ۔

Fatigue call : (n) غیرفوجی فرض منصبی کی انجام دہی کے لئے سپاہیوں کی طلبی ۔

Fatigue coefficient : (n) (طبیعیات) قدرِتکان ۔

Fatigue cost : (n) (تجارت) تکان لاگت ۔

Fatique crack : (n) (طبیعیات) تکا ن دراڑ ۔

Fatigue-dress : (n) غیرفوجی کام کے وقت کی وردی ۔

Fatigue-duty : (n) سپاہی کا غیرفوجی فرض منصبی ۔

Fatigue effect : (a) (طبیعیات) تکان اثر ۔

Fatigue failure : (a) (طبیعیات) تکان ناکامی ۔

Fatigue-party : (n) (۱) غیرفوجی کام پر متعین سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) (سزا کے طورپر) سخت اور ادنیٰ کام پر متعین سپاہیوں کی جماعت ۔

Fatigue products : (n) حاصلات تکان ۔

Fatigue study : (n) تجارت) تکان مطالعہ ۔

Fatigued : (a) تھکا ہوا ؛ تھکا ماندہ ؛ تھکا ہارا ؛ کمزور ؛ ناتواں ۔

Fatiguing : (a) تھکا دینے والا ۔

Fatiguless : (a) بےتکان ؛ ان تھک ۔

Fatigues : (a) دیکھو Fatigue-dress

Fatiguesome : (a) اکتادینے والا ؛ اجیرن ؛ بارخاطر ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار؛ دوبھر ؛ تھکادینے والا ؛ ماندگی آور ۔

Fatiloquent : (a) [L.'fatiloque/s.'] پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ ؛ پیش گویانہ ؛ الہامی ۔

Fatimid/Fatimite : (n) ۔ (۱) فاطمی ؛ فاطمی خاندان؛ الفاطمی ۔ (۲) دسویں اور گیارھویں صدی میں شمالی افریقہ کے فاطمی حکمراں خاندان کا رکن ۔

Fatiscence : (n) ۔ (ارضیات) دراڑ ؛ شگاف ؛ سوراخ کی حالت ۔

Fatiscent : (a) [L.'fatiscentum.'] شگاف دار ؛ سوراخ والا ؛ دراڑ والا ؛ چھیددار؛ دراڑ پڑا ہوا ؛ پھٹا ہوا ؛ (نباتیات) پھٹتا ہوا ؛ پھوٹتا ہوا ۔

Fatless : (a) (۱) بے روغن ؛ بے چکنائی ؛ (غذا) غیرمقوی ۔ (۲) دبلا ؛ پتلا ؛ لاغر ۔

Fatliquor : (n) صابن اور چربی سے مرکب ایک روغن جو دباغت میں کام آئے ۔

Fatliquor : (v) چمڑے کے ریشوں کو چربی سے بھرنا ؛ چمڑے میں روغن لگانا ۔

Fatling : (n) کم عمر چربی دار جانور (ذبیحہ کے لئے) ۔

Fatling : (a) چھوٹا اور فربہ ۔

Fatly : (adv.) (۱) وسعت سے؛ بڑی حدتک ؛ زیادہ تر ؛ بیشتر ۔ (۲) اناڑی پن سے؛ بے تُکے پن سے ؛ بے ڈھنگےپن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Fatness : (n) مُٹاپا ؛ فربہی ؛ گدازپن ۔

Fats : (کیمیا) شحمیات ۔

Fatso : (n) موٹا آدمی ۔

Fatted : (a) (۱) موٹا کیا ہوا ؛ چربی دار؛ فربہ (ذبح کےلئے) کھلا پلاکر تیار کیا ہوا ۔ (۲) زرخیزبنائی ہوئی زمین۔

To kill the fatted calf : پُرتکلف دعوت دینا ۔

Fatten : (v) [f. FAT (a)] (۱) موٹا کرنا ؛ (کھلاپلا کر) (خاص کر ذبح کرنے کے لئے) موٹا تازہ کرنا ؛ گداز بنانا ۔ (۲) موٹا ہوجانا ؛ فربہ ہوجانا ۔ (۳) زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرنا ؛ زمین کا زرخیز بنانا یا ہوجانا ۔ (٤) متمو ل اور خوش حال ہوجانا ۔

Fattener : (n) (۱) کھلا پلاکر تیار کرنے والا ؛ موٹا تازہ بنانے والا ؛ فربہ کرنے والا ۔ (۲) زرخیز بنانے والا (زمین کو) ۔ (۳) متمول بنانے والا ۔

Fattily : (a) چربی دار ہوکر ؛ چربی کی زیادتی سے ۔

Fattiness : (a) چربی دار ہونے کی حالت یا صفت ۔

Fattish : (a) تھوڑا گداز ؛ قدرے فربہ ؛ تھوڑا موٹا تازہ ۔

Fattish : (a) قدرے موٹا ؛ کسی حدتک موٹا ؛ قدرے دبیز (چھپائی) ۔

Fattrels : (n) [F.'Fatraille.'] فیتوں کا کنارا ۔

Fatty : (n) موٹا تازہ آدمی وغیرہ ۔

Fatty : (a) (۱) چربی جیسا ؛ روغن نما ؛ روغن کی طرح کا ؛ روغنی؛ تیل جیسا ؛ چکنا؛ چربی کا ۔ (۲) روغن؛ روغن دار؛ چربی دار؛ شحیم ؛ گداز ۔ (۳) (طب) جسم پر چربی کا زیادہ ہوجانا ۔ (٤) (حیوانیات وغیرہ) شحمی ۔

Fatty acid : (n) (۱) (کیمیا) فیٹی تیزاب ؛ چربیلا تیزاب ؛ شحمی تیزاب ۔ (۲)(حیوانیات) شحمی ترشے ۔ (۳) (جمع میں) (صابن سازی میں) چربی اور ایسےروغن سے (جو کیمیائی تحلیل کے بغیر بخار کی شکل میں اُڑائے نہ جاسکیں) کشیدہ تیزاب یا تُرشے ($C_n H_{2n+i} COOH$) ۔

Fatty acids series : (n) اساسی اسی ٹائل (Acetyl) ($C_2 H_3O$) کے حامل مرکب اجزا کا سلسلہ ۔

Fatty degeneration : (n) (۱) (حیوانیات) شحمی انحطاط ؛ وہ حالت جب کوئی نسیج یا عضو یا اُس کا کوئی حصہ چربی کے غیر معمولی اجماع کے باعث انحطاط پذیرہوجائے ۔ (۲) تعیش پسندی کی وجہ سے اخلاقی یا فنی انحطاط ۔

Fatty globule : (n) (حیوانیات) شحمی بوند ۔

Fatty heart/-kidney : (n) دل یا گردے پر چربی کا چھا جانا ؛ دل یا گردے کا شحمی انحطاط ۔

Fatty ink : (n) ایک سیاہ چکنی رطوبت جو کٹل (Cuttle) مچھلی کی منہ سے خارج ہوتی ہے ۔

Fatty infiltration : (n) چربی کی زیادتی سے کسی عضو کے نسیج کا بتدریج نفوذ ۔

Fatty oil : (n) (۱) روغن سیّال ؛ ایسا روغن جو بغیر تحلیل کیمیائی کے بخارات کی شکل میں نہ اُڑایا جاسکے۔ (۲) پودوں اور آبی جانوروں سےحاصل ہونے والا روغن جو معمولی درجۂ حرارت پر سیّال حالت میں رہتا ہے ۔

Fatty paint : (n) ایک سیّال پینٹ جو آکسیجن سے مل کر یا گاڑھا ہوکر روغن مکھن جیسا لیس دار ہو گیا ہو ۔

Fatty substance : (n) (کیمیا) چکنائی کی چیز ؛ چربیلی چیز؛ (حیوانیات) شحمی مادہ ۔

Fatty tumour : (n) جسم کے کسی حصے میں زرد اور نرم چربی کا اجماع ۔

Fatuitous : (a) احمق ؛ بے دماغ ؛ بے وقوف ؛ ناسمجھ ؛ ابلہ ۔

Fatuity : (n) [L.f.'fatuus.'] (۱) (طب) حُمق ؛ حماقت ؛ بےوقوفی ؛ ابلہی ۔ (۲) احمقانہ کام ؛ احمقانہ خیال ؛ عمل وغیرہ ؛ سمجھ اور فہم کی کمی ؛ عقل سلب ہو جانا ؛ بے عقلی ؛ بے مغزی ؛ بےدماغی؛ نیز احمق، بے دماغ، بےعقل، بےوقوف ۔

Incoherent fatuity : (طب) بے ربط حماقت ۔

Fatuous : (a) [L.'fatuus'.] کند ذہن ؛ مورکھ ؛ گاؤدی ؛ بےوقوف ؛ بےمغز ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ سادہ لوح ؛ نادان ؛ ناعاقبت اندیش ؛ بدھو ؛ بدحواس ۔ (۲) (طب) بے اصل ؛ احمق ۔

Fatuous fire : (n) (۱) اگیابیتال؛ شیطانی آگ ؛ غول بیابانی ۔ (۲) وہم ؛ دھوکا ؛ امید موہوم ۔ (۳) شہابہ ۔

Fatuously : (adv.) بےوقوفی سے؛ احمقانہ طور پر؛ ابلہی سے ؛ بے اصل طور پر ۔

Fatuousness : (n) مورکھ پن ؛ حماقت ؛ بے وقوفی ؛ بےعقلی ؛ ابلہی ؛ بے اصلی ؛ سادہ لوحی ۔

Fatwood : (n) روغنی لکڑی (جو روشنی کے لئے جلائی جاتی ہو) ۔

Faubourg : (n) [F. faubourg.] (۱) نواح ؛ مضافات ؛ ناحیہ ؛ شہر پناہ سے متصل شہری علاقہ ؛ بیرون شہر (پیرس میں اب تک ان علاقوں کےلئے بھی مستعمل ہے جو شہر پناہ کے اندر آچکے ہیں) ۔ (۲) شہر کا ایک علاقہ ؛ محلہ یا حلقہ ۔

Faucal : (a) [L.] (۱) (لسانیات) حلقیہ ۔ (۲) حلقی (تجوید) گلے کا ؛ گلے سے نکلتی ہوئی (گہری آواز) خصوصاً سامی زبانوں میں ؛ صدائے حلقی ؛ گلوئی ۔

Faucal : (n) گلے سے نکلتی ہوئی گہری آواز ؛ گہری حلقی آواز ۔

Faucal plosive : (n) ساکن اور مصمت کو ناک کے ذریعہ ادا کرنا ۔

Faucalization : (n) (لسانیات) حلقیانے کا عمل ۔

Faucalize : (v) (۱) حلقی آواز کے ذریعہ تلفظ میں ترمیم کرنا ۔ (۲) حلقیانا ۔

Fauces : (n) pl. [L.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) حلقوم ؛ بلعوم ؛ (تشریح) منہ کے پچھلے حصے کا وہ گڑھا جہاں سےنرخرہ اور حنجرہ کھلتا ہے ؛ حلق ؛ گلو ؛ نالی ۔ (۲) (نباتیات) مسند گل ؛ کاسہ گل وغیرہ کی کنٹھی (حلقوم) ۔ (۳) (صدفیات) گھونگے کے خانے کا وہ حصہ جو موکھے کی جانب سے نظر آسکے ۔

Pillars of fauces : (تشریح) اسالیق ۔

Fauces terrae : (n) [L.] کسی خلیج سے ملا ہوا رأس البلد یا خشکی کا وہ حصہ جو پانی میں چلا گیا ہو اور جو بین الاقوامی قانون کے مطابق سمندر کا حصہ نہیں ہوتا بلکہ متعلقہ صوبے کا علاقائی پانی ہوتا ہے ۔

Faucet : (n) [etym. unknown .] پیچ دار ٹونٹی ؛ (شراب کے پیپے کی) ٹونٹی ؛ (ریاست ہائے متحدہ امریکا میں) شراب وغیرہ کے پیپے کا نَلکا؛ نیز نل کا وہ سرا جس میں ڈاٹ لگائی جاتی ہے ۔

Fauchard : (n) [L.'falx'.] قرون وسطیٰ میں لمبے دستے کے ہتھیار کی ایک قسم ۔

Faucial : (a) (۱) (تشریح) حلقومی ؛ حلقی ؛ گلوئی ؛ حلق سے وابستہ ۔ (۲) گلے کا ؛ گلے سے متعلق یا گلے سے نکلتا ہوا ؛ کنٹھی سے پھوٹتا ہوا ۔

Faucitis : (n) (طب) ورم بلعوم ؛ ورم حلقوم ؛ ورم گلو ۔

Faugh : (interj.) نفرت یا حقارت کی آواز ؛ تف ؛ چھی ؛ چھی چھی ۔

Faujasite : (n) [F.f. Barthelemy Faujas de Saint Fond .] سوڈیم اور کیلشیم کے بے رنگ یا سفید آب دار الیمینو سلیکیٹ کی حامل ایک معدنی شے ۔ $(Na_2 / Ca) A/_2 Si_4 O_{12} . 6H_2O$

Faujdar/Foujdar : (n) [Ar.'fawj'+per.'dar'.] (۱) (ہندوستان) ایک چھوٹا افسر (پولس) ؛ فوج دار ۔ (۲) (ہندوستان) فوجداری مقدمہ دیکھنے والا حاکم یا جج ۔

Faujdari/Foujdary : (n) (۱) (ہندوستان) فوج دار کا علاقہ یا حلقہ عمل ۔ (۲) (ہندوستان) فوجداری عدالت ۔

Fauld : Fold کا متبادل ۔

Fauld : (n) [Origin unkn.] (معدنیات) بھٹی کا محراب نما سوراخ (جس سے ایندھن ڈالا جاتا ہے) ۔

Fault : (n) [L.'fallere'.] (۱) عیب ؛ نقص ؛ کوتاہی ؛ کسر ؛ نقصان ؛ خامی ؛ اشتباہ ؛ قباحت ؛ (چال چلن یا بناوٹ یا ظاہری صورت شکل میں) عدم تکمیل ؛ ادھوراپن ۔ (۲) بھول ؛ بھول چوک ؛ غلطی ؛ سہو ؛ خطا ؛ خطا کاری ؛ گناہ ؛ ذنب ؛ لغزش ؛ جرم ؛ انحراف ؛ خلاف ورزی ؛ عمل بد؛ بد کرداری ؛ تقصیر ؛ غفلت ۔ (۳) (ٹینس اور ریکٹس (Racquets)میں) گیند کا غلط پھینکنا یا چلانا ؛ گیند کا اس طرح مارنا جس سے وہ حدود میں نہ گرے ۔(٤) کسی ناگوار وقوعے کی ذمہ داری ؛ کسی غلط کام کی ذمہ داری نیز حالات یا چیزوں کا وہ نقص جو ایسی باتوں کا سبب ہو ۔ (۵) کوتاہی ؛ قصور۔ (٦) (شکار) بُو کا غائب ہوجانا؛ اس سے پیدا شدہ رکاوٹ؛ (مجازاً) عجز ؛ پریشانی ۔ (۷) (طبقات الارض) زمین کی پرت یا طبقہ زمین کے شگاف (جس میں معدنی شے ہو) کا انقطاع ؛ رخنہ (طبقہ زمین کے سلسلے میں) ؛ (جغرافیہ) گسلہ ؛ (ارضیات) رگہ ؛ رخنہ ؛ شکست زمین ۔ (۸) کوئلے کی پرتوں میں ویسے کوئلے جو پرتوں میں اپنی حالت کی وجہ سے بے قیمت ہوجاتے ہیں ۔ (۹) (تلغرافی) نا مکمل اتصال ؛ لیکیج (رساؤ) ؛ انقطاع ۔(۱۰) بجلی کی رَو کا کہیں سے ٹوٹ جانا ۔

At fault : نقصان میں ؛ خسارہ میں ؛ گھاٹے میں ؛ گم کرکے؛ کھو کر ۔

Dirt fault : زمین کی پرتوں میں شگاف یا رخنہ ۔

Hit off a fault : (شکار میں) گم شدہ بُو کا پتا چلانا ۔

Lucrative fault : خطائے سود بخش ۔

State fault : سلیٹی چٹان کی پرتوں میں شگاف یا رخنہ ۔

To a fault : کسی چیز کی حد سے زیادتی جو عیب بن جائے ؛ بہت زیادہ ، انتہا درجے کا (چشم پوش ہونا وغیرہ جو مناسب نہیں) ۔

To be at fault : (مجازاً) حیران و پریشان رہ جانا ۔

To be in fault : قابل الزام ہونا؛ موردِ الزام ٹھہرانا ؛ ملزم ہونا ۔

Voluntary fault : عمدی خطا ؛ ایسی غلطی جو جان بوجھ کر کی جائے ۔

With all faults : (۱) خریدنے والے کی جوکھم پر ۔ (۲) سارے عیوب کے ساتھ۔

Without fault : ضروری ؛ یقیناً ؛ لابد ؛ حتمی ؛ یقینی طور پر ؛ بےخطا؛ لازمی طور پر ۔

Fault : (v) (۱) خطا کرنا ؛ غلطی کرنا ؛ فاش غلطی کرنا ؛ کوتاہی کرنا ؛ نقصان کرنا ۔(۲) اس طرح ٹوٹنا جس سے ارضی شگاف پیدا ہو ؛ سلسلے کا ٹوٹ جانا؛ شگاف پیدا کرنا ؛ رخنہ ڈالنا ؛ علاحدہ ہونا؛ الگ ہوجانا ۔(۳) عیب ڈھونڈنا ؛ عیب لگانا ؛ عیب جوئی کرنا ۔(٤) الزام لگانا ؛ سرزنش کرنا ؛ دھمکانا ؛ گوشمالی کرنا؛ تنبیہ کرنا؛ ملامت کرنا؛ اظہارناراضگی کرنا ۔ (۵) غلطی کرنا؛ سہو کرنا؛ چوک جانا ؛ گڑبڑکرنا ؛ ابتری لانا ۔(٦) گناہ کرنا؛ تقصیر کرنا ؛ قصور کرنا ؛ عاجز ہونا ؛ گمراہ ہونا ۔ (۷) (کتے کو) بُو کی تلاش میں چھوڑنا ۔

To fault down or through : کسی پرت کے حصے کو کھینچ کر شگاف یا رخنہ پیدا کرنا ؛ پرت یا طبق کے کسی حصے کو کھینچ کر دوسرے سے الگ کرنا (اس طرح کہ دونوں کے درمیان شگاف یارخنہ ہوجائے)۔

To find a fault : عیب جوئی کرنا ؛ خامی پر نظر رکھنا؛ غلطی پکڑنا ؛ خطا گیری کرنا ۔

To find fault (with) : بے اطمینانی ظاہر کرنا ؛ شکایت کرنا؛ عیب نکالنا؛ نکتہ چینی کرنا؛ اظہارناراضگی کرنا ؛ ملامت کرنا؛ الزام لگانا؛ غلطیاں نکالنا ؛ کسی پراعتراض کرنا ۔

Fault block : (n) چٹانوں کا ایسا مجموعہ جو رخنے یا شگاف کی وجہ سے یکجا جُٹے ہوئے ہوں ۔

Fault breccia/-rubble : (n) زاویہ نما ٹکڑوں کے ملنے سے بنی ہوئی چٹان ۔

Fault current : (n) (برقیات، انجینئیرنگ) نقصی رَو ۔

Fault finder : (n) (۱) (شماعیات) عیب جو ۔(۲) نقص گیر ؛ نکتہ چیں ۔

Fault finding : (n) (انتظامیہ) نکتہ چینی ؛ عیب جوئی ؛ نقص جوئی؛ (شماعیات) نقص گیری ۔

Fault plane : (n) غیر مسطح زمین جس میں نمایاں خم نہ ہو۔

Fault reader : (n) رخنے یا شگاف کی وجہ سے ارضی پرتوں کے سلسلے میں واقع انقطاع کا پتا لگانے والا ۔

Fault resistance : (n) (برقیات) مزاحمت نقص ۔

Fault-rock/-stuff : (n) خط شکست کی نشان دہی کرنے والے، دیوارنما ٹوٹے یا ایک قطار کی شکل میں بنے ہوئے چٹان کے ٹکڑے۔

Fault-slip : (n) شکستہ چٹانوں کی چکنی سطح (شگافوں کی بعض قسموں میں)۔

Fault surface : (n) غیر مسطح زمین جس میں نمایاں خم نہ ہو۔

Fault vent : (n) کوہ آتش فشاں کا دہانہ جو شکست زمین پر واقع ہو۔

Fault zone : (n) وہ علاقہ جس میں جابجا رخنے ہوں۔

Faultage : (n) (۱) ارضیاتی رخنے؛ ارضیاتی رخنہ شناسی۔ (۲) اشتباہ کاری۔

Faulted : (a) (۱)رخنہ دار ؛ شگاف دار۔(۲) عیب دار ؛ ناقص۔

Faulter : (n) (برطانوی روز مرّہ) چرچ کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنےوالا ؛ غلط کار خصوصاً کسی کلیسا کے خلاف۔

Faultful : (a) (۱) غلطی آمیز ؛ پُراشتباہ ؛ پُر از تقصیر ؛ عیب دار ؛ ناقص ؛ خام ؛ ناتمام ؛ مُشتبہ۔ (۲) قابل الزام ؛ قابل گرفت ؛ مجرمانہ ؛ لایق مواخذہ۔

Faultfully : (adv.) مشتبہ طورپر ؛ ناقص طورپر ؛ غلطی آمیز طورپر ؛ مجرمانہ انداز سے۔

Faultily : (adv.) ناقص طورپر ؛ اشتباہ آمیز طورپر ؛ معیوب طورپر ؛ قابل ملامت انداز میں۔

Faultiness : (n) عیب داری ؛ عیب ناکی ؛ ناقصیت ؛ نا درستگی ؛ خامی ؛ نااکملیت ؛ نا معقولیت ؛ ادھوراپن ؛ خامی ؛ اشتباہ آمیزی۔

Faulting : (n) (ارضیات) ارضیاتی پرت کی شکستگی ؛ شکست (زمین) ؛ ارضیاتی رخنہ یا شگاف۔

Fualtless : (a) (۱) بے عیب ؛ بےنقص ؛ بے قصور ؛ بے تقصیر؛ کامل ؛ بے اشتباہ ؛ بالکل صحیح ۔(۲) بے گناہ ؛ معصوم ؛ (مجازاً) فرشتہ ؛ بے جرم ؛ بے قصور ؛ بےخطا ؛ نا قابل الزام۔

Faultless pardon : (n) ایسے الزام کی معافی جس کا ارتکاب کبھی نہ کیا گیا ہو۔

Faultlessly : (adv.) بےعیب طورپر ؛ کامل طورپر؛ غیراشتباہ اندازمیں ؛ معصومانہ ؛ غیر مجرمانہ ؛ بے خطا طور پر۔

Faultlesseness : (n) بے عیبی ؛ بے عیب ہونا ؛ لاتقصیریت ؛ بےگناہی؛ معصومیت ؛ اکملیت ؛ بےقصوری۔

Faulty : (n) (۱) غلط ؛ ناقص ؛ عیب دار ؛ معیوب ؛ عیب ناک ؛ مقصر ؛ اشتباہ آمیز؛ نا مکمل ؛ نا درست ؛ خام ؛ غیر صحیح ؛ غیر مدلل ؛ نا قابل قبول۔ (۲) ادھورا ؛ ناقص ؛ عیب دار (شخص وغیرہ)؛ فرائض میں عادتاً کوتاہی کرنے والا۔ (۳) مشتبہ انداز کا ؛ غلط جیسا ؛ معیوب سا ؛ قابل ملامت ؛ قابل مذمت ؛ قابل سرزنش۔

Faulty instrument : (طبیعیات) نقص دار اوزار۔

Faulty thermometer : (طبیعیات) ناقص تپش پیما۔

Faun : (n) [L.'faunus'.] (اساطیر) بن دیوتا ؛ فان ؛ لاطینی جنگل وغیرہ کے دیوتا جن کے دُم ، سینگ ، کُھر اور نوک دار کان ہوتے تھے (نصف انسان اورنصف بکرا)۔

Fauna : (n) [mod.L.Fauna.] (۱) کسی مخصوص خطے یا عہد کے جانور یا حیوانی زندگی ؛ کسی علاقے کے حیوانات؛ زندگی حیوانات؛ حیوانات یک اقلیم؛ (حیوانیات) حیوانیہ ؛ حیوان نامہ ؛ حیوانات خطہ۔(۲) وہ کتاب جس میں ان کا بیان ہو ؛ رسالہ در باب حیوانات۔

Fauna committee : (n) (حیوانیات) مجلس حیوانیہ۔

Faunal : (a) (حیوانیات) حیوانیائی ؛ حیوانی ؛ کسی خطے کےجانوروں کا یا ان سے متعلق۔

Faunal region : (n) (حیوانیات) حیوانیاتی خطہ ؛ خطۂ حیوانیہ۔

Faunist : (n) (حیوانیات) عالم حیوانیہ ؛ حیوانیہ داں ؛ ماہر حیوانیہ ؛ کسی ضلع کےحیوان یا حیوانی زندگی کا عالم۔

Faunistic/-al : (a) (۱) (حیوانیات) حیوانیاتی ؛ کسی خطے کے جانوروں کے متعلق۔ (۲) عالم حیوانیہ کا یا اس سے متعلق۔

Faunological : (a) (حیوانیات) جغرافیہ حیوانات سےمتعلق۔

Faunology : (n) (۱) (حیوانیات) جغرافیہ حیوانات ؛ حیوان شناسی یک اقلیم۔(۲) حیوانیات کا وہ شعبہ جو حیوانات کی جغرافیائی تقسیم سےبحث کرتا ہے۔

Faunule : (n) Fauna کی تصغیر۔

Faur : Where کا متبادل (اسکاتستان)۔

Faurd : favoured کا اسکاتستانی تلفظ بہ معنی عزیز، گرامی (مثلاً .Well-f)۔

Fausant : (a) قابل احترام : محترم۔

Fause : false کا اسکاتستانی متبادل (روزمرّہ)۔

Fause-house : (n) (اسکاتسانی) ہَوا کے رخ پر بنا ہوا غلّے کی کوٹھی کا ایسا سوراخ جس سے غلہ سوکھتا رہے۔

Fausen : (n) مارماہی یا بام مچھلی کی ایک قسم۔

Faussebraie/-braye : (n) [F.f.'fausse.'] (۱)(قلعہ بندی) مصنوعی ٹیلہ یا دیوار جو خاص مورچے کے سامنے ڈالی گئی ہو۔ (۲) (قدیم استعمال میں) ایک خفیہ راستہ۔

Faust/Faustus : (n) (۱) (مارلو اورگوئٹے کے ڈراموں کاہیرو) فاؤسٹ ۔ (۲) المانی جادوگر اور منجم (سولہویں صدی کا) جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ دنیاوی لذائذ اور اقتدار کے لئے اس نے خود کو شیطان کے ہاتھوں بیچ ڈالا تھا۔

Faustian : (a) (۱) فاؤسٹ کا یا اُس سے متعلق : فاؤسٹ جیسا ۔ (۲) مادی فوائد کے لئے روحانی اقدار کو تج دینے والا ۔ (۳) حصول علم اور اقتدار کےلئےحریصانہ جدوجہدکرنے والا ۔ (٤) روحانی نا آسودگی یا سعی کی وجہ سے مستقل طورپر اذیت اور کرب میں مبتلا۔

Fauterer : (n) حامی : پشتی بان : طرف دار : معین : مددگار : ناصر : ہَوا خواہ : محافظ۔

Fauteuil : (n) [OF.'faldestoel'.] (۱) آرام کرسی : بازو والی کرسی؛ تھیٹر کی ایک نشست جو آرام کرسی کے مشابہ ہوتی ہے ۔ (۲) فرانسیسی اکادمی میں استاد کی نشست۔

Fautor : (n) [L.f.'faver'.] دیکھو Fauterer

Fautor : Faultor کا متبادل (اسکاتستانی)۔

Fauvette : (n) [F.'fauve'.] ایک قسم کا گانے والا چھوٹا پرندہ۔

Faux pas : (n) [Fr.] (۱) لغزش : خطا : غلط اقدام ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی لغزش (جس سے کسی عورت کی عصمت پر حرف آتا ہو) : ٹھوکر (اخلاقی)۔

Faux satine : (n) [Fr.] سرو سے حاصل ہونے والی ایک ہلکے کتھئی رنگ کی روغنی لکڑی۔

Fav : Favourite کا مخفف۔

Fava bean/Horse- : (n) دیکھو Broad bean

Favella : (n) [mod.prob. an incorrect dim of L.'faba'.] (حیوانیات) شانہ : (نباتیات) قرمزی رنگ کی کائی کے حفرہ دار پھل کی ایک شکل جس میں بیرونی طور پر تخم جمع ہو جاتے ہیں اور جو اس کے ورق نما حصے کی خارجی سطح پر پڑے رہتے ہیں : فاویلا۔

Favellidium : (n) مرکب فاویلا : کائی کے ورق نما حصے میں ڈوبا ہوا فاویلا۔

Favelloid : (a) فاویلا سےمتعلق یا اُس کے مشابہ۔

Faveolate : (a) [mod.L.faveolus,dim.of 'favus'.] (حیوا نیات، نباتیات) جَو فیزی؛ خانہ خانہ : مگ چھتی : شانہ عسل والا : شش پہلو آرائش والا : سوراخ دار: خانہ دار: جوف دار : خلیہ دار : مشبک۔

Faveolus : (n) (۱)(حیوانیات، نباتیات) مگ چھتی۔ (۲) خانہء زنبور؛ شانہ عسل : مہال کا چھتّہ : شبکہ۔

Faverel : (n) [Var. of next.] (۱) پیاز (۲) ایک طرح کی گھاس جس سے پہلے رنگائی بیزے کا علاج کیا جاتا تھا ۔ (۳) ایک ہی پنکھڑی کے چہرہ گل والے پودوں (بوٹیوں یا جھاڑیوں) کی ایک بڑی قسم جن کےپھول نیلے (کبھی کبھی سفید یا گلابی) ہوتے ہیں اور دستہ گل یا پُھل گچھے کی شکل میں ایک ہی لمبے ڈنٹھل کے ساتھ اُگتے ہیں۔

Faverolle : (n) [F. Faverolles.] (۱) فرانس میں تیار کئےہوئے مرغ کی ایک نسل جو درمیانہ قد اور بھڑکیلے جسم والے ہوتے ہیں جن کے پنجوں سے اوپر کا حصہ جزوی طور پر پروں سے ڈھکا ہوتا ہے اور سر پر کلغی ہوتی ہے ۔ (۲) اس نسل کا ایک پرندہ۔

Favi : (n) Favus کی جمع : دیکھو Favus ۔

Favide : (n) (طب) شہدی ضرر ۔

Favilla : (n) [L.] کسی آتش فشاں کے لاوے کا ایک چھوٹا دہکتا ہوا ٹکڑا ۔

Favillous : (a) [f. L.'favilla'.] (۱) راکھ سے متعلق یا اس کے مشابہ ؛ خاکستری ؛ شبیہ خاکستر ۔ (۲) ایک قسم کے جنگلی پیڑ سے متعلق ۔

Favonian : (a) [ad. L.favonianus.] (۱) باد مغربی سے متعلق ؛ پچھوا ہَوا سے متعلق ۔ (۲) معتدل ؛ دھیمی ؛ ہلکی (ہَوا) ۔

Favose : (a) [L.'favosus.'] (حیوانیات، نباتیات) مگ چھتیہ ؛ خانہ دار مشبک ۔

Favosites/Favosite : (n) [L.'favus.'] (ارضیات) مگ چھتہ کے مانند ایک متحجر حیوانِ نباتی کی جنس ۔

Favour /Favor : (n) [L.'favorem'.] (۱) مہر ؛ لطف ؛ کرم ؛ لطف وکرم؛ کرپا؛ نوازش؛ منّت؛ توجہ؛ عنایت؛ شفقت ؛ التفات ؛ مہربانی ؛ مرحمت ؛ احسان ؛ نیکی ۔ (۲) توفیق ؛ تائید ؛ عنایت بےغایت ؛ کرم فرمائی ؛ طرف داری ؛ مروت ؛ ہم راہی ؛ پاس داری ؛ رعایت؛ فضل ؛ ہم دردی ۔ (۳) مدد ؛ امداد ؛ اعانت ؛ یاری ؛ دستیاری ؛ مساعدت ۔ (٤) حد سےزیادہ مہربانی اورلطف و کرم کا سلوک ۔ (٥) کوئی چیز جو کسی کی نشانی کے طورپر دی جائے یا بدن پر کسی طرح پہنی جائے، جیسے Badge ، Cockade ، Knot of ribbons ؛ ہدیہ تحفہ ۔ (٦) (متروک روز مرّہ) چہرہ مہرہ ؛ شکل شباہت ؛ چہرہ ؛ صورت ؛ بشرہ ؛ روپ ؛ وضع قطع ؛ ظاہری شکل ۔ (۷) رخصت؛ اجازت ؛ معافی ۔ (۸) شہرت ؛ معروفیت ؛ معروف ۔ (۹) امتیاز ۔ (۱۰) خط ؛ نامہء محبت آمیز ۔ (۱۱) (جمع میں) کسی کے فائدے کے لئے کسی کی طرف سے کی گئی کوشش ؛ وصال ؛ وصل ؛ اتصال جنسی ؛ کسی خاص رعایت یا حق کی منظوری (مثلاً عورت کی طرف سے جنسی پیش کش) ۔ (۱۲) حمایت ؛ بھلائی ؛ فلاح ؛ مفاد ۔

Be, stand high in a person's favour : کسی کے دل میں جگہ ہونا ۔

Challenge to the favour : (قانون) شبہ کی حالت میں اعتراض (مثلاً شناخت وغیرہ میں) ۔

Have received your favour of yesterday : آپ کا عنایت نامہ پہنچا ۔

In favour of : (prp.) کی اعانت میں ؛ کے حق میں ؛ کا ہمدرد ؛ کا پاسدار ؛ کا طرف دار ؛ کسی کی مطابقت یا ہم دردی میں ؛ جانب داری میں ؛ بریت میں ؛ (چیک یا ڈرافٹ کے استعمال میں) ہدایت یا حکم ادائی میں ؛ کو قابل ادا ؛ کو واجب الادا ؛ کی ترجیح میں ۔

In one's favour کسی کی طرف سے ۔

Out of favour : غصے سے؛ غیض وغضب سے؛ مکروہ ؛ مہمل ؛ معتوب ؛ ناپسندیدگی سے ؛ بے التفاتی سے ؛ بے توجہی سے ۔

Should esteem it a favour : مرہون منت ہونگا (خط وغیرہ میں لکھا جاتا ہے) ۔

To curry favour : کسی کی نظر عنایت حاصل کرنے کےلئے چاپلوسی کرنا ۔

To find favour in the eyes of : مقبول ہونا ۔

To look with favour on : پسند خاطر ہونا ۔

Under favour : اگر آپ معاف فرمائیں (تومیں یہ عرض کرونگا) ۔

Under favour of night : شب کی تاریکی سے فائدہ اٹھاکر ۔

With or by your favour : آپ کی اجازت سے ؛ اجازت ؛ عفو (متروک) ۔

Woman bestows her favours on lover : عورت اپنے چاہنے والے کے ساتھ مباشرت کرنے کےلئے راضی ہو جاتی ہے ۔

Favour/Favor : (v) (۱) مہربان ہونا ؛ مہربانی کرنا ؛ سرپرستی کرنا ؛ کرپا کرنا؛ لطف و کرم کرنا ؛ نوازش کرنا ؛ التفات کرنا ؛ نیکی کرنا؛ سراہنا ۔ (۲) پسند کرنا؛ رضامند ہونا ؛ راضی ہونا ؛ خوش ہونا ؛ صاد کرنا ۔ (۳) مہربانی سے سلوک کرنا ؛ لطف و کرم سے پیش آنا ؛ توجہ دینا؛ لحاظ کرنا ؛ کسی سمت میں ہونا ؛ کسی طرف رخ کرنا ؛ نرمی سے پیش آنا ۔ (٤) ممنون ہونا؛ احسان مند ہونا؛ ممنون کرنا؛ احسان کرنا ۔ (٥) پاسداری کرنا ؛ پاس داری کی وجہ سے بے انصافی کرنا؛ بے جا پاسداری کرنا ؛ جانب داری کرنا ؛ کسی کی طرف ہونا ؛ میلان رکھنا ؛ شوق رکھنا ۔ (٦) مدد کرنا ؛ امداد

کرنا ؛ سہارا دینا ؛ ہمدردی کرنا ؛ دوستانہ برتاؤ کرنا ۔(۷) تصدیق کرنا ؛ ــــ کے حق میں ہونا (کسی نظریے وغیرہ کا) ؛ منظور کرنا ۔ (۸) فائدہ رساں ہونا ؛ مفید ہونا (کسی کے حق میں) ؛ سود مند ہونا؛ کسی طرف اشارہ کرنا؛ کسی سمت مائل ہونا۔(۹) کام یا عمل کو آسان کر دینا؛ سہولت پیدا کرنا ۔ (۱۰) (عامیانہ) مشابہ ہونا جیسے (F. one's father) مشابہت رکھنا ؛ ملتی جُلتی شکل کا ہونا ۔(۱۱) صاحب وسائل ہونا ۔ (۱۲) (جمع میں) وصل ہونا ؛ عورت کی طرف سے جنسی پیش کش کا ہونا ۔ (۱۳) حمایت کرنا ؛ بھلائی کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ طرف داری کرنا ؛ تائید کرنا ؛ پشت پناہی کرنا۔ (۱٤)امتیازکرنا؛ امتیاز برتنا؛ رعایت کرنا ۔ (۱۵)تحفہ دینا ؛ عطیہ دینا ؛ مرہون منت کرنا ۔ (۱٦) حوصلہ افزائی کرنا ؛ ہمت دلانا ۔ (۱۷) (تجارت) مناسب قیمت ہونا ۔ (۱۸) آسانی بہم پہنچانا ؛ آسان کرنا ؛ سہل کرنا ۔ (۱۹) (عامیانہ) بچانا ؛ چھُڑانا ؛ درگذر کرنا؛ چھوڑنا؛ ڈھیل دینا ۔

Favourable/Favorable : (a) (۱) موافق ؛ مناسب حال ؛ پسندیدہ ؛ مساعد ؛ مبارک ۔ (۲) قابل قبول ؛ قابل توثیق ؛ قابل سفارش ؛ قابل تعریف ۔ (۳) موفق؛ حسب خواہ؛ مفید مطلب؛ سود مند ؛ سازگار؛ (جواب وغیرہ) امید افزا ؛ رجائی ۔ (٤) مہربان ۔ (۵) مائل ؛ گرویدہ ۔ (٦) مفید مطلب ؛ ممد یا معین ؛ سہل کناں ؛ آسانی بہم پہنچانے والا ؛ مددگار ؛ معاون ۔ (۷) گون کا (To کے ساتھ) ؛ اپنےمطلب کا ۔ (۸) (فلسفہ، نفسیات) سازگار ۔

Favourable balance of trade : (معاشیات تجارت) موافق توازن تجارت ۔

Favourable exchange : (تجارت) موافق تبادلہ ۔

Favourable rate of exchange : (n) (معاشیات) موافق شرح مبادلہ ۔

Favourable wind : (موسمیات) بادشُرطہ؛ بادمراد؛ بادموافق ۔

Favourableness : (n) مہربانی ؛ موافقت ؛ مساعدت ؛ لطف و کرم ؛ عنایت ؛ التفات ؛ حسب خواہی ؛ سازگاری؛ سود مندی ؛ پسندیدگی؛ گرویدگی ؛ معاونت ؛ سہولت رسانی ؛ مدارا ؛ تلطف ۔

Favourably : (adv.) لطف وکرم سے ؛ مہربانی سے ؛ عنایت سے؛ امیدافزا طورپر؛ ساز گارانہ ؛ پسندیدگی سے ؛ سود مندانہ ۔

Favoured : (p.p.) (۱)جس کی طرفداری یا حمایت کی گئی ہو ۔ (۲) (معاشیات) جو مال درآمد پر کم محصول ہے ۔(۳) مراعات یافتہ ؛ مخصوص مراعات یافتہ ؛ ممتاز ؛ مورد توجہ ؛ مقبول ؛ ملحوظ ؛ ممنون ؛ منظور ؛ توثیق شدہ ؛ سہل؛ آسان کیا ہوا ۔

Most favoured nation : کسی معاہدے کی رو سے جس ملک کو بہت زیادہ مراعات دی گئی ہوں ۔

Favoured : (a) (۱) مخصوص شکل کا ؛ مخصوص شباہت کا؛ مخصوص صورت کا ۔(۲) گلاب نما یا ایسی ہی شکل یا نقوش کا حامل ۔

Evil favoured : شیطان نما ؛ ابلیس کی شکل کا ؛ بری شکل کا ؛ بدصورت ۔

Hard favoured : بدصورت ؛ روڑھا ؛ درشت رو ۔

Ill favoured : (a) (۱) کریہہ منظر ؛ بھونڈی شکل کا ؛ بد شکل ؛ بدقوارہ؛ زشت رو؛ منحوس صورت ۔ (۲) بُرا؛ قابل اعتراض ؛ ناپسندیدہ ۔(۳) مریض شکل ۔

Well favoured : خوش شکل ؛ خوب رو ؛ خوب صورت ؛ خوش شمائل ؛ حسین و جمیل ۔

Favoured by : (n) (چٹھی میں) توجہ فرمائی ؛ یاد فرمائی ۔

Favouredly : (adv.) مخصوص شکل وشباہت سے ؛ مخصوص صورت کے طورپر ۔

Favouredness : (n) مخصوص شکل وصورت ؛ مخصوص شباہت ۔

Favourer : (n) جانب داری کرنےوالا ؛ لطف وکرم کرنےوالا ؛ مہربانی کرنےوالا ؛ التفات کرنےوالا ؛ مدد کرنے والا ؛ ملتفت ۔

Favouring : (a) مشابہ ۔

Favouringly : (adv.) لطف و کرم سے ؛ مہربانی سے ؛ جانب داری سے ؛ عنایت سے ۔

Favourite/Favorite : (n) [It.favarito] (۱) منہ لگا؛ منظورنظر ؛ مصاحب ؛ مقرب (بادشاہ کا یا رئیس کا) ؛ سرچڑھا ۔ (۲) دوسروں کے مقابلے میں زیادہ عزیز یا پیارا ۔ (۳) (گھوڑ دوڑ میں) وہ شریک یا شریک ہونے والا گھوڑا جس کے متعلق یہ

سمجھا جائے کہ وہ ضرور بازی جیت لے گا ۔ (٤) کنپٹی کے پاس کا حلقہء کاکل (سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں رائج) ۔

Favourite/Favorite : (a) مرغوب ؛ محبوب ؛ پیارا؛ پسندیدہ ؛ مخصوص ؛ برگزیدہ ؛ مطلوب ۔

The favourite : (n) (گھوڑ دوڑ میں) وہ شریک ہونے والا گھوڑا جس کے متعلق یہ سمجھا جائے کہ وہ ضرور بازی جیت لے گا ۔

Favourite sentence : (n) پسندیدہ جملہ ؛ کسی زبان کا عام پسندیدہ جملہ ۔

Favourite sentence form : (n) (لسانیات) پسندی روپ جملہ ۔

Favourite son : (n) (امریکا) ایسا سیاست داں جس کی مقبولیت اُسی کے حلقے تک محدود ہو ۔

Favouritism : (n) (١) کسی فرد یا جماعت کی بےجا طرفدای ؛ طرفداری؛ جانب داری؛ پاس داری ۔ (٢)پسندیدہ ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ محبوبیت ۔

Favous : (a) [L.'favus'.] (١) جلدی مرض سے متعلق ۔ (٢) شہد جیسا؛ مگ چھتیہ جیسا ۔

Favous : (n) [L.] (١) شش پہلو کھپرے جن کی ساخت چھتے جیسی ہوتی ہے ۔ (٢) (طب) قراع (سعفہ) ؛ شہدیہ ؛ کچلی ؛ ایك قسم کی چھوت کی جلدی بیماری جو دیکھنے میں مگ چھتی جیسی ہو ۔

A vian favous : (بیطاری) گنج طیور ۔

Faw : (روزمرّہ) Fall کا متبادل ۔

Fawn : (n) [O. Fr. faon] (١) ہرن کابچہ ؛ ہرنوٹا ۔ (٢) میمنہ ؛ بکری کابچہ ۔ (٣) ہلکا بادامی رنگ ؛ حنائی ۔

In fawn : حاملہ (ہرنی کے لئے) ؛ گابھن ۔

Fawn : (v) (١) (جانور) چاٹنا ؛ دُم ہلاکر محبت ظاہرکرنا (خاص کر کتے کیلئے) ۔ (٢) (اصناف) للّو چپو کرنا؛ خوشامد کرنا؛ چاپلوسی کرنا؛ (سرپرست وغیرہ کی) ۔

Fawn : (v) [Of. faon.] جننا (ہرنی کا) ۔

Fawn-colour : (n) ہلکا بادامی رنگ ؛ ہلکا زردی مائل بھورا رنگ ۔

Fawn-coloured : (a) ہلکے بادامی رنگ کا ؛ ہلکے زردی مائل بھورے رنگ کا ۔

Fawn-eyed : (a) آھو چشم ۔

Fawn on-upon : (v) غلامانہ ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی سے خلوص ومحبت جتانا ؛ دُم ہلانا ۔

Fawn tint : (n) بادامی جھلك ۔

Fawner : (n) چاپلوسی کرنےوالا ؛ خوشامد کرنےوالا ؛ کاسہ لیس ؛ ذلیل خوشامدی ۔

Fawning : (a) چاپلوسی کرنےوالا ؛ خوشامد کرنےوالا ۔

Fawningly : (adv.) چاپلوسی سے ؛ خوشامد سے ۔

Fawningness : (n) چاپلوسی ؛ خوشامد ؛ کاسہ لیسی ۔

Fay : (n) [L. fata.] (١) (اساطیر) پَری ۔ (٢) دیکھو Fairy ۔

Fay : (n) [f. Fay (v)] (١) سطح کا میل ؛ فُضلہ ؛ کوڑ ا کرکٹ ۔ (٢) دھات کا میل ؛ سطح پر کی مٹی یا گرد ؛ میل ۔

Fay/ Feigh : (v) [ON. faegja] (بول چال)صاف کرنا ؛ مانجھنا ؛ پالش کرنا ؛ چمکانا ؛ میل دور کرنا ۔

Fay : (v) [Teut. fag-.] (١) (امریکا) (کوٹ کو) درست کرنا یا ہونا ؛ فٹ کرنا یا ہونا ؛ ٹھیك آنا ؛ ٹھیك بیٹھنا ؛ موافق ؛ مناسب یا موزوں ہونا ۔ (٢) میل کھانا ؛ موافق آنا ؛ راس آنا ؛ قرین مصلحت ہونا ؛ زیب دینا؛ مناسب ، مطابق یا موزوں ہونا (عامیانہ) ۔ (٣) (جہازسازی) نزدیك نزدیك درست طور پر بیٹھانا یا کس کر باندھنا ؛ قریب ہونا ؛ قریب قریب ہونا ؛ نزدیك فٹ ہونا یا بیٹھنا۔ (٤) کامیاب ہونا (بول چال) ؛ فروغ پانا ؛ پھلناپھولنا ؛ برومند ہونا ۔

Fay : (a) مثل جن وپری ؛ جن وپری جیسا ؛ پری تمثال ۔

Fay in : (v) درست کرنا یا ہونا ؛ ٹھیك بیٹھنا یا بٹھانا ؛ قریب قریب فٹ کرنا یا کس کرباندھنا ۔

Fayalite : (n) [F. Fayal.] (معدنیات) لوھے اور دوسری اساسوں کی سلیکیٹ ($Fe_2 SiO_4$) ۔

Fayence : Faience کا متبادل ۔

Fayto (u) r : دیکھو Fait

Fayumic/Fayyumic : (a) وادی نیل سے ایک تنگ درّے کے ذریعہ ملا ہوا قاہرہ کے جنوب میں مصر کے ایک نشیبی زرخیز علاقے فییوم کا، اس سے متعلق یا وہاں واقع ۔ (۲) فییومی زبان کا ؛ اس سے متعلق یا اس میں منظوم ۔

Fayumic/Fayyumic : (n) (۱) قدیم قبطی زبان کی ایک بولی ۔ (۲) مصر وسطیٰ کی قدیم عیسوی عہد میں بولی جانے والی قبطی زبان کی ایک بولی جس میں عہد نامہ جدید کے کچھ اجزا اب بھی ملتے ہیں ۔

Faze/Phase : (v) [alter. of 'feeze.'] (۱) درہم برہم کرنا ؛ منتشر کرنا ؛ پریشان کر دینا (اجزاکو) ۔ (۲) سکون میں خلل ڈالنا ؛ الجھن میں مبتلا کردینا ؛ پریشان کردینا ؛ مضطرب کر دینا ؛ گھبرا دینا ؛ تنگ کر دینا ۔

Fazenda : (n) [Sp. facienda.] (۱) وسیع مزرعہ یا ملک ؛ ریاست یا وسیع فارم (کشت) نیزاس کےماتحت رہائشی مکانات ، باڑے وغیرہ ۔ (۲) ایک برازیلی مزرعہ خصوصاً قہوے کی کِشت ؛ اس میں بنا ہوا گھر ۔

Fazendeiro : (n) [Pg. f. 'fezenda.'] برازیلی کاشت کار یا مویشی پالنے والا ۔

Fe : (۱) Ferrum کا مخفف بمعنی آہن ؛ لوہا ۔ (۲) کتاب کی ایک تقطیع کا نام ۔

Feaberry : (n) ایک قسم کا انگور کی شکل کا پھل ۔

Feak : (n) زلفوں کے پیچ وخم ؛ گھونگروالے بال ۔

Feal : (a) [L. f. 'fides'.] معتبر ؛ قابل اعتبار ؛ ایماندار ؛ ثابت قدم ؛ راسخ ؛ وفادار ؛ امین ؛ مخلص ۔

Feal : (v) [OE. 'feolan'.] پوشیدہ کرنا ؛ چھپانا ؛ پنہاں کرنا ؛ نہاں رکھنا ۔

Fealty : (n) [OFr. feau (l)te.] اخلاص ؛ وفاداری ؛ بیعت ؛ نمک شناسی ؛ (سیاسیات) اقرار وفاداری ؛ حلف وفاداری ؛ اسامی کا اپنے مالک سے اقرار وفاداری ؛ حلفیہ اقرار وفاداری (اسامی کا اپنے مالک سے) ؛ (تاریخ) اقرار اطاعت ؛ اقرار وفاداری ۔

To do, makes, swear fealty : اقرار وفاداری کرنا ؛ حلف لینا ؛ بیعت کرنا ۔

To receive fealty : اقرار وفاداری لینا ؛ حلف دلانا ؛ بیعت لینا ۔

Fear : (n) [OE. 'faer.'] (۱) خوف ؛ ڈر ؛ ہول ؛ بیم ؛ ترس ؛ ہراس ؛ دہشت زدگی ؛ گھبراہٹ ؛ پریشانی ؛ کھلبلی ؛ ہیبت ۔ (۲) تردد ؛ اندیشہ ؛ بچاؤ کےلئے تردد ۔ (۳) آنے والے خطرے یا شامت کے احساس کے باعث دکھ یا تکلیف کا احساس ۔ (٤) خوف ؛ پاس ؛ لحاظ ۔ (٥) نشانۂ خوف ۔ (٦) (نفسیات) ڈر ؛ خوف ۔

For fear : خوف سے ؛ دہشت سے ؛ ڈر سے ۔

For fear of one's life/In- : اپنی زندگی بچانے کےلئے فکر مند ، پریشان یا مشوش ۔

No fear : (عوام) یقیناً نہیں ؛ غالباً نہیں ۔

Without fear/-favour : بے رو ورعایت ۔

Fear : (v) (۱) خوف کا احساس کرنا ؛ خائف ہونا؛ ڈرنا ؛ خوف کھانا ؛ خوف زدہ ہونا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ ڈرجانا؛ ڈرانا ؛ خوف دلانا ۔ (۲) خوف سے لحاظ کرنا ؛ ڈرسے احترام کرنا ؛ کسی سے خائف ہونا ؛ مرعوب ہونا ؛ عظمت یا رعب کی وجہ سے احترام کرنا یا تعظیم کرنا ۔ (۳) بیم میں مبتلا ہونا ؛ کسی کام کے کرنے میں تامل یا تردد کرنا ؛ کرنے سے ڈرنا یا بچنا ۔ (٤) خوف خدا کرنا ؛ اتقا ۔ (٥) خدشہ یا کھٹکا ہونا ۔ (٦) تابع فقروں کے ساتھ ایسا نہ ہو کہ (منفی جملوں میں) ، لیکن ، مگر یہ کہ ، وغیرہ لکھنا ۔ (۷) کسی بات کا خدشہ ہونا؛ اندیشہ مند ہونا؛ کسی بات کےلئے خائف ہونا؛ ڈرنا (کہ کہیں ایسا نہ ہو) ؛ (کسی بات کا) مشتبہ ہونا یا اس کے مایوسانہ انجام کا خوف کرنا ۔

I fear me : (متروک) مجھے اندیشہ ہے ۔

Never fear : (عامیانہ) ڈر کی کوئی بات نہیں ؛ خوف نہ کھاؤ ؛ ڈرو مت ۔

Fear (e) : Fere کا اسکاتستانی متبادل ۔

Feared : (a) (۱) خوفزدہ؛ ڈرا ہوا ؛ سہما ہوا ؛ حیرت زدہ ؛ دہشت زدہ ؛ مرعوب ؛ خائف ۔ (۲) مشوش ؛ متردد ؛ اندیشہ مند؛ فکر مند ؛ مبتلائے یاس ۔

Fearer : (n) (۱) خوف کھانے والا ؛ ڈرنے والا ؛ ڈرپوک ۔ (۲) بزدل ؛ پست ہمت ۔

Fearful : (a) (۱) خوفناک ؛ مہیب ؛ ہیبتناک ؛ دہشت ناک ؛ بھیانک ؛ ڈراؤنا ؛ دہشت انگیز ؛ رعب دار ؛ بھیانک ۔ (۲) (اکثر مبالغہ آمیزطورپر) نہایت ؛ انتہا درجے کا ۔ (۳) ڈرا ہوا ؛ خوف زدہ ؛ سہما ہوا ؛ دہلا ہوا ؛ خائف ؛ دہشت زدہ ؛ ڈرپوک ؛ بزدل ؛ ہولدلا ؛ ہراساں ؛ مشوش ؛ پریشان ؛ اندیشہ مند ؛ (عموما of, lest, that of کے ساتھ) ۔ (٤) کم ہمت ؛ کم حوصلہ ۔ (٥) پُر احترام ؛ مؤدبانہ؛ تعظیمی ۔ (٦) منظر، الفاظ وغیرہ جن سےخوف، رعب وغیرہ ظاہر ہوں ۔ (۷) انتہائی وحشت انگیز ؛ انتہائی خوفناک ؛ انتہائی نفرت انگیز ؛ انتہائی دہشت انگیز ؛ بہت ہی برا ؛ انتہائی ناگوار ؛ بیحد گھناؤنا ؛ انتہائی تکلیف دہ ۔

Fearfully : (adv.) ہیبتناک طور پر ؛ خوفناک طور سے ؛ دہشت انگیز انداز سے ؛ بہت زیادہ خوف یا دہشت سے ؛ انتہائی نفرت انگیز طور پر ۔

Fearfulness : (n) خوفناکی؛ دہشت زدگی ؛ اندیشہ ؛ تشویش؛ کم ہمتی ؛ نفرت انگیزی ؛ وحشت خیزی ؛ خوف ؛ دہشت ؛ ڈر ۔

Fearless : (a) نڈر ؛ بیباک ؛ بے خوف ؛ باہمت ؛ دلیر ۔

Fearlessly : (adv.) بیباکانہ ؛ بے خوف ہوکر؛ باہمت طورپر ؛ دلیرانہ ؛ جرأت سے ۔

Fearlessness : (n) بےخوفی ؛ بےباکی ؛ ہمت ؛ دلیری ؛ جرأت ۔

Fearnought : (n) (۱) مضبوط، موٹا اونی کپڑا جو خاص طور پر ملاحوں کیلئے کوٹ بنانے، جہاز کے روشندان کو ڈھکنے اوربارود خانے کے دروازے وغیرہ کو بند کرنے کے کام آتا ھے ۔ (۲) حوصلہ بڑھانے اور چستی لانے والا ایک مشروب ۔

Fearpsychosis : (n) (نفسیات) نفسیّتِ خوف ۔

Fearsome : (a) (۱) دہشت انگیز ؛ ہولناک ؛ ہیبت ناک ؛ بھیانک ؛ ڈراؤنا ؛ خوفناک ؛ مہیب ۔ (۲) (غلط معنوں میں) بزدلا ؛ کم ہمت ؛ ڈرپوک ؛ خائف ۔

Fearsomely : (adv.) دہشت انگیزی سے ؛ بھیانک طورپر ؛ ہولناک طور سے؛ ڈراؤنے انداز میں؛ خوفناکی سے ؛ خائف ہوکر ؛ بزدلی سے ۔

Fearsomeness : (n) ڈر ؛ خوف ؛ دہشت ؛ ہیبت ؛ ہولناکی ؛ کم ہمتی ؛ بھیانک پن ؛ ہیبت ناکی ۔

Feasibility : (n) کارآمد ہونا ؛ سہل العمل ہونا ۔

Feasible : (a) [OF.'faisble'.] (۱) قابل عمل ؛ عمل پذیر ؛ ممکن؛ سہل العمل ؛ شدنی؛ عملی ؛ امکان پذیر ۔ (۲) کارآمد ؛ معقول ۔

Feasibleness : (n) کارآمد ہونا؛ سہل العمل ہونا؛ معقولیت ۔

Feasibly : (adv.) کارآمد طور پر ؛ قابل عمل طریقے سے ؛ امکانی طور پر ؛ معقول انداز میں ۔

Feast : (n) [L.'festa.'] (۱) سالانہ مذہبی جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ کھانے پینے کا تیوہار ۔ (۲) گاؤں کا سالانہ مذہبی تیوہار ۔ (۳) شاندار ضیافت (خاص کر وہ جس میں بہت سے مہمان شریک ہوں) (مجازاً) حواس یا ذہنی حسیات کے لئے باعث انبساط ۔ (٤) دعوت؛ ضیافت ۔ (٥) ولیمہ ۔ (٦) نعمت ؛ پُرتکلف اور نفیس کھانا ۔

Immovable feast : جو تقریب ہرسال ایک ہی تاریخ میں آئے مثلاً کرسمس وغیرہ ۔

Movable feast : مختلف تاریخوں میں واقع ہونے والی سالانہ تقریب ۔

To make feast : جشن منانا ؛ رنگ رلیاں منانا ؛ خوش وقت ہونا ؛ خوشیاں منانا ؛ (متروک) دعوت کرنا؛ ضیافت کرنا؛ پُرتکلف کھانا کھلانا ۔

Feast : (v) (۱) تیوہار، عید، جلسے وغیرہ میں شریک ہونا ؛ سالانہ جشن منانا (مذہبی)؛ اچھی طرح کھانا یا کھلانا ۔ (۲) کسی کی ضیافت کرنا ؛ مہمانی کرنا؛ مدارات کرنا (کھانے کی) یا محظوظ کرنا (باتوں سے) ۔ (۳) اچھی اچھی چیزیں کھانا ۔ (٤) لطف اندوز ہونا یا محظوظ ہونا ؛ مسرور ہونا یا کرنا ۔ (٥) مہمانوں کو اچھی طرح چکھ کے کھلانا پلانا۔ (٦) نعمتیں کھانا ؛ ترمال اڑانا ؛ مزے اڑانا (دعوت کے) ۔ (۷) ولیمہ کرنا ۔ (۸) مہمان نوازی کرنا ؛ خاطر مدارات کرنا ؛ مہمان نوازی سے دل بہلانا ۔

Feast away : (v) (رات بھر) کھانے پینے میں گزار دینا ۔

Feast day : (n) سالانہ جشن کا دن ؛ تیوہار کادن ؛ روزعید ؛ ضیافت کا دن ۔

Feast of booths/-ingathering/-tabernacles : (n) یہودیوں کا ایک مذہبی خوشی کا تیوہار ۔

Feast of dedication/-lights : (n) یہودیوں کا ایک ہشت روزہ مذہبی تیوہار ۔

Feast of famine : (n) بہ معنی ایک دوسرے کی ضد مثلاً ترقی اور تنزلی ؛ کامیابی اور ناکامیابی ۔

Feast of fools : (n) دور وسطیٰ کی ایک مزاحیہ تقریب جو خاص کر فرانس میں عموماً ختنے کے (Circumcision Day) موقع پر (یکم جنوری) منعقد کی جاتی تھی ۔

Feast of lanterns : (n) (۱) چینیوں کا ایک سالانہ جشن جو ان کے قدیم کلنڈر کے مطابق پہلے مہینے کی پندرھویں تاریخ کو منعقد ہوتا ہے اور جو سال نَو کی تقریبات کا اختتامی جشن ہوتا ہے ۔ (۲) جاپان کا ایک مشہور بڑا تیوہار جو ۱۳/ جولائی سے ۱٦/جولائی تك منایا جاتا ہے اور جس کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ اس موقع پر اسلاف کی روحیں گھروں میں آتی ہیں ۔

Feast of lots : (n) ایک یہودی تیوہار ۔

Feast of orthodoxy : (n) لینٹ کے پہلے اتوار کو منایا جانے والا شرقی کلیسا کا ایک رسمی سالانہ جشن ۔

Feast of reason : (n) تذکرہ علمی ۔

Feast of unleavened bread : (n) ایک قدیم ہفتہ روزہ زرعی تیوہار جس میں اللّٰہ کو نیا اناج نذرانے کے طور پر پیش کیا جاتاتھا اور جو پہلے مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شروع ہوتا تھا ۔

Feast of weeks : (n) یہودیوں کی ایک مذہبی تعطیل ۔

Feaster : (n) (۱) خوب کھانے یا کِھلانے والا ۔ (۲) ضیافتیں کرنے والا یا ان میں شریک ہونے والا ؛ جشن منانے والا ۔ (۳) عیش وعشرت سے بسر کرنے والا ۔

Feastful : (a) (۱) (متروک) پُرتکلف دعوتیں یا ضیافتیں کرنے یا اُن میں شریک ہونے کا عادی ؛ مہمان نواز ؛ پُرتکلف ۔ (۲) کھانے کِھلانے کا شوقین ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ بشاش ۔

Feat : (n) [ME, fete.] (۱) کارنامہ ؛ کارنمایاں خصوصاً بہادری یا دلاوری کا ۔ (۲) ہاتھ کی پھرتی اور چالاکی کا کمال ؛ کرتب ؛ بازی گری ۔

Feat of arms : (n) بہادری یا دلاوری کا کام ۔

Feats of war : (n) جنگ بازی ؛ جنگ وجدال ۔

Feats of war : (n) فوجی کا م یا قواعد ؛ جنگی مشقیں ۔

The feat of mechandise : تاجرانہ کاروبار ؛ بنیوتی ۔

Feat : (a) (۱) (متروک یا عامیانہ) تیز ؛ چست ؛ چالاك ؛ پھرتیلا ؛ ہوشیار ؛ مستعد ؛ ہاتھ کا صاف ؛ سبکدست ؛ مشّاق ؛ ماہر ؛ استاد ؛ شاطر ؛ طبّاع ؛ تیزفہم ؛ فریس ۔ (۲) مناسب ؛ درست ؛ ٹھیك ٹھیك ۔ (۳) متاثر ؛ پابند وضع ؛ ٹیپ ٹاپ والا ؛ پُرتصنع ۔

Feat : (adv.) (۱) سبکدستی سے؛ چالاکی سے ؛ ہوشیاری سے؛ مشّاقی سے؛ شاطرانہ طورپر ؛ طبّاعی سے ؛ فراست سے ؛ تیزی سے ؛ ہنرمندی سے ؛ صفائی سے ؛ خوب صورتی سے ۔ (۲) مناسب طور پر ؛ درستگی سے ؛ متاثر انداز میں ؛ تصنع آمیز طور پر ۔

Feather : (n) [O.E.'feper'.] (۱) پرندے کا پَر ؛ پنکھ (حیوانیات) شہپر ؛ بال و پَر (نباتیات) ؛ بال ؛ رُواں ؛ (انجینیئرنگ) کلید چرخ ۔ (۲) پَر وبال ؛ بال و پَر کی قسم ۔ (۳) شکار کی چڑیاں وغیرہ ؛ پرندوں کا شکار ۔ (٤) پودوں کے پَرنی حصے ۔ (٥) تیر میں لگےھوئے پَر ۔ (٦) (مجازاً) لباس ؛ پوشاك ۔ (۷) ظاہری ساخت یا وضع ؛ آلائش ۔ (۸) بال و پَر والے جانور ۔ (۹) ٹوپی میں جو پَر لگائے جاتے ہیں ۔ (۱۰) بہت ہلکی اور کم وزنی چیز ؛ ادنیٰ سی چیز ؛ خفیف مقدار؛ ادنیٰ سی بات ۔ (۱۱) کھڑے بالوں کا گچھا ؛ بال و پَر جیسی کوئی شےء ۔ (۱۲) جواہرات اور شیشے وغیرہ کا بال ؛ قیمتی پتھروں کا ریشہ ؛ عیب ؛ نقص ؛ آنکھ کے ڈورے یا بال ۔ (۱۳) کلغی خصوصاً شتر مرغ کی ۔ (۱٤) (کشتی رانی) پَر کی طرح کشتی کا چلنا یا چلانا ۔ (۱٥) ستو ن یا ڈھرے وغیرہ میں مضبوطی کے لئے بنائی ہوئی لمبی لکیر ۔ (۱٦) (کان کنی) چٹان کو توڑنے کےلئے استعمال کئے جانے والا قدرے خمیدہ لوہے کا ٹکڑا ۔ (۱۷) مشین کے کسی حصے ، تختے یا کسی اوزار کا ابھار یا نکلا ہوا حصہ ؛ خصوصاً وہ جو کسی دوسرے حصے میں فٹ کئے جانے کے لئے ہو ۔

A feather in one's cap/-hat/-the cap/-hat : باعث فخر و مباہات ؛ باعث عزت؛ باعث امتیاز ؛ امتیازی نشان ؛ علامتِ اعزاز و افتخار ۔

Birds of a feather : ایك ہی تھیلی کے چٹے بٹے ؛ ایك ہی قسم یا طبیعت یا کام کے لوگ ۔

Birds of a feather flock together : کند ہم جنس با ہم جنس پرواز ۔

Fine feather flock together : نفاست لباس سے نفاست طبع ظاہر ہوتی ہے ۔

To feather an arrow : تیر میں پَر لگانا ۔

To feather one's nest : خوب دولت کمانا ؛ اپنا گھر بھرنا ؛ مال بنانا ۔

To tar and feather : بدن پر تارکول پھیر کر پَر چپکا دینا (بطور سزا) ۔

Feather alum : (n) دیکھو Alum

Feather-beater : (n) پَرمارنے والا ؛ پَرجھاڑنےوالا ؛ پَرفشاں ۔

Feather-bed : (n) (۱) پَروں کابستر ؛ پَروں کا بچھونا؛ پَروں کا گدّا ؛ پَروں سے بھری ہوئی توشک ۔ (۲) ایك قسم کا خوش الحان پرند ۔ (۳) نمایاں طور پر آسان اور آرام وہ حالت یا وضع ۔ (٤) جھاڑیوں کا گدّا جو کسی گندے یا کم عمیق جھیل میں بن جاتے ہیں ۔

Feather-bed : (a) اُجرتی رعایت طلب کرنے یا منظور کرنے والا ؛ اُجرتی رعایت کے ذریعہ پیدا کردہ یا اُس کے نتیجے میں پیدا شدہ ۔

Feather- bed : (v) (۱) اُجرتی رعایت کےقانون کےتحت زیادہ مزدور طلب کرنا یا اُنہیں غیر پیداواری یا غیر ضروری کاموں پر مامور کرنا ۔ (۲) مذکورہ بالا کام پر لگنا یا کرنا ۔ (۳) (کسی کو) اُجرتی رعایت کے قانون کے تحت لانا ۔

Feather bedding : (n) اُجرتی رعایت ؛ مالك پر ایسی قانونی پابندی جو کسی مخصوص کام کےلئےمزدوروں کو ضرورت سے زیادہ اُجرت دینے یا غیر پیداواری محنت کے لئے پوری اُجرت ادا کرنے پر مجبور کرتی ہو ۔

Feather bed rule : (n) اوقات کار میں کمی کے قواعد ۔

Feather-bolster : (n) پَروں کا تکیہ ۔

Feather-bow : (n) (نباتیات) ایك یورپی بوٹی جو پہلےزمانے میں دوا کے کام آتی تھی ؛ دافع بخار بوٹی ؛ (نباتیات) عاقر قرحا ۔

Feather-brain : (a) کمزور یا ہلکے دماغ کا آدمی ؛ کم عقل شخص ؛ بے دماغا شخص ؛ ابلہ یا گاؤدی شخص ؛ بے وقوفی ؛ خالی کھوپڑی ؛ ہلکی کھوپڑی ۔

Fur & feather : شکاری جانور اور شکاری پرندے ۔

In fine feather/-full-/-good-/-higth : خوش خوش ؛ بشاش ؛ خوش وخرم ؛ بشاشت سے ؛ شگفتہ خاطر ؛ شاداں و فرحاں ؛ شادماں ؛ بشاش بشاش ۔

Prince of wales's feathers/-the feathers : شتر مرغ کے تین پروں سے بنا ہوا طرّہ جسے پہلی دفعہ بلیك پرنس (ایڈورڈ سوم کا بڑا لڑکا) نے نشانِ عزت کے طور پر استعمال کیا ۔

To crop one's feathers : ذلیل کرنا ۔

To lie in high feather : پھولا نہ سمانا ۔

To mount, show the white feather : بزدلی دکھانا ؛ بزدلی ظاہر کرنا (اس معنی کی وجہ یہ ھے کہ شکاری پرند کی دُم میں سفید پَر کا ہونا نسل کی خرابی کی نشان دہی کرتا ھے ۔

To smooth one's rumpled feathers : سکون قلب کا دوبارہ حاصل کرلینا ؛ سلامت طبع کا بحال ہونا ؛ کھویا ہوا سکون پھر سے حاصل ہوجانا ۔

Feather : (v) (۱) پَرلگانا ؛ پَر جمانا ؛ پَروں سے بھرنا ؛ پَروں سے آراستہ کرنا ؛ پَروں سے ڈھاپنا ؛ ڈھك دینا؛ پَروں کا لباس پہنانا ؛ تیر ، ٹوپی وغیرہ میں پَرلگانا ۔ (۲) کسی چیز کا پَروں کا سا غلاف بنانا یا اسے پَروں کی طرح سجانا ۔ (۳) پَروں کی طرح حرکت کرنا ؛ نشو و نما پانا ؛ پھیلنا؛ پَر کی طرح ہَوا میں تیرنا یا چلنا یا ہلنا ۔ (٤) (امریکا) (مکھن کا) چائے وغیرہ کی سطح پر روئی کے گالے یا پَروں کی طرح اُبھر آنا ۔ (٥) (کسی چیز پر) پَروں کی مانند لکیر کا نشان بننا (مثلاً گل لالہ وغیرہ میں) ۔ (٦) (لکڑی وغیرہ کو) بتدریج چھیل چھیل کر اُس کے کناروں کو پتلا کردینا ۔ (۷) کشتی کھیتے وقت چپّو کو ترچھا چلانا ۔ (۸) (شکار) زندہ پرندوں کے چند پَروں کو نوچ لینا؛ (کتّے کا) شکار کی بُو پا کر اپنی دُم اور بدن کو ہلانا؛ (شکارکا) کتّوں کو بُو کی طرف سیدھے چھوڑدینا۔ (۹) پرندوں کا ہَوا کو یا مچھلیوں کا پانی کو پَروں سے کاٹنا یا چیرنا ۔ (۱۰) پَروں کے ذریعہ رنگنا ۔ (۱۱) چول یا سال بٹھانا ؛ تختے کے نکلے ہوئے سرے کو دوسرے تختے میں کٹی ہوئی چول یا سال کے اندر بٹھانا ۔ (۱۲) (فوٹو گرافی میں) روشنی کو متوازن کرنا ۔

Feather-brained : (a) ابله ؛ گاؤدی ؛ خفیف العقل ؛ ضعیف العقل ؛ کمزور دماغ کا؛ بے وقوف ؛ غیر سنجیدہ ؛ نادان ؛ نکما ؛ سبك سر ؛ بہرزہ سر؛ خالی کھوپڑی والا ؛ بے دماغا ۔

Feather-cloth : (n) کپڑے اور پَر سے بُنی ہوئی ایك شے ۔

Feather cut : (n) عورتوں اور لڑکیوں میں زلف تراشنے کا ایك فیشن، جس میں چھوٹی چھوٹی لٹیں ہوتی ہیں اور اُن کے سرے گھونگریالے ہوتے ہیں ۔

Feather dance : (n) مشرقی امریکی انڈینس کا ایك رسمی رقص جس میں مرد شرکاء پَروں کا عصا لئے ہوتے ہیں ۔

Feahter duster : (n) پروں سے بنا ہوا گرد صاف کرنے والا ایك برش ؛ پَروں کا جھاڑن ۔

Feather-edge : (v) تختے کا باریك کنارا جو دوسرے تختے بٹھانے کیلئے بنایا گیا ہو ؛ (نجّاری) باریك کنارہ (تختے کا) ۔

Feather-edge : (v) تختے کا ایك کنارے کو باریك بنانا ۔

Feather-edged : (a) باریك کناروں والا (تختہ وغیرہ) ۔

Feather-edged file : (n) باریك کناروں والی ریتی ۔

Feather few : (n) دیکھو Feather-bow

Feather-fern : (n) گلاب نما پودوں کی قسم کا ایك پودا ۔

Feather follicle : (n) (حیوانیات) پرکیسہ ۔

Feather-footed : (n) (۱) پروں سے ڈھکے ہوئے پاؤں والا ۔ (۲) (مجازاً) سبك رو ؛ سبك رفتار ؛ تیز رو ۔

Feather germ : (n) (پرندوں کی جلد میں غیر ممیز پروں کے باعث بنی ہوئی بھٹنی نما شکل یا اُبھار؛ (حیوانیات) پَرماخذ ۔

Feather-grass : (n) کئی سال تك سر سبز رہنے والی ایك قسم کی پَردار گھاس ۔

Feather- head : (n) دیکھو Feather-brain

Feather-headed : (a) دیکھو Feather-brined

Feather-heeled : (a) دیکھو Feather-Footed

Feather-joint : (n) دو تختوں کے جوڑنے کا ایك طریقہ جس میں ایك تختے کے کنارے پر بنی ہوئی چولیں دوسرے تختے کے کنارے پر بنے ہوئے خانوں میں پیوست کردی جاتی ہیں یا جس میں دو تختوں کے کناروں کو کیلوں کے ذریعہ جوڑا جاتا ہے ۔

Feather-legged : (a) (۱) (پالتو پرندوں کے لئے) پاموز (ایسے پرندے جن کے پیروں میں پنجوں تك بال ہوں) ۔ (۲) بزدلا ؛ جنگ چور ؛ ڈرپوك ۔

Feather-mail : (n) پَروں سے بنا ہوا زرہ بکتر جیسا لباس جو اگلے زمانے میں باشندے پہنا کرتےتھے ۔

Feather man : (n) (۱) پَرفروش ؛ پَر بیچنے والا ۔ (۲) پہلے وقتوں کا بیوپاری یا خوانچہ والا جو پَروں کا سودا کرتاتھا ۔

Feather merchant : (n) (۱) تن آسان ؛ محنت اور ذمہ داری سے بھاگنے والا ؛ بات فروش ۔ (۲) گھومکڑ ۔ (۳) غیر مصافی ؛ غیر فوجی ۔

Feather mite : (n) گھریلو یا جنگلی پرندوں کے پَروں میں رہنے والا کوئی ننھا سا کیڑا جو اس کا خون چوس کر زندہ رہتا ہے ۔

Feather mosaic : (n) پَروں کی دستکاری یا پروں سے آراستہ کرنے کا فن ؛ بانك دار سلائی ؛ لہریا ؛ آرائشی سوزن کاری یا اس کا فن ۔

Feather-nerved : (a) کم زور اعصاب والا ۔

Feather-ore : (n) سیسے کے خام سلفینٹیمونائٹ کی شعری یا بال جیسی شکل ۔

Feather out : (v) بے قاعدگی سے ختم ہوجانا یا زائل ہو جانا ۔

Feather-pated : (a) دیکھو Feather-brained

Feather-poke : (n) (۱) بالوں یا پروں کا تھیلا ۔ (۲) چھوٹی نسل کی چڑیا جس کے گھونسلے تھیلی نما ہوتے ہیں (اور پَروں سے بنے ہوتے ہیں) ۔

Feather-pulp : (n) وہ مادّہ جس سے پَر و بال بنتے ہیں ؛ (حیوانیات) پَرگودا ۔

Feather sheath : (n) (حیوانیات) پَر غلاف ۔

Feather-shot /-copper : (n) تانبے کے ذرّات کو پگھلا کر اور ٹھنڈے پانی میں انڈیل کر تیار کیا ہوا تانبہ ۔

Feather-spray : (n) تیزرو کشتیوں کے آب شکن کے ذریعہ منقسم ہوتی ہوئی دو پروں کی شکل میں پانی کی دھاریں ۔

Feather-spring : (n) بندوق کےقفل کی وہ اسپرنگ جو گھوڑے کو روکے رکھتی ھے ۔

Feather-star : (n) ستارہ ماہی ؛ ایك قسم کی مچھلی جس کے پانچ یا زیادہ بازو ستارے کی شکل کے ھوتے ہیں ۔

Feather-stitch : (n) بانك دار سلائی ؛ لہریا ؛ ایك قسم کی ٹیڑھی میڑھی آرائشی سلائی ؛ آرائشی سوزن کاری ۔

Feather-stitch : (v) بانکدار یا لہریا سلائی کرنا ۔

Feather-tasselled : (a) پَروں یا بالوں کی کلغی جھالر لگا ھوا ۔

Feather-top : (n) ایك طرح کا توتا ۔

Feather-top grass : (n) پردار گچھیوں والی گھاس ۔

Feather-topped : (a) اوپر کے حصے میں بَل دی ھوئی (وِگ) ۔

Feather-tuft : (n) ایك خوردنی سمارو غ ۔

Feather veined : (a) پَرنما ۔

Feather way : (n) پَس گذر ۔

Feather-weight : (n) (۱) وزن جو ایك پَر سے زیادہ نہ ھو ؛ ایك پَر کا وزن ؛ ادنیٰ سی چیز ؛ ہلکی پھلکی شے ؛ کوئی بہت ہی چھوٹی چیز ؛ بہت ہلکا شخص یا چیز ۔ (۲) (دوڑ) گھوڑ دوڑ کے مشروط مقابلے میں وہ سبك ترین وزن جسے لے کر گھوڑا دوڑ میں شامل ھوسکتا ھو ؛ وہ جوگی (گھوڑ دوڑ میں گھوڑے پر سوار ھونے والا) جس کا وزن چار اسٹون سے زیادہ نہ ھو ۔ (۳) (مکّا بازی) مکاباز جس کا وزن ۹ اسٹون سے ۸ اسٹون تك ھو ؛ ہلکے وزن کا مکاباز ؛ لائٹ ویٹ باکسر (جو ہیوی ویٹ یا مڈل ویٹ نہ ھو) ۔

Feather-wise : (adv.) پَر کے طور پر ؛ پَر کے طریقے پر ۔

Feather-work : (n) دیکھو Feather mosaic

Feathered : (a) (۱) پَردار ؛ بال وپَر والے ؛ پَروں سے آراستہ ۔ (۲) پنکھ دار ؛ پَروں والا ؛ ڈینے والا ۔ (۳) تیز ؛ سریع ؛ سبك رو ؛ چست ۔ (٤) پَروں سے آراستہ (تیر) ۔ (٥) پَر یا پَروں کی کلغی سے سجایا ھوا یا آراستہ ؛ پَروں جیسی کسی بھی چیز سے آراستہ کیا ھوا ۔ (٦) ترچھا چلایا ھوا (چپّو) ۔

Featheriness : (n) (۱) (مجازاً) ہلکا پن ؛ ناپائداری ؛ تلوّن ۔ (۲) پَرداری ؛ پَردار ھونے کی حالت یا کیفیت ۔

Feathering : (n) (۱) پَرلگانے یا پَروں سے آراستہ کرنے یا پَروں سے ڈھاپنے کا عمل ؛ پَروں جیسی حرکت ؛ پَروں کے ذریعہ رنگائی؛ چول سازی ۔ (۲) پرندوں کے بال و پَر ؛ تیر کے پَر ؛ پَر جیسی ساخت یا نشان ؛ جانوروں کی کھالوں میں پَروں کی سی بناوٹ ۔ (۳) (تعمیرات) چھوٹی چھوٹی محرابوں اورقوسوں پرمشتمل نقاشی یا آرائش ؛ وہ بیل بوٹے جو محرابی صورت میں ھوں؛ محرابی بیل بوٹے۔ (٤) پَروں کا غلاف ۔ (٥) تیروں میں پَرلگانے کا ایك انداز۔ (٦) پَروں یا بالوں کی جھالر ۔ (۷) دارچینی کی چھال کا ایك چھوٹا ٹکڑا یا اُس کی چھلن ۔ (۸) محرابوں یا دروازوں کی پتوں سے آراستگی ۔ (۹) پھول میں پَر کی سی بناوٹ ۔ (۱۰) گرم کافی یا چائے کی سطح پر دودھ کی چھالی پڑنے کا عمل ۔ (۱۱) فوٹو گرافی میں روشنی کا توازن ۔

Feathering : (a) پَروں سے آراستہ کرنےوالا ؛ پَروں کا سا نشان بنانے والا ؛ تختوں میں چولیں بنانے یا انہیں بٹھانے والا ؛ چپّو وغیرہ کو مناسب طور پر چلانے والا وغیرہ ۔

Feathering paddle-wheel : (n) ایك پہیہ جس کے تختے ایك دُھرے پر گھومتے ہیں تاکہ قریب قریب عمودی حالت میں نیچے اوپر آجاسکیں ۔

Feathering screw : (n) جہاز کاپیچ دار دھکیلو جس کی پتیوں کو جہاز کے پھنس جانے کی حالت میں اُلٹا چلایا جا سکتا ھو تاکہ جہاز نکل جائے ۔

Featherless : (a) بغیر بال و پر والا ؛ بے بال وپر ۔

Featherlet : (n) چھوٹا پَر ۔

Feathers : (n) (۱) (حیوانیات) پرند کے پَر ؛ ریش طیر۔ (۲) (حیوانیات) پر و بال ؛ جناح ۔

Feathery : (a) (۱) پَر دار ؛ پَر والا ؛ پَر پانکھ والا ؛ پَر یا پَر جیسی کسی چیز سے آراستہ ؛ پَر یا پَر جیسی کسی چیز کی جھالر سے آراستہ ؛ پَر سے رنگا ہوا یا پَر جیسا نشان بنا ہوا ۔ (۲) پَرنما ؛ کلغی نما ؛ پَروں جیسا ۔ (۳) خفیف ؛ سبک ؛ ہلکا پھلکا ؛ نازک ۔ (٤) (نباتیات) پَردار ؛ طویل رُواں دار ۔

Featly : (adv.) (۱) مناسب یا موزوں طور پر ؛ عمدگی سے ؛ نفاست سے ۔ (۲) ہوشیاری سے؛ چالاکی سے ۔

Featly : (a) حسین ؛ خوب صورت ؛ طرح دار؛ سجیلا ۔

Featness : (n) تیزی ؛ چستی ؛ چالاکی ؛ شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ خوش سلیقگی ؛ خوش وضعی ؛ خوش ترتیبی ؛ خوش اسلوبی ؛ ستھرا پن ؛ خوبی ؛ زیبائی ؛ سلیقہ مندی ۔

Feature : (n) [L.'factura.'] (۱) (متروک) وضع قطع ؛ ڈول ؛ صورت شکل ؛ ہیئت ؛ حلیہ ؛ رنگ و روپ ؛ روپ ؛ نقشہ ۔ (۲) چہرے کے خطوط ؛ ناک نقشہ؛ چہرہ مہرہ ؛ خط وخال ۔ (۳) چہرے کے حصوں کی شکل یا ڈھانچہ ؛ چہرے کا کوئی حصہ ۔ (٤) کسی شے کا نمایاں حصہ ؛ نمایاں یا ممیز حصہ ؛ مخصوص طور پر نمایاں چیز ۔ (۵) خصوصیت ؛ خاص بات ؛ مخصوص ترغیب یا تحریص ؛ مخصوص محرک ۔ (٦) فیچر ؛ عوام میں پیش کی ہوئی مخصوص طورپر دلچسپی کی کوئی چیز ۔ (۷) کسی اخبار یا جریدہ کا مخصوص حصہ ۔ (۸) کسی جریدہ یا مجلا کا مخصوص ، نمایاں یا غیر معمولی مقالہ ۔ (۹) کھدائی سے نکلنے والی ایسی چیز جس سے انسانی رہائش کا ثبوت ملے ۔ (۱۰) (جغرافیہ) طبیعی حالت ؛ خصائص ؛ (تشریح) حلیہ ؛ بشرہ ؛ خط و خال ؛ (تاریخ) خدو خال ؛ خاکہ ؛ خصوصیت ۔

Distinctive feature : (لسانیات) امتیازی خصوصیت ۔

Inherent feature : (لسانیات) خلقی ؛ جبلی ؛ اصلی خصوصیت ۔

Non-distinctive feature : (لسانیات) غیر امتیازی خصوصیت ۔

Physical features : (جغرافیہ) طبیعی کیفیات ۔

Prosodic feature : (لسانیات) عروضی خصوصیت ۔

Shrivelled feature : (n) (طب) سُکڑا ہوا چہرہ ۔

Superesgmental feature : (n) فوق قطعی خصوصیت ۔

Feature : (v) (۱) مشابہ ہونا ۔ (۲) ناک نقشہ بنانا ؛ نقشہ بنانا ؛ خاکا بنانا ؛ شبیہ اُتارنا ؛ تصویر اُتارنا ؛ تصویر بنانا؛ نمایاں خصوصیت ہونا ۔ (۳) تصور میں نقشہ جمانا ؛ تصور کرنا ۔ (٤) کسی نمایاں خصوصیت کا حامل ہونا ؛ کسی کو نمایاں طورپر لانا ؛ نمایاں کام انجام دینا ؛ نمایاں کردار ادا کرنا ؛ کوئی مخصوص کردار بنانا (خصوصاً کسی ڈرامے میں ممتاز خصوصیت کے طور پر پیش کرنے کےلئے) ۔

Feature : (a) جاذب توجہ ۔

Feature film/-picture : (n) سنیما کا مسلسل ڈرامہ ۔

Feature writer : (n) (انتظامیہ) فیچر نویس ۔

Featured : (a) (۱) فیچر کی شکل میں یا اس کے ذریعہ پیش کیا ہوا ۔ (۲) پیش کردہ ۔ (۳) خوش منظر ۔ (٤) واضح خصوصیات والا ۔ (۵) ممتاز اور نمایاں خصوصیات والے (فلمی ستارے) ۔

Featureless : (a) (۱) کورا یا سپاٹ (جس میں کوئی خصوصیت نہ ہو) ؛ بے لطف ؛ بے مزہ ؛ پھیکا ۔ (۲) (کاروبار) اہم واقعات سے خالی؛ سادھارن ؛ جس میں قیمتوں کا زیادہ اُتار چڑھاؤ نہ ہو ۔

Featurely : (a) (۱) مخصوص نقوش والا ؛ ممتاز خصوصیت کا حامل ۔ (۲) امتیازی ؛ مخصوص ؛ نمایاں ؛ ممیز ۔ (۳) خوب صورت ؛ حسین ۔

Featurette : (n) (سنیما) فلمچہ؛ مختصر فیچر ؛ فلم کو چک ۔

Featurish : (s) اخبار میں سنسنی خیز خبروں کی صفت یا حالت ۔

Feaze : (v) [Origin doubtful.] (۱) (جہاز رانی) (رسّے وغیرہ کو) کھولنا ؛ اُدھیڑنا ؛ تارتار الگ کرنا ؛ گھس کر کُھل جانا یا کھولنا ؛ سلجھانا ؛ گرہ کھولنا ۔ (۲) رسّے یا دھاگے کا سرے پر کُھل جانا یا کھولنا ؛ سرے کے بٹ کھلنا ؛ سرے پر اُدھڑ جانا یا گھِس کے کُھل جانا ۔

Feaze : Feeze کا متبادل ۔

Feazings : (n) [pl.] (جہاز رانی) رسے کے اُدھڑے یا کُھلے ہوئے سرے ۔

Febri - : سابقہ بمعنی بخار ؛ تپ ۔

Febricity : (n) حرارت کی حالت یا کیفیت ؛ ہلکے بخار کی حالت یا کیفیت ؛ (طب) گرم جسمی ؛ حالت تپ ۔

Febricula : (n) [L. febricula.] جلد اتر جانے والا ہلکا بخار ؛ (طب) تپ خفیف ۔

Febriculose : (a) ہلکے بخار میں مبتلا ۔

Febriculosity : (n) حرارت ؛ ہلکا بخار ۔

Febrifacient : (a) [f. L. febris + facient] بخار آور ؛ تپ آور ؛ بخار خیز ۔

Febrifacient : (n) بخار آور شے ؛ بخار آور دوا ۔

Febriferous : (a) بخار خیز ؛ بخاری ۔

Febrific : (a) [F. 'febri+figue.'] تپ آور ؛ بخار خیز ؛ بخار لانے والا ؛ ہلکے بخار جیسا ؛ (طب) تپ آور ۔

Febrifugal : (a) دافع بخار ؛ دافع تپ ۔

Febrifuge : (a) [F. febrifuge.] بخار توڑ ؛ دافع بخار ؛ تپ شکن ؛ بخار دور کرنے والا ؛ شفاء الحُمی ؛ (طب) دافع بخار ۔

Febrifuge : (n) (۱) دافع بخار دوا ؛ بخار اتارنے والی دوا ؛ تپ شکن دوا ؛ (طب) تپ توڑ (دوا) ۔ (۲) ٹھنڈائی ۔

Febrifuge nut : (n) (نباتیات) کِٹکُرنج ۔

Febrifugine : (n) ایک زہریلی قے آور بلّوری القلی نما شے $(C_{16} H_{19} N_3 O_3)$ ۔

Febrile : (a) بخار کا ؛ بخار سے متعلق ؛ بخار کی (حالت وغیرہ) بخار سے پیدا شدہ یا بخار ظاہر کرنے والا ؛ (طب) تپی ؛ جمادی ۔

Febrile heat : (n) بخار کی گرمی ؛ تپش بخار ۔

Febrility : (n) بخار جیسی حالت یا کیفیت ۔

Febris : (n)[L.] (طب) بخار ؛ تپ ؛ حمّی (جنگلات) حمیّات ۔

Febronian : (n) نظریہ فبرونی کا داعی یا حامی ۔

Febronian : (a) [f. 'Febrinius.'] فبرونیس (Febronius) کا یا اس سے متعلق ؛ (اٹھارھویں صدی) Treves کے جے- این - ون بانتھیم (J. N. vonthon theim) کا فرضی نام جس نے قومی کلیساؤں کی آزادی کی حمایت کی ۔

Febronianism : (n) Febronius کا عقیدہ یا فلسفہ ؛ فبرونی نظریہ ؛ Treves کے نائب اسقف جے- این - وَن بانتھیم کے ذریعہ ۱۷۶۳ء میں رومن کیتھولک چرچ پر نافذ کئے گئے اصول (کہ قطعی کلیسائی اقتدار چرچ کے ذمے ھوتا ھے ؛ پاپائیت کے ذمہ نہیں نیز یہ کہ پاپائی اقتدار اسقف کے جماعتی اقتدار سے کمتر ھے اور یہ کہ کلیسا کی بڑی کاؤنسل کے عقیدے اور قومی کلیسا کے ضوابط پاپائی اقتدار سے بالاتر ہیں ۔

February : (n) [L.februarius.] سال کا دوسرا مہینہ ؛ فروری ۔

February : (a) پاکیزہ ۔

February fill-dike : (n) (۱) فروری کی بارش اور برف باری ۔ (۲) (علم النجوم) وہ مدت جب سورج گیارھویں برج (دلّو) میں رہتا ھے ۔

Februation : [L.F. Febrare.] ایک رسمی تزکیہ ؛ تنقیہ یا تطہیر ؛ گناھوں سےبرأت ؛ رسم طہارت ؛ رسم پاکیزگی (مذہبی) ۔

Fecal/-Feces : (۱) دیکھو Faecal ۔ (۲) (حیوانیات) بَرازی ۔

Fecalith : (n) (طب) بَرازی حصاۃ ؛ سنگ بَرازی ۔

Fecial : Fetial کا متبادل ۔

Fecifork : (n) [L.faeci-+FORK.] (حشریات) مبرزی دو شاخہ (جس پر کیسیڈا (Cassida) وغیرہ کے پہل روپ اپنے فضلے لئے پھرتے ہیں) ۔

Fecit/Fecerunt : (v) عمل فلاں (مصور) ("اُس نے بنایا ھے" کسی مصور یا فن کار کے تخلیقی نمونے کے ساتھ لکھا جاتا ھے) ۔

Feck : (n) [Sc.] (۱) صلاحیت ؛ قدر ؛ طاقت ؛ قدرت ؛ زور ؛ توانائی ؛ بل ۔ (۲) تعداد ؛ شمار ؛ مقدار ؛ بڑا حصہ ؛ کثیر مقدار ۔ (۳) حصہ ؛ ٹکڑا ۔

The (most) feck : اکثریت ؛ کثرت ؛ کثیرتعداد یا مقدار ؛ بڑی مقدار ؛ سب سے بڑا حصہ ۔

Fecket : (n) [Sc.] (اسکاٹستان) صدری ۔

Feckful : (a) (۱) با صلاحیت ؛ پُر اثر ؛ طاقت ور ؛ قوی ؛ زور آور؛ مضبوط؛ توانا ؛ (خاص اسکاٹستانی) قوی ہیکل ؛ موٹا تازہ ۔ (۲) قابل اعتماد ؛ بھروسے کے لائق ۔

Feckfully : (adv.) باصلاحیت طورپر ؛ پُر اثر انداز میں ؛ توانائی سے ؛ مضبوطی سے ؛ زورآور طریقے پر زبردستی ۔

Feckless : (a) (۱) کم زور ؛ ضعیف ؛ نقیہ ؛ کم طاقت ؛ دربل ؛ نربل ؛ ذہنی اور جسمانی طور پر کمزور ؛ عاجز؛ ناچار ۔ (۲) بے اثر ؛ نااہل ؛ بے صلاحیت؛ نا کارہ ؛ غیر فعال ؛ بے کار؛ کاہل ؛ بے عمل ۔ (۳) بے معنی ؛ بے مقصد ؛ بے مطلب ؛ مہمل ؛ مجہول ۔ (٤) غیر ذمہ دار؛ بےاعتبار ؛ بےڈھنگا؛ نا سمجھ ؛ بودا ؛ گاؤدی ۔ (٥) متلون ؛ غیر مستقل مزاج ۔

Fecklessly : (adv.) (۱) کمزوری سے ؛ ناطاقتی سے ؛ نقاہت سے؛ عاجزانہ ؛ ناچار طور پر ۔ (۲) بے اثر طور پر ؛ نا اہلی سے ؛ بے عملی سے ؛ کاہلی سے ۔ (۳) مہمل طور پر ؛ مجہول طریقے سے ؛ بےمعنی، بےمقصد طور پر ۔ (٤) غیرذمہ دارانہ؛ بےاعتباری سے ؛ بے ڈھنگے پَن سے ؛ ناسمجھی سے ۔ (٥) غیر مستقل مزاجی سے ؛ متلون طور پر ۔

Fecklessness : (n) (۱) کمزوری ؛ ضعف ؛ نقاہت ؛ بے طاقتی ؛ عاجزی ؛ نا چارگی ۔ (۲) بے اثری ؛ نا اہلیت ؛ نا کارہ پن ؛ کاہلی ؛ بے عملی ؛ غیر فعالیت ۔ (۳) مجہولیت ؛ مہملیت ؛ اہمال ۔ (٤) غیر ذمہ داری ؛ بے اعتباری ؛ گاؤدی پن ؛ ناسمجھی ؛ بےڈھنگاپن ۔ (٥) تلون ؛ غیر مستقل مزاجی ۔

Feckly : (adv.) بیشتر ؛ زیادہ تر ؛ اکثر ؛ کثرت سے ؛ تقریباً ۔

Fecula : (n) (کیمیا) نشاستی مادہ ؛ نشاستہ ۔

Amylaceous fecula : (کیمیا) نِشاستہ ۔

Feculence : (n) [F. feculence.] دیکھو Faeculence

Feculency : (n) (حیوانیات) بَرازیت ؛ غلاظت ؛ (کیمیا) رسوب ؛ تلچھٹ ۔

Feculent : (a) میلا ؛ گدلا ؛ مٹیالا ؛ غلیظ ؛ گاڑھا ؛ کثیف ؛ آلودہ ؛ نجس ؛ ناخالص ؛ ناپاک ؛ گندہ ؛ متعفن؛ بدبو دار ؛ تلچھٹ آمیز ؛ گاد والا ؛ (کیمیا) بَراز دار ؛ (حیوانیات) رُسوب دار ۔

Fecund : (a) [L.'fecundus.'] (۱) بار آور؛ (جاندار زمین) زرخیز ؛ کثیر الثمر ؛ بچہ خیز ؛ کثیر زا ؛ ثمر آور ؛ ثمر خیز ؛ بہتات سے پیدا کرنے والا ۔ (۲) زرخیزی آور ؛ بار آور بنانے والا ؛ زرخیز کن ۔ (۳) رسا (دماغ ، ذہن وغیرہ) ۔ (٤) (حیوانیات) بارور؛ کثیر الاولاد؛ (نباتیات) زرخیز ؛ (سماجیات)قوت تولید ۔

Fecundate : (v) بار آور کرنا ؛ ثمر وَر کرنا ؛ حاملہ کرنا ؛ زرخیز بنانا ۔

Fecundation : (n) (۱) بارآور یا حاملہ کرنے کا عمل ؛ بارآوری ؛ ثمر خیزی ؛ تحمیل ؛ تولیدیت ۔ (۲) زرخیزی ۔ (۳) حمل ؛ معموریت ؛ لبریزی ؛ (حیوانیات ، طب) راحبال ؛ باروَر سازی ۔

Fecundity : (n) (۱) بار آوری ؛ زرخیزی ؛ ثمر آوری ؛ تولیدیت ؛ پیداواریت ؛ قوت زرخیزی ؛ کثرت پیداواری ؛ تناسل ۔ (۲) تخلیقی قوت یاَ صلاحیت یا اہلیت ؛ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت ۔ (۳) خیالاتی ارتقاء ؛ کثرت ایجاد ؛ کثرت اختراع ۔ (٤) (نباتیات) قوت نشوونما کی صلاحیت ؛ اُپجنے کی یا اُگنے کی صلاحیت ۔ (٥) مقدار اور تعداد میں تیزی سے آگے بڑھنے کی قوت ۔ (٦) کثیر زائی ؛ کثیر پیداواریت ؛ بہتاط سے پیدا کرنے کی صفت ؛ زرخیزی لانے کے قوت؛ قوت بار آوری ۔ (۷) (حیوانیات، طب) حمل ؛ جَبلیّت ؛ (حیوانیات) کثیر الاولادی ؛ (نباتیات) خصَب ؛ (طبیعیات) کثیر الایجادی ۔

Natural fecundity : قدرتی زرخیزی ۔

Fecundity of pleasure : (n) (نفسیات، فلسفہ، تعمیرات) بارآوری لذت ۔

Fed : (a) [pa. pple. of FEED.]V. کھلایا ہوا ؛ کھلا یا پلایا ؛ پروردہ ۔

Fed up : (a) شکم سیر ؛ چھك کر کھایا ہوا ؛ پُر خوردہ ؛ متنفر ؛ تنگ ؛ پریشان ؛ عاجز ؛ بوُر (عامیانہ)۔

Feddan/Fedan : (n) [Arab. 'faddan.'] زمین ناپنے کا ایک مصری پیمانہ جو ایك ایکڑ سے زیادہ ہوتا ہے ۔

Federacy : (n) [f. late L.'foederatus.'] (۱) کسی معاہدے کے تحت ایك ساتھ رہنے کی حالت؛ وفاق ؛ معاہدہ؛ اتحاد؛ کنفیڈریشن؛ محالفہ؛ ایتلاف ۔ (۲) تعاہد؛ (متحد افراد یاریاستوں کا) جتھا ؛ اتحاد مابین ریاست اور جماعت یا اشخاص ؛ اشتراك ؛ سازش؛ غیرقانونی یا غلط کاموں کےلئے بنائی ہوئی کوئی لیگ ۔

Federal : (n) (۱) (عموماً جمع) امریکی خانہ جنگی میں مرکز کی طرف داری کرنے والا فرقہ یا طبقہ ۔ (۲) وفاقی فوج کا ایک سپاہی ۔ (۳) وفاقی کارندہ (ایجنٹ) یا افسر ۔

Federal : (a) [L.faeralis.] (۱) کسی معاہدہ، میثاق، تعاہد، وفاق کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (مسیحی دینیات) معاہدہ ربانی پر مبنی (مسئلہ) ۔ (۳) (سیاسیات) وفاقی ؛ اتحادی ۔ (٤) (امریکی تاریخ) مستحکم اور وفاقی حکومت کا حامی ؛ کسی جماعت یا لیگ سے متحد ، متفق یا ملا ہوا؛ ۱۸٦۱ء کی امریکی خانہ جنگی میں شمالی یا مرکزی جماعت کا یا اس سےمتعلق ۔ (٥) دو ریاستوں کے مابین کسی معاہدے کے مطابق اختیارات فرماں روائی کو سپرد کرکے ایک نئی ریاست کی تشکیل سےمتعلق یا ماخوذ؛ ویسی حکومت کا، اُس سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا جس میں دو یا زیادہ ریاستیں مل کر ایک سیاسی اتحاد کرتی ہیں جب کہ داخلی معاملات میں ہر ریاست خود مختار رہتی ھے ۔ (٦) میثاق عبدیت یا معبودیت سے متعلق ۔ (۷) کلاسیکی احیاء سے قبل اور انقلاب کے بعد امریکا میں رائج تعمیری اور آرائشی فنون کی ایک طرز کا یا اس سے متعلق ۔ (۸) (برطانوی یونیورسٹی کا) کالجوں کے اشتراک پر مشتمل (جو بہت حد تک آزادانہ اکائی کی حیثیت سے کام کرتے ہیں) ۔

Federal assembly : (n) (سونزلینڈ کی طرح) دو پارلیمانی ایوان جو کسی حکومت کے قانون ساز شعبے کی تشکیل کرتے ہیں ؛ فیڈرل اسمبلی ؛ وفاقی مجلس ۔

Federal case : (n) امریکی حکومت کے تفتیش جرم کے اداروں (مثلاً .F. B. I) میں سے کسی ادارے کے ذریعہ تفتیش دیاجانے والا یا قابل تفتیش عمل یا فعل ۔

Federal coinage : (n) وفاقی سکّہ ۔

Federal constitution : (n) (سیاسیات) وفاقی دستور ۔

Federal council : (n) (۱) وفاقی کاؤنسل ؛ بعض حکومتوں کی مرکزی قانون ساز جماعت یا مجلس ۔ (۲) بعض حکومتوں (مثلاً سوئٹزرلینڈ) کی مرکزی انتظامی کاؤنسل ؛ (تاریخ) وفاقی کاؤنسل ۔

Federal court : (n) وفاقی عدالت ؛ وفاقی حکومت کے ذریعہ قائم کردہ عدالت خصوصاً وہ جو امریکی قانون اور آئین کے تحت قائم کی گئی ہو ۔

Federal district : (n) قومی حکومت یا پایہ تخت کی حیثیت سے الگ کیا ہوا ضلع ۔

Federal government : (n) (سیاسیات) وفاقی حکومت ؛ وفاقی مرکز ۔

Federal republic : (n) (تاریخ) وفاقی ری پبلک ۔

Federal state : (n) (تاریخ) وفاقی ریاست ۔

Federal theology : (n) (۱) ایک دینی نظام جو اس عقیدے پر مبنی ھے کہ خروج آدم سے پہلے آدمی میثاق عبودیت کے ماتحت تھا جس کے ذریعہ اللّٰہ نے حضرت آدم سے اپنے حکموں کی فرماں برداری کے عوض انسان کی دائمی فلاح کا وعدہ کیا تھا ۔ (۲) اور یہ کہ خروج آدم کے بعد کے انسان میثاق معبودیت کے ماتحت ہیں جس کے ذریعہ اللّٰہ نے اپنے فضل سے ان سبھوں کے لئے جو حضرت عیسیٰ پر ایمان رکھتے ہیں ویسی ہی فلاح و برکت کا وعدہ کیا ھے ۔

Federal tribunal : (n) (تاریخ) وفاقی ٹرائی بیونل ۔

Federal union : (n) (تاریخ) وفاقی یونین ۔

Federalese : (n) (عامیانہ) ایسی نثر جس میں غیر ضروری طور پر پُرتصنع، غیرموزوں ، مغلق اور کثیر ہیجانی الفاظ استعمال کئے گئے ہوں اور جو امریکا کے وفاقی بیورو کی دستاویزات کی خصوصیت تھی ۔

Federalism : (n) (۱) اصول وفاقیت ؛ کسی سیاسی تنظیم کا فیڈرل نظام ؛ وفاقی نظام ؛ وفاقی اصول ؛ اس اصول کی حمایت ۔ (۲) (امریکی تاریخ) فیڈرل پارٹی کے اصول ؛ (تاریخ) وفاقیت ۔

Federalist : (n) (۱) وفاقیت کا حامی ؛ وفاقی اتحاد کا حامی ؛ وفاقی ۔ (۲) (امریکی تاریخ) فیڈرل پارٹی کا ایک رکن ۔

Federalistic : (a) مائل بہ وفاقیت ؛ وفاقیت کی طرف میلان رکھنے والا ۔

Federalization : (n) وفاقی یا لا مرکزی بنانے کا عمل ؛ وفاقی یا لا مرکزی ہونے کی حالت ۔

Federalize : (v) (۱) وفاقی بنانا ؛ وفاقی اتحاد میں شامل کرنا یا ہونا۔ (۲) مرکزیت دور کرنا ؛ لامرکزی بنانا؛ مرکزی اقتدار سے ہٹاکر وفاقی تنظیم کے سپرد کرنا ۔

Federally : (adv.) (۱) بربنائے میثاق ؛ معاہدے کی بناء پر ۔ (۲) وفاقی طریقے پر ۔

Federari/Federary : (n) [Var of feodari.] شریک کار ؛ حلیف ۔

Federate : (v) [foederatus.] (۱) آپس میں مل جانا ؛ متحد ہو جانا (کسی خاص متحدہ ، متفقہ غرض کےلئے) ۔ (۲) کسی لیگ یا جماعت کا متحد ہونا ۔ (۳) وفاقی بنیاد پر منظم ہونا یا کرنا ۔ (٤) اصول وفاق پر کسی مملکت کو قائم کرنا ۔ (٥) ہم عہد کرنا ؛ ہم پیماں کرنا ۔

Federate/-at : (a) متحدہ ؛ عہدو پیماں میں متحد ؛ متحد کیا ہوا ؛ معاہدہ کیا ہوا ؛ معاہد ؛ مشترک ؛ شامل لیگ میں) ؛ ہم پیماں ؛ ہم عہد ؛ ہم میثاق ۔

Federate : (n) کسی معاہدے ، اتحاد، میثاق یا وفاق کے فریقوں میں سے کوئی ایک فریق ۔

Federated : (a) (تاریخ) وفاق شدہ ۔

Federated church : (n) مختلف فرقہ واری انجمنوں کو ملاکر تشکیل دیا ہوا ایک مقامی کلیسا جس میں ہر انجمن اپنی انفرادیت قائم رکھتے ہوئے کسی مشترک لائحہ عمل میں متفق ہوتی ہے ۔

Federation : (n) [L.'foederationem.'] (۱) کسی معاہدے ، میثاق یا وفاق میں شامل ہونے کا عمل خصوصاً کسی وفاقی حکومت کےتحت مختلف ریاستوں کا اتحاد جس میں ہر ریاست اپنے داخلی معاملات کے نظم وضبط کا اختیار خود رکھتی ہے ۔ (۲) سوسائٹی ؛ سماج ؛ انجمن ؛ سبھا ؛ لیگ ؛ وفاقی انجمن یا جماعت خصوصاً وفاقی ریاست یا مملکت ؛ فیڈریشن ۔ (۳) انجمنوں یا تنظیموں کا وفاق یا اتحاد ۔ (٤) ہم پیمانی ؛ ہم عہدی ؛ اتحاد ؛ اتحادیہ ؛ وفاقیت ؛ (تاریخ) وفاقیہ ۔

Imperial federation : وفاقی انجمن یا جماعت ؛ ایک تجویز جس کے تحت نوآباد ریاستیں مادری ملک کے ساتھ مل کر ایک ریاست کی تشکیل کرتی ہیں اور کل ریاستیں متفقہ طور پر تخت کی بقا اور بہبود سےتعلق رکھتی ہیں ۔

Federation of insurance Institute : (نفسیات وغیرہ) وفاق ادارہ جات بیمہ ۔

Federation of states : (تاریخ) ریاستوں کا وفاق ۔

Federation of the (British) Empire : Imperial federation دیکھو

Federational : (a) وفاق سے متعلق ؛ اتحاد سے متعلق ۔

Federationist : (n) (سیاسیات)وفاقیت کا حامی؛ وفاق پسند؛ حامیِ وفاق ۔

Federative : (a) (۱) اتحادی ؛ ایتلافی ؛ وفاقیانہ ؛ وفاقی ۔ (۲) کسی لیگ ، اتحاد یا وفاق کی تشکیل کا یا اُس سے متعلق؛ کسی فیڈریشن یا اس کے حصے سے متعلق ۔ (۳) فیڈریشن کے ایک حصے کی تشکیل کرنے والا؛ وفاقوں کی تشکیل کی طرف مائل یا راغب ۔

Federatively : (adv.) وفاقی حیثیت سے ۔

Fedora : (n) [F. Fedora (1882) a drama by V. saedou.] ایک قسم کی نرم فلٹ ہیٹ ؛ ایک نرم مردانہ ٹوپی ۔

Fee : (n) [A. Fr. fee.] (۱) جاگیر ؛ جاگیر میں دیا ہوا علاقہ؛ ملکیت ؛ زمین داری ؛ تعلقہ ؛ ریاست ۔ (۲) موروثی ریاست یا جائداد ؛ اموال ؛ اموال منقول ؛ وراثتی جاگیر ۔ (۳) تنخواہ ؛ ایک مقررہ تنخواہ یا اُجرت ۔ (٤) وکیل ، طبیب ، ڈاکٹر ؛ یا کسی اور پیشہ ور کی اُجرت یا فیس ۔ (٥) امتحان کی فیس ؛ فیس داخلہ ؛ اسکول یا کالج کی فیس ۔ (٦) صلہ خدمت ؛ انعام ؛ حق خدمت ؛ اجرت ؛ پاداش ؛ وظیفہ ۔ (۷) (قانون) فیس ؛ جاگیر ؛ جائداد ؛ مِلک ۔

At a pin's fee : نہایت ہی کم قیمت پر ؛ انتہائی کم اجرت پر ؛ ایک پِن کی قیمت پر ۔

Base fee : غیر قطعی ؛ مشروطہ قبضہ ۔

Capitation fee : (تجارت) محصول (فی کس) فیس ۔

Ecclesiastical fee : کلیسائی جاگیر جو کسی کلیسا کی خدمت گار ، فرد یا جماعت کے ذمہ ہو ۔

In fee/In fee simple : مطلق قبضے میں ؛ بلاشرکت غیرے ؛ قبض و دخل میں ؛ جاگیر میں (ہونا) ۔

Intiation fee : (n) (تجارت) داخلہ فیس ؛ شرکت داری فیس ۔

Knight's fee : (n) (جاگیر داری نظام) وہ قطعہء زمین جس کےعوض کسی فوجی سردارکی خدمات لی جاتی تھیں ؛ فوجی جاگیر ؛ سردار کی جاگیر ۔

Lay-fee : (n) غیر کلیسائی جاگیر ؛ وہ جاگیر یا ریاست جو غیر مذہبی خدمات کےلئے دی گئی ہو ۔

Permit fee : (n) (تجارت) اجازت نامہ فیس ؛ پرمٹ فیس۔

To hold in fee, or fee simple : (مجازاً) بلا شرکت غیرے جائداد کا مالک ہونا ؛ بلا شرکت غیرے قابض دخیل ہونا ؛ مطلق قبضے میں کرلینا؛ بطور جاگیر لےلینا ؛ جاگیر میں ہونا ۔

To pay fee to : معاوضے پر کوئی کام لینا ۔

Fee : (v) (۱) تنخواہ دینا ۔ (۲) صلہ دینا (ذاتی خدمات کےلئے) ؛ انعام دینا ؛ بخشش دینا ؛ حق دینا ؛ اجرت دینا ۔ (۳) فیس ادا کرنا ؛ اسکول وغیرہ کی فیس دینا ۔ (٤) فیس دے کر رکھنا ؛ فیس پرکام لینا ۔ (٥) جاگیر دینا ۔ (٦) (اسکاٹستانی) (ملازم کو) مزدوری یا اجرت پر رکھنا؛ کرائے کا نوکر رکھنا ۔

To fee every occasion : ہر موقع سے استفادہ کرنا ۔

Fee bill : (n) مخصوص خدمات کےلئے کسی عدالت کے وکیلوں ، شیرفوں یا دوسرے افسروں کی مقررہ فیسوں یا اجرتوں کی فہرست، نیز مخصوص خدمات میں قابل محصول طلبانوں یا اخراجات کی فہرست ۔

Fee -estate : (n) اراضی یا جاگیر جس کے عوض مالک کی خدمت کی جاتی ہو ۔

Fee-expectant : (n) منتظر جاگیر؛ اُمیدوار وراثت (جاگیر)؛ منتظر توریث ؛ جسے وراثت ملنے والی ہو ۔

Fee farm : (n)[OF.'feuferme'.] (قانون) وہ حق ملکیت جس کے ذریعہ زمین بغیر غیردوسری خدمات کے دائمی طور پر مقررہ مالگذاری کے تحت وراثتی جائداد کے طورپر رکھی جاتی ہے ؛ وہ وراثتی جاگیر جس کا حق ملکیت کسی خدمت کے صلے میں نہ ہو کر نقدی قائمی جائداد کے طور پر ہوتا ہے ۔ (۲) اس طرح حاصل شدہ رعیت کی زمینی ملکیت ؛ ایسی نقدی قائمی اراضی (نیز استعارتاً) ۔ (۳) ایسی ملکیت کی مالگذاری ۔ (٤) توصیفی معنوں میں (مثلاً Fee-farm-rent) ۔

Fee farmer : (n) نقدی قائمی جائداد کا مالک ؛ ایسی جائداد مالگذاری ادا کرنے والا ۔

Fee-faw-fum/-fo- : (n &intr.) (۱) فوں فاں (دیوؤں کے غیظ و غضب کی آواز) ۔ (۲) قاتلانہ ارادے کو ظاہر کرنے والا ایک فجائیہ کلمہ ۔ (۳) بچوں کو ڈرانے کی ایک مہمل آواز ؛ گیدڑ بھپکی ۔ (٤) خون کے پیاسے شخص کےلئے ایک اصطلاح ؛ خون کا پیاسا ؛ خونی ۔

Fee-fund : (n) (اسکاٹستانی قانون) مخصوص عدالتی محصول جس سے عہدہ داران عدالت کی تنخواہیں دی جاتی ہیں ۔

Fee gouging : (n) زیادہ سے زیادہ فیس یا اجرت طلب کرنا خصوصاً پیشہ ورانہ خدمات کےلئے ۔

Fee patent : (n) کسی ریاست میں قابل توریث جائداد کا تحفظ بذریعہ رجسٹری۔

Fee-royal : (a) شاہی جاگیر ۔

Fee-simple : (n) (قانون) جاگیر یا جائداد غیر مشروط ؛ بلا قیود قابل توریث جائداد ؛ ملک مطلق جو مالک اور اس کے ورثا کی ملکیت میں بلا شرط قید ہمیشہ رہے ؛ وراثتی جاگیر (سیاسیات) مِلک مطلق ؛ جائداد غیرمشروط ۔

Fee-tail : (n) (قانون) جاگیر مشروط ؛ خاص اور قریبی ورثا کے لئے قابل توریث جائداد ؛ ملک موقوفہ ؛ (سیاسیات) مِلک موقوف ؛ جائداد مشروط ۔

Fee-tail-expectant : (n) مشروط جائداد کا وارث ؛ مشروط جاگیر کا متوقع وارث ۔

Feeb : (n) [Short for 'feebleminded'.] (عامیانہ) ضعیف العقل شخص ؛ کم عقل آدمی ۔

Feeble : (a) [OFr. febble.] (۱) ضعیف ؛ ناتواں ؛ ناطاقت ؛ نربل ؛ نقیہ ؛ کمزور ؛ عاجز ؛ سست ۔ (۲) کم ہمت ؛ ہیٹا ؛ کند ذہن ؛ احمق ؛ ناکافی ؛ کمتر ۔ (۳) بے اثر؛ کمزور ۔ (٤) مدھم ؛ دھیما ؛ دھندلا ۔ (٥) کم قوتِ مدافعت رکھنے والا ۔ (٦) ذہنی اور اخلاقی طور پر کمزور ۔

Feeble : (n) کمزوری ؛ ناطاقتی ۔

Feeble : (v) (متروک) کمزور ہونا یا کرنا ؛ ناتواں ہونا یا کرنا ۔

Feeble acid : (n) (کیمیا) کم زور تیزاب ۔

Feeble minded : (a) کم عقل ؛ احمق ؛ کند ذہن؛ ضعیف العقل ۔ (نفسیات) ضعیف العقل ؛ ابلہ ؛ احمق ۔

Feeble mindedly : (adv.) کم عقلی سے ؛ حماقت سے ؛ کُند ذہنی سے ۔

Feeble mindedness : (n) کم عقلی ؛ کند ذہنی ؛ حُمق ؛ (نفسیات، فلسفہ، تعمیرات) ضعیف العقلی ۔

Feeble-wit : (n) کُند ذہن ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ گاؤدی ۔

Feebleness : (n) ضعف ؛ ناطاقتی ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ کمزوری ؛ عاجزی ؛ سستی؛ کم ہمتی؛ بے اثری؛ کند ذہنی ؛ حُمق ؛ دھندلاپن ؛ دھیما پن ۔

Feebless : (a) [OF. feblesse.] ضعف ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ کمزوری ؛ عاجزی۔

Feebling : (n) ضعیف کرنے والا ؛ کمزوربنانے والا؛ کُند ذہن ؛ کم ہمت یا بےاثر کردینے والا ؛ بے اثر کن ؛ ضعف آور ؛ دھندلا کردینے والا ۔

Feeblish : (a) قدرےضعیف ؛ تھوڑا کند ذہن ؛ گاؤدی قسم کا ۔

Feebly : (adv.) (۱) ضعف سے ؛ ناتوانی سے ؛ ناطاقتی سے ؛ کمزور طور پر ؛ عاجز ہوکر ۔ (۲) کم ہمتی سے ؛ ناکافی طور پر ؛ بے اثر انداز میں ۔ (۳) احمقانہ طور پر ؛ کند ذہنی سے ؛ کم عقلی سے ۔ (٤) دھیمے انداز میں ؛ دھندلے طور پر ۔

Feebly acidic solution : (n) (کیمیا) ہلکا تیزابی گھول ۔

Feebly basic solution : (n) ہلکا کھاری گھول ۔

Feed : (n) (۱) کھلانے پلانے کا عمل نیز فراہمی غذا ؛ خوراک رسانی ۔ (۲) چارا ؛ مویشیوں کی خوراک ؛ گھوڑے وغیرہ کا راتب ؛ غذا ۔ (۳) چراگاہ ؛ سرسبز جگہ ؛ ہری بھری کھیتی ۔ (٤) (روز مرّہ) کھانا؛ پُرتکلف کھانا؛ خوراک ؛ غذا؛ طعام ۔(٥) مشین کو غذا یعنی اس میں کام آنے والے سامان پہنچانے کا عمل یا طریقہ نیز مشین میں کام آنے والے سامان یا ان کی بہم یافتہ مقدار ۔ (٦) بندوق کا بھراؤ ؛ کارتوس ؛ ایک بار بھری جانے والی بارود کی مقدار ۔ (۷) Feed-Pump, feed-gear وغیرہ کا مخفف ۔ (۸) فیڈر ؛ غذا پہنچانے والا ؛ خوراک رساں ؛ مشین میں کام آنے والے سامان کو مشین تک لے جانے والا ؛ بچوں کو دودھ پلانے والی بوتل ؛ مریض کے شکم میں غذا پہنچانے والی نلی یا پائپ ۔(۹) کسی سامان پر کام کرنے کی غرض سے اُسے آگے بڑھانے کا عمل یا رفتار ۔ (۱۰) (طبیعیات) خورانی ؛ (حیوانیات)خوراک ؛ چارہ؛ علیق؛ ایندھن؛ (طب) غذائی مشین؛ فیڈ ۔

Off ones feed : بھوک نہ ہونا ؛ اشتہا نہ ہونا ؛ کھانے کی رغبت نہ ہونا ۔

On the feed : (مچھلیوں کا) غذا کی تلاش میں نکلنا؛ کھانا ۔

Out at feed : (جانوروں کو) چرنے چُگنے کے لئے باہر لے جانا ۔

To put on the feed bag : (عامیانہ) کھانا شروع کرنا ۔

Two biscuits at one feed: دو بسکٹ ایک ہی دفع کھلانا ۔

Feed : (v) [OE. 'fedan'.] (۱) کھانا دینا؛ کھلانا۔(۲)لقمہ دینا ؛ منہ میں نوالہ دینا ؛ چوسانا ؛ دودھ پلانا (بچوں کو) ۔ (۳) چرنا ؛ چرانا ؛ (مویشی وغیرہ کا) ۔(٤) بھوک بجھانا ؛ بھوک ختم کرنا ۔ (٥) سامان بہم پہونچانا (خود پسندی وغیرہ کےلئے) ۔(٦) تسلی دینا ؛ امید دلانا ؛ آس دلانا ۔ (۷) کھانا ؛ شکم پری کرنا (نیز استعارتاً) ۔ (۸) غذا کا کام دینا ۔(۹) باعث نشو و نما ہونا ؛ غذا پہونچانا ؛ نشوونما میں معاون ہونا ؛ زندہ رکھنا ۔ (۱۰) مہیا کرتے رہنا ؛ بہم پہونچاتے رہنا (جیسے پانی کے خزانے کو پانی) ۔ (۱۱) (کسی کَل یا مشین کو) رسَد یا سامان بہم پہونچاتے رہنا ۔ (۱۲) زمین کو چراگاہ کے کا م میں لانا ؛ چارہ بننا ؛ چارہ فراہم کرنا ۔ (۱۳) مشین میں سامان ڈالنا ۔ (١٤) (استعارتاً) معاوضہ دینا ؛ فیس ادا کرنا ؛ اجرت دینا ۔(١٥) رشوت دینا؛ مٹھی گرم کرنا ؛ نذر کرنا ؛ خواہش پوری کرنا ؛ ہمت دلانا ؛ دلجوئی کرنا؛ کسی بھی خواہش کی تسکین کا سامان بہم پہونچانا ۔(١٦) غذا سے بھر دینا ؛ خوب کھلانا ؛ کھلاکر موٹا کر دینا یا موٹا ہوجانا (عامیانہ) ۔(۱۷) (مصرف کےلئے سامان وغیرہ کا) مسلسل بہم پہونچانا ۔(۱۸) (امریکا) جانور وغیرہ کو چارا دینا ؛ چارا لگانا ۔ (۱۹) (کھیل میں) گول کرنے کےلئےاپنی ٹیم کے کھلاڑی کو پاس دینا یا اس کی طرف گیند پھینکنا ۔ (۲۰) ساتھی ایکٹر کو آنے والے رول یامنظر کا اشارہ یا ترک دینا ۔(۲۱) (جانوروں کا) چارا کرنا ؛ کھانا ؛ کھالینا ۔ (۲۲) (برقی توانائی) بہم پہونچانا ؛ سپلائی دینا ۔ (۲۳) الیکٹرونک سرکٹ کے ذریعہ پہونچانا (بطور سگنل، ریڈیو، رڈار اور ٹیلی گرافی میں مستعمل) ۔ (۲٤) (ریڈیو اور ٹیلی ویژن پروگرام کو) برقی رو کے ذریعہ نشر ہونے کے لئے ترسیل گاہ تک پہونچانا ۔(۲٥) بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ؛ زیادہ کرنا ؛ بڑھانا ۔(۲٦) کھانا

(خصوصاً کسی ریسٹوران میں) ؛رغبت دور کرنا ۔(۲۷) کسی مشین یا اس کے منہ میں پڑنا یا جانا ۔(۲۸) کسی آتشی اسلحہ میں کارتوس بھرنا ۔

Toy feeds the soul : خوشی روح کو تقویت پہنچاتی ھے ۔

To feed at the high table : کالج میں طلبا کا مل کے کھانا ۔

To feed down, close : جانور کو چراگاہ وغیرہ میں چرانا ۔

To feed off : فروخت یا ذبح کرنے کے لئے کھلا پلاکر فربہ کرنا ۔

To feed on : غذ اکے طور پر عادتاً کھاتےرہنا؛ کسی چیز پر پرورش ھونا ۔

To feed the firhes : (عامیانہ) ڈوب جانا ؛ غرق ھوجانا ۔

To feed up : کھلاکر موٹا کرنا ؛ تیار کرنا ؛ سیر کرنا ؛ پیٹ بھر کر کھلانا ۔

To feed well/-high : خوب کھانا ؛ نفیس کھانے کھانا ۔

Feed : (a) [ppl. of Fee.] (v) فیس ادا کیا ھوا؛ اجرت پایا ھوا؛ اجرت یافتہ ؛ اجرت پرلیا ھوا؛ کرایہ پر لیا ھوا ؛ ماجور ؛ اُجرتی ؛ رشوت لیا ھوا ؛ (اسکاتستانی) مزدوری پر مقرر کیا ھوا ۔

Feed a cold : زکام میں خوب کھاؤ ۔

Feed apron : کپڑے کا گھومتا ھوا پٹا جس کے ذریعہ روئی وغیرہ دُھننے یا کاتنے کی مشین میں لے جائی جاتی ھے ۔

Feed back : (n) باز رسی ؛ کسی مشین ، کسی نظام یا کسی طریق عمل کے ماحصل کے کسی حصے کی لاگت کی طرف باز رسی یا واپسی ؛ (تجارت) باز معموری ؛ (نفسیات) کمك نفسیہ ؛ (طبیعیات) باز خورانی ؛ (برقیات) واپسی افزائش ؛ باز افزائش ۔

Feed back circuit : (طبیعیات) باز خورانی سرکٹ ۔

Feed bag/Nose bag : (n) (۱) ایك موٹے کپڑے کا بنا چارے کا تھیلا جو گھوڑے اور دوسرے جانوروں کے منہ سے لٹکا دیا جاتا ھے ۔(۲) گھوڑے کا توبڑا ۔

Feed-board : (n) چھپائی مشین یا موڑنے کا وہ تختہ جو سامان کو اندر لے جاتا ھے ۔

Feed-box : (n) (۱) چارہ دان ؛ چارہ یا غذا رکھنے کا ڈبہ یا بکس ۔(۲) مشین کا وہ چوکھٹا جو مشین کے اندر سامان لےجانے والے اور منتقل کرنے والے پُرزوں کو آپس میں ملاتا ھے ۔

Feed-case : (n) مشین گن میں دھات سے بنا ھوا الگ کیا جاسکنے والا ایك خول جس میں کارتوس وغیرہ بھرے جاتے ہیں ۔

Feed-cutter : (n) چارہ مشین ؛ چارہ کاٹنے کی کَل ۔

Feed-cloth : (n) دیکھو Feed apron

Feed-dog : (n) سلائی مشین کا وہ دندانے دار پرزہ جو کپڑے کو سوئی کے نیچے لے جاتا ھے ۔

Feed-door : (n) بھٹی کا منہ جس سے بھٹی میں ایندھن پہنچایا جاتا ھے ۔

Feed-efficiency : غذا کی تاثیر بخشی ۔

Feed-farm : (n) زمینداری ۔

Feed-guide/-gange : (n) (چھاپہ خانہ) کاغذ کے تختوں کو پکڑنے اور ایك ایك کرکے چھوڑنے کا ایك پُرزہ ۔

Feed-head : (n) (۱) پانی کا حوض جس سے بوائلر میں پانی پہنچایا جاتا ھے اور جو اوپر میں بنا ھوا ھوتا ھے ۔ (۲) (دھات کی ڈھلائی) سانچے کے اوپر یا باہر والی دھات جو چھلك کر دوسرے سانچے میں چلی جاتی ھے ۔

Feed-hole : (n) (کیمیا) جھونك روزن ۔

Feed-in : (a) مشین میں سامان لے جانے والے پُرزے یا اس طرح مشین میں سامان لےجانے کے طریقے کا یا اس سے متعلق ۔

Feed lot : (n) (۱) وہ قطعہ٭ زمین جہاں مویشی چرتے ھوں اور فربہ ھو کر بازار میں بکنے کےلئے تیار کئے جاتے ھوں ۔(۲) چراگاہ ۔

Feed-mill : (n) چارہ مل ؛ کارخانہ جہاں چارہ تیار کیا جاتاھو ۔

Feed-motion : (n) کسی مشین کا وہ پُرزہ جو کسی چیز کو آگے کی طرف ڈھکیل کر مشین میں لے جاتا ھے ۔

Feed off : (v) (کسی فصل کو) مویشیوں کے چرنے کے لئے چھوڑ دینا یا فرخت کردینا ۔

Feed out : (v) جانور کو کھلا پلاکرفروخت کےلئےفربہ بنانا ۔

Feed pipe : نل جس کے ذریعہ سے سامان مشین تك پہنچایا جائے ؛ (انجینئرنگ) سوت نل ۔

Feed piping : (n) (انجینیئرنگ) بند نلی ۔

Feed pump : (n) اسٹیم بوائلر میں پانی پہنچانے کا پمپ ؛ (انجیننرنگ) سوت پمپ ۔

Feed ratio : (n) غذا کی تاثر بخشی کو ظاہر کرنے والا تناسب ۔

Feed roll/-roller : (n) (۱) بیلن جس کے ذریعہ سامان مشین کے اندر لے جا یا جاتا ھے ۔ (۲) ٹائپ رائٹر کے بیلن کےپاس لگے ھوئے دو گول ربڑ جو کاغذ کوگھماتے ہیں اور ٹائپ کے وقت اُسے اپنی جگہ پر قائم رکھتے ہیں ۔

Feed-screw : (n) (خراد) ایك لمبی پیچ جو مشین کی ٹیك (Tool rest) یا خراد جانے والے پُرزے کو باقاعدہ حرکت میں رکھتا ھے ۔

Feed stock/-store : (n) کچا مال جو کسی مشین یا بنانے والے کارخانے میں پہنچایا جاتا ھے ۔

Feed store : (n) مویشی کا چارہ بیچنے والی دکان ؛ چارہ دکان ۔

Feed stuff : (n) گھریلو یا پالتو جانوروں کی خوراك یا چارہ (عموماً جانور کی خوراك کے تغذیاتی اجزاء میں سے کوئی ایك جز) ۔

Feed-trough/-tanu : (n) بھاپ انجن کےلئے بنا ھوا پانی کا حوض ۔

Feed-water : (n) اسٹیم بوائلر وغیرہ کو پہنچایا جانے والا پانی ؛ (انجینیئرنگ) سوت پانی ۔

Feed-way : (۱) کوٹھلوں کی قطاروں کے درمیان چھوڑا ھوا راستہ جس سے ھو کر چارے کے برتنوں یا ناندوں میں چارہ ڈالا جاتا ھے ۔ (۲) نوار گیر ۔

Feed wheat : (n) ایك ادنیٰ قسم کا گیہوں جو بطور چارہ استعمال ھوتا ھے ۔

Feed-wheel : (n) ایك گھومتا ھوا چکّہ یا پہیا جو کسی چیز یا سامان کو آگے کی طرف لے جاتا ھے ۔

Feeder : (n) (۱) کھلانے والا ؛ کھانا یا چارہ دینے والا ؛ خوراك دہندہ نیز کھانے والا یا چرنے والا ؛ مُطعم ۔ (۲) (جمع میں) کھلا پلا کر تیار یا فربہ کئے جانے والا جانور ۔ (۳) کھانا کھلانے کا آلہ ؛ تسکین طبع کا ذریعہ ؛ غذا پہنچانے کا آلہ ؛ (خصوصاً حشریات میں) کھانا یا غذا حاصل کرنے والا عضو ؛ بچے کو دودھ پلانے کی شیشی ؛ دودھ دانی؛ فیڈر (خاص کر ہندوستان میں) ؛ بچے کی بب ؛ سینہ پوش ۔ (٤) مویشی کو کھلا پلا کر ذبح کے لئے تیار کرنے والا ۔ (۵) معاون دریا؛ وہ چھوٹی ندی جو کسی بڑے دریا میں جا کر مل جاتی ھے ؛ وہ پہاڑی چشمہ جو جھیل سے ملتا ھے (نیز استعارتاً) خصوصاً وہ نالہ یا چشمہ جو کسی نہر یا خزانے کو پانی فراہم کرتا ھو ۔ (٦) (کان کنی) خام دھات کی وہ چھوٹی پرت جو بڑی پرت سے ملتی ھے؛ زیر زمین کسی درز سے نکلنے والی گیس کی دھار ؛ درز جس سے گیس نکلتی ھو ۔ (۷) صرف ھونے یا بنائے جانے کے لئے سامان فراہم کرنے یا پہنچانے والا خصوصاً مشین کا وہ آلہ جس سے اس میں سامان پہنچایا جاتا ھے ؛ مشین کو خام مال فراہم کرنے والا نیز روغن دہ ، مایہ رساں ۔ (۸) (برقیات، انجینیئرنگ) ذیلی رَو کا حامل تار؛ گھروں میں بجلی پہنچانے والا ایك ذیلی تار یا برانچ وائر ؛ اُس جگہ تك بجلی پہنچانے والا بڑا تار جہاں سے بجلی تقسیم کی جاتی ھے ۔ (۹) (کھیل) گیند دینے والا کھلاڑی ۔ (۱۰) (دوسروں کی) خواہشات پوری کرنے والا ۔ (۱۱) بصیرت دینے والا ۔ (۱۲) (متروك) پڑھانے والا ؛ بصیرت دینے والا ۔ (۱۳) چھوٹے قصبوں سے آکر بڑے شہروں میں ملنے والے فضائی یا زمینی راستے ۔ (۱٤) کسی ڈرامے کا ممتاز اور اہم حصہ ؛ اس حصے کو کھیلنے والا اداکار ؛ اپنے ساتھی اداکار کو آئندہ سین کا اشارہ دینے والا ۔ (۱۵) لباس تیار کرنے کی فیکٹری میں مختلف ٹکڑوں کو میل سے سجانے والا یا اُن کی درجہ بندی کرنے والا؛ (طب) غذائی مشین ؛ (انجینیئرنگ) فیڈر ؛ (جغرافیہ) معاون دریا ۔

Gross-feeder/Large-/Quick- : زیادہ کھانے والا ؛ بسیار خور ؛ پیٹو ۔

Feeder head : (n) دیکھو Fee ahead

Feeder industry : (n) (تجارت) معاون صنعت ۔

Feeder line/Feeder airline : (n) بڑی سڑك یا لائن سے ملنے والی چھوٹی لائن یا سڑك ؛ (تجارت) معاون لائن ۔

Feeing market /-fair : (n) (اسکاتستانی) آنے والے موسم یا سال کے لئے اجرت پر لئے جانے کے واسطے نوکروں کا میلہ یا بازار ۔

Feel : (v) [OE. felan'.] (۱) محسوس کرنا ؛ لمس کے احساس کاتجربہ یا ادراک کرنے کےلئے چھو کر دیکھنا؛ چھو کر اندازہ کرنا ؛ چھو کر معلوم کرنے کی کوشش کرنا؛ چھو کر معلوم کرنا ۔ (۲) ہاتھ یا انگلی سے چھونا یا مس کرنا ؛ ہاتھ پھیر کر یا چھو کر دریافت کرنےیا معلوم کرنے کی کوشش کرنا ؛ ٹٹولنا ؛ ٹٹول کر معلوم کرنا ؛ (after اور for) کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) (فوج) (زمین کی) نوعیت کا محتاط جائزہ لیکر (دشمن کی) طاقت یا تعداد کا پتہ لگانا؛ (دشمن کے) ٹھکانے کا پتا لگانے کی کوشش کرنا ؛ پتا لگانا (دشمن یا میدان جنگ کا) ۔ (٤) قوت لامسہ کے ذریعہ ادراک کرنا (زیادہ وسیع معنوں میں)؛ اُن حسوں کے ذریعہ ادارک کرنا جن کا تعلق کسی مخصوص عضو سے نہیں ؛ (گرمی، سردی، ضرب، زخم وغیرہ) کا احساس کرنا؛ احساس لمس وغیرہ کا حامل ہونا ؛ احساس ہونا؛ شعور ہونا ؛ (بول چال) قوت شامہ یا ذائقہ کے ذریعہ ادراک کرنا ۔ (٥) آگاہ ہونا ؛ واقف ہونا ؛ تجربہ کرنا یا تجربہ میں لانا ؛ چوکس ہونا؛ ہوشیار ہوجانا؛ محتاط ہوجانا؛ کسی کو ایسا سمجھنا یا خیال کرنا ؛ باشعور ہونا ؛ صاحب احساس ہونا؛ شعوری حالت میں محسوس کرنا ۔ (٦) حساس طور پر متاثر ہونا (بے جان چیزوں کا) ؛ متاثر ہونا ۔ (۷) کسی کے لئے رحم یا کسی کے ساتھ ہمدردی رکھنا ۔ (۸) ایسی باتوں پر یقین کر لینا جو واضح طور پر ادراک میں نہ آئی ہوں (کسی اور کا) یقین رکھنا ؛ دلی یقین ہونا ۔ (۹) (نیم مفعولی معنوں میں) کسی مخصوص صفت کے حامل کے طور پر محسوس کیا جانا ؛ معلوم ہونا ؛ محسوس کیا جانا ۔ (۱۰) مبتلا ہونا؛ جھیلنا؛ بھگتنا ۔ (۱۱) پرکھنا ؛ جانچنا ؛ (چھوکر) ؛ اندازہ کرنا ۔ (۱۲) احساس لمس خصوصاً انگلیوں کے ذریعہ کسی چیز کا پتہ چلانا یا رہنمائی کرنا ۔ (۱۳) سعی و خطا کے عمل سے معلوم کرنا ۔ (١٤) جمالیاتی شناخت کا حاصل کرنا یا تجربہ میں لانا ۔ (١٥) کسی مخصوص داخلی احساس یا ارتسام، ذہنی کیفیت یا جسمانی حالت سے آگاہ یا باخبر ہونا ۔ (١٦) عقلی یا فکری نتیجہ کے بجائے جذباتی یا جبلّی طور پر ردِّ عمل کرنا یا ہونا ۔ (١٧) خیال و جذبہ کا مخالف یا موافق ہونا ۔

Feeder-man : (n) بڑی طاقت والے بجلی کے کھمبوں پر چڑھنے والا مستری جو برقی رو کے روکنے والے سوئچ کو بند کردیتا ہے تاکہ مرمت کا کام محفوظ رہ کر ہوسکے ۔

Feeder of river : (n) (جغرافیہ) معاون دریا ۔

Feeder road : (n) بڑی سڑک سے ملنے والی چھوٹی سڑک ۔

Feeding : (n) (۱) کھانے، کھلانے وغیرہ کاعمل یا طریق عمل ۔ (۲) غذا ؛ خوراک ؛ خوردنی شے ؛ کھانے کی چیز ؛ چراگاہ ؛ مویشیوں کے چرنے کی جگہ ۔ (۳) کسی ایسی چیز کو کھلانا جو خود کھانے یا اپنی غذا فراہم کرنے کی صلاحیت نہ رکھتی ہو ۔ (٤) (طب) تغذیہ ۔

Forced feeding : (طب) جبری تغذیہ ۔

Feeding board : (n) دیکھو Feed board

Feeding bottle : (n) بچے کو دودھ پلانے کی شیشی ؛ فیڈر (مجازی معنوں میں بھی مستعمل ہے) ۔ (طب) غذائی شیشی ۔

Feeding cloth : (n) دیکھو Feed cloth

Feeding cup : (n) ایک ٹونٹی دار پیالہ جس میں مریض کو بستر پر کھانا دیا جاتا ہے یا کھلایا جاتا ہے ۔

Feeding mechanism : (n) (حیوانیات) غذائی میکانیت ؛ غذا فراہم کرنے کی میکانیت ۔

Feeding rod : (n) (دھات کی ڈھلائی) پگھلی ہوئی دھات کے بہاؤ کے راستے کو صاف کرنے والی چھڑ ۔

Feeding station : (n) کوئی مرکزی یا سہولت کی جگہ جہاں غذا فراہم کی جاتی ہو (مثلاً فوجی کاروائی کے دوران سپاہیوں کے لئے) خصوصاً ایک ترکیب جس پر کھانا رکھ کر چڑیوں کو ان کے مشاہدے یا عملی مطالعے کے لئے بلانے یا سرد مہینوں میں اُنہیں کھانا دینے کےلئے ہوتی ہے ۔

Feeding storm : (n) بڑھتی ہوئی آندھی یا طوفان ۔

Feeding stuffs : (n) ماکولات ۔

Feeding truogh : (n) (حیوانیات) کُھرلی ۔

Feeding tube : (n) معدے میں غذا پہنچانے والی نلی ۔

Feel up : (v) (عامیانہ) جانگھ کے اوپر اور شرم گاہ کے ارد گرد پیار سے سہلانا یا ہاتھ پھیرنا ۔

Feelable : (a) قابل لمس ؛ قابل احساس ؛ لائق تحسیس ؛ محسوس کئے جانے کے لائق ؛ لمس کے ذریعہ یا چھو کر معلوم کئے جانے کے لائق ۔

Feeler : (n) (۱) محسوس کرنے والا ؛ لمس کے ذریعہ معلوم یا محسوس کرنے والا (شخص یا شے) ۔ (۲) (نباتیات) ملمس ؛ بعض جانوروں کی مونچھ یا سینگ جن سے وہ چیزوں کو محسوس کرتے یا اپنی خوراک تلاش کرتے ؛ کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ ؛ (نیز مجازاً) گیرہ ؛ لامس قرن ؛ ریشہء حاسّہ (پودوں کا) ۔ (۳) دشمن کا سراغ لگانے والا ؛ (فوج) طلایہ ۔ (٤) دوسروں کی رائے یا ان کا ردعمل معلوم کرنے کےلئے پیش کی ہوئی کوئی تجویز یا اشارہ ؛ دوسرے کے دل کا حال معلوم کرنے کے لئے کہی ہوئی بات ۔ (٥)(حیوانیات) محاسن (مونچھ) ؛ (فوج) طلایہ ؛ (حیوانیات) لمس ؛ مساس ؛ چھون ؛ (سیاسیات) سیاسی شوشہ ؛ سیاسی نبض شناسی ۔

Feeler gage : (n) (۱) آلہء پیمائش ۔ (۲) دھات کی ایک مخصوص موٹائی کی پتلی پٹی جسے پیمائشی آلے کےطور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Feeling : (n) (۱) چھونے، محسوس کرنے ٹٹولنے، لمس کے ذریعہ معلوم کرنے وغیرہ کا عمل ۔ (۲) وہ صلاحیت یا قوت جس کے ذریعہ کسی چیز کا احساس یا ادراک کیا جاتا ھے ؛ اس قوت کے ذریعہ کیا ھوا کوئی مادی احساس یا ادراک ؛ حس لامسہ ؛ جسم کی عام حساسیت (حواس خمسہ سے مختلف) ۔ (۳) جذباتی طور پر متاثر ھونے کی حالت ؛ جذبہ (امید، خوف، نفرت، رقابت وغیرہ کا) ۔ (٤) (جمع میں) احساسات ؛ خیالات ؛ تاثرات ؛ زود حسی ؛ اثرپذیری ؛ شفقت ؛ درد مندی ؛ غمخواری ؛ جذباتی ردعمل ؛ حسّاسیت ۔ (٥) محسوس کرنے کی صلاحیت یا استعداد؛ اعلیٰ و ارفع جذبات سے متاثر ھونے کا مادہ یا صلاحیت ؛ اثر پذیری خصوصاً دوسروں کی مصیبت کےلئے رحمدلی؛ رقیق القلبی تاثر ؛ درد (رکھنا) ۔ (٦) خوشی یا غم کا احساس ؛ کسی چیز سے متعلق پیدا شدہ احساس یا خیال نیز وہ معروضی صفت یا زبان جس سے یہ احساس پیدا ھوتا ھے ۔ (۷) (نفسیات) شعور یا شعوری حالت؛ احساس؛ حالت شعور ؛ خواہش ؛ جذبہ ؛ حظ و کرب ؛ وجدانی یقین ؛ لذت و الم کی حالت ۔ (۸) (فنون

A felt want : کمی جس کی ضرورت محسوس ھوتی ھو ؛ احتیاج ۔

To feel in one's bones : شدت سے محسوس کرنا ؛ یقین مطلق ھونا ۔

To feel like : خواہش کرنا ؛ رغبت ھونا ۔

To feel no pain : نشے میں ھونا ؛ مدھوش ھونا ؛ مخمور ھونا ۔

To feel of : چھوکر جانچنا یا معلوم کرنا ؛ لمس کے ذریعہ جانچنا ۔

To feel one's legs /-feet : اپنی قوت کااحساس کرنا۔

To feel one's oats : جوش و ولولے سے اچھل کود کرنا ۔

To feel one's way : راستہ ٹٹولنا ؛ سنبھل سنبھل کر چلنا ؛ ٹٹول کر راستہ معلوم کرنا (نیز استعارتاً) ۔

To feel quite oneself : صحت مندی کا احساس ھونا ؛ اپنے اوپر اعتماد ھونا ۔

To feel the helm : جہاز کے بارے میں کہاجاتا ھے جب وہ پتوار کے موافق چلنے لگتا ھے ؛ جہاز کا پتوار کے موافق چلنا ۔

To feel the pulse : نباضی کرنا ؛ نبض دیکھنا ؛ مزاج شناسی کرنا ۔

To feel up to one's work/To feel like (doing some thing) : کام کرنے کی رغبت ھونا ؛ رغبت رکھنا ؛ کسی بات یا کام کا رجحان یا میلان رکھنا ۔

Feel : (n) (۱) محسو کرنے یا چھو کر معلوم کرنے کا عمل ؛ تحسیس ۔ (۲) حس لمس ؛ قوت لامسہ ؛ (عضویات) (حسیات) لامسہ ۔ (۳) ذہنی یا جسمانی احساس یا تحسیس ۔ (٤) (کسی مادی شے کی صفت کے طورپر) اس سے پیدا ھونے والے احساس کی نوعیت (مثلاً کھردرا ، نرم وغیرہ) ۔ (٥) تجربہ ؛ احساس ۔ (٦) کسی شے کی اصلیت یا اس کی روح کی آگاہی ؛ کسی مخصوص صفت ، فضا یا ماحول کا احساس ۔

Feel out : (v) کسی جذبے کا اندازہ لگانا ؛ محتاط تجسس کے ذریعہ کسی چیز کی صحت ، (عملیت) کو جانچنا ۔

Feer : (v) [f.ME.'fere'.] (۱) جوتنا؛ کوڑنا۔ (۲) جوتی جانے والی زمین کی حد بندی کرنا۔

Feering : (n) جوتی ہوئی زمین۔

Fees on notice : (n) (سیاسیات) طلبانہ۔

Feet : (n) (۱) Foot کی جمع۔ (۲) (اسکاتستانی) جراب؛ جوتا؛ پا پوش؛ (حیوانیات، تشریح) پاؤں؛ پا۔

Feetless : (a) بےپاؤں کا؛ نکوڑا۔

Feeze : (n) [f.feeze.] (۱) شدید رگڑ؛ شدید دباؤ؛ جھپٹ؛ دوڑ؛ حملہ؛ ہلّہ؛ رگڑ؛ گھساؤ؛ مالش۔ (۲) (امریکی بول چال) بےقراری؛ بے چینی؛ اضطراب؛ انتشار؛ قلق؛ اختیاج؛ حالت اضطرار؛ حواس باختگی؛ سراسیمگی۔

To fetch or take (one's) feeze : جست کرنے یا پھاندنے سے پہلے چند قدم دوڑنا۔

Feeze : (v) [OE. 'fesian, fysian'.] (۱) ڈرنا؛ خوف زدہ کرنا؛ خوف دلانا؛ خائف کر دینا؛ پریشان کرنا۔ (۲) (کسی کو) برباد کردینا؛ تباہ کرنا؛ مار ڈالنا۔ (۳) مارنا؛ چابك یا قمچی سے مارنا۔

Feeze : (v) (۱) (پیچ کی طرح) گھومنا (نیز استعارتاً)۔ (۲) اندر باہر گھمانا۔ (۳) ٹانگنا اور اتارنا؛ کسی چیز کا گرانا اور اُٹھانا۔

Feff/Feffment : Fief کا متبادل۔

Feg : (اسکاتستانی) Fig کا متبادل۔

Fegary : (n) Vagary کی بگڑی ہوئی شکل۔

Fegs : اقرار واثق یا حیرت واستعجاب ظاہر کرنےوالا فجائیہ کلمہ۔

Fehme : (n) (۱) عہد وسطیٰ کے اواخر میں جرمنی کا ایک خفیہ ٹریبونل۔ (۲) نازی تنظیم کی ایک خفیہ جماعت جس کا مقصد ایسے دشمنوں کی کھوج یا سزا تھا جو قومی سوشلزم کے مخالفین تھے۔

Feifteen : (اسکاتستانی) fifteen کا متبادل۔

Feign : (v) [L.fingere.] (۱) وضع کرنا؛ گھڑنا؛ بنانا؛ تشکیل دینا۔ (۲) ایجاد کرنا؛ اختراع کرنا؛ نکالنا (بہانہ، قصہ، الزام یا جعلی)؛ جعل

لطیفہ) دلی کیفیت، احساس یا جذبہ (جو کسی تصویر یا عمارت کو دیکھ کر پیدا ہو)؛ تصویر کی وہ صفت جس سے مصور کے ذہنی جذبے کی عکاسی ہو؛ کسی عمارت کا عام انداز یا طرز تعمیر؛ دیکھنے والے پر اس سے پیدا شدہ تاثر؛ ناظر کا تاثر۔ (۹) تصور؛ خیال؛ جذبہ؛ احساس؛ وجدانی یقین؛ میلان طبع۔ (۱۰) نامعقول رائے؛ ذہن کی ساخت؛ جذباتی انداز (سماجیات، نفسیات وغیرہ) احساس۔ (۱۱) (نفسیات) حساس؛ احساس؛ تاثر؛ جذبہ؛ (عضویات) لامسہ۔

Class feeling : (سماجیات) طبقاتی احساس۔

Good feeling : نیک دلی۔

I-feeling : (سماجیات) یك نفسی احساس۔

Intrinsic feeling : (نفسیات) ذاتی احساس۔

It hurts my feelings : اس سے میری دل آزاری ہوتی ہے۔

Sense of feeling : (عضویات) حِس لامسہ۔

We-feeling : (سماجیات) ہم نفسی احساس۔

Feeling : (a) (۱) محسوس کرنے والا؛ حسّاس؛ ذی حس؛ جذباتی۔ (۲) ہمدرد؛ غمگسار؛ دردمند؛ شفیق؛ ترس کھانے والا۔ (۳) جذبہ کا اظہار کرنے والی (زبان)۔ (٤) دلی؛ قلبی؛ واضح؛ گہرا (تصور، نقش وغیرہ)۔ (٥) جذبہ یا احساس کو ظاہر کرنے والا۔

Feeling attitude : (n) (نفسیات) حیثیت حِسّی۔

Feeling tone : (n) جذبہ؛ خوشی اور رنج سے متاثر ہونے کی ایك مخصوص صفت؛ (نفسیات) جذباتی تان؛ کیفیت احساس؛ تاثراتی کیفیت۔

Feelingless : (n) بے حس؛ مردہ دل؛ بے دل؛ بےرحم؛ بےدرد۔

Feelinglessly : (adv.) بے حسی سے؛ مردہ دلی سے؛ بے دلی کے ساتھ؛ بے دردی سے؛ غیر ہمدردانہ طور پر۔

Feelingly : (adv.) ہمدردانہ طور سے؛ دل سے؛ دلسوزی سے؛ دردمندی سے؛ جذباتی طور پر؛ جذباتی انداز میں۔

Feelingness : (n) حساسیت؛ جذباتیت؛ ہمدردی؛ غمخواری؛ رحم دلی؛ شفقت۔

بنانا ؛ جعل سازی کرنا۔ (۳) قصے کی صورت میں پیش کرنا ؛ بناوٹی بات کرنا ؛ فسانہ طرازی کرنا ؛ غلط بیانی کرنا ؛ غلطی اور بےاصولی کے ساتھ کسی بات کو ماننا یا فرض کرنا ؛ غلط طورپر یقین کرلینا ؛ مصنوعی طور پر کوئی چیز کہنا ۔ (٤) حیلہ کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ بننا ؛ بہانہ کرنا ؛ جھوٹ بنا کر کہنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ غلط طور پر ظاہر کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ روپ بھرنا ۔ (٥) آواز اور انداز میں کسی کی نقل کرنا ۔ (٦) تصور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب کرنا یا دینا ۔

Feigned : (a) (۱) بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ تصنع آمیز ؛ خیالی ؛ تصوراتی ؛ غیر حقیقی ؛ وضعی ؛ گڑھا ہوا ؛ بنایا ہوا ؛ ایجاد کردہ ؛ اختراعی ؛ جعلی ؛ نقلی ۔ (۲) غلط ؛ جھوٹ ؛ ریا کارانہ ؛ بہانہ کیا ہوا ؛ من گھڑت ؛ فریب خوردہ ؛ دھوکا دیا ہوا ۔ (۳) چھپا ہوا ؛ بھیس بنایا ہوا ۔ (٤) تصنعی ؛ مکری ۔

Feigned insanity : (n) (طب) مکری جُنون ۔

Feignedly : (adv.) بناوٹی طور پر ؛ تصنع آمیز طرز میں ؛ من گھڑت انداز میں ؛ جعلی ؛ غلط یا جھوٹے طور پر ؛ فریب خوردگی سے ؛ نقلی ؛ خیالی یا تصوراتی طور پر ؛ ریا کاری سے ۔

Feignedness : (n) بناوٹ ؛ تصنع ؛ غلط ؛ مکر ؛ گھڑت ؛ فریب دہی ؛ ریا کاری ؛ جعل سازی ۔

Feigner : (n) فریب دینے والا ؛ بناوٹ کرنے والا ؛ حیلہ کرنے والا ؛ جعل سازی کرنے والا ؛ ریاکار ؛ جھوٹا ؛ لاغی ؛ مکار ؛ جعل ساز ؛ بہانہ باز ؛ حیلہ گر ؛ فریب کار ؛ فریبی ۔

Feigning : (n) تصنع ؛ مکر ۔

Feigningly : (adv.) غلط طور پر ؛ بناوٹ سے ؛ تصنع سے ؛ جعل سازانہ ؛ ریاکارانہ ؛ فریب کارانہ ؛ تصنع آمیز طور پر ؛ وضعی اور اختراعی طور پر ۔

Feint : (n) [(O) Fr. feinte.] (۱) بناوٹی یا نقلی حملہ (حریف کو مغالطے میں ڈالنے کے لئے) ؛ دھوکے کا داؤ ۔ (۲) بناوٹ ؛ حیلہ ؛ تصنع ؛ دکھاوا ؛ خدع ؛ دھوکا ؛ مکر ؛ فریب ؛ ریا ؛ چال ؛ توڑ ؛ دشمن کو دھوکا دینے کی تدبیر یا ترکیب ۔ (۳) (فوج) خدعہ ۔

Feint : (a) (۱) بناوٹی ؛ ریاکارانہ ؛ دکھاوے کا ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ تصنع آمیز ؛ من گھڑت ۔ (۲) (کاروباری استعمال میں) مدھم ؛ دھندلا ؛ غیر واضح ۔

Feint : (v) (۱) بناوٹی یا جھوٹا حملہ کرنا ۔ (۲) بناوٹ کرنا؛ دکھاوا کرنا ؛ جھوٹ موٹ کرنا ۔ (۳) مکر کرنا ؛ فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Feint/Faint : (n) سیدھی سطر لکھنے کے لئے کاغذ پر کھینچی ہلکی لکیر ۔

Feints : (n) شراب کی تقطیر میں اول و آخر حاصل ہونے والی کم زور اور غیر خالص اسپرٹ ؛ (کیمیا) فُضلات (روح شراب) ۔

Feis : (n) [MIr.] (۱) (قدیم آئرلینڈ میں ہونے والا ایک اجتماع جسم میں قانونی اعلانات اور فنی یا عملی مقابلے اور شجاعت و دلیری کے مظاہرے ہوا کرتے تھے ۔ (۲) مذکورہ بالا قدیم اجتماع کےانداز پر ہونے والا آئرلینڈ کا عوامی اجتماع یا میلہ جس میں خاص طور پر کھیل کود، مقابلے اور روایتی آئرشی رقص و موسیقی کا مظاہرہ کیا جاتاتھا ۔

Feist/Fist/Fice : (n) [ME.fist.] (۱) (عامیانہ) کلب صغیر ؛ چھوٹا کتا ؛ ایک مجھوا نسل کتا ؛ لینڈی یا بازاری کتا ۔ (۲) (عامیانہ) ادنیٰ یا حقیر آدمی؛ رذیل شخص ؛ بدمزاج شخص ۔

Feisty : (a) (۱) بازاری کتے جیسا (برتاؤ یا شکل) ۔ (۲) (خاص طورپر جنوب اور مڈ لینڈ) غصہ کی حالت میں ؛ مشتعل حالت میں ؛ تنک مزاج ؛ جھگڑالو ۔

Fel : (n) (عضویات) زہرہ ؛ صفرا ؛ پِت ۔

Felapton : (منطق) تیسرے قیاس منطقی کے نقشے میں چوتھے انداز کا نمائندہ لفظ ؛ کسی منطقی قاعدے کو یاد رکھنے کے لئے ایک نمائندہ لفظ ؛ (نفسیات وغیرہ) فلیپٹن ۔

Feldsher : (n) [Gr.'feldscher.'] (۱) نیم حکیم ؛ بعض مشرقی یورپی ممالک خاص کر روس میں وہ معالج جو ڈاکٹری کی لیاقت اور تربیت کے بغیر طبابت کا پیشہ کرتا ہو ۔ (۲) جنگ کے میدا ن میں کسی معالج کا معاون کار ۔

Feldspar/felspar : (n) [Ger. feldspat] ایک قسم کی سفید یا سرخی دار قلمی دھات (جو البومنا کے سلیکیٹ

اور سوڈا ، پوٹاش ، چونا وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے) ۔ (تاریخ) فیلسپار ؛ قلمی دھات ۔

Feldsparite : (n) دیکھو Feldspar

Feldspathic/Feldspathose: (a) Feldspar کا حامل یا اُس کی نوعیت کا ؛ سفیدی یا سرخی لئے ۔

Felibrist : (n) فرانس کے صوبے پرووانس کے شاعروں اور ادیبوں کی انجمن کا رکن ۔

Felicide : (n) بلّی کو مارنا ؛ گربہ کُشی ۔

Felicific : (a) [L.f.'felix'.] (۱) طرب انگیز ؛ مسرت خیز ؛ خوش آنند ؛ روح پرور ؛ خوش کُن ؛ نشاط آور ۔ (۲) (نفسیات وغیرہ) نشاط انگیز ۔

Felicitate : (v) [L.f. felex.] (۱) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ رجھانا ؛ نہال کردینا ؛ شاد کرنا ۔ (۲) مبارک باد دینا ؛ مبارک باد کہنا ؛ تہنیت پیش کرنا ۔ (۳) کسی کو خوش نصیب یا خوش بخت کہنا یا سمجھنا ۔

Felicitation : (n) سرور وانبساط ؛ نشاط ؛ مبارک باد ؛ شادی ؛ تہنیت ؛ خوشی ؛ مسرت ؛ شادمانی ۔

Felicitator : (n) مبارکباد دینے والا ؛ خوش کرنے والا ؛ نشاط آور ۔

Felicitous : (a) (۱) خوش ؛ مسرور ؛ شادماں ۔ (۲) برجستہ ؛ برمحل ؛ باموقع ؛ مناسب حال یا موقع ؛ پُرلطف (بات، قول ، انداز، گفتگو وغیرہ) ۔ (۳) خوش مزاج ؛ خوش طبع ؛ شگفتہ دل ؛ خوش وضع ؛ خوش انداز ؛ خوش اطوار ؛ خوش گو ؛ خوش کلام ؛ خوش بیان ۔

Felicitously : (adv.) (۱) خوش ہوکر ؛ خوش طبعی سے ؛ خوش کلامی سے؛ خوش دلی سے؛ خوش اطواری سے ۔ (۲) برجستگی کے ساتھ؛ برمحل طورپر ؛ پُرتکلف انداز میں ؛ برجستہ طور پر ۔

Felicitousness : (n) (۱) خوشی ؛ شادمانی ؛ خوش طبعی ؛ خوش کلامی ؛ خوش وضعی ؛ خوش اطواری ؛ خوش دلی ۔ (۲) برجستگی ؛ لطف ؛ محل ؛ مناسبت ۔

Felicity : (n) [L.f. 'felix'.] (۱) خوشی ؛ سرور ؛ بہجت ؛ انبساط ؛ حظ ؛ مسرت ؛ آنند ۔ (۲) خوش قسمتی ؛ جوہر (طبیعت کا) ؛ امتیازی وصف (کسی شخص کی طبیعت کا) ۔ (۳) خوش بیانی؛ لطف بیانی ؛ برجستگی ؛ درستگی ؛ کمال ؛ خوبی ؛ روانی ؛ (زبان و ادب میں) ؛ خوش گوار اسلوب ۔ (٤) فضل ؛ رحمت ؛ فیض ؛ بخشش ۔ (٥) کامرانی ؛ کامیابی؛ خوش بختی ؛ خوش نصیبی ۔ (٦) موثر طور پر مناسب ؛ موزوں اظہار؛ موثر طریقے پرمناسب اسلوب؛ برجستہ اظہار یا اسلوب ۔ (۷) منبع مسرت ؛ باعث نشاط ۔

Felid : (n) [mod. L.f. 'feles'.] بلّی کی نسل کا جانور ۔

Felidae : (n) (حیوانیات) قططیّہ ؛ خاندان گربہ ۔

Feliform : (a) [L.'fe les'.] بلّی کی شکل کا ؛ بلّی کے مشابہ ؛ مثل گربہ ؛ بلّی جیسا ۔

Feline : (n) بلّی کی نسل کا ایک جانور ۔

Feline : (a) [L.felinus.] (۱) بلّی کا ؛ بلّی سا ؛ بلاؤ جیسا ؛ گربہ خو ؛ گربہ صفت ؛ بلّی کی قسم کا ؛ بلّی کی ساخت یا نسل کا ۔ (۲) (صفت یا خصوصیت میں) بلّی سے مشابہ ؛ گربہ صفت ۔ (۳) بہ ظاہر حسین ۔ (٤) چالاک ؛ عیار؛ مکار ؛ فریبی ؛ گربہ مسکین جیسا ؛ دزد صفت ۔ (٥) (مجازاً) کینہ خو ؛ انتقام جو ؛ (حیوانیات) گربہ صفت ؛ قطیّہ ؛ گربہ نسل ۔

Feline amenities : (n) درپردہ کینہ ؛ میٹھی چھریاں یعنی عورتوں کی ظاہراً پیار کی باتیں لیکن درپردہ دل دکھانے والی ۔

Felinely : (adv.) گربہ صفتی سے؛ گربہ خوئی سے ؛ عیاری سے ؛ مکاری سے ؛ گربہ مسکین بن کر؛ کینہ خو یا انتقام جو ہو کر ۔

Felineness : (n) گربہ صفتی ؛ گربہ خوئی ؛ عیاری ؛ مکاری ؛ کینہ جوئی ؛ انتقام جوئی ۔

Felinity : (n) گربہ صفتی ؛ گربہ خوئی ؛ عیاری ؛ مکاری ؛ کینہ خوئی ؛ انتقام جوئی ؛ بلّیوں جیسی افتادہ طبع ؛ بلّی کا سا مزاج ۔

Felis : (n) (حیوانیات) گربہ ؛ بلّی ۔

Fell : (n) [OE. fel, fell.] (۱) کھال ؛ چمڑا ؛ پوست ؛ جلدحیوان؛ (بالوں کے ساتھ) ۔ (۲) گھنا بال یا اون ؛ صوف ؛ (جوبھیڑ یا اسی قسم کے جانوروں پر ہوتے ہیں) ۔ (۳) سر کے بال جو اُلجھے ہوئے یا گھنے ہوں ۔ (٤) چمڑے سےلگا ہوا گوشت ۔ (٥) چمڑا ؛ پوست ؛ (ارضیات) بنجر ٹیلا ؛ (حیوانیات) پشم ؛ (طب) مہلک ۔

Fell : (n) [ON. 'f all.'] (پہاڑی ؛ پہاڑ ؛ جبل (پہاڑوں کے اسماء کے ساتھ جیسے Scaw F.) ۔ (۲) انگلستان کے شمالی حصے کی افتادہ زمین ؛ جھاڑی دار بنجر اور بیہڑ زمین کی بلندی یا ڈھلوان (خصوصاً شمالی انگلستان یا اسکاٹستان میں) ۔ (۳) (سولہویں ، سترھویں صدی میں) دلدلی زمین ؛ دلدل کیچڑ ۔

Fell : (n) (کان کنی) خام جستہ اپنی ابتدائی شکل میں ؛ نیز خام جستے کا چھان کرنکالا ہوا بیکار حصہ ۔

Fell : (a) [OFr. fel.] (۱) بے رحم ؛ بے درد ؛ کٹھور ؛ سنگ دل ؛ جلاد ؛ وحشی ؛ غیر مہذب ؛ خونخوار ؛ ظالم ؛ مہلک ؛ قاتل ؛ شدید تکلیف دہ یا تخریب کا ۔ (۲) پُرجوش ؛ سرگرم ؛ بہادر؛ دلیر ؛ رعب دار؛ ہیبت والا؛ (بول چال) شائق ؛ متمنی ؛ بےقرار ۔

Fell : (adv.) (۱) بے رحمی سے ؛ سنگ دلانہ ؛ خونخواری یا ہلاکت خیزی سے ؛ تندخو یا آتش مزاج ہوکر؛ غضبناکی سے ۔ (۲) سرگرمی سے؛ اشتیاق سے ۔ (۳) بڑے پیمانے پر ؛ بہادری سے (بول چال) ۔

Fell : (n) [f. fell (v).] (۱) گرانا ؛ کاٹنا (درخت کا) ۔ (۲) کسی ایک موسم میں کٹی ہوئی لکڑی (نمبر) ۔ (۳) درختوں کے سلوں کو کاٹنا ؛ کٹے ہوئے سل ؛ کاٹے ہوئے چوبینے کی مقدار ۔ (٤) کپڑے کی بُنائی میں بُنے ہوئے اور بغیر بُنے ہوئے دھاگوں کا میل ۔ (٥) (کپڑے کی بنائی میں تانے کا) ضروری دھاگا جس سے کور بنتا ھے ۔ آخری دھاگے سے بُنا ہوا کپڑے کا خط یا اختتام ۔ (٦) ایک بھری ہوئی سیون یا درخت ؛ بھری ہوئی درز ۔ (٧) میمنے کی جھول (ایک مرتبہ پیدا ہوئے بچے) ۔ (٨) (عامیانہ) گرادینے والی ضرب ؛ ڈھا دینے والی ضرب ؛ گرادینے والی چوٹ ۔

Fell : (v) [OF. 'fallan'.] (۱) کاٹ ڈالنا ؛ گرا دینا ؛ ڈھادینا ؛ ڈھیر کر دینا (کسی شخص یا درخت کا) ۔ (۲) جان سے ماردینا ؛ مار ڈالنا ؛ ختم کردینا ۔ (۳) (اسکاٹستان) ذبح کردینا ؛ ذبح کرنا (کسی جانور وغیرہ کا) ؛ مارمار کر گرا دینا ؛ ڈھیر کردینا ۔ (٤) (درخت کو) کاٹ کر گرادینا ۔ (٥) بُنائی میں کپڑے کے دونوں کناروں کے کھُلے ہوئے حصوں کو ملاکر بُن دینا یا سی دینا ؛ کنارا بافی ؛ تُرپنا ؛ مغزی لگانا ۔

Fell : [past of fall+past participle of fall.] Fall کا صیغہ ماضی ۔

Houses fell : گھر ڈھ گئے ۔

It fell in my way : اتفاقاً ملنا(کسی شےیا شخص کا) ۔

Many fell : مارے گئے؛ کھیت رھے؛ جان سے گئے (جنگ میں) ۔

Seven Lions fell this rifle : اس کے نشانےسے سات شیر شکار ہوئے ۔

The lot fell upon me : میری قسمت میں آیا ؛ میرے حصے میں آیا ؛ میرے پلّے پڑا ؛ میرے سر پڑا ۔

Fell amongst thieves : چوروں میں پھنس گیا ۔

Fell a prey of sacrifice to : کسی کا شکار ہو گیا ؛ کسی کے پھندے میں پھنس گیا ۔

Fell dumb : صمٌ بکمٌ ہو گیا ۔

Fell-fare : (n) دیکھو Fieldfare

Fell field : (n) بنجر پتھریلی زمین ۔

Fell into error : غلطی میں پڑ گیا ؛ چوک گیا ۔

Fell-monger : (n) (۱) چمڑا یا اون کا سوداگر (خصوصاً بھیڑوں کے چمڑے یا اون کا) ؛ تاجر جلود ۔ (۲) چمڑا کمانے والا ؛ گلا کر چمڑا تیار کرنے والا ؛ دباغ ۔ (۳) پوست ساز ؛ تاجر پوست ۔

Fell-mongering : (n) دباغت کا پیشہ ۔

Fell mongery : (n) چمڑے اور اون کے کاروبار کا بازار ۔

Fell of hair : (n) الجھے ہوئے اور گھنے سر کے بال ؛ بکھرے ہوئے پریشان سر کے بال ۔

Fell wort : (n) [OE.'feldwyrt.'] جنتیانا اور اس کی دوسری قسمیں ۔

Fellable : (a) گرادینے کے قابل ؛ کاٹ ڈالنے کے قابل ۔

Fellacio : (n) (عضویات، حیوانیات) لمس ؛ چاٹ ۔

Fellage : (n) درخت گرانے کا عمل ۔

Fellagha : (n) [Arab. 'fallaq'.] (۱) ڈاکو ؛ رہزن ۔ (۲) الجیریا یا تیونیشیا کا ایک مسلمان ؛ نیشنلسٹ جنگ جو جماعت ۔

Fellah : (n) [Arab. 'fallah.'] (۱) عرب ممالك كا ديہاتى يا كاشتكار؛ فلاّح؛ فلاحين - (۲) مصر جديد كا ايك قبيله جس كا سلسله قديم مصريوں سے هو -

Fellatio/Fellation : (n) جنسى آسودگى حاصل كرنے كا ايك عمل -

Fellator : (n) (حيوانيات) لحّاس -

Felldisease : (n) (طب) مہلك مرض -

Fellen : (n) منب الثعلب جس كے پهول ارغوانى اور پهل گہرے سرخ هوتے ہيں -

Feller : (n) (۱) كاٹنے والا ؛ گرانے والا ؛ ڈهادينے والا - (۲) لكڑى كاٹنےوالا؛ لكڑہارا؛ بڑهئى؛ درودگر ؛ نجّار - (۳) (سلائى مشين ميں) گهرنى كا ايك پُرزه ؛ بابن ؛ كناره باف ؛ تُرپيا -

Fellic : (a) [L.'fel'.] ايك طرح كا تيزاب ياتُرشه -

Fellic acid : (n) ديكهو Fellic

Fellifluous : (a) [late.] پت كے ساتهہ بہنے والا -

Fellinic : (a) (۱) ايك تُرشه يا تيزاب ($C_5OH_{36}O_64HO$) جو صفرا يا پت كے ساتهہ ہانڈرولك ايسڈ ملانے سے حاصل هوتا هے - (۲) ايك تُرشه جو انسان كى پت ميں پايا جاتا هے -

Fellinic acid : (n) ديكهو Fellinic

Fellness : (n) (۱) سختى كا برتاؤ ؛ سنگ دلى - (۲) سخت بے رحمى ؛ درشتى؛ تخريب كارى ؛ تندخوئى ؛ غضب ناكى - (۳) (هوا كى) شدت ؛ تيزى ؛ تندى -

Felloe/Felly : (n) [OE. FELG.] (۱) (گاڑى كے) پہيے كا گهيرا ؛ پوٹهى ؛ مينڈا ؛ بال ؛ روم يا اس كا ايك حصه - (۲) (جمع ميں) لكڑى كے وه خميده ٹكڑے جن كے ملانے سے گاڑى كا پہيا تيارهوتا هے ؛ پوٹهى - (۳) جوتى هوئى زمين كا ايك حصه ؛ ايك قطعهٔ زمين - (٤) (ميكانيت) محيط چرخ ؛ پوٹهى ؛ مينڈرا ؛ چرخ ؛ پہيا -

Fellow : (n) [Late OE. 'feolaga.'] (۱) ساتهى ؛ ساجهى شريك كار ؛ مل كر كام كرنے والا ؛ رفيق ؛ نديم ؛ دوست - (۲) جوڑ ؛ جوڑى دار ؛ جوڑا (دولها يا دلهن) ؛ نصف ثانى ؛ تكميلى جز؛ زوج يا زوجه - (۳) برابركا ؛ مقابلے كا؛ مقابل ؛ ہم سر ؛ ہم چشم ؛ ہم رتبه ؛ مثل ؛ ہم عصر؛ حريف ؛ مدمقابل ؛ ہم پله ؛ ہم مشرب ؛ ہم جنس - (٤) كسى مشترك مفاد كا شريك ؛ ساتهى ؛ ساجهى - (٥) كالج كا وه كليسانى جس كو كالج كے عملے ميں شامل كرليا گيا هو اور اسے كالج كى آمدنى كا ايك حصه بطور وظيفے وغيره كے ديا جاتا هو (اس شرط پر كه وه كچهہ علمى اورتحقيقى كام كرے گا) ؛ رفيق كليه يا جامعه ؛ فيلو - (٦) لندن كى يونيورسٹى كى مجلس منتظمه (گورننگ باڈى) كا ركن - (۷) يونيورسٹى كى مجلس رفقا كا ركن - (۸) مختلف علمى مجالس (مثلاً روائل سوسائٹى وغيره) كا ركن يا خصوصى رعايت يافته اراكين ميں سے كوئى ايك ؛ علمى، ادبى، پيشه ورجماعت كا ركن - (۹) آدمى ، شخص، انسان ، لڑكا - (۱۰) حقارت آميز يا متكبرانه طرز تخاطب - (۱۱) جذبهٔ ہمدردى - (۱۲) بعض اوقات ضمير متكلم كى بجائے آتاهے جيسے (a fellow can't work all day long) - (۱۳) جزو تركيبى بمعنى ہم جنس ، ہم عصر ، ہم وطن ، ہم سر وغيره ، (جيسے Fellow creature, Fellow country man) - (١٤) سمجهہ : (نفسيات وغيره) رفيق ؛ ركن ؛ فيلو -

A fellow, old fellow : كوئى ؛ كوئى شخص (خود متكلم كےلئے بهى) -

Good, jolly fellow : ہم دم ؛ ہم جولى؛ يار ؛ دوست ؛ خوش دل دوست -

My dear fellow/My good dellow : (مخاطبت ميں زياده بےتكلفى اور دوستى كے اظهار كے لئے جس ميں احتجاج كا شائبه موجود هو) يار عزيز ؛ دوست -

Poor fellow : ہمدردى كا فجائيه كلمه ؛ بيچاره ؛ غريب -

The fellow : (كلمه حقارت) مردك -

To be (hail) fellow well met : آزادانه برتاؤ هونا ؛ كسى سے بےتكلفانه برتاؤ هونا -

Fellow : (v) (۱) ہم سر بنانا ؛ برابرى پر لانا ؛ مساوى كرنا ؛ ہم رتبه كرنا - (۲) جوڑ ملانا ؛ جوڑا بنانا ؛ مقابل كرنا؛ مماثل كرنا ؛ ميل ملانا - (۳) حقارت آميز طور پر مخاطب كرنا -

Fellow -apostle : (n) شريك حوارى -

Fellow-christian : (n) ہم مذہب (عسيائى) -

Fellowly : (adv.) دوستی کے طور پر ؛ ہم سری کے طور پر ؛ ساتھی کے انداز میں ؛ دوستانہ ؛ ہم سرانہ ؛ مساویانہ ۔

Fellowship : (n) [ME. f. fellow (n)+ship.] (۱) شرکت ؛ مشارکت ؛ ساجھا ؛ اشتراک عمل یا مقصد ؛ اشتراک مفاد ، خیال اور فطرت ؛ رکنیت ۔ (۲) رفاقت ؛ صحبت ؛ ہم سفری ؛ ہم نشینی ؛ معیت ؛ ہم مشربی ۔ (۳) جماعت ؛ انجمن ؛ کمپنی ؛ متحدہ جماعت ؛ سوداگروں کی جماعت یا انجمن ۔ (٤) ایک کلیسا کی رکنیت ۔ (٥) جوہر روحانی کی رفاقت ۔ (٦) ہم شریکوں کی جماعت ۔ (۷) ہم پیشہ لوگوں کی انجمن ؛ برادری ؛ اخوت ؛ بھائی چارا ؛ الفت ؛ مودۃ ۔ (۸) کالج، یونیورسٹی یا کسی علمی سوسائٹی کا وظیفہ یا اُس کا منصب ؛ اعلیٰ تعلیمی وظیفہ یا ملازمت ۔ (۹) (ارضیات) حصہ داروں کے درمیان نفع یا نقصان کی تقسیم کا طریقہ ۔ (۱۰) (جمع میں) بیلینگس گیٹ کے قلیوں کی جماعت کے ارکان جو بعض معاملات میں خود مختار ہوتے ہیں ۔ (۱۱) (نفسیات وغیرہ) رکنیت ؛ فیلوشپ ؛ وظیفہ ؛ (تجارت ، ریاضی) شراکت ؛ قاعدہ شراکت ۔

Good fellowship : میل جول ؛ ارتباط ؛ اختلاط ؛ اخلاص ؛ دوستی ؛ الفت ۔

To give the right hand of fellowship : داخلے کی علامت یا نشان ۔

Fellowship : (v) (۱) ہم سر بنانا ؛ جماعت میں شامل کرنا (مذہبی معنوں میں) ۔ (۲) کسی مذہبی جماعت میں شامل ہونا (خصوصاً امریکا میں) ۔

Fellowship porter : (n) بیلینگس گیٹ کے قلیوں کی جماعت کا ایک رکن ۔

Felly/Felloe : (n) (گاڑی کے) پہیے کا گھیرا ۔

Felly : (adv.) (۱) بے رحمی سے ؛ سنگدلانہ ؛ خوف ناک طور پر ؛ ہلاکت خیزی سے ؛ ہیبتناک طور پر ؛ خباثت سے ؛ از راہ بغض و عداوت ۔ (۲) (بول چال) بے حد ؛ بے انتہا ۔

Felo-de-se : (n) [Anglo-L- felo+desi.] (۱) خودکشی کرنے والا ؛ خود کش ؛ خود کشی یا کوئی بھی ایسا غیر قانونی شرارت آمیز کام کرنے والا جس کا نتیجہ خود اس کی موت کی صورت میں ظاہر ہو (نیز استعارتاً) ۔ (۲) خود کشی ۔

Fellow-citizens : (n) ہم وطن ؛ شریک وطن ؛ ہم معاشرہ ؛ ہم مملکت ؛ ہم شہری ۔

Fellow commoner : (n) (۱) رکن جامعہ جسے رفقائے کالج کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے کا حق حاصل ہو ۔ (۲) دوسرے کے ساتھ مساوی حق رکھنے والا ۔

Fellow communicant : (n) (۱)عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والا ساتھی ۔ (۲) رفیق خبر رساں؛ خبر رسانی میں شریک کار ۔

Fellow countryman : (n) ہم وطن ؛ ہم دیس ۔

Fellow craft : (n) (۱) فری مینسری کے دوسرے درجے کی سند ۔ (۲) جس نے یہ سند حاصل کی ہو ۔

Fellow craftsman : (n) ہم پیشہ ؛ ہم کار ؛ ہم ہنر ؛ ہم فن ؛ ہم صفت ۔

Fellow creature : (n) ہم خلق ؛ ہم جنس ؛ ہم خلقت ؛ (حیوانیات) ہم جنس ؛ ہم نوع ۔

Fellow- feeling : (n) (۱) ہمدردی ؛ درد مندی ۔ (۲) باہمی مفاہمت یا باہمی منفعت کا جذبہ ۔

Fellow -heir : (n) شریک وارث ؛ شریک میراث ۔

Fellow -man : (n) رفیق ؛ جوڑی دار ؛ شریک کار ؛ ہم دم ؛ ساتھی ۔

Fellow-national : (n) (تاریخ) ہم مشرب ؛ ہم قوم ۔

Fellow-soldier : (n) فوجی ساتھی ۔

Fellow-subject ; (n) ہم رعیت ؛ شریک رعیت ۔

Fellow-traveller : (n) (تاریخ) ہم سفر ؛ شریک سفر ؛ رفیق سفر ؛ کمیونسٹ پارٹی کا ہمدرد جو پارٹی کا رکن نہ ہو ۔

Fellow tribesman : (n) ہم قبیلہ ۔

Fellowless : (n) (۱) تنہا ؛ جس کا کوئی شریک ، ساتھی یا مقابل نہ ہو ؛ اکیلا ۔ (۲) (شاعری) بے نظیر ؛ بےمثل ؛ لاثانی ؛ بے بدل ؛ عدیم المثال ۔

Fellowly : (a) (۱) ساتھی جیسا؛ دوست کے مانند ؛ ساتھی کا ؛ ساجھی کا ؛ رفیق سے متعلق ؛ ہم رتبے کا ۔ (۲) ساتھی کے لائق ؛ ہم جنس کے لائق ؛ دوست کے لائق ۔

Felon : (a) [OFr. felon.] (شعر) بے رحم؛ ظالم؛ ظالمانہ؛ قاتل؛ قاتلانہ؛ شریر؛ بد؛ کمینہ؛ سفلہ؛ قابل نفرت ۔

Felon : (n) (۱) شہدا؛ بدمعاش ۔(۲) (قانون) سنگین مجرم؛ (نیز) سنگین ضرب؛ سنگین مار؛ مُذنب؛ مہاپاپی ۔(۳) (نفسیات) سنگین جرم ۔(٤) (طب) واحس؛ نتنا ۔

Felon : (n) [Etym.Doubtful.] (۱) پھوڑا؛ زخم خصوصاً چھلوری؛ انگل بیڑا ۔(۲) پودوں، جڑی بوٹیوں کےناموں کے ساتھ توصیفی معنوں میں؛ مثلاً Felon-wort وغیرہ ۔

Felon harb/-weed/-wort : (n) مختلف پودے اور بوٹیاں جن سے زخموں کا علاج کیا جاتا ہے ۔

Feloness : (n) بے رحم؛ ظالم؛ کمینی عورت ۔

Felonious : (s) (۱) بدمعاش؛ بدذات مجرم؛ سنگین مجرم ۔(۲) (قانون) سنگین جرم کا یا اُس سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا شدید مجرمانہ؛ چور جیسا؛ چوٹا ۔

Felonious homicide : (قانون) قتل عمل ۔

Feloniously : (adv.) بدمعاشی سے؛ شدید مجرمانہ طورپر؛ ظالمانہ انداز میں ۔

Feloniousness : (n) بدمعاشی؛ ظلم؛ سنگین جرم؛ خباثت؛ مجرمانہ فعل ۔

Felony : (n) (بدمعاشوں کا طبقہ؛ مجرم طبقہ (ابتداً آسٹریلیا کے سزا یافتہ لوگوں پر اس کا اطلاق ہوتا تھا) ۔ بدمعاشوں، مجرموں کی جماعت یا گروہ یا جرگہ ۔

Felony : (n) (۱) (جاگیرداری قانون) کسی آدمی کا وہ فعل جس کے نتیجے میں اُس کی جانداد یا جاگیر ضبط کرلی جائے؛ بدمعاشی؛ مجرمانہ فعل ۔ (۲) (عام قانون) سنگین جرم؛ ان جرموں میں سے کوئی ایک جو قانون کی نگاہ میں معمولی جرموں کی بہ نسبت زیادہ سنگین ہوتے ہیں ۔ (۳) (نفسیات وغیرہ) (قانون) سنگین جرم ۔

Fels/Fals : (n) [LL.'follis'.] فِلس؛ تانبے کا ایک عربی سکہ ۔

Felsite : (n) دیکھو Felstone

Felsitic : (a) فلسائٹ کا حامل یا اُس پر مشتمل ۔

Felspar/Felspath : دیکھو Feldspar

Felspathoid : (a) (معدنیات) فلسپار نما ۔

Felstone (-on) : (n) [Ger. F. fels+stein.] فلسپار کی چٹان جو نقلی چٹانوں میں پائی جاتی ہو ۔

Felt : (n) [OE. felt.] (۱) اون یا اون اور بالوں کا بنا ہوا ایک قسم کا سخت اور دبیز کپڑا؛ نمدا ۔(۲) نمدے کا ایک ٹکڑا؛ اس سےبنی ہوئی کوئی چیز خصوصاً فلٹ ہیٹ ۔(۳) گاڑھے بُنے ہوئے بال یا دیگر ریشے دارچیزیں؛ (حیوانیات) چمڑا؛ جلد ۔

Felt : (v) (۱) نمدہ یا نمدے جیسی کوئی چیز بنانا ۔ (۲) جمانا؛ نمدے کی طرح جمانا ۔(۳) نمدا بننا؛ نمدے جیسا ہونا۔(٤) غذا چڑھانا (کسی چیز پر) ۔

Felt : [Origin doubtful.] جلد یا غلاف؛ خول ۔

Felt : (pa. pple.) دیکھو Feel (v)

Felt-grain : (n) لکڑی کی وہ دھاری جو بیچ کے حصے سے چھال تک جاتی ہے؛ بلوط یا بعض دوسری لکڑیوں کی دھاریاں ۔

Felt hat : (n) نمدے کی ٹوپی ۔

Felt like : (n) نمدے کی مانند؛ نمدے جیسا؛ نرم اورگتھا ہوا؛ نرم روئیں دار (دیکھنے میں یا صفت میں) ۔

Felt wort : (n) گھنے روئیں دار پتّوں والی ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Felt work : (n) روئیں دار بُنائی کا کام ۔

Felted : (a) (۱) نمدے کا بنا ہوا؛ نمدا بنایا ہوا ۔(۲) نمدے سے ڈھکا ہوا یا نمدا چڑھایا ہوا ۔(۳) الجھا ہوا؛ ژولیدہ؛ (سکڑے ہوئے اونی کپڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔(٤) گھنے اورپیہم پیوستہ بُنے ہوئے ریشے یا بال ۔

Felter : (v) [OFr. felterer.] (۱) الجھانا؛ پھانسنا؛ پھنسا دینا؛ ملا کر بُن دینا ۔(۲) جال میں پھانسنا؛ دشواری میں ڈالنا ۔

Felter : (n) نمدے بنانے یا نمدے کا کام کرنے والا؛ نمدہ بنانے والی مشین کوچلانے والا؛ بارش وغیرہ کےبچاؤ کےلئے نمدے کی پٹیاں چڑھانے والا مزدور ۔

Felteric : (n) گھوڑے کی ایک بیماری ۔

Felting : (n) (۱) نمدے بنانے کا عمل یا طریق عمل ۔ (۲) جمایا ہوا یا نمدہ بنایا ہوا کپڑا ۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) جما کر ایک کردینے والا ؛ جمانے والا ۔ (٤) الجھا ہوا گچھا (مثلاً بالوں کا) ۔

Felty : (a) نمدے کی ۔

Felucca : (n) [It.] بحر روم کے ساحل کے قریب قریب چلنے والی کشتی جس میں بادبان ہوتے بھی ہیں اور نہیں بھی ہوتے ؛ فُلک ؛ (بحریات) فلوکہ ؛ فُلک ۔

Felucca : (v) فُلک کو چلانا ؛ بادبانی کشتی کو چلانا ۔

Felup/Fellup/Fulup : (n) مغربی سوڈان کے ساحل پر بسنے والے وحشیوں میں سے کوئی ایک ۔

Felwort : (n) (نباتیات) تاجریزی ؛ سگنگور ۔

Female : (n) (۱) مادہ جانور ۔ (۲) عورت ؛ لونڈیا ؛ لگائی ؛ تریا ؛ استری ؛ زن ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ؛ مادہ پرزہ وغیرہ ؛ (حیوانیات) مونث ؛ مادہ ؛ (نباتیات) مادہ پھول ؛ (میکانیات) مادہ پیچ ؛ ڈھبری ۔

Female : (a) [L. femella.] (۱) بچہ دینے والی صنف کا ؛ مادہ؛ انڈا بچہ دینے والی ۔ (۲) (نباتیات) پھل دار ؛ جس میں پھول آتا ہو ؛ (کسی پودے کا) بار آور (حصہ) ۔ (۳) بفچہ، گل والا (پھول یا شگوفہ) ؛ جو حامل زر نہ ہو ؛ بفچونی ؛ ثمرور ؛ ثمروار ۔ (٤) زنانہ ؛ نسوانی (جیسے F. education, suffrage, weakness) ؛ عورت کا یا اُس سے متعلق ؛ نسوانی حیثیت ۔ (٥) بفچہ، گل پر مشتمل ۔ (٦) طبقہء اُناث کا ۔ (۷) مختلف مادی اور غیر مادی چیز کی صفت جس سے سادگی، کمزوری ، کمتری وغیرہ ظاہر ہوتی ہو ۔ (۸) کم درجے کا؛ گھٹیا (جیسے F. sapphire یعنی وہ نیلم جس کا رنگ ہلکا یا پھیکا ہو) ۔ (۹) (میکانیات) (اوزار یا پرزوں وغیرہ میں) مادہ ؛ اپنے جوڑے یا نر پرزے سے ملنے والا (پرزہ) ۔ (۱۰) درختوں اور پودوں کے معنوں کے ساتھ بے قاعدہ طور پر استعمال ہوتا ہے خصوصاً Female hemp میں ۔

Female complaint : (n) زنانہ شکایت ؛ زنانہ بیماری ؛ نسوانی مرض ۔

Female hemp : (n) سَن کا نر پودا ۔

Female hormone : (n) زنانہ ہارمون ؛ نسوانی ہارمون ۔ عورت یا مادہ میں موجود جنسی ہارمون ۔

Female impersonator : (n) عورت کا رول ادا کرنے والا مرد ۔

Female infanticide : (n) (سماجیات) دختر کشی ۔

Female mortality : (n) (تجارت) عورتوں کی شرح اموات ؛ نسوانی شرح اموات ۔

Female nervine : (n) شمالی امریکا کا ایک پھول دار پودا جس کے پھول ہلکے گلابی اور سفید رنگ کے نہایت حسین ہوتے ہیں ۔

Female prouncleus : (n) (حیوانیات) مادہ پیش مرکزہ ؛ (حیوانیات) مادہ پیش نوات ۔

Female rime : (n) (عروض) وہ بحر جس میں ہجائیں ہوں اور آخری ہجاء پر زور نہ دیا گیا ہو ؛ فرانسیسی شاعری میں مونث لاحقہ (ساکت e) پر ختم ہونے والا مصرع ۔

Female screw/-socket : (n) ایک دائرہ نما سوراخ یا گڑھا جس میں چکر دار لہریا ہوتی ہے تاکہ نر پیچ کی لہریا کو پکڑ سکے ؛ مادہ اسکرو ؛ مادہ پیچ ؛ مادہ سوکٹ ؛ (مکانیات) ڈھبری ۔

Female sex : (n) (نفسیات وغیرہ) جنس مونث ۔

Femality : (n) (۱) نسوانیت ؛ زنانہ پن ؛ فطرت نسوانی ؛ نسوانی مزاج ؛ نازک ؛ کمزور ۔ (۲) (جمع میں) طبقہ نسواں؛ عورتیں ؛ مادین ۔ (۳) نامردانگی؛ غیر مردی ۔

Femalize : (v) مونث بنانا ؛ نسوانی خصوصیات عطا کرنا یا بخشنا ۔

Femcee : (n) [Female+emcee.] خاتون تشریفات خصوصاً کسی ریڈیو یا ٹیلی ویژن پروگرام میں ؛ وہ عورت جس کے ذمہ آداب و رسوم بجالائے جانے کی نگرانی ہوتی ہے ؛ نگراں خاتون ؛ خاتون تقریبات ۔

Feme/Femme : (n) [OR.'feme.'] (قانون) بیوی ؛ زوجہ ؛ جورو ؛ عورت ؛ زن ۔

Feme covert : (n) (قانون) سہاگن ؛ بیاہی عورت ؛ شادی شدہ عورت ؛ محصنہ ؛ شوہر کے زیر سایہ رہنے والی عورت ۔

Feme sole : (n) بن بیاہی عورت ؛ کنواری ؛ زن مطلقہ ؛ بیوہ ؛ کنیا؛ جائداد کے معاملے میں شوہر سے آزاد اور مطلق العنان عورت۔

Femerell : (n) [OFr fumeril .] کسی مکان یا باورچی خانے کی چھت پر بنا ہوا گنبد دار منارہ نما دودھ‌دان۔

Femicide : (n) عورت کا قتل ؛ زن کشی۔

Feminality : (n) (۱) زنانہ پن؛ نسوانیت ؛ زنانہ طرزوانداز ؛ زنانہ فطرت ؛ زنانہ خصلت ؛ زنانہ صفت ؛ خاصہ نسوانی؛ نسوانی خصوصیت یاخاصیت۔ (۲) عورتوں کی چھوٹی موٹی چیزیں ؛ عورتوں کی چیز بست۔

Femineity : (n) زنانہ پن ؛ نسوانیت ؛ زنانہ صفتی۔

Feminie : (n) [L.'femina.'] (۱) (متروک) عورت۔ (۲) ایک زمرهٔ نسواں خصوصاً امیزنین (تاتار کی دیو قوت جنگجو عورتیں) ؛ دیونیاں ؛ مرد نما عورتیں۔

Feminility : (n) دیکھو Femineity

Feminine : (a) [L. f. 'femina'.] (۱) صنف نازک کا ؛ عورتوں کی جنس کا۔ (۲) عورت ؛ مادہ۔ (۳) (اشیاء) مونث ؛ مادہ ؛ تانیث۔ (٤) عورت یا عورتوں کا یا ان سے متعلق ؛ زنانہ ؛ نسوانی ؛ زنانی۔ (٥) زن خصلت ؛ زن نما ؛ زن صفت ؛ عورت جیسا یا جیسی۔ (٦) زنانہ ؛ زنخا ؛ کمتر ؛ حقیر۔ (۷) مونث ؛ تانیث۔

Feminine : (n) (۱) عورت ؛ مادہ ؛ زن ؛ صنف نازک۔ (۲) مونث لفظ ؛ (نفسیات) مونث۔

Feminine caesira وہ وقفہ جو بے تاکید ہجاء یا چھوٹی ہجاء کے بعد ہو۔

Feminine ending : (n) مصرعے کا اس طرح ختم ہونا کہ اس کے ماقبل آخر ہجاء پر زور دیا گیا ہو۔

Feminine gender : (n) (نفیسات وغیرہ) جنسی مونث ؛ (قواعد) تانیث۔

Feminine rime/-rhyme : (n) دیکھو Female rime

Femininely : (adv.) نسوانی حیثیت سے ؛ زنانہ انداز میں ؛ زنخاپن سے۔

Feminineness : (n) نسوانیت ؛ زنانہ پن۔

Femininism : (n) نسوانیت ؛ زنانہ پن۔

Femininity : (n) (۱) نسوانیت ؛ زنانہ پن ؛ زن صفتی ؛ زنانیت ؛ زن مزاجی ؛ زنخاپن۔ (۲) جنس لطیف ؛ صنف نازک ؛ عورت ؛ طبقهٔ نسواں۔

Feminism : (n) (۱) زنانہ صفات (شاذ)۔ (۲) مساوات نسواں ؛ عورتوں کے دعووں اور حقوق کی حمایت ؛ حمایت نسواں۔ (۳) عورتوں کےحقوق اور مفاد کی حمایت میں ایک منظم تحریک جو ۱۹ویں اوربیسویں صدی میں عورتوں پر عائد کی ہوئی پابندیوں کے خلاف چلائی گئی ؛ تحریک آزادی نسواں ؛ (نفسیات) تحریک نسائیت؛ (تاریخ) تحریک حقوق نسواں ؛ (طب) تانث۔

Feminist : (n) مساوات نسواں کا حامی ؛ حقوق نسواں کا حامی ؛ آزادی نسواں کا طرف دار ؛ (تاریخ) حقوق نسواں کا حامی ؛ فیمینسٹ۔

Femiminist/-ic : (s) مساوات نسواں کا یا اُس سے متعلق۔

Feminization : (n) (۱) تانیث؛ مونث یا نسوانی بنانے کاعمل یا طریقہ ؛ مردوں میں نسوانیت یا نسوانی خصوصیات کا نشو و نما ؛ نسوانی خواص۔ (۲) خوجا بنانا ؛ ہیجڑا کرنا۔ (۳) (نفسیات وغیرہ) تانیث۔

Feminize : (v) مونث بننا یا بنانا ؛ نسوانی خواص اختیار کرنا یا بخشنا ؛ آپریشن کر کے مرد کو عورت بنانا ؛ مخنث کرنا۔

Femme de chambre : (n) [Fr.] (۱) خواص ؛ خادمہ۔ (۲) نوکرانی۔

Femme fatale : (n) [Fr.] فاحشہ عورت ؛ بدکار عورت ؛ زن فاحشہ ؛ موہنی عورت ؛ لُبھا کر پھانسنےوالی عورت ؛ خوش آواز مغنّیہ۔

Femora : (n) (حشریات) رانیں۔

Femoral : (a) [L.'femur'.] ران کا ؛ ران کی ہڈی کا یا اُس سے متعلق (خصوصاً تشریح میں ران کی شریان) ؛ (حیوانیات) فخذی ؛ (تشریح) فخذی ؛ ران کا۔

Femoral : (n) جانگھ کی شریان (اسکاتستانی)۔

Femoral artery : (n) (تشریح) ران کی شریان ؛ جانگھ کی شریان جو گھٹنے کے نیچے ہوتی ہے۔

Femoral canal : (n) جانگھ کی جھلی کی اندرونی دیوار اور جانگھ کی ورید کے درمیان کا خالی حصہ ؛ جانگھ کی نالی ۔

Femoral muscle : (n) (تشریح) عضلہ فخذیہ ۔

Femoral nerve : (n) ران کا عصب ؛ جانگھ کا عصب ۔

Femoral ring : (n) جانگھ کی نالی کا اوپر کی طرف کھلا ہوا بیضاوی منہ (جہاں آنت اُتر آتی ہو) ۔

Femoral sheath : (n) ران کے رگوں کے اوپر کی جھلّی ۔

Femoral vein : (n) جانگھ کی بڑی ورید ۔

Femoro-tibial flexure muscle : (حیوانیات) فخذی کجی ؛ جھکاؤ عضلہ ۔

Femur : (تشریح) ران کی ہڈی ؛ جانگھ کی ہڈی (ریڑھ والے جانوروں میں) ؛ عظمُ الفخذ ؛ (حشریات) کیڑے کا یہی عضو ؛ پاؤں کا تیسرا جوڑ ؛ ران ؛ فخذ ۔ (تعمیرات) ڈورک طرز کی آرائشی حاشیے میں اُبھرے ہوئے مربعے کی جدولوں کے درمیان کی جگہ؛ (حیوانیات) فخذ؛ رانِ حشرہ ۔

Fen : (n) [O.E. fen(n).] دلدلی زمین ؛ نشیبی زمین جو پورے طورپر یا جزوی طور پر چھچھلے پانی سے ڈھکی ہو ؛ چھچھلے پانی والی نشیبی زمین ؛ جھابر ؛ متواتر ؛ زیر آب ہونے والی زمین ؛ ایسا کوئی قطعہء زمین ؛ پانکا ؛ (جغرافیہ) دلدلی زمین ؛ دلدل ۔

The fens : کیمبرج شائر وغیرہ کے نشیبی ضلعے ؛ لنکن شائر اور اُس کے قریبی علاقے ۔

Fen : (n) [OE. 'Fyme'.] (عامیانہ) ایک طرح کی پھپھوندی جو ہاپ (ایک قسم کی بیل) کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Fen : (n) [Arab. fann.] ابی سینا کے قانون کی ایک دفعہ ۔

Fen : Fend کا متبادل ۔

Fen/Fan/Fin/Vents : (Intj.) [prob.alter. of 'fend.'] بچوں کے کھیل میں استعمال ہونے والا ایک رسمی کلمہ ۔

Fen : (v) منع کرنا ؛ روکنا ؛ (گولی کے کھیل میں) ؛ بچے یہ لفظ اس وقت استعمال کیا کرتے ہیں جب کسی کام کے کرنے سے بچنا چاہتے ہیں مثلاً Fen I wicket-keeping ۔

Fen-berry : (n) ایک قسم کی جھڑ بیری ۔

Fen-cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ۔

Fen-fire : (n) غول بیابانی ؛ چھلاوا ۔

Fen-goose : (n) یورپ کاعام جنگلی ہنس ۔

Fen-land : (n) کوئی نشیبی دلدلی علاقہ ۔

Fen-man : (n) دلدل کا رہنےوالا ؛ لنکن شائر ۔

Fen-nightingale : (n) ٹراتا ہوا مینڈک ۔

Fen-orchid/-orchis : (n) ایک قسم کی زمینی ثعلبیہ ؛ ایک قسم کی زمینی جھاڑی ۔

Fen-play : (n) بحث ؛ تمحیص ؛ بحث مباحثہ ؛ مذاکرہ ۔

Fen-pole : (n) وہ بانس یا ڈنڈا جس کے ذریعہ سے کھائیوں وغیرہ پر سے پھاندا جاتا ہے ۔

Fen reeve : (n) دلدی یا نشیبی علاقے کا انتظام کرنے والا افسر ۔

Fen-runners : (n) ایک طرح کی لوہے کی کھڑاویں (برف وغیرہ پر چلنے کےلئے) ۔

Fen-shop : (n) دکان جہاں چوری کا مال بیچا جاتا ہے یا بکتا ہے ؛ چور بازار ۔

Fence : (n) [aphet. f. DEFENCE.] (۱) بنیٹی ؛ پٹّا ؛ پھینکتی ؛ بانڈی بازی ؛ بنوٹ ؛ تلوار کا کھیل ؛ تیغ بازی ۔ (۲) (متروک) سد ؛ دھس ؛ فصیل ؛ بچاؤ ۔ (۳) باڑ ؛ جنگلا ؛ احاطہ وغیرہ ۔ (٤) مختلف قسم کی مشینوں میں وہ پرزہ جو مشین کے ٹھیک چلانے یا باقاعدہ رکھنے کےلئے ہوتاہے ۔ (٥) روک ؛ ممانعت ؛ قدغن ۔ (٦) (چوروں کی زبان میں) مال مسروقہ کا لینے والا ؛ وہ مقام یا مکان جہاں مال مسروقہ لیا جاتا ہے یا رکھا جاتا ہے یا بیچا جاتا ہے؛ چوروں کا مال چھپا کر رکھنے والا ؛ معین سرقہ ۔ (۷) اُچھل کود (شکار وغیرہ میں) ۔ (۸) تالےمیں نکالا ہوا پرزہ جو کنجی کے سوا کسی دوسری چیز کو لیور تک پہنچنے سے روکتا ہے ۔ (۹) کسی ادارے ، اُمیدوار ، اہل کار کی سیاسی حمایت کا ایک ذریعہ ؛ (تعمیرات) جنگلات ؛ باڑ ؛ (میکانیات) ضامن ؛ گیرہ ۔

Cap of fence : دیکھو Helmet

Fence-month/-season/-time : (n) (۱) ہرن کے شکار کی ممانعت کا زمانہ (انگلینڈ میں ۹ /جون سے ۹ / جولائی تك) ۔ (۲) مچھلی وغیرہ کے شکار کی ممانعت کا زمانہ۔

Fence-nail : (n) عمارت کی احاطہ بندی میں استعمال ہونے والی کانٹے دار روك ۔

Fence-off : (n) دو شخصوں یا ٹیموں کے درمیان مقابلے کا فیصلہ کرنے کے لئے حلقہ یا احاطہ ۔

Fence-rider : (n) احاطہ کی دیکھ بھال یا مرمت کرنے والا ۔

Fenceful : (a) دفاعی ؛ مدافعت کن ؛ باڑدار ؛ احاطہ دار ؛ محفوظ ۔

Fenceless : (n) (۱) بے روك ؛ بے حفاظت ؛ غیرمحفوظ ؛ بے احاطے ۔ (۲) (شعر) بے بچاؤ ؛ بے روك ؛ بغیر حفاظت کے ۔

Fencelessness : (n) بے حفاظتی ۔

Fencer : (n) (۱) پٹے باز ؛ تلوار چلانے والا ؛ شمشیر زن ؛ تیغ باز ؛ بنوٹ باز ۔ (۲) (گھوڑا) ٹٹی یا باڑ کود جانے والا ؛ پھلانگ جانے والا ۔ (۳) باڑ ، فصیل، احاطہ وغیرہ بنانے یا اُن کی مرمت کرنے والا ۔ (٤) (عامیانہ) چوری کا مال رکھنے والا ؛ معین سرقہ ۔

Fenchol : (n)_ [Isr. 'fenchene.'] الکحل ۔

Fencible : (a) (۱) رفاعی فوجی خدمات کے لئے مناسب یا اُس کا اہل (خصوصاً اسکاتستان) ؛ قابل دفع ؛ قابل مدافعت ؛ دفاعی ۔ (۳) دفاعی فوجیوں سے متعلق ۔

Fencible : (n) وہ سپاہی جو صرف ملك کی داخلی مدافعت کے لئے ہو ۔

Fencibles : (n) داخلی دفاعی فوج ۔

Land fencibles : برّی دفاعی فوج ؛ زمینی فوج ۔

River fencibles : دریائی دفاعی فوج ۔

Sea fencibles : سمندری دفاعی فوج ؛ بحری بحری دفاعی فوج ۔

Coat of fence : Coat. (n) دیکھو

Come and come down on right side of fence : جیتنے والے کی طرف ہوجانا ۔

Master of fence : تلوار کا دھنی ؛ (مجازاً) اچھا بحث کرنے والا ۔

Ring fence : (تعمیرات) حد بندی ۔

Sunk fence : جنگلا یا باڑ جو کھائی کے اطرف میں ہو نیز خندق ؛ کھائی ؛ گڈھا ۔

To make a virginia fence : (امریکا) مدھوش کی طرح چلنا ؛ شرابی کی طرح چلنا ۔

To put horse at fence : ٹٹی کُدانے کے لئے ایڑ لگانا ؛ پار کرنے کے لئے ایڑ لگانا ۔

To sit on the fence/On the fence/To be on the fence : (لڑائی وغیرہ میں) غیر جانب دار رہنا ؛ غیرحتمی رائے یا غیر منفعل رائے ؛ غیرجانب دارانہ عمل ۔

Fence : (v) (۱) بینٹی کی مشق کرنا ؛ پٹے کی مشق کرنا ؛ بنوٹ کی مشق کرنا ؛ تیغ زنی کی باقاعدہ مشق کرنا ۔ (۲) روکنا ؛ بچاؤ کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ دفع کرنا ؛ بچانا ۔ (۳) (متروك) دور کرنا؛ دفع کرنا ؛ پسپا کرنا ۔ (٤) گھیرا ڈالنا ؛ گھیرنا ؛ باڑ لگانا یا اس سے گھیرنا ؛ احاطہ بندی کرنا ؛ روکنا ؛ قلعہ بندی کرنا ؛ فصیل بنانا (نیز استعارتاً) ۔ (۵) (گھوڑا) ٹٹی یا باڑ کو پھلانگ جانا یا کود جانا ۔ (٦) شکار یا ماہی گیری کی ممانعت کرنا؛ (عامیانہ) چوری کا مال مجرمانہ طور پر خریدنا اوربیچنا؛ چوری کے مال کا بیوپار کرنا ؛ مال مسروقہ کی تجارت کرنا ۔

To fence the tables : نااہل لوگوں کو عشائے ربانی میں شرکت سے روکنے کےلئےمناسب طور پر خطاب کرنا ۔

To fence with question or questioner : وار بچانا ؛ روکنا ؛ جواب دینے سےبچنا؛ ٹالنا؛ گول ہوجانا ۔

Fence-law : (n) مزروعہ زمین میں جانوروں کے غیرقانونی داخلہ کی ممانعت کا قانون ۔

Fence-lizard : (n) (۱) ریاستہائے متحدہ کا ایك چھوٹا خوبصورت پالتو پرند جو تیز اڑتا ہے (مثل ابابیل) ۔ (۲) امریکن گرگٹ ۔

Fencing : (n) (۱) شمشیر زنی ؛ تیغ زنی ؛ پٹے بازی ؛ فن شمشیر زنی ۔ (۲) کند تلوار؛ گدکے یا لاٹھی سے اس فن کی مشق کرنا ۔ (۳) دفاع ؛ مدافعت ؛ خود حفاظتی ۔ (٤) حفاظت کرنے یا مدافعت کرنے کا عمل ۔ (٥) روك لگانے، باڑ ڈالنے، فصیل بنانےوغیرہ کا عمل ؛ گھیرنے کا عمل؛ گھیراؤ ۔ (٦) جنگلا ؛ احاطہ ؛ فصیل ؛ پناہ کی دیوار ؛ باڑ؛ روك ؛ بچاؤ نیز (امریکا) جنگلا وغیرہ بنانے کا سامان ۔ (۷) باڑ پھلانگنے کا عمل ۔ (۸) (عامیانہ) چوری کا مال لینا یا رکھنا ۔

Fencing-cully : (n) مال مسروقہ کا لینے والا ۔

Fencing-ken : (n) مال مسروقہ کا گدام ۔

Fend : (n) [f.next .] (۱) (اسکاتستانی بول چال) چالاکی یا جرأت کا کام ۔ (۲) اچھی طرح گذر بسر ؛ نباہ ۔

Fend : (v) [ME. Shortened f. DEFEND.] (۱) (متروك یا شعر میں) مدافعت کرنا ؛ دفاع کرنا ؛ بچانا ؛ بچائے رکھنا ؛ محفوظ رکھنا ۔ (۲) دلیل لانا ؛ دلالت کرنا؛ ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا ۔ (۳) حفاظت کرنا؛ بچاؤ کرنا ؛ روکنا ؛ بعض رکھنا ؛ دور رکھنا ؛ بچنا یا بچانا ۔ (٤) (اپنے لئے) مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ اپنا خیال رکھنا ؛ انتظام کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ۔ (٥) (اسکاتستانی بول چال میں) جرأت کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ چالاکی سے پیش آنا؛ ترکیب نکالنا ۔ (٦) (بول چال) نباہنا؛ اچھی طرح گذربسر ہونا ؛ ٹھیك ٹھیك چلنا ۔ (۷) پسپا کرنا ؛ پیچھے ہٹنا؛ ڈھکیلنا ؛ رد کرنا؛ دھکا دینا ۔ (۸) (برطانیہ بول چال) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ دینا ۔ (۹) (برطانیہ بول چال) کوشش کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ محنت کرنا ۔ (۱۰) زندگی بسر کرنا ۔

Fend (e) : (۱) دریافت ؛ حصول ؛ اکتشاف ؛ پانے، معلوم کرنے وغیرہ کا علم ۔ (۲) دیکھو Find ۔

Fender : (n) (۱) (بول چال) مدافعت کرنے والا ؛ دافع ؛ محافظ ؛ ٹالنے والا ؛ باز رکھنے والا ؛ دور رکھنے والا ؛ دھکیلنے والا ۔ (۲) پسپا کرنے والا ؛ روکنے والا ؛ دفع کرنے والا خصوصاً (جہاز رانی میں) ۔ (الف) پرانارسًا یا کوئی ایسی ہی چیز جسے کشتی کے دونوں طرف لٹکادیا جاتا ہے تاکہ دوسری کشتی یا گھاٹ سے ٹکرا کر کشتی کو نقصان نہ پہنچے ؛ آلۂ مدافعت ؛ کوئی چیز جو روکنے یا حفاظت کے کام آئے ؛ مینڈ ؛ ٹکّر وغیرہ سےبچانے کی چیز ؛ آتش دان کا جنگلا ۔ (ب) ایك لمبا شہتیر جو پشتے یا ڈوك کی دیوار کے آگے حفاظت کےلئےلگا ہوتا ہے ۔ (۳) مڈ گارڈ ؛ کیچڑ روك ۔ (٤) دھات کی فریم جو آگ کے سامنے رکھی جاتی ہے تاکہ گرنے والے کوئلے کو کمرے میں آنے سے روك سکے؛ آگ روك ۔ (٥) ٹرام کا) جنگلہ: ٹکّر روك ۔ (٦) پانی روکنے کا دروازہ ؛ پانی روکنے یا نکالنے کا پھاٹك ؛ پانی روك ؛ لہر کا پھاٹك (کبھی کبھی) بند کا پانی ۔ (۷) نقصان یا ٹوٹ پھوٹ سے بچانے والی چیز ؛ گاڑی کے سامنے کا بفر ؛ ٹکّر روك ۔ (۸) ریل انجن کے آگے لگا ہوا ٹکّر روك ؛ گاڑی کے پہیے کا گارڈ ۔ (۹) سور کے بچوں کے رکھنے کے باڑے میں وہ ریلنگ جو سورنی کے بیٹھنے یا لیٹنے پر بچوں کو کچلے جانے سے بچانے کےلئے ہوتی ہے۔ (۱۰) جلد سازی میں کاغذ کو ساٹنے وقت دوسرے اوراق کو بچانے کےلئے بیچ میں رکھا ہوا کاغذ ۔ (۱۱) ایك مستطیل یا مثلث نما چمڑے کی ڈھال جو سوار کے پاؤں کو محفوظ رکھنے کےلئے رکاب میں لگی ہوتی ہے ۔ (۱۲) (سول انجینیئرنگ) روك مینڈ، (الیکٹرك انجینیئرنگ) محافظ ؛ آگ روك ۔

Fender-bar : (n) جہاز کے آگے اور پیچھے لگا ہوا ٹکّر روك ۔

Fender-beam : (n) (۱) جہاز یا کشتی کے دونوں جانب لگی ہوئی شہتیر جو برف وغیرہ کو روکتی ہے ۔ (۲) ریلوئے لائن کے آخر میں گاڑیوں کو روکنے کے لئے لگا ہوا شہتیر ۔

Fender-bolt : (n) (۱) نکلے ہوئے سرے والی ایك چٹخنی یا کھٹکا جو اپنے ملے ہوئے حصوں کی حفاظت کےلئے بنائی گئی ہو ۔ (۲) ایسی پیچ جو ٹکّر روك کو کَسے ہوئے ہو ۔

Fender-pile : (n) (جہازرانی) ایك لمبا شہتیر جو پشتے یا ڈوك کی دیوار کےآگے حفاظت کےلئے لگاہوتا ہے ۔

Fender-post : (n) اڑے کے چوکھٹے کا نکلا ہوا کوئی محافظ ستون ۔

Fender-stool : (n) لمبا سا اسٹول ؛ (چوکی) جو آتش دان کے سامنے بچھائی جاتی ہے ۔

Fender-stop : (n) ریلوئے لائن کے آخر میں گاڑیوں کو روکنے کےلئے لگا ہوا شہتیر ۔

Fender-wall : (n) (تاریخ، اثریات) دفاعی دیوار ۔

Fendered : (a) ٹکّر روك لگا ہوا ۔

Fendering : (n) ٹکّر روک میں لگایا ہوا سامان ۔

Fenderless : (a) جس میں روک کی چیز نہ ہو ؛ آتش دان جس میں جنگلا نہ ہو ؛ بے روک ؛ بے جنگلا ؛ بے آڑ ؛ بے دروازہ ؛ بے محافظ ۔

Fendy : (a) (۱) (بول چال) حاضر دماغ ؛ خوش تدبیر ؛ سوجھ بوجھ والا ؛ منتظم کار ؛ انتظامی ؛ لائق ؛ باصلاحیت ۔ (۲) کفایت شعار ؛ سلیقہ مند ؛ خوش حال ۔

Fenestella : (n) [L.] (۱) (تعمیرات) (گرجا کی عمارت میں) قربان گاہ یا منبر ؛ روزنہ (محراب) کے جنوب کی طرف دیوار کا چھوٹا دریچہ نما طاق ۔ (۲) چھوٹا دریچہ ؛ چھوٹی کھڑکی ؛ دریچہ نما کھلا ہوا حصہ ۔ (۳) (حیوانیات) مرکب الجسم جانور، جن کا علم سلوری چٹان سے اوپر اور زغالی چٹان سے نیچے کے چونا پتھر اور دوسری چٹانوں میں پائے گئے متحجر باقیات کے ذریعہ ہوا ۔

Fenestellid : (n) [f.L.'fenestell'.] (فوسلیات) ابتدائی دور حیات کے مرکب الجسم جانوروں کا خاندان ۔

Fenestra : (a) [L.] (۱) بیج کا کان اور کنگھوکھا کے درمیان کا گول سوراخ ۔ (۲) جراحی کے اوزار میں دریچہ نما تراش یا کٹاؤ ۔ (۳) کسی ہڈی کے کٹاؤ میں دریچہ نما منہ مثلاً کان کا اندرونی حصہ ۔ (٤) ایک چمکیلا دھبّا ؛ شفاف دھبّا (مثلاً کسی کیڑے کے پروں میں) ۔ (٥) تل چٹّا کے سر کے اوپر گڈھوں میں سے ایک جھلی سے ڈھکا ہوا سوراخ ۔ (٦) دیمک کے سر میں جھلّی دار خلا جو سامنے کی ہڈی سے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ہے ۔ (۷) ہڈی وغیرہ میں چھوٹا سوارخ یا چھید ۔ (۸) (نباتیات) بیج اور پھلی کے وصل کا نقطہ ؛ ایک چھوٹا نقطہ یا نشان جو اس حصے کی نشان دہی کرتا ہے جہاں بیج کیسہ٭ تخم سے الگ ہوتا ہے نیز جھلّی کا منہ یا آر پار سوارخ ۔ (۹) (حیوانیات) سوارخ ؛ روزن ؛ نافذہ ؛ (تعمیرات) دریچہ ؛ روزن ؛ (حیوانیات) دریچی ؛ نافذہ ؛ روزنہ؛ (نباتیات) داغ ؛ خال ؛ (حیوانیات) شفاف داغ ۔

Fenestra ovalis : (حیوانیات) بیضوئی سوراخ یا روزن ؛ (تشریح) نافذہ٭ بیضوی ؛ بیضوی دریچی ۔

Fenestra Rotunda : مدوّر نافذہ یا روزن ؛ (تشریح) نافذہ٭ مدوّر ؛ گول دریچی ۔

Fenestra temporal : (n) (تشریح) نافذہ٭ صُدغی ۔

Fenestra tympani : (n) (تشریح) نافذہ٭ طَبلی ۔

Fenestra vestibuli : (n) (تشریح) نافذہ٭ دہلیزی ۔

Fenestral : (a) [L.'fenestralis'.] (۱) دریچے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (تشریح) دریچہ نما چھوٹا سوراخ دار ؛ دریچہ نما سوراخ دار ۔ (۳) دریچہ نما سوراخ کا یا اُس سے متعلق ۔

Fenestral : (n) جھروکا یا آئینہ دار دریچہ جس میں شیشے کی بجائے کپڑا یا نیم شفاف کاغذ لگا ہوا ۔

Fenestrate : (a) (۱) (نباتیات، حیوانیات) چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا ؛ سوراخ دار ؛ چھوٹے دریچہ نما سوراخوں والا ۔ (۲) (حشریات) آر پار نظر آنے والے سوارخوں والا ؛ شفاف نقطوں والا ؛ (حیوانیات) نافذی ؛ نافذہ دار ۔

Fenestrated : (a) (۱) (تعمیرات) جھروکوں یا کھڑکیوں والا ؛ جس میں دریچے بنے ہوں ' دریچوں والا ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا ؛ سوراخ دار؛ چھوٹے دریچہ نما سوراخوں والا ۔ (۳) (حشریات) آرپار نظر آنے والا ؛ سوراخوں والا ؛ شفاف نقطوں والا ۔

Fenestrated membrane : (n) (حیوانیات) نافذہ دار جھلی ۔

Fenestration : (n) (۱) ترتیب یا وضع ؛ روشن دان (مکان میں دھوپ آنے کےلئے) ۔ (۲) (تعمیرات) عمارت میں کھڑکیوں ، دروازوں کی ترتیب ؛ کسی عمارت میں دریچے یا روشن دان بنانے کا عمل ۔ (۳) (حیوانیات، نباتیات) سوارخ دار ہونا یا ہوجانا ۔ (٤) کسی سطح پر چھید یا سوراخ ۔ (٥) اندرونی کان اور پردہ٭ گوش کے درمیان جرّاحی کے ذریعہ ایک سوراخ بنانا جس سے آواز سنائی دے ؛ (حیوانیات) نافذیت ؛ (تعمیرات) دریچی ترتیب ۔

Fenestration operation : (n) اندرونی کان اور پردہ٭ گوش کے درمیان جرّاحی کے ذریعہ ایک سوراخ بنانا جس سے آواز سنائی دے ۔

Fenestrato : (n) [L.'fenestrae'.] دریچوں کا مجموعہ جو دیکھنے میں ایک ہی دریچہ معلوم ہو اور جسے عمودی سلاخوں کے ذریعہ منقسم کیا گیا ہو (مثلاً وینس کے محلوں میں) ؛ جھلملی ۔

Fenestrule : (n) [L.fenestrula.] مرکب الجسم ؛ کثیر مسامی اور مخلوط النوع حیوانوں کے غنچہ، حیوانیا میں موجود سوراخوں میں سے کوئی ایک نُفیذی ۔

Feng-huang/Fung-hwaang : (n) [Chin.(pek.) (۱) چینی دیومالا میں وہ چڑیا جو سواروں کے دستے کی نگہبانی کرتی ہے اور جس کا ظہور اقبال مندی کی علامت سمجھا جاتا ہے اور جسے مصوری کے فنی نمونے میں کبھی کبھی ملکہ کے علامت کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے ۔ (۲) چین کی سابق شاہی عدالت میں خوشنما پروں والی پالتو چڑیا جو اساطیری فنگ ھوانگ سے متعلق ہے اور جس کے بارے میں قیاس کیاجاتا ہے کہ خوش بختی کی علامت ہے ۔

Fengkieh : (a) [f.Fengkieh, city in central China.] چین کا شہر فینگ کے کا یا اُس سے متعلق ؛ فینگ کے میں مروج طرز یا قسم کا ۔

Fenian : (n) [OIr. 'fene'.] (۱) اس کا اطلاق اس مطلب پرست قبیلے پر ہوتا ہے جو پیسے کے عوض ارد رگ (Ard Rig) یا آئرستان کے بادشاہ کی حمایت میں مستقل فوج کی حیثیت سے سرگرم تھا ۔ (۲) آئرلینڈ میں انگریزی سلطنت کے خاتمے کے لئے امریکا میں رہنے والے آئرستانیوں کی بنائی ہوئی جماعت کا ایک رکن ؛ فینی ۔

Fenian : (a) (۱) فینی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) فینیوں کے اصول و مقاصد اور طریق کار کا یا اُس سے متعلق ۔

Fenianism : (n) فینینث ؛ فینیوں کے اصول و مقاصد اور طریق کار ۔

Fenks : (n) [Origin unkn.] وھیل مچھلی کی چربی کا ریشہ دار حصہ ؛ چربی کا خراب حصہ یا فضلہ (پگھلانے کےبعد) ؛ وھیل مچھلی کے پھولے ہوئے ھونٹ کا ریشہ دار حصہ جس میں روغن ھوتا ہے ۔

Fennec : (n) [Arab. 'fenek'.] (حیوانیات) (لمبی کان والی) ایک چھوٹی افریقی لومڑی ؛ لومڑی نما جانور (جس کے کان لمبے ھوتے ہیں) فِنک ۔

Fennel : (n) [L.feeniculum.] (۱) (نباتیات) سویا ؛ سوا ؛ کئی سال تک بہار دینے والا ایک چھتردار خوشبودار پودا جس کے پھول زرد ھوتے ہیں اور جو ترکاری ، چٹنی وغیرہ میں استعمال ھوتا ہے ۔ (۲) مذکورہ بالا پودے کی مثل پودوں پر بھی اطلاق ھوتا ہے ؛ (نباتیات) جنس سونف ؛ سونف ؛ بادیان ۔

Dog/Dogs fennel : (n) ایک قسم کا پودا یا بوٹی جو کِرم کُش کے طورپر دواؤں میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Hog's fennel : ایک طرح کا لمبی شاخوں والا پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Sweet fennel : (n) ایک خوشبودار پودا جو خانہ، باغ میں لگایا جاتا ہے اور ترکاری ، چٹنی وغیرہ میں ذائقے کےلئے اس کی پتیاں ڈالی جاتی ہیں؛ مرزہ ۔

Fennel-flower : (n) شقیقی پودوں کی ایک نوع جس کے بیج کالے ھوتے ہیں ۔

Fennel-giant : (n) سونف کی نوع کا ایک پودا ۔

Fennel-oil : (n) ایک بے رنگ یا ہلکا زرد روغن جو سویے کے بیج سے حاصل ھوتا ہے اور جسے بطورخوشبو استعمال کیا جاتا ہے ۔

Fennel-seed : (n) سویے کا بیج ؛ سویے کے پھول کا بیج جو کبھی کبھی مسالے کے طورپر استعمال ھوتا ہے ۔

Fennel-water : (n) سویے کے بیج سے تیار کیا ھوا اسپرٹ جیسا رقیق ۔

Fennish : (a) [F. Fen+ish.] (۱) دلدل کی قسم کا ؛ دلدل نما ؛ گلابہ نما ؛ دلدل کی نوعیت کا ۔ (۲) دلدل سے متعلق یا دلدل سے پیدا شدہ ۔

Fenny : (a) [OE. f. 'fenn'.] (۱) دلدلی ؛ دلدل نما ؛ دلدل کی قسم کا ؛ دلدل کی نوعیت کا ؛ گلابہ نما ۔ (۲) دلدل سے متعلق ؛ دلدل سے پیدا شدہ ۔

Fenny : (a) [OE. f. fyne'.] (۱) (بول چال) پھپھوندی لگا ھوا ؛ جس میں پھپھوندی لگی ھو ۔ (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ دقیانوسی ؛ بار خاطر ۔

Fent : (n) [L.'findere.'] (۱) چغے یا زنانہ لباس میں ایک مختصر سا چاک ؛ گلے کے پاس مختصر کھلا ھوا حصہ ؛ نیز جیب کا منہ ۔ (۲) (عامیانہ) کپڑے کا بچا ھوا حصہ ؛ کسی بُنے ھوئے کپڑے کا چھوٹا اور نا مکمل کنارہ ۔

Fenugreek : (n) [L.'faenugrecum'.] میتھی؛ ایک پھلی دار پودا جس کے بیج بیطار استعمال میں لاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ، (نباتیات) حلبہ ؛ میتھی۔

Feodary/Feodatory : (۱) (اسکاتستانی قانون) خدمت کے صلے میں ملی ہوئی جاگیر (مزید دیکھیے Fee) آراضی جاگیر ؛ جاگیر میں ملا ہوا قطعۂ زمین ۔ (۲) زمین کا جاگیری حق ملکیت جس میں اسامی مالک کو غلّے یا روپے کی شکل میں لگان ادا کرتا ہو Word اور Blanch کا برعکس؛ راس شرط پردی ہوئی زمین ۔ (۳) (موجودہ معنوں میں) وہ حق ملکیت جس کے ذریعہ سالانہ مالگذاری پر زمین قبضے میں رکھی جاتی ہے ؛ نیز اس کی سالانہ مال گذاری؛ جاگیر کے طور پر ملا ہوا قطعۂ زمین ۔ (٤) معینہ شرح پر دوامی پٹہ ؛ اس قسم کی زمین (تجارت) اجارۂ جنسی (معاشیات) اجارۂ دوامی ۔

Feoff : FIEF کا متبادل ۔

Feoff : [OF.f. 'fieu'.] دیکھو Enfe off

Feoff to uses : دوسروں کے لئے یا مخصوص کاموں کے لئے زمین وقف کرنا ۔

Feoffee : (n) [OF. 'feoffe.'] (۱) (قانون) وہ شخص جس کو مستقل حقّیت (جاگیر) قابل ارث عطا ہوئی ہو ۔ (۲) (قانون) خصوصاً ایسا متولی جس کے ماتحت خیراتی یا دوسرے عوامی بہبود کے کاموں کے لئے جاگیر ہو ۔

Feoffee in trust/Feoff of-/Feoffupon- : امین جاگیر ؛ متولی جاگیر ۔

Feoffment : (n) [AF. 'feoffemnt'.] (۱) عطائے حقّیت مستقل و قابل ارث خصوصاً جو حکم نامہ دخل دہانی کے ذریعہ عطا کی گئی ہو ۔ (۲) اس طرح عطا شدہ جاگیر ۔

Feoffor/-er .(n) (۱) جاگیر کو منتقل کرنے والا ۔ (۲) بے قاعدہ طور پر Feoffee کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Fer-de-lance : (n) (۱) (نقابت) نوک سنان یا برچھی کی نوک جو تمغے کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) برازیل کا ایک زہریلا سانپ جس کا سر نیزہ کی طرح ہوتا ہے؛ نیزہ سانپ ۔

Fer-de-moline : (n) (نقابت) چکی کے پاٹ کو گھومنے میں سہارا دینے والا لوہا ؛ بیرنگ ؛ دھرا ۔

Feracious : (a) [L.f.'ferre'.] بہت پھل دار ؛ مُثمر ؛ کثیر الاثمار؛ زیادہ پھل والا ؛ افراط سے پھل دینے والا ؛ کثیر بارآور ؛ کثیر التولید ؛ (نباتیات) زرخیز ۔

Feracity : (n) [L. 'feracitas'.] (نباتیات) زرخیزی ۔

Ferae naturae : (n) [L.] (جانور) جنگلی ؛ وحشی ؛ وہ جو پالتو نہ ہو ؛ (حیوانیات) جنگلی جانور ۔

Feral : (a) [L.'feralis'.] (۱) مہلک ؛ خوفناک ؛ جان لیوا ؛ مضرت رساں ؛ جان ستاں ؛ نقصان پہنچانے والا ؛ قاتل ؛ سفاک ؛ تباہ کن ؛ وحشی درندہ ۔ (۲) عورت کا سا؛ جنازہ تجہیز وتکفین کے مناسب حال ؛ بےنور ؛ افسردہ ؛ ملول ؛ اُداس ؛ تاریک ؛ سُونا ؛ بے رونق ؛ افسردہ کن ۔

Feral : (a) [f. L. fera.] (۱) جنگلی ؛ غیرمانوس ؛ وحشی ؛ نہ سدھایا ہوا ۔ (۲) تنہا ؛ الگ تھلگ ؛ غیر سماجی ۔ (۳) (جانور) غیر پالتو ؛ بغیر سنوارا ہوا یا سدھایا ہوا ۔ (٤) خودرو ؛ جنگلی پودا ۔ (٥) جنگلی جانوروں جیسا ؛ جنگلی جانوروں کا یا اُن سے متعلق ؛ مثل حیوان وحشی ؛ بے درد ؛ شقی القلب ؛ ظالم ؛ ہوس پرست ؛ خونخوار ؛ جابر ؛ تند خو ؛ سفّاک ؛ بربری ؛ بدمزاج ؛ ان گڑ؛ بنجر؛ نادرست ۔ (٦) (نفسیات وغیرہ) وحشی ؛ جنگلی ؛ (حیوانیات) جنگل ؛ وحشی ؛ غیرمانوس ۔

Feral man : (n) (نفسیات وغیرہ) وحشی آدمی ؛ جنگلی آدمی ۔

Ferash : (n) [Arab. 'ferrash'.] فرّاش ؛ ایک ادنیٰ نوکر جس کے ذمہ فرش بچھانے، خیمہ نصب کرنے وغیرہ جیسے کام ہوتے ہیں ۔

Ferbam : (n) [fer+bamat'.] سیاہ سفوف کی شکل میں حاصل ہونے والا ایک مادہ $[(CH_3)_2 NCSS]_3 Fe$ جو سماروغ یا کھمبی کو ضائع کرتا ہے ۔

Ferberite : (n) [f. Ferber proper name'.] ۱۹ویں صدی کے جرمن سائنس داں روڈولف فربر کی دریافت کی ہوئی جنوبی اسپین کی ایک عام خام دھات (جس سے نمکین مادہ نکلتا ہے) $(Fe WO_4)$ ۔

Fere : (n) [OE.'gefera'.] (۱) (متروک) ساتھی ؛ دوست ؛ رفیق ؛ ہم سر ؛ شریک کار ؛ شریک وقت ؛ (خواہ مرد یا عورت) ۔ (۲) شوہر یا بیوی ۔ (۳) ہم سر ؛ برابری کا ؛ برابر ؛ مساوی ۔

Fere phenomenon : (نفسیات وغیرہ) نفسی برقی جوابی عمل ۔

Feretory : (n) [A perversion of ME. 'fertre'.] (۱) ایک نقل پذیر یا سفری حزنینہ، تبرکات یا تبرکات کا ظرف جو پُر تکلف طور پر آراستہ ہوتا تھا اور اُس میں بزرگوں کے تبرکات باقیات ، آثار یا نشانیاں رکھی جاتی تھیں ، کسی گرجا یا کلیسا کا وہ حصہ جس میں اولیا اللّٰہ وغیرہ کے تبرکات رکھے جاتےتھے ۔ (۲) مقبرہ ؛ مزار؛ روضہ ۔ (۳) تابوت ۔

Feretrum : (n) دیکھو Feretory

Fergusonite : (n) [f. 'ferguson'. (of Raith)+ite.] ایک بھوری مائل سیاہ دھات ، جو اساسی طور پر ٹیریم ، اربیم ، موبیم ، ٹینٹلم ، اور دوسری دھاتوں کے اوکسائڈ پر مشتمل ہوتی ہے ۔ (Y,Er, Ce, Fe,) (N6,Ta, Ti,) O4 (کیمیا) فرگوسفائٹ ۔

Feria : (n) [L.] (کلیسا) ہفتہ کا کوئی دن خصوصاً کوئی عام دن اتوار کے سوا ؛ (تاریخ) ایسا دن جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ۔

Feria : (n) [Sp.] اسپین اور اسپین کی تہذیب سے متاثر دوسری جگہوں میں بازار کا ایک تیوہار یا بازاری تیوہار جو مقامی مذہبی تعطیل کے طور پر منایا جاتا ہے ؛ میلا ؛ نمائش ۔

Ferial : (a) [L.f. 'feria'.] (۱) (کلیسا) ہفتہ کے اُن دنوں سے متعلق یا ہفتے کےاس دن سے متعلق جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ؛ معمولی (عام دن) ۔ (۲) یو م تعطیل یا تیوہار سے متعلق ۔

Ferial : (n) ہفتہ کا ایک دن جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ۔

Ferial day/-time : (n) (اسکاٹستانی قانون) (وہ دن) جب عدالتیں بند رہتی تھیں اور قانونی کاروائیاں ناجائز سمجھی جاتی تھیں ۔

Ferial service : (n) جو عبادت اس دن کے لئے مقرر ہو ۔

Ferine : (a) [L. f. 'fera'.] (۱) جنگلی جانورں سے متعلق یا اُن کی فطرت کا ؛ وحشی ؛ جنگلی ؛ غیر پالتو ؛ غیر سدھایا ہوا ؛ بہائم ۔ (۲) (آدمی کےلئے) بہائم جیسا ؛ وحشی ؛ بدکار ؛ شہوت پرست ؛ حیوان صفت ۔ (۳) (مرض کےلئے) سخت ؛ شدید؛ متعدی ؛ مہلک (شاذ) ۔

Ferine : (n) جنگلی جانور ؛ حیوانِ وحشی ؛ (حیوانیات) درندہ ؛ (طب) مہلک مرض ۔

Ferinely وحشیانہ ؛ بہیمانہ ؛ حیوان صفت ہوکر ۔

Ferineness : (n) وحشت ؛ بہیمت؛ وحشی پن ؛ حیوان صفتی ۔

Feringhee : (n) [Pers.'farangi'.] (۱) فرنگی ؛ یوروپی باشندے کےلئے ایک سابقہ ہندوستانی اصطلاح اب ہندی نژاد پرتگال کے لئے خاص طور پر استعمال ہوتا ہے، اور یوروپ کے دوسرے باشندوں کےلئے حقارت آمیز طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Ferio : (n) منطق میں اول قیاسی صورت کی چوتھی حالت (جس میں کوئی عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ نکلتا ہے) کی نمائندگی کرنےوالا ایک لفظ جس سے مذکورہ منطقی اصول کو بہ آسانی یاد رکھا جاسکے ؛ (نفسیات وغیرہ) فیری یو ۔

Ferison : (n) منطق میں تیسری قیاسی صورت کی چھٹی حالت (جس میں کوئی عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ نکلتا ہے) کی نمائندگی کرنے والا لفظ جس سے مذکورہ منطقی اصول بہ آسانی یاد رکھا جاسکتا ہو ؛ (نفسیات) فیری زن ۔

Ferity : (n) [L.ferilatem. f. 'ferus'.] (۱) وحشت ؛ بہیمیت ؛ درندگی ؛ خوں خواری ؛ خوں ریزی ؛ ہلاکت خیزی ؛ بربریت ؛ تند خوئی ؛ بدمزاجی ۔ (۲) خوں خواریت ؛ خوں ریزیت ؛ ظلم ؛ سفّاکیت ؛ جابریت ؛ جاہلیت ۔

Ferling : [OE. feordling f.] دیکھو Farthing

Ferly/Ferlie : (n) [OE.'faerlic'.] (۱) (اسکاٹستانی بول چال) تعجب خیز بات ؛ حیرت انگیز واقعہ ؛ عجیب و غریب چیز یا منظر ؛ عجوبہ ؛ افواہ ۔ (۲) حیرت؛ تعجب ؛ استعجاب ؛ حیرانی؛ تحیر؛ اچنبھا ۔ (۳) وہم کی حالت میں نظر آنے والے غیر معمولی، خلاف فطرت یا عجیب وغریب انسان یا جانور ؛ وہمی ہیولا ۔

Ferly : (v) (اسکاٹستان) حیرت میں پڑنا ؛ تعجب کرنا ؛ حیران ہونا ۔

Fermage/Ferm (e) : Farmage, Farm, etc کے متبادل ۔

Fermail : (n) [med . L. f. 'firmare'.] : (۱) (نقابت وغیرہ) سوا ؛ بکسوا یا کانٹا ۔ (۲) عہد وسطی کا کپڑے میں لگانے والا کانٹا جو گلے کو بند کرنے کے لئے مرد اور عورت دونوں ہی میں مستعمل تھا ۔

Fermat's Principle of least time : (بصریات) فرما کا اُصول اَقلّ وقت ۔

Ferment : (n) [L.'fermentum.'] (۱) خمیر ؛ جامن (ضامن) خمیر پیدا کرنے والی چیز ۔ (۲) ابال ؛ تخمیر ؛ جوش ۔ (۳) برافروختگی ؛ ہیجان ؛ شورش ؛ فساد ؛ ہلچل ؛ اضطراب ؛ کھلبلی ؛ پریشانی ؛ خوش جذبات ؛ ہنگامہ ۔ (٤) (کیمیا) خمیر ؛ (حیوانیات) خمیر ؛ خامرہ ؛ (سیاسیات) بکوہ ؛ (عضویات) حرکتِ رودہ ۔

Ferment : (v) : (۱) اُبلنا ؛ جوش اُٹھنا ؛ اونٹنا ؛ جوش مارنا ؛ خمیر دینا ۔ (۲) بھڑکانا ؛ جوش دینا ؛ اُبالنا ؛ خمیر کرنا ؛ خمیر پیدا کرنا ۔ (۳) برافروختہ کرنا ؛ ہنگامہ فساد کرنا یا کرانا ؛ برافروختہ ہونا (سیاسی اغراض میں) ؛ پریشان کرنا؛ ہیجان پھیلانا؛ کسی ہنگامی تحریک میں حصہ لینا ؛ بھڑکانا ؛ اُکسانا ؛ جوش دلانا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا (جذبات کو گرمانا ، برانگیختہ کرنا)؛ شورش پیدا کرنا ۔ (٤) ہلانا؛ حرکت دینا ؛ اچھی طرح چلا دینا تاکہ مختلف اجزا گُھل مل جائیں ۔ (٥) (کیمیا) تخمیر ۔

Fermentability : (n) (کیمیا) افتخار پذیری ۔

Fermentable : (a) (۱) قابل خمیر ؛ جس میں خمیر پیدا ہوسکے ؛ لائق تخمیر ۔ (۲) جوش کے قابل ؛ ہیجان کے لائق ؛ اشتعال انگیز یا خیز ؛ (کیمیا) اختمار پذیر ۔

Fermetarian : (n) [f. L.fermentumtum .] لاطینیوں کے ذریعہ یونانی عیسائیوں کےلئے استعمال ہونے والا ایک ملامت آمیز لفظ کیونکہ آخر الذکر عشائےربانی میں خمیری روٹی کا استعمال کرتے ہیں ۔

Fermentation : (n) (۱) خمیر پیدا کرنے یا ہونے کا عمل یا طریق عمل ؛ تخمیر ؛ جوش اُبال ۔ (۲) جوش ؛ ہیجان ؛ ولولہ ؛ حرکت ؛ اضطراب ؛ شورش ؛ کھلبلی ؛ بیچینی ؛ حرکت و عمل بعض اوقات (اچھے کاموں کے لئے) ؛ (کیمیا) تخمیر ؛ تخمیر کاری ؛ اختمار ؛ (حیوانیات) تخمیر؛ (نفسیات) ہیجان ؛ جوش ۔

Fenmentation tube : (n) (کیمیا) خمیر کاری نلی ۔

Fermentative : (a) (۱) خمیر اٹھانے والا ؛ خمیر آور ؛ خمیر انگیز ۔ (۲) تخمیری ؛ خمیر کا ؛ خمیر سے متعلق یا خمیر کی نوعیت کا ؛ خمیری ۔ (۳) مائل بہ خمیر ؛ مائل بہ خمیر انگیزی ۔ (٤) پُر جوش ؛ پُر ہیجان ؛ جوش آور ؛ اشتعال انگیز ؛ مفسد ۔ (٥) (کیمیا) اختماری ؛ مُخمّر ۔

Fermentatively : (adv.) خمیریت ؛ تخمیری طور پر ؛ مائل بہ تخمیر ہو کر پُر جوش طریقے سے ؛ فساد انگیزی سے ۔

Fermentativeness : (n) تخمیر ؛ خمیر انگیزی ؛ خمیرآوری ؛ جوش؛ اُبال ؛ ہیجان ؛ اشتعال یا اشتعال خیزی؛ فساد انگیزی ۔

Fermentatory : (a) خمیری ؛ تخمیری ؛ ہیجان ؛ اشتعال ؛ فساد انگیزی ؛ خمیر کا یا اس سے متعلق ۔

Fermented : (a) (کیمیا) خمیر اُٹھا ہوا ؛ (حیوانیات) تخمیر شدہ ؛ (کیمیا) مُخمّر ۔

Fermented bread : (n) خمیری روٹی ۔

Fermented liquor : (n) (کیمیا) مُخمّر ؛ مائع ؛ شراب ۔

Feermentescible/-iscible : (a) خمیر پیدا کرنے یا خمیر بننے کے لائق ؛ خمیر انگیز ؛ ہیجان خیز ؛ اشتعال انگیز ۔

Fermenting : (n) (کیمیا) زیر اختمار ۔

Fermentive : (a) مائل بہ خمیر انگیزی ؛ (کیمیا) مُخمّر ۔

Fermentotogist : (a) ماہر خمریات ۔

Fermentology : (n) علم خمریات ؛ وہ علم جو خمیر یا تخمیر سے بحث کرتا ہو ۔

Fermery/Farmery : اسپتال ؛ دار الشفاء ؛ شفاخانہ ؛ بیمار خانہ ۔

Fermi distribution : (n) (طبیعیات) فرمی تقسیم ۔

Fermi effect : (n) (طبیعیات) فرمی اثر ۔

Fermi level : (n) (طبیعیات) فرمی سطح ۔

Fermi threshold : (n) (طبیعیات) فرمی دہلیز ۔

Fermiere : (a) [F.] سادہ طور پر تیار کیا ہوا دیہاتی کھانا ۔

Fermion : (n) (طبیعیات) فرمیان ۔

Fern : (n) [O.E. fearn.] (نباتیات) پھول نہ دینے والے پودوں کی ایک قسم ؛ فرن ؛ سرخس ؛ فرن کا پودا یا اُس کا وہ ورق نما عضو (جو بعض غیر پھول کے پودوں میں شاخ اور پتّوں کے جوڑ پر پیدا ہوجاتا ہے اور جو معمولی پودوں کے پتوں سے مختلف ہوتا ہے) ؛ (نباتیات) کرف ؛ سرخس ؛ فرن ۔

Flowering fern/Royal- : ایک قسم کی فرن جس میں لمبے دو پتیا ورق نما عضو ہوتے ہیں اور جن کے سرے پر تخمکون کی گچھیا ہوتی ہے ۔

Hard fern/ lady-/Male-/Prickly - : فرن کی مختلف قسمیں ۔

Fern bird : (n) عصفور کی طرح کا ایک پرندہ ؛ گوریا کی طرح کا ایک پرندہ ۔

Fern bracken : (n) فرنوں کا جُھنڈ ۔

Fern brake : (n) فرن کی گھنی جھاڑی ۔

Fern chafer : (n) ایک طرح کا بھونرا ۔

Fern like : (n) فرن سے مشابہ خصوصاً پتوں میں ۔

Fern-owl : (n) ایک قسم کی ابابیل (جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ رات کو بکریوں کا دودھ پی جاتی ہے) ؛ چھوٹے کان والا اُلّو ۔

Fern seed : (n) فرن کا بیج جس کے بارے میں عام طور پر فرض کیا جاتا تھا کہ وہ نا قابل دید ہوتا ہے اور جس کے پاس ہوتا ہے اُسے بھی غیر مرئیت بخشتا ہے ۔

Fern tree : (n) فرن کا درخت ؛ درخت والا فرن ۔

Fern web : (n) ایک طرح کا بھونرا ۔

Fern weevil : (n) (آسٹریلیا یا پیسفک آئرلینڈ) ایک سونڈ دار کیڑا (کرم دانہ یا گھن وغیرہ) جو فرن پر ہی بسر کرتا ہے ۔

Ferned : (a) فرن سے بھرا ہوا یا ڈھکا ہوا ۔

Fernery : (n) فرن خانہ ؛ فرن کا گملا ؛ وہ مقام جہاں فرن کو لگایا جاتا ہو ؛ وہ جگہ یا شیشہ کا گملا جس میں فرن کے پودے اُگائے جاتے ہیں ؛ (نباتیات) کرف زار ۔

Ferngale : (n) فرن شیریں ۔

Fernless : (a) بےغیر فرن کا ؛ بے فرن ۔

Ferntlcle : (n) (عامیانہ) فرن کے بیج جیسا دھبا جو جلد پر ہوتا ہے ؛ جھائیں ۔

Ferntickled : (a) جس کی جلد پر فرن کے جیسا دھبا ہو ؛ جھائیں دار ۔

Ferny : (a) (۱) فرن دار ؛ فرن سے بھرا ہوا ۔ (۲) فرن کا ؛ فرن سے متعلق یا فرن پر مشتمل ۔ (۳) فرن کے مشابہ ؛ فرن کے مانند ؛ فرن جیسا ۔

Ferocious : (a) [L.'ferox'.] بے رحم ؛ خوں خوار ؛ خوں آشام ؛ درندہ صفت ؛ ظالم ؛ سفّاک ؛ ہلاکت خیز ؛ مضرت رساں ؛ تند خو ؛ آتش مزاج ؛ غضب ناک ؛ تخریب کار ؛ مخرّب ؛ تباہ کن ؛ نقصان پہنچانے والا ؛ جابر ؛ وحشی ؛ بربری ؛ (حیوانیات) خوں خوار درندہ ۔

Ferociously : (adv.) بے رحمی سے ؛ خوں خواری سے ؛ خوں آشامی سے ؛ سفّاکانہ ؛ تخریب کاری سے ؛ ہلاکت خیزی سے ؛ وحشیانہ ؛ جابرانہ ۔

Ferociousness : (n) بے رحمی ؛ خوں خواری ؛ درندگی ؛ خو ں آشامی ؛ تخریب کاری ؛ ہلاکت خیزی ؛ تند خوئی ؛ آتش مزاجی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ اشتعال ۔

Ferocity : (n) جوش ؛ جوشیلا پن ؛ تندخوئی ؛ غضب ناکی ؛ آتش مزاجی ؛ ظلم ؛ خوں خواری ؛ سفّاکی ؛ بربریت؛ وحشی پن ؛ غیر متمدنیت ؛ جابریت؛ بےرحمی ؛ درندگی ؛ درندہ پن ؛ (حیوانیات) بےرحمی؛ درندگی ؛ خوں خواری ۔

Feronia : (n) (نباتیات) (جنسیات) کیتھ۔

-ferous : (suffix.) [L. -fer] (۱) لاحقے کےطور پر صفت کے بعد لگایا جاتا ہے ؛ صفتی لاحقہ ۔ (۲) آور ؛ خیز ؛ انگیز ؛ دار ؛ (بہ طور لاحقہ) ۔

Ferox : (n) [L.'ferox.'] ایک بڑی قسم کی مچھلی ؛ ٹراؤٹ مچھلی جو بڑی جھیل یا تالاب کے میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے ۔

Ferrate : (n) [L.'ferrum'.] (کیمیا) فریک ایسڈ کا ایک نمک ؛ فریٹ ؛ نمک آہن ۔

Ferreous : (a) [L.'ferreus'.] (۱) آہن آمیز ؛ لوھے سے متعلق ؛ لوھے پر مشتمل یا لوھے کا حامل ۔ (۲) مثل آہن ؛ آہن جیسا ؛ لوھے جیسا ؛ (سختی میں) ؛ آہن نما یا آہن جیسا (رنگ) ۔ (۳) (کیمیا) آہنی ؛ آہن آمیز۔

Ferret : (n) [OFr. fuiret.] (۱) نیولے کی قسم کا ایک نیم پالتو جانور جو خرگوشوں اور چوھوں کو اُن کے بلوں سے بھگانے یا اُن کا شکار کرنے کیلئے پالا جاتا ھے ؛ خرگوش مار ؛ فیرٹ ۔ (۲) ڈھونڈھنےوالا ؛ کھوج لگانے والا ؛ جاسوس ۔ (۳) وہ طیّارہ جو راڈار اور اس کے سگنلوں کا پتا لگانے کیلئے مناسب آلات سے مُزیّن ھوتا ھے سُراغ لگانے والا طیّارہ ؛ سراغ جُو طیّارہ ۔ (٤) (کیمیا) فیریٹ ؛ (حیوانیات) نمس ؛ سفیدنیولا ۔

Ferret : (n) [Cf. it. 'fioretti'.] مضبوط ؛ ریشمی یا سوتی فیتہ ۔

Ferret : (v) (۱) فیرٹ جانور کے ذریعہ شکار کھیلنا ؛ خرگوش مار سے خرگوش کا شکار کرنا ۔ (۲) (فیرٹ کے ذریعہ)خرگوشوں، چوھوں وغیرہ کو سوراخوں اورزمین سے بھگا دینا۔ (۳) تعاقب کرنا ؛ ستانا ؛ تنگ کردینا ؛ ناک میں دم کردینا ؛ پیچھے پڑجانا ؛ بھگا دینا ۔ (٤) (کسی جگہ کو) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ سراغ لگانا (راز یا مجرم وغیرہ کا) ؛ چھان مارنا (کتاب ، مکان ، جیب وغیرہ) ؛ ڈھونڈ نکالنا ۔ (۵) out اور up کے ساتھ کھوج نکالنا ؛ دریافت کرلینا ؛ کھود کھود کر نکالنا ؛ روشنی میں یا منظر عام پر لےآنا ؛ پردے سے باہر لانا ۔

Ferret badger : (n) نیولے کی شکل یا قسم کا بچہ دینے والا جانور ۔

Ferret eye : (n) ایک تیز پرواز ہنس جس کی آنکھوں کے گرد سرخ دائرے ھوتے ہیں ۔

Ferret-polecat ; (n) پول کیٹ اور فیرٹ کے نسلی اختلاط سے پیدا شدہ ایک چالاک فیرٹ ؛ دوغلا فیرٹ ؛ مخلوط النسل خرگوش مار ۔

Ferreter : (n) فیرٹ کے ذریعے شکار کرنےوالا یا اُس کے ذریعہ خرگوشوں، چوھوں وغیرہ کا بھگا دینے والا ؛ تعاقب کرنے والا ؛ تلاش کرنے والا ؛ سُراغ لگانے والا ؛ دریافت کرلینے والا ؛ متلاشی ؛ متعاقب ؛ دریافت کنندہ ؛ سُراغ جُو ۔

Ferreting : (n) مضبوط ریشمی یا سوتی فیتہ ۔

Ferretout : (v) هوشیاری ، مستعدی ، انهماك اورچابك دستی کے ساتھ کسی چیز کا سُراغ لگانا ۔

Ferretto : (n) [L.'ferrum'.] گندھك یا سفید توتیا کے ساتھ کشتہ کیا ھوا تانبہ جو شیشوں کو رنگنے کے کام آتا ھے ۔

Ferrety : (a) (۱) فیرٹ کا یا فیرٹ جیسا ۔ (۲) چڑ چڑا ۔ (۳) جاسوسانہ ۔

Ferrid-/Ferr- : جزو ترکیبی جو لوھے کے (انتہائی قوت پیوستگی کا حامل) ھونے پر دلالت کرتا ھے ۔

Ferriage : (n) [f. ferri+age.] (۱) کشتی میں بھر کر یا سوار کرکے لے جانا ۔ (۲) کشتی کا کرایہ ۔

Ferric : (a) [L.ferrum+ic.] (۱) لوھے کا ؛ لوھے سےمتعلق ؛ لوھے سے نکالا ھوا ۔ (۲) (کیمیا) اس کا اطلاق ان مرکبات پر ھوتا ھے جن میں لوھا یا فولاد اپنی انتہائی قوت پیوستگی رکھتا ھو ، مثلاً فیرك ایسڈ ؛ ایک مفروضہ تُرشہ ($H_2 FeO$) جو ان نمکیات میں جنھیں Ferretes کہاجاتا ھے موجود سمجھا جاتا ھے؛ (کیمیا) فیرك ؛ آہنی ۔

Ferric alum : (n) (کیمیا) لوہ پھٹکری ۔

Ferricyan hydric acid/Ferricyanic acid : ایك طرح كا فولادی تُرشہ ($H_4 Fecy_6$) ۔

Ferricyanide : (n) فیری اُن ہائیڈرك ایسڈ کا نمك ؛ ایك قسم کے فولادی تُرشے کا نمك ۔

Ferricyanogen : (n) (Fecyz) ایك مفروضہ اساس جز مستقل جو Ferricyan hydric ایسڈ میں موجود سمجھا جاتا ھے ۔

Ferrier : (n) ناخدا ؛ کشتی کا نگہبان ؛ کشتی کی دیکھ بھال کرنے والا ؛ کشتی چلانے والا ؛ مانجھی ۔

Ferrier : (n) دیکھو Farrier

Ferrier's experiment : (n) (نفسیات وغیرہ) فیریر کا اختیار ۔

Ferriferous : (a) [L.'ferrum'+ (i) FERPUS.] آہن دار ؛ حامل آہن ؛ آہن خیز ؛ لوھےوالی ؛ جس میں سے لوہا نکلے ؛ جس میں لوہا موجود ھو ؛ آہنی ؛ (کیمیا) آہن خیز ؛ آہن دار ۔

Ferriferous rocks : (n) آہنی چٹانیں ؛ آہن دار چٹانیں ؛ آہن خیز چٹانیں ۔

Ferris : (n) [f. the name of G. W. G. 'Ferris' U. S . engineer.] چرخ ہنڈولے کا موجد امریکی انجینیئر جس نے ۱۸۹۳ء میں کولمبیا کی عالمی نمائش کےلئے شکاگو میں چرخ ہنڈولے (فیرس وہیل) کا ڈیزائن تیار کیا تھا ۔

Ferris wheel : (n) چرخ ہنڈولا (جو بچوں کی تفریح کے لئے ہوتا ھے جس کی شکل ایک بڑے پہیے کی سی ہوتی ھے اور جس میں بیٹھنے کی جگہیں بنی ہوتی ہیں اور جو عمودی حالت میں تیزی سے گردش کرتا ھے) ۔

Ferrite : (n) [L. 'ferrum'+ITE.] (۱) (معدنیات) لوھے کا غیر طبعی ہائیڈرو کسائڈ جس کے مرکبات غیر معین ہوتے ہیں ؛ فیرائٹ ۔ (۲) (کیمیا) فلزاتی اکسائڈ کے ساتھ لوھےکے اکسائڈ کا ایک مرکب؛ کچا لوہا ؛ کچدھات آہن ؛ فیرائٹ ۔

Ferro- : (comb.) [f. L.'ferrum'.] (۱) جزو ترکیبی بمعنی لوہا؛ آہن خصوصاً معدنیات کی ان قسموں کےناموں کے ساتھ آتا ھے جن میں لوہا موجود ہوتا ھے ۔ (۲) لوھے کے 'ferric' کی بجائے اب 'ferrous' مرکبات بنانے کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Anti ferro : ضد فیر و ۔

Ferro-alloy : (n) (کیمیا) لوھے کا بھرت ؛ فیرو بھرت ؛ (معدنیات) آہنی بھرت ۔

Ferro-aluminium : (n) (کیمیا) فیر و المونیم ۔

Ferro-calcite : (n) کیلسائٹ کی ایک قسم جس میں لو ھے کا کاربونیٹ ہوتا ھے اور جو ہوا لگنے پر بھورا ہوجاتا ھے ۔

Ferro-carbon : (n) (کیمیا) فیرو کاربن ۔

Ferro-chrome : (n) (کیمیا) فیرو کروم ۔

Ferro electirc : (a) (طبیعیات) فیرو برقی ؛ لوہ برقی ۔

Ferro electric material : (n) (طبیعیات) فیرو برقی مادہ ۔

Ferro electric properties : (n) (طبیعیات) فیرو برقی خواص ۔

Ferro electrics : (n) (طبیعیات) فیرو برقیات ۔

Ferro magnetic material : (n) (طبیعیات) فیرو مقناطیسی مادہ ۔

Ferro-paper : (n) (فوٹوگرافی)فیرو کاغذ ؛ عکس آہنی کا غذ ۔

Ferro-print : (n) (فوٹوگرافی) عکس آہنی چھاپہ ۔

Ferro unanium : (n) لوھے اور یورنیم پر مشتمل ایک خام دھات ۔

Ferro vandium : (n) [ferro + vanadium.] لوھے اور وینڈیم کا خام مرکب جو اسپات اور ڈھلائی کا لوہا بنانے کے کام آتا ھے ۔

Ferrocyanhydric acid/Ferrocyanic- : (n) ایک چہار اساسی ترشہ (H_4FeCy_2) جو سفید بلوری شکل کا ہوتا ھے ۔

Ferrocyanide : فیروسیانہائڈرک ایسڈ کانمک جیسےپوٹاشیم فیروسیانائڈ ۔

Potassium ferrocyanide : (n) پوٹاش کا زرد پروشیئیٹ ۔

Ferrocyanogem : (n) ایک مفروضہ جزو مستقل ($Fe\ Cy_2$) جو فیروسیانائڈ میں موجود سمجھا جاتا ھے ۔

Ferromagnetic : (a) مقناطیسی (یعنی وہ جو صرف magnetic ہو مگر Dia magnetic نہ ہو) ؛ مزید دیکھو Paramagnetic ؛ فیرو مقناطیسی ؛ لوہ مقناطیسی ۔

Ferromagnetism : (n) (طبیعیات) فیرو مقناطیسیت ؛ مزید دیکھئے Paramagnetism ۔

Ferromanganese : (n) لوھے اور مینگنیز کا مرکب (جس میں ۱۵فیصد اور اس سے زیادہ مینگنیز ہوتا ھے) ۔

Ferrometer : (n) (کیمیا) آہن پیما ۔

Ferronickle : (n) لوہا اور نیکل ملی ہوئی ایک خام دھات جو کبھی کبھی نیکل فولاد بنانے کے کام آتی ھے ۔

Ferrophosphorus : (n) لوھے اورفاسفورس کی ملی ہوئی خام دھات ۔

Ferroprussiate process : (n) بلوپرنٹ تیار کرنے کا عمل یا طریق عمل ۔

Ferrosilicon : (n) لوہا اور سیلیکون ملی ہوئی ایک خام دھات جس میں ۱۵ سے ۹۵ فیصد تک سیلیکون ہوتا ہے اور جو پگھلے ہوئے فولاد کو ڈی آکسیڈائزڈ کرنے اور سیلیکون اسٹیل بنانے کے کام آتا ہے۔

Ferroso- : (comb.) [mod. L.'ferrous'.] جزو ترکیبی بمعنی Ferrous -

Ferroso-ferric oxide : (n) فیروسوفیرک آکسائیڈ : لوہے کا ایک اکسائڈ (Fe_3O_4) -

Ferrotungsten : (n) لوہا جس میں معینہ مقدار میں ٹنگسٹن ملا ہوا ہو۔

Ferrotype : (n) [Ferro+Type.] (۱) ایک طریقہ جس کے ذریعہ لوہے کے باریک ورق پر مثبت تصویریں (پوزیٹو فوٹوگراف) اتاری جاتی ہیں : اس طرح عکس اتارنے کا عمل۔(۲) اس طرح اتارا ہوا عکس یا تصویر : (فوٹو) فیروٹائپ : ٹین ٹائپ۔

Ferrous : (a) [L.'ferrum'+OUS.] (کیمیا) ایک اصطلاح جس کا اطلاق ایسے مرکبات پر ہوتا ہے جن میں لوہے کے دو حصے ہوتے ہیں یا جن میں لوہا ایک divalent کی حیثیت سے ہوتا ہے؛ (مثلاً فیرس آکسائڈ) فیرس : آہنی۔

Ferrous oxide : (n) فیرس اکسائڈ : ایک مرکب جس میں لوہے کے جزو ہوتے ہیں (Feo) : زنگ۔

Ferrous sulphate : (n) (کیمیا) ہیراکسیس : زاج سبز۔

Ferroxyl indicator : (n) (کیمیا) فیروکزل مظہر۔

Ferruginate : (v) [L. 'ferrugo.'] (۱) لوہے کی رنگ یا خواص کو زنگ آلود کرنا۔(۲) لوہے کو مرکب سے بھر دینا یا رنگ دینا۔

Ferruginated : (a) زنگ آلودہ۔

Ferrugineous : (a) دیکھو Ferruginous

Ferruginous : (n) (۱) لوہے کے زنگ کا حامل یا اس کی نوعیت کا؛ زنگ آلود : زنگ نما : زنگ دار : لوہے کی نوعیت کا یا لوہے کا حامل : آہن نما : لوہے جیسا : مثل آہن : آہن دار : جس میں لوہا یا لوہے کا زنگ بطور ایک کیمیائی جزو کے پایا جائے۔(۲) لوہے کے زنگ جیسا (رنگ میں) لوہے کے زنگ جیسے رنگ کا : سرخی مائل بھورا : (کیمیا) لوہا بردار : حدیدی : آہن دار؛ (نباتیات) زنگاری : زنگ نما۔

Ferruginous : (n) سرخی مائل بھورا رنگ۔

Ferruginous-colour : (n) لوہا بردار رنگ۔

Ferruginous-quartz : (n) (کیمیا) لوہا بردار سنگ مردہ : لوہا بردار کوارٹز۔

Ferruginous roughleg/-legged hawk : (n) ایک قسم کا بڑا ہلکے رنگ کا اور کھردرا پیر والا شاہین یا باز۔

Ferruginous-sand stone : (n) (کیمیا) لوہا بردار رتیلا پتھر۔

Ferrule/Ferrel : (n) [L.'firiola'.] (۱) دھات کی بنی ہوئی رنگ یا ٹوپی جو چھڑی یا نلکی وغیرہ کے سرے پر مضبوطی کے لئے یا اُسے پھٹنے سے بچانے کےلئے لگائی جاتی ہے : لکڑی یا چھڑی کی شام یا نلی کا سرا۔(۲) کوئی بھی حلقہ یا اس طرح کا بندھن جو کسی چیز کی مضبوطی کےلئے یا کسی چیز کے ٹکڑوں کو بہم بستہ رکھنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔(۳) (اسٹیم انجن) ایک سوراخ دار ڈاٹ ، چھلا یا بُش جو دود کش یا بوائلرمیں پانی تک گرمی پہنچانے والی نلی کےمنہ کو پھیلانے کےلئے لگائی جاتی ہے۔(٤) (تاریخ) شام (چھڑی ڈنڈے وغیرہ کی) : چوڑی کا جوڑ : انگشتانہ : (تشریح) حلقہء دندانی۔

Ferrule/Ferrel : (v) چھڑی ، نلکی وغیرہ میں چھلا (رنگ) یا ٹوپی (کیپ) لگانا۔

Ferruled : (a) چھلے دار : ٹوپی دار : چھلاً یا ٹوپی لگی ہوئی (چھڑی یا نلکی)۔

Ferrum : (n) (کیمیا) حدید : آہن : لوہا (عُنصر ، دھات)۔

Ferry : (n) [f.the V.] (۱) وہ جگہ جہاں کشتیوں کے ذریعہ مال اور آدمیوں کو دریا وغیرہ کے اُس پار لے جایا جاتا ہے : کشتیوں کی گذرگاہ۔(۲) کشتیوں کے ذریعہ ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک آمد ورفت کی مناسب جگہ یا موقع : گھاٹ : کشتیوں کا اڈا۔(۳) (قانون) آدمی اور جانوروں کو کشتیوں کے ذریعہ ندی وغیرہ کےپار لانے لیجانے اور اس کام کےلئے محصول لگانے یا وصول کرنے کا حق : کشتی پر اتارنے یا لیجانے کا حق : کشتی کا محصول وصول کرنے

Ferry-place : (n) دریا وغیرہ پار کرنے والی کشتیوں کو ٹھہرنے کےلئے استعمال کی جانے والی یا قابل استعمال جگہ -

Ferry-push-car : (n) ایک لمبی چپٹی کار جو بہت زیادہ ڈھلواں جگہوں پر جہاں انجن کا کام کرنا مشکل ہوتا ھے ، انجن اورڈبوں کے درمیان ایک پُل کے طور پر استعمال ہوتی ھے -

Ferry railway : (n) ایساریلوے جس کی پٹری دریائی راستے کی تہ میں ہوتی ھے اور جس کی گاڑی کےلئے ایک بلند عرشہ ہوتا ھے جو ٹرین کو سہارا دیتا ھے -

Fersmanite/Fersmannite : (n) [f. Aleksaudr E. 'fersman,' Russ. mineralogiot.] $(N_a C_a)_2 (Ti, C_b) S_i (O.F)_6$ ایک قسم کی دھات جو سوڈیم ، کیلشیم ؛ ٹیٹینیم اور کولمبیم سلیکیٹ کے فلورائڈ پر مشتمل ہوتی ھے -

Fersmite : (n) [as. pree.] ایک قسم کی دھات $C_a C_e. (C_b, T_i)_2 (O, F)_6$ جو سیریم اور ٹیٹینیم کے ساتھ کیلشسم اور کولمبیم کے اکسائڈ اور فلورائڈ پر مشتمل ہوتی ھے -

Fertile : (a) [L.f. 'ferre'.] (۱) کثرت سے پیدا کرنے والا : کثیر التولید : کثیر بار آور ؛ بار آور ؛ مثمر ؛ ثمر آور ؛ بچہ خیز ؛ کثیر زا ؛ ثمر خیز ؛ بہتات سے پیدا کرنے والا ؛ زرخیز - (۲) زرخیزی لانے یا بڑھانے والا ؛زرخیز کن - (۳) ذکی ؛ حاضر دماغ ؛ سوجھ بوجھ والا ؛ خیال و تصور کی بھر پور قوت کا حامل ؛ رسا (دماغ، ذہن وغیرہ) ؛ تخلیقی؛ ایجادی؛ اختراعی -(٤) کثیر؛ وافر ؛ بہ افراط ؛ فراواں ؛ بھرپور - (٥) نمو خیز ؛ نشو و نما یا ترقی کےلئے موافق حالات یا بہت زیادہ امکانات مہیا کرنے والا -(٦) (بیج یا انڈا) لائق نمو ؛ اپجاؤ ؛ بار آور ؛ ثمر آور ؛ ثمر خیز- (۷) حامل زر (زیرہ٭ گل) -(۸) تخمک یا حامل تخمک عضو کو نمو دینے یا بڑھانے والا -(۹) حاملہ ہونے یا بچہ جننے کی صلاحیت رکھنے والی ؛ نطفہ قبول کرنے یا بچہ جننے کے لائق - (۱۰) صلاحیت تولید کا حامل (مرد) ؛ قوی الباہ ؛ قوی النطفہ ؛ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا - (۱۱) (جنسی دور) جس میں ایک یا زیادہ (زندہ رہنے کے لائق) انڈے پیداہوں -(۱۲) انڈا دینےوالی (شہد کی مکھی) - (۱۳) تولیدی اشتقاقی مادے میں بدلے جانے کے لائق (جیسے F. uranium) - (١٤) (حیوانیات) زرخیز؛ (حیاتیات) بارآور؛ (زراعت) زرخیز ؛ خصب ؛ (طبیعیات) تاب ور ؛ تاب پذیر -

کا حق ؛ گھاٹ اترائی - (٤) کسی سمندر یا بر اعظم کے پار سامان پہنچانے کےلئے ایک منظم ہَوائی سروس یا فضائی راستہ ؛ آدمی یا سامان کی ہَوائی نقل و حرکت (ایک جگہ سے دوسری جگہ تک) - (٥) معبر ؛ گھاٹ (الکٹرانچ) فیری (بھرت) -

Ferry : (v) [OTeut.'farjan'.] (۱) ناؤ یا کشتی کے ذریعہ پار اُتارنا یا لے جانا (آدمی ، سامان وغیرہ) - (۲) (کشتی وغیرہ کا) دریا پر ادھر اُدھر جانا آنا - (۳) جانا ؛ ناؤ یا کشتی کے ذریعہ دریا پار کرنا یا ہونا ؛ کشتی میں سوار ہوکر دریا پار کرنا -(٤) (کشتی وغیرہ کا) دریا میں چلانا یا اُس کا انتظام کرنا -(٥) (ہَوائی جہاز کا) کارخانے یا بندرگاہ سے ڈیلیوری کی جگہ تک یا ایک اڈے سے دوسرے اڈے تک پرواز کرنا - (٦) ہَوائی جہاز کے ذریعہ مال کی نقل و حمل کرنا -

Ferry-boat : (n) مسافر کشتی ؛ مسافروں کو دریا یا کسی آبنائے کے پار لے جانے لانے والی کشتی -

Ferry bridge : (n) (۱) ایک قسم کی کشتی جس میں ریلوے ٹرین دریا یا خلیج کے اس پار لائی لے جائی جاتی ھے ؛ ریل گاڑی کو دریا پار کرانے والی کشتی -(۲) ایک معلق یا تیرتا ہوا ڈھانچہ جو گھاٹ سے لچکیلے طور پر بندھا ہوا ہوتا ھے اور جس سے کشتی کو آنے جانے میں سہولت ہوتی ھے -

Ferry car : (n) ایک ریل روڈ کار جو عموماً بڑے کارخانوں میں حدود کے اندر جابہ جا جہاز سے آتے ہوئے مال کی تقسیم یا لادے جانے والے مال کو جمع کرنے یا اسے کارخانے میں لےجانے یا وہاں سے لانے کے لئے استعمال کی جاتی ھے -

Ferry-electric : (a) فیری برقی -

Ferry-flat : (n) کرائے کی کشتی کےطور پر استعمال ہونےوالی ایک چپٹے پیندے کی کشتی -

Ferry-house : (n) (۱) خانہ٭ نا خدا ؛ کشتی کی نگہبانی یا دیکھ بھال کرنے والے کے رہنے کا مکان - (۲) جہاز گھاٹ پر بنا ہوا وہ مکان نما ڈھانچہ جس پر عموماً ٹکٹ آفس ؛ ویٹنگ روم اور مسافروں کے لئے دیگر سہولتوں کا انتظام رہتا ھے -

Ferry man : (n) دیکھو Ferrier

Fertile cell : (n) (حیوانیات) زرخیز خلیہ ۔

Fertile crescent : (n) (تاریخ) ہلا ل زرخیز ۔

Fertilely : (adv.) زرخیزی سے ؛ بار آوری سے ؛ کثیر زائی سے ؛ بچہ خیزی سے ؛ ثمر خیز طور پر ؛ تخلیقی یا اختراعی طور پر ؛ رسا ہو کر ؛ کثرت سے ؛ افراط سے ؛ بھر پور طور پر ۔

Fertileness : (n) (۱) زرخیزی ؛ بار آوری ؛ ثمر خیزی ؛ کثیر زائی ؛ پیداواریت ؛ جننے یا پیدا کرنے کی صلاحیت ؛ صلاحیت تولید یا تولیدی صلاحیت ؛ پودوں کی نشو و نما کےلئے ضروری غذا یا حالات مہیا کرنے کی صلاحیت ؛ مخصوص پیداواری صلاحیت ؛ قوت پیداوار ؛ پیداواری طاقت ۔ (۲) شرح تولید یا تولیدی شرح (کسی آبادی کی) ؛ (تجارت) زرخیزی ؛ (حیوانیات) زرخیزیت ؛ (زراعت) زرخیزی ؛ خصب ؛ (حیاتیات) باروری ۔

Fertility : (n) دیکھو Fertileness

Fertility : (a) (۱) زرخیزی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مسلک زرخیزی کا یا اس سے متعلق نیز متعلق نیز زمین اور اس پر بسنے والے حیوان اور انسان کی زرخیزی یا قوت پیداوار میں اضافہ کرنے کا یقین کیا ہوا ۔

Fertility cult : (n) (۱) مسلک زرخیزی ، پودے ، جانور اور انسان کی زرخیزی یا کثیر زائی کےلئے فطرت کی پرستش کرنے کا ایک طریقہ ۔ (۲) اس طریقے کے پیروؤں کی جماعت ۔

Fertility gradient : (n) (شماریات) زرخیزی ڈھلان ۔

Fertility meter : (n) (زراعت) خصب پیما ۔

Fertility rate : (n) (تجارت) شرح زرخیزی ؛ شرح بار آوری ۔

Fertilizability/Fertilisability : (n) بار آور ہونے یا کئےجانے کی صلاحیت ؛ صلاحیت حمل ؛ صلاحیت بار آوری ؛ خصوصاً وہ مدت جب انڈا یا بیضہ حیوانیہ نطفہ قبول کرنے یا عمل بار آوری میں مؤثر طور پر حصہ لینے یا تعاون کرنے کے لائق ہوتا ہے ۔

Fertilizable/Fertilisable : (a) لائق زرخیزی ؛ زرخیز کئے جانے کے لائق ؛ قابل حمل ؛ لائق بار آوری ؛ بار آور ہونے یا نطفہ قبول کرنے کے لائق ؛ زرخیزی پذیر ؛ جسے زرخیز بنایا جاسکے ۔

Fertilization/Fertilisation : (n) (۱) زرخیز بنانے یا ہونے کا عمل یا طریقہ ؛ زرخیز بنانا یا ہونا ۔ (۲) (حیوانیات) حاملہ کرنا ؛ بارور کرنا ؛ بار آوری (خاص کر نباتیات میں) ؛ (حیوانیات) باروری ؛ (حیاتیات) دو گمٹی ملاپ ؛ جُفتہ سازی ؛ (نباتیات) اخصاب ؛ زرخیز سازی ۔

Fertiliztion cone : (n) بار آور مخروطہ ؛ داخل ہونے والا ۔

Fertilization membrane : (n) ایک جھلی نما مزاحم تہ جو بیشتر انڈوں کی سطح سے ، ایک حیوان منویہ کے داخل ہونے کے فوراً بعد جدا ہوتی ہے اور اس طرح ایک سے زیادہ حیوان منویہ کے دخول کو مانع ہوتی ہے ۔

Fertilize : (v) (۱) زرخیز کرنا یا بنانا ؛ زمین کو پیداوار کے قابل بنانا ؛ قابل زراعت کرنا ۔ (۲) (حیاتیات) (پودوں کےمادہ خلیے ، کسی انڈے ، کسی مادہ یا مادہ عضو میں) نر عنصر کو داخل کرکے اسےبارور کرنا ؛ مثمر کرنا ؛ ثمرور کرنا ؛ پھل دار بنانا ؛ میوے دار بنانا (خاص کر نباتیات میں) ؛ بار آوری کا باعث ہونا ۔ (۳) (جنسی مخالف کے جرثومی خلیے کا) بار آوری میں معاون ہونا ۔ (٤) اکسانا؛ بڑھانا؛ ترقی دینا؛ تحریک دلانا؛ بڑھاوا دینا ۔ (٥) کسی شے کو بارور کرنا یا زرخیز بنانا خاص کر زمین میں کھاد ڈالنا؛ (حیوانیات) زرخیز بنانا ؛ بارور کرنا ۔

Fertilized : (a) (حیاتیات) بارور؛ (زراعت) خصیب ۔

Fertilized egg : (n) (حیوانیات) بارور شدہ بیضہ ۔

Fertilizer : (n) (۱) کھاد ؛ زمین کو زرخیز بنانے والی چیز ؛ زرخیزبنانے والا ۔ (۲)مثمر یا بارور کرنے والا؛ بار آور ؛ نمو بخشنے والا ؛ ذہن کی تخلیقی صلاحیتوں کوبڑھانےوالا؛ پودوں کوبارور کرنے والا عامل یازیرہ٭ گل ؛ (کیمیا) کھاد؛ (حیاتیات) بارور ساز ؛ (زراعت) زرخیز گر ؛ کھاد ۔

Artificial fertilizer : (کیمیا) مصنوعی کھاد ۔

Chemical fertilizer : (کیمیا) کیمیائی کھاد ۔

Mineral fertilizer : (کیمیا) معدنی کھاد ۔

Natural fertilizer : (کیمیا) قدرتی کھاد ۔

Potash fertilizer : (کیمیا) پوٹاش کی کھاد ۔

Fertilizer analysis/-grade : (n) (۱) کسی مخلوط یا مرکب (مثلاً کسی مقوی دوا یا حیوانی غذا) میں موجود تمام عامل اجزا کی مقدار یا فیصد کی تفصیل ۔ (۲) مصنوعی کھاد میں نائٹروجن، فاسفورك ایسڈاورپوٹاش کی فی صد مقدارکی تفصیل ۔

Fertilizin : (n) ['fertilize +in'] (کسی انڈے سے پیدا شدہ ، حیوان منویہ کو چپکالینےوالاایك لیسدار مادہ جو استقرارحمل یا بارووری کےابتدائی مراحل میں ایك اہم رول ادا کرتا ھے ۔

Feru : (n) [yoruba.] افریقہ کے ایك درخت سے نکالا جانے والا ریشہ جو رسّے بنانے کے کام آتا ھے ۔

Ferula : (n) [L.] (۱) (نباتیات) سونف ؛ بڑا سویا ؛ جنس ہینگ ۔ (۲) (طالب علموں کو) سزادینے کی قمچی ؛ لاٹھی ؛ چھڑی ؛ ڈنڈی ؛ پھٹی وغیرہ ۔ (۳) (جراحی) لکڑی کی ایك لمبی کھپچی (جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کی مرہم پٹی کے بعد اوپر باندھ دی جاتی ھے) ۔

Ferula Asadulcis : (n) (نباتیات) انجدان ۔

Ferula Asafetida : (n) (۱)(نباتیات) ہینگ ؛ حلتیت ۔ (۲) (نباتیات) شجرِ ہینگ ۔

Ferula Galbaniflua : (n) (نباتیات) باریجہ ؛ جواشیر ۔

Ferula kurdica : (n) (نباتیات) بیوزہ ۔

Ferulaceous : (a) سونف یا بڑے سوئے کے مشابہ ؛ سونف جیسے ڈنٹھل والا ۔

Ferulaic/Ferulic : (a) Ferul (a) ic acid دیکھو

Ferulic acid : - $C_{10} H_{10} O_{40}$ ایك طرح کا سفید بلوری ترشہ

Ferule : (n) [L.'ferula.'] (۱) (نباتیات) سونف ؛ بڑا سوا ؛ جنس ہینگ ۔ (۲) (طالب علموں کو) سزا دینے کی قمچی، لاٹھی، سونٹا، چھڑی، ڈنڈا، پھٹی وغیرہ ۔ (۳) پھٹی یاقمچی سے دی جانے والی سزا ۔ (٤) مکتبی تادیب ۔

Ferule : (v) قمچی یا سونٹے سےمارنا ۔

Fervency : (n) [L.'ferventem.'] (۱) گرم یا دہکتا ہوا ہونے کی حالت یاصفت؛ شدّت حرارت(شاذ) ۔ (۲) (مجازاً) دماغ کی گرمی ؛ جوش عقیدت ؛ جوش ؛ ولولہ ؛ ذوق شوق ؛ چاہت ؛ گرمجوشی ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ گرمیء جذبات ۔

Fervent : (a) [L.f.'fervera'.] (۱) گرم ؛ جلتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ جوش کھاتا ہوا ؛ اُبلتا ہوا ۔ (۲) تند مزاج ؛ تیز مزاج ؛ آتشیں مزاج (شخص وغیرہ) ۔ (۳) بےحد مشتاق؛ مستعد؛ سرگرم ؛ پُرجوش (شخص وغیرہ) ۔ (٤) (جھگڑا، تکرار، ہنگامہ وغیرہ کے لئے) غضبناك ؛ پُرجوش ؛ پُرغیظ ؛ زوردار ؛ اشتعال انگیز ؛ جذبات کو برانگیختہ کرنے والا ؛ مشتعل ؛ برانگیختہ ؛ غیظ انگیز ۔

Fervently : (adv.) (۱) اُبلتے ہوئے ؛ جوش کھاتےہوئے ؛ دہکتے ہوئے؛ گرمی سے ۔ (۲) تند مزاجی سے ؛ بےانتہا مشتاق ہوکر ؛ سرگرمی کے ساتھ ؛ پرجوش طورپر ؛ مشتعل اندازمیں ؛ شوق سے؛ گرم جوشی سے ۔

Ferventeness : (n) (۱) گرمی؛ حرارت ؛ جوش ؛ اُبال ۔ (۲) تند مزاجی؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ جوش ؛ مستعدی ۔ (۳) غضبناکی ؛ اشتعال ؛ برانگیختگی؛ اشتعال انگیزی ۔

Ferveous : (a) پُر جوش ؛ سرگرم ؛ مشتاق ۔

Fervescent : (a) [L.'fervescere'.] گرم ہوتاہوا؛ جوش میں آتا ہوا ؛ سُلگتا ہوا ۔

Fervid : (a) [L. f. 'fervere'.] (۱) (عروض و شعر) جلتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ اُبلتا ہوا ؛ بہت گرم ؛ سوزاں ؛ تاباں ؛ ملتہب ۔ (۲) (مجازاً) پُرجوش ؛ برانگیختہ ؛ مشتعل؛ تمتاتا ہوا ۔ (۳) مشتاق ؛ حریص ؛ آرزومند؛ بااشتیاق ؛ پُرشوق ۔

Fervidity : (n) شدید حرارت یا حدت ۔

Fervidly : (adv.) (۱) سوزاں طورپر ؛ اُبلتے ہوئے ؛ دہکتے ہوئے ؛ سرگرم طورپر ؛ برانگیختگی سے ؛ پُرجوش انداز میں مشتعل ہوکر ؛ ؛ مشتاقانہ اور آرزومندانہ ۔

Fervidness : (n) (۱) حرارت ؛ گرمی ؛ سوزش ؛ تپش ؛ حدت ؛ اُبال ؛ التہاب ۔ (۲)جوش ؛ انگیختگی ؛ اشتعال؛ اشتعال انگیزی ۔ (۳) اشتیاق ؛ آرزومندی ؛ ذوق شوق ۔

Fervour/Fervoor : (n) [L.'fervere.'] (۱)تپش ؛ حرارت؛ گرمی ؛ شدید حرارت ۔ (۲) سرگرمی ؛ جوش ؛ شوق ؛ شغف ؛ تندی ۔ (۳) (طب) گرمی ؛ سوزش ؛ حرارت تپ ۔

Fesapo : (منطق) چوتھی قیاس منطقی کی چوتھی ضرب (جس میں ایک عام منفی کبریٰ اور ایک عام مثبت صغریٰ کے ملنے سے ایک خاص منفی نتیجہ برآمد ہوتا ہے) کی نمائندگی کرنے والا ایک لفظ جو اصول بالا کو یاد رکھنے کےلئے استعمال کیا جاتا ہے ؛ (نفسیات) فیساپو ۔

Fescennine : (a) [L.f. 'fescennia.'] ہجو آمیز ؛ طعنہ آمیز اشعار یا گیت ؛ فحش، بیباک اشعار یا گیت ؛ شادیوں میں گائی جانے والی گالی ۔

Fesciles of isoglosses : (لسانیات) لسانی خطوط فاصل کا مجموعہ ۔

Fescue : (n) [L. 'festuca.'] (۱) لکڑی یا تنکا جس سےپڑھاتے وقت بچوں کو حرف وغیرہ بتاتے ہیں ۔ (۲) بربط بجانے کا مضراب یا زخمہ ۔ (۳) ایک قسم کی گھاس ۔

Fescue foot : (n) جانوروں کے پاؤں کی ایک بیماری ۔

Fesse : (n) [L.'fascia.'] (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ دو افقی خطوط ۔

Party per fesse : (ڈھال کےلئے) بیچ سے ایک افقی خط کے ذریعہ دو حصوں میں منقسم کی ہوئی ۔

Fesse : (n) (عامیانہ) ایک ہلکا نیلارنگ ۔

Fesse-point : (n) ڈھال یا جہاز کی پُشت کا صحیح مرکز ۔

Fesse-ways/-wise : (n) افقی طورپر ؛ افقی سمت میں ؛ افق کے متوازی ۔

Festa : (n) [It.] عید ؛ تیوہار ؛ مذہبی جشن ؛ شاندارضیافت ؛ چھٹی کا دن ۔

Festal : (a) [L. 'fostum.'] (۱) جشن کاءجلسے کا ؛ تیوہار کا ؛ تقریب کا؛ تقریبی ۔ (۲) بشاش ؛ خوش وخرم ؛ بارونق ؛ خوشی و خرمی کا ؛ مسرت کا ۔ (۳) جشن یا تیوہار کے شایان شان ؛ تیوہار جیسا ۔

Festal : (n) : جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ عیش وعشرت ؛ چہل پہل ؛ خوشی وخرمی ؛ رونق ۔

Festally : (adv.) جشن کے طورپر ؛ خوشی وخرمی ؛ جلسہ مناتے ہوئے ۔

Fester : (n) [L.'fistula.'] (۱) (قدیم معنوں میں) نالی دار زخم یاناسور ۔ (۲) (موجودہ) پکتاھوا یا ٹیس مارتا ہوا زخم ؛ پھوڑا (جس میں مواد بھرا ہو) فساد جلد ؛ جراحت ۔ (۳) سوزش ؛ سڑن ۔ (٤) (طب) چرک ؛ پیپ دار پھوڑا ۔

Fester : (v) : (۱) (زخم یاپھوڑے کا) پک جانا ؛ مواد سےبھرجانا؛ پیپ پڑجانا؛ گھاؤ کا پک جانا ۔ (۲) ٹیس مارنا؛ سوزش ہونا ۔ (۳) سڑجانا ؛ گل جانا ؛ متعفن ہونا ؛ خراب ہونا ؛ بگڑنا ۔ (٤) جلنا ؛ کڑھنا ۔ (٥) (تیز زہر وغیرہ کا) اپنے ارد گرد کے حصے کو زہر آلود کردینا ؛ پکا دینا ؛ ٹیس پیدا کرنا یا کردینا (نیزمجازاً) ۔ (٦) (مجازی معنوں میں) سڑن پیدا کرنا ؛ پکادینا ؛ پکنے کا باعث ہونا ؛ ٹیس پیدا کردینا ۔

Festerment : (n) پکنے، سڑنے یا پیپ پڑنے کی حالت یا اس کاعمل ؛ سوزش ؛ سڑن ؛ فساد؛ (بول چال میں) متعفن تو دہ ؛ عفونت ؛ سڑتا ہوا ڈھیر ؛ غلاظت کا انبار ۔

Festilogy/Festology : (n) [L.'festum.'] کلیسائی تیوہاروں کا رسالہ یا کتابچہ ۔

Festinate : (v) [L.'festinatus.'] جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ رفتار بڑھانا ؛ جلد تر کرنا ؛ تیزی لانا ۔

Festinately : (adv.) جلد بازی سے ؛ عجلت سے ؛ تیزی سے ۔

Festination : (n) عجلت ؛ جلدبازی ؛ تعجیل ؛ (طب) بسع ؛ تُند قدمی ۔

Festino : (n) (منطق) دوسرے قیاس منطقی کی تیسری ضرب (جس میں عام منفی کبریٰ اور خاص مثبت صغریٰ مل کر ایک خاص منفی نتیجہ پیدا کرتے ہیں) کی نمائندگی کرنےوالا ایک لفظ جو اصول بالا کو یادرکھنے کےلئےاستعمال کیا جاتا ہے ؛ (نفسیات) فیسٹینو ۔

Festival : (n) [L.'festivus.'] (۱) عید ؛ تیوہار ؛ جشن ؛ رنگ رلیاں ؛ جلسہ؛ خوشی کی تقریب ؛ خوشی منانے کا دن ؛ جشن عید ؛ سرور ؛ شادمانی ۔ (۲) گانےبجانے کی محفل ؛ محفل سرود ؛ محفلِ رقص وسرود ۔ (۳) (سماجیات) تیوہار ۔

Royal festival : (سیاسیات) جشن ۔

Festival : (a) جشن کا ؛ عید کا ؛ تیوہار کا ؛ جشن عید یا تیوہار سے متعلق ؛ روز عید جیسا ؛ روزجشن کی مثل ۔

Festive : (a) [L.'festivus.'] (۱) مثل جشن ؛ عید جیسا؛ سرور آمیز؛ خوشی آور ؛ سرور انگیز ؛ خوش ؛ شادماں ؛ بشاش ؛ خوش و خرم ۔ (۲) جشن یا جلوس یا جلسے کا ؛ تیوہار کا ۔ (۳) کھانے کھلانے کا شوقین ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ؛ جشنی ؛ ضیافتی ؛ یارباش ۔

The festive season : کرسمس کا موقع ؛ عیدکا ہفتہ ؛ ۲٤/ دسمبر سے شروع ہونے والا ہفتہ یا عشرہ ۔

Festively : (adv.) بطور جشن ؛ عید کی طرح کا ؛ شادمانی کے ساتھ ؛ بشاشت سے ؛ ہنسی خوشی سے ؛ زندہ دلی سے ؛ خوش طبعی سے ۔

Festivity : (n) (۱) (تحریر وغیرہ میں) شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ خوش اسلوبی ؛ سلاست ۔ (۲) شادی ؛ جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ ہنسی خوشی ؛ مذاق ؛ دل لگی ؛ خوش طبعی ؛ شگفتہ مزاجی ؛ زندہ دلی ؛ رنگ رلیاں ؛ شادمانی ؛ عیش وعشرت ؛ ضیافت ؛ خوشی وخرّمی ۔ (۳) پُرمسرت موقع ؛ خوشی کی تقریب ؛ تقریب شادی ؛ شاندار ضیافت ؛ جشن کا روز ؛ روز جلوس ؛ تیوہار کا دن ۔ (٤) (جمع میں) جلسے یا جشن کی کاروائی یا روداد ۔

Festivous : (a) مسرور ؛ شادماں ؛ خوش ؛ بشاش ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ رنگیلا ؛ ضیافتی ؛ کھانے کھلانے کا شوقین ۔

Festoon : (v) [Fr. 'feston.'] (۱) ہار یا زنجیر کو دو نقطوں کے درمیان انحنائی شکل میں لٹکانا یاٹانکنا ۔ (۲) ہاروں یا زنجیروں سے یا ان کی مثل آراستہ کرنا ؛ گل کاری کرنا ؛ پھول کی طرح کرنا ۔ (۳) فیسٹون یا تورن بنانا ؛ فیسٹون کی شکل میں رکھنا ۔ (٤) فیسٹون یا تورن کے ذریعہ دونقطوں کو ملانا یا جوڑنا ۔ (۵) (دندان سازی) دانت کے اوپر بنے ہوئے مصنوعی سونے کے دانت کو اس طرح بنانا کہ بافت کے پیچ وخم سےمل جائیں اور اس کے ساتھ ایک ہو جائیں ۔ (٦) مصنوعی دانت کو دانت کی جڑ میں یا اس کے سامنے اس طرح ڈھالنا کہ قدرتی مسوڑھے سے بالکل مشابہ ہوجائیں ۔

Festoon : (n) [It.festone.] (۱) پھولوں کاہار ؛ پتوں اورپھولوں کا ہار ؛ گلبند ؛ ہلال گل ؛ فیتوں اور پھولوں کا بنایا ہوا ہار جو کسی بلند مقام (دیواریا دروازےوغیرہ) پر لٹکایا جائے ۔ (۲) (تعمیرات) پھولوں یا پتوں کا ہار یا زنجیر جو دونقطوں کے درمیان انحنا کی شکل میں لٹکی ہوئی ہو ؛ اسی طرح کا کندہ کیا ہوا یا ڈھالا ہوا آرائشی ہار ؛ تورن ؛ عمارت وغیرہ میں اس قسم کے کندہ کئے ہوئے ہار (تو رن) وغیرہ ۔ (۳) (طیوریات) شکرے یا باز کی چونچ کا آگے نکلا ہوا حصہ ۔ (٤) (تاریخ) جھالر ؛ بیل بوٹا ۔

Festoonery : (n) ہار ؛ تورن ؛ مالا کی طرح بنی ہوئی یا رکھی ہوئی چیزیں ۔

Festoony : (a) تورن کا یا اس سے متعلق یا اس کےمانند ۔

Festucine : (a) [L.'festuca.'] (۱) پیال نما رنگ کا ؛ زردی مائل رنگ کا ۔ (۲) چھپٹیوں جیسی ٹوٹ پھوٹ کےلئے ایک صفت ۔

Fet : [OE. 'fetian.'] (عامیانہ) Fetch (v) کا مترادف ۔

Feta : (n) [It. 'fetta.'] بھیڑ یابکری کے دودھ سے تیار کیاھوا پنیر جو نمک زدہ ہو ۔

Fetal : (a) جنینی ؛ جنین سے متعلق ؛ (نباتیات، حیوانیات) جنینی ۔

Fetalism : (n) (حیوانیات) جنینیت ۔

Fetalization : (n) مرحلۂ جنینی (حیوان اور انسان) ۔

Fetation : (n) حمل ؛ رحم میں جنین کی موجودگی ؛ (طب) حمل ؛ نموئے جنین ۔

Fetch : (n) [origin unkn.] ہم زاد ؛ سایہ ؛ طیف ؛ پیکر خیالی ؛ وہمی صورت ؛ روح ۔

Fetch : (n) [f. fetch (C).] (۱) اُٹھالانے یا لے آنے کا عمل (شخص یا چیز کو) ؛ آنسو نکالنے، آہ بھرنےاور سانس لینے کا عمل ؛ خوش کرنے یا راغب کرنے کا عمل ۔ (۲) سخت محنت ؛ کوشش یا جاں فشانی ؛ سعی بلیغ ؛ طویل جد وجہد ۔ (۳) حیلہ ؛ داؤ پیچ ؛ عیّاری ؛ چال ؛ چال بازی ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ مغالطہ ۔ (٤) (جہاز رانی) جہاز کے رخ پھیرنے کا عمل (کسی خلیج یا کھلے سمندر کی) ایک نقطہ سے دوسرے نقطے تک مسلسل پھیلاؤ کا خط ۔ (۵) (برطانیہ بول چال) آواز کا بیٹھنا یا پکڑنا خصوصاً اُکھڑی اُکھڑی سانس ؛ اندر کھینچی ہوئی سانس نیز ضیق نفس ؛ سانس لینے میں تکلیف ۔ (٦) سبک رفتاری ؛ بہاؤ ؛ سبک پروازی ۔

Fetch : (v) [OE. 'fece (e) an.'] (۱) لے آنا ؛ لانا ؛ اُٹھالانا ؛ تلاش کرکے لانا(شخص یا چیز کو) ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا یا لے جانا، لے آنا ۔ (۲) نکالنا ؛ خارج کرنا (آنسو، خون وغیرہ) ۔ (۳) (کسی چیز کا) نفع ملنا ؛ بکنا ؛ قیمت آنا؛ قیمت پر اُٹھنا یا اُٹھانا ۔ (٤) کشش میں آنا ؛ کھنچتے چلے آنا ۔ (۵) (بول چال میں) چرانا ؛ چوری کرنا ؛ لےبھاگنا ؛ بھگالے جانا ؛ اُڑالے جانا ؛ لے آنا ۔ (٦) (بعید) منبع سے کھینچ لانا (شاذ) ۔ (۷) (سانس) لینایا کھینچنا؛ (آہ) بھرنا؛ کراہنا ؛ کراہ کی آواز نکالنا ؛ (مچھلی کا جال) کھینچنا ۔ (۸) (گھونسہ) رسید کرنا ؛ مارنا ؛

(۳) یاد کرنا ؛ واپس بلانا ؛ بازطلبی کرنا ؛ یاد دلانا ۔ (٤) بنانا ؛ پوراکرنا ۔ (٥) (جہاز رانی) آنا ؛ پہنچنا ؛ (کسی جگہ) ۔ (٦) ٹھہرانا ؛ روک لینا ؛ کھینچ لینا ۔

Fetch-water : (n) آب آور ؛ پانی نکالنے والا ؛ پانی لانے والا ؛ وغیرہ ؛ بہشتی ؛ سقا ؛ آورندہء آب ۔

Fetcher : (n) لانے والا ؛ کھینچنے والا ۔

Fetching : (a) دل کش ؛ دل فریب ؛ تحسین آمیز ؛ جالب ۔

Fetchingly : (adv.) دل فریبی سے ؛ تحسین آمیز طور پر ؛ دل کشی سے ۔

Fete : (v) (۱) کسی کے اعزاز میں دعوت کرنا؛ ضیافت دینا؛ دعوت دینا ؛ خاطر مدارا ت کرنا ۔ (۲) کسی کے احترام یا یاد گار کے طور پر جشن منانا ؛ جشن منانا ۔ (۳) بڑھا چڑھاکر تعریف کرنا (کسی کی) ۔

Fete : (n) [MF. 'fete.'] (۱) کھلی جگہ میں تفریح یا اجتماع ؛ جشن ؛جلسہ ؛ عید؛ تیوہار ۔(۲)خوشی کا موقع؛ تفریح کادن ۔ (۳) (رومن کیتھولک) کسی پیر یا اولیا اللّٰہ کے نام کا دن منانا جس کے نام پر بچے کا نام ہو ۔

Fet-champetre : (n) کھلی فضا میں جشن منانا ؛ دیہاتی جشن ؛ گھر سے باہر جاکر جشن منانا ۔

Fete-day : (n) تیوہار یا جشن کا دن ۔

Fete-galente : (n) اٹھارھویں صدی میں فرانسیسیوں کا گڈریوں کا روپ بنا کر تفریح کیلئے کسی مضافاتی جگہ میں اجتماع ۔

Feterita : (n) [Sudanese Arab.] باجرے کی قسم کا ایک سوڈانی غلّہ ۔

Fetial/Fecial : (a) [L. fetialis.] (تاریخ روما) جنگ کے اعلان اورصلح نامے کے متعلق ؛ نقیبی ؛ نقیب شاہی کا اُس کے متعلق ؛ ڈپلومیٹک ؛ سفارتی ، ایلچی کی خدمت سے متعلق ۔

Fetial/Fecial : (n) روما کے مذہبی مقتداؤں اور رہبروں اور رہبروں کی جماعت کا ایک رکن ۔

Feticulture : (n) (طب) جنین پروری ؛ صحیّات عمل ۔

لگانا ؛ جڑنا ؛ (ضرب) لگانا (عامیانہ) ۔(۹) یقین دلا دینا ؛ متیقن کرنا ؛ راضی کرلینا (To and around) کے ساتھ۔(۱۰) خوش کرنا؛ راغب کرنا؛ تحسین حاصل کرنا ۔ (۱۱) (عام بول چال میں) پورا کرنا ؛ کامل بنانا یا کرنا ؛ انجام دینا ؛ مکمل کرنا یا بنانا(حرکت وغیرہ) ۔(۱۲) خاتمہ کرنا؛ قتل کرنا (کسی شخص کا) ؛ تمام کردینا؛ جان سےماردینا ۔ (۱۳) (جہازرانی) پہنچنا ؛ پہنچ جانا؛ داخل ہونا ؛ (متروک) چکر سے جانا؛ دائرہ بنانا ؛ (کشتی کا) جانا اور آنا ؛ جہاز کا لنگر دینا ۔ (۱٤) (اسکاٹستان) مشکل سے سانس لینا ؛ ضیق نفس میں مبتلا ہونا ۔

Far-fetched : دور از کار ۔

To fetch a compass/ - circuit : چکر سے جانا یا چکر کا راستہ اختیار کرنا ۔

To fetch and carry : چیزوں کو لانا لےجانا ؛ چیزوں کو لئےلئے پھرنا ؛ خدمت گذاری کرنا ۔

To fetch head way/- sternway : آگے یا پیچھے کی طرف جنبش کرنا ۔

To fetch the wate/-pump : پمپ میں پانی ڈال کر اسے چالو کرنا ۔

To fetch way : توڑکر ڈھیلا کردینا یا لٹکا دینا ۔

Fetch - : فعل کا جزو ترکیبی بمعنی لانے والا ؛ کھینچنے والا وغیرہ (مثلاً Fetch-water) ۔

Fetch away : (v) ڈھیلا ہوجانا ؛ کُھل جانا ۔

Fetch candle/-light : (n) روشنی کا وہ شعلہ جو کسی موت سے پہلے اُس کے گھر سے قبرستان تک آتا جاتا ہوا نظر آتا ھے اور جسے موت کا اشاریہ سمجھا جاتا ھے ۔

Fetch down : دیکھو Bring down

Fetch of the sea : ساحل کافاصلہ نزدیک ترین ڈھال سے جس سےموجوں کی بلندی میں کمی بیشی ہوتی ھے ۔

Fetch out : باہر نکالنا ؛ سامنے لانا ؛ خارج کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ افشا کرنا ؛ کھولنا ۔

Fetch up : (v) (۱) ٹھہر جانا ؛ رک جانا ۔(۲) قے کرنا اُلٹی کرنا ؛ یا زیادہ تھوکنا ؛ کھنکھار کر بلغم نکالنا ۔

Fetid/Foetid : (a) [L. f.'fetidus.'] بدبو دار ؛ متعفن ؛ سڑاند والا ؛ ناگوار ؛ کراہت آمیز ؛ نفرت انگیز ۔

Fetid cress : (n) ایک طرح کی یوروپی گھاس ۔

Fetid marigold : (n) مغربی امریکا کی ایک بدبو دار گھاس یا بوٹی ۔

Fetie shrub : (n) جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی شاخوں، پتوں اور پھل سے سفید دودھ نکلتا ہے جو گوشت کو گلا دیتا ہے ؛ پپیتا ؛ پپیا ۔

Fetidity : (n) عفونت ؛ سڑاند ؛ سڑن ؛ بو ؛ تعفن ؛ کراہت ؛ ناگواری ؛ نفرت انگیزی ۔

Fetidly : (adv.) نفرت سےناگواری سے ؛ نفرت انگیزطورپر ۔

Fetidness : (n) سڑاند ؛ تعفن ؛ کراہت لانے والی (شے) ۔

Fetii : (n) [Tahitian. fetii.] لمبے چوڑے خاندان کا ایک فرد ؛ رشتہ دار ۔

Fetiparous/Foetiparous : (n) کچا بچہ جننے والی ؛ نامکمل بچہ جننے والی ۔

Fetish/Fetich : (e) (n) [Fr. fetiche.] (۱) (ابتداً)گینی کے ساحلی علاقوں کے حبشیوں کےذریعہ کسی جنتر منتر یا کلید سحر کے طورپر استعمال ہونے والی یا کسی خوف کے باعث اُن کے ذریعہ احترام کی جانے والی کوئی چیز ۔ (۲) (بشریات) بے جان ؛ غیرذی روح جس چیز کی وحشی لوگ اس لئے پوجا کرتے ہیں کہ اس میں خاص جادو کی طاقت ہوتی ہے یا اس میں کوئی روح وغیرہ چھپی ہوتی ہے ؛ پوچمان شے ؛ فیٹش ۔ (۳) اصول یا عقیدہ جسے بے دلیل اندھا دھند مانا جائے؛ جس چیز کا حد سے زیادہ خبط ہو ؛ اندھا دھند مانا ہوا عقیدہ ۔ (٤) صنم ؛ بت ؛ معبود ۔ (٥) (نفسیات وغیرہ) فیٹش ؛ سامریہ ؛ مرجع پرستش ؛ مرجع لذت جنس ۔

Fetish man : (n) (۱) جادو کی طاقتوں کو قبضے میں رکھنے کا دعویٰ کرنےوالا ؛ جادوگر ؛ کاہن ۔ (۲) جادوئی طاقت کی پرستش کرنے والا؛ سحر پرست ۔

Fetish woman : (n) (۱) جادو کی طاقتوں کو قبضے میں رکھنے کا دعویٰ کرنے والی ؛ جادو گرنی ۔ (۲) جادوئی طاقت کی پرستش کرنے والی ۔

Fetisheer/Fetisher : (n) ٹونا جادو کرنے والا ؛ جادو گر ؛ پروہت؛ کاہن ؛ ساحر ؛ جادوئی طاقت کی حامل سمجھ کر یا کسی خوف کے باعث احتراماً پرستش کی جانے والی شے ۔

Fetishism/Fetichism : (n) سحر پرستی ؛ اشیاء پرستی ؛ فیٹش پرستی ؛ صنم پرستی ؛ توہم پرستی ؛ اوہام پرستی ؛فیٹیشیت ؛ (نفسیات وغیرہ) فیٹیشیت ؛ سامریت ؛ فیٹش بازی ؛ لمس لذتی؛ (دینیات) اشیاء پرستی ۔

Fetishist/Fetichist : (n) اشیاء پرست ؛ فیٹش پرست ؛ سحر پرست ؛ صنم پرست ؛ اوہام پرست (نیم صفتی معنوں میں) ۔

Fetishistic/Fetichistic : (a) فیٹش پرستی یا سحر پرستی کا ؛ اُس سے متعلق ؛ اُس سے متصف یا اُس کے مشابہ ۔

Fetishize/Fetichize: (v) فیٹش بنانا؛ بت بنانا ؛ بت یا معبود کی طرح (کسی شے یا شخص کا) احترام کرنا ؛ عبادت کے لائق بنانا ۔

Fetlock : (n) [ME. 'fet lok, fytlok.'] (۱) گھوڑے یا ایسے جانوروں کےٹخنے کا وہ پچھلا حصہ جہاں بالوں کا گچھا ہوتا ہے ۔ (۲) بالوں کا گچھا ۔ (۳) گھوڑے کے پاؤں میں ڈالی جانے والی ایک طرح کی بیڑی تاکہ وہ بھاگ نہ سکے ۔ (٥) (نقابت) مذکورہ بیڑی کا نشان (حیوانیات) ٹپق گاہ ؛ ٹخنہء اسپ ؛ (حیوانیات) موٹے ٹپق گاہ ۔

Fetlock-keep : (a) جو گھوڑے کے ٹخنے کو ڈھانپ دے ۔

Fetlock joint : (n) گھوڑے کا ٹخنہ یا ٹخنے کا جوڑ ۔

Fetlocked : (a) (۱) بالوں کے گچھے والا ؛ جس کے ٹخنے میں پیچھے کی طرف بالوں کا گچھا ہو ۔ (۲) گھوڑا جس کےپاؤں میں بیڑیاں ہوں تاکہ بھاگ نہ سکے ؛ چھاناھوا ؛ بیڑی ڈالا ہوا ۔

Feto-/Feti-/Foeto/-Foeti- : سابقہ بمعنی جنین ۔

Fetor/Foetor : (n) [L.fetor.] سڑن ؛ بدبو ؛ تعفن ؛ گند ؛ تیز بدبو ؛ عفونت ؛ بخر ؛ نفرت انگیز ۔

Fetter : (n) [OE. 'feter.'] (۱) زنجیرہ ؛ بیڑی ؛ پیکڑا ؛ جولان ؛ پالنگ ؛ پابند ۔ (۲) قید ؛ بند (جمع) قید؛ اسیری گرفتاری ۔ (۳) روک ؛ بند ؛ مزاحمت ؛ زنجیر پا ؛ (نیز مجازی معنوں میں) ۔

Under fetters : پا بہ زنجیر ؛ پا بہ جولاں ؛ مقید ؛ دربند ۔

Fetter : (v) بیڑی ڈالنا ؛ زنجیر پہنانا ؛ باندھنا ؛ پابہ زنجیر کرنا ؛ پابند کرنا ۔ (۲) (مجازاً) مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ روک لگانا ؛ قید لگا دینا ؛ بندش عائد کرنا ؛ روڑا اٹکانا ؛ سدراہ ہونا ؛ روکنا ۔

Fettered : (a) پا بہ زنجیز ؛ پابستہ ؛ پابند ؛ مقید ؛ مسدود ؛ روکا ہوا ؛ بندھا ہوا ؛ بستہ ؛ (خصوصاً حیوانیات میں) جانوروں کے پاؤں جو جلدی تناؤ یا سختی کے باعث یا پیچھے کی طرف کھینچے ہوئے ہونے کی وجہ سے چلنے پھرنے کے لائق نہ ہوں ۔

Fetterer : (n) بیڑی ڈالنے والا ؛ زنجیر پہنا نے والا ؛ باندھنے والا ؛ مزاحم ہونے والا ؛ حائل ہونے والا ؛ پابند کرنے والا ؛ سدِ راہ ہونے والا ؛ روکنے والا ؛ مقید کرنے والا ۔

Fetterless : (n) بےروک ؛ بے قید ؛ آزاد ؛ بے بیڑی ۔

Fetterlock : (n) (۱) Fetlock کی بگڑی ہوئی شکل ۔ (۲) D کی بیڑیاں جن سےگھوڑے کی ٹانگیں باندھ دی جاتی ہیں تاکہ وہ بھاگ نہ سکے ۔ (۳) (نقابت) مذکورہ بیڑی کا نشان ۔

Fettle : (n) [f. fext.] (۱) حالت ؛ وضع ؛ (جسمانی) حالت ؛ (شاذ) دماغی یا ذہنی حالت ؛ حالت درستگی ۔ (۲) بھٹی میں استر کاری کا سامان ۔

In fine or good fettle : اچھی حالت میں ۔

Fettle : (v) [Origin doubtful.] (۱) (بول چال) تیار کرنا ؛ کام کے لائق بنانا ؛ درست کرنا ؛ مرمت کرنا ؛ ٹھیک کرنا ۔ (۲) استرکاری کرنا ؛ استر چڑھانا؛ استر لگانا ؛ (بھٹی وغیرہ) مانجھنا ؛ رگڑنا ؛ صاف کرنا ؛ داغ دور کرنا؛ رگڑ کر چمکانا (ناہموار ڈھلی ہوئی چیزوں کو) ۔ (۳) (پالتو جانور) کھلانا اور نگہداشت کرنا ۔ (٤) (گھوڑے کی) دیکھ بھال کرنا؛ کھریرا کرنا ۔ (۵) (مٹی کے برتن) فاضل مٹی کو جھاڑ کر صاف کرنا ؛ چکنا کرنا ۔ (٦) اون صاف کرنے والی مشین میں جمع شدہ ریشوں کو صاف کرنا ۔ (۷) معمولی باتوں کو بڑھانا(برطانوی بول چال) ۔ (۸) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ اچھی یا بری طرح بسر کرنا ۔

Fettle : (n) پیال یا گھاس کا بنا ہوا باسکٹ یا ٹوکری کا دستہ ۔

Fettler : (n) (۱) درست کرنے والا ؛ کام کے لائق بنانے والا ؛ مرمت کرنے والا ؛ دیکھ بھال کرنے و الا ۔ (۲) بھٹی میں استر چڑھانے والا ؛ بھٹی کی استرکاری کرنے والا ۔ (۳) (برتن سازی میں) برتنوں کو چکنا اور صاف کرنے والا ۔

Fettling : (n) بھٹی کا استر ؛ بھٹی کے فرش پرڈالا ہوابالو یا کوئی ایسا ہی سامان جو بھٹی کو بچانے کےلئے ہو ۔

Fettstein : (n) [Ger. f. fetlet stein.] دیکھو Elaeolite

Fetus : جنین ۔

Full term fetus : (طب) کامل المیعاد جنین ۔

Fetwa : (n) [Arab.] فتویٰ ۔

Feu : (n) [OF.] دیکھو Feodary

Feu : (v) جاگیر عطاکرنا ؛ سالانہ مالگذاری پر زمین دینا ۔

Feu de joic : (n) [Fr.] فتح کی خوشی کے موقعے پر یا کسی تقریب میں لگاتار بندوقیں داغنا ؛ شلك ؛ سلامی ۔

Feu-farm : (n) [OE. 'feuterme.'] (۱) (اسکاٹستانی قانون) سالانہ لگان پر دی ہوئی اراضی ۔ (۲) سالانہ لگان ۔

Ferar : (n) سالانہ مالگزاری پر زمین جوتنے والا ؛ رعیت ؛ اسامی ؛ جاگیردار ۔

Feud : (n) [M.E.fede.] فساد ؛ خانہ جنگی ؛ لڑائی ؛ ہنگامہ ؛ جنگ و جدال ؛ مقابلہ ؛ دوامی یا دیرینہ عداوت جو دو یا زائد فرقوں یاقبیلوں یا خاندانوں یا افراد میں چلی آتی ہو ؛ خاندانی عدوات ؛ پرانی دشمنی ؛ پشتینی عدوات (جس میں گذشتہ غلطی یا اہانت کیلئے خونی انتقام لیاجاتا ھے) ، باہمی منافرت ؛ خونی عداوت ؛ انتقامی جنگ ؛ (نفسیات وغیرہ) دیرینہ نزاع؛ (تاریخ) خاندانی عداوت ؛ خاندانی دشمنی ؛ (سیاسیات) تنازعہ ؛ (خاندانی) جاگیر ۔

Deadly feud : خونی انتقام ؛ خونی عداوت ۔

Feud/ Feod : (n) (۱) خدمتی جاگیر ؛ کسی خدمت کے عوض ملی ہوئی جاگیر ۔ (۲) جاگیر ؛ اس طرح ملا ہوا علاقہ تیول ؛ (تاریخ) فیوڈ ؛ جاگیر ۔

Feud : (v) جھگڑا کرنا ؛ آپس میں جنگ کرنا ؛ خاندانی عداوت رکھنا ۔

Feud-bote : [OE.'feahp-bot.'] جھگڑے یا خونی انتقام میں شامل ھونے کا معاوضہ ؛ کسی کو قتل کرنے کا معاوضہ ۔

Feud duty : (n) سالانہ لگان ۔

Feudal : (a) (۱) جاگیرکا ؛ جاگیری ؛ جاگیرسے متعلق ؛ جاگیر کی نوعیت کا ؛ جاگیر رکھنے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) جاگیری نظام کا یا جاگیری طریقے کا یا اس سے مشابہ ؛ جاگیر دارانہ ؛ اس نظام کےتحت موجود یا رہا ہوا ؛ (تاریخ) فیوڈل ؛ جاگیر دارانہ ؛ (سیاسیات) جاگیری ۔

Feudal age : (n) (تاریخ) فیوڈل دور ؛ دور جاگیرداری ۔

Feudal overlord : (n) (سیاسیات) جاگیردار ۔

Feudal state : (n) (تاریخ) جاگیردارانہ ریاست ؛ فیوڈل ریاست ۔

Feudal system : (n) جاگیردارانہ نظام ؛ جاگیر داری نظام ؛ جاگیری زمینوں سے متعلق مالک اور اسامی کےتعلقات پرمبنی عہدوسطیٰ کے دوران یورپ میں رائج کردہ نظام سیاست ۔

Feudal tenure : (n) (سیاسیات) جاگیری حقیت ۔

Feudalism : (n) نظام جاگیر داری یا اُس کے اصول ؛ طریقہ جاگیر داری ؛ جاگیریت ؛ منصبداری ؛ تعلقہ داری ؛تحصیل دار ؛ (نفسیات وغیرہ) (جاگیر داری ؛ جاگیرداری نظام ؛ (تجارت) جاگیر داری؛ (تاریخ) فیوڈلزم ؛ (سیاسیات) جاگیری نظام ؛ جاگیرداری ۔

Feudalist : (a) (۱) جاگیری نظام کا نمائندہ ؛ جاگیریت کا حامی ۔ (۲)عہدوسطیٰ کے جاگیری نظام کا ماہر ۔

Feudalistic : (a) جاگیریت کا؛ جاگیردارنہ ؛ نظام کا؛ جاگیری نظام کی نوعیت کا ؛ مائل بہ جاگیرداری ۔

Feudality : (n) (۱) جاگیریت ؛ جاگیری صفت یا حالت ۔ (۲) نظام یا اصول جاگیریت ؛ (جمع)جاگیردارانہ اصول ۔ (۳) جاگیردار حکومت ؛ جاگیری حکومت ؛ جاگیردارانہ اختیار یاقوت ؛ جاگیر ۔

Feudalization : (n) جاگیریت کو رائج کرنے کاعمل یاطریقہ ؛ جاگیری نظام رائج کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

Feudalize : (n) جاگیرداری نظام کے تحت لانا ؛ (زمینوں کو) جاگیری اراضیات میں بدلنا ؛ نیز (افراد کو) جاگیری اسامی بنانا؛ جاگیریت کو رواج دینا ۔

Feudally : (adv.) جاگیردارانہ طورپر ؛ جاگیرداری طریقے سے ؛ نظام جاگیردارانہ کے تحت ۔

Feudary/Feodary : (n) (۱) (متروک) خدمات کے صلے میں جاگیر رکھنے والا ؛ جاگیری رعیت ؛ اسامی ۔ (۲) رعیت ؛ ملازم ؛ نوکر ؛ ماتحت ۔ (۳) حلیف ؛ شریک کار ۔

Feudary/Feodary : (a) جاگیری رعیت یا ماتحت ۔

Feudatory : (a) [med L. 'feudare.'] (۱) جاگیری ؛ متعلق بہ جاگیر۔ (۲) اسامیوں یا خدمتگاروں کایااُس سے متعلق؛ جاگیریت کاوفادار؛ رعیت ۔ (۳) (تاریخ) جاگیری ؛ (سیاسیات) جاگیری ۔

Feudatory : (n) (۱) جاگیردار ؛ جاگیری حق ملکیت کے تحت زمین رکھنے والا ؛ جاگیری اسامی ۔ (۲) جاگیر؛ ماتحت تعلقہ داری یا جاگیرداری ؛ جاگیری ریاست یا علاقہ ۔ (۳) تعلقہ دار ؛ جاگیردار (تاریخ) جاگیردار ؛ فیوڈل ماتحت ۔

Feudist : (n) جاگیری قوانین کا ماہر ؛ جاگیری قانون داں ۔

Feudist : (n) (امریکا) خونی عداوت رکھنے والا ؛ خاندانی دشمنی رکھنےوالا ؛ خونی عداوت سے متعلق کتابیں رکھنےوالا ۔

Feuillage : (n) دیکھو Foliage

Feuillemorte : (a) [Fr.] خشک پتے کےرنگ کا ؛ بھورا یازردی مائل بھورا ۔

Feuillet : (n) [F. dim. of feulle.] (ہیراتراشی) نیم مدورترشے ہونے ہیرے میں مثلث نما پہلوؤں کے نوک دار سرے جس کی بنیادیں مرکزی اہرام کےمثلثوں کے سروں سے ملتی ہیں ۔

Feuilleton : (n) [F.f. 'feuillet.'] (۱) فرانسیسی (اوردیگر) اخباروں میں ایک یازیادہ صفحات کا وہ حصہ (اکثر نچلا) ؛ جو ہلکے ادب اور تنقید وغیرہ کے لئے ہوتا ھے ؛ کسی اخبار میں ہلکے ادبیات کا کالم ۔ (۲) اس حصے پر چھپا ہوا کوئی مضمون یا تخلیق ۔

Feuilletonist : (n) مجلہ یا اخبار میں ہلکے ادبیات کے کالم میں لکھنے والا ۔

Feuterer : تازی کتے رکھنے والا ؛ تازی کتوں کا نگہبان ۔

Fever : (n) [L.'febris.'] (۱) تپ ؛ بخار ؛ حرارت ـ (۲) جوش ؛ ہیجان ؛ اشتعال ؛ بے چینی ؛ بےکلی؛ بےقراری ؛ اضطراب؛ تندی ؛ گرمی (طبیعت اور جذبات میں) ـ (۳) دیوانگی ؛ خبط ؛ سودا ؛ دُھن ؛ لگن ـ (٤) عجلت ؛ جلد بازی ؛ (طب) حُمّی ؛ (جمع) حمیات؛ بخار؛ تپ ؛ (نفسیات) ہیجان؛ اشتعال ـ

Adynamic fever /Asthelic fever : ضُعفی بخار ؛ تپ نہاکشی ـ

Burning fever : (n) تپ محرق ـ

Continued fever : (n) (طب) مسلسل بخار ـ

Eruptive fever : (n) نفاذی بخار ـ

Hectic fever : (n) تپ دق ـ

Hyperpyrexial fever : (طب) تپ محرقہ ـ

Inf lammatroy fever : (n) (طب) سوزشی بخار ـ

Intermittent fever : (n) (طب) تپ نوبہ ؛ باری کا بخار ـ

Malignant fever : (n) (طب) مہلك بخار ـ

Relapsing fever : (n) (طب) تپ راجعہ ؛ لوٹ آنےوالا بخار ـ

Remitlent fever : (n) (طب) تپ لازمہ ؛ لازمی بخار ـ

Scarlet fever : وہ متعدی بیماری جس میں انتہائی حرارت ہوتی ہے اور جسم پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آتی ہیں اور گلے میں خراش ہوتی ہے ؛ خسرہ ؛ پھول متی؛ (طب) مخملك ؛ لال بخار ـ

Simple fever : (n) (طب) سادہ بخار ـ

Typhoid fever : تپ محرقہ ؛ ٹائیفائڈ بخار ؛ (طب) محرقہ بطنی ـ

Fever : (v) (۱) بخار میں مبتلا کردینا ؛ بخار میں مبتلا کرنا یاہونا ؛ (مجازاً) بخارکی سی کیفیت پیدا کردینا ـ (۲) ہیجان میں مبتلا ہوجانایا کردینا ـ

Fever bark : (n) کونی چھال جس سے بخار کا علاج کیا جائے ـ

Fever blister : (n) تبخالہ ؛ بخار یازکام میں ہونٹ پر اُبھر آنے والا آبلہ ؛ (طب) تبخال ـ

Fever box/-cabinet : (n) مریض کے جسم کی حرارت کو بڑھانے کےلئے ایك برقی آلہ ـ

Fever bush : (n) (۱) ایك خوشبودار پودا ـ (۲) بید کی قسم کا ایك سیاہ درخت ـ

Fever chart : (n) تپ خاکہ ؛ بخار کا چارٹ جس سے بخار کی کمی بیشی ظاہر ہو ـ

Fever cup : (n) ایك صراحی نماپودا جس میں حشرات الارض پھنس کر ان پودوں کی خوراك بن جاتے ہیں ـ

Fever few : (n) دیکھو Fearther-bow

Fever gum : (n) ایك نیلا گوند ـ

Fever heat : (n) بحران تپ ؛ بخار کی شدت ؛ بخار کی حالت میں انتہائی حرارت (نیز مجازاً) جب منہ کی حرارت ٦ء ٩٨ ڈگری سے تجاوز کر جائے ـ

Fever nut : (n) ایك قسم کےپودے کا بیج ـ

Fever plant : (n) ایك قسم کا پھول جو آغاز بہار میں شام کےوقت کھِلتا ہے ؛ مسائی بسنتی پھول ـ

Fever root : (n) امریکا کی ایك معمولی بوٹی ـ

Fever sore : (n) ہڈی کے ناسور یا استخوانی انحطاط کی ایك قسم کا نام ؛ ہڈی سڑنے کی ایك بیماری ـ

Fever thrapy : (n) بخار لا کر یا بخار کے ذریعہ کسی مرض کا علاج ـ

Fever thermometer : (n) حرارت پیما ؛ تپ پیما ـ

Fever tick : (n) جانوروں کے جسم پر بیٹھنے والا ایك کیڑا جس کے ذریعہ بخار اور جراثیم جانوروں کے جسم میں داخل ہوتے ہیں ـ

Fever trap : (n) ایسا مقام جہاں تپ کےجراثیم پائےجاتےہوں ـ

Fever tree : (n) (۱) گرم ملکوں کے ایسے پودے یا درخت جو ایسے خطے کے ہوں جہاں بخار کے آثار نہ پائے جائیں یا اس لئےلگائے جائیں تاکہ بخار کے علاج میں کام آئے ـ (۲) نیلا گوند ؛ اکولپٹس کی قسم کا درخت ـ (۳) آرائشی درخت ـ

Fever twitch/Fevertwig : (n) ایك قسم کا تلخ و شیریں پھل والا درخت ؛ بھلاوا ـ

Fever weed : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Fever wort : (n) دیکھو Fever root

Feveret : (n) ہلکابخار ؛ خفیف حرارت ۔

Feverfly : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Feverish : (a) (۱) جس میں تپ یا بخار کی علامتیں پائی جائیں ۔(۲) (مجازاً) بے آب ؛ بے کل ؛ بے چین ؛ مضطرب ؛ بے قرار ۔ (۳) بخاری ؛ بخار کی نوعیت کا ؛ بخار سے متعلق ؛ بخار کے مانند ؛ بخار جیسا ۔(٤) بخار آور ؛ تپ آور ۔(٥) (جگہ وغیرہ) جہاں بخار پھیلا ہوا ہو ؛ بخار کاگھر ۔

Feverishly : (adv.) بے کلی سے ؛ بے قراری سے ؛ بیتابانہ ؛ مضطربانہ ؛ مبتلائے بخار کی طرح ۔

Feverishness : (n) (۱) بےکلی ؛ بیتابی؛ بے چینی ؛ بےقراری ۔(۲) بخار کی کیفیت ؛ (طب) حرارت ؛ حالت تپ ۔

Feverous : (a) دیکھو Feverish

Feverously : (adv.) دیکھو Feverishly

Few : (a) [OE. 'feawe.'] چند؛ چندایک ؛ تھوڑے ؛ تھوڑے سے؛ کچھ؛ مختصر ؛ زیادہ نہیں ۔

A faithful few/-select- : چند ایک ؛ منتخب تعداد ۔

A few : (عامیانہ، طنزیہ) بہت کچھ؛ بلاشبہ ؛ بے شک ۔

A good few : خاصی تعداد میں ؛ خاصی مقدار میں ۔

A man of few words : کم سخن آدمی ؛ کم سخن ۔

Eevery few days : چند روز کی باری سے ؛ چند روز سے ۔

Every few hours : چندگھنٹوں سے چند گھنٹوں پر ؛ چند گھنٹے بعد ۔

Not a few : بہت سے ۔

Only a few : چند ایک ۔

Quite a few : بہتیرے ؛ بہت سے خاصی تعداد میں ؛ کثیر ۔

Some few : چند ایک ؛ نا قابل لحاظ تعداد ۔

The few : قلیل (تعداد، کثیر کے مقابلے میں) ؛ اقلیت ۔

Few : (n) قلیل تعداد ؛ اقلیت ۔

Fewness : (n) تعداد کی قلت ؛ کمی ۔

Fewtrils : (n) (بول چال) معمولی چیزیں ؛ ادنیٰ چیزیں ؛ چھوٹی موٹی چیزیں ؛ ادنیٰ بات ؛ خفیف سی مقدار ؛ تھوڑا سا ۔

Fey : (a) [O.E. faege.] (۱) جاں بلب؛ لب گور؛ قبر کےکنارے ؛ جانہاد ؛ اجل رسیدہ ؛ اجل گرفتہ ؛ مرتا ہوا ۔ (۲) مختل حواس (جیسے مرتے وقت) مخبوط الحواس ۔(۳) متشعل اور غیر ذمہ دارانہ انداز میں پیش آنےوالا ۔ (٤)بے داغ ؛ پاگل ۔ (٥) مس کیا ہوا ؛ چھوا ہوا ؛ پنسل سےہلکا سا خط کھینچا ہوا ۔(٦) چھٹی حس رکھنے والا ؛ پیش بیں ؛ عاقبت اندیش ؛ غیب داں ؛روشن ضمیر ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والا ؛ مستبصر ۔ (۷) بھوت پریت جیسا یا اُس سے متعلق ؛ خیالی موہوم؛ ناقابل عمل ؛ وہمی ؛ تخیل پرست ۔

Fey/Feyne (n) : دیکھو Fay/Feign : (v)

Feyther : (n) برطانوی بول چال میں Father کا متبادل ۔

Fez : (n) [Turk.'fez.'] ترکی ٹوپی جو ترکوں کےقومی لباس میں ایک ضروری جزو کے طورپر استعمال ہوتی ہے ؛ یورپ اورامریکا میں زنانہ ہیٹ کے طورپراستعمال ہوتی ہے۔(جغرافیہ)فاس ۔

Fezzani : (n) [f. 'Fezzn, in south westrn Libya.] (۱)فیضان اور لیبیا کے حبشی اور عربی مخلوط النسل باشندے ۔(۲) فیضانی باشندوں کا کوئی فرد ۔

Fezzi : (n)[f. Fez, Morocco.] مراقش کےمقام فیض کاباشندہ ۔

Fiacre : (n) [Fr.] چار پہیوں کی ایک چھوٹی گاڑی جو کرائے پر دی جاتی ہے ؛ فرانسیسی کرائے کی گھوڑا گاڑی ۔

Fiance (masc.)/Fiancee(fem.) : (n) [f. F'fiance.'] منگیتر لڑکا یا لڑکی ؛ وہ مرد یاعورت جس کی منگنی ہو چکی ہو ۔

Fiant : (n) [L.] آئرستانی لارڈ چانسلر کی عدالت کے نام منظوری کا پروانہ یاوارنٹ جس پر برطانوی سرکاری مہر ثبت ہو ۔

Fiar : (n) [origin doubtful.] (اسکاٹستان) قابل ارث جانداد یا جاگیر کا مالک ؛ وراثتی جاگیر دار ؛ معین حیاتی باجگذار کا برعکس ۔

Fiasco : (n) [It.] (۱) بوتل ؛ فلاسک ؛ شراب کی بوتل ۔ (۲) سخت نا کامی ؛ مضحکہ خیز نا کامی ؛ ٹائیں ٹائیں فش خصوصاً کسی ڈرامائی یا موسیقاتی پیش کش میں ۔

Fait : (n) [L.] (۱) اختیار دہی ؛ مختار بنانا ؛ کسی کام کا کسی کو اختیار دینا ۔ (۲) اختیاری فرمان ؛ مختاری کا حکم ؛ فرمان ؛ حکم ؛ کچھ کرنےیا کوئی چیز بنانے کا حکم ؛ بسازند ؛ بشود ۔

Fiat : (v) (۱) اختیار دینا ؛ مختار بنانا ؛ ایسا حکم یا فرمان جاری کرنا جس میں کسی کو کسی کا م کا اختیار دیا گیا ہو ۔ (۲) منظوری دینا (شاذ) ۔

Fiat-money: (n) (امریکا) زر (مثلاً ناقابل مبادلہ کا غذی کرنسی) جو سرکاری حکم کےذریعہ قانونی یا رائج الوقت بنا دیا جائے ؛ زرقانونی ؛ (تاریخ) کاغذی سکہ ؛ (تجارت) حکمی زر ۔

Fiatist : (n) (امریکا) زرقانونی کا حامی ؛ Fiat money کی حمایت کرنے والا ۔

Fib : (n) [Prob. short for filbb-fabb.] (۱) (بول چال) معمولی جھوٹ ؛ جھوٹ ؛ دروغ بیانی ؛ دروغ گوئی ؛ بےضرر جھوٹ ؛ گپ ۔ (۲)جھوٹا شخص ؛ دروغ گو ؛ لاغی ؛ گپی ؛ گپ باز ۔

Fib : (v) جھوٹ بولنا ؛ دروغ بیانی کرنا ؛ گپیں ہانکنا ۔

Fib : (n) مکا ؛ گھونسا ؛ ضرب ؛ صدمہ ؛ دھچکا ؛ چوٹ ۔

Fib : (v) (عامیانہ) (کسی کو) تیزی سےاور متواترگھونسے مارنا (جیسے مکا بازی میں) ۔

Fibber : (n) گپی ؛ گپ باز ؛ جھوٹا ؛ دروغ بیان ۔

Fible-fable : (n) [Redup.of Fable.] (بول چال) لغویات ؛ مہملات ؛ مہمل یاواہیات بات، خیال یا کام ۔

Fibre/Fiber : (n) [L.'fibra',of unknown origin.] (۱) (عضویات) دھاگہ نما اجسام یا ریشے جن کے ملنے سے حیوانیات و نباتات کی نسیجیں یا بافتیں بنتی ہیں ۔ (۲)ریشہ ؛ نس ؛ تار ؛ سوت ؛ دھاگہ نماریشے جن سے کپڑے یا دوسری چیزیں تیار ہوتی ہیں ۔ (۳)ریشہ دار چیز ؛ غیر ریشہ دار ساخت یا بناوٹ ۔ (٤) بناوٹ ؛ وضع ؛ ڈھنگ ؛ ساخت ؛ طبیعت ؛ سیرت (مثلاً Man of coarse fibres یعنی بےتمیز ، بدقوارہ) ۔ (٥) جڑ کا حصہ ؛ (کبھی کبھی) ٹہنی کا ایک حصہ ؛ نازک شاخ یا جڑ ۔ (٦)(حیوانیات،نباتیات)لیف ؛ الیاف ریشہ ۔ (۷) (نباتیات) نازک جڑ ؛ ریشہ ۔ (۸) (فلسفہ وغیرہ) ریشہ ؛ باریک نس ؛ (کیمیا) ریشہ ۔

Commissural fibre : (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) اتصالی ریشہ ۔

Nerve fibre : (تشریح، حیوانیات) عصبی ریشہ ۔

Projection fibre : (فلسفہ، نفسیات) برآمدریشہ ۔

Sweat fibre : (تشریح) عرقی ریشہ ۔

Traction fibre : (تشریح، حیوانیات) جرّی ریشہ ۔

Fibre board/Fiber- : (n) ریشوں کو دبا کر سخت موٹی جدری کی شکل میں بنائی ہوئی کوئی چیز ؛ ایسی چیزکی بنائی ہوئی کوئی تختی یا چیز ۔

Fibre cartilage : (n) (تشریح) غُضروف لیفی ؛ ریشی کُری ۔

Fibred : (a) ریشہ دار ؛ ریشہ لگاہوا(خصوصاً کنگھی میں) ۔

Fibre glass/Fiber- : (n) (۱)ریشہ نماشیشے جومختلف چیزوں کےبنانےمیں کام آتے ہیں ۔(۲) دیکھو Spun glass ۔

Fibre-gum : (n) سبزی کےریشوں کو الگ کرنے کا ایک اوزار ۔

Fibreless : (a) بےریشہ ؛ کم زور ؛ ناتواں ۔

Fibres of corti : (n) کاری کے ریشے ؛ قشری ریشے ۔

Finriform/ Fibrine : (a) ریشہ صورت ؛ ریشہ شکل ؛ ریشہ ساں ؛ ریشہ جیسا ؛ ریشہ نما ۔

Fibril : (n) [Mod. L. 'fibrilla.'] (۱) (عضویات) باریک یاچھوٹا ساریشہ ؛ ریشک ۔ (۲) عصب ؛ عضلہ وغیرہ میں کسی ریشے کا ایک حصہ، جزو یا ٹکڑا ۔ (۳) (نباتیات) جڑ کا سب سے باریک ریشہ یاریشے کا چھوٹا جز ؛ (حیوانیات، نباتیات) ریشک ؛ (فلسفہ، نفسیات) ریشک ۔

Fibrilla : (n) (dim. of . L.'fibra.'] دیکھو Fibril

Bridging fibrilla : (n) (حیوانیات) رابطہ ریشک ۔

Fibrillar : (a) ریشک کا : اُس سے متعلق ، اُس سے بنا ہوا یا اُس کی صفت کا ۔

Fibrillary : (a) دیکھو Fibrillar

Fibrillate : (v) (خون کا) ریشکوں میں بدل جانا : لاجھے دار ہونا ۔

Fibrillated : (a) ریشک نما ساخت والا : ریشک ساختہ : ریشکوں جیسا بنا ہوا ۔

Fibrillation : (n) (۱) ریشک ساختہ ہونا یا ہوجانا : ریشہ دار گچھا ۔ (۲) ریشہ سازی ۔ (۳) (طب) اِرتجاف ۔ (٤) (طب) ریشہ سازی ۔

Fibrillatis : دیکھو Fibrillated

Fibrilliferous : (a) (حیوانیات) ریشہ بردار ۔

Fibrilliform : (a) ریشک ساں : ریشک نما : ریشک جیسا ۔

Fibrillose : (a) ریشک آمیز : پُر ریشک : نفیس طور پر مخطط یا دھاری دار ۔

Fibrin/Fibrine/Fibrina : (n) ایک سوت سی یا ریشہ نما چیز جو خون اور حیوانی مادے میں پائی جاتی ھے : قابل انجماد زلال یا بے رنگ عرق جو حیوانات کی نسوں میں ہوتا ھے : نیز ایک ایسا ہی نباتی مادہ : (کیمیا) مادۂ لیفی : فائبرین ۔

Fibrin film : (n) انسانی خون کےمادوں سے تیار کی ہوئی نیم شفاف لچکیلی فلم جو عمل جراحی میں کام آتی ھے ۔

Fibrin foam : (n) انسانی مادوں سےتیار کیاھوا ایک اسپنجی مادہ جو عمل جراحی میں زخم سے خون نکلنے پر اُسے منجمد کرنے میں کام آتا ھے ۔

Fibrination : (n) خون میں فائبرین شامل کرنے یا ملانے کا یا طریقہ : خون میں زلال شامل کرنے کا عمل ۔

Fibrino - : فائبرین کا جزو ترکیبی لیفین ۔

Fibrino-albuminous : (a) جس میں فائبرین اور البومین موجود ہو ۔

Fibrino-genetic/-genic/-genous : (a) زلال خیز : زلال آور : زلال یا فائبرین پیدا کرنے والا ۔

Fibrino-plastic : (a) فائبرین یا زلال کی ساخت میں شامل ۔

Fibrino-plastin : (n) ایک مادہ جو خون میں پایا جاتا ھے ۔

Fibrino-purulent : (a) جس میں ریم اور زلال کا مخلوط شامل ہو : ریم اور زلال کے مخلوط پر مشتمل ۔

Fibrinogen : (n) فائبرین کے مرکب میں شامل ہونے والا ایک بیضیہ مادہ : (کیمیا، حیوانیات) فائبرین افزا ۔

Fibrinolysis : فائبرین (خون میں پایا جانےوالا مادہ) کا کیمیاوی تغیر کے ذریعہ ٹوٹ کر گھُل جانے کی حالت ۔

Fibrinopenia : (n) (طب) قلّت فائبرین ۔

Fibrinosis : (n) (طب) کثرت فائبرین ۔

Fibrinous : (n) زُلالی : زُلال آمیز : لیفینسنی : فائبرین سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ۔

Fibrinuria : (n) (طب) فائبرین بولی ۔

Fibro - : Fibre کا جزو ترکیبی بمعنی ریشہ دار ۔

Fibro-areolar : (a) ریشہ دار اور حلقہ دار یا جوڑے والی نسیجوں پر مشتمل ۔

Fibro-blast : (n) وہ خلیہ جس میں ریشہ دار نسیج فوراً مل جاتی ھے : (حیوانیات) لیفی نہوض ۔

Fibro-calcareous : (a) ریشہ دار نسیجوں پر مشتمل اور چُنیلے یا آہکی اجسام کاحامل ۔

Fibro-cartilage : (n) ایک مضبوط لچکدار شے جس میں ریشہ دار نسیج اور غضروف کی ساخت اور صفت شامل ہوتی ھے : (حیوانیات) غضروف لیفی : ریشی کُری ۔

Fibro-cartilaginous : (a) ریشہ دار اور حلقہ دار نسیجوں سے مل کر بنا ہوا ۔

Fibro-cellular : (a) دیکھو Fibro-cartilaginous

Fibro-cenment : (n) اسبسطوسی سیمنٹ : ایک طرح کی ریشہ دار معدنی شے جس کا غیر اشتعال پذیر تختہ بنا یا جاتا ھے ۔

Fibro-chondritis : (n) فائبرو کارٹیلج کا ورم ؛ (طب) ورم غضروف لیفی ۔

Fibro-cystic : (a) ریشہ دار نسیجوں اور حصالوں یا تھیلیوں پر مشتمل ۔

Fibro-cystome : (n) ورم یا رسولی جس میں ریشہ دار نسیجیں اور جوف ہوں ۔

Fibro-elastic : (n) لچیلے اور ریشہ دار عناصر پر مشتمل (کوئی چیز) ۔

Fibro-ferrite : (n) (معدنیات) زرد رنگ کے ریشہ دار گچھوں میں پایا جانے والا فیرک سلفیٹ ۔

Fibro-intestinal : (a) دوتہوں میں سب سے اندرونی تہ جس میں بعض بے ریڑھ کے جانوروں کی درمیان جلد منقسم ہوتی ہے ۔

Fibro-myoma : (n) وہ عضلہ جس کے ورم میں ریشہ دار نسیجوں کی بڑی مقدار ہوتی ہے ؛ (طب) لیفی عضلی سلعہ ۔

Fibro myomata/Fibromyoma : (n) ریشے دار اور عضلاتی نسیج کا حامل ایک مخلوط ورم لیفی

Fibro-myomatous : (a) ایک طرح کا عصبی یا عضلاتی مرض جس میں ریشہ دار نسیجیں خاص طور پر ہوتی ہیں ۔

Fibro-myositis : (n) ریشے دار اور عضلاتی نسیج کی سوزش ۔

Fibro-neuroma : (a) دیکھو Fibro-myomatous

Fibro-nucleated : (a) نواتات (نیوکلی) کے ساتھ ملی ہوئی ریشہ دار نسیجوں سے مرکب ۔

Fibro plaster : (n) ریشوں سے بنایا ہوا مضبوط لیپ ؛ پلاسٹر ۔

Fibro plastic : (a) ریشہ آور ؛ ریشہ ساز (خصوصاً زخم سے رستے ہوئے پنچھے سے بنی ہوئی نسیج کو کہتے ہیں) ۔

Fibro-sarcoma : (n) ورم لحمی اور ورم لیفی کے درمیان کا ایک ورم ۔

Fibro-serous : (a) ریشہ دار اور خوننابی جھلّیوں کی نوعیت کا حامل ۔

Fibro-vascular : (a) (نباتیات) ریشہ دار اور قناتی نسیجوں سے مل کر بنا ہوا ۔

Fibroid : (a) ریشہ ساں ؛ ریشہ دار ؛ ریشہ نما ؛ لیفی ؛ ریشہ دار نسیج کے مشابہ (طب) لیفیہ ؛ لیفی سلعہ ؛ (تشریح) ریشہ دار ؛ لیفی ۔

Fibroid : (n) رحم کی سوجن ؛ ورم رحم ؛ (طب) ریشہ دار سوجن یا رسولی ۔

Fibroid change/-degeneration: (n) ریشہ یا ریشہ دار نسیج میں مریضانہ تبدیلی ؛ (مریضانہ طور پر ریشوں یا ریشہ دار نسیجوں میں بدل جانا) ۔

Fibroid phthisis : (a) (طب) ریشہ دار سِل ۔

Fibroid tumour : (n) (طب) سلعۂ لیفی ۔

Fibroin : (n) ایک کیمیائی مادہ جو ریشم، مکڑی کے جالوں اور اسفنجوں کے سینگ نما ڈھانچوں کا ایک عنصر خاص ہوتا ہے ۔

Fibrolite : (n) ایک ریشہ دار معدنی شے جو خاص طور پر الومینیم سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے ؛ کیمیا فائبرولائٹ ۔

Fibrolitic : (a) الومینیم سلیکیٹ کی حامل ایک ریشہ دار معدنی شے کا یا اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ۔

Fibroma : (n) [L. 'fibra+oma] ورم لیفی ؛ ایک ریشہ دار ورم یا رسولی ؛ (طب) سلعۂ لیفی ؛ ریشکی رسولی ۔

Fibromatogenic : (a) ورم لیفی کو بڑھانے یا بڑا کرنے والا ۔

Fibromatoid : (a) ورم لیفی سے مشابہ ۔

Fibromatosis : (n) کثیر العناصر ورم لیفی کے ہونے کی یا اس کی علامت ظاہر کرنے کی حالت ۔

Fibromatous : (a) ورم لیفی سے متعلق ۔

Fibrome : (n) Fibroma کا متبادل ۔

Fibroplasia : (n) ریشے دار نسیج کے بننے کا عمل (مثلاً زخم کے بھرنے میں) ۔

Fibroplastic : (a) ریشے دار نسیج کے بننے کے عمل کے متعلق ۔

Fibrose : (a) (نباتیات) لیفی ؛ ریشہ دار ۔

Fibrousness : (n) ریشہ پن ؛ ریشہ داریت ؛ ریشہ داری ؛ ریشوں سے بنا ہونا یا بھرا ہونا ۔

Fibster : (n) جھوٹا ؛ گپی ؛ گپ باز ؛ لاغی ؛ دروغ گو ۔

Fibula : (n) [L.fibula.] (حیوانیات، تشریح) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی ؛ شنظیہ ؛ (قدیم) کانٹا ؛ بکسوا ؛ سوا ؛ جوڑ نے والی چیز ؛ (تعمیرات) سنگ قفلی ؛ (تاریخ) فیبولا ؛ بکسوا ۔

Fibular : (a) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی سے متعلق یا اُس کا ؛ (تشریح) شنظوی ۔

Fibulare : (n) (تشریح) زیر شنظیہ (ہڈی) ۔

- fic : (suffix.) [L. -'ficus.'] لاحقہ بمعنی کرنا ؛ بنانا ؛ سبب ہونا ؛ پیدا کرنا ؛ پورا کرنا ؛ کسی خاص حالت میں لانا ۔

- fication : (suffix.) [L. -'ficationem.'] لاحقہ، فعل سے اسم فعل بنانے والا ؛ سائنسی زبان میں اس سے ایسے اسماء بھی بنائے جاتے ہیں جو فعل سے نہیں بنتے ۔

Ficelle : (a) [F.] صرف مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ھے بمعنی ستلی کے رنگ کا ۔

Fichu : (n) [F.] عورتوں کی ایک تکونی شال ؛ کندھے اور گردن پرڈالنے والی ؛ فیشہ ۔

Fickle : (a) [OE. 'ficol.'] ناپائدار ؛ متلون ؛ متقلب ؛ متلون الطبع ؛ تغیر پذیر ؛ متغیر ؛ قابل تبدیلی ؛ غیر مستقل ؛ غیر یقینی ؛ ناقابل اعتبار ۔

Fickleness : (n) تلون ؛ ناپائداری ؛ تغیر پذیری ؛ تقلب ۔

Fickly : (adv.) (شاذ) ناپائدار طور پر ۔

Fico : (n) [L.'ficus.'] (متروک) (قسم کےطور پر) کوئی ادنیٰ چیز ؛ بےقیمت شے؛ حقیر، سبک، ذلیل، خوار شے ؛ (تشریح) انگوٹھا ۔

Ficoid : (a) [L.'ficus.'] انجیر کی نوع سے متعلق یا اُس کی مشابہ ؛ نیز گولرنما ؛ انجیر نما ۔

Ficoid : (n) ایک طرح کا پودا ۔

Ficoidal : (a) (۱) انجیر کی نوع سے متعلق یا اُس کی مشابہ ۔ (۲) ایک فطری پودے سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا ۔

Fibrose : (a) (طب) ریشہ بنانا ۔

Fibrosin : (a) (کیمیا) ریشے کی طرح ۔

Fibrosis : (n) (مرضیات)مریضانہ طورپر ریشہ دارنسیجوں میں بدل جانا ؛ (طب) لیفیت ۔

Fibrosis uteri : (n) (طب) لیفیت رحم ۔

Fibrositis : (n) (طب) ورم لیفی ؛ ریشکی ورم ۔

Fibrotic : (a) (مرضیات) ریشہ یا ریشہ دار نسیج میں مریضانہ تبدیلی کا یا اس سے متعلق ؛ (طب) لیفئی ۔

Fibrous : (a) [mod. L. 'fibrosus.'] (۱) ریشہ دار ؛ لیفی ؛ ریشوں سےبھرا ہوا ؛ ریشوں سے بنا ہوا ۔ (۲)ریشہ نما ؛ریشے جیسا۔(۳) (طب) (نباتیات) لیفی ؛ ریشہ دار ۔

Fibrous concrete : (n) (تعمیرات) ریشہ دار کنکریٹ ۔

Fibrous comective tissue : (n) (حیوانیات) ریشئی اتصالی بافت ۔

Fibrous glass : (n) دیکھو Fibre glass

Fibrous layer : (n) (حیوانیات) ریشئی پرت ۔

Fibrous plaster : (n) ریشوں سے مضبوط بنایا ہوا لیپ (پلاسٹر) ۔

Fibrous grocess : (n) ریشئی ابھار ۔

Fibrous ring : (n) ایک مضبوط ورق دار ریشے دارنسیجی دائرہ جو ریڑھ کی ہڈی کی چکتی کا باہری حصہ بناتی ھے ۔

Fibrous root : (n) ایسی جڑ جس کا کوئی نمایاں مرکزی محورنہیں ہوتا ھے اور جس کی شاخیں ہر سمت میں پھیلی ہوتی ہیں ۔

Fibrous sheath : (n) ریشئی غلاف ۔

Fibrous tissue : (n) (حیوانیات)لیفی نسیج ؛ ریشہ داربافت ؛ (حیوانیات) ریشئی بافت ۔

Fibrously : (adv.) ریشے کی طرح سے ؛ ریشہ دار طور پر ؛ لیفی طور پر ۔

Ficoidal : (n) ایک مخصوص نوع کا پودا ۔

Ficoidal alliance : (n) پودوں کی بعض بعض انواع کا ایک گروپ ۔

Ficoides : (n) [mod. L.] مختلف پودوں کےلئے مستعمل ایک نباتیاتی نام ۔

Fictile : (a) [L.f. 'fingere.'] (۱) مٹی کابناھوا ؛ سفالی ؛ گلی ۔ (۲) ڈھالے جانے کے لائق ؛ (شاذ) ۔ (۳) فنی طور پر کسی شکل میں ڈھالا ھوا ؛ مشکّل ۔ (۳) برتن یاظروف کے طور پر کام آنے والا ۔

Fictile art : (n) کوزہ گری ۔

Ficlileness : (n) (۱) ڈھلائی ؛ ساخت ؛ تشکیل ۔ (۲) ڈھالےجانے کی صفت ۔ (۳) ڈھالا ھوا برتن یا ظرف (مٹی یا چینی مٹی کے برتن وغیرہ) ۔

Ficitility : دیکھو Fictileness

Fiction : (n) [L.f.'figere.'] (۱) گھڑت ؛ من گھڑت ؛ ایجاد ؛ اختراع ؛ تصوراتی یا خیالی ہستیوں ، واقعات، حالات وغیرہ کی اختراع یا ایجاد کا عمل ؛ تخیل ؛ خیال ۔ (۲) بنائی ھوئی بات ؛ گھڑا ھواقصہ ؛ گھڑی ھوئی بات ؛بناوٹی بات ؛ تراشا ھوا افسانہ؛ افسانہ طرازی ؛ خیالی بات ؛ جھوٹا یا من گھڑت بیان؛ فرضی بات جو حقیقی نہ ھو مگر رسماً قبول کرلی گئی ھو ۔ (۳) افسانہ ؛ کہانی؛ قصہ ؛روایت ؛ داستان ؛ ناول ۔ (٤) فرضی بات ؛ قانونی مفروضہ ؛ فرضی امر قانون (تاریخ) افسانہ ؛ طبع زاد قصہ وغیرہ ۔

Legal fiction : قانونی امور میں سہولت پیدا کرنے کےلئے کوئی مفروضہ خواہ غلط ھو یاصحیح ؛ فرضی امر قانونی ؛ مفروضہ ۔

Fictional : (a) خیالی ؛ قصصی ؛ قصے کہانی سا؛ غیرحقیقی؛ افسانوی ؛ افسانہ نما؛ قصہ جاتی ؛ قصہ نما ؛ مصنوعی ؛ اختراعی ؛ من گھڑت ۔

Fictional parts of territory : (تاریخ وسیاسیات) علاقے کے مفروضہ حصے ۔

Fictionally : (adv.) خیالی طور پر ؛ افسانوی انداز میں ؛ غیر حقیقی طور پر ؛ بناوٹی انداز میں ؛ اختراعی طور پر ۔

Fictioneer/Fictioner/Fictionist : (n) قصہ گو ؛ داستان طراز ؛ افسانہ نگار ؛ کہانی کار ۔

Fictitious : (a) (۱) بنایا ھوا ؛ ساختہ ؛ مصنوعی ؛ غیر اصلی یا غیر واقعی ۔ (۲) (نام یا شخصیت) فرضی ؛ بناوٹی ؛ تصوراتی ؛ جعلی ۔ (۳) من گھڑت ؛ خیالی ؛ غیر حقیقی ؛ نقلی ؛ ایجاد کردہ ؛ اختراعی ۔ (٤) ناول یا افسانے کا ؛ قصے کہانی جیسا ؛ افسانوی نوعیت کا ۔ (٥) ایسا جس کو عام طورپر افسانہ یا قصہ سمجھ لیا گیا ھو ۔ (٦) (کسی قانونی یا رسمی) مفروضے کا بنا یا ھوا ؛ مفروضے کے ذریعہ ساختہ ۔

Fictitious accounts : (n) (تجارت) فرضی کھاتے ؛ برائے نام کھاتے ۔

Fictitious asset : (n) (تجارت) فرضی اثاثہ ۔

Fictitious year : (n) (فلکیات) سال جعلی ۔

Fictitiously : (adv.) فرضی یا خیالی طور سے ؛ جھوٹ موٹ ؛ افسانوی انداز میں ؛ داستانی طور پر ۔

Fictitiousness : (n) فرضی ھونا؛ غیر واقعیت ؛ غیراصلیت ؛ افسانویت ؛ کہانی پن ۔

Fictive : (a) (۱) فرضی ؛ خیالی ؛ روایتی ؛ افسانوی ؛ داستانی ؛ نقلی ؛ ایجادی ؛اختراعی؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ جھوٹ موٹ کا؛ غیر اصلی ؛ غیر حقیقی ؛ حیلہ سازی یا فریب کاری کا ۔ (۲) خیال سے پیدا کرنے والا ۔

Ficus : (n) [L. 'ficus.'] (مرضیات) ایک انجیرنما گوشتی مادہ ا جلد کا وہ مخروطی ابھار جو بلغمی نالیوں کےخارجی دہانوں پر (حنجرے وغیرہ میں) ھوا کرتاھے؛ (نباتیات) جنس انجیر ؛ (طب) بواسیر ۔

Ficus Aurea : (n) (نباتیات) سنہرا انجیر ۔

Ficus carica : (n) (نباتیات) انجیر ۔

Ficus Elastica : (n) (نباتیات) (شجر) ربڑ ۔

Ficus Glomerata : (n) (نباتیات) گُلار ۔

Ficus Indica : (n) (نباتیات) بڑ ؛ برگد ۔

Ficus palmata : (n) (نباتیات) پھگواڑہ ۔

Ficus Religiosa : (n) (نباتیات) پیپل ۔

Fid : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) لکڑی یا لوھے کا چو پہلی لٹھا جو مستول کے سہارے کے کام آتاھے؛

Fiddle : (v) (۱) سارنگی بجانا ؛ چوتارا بجانا ۔ (۲) سبک سری دکھانا ؛ ہرزہ سرائی کرنا ؛ بے مقصد، بے کار، مہمل، بیہودہ باتیں یا حرکتیں کرنا ؛ نکمی بات یا بیہودہ حرکت کرنا ؛ نکمے پن یا سستی سے کام کرنا ؛ (about کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے) ۔ (۳) (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جھانسا دینا ؛ حیلہ بازی کرنا ۔ (٤)فضول وقت ضائع کرنا؛ بے کار وقت گنوانا۔ (٥) بو الفضولی کرنا ؛ اوچھا پن کرنا ۔

To fiddle to : (کسی) کے ماتحت چلنا ۔

Fiddle away : (v) برباد کردینا؛ ضائع کردینا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔

Fiddle back : (n) سارنگی نما کوئی بھی چیز ۔

Fiddle back chair : (n) کرسی کی پُشت جو سارنگی نما ہو، یہ ملکہ این کے وقت میں مروج تھی ۔

Fiddle beetle : (n) سارنگی کی شکل کا ایک مشرقی بھوڑا ۔

Fiddle block : (n) (جہاز رانی) اوپر نیچے دو چرخیوں والا بلاک جس میں چھوٹی چرخی نیچے ہوتی ہے ۔

Fiddle-bow : (n) Fiddle stick دیکھو

Fiddle-case : (n) (۱) سارنگی کا بکس ۔ (۲) ایسے درخت کے پھل جن کے بیج خول میں آواز دینے لگتے ہیں ۔

Fiddle dee dee : (n) (فجائیہ) واہیات ؛ خرافات ؛ مہمل ۔

Fiddle dock : (n) ایک بوٹی جس کی پتیاں سارنگی نما ہوتی ہیں ۔

Fiddle drill : (n) سوراخ کرنے یا چھید کرنے کا برما ؛ (ٹولس) کمان برما ۔

Fiddle-faddle : (n) (۱) بیوقوفی کی بات ؛ احمقانہ گفتگو ؛ احمقانہ حرکت ۔ (۲) فضول باتیں یا وقت ضائع کرنا ؛ معمولی، ادنیٰ ، بےلطف باتیں ۔ (۳) فضول گو ؛ احمقانہ باتیں کرنے والا ؛ سبک سر یا خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ؛ باتونی ؛ گپی ؛ ہرزہ سرا ؛ یاوہ گو ؛ بسیارگو ۔

Fiddle-faddle : (a) (۱) شوروغل مچانےوالا ؛ ادنیٰ باتیں کرنے والا؛ خفیف الحرکتی دکھانے والا ۔ (۲) (فجائیہ) حماقت ؛ مہمل ؛ لغو ؛ لایعنی ۔

لکڑی یا دھات کی میخ یاپچر ۔ (۲) سخت لکڑی کی ایک مخروطی کیل جو دو رسوں کو ملانے میں رسوں کے تار الگ کرنے کے کام آتی ہے ۔ (۳) بندوق کے سوراخ کےلئے پرانی رسیوں کے سن کی بنی ہوئی ڈاٹ نیز تمباکو کی گولی یا انٹا (جو منہ میں رکھ کر چبایا جاتا ہے) ۔ (٤) (بول چال) کسی چیز کا چھوٹا موٹا حصہ ۔ (٥) کسی چیز کو روکے رکھنے یا سہارا دینے کےلئے استعمال ہونے والی لکڑی یا دھات کی چھڑیا کیل ۔

Fid : (v) لکڑی یالوہے کے لٹھے کے ذریعہ مستول کو سہارا دینا ؛ یا روکنا ۔

Fidalgo : (n) [pg.] ایک پرتگالی رئیس زادہ ۔

Fiddle : (n) [OE. 'fipele.'] (۱) سارنگ ؛ سارنگی ؛ چو تارا ۔ (۲)بعض اوقات وائلن (Violin) کو تحقیر کےطور پربھی کہہ دیتے ہیں ۔ (۳) سارنگی نواز ؛ سارنگی بجانے والا ؛ دل لگی کرنے والا ؛ رنگ دلیاں منانے والا ؛ مسخرہ ؛ درباری مسخرہ ۔ (٤) سارنگی نما کوئی بھی چیز (الف) (جہاز رانی) خراب موسم میں چیزوں کو ٹیبل سے لڑھک کر گرنے سے روکنے کےلئے بنا ہوا ریک یا فریم ۔ (ب) ایک لمبی لکڑی جس کے دونوں سروں پر رسےبندھے ہوتے ہیں اور جو پیالی وغیرہ کو کھینچنےیا دوسرے کاموں کےلئے استعمال ہوتی ہے ۔ (٥) (عامیانہ) پروانہٴ گرفتاری ؛ گرفتاری کا حکم یا فرمان ۔ (٦) (اسکاٹستان) کھجلی ؛ خارش ۔ (۸) (بطور فجائیہ) خرافات ؛ مہمل ؛ لغو ؛ لایعنی ؛ بیکار ؛ فضول ۔

As fit as a fiddle : خوب ہٹا کٹا ؛ اچھی حالت میں ؛ صحت کے عالم میں ؛ کامل صحت مند ۔

Face as long as a fiddle : رنجیدہ ؛ اُداس ؛ غمگین ؛ دل گیر ؛ منہ لٹکائے ہوئے ۔

To hang up one's fiddle when one comes home : گھر سے باہر بشاش رہنا مگر گھر میں آکر اداس ہوجانا ۔

To play first fiddle : پیش پیش رہنا ؛ اگوا ہونا ؛ سب سے آگے رہنا ۔

To play second fiddle : کسی سے کم تر ہونا ؛ کسی سے پیچھے رہ جانا ۔

To play third fiddle : پیچھے رہ جانا ؛ پھسڈی ہوجانا ۔

Fiddle faddle : (v) ادنیٰ باتیں کرنا ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اہم سمجھنا ؛ بات کا بتنگڑ بنالینا ؛ معمولی یا خفیف باتوں میں بے چینی یا گھبراہٹ کے ساتھ پھرنا یا مصروف ہونا ؛ خفیف الحرکتی کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ پریشان کردینا ؛ (کام میں) گڑبڑ کردینا ؛ خلط مبحث کردینا۔

Fiddle fish : (n) (۱) ایک قسم کی شارک مچھلی۔(۲) شاہ سرطان ؛ بڑی نسل کا کیکڑا۔

Fiddle flower : (n) ایک قسم کا پودا۔

Fiddle-footed : (a) (۱) اچھل کود کرنے والا ؛ شوخ مزاج ؛ اٹھکھیلیاں کرنے والا۔(۲) گھومکڑ ؛ مٹرگشت؛ اِدھر اُدھر مارا پھرنے والا۔

Fiddle-head : (n) (۱) جہاز یا کشتی کے پہلو پر کے نقش ونگار جو سارنگی کے سر جیسے خم کے ساتھ ختم ہوتے ہیں ۔ (۲) سارنگی کی طرح خالی کھوپڑی ؛ خالی کھوپڑی ؛ بے دماغی۔

Fiddle-headed : (a) (۱) وہ جہاز یا کشی جس میں سارنگی نماسروں والےنقش ونگاربنے ہوں۔(۲)سارنگی کے سر جیسے دستوں والا (چمچہ، کانٹا) ؛ بےدماغ ؛ خالی کھوپڑی والا ؛ بے سر۔

Fiddle idol : (n) (تاریخ) سارنگی دار مورتی۔

Fiddle-neck : (n) (۱) ایک قسم کی ریشہ دار بوٹی۔(۱) ایک طرح کا پودا۔

Fiddle pattern : (n) سارنگی کے شکل کے دستے والے چمچے اور کانٹے۔

Fiddle patterned : (n) دیکھو Fiddle-headed

Fiddle-string : (n) سارنگی کا تار ؛ (مجازاً) نحیف ونزار ؛ بے جان ؛ بے قمیت یا ادنیٰ سی چیز۔

Fiddle-wood : (n) ایک امریکی پودا۔

Fiddler : (n) (۱) سارنگی بجانےوالا ؛ سارنگی نواز(خصوصاً کرایہ کا)۔(۲) چھ پنس۔(۳) ایک قسم کا چھوٹا سا کیکڑا۔(٤) تل چٹا یابھونرے کےمشابہ ایک مکھی۔ (٥) (مقامی) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ھے ؛ ٹٹیری۔ (٦) ایک قسم کی شارک مچھلی۔

Fiddler crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا۔

Fiddler's green : (n) (۱) (جہازرانی) ملاّحوں کی بہشت جس میں نغمہ ، شراب اور عورت خاص چیزیں ہوتی ہیں۔(۲) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا۔

Fiddlestick : (n) (۱) کمانچہ ؛ (سارنگی کی) کمان جس میں گھوڑے کے بال لگے ہوتے ہیں اور جس سے سارنگی بجائی جاتی ھے۔(۲) فضول ؛ مہمل ؛ لغو ؛ خرافات ؛لایعنی ؛ بیکار ؛ بے مطلب ؛ بے مقصد ۔ (۳) تمسخر آمیز یا ہنسی مذاق کی گفتگو میں کسی دوسرے لفظ کےبدلے اسے بول دیا جاتا ھے ۔ (٤) (بطورفجائیہ) بیہودگی ؛ حماقت؛ مہمل ؛ (اکثرجمع میں)۔(٥)(موسیقی) سارنگی کا گز ؛ زخمہ۔

Fiddlestick end : (n) محض ؛ لغو ؛ فضول ؛ مہمل ؛ پھوٹی کوڑی۔

Fiddley : (n) بھٹی کے منہ کے گرد لوھے کا جنگلا۔

Fiddling : (a) (۱) سارنگی نواز ؛ سارنگی بجانے والا۔ (۲) (اشخاص کےلئے) فضول یا ادنیٰ باتوں میں منہمک ؛ فضول باتوں یا کاموں میں مصروف ۔ (۳) (اشیاء کےلئے) حقیر ؛ ناقابل توجہ ؛ بے حقیقت ؛ بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ فضول ؛ لاحاصل ؛ ادنیٰ ؛ فرومایہ ؛ ذراسا۔

Fiddling : (n) جز بندی ؛ کتاب کے اجزا کو لہر یا سلائی یا بین جزئی ٹانکے لگا کر سینا۔

Fidei-commissum : (n) [L. f. fidei+ commissum.] (رومن قانون) کسی شخص کے ذریعہ کی ہوئی ایسی وصیت جس کے تحت اس نے وارث یا موصی لہ سے کوئی چیز تیسرے شخص کےنام منتقل کرنے کی استدعا کی ہو۔

Fideism : (n) [f. L. 'fides+ISM.'] ایک مکتبۂ فکر جس کے مطابق علم کی بنیاد عقیدے پر ہوتی ھے۔

Fidejussion : (n) [f.next.] ضمانت ؛ ضمانت لینا؛ ضامن ہونا۔

Fidejussor : (n) [L. f. 'fides+jubere.'] (غیر فوجی قانون) دوسروں کی ضمانت لینے والا ؛ ضامن ؛ ضمانت دار۔

Fidejussory : (a) ضمانت دار کا یا اس سے متعلق ؛ ضامنی ؛ ضمانت دارانہ ؛ قابل ضمانت۔

Fidelity : (n) [L.'fidelitatem.'] (۱) اعتبار ؛ با اعتباری ؛ پر اعتمادیت ؛ اعتماد ؛ وفا ؛ وفاداری (کسی

شخص یا جماعت وغیرہ سے) نمک حلالی ؛ خیر خواہی ؛ صدق دلی ۔ (۲) ازدواجی وفاداری ؛ ازدواجی اعتماد ؛ (تاریخ) وفاداری ۔ (۳) حق وصداقت سے انتہائی مطابقت یا مشابہت ؛ کامل مطابقت ؛ قطعی مشابہت کا لا حاصل ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ صحت (واقعہ، رپورٹ وغیرہ کی) ۔ (٤)تفصیلات کے بیان میں درستی (مثلاً مسودہ کی نقل میں، کسی واقعہ کے بیان میں اور کسی فرض کی ادائیگی میں) ۔ (٥) درستگی ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح صحیح (حالت یا بیان) ؛ (اخلا قیات) وفاداری ؛ دیانت ۔ (٦) (ریڈیو، فوٹوگراف وغیرہ میں) الیکٹرونی تدبیر کے ذریعہ سگنل یا ریڈیائی لہر کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک ٹھیک ٹھیک پہنچنا ؛ درستی ؛ معیار درستی ۔

Fidelity guarantee : (n) (قانون) ضمانت دیانت داری ۔

Fidelity policy : (n) (معاشیات) بیما نامہٴ دیانت ۔

Fidepromissor : (n) [L.f. 'fides+promittere.'] (رومن قانون) کسی کی ضمانت کےلئے خود کو پیش کرنےوالا؛ ضامن ؛ ضمانت دار ۔

Fidge : (n) (۱) (روز مرہ) دلی اضطراب ؛ بےچینی ؛ بےکلی ؛ گھبراہٹ ؛ بیزاری ؛ بے قراری ؛ ہڑ بڑی ؛ چلبلاہٹ ؛ نیز ہلچل ؛ ہنگامہ ؛ شورش ؛ افراتفری ؛ بھاگ دوڑ ؛ بلوا ۔ (۲) بے کل ؛ بےچین؛ مضطرب ؛ بیقرار ؛ متلون مزاج ؛ (شخص) ۔

Fidge : (v) [Origin.unkn.] (بول چال) مضطرب پھرنا ؛ بے چین یا بیکل ہونا یا کرنا ؛ گھبرانا ؛ گھبرادینا ؛ ہڑبڑانا یاہڑبڑا دینا ؛ جھٹکے سے کھینچنا؛ جھٹکا دینا ؛ پھڑکنا ؛ پھڑکانا ؛ تشنجی حرکت دینا یا ہونا ۔

Fidget : (n) [f. Fidge. V.] (۱) جسم کی مبہم بے چین حرکت ؛ مسلسل جسمانی حرکات میں سکون کی تلاش؛ اضطراری حرکت ؛ اضطرار؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛بے کلی ؛ بے قراری ۔ (۲) مضطرب ہونے یا کرنے والا ؛ بے قرار یا بے چین ہونے یا کرنے والا ۔ (۳) اضطراب ؛ گھبراہٹ ؛ بے چینی ؛ بیزاری ؛ بےقراری ؛ چلبلاپن؛ (طب) بےقراری ۔ (٤) کپڑوں وغیرہ کی کھڑبڑ یا سرسراہٹ ۔

Fidget : (v) [f.prec. n.] (۱) مضطرب پھرنا ؛ بے چینی یا بے کلی سے ادھر اُدھر آنا جانا ؛ نیز پریشان ہونا ؛ تنگ آجانا ؛ بے چین ہونا ؛ بے کل ہونا ؛ مضطرب ہونا ؛ گڑبڑ کرنا ۔ (۲) اضطراب کا باعث ہونا ؛ مضطرب کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ ہڑبڑا دینا ؛ بیزار کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ تنگ کردینا ؛ فکر مند کرنا یاہونا ؛ تکلیف دینا ۔

Fidgetily : (adv.) مضطربانہ ؛ بے چینی سے بے قراری سے بے کلی سے ؛ پریشانی سے ؛ بیزاری سے ۔

Fidgetiness : (n) اضطراب ؛ بے چینی ؛ بے قراری ؛ بےکلی ؛ پریشانی ؛ بیزاری ؛ چلبلاہٹ ؛ چلبلاپن ۔

Fidgety : (a) مائل بہ اضطراب ؛ مضطرب؛ بے چین ؛ بیقرار ؛ بیکل ؛ پریشان ؛ بیزار ؛ چلبلا ۔

Fidibus : (n) (تمباکو کی) پائپ وغیرہ سلگانے کے لئے کاغذ کا بنا ہوا فلیتہ ۔

Fiducia : (n) [L.f.'fidere.'] رومن یا دیوانی قانون کے تحت ایک معاہدہ جس کی شرائط کے بموجب کوئی خریدار جانداد مبیعہ کو دوبارہ واپس کرسکتا ہے ۔

Fiducial : (a) [L.f. 'fiducia.'] (۱) (دینیات) اعتماد یا اعتقاد کا یا اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ مبنی برایمان و اعتقاد۔(۲)(انجینیئری ، ہیئت وغیرہ میں) پیمائش ؛ مقابلے وغیرہ کےلئے مقرر (کوئی) مفروضہ (خط یا نقطہ) ۔ (۳) امانت کا ؛ امانت سے متعلق ۔ (٤) (طبیعیات)اعتمادی ؛ مقررہ ؛ ثابت ۔

Fiducial distribution : (n) (شماریات) متوقع ڈھلان ۔

Fiducial edge : (n) اعتمادی کنارا ۔

Fiducial inference : (n) (شماریات) متوقع استخراج ۔

Fiducial points : (n) (الیکٹرک، انجینیئرنگ، طبیعیات) مقررہ نقطے ؛ ثابت نقطے ۔

Fiducial temperature : (n) (موسمیات) مقررہ تپش ۔

Fiducially : (adv.) (۱) پراعتماد طورپر ؛ بھروسہ کرتےہوئے۔ (۲) مفروضہ طورپر ۔ (۳) امانت دارانہ ؛ بطور امانت ۔

Fiduciarily : (adv.) دیکھو Fiducially

Fiduciary : (a) (۱) امانت کا ؛ امانت سے متعلق ؛ امانت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) امانتی ؛ امانت دار ؛

امین ۔ (۳) بطور امانت لی ہوئی یا رکھی ہوئی (چیز) ؛ امانتی ۔ (٤) اعتماد یابھروسہ کی نوعیت کا یا اس پر مبنی ؛ (نوٹ، زر، کاغذی) جس کا چلن اعتماد عوام پر ہوا ؛ مبنی بر اعتبار یا اعتماد ۔

Fiduciary : (n) امانت دار ؛ امین ؛ امانتی؛ امانت رکھنےوالا؛ (معاشیات) امین ؛ امانت دار ۔

Fiduciary bond : (n) ضمانتی بانڈ ؛ ضمانتی اقرار نامہ ۔

Fiduciary coemption : (n) (رومن قانون) ایک فرضی بیع جس کے ذریعہ کوئی عورت اپنا متولی تبدیل کرسکتی ہو یا وصیت کرنے کی قانوناً مجاز ہو سکتی ہو ۔

Fiduciary contract : (n) دیکھو Fiducia

Fiduciary heir : (n) رومن ڈچ قانون کے مطابق کوئی وارث کسی جائداد کو اس شرط پر لے سکتا ہے کہ اس جائداد کو وہ دوسرے کو منتقل کردے ۔

Fiduciary loan : (n) (تجارت و معاشیات) اعتباری قرضہ ۔

Fiduciary money : (n) (تجارت) اعتباری زر ۔

Fiduciary notes : (n) (تجارت) اعتباری نوٹس ۔

Fiduciary relation : (n) (۱) دوفریقوں کے درمیان عدالت سے منظور کیا ہوا ایک ایسا باہمی تعلق جس سے فریق مخالف جائداد کا ذمہ دار قرار دیاجائے ۔ (۲) مختلف کاروبار میں دو اشخاص کا باہمی تعلق ۔

Fiduciary relationship : (n) تعلق امانتی ۔

Fiduciary standard : (n) (تجارت) اعتباری معیار ۔

Fiduciary standard of money : (n) (تجارت) زر کا اعتباری معیار ۔

Fidus Achates : (n) وفادار پیرو ؛ وفادار ہم رکاب ؛ ساتھی ۔

Fie : (interj.) [L.'fi.'] چھی ! تف ! توبہ توبہ ! استغفر اللّٰہ ۔

Fie-fie : (a) بدنام ؛ خراب ؛ (چلن وغیرہ) شنیع ۔

Fiedlerite : (n) ($Pb_3 (OH)_2 CL_4$) ایک قسم کی سیسہ نمادھات جو بےرنگ اور یک پہلو بلور میں پائی جاتی ہے ۔

Fief : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Fee ۔ (۲) (تاریخ وسیاسیات) فوجی جاگیر ؛ جاگیر ۔

Field (n) [OE. 'feld.'] (۱) کھیت ؛ میدان ؛ قطعہ ؛ زمین ؛ مزرع ؛ کشت ؛ مرغزار یا چراگاہ کی زمین جس کے گرد باڑ ہوتی ہے ۔ (۲) وہ علاقہ جہاں کانیں ہوں یا تیل کے کنویں ہوں ۔ (۳) میدان کارزار ؛ میدان جنگ ؛ رزم گاہ ؛ رن ؛ جنگ ۔ (٤) کرکٹ ؛ فٹ بال وغیرہ کھیلنے کا میدان ۔ (٥) سب کے سب کھلاڑی ؛ میدان میں موجود فریق ؛ نیز دونوں طرف کے کھلاڑی ؛ جیتنے والے کے سوا تمام مقابل کھلاڑی ۔ (٦) (کرکٹ میں) وہ جو کھلارہے ہوں؛ کھلانے والا فیلڈرس کو) کھڑا ہونے کی جگہ ۔ (۷) قطعہٴ زمین یا آسمان یا برف وغیرہ (نیز استعارتاً) ۔ (۸) (نقابت) مارکہ دار ڈھال کی سطح یا اس کا ایک حصہ ۔ (۹)تصویر، سکے، تمغےیا پھریرے کی زمین ۔ (۱۰) حلقہٴ عمل ۔ (۱۱) ایک وسیع سطح ؛ طویل فاصلہ یا پھیلاؤ ؛ کشادگی؛ وسیع رقبہ ۔ (۱۲) میدان عمل ؛ حلقہٴ کار یا حلقہٴ تفتیش ۔ (۱۳) (طبیعیات) کسی عامل کی حدود کے اندریا اس کے حلقہٴ اثر کے تحت آنے والا رقبہ یا فضائے بسیط (اسپیس) ۔ (طبیعیات وغیرہ) کھیت ؛ حلقہ ؛ میدان ۔ (سماجیات) حلقہ ؛ (لسانیات) میدان یا دائرہ ۔

Absolute field : میدان مطلق ۔

A good field : بہت سے اور اچھے اچھے کھلاڑی ۔

Electric field : (برقیات) برقی میدان ۔

Fair field no favour : بازی یا لڑائی میں طرفین کو یکساں موقع (دینا) ۔

Filled the field to the telescope : دور بین کی قوت ۔

Gravitational field : (طبیعیات) تجاذبی میدان ؛ میدان کشش ۔

Hard fought field/Stricken- : معرکہ شدید ؛ شدید جنگ ۔

In the field : میدان کار زار میں ؛ صف بستہ ۔

Linguistic field : (لسانیات) لسانیاتی میدان یا دائرہ ۔

Field-ash : (n) ایک قسم کا جنگلی پودا ؛ فیلڈ ایش ۔

Field-balm : (n) (۱) ایک یوروپی پودا جس کی شاخیں سخت اور پھول سوسنی یا بنفشئی ہوتے ہیں ۔ (۲)ایک قسم کی بیل جس کے پھول لاجوردی ارغوانی ہوتے ہیں ۔

Field-basil : (n) جنگلی یا خود رو ریحان یا نازبو (ایک خوشبودار پودا) ؛ ایک قسم کی خوشبودار جھاڑی دار بوٹی ۔

Field-battery : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپوں کا مورچہ ۔

Field-bean: (n) (۱) بڑی سیم ؛ باقلہء کلاں ۔(۲) ایک قسم کی سیم جس کے بیج کھائے جاتے ہیں ۔

Field-bed : (n) (۱) میدانی بستر ؛ میدان میں استعمال کیا جانے والا بستر ۔(۲) زمین پر بچھا ہوا بستر ؛ فرشی بستر ۔

Field-bee : (n) مزدور مدھو مکھی؛شہدجمع کرنےوالی مکھی ۔

Field-beet : (n) چقندرکی ایک بڑی قسم جسے جانور کھاتے ہیں ۔

Field-betony : (n) ایک قسم کے اُودے پھول والا یوروپی پودا ۔

Field-bird : (n) سنہری پلوور ایک قسم کا لمبی ٹانگ والا پرندہ جو جھنڈ میں رہتا ھے ۔

Field-book : (n) سروے کرنے والے یا طبیعی مطالعہ کرنے والے کی وہ نوٹ بک جس میں ضروری باتیں یا مظاہر فطرت سے متعلق جمع کردہ یاد داشتیں نقل ہوتی ہیں ؛ فیلڈ بُک ۔

Field-capacity : (n) کسی مٹی کی رطوبت قائم رکھنے کی صلاحیت ؛ مرطوبیت ؛ رطوبت گیری ۔

Field-captain : (n) (۱) تیر اندازی کے کھیل میں مردوں کی جماعت کا کپتان ۔(۲) تیر اندازی کے کھیل کا افسر اعلیٰ ۔(۳) میدان میں موجود وہ کھلاڑی جو اپنی ٹیم کا نمائندہ بھی ہو خصوصاً (فٹ بال میں)۔

Field-carriage : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپیں اور ان کے گولہ بارود لے جانے والی گاڑی ۔

Field-chopper : (n) میدان میں بڑھی ہوئی گھاس کاٹنےوالی مشین ۔

Magnetic field : مقناطیسی خواص کا حامل کوئی خطہ یا زمین (خواہ قریب میں مقناطیس کی موجود گی کے باعث ہو یا وہاں سے یا اس کے گرد برقی رو کے گذرنے کی وجہ سے ہو ؛ مقناطیسی میدان ۔

Out side the magnetic field : مقناطسی حلقے سے باہر یاپرے ؛ حیطہء کشش سے باہر ؛اتناقریب نہیں کہ کشش کا اثر ہو سکے ۔

Yo hold thd field : زمین پر قابض رہنا ؛ قبضہ جمائے رکھنا ؛ نہ مغلوب ہونا ؛ نہ دبنا ۔

To keep, take, maintain the field : جنگ شروع کرنا ؛ جنگ جاری رکھنا ۔

To lay against the field/To back-/To bet - : جیتنے والے کے خلاف بازی لگانا یا شرط بدنا ۔

To pitch, set a field : رزم گاہ کا انتخاب کرنا ؛ جنگ کا میدان منتخب کرنا ؛ اپنے آدمیوں کو لڑنے کا حکم دینا ۔

To take the field : جنگ شروع کرنا ۔

Wide field of vision : نگاہ کی پہنچ ؛ حدِ نگاہ ۔

Field : (a) میدانی ۔

Field : (v) (۱) کھلی جگہ میں جانا ؛ میدان میں جانا ؛ دیہات میں جانا ۔ (۲) غلّے وغیرہ کو کھلی ہوا اور دھوپ میں رکھنا ۔(۳) جیتنے والے کھلاڑی کے مقابلہ میں فیلڈنگ کرنا ۔(٤) کرکٹ وغیرہ کی فیلڈنگ کرنا ؛ گنید کو روکنا اور واپس کرنا ۔ (٥) میدان میں اُتارنا (کھلاڑی کو) ۔

Field-allowance : (n) فوجی افسروں کابھتہ (بہ زمانہء جنگ) (تاریخ) میدان جنگ وغیرہ کا بھتہ ۔

Field-ambulance : (n) میدان جنگ سے زخمیوں کو اسپتال پہنچانے والی گاڑی ؛ فوجی ایمبولینس ۔

Field-army : (n) معاون فوج کے طورپر تیار کیا ہوا فوجی دستہ جو آزادانہ طورپر فوجی کاروائی کرسکتا ہو ۔

Field-arrow : (n) شکاری تیر ۔

Field artillery : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپ ۔

Field-club : (n) تاریخ طبیعی کا بیرونی مطالعہ کرنے والی انجمن ۔

Field-code : (n) متنازعہ علاقے میں استعمال ہونے والی خفیہ لغت (بری اوربحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ)۔

Field coil : (n) (طبیعیات) فیلڈ کنڈلی ؛ فیلڈ کوائل ۔

Field-colours : (n) (فوج) فوجی دستے اوربٹالین کےلئےجنگی میدان میں نشان کےطورپر لگائی گئی چھوٹی جھنڈیاں ؛ نیز میدان جنگ میں فوج کے لباس کا رنگ ۔

Field condition : (n) (لسانیات) عملی صورت حال ۔

Field-conventicle : (n) کھلے میدان میں کوئی مذہبی جلسہ ؛ عام دھارمک سبھا ؛ مذہبی اجلاس عام ۔

Field-cornet : (n) کیپ کو لونی میں شہر کا حاکم ؛ حاکم شہر؛ حاکم ضلع؛تحصیل یاتعلقہ کامجسٹریٹ ۔ (کیپ کالونی)۔

Field-day : (n) (۱) (فوج) جنگی مشق کا دن ؛ (استعارتاً معرکہ کا دن) ؛ زبردست یا اہم مباحثہ ؛ فوجی جائزہ ؛ غیر معمولی اور اشتعال انگیز واقعہ ۔ (۲) میدان میں گذارا ہوا دن (شکار یا بیرونی طبیعی مطالعہ کرنے والے کے ذریعہ)۔ (۳) میدانی کھیل یا کھیل کود کے مقابلوں کا دن (اسکول وغیرہ میں)۔ (٤) بحر یہ میں عام مکمل صفائی کا دن ۔

Field-dog : (n) شکار کی نشاند ہی کرنے والا کتا ؛ شکار نما کتا ۔

Field-dressing : (n) (جنگ کے موقع پر) زخمیوں کی مرہم پٹی وغیرہ کاسامان ۔

Field-driver : (n) (امریکا) آوارہ گرد مویشی کو پکڑ کر کانجی ہاؤس میں دینے والا افسر ۔

Field-duck : (n) ایک قسم کا چھوٹا یوروپی پرندہ ۔

Field emission : (n) (برقیات) میدانی اخراج ؛ (طبیعیات) فیلڈ اخراج ۔

Field energy : (n) میدانی توانائی (طبیعیات)فلیڈ توانائی ۔

Field equation : (n) (طبیعات) فیلڈ مساوات ۔

Field-events : (n) مختلف قسم کے میدانی کھیل کود ۔

Fill-dike/-the dike : (n) ماہ فروری کی صفت یا لقب (چونکہ اس مہینے میں بارش اور برف کے پگھلنے سے کھائی اور خندقیں بھرجاتی ہیں) ۔

Fill-horse : (n) بم کا گھوڑا ؛ وہ گھوڑا جو بموں کے درمیان جوتا جائے ؛ جب گاڑی میں آگے پیچھے گھوڑے جوتے جائیں تو پچھلا گھوڑا ۔

Fill- in : (۱) خانہ پری کرنا ؛ بھرنا (دستاویزاورچیک وغیرہ کو) ۔ (۲) کسی عبارت کو مکمل کرنا ؛ خالی جگہ کو بھرنا ؛ (فارم وغیرہ) بھرنا ۔ (۳) کسی خالی جگہ میں بھرنے کی غرض سے کوئی چیز رکھنا ۔

Fill-out : (v) (۱) بڑھانا ؛ وسیع کرنا۔ (۲) مطلوبہ حد تک وسیع کرنا ؛ ضروری حد تک بڑھنا۔ (۳)بیرونی حدودکے اندر پھیل جانا یابھرجانا۔ (٤) انڈیلنا ؛ دوسرے برتن میں پلٹنا ۔

Fill the bill : (v) نمایاں ہونا ؛ چھایا ہوا ہونا ؛ (امریکا) کما ینبغی کرنا ؛ مکتفی ہونا ۔

Fill up : (v) (۱) پُرکرنا ۔ (۲) کمی پوری کرنا ۔ (۳) بھردینا ؛ پاٹ دینا۔ (٤) پوری طرح بڑھ جانا؛ بڑا ہوجانا ۔ (٥) معمور کردینا ؛ شکم سیر کردینا ؛ لب بہ لب بھردینا ؛ پوری طرح بھر دینا ۔ (٦) کسی چیز کی بھرائی مکمل کرنا؛ پوری طرح بھردینا ۔ (۷) (کسی کمی یا خلا کو پر کرنے کےلئے) فراہم کرنا ؛ بہم پہنچانا؛ سپلائی کرنا۔ (۸) خانہ پُر کرنا ؛ خالی جگہ کو بھرنا ؛ کسی عبارت کو مکمل کرنا ۔ (۹) روک دینا؛ موقوف کر دینا ؛ اوقاف لگانا؛ ٹھہرانا؛ بند کرنا ؛ مسدود کرنا ؛ روکنا ؛ منسوخ کرنا. برابر کرکے مکمل کرنا ۔ (۱۰) پورا ہوجانا ؛ بھرجانا ؛ مکمل ہوجانا ؛ معمور ہوجانا ؛ سیر ہو جانا ؛ موقف ہو جانا ؛ کامل ہو جانا ۔ (۱۱) (مجازاً) پوری طرح جوان ہو جانا ؛ کِھل اٹھنا ۔

Fille : (n) [F.] لڑکی ۔

Fille de chambre : (n) خواص ۔

Fille de joie : (n) [F.] بیسوا ؛ کسبی ؛ رنڈی ؛ طوائف ؛ دل بہلانے والی لڑکی ۔

Filled : (a) بھرا ہوا ؛ پُر ؛ معمور ؛ مکمل ۔

Filled cheese : (n) ملاوٹ والی پنیر ؛ دودھ سے نکالا ہوا ایسا پنیر جس میں خارجی یا بیرونی روغنی اشیاء بھی ملائی گئی ہوں ۔

Sails fill : بادباں ہوا سے بھرے ہوئے ہیں ۔

Fill : (v) (۱) بھردینا ؛ بھرجانا ؛ پُرکرنا ؛ پُرہونا ؛پُرہوجانا ۔ (۲) بالافراط جمع کرنا ؛ ذخیرہ جمع کرنا ۔ (۳) بھرجانا ؛ سماجانا ۔ (٤) (دنداں سازی) کھوکھلے دانت سونے سے بھرنا ۔ (٥) سیر کرنا شکم سیر ہوکر کھانا ؛ طبیعت بھردینا؛ چھکا دینا(شراب پلا کر) ؛ اگھا دینا (کھانےوغیرہ سے)؛ پیٹ بھرکر کھانا یا کھلانا؛ شکم سیری کا احساس پیدا کرنا ؛ مطمئن کرنا ؛ تسکین دینا ۔ (٦) کسی منصب پر ہونا ؛ فائز ہونا ۔ (۷) فرض منصبی کو بجالانا؛ فرائض انجام دینا ۔ (۸) (فرصت کے وقت کا) مشغلہ ہونا ۔ (۹) کسی خالی جگہ یا اسامی کو پُر کرنا ۔ (۱۰) ملانا ؛ ملونی کرنا(خصوصاً سوتی کپڑے میں) آمیزش کرنا ؛ ملاوٹ کرنا؛ ملانا ۔ (۱۱) انڈیلنا ؛ ڈھالنا ؛ لدائی کرنا ؛ لادنا ؛ کسی برتن میں رکھنا یا بھرنا؛ کسی چیز سےشگاف یا سوراخ کو بھرنا ۔ (۱۲) جہاز پر مال لادنا؛ لباس کو خوش وضع طورپر مکمل شکل دینا ۔ (۱۳) پھولوں سے بھرجانا۔ (١٤) بڑھنا؛ وسیع ہوجانا ۔ (١٥) (جہاز رانی) (ہوا کا بادبان کو) پھلانا ؛ (بادبان کا) ہوا سے پھرجانا۔ (١٦)جگہ گھیرلینا؛ جگہ لینا؛ سمائی ہونا؛ سرایت کرنا؛ نفوذ کرنا ؛ گھسنا ؛ بیٹھنا ۔ (۱۷) پوری جگہ یا گھیرے کو لےلینا؛ پورے کو بھردینا۔ (۱۸) جذبات سےلبریزھوجانا۔ (۱۹)(کسی مدت وغیرہ کو) پوراکرنے کی لئے کسی شغل، کام وغیرہ کو پورا کرنا یا انجام دینا یا بجالانا ۔ (۲۰) خانہ پُری کرنا ۔

To fill one's shoes : اپنی جگہ اختیارکرنا یالے لینا؛ اپنےعہدے پر فائز ہونا اور فرائض اور ذمہ داریوں کو انجام دینا ۔

To fill the bill : ضرورت پوری کرنا ؛ بامراد کرنا ؛ مرادبرلانا ؛ دوسرے کے کام آنا ۔

Fill away : (v) (۱) بادبان کی ترتیب اس طرح کرنا کہ وہ پوری طرح ہوا کےرخ پرھو ۔ (۲) بادبان کو ہوا کے رخ پر رکھ کر آگے راستے کی طرف بڑھنا ۔

Fill-basket : (n) مٹر وغیرہ کی مخصوص بڑی یا کثرت سے پیدا ہونے والی قسم کا نام ۔

Fill-belly : (n) (۱) پیٹو شخص ؛ بہت کھانے والا ۔ (۲) نیولے کی شکل کا بسیار خور جانور ۔

Fill cap : (n) تیل کی ٹنکی کو بھرنے والی پائپ کےسرے پر لگی ہوئی لوہے کی ٹوپی ۔

Filler : (a) (۱) بھرنے والا : پُر کرنے والا ؛ مکمل کرنے والا ؛ ملاوٹ کرنے والا ؛ تمام کرنے والا ؛ موقوف کرنےوالا ؛ بطانہ ؛ بھرتی ۔ (۲)بھرنے کےلئے استعمال کی گئی چیز ؛ بھراوٹ ؛ بھری جانے والی چیز ؛ ملاوٹ کی گئی چیز ۔

Filler : (n) دیکھو Fill horse

Filler Freight : (n) (تجارت) بھراؤ مال ۔

Filler in : (n) (۱)رنگ بھرنے والا : ڈیزائن بنانےوالا (خصوصاً مٹی کے برتنوں پر) ۔ (۲) کسی کا بدل ۔

Filler man : (n) تمباکو کا کام کرنےوالامزدور جواس کےپتوں کو طشت پر رکھ کر سکھاتا ھے تاکہ وہ سگار بنانے کے کام میں لایا جاسکے ۔

Fillet : (n) [L. 'filum.'] (۱) سر کابندھن ؛ فیتہ ؛ دھجی ؛ پٹی (بال باندھنے کی) ؛ موباف ؛ سنگارکےطورپر سر کے بال یا سر کےلباس کو درست رکھنے کے لئےباندھا جانے والا فیتہ وغیرہ ۔ (۲) پٹی ؛ بندھن ؛ بند ۔ (۳) پتلا سا لمبا ٹکڑا (کسی چیز کا)(مثلاً سکہ سازی میں دھات کا) ۔ (٤) (جمع میں) کسی جانور کی کمر ؛ کولہا ۔ (٥) پٹھے کا گوشت؛ لٹکا ھوا گوشت ؛ گوشت کا لٹکا ھوا ٹکڑا ۔ (٦) بچھڑے کی پنڈلی کا گوشت جس میں سےہڈی الگ کر کے اس کو لپیٹ کر فیتے سے باندھ دیا گیا ھو ۔ (۷) مذکورہ بالا طرح سے بناھوا گائے کا گوشت یا مچھلی ۔ (۸) (طباخی) آسانی سے علاحدہ ھوجانے والا پُرگوشت حصہ خصوصاً گائے کی پیٹھ یا پٹھے کا گوشت ۔ (۹) مچھلی کا قتلا ۔ (۱۰) دوکانسوں یا کگروں کی درمیانی پٹی ؛ کسی ستون کے کٹاؤ کی درمیانی چھوٹی پٹی ؛ رخچہ ؛ پخ ؛ بندک ؛ (نجاری) لکڑی کی ایک پتلی پٹری جو سہارا دینے یا مضبوط کرنے کےلئے سطح پر باندھی گئی ھو ۔ (۱۱) ڈھال کا آڑا حصہ ؛ ڈھال کے اوپر کے ایک تہائی حصے کا ربع ؛ ڈھال کے بالائی ثلث کا ایک تہائی یا ایک ربع ۔ (۱۲) کسی سطح کا اٹھا ھوا سرا ؛ خصوصاً بندوق کے دہانے پر کا حلقہ نیز کسی اسکرو کی لہر یا دھاری ۔ (۱۳) (جلدسازی) جلد کے اوپر کا سادہ خط ؛ کتاب کی جلد کے اوپر دبا کر بنایا ھوا ایک سادہ خط یادھاری نیز وہ اوزارجس سے یہ خط بنایا جاتا ھے ۔ (١٤) پنیر بنانے میں کام آنےوالا دہی ؛ ریشوں سے بنا ھوا بندھن ؛ ترچھے، منحنی سفیدعصبی ریشوں کی پٹی جو مادغ کے اندر ھوتی ھے ۔ (۱٥) پٹی یا فیتے جیسی کوئی بھی چیز (حشریات وطیوریات) رنگین پٹی یا دھاری ؛ (مکڑے میں) جبڑوں کے جوڑ اور آنکھوں کے درمیان کی جگہ ۔

Fillet : (v) (۱) سر کا موباف ، فیتہ یا پٹی باندھنا ۔ (۲) زیبائشی فیتے سے آنکھ باندھنا یا لپیٹنا ۔ (۳) (طباخی) مچھلی کے قتلے یا گوشت کے پارچے کرنا ۔ (٤) فیتوں، دھاریوں ، پٹیوں اور خطوط سے آراستہ کرنا (خصوصاً جلدسازی میں) ۔ (٥) فیتے کی طرح استعمال کرنا ۔

Fillet gauge : (n) محدب اور مقعر سطحوں کو ناپنے کا پیمانہ ۔

Filleting : (n) (۱) بندش ؛ بندھن ؛ فیتہ یا پٹی باندھنے کا عمل ۔ (۲) فیتہ ؛ بندھن ؛ بند ؛ پٹی ؛ موباف ؛ سر میں باندھنے کا فیتہ یاپٹی ۔ (۳) آرائشی پٹیاں یا دھاریاں ۔ (٤) دیوار یا چھت کے جوف کی بھراوٹ ؛ وہ چیزیں جس سے جوف کوبھراجائے ۔

Filli - : (۱) بچھڑی ؛ بچھیا ؛ نوجوان گھوڑی ۔ (۲) چنچل دوشیزہ ؛ کم عمر لڑکی ۔ (۳) چنچل ؛ جوان ؛ الھڑ۔

Filling : (n) (۱) بھرنا ؛ بھرجانا ؛ بھراؤ ؛ لبریزی ؛ تکمیل ؛ بھرنے یا بھرے جانے کا عمل ؛ سیری ؛ شکم پر؛ خانہ پُری ؛ بھرت (دانت) بھرائی ۔ (۲) (جہاز رانی) بادبان کا پھیل جانا؛ اس میں ھَوا بھرجانا ۔ (۳) آمیز ؛ ملاوٹ ۔ (٤) خالی جگہ یاجوف کوبھرنے میں استعمال ھونےوالی چیز؛ بھراوٹ ؛ جگہ کو بھرنے میں استعمال کی گئی چیزیں ۔ (٥) (شراب سازی) (جمع میں) مالٹ سے تیارکی جانے والی شراب کو صاف کرنے کےلئے (لکڑی کے) پیپے میں ڈالا ھوا مالٹ کا تیار شدہ زلال یا آش ۔ (٦) زیادہ غذا اور کم کام کی وجہ سے گھوڑے کے پیر میں اتفاقیہ ھونے والا ایک مرض۔

Filling fork : (n) کرگھے کا وہ دوشاخہ جو بھرنی کے دھاگے کو ٹوٹ جانےیا درستگی سےنہ بیٹھنے کی صورت میں کرگھے کی حرکت کو روکتا ھے ؛ کرگھے کا کھٹکا ۔

Filling knitting : (n) بانا دوزی ؛ بھراؤ کا کام ؛ بھراوٹ کی بُنائی ۔

Filling notch/-slot : (n) بول بیرنگ کا ایک کٹاؤ جس کے ذریعہ بال اندر داخل ھوتا ھے ۔

Filling point : (n) سیال چیزوں کے رکھنے والے برتن خصوصاً بوتل میں بنا ہوا نشان جہاں تک اس میں رقیق چیز بھری جاتی ہے ۔

Filling station : (n) موٹر گاڑیوں میں تیل اور گیسولین بھرنے کا خردہ فروش اسٹیشن (دکان) ۔

Fillip/Filip : (n) (۱) ناخن کی نکور ؛ ناخن کی ٹھوکر ۔ (۲) اکساوا ؛ محرک ؛ ابھارنے والی شے ؛ مہیج ۔ (۳) ادنیٰ ؛ خفیف ؛ دقیقہ ؛ لمحہ ؛ (مکےکی) مار ؛ گھونسہ ۔

Fillip : (v) (۱) ناخن سے اچھالنا ؛ ناخن سے ٹھوکر مارنا ۔ (۲) روپے ، پیسے یا گولی کو ناخن سے اچھالنا ۔ (٤) زور دینا (حافظے یا طبیعت پر) ۔ (٤) ٹھوکا دینا ۔ (٥) متحرک کرنا ؛ متہیم کرنا ؛ اُکسانا ؛ بھڑکانا؛ مشتعل کرنا ۔

Not worth a fillip : معمولی ، حقیر چیز ۔

Fillister : (n) [Origin unkn.] کھڑکی کے شیشوں کے چوکھٹے کا رندا نیز شیشے بٹھانے یا پوٹین جمانے کےلئے کاٹی ہوئی چول ؛ (نجاری) تپام ؛ تپام رندہ ۔

Fillister head/-screw head : (n) اسکرو یا پیچ کے سرے پر کا کٹاؤ ۔

Filly : In) [Origin doubtful.] Filli دیکھو

Film : (n) [L.fellis.] (۱) جھلی ؛ تہ ؛ورق غشا ؛ قشر ؛ پرت ؛ چھلکا ۔ (۲) سنیما کی جھلی یالچھا ؛ سنیما ؛ فلم ۔ (۳) فوٹو کی جھلی ۔ (٤) آنکھ کاجالا؛ غبار؛ دھند؛غبارچشم ۔ (٥) باریک سا تاگا یا ریشم ۔ (٦) (فوٹوگرافی) تصویری کاغذ یا پلیٹ پر پھیلی ہوئی کولوڈین اورگلاٹین کی پرت یا جھلی ؛ (کیمیا) تہ ۔

Film : (v) (۱) چڑھانا ؛ منڈھنا ؛ باریک جھلی سے ڈھانکنا ۔ باریک پرت جمانایا چڑھانا؛ مدھم ہوجانا؛ باریک پردہ سےڈھک جانا ؛ دھندلا جانا ۔ (۲) فلم بنانا؛ فلم تیار کرنا ؛ فلمانا ۔

Soap film : (کیمیا) صابن کی تہ ۔

Surface film : (کیمیا) اوپری تہ ۔

The film of death : پردۂ موت ؛ موت کی دھند ۔

Film able : (a) قابل تصویر ؛ فلمانے کے لائق ۔

Film badge : (n) فوٹو گرافک فلم میں کام آنے والا ایک پیمائشی آلہ ۔

Film dom : (n) (۱) فلمی دنیا ؛ فلمی صنعت ۔ (۲) فلمی صنعت کے لوگ ؛ فلمی ستارے ۔

Film-gate : (n) فلم گزار ۔

Film holder : (n) فلم رکھنے کا روشنی بند (تاریک) ڈبہ ۔

Film goer : (n) فلم دیکھنے والا ؛ فلم کا شائق یا رسیا ؛ فلم بیں ۔

Film land : (n) فلمی دنیا ۔

Film like : (a) فلم نما ؛ فلم جیسا ۔

Film record : (n) فلمی ریکارڈ ۔

Film recorder : (n) صوت نگار فلم ۔

Film wright : (n) فلم میں اسکرپٹ لکھنے والا ۔

Filmer : (n) فلم بنانے ولا ؛ فلم ساز ۔

Filmic : (a) فلمی ؛ فلم نما ؛ فلم جیسا ؛ فلم صفت ؛ قابل فلماؤ ۔

Filmily : (adv.) دھندلے طور پر ؛ مدھم طورپر ۔

Filminess : (n) دھندلاپن ۔

Filmize : (v) فلمانا ؛ فلم بنانا ۔

Filmization : (n) فلم کےلئے لینا (کسی کہانی یاناول وغیرہ کو) ؛ فلمانا ۔

Filmogenic : (a) فلم زا ۔

Filmy : (a) (۱) جھلی سا ؛ دھندلا ۔ (۲) باریک جھلی یا پرت جیسا ۔ (۲) ہلکا ؛ باریک ؛ شفاف ؛ ریشمی جالی کا سا؛ چھوٹی مکڑی کےبنےہوئے مہین جال کا سا۔ (٤) کہرنما ؛ کہر آسا ؛ غبار دار ۔ (٥) باریک جھلی یا پردے سے ڈھکا ہوا ؛ دھندلا ؛ مدھم ۔ (٦) (کیمیا) جھلی دار ۔ (۷) (سنیما) فلم نما ۔

Filmy fern : (n) فرن کی ایک قسم ۔

Filoplume : (n) [Bodly f. L. 'filum +pluma.'] (طیوریات) رواں ؛ دھاگا نما پر ؛ بال جیسا پر ؛ خیطی پر ۔

Filoplumeceous : (a) بال جیسے پروں والا ؛ رواں دار ۔

Filopodium : (n) (حیوانیات) خیطی پا ۔

Filose : (a) [L.f. 'filum.'] (نباتیات، حیوانیات) دھاگا نما سروں والا ؛ خیطی ؛ رشتگی ۔

Filoselle : (n) [F.r.] کچا ریشم ؛ ابریشم ؛ لاس ۔

Fils (fes) : (n) بیٹا ؛ فرزند ؛ خُرد ۔

Filter : (n) [med.L.'feltrum.'] ٹپکا (پانی وغیرہ صاف کرنے کا) ؛ فلٹر ؛ مقطار ؛ دبیز ادنیٰ کپڑے ؛ کاغذ یا دوسری مسامدار چیز کا ٹکڑا جس سے گذار کر سیال مادوں کو خارجی آلائشوں سے پاک و صاف کیا جاتا ہے ؛ (کیمیا) سیال مادوں کو چھان کر صاف کرنے کا آلہ خصوصاً گھڑونچی جس میں سیال کو بالو، کوئلے یا بعض دوسری مسامدار چیزوں سے گذار کر صاف کیا جاتا ہے ؛ (شاذ) چھانی جانے والی چیز ۔

Filter : (v) (۱) ٹپکنا ؛ ٹپکانا ؛ صاف کرنا (پانی وغیرہ کا) چھاننا ؛ تقطیر کرنا ۔ (۲) پھوٹنا ؛ پھوٹ نکلنا (خبر کا) ۔ (۳) صاف کرنے کیلئے کسی سیال کو فلٹر سے گزارنا نیز وہ سیال ۔ (٤) کسی مسامدار یا سوراخ دار چیز سے ٹپکانا یا چھاننا ۔ (٥) فلٹر کی طرح کسی چیز سے گذرنا، ٹپکنا ؛ چھننا ۔ (٦) چھان کر نکالنا یا حاصل کرنا ۔

Capillary filter : ڈھیلے ریشوں والی طناب کے ذریعہ پانی میں ملے خس و خاشاک کو چھاننے کا ایک طریقہ ۔

Filter alum : (n) الیومینیم سلفیٹ ۔

Filter ash : (n) فلٹر / چھننے کی راکھ ۔

Filter-bed : (n) ٹپکے یا فلٹر کا حوض ؛ فلٹری حوض ؛ حوض یا تالاب جس کی تہ عارضی ہوتی ہے اور فلٹر کا کام دینے کے لئے ڈھکی ہوتی ہے ؛ حوض فلٹر ۔

Grabity filter : (کیمیا) ثقلی فلٹر ۔

Mechanical filter : (کیمیا) میکانی فلٹر ؛ آلہ تقطیر ۔

Filter cake : (n) رقیق یا سیال چیز کے چھاننے کے بعد بچی ہوئی گاد یا تلچھٹ ۔

Filter centre : (n) (فوج) خطرے سے آگاہ کرنے والا فضائی اسٹیشن ۔

Filter circuit : (n) (ریڈیو) فلٹری دور ۔

Filter-faucet : (n) ایک خانہ دار فلٹر جس میں سیال کو صاف کرنے کیلئے بالو، اسفنج اور دوسری چیزیں ہوتی ہیں ۔

Filter feeder : (n) ایسا جانور جو پانی کی دھار میں چھوٹے کیڑوں کو چھان کر اپنی غذا حاصل کرتا ہے ۔

Filter fly : (n) ایک قسم کی لمبے پیروں والی رواں دار مکھی ۔

Filter man : (n) فلٹر کرنے والا ؛ چھاننے والا ۔

Filter-paper : (n) فلٹر کاغذ ؛ چھاننے کا کاغذ ؛ چھاننے کا ایک مسام دار کاغذ ؛ چھننا کاغذ ۔

Filter passer : (n) (بیکٹریا) مقطار گزر ۔

Filter-press : (n) (۱) ایک قسم کا فلٹر جس میں سیال پر دباؤ ڈال کر چھانا جاتا ہے ؛ فلٹری شکنجہ ۔ (۲) ایک قسم کی مشین جس سے مچھلی کا تیل نکالا جاتا ہے ۔

Filter pressing : (n) (کیمیا) چھانتے ہوئے یا فلٹر کرتے ہوئے دبانا ۔

Filter stick : (n) خوردبینی تجزیہ میں کام آنے والی ایک چھوٹی فلٹر نلی ۔

Filter tip : (n) سگار یا سگریٹ کے سرے پر لگا ہوا اسفنجی روئی کا گدّا جو دھوئیں کو صاف کرنے کیلئے ہوتا ہے ؛ فلٹر ٹپ ۔

Filterability : (n) (کیمیا) تقطیر پذیری ۔

Filterable virus : (n) (طب) تقطیر پذیر زہر ۔

Filtered : (a) (کیمیا) مقطر ۔

Filterer : (n) فلٹر کرنے والا ؛ چھاننے والا ۔

Filtering : (n) چھاننے یا فلٹر سے گذار کر صاف کر نے کا عمل ؛ پالائش ۔

Filtering-basin : (n) وہ چیمبر یا چھوٹا حوض جس میں پانی خزانے سے آکر پائپ لائنوں میں جانے سے پہلے چھن جاتا ھے ۔

Filtering-cup : (n) مسام دارلکڑی کا پیالہ جو فضا کے دباؤ کو ظاہر کرنے کےلئے استعمال کیا جاتا ھے ؛ فلٹرنگ پیالہ ۔

Filtering-press : (n) دیکھو Filter-press

Filtering stone : (n) مسام دار پتھر جو پانی کو صاف کرنے کےلئے استعمال ھوتا ھے ۔

Filtering-tank : (n) دیکھو Filtering-basin

Filth : (n) [O Teut. f. fulo-] (۱) گندگی ؛ غلاظت ؛ میل ؛ نجاست ؛ آلائش ۔ (۲) نجاست ؛ کثافت ؛ آلودگی ؛ (اخلاقی) ناپاکی ؛ فحش عنوانی ۔ (۳) بدزبانی ؛ گالی گلوچ ؛ مغلظات ۔(٤) (بول چال) شریر ؛ پاجی ؛ لچّا؛ لفنگا؛ شہدا ؛ کسبی ؛ رنڈی ؛ بدمعاش ؛کمینہ ؛ فاحشہ ؛ بدذات ؛ پھوہڑ ؛ بد سلیقہ عورت؛ چھنال ۔(٥) (خاص کر مڈلینڈ) خودرو گھاس ؛ گندگی پھیلانے والا سبزہ ۔

Filth disease : (n) گندے ماحول ، گندی فضا، گندی جگہ اور گندی عادتوں کے نتیجے میں ھونے والا مرض ۔

Filthify : (v) ناپاک کرنا؛نجس کرنا ؛ گندہ کرنا؛ غلیظ کرنا۔

Filthily : (adv.) غلیظ طورپر ؛ گھناؤنے طورپر ؛نجاست سے ؛ آلودہ طورپر ؛ ناپاکی سے ؛ فحش انداز میں ؛ کمینگی سے ۔

Filthiness : (n) ناپاکی ؛ نجلی پن ؛ گندگی ؛نجاست؛ غلاظت ؛ آلائش ؛ کمینگی ؛ لفنگاپن ؛ فحاشی ؛ آلودگی ؛ بدمعاشی ؛ چھنالہ ۔

Filthy : (a) (۱) گندہ ؛ نجس ؛ نجلی ؛ ناپاک ؛ فحش ؛ میلا ۔ (۲) (مزاحاً) ناجائز طور پر کمایا ھوا(روپیہ، پیسہ، دولت) ۔ (۳) عفونت سے بھراھوا؛متعفن ۔ (٤) گندگی پسند ۔ (٥) گندے اخلاق وعادات کا؛ فحش ؛ بیہودہ ؛ بےحیا ؛ مکروہ ؛ گھناؤنا ؛ قابل نفرت ۔

Filthy lucre : (n) ناجائز تمتع یا انتفاع ؛ ناجائز طریقے سے کمائی ھوئی دولت، روپیہ ؛ بے ایمانی سے کمایا ھوا دھن ۔

Filtrate : (n) [L.'filtrat-'] صاف کی ھوئی، چھانی ھوئی شراب؛ مقطر ۔

Filtrate : (v) دیکھو Filter : (v)

Filtration : (n) (۱) تقطیر ؛ پالائش ۔(۲) ٹپکاؤ رساؤ ؛ نچوڑ ۔

Filtratometer : (n) (کیمیا) مقطر پیما ۔

Filtrum : (n) (۱) چھلنی ۔(۲) نمدہ ۔

Filtry : (معدنیات) تپ آتشیں ؛ آتشیں بخارات ۔

Filum : (n) [L.] باریک ریشے یا دھاگانما کوئی چیز ؛ خیطہ ۔

Filum aquae : (n) پانی کی باریک دھار ۔

Filum terminale : (n) ریشہ نما سرا ؛ حرام مغز کاباریک دھاگا نما سراجو کمر کے اعصاب کے نیچے ھوتا ھے؛ (حیوانیات) اختتامی ریشہ ؛ (تشریح) خیطہ نخاع ۔

Fimble : (n) [Du. femel] سن کا نرپودا ؛ حشیش کا نر پودا ۔

Fimble hemp : (n) دیکھو Fimble

Fimbria : (n) [L.] جھالرخصوصاً تشریح میں قنات فلوپی کا جھالر دار سرا ؛ (نباتیات) کائیوں کے سرپوش کا جھالر نما حلقہ (حیوانیات) جھالر ؛ سنجاف ۔

Fimbrial : (a) جھالر دار ؛ جھالر کا ؛ جھالرنما ؛ جھالر سے متعلق ؛ (تشریح) قنات فلوپی کے جھالر دار سرے کا یا اُس سے متعلق ؛ (نباتیات) کائیوں کے سر پوش کے جھالر نما حلقے کا یا اُس سے متعلق ؛ (حیوانیات) سنجافی ۔

Fimbriate : (a) [L.'fimbiatus.'] (۱) (حیوانیات، نباتیات) بال دار؛ ریشہ دار؛ جھالر دار سنجاف دار؛ حاشیہ دار؛ جس کےاردگرد یا حاشیے پر بال یا ریشہ ھو ۔(۲) (نقابت) جھالر دار کناروں والا ۔

Fimbrate : (v) کنارا لگانا ؛ جھالر لگانا ؛ کرن ٹانکنا ۔

Fimbriated : (a) (۱)(نقابت) جھالردار کناروں والا ۔(۲) جھالر دار؛ جھالر لگایا ھوا ؛ جھالر نما ؛ (مجازاً) بال دار ؛ ریشہ دار ۔

Fimbriation : (n) (۱) جھالر داری ؛ ریشہ داری ؛ سنجافیت ۔ (۲) جھالر ؛ کونا ؛ حاشیہ ؛ کنارا ۔

Fimbriatum : (n) (حیاتیات) سنجافیہ ۔

Fimbricate : (a) Fimbriate کا غلط متبادل ۔

Fimbrillate/Fimbrillose : (a) [N.L.'fimbrilla.'] بہت مہین جھالر سے کنارہ بنایا ہوا ۔

Fimbriocele : (n) (طب) نتق سنجافی ۔

Fimetarious : (a) [L.'fimetum.'arious.] گوبر پر یا گوبر کے بیچ اُگا ہوا ؛ گندی جگہ پر اُگا ہوا ؛ غلاظت میں اُگا ہوا ۔

Fimetic : (a) گوبر کا یا اُس سے متعلق ؛ گوبر دار؛ گوبر والا ؛ کھاد والا ۔

Fimicolous : (a) (نباتیات) گوبر باش ۔

Fin : (n) [OE.fimm.] (۱) مچھلیوں کےجسم کےمختلف حصوں سے ملحق ایک قسم کا عضو جس کے ذریعہ وہ تیرتی یا پانی میں اپنےرخ بدلتی ہے ؛ مچھلی (وغیرہ) کا پر ؛ سگ ماہی (سیل) یا پینگوئن وغیرہ جیسے دوسرے حیوانات کے ایسے ہی اعضا ؛ بال ؛ بالہ ؛ دست ۔ (۲) مچھلی کے سر سے مشابہ کوئی چیز (مزا حاً) (آدمی کے)بازو اور ہاتھ یاصرف ہاتھ؛ (عامیانہ) ہاتھ؛ بازو ؛ پنکھ ۔ (۳) وھیل مچھلی کی ہڈی ۔ (٤) باہر نکلاھوا حصہ یا عضو ۔ (٥) ہل کی نسی یا پھالی کا بغلی اُبھار ۔ (٦) (میکانیت) مشین کے دھرے یا دستے میں دیا ہوا پچر جو باہر کونکلا ہوا ہو، نیز کسی تختے کے سرے پر آگے نکلا ہوا حصہ (جو دو سرے کے سال میں ٹھیک بیٹھ جائے) ۔ (۷) ھوائی جہاز کے پیندے کی زائد سطح یا زائدہ ؛ کشتی کے پیندے کا زائدہ ۔(۸) (عامیانہ) ایک جھاڑی داربوٹی جس کی جڑ سخت ھوتی ھے۔ (۹) ایک چورس پٹی جو دھرے اور پہیئے کی مشترکہ چھڑی میں دی جاتی ھےتاکہ دونوں بیک وقت گردش کریں ۔ (۱۰) ایک پتلی دیوار روشنی کوروکنے کےلئے؛ روشنی روک دیوار۔(۱۱) (حیوانیات)زعنفہ ۔

Fin : (v) (۱) پانی کےاوپر پردہ کونمایاں کرنا ۔(۲)پانی میں پیچھے کی جانب خود کو ڈھکیلنا ۔(۳) مچھلی کےپروں کو کاٹنا ۔ (٤)لکڑی کے بھاری کندے کو کاٹنا ۔

Tip us your fin : ہاتھ ملاؤ ؛ مصافحہ کرو ۔

Fin : (a) ہل کی پھالی سے متعلق ۔

Fin : Fen کا متبادل ۔

Fin de non recevior : (تاریخ و سیاسیات) کسی سرکاری شکایت کو بغیرتحقیق کئے رد کردینا (سفارتی اصطلاح)۔

Fin de siecle : (a) [Fr.] (۱) انیسویں صدی کے اواخر کی خصوصیت رکھنے والا ؛ جدید ؛ نئے زمانے کا ۔ (۲) (انیسویں) صدی کے اواخر کی خصوصیت کا ۔(۳) مغلق اور بلند پرواز طرز والا (مصنف یاصنّاع)۔

Fin-fish : وھیل مچھلی کی قسمیں خاص کر Forqual کی قسم کی یعنی جس کی پشت پر ایک پَر ھوتا ھے ۔

Fin-foot : (n) (۱) تیرنے والا پاؤں ۔(۲) پرندے کی ایک قسم کا نام ۔

Fin-footed : (a) (۱) پردہ پا؛ (طیوریات) جھلی دار پنجوں والا ۔(۲) لو دار پاؤں والا ؛ گوشہ دار پاؤں والا ۔ (۳) صدف نما جانوروں میں ، پَر کا درمیانی حصہ جو پھیل کر دو پَردارگوشوں کی صورت میں بدل گیا ہو ۔

Fin-keel : (n) کشتی کی پشت کا زائدہ ۔

Fin-ray : (n) (مچھلی کے) پروں کی جلد کو سہارا دینے والے اُبھاروں میں سے ایک ۔

Fin-rays : (n) مہیپر کرنیں ۔

Fin-spine : (n) مچھلی کے پر کا اُبھرا ھوا حصہ یا اُبھار ۔

Fin-spined : (a) خار مہی پرا ؛ خارنما ماہی پر والا ۔

Fin-toed : (a) دیکھو Fin-footed

Fin-weed : (n) ایک جھاڑ دار بوٹی جس کی جڑ سخت بوٹی جس کی جڑ سخت ھوتی ھے ۔

Fin-whale : (n) دیکھو Fin fish

Finable/fineable : [f.fine + Able.'] (۱) قابل جرمانہ ؛ مستوجب جرمانہ ۔ (۲) قابل تجدید یا قابل جرمانہ (پٹّا)۔

Finable : (a) قابل صفائی ؛ قابل وضاحت ؛ قابل شت وشو ؛ قابل تقطیر ؛ قابل پالائش ؛ پاک یا صاف کئے جانے کے لائق ۔

Finagle : (v) (۱) کوئی صورت پیداکرنی ۔ (۲) دھو کےیافریب سے حاصل کرنا ؛ قابل اعتراض طریقے سے حاصل کرنا ؛ گھات لگانا؛ جُل دینا؛ گھات میں رہنا ؛ دغا سے حاصل کرنا ۔

Finagler : (n) دغا باز ؛ فریبی جعل ساز ۔

Finagling : (n) فریب ؛ دھوکا ؛ چال بازی ؛ جعل سازی ۔

Final : (n) [L.f. finis.] (۱) تکمیل ؛ اختتام ؛ آخر ؛ اتمام ؛ خاتمہ ۔ (۲) کسی لفظ کا آخری حرف ؛ حرف آخر (لسانیات) آخری ؛ اختتامی ۔ (۳) آخری فیصلہ کن کھیل ؛ آخری امتحان ؛ انتہائی امتحان ؛ غایت ؛ آخری اشاعت ۔

Final : (a) (۱) آخری ؛ آخیر ؛ انجام کار ۔ (۲) فیصلہ کن ؛ فیصل ؛ قطعی ؛ ناقابل تغیر ؛ ناطق ۔ (۳) غایتی ۔

Final accent : (n) (لسانیات) اختتامی تاکید ۔

Final accounts : (n) (تجارت) اختتامی کھاتے ؛ اختتامی حساب ۔

Final audit : (n) کامل آڈٹ ؛ اختتامی آڈٹ ۔

Final cause : (n) علت غائی ۔

Final clause : (n) (نحو) جملہ انشائیہ ؛ (تاریخ وسیاسیات) شق آخر ؛ شق ناطق ۔

Finalconsumption/Ultimate- : (n) (تجارت) آخری صرف ۔

Final order : (n) (قانون) قطعی حکم ۔

Final pitch : (n) (لسانیات) اختتامی سر ۔

Final process : (n) (قانون) تعمیلی کاروائی ؛ فیصلے کی کاروائی ؛ نفاذ کی کاروائی ؛ اجرائی کاروائی ۔

Final product : (n) (تجارت) تیار پیداوار ۔

Final temperature : (n) آخری تپش ۔

Final utility : (n) (تجارت) افادہ مختتم ۔

Final yield : (n) (سماجیات) کامل پیداوار ؛ کامل برآمد ۔

Finale : (n) (۱) (موسیقی)باجے کی آخری گت ؛ باجےکی وہ گت یا دُھن جو اُوپیرا (opera) کے کسی ایکٹ کے آخر میں بجائی جائے ۔ (۲) ڈراما؛ ناٹک کا خاتمہ ۔ (۳) انجام ڈرامہ ؛ آخری سین ؛ انجام ۔ (٤) انجام ؛ انت ؛ اختتامی حصہ ۔

Finalism : (n) علت غائی پر اعتقاد ؛ عقیدہء اتمام یا اختتام ؛ (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) غائیت ۔

Finalist : (n) (۱) عقیدہء اتمام کا حامل ؛ علت غائی پر اعتقاد رکھنے والا ۔ (۲) مقابلہ کرنے والا جسے آخری مقابلے کےلئےرکھ چھوڑا گیا ہو ؛ آخری مقابل ۔

Finality : (n) (۱) علت العلل جو اس کائنات میں بر سر کار ہے ۔ (۲) انتہائی ؛ نہایت ؛ غایت ؛ تکمیل ۔ (۳) قطعیت ۔ (٤) اتمام ؛ نتیجہ ؛ انجام کار ؛ اختتام ۔ (٥) عقیدہء اتمام (۱۸۳۲ء کے ریفارم بل میں پہلی دفعہ اس معنی میں استعمال ہوا) ۔ (٦) آخری یا اختتامی چیز ؛ (فلسفہ، نفسیات) قطعیت ؛ غایت ؛ (تاریخ) اتمام ؛ قطعیت ۔

Finalization : (n) اتمام ؛ قطعیت ۔

Finally : (adv.) آخر کار ؛ بالآخر؛ انجام کار؛ نتیجتاً ؛ نتیجہ کے طور پر ؛ آخر میں ؛ فیصلہ کن طور پر ؛ قطعی طور پر ۔

Finance : (n) [OF. f. 'finer.'] (۱) (جمع) ذرائع آمدنی ۔ (۲)مالیہ ؛ مالیات ؛ سرکاری خزانہ ؛ (تجارت) سرمایہ ۔ (۳) انتظام زر خصوصاً کسی ریاست، کارپوریشن وغیرہ میں مالیاتی تحصیل و وصول کا علم یا فن ۔ (٤) توصیفی معنوں میں مثلاً مالیاتی کمیٹی ؛ (سماجیات) مالیہ ؛ (تاریخ) مالیات ؛ مالیہ ؛ سرمایہ کاری ۔

Finance : (v) (۱) روپیہ لگانا ؛ رقم لگانا ؛ سرمایہ لگانا ؛ مالی کاروبار کرنا۔ (۲) پونجی حاصل کرنایا پانا؛پونجی فراہم کرنایامہیاکرنا ۔ (۳) مالیاتی کارو بار میں مشغول ہونا ؛ کسی کو پونجی فراہم کرنا ۔ (٤) اُدھاربیچنا یا لگانا ۔

Compensatory finance : (تجارت) متلافی مالیات ۔

Domestic finance : (تجارت) گھریلو مالیات ۔

Functional finance : (تجارت) تفاعلی مالیات ۔

Local finance : (تجارت) مقامی مالیات ۔

Paucity of finance : (تجارت) مالیات کی کمی ۔

Private finance : (تجارت) نجی مالیات ۔

Public finance : (تجارت) مالیات عامه ۔

Rural finance : (تجارت) دیہی مالیات ۔

Sound finance : (تجارت) معتبر مالیات ۔

Finance bill : (n) (تجارت، تاریخ وسیاسیات) مالی بل ؛ مالیاتی بل ۔

Finance capitalism : (n) (تاریخ وسیاسیات) مالیاتی سرمایه داری ۔

Finance committee : (n) مالیاتی کمیٹی ۔

Finance market : (n) (تجارت) سرمایه مارکیٹ ۔

Finance minister : (n) وزیرخزانه ؛ وزیرمالیات ؛ وزیر مال ۔

Financial : (n) مالیاتی ؛ مالی ؛ مال سے متعلق ؛ معاملات زر کا یا اُس سے متعلق ۔

Financial adviser : (n) مشیر مالیات ۔

Financial integration : (adv.) (تجارت) مالیاتی انضمام ۔

Financial planning : (n) (تجارت) مالی منصوبه بندی ۔

Financial rules : (n) قواعد مالیات ۔

Financial statement : (n) مالی کیفیت ۔

Financial stringency : (n) (سماجیات) مالی عسرت ۔

Financial year : (n) مالی سال ؛ مالی حساب کتاب کی سالانه مدت ۔

Financially : (adv.) مالی اعتبار سے ؛ مالی نقطهٔ نظر سے ؛ مالی طور پر ۔

Financier : (n) (۱) ماہر مالیات ۔(۲) سرمایه دار ؛ پونجی پتی ۔ (۳) روپیه لگانے والا ؛ خزانے کا انتظام اورتحصیل و وصول کاماہر۔(٤)مالیاتی کاروبارمیں مشغول سرمایه دار ؛ (تجارت) سرمایه دار ۔

Financier : (v) (۱) مالی کاروبار کرنا ؛ (بطور تحقیر) ۔ (۲) (امریکا) دھوکا دینا ؛ خورد برد کرنا ۔

Financing : (n) (تجارت) سرمایه کاری ۔

Back door financing : (تجارت) چُھپی سرمایه کاری ۔

Corporate financing : (تجارت) جماعتی سرمایه کاری ۔

Deficit financing : (تجارت) خساره کی مالیات ۔

Direct financing : (تجارت) راست سرمایه کاری ۔

Inflationary financing : (تجارت) افراطی سرمایه کاری ۔

Medium financing : (تجارت) متوسط سرمایه کاری ۔

Monetary financing : (تجارت) زری سرمایه کاری ۔

Finback :(n) دیکھو Fin fish

Finch : (n) [OE. 'finc.'] ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا ؛ سہره (پرند) ۔

Finched : (a) [Origin unkn.'] (مویشی کی) پیٹھ پر سفید دھاری بنی ہوئی ۔

Find : (n) [f.Verb.] (۱) دریافت ؛ حصول ؛ اکتشاف ؛ پانے، معلوم کرنے، سراغ لگانے،تحقیق کرنےوغیره کا علم ۔(۲) (بول چال)لومڑی کا پتا لگانا ؛ معدنی اشیاء،خزانےوغیره کی تلاش ۔(۲) دریافت شده چیز ؛ تلاش کی ہوئی چیز؛ معلوم یا حاصل کی ہوئی چیز ۔

A sure find : وه مقام جہاں کسی کا (خصوصاً لومڑی کا) ملنا یقینی ہے ؛ وه مقام جہاں کسی شے کی دریافت یقینی ہو ؛.(عام بول چال) وه شے جس کی دریافت یقینی ہو ۔

All found : بشمول جمله (نوکروں کی تنخواه) ۔

Find : (v) [Pre. Teut. pent-.] (۱) پانا ؛ ملنا ؛ ہاتھ لگنا ۔ (۲)حاصل کرنا ؛ انتفاع یا تمتع کرنا ؛ قرب حاصل کرنا ؛ حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔ (۳) ہونا ؛ پانا ؛ معلوم کرنا ؛ معلوم ہونا ؛ سمجھنا (خود کو) ؛ دریافت کرنا ۔ (٤) سراغ لگانا(شکارکا)؛ کوشش یا تلاش کے ذریعه سراغ لگانایادریافت کرنا ۔ (٥) (روپیه، ضمانت وغیره) حاصل کرنے، پانے میں کامیاب ہونا ۔ (٦) ذہن نشین یا دل نشین ہونا۔(۷)تحقیق کرنا؛

پتا لگانا ؛ تفتیش کرنا ؛ جستجو کرنا ۔ (۸) (قانون) ٹھہرانا؛ قرار دینا؛ (کسی فیصلہ پر)راضی ہونا اورفیصلےمیں‌لانا؛ فیصلہ سنانا ؛ فیصلے میں (دلیل) پیش کرنا ؛ (کسی دستاویز کی) معقولیت یا صحت کاپتا لگانا ۔ (۹) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا؛ دینا ؛فراہم کرنا ؛ کفالت کرنا ۔ (۱۰) لومڑی وغیرہ کا پتا لگانا ۔ (۱۱) خزانے ، کان وغیرہ کی دریافت کرنا۔ (۱۲) کسی چیز کے فوائد اور اُس کے استعمال کا پتا لگانا ۔ (۱۳) معائنہ یا غوروفکر کے ذریعہ معلو م کرنا ؛ نیز محسوس کرنا (کہ ایسا ہو سکتا ہے) ؛ درك کرنا ؛ تجربے میں لانا ۔ (۱٤) پہنچنا ؛ رسائی ہونا ؛ نتیجے پر پہنچنا ۔ (۱۵) (کسی کے) فہم یا شعور پراثر انداز ہونا (کسی شے کا) ۔ (۱٦) کسی شخص کا کفیل ہونا ؛ بوجھ اُٹھانا ؛ دستگیری کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ حمایت کرنا ۔ (۱۷) کسی خاص برتاؤ یا سلوك سے دوچارھونا ۔ (۱۸) تدبیر کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ کھوجنا ؛ کوشش کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ جستجو کرنا ؛ اختراع کرنا۔ (۱۹) (خاص کر مڈلینڈ) (جانوروں کا) بچہ دینا؛ جننا ۔

To find expression,ingress, outlet, place : راہ پانا ؛ رسائی پانا ؛ باریابی حاصل کرنا ؛ طرز اظہار پالینا ۔

To find fault : عیب جوئی کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ خامی بتانا ؛خامی نکالنا؛ غلطی پکڑنایا نکالنا؛ حرف گیری کرنا ۔

To find favour, grace,mercy : مقبول ہونا ؛ قرب حاصل کرنا ؛ شرف قبولیت حاصل کرنا ؛ تائید حاصل کرنا ؛ حمایت حاصل کرنا ۔

To find in : فراہم کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ پورا کرنا ۔

To find in one's heart : (قدیم) خواہش مند ہونا ؛ چاہنا ؛ مائل ہونا؛ راغب ہونا ؛ سنگ دل ہونا؛ بےرحم ہونا ۔

To find one's account in : تمتع یا استفادہ کرنا ؛ نفع خش سمجھنا ۔

To find oneself : (۱) اپنی طبیعت کےرجحان ومیلان کاپتالگا لینا؛ اپنامصحیح مصرف معلوم کرلینا ۔ (۲) اپنی ضرورتیں مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ۔

To find one's feet : (بچے کا) اپنے پیر پر کھڑا ہونے کے لائق ہوجانا؛ (مجازا) پروان چڑھنا؛ قوت بڑھانا؛نئے ماحول میں تجربہ، مہارت وغیرہ حاصل کرنا ؛ احساس قوت ہونا ؛ قوت بڑھنا ؛ اپنی طاقت کو بڑھانا اور محسوس کرنا ۔

To find one's way to : کسی تك پہنچنا؛ کسی نتیجے تك پہنچنا ؛ (کوشش ، تجربہ ، جستجو تلاش سے) منزل مقصود تك پہنچنا ؛ کسی جگہ (مشکلوں کے باوجود) جانا یالے جایاجانا ۔

To find out : (۱) پتا چلانا ؛ جرم کرتے ہوئے دیکھ پانا ؛ معلوم کرنا ؛ حاصل کرنا؛ پکڑلینا۔ (۲)دریافت کرنا ؛ انکشاف کرنا ؛ ایجاد کرنا؛ کھوج نکالنا۔ (۳) معمہ حل کرنا؛ تلاش کے ذریعہ کسی نتیجے پر پہنچنا یا کسی کو پالینا ۔ (٤) تفتیش کرنا ؛ سراغ لگانا ؛گرفت کرنا ؛ پکڑنا (غلطی وغیرہ) ۔ (٥) تاڑلینا کسی فریب کی تہ کو پہنچ جانا ۔

To find (true) bill : جیوری کافرد قرارداد جرم لگانا۔

Find fault : (n) (بول چال) عیب جو شخص ؛ حرف گیر شخص ؛ عیب بیں شخص ؛ نکتہ چیں شخص ۔

Find out-method : (n) جو نندہ پانندہ طریقہ ۔

Find spot : (n) ایسی جگہ جہاں آثارقدیمہ سے متعلق چیزیں پائی گئی ہوں ۔

Findable : (a) قابل دریافت ؛ قابل تحقیق ؛ قابل تفتیش ؛ جستجو کے لائق ؛ تلاش کے قابل ۔

Finder : (n) (۱) دریافت کرنے والا ؛ تحقیق کرنے والا ؛ متجسس ؛ سراغ لگانےوالا؛ محقق؛پتالگانے لگانےوالا ؛ معلوم کرنے والا ۔ (۲) چھوٹی دوربین جو بڑی دوربیں کے ساتھ لگادی جاتی ہے ۔ (۳) ایك خردبینی سلائڈ جو چلیپائی خطوط کے ذریعے منعکس ہوتا ہے تاکہ منظر کا کوئی بھی نقطہ بآسانی دیکھا جا سکے ۔ (٤) (تصویر کشی میں) دائرہ نگاہ میں آنےوالےمعروض پر نگاہ جمانے کے لئے کیمرے میں لگاھوا ایك اضافی لینس (شیشہ) ؛ منظر نما ۔

Finder's leather : (n) جوتے کے تلے کا چمڑا ؛ سکھ تلا ؛ چمڑے کاوہ ٹکڑا جو جوتے کے اندر دیتے ہیں ۔

Findhorn : (n) مچھلی جس کو گیلی لکڑی یا ہری گھاس کے دھوئیں سے سکھاتے ہیں ۔

Finding : (n) (۱) (قانون) تجویز ؛ جیوری کی رائے ؛ نتیجہٴ تحقیقات ؛ عدالت کا فیصلہ ۔

(٢) دریافت ؛ معلومات ؛ تلاش ؛ دریافت شدہ چیز ۔ (٣) کفالت ؛ پرورش ؛ تائید ؛ حمایت ؛ دستگیری ؛ فراہمی ؛ رسدہ ؛ (جمع میں) اوزار کا سامان ؛ متعلقہ اشیا وغیرہ جو جوتابنانے والے، لباس تیار کرنے والے، زیوارت بنانے والے استعمال کرتے ہیں ؛ (سماجیات) دریافت؛ (قانون) تجویز ؛ فیصلہ ۔

Finding list : (n) (کتاب وغیرہ) فہرست کٹیلاگ ۔

Findings : (n) اکتشافات ؛ (قانون) نتائج تحقیقات ۔

Findon : (n) دیکھو Findhorn

Fine : (n) [Irish.] قدیم آئرستانی گھرانہ یا خاندان ۔

Fine : (n) [L.Finem'(finis).] (١) (متروک) خاتمہ ؛ انت ؛ آخر ۔ (٢) وہ رقم جوکوئی اسامی بوقت دخل یابی اداکرے۔ (٣) جرمانہ ؛ تاوان ۔ (٤) آخری یا فیصلہ کن تصفیہ یا راضی نامہ ؛ بادشاہ یا ججوں کی اجازت سے حقیقی یا فرضی مقدمے کا دوستانہ سمجھوتہ یا تصفیہ ؛ اراضی کے قبضے، دخل سے متعلق کسی جھوٹے یا سازشی مقدمے کا تصفیہ جو پہلے انتقال جائداد کے طورپر رائج تھا ۔ (٥) ادائے قرض کا راضی نامہ ؛ (جاگیری قانون) سلامی ؛ نذرانہ ؛ پیش کش ؛ (جدیدقانون) زمین بندوبستی کےوقت رعیت کے ذریعہ پیش کی گئی رقم تاکہ مال گذاری کم یا برائے نام رکھی جائے ؛ نذرانہ ؛ سلامی ۔ (٦) امان دینے، کسی معاملے کا فیصلہ کرنے یا کسی کی جان بخشی کرنے کےلئے ادا کی گئی رقم ۔ (٧) کسی جرم کےلئے بطور جرمانہ عائد کی جانے والی متعین رقم ۔

In fine : ؛ قصہ مختصر ؛ بالآخر ' القصہ ؛ غرض کہ ؛ الغرض۔

One fine day : ایک دفہ کا ذکر ھے کہ ۔

Fine (v) [f.fine (n)] (١) کسی خاص عہد ے یا منصب کا احترام کرنا ۔ (٢) جرمانہ کرنا ؛ تاوان لینا ؛ جرمانہ وصولنا ۔ (٣) جرمانہ، سلامی یا نذرانہ پیش کرنا یا ادا کرنا ۔

To fine away/-down/-off : زیادہ باریک، نفیس اور پتلا ھوجانا یا کردینا؛ موھوم سارہ جانا ۔

To fine down/- off : سلامی یانذرانہ دے کرمالگذاری میں تخفیف کرانا ۔

Fine : (a) [Origin doubtful.] (١) عمدہ ؛ بڑھیا ؛ اچھا ۔ (٢) کھرا ؛ خالص ؛ پاک ؛ ستھرا ؛ صاف ۔ (٣) نازک ؛ نفیس ؛ نفیس انداز کا ؛ نادر؛ طرفہ ؛ تحفہ ۔ (٤) پاکیزہ (خیالات ، جذبات) ۔ (٥) مہین یا باریک ۔ (٦) تیز، نوکدار ؛ نکیلا؛ چکنا ؛ ملائم ۔ (٧) (ورزش) پھرتیلا ؛ بنا ھوا ؛ (جسم) ۔ (٨) لطیف احساس رکھنےوالا؛ لطیف ؛ ہلکا ۔ (٩) نازک ، (باریک فرق وغیرہ) ۔ (١٠) خوب؛ اچھا (طنزاً) ۔ (١١) قبول صورت؛ حسین ؛ حسین قامت ؛ خوش نما ؛ خوش لباس ؛ خوش وضع (اشخاص و اشیاء) پر تمکین ؛ با وقار ۔ (١٢) صاف ؛ روشن ؛ غیر مکدر۔ (١٣) زرق برق ؛ بھڑکیلا ؛ فوق البھڑک ۔ (١٤) نازک مزاج ؛ نفاست پسند ؛ تصنع آمیز ؛ پرتکلف (عبارت وغیرہ) ۔ (١٥) توصیفی ؛ پسندیدہ ۔ (١٦) (موسم یا دن) بےابر و باد ؛ خوشگوار ۔ (١٧) حساس ۔ (١٨) پرتکلف ؛ حسین ؛ مرصع (تحریر و تقریر) ۔ (١٩) اتنے قیراط کا (سونا یا چاندی) یاخاص دھات کے اونس ۔ (٢٠)صفات میں اعلیٰ؛ شریف ؛ عظیم ؛ با ہنر ؛ اچھا ؛ ہنرمند ؛ چابک دست ؛ مشاق ۔ (٢١) خوشگوار ؛ پرکیف ؛ شاندار ؛ نفیس ۔ (٢٢) (پالیسی) گھری ۔

One of these fine days : ایک دن ، کسی روز (غیر متوقع واقعات کےلئے) ۔

Fine : (n) عمدہ ، خالص، نازک، لطیف، خوشگوار، حسین چیز ؛ خوشگوار موسم وغیرہ ۔

Fine : (adv.) خوبی سے ؛ نزاکت سے ؛ سلیقے سے ؛ بہ حسن وخوبی؛ ہنر سے ؛ نفاست سے ؛ عمدگی سے ؛ کھرےطورپر ؛ خالص طور پر ؛ حساس اندازمیں ؛ پاکیزگی سے ؛ لطیف انداز میں ؛ صاف طورپر؛ باریکی سے؛ بہادری سے ؛ جراءت مندانہ طور پر ؛ چابکدستی سے ؛ بہ وقار طور پر ؛ اعلیٰ طور پر ؛ سچ مچ ۔

Fine : (v) [f. fine (a) .] (١) صاف ھونا (کسی مائع اور سیال چیز کا) ؛ صاف کرنا ؛ خالص بنانا ۔ (٢) عمدہ ؛ نفیس ؛ خوبصورت، پرلطف ، خالص باریک، پاکیزہ وغیرہ بنانا یا ھونا۔ (٣) اچھا ھونا؛ عمدہ بننا؛ حسین ھونا؛ خوشنما ھوجانا ؛ نازک مزاج اورنفاست پسند ھونا ۔ (٤) چھوٹا، باریک یاپتلا بنانا ۔ (٥) نفیس، باریک وغیرہ ھونا۔

Fine : (n) [F, short for fine cham pagwe.] ایک قسم کی معمولی فرانسیسی شراب جو فرانسیسی ریسٹورنٹ میں فروخت ھوتی ھے ۔

Fine adjustment : (n) (۱) باریک توافق ؛ ہم آہنگی ۔ (۲)باریک درستی ۔

Fine arch : (n) شیشے کے کارخانے کی چھوٹی بھٹی ۔

Fine art : (n) [F. beaux-arts.] (۱) (جمع میں) فنون لطیفہ (سنگ تراشی ، تعمیر مصوری ، شاعری اور موسیقی) ۔ (۲) (جمع بطور واحد) شعبۂ فنون لطیفہ ۔

Fine bent : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Fine boring : (n) بندوق کی نال کی اندرونی سطح کو عمدہ اور چکنا کرنا ۔

Fine champagne : (n) برانڈی شراب، فرانس کی عمدہ برانڈی ۔

Fine comb : (v) کھری چھان بین کرنا ۔

Fine cut : (a) عمدہ تراشا ہوا ؛ نفیس طورپر تراشا ہوا ؛ عمدہ اورنفیس بنانے کےلئے کاٹا ہوا (مثلا تمباکو وغیرہ) ۔

Fine draw : (v) (۱) رفوکرنا ؛ نفیس طورپر رفو کرنا ؛ عمدہ طورپر مرمت کرنا (اس طرح کہ پتا نہ چلے) ۔ (۲) باریکی یا نفاست پیدا کرنا (شاذ) ۔

Fine drawn : (a) (۱) نہایت باریک ؛ نامعلوم سا نفیس بنایا ہوا ؛ نفاست سے رفو کیا ہوا ؛ نہایت صاف اور عمدہ بنایا ہوا ۔ (۲) (ورزش میں) جسم جو ورزش سے چھٹ گیا ہو ؛ موٹاپا یاوزن جو ورزش کے ذریعہ گھٹایا گیا ہو ۔

Fine drawer : (n) رفوگر ۔

Fine gentleman/-lady : (n) وضع دار شریف مرد یا خاتون ۔

Fine grain : (n) (کیمیا) باریک ذرے ۔

Fine grained : (a) باریک ریشہ دار ۔

Fine gold : (n) سمعیاری طلا ؛ خالص طلا ۔

Fine harness : (n) گھوڑوں کا ایک نمائشی طبقہ جو ہلکے سازوسامان سےآراستہ ہوتا ہے؛ نیز وہ گھوڑا جو مذکورہ نمائشی طبقے میں شامل کئے جانے کےلئے تربیت دیا گیا ہو ۔

Fine pencil : (n) کھینچنے کی سخت پنسل ۔

Fine-rolls : (n) وہ فہرست جس میں پروانہ یا حکم نامہ وغیرہ جاری کرنے کےلئے نذرانے یاجرمانے کی صورت میں بادشاہ کو پیش کی گئی رقوم وغیرہ کا اندراج ہوا کرتا تھا ۔

Fine splitting : (n) (شماریات) عمدہ اشقاق ۔

Fine spun : (a) (۱) نازک ؛ چھوٹی موٹی ؛ دھان پان ؛ مہین ؛ انتہائی باریک ؛لطیف یاہلکابنایا ہوا ۔ (۲)(مجازاً) سخت ؛ پیچیدہ ؛ دقیق ؛ نازک (مسئلہ یا نظریہ) ۔

Fine-still : (n) (۱) درختوں کے رس سے الکوحل (اسپرٹ) مقطر کرنے کا برتن ۔ (۲) قرنبیق ؛ بھپکا ۔

Fine structure : (n) (کیمیا) باریک شکل ؛ (طبیعیات) باریک بناوٹ ۔

Fine structure constant : (n) باریک بناوٹ مستقلہ ۔

Fine stuff : (n) کمرے کےپلاسترکی دوسری استرکاری کےلئے باریک چھانا ہوا چونا اور بالو جس میں بال ملایا ہوتا ہے ۔

Fine tunning control : (n) (طبیعیات) باریک ٹیون کار ۔

Fine world : (v) وہ طبقہ جو نفاست اورشان میں ممتاز ہو؛ فیشن ایبل سوسائٹی ۔

Fineish : (a) نازک سا ؛ لطیف سا ۔

Fineless : (a) (شاذ) بےانتہا ؛ غیر معینہ ؛ غیر محدود ؛ لامتناہی ۔

Finely : (adv.) دیکھو Fine : (adv.)

Fineness : (n) باریک ؛ نزاکت ؛ نفاست ؛ پاکیزگی؛خالصیت ؛ خوبی؛ کھراپن (دھات وغیرہ کا) ؛ شرافت؛ تمکنت ؛ وقار ؛ عظمت ؛ خوش وضعی ؛ خوش لباسی ؛ لطافت ۔

Finer : (n) عمدہ ؛ نفیس؛ خالص بنانے والا ؛ صاف ؛ حسین یاوضع بنانے والا ؛ صاف کرنے والا ۔

Finery : (n) (۱) سامان آرائش ؛ بناؤ سنگار کا سامان ؛ بھڑکیلالباس؛ شاندار؛زیورات ۔ (۲)طرح داری ؛ خوش وضعی ؛ آب وتاب ؛ چمک دمک ؛ شان وشوکت ؛ بانکپن ؛ خوش لباسی ؛ ٹھاٹ ؛ خوش اسلوبی ؛زیبائی ؛ خوبی ؛ لطافت؛ شانداری ۔

Finery : (n)[F. f.'finer.'] (فلزیات) مصفاۃ؛ایک قسم کاآتشدان جہاں ڈھلے ہوئے لوہے کو متورق ، یا تشکیل پذیر بنایا جاتا ھے جس میں لوھےکے ڈلوں (پگ آئرن) سے فولاد تیار کیا جاتا ھے؛ وہ بھٹی جس میں ڈھلےہوئے لوھے کو صاف اور نرم کیا جاتا ھے یا کچے لوھے سے فولاد بنایا جاتاھے۔

Fines fund : (n) مد جرمانہ۔

Finesse : (F. find.] (۱) نزاکت ؛ نفاست ۔(۲) عیاری ؛ چالاکی ؛ ھوشیاری ؛ استادی ؛ مکروفن ؛ دھوکا ؛ جُل ؛ چکمہ ۔(۳) (تاش میں)بڑا پتاھوتےھوئے چھوٹے پتے سے جیتنے کی ترکیب۔

Finesse : (v) چکمہ دینا ؛ جُل دینا ؛ فریب سے کام لینا ؛ استادی کرنا ؛ تاش میں بڑا پتا رکھ‌کر چھوٹے پتے سے جیتنے کی ترکیب کرنا ؛ کھیل میں چال بازی کرنا۔

Finesse politique : (n) (تاریخ وسیاسیات) سیاسی سبکدستی ؛ سیاسی ہنر مندی۔

Finew : (n) [F.next.(v)] (بول چال) پھپھوندی ؛ پھپھوندی لگا ھونا ؛ فرسودہ گی؛ دقیانوسیت۔

Finew : (v) [OE. f. 'fyniz.'] پھپھوندی دار ھونا یا کرنا ۔

Fingan/Finjan : (n) [Arab'finjan.'] فنجان ؛ قہوہ کی پیالی ۔

Finger : (n) [O.E. finger.] (۱) انگلی ؛ انگشت ۔(۲) دستانے کا وہ حصہ جس میں انگلیاں سمائی ھوتی ہیں۔ (۳) انگلی کی شکل کی کوئی چیز مثلاً میوہ یا مشین کاپرزہ وغیرہ ۔ (٤)رینگنے والے حیوانات کے پاؤں کے حصوں میں سے ایک یا چمگاڈر کے پر کی ایک پور ۔(٥) کھُر یا چمٹا نما جوز کے دو حصوں میں سے ایک۔ (٦) (پیمائش میں) انگلی کی چوڑائی کے برابر ؛ انگشت یا انگل ؛ انگلی ٤/٣ انچ ؛ (امریکا) انگلی کی لمبائی کے برابر (تقریباً ۴½ انچ) ۔(۷) (امریکی عامیانہ) شراب کاایک گھونٹ ۔(۸) (موسیقی کے کسی آلےکو) انگلی سےبجانےمیں‌مہارت ؛ مس کرنا ؛ چھیڑنا (انگلیوں سے) ؛باجے کے پردوں کو چھیڑنے کا طریقہ ؛ باجے کی گمک ۔(۹)انگلی کی طرح نکلا ھوا کوئی حصہ؛ انگلی کےمشابہ یا انگلی کی طرح کام کرنےوالی کوئی چیز ۔(۱۰) کسی چیز کا چھوٹا اور پتلا ٹکڑا نیز فنگر بسکٹ (Finger biscuit) کا مخفف ۔(۱۱) انگلی کی طرح کام کرنےوالی کوئی چیز، گھڑی کی سوئی (روز مرہ) ؛ (میکانیات) تھوڑی نکلی ھوئی چھڑ،تار یا کوئی پرزہ جو کسی مشین کو چلانے، باقاعدہ رکھنے یاروکنے کےلئے یاچیزوں کو الگ کرنے کےلئے کسی مشین میں لگا ھو ۔ (۱۲) (طباعت) چھپائی مشین میں کاغذ کو پکڑنے والا پرزہ ۔ (۱۳) درانتی مشین میں وہ نکیلے خول فصل کاٹنے میں جن سے ھوکر درانتی گذرتی ھے ۔(۱٤) گچھے میں ایک کیلا ۔ (۱٥) نباتی مفردات جنہیں دباکر اور کاٹ کر انگلیوں جیسا یا انگلی کے برابر بنایا گیاھو ۔ (۱٦) شرکت ؛ شمولیت ؛ حصہ ۔

At one's finger's ends : بہت قریب ؛ انتہائی نزدیک ؛ دسترس میں ؛ ہم دم تیار یا دستیاب ۔

Done by the finger : بہ مشیت (ایزدی) ۔

First finger : ابہام ؛ انگوٹھا ۔

Fore fingers : شہادت کی انگلی ؛ پہلی انگلی ؛ اشارہ کرنے والی انگلی ؛ سبابہ ۔

Fourth fingers : چھنگلی یا کن انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان والی انگلی جس میں شادی کی انگوٹھی پہنتے ہیں۔

His fingers are all thumbs : وہ بڑا بھدا، بھونڈا، بدسلیقہ یاپھوہڑ ھے ؛ وہ بڑا بےڈھنگا ھے ؛ وہ کڈھب ھے ؛ انگھڑ، کندہٴ ناتراش ھے ۔

Index finger : انگشت شہادت ؛ وہ انگلی جو انگوٹھے کے قریب ھوتی ھے ۔

Little finger : خنصر ؛ چھنگلیا ۔

Middle finger : وسطی ؛ انگشت میانہ ؛ بیچ کی انگلی۔

My fingers itch : مضطرب ھوں ؛ بے چین ھوں کہ۔۔۔

Not to lift, stir a finger : ذرا بھی کوشش نہ کرنا ۔

Ring finger : بنصر ؛ انگشت خاتم۔

To burn one's finger : بیٹھے بٹھائے نقصان اٹھانا (معاملےمیں مداخلت کرکےیااپنی حماقت سے)۔

To have a finger in : (کسی بات یا کام میں) کچھ حصہ لینا ؛ تھوڑا ہاتھ بٹانا ؛ دخل درمعقولات کرنا ؛ ٹانگ اڑانا ۔

To have a finger in the pie : دخل در معقولات کرنا ؛ ٹانگ اڑانا ؛ پاؤں اڑانا ۔

To have at one's finger tips or finger ends : خوب واقف ہونا ؛ ماہر ہونا ؛ ناخنوں میں ہونا ؛ کامل معلومات رکھنا ؛ خوب جاننا ۔

To lay, put a finger upon : چھونا ؛ مس کرنا ؛ انگلی رکھنا ۔

To lay or put one's finger upon : صحیح تشخیص کرنا ؛ اصل بات کا پتالگانا؛ حقیقت کو پالینا ؛ نباضی کرنا؛ ٹھیک ٹھیک معلوم کرلینا؛ درست طورپر بتانا ؛ صحیح نشاندہی کرنا ۔

To let slip through one's fingers : کھودینا ؛ ہاتھ سے جانے دینا ۔

To lift a finger : کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ۔

To look through one's fingers at : کن انکھیوں سے دیکھنا ۔

To one's fingertips : بالکل ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ کامل طور پر ؛ اچھی طرح ؛ مکمل طورپر ۔

To the finger nails : پوری طرح ؛ کما حقہٗ کامل طور پر ؛ مکمل طورپر ۔

To turn or twist (a person) round one's (little) finger : پھسلانا ؛ انگلیوں پر نچانا ۔

Trigger finger : لبلبی انگلی ۔

With a wet finger : بلاتکلف ؛ نہایت آسانی سے ؛ بڑے آرام کے ساتھ ؛ بہ عافیت تمام ۔

Finger : (v) (۱) انگلی سے چھونا ۔ (۲) رشوت لینا ۔ (۳) کسی موسیقی کےآلے کوانگلیوں سے بجانا؛ موسیقی کی فردوں میں ایسے نشان یا ایسی علامتیں لگاناجن سےمعلوم ہوسکےکہ فلاں باجا بجاتے ہوئے فلاں فلاں انگلی سے کام لینا چاہیئے ۔ (٤) انگلی سے بتانا یا اشارہ کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ بتلانا ؛ واضح کرنا ۔ (٥) انگلیوں سے پکڑنا یا گھمانا ؛ نیز متواتر یہ عمل کرنا ؛ ناجائز مقصد سے روپیہ وصول کرنا یا خرچ کرنا۔ (٦) انگلیوں سے اضطراب یا خفیف حرکتیں کرنا۔ (۷) چور کی طرح چھونا ؛ چھوٹی یا معمولی چیزوں کو چرانا؛ اڑالینا ۔ (۸) انگلیوں سے (کوئی ساز) چھیڑنا یا بجانا ۔ (۹) مجرم کی نشاندہی کرنا ۔

Finger-alphabet : (n) (۱) دیکھو Finger language - (۲) انگلیوں کے اشاراتی حروف جن کے ذریعہ بہروں سے باتیں کی جاتی ہیں ۔

Finger-and-toe/-Disease : (n) ایک قسم کا پھلی دار پودا ۔

Finger-bar : (n) (۱) ایک چھڑ جس میں کاٹنے والے اوزار فٹ کئے جاتے ہیں کہ دائرہ نما تراش ہو سکے ۔ (۲) درانتی مشین کی وہ چھڑ جس میں پھل لگا ہوتا ہے ۔ (۳) ایک چپٹا یاقدرے گول لکڑی کا ٹکڑا جووائلن یاگٹارکی گردن کےپاس لگا رہتا ہے جس پر انگلیوں سے روکنے کے وقت تاروں کو دبایا جاتا ہے ۔ (٤) (ہارمونیم وغیرہ کا) لوحہ ؛ پردوں کا تختہ ۔

Finger-board : (n) (۱) ایک چپٹا یا قدرے گول لکڑی کا ٹکڑا جو وائلن یا گٹار کی گردن کے پاس لگارہتا ہے جس پرانگلیوں سے روکنے کے وقت تاروں کو دبایا جاتا ہے ۔ (۲) (ہارمونیم وغیرہ کا) لوحہ ؛ پردوں کا تختہ ۔ (۳) ایک نوکیلا رہنما تختہ جس میں اکثر ایک ہاتھ کی علامت بنی ہوتی ہےاور جس کی ایک انگلی اشاراتی انداز میں کھلی رہتی ہے ۔

Finger-bowl : (n) ہاتھ دھونے کا فرشی پیالہ ۔

Finger breadth/Fingers - : ایک انگشت؛ ایک انگلی بھر؛ انگلی کی چوڑائی کے برابر ۳/٤ انچ ۔

Finger brush : (n) (۱) سخت بالوں کا ایک برش جو سرے پر مربع نما کٹا ہوتا ہے جسے جلد ساز اپنی انگلیوں کے درمیان کھینچتے ہیں تاکہ رنگوں کے داغ دور ہو جائیں ۔ (۲) کتاب کی جلد میں مسالہ یا لئی لگانے کا ایک برش ۔

Finger clamp : (n) انگلی نما شکنجہ ؛ ایک چپٹا شکنجہ جس کاپرزے کو پکڑنے والا سرا اس طرح بنایا ہوتا ہےتاکہ وہ بنائے جانےوالے پرزے میں بنے سوراخ میں ٹھیک بیٹھ سکے ۔

Finger-cone pine : (n) یورپ کا سفید اناناس ۔

Finger-coral : (n) (۱) ایک قسم کا حیوان ۔ (۲) بحری ادرک ۔

Finger-cymbals : (n) سخت لکڑی یا ہاتھی دانت کے آلات جو ناچنے میں بجانے کےلئےاستعمال کئے جاتے ہیں ؛ چوبی جھانجھ ؛ چوبی منجیرے ؛ کھڑتال ؛ کرتال ۔

Finger-end/Finger's- : انگلی کا سرا یا پھُنگی ؛ پور ۔

Finger-fern : (n) ایک قسم کا پھول دار پودا (جو پہلے تّلی کے علاج کےلئے استعمال کیاجاتا تھا)۔

Finger-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے پانچ یا زیادہ بازو ستارے کی شکل کےنکلے ہوتے ہیں ؛ ستارہ ماہی۔

Finger-flower : (n) ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتے ہیں اور جو دواؤں کے کام آتا ہے۔

Finger-glass : (n) کھانے کے بعد انگلیاں دھونے کےلئے پانی رکھنے کا ایک شیشے کا برتن ؛ ہاتھ دھونے کا فرشی پیالہ۔

Finger-grass : (n) گھاس کی ایک قسم جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

Finger-duard : (n) تلوار کےقبضے میں لگی ہوئی گول موٹھ جو انگلیوں کی حفاظت کےلئے ہوتی ہے۔

Finger-hold : (n) (۱) انگلیوں کی گرفت۔(۲) کوئی کمزور گرفت یا سہارا۔

Finger-hole : (n) (۱) بارمونیم، بانسری وغیرہ کے سوراخوں میں سے کوئی ایک جنہیں بجاتے وقت انگلیوں کےذریعہ کھولا اوربند کیا جاتا ہے۔ (۲) (گیند کے کھیل) پھینکی جانے والی گیند کےدو سوراخوں میں سے ایک جو اچھی طرح کھلاڑی کی گرفت میں آنے کےلئے بنے ہوتے ہیں۔ (۳) ڈائل ٹیلیفون کی چکتی کے سوراخوں میں سے کوئی ایک۔

Finger-joint : (n) صندوقچہ سازی میں بناھوا جوف دو تختوں کے سروں کو کاٹ کر اس طرح بنایا جاتاھے کہ انگلی کی طرح باہر کی طرف نکلی ہوئی اورایک دوسرے سےلگے ہوں ؛ (تشریح) انگلی کا جوڑ۔

Finger-lake : (n) نیویارک میں جھیلوں میں کوئی ایک لمبی اورتنگ جھیل ؛ نیز کہیں بھی پائی جانے والی ایسی کوئی جھیل۔

Finger-lame : (n) (پالتو پرند کا) انگلی پر بیٹھنے کے لئے تربیت دیا ہوا۔

Finger -lime : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی خار دار جھاڑی یا درخت۔

Finger-man : (n) انگلی سے اشارہ کرنے والا ؛ کسی شے کی نشاندہی کرنے والا ؛ کسی شے کا پتہ بتانے والا۔

Finger-mark : (n) انگلی کانشان جو کسی چیز کو چھونے سے اس کی سطح پر ابھر آتا ہے۔

Finger-mark : (v) (گندی) انگلی سے نشان ڈالنا ؛ انگلی کا نشان بنانا۔

Finger-millet : (n) مشرقی ہند میں پیدا ہونے والے جوار یا باجرے کی ایک قسم جس کا آٹا قدرے تلخ ہوتا ہے۔

Finger-mirror : (n) دندان ساز کا دہنی آئنہ جو اس کی انگلی میں لگے ایک آلے میں لگا رہتا ہے۔

Finger nail : (n) انگلی کا ناخن ؛ ناخن۔

Finger nail clam/-shell : (n) ایک چھوٹا صاف پانی میں رہنے والا دو سوراخوں والا گھونگا۔

Finger-nut : (n) ایسانٹ جسےناخن کےذریعہ گھما یا جاسکے۔

Finger-orchis : (n) ارنڈ کا درخت ؛ درخت بید، انجیر۔

Finger of apollo : (n) تیسری انگلی اگر لمبی اور نوکیلی ہوتی ہے تو اس کے بارے میں دست شناس یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس میں اپولو کی خصوصیات کا گہرا اثر ہے۔

Finger of jupiter : (n) شہادت کی انگلی کے لمبے اورنوکیلے ہونے کی حالت میں عقیدہ٭ دست شناسی کے تحت یہ جو پیٹر کی خصوصیات سےمتاثر ہے۔

Finger of mercury : (n) کانی انگلی اگر لمبی اورنمایاں ہوتو دست شناس کے عقیدہ کے مطابق ایسے شخص کو ذہنی قوت اور مواقع سے بھر پورفائدہ اٹھانے اوراظہار بیان پر قدرت رکھنے کی صلاحیت و دیعت کرتی ہے۔

Finger of saturn : (n) دوسری انگلی اگر لمبی اور نمایاں ہوتو دست شناسی کے تحت یہ زحل کے زیر اثر ہے اور اسی کی خوبیوں کو نمایاں کرتی ہے۔

Finger paint : (n) جیلی کی طرح بنا ہوا ایک رنگ۔

Finger paint : (v) (۱) کاغذ کو گیلا کرنے کےلئے دھبوں کی شکل میں رنگ ڈالنا اوراسےانگلی سے پھیلانا۔ (۲) ایسےرنگ کے ساتھ ڈیزائن تیار کرنا۔

Finger painting : (n) ہاتھ سے رنگنے کا طریقہ ؛ ایسے رنگ سے بنی ہوئی تصویر یا ڈیزائن۔

Finger-parted : (n) (نباتیات) انگلی نما حصوں یا گوشوں میں منقسم۔

Finger-plate : (n) انگلی تختی ؛ دھات یا چینی کی وہ تختی جو کواڑوں کےدستے (ہینڈل) کےاوپر اور نیچے لگائی ہوتی ھے تاکہ انگلیوں کے داغ دھبوں سے بچاؤ ہوسکے۔

Finger post : (n) رہ نماپتا؛ سڑک بتانےوالاہاتھ جو چوراھوں پر سڑک کا نام لکھ کر لگایا جاتا ھے ؛ تیر راہ نما ؛ راہ نما ہتھا؛ (عامیانہ) وہ پادری جو راہ نما تیر کی طرح لوگوں کو راہ بتلا تا ھے۔

Finger print : (n) نشان ابہام ؛ آدمیوں کی انگلی کا نشان جس سے مجرموں اور ملزموں کی شناخت کی جاتی ھے؛ (سماجیات) نقش انگشت ؛ نشان انگشت ؛ انگلی چھاپ۔

Finger print : (v) انگلی کا نشان لینا۔

Finger ring : (n) شادی یا منگنی کی علامت کے طورپر پہنی ہوئی انگوٹھی ؛ منگنی کی انگوٹھی۔

Finger-roll : (n) (۱) رول کی شکل میں بنی ہوئی رو ٹی۔ (۲) ایک اطالوی روٹی ؛ چھڑ۔

Finger-screw : (n) سرے پر کٹا ہوا اسکرو جسے ناخن سے گھمایا جاسکے ؛ انگوٹھے دبا کر تعذیب کرنے کا ایک آلہ ؛ انگوٹھی کا شکنجہ۔

Finger-shield : (n) انگشتانہ ؛ سلور کی بنی ہوئی ایک چیز جو سوئی کی چبھن سےبچانے کےلئے بائیں ہاتھ کی پہلی انگلی پر پہنی جاتی ھے۔

Finger spelling : (n) (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) انگشتی ہجا۔

Finger-sponge : (n) انگلیوں جیسی شاخوں والا اسپنج۔

Finger stall : (n) (۱) (جراحی) انگلیوں کو محفوظ رکھنے کےلئے چمڑے یاربر کا غلاف۔(۲) چمڑے یا ربر کا غلاف جو زخم پر چڑھالیا جاتا ھے ؛ انگشت پوش ؛ دستانہ ؛ انگشتانہ۔

Finger-steel : (n) چرم سازکے چاقو کوتیزکرنےوالا ایک لوہا۔

Finger-stone : (n) ایک محدب طورپرمخروطی شکل کانوکیلا استوانہ نما پتھر ؛ ایک متحجر شے جو عموما ثانوی تشکیل کی چٹانوں میں پائی جاتی ھے ؛ کٹل مچھلی کی جنس کے ایک حیوان کی اندرونی ہڈی۔

Finger tig : (n) (تشریح) انملہ (جمع) انامل ؛ بنانہ (جمع) بنان۔

Finger-watch : (n) ایسی گھڑی جس کی سوئیوں کو انگلی کے ذریعہ آگے یا پیچھے گھمایا جاسکتا ہو۔

Finger-wave : (n) بالوں کو بھگو کر یا ان میں خم دار کرنے والا محلول لگا کر انگلیوں اور کنگھی کی مدد سے خم ڈالنا یا گھنگھریالا بنانا۔

Finger-wearing : (n) دھاگوں کو ملاکر باٹنا؛ چوٹی باندھنا؛ بال گوندھنا ؛ ریشمی فیتے کی گوٹ لگانا۔

Fingered : (a) (۱)انگلی دار؛ انگلی والا۔(۲) جس پر انگلیوں کےلئےنشان بنےہوں(باجا)۔(۳)(نباتیات) پنجہ نما (پتی یا پودا) ؛ انگلی جیسا (پھل یا جز)۔

Fingered-citron/-lemon : (n) مشرقی ایشیا میں پیدا ہونے والے ترنج کی ایک قسم جو آرائش کے مقصد سے یا اس کے خوشبودارپھل کےلئے اُگائی جاتی ھے۔

Fingered-help : (n) انگلیوں جیسی شاخوں والا ایک سمندری پودا۔

Fingerer : (n) انگلی سے اشارہ کرنے والا ؛ انگلی سے چھیڑنے والا؛ (کسی آلہء موسیقی کو)؛ انگلی سے پکڑنے یا گھمانے والا ؛ ناجائز مقاصد کےلئےروپیہ حاصل کرنےیاصرف کرنے والا ؛ (خصوصاً) چور کی طرح چھونے والا ؛ چرانے والا ؛ چور۔

Fingering : (n) [f. finger. (v)] (۱) انگلی سے چھونے، اشارہ کرنے یا (ساز) چھیڑنے کا عمل۔(۲) (موسیقی) کسی آلہء موسیقی کو بجانے میں انگلیوں کے استعمال کا طریقہ یا عمل ؛ باجوں کو بجانے میں انگلیوں کے استعمال کی نشاندہی جو کسی باجے کے سروں کے سامنے ہوتی ھے۔

Fingering: (n)[Origin doubtful.] جرابیں بنانے کا اون یاتاگا۔

Fingerless : (a) بےانگلی ؛ بغیر انگلی کا ھونا ؛ بے انگشت۔

Fingerling : (n) (۱) ایک چھوٹی مچھلی جو انگلی کی لمبائی کے برابر ہوتی ھے ؛ سامن مچھلی کا بچہ۔ (۲) بہت ہی ادنیٰ اور بے حقیقت چیز۔

Fingers : (n) (۱) قبضہ۔(۲) (عامیانہ) جاسوس ؛ مخبر۔

Fingers-and-thumbs : (n) ایک قسم کا پھل دار پودا۔

Finger's-and-toes : (n) (۱) ایک قسم کا پھلی دار پودا ۔ (۲) شلجم کی جڑ میں ہونے والا ایک مرض ۔

Fingrigo : (n) [Jamaican name.] ایک خار دار بیل نما جھاڑی ۔

Finial : (n) [AFr. finial.] (تعمیرات) کلس سکھر : قبہ : گلدستہ : چھت کے بالائی حصے کی زینت : آرائشی ۔

Finial : (a) تاج پوشی : تخت نشینی : زیبائش : تکمیل (شاذ) ۔

Finical : (a) [Origin doubtful.] انتہائی نفیس : ٹیپ ٹاپ کا : ٹیپ والا : پرتکلف : پرتصنع : نفاست پسند : نزاکت پسند : پابندوضع : لباس ، آداب وغیرہ : انتہائی عمدہ یا منفرد : انتہائی نازک مزاج یانازک مذاق : انتہائی باضابطہ یا پابند آداب و آئین : محتاط طورپر بنائی ہوئی (چیز) ۔

Finicality : (n) نفاست پسندی : تکلف شعاری : انتہائی نفیس چیز : باضابطگی : احتیاط پسندی : نازک مزاجی : عمدہ بنی ہوئی چیز : تکلف : تصنع : ٹیپ ٹاپ ۔

Finically : (adv.) نفیس طورپر : پرتکلف اندازمیں : باضابطگی سے : محتاط انداز میں : نفاست پسندی سے : تکلف سے : ٹیپ ٹاپ سے ۔

Finicalness : (n) دیکھو Finicality

Finicking/Finikin : (a)[Origin unkn.] انتہائی نفیس : پرتکلف : ٹیپ ٹاپ والا : لطیف : عمدہ : اعلیٰ : نفاست پسند : نازک مزاج : حد سےزیادہ نفیس مزاج : چباچباکر باتیں کرنے والا : ناز وانداز سے قدم اٹھانے والا : ادنیٰ باتوں میں حد سے زیادہ محتاط : چھوٹی باتوں کی صحت چاہنے والا : تحقیق پسند : نفاست سے بنائی ہوئی چیز : نیز غیر اہم : خفیف ۔

Finicky : (a) امریکی بول چال میں Finicking کا متبادل ۔

Finific : (a)[L.'finis'] حدبندی کرنے والا : تحدید کرنے والا : حد مقرر کرنے والا ۔

Finikin : (n) Finicking کا متبادل ۔

Fining : (n) (۱) (دھات کو) صاف کرنے کا عمل یا طریقہ خصوصاً ڈھالے ہوئےلوھے کوتارکول کے ساتھ کوٹ پیٹ کر ٹھیک کرنا : تصفیہ ۔ (۲) کسی رقیق کو مقطّر کرنے یا صاف کرنے کا عمل یا طریقہ (خصوصاً شراب وغیرہ) : (عموماً جمع) کسی چیز کو صاف کرنے کےلئے استعمال کی جانے والی کوئی چیز ۔

Fining pot : (n) کٹھالی جس میں ڈال کر دھات کوصاف کیا جاتا ھے ۔

Finis : (n) [L.] (۱) تمت : تمام شدہ (کتاب کے آخرمیں) : لاطینی لفظ جو تمت کے معنوں میں استعمال ھوتا ھے اور اکثر کتاب کے آخر میں لکھا جاتا ھے ۔ (۲) کسی چیز کاانجام (خاص کرزندگی کا) ۔

Finish : (n) [F.next. V.] (۱) خاتمہ : اختتام : انجام : نتیجہ : لب ولُباب : حرف آخر : اتمام : تکمیل : کمال : کاملیت ۔ (۲) اختتام : آخری منزل (خاص کر لومڑی کےشکارکی) ۔ (۳) آخری اصلاح : تکمیلی عمل : آخری صورت : استر کاری ۔ (٤) خاتمہ : ختم کرنےوالا : تمام کرنے والا : مکمل کرنےوالا : پورا کرنےوالا : (عمارت میں) رنگ کاری یا پلاسٹر کی آخری تہ ۔ (٥) مکمل یا تمام ہونے کی صلاحیت یا یا صفت : اتمامیت : اکمالیت : تمت ۔ (٦) (عامیانہ) تفریح گاہ : تفریح خانہ : جہاں رات تمام ھوجاتی ھو ۔ (۷) زوال : تنزل : باعثِ تباہی ۔ (۸) پالش : چمک دمک ۔

To be in, at the finish : (استعارتاً) لومڑی کی موت ۔

To fight to a finish : ایسی لڑائی جس میں کسی ایک فریق کو پوری شکست ھو ۔

Finish : (v) [L.f.'finis.'] (۱) انجام کو پہنچانا : ختم کرنا ۔ (۲) تمام کرنا : ختم کر ڈالنا (کتاب یا غذا) ۔ (۳) مارڈالنا : ہلاک کردینا : بے بس کردینا : کام تمام کرنا : قتل کرنا : مٹانا ۔ (٤) پایۂ تکمیل کو پہنچانا : روک دینا : (کسی کام کا) مکمل کرنا : پورا کرنا : ٹھیک کرنا : آخری صورت دینا ۔ (٥) تکمیل تعلیم کرنا ۔ (٦) ختم کردینا : خاتمہ کردینا : ختم ھوجانا : شکست دینا : چھکے چھڑانا ۔ (۷) انجام کو پہنچنا : رک جانا : ختم ھو جانا : چھوڑ دیا جانا : تمام ھو جانا ۔ (۸) پورے کا پورا استعمال میں لے آنا : صرف کر ڈالنا : مصرف میں لے آنا : استعمال کرکے ختم کردینا ۔ (۹) خاتمہ کے طورپر پیش کرنا : آخری یا اختتامی بناکر پیش کرنا ۔ (۱۰) جانور کو کھلا پلا کر فروخت کےلئے تیار کرنا ۔ (۱۱) چھوٹی کتاب کے جلد کے کناروں پر گرم کئےھوئے اوزارسےنقش ونگار بنانا : داغ کاری کرنا ۔ (۱۲) چمکانا : پالش کرنا ۔

Finish off : (v) اختتام کو پہنچانا ؛ تکمیل کو پہنچانا ۔

Finished : (a) (۱) ختم ؛ تمام ؛ انجام یافتہ ؛ مکمل ؛ کامل ؛ تکمیل یافتہ ؛ تیار ۔ (۲) ماراھوا ؛ مقتول ؛ شکست خوردہ ؛ بےبس ۔ (۳) مکمل کیا ھوا ؛ تکمیل دادہ ؛ پورا کیا ھوا ؛ شائستہ ؛ مہذب ؛ باہنر ؛ باکمال ؛ چمك دمك والا ۔

Finished gentleman : (n) شرافت کا پتلا ۔

Finished goods : (n) (تجارت) تیار مال ۔

Finished goods account : (n) (تجارت) تیار مال کھاتہ ۔

Finished manners : (n) شائستہ اطوار ۔

Finisher : (n) (۲) ختم کرنے والا ؛ تکمیل کرنے والا ۔ (۲) آخری اصلاح کرنے والا ؛ تکیل کو پہنچانے والا ؛ آخری صورت دینےوالا (انسان یا مشین) ۔ (۳) بٹھا دینےوالا ؛ عاجز کردینے والا ؛ ہارمنوانے والا ۔ (٤) (سوقیانہ) کسی کو مار ڈالنے والا ؛ قاتل ؛ مہلك ؛ فیصلہ کن ضرب ؛ کاری ضرب ؛ دلیل جو جھگڑے کافیصلہ کردے ۔ (٥) (مکابازی میں) فیصلہ کن ضرب ؛ آخری گھونسہ ؛ آخری گھونسہ لگانےوالا ۔ (٦) کتاب کی جلد کے کناروں پر گرم کئے ہوئےاوزار سےنقش ونگاربنانےوالا۔ (۷) جلد کار ۔

Finisher of the law : (n) (مزاحاً) جلاّد ۔

Finishing : (n) درستگی ؛ اختتام ؛ تکمیل ؛ اتمام؛ انجام دہی ؛ قتل ؛ ہلاکت ؛ تباہی ؛ تیاری ؛ تہذیب ؛ شائستگی ؛ کمال ۔

Finishing : (a) خاتم ؛ ختم کرنے والا ؛ تمام کرنے والا ؛ فیصلہ کن ؛ اتمامی ؛ اختتامی ؛ پایہء تکمیل تك پہنچانےوالا ؛ کسی چیز کو آخری شکل دینے والا ؛ مہلك ؛ قاتل ؛ بےبس کرنے والا ۔

Finishing -cloth : (n) تیار کپڑا جس کی پالش باقی ھو ۔

Finishing-coat : (n) (عمارت میں) پلاسٹر کی آخری تہ ۔

Finishing line : (n) ریس کے میدان کی آخری سرحدی لکیر ۔

Finishing machine : (n) رولنگ مشین یارولر جس سے زمین یا سڑك ہموار کی جاتی ھے ۔

Finishing-press : (n) (جلد سازی میں) چھوٹا پریس جو کتاب کی جلد کے کناروں پر نقش ونگار بناتا ھے ۔

Finishing rolls : (n) رولنگ مِل یارولنگ مشین کے وزنی بیلن ۔

Finishing-school : (n) نوجوان عورتوں کو شائستہ بنانے والی درسگاہ ؛ درسگاہ برائے تہذیب نسواں ۔

Finitary : (a) محدودیت کا حامل ؛ محدود خصوصیت والا ؛ غیر مطلقیت کا حامل ؛ منتہی ۔

Finite : (a) [L.'Finitus.'] (۱) محدود ؛ مقید ؛ غیر مطلق ؛ منتہی ۔(۲) (نحو میں) وہ فعل جس میں صیغہ واحداورجمع غائب، حاضر اور متکلم پایاجائے؛ غیر مصدری ۔ (۳) (ریاضیات) محدودہ (خط) ؛ محدود (تعداد، مقدار، فاصلہ) ؛ محدود مقدار میں منتج ہونے والی تفریق (فلسفہ، نفسیات) غیرمطلق (شماریات) متناہی ۔

Finite : (n) محدود چیز ؛ محدود فانی شے یا ہستی ۔

Finite : (v) محدود ہونا یاکرنا ؛ فانی ہونا یا کرنا ؛ غیر مطلق ہونا یا کرنا ۔

Finite additivity : (n) (شماریات) متناہی اجتماعیت ۔

Finite correction : (n) (شماریات) متناہی اصلاح ۔

Finite difference : (n) (لسانیات ، شماریات) متناہی فرق ۔

Finite form : (n) محدود روپ ؛ (لسانیات) غیر مطلق روپ یا شکل ۔

Finite mood : (n) (لسانیات) غیرمطلق طور ۔

Finite multiplier correction : (شماریات) اصلاحی متناہی ضارب ۔

Finite number of facts : چند حقائق ؛ معدودے ازحقائق ۔

Finite population : (n) (شماریات) متناہی آبادی ۔

Finite population correction : (شماریات) ترمیم متناہی آبادی ۔

Finite series : (n) سلسلہ متناہیہ ۔

Finite verb : (n) (لسانیات) غیر مطلق فعل ؛ فعل مسند ۔

Finiteless : (a) ایك مصنوعی لفظ ؛ سرٹی براؤن کے یہاں "Finitlesse" کی غلط شکل ۔

Finitely : (adv.) محدود طورپر ؛ مقید یا معین طورپر ؛ غیر مطلقیت سے ۔

Finiteness : (n) محدودیت ؛ غیر مطلقیت ۔

Finitesimal : (a) محدود ؛ فانی ؛ معین شمار والا ؛ متناہیہ ۔

Finitism : (n) عقیدۂ محدودیت وفنا (عالم وخالق عالم کے محدود و فانی ہونے کا اعتقاد)۔

Finitude : (n) محدودیت ؛ (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) غیر مطلقیت ؛ محدودیت ۔

Fink : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) جاسوس مخبر ؛ خبرچیں؛ (تجارت) بھیدی مزدور۔ (۲) (عامیانہ) اعتصاب شکن ؛ ہڑتال توڑنے والا ؛ وہ مزدور جو ہڑتالیوں کی جگہ بلائے جائیں ۔

Fink : (v) (۱) (عامیانہ) جاسوسی کرنا ؛ مخبری یا خبر چینی کرنا ۔ (۱) (عامیانہ) ہڑتال توڑنا ۔

Finless : (a) بے پرا ؛ بغیر پرکا ۔

Finlet : (n) چھوٹا پر ؛ پرۂ کوچک ۔

Finn : (n) [ON. Finnar.] یورپ کے شمالی مشرقی علاقے کی ایک قوم جو سومی کہلاتی ھے؛ شمالی مشرقی یورپ اوراسکنڈینیویا کے باشندوں کا جرمن نام جو اپنے ملک کو سومی کہتے ہیں اور یورالی التائی زبان بولتے ہیں ؛ فنلانڈی ؛ اہل فنلانڈ ۔

Finnage : (n) مچھلی کے پروں کا پورا سیٹ ۔

Finnan : (n) مچھلی جس کو گیلی لکڑی یاہری گھاس کے دھوئیں سے سکھاتے ہیں ۔

Finned : (a) پردار ؛ پروں والا ؛ پرہ دار ۔

Finner : (n) دیکھو Fin fish

Finnic : (a) فِن (سومی)قوم سے مشابہ نسلیں ؛نسلی اعتبار سے سومی قوم سے متعلق ؛ سومی قوم جیسا ۔

Finnicking/Finnikin : دیکھو Finicking

Finnish : (a) فن (سومی) سے متعلق ؛ فلانڈی ؛ فی نیون کا ۔

Finnish : (n) سومیوں کی زبان ؛ یورالی التائی زبان ؛ فنلانڈی زبان ؛ فی نیوں کی زبان ۔

Finno-: دیکھو Finnic

Finny : (a) (۱) پردار ؛ بالہ دار ؛ پردار (مچھلی وغیرہ) مہپر دار ۔ (۲) مچھلی کے پر کی شکل یا وضع کا؛ پرنما ۔ (۳) مچھلی کا یا مچھلی سے متعلق نیز مچھلیوں بھرا ۔

Finochio : (n) [L.fenoclum.] رازیانہ ؛ میٹھا سویا ؛ نیز چھوٹا یا فرانسیسی سُویا ۔

Fiord/Fjord : (n) [Norw.] سمندر کا طویل اور تنگ بازو جس کے کنارے کافی بلند ہوں مثلاً ناروے کے سمندری ساحل پر دو اونچی چٹانوں کے بیچ کا سمندری نالا؛ آبدرہ کھاڑی ؛ چٹانی کھاڑی ؛ بینی کوہ ۔

Fiorin : (n) [Corruption of Irish 'fiorthan.'] ایک طرح کی گھاس ؛ علف ہفت بند ؛ اروا ابیض ؛ اروا جبلی ؛ہفت بند بوٹی ۔

Fiorite : (n) [f. Santa 'Fiora'rits Locality.] (معدنیات) گرم چشموں کے سلیکا آمیز پانی سے یا آتش فشاں پہاڑ کے دہانے کے ارد گرد کی آتش فشانی چٹانوں کی سلیکا آمیز معدنیات کی تبدیلی ماہیئت سےبنی ہوئی کوئی پرت یا طبق ۔

Fioritura : (n) [It f. 'fiorire.'] تزئینیات یا ریزہ کاریؒ موسیقی۔

Fip : (n) [Short for 'Fippenny bit'] پانچ پینس ؛ نصف ہسپانوی ریال کا عامیانہ نام ؛ ہسپانوی نقرئی سکے (۱/۱٦ ڈالر) کا عامیانہ نام ۔

Fippence : (n) [Corruption of fine pence] (برطانوی روزمرہ) پانچ پینس۔

Fippenny : (n) (عامیانہ) پانچ پینس۔

Fipple : (n) ھَوائی ساز کی ڈاٹ ۔

Fipsworth : (n) معمولی چیز ؛ ادنیٰ چیز ؛ بےقیمت چیز ۔

Fir : (n)[ME.'firr., firee'.] (۱) سرو کی ایک قسم ؛ صنوبر شاہ درخت ؛ شمشاد ؛ چیڑ ؛ کاج مختلف جنسوں کےمتعددمخروطی درختوں کا نام ۔ (۲) ان میں سے کسی درخت کی لکڑی ؛ شمشاد کی لکڑی ۔

Scotch fir : قطب شمالی یوروپ اور ایشیا میں پایا جانے والا سرو ۔

Silver fir : وسطی اورجنوبی یوروپ میں پایا جانے والا سرو ۔

Silver fir of Canada : کناڈا کا ایک چھوٹا درخت ؛ کناڈی بلسان ؛ کناڈی گل مہندی ۔

Fir-apple/-ball/-cone : (n) سرو نما درخت کا پھل ؛ چلغوزہ ۔

Fir-needle : (n) سرو کی قسم کے درخت کی پتی ۔

Fir-in-bond : (n) دیوار میں دیئےھوئے تمام شہتیروں کانام ۔

Fire : (n) [OE.'fyr.'] (۱) آگ ؛ شعلہ ؛ آتش ؛ آذر ؛ عناصر اربعہ میں سےایک عنصر۔(۲) بھٹی ؛ انگیٹھی؛ چولہے میں جلتا ھوا ایندھن ۔ (۳) آگ لگی ؛ آتش زدگی ؛ آتش سوزی ؛ حریق ؛ (فجائیہ) آگ ! آگ ۔ (٤) روشنی ؛ چمک ؛ دمک ؛ بجلی کا کڑکا ؛ تجلّی ؛ درخشانی ؛ تابندگی ؛ تابناکی ؛ شعلگی ۔ (٥) جلن ؛ شوزش ؛ تپ ؛ بخار؛ حرارت؛ گرمی ؛ تپش ؛ جلن ۔(٦) جذبۂ شدید ؛ جوش ؛ غصہ ؛ طیش ؛ آگ ؛ ولولہ ؛ ہیجان ؛ زندہ دلی ؛ عزم ؛ حوصلہ ؛ ہمت ؛ گرم جوشی ؛ اختراعی صلاحیت ؛ فطری قابلیت؛ شاعرانہ ارتقا ؛ زورتخیل ؛ تندی ؛ ذوق ؛ اشتیاق ؛ جذبۂ محبت یاعداوت ؛ شاعرانہ وجدان ؛ آمد ۔ (۷) بندوقوں یا توپوں کی شلك یا سلامی ؛ فائر ؛ گولہ باری ۔(۸) آتش فشانی حرارت ؛ شعلہ یاجلتا ھوا لاوا ۔(۹) آتش گیری ؛ اشتعال؛ احتراق ؛ افروختگی ؛ سلگن ؛ حرارت پذیری ؛ حالت احتراق ؛ حالت افروختگی ۔(۱۰) سخت امتحان ؛ آزمائش ۔ (۱۱) سوختگی ؛ جل کر مرنا یا زخمی ھونا۔ (۱۲) تنقید شدید ؛ آگ اگلنا ؛ شعلہ فشانی ؛ زہر افشانی ۔(۱۳) آگ لگانے والا آتش گیر مرکب ؛ آتشبازی ۔ (١٤) (کوئلہ کان میں) آتش گیر یا دھماکہ خیز گیس ؛ کاربن آمیز ہائیڈروجن یا مارش گیس جو کوئلوں سے نکلتی ھے اور ایک خاص مقدار میں ھوا سے مل کر دھماکہ پیدا کرتی ھے ۔ (۱٥) سیال چیزوں میں گرم کرنے یا ھونے کی خاصیت ۔

A burnt child dreads the fire : دودھ کا جلا چھاچھ پھونك پھونك کر پیتا ھے ۔

Between two fires : دونوں طرف سے گولیوں کی بوچھا ڑ میں ؛ (مجازاً) کشمکش میں ؛ نہ جائے رفتن یا پائے ماندن ۔

False fire : دشمن کو دھوکا دینے کےلئے یارات میں سگنل کے طورپر روشن کی ھوئی آگ ۔

Friendly fire : (n) (تجارت) بےضرر آگ؛ بے خضر آگ ۔

Greek fire : بھڑك اٹھنے والا مادہ جس سے دشمن کے جہازوں کو جلادیا جاتا ھے ۔

Hostile fire : (تجارت) نقصان دہ آگ ؛ ضرر رساں آگ ۔

Kentish fire : نعرہ ہائے تحسین ونفریں کی بوچھاڑ ؛ پسندیدگی کا طویل مظاہرہ ۔

Line of fire : گولی کی سمت ۔

No smoke without fire/There is : بغیر آگ کے دھواں نہیں ھوتا ھے ؛ افواہ میں کچھ حقیقت بھی ھوتی ھے ؛ تا نہ باشد چیزے کہ مردم نہ گویند چیزہا ۔

On fire : جلتا ھوا ؛ سوزاں ؛ تپاں ؛ مشتعل ؛ شعلہ فشاں ؛ (مجازاً) پرجوش ؛ پرولولہ ؛ مشتاق ؛ غصہ یا طیش کی حالت میں ۔

Out of frying- pan into fire : آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا؛ ایک مصیبت سےنکل کر دوسری بڑی مصیبت میں گرفتار ھونا ۔

Running fire : گولیوں کی باڑ ؛ شدید ومتواتر گولہ باری ؛ (استعارتاً) نکتہ چینی ؛ اعتراض ؛ ایراد ۔

St. Antony's fire : سرخ بادہ ؛ زہر باد ؛ حمرہ ؛ گرمی دانے ۔

The fat is in the fire : (۱) ہنگامہ برپا ھونے والا ؛ غیض وغضب کی آگ مشتعل ھونے والی ھے ؛ آگ پرتیل ڈالا جاچکا ھے ۔ (۲) (قدیم معنوں میں) منصوبہ بری طرح ناکام ھو چکا ھے ۔

To catch, take fire : جل اُٹھنا ؛ بھڑك اُٹھنا ۔

To go through fire and water : عظیم ترین خطرات سے دوچارھونا؛ مشکل میں پڑنا؛ کڑی جھیلنا ؛ ہفت خواں طے کرنا ۔

To hang fire : گھوڑا دبانے کے بعد گولی کا دیر سے چلنا ۔

To heap coals of fire : بدی کے عوض نیکی کرنا ۔

To open fire : فائرنگ شروع کرنا ؛ بندوق داغنا ؛ گولہ باری شروع کرنا ۔

To pour oil on fire : جلتی آگ پر تیل ڈالنا ؛ زیادہ بھڑکانا یا غصہ دلانا ۔

To set fire to : آگ جلانا ؛ سلگانا ؛ روشن کرنا ؛ آگ لگانا ۔

To set on fire : آگ لگادینا ؛ بھڑکادینا ؛ مشتعل کرنا ؛ جلانا ۔

To set the thames on fire : پانی میں آگ لگانا ؛ غیر معمولی کام انجام دینا ؛ عظیم شہرت حاصل کرنا ؛ کارنمایاں کرنا ؛ بہت بڑا کام انجام دینا ۔

To strike fire : رگڑ کر آگ جلانا؛ رگڑ سے آگ نکالنا ۔

Under fire : گولیوں کی بوچھاڑ میں ؛ دشمن کی گولیوں کی زد میں ۔

Wild fire : (۱) دھوکے کی ٹٹی ؛ پُر فریب صورت ؛ تجلّی ؛ بجلی کی چمک ؛ جنگل کی آگ (موسم گرما میں) ۔ (۲) جنگ میں استعمال ہونےوالا ایك انتہائی اشتعال پذیر مادوں کا مرکب جو فوراً جلایا جاسکے اورجس کابجھانابہت مشکل ہو ۔ (۳) ایك مرض کانام جس میں انتہائی سوزش ہوتی ہے ؛ سرخ بادہ ؛ زہر باد ۔ (٤) تباہی و بربادی کا سبب (مجازاً) ۔

Fire : (v) [f.Fire(n) .] (۱) تباہ کرنے کی نیت سے آگ لگانا ؛ سلگانا ؛ جلانا ؛ روشن کرنا ۔ (۲) جل اٹھنے والے مادے کو سلگانا؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ۔ (۲) آگ پکڑلینا ؛ جل اٹھنا ؛روشن ہوجانا ؛ سلگ جانا ۔ (٤) بھڑك اٹھنا ؛ جوش میں آجانا ۔ (۵) آگ بگولہ ہوجانا ؛ لال انگارا ہوجانا ۔ (٦) پکانا ؛ جلانا (مٹی کے برتن یا اینٹ کو) ؛ گرم کرنا (چائے وغیرہ کو) ۔ (۷) داغنا ؛ داغ دینا (جانور وغیرہ کو) : (بیطاری) گرم لوہے سے داغنا ۔ (۸) (انجن، بھٹی میں) ایندھن لگانا ؛ ایندھن جھونکنا۔ (۹) بندوق چلانا ؛ آتش گیر مادے کا بھڑکانا ۔ (۱۰) توپ ، بندوق وغیرہ کا چھوٹ جانا؛ چل پڑنا ۔ (۱۱) توپ وغیرہ میں سے گولے کے اندر کی چیزوں کو پھینکنا ۔ (۱۲) (مجازاً) (کسی شخص یا جذبے کو)بھڑکانا؛ اکسانا؛ مشتعل کرنا ؛ ابھارنا ؛ جوش دلانا ۔ (۱۳) آگ یا گولہ باری کے ذریعہ بھگانا یا بھگا دینا ۔ (١٤) پھٹنے یا بھك سے اڑا دینے کےلئے آگ دینا یا آگ لگانا ؛ چھوڑنا ؛ چلانا ؛ داغنا ۔ (۱۵) (امریکی عامیانہ) تحکمانہ یا مستبدانہ طور پر نکال باہر کرنا ؛ ہٹا دینا ؛ معزول کردینا؛ معطل کردینا ؛ نکال دینا (اکثر out کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (١٦) زندگی بخشنا ؛ روح پھونکنا؛ جوش پیدا کرنا ؛ گرمی لانا (جذبات میں) ۔ (۱۷) جذبات سے پُر کردینا؛ متہیج ہونا؛ ہیجان میں آجانا ۔ (۱۸) کسی کھیل یا مقابلے میں مخصوص نمبر حاصل کرنا ۔ (۱۹) تیزی اورقوت کےساتھ پھینکنا ؛ زور سے پھینکنا ۔ (۲۰) تیزی سےاور متواتر بولنا ۔ (۲۱) خشك کرنے کےلئے آہستہ آہستہ گرمی پہنچنا ۔ (۲۲) آگ کے ذریعہ جمنے سے باز رکھنا ؛ انجماد سےبچنا ۔ (۲۳) بارش کی کمی کے باعث فصلوں کا قبل از وقت زرد ہوجانا۔ (٢٤) غصہ ہوجانا ؛ آگ بگولہ ہوجانا ۔ (۲۵) آگ میں جل کر شکل بدل جانا ۔

To fire a broad side : جہاز کی ایك جانب کی تمام بندوقوں یاتوپوں کو داغنا ۔

To fire away : (v) تقریر شروع کرنا اور تیزی سے تقریر کو جاری رکھنا ؛ (روزمرہ) شروع کرنا ؛ آگےبڑھنا ؛ قدم بڑھانا؛ (استعارتاً) پیش قدمی کرنا ؛ شروع کرنا ۔

To fire off a post card/-a remark : (استعارتاً) پوسٹ کارڈ گھسیٹ دینا یا لکھ مارنا؛ فقرہ چست کرنا ۔

To fire out /To fire : (کسی شخص کو) نکال دینا ؛ برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ معطل کرنا ۔

To fire up : (۱) اچانك گرم ہوجانا ؛ فوراً جوش میں آجانا؛ ایك دم غصہ میں آجانا ؛ اچانك مشتعل ہوجانا۔ (۲) بھٹی کی آگ جلانا ؛ بھٹی روشن کرنا؛ (روزمرہ) پائپ سلگانا ؛ سگریٹ جلانا ؛ (مجازاً) چلم پر آگ رکھنا ۔

Fire : (a) آتشیں ؛ آگ کا ؛ آگ سے متعلق ؛ بھڑکیلا ؛ اشتعال پذیر ۔

Fire-action : (n) فائرنگ کا عمل خصوصاً چھوٹی چھوٹی ٹکریوں میں لڑائی یا جھڑپ ۔

Fire agriculture : (n) جنگل کو جلاکر جلے ہوئے ٹھنٹھ کے درمیان کاشت لگانا ۔

Fire-alarm : (n) آگ لگنے کی خود بخود اطلاع کرنے والا آلہ ؛ خطرے کی گھنٹی ؛ آگ لگنے کا الارم ؛ اگنی گجر ۔

Fire and brim stone : (n) قہر خداوندی ؛ عذاب الٰہی ؛ گناہگاروں کو دائمی عذابِ جہنم کی وعید۔

Fire and faggot : (n) آگ اور ایندھن۔

Fire and sword : (n) انتہائی خطرہ ؛ خطرۂ جانکاہ۔

Fire-ant : (n) ایک قسم کی چیونٹی جس کے کاٹنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے ؛ لہر چونٹی۔

Fire apparatus : (n) آگ بجھانے یا اس پر قابو پانے کا آلہ۔

Fire area : (n) کسی عمارت کے مختلف حصوں میں سے کوئی ایک جو آگ روک دیواروں کے ذریعہ دوسرے حصوں سے الگ کئے گئے ہوں۔

Fire-arm : (n) آتشیں اسلحہ ؛ اسلحۂ گرم ؛ آتشی اسلحہ ؛ (عموماً جمع) اسلحہ جن میں بارود وغیرہ استعمال ہوتی ہے مثلاً بندوق، توپ وغیرہ۔

Fire-back : (n) ملک سماترا کا چکور۔

Fire- ball : (n) (۱) آتشیں گولہ ؛ آگ کا گولہ ؛ شہاب ثاقب ؛ کرۂ نار؛ شہابی گولہ ؛گولہ نمابجلی کی چمک۔ (۲) (فوج) فوجی گولا۔(۳) (نقابت) شعلہ فشاں گولے کا نشان۔ (٤) کوئلے کی گرد اور چکنی مٹی کابناہوا گولہ جو آگ جلانے یا سلگانے کےلئے کام آتا ہے۔

Fire-balloon : (n) آتشی غبارہ۔

Fire balloon : (n) بغارہ ؛ آتشیں برج۔

Fire-bar : (n) آتشدان یا بوائلر بھٹی کی چھڑ یا سلاخ۔

Fire-basket : (n) ہلکا آتشدان ؛ دستی آتشدان۔

Fire-bird : (n) ایک قسم کا پرندہ جو شہد کی مکھیاں کھاتاہے ؛ انجیر خور۔

Fire blanket : (n) ایسی ناسوز (آگ روک) اشیاء سے بناہوا کمبل جو خفیف آتش زدگی کو فرو کرنے میں مستعمل ہو۔

Fire-blast : (n) پودوں کو جھلسا دینے والا ایک مرض ؛ پودوں کا روگ۔

Fire-blight : (n) ہاپ درخت کا (جوشراب میں کام آتا ہے) روگ۔

Fire-board : (n) تختۂ آتشدان ؛ گرمی میں آتشدان یا چولہے کو ڈھکنے والا تختہ۔

Fire-boat : (n) (۱) وہ جہاز جو حریف کے جہازوں کو جلانے والی اشیائے آتش گیر سے لدا ہوا ہو۔ (۲) (عامیانہ) آتشک، سوزاک وغیرہ کامریض۔ جماعی امراض کا مریض۔

Fire bolt : (n) بجلی کا کڑکا، رعد ؛ صاعقہ ؛ بجلی کی کوند۔

Fire-bomb : (n) آتشیں بم؛ آتش افروز بم۔

Fire-boom : (n) جنگی جہازیاجلتی ہوئی کشتیوں کوقریب آنے سےروکنے کےلئے جہاز کے پہلو سے جھولتی ہوئی مضبوط بلّیوں میں سے کوئی ایک۔

Fire-boot/-bote : (n) (تاریخ،قانون) زمیندار کے علاقے سے جلاون کی لکڑی حاصل کرنے کا رعیت کاحق۔

Fire-box : (n) (۱) انجن کا آتشدان۔(۲) آگ لگنے کی خودبخود اطلاع کرنے والا آلہ۔

Fire-brand : (n) (۱) جلتی ہوئی لکڑی ؛ لکٹی ؛ نیم سوز (لکڑی)۔(۲) فتنہ انگیز ؛ مفسد۔

Fire brat : (n) یورپ یا امریکا کا ایک قسم کا کیڑا جو گرم مرطوب جگہوں مثلاً عمارت میں پایا جاتاہے۔

Fire-brick : (n) ایسی اینٹ جو پگھلےبغیربہت زیادہ حرارت برداشت کرسکے ؛ اینٹ جس پر آگ کا اثر نہ ہو ؛ پکی اینٹ۔

Fire-bridge : (n) بھٹی کی پشت پرلگا ہوا پردہ یا دیوارتاکہ ایندھن باہر نہ آسکے ؛ آگ روک ؛ آتش بند۔

Fire-brigade : (n): آگ گارڈ ؛ فائربریگیڈ ؛ آگ بجھانےکاعملہ اطفائیہ ؛ آگ دستہ۔

Fire bug : (n) (۱) آگ لگانے والا ؛ مفسد۔ (۲) معدن کو آگ یا دیگر حادثات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ (۲) (روزمرہ) جگنو ؛ کِرم شب تاب۔

Fire bush : (n) خار مصری ؛ سرو گرما۔

Fire chaser : (n) ہلکے سازوسامان سے لیس تیزی سے جنگل کی آگ بجھانے والا۔

Fire chief : (n) (۱) محکمۂ آتش کا صدر۔(۲) فائر مارشل۔

Fire claim account : (n) (تجارت) آگ بیمہ دعویٰ کھاتہ ؛ آگ بیمہ مطالبہ کھاتہ۔

Fire-clay : (n) ایک قسم کی مٹی جو بہت زیادہ حرارت برداشت کرتی ھےاور جو Fire brick بنانے کے کام آتی ھے ؛ آتشی مٹی ؛ اگنی مٹی ۔

Fire cock : (n) آگ بجھانے کےلئے پانی مہیا کرنے والی ٹونٹی یا نلی ۔

Fire company : (n) (۱) آگ گارڈ ؛ فائر بریگیڈ ؛ آگ بجھانے والی جماعت ۔(۲) آگ بیمہ کمپنی ؛ انشورنس کمپنی ۔

Fire-cross/Fiery - : (n) خونی صلیب (اسکاٹستان میں لوگوں کو اشتعال دلانے یاجہاد پر ابھارنے کی ایک مقررہ علامت) ۔

Fire-cracker : (n) پٹاخہ ۔

Frie-crest : (n) یورپ کی سنہری کلغی والی ایک گانے والی چھوٹی چڑیا ۔

Fire cult : (n) (تاریخ وسیاسیات) آتش پرستانہ مسلک ۔

Fire damp : (n) قابل احتراق معدنی گیس : کان کنوں کی اصطلاح ؛ تف آتشیں ؛ آگن گیس میں کاربن آمیز ہائیڈروجن کی ایک قسم کانام جو مخصوص مقدار میں ہوا کے ساتھ ملنے سے دھماکہ خیز ھوجاتی ھے ۔

Fire dog : (n) اگن نیک ؛ سلاخ جو آتش دان میں آگ کی روک کے طورپر رکھی جاتی ھے ۔

Fire door : (n) آتش دان یا بھٹی میں جلاون ڈالنے کا در یا روزن ۔

Fire-drake : (n) [OE.'fyr-draca.'] (جرمن اساطیر) شعلہ فشاں اژدہا؛ مارگنج ؛ خزانے کا سانپ ؛ (مجازاً) خزانےیا عصمت کا محافظ ؛ لڑکیوں کی نگراں عورت؛ (فلکیات) شہاب ؛ (حیوانیات) آتشیں سانپ ۔

Fire drill : (n) (۱) چھڑی کے ذریعہ آگ پیدا کرنے کا ایک قدیم طریقہ ۔ (۲) آگ بجھانے والی جماعت کی تربیتی مشق ۔(۳) (تاریخ) آتشیں برما ۔

Fire dragon : (n) سمندر ۔

Fire eater : (n) (۱) شعلہ باز؛ آتش خوار ؛ آتش خوارمداری ؛ آگ نگل جانے والا شعبدہ باز ۔(۲) (مجازاً) بڑا لڑاکا؛ بڑافسادی ؛ فتنہ خو؛ جنگجو؛ جھگڑالو ؛ (تاریخ) فسادی ؛ فتنہ انگیز ۔

Fire-engine: (n) (۱) آگ بجھانےوالاانجن ؛ آگ بجھانے کی کل ؛ اطفائیہ ؛ آگ پر پانی پھینکنے والی مشین یا پمپ ۔(۲) (برطانیہ) بھاپ انجن؛ اطفائی انجن ۔

Fire-escape : (n) جلتے مکان سے نکل بھاگنےمیں معاون ھونے والا کوئی سامان یا آلہ ؛ مفّر آتش ؛ آگ سے بچنے کا زینہ ۔

Fire extinguisher : (n) (کیمیا) آگ بجھانے والا ؛ آتش کُش ۔

Fire-eyed : (a) (شعر) روشن ، چمکدار آنکھوں والا ؛ دمکتی ھوئی آنکھوں والا ۔

Fire-fall : (n) آگ کے ذریعہ جڑ کو نقصان پہنچنے کے باعث گراھوا درخت ۔

Fire-fang : (v) (۱) (روزمرہ) آگ میں ڈالے رکھنا ؛ جلا دینا ؛ جھلسا دینا ؛ آتش زدہ کرنا۔(۲) بہت زیادہ گرم ھوجانا؛ بہت زیادہ خشک ھوجانا؛ کھراھو جانا۔

Fire-fanged : (a) (بارلی، پنیر وغیر) جلی یا جھلسی ھوئی شکل کی بو یا ذائقے کا ؛ زیادہ کھرا کر کے بھونا ھونا ۔

Fire-fight : (n) مخالف فوجوں میں گولیوں کا تبادلہ ۔

Fire-fighter : (n) آگ بجھانے والا ؛ آتش کُش ۔

Fire-fish : (n) ایک چھوٹی، سرخ و نارنجی دھاریوں والی مرجانی مچھلی ۔

Fire-flag : (n) (۱) شہابی شعلہ ۔(۲) آگ کی لپیٹ میں آئے ھوئے جہاز کا ابتلائی نشان (جھنڈا) ۔

Fire-flair : (n) نیش ماہی ؛ مچھلی جس کی پُشت پر تیز ڈنک ھوتے ہیں ۔

Fire-flaught : (n) (۱) شہاب ثاقب ؛ ستارہ دنبالہ دار ۔ (۲) بجلی کی چادر جو آسمان پر دورتک پھیلی ھوئی نظر آئے ؛ بجلی کی چمک ؛ اچانک کڑک یا زوردار آواز ؛ رعد وبرق ۔(۳) اگیا بیتال ؛ (مجازاً) چھلاوا؛ وہ شخص جو کبھی یہاں کبھی وہاں ھو اورجس کی صورت کبھی کچھ کبھی کچھ نظر آئے ؛ تند مزاج وعصبانی شخص ۔

Fire fly : (n) جگنو ؛ پٹ بیجنا ؛ کِرم شب تاب ؛ (حیوانیات) جگنو ۔

Fire-grate : (n) دیکھو Fire Basket

Fire-guard : (n) (۱) آتشدان میں لوھے کا جنگلا ؛ بچوں کو آگ سے بچانے کے لئے نیز فائر گارڈ کی سلاخوں سے کوئلے کو باہر آنے سے روکنے والا جنگلا ۔ (۲) آتشیں بم بجھانے والا ۔

Fire-hose : (n) آگ بجھانے کے لئے کینوس کا نل ۔

Fire-hook : (n) جلتے ہوئے مکانات کو گرانے کا ہک نیز مٹی یا آتشدان کی آگ کو اکسانےیا کریدنے والا ہک ۔

Fire-horse : (n) آگ بجھانے کا انجن کھینچنے والا گھوڑا ۔

Fire-hunt : (n) (۱) رات میں کئے جانے والا شکار جس میں ٹارچ کی روشنی یا آگ کا استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) جنگلوں سے آگ کے ذریعہ جانوروں کا ہانکا کر کے شکار کرنا ۔

Fire hydrant : (n) آتشیں آب گاہ ۔

Fire-insurance : (n) بیمہء آتشزدگی ؛ آگ بیمہ ؛ (تجارت) آتش زدگی بیمہ ۔

Fire-irons : (n) چمٹا، کرچھا وغیرہ ۔

Fire-light : (n) آتشدان کی روشنی ؛ آگ کی روشنی ؛ نورِ آتش ۔

Fire-lighter : (n) ایندھن ۔

Fire-limits : (n) آتشی حدود ؛ حدود آتش زدگی ؛ کسی قصبے یاشہر کی انتظامیہ کی قائم کردہ وہ حدود جن کے اندرصرف آگ روک یا آگ محفوظ عمارتیں ہی بنائی جاسکتی ھوں ؛ کبھی کبھی ان حدود کے تحت دو یا تین زون (حلقے) ھوا کرتے ہیں ۔

Fire line : (n) (۱) (عموماً جمع میں) جلتی ھوئی عمارت کے گرد کھینچاھواخط جسےروک کےطور پر پولس بنادیتی ھے ؛ خط آتش زدگی ۔ (۲) آگ بجھانے کےلئے پانی مہیا کرنے والے پائپ کی لائن ۔ (۳) جنگل کی آگ کو روکنے کےلئے باڑ کے طورپر صاف کی ھوئی یا جوتی ھوئی زمین ۔ (٤) برگ ریز درختوں کی قطارجوصنوبر کی قسم کے نئے پودوں کی حفاظت کےلئے نکالی جاتی ھے ۔ (٥) جنگل کی آگ کو روکنے کےلئے باڑ کےاندربنایا ھوا نالا ۔ (٦) جنگل کی پھیلتی ھوئی آگ کی آخری حد ۔

Fire load/-loading : (n) آتش گیرمادوں کا فی مربع فٹ وزن ۔

Fire lock : (n) (۱) پتھر کلا بندوق ۔ (۲) بندوق کا گھوڑا جس میں رنجك سلگانے کےلئے آگ پیداکی جاتی ھے ۔ (۳) اس قسم کے گھوڑے والی دستی بندوق ۔ (٤) ایسے بندوق سےمسلح سپاہی ۔

Fire man : (n) (۱) بھٹی انجن وغیرہ کا نگراں ؛ انجن جھوکا ؛ آگ بجھیا ؛ آگ بجھانے والا ؛ بھٹی جھونکنے والا ۔ (۲) دھماکہ خیز گیس سے بچانے کے لئے کا ن کی نگہبانی کرنے والا ؛ دھماکہ نگراں ۔

Fire mark : (n) (تجارت) آگ بیمہ نشان ۔

Fire-marshall : (n) (۱) کسی قصبہ ؛شہر یاصوبہ کے محکمہء آگ بجھاؤ کا سربراہ ۔ (۲) ایسے دفتر یا انتظامیہ کا کوئی افسر اعلیٰ ۔

Fire-new : (n) (متروك) بالکل نیا ؛ تروتازہ ۔

Fire-office : (n) (۱) آگ بیمہ کا دفتر ۔ (۲) آگ بیمہ کمپنی ۔

Fire-opal : (n) بلور کی ایک قسم جس کے اندر سےشعلہ رنگ انعکاسات ھوتے ہیں ؛ عین الشمس ۔

Fire ordeal : (n) (تاریخ) آتش آزمائش ۔

Fire-pan : (n) [OE.'fyrpanne.'] (۱) دستی آتشدان ؛ نقل پذیر آتشدان ؛ انگیٹھی ؛ منقل آتش ۔ (۲) (کان کنی) ایک قسم کا لیمپ ؛ مشعل ؛ قندیل ۔

Fire patrol : (n) محافظ آتش ۔

Fire-piece : (n) (۱) آتشیں اسلحہ ؛ اسلحہ گرم ۔ (۲) تصویر آتش ؛ تصوری آتش زدگی ؛ آتش زدگی کے حادثے کی تصویر ۔

Fire pink : (n) مشرقی امریکا کا ایک ڈنٹھل دار پودا جس کے پھول گلناری ھوتے ہیں اور جس کے ڈنٹھل میں چپکدارمادہ ھوتا ھے جو مکھیوں کو پکڑلیتا ھے ؛ مگس گیر پودا ۔

Fire pit : (n) (تریخ) اگنی کنڈ ۔

Fire-place : (n) (۱) آتشدان؛ کمرے کو گرم رکھنےکےلئے دیوار کےپاس بنائی ھوئی آگ رکھنے کی جگہ ؛ انگیٹھی ؛ آتش گاہ ؛ بخاری ؛ منقل ۔ (۲) اینٹ پتھریا دھات سے بنا چولہا جس پر کھانا بنایا جائے ؛ چولہا ۔

Fire-plug : (n) نل کا منہ جس میں کینوس نل لگادیاجاتاھے ۔

Fire-point : (n) نقطہء آتش گیری ؛ آتش گیر نقطہ ؛ وہ کم ترین درجہ جس پر بھاپ بن کر اڑجانے والا اشتعال پذیر مادہ اس کے بخارات کو سل گانے کے بعد ھوا میں جلنے لگتا ھے ۔

Fire-policy : (n) آگ بیمہ کی سند ؛ بیمہ آتش زدگی ۔

Fire-polish : (n) گرم پالش ؛ شیشے کے برتنوں کو دوبارہ گرم کرکے چکنا، شفاف یا چمک دار بنانا ۔

Fire polish : (n) گرم پالش کے ذریعہ شیشے کے برتنوں کو دی گئی چمک دمک یا چکناپن ۔

Fire-pot : (n) (۱) (تاریخ) آتش گیر مادوں سے بھرا ھوا مٹی کابرتن جسے جنگ کے دوران بم کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔(۲) بھٹی وغیرہ کا منہ جس سے آگ یاایندھن ڈالا جاتا ھے ۔(۳) کٹھالی؛ سونےوغیرہ کو پگھلانے کا برتن جو بہت زیادہ حرارت بر داشت کرلیتا ھے بھٹی کےنیچے کا برتن جس میں پگھلی ھوئی دھات جمع ھوتی رہتی ھے ۔

Fire prevention : (n) تباہ کن آتشزدگی سےبچاؤ کےاقدامات ۔

Fire-proof : (n) آتش روک ؛ آگ روک ؛ غیر اشتعال پذیر ؛ غیر آتش گیر ؛ اگن روک ؛ نسوز ؛ (کیمیا) آگ روک ؛ اگن روک ۔

Fire-proofing : (a) آگ روک یا غیر آتش گیر بنانے کا عمل ؛ نیز آگ روک یا غیر آتش گیر بنانے میں استعمال ھونے والی چیزیں ۔

Fire-protection : (n) (۱)آگ کےذریعہ جانی یا مالی نقصان کو روکنے یا کم کرنے کا عمل اور تدبیر ۔(۲) آگ بجھانے سےمتعلق عملی تدابیر ۔

Fire-pump : (n) (انجینئیرنگ) مُطفی (جمع مُطافی) ؛ اگن پمپ ۔

Fire raft : (n) دشمن کے جہاز میں آگ لگانے والا بیڑا ۔

Fire-raising : (n) (۱) آتشزنی ؛ فتنہ پردازی ۔(۲) (تاریخ) جرم آتشزنی ؛ عمداً آگ لگانا ۔

Fire roll : (n) (جہاز رانی) آتشزنی کی اطلاع کےلئے نقارہ بجانے کی ایک خاص طرز ۔

Fire salute : (n) توپ کی سلامی ۔

Fire-screen : (n) (۱) تاب گیر ؛ آنچ روک پردہ ۔(۲) آتشدان میں لوھے کا جنگلا جو آگ سے بچاؤ کےلئے ھوتا ھے ۔(۳) (جہازرانی) اون کا موٹا کپڑا جو بارود کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے وقت پردے کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔

Fire service : (n) اطفائی خدمت ؛ (انتظامیہ) خدمت آتش فروشی ۔

Fire setting : (n) کچی دھات کی پرت کو آگ کے ذریعہ ملائم کرنا یا چٹخانا تاکہ کٹاؤ میں آسانی ھو ۔

Fire ship : (n) دیکھو Fire boat

Fire-shovel : (n) کرچھا ؛ کوئلہ جھونکنے والا کرچھایا بلیچہ ۔

Fire-side : (n) (۱) انگیٹھی کے گرد کی جگہ ؛ کنارِ آتش ؛ چو کا ؛ چولہا ۔(۲) گھربار ؛ گھریلو زندگی ۔

Fire-stick : (n) (۱) جلتا ھوا لُو کا ؛ جلتی ھوئی مشعال ۔ (۲) آگ پیدا کرنے والی چھڑی ۔

Fire stink : (n) (کان کنی) گندھک آمیز ہائیڈروجن پیدا ھوجانے کی وجہ سے سڑتے ھوئے آہن پیریطس (Iron pyrites) کی بدبو یا سڑاند ۔

Fire-stone : (n) (۱) (ارضیات) آگ روک پتھر ؛ نسوز پتھر (جو بھٹی یا تنور کے گرد لگایا جاتا ھے) ۔ (۲) (ارضیات) چقماق ؛ سنگ چقماق ؛ سنگ آتش زند؛ (کیمیا)آتش روک پتھر۔(۳) برطانیہ میں ایک نرم چنیلےریتیلے پتھر کا نام جو Hearth stone (سنگ آتش دان) کےنام سےفروخت ھوتا ھے ۔

Fire swab : (n) (جہاز رانی) سن کا بھگو یا ھوا گچھا جو چلتی ھوئی توپ یا بندوق کو ٹھنڈا رکھنے یا اُس پر سے بارود وغیرہ کو صاف کرنے کےلئے استعمال ھوتا ھے ۔

Fire-tail : (n) (۱) لل دُما ؛ سرخ دُم والا ایک گانے والا پرندہ ۔ (۲) کیڑوں کی ایک قسم کا نام ۔

Fire-teazer : (n) (۱) چمٹا ۔(۲) بھٹی جھونکنے والا اسٹوکر ۔

Fire temple : (n) آتشکدہ ؛ آتش پرستوں کا عبادت خانہ ۔

Fire thorn : (n) خار مصری ۔

Fire thrower : (n) شعلہ افگن ۔

Fire trailor pump : (n) اگن ٹھیلا پمپ ۔

Fire trap : (n) ایسی عمارت جس میں آگ لگنے کی صورت میں کوئی مفر نہ ہو ۔

Fire tree : (n) (۱) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔

Fire tube : (n) چمنی ، دھواں یا گرم ہَوا نکلنے کا راستہ یا پائپ بعض اسٹیم بوائلروں میں پانی تک حرارت پہنچانے والا ٹیوب ۔

Fire water : (n) (۱) محلّل کُل ؛ وہ چیز جو کیمیا گروں کے اعتقاد میں ہر شے کو گھلا سکتی ہے ۔ (۲) الکوحلی شرابیں ؛ تندوتیز شرابیں ؛ آتشیں شرابیں ۔

Fire wood : (n) جلاون کی لکڑی ؛ ایندھن ۔

Fire-work/Firework : (n) آتشبازی ؛ آتشبازی کا تماشہ یا نمائش ؛ (کیمیا) آتش بازی ۔

Fire worker : (n) آتش بازی بنانے والا ؛ ماہر آتش بازی ۔

Fire worship : (n) (تاریخ) آتش پرستی ۔

Fire worshipper : (n) آتش پرست ؛ گبر ۔

Fire worm : (n) (حیوانیات) جگنو ۔

Fireless : (a) بےآگ ؛ بجھاھوا ؛ خموش ؛ بغیر آگ کا ؛ (مجازاً) سرد ؛ بےجوش ؛ ٹھنڈا ۔

Fireless cooker : (n) ایک منفصل ظرف جو پختگی سے درجہ حرارت تک گرم کردینے جانے کے بعد اس درجہ حرارت کو (مزید حرارت پہنچائےبغیر) قائم رکھ سکتا ہے ۔

Fireless locomotive : (n) قدیم طرز کا بھاپ انجن جس کا آتشدان نہیں ہوتا اور جس میں باہر سے بھاپ لے کر جمع کرلی جاتی ہے اور ضرورت کے مطابق کم دباؤ کے ساتھ ؛ استوانوں میں بھیجی جاتی ہے ۔

Firer : (n) (۱) آگ لگا نے والا ؛ روشنی کرنے والا ؛ جلا ڈالنے والا ؛ بھڑکانے والا ؛ دھماکہ خیز پیدا کرنے والا ؛ (جانوروں کو) داغنے والا ؛ (انجن بھٹی وغیرہ میں) ایندھن جھونکنے والا ؛ فائر کرنے والا ؛ بندوق چلانےوالا ؛ توپچی ؛ بندوقچی ؛ مفسد ؛ فتنہ انگیز ۔ (۲) بندوق، توپ وغیرہ جو ایک ہی دفعہ بھر دینے سے برابر چلتی رہے ۔

Fires of heaven : (n) (شاعری میں) ستارے ؛ کواکب ؛ نجوم ۔

Fires of St. Elmo : (n) اگیا بیتال ؛ شہابہ (ایک طرح کی روشنی جو جہاز والوں کے عقیدہ میں طوفان کے وقت مستول کے قریب نظر آتی ہے) ؛ برق وباراں کے طوفان کے وقت وہ شعلہ جو جہاز پر دکھائی دیتا ہے ۔

Firing : (n) (۱) آگ لگی؛ بری نیت سےآگ لگانا؛ آتش گیری ؛ آتش زدگی ؛ آتش زنی ؛ احتراق ؛ حریق ؛ سوختگی؛ پختگی ؛ پکانا (مٹی کےبرتن وغیرہ کو) ؛ (بیطاری) داغ دینا (گھوڑے وغیرہ کو) ؛ ایندھن جھونکنا (بھٹی وغیرہ میں) ؛ جلن ؛ سوزش ؛ جوش ۔ (۲) سن کےپودے اور تمباکو میں ہونے والے ایک مرض کا نام ۔ (۳) آتش گیر مادے کا بھڑکانا ؛ بندوق چلانا؛ (فوج) فائر کرنا؛ فائرنگ؛ گولہ باری ۔ (٤) (انجینیئرنگ) داغ کرنا ؛ احتراق ۔ (٥) ایندھن ؛ جلاون ۔ (٦) سینکنا ؛ حرارت پہنچانا ؛ آگ کے ذریعہ علاج کرنا ۔(۷) نامناسب مٹی ہونے سے پودوں کا جل جانا یا جھلس جانا؛ سوختگی (تاریخ)؛ پکانا (برتنوں کا) ۔

Firing iron : (n) داغ آہن ۔

Firing point : (n) وہ درجہ حرارت جس پر کوئی آتش گیر تیل خود بخود جل اٹھتا ہے ۔

Firing-step : (n) خندق کے اندر کی سیڑھی جس پر چڑھ کر فائر کرتے ہیں ۔

Firing stroke : (n) (انجینیئرنگ) ضرب احتراق ؛ ضرب طاقت ۔

Firing tools : (n) (انجینیئرنگ) احتراقی اوزار ۔

Firk/Ferk : (v) [OE.fercian.] (۱) تیزی سے یا اچانک چلانا یا حرکت دینا۔(۲) مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ ڈنڈے لگانا ؛ کُندی کرنا ۔

Firkin : (n) [ME] (۱) مکھن، مچھلی، مائع اور سیال چیزوں کا پیپا ؛ مزاحاً کسی شخص کو بھی کہتے ہیں ۔ (۲) (پیپے کا) آدھا ؛ آدھا کلڈرکن (شراب کا پیپاجس میں ١٦ یا ١٨ گیلن کی گنجائش ہوتی ہے)۔

Ale-firkin : بورے کا آدھا ؛ شراب کے پیپے کا آدھا ۔

Firman : (n) [Pers.] فرمان ؛ پروانہء راہداری ؛ حکم نامہ ؛ لائسنس ؛ اجازت نامہ ؛ پاسپورٹ ۔

Firmer : (n) [F.'fermoir.'] چھوٹی یا باریک چھینی یا بنسلی جو چول کے کناروں کو درست کرنے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Firmer-chisle : (n) دیکھو Firmer

Firmer-tools : (n) چھوٹی چھینی یا رُکھانی وغیرہ ۔

Firmisternous : (n) [L.'Firmisternia.'] (حیوانیات)بستہ قصی ۔

Firmly : (adv.) ثابت قدمی سے ؛ استقلال سے ؛ مضبوطی سے ؛ پکی طرح ۔

Firmness : (n) ثابت قدمی ؛ استقلال ؛ استواری ؛ پائداری ؛ مضبوطی ؛ مستقل مزاجی ؛ (تجارت) (قیمت کی) یکسانیت ؛ ٹھہراؤ ؛ ثبات ۔

Firn : (n) [Ger.firn.] (۱) غیرمکمل طور پر جمے گلیشیر کی دانہ داربرف ؛ برف کا کھیت ؛ کچی برف جو دور تك پھیلی ہو ۔ (۲) (ارضیات) برف تودہ ؛ فرن ۔

Firnification : (n) دانہ دار فرن کا جم کر ایك بڑے تودے یا کھیت کی شکل میں بن جانے کا عمل ۔

Firry : (a.) [f.Fir+y] صنوبر دار ؛ صنوبری ؛ سروی ؛ سرو یا صنوبر کے درخت سے بھرا ہوا ۔

Firry : (a) سروی ؛ صنوبری ؛ سرو یا صنوبر کا یا اس سے متعلق سرویااس قسم کے درختوں سےبھراھوا ۔

First : (n) [OE.'fyrst.'] (۱) اوّل بتائی ہوئی چیز یا شخص ۔ (۲) ابتدا ؛ آغاز ۔ (۳) (جمع میں) آٹا ؛ مکھن وغیرہ ؛ بڑھیا قسم کا ؛ اعلیٰ قسم کا ۔ (٤) اوّل یااعلیٰ درجے کی جگہ، چیز وغیرہ؛ اولین شے ؛ اعلیٰ رتبے کا شخص ۔ (۵) دو سازی یا دوآوازی گیت کا بالائی حصہ ۔

First : (a) (۱) اوّل ؛ پہلا ؛ اولین ۔ (۲) یکم ؛ مقدم ۔ (۳) امتحان میں اوّل ؛ درجہء اوّل میں کامیاب ؛ گھوڑ دوڑ وغیرہ میں اوّل ۔ (٤) عہدے، رتبے اہمیت اور خوبی میں سب سے بڑھ کر ؛ اعلیٰ ۔ (۵) خواہاں ؛ آرزومند، (برطانوی بول چال) ؛ اگلا ؛ آئندہ (مثلاً اگلے جمعہ یا آئندہ اتوار کو) ۔

Firlot : (n) [L.'ferthelota.'] (۱) فرلوٹ : غلّہ ناپنے کا ایك پیمانہ جو بال (قدیم ٤٠ بوشل اور جدید ۲ بوشل) کا چوتھائی ہوتا ہے نیز بڑی مقدار ؛ ڈھیر ۔ (۲) ایك فرلوٹ کا برتن ۔

Firm : (n) [L.'firmare.'] (۱) مہاجنی کوٹھی یا دکان ؛ جماعت شرکا (مجموعی حیثیت سے) ادارہ تجارتی؛ کسی کاروبار کو چلانے کےلئے دو یا زیادہ افراد کی ساجھے داری ۔ (۲) فرم ؛ کمپنی ؛ وہ نام جس پر کوئی تجارتی لین دین کیا جاتا ہے ۔ (۳) کاروباری اکائی ۔ (٤)(معاشیات) کوٹھی ؛ ادارہء تجارتی ؛ فرم ؛ (سماجیات) تجارتی ادارہ ؛ ساجھا ؛ دکان ؛ مشترکہ کاروبار؛ تجارت خانہ ۔

Competitive firm : (تجارت) مسابقتی فرم ۔

Marginal firm : (تجارت) مختتم فرم ۔

Optimum firm : (تجارت) انسب فرم ۔

Firm : (v) (۱) جمنا ؛ جمانا ؛ (زمین، درخت پنیر وغیرہ) ۔ (۲) توثیق کرنا ۔ (۳) مضبوط کرنا ؛ ٹھوس بنانا ؛ سخت کرنا ۔ (٤)مضبوط ہوجانا؛ ٹھوس ہوجانا ؛ جم جانا ۔

Firm : (adv.) مضبوطی سے؛ ثابت قدمی سے ؛ استقلال سے ؛ مکمل طور پر ۔

To stand firm/-hold- : ثابت قدم رہنا ؛ اپنی بات پر پکّا رہنا ۔

Firm : (a) [L.'firmus.'] (۱) مضبوط ؛ گھٹا ہوا ۔ (۲) جما ہوا ؛ پائدار؛ اٹل ؛ استوار؛ ناطق ؛ (ڈگری، فیصلہ وغیرہ) قطعی ؛ آخری (سروے میں) ۔ (۳) ثابت قدم ؛ مستقل ؛ اٹل ؛ مصمم ؛ پکا ؛ تام ؛ کامل ۔ (٤) (تجارت) مستقل ؛ قائم (قیمت یا نرخ) ۔ (۵)پختگی ؛ استواری ؛ ثابت قدمی دکھانےوالا ۔ (٦) (چیزیں) جن کی مندی نہ ہو ۔ (۷) (بازار، موسم وغیرہ) مستقل ؛ یکساں ؛ غیر متغیر ۔ (۸) (معاشیات) محکم ۔

Firm offer : (n) ٹھوس پیش کش ؛ ناقابل تردید پیش کش ؛ مستقل پیش کش ۔

Firmament : (n) [L.'firmamentum.'] (علم النجوم) آسمان ؛ آکاش ؛ فلك ؛ سپہر ؛ چرخ گردوں ؛ گنبد آسمان ؛ (دینیات) آسمان ہشتم ۔

Firmamental : (a) آسمانی ؛ فلکی ۔

First : (adv.) (۱) سب سے پہلے؛ اولاً ؛ مرجح طور پر ؛ ترجیح دیتے ہوئے ؛ سب سے بہتر سمجھتے ہوئے ؛ اولین ؛ اعلیٰ ترین ۔ (۲) پہلی دفعہ ؛ پہلی مرتبہ ؛ پہلے پہل ۔

At first : شروع ؛ ابتدا ؛ اول اول ؛ پہلے پہل ۔

At first sight/-view/-blush : پہلی نظر میں ؛ پہلی نگاہ میں ۔

Come in first : اول ہونا ؛ صف اول کا ؛ ابتدا ۔

Feeling first rate : بشاش بشاش ؛ چاق وچوبند ؛ تازہ دم ۔

From first to last : شروع سے آخر تک ؛ از اول تا آخر ؛ ازابتدا تا انتہا ؛ ازل تا ابد ۔

From the first : ابتدا سے ؛ ازل سے ؛ شروع سے ؛ اول سے ۔

Head first : بے سوچے سمجھے ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ عجلت میں ؛ سر کے بل ؛ سرکی طرف ۔

In the first place : اولاً ۔

Shall do it first thing : (بول چال) پہلا کام یہ کرونگا؛ سب سے پہلے یہ کرونگا ۔

The first : اول الذکر (شخص یا شے) ۔

The first (Sc. day) : روز اول ؛ پہلا دن خصوصاً ماہ ستمبر کا پہلا دن (جب تیتر کا شکار شروع ہوتا ہے) ۔

Tihe first of the ebb : ابتدائی جزر ۔

The first-rate powers : دول سر بر آوردہ ۔

(The) first thing : پہلی چیز ؛ پہلا کام جو کیاگیاھو ۔

The first two (three etc.) : پہلے دو ؛ اولین دو(تین وغیرہ) ۔

First aid : (a) فوری امداد (طبیب کے آنے سے پہلے) ؛ (جراحی) فوری مدد ؛ فرسٹ ؛ ایڈ ؛ (انتظامیہ) ابتدائی طبی امداد ۔

First aider : (n) (انتظامیہ) ابتدائی طبی امداد دینے والا ۔

First and foremost : (a) سب سے مقدم ۔

First and last : (adv.) سب ملاکر ؛ کل ؛ جملہ ؛ مجموعی طور پر ؛ اجمالاً ۔

First or last : (adv.) دیر یا سویر ؛ کبھی نہ کبھی ۔

First audit : (n) (تجارت) اول آ ڈٹ ؛ پہلا آڈٹ ۔

First birth : (n) پہلا بچہ ؛ پہلی اولاد ۔

First-born : (a) پہلوٹھا ؛ پہلوٹھی کا؛ فرزند ارشد ۔

First cause : (n) (فلسفہ) علت العلل ؛ علتِ اولی ۔

First-chop : (n) (اینگلو انڈین روزمرہ) درجہء اوّل ۔

First class : (a) اوّل درجے کا ؛ چوٹی کا ؛ بہترین؛ اعلیٰ درجے کا؛ (روز مرہ) انتہائی اچھا ۔

First class : (n) درجہ اول ؛ پہلا درجہ ؛ امتحان کا درجہء اوّل میں جگہ پانے والا ۔

First class : (adv.) اوّل درجے میں ؛ اعلیٰ طریقے سے ؛ بطرز اولیٰ ۔

First coat : (n) (۱) پہلا پُچارا یا پوتا ۔(۲) کہگل یا پچارے کی پہلی تہ ؛ استر ۔

First come first served : پہلے سے آئے سو پہلے کھائے ۔

First cost : (n) حقیقی خرچ ؛ مصارف مقدم ؛اولین اخراجات ؛ اصلی خرچ ؛ بنیادی خرچ ؛ ابتدائی خرچ ۔

First cross : (n) دو خالص النسل جانوروں کے جنسی اختلاط سے پیدا کیا ہوا جانور ۔

First day : (n) اتوار ؛ یکشنبہ ۔

First divided difference : (n) (شماریات) پہلا تقسیمی فرق ۔

First floor : (n) (۱) (عمارت) پہلی منزل ؛ زمینی منزل کی اوپر والی منزل ۔(۲) (امریکا) زمینی منزل ۔

First foot : (n) پہلا قدم ؛ سال نو کے موقع پر مکان میں داخل ہونے والا پہلا شخص ۔

First footing : (n) پہلی آمد ؛ آمد اولین ۔

First form : (n) مدرسے کی ابتدائی جماعت ؛ (وسطانیہ شبعے کا) پہلا درجہ ۔

First fruit : (n) (۱) اولین زمینی پیداوار ؛ پہلا پھل ؛ ثمر اولین ؛ ثمر پیش رس (خاص کر جو دیوتاؤں کو نذر کیا جاتا ھے) ۔ (مجازاً) کسی بھی چیز کا پہلا پھل ؛ پہلی پیداوار ؛ انسان کا اولین کار نامہ یا کار گذاری ؛ نتائج الاولی ۔ (۲) (کلیسائی یا جاگیر دار قانون) سال اول کی آمدنی یا منافع ؛ پہلی بافت (جو نیا آسامی، جاگیر دار یا مذہبی پیشوا کو بطور نذرانہ دیتا تھا) ۔

First future (tense) : (لسانیات) مستقبل اول ۔

First hand : (a) اصلی : مستقیم ، منبع اول کا یا اُس سے متعلق ۔

First hand : (adv.) براہ راست ؛ بلاواسطہ ؛ سیدھا ؛ بلا توسط ۔

At first hand : (adv.) دیکھو First hand

First hand experience : (n) راست تجربہ ۔

First information report : (n) اطلاع اول ؛ رپورٹ ابتدائی ۔

First lady : (n) زوجہ رئیس البلاد ؛ سیدۃ الاولیٰ ؛ خاتون اول ۔

First lien bond : (n) (تجارت) اوّلین حق قبضہ بانڈ ۔

First line supervisor : (n) (تجارت) اول لائن نگراں ۔

First limit theorem : (n) (شماریات) پہلا انتہائی مسئلہ ۔

First night : (n) پہلا تماشہ یا کھیل ؛ شب اول ؛ وہ رات جب کوئی کھیل پہلی دفع اسٹیج پر پیش کیا گیا ھو ۔

First nighter : (n) پہلا کھیل دیکھنے کا شوقین ۔

First nighting : (n) پہلا کھیل دیکھنا ۔

First of Exchange : (n) (تجارت) ہُنڈیوں میں سے پہلی ہُنڈی؛ اصلی ہُنڈی ۔

First offender : (n) پہلی دفع جرم کرنے والا ؛ نومجرم ؛ پہلی بار کا مجرم ۔

First page : (n) صفحہ اول کا ؛ پہلے صفحہ کا ۔

First part : (n) (قانون) فریق اول ۔

First passage : (n) (شماریات) پہلا داخلہ ۔

First passage time : (n) (شماریات) وقفہ داخلہ ۔

First person : (n) (لسانیات) صیغہء متکلم ۔

First point of Aries : (n) (علم النجوم) نقطہء اول حمل ۔

First point of Libra : (n) (علم النجوم) نقطہء اول میزان ۔

First quarter : (n) (علم النجوم) ربع اول ؛ تربیع اول ۔

First rate/First-rate : (Phr.&a) (۱) (سائز اور مضبوطی میں) درجے اول کی (جنگی کشتی) ۔ (۲) درجوں میں اعلیٰ ترین (جس کے ذریعہ جنگی کشتیوں میں امتیاز کیا جاتا ھے) ۔ (۳) نہایت عمدہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ درجہء اول کا ؛ بہت اچھا ؛ بہترین ۔ (٤) انتہائی اچھا ؛ بسیار خوب ۔

First rate : (quasi-adv.) (روزمرہ) نہایت عمدہ طورپر ؛ بہت اچھی طرح سے ؛ بطریق احسن ۔

First rate : (n) (۱) اول درجہ کی جنگی کشتی ۔ (۲) بہترین انسان یا چیز ؛ اعلیٰ ترین شخص یا شے ۔

First rater : (n) (شخص یا چیز) اعلیٰ درجے کا ؛ عمدہ ؛ نفیس قسم کا ۔

First story : (n) دیکھو First floor

Frist ventricle : (n) (حیوانیات) جوف اول ۔

First water : (a) نفیس ؛ درجہء اولیٰ ؛ صفت اولیٰ ؛ شاندار ۔

First water : (a) اعلیٰ آبی ۔

Firstling : (n) (عموماً جمع میں) کسی کام کا پہلا نتیجہ یاپھل ؛ پہلا پھل ؛ ثمر پیش رس ؛ نوبر پہلا بچہ ؛نخست زادہ (جانور) ؛ اپنی نوعیت کی پہلی چیز ؛ پہلی پیداوار ؛ پہلی تخلیق ؛ پہلا اظہار ؛ خصوصاًجانوروں کاپہلا بچہ یاجھول ؛ پہلوٹھا بچہ ۔

Firstly : (adv.) اولاً ؛ پہلے ؛ سب سے پہلے ۔

Firth/Frith : (n) [Metathesis of Frith (n)] کھاڑی ؛ خلیج ؛ شاخابہ ۔

Firth : (n) [ON.'fiardr.'] بازوئے بحر ؛ دریا کا دہانہ ؛ شعبہ٫ رود ۔

Fisc/Fisk : (n)[L.'fiscus.'] (۱)قدیم روما کا خزانہ ؛ بیت المال ۔ (۲) شہنشاہ روما کاصرف خاص (پریوی پرس)۔ (۳)(شاذ) خزانہ عامرہ ؛ سرکاری خزانہ ؛ اقتدارشاہی جس میں ضبطی جانداد لاوارث بحق سرکار کے تحت ریاستیں ضم ہو جاتی ہیں ؛ (تاریخ) سرکاری خزانہ یا فسک ۔

Fiscal : (n) [It.'fisco.'] (۱) ولندیز اوراس کی نوآبادیوں میں مال کا عدالتی افسر ۔ (۲) اٹلی، اسپین وغیرہ میں قانونی افسر جو سرکاری وکیل کی حیثیت سے کام کرتا ھے ۔ (۳) سلطنت روما کےتحت حکومت کا سب سے بڑا قانونی افسر ۔ (٤) ہالینڈ وغیرہ میں ایک مجسٹریٹ جو مالی معاملات کی خلاف ورزیوں یا بدعنوانیوں کی سماعت کرتا ھے ۔ (٥) (اسکاٹستان) سرکاری وکیل ۔ (٦) (کیپ کالونی میں) جلاّد پرندہ (جس کی چونچ مڑی ہوئی دندانہ دار ھوتی ھے اور چھوٹی چڑیوں اور کیڑوں کی کھال کانٹوں پر کھینچ کر اُنہیں کھاتاھے) ۔ (۷) محکمہ٫ مالیات کا ٹکٹ ؛ ریوینیو ٹکٹ ۔

Fiscal : (a) [SP.'fiscal.'] (۱)صیغہ٫ مال (سرکاری مال گذاری) سے متعلق ؛ شاہی خزانے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مالی؛ مالیاتی ؛ محاسباتی ؛ مالی معاملات کایااُس سے متعلق(خاص کرامریکا)؛(انتظامیہ) مالی ۔

Fiscal : (n) دیکھو Fisc

The fiscal year : سال محاسباتا ؛ مالی سال ۔

Fiscal agent : (n) کسی کارپوریشن یا سرکاری تنظیم کے اقتصادی نمائندہ کی حیثیت سے کام کرنے والا بینک یا ٹرسٹ کمپنی؛ (تجارت)مالیاتی ایجنٹ ۔

Fiscl commission : (n) (تاریخ) مالیاتی کمیشن ۔

Fiscal instrument : (n) (تجارت) مالیاتی آلہ کار ۔

Fiscal measures : (n) (تجارت) مالیاتی اقدام ۔

Fiscal monopoly : (n) (تجارت) مالیاتی اجارہ داری ۔

Fiscal motive : (n) (تجارت) مالیاتی منشاء ۔

Fiscal operations : (n) (تجارت) مالیاتی کاروائی ۔

Fiscal period : (n) (تجارت) مالیاتی مدت ۔

Fiscal policy : (n) (تجارت) مالیاتی پالیسی ؛ مسلك مالیہ ۔

Fiscal relation : (n) (تجارت) مالیاتی تعلقات ۔

Fiscal stamp : (n) مالیاتی ٹکٹ ؛ ریوینیو اسٹامپ ۔

Fiscality : (adv.) مالی معاملات یا فیصلوں کا مخصوص لحاظ ۔

Fiscally : (adv.) مال گذاری کےنقطہ٫ نظر سے ؛ مالیاتی اعتبار سے ۔

Fiscus : (n)[L.] قدیم روما کا سرکاری خزانہ ؛ بادشاہ کا خزانہ یا صرف خاص ۔

Fish : (n) [OE.fisc.] (۱) مچھلی ؛ مین ؛ ماہی ؛ سمک ۔ (۲) (عمومی زبان میں) آبی جانور؛ آبی حیوان جن میں فیل ماہی ، حیوانات قشریہ (کیکڑا وغیرہ) ؛ حیوانات صدفیہ (گھونگا، سیپ) ۔ وغیرہ شامل ہیں ؛ (سائنسی زبان میں) ریڑھ والے آبی حیوان ؛ جن کے گلپھڑے ھوتے ہیں اور جو سرد مزاج ھوتے ہیں ۔ (۳) مچھلی کا گوشت خصوصاً جو کھانے کے کام آتا ھو ۔ (٤) (علم النجوم) دلو اور حمل کے درمیان بروجی مجموعہ٫ نجوم ؛ مین ؛ ماہی ۔

All is fish that comes to (his) net : جو کچھ بھی ملے نہ چھوڑئیے (آتاھو تو ہاتھ سے خود دیجئے) جو مل جائے سب اپنا ھے ؛ جو ہاتھ لگے سب جائز ھے ۔

A pretty kettle of fish : (روزمرہ) ابتری ؛ گول مال ؛ گڑبڑ ؛ گڈ مڈ ۔

Cool fish : (n) بےحس ؛ ٹھنڈی مٹی ۔

Drunk as a fish : بہت پئے ہوئے ؛ مخمور ؛ بد مست ۔

Dull as a fish : مٹھا ؛ کنُد ؛ بےحس ۔

Loose fish : (n) آوارہ مزاج ۔

Mute as a fish : صمٌ بکمٌ ؛ گونگا بہرا ۔

Neither fish, flesh, nor fowl : نہ یہ نہ وہ ؛ نہ ادھر نہ اُدھر ؛ نہ اِللذی نہ اُللذی ۔

Queer fish : (n) خبطی ۔

Royal fish : وھیل اور اسٹرجن مچھلیاں ۔

The fish or fishes : (علم النجوم) دلو اور حمل کے درمیان بروجی مجموعۂ نجوم ؛ مِین ماہی ۔

There is as good fish in the sea as ever came out of it : کمی کا اندیشہ نہ ہونا ؛ راجا کےگھر موتیوں کا کیا کال ۔

To drink like a fish : بہت پینا ؛ ڈٹ کر پینا ؛ ہمیشہ بدمست دہنا ؛ بدمست رہنا ؛ مسلسل پینا ؛ دائم الخمر رہنا ۔

To feed the fishes : ڈوب جانا ؛ دریائی سفر کی متلی ہونا ۔

To feel like a fish out of water : ماہی بےآب ہونا ؛ بے چین ہونا ؛ بےتاب ہونا ۔

To have other fish to try : (مجھے) اوربھی بہت سے ضروری کام کرنے ہیں ؛ اور بھی غم ہیں .....۔

Fish : (n) [Origin doubtful.] (۱) (جہازرانی) ایک لانبی سخت لکڑی جو ایک طرف محدب اور دوسری طرف مجوف ہوتی ھے اور جسے مستول کومضبوط کرنے کےلئے استعمال کیا جاتا ھے ۔(۲) لوھے یا لکڑی کا چپٹا ٹکڑا جو شہتیر وغیرہ پر یا کسی جوڑ کے اوپر اُسے محفوظ اور مضبوط کرنے کےلئے لگایا جاتا ھے ؛ ریلوے لائن میں استعمال ہونے والی فلش پلیٹ ۔

Fish : (n) [F.'fiche.'] (۱) ہڈی یا ہاتھی دانت وغیرہ کی تختی جو کبھی کبھی مچھلی کی شکل کی ہوتی ھے اور کھیل میں حساب رکھنے کےلئے استعمال ہوتی ھے ۔(۲) ایک قسم کا رقص جس میں ناچنے والے ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر رقص کرتے ہیں ۔

Fish : (n) (۱) (جدیدروزمرہ) محدب اور مجوف لکڑی سے باندھ کر مستول کو مضبوط کرنے کا عمل ؛ شہتیروں کے جوڑ پر فش پلیٹ (لوھے یالکڑی کاچپٹا ٹکڑا) لگا کر انہیں مضبوط کرنے کا عمل ۔ (۲) جہاز کے لنگر کو باندھنے میں استعمال ہونے والا رسّا چرخی وغیرہ ۔

Fish : (v) (۱) مچھلی کا شکارکرنا ؛ مچھلی پکڑنا ؛ مچھلی پکڑنے کےلئے جال وغیرہ کا استعمال کرنا ؛ جال میں آنا؛ پھنسنا ؛ پکڑا جانا ؛ دام میں آنا ۔ (۲) غواصی یا دوسرے ذرائع سے پانی کی تہ میں سے موتی، خزانہ وغیرہ نکالنا ۔(۳) راز یا تعریف کی ٹوہ میں رہنا ۔(٤) دریا کی تہ سے مچھلی پکڑنا یا مونگا نکالنا ۔ (٥) پانی جیب وغیرہ میں سے باہر نکالنا ؛ باہر لانا ۔ (٦) تالاب ، جوہڑ میں سے مچھلیاں پکڑنا ۔ (۷) راز کی بات یا رائے کرید کر نکالنا ۔ (۸) تلاش میں ہونا ؛ متجسس ہونا ؛ جستجو میں ہونا ۔(۹) کسی ترکیب یا حیلہ بازی یا سعی پیہم کے ذریعہ کسی چیز کو پا لینا یا حاصل کر لینا ۔ (۱۰) (امریکا) مچھلی کے فضلے سے زمین کو کھاد دینا ۔

Fish : (v) مستول ٹھیک کرنا یا مضبوط کرنا ؛ ریل کی لائن کو فش پلیٹ سے جوڑنا ۔

To fish the anchor : (جہاز رانی) لنگر کو جہاز کے بالائی کنارے تك کھینچ لینا ۔

To fish together : کسی شہتیر یا مستول کو لکڑی کے لمبے اور محدب ٹکڑے سے باندھ کر مضبوط کرنا ؛ مستول ٹھیك کرنا ۔

Fish : (v) (۱) (کفارہ مسیح کے معتقد کا) مسیح کی پیروی کےلئےلوگوں میں تبلیغ کرنا ؛ تبلیغ مسیحیت کرنا ۔ (۲) بنسی کی طرح کھینچنا ؛ مچھلی پکڑنے کی طرح کھینچنا ۔ (۳) بجلی کے تاروں کو ہُك لگا کر کھینچنا ۔

Fish able : (a) شکار ماہی کے لئے موزوں ۔

Fish back : (n) (جہاز رانی) لنگر اندازی کی چرخی کے ہُك میں لگا ہوا رسّا جو لنگر کو باندھنے یا مضبوط کرنے میں معاون ہوتا ھے ۔

Fish-backed : (a) پُشت ماہی کی طرح اُبھری ہوئی (سوجن) ۔

Fish ball : (n) مدوّر کیك ۔

Fish bar : (n) ریل کی پٹریوں یا دو چیزوں کو جوڑنے والا ٹکڑا ۔

Fish beam : (n) مرکب شہتیر جو دو شہتیروں کے درمیان لوھے کی پلیٹ دے کربنائی گئی ہو؛ ماہی تیر؛ محدب شہتیر ۔

Fish bed : (n) وہ تہ نشیں جس میں مچھلیوں کی متحجر باقیات ہوں ۔

Fish bellied : (a) مچھلی کے پیٹ کی طرح نیچے کی طرف خمیدہ ۔

Fish berry : (n) مچھلی مار دوا ۔

Fish block : (n) جہاز کے لنگر کی چرخی ۔

Fish blooded : (a) نر م دل ؛ نرم مزاج ؛ سرد مزاج ۔

Fish boat : (n) ماہی گیر کشتی ۔

Fish bolt : (n) فش پلیٹ یا پٹریوں کو کسنے والا بولٹ ۔

Fish -bone : (n) استخوان ماہی ؛ مچھلیٰ کی ہڈی ۔

Fish-bone-thistle : (n) مچھلی کا کانٹا ۔

Fish-bowl : (n) زندہ مچھلیوں کے رکھنے کا پیالہ ۔

Fish cake : (n) مچھلی کا بنا ہوا کیک ۔

Fish-car : (n) زندہ مچھلیوں کو منتقل کرنے کےلئے ریل گاڑی ۔

Fish carver : (n) مچھلی کاٹنے کی چھری ؛ (جمع میں) مچھلی کاٹنے کی چھری اور کانٹا ۔

Fish-crow : (n) ایک قسم کا مچھلی کھانے والا ۔

Fish-culture : (n) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل ؛ ماہی پروری ؛ (حیوانیات) مچھلیوں کا بچاؤ یاتحفظ ۔

Fish-cultural : (a) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل سے متعلق ۔

Fish-culturist : (n) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل کا ماہر ۔

Fish -day : (n) (۱) (دینیات) ایک مخصوص دن جس میں گوشت کے بدلے صرف مچھلیاں کھائی جائیں ۔ (۲) (مسیحی) روزہ کا دن ۔

Fish davit : (n) لنگر اندازی کی کل ؛ لنگر اٹھانے اور کشتی کو معلق رکھنے کی کل ۔

Fish-eagle : (n) بحری عقاب (مچھلی کھانے والا) ۔

Fish-eater : (n) (۱) (خاص کر) مچھلی کھانےوالا ؛ ماہی خور ۔ (۲)(جمع میں)مچھلی کھانے کےلئےچھری کانٹا ۔

Fish fag : (n) ماہی فروش عورت ۔

Fish fall : (n) لنگر اندازی کی کل سے لٹکا ہوا جرثقیل ۔

Fish-farm : (n) مچھلیوں کے پالنے کی جگہ ۔

Fish-farmer : (n) مچھلی پالنے والا ۔

Fish farming : (n) مچھلی پالنا (خصوصاً تالاب میں) ۔

Fish-flour : (n) (۱) دیکھو Fish-meal ۔ (۲) سوکھی مچھلی سے بناہوا یا پسا ہوا آٹا ۔

Fish front/-pannch : (n) (جہاز رانی) سخت لکڑی کا ایک لمبا ٹکڑا جوایک طرف محدب اور دوسری جانب مجوف ہوتا ھے اور جو مستول کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال ہوتاھے ۔

Fish-gaff : (n) وزنی مچھلی کو پکڑنے والابانس یا بلاّ جس کے سرے پر لوھے کا کانٹا یا ہُک لگا ھو ۔

Fish gig : (n) [var.of Fizgig.] خار دار ؛ نیزۂ ماہی گیری ؛ بارپون ؛ برچھی کی شکل کا خمدار کانٹا جس کی دو یا زیاہ شاخیں ہوتی ہیں اور جس سےبڑی مچھلیوں کا شکار کیاجاتا ھے ۔

Fish-globe : (n) (شیشے کی بانڈی وغیرہ)جس میں gold-fish وغیرہ کو رکھا جاتا ھے ۔

Fish-glue : (n) ایک مفید نیم شفاف مادہ جو بعض قسم کی مچھلیوں میں سے نکلتاھے ؛ مچھلی سریش ؛ ایک قسم کی جلاٹین ۔

Fish-guano : (n) مچھلی کی کھاد ؛ مچھلیوں سے بنی ہوئی کھاد ۔

Fish-hawk : (n) بحری عقاب ؛ بحری باز ؛ بڑا شکاری پرند جو مچھلیاں پکڑتا ھے ۔

Fish-hook : (n) مچھلی پکڑنے کا کانٹا ؛ قلاب ماہی گیری ؛ بنسی؛ (جہازرانی) لنگر اندازی میں استعمال ہونےوالا آہنی ہُک یا کانٹا ؛ قلاب لنگر کش ۔

Fish joint : (n) پشت بندوں کے ذریعہ بنایا ہوا جوڑ ۔

Fish joint : (v) پشت بندوں کے ذریعہ جوڑ کو درست کرنا یا کسنا ۔

Fish-kettle : (n) بیضوی شکل کاماہی تاب ؛ ماہی تاب، مچھلیوں کواُبالنے کےلئےبیضاوی شکل کابرتن ۔

کا چپٹا ٹکڑا جو ریل کی پٹری ، شہتیر وغیرہ کو جوڑنے یا مضبوط ومحفوظ بنانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ؛ فش پلیٹ ۔

Fish plate : (n) پشت بند ؛ جوڑتختی ؛ ریل کی پٹریوں کے سروں کو ملانے، ڈھکنے اور مضبوط کرنے کےلئے دونوں جانب لگا کر کسے ہوئے لوہے کے چپٹے ٹکڑوں میں سے ایک ؛ لوہے، لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا ؛ جو کسی شہتیر وغیرہ کے جوڑوں اور گرھوں پر شہتیر کو مضبوط کرنے کےلئے لگایا جاتا ہے ۔

Fish plating : (n) فش پیلٹ کے ذریعہ ریل کی پٹریوں کو جوڑنے کا عمل ۔

Fish-pomace : (n) تیل نکالنے کےبعد بچاہوا مچھلی کا فضلہ جو کھاد کے کام آتا ہے ۔

Fish -pool : (n) مچھلیوں کے پالنے کا تالاب ؛ ماہی حوض ۔

Fish-pond : (n) (۱) ماہی حوض ؛ مچھلیاں رکھنے کا حوض (نیز مزاحاً) سمندر ۔(۲) تاش کھیلنے کی میز میں بنا ہوا گوٹیاں رکھنے کا گڑھا ۔

Fish-pot : (n) مچھلی پکڑنے کا ٹوکرا ۔

Fish-room : (n) مقبوضہ جنگی جہاز میں علاحدہ کیا ہوا ایک مخصوص حصہ جونمک دی ہوئی مچھلیوں کو ترتیب سے رکھنے کےلئے استعمال کیا جاتا تھا ؛ماہی کمرہ ؛ ماہی خانہ ۔

Fish sauce : (n) مچھلیوں کے ساتھ کھائی جانےوالی چٹنی ۔

Fish-scale : (n) فِلس ماہی ۔

Fish-scrap : (n) دیکھو Fish pomace

Fish seed : (n) (حیوانیات) تخم ماہی ۔

Fish-skin : (n) پوست ماہی ؛ مچھلی کا چمڑہ ؛ (طب) داء الحیہ ۔

Fish-skin disease : (n) ایک مرض جس میں جلد خشک اور سخت ہو جاتی ہے ۔

Fish skin grain : (n) پکائے ہوئے چمڑے کے دانے جو مچھلی کی کھال جیسے ہو تے ہیں ۔

Fish-slice : (n) (۱) مچھلی کاٹنے کی چھری ۔(۲) مچھلی پکانے کا کف گیر ۔

Fish -knife : (n) (چاندی وغیرہ کی بنی ہوئی) مچھلی کھانے کی چھری ؛ مچھلی چھری ؛ ٹیبل پر مچھلی تراشنے کےلئے چوڑے پھل کی چھری ۔

Fish ladder : (n) کسی بند یا آبشار پر مچھلیوں کو چڑھنے کےلئے بنے ہوئے زینوں کا سلسلہ ۔

Fish-liquor : (n) عرق ماہی ؛ ماہیاب ؛ وہ سیّال جس میں مچھلی اُبالی گئی ہو ؛ ماء الحوت ۔

Fish liver oil : (n) بعض مچھلیوں کے جگر سے نکالا ہوا چرب دار تیل خصوصاً مچھلی کا تیل کوڈ لیور آئل ۔

Fish-lock : (n) کسی بند یا آبشار پر مچھلی کو چڑھنے کےلئے کی گئی کوئی ترکیب ۔

Fish louse : (n) مچھلیوں کے جسم پر اور ان کے گلپھڑوں میں پائے جانے والے طفیلی قشری حیوان میں سے کوئی ایک ۔

Fish monger : (n) ماہی فروش ۔

Fish manure : (n) مچھلی کی کھاد ؛ مچھلیوں سے بنی ہوئی کھاد ۔

Fish-maw : (n) بڑی مچھلی کا فوطہ یا ہوا کی تھیلی ۔

Fish-meal : (n) کھانے کےلئے پسی ہوئی خشک مچھلی کا سفوف (جو جانوروں کے کھانے اور کھاد کے کام آتا ہے) ۔

Fish-oil : (n) مچھلیوں اور آبی جانوروں سے حاصل کیا ہوا تیل ؛ روغن ماہی ؛ مچھلی کا تیل ؛ خصوصاً کوڈلیور آئل یا وھیل آئل ۔

Fish out of water : ماہی بے آب ؛ مناسب ماحول میں نہ ہونا ۔

Fish-owl : (n) ایک قسم کا کالا والا ماہی گیر اُلّو جس کے پاؤں کھردرے ہوتے ہیں ۔

Fish-pass : (n) مچھلی پکڑ نے یا اُن کی حفاظت کی غرض سے کسی دریا میں بنائی ہوئی باڑ یا بند ۔

Fish pearl : (n) جرمنی کا بنا ہوا ایک مصنوعی موتی ۔

Fish piece : (n) (۱) (جہاز رانی) سخت لکڑی کا ایک لمباٹکڑا جو ایک طرف محدب اور دوسری جانب مجوف ہوتا ہے اور جو مستول کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔(۲) لکڑی لوھےوغیرہ

Fish-slide : (n) اُتھلی ندیوں اور چھوٹے آبشاروں میں استعمال کیا جانے والا جال ؛ مچھلی کا جال ۔

Fish-sound : (n) مچھلی کا پھُکنا ۔

Fish spoon : (n) (حیوانیات) تخم ماہی ؛ مچھلی کا انڈا ۔

Fish story : (n) ناقابل یقین قصہ ؛ من گھڑت کہانی ۔

Fish strainer : (n) (۱) دھات کی بنی ہوئی دستے دار چھلنی جو اُبالنے والے برتن سے مچھلی کو نکالنے کے لئے استعمال ہو ۔ (۲) مٹی کا بناھوا سوراخ دارتخت جو برتن کے پیندے میں رکھا ہوتا ہے تاکہ پکی ہوئی مچھلی کا پانی چھن جائے ۔

Fish tackle : (n) جرثقیل ؛ رسّا چرخی ؛ وہ ساز وسامان جو لنگراندازی میں استعمال ہوتےہیں نیز بنسی (مچھلی پھنسانے کی) ؛ (جہازرانی)لوھے کا ہُک جو جرثقیل سےلگا ہو تا ہے ۔

Fish-tail : (n) مچھلی کی دُم خصوصاً توصیفی معنوں میں ماہی دم (شعلے وغیرہ کےلئے) ۔

Fish tail burner : (n) برنر جس سے ماہی دُم شکل کا شعلہ نکلے ؛ ماہی دُم مشعل ۔

Fish-tail wind : (n) وہ موسمی ہَوا جو مختلف سمتوں میں چلتی ہو ؛ بادِ پریشان ۔

Fish tongue : (n) ایک مچھلی نما آلہ جیسے دندان ساز عقل داڑھ کو نکالنے کےلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Fish-torpedo : (n) مچھلی کی آبدوز کشتی جس میں تیرنے والی خود کارمشین ہوتی ہے ؛ خود حرکی پنکھا ۔

Fish trowel : (n) مچھلی کاٹنے کی کرن نما چھری ۔

Fish way : (n) دیکھو Fish pass

Fish weir : (n) دیکھو Fish lock

Fish-wife : (n) ماہی فروش عورت ۔

Fish-wood : (n) (۱) ایک قسم کی لکڑی جو مچھلیوں کو مدھوش کرنے کےلئے استعمال کی جاتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Fish work : (n) (۱) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل میں استعمال ہونے والے آلات ، سازوسامان یا ترکیبیں ۔ (۲) وہ جگہ جہاں ماہی پرور محکموں کی پیداوار کا مصرف لیا جاتا ہے؛ ماہی گاہ ؛ فِش فیکٹری ۔

Fish worm : (n) مچھلی کا چارہ ؛ کیچوا ۔

Fish yard : (n) دیکھو Fish weir

Fisher : (n) [OE. fiscere.] : (۱) ماہی گیر ؛ مچھوار ؛ مچھیارا ؛ مچھیرا ؛ ماہی پرور ۔ (۲) مچھلی خور ۔ (۳) مچھلی کا شکاری ؛ مچھلی کے شکار کی کشتی ۔ (٤)جانورجو مچھلی پکڑتا ہے خصوصاً شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا جانور جو اپنی سمور کےلئےمشہور ہےنیز اس کی سمور ۔ (۵) (عوام) نوٹ خصوصاً ایک پونڈ کا ۔ (٦) توصیفی معنوں میں مثلاً ماہی گیر کشتی، ماہی گیر عورت وغیرہ ۔

Fisher of men : (n) بشر (متّی کی انجیل) ۔

Fisheries Department : (n) محکمۂ سمکیات ؛ محکمۂ ماہی گیری ۔

Fisherman : (n) (۱) ماہی گیر ؛ مچھوار ؛ مچھیرا؛ مچھیارا ۔ (۲) مچھلی پکڑنے والاجانور ؛ ماہی خورہ ۔ (۳) ماہی گیر کشتی ۔

Fisherman's ring : (n) اسقف کی مسند نشینی کےلئے پوپ کی انگوٹھی جس میں مچھلی سے بھرا ہوا جال کھینچتے ہوئے سینٹ پیٹر کی تصویر ہے ۔

Fishery : (n) (۱) ماہی گیری یا دریائی پیدا وار کا بیوپاری یاپیشہ ۔ (۲)حق ماہ گیری ؛ ماہی گاہ ؛ سمندر وغیرہ کاوہ حصہ جہاں مچھلیاں پکڑی جائیں ۔ (۳) تنظیم ماہی گیری ۔ (٤) توصیفی معنوں میں مثلاً ماہی گیری؛ ماہی پروری کااسکول ۔

Common fishery : (n) سرکاری آبناؤں میں ماہی گیری کا عام حق ۔

Common of fishery : (n) دوسرے شخص کےپانی میں ماہی گیری کا حق ۔

Free fishery : (n) فرمان شاہی کے تحت سرکاری آبناؤں میں ماہی گیری کا مخصوص حق ۔

Several fishery : (n) زمینی ملکیت سے حاصل شدہ ماہی گیری کا خصوصی حق ۔

Fishful : (a) مچھلیوں سے بھرا ہوا ؛ پُر ماہی ۔

Fishity : (v) مچھلی میں تبدیل کرنا ۔

Fishily : (adv.) (۱) مچھلیوں سے بھرا ہوکر ؛ مچھلی کی سی بو یا مزے والی شے کی طرح ؛ ماہی صفت طور پر ۔ (۲) اشتباہ ؛ بے حسی ؛ بے کیفی ؛ سپاٹ پن ۔

Fishing : (n) (۱) ماہی گیری ؛ فن ماہی گیری ؛ پیشۂ ماہی گیری ۔ (۲) ماہی گاہ ؛ مچھلی پکڑنے کی جگہ؛ مخصوص آبناؤں میں ماہی گیری کا حق، حق ماہی گیری۔

Fishing : (n) مضبوط لکڑیوں سے مستول کو سہارا دینا ؛ لکڑی، لوہے وغیرہ کے چپٹے ٹکڑے سے شہتیروں یا ریل کی پٹریوں کے سروں کو جوڑنا ۔

Fishing : (n) (۱) ماہی گیر ؛ ماہی گیرہ ؛ مچھلیاں پکڑنے والا ۔ (۲) براہ راست حاصل نہ ہوسکنے والی استنباطی اطلاعات کےمطابق ترجیح دیا ہوا (الزام ، تفتیش وغیرہ) ۔

Fishing bank : (n) سمندر کی وہ سطح مرتفع جہاں سمندر نسبتاً کم گہرا ہوتاہے وہاں مچھلیاں جھنڈ کی صورت میں مسلسل جمع ہوتی رہتی ہیں ۔

Fishing cat : (n) جنوب مشرقی ایشیائی دلدلی زمینوں میں گھر بناکر رہنے والی چتکبری جنگلی بلّی جو خاص طور پر مچھلیاں ، گھونگے وغیرہ کھاتی ہے۔

Fishing duck : (n) غوطہ مارنے اور مچھلی کھانے والی بط ۔

Fishing float : (n) (امریکا) بڑے جال کے ذریعہ ماہی گیری میں استعمال ہونےوالی چپٹے پیندے کی ایک کشتی جس کے سہارے دریا کی گہرائی میں آویزے لگادیئے جاتے ہیں تاکہ جال پانی میں سیدھا کھڑا رہے ۔

Fishing frog : (n) ایک قسم کی انگریزی مچھلی جو چھوٹی مچھلی کاشکار کرتی ہے، اُس کے سر اور منہ پر ریشے سے ہوتے ہیں اوراُنہیں دیکھ کر چھوٹی مچھلیاں اُس کی طرف آتی ہیں ؛ شکاری مچھلی۔

Fishing ground : (n) کسی آبنائے کا وہ مقام یا علاقہ جہاں مچھلیاں جمع ہوا کرتی ہیں اور ماہی گیری بہتر ہوتی ہے ۔

Fishing in troubled waters : شروفساد سےفائدہ اُٹھانا ؛ کسی کا گھر جلے کوئی ہاتھ تاپے ۔

Fishing out : (n) شکار کرکےتالاب مچھلیوں سےخالی کردینا ۔

Fishing pole : (n) ایک لمبی پتلی مخروطی چھڑ جس سے مچھلی کے کانٹے کی ڈور بندھی ہوتی ہے (ماہی گیری کےلئے) ؛ مچھلی پھنسانے کی چھڑ بنسی؛ بنسی ۔

Fishing rights : (n) حقوق ماہی گیری ۔

Fishing rod : (n) دیکھو Fishing pole

Fishing room : (n) کنار دریا یا ساحل سمندر کا وہ حصہ جسے مچھلیاں سکھانے یارکھنے کےلئے علاحدہ کر لیا گیا ہو ۔

Fishing the anchor : (n) نوك لنگر کو جہاز کے بالائی کنارے تك لانا ۔

Fishing tube : (n) (خرد بینی) ایك کھلے سرے والی شیشے کی نلی جو سیال چیزوں میں کسی خرد بینی شے کو چھاننےیا منتخب کرنے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Fishing wand : (n) دیکھو Fishing rod

Fishing worm : (n) ایك زمینی کیڑا جو چارے کے طورپر استعمال ہو ۔

Fishlet : (n) چھوٹی مچھلی ۔

Fishy : (a) (۱) مچھلی بھرا ؛ پُرماہی ؛ مچھلیوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) مچھلی کی سی بو یا مزے والی چیز ۔ (۳) مچھلی کا ۔ (٤) (سوقیانہ) مشتبہ ؛ ناقابل اعتبار ؛ دھندلا ۔ (٥) ماہی صفت ؛ ماہی نما ؛ مچھلی جیسا ۔ (٦) کھوکھلی ؛ کند ؛ سپاٹ (آنکھ) ۔ (۷) مچھلی سے خارج ہونے والا ؛ مچھلی سےنکلنے والا ؛ مچھلی سے پیدا شدہ ۔ (۸) مچھلی کا حامل ؛ مچھلی والا ؛ مچھلی دار ۔ (۹) مچھلیوں جیسی آنکھوں والا ؛ ماہی چشم ۔ (۱۰) مریل ؛ بے جان ؛ بے حس ؛ بے کیف ۔ (۱۱) بیجو ؛ بیچ بھرا ؛ بجالا ۔

A fishy repast : مچھلی کا کھانا ۔

Fishy eye : (n) ایسی آنکھ یا نظر جس سے کسی جذبے کا اظہار نہ ہو ۔

Fisk : دیکھو Fisc

Fissi-/Fisso- : [L.'fissus.'] جزو ترکیبی ؛ شق ہونے کے مفہوم میں ۔

Fissi rostres : (n) (سابقہ تقسم کے لحاظ سے) پرندوں کی ایک قسم جس کی چونچ گہرے طور پرشق ہوتی ہے ۔

Fissidactyl : پنجہء شگافیہ ۔

Fissigemmation : (n) انشقاق خلیہ اور کونپل پھوٹنے کے مابین کا طرز تولید ۔

Fissile : (a)[L.'fissilis.'] شق ہوجانے والا (پتھر، دھات یا لکڑی) ، قابل انشقاق : مائل بہ انشقاق ؛ پھٹ جانےیا شق ہوجانے کے لائق ؛ انشقاق پذیر ؛ شق پذیر ۔

Fissilingual : (a) [L.'fingua.'] (۱) پھٹی ہوئی زبان والا ؛ جس کی زبان شق ہو ۔ (۲) رینگنے والی سائریائی جانوروں کی ایک ضمنی نسل (جس کی زبان شق ہوتی ہے) ۔

Fissility : (n) شق ہونے کی صلاحیت یا صفت ؛ انشقاقیت ۔

Fission : (n) [L.'fissionem.'] (حیاتیات) خلیے کا بغرض تولید کئی خلیوں میں تقسیم ہوجانا ؛ انشقاق خلیہ ؛ (فلسفہ ، نفسیات وغیرہ) انشقاق خلیہ ؛ انقسام ؛ انشقاق ؛ شق ہونے یا ٹکڑے ہونے کا عمل ؛ شکست ؛ شکست وریخت ؛ شگافتگی ؛ شگاف ؛ شگافتن ؛ (کیمیا) (ایٹم کا) ٹوٹنا ؛ (حیوانیات) پارگی ۔

Binary fission : (n) دگانہ ٹوٹ ؛ (حیوانیات) دو پارگی۔

Fission bomb : (n) ایٹم بم۔

Fission product : (n) (کیمیا) ٹوٹ کا ماحصل ۔

Fission fungi : (n) جراثیم ۔

Fission product : (n) انشقاقی حاصل ۔

Fissionable : (a) قابل انشقاق ؛ شق ہونے کےلائق ؛ شگافتنی؛ (کیمیا) ٹوٹ سکنے والا ۔

Fissionable : (n) انشقاقی مادہ ۔

Fissional : (a) انشقاقی ؛ انقسامی ؛ شگافی ؛ شق ہونے یا ٹوٹنے سےمتعلق ۔

Fissipalmate : (a) جزوی طور پر جھلی دار پیروں والا ؛جزوی طور پرجڑے ہوئےپیروں والا؛ نیم کف نما ۔

Fissipalmation : (n) نیم کف نما ہونا ؛ جزوی طور پر ؛ جڑے ہوئے پیروں والا ہونا ۔

Fissiparity : (n) انشقاقیت ؛ انقسامیت ۔

Fissiparous : (a) [Fissi+L.'parere.'] انقسامی ؛ شق ہوکرنئی چیزیں پیدا کرنے والا ؛ انشقاقی تولید سے متعلق ؛ انشقاق خلیہ کے ذریعہ ہونے والے تولیدی عمل سے متعلق ؛ شق تولیدی ۔

Fissiparourly : (adv.) انشقاقی طور پر ؛ بہ طریق انقسام شق ہوکر نئ چیزیں پیدا کرنے والےانداز میں ۔

Fissiparousness : (n) شق ہو کرنئی چیزیں پیدا کرنا ؛ انشقاق خلیہ کے ذریعہ تولید ؛ انشقاقیت ۔

Fissipation/Fissiparism : (n) انشقاقی عمل تولید ؛ شق ہوکر پیدا کرنے کا عمل ۔

Fissiped/Fissipede : (n) [L.'fissipedem.'] پھٹے ہوئے کھُر والا جانور ؛ سم شگافتہ جانور ۔

Fissiped/Fissipede : (a) جدا پنجوں والا ؛ پھٹے ہوئے کھُروالا ؛ پنجہء شگافتہ ؛ سم شگافتہ ؛ (جمع) سم شگافتگاں ؛ شگافتہ پا ۔

Fissipeda : (n) گوشت خور جانوروں کی ذیلی نسل مثلاً بلّی ، کتّے، ریچھ وغیرہ ۔

Fissipedal/Fisipedate : (a) دیکھو Fissiped '(a)

Fissirostral : (a)[L.'fostrum.'] دور تك پھٹی ہوئی چونچ یا تھوتھنی والا ؛ گہرے طورپر شق چونچ یا تھوتھنی والا ؛ اس قسم کے جانوروں کا یا اُس سےمتعلق ۔

Fissive : (a) شگافی ؛ انقسامی ؛ انشقا ق سے متعلق ؛ انشقاقی نوعیت کا ؛ شق ہوجانے والا ؛ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانےوالا ۔

Fissle/Fistle : (v) (اسکاتستانی) سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنا؛ سرسرانا ؛ پھڑپھڑانا ؛ مضطرب ہونا ؛ بےچین ہونا۔

Fissle : (n) سنسناہٹ ؛ پھڑ پھڑاہٹ ؛ اضطراب ؛ بےچینی ۔

Fissural : (a) درز سے متعلق ؛ شگاف سے متعلق ؛ درز کا ؛ مائل بہ انشقاق ۔

Fissuration : (n)[See'fissure.'] (۱) درازیا شگاف پڑنے کا عمل ؛ شق ہونے کا عمل ؛ انشقاق ؛ شگافتگی ؛ شگاف خوردگی ؛ شق ؛ شگاف خوردہ ؛ چاك ۔ (۲) (حیاتیات) تولید کےلئے خلیہ کا کئی خلیوں میں تقسیم ہوجانا ؛ انشقاق خلیہ ۔

Fissure : (n) [L.'fissura.'] (۱) شق؛ درز ؛ چاك ؛ (جو کسی چیز کو چیر یا پھاڑ کر یا اُس کے ٹکڑوں کو الگ کر کے پیدا کیا جائے) ۔ (۲) (نباتیات، تشریح) عضو کی باریك اورتنگ سی درز خاص کر دماغ کے پرزوں کا درمیانی نشیب ۔ (۳) درز ؛ چاك ؛ دراڑ ۔ (٤) (مرضیات) زخم یا ضرب کےباعث پیدا شدہ شگاف نیز ہڈی کی نامکمل شکستگی (ٹکڑوں کی علاحدگی کے بغیر) ؛ کسی چیز کےپھٹ کر نکلنے سے پیدا شدہ تنگ شگاف یا رخنہ نیز استعارتاً ، اختلاف، نقض ؛ خلاف ورزی ؛ قطع تعلق؛ ان بن؛ ترك مراسم ۔ (٥) (نقابت) بائیں طرف جھکا ہوامختصر سا نشان ؛ بائیں رخ کا جو ڈھال کی بائیں طرف ہو ۔ (٦) درازیا شگاف پڑنے کا عمل؛ شگافتگی؛ انشقاق ؛ چاك ؛ شق ۔ (۷) گہری نااتفاقی جو انتشار کا سبب ہو ؛ (کیمیا) درز ۔

Anal fissure : (طب) شقاق مبرز ۔

Fissure : (v) چاك کرنا؛ چیرنا پھاڑنا ؛ الگ کرنا ؛ شق کرنا ؛ چرنا؛ پھٹنا ؛ شق ہونا ؛ الگ الگ ہوجانا ؛ شگاف پیدا کرنا ؛ درز بنانا ؛ درز یا کمزور جگہ سے ٹوٹنا ؛ پھٹ جانا؛ پھٹنا ؛ شگاف پڑنا ؛ درز ہوجانا ؛ چاك ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ۔

Fissure-needle : (n) دہان زخم کو ملاکرپکڑنے کےلئے ایك چکر یا خمیدہ سوئی ؛ سوزن زخم ۔

Fissure of rolando : (n) دماغ کا مرکزی جوف جو سامنے والے حصے کو اطراف کے حصوں سے الگ کرتا ہے ۔

Fissure of sylvius : (n) ہر ایك دماغی نصف کرہ کے بغلی پہلو کی گہری درز جو صدغی حصے کو طرفی اور سامنے والے حصے سے جدا کرتا ہے ۔

Fissure-vein : (n زمین کی پرت میں معدنیات سے پر کوئی شگاف یا درز ۔

Fissured : (a) مشقوق ؛ شق کیا ہوا ۔

Fissureless : (a) بے درز ؛ بے شگاف ۔

Fissurella : (n) [L.] آبی شکم پایوں کی ایك جنس ۔

Fist : (n) [OE.'fyst.'] (۱) مُکا ؛ گھونسا ۔ (۲) (مزاحا) دست ؛ ہاتھ ؛ مشت ۔ (۲) خط ؛ تحریر ؛ ہینڈ رائٹنگ ؛ لکھاوٹ ؛ دست خط ؛ دست نوشتہ ۔ (٤) دست (چپو وغیرہ) ۔ (٥) (مطبع خانوں کی بول چال) ایك اشاری نشان ؛ انڈکس مارك ۔ (٦) کوشش ؛ سعی ؛ کام ۔ (۷) (روزمرہ) چھوٹا موٹا کام ؛ پھٹکل کام ۔

I know his fist : میں اس کا خط پہچانتا ہوں ۔

Writes a good fist : اسکا خط اچھا ہے ۔

Fist : (v) (۱) مکا مارنا ؛ گھونسا رسید کرنا ۔ (۲) ہاتھ کی مضبوط گرفت میں لےلینا ؛ ہاتھ سے پکڑنا ؛ ہاتھ لگانا ؛ انجام دینا ؛ (بحری) (دست چپو وغیرہ)۔

Fist-cods : (n) مذبح خانہ کا وہ لڑکا جو جانوروں کی کھال اتارتاہے ۔

Fist fight : (n) مُکوں کی لڑائی ؛ مکا بازی ۔

Fist-hatchet/-ax : (n) ماقبل تاریخ ایك قسم کی سنگی کلہاڑی جس کا ایك سرا نوکدار اور دوسرا سرا گول ہوتا تھا ۔

Fisted : (a) ہاتھوں والا ؛ مکوں والا ؛ گھونسوں والا ؛ پنجہ دار ؛ پنجوں والا ؛ پنجوں کی گرفت میں ۔

Fistful : (n) مٹھی بھر چیز ؛ بھر مٹھی؛ یکمشت ۔

Fistiana : (n) (مزاحاً) گھونسا بازی سے متعلق باتیں یا معاملات ۔

Fistic : (a) (بازاری) مکابازی کا ؛ مکا بازی سے متعلق ؛ مباحثہ پسندانہ ۔

Fisticuff/Fistycuff : (n) (جمع) مکوں یا گھونسوں کی مار ؛ مکوں کی لڑائی ؛ دست بدست لڑائی ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fisticuff : (v) گھونسا مارنا ؛ مکّے مارنا ؛ طمانچہ مارنا (نیز مجازاً) ؛ مکّے سےلڑنا ؛ دست بدست لڑنا؛ مکے چلانا ؛ گھونسے چلانا ؛ تو تو میں میں کرنا ؛ جھگڑنا ۔

Fisticuffer : (n) بوکسر ؛ مکے باز ۔

Fisticuffs : (n) (مزاحاً) گھونسے ماری ؛ مکابازی ۔

Fistuca : (n) (انجینیئرنگ) تھم ٹھوک ۔

Fistula : (n) [L.] (۱) نالی دار زخم ؛ گھاؤ ؛ ناسور ؛ نواسیر ؛ (۲) وھیل مچھلی اور حشرات الارض کی نالی جو ناک اور دماغ وغیرہ کو ملاتی ھے ۔ (۳) (کلیسا) وہ نلی جس کے ذریعہ پہلے زمانے میں عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ھونےوالوں تک بھینٹ چڑھائی ھوئی شراب پہنچائی جاتی تھی یہ نلی اب صرف پوپ کے ذریعہ استعمال کی جاتی ھے ۔ (٤) (موسیقی) قدیم رومیوں کی بانسری ؛ (حیوانیات) نالی یا نلی ۔

Gastric fistula : (طب) ناسور معدی ۔

Fistula in ano : (n) (طب) ناسور مبرزی ؛ بھگندر ۔

Fistular : (a) (۱) (نباتیات) نالی نما ؛ کھوکھلا یااستوانہ نما (کسی نلی یانے کی طرح)ناسور نما ؛ ناسوری ؛ ناسور جیسا یا اس سے متعلق ۔

Fistularioid : (a) ایک قسم کی نلی دار منہ والی سمندری مچھلی سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Fistularioid : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Fistulatomy : (n) ناسور تراشی ۔

Fistulectomy : (n) (جراحی) ناسور براری ۔

Fistuliform : (n) نلی یا نے کی شکل ؛ نے نما؛ نلی نما ۔

Fistulous/Fistulose : (a) (طب) ناسوری ؛ نالی دار ؛ نالی دار زخم کا ؛ نالی نما ؛ کھوکھلا یا استوانہ نما ؛ ناسور جیسا یا اس سے متعلق ۔

Fit/fytte : (n) [OE.'fitt.'] (متروک) کسی نظم یا گیت کا ٹکڑا یا بند ؛ نظم کا ایک بند ؛ نظم کا باب یا فصل ؛ موسیقی کی تان ؛ پانچ متوازی خطوط جس میں سے ایک پر یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کےلئے نشان لگا دیا جائے ۔

Fit : (n) (۱) دورہ (بیماری کا) خصوصاً مرگی، فالج، غشی وغیرہ کا ؛ بےھوشی ؛ تشنج ۔ (۲) کسی حالت یاکیفت کا اچانک اور عارضی غلبہ ؛ حال ؛ حالت ؛ حملہ ؛ نوبت ؛ قلق ؛ ہیجان ۔ (۳) لہر ؛ موج ؛ قلبی یا دماغی ؛ کیفت ؛ (نفسیات) لہر ؛ موج ۔ (٤) (بول چال) ذراسی دیر ؛ تھوڑی سی دیر ؛ وقفہ ؛ قلیل وقفہ ۔ (٥) ہنسی، غصے وغیرہ کی شدید زیادتی ؛ (کیمیا) موزوں ۔

By fits (and starts) : دوروں کی طرح سے ؛ وقفے سے ؛ غیر مسلسل طورپر ۔

Fit : (n) (۱) درست کرنے یا ھونے کا عمل ؛ فٹ کرنا یا ھونا ۔ (۲) کسی چیز کا کسی چیز میں ٹھیک بیٹھنا ؛ دونوں میں مطابقت ھونا (مثلاً لباس کا جسم پر درست ھونا) ؛ ٹھیک اور درست سلا ھوا لباس ۔ (۳) (صابن سازی) پگھلے ھوئے صابن کی وہ حالت جب وہ دو پرتوں میں بٹ جاتا ھے اور جس کی اوپری پرت نچلی کی بہ نسبت زیادہ خالص ھوتی ھے ۔

As fit as a fiddle : چاق وچوبند ؛ تندرست ۔

It is fit, that : مناسب ۔

Not fit to hold a candle to : اس کی جوتیاں سیدھی کرنے کے بھی قابل نہیں ہیں ۔

Survival of the fit fest : بقائے اصلح ۔

The cap fits : مناسب ھونا یا معلوم ھونا ؛ جوبات کہی گئی وہ مناسب ھو یا مناسب محسوس ھوتی ھو ؛ کسی شخص کا محسوس کرنا کہ بات اس پرصادق آتی ھے ؛ کسی بات کا کسی پرچھاجانا؛ پھب جانا ؛ (محاورہ) پانی مرتا ھے۔

To beat into fits : (روز مرہ) مار مار کر بےھوش کردینا ؛ ادھ مرا کر کے چھوڑنا ؛ زیر کردینا ؛ پوری شکست دینا ۔

To give (a person) fits : شرمناک شکست دینا ؛ نیچا کردکھانا ؛ نیز سختی سے ڈانٹنا ؛ سخت سرزنش کرنا ؛ سخت تنبیہ کرنا ۔

To give one a fit : حیران کردینا ؛ گھبرادینا ؛ برہم کرنا ۔

To think, see fit : مناسب خیال کرنا ؛ درست سمجھنا ۔

Fit : (a) (۱) ٹھیک ؛ موافق ؛ درست ؛ مناسب ؛ چسپاں ۔ (۲) موزوں ؛ سزاوار ؛ شایاں ؛ زیبا ؛ معقول ؛ صحیح ؛ مقتضی ۔ (۳) اہل، لائق (کسی کا م کے) ذی صلاحیت ؛ صالح ۔ (٤) موزوں ؛ قابل ؛ لائق ؛

Fit : (n) Foot کا اسکاٹستانی متبادل ۔

Fit goodness : (n) (شماریات) موافقت کی بہتری ۔

Fit loosely : (n) ڈھیلا بیٹھنا ۔

Fit out : (n) لوازمات : سازوسامان ۔

Fit-rod : (n) جہاز سازی میں استعمال ہونے والی لوہے کی ایک چھوٹی چھڑی جس کے سرے پر ایک ہُک لگا ہوتا ہےتاکہ تختوں میں کسے جانے والےبولٹ یا کیلوں کی لمبائی متعین کی جاسکے ۔

Fit tightly : (n) چُست بیٹھنا ۔

Fit to be tied : س انتہائی غضب ناک : انتہائی طیش میں سخت بر افروختہ : غصہ سے بھڑک اُٹھنےوالا : قہر آلود : آپے سے باہر ہونے کے قریب ۔

Fit to hold a candle to : اس کی ماتحتی کرنے کی صلاحیت رکھنے والا : خدمت گاری کےلئے مناسب ۔

Fit to kill : (n) مارنے پر تُلا ہوا : نہایت برافروختہ ۔

Fitch : (n) [Var. of vetch.] (عامیانہ) ویچ : ایک قسم کا پھلی دارپوداجو خودرو بھی اور کاشت بھی کیا جاتا ہے؛ عموماً چارے کے طور پراستعمال ہوتا ہے؛ نیز اس پودے کا بیج ۔

Fitch : (n) [med. Du.visse, fisse.] (۱) نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سے بدبو آتی ہے ۔(۲) اس جانور کے بال یا سمور ۔ (۳) اس جانور کے بالوں کا بنا ہوا برش : نیز چھوٹی نسل کے سور کےبالوں سے بنا ہوا برش : (حیوانیات) جنگلی بلّی : (تصویر کشی) مو قلم ۔

Fitch : (v) [Origin doubtful.] (۱) (برطانوی بول چال میں) مضطرب پھرنا : گڑبڑ کرنا ۔ (۲) بے چین ، بےکل ، مضطرب ہونا: گھبرادینا : بیزار کرنا ۔

Fitche/Fitchy/-ee/Fitched : (n)[F.'fiche,'fichee.'] (نقابت) نصب : ایک ایسے صلیبی نشان یا صلیب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جس کا نچلا سرا تیز اور نوکیلا ہوتا ہے ۔

Fitchet/-weasel : (n) (۱) نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سے بد بو آتی ہے ۔(۲) اس جانور کا بال ۔ (۳) (غلط العام) نیولا : راسو (روزمرہ) (حیوانیات) جنگلی بلّی ۔

درست : درخوار ۔(۵) عیش میں ، سخت برافروختہ : آپے سے باہر : سخت تھکا ہارا : غضبناک ۔ (٦) کسی صورت حال یا مقدمے کے حالات سے ملتا ہوا؛ حسب مطلب : حسب مراد؛ خاطر خواہ : مناسب : درست : شائستہ ۔ (۷) مناسب حالت میں : تیار : مستعد : آمادہ ۔(۸) مائل : راغب : شائق (بول چال) ۔ (۹) ہوشیار؛ زیرک : چوکس؛ مصلحت اندیش : محتاط : دانا ۔ (۱۰) (کھیل کود) اچھی حالت میں : درست حالت میں (بول چال) بالکل درست ۔ (۱۱) ذہنی اور جسمانی طور پر صحت مند؛ تندرست ۔ (۱۲) (Quasi Adv) مناسب یا موزوں طور پر : درستگی سے ۔

Fit : (v) (۱) مناسب : موافق یا موزوں ہونا : ٹھیک آنا : ٹھیک بیٹھنا (لباس وغیرہ کا) ۔ (۲) چسپاں ہونا : موزوں یا لائق بنانا (کسی شے کےلئے) : تیار کرنا (کسی کا م یا شے کےلئے) ۔ (٤) اہل بنانا : لائق بنانا : قابل کرنا ۔(۵) مہیا کرنا : بہم پہنچانا : مناسب اور حسب خواہ چیزیں فراہم کرنا یا مہیا کرنا : فراہم کرنا ۔(٦) ٹھیک کرنا : درست کرنا : مناسب کرنا: مطابق کرنا: فٹ کرنا : موافق کرنا : تیار کرنا۔ (۷) مناسب یا درست کرنے کےلئے ترتیب دینا ۔ (۸) نصب کرنا : سمانا : ہم آہنگ کرنا : ٹھیک ٹھیک داخل کرنا : ٹھونسنا یا لگانا ۔ (۹) (صابن سازی) پگھلے ہوئےصابن کو ایسی حالت میں لانا تاکہ وہ دو پرتوں میں تقسیم ہوجائے (جس کی بالائی پرت نچلی پرت سے نسبتاً زیادہ خالص ہوتی ہے) ۔ (۱۰) کسی چیز کی مطلوبہ تفصیلات متعین کرنا : پیمائش کرنا : ناپنا : تولنا ۔(۱۱) (آسٹریلیا) مناسب جرمانہ کرنا : سزا دینا ۔(۱۲) اہتمام کرنا : تیار کرنا ۔

To fit on : (کپڑا وغیرہ) پہن کر دیکھنا کہ ٹھیک آتا ہے یا نہیں ۔

To fit out : (جہاز رانی) سازوسامان مہیا کرنا : لیس کرنا: کیل کانٹا درست کرنا: سازوسامان درست کر کے سمندر کے سفر کےلئے تیار کرنا یا ہونا ۔

To fit the cap on : آواز کسنا : پھبتی کسنا : کسی کو لگتی ہوئی بات کہنا ۔

To fit to a T : ٹھیک بیٹھنا : بالکل مناسب ہونا ، درست آنا : عین مطابق ہونا ۔

To fit up : ضروری سازوسامان مہیا کرنا : ضروری چیزیں فراہم کرنا ۔

Fitchew : (n) [OF.'fissel.'] (۱) جنگلی بلی ؛ کھیکھر ؛ بن بلاؤ یا بلی ؛ گربہ قطبی ؛ راسو ؛ ضربان ؛ نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سے بد بو آتی ھے ۔ (۳) اس جانور کا بال ۔

Fitchy : (a) دیکھو Fitche

Fite : White کا اسکاتستانی متبادل ۔

Fitful : (a) (۱) دوری ؛ وقفے یا ناغے سے ؛ تھم تھم کے ؛ گنڈے دار ۔ (۲) متلون ؛ موجی ؛ تشنجی ؛ دفعتاً جوش سے آنے اور ختم ھوجانے والا ۔

Fitfully : (adv.) وقفے سے ؛ ناغے سے ؛ تلون سے ۔

Fitfulness : (n) تلون ؛ لہر ؛ موج ؛ دورے کی حالت ۔

Fitly : (adv.) مناسب یا موزوں طور پر ؛ صحیح طور پر ؛ درست طور پر ؛ موافقانہ ؛ خوش اسلوبی سے ؛ شائستگی سے ۔

Fitment : (n) فرنیچیر کی کوئی چیز (عموماً جمع میں) سازوسامان ؛ فرنیچر ۔

Fitness : (a) موزونیت ؛ صلاحیت ؛ قابلیت ؛ مناسبت ؛ اہلیت ؛ لیاقت ؛ زیبندگی ؛ شائستگی ؛ آراستگی ؛ درستگی ۔

The (eternal) fitness of things : چیزوں کی فطری ماہیت میں مناسبت یا موافقت کا رشتہ ؛ کلارک کے نظریہ٭ اخلاق سے منسوب اٹھارھویں صدی کا ایک محاورہ ؛ مناسب ؛ موزوں یا درست ؛ منطبق ؛ چسپاں ؛ صحیح ؛ ٹھیک ۔

Fitness certificate : (n) (انتظامیہ) سند صحت ۔

Fitted : (a) درست کیا ھوا؛ ٹھیک کیا ھوا؛ مناسب ؛ موزوں ؛ مطابق بنایا ھوا ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ قابل ؛ لائق ۔

Fittedness : (n) موزونیت ؛ درستگی ؛ مطابقت ؛ قابلیت ؛ لیاقت ؛ مناسبت ۔

Fitter : (n) مناسب ؛ موزوں کرنے یا ٹھیک ٹھیک بٹھانے والا ؛ فٹ کرنے والا ؛ فٹر ؛ جو چیز موزوں ، چست یا ٹھیک ٹھیک بیٹھے ۔

Fitter : (n) [Origin unknown.] (مقامی) کوئلہ کا دلال ؛ کوئلہ فروش ؛ کوئلہ بیچنے اور لادنے والا دلال ۔

Fitters : (n) (بول چال) ٹکڑے ؛ پارچے ؛ حصے پرزے ۔

Fitting : (n) (۱) مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست کرنے یا بٹھانے کا عمل ۔ (۲) درستگی میں استعمال ھونے والی چیزیں ؛ فٹ کرنے یا کی جانے والی چیزیں ۔ (۳) (عموماً جمع میں) سازوسامانی ؛ لوازمات؛ سامان ؛ تنصیبات ؛ فرنیچر ۔ (٤) (میکانیات ، انجینیئرنگ) فٹنگ ؛ انجن ؛ مشین وغیرہ کے پرزوں کو مناسب طور پر فٹ کرنا ۔

Fitting : (a) موزوں ؛ درست ؛ مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست آنے والا ؛ ٹھیک بیٹھنے والا ؛ فٹ ھو جانے والا ۔

Fitting of curve : (n) شماریات) منحنی موافق کرنا ۔

Fitting shop: (n) (انجینیئرنگ) کارخانہ جہاں مختلف پرزے جوڑے جاتے ہیں ۔

Fittingly : (adv.) مناسب طور پر ؛ٹھیک ٹھیک ؛ درستگی سے ۔

Fittingness : (n) مناسبت ؛ درستگی ؛ موزونیت ۔

Fittings : (n) (انجینیئرنگ) لازمات ؛ پرزے ؛ سازوسامان ۔

Fitz : (n) [L.'filius.'] پسر زادہ ؛ اینگلو فرنچ لفظ بمعنی بیٹھنا ؛ جدی یا آبائی لقب کے طور پر مستعمل ھے (Fitz william : Fitzher bert وغیرہ) اور جو عرفی نام کے طور پر باقی رہتا ھے ؛ زمانہ مابعد میں شہزادوں کی ناجائز اولاد کو اسی قسم کے عرفی نام دیئے جاتے تھے ۔ میکالی نے اس لفظ کو اینگلو نارمن نسل کے آئرستانیوں کے لقب کے طور پر استعمال کیا ھے ۔

Fiumara : [It.] سیل کوہ ؛ پہاڑی ندی ؛ سیل کہسار ؛ نیز اس کی چھوڑی ھوئی خشک تلیٹی ؛ بستر خشک سیل ؛ (جغرافیہ) تیز دھارا ؛ تیز ندی ۔

Five : (a) [OE.'fif.'] (۱) پانچ ۔ (۲) چار کے بعد کا بنیادی عدد؛ ۵ کی علامت ۔(۳) پانچ چیزوں کا ایک مجموعہ؛ پنجہ ؛ خمسہ ۔ (٤) پانچ کی تعداد ۔

Five : (n) (۱) تاش کا پتّا؛ شطرنج وغیرہ کا مہرہ جس پر پانچ کا نشان ھو ؛ پنجہ ۔ (۲) (جمع)پانچوں انگلیاں ۔ (۳) پانچ نمبر کا دستانہ ؛ جوتا پانچ نمبر کے ناپ کا ۔ (٤) (مخفف) پانچ پونڈ کا نوٹ؛ پانچ فی صدی ۔

Bunch of fives : ہاتھ ؛ دست ۔

The five senses wits : حواس خمسہ؛ پانچوں حسیں ۔

Five-acre : (n) قطعہ٭ زمین جس کا رقبہ پانچ ایکڑ ہو : پانچ ایکڑ۔

Five-finger : (n) (۱) پودے کی ایک قسم۔(۲) پنجہ٭ انگشت۔ (۳) پنج برگ۔(٤) گاؤ زبان۔ (٥) ایک قسم کی مچھلی: ستارہ ماہی کی قسم؛ (نباتیات) پنج برگ ؛ (حیوانیات) پنجہ٭ مریم: ستارہ٭ بحری۔

Five-finger exercise : (n) پیانو پر سب انگلیوں کی مشق ؛ پیانو بجانے کےلئے انگلیوں کے مشق کرنے کا ایک باجا۔

Five finger grass : (n) پنج برگ ؛ پنج پتیا۔

Five fold : (a) (۱) پچ گنا : پنج گنا ؛ پنج برابر ؛ پنجگانہ۔ (۲) پانچ پانچ پر مشتمل ؛ کل ملا کر پانچ ؛ خمسہ۔ (۳) پانچ حصوں والا؛ پنج کونیا ؛ پنج پہلو ؛ پنج رخا۔

Five-fold : (adv.) پانچ کے تناسب میں : پنج گنے تناسب میں۔

Five-leaf : (n) (نباتیات) پنج برگ ؛ پنج برگہ ؛ پنج پتیا ؛ پچپتیا : پنج مرغولی۔

Five-lined : (a) پنج خطی : پانچ لکیروں والا : خصوصاً پارلیمنٹ کے انتہائی ضروری احکام یا اطلاع ناموں کا(جن پر پانچ خطوط کھینچے ہوتے ہیں)۔

Five-line(d) whip : (n) (متروک) پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کا ضروری اطلاع نامہ۔

Five mile Act : (n) ١٦٦٥ عیسوی میں منظور شدہ قانون جس کے تحت کلیسائے انگلستان کے غیر مقلد معلموں نےنامزاحمت کا حلف لینے سےانکار کردیا تھا ان کو کسی بھی شہر، قصبے وغیرہ سےپانچ میل کے اندر آنے سے روک دیا گیاتھا۔

Five nation : (n) (امریکی تاریخ) ہندوستانیوں کے پانچ متحدہ قبیلے۔

Five O'clock : (n) سہ پہر ؛ پانچ بجے شام ؛ توصیفی معنوں میں مستعمل ھے۔

Five O'clock tea : (n) سہ پہر کا ناشتہ۔

Five-pence/Colloq.fippennce : (n) (۱) پانچ پینی، یا اُس قیمت کی کوئی چیز۔ (۲) امریکا میں پانچ سنٹ یا ڈھائی ڈالر۔

Five-penny : (a) (۱) پانچ پینس قیمت یا لاگت یا شرح کا۔ (۲) جزیرہ Guernsey وغیرہ میں نصف فرانک (Half franc) کہتے ہیں۔

A five-penny rate : پانچ پینس فی پونڈ کے حساب سے۔

Five-percents : (n) اپنی قیمت پرپانچ فیصدی منافع دینے والے حصے یا تمسکات۔

Five point assay : (n) (شماریات) پنج نقطی تجرباتی جانچ۔

Five-point scale : (n) (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) پنج درجی پیمانہ۔

Five scove : (a) تعداد میں سو۔

Five-shooter : (n) پانچ راؤنڈ کا ریوالور۔

Five some : (n) (۱) ایک ساتھ کھیلنے والے پانچ اشخاص کی ایک جماعت۔ (۲) پانچ شخص یاچیز کا ایک گروپ۔

Five star : (n) (۱) فوج کے جنرل کا عہدہ۔(۲) اعلیٰ درجے یا صفت کا ھونا۔

Five-stroke : (n) (بلیرڈ) ایک ضرب جس سے پانچ پوائنٹ حاصل ھوتے ہیں۔

Five -twenty : (n) (امریکا) امریکی حکومت کے ذریعہ ١٨٦٢، ١٨٦٤اور ١٨٦٥ء میں جاری کردہ مخصوص پونڈ کےلئے توصیفی معنوں میں مستعمل ھے کیونکہ یہ تاریخ اجرا سےپانچ سال کے بعد کسی بھی سال چھوڑا یا واپس لیا جاسکتا ھے؛ نیز بیس سال ختم ھونے پر پوری رقم واجب الادا ھوجاتی۔

Five-twenty bonds/Five-twenties : (n) Five-twenty دیکھو

Fiveling : (n) پنج شاخا بلور ؛ پانچ حصوں پر مشتمل جڑواں بلور۔

Fiver : (n) (۱) (عامیانہ) پانچ پونڈ کا نوٹ ؛ (امریکا) پانچ ڈالر کا نوٹ۔ (۲) کوئی شے جو گنتی میں پانچ ھو ؛ کوئی شے جس کا شمار پانچ ھوتا ھو ؛ مثلاً کرکٹ کی وہ ہٹ (Hit) جس میں پانچ رن (Run) بنیں۔

Fives : (n) ہینڈبال ؛ ایک قسم کا کھیل جسے دو یا چار آدمی مل کر کھیلتے ہیں نیز جس میں گیند کو کوٹ

کی بنائی ہوئی دیوار کی طرح ہاتھ سے ماراجاتا ھے؛ اس کھیل میں پوائنٹس (Points) کی تعدادگیارہ، پندرہ،بیس یاپچیس ہوتی ھے ۔

Fives coat : (n) ہینڈ بال کھیلنے کی جگہ ۔

Fix : (n) (۱) کوئی بھی حالت جس سے ذرابھی ہلنا مشکل ہو؛ کسا ہوا یا مضبوط مقام؛ محکوم ۔ (۲) لوھے کو متورق یالوح دار بنانے والی بھٹی کی استر کاری میں استعمال ہونے والی چیزیں ۔

Fix : (n) مشکل؛ دقت؛ چکر؛ شش وپنج کی حالت ۔

To fix a person up : (روزمرہ) کسی شخص کومکان دینا؛ کسی کی جائے رہائش کا نظم کردینا ۔

To fix (a person) with costs, liability etc : کسی پر ذمہ داری عائد کرنا؛ ذمہ داری قبول کرنا ۔

To fix on or up on : رائے قائم کرنا؛ قطعی نتیجہ پر پہنچنا؛ فیصلہ کرنا؛ انتخاب کرنا؛ چُننا ۔

Fix : (v) [L.'fixus.'] (۱) مستحکم یا مضبوط کرنا؛ باندھنا؛ جمانا؛ جمنا؛ قائم ہونا؛ مضبوطی سے جکڑنا کہ ہل نہ سکے؛ جاگزیں ہونا؛ (ذہن یااصول پر) لگانا؛ (دل، دھیان، نظر) نگاہ جمانا ۔ (۲) جمانا؛ گاڑنا؛ ذہن نشین کرنا؛ نقش کرنا ۔ (۳) متوجہ کرنا؛ مائل کرنا، (نظر یا توجہ کا) ۔ (٤) پتھرا جانا(آنکھوں کا)؛ سخت ہوجانا؛ اکڑ جانا؛ اینٹھ جانا (چہرے کا) ۔ (٥)منجمد ہو جانا؛ منجمد کردینا ۔ (٦) (رنگ، خاکے) پکا کرنا؛ پختہ کرنا ۔ (۷) گھورنا (کسی شخص کو) نگاہ جما کر یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔ (۸) ٹھہرانا؛ رکھنا؛ لگانا؛ جمانا؛ گاڑنا؛ لگادینا (کام سے)؛ جمادینا؛ (کسی عہدے پر) نصب کرنا ۔ (۹) فاتح ہو جانا؛ محکم کرنا؛ استوار کرنا؛ ثابت کرنا۔ (۱۰) رائے قائم کرنا؛ قطعی نتیجہ پر پہنچنا؛ فیصلہ کرنا (up اور upon کے ساتھ) ۔ (۱۱) تعین کرنا ۔ (۱۲) محدود کرنا؛ عائد کرنا (ذمہ داری یا شرائط) ۔ (۱۳) چکانا؛ طے کرنا (قیمت)؛ مقرر کرنا (تاریخ)؛ متعین کرنا (مقام) ۔ (١٤) ترقی یا تبدیلی کو روکنا (زبان و ادب) ۔ (١٥) (ممالک متحدہ میں اکثر up کے ساتھ) انتظام کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ تربیت دینا؛ تیار کرنا ۔ (١٦) استحکام یا استقلال بخشنا ۔ (۱۷) (کسی شے یا خیال پر) توجہ مرکوز کرنا؛نگاہ جمانا؛ ثبت کرنا۔ (۱۸) سخت گیربنا دینا ؛پکّا کردینا؛ بےلوچ، سخت یا کڑا کردینا؛ قابل حرکت بنا دینا ۔ (۱۹) رقت سے محروم کردینا؛ بھاپ بن کر اُڑنے یا رقیق ہونے کے لائق نہ رہنا ۔ (۲۰) کونے لگانا؛ کونے جمانا (کسی شخص کو) گھیرنا؛ پھانسنا، مجبور کرنا؛ زچ کرنا ۔ (۲۱) مستقل طور پر لگا دینا۔ (۲۲) مستقل صورت دینا؛ تشکیل کرنا ۔ (۲۳) ہم آہنگ کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ درست کرنا؛ استعمال کیلئے تیار کرنا ۔ (٢٤) لوھے کی بھٹی کی استر کاری میں استعمال ہونے والی چیزوں سے استرکاری کرنا ۔ (٢٥) سزا دینا؛ تنبیہ کرنا؛ تعزیر کرنا ۔

Fixable : (n) مستحکم کرنے کے لائق؛ جمانے کے قابل؛نصب کئے جانے کے لائق؛ قابل استحکام؛ لائق تعین؛ قابل فیصلہ؛ قابل توجہ؛ قابل نگاہ؛ لائق پختگی ؛لائق انجماد؛ لائق ہم آہنگ ہونا جسے استعمال کیلئے درست کیا جاسکے؛ سزاوار؛ لائق تعزیر ۔

Fixation : (n) جماؤ؛ تثبیت؛ (حیوانیات) مثبت؛ (کیمیا) سیال کو ٹھوس چیز سے ملانا؛ (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) ترکیز؛ انجماد؛ (تجارت، معاشیات) تعین قیمت؛ (نفسیات) ارتکاز جدید؛ عشق ۔

Fixation pause : (n) (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) توقف نظر ۔

Fixation poin : (n) (فلسفہ، نفسیات) نقطۂ ترکیز نظر ۔

Fixations : (n) (معاشیات) تنصیبات؛ قطعی وعدے ۔

Fixative : (n)[med. L.'fixatinem.'] (۱) مقررکرنا؛ مقرر ہونا۔ (۲) سخت کرنے یا جمانے کا عمل ؛انجماد؛ تنصیب؛ انتصاب ۔ (۳) مقررہ مقدار یا معیار ۔ (٤) (خاص کر سائنسی استعمال میں) کسی چیز کو رقت سے محروم کردینا، بھاپ بن کر اُڑنے یارقیق ہونے کے لائق نہ رہنے دینا (جدید استعمال میں)؛ کسی سیّال یا نیم سیّال مادے کو ٹھوس بنانے کا عمل یا طریق عمل؛ کسی گیس کو ٹھوس چیز کے ساتھ ملانے (ترکیب دینے) کاعمل ۔ (٥) عادت پکڑنا؛ عادت بننا ۔ (٦) مستقل، ثابت، تسلط آمیز، غالبانہ، جابرانہ یا مجبور کن کردار ۔ (۷) ٹوٹی ہوئی ہڈی کےٹکڑوں کو کیلوں سے جوڑ کر مستحکم کردینا۔ (۸) نائٹروجن کو خالص حالت سے مرکب حالت میں لےآنا، مثلاً کھاد اور ایسی ہی دوسری چیزیں ۔ (کیمیا) تصویر کو پکا کرنے کا مسئلہ؛ (لسانیات) استقراری؛ (نباتیات، حیوانیات) مثبت ۔

Fixtative : (a) جمانے والی ؛ منجمد کرنے والی ۔

Fixative : (n) رنگ جمانے یا تصویر کو پکا کرنے والی چیز یا مسالا ۔

Fixature : (n) ایک لیس دار یا گوند نما چیز جس سے بالوں کو درست کیا جاتا ھے، بٹھایا جاتاھے ۔

Fixed : (a) (۱) مضبوطی سے لگایا جُڑا ھوا ؛ نصب ؛ ثابت ؛ معین ۔ (۲) (نقابت) نقابت کا ایک نشان ۔ (۳) (غیرمادی معنوں میں) گہرے طورپرنقش ؛ اچھی طرح ذہن نشین کیا ھوا (کبھی کبھی اشخاص کےلئے) ثابت قدم ؛ مستقل ؛ پر عزم ؛ پختہ ارادے والا ۔ (٤) سخت بنایا ھوا ؛ کڑا کیا ھوا ؛ پختہ ؛ بےلوچ ؛ ساکن ؛ ناقابل حرکت یا غیر متحرک ؛ راسخ ؛ نا قابل انتقال ؛ غیر منقولہ ۔ (٥) طیاری یا سیماب وشی سے محروم کیا ھوا ؛ جو آسانی سے بھاپ بن کر اُڑسکے ؛ غیرفرار؛بخارنشدنی ۔ (٦) (ترشےاور روغنیات) نا قابل تبخیر ؛ نا قابل تقطیر ؛ جسے تحلیل یا تجزیہ کئے بغیر تبخیر یا تقطیر نا کیا جاسکے۔ (۷) محکم ؛ مستقیم ؛ ثابت؛ اٹل ؛ پختہ ؛ پکا (رنگ وغیرہ) ۔ (۸) قائم؛ غیر متغیر ؛ ثابت ؛ نا قابل تغیر ۔ (۹) غیر متلون ؛ ساکن ؛ جس میں کمی بیشی یا اُتار چڑھاؤ نہ ھو؛ قائم؛ معین ؛ مستقل ۔ (۱۰) تیار؛ درست کیا ھوا ؛ ٹھیک کیا ھوا ۔ (۱۱) غیر منحرف؛ بےانحراف ؛ ادھر اُدھر مڑنے والا ۔ (۱۲) منجمد ؛ جمایا ھوا یا جما ھوا ؛ ٹھوس ۔ (۱۳) مرتکز ؛ مرکوز ؛ جمی ھوئی یا جمائی ھوئی (نگاہ) ۔ (۱٤) مہیا کیا ھوا ؛ فراہم کیا ھوا ؛ بہم پہنچایا ھوا؛ تیار۔ (۱۵) (کیمیا) گیس کا ٹھوس چیز سے مل جانا؛ (حیوانیات) پیوست ؛ (فلکیات) ثابت ؛ (عضویات) قائم ؛ غیر متحرک ۔

Fixed accent : (n) (لسانیات) مقررہ لہجہ ؛ پابند لہجہ ۔

Fixed acid/-oil : (n) جو بغیر تحلیل کیمیائی کے بخارات کی شکل میں نہ اڑایا جاسکے ۔

Fixed air: (n) (کیمیا) ثابت ھوا ؛ کاربونک ایسڈ گیس ۔

Fixed alkali : (n) ٹھوس الکلی ؛ پختہ الکلی ؛ (کیمیا) پائدار القلی ؛ ثابت قلی ۔

Fixed ammunition : (n) تیار گولہ بارود ؛ کارتوس ؛ توپ یا بندوق میں بھرنے کے لئے گولے اور بارود کو ساتھ ملاکر کسی غلاف یا خول میں بھرکر تیارکیا ھوا کارتوس ۔

Fixed armanent : (n) مستقل طور پر رکھاھوابندوق یا اوزار ۔

Fixed asset : (n) (تجارت) قائم اثاثہ ۔

Fixed budget : (n) (تجارت) قائم موازنہ بجٹ ۔

Fixed capital : (n) قائم سرمایہ ؛ ٹھوس سرمایہ ؛ ٹھوس پونجی ؛ وہ سرمایہ جو مالك کے قبضے میں ھوتا ھے (مثلاً کارخانے کی مشین ، عمارت ، اوزار وغیرہ)؛ (تجارت) قائم اصل ؛ (معاشیات) قائم سرمایہ ؛ اصل قائم ۔

Fixed cell : (n) (حیوانیات) مثبت خلیہ ۔

Fixed charge : (n) (تجارت) کسان کا ضمانتی اثاثہ ۔

Fixed cost : (n) (تجارت) قائم لاگت ۔

Fixed debt : (n) (تجارت) طویل المیعاد قرض ۔

Fixed deposit : (n) (تجارت) میعادی امانت ۔

Fixed exchange rate : (n) (تجارت) بندھی شرح مبادلہ ۔

Fixed fact : (n) امر مسلّمہ ؛ امر ثابت شدہ ؛ تسلیم شدہ حقیقت ؛ حتمی بات ؛ تسلیم کی ھوئی بات (امریکا)۔

Fixed idea : (n) جما ھوا (دل میں) ؛ ٹھنی ھوئی (بات) ؛ ضبط ؛ دھن ؛ (ذہن پر) چھایا ھوا ؛ وہ تصور یا خیال جو غالب ھو ۔

Fixed income : (n) (تجارت) قائم آمدنی ۔

Fixed input : (n) (تجارت) مقررہ وسائل ۔

Fixed instalment method : (n) (تجارت) مقررہ قسط طریقہ ۔

Fixed liability : (n) (تجارت) مقررہ ذمہ داری ؛ (معاشیات) قائم واجبات ۔

Fixed money income : (n) (تجارت) قائم بندھی آمدنی ۔

Fixed monthly allowance : (n) (انتظامیہ) مقررہ ماہانہ گذارہ ۔

Fixed over head cost : (n) (تجارت) مقررہ اوپری لاگت ۔

Fixed pay : (n) (انتظامیہ) مقررہ تنخواہ ۔

Fixed point : (n) وہ مقام جہاں پولس کا سپاہی مستقل طور پر رکھاجاتا ہے؛ پولس چوکی؛ (انتظامیہ) مقررہ نشان ۔

Fixed price : (n) (تجارت) ایک دام ۔

Fixed property : (n) (قانون) جانداد غیر منقولہ ۔

Fixed pulley : (n) (میکانیات) قائم چرخی ۔

Fixed rails : (n) (ریلوے) جمی پٹری ۔

Fixed rate : (n) (تجارت) مقررہ شرح ۔

Fixed roof : (n) (تعمیرات) اچل چھت ۔

Fixed star : (n) ستارہء ثابت : وہ ستارہ جو اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے ؛ (فلکیات) تارہ ؛ ستارہ ؛ ثوابت ۔

Fixed word order : (n) (لسانیات) مقررہ لفظی ترتیب ۔

Fixedly : (adv.) (۱) ٹکٹکی باندھ کر ؛ نظر گاڑ کر؛ مستحکم طورپر ؛ گھور کر ۔ (۲) اچھی طرح ذہن نشین ہوکر ؛ ثابت قدمی سے ؛ پختگی کے ساتھ ۔

Fixedness : (n) قیام ؛ اچل ہونا ؛ عدم حرکت ؛ استقلال ؛ جزم ؛ سکون ؛ سختی ؛ ٹھوس پن ؛ انجماد ؛ ثبات ؛ انتصاب ؛ استحکام ؛ بےانحرافیت ؛ عینیت ؛ درستگی ؛ ارتکاز ۔

Fixer : (n) (۱) (رنگ یا فوٹو گرافی کی تصویر کو) رنگ پکا کرنے والا ۔ (۲) وہ چیز جو رنگ پکا کرنے کےلئے استعمال کی جائے ۔ (۳) جڑنے والا ؛ جمانے والا ؛ مضبوط کرنےوالا ؛ قائم کرنےوالا ؛ نصب کرنے والا ؛ ٹھیک کرنے والا ؛ درست کرنے والا ؛ تعین کرنے والا ؛ مرکوز کرنےوالا ؛ سخت یا بے لوچ بنا دینے والا ؛ مستقل کردینے والا ؛ سزا دہندہ ۔

Fixidity : (n) قیام ؛ حالت ؛ انجماد ؛ ثبات ۔

Fixing : (n) (۱) تنصیب ؛ انتصاب ؛ جڑاؤ ۔ (۲) ذہن نشینی ؛ تثبیت ؛ ارتکاز ؛ قائم ؛ مستقل ؛ معین ؛ پختہ ؛ محکم کرنے کا عمل ۔ (۳) ثابت ؛ محکم ؛ غیر متحرک کرنے والا ۔ (٤) (کیمیا) باندھنا ؛ (فوٹو گرافی) ثبتی ؛ تثبیت ؛ فکس کرنا ۔

Fixing agent : (n) (کیمیا) باندھنے والا ۔

Fixing-bath : (n) (فوٹو گرافی) وہ سیال جس میں بڑی کی ہوئی منفی یا مثبت تصویر کو پختہ کرنے کےلئے ڈبویا یا دھویا جائے ۔

Fixing fillet : (n) (تعمیرات) چوب پٹّی ۔

Fixing fluid : (n) (کیمیا) سیال ۔

Fixinig : (n) (۱) (امریکا) اوزار ؛ آلات ؛ ہتھیار ؛ سازوسامان (کام کرنے کا) ۔ (۲) گوٹ ؛ حاشیہ ؛ لوازمات ؛ کھانے کی چیز کی سجاوٹ ؛ لوہے کی بھٹی کی استرکاری کا سامان ۔

Fixity : (n) (۱) قیام ؛ حالت انجماد ؛ قرار ؛ پائداری ؛ استواری ؛ تغیر ناپذیری ؛ غیر تغیریت ؛ غیر نقل پذیری ؛ غیر منقولیت ۔ (۲) (طبیعیات) اشیا کی یہ خاصیت کہ وہ گرمی (حرارت) سے بخارات بن کرنہ اڑیں اور اپنا وزن اصلی حالت پر قائم رکھیں؛ تاب گرما؛ تاب حرارت ۔ (۳) استقلال ؛ استحکام ؛ درستگی ؛ غیر انحرافیت ؛ ارتکاز ؛ مرکوزیت ؛ استقرار ۔

Fixity of tenure : (n) قیام ملکیت ؛ دوام ملکیت ؛ حق ملکیت یا حق لگان داری کا مستقل ہونا ۔

Fixture : (n) (۱) تثبیت ؛ ترسیخ ؛ تنصیب ؛ قیام ؛ استقلال ؛ انجماد ؛ عدم حرکت ؛ استحکام ؛ ارتکاز ؛ درستگی ۔ (۲) گڑی ہوئی یاباندھی ہوئی شے ؛ مضبوط بندھی ہوئی ۔ (۳) (قانون، جمع میں) اثاثہ ثابت ؛ مکانات یا آراضی سےملحقہ لوازمات جو انسلاک جانداد کے فوراً بعد اُس جانداد‌غیرمنقولہ ہی کا ایک جزو ہوجاتے ہیں ۔ (٤) پابند ؛ قائم ؛ مستقل رہنے والا ؛ (شخص یا شے) ۔ (٥) (کھیل اورگھوڑ دوڑ وغیرہ کےلئے) مقررہ تاریخ یا دن ؛ مقابلہ ؛ گھوڑ دوڑ وغیرہ ۔ (٦) ثابت ؛ قائم ؛ مستقل ؛ راسخ ؛ محکم ؛ استوار ؛ منجمد ؛ غیر متغیر ؛ مرتکز ہونے کا عمل ۔ (۷) (جمع میں) (امریکا) اوزار ؛ آلات ؛ ہتھیار؛ سازوسامان ؛ لوازمات ؛ تنصیبات ؛ (تعمیرات) تنصیب ۔

Fizgig/Fisgig : (n) [Origin doubtful.] (۱) آوارہ گرد عورت ؛ ہرزہ سرا عورت ؛ سبک سر اور غیر سنجیدہ عورت ۔ (۲) چرخ چوں ؛ چکر ؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کےگھوڑے وغیرہ لگے ہوتےہیں اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیاجاتا ہے ؛ (مجازاً) گردش ۔ (۳) کوڑا لٹو ؛ وہ لٹو جسے کوڑا مارکر نچاتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی آتش بازی ؛ چھچھوندر ؛ ہوائی وغیرہ ؛ رنگ اڑانے کےلئے بارود سےبھری ہوئی نلکی ۔ (٥) بارپون کی ایک قسم ؛ ایک قسم کا برچھا جس سے

وھیل مچھلی کا شکار کیا جاتا ھے نیز (مچھلی کے شکار کےلئے) ایک قسم کا بھالا ۔ (٦) کھلونا نمائشی چیز ؛ نکمی آرائشی چیز ؛ بیکارشے ؛ نکما آدمی ۔ (٧) سائنسی آلات ؛ پرزہ ؛ اوزار میز (جمع میں) ؛ آنکڑا ؛ کانٹا ؛ کانٹا نما ایک آلہ خصوصاً (جراحی) وضع حمل سے متعلق؛ جراحی میں کام آنے والا ایک آلہ ۔ (٨) قدرتی طورپر ، کونی بک نما عضو یا ابھار ۔

Fizz/Fiz : (n) سن سن کر ؛ زن زن ؛ سنسناہٹ ؛ چرچراہٹ ؛ سپسپاہٹ ؛ سی سی کی آواز ۔ (٢) شیمپین شراب کی ایک قسم ؛ سنسنانے والی چیز خصوصاً شیمپین ؛ بھاگ دوڑ ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل ؛ اضطراری حرحات ؛ حرکت ؛ چلبلاہٹ ۔

Fizz/Fiz : (v) [Echoic.] (١) سائیں سائیں کرنا ؛ سنسنانا ؛ سسیانا ؛ سن سن کرنا ؛ سی سی کی آواز نکالنا ؛ چرچرا نا (بتی یا چربی کے جلنے کی آواز) ؛ بز بزانے کی آواز ؛ تھو تھوکی آواز نکالنا؛ زناٹے سے گذرنا یا گھومنا ؛ سی سی کی آواز کے ساتھ حرکت کرنا ۔

Fizzle : (n) (١) سی سی ۔ (٢) آواز؛ سنسناہٹ ؛ کھدبداہٹ ؛ آہستہ ہواخارج ہونےکاعمل؛پھس ؛ چڑچڑاہٹ ۔ (٣) ناکامی؛ سخت ناکامی ؛ مضحکہ خیز ناکامی ؛ ٹائیں ٹائیں فش ۔

Fizzle : (v) (١) آہستہ یا دھیمی آواز سے سی سی کرنا ۔ (٢) سنسنانا ؛ سسیانا ؛ چڑچڑانا ؛ کھد بدانا ؛ پھس پھسانا؛ بزبزانا ۔ (٣) (مجازاً) (خاص کر امریکی روز مرہ) نا کام ہو جانا ؛ نا کام ہونا؛ سخت ناکامی کا سامنا کرنا؛ مضحکہ خیز طورپرناکام ہوجانا؛ ٹائیں ٹائیں فش ہو جانا ۔

Fizzle out : (v) نتیجہ غلط نکلنا ؛ ناکام رہنا ؛ قبل ازوقت یاناقص طور سے انجام کو پہنچنا ۔

Fizzy : (a) سائیں سائیں جیسی ؛ زن زن کرنے والی ؛ زناٹے دار ؛ جوش میں ؛ کھدبد کر نے والا ؛ (کیمیا) فوّار ؛ اُبال آور ۔

Fjeld : (n) [Norw.field.] ایک بلند پتھریلا میدان مرتفع جو اکثر بےشجر ہوتاھے؛ بلند پتھریلی سطح مرتفع ۔

Fjord : (جغرافیہ) چٹان کی کھاڑی ؛ فیورڈ ؛ Fiord کا متبادل ۔

Flabbergast : (v) [Origin unkn.] (روز مرہ) شش و پنج میں ڈالنا؛ سراسیمہ کرنا ؛ سٹی پٹی بھلا دینا ؛ حیرانی میں ڈالنا؛ متذبذب کرنا؛ حیرت زدہ کرنا ؛ اچنبھے میں ڈالنا ؛ ششدر کرنا ؛ گڈ مڈ یا بےترتیب کردینا ؛ مبہوت کر دینا ۔

Flabbily : (adv.) تھل تھل طور پر ؛ پلپلے انداز میں ؛ کمزور یا بےجان طورپر ؛ چپچپے انداز میں ۔

Flabbiness : (n) نرمی ؛ لچیلا پن ؛ پلپلا پن ؛ عدم استقلال ؛ کمزوری ؛ ناطاقتی ؛ لُجلُجاپن ؛ چپچپاہٹ ۔

Flabby : (a) [a modification of Flappy] (١) ڈھیلا ؛ تھل تھل ؛ پچپچا ؛ لبلبا ؛ پلپلا (گوشت) ؛ لچیلا ؛ نرم ۔ (٢) کمزور ؛ بے جان غیر مستقل (زبان ، چال چلن) ۔ (٣) بے عصب ؛ کمزور ؛ بے ریڑھ ؛ بےطاقت؛ بے رگ ۔ (٤) لجلجا؛ چپچپا؛ (نباتیات) پلپلا ۔

Flabell form/Flabellate : (a)[L.flabellum+-ATE] (نباتیات، حیوانیات) پنکھے کی شکل کا ؛ پنکھا نما ۔

Flabelletion : (n) [med. L.flabellatio flabellare.] (١) (جراحی) پنکھا نما بنا دینا ؛ پنکھے کی طرح پھیلا دینا ۔ (٢) بادزنی ؛ عمل بادزن ؛ پنکھا جھلنا ۔

Flabelli-: (comb.) [L.flabellum.] جزو ترکیبی بمعنی "پنکھا نما ؛ شکل یا پنکھا نما ترتیب" ۔

Flabellifoliate : (a) پنکھا نما پتیوں والا ؛ پنکھا نما اوراق یا پرتوں والا ۔

Flabelliform : (n) پنکھا نما ؛ پنکھےکی شکل کا ؛ پنکھیا ۔

Flabellinerved : (a) پنکھا نما عصب والا ؛ پنکھیا عصب والا ۔

Flabellum/Flabella : (n) [L.] (١) پنکھا ؛ باد زن ؛ خاص کر اُس پنکھے کےلئے استعمال ہو تا ھے جو مذہبی تقریبات میں لے جایا جاتا ھے ۔ (٢) (سائنس) کسی چیز کا پنکھا نما حصہ ۔

Flaccid : (a) [L. f.flaccus.] (١) پلپلا ؛ پچپچا ؛ پولا ؛لٹکتاھوا ؛ نرم ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ جھریاں پڑا ہوا ؛ جھری دار ؛ تھل تھل (گوشت) ۔ (٢) ڈھیلا ؛ جھکا ہوا ؛ لٹکتا ہوا ۔ (٣) کمزور ؛ ناطاقت ؛ ناتواں ؛ بےجان؛ (نباتیات)لچلچا ۔

Flaccidity : (n) (١) نرمی ؛ پلپلا پن ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناطاقتی ۔ (٢) ریشم کے کیڑوں کا ایک مرض ۔

Flaccidly : (adv.) پلپلے طورپر ؛ ڈھیلے ڈھالے انداز میں ؛ تھل تھل ؛ کمزور طورپر ؛ ناتوانی سے ؛ بے جان انداز میں ۔

Flaccidness : (n) پلپلا پن ؛ نرمی ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناطاقتی ۔

Flacherie/Flachery : [F.] ریشم کے کیڑوں کا ایک مرض ۔

Flacian : (n) [f.Flacius+an.] فلاسیوس کا پیرو ؛ رقص و سرود کا مخالف ؛ پروٹسٹنٹ عالم دینیات ۔

Flacian : (a) [F.Clacius+ -AN.] سولھویں صدی عیسوی کے ایک پروٹسٹنٹ عالم دینیات ؛ فلاسیوس ایلیریکس کا یا اس سے متعلق ؛ جس نے میلانتھون کے نظریات وسیع الشربی (رقص و آواز) کی مخالفت کی تھی ؛ فلاسیوسی ؛ فلاسیوس کے عقائد سے وابستہ ۔

Flacianism : (n) فلا سیوسیوں کا اصول یا عقیدہ ۔

Flack : (بول چال) کسی چوڑی یا چپٹی چیز سے مارنا ؛ ہلکی تھپکی دینا؛ تھپ تھپانا؛ پروں کو جھاڑنا؛ پر مارنا ؛ پھٹ پھٹانا ؛ پھڑ پھڑانا ؛ دھڑکنا ؛ پھڑکنا ۔

Flacker : (v) [ME.'flakere.'] دیکھو Flack

Flacket : (n) [O.N.Fr. flaquet.flasquet.] فلاسک ؛ بوتل ؛ شراب رکھنے کا استوانہ نما برتن ؛ شراب رکھنے کا پیپا نما برتن ؛ قرابہ ۔

Flacon : (n) [F.] ایک چھوٹی ڈاٹ دار بوتل ؛ خصوصاً لخلخے کی شیشی ؛ عطر کی شیشی ۔

Flag : (n) [First found in Eng.prob.onomato.poeic] (۱)جھنڈی ؛ جھنڈا ؛ پھریرا ؛ علم ؛ نشان ۔ (۲) (بحری) جھنڈے والے جہاز کا وہ جھنڈا جس سے کپتان یا امیرالبحر کا اصلی رتبہ اور درجہ معلوم ہو ؛ جھنڈے والا جہاز ؛ علم بردار جہاز؛ امیرالبحر ۔ (۳) (کھیل کود) لمبے بال والے شکاری کتے کی یا مُلک نیو فونڈ لینڈ کے کتے کی دُم نیز (کبھی کبھی) گھوڑے کی دُم ۔ (٤) (طباعت) حذف کو ظاہر کرنے کےلئے کمپوزیٹر (حرف چیں) کے ذریعہ لگائے ہوئے نشان ؛ حذف کا نشان ۔ (٥) قومی نشان ۔ (٦) بُکلا ؛ زنبق ؛ آبی پودا ؛ (تعمیرات) پرچم ؛ جھنڈی ؛ علم ۔

Black flag : (۱) کالا جھنڈا ؛ کالی جھنڈی (موت اور اور سنگین عزائم کے اظہار کےلئے استعمال کیاجاتا ھے) ؛ (جمع) چینی بحری قزاقوں کےلئےمستعمل ھے۔ (۲) دریائی قزاقوں کا جھنڈا (نشان) ۔ (۳) قید خانہ کا جھنڈا (جو کسی کو سولی پر لٹکاتے وقت لگایا جاتا ھے) ۔

Dip flag : سلامی کےلئے جھنڈے کو نیچا کر کے پھر چڑھانا ۔

Red flag : (۱) لال جھنڈا؛ انقلابی نشان ؛ اشتراکیت یا کسی انقلابی نظم کا عنوان ۔ (۲) نشان جنگ ۔ (۳) خطرے کی علامت ۔

To hoist or strike ones flag : (امیر البحر کا) کمان ہاتھ میں لینا یا ترک کرنا ؛ کپتانی یا کمانیر کا درجہ حاصل کرنا ؛ اس رتبے پر کام کرنا یا برطرف ہو جانا ۔

To lower or strike one's flag : کسی کے احترام میں جھنڈے کو نیچا کرنا ؛ کسی کے احترام ،اطاعت یا خود سپردگی کی علامت کے طورپر جھنڈے کو نیچا کرنا یا جھکا دینا ؛ جھنڈے کو سلامی کےلئےیا ہارماننے کےطورپر نیچے کر دینا ۔

White flag : (۱) سفیدجھنڈا؛ نشانِ صلح ؛ شان امن ؛ نشان سپردگی ؛ ہتھیار ڈالنے کی علامت ۔ (۲) انقلاب سےپہلے فرانس کا قومی نشان ۔

Yellow flag : نشان مرض ؛ پیلا جھنڈا ؛ کسی جہاز پر لگایا ہوا پیلا جھنڈا جو متعدی مرض یا قرنتین کی علامت ہوتا ھے ؛ وہ زردرنگ کا جھنڈا جو ایسے جہازوں پر لگایا جاتا ھے جن میں کوئی متعدی مرض کا مریض ہوتا ھے یا وہ جہاز جو قرنطینہ میں ہو ۔

Flag : (n) [of obscure origin.] (۱) ایک قسم کے پودے جن کے چکلے چکلے پتے ہوتے ہیں اورنمناک زمینوں میں اُگتے ہیں خاص کر Iris پودے کی مختلف قسمیں ۔ (۲) (جمع) موٹی جھوٹی گھاس ؛ ادنیٰ قسم کی گھاس ۔ (۳) پودے کی لمبی اور مہین پتی (Iris یا غلے کے پودوں کی) ۔

Flag : (n) [M.E.] (۱) فرش بنانے کےلئے پتھر کی سل ؛ تختہء سنگ ؛ سنگ سنگ فرش ؛ (جمع) ایسی سلوں کابنا ہوا فرش یا روش ۔ (۲) زمین کی سطح مع گھاس وغیرہ ؛ گھاس لگا تختہ جو زمین سے کاٹا یا اکھاڑا جائے ، دوب تختہ ؛ گھاس لگا ڈھیلا ؛ سبزے کا تختہ ؛ گھاس کی تہ جس میں زمین، پتے، جڑیں سب شامل ہوتی ہیں ؛ (تعمیرات) سِل ؛ چوکا ۔

Flag : (n) [Origin unkm.] (۱) پرند کے ڈینے کی کھو کھلی ٹنڈی ؛ بازو یا دُم کا پورا پر ؛ صفار ؛ پر کا بنا ہوا قلم ؛ پر قلم ۔ (۲) شہباز یا مضراب؛ شکرے کی ٹانگوں کا پر ۔

Flag : (v) (۱) جھنڈا لگانا یا چڑھانا ؛ جھنڈے سے آراستہ کرنا؛ جھنڈالہرانا ۔ (۲) جھنڈوں سے حدبندی کرنا ۔ (۳) (جھنڈیاں دکھلا کر) اطلاع دینا ؛ خبر دینا یاخبر پہنچانا؛ متنبہ کرنا ۔ (٤) جھنڈی یاایسی ہی کسی چیز کو ہلا کر پھانسنا ؛ طمع دلانا ؛ دام میں لانا (ہرن کو یا کھیل کود میں) ۔

Flag : (v) [Origin doubtful.] (۱)لٹکانا؛ ڈھیلا چھوڑنا ؛ لہرانا؛ لٹکنا؛ جھولنا۔(۲) جھکنا؛ کم ہونا ؛ پھیکا پڑنا؛ مرجھانا۔(۳)ٹپکانا ؛ گرانا؛ چھوڑنا۔(٤) تھکاوٹ سے پیچھے رہ جانا ؛ بہت آہستہ چلنا ۔ (٥) بےکیف ہوجانا ؛ سست ہوجانا ؛ سست پڑجانا ؛ کمزور ہو جانا ؛ طاقت نہ رہنا ؛ ناتواں ہو جانا؛ پیلا پڑجانا ؛ کم زور کرنا ۔ (۷) تھکاوٹ کی وجہ سے ڈینوں کو پوری قوت کے ساتھ حرکت نہ دینا ۔ (۸) اٹکانا ؛ رکاوٹ ہونا ۔ (۹) نیچا کرنا ؛ جھکانا ؛ افسردہ کرنا ؛ بد دل کرنا ۔

Flag : (a) (۱) آویزاں ؛ لٹکا ہوا ؛ معلق ۔ (۲) لہراتا ہوا ؛ جھولتا ہوا ؛ لرزاں ؛ رقصاں ۔

Flag : (v) [f. Flag.] پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ۔

Flag : (v) [f. Flag (n)] (۱) بندوق کی نالی کے جوڑ کو جھٹکے سے جوڑ نا یا سخت کرنا ۔ (۲) (گیہوں) پودوں کی پتیوں کو چھانٹنا ۔

Flag-basket : (n) سرکنڈے سے بنی ہوئی ٹوکری ؛ سرکنڈے کی ٹوکری ۔

Flag-boat : (n) کشتی رانی یا کشتیوں کی دوڑ کے مقابلے میں نشان بر دار کشتی ؛ دریائی کھیلوں کے مقابلوں میں جو کشتی بطور نشان ہوتی ہے ۔

Flag-broom : (n) ایک قسم کی لمبے دستے والی جھاڑو جو برچ (پتلی ٹہنیوں والا شمالی یورپ کا ایک درخت) کی ٹہنیوں یا کھجور کے پتوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Flag-captain : (n) جھنڈے والے جہاز کا کپتان ۔

Flag-day : (n) (۱) کسی مقصد کے لئے چندہ وصولنے کا دن جو چھوٹی جھنڈیوں یا دوسری علامتوں کی فروخت کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے اور وہ جھنڈے یا علامتیں اس بات کا ثبوت ہوتی ہیں کہ چندہ دے دیا ہے ۔ (۲) امریکا کے قومی نشان کے اعزاز میں ١٤/جون کو منائی جانے والی سالانہ تقریب ۔

Flag-leaf : (n) زنبق ؛ آئرس ؛ سوسنی قزحی پھول دار درختوں کی ایک قسم جن کے پتے چکلے ہوتے ہیں ۔

Flag-lieutenent : (n) امیرالبحر کا اے ڈی سی (اے ڈی کانگ)۔

Flag list : (n) اعلیٰ بحری عہدیداروں کےناموں کی فہرست جس میں امیرالبحر نائب امیر البحر اور اس سے نیچے کے افسروں کے نام درج ہوتے ہیں ۔

Flag-man : (n) (۱) جھنڈی دکھانے والا ۔ (۲) گھوڑ دوڑ میں جھنڈی ہلانے والا ۔

Flag- officer : (n) (جہاز رانی) علم بردار افسر ؛ افسر پرچم دار ؛ امیر البحر ، نائب امیر البحر یا اس سے نیچے کا افسر (امریکی بحریہ میں) ایک اسکواڈرن کا افسر ۔

Flag (of truce) : (n) صلح کی گفتگو کی خواہش ظاہر کرنے کےلئے دشمن کا سفید جھنڈا؛ نشان صلح کے ساتھ بھیجا ہوا آدمی یا جہاز ؛ سفید جھنڈا جو التوائے جنگ کی علامت سمجھاجاتا ہے ۔

Flag-pay : (n) امیر البحر کی تنخواہ ۔

Flag-rank : (n) امیر البحر کا منصب ۔

Flag-root : (n) ایک قسم کا امریکی پودا اور اس کی جڑ ۔

Flag-share : (n) انعام کی رقم میں امیر البحر کا حصہ (آٹھواں حصہ)۔

Flag-ship/Flag ship : (n) وہ جہاز جس پر امیرالبحر کاجھنڈا لگا ہو ؛ وہ جہاز جس پر امیر البحر کام کر رہاہو ۔

Flag-staff/Flag staff/-staves : (n) بانس جس پر جھنڈا لگایا جاتا ہے ۔

Flag-station : (n) (ریلوے کا) وہ اسٹیشن جہاں ٹرین صرف اس وقت ٹھہرتی ہے جب وہ جھنڈی دکھا کر ٹھہرائی جائے ورنہ معمولاً نہیں ٹھہرتی ۔

Flag-stone/Flag stone : (n) (۱) پتھر کی سِل جس سے فرش بناتے ہیں ؛ سَنگ فرش ؛ پتھر کی سِلوں سے بنا ہوا فرش ؛ تختہٴ سنگ ؛ فرشی پتھر ؛ چوکا ۔ (۲) ریتیلا پتھر جو بہ آسانی ورق ورق ہوجاتا ہے ؛ پرت دار ؛ سِل بنائے جانے کے لائق پتھر ۔

Flag-wagging : (n) (فوجی عامیانہ) جھنڈوں سے اشارہ کرنا۔

Flag-waver : (n) شورش کرنے والا ؛ علم بردار بغاوت ؛ شورشی ؛ فسادی ؛ جھنڈا ہلانے والا ؛ جارحانہ وطن پرستی کا حامی ؛ وطن پرستی کا جذبہ اُبھار نے والا نغمہ ۔

Flag-worm : (n) آئرس پودوں کی جڑوں میں پایا جانے والا ایک کیڑا جسے بنسی باز استعمال کرتے ہیں۔

Flagellant : (n) کوڑے مار ۔

Flagellant : (a) اپنے تیئں کوڑے مارنے والا ؛ جو اپنے تئیں ضیق میں ڈالتا ہو ؛ مذہبی جرائم کا سزا یافتہ ۔

Flagellant : (n) (۱) ۱۳ویں صدی عیسوی کے ایک فرقے کا کٹّر رکن جو مذہبی تادیب کے خیال سے خود اپنی سرزنش کرتا تھا ۔ (۲) وہ شخص جو خود اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو سرزنش کے طور پر زدو کوب کرتا ہو ؛ زنا کے جرم میں پاداش یا سزا (درے بازی وغیرہ) ۔

Flagellantism : (n) خود کوبی ؛ خود سزائی ؛ مذہبی حکم کے تحت دُرّہ لگانے یا اپنی سرزنش خود کرنے کا عقیدہ ۔

Flagellate : (v) [L.f. flagellum.] (۱) کوڑا مارنا : تازیانہ مارنا؛ سزا دینا؛ تادیب کرنا؛ سرزنش کرنا ۔ (۲) ایذا پہنچانا ؛ اذیت پہنچانا ؛ مبتلائے آلام کرنا ۔ (۳) اپنے آپ کو ضیق میں ڈالنا ۔

Flagellate : (a) (۱) چابک دار ؛ چابک نما ؛ چابک کی شکل کا ؛ تاژک نما ۔ (۲) (نباتیات) بیل کی شاخ سے متعلق ؛ بیل ؛ الگ سے جڑ پکڑنے والی (کسی بیل کی شاخ) ؛ اس قسم کی شاخوں والا ؛ چابک نما شاخوں والا ۔ (۳) (حیوانیات) سوطیہ ۔

Flagellated : (a) (نباتیات، حیوانیات) چابک دار ؛ الگ سے جڑ پکڑنے والی شاخوں والا ؛ چابک نما شاخوں والا ؛ تاژک دار ۔

Flagellation : (n) [L.flagellationem.] (۱) اپنے تیئں ضیق میں ڈالنا؛ کوڑے لگانا؛ ایذا رسانی؛ (طب) سوطیت؛ چابک زنی؛ شلاق زنی ؛ تازیانہ لگانے کا عمل ؛ تعذیب کرنے کا عمل ؛ تعذیب خصوصاً عیسیٰ علیہ السلام پر کی گئی چابک زنی یا اس واقعہ کی تصویر ۔

Flagellator : (n) [f. L. flagellare.] شلاق زنندہ ؛ تازیانہ مارنے والا ؛ چابک لگانے والا؛ کوڑے لگانے والا ؛ سرزنش کنندہ ؛ تیرھویں صدی عیسویں کے ایک مذہبی فرقے کا وہ رکن جو جرائم کےلئے اپنی سرزنش آپ کرتا تھا ۔

Flagellatory : (a) مذہبی تعذیب یا سرزنش سے متعلق؛ کوڑے لگانے سے متعلق جس سےتکلیف پہونچے ۔

Flagelliform : (a) (نباتیات،حیوانیات) چابک نما چابک کی شکل کا ؛ سوط نما ؛ تازیانہ مانند ؛ شلاقی ؛ تاژک وار ؛ باریک و دراز ۔

Flagelliopore : (n) (نباتیات) سوطی بذرہ ؛ سویطہ ۔

Flagellosis : (n) (طب) سوطی مرض ۔

Flagellula : (n) (حیوانیات) سویطہ ۔

Flagellum/Flagela : (n) (۱) (نباتیات) بیل ؛ بیل کی شاخ ؛ بالا رونده ؛ لیف ؛ (حیوانیات) پلک کی شکل کا حصہ ؛ مہمیز نما زائدہ ۔ (۲) (مزاحاً) شلاق ؛ تازیانہ ؛ چابک ؛ کوڑا ؛ قمچی ؛ (حیوانیات) سوطہ ؛ (نباتیات) بیل ۔

Flageolet : (n) (۱) بانسری ؛ نے ؛ نفیری ۔ (۲) بانسری کی آواز والا ؛ آرگن کاپردہ ۔

Flageolet : (n) [F. corruption of Fageolet] سیم (پھلی) کی ایک قسم ؛ لوبیا سبز فرانسیسی ۔

Flageolet tones : (n) تار والے سازوں کے طبعی آہنگ ۔

Flagginess : (n) (۱) ماندگی ؛ افسردگی ؛ بدمزگی ؛ ناتوانی ؛ اضمحلال ؛ سستی؛ پژمردگی ۔ (۲) نرمی ؛ ڈھیلا پن ؛ پلپلاپن ۔

Flagging : (n) (۱) لہرانا ؛ لٹکانے وغیرہ کا عمل ۔ (۲) ماندی ؛ بے کیفی ؛ سستی ؛ ضعف ؛ پژمردگی ؛ کمزوری ؛ ناطاقتی؛ ناتوانی ۔ (۳) سست روی؛ سست رفتاری ؛ سستی ؛ ماندگی ؛ افسردگی ؛ پژمردگی ؛ سرد دلی ؛ پھیکاپن (منصف، کھیل کود ، مباحثےوغیرہ کا) ۔

Flagging : (n) سنگ فرش ؛ سنگ فرش کاری ؛ پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ؛ پتھر کی سلیں جن سے فرش بنا یا گیا ہو ؛ ایسا بنا ہوا فرش ۔

Flagging : (n) پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ؛ فرش ۔

Flagging : (a) پژمردہ کن ؛ افسردہ کناں ؛ ضعف آور ؛ ماندگی آور ؛ لٹکانے والا ؛ جھکانے والا ؛ مرجھا دینے والا ؛ سرد کردینے والا ؛ سست کردینے والا ؛ مضمحل کردینے والا ۔

Flaggingly : (adv.) پژمردہ کن طورپر ؛ تھکا دینے والے انداز میں ؛ افسردہ کن طور پر مضمحل کن انداز میں ۔

Flaggy : (a) (۱) نیستاں ؛ نے دار ؛ آئرس قسم کی گھاس والی جگہ ؛ وہ جگہ جہاں دھار دار پتیوں والی گھاس ہو ؛ نانچھہ ؛ نے سےبنا ہوا ؛ دھار دار پتیوں والی گھاس سےبنا ہوا ؛ دھاردار پتیوں جیسا ۔ (۲) (غلے، پیال ، بھوسے وغیرہ) لمبی دھار دار پتیوں والا ۔

Flaggy : (a) (۱) پژمردہ ؛ افسردہ ؛ بدمزہ ؛ ناتواں ؛ سست ؛ تھکاہارا ہوا ؛ بے دم ؛ بےجان ؛ مضمحل ؛ ہمت ہارے ہوئے ؛ جی چھوڑے ہوئے ۔(۲) ڈھیلا ؛ تھل تھل ؛ پولا ؛ پلپلا ؛ لٹکتا ہوا ؛ نرم ۔

Flaggy : (n) جہاں موٹی چھوٹی گھاس کثرت سے پائی جاتی ہے ۔

Flaggy : (a) متورق ؛ ورق دار ؛ ورق ورق ہونے والا ؛ ٹوٹ کر سلوں میں تبدیل ہوجانے والا (سنگ فرش کی طرح)۔

Flagitate : (v)[L.flagitate.] سنجیدگی سے التماس کرنا ؛ پُراشتیاق طور پر التجا کرنا ؛ منت سماجت کرنا؛ سخت اصرار کرنا ؛ پیچھے پڑجانا (شاذ)۔

Flagitation : (n) منت سماجت ؛ بےحد اصرار ؛ پیچھےپڑجانا ۔

Flagitious : (a) [L.Flagitiosis.] (۱) مہاپاپی ؛ گناہ گار؛ مردود؛ شریر ؛ بدکار ؛ اکفر ؛ فاسق ؛ فاجر ؛ بدنام ؛ رسوا ؛ ملعون ؛ مطعون خلائق ؛ روسیاہ ؛ قابل نفرت ؛ قابل لعنت ؛ ذلیل ؛ خبیث ۔(۲) ظالمانہ ؛ سفاکانہ ؛ خبیثانہ ؛ ناپاک ؛ وحشیانہ ؛ شیطانی ؛ قبیح ؛ فاسقانہ؛ فاجرانہ؛ منافقانہ ؛ (عمل ، کردار وغیرہ)۔

Flagitiously : (adv.) شرارت سے ؛ بدکاری سے ؛ فاسقانہ طور پر ؛ گنہگاری سے ؛ ذلیل طور پر ؛ خبیثانہ انداز میں ۔

Flagitiousness : (n) پاپی پن ؛ فسق ؛ فجور ؛ گناہ ؛ خباثت ؛ شیطنت ؛ منافقت ؛ ملعونیت ۔

Flagon : (n) [Late M.E. flakon.] (۱) صراحی ؛ ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن ؛ کھانے کی میز پر شراب رکھنے کا ظرف ۔ (۲) ٹونٹی دار ظرف عشائے ربانی میں استعمال کےلئے ۔ (۳) (شراب فروشوں کی اصطلاح) گول اورچپٹی سی بوتل جس میں دو بوتل بھر شراب سماتی ہے ۔ (٤) فلاگن میں سمانے والی مقدارنیز فلاگن اور اس میں بھری ہوئی چیز ۔

Flagrancy : (n) [L.flagrantio.] (۱) علانیہ پن ؛ سنگینی (جرم وغیرہ کی) ۔(۲) جرم ؛ سنگین بداخلاقی ؛ ننگ انسانیت ؛ (فعل) ہولناکی ؛ نفرت انگیزی ۔

Flagrant : (a) (۱) کھلاھوا ؛ برملا؛ آشکارا؛ اعلانیہ ؛ سنگین ؛ بڑا؛ کبیر؛ سخت (جرم یا مجرم)؛ اہانت آمیز ؛ بدنام کن ؛ ظاہر ؛ بین ۔(۲) بھڑکتا ہوا ؛ شعلہ فشاں ؛ روشن ؛ نمایاں ۔

Flagrant error : (n) فاش غلطی ؛ خطائے کبیر ۔

Flagrante delicto : (n) رنگے ہاتھوں ؛ جرم کرتے ہوئے ۔

In flagrante delicto : Flagrante delicto دیکھو

Flagrantly : (adv.) کھلے بندوں ؛ علانیہ طورپر ؛ مبینہ طور پر ۔

Flail : (n) [OE.flegal.] (۱) بال سے اناج نکالنے کا آلہ ؛ خرمن کوب ؛ گندم کوب ؛ سلارا ؛ سمانٹ ؛ پوڑ ؛ ہاتھوں کے ذریعہ بالیوں سے اناج نکالنے کا لکڑی کا بنا ہوا ایک آلہ ۔ (۲) اس آلے سے مشابہ ایک فوجی ہتھیار ؛ جو لوہے کا بنا ہوتا ہےاور جس کےمار کرنے والے حصے پر لوہے کی نوکدار سلاخیں لگی ہوتی ہیں ۔

Flail : (v) (۱) کوڑا مارنا ؛ چابک زنی ؛ شلاق زنی ؛ قمچی مارنا ؛ ڈنڈے مارنا ؛ کوٹنا ؛ پیٹنا ؛ گندم کوبی کرنا ؛ خرمن کو بی کرنا ۔ (۲) فلیل سے فلیل کی طرح مارنا یا کوٹنا یا پیٹنا ۔ (۳) فلیل کےذریعہ بالیوں سےاناج نکالنا ۔ (٤) کوڑا مارمار کر چلانا ۔

Protestant flail : (انگریزی تاریخ) جستہ بھرا ہوا ایک چھوٹا ہتھیار جو پاپائی پلاٹ کے وقت پروٹسٹنٹ عیسائی کے لئے رہتے تھے ۔

Flail joint : (n) (طب) ڈھیلا جوڑ ؛ مفصلِ نرم ۔

Flail-stone : (n) ایک سوراخ دار لمبا پتھر جسے بالیوں سے اناج نکالنے یا سَن کوٹنے کے آلے کےطور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔

Flair : (n) [OFr.'flair.] قوت شامّہ ؛ جبلی یاوجدانی صلاحیت امتیاز ؛ حاسہء تمیز ؛ بویندگی ؛ شامہء سگ ؛ قوت تشخیص (مجازاً) فراست ؛ تمایل ؛ استعداد طبیعی ؛ خصیصہ ۔

Flair/Flare : (n) [Cf. OF.'flair.'] شعاعیہ ؛ شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا ایک خاندان ؛ راسیہ (ماہی) ؛ اسکیٹ مچھلی ۔

Flair : (n) Flare کا متبادل ۔

Flak/Flack : (n) (۱) انٹی ایرکرافٹ گن ؛ طیارہ شکن توپ ؛ توپ خانہ ضد ہوائی ۔(۲) طیارہ شکن توپ کے گولے ۔

Flak suit/-vest : (n) شرنیل گولیوں سے بچنے کے لئے ایک قسم کی زرہ ۔

Flake : (n) [Origin doubtful.] (۱) ہلکا روئی کی شکل کا گپھا یا گچھا (خاص کر برف کا) تکّہ ؛ تکّہ کوچک ؛ ورقہ ؛پوستہ ؛ فلس؛ دانہ (ورق) ۔ (۲) جلے ہوئےمادے کی اوپر کی پپڑی ۔ (۳) پتلا اور چوڑا سا چھلکا ؛ چپلی ۔ (٤) مچھلی کےمختلف حصے ۔(٥) تہ ؛ پرت؛ طبق ؛ پپڑی ؛ پاپڑ (روٹی کا) چھلکا ؛ فلس ماہی، بھوسا ۔(٦) دھاری دار پنکھڑیوں کا پھول ؛ پلک کی قسم کا دھاری دار پنکھڑیوں والےپھول کی ایک قسم ۔(۷) چنگاری؛ شرارہ ؛ کسی جلتی ہوئی شے سے اُڑنے والی روشن چنگاری ۔ (۸) طبقہ ؛ پرت ؛ تراشہ ؛ ورق ؛ غشا ؛ قشر؛ جھلی ؛ برف کی بہتی ہوئی چادر ۔(۹) بالوں کا گچھا؛ گلولہٴ پشم؛ متوازی دھاگوں یا ریشوں کا گچھا ۔(۱۰) (طب) گالا ؛ فلس ؛ پپڑی (کیمیا) تہ ؛ پرت ؛ طبق ۔

Snow flake : برف کا گالا ۔

Flake : (n) [Origin doubtful.] (۱) ٹٹی کی بنی ہوئی دیوار یا روک ؛ عارضی گیٹ ؛ ٹاٹر ؛ ٹٹی (روزمرہ) ۔ (۲) اشیائے خوردونوش رکھنے کی الماری یا خانہ ؛ کیک وغیرہ رکھنے کی الماری یا خانہ ۔ (۳) وہ چبوترہ جہاں مچھلیاں سُکھائی جاتی ہیں ؛ مچھلیاں سکھانے کی الماری ؛ بکس ؛ چبوترہ ؛ مچان ۔(٤) جہاز کی پہلو میں لٹکتی ہوئی مچان جس پر بیٹھ کر جہاز کی درزوں یا شگافوں کو بھراجاتا ہے۔ (٥) (کان کنی) تختوں سےبنی ہوئی ایک فریم جسے ہَوا یا پانی سے بچاؤ کے لئے پناہ گاہ کے طور پر استعمال کیا جاتاہے۔

Flake : (v) (۱) گرنا ؛ جھڑنا ؛ جھڑکانا ؛ برف کے گالوں کی طرح گرنا ۔(۲) چھلکوں سے چھلکوں کی طرح ڈھک دینا ؛ کسی چیز پر چھوٹے نشان ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ مختلف رنگوں سےرنگنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا فلسوں سے یا اُن کی مانند ڈھک دینا ۔(۳) تاشیں بنانا ؛ ٹکڑا ٹکڑا کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے میں تقسیم کرنا ؛ پرتیں ادھیڑنا ؛ ورق ورق کرنا؛ چھلکے اُتارنا ؛ طبق در طبق جدا کرنا ؛ تہ بہ تہ جدا کرنا ؛ پپڑیاں الگ کرنا ۔(٤) پپڑیاں بن جانا ؛ پرتیں اُدھڑنا ؛ ورق ورق ہوجانا ؛ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ؛ باریک اور چھوٹے چھوٹےٹکڑوں میں بکھر جانا ؛ ورقہ اُدھڑنا ؛ دانہ دانہ (برف کی طرح) ہو جانا۔ (٥) خطوط کھینچنا؛ دھاریاں ڈالنا ؛ لکیریں بنانا؛ مخطّط کرنا (خصوصاً رنگوں سے)۔

Flake-knife : (n) زمانہٴ ماقبل تاریخ میں چھُری کے طورپر استعمال ہوتی والا سخت پتھر کا ایک ٹکڑا ؛ قدیم سنگی چاقو ۔

Flake scar : (n) (تاریخ) پرت کا نشان ۔

Flake-stand : (n) قرن بیق کی نلکی کو ٹھنڈارکھنے والا لگن یاحوض۔

Flake white : (n) وہ رنگ جو خالص ترین سیسے کی سفید پپڑیوں سےبناتے ہیں ۔

Flaker : (n) (۱) توپ یابندوق کےلئے چقماق سےآگ پیدا کرنے والا ۔(۲) چقماق سے آگ پیدا کرنے کا ایک آلہ ۔ (۳) مچھلیوں کو صاف کرکے مچان پر سکھانے والا مزدور یا کارندہ ۔

Flakily : (adv.) دانہ دار کرکے ؛ قاشیں بناکر ؛ خطوط کھینچ کر ؛ مخطّط کرکے؛ ٹکڑے ٹکڑے کرکے ؛ پرتیں ادُھیڑ کر ۔

Flakiness : (n) ٹکڑے ٹکڑے ہونے کی صفت یا کیفیت ؛ ورق ورق ؛ ٹکڑا ٹکڑا ۔

Flaking : (n) تہ داری ؛ پرت داری ؛ ورق ورق ہونا ؛ مخطط یا دھاری دارہونا ۔

Fish flaking : (تاریخ) مچھلی جیسی پرت اتارنا ۔

Free flaking : (تاریخ) غیر محدود پرت اتارنا ۔

Pris matic flaking : (تاریخ) منشوری پرت اتارنا ۔

Secon dary flaking : (تاریخ) ثانوی پرت اتارنا ۔

Step flacking : (تاریخ) زینہ نما پرت اتارنا ۔

Tool flaking : (تاریخ) پرت اتارنے کا اوزار ۔

Flaky : (a) Flake کی شکل یا حالت کا ؛ ٹکڑےٹکڑے کیاھوا ؛ دانہ دانہ کیا ہوا ؛ ورقہ ورقہ ؛ فلسی ؛ دانہ دانہ (مثل برف) ؛ پرتیں اُدھیڑا ہوا ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ جومضبوطی سے کساھوا نہ ہو ؛ چھلکا چھلکا ؛ پوستہ پوستہ ؛ فلسی دار ؛ پرت دار ۔

Flaky fir : (n) چین کا ایک سدا بہار درخت ۔

Flam : (n) [Origin unkl.] (۱) جھوٹی کہانی ؛ بناوٹی بات ؛ بہانہ ؛ دھوکا؛ فریب؛ چھل ؛ جعل ؛ مکر ؛ حیلہ ؛ خدع ؛ جعل سازی ؛ چال بازی ؛ دام ؛ تزویر ؛ ابلہ ، فریبی؛ ریا کاری ؛ دھوکے کی ٹٹی ۔ (۲) مکاّر ؛ جعل ساز ؛ ٹھگ ؛ فریبی ؛ دغاباز ؛ رنگا سیار ؛ بگلا بھگت ؛ للّو پتو کرنے والا ؛ بہلاوے میں رکھنے والا ۔

Flam : (n) [Prob. Echoic.] ڈھول یا نقارہ بجا کر کسی بات کا اشارہ ؛ جس میں نقارے کی آواز دوضربی ہوتی ہے، پہلی ضرب تیز اور دوسری ہلکی ہوتی ہے ۔

Flam : (n) مکر وفریب کرنا ؛ حیلہ بازی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جھوٹ بول کر فریب دینا ؛ چھل کرنا؛ خوشامد کر کے دھوکا دینا ؛ مکّاری کرنا ؛ ریا کاری کرنا (اب روزمرہ اور امریکا میں مستعمل ہے) ۔

Flam beau : (n) [med. L.'falmbellum.'] مشعل (خاص کر وہ جو موٹی موٹی موم بتیوں سےبنائی جاتی ہے) ؛ جلتی ہوئی مشعل ۔

Flam borougy : (n) ایک قسم کاقدیم انگریزی رقصِ شمشیر ۔

Flamboyant : (a) [F. flamboyant.] (۱) (فرانس کی پندرھویں اورسولھویں عیسویں کی عمارتوں میں) چراغ کی لو کی طرح لہر دار خطوں کی صورت کا بنا ہوا ؛ لہر دار خطوط والا ؛ متخالف خمیدگی والے شعلہ نما خطوط والا؛ نہایت سجا ہوا ؛ آراستہ ؛ بھڑک دار؛ مزین ؛ پھول بوٹوں کی کیلوں سے آراستہ ؛ بھڑکیلے طور پر آراستہ ۔(۲) موج کی شکل کا؛ موج دار؛ لہر دار؛ لہریہ ؛ مشعل نما (خاص کر تلوار کےلئے آتا ہے) ۔ (۳) شوخ رنگ کا؛ شعلہ رنگ ؛ دمکتا ہوا ؛ درخشاں ۔(٤) نمائشی ؛ زرق برق ؛ پر تکلف ؛ شاندار ؛ بہت رنگین ؛ مجلل ۔(٥) بے دریغ ۔ (٦) شعلہ دار۔(۷) (تعمیرات) بھڑکیلا ؛ فروزاں ۔(۸) (گاتھی) لہر ۔

Falmboyant : (n) (۱) مختلف رنگوں سے رنگین لہریہ ۔ (۲) شعلہ کے رنگ کے پھول ؛ شعلہ رنگ پھولوں والے پودوں کا نام ۔(۳) گلِ طاؤس ۔

Flame : (n) [L.'famma.'] (۱) چراغ کی لو ؛ شعلہ ۔(۲)بھڑکتی ہوئی آگ ۔ (۳) تیز روشنی ۔ (٤) (مجازاً) تیز رنگ ؛ شوخ رنگ ؛ چمک دمک ؛ آب وتاب ؛ تابانی ؛ شوخ رنگی ؛ بھڑکیلا پن ؛ آگ کاسا لال (رنگ) ؛ آتشی رنگ ۔(٥) جذبہ ؛ جذبۂ عشق ؛ شور عشق ؛ محبوب ؛ معشوق (مزاحاً)۔ (٦) پروانۂ بعض برطانوی پتنگوں کا نام ۔ (۷) نقطۂ اشتعال تک گرم کیا ہوا بخار یا بھاپ ؛ مشتعل گیس ؛ جلتی ہوئی گیس نیز مجازاً ۔ (۸) (جمع میں) (The کے ساتھ) آگ ؛ آتش ۔ (۹) قابل دید احتراق یا افروختگی کی حالت ؛ نمایاں اشتعال پذیری کی حالت ؛ (زخم وغیرہ کی) شوزش اور ورم ؛ (مجازاً) برہمی ؛ اشتعال ؛ جوش ؛ ہیجان ؛ برافروختگی ؛ برانگیختی ؛ حرارت ؛ احتراق ۔(۱۰) روشنی کی تیز کرن یا شعاع ۔(۱۱) شعلہ مانند شے ؛ آتشیں ؛ آتش مثال ؛ شعلہ نما ؛ شعلہ مثل شے ۔ (۱۲) درخشندگی ؛ تابناکی ؛ تابش ۔(۱۳) گہرے سرخ رنگ کی نارنگی (کیمیا) شعلہ ۔

An old flame of mine : (مذاقیہ) معشوق ؛ محبوب ۔

The flames : بھسم کرنے والی آگ ۔

To fan the flame : آتش شوق کو بھڑکانا ۔

Flame : (v) (۱) جلنا ؛ ابلنا ؛ شعلہ بار ہونا ؛ شعلے نکالنا؛ لَو اُٹھنا؛ شعلہ اُٹھنا؛ دہکنا۔(۲) (جذبہ کا) بھڑک اٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ جذبات کا شعلہ بار ہونا ۔ (۳) (شخص کا) آگ بگولا ہوجانا ؛ بگڑبیٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ غصے کی آگ کا بھڑک اُٹھنا ؛ شعلہ بار یا خشمگیں آنکھوں سے دیکھنا ؛ جذباتی نگاہ سے دیکھنا ۔ (٤) چمکنا؛ روشن ہونا ؛ دمکنا؛ لپکنا ؛ مشتعل ۔(٥) روشنی سے اشارہ کرنا ۔(٦) آگ یا شعلے پر رکھنا ؛ شعلوں کی زد میں ہونا ؛ شعلوں کی لپٹ میں ہونا ۔ (۷) شعلے کی طرح روشن ہونا ؛ شعلہ نماھونا ؛ شعلہ رنگ ہونا ۔ (۸) شعلے کی طرح حرکت کرنا؛ لپکنا؛لہرانا؛لپکنا؛ لرزاں وفروزاں ہونا ۔

Flame arc : (n) (کیمیا) شعلہ قوس ۔

Flame-bearer : (n) ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے اُڑتے وقت گنگناہٹ سی آواز ہوتی ہے ۔

Flame-bed : (n) (بھاپ انجن) آتشیں اینٹ سے بنےہوئےفرش والا آتش دان ؛ شعلہ فرش ۔

Flame-bridge : (n) بھٹی کے فرش پر بنائی ہوئی دیوار جس کی وجہ سے شعلے بوائلر کےپیندے سےٹکراتے ہیں ؛ شعلہ پُل ۔

Flame cell : (n) (حیوانیات) شعلہ خلیہ ؛ اخراجی خلیہ ؛ (کیمیا) شعلے کا خانہ ۔

Flame-chamber : (n) (بھاپ انجن) شعلہ پُل کےمعاًپیچھےوالی جگہ جس میں پُل کے اوپر سے گذرنے والی آتش گیر گیسوں کی اشتعال پذیری مکمل ہوتی ہے ۔

Flame-colour : (n) شعلہ رنگ ؛ شعلے کا رنگ ؛ شوخ سرخی مائل زرد یا نارنجی رنگ ۔

Flame-coloured : (a) شعله رنگ ؛ شعلے کے رنگ کا ؛ شوخ سرخی مائل زرد یا نارنجی رنگ کا ۔

Flame-engine : (n) گیس انجن کا پرانا نام ۔

Flame-flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Flame-furnace : (n) وہ بھٹی جس میں دھات یا کچی دھات براہ راست شعلوں پر رکھی جاتی ھےلیکن ایندھن سے اُس کا تعلق نہیں ہو تا ھے ۔

Flame-kiln : (n) (۱) دیکھو Flame furnace ۔(۲) گہرے سرخ یا قرمزی رنگ کے پھولوں والے پودوں کےناموں میں آتا ھے ۔

Flame proof : (a) شعلہ روک ۔

Flame spreader : (n) شعلے کو پھیلا نے والا ۔

Flame temperature : (n) (کیمیا) تپش شعلہ ۔

Flame test : (n) (کیمیا) شعلہ کی جانچ ۔

Flame-tree : (n) (۱) شمالی ساؤتھ ویلز کا ایک درخت ۔ (۲) مغربی آسٹریلیا کا ایک درخت ۔ (۳) پلاس کا درخت ؛ ڈھاپ ۔

Flame thrower : (n) آتش پاش ؛ شعلہ انداز ۔

Flame up : (v) (۱) شرماجانا ۔(۲) لو یا شعلہ کی طرح ہلنا یا کپکپانا ۔

Flameless : (a) بےشعلہ ؛ بغیر شعلے کے جلتاھوا؛ (شعر میں) جذبات سے محروم ؛ جذبے سےخالی ۔

Flamelet : (n) ہلکا شعلہ ؛ خفیف شعلہ ۔

Flamen : (n)[ME.] (۱) (روما قدیم) پروہت (جو خاص ایک دیوتا کا پجاری ہوتاھے) نیز دوسرے پروہت ۔ (۲) من متھ جفری نےلاطینی الفاظ Flamen اور Archi flamen کو ملحدبرطانیہ کےپرو ہتوں کے دو درجوں کو ظاہر کرنے کےلئے استعمال کیاتھا جن کے بارے میں یہ کہا جاتاھے کہ بشپ اور آرک بشپ کے ذریعہ جزیرے کے مذہب کی تبدیلی کے موقع پر بدل دیا گیا تھا ۔ (۳) (تاریخ) نقلی ؛ جعلی ؛ ادعائی ۔

Flamen Dialis : (n) (تاریخ) جو پیٹرکاپجاری (رومن مذہب)۔

Flamer : (n) اشتعال دلانے والا ؛ روشن کرنے والا ؛ شعلہ بر ؛ شعلہ بردار ؛ شعلہ آور ؛ روشنی سے اشارہ کرنے والا ۔

Flaming : (a) (۱) نہایت گرم ؛ تیز ؛ اتنا گر م کہ جل جائے ۔ (۲) شوخ رنگ کا ؛ تیز رنگ کا ؛ بھڑکیلا ؛ برافرختہ ؛ برانگیختہ ؛ جلتا ہوا ۔(۳) (مجازاً) مبالغہ آمیز ؛ بہت زیادہ تعریف کرنے والا ۔ (٤) شعلہ فشاں ؛ شعلہ ور؛ شعلوں کی لپیٹ میں ؛ فروزاں؛ سوزاں ؛ مشتعل ؛ (مجازاً) آگ بگولہ ؛ غضب ناک ؛ جذبات کی رو میں ۔ (٥) روشن ؛ درخشاں ؛ چمکتا ہوا؛ دہکتا ہوا؛ جلتا ہوا ؛ دمکتا ہوا ۔(٦) بہت تیز اور روشن ؛ شعلہ بار ۔ (۷) واضح ؛ گہرا (تصور، نقش) ۔ (۸) سرخ انگارا ؛ آتشیں ؛ تپانے والا (مجازاً) پرشوق ؛ سر گرم ؛ تند؛ جوش انگیز (آدمی یا جذبات) ۔ (۹) سنگین ؛ کبیر ؛ سخت (جرم) متوحش ؛ وحشت ناک ؛ حیرت انگیز ۔ (۱۰)روشن ؛ برملا؛ آشکارا ؛ کھلاھوا ؛ اعلانیہ ۔ (۱۱) شعلہ رنگ ؛ شعلہ نما ؛ شعلہ مانند ؛ آتشیں ؛ لرزاں ؛ فروزاں ؛ مختلف رنگوں سے رنگیں لہریا ؛ مخطط ؛ دھاری دار ۔(۱۲) چراغ کی لو کی طرح کےلہر دارخطوں کی صورت کا بنا ہوا ۔ (۱۳) (کیمیا) شعلہ خیز ؛ تیز گرم ؛ مبالغہ آمیز ۔

Flaming disharge : (n) (برقیات) شعلہ دار اخراج ۔

A flaming description : مبالغہ آمیز بیان ۔

Flamingly : (adv.) شعلہ صفت اندازمیں ؛ شعلہ فشاں ہوکر ؛ شوخی سے ؛ تیزی سے ؛ بھڑکیلے طورپر ؛ غضب ناک ہوکر ؛ بر انگیختہ ہوکر ؛ شعلہ بار انداز میں ؛ مبالغہ آمیز طورپر ۔

Flamingo : (n)[Pg.'glamingo.] لم ڈھینگ ؛ لال رنگ کا لم ڈھینگ ؛ لال رنگ کالم ڈھینگ ؛ شوخ قرمزی پروں والی چڑیاجس کےپاؤں اورگردن لمبی اور پتلی اور جس کی چونچ بھاری اور مڑی ہوتی ھے ؛ مرغ آتشی ؛ مرغ خواص ؛ نیز توصیفی معنوں میں (حیوانیات) نمام ؛ بشروش ؛ لال لم ڈھنگو ۔

Flamingo flower/-plant : (n) شوخ قرمزی رنگ کے پھولوں والا پودا ۔

Flammable : (a) بھڑک اٹھنے والا ؛ مشتعل ہو جانے والا ؛ آتش گیر ؛ جلد آگ پکڑنے والی ؛ تند مزاج ؛ شعلہ مزاج ۔

Flammenwerfer : (n) آتش بار توپ ؛ آتش پاش ۔

Flamy : (a) شعلہ ساں ؛ شعلہ صفت ؛ شعلہ وار ؛ شعلہ نما ؛ آتشیں ؛ شعلوں کا یا اُن سےمتعلق ؛ شعلہ بر ؛

شعله دار ؛ شعله ور ؛ شعلوں کی لپیٹ میں ؛ شعلوں میں گھرا ھوا ۔

Flan : (n) [F. 'flan.'] (۱) (سکه سازی) سکه بننے سے پہلے چپٹی دھار ؛ وہ سکّه جس پر ابھی مہر نہیں کی گئی ھو ؛ سادہ سکّه ؛ ٹھپے سے پہلے سادہ سکے کا سادہ پتر ۔ (۲) کھلا ھوا سنبوسا جس میں پھل وغیرہ بھرے ھوئے ھوں ۔

Flanch/Flaunch : (v) [Origin doubtful.] پھیلنا ؛ چوڑا ھونا ؛ سرے کی طرف چوڑے منه کا ھونا ؛ باھر کی طرف جھکا ھوا اور سرے پر پھیلاھوا ۔

Flanch/Flanque : [Of.flanche.] (نقابت) ڈھال کے دونوں جانب بنائے ھوئے نشان جو مرکز کی طرف محدب خط کی صورت میں ھو تے ہیں ۔

Flanch/Flanunch : (n) (۱) کگر بنانا۔(۲) پھیلنا ؛ کشادہ ھونا ۔

Flanched : (a) (نقابت) مرکز کی طرف محدب خط والا دو طرفی نشان بنائی ھوئی (ڈھال)۔

Flanconade : (n) [F.f.'flance.'] (تیغ زنی) بغلی شمشیرزنی ؛ بغل میں خنجر بھونکنا ۔

Flandam : (n) [Origin unkn.] سترھویں صدی میں رائج ایک زنانه دامن دار ٹوپی جس کے دونوں دامن لٹکے ھوئے ھوتے تھے ۔

Flanerie : (n) کاہل الوجود ھونے کی حالت یاصفت ؛ مفت خورا پن ؛ مفت خوری ؛ آوارہ گردی ۔

Flaneur : (n) [F.f.'flaner.'] (۱) (فرانسیسی)سستی میں وقت گذارنے والا ؛ کاہل الوجود ؛ مفت خورا؛ آوارہ گرد۔

Flang : (n) [Origin unkn.] کان کنوں کی دو نوک والی کدال ۔

Flange : (n [F.flanch] (۱) پھیلاؤ؛ فراخی ؛ کشادگی ؛ پھیلاھوا حصه ؛ کشادہ حصه ؛ شاخ درشاخ ھونا مثلاً کان کنی میں کسی شگاف کا جس میں دھات موجود ھو ۔ (۲) چپٹی باڑھ یا کگر جس کا کنارہ باہر کونکلارھےاور جوکسی چیز کو جوڑنےیا مضبوط کرنے یا کسنے کےلئےلگائی جائے۔(۳) کوئی بھی کگر یا نوک دارنکلی ھوئی سطح نیز پائپ یا سلنڈرکو ڈھاکنےکےلئے چپٹا کیاھوا گول ٹکڑا ؛ نیز سادہ سکّه جس پر مہر نه لگائی گئی ھو؛ (انجینیئرنگ) کور؛ لب ۔

Flange : (v) (۱) (باڑھ یا کگر) لگانا؛ کگر بنانا ۔(۲) پھیلنا ؛ کشادہ ھونا ؛ چوڑا ھونا ؛ فراخ ھونا ؛ منه بڑا ھونا ؛ باھر کی طرف پھیلا ھوا ۔

Flange joint : (n) پائپ وغیرہ کا جوڑ جو دو ریموں یا کگروں کو نٹ بولٹ سے کس کر بنا یا جاتا ھے ۔

Flange pipe : (n) (امریکا) دونلکیوں کےملے ھوئے سرے جنھیں کسنے کے لئے اُن میں کگر لگے ھوں ۔

Flange rail : (n) (۱) (امریکا) ریل کی پٹری جس کے ایک طرف کگرھوتا ھےتاکه چکّے پٹری سےنه اتریں ۔ (۲) کگر دار پٹری ۔

Flanged : (a) کگر لگا ھوا ؛ کگر دار ۔

Flank : (n) [F.'flanc.'] (۱) انسان یا حیوان کے جسم میں کوکھ، پسلیوں اور پٹھے یا سرین کے درمیان گوشت دارحصه ؛ پہلو ؛ تہی گاہ ؛ طرف ؛ دامنه ۔ (۲) عمارت اور پہاڑ وغیرہ کی ایک جانب ؛ ایک پہلو ؛ ایک طرف ؛ کسی چیز کا پہلو یابغلی حصه ۔(۳) فوج یا فوجی دسته کا داہنا یا بایاں پہلو ؛ بازو ؛ میمنه یا میسرہ ۔ (٤) (بیطاری) (جمع) جناح ؛ گھوڑے کی پیٹھ کی خراش ۔(٥) (قلعه بندی) مورچے کا وہ حصه جو بغلی یا جانبی گوله باری سے بچاؤ کی خاطر بنایاگیا ھو، خصوصاً قلعے کے دو برجوں کے درمیان کی دیوار جو سامنے والے حصے کی حفاظت کےلئے ھوتی ھے۔(٦) (میکانیات) کسی پہیے کے دندانے کا سیدھاحصه جو صدمه یا بوجھ برداشت کرتا ھو۔(۷) (حیوانیات) کوکھ؛ پہلو ؛ جناح ؛ بازو ۔(۸) (فوج) فوج کا بازو ۔

Left flank : میسرہ ؛ فوج کا بایاں بازو ۔

Right flank : میمنه ؛ فوج کا دایاں بازو ۔

Flank : (v) (۱) فوج کے ایک پہلو (میمنه یا میسرہ) کو تقویت دینا؛ مضبوط اوراچھے آدمی اس میں مقرر کرنا ؛ مضبوط یا محفوظ کرنا (فوج کے کسی بازو کو) نیز مجازاً ۔(۲)فوج کے پہلو پر گولاباری کرنا؛ (اس کو) برمانا؛ چھیدنا؛ خوف زدہ کرنا ۔(۳) میمنه یا میسرہ کے سامنے سے فوجی طریقه پرگذرنا (امریکی عامیانه) فریب دینا؛ جُل دینا ؛ بچنا؛ خالی کر دینا؛ چرکا دینا ؛ داؤ سےمارنا؛ بچ کر نکل جانا ۔ (٤) میمنه یامیسرہ پر حمله کرنے کا ارادہ کرنا یا دھمکی دینا ؛ فوج کے کسی بازو کو دھو کا دینا ۔ (٥) ایک پہلو پر حمله کردینا ۔(٦) ساتھ دینا ؛

ہاتھ مضبوط کرنا ۔ (۷) کسی چیز کے پہلو میں رکھا ہونا یا جاگیزیں ہونا ؛ پہلو میں ہونا ؛ جانب میں ہونا ؛ بغل میں ہونا نیز کسی کے پہلو یابغل سے گذرنا ؛ بغل میں رکھنا ؛ پہلو میں رکھنا ۔ (۸) (جہاز کا) طوفان کی طرف اپنا رخ کر دینا یا طوفان کی طرف توپوں والا پہلو گھماکرتوپیں داغنا ۔ (۹) دونوں طرف ہونا؛ دونوں پہلو میں ہونا ؛ دو نوں جانب ہونا ؛ دونوں بغل میں ہونا ۔

In flank : ایک جانب ؛ ایک پہلو میں ۔

To be flanked by : : بغل میں رکھنا ؛پہلو میں رکھنا ؛ کسی چیز کا پہلو میں ہونا ۔

To turn the flank of : (فوج) پہلو یا پیچھے کی طرف سے حملہ کرنے کےلئے دشمن کی صف سے بچ نکلنا ؛ گھوم کر پہلو کی طرف آنا ؛ مجازاً بچ نکلنا؛ فریب سے دینا ؛ کسی شخص کو میٹھی باتوں سے راضی کرلینا یاتال دینا ؛ چرکا دینا؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Flank attack : (n) (فوج) بغلی حملہ؛ پہلو یا پیچھے کی طرف سے حملہ ۔

Flank-bone : (n) کولہے کی ہڈی ۔

Flank company : (n) (فوج) جانبی دستہ ؛ پہلو والا دستہ ؛ میمنہ و میسرہ بازو والا دستہ ۔

Flank defence : (n) (فوجی) بغلی دفاع ؛ جانبی دفاع ؛ پہلو کا دفاع ؛ بغلی حملے سے بچاؤ کےلئے بنائی ہوئی دیوار خصوصا دو برجوں کے درمیان کی دیوار ۔

Flank file : (n) جانبی صف ؛ پہلو والی صف ؛ میمنہ یا میسرہ (بازو فوج کا)۔

Flank fire : (n) بغلی گولہ باری ؛ پہلو کی طرف سے ہونے والی گولہ باری ۔

Flank march : (n) جانبی کوچ ؛ پہلو کی سمت چلنا ۔

Flank movement : (n) جانبی نقل وحرکت ؛ بغلی نقل وحرکت ۔

Flank-wall : (adv.) بغلی دیوار ؛ جانبی دیوار ؛ پہلو والی دیوار ؛ پہلو دیوار ۔

Flank-wise : (adv.) بغلی طورپر ؛ پہلو کی طرف سے؛بازو بہ بازو ؛ پہلو بہ پہلو ۔

Flanker : (n) (۱) حملہ یاتحفظ کرنے کے لئے میمنہ یا میسرہ کے استحکامات ؛ استحکامات جناحی ؛ قلعہ بندی ؛ مورچہ بندی ۔(۲) (جمع میں) میمنہ یا میسرہ پرجنگ خفیف کے طریقے پرلڑنے والے ؛ پہلو شکن ۔(۳) کوئی چیز ؛ جو کسی چیز کے ایک جانب (دائیں یا بائیں) ہو ۔(٤) کسی بازو میں شامل سپاہی ؛ میمنہ یا میسرہ کا کوئی سپاہی خصوصاً چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنےوالی اُس جماعت کا ایک شخص جو کسی فوج کے بازووں کی پیش قدمی کی رہنمائی کےلئےآگے بڑھائی گئی ہو ۔(۵) گروس (ایک انگلستانی پاموز پرند) کو ہنکانے والا جو اُس کی راہ میں کھڑا رہتا ہے تاکہ اُس پرند کو جو بھاگنا چاہتا ہےصحیح سمت میں موڑ دے یا قطارسے نکال دے ۔ (٦) فٹ بال میں میدان کے دائیں اوربائیں سروں پر متعین کھلاڑی (رائٹ آؤٹ، لیفٹ آؤٹ)۔

Flanker : (v) (۱) میمنہ یا میسرہ کو مضبوط یا محفوظ کرنا؛مورچے سےدفاع کرنایاکمان کرنا ؛ مورچہ بندی یاقلعہ بندی سےفوج کو مضبوط اور محفوظ کرنا۔ (۲) میمنہ یامیسرہ پرحملہ کرنا۔

Flannel : (n)[Origin doubtful.] : (۱) ایک طرح کا اونی کپڑا ؛ فلالین ۔(۲) (جمع میں) فلالین کی طرح طرح کی قسمیں ۔ (۳) (جمع میں) فلالین کےبنےہوئے نیچےپہننے کے کپڑے؛ زیر پوش ؛ زیر جامہ ؛ فلالین کی پٹیاں (باندھنےکےلئے) ؛لباس ؛ پتلون (کھیل وغیرہ کےلئے) ۔(٤) فلالین کا ٹکڑا جو بدن دھونے یافرش کو صاف کرنے کے کام آتاہے ۔ (۵)توصیفی معنوں میں فلالین کا ؛ اُس کی طرح بنا ہوا ؛ (مزاحاً) ویلس کا باشندہ ؛ ویلز باشی ۔

Flannel : (n) فلالین کا بناھوا ؛ فلالینی ۔

Flannel : (v) فلالین میں لپیٹنا ؛ فلالین سے ڈھکنا ؛ فلالین سے رگڑنا یا مساج کرنا ؛ فلالین سے گھسنا یا صیقل کرنا ؛ فلالین سے مالش کرنا ۔

To get or receive one's flannel : (دل خراش عامیانہ) اسکول کرکٹ یا فٹ بال کی ٹیم میں شامل ہونا۔

Flannel-cake : (n) جالی دارتوے پر پکایا ہوا پتلا کیک ۔

Flannelette : (n) روئی کا بنا ہوا نقلی فلالین ۔

Flannelled : (a) فلالینی لباس پہنے ہوئے (شخص) ؛ فلالین میں لپٹا ہوا ؛ فلالین سے ڈھکا ہوا ؛ فلالین سے مانجھا ہوا یا صاف کیاھوا ۔

Flannelly : (a) فلالین کا بنا ہوا : فلالین سے مشابہ : فلالین جیسا نیز مجازاً -

Flanning : (n) [Origin unkn.] آتش گاہ یا کھڑکی کے بازو کا موکھا یا بیرونی حصے کی ڈھلوان -

Flap : (n) [f.next verb.] (۱) کسی چوڑی چپٹی اور جھولتی ہوئی چیز کی حرکت یا تھپکی نیز اس سے پیدا ہونے والی آواز : تھپتھپاہٹ : تھپکی: عمودی طورپر لٹکی ہوئی یا جھولتی ہوئی کوئی چوڑی یا چپٹی چیز - (۲) پروں کی حرکت - (۳) کسی چیز کا چوڑا اورچپٹا لٹکتا ہوا صرف ایک طرف سےٹکا ہوا ، بندھا ہوا ، چپکا ہوا یا اٹکا ہوا مثلاً دامن : دروازے کا گذرنے اور اٹھنے والا پٹ یا پردہ : نقاب : جیب کے منہ پر سلاہوا کپڑے کاٹکڑا: خیمہ کا پردہ : سل بند : انگریزی ٹوپی کا چھجا : میز کا ٹوٹنےوالا تختہ : تھاپ : تھاپی: ضربہ گوشت - (٤) وہ لٹکی ہوئی کھال جو کسی کےعضو کے کاٹنے کےبعد باقی رہ جاتی ہے : لٹکتی ہوئی کھال یا گوشت جو صرف اوپر کی طرف جڑی ہو - (٥) سانپ کی چھتری (کھمبی) کا اوپر سے کھلا ہوا حصہ - (٦) وہ پردہ جو مچھلی کےگلپھڑے پر ہوتا ہے - (۷) (بیطاری) (جمع) گھوڑوں کے منہ میں ہونے والی ایک بیماری - (۸) ہیٹ کے سامنے کا نکلا ہوا حصہ: لبِ کلاہ: (حیوانیات) پھڑ پھڑاہٹ -

In a flap : جنبش میں : حرکت میں : ہلتا ہوا : متحرک : جنباں : مضطرب : پریشان : گھبراہٹ یا پریشانی کی حالت : ہلچل : شورش : کھلبلی کی حالت -

Tide flap : سمندری جوار کے پانی کو نالیوں سے داخل ہونے سے روکنے کےلئے استعمال ہونے والا کھل مندن : حمام : والو -

Flap : (v) [F.'flappe.'] (۱) کسی چوڑی یا چپٹی چیز سے مارنا: ہلکی تھپکی دینا : (بول چال) اچانک ماربیٹھنا : کسی ملائم یا چوڑی چیز سے مارنا : تھپتھپانا: تھپ سے مارنا: تھاپ مارنا - (۲) اڑانا (مکھیوں یا پرندوں کو) - (۳) پروں کو جھاڑنا : پر مارنا : پھٹ پھٹانا : پھڑ پھڑانا : پروں کو اوپر نیچے حرکت دینا : لرزنا : کانپنا : مضطرب ہونا : پریشان ہونا : ڈگمگانا : ہلنا جلنا : جھونکے کھانا - (٤) (بول چال) تیزی سے اُٹھنا اورگرنا: لہریں مارنا: جھولنا : جھومنا - (٥) جنبش دینا : ہلانا : حرکت دینا - (٦) ہیٹ میں اوپر نیچے حرکت کرتا ہوا چھجا ہونا - (۷) کسی چوڑی چپٹی چیز کو نیچے حرکت دینا : ہیٹ کے چھجے کو نیچے کرنا یا جھکانا - (۸) بازووں کو اوپر نیچے حرکت دینا : (پر) مارنا - (۹) ہاتھوں یا پروں کو جھاڑتے ہوئے آگے بڑھنا - (۱۰) بے مقصد باتیں کرنا : بے وقوفی کی باتیں کرنا -

Flap door : (n) (تعمیرات) نقابی دروازہ -

Flap-fracture : (n) دیکھو Compound fracture

Flap jack : (n) (۱) (بول چال) آٹے کا کیک جو چربی میں پکایا جاتا ہے نیز میٹھا سموسا جس میں سیب وغیرہ پھل کاٹ کر بھرے ہوں - (۲) (بول چال) انگلستان کا ایک قسم کا سبزی مائل کبوتر کےقد کا پرندہ :مرغ باران کی ایک قسم -

Flap-mouth : (n) چوڑے اور لٹکتے ہوئے ہونٹوں والا منہ : دراز لب -

Flap-sight : (n) رائفل کا ایک پرزہ جو قلابے پر اوپر نیچے حرکت کرتا ہے -

Flapdoodle : (n) [Arbitrary .] (بول چال) واہیات : خرافات : بکواس : بےمعنی : مہمل بات : مہملات : لغویات : یاوہ گوئی : لاف و گزاف -

Flapdoodle : (v) مہمل بات کرنا : بکواس کرنا : بے معنی گفتگو کرنا -

Flapper : (n) (۱) مکھی مارنے کا چپٹا آلہ : مگس کُش : تھپکن: تھپتھپانے والا : مارنے والا - (۲) پرندوں کو ڈرا کر بھگانے کےلئے کھنکھنا : مرغ ران - (۳) جوان جنگلی بط یا تیتر - (٤) (بول چال یاعامیانہ) وہ لڑکی جو ہنوز عام صحبتوں میں شریک نہ ہوتی ہو ، جس نے ابھی گھر سےباہرقدم نہ نکالاہو : کبھی کبھی شائستگی، شعورکی کمی یاوحشت کےباعث - (٥) (عامیانہ) ہاتھ - (٦) کسی چیز کا ٹکڑا جو قبضے یا کیل سے جڑا ہوا اور لٹکتار ہے - (۷) مچھلی کے چوڑے پنکھ: بال پھن - (۸) کیکڑے کی قسم کے جانوروں کی دُم - (۹) سفرنامہ Gu lliver میں جزیرہ لیوٹا کے فلسفیوں کےتذکرے میں ان کو اپنی محویت اور استغراق سےجگانےوالےخدّا م: یاددلانےوالی چیز- (۱۰) متوجہ کرنےیا یاد دلانے والا : یاد تازہ کرانے والا : توجہ مائل کرنےوالا: یاد دہندہ نیز یاد دہانی کرانا - (۱۱) تیزی سے حرکت کرنے والا : پر مارنے والا : بازووں کو تیزی سے او پر نیچے حرکت دینے والا : ہلانے والا : جنبش دینے والا - (۱۲) پھڑ پھڑانے والا - (۱۳) ایسی چیز جسے حرکت دینے پر تھپ تھپ کی آواز نکلتی ہو - (١٤) (حیوانیات) بط بچہ : تیتر بچہ : مگس کُش : مکھی مار -

Flapper-skate : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Flare : (n) [l.Flare.(v)] (۱) (جہازرانی) جہاز کے پہلو کا اوپر کی طرف ابھار ؛ کسی انتہائی تیز جلن والی شے کے ذریعہ روشنی کے (رات میں) اشارات ۔ (۲) جھلملاتی ہوئی لو کی تیز روشنی ؛ لرزتا ہوا شعلہ ؛ ٹمٹماتی ہوئی تیز روشنی ؛ دمک ؛ لمعہ ؛ یک بارگی شعلے نکلنا ؛ شعلہ برہنہ ؛ شعلہ زنی ۔ (۳) (مجازاً) طمطراق ؛ تزک بھڑک ؛ ٹھاٹ؛ دکھاوا؛ نمائش ؛ نمود؛ خودنمائی؛ تظاہر ۔ (٤) (فوٹوگرافی) کیمرے کے پردے کا غیر واضح عکس ۔ (٥) (جہاز سازی) اوپر کی طرف اور باہر کی طرف بتدریج پھیلاؤ یا کشیدگی ؛ دامن یا لہنگے وغیرہ کا بتدریج پھیلاؤ ۔

Flare : (v) [Origin unkm.] (۱) جہاز کے پہلوؤں کو اوپر کی طرف بتدریج ابھروانا ۔ (۲) پھیلانا ؛ کشادہ کرنا ؛ نمایاں کرنا ؛ اُبھارنا ؛ ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ بڑا کرنا ؛ چوڑا کرنا ۔ (۳) آگے پیچھے جھولانا یاحرکت دینا ؛ آگے پیچھے ہاتھ ہلانا ؛ اشارہ کرنا ۔ (٤) باہر کی طرف بتدریج پھیلنا یا پھیلانا ۔ (٥) پھیلنے والے اور ناپائدار شعلے کے ساتھ جلنا ؛ لرزتے ہوئے شعلے کی طرح چمکنا ؛ بھڑکنا ؛ شعلہ فشاں ہونا ؛ شعلہ بار ہونا ؛ شعلے کی طرح سرخ ہونا ؛ شعلے میں دہکنا ۔ (٦) (مجازاً) خود نمائی کرنا ؛ بھڑک دکھلانا ؛ غضبناک ہونا (غصے یا کسی جذبے کےتحت) سرخ ہونا۔ (۷) شعلے سے روشن کرنا ؛ سلگانا ۔

To flare up : اچانک شعلہ فشاں ہوجانا یا ہونا ؛ اچانک جل اٹھنا ؛ یکبارگی بھڑک اٹھنا ؛ اچانک غضب ناک ہوجانا ؛ دفعتاً غصے میں آجانا ۔

Flare : (n) [Origin unkn.] (بول چال) سور کے گُردے کے گِرد کی چربی ۔

Falve star : (n) (فلکیات) لمعی ستارے ؛ نجوم لمعی ۔

Flare-up : (n) (۱) شعلے کا دفعتاً بھڑک اٹھنا ؛ اچانک شعلہ بار ہوجانا؛ دفعتاً شعلہ فشانی؛ شعلہ کی یکبارگی بھڑک ؛ اچانک شعلگی ۔ (۲) شدید بے کلی ؛ سخت افراتفری ؛ متشدد ہنگامہ ؛ شدید فساد؛ تیز ہلچل ؛ شدید اضطراب ۔ (۳) غل غپاڑہ ؛ ادھم ؛ دھما چوکڑی ؛ بکر کود ۔ (٤) (جہاز رانی) انتہائی تیزی سے جل اٹھنے والی چیز کو روشن کر کے رات میں کئے جانےوالے اشارے؛ اشارات کے لئے سمندرمیں کی جانے والی روشنی ۔ (٥)چند روزہ شان و شوکت یا ہر دل عزیزی ؛ عارضی نمود ۔ (٦) کھلی ہَوا میں بےنقاب شعلہ ۔

Flaring : (a) (۱) بھڑک اُٹھنے والا ؛ شعلے کی طرح چمکنے یا دہکنے والا ؛ جل اٹھنے والا ؛ شعلہ بار یا شعلہ فشاں ہونےوالا ۔ (۲) چندھیا دینےوالی (روشنی)؛ چکاچوند کرنے والی (روشنی) خیرہ کن ؛ خیرہ کناں ؛ تاباں اور لرزاں ؛ فروزاں ؛ درخشاں ؛ مشتعل ۔ (۳) بےحد نمائشی؛ دکھاوے کا؛ بھڑکیلا ؛ زرق برق ؛ خودنما؛ خودفروش ؛ جلوہ گر ؛ ٹھاٹ باٹ والا ۔ (٤) پیندے سے اوپر کی طرف بتدریج کشادہ ہوتا ہوا (برتن وغیرہ) ۔ (٥) غیر مسلسل طور پر چمکنے والا یا چمکتا ہوا ؛ ٹمٹماتا ہوا؛ تیزی سے مگر رک رک کر چمکتا ہوا ۔

Flaring pipe : قیفی نل ۔

Flaringly : (adv.) نمائشی طور پر ؛ خود نمائی سے؛ زرق برق ہوکر بھڑک دار انداز میں ؛ خیرہ کُن طور پر ؛ درخشانی سے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ؛ رُک رُک کر چمکتےہوئے ۔

Flary : دیکھو Flaring

Flash : (n) [f.Fash. (v)] (۱) فوری اورعارضی چمک ۔ (۲) اس چمک میں جس قدر وقت صرف ہو ؛ ایک لمحہ ؛ چشم زدن ؛ بجلی کی چمک کا وقفہ ؛ آن ؛ دم؛ لحظہ ؛ پل ۔ (۳) دکھاوا ؛ نمود ؛ظاہر داری ؛ ظاہری چمک دمک ؛ سطحی خود نمائی یا طمطراق ۔ (٤) اسپرٹ کو رنگ دینے والی ایک دوا ۔ (٥) پانی کا اچانک اور تیز بہاؤ جو بند سے چھوڑاجاتا ہےتاکہ پایاب پانی سے کشتیوں کو بہالے جائے ؛ وہ مشین جس سے یہ عمل کیا جاتا ہے اور پانی کھولا جاتا ہے ۔ (٦) بجلی کی مشعل ۔ (۷) بجلی کی طرح کسی بھی شے کی مختصر چمک ؛ اچانک، تیز اورعارضی چمک ؛ اچانک شعلگی ؛ عرضی لپٹ ؛ تیز اور عارضی تابش یا بھڑک ؛ بجلی کی چمک ؛ برق افشانی ؛ تجلی ؛ جلوہ؛ جلوہ گری ؛ تنویر ؛ بھڑک ؛ دمک ؛ تابش ۔ (۸) شارب کو رنگنے کےلئے تتیا مرچ یا پسی ہوئی لال مرچ اورجلائی ہوئی چینی کی آمیزش سے تیار کیا ہوا رنگ ۔ (۹) (امریکا) مختصر خبروں کی تلگرافی ترسیل؛ مختصر تلگرافی خبر رسانی ؛ (کیمیا) فلاسک ؛ (طبیعیات) فلیش ؛ شرارہ ۔

A flash of hope : امید کی ایک جھلک ؛ عارضی اور فوری احساس ۔

Eyes flash fire : آنکھوں سے شعلہ گرنا ؛ شعلہ گرنا ؛ شعلہ ظاہر ہونا ۔

In a flash : فوراً ؛ معاً ؛ اسی دم ؛ فی الفور ؛ آناً فاناً ؛ جھٹ پٹ ؛ اسی آن ؛ آن کی آن میں ؛ پلک جھپکتے ؛ چشم زدن میں ؛ پل بھر میں ؛ آن واحد میں ؛ دم بھر میں ۔

Flash : (n) [echoic origin.] جوہڑ ؛ پانی سے بھرا ہوا گڈھا ؛ دلدلی جگہ ؛ گلابہ ۔

Flash : (v) [app.echic.] (۱) دفعتاً شعلہ بن کر بھڑک اٹھنا؛ شعلہ یا چنگاری یا شرارہ کا نکلنا ؛ پھیکنا ؛ روشنی کی شعاعیں پھیلانا یا عکس ڈالنا ؛ چمکنا ؛ چمکانا ؛ آگ روشنی کا دفعتاً پیدا ہونا یا بھڑک اٹھنا ؛ بجلی کا چمکنا۔ (۲) تار کے ذریعے سے خبر بھیجنا ؛ شائع کرنا (خبر کو بذریعہ تار) ۔ (۳) (شیشہ سازی) پھیلا کر تختہ بنانا ؛ پھیل کر تختہ بننا ؛ سادہ شیشہ پر رنگ چڑھانا؛ رنگین شیشے کی تہ سے بےرنگ شیشے کو ڈھانکنا؛ پانی کا تیزی سے بہنا ، چڑھنا اور بہنا ؛ (یادگار) چڑھنا ، بھر جانا اور بہنا ۔ (٤) تیزی سے حرکت کرنا ۔ (٥) سمندر، موجوں وغیرہ کا بلند ہوکر خشکی پر تیزی سے چڑھ آنا (up کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ۔ (٦) ندی کےپانی کو بند کا دروازہ کھول کر اچانک چھوڑدینا ؛ دفعتاً تیزی سے پانی بہنا (ندی کا) ؛ (کشتی کو) زوردار بہاؤ کے ذریعہ بھیجنا ۔ (۷) (ہائیڈرو کاربن کا) اشتعال پذیر درجہ حرارت پر بخار یا گیس پیدا کرنا ۔ (۸) اچانک یا تھوڑے وقفے سے روشنی خارج ہونا یا منعکس ہونا؛ یکبارگی یا رُک رُک کر چمکنا ؛ جھلکنا ؛ جھلملانا ؛ چمکنا؛ دمکنا ۔ (۹) اچانک بہت تیز روشنی خارج کرنا یا بھیجنا؛ دفعتاً بہت تیزی سے چھوڑنا یا نکالنا (روشنی آگ وغیرہ کا) نیز مجازاً ۔ (۱۰) روشنی کے تیز فوّارے کی طرح آنا ؛ حرکت کرنا یا گذرنا ۔ (۱۱) اچانک حرکت میں آجانا؛ پھوٹ پڑنا ؛ نکل پڑنا؛ بھڑک اٹھنا ؛ کسی مخصوص یا معینہ حالت میں دفعتاً گذرجانا ۔ (۱۲) چمکانا ؛ بہت تیز روشنی پیدا کرنا ؛ چوندھیا دینےوالی روشنی پیدا کرنا ۔ (۱۳) بہت تیز روشنی سے جلانا؛ روشن کرنا ؛ سلگانا ۔ (۱٤) بہت تیز اور وقفےوالی روشنی کے ذریعہ (کسی بات کو) ظاہر کرنا ؛ ارسال کرنا یا اشارہ کرنا ۔ (۱٥) دکھانا ؛ ظاہر کرنا؛ نمائش کرنا ؛ آب و تاب سے نمائش کرنا ؛ چار چاند لگا کر دکھانا ؛ قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کا ٹھاٹ دکھلانا (روزمرہ یا عامیانہ) ۔ (۱٦) (برقیات) کاربن کے مہین تار کو ، جب وہ بھاری ہائیڈروکاربن گیس میں گرم ہوتاہے، کسی سیال میں غوطہ دے کر یکساں موٹائی کا بنانا ۔

To flash in the pan : (ادبی زبان) پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زور و شور دکھا کرختم ہوجانا؛ رنجک چاٹ جانا ؛ بھری ہوئی بارود کو جلائے بغیر رنجک کا بھڑک کر بجھ جانا ؛ (مجازاً) نمائشی جدوجہد دکھا کر نا کام ہوجانا؛ سعی لاحاصل کرنا ؛ ٹائیں ٹائیں فش ہوجانا ۔

To flash up : دفعتاً جذبات میں آجانا ؛ اچانک جذباتی ہوجانا؛ یکبارگی جوش میں آجانا ؛ دفعتاً غضبناک ہوجانا؛ اچانک غصےمیں آجانا؛ فوراً مشتعل ہوجانا یا بھڑک اُٹھنا ۔

To flash upon : یکایک نظر کے سامنے، سمجھ میں یا ادراک میں آجانا (مثلاً مجھ پر یکایک یہ ہویدا ہوا)۔

Flash : (a) (۱) (خاص کر بول چال میں) طرح دار ؛ ٹھاٹ کا ؛ بہت پُر تکلف ؛ ٹیپ ٹاپ کا ؛ نمائشی بھڑکیلا ؛ چمکدار ؛ زرق برق ۔ (۲) بےمعنی گفتگو : عامیانہ گفتگو (چوروں ، بدمعاشوں اور کمینوں کی) ؛ چوروں کی اصطلاح یا مخصوص بولی ؛ مقررہ اشارے؛ بازاری زبان ۔ (۳) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ نقلی ؛ جعلی (سکہ، تحریر وغیرہ) ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی ؛ پُر فریب ؛ التباسی ؛ تلبیسی ۔ (٤) (عامیانہ) واقف کار؛ چوکس ؛ چالاک ؛ ہوشیار؛ چتّر ؛ سیانا ۔ (٥) کھلاڑیوں ، شکاریوں ، چوروں یا آوارہ گردوں اورطوائفوں سےمتعلق یامربوط ۔

Flash back defiance : (v) آنکھوں سےاپنی بےخوفی ظاہرکرنا؛ لڑائی پر آمادگی ظاہر کرنا ۔

Flash board : (n) پن چکی والے بند کے کنارے پر لگاہوا ایک تختہ جو پانی کی سطح نیچی ہونے کی حالت میں ؛ چکی کو چلانے والی پانی کی دھارمیں زیادہ پانی پھینکنے کےلئے ہوتاہے؛ پانی پھینکنےیا اُچھالنےوالا تختہ ؛ وہ (آلہ) جس سے حوض کا پانی پن چکی میں پہنچایا جاتا ہے ۔

Flash boiler : (n) ایک قسم کا اسٹیم بوائلر جس میں آب گذار والی ایک مضبوط نلی لگی ہوتی ہے جو بہت ہی گرم رکھی جاتی ہے اور جس سے پانی بھاپ بن کر تیز فوّارے کی صورت انتہائی گرم حالت میں خارج ہو تا ہے ۔

Flash colours : (n) (حیوانیات) بھڑکیلے رنگ ۔

Flash-flue : (n) دیگ نلی؛ باہر سے گرم کئے جانے والے بوائلر کے نیچے لگی ہوئی نلی ۔

Flash-house : (n) چوروں کے جمع ہونے یا آمد و رفت کی جگہ ؛ وہ جگہ جہاں چوروں کی آمد و رفت ہوتی ہو نیز چکلا ؛ قحبہ خانہ ۔

Flash in the pan : رنجک پیچھے پہنچے بغیر بارود کا بھڑک اٹھنا؛ پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زورو شور دکھا کر ختم ہو جانا؛ رنجک چاٹ جانا (مجازاً) سعی نا کام ؛ بے کار کوشش ؛ سعی لاحاصل ۔

Flash-lamp : (n) (۱) (فوٹو گرافی) تصویر کشی میں استعمال ہونے والا تیز روشنی والا لیمپ جس سے ایک لمحہ کےلئےبجلی کی سی تیز روشنی پیدا ہوتی ہے۔(۲) برقی ٹارچ ؛ الیکٹرک ٹارچ ۔

Flash-light : (n) (۱) اشارات کرنے کےلئے جو شعاع استعمال کی جاتی ہے ؛ سمندر کے منارۂ روشنی سے جو شعاع ڈالی جاتی ہے ۔ (۲) (فوٹو گرافی) رات کے وقت جو تیز روشنی ڈال کر فوٹو لیتے ہیں ۔(۳) نور لامع ؛ بھڑک روشنی ۔

Flash light photography : (n) لمعی عکاسی ۔

Flash-man : (n) (۱) آوارہ شخص ؛ چور ؛ چوروں کا ساتھی ؛ بھڑوا ۔(۲) سرپرست ؛ مربی ؛ حامی ؛ مددگار ؛ محافظ ؛ ولی (کسی شخص یا ملک کا)۔ (۳) (بول چال) استاد؛ سردار۔ (٤) آدم خود نما ؛ زرق برق رہنے والا؛ طرح دار ؛ بھڑکیلے لباس پہننے والا ؛ بانکا ۔

Flash money : (n) سکہ قلب ؛ کھوٹا سکہ ۔

Flash notes : (n) جعلی نوٹ یا سکہ ۔

Flash out/-up : (v) اضطراری جوش ظاہر کرنا ۔

Flash-pan : (n) (۱) چقماق سے فائر کی جانے والی پرانی بندوق کے گھوڑے کا رنجک دان جس میں بارود ہوا کرتی تھی ۔ (۲) وہ برتن جس میں اشارے کے طور پر بارود بھڑکائی جاتی ہے ۔

Flash pipe : (n) گیس کے اونچے لیمپ کو جلانے کے لئے سوراخ دار نلکی ۔

Flash-point : (n) (۱) دیکھو Flashing point ۔(۲) (کیمیا) نقطۂ بھڑک ؛ نقطۂ اشتعال ۔

Flash - spectrum : (n) (فلکیات) لامع طیف ۔

Flash-test : (n) مٹی کے تیل وغیرہ کےنقطۂ اشتعال کا تعین کرنے والی آزمائش یا ٹیسٹ ۔

Flash-wheel : (n) منحنی آب گذار یا نالی میں گھومتا ہوا ایک قسم کا پہیا جس کے محیط میں پانی کے دھکیلنے والے تختے لگے ہوتے ہیں اور جس کے ذریعہ پانی کی پست سطح کوبلند کیا جاتا ہے ۔

Flasher : (n) شعلہ فشاں ؛ شعلہ آور؛ برق پاش ؛برق زنندہ ؛ برق انداز زود گذر ؛ خیرہ کن روشنی پیدا کرنےوالا ؛ بہت تیز چمکنے یا چمکانے والا ؛ نورافشاں ۔ (۲) چھوٹی قصائی چڑیا کا نام ؛ جلاد پرندہ کی چھوٹی قسم جو کیڑوں اور چھوٹی چڑیوں کی کھال کانٹوں پر کھینچ کر کھاتا ہے ۔ (۳) ایک مچھلی کانام ۔ (٤) شیشیوں کی چادریں بنانے یا انہیں رنگنے والا مزدور ۔ (٥) لامعہ ؛ ٹمٹمیا ۔

Flashily : (adv.) ظاہر نمودنمائش کے طریقے سے؛ دکھاوے کے انداز میں ؛ خیرہ کن طور پر ؛ چمک دمک کے ساتھ ؛ آب و تاب سے ؛ برق انداز طور پر ؛ جھلملاتے ہوئے ؛ بجلی کی طرح برق رفتاری سے ؛ شعلہ فشاں طورپر ۔

Flashing : (n) (کیمیا) لمع ؛ لمعان ؛ (تعمیرات) پن آز ۔

Flashing : (n) (۱) کسی دھات کا وہ ٹکڑا جو چھت کے جوڑوں میں اس لئے لگایا جاتا ہے کہ چھت میں پانی نہ مرے ؛ درز گیر ۔(۲) شعلگی ؛ شعلہ فشانی ؛ شعلہ نمائی ؛ برق افشانی ؛ برق اندازی ؛ تابانی؛ آب وتاب ؛ چمک دمک ؛ تابش ؛ شعلہ باری ؛ جھلملاہٹ ؛ فروزانی ؛ تجلی ؛ جلوہ ؛ جلوہ گری ؛ تنویر ۔ (۳) پایاب پانی سے کشتیوں کو بہالے جانے کےلئے بند سے پانی کا تیز بہاؤ چھوڑنے کا عمل ۔(٤) (شیشہ سازی) شیشےکاپھیلاؤ ؛ پھیلاکر تختہ بنانا؛ شیشہ پر رنگ چڑھانا؛ شیشےکی رنگائی ۔(٥) (برقیات) ہائیڈروکاربن گیس میں گرم کئے ہوئے کاربن کے مہین تار کو کسی سیال میں غوطہ دےکر یکساں موٹائی والا بنانے کا عمل ۔

Flashing-point : (n) وہ درجۂ حرارت جس پر کسی روغن یا ہائیڈروکاربن سے نکلی ہوئی گیس یا بخار جل اٹھتی ہے یا بھڑک اٹھتی ہے ؛ حرارت کا وہ درجہ جہاں تیل وغیرہ کے بخارات میں آگ لگ سکتی ہے؛ نقطۂ اشتعال؛ نقطۂ احتراق ۔

Flashiness : (n) ظاہری نمود ونمائش ؛ دکھاوا؛ خیرہ کن انداز؛

Flashness : (n) دیکھو Flashiness

Flashy : (n) (۱) شرربار؛ شعلہ بار؛ شعلہ فشاں ؛ برق پاش ؛ برق انداز ؛ بھڑکیلا ؛ تاباں ؛ مجلّی ؛ منور ؛ روشن ؛ چمک دار؛ خیرہ کن ؛ شوخ ؛ چمکیلا؛ جھلکتا ہوا ؛ جھلملاتا ہوا ؛ چمک دمک والا ؛ بھڑک دار مگر محض سطحی اور عارضی ؛ بظاہر جاذب نظر مگر کم قیمت ؛ محض دکھاوے کےلئے ؛ محض ظاہری نمود ونمائش کے ساتھ ۔ (۲) (ادبی و مجازی) تیز طبع ؛ طبّاع ؛ ذہین ؛ ذکی ؛ نیز لمحاتی ؛ ناپائدار ؛ عارضی ؛ آنی جانی ؛ پل بھر کا ؛ زرق برق مگر پست ذوق ؛ پر تکلف مگر کم مایہ ؛ بھڑکیلا مگر بے جان ؛ ٹھاٹ کا مگر کم ظرف ؛ سفلہ ؛ کم حوصلہ ؛ سطحی دل کشی رکھنے والا ؛ اوچھا ۔ (۳) زرق برق ؛ پُر تکلف ؛ بھڑکیلا ؛ چندھیا دینے والا ؛ خیرہ کن ؛ فوق البھڑک ؛ نمائشی ؛ خود نما؛ ٹیپ ٹاپ والا ۔ (٤) شان والا ؛ جلوہ گر؛ جلوہ فروش ؛ مستعد ؛ سرگرم ؛ شان دکھلانے والا ؛ نمودیا ؛ بانکا ؛ چھیلا ۔

Flask : (n)[OE.'flasce','flaxe.'] (۱) دھات یا چمڑے کی (یا قبل سینگ کی) وہ ڈبیا یا پیٹی جس میں شکاری اپنا بارود رکھتے ہیں ۔ (۲) اٹلی کا بنا ہوا لانبی اور تنگ گردن کا شراب یا تیل کا شیشہ یا بوتل جس پر حفاظت کےلئے گھاس یا بید کا خول چڑھا ہوا ہوتا اور جس میں اٹلی سے شراب اور روغنیات باہر بھیجے جاتے ہیں ؛ بوتل نیز اس بوتل میں رکھی ہوئی چیز ؛ فلاسک ۔ (۲) دھات یا شیشے کی بوتل (جس میں عموماً چمڑا چڑھا ہوا ہوتا ہے) سفری بوتل (سفر میں شراب وغیرہ لے جانے کے لئے)؛ قمقمہ ؛ صراحی ۔ (۳) (کان کنی) ۷٦ پونڈ گنجائش والی آہنی بوتل جس میں پارہ بھر کر بازاروں میں بھیجتے ہیں ۔ (۵) (صفاری) بکس یا چوکٹھا جو ڈھلائی کے لئے مٹی یا بالو رکھنے کے کام آتا ہے ۔

Flask : (v) فلاسک میں رکھنا یا بھرنا ؛ بوتل میں بھرنا ۔

Flask-leather : (n) بارود کی ڈبیا کو باندھنے والا فیتہ ؛ بارود کی ڈبیا کا بندھن ۔

Flask-shell : (n) ایک قسم کا گھونگا جس کی شکل فلاسک جیسی ہوتی ہے ۔

Flasket : (n) [OF.flasquet.'] (۱) لمبی اوراتھلی ٹوکری ؛ کپڑے رکھنے کی ٹوکری ؛ نیز دھات کی بنی ہوئی ایسی ہی کوئی چیز ۔ (۲) بوتلی ؛ چھوٹی بوتل یاصراحی ؛ چھوٹا فلاسک ؛ (روز مرہ) کپڑے وغیرہ دھونے کا اتھلا ہوا ٹب ؛ کٹھوت ؛ گملا ۔

Flasque : (n) (۱) دیکھو Flask- (۲) (نقابت) نقابت کا ایک نشان ؛ دیکھو Flanch ۔

Flat : (a)[ME.] (۱) چپٹا ؛ ہموار؛ سپاٹ ؛ زمین کی متوازی سطح ؛ افقی ؛ پھیلا ہوا ؛ (کیمیا) چپٹی زمین پر پوری لمبائی میں پڑا ہوا ؛ زمین دوز ؛ کوئلے کی دھاری یا پرت جو اُٹھی ہوئی نہ ہو ۔ (۲) مسطح ؛ چکنا ؛ ہموار ؛ چورس ؛ چوپٹ ؛ یکسار ؛ چوڑی سطح اور بہت کم گہرائی ؛ کف دست ؛ فرشی ۔ (۳) سست ؛ بے جان ؛ اترا ہوا ؛ بے لطف ؛ افسردہ حال ؛ بے حس ؛ کند ؛ ماند ؛ دھندلا ؛ ساکت ؛ کساد ؛ راکد ؛ دل شکستہ ؛ خستہ حال ؛ سرد ؛ دھیما ؛ پست ۔ (٤) جس کو بہ آسانی دھوکا دیا جاسکے یا بیوقوف بنایا جاسکے ۔ (۵) قریب قریب رکھا ہوا ؛ پہلو بہ پہلو رکھا ہوا ۔ (٦) (کاغذ سازی) بغیر موڑے ہوئے باندھا یا پیک کیا ہوا ۔ (۷) غیر خمیدہ ؛ بے دندانہ یا بے اُبھار سطح ؛ بے تنوع ؛ یکساں ؛ یکدست ؛ ہموار ؛ مسطح ۔ (۸) (نقاشی) غیراُبھروا ں ؛ بغیر اُبھار والی ؛ غیر منبت کاری شدہ ؛ سادہ ۔ (۹) چوڑا اور پتلا ؛ کشادہ اور کم موٹائی والا ؛ پھیلا مگر اُتھلا ہوا (برتن) ۔ (۱۰) مطلق ؛ صریح ؛ ناطق ؛ قطعی ؛ واجب التعمیل ؛ لازمی ؛ ناقابل انکار یا توقع ، (اب خاص کر ؛ انکار مخالفت وغیرہ کے لئے مستعمل ہے) ؛ حتمی ؛ دو ٹوک ؛ غیر مشروط ۔ (۱۱) (غیرشاعرانہ) معمولی ؛ روکھا پھیکا ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ بےنمک ؛ بے کیف ۔ (۱۲) (شراب) باسی ؛ بےمزہ ؛ پھیکی ؛ اتری ہوئی ۔ (۱۳) دھیمی ؛ پست ؛ غیر واضح ؛ مردہ؛ (آواز وغیرہ) ۔ (١٤) (موسیقی) پست زیر و بم والا (سر یا مغنّی) ؛ مناسب زیر و بم سے نسبتاً پست؛تھوڑا ؛ ذراسا؛ خفیف ؛ ناقابل لحاظ(وقفہ فصل یا پیمانہ) ۔ (۱۵) (گرامر) مسموع ؛ ظاہر ؛ پوری آواز والا ؛ (مصمتہ) ۔ (۱٦) (تجارت) نا متغیر ؛ مقررہ ؛ معین ؛ ثابت ؛ مستقل ۔

Flat : (n) (موسیقی) وہ سُر جو طبعی چڑھاؤ سے بقدر نیم سُر کےنیچے کیا گیا ہو ؛ سر ۔ (۲) کسی چیز کا چپٹا حصہ ؛ مسطح زمین ؛ میدان ؛ نیچی زمین ؛ نشیب ؛ دلال ؛ پانک ؛ چپٹی ؛ ہموار یا مسطح چیز ؛ تلوار وغیرہ کی چپٹی سطح ؛ کھیت ۔ (۲) چپٹے تلے کی کشتی ؛ اتھلی ٹوکری یا ٹوکرا ۔ (٤) (تھیٹر) پردہ منظر کا وہ حصہ جو چوکھٹے میں جڑا ہوا ہو ۔ (۵) مکان کا

ایک حصہ ؛ چھت کا افقی یا مسطح حصہ ۔ (٦) گھوڑ دوڑ کا میدان جس میں ٹٹیاں یا خندقیں نہ ہوں ؛ ہموار اورمسطح ریس کورس ؛ افقی ہموار مسطح ؛ بالکل ہموار ؛ جو ڈھلوان نہ ہو ۔ (٧) (کان کنی) معدنیات کی سطح یا دھاری ؛ دھات کی مسطح درز یا دھاری یا اُس کا کوئی مسطح حصہ ۔ (٨) مسطح قطعہء زمین ؛ میدان ؛ ہموار خطہ (بخلاف کوہستان) ؛ میدانی علاقہ ؛ (مجازاً) ہموار ؛ سادہ ؛ آسان ؛ سیدھا سادہ ؛ بےرنگ ؛ بے آرائش چیز ۔ (٩) (عموماً جمع) ایک حد تک مسطح آب گذار جس کے اوپر سے جوار بہتا ھے ۔ (١٠) اُتھلا مقام ؛ چھچھلا پانی والا مقام ؛ پایاب مکان ؛ چھچھلے پانی والی جگہ ۔ (١١) کوئی بھی چوڑی اور پتلی چیز ۔ (١٢) کشادہ اور اُتھلی چیز ؛ تھالی قاب وغیرہ ۔ (١٣) (جہاز سازی) (جمع) جہاز کے فرش والی شہتیریں جو جہاز کے بیچ میں ڈھلوان نہیں ہوتیں ؛ کسی مخصوص کمرے کا جزوی فرش یا عرشہ ۔ (١٤) (عمارتی نقاشی) وہ سطح جس کی نقاشی بےجان ہو ؛ نیز اس کےلئے استعمال شدہ رنگ ۔ (١٥) (عامیانہ) بے وقوف ؛ گاؤدی ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ ایسا شخص جس کو باآسانی دھوکا دیا جاسکے یا جو بےوقوف بنایا جاسکے ؛ بھولا ؛ ضعیف العقل ۔ (١٦) مسطح آئینہ یا عکاس ۔ (١٧) ہوا نکلا ہوا ٹائر ؛ پھٹا ہوا ٹائر ۔ (١٨) کاغذ کا بے مڑا لکھنے کا چکنا کاغذ ۔ (١٩) ناتراشیدہ ہیرے کی ایک قسم ۔ (٢٠) (رقص میں) بھر پور قدم ۔ (٢١) ہتھیلی ۔

B.D.E. etc.flat : B,D,E وغیرہ سے قدرے چست ذیلی سر ۔

His speech fell flat : اس کی تقریر بےاثر رہی ۔

Market is flat : بازار گرا ہوا ھے ؛ مندا ھے ۔

Prices are flat : قیمتیں گری ہوئی ہیں ۔

That's flat : جس میں شبہ کی گنجائش نہیں ؛ بے ریب وشک ؛ بس یہ حرف آخر ۔

To fall flat : زمین پر اوندھا گرنا ؛ ناکام ؛ بے اثر ہونا ؛ تعریف وتوصیف سے محروم رہنا ۔

To make flat : (صنعت و حرفت) چوڑا یا چپٹا کرنا ۔

Flat : (n) [Altered f. Fiet. origin.] مکان کی منزل ؛ مکان کی منزل پر چند کمروں کا رہائشی مقام ۔

Flat : (v) (١) (موسیقی) سُر مدھم یا کمزور ہونا ۔ (٢) مسطح کرنا؛ چپٹا کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ چکنا کرنا؛ تختہ نما بنانا ؛ چپٹا ہونا یازیادہ چپٹا ہو جانا ۔ (٣) (جہاز رانی) مستول کے برعکس (خلاف بادبان کا) افقی طور پر دباؤ ڈالنا ۔ (٤) ہلکے یا پھیکے یا مدھم رنگ سے (کسی سطح کو) رنگنا ۔ (٥) (گاڑی سازی) وارنش کی ہوئی سطح سے چمک کو دور کرنا ۔ (٦) (امریکا) عاشق کو پھٹکار دینا؛ نامنظور کردینا ؛ عاشق کو منہ نہ لگانا ؛ مسترد کردینا ۔

To flat out : رفتہ رفتہ دبلا یاپتلا ہوتے جانا ؛ (مجازاً) فقدان ظاہر کرنا؛ ہمت ہارجانا ؛ حالت سقیم ہوجانا ؛ ڈھیر ہوجانا ۔

Flat : (adv.) حتمی طورپر ؛ قطعی طور پر ؛ مطلقاً ؛ اثباتی یا ادعائی طورپر ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور پر ؛ بین طور پر؛ صریحاً ؛ ظاہرہ ؛ صاف صاف؛ بے کم و کاست؛ پورے طور پر ؛ کامل طور سے ؛ بالکل بھر پور ؛ کلیتاً ؛ سراسر ؛ فی الجملہ ؛ لازماً ؛ یقیناً ؛ ضروری طور پر ۔

Flat arch : (n) (تعمیرات) ایک قسم کی محراب جس میں دینے ہوئے پچر کی قسم کی شکل کے کنارے اس طرح کئے ہوئے ہوتے ہیں کہ ایک دوسرے کو سہارا دیں لیکن ان کے سرے اوپر اور نیچے تقریباً ایک سیدھے خط میں ہوں ؛ سپاٹ محراب ۔

Flat base : (n) چپٹا پیندا ۔

Flat bear : (n) شراب جس کا اُبال ختم ہو گیا ہو ؛ باسی شراب ؛ اُتری ہوئی شراب ۔

Flat-bedded : (a) (ارضیات) فطری طور پر ہموار یا مسطح شگاف والا ۔

Flat-bill : (n) ایک قسم کی چوڑی یا چپٹی چونچ والی چڑیا ۔

Flat blasphemcy : (n) کفر مطلق ۔

Flat boat : (n) (١) کشتی جس کی تلی اُتھلے پانی میں استعمال کئےجانےکےلئے چپٹی ہو۔ (٢) (امریکا) ایک لمبی معمولی طورپر بنی ہوئی کشتی جو مغربی ندیوں میں سامان لانے لے جانے کےلئے پہلے کثرت سے استعمال کی جاتی تھی ۔

Flat boat : (v) چپٹی تلی والی کشتی پر سفر کرنا ؛ چپٹی تلی والی کشتی کا انتظام کرنا ؛ اس طرح کی کشتی پر سامان بھیجنا ۔

Flat-bottom : (n) چپٹی پیندے والی کشتی : (کیمیا) چپٹے پیندے والا ۔

Flat-bottomed : (a) چپٹی پیندے والی ، (خصوصاً کشتی) ۔

Flat brick : (n) (تعمیرات) پٹ اینٹ ۔

Flat candlesick : (n) ایک شمع دان جس کی نشست چوڑی ہو اور شاخ چھوٹی ہو تاکہ آسانی کے ساتھ ہاتھ میں لے کر چل سکیں ۔

Flat cancellation : (n) یکساں تنسیخ ۔

Flat-cap : (n) لکھنے والے کاغذ کی ایک تختی جو ۱۴+۱۷انچ کی ہو ؛ تحریری کاغذ ۔

Flat-car : (n) (امریکا)پلیٹ فارم نما ریلوے مال گاڑی جس کے کنارے کوئی روک یا اُن پر کوئی چھت نہیں ہوتی ۔

Flat chest : (n) چپٹا سینہ ؛ ایسا سینہ جو سامنے سے گول نہ ہو ۔

Flat chisel : (n) چکناکرنےوالی ایک چپٹی چھینی یابسولی ؛ رندہ ۔

Flat cost : (n) (تجارت) بنیادی لاگت ۔

Flat denial : (n) غیر مشروط اورصاف انکار ؛ دوٹوک انکار ۔

Flat drill : (n) چپٹا برما ۔

Flat fish/Flat-fish : (n) مچھلیوں کی ایک قسم جن کا جسم بچپن میں گول اور آگے چل کر چوڑا ہوتا جاتا ہے ۔

Flat-foot : (n) (۱) پاؤں کی وہ حالت جس میں ٹخنے کی ہڈیاں قدرے محراب نما یاغیرمحراب نما ہوتی ہیں (طب) روح القدم ؛ چپٹا پا ۔(۲) چپٹے پاؤں والا شخص ۔(۳) (جمع میں) (عامیانہ) سپاہی خصوصاً کشتی دستے کا سپاہی ۔(٤) (عامیانہ) (جمع میں) بادبان ۔

Flat footed : (a) (۱) ایسا شخص جس کی پُشت پا اُبھری ہوئی نہ ہو ؛ سپاٹ پاؤں کا؛ چوڑے چکلے پاؤں کا ۔(۲) (امریکی روزمرہ) سیدھا ؛ سپاٹ اور پورا ۔(۳) مضبوطی سے قدم جماتے ہوئے؛ اٹل ۔(٤) کامل ؛ معین ؛ غیر مذبذب ؛ فیصلہ کن ؛ واضح ؛ صریح ؛ کھلاھوا ۔(٥) غیر چوکنّا؛ غیر مستعد ۔

Flat-footed : (adv.) کھلے طور پر ؛ واضح طور پر ؛ صریحاً ؛ فیصلہ کن طور پر ۔

Flat footedly : (adv.) دیکھو Flat footed

Flat-hat : (v) (۱) ہوائی جہاز میں غیر ضروری طور پر خطرناک اور نا عاقبت اندیش انداز میں بہت نیچائی پر پرواز کرنا ۔(۲) نمائش کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ قابلیت کا اظہار کرنا ۔

Flat-hatter : (v) ہوائی جہاز میں غیر ضروری طور پر خطرناک اور نا عاقبت اندیش انداز میں بہت نیچائی پر پرواز کرنے والا ۔(۲) نمودیا ؛ قابلیت جتانے والا ۔

Flat-head : (n) (۱) چپٹے سر والا ؛ سپاٹ سر والا خصوصاً شمالی امریکی ہندوستانیوں کے ایک قبیلے کا کوئی فرد جس کے بارے میں غلطی سےیہ فرض کرلیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے سروں کو مصنوعی طور پر چپٹا کردیتا ہے ۔ (۲) (آسٹریلیا) چپٹے سر والی مچھلیوں کی ایک قسم؛ (امریکا) ایک قسم کا سانپ جو اپنے سر کو چپٹا کر لیتا ہے ۔ (۳) (تعمیرات) محراب کی اندرونی قوس کی ہموار اور غیر کندہ سطح والی آرائش ۔(٤) بےوقوف ؛ سادہ لوح آدمی ۔

Flat-headed : (a) (۱) چپٹے سر والا ؛ سپاٹ سر والا ۔ (۲) بے وقوف ؛ کند ذہن ؛ غبی ؛ سادہ لوح ۔

Flat impression : (n) (طباعت) سادہ پروف ؛ سادہ کاپی جو نیچےیا اوپرکاغذکی تہ دئےبغیر چھاپی گئی ہو ۔

Flat iron : (n) کپڑوں پر استری کرنے کا لوہا ؛ استری ۔

Flat-iron : (v) کپڑوں پر استری کرنا ۔

Flat jointed pointing : (n) (تعمیرات) چپٹی ٹیپ کاری ۔

Flat land : (n) (۱) خلاء میں دو ابعاد (لمبائی چوڑائی) والی ایک سر زمین ۔(۲) اس کا کشادہ خیالی سر زمین جو خلاء میں ہے ؛ میدانی علاقہ ؛ ہموار سر زمین والا خطہ ۔

Flat lander : (n) میدانی علاقہ میں رہنے والا ؛ میدانی علاقے کا باشندہ ۔

Flat machine : (n) بُنائی کی مشین جس میں عمودی طور پر لگےہوئے ایک چپٹے تختے پر سوئیاں لگی ہوتی ہیں ۔

Flat nail : (n) ایک چھوٹی تیزنوک والی کیل جس کا سر چپٹا اور پتلا ہوتا ہے ۔

Flat-nose : (n) چپٹی ناک والا شخص : نک چپٹا ۔

Flat-nose/-nosed : (a) نک چپٹا ؛ چپٹی ناک والا ؛ افطس ۔

Flat nonsense : (n) قطعاً مہمل ۔

Flat out : (a) (۱) (خاص کر بول چال)صاف ؛ واضح ؛ کھلاھوا ؛ صریح ؛ سادہ ۔ (۲) (خاص کر برطانیہ میں) انتہائی تیز (رفتار) ۔

Flat out : (adv.) (۱) (خاص کر بول چال) صاف گوئی سے ؛ دو ٹوک ؛ کھلے طورپر ؛ واضح انداز میں ۔ (۲) انتہائی تیز رفتاری سے ۔

Flat pull : (n) دیکھو Flat impression

Flat race : (n) ہموار زمین پر گھوڑ دوڑ جس میں ٹٹیاں اور خندقیں کھودنی نہ پڑیں ؛ صاف اور ہموار میدان میں ہونے والی دوڑ ۔

Flat rail : (n) ریل کی پٹری جو ایک سادہ چپٹی چھڑ پر مشتمل ھوتی ھے اور جسے میخوں کے ذریعہ لمبے تختے پر جڑ دیا جاتا ھے ۔

Flat rate : (n) شرح قیمت جو ہر حال میں یکساں رھے اور کسی نسبت سے گھٹتی بڑھتی نہ ھو ، (تجارت) یکساں شرح ؛ یکساں نرخ ۔

Flat refusal : (n) قطعی انکار ؛ صاف انکار ۔

Flat reinsurance : (n) نئے بیمے کا وہ معاہدہ جسے مسترد یا یا تبدیل نہیں کیا جاسکتا ؛ قطعی انتقال بیمہ ۔

Flat response : (n) (طبع) یکساں تاثر ۔

Flat rod : (n) (کان کنی) دوری پر رکھے ھوئے پمپ یا مشین تك افقی طور پر انجن سے قوت یا حرکت منتقل کرنے کےلئے استعمال ھونے والے چھڑوں کے سلسلوں میں سے ایک ۔

Flat roof : (n) پانی کی نکاسی کےلئے مسطح چھت ؛ سپاٹ چھت ۔

Flat rope : (n) چپٹا رسہ ؛ کئی رسّوں کو یکجا سی کربنا یا ھوا ایك چوڑا پٹا ۔

Flat-sheets : (n) (ارضیات ، معدنیات) باریك پرتیں ، مسطح دھاریاں ، خالی درزیں یا معدنیات کےتہ نشین مادے جو عموماً اپنے قریب والی پرتوں سے مختلف ھوتی ہیں ؛ اکثر سکڑے ھوئے یا محدود تہ نشیں مادے ۔

Flat silver : (n) چاندی کی یا چاندی سے ملمع کئے ھوئے چاقو ، چھڑی اور دیگر کھانے کے ظروف ۔

Flat structure : (n) (تجارت) چپٹا ڈھانچا ۔

Flat surface : (n) چپٹی سطح ۔

Flat tail/-mullet : (n) ایك قسم کی آسٹریلیائی سمندری مچھلی جسے بعض علاقوں میں بڑے چاؤ سے کھایا جاتا ھے ۔

Flat tint : (n) یکساں رنگوں میں سے کوئی ایك ؛ یك میل رنگ ۔

Flat tone : (n) (طبیعیات) کومل سُر ۔

Flat-tool : (n) (۱) مُڑی ھوئی روکھانی جو دونوں کناروں اورمربع نما سرے کو کاٹتی ھے ۔(۲) مخروطی شکل کا ایك اوزار جو منبت کاری اور اُبھرواں نقاشی میں استعمال ھوتا ھے ۔

Flat tuning : (n) (ریڈیو) غیر واضح ہمسُروی ۔

Flat-ware : (n) طشتری ؛ رکابی ؛ تھالی؛ طشت ؛ تھال ؛ پلیٹ اورایسے ہی دوسرے برتن جو کٹورے ، ہانڈی وغیرہ گہرے برتنوں سےمختلف ھوں ؛ اُتھلے برتن۔

Flat ware : (n) (۱) میز کے سامان یا اسباب جو کم وبیش چپٹے اور ہموار ھوتے ہیں نیز جو عموماً ایك ہی ٹکڑے سے بنے یا ڈھالے ھوئےھوتے ہیں ۔ (۲) رکابیاں ؛ قابیں ؛ طشتریاں ؛ طشت ؛ تھالیاں ؛ پلیٹیں (جو پیالوں کی طرح گہری نہیں ھوتیں)۔(۳) میز ؛ چھتری؛ چاقو ؛ کانٹے چمچے اور دوسری ایسی چیزیں ۔

Flat ware house : (n) یك منزلہ عمارت یا کمرہ جو بورا بند غلہ رکھنے کے کام آتا ھے ۔

Flat-way/-wise : (adv.) وہ حالت جب کسی چیز کی چپٹی یا ہموار سطح اوپر ھو ، سامنے ھو یا کسی دوسری سطح سے ملی ھوئی ھو ، چوڑے اورمسطح رُخ پر (کنارے کے رُخ پر نہیں) ۔

Flat weed : (n) شمالی امریکا میں ھونے والی ایك یوروپی گھاس جس کے سروں پر پیلے پھول ھوتے ہیں اور جس کی پتیاں بلی کے کان سے مشابہ ھوتی ہیں ۔

دلی ؛ پژمردگی ؛ لاغری ؛ ناطاقتی ؛ ناتوانی ۔ (۸) (مصنف وغیرہ کی) غیر شاعرانہ یا غیر ادیبانہ سستی ؛ فرسودگی ؛ بدمزگی ؛ روکھا پن ؛ پھس پھساپن ۔ (۹) (فوٹو گرافی) دھند ۔

Flats : (n) تاش کا بازاری نام (لوہا) پتیاں ۔

Sharps and flats : پیانو کے تختے کی سیاہ چابیاں ؛ (نیز از راہ ابہام) عیار؛ دغاباز یا ان کے ستائے ہوئے لوگ ۔

Flatted : (a) چپٹا کیا ہوا ؛ مسطح کیا ہوا ؛ ہموار کیا ہوا ۔

Flatten : (v) (۱) چپٹا کرنا ؛ سپاٹ کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ مسطح کرنا ۔ (۲) چپٹاہونا ؛ مزید چپٹا ہونا (.out کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ۔ (۳) دھیما ہونا ؛ کم ہونا ؛ ہوا یا طوفان کا زور کم ہونا یا ٹوٹنا ۔ (٤) بے جان کرنا ؛ سست کرنا ؛ بے مزہ کرنا ؛ بے رنگ و نمک کرنا ؛ غیر دلچسپ بنا دینا ، سست ، پژمردہ یا کم زور ہوجانا ؛ مدھم ، دھندلا یاضعیف ہو جانا ۔(۵) (موسیقی) کسی سر کو نیچا کرنا ۔ (٦) (نقاشی کو) چمک دمک سے محروم کردینا ؛ تابانی، درخشانی، بارونق چھین لینا ؛ تجلی یا نور سے محروم کردینا ۔ (۷) (ہوا بازی) ہوائی جہاز کو زمین سے متوازی حالت میں کر لینا نیز ہوائی جہاز کا زمین کے متوازی حالت میں ہوجانا ۔ (۸) کچل کر مارڈالنا یا برباد کر دینا ۔

To flatten in a sail : (جہاز رانی) باد بان کو کشتی کے تقریباً پورے حصے پر یا آگے سے پیچھے تک پھیلا دینا ۔

To flatten out : (ہوا بازی) ہوائی جہاز کو زمین سے متوازی حالت میں کرلینا ؛ نیز ہوائی جہاز کا زمین کے متوازی حالت میں ہو جانا ۔

Flattener : (n) (۱) چپٹا کرنے والا ؛ مسطح کرنے والا ؛ ہموار کرنے والا ؛ تھاپی (آلہ) ۔ (۲) پژمردہ کن ؛ افسردہ کن ؛ کمزور کرنے والا ؛ دھندلا کرنے والا ؛ رونق یا چمک دمک سےمحروم کرنےوالا ۔ (۳) چپٹا یا ہموار کرنے کے لئےاستعمال ہونے والی چیز ؛ رونق یا تابانی کو ختم کردینے والی چیز ۔

Flattening : (n) (۱) چپٹا، سپاٹ یا ہموار ہونے یا کرنے کا عمل ؛ تسطح ۔ (۲) (شیشہ سازی) شیشے کے تختوں کو چپٹا ، مسطح کرنے کا عمل یاطریق عمل ۔ (۳) چپٹا ، ہموار ، مسطح یا سپاٹ ہونے

Flat work/-wash : (n) چادریں تولیے ؛ میز پوش وغیرہ جنھیں مشین میں دھولیا جاتا ہے بخلاف ان کپڑوں کے جنھیں استری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔

Flat work ironer : (n) کل دار استری جس میں گرم استوانوں کے درمیان سے کپڑوں کو گذار کر استری کی جاتی ہے ۔

Flat worm : (n) (حیوانیات) کیچوا ۔

Flat wrack : (n) چوڑے پتوں یا ورق نما اعضاء والی بحری گھاسوں کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایک ۔

Flated : (a) (صوتیات) مصمتے کی آواز کا ؛ مصمتہ ؛ اوتار صوت میں ارتعاش پیدا کئےبغیر سانس کے ذریعہ پیدا شدہ (آواز) ۔

Flatling : (a) کسی ہتھیار کے چپٹے کنارے سےپہنچائی ہوئی (ضرب) ۔

Flatling(s) : (a) (۱) (متروک بول چال) پورے طور پر کشادہ ؛ ہموار؛ مسطح ؛ سپاٹ؛ چپٹا ۔ (۲) چپٹے کناروں کے ساتھ ؛ چپٹے پہلوؤں والا ۔ (۳) عمودی طورپر (حرکت)۔ (٤) (بول چال) سپاٹ طورپر ؛ ہموارلہجے میں ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور سے ؛ تحکمانہ ؛ قطعاً ؛ لازمی طورپر ۔

Flatly : (adv.) (۱) قطعاً ؛ صاف طورپر ۔ (۲) تھوڑے خم کے ساتھ ؛ قدرے منحنی ۔ (۳) غیر ابھرواں ؛ غیر منبت کاری شدہ ؛ بغیر ابھار والا ۔ (٤) سادہ طور پر ؛ صاف صاف ؛ دوٹوک ؛ صاف گوئی سے؛ معینہ طور سے ؛ فیصلہ کن طورپر ؛ قطعاً ؛ صریحاً ؛ کلیتاً ؛ مطلقاً ؛ بالکل ؛ پورےطور سے؛ مکمل طورسے ؛ مجملاً ؛ اتماماً ؛ بے دلی سے ۔ (۵) بے لطف انداز میں ؛ بے مزہ ہو کر ؛ بے رغبتی سے ؛ غیر مشتاقانہ ۔

Flatness : (n) (۱) چپٹا پن ؛ ہمواری ؛ سپاٹ پن ۔ (۲) (مجازاً) بے مزگی ۔ (۳) کشادگی ؛ پھیلاؤ ؛ کم خمیدگی ؛ کم انحنائیت ؛ قدرے منحنی ہونے کی صفت ؛ ابھرا ہوا نہ ہونا ؛ غیر ابھرواں ؛ غیر منبت کار ؛ نمایاں نہ ہونا ؛ بےنمائیت ؛ بےنمودی ۔ (٤) (گفتگویاتحریر کی) سادگی ؛ راستی ؛ ہمواری ؛ بے تکلف پن ؛ کھراپن ؛ قطعیت ؛ مطلقیت ؛ صراحت ؛ وضاحت ۔ (۵) دل چسپی یا احساس ذمہ داری کا فقدان یا کمی ۔ (٦) مردہ دلی ؛ مردمی ؛ موت ۔ (۷) حوصلہ یا توانائی کا فقدان یا کمی؛ بے دلی ؛ انقباض خاطر ؛ افسردہ

کی حالت ۔ (٤) پژمردگی ؛ افسردگی ؛ بے دلی ؛
کمزوری ؛ بے رونقی ؛ بےلطفی ۔

Flattening oven : (n) گرم کرنے والا کمرہ یا بھٹی جس میں شیشے کے استوانوں کو دھیمی دھیمی آنچ دے کر چپٹا اور ہموار کیا جاتا ہے ۔

Flattening stone : (n) شیشے کو گرم کر کے چپٹا بنانے والی بھٹی میں استعمال ہونے والا پتھر ۔

Flatter : (n) (١) چپٹا، سپاٹ یا ہموار کرنے والا ؛ مزدور ۔ (٢) چپٹا کرنے والا اوزار ؛ چوڑے منہ والا ہتھوڑا جسے لوہار استعمال کرتے ہیں ، سپاٹ ہتھوڑا ۔

Flatter : (v) [ME.'flatteren.'] (١) چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا؛ پھسلانا؛ ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا ؛ سراہنا ؛ کسی شخص کی خود پسندی کو تقویت پہنچانا ؛ چڑھانا ؛ ایسی باتیں کرنا جسے سے دوسرا شخص اپنے کو بہت بُرا آدمی سمجھنے لگے ؛ ریشخند کرنا ۔ (٢) (بےبنیاد) امید دلانا ؛ سبزباغ دکھانا ۔ (٣) اپنے کو محض خیالات اورمنصوبوں سے خوش کرنا ۔ (٤) خواہش پوری کرنا (آنکھ کان کی تسکین کے لئے) ۔ (٥) دوسروں کا دل خوش کرنے کےلئے جوش بیان اور خوشامدانہ کلام میں غلو کرنا ۔ (٦) اپنے مجروح ضمیر یا خود پسندی کے احساس پر مرہم رکھنا ؛ اپنی بےعزتی اورذلت کو بھلا دینا ۔ (٧) تصویر میں (مصور کا) کسی کے حسن صورت کو مبالغہ کے ساتھ ظاہر کرنا ۔ (٨) کسی کی خودپسندی یا خود نمائی کی تسکین کرنا؛ کسی کو اُس کی عظمت واحترام کا احساس دلانا ۔ (٩) خوشامد سےراضی کرنا؛ بہلانا؛ پھسلانا ؛ بہکانا؛ لبھانا؛ فریب دینا ؛ ورغلانا ۔ (١٠) تملق کرنا ؛ محظوظ کرنا ۔

Flatterer : (n) خوشامدی ؛ چاپلوسی کرنے والا ؛ چرب زبان ؛ چاپلوس ۔

Flattering : (a) خوشامد کرنے والا ؛ خوشامدی ؛ خوشامد سے راضی کر لینے والا ؛ بہلانے والا ؛ پھسلانے والا ؛ لبھانے والا ؛ ورغلانے والا ؛ فریبی ۔

Flatteringly : (adv.) خوشامدانہ؛ چاپلوسی سے؛بہلاپھسلاکر ؛ خوشامد کرکے ۔

Flattery : (n) [F.'flatterie.'] (١) خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ تملق ؛ چرب زبان ؛ ریشخند ؛ جھوٹی بڑائی ؛ جھوٹی تعریف؛ بہلاوا؛ مداہنت؛ دلخوشی ۔ (٢) (مجازاً) مسرت بخش دھوکا ؛ تسکین دہ فریب ۔

Flattie/Flatty : (n) (١) چپٹا ؛ سپاٹ ۔ (٢) مشرقی امریکا جنوبی آبنائیوں میں چلنے والی ایک چھوٹی کشتی جس کا پیندا چپٹا اور کنارے کھڑے ہوتے ہیں ۔ (٣) چپٹی ایڑی یا بغیر ایڑی والا ؛ جوتا یا چپل ۔ (٤) (عامیانہ)پولس مین ؛ سپاہی ۔

Flatting : (n) چپٹا، ہموار یا مسطح کرنے کا عمل یا طریق عمل خصوصاً دھات کی چادریں بنانے کا طریق عمل ؛ شیشوں کے تختے بنانے کا عمل ؛ شیشے کے استوانوں کو چپٹا کرنے کا عمل ؛ (ملمع سازی اور مکان کی نقاشی) چمک دار نقاشی سے کسی سطح کو ڈھک دینا نیز استر ؛ سطح پر پھیلائی ہوئی تہ ۔

Flatting agent : (n) استر کاری (پینٹ یا وارنش) میں ملایا جانے والا ایک مسالا جو سطح کو دھات نما یا دھات کے رنگ کی بنادیتا ہے ۔

Flatting-mill : (n) چپٹا کرنے والی مشین ؛ دھات کی چادریں بنانے والی مشین خصوصاً وہ جو دھات کی چادریں بنا کر اُن سے پٹریاں بناتی ہے جن سے کاٹ کر سکّے بنانے کےلئے سادہ سکّے یا دھاتی قرص نکالے جاتے ہیں ۔

Flatting oil : (n) ایک قسم کا سیال جسےرنگ سازی والےرنگ میں ملا دینے سے ایک ایسا پینٹ تیار ہوتا ہے جو خشک ہونے پر سادہ یا دھندلا نظر آتاہے ۔

Flattish : (a) قریب قریب چپٹا ؛ مثل چپٹے کے ؛ قدرے سپاٹ ، ہموار یا مسطح ۔

Flatulence : (n) (١) باد شکم ؛ موٹاپا ؛ نفخ شکم ؛ گیس یا ہَوا سے بھرے ہوئے ہونے کی حالت ؛ ابھراؤ ۔ (٢) غذائی نلی کےگیس سے پُر ہونے کی حالت ؛ حالت نفخ نیز غذاؤں میں ایسی حالت پیدا کرنے کا میلان ۔ (٣) (مجازاً) بد دماغی ؛ غرور ؛ تکبر ؛ طمطراق ؛ خودبینی ؛ خودنمائی ۔

Flatulency : (n) (١) غذائی نلی کے گیس سے پُر ہونے کی حالت نفخ نیز غذاؤں میں ایسی حالت پیدا کرنےکا میلان ۔ (٢) (مجازاً) بد دماغی ؛ غرور ؛ تکبر ؛ طمطراق ؛ خودبینی ؛ خود نمائی ۔

Flatulent : (a)[L.f.'flatus.'] (١) ریاح پیدا کرنےوالا ؛ ریاح سے بھرا ہوا ؛ بادی ؛ نفاخ ؛ ہوا سے بھرا ہوا ؛ ریاحی ؛ غذائی نلی میں گیس پیدا کرنے والا ۔

(۲) خود بیں ؛ مغرور ؛ بد دماغ ؛ متکبر ؛ بےبنیاد اور بڑے دعوے کرنےوالا؛ ڈینگیل ؛ نمائشی ؛ خود پسند؛ خودبینی؛ ادعائی ؛ لفّاظ ؛ بے مغز ؛ خالی خولی ۔ (۳) غذائی نلی میں ریاح کے ساتھ یا اس سے پیدا شدہ ؛ نفخ شکم یا اجتماع ریاح کی شکایت میں مبتلا (اشخاص) ۔

Flatulent colic : (n) (طب) قولنج ریحی ۔

Flatulently : (adv.) موٹا پے کے ساتھ؛ نفخ کے ساتھ؛ ریاح آور یا نفاخ طور پر ؛ (مجازاً) خود بینی سے ؛ متکبرانہ ؛ مغرورانہ ؛ بد دماغی سے ۔

Flatulentness : (n) موٹاپا ؛ نفّاخی ؛ تکبر ؛ بد دماغی ؛ خود بینی ؛ غرور ۔

Flatus : (n) [L.f.'flare.'] (۱) سانس ؛ دم ؛ نفس ؛ پھونک ؛ ھوا کا جھونکا ؛ بادنسیم ۔ (۲) (مرضیات) معدہ اور آنتوں میں ریاح ؛ بائی، باد ؛ باؤ ؛ باد شکم ؛ ریح ؛ نفخ ؛ اپھراؤ ۔ (۳) مریضانہ سوزش اور ورم ۔

Flaubertian : (n) [Gustave 'Flaubert.' Fr.novelist.] فلوبیر یا اس کے حقیقت پسندانہ ناولوں سےمتعلق یا ان کی صفات والا ۔

Flaucht./Flaught : (n) [ME.'flaght.'] (۱) اون کا یا برف کے گالوں کا ہلکا گچھا یا لچھا ؛ تکۂ برف ؛ دانۂ برف؛ اون ، روئی یا برف کےگالوں کی دھاری ۔ (۲) کسی جلتی ہوئی یا مشتعل چیز سےٹوٹ کر گرا ہوا آتشیں حصہ ؛ جرقۂ آتش یا رعد وبرق ؛ آذرخش ۔ (۳) (اسکاٹستانی) یکبارگی دھماکا ؛ اچانک پھٹ پڑنا ۔

Flauchter/Flaughter : (n) (اسکاٹستانی) کپکپاہٹ؛ جھلملاہٹ؛ سنسناہٹ ؛ جھنجھناہٹ ۔

Flauchter/Flaughter : (v) (۱) (خاص کر اسکاٹستانی) کانپنا ؛ جھلملانا ، ٹمٹمانا ؛ جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز نکلنا ؛ آگے پیچھے حرکت کرنا ؛ پر جھاڑنا ؛ پھڑ پھڑا نا ؛ پر مارنا ۔ (۲) (خاص کر اسکاٹستانی) (جذبات کو) برانگیختہ کرنا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ اُبھارنا ؛ جوش دلانا ؛ اکسانا؛ شراب پلا کر بدحواس کر دینا ؛ نیم مدھوش کردینا ؛ گھبرا دینا؛ پریشان کردینا ۔

Flaught-bred : (adv.) (۱) (اسکاٹستانی) بازو پھیلائے ہوئے ؛ عقاب کی طرح بازو پھیلائے ہوئے (جس میں

ٹانگیں بھی پھیلی ہوئی ہوں) ۔ (۲) شائقانہ ؛ مشتاقانہ ؛ شوق یا سرگرمی سے ۔

Flaunt : (v)[Origin unkn.] (۱) غرور یا شیخی سے جھومنا ؛ اکڑنا ؛ اپنی شان دکھانا ؛ اپنے لباس اور آرائش کی بھڑک دکھانا ؛ اترا کر چلنا ؛ خود فروشی کرنا ۔ (۲) (پروں کا) خوشی سے ہلنا ؛ (چیزوں کا) ضرورت سے زیادہ فوق البھڑک ہونا ۔ (۳) مظاہرہ کرنا ؛ دکھانا ؛ دکھاوا کرنا ۔

Flaunt : (n) (شاذ) مغرورانہ چال ؛ اکڑ ؛ لباس اور آرائش کی نمائش ۔

Flaunting : (a) خوشی سے یا مغرورانہ جھومتے ہوئے ؛ گھمنڈی ؛ متکبر ؛ نمودیا ؛ شیخی باز ؛ اِترانے والا ۔

Flauntingly : (adv.) شیخی کے ساتھ؛ اتراکر ؛ مغرورانہ انداز میں ؛ گھمنڈ سے ۔

Flaunty : (a) شیخی باز ؛ خود فروش ؛ خود نما ؛ گھمنڈی ۔

Flautando/Flautato : (adv.) [It. f. flauto.] بانسری کی طرح ؛ بانسری کی سی آواز سے (خصوصاً تار والے باجوں کو بجانے میں ہدایت کے طور پر استعمال ہوتا ھے ۔

Flautino : (n)[It.dim.of flauto] (۱) (موسیقی)چھوٹی بانسری ؛ نَے؛ نفیری ؛ ایک قسم کا چھوٹا آرگن ۔ (۲) آرگن میں لگی یکساں سُروں والی بانسریوں میں سے کوئی ایک ۔

Flautist : (n) [It. flautista.] بانسری بجانے والا ؛ نَے نواز ۔

Flauto : (n) [IT.] بانسری ؛ نَے ؛ نفیری نیز آرگن میں لگی یکساں سُر والی مختلف بانسریوں کے نام ۔

Flauto piccolo : (n) آرگن باجے کا ایک پردہ ۔

Flauto trverso : (n) جرمن بانسری ۔

Flavaniline : (n) ایک قسم کا زرد رنگ ۔

Flavescent : (a) [L.f.,flvus.] جو زرد ہو رہی ہو ؛ مائل بہ زردی ؛ زردی مائل ۔

Flaveria : (n) [N.L.] امریکا کے گرم خطے میں پائی جانے والی بوٹیوں کی ایک قسم جن کی پتیاں آمنے سامنے اورننھے زرد پھول خوشوں کی شکل میں ہوتے ہیں ۔

Flavin : (n) (۱) (جراحی)زخموں کو زہر سے بچانےوالی ایک ایک دوا ۔(۲) زرد رنگ جو بلوط سے بنایا جاتا ھے ۔(۳) (کیمیا)لیموں کے درخت کی چھال سے تیار کیا ھوا ایک زرد رنگ کا مسالہ ۔

Flavism : (n) (طب) زردی مُو ۔

Flavo : (comb.) سابقہ بمعنی زرد یا زرد رنگ ۔

Flavorous/Flavourous : (a) خوشبو دار : بو والا : مہک والا : خوشبو سے بھرا ھوا : مزے دار ۔

Flavour/Flavor : (n) [OE.flaur. fleiur.] (۱) مہک : خوشبو : مزہ : چاشنی: لذت : زبان اورناک کا مشترک احساس : ایک خاص قسم کی بو : ذائقہ : مخصوص مزہ ۔(۲) ایسی لذت جس کی تعریف و تشریح نہ کی جاسکے : ذائقہ کی ایک خاص کیفیت جو چیزوں کو ایک دوسرے سےممیز کرتی ھے : خاص قسم کے مزے کا ایک شائبہ ۔ (۳) جبلّی طور پر ودیعت کی ھوئی ناقابل تعریف وتشریح : خصوصی صفت : چٹپٹا پن : اشتہا آفریں : رائحہ (غذا کا) : چاشنی : چٹخارہ ۔

Flavour : (v) (۱) کسی چیز میں کوئی خاص مزہ پیدا کرنا : معطر کرنا : خوش مزہ کرنا : ذائقہ دار بنانا : عبارت آرائی سے نکتہ یا لذت پیدا کرنا : خوش مزہ ھونا : معطر ھونا : چٹپٹا بنانا : مزے دار کرنا : خوشگوار کرنا : بگھارنا : مزہ پیدا کرنا : خوشبو دار بنانا ۔(۲) مزہ چکھنا : ذائقہ چکھنا ۔

Flavoured : (a) (۱) خوشبودار بنانے کےلئے کچھ ملایا ھوا : بگھارا ھوا : خوشبو ڈالا ھوا : معطّر کیا ھوا ۔ (۲) خاص بو والا : مخصوص خوشبو والا : خصوصی مزےوالا: لذیذ: ذائقہ دار: خوشبو دار۔

Flavouring : (n) (۱) بگھار : خوشبودار بنانے کا عمل : لذیذ یا چٹخارے دار بنانے کا عمل : لذت بخش ۔ (۲) خوشبودار بنانے کےلئے استعمال کی جانے والی چیز : خوشبو دارمسالہ : کیوڑا، گلاب وغیرہ ۔

Flavourless : (a) بےمزہ : بے لذت : بے لطف : سادہ (عبارت) ۔

Flavoursome/Flavourous : (a) مزہ دار : بامزہ : لذیذ ۔

Flavous : (a) [f. L. flavus.] زرد : پیلا (خالص زرد) ۔

Flaw : (n) [Origin doubtful.] (۱) شگاف : درز : رخنہ : دراڑ ۔ (۲) نقص : عیب ۔(۳) (قانون) کسی دستاویز ، شہادت؛ روئداد عدالت یا قانونی کاروائی وغیرہ میں ایسا نقص جو اس کو ناجائز بنادے ۔(٤) (اسکاتستانی)ٹکڑا : ٹوٹا ھواحصہ ۔ (۵) گھاس لگا تختہ جو زمین سے کاٹا یا اکھاڑا جائے : دوب تختہ ۔

Flaw : (n) [Origin unkn.] جھکڑ : ھَوا کا سخت جھونکا تھوڑے تھوڑے وقفے سے) : مختصر طوفان : ہلکا طوفان ۔

Flaw : (v) (۱) شگاف پیدا کرنا : بال ڈالنا : خراب کردینا : عیب پیدا کر دینا : بگاڑ دینا : درکا دینا ۔ (۲) پھٹ جانا : شگاف پیدا ھوجانا : درك جانا : دراڑ ھوجانا؛ درز پیدا ھو جانا؛ عیب دار ھو جانا : ناقص ھو جانا ۔

Flaw : (v) (۱) جھکڑ کی صورت ھَوا کا بہنا : تھوڑے وقفوں سے طوفانی ھَواؤں کا بہنا ۔(۲) برہم کردینا : بےترتیب کر دینا : بکھیر کر رکھ دینا (جس طرح طوفانی ھَوائیں کر دیتی ہیں) ۔

Flawless : (n) بےعیب : مکمل : بے درز : بےشگاف : بےنقص ۔

Flawlessly : (adv.) بغیر نقص یا عیب کے : کامل طور سے : مکمل ھو کر ۔

Flawlessness : (n) بے عیبی : اکملیت ۔

Flawn : (a) [med. L. fladoueus.] (متروك) ایك قسم کی کھیر جو دودھ اور انڈے کو ملا کر بنائی جاتی ھے ۔

Flawy : (a) (۱) عیبوں سے بھرا : عیب دار : ناقص ۔ (۲) زوردار : جھکڑ دار : پرجوش : بہت تیز : طوفانی ۔

Flax : (n) [OE.fleax.] (۱) سن کا درخت جس کے پھول نیلے ھوتے ہیں اور جس کے ریشے یا کتان سے کپڑا بنایا جاتا ھے : اس کے بیجوں کو السی کہتے ہیں ۔(۲) اس پودے کے ریشے : سن: پٹ سن ۔ (۳) اس پودے کے ریشوں سےبنا ھوا کپڑا : کتان کا کپڑا : سنئی کا کپڑا : کتان ۔

Cloth of flax سن کا کپڑا ۔

Fibres of flax : سن کےریشے جن سے کپڑا بنایا جاتا ھے ۔

Mountain flax : سن کے پودے کی ایک قسم ۔

Newzealand Flax : نیوزی لینڈ میں پیدا ہونے والا سن کا پودا جس کی پتیوں کے ریشے سے کپڑے بنائے جاتےہیں ۔

Flax brake : (n) سن کےڈنٹھل سے سن چھڑانےوالا ایک دندانہ دار اوزار ۔

Flax comb : (n) سن کے ریشوں کو سلجھانے یا صاف کرنے کی کنگھی ۔

Flax cotton : (n) سن کی روئی ؛ روئی بنایا ہوا سن ۔

Flax hackle : (n) دیکھو Flax comb

Flax seed//Flaxseed : (n) (۱) سن کا بیج ؛ السی ۔(۲) ایک قسم کا پودا ۔

Flax weed : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ ایک سدا بہار درخت جس کے پھول زرد رنگ کے مشکیزہ دار اور ان میں نارنجی داغ ہوتے ہیں ۔

Flax wench/-wife/-woman (n) سن کو صاف کرنے ؛ سلجھانے، کاتنے وغیرہ کا کام کرنے والی عورت ۔

Flaxen : (a) (۱) سن کا بناھوا ۔ (۲) (بالوں کےلئے تشبیہاً استعمال ہوتا ہے) صاف کئے ہوئے سن کےرنگ کا کاہی رنگ کا پیلا ؛ زردی مائل ؛ بھورا ۔ (۳) سن کا یا اس سے متعلق ۔

Falxy : (a) سن کے مانند ؛ سن جیسا ؛ سن کا بنا ہوا ۔

Flay : (v) [OE.fleau.'] (۱) کھال کھینچنا؛ اتار لینا ؛ ادھیڑنا ؛ کھال یا چھلکے کو اتارنا؛ چھیلنا ؛ گھس کر، کاٹ کر یا چھیل کر ٹھیک کرنا ۔(۲) سختی اور شدت سے تنقید کرنا ؛ بے نقاب کرنا ؛ ظاہری صفات کا پردہ ہٹا دینا ۔ (۳) کسی کولوٹنا ؛ برباد کرنا۔

Flay flint : (n) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ؛ زبردستی ؛ بہ جبر یا دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنے والا ۔

Flayer : (n) (۱) چھلکا اتارنےوالا؛ چھیلنے والا؛ کھال اُدھیڑنے والا ؛ سَن چھڑانے والا ؛ اون یا سوت کو سلجھانےیاصاف کرنے والا ۔(۲) لٹیرا ؛ غارت گر ۔

Flea : (n) [Oe. fleah.] (۱) پسو ؛ (اصطلاحاً) چھوٹا سا ؛ بےحیثیت ؛ قابل تحقیر جانوریا شخص ؛ چھوٹا سا بےپر کا کیڑا جو انسان اورجانوروں کا خون چوستا ہے ۔(۲) ایک چھوٹا پھدکنے والا بھونرا جو ہاپ ، انگور، شلجم وغیرہ کو برباد کر دیتا ہے ۔(۳) چھوٹے قشری جانور جو پسّو کی طرح پھدکتے ہیں ۔

A flea in one's ear.: انتہائی تکلیف دہ اور حقارت جھڑکی ؛ لعنت و ملامت و پھٹکار وغیرہ ؛ غیر متوقع ڈانٹ ڈپٹ یا تنبیہ ۔

Sand flea : بالو میں رہنے والے کیڑے جو پسّو کی طرح پھدکتے ہیں ۔

Water flea : پانی کے قریب رہنے والے کیچوے کی قسم کے جانور جو پھدکتے ہیں ۔

To go (send,etc.)away with- a fla in one's ear : کسی کو ڈانٹ کر یا جھڑک کر لاجواب کردینا ؛ تالی پٹوا دینا (کسی کی ہنسی اڑانا) ۔

Flea/fleck : (v) پسّوؤں سے چھٹکارا پانا ؛ پسّوؤں سےنجات پانا یا دلانا ؛ پسّوؤں کا استیصال کرنا ؛ پسّوؤں کو دور کرنا یا ختم کرنا ۔

Flea bane : (n) پودوں کی ایک قسم کانام جن کےبیج پسّوؤں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Flea beetle : (n) ایک چھوٹا پھدکنے والا بھونرا جو ہاپ ، انگور اور شلجم وغیرہ کو برباد کردیتا ہے ۔

Flea bite : (n) (۱) پسّو کے کاٹنے کا نشان ؛ پسو کا کاٹنا ؛ چھوٹا سا سرخ دھبا ؛ (اصطلاحاً) نہایت خفیف تکلیف یا خرچ ؛ نہایت معمولی بات اورواقعہ؛ ناقابل اعتنا بات یا واقع ۔(۲) چھوٹا سا زخم یا معمولی تکلیف ۔(۳) ذراسی مقدار ۔

Flea bitten : (a) (۱) جہاں پسّو کے کاٹنے کے دھبے پھیلےہوئے ہوں ؛ پسّو کا کاٹا ہوا ۔(۲) لاکھی رنگ (سہ رنگ)یا سرخی مائل بادامی رنگ کا وہ گھوڑا جس کے جسم پر چھوٹے چھوٹے نقطوں والے سفید یا بھورے دھبے ہوں ؛ ہلکی زمین پر سرخی مائل بادامی یا لاکھی رنگ کے دھبے یا دھاریوں والا (گھوڑا وغیرہ) ۔

Flea dock : ایک چھوٹا درخت ۔

Flea louse : (n) درختوں میں رہنے والا اور پھدکنے والا جوں کی صورت کا کیڑا ۔

Flea wood : (n) دلدلی مہندی ؛ دلدل میں ہونےوالی مہندی ۔

Flea wort : (n) [OE. flea wyrt.] (۱) قدیم دنیا کا ایک پودا جس کے بیج بھگو دینے پر پھول جاتے ہیں اور لیسدار ہو جاتے ہیں ؛ نیز جنھیں ہلکے ملیّن کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔ (۲) مختلف قسم کے پودے جن کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ پسوؤں کو ختم کردیتے ہیں ۔ (۳) ایک قسم کا پودا جس کے بیج پسوؤں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Fleam : (n) [OF. flieme.] (۱) (امریکا) نشتر جس سے گھوڑوں کی فصد لی جاتی ہے ؛ آلۂ جراحی جو بالعموم دو دھاری اور نو کیلا ہوتا ہے جو خو ن یا گوند نکالنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Flebotomy : (n) ورید شگافی ؛ رگ زنی ؛ فصّادی ؛ نشتر زنی ۔

Fleche : (n) [Fr.] (۱) (تعمیرات) (فرانسیسی) پتلا مینار ؛ خاص کر وہ جو گرجا کے وسط اور آڑے بازو کے کٹاؤ پر نکلا ہوتا ہے ؛ پتلی ، گاؤ دم یا مخروطی شکل کی عمارت ۔ (۲) (قلعہ بندی) جھاڑیوں کے ساتھ ساتھ اور قلعے کے پشتے کے نمایاں زاویوں پر بنائے ہوئے مورچے یا استحکامات ۔

Fleck : (n) [Cogn. W. ON. flekkr.] (۱) جلد پر دھبا ؛ داغ یا جھائیں نیز مجازاً ۔ (۲) رنگ یا روشنی کا نشان ؛ عکس ؛ دھبّا ؛ چتّی ۔ (۳) چھوٹا سا ٹکڑا ؛ ذرہ ۔

Fleck : (n) (روزمرہ) سور کے گُردے کے گِرد کی چربی ۔

Fleck : (v) کسی چیز پر چھوٹے نشان ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ مخطط کرنا ؛ دھاریاں ڈالنا ؛ پنج رنگا کرنا ؛ بوقلموں کرنا ؛ ابلق کرنا ؛ رنگ برنگ کا بنانا ۔

Fleck : (v) [Origin unkn.] (روزمرہ) نیچے اڑنا ؛ تھوڑے فاصلے تک اُڑ کر رک جانا آہستہ اڑنا ؛ منڈلانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا نیز مجازاً ۔

Flecker : (v) مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ چتکبرا کرنا ؛ مختلف رنگوں کے داغ منتشر طور پر ڈالنا ؛ ابلق کرنا ؛ پنج رنگا بنانا ۔

Fleckless : (n) صاف ؛ ستھرہ ؛ بے داغ ؛ بغیر دھبے کے ۔

Flection/-al/-less : (۱) خم ؛ جھکاؤ ؛ کجی ؛ مُڑا ہوا ۔ (۲) دیکھو Flexion ۔

Flector : (n) عصب ؛ وہ پٹھا جو کسی جسم کے حصے کو جھکاتا ہے ۔

Fled : (a) [f.Flee. v.] بھاگا ہوا ؛ مفرور ؛ فرار ؛ بھگایا ہوا ؛ غائب ؛ اوجھل ۔

Fledge : (v) (۱) پر لگادینا ؛ اُڑنے کے قابل بنادینا ؛ پر یا نرم بال لگا کر آراستہ کرنا ؛ پر نکلنا ؛ پر آنا ؛ پردار کرنا ؛ قابل پرواز بنانا ؛ آمادۂ پرواز کرنا ۔ (۲) پورے طور پر بال و پر والی ہو جانا (چڑیا کا) نیز مجازاً بال و پرنکل آنا ۔ (۳) چڑیا کے بچے کو اس وقت تک پرورش کرنا جب تک اس کے بال و پر پورے طور پر نشو و نما نہ پاجائیں ؛ پردار ہونے تک پرورش کرنا ؛ نیز مجازاً ۔ (٤) (تیر میں) پر لگانا یا پروں سے آراستہ کرنا ۔

Fledge : (a) [OE.flecege.] (۱) (روزمرہ) پردار ؛ قابل پر واز ؛ قادر بہ پر واز ؛ اڑنے کی صلاحیت رکھنے والی (چڑیا) مکمل نشوونما پائے ہوئے بال و پر والی (چڑیا) ۔ (۲) پرواز کےلئے تیار ؛ لیس ؛ آمادۂ پرواز ۔

Fledgeless : (a) بے پر کا ۔

Fledg (e) ling : (n) (۱) پرند کابچہ ؛ نوجوان پرند ؛ پرواز پرند ۔ (۲) ناتجربہ کار شخص ؛ کچا آدمی ؛ نوآموز ؛ اناڑی ۔ (۳) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fledgeling poets : (n) نوآموز شعراء ؛ اناڑی شعراء ۔

Fledgy : (a) پر دار ؛ پروں سے ڈھکا ہوا ۔

Flee : (v) [Pat. t. and pple. Fled) [OE.'fleon.'] (۱) بھاگ جانا ؛ خطرے سے بچنے کےلئے فرار ہونا ؛ گریز کرنا ؛ اڑجانا ؛ پرواز کر جانا ۔ (۲) غائب ہوجانا ؛ گم ہو جانا ؛ چلے جانا ؛ کسی چیز یا شخص کے پاس سے بھاگ جانا ؛ دفعتاً چل دینا ؛ راہ گریز اختیار کرنا ؛ رفو چکر ہو جانا ؛ دفعتاً کھسک جانا ۔ (۳) بچنا ؛ پرہیزکرنا ؛ کترانا نفرت کرنا ؛ ہٹ جانا ؛ روانہ ہو جانا ؛ احتراز کرنا ؛ دور رہنا ؛ حذر کرنا ؛ بھاگنا (کسی چیز سے) ۔ (٤) پرہیز کرنے ، بھاگنے ، بچنے ؛ فرار ہونے ، بچ نکلنے کی تدبیر یا جتن کرنا (شاذ) ۔

Fleece : (n) [OE. fleos] (۱) اون ؛ باریک بال جو بھیڑ اور اسی قسم کے جانوروں کی کھال پر ہوتے ہیں ؛ پشم گوسفند ۔ (۲) اون کی وہ مقدار جو ایک دفع بھیڑ یا بکری کی کھال سے اتارلی جاتی

حقارت کے ساتھ کلام کرنا ؛ بھونڈے پن سے ہنسنا ؛ بدتمیزی سے ہنسنا ؛ طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ طنز کرنا ۔

Fleerer : (a) طعن زنی؛ مضحکہ اڑانے والا ؛ہنسی اڑانے والا ۔

Fleeringly : (adv.) تمسخر آمیز طور پر ؛ حقارت سے ؛ طعنہ زنی کے ساتھ ؛ طنز آمیز طور پر ۔

Fleet : (n) [OE.f. fleotan.] (۱) بحری آلات جنگ اور جنگی جہازوں کا بیڑا جو ایک ہی کمانڈر کے ماتحت ہو؛ بحری مسلح فوج ۔ (۲) کشتیوں یا جہازوں کی ایک تعداد جو سب ساتھ ساتھ بحری سفر کرتے ہیں ۔ (۳) کرایہ پر چلنے والی موٹروں اورگاڑیوں کی ایک تعداد جو ایک ہی شخص کی ملکیت ہوں ؛ ہوائی جہاز یا گاڑیوں کی وہ تعداد جو کسی معینہ گروپ یا اکائی کی تشکیل کرتی ہو ۔ (٤) (ماہی گیری) ہیرنگ جالوں کی قطار جو آپس میں سرا بہ سرا بندھی ہوئی ہو ۔

To go round or through the fleet : بیڑے میں شامل کشتیوں کا رسّے کے ذریعے پہلو بہ پہلو بندھا ہونا ۔

Fleet : (n) [OE.fleot.] (۱) دریا یا سمندر کی شاخ جو خشکی کے اندر گھسی ہوئی ہو ؛ کھاڑی ؛ وہ جگہ جہاں پانی بہتا ہو ؛ آب گذار ؛ ساق ؛ شاخ دریا ؛ آب درہ ؛ تنگ کھاڑی ۔

The fleet : لوڈ گیٹ ہل اور فلیٹ اسٹریٹ کے بیچ سے ٹیمس میں بہنے والا ایک آب گذار جو اب ڈھکا ہوا نالا ہے ؛ قید خانہ جو اس آب گذار یا نالے کے پاس واقع ہے ۔

Fleet : (a) [Cog.W.ON. 'fliotr.] (۱) (ادبیات اور شاعری) تیز؛ سبک رو ؛ چست ؛ بادپا؛ تندرو ؛ سریع السیر؛ نیز تیزفہم ؛ رسا (ذہن) ؛ زور پروازنی تخیل؛ زود گذر ۔ (۲) عارضی ؛ ناپائدار ؛ جلد مٹ جانے والا (نقش، صورت وغیرہ) ؛ متغیر ؛ بے ثبات (شاعرانہ)۔

Fleet : (a) (روزمرہ) (زراعت) اتھلا ؛ چھچھلا ؛ پایاب ؛ کم گہرا؛ کم عمیق ؛ سطحی ؛ اوچھا ؛ کم مایہ ۔

Fleet : (v) [OE.'fleotan.'] (۱) چپکے سے سرک جانا ؛ غائب ہوجانا ؛ تیزی سے گذر جانا ؛ جل دینا ؛ کھسک جانا ؛ بھاگ جانا ۔ (۲) خاموش جھرنے کی طرح تیز اور سبک رفتاری سے گذرجانا ؛ دبے پاؤں

ہے ۔ (۳) سر کے بال جو الجھے ہوئے اور گھنے ہوں ۔ (٤) (اصطلاحاً) سفید اون کی طرح کی کوئی چیز ؛ سفید بادل ؛ اون ؛ گرتی ہوئی برف ۔ (٥) (پارچہ بافی) اون یا سوت کو سلجھانے میں جو ان سے باریک چادر سی مشین کے اندر سےنکلتی ہے ؛ پنبہ یا پشم ۔ (٦) اون سے مشابہ کوئی چیز ۔

Golden fleece : ملک ایسٹریا و اسپین میں Knight کا اعزازی نشان ۔

Order of the golden Fleece : برگنڈی کے ڈیوک فلپ کے ذریعہ ١٤٣٥ء میں برجس میں نافذ یا قائم کیا ہوا نائٹ (Kinght) کا درجہ یا سلسلہ ۔

Fleece : (v) (۱) اون یا اس جیسی چیز سے ڈھانکنا ۔ (۲) بھیڑوں کی اون کاٹنایاتراشنا نیز مجازاً ۔ (۳) کسی کاروپیہ لےلینا ؛ کسی کو مفلس کر دینا ؛ کنگال کردینا ؛ چوس لینا ؛ کسی کا مال اڑالینا؛ بےرحمی سے لوٹ لینا ؛ پھانسنا ؛ شکار بنانا ۔ (٤) اون یا اون جیسے گالوں کی طرح پھیل جانا ؛ چھاجانا ؛ ڈھانک لینا ۔

Fleece wool : زندہ جانوروں سےنکالا ہوا اون ۔

Fleeceable : (a) وہ بھیڑ جس کا اون کاٹنے کے قابل ہو ؛ وہ شخص جس کی دولت اڑائی یا لوٹی جاسکے ۔

Fleeced : (a) اون والا ؛ اون دار ؛ اون جیسے بالوں والا ؛ اون سے آراستہ ؛ اون سے سجایا ہوا ؛ اون سے ڈھکا ہوا ؛ جس کا اون کاٹ لیا گیا ہو ۔

(Sky) fleeced with cloud : سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا (آسمان)۔

Fleeceless : (a) بغیر اون کا ؛ بے اون دار ۔

Fleecy : (a) (۱) جس پر اون ہو ؛ اُون دار ؛ اون کی طرح نرم اور سفید ۔(۲)اون سےنکلاھوایا اون پرمشتمل؛ اون کے مشابہ ؛ اون کا سا؛ روئیں دار ۔

Fleecy star : (n) بارہ برجوں میں سے پہلا بُرج ؛ حمل ؛ میکھ؛ برہ ۔

Fleer : (n) [f.Fleer. v.] مضحکہ آمیز نظر یا کلام ؛ تمسخر ؛ استہزا ؛ خندہ نیش دار ؛ ریشخند ۔

Fleer : (v) [Origin unkn.] (۱) مذاق اڑانا ؛ ہنسی اُڑانا ؛ منہ چڑانا ؛ طعنے دینا ؛ آویزے کسنا ؛ منہ بنانا ؛

جانا؛ آہستہ سے گذرجانا ۔(۳) ترک وطن کرنا؛ روانہ ھوجانا ؛ نقل مکان کرنا ۔(٤) کسی رقیق مادے پر تیرنا ؛ پانی پر آجانا ؛ بہے چلے جانا ۔ (٥) (جہاز رانی) رخ بدلنا ؛ پہلو بدلنا ؛ چرخی یا رسًا وغیرہ تبدیل کرنا یا بدلنا ۔

Fleet : (v)[Originunkn.] کسی سیال مادے کی سطح پر بہتی ھوئی چیز کو نکال لینا ؛ چھان لینا ؛ خصوصاً دودھ سے مکھن نکالنا ؛ بالائی اُتارنا ؛ (نیز مجازاً)۔

Fleet books : (n) فلیٹ قید خانے کے اطرف میں بدنام یا بےوقعت پادریوں کے ذریعے خفیہ طور پر انجام دی ھوئی شادیوں کا ریکارڈ یا رجسٹر ۔

Fleet-foot : (a) (شاعری) سبک رو ؛ تیزرفتار؛زود گذر؛ بادپا۔

Fleet marriage/-street-marriage : (n) بدنام پادری کے ذریعہ فلیٹ قید خانے کے اطراف میں خفیہ طور پر انجام دی ھوئی شادی ۔

Fleet person : (n) بےوقعت پادری جو فلیٹ قید خانے کے اطراف میں خفیہ نکاح پڑھایا کرتا تھا ۔

Fleet register : (n) دیکھو Fleet book

Fleet street : (n) عبارت ہے جرائد واخبارات کی اشاعت سے جو لندن میں عموماً فلیٹ قید خانے کے اطراف میں شائع ھوتے ہیں۔

Fleeten : (a) (۱) پانی سے بھرا ھوا، پانی میں ڈوبا ھوا ۔ (۲) بالائی نکالے ھوئے دودھ کے رنگ کا ۔ (۳) (نیم رسمی معنوں میں) بالائی اُتارا ھوا دودھ؛ وہ دودھ جس سے مکھن نکال لیاگیا ھو ۔

Fleeting : (n) (۱) (روزمرہ) کسی سیال پر تیرتے ھوئےمادے کو نکالنے یا اُٹھا لینے کا عمل خصوصاً دودھ سے بالائی یا مکھن نکالنے کا عمل ۔ (۲) (جمع) بالائیاں ؛ پپڑیاں ؛ دہی ۔

Fleeting : (a) بھاگتے ھوئے ؛ تیزی سے گذرتے ھوئے ؛ سبک رو ؛ قریب ھو کر تیزی سے گذرتےھوئے؛ تیز رفتار ؛ زود گذر ؛ باد پا ؛ ناپائدار ؛ فانی ؛ بےثبات ؛ عارضی ؛ متغیر ؛ تغیر پسند ؛ غیر مستقل ؛ پھسلتےھوئے ؛ دبے پاؤں گذرتےھوئے؛ تیزی سے گذرجانےوالا؛ دبےپاؤں تیز گذرجانے والا ؛ باد پائی سے گذرجانے والا ۔

Fleeting-milk : (n) مکھن نکالا ھوا دودھ

Fleetingly : (adv.) تیزی سے ؛ جلدی سے ؛ عاجلانہ ؛ سبک روی سے ؛ بادپائی سے ؛ ناپائداری سے ؛ بے ثباتانہ ؛ عارضی طور پر ۔

Fleetingness : (n) تیزی ؛ سرعت ؛ بادپائی ؛ سبک روی ؛ تیز رفتاری ؛ ناپائداری ؛ بے ثباتی ؛ تغیر ؛ فنا ۔

Fleetly : (adv.) سبک روی سے ؛ پھرتی سے ؛ جلدی سے ؛ سرعت سے بےثباتانہ ؛ ناپائدار طور پر ؛ عارضی طور پر ۔

Fleetness : (n) سبک روی ؛ چستی ، پھرتی ؛ سرعت تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ باد پائی ؛ بےثباتی ؛ ناپائداری ۔

Flegm: (۱) بلغم ؛ کف؛ بلغمی مادہ ۔(۲) بلغمی مزاج ۔

Fleming : (n) [MDU.V.leaming.] ملک فلانڈرس کا باشندہ ۔

Flemish : (a) [MDU.Vlaemisch.] (۱) ملک فلانڈرس کے باشندوں کی (زبان) ؛ فلانڈری (زبان) ؛ فلانڈرس یا وہاں کے باشندوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (۲) فلانڈرس سےمشابہ ؛ فلانڈرس کےباشندوں کے مانند ؛ مثل فلانڈری ۔

Flemish : (v) (شکاری کتے کا) شکار کی تلاش میں دُم اور جسم کو اس طرح حرکت دینا کہ گویا کانپ رہا ھے ۔

Flemish : (n) شکار کی تلاش میں کتےکی دُم اور جسم کی حرکت ۔

Flemish account : (n) خسارے والا حساب ؛ خسارہ کھاتہ ۔

Flemish bond : (n) دیوار میں اینٹ لگانے کاایک اوزار؛ دیوار کی چنائی کا ایک طریقہ جس میں باری باری سی لمبی اور چوڑی اینٹیں لگائی جاتی ہیں (یعنی ایک مرتبہ اینٹ کا سرا باہر ھوتا ھے ؛ دوسری دفعہ اندر)۔

Flemish brick : (n) فرش بندی یا کھڑنجابنانےمیں استعمال ھونے والی ایک زردی مائل سخت اینٹ ۔

Flemish eye : (n) (جہاز رانی) رسی کی لڑیوں کاایک قسم کا پھندا جس میں رسیوں کے سرے چھیلے ھوئے ایک دوسرے سے جڑے ھوئے، آمنے سامنے گذارے ھوئے اور جوڑ پر بنے ھوئے دھاگوں سے بندھے ھوئے ھوتے ہیں ۔

Flemish horse : (n) (جہاز رانی) اوپر والے چو کوربادبان کے سہارے کی بلّی کے دونوں سروں میں سے کسی

ایک سرے پر باندھا ھوا رسّا جس سے بادبان سِلا ھوتاھے ۔

Flemish point : (n) ایک قسم کی فرانسیسی لیس (Lace) جسے Point de Brabant کہتے ہیں ۔

Flemish stich : (n) ایک قسم کالیس یاجھالر جسے Fillings in Homiton lace کہتے ہیں ۔

Flench/Flinch/Flenser : (v) (۱) وہیل یا سیل مچھلی (سگ ماہی) کی چربی کو کاٹنا اور اُس کی قاشیں بنانا ۔ (۲) سیل (دریائی بچھڑا، سگ ماہی) کی کھال اُتارنا ۔

Flencher/Flenser : (n) جانوروں کی کھال اتارنے والا؛ خصوصاً وہ شخص جو پیشہ ورانہ طور پر وہیل اور سیل مچھلیوں کی کھالیں اتارتاھو ۔

Flesh : (n) [OE.fleasc.] (۱) نرم چیز؛ ملائم چیزخصوصاً کھال ہڈیوں کے درمیان نرم گودا ۔ (۲) جانوروں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پٹھے ھوتے ہیں ۔ (۳) انسان کے جسم کی ظاہری اور بیرونی سطح ۔ (٤) گوشت ؛ لحم ؛ مغز گوشت ؛ ماس ؛ چربی اور جانوروں (علاوہ مچھلی اور مرغ کے) کے جسم کے پٹھے اورنسیں جو کھانے کے کام میں آتے ہیں (اب اس کے بجائے لفظ meat) ۔ (٥) پھل، درخت یاپودے کا گودا یا پلپلا مادہ ؛ میوہ ؛ مغز۔ (٦) موٹاپا ؛ فربہی ؛ چربی چڑھاھوا جسم ؛ بھاری ؛ گداز جسم ؛ گوشت کی زیادتی ؛ گداز پن ۔ (۷) نفسانی خواہش ؛ شہوت ؛ جسمانیت ؛ حیوانیت ۔ (۸) (مجازاً) تن؛ جسم؛ مادی جسم والا؛ جسمانی وجودرکھنے والا ۔ (۹) آدم خاکی ؛ بشرہ ۔ (۱۰) دلسوزی ؛ رقت ۔ (۱۱) انسان کا عضویاتی یا مادی ڈھانچہ ؛ جسم ؛ تن ؛ جسد (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا) جسم جسے اُن کے ماننے والے کھاتے ہیں نیز عشائے ربانی کی روٹی ۔ (۱۲) فطرت انسانی تمام مادی ضروریات اور حدود کے ساتھ ۔ (۱۳) حسی میلانات اور خواہشات ؛ اشتہائے نفس ؛ خواہش ؛ (مذہبی زبان میں) نفسانی کشاکش؛ روحانی کشاکش ؛ روحانی تحریکات ؛ میلانات کے ساتھ متصادم بگڑی ھوئی فطرتِ انسانی ۔

After the flesh : بہ ظاہر مرغوب ؛ بہ ظاہر اچھا ؛ بہ ظاہر پسندیدہ ۔

All flesh : وہ تمام مخلوق جس کے جسم میں جان ھو ؛ جاندار مخلوق ؛ تمام حیوانات ؛ (محدود معنوں میں) تمام نوع انسان ۔

In flesh : فربہ ؛ موٹا ؛ لحیم ۔

In (the) flesh : (adv.) مجسم طورپر ؛ جسمانی شکل میں نیز بقید حیات ؛ زندہ جسمانی حیثیت سے ؛ زندگی کی صورت ظاہر میں جیتاجاگتا ۔

One flesh : ایک جسم ؛ یک جان ؛ متحد (جیسے میاں بیوی) ؛ تعلقات زن وشو ؛ قریب کو ظاہر کرنے کےلئے بولا جاتا ھے ۔

One's (own) flesh : قریبی رشتہ دار ؛ اولاد ۔

One's own flesh and blood : قریبی رشتہ دار ؛ اولاد ۔

Proud flesh : زخم کا انگور ؛ زخم پر جو نیا گوشت آتاھے ؛ کھرنڈ نیز مجازاً ۔

Raw flesh : چمڑا ہٹانے کےبعد جوگوشت نظرآتاھے ؛ کچا گوشت ۔

Sins of the flesh : جسمانی گناہ ؛ مادی گناہ خصوصاً بےعصمتی ؛ بدچلنی ؛ ناپاکی ؛ بدکاری ۔

To go after or follow strange flesh : بائبل کی زبان میں غیر فطری یا خلاف فطرت جرم کے لئے بولا گیا ھے ۔

To lose flesh : دبلا ھونا ؛ جسم کا ہلکا ھونا ۔

To make his flesh creep : ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا (خصوصاً فوق العادت چیزوں سے، جیسےبھوت جن وغیرہ سے) ۔

To put on flesh : موٹا ھونا ؛ فربہ ھونا ؛ چربی چڑھنا ؛ لحیم ھونا ۔

Flesh : (v) (۱) شکاری کتوں اور اسی قسم کے شکاری جانوروں کو خون چکھا کر (منہ کو خون لگا کر) مشتعل اورآمادہ شکار کرنا (کسی جانور کو خون کا مزہ چکھا کرشکارکا بھوکابنادینا) ۔ (۲) خون ریزی سکھانا ؛ خوں ریزی کی عادت ڈلوانا؛ (کسی جسم پر)پہلی دفعہ تلوار (کاہاتھ) لگوا کر شمشیرزنی سکھانا؛ سخت دل بنادینا؛ جان کا خواہاں کر دینا؛ خون کا پیاسا کردینا ؛ کسی ہتھیار سےگہرا وارکرنا خصوصاً پہلی دفعہ (نیز مجازاً) ۔ (۳) کھلانا ؛ آسودہ کرنا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ ترغیب دینا ؛ بالیدہ کرنا ؛ فربہ کرنا ۔ (٤) (خاص کر مجازی معنوں میں)

(دباغی) (چمڑے یا کھال میں) لگے ہوئے گوشت کو چھڑانا ۔

Flesh and blood : (n) (۱) جسم اور اس کی مادی کیفیات ۔ (۲) (اصطلاحاً)بنی نوع انسان ؛ فطرت انسانی؛ انسانیت ؛ بشریت ؛ رحم دلی ؛ انسان کے فطری جذبات اورکمزوریاں ۔ (۳) گوشت و خون؛ جسم ؛ مادہ ؛ حقیقت ؛ اصل ۔ (٤) (صفت) واقعی زندہ اوراصلی نہ کہ محض خیالی اور مافوق الفطرت ۔ (٥) خونی رشتہ دار ؛ قریبی رشتہ دار؛ اولاد (عموماً محاورے میں مستعمل ہے) ۔(٦) ایک قسم کے پودے کا نام ۔

In flesh and blood : مجسم طورپر ؛ جسمانی شکل میں ؛ زندہ ؛ بقید حیات ۔

To be flesh and blood : انسانی احساسات اور کمزوریوں کا حامل ہونا ۔

To take flesh and blood : مجسم ہونا ؛ جسم کی صورت اختیار کرنا ۔

Flesh and fell : (n) کل جسم ؛ پورا جسم ۔

Flesh and fell : (adv.) کلیتاً ؛ پورے طورپر ؛ پورا کا پورا ۔

Flesh-bird : (n) ایک گوشت خور چڑیا ۔

Flesh-brush : (a) دستانے یا برش جن سے دوران خون تیز کرنے کے لئے جسم کی مالش کی جاتی ہے ۔

Flesh-colour : (n) (۱) (گورے لوگوں کےلئے) گوشت کا رنگ جو چمڑے سے جھلکتا ہے ۔(۲) ایک قدرے زردی مائل ہلکا گلابی رنگ ۔

Flesh coloured : (a) زردی مائل ہلکے گلابی رنگ کا ۔

Flesh eater : (n) گوشت خور ؛ گوشت خوار ۔

Flesh-fallen : (a) لاغر ؛ دبلا ؛ نحیف ؛ مریل ؛ کمزور ؛ بے گوشت ۔

Flesh feeding : (n) گوشت کھلانا ؛ گوشت کھلاکر پرورش کرنا ۔

Flesh flea : (n) جزائر غرب الہند کی ایک مکھی جو کھال کے اندر گھس جاتی ہے ؛ کھال گھس مکھی ؛ چگو ۔

Flesh fly : (n) مکھی جو مردہ گوشت پر بیٹھ کر انڈے دیتی ہے ؛ ماس مکھی ۔

Flesh fork : (n) لمبے دستےوالا ایک بڑا فورک (دوشاخہ) جو دیگچی ، ہانڈی وغیرہ سےگوشت نکالنے کے کام آتا ہے ۔

Flesh glove : (n) دیکھو Flesh brush

Flesh hood : (n) جسمانیت ؛تجسم ؛ تجسیم ؛ مجسم ہونے کی حالت ؛ زندہ نمونہ ؛ زندہ مثال ؛ پتلا ۔

Flseh hook : (n) برتن سے گوشت نکالنے کا ہک یا کانٹا ۔

Flesh juice : (n) سرخی مائل تُرش یا تیزابی سیال جو مردہ عضلات میں موجود ہوتا ہے ۔

Flesh knife : (n) دو دستوں والا ایک بڑا اوزار جس کی دھار کُند ہوتی ہے اور جو چمڑے میں جابجا سٹے ہوئےگوشت کو چھڑانےکےلئےاستعمال ہوتاہے۔

Flesh meat : (n) گوشت بہ طور خوراک ؛ کھایا جانے والا گوشت ؛ خوردنی گوشت ؛ لحم ۔

Flesh pedler : (n) (عامیانہ) تھیٹر کا ایجنٹ ۔

Flesh-pot : (n) (۱) گوشت اُبالنےوالابرتن ۔(۲) (جمع) تعیش کی زندگی ؛ تن آسانی کی زندگی ۔(۳) ایسا ہوٹل جو تعیش پسند اور بےباک ذوق رکھنے والوں کےلئے ہو (عموماً جمع میں) ۔

Flesh quake : (n) جسمانی لرزش ؛ ؛ لرزہ ؛ کپکپی ؛ تھرتھری ؛ رعشہ ۔

Flesh side : (n) چمڑے کاوہ رخ جو گوشت سے سٹا ہواہوتا ہے grain side کےبرعکس ؛ کھال کااندر والارُخ ۔

Flesh taster : (n) گوشت کی جانچ کرنے والا افسر ؛ لحم آزما (آیا وہ صحت بخش اور مفید ہے یا نہیں) ۔

Flesh tights : (n) تنگ، چست لباس جو قدرتی گوشت کے ہم رنگ ہوتا ہے جس کو ایکٹر تھیٹر میں تماشہ کرتے وقت پہنتے ہیں ۔

Flesh tint : (n) وہ رنگ جو گوشت کے قدرتی رنگ کے مثل ہوتا ہے اور جس کو مصور تصویروں میں استعمال کرتے ہیں۔

Flesh traffic : (n) غلاموں کی تجارت ؛ غلاموں کی خرید وفروخت۔

Flesh worm : (n) ایک قسم کا گوشت خور کیڑا ۔

Flesh wound : (n) ایسا زخم جس کی گہرائی صرف گوشت تک ہو اور اس کا اثر ہڈی یا کسی نازک عضو پر نہ ہوا ہو۔

Fleshed : (a) (۱) پُر گوشت ؛ پُر از گوشت ؛ گوشت سے ڈھکا ہوا ؛ لحمی ؛ گوشت کا ۔ (۲) قتل و خون کا عادی ؛ تشنۂ خون ؛ خون ریزی کا خوگر کیا ہوا ؛ تنفر سے بھرا ہوا؛ خون آشام؛ خونریز ؛ آشنائے خون ریزی ۔

Flesher : (n) قصاب ؛ قصائی ؛ (خاص کر اسکاتستان) ؛ قصاب کا چھرا (امریکا) ؛ چمڑے میں سٹے ہوئے گوشت کو چھڑانے والا چاقو ؛ چمڑا صاف کرنے والا چاقو۔

Fleshiness : (n) پُر گوشت ہونے کی حالت میں ؛ فربہی ؛ موٹا پا ؛ گوشت کی زیادتی ؛ کوئی پُر گوشت نمو ؛ زائد گوشت ؛ لحمی زائدہ ۔

Fleshing : (n) (۱) شکاری پرند یا کتے کو شکار کے گوشت کا مزہ چکھا کر اُسے آمادۂ تعاقب یا آمادۂ شکار کرنے کا عمل ۔ (۲) خونریزی کرنے کا عمل ؛ خون ریزی سکھانے کا عمل ۔ (۳) کسی کے جسم پر پہلی دفعہ کوئی ہتھیار آزمانے کا عمل ۔ (٤) کھال میں بیٹھے ہوئے گوشت کو چھڑانے کا عمل ؛ (جمع) کھال سے چھڑا یا ہوا گوشت۔

Fleshing-knife : (n) Flesh kinfe دیکھو

Fleshing machine : (n) دباغت خانوں میں استعمال ہونے والی مشین جس کے ذریعہ چمڑے اور کھالوں سے زائد چربی اور گوشت الگ کیا جاتا ھے ۔

Fleshings : (n) چست، گوشت کا ہمرنگ لباس (عموماً ریشم کا) جو تماشاگاہ میں ایکٹر پہنتے ہیں تاکہ دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ اس کا جسم کھلا ہوا ھے ۔

Fleshless : (a) (۱) لاغر ؛ کم زور ؛ بے گوشت ؛ دُبلا ؛ نحیف ۔ (۲) غیر مادی ؛ غیر جسمانی ؛ بے جسم ؛ غیر مجسم (مثلاً جن، بھوت وغیرہ) ۔

Fleshlike : (a) لحم نما؛ گوشت نما؛ گوشت کے جیسا؛ خصوصاً شکل یا ساخت میں ۔

Fleshlily : (adv.) جسمانی طورپر ؛ شہوانیت کی رو سے ؛ نفسانیت کے طورپر ؛ حیوانیت کی طرح ؛ حیوانی انداز میں (خلاف رومانی)۔

Fleshliness : (n)[OE.'flaeselicness.'] شہوانیت؛ نفسانیت ؛ حیوانیت ؛ شہوت پرستی ۔

Fleshly : (a) [OE.'floeschlic.'] (۱) شہوانی ؛ جسمانی ؛ حیوانی ؛ فانی ؛ مادی ؛ دنیوی ؛ نفسانی ؛ خواہشات نفسانی کال یا اُن سے متعلق ؛ جسم یا گوشت کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) پُرگوشت ؛ موٹا تازہ ؛ فربہ ؛ لحیم ؛ گوشت سے بنا ہوا ۔ (۳) گوشت کا، اُس سے متعلق یا اُس پر مشتمل ؛ لحمی ؛ بےاستخوانی ؛ لوتھ ۔ (٤) جسمانی زندگی سے متعلق یا اُس کی خاصیت کا ۔ (٥) کسی جذبے سے با آسانی متاثر ہوجانے والا ؛ نرم (دل) ؛ ملائم ؛ نازک ؛ رقیق، کمزور؛ شفیق ؛ رحم دل ۔ (٦) حساس ۔

Fleshly affairs : (n) امور دنیوی۔

Fleshment : (n) خون ریزی ؛ خوں آشامی ؛ اولین خوں آشام کامیابی سے پیدا شدہ اشتعال ؛ اشتعال ؛ برانگیختگی ؛ جوش وغیرہ ؛ کامیاب شروعات یا آغاز کے بعد پیدا ہونے والا جوش یا بلند حوصلگی ۔

Fleshy : (a) (۱) موٹا تازہ فربہ ؛ تیار ؛ لحیم ؛ جسیم ؛ پُرگوشت ؛ گداز ۔ (۲) جس کے جسم پر بغیر ہڈی کاگوشت زیادہ ہو ؛ گوشت کا ؛ اُس سے متعلق یا اُس پر مشتمل ۔ (۳) (پھل، پتی، پودا وغیرہ) گودے دار ؛ مغز دار ؛ ملائم ؛ بے ریشہ لحمی ؛ بے استخواں ؛ لوتھ ۔ (٤) گوشت نما ؛ گوشت کے مانند ؛ گوشت کے مشابہ ؛ مثل گوشت۔

Fletch : (v) [Origin doutful.] تیر میں پر لگانا ؛ تیر کو پر سے آراستہ کرنا ۔

Fletcher : (n) [OF. 'flecher.'] تیر بنانےوالا ؛ تیرکمان بنانے یا بیچنے والا ؛ پیکان ساز ؛ تیر ساز ۔

Fletching : (n) تیر میں لگے ہوئے پر نیز ایک خاص ترتیب میں لگائے ہوئے پر ۔

Flether : (v) [Scot.] چاشنا ؛ دُم ہلانا ؛ محبت ظاہر کرنا ؛ (خاص کر کتے کا) ؛ چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا ؛ پھسلانا ۔

Flether : (n) چاپلوسی ؛ خوشامد ۔

Flettom : (n) [f. Flettom in Humting doushire] گیلی مٹی کو لوھے کے سانچے میں دبا کر بنائی ہوئی زردی مائل سرخ اینٹ ۔

Fleuk : (n) Fluke کا اسکاٹستانی متبادل ۔

Fleur : (n) [L.] ایک قسم کا آرائشی پھول ۔

Flower-de-luce : (۱) سوسن ؛ کنول ؛ گل زنبیق (پھول یا پودا) ۔ (۲) بڑے خاندانوں اور بادشاھوں کا خاندانی نشان (فرانسیسی مارکہ) ؛ ملک فرانس کا شاہی نشان ؛ فرانسیسی شاہی خاندان ؛ حکومت ؛ گورنمنٹ ۔ (۳) کسی بھی چیز پر اس شاہی نشان کا ھونا ؛ نیز (فرانسیسی تاریخ) ؛ کسی مجرم کے جسم پر جلتے ھوئے لو ھے سے داغ کر بنا یا ھوا نشان ۔

Fleured : (a) پھول سے آراستہ کیا ھوا ۔

Fleuret/Fleurette : (n) [F. 'Fleurette' dim.of] چھوٹے پھول کی شکل کا ایک زیور ؛ کرن پھول ۔

Fleuret : (n) [F.] (تیغ زنی) کھوٹی دھا رکی تلوار (کند) جس کی نوک پر ایک بٹن لگا ھوتا ھے اور جو پھکیتی اور گتکے اور پٹے میں استعمال ھوتی ھے ۔

Fleuron : (n) [F.f.fleur.] (۱) آرائشی پھول جو عمارتوں اور ستونوں اورسکوں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں (فرانسیسی) ۔ (۲) پیسٹری کے کام میں آرائش کی سجاوٹ کےلئے استعمال ھونے والی ایک قسم کی ہلکی پھلکی پیسٹری ۔

Fleuronce : (a) (نقابت) کسی تین پتیا پتّے کے مانند تین کلیوں کی شکل کے ابھار سے آراستہ کیا ھوا ۔

Fleruy/flory : (a) [F.'fleure.'] (اصطلاحاً) سوسن یا کنول کے پھول سے مزین خاص کر صلیب کے بازوں کے سروں کا سوسن یا کنول کے پھول سے آراستہ ۔

Flew : (n) [Orign unkn.] (عموماً جمع) شکاری کتوں وغیرہ کے لٹکتے ھوئے ھونٹ ۔

Flewed : (a) لمبے اور لٹکتے ھوئے ھونٹ والا (شکاری کتا) ۔

Flex : (n) [Abbrev. of Flexible.] نرم اور آسانی سے مُڑ جانے والا تار جو بجلی کی روشنی کرنے کےلئے استعمال ھوتا ھے اور جو بجلی کو خارج نہیں کرتا ۔

Flex : (v) [L] جھکانا ؛ موڑنا ؛ خم کرنا ؛ خمیدہ کرنا (جس طرح ڈاکٹر و طبیب ایک خاص آلہ سے اعضا کو جھکاتے یا موڑتے ہیں یا ماہرین علم طبقات الارض زمین کے کسی ناہموار طبق کو جھکا تے یا موڑ تے ہیں) ۔

Flex life : (n) کسی چیز کی (مثلاربر وغیرہ) متواتر موڑے جانے کے باوجود بغیر ٹوٹے پھٹے قائم رہنے کی صلاحیت ۔

Flexed : (a) جُھکایا یا جُھکا ھوا ؛ مُڑا یا موڑا ھوا ؛ خمیدہ ؛ خم کیا ھوا (اب صرف نقابت اور سائنسی استعمال میں آتاھے) ۔

Flexibility : (n) [L.'flexibilitatem.'] (۱) لچك ؛ نرمی ؛ تغیر پذیری ؛ لوچ ؛ نرم ؛ لچك دار ھونے کی صفت ؛ لچکیلاپن؛ اثر پذیری ؛ مطابقت پذیری ؛ ملائمت ۔ (۲) (آواز یا انگلیوں کی) تیزی سے انجام دینے کی صلاحیت ؛ تیز انجام دہی کی صلاحیت یا اہلیت (نیز جمع) ۔

Flexible : (a) [L.'flexibilis.'] (۱) نرم ؛ لچك دار ؛ بغیر ٹوٹے ھوئے مڑ جانے والا ؛ جھك جانے والا ؛ لچکیلا ؛ خمیدنی ؛ اثر پذیری ؛ مطابقت پذیر ؛ انحنا پذیر ۔ (۲) جو (شخص) آسانی سے کہا مان جائے؛ جس کا بہ آسانی سامان ھو سکے؛ سلیم ؛ قابل تربیت ؛ بات ماننے والا ؛ تربیت پذیر ؛ تاثر پذیر ؛ قابو کا (آدمی) ۔ (۳) جو (شخص) اپنے کو حسب ضرورت حالات کے مطابق و موافق بناسکے ؛ تغیر پذیر ؛ ہرفن مولا ؛ قابل تغیر ؛ قابل تطبیق ۔ (٤)خوش اخلاق ؛ ٹھنڈے مزاج کا ؛ نرم مزاج ۔

Flexible : (n) نرم ملائم یا لچك دار چیز ۔

Flexible binding : (n) (۱) وہ جلد سازی جس میں لوچ دار سلائی کی گئی ھو ۔ (۲) ملائم گتّے سے بنائی ھوئی جلد ۔

Flexible constitution : (n) لچك دار آئین ؛ ترمیم پذیردستور؛ ایسا دستور جو دستور سازی کی معمولی کاروائیوں کے ذریعہ ترمیم کیا جاسکتا ھو اور اس طرح جس کی ترمیم نسبتاً آسان ھو ۔

Flexible sewing : (n) (جلد سازی) جزو بندی ۔

Flexibleness : (n) نرمی ؛لوچ ؛ لچك ؛ لچکیلاپن ؛لچك داری ؛ خمیدگی ؛ مطابقت پذیری ؛ اثر پذیری ۔

Flexibly : (adv.) نرمی سے آسانی سے ؛ ملائمت سے ؛ لچك دار طور پر ۔

Flexile : (a) [L.'flexilem.'] (۱) ملائم ؛لچک دار ؛ نرم ؛ آسانی سےقابو میں آنے والا ؛ تغیر پذیر ؛ مطابقت پذیر ؛ آسانی سے مُڑ جانے والا یا موڑا ہوا ؛ لچکیلا ؛ اثرپذیر ۔ (۲) بآسانی بات مان لینے والا ؛ تربیت پذیر ؛ قابو کا (آدمی) ۔ (۳) ہمہ گیر؛ بہت سے کاموں کی صلاحیت رکھنے والا ؛ بہت سےعلوم وفنون وکمالات پر حاوی؛ (ذہن) (تربیت) ۔

Flexility : (n) لچک داری ؛ تغیر پذیری ۔

Flexion/Flection : (n) [L.'flectionem.'] (۱) خم ؛ جھکاؤ ؛ بانک ؛ ٹیڑھ ؛ کجی ؛ (خصوصاً جسم یا کسی حصہ یا جوڑ کا) مُڑا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔ (۳) جھکنے یا جھکانے کا عمل ؛ جھکاؤ ؛ موڑ ؛ خمیدگی ؛ انحنا ؛ جھکاؤ کی حالت ؛ ٹیڑھاپن ؛ کوئی جھکی یا مڑی ہوئی چیز خصوصاً موڑنے والے عضلات کے عمل سے پیدا شدہ کسی عضو یا جوڑ کا خم یا جھکاؤ ۔ (۳) تبدیلی ؛ ترمیم ؛ تغیر؛ تبدل ؛ گردان ۔ (٤) موڑ ؛ خم ؛ کجی ؛ انحناء ؛ جوڑ ۔ (٥) (صرف ونحو) گردان ؛ کسی لفظ کی بنیتی ترمیم یا تصریف ۔

Flexional/Flectional : (a) (۱) خمیدہ ؛ جھکا ہوا ؛ ٹیڑھا؛ کج ؛ مُڑا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔ (۲) گردانی ؛ تصریفی ؛ گردان کا ؛ اس کے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ (خصوصاً قواعد میں) نیز گردان یا تصریف پر مبنی یا اُس کی حامل (زبان) ۔

Flexionless/Flecitonless : (a) (صرف ونحو) ناقابل گردان ؛ غیر تصریفی ؛ تغیر گردان کا ؛ گردان سے خالی ۔

Flexometer : (n) لوچ پیما ؛ لچک پیما ؛ کسی چیز کی نرمی یا لچک داری کو ناپنے والا آلہ ۔

Flexor : (n) [mod.L.] عصب ؛ جھل ؛ وہ پٹھا جو کسی حصہ٭ جسم کو جھکاتا ھے ؛ جسم کے حصے کو نرم بنانے یا موڑنے والا عضلہ ۔

Flexuose : (a) [L. f.'flexus.'] (نباتیات) جو لہرے دار ہو ؛ پیچ و خم رکھتا ہو (سانپ کی طرح) ؛ اتار چڑھاؤ رکھتا ہو ؛ پیچاں ؛ بل کھانے والا ؛ لہر دار ؛ لہرانے والا ؛ پیچ و خم کھانے والا ۔

Flexuosity : (n) خم داری؛ لہرداری؛ لہرانے یا پیچ و خم کھانے کی صفت ۔

Flexuoso- : (com.) جزو ترکیبی بمعنی لہر یا، پیچ دار، بل کھائی ہوئی ؛ پُر خم (شکل یا ترتیب) ۔

Flexuous : (a) [L.'flexuosus.'] (۱) جس میں بہت سے خم یا انحنائیں ہوں ؛ خم دار؛ پُر خم ؛ لہر یا لہر دار؛ پیچ دار ؛ چکر دار ؛ بل دار ؛ پیچ و خم والا (خصوصاً حیوان یا نباتی ساخت) ۔ (۲) لہریں لیتا ہوا ؛ چکر کھاتا ہوا ؛ پیچاں (شاذ) ۔

Flexuosuly : (adv.) پیچ وخم کے ساتھ؛ لہریا انداز میں ؛ بل کھا کر ۔

Flexurel : (a) خم دار ؛ ٹیڑھا ؛ منحنی ؛ پیچ دار ؛ لہریا ؛ خمیدہ ؛ بل دار ؛ جھکا یا مڑاھوا ؛ کج ؛ انحنائی ؛ خم یا موڑ سے متعلق ۔

Flexure : (n) [L.'flexura.'] (۱) خم ؛ موڑ ؛ خمیدگی ؛ جھکاؤ ؛ پھیر ؛ جھونک ؛ کجی ؛ ٹیڑھا پن ؛ انحنائیت ؛ مڑی ہوئی یا خمیدہ شے ۔ (۲) جھکاؤ ؛ موڑ ؛ خم ؛ خمیدہ شکل یا انداز ؛ جھکی یا بل کھاتی ہوئی شکل ۔ (۳) نرمی ؛ لچک ؛ ملائمیت ؛ لچکیلاپن ۔ (٤) مڑی ہوئی شکل کی کوئی چیز ؛ گرہ ؛ جوڑ ؛ انحناؤ ؛ موڑ ؛ لہر ؛ پیچ ؛ بل ۔ (٤) (ریاضیات) خط یا سطح کا موڑ ؛ جھکاؤ ؛ (لچک کے نظریہ کے لحاظ سے) کسی سطح یا مادہ کا جھکاؤ یا خم ۔ (٦) (طبقات الارض) کسی دباؤ کی وجہ سے زمین کے کسی طبقہ کا خم ۔

Flexure of a curve : خط مستقیم سے یاخط مستقیم کی طرف جھکاؤ ۔

Flibbertigibbet : (n) [Origin flibbergib; prob.] (۱) بکواس کرنے والا ؛ بےچین ؛ بیہودہ ؛ اوچھا؛ سبک سر ؛ واہی؛ چنچل (شخص) ؛ باتونی ؛ گپی ؛ فضول گو ؛ یاوہ گو ؛ گپ باز ۔ (۲) سہیلی ؛ باتونی عورت؛ وہمی عورت ؛ بیوقوف عورت ۔ (۳) کسی بھوت یا بُھتنے کا نام ۔ (٤) (اسکاتستانی) شریر ؛ چنچل یا بیوقوف لڑکا ۔

Flibustier : (n) Filibuster کا متبادل

Flicflac : (n) [Fr.] رقص کا ایک انداز ۔

Flick : (n) [Echoic.] (۱) ہلکی ضرب ؛ ہلکی مار ؛ تھپکی ؛ چابک کی ہلکی مار۔(۲) اچانک یا فوری حرکت؛ جھٹکا ؛ دھچکا ۔ (۳) تازیانے کے سراقیے کی ہلکی آواز ؛ کوئی بھی ہلکی تیز آواز ۔ (٤) جھٹکے سے پھینکی ہوئی کوئی چیز ؛ جھپٹ ؛ ٹکر ؛ حملہ ؛ دھاوا ؛ چھپکا ؛ چھینٹا ۔ (٥) (جمع) (عامیانہ) سنیما ۔

Flick : (n) [Origin unkn.] (بول چال) سور کےگردے کے گِرد کی چربی ۔

Flick : (v) (۱) تیزی سےچابک یا کوئی چیز چھوانا : چابک کی طرح لچکیلی یانرم چیز سے ہلکے سےمارنا؛ ہاتھ بڑھاکر چابک کی نوک سے کسی چیز کو چھوانا اور پھرفوراً اس کو پیچھے کھینچ لینا ـ (۲) انگلی کو اندر کی طرف جھکا کر پھر ناخن سے کسی چیز کو مارنا یا اڑانا (جیسےلڑکے کوڑی پر کوڑی مارتے یا انٹا کھیلتے ہیں) ؛ جھٹکا دینا ؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا یا ڈھکیلنا ؛ اچانک ڈھکیل دینا یا پھینک دینا ـ (۳) تیز ارتعاش کے ساتھ حرکت کرنا ؛ تھرتھرانا؛ کانپنا ؛ پھڑپھڑانا ؛ لرزنا ؛ پر جھاڑنا ؛ پر مارنا ـ (٤) جھٹکے سے ہلنا یا ہلانا؛ لرزہ براندام کرنا یا ہونا ـ (٦) گرد اُڑانا ؛ جھاڑنا ؛ جھٹکنا ؛ یا جھٹکا دینا ؛ جھٹک کر صاف کرنا ـ

Flick : (v) [Origin unkn.] کاٹنا ؛ تراشنا ـ

Flicker : (n) [f. Flicker. (v)] (۱) تھرتھراہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ ارتعاش ـ (۲) جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز ـ (۳) لرزتے ہوئے شعلے یا روشنی کی جھلملاہٹ ؛ ٹمٹماہٹ ؛ لرزش ؛ کھلتی بند ہوتی روشنی ؛ نیز مجازاً ـ

Flicker : (n) [Echoic of the birds note.] بُد بُد یا کٹھ پھوڑ کی مختلف جنسوں میں کسی ایک کا نام خصوصاً زرد پر والا بُد بُد ـ

Flicker : (v) [OE.Flicorian.] (۱) (چڑیا کا) پھڑ پھڑانا ؛ پر مارنا؛ پر جھاڑنا یامنڈلانا؛ پروں کو جھاڑنا؛ بھٹ پھنا نا ـ (۲) آگے پیچھے ہلنا یا اڑنا ؛ ہوا میں جھومنا (جھنڈے یاعلم کی طرح) آنا جانا ؛ اُترنا چڑھنا ؛ بے چینی کے ساتھ چلنا ؛ پھرنا ؛ منڈلانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ لرزنا ؛ ہلکی مگر تیز حرکت کرنا ؛ مرتعش ہونا؛ لہرانا؛ لہریں لینا؛لہرا کر چلنا ـ (۳) نامسلسل روشن رہنا اور نا قطعی طور پر گل ہونا؛ تھوڑے تھوڑے وقفےسے جلنا ؛ بجھنا ؛ ٹمٹمانا ؛ نیز مجازاً ـ (٤) جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز نکلنا ـ

Flicker photometer : (n) (بصریات) ٹمٹماؤ ضیا پیما ـ

Flickeringly : (adv.) پھڑ پھڑاتے ہوئے ؛ منڈلاتے ہوئے ؛ لہراتے ہوئے ؛ لرزتے ہوئے ؛ تھرتھراتے ہوئے ؛ جھلملاتے ہوئے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ـ

Flier : (n) (۱) (شخص) ہوَاباز؛ اڑنے والا ـ (۲) پرندہ وغیرہ جو اڑتا ہے ـ (۳) چھلانگ ؛ پھلانگ ـ

Flight : (n) [OE. flyhy.] (۱) ہوَا میں اڑنے کا طریقہ ؛ طرز پرواز ؛ اڑان ـ (۲) (شاہین بازی) شاہین کے ذریعہ شکار کا تعاقب نیز وہ شکار جس کا تعاقب کیا جارہا ہو ؛ باز کا شکار کے پیچھے اڑنا ـ (۳) پرندوں یا کیڑوں کا جھنڈ جو ایک جگہ سے اُڑکر دوسری جگہ جائے ـ (٤) کسی متحرک چیز کی تیز حرکت (جیسے ہوَا میں توپ کے گولے کی رفتار) تیز پرواز ـ (٥) وہ فاصلہ جو کوئی پرندہ یا ہوَا میں تیز حرکت کرنے والا آلہ یا آلہء ہوَائی طے کرسکتاہو ؛ توڑ (گولی یا گولے کا) وہ فاصلہ جہاں تک کوئی پرندہ اڑتا یا اُڑ سکتا ہو ؛ حد پرواز ؛ (نیزمجازاً) ـ (٦) سیڑھیوں یازینے کا سلسلہ جو ایک ہی سمت میں چلا گیا ہو یا گھوڑ دوڑ کی ٹٹیوں کا سلسلہ جن پر گھوڑے کودائے جاتے ہیں نیز ڈھلواں چبوتروں، روئی کے گالوں، اون کے گچھوں یا زلفوں کا سلسلہ ـ (۷) باڑھ (تیر، بندوق یا توپ کی گولیوں کی) ـ (۸) جئی کی بھوسی ـ (۹) پرواز ؛ رسائی (ذہن ، خیال ، ہمت وغیرہ کی) ـ (۱۰) اُڑنے والے پر ؛ بازوں کےوہ پر جن کی مدد سے پرند اُڑتے ہیں ؛ پر پرواز ـ (۱۱) ہوَا میں ایک ساتھ اُڑتے یا گذرتے ہوئے پرندوں یا چیزوں کا غول ـ (۱۲) نوجوان پرندے جو ایک ساتھ اڑتے ہوں ـ (۱۳) دورتک مار کرنے کےلئے اچھی طرح پروں سےآراستہ ایک ہلکا تیز نیز ایسےتیر کے ذریعہ فاصلے سے مارنا ؛ اُڑتےہوئے جنگلی پرندوں کا شکار ـ (۱٤) (جہازرانی میں) تیز رفتار ہلکی کشتی ـ (۱٥) (ماہی گیری) تاگے میں بنسیوں کی ترتیب یابنسیوں کا مجموعہ ـ

In the first flight : (بول چال) سب سے پہلے ؛ اولین ؛ سبقت میں ـ

To take a flight : اُڑنا ؛ پرواز کرنا ـ

To take, to betake oneself to flight : بھاگنا ؛ فرار ہونا ـ

To waig one's flight : اُڑنا ـ

Flight : (n) [OE.flyht. f.plenh.] (۱) خطرے وغیرہ سے بھاگنے یا بچ نکلنے کا عمل ؛ فرار ؛ مفر ؛ عاجلانہ روانگی؛ تیزی سےگذرجانا یا چلاجانا ؛ بھاگڑ ؛ گریز؛ رجعت؛ چھپ کر بھاگنا ؛ رو پوشی ـ

To put to flight : بھگا دینا ـ

Flight : (v) (۱) اُڑادینا ؛ بھگادینا ؛ ڈرادینا ؛ خوفزدہ کردینا ـ (۲) جہاز کا لنگر اندازی کے مقام کی طرف

بڑھنا ۔ (۳) کسی کا اندازبدلنا؛ چلاچلنا ؛ روانہ ہوجانا ؛ گذر جانا ۔ (٤) (خاص کر اسکاتستانی) ایک جگہ سے دوسری جگہ جاکر قیام کرنا ؛ نقل مکان یا ترک وطن کرنا ۔ (٥) چلنا؛ گذرنا ؛ آگے بڑھنا؛ سبک رفتاری یا تیزی سےگذرنایا پرواز کرنا؛ نیز جھُنڈ میں اُڑنا ۔ (٦) (تیر میں) پر لگانا ؛ پروں سے آراستہ کرنا ۔

Flight arrow : (n) دور تک مارکرنے کےلئے پروں سے اچھی طرح آراستہ کیا ہوا ہلکا تیر ؛ بازؤں کے وہ پر جن کی مدد سے پرند اُڑتے ہیں ؛ پر پرواز ۔

Flight bow : (n) فاصلے سے مار کرنے والی کمان ۔

Flight commander : (n) ہَوا بازوں کے عہدے کانام ۔

Flight feather : (n) پرندوں کےبازؤں کےپروں میں سےکوئی ایک ، جن پر قوت پرواز کا انحصار ہوتا ہے ۔

Flight instinct : (n) (عضویات) فراری جبلت ۔

Flight lieutenant : (n) ہَوا بازوں کے عہدے کا نام ۔

Flight muscle : (n) پرندہ کے پر کا ایک پٹھا جس کی مدد سے اس کے بازو حرکت کرسکتے ہیں ۔

Flight of ambition : (n) ہمت اور حوصلہ (کی پرواز) ؛ بلند ہمتی ۔

Flight of a shot : بندوق کی نال کے سرے اور فرسٹ گریز (First Grase) کے درمیان بنایا ہوا خط حرکت ۔

Flight of birds : (n) (حیوانیات) مہاجرت طیور ۔

Flight of fancy : (n) پروازِ خیال ۔

Flight of steps : (n) (تعمیرات)سلسلہٴ زینہ ؛ سیڑھیوں کا سلسلہ ۔

Flight of time : (n) وقت کا تیزی سے گذرنا ۔

Flight of wit : (n) عقل وذہن کی پرواز ۔

Flight of shooting : (n) (۱) (تیراندازی) پرلگے ہوئے ہلکے تیروں کے ذریعہ دور سے مار یا شکار ۔ (۲) جنگلی پرندوں کا پرواز کی حالت میں شکار ۔ (۳) تیر و کمان کے ذریعہ شکار ۔

Flight-shot : (n) (۱) پر دار تیر کی مار کا فاصلہ ؛ وہ فاصلہ جہاں تک تیر سے مار کی جاسکتی ہو ؛ تیر کی زد ؛ کمان کی مار یا زد ۔ (۲) اڑتے ہوئے جنگلی پرند کو تیر مارنا یا نشانہ بنانا ۔

Flighted : (n) (۱) مخصوص اڑان والا ۔ (۲) پردار ؛ پروں سے سجایا ہوا ؛ پروں والا ۔

Flighter : (n) (شراب سازی) شراب میں گول تموج پیدا کرنے کےلئےخنک ساز (کولر) میں رکھی ہوئی شراب کی سطح پر گھومتا ہوا ایک افقی پنکھا ۔

Flightily : (adv.) (۱) چستی وتیزی سے (شاذ) ۔ (۲) وہمی طور پر ؛ تلون مزاجی سے ؛ بے وقوفانہ ؛ سبک سر ہو کر ؛ بیہودگی سے؛ غیر سنجیدہ طورپر ؛ وحشت اور بد حواسی کے ساتھ ۔

Flightiness : (n) (۱) تیزی ؛ چستی (شاذ) ۔ (۲) وہم ؛ وسواس ؛ لہر ؛ موج ؛ بدحواس ؛ وحشت ؛ بیہودگی ؛ سبک سری ۔

Flightly : (a) (۱) تیز ؛ سبک رو ؛ چست (شاذ) ۔ (۲) وہمی ؛ وحشی ؛ متلون المزاج ؛ بے وقوف ؛ بدحواس ؛ ظریف ؛ لہری ؛ من موجی ؛ وسواسی ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ تغیر پذیر ؛ ناپائدار ؛ غیر مستقل ؛ پھڑکنے والا ؛ شوخ (گھوڑا) ۔ (۳) سبک سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہودہ ؛ ہلکے دماغ والا؛ نکمّا ؛ نکمّی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ ؛ نادان ۔

Flim-flam : (n) [Echoic.] (۱) خفیف ؛ بیہودہ ؛ لغو (بات) ؛ فضول گفتگو؛ سخنِ یاوہ؛ بے معنی بات چیت ۔ مکاری اور دھوکے کی بات ؛ دھوکا ؛ معمولی چال یا فریب ۔ (۲) لغویات ؛ واہیات ؛ ابلہ فریبی ؛ ریاکاری ؛ جھانسا؛ دام تزویر ۔

Flim-flam : (a) سبک سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہودہ ؛ نکمّی باتیں یابےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ؛ نادان ؛ لغو ؛ مہمل ؛ لایعنی (نیز) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ نقلی ؛ غیر حقیقی ؛ پر فریب ۔

Flim-flam : (v) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Flim-flamer : (a) دھوکا دینے والا ؛ فریب دینے والا ؛ جُل دینے والا ۔

Flimmer : (n) جھلملاہٹ ۔

Flimp : (v) (۱) چرانا ؛ لوٹنا ؛ سرقہ کرنا ۔ (۲) غائب کرنا ۔

Flimsily : (adv.) کمزور حالت میں ؛ نزاکت کے ساتھ نازک طور پر ؛ کم حقیقیت یا بے قیمت ہو کر ؛ سطحی طورپر ۔

Flimsiness : (n) بوداپن ؛ کم زوری ؛ نزاکت ؛ نا استواری ؛ کم مانگی ؛ نکمّا پن ۔

Flimsy : (a) [Origin unkn.] (۱) نازک ؛ کم زور ؛ بودا ؛ دھان پان ؛ جو چیز آسانی سے توڑی جاسکے ؛ نااستوار؛ بے حقیقت ؛ موہوم ؛ خیالی ؛ برائے نام ؛ خفیف ؛ بہت ہلکا یا پتلا ؛ بہت چھوٹا یا تھوڑا ۔ (۲) (جس چیز کے) جوڑ کمزور ہوں ۔ (۳) بے قیمت ؛ حقیر ؛ کم حیثیت ؛ خفیف ؛ ذلیل ؛ بے کار؛ بیہودہ ؛ سطحی؛ ناقص ؛ کم زور ؛ غیراہم ؛ ذراسی ؛ ادنیٰ سی ۔

Flimsy : (n) (۱) (بازاری) بینک نوٹ ۔ (۲) پتلا کاغذ ؛ نامہ نگار نے جس پر اخبار کیلئے کچھ لکھے ہوں ؛ چربے کا کاغذ ؛ نامہ نگار کی کتاب ۔ (۳) ٹیلیگرام ؛ ریڈیو گرام ۔

Flinch : (n) (۱) دبنے، ہٹنے، کھسکنے کاعمل ۔ (۲) جھرجھری ؛ جسمانی اوردماغی تکلیف کا اظہار؛ اضطراب؛ جھجھک ؛ ہچکچاہٹ ؛ دست برداری ۔

Flinch : (n)[Origin unkn.] (۱) دبنا؛ ہٹنا؛پیچھےہٹنا؛ کھسکنا؛ سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ دامن بچانا ؛ کترانا؛ پہلوتہی کرنا (کسی مشکل ، خطرے وغیرہ سے) ۔ (۲) جھجکنا ؛ ہچکچانا ؛ چونکنا ؛ گھبرا جانا ۔ (۳) جھر جھری آنا ؛ جسمانی یا دماغی تکلیف کا اظہار ہونا ؛ جسمانی یا دماغی اضطراب کا ظاہرہونا ۔ (٤) ہٹ جانا ؛ جگہ چھوڑ دینا ؛ خود کو پیچھےہٹالینا؛ دست بر دارھوجانا ۔

Flinch from course : (n) اپنے راستہ یاطریق عمل سے ہٹنا ۔

Flinch from duty : (n) (۱) اپنے فرض سے رو گرداں ھونا ۔

Flincher : (a) دبّو ؛ دبنے، ہٹنے، کھسکنےوالا ؛ جھجھکنےوالا ؛ ہچکچانے والا ؛ سمٹ جانے والا؛ احتراز کرنے والا ؛ گریز کرنے والا ؛ محترز ۔

Flinchingly : (adv.) دبتے ھوئے ؛ ہٹتے ھوئے ؛ ہچکچاہٹ سے جھجھک کر ؛ محترز انداز میں ؛ گریز کرتے ھوئے ؛ سمٹتے ھوئے ؛ جھرجھری لےکر ۔

Flinder-mouse : (n) [ME.'vlindra.'+mouse.] چمگاڈر ؛ شپترہ ۔

Flinders : (n) [origin unkn.] ٹکڑے ؛ پرزے ؛ ریزے ؛ باریک ٹکڑے ؛ نا تراشیدہ ریزے ۔

To break in flinders : ٹکڑے اڑادینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کردینا ؛ ریزہ ریزہ کر دینا ۔

To fly in flinders : ٹکڑے ھوجانا ؛ پرزے پرزے ھوجانا ؛ ٹکڑے ھوکر منتشر ھوجانا ۔

Flindersia : (n) (نباتیات) سفید ساج ۔

Fling : (n) [f. next vb.] (۱) تیزی یا شدت سے حرکت کرنےکا عمل ۔ (۲) پانسے کی پھینک ؛ داؤ ۔ (۳) (مجازاً) کسی چیز پر حملہ نیز طعنہ زنی ؛ آوازہ ؛ پھبتی ۔ (٤) تضحیک ؛ تمسخر ۔ (٥) تیز ؛ بے دھڑک ؛ شوخ حرکت؛ تیز حرکت ؛ جھپک ؛ جھپٹ ؛ اُچھل کود ؛ حملہ ؛ دوڑ ؛ ہلّہ ؛ ہجوم ؛ نرغہ ؛ گرم بازاری ؛ وقتی اور ہلکی کوشش ۔ (٦) اضطراری حرکت یا جذبہ ۔ (۷) جسم یاہاتھ پاؤں کی تیز حرکت خصوصاًرقص میں ؛تھرک؛ جنبش؛ اُچھل کود ۔ (۸) غوطہ ؛ ڈبکی ؛ گھوڑے کی لتاڑ(پچھلی ٹانگیں اُٹھا کر زورسے مارنا) ۔ (۹) بےھوشی ؛ غشی کا دورہ ؛ سکتے کی حالت میں ۔

The High land fling : ایک خاص قسم کا ناچ جو ہائلینڈمیں ناچا جاتا ھےاورجس میں جسم اور ہاتھ پاؤں کو تیزی سے حرکت دی جاتی ھے ۔

To have a fling at : کسی پر حملہ یا کسی بات یا کسی مقصد کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ طعنہ دینا ؛ آواز سے کسنا ۔

To have one's fling : ذوق وشوق پورا کرنے کیلئے پوری طرح آزاد ھونا ؛ اضطراری جذبات و خواہشات میں پورے طور سے آزاد ھونا ۔

Fling : (v) [Pa. and pple flung opp. retated to ON. lengja.] (۱) کسی چیز کی طرف یا اُس کی طرف سے تیزی اور شدت کے ساتھ گذر جانا یا چلاجانا ؛ دھکا دینا ؛ جھپٹنا ؛ غصہ میں تیزی سے چلا جانا ۔ (۲) (گھوڑے وغیرہ کا) تیزی سے لتاڑ چلانا ؛ تیزی سے لات مارنا ؛ ٹھوکر مارنا ؛ بےقابو ھوجانا ؛ اڑجانا ؛بھڑک جانا ؛ سرکش ھوجانا (اسی طرح آدمیوں کا) باغی ھوجانا ؛ باغی ھونا ؛ اطاعت سے منحرف ھونا نیز احتجاج کرنا ؛ شکایتوں کی بھرمارکردینا ؛ شدید طعن و تشنیع کرنا ؛ گالیوں کی بوچھار کرنا ۔ (۳) (اسکاٹستان) اچھل کود کرنا ؛ ناچنا ؛ رقص کرنا ؛ نہایت تیزی سے ناچنا ۔ (٤) پھینکنا؛ پٹکنا ؛ دےمارنا ؛ اُچھالنا؛ ڈھکیل دینا ؛ گرادینا ؛ پھینک کر مارنا ؛ تشدد اور دشمنی کے ارادے سے پھینکنا ؛ مارنا؛ حملہ کرنا ۔ (٥) تیزی سے یا پُرتشدد انداز میں ٹکرانا؛ ڈھکیلنا؛ جھپٹنا؛ نرغہ کرنا ۔ (٦) اچانک حرکت کے ساتھ بازوؤں کو پھیلادینا ؛ نیز لات

روانہ ہونا؛ غصے میں چلا جانا ؛ بےپروائی اور بےتوجہی سے گفتگو کرنا ۔

To fling one's eyes : بے پروائی سے دیکھنا ۔

To fling on/-against : (فوج لے کر) دشمن پر یا قلعے پر حملہ کرنا ۔

To fling on persons compassion : اپنے کو کسی شخص کے رحم وکرم پر چھوڑدینا ۔

To fling open : زور سے (دھماکے کےساتھ) کھولنا ؛ اچانک اورشدت کے ساتھ کھولنا ۔

To fling out arms : دونوں بازو (گود) دفعتاً کھول دینا ۔

To fling out of the room : غصہ میں تیزی سے کمرہ کے باہر چلاجانا ۔

To fling to : زور سے (دھما کے کے ساتھ) بند کرنا ؛ اچانک یا زور سے بند کرنا ۔

To fling up : (مورچے، خندق وغیرہ) چھوڑ دینا ؛ ترک کردینا ؛ دست بردار ہونا ؛ دست بردار کردینا ؛ (بول چال) چھیڑنااورطعنہ زنی کرنا ۔

Flint : (v) چقماق لگانا ؛ چقماق سے ؛ آگ پیداکرنا ؛ سخت پتھر کے ٹکڑوں سے فرش بنانا ۔

Flint-flake : (n) چقماق کا ٹکڑا جو زمانہء ماقبل تاریخ میں کاٹنے والے اوزار کے حصے سے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Flint glass : (n) (۱) صاف اور چمک دار شیشہ جو چقماق سے بنایا جاتا تھا ؛ چقماق کانچ ؛ چقماقی شیشہ ؛ بلور؛ اشیائے بلوریں ۔ (۲) خالص شفاف اور چمک دار شیشہ جو لیڈ آکسائیڈ، بالو اور القلی کے مرکب سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Flint- gravel : (n) رتیلاپتھر ؛ یاکنکر جس میں سنگ چقماق موجود ہو ۔

Flint-gun : (n) ایسی بندوق جس میں چقماق سے آگ پیدا کرنے والا گھوڑا لگا ہو ۔

Flint-head : (n) چقماق سے بنی ہوئی ایک تیر کی نوک ۔

Flint-hearted : (a) سنگ دل ؛ بےرحم ؛ سخت دل والا ؛قسی شقی القلب ۔

مارنا ؛ لتاڑ چلانا ۔(۷) کسی خاص سمت میں حقارت آمیز نگاہ ڈالنا ؛ استہزاء سے دیکھنا۔ نفرت انگیز طورپر دیکھنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ ملامت کرنا ۔ (۸) دھوکا دینا ۔ (۹) نکالنا ؛ پھیلانا ؛ چھوڑنا ؛ پیدا کرنا (آواز، روشنی) ؛ خارج کرنا ؛ جاری کرنا ؛ بھیجنا ؛ روانہ کرنا ؛ آگے بھیجنا؛ ڈھکیلنا؛ منتشر کرنا ؛ نشر کرنا ۔ (۱۰) پٹک دینا ؛ چت کردینا (کشتی میں) ؛ زمین پر گرا دینا ؛ گھوڑے کا سوار کو گرادینا ؛ پٹک دینا؛ پھینکنا؛ گرانا (نیزمجازاً) لنگھی مارنا؛ شکست دینا ۔

To fling aside : نظر انداز کرنا ؛ توجہ نہ دینا ؛ پروا نہ کرنا؛ اعراض کرنا؛ بے التفاتی سے پیش آنا ؛ رد کردینا؛ ٹھکرا دینا؛ مسترد کردینا ؛ نا منظور کرنا ۔

To fling away : چھانٹنا ؛ الگ کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ سبکدوش کرنا ؛ رخصت دینا یا کرنا ؛ پھینک دینا ؛ اُڑا دینا؛ فضول خرچی کرنا؛ پھونک دینا (دولت کو) ۔

To fling away in rage : غصے میں پھینک دینا ۔

To fling down : زمین پر پٹک دینا ؛ زمین پر دے مارنا ؛ گرانا ؛ کچلنا ؛ برباد کردینا ؛ قوت توڑنا ؛ شکست دینا ؛ زیر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ ڈھادینا ؛ منہدم کردینا ؛ مسمار کردینا ؛ زیرو زبر کرنا ؛ توڑ دینا ؛ ملیامیٹ کر دینا ۔

To fling in one's teeth : (کسی بات پر) ملامت کرنا ۔

To fling into a boat : (اپنے کو یا کسی کو) کشتی میں ڈال دینا ؛ گرادینا ۔

To fling into an enterprise : کسی کام یا کار وبار میں دل و جان سے مصروف ہوجانا ؛ کسی کام کو پوری قوت سے شروع کر دینا ۔

To fling into one's arms : کسی شخص کی گود میں گرجانا ؛ لپٹ جانا ؛ اپنے کو کسی کے اختیار یا پناہ میں دینا ۔

To fling into prison : کسی شخص کو دفعتاً اورجبراً قیدخانہ میں ڈال دینا ۔

To fling off : (۱) ترک کردینا ؛ چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ حوالے کردینا ؛ خوشبو پھیلانا ؛ کتوں کا بو پر چلنا ۔ (۲) تیزی سے

Flint lock : (n) (۱) ایسی بندوق کا گھوڑا جو چقماق سے شعلہ پیدا کر کے چلائی جاتی ھے ۔ (۲) گھوڑے والی بندوق ۔

Flint-mill : (n) (۱) (برتن سازی) وہ مِل جہاں چقماق کے ٹکڑے برتن بنانے والے چکنی مٹی میں ملانے جانے کے لئے پیس کر سفوف بناتے جاتے ہیں ۔ (۲) (کان کنی) کانوں میں روشنی کرنے کا ایک پرانا طریقہ جس میں ایک پہیے پر چقماق کے ٹکڑے جڑے ھوئے ھوتے تھے اور پہیا گھومنے پر وہ کسی فولاد کےٹکڑے سےاتنی تیزی اور تواتر کے ساتھ ٹکراتے تھے کہ اُن سے مسلسل روشنی ھوتی رہتی تھی ۔

Flint-rope : (n) اسفنج کا ڈنٹھل ۔

Flint skinning : (n) (مجازاً) امساک ؛ نجات ؛ بخیلانہ بچت ۔

Flint stone : (n) دیکھو Flint : (n)

Flint wall : (n) چقماق دیوار ؛ ایسی دیوار جس کے پلاسٹر اوربیرونی زاویوں میں چقماق کے ٹکڑے لگائے گئے ھوں ۔

Flint ware : (n) (امریکا) سخت پتھر کے بنے ھوئے برتنوں کا نام ۔

Flint wood : (n) (۱) شمالی اور جنوبی ویلز میں ایک آسٹریلیائی درخت کا نام جس کی لکڑی بہت سخت ھوتی ھے ۔

Flint work : (n) پتھر کا نام ؛ چقماق کا کام خصوصاً معماری جس میں سخت پتھر یا چقماق کے ذریعہ بڑا تعمیری یا آرائشی کا م کیا جاتا ھے ۔

Flint worker : (n) چقماقی کام کرنے والا ؛ خصوصاً وہ جو دیوار کو چقماق کےٹکڑوں سےآراستہ کرتا ھے ۔

Flintily : (adv.) چقماق کی طرح سے ؛ کرختگی سے؛ کُھر درے پن کے ساتھ؛ سنگدلی سے ۔

Flintiness : (n) چقماقی حالت ؛ چقماقیت ؛ سختی ؛ کرختی ؛ کھردراپن ؛ سنگدلی ۔

Flinty : (a) (۱) چقماق کا ؛ چقماق سے بنایا یا نکالا ھوا ؛ چقماق سے متعلق ؛ چقماق کا حامل ۔ (۲) چقماق کی طرح؛ چقماق جیسا؛ چقماق نما (۳) (مجازاً) سخت ؛ کھردرا ؛ کرخت ۔

Flip : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا نشہ آور شربت جو بیر، اسپرٹ اور شکر ملاکر بنایا جاتا ھے اور گرم لوھے سے بجھایا جاتا ھے ۔

Egg-flip : انڈے ، دودھ اور شکر وغیرہ کا نوشیدنی آمیختہ ۔

Flip : (n) [Origin doutful .] (۱) وہ ہلکی چوٹ جو چابک کو تیزی سے حرکت دے کر لگائی جائے ۔ (۲) انگلی کی حرکت ؛ ٹکور ۔

Flip : (n) [f.FLiP v.] (۱) شدید ضرب ؛ سخت چوٹ ؛ سخت مار (نیز مجازاً) ۔ (۲) اچانک دھچکا یاحرکت ۔ (۳) (روزمرہ یاعامیانہ) ھوائی سفر ۔

Flip : (v) [Prob.echoic..] (۱) چیزوں یا چھوٹی گولیوں یا سکوں کو انگلیوں سے گھمانا ؛ نچانا ۔ (۲) (کسی شخص کے) کان یارخسار پر آہستہ سے انگلی مارنا ؛ پوٹ مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ ٹکور دینا ۔ (۳) (پنکھا،چابک یامچھلی کو پکڑنے کی چھڑ کو) جھٹکے کے ساتھ حرکت دینایا حرکت کرنا ۔ (٤) تیزی سے مگر ہلکے طورپر مارنا ؛ یا کسی چیز سے ٹکرا نا ۔

Flip : (v) (کسی چیز پر یا شخص کے) تیزی سے چابک مارنا ۔

Flip-book : (n) جاندار مناظر کی تصویروں کا ایک سلسلہ جو ایک ساتھ بند ھوتا ھےتاکہ مسلسل اور تیز حرکت دے کر اُنھیں متحرک اور جاندار ھونے کا التباس پیدا کیا جاسکے ۔

Flipcoil : (n) تار کا ایک چھوٹا کوائل جس سے ۱۸۰ پر اچانک گھما کر مقناطیسی حلقے کی شدت کا تعین کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Flip-dog : (n) بیر اسپرٹ اور شکر ملاکربنائی ھوئی شراب کو گرم کرنے یا بجھانے کےلئے تپایا ھوا لوہا ۔

Flip-flap : (n) (۱) (عامیانہ) ایک قسم کی قلابازی یاڈھینکلی نیز میوہ فروشوں کا رقص ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛ پٹاخا؛ چرخی ؛ گولا ۔ (۳) تماشا گاھوں میں ایک قسم کا گھومنے والا چرخا جس میں لوگوں کےبیٹھنےکےلئے ٹولیاں ھوتی ہیں؛ چرخ ہنڈولا ۔ (٤) (امریکا) ایک قسم کا کیک جو چائے کے ساتھ کھایا جاتا ھے ؛ چائے کیک ۔

Flip-flap : (a) قلاباز ؛ ڈھینکلی باز ؛ بھٹک بھٹک کر یا پھٹ پھٹ کرتے ھوئے چلنے والا ۔

Flip-flap : (adv.)[reduplication of FLAP.] پھٹ پھٹ کرتی ہوئی مسلسل حرکت کے ساتھ ۔

Flip-flap : (v) [Sc.] چھیلنا ؛ چھلکا اتارنا ؛ مقشر کرنا ؛ کھال ادھیڑلینا؛ (روزمرہ)۔

Flippant : (n) بے پروائی ؛ بے روئی ؛ بک بک گستاخی ؛ چرب زبانی ؛ تیز زبانی۔

Flippant : (a) [opp. f. FLIP.] (۱) غیر سنجیدہ ؛ سنجیدہ اور اہم باتوں کو بےپروائی سےمعمولی اور خفیف سمجھنے والا ۔ (۲) بے ادب ؛ بکی ؛ تیز زبان ؛ طرار ۔ (۳) تیز ؛ رواں (زبان) ؛ سرپٹ (تقریر) تیز ؛ طرّار؛ پرگو ؛ باتونی (شخص) ۔(٤)نازیبا حرکتیں کرنے والا ؛ نامناسب ؛ خفیف الحرکتی کرنے والا ؛ نا سمجھی کی باتیں کرنے والا ؛ بے موقع مذاق کرنے والا ۔(۵) ناسمجھ باتونی؛ بے ادب (شخص) ؛ گستاخ ؛ چرب زبان ۔

Flippantly : (adv.) بےپروائی سے؛ بے ادبی سے ؛ گستاخانہ ؛ چرب زبانی سے ۔

Fliippantness : (n) بے ادبی ؛ گستاخی ؛ بے پروائی ؛ چرب زبانی۔

Flipper : (n) [f.FLIP (v)] (۱) (مچھلی وغیرہ کا) وہ چوڑا اور چپٹاعضو جس سے تیرنے میں کام لیا جاتاھے ۔ (۲) (بازاری) ہاتھ ۔(۳) (تھیٹر) کسی منظر کا ایک حصہ جس میں دونوں طرف نقاشی ہوتی ھے اور قلابے لگے ہوتے ہیں اور جو کھیل یا منظر کوتبدیل کرنےمیں استعمال ہوتے ہیں ۔ (٤) ایک چوڑا اور چپٹا عموماً ربر کا جس کا اگلا سرا پھیلا ہوا ہوتا ھے اور جو غوطہ خوری اور پانی کے دوسرے کھیلوں میں استعمال ہوتا ھے جسے FIN بھی کہتے ہیں ۔ (۵) چھلنی یا جھنجرے پر پکا یا ہوا کیک ۔ (٦) چھلنی یا توے پر پکانے جانے والے کیک کو الٹنے کا کفچہ ۔(۷) ایک پرزہ آرامشین کے پاس جمع ہونے والے برادے وغیرہ کو ہٹانے کے لئےاستعمال ہونے والا ایک لیوریا بیرم جو ایک چھوٹے بھاپ انجن کے ذریعہ چلایا جاتاھے ۔ (۸) (خوردنی اشیا کا) مہر بند ڈبّا جس میں اندرونی دباؤ کے باعث سروں پر اُبھار پیدا ہو جاتا ھے ۔(۹) برآمیز کپڑے کا فیتہ یا بندھن تاثر بنانے میں استعمال ہوتا ھے ۔

Flipper : (v) (۱) تیرنے والے عضو کے ذریعہ آگے بڑھنا ؛ تیرنے والے جوتے پہننا یاپہنانا ۔(۲) مچھلیوں کے پر کی حرکت کرنا ؛ کسی چوڑی چپٹی چیز کی طرح حرکت کرنا۔

Flipperling : (n) تیرنے والے اعضا رکھنے والا چھوٹا جانور ؛ چھوٹی مچھلی یا سیل کا بچہ جسے تیرنے والے پر ہوتے ہیں ۔

Flipperty/Flopperty : (a) ڈھیلا ؛ لٹکتا ۔

Flirt : (n) (۱) جھٹکا؛ تیز جھپٹ ؛ تیز حرکت یاضرب جس کو دفتعاً روک دیاجائے ؛ پھینک ؛ پھینکنے کی سی حرکت جو دفتعاً رک جائے ۔ (۲) ایسا شخص جو محض تفریحاً اظہار محبت کرتا ہو ؛ عموماً ایسی عورت جو مردوں کے ساتھ محض تفریحاً محبت جتلائے ؛ ناز و انداز دکھائے؛ نخرے کرے ۔(۳) ہلکی ضرب ؛ ہلکا مکّا ؛ ہلکی مار؛ دستک ؛ کھٹکا؛ ناخن کی ٹکور (روزمرہ) ۔ (٤) پھینکنےوالا ؛ جھٹکا دینے والا ؛ بہت تیزی سے حرکت دینے والا ؛ جھٹکے کے ساتھ ؛ اچانک گھڑی کے پرزوں کو متحرک کرنے والا ؛ لیور یا پرزہ ۔ (۵) (گھڑی سازی) گھڑی کی مشین میں اچانک جھٹکے یا وقفے سے حرکت پیدا کرنے والا لیور یا پرزہ ۔

Flirt : (v) [Onomatopoeic.] (۱) جھٹکادے کر پھینکنا؛ اُچھالنا ؛ تیزی سے ہلانا؛ جھلانا ؛ جھٹکے یا اچانک حرکت کے ساتھ پھینکنا یا ڈھکیلنا ۔ (۲) تیز کرنا ؛ اچانک حرکت دینا ۔(۳) جھٹکے کے ساتھ یا رُک رُک کرحرکت کرنا؛ اُچھالنا ؛ لپکنا ؛ تڑپنا؛ دھڑکنا ؛ جھپٹنا ۔ (٤) شادی سے قبل محبت اور راز ونیاز کی باتیں کرنا ؛ غمزدہ دکھانا ؛ نازو نخرے کرنا ۔ (۵) جھوٹی محبت جتانا (کسی شخص کے ساتھ) ۔ (٦) سطحی پسند یا دل چسپی ظاہر کرنا؛ جھوٹی چاہت دکھانا ؛ اتفاقی یا نقلی توجہ دینا ۔ (۷) اُچھلنا ؛ کودنا ؛ آزادنہ حرکت کرنا ؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا ؛ فضول باتیں یا حرکتیں کرنا ۔

To flirt a fan : (v) : جھٹکے کے ساتھ کھولنایابند کرنا ؛ تیزی سے پنکھا جھلنا ۔

Flirtable : (a) آمادۂ نازونخرہ ۔

Flirtation : (n) دکھاوے کی محبت ؛ جھوٹی چاہت ؛ عشوہ ؛ غمزہ ؛ نازو نخرہ ۔

Flirtatious : (a) دکھاوے کی محبت کرنے والا (یا والی) ؛ عشوہ گر ؛ جھوٹی چاہت یا ناز و نخرے کی نوعیت کا ۔

Flirtatiously : (adv.) عشوہ کے ساتھ؛ عشوہ گرانہ ؛ جھوٹی محبت جتانے والا ۔

Flirtatiousness : (n) جھوٹی محبت کا اظہار ؛ عشوہ گری ؛ ناز و غمزہ ۔

Flirter : (a) جھٹکا دینے والا ؛ اُچھالنے والا ؛ تڑپانے والا ؛ دھڑکانے والا ؛ تیزی سے حرکت دینے والا ؛ جھوٹی محبت جتانے والا؛ ظاہری دلچسپی دکھانےوالا ؛ فضول باتیں یاحرکیتں کرنے والا۔

Flirtigig-gigs : (n) (بول چال) سبک سر ؛ لا اُبالی یا وارفتہ مزاج لڑکی ؛ دختر بے فکر و سبک سر ؛ وحشی لڑکی ؛ متلون مزاج لڑکی ۔

Flirtingly : (adv.) جھٹکا دیتےہوئے یا لگاتے ہوئے ؛ تڑپاتے ہوئے ؛ اچھال کر ؛ جتا کر ۔

Flisk : (n) [f.next.] (۱) (بول چال) خیال ؛ من کی موج ؛ ترنگ ؛ لہر ؛ وہم ؛ تلون مزاجی (اسکاٹستانی) بوالہوسی ۔ (۲) ناخن کی ٹکوڑ ؛ ناخن کی ٹکر ۔

Flisk : (v) [Onomatopoede.] (اُچھلتے کودتے چلنا ؛ کودتے پھاندتے جانا ؛ شوخی کرتے ہوئے قدم اٹھانا ؛ کلیل کرنا ؛ جست لگانا ؛ ناچنا ؛ کودنا ۔ (۲) ناخوش کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ؛ برہم کرنا ؛ زحمت میں ڈالنا ؛ آزردہ کرنا ؛ خفا کرنا؛ ناراض کرنا۔ (۳) چابک سےہلکی چوٹ مارنا ؛ تیزی سے چابک یا کوئی چیز چھو آنا ۔

Flisky : (a) کھلاڑی ؛ خوش طبع شوخی ؛ چنچل ؛ چلبلی ؛ چونچال ۔

Flit : (n) [f.next.v.] (۱) نقل مکان ؛ ترک وطن ؛ تبدیلی ؛ انتقال ۔ (۲) خفیف حرکت ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ ہلکا لمس۔

Flit : (v) [ME.'flittem.'fluttne.] (۱) ترک وطن کرنا ؛ روانہ ہوجانا ؛ نقل مکان کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلاجانا ؛ جگہ بدلنا ؛ جاچکنا؛ رخصت ہوجانا ؛ گذرجانا ۔ (۳) (پرندوں اور خصوصا چمگادڑوں کےلئے) آہستہ اڑنا (یعنی آواز نہ ہویا کم ہو) ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تک اڑ کر رک جانا؛ تیز پر مارنا ؛ پروں کو جنبش دینا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ۔ (٤) جائےرہائش بدلنا؛ ایک جگہ سے اُجڑ کر دوسری جگہ بسنا (خاص کر اسکاٹستانی) ۔ (٥) آگے بڑھنا ؛ گذرنا ؛ چلنا یا جانا ؛ قدم بڑھانا ۔

To flit about : آہستہ آہستہ ادھر اُدھر چلنا پھرنا ؛ کودتے اُچھلتے پھرنا ۔

To flit by : دبے پاؤں کو دتے اچھلتے گذر جانا (کسی چیز کے پاس ہو کر)۔

To flit to and fro : ادھر سے اُدھر (آگے پیچھے) دبے پاؤں جانا ۔

Flit gum : (n) کیڑوں کو مارنے والا پمپ ؛ فلٹ پمپ ۔

Flitch : (n) [OE.'flicce.'] (۱) نمک لگا ہوا اورسکھایاہوا سور کی ران یا کولہے کا گوشت ۔ (۲) ایک سمندری جانور(Blubber) کی چربی کا ٹکڑا ؛ وہیل کی چربی کا مربع ٹکڑا ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی (Halibut) کے گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا ؛ ہالی بٹ (مچھلی کا قتلہ؛ تکّہ ؛ درخت کی شاخ کا لمبائی میں کٹا ہوا ٹکڑا ؛ تختہ ؛ شہتیر ۔ (٥) شہتیر بنانے کےلئے پہلو بہ پہلو باندھے ہوئے تختوں میں سے کوئی ایک ۔ (٦) (تعمیرات) کڑی ۔

Flitch : (v) لکڑی یا مچھلی کے ٹکڑے کاٹنا ؛ تکّے بنانا ؛ قتلے بنانا؛ درخت کی شاخوں کو لمبائی میں کاٹنا؛ قتلوں کی طرح کاٹنا ۔

Flitch-beam : (n) لوہے یا لکڑی کے تختوں یا پرتوں کو مضبوطی سے یکجا ملا کر بنایا ہوا شہتیر ؛ لوہے کی تختی (یا ٹکڑا) لکڑی کے دو ٹکڑوں کے درمیان ۔

Flitch of Dunmow : (n) Dunmow میں یہ قدیم رسم ھے کہ ہر ایسے شادی شدہ جوڑے کو جو ثابت کردے کہ اس نے پورا سال آپس میں اطمینان و محبت سے گذارا ھے اس کو گوشت کا ایک ٹکڑا دیا جاتا ھے اُسی کا یہ نام ھے ۔

Flite/flyte : (v) [Oe.'flitam.'] (۱) دھمکانا ؛ جھڑکانا ؛ ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ تنبیہ کرنا ۔ (۲) لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ نزاع کرنا ؛ محبت کرنا ؛ بحث ومباحثہ کرنا ۔

Fliting : (n) زخم زبان ؛ ملامت کرنا ؛ زجرو توبیخ کرنا ۔

Flitted : (a) جو جاچکا ہو ؛ روانہ شدہ ؛ منتقل شدہ ۔

Flittingly : (adv.) جاتے ہوئے ؛ گذرتے ہوئے ؛ روانہ ہوتے سبک رفتاری سے ؛ سبک پروازی سے ۔

Flitter : (n) [f.Flitter v.] پھڑ پھڑاہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ پر جھاڑنے یا کانپنے کی سی حرکت ۔

Flitter : (n) [Ger.flotter.] دھات یا پتھر کے باریک اور بہت چھوٹےمربع نما ٹکڑے جو آرائش میں استعمال ہوتے ہیں۔

Flitter : (v) [f.flit..v+er] (۱) اڑنا ؛ پھدکنا ؛ پھڑ پھڑانا؛ پرو ں کو ہلکی جنبش دینا ؛ اڑنے سے پہلے چڑیوں کا

پر پھڑ پھڑانا ؛ ادھر اُدھر تیزی سے ہلانا ۔ (۲) چلانا ؛ گذارنا ؛ آگے بڑھانا ؛ اُڑانا ؛ تاش کا پھینٹنا (شاذ) ۔

Flitter-mouse : (n) [after Ger.'flader mous.] چمگادڑ ؛ خفاش ؛ شب پردہ ۔

Flitter-winged : (n) کانپتے ہوئے بازوؤں یا پروں والا ۔

Flittern : (n) اوک کا نیا درخت ؛ درخت بلوط جوان ؛بلوط کا نو خیز درخت ۔

Flittern-bark : (n) اوک یا بلوط کےنوخیز درختوں کی چھال ۔

Flitters : (n) [Altered f.fitters.] (روز مرہ) ٹکڑے ؛ ریزے ؛ ناتراشیدہ ٹکڑے ؛ تراشے ؛ چیتھڑے ؛ پُرزے ؛ دھجیاں ؛ کترن ۔

Flitting : (n) (۱) جانے ؛ گزرنے، روانہ ہونے کا عمل ۔ (۲) نقل مکان ؛ مہاجرت ؛ نقل و انتقال ؛ ایک جگہ سے اُجڑ کر دوسری جگہ جابسنا (خاص کر شمالی اور اسکاٹستانی) ۔ (۳) پرواز ؛ اڑان ۔

Moonlight flitting : چاندنی میں روانہ ہونا یعنی راتوں رات چلے جانا؛ چوری چھپے روانہ ہونا ۔

Flivver : (n) [Origin unkn.] (۱) (امریکی بازاری زبان) سستی ؛ ارزاں ؛ کم قیمت موٹر کار؛ سستی رٹائر کار یا ہوائی جہاز ۔ (۲) ذاتی استعمال کےلئے چھوٹا ہوائی جہاز ۔ (۳) چھوٹی دخانی کشتی ۔ (٤) (روزمرہ)ناکامی؛ نامرادی ؛ دھوکا؛ دیوالیہ پن ؛ فریب ؛ جُل (عامیانہ)۔

Flivver : (v) ناکامیاب ہونا ؛ نقصان ہونا؛ گھاٹے میں پڑنا ؛ نامراد ہونا ؛ دیوالیہ ہونا ؛ ٹائیں ٹائیں فِش ہو جانا ۔

Floating liability : (n) روز مرہ کی مشغولیات کے درمیان پیدا ہونے والی ہلکی پھلکی ذمہ داریاں جن سے نسبتاً مختصر وقت میں نپٹ لیا جاتا ہے ؛ (تجارت) غیرمستقل ذمہ داری ؛ متغیر ذمہ داری ۔

Floating light : (n) (۱) مشعل بردار جہاز ؛ ایسا جہاز جس پرخاص قسم کی روشنی ہوتی ہے اوراس روشنی سے سمندر میں گذرنے والے جہازوں کی رہنمائی کی جاتی ہے ۔ (۲) ایک لائف بوائے (کشتی) جس میں رات کے وقت استعمال کے لئے لالٹین ہوتی ہے ۔ (۳) لنگرنما ؛ نشان لنگر جو سمندرمیں پڑارہتا ہےاور جس پر روشنی ہوتی ہےتاکہ رات کے وقت صحیح راستہ معلوم ہوسکے ۔

Floating pier : (n) تیرتا ہوا پشتہ ؛ تیرتا ہوا چبوترہ جس پر سے جہاز کے مسافر اورمال اتارا جاتا ہے اور جو مد و جزر کے ساتھ اُٹھتا گھٹتا ہے ۔

Floating plate : (n) (اسٹیریو ٹائپنگ) ڈھلے ہوئے لوہے کی چوڑی چپٹی پلیٹ جس پر قالب بنا یا جاتا ہے اور جس کی نچلی طرف رُخ ہوتے ہیں ۔

Floating policy : (تجارت) کھلی پالیسی؛ غیرجامدپالیسی ؛ (سمندری بیمہ) ۔

Floating population : (n) وہ آبادی جو کم وبیش ہوتی رہے؛ گھٹتی بڑھتی آبادی ؛ متحرک آبادی ۔

Floating ribs : (n) سب سےنچلی دو پسلیاں جو سینے کی ہڈی سے ملی ہوئی نہیں ہوتیں ؛ کاذب پسلیاں ۔

Floating screed : (n) پلاسٹر کی وہ پہلی دھاری جو دیوار کے پلاسٹر کی موٹائی کےلئے رہنما دھاری کے طور پر کام کرتی ہے ۔

Floatingly : (adv.) تیرتےہوئے انداز میں تغیر پذیر طورپر ؛ بہتے ہوئے دائر؛ بطور شناور؛ تیرنے کے انداز میں ۔

Flix : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کارُواں ۔ (۲) سگ آبی یا اودبلاؤ کا رواں ؛ سمور ؛ سنجاب کے پیٹ پر کا رواں ۔

Float : (n)[OE. flot.] (۱) تیرنے یابہنے کی حالت ، کیفیت یا عمل ۔ (۲) تیرتی ہوئی چیز؛ بہتی ہوئی چیز ۔ (۳) تیرتی ہوئی دریائی گھاس یابرف کا انبار یا تودا ؛ بیڑا یا بیڑے کے مانند بنی ہوئی کوئی چیز ۔ (٤) چپٹے پیندے والی کشتی؛ وہ بانس کا ٹکڑا یا کارک یا پر جو مچھلی کے شکار کی ڈورمیں بندھا ہوتا ہے جس سے پانی میں ڈور کا پتہ چلتا ہے ؛ ڈونگا ؛ گھڑنائی ۔ (٥) کارک کا ٹکڑا جو مچھلی کے جال کے کنارے پر لگا ہوتا ہے تاکہ جال کو پانی کی سطح پر اٹھائے رکھے اور ڈوبنے نہ دے؛ ترپا ۔ (٦) مچھلی کے جسم کا وہ پھولا ہوا حصہ جس کے سہارے مچھلی تیرتی ہے ؛ایک کھوکھلا اور پھولا ہواحصہ جس کے سہارے جانور تیرتاہے ۔ (۷) پانی کےنل کےاندر کا کھوکھلا گولا جو پانی

کے بہاؤ کو باقاعدہ رکھتا ھے -(۸) ھوا سے بھرا ھوا بیگ یا تکیہ جس کے سہارے آدمی تیرتا ھےیا آدمی کو ڈوبنے سے بچاتاھے (خاص کر تیراکی سیکھنے کےلئے) - (۹) وہ روشنی جو فرانس میں شب کے وقت کمروں کےاندرجلا کر سوتے ہیں - (۱۰) (تھیٹر کی اصطلاح، واحد یاجمع) وہ تیزروشنی جو اسٹیج کے سامنے لگی اور ایک طرف سے ڈھکی ھوتی ھے (Foot light) فٹ لائٹ کی قطار - (۱۱) پانی نکالنےوالے یا پانی کےاندر چلنے والے پہیے کا ایک تختہ (Float wood) - (۱۲) ایک قسم کی نیچی گاڑی - (۱۳) پہیوں پر چلنےوالا چبوترہ جس پر جلوسوں کے ساتھ عموماً کھیل تماشے کئے جاتے ہیں -(۱٤) معمار کی تھاپی (جس سے استر کاری کو یک سار کیا جاتا ھے) کرنی (اوزار) -(۱۵) اکھری کاٹ کی ریتی -(۱٦) بانے کے تاگوں کا، چادر کے ایک حصہ پر بناوٹ کے باہر پھیلا ھونا، ایسے تاگے جو اس طرح پھیلے ھوں -(۱۷) کسی طیارے کی مشین میں لگا ھوا ایک ڈھانچہ جو اُسے پانی میں تیرنے میں معاون ھو -(۱۸) دھات کی بنی ھوئی کھوکھلی گیندیا ایسی ہی اور کوئی چیز جو کسی حوض یا بوائلر میں پانی کی سطح کو باقاعدہ رکھنے کےلئے استعمال کی جاتی ھے - (۱۹) تیرنے یا سطح کو درست کرنے والا ایک اوزار ؛ (پلاسٹر کرنے میں) کرنی، پٹا روسا وغیرہ جن سےپلاسٹر کو مسطح کیا جاتا ھے ؛ ہموار کرنےوالا کوئی اوزار یا کوئی ترکیب - (۲۰)سنگ مرمر کے کام میں استعمال کیاجانے والا پاش کرنے کا بلاک یا اوزار -(۲۱) جو تووں کے اندرنکلی ھوئی کیل کی نوکوں کو ریتنے کےلئےجوتا سازوں کے ذریعہ استعمال کی جانے والی دندانہ دار پلیٹ یا چماروں کی ریتی - (۲۲) وہ جگہ جہاں کشتیاں تیر سکتی ھوں یا ٹھہر سکتی ھوں ؛ گودی ؛ بندرگاہ - (۲۳) سیرابی نالی یا پین -(۲٤) (ارضیات) وہ چٹانیں جو پانی سے گھس کر یا ٹوٹ کر اپنی اصلی ساخت سے کم ھو گئی ھوں -

Float : (v) (۱) کسی رقیق مادے کا سطح پر پڑا ھوا ھونا ؛ تیرا ھوا یا تیرتا ھوا ھونا ؛ تیرنے والا یا تیرن ہار ھونا یا ھوجانا -(۲) کسی رقیق مادے پر تیرنا -(۳) (ایسے جہاز کے متعلق جو ساحل یا چٹان پر چڑھ گیا ھو) سطح پر بہنا تیرنا ؛ پانی پر آجانا؛ کسی سیّال کی سطح پر آہستہ آہستہ اور خاموشی سے تیرنا ؛ کسی سیّال میں آزادی سے تیرنے کےلئے چھوڑ دیا جانا - (٤) متحرک سیال مادے کے ساتھ ساتھ تیرنا ؛ بہے چلے جانا -(۵) کسی سیّال مادے میں بغیر کسی روک کے لٹکا ھونا -(٦) ھوا میں معلق ھونا یا اس طرح حرکت کرنا کہ گویا تیر رہا ھو -(۷) نظر یا دل میں منڈلانا -(۸) (تجارتی اصطلاح میں ہنڈی کےلئے) جاری ھونا ؛ جاری رہنا (میعاد پوری ھونے تک) ؛ کسی کمپنی کو قائم کرنا یا کاروبار کی تجاویز کا اشتہار دینا (شائع کرنا) ؛ پیش کرنا ؛ مقبول کرانا ؛ شروع کرنا ؛ کمپنی، منصوبے وغیرہ کو قائم کرنا ؛ یا مکمل طور سے شروع کر دینا - (۹) (کسی سیّال چیز سے) ڈھک دینا یا اس میں فرق کردینا نیز مجازاً -(۱۰) پانی کا کسی چیز کو اپنے اوپر اٹھائےرکھنا ؛ لئے رہنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ بہائے لے جانا ؛ تیرا دینا نیز(مجازاً) -(۱۱) (افواہ) اڑا دینا ؛ (ھوا میں کسی چیز کو) اڑانا -(۱۲) ھوا میں آہستہ آہستہ اور آزادانہ اس طرح آگے بڑھنا جیسے ھوا بہا رہی ھو یا ھوا اڑا رہی ھو نیز (مجازاً) -(۱۳) (پارچہ بافی) تاگے کا آپس میں بہم پیوستہ ھونے کے بجائے تانے یا بانے کے بہت سارے دھاگوں کے اوپر یا نیچے سے گذرنا -(۱٤) عوام کی حمایت حاصل کرنا - (۱۵) پانی کے ذریعہ یاپانی کے سطح پر (کسی چیز کو) لے جانا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا -(۱٦) (تکنیک) (ٹکڑوں کو) پانی میں بہا کر ریزہ ریزہ کر دینا یا پیس دینا - (۱۷) (الیکٹرو ٹائپنگ اور اسٹیرو ٹائپ) (چھپائی کے کسی فارم یا صفحہ کو) پلاسٹر آف پیرس کے سیّال سے خالی جگہوں کو پُر کر دینا یا پلاسٹر کا قالب بنا دینا -(۱۸) چکنا اور ہموار کر دینا (پلاسٹرنگ) (پلاسٹر کی سطح کو) تھاپی یا پٹے کے ذریعہ ہموار کرنا -

Float-ball : (n) گول ٹوننی کی گیند(جس سےحوض یابوائلر میں پانی کی سطح کو با قاعدہ رکھا جاتا ھے) -

Float-board : (n) پن چکی یاپانی میں گھومنے والےپہیّے کے تختوں میں سے کوئی ایک ؛ پہیے کا تختہ -

Float-boat : (n) بیڑا ؛ لٹھوں کا ٹھاٹ جو کشتی کا کام دیتا ھے -

Float bridge : (n) ایسے تختوں کا پل جو پانی میں تیرتے ھوں ؛ لچک دار پُل -

Float case : (n) پانی میں بنیاد ڈالنے کےلئےبڑا آب بند ڈبہ ؛ کوٹھی شترہ ؛ وہ مشین جس سے جہازوں کو اُتھلےپانی میں تیراتے ہیں -

مال واسباب کو حاصل کرنے کا حق ۔ (٤) جہاز وغیرہ جو کسی دریا یا سمندر میں چلا کرتے ہوں ۔ (٥) کسی چیز کاتیرتا ہوا انبار یا ڈھیر ؛ تیرتی ہوئی چیزیں ؛ تباہ شدہ یا غرق شدہ جہاز ۔ (٦) قوت شناوری ؛ تیرنے کی اہلیت ؛ قابلیت یا قوت کے مال واسباب جو پانی پرتیرتے ہوئے پائے جائیں ۔ (٧) مچھلیوں یا سیپ کے انڈے ۔ (٨) جہاز کاوہ حصہ جو پانی کی سطح سے اوپر نظر آتا ہے ۔

Floatation/Flotation : (n) (١) تجارتی کاروبار یا کمپنی کا آغاز یا افتتاح ۔ (٢) تیرتا ہوا یا سطح آب پر قائم رکھنے کی حالت ؛ تیرنے یا تیرانے کاعمل؛ تیرانے کا طریقہ ؛ شنا ؛ تیراؤ ۔

Centre of floatation : تیرتی ہوئی چیز کامرکزثقل ۔

Plane or line of floatation : وہ سطح یا خطہ جس پر کسی سیّال کی افقی سطح اُس میں تیرتی ہوئی چیز کو قطع کرتی ہے ۔

Stable floatation : تیرتی یا سطح آب پر بہتی ہوئی چیز میں توازن کی حالت ؛ تیرتی ہوئی چیز کا توازن ۔

Floater : (n) (١) تیرنے والا؛ سطح آب پر بہنے والا ؛ خصوصاً وہ پرزہ جو کسی ایسے ظرف میں سیّالی مادے کی سطح کی بلندی کو بتلاتا ہے جس کی گہرائی ضرورت پڑنے پر براہ راست نہیں ناپی جا سکتی ۔ (٢) صرافہ ؛ گورنمنٹ اسٹاک کی سند ؛ ریلوے کےتمسکات وغیرہ جو بطور ضمانت قبول کئےجا سکتے ہوں ۔ (٣) (امریکی سیاست) ایسے انتخاب میں ووٹ دینے والا جس کا وہ حق نہ رکھتا ہو ؛ غیر مستحق رائے دہندہ ۔ (٤) (تجارت) سیّال تمسک ۔

Floating : (n) (١) تیرنے یا سطح آب پر بہنے کا عمل ۔ (٢) (پلاسٹرنگ میں) تین استروں والی استرکاری میں دوسرا استر یا دوسری استرکاری ۔

Floating : (a) (١) بہتی ہوئی ؛ تغیر پذیر ؛ لچکدار ۔ (٢) (تجارت، چندہ وغیرہ کےلئے) سمندر پر وہ تجارتی اسباب کا جہاز جو بندرگاہ نہ پہنچا ہو ؛ ان تجارتی اسباب کی جو ابھی سمندر پر ہوں یا ان سے متعلق (تجارت، نرخ وغیرہ) ۔ (٣) (تجارتی اصطلاح) دائر (اصل وغیرہ)۔ (٤) معمولی سے کم تعلق، لگاؤ یا انسلاك رکھنے والا ۔ (٥) چڑھتا اترتا ہوا ؛ غیرمستقل ؛ متغیر ۔ (٦) (مالیات) جو قائم یا مستقل نہ ہو؛ دائر ۔ (٧) متغیر ؛ قابل تبدیل (بیمہ پالیسی)۔

Float copper : (n) خام تانبے کے ریزے یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سے الگ ہو جاتے ہیں ؛ نیز وہ باریك ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں ۔

Float file : (n) اکہرے دندانے والی ریتی ۔

Float-guage : (n) آب پیماجس سے اسٹیم بوائلر میں سطح آب کی بلندی ایك تیرتے ہوئے تختے کے ذریعہ ناپی جاتی ہے ؛ پانی کی گہرائی ناپنے والا گز ۔

Float gold : (n) سونے کے ذرّات یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سے الگ ہوجاتے ہیں ؛ نیز وہ باریك ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں ۔

Float grass : (n) ایك قسم کی گھاس ؛ ھسگلا ؛ آبی خس و خاشاك ۔

Float-inoned : (a) مشین کے ذریعہ (جس کے بیلون میں اسپرنگ اور لچك دار گَدّے ہوتے ہیں) لوہے کی تہ چڑھایا ہوا ۔

Float-mineral : (n) خام دھات کے ریزے یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سےالگ ہو جاتے ہیں ؛ نیز دھات کے وہ باریك ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں ۔

Float-ore/-quaritz : (n) دیکھو Float-mineral

Float-stone : (n) (١) گھسنے والا پتھر جس پر اینٹ کی ناہموار سطحوں کو رگڑ کر ہموار کیا جاتا ہے ۔ (٢) ہلکا پتھر ؛ اتنا ہلکا جو پانی پر تیر سکے ؛ دودھیا پتھر کی اسفنجی قسم ۔

Float-stone : (n) (معماری) وہ پتھر کا اوزار جس سے خمیدہ اینٹوں کی سطح چکنی بنائی جاتی ہے ۔

Float-valve : (n) دھات کی کھوکھلی گیند کے ذریعہ چلایا جانے والا کھُل مندن یا حمام ۔

Floatable : (n) (١) جو چیز تیرسکتی ہو ۔ (٢) دریا یا چشمے جن میں تختے وغیرہ تیر سکتے ہوں یا تیرائے جاسکتے ہوں ؛ ہلکا ؛ سبك ؛ تیرنے کے قابل ؛ سطح آب پر قائم رہ سکنے والا ؛ تیرنے والی (چیز)۔

Floatage : (n) (١) تیرنےیا تیرتا ہوا ہونے کی حالت یاعمل ؛ شناوری ۔ (٢) تیراکی ؛ لوچ ؛ لچك ؛ (ٹھوس اجسام کو پانی میں ڈالنے سے) بحال رکھنے یا ابھارنے کی صلاحیت ۔ (٣) تیار شدہ جہاز کے

Floating account : (n) (تجارت) چلتا حساب ۔

Floating asset : (n) (تجارت) تغیر پذیر اثاثہ ۔

Floating anchor : (n) تیرنے والا لنگر ۔

Floating battery : (n) توپ خانےیا مورچے کےطورپر استعمال ہونے والی کشتی یا جہاز ؛ تیرنے والا مورچہ ۔

Floating bridge : (n) (۱) ایک قسم کا پل ؛ گھاٹ اتارنے کی ناؤ ؛ پل کا ایسا حصہ جس کو وقت ضرورت اوپراٹھا سکیں ؛لچکدار پلُ ؛ لچکا پلُ ؛ متحرک پل ؛ تختہ پل ۔ (۲) تختوں سے چھائی ہوئی دو کشتیوں پر مشتمل گھڑگج کی شکل کا ایک پُل ۔ (۳) دو چھوٹے چھوٹے پلوں سے بنا ہوا ؛ ایک پُل جو ایک دوسرے پر اس طرح رکھےہوتے ہیں کہ اوپر والا پُل نچلے پُل کے کناروں میں لگی ہوئی طنابوں اورگھرنیوں کے ذریعہ آگے کی طرف نکالا جاسکتا ھے ۔ (٤) کسی ندی کے پانی پر بانسوں یا شہتیروں سے بنا ہوا پل جس کے ذریعہ پار اُترا جاسکے ۔(٥) بندرگاھوں یا ندیوں میں چلنے والی چپٹے پیندے کی مال یا ساز بردار دُخانی کشتی جو پیندے میں لگی ہوئی زنجیروں پر چلتی ھے ۔(٦) کشتیوں کے پلوں کے ذریعہ بنائی ہوئی، کسی ندی یا آب درا کو پار کرنے والی گذرگاہ ۔

Floating capital : (n) اصل دائر ؛ دائر اصل ؛ جاری سرمایہ ؛ دائر سرمایہ ؛ (تجارت) تغیر پذیر سرمایہ ؛ غیر مستقل سرمایہ ؛ غیر مستقل پونجی ۔

Floating debt : (n) عارضی قرضہ ۔

Floating kock : (n) تیرتا ہوا ؛ جہازوں کا گھاٹ یابندرگاہ ؛ ایک بڑی کشتی جو آب بند کمروں پر مشتمل ہوتی ھے اور کشتیوں کی گھاٹ یا بندرگاہ کے طورپر استعمال ہوتی ھے ۔

Floating gang : (n) ریل کی پٹریوں کی مرمت کرنے والے مزدوروں کی ایک خاص جماعت جو حسب ضرورت مختلف لائنوں پرآتی جاتی رہتی ھے ۔

Floating garden : (n) تیرتا ھواباغ ؛ (جھیل کے)پانی پردرخت کی شاخوں یا دوسری تیرنے والی چیزوں کو رکھ کر اور اُن پر مٹی دے کرلگائے ہوئے پودے جو خاص کر شہر میکسیکو اور کشمیر کےبعض حصوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Floating harbour : (n) بہت سے شہتیروں کے زنجیروں کے ذریعہ یکجاباندھ کر بنایا ھوا آب روک یا پشتہ جو مدوجزرکے ساتھ ساتھ چلتا اُترتا ھے ۔

Floating heart : (n) ایک قسم کا پودا خصوصاً چھوٹے سفید پھولوں والا آبی پودا جس کی پتیاں دل کی شکل کی ہوتی ہیں ۔

Floating island : (n) تیرتا ھواجزیرہ؛ (طباخی) (امریکا) انڈے کی پسلی (Custard) جس پر مکھن اور انڈے کی سفیدی تیرتی ہو ۔

Floating kidney : (n) انسانی گُردے جواپنی جگہ سے(مرض کی حالت میں) ہٹ جاتے ہوں ؛ متحرک گردہ ؛ سقوط گردہ ۔

Floating lever : (n) (ریلوے) ریل ڈبوں کے نیچے افقی طورپر لگے ہوئے بریک کے بیرموں (لیوروں) کا نام ۔

Floating stream : (n) (جغرافیہ) تیراؤ ندی ۔

Floating supply : (n) دائر رسد ؛ موجد و سپلائی ؛ کسی چیز (اشیاء ، اقوام یا ضمانتوں) کی وہ مقدار جو (خرید، قرض یا دینے کےلئے) بر وقت دستیاب ہو ۔

Floatmaster : (n) ریلوے گارڈ اورکشتی کے درمیان کشتیوں کے ذریعہ مال کے حمل ونقل کا نگراں ۔

Floatsman : (n) گھومتے ہوئے ریتیلے تختے رکھ رکھ کر سنگ مرمر وغیرہ کو چکنا بنانےوالا مزدور ۔

Floaty : (a) تیرنے کے لائق ؛ جو تیر سکے ؛ جس میں تیرنے کی صلاحیت ہو ؛ کم پانی لینےوالا جہاز ؛ سبک ؛ متحرک ؛ کم گہرائی میں چلنےوالاجہاز۔

Flocci : (n) Floccus کی جمع ۔

Flocci-nauco-nihili-pili-fication : (n) [f. L. flocci, anucil, nihili, pili] کسی چیز کو بیکار و فضول سمجھنا ؛ (کسی چیز کو) بےقیمت یا فضول سمجھنے کی عادت یا عمل ۔

The flocci-nauci-nihili-pili-fication of wealth : دولت کو بےقیمت سمجھنا ۔

Floccillation : (n) [f. L.'floccillus.'] ہذیانی حرکت ؛ حالت ہذیانی میں بستر وغیرہ کواس طرح نوچنا، کھسوٹنا کہ گویا کسی موھوم چیز کی تلاش ہو ۔

Floccose : (n) [Late. L.'floccousus.'] (۱) بالوں کے گچھوں سے بنا ہوا یا ڈھکا ہوا ۔ (۲) (نباتیات) گچھے دار ؛ طرہ دار ؛ کملیا ۔ (۳) اون جیسے بالوں کے گچھوں یا گچھے والا ۔

Floccular : (a) (تشریح) پشت دماغ کے تخت کا یا اُس سے متعلق ؛ (کیمیا) پشمیں ۔

Flocculate : (a) (حشریات) بال کے گھنگریالے گچھے والا ؛ گھنگریالے بالوں والا ۔

Flocculate : (v) گچھوں کی شکل میں جمع ہوجانا؛ بالوں کے گچھے کی طرح جمع ہوجانا ؛ لٹ بن جانا ؛ اون کا گچھوں کی طرح بنانا ۔

Flocculation : (n) بالوں کےگچھوں کی طرح ہوجانے کا عمل ؛ لٹ بن جانے کا عمل ؛ گالا سازی ؛ اون کے گچھوں کی طرح بناوٹ ۔

Floccule : (a) کسی مادہ کا تھوڑا سا حصہ اون کے گچھے کی طرح ۔

Floccule : (n) (کیمیا) گالا ؛ (حیوانیات) طرح ؛ لچھا ۔

Flocculence : (n) اون کے گچھوں کی سی حالت یا صورت ؛ لٹ بن جانے کی صورت یا حالت ۔

Flocculency : (n) دیکھو Flocculence

Flocculent/Flocculose/Flocculous : (a) (۱) اون کے گچھوں کی طرح ؛ کملیاں ؛ اون دار ؛ اون نما ؛ اون کے لچھوں یا گچھوں کے مانند ؛ گالے دار ؛ پشمین ۔ (۲) ہَوا کے رطوبت کے ذرّات کا حامل (موسم) ؛ کہرآلود؛ ابرآلود؛ دھواں دھواں سا ۔ (۳) روئیں دار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ روئیں کا ؛ روئیں کا سا ۔

Flocculus : (n) (mod. L.] (۱) (تشریح) بھیجے کےایک پچھلے خانہ کی سطح کے اندر ایک چھوٹا گوشت کا لٹکتا ہوا ٹکڑا ؛ پشت دماغ کا بختہ ؛ بختہء دماغ ۔ (۲) اون نما بالوں کا ایک چھوٹا گچھا یا لّچھا ؛ اون کےلچھے کے مشابہ کسی لٹکتی ہوئی یا کسی سیّال سے نکال کر پھینکی ہوئی کسی چیز کی ایک قلیل مقدار؛ جو ڈھیلے طور پر یکجا بندھی ہوئی ہو ۔

Floccus : (n) [L.] (۱) اون کی طرح نرم بالوں یا ریشوں کا گچھا یا اون کے گچھوں سے مشابہ کوئی چیز ؛ پشم ۔ (۲) (نباتیات) اون سے بالوں کا گچھا یا لچھا ؛ نیز جمع میں دھاگا نما خلیے جو کھمبی یا سانپ کی چھتری کے فطروں (چھوٹے سفید ریشے) کی تشکیل کرتے ہیں ۔ (۳) (حیوانیات) دودھ پلانے والے جانوروں کی دُم کے سرے پر کےبالوں کا گچھا ۔ (٤) نوخیز یا نوعمر پرندوں کے سر کے بالوں کا گچھا ؛ کلغی ؛ تاج ۔ (٥) جن چڑیوں کے پر و بال پوری طرح نشو و نما نہ پاسکتے ہوں اُن کے سینے اور پیٹ کے روئیں اور پر ۔ (٦) (حیوانیات) طرہء دُم ۔

Flock : (n) [OE.'flocc.'] (۱) آدمیوں کی بڑی جماعت ؛ گروہ ؛ جتھا ؛ دل ؛ انبو ؛ جھول ۔ (۲) ایک ہی قسم کے جانوروں کا گلّہ ؛ جھنڈ یا دل جو سب مل کر چر رہے ہوں یا چل رہے ہوں یا پرندوں کاجھرمٹ جو سب مل کر اڑ رہے ہوں ۔ (۳) خانگی جانوروں (عموماًبھیڑ بکری وغیرہ) کی ایک تعداد جو یکجا رہتی ہو ۔ (٤) جانوروں کا گلہ جھنڈ ۔ (٥) امت عیسوی؛ حضرت عیسیٰ کی قوم ؛ عیسائی ۔ (٦) مذہبی جماعت (خصوصاً ایک ہی پادری کے ماتحت) ۔ (۷) ایک ہی خاندان کے بچے والدین کے ساتھ ۔ (۸) طلبا کی جماعت ۔

The come in flocks : وہ جو ق درجوق آتے ہیں ۔

Flock : (n) [Origin doubtful.] (۱) اون ؛ روئی ؛ سوت وغیرہ کالچھا، گچھا، لٹ یا گالا ۔ (۲) (جمع) گدے بستر یاتکیہ وغیرہ بھرنےیا بنانے کے لئے اون، روئی کی چھانٹ یا پھٹے کپڑوں کا گودڑ ۔ (۳) باریک پسا ہوا اون یا گودڑ جو پہلے کپڑوں کو موٹا کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا اور اب اُسی سے روئیں دار کاغذ بنایا جاتا ھے ؛ کیمیائی رسوب وغیرہ ۔ (٤) ہلکے نشتر اجزا جو تہ میں بیٹھ گئے ہوں ؛ اون کے گچھوں سےمشابہ ہلکے یا ڈھیلے لچھے یا گچھے ۔

Flock : (v) جمع ہونا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ بہت بڑی تعداد میں آنا جانا یا چلنا ؛ ایک غرض یا مقصد کےلئے یکجا ہونا ؛ سب لوگوں کا جتھا یا گروہ بنا کر جانا یا چلنا ؛ گروہ بنا کر پھرنا ؛ گھومنا ۔

Flock : (v) (۱) اون یاروئی کی چھانٹ یا کپڑے کی گودڑ کو گدوں ، تکیوں وغیرہ میں بھرنا ۔ (۲) کسی بھی باریک اون یا کپڑے کے گودڑے ڈھکنا یا تہ جمانا ۔

Flock about : (v) گروہ بنا کر پھرنا ؛ گھومنا ۔

Flock after : (v) گروہ بنا کر پیچھے جانا تعاقب کرنا ۔

Flock bed : (n) گدّا جس میں اون کی چھانٹ یا گودڑ بھرا ہوا ہو۔

Flock-duck : (n) (امریکا) ایک قسم کی سمندری بط۔

Flock in/-into : (v) کسی چیز یا جگہ میں یا کسی مقام پر جما ہونا۔

Flock master : (n) بھیڑیں پالنے والا۔

Flock paper : (n) مجتمع ہو کر باہر آنا : جمعیت بنا کر نکلنا۔

Flock paper : (n) دیوار پر لگانے کا کاغذ جس کےتمام طول و عرض میں بعض حصوں پر باریک روئیں یا پسے ہوئے گودڑے نقش ونگار بنائے گئے ہوں : ابری۔

Flock powder : (n) باریک پسی ہوئی اون یا گودڑ جو پہلے کپڑوں کو موٹا بنانے کےلئے استعمال ہوتی تھی اور اب سے روئیں دارکاغذ بنایا جاتاھے۔

Flock to : (v) جمع ہوکر کسی جگہ جانا۔

Flock together : (v) جمع ہونا : یکجا ہونا۔

Flocky : (a) (۱) اون یا روئی کی چھانٹ یا کپڑوں کی گودڑ جیسا : کسی بھی اون یا روئی کے جیسا۔ (۲) اون یاروئی کے گچھوں یا لچھوں کےمانند۔ (۳) اون جیسےبالوں کےگچھوں والا : گچھےدار : کملیا : طرہ دار۔

Flogging : (n) سرزنش : تادیب : چابک زنی : باد بان کا زور سے ہلنے یا پھنپھنانے کا عمل : (کرکٹ میں کمزور گیند افگنی) سے فائدہ اٹھانا : کوڑے مارنا : سزا کے تازیانے دینا۔

Flogging-chisel : (n) ایک لمبی چھینی جس سے قالب یا ڈھلے ہوئے ٹھنڈے لوھے کو چھیل کر چکنا کیا جاتا ھے۔

Flogging-hammer : (n) چھوٹا ہتھوڑا یا گھن جس سے ٹھنڈے لوھے کو چھیلنے والی چھینی پر ضرب لگائی جاتی ھے۔

Flon/Flone : (n) Flane (بمعنی تیر) کا متبادل (جو اب متروک ھے)۔

Flong : (n) [L.] ٹائپ کرنے کا مخصوص طورپر تیار کردہ کاغذ۔

Flood : (n) [OE. 'flod.'] (۱) (شاعری) دریا؛ چشمہ : سمندر : بحر : آب رواں ۔ (۲) سیلاب : طغیانی : پانی کا خشکی پر چڑھ آنا : زمین کو غرق کردینا (مثلاً طوفان نوح) : سیلان (طب) سیلان رحم۔ (۳) چڑھی ہوئی ندی : شدید بارش : موسلادھار بارش : طوفانی بارش ۔ (٤) جوار کا خشکی پر چڑھ آنا : مدّ ۔ (٥) (مجازاً) سیل اشک : آنسوؤں کی طغیانی : سیل آتش : سیل نور : بہتا ہوا لاوا : آدمیوں کی ریل پیل : بھیڑ : جمگھٹا : مجمع۔

It was flooded with letterrs : بہت زیادہ تعداد میں خطوط آئے گویا خطوط کا سیلاب آ گیا۔

The flood/ Miah's flood : طوفان نوح۔

Flood : (v) (۱) غرقاب کردینا : پانی سے بھر دینا؛ ڈبو دینا : زیر آب کر دینا ۔ (۲) آب پاشی کرنا : پانی دینا (آتش زدہ مکان پر) دریا کا چڑھ جانا ۔ (۳) بارش کی وجہ سے دریا میں پانی آجانا : دریا کا چڑھ آنا ۔ (٤) کسی چیز کا بڑی مقدار میں آنا یا گرنا یا بہنا ۔(٥) سیلان رحم ہونا : رحم سے خون کا آنا : سیلان رحم میں مبتلا ہونا ۔ (٦) طغیانی پر ہونا : طوفان کی حالت میں ہونا : سیلانی ہونا : اُبل پڑنا : برس پڑنا : جذبات میں آنا ۔ (۷) پانی یا کسی اور سیال سے کم وبیش پورے طور پر بھر دینا (کسی نہر یا آب گذار میں) پانی کی سطح کو بلند کردینا تاکہ ٹیم پر آبشار کی اثر اندازی کو کم کیا جاسکے ۔ (۸) کاربوریٹر میں زیادہ روشنائی کا استعمال کرنا ۔

Flood-anchor : (n) جوارکی وجہ سے پانی چڑھ جانے پرجہاز کے لنگر انداز ہونے کی وجہ۔

Flood and field : (n) خشکی و تری : بحر و ساحل۔

Flood current : (n) جوار کی موج : موج آب : موج سیل : سیلاب کی لہر۔

Flood fever : (n) (طب) طغیانی بخار۔

Flood flanking : (n) (ہائیڈرولك انجن) سخت اور مرطوب مٹی سے پتہ بنانے کا ایک انداز یا طریقہ۔

Flood-gate/Floodgate : (n) آب گیرہ : بند : سیل گیر : آب بند پھاٹك : پانی کے بند کا دروازہ : پانی کے روکنے اور نکالنے کا پھاٹك : ایسا دروازہ یا پھاٹك جسے سیلابی پانی کو نکالنےیاروکنے کے لئے کھولا یا بند کیا جاسکے۔

Flood-hatch : (n) سدّ سیل گیر : بند کا دروازہ : پانی روکنے یا نکالنےکا پھاٹك : نہروں یا نالوں میں تیرتی

Flooding : (n) (۱) طغیانی ؛ سیلانی ؛ طوفانی ؛ غرقابی ۔ (۲) (مجازاً) سیری ؛ بھرا ہونے کی حالت ۔ (۳) سیل الرحم ؛ خون رفتگی ؛ سیلان رحم خصوصاً حالت زچگی میں ؛ حالت نفاس ؛ نفاس کی حالت ۔

Flookan/Flooking : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) مٹی سے بھرا ایک چلیپائی یا ارضی شگاف نیز ایک قسم کا مٹی نما مادہ جو اکثر سنگ مرمر کی دیوار سے لگا ہوا ملتا ہے ۔

Floor : (n) [OE.'flor.'] (۱) فرش ؛ تہ زمین ؛ کمرہ کے نیچے کی سطح ؛ اس کے مشابہ کوئی بھی سطح ؛ کمرے کے فرش کو سہارا دینے والا ؛ کڑیوں کا ڈھانچہ ؛ کمرے کی اندرونی چھت ؛ سقف ؛ چھت گیری ۔ (۲) تختے وغیرہ جن سے فرش بنایا جاتاہے ۔ (۳) سمندر یا غار وغیرہ کی تہ (گہرائی کی آخری حد) ۔ (٤) اراکین انجمن ؛ حاضرین مجلس ؛ دیوان عام (پارلیمنٹ) کی عمارت کا وہ حصہ جس پر اراکین بیٹھتے ہیں اور تقریر کرتے ہیں (مجازاً) بولنے یاتقریر کرنے کا حق ؛ ایوان ۔ (۵) چندرباشی کمروں کا میل جو سب ملے ہوئے اورایک ہی سطح یا منزل پر ہوں ۔ (٦) منزل ؛ درجہ ؛ مالا ؛ سطح ؛ رقبہ ۔ (۷) مصنوعی پلیٹ فارم یا چبوترہ یا مسطح جگہ ۔ (۸) کاروباری مقاصد یا کھلیان کےلئے فطری طور پر مسطح سر زمین ؛ نیز زمین ؛ فرش زمین (بول چال) ۔ (۹) وہ پرت یا طبقہ جس پر کوئلہ وغیرہ کی دھاری اچانک پڑجاتی ہے ۔ (۱۰) طبق ؛ تہ پرت ؛ افقی طبق ؛ طبقہ ۔ (۱۱) پشتہ بندی کے کام میں استعمال ہونے والی پیمائش کی اکائی (٤۰۰ مکعب فٹ) ۔ (۱۲)جہاز کی نلی ۔ (۱۳) (جمع میں) فرشی شہتیر جو فرش جہاز کےتختوں کو جہازکےپیندے پرقائم رکھتی ہے ۔

Frist floor : مکان کی زیریں منزل سے اوپر کی منزل ؛ پہلی منزل ۔

Gorund floor : مکان کی منزل زیریں ؛ نچلی منزل ۔

To bring to the floor : زمین پر گرا دینا ؛ شکست دینا ؛ مارکر گرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ عاجز کر دینا ؛ مدرسہ میں کسی لڑکے کو فرش پر بیٹھا دینا؛ (بطور سزا) کسی پر قابو پالینا ؛ سبقت لے جانا ۔

To serve as floor : (کسی چیز کا) فرش کے بجائے کام دینا ۔

ہوئی جڑے ہوئے تختوں یا بانسوں کی ٹھاٹھ جو سیلاب کی حالت میں اوپر آجاتی ہے ۔

Flood light : (n) مختلف سمتوں سے آئی ہوئی مصنوعی روشنی جس سے سائے باقی نہیں رہتے ۔

Flood light : (v) مختلف سمتوں سے اس طرح مصنوعی روشنی ڈالنا کہ سایہ ختم ہو جائے ۔

Flood lighting : (n) نور افگنی ۔

Flood light projecter : (n) نور افگن ۔

Flood lit : (a) (ہرطرف سے آنے والی مصنوعی روشنی سے) روشن ۔

Flood loam : (n) وہ مٹی ریت وغیرہ جو سیلاب کےذریعہ آکر جمع ہوگئی ہو ؛ دریا برآمد ۔

Flood mark : (n) نشان سیل ؛ پانی کے بلندی کا نشان ؛ باڑھ کا نشان ؛ نشان سیلاب ۔

Flood-meter/Floodmeter : (n) سیلاب پیما ؛ ایک آلہ جس سے پانی کا اتار چڑھاؤ ناپا جاتا ہے ؛ مقیاس الماء ۔

Flood of rain : (n) سخت موسلا دھاربارش ؛ طوفانی بارش ۔

Flood of tears and words : آنسوؤں اور الفاظ کا سیلاب ؛ بارش کی طرح آنکھوں سے آنسوؤں کا بہنا اور زبان سے الفاظ کا برسنا ۔

Flood-plain : (n) مسطح زمین جو سیلاب سے ڈوب جائے ؛ سیلابی رقبہ ؛ سیلابی میدان ؛ دشت سیلابی ؛ مسطح سر زمین جو اکثر سیلاب کی زد میں رہتی ہو ۔

Flood-tide : (n) (۱) مد ؛ جوار؛ خشکی کی طرف پانی کا چڑھ آنا ؛ سیل ؛ طغیانی آب ۔ (۲) انتہائی بلندی ؛ نقطۂ عروج ۔

Flood wood : (n) سیلاب میں بہہ کر آئی ہوئی لکڑی ۔

Floodable : (a) طغیانی کے لائق ؛ سیلاب کے لائق ؛ سیلاب آور ۔

Floodage : (n) سیلابی حالت ۔

Flooder : (n) غرقاب کرنے والا ؛ ڈبونے والا ؛ زیر آب کرنے کرنے والا ؛ سیلابی (بارش) ۔

To take the floor ; کسی مجلس یا میٹنگ کو خطاب کرنے کے لئے اُٹھ کھڑا ہونا ؛ کسی مباحثے میں حصہ لینا ؛رقص میں حصہ لینا (خاص کر امریکا)۔

Floor : (n) (اسکاتستانی) Flower (بمعنی پھول) کا متبادل ۔

Floor : (n) اسکاتستانی Flour (بمعنی آٹا) کا متبادل ۔

Floor : (v) (۱) فرش لگانا ؛ بچھانا جمانا ؛ بنانا ۔ (۲) فرش یا زمین پر لے آنا ؛ فرش پردے مارنا؛ پٹک دینا؛ مار کر فرش پر گرا دینا ۔ (۳) (مجازاً) (روزمرہ) حیرت میں ڈال دینا؛ ہوش گُم کر دینا؛ دم بخود کر دینا ؛ مبہوت کر دینا ؛ ہکابکا کر دینا ؛ خاموش کر دینا ۔ (٤) غالب آجانا ؛ زیر کر دینا ؛ شکست دے دینا (خواہ کسی بھی طور پر)۔ (۵) پورا کرا دینا ؛ مکمل کر دینا ؛ تمام کر دینا ؛ ختم کردینا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ پوری طرح کر ڈالنا ۔ (٦) گرجانا؛ شکست کھاجانا؛ مغلوب ہوجانا ؛ فرش پر آرہنا ۔ (۷) (کسی چیز پر) فرش کی حیثیت سے رکھنا یا جمانا ۔

To floor the paper : امتحان کے پرچے کے تمام سوالات کا جواب دے دینا ۔

Floor-arch : (n) وہ محراب جس کا بالائی یا بیرونی خم چپٹا بنا ہوا ہو ۔

Floor area/Floor-cloth/Floor cloth : (n) (۱) کپڑے کا فرش جو قالین کے بجائے بچھایا جاتا ہے ؛ روغنی کرمچ یا موم جامہ جس کا فرش بنتا ہے ؛ روغنی کپڑا ؛ منقش موٹا کپڑا ؛ سینو سٹوم ۔ (۲) وہ کپڑا جس سے فرش دھویا جاتا ہے ۔

Floor frame : (n) (۱) جہاز یا کشتی کس فرش کا ڈھانچہ ۔ (۲) (امریکا)ریل کے ڈبے کے فرش کے نیچے کا بڑا ڈھانچہ یا چیسیس۔

Floor girl : (n) دکان میں چھوٹے موٹے کام کرنے والی لڑکی یا عورت ۔

Floor head : (n) (۱) جہاز کے فرش کے ڈھانچے کے شہتیروں میں سے کسی ایک کا اوپری سرا ۔ (۲) جہاز کا تیسرا قطر جہاں فرش کی لمبائی ختم ہوتی ہے ۔

Floor hollow : (n) جہاز کے پیندے کے بعد اندر کی طرف مُڑا ہوا وہ خم جہاں فرش ختم ہوتا ہے اور جہاں تک کھوکھلے فرش کا ڈھانچہ بنا ہوتا ہے ۔

Floor key : (n) ایسی کنجی جو تالے کے صرف ایک حصے کو کھولے ۔

Floor lamp : (n) وہ لیمپ جو کسی دھات کے ایسے ستون پر لگا ہو جو فرش پر قائم ہو ؛ ایک لانبا فانوس دارفرشی لیمپ ۔

Floor light : (n) فرش پر شیشے کے رنگ برنگ کے شطرنجی خانوں والا چوکھٹا ۔

Floor plan : (n) (۱) (جہاز سازی) ایک لمبی تراش جس پر خط آب اور لکڑی کی پٹیاں ہوتی ہیں ۔ (۲) (عمارت) افقی تراش جو مکان کے اصلی فرش کی دیواروں کی چوڑائی نیز وہ دو کمروں کے بیچ کی دیواروں ، غلام گردشوں، کمروں اور دروازوں کو ظاہر کرتی ہے ۔

Floor manager : (n) (امریکا)بڑی بڑی دکانوں میں ایک شخص ہوتا ہے جو خریداروں کو دکان کے مختلف شعبوں میں لے جاتا ہے ۔

Floor pocket : (n) تھیٹریکل اسٹیج پردھات کاایک بکس جس میں ایک یا ایک سے زیادہ برقی نکاس ہوں ۔

Floor riband : (n) جہازکے فرش کو سہارادینےوالےشہتیروں کے اوپری سروں سے ذرا نیچے لگی ہوئی لکڑی کی پٹیاں ۔

Floor sample : (n) استعمال شدہ چیز جو کم دام پر فروخت کے لئے رکھی جائے ۔

Floor tile : (n) (تعمیرات) فرشی چوکا ۔

Floor timber (s) : (n) جہازکی کڑیوں یا شہتیروں کےوہ حصے جو پیندے کے فوراً بعد ہوتے ہیں ۔

Floor walker : (n) Floor manager دیکھو

Floor woman : (n) کارخانوں میں کام کرنے والی عورتوں کی نگراں خاتون ۔

Floorer : (n) (۱) گرادینے والا ؛ ختم کردینے والا گھونسا، ضرب ؛ آخری چوٹ جو فریق (مدمقابل) کو گرادے یا بھگادے ؛ فرش تھما دینے والی ضرب ۔ (۲) بدحواس کردینے والی چیز ۔ (۳) لاجواب کردینے والا سوال یا جواب یا دلیل ۔ (٤) ایسا سوال یاپرچہ امتحان جس کا جواب دینا مشکل ہو (یونیورسیٹی عامیانہ)۔ (۵) بری خبر ۔

Flooring : (n) (۱) فرش سازی ؛ فرش بندی ؛ مار کر فرش پرگرادینے کاعمل ؛ حیرت زدہ یا ساکت کردینے کاعمل ۔ (۲) تختے یا پتھر کے ٹکڑے وغیرہ جن سے فرش کی سطح پختہ کی جاتی ہے ۔ (۳) فرش زمین ۔ (٤) (شعیرہ سازی) اناج کو شعیرے کی سطح پرپھیلانے اوراس میں کیمیائی اجزا ملانے کا عمل ۔

Flooring-clamp : (n) فرش کے تختوں کے جوڑوں کے بند کرنے کا ایک سامان یا بند کرنے والی چیز ۔

Flooring saw : (n) دو طرفی دندانہ دار رستی آری ۔

Floorless : (a) بغیر فرش کا ۔

Floosie/Floosy/Floozie/Floozy : (n) [Origin unkn.] بد چلن ؛ دل کش ، دل فریب کم سن عورت ؛ نوجوان سبک سر لڑکی ؛ جوان بوالہوس لڑکی ۔

Flop : (n) [See the vb.] (۱) (روز مرہ بول چال) پھڑ پھڑاہٹ ؛ بھد بھد (آواز) ؛ چھپاکا ؛ بھدے یا دھم سے گرنے کی آواز ؛ بھدر کا گداکا ۔ (۲) کسی نرم جسم کے گرنے کی بھاری اور بلند آواز ؛ بھدی یابے ڈھنگی حرکت ؛ بے ڈھنگی حرکت سے جو آواز پیدا ہو ۔ (۳) کسی چپٹی چیز کے پانی پر گرنے کی آواز ۔

Flop : (v) (۱) پھڑ پھڑانا؛ جھومنا؛ بھدی چال سے چلناپھرنا ۔ (۲) بے ڈھنگے پن سے بیٹھنا ؛ گھٹنوں کے بل بیٹھنا ؛لیٹنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) لاپرواہی یا بے ڈھنگے پن سے پھینکنا یا اس طرح پھینکنا کہ بہت آواز ہو ۔ (٤) بھاری قدموں سے چلنا ؛ دھب دھب یا بھد بھد کی آواز پیدا کرتے ہوئے چلنا ۔ (٥) (پروں کو) بھاری آواز سے اوپر نیچے حرکت دینا ؛ پھد پھدانا ؛ بھدبھدانا ؛ گد گدانا ۔

Flop : (adv & interj.) (۱) (روز مرّہ) بے ڈھنگے پن سے ؛ بےڈھنگے طور سےبھاری اور بلند آواز سے ؛ دھم سے ؛ دھڑام سے ۔ (۲) درستگی سے ؛ مستقیماً ؛ ٹھیک طور سے ۔

Floppy : (n) (۱) (روزمرہ) بھدا؛ بے ڈھب؛ بھونڈا ؛ بے ڈھنگا ؛ سُست ؛ کند ؛ نرم ؛ لچک دار ۔ (۲) (طرز) بھدا ؛ صحیح ؛ بے پروائی کا ؛ بےقابو ۔

Flora : (n) [L.'Flora,' the goddess of flowers.] (۱) لاطینی مذہبیات میں پھولوں کی دیوی ؛ پھول پیدا کرنےوالی قدرتی طاقت کی تجسیم یا مجسمہ ۔ (۲) کسی خاص مقام ، علاقے ، یا زمانے کے نباتات کی تفصیلی فہرست ؛ نباتات نامہ ۔ (۳) کسی علاقے یا عہد کے پودے ، نباتات یا نباتاتی زندگی ؛ (نباتیات) نباتیہ ۔

Flora and fauna : نباتیہ و حیوانیہ ۔

Floral : (a) [L.'floralis.'] (۱) (تاریخ) پھولوں کی دیوی فلورا کے احترام یا اعزاز میں یا اس سے متعلق ۔ (۲) نباتات نامے سےمتعلق ؛ پھولوں یا پودوں کے متعلق یا ان کا ۔ (٤) پھولوں کے مشابہ ؛ پھولوں سےبنا ہوا یا پھولوں پر مبنی ؛ گلدار ۔ (٥) (نباتیات) زہری نباتی ۔

Floral : (n) (۱) پھولدار ڈیزائن ۔(۲) پھولدار ڈیزائن والی کوئی چیز (کپڑا وغیرہ) ۔

Floral design : (n) گل کاری کا نمونہ ۔

Floral emblem : (n) پودا یا پھول جو کسی جماعت، تنظیم یا حکومت (مثلاً کسی کلب ، اس کول یا ریاست) کا علامتی نشان سمجھا جاتا ہو ۔

Floral envelope : (n) پھول غلاف ؛ مسند گل یا کاسٹر یا دونوں ؛ (نباتیات) پھول کٹوری ۔

Floral leaf : (n) (۱) وہ پتّی جو پھول کے ساتھ اور اس کے قریب ہوتی ہے ، تنہا نہیں نکلتی ؛ پھول پتیاں ؛ مسند گل کا ایک جزو یا پنکھڑی جس سےپھول غلاف کی تشکیل ہوتی ہے ۔(۲) ورقہ ؛ فلس؛ (نباتیات) پنکھڑی ؛ پتی ؛ پرگیرہ ۔

Floral organ : (n) پھول دار تمغہ ۔

Floral medallion : (n) اعضائے گل (مسند ، کاسر ، بقچہٴ نر اور بقچہٴ مادہ) کی تشکیل کرنے والی پتیوں یا پنکھڑیوں میں سے ایک ۔

Floral rosetle : (n) گل نما؛ گل اوراق ۔

Floral shows : (n) قدیم یونانی تیوہار یا جشن جو ۲۸/ اپریل کو فلورا کے اعزاز میں منایا جاتا تھا اور جس میں بیسواؤں کا برہنہ رقص ہو تاتھا ۔

Floral spray : (n) پھول چھڑی ۔

Floral water : (n) عرق گل ؛ عرق گلاب ؛ عطر گلاب ؛ مقطر کیا ہوا پھولوں کا عرق جو خوشبو یا لوشن کےطور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Floral zone : (n) زمین کاوہ خطہ یا علاقہ جہاں کی نباتیاتی زندگی دوسرے خطوں یا علاقوں سے مختلف

ہو ؛ نباتیاتی خطہ ؛ زمین کا وہ طبقہ جس میں نباتات کے نشو ونما کی مخصوص قابلیت ہو۔

Floralia : (n) pl. (L.] Floral shows دیکھو

Florally : (adv.) پھول جیسے انداز میں ؛ کھلتاھوا ؛ مسکراتا ھوا ؛ نکہت و نزاکت ؛ مسرت وشادمانی سے۔

Florate : (supp. & a.) لاحقہ بمعنی پھولدار ؛ پھول والا۔

Biflorate : (a) دو پھولوں والا۔

Floreal (n) [F.'Floreal.'] جمہوریہ فرانس کے کلینڈر میں سال کا آٹھواں مہینہ جو ۲۰/اپریل سے ۱۹/ مئی تک محیط ھوتا۔

Florence : (n) [F.'florence.'the chief of Tuscany.] (۱)) بُنا ھوا کپڑا۔(۲) تاریخ) اونی کپڑا۔(۳) ریشمی کپڑا۔

Florence : (a) (۱) شہر فلورنس۔(۲) (اٹلی) کا ؛ فلورنس میں رائج طرز یا قسم کا۔(۲) نشاۃ الثانیہ کے دوران فلورنس میں ایجاد شدہ کشیدہ کاری یا نقاشی کی طرز میں یا اس جیسا۔

Florence flask : (n) لمبی اور تنگ گردن والی اطالوی بوتل شکل پیازنما گول ھوتی ھے اور جسے حفاظت کےلئے بٹی ھوئی گھاس یا بید وغیرہ سے مڑھ دیا جاتا ھے اور جس میں اٹلی سے روغن زیتون اورشراب وغیرہ برآمد کی جاتی ھے۔

Florence oil : (n) روغن زیتون کی بہتر قسم ؛ اچھی قسم کا روغن زیتون۔

Florentine : (n) [L.'Florentinus.'] (۱) شہرفلارنس کےباشندے۔(۲) ایک قسم کا بٹا ھواریشم۔(۳) پاشی؛ ٹارٹ ؛ ایک قسم کا انگریزی کھانا جس میں اوپر آٹے کی پپڑی ھوتی ھے اوراندرگوشت؛ پھل وغیرہ بھرے ھوتے ہیں ؛ سموسہ ؛ خصوصاً جس میں گوشت بھرا گیا ھو ؛ میٹ پانی۔ (٤) اطالوی زبان کی فلورنطینی بولی ؛ فلورنطینی۔

Florentine : (a) فلورنس کا یااس سے متعلق۔

Florentine glass : (n) گل کاری کیاھوا شیشہ جسے نرم حالت میں دباؤ دےکربوٹےداریا پھولداربنایاگیاھو۔

Florentine iris : (n) سفید یا زردی مائل نیلا پھول ؛ سوسن کی ایک قسم ؛ لمبے سفید پھولوں والا یوروپی سوسن۔

Florentine mosaic : (n) ایک قسم کی پچی کاری جو سنگ مرمر یا ایسے ہی دو سرے پتھروں پر قیمتی پتھروں کو جڑکر بنائی جاتی ھے؛ فلورنطینی موزیک۔

Flores : (n) [sp.pl.of 'flor.'] بہترین قسم کا نیلا رنگ۔

Florescence : (n) [See. pl. of 'flor.'] ہنگام گل ؛ فصل گل ؛ پھولوں کے پھولنے کی حالت یا فصل ؛ فصل بہار؛ فصل شگوفہ آوری ؛ کِھل کر پھول ھو جانے کاعمل ؛ پھول کِھلنے کاعمل ؛ شگفتگی ؛ کِھلاوٹ ؛ پھول ؛ بہت سارے پھول۔

Florescent : (a) [L.'florescentem.'] (۱) کھلتا ھوا ؛ شگفتہ ھوتا ھوا ؛ مائل بہ شگفتگی ؛ ایسا کہ کھلنے ھی والا ھو۔(۲) کسی مخصوص سماج کی انتہائی ترقی کی منزل کو ظاہر کرنےوالا (زمانہ یا تہذیبی سطح)۔

Floret : (n) [F.'floeurette.'] (۱) (نباتیات) گلچہ؛ ان چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے ایک جو سب مل کر ایک بڑاپھول بنتےہیں ؛ گل کوچک۔(۲) آرائشی پھول جو عمارتوں، ستونوں اورسکّوں وغیرہ پربنائے جاتے ہیں۔(۳) کچے ریشم سے بنایا ھوا دھاگا۔

Floreted : (a) چھوٹے چھوٹے پھولوں سے آراستہ کیا ھوا۔

Florets of the disk : پھول کا قرصی حصہ ؛ مرکب یابڑےپھول کے سرے پرکا مرکزی حصہ (وسطی حصہ)۔

Florets of the ray : کرن پھول کے گلچے جو گھیرے یا محیط پر ھوتے ہیں (پھول کا محیط یا گھیرا)۔

Flori- : (comb.] جزو ترکیبی بمعنی پھول یا بہت سے پھول ؛ پھول یا پھولوں سے مشابہ کوئی چیز۔

Floriate : (v) پھول پتیوں کی شکلیں بنا کر آرائش کرنا ؛ پھول پتیوں سے سجانا۔

Floriate : (a) پھولدار آرائشوں سے مزین ؛ پھولوں سے آراستہ ؛ پھولدار آرائشوں والا ؛ پھولوں کی شکل کا ؛ مثل گل ؛ گل مانند۔

Floriated/Floreated : (a) Floriate دیکھو

Florican : (n) (حیوانیات) زنگبال۔

Floricultural : (n) پھولوں کی کاشت یا پرورش سے متعلق ؛ پھول دارپودوں کی کاشت کایا اس سے متعلق۔

Floricculture : (n) پھولوں کی کاشت یا پرورش ؛ پھولدار پودوں کی کاشت ؛ گل کاری ؛ گل پروری ؛ پرورش گل ۔

Floriculturist : (n) پھولوں کی کاشت اور پرورش کرنے والا؛ گل کار ؛ گل پرور ؛ مالی ؛ پھولوں کی کاشت اور پرورش کا ماہر ۔

Florid : (a) [L.'floridus.'] (۱) نہایت سجا ہوا اور آراستہ ؛ انتہائی مزیّن ؛ بہت زیادہ اور بڑی محنت سے آراستہ کیا ہوا ؛ بہ افراط پھولوں سے آراستہ کیا ہوا ۔ (۲) بہت مزین (علمی یا صناعی مذاق میں یا موسیقی کے کسی خاص طرز میں) ۔ (۳) بھڑک دار ؛ چمکیلا؛ بھڑکیلا ؛ سرخ ؛ لال ؛ دمکتا ہوا ؛ بہت رنگین ۔ (٤) (چہرہ) گلابی ؛ دمکتا ہوا؛ سرخ گلنار ؛ گلرنگ ۔ (٥) کھلا ہوا ؛ پُر بہار ؛ انتہائی تندرست ؛ شاداب (شاذ) ۔

Florida : (n) ['Florida., state in the south eastern U.S.] ریاست ہائے متحدہ امریکاکی ایک ریاست جو امریکا کے انتہائی جنوب مشرق میں واقع ہے ۔

Florida : (a) ریات فلورڈا کا ؛ فلورڈا میں رائج طرز یا قسم کا ۔

Florida water : (n) ایک قسم کا خوشبودار پانی (عطر) جو امریکا میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے ۔

Florida wood : (n) ایک قسم کی لکڑی جو پچہ کاری کے کام آتی ہے ۔

Florideous : (a)[l.mod.L.florideae.] ایک قسم کی سمندری کائی Florideae کی جنس سے متعلق یا اُس جنس کی خصوصیت کا حامل ۔

Floridity : بھڑک ؛ بھڑکیلا پن ؛ چمک ؛ دمک ؛ آراستگی ؛ زیبائش ؛ رنگنی ؛ گلرنگی ؛ زیب وزینت ؛ سرخی ؛ شادابی ۔

Floridly : (adv.) چمک دمک کے ساتھ؛ انتہائی آراستہ ہوکر؛ زیب و زینت کے ساتھ ؛ بھڑک دار طورپر ؛ گلرنگ ہوکر ۔

Floridness : (n) بھڑکیلاپن ؛ چمک دمک ؛ آراستگی ؛ زیب و زینت ؛ رنگنی ؛ گلناری ۔

Floriferous : (a) بہت پھول دار ؛ بہت پھول پیدا کرنے والے (بیج یا پودے) ؛ گل خیز ؛ گل بردار ۔

Florification : (n) شگفتہ ہونے یا پھول پیدا کرنے کا عمل ؛ گل خیزی ؛ گل آوری ؛ تز ہیر ۔

Florikan/-ken/-can/-kin/- : (n) (Origin unkn.] چھوٹے تغدار کی دو قسموں میں سے ایک ۔

Florilegium : (n)[mid. L.f. florilegus.] (۱) گلدستہ ؛ مجموعہ گل ؛انتخاب گل ۔ (۲) (اصلاحاً)مجموعہ اشعار؛ بیاض اشعار ؛ کلام ؛ منتخب ؛ نظموں یا ضرب الامثال کا منتخب مجموعہ ؛ گلدستہ ؛ سفینہ ۔

Florin : (n) [L.floren,flos.] (۱) سونے یا چاندی کا ایک سکہ جو مختلف ممالک اور مختلف اوقات میں رائج رہا ہے ۔ (۲) انگلستان میں ایڈورڈ سوم کے زمانےمیں رائج تھا اس وقت اس کی قیمت ٦ شلنگ ٨ پینس تھی ۔ (۳) اب انگلستان میں اس کا نام کا ایک سکہ رائج ہے جس کی قیمت ۲ شلنگ ہے ۔ (٤) چاندی کا ایک انگریزی سکہ جس کی قیمت دو شلنگ ہوتی ہے اور جو پہلی دفعہ ١٨٤٩ء میں ڈھالا گیا ۔ (٥) سونے کے ایک سکہ کا انگریزی نام جس کا وزن تقریباً ٥٤ گرام تھا اور جو پہلی مرتبہ فلورنس سے ١٢٥٢ء میں جاری کیا گیا تھا ۔

Florist : (n) گل فروش ؛ وہ شخص جو پھول بیچتا ہو، پیدا کرتا ہو یا پھولوں کے علم سے واقف ہو ؛ پھولوں کی کاشت کرنےوالا ؛ پھول دار پودوں کے علم میں مہارت رکھنے والا ؛ (نباتیات) گل کار ؛ گل پرور ۔

Floristic composition : (n) (نباتیات) نباتی ترکیب ۔

Floristics : (n) (نباتیات) زہریات؛ علم گُلاں ؛ پھولوں کاعلم ۔

Floroun : Fleunon کا متبادل ۔

Floruit : (n) [L.'florere.'] (تاریخ) جب کسی شخص کی ولادت و وفات کاصحیح وقت یا زمانہ معلوم نہ ہوتو ایسی صورت میں وہ زمانہ جب وہ زندہ تھا ۔ وہ مدت جس کے دوران کوئی شخص پھلتا پھولتا، ترقی کرتا یا شہرت حاصل کرتا ہے ۔

Florula : (n) [as if dim. of L.flora.] (۱) کسی خطے یا عہد کے نباتات یا نباتی زندگی کی چھوٹی فہرست ۔ (۲) پودوں سےمتعلق معلومات یا تفصیلات کا ایک چھوٹا انتخاب ۔

Florulent : (a) [L.florulentus.] پھولوں سے بھرا ہوا ؛ پھول دار ؛ جہاں بکثرت پھول ہوں ۔

Flory : دیکھو Fleury

Flos-ferri : (n) [L.] (معدنیات) آرگنائٹ کی مرجان نما قسم جو اکثر خام لوھے کے ساتھ ملتی ھے ؛ گل آہن ۔

Floscular/Flosculous : (a) [f.L. flosculus +ps.] (ایسا) پھول جس میں بہت سے چھوٹے چھوٹے Floets شامل ھوں ؛ ننھے ننھے پھولوں سے مل کر بنا ھوا ۔

Flosculose : (a) (نباتیات) ننھے پھولوں سے مل کر بنا ھوا (پھول) ؛ نلکی کی شکل کا ؛ نلکی نما (گلچہ) ۔

Flosculous/Flosculose : (a) [f.L.flosculus.] دیکھو Flosculose

Flosh : (n) (فلزیات) مانی کی شکل کا بکس جس میں کُوتے یا پیسے جانے کے لئے خام دھات ڈالی جاتی ھے ۔

Floss : (n) [Origin unkn.] (۱) کچا ریشم جو ریشم کے کیڑے کے کوے کی گرد لپٹا ھوتا ھے ؛ مکئی یا دوسرے پودوں کا سن ؛ ریشم خام ۔ (۲) کوے سے الگ کیا ھوا کچا ریشہ ؛ کشیدہ کاری میں استعمال ھونے والے بغیر بٹے ھونے باریک ریشمی تار ۔ (۳) ریشمی سطح ؛ رونیں دار سطح ؛ چکنی سطح ؛ نرم و ملائم ؛ نیز نرم رواں یا بال ؛ مسیں ؛ گالوں ؛ اونٹوں پر چھوٹے اور نرم بال ؛ سبزہء رخسار ۔ (٤) توصیفی معنوں میں مثلاً Floss thread وغیرہ ۔ (۵) دھات کا میل ۔

Floss : (n) [Origin unkn.] چشمہء جونبار ۔

Floss : (n) [Ger.floss.] (۱) (فلزیات) متورق بنانے والی بھٹی لوھے کے اوپر بہتا یا تیرتا ھوا سیّال شیشہ ۔ (۲) ڈھلا ھوا سفید لوھا جو فولاد بنانے کے کام آتا ھے ۔

Floss flower : (n) گل ابری ۔

Flosss hole : (n) (۱) متورق یا لوح دار بنانے والی کے پیچھے بنا ھوا سوراخ جس سے پگھلے ھونے لوھے کا میل نکلتا ھے ۔ (۲) دھات کو پگھلانے والی بھٹی کا ٹونٹی نما یا ڈا ٹ دار سورخ ۔

Floss-silk/Flex-flosh. : (n) (۱) کوے سے نکالا ھوا کچا ریشم ۔ (۲) کشیدہ کاری میں استعمال ھونےوالا ریشم کا بغیر بٹا ھوا تار یا ریشہ ۔ (۳) وہ ریشم جو کم قیمت کپڑے کے تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Flossa : (n) [s.w. short for flossa mata.] اسکینڈی نیویا کا ہاتھ سے بنا ھوا قالین ۔

Flossy : (a) کچے ریشم کا بنا ھوا ؛ کچے ریشم کی طرح ؛ ریشمی ؛ ریشم نما ؛ طرحدار؛ نمائشی ؛ زرق برق ۔

Flota : (n) [sp.] ہسپانی بحری بیڑے کا نام جو امریکا اور ویسٹ انڈیز کی بنی چیزوں کو ہسپانیہ لایا کرتا تھا ۔

Flotage/Flotation : (۱) (طبیعیات) علم اجسام شناور ۔ (۲) شنا ؛ تیراؤ ۔

Flotant : (a) [F.f. flotter.] (نقابت) نقابت کی ایک اصطلاح جس کا اطلاق ہر اُس چیز پر ھوتا ھے جو ھوا میں معلق یا اُڑتی یا تیرتی ھوئی ھو ۔

Flotation : (n) دیکھو Flotage

Flotilla : (n) [sp. dim. of flata.] چھوٹا بحری بیڑا ؛ کشتیوں یا چھوٹی کشتیوں کا بیڑا ۔

Flotsam : (n) [mod.F. flottains.] (۱) (قانون) تباہ یا غرق شدہ جہاز کے ٹکڑے اور مال و اسباب جو پانی پر تیرتا ھوا پایا جاتاھے؛ نیزمجازاً ۔ (۲) کشتورا مچھلی یا سیپ کے کیڑے کے انڈے بچے (حیوانیات) آب آوردہ ؛ شناور مال ۔

Flounce : (n) [f. Flounce.] جسم یا کسی عضو کا جھٹکا ؛ دھچکا ؛ اچانک حرکت یا جھٹکا ؛ لپک ؛ جھپٹ ؛ جھٹکے دار حرکت ؛ اکثر بے صبری یا نفرت کو ظاہر کرنے والی حرکت ؛ جنبش یا جھٹک ۔

Flounce : (n) [Later ferm of Frounce.] (۱) کپڑے کاوہ ٹکڑاجو چُنٹ ڈال کرلہنگےیا دامن میں لباس کے کناروں پر جھالر کی طرح لگایا جاتا ھے ۔ (۲) جھالر ؛ چین ؛ سنجاف ۔ (۳) (ملٹری) پستول کے خول کو بند کرنے والا چمڑے کا ڈھکن ۔

Flounce : (v) [Origin unkn.] (۱) ہاتھ پاؤں مارتے ھوئے ؛ جھٹکے دیتے ھونے جانا ۔ (۲) پھڑ پھڑا نا؛ دوڑنا؛ گھس پڑنا ؛ اپنے جسم کو پٹخیاں دینا ۔ (۳) بے ترتیب اور جھٹکے دار حرکتیں کرنا ؛ جسم یا ہاتھ پاؤں سے اضطرابی حرکت کرنا ۔ (٤) کود پڑنا ؛ ٹھوکریں کھاکھا کر یا گرتے پڑتے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا؛ جدوجہد کرنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ سخت کوشش کرنا ؛ سعی بلیغ کرنا ؛ بڑی دقت یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا

یا گذرنا (عموماً سانڈ، گھوڑے یا آبی جانوروں کے لئے مستعمل ھے)۔

Flounce : (v) [Altered f. Frounce. v.] جھالر لگانا ؛ ٹانکنا ؛ جھالر یا جھالروں سے آراستہ کرنا ؛ مزین کرنا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ۔

Flouncing : (n) (۱) جھالر لگانےیا ٹانکنے کا عمل ؛ جھالروں سے آراستہ کرنے کا عمل ۔ (۲) جھالر ؛ نیز وہ کپڑا یا چیز جس سے جھالر بنائی گئی ہو ۔

Flounder : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک چھوٹی چپٹی مچھلی ۔ (۲) (بول چال) لوھے کی مثلث نما چوڑی پلیٹوں میں سے ایک جو لنگر کے دونوں جانب ھوتی ہیں ؛ اس سے مشابہ کوئی چیز ؛ خصوصاً (امریکا)مچھلیوںکو مارنےوالے نیزے یا برچھے کاپھل (جمع) وہیل مچھلی کی مثلث نما لمبی دُم کی تشکیل کرنے والے دو حصے ۔ (۳) (جوتا سازی) ایک اوزار جو جوتے کی نوک بنانے کی غرض سے چمڑے کو سانچے یا فرمے پر پھیلانے کے لئے استعمال ھوتاھے۔ (٤)تخم کدو ۔

Flounder : (n) [f.nest.] غلطی ؛ ٹھوکر ؛ لڑکھڑا ہٹ ؛ لغزش ؛ اشتباہ ؛ بے تکاپن ؛ اناڑی پن ۔

Flounder : (v) [Origin unkn.] (۱) بڑبڑنا ؛ لوٹنا ؛ دھنسنا ؛ گھُسنا (مٹی ، کیچڑ وغیرہ میں) ۔ (۲) غلطیاں کرنا؛ کاروبار کا بری طرح یا مشکل سے انتظام کرسکنا ۔ (۳) ٹھوکریں کھا کھا کر ، گرگرا کر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ؛ غلطی کرنا ۔ (٤) شدت سے اوربری طرح ہاتھ پاؤں مارنا ؛ اناڑی پن سے اور پرتشدد طور پر کوشش کرنا ۔ (٥) دلدل یا کیچڑ میں دھسنا ، لت پت ھونا اورہاتھ پاؤں مارنا نیز مجازاً ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ بے تکے پن سے کام کرنا ؛ لشتم پشتم کام چلانا ۔

Flour : (n) [A specific use of Flower.] (۱) آٹے کا وہ حصہ جو چھاننے کے بعد نکلتا ھے ؛ باریک آٹا ؛ میدہ ؛ گیہوں کا آٹا؛ بہترین قسم کا آٹا یا میدہ گیہوں یا دوسرےاناج کا بہترین حصہ جسے چھان پھٹک کر الگ کرلیا گیا ھو ؛ (جدید معنوں میں) ؛ گیہوں کا آٹا یا میدہ بخلاف دوسرے غلّوں کے؛ آرد گندم ۔ (۲) کسی بھی چیز کا بہترین اور باریک سفوف یا پاؤڈر ۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً آٹا مل وغیرہ ۔ (٤) کسی بھی چیز کا بہترین جزو ۔

Flour : (v) [f. prec. n.] (۱) کسی چیز پر آٹا چھڑکنا (بُرکانا ؛ برکنا) جیسے گوشت پر ؛ (امریکا) پیس کر آٹابنانا ۔ (۲) پارے کا بیکار ذرّات میں ٹوٹ کر بکھر جانا یا ریزہ ریزہ ھو جانا جن پر سلفائڈ کی تہ جمی ھوتی ھو اور جو دو سری دھاتوں کے ساتھ ملائے جانے کے لائق نہ ھوں ۔

Flour beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کی خوراک آٹا ھے اور جو آٹے میں پیدا ھوتا ھے ۔

Flour bolt/-bolter : (n) آٹا چھاننے کی چھلنی؛ چھلنی ؛ آنگی ۔

Flour copper : (n) ندی میں بہہ کرآیا ھوااچھے قسم کا تانبا ۔

Flour dresser : (n) آٹے کو برابر کرنے والا بیلن ۔

Flour emery : (n) دھاتوں اور پتھروں کو جلا دینے یا چمکانے والا سفوف ۔

Flour gold : (n) چشمے یا ندی کے ساتھ بہہ کر آیا ھوا اچھے قسم کا سونا ؛ دریا سے بر آمد سونا ۔

Flour mite : (n) آٹے میں پائے جانے والے مختلف قسم کے کیڑوں میں سے ایک ۔

Flour moth : (n) ایک قسم کا پتنگا جس کی خوراک آٹا ھے ؛ آٹا خور کیڑا ۔

Floured : (a) (۱) آٹا چھڑ کا ھوا ؛ پاؤڈر چھڑکا ھوا ۔ (۲) ٹوٹ کر بیکار ریزوں میں بکھرا ھوا (پارہ)۔

Flourish : (n) [f.next. v.] (۱) آسودگی ؛ خوش حالی ؛ قوت عمل ۔ (۲) کتابت میں حروف و الفاظ (کے گرد) کے دائرے جو اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ خوب صورت معلوم ھوں ۔ (۳) فصیح وبلیغ آرائشی الفاظ ؛ خوش آئند طرز بیان، ادبی یا عروضی ؛ مرصع کاری ۔ (٤) پینترے بدلنا؛ پینترا بازی ؛ (ہتھیارلے کر) ہتھیاروں کے کرتب دکھانا ؛ کرتب بازی ۔ (٥) (موسیقی) سنکھ یا قرنا کی آواز جو کسی کے استقبال کرنے کےلئے بجائے جائیں ؛ فی البدیہہ سُر یا الاپ ۔ (٦) خوش نما الفاظ یا فقرے ۔ (۷) پھل دار درخت پر پھول آنا ۔ (۸) مزّین ومرصع عبارت ؛ زبان دانی کا مرصع و مسجّع انداز یا طرز ۔ (۹) کھلاڑی ، ادا کار یا گانے والے کے ذریعہ کیا ھوا کوئی حسین اضافہ ۔ (۱۰) نقش ونگار ۔

Flourish : (v) [mod. F. fleurir.] (۱) پوری قوت سے بڑھنا ؛ نمو پانا ؛ پھیلنا؛ سر سبز ہونا ؛ پورے عروج پر ہونا ۔ (۲) کامیاب زندگی بسر کرنا ؛ پھلنا پھولنا ؛ پنپنا، (بعض اوقات میں) مشغول و مصروف ہونا اور محنت کے ساتھ کام کرنا ۔ (۳) اپنی کسی بات یا چیز کو نمایاں کرنا ؛ اترا کر دکھانا ۔ (٤) ہتیھار کو ملانا ؛ پینترے بدلنا ؛ حرکت دینا ؛ نمائشی طور پر یا فتح مندی کے اظہار کےلئےہتھیار کو حرکت دینا یا پھیرانا ۔ (۵) ہاتھ پاؤں پھینکنا؛ چلانا ۔ (٦) (موسیقی) گانے یا باجے کے ساتھ عالم تصور میں سر ہلانا ؛ الاپنا ۔ (۷) کتابت یا علمی مضمون نگاری میں قلم سے نقش ونگاربنانا ؛ اچھے خوبصورت جملے اورالفاظ استعمال کرنا یا حروف کو اس طرح کھینچ کر لکھنا کہ وہ خوب صورت معلوم ہوں ۔ (۸) تقریرمیں ایسی باتیں کہنا یا ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کا سننے والوں پر اچھا اثر ہو ؛ لپک لپک کر تقریر کرنا ۔ (۹) (چیزوں کا) پوری طرح نشوو نما پالینا ؛ مکمل نشو و نما ؛ کامیاب ہونا ؛ رواج پانا ؛ مقبول ہونا ؛ فیشن میں داخل ہونا ۔ (۱۰) شہرت اور فضیلت کی بلندی پر ہونا ؛ کمال حاصل کرنا ؛ عروج پر ہونا ؛ نیز زمانہ٭ ماضی میں کسی شخص کی فعالیت یا فعال زندگی کےزمانے کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (۱۱) مسجّع اورمرصع زبان کا استعمال کرنا ۔ (۱۲) نمائش کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ ڈینگ مارنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ خودستائی کرنا ۔

Flourisher : (n) نمائشی ؛ اترانے والا ؛ ڈینگے مارنے والا ؛ الاپنے والا ؛ شیخی بگھارنے والا ؛ کمال حاصل کرنے والا ؛ ہتھیاروں کے پینترے دکھانے والا ؛ قلم سےآرائش کرنےوالا ؛ ادبی یاعروضی مرصع یا مسجّع زبان استعمال کرنے والا؛ پھلنے پھولنے والا ؛ نشوو نما پانے والا ؛ پنپنے والا ۔

Flourishingly : (adv.) نشوو نما پا کر ؛ پھلتے پھولتے ہوئے ؛ سرسبز و شاداب انداز میں ؛ کامیابی و کامرانی سے ؛ مرصع و مسجّع انداز میں ؛ نمائشی طور پر ؛ خود ستائی کے انداز میں ۔

Flourishy : (a) خوش حال ؛ آسودہ حال ۔

Floury : (a) آٹے کا ؛ آٹے سے متعلق ؛ آٹے جیسا ؛ میدہ جیسا ؛ جس کا آٹا یا میدہ بن سکے ؛ پاؤڈر یا آٹے سے ڈھکا ہو ۔

Flaut : (n) [f. Flout. v.] تمسخر ؛ استہزا ؛ تضحیک (زبان سے یا عمل سے) ؛ ذلیل کرنے والی گفتگو ؛ مضحک یا استہزا آمیز گفتگو یا عمل ۔

Flout : (v) [Origin unkm.] (۱) چڑانا؛ طعنے دینا ؛ توہین کرنا؛ (زبانی یا عملاً) تحقیر کرنا ؛ نفرت ظاہر نا ؛ ہنسی اڑانا؛ کھلی لینا ؛نقل کر نا ؛ منہ چڑانا ۔ (۲) بیہودگی یا گستاخی سے پیش آنا ؛ زبان درازی کرنا ؛ نامنا سب برتاؤ کرنا ؛ طنز کرنا ؛ تمسخر کرنا ؛ فقرے چُست کرنا؛ آوازہ کسنا ؛ گفتگو یا عمل سے حقارت یا ذلت کا اظہار کرنا ؛ حقیر و ذلیل سمجھنا ۔

Flouter : (n) بیہودہ ؛ گستاخ ؛ زبان دراز ؛ نقل اتارنے والا ؛ کھلی لینے والا ؛ مسخرہ زبان یاعمل سے اہانت ونفرت ظاہر کرنے والا ؛ طعنہ زن ۔

Fluteingly : (adv.) بیہودگی سے ؛ گستاخانہ ؛ مسخرہ پن سے ؛ نفرت و حقارت ظاہر کرتے ہوئے طنزاً ؛ طعنہ آمیز طور پر ؛ مضحک انداز میں ۔

Flow : (n) [f.Flow v.] (۱) دوران خون ؛ زیادہ تعداد میں آمدو رفت ۔ (۲) (ادب) سلاست ؛ روانی ۔ (۳) (لباس اور بال وغیرہ) لٹک ؛ لہر ۔ (٤) دریا یا چشمے کا بہاؤ (پانی وغیرہ کی) مقدار جو بہتی ہو یا بہی ہو ؛ (بجلی ہوا وغیرہ) کی رو ؛ لہر یا بہاؤ ۔ (۵) سیّال شے ؛ رقیق چیز ؛ بہنے والی چیز ۔ (٦) (لباس وتناسب اعضا) اتار چڑھاؤ ۔ (۷) سیلاب ؛ جوار کی آمد ۔ (۸) (چینی بر تن سازی) ایک قسم کا مسالا جو برتنوں کو پکاتے وقت رنگوں کو بہانے یا ملانے کے لئے ڈالا جاتا ہے ۔ (۹) (مجازاً) دریا کے بہاؤ سےمشابہ کوئی بھی حرکت جس سے کثیر سپلائی یارسد ظاہر ہوتی ہے ؛ جذبات کا پر جوش اظہار ؛ سیل (جذبات ، اشک ، خون وغیرہ) ۔

Ebb and flow : جوار بھاٹا ؛ مدو جزر ؛ دھارکا بہنا جو چڑھاؤ پر ہو ۔

Land flowing with milk and honey : (متروک) خوش حال ملک ؛جہاں گو یا دودھ اور شہد کی نہریں جاری ہوں ۔

Flow : (v) [OE. flowan.] (۱) دریا کی طرح تیزاور دبے پاؤں گذر نا ۔ (۲) خون کا دوڑنا ۔ (۳) زیادہ تعداد میں آنا جانا ؛ گزرنا (لوگوں کا یا اشیا کا)۔ (٤) (لباس، زلف وغیرہ کا) ہلنا؛ لٹکنا؛ لہرانا ۔ (۵) (ریاضی) چھوٹے مقادیر کا تسلسل کے ساتھ گھٹنا بڑھنا ۔ (٦) پھوٹ نکلنا ؛ ابلنا ؛

(چشمہ) پھوٹنا ؛ (خون) بہنا ؛ جاری ہونا ۔ (۷) پوری قوت سے بہنا نیز مجازاً ۔ (۸) (شراب) لنڈھانا؛ فیاضی سے بے اندازہ دینا ؛ بہت اور بلا لحاظ کم وبیش دینا نیز مجازاً ۔ (۹) امنڈ نا ؛ (چشمہ کا) جاری ہونا؛ دھارے کا چڑھنا؛ دریا کا چڑھنا ؛ دریا کا کناروں سے گذر کر پھیل جانا ؛ بہہ نکلنا ۔ (۱۰) ادرار حیض ہونا ؛ حیض آنا ؛ رحم سے خون جاری ہونا ۔ (۱۱) (آدمیوں کا) اُمڈنا؛ جوق در جوق نکلنا؛ مسلسل آگے بڑھنا ۔ (۱۲) (سمندر کا) جوار آنا اور آگے بڑھنا ۔ (۱۳) سیلاب آنا؛ غرقاب کرنا ؛ زیر آب کرنا ؛ لبریز ہو کر بہنا ؛ سطح پر وارنش پالش وغیرہ کو بہا کر وارنش یا پالش کرنا ۔

Flow/ Flo(w) e : (n) [Origin unkn.] (۱) آب دار یا آبی کائی : دلدل نیز مرطوب یا زیر آب نشیبی قطعۂ زمین ۔ (۲) ریگ رواں ؛ دلدل ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Flow bag/-moss : (n) کوئلے کی دلدلی یا کائی جس کی سطح پانی کی کمی یا زیادتی کے ساتھ ساتھ اُترتی چڑھتی ہے ۔

Flow of soul : (n) خوش طبعی اور صاف دلی کے ساتھ گفتگو ۔

Flow of spirits : (n) (۱) (قدیم معنوں میں) خوشی یا مسرت کی اچانک زیادتی ۔ (۲) (موجودہ معنوں میں) عادتاً خوش یا مسرور رہنے کی حالت ؛ عادتاً خوش دل رہنا ۔

Flow pattern : (n) (تجارت) روانی کارنمونہ ؛ بہاؤ کارنمونہ ۔

Flow process : (n) طریقہ بہاؤ ؛ بہاؤ کا طریق یا عمل ۔

Flow production : (n) (معاشیات) کثیر پیداوار ۔

Flow structure : (n) (ارضیات) سیلی ساخت ۔

Flowage : (n) بہنے کا عمل ؛ بہاؤ ؛ روانی ؛ دوران ؛ سیل ؛ ادرار ؛ سیلابی حالت ؛ سیلاب ؛ غرقابی ؛ لبریزی ؛ پرآبی ؛ افراط ؛ کثرت ۔

Flower : (n) [L.'florem.'] (۱) پھول ؛ (نباتیات) پودے کا وہ عضو جس سے نسل بڑھتی ہے اور جس میں ایک یا ایک سے زیادہ حصہ (بغچۂ گل) یا حامل زر (نر) یا دونوں ہوتے ہیں اور عام طور پر ایک چہرہ گل اور ایک مسند گل ہوتی ہے، یہ عضو عام طور پر رنگین ہوتا ہے) یہ پودے کا وہ حصہ ہوتا ہے جس میں بعد کو پھلی یا بیج پیدا ہو جاتے ہیں جن کو Flowerage کہتے ہیں ۔ (۲) (قدیم علم کیمیا) وہ سفوف تعقید کے بعد باقی رہ جائے ۔ (۳) کف یا میل جو خمیر اٹھنے کے بعد پیدا ہوتا ہے ؛ پھین جو خمیر اٹھنے کے بعد بنتے ہیں ۔ (٤) کلی ؛ غنچہ ؛ شگوفہ ۔ (٥) پھول لانے والا درخت ؛ پھول دینے والا ؛ پھولنے والا درخت ؛ پھول دار پودا ۔ (٦) پھول کا نشان یا علامتی پھول خصوصاً نقابتی سوسن ؛ ملك فرانس کا شاہی نشان، مارکہ ۔ (۷) ایک قسم کی تزئین ؛ آرائش ؛ گل کاری ؛ نقاشی ؛ خصوصاً زبان کی مرصع کاری (واحد میں شاذ مستعمل ہے) (۸) اچھے لوگوں یا اچھی چیزوں کا انتخاب، گلدستہ؛ چیدہ اشخاص ؛ عمدہ چیزیں ۔ (۹) کسی چیز کا بہترین ، انتہائی پسندیدہ اورمرغوب ترین جزو یا حصہ ؛ جوہر؛ عرق ؛ ست ؛ بہترین جزو ؛ (کسی بات کا) خلاصہ ؛ لب لباب ؛ اصل مدعا ۔ (۱۰) کسی کیفیت یا صفت کی روشن ترین مثال ۔ (۱۱) بہار ؛ حالت سرسبز و شادابی ؛ جوانی ؛ قوت یا بہبود کا زمانہ یا حالت ؛ حالت یا زمانۂ کامیابی و کامرانی ؛ خوش اقبالی و برومندی ۔

In the flower of life : شباب ؛ چڑھتی جوانی؛ عمر کا وہ حصہ جب قویٰ پوری طاقت حاصل کرلیتے ہیں ۔

No flowers : بہ ایں الفاظ وہ اطلاع جو (یورپ کے ممالك میں) احباب واعزاکو دی جاتی ہے کہ جنازے پر پھول یا ہار لے کر آنے کی ضرورت نہیں ۔

Flower : (v) (۱) کھلنا ؛ پھولنا ؛ بہار پر آنا ؛ شگفتہ ہونا ؛ پھول لانا ؛ پھول دار ہونا ؛ (پھول کا) کھلنا نیز مجازاً ۔ (۲) کسی چیز پر گل بوٹے بنانا ؛ گل کاری کرنا ؛ نقش ونگاربنانا ۔ (۳) پھول کھلانا ؛ پھول دار کرنا ؛ شگفتہ کرنا ؛ بہار پر لانا ۔

Flower animals : (n) (حیوانیات) شعاعی حیوانیات جن میں سمندر پھول ، سبزۂ مرجانی یا حیوانات مرجانیہ اور کثیر پا وغیرہ شامل ہیں ؛ گل حیواں ؛ پھول جانور ۔

Flower cup : (n) (۱) مسند گل ؛ کاسۂ گل ؛ پھول کٹوری ۔ (۲) وہ پیالہ نما جوف یا مسند جو پھول کے ذریعہ بن جاتی ہے ؛ بعض پھولوں کے پیالہ نما اندرونی حصے ۔

Flower bud : (n) (نباتیات) شگوفہ ؛ کلی ۔

Flower-de-luce : (n) دیکھو Fieuer-de-lis

Flower fence : (n) ایک کانٹے دار جھاڑی یا چھوٹا درخت جس کے پھول زردی مائل شوخ نارنجی سرخ ہوتے ہیں ۔

Flower-girl : (n) پھول بیچنے والی لڑکی ۔

Flower head : (n) (نباتیات) بے ساق یا بے ڈنٹھل ننھے پھولوں (گلچوں) کے گھنے خوشے پر مشتمل ایک نظام گل ؛ گھنڈیا ۔

Flower-of an-hour : (n) سال میں ایک بار پیدا ہونے والا ایک قسم کاگیاہی پودا جس کے ایک روزہ زرد، ارغوانی اور آنکھوں کی شکل کے پھول ہوتے ہیں ۔

Flower of speech : (n) (جمع کے صیغے میں) تقریر کے آرائشی جملے (عموماً طنزیہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Flower of tan : (n) بلوط کی چھال کا کف (جو چمڑا رنگنے کے کام میں آتا ہے) ۔

Flower of the wind : (n) پرانے نقشوں پر بنی ہوئی آلہء قطب نما (کمپاس) کی شکل جس کے بیچ میں گلاب کا ایک پھول ہوا کرتا تھا ۔

Flower of the winds : (جہاز رانی) نقشے یا چارٹ پر رکھا ہوا، جہاز رانوں یا ملاحوں کا آلہ سمت نما یا قطب نما (کمپاس) ۔

Flower pecker : (n) (۱) جنوب مشرقی ایشیا، بحر الکاہلی جزائر اور آسٹریلیا کا چھوٹی دُم والا ایک ننھا کنجشکی یاعصفوری پرندہ جوگرم ملکوں میں ہونے والی آکاس بیل کی گوندنیاں (ننھے پھل) اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے (۲)منطقہء حارہ کے پرندوں کی جنس کا ایک امریکی پرندہ ۔

Flower-piece : (n) (۱) پھولوں کی تصویر؛ پھولوں سے متعلق متعلق کتابوں میں پھولوں کی تصویر ۔ (۲) پھولوں کی ترتیب ؛ پھولوں کی جنس دار ترتیب ۔

Flower pot : (n) (۱) (عموماً سرخ مٹی کا) گملا جس میں مٹی بھری ہوتی ہے اور اُس مٹی میں پودے یا پھولوں کے درخت لگائے جاتے ہیں ۔ (۲) (روزمرّہ بول چال) واز ؛ چینی وغیرہ کا ظرف جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے نیز گل دان ؛ گل دستہ ۔ (۳) ایک قسم کی آتش بازی جس کی چنگاریاں فوارے کی طرح اوپر کو جاتی ہیں ۔

Flower show : (n) پھولوں کی نمائش جس میں پھولوں کا مقابلہ کیاجاتا ہے اور انعامات دیئے جاتےہیں ۔

Flower stalk : (n) غصنہ ؛ شاخِ گل ؛ جس پر پھول ہو تا ہے ؛ پائے گل ؛ پھول کی ڈنڈی ۔

Flower vase : (n) گل دان ۔

Flower work : (n) گل کاری ۔

Flowerage : (n) (۱) پھول (مجموعی طورپر) ؛ بہارشگفتگی ؛ پھول کی نمائش ؛گل کاری ؛پھولوں کی آرائش ؛ پھول دار آرائش (ادبی یامجازی معنوں میں) ؛ آراستہ یا مرصع اسلو ب (تحریر یا تقریر) ۔ (۲) عمل شگفتگی ؛ کھلنے یا پھول لانے کا عمل ؛ انجام شگفتگی؛ پھول (مجازاً) شگفتگی اسلوب؛ خوش اسلوبی ؛ مرصع کاری ؛ شگفتہ عبارت یامرصع اندازبیان ۔ (۳) (نباتیات) تزہیر ؛ پھولت ۔

Flowered : (a) پھول دار ؛ پھول دار چتروں سے آراستہ ؛ پھولوں سے ڈھکا ہوا؛ پھولا ہوا ؛ شگفتہ ؛ جس میں کسی مخصوص قسم کے یا مخصوص تعداد میں پھول لگے ہوں ۔

Flowerer : (n) ایسا پودا جو وقت مقررہ پر پھول لاتا ہے ؛ کھلنے یا بہار پر آنے والی چیز یا شخص (نباتیات) شگوفہ کنندہ ؛ کھلنے والا پودا ۔

Abundant flowerer : جس پودے میں بکثرت پھول آتے ہیں ۔

Late flowerer : جو پودا موسم کے آخر میں پھول لاتا ہو ۔

Floweret : (n) (شاعری) چھوٹا پھول ؛ گلچہ ؛ ننھا سا پھول ۔

Flowerful : (a) پھول سےبھرا ہوا؛ پُر ازگل ؛ جہاں پربکثرت پھول ہوں ۔

Floweriness : (n) پھولوں کی کثرت ؛ خوش آئند الفاظ ؛ صنائع و بدائع کا زیادہ استعمال ۔

Flowering : (n) (۱) شگفتگی ؛ کھلنے کا عمل ؛ کھل کر پھول بن جانے کا عمل ؛ گل آوری ؛ شگوفہ آوری ؛ گل کاری ؛ شگوفہ کاری ؛ پھول سے آراستہ کرنے کا عمل ۔ (۲) (جمع میں) پھولوں کی شکلیں ،خاکے یا تصویریں ۔

Flowering : (a) (۱) کھلنے والا ؛ پھول لانے والا ؛ پھول دار ۔ (۲) پُر ازگل ؛ پھولوں سے ڈھکا ہوا یابھرا ہوا؛ گل آور ؛ پھول پیدا کرنے والا ۔ (۳) پھولوں سے بنا ہوا؛ پھولوں سے مرکب؛ پھولوں کے بڑھنے والا یا اُن کی خصوصیات کا حامل ؛ پھولوں سےیاپھولوں کی تصویروں سے آراستہ ؛ گل کاری کیا ہوا ؛ پُر تکلف ؛ پُر از صنائع و بدائع (زبان) ؛ شستہ و آراستہ ۔ (٤) (نقابت) سوسن یا کنول کے پھول کا نشان بنا ہوا؛ پھولوں سے متعلق یا اُن سے نکلنے والا ۔

Flowerless : (a) بغیر پھول کا (پودا یا درخت) ؛ جس پر پھول نہ آتے ہوں ؛ غیر پھول دار ؛ بن پُھلیا ۔

Flowerlessness : (n) غیر پھول داری ؛ غیر پھول کا ہونا ۔

Flowers of sulphur : (n) (کیمیا) جوہر اڑایا ہوا سفوف گندھک ؛ آنولہ سار گندھک ۔

Flowers of wine : (n) شراب کی خمیرکا جھاگ؛ (کبھی کبھی) ایسا جھاگ پیدا کرنے والا خمیر ۔

Flowers of zinc : (n) زنک اوکسائیڈ خصوصاًوہ جو جستے کو جلا کر ہلکے سفید سفوف کی شکل میں دوا سازی اورخوشبو دار آرائشی چیزیں اور کاسمیٹکس (Cosmetics) بنانے میں استعمال ہوتا ھے ۔

Flowery : (a) (۱) پر از گل ؛ پھول سےلدا ہوا؛ جس پر کثرت سے پھول موجود ہوں ؛ آراستہ و پیراستہ ؛ گل آور ؛ پھول پیدا کرنے والا ؛ گل دار ۔ (۲) فصیح و بلیغ (تحریر وتقریر) ؛ صنائع وبدائع سے بھر پور (عبارت یا گفتگو) ؛ پر تکلف ؛ شستہ و آراستہ ۔ (۳) پھولوں سے بنا ہوا ؛ پھولوں سے مرکب ؛ بڑھنے والا یا ان کی خصوصیات کا حامل ؛ پھولوں سے یا پھولوں کی تصویروں سےآراستہ ؛ گل کاری کیا ہوا ۔ (٤) سوسن یا کنول کے پھول کا نشان بنا ہوا ۔

Flowery land : (n) ملک چین ۔

Flowing : (n)[OE. f. flow v.] (۱) رواں ؛ بہاؤ ؛ سیل ؛ سیلان ؛ تموج ؛ لہر داری ۔ (۲) بہنے والا؛ چشمہ ؛ جھرنا؛ دھارا ؛ موج ؛ لہر (شاذ) ۔

With flowing sheet or sail : (اُس حالت میں کہ ہوا جہاز کا راستہ کاٹ کر گذر رہی ہو) جہاز کے بادبانوں کی ڈوریاں ڈھیلی کر کے ۔

Flowing : (a) (۱) رواں سلیس ؛ سہل ؛ سیلانی ؛ بہتا ہوا ۔ (۲) خطوط : خم گولائی (نقشہ وغیرہ کے متعلق) ؛ مسلسل ؛ یکسار؛ جس کا سلسلہ نہ ٹوٹے ؛ جو بےربط نہ ہو ۔ (۳) (بال ، لباس وغیرہ) جھولتا ہوا ؛لہراتا ہوا ؛ ہلتا ہوا ؛ موج دار ؛ لہریں لیتا ہوا ؛ ژولیدہ ؛ آزاد ؛ کھلا ہوا ؛ غیر مقید ۔ (٤) جوار کی طرح بلند ہوتا ہوا ؛ چڑھتا ہوا ؛ اُٹھتا ہوا ؛ لبریز ؛ بھرا ہوا؛ پُر ؛ کثیر ۔

Flowing metals : (n) دھات کےوہ ریزے یا ٹکڑے جن کی ہئیت بہاؤ ٹکّر ، کھنچاؤ یا دباؤ کی وجہ سے بدل جاتی ھے ۔

Flowing tracery : (n) (تعمیرات)پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام یا عمارتی آرائش جس میں لکیریں ، پتیوں ، شاخوں وغیرہ میں تقسیم ہوجاتی ہیں ۔

Flowingly : (adv.) روانی سے؛ بہتے ہوئے سیل کی طرح ؛ سیلانی انداز میں ؛ تسلسل سے ؛ سلاست سے ؛ مربوط طریقے سے ؛ جھولتے ہوئے ؛ لہراتے ہوئے ؛ موج دار طور پر ؛ اُٹھتے ہوئے ؛ بلندی سے ؛ لبریز ہوکر ؛ لبریز کرتے ہوئے ۔

Flowingness : (n) بہاؤ ؛ روانی ؛ سیلانی؛ تسلسل ؛ سلاست ؛ ربط ؛ لہرانا ؛ لبریزی ۔

Flowmeter : (n) (کیمیا) روانی پیما ۔

Flown : (a) (متروک) سوجا ہوا ؛ بھرا ہوا (شراب سے) ؛ پُر (گستاخی اور بے ادبی سے) ۔

Flown : (a) Fly کے معنوں میں صفت کے طور پر استعمال ہوتا ھے بہ معنی اڑتا ہوا ؛ اُڑنے والا (Out کے ساتھ بھی مستعمل ھے) ۔

Far-flown : (a) دور پرواز ؛ دور تک اڑنے والا ۔

New-flown : نو پرواز ؛ جس نے ابھی پرواز کرنا سیکھا ہی ہو ۔

Floyt (e) : Flote,Flute کا متبادل ۔

Flu : (n) انفلوئنزا ۔

Fluate : (n) (کیمیا) فلورین کا ایک مرکب ؛ ہائیڈرو فلو سیلیکیٹ کی ایک قسم جو مکان کے پتھر کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال کیاجاتا ھے ۔

Flub : (v) [Origin unkn.] کسی کام کو بدسلیقگی سےانجام دینا ؛ پھوہڑپن دکھانا ؛ ناکام ہو جانا ؛ بد سلیقگی یا الہڑپن سے کام کرنا ؛ غیرتشفی بخش طور پر یا جوں توں کام کرنا ۔

Flub : (n) اشتباہ احمقانہ ؛ بھونڈی ناکامی ؛ بے وقوفانہ حرکت ۔

Flubdub/Flubdubbery : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ یا بازاری) فریب دہی کےلئے پُر تکلف اظہار بہ ظاہر بھڑکیلے یا دل پذیر زبان یا دلیل ؛ سوقیانہ گفتگو ؛ بکواس ؛ فحش کلامی ۔

Fluc (c) an : دیکھو Flookan

Flucti - : [L.'fluctus.'] سابقہ بمعنی موج، لہر ۔

Fluctiferous : (a) (۱) موج دار ؛ موج زا ؛ تموج خیز ۔ (۲) لہریں لیتا ہوا ۔

Fluctisonous : (a) لہروں سےآواز پیدا کرنےوالا ؛ آواز موج ۔

Fluctuant : (a) [L.fluctuantem.] (۱) متموج ؛ متغیر ؛ لرزاں ؛ تغیر پذیر ؛ مواج ؛ لہروں کی طرح چلتا ہوا یا حرکت کرتا ہوا ؛ غیر ثابت ؛ ناپائدار ؛ غیر مستقل ؛ جس میں بہت زیادہ نشیب و فراز ہوں ؛ ہر لمحہ متغیر رہنے والا ۔ (۲) لہروں پر بہتا ہوا ۔

Fluctuate : (v) [L. f.fluctus.] (۱) موج یا لہروں کی طرح چڑھنا اترنا ؛ مو ج وار حرکت کرنا ۔ (۲) بہت بے قاعدگی کے ساتھ گھٹنا بڑھنا؛ گرنا چڑھنا؛ غیر مستقل ہونا ؛ متزلزل ہونا ؛ پس وپش ہونا ؛ بدلتے رہنا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ؛ متردد ہونا ؛ متلون ہونا ۔ (۳) لہروں پر اوپر نیچے ہونا یا اُچھلنا ؛ لہریں لینا (شاذ) ۔ (٤) اُکھاڑ دینا ؛ اُکھاڑ پھینکنا ؛ موج کی سی حرکت کے ساتھ پھینکنا ؛ موج دار پھینکنا ۔

Fluctuating : (a) متغیر ؛ بڑھتا گھٹتا ۔

Fluctuating exchanges : (n) (معاشیات) متغیر متبادلے ۔

Fluctuation : (n) [L.'fluctuationem.'] (۱) (جمع میں) اتار چڑھاؤ ؛ تغیر ؛ نشیب و فراز (مجازاً) ترقی و تنزلی ؛ تبدیلی ؛ موج دار حرکت ؛ موجوں کی طرح باری سے اُترنا چڑھنا (مادی معنوں میں اب شاذمستعمل ھے) ۔ (۲) (مرضیات) جسم کے کسی جو ف یا زخم میں سیّال کا تموج ؛ تورم جسم ۔ (۳) حالت تموج یا عمل تموج ؛ مسلسل تغیر ؛ با قاعدہ تغیر ؛ باری باری سے ہونا ۔ (٤) ھیص بیص؛ تذبذب؛ تلوّن ۔ (٥) لڑ کھڑاہٹ ؛ متزلزل ؛ جھلملاہٹ ؛ غیر مستقل مزاجی ۔ (٦) (نباتیات) ماحولی تبدیلی ۔

Anticyclical fluctuation : (معاشیات) مخالف واری تغیر ۔

Cyclical fluctuation : (معاشیات) موافق واری تغیر ۔

Industrial fluctuation : (معاشیات) صنعتی تغیر ۔

Price fluctuation : (معاشیات) قیمت تغیر ۔

Random fluctuation : (معاشیات) بے ترتیب تغیر ۔

Seasonal fluctuation : (معاشیات) موسمی تغیر ۔

Wage fluctuation : (معاشیات) اجرت کا تغیر ۔

Flue/Flew : (n) [M.E.] ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Flue : (n) [origin unkn.] (۱)روئی کے منتشر ذرات و اجزا جو مل کر جم جائیں ؛ روئی کا رواں ؛ کپڑے کی نرم رواں دار سطح ۔ (۲) (چڑیوں کے بچے کے) نرم پر ؛ مسیں ؛ گالوں اور ہونٹوں پر چھوٹےنرم بال ؛ نرم روئیں یا بالوں کا گچھا ؛ کسی نرم روئیں دار چیز کے ٹکڑے (جمع میں) ۔

Flue : (n) [Origin unkn.] لنگر کا کانٹا ؛ لنگر کا پنجہ ؛ وہ چوڑا چپٹا مثلث نما ٹکڑا جو جہاز یا کشتی کے لنگر پر ہوتا ھے ؛ نیز برچھے کی دھار دارنوک ۔

Flue : (n) [Origin unkn.] (۱) دود کش میں دھواں نکلنے کی نالی ۔ (۲)حرارت پہنچانے کی نالی خصوصاً وہ نالی جو (مکان کو گرانے کےلئے) گرم ہَوا پہنچانےکےلئے دیواروں کے اندر بناتے ہیں ۔ (۳) وہ نلکی جو بعض اقسام کے Boiler میں پانی تك حرارت پہنچانے کےلئے لگائی جاتی ھے ۔ (٤) دیگ نلی ۔ (٥) منہ سےبجانے والے ساز یا باجے میں نلکی کے اندرہوا شگاف یاراستہ ۔ (٦) (عامیانہ) گروی یارہن کے دکاندار کے یہاں پہلے استعمال ہونے والی ایك قسم کی لفٹ جس کے ذریعہ رہن کی ہوئی چیزیں محفوظ

مقام پر رکھنے کےلئےلی جاتی تھیں ؛ نیز رہن کی دکان ؛ نیز گرو رکھ کر قرض دینے والی دکان ۔

In flue : رہن میں ؛ زیر رہن ؛ مرھون ۔

Up the flue : (۱) گروی رکھا ھوا ؛ مرھون ؛ رہن میں دیا ھوا ۔ (۲) مردہ ؛ مرا ھوا ۔

Flue : (n) (روز مرہ) انفلوئنزا کا مخفف ۔

Flue : (v) چیرنا ؛ شگاف دے کر کھول دینا ؛ اندر کی طرف یا باہر کی طرف چوڑا کردینا ۔

Flue-boiler : (n) وہ اسٹیم بوائلر جس میں پانی تک حرارت پہنچانے کےلئے پائپ لگے ھوں ۔

Flue-bridge : (n) حرارت کو منعکس کرنے والی بھٹی میں آتش دان اور دود کش کے درمیان آتشی اینٹوں سے بنی ھوئی دیوار ۔

Flue-pipe : (n) منہ سے بجایا جانے والا باجا ؛ جس میں ہَوا گذرنے کے لئے درزیں بنے ھوں ؛ دود کش ؛ دھواں کش ۔

Flue-plate : (n) وہ پلیٹ جس میں ماؤتھ آرگن کا وہ حصہ لگا ھوتا ھے جس میں ہَوا کے راستے یا درزیں ھوتی ہیں ۔

Flue-stop : (n) ہَوا گذار نلکیوں یا نفیریوں سے بنا ھوا آرگن کا پردہ ۔

Flue-work : (n) آرگن کے پردے ۔

Fluency : (n) [L.'fluentia.'] (۱) ھموار اور آہستہ بہاؤ ۔ (۲) (تقریر و تحریر) حاضر بیانی ؛ بےتکلف تقریر کرنا ؛ زبان و قلم کی روانی ۔

Fluent : (n) [L.'fluentem.'] (۱) بہتا ھوا ؛ رواں ؛ (مجازاً) سلیس ؛ رواں ۔ (۲) بہنے کےلئے تیار ؛ رقیق ؛ سیال ؛ مائع ۔ (۳) (مجازاً) سیال ؛ رقیق ؛ غیر معین ؛ غیر مستقل ؛ تغیر پذیر ؛ متغیر ۔ (٤) (حرکت اور خم کےلئے) ہموار؛ خوش اسلوب؛ مسلسل ؛ شائستہ ۔ (٥) (تقریر یا طرز) جس میں بکثرت اور بہ آسانی مضامین کی آمد ھو ؛ حاضر کلامی کے ساتھ ۔ (٦) جو شخص آسانی کے ساتھ اپنا ما فی الضمیر بیان کرسکے ۔ (۷) (ریاضی) اُس اصول کے تحت جس کےمطابق کوئی بہتی ھوئی یاتغیر پذیر مقدار کابڑھتا ھوا تناسب ؛ بے حد خفیف مقدار میں مسلسل گھٹنے یا بڑھنے والا ۔

Fluent : (n) (ریاضی) تغیر پذیر مقدار یا تعداد جو انتہائی کمی بیشی کے ساتھ مسلسل جاری رھے ۔

Fluently : (a) تیزی سے ؛ روانی سے ؛ قوت گفتار کے ساتھ ؛ حاضر کلامی کے ساتھ۔

Fluey : (a) روئیں کی طرح ؛ روئیں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ھوا ۔

Fluff : (n) [Oringin unkn.] (۱) کوئی بھی ہلکی ، سبک، نرم روئیں یا نرم بالوں کےگچھے جیسی چیز ؛ رواں ؛ رنگ جو کمبل وغیرہ سے گرتا یا اترتا ھے ۔ (۲) نرم رُواں یا بال ؛ نرم روئیں یا بالوں کاگچھا۔ (۳) گالوں اور ھونٹوں پر چھوٹےاور نرم بال ؛ مسیں ۔ (٤) (بازاری) تھیٹر کے کھیل کا وہ حصہ جو ایکٹر کو اچھی طرح یاد نہ ھو ؛ ناٹک کے کھیل میں کسی ایکٹر کا غلطی کرنا ۔ (٥) نوجوان عورت (عامیانہ) ۔

A bif of fluff : (عامیانہ) جوان عورت ۔

To shake (oneself, one's feathers etc.) into up or out fluffy mass : جسم یا بالوں کا اوپر یا چاروں طرف اس طرح ہلانا کہ وہ پھول کر روئیں کا یا گپھابن جائیں ۔

Fluff : (n) [Sc.] (روز مرہ) جھونکا ؛ ہَوا کا جھونکا؛ سانس ؛ پھونک ؛ ہلکا سا جھونکا ؛ دم ؛ کش ؛ ہلکا سا دھماکا ؛ بھسک ۔

Fluff : (v) (۱) (دباغی) (چمڑے کے اس طرف جدھر گوشت ھوتا ھے) سفید بنانا ۔ (۲) کسی چیز کو روئیں یاروئی کے گالوں کی طرح باریک یا نرم بنا دینا ۔ (۳) پرانی رسیوں کی سن نکالنا (جنہیں جہازوں کی درزوں میں بھرا جاتا ھے) ۔ (٤) روئیں کی طرح حرکت کرنا یا پانی پر بہنا ؛ روئیں دار گیند کی طرح کسی جگہ پر قائم ھوجانا ۔ (٥) (عامیانہ) ہٹاؤ ؛ دور کرو! لےجاؤ یہاں سے ؛ میں نہیں دیکھنا چاہتا !

Fluff-gib : (n) (اسکاٹستانی)(آتش بازی)چھچھوندر؛ ہَوائی ۔ (ادبی اورمجازی معنوں میں) ہجویہ یا مضحکہ خیز نظم یانثر ۔

Fluffiness : (n) روئیں دار ھونا ؛ روئیں داری ؛ روئیں دار یا روئیں جیسا ھونا ؛ نرمی ؛ ملائمت ۔

Fluidic : (a) سیال آسا ؛ سیّال کی نوعیت یا خصوصیت کا (نفسی اور روحانی) مفروضہ داخلی ہم زاد یا اُس سے متعلق۔

Fluidification : (n) سیّال بنانے کا عمل ؛ تنسیل۔

Fluidify : (v) سیّال بنانا ؛ رقیق بنانا ؛ سیّال آسا کرنا ؛ سیّال نما بنانا ؛ (کیمیا) سیّال ہونے کی حالت ؛ رقت۔

Fluidism : (n) (۱) (نظریہٴ سیالیت) وہ نظریہ جس کے تحت تمام امراض ، جسم کے اندر موجود سیّال مادوں کے حالات کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔ (۲) (نظریہٴ روح) (روحانیت) ماورائے ادراک، روحانی یا غیر روحانی اجسام کے وجود کا مفروضہ یعنی یہ مفروضہ کہ جن، بھوت، فرشتے، ارواح اور ایسی ہی دوسری غیر مادی مخلوقات وجود رکھتی ہیں۔

Fluidist : (n) نظریہٴ سیّالیت یا نظریہٴ روح کا حامل ؛ غیر مادی اور ماورائے ادراک چیزوں پریقین رکھنے والا یا اُس کا حامی۔

Fluidity : (n) (۱) رقت ؛ سیال ہونے کی حالت ؛ سیالیت ؛ روانی ؛ سلاست ۔ (۲) سلاست بیانی ؛ طلاقت لسانی ؛ زبان کی شستگی و سلاست ؛ روانی۔

Fluidity of labour : (معاشیات) محنت کی نقل پذیری ۔

Fluke : (n) [O.E.'floc.'] (۱) (متروک) ایک قسم کی چپٹی مچھلی جس کا نام Flounder بھی ھے ۔ (۲) ایک قسم کاجسم کےاندر رہنےوالاباریک کیڑاجوبھیڑ کے جگر میں پایا جاتا ھے ؛ کرمِ جگر ۔ (۳) ایک طرح کا آلو ؛ گردہ نما آلو ؛ بیضوی آلو۔

Fluke : (n) [origin unkn.] (۱) وہ چوڑا اور چپٹا مثلث نما ٹکڑا جو جہازیا کشتی کےلنگرپرھوتا ھے؛ زمیں‌گیر لنگر کا پنجہ ؛ لنگر کا کانٹا جو زمین پکڑ لیتا ھے؛ قلاب لنگر؛ شکلاً اس سے مشابہ کوئی چیز۔ (۲) نیزے کی خار دارنوک ۔ (۳) (جمع) وہیل مچھلی کی دُم کے دونوں حصے جن سے مل کر اُس کی لمبی مثلث نما دُم بنی ہوتی ھے ۔

To turn of peak the flukes : (۱) (وہیل مچھلی کا) غوطہ لگانا؛ پانی کے اندر چلا جانا۔ (۲) (بحری، عامیانہ) بستر پر چلے جانا ؛ سوجانا ۔

Fluke : (n) [Origin unkn.] (۱) اتفاقیہ کسی مقصد کاحصول ؛ اتفاقیہ مطلب برآری ؛ غیر متوقع کامیابی ؛

Fluffit : (v) ہٹاؤ ! دور کرو! لےجاؤ یہاں سے! میں دیکھنا نہیں‌چاہتا!

Fluffy : (a) روئیں دار ؛ رواں نما ؛ پر دار ؛ روئیں جیسا ؛ نرم اور ملائم ؛ پر مانند ۔ (۲) روئیں ، پر یا نرم بالوں سے ڈھکا ہوا ؛ روئیں جیسی چیز سے ڈھکا ہوا۔

Flugel : (n) [G.] بڑا پیانو ؛ بربط نما بڑا پیانو جس کے تار اُفقی یعنی لیٹے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Fluid : (a) [L.f.'fluere.'] (۱) بہنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ ایسا مادہ جس میں اس قسم کے ذرّات ہوں جو آپس میں آزادی سے متحرک رہیں اور معمولی سے معمولی دباؤ ان کو متاثر کرسکے (یعنی معمولی سے وزن سےہل جائیں، دب جائیں یا ادھر اُدھر ہو جائیں) ۔ (۲) آسانی سے بہنے والا؛ رواں ؛ سریع الحرکت ؛ سیال ؛ متحرک جو مادہ ٹھوس اور قائم اور سخت اور مستقل نہ ہو ؛ مائع ۔ (۳) شُستہ ؛ پاکیزہ ؛ رواں (اسلوب وغیرہ)۔

Fluid : (n) (۱) سیال مادہ ؛ سیال جزو ؛ رطوبت (سیال دو طرح کے ہوتے ہیں اول رقیق جو نیم شکل پذیر ہوتاھے اور دوسری گیس جو مکمل طور پر شکل پذیر ہوتی ھے) ۔ (۲) نہایت سبک ؛ لطیف اور سرایت کرجانے والے مختلف مادوں میں سےایک جن کے بارے میں فرض کیا جاتاھے یا سمجھاجاتا ھے کہ حرارت، مقناطیسیت اور برق جیسےمظاہر یا اشیائےمدرکہ کا سبب ہوتے ہیں ۔

Fluid resources : (n) (معاشیات) سیال و سائل ۔

Fluid saving : (n) (معاشیات) سیال بچت ۔

Fluid-compass : (n) سیال دار قطب نما ؛ پیالہ نما ؛ کمپاس جس کی سوئی اس میں رکھے ہوئے الکوحل پر تیرتی ہوئی گھومتی ھے ۔

Fluid-lens : (n) وہ شیشہ جس میں مطلوبہ خم والے دو گول شیشوں کے درمیان ایک قسم کا رقیق ہوا کرتا ھے ۔

Fluid-measare : (n) (طبیعیات) سیالی ناپ ۔

Fluid pressure : (n) (طبیعیات) سیالی دباؤ ۔

Fluidal : (a) (ارضیات) سَیالی ؛ سیّال نما ؛ سیّال کا یا اُس کے متعلق ۔

اتفاقیه اور خوش قسمتی سے کسی کام یا کھیل میں کوئی ایسا فعل سرزد ہونا (واقعہ پیش آنا) جو مفید مطلب ہو یا جس کی وجہ سے کامیابی حاصل ہوجائے ۔ (٢) (بلیرڈ) ایک کامیاب ضرب جو اتفاقیه یا حادثاتی طور پر لگ گئی ہو ۔ (٣) نسیم اتفاقی ؛ غیر متوقع ہَوا ؛ اتفاقی ہَوا ۔

A fluke of wind : اتفاقی ہَوا ؛ غیر متوقع ہَوا ؛ نسیم اتفاقی ۔

Fluke : (n) (کان کنی) ایک قسم کا اوزار جو فلیتا لگانے یا دھماکہ کرنے سے پہلے سوراخ کو صاف کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Fluke : (v) (١) وہیل مچھلی کا تیرتے وقت اپنی دُم کےدونوں مثلث نما حصوں سے کام لینا ۔ (٢) ایک قسم کےبیلچہ نما ہتھیار سے مار کر (وہیل کی) دُم کے دونوں مثلث نما حصوں کو بیکار کر دینا (تاکہ وہ تیر نہ سکے) ۔ (٣) (وہیل مچھلی کو) رسّے یازنجیر میں جکڑنا یا باندھنا ۔

Fluke : (v) (١) (بلیرڈ) محض اتفاقیه یا خوش قسمتی سے حاصل کرلینا یا نشانہ اتفاقاً صحیح لگ جانا ۔ (٢) (گیند کو) اتفاقی طور پر کامیاب ضرب لگانا تاکہ وہ پاکٹ میں چلی جائے ۔

Flukily : (adv.) محض خوش قسمتی سے ؛ اتفاقیه طورپر ؛ اتفاقاً ؛ حادثاتی طورپر ؛ غیر متوقع انداز میں ۔

Flukiness : (n) اتفاقی حالت جس میں کوئی کام ہوجائے یا کوئی مطلب حاصل ہو جائے ۔

Flukiness : (n) کرم جگر ؛ ایک قسم کا چپٹا پتی کی شکل کا کیڑا جو بھیڑ کے جگر میں ہوتا ہے ۔

Fluky : (a) (١) جہاں چپٹی مچھلیوں کی کثرت ہو ؛ چپٹی مچھلیوں سے بھرا ہوا ۔ (٢) جہاں بیضوی آلو کی بہتات ہو ۔

Fluky : (a) اتفاقی ؛ حادثاتی ؛ غیر متوقع ؛ خوش بختانہ ۔

Flume : (n) [ME.flum,'flun.] (١) (خاص کر امریکا) پانی لے جانے کی مصنوعی نالی جوصنعت وحرفت کے کاموں کےلئےبنائی جاتی ہے؛ کاریز ؛ آب گذر۔(٢) نالہ یا گھاٹی جس میں دریا بھی ہو ۔

Flume : (v) (١) نالی بنانا؛ نالی بہا کر لے جانا؛ کسی چشمے یا دریا کے پانی کو نالی میں بہا کر لے جانا ۔ (٢) (مچھلی کو) نالے کے ذریعہ اُس کارخانے میں لے جانا جہاں غذاؤں کو ڈبہ بند کیا جاتا ہے ؛ لکڑی کے کندوں یا لٹھوں کو نالے میں بہا کر کار خانے میں لے جانا ۔

Flumerin : (n) ایک گہرا سرخ سفوف جس میں سبزی مائل روشنی یا چمک ہوتی ہے اورجو ہائیڈرو کسی مرکری فلورسین کا ڈائی سوڈیم نمک ہوتا ہے ۔

Flume runner : (n) ایک مزدور جو لکڑی کے کندوں کو ایک ہُک کے ذریعہ نالے میں چھوڑتا یا اُسے کھینچتا ہے ۔

Flumma diddle/Fluma-/Flum-/Flummer-/Flummy/- : [Origin doubtful.] (١) مہمل ؛ بے قیمت چیز ؛ مزخرف ؛ لغو ؛ حمقانہ یا بے قیمت بات ؛ فضول چیز ؛ ردی چیز؛ نکمی چیز ؛ کترن ۔ (٢) سستا نمائشی زیور ؛ جھالر ؛ سنجاف ؛ چنٹ ۔

Flummery : (n) [Welsh llymru.] (١) آش ؛ فیرنی ؛ حریرہ ؛ چند اقسام کے میٹھے کھانے جو دودھ آٹے اور انڈوں وغیرہ کو ملاکر پکائے جاتے ہیں ؛ گیہوں یا جئی کے میدے کو جماکر بنایا ہوا ایک قسم کا کھانا ۔ (٢) (مجازاً) خالی خولی تعریفیں ؛ کھوکھلی تعریفیں ؛ یاوہ گوئی ؛ بےمعنی اورخفیف باتیں ؛ مہملات ؛ بکواس ۔

Flummox : (v) [Prob. of Eng. dial. origin.] (١) (بازاری) بدحواس ؛ پریشان و حیران کردینا ؛ گومگو میں ڈالدینا ؛ شش وپنج میں ڈال دینا ؛ ہوش گم کر دینا؛ بھٹکا دینا ؛ الجھا دینا ؛ برباد کر دینا؛ تباہ کر دینا؛ مبہوت کردینا۔(٢) (امریکا) چھوڑ دینا ؛ جواب دینا ؛ جواب دے دینا ؛ ہمت ہار جانا ؛ دست بردار ہوجانا ۔

Flummox : (n) کسی قسم کی نا کامی ؛ نامرادی ۔

Flump : (v) [Echoic.] (١) (بول چال) بھد سے گرنا ؛ بھدبھد چلنا ؛ بھاری قدموں سے چلنا ؛ بھدی آواز سے چلنا ؛ یا گرنا ۔(٢) کسی چیز کو اس طرح رکھنا یا پٹخنا کہ دھماکہ کی آواز ہو دھماکہ پیدا کرنا ۔

Flump : (n) بھد سے گرنے کی آوازیا اس طرح گرنے کاعمل ؛ دھماکا ؛ بھاری آواز کے ساتھ کوئی حرکت ۔

Flunk : (v)[Origin unkn.] (١) (امریکا) چھوڑ دینا؛ دست بردار ہو جانا ؛ ہٹ جانا؛ نکل جانا ؛ سراسر ناکام

ہونا ـ (۲) نیز بچ جانا ؛ خود کو بچانا ؛ پہلو تہی کرنا (کسی فرض، ذمہ داری وغیرہ سے) ـ (۳) چھڑا دینا ؛ ہٹا دینا ؛ نکال دینا ؛ کھینچ لینا ؛ جھپٹ لینا ؛ نا کام کردینا ـ

Flunk : (n) مکمل نا کامی خصوصاً کالج کے امتحان میں ـ

Flunkey : (n) [Origin unkn.] (۱) وردی دار ملازم ؛ چپراسی ؛ اردلی ؛ پیش خدمت ؛ چوب دار ـ (۲) خوشامدی ؛ گنوار ؛ دہقانی ؛ چاپلوس وظیفہ خوار ؛ ذلیل خوشامدی ؛ کاسہ لیس ؛ کم ذات؛ کم اصل آدمی ـ

Flunkey : (n) [f.flunk (v).] (امریکا) نا کام ہونے والا (خصوصاً کوئی ناواقف شخص جو دل بہلاوے کے طور پر مالیاتی سٹہ بازی اختیار کرتا ہے) ـ

Flunkeydom : (n) (۱) پیش خدمتی چوبدار ـ (۲) کاسہ لیس ؛ خوشامدیوں کی جماعت ، حلقہ ـ

Flunkeyism : (n) خوشامدی پن ؛ کاسہ لیسی ؛ ذلیل خوشامدیوں کا سا انداز گفتگو وغیرہ ؛ خدمتوں کا سا انداز ، گفتگو وغیرہ ـ

Fluo-phosphate : فلورو فوسفورک ایسڈ کا نمک یا مرکب جو الکوحل اور ایسڈ کے انجماد سے بنتا ہے اور پانی کو خارج کر دیتا ہے ـ

Fluoborate : (n) فلوبورک ایسڈ کا نمک (کیمیا) فلوادبوریٹ ـ

Fluoboric acid : (n) ایک قسم کی گیس ٹرفورائٹ آف بوروں (BF_3) اب اس کا اطلاق اُس مرکب ($H_2 B_2 O_4 6HP$) پر ہوتا ہے جو پانی کو اُس گیس سے پُر کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے ـ

Fluocerine/Fluo-cerite : سیریم اور دو سری غیر خالص دھاتوں کا ایک فلورائیڈ ـ

Fluo (r)/Flouro : (n) (۱) سابقہ کے طورپر استعمال ہوتا ہے؛ Flour کا کیمیائی اورمعدنیاتی مخفف جو فلورین کےمرکبات میں جزو ترکیبی کے طورپر استعمال ہو تا ہے ـ (۲) ایک طبی آلہ جس کے ساتھ ایک رنگین پردہ ہوتا ہے بجائے تاریک کمرے کے اس آلے کے ذریعہ Rongen شعاع کےاثرات دکھائے جاتے ہیں ـ

Fluor : (n) [L.f.'fluere'.] (معدنیات) قیمتی پتھروں کے مثل ایک دھات جو آسانی سے پگھلائی جاسکتی ہے اور جس کے اندر Flourine کا جزو شامل ہوتا ہے؛ فلورسپار؛ فلور بلّور ؛ (خاص کر مرضیات میں) لیکوریا ؛ سیلان رحم ؛ پرسوت ؛ رحم سے سفیدرطوبت کا اخراج ؛ (طب) نفاس ؛ حیض ـ

Fluor- : Fluorine کا جزو ترکیبی جو حروف علت کے پہلے استعمال ہوتا ہے ـ

Fluor albus : (n) (مرضیات) لیکوریا ؛ سیلان رحم، پرسوت ؛ رحم سے سفید رطوبت کا اخراج ؛ سیلان ابیض ؛ پر سوت ـ

Fluor-spar : (n) کیلشیم کا فلورائیڈ ($Ca F_2$) جو ڈربی شائر میں کثرت سے پا یا جاتا ہے اور جسے اکثر ڈربی شائر اسپار بھی کہتے ہیں ؛ (کان کنی) فلور بلّور ؛ فلور سپار ـ

Fluorated : (a) ہائیڈرو فلورک ایسڈ کے ساتھ ملا ہوا ـ

Fluorene : (n) (کیمیا) کول تار سےنکالا ہوا ہائیڈروکاربن ؛ ($C_{13} Hro$) ـ

Fluoresce : (n) فلورسنس کا حامل ہونا یا ہوجانا ـ

Fluorescein : (n) (کیمیا) ایک قسم کا کیمیائی مرکب ـ

Fluorescence : (n) (۱) وہ رنگین روشنی جو بعض شفاف اجسام میں نور کے براہ راست عمل سے پیدا ہوجاتی ہے خصوصاً وائلٹ ریز اورالٹرا ریز (بنفشنجی شعاع یا فوق البنفشنجی شعاع) کےعمل سے ـ (۲) روشنی کی مخصوص خاصیت جو فوق البنفشنجی شعاعوں کو نمودارکرتی ہے ؛ تابش نورمہتابی ـ (۳) بعض مادوں کی الٹراوائلٹ شعاعیں پیدا کرنے کی خاصیت ؛ (کیمیا)رنگین روشنی (طبیعیات) ثانوی درخشانی ؛ عارضی تزہر ؛ فلوریت ـ

Fluorescent : (a) فلورسنس کا حامل یااُس سے خارج شدہ یا پیدا شدہ ؛ (طبیعیات) ثانوی درخشاں ؛ متزہّر ؛ فلوری ـ

Fluorescent lamp : (n) (کیمیا) (دودھیا) رنگین روشنی دینے والا لیمپ ـ

Fluorescent screen : (n) (طبیعیات) ثانوی درخشاں پردہ ؛ فلوری پردہ ـ

Fluorescent tube : (n) (کیمیا) (دودھیا) رنگین روشنی دینے والا ٹیوب ـ

Fluorhydric acid : (n) کیمیا ہائیڈرو فلورک ایسڈ (H.F) ـ

Fluoric : (a) [F.'flourique.'] فلوریا فلورا سپار سے متعلق یا اُس سے حاصل شدہ ؛ (کیمیا) فلورینی -

Fluoride/Fluorid : (n) (کیمیا)فلورین کا کسی دو سرے عنصر سے مل کر بنا ہوا دو عنصری مرکب ؛ فلورائن کا مرکب -

Fluorine : (n) ایک غیر معدنی عنصر Bromine ، Chlorine اور Iodine کی قسم میں شامل ہے -

Fluorite : (n) دیکھو .Fluor-spar

Fluoroid : (n) (بلوریات) وہ بلوری مثلث جس میں چوبیس مثلث نما پہلو ہوں -

Fluorometer : (n) (طبیعیات) فلوریت پیما -

Fluorophore : (n) (کیمیا) فلوریت بردار -

Fluorophosphate : (n) دیکھو Fluo-phosphate

Fluoroscope : (n) (طبیعیات) فلوریت بیں ؛ تزہَر بیں -

Fluorosis : (n) (طب) سَمیّت فُلورین -

Fluosilicate : (n) فلوسلیکیٹ ایسڈ کا نمک -

Flurried : (a) گھبرایا ہوا ؛ پریشان ؛ مضطرب ؛ بے آرام ؛ بے چین -

Flurriedly : (adv.) بے چینی سے ؛ مضطربانہ ؛پریشانی سے ؛ گھبرا کر -

Flurry : (n) [Origin unkn.] (۱) جھونکا ؛ جھکڑ ؛ آندھی؛ ہوا کا اچانک تیز ہوجانا ؛ (خاص کر امریکا) اچانک اور زور دار بارش ؛ طوفانی بارش - (۲) گھبراہٹ ؛ جوش ؛ ہیجانی ؛ آشفتگی ؛ سراسیمگی ؛ اضطراب - (۳) وہیل مچھلی کی حالت سکرات - (٤) پرندوں کی ناگہانی پرواز؛ چڑیوں کا اچانک حملہ، نرغہ یا ہجوم ؛ (طب) تشنجی جھٹکا ؛ (موسمیات) خفیف جھونکا -

Flurry : (v) جلد بازی کرکے یا شور مچاکر گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ اضطرب اور بے چینی پیدا کر دینا ؛ برہم کرنا ؛ بر انگیختہ کرنا ؛ مشتعل کر نا ؛ بےآرام کرنا ؛ اچانک یا جھکڑ داربارش میں بے چینی سے ساتھ چلناپھرنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان ہونا؛ گھبرانا؛ لرزنا؛ کانپنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا -

Flush : (n) پرندوں کا جُھنڈ جو ایک ساتھ اُڑایا جاتا ہے ؛ ٹولی ؛ پرندوں کی یکبارگی اڑان -

Flush : (n) (۱) پانی کا تیز بہاؤ - (۲) اچانک کسی چیز کی کثرت - (۳) پن چکی کے پہیے سے پانی کے گرنے کی دھار - (٤) جذبے یا احساس کا ہجوم ؛ وہ خوشی یا مسرت جو اس سے یا کامیابی وفتح سے حاصل ہو - (٥)تازہ اُگی ہوئی گھاس؛ پتیاں یا پھول - (٦) نالی یا بدر رو میں تیز پانی بہاکرصفائی یا دُھلائی - (۷)روشنی یارنگ کی تمتماہٹ ؛ دمک - (۸) چہرے پر خون کی سرخی ؛ وہ سرخی جو خون کے دوڑنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ تیز دوران خون - (۹) بخارکی تیزی ؛ بخار کی تیزی کا درجہ - (۱۰) تازگی ؛ تازہ دمی ؛ قوت ؛ طاقت (حسن، صحت یا حیات کی) - (۱۱) (جانوروں کی اچھی چراگاہ مل جانے پر) دودھ کی پیداوار میں تیزی سے اضافہ - (۱۲) وہ غذا (شیرہ یا دودھ) جو پالتو جانوروں کی آنتوں کی حرکت پذیری کو بڑھانے کیلئے استعمال کی جاتی ہے؛ (عمارت) ہم سطح ؛ ہموار ؛ (نباتیات) شگفتگی ؛ شگفتہ قطعہ ؛ (عضویات) تورّد؛ سُرخی عارض -

In the (first, full) flush : مکمل صحت کی حالت میں ؛ شباب پر ؛ بہار پر ؛ زور یا قوت سے -

Rain flushes the plants : بارش پودوں میں کونپلیں پیدا کرتی ہے -

Flush : (n) [Oringin unkn.] (۱) تاش کے پتے جو سب ایک ہی رنگ کے ہوں - (۲) تاش کا ایک کھیل -

Flush : (a) (۱) بھرا ہوا ؛ سیلاب کی حالت میں ؛ لبریز - (۲) سیلاب کی حالت میں دریا کا لبریز ہو کر کناروں کے باہر نکلنا ؛ لبالب ؛ بھر پور ؛ کثیر مقدار میں - (۳) کسی چیز کا (یا دولت، روپیہ کا) بکثرت ؛ وافر ؛ دولت کی افراط ؛ زر و جواہر کی کثرت - (٤) ہموار ؛ برابر اٹھے ہوئے کناروں یا ابھار کے بغیر ؛ مسطح ؛ یکساں سطح والا ؛ ملتی ہوئی سطح کے برابر- ٥) دمکتا ہوا ؛ چمکتا ہوا ؛ شوخ رنگ والا - (٦) قوت حیات سے بھرا ہوا ؛ جیتا جاگتا ؛ چست ؛ تندرست ؛ خود اعتمادی کا حامل (شاذ) -

Flush : (a) فلش بنانے والا (ہاتھ یا تاش کے پتے) -

Flush : (v) [Origin doubful.] (۱) بازو تول کر اڑجانا ؛ تیزی سے اور اچانک اڑجانا ؛ پرواز کرجانا ؛ اُڑان بھرنا - (۲) اڑا دینا (پرندوں کو) بھگا دینا ؛ اُٹھانا اور اونچا کرنا -

Flush : (v) [Origin unkn.] (۱) اچھل کر باہر آنا ؛ نکل بھاگنا ؛ تیزی کے ساتھ نکلنا ؛ تیزی سے بہہ نکلنا ؛ زور دار طور پر یا قوت سے بہنا نیز مجازاً ۔ (۲) نالی کو پانی بہا کر صاف کرنا ؛ (پانی کو) بہانا یا نکالنا (کسی جگہ سے پانی کو کھینچ لینایا نکال لینا ؛ (ترائی کو) سیراب کرنا ؛ زیر آب کرنا ؛ ڈوبا دینا ۔ (۳) سبزہ زار یا چراگاہ میں پانی بھر دینا ۔ (٤) پودوں کا نئی شاخیں یا کونپلیں پیدا کرنا؛ کونپلیں نکلنا ۔ (٥) دمکنا ؛ چمکنا ؛ سرخ ہوجانا ؛ خون کا چہرے پر دوڑنا ؛ شرما جانا ؛ کسی چہرے کا اچانک سرخ یا گرم ہو جانا ؛ چہرے پر سرخی دوڑنا ؛ شرماجانا ؛ کسی چہرے کا اچانک سرخ ہو جانا یا تمتما اُٹھنا ۔ (٦) دمکا دینا ؛ چمکا دینا؛ شرما دینا ؛ گرما دینا ۔ (۷) غرور یا جذبے سے مشتعل کر دینا ؛ ہمت دلانا ۔ (۸) سیّال ہوجانا ؛ بہہ نکلنا ؛ جاری ہونا ؛ گھُل جانا یا مل جانا ۔ (۹) رنگ یاروشنی کا اچانک چمک پیدا کرنا ؛ دمکنا ؛ درخشاں ہونا ؛ یکبارگی روشن ہو کر چکاچوند کر دینے والی روشنی پیدا کرنا ؛ نور افشاں ہونا ۔ (۱۰) تیزی سے خون کا دوڑ جانا کہ سرخی آجائے ؛ سرخی پیدا کرنا ؛ رنگ کو گہرا کر دینا ۔ (۱۱) سرخ یا شہابی کردینا ؛ گلابی یا سرخی مائل بنانا ؛ دمکتے یا تمتماتے ہوئے رنگ سے رنگ دینا یا آراستہ کر دینا ۔ (۱۲) جلانا ؛ جان ڈالنا ؛ احیا کرنا ؛ روح پھونک دینا ؛ جان ڈال دینا ؛ شہہ دینا ؛ جوش دلانا ؛ اُبھارنا ۔

Flush : (v) (۱) مسطح بنانا ؛ سطح کو یکساں کرنا ؛ ہموار کرنا ۔ (۲) جوڑ کر پُر کر کے سطح کے برابر کر دینا؛ (دیوار فرش وغیرہ کے) جوڑ بھرنا؛ (مٹی وغیرہ کےپھوڑے سے) برابر کرنا ۔ (۳) لبریز کر دینا؛ بھر دینا؛ لبالب کر دینا؛ سیلاب لے آنا ؛ غرق کر دینا ؛ کسی چیز کی کثرت یا بہتات کر دینا ؛ کثرت سے بھر دینا ۔ (٤) (پارچہ بافی) کپڑے کی سطح پر بہت سے دھاگوں کے اوپر ایک دھاگاپھینکنا نیزاُس دھاگے کاپھینکا جانا ۔

Flush deck : (n) (تعمیرات) ہموار تختہ بندی ۔

Flush system : (n) سیل شوی طریقہ ۔

Flusher/flasher : (n) (بول چال) سرخ پشت والا جلّاد پرندہ ۔

Flushing : (n) (۱) اچانک زور دار حرکت ؛ تیز پروازی ؛ تیزروی ؛ زود اخراج ؛ تیز بہاؤ (خصوصاً نالی وغیرہ کی) ؛ پانی کے زور دار بہاؤ کے ذریعہ صفائی ۔ (۲) پودوں کی برگ آوری ؛ کونپل آوری ۔ (۳) چمک ؛ دمک ؛ سرخی ؛ تمتماہٹ ۔ (٤) اچانک اجرا ؛ اچانک اخراج ؛ اچانک اور زوردار اخراج ؛ تیز درخشانی یا نورافشانی ۔ (٥) احیا ؛ جلانے یا جان ڈالنے کا عمل ۔ (٦) اشتعال ؛ برانگیختگی ؛ جوش ؛ (عضویات) تمتماہٹ ؛ سرخیِ عارض ۔

Flushing : (n) [Name of a post in Holland.] ایک قسم کا معمولی اور موٹا اونی کپڑا جو پہلےپہل فلشنگ میں بنایا گیا تھا ۔

Flushing tank : (n) سیلابی ٹنکی ۔

Flushness : (n) (۱) کثرت ؛ افراط ؛ وفور ؛ سیلابی حالت ۔ (۲) دولت یا روپے پیسے کی کثرت ۔ (۳) شوخ رنگ کی تمتماہٹ ؛ دمک ؛ سرخی ؛ چمک ۔ (٤) چُستی ؛ توانائی ؛ خود اعتمادی (شاذ) ۔ (٥) ہمواریت ؛ ہم سطحیت ۔

Fluster : (n) گھبراہٹ ؛ بے چینی ؛ سراسیمگی ؛ دوڑ دھوپ ؛ پریشانی ؛ بدحواسی ؛ اضطراب ؛ ہیجان ؛ جوش ۔

Fluster : (v) (۱) شراب پلاکر بدحواس کردینا ؛ نیم مدھوش کر دینا ۔ (۲) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ۔ (۳) بے چین ہونا ؛ گھبرانا ؛ بڑ بڑانا ؛ دوڑ دھوپ کر نا ؛ بھاگے پھرنا ۔ (٤) مشتعل یا مشتاق ہوجانا ؛ سرگرم ہو جانا ۔

Flustered : (a) نیم مدھوش ؛ نیم متوالا ؛ نشے کی حالت میں ابتر ؛ پریشان ؛ مضطرب ؛ گھبرایا ہوا ؛ سرا سیمہ ؛ مشتعل ؛ پُر جوش ؛ ہیجانی ۔

Flustra : (n) جس سے کھری چٹان کی سی سطح کا حجر البحر (مرجان) بنتا ہے ۔

Flustrate : (v) (۱) (سوقیانہ) شراب پلاکرمدھوش یا مشتعل کر دینا ۔ (۲) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ مضطرب کر دینا؛ بے چین کر دینا ؛ سراسیما کر دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ جوش دلانا ۔

Flustration : (n) گھبراہٹ ؛ پریشانی ؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛ ابتری ؛ برہمی ؛ جوش ؛ استقلال ؛ برانگیختگی ۔

Flute : (n) [ME. 'flowte.'] (۱) منہ سے بجانے کا ایک آلہ موسیقی ۔ (۲) بانسری ؛ مرلی ؛ نے ؛ بنسی ۔ (۳) ارغنوں باجے کا ایک پردہ جس میں سے بانسری کی سی آواز نکلتی ہے ؛ بانسری بجانے والا ۔ (٤)عمودی گھراؤ (کٹاؤ یا کھنڈاؤ) ؛ پھٹی ہوئی نلکی، نےنواز یا بانسری کی طرح

یا کمر کی جو ستونوں میں بنائی جاتی ہے ۔ (۵) اس قسم کا کٹاؤ یا کھنڈاؤ جو علاوہ ستونوں کے کسی چیز میں ہو (مثلاً کپڑے کی جھالر میں ؛ لکڑی یا پتھر کی چوکھٹ یا کو اڑ میں) ؛ اس قسم کا کوئی بھی کٹاؤ یا نال ۔ (٦) بانسری سے مشابہ کوئی چیز ؛ شکل میں بانسری جیسی کوئی چیز یعنی ایک قسم کی پتلی اور لمبی فرانسیسی ڈبل روٹی ۔ (۷) (عمارت) ستون میں بنی ہوئی ایک قسم کی نالی، آبریز یا خیارہ جو دیکھنے میں لمبائی میں بیچ سے پھٹی ہوئی بانسری کے آدھے حصے کے مشابہ معلوم ہوتا ہے جس کا مجوف رُخ باہر کی طرف ہوتا ہے ۔ (۸) (موسیقی) بانسری ؛ مُرلی ؛ (تعمیرات) خیّار ۔

Flute : (n) (۱) (جہازرانی) گلابی مستول والی تیز روکشتی جس کا پچھلا حصہ گول ہوتا ہے ۔ (۲) جنگی سامان لے جانے والی کشتی ۔

Armeden flute/Fr. arme an flute : ضروری سامانوں سے لیس جنگی کشتی ۔

Flute : (v) (۱) بانسری بجانا ؛ نےنوازی کرنا ؛ بانسری کی آواز کی طرح سیٹی بجانا ؛ گانا یا بات کرنا ۔ (۲) کوئی راگ یاراگنی بانسری میں بجانا ۔ (۳) (تعمیرات) ستون میں نصف چاک شدہ بانسری کی شکل کی نالی یا آبریز بنانا جس کامحدب حصہ باہر کی طرف ہو ؛ اس قسم کا کوئی بھی گڈھا یا نالی بنانا ۔ (٤) لباس وغیرہ میں دھاریاں بنانا ۔

Flute-bird : (n) (آسٹریلیا) ایک قسم کا پرندہ جس کی آواز بانسری کی آواز جیسی ہو ؛ نے نواز پرندہ ۔

Flute-glass : (n) ایک لمبا اور پتلا شراب کا گلاس ۔

Flute-stop : (n) بانسری کی سی آواز والا ارغنون باجے کا پردہ ۔

Fluted : (a) (۱) لمبائی سے چاک شدہ بانسری جیسی نالیاں یا آبریز بنایا ہوا (ستون)وغیرہ؛ دھاریوں سے آراستہ کیا ہوا (لباس وغیرہ) ۔ (۲) (موسیقی) باریک اور بانسری جیسی آواز کا ۔

Fluteddouce : (n) [Fr.'flute douce.'] آرگن کے پردے کا نام ۔

Fluter : (n) (۱) نے نواز ؛ بانسری بجانے والا (شاذ) اب اس کی جگہ Flautist یا Floutist مستعمل ہے ۔ (۲) (ستون وغیرہ) لمبائی سےچاک شدہ بانسری کی شکل کی نالی، ریگھاری یا آبریزبنانےوالا؛ دھاریوں یا ریگھاریوں سے آراستہ کرنےوالا ؛ دھاری دار کام بنانے والا ۔

Fluting : (n) (۱) کمرغی نقش ونگار کی بناوٹ ؛ نے نوازی ؛ بانسری کی آوازیں یا گانے یا سیٹی بجانے کا عمل ۔ (۲) خصوصاً ستون وغیرہ میں چاک شدہ بانسری کی شکل کا کٹاؤ ، نالی یا آبریز بنانے کا عمل ؛ دھاری دار یا ریگھاریوں والے کام سے کی ہوئی آرائش ؛ دھاری دار کام ۔ (۳) ستون وغیرہ میں بنایا ہوا چاک شدہ بانسری کی شکل کا کٹاؤ ؛ نالی یا آبریز کسی بھی چیز میں بنا ہوا چاک شدہ بانسری جیسا کٹاؤ ۔ (٤) (آثار) خیّاریت ۔

Fluting plane : (n) جھری رندہ ۔

Flutist : (n) نےنواز ؛ بانسری بجانے والا ۔

Flutter : (n) [f. next.] (۱) پھڑ پھڑاہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپی یا کپکپاہٹ ؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛ پریشانی ؛ برہم حالت اضطراب ؛ سراسیمگی ؛ گھبراہٹ ۔ (۲) (روز مرہ) دوڑ ؛ سرپٹ دوڑ ؛ طرارہ ۔ (۳) حالت اشتعال ؛ حالت برہمی ؛ ہلچل ؛ پریشانی یا اضطراب کی حالت ؛ شورش ؛ کھلبلی ؛ بےترتیبی ؛ ابتری ۔ (٤) (عامیانہ) داؤں ؛ جوئے، تاش وغیرہ کا داؤں ؛ (طبیعیات ، حیوانیات) افرفہ؛ پھڑپھڑاہٹ ؛ (طب) بےقاعدہ نبض ۔

Flutter : (v) [OE. 'flotarian.'] (۱) (چڑیوں کا) پر مارنا ؛ پھڑپھڑانا ؛ پرجھاڑنا ؛ (بغیر اڑےیا تھوڑے تھوڑےفاصلہ تک اڑکر) پر جھڑنا یا مارنا ؛ اترنا ؛ چڑھنا؛ بےچینی کے ساتھ چلنا پھرنا ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تک اڑ کر) پر جھاڑنا یا مارنا؛ (نیزمجازاً) ۔ (۲) تڑپ کر زمین پراترنا؛ آنا جانا ؛ اترنا چڑھنا ؛ بے چینی کے ساتھ چلنا پھرنا ؛ تھوڑےتھوڑے فاصلہ تک آنا یا جانا ؛ منڈ لانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ۔ (۳) نبض کا بےقاعدہ اور کمزور حرکت کرنا ؛ تموج قلب ؛ قلب کی لہر دار حرکت ۔ (٤) جوش اور تاثر کی حالت میں کانپنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان (تہ و بالا) ہونا۔ (۵) کسی شخص کو الجھن، پریشانی اور بےچینی کی حالت میں ڈالنا ؛ مبتلا کرنا ؛ کسی چیز کو تیزی سے باقاعدہ حرکت دینا ؛ تڑپانا ؛ لرزنا ۔ (٦) تیز ارتعاش ؛ لرزش یا تموج کے ساتھ حرکت کرنا۔ (۷) (بازاری) جوئے کا داؤں لگانا ؛ نفع کی اُمید پر روپیہ لگانا (طبیعیات) فلاٹر ؛ پھڑ پھڑانا ۔

To be put in a flutter : پریشان کر دیا جانا ؛ گھبرا دیا جانا ؛ الجھن میں مبتلا کردیا جانا ۔

To make a flutter : بلچل مچادینا ؛ سنسنی پیدا کردینا؛ ہیجان واضطراب پیدا کردینا؛ ابتری پھیلا دینا؛ درہم برہم کردینا؛ سراسیمگی پھیلا دینا ؛ گھبرا دینا ۔

Flutter echo : (n) (طبیعیات) فلاٹر باز گشت ۔

Flutterer : (n) پھڑ پھڑا نے والا ؛ پر مارنےوالا؛ منڈلانے والا ؛ لرزنے والا ؛ کانپنے والا ؛ بےچین ہونے یا کردینے والا ؛ پریشان کرنے یا ہونے والا ؛ الجھن یا ہیجان میں مبتلا کرنے یا ہونے والا ؛ سراسیمہ ہونےیا کرنے والا (بازاری) ؛ تاش ، جوئےوغیرہ کا داؤں لگانے والا جواری ؛ جواباز ۔

Flutteringly : (adv.) پریشانی سےمضطرب ہوکر ؛ سراسیمہ انداز میں ؛ لرزتے ہوئے ؛ کانپتے ہوئے؛ کانپتے ہوئے پھڑپھڑاتے ہوئے؛ ہیجانی انداز میں ؛ بے چینی سے؛ مضطربانہ ۔

Fluty : (a) بانسری کی طرح نرم آواز ؛ (ہلکی اور صاف آواز میں) بانسری کی طرح نرم اور واضح ؛ میٹھی اور سریلی ۔

Fluvial : (a) [L.f.'fluvius.'] دریا کا یا اس سے متعلق ؛ دریا میں رہنے یا پایا جانے والا ؛ دریائی ؛ (ارضیات) دریائی ؛ سیلابی ۔

Fluvialist : (n) ندیوں یا چشموں کے بہاؤ کے عمل سے پیدا ہونے یارونما ہونے والے بعض ارضیاتی مظاہر کی تعبیر و تشریح کرنے والا ۔

Fluviatile : (a) دریا کا یا اس سے متعلق ؛ دریاؤں میں رہنے یا نشو ونما پانے والا ؛ دریاؤں میں پایا جانے والا ؛ دریاؤں کے بہاؤ کے عمل سے پیدا شدہ یا بنا ہوا ؛ دریائی ؛ دریا برآمد (ارضیات) دریائی ؛ سیلابی ۔

Fluvio - : (comb.) لاطینی لفظ Fluvius (بمعنی دریا) کی مرکب صورت ۔

Fluvio-marine : (n) وہ (مٹی اور ریت) جو دریا کے بہاؤ کے ساتھ آکر سمندر کی تہ میں جمع ہوجاتی ہے ؛ (حیوانیات) دریا باش ؛ (ارضیات) دریا بحری ۔

Fluviograph : (n) (ارضیات) دریا نگار ۔

Fluviometer : (n) دریا کے اتار چڑھاؤ کو ناپنے کا آلہ ؛ مقیاس الماء ؛ (ارضیات) دریا پیما ۔

Fluvioterrestrial : (a) (حیوانیات) دریا بر باش ۔

Flux : (n) [L.f. fluere.'] (۱) خون فاسد یا بہت زیادہ خون یا گوبر یا پاخانہ کا اخراج ؛ خون یا فضلات وغیرہ کا طبعی اور کثیر اخراج (پاخانے کے ساتھ یا کسی دوسرے طورپر) ، اس طرح نکلا ہوا خون، دست ، پت ، بلغم وغیرہ (قدیم استعمال میں) پیچش ؛ اسہال ۔ (۲) اخلاط اربعہ (خون ، بلغم ، صفرا ، سودا) کا بہاؤ ؛ جریا ن ، سیلان یا اخراج ۔ (۳) بہاؤ ؛ جریان ؛ سیلان ؛ (اکثر مجازاً) ۔ (٤) جوار کا بہہ کر کنارے چڑھ آنا ۔ (٥) بہتا ہوا دھارا ؛ سیل رواں؛ سیل ؛ سیلاب؛ نیز مجازاً ۔ (٦) (زندگی)، عمر وغیرہ کی) روانی ۔ (۷) مسلسل تبدیلیوں کا سلسلہ ؛ مسلسل تبدیلی ؛ سلسلۂ ارتقاً ۔ (۸) (ریاضیات) (کسی نقطہ کی) مسلسل حرکت ۔ (۹) (طبیعیات) نفاذ ، کسی معینہ رقبہ میں کسی سیال مادے کی روانی یا بہاؤ ؛ (رفتار) کی شرح ؛ اُس مادے کی وہ مقدار جو اُس رقبہ سے ایک وقت معینہ کے اندر گذرے ؛ (فلزیات) وغیرہ ۔ (۱۰) دھات کو گلانے کےلئے اس میں ملایا جانے والا مادہ ؛ نیز وہ مادہ جو پگھلا کر بنائے جانےوالے برتنوں یا چینی اور شیشے کے برتنوں کو رنگنے کےلئے استعمال کیاجاتاھے ۔ (۱۱) بہتے ہوئے چشمے یا دھارا کی طرح مسلسل روانی ۔ (۱۲) کسی واقعے یا حادثے کے پہلےیا ساتھ ساتھ کسی واضح سبب کے فقدان یا غیر یقینی سی حالت اور اکثر جس کے پہلے اسباب وعلل کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا ۔ (۱۳) (فلزیات) ویلڈنگ وغیرہ کے ذریعہ جوڑی جانےوالی سطحوں پر جوڑنے کے دوران یا اُس سے فوراً پہلے سطح کو صاف، کرنے اکسائڈ دورکرنےاورجوڑکو بہتر بنانے کےلئے استعمال کیا جانے والا مادہ (زرسین یابوریکس)؛ شیشہ سازی میں شیشہ کو شفاف بنانے کے لئے اس میں دیا جانے والا مادہ (بوریکس) (کیمیا) مادہ جو دھات کو گلانے کا کام آتا ھے (الیکٹرک) نفاذ ؛ فلکس (طب) نزف الدم ؛ اسہال شدید ۔

Black flux : پوٹاش کے نائٹریٹ کے ایک حصے اور پوٹاش کےبائیٹارٹریٹ کےدوحصوں کے مخلوط کو آگ پر رکھ کر بنایا جانے والا ایک مادہ ۔

Bloody flux : خونی پیچش ؛ جریان خون ؛ سیلان الدم ؛ (طب) زحیر پیچش ۔

In a state of flux : تغیرات کا غیر منقطع سلسلہ ۔

Line is the flux of point : ایک نقطے کی مسلسل حرکت (کھینچنے) کا نام خط ھے ۔

White flux : ایک ہی قسم کے نمکوں کے برابر حصوں کو سرخ دہکتی ہوئی کٹھال میں ڈال کر اور ملاکر حاصل کیا جانے والا ایک مادہ ۔

Flux : (v) [f. flux.] (۱) بہہ کر نکل جانا ؛ جاری ہونا ؛ بہنا ؛ زیادہ مقدار میں بہنا ۔ (۲) سیال بنانا ؛ گلانا ؛ ملانا ؛ گلانے والے مادے سے گلانا ؛ زیادہ کثیر مقدار میں بہنا ؛ پگھلانا ۔ (۳) سیال بن جانا ؛ سیال ہو جانا ؛ پگھل جانا ؛ گل جانا ؛ گداز ہو جانا ؛ گھل جانا ۔

Flux and reflux : (n) (۱) پانی کا چڑھاؤ خشکی کی طرف ؛ مدو جزر ؛ جوار بھاٹا (اکثر مجازاً) ۔ (۲) (طب) مدو جزر ۔

Fluxation : (n) سیلان ؛ بہاؤ ۔

Fluxible : (a) (۱) (متروک) مائل بہ روانی بہنے یا جاری ہونے کے لائق ؛ سیال ؛ رقیق ۔ (۲) قابل حل ؛ پگھلنےیا پگھلائے جانے کے لائق ۔ (۳) قابل تغیر؛ متغیر ۔

Fluxibility/Fluxibleness : (n) بہنے یا جاری ہونے کی صفت ؛ سیلانیت ؛ سیّالیت ؛ پگھلنے یا پگھلائے جانے کی صفت ؛ تحلیلیت ؛ حل پذیری ۔

Fluxibly : (adv.) رواں دواں ؛ بہتے ہوئے ؛ حل ہوکر ؛ پگھل کر ؛ گھُل کر ؛ متغیر انداز میں ؛ متغیرانہ ۔

Fluxile : (a) (۱) (متروک) بہنے یا جاری ہونے کے لائق ؛ مائل بہ روانی ؛ سیّال ۔ (۲) قابل تغیر ؛ متغیر ۔

Fluxility : (n) بہنے یا جاری ہونے کی صفت ؛ سیلانیت ؛ سیّالیت ؛ تغیر ؛ تبدل ۔

Fluxion : (a) [L.'fluxionem.'] (۱) بہنے یا جاری ہونےکاعمل ؛ سیلان ؛ جریان ؛ روانی ؛ نیز مسلسل یا ارتقائی تغیر (شاذ) ۔ (۲) (کم مستعمل) بہاؤ ؛ مسلسل تغیر ۔ (۳) (ریاضیات) صفاری احصا کی نیوٹنی شکل میں) وہ شرح یا تناسب جس سے کوئی بہتی ہوئی یاتغیر پذیر مقدار (جماعت) بڑھتی ھے (لیکن ۱۸ویں صدی کے مصنفوں نے اسے اُس حیثیت سے استعمال کیا ھے جسے نیوٹن نے لمحہ رواں سے تعبیر کیا تھا (اور جدید تجزیہ کا اُسے"تفرقی" یا تفریقی کہتے ہیں) ۔ (٤) جسم کے کسی حصے یا کسی عضو کی طرف خون ؛ خونناب (سیرم) وغیرہ کا کثیر بہاؤ یا دوران نیز اس طرح بہنے والے خون یا خونناب ۔ (٥) خون، فضلات کو پاخانے کے ساتھ یا کسی دوسرے طور پر کثیر اور غیر طبعی اخراج ؛ جریان یا سیلان ؛ پیچش ؛ اسہال ۔ (٦) Fluxious کونیوٹنی احصا کے نام کے طور پر استعمال کیاجاتا ھے ؛ خفیف سے خفیف مقدار، چھوٹی سے چھوٹی مقدار ؛ بے انتہا خفیف مقدار ۔ (٧) (طبیعیات) اماعت ؛ پگھلاؤ (ریاضی) تفاضل ؛ (طب) جریانَ ؛ نزف الدّم ۔

Method of fluxians : کسی بہتی ہوئی چیزکی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب معلوم کرنے کا طریقہ ۔

Fluxion-structure : (n) (ارضیات) بلور ؛ بلور نما پتھروں یا کسی چٹان کے ذرّات کی لہر یا خطوط میں ترتیب جو انجماد سے پہلے پوری چٹان کی داخلی حرکت کی نشان دہی کرتی ھے ؛ اسے Flow Structure بھی کہتے ہیں ۔

Fluxional : (a) (ریاضیات) کسی بہتی ہوئی چیز کی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا یا اُس سے متعلق ؛ اس نظریے کا یا اُس سے متعلق ؛ بہاؤ یا بہنے سے متعلق ؛ بہنے والی یا سیّال چیز سےمتعلق ؛ (ریاضی) تفاضلی ۔

Fluxionary : (n) (ریاضیات) کسی بہتی ہوئی چیز کی مقدار جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا یا اُس سے متعلق ؛ مسلسل متغیر ہونے والا ؛ پیہم متغیر ؛ متغیر فطرت والا ؛ (ریاضی) تفاضلی ۔

Fluxionist : (n) بہتی ہوئی چیز کی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا ماہر ریاضی داں ؛ اس قاعدے سے لے کر کام لینے والا ماہر ریاضیات ۔

Fluxometer : (n) (طبیعیات) فلکس میٹر ؛ فلکس پیما ؛ (الیکٹرک انجینیئرنگ) مقناطیسی نفاذ پیما ؛ فلکس پیما ۔

Fly : (n) [OE. 'fleoze,' 'flyze.'] (۱) مکھی ؛ مگس دوپروں والے یا دو بازوئی کیڑے یا حشرات ۔ (۲) پودوں کی ایک بیماری جو بعض مکھیوں سے پیدا ہوتی ھے ۔ (۳) وہ مکھی یا کیڑا جس کومچھلی کےشکارمیں چارہ کے طور پر استعمال کرتےہیں ۔ (٤) (کسانوں اور باغبانوں کی زبان

Tsetese- fly : منطقہ حارہ اور جنوبی افریقہ کی ایک قسم کی مکھی جس کے کاٹنے سے گھوڑے اور دوسرے گھریلو جانور مرجاتے ہیں ۔

Fly : (n) [OE. f. Fly (v)] (۱) اڑان : پرواز : وہ فاصلہ جتنی دور تک اڑا جائے : حرکت : روانی ۔ (۲) تیز مسافرگاڑی : خصوصاً ایک ہلکی گاڑی جو ۱۸۱۶ء میں برطانیہ میں رائج کی گئی تھی : پہلے آدمی اسے کھینچتے تھے، بعد میں ایک گھوڑے کے ذریعہ : یك گھوڑے والی کرائے کی گاڑی ۔ (۳) (لباس) کپڑے کا پردہ یا پٹی : جو بٹن یا کاجوں کے اوپر رہتا ھے یا جس میں کاج بنائے جاتے ہیں : کپڑے کا دامن : خیمے کے دروازے کا پردہ : خیمے کے کپڑے کا ایک ڈھلواں حصہ ۔ (٤) جھنڈے کا وہ حصہ جو اپنے ڈنڈے سے سب سے زیادہ دور ھو : نیز جھنڈے کا عرض ڈنڈے سے کپڑے کے انتہائی کور تک ۔ (٥) (جمع، تھیٹر) پردہ اور اسٹیج کے درمیان کا فاصلہ : اسٹیج کے اوپر کی جگہ ۔ (٦) گھڑیوں کی اور مشینوں کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے والی ترکیب یا پرزہ : کل : جملہ ۔ (۷) (بیس بال) ضرب لگانے کےبعد گیند کی اُڑان جب تك وہ زمین پر نہ آجائے ۔ (۸) (تیکنیکل) (جہاز رانی) صفحہ قطب نما: کمپاس کارڈ ۔ (۹) وزنی گھیر والا فاضل پہیا : وزنی بازوں کا جوڑا یا دوسری ایسی ہی ترکیبیں جو مشین کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے کےلئے استعمال کی جاتی ہیں ۔ (۱۰) بھوسی اُڑانے والاپنکھا: دُھننے والی مشین کے بیلن یا اُستوانے : بننے والی مشین میں پھرکی دار بیلن کا دوسرا نام ۔ (۱۱) (کتان) وہ بازو جو تاگہ بننے کے لئے تکلی کو گھماتے ہیں یا تاگالپیٹنے کےلئے ریل کو گھماتے ہیں ۔ (۱۲) (بنائی میں) کھٹکا (دستی کتائی میں) :تکلی : تکلہ ۔ (۱۳) پیانو کی کنجیوں کو ڈھانکنے والا قلابہ دار تختہ (جب استعمال نہیں کیا جاتا) ۔ (۱٤) رّدی روئی: بیکار روئی : نا قابل استعمال روئی کا چھاتن ۔

High flown : (a) سرفراز : عالی مقام : پر تکلف : مبالغہ آمیز : بلند آہنگ ۔

On the fly : بحالت پرواز : متحرك ۔

The bird is flown : چڑیا اُڑچکی (مجازاً) جس شخص کی تلاش تھی یا جو قبضے میں تھا وہ بھاگ گیا : نکل بھاگا : موقع ہاتھ سے جاتا رہا ۔

To let fly : (میزائل) چھوڑنا : میزائل سے مارنا : فائر کرنا : گولی مارنا یا گولی چلانا : نیز میں) پودوں یا جانوروں کو نقصان پہنچانے والے کیڑے : ہاپ خور : آلو خور یا بھیڑوں کا خون چوسنے والی مکھی، نیز ان مکھیوں سے پیدا شدہ بیماری ۔ (٥) ایک مصنوعی مکھی یا بنسی میں اس طرح کیڑا پہنایا ہوا جو دیکھنے میں صرف کیڑا ہی معلوم ھو ۔ (٦) (طباعت) چھپائی والی مشین سے کاغذ کے تختوں کو ہٹانے والا شخص ، نیز اب مشین کا وہ حصہ یا پرزہ جو یہ کام کرتا ھے ۔ (۷) (میکانیت) آنکڑا : کانٹا (انجینیئرنگ) اُڑ پہیا ۔

A fly in the ointment : ایك معمولی (خفیف) بات جو عیش و آرام یا کیف و مسرت کو خراب کردے ، مزہ کو کر کرا کردے ۔

Biting fly : (n) (حیوانیات) گزندہ مکھی ۔

Black fly : (n) (امریکا) سیاہ مکھی : مکھی کی ایك قسم جس کے کاٹنے سے بہت تکلیف ھوتی ھے ۔

Blister fly : (حیوانیات) تیلنی مکھی : ذرّاح ۔

Door flew open : دروازہ یکایك کھل گیا : زور سے کھُل گیا : چوپٹ کھل گیا ۔

Glass etc flies : شیشہ وغیرہ ٹکڑے ٹکڑے ھو کر بکھر جاتا ھے : ریزہ ریزہ ھو جاتا ھے ۔

Hessian fly : ایك قسم کی مکھی جس کا پہل روپ گیہوں کےلئے انتہائی تباہ کن ھوتا ھے : اس کی وجہ تسمیہ اس غلط مفروضے پر ھے کہ یہ مکھیاں جنگ آزادی کے دوران Heassian افواج کے ساتھ امریکا آگئی تھیں ۔

Horse fly : (n) (حیوانیات) گھُڑ مکھی ۔

House fly : (n) (حیوانیات) گھریلو مکھی ۔

Spanish fly : (n) سبز چمك دار کیڑا جسے قوت باہ کے لئے استعمال کرتے ہیں : سون مکھی ۔

There are no flies on : کسی شخص یا شے کی قابلیت یا کمال کی تعریف : اس میں کوئی بات نہیں : اس میں کوئی عیب نہیں : اس کے بارے میں کوئی مشتبہ بات نہیں : (ابتداً امریکی عامیانہ)۔

To break crush a fly upon the wheel : جس قدر قوت مختلف صرف کرنے کی واقعی ضرورت ھو اُس سے زیادہ صرف کرنا یا قوت ضائع کرنا ۔

غائب ہو جانا؛ دوڑکر بھاگ جانا؛ دور ہٹ جانا؛ دور رہنا؛ پر ہیز کرنا احتراز کرنا؛ الگ رہنا ؛ بچنا؛ حذر کرنا ۔ (۱۵) دفعتاً زبر دستی نکال دیا جانا ؛ بھگا دیاجانا ۔ (۱٦) (پتنگ) اڑانا۔ (۱۷) سخت الفاظ استعمال کرنا یا بندوق کی گولی کی طرح ان کو زبان سے نکال کر سننے والے کو مجروح کر دینا ۔

As the crow flies : بخط مستقیم ۔

To fly a kite : (اصطلاحاً) دست گرداں ہنڈیوں کے ذریعہ سےروپیہ قرض لینا : یہ معلوم کرنا کہ ہَوا کس طرف چل رہی ہے ۔

To fly a bill : (روز مرہ یا عامیانہ) دست گرداں ہنڈیوں کے ذریعہ سے روپیہ قرض لینا ۔

To fly open, to up : اُڑجانا : اُڑ کر بکھر جانا یا پھیل جانا ۔

To fly at (soar at) : (باز کا) ہَوا میں اُڑ کر کسی چیز پر (یا پرند پر) حملہ کرنا ۔

To fly at higher games : زیادہ بلند حوصلے رکھنا ؛ زیادہ ہمت رکھنا ۔

To fly at, on, upon : تیزی سے جھپٹنا ؛ غضبناک طورپر حملہ کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ قہر بار ہونا (ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

To fly by night : ایسا شخص جو رات کے وقت ہوا خوری اور سیر وتفریح کےلئے باہر جاتا ہو یا جو رات میں بھاگ جائے ۔

To fly from : (کسی شخص کے پاس سے، کسی جگہ سے، خطرے یا خطرناک چیز سے) بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ۔

To fly high : (اصطلاحاً) بڑے بڑے منصوبے گانٹھنا ؛ خواہش کرنا ۔

To fly high /-low : (۱) نشانہ لگانا ؛ شست باندھنا ؛ یالگانا ۔ (۲) پر ہیز کرنا ؛ احتراز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ دور رہنا ۔ (۳) بزرگ ہونا ؛ رتبہ اور منزلت میں بڑا ہونا ؛ صاحب فضیلت ہونا ؛ مشہور و معروف ہونا ۔

To fly in aircraft : آلات ہَوائی یا ہَوائی جہاز میں اڑنا ۔

مجازاً ؛ (جہاز رانی) (بادبان کو) اُڑنے کےلئے ڈھیلا یا کھلا ہوا چھوڑ دینا ؛ (بادبان) لگانا ؛ مستول کی چوٹی تک لے جانا؛ پھیرانایا لہرانا (جھنڈا) ۔

To make fly : (باز یا کبوتر وغیرہ کو) اڑانا ۔

To make sparks fly : چنگاریاں اڑانا ؛ شرارے بکھیرنا ؛ شرر افشاں ہونا ۔

To make the money fly : بہت جلد روپیہ خرچ کر ڈالنا ۔

Fly : (v) [OE. fleozn, flozen.] (بول چال اور معمولی نثر میں Flee کو Fly پرترجیح دی جاتی ھے لیکن Fled پر Flew یا Flown کو ترجیح نہیں ھے) ۔ (۱) ہَوا میں پروں کے ذریعہ سے حرکت کرنا ؛ اڑنا ؛ پرواز کرنا ؛ (مجازاً) شہرت خبر وغیرہ کا پھیلنا یا مشہور ہونا ۔ (۲) (کبھی کبھی) اڑجانا ؛ بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ روانہ ہو جانا ۔ (۳) ہَوائی جہاز سے سفر کرنا ؛ ہَوائی جہاز چلانا ۔ (٤) ہوا میں تیزی سے بلند ہونا ؛ گذرنا ؛ (تنی پر سے) صاف کود جانا ؛ پھلانگ جانا ۔ (۵) (چڑیوں کو) اڑانا ؛ چھوڑنا ۔ (٦) (شاہین بازی) شاہین کا، پرواز کے ذریعہ (شکارپر) حملہ آور ہونے کے لئے صحیح پوزیشن پر آنا ، (شاہین باز کا) شاہین کو اڑا کر حملہ کرانا ؛ شاہین کے ذریعہ (شکار کا) تعاقب کرنا ؛ نیز شاہین کا شکار کے تعاقب میں جانا ۔ (۷) اڑانا ؛ پرواز کرنا ؛ پرواز کا سبب ہونا ۔ (۸) (جھنڈے ، بال ، لباس وغیرہ کا) ہَوا میں پھڑپھڑانا ؛ ہلنا ؛ لہرانا ؛ اُڑنا ؛ لہرانا مستول کی چوٹی پر (بادبان کو) یا بانس کے اوپری سر سے پر جھنڈے کو لےجانا ؛ پھیرانا؛ کھولنا ؛ لہرانا ۔ (۹) سرعت سے چلنا، سفر کرنا یا گذرنا خصوصاً وقت کا ۔ (۱۰) بہ عجلت سفر کرنا ؛ جھپٹ کر جانا؛ تیزی سے گذرنا ؛ قلانچ مارنا؛ کودنا ؛ جلدی سے لے جانا ۔ (۱۱) چیزوں کو ، اچانک یا جھٹکے کے ساتھ ڈھکیل دینا ؛ نکال دیا جانا ؛ باہر کر دیا جانا ؛ پھینک دیا جانا (روپے کا) تیزی سے خرچ ہونا؛ تیزی سے خرچ کرنا یا صرف ہونا ؛ اسراف زر ؛ پرواز زر ۔ (۱۲) اچانک ٹوٹ جانا ؛ دفعتاً توڑ دینا ؛ چور چور کردینا ؛ ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ (۱۳) (جہاز رانی) (ہَوا کا) اچانک رخ بدل دینا؛ پلٹنا یا پلٹ جانا۔ (۱٤)بھاگ جانا (مثلاً خطرے سے) ؛ روانہ ہو جانا ؛ پرواز کرجانا؛ اچانک پیچھے ہٹ جانا ؛ خود کو پیچھے کھینچ لینا ؛ رخصت ہو جانا ؛ کسی کو بھگا دینا ؛ فرار کر دینا ؛

Fly away : (n) (۱) طیار ؛ اڑنے والا ؛ پرواز کرنے والا ؛بھاگنے والا ؛ فراری ؛ جھپٹ کر گزرجانے والا ؛ ٹوٹ پڑنے والا ۔(۲) (جہاز رانی) سراب فریب نظر ؛ نظر کا دھوکا ؛ پر فریب طور پر زمین ؛ نظر آنا ؛ نیز نیم اسم معرفہ (Cape fly away) ۔

Fly away : (a) آمادۂ پرواز ؛ مائل پرواز ؛ آمادۂ فرار ؛ لائق پرواز ؛ (اشیاء لباس وغیرہ) ڈھیلا ڈھالا ؛ لٹکتا ہوا جھولتا ہوا؛ لہراتا ہوا؛ غیر رسمی؛ (اشخاص) وہمی ؛ اڑنچھو ؛ متلون المزاج ؛ بے ہنگم ؛ غیر محتاط ؛ مسرف ؛ غالی ۔

Fly back : (n) (طبیعیات) واپسی پرواز ۔

Fly back time : (n) واپسی پرواز وقت ۔

Fly-ball : (n) گیند جسے اڑان کی حالت میں پکڑا جا سکے ۔

Flybane : (n) (۱) پودوں کانام ؛ ایک پودا جس کے تنکے چپک دارهوتے ہیں ؛ مکھی چوس ؛ مگس گیر ؛ مکھی پکڑ ۔ (۲) ایک سدا بہار خوشبو دار بوٹی ۔ (۳) ایک قسم کی کھمبی ؛ ککر متا ۔ (٤) مکھیاں مارنے کا زہر ۔(٥) ایک قسم کا پودا؛ بالچھڑ ؛ سنبل الطیب ؛ سنبل ہندی (نباتیات) ۔

Fly bill : (n) اشتہار جو بکھیرنے؛ اڑانے یا شائع کرنے کےلئے ہو ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fly-bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے اُڑتے وقت غن غناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Fly-bitten : (a) مکھیوں کا کاٹا ہوا مگس زدہ ؛ مکھیوں کا ڈنک مارا ہوا ؛ نیش زدہ ۔

Fly-blister : (n) (طب) خشک کی ہوئی سون مکھی کا لیپ یا پلاسٹر ؛ جسم پر آبلے یا چھالے پیدا کرنے والی دوا کا لیپ ؛ کنتھرائیڈ کا لیپ یا پلاسٹر ۔

Fly-block : (n) (جہاز رانی) نچلےبادبادن میں جُڑا ہوا بلاک یا لکڑی کا کندا ۔

Fly-blow : (n) مانس مکھی کا انڈا یا لاوا ؛ مکھی کا انڈا ؛ بیضۂ مگس (گوشت وغیرہ پر) ؛ (حیوانیات) مکھی کا انڈا ؛ تخم مگس ۔

Fly-blow : (v) (۱) (مکھیوں کا) (گوشت وغیرہ پر)انڈے دینا ؛ خفیہ طور پر فاسد کر دینا ؛ خراب کر دینا ؛ سڑا دینا ؛ داغ لگا دینا ؛ آلودہ کر دینا ؛ ملوث کر دینا (خاص کر مجازاً) ۔ (۲) (مکھیوں کا) انڈے دینا ۔

Fly in or into (a passion, raptneves) : بھڑک اٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ غصے سے مشتعل ہونا ؛ وجد ، سرمستی یا جذبہ کی حالت پیدا ہوجانا؛ لطف یا مزہ میں بیخود ہو جانا (کسی چیز سے ہو کر) ؛ دفعتاً گذر جانا ۔

To fly in the face of : سامنا کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ گستاخی کرنا ۔

To fly off : (۱) شروع کرنا ؛ آغاز کرنا (کسی مہم وغیرہ کا) ۔ (۲) بغاوت کرنا ؛ (مجازاً) دوسری راہ اختیار کرنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ پھر جانا (کسی معاہدے وغیرہ سے) ؛ عہد شکنی کرنا ۔

To fly out : (۱) جھپٹ کر نکل بھاگنا ؛ تیزی سے نکل بھاگنا ۔ (۲) پھٹ پڑنا ؛ غضبناک ہوجانا ؛ بےقابو ہو کر سخت کلامی کرنا یا کوئی شدید کاروائی کر گزرنا ۔

To fly to arms : ذوق وشوق کے ساتھ؛ جوش کے ساتھ ہتھیار اُٹھانا؛ جنگ پر آمادہ ہونا ؛ آمادۂ پیکار ہونا ۔

To fly up in the wind : پتوار چلانےوالوں کی غفلت سے جہاز کے اگلےحصہ کا اچانک ہَوا کے رخ پر آجانا ۔

Fly : (v) (۱) ہَوا میں پروں کے ذریعہ حرکت کرنا ؛ اُڑنا ؛ پرواز کرنا ۔(۲) ہَوا میں تیزی سے بلند ہونا؛ گزرنا ؛ (ٹٹی پر سے) صاف کود جانا ؛ پھلانگ جانا ۔(۳) (پتنگ) اڑانا ۔(٤) جھنڈے ، بال، لباس وغیرہ کا ہوا میں پھڑ پھڑانا ؛ ہلنا ؛ لہرانا ۔ (٥) بہ عجلت سفر کرنا ؛ جھپٹ کر جانا ؛ تیزی سے گزرنا ؛ قلانچ مارنا ؛ کودنا ؛ جلدی سے جانا ۔(٦) دفعتاً زبردستی نکال دیا جانا ؛ (۷) سخت الفاظ استعمال کرنا یا بندوق کی گولی کی طرح ان کو زبان سے نکال کر سننے والے کو مجروح کرنا ۔

Fly : (v) [f.Fly (n).] کسی چیز پر انڈےدینا، گرانا ؛ مکھیوں کے ذریعہ پھیلنا ؛ ایک گھوڑے والی کرایہ گاڑی سے سفر کرنا یا اس پر مال لانا لے جانا ۔

Fly : (a) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) خبر دار ؛ ہوشیار ؛ واقف ؛ چوکس ؛ ماہر جاننے والا ؛ چتر؛ سیانا ۔ (۲) (انگلیاں) تیز ؛ پھرتیلی ؛ چست ؛ ماہر ؛ مشاق ۔

Fly-agaric : (n) ایک قسم کا پودا بال چھڑ ؛ سنبل الطیب ؛ سنبل ہندی ؛ (نباتیات) مگس کھمبی ۔

Fly-blown : (n) (۱) (گوشت) جس میں مکھی کے انڈے پڑ گئے ہوں ؛ مکھی کے انڈوں سے بھرا ہوا ؛ خراب ؛ زہریلا ؛ داغ دار ؛ آلودہ ؛ گندہ ؛ سڑا ہوا ؛ متعفن ؛ نیز مجازاً ۔ (۲) (عامیانہ) پٹے ہوئے ؛ سرشار ؛ مست ؛ متوالا ؛ مخمور ؛ شرابی ؛ بدمست ؛ نشہ ۔

Fly boat : (n) [app. adf. DU. vliboot-.] (۱) تیز رو کشتی جو خصوصاً ساحلی تجارت میں استعمال کی جاتی تھی ۔ (۲) (تاریخ) جنگی مقاصد یا سمندری کھوج میں استعمال کی جانے والی تیز رفتار کشتی ۔ (۳) نہر پار کرنے والی تیزرو کشتی ۔

Fly-book : (n) وہ بٹوا یا ڈبیا جس میں وہ مصنوعی مکھیاں رکھی جاتی ہیں جس کو مچھلی کے شکار میں کانٹے پر لگاتے ہیں ۔

Fly bridge : (n) فوجی مقاصد کے لئے عارضی پل ؛ (انجینیئرنگ) عارضی پل ۔

Fly case : (n) حشریات کی پوشش ؛ اُن کے جسم کا اوپری ڈھکن خصوصاً بھنورے کی قسم کے کیڑوں کے بازووں کا بیرونی خول ۔

Fly-catcher : (n) (۱) مکھی پکڑنے کا جال ۔ (۲) مگس گیر ؛ مکھی پکڑنے والا ۔ (۳) ایک قسم کی مکھی مار چڑیا ۔ (٤) مکھیاں پکڑنے والا مکڑا ۔ (٥) (حیوانیات) مگس مار چڑیا ؛ مگس گیر ۔

Fly coach : (n) تیز رفتار مسافر گاڑی خصوصاً ایک ہلکی گاڑی جو ۱۸۱٦ء میں برطانیہ میں رائج کی گئی اور جسے ابتداً آدمیوں کے ذریعہ کھینچا جاتاتھا اور بعد میں ایک گھوڑے والی چھت دار گاڑی جو کرایہ پر چلائی جاتی تھی ۔

Fly-dung : (v) [f. Fly,+Dung. v.] (۱) (رنگائی) مجیٹھ سے رنگنے کے دوران کپڑے کو ایک خاص قسم کے محلول میں پہلی بار ڈبو کر نچوڑنا ۔

Fly-fish : (n) مکھی کو بطور چارہ استعمال کر کے مچھلی کا شکار کرنا ؛ (حیوانیات) اُڑن مچھلی ۔

Fly-fisher : (n) مکھی کو بطور چارہ استعمال کر کے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Fly-fishing : (n) مکھی کے چارے سے مچھلیوں کا شکار ۔

Fly-flap : (n) مکھیاں اڑانے اور مارنے کا ایک چپٹا آلہ ؛ مگس راں ۔

Fly-flap : (v) مکھیاں اڑانے والے چپٹے آلے سے مارنا ؛ پیٹنا ؛ چابک لگانا ؛ کوڑے مارنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Fly-flapper : (n) مکھیاں مارنے والے آلے سے مکھیوں کو بھگانے والا ؛ مکھیاں اُڑانے اور مارنے کا ایک چپٹا آلہ ۔

Fly fungus : (n) (نباتیات) مگس کھمبی ؛ فطر مگسی ۔

Fly governor : (n) وزنی گھیر والا فاضل پہیا؛ وزنی بازوں کاجوڑا یا دوسری ایسی ہی ترکیبیں جو مشین کی رفتار کو باقاعدرکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں ۔

Fly honey suckle : (n) (۱)ایک قسم کی بیل جس کےپھول زرد، خوشبو دار اور بگل نما ہوتے ہیں ۔ (۲) Halleris کی ایک قسم؛ ایک قسم کا پودا ۔

Fly hook : (n) چارا لگی ہوئی بنسی، جس میں مکھی کو بطور چارہ لگایا گیا ہو ۔

Fly in amber : (n) عجیب و غریب آثار قدیمہ ۔

Fly-leaf : (n) کتاب کے شروع اور آخر کا خالی ورق ؛ گشتی چٹھی کا سادہ ورق ؛ سر ورق ۔

Fly line : (n) مکھیوں کا چارا ڈال کر مچھلیاں پھنسانےوالی ڈور ۔

Fly man : (n) کرایہ گاڑی چلانے والا ؛ وہ شخص جو تھیٹروں میں پردوں کی رسیاں کھینچنے پر مقررھوتا ھے ۔

Fly-net : (n) [OE. fleshnet.] جالی جو گھوڑوں پر ان کو مکھیوں سے بچانے کےلئے ڈالی جاتی ھے ؛ مکھیوں یا کیڑوں سے بچاؤ کی خاطر لگائی جانے والی جالی ۔

Fly-netting : (n) باریک جال دار سوتی کپڑا جو پہلے دریچوں کے پردوں کےلئے استعمال ھوتا تھا ۔

Fly-nut : (n) ایک گری دار میوہ یا سختہ جس کے بازو ھوتے ہیں ؛ بازو دار سختہ ۔

Fly on wheel : (n) ایسا شخص جو اپنے اثر کا غلط اندازہ کرے (جس قدر ھو اُس سے زیادہ سمجھے) ؛ بر خود غلط ۔

Fly orchid/-orchis : (n) ایک قسم کے پودے کا نام ۔

باقاعدہ رکھنےیااُس کی قوت کومحفوظ کرنے کےلئےلگایا جاتا ھے ؛ (طبیعیات) رفتار پرور پہیا؛ (انجینیئرنگ) اُڑ پہیا ؛ فلائی وہیل ۔

Fly-whisk : (n) مکھیاں اڑانے کا ایک آلہ ؛ چوبری ؛ آلہء مگس رانی ؛ (تاریخ) مورچھل ؛ چنور ۔

Flyer/Flier : (n) (۱) پرندہ وغیرہ جو اڑتا ھے ۔ (۲) (جانور یا سواری) جو غیرمعمولی رفتارپر (تیز) رواں ہو ؛ غیر معمولی رفتار سے تیز چلنے والا (گھوڑا، جہاز، مچھلی وغیرہ) ۔ (۳) (شخص) ہَواباز؛ آلات ہَوائی میں اڑنے والا ۔ (٤)پھلانگ؛ چھلانگ ۔ (٥) اڑنے والا ؛ تیار ؛ طاہر ؛ پرندہ ؛ پرواز کرنے والا ؛ ہَوا میں اڑتی ہوئی کوئی چیز ۔ (٦) مشین کے اُن پرزوں پر اطلاق ہوتا ھے جن کی گردش بہت تیز ہوتی ھے ؛ شیخ داں کی حرکت کو باقاعدہ رکھنے والا پرزہ ؛ پون چکی کا باد بان یا باد گیر ۔ (۷) کتائی مشین کا وہ پرزہ جو ڈھاگے کو بانٹتا ھے اور بٹ جانے کے بعد اُسے ریل میں لپیٹتا ھے ۔ (۸) سیڑھیوں یازینوں کا سلسلہ جو ایک ہی سمت میں چلا گیا ہو ؛ (امریکا) چھوٹا اشتہار ؛ دستی چٹھی؛ دستک ۔ (۹) (طباعت) ایک متحرک چھڑ جس میں انگلیاں سی بنی رہتی ہیں اور جو کاغذ کے تختے کو ٹیپ سے ہٹا کر ڈیلیوری ٹیبل پر پہونچاتا ھے ۔ (۱۰) (امریکا) پھلانگ ؛ چھلانگ ؛ اڑان؛ جست ۔ (۱۱) فوری نفع کے اُمید پر کسی ایسے شخص کے ہاتھ سٹّے پر مال فروخت کرنا جو باقاعدہ خریدے ۔ (۱۲) بھگوڑا؛ بھاگنے والا ؛ بھگیڑو ؛ فراری ۔

High flyer : (پرندہ) اونچا (اڑنے والا)؛ بلند پرواز ۔

Poor flyer : کم اڑنے والا ؛ کوتاہ پر واز ۔

Flying : (n) (۱) اڑنے یا پرواز کرنےکا عمل ؛ اڑان ؛ پرواز ؛ طیرانیت ۔

Flying : (n) (۱) اڑنے والا ؛ اڑتے ہوئے ؛ پروں یا پنکھوں کے سہارے ہَوا میں چلنے والا ؛ پرواز کرنے والا ؛ طیّار ؛ طائر ؛ ہَوا باز ؛ اُڑان ؛ طیران ؛ اُڑن ۔ (۲) ایسی حرکتیں کرنے والا جیسی پرواز کی حالت میں کی جاتی ہیں ۔ (۳) (عرف نام) Bar badoes کے باشندے ۔ (٤) بعض کیڑوں، مچھلیوں، رینگنے والے جانوروں یا چوپایوں (مینڈک وغیرہ) کے ناموں کے ساتھ آتا ھے جو اپنے بعض مخصوص زوائد (زائد اعضاء) کے ذریعے اڑان یاپروازجیسی چھلانگیں لگاتے یا

Fly paper : (n) مکھیوں کے مارنے کا زہر اور گوند لگا ہوا کاغذ ؛ مکھی مار کاغذ ۔

Fly powder : (n) مکھی مار سفوف ؛ ایک قسم کا پاؤڈر جسے مکھیوں کو مارنے کےلئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Fly press : (n) (جلد سازوں اور مطبع والوں کے استعمال کےلئے) شکنجہ جو وزنی گھیر والے پہیے کے ذریعہ کام کرتا ھے ۔

Fly proof : (n) مانع مگس ؛ مکھی روک ۔

Fly punching -press : (n) آرا اور دوسرے دندانہ داراوزاروں میں دانت بنانے والی مشین ۔

Fly rail : (n) میز کا وہ حصہ جو لٹک تختے کو سہارا دینے کےلئے باہر نکل آتا ھے ۔

Fly rod : (n) مچھلیاں پھنسانے والی چھڑ ۔

Fly snapper : (n) (امریکا) بعض مگس خورپرندوں کا نام ۔

Fly speck/-spot : (n) کسی کیڑے کےفضلے سے پیدا شدہ دھبا ۔

Fly table : (n) لٹکتے تختے والا ٹیبل ؛ ایسا ٹیبل جس میں جھولتا ہوا یا لٹکتا ہوا تختہ ہو ۔

Fly-the- garter : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Fly title : (n) عام سر ورق یا عنوان کے سامنے نصف عنوان یا وہ جو کسی کا م•کو حصوں میں یا کسی تصنیف کو ابواب میں تقسیم کرتا ہو ۔

Fly-trap : (n) (۱) مکھیوں کو پکڑنے کا پھندا ۔ (۲) ایک قسم کا مگس گیر پودا ؛ (نباتیات) مگس گیر ؛ خالق الکلب ؛ حشرہ گیر ۔

Venus's fly trap : (نباتیات) زُہری مگس گیر ۔

Fly water : (n) مکھیوں کو مارنے کے لئے سنکھیا کا محلول یا کاسیا چھال کو جوش دے کر نکالا ہوا عرق ۔

Fly weevil : (n) (امریکا) غلّوں میں لگنے والے عام کیڑے ؛ پنکھی ، کیڑی ، گھُن وغیرہ ۔

Fly weight : (n) وہ مکا باز جس کا وزن آٹھ اسٹون ہو ۔

Fly-wheel : (n) مشینوں کا ایک بڑا پہیا جس میں بھاری دندانے ہوتے ہیں اور جو مشین کی رفتار کو

حرکتیں کرتے ہیں ۔(۵) ھَوا میں (تیزی سے) گذرنے والا ۔(٦) آزاد اور معلق ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ لٹکتا ہوا؛ جھولتا ہوا ؛ لہراتا ہوا؛ ہلتا ہوا؛ پھڑپھڑاتا ہوا ؛ پھڑ پھڑاتا ہوا ؛ جنباں ؛ لرزاں پر مارتا ہوا ؛ پر جھاڑتا ہوا ؛ آزاد بہتا یا (ھَوا میں) تیرتا ہوا ۔(۷) تیزی سے گزرنے یا سفر کرنے والا ؛ لپک کر جانے والا ؛ سرعت سے گذرنے یا سفر کرنے والا؛ جھپٹ کر گذرجانے والا ؛ تیز رو ؛ تیز رفتار؛ پرواز کنندہ ؛ سریع ؛ گذرتا ہوا ؛ گذرجانے والا ؛ عاجلانا ؛ ناپائدار ؛ دم بھر کا ؛ ذرا دیر کا ؛ سر سری ؛ عارضی ؛ آنی جانی ؛ ایك لحظہ کا ؛ نیز جلدی میں تعمیر کیا ہوا ؛ بنایا ہوا ؛ وقتی ؛ عارضی؛ ہنگامی ۔(۸) اڑنے والی ؛ مشہور ہو جانے والی ؛ تیزی سے پھیلنے والی (بات، افواہ، منگھڑت کہانی وغیرہ) جو بغیر کسی معقول یا معینہ معتبریت کے گشت کرتی یا پھیلتی ھے ۔(۹) بھاگنے والا ؛ بھگیڑو ؛ بھگوڑا ؛ فراری ؛ فرار ھوجانے والا ؛ بچ کر نکل جانے والا ؛ غائب ھوجانے والا ؛ پرہیز کرنے والا ؛ ادب کرنے والا ۔

With flying colours : (مجازاً) کامیابی و کامرانی کے ساتھ ؛ کامیاب ھو کر ؛ فتح و کامرانی کا نشان لئے ھوئے ۔

Flying artillery : (n) ایسافوجی دستہ جسے اپنی نقل وحرکت میں سرعت سے تغیر لانے کی تربیت دی گئی ھو ۔

Flying boat : (n) ایك قسم کا آلہء ھَوائی جو سمندر پر بھی تیر سکتا ھے ؛ چونکہ اس کا چوکھٹا کشتی نما ھو تا ھے ۔

Flying bridge : (n) فوجی مقاصد کےلئےعرضی پُل ؛ (انجینیئرنگ) عرضی پُل ۔

Flying butteress : (n) دیوار کا ایسا پشتہ جو فیل مایہ سے دیوار تك ڈھلواں اور عموماً محراب دار ھو ۔

Flying camp : (n) (۱) عارضی فوجی کیمپ ۔(۲) فوجی کمپنی ؛ اسکواڈرن یا دیگر دستے جو جلد جلد جگہ بدلنے یا ایك جگہ سے دوسری جگہ جانے کےلئےتیارکئےگئےھوں ۔ (۳)پیدل اورسواروں کا دستہ جو میدان میں رہتا ھے یا جو چلتارہتا ھے ۔

Flying cat : (n) (۱) ایك قسم کی اڑنے والی گلہری ۔ (۲) مڈغاسکر کے بندر کی قسم کا دودھ پلانے والا شب رو جانور جو اڑتا بھی ھے ۔

Flying circus : (n) (۱) فوجی کاروائی میں مشغول طیاروں کی گردش یا گرداں ترتیب ۔(۲) عوامی نمائشی پرواز میں مشغول ھَوا بازوں کا ایك منظم گروپ ۔

Flying club : (n) بزمِ ھَوا بازی ۔

Flying coach man : (n) آسٹریلیا کا ایك سیاہ و زرد شہدخور جانور ۔

Flying colours : (n) مکمل کامیابی ۔

Flying column/-squadron : (n) فوج یا پولس کا دستہ جو تیز نقل و حرکت کرسکے ۔

Flying country/-county : (n) (شکار) بغیر رکے ھوئےبہت دور تك دوڑ کر جانےوالا ۔

Flying disc : (n) اڑن طشتری ۔

Flying doe : (n) آسٹریلیا کی ایك سرخ مادہ کنگارو ۔

Flying dog : (n) ایك قسم کی اڑنے والی خوانخوار چمگادڑ جو گھوڑے، مویشی اور سوتے ھوئے انسان کا خون پی لیتی ھے ۔

Flying dragon : (n) (حیوانیات) اڑن چھپکلی ۔

Flying dutchman : (n) جہاز رانوں کے عقیدے میں ایك بھوت ھے جو جہاز کی شکل میں نظر آتا ھے ؛ انگلستان کی بعض تیز رفتار ریل گاڑیاں ؛ ولندیزی جہاز ۔

Flying fence : (n) پھلانگنے والی شئی ؛ جسے ایك ہی جست میں پھلانگ دیا جائے ؛ جست ؛ پھلانگ ۔

Flying field : (n) ھَوائی جہاز کا میدان ؛ وہ میدان جہاں ھَوائی جہاز کے اترنے اور اڑنے کا انتظام ھوتا ھےاور (کبھی کبھی) مسافروں کےلئے پناہ گاہیں اور جہازوں کی دیکھ بھال کرنےوالوں کےلئے عمارتیں ھوا کرتی ہیں ۔

Flying fish : (n) (۱) ماہی پرند ؛ مچھلی کی دو قسموں میں سے کوئی ایك جو اپنے پنکھ نما لمبے پروں کے سہارے ھَوا میں اوپر تك اُٹھ سکتی ہیں ؛ اڑنے والی مچھلی ۔ (۲) حوت ؛ برج ؛ مجموعہء نجوم ؛ تارا منڈل ؛ ستاروں کا ایك مجموعہ جو دیکھنے میں مچھلی جیسا معلوم ھوتاھے ؛ (حیوانیات) اڑن مچھلی ۔

Flying fox : (n) بڑباگل ؛ بادُر؛ پھل کھانےوالی چمگادڑوں کی ایك قسم جو آسٹریلیا اور مشرقی گرم ملکوں میں پائی جاتی ھے ؛ (حیوانیات) میوہ خور چمگادڑ ؛ بڑ باگل ۔

Flying frog : (n) ایک قسم کا دور تک اڑنے یا چھلانگ لگانے والا مینڈک ؛ مشرقی ہندوستان میں درختوں پر رہنے والے مینڈکوں کی ایک قسم جن کے پاؤں خاصے لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں نیز انگلیاں آپس میں ایک جھلی کے ذریعہ ملی ہوتی ہیں جو اُن کے لئے پیراشوٹ کا کام کرتی ھے اور اُنہیں بڑے فاصلوں تک چھلانگ لگانے کا اہل بناتی ھے ۔

Flying glow-worm : (n) ایک قسم کا جگنو ۔

Flying gurnard : (n) ایک قسم کی اُڑنے والی مچھلی ۔

Flying handicap/-mile/-short : (n) جب دوڑ شروع کرنے کی جگہ سے پوری رفتار پر گذرا جائے ؛ دوڑ شروع کرنے کا ایک قاعدہ جس میں اس وقت سگنل دیا جاتا ھے جب مقابلین پوری رفتار میں ہوتے ہیں ۔

Flying hart/-stag : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کے جبڑے بارہ سینگوں کی طرح پھیلے ہوتے ہیں ۔

Flying herring : (n) ایک قسم کی اڑنے والی مچھلی ۔

Flying horse : (n) (۱) اڑنے والا گھوڑا ؛ ایک دیومالائی حیوان جس کے اگلے حصے (سر، گردن ، سینہ، پر اور اگلے دو پیر) عقاب کی شکل کے اور جسم کا پچھلا حصہ گھوڑے کا ہوتا ھے ۔ (۲) چرخ ہنڈولے کی نشست جس کی شکل گھوڑے کی ہوتی ھے ۔

Flying hospital : (n) چلتا پھرتا اسپتال ؛ گشتی شفاخانہ ؛ گشتی اسپتال ۔

Flying Jib : (n) جہاز میں سب سے آگے کے مثلث بادبان سے پہلے حمّالہ (بوجھ اٹھانے والی کل) کے آگے کو نکلے ہوئے حصے میں لگا ہوا ایک ہلکا بادبان ؛ کشتی کا ہلکا چھوٹا بادبان ۔

Flying Jibboom : (n) حمّالہ کے آگے کو نکلے ہوئے حصے میں لگا ہوا ہلکا چھوٹا بادبان ۔

Flying leap/-Jump : (n) دوڑتے ہوئے چھلانگ یا جست (لگانا) ؛ دوڑ کر چھلانگ (مارنا) ۔

Flying lemur : (n) مڈغاسکر کا بندر کی قسم کا دودھ پلانے والا شب رو جانور جو اڑتا بھی ھے؛ لیمور ۔

Flying lizard : (n) (۱) ایک قسم کی اڑنے والی چھپکلی یا چلپاسہ ۔ (۲) ایک زرد رنگ کا پالتو پرندہ ۔

Flying machine : (n) (۱) ایک قسم کا ورزشی جھولا ؛ جمناسٹک کا جھولا ۔ (۲) آلہء ہوائی؛ ایسی مشین جو ہَوا میں اڑ سکے یا کنٹرول کی جاسکے عموماً ہَوا سے زیادہ وزنی مشین جس کا انحصار حرکی قوت پر ہو ؛ پروازی مشین ؛ اڑنے والی مشین ؛ طیارہ ۔

Flying man : (n) ہَوا باز ؛ آلات ہَوائی کے ذریعہ سے اُڑنے والا ۔

Flying officer : (n) (۱) ہَوائی جہاز یا محکمہء آلات ہَوائی کا ایک افسر ۔ (۲) فضائیہ کا ایک افسر جو رتبہ میں زمینی فوج کے لیفٹیننٹ کے برابر ہوتا ھے ؛ (انتظامیہ) فلائنگ افسر ؛ افسر پرواز ۔

Flying party/-squad : (n) اُڑن دستہ ؛ پولس کا دستہ جو تیزی کے ساتھ تعاقب کرنے کے لئے موٹر کار استعمال کرتا ھے؛ (انتظامیہ) اُڑان دستہ ۔

Flying phalanger : (n) آسٹریلیا کا ایک چھوٹا، تھیلی دار سمندری جانور جو کسی قدر لومڑی سے مشابہ ہوتا ھے اور اڑتا ھے؛ (حیوانیات) چتر دار فلنجر ۔

Flying pig : (n) (عرف عام میں) خندقوں میں گولہ پھینکنے والی توپ کا گولہ ۔

Flying post : (n) ڈاک چوکی ؛ گھوڑے کی ڈاک ۔

Flying ring : (n) دھات کے بنے اور چمڑے یا ربر کے ڈھکے ہوئے حلقوں کے جوڑے میں سے ایک جو جمناسٹک کی ورزشوں کے لئے جھولتے ہوئے رسّوں کے سروں میں لگے ہوتے ہیں ۔

Flying sap : (n) عارضی مورچہ ؛ بید یا لوہے کی تیلیوں سے ٹوکریوں کر بہ یک وقت رکھ کر اور اُنہیں مٹی سے بھر کر محصور مقام کے گرد بنایا ہوا مورچہ جس سے محاصرین کا حملہ روکا جاسکے ۔

Flying saucer : (n) اُڑن طشتری ۔

Flying seal : (n) مہر کردہ مگر کھلا ہوا خط ؛ ایسا خط جس پر مہر تو ہو مگر بند نہ ہو ۔

Flying sheet : (n) اشتہار ؛ پمفلٹ ؛ دستی چٹھی ؛ تقسیم و اشاعت کے لئے چھپا ہوا مختصر اشتہار یا پمفلٹ ۔

Flying snake : (n) اُڑنے والا سانپ ؛ ایک چمکیلا سنہری اور سیاہ رنگ کا، درخت پر رہنے والا سانپ جو

زمین سے درخت پر یا ایک درخت سے دوسرے درخت پر (اڑنے والی گلہری کی طرح) اُڑ کر جا سکتا ھے اور جس کی زیادہ سےزیادہ اُڑان آٹھ فٹ تك ھوتی ھے ۔

Flying speed : (n) ہَوائی جہاز کی رفتار جو اُسے زمین سے اوپر اٹھانے کےلئے کافی ھوتی ھے ۔

Flying squid : (n) ایك اڑنے والی چھوٹی مچھلی جو چارے کےطورپر استعمال کی جاتی ھے ۔

Flying squirrel : (n) ایك قسم کی گلہری جس کی اگلی پچھلی ٹانگیں ایك کھال سے جوڑی ھوتی ہیں اور جس کے سہارے وہ ھَوا میں معلق ھوجاتی ھے؛ (حیوانیات) چتر دار گلہری ۔

Flying time : (n) وہ وقت جب شاہین اُڑائے جانے یا چھوڑے جانے کی حالت میں ھو ۔

Flying visit : (n) کسی جگہ سر راہ جانا (اُس طرف گذرتے ھوئے ٹھہرجانا) ؛ تھوڑی دیر کےلئے بہ عجلت (رواروی میں) جانا ۔

Flying windmill : (n) (عامیانہ) ہیلی کوپٹر ۔

Flyless : (n) (گوشت وغیرہ) جسےمکھیوں نےگندانہ کیاھو ۔

Flyness : (n) واقف کاری؛ چوکسی؛ ھوشیاری؛ چالاکی؛ عیاری؛ مکاری ۔

Flysch : (n) [swiss. dial.] (ارضیات) دورثالث کے پرتوں کے آہسی سلسلے جو سلیٹ، متحجر سمندری پودوں یا گھاسوں ریتیلے پتھروں اورگٹھیلی مٹی پر مشتمل ھوتا ھے ۔

Foal : (n) [OE. 'fola.'] (۱) گھوڑے، گدھے وغیرہ کا بچہ ؛ بچھیڑا ؛ بچھیڑی ؛ کرہ ؛ چار پانچ سال کی عمر تك کا گھوڑا ۔ (۲) توصیفی معنوں میں ۔

Foal : (v) گھوڑی ؛ گدھی وغیرہ کا بچہ پیدا کرنا یا ھونا؛ گھوڑی یا گدھی کے بچے کا پیدا ھونا ۔

In foal/With - : حاملہ (گھوڑی یا گدھی وغیرہ) ۔

Foal-teeth : (n) گھوڑے کاپہلا دانت ؛ اودنت گھوڑے کا دانت ؛ دودھ کا دانت

Foalfoot/Foal's foot : (n)[Named from the shape of the leaves.] ایك قسم کا پھول دار درخت جس کی پتیاں دمے کے علاج کے طور پر تمباکو کی طرح پی جاتی ہیں ۔

Foalhood : (n) بچھیڑاپن ؛ بچھیڑی پن ؛ بچھیڑا یا بچھیڑی ھونے کی حالت یا زمانہ ۔

Foam : (n) [OE.fam.] (۱) وہ چھوٹے چھوٹے بلبلے جو کسی رقیق شے پر اس کو ہلانے، خمیر پیدا ھوجانے سڑ جانے سے پیداھوتے ہیں ۔ (۲) جھاگ ؛ کف ؛ پھین ۔ (۳) (شاعری) سمندر؛ جھاگ دار پانی ۔ (٤) غصہ یا مرگی وغیرہ کی حالت میں وہ جھاگ جو منہ میں آجاتے ہیں ۔ (٥) (پانی کے) جھاگ ۔ (٦) (معدنیات) کیلسائٹ یا چونے کا کاربونیٹ ؛ ایفرائٹ ۔ (۷) جوش و خروش ۔

Sea foam : (کیمیا) سمندر جھاگ ۔

To pass off or away in foam : جھاگ بن کر اُڑجانا ۔

To run foaming along (down or over) : جھاگ نکالتے ھوئے (گرتے ھوئے دوڑنا) ۔

Foam : (v) (۱) باہر پھینکنا؛ نکالنا ؛ گرانا ۔ (۲) (پیمانے وغیرہ کا) جھاگ دار شراب سے لبریز ھونا ؛ جھاگ لانا یانکالنا خصوصاً منہ سے جھاگ نکالنا ؛ کف در دہن ھونا ؛ (گھوڑے وغیرہ کا) جھاگ سے ڈھکا ھونا ۔ (۳) کف لانا ؛ پھین جمع کرنا (نیز مجازاً) ۔ (٤) جھاگ دار شراب سے لبریز کرنا ۔ (٥) جھاگ یا جھاگ کی شکل میں خارج کرنایا نکالنا (خاص کر مجازی معنوں میں) ۔ (٦) (مہمل استعمال) جھاگ میں (رتھ) کھینچنا ؛ منہ سے جھاگ لا کر (رتھ) کھینچنا ۔

Foam bow : (n) جھاگ پر سورج کی روشنی سے بنی ھوئی قوس قزح ۔

Foam cock : (n) (دخانی انجن) جھاگ نکلنے کے لئے پانی کی سطح پر لگی ھوئی ٹونٹی ۔

Foam spar/-stone : (n) (۱) (معدنیات) کیلسائٹ یا چونے کا کاربونیٹ ۔ (۲) (معدنیات) دودھیا سفید نرم اور غیر شفاف معدنی شے جو بیشتر میگنیشیم کے باٸی سلیکیٹ پر مشتمل ھوتی ھے ۔

Foamingly : (adv.) کف در دہن ھوکر ؛ منہ سے جھاگ لاکر ؛ منہ سے جھاگ نکالتے ھوئے ؛ جوش میں جھاگ لاتے ھوئے یا پیدا کرتے ھوئے ۔

Foamless : (a) بغیر جھاگ کا ؛ صاف ۔

Foamy : (a)[OE. famig.] (۱) جھاگ سےلبریز ؛ جھاگ سے ڈھکا ھوا ؛ کف آلودہ ۔ (۲) جھاگ کا ، اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔ (۳) کف نما ؛ جھاگ دار ؛ (کیمیا) کف دار ۔

Fob : (n) [Origin unkn.] دھوکا ؛ فریب ؛ جُل ؛ چال ؛ مکر ؛ عیاری ؛ بناوٹ ؛ چترائی ؛ چالبازی ؛ حیلہ ؛ (عامیانہ) ۔

Fob : (v) (۱) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جُل دینا ؛ ٹھگ لینا ۔ (۲) چالبازی یا دھوکہ دہی کے ذریعہ حاصل کرنا یا ترقی کرنا ۔ (۳) پُر فریب طور پر روکنا؛ باز رکھنا؛ مانع ہونا ؛ پھسلانا ؛ جھانسا دینا؛ کوئی معمولی یا کمتر چیز دے کر دھوکا دینا ؛ تلق کرنا ۔

Fob : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک چھوٹی جیب (گھڑی ، روپیہ وغیرہ رکھنے کےلئے) جو اگلے زمانے میں برجس میں بنائی جاتی تھی ۔ (۲) (امریکا) جیب گھڑی کی چین ۔

Fob : (v) جیب میں رکھ لینا ؛ ڈال لینا ۔

Fob-chain : (n) جیب گھڑی کی چین ۔

Fob off : (v) پُر فریب طور پر روکنا؛ باز رکھنا ؛ مانع ہونا ؛ تلق کرنا ؛ پھسلانا ؛ جھانسا دینا ؛ کوئی معمولی یا کمتر چیز دے کر دھوکا دینا ۔

Fob off upon : (v) کسی کم قیمت یا خراب چیز کو قیمتی اور اچھا بناکر (کسی شخص کے) سر منڈھ دینا ۔

Fob off with : (v) (کسی شخص کو) دھوکا دے کر (خراب چیز) دے دینا ۔

Focal : (a) [mod. L. focalic.] ماسکی ؛ ماسکے کا یا اس سے متعلق ؛ ایک ماسکے پر جمع یا قائم ۔

Focal aperture : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی سہوہ ۔

Focal distance/-length (of a lens or mirror) : (n) (شیشے یا آئینے کا) ماسکی فصل ؛ شیشہ یا تال کے مرکز اور اس کے مرکزِ شعاع کا درمیانی فاصلہ ؛ طول ماسکہ ۔

Focal infection : (n) (طب) ماسکی سرایت ؛ ماسکی تعدیہ ۔

Focal plane : (n) کسی تال یا شیشے سے ہو کر منعطف شدہ متوازی شعاعوں کے مختلف نظاموں کے ماسکے یا مقاماتِ ماسکہ ۔

Focal plane shutter : (n) (تصویر کشی) شگاف دار جھلملی یا اڑ جو تصویر کشی کی پلیٹ یا فلم کے سامنے حرکت کرتی یا سرکتی ہے ۔

Focal point : (n) نقطۂ ماسکہ ؛ ماسکی نقطہ ؛ نقطہ تقاطعِ ماسکہ ؛ شیشے یا تال کے محور کا مقام ماسکہ کے ساتھ تقاطع ۔

Focal sphere : (n) ماسکی کرہ ۔

Focalization : (n) ماسکہ پر لانے کا عمل ؛ تطبیق ماسکہ (نگاہ) تمسیک ۔

Focalize : (v) (۱) ماسکہ پر لانا (نیز مجازاً) ؛ نقطہ ماسکہ پر لانا ۔ (۲) (نگاہ کا) ماسکہ درست کرنا ۔

Focally : (adv.) بطور ماسکہ ؛ ماسکی طور پر ؛ ماسکہ پر ۔

Focimeter/Focometer : (n) (تصویر کشی) اُس شیشے کا کیمیائی ماسکہ معلوم کرنے کا ایک آلہ ، جسے ٹھیک طور پر بے رنگ نہیں کیا گیا ہو ؛ ماسکہ پیما ۔

Focimetery/Focometry : (n) ماسکی فصل کی پیمائش ۔

Focoid : (a) ماسکہ نما ؛ ماسکہ سا ۔

Focometer : (n) طول ماسکہ پیما ۔

Focus : (n) [L. focus.] (۱) ماسکہ؛ مرکزشعاعی کے ان نقطوں میں سے ایک نقطہ جہاں سے کسی منتہا تک کا فاصلہ خطی ارتباط سے متحد ہو ؛ وہ نقطہ جس پر شعاعیں انحراف یا انعکاس کے بعد آکر جمع ہوں نیز وہ نقطہ جس سے وہ شعاعیں نکلتی معلوم ہوتی ہیں ۔ (۲) نقطہ ماسکہ جس پر آکر وہ چیزجس کی تصویر لینی ہےٹھیک آجائے تو تصویر صاف اور درست آئے گی ۔ (۳) (حیوانیات) وہ نقطہ جس کی طرف آواز کی لہریں جاکر جمع (مائل بہ مرکز) ہوں ۔ (٤) کسی مرض کا خاص مرکز؛ مرکزعلّت ؛ مقام مرض ۔ (٥) (کسی شیشے کا) ماسکی فصل نیز (آنکھ یا عینک کی) وہ تطبیق جو صاف اور واضح نظر آنے کے لئے ضروری ہو ۔ (٦) مرکز عمل ؛ مرکز تعامل یا تفاعل (آتش فشاں طوفان وغیرہ کا) انتہائی قوت کا رقبہ یا حلقہ ؛ حلقہ توانائی ؛ مرکز توانائی ؛ نیز مجازاً ۔

Actinic or chemical focus : (۱) وہ نقطہ جہاں اشعاعی یا کیمیائی شعاعیں جھکتی یا مستدقق ہوتی ہیں ۔

Conjugate focus : (۱) متحد ماسکی ؛ اس طرح آمنے سامنےرکھے ہوئے دوشلجمی نما آئینے جن میں سے کسی ایک کے ماسکہ سے نکلتی ہوئی روشنی یا حرارت کی شعاعیں دوسرے پر متوازی خطوط میں منعکس ہوتی ہیں اور تب اپنےماسکہ پر پہونچتی ہیں ۔

Principal focus /Solar : وہ نقطہ جہاں متوازی شعاعیں کسی مستدقق شیشے سے ہو کر گزرنے کے بعد ملتی ہیں ؛ صدر ماسکہ ۔

Virtual focus : مجازی ماسکہ ۔

Focus : (v) (۱) مائل بہ مرکز ہونا ؛ مائل بہ مرکز کرنا ۔ (۲) (تصویر کشی کے شیشے) کے ماسکے کو درست کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ صحیح فاصلے پر تصویر کشی کا شیشہ لگانا ؛ ماسکہ نگاہ کو درست کرنا ۔ (۳) ماسکہ میں لانا ؛ ماسکے کے اندر لانا ۔

Focus lamp : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی چراغ ۔

Focus of consciousness : (n) (نفسیات) شعوری ماسکہ ۔

Focussing : (n) (فوٹو گرافی) تمسیك ؛ فوکس کرنا ۔

Focussing glass : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی شیشہ ۔

Focussing screen : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی پردہ ۔

Fodder : (n) [OE.fodor.] خشك غذا ؛ سوکھی گھاس ؛ بھوسی وغیرہ (ان چوپایوں کے لئے جن کو باندھ کر سانی دی جاتی ہے) ؛ چارہ ۔

Fodder : (v) (مویشی کو) چارہ دینا؛ گھاس ، بھوساو غیرہ کھلانا ؛ گھاس ڈالنا ؛ نیز مجازاً ۔

Fodderer : (n) (مویشیوں کو) چارہ لگانے والا ؛ کھلانے والا ؛ گھاس ڈالنے والا ۔

Fodient : (a) [L. fodientem.] کھودنے والا ؛ بِل یا بھٹ بنانے والا ۔

Fodient : (n) (اسکاٹستان) بِل یا بھٹ بنا کر اس میں رہنے والا جانور ۔

Foe : (n) [OE. fah.] (۱) (شاعری) دشمن ؛ حریف ؛ مد مقابل ؛ بد خواہ ۔ (۲) (قدیم معنوں میں) خونی جنگ یا نزاع کا حریف ؛ (جدید معنوں میں) بد خواہ ؛ ایك دوسرے سے نفرت کرنے یا اُسے نقصان پہنچانے والا ۔ (۳) دشمن یا حریف فوج یا قوم؛ حریف جنگ ۔ (٤) دشمن طاقت؛ حریف طاقت ؛ مخالف طاقت ؛ دشمنوں کا لشکر؛ حریفوں کی فوج کا دستہ ۔

Foedenal/-ly/ Foedity : دیکھو Fed

Foeman : (n) [OE.Fahman.] (متروک وشاعری) (زمانہء جنگ میں) دشمن یا حریف ؛ حریف جنگ ۔

Foeniculum : (n) [L.] (نباتیات) جنس سونف ؛ سونف ؛ بادیان ۔

Foetal/Fetal : (a) [f. Foetus+al.] جنین کا ؛ اُس سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا ؛ جنینی حالت میں ؛ جنینی ۔

Foetalism : (n) (حیوانیات) جنینیت ۔

Foetation/Fetation : (n) [f.L.'fetare.'] جنین کی تشکیل ؛ رحم میں جنین کا بننا ؛ حمل ؛ نموئے جنین ۔

Foeticidal : (a) اسقاط حمل کرنے والا یا اس سے متعلق ؛ اسقاط حمل کا یا اس سے متعلق؛ رحم کے اندر جنین کو ختم کر دینے یا مارڈالنے والا ۔

Foeticide/Feticide : (n) جنین کو ضائع کرنے کا عمل ؛ پیٹ گرانے کا عمل؛ عمل اسقاط ؛ اسقاط حمل کرنا ؛ اسقاط حمل کرنے والا ؛ جنین کُشی ۔

Foeticulture : (n) (طب) جنین پروری ۔

Foetid/Foetor : Fetid اور Fetor کا متبادل ۔

Foetorosis : (n) بدبوئے دہن ۔

Foetus/Fetus : (n) [L.fetus.] انڈے یا رحم میں پوری طرح نشو و نما پایا ہوا جنین ۔

Foetus at term : (n) (طب) جنین عند المیعاد ۔

Fog : (n) [Origin doubtful.] (۱) بخارات جو زمین پر یا زمین کے قریب فضا میں چھائے ہوئے ہوں ۔ (۲) وہ تاریکی جو ان بخارات سے پیدا ہو ؛ کُہر کی تاریکی یا دُھند ۔ (۳) کہر ؛ شب دود ؛ کہرا ؛ غبار ۔ (٤) فضا کی غیر معمولی تاریکی ۔ (٥) (تصویر کشی) وہ غبار یا دھندلاپن جو بڑی کی ہوئی تصویر کو تاریك یا دھندلا دے ۔

In a fog : حیران و ششدر (وہ حالت جب عقل کام نہ کرے یا کوئی بات بنائے نہ بنے) ۔

Fog : (n) [Origin unkown.] (۱) وہ گھاس جو پہلی فصل کٹ جانے کے بعد پیدا ہو جائے ۔ (۲) لمبی گھاس جو پانی کے اندر کھڑی چھوڑ دی جائے ۔ (۳) (اسکاٹستان) کائی ۔

Fog : (v) (۱) کہر کی طرح گھیر لینا : چھا جانا : حیران و ششدر کر دینا۔ (۲) (باغبانی) نمی یا رطوبت کی وجہ سے (درخت یا پودے کا) مر جانا۔ (۳) (فوٹو گرافی) تصویر کی پلیٹ کو تاریک یا دھندلا کر دینا۔ (٤) ریل کی پٹری پر پٹاخہ رکھنا۔ (٥) کہر یا دھند سے بھر جانا؛ کہر آلود ہو جانا؛ دھندلا ہو جانا۔

Fog : (v) (۱) چوپایوں کو Fog قسم کی گھاس کھلا کر پرورش کرنا۔ (۲) زمین کو اس حالت میں چھوڑ دینا کہ گھاس اس پر کھڑی رہے۔ (۳) (اسکاٹستانی) کائی سے بھر جانا۔

To fog off : نمی کی وجہ سے ضائع ہو جانا؛ تلف ہو جانا؛ برباد ہوجانا (زمین کاوی یا کھدائی وغیرہ)۔

Fog alarm/-bell/-gun/-trumpet/-whistle : (n) خراب یا کہر آلود موسم کی اطلاع دینےوالے مختلف آلات کےنام۔

Fog-bank : (n) گہری دھند یا کہر جو افق پر جمے ہوئے بادل کی طرح نظر آتی ہے؛ ساگر دھند؛ سراب بحر۔

Fog bow : (n) کہر کے ذرّات پر سورج کی شعاعوں کےاثر سے پیدا شدہ قوس قزح جیسی قوس؛ دھند دھنک۔

Fog circle : (n) دیکھو Fog bow

Fog horn : (n) کہر کی حالت میں جہازوں کو ہوشیار اور خبردار کرنے کےلئے جو بھونپو بجایا جاتا ہے۔

Fog ring : (n) کہر کا ٹکڑا جو دائرہ نما شکل میں ہو۔

Fog sickness : (n) (بیطاری) اپھارہ؛ نفخ معدہ۔

Fog signal : (n) (۱) (جہاز رانی) دوسرے جہازوں کو خبر دار کرنےکےلئے کہر آلود موسم میں بجایا جانے والا بھونپو یا کوئی ایسی ہی آواز۔ (۲) (ریلوے) کہر کی حالت میں ریل کی پٹری پر جو پٹاخہ اس غرض سے رکھ دیا جاتا ہے کہ اس کی آواز ڈرائیور کو خطرے سے آگاہ کر دے۔

Foge : (n) [Origin unkn.] ٹین کو گلانے یا پگھلانےکی بھٹی یا کار خانہ۔

Fog (e) ydom : (n) پرانے خیالات کے لوگوں کا طبقہ؛ پرانے لوگوں کے خیالات یا حالات؛ پراناپن؛ دقیانوسیت۔

Foggage : (n) (۱) (قانون) مویشیوں کا کھیتوں میں لگی ہوئی گھاس چرانا؛ ایسا کرنے کی رعایت یا حق۔ (۲) (اسکاٹستانی) کائی۔

Fogger : (n) (۱) وہ شخص جو ڈرائیور کو خطرے سے آگاہ کرنے کےلئے ریل کی پٹری پر پٹاخہ رکھتا ہے۔ (۲) (روزمرہ) دست فروش؛ پھیری والا؛ خوانچے والا۔ (۳) میخوں یا کیلوں اور زنجیر کی تجارت کرنے والا؛ اوسط تاجر۔

Fogger : (n) (روزمرہ) وہ کھیتیہر مزدور جس کا خاص کام مویشیوں کو چارہ دینا یا کھلانا ہو۔

Foggily : (adv.) مبہم طور پر؛ دھندلی سی حالت میں؛ غیر واضح انداز میں؛ کہر آلود ہو کر؛ دھندلے طور پر۔

Fogginess : (n) دھندلاپن؛ تاریکی؛ کہر آلودگی؛ پھیکاپن؛ بےلطفی۔

Foggy : (a) (۱) دھندلا؛ تاریک؛ کہر میں گھرا ہوا؛ کہرآلود؛ کہرآسا؛ کہر جیسا؛ کہر سےڈھکا ہوا؛ کہردار؛ (تصویر کشی) دھندلی؛ غیر واضح؛ غیرصاف۔ (۲) سراسیمہ؛ حیران؛ ششدر۔ (۳) مبہم جیسے بادل چھائے ہوئے ہوں۔ (٤) (ہوا، کہر، بادل وغیرہ) کثیف؛ گہرا؛ گھنیرا؛ تاریک؛ گھٹاٹوپ؛ دھندلی یا کہری؛ کہر جیسا؛ دھند سے بھرا ہوا؛ کہر سے بھرا ہوا؛ کہر آلود۔ (٥) (مجازاً) ماند؛ پھیکا؛ بےلطف؛ بے مزہ؛ ابتر؛ گڈ مڈ؛ تاریک؛ غبی؛ کند ذہن۔ (٦) ابر آلود؛ دھندلا؛ میلا میلا؛ غیرواضح؛ نیم تاریک؛ دھواں دھواں۔

Foggy idea : (n) (نفسیات) دھندلا خیال۔

Fogism : (n) پرانے لوگوں کا مخصوص طریقہ یاطرز عمل؛ دقیانوسیت۔

Fogle : (n) (عامیانہ) (ریشمی) رومال۔

Fogless : (a) صاف؛ بے ابر؛ بے کہر؛ بے ابر و باد۔

Fogy/Fogey : (n) [origin unkn.] (۱) (عموماً لفظ old کے ساتھ استعمال ہوتاہے) (ابتداءً اسکاٹستانی) پرانی وضع اور پرانے خیالات اور طرز کا آدمی؛ دقیانوسی خیال کا؛ ایسا آدمی جو زمانہ موجودہ کے خیالات اور طریقوں سے مانوس نہ ہو (بہت پیچھے ہو)؛ اگلے وقتوں کا یا پرانا آدمی خصوصاً پرانے فیشن یا پرانے خیالات والا۔ (۲) (اسکاٹستان) معذور سپاہی یا قلعے کی حفاظت پر مامور سپاہی۔

Foged: (a) کسی قدر پرانے خیالات کا (آدمی) ؛ قدرے دقیانوس ۔

Foh : Faugh کا متبادل ۔

Fohn : (n)[L.'favonius.'] کوہ آلپس کےشمال کی وادیوں میں بہنے والی گرم اور خشک جنوبی ہَوا ۔

Fohn wind : (n) (موسمیات) کوہی ہَوا ۔

Foible : (n) (۱) عیب ؛ نقص ؛ اخلاقی کمزوری ؛ کمی ؛ خرابی ؛ فقدان ۔ (۲) ایسی خصوصیت جس پر کوئی شخص بیجا اور غلط فخر کرے ۔ (۳) (پٹہ بازی) تلوار کے وسط سےنوک تک کا حصہ ۔

Foig : (n) (معدنیات) چھت کی دراڑ ۔

Foil : (n) (۱) شکست ؛ پسپائی ؛ ہار ؛ ہرا دینے والی چال ؛ ہرانے والا جھانسہ یا حیلہ ؛ توڑ دینے یا پسپا کر دینے والی مزاحمت (شاذ) ۔ (۲) پترا؛ ورق ؛ پتّی ۔ (۳) (تعمیرات) کمانچہ ۔ (٤) (کیمیا) ایک ورق ۔

Gold foil : (n) سونے کا ورق ؛ سونے کا طبق ۔

Silver foil : (n) چاندی کا ورق ؛ چاندی کا طبق ۔

Tin foil : (n) ٹین کا ورق ؛ ٹین کا پترا ۔

Foil : (n) وہ راستہ جدھر سے دوسری دفعہ شکار بھاگا ہوا گیا ہو ۔

To run (upon) the foil : ایک راستے پر دوسری دفعہ شکار کا بھاگنا (اور اس طرح شکاری کتوں کو چکرا دینا) ۔

Foil : (n) [Origin doubtful.] (۱) پھکیتی یا پٹے بازی میں استعمال ہونے والا ہلکا ہتھیار ؛ ایک قسم کی کھوٹی یا کند دھار والی چھوٹی تلوار جس کی نوک پر ایک بٹن لگا ہوتا ہے(تاکہ نوک سے زخم نہ لگے) ۔ (۲) (جمع) ہلکے ہتھیار یا مذکورہ تلوار سے پٹےبازی یا بنیٹی کی مشق ۔

Foil : (n) [OF. 'goil.'] (۱) (تعمیرات) کھڑ کی کا قوس یااوپر کی نوکوں کا درمیانی حصہ (فاصلہ) کمانچہ ۔ (۲) کسی دھات کو کوٹ کر یا بیل کر اس کے باریک اوراق بنانے کا عمل ۔ (۳) اس قسم کا ورق یا تختہ یا رنگ اور پارے کا مخروج جو منہ دیکھنےکے آئینےکے پیچھےاس کی آب وتاب بڑھانے کے لئے چپکا یا جاتا ھے یا بعض شیشے کے پیچھے (انعکاس کے لئے) لگایا جاتا ھے یا جواہرات اور رنگوں کے پیچھے یا بعد کو شفاف چیزوں کے پیچھے لگایا جاتا ھے تاکہ دیکھنے میں قیمتی پتھر معلوم ہو ؛ زنگار ۔ (٤) کوئی چیز جس کے مقابلے میں کسی دوسری چیز کی آب وتاب زیادہ نمایاں ہوجائے؛ کوئی چیز جس کے رنگ یا صفت کا تخالف دوسری چیز کو زیادہ صاف اور آراستہ کردے ۔ (٥) (نقابت) پتّے کا نشان ۔ (٦) کسی چیز کی پشت پر لگایا جانے والا مسالہ ؛ پشتہ ؛ روک ۔

Foil : (v) (۱) رنگ اور پارے کےممزوج سےیا دھات کےورق سے آب وتاب بڑھانے کے لئے کسی چیز کو تیار کرانا؛ درست کرنا ؛ بنانا ؛ آئینےمیں زنگار لگانا؛ جواہرات کی آب وتاب بڑھانے کےلئے ایسی ہی کوئی چیزلگانا۔ (۲) (تعمیرات) قوس (قوسین) بنا کر آرائش کرنا ۔

Foil : (v) [Irreg. repr. of'fuler,foler, fouler.] (۱) (شکار) شکاری کتوں کو بھگا دینے کے لئے ان کا راستہ کاٹ دینا تاکہ ان کو شکار کا سراغ نہ مل سکے؛ (جانور کا) ایک ہی راستے پر دوبارہ یا اس راستے کو کاٹتےہوئے بھاگنا (جس سے بو پر دوڑ نےوالے کتے چکرا جاتے ہیں یا بہک جاتے ہیں) ۔ (۲) مارکر بھگا دینا ؛ پسپا کر دینا؛ منصوبوں کو خاک میں ملا دینا ؛ روکنا ؛ مات دے دینا ؛ ہرا دینا ؛ شکست دینا ؛ چھکے چھڑا دینا ؛ چت کر دینا ؛ اُلٹ دینا ؛ باطل کر دینا ۔ (۳) ناکَام کر دینا؛ محروم کر دینا؛ نامراد کرنا؛ بےکار کر دینا ؛ مایوس کرنا؛ ہمت پست کرنا؛ مزاحم ہونا ؛ اڑ جانا ؛ مانع ہونا ؛ روکنا؛ چکر میں ڈال دینا؛ توڑ نا؛ مات دینا ۔ (٤) الجھ جانا یا الجھا دینا؛ خراب کر دینا ؛ گندہ کر دینا؛ آلودہ کر دینا ؛ ناپاک کر دینا ؛ نجس کر دینا ؛ میلا کرنا ؛ غلیظ کر دینا (بول چال) ۔

Foil-stone : (n) نقلی پتھر ؛ مصنوعی پتھر ؛ نقلی جواہرات ۔

Foiler : (n) مار بھگا دینے والا ؛ پسپا کرنےوالا ؛ شکست دینے والا ؛ (شکاری کتوں کو) چکر ادینے یا الجھا دینے والا ؛ مزاحم یا مانع ہونےوالا ؛ آلودہ یا ناپاک کرنے والا ۔

Foiling : (n) (۱) (شکار) (جانورکا) ایک ہی راستے پر دوبارہ چلنےیا اس راستے کو کاٹتے ہوئے گذرنے کا عمل؛ خصوصاً ہرن یا دوسرے جانوروں کی چال؛ گذر؛ رہگذر؛ نیز ہرن وغیرہ کی کھوج ؛ پیروں کے نشان ۔ (۲)پسپا کرنے، شکست دینے یا مار بھگا دینے کا عمل ؛ مزاحمت؛ شکست ؛ روک ؛ مات ؛ ناکامی ؛ نامرادی ؛ محرومی ؛ پسپائی ؛ الجھاؤ؛ آلودگی ؛ نجاست ۔

Foiling : (n) (۱) (شیشے) میں زنگار لگانے کا عمل یا طریق عمل ۔ (۲) (تعمیرات) قوسوں سے آراستہ کرنے کا عمل ؛ قوسی آرائش ؛ آرائشی قوس ۔

Foin : (n) [f. Foin, vb.] نوکیلے ہتھیار کا ہُولا یا وار؛ نوکدار ہتھیار کی ہُول (متروک) نیز مجازاً ۔

Foin : (v) [app. f. ofr. foine.] نوکیلے یا نوکدار ہتھیار سے ہُول مارنا یا وار کرنا ؛ تلوار بھونکنا ؛ خنجر اتارنا (جسم میں) ؛ بھالا بھونکنا، نیز مجازاً ۔

Foiningly : (adv.) نوکیلے ہتھیار سے ہُول مار کر ؛ خنجر بھونکتے ہوئے ۔

Foism : (n) (دینیات) چینی بدھ مت ۔

Foison : (n) [OF. 'foison,fuison.'] (۱) (قدیم) کثرت ؛ بہتات ؛ افراط ؛ وفور ؛ زیادتی ۔ (۲) بھر پور فصل ؛ کثیر پیداوار؛ وافر اُپج یا حاصل ۔ (۳) ارثی توانائی ؛ خلقی یا اصلی قوت ، طاقت ؛ کس ؛ بل ؛ زور ؛ مضبوطی؛ صلاحیت ؛ (جمع) وسائل ؛ ذرائع ؛ مالی طاقت (اب خاص کر اسکاتستان) ۔

Foist : (n) [Of. 'fust.'] بدبو ؛ سرانڈ ۔

Foist : (v) (بول چال) سڑجانا ؛ بدبو کرنا ؛ خراب ہو جانا ۔

Foist : (v) [Prob. ad. Bu. dial.'vuistem.'] (۱) ملاوٹ کرنا ؛ (کوئی بری چیز) ملا دینا ؛ بلا اجازت یا دھوکے یا چالاکی سے آمیزش کردینا ۔ (۲) ناقص اور خراب چیز (کسی کو) اچھی چیز بتا کردینا؛ اسی طرح دھوکا دینا ؛ نقلی چیز کسی کے سر تھوپنا ؛ گندم نما جو فروشی کرنا ۔

Foistied : (a) سڑا ہوا؛ پھپھوندی لگا ہوا؛ اُبسا ہوا؛ خراب؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ دقیانوسی ؛ بار خاطر ؛ ناگوارِ خاطر ۔

Foistiness : (n) سرانڈ ؛ بد بو ؛ پھپھوندی ؛ باسی پن ؛ فرسودگی؛ دقیانوسیت؛ بارخاطری؛ ناگواریت ۔

Foisity : (a) پھپھوندی لگا ہوا ؛ سڑا ہوا ؛ باسی ؛ بدبو دار ؛ اُبسا ہوا ؛ (مجازاً) فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ دقیانوسی ؛ بارخاطر ؛ ناگوار خاطر ۔

Fokker : (n) [f.] (۱) جرمن کا ایک خاص قسم کا آلہ ہَوائی ؛ جرمن کا یک سطحی جری طیارہ (جس کا انجن آگے کو ہوتا ہے) ۔ (۲) (اِے ۔ ایچ ۔ جی فوکر) ڈچ کے ایک مُوجد کا نام

Fold : (n) [OE. falaed] (۱) (عموماً) باڑا ؛ احاطہ (گھریلو جانوروں کےلئے) ۔ (۲) ایک باڑے یا احاطے کی بھیڑیں ۔ (۳) (استعارتاً) (کلیسا) ایک ہی عقیدے یا مذہب کے لوگوں کی جماعت ۔

Sheep fold : بھیڑوں یا بکریوں کا باڑ یا احاطہ جس میں انہیں بند کیا جاتا ہے ۔

Fold : (n) (۱) کسی لچکدار یا ملائم چیز کا موڑ ؛ خم ؛ تہ ؛ جھکاؤ ؛ شکن ؛ بل ؛ رسی یا رسیوں کابل ؛ لڑ ؛ (مجازاً) رجحان ؛ میلان ۔ (۲) دو تہوں کے درمیان خالی جگہ ؛ خلا ۔ (۳) پہاڑ کا خلا کونا یا گوشہ ۔ (٤) سانپ کی کنڈلی ؛ ڈور اور رسی وغیرہ کا چکر ؛ گولا ؛ لچھا ۔ (٥) مڑی ہوئی یا موڑی جانے کے لائق چیز ؛ دروازے کا مڑنے والا پٹ ۔ (٦) موڑنے یا موڑے جانے کا عمل ۔ (۷) موڑنے سے بنا ہوا نشان ؛ شکن ؛ بل ۔ (۸) (غلط طور پر) بار؛ گنا؛ چند؛ مرتبہ ؛ تکرار مثلاً دوگنا، تین گنا Three fold ، Two fold, وغیرہ) ۔

Hills folded in mist : کُہر سے ڈھکی ہوئی پہاڑیاں ۔

She carried it in a fold of her dress : وہ اپنے لباس کی تہ میں لپیٹ کر (چھپا کر) لے گئی ۔

Three fold : تین گنا ؛ سہ چند؛ تین بار ؛ تین مرتبہ ۔

Two fold : دوگنا ؛ دو چند ؛ دوبارا ؛ دو مرتبہ ۔

Two fold charm : دوہری موہنی ؛ دوقسم کی خوبیاں ؛ دوہرا فائدہ ؛ دوہری کشش ۔

Fold : (v) [OE. 'fealdan.'] (۱) (کپڑا وغیرہ) تہ کرنا؛ کسی نرم یا لچکدار چیز کو دوہرا کرنا ؛ لپیٹنا ۔ (۲) باہیں یا بازو لپیٹنا (کولی بھر لینا)؛ (کسی چیز کے چاروں طرف) لپٹانا ؛ لپیٹنا ؛ چپٹانا؛ چپٹنا ۔ (۳) یکجا(کسی کے ساتھ لپٹنا)؛ لپٹا لینا؛ گلےلگا لینا ؛ سینے سے لگا لینا ؛ بازوؤں میں لےلینا؛ یا بھر لینا ۔ (٤) ہاتھ جوڑنا؛ ہاتھ ملانا؛ ہاتھ باندھنا (دونوں ہاتھوں کو سینے پر اس طرح رکھنا کہ ایک دوسرے کو ڈھک لے) ۔ (٥) لپٹی ہوئی یا تہ کی ہوئی چیز کو دوہرا کرنا ؛ تہ ہو جانےیا مڑجانے کے قابل ہو جانا ؛ مڑ جانا ؛ تہ ہو جانا ۔ (٦) تہ یا تہوی (لفافے) میں بند کرنا ؛ لپیٹنا (کاغذ وغیرہ میں کسی چیز کو) ؛ ملبوس کرنا ؛ محفوظ کرنا ؛ کپڑوں چادر وغیرہ میں لپیٹنا ؛ کسی چیز پر لپسی باندھنا یا پٹیوں

میں لپیٹنا؛ کسی شخص، شے یا مسئلے کو کپڑے، ربر، شعلے یا اسرار سے) ڈھک لینا ؛ لپیٹ لینا ؛ چھپا دینا ؛ (In کے ساتھ)۔

To fold a person in one's arms/-to one's breast : گلے لگا لینا ؛ سینے سے لگا لینا ؛ بازؤں میں بھر لینا ۔

To fold back : (v) کسی چیز کے ایک حصے کو پیچھے جھکا دینا یا موڑ دینا ۔

To fold down : (v) کسی چیز کے ایک حصے کو نیچے جھکا دینا یا موڑ دینا ۔

To fold in/-over/-together : (v) تہ کرنا ؛ دوہرانا ؛ موڑنا ؛ لپیٹنا ؛ ایک ساتھ لپیٹنا ؛ بل دینا ؛ شکن آلود کرنا ۔

To fold up : (v) تہ کرکے زیادہ کسا ہوا اور مختصر بنا دینا ۔

Fold : (v) (۱) کسی زمین کو کھاد دینے کی غرض سے اس پر بکریوں اور بھیڑوں کا باڑا بنا دینا ۔ (۲) بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنا (نیز مجازاً)۔

Fold : (suffix) [OE.-'feald.'] (لاحقہ) چند ؛ گنا ؛ (صفت بنانے والا لاحقہ جو اعداد یا تعداد کے ساتھ خاص کر ریاضیاتی اصناف یا حاصل ضرب کے طور پر کام کرتا ہے، علمی استعمال میں یہ حاصل ضرب متعلق فعل یا نیم رسمی معنی دیتا ہے)۔

Repaid ten fold : (قرض یا احسان) دس گنا ادا کیا گیا ۔

Ten fold : دس گنا ؛ دہ چند ؛ دس بار ؛ دس مرتبہ ۔

Fold away : (n) تہ ہو جانے والا ؛ مڑجانے والا ؛ مڑکر چھوٹا ہو جانے والا ۔

Fold away bed : (n) تہ ہو جانے والی چوکی یا چارپائی ۔

Fold away doors : (n) تہ ہوجانے یا سمٹ جانے والا دروازہ ۔

Fold-garth /-yard : (n) احاطہ ؛ باڑا (گھریلو جانوروں کے لئے)۔

Fold mountain : (n) ایسا پہاڑ جس کی بیشتر چٹانیں پرت دار یا تہ بہ تہ ہوں ۔

Folder : (n) (۱) کاغذ وغیرہ کی تہ کرنے والا یا موڑنے والا آلہ ؛ تہ کرنے والا (شخص یا آلہ)۔ (۲) (امریکا) (جمع) صرف تہ کئے ہوئے چھوٹے اشتہارات وغیرہ (جو سلے ہوئے نہ ہوں)۔ (۳) تہ ہوجانے والی عینک (چشمہ)۔ (٤) پوشہ ؛ لفاف ۔

Folder : (n) بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنے یا ان کی نگرانی کرنے والا ؛ بھیڑوں کا گلہ بان ؛ گڈریا ۔

Folderol : (n) (۱) غیر عملی؛ غیر ضروری ؛ زائد؛ زائد ریشہ یا حاشیہ ؛ خوشی مگر فضول یا بیکار ؛ غیرضروری آرائش؛ نمائشی زیور؛ دکھاوے کی چیز۔ (۲) بیہودہ بات؛ غیرضروری گفتگو، بیہودہ حرکتیں، خفیف الحرکتی یاوہ گوئی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بکواس ۔

Folderol : (v) (۱) غیر ضروری آرائش کرنا ؛ غیر ضروری اور غیر عملی ہونا ۔ (۲) بیہودہ گفتگو کرنا ؛ خفیف الحرکتی کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بیہودہ اور بے معنی نغمہ سرائی کرنا ۔

Folding : (n) تہ کرنے سے جو نشان پڑجاتا ہے؛ شکن؛ موڑنے والا؛ تہ کرنے والا؛ بل دینے والا؛ شکن آلود کرنے والا ؛ مڑجانے والا ؛ مڑ سکنے والا ؛ موڑا جانے والا؛ تہ کرنے سے مختصر یا چھوٹا ہو جانے والا ؛ نرم ؛ لچکدار؛ لوچ دار؛ (ارضیات) الفاف ۔

Folding box/-carton : (n) کارٹون ؛ کاغذ کا بنا ہوا مُڑنے والا بکس جو خالی حالت میں مُڑا ، چپٹا اور ذرا سا ہوجاتا ہے ۔

Folding break : (n) دھات کی باریک چادروں کے کناروں کو موڑنے والا ایک پرزہ یا آلہ ۔

Folding doors : (n) دروازہ کے ٹوٹواں پٹ جو تہ ہوجاتے ہیں اور دونوں پاکھوں (دروازوں کے پہلو کے دونوں ستونوں) پر جڑے ہوتے ہیں ۔

Folding money : (n) تیار رقم؛ مہیا رقم؛ خطیر یا کثیر رقم ؛ بڑی مقدار میں روپیا پیسہ ؛ کاغذی رقم ؛ نوٹ ؛ ہُنڈیاں ۔

Folding stair : (n) مُڑجانے والی سیڑھی ؛ پیچ دار زینہ جسے حسب ضرورت لگایا یا ہٹا یا جا سکے ۔

Folding star : (n) شام کا ستارہ (کیونکہ بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنے کا وہی وقت ہوتا ہے)۔

Folding strength : (n) کاغذ کی صلاحیت خمیدگی ؛ بغیر پھٹے ہوئے مکرر موڑے جانے کے باوجود درست حالت میں رہنے کی (کاغذ کی) صلاحیت ۔

Foldless : (a) بغیر باڑے یا احاطے کا ؛ کھلا ہوا ۔

Foldless : (a) بے شکن ؛ بے خم ؛ بے جھکاؤ ؛ بغیر موڑ والا ؛ غیر ملفوف ؛ کھلا ہوا ؛ بغیر موڑا ہوا ۔

Folia : (n)[L.pl.of 'foluim.'] (۱)(نباتیات) (پودوں کی) پتیاں ؛ درختوں کی پتیاں ؛ درختان گیاہ وغیرہ ؛ اوراق ۔ (۲) پتری ؛ ورق ؛ طبق ؛ تہ ؛ ریشہ ؛ قشر ؛ چھلکا ؛ پرت ۔

Folia : (n) [Pg. f. Prov.f.'fol.'] عیسائی تہواروں میں ہونے والا ایک پرتگالی رقص جس میں شوروغل بہت ہوتا ہے ۔

Foliaceous : (a) [L.f.'folium.'] (۱) مثل پتے کے ؛ پتے جیسی شکل یا ماہیئت والا ؛ جس چیز کے تجسیمی اجزا ہوں جیسے پتے کے ہوتے ہیں ؛ برگ دار۔ (۲) پتوں کا ؛ پتوں سے متعلق ؛ برگی ؛ ورقہ ؛ ورقہ نما؛ برگ آسا؛ برگ ۔ (۳) کچل کر یا کوٹ کر پتلا کئے جانے کی حالت میں ؛ پتلا کیا ہوا؛ ورق بنا ہوا ۔ (٤) پتیوں کی مثل اعضا رکھنے والا (غیر پھول دار پودا) ۔ (٥) پتے جیسےباریک ورق یا پرت کی خصوصیت کا حامل یا اس پر مشتمل ۔ (٦) (حیوانیات، حشریات) پتوں جیسا بنایا ہوا؛ ورق ورق کیا ہوا ؛ پتوں کی طرح ترتیب دار یا سجایا ہوا ۔ (۷) باریک طبقوں یا پتوں پر مشتمل (کوئی معدنی شے) ؛ پتے یا ورق کی شکل ۔

Foliaceousness : (n) برگیت ؛ ورقیت ؛ تہ داری ؛ تہ بہ تہ ہونے یا برگ نما ہونے کی صفت یا حالت ۔

Foliage : (n) [F.'feuillage.'] (۱) پتے ؛ برگ ؛ اوراق ؛ پتوں کی کثرت (کسی درخت یا پودے کے) پتے (مجموعی) پتوں کا مجموعہ ۔ (۲) پتوں ، پھولوں اور شاخوں کا گچھا یا خوشہ ؛ خوشہ٭ شاخ و برگ و گل ۔ (۳) (فن) آرائش یا زیبائش کے طور پر پتوں یا پتیوں ، پھولوں ، شاخوں یا پھولوں اور پتیوں والی نرم نازک ٹہنیوں کا نقشہ یا خاکہ ؛ بیل بوٹا ۔

Foliage : (v) پتوں یا پتیوں سے آراستہ کرنا ؛ پھولوں اور پتیوں کے نقش و نگار سے آراستہ کرنا ۔

Foliage leaf : (n) پتّا (جس میں پنکھڑی یا دوسری متغیر شدہ پتیاں شامل نہیں ہیں) ۔

Foliage pattern : (a&n) بیل بوٹے دار ڈیزائن ۔

Foliage plant : (n) (۱) جو درخت یا پودا صرف پتوں اور سبزے کیلئے پرورش کیا جائے نہ کہ پھولوں کیلئے ؛ برگی پودا؛ بے گل پودا ۔ (۲) آرائشی خوشنما پتیوں والا ایک پودا جسے پہلےلگایا جاتاتھا ۔

Foliage region : (n) (نباتیات) برگی حصہ ۔

Foliaged : (a) (۱) برگ و گل سے مزین ؛ پتوں کے نقش ونگار سے آراستہ یا مزین ۔ (۲) (قدرتی) پتوں سے ڈھکا ہوا یا بھرا ہوا ؛ پتوں والا ؛ برگ دار؛ اوراق دار ۔

Folial : پتوں کا ؛ پتوں کےمتعلق ؛ برگ مانند؛ برگ آسا ؛ برگی پتوں کی نوعیت یا ماہیئت کا ۔

Foliar : (a) دیکھو Folial

Foliar gap : (n) پتے میں وہ جگہ جہاں سےریشوں کا ایک یا کئی لچھا گذرتا ہو ۔

Foliate : (a) [L.'foliatus.'] (۱) پتے کی طرح ؛ برگ مانند ؛ ورقہ شدہ ؛ ورق آسا ؛ برگ نما؛ مثل برگ ۔ (۲) (نباتیات) برگ دار ؛ پتیوں والا ؛ جس میں پتیاں لگی ہوں ؛ اوراق دار ۔ (۳) مخصوص پتیاں رکھنے والا ۔ (٤) چوٹی چھوٹی (بہت ساری) پتیاں رکھنے والا ۔

Five foliate : پنج برگی؛ پانچ پتیوں والا ؛ پنج پتیا ۔

Foliate : (v) (۱) ورق کر دینا ؛ پرت بنا دینا ؛ پرت پرت ہو جانا؛ اوراق میں تقسیم کر دینا؛ ورق ورق ہو جانا یا کر دینا۔ (۲) محراب یا دروازے کی پیشانی کو پتوں جیسے نقوش سے آراستہ کرنا۔ (۳) کتابوں کےاوراق پر(صفحات پرنہیں) مسلسل نمبر ڈالنا ؛ ٹوٹ کر پتوں یا ورقوں میں بکھر جانا۔ (٤) (آئینےپر) رنگ اور پارے کا ممزوج چڑھانا ؛ زنگار لگانا ۔ (٥) پتیاں پھوٹنا؛ پتیاں نکلنا ؛ پتیاں آنا ؛ کونپلیں لانا؛ کونپلیں نکالنا ۔

Foliate curve : (n) (جیومیٹری) برگ مانند انحنا ؛ دوسرے درجے کی ایک انحنا جس میں ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی دو لامتناہی شاخیں ہوتی ہیں اور جن سے پتی کی ایک شکل بنتی ہے ۔

Foliated : (a) (۱) (خاص کر ارضیات و معدنیات) ورقہ ورقہ طبق در طبق ؛ تہ بہ تہ ؛ پرت در پر ت ؛ تہ بہ تہ پرتوں سے مرکب ۔ (۲) پتےیا پتوں کی شکل کا ؛ برگ آسا ؛ برگ مانند ؛ برگ جیسا ۔ (۳) (تعمیرات) برگ مانند قوسوں سے

مزین یا آراستہ ؛ برگ کاری کیا ہوا ؛ برگ آسا قوسوں سے بنا ہوا ۔ (٤) برگ دار؛ حامل برگ ؛ پتوں یا پتیوں پر مشتمل ؛ پتوں والا ؛ پتیاں لگا ہوا ؛ پھول پتے دار ۔

Foliated Arch : (n) سہ برگی؛ پنج برگی یا کثیر برگی مقدار ۔

Foliated capitals : (n) پھول پتے دار ستون ۔

Foliated structure : (ارضیات) ورقی ساخت ؛ پرت ساخت ۔

Foliation : (n) [f. foliate. a.] (١) (تعمیرات) محراب یا دروازے کی پتیوں سے آراستگی؛ چھوٹی چھوٹی قوسوں یابرگی محرابوں پرمشتمل نقاشی یا آرائش ۔ (٢) ورق شماری؛ اوراق پر نمبر ڈالنے کا عمل ؛ ورق بندی ۔ (٣) (درختوں پر) پتے نکلنے کا عمل ؛ برگ داریت ؛ برگ دار ہونے کی حالت ۔ (٤) (نباتیات) اوراق کی ساخت یا ترتیب ؛ موسم بہارمیں شگوفے کے اندر اوراق بننے کا عمل ؛ یا نموئے برگ ؛ برگاؤ ؛ پتیاؤ ۔ (٥) (دھات کو) پیٹ کر یا طبق بنانے کا عمل ؛ ورق سازی ؛ طبق سازی ۔ (٦) (ارضیات) پتوں کی طرح تہ بہ تہ الگ ہونے یا ٹوٹنے کی خاصیت یا عمل ؛ پرت پرت یا ورق ورق ہونے کی خاصیت یا عمل ؛ نیز وہ پرت یا ورق جس میں شفّاف یا بلوری چٹانیں منقسم ہوتی ہیں ۔ (٧) زنگاری آئینہ ؛ شیشہ پر زنگار لگانے کا عمل ۔

Foliato - : (comb.) [f. L. 'foliatus.'] جزو ترکیبی بمعنی ؛ پتے کی طرح بنا ہوا ۔

Foliator : (n) کتاب کے اوراق پر سلسلہ وار نمبر لگانے والا ۔

Foliature : (n) [Late .L.'foliatura.'] (١) پتوں یا پتیوں کا گچھا؛ نیز پتیوں کی آرائش ۔ (٢) پیٹ کر ورق یا طبق بنائے جانے کی حالت : (نباتیات) شاخ و برگ : برگیت ۔

Folic acid : (n) (کیمیا) فولک ایسڈ ؛ وٹامن بی ۔

Folicole : (n) برگ باش ۔

Folie : (n) (طب، نفسیات) جنون ؛ اختباط ۔

Folie circulaire : (n) (نفسیات) جنون دوّار ۔

Folie de grandeur : (نفیسات) اختباط عظمت ۔

Folie gemellaire : (طب) جنون توامی ۔

Foliicolous : (a) [f.L.folii- +col-.] پتوں پر طفیلی طور سے پیدا ہونے یا نشو ونما پانے والا ۔

Foliiferous : (a) برگ آور؛ جس سے پتیاں نکلیں یاپیدا ہوں ۔

Foliiform : (a) پتے کی شکل کا ؛ برگ نما ؛ برگ آسا ؛ برگ مانند ؛ پتے جیسا ۔

Foliiparous : (a) (نباتیات) غیر پھول دار درخت یا پودا ؛ صرف پتیاں پیدا کرنے والا ۔

Folily : (a) پُر از حماقت ؛ احمقانہ ؛ بے وقوفانہ ۔

Folio : (n) [L.'folio.'] (١) کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگایا گیا ہو ۔ (٢) (محاسبی) بہی کھاتہ وغیرہ کے دو صفحے بالمقابل جن پر ایک ہی وقت میں اندراجات کئے جائیں یا ایک ہی صفحہ جس پر دونوں طرف کا (لین اور دین) حساب لکھا جائے ۔ (٣) (طباعت) چھپی ہوئی کتاب کے صفحات کے نمبر ۔ (٤) کاغذ کا ایک مکمل سائز والاتختہ جس کی صرف ایک تَہ بنائی گئی ہو؛ نیز مجازاً ۔ (٥) بڑی سے بڑی تقطیع کی جلد یا کتاب ؛ ایک بار موڑے ہوئےکاغذ کے تختوں پر مشتمل کتاب یا جلد؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔ (٦) (قانون) کسی دستاویز کے مضمون کی طوالت کا اندازہ کرنے کےلئے لفظوں کی ایک معینہ تعداد (انگلینڈ میں ٧٢ یا ٩٠ اور امریکا میں عموماً سو) جسے ایک اکائی کے طور پر شمار کیاجاتا ہے۔ (٧) کاغذ کا وہ تختہ جسےایک بارموڑا گیا ہو ۔ (٨) (تجارت) صفحہ ۔

In folio : صرف ایک بار موڑے ہوئے بڑی تقطیع کے تختے کی شکل میں؛ کاغذ کے تختے کی صرف ایک تہ کر کے اس تقطیع پر جو کتابیں لکھی یا چھاپی گئی ہوں؛ اس قسم کےاوراق کی جلدیں ۔

Folio : (a) ایک بار موڑے ہوئے تختے یا تختوں کا بنا ہوا ؛ فولیو کی تقطیع والا ؛ فولیو کی تقطیع میں ۔

Folio : (v) صفحات پر نمبر لگانا؛ (کسی کتاب وغیرہ) کے اوراق پر سلسلہ وار نمبر لگانا ۔

Folio branchiate : (a) (حیوانیات) برگ خیشونی ۔

Folio ledger : (n) (تجارت) صفحہ کھاتہ ۔

Folio making : (n) جز بندی ۔

Folioing : (n) (تجارت) اندراج کھاتہ ۔

Foliolate : (a) کاغذ کےایک بار موڑے ہوئےتختوں یا دو ورقی رسالوں کا، اُن سے متعلق یا اُن پر مشتمل ؛ (نباتیات) برگچھ دار ؛ پتیاں دار ۔

Foliole : (n) [L.foliolum.] (۱) (نباتیات) مرکب پتے کا تقسیم شدہ ٹکڑا یا حصہ ؛ چھوٹا پتا ؛ کونپل ؛ پتی ؛ برگچھ ۔ (۲) (حیوانیات) پتی نما چھوٹا زائدہ ۔

Foliolum : دیکھو Foliole

Foliose : (a) [L.'foliosus.'] پتوں بھرا ؛ برگ دار ؛ پُر برگ ؛ پتوں سے بھرا ہوا ؛ گنجان برگہ ۔

Foliosity : (a) پتوں سے بھرا ہونے کی حالت ؛ پرُ برگیت ؛ برگ داری ۔

Folious : (a) پتوں بھرا ؛ پُر برگ ؛ برگ دار ؛ پتوں کی نوعیت یا فطرت کا ۔

Folium : (n) [L.] (۱) ایک بار موڑاہوا کاغذ کا تختہ ؛ فولیو ۔ (۲) (ہندسہ) مرکزہ دار انحنا کا ایک محدود حلقہ جس کے دونوں سرے ایک ہی مرکز یا نقطے پر ختم ہوتے ہیں ۔ (۳) (ہندسہ) حقیقی نقطہ٭ مماس اور لامتناہی پر ایک حقیقی گردان والی سادہ، مرکزہ دار، مکعب نما انحنا ۔ (٤) برگ ؛ پتا ؛ ورقہ ؛پات ۔

Folium of descartes : (n) (ہندسہ) حقیقی نقطہ٭ مماس اور لامتناہی پر ایک حقیقی گردان والی سادہ، مرکزہ دار مکعب نما انحنا ۔

Folk : (n) [OE.'fole.'] (۱) ایک قوم؛ عوام ؛ ملت؛ نسل ؛ خیل ؛ گروہ؛ قبیلہ (متروک) ۔ (۲) (جمع)لوگ؛ بالعموم خاص طبقے کے لوگ ۔ (۳) برادری ؛ ملت قوم ؛ عوام کی وہ جماعت جو کسی برتر ہستی (مثلاً رسول ؛ بادشاہ) کے ماتحت ہو ؛ عوام کالانعام ؛ عوام الناس ؛ عوام (متروک) ۔ (٤) بنی نوع انسان (خاص کر بول چال میں) ۔ (٥) (جمع) اقرباء؛ اہل خاندان؛ والدین؛ بچےاور رشتہ دار ۔ (٦) لوگ ۔

Folk art : (n) (تاریخ) لوک کلا ۔

Folk-belief : (n) عقیدہ٭ عوام ؛ عقیدہ٭ ملت ؛ عام لوگوں کا عقیدہ؛ عقیدہ٭ عوام؛ اعتقاد عامہ؛ لوک وشواس؛ لوک دھرم ؛ لوک عقیدہ ۔

Folk culture : (n) لوک ثقافت ۔

Folk-custom : (n) عام لوگوں کا رواج ؛ لوک ریت ۔

Folk-dance : (n) لوک ناچ ؛ لوک رقص ؛ عوامی رقص ۔

Folk-ethics : (n) عوامی اخلاقیات ۔

Folk-etymology : (n) عوام کے الفاظ کی وجہ٭ تسمیہ کو غلط طور سے سمجھ کر انکو بگاڑنا یا بدل دینا ؛ عوام کے ذریعہ کی گئی الفاظ کی وہ تبدیلی جواُنہیں کوئی معنی دینے کےلئےکی جاتی ہے؛ الفاظ کو نئے معنی دینے کےلئے اُن میں کی گئی عوامی تبدیلی؛ (فلسفہ)عوامی اشتقاقیات ۔

Folk free : (a) ایک آزاد شخص کے حقوق کاحامل ؛ جسے ایک آزاد شخص کے حقوق حاصل ہوں ۔

Folk land : (n) (تاریخ) حق ملکیت کی ایک مخصوص قسم کےتحت حاصل زمین کو ظاہر کرنے والی، قدیم انگریزی قانون کی ایک اصطلاح (Boon land کے برعکس) ؛ قبائلی زمین ۔

Folk-laws : (n) عوامی قانون ؛ لوک قانون ۔

Folk-leasing : (n) (انگریزی قانون) عوامی جھوٹ ؛ عوامی دروغ گوئی؛ کذب عام؛ عام افتراع؛ عام بہتان؛ عوامی اتہام ؛ تہمت عامہ ؛ عوام کی طرف سے جھوٹا الزام ۔

Folk-literature : (n) عوامی ادب ؛ لوک ساہتیہ ۔

Folk-lore : (n) (۱) متداول روایات وعقائد جو عام لوگوں میں راسخ ہوں؛ رسوم وعقائد؛ اجدادی ۔ (۲) ان کا علمی مطالعہ ۔ (۳) (تاریخ) عوامی حکایتیں ؛ لوک کتھائیں ؛ لوک اساطیر ۔

Folk -mind : (n) عوامی ذہن ۔

Folk myth : (n) لوک دیومالا ؛ عوامی توہمات ؛ اساطیر ۔

Folk-name : (n) عوامی نام ؛ لوک نام ؛ قومی نام ۔

Folk play : (n) عوامی کھیل ؛ لوک ناٹک ؛ عوامی ناٹک ۔

Folk right : (n) [OE.'fokright.'] (تاریخ) حقوق اجتماعی ؛ قانون عام ؛ عوامی حق ؛ وہ اقرار جس کے تحت ہر آزاد شخص ایک آزاد انسان کی حیثیت سے اپنے حقوق سے استفادہ کرتا ہے ۔

Folk society : (n) لوک سماج ۔

Folk-song : (n) لوک گیت ؛ عوامی گیت ۔

Folk-speech : (n) عوامی بول چال ؛ لوک بھاشا ۔

Folk-story/-tale : (n) عوامی کہانی ؛ لوک کتھا ۔

Folk-says : (n) لوک ریت ۔

Folkmoot/Folkmote : (n) انجمن شہر؛ کسی قصبےیا شہر کے عوام کی ایک عام انجمن ؛ (تاریخ) جرگہ ؛ عوامی اجلاس ۔

Folkmooter : (n) مقامی سیاستداں ۔

Follicle : (n) [L.'folliculus.'] (۱) کیس ؛ چھوٹا سا چھالا ؛ تھیلی ؛ غدود ؛ تھیلی کا سا؛ غیشائی ظرف جو حیوانی اور نباتی اجسام میں ملتا ھے؛ لمفی یا زُلالی گلٹی جو تھیلی کی شکل میں ترتیب دی ھو اور لمفائڈ نسیجوں پر مشتمل ھوتی ھے ۔ (۲) درختوں کی پھلی جس میں بیج ھوتے ہیں؛ (نباتیات) ایک قسم کا پھل جو ایک ہی بفچے پر مشتمل ھوتا ھے اور صرف شکمی درخت کے ذریعہ کھلتا ھے (قبل) کوئی بھی کھوکھلا یا غلافی پھَل ۔ (۳) ھَوا سے پھولا ھوا کوئی چھوٹا تھیلا یا پھُکنا؛ بُلبلا ۔ (٤) (حشریات) کویا (ریشم کے کیڑے کا گھر) ؛ پُھلی؛ تخم دان ؛ (حیوانیات) غدہ ؛ گلٹی ۔

Follicular : (a) کیسوی ؛ کیسہ دار ؛ کسیہ نما؛ غدودی ؛ لمفی غدود پرمشتمل یا اُن سے بنا ھوا ؛ لمفی غدود کے مشابہ یا اُنکی فطرت کا ؛ (مرضیات) کسی مخصوص عضو کے لمفی غدود یا کیسوں کو متاثر کرنے والا ۔

Folliculated : (a) کیس دار ؛ بلبلا دار ؛ تھیلی دار ؛ کویادار ؛ کو یا کے اندر بند ۔

Folliculitis : (n) (مرضیات) لمفی غدود یا کیسوں کی سوزش اور ورم ؛ ورم جرابی ۔

Folliculoma : (n) (طب) جرابی سلعہ ۔

Folliculose/Folliculous : (a) لمفی غدود سے بھرا ھوا ؛ لمفی غدود کا حامل ؛ کیسہ دار ؛ کیسہ نما؛ تھیلی نما؛ لمفی یا زلالی غدود کی شکل یا فطرت کا ۔

Follow : (n) [f.next. v.] (۱) پیروی ؛متابعت ؛نتیجہ ؛ تعاقب ؛ اتباع ۔ (۲) (بلیرڈ) ایسی ضرب جس سے کھلاڑی کی گیند نشانے پر رکھی ھوئی گیند سےٹکرانے کے بعد اُس کےپیچھے پیچھے جاتی ھے ۔(۳) (کرکٹ) کسی ٹیم کا ایک دفعہ کھیل کر اور حریف کےمقابلے میں بہت کم رن بنا کر دوبارہ کھیل کےلئے میدان میں جانا ۔ (اس کےلئے Follow on بھی استعمال ھوتا ھے) ۔ (٤) (گولف) گیند کو مارنے کے بعد اُسے مسلسل مارتے ھوئے ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچا دینا (اس کے لئے Follow through بھی استعمال ھوتا ھے) ۔

As follows : ایک تمہیدی فقرہ بمعنی حسب ذیل ؛ مندرجہ ذیل ۔

His arguments are as follows : اس کے دلائل حسب ذیل ہیں ۔

It follows that he was not there : اس سےیہ نتیجہ نکلتا ھے کہ وہ وہاں نہیں تھا ۔

Trade follows the flag : تجارت جھنڈے (حکومت) کے پیچھے پیچھے چلتی ھے، (حکومت کا لازمی نتیجہ تجارت کی وسعت ھے) ۔

Follow : (v) [OE.falzian, Fylan.'] (۱) کسی متحرک چیز یا شخص کے پیچھے آنا ؛ بہ ترتیب وقت و مقام ؛ مسلسل یا ترتیب ۔ (۲) کسی کےساتھ جانا ؛ خدمت کرنا (کسی شخص کی) خوبیوں کا دلدادہ ھو کر اس کے پیچھے جانا؛ اس کا اتباع کرنا ؛ پیروی کرنا ؛ کسی کے پیچھے آنا ۔ (۳) (کسی بات کا)نتیجہ نکلنا ؛ لازمی نتیجہ پیدا ھونا یا نتیجے کے طور پر واقع ھونا ۔ (٤) کسی معاملے میں مبتلا ھونا ۔ (۵) (کسی بات کی) کوشش کرنا ؛ مقصد کو حاصل کرنے کےلئے جدو جہد کرنا۔ (٦) (کسی کو) اپنا رہنما اور سردار مان لینا ؛ اس کی اطاعت کرنا ؛ اس کےخیالات واغراض کو اختیارکرلینا ۔ (۷) کسی پیشہ کو اختیار کر لینا ۔ (۸) مقرر کے دلائل یا تقریر کے معنی پر حاوی ھو جانا یا اس کی ذہنیت کا اتباع کرنا ؛ (کسی شخص یا چیز کے) پیچھے چلنا یا آنا ۔ (۹) بلحاظ ترتیب ایک چیز کےبعد دوسری چیزکا آنا؛ واقع ھونا۔ (۱۰) کسی بات یا واقعہ سے کسی بات یا واقعہ کا ظہور میں آنا ۔ (۱۱) کسی چیز(بات یا واقعہ) کا ایسا ھونا جس سے کوئی نتیجہ نکالا جا سکے ۔ (۱۲) (بلیرڈ) کھلاڑی کی گولی کا دوسری گولی سے ٹکرا کر اسی کے ساتھ ساتھ چلا جانا ۔ (۱۳) کسی کےساتھ پیشوا، رہنما یا آقا جیسا سلوک کرنا یا اُسے ایسا سمجھنا ۔ (۱٤) کسی کی بزرگی یا اقتدار کو قبول کرنا یا اُس کی مثال پکڑنا ؛ کسی مقصد یا رائے کی حمایت کرنا ۔ (۱۵) (کسی مثال مشورے وغیرہ) پر یا

اُس کے مطابق عمل کرنا ؛ اتباع کرنا ؛ متبع ہونا ؛ نمونہ پکڑنا ؛ مثال سامنے رکھہ کر اس کی پیروی کرنا ؛ تقلید کرنا۔ (۱٦) (کسی طرززندگی وغیرہ کو) اختیار کرنا؛ عمل میں لانا؛ (کسی روش پر) چلنا؛ خصوصاً کوئی پیشہ اختیار کرنا ۔ (۱۷) (کسی متحرک یا چلتی ہوئی شے) کےراستےیا اُس کی پیش رفت پر نگاہ رکھنا ؛ (کسی دلیل، سلسلہ خیالات وغیرہ کو) قائم رکھنا؛ جاری رکھنا ۔(۱۸) کسی کے پیچھے آنا یا جانا ؛ ایك ہی سمت میں پیچھے پیچھے چلنا؛ کسی کے ساتھہ ساتھہ آنا ؛ بڑھنا ؛ (کسی راہ ، روش وغیرہ پر) قائم رہنا، چلتےرہنا؛ بڑھتے جانا (ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔ (۱۹) (سلسلےمیں کسی چیز کے) بعد آنا؛ جانشیں ہونا (کسی بھی جگہ پر) کسی فرمانروا کے بعد تخت پر بیٹھنا ۔ (۲۰) (مجازاً) ساتھہ ساتھہ چلنا یا واقع ہونا ؛ کسی بات کا نتیجہ ہونا؛ متعاقب ہونا ؛ کسی کی تلاش میں جانا ؛ جالینے کی کوشش کرنا ؛ تعاقب کر نا ؛ تلاش کرنا ؛ پیچھا کرنا ؛ تعاقب میں جانا (کسی شے کی) تلاش میں نکلنا یا جانا ۔

To follow after : رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ احاطہ کرنا یا ذہن نشین کرنےکی کوشش کرنا ؛ پورا کرنے یا پا یہء تکمیل تك پہنچانے کےلئے سعیء بلیغ کرنا ۔

To follow in his steps : اس کے قدم بہ قدم چلنا ۔

To follow in the wake of : پیچھے پیچھے چلنا ؛ کسی واقعہ کا کسی واقعے کے بعد پیش آنا ۔

To follow one's nose : اپنی ناك کی سیدھ میں چلنا؛ (اصطلاح)بجائے کسی مقرر راستہ کے غیر معین راستے پر چلنا ؛ منہ اٹھائے بغیر سوچے سمجھے چلنا؛ تن بہ تقدیر چلنا ۔

To follow out : آخری حدتك ؛ انتہائی حدتك پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ۔

To follow suit : ماننا ؛ اتباع کرنا (کسی بات پر عمل کرنا) ؛ (کس بات یا اصول کو) اپنےلئے قاعدہ اور قانون بنالینا ۔

To follow the drum : سپاہی ہونا ۔

To follow the sea : ملاحی کا پیشہ اختیار کرنا ۔

To follow the hounds : کتوں کےذریعہ شکار کرنا یا کھیلنا؛ شکار میں کتوں کے پیچھے پیچھے جانا ۔

To follow the plough : ہلواہا بن جانا ؛ ہل چلانے کا پیشہ اختیار کرلینا ۔

Follow my leader : (n) ایك کھیل جس میں ہر کھیلنے والے کو وہی کرنا پڑتا ہے جو کھیل کا سردار کرے ۔

Follow-on : (v) (۱) پیچھے پیچھے چلنا ؛ پیروی میں چلنا ؛ میں چلنا؛ اتباع جاری رکھنا؛ پیچھا کرتے جانا؛ تعاقب جاری رکھنا ۔ (۲) (کرکٹ) کسی ٹیم کا ایك دفعہ کھیل کر اور حریف کے مقابلہ میں بہت کم رن بنا کر دوبارہ کھیل کے لئے میدان میں جانا ۔

Follow the leader's price policy : (n) (معاشیات) قیمت میں قائد کی پیروی کی پالیسی ۔

Follow-through : (v) (گولف) گیند کو مارنے کے بعد اُسے مسلسل مارتے ہوئے ایك سرے سے دو سرے سرے تك پہنچا دینا ۔

Follow-up : (v) (۱) قریب سے پیچھا کرنا؛ یا پیچھے پیچھے چلنا؛ پیروی کرنا۔ (۲) مضبوطی سےقائم رہنا؛ پوری قوت سے لگے رہنا ؛ مزاولت کرنا ؛ استقلال کے ساتھہ کسی کام پر یا مقصد پر جمے رہنا ۔ (۳) ایك ضرب لگا کر فوراً ہی دوسری ضرب لگانا ۔(٤) (فٹ بال) جس کھلاڑی کے پاس گیند ہو اُس کی مدد کرنے کےلئے اس کے قریب ہی رہنا ۔

Follow up action : (n) (انتظامیہ) کار روائی مابعد ۔

Follow up negotiation : (n) (انتظامیہ) گفت و شنید مابعد ۔

Follower : (n) [OE.'folzere.'] (۱) پیرو؛ تابع ؛ شاگرد ؛ مرید ؛ مقلد ؛ چیلا ؛ متبع ۔(۲) (روز مرّہ) وہ ملازمت پیشہ جو کسی کے گھر کی خادمہ سے شادی کرناچاہتا ہو؛ کسی کےگھر کی خادمہ سے عشق کرنے والا ۔ (۳) پیچھے پیچھے چلنے والا (کسی متحرك چیز یا شخص کی) ؛ پیچھا کرنے والا ؛ تعاقب کرنے والا؛ متعاقب ۔ (٤) خدمت گار ؛ نوکر ؛ حاشیہ بر دار ؛ خادم یا خادمہ ؛ کسی کےساتھہ ساتھہ رہنے والا ؛ وابستہ ؛ طرف دار ؛ حمایتی ؛ حامی ۔ (٥) کوئی چیز جو کسی چیز کے فوراً بعد آتی ہے ۔ (٦) (اسکاتستان) (بول چال) مویشیوں کے بچے ۔ (۷) (میکانیات) (مختلف قسم کے مطالعے میں) وہ بلاك یا تختہ جس کے ذریعہ دباؤ ڈالا جاتا ہے ؛ (اسٹیم انجن) بھرنے والے بکس کا ڈھکن یا ڈاٹ جو پیکنگ پر دباؤ ڈالتی ہے۔ (۸) (اسٹیشنری)

کاغذ کا تختہ جو کتاب کے شروع میں یا دستاویز وغیرہ میں لگایا جاتا ہے؛ تختہ چادر۔ (۹) کسی پیشے کو اختیار کرنے والا۔

Following : (n) (۱) پیچھے پیچھے چلنے کا عمل ؛ پیروی ؛ تقلید ؛ حمایت ؛ طرفداری ؛ اتباع ؛ اطاعت ؛ پیچھا ؛ تعاقب۔ (۲) مریدوں ، چیلوں پیرووں ، متعلقین کی جماعت؛ مریدین؛ متعلقین؛ چیلے ؛ مقلدین ؛ خدّام ؛ شاگردان۔

Following : (a) (۱) (ذیل زیریں ؛ متعاقب؛ آیندہ؛ حسب ذیل۔ پیچھے پیچھے چلنےوالا (کسی متحرک شخص یا شے کے) ؛ پیرو ؛ مقلد ؛ متبع ؛ مرید ؛ چیلا ؛ شاگرد ؛ حامی ؛ طرفدار ؛ متعاقب ؛ پیچھا کرنےوالا ؛ کسی کےفوراً بعد آنے والا ؛ جانشیں؛ بعد کو واقع ہونے والا ؛ منتج ہونے والا۔ (۲) جس سمت میں جہاز جارہا ہو اُس سمت میں بہنےوالی ہَوا یا مدّ ؛ موافق ہَوا ؛ موافق مد یا جوار۔ (۳) (بلیرڈ) ایسی ضرب جو کنارے کی گیند کو نشانے پر رکھی ہوئی گیند سے ٹکرانے کے بعد اُس کے پیچھے پیچھے لے جائے۔

The following are noteworthy : حسب ذیل امور (اشخاص) قابل ذکر ہیں۔

Folly : (n) [ME.'foly'(e).] (۱) بے عقلی ؛ حماقت ؛ سمجھ اور فہم کی کمی؛ ابلہی ؛ نادانی؛ احمقانہ پن؛ حمق؛ کم عقلی ؛ ضعیف العقلی ؛ فتور عقل ؛ فتور ذہن ؛ ذہن کی کمزوری ؛ عقل سلیم کی کمی۔ (۲) بےعقلی کا کام ؛ احمقانہ کام ؛ احمقانہ خیال ، عمل۔ (۳) تمسخر انگیز بات ؛ احمقانہ کرداریاروّیہ ؛ مضحکہ خیزحرکت۔ (٤) (عموماً) عمارت جو بیکار، بےمصرف اور مضحکہ خیزخیال کی جائے۔ (٥) کوئی انتہائی قیمتی اور بےفائدہ تعمیر یا کام جس سے بنانے والے کی بیوقوفی یا حماقت ظاہر ہوتی ہو۔ (٦) منقش اور خاص مذاق کی طرز کا ایک شہ نشیں یا موسم گرما میں استعمال کرنے کا بنگلہ۔

Folly : (v) بےوقوفی ، کم عقلی، ناسمجھی یا حماقت کا کام کرنا ؛ ضعیف العقلی یا غیرسلیم الطبعی ظاہر کرنا ؛ حماقت کرنا ؛ ابلہی دکھانا۔

Fomalhaut : (n) [Arab.] (علم النجوم) فم الحوت ؛ برج حوت کا اہم ترین ستارہ۔

Foment : (v) [Late. L.'fomentare.'] (۱) گرم لوشن یا دوا آمیز (دھونے کی دواؤں) سے غسل دینا یا جسم کا کوئی حصہ دھونا یا سینکنا یا گرمی پہنچانا؛ (جسم یا عضو کو) تقویت پہنچانا ؛ گرم پانی یا لوشن سے سینکنا۔ (۲) (جذبات ، طرز عمل یا باغیانہ خیالات، بدامنی کو) پھیلانا؛ مشتعل کرنا ؛ ہَوا دینا۔

Fomentation : (n) [Late. L.'fomentationem.'] (۱) گرم پانی میں اونی کپڑا یا فلالین بھگو کر جسم کے حصے پر رکھنا ؛ گرم فلالین وغیرہ سے گرمی پہنچانا؛ سینک ؛ حکمید؛ ضماد گرم ؛ پولٹس۔ (۲) وہ چیز جس سے اس طرح سینکا جاتا ہے۔ (۳) انگیزش ؛ تحریک ؛ تشویش ؛ ترویج ؛ حوصلہ افزائش؛ بڑھاوا۔

Fomenter : (n) اشتعال دلانے والا ؛ پھیلا نے والا؛ اُکسانےوالا ؛ شہ دینے والا ؛ اُبھارنے والا۔

Fomes : (n) [L.] (۱) کوئی مسام دار یا سوراخ دار یا مادہ یا چیز جو وبائی یا متعدی جراثیم یا ذرات کو جذب کرنے یا اپنے اندر محفوظ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو ؛ نیز مجازاً۔ (۲) (طب) معدی۔

Fond : (n) [L.'fendus.'] (۱) اساس ؛ بنیاد؛ اصل ؛ پایہ ؛ متن ؛ پس منظر۔ (۲) سرمایہ ؛ بہم رسانی کا ذریعہ ؛ فراہمی اشیاء کا ماخذ ؛ منبع ؛ رسد کا ذریعہ۔

Fond : (a) [ME. 'fonned.'] (۱) سادہ دل ؛ سریع الاعتقاد ؛ سادہ لوح؛ احمق؛ مسلوب العقل ؛ ابلہ؛ نرم دل؛ زود باور۔ (۲) حماقت کے ساتھ قوی امیدیں رکھنے والا۔ (۳) ضرورت سے زیادہ یا بہت محبت کرنےوالا ؛ بےحد پیار کرنےوالا ؛ محبت میں دیوانہ یا اندھا ؛ والہ و شیدا ؛ شفیق ؛ مشفق ؛ شیفتہ ؛ فریفتہ ؛ مشتاق۔ (٤) (بول چال) (وہ چیز جو اپنا مزہ یا بو کھوچکی ہو) بے مزہ ؛ پھیکا؛ بے ذائقہ ؛ بے کار۔ (٥) احمقانہ جوش وخروش رکھنے والا۔ (٦) (بول چال) ضعیف العقل ؛ ابلہ ؛ فاتر العقل ؛ مخبوط ؛ بدحواس۔

Fond : (v) [OE.'fandian.'] کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ جد و جہد کرنا۔

Fondaco : (n) [It. ad. Arab.] سرائے؛ مہمان خانہ ؛ کارواں سرا ؛ مسافروں کے رہنے کی جگہ۔

Fondant : (n) [F. f. 'fondre.'] ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں پگھل جاتی ہو ؛ ہَوا مٹھائی۔

Fondle : (n) احمقانہ شیفتگی ؛ بےجا لاڈ پیار یا نازبرداری ؛ غیر سنجیدہ گفتگو یا حرکات؛ احمقانہ سلوک یا کردار ۔

Fondle : (v) (۱) پیار کرنا ؛ شیفتگی میں چھاتی سے لگانا ؛ سینے سے لگانا ؛ محبت سے کھیلنا ؛ (کسی کے ساتھ یا کسی سے) ۔ (۲) بیٹھ کرہاتھ پھیرنا ؛ چُمکارنا ؛ پُچکارنا ۔ (۳) احمقانہ سلوک کرنا ؛ احمقانہ شیفتگی سے پیش آنا ؛ کم عقلی سے برتنا یا استعمال کرنا ۔ (٤) اظہار محبت کرنا؛ غیرسنجیدہ حرکتیں کرنا؛ غیرسنجیدہ باتیں کہنا؛ مشفقانہ سلوک کرنا ؛ انتہائی فریفتگی ظاہر کرنا ۔ (٥) نازو نعمت میں پال کر بگاڑ دینا ؛ زیادہ لاڈ سے خراب کر دینا ۔ (٦) نازبرداری کرنا ۔

Fondler : (n) احمقانہ سلوک کرنے والا ؛ کم عقلی ظاہر کرنے والا ؛ احمقانہ شیفتگی سے پیش آنے والا ؛ شیفتگی میں سینے سے لگانے لینے والا ؛ غیر سنجیدہ حرکتیں کرنے والا ۔

Fondling : (n) مشفقانہ برتاؤ ؛ شفقت سے چھونا یا ہاتھ پھیرنا ؛ محبت کا انداز ؛ انداز شفقت ؛ محبت کا اشارہ ۔

Fondling : (n) جسے بہت زیادہ پیار، دُلار ؛ اور نازو نعم میں رکھا گیا ہو؛ جس کی بہت نازبرداری کی گئی ہو ؛ لاڈ لا ؛ پیارا ؛ منظور نظر ۔

Fondly : (adv.) (۱) محبت سے ؛ پیار سے ؛ دل سے ؛ مشتاقانہ شوق سے؛ شفقت سے مشفقانہ ؛ (نیز) لاڈ پیار کے ساتھ؛ ناز برداری سے؛ ازروئے مہربانی ۔ (۲) احمقانہ سادگی سے ؛ احمقانہ خوش اعتقادی سے؛ سادگی یا نادانی سے ؛ احمقانہ ۔

Fondness : (n) (۱) محبت ؛ پیار ؛ رجحان ؛ شوق ؛ شغف ؛ اشتیاق ؛ میل ؛ رغبت ۔ (۲) نادانی ؛ حماقت ؛ سادہ دلی ؛ سادہ لوحی ؛ کمزوری ؛ ضعیف العقلی ؛ قوت زور یا قوت فہم کی کمی (بول چال) ۔ (۳) احمقانہ شفقت و محبت ؛ بے وجہ یا نامناسب شفقت، پیار، مہربانی یا نازبرداری؛ بےجا لاڈ پیار ۔ (٤) خلقی ذوق ؛ جبلّی پسند ؛ اصلی مذاق ؛ جبلی ذوق ۔

Fondon : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) تانبے کا ایک بڑابرتن جس میں پارے کے ساتھ دھات کو ملایا جاتا ہے ۔

Fondu/Fundus : (n) [F.f.fondre.] سوتی کپڑوں پر نقاشی کی وہ قسم جس میں تمام رنگ آپس میں گُھل مِل جاتے ہیں ۔

Fondue : (n) [F. f. as.prec.] انڈے وغیرہ کے ساتھ پگھلا ہوا پنیر (ایک خاص قسم کا کھانا) ۔

Fonly : (adv.) [f. Fon.of unkn.origin.] بیوقوفانہ ؛ احمقانہ ؛ سادہ لوحی سے؛ نادانی سے ۔

Font : (n) [L.'fontem or fontes.'] (۱) حوض یا برتن (عموماً پتھر کا) جس میں بپتسما کا پانی گرتا ہے ۔ (۲) لیمپ کی کُپی (جس میں تیل رہتا ہے) ۔ (۳) سوت ؛ چشمہ ؛ منبع ؛ مصدر ۔ (٤) پاک رکھنے کا برتن؛ مذہبی رسم میں استعمال کیا جانے والا پانی رکھنے کا برتن ۔

Font : (n) [F.'fonte, f. fondre.] (۱) (دھات کو) گلانے اور ڈھالنے کا عمل (شاذ) ۔ (۲) (طباعت) مخصوص شکل اور سائز والے حروف کا ایک مکمل سیٹ ۔

Font et origo : (n) (جغرافیہ) شر چشمہ ۔

Fontal : (a) [med. L.'fontalis.'] (۱) کسی چشمے ؛ فوارے یا سوت کا یا اس سے متعلق ؛ کسی منبع کا یا اس سے متعلق اصلی ؛ بنیادی ؛ حقیقی ؛ ابتدائی ۔ (۲) بپتسما کا یا اس سے متعلق ۔

Fontal : (n) (نقابت) پانی کا ایک برتن جس سے ہمیشہ پانی نکلتارہتا ہے (یعنی اس کا سوتا (جس سے وہ ہے) ہمیشہ جاری ہے) ۔

Fontanelle /Fontanel : (n) [F.dim. of 'fontaine.'] (تشریح) شیرخواربچے کے سر میں جھلی دار خلا جو کھوپڑی کے اوپر کی ہڈی عظم القحف سے متصل زاویوں کے پاس ہوتا ہے ؛ نرمہ؛ سر ؛ (تشریح) نافوخ ۔

Fontange : (n) [Fr. f. 'Fontanges.'] قدیم کلاہ بلند ؛ ایک قسم کی اونچی زنانہ ٹوپی جو تار سے بنی ہوئی فریم پر عمدہ کپڑے، جھالروں اور فیتوں سے بنی ہوتی تھی اورسترھویں صدی کے اواخر اور اٹھارھویں صدی کے اوائل میں رائج تھی ۔

Fonticulus : (n) (۱)(طب) آبلہ؛ چھالا ۔ (۲) (طب)نافوخ سینہ ۔

Foo-foo : (n) [etym. doubtfull.] (عامیانہ) بےوقوف ؛ احمق ؛ مردھو ؛ فاتر العقل ؛ ناقص العقل ۔

Food : (n) [OE. 'foda.'] (۱) غذا ؛ کھانے کی چیزیں ؛ آذوقہ ؛ خوراک؛ طعام؛ قوت ؛ اشیائے خوردنی؛ خوراک؛ نظام جسمانی کی زندگی و بالیدگی نیز اس کےنقصانات کو پورا کرنے کےلئے جوکچھ کھایا

جاتا ھے ۔ (۲) خاص قسم کی غذا؛ درختوں کی پرورش کرنے والی غذا جو اُنہیں زمین اور ہُوا سے حاصل ہوتی ھے ۔ (۳) (مجازاً) موضوع بحث؛ وہ بات یا مسئلہ جس پربحث و تمحیص یا گفتگو کی جائے ؛ دماغی غذا ۔

For bidden food : طعام ممنوعہ ۔

Mental and intellectual food/Food for thought or meditation : غذائے دماغی و ذہنی ؛ غور و فکر کے قابل امور؛ ایسےمعاملات یا مسائل جو سوچنے اور غورکرنے کے قابل ھوں ۔

To be food for fishes : (۱) غرق ھوجانا ؛ ڈوب جانا ؛ غرقاب ھوجانا ۔ (۲) مچھلیوں کی غذا ھوجانا ۔

To be food for worms : کیڑوں کی غذا ھوجانا ؛ مرجانا ؛ سڑجانا ؛ گل جانا ؛ برباد ھوجانا ۔

Food and agriculture organisation : (n) خوراک اور زراعت کا ادارہ ۔

Food and drink : (n) اشیائے خورد و نوش ۔

Food bodies : (n) (حیوانیات) غذائی اجسام ۔

Food canal : (n) غذا کی نالی ؛ معدے کی نالی ۔

Food card : (n) جب (جنگ کےزمانے میں) کھانے کی اشیاء حکومت کی نگرانی میں تقسیم کی جاتی ہیں تو ہر شخص کو ایک کارڈ دیا جاتا ھے جس کے سر کاری باورچی خانے یا دکان پر پیش کرنے سےمقررہ غذا ملتی ھے ؛ راشن کارڈ ۔

Food chopper : (n) غلّے کوبھوسے سے الگ کرنے، پیسنے کی مشین یا آلہ ۔

Food collecting stage : (n) (تاریخ) غذا اکٹھا کرنے کی منزل ۔

Food colour : (n) کھانے کی چیزوں میں دیا جانے والا رنگ ۔

Food controller : (n) وہ وزیر اغذیہ جو جنگ کےزمانے میں سامان غذا کی فراہمی کا نگراں ھوتا ھے ۔

Food conversion : (n) وہ شرح جس کے مطابق کوئی جاندار اپنی غذا کو نسیجوں میں تبدیل کرتا ھےاس کا اظہار اس طرح کیا جاتا ھے کہ فی پونڈ حاصل شدہ وزن کےلئے کتنے پونڈ غذا استعمال کی گئی ۔

Food crop : (n) (معاشیات) غذائی فصل ؛ اناج کی فصل ۔

Food crop area : (n) (معاشیات) غذائی فصل کا رقبہ ۔

Food for powder : (a) گولی مارے جانے کےلائق ؛ گردن زدنی؛ جنگ میں مارے جانے کے قابل ؛ باروت کی غذا؛ سپاہی ؛ فوجی آدمی ۔

Food-gatherer : (n) وہ شخص جو شکار ، ماہی گیری اور دوسرے ذرائع سےاپنی غذا حاصل کرتا ھے (زراعت کر کے یا مویشی پال کرکے)۔

Food gathering tribes : (n) (سماجیات) غذا اکٹھی کرنے والے قبیلے ۔

Food grain : (n) اناج دانہ ؛ غلّہ جو انسان کی خوراک کے لئے پیدا کیا جاتا ھے ۔

Food investigation Organisation : (n) غذائی تحقیق ادارہ ۔

Food offerings : (n) کھانے کا چڑھاؤ ۔

Food preservasion : (n) تحفظ غذا ۔

Food plant : (n) غذائی پودا ؛ وہ پودے جن کے بعض حصے انسان کے لئے غذا فراہم کرتے ہیں (گندم، آلو، کرم کلّہ)۔

Food poisoning : (n) غذا کے ذریعہ معدے یا آنتوں میں پیدا شدہ زہر یا زہریلے جراثیم ؛ تسمیم غذا ؛ سمیّت غذا ۔

Food producing stage : (n) پیدائش غذا کی شرح ۔

Food-rent : (n) لگان بہ شکل جنس ؛ جنس یا شے کی شکل میں مال گذاری۔

Food stuff : (n) وہ اشیاء جو کھائی جاتی ہیں ؛ اشیاء خوردنی؛ سامان خوراک ؛ سامانِ غذا ؛ ماکولات ۔

Food tube : (n) دیکھو Food canal

Food unit : (n) ۱۷۵۱ کیلوری کی اکائی جو تغذیاتی حیثیت سے استعمال کی جاتی ھے ۔

Food-yolk : (n) انڈے کی زردی کا وہ حصہ جو بچے کو غذا فراہم کرتا ھے ۔

Foodful : (a) کھانے کی چیزوں سے بھرا ھوا ؛ پُر از غذا ؛ حاصل خیز ؛ غذا فراہم کرنے والا ؛ خوراک بہم پہنچانے والا ؛ (مجازاً) ذہنی و جذباتی غذا سےپُر ۔

Foodless : (a) (۱) بے غذا ؛ بھوکا ؛ جس کو غذا نہ ملے ۔ (۲) غریب (ملک) جہاں کی آبادی کو غذا کی کمی کےباعث بھوکارہناپڑتا ہے؛ جہاں کی آبادی بھوکی مرتی ہے ۔ (۳) بانجھ ؛ اوسر ؛ بنجر ۔

Foodlessness : (n) بھوک ؛ بھوک مری ؛ غذا کی کمی ؛ عقم ؛ بانجھ پن ؛ غیر پیداواریت ؛ زمین کا اوسر یا بنجر ہونا ۔

Foody : (a) پر از غذا ؛ مقوی ؛ غذا فراہم کرنے والا ۔

Fool : (n) [ME. 'fol.'] (عامیانہ) بے وقوف ؛ احمق ؛ نادان ؛ سادہ لوح ؛ ابلہ ۔ (۲) ایسا شخص جس کے طرزعمل کو ناپسند کیا جائے ۔ (۳) درباری مصاحب) مسخرہ ؛ بھانڈ ؛ نقال ؛ جو دوسرے کی تفریح کےلئے پیشہ ور طور پر بےوقوفی اور حماقت کی باتیں یا حرکتیں کرتا ہو ۔ (٤) ایسا شخص جس کا سر عقل سے خالی ہو ؛ کمزور دماغ ؛ ضعیف العقل ۔ (٥) وہ شخص جس میں قوت فیصلہ ، قوت ادراک اورفہم کی کمی ہو ؛ ضعیف العقل (بائبل کی زبان میں ، بے دین یا بُرے شخص کو کہتے ہیں) ۔ (٦) ایسا شخص جو بنایا ہوا بیوقوف ہو جسےبیوقوف یا اُلّو بنایاجائے (اب متروک ہے) ۔ (۷) ایک بےضرر مگر کھسکا ہوا یا کم عقل انسان ؛ وہ شخص جس کی کوئی خاص کمزوری ہو (مثلا A Food for women) ۔

All fool's day : یکم اپریل ۔

April fool : جس شخص کو یکم اپریل کو کوئی دھوکا (از راہ تمسخر) دیا جائے یا دھوکا دے کر بے وقوف بنادیا جائے یا دھوکے سے کوئی ایسا کام اس سے کرایا جائے جو احمقانہ ہو ۔

No fool like an old fool : بڈھے بیوقوف (خصوصاً بڈھےاور معمرعاشق) سے زیادہ کوئی بےوقوف نہیں ۔

To be a fool for one's pains : بےفائدہ ؛ بے نتیجہ ؛ محنت اور درد سری برداشت کرنا ۔

To be a fool to : کسی کے مقابلے میں کچھ نہ ہونا ؛ ہیچ ہونا ؛ خود کو بے وقوف یا ہیچ ظاہر کرنا ۔

To make a fool of : کسی کو دھوکا دینا ؛ بے وقوف بنا دینا؛ کسی کے ساتھ چال چل جانا ۔

To play the fool : (۱) مسخرے کارول ادا کرنا ؛ جوکر یا بھانڈ بننا ۔ (۲) غلطی یا حماقت کرنا؛ احمقوں کی طرح حرکات کرنا؛ مسخرہ پن یا بھانڈوں کی طرح حرکتیں کرنا ۔

To send, go, on fool's errand : کسی کو کوئی بےنتیجہ (احمقانہ) کام کرنے کےلئے بھیجنا یا کسی کا جانا ؛ بےوقوفی سے بےنتیجہ محنت یا زحمت برداشت کرنی یا کسی سے کرانی ۔

Fool : (n) [Origin doubtfull.] ایک قسم کا انگریزی کھانا جس میں کسٹرڈ ، کریم اور دودھ کے ساتھ ملائے ہوئے ، کچلے ہوئے، اور دھیمی آنچ پر پکائے ہوئے پھل ہوتے ہیں ۔

Fool : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ بےوقوف بنانا ؛ بےوقوف بننا ؛ استہزا کرنا ؛ مسخرہ پن کرنا؛ ہنسی اڑانا ؛ خفیف الحرکتی کرنا ؛ ہل چل یا اُدھم مچانا؛ سستی کرنا ؛ کاہلی میں وقت ضائع کرنا ؛ نیز اُس کے ساتھ چونکانا ؛ مزاحم ہونا؛ ہمت پست کرنا ۔

To fool away : حماقت سے پھینک دینا ؛ خرچ کر ڈالنا ؛ چھوڑ بیٹھنا ۔

To fool away time and money : حماقت کے ساتھ روپیہ یا وقت ضائع کرنا ۔

To fool one out of money : کسی شخص کو بیوقوف بنا کر اُس سے روپیہ اینٹھ لینا ۔

To fool one unto doing : کسی کو بیوقوف بنا کر (یا خوشامد کر کے) کوئی کام کرالینا ۔

Fool : (a) (اسکاتستانی) (روز مرہ ، بازاری) بے وقوف ؛ سادہ لوح ؛ ابلہ ؛ ضعیف العقل ؛ مردھو ؛ احمق ۔

Fool-begged : (a) بےوقوفوں کا سا؛ احمقوں جیسا؛ احمقانہ ۔

Fool born : (n) مسخرے یا احمق کی اولاد ۔

Fool duck : (n) (امریکا) سرخ و سفید یا سرخ بط ۔

Fool fish : (n) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Fool hardihood : (n) اجڈ پن ؛ احمقانہ بہادری ؛ تیور بیجا ؛ بےپروائی ؛ بے فکری ؛ جرأت احمقانہ ۔

Fool hardily : (adv.) اجڈپن کے ساتھ؛ احمقانہ بہادری سے ؛ بےوقوفانہ حوصلہ مندی یا دلیری کے ساتھ۔

Fool hardiness : (n) [f. fool hardy] دیکھو Fool hardihood

Fool hardy : (a)[OF.fool hardi.'] اجڈ؛ بیوقوف بہادر (جواپنے کو فضول اور بے نتیجہ خطرات میں ڈال کر خواہ مخواہ زحمت اٹھا کر خوش ہوتا ہو اور فخر کرتا ہو) ؛ دیدہ دلیر ؛ بیوقوف ؛ حوصلہ مند ۔

Fool hen : (n) (امریکا) گراؤس ؛ ایک قسم کا سرخی مائل پرندہ خصوصاً نوجوان گراؤس (موسم کے ابتدائی حصے میں) ۔

Fool-proof : (a) (۱) (قواعد و غیرہ) اس قدر صاف وصریح کہ اس کے مفہوم کے متعلق کم عقل کو بھی غلط فہمی پیدا نہ ہو سکے ؛ تمام بے ترتیبیوں سے محفوظ کیا ہوا ؛ حماقت یا احمقانہ باتوں سے محفوظ ؛ اتنا مستحکم کہ اُسےنقصان نہ پہنچایا جاسکے یا اس کا غلط استعمال نہ کیا جاسکے ؛ تمام حادثات سےمحفوظ ۔ (۲) اس بات کی ضمانت یا گارنٹی کی ہوئی (چیز) کہ خواہ اسے کسی حالت میں استعمال کیاجائے وہ بغیر رُکے ہوئے یا ٹوٹےہوئے کام دے گی ۔ (۳) ایسا شخص جس کو بے وقوف نہ بنایا جاسکے ۔ (٤) خود روک ۔

Foolery : (n) (۱) حماقت ؛ احمقانہ حرکت ؛ ابلہی ؛ مسخرگی ؛ استہزا ۔ (۲) نا معقول یا مضحکہ خیز کا م یا چیز؛ کار ابلہانہ ۔ (۳) بھانڈوں یا نقالوں کا طبقہ ؛ احمقوں کا طبقہ ؛ مسخروں کاطبقہ ۔

Fooling : (n) (۱) حماقت ؛ مسخرگی ؛ مضحکہ خیزی ؛ نقالی ؛ بھانڈ پن ؛ بے وقوف بنانے کا عمل ۔ (۲) بھانڈوں کی نقل یا مزاح ۔

Foolish : (a) (۱) بےوقوف ؛ احمق ؛ بے عقل ؛ نادان ؛ جاہل ؛ ابلہ ۔ (۲) ابلہانہ ؛ احمقانہ ؛ جاہلانہ ؛ جہالت آمیز بےمعنی ؛ نرخرف ؛ مضحك ۔ (۳) ناچیز ؛ پست؛ محقر؛ گٹھیا ؛ دوں چشیت؛ حقیر؛ ہیچ ؛ ادنی؛ بےحقیقت فرومایہ؛ (متروک یابول چال) ۔

Foolishly : (adv.) بے وقوفی سے ؛ حماقت سے ؛ احمقانہ ؛ بے وقوفانہ ؛ جاہلانہ ؛ مہمل طور پر ؛ مضحك انداز میں ۔

Foolishness : (n) (۱) بے وقوفی ؛ حماقت ؛ نادانی ؛ کم عقلی ؛ ابلہی ؛ نامعقولیت ؛ مسخرہ پن ؛ مضحکہ خیزی ۔ (۲) احمقانہ بات یا حرکت ؛ نقالی ؛ بھانڈ پن ۔

Fooloeracy : (n) (۱) (از راہِ تمسخر) احمقوں کی حکومت ؛ ایسی حکومت جس کے عہدہ دار احمق ہوں ۔ (۲) احمقوں کا حکمراں طبقہ ۔

Foolometer : (n) حماقت یا ضعیف العقلی کا ایک معیار ؛ پیمانۂ حماقت ۔

Fool's bolt is soon shot : بےوقوف کےدلائل کا ذخیرہ بہت جلد ختم ہو جاتا ہے ۔

Fool's cap/Foolscap : (n) (۱) وہ ٹوپی جو یورپ کے ازمنۂ وسطیٰ میں درباری مسخرہ اُوڑھتاتھااور جس میں گھونگرو لگے ہوتے تھے۔ (۲) سترھویں صدی عیسوی میں بنے ہوئے بعض خاص قسم کے کاغذوں کا نشان ۔ (۳) مستطیل لکھنے یا چھاپنے کا کاغذ جس کا طول اور عرض ۱۵ــ۱۷ × ۱۲ــ۱۲$\frac{۱}{۲}$ انچ ہوتا ہے ۔

Fool's coat : (n) (۱) مسخرے یا بھانڈ کا بوقلموں یا رنگ برنگی کوٹ ؛ نیز مجازاً ۔ (۲) ایک قسم کا خوب صورت گانے والا پرندہ جس کے پنکھ پر سنہرے داغ ہوتے ہیں ۔ (۳) دُوہرے کُھل مندن والا سیپ یا گھونگا ؛ دو صدفی یا دو صمامی گھونگا ۔

Fool's errand : (n) کسی وفد یا پیغام کے ساتھ روانگی خصوصاً ایک مختصر سفر جس پر کسی کمتر شخص کو پیغام لےجانے کےلئے یا بھیجنےوالے کی کسی اورضرورت کےتحت بھیجا جاتا ہے؛ وہ کام جس کےلئے کوئی روانہ ہوتاہے؛ مقصد ۔

Fool's mate : (n) (شطرنج) مات جو شاہ کو دوسری ہی چال میں دی گئی ہو ۔

Fool's paradise : (n) خیالی جنت ؛ خیالی اور قیاسی خوشی اور محض دل خوش کرنے والا خیال باطل ؛ موہوم یا خیالی انبساط کی حالت ؛ اَحمقوں کی جنت ۔

Fool's parslay : (n) ایک قسم کی زہریلی گھاس ۔

Fool's-stone : (n) ایک قسم کی یوروپی ثعلب مصری ۔

Foolscap folio/-octavo/-quarto : کاغذ کے فل اسکیپ سائز کے تختوں سے بنی ہوئی جلد یا کتاب ۔

Fooner : (n) Founder کا اسکاٹستانی متبادل ۔

Fooster : (n) [Ir.Gael. 'fustar.'] بھاگ دوڑ؛ شوروغل ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل؛ کھلبلی؛ دوڑ دھوپ؛ سرگرمی؛ اضطراب؛ پریشانی ؛ اضطراری حرکات ۔

Fooster : (v) : ہلچل پیدا کرنا ؛ ہنگامہ مچانا؛ شوروغل کرنا ؛ ہڑبڑا دینا ؛ بھاگ دوڑ کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ خاص کر احمقانہ گفتگو یا شوروغل میں وقت ضائع کرنا ۔

Foot : (n) [OE.'fot.'] (۱) ٹانگ کا آخری حصہ جو ٹخنے کے جوڑ سے شروع ہوتا ہے ۔ (۲) پاؤں ؛ پا ؛ چرن ؛ پیر ؛ کسی بھی متحرك یا چلنے والی چیز کا پاؤں ۔ (۳) قدم ؛ چال ؛ گام ؛ رفتار ۔ (٤) پیادہ ؛ پیدل سپاہ ۔ (٥) پلنگ ؛ چارپائی ؛ مسہری ؛ قبر وغیرہ کی پائنتی (پائین) ۔ (٦) موزہ وغیرہ کے نیچے کاوہ حصہ جو پاؤں کو ڈھکتا ہے ۔ (۷) (شاعری) بحرو وزن کا وہ حصہ جس میں بہت سےتہجی کے ارکان ہوتے ہیں اور ان میں سے ایك رکن پر آواز کا زیادہ زور ہوتا ہے ۔ (۸) طول ناپنے کا پیمانہ جس میں ۱۲ انچ ہوتے ہیں ؛ ایك مربع یا مکعب فٹ کے کسی برتن میں رکھی ہوئی چیز ۔ (۹) کسی چیز کے نیچے کا(عموماً آگے نکلا ہوا) حصہ ؛ نچلا سرا؛ بیٹھك ؛ رکھی ہوئی چیز ؛ بنیاد ؛ بناء ؛ نشست؛پایہ؛ کرسی ۔ (۱۰) (حیوانیات)بےریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کو چلنے یا حرکت کرنے کے قابل بنانےوالے مختلف اعضاء میں سے ایك ۔ (۱۱) (نباتیات) درخت یا پودے کا وہ حصہ جو پتی یا پنکھڑی کو شاخ سےجوڑتا ہے؛ ڈانڈی ۔ (۱۲) بال کی جڑ ۔ (۱۳) پہاڑی ، سیڑھی، دیوار ، فہرست ، صفحہ وغیرہ کا سب سے نیچے کا حصہ ؛ کسی پل کے ڈھلان کے اول یا آخر ۔ (١٤) تلچھٹ ؛ گاد؛ دُرد ؛ تیل کا فضلہ ۔ (١٥) (جمع) موٹی شکر ۔ (١٦) کسی بھی چیز کا نچلا حصہ جس کے سہارے وہ قائم رہتی ہے ؛ بنیاد؛ تلی ۔ (۱۷) پرکار یا کرسی وغیرہ کا پاؤں ۔ (۱۸) (جمع) کچھوے کے اوپری کھپرے یا خول کےٹکڑوں کا تجارتی نام ۔ (۱۹) ٹوکری وغیرہ کا پیندے سے نیچے بنا ہوا سرا ۔ (۲۰) بادبان کا عرشے سے قریب ترین سر ا ۔ (۲۱) نقطۂ تقاطع یا نقطۂ اتصال ؛ دو باہم متقاطع خطوط کا نقطۂ تقاطع یا کسی سطح سے ملانے والا نقطہ ۔

At (a person's) feet : کسی کے سامنے زمین تك جھکا ہوا یا سر ٹیکے ہوئے (مجازاً) کسی کے محکوم، مُرید، چیلے، سائل کے طور پر یا محکوم وغیرہ بن کر ۔

At foot : (صفحہ کے) آخر میں یا نچلے سرے پر (اصلاح یا نوٹ وغیرہ دینا) ۔

Captain of foot : پیادہ فوج کا کپتان ۔

Debts foot up : قرضہ کی میزا ن؛ کل مقدار ۔

Feet foremost : مردے کی طرح ۔

On foot : چلتا یا دوڑ تا ہوا ؛ پیادہ (نہ کہ سواری پر) ؛ پیادہ پا ؛ پیدل ؛ ہلتا ہوا ؛ حرکت میں ؛ متحرك ؛ جاگا ہوا ؛ بستر سے اُٹھ کر چلتا پھرتا ہوا ؛ بیدار ۔

Standing on one's feet : صحت جسمانی رکھنا ؛ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونا ؛ اپنے بھروسا پر زندگی بسر کرنا ۔

Ten feet long : ۱۰ فٹ لمبا ۔

The fourth feet or regiment of feet : پیدل پلٹن نمبر ٤ ۔

To carry one off his feet : کسی کے دل میں بہت شوق پیدا کر دینا ؛ اضطراب و شوق کی حالت میں بےقابو کر دینا ۔

To change of foot or feet : دو سرے جوتے پہن لینا ؛ جوتے بدل لینا ۔

To drop or fall in one's feet : کسی کے پاؤں پر گرنا؛ اظہار عجز کرنا؛ خوشامد کرنا؛ خوش بختی سے بسر کرنا؛ خوش قسمتی میں زندگی گذارنا ۔

To find or know the length of (a person's) foot : کسی کی کمزوری معلوم کرنا ۔

To follow in one's foot slaps : کسی کا اتباع کرنا ؛ تقلید کرنا ؛ پیروی کرنا ۔

To have ball at one's feet : کامیابی کا ذریعہ (راستہ) پالینا ۔

To have feet of clay : (کسی شخص کے) آسانی سے ہارجانے یا شکست کھانے کا امکان (ہونا) ؛ اپنے اندر کمزوریاں رکھنا ۔

To have one foot in the grave : مرنے کےقریب ہونا ؛ موت کے قریب ہونا؛ بہت معمر اورضعیف ہونا ؛ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا ۔

To keep one's feet : کھڑا رہنا ؛ قائم رہنا ؛ کھڑے ہو کر چلنا؛ (اپنی جگہ پر) مستقل رہنا ؛ نہ گرنا ۔

To measure another's foot with one's own last : اپنی حالت پر دو سرے کو قیاس کرنا(جانچنا) ۔

پکڑنا ؛ چنگل سے گرفت کرنا ؛ چنگل سے پکڑ لینا ؛ پنجہ سے جھپٹنا ؛ نیز مجازاً ۔

To foot it : ناچنا (شاذ) ؛ قدم اٹھانا ؛ جانا ؛ پیدل جانا ۔

To foot the bill : خرچہ برداشت کرنا (کسی کا م کا، دعوت یا تقریب کا) ۔

Foot and horse : (n) پیدل اور سوار فوج ۔

Foot-and-mouth-disease : (n) سینگ والے مویشیوں کا ایک قسم کابخار جو آدمیوں کو بھی لگ جاتا ھے ؛ (بیطاری) منہ کھر روگ ۔

Foot-archer : (n) پاؤں کے سہارے تیر چلانے والا ۔

Foot-ball/Football : (n) (۱) بڑی، گول ہَوا بھری ھوئی گیند؛ جس سے کھیلتےہیں ؛ فٹ بال ۔ (۲) کھلی فضا میں ہَوا بھری ھوئی گیند سے کھیلا جانے والا ایک کھیل جسے دونوں جانب سے کِک کیاجاتا ھےاور ایک جانب سے دو سری جانبِ گول کرنے کےلئے بال کو مارا جاتا ھے ۔

Foot-ball : (v) فٹ بال کھیلنا ؛ گیند کی طرح کِک (مارنا) کرنا ؛ نیز مجازاً ۔

Foot baller : (n) فٹ بال کھیلنے والا ۔

Foot bank : (n) (قلعہ بندی) گول اندازی کا رخ ؛ قلعہ کی دھس بندی ۔

Foot base : (n) (تعمیرات) دیوار یا ستون کے کرسی کے اوپر ڈھلائی یا آرائشی حاشیہ ۔

Foot bath : (n) (۱) پاؤں دھلائی ؛ پاؤں دھونے کا عمل ؛ پاشوب ۔ (۲) پاؤں دھونے کا برتن ؛ وہ برتن جس میں پاؤں کو غسل دیا جاتا ھے ۔

Foot bellows : (n) (کیمیا) پادھونکنی ۔

Foot-board : (n) پاؤں کو سہارا دینے کے لئے ایک قسم کا تختہ یا بورڈ؛ کھڑا ھونے کا ایک تختہ؛ ایک قسم کا تختہ جو گاڑی کے پیچھے لگا ھوتا ھے جس پر ملازم یا سائیس کھڑا ھوتا ھے؛ وہ تختہ جو گاڑی کے (یا ریل گاڑی کے) دروازوں کے سامنے لگا ھوتاھے جس پر پاؤں رکھ کر اترتے چڑھتےہیں ؛ ڈھلواں تختہ جس پر گاڑی چلانے والا پاؤں رکھ کر بیٹھتا ھے ۔

Foot-bone : (n) ٹخنے کی ہڈی ؛ عظام قدم ؛ ٹخنہ ۔

To set, agitation, movement, on foot : کسی تحریک یا جدو جہد کا آغاز کرنا ۔

To set (a person) on his feet : کسی کی پوزیشن یا ذرائع زندگی کو محفوظ یا متیقن کر دینا ۔

To set, put, have, one's feet on the neck of : کسی کو بالکل دبا لینا ؛ جھکا لینا ؛ قابو میں کر لینا؛ لاچار اور مجبور کر دینا ۔

To put one's (foot) feet down : (مزاحاً) اڑ جانا ؛ کسی بات پر جم جانا؛ قطعی ارادہ کرکےعمل کرنا ۔

To put one's foot in or into it : مصیبت میں پھنس جانا؛ مشکل میں پڑجانا؛ دشواریوں کا سامنا ھونا ؛ مبتلائےمشکل ھونا ؛ (بول چال) سخت غلطی کرنا؛ فاش غلطی کرنا؛ سخت ٹھوکر کھانا؛ غلطی میں پھنس جانا؛ مبتلا ھوجانا ۔

To put (or set) the (or one's) best foot foremost : قدم بڑھانا ؛ آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ۔

To take to one's feet : چلنا ؛ پھرنا ؛ ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا ۔

To tread under feet : ظلم کرنا؛ پاؤں تلے روندنا ؛ دبانا ؛ کچلنا ۔

Under foot : (۱) پاؤں کے نیچے ؛ زیر پا ؛ زیر پیر ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پیندے کےنیچے (ایک لنگر کے بارے میں کہا جاتا ھے جو جہاز کے چلنے کے وقت گرادیا جاتا ھے) ؛ نیز جوار بھاٹا وغیرہ کی حرکات یا حلقہ ۔

With foal at feet : (گھوڑی) جس کےبچھیرا پیدا ھوا ھو ۔

(With one's) feet foremost : جنازے میں جانا ؛ مر کر قبرستان جانا ۔

Foot : (v) (۱) حساب لگانا ؛ جمع کرنا ؛ میزان لگانا ؛ بل (قرضہ) ادا کرنا؛ (روز مرہ) ۔ (۲) جراب میں پنجے کاحصہ نیابنانا (دوبارہ بنانا) ۔ (۳) پیدل چلنا؛ قدم دھرنا ؛ رکھنا ؛ چلنا ؛ (سڑک وغیرہ پر) سرکنا ؛ ہلنا ؛ حرکت کرنا۔ (٤) ناچنا ؛ پاکوبی کرنا ؛ (ناچ میں) گت پر قدم اٹھانا ۔ (٥) ٹہلنا ؛ قدم بہ قدم چلنا ؛ پاؤں پاؤں چلنا (شاذ) ۔ (٦) قائم کرنا یا ھوجانا ؛ جی دینا ؛ مطمئن ھوجانا یا کر دینا ؛ مستقل بنیاد پر قائم رہنا ۔ (۷) پھیری لگانا ۔ (۸) مضبوطی سے

Foot-boy : (n) ملازم ؛ لڑکا ؛ چھوکرا جو وردی پہنےہوئے ہو؛ کم عمر خدمت گار عموماً وردی پوش جس کے ذمے چھوٹے موٹے کام ہوں ۔

Foot breadth : (n) پاؤں کی چوڑائی ؛ قدم کا عرض (بطور ناپ)۔

Foot bridge : (n) تنگ پُل پیدل راستہ ؛ پگ ڈنڈی وغیرہ جس پر صرف پیادہ پا چل سکتے ہیں ؛ محراب دار پُل جس پر پیادہ پا بھی گزرا جاسکتا ھے ۔

Foot- cloth : (n) مزین زین پوش ؛ ایک مزین کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالا جاتا ھے جس سے گھڑ سوار کی شان و شوکت کا اندازہ ھوتا ھے ۔

Foot-cushion : (n) خاص کر (حشریات) کیڑے کے پاؤں پر کوئی گدیلا اُبھار ۔

Foot-drill/-pump : (n) برما جس کو پاؤں کی مدد سے چلاتے ہیں ؛ ھَوا یا پانی کھینچنے یا بھرنے کا پمپ جس کو پاؤں سے چلاتے ہیں ۔

Foot-fault : (n) (۱) (لان ٹینس) وہ غلطی جو بنیادی خط کو پار کرجانے یا اپنی باری پر پہلی بار گیند پھینکنے کے وقت زمین پر نہ رہنے (پاؤں اٹھا دینے) کی وجہ سے صادر ھوتی ھے ۔(۲) (والی بال) اپنی باری پر پہلی بار گیند پھینکتے وقت آخری لائن کو پار کرجانے یا کھیلتے وقت بیچ والی لائن پر پاؤں رکھ دینے کی وجہ سے صادر ھونے والی غلطی ۔

Foot gear : (n) موزے ، جوتے وغیرہ ۔

Foot-guards/Footguards : (n) پیدل فوج کے دستے محافظت کےلئے ؛ اب پانچ پیدل فوج کے دستوں کے خاص نام ہیں ۔(۱) Coldstream (۲) Grenadier (۳) Irish (٤) Scots (٥) Welsh Fusilier ۔

Foot-halt : (n) بھیڑوں کے پیر کا ایک مرض ۔

Foot-hill : (n) دامن کوہ ؛ پہاڑ کی ترائی ؛ پہاڑ کی ڈھال کا آخری حصہ ؛ کسی بڑے پہاڑ کے دامن میں کوئی چھوٹی پہاڑی ۔

Foot-hole : (n) کھیتری ؛ کھنٹہ ؛ وہ سوراخ جو (اوپر چڑھنے میں) پاؤں رکھنے کے لئے ھوتا ھے ۔

Foot-hook : (n) (جہاز رانی) میان چوب ؛ جہاز کے وسطی شہتیروں میں سے ایک جو فرش اور اوپر کے شہتیروں کے درمیان ھوتا ھے ۔

Foot-hot : (adv.) (۱) سخت عجلت سے ؛ بہت ہی جلدی کے ساتھ ؛ بغیر تامل سے ؛ بغیر توقف کے ۔ (۲) نزدیک سے ؛ خیلی نزدیک ۔

Foot iron : (n) (۱) پاؤں سے بندھا ھوا لوہا ۔(۲) گاڑی کا پائدان ۔

Foot jaw : (n) خول دار جانوروں کے اگلے پاؤں میں سے ایک جن کی ساخت کچھ ایسی ھوتی ھے جس سے اُنھیں چبانے میں بھی مدد ملتی ھے ۔

Foot key : (n) آرگن باجے کا وہ پردہ یا بیرم جسے پیر سے دباتے ہیں ۔

Foot-level : (n) ایک قسم کا آلہ جو گنیا ، اسکوائر، یك فٹا کے طور پر کام دیتا ھے ۔

Foot-licker : (n) ذلیل ؛ خوشامدی ؛ کاسہ لیس ۔

Foot-line : (n) (۱) (طباعت) صفحہ کی سب سے نچلی سطر ۔ (۲) (ماہی گیری) جال یا مہا جال کی نچلی لائن ۔

Foot-mark/Footmark : (n) نقش قدم؛ پاؤں کانشان؛ نقش پا ۔

Foot-muff : (n) ایک قسم کی چرمی یا اونی پاپوش (پاؤں گرم رکھنے کےلئے) ۔

Foot note : (n) صفحےکے آخر میں‌لکھی ھوئی شرح (حاشیہ) ؛ پا ورقی ؛ زیر حاشیہ ۔

Foot-note : (v) حاشیہ چڑھانا ؛ حاشیہ لکھنا ؛ صفحے کے آخر میں تشریح کرنا ۔

Foot of a line : (قانون) کسی راضی نامےکی دستاویز کےتین حصوں میں سے کوئی ایک جو عدالت میں رہ جاتا ھے ۔یہ دراصل کاغذ کے ایک ہی تختے پر سب سے نیچے ھوا کرتا تھا اور اُس کا مثنیٰ اوپر ۔

Foot of a mountain : (n) (جغرافیہ) دامن کوہ ۔

Foot-pace : (n) (۱) چال ؛ گام ؛ رفتار ؛ ڈگ ؛ قدم کی لمبائی ؛ چبوترہ کا شہ نشین ۔(۲) کسی زمین پر بلند مقام خصوصاً کوئی ممبر یا قربان گاہ؛ مرتفع چبوترہ ۔(۳) سنگ تراش دان ؛ چولہے کا پتھر ۔ (٤) سیڑھیوں کے درمیان کا نصف چبوترہ ۔

Foot-page : (n) ملازم ؛ لڑکا ؛ چھوکرا ۔

Foot-pan : (n) پاؤں دھونے کا برتن ؛ ظرف پا شوب ۔

Foot-passenger : (n) پیدل مسافر ؛ پیادہ پا سفر ؛ پیدل رو ۔

Foot-path/Footpathe : (n) پیدل چلنے والوں کا تنگ راستہ ؛ پیدل راستہ ؛ پگ ڈنڈی ؛ مرد رو ۔

Foot-plate : (n) (۱) گاڑی کا پادان ۔ (۲) ریل کے انجنوں میں ڈرائیوروں اور کوئلہ جھونکنے والوں کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔

Foot-post : (n) وہ ڈاکیہ یا نامہ بردار جو پیدل جاتا ھے ؛ پیدل ڈاکیہ ؛ پیدل پیغام رساں ؛ مکتوب الیہ تک اس طرح پہنچائی گئی ڈاک ۔

Foot-pound : (n) (میکانیات) قوت کی وہ مقدار جو ایک پونڈ وزن کو ایک فٹ اوپر اٹھانے کےلئےضروری ھو ۔

Foot-poundal : (n) ایک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سےگھومنے والےایک پونڈ وزن کی قوت پر مشتمل ایک اکائی ۔

Foot-race : (n) پیدل دوڑ کا مقابلہ (اشخاص میں) ۔

Foot rail : (n) (۱) (ٹیبل، کرسی وغیرہ کی) وہ پٹری جس میں پائے لگے ھوتے ہیں ۔ (۲) ریل کی پٹری جس کی باڑھ چوڑی ھو ۔ (۳) دنبالہء جہاز پر اُبھارا یا بنایا ھوا ایک تنگ آرائشی حاشیہ ۔

Foot-rest : (n) پا آرام ؛ پاؤں کو سہارا دینے کے لئے نیچی تپائی ۔

Foot rill/-rail/Futteril : (n) (کوئلہ کان) کسی کان میں پہاڑ کی طرف جانے والی سرنگ کے ذریعہ داخلہ ۔

Foot-rope : (n) (۱) (جہاز رانی) رسی کا مڑا ھوا سرا جس سے کشتی کے نچلے کنارے کو باندھا جاتا ھے ۔ (۲) ایک رسی جو سہارے کی بلی کے نیچے تک بڑھائی گئی ھو اور جس پر بادبان مستول پر لےجاتے وقت کھڑا ھوتا ھے ۔

Foot-rot : (n) پاؤں کا ایک مرض جو چوپایوں اور بھیڑوں کو ھوتا ھے ۔

Foot-rotting : (n) بھیڑوں کا علاج جب اُسےپاؤں کی بیماری ھو جائے ۔

Foot rule : (n) ایک فٹ لمبی پیمانہ کی لکڑی ، ایک فُٹا ۔

Foot screw : (n) کسی غیر مسطح زمین پر مشین یا ٹیبل کو کھڑا رکھنے کےلئے لگایا ھوا ایک سہارا ۔

Foot-slog : (v) پیدل چلنا ؛ قدم بڑھانا ؛ بہ مشکل چلنا ؛ ٹھہر ٹھہر کر چلنا ۔

Foot-slog : (n) پیدل رفتار ۔

Foot slogger : (n) (بازاری) پیادہ چلنے والا ؛ پیادہ فوج کا سپاہی ۔

Foot-slogging : (n) (بازاری) پیادہ پا چلنا ۔

Foot-soldier : (n) پیادہ سپاہی ؛ پیدل سپاہی ۔

Foot-sore : (a) پیدل چلنے سے پاؤں کی زخمی حالت میں ؛ پاؤں کا زخمی (زیادہ چلنے سے) ۔

Foot-sore : (n) پاؤں کازخم (زیادہ چلنے کی وجہ سے) ؛ زخمی پا ۔

Foot soreness : (n) پاؤں کازخم (عموماً ان لوگوں کے پاؤں میں ھو جاتا ھے جو پیادہ پا لمبے سفر کرتے ہیں) ۔

Foot space-rail : (n) (جہاز رانی) ایسا کٹہرا جو کسی چھجے کےنچلے حصے پر آکر ختم ھو اور جہاں سے کٹہرے کے چھوٹے کھمبے شروع ھوتے ہیں ۔

Foot stone : (n) سنگ بنیاد ؛ وہ پتھر جو قبر کی پائینتی میں لگایا جاتا ھے ۔

Foot stove : (n) پاؤں کے گرم کرنے کا ایک اسٹوو (Stove) ۔

Foot sugar : (n) تلچھٹ ؛ گاد ؛ دُرد ؛ تیل کا فضلہ ؛ (Foots) موٹی شکر ۔

Foot to foot : قریب ھوکر لڑنا یا مقابلہ کرنا ۔

Foot-ton : (n) توانائی کی وہ مقدار جو ایک ٹن کے وزن کو ایک فٹ تک اُٹھالے ۔

Foot trench : (n) کم عُمق نالی ؛ کم گہرائی نالی ؛ کم گہرائی کھاڑی یا کھائی؛ معمولی کھڈ (جس کی گہرائی کم ھو) ۔

Foot tubercle : (n) کچھ حلقہ دار کیڑوں کےہرٹکڑے پرپہلودار عمل میں سے کوئی ایک جسے Para podis بھی کہا جاتا ھے ۔

Foot valve : (n) (اسٹیم انجن) آلہء تکثیف اور ھَوائی پمپ کے درمیان کا ایک کھُل منذن ۔

Foot waling : (n) (جہاز رانی) تختے کے فرش کے اوپر کسی جہاز کے اندرونی حصے میں تختے لگانا یا

استرکاری کا کام ؛ کسی جہاز کے اندرونی فرش کے تختے ۔

Foot wall : (n) (۱) (کان کنی) کسی دھات کے پرت کے اندر چٹان کا کنارہ یا دیوار ۔ (۲) ایسی دیوار جس پر کان کن کھڑا ہوتا ہے ؛ (تعمیرات) بنیادی دیوار ۔

Foot warmer : (n) وہ چیز جس سے پاؤں گرم کئے جاتے ہیں خصوصاً ٹین کا چپٹا بکس جس میں گرم پانی بھی بھر دیا جاتا ہے اور جو ریل گاڑیوں میں مسافروں کے پاؤں گرم رکھنے کےلئے رکھا جاتا ہے؛ پاؤں گرم رکھنے کا ایک طریقہ ۔

Foot washing : (n) (خاص کر مذہبی عقیدے کے پیش نظر) کسی کا پاؤں دھونا ۔

Foot way : (n) (۱) فٹ پاتھ ؛ پاپیادہ راستہ ۔ (۲) (کان کنی) کان میں اترنے یا چڑھنے کے لئے بنی ہوئی سیڑھیاں ۔

Foot work : (a) (۱) کسی ساخت یا ڈھانچے کے نچلے حصے کو مضبوط کیا ہوا کوئی کام ۔ (۲) (فٹ بال) کھلاڑیوں کا پاؤں سے آہستہ آہستہ گیند کو لڑھکانا ۔ (۳) کسی مقصد یا کام کے لئے جابجا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ۔ (٤) براہ راست تفتیش کےذریعہ کسی خبر رساں کا خبروں کے جمع کرنے کا عمل ۔

Foot worn : (n) (۱) تھکا ہوا ؛ خستہ ۔ (۲) پاؤں میں زخم والا (زیادہ چلنے کی وجہ سے) ۔

Footed : (a) (۱) پاؤں سےمہیا کیا ہوا ؛ پاؤں والا ؛ (کتے کے مانند) پا دار ؛ وتر دار ۔ (۲) پاؤں سے ٹھیک کیا ہوا ۔ (۳) پاؤں والا ؛ پاؤں مہیّا کرنےوالا ؛ پاؤں رکھنے والا ۔ (٤) پاؤں سے درست کیا ہوا ؛ پاؤں سے سنوارا یا آراستہ کیا ہوا۔ (٥) (تیراندازی) تیر کا؛ نیزے کا ؛ نوک دار لکڑی کے آخری سرے میں کٹھ چول یا کٹھ جوڑ کی مختلف اور سخت لکڑی کا ۔

Footer : (n) (۱) (عامیانہ) فٹ بال کا کھیل ۔ (۲) پیادہ رو ؛ پا پیادہ چلنے والا ؛ پیدل چلنے والا (شاذ) ۔ (۳) (شاہین بازی) شاہین صفت؛ پنجہ سے شکار کو بہترین طریقے سے پکڑنے والا۔ (٤) (اعداد شمار میں سابقہ کے طور پر) اونچائی یا لمبائی میں فٹ کا شخص یا چیز کےلئے شمار (جیسے ٦ فٹ وغیرہ) ۔

Footer : (n) [Origin doubtful.] (بول چال اور عامیانہ) بیدلی یا سرسری سے کام کرنے والا ؛ بیکار اِدھر اُدھر پھرنے والا ؛ آوارہ گردی کرنےوالا ؛ وہ شخص جو بیکار یا بیہودہ کام لئے پھرتا ہے ۔

Footfall/Foot-fall : (n) پیچھل ؛ پاؤں کی آواز؛ چلنے کی آواز ؛ قدموں کی چاپ ۔

Foothold : (n) (۱) قدم رکھنے کی جگہ ؛ پاؤں کا سہارا؛ پاگاہ؛ ایسی جگہ جہاں چلنا یا کھڑا ہونا ممکن ہو ؛ کھڑے ہونے کی سطح ؛ پیروں کا ثابت ہونا ؛ ثابت قدمی ۔ (۲) وہ حالت جو آگےبڑھنے کےلئے بنیاد فراہم کرتی ہو ۔ (۳) ربر کا ہلکا جوتا یا سینڈل جس میں ایڑیوں کے گرد صرف ایک فیتہ لگا رہتا ہے ۔

Footing : (n) (۱) چلنا پھرنا ؛ چلنے پھرنے کا عمل ؛ پاؤں جمانا (رکھنا)؛ پاؤں کا جماؤ ؛ کسی جگہ پر پاؤں کا مضبوط جماؤ ؛ کھڑے ہونے یا چلنے کی سطح ؛ مضبوط جگہ ۔ (۲) حالات ؛ شرائط ؛ تعلقات ؛ تناسب ؛ مقام ؛ رتبہ (وہ درجہ جس سے دوسرے کےمقابلے میں کسی شخص کی حیثیت کا اندازہ کیا جا سکے)؛ بےتکلفی کا درجہ ۔ (۳) نئےرتبے، درجہ یا منصب پر پہنچنا؛ نئے عہدے یا منصب کو حاصل کرنے کے وقت مطلوب انعام ۔ (٤) تجارت یا پیشہ (اختیار کرنا) ؛ سماج یا صحبت میں شرکت ۔ (٥) (تعمیرات) دیوار کی جڑ میں (نیچے کےحصہ میں) آگے کو بڑھا ہوا ٹور (ککر) ؛ دامن دیوار ؛ پایۂ ستون ؛ اساس ؛ بنیادی پائے ۔ (٦) اوپر سےنیچے لکھے ہونے اعداد کا میزان لگانا (نکالنا) ۔ (۷) رقص؛ ناچ ۔ (۸) پاؤں کا نشان ؛ مجموعی طور پر قدم کے نشانات ؛ نشانِ قدم ؛ سراغ ؛ کھوج ؛ آثار ؛ نیز مجازاً (اب شاذ) ۔ (۹) (مجازاً) مضبوط و محفوظ حالت ؛ مستحکم جگہ یا مقام ؛ پاؤں کا سہارا؛ استقرار ؛ تمکّن ۔ (۱۰) تسلیم شدہ بنیاد؛ حالت یا تنظیم جس پر کوئی امر استحکام پذیر ہو؛ کسی شخص کو کسی منصب یا عہدے کی تفویض (اُس کی صلاحیت اور لیاقت کا اندازہ) ۔ (۱۱) کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا؛ دخل دینا ؛ وہ جس کے ہاتھ کوئی چیز کھڑی کی گئی ہویا سہارا دی گئی ہو ۔ (۱۲) (وہیل مچھلی کا شکار) وہیل مچھلی کی اخراج شدہ چربی جو روغن سے بالکل خالی نہ ہو ۔

Footing beam/-dormant : (n) کسی چھت کا ملحق شہتیر ۔

Footle : (n) [Origin unkn.] (سوقیانہ) ہرزہ درائی ؛ خفیف الحرکتی ؛ حقیر ؛ ذلیل (حرکت) ؛ بکواس ؛ مہمل گفتگو ۔

Footle : (v) (بازاری) احمقانہ حرکت کرنا ؛ بیوقوفوں جیسی باتیں کرنا ۔

Footless : (a) (۱) بے پا ؛ پاؤں نہ رکھنے والا ؛ بے پاؤں کا ۔ (۲) (شاعری) جس پر کوئی چلا نہ ہو ؛ غیر پائمال ؛ اچھوتا (مضمون) ۔ (۳) بے بنیاد ؛ غیر مستحکم ۔ (٤) بے کار ؛ مہمل ؛ بے ڈھنگا ؛ انگھڑ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول؛ اناڑی ؛ پھوہڑ؛ ناکارہ ۔

Footlights : (n) تھیٹر کے اسٹیج کے سامنے ایک طرف سے ڈھکی ہوئی روشنیاں ؛ تھیٹر کے اسٹیج کے سامنے روشنیوں کی قطار جو اداکاروں کے پیروں کے ہم سطح ہوں ؛ (اکثر مجازاً) (جمع) اسٹیج ۔

Footling : (a) حقیر ؛ ادنیٰ درجے کا ؛ ذلیل ؛ احمق ؛ گاؤدی ؛ بےوقوف ؛ کند ذہن ؛ ناقص الرائے ؛ ناتجربہ کار؛ بچوں جیسا ۔

Footman : (n) (۱) پیدل چلنے والا ؛ پاپیادہ ؛ پیادہ رو ؛ (اب بول چال میں) ۔ (۲) پیادہ فوج کا سپاہی؛ وردی پہننےوالے ملازم جو سواریوں یا دروازوں پر یا کھانے کے میز پر کام کرتے ہیں نیز مجازاً ۔ (۳) آگ کے سامنے کیتلی وغیرہ کو گرم رکھنے کےلئے تپائی ۔ (٤) ایک قسم کا پتنگا یا پروانہ ۔

Footmanship : (n) تیز پیادہ روی ؛ دوڑنے یا ٹہلنے کا عمل یا مہارت ۔

Footpad : (n) (۱) (خاص کر حشریات) دیکھو Foot-cushion ۔ (۲) رہزن ؛ قزاق ؛ جوگھوڑے پر سوار نہ ہو بلکہ پیادہ لوٹ مار کرتا ہو ۔ (۳) پیدل چلنے والوں کو لوٹنے والا ۔

Footprint : (n) نقش قدم ؛ نقش پا؛ پاؤں کا نشان ؛ (خصوصاً ارض میں) (نیز مجازاً) ۔

Footstalk : (n) (۱) کسی بنیاد یا تہ میں لگائی ہوئی ایک پتلی چھڑی یا کوئی سہارا ۔ (۲) (نباتیات) پتے کی ڈنڈی یاپھول کاعضلہ؛ شاخ گل ؛برگ دم؛ ڈنٹھا ۔ (۳) (حیوانیات) شاخ گل سےمشابہ کوئی ترکیب یا عمل خصوصاً ایک قسم کے شمالی ہنس کا ایک عضلاتی جوڑ یا پھول کی شاخ ۔ (٤) لاحقہ بمعنی (کسی چیز سے پیدا شدہ) ۔

Footstall : (n) (۱) پایہ؛ ستون ؛ ستون کی کرسی ؛ کسی پائے کی بنیاد یا اساس ۔ (۲) رکاب زین زنانہ ۔

Footstep : (n) (۱) قدم (فاصلہ) ؛ آواز قدم ؛ صدائےگام ؛ قدم رکھنے کا فعل ۔ (۲) نقش قدم ؛ پاؤں کانشان (نیزمجازاً) ۔ (۳) قدم رکھنے کےلئے کوئی زینہ ۔ (٤) عمودی دھرا یا چرخی کے نچلے حصے کو قائم رکھنے والا ایک سہارا ؛ چرخی روک ۔

Footstick : (n) (طباعت) نوکیلے چھڑ کے ذریعہ کسی صفحہ یا صفحات کے نیچے لگا ہوا ایک چانپ یا فانہ ۔

Footstool : (n) (۱) وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں ؛ پاؤں تپائی ۔ (۲) (امریکا) زمین ۔ (۳) سفری اور ہلکا زینہ (عموماً گھوڑے پر چڑھنے کےلئے) ؛ آرام دہ کرسی ؛ گدی دار چوکی ۔

Footy : (a) کمینہ ؛ ذلیل حقیر ؛ معمولی ؛ پست ؛ ادنیٰ ؛ غیر اہم ؛ ناکارہ ؛ ہیچ پوچ ؛ پھٹا پرانا (روزمرہ اور بول چال) ۔

Footy : (a) تلچھٹ والا ؛ میلا کچیلا ؛ گدلا ؛ دُردی ۔

Foozle : (n) [f. next. v.] (۱) بھدی ؛ بھونڈی ؛ ناکامی ؛ ناکامیابی ؛ خام کاری ۔ (۲) دقیانوسی ؛ قدامت پسند ؛ (امریکا) بےوقوف ؛ احمق ۔ (۳) (گولف) فریبی ضرب ؛ دھوکے کی وار ۔

Foozle : (v) [Ger. dial fuseln.] (۱) (بازاری خاص کرگولف) بھونڈی بھدی طرح عمل کرنا؛ بگاڑ دینا؛ خراب کر دینا ؛ گڑ بڑا دینا ۔ (۲) بیوقوف بنانا ۔

Fop : (n) [ME. 'fop.'] (۱) وضع دار؛ بانکا ؛ چھیلا ؛ البیلا ؛ خودبیں ؛ خود پسند و خود نما آدمی؛ کج کلاہ؛ خوش لباس؛ بنا سنورا ہوا؛ ستھرا ۔ (۲) نادان ؛ ابلہ ؛ احمق ۔

Fopling : (n) وضع داری دکھانا؛ خود نمائی کرنا ؛ حقیر آدمی جو وضع داروں اور بانکوں کی تقلید کرے ۔

Foppery : (n) بانکپن ؛ چھیلا پن ؛ خود نمائی ؛ خود پسندی ؛ خود بینی ؛ خود سازی ؛ البیلا پن ؛ شیخی ؛ سادہ لوحی ؛ احمقانہ پن ؛ نادانی ۔

Foppish : (a) خود نمائی کرنے والا ؛ خودنما ؛ طمطراق دکھانے والا ؛ بننے ٹھننے والا ؛ خود ساز ؛ بیہودہ ؛ نادان ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ کند ذہن ؛ ضعیف العقل ۔

Foppishly : (adv.) بن ٹھن کر ؛ دکھاوے کے لئے ؛ بانکپن کے ساتھ ؛ طمطراق کے طورپر ؛ خود نمائی سے ؛ البیلےانداز میں ؛ بےوقوفانہ طور پر ؛ احمقانہ انداز میں ۔

Foppishness : (n) دکھاوا ؛ خود بینی ؛ بانکپن ؛ چھیلا پن ؛ طمطراق ؛ خود نمائی ؛ خود سازی ؛ حماقت ؛ بیوقوفی ۔

Foppy : (a) Foppish دیکھو

For : (pre p. & Conj.) [OE.'for'.] (۱) سامنے ؛ بالمقابل ؛ برائے ؛ بجائے؛ مقالے میں ؛ تبادلے میں ؛ وقت کے اوپر بطور قیمت یا تاوان ؛ عوض میں ؛ بالغرض ؛ وجہ سے ؛ بہ سبب ؛ بہ موجب ؛ بوجہ ؛ باوصف ؛ بہ جہت - (۲) مدافعت ؛ تحفظ ؛ امداد؛ موافقت ؛ جانبداری کےلئے - (۳) غرض سے ؛ بغرض ؛ لئے ؛ کی خاطر ؛ بہ نظر ؛ نیت سے ؛ حالت پر - (٤) حق میں ؛ موافقت میں ؛ حمایت میں ؛ طرف ؛ خاطر ؛ قریب ؛ بعد ؛ باوجود ؛ باوجودیکہ - (٥) رکاوٹ ؛ مطابق ؛ برابر ؛ موافق ؛ مقابل ؛ تعلق ؛ نسبت ؛ ہوتے ہوئے ؛ سے (زمانہ میں) - (٦) اقرار واثق میں - (۷) فوقیت سے ؛ سبقت سے ؛ اُس کی جگہ پر ؛ اُس کے بدلے ؛ بدلے میں ؛ صلے میں - (۸) عزت میں ؛ عزت سے - (۹) مقصد سے ؛ کام سے - (۱۰) حاصل کرنے کے لئے - (۱۱) اُس چیز کا پتہ بتاتے ہوئے جس کی طرف احساسات اور دماغی یا ذہنی قوانین کے عمل مخاطب ہو - (۱۲) حد بتاتے ہوئے ؛ منزل کی طرف اشار کرتےہوئے - (۱۳) بالطبع؛ بالنتیجہ؛ نتیجہ کے طور پر؛ وجہ سے ؛ نتیجتاً (نتیجے یا اثر کے بعد استعمال ہوتا ہے) وجہ؛ سبب ؛ مقصد - (۱٤) پیش از ؛ قبل از ؛ پہلے سے؛ آگے سے ؛ قبل ہی ؛ سامنے میں ؛ بعداز بعدمیں ؛ نزدیک میں - (۱٥) کسی مخصوص وصول کنندہ یا گیرندہ کو ملاتے ہوئے یا پیش کرتے ہوئے یا شریک کرتے ہوئے یا کسی شے کا کسی چیز کےمتعلق ہونے کا قیاس کرتے ہوئے یا ایسے ہی - (۱٦) کسی ایسے فعل، صفت یا اسم صفت کے ساتھ جو تعین و تقرر، تصرف اور قبضہ یا موزونیت یا مناسبت کو ظاہر کرے - (۱۷) اسم کے ساتھ ، سند یا اس کے جزو کے طور پر - (۱۸) وصولی یا ادائیگی کےلئے کسی رقم کو تخصیص کرتے ہوئے - (۱۹) (کرکٹ میں) بہت سارے رن کے نتیجے میں (بہت سارے وکٹ) کے گرنے کی وجہ سے - (۲۰) مقصد یا نتیجے کےفائدے کے طور پر یا مسرت بخش طور پر ؛ خدمت میں ؛ نیز طنزاً - (۲۱) کسی شخص یا چیز کی حالت یا مفاد پر اثرانداز ہوتے ہوئے - (۲۲) اثر ڈالتے ہوئے کسی اسم، ضمیر کے ساتھ جس کے بعد May' That he' Might.' Should وغیرہ کا مفہوم ظاہر ہوتاھے - (۲۳) نسبت دیا ہوا یا منسوب کیا ہو ا یا تسلیم شدہ یا مانے ہوئے کردارکے ساتھ - (۲٤) بہ سبب ؛ بوجہ (احساس وغیرہ) ؛ وجہ سے - (۲٥) واسطے، لئے، فجائیہ سے بھی متعلق - (۲٦) ایک موثر کام کی وجہ سے ؛ اس کے نتیجہ میں (اب خاص کر مقابلةً کے بعد) - (۲۷) رکاوٹ ، یا مزاحمت کے عمل یا اس کی موجودگی کے اظہار کےلئے ، منفی جملوں میں بھی کبھی کبھی خوف یا ڈر سے - (۲۸) تعلق ؛ نسبت (ا) بطور سابقہ جو کسی تعداد یا مقدار کو ظاہر کرے جس سے دوسرا اور طریقے سے مطابق ہو - (ب) ایسے ہی اسم سے شروع کیا ہوا یا بعد میں لگایا ہوا (بغیر فقرے (article) یا لفظ کی وضاحت کے) ؛ دوسرے محاورے میں دو متوازی اور متماثل چیزوں کی تعداد اور مقدار میں مساوات ظاہر کرتے ہوئے - (۲۹) لحاظ سے ؛ بہ متعلق ؛ تناسب سے ؛ نسبتاً ؛ غور کرتے ہوئے ؛ صلاحیت اور فطرت کو غورکرتے ہوئےیا اُس کے مطابق - (۳۰) معین اور مخصوص لمحاتی فاصلے کو بتاتے ہوئے -

A human man for an executioner : جلاد ہوتے ہوئے بھی ایک رحم دل انسان ہونا -

Alas for him : افسوس اُس کی حالت پر -

All out for 44 : (کرکٹ) ٤٤ بنا کر سب آؤٹ ہوگئے -

As for : جیسا ؛ جیسے ؛ لئے -

Bought gowns for the maids : لڑکیوں کے لئے (لباس) خریدا -

Bulk for Bulk : جسامت کے مقابلے میں جسامت (برابر کی جسامت) -

Did it for her food : اس کے فائدے کے لئے (کام) کیا -

Did it for pure wantonness : محض شرارتاً ایسا کیا -

Did it for the second time : وہی کام دوسری دفعہ کیا-

Do it for my sake : میری خاطر ایسا کرو -

Do you take me for a fool ? کیا تم مجھے بیوقوف سمجھتے ہو؟

Drew on him for £s. 100 : سو پونڈ اُس سے لئے -

Except, but, were it into, for one thing I might be happy : ایک چیز (ایک بات) مانع نہ ہوتی تو میں ضرور خوش رہتا -

Getting on for 2 0' clock : تقریبا دو بجے -

Good enough for me : میرے لئے بالکل کافی ھے -

Got it for two pence : وہ چیز دو پینس میں (بالعوض دوپینس) حاصل کی ۔

Hard up for money : روپے کا ضرورتمند (محتاج ، مفلس) ۔

Has been so for months : یہ حالت مہینوں سے ھے ۔

He is for it : (فوج) وہ سزا کا مستوجب ھے ؛ سزا ؛ اس کی قسمت میں لکھی ھوئی ھے ۔

(He may do it) for me : میری جانب سے کوئی عذر نہیں ھے ۔

He was hanged for a pirate : بحری قزاق سمجھ کر پھانسی دیا گیا ۔

Hold it for certain : یقین ھونا ؛ دھوکے سے یہ سمجھا کہ وہ ھے ؛ (غلطی سے زید کو عمر سمجھلینا) ۔

I am for him : میں اس کی طرف ھوں ۔

I am for tariff-reform : میں محصول درآمد و برآمد کی اصلاح کا موئد ھوں ۔

I cannot do it for the life of me : میں اپنی جان کی خاطر بھی یہ (کام) نہ کرونگا ۔

I can shift for my self : اپنی فکر (اپنا انتظام) خود کرسکتا ھوں ۔

I do not care for game : میں کھیلوں کا شائق نہیں ھوں ۔

I for one do not believe it : میں تو خود اس کا یقین نہیں کرتا ۔

I tremble for him : میں اس کے لئے کانپتا ھوں (اس اندیشے سے کانپتا ھوں کہ اس کو نقصان نہ پہنچے) ۔

I would not for a great deal : میں کسی قیمت پر کچھ نہیں کرسکتا ۔

I would not for anything : میں کسی چیز کے لئے کچھ نہیں کر سکتا ۔

I would not for the world : میں ساری دنیا کےلئے کچھ نہیں کر سکتا ؛ کسی طرح نہ کروں گا ؛ ہرگز نہ کروں گا ۔

Is not long for this world : دنیا میں زیادہ رہنے والا نہیں ھے ؛ قریب المرگ ھے ۔

Is the man for the job : اُس کام کےلئے صرف وہی آدمی موزوں ھے ۔

It is bad for him to smoke : اس کے لئے تمباکو نوشی مضر ھے ۔

It is for general good : سبھوں کی بھلائی کےلئے ۔

It is for you to make the move : اب یہ تمہارا کام ھے کہ قدم بڑھاؤ ؛ آغاز کرو ؛ شروع کرو ۔

It is wicked for him to smoke : اس کا تمباکو پینا بہت معیوب ھے (گناہ ھے) ۔

Left him alone for once : ایک دفعہ اس کو تنہا چھوڑ ہی دیا (اُس سےتعرض نہیں کیا) ۔

Left, sailed for India : ہندوستان کو روانہ ھوا ۔

Longing for praise : تعریف کا خواہش مند (شائق) ۔

Made comfortable for life : زندگی بھر کے لئے (اُس کے) اُس کے آرام و آسائش کا انتظام ھو گیا ۔

Nothing for it but to submit : سوائے اطاعت کے کوئی چارہ نہیں ۔

Notorious for parsimony : بخل کے لئے (کی وجہ سے) بد نام ۔

Not paid for : جس کی قیمت ادانہ کی گئی ھو ۔

Oh! for wings : کاش میرے پر ھوتے ۔

Once for all : قطعی طورپر ؛ آخری دفعہ ؛ ہمیشہ کےلئے ۔

Ready for dinner : کھانا کھانے کے لئے تیار ۔

Sits for, mamber for Liverpool : شہر لیور پول کا نمائندہ ۔

Substituted for : کوئی چیز (یا شخص) کسی چیز (یا شخص) کے عوض میں بدلی گئی ۔

Take my word for it : یقین رکھو ؛ میرے بیان پر یقین رکھو ۔

Was tried for his life : ایسے جرم میں مقدمہ چلایا گیا جس کی سزا موت تھی ۔

Went for a soldier : سپاہی پر حملہ کیا ۔

Won a name for himself : نام پیدا کیا ؛ شہرت حاصل کی ۔

150 for six wickets : ٦ کھلاڑیوں نے ١٥٠ رن بنائے ۔

Word for word : لفظ بہ لفظ ؛ لفظ کے مطابق (بالمقابل) لفظ (مثلاً لفظی ترجمہ) ۔

For : (Con.) (١) چونکہ ؛ کیونکہ ؛ اس لئے کہ ؛ اس وجہ سے کہ ۔ (٢) کوئی پہلی کہی ہوئی چیز یا بات کی وجہ ظاہر کرتے ہوئے ۔ (٣) بجہت ؛ اس وقت سے ؛ بوجھ کر ۔

For- : (Prefix) سابقہ Fore کا متبادل ۔

For- : (Prefix) [OF. for-, 'fors.'] سابقہ جو فرانسیسی الفاظ میں استعمال ہوں ۔

For - : (Prefix) [OE. 'for'-, for-.'] سابقہ کےطور پرایک سابقہ جس سے فعل اور صفت بنتے ہیں (پہلے for کے مرکبات بہت عام تھےمگراب تقریباً ایک درجن ایسے الفاظ باقی رہ گئے ہیں جن کے مفہوم حسب ذیل ہیں) فعل بنانے میں ۔(١) دور ؛ الگ؛ علیحدہ ۔ (٢)ممانعت؛ پرہیز۔ (٣)بےترجہی؛ بے التفاتی ۔(٤) بُرا اثر ؛ ٹکڑے ٹکڑے ۔(٥) زیادتی؛ شدت ۔ (٦) تھکاوٹ ؛ پریشانی ؛ ہراس ۔ (٧) بالکل ؛ مکمل ؛ سارے کا سارا ؛ پورا ۔ (٨) پوری طاقت کے ساتھ ؛ شدت سے ؛ کبھی بھی بغیر مفہوم بدلے ہوئے ۔(٩) اسم یا صفت افعال قلوب بناتے ہوئے ؛ صفت بنانے میں ؛ بہت؛ کافی؛ شدید اورانتہائی کے مفہوم میں ۔

For all he seems to dislike me, I still like him : باوجودیکہ وہ بظاہر مجھے ناپسند کرتا ہے تاہم میں اُسے پسند کرتا ہوں ۔

For all or ought I know : میں اس کے خلاف کچھ نہیں جانتا ہوں ۔

For all that : باوجود اس سب کے (ان سب باتوں کے) ۔

For all the word : کسی مشابہت یا مماثلت کے دعوے پر زور دینے کےلئے استعمال ہو تا ہے ۔

For all you say : جو کچھ کہتے ہو (یا کہا) باوجود اس کے ۔

The motive for retreating : واپسی (پسپائی) کی غرض (مقصد) ۔

They live for each other : وہ ایک دوسرے کی خاطر زندہ ہیں ۔

Time for school : اسکول جانے کا وقت ۔

To avoid it for fear of accidents : حادثات کے (اندیشے سے (اس کام یا چیز سے) بچنا ؛ پرہیز کرنا ۔

To fit for nothing : بیکارمحض؛ کسی کام کا نہیں ؛ ہر کام کے ناقابل ۔

To flee for shame : شرم کی وجہ سے بھاگنا ؛ شرما کر بھاگنا ۔

To go for a cab : کرایہ کی گاڑی لانے کے لئے جانا ۔

To go for a soldier : کسی سپاہی کو حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

To go out for a walk : ٹہلنے (چہل قدمی) کےلئے جانا ۔

To leave for dead : مرنے کے لئے چھوڑ دینا ۔

Too beautiful, for words : اتنا خوبصورت کہ بیان نہیں ہو سکتا ؛ بیان سے باہر حسین ۔

To play for a certain stake : شرط لگا کر کھیلنا ۔

To play for penny points : ایک ایک پینی کا داؤں کھیلنا ۔

To run for it : بھاگنا ؛ رو پوش ہونا ۔

To take for granted : تسلیم کرنا ؛ فرض کر لینا ؛ مان لینا ؛ مسلمہ سمجھ لینا ۔

To try a man for his life : ایسے مقدمے کی شنوائی کرنا ؛ جس میں مجرم کو سزائےموت مل سکتی ہو ۔

To walk for two miles : دو میل چلنا ۔

Very bright for a winter day : جاڑوں کا دن ہوتے ہوئے بھی (باوجود موسم سرما کے) نہایت روشن ۔

For-bush's sparrow : (n) بحرالکاہل کے ساحل کی گوریا ۔

For by : (e) : (adv.) علاوہ بریں ؛ مزید برآں ؛ علاوہ ازیں ؛ اس کے علاوہ ؛ اس کا ذکر ہی کیا؛ ساتھ۔ساتھ؛ ساتھ ہی ساتھ؛ قریب ؛ نزدیک ؛ بغل میں (شاذ) ۔

For-act : (n) [F.'forzato.'] ایک مجرم جو محنت شاقہ کےساتھ قید کیا گیا ہو ۔

For cause : سبب سے ؛ وجہ سے ؛ نتیجتاً ۔

For certain/-sure : ناقابل گریز ؛ قطعی ؛ لازمی ؛ یقینی ۔

For company : (n) یاروں کےلئے ؛ صحبت کے واسطے ؛ دوستوں کی خاطر ۔

Forage : (n) [ME. F. 'fourrage.'] (۱) گھوڑوں اور چوپاؤں کی غذا ؛ چارہ (خصوصاً فوج کے گھوڑوں کا) علف ؛ پہلے اس کا استعمال جاڑے میں خشک گھاس، بھوسا وغیرہ کےلئےتھا ؛ نیز مجازاً ۔ (۲) چارہ جمع کرنے یا چارہ بہم پہنچانے کا عمل ۔ (۳) وہ غذا جو جنگلی یا پالتو جانور خود کھاتے ہیں ۔

On the forage : فوجی گھوڑوں کا چارہ یا کھانا ۔

Forage : (v) [ME. F. 'fourrage.'] (۱) چارہ جمع کرنا ؛ چارہ یا کوئی چیز تلاش کرنا ؛ چارہ مہیا کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ حاصل کرنا ۔ (۲) لوٹنا ؛ اُجاڑنا ؛ خراب کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ (کسی ملک کو) ذخیرہ برباد کرنے یا حاصل کرنے کے لئے تاراج کرنا یا برباد کرنا ۔ (۳) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ چھان مارنا ؛ گھوم گھوم کر کسی چیز کو تلاش کرنا ۔ (٤) چارہ یا غذائی تلاش میں ادھر اُدھر گھومنا؛ ذخیرہ یا سامان کی تلاش میں گھومنا نیز حملہ کرنا ؛ چھاپہ مارنا ۔ (٥) غذا فراہم کرنا؛ چارہ فراہم کرنا ۔ (٦) لوٹ کھسوٹ کے ذریعہ حاصل کرنا ۔

Forage-cap : (n) ایک قسم کی آگے کی طرف جھکی ہوئی چھوٹی ٹوپی جو پیادہ فوج میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Forage harvester : (n) گھاس کاٹنے والا ؛ کھیت کاٹنے والا ۔

Forage mite : (n) (حیوانیات) چچڑی ۔

Forager : (n) [OF. forragier.] (۱) جو شخص چارہ جمع کرنے کےلئے جائےیا بھیجاجائے۔ (۲) جلو دار؛ پیش رو؛ منادی ۔ (۳) جاڑے کی غذا تلاش کرنے والی چیونٹی ۔

Foraging : (n) (تاریخ) رسد مہیا کرنا ؛ رسد مار دھاوا ۔

Foraging ant : (n) (حیوانیات) غذا آور چیونٹی ۔

Foralite : (n) [F. L. forare+ lite.] (ارضیات) بالو؛ پتھر پر نلی کی طرح بنے ہوئے نشانات میں سے کسی ایک کا نام ۔

Foramen : (n) [L f. 'forare.'] (تشریح، حیوانیات وغیرہ) سوراخ ؛ چھید؛ راستہ؛ روزن ؛ مخرج ؛ دہانہ ؛ تنگ راستہ ۔

Apical foramen : (تشریح) سوراخ والی ۔

Foramen magnum : (n) روزن کبیر ۔

Foramen ovale : (n) بیضوی روزن ۔

Foramen rotundum : (n) مدور روزن ۔

Foramen triosseum : (n) سہ عظمی روزن ۔

Foremen vestibute : (n) گلیاری روزن ۔

Foraminate : (a) [L.foraminatus.'] چھید دار ؛ سوراخ دار ؛ کندہ شدہ ؛ سوراخ کیا ہوا ؛ سوراخ ؛ بیندھا ہوا ۔

Foraminate : (v) سوراخ کرنا ؛ چھید کرنا ؛ رخنہ ڈالنا ؛ نفوذ کرنا ؛ بیندھنا ؛ باریک سوراخوں کی قطاریں بنانا ۔

Foraminated : (a) دیکھو Foraminate

Foraminifer : (n) (نباتیات) سماروغ کے فطرومہ کی قسم کی کوئی چیز ۔

Foraminifera : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا صدف نما چھوٹا جانور جس میں ایک یا چند سوراخ ہوتےہیں ۔

Foraminiferal : (a) چھوٹے چھوٹے سوراخ دار جانور سےمتعلق یا اس کا ۔

Foraminiferous : (a) متخلخل ؛ چھوٹے چھوٹے سوراخوں سے بھرا ہوا ؛ ایسے صدفی سوراخ دار جانور کے متعلق بھی کہاجاتاهے نیز(صحیح معنوں میں) ایسے جانوروں کا یا اُس پر مشتمل ۔

Forasmuch : (adv. & Con.) [Origin for as much.] (۱)یہ دیکھتے ہونے کہ ؛ چونکہ ؛ کیونکہ ؛ بہ این سبب؛ تا حالانکہ؛ یہاں تك کہ ۔ (۲) صرف For as much as میں بھی ۔

Foration : (n) (طب) ثقب ۔

Foray : (n) حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ؛ ہلّہ ؛ تاخت و تاراج ؛ غارت ؛ یغما؛ لوٹ مار؛ ابتری؛ ہلاکت ؛ نیز مجازاً ۔

Foray : (v) [Origin unkn.] (۱) حملہ کرنا؛ تاخت و تاراج کرنا؛ غارت کرنا؛ لوٹنا؛ ابتری پھیلانا؛ لوٹ کھسوٹ کرنا؛ مال غنیمت کی تلاش میں ادھر اُدھر مارے پھرنا ؛ اعتراضات کا بھرمار کرنا ۔ (۲) حملہ آور ہونا ۔

Foray ever : ہمیشہ کے لئے؛ سدا ۔

Foraye : (adv.) ہمیشہ ؛ ہمیشہ سے ؛ ہمیشہ کے لئے ۔

Forayer : (n) [ME.'forrier.'] (۱) لوٹ مار کرنے والا یا اُس میں شریك ہونے والا ؛ حملہ کرنےوالا یا اُس میں شریك ہونے والا ؛ غارت گری کرنےوالا ؛ حملہ آور ؛ تاخت و تاراج کرنےوالا ۔

Forb : (n) [GK.'phorle.'] چارہ ؛ گھاس کے علاوہ ایك قسم کا پودا ؛ (نباتیات) بوٹی ؛ نبات ۔

Forbear/Forebear : (n) (جمع) آباو اجداد ؛ باپ دادا ؛ اسلاف ؛ نیاگان ؛ مورث ؛ جد اعلیٰ ؛ مورث اعلیٰ ۔

Forbear : (v) [OE.forberan.] (۱) پرہیز کرنا؛ الگ رہنا؛ بچنا؛ باز رہنا ؛ احتراز کرنا ؛ اجتناب کرنا ؛ الگ تھلگ رہنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) استعمال نہ کرنا؛ (کسی بات کا) ذکر نہ کرنا ۔ (۳) صبر کرنا ؛ صابر ہونا ؛ برداشت کرنا ؛ تحمل کرنا ؛ خودداری کرنا؛ چشم پوشی کرنا؛بردباری کرنا۔ (٤) کمی کرنا؛ کوتاہی کرنا ؛ کسر کرنا؛ معاف رکھنا؛ بخش دینا؛ درگذر کرنا؛ نظراندازکرنا ۔ (٥)رحم کرنا؛ مہربانی کرنا؛ مہربانی سے پیش آنا؛ عنایت کرنا؛ کرم کرنا؛ مروت سے پیش آنا؛ رعایت کرنا(اب شاذ) ۔ (٦) ٹال مٹول کرنا ؛ بہانہ کرنا (قرض کی ادائیگی کےلئے) (اب شاذ) ۔

To bear and forbear : برداشت کرنا اور صبر کرنا ۔

Forbearance : (n) (۱) صبر ؛ شکیب ؛ تحمل ؛ برادشت ؛ بردباری ۔ (۲) احتراز ؛ اجتناب ؛ امساك ۔ (۳) رحم و کرم؛ درگذر؛ معافی؛ رحم دلی؛ رقیق القلبی ۔ (٤) مصیبت ؛ اذیت ۔ (٥) ٹال مٹول (خاص کر قرض کی ادائیگی) ۔

Forbearer : (n) تحمل کرنے والا ؛ صبر کرنےوالا ؛ برداشت کرنے والا ؛ درگذر کرنےوالا ؛ معاف کرنےوالا ۔

Forbearing : (a) (۱) رحم دل ؛ نرم دل ؛ بردبار ۔ (۲) متحمل ؛ باحوصلہ ۔

Forbearingly : (adv.) تحمل کے ساتھ ؛ پرہیز کرتےہوئے ؛ بچتے ہوئے ؛ باز رہ کر ؛ برداشت کی صورت میں ؛ معاف کرتے ہوئے ؛ بخشتے ہوئے ۔

Forbearingness : (n) (۱) پرہیز ؛ اجتناب ؛ احتراز ؛ صبر ؛ برداشت ؛ تحمل ۔ (۲) خود داری ؛ چشم پوشی ؛ کوتاہی؛ کمی؛ درگذر ۔ (۳) رحم و کرم ؛ عنایت؛ مروت ؛ رعایت ۔

Forbecause : اس وجہ سے کہ ؛ دریں وجہ ؛ چونکہ ؛ کیونکہ ؛ بایں وجہ ۔

Forbid : (v) [OE.'forbeodan.'] (۱) ممانعت کرنا؛ ممنوع کرنا؛ حکم دینا کہ نہ کرے (کسی کو کسی جگہ)؛ جانے سےمنع کردینا؛ کسی بات کا امتناع کرنا؛ (کسی شخص یاچیزکے) وجود کو ممنوع کردینا؛ کسی امر کے ارتکاب یا فعل کے سرزد ہونے کی ممانعت کرنا؛ قدغنی کرنا ۔ (۲) (حالات، مواقع وغیرہ کے متعلق) خارج کرنا؛روکنا ؛ نامناسب اورناسزاوار قرار دینا ۔ (۳) الگ کرنا ؛ پیچھے کردینا ؛ شریك نہ کرنا ؛ ترقی میں حائل ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ رخنہ اندازی کرنا ؛ روڑا اٹکانا ۔ (٤) ناقابل عمل بنانا؛ ناممکن کر دینا ۔

God, Heaven, the Lord forbid : خدانخواستہ ؛ خدا نہ کرے ؛ اللّٰہ نہ کرے ۔

To forbid bullfights : وحشی بھینسوں کی لڑائی کا امتناع کردینا ۔

To forbid gladiators : وحشی جانوروں اور انسانوں کی لڑائی کا امتناع کر دینا ۔

To forbid him court : دربار کی حاضری (کسی کے لئے) ممنوع کر دینا ۔

To forbid him to go : اس کو جانے سے منع کر دینا ؛ جانے کی ممانعت کر دینا ۔

To forbid him wine : اس کے لئے شراب ممنوع کر دینا ۔

Forbiddance : (n) ممنوع کرنے کی حالت ؛ روکنے کی کیفیت ؛ ممنوع ؛ روک ؛ قدغن ؛ ممانعت ۔

Forbidden : (a) ممنوع ؛ قدغن ؛ منع کیا ہوا ؛ حرام ؛ غیر مجاز ؛ روکا ہوا ۔

Entrance forbidden : ورود ممنوع ؛ داخل ہونے کی اجازت نہیں ۔

Was forbidden wine : (اس کی) شراب روک دی گئی ؛ (اس کو) شراب خوری سے روک دیا گیا ۔

Forbidden degress : رشتہ داری و قرابت کے بعض سلسلے جن میں مناکحت ناجائز ہے ۔

Forbidden energy level : (n) : (طبیعیات) حرام رشتے ؛ محارم ؛ ممنوع توانائی درجہ ۔

Forbidden fruit : (n) (۱) ممنوعہ ثمر یا گندم (جس کے کھانے کی آدم و حوّا کو ممانعت تھی) (اصطلاحاً) ایسی چیز جس کی خواہش صرف اس لئے ہو کہ ممنوعہ ہے ۔ (۲) لیموں ، نارنگی وغیرہ کی قسم کے پھل میں سے کوئی ایک پھل ؛ چھوٹا سنگترہ ۔ (۳) نارنجی رنگ کی ایک امریکی شراب ۔ (٤) سیلون کے ایک درخت کا پھل جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے ۔ (٥) تعیّش ؛ عیاشی ؛ ناجائز مباشرت ۔

Forbidden nuclear transition : (n) (طبیعیات) ممنوع نیو کلیائی عبور ۔

Forbidden transition : (n) (طبیعیات) ممنوع عبور ۔

Forbiddonly : (adv.) امتناع کے طور پر ؛ رکاوٹ کے طور پر ؛ بطور امتناع ؛ ممنوع قرار دے کر ۔

Forbiddenness : (n) امتناع ؛ رکاوٹ ؛ مزاحمت ؛ ممانعت ۔

Forbidder : (n) روکنے والا ؛ منع کرنے والا ؛ باز رکھنے والا ؛ رکاوٹ پیدا کرنے والا ؛ روڑا اٹکانے والا ۔

Forbidding : (a) (۱) منع کرنے والا ؛ روکنے والا ؛ مانع ؛ دافع ۔ (۲) بدصورت ؛ بدقطع ؛ نفرت انگیز ؛ کریہہ المنظر ؛ مکروہ صورت رکھنے والا ؛ زشت ناپسند ؛ ناگوار ؛ غیر مطبوع ۔ (۳) ایسی مکروہ (صورت کسی شخص یا چیز کی) جو نامطبوع ہو ، جسے دیکھنا پسند نہ کیا جائے ۔ (٤) دہشت انگیز ؛ تہدید انگیز ؛ ترسناک ؛ ہیبتناک ؛ مہیب ؛ ڈراؤنا ۔

Forbiddingly : adv.) غیر مطبوع طریقہ پر ؛ ایسے طریقے پر یا صورت میں جس سے امتناع ظاہر ہو ؛ نفرت انگیز طور پر ؛ خوفناک طور پر ۔

Forbiddingness : (n) زشت روئی ؛ امتناع ؛ ممانعت ؛ قدغن ؛ ترسناکی ؛ خوف ناکی ؛ غضب ناکی ۔

Forbivorous : (n) گھاس پھوس کھانے والا جانور ؛ علف خوار ؛ ہرزہ خوار ۔

Forblack : (n) انتہائی سیاہ تیرہ و تار ؛ تیرگوں ۔

Forby(e) : (prep.) سوائے ؛ بالکل قریب ؛ متصل ؛ نزدیک ۔

Forby(e) : (a.) (۱) غیر معمولی ؛ مخصوص ۔ (۲) قابل ذکر ؛ عجیب ؛ نادر ؛ ممتاز ؛ نمایاں ؛ غیر معمولی طور پر اچھا ؛ ممیز ۔

Force : (n) [L.'fortis.'] (۱) قوت ؛ طاقت ؛ بل ؛ زور ؛ قدرت ؛ قوت عمل ؛ سعی ؛ کوشش ؛ شدید کوشش ؛ حرکت کی قوت ۔ (۲) فوجی طاقت ؛ قوت ؛ مسلح آدمیوں کی جماعت ؛ فوج کا دستہ ؛ (جمع میں) فوج ؛ لشکر ؛ پولیس کا دستہ ؛ اصطلاحاً (The Force) پولس (قدیم استعداد) ؛ دفاعی قوت ؛ (بعد میں) بحری طاقت ؛ جسمانی طاقت ۔ (۳) وہ قوت جو کسی مقصد کےلئے یا کسی شے پر صرف کی جائے ؛ تشدد ؛ جبر ؛ استبدادی قوت ؛ اکراہ ۔ (٤) زبردستی ۔ (٥) دفاعی یا اخلاقی قوت ؛ اثر ؛ قوت نظم وضبط ؛ اختیار ؛ تاثیر ؛ نیکی ؛ حسن خلق ؛ خوبی ۔ (٦) منوانے کی طاقت ؛ قایل کرنے اور یقین دلانے کی طاقت ؛ قوت بندش ۔ (۷) جلا ؛ تیز روشنی ؛ انعکاس ۔ (۸) وجہ نفاذ ؛ جواز ؛ معقولیت ؛ صحت ۔ (۹) معنی ؛ مراد ؛ مطلب ؛ صحیح معنی ؛ حقیقی معنی ۔ (۱۰) (طبیعیات) وہ قابل اندازہ اثر جو جسم کو حرکت پر آمادہ کرتا ہے ؛ اس اثر کی شدت جس کو قدیم زبان میں توانائی بالفعل کہتے ہیں ؛ رفتار ؛ حدت ؛ برقی وجہ وغیرہ کو جس کو مادے کے ساتھ یا اس میں موجود توانائی یا اصول پر مشتمل سمجھا جائے ؛ از روئے جنس غور کئے ہوئے ایسے ہی اصول یا توانائی ۔ (۱۱) توانائی ؛ قوی ۔ (۱۲) (قانون) غیرقانونی تشدد یا جبر (شخص یا چیز کے ساتھ) ۔ (۱۳) بڑی مقدار یا تعداد ۔ (۱٤) ایک سبب ، اثر یا قوت کا ذریعہ جو ایک جسمانی قوت سے مشابہ ہو ۔

A force : خلاف قانون تشدد ؛ ناجائز زبردستی ۔

Attractive force : (طبیعیات) قوت جاذبہ ؛ کشش ۔

To put in force : قاعدہ یا قانون کو نافذ کرنا ۔

Vital force : (حیاتیات) قوت حیات ۔

With all one's force : پوری قوت کے ساتھ؛ پوری طاقت سے ۔

Force : (n) [ON. 'fors.'] آبشار ؛ جھرنا ؛ پانی کی چادر ۔

Force : (v) (۱) سختی؛ ظلم ؛ زبردستی ؛ جبر کرنا ؛ بزور یا زبردستی لینا ؛ حاصل کرنا ؛ استحصال بالجبر کرنا؛ عصمت دری کرنا ۔ (۲) مجبور کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛ زبردستی روکنا ؛ قوت سے مجبور کرنا (جسمانی یا اخلاقی طور پر) ۔ (۳) کھینچ تان کر لفظوں کے معنی پیدا کرنا ؛ لفظوں کو وہ معنی پہنانا جو بہ مشکل ہو ۔ (٤) (تاش) کھیلنے والے کو مجبور کر دینا کہ وہ ترپ لگائے یا اپنے ہاتھ کے پتوں کو ظاہر کرکے کھلاڑی کو (کسی خاص پتے یا پتوں کو) کھیلنے پر مجبور کرنا ۔ (٥) انتہا تک کھینچنا؛ انتہائی قوت صرف کر دینا ؛ پورا زور لگا دینا ۔ (٦) تاکید کرنا (کسی پر) زور ڈالنا (کسی کام کےلئے) سخت کوشش کرنا؛ تشدد آمیز طورپر کچھ کرنے کےلئے مجبور کرنا ؛ بزور قبضہ کرلینا ؛ قوت سے حاوی ہو جانا؛ بزور داخل ہونا یا گھسنا ؛ بزور تسخیر کر لینا ؛ بزور قابو یا قبضہ حاصل کر لینا (قلعہ ، استحکامات پر)؛ لےلینا ؛ قبضے میں کر لینا؛ کھول دینا ؛ شگاف کر دینا (مکان ، تالا ، قفل وغیرہ میں) ، (اس کے اندر) راستہ بنا لینا ؛ توڑ ڈالنا ۔ (۷) دھکا دینا ؛ بڑھانا؛ ڈھکیلنا ؛ قوت لگا کر کھینچنا ؛ ریلنا؛ ٹھیلنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ اُکسانا (adverb اور prep کے ساتھ) ۔ (۸) کسی شخص کو کسی چیز کےلئے استعمال کرنے، قبول کرنے پر مجبور کرنا ۔ (۹) کوشش کرکے پیدا کرنا ؛ جبراً (کوئی خاص) کیفیت پیدا کرنا نیز مجازاً ۔ (۱۰) (کسی چیز کو) زبردستی لےلینا ؛ حاصل کرنا ؛ چھین لینا؛ جھپٹ لینا، دھمکی سے لے لینا ۔ (۱۱) (پودے ، درخت یا طالب علم کے) نشو و نما و ترقی کو مصنوعی طریقوں سے قبل از وقت پوری طرح مکمل کرنے کی کوشش کرنا ۔ (۱۲) (خود یا کسی شخص کو) کوئی کام کرنے پر مجبور کر دینا ۔ (۱۳) جہاز پر چڑھ جانا ؛ ایک جہاز کا دوسرے جہاز کےمقابلے میں آنا (لڑائی کےلئے) ۔ (١٤) جدو جہد یا محنت کے ذریعہ ترقی کرنا ؛ (اب شاذ)۔

To force a card : (تاش کی شعبدہ بازی میں) کسی کے سامنے اس طرح پتے پیش کرنا کہ وہ بغیر

By force : زبردستی سے ؛ دباؤ سے ؛ بالجبر ۔

By force and arms : زبردستی سے ؛ دباؤ سے ؛ بندوق کی نوک پر ۔

By force of : بذریعہ ؛ بواسطہ ۔

By the force of : بذریعہ ؛ بواسطہ ۔

Centrifugal force : مرکز گریز زور ۔

Coercive force : جبری قوت ۔

Conservation of force : بقائے توانائی (قدیم معنی میں) یا کسی حادثہ طبعی (مثلاً حرارت یا حرکت جو مادہ کی خلقت ہے) کا سبب ؛ اس قسم کی کوئی قوت ۔

Can't see the force of doing what one dislikes : نہیں سمجھ سکتا کہ جو کام پسندنہ ہو اُس کے کرنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے (کیا معنی ہو سکتے ہیں)۔

Considers himself a force in the world : اپنے کو دنیا میں ایک قوت (قوت طبعی) سمجھتا ہے ۔

Declared with much force : بہت قوت گویائی ؛ زور زبان (یا قوت دلائل کے ساتھ) بیان کیا گیا (اعلان کیا گیا)۔

Effective force : (طبیعیات) قوت عاملہ ۔

In force : نافذ ہونا ؛ نفوذ ؛ لاگو ہونا ؛ نافذ ۔

In force/In great force : (۱) (فوج) بڑی تعداد میں ؛ جمعیت کے ساتھ ۔ (۲) ہجوم کے ساتھ ؛ غول میں ؛ لشکر کا ۔ (۳) دشمن ؛ حریف ۔ (٤) قوت ؛ طاقت ؛ صلاحیت ۔

Law remains, comes into force : قانون نافذ رہے گا یا نافذ ہوتا ہے ۔

Repulsive force : (طبیعیات) قوت دافعہ ۔

There is force in what you say : جو کچھ تم کہتے ہو اس میں قوت ہے(تمہارے دلائل یا واقعات موثر ہیں ، قائل کرنے والے ہیں)۔

To come into force : نافذ ہونا ؛ لاگو ہونا ۔

To force the pace or the running (in a race) : گھوڑ دوڑ میں تیز رفتاری اختیار کرنا تاکہ حریف کو جلد تھکا کر ہرا دیا جائے ۔

Force-bill : (n) ایسا جبریہ قانون جس کے تحت فوج سختی اور تشدد کے استعمال کا مجاز ہو ۔

Force majeure : (n) (۱)ناقابل مقابلہ؛ ناقابل دفاع (واقعہ) ؛ جبر ۔(۲) ایسا استبداد جو سیاسی تدبیر میں ناقابل دفاع مانا جاتا ہو ۔(۳) جنگ ؛ ہڑتال ؛ وہ غیرمتوقع واقعہ جو محض حکم خدا سے پیش آئے (انسان کی تدبیر کو اس میں دخل نہ ہو) مثلاً زلزلہ ، طوفان ، وبا، موت وغیرہ ؛ واقعہ جس کی وجہ سے کسی قرارداد یا معاہدے کی پابندی لازمی نہ رہے ۔(٤) حوصلہ شکن طاقت ۔(٥) قدرتی حادثہ ؛ آفت سماوی ۔

Force-meat : (n) مسالہ دار کٹا ہوا گوشت ، جس کو کھانے کی مختلف اشیاء میں بھر کر پکاتے ہیں ؛ گوشت، لحمی، انڈے کا قیمہ جو کسی چیزمیں بھر کر پکاتے ہیں ۔

Force of circumstances brought it about : حالات نے یہ صورت پیدا کی (یہ نتیجہ نکالا) ۔

Force-pipe : (n) پانی کھینچنے کے آلہ کی نلی جس میں فشارا کام کرتا ہو ۔

Force-pump : (n) (۱) پانی کھینچنے کا آلہ جو پانی کو ھوا کے دباؤ کی حد سے باہر نکال دے ۔(۲) ریل کے انجن میں بائلر کی بہم رسانی کےلئے ایک پلنجر پمپ ؛ داب پمپ ۔

Forced : (a) (۱) جبری ؛ زبردستی ؛ تشدد آمیز ؛ لازمی ؛ اضطراری ۔(۲) زور ڈالا ہوا ؛ نافذ کیا ہوا ؛ لاگو کیا ہوا ۔(۳) کوشش سے پورا کیا ہوا ۔(٤) (ادبی زبان میں) مسخ شدہ ؛ مسخ کیا ہوا؛ شکل بگڑی ہوئی ؛ کھینچا ہوا ؛ تانا ہوا ؛ زور دیا ہوا؛ دبا ہوا۔(٥) مصنوعی ؛غیرطبعی؛ ساختگی ؛ مجبور کیا ہوا؛ جبراً باز رکھا ہوا؛ روکا ہوا ۔(٦) (پودوں کا) پیدا کرنے کے لائق بنا ہوا ؛ ثمر آور بنایا ہوا (موسم کے علاوہ)۔

A forced peace : جبریہ صلح ؛ معاہدہ بالجبر ۔

Forced draught : (n) بھٹی میں اوپر کی ھوا کو ہلکا یا نیچے کی ھوا کو دبا کر خاص بہاؤ پیدا کرنا ؛ (انجینیئرنگ) قسری جھونکا ۔

Forced frugality : (n) (معاشیات) جبر ؛ بچت ۔

محسوس کئے پتا کھینچ لے جو شعبدہ باز اس کو دینا چاہتا ھے ۔

To force an analogy/-simile : تمثیل و تشبیہ کے استعمال میں مبالغہ کرنا حتی کہ وہ مہمل ہو جائے ۔

To force a passage/-one's way : اپناراستہ پیدا کرنا؛ زبردستی گھس جانا؛ کسی نہ کسی طرح (کسی صحبت میں) پہنچ جانا ؛ زبردستی اپناراستہ بنالینا؛ (ہجوم میں) گھس کر اپنے لئے راستہ پیدا کرلینا ۔

To force a smile : اپنے چہرہ پر زبردستی مسکراہٹ پیدا کرنا ۔

To force drink on him : اس کو شراب پینے پر مجبور کرنا ؛ بہ جبر یا بہ اصرار پلانا ۔

To force into, or into doing : کسی کام کے کرنے پر پر مجبور کرنا ۔

To force it out of his hands : اس کے ہاتھوں سے زبردستی نکال لینا ؛ چھین لینا ۔

To force one's hand : کسی شخص کو مجبور کردینا کہ وہ اپنی مرضی اورخواہش کے خلاف وہ کام (قبل از وقت) کرے جس کو وہ نہیں کرنا چاہتا ۔

To force one's voice : آواز کے قدرتی اُتار چڑھاؤ سے زیادہ بلند آواز میں سُرنکالنے کی کوشش کرکے اپنی آواز پر زور ڈالنا ۔

To force open : توڑ ڈالنا ؛ کھول دینا (تالا وغیرہ) ۔

To force tears from his eyes : اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری کرادینا؛ اُس کو رونے پر مجبور کر دینا ؛ اتنا متاثر کر دینا کہ رو پڑے ۔

To force the bidding (at auction) : جلد جلد(نیلام میں) بول بول کر قیمت بڑھا دینا ؛ ڈاک میں بولی سب سے بڑھ چڑھ کر بولنا ۔

To force the facts out of him : اُس کی زبان سےواقعات بہ جبر معلوم کرلینا ؛ اُس کو صحیح واقعات بیان کرنے پر مجبور کر دینا ۔

To force the gane in cricket : کرکٹ میں خطرات کی پرواہ نہ کرکے اپنی کامیابی کی رفتار کو تیز کرنے کی کوشش کرنا ۔

Forced labour : (n) بیگار ؛ بیگاری ؛ جبری کام ۔

Forced landing :(n) (اچانک انجن یاموسم کی خرابی کےباعث) ہوائی جہاز کا فوری طور پر زمین پر اُترنے کے لئے مجبور ہونا ۔

Forced loan : (n) قرضہ جو (کسی سے) بہ جبر لیا جائے ؛ جس کے دینے پر (کسی کو) مجبور کردیا جائے ۔

Forced march : (n) ایسی تیزرفتارسے کوچ کرنا (سفرکرنا) جس میں خاص طور پر زیادہ وقت صرف کرنا پڑے ۔

Forced move : (n) کھیل میں چلی ہوئی ایک مصنوعی چال ۔

Forced oscillation : (n) (ریڈیو) قسری اہتزاز ؛ (طبیعیات) جبری ڈولن ۔

Forced vibration : (n) (طبیعیات) قسری ارتعاش؛ (لسانیات) دباؤ ارتعاش ۔

Forcedly : (adv.) جبریہ طورپر ؛ زبردستی سے ؛ اضطراری حالت میں ؛ مصنوعی طور پر ؛ غیر فطری انداز میں ۔

Forcedness : (n) جبر ؛ تشدد ؛ زبردستی ۔

Forceful : (a) مضبوط ؛ قوی ؛ بااثر ؛ طاقت ور ؛ مؤثر ؛ سخت ؛ شدید ؛ پُر زور ؛ بانفوذ ۔

Forcefully : (adv) قوت سے ؛ طاقت سے ؛ اثر سے؛ شدت سے ؛ پُر زورطورپر ؛ مضبوطی کے ساتھ۔

Forcefulness : (n) طاقت ؛ قوت ؛ اثر ؛ شدت ؛ زور ۔

Forceless : (a) بےقوت ؛ بےطاقت ؛ کم زور؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ عاجز ۔

Forcement : (n) (گولہ اندازی)توپ کی نال کے اوپر گولے کے قطر کی زیادتی ۔

Forceps : (n) [L.] (۱) گھوا ؛ زمبو ؛ فن جراحی کی دندان سازی ، دایا جنی کی چمٹی ؛ کوئی چیز جو چمٹی کے مشابہ ہویا چمٹی کی طرح استعمال ہو سکے ۔ (۲) (تشریح ، حشریات، حیوانیات) جسم کا کوئی حصہ جو چمٹی کی طرح ہو ؛ جس کا چمٹی نما عضو ؛ کلتین ؛ نیز مجازاً ۔

Forceps scissors : (n) کلابی قینچی ۔

Forcer : (n) (۱) دباؤ ڈالنے والا ؛ زور دینے والا (شخص یا چیز) ۔ (۲) دباؤ یا زور دینے کا آلہ یا کوئی ذریعہ ۔ (۳) داب پمپ ۔

Forces of reaction : (n) (تاریخ) رجعت پسند طاقتیں ۔

Forcible : (a) [OF. f. force. n.] (۱) جو (کام) زبردستی یابزور کیا گیا ہو یا جس کے کرنے میں قوت استعمال کی گئی ہو (ناکہ قانون) ۔ (۲) با اثر ؛ اثر کرنے والا ؛ زوردار ؛ مؤثر ؛ قوی ؛ (قانون) زبردستی قُرقی میں کیا ہوا ؛ جبریہ حراست میں کیا ہوا ۔ (۳) مجلاً ؛ چمکدار؛ روشن ۔ (٤) یقین دلانے والا؛ (کام، الفاظ، طرز، طریقہ) ۔ (٥) زورمندی ۔ (٦) (Quasi adv) زور کے ساتھ؛ زبردستی سے ۔

A forcible argument : مستحکم دلیل ؛ قوی دلیل ؛ مؤثر استدلال ؛ زور دار حجت ۔

A forcible reaction : دلیل قوی ؛ موثر دلیل ۔

Forcible-feeble : (a) کمزوری کو قوت کے مظاہرے سے چھپائےہوئے؛ ظاہراً قوی لیکن حقیقتاً کمزور و ناتواں ؛ نیم ضعیف نیم قوی ؛ نیز مجازاً ۔

Forcibleness : (n) قوت ؛ اثر ؛ طاقت ؛ طاقت ور ہونا ؛ با اثر ہونا ۔

Forcibly : (adv.) زبردستی سے؛ بزور ؛ بہ جبر ؛ اثر سے ۔

Forcing : (n) سختی ؛ ظلم ؛ زیادتی ؛ جبر کرنے کا عمل ؛ زور آوری ۔

Forcing bed : (n) (۱) گرم کیاری ؛ کیاری جو کھاد کا خمیر اٹھا کر گرم کی جائے ۔ (۲) (مجازاً) (بدمعاشی کا) اڈا ؛ گھر ۔

Forcing-engine : (n) دیکھو Fire-engine

Forcing hazard : (n) (بلیرڈ) ایسی ضرب جس میں معمولی قوت اور طاقت سے زیادہ کی ضرورت ہو ۔

Forcing house : (n) (نباتیات) گرم خانہ ۔

Forcing-pump : دیکھو Force-pump

Forcipate : (a) (نباتیات اور حیوانیات) چمٹی کی طرح بنا ہوا ؛ انبری شکل ؛ چمٹی نما ؛ کلابی ۔

Forcipated : (a) چمٹی کی طرح کا ؛ مانند انبری ۔

Forcipation : (n) (حیوانیات) حالت انبری ؛ عضو شبیہ انبر ؛ چمٹے کی طرح ہونے کی حالت ۔

Forcipiform : (n) مانند دو شاخہ انبر ؛ چمٹی کی شکل کا ؛ بہ شکل انبر ۔

Forcipressure : (n) کلاّبی دباؤ ۔

Forcipulate : (a) (حیوانیات) کلاّبی ۔

Forcite/Forsite : (n) ایک قسم کا جلد آگ پکڑنے اور پھٹ جانے والا مادہ ؛ ڈائنامائٹ کی ایک قسم ۔

Forcive : (a) دیکھو Forcible

Forclose : (v) (۱) روک دینا ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا ۔ (۲) کسی حق کے استعمال کرنے سے منع کر دینا ۔ (۳) دیکھو Foreclose ۔

Ford : (n) [OE.'ford.'] (۱) گھاٹ ؛ دریا وغیرہ میں پایاب اترنے کی جگہ ؛ گزارجو یا ندی ۔ (۲) (شاعری) آبشار ؛ جھرنا ؛ دھارا ۔

Ford : (v) پانی کو عبور کرنا ؛ گھاٹ کے ذریعہ پایاب عبور کرنا؛ گھاٹ اترنا نیز مجازاً اور متعدیانہ ۔

Ford : (n) وہ موٹر کاریں جو فورڈ کے کارخانے میں بنتی ہیں ۔

Fordable : (a) پایاب ؛ دریا وغیرہ جس کو پایاب عبور کیا جاسکے ؛ قابل عبور گھاٹ ؛ کم گہرا گھاٹ ۔

Fordableness : (n) قابل عبوری ؛ پا یابی ۔

Fordless : (a) بغیر گھاٹ کے بغیر دھارے کے ؛ جس کو عبور نہ کیا جاسکے ؛ وہ دریا جس میں کوئی گھاٹ نہ ہو ۔

Fordo/Foredo : (v) [OE. 'fordon.'] (۱) مار ڈالنا؛ ختم کر دینا ۔ (۲) برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ؛ ویران کرنا ؛ پامال کرنا ؛ تاراج کرنا ۔ (۳) موقوف کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا ۔

Fordo/Foredo : تھکا ہوا؛ درماندہ ؛ گھِسا ہوا (متروک) ۔

Fordone : (ppl&a) تھکا ہوا ؛ نڈھال ؛ مغلوب ؛ بد حواس ۔

Fore : (a) (۱) (ہم آہنگی) اگلا حصہ ؛ سامنے کا ۔ (۲) سامنے میں واقع؛ کسی چیز کے آگے؛ سامنے ؛ کسی شے کا اگلا ۔

Fore : (n) کسی چیز کا اگلا حصہ مثلاً جہاز کا اگلا حصہ ۔

At the fore : (بحری) جہاز کے اگلے حصے سے بادبان کے اُونچے سرے پر ۔

To come to the fore : سامنے آنا ؛ نمایاں ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ مشہور ہونا ۔

To the fore : (۱) (شخص سے متعلق) حاضر ؛ باخبر؛ ہوشیار (زندہ)؛ جیتا جاگتا ۔ (۲) (روپے وغیرہ) قریب ؛ موجود ؛ دستیاب ؛ استعمال کے قابل ۔ (۳) خیال میں ؛ سامنے ظاہر؛ نمایاں ؛ واضح ۔

Fore : (adv.) [OE. 'fore.'] (جہاز کے) سامنے کے حصے میں ؛ آگے ؛ سامنے ۔

Fore : (Prefix) اگلا ؛ کسی کا اگلا حصہ ۔

Fore : (int.) [Pro. short for before.] (گولف) گیند کو مارتے وقت اس کی زد میں جو لوگ ہوں ، ان کو خبردار کرنے کے لئے بولا جاتا ہے ۔

Fore- : (Prefix.) [OE.] (۱) افعال، صفات فعلی، اسمائے افعال اور افعال اسمی اور دوسری طرح کے اسماء کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) افعال وغیرہ کے ساتھ بمعنی (ا) سامنے ، آگے جیسے: fore runner ۔ (ب) پہلے سے ؛ پیشتر ہی سے جیسے: fore ordain ۔ (۳) اسمائے افعال وغیرہ کے سوا اسماء کے ساتھ بمعنی (ا) مقابل کا؛ سامنے کا جیسے: fore quarter ۔ (ب) اگلا حصہ (کسی چیز کا) جیسے: fore arm ۔ (ج) قریب ؛ طرف ؛ متعلق جیسے : forecastle ۔ (٤) آئندہ واقعات وغیرہ کے جاننے، اندازہ کرنے وغیرہ کے لئے جیسے : fore knowledge ۔

Fore act : (v) پہلے ہی سے عمل کرنا ؛ قبل ہی سے کام کرنا ؛ سبقت کرنا، پیش دستی کرنا یا ہونا ۔

Fore- action : (n) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی حرکت، جنبش ۔

Fore-adapt : (v) پیش مطابقت ہونا یا کرنا ۔

Fore-advise : (v) پیش مشورت کرنا یا ہونا ؛ پیش نصیحت کرنا ۔

Fore and aft : (adv.) (۱) (جہازرانی) جہاز کے اگلے اور پچھلے حصے پر ؛ سارے جہاز پر یہاں سے وہاں تک ؛ آگے سے پیچھے تک (لمبائی میں) ۔ (۲) آگے اور

پیچھے، جہاز کے اگلے یا پچھلے حصے کی طرف باری باری سے (حرکت) ۔ (۳) (جہاز کے) آگے سے پیچھے تک ۔

Fore and-aft : (a) جہاز یا کشتی کی لمبائی میں رکھا ہوا (بادبان وغیرہ کا) ۔

Fore and aft rigged : وہ جہاز جس کے اگلے اور پچھلے حصے میں بادبان ہوتے ہیں ۔

Fore-appoint : (v) قبل ہی سے مقرر کرنا؛ پہلے ہی سے بحال کرنا ؛ پہلے ہی سے یقین کرنا ؛ پہلے ہی سے معین کر دینا ۔

Fore-appointment : (n) سابقہ بحالی ؛ گذشتہ تقرری ؛ پہلے کی تقرری ؛ قبل از وقت یقین ؛ پیش ماموری ؛ پہلے سے مامور کیا جانا (پادری وغیرہ کے عہدہ پر) پیش اجراء ؛ پیش نفاذ ۔

Fore-axle : (n) اگلا دُھرا ؛ سامنے والا دُھرا ۔

Fore-beam : (n) اگلی بلّی ؛ اگلا شہتیر ؛ سامنے کی بلّی ؛ کرگھے کا وہ بیلن یا استوانہ جس میں بُنا ہوا کپڑا لپیٹا جاتا ہے ۔

Fore-brain : (n) پیش دماغ ۔

Fore-cabin : (n) وہ آرائشی کمرہ جو جہاز کے اگلے حصے میں ہوتا ہے اور جس میں عموماً دوسرے درجہ کے مسافر سفر کرتے ہیں ۔

Fore-cited : (a) پیش گوئی کیا ہوا ؛ پیش بینی کیا ہوا ؛ سابق الذکر ۔

Fore conceive : (v) قبل از وقت تصور کرنا؛ حاملہ ہونے سے پہلے ؛ قبل از وقت قیاس کرنا ۔

Fore concious : (a) (۱) (نفسیات) قبل شعور؛ پیش شعوری ۔ (۲) وقت سے پہلے باخبر ہونا یا آگاہ ہونا ۔

Fore-court : (n) احاطے یا جنگلے سے گھری ہوئی انگنائی ؛ مکان کے سامنے کا صحن ؛ چوک ؛ جلوخانہ ؛ باہری صحن یا انگنائی ؛ پیش صحن ؛ (ٹینس) جال کے دونوں طرف کی ضلع بند جگہ جس کے اندر رہ کر کھلاڑی گیند پھینکتا ہے ۔

Fore-date : (n) ماقبل تاریخ ۔

Fore-date : (v) پہلے سے اندراج کرنا؛ اصل تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا؛ پہلے سے ہی سمجھ بیٹھنا ؛ قبل ازوقت توقع کرنا ۔

Fore-dated : (a) قبل از وقت ؛ قبل از تاریخ ؛ وقت مقررہ سے قبل کا ۔

Fore-dawn : (n) قبل از طلوع فجر ؛ تڑکے سے پہلے ؛ دن کے آغاز ہونے سے پہلے؛ بھور سے قبل ۔

Fore-day : (a) روز معینہ سے پہلے؛ مقررہ دن سے قبل ؛ قبل از وقت ؛ صبح سے پہلے ۔

Fore-deam : (n) پیش گوئی ؛ قبل از وقت اندازہ کر لینا ؛ مستقبل کی کسی بات کا قیاس ۔

Fore destine : (v) پہلے سے مخصوص کرنا ؛ قبل سے مقرر کرنا؛ پہلے سے مامور کرنا؛ پہلے سے مقدر کر دینا ؛ تقدیر میں لکھ دینا ۔

Fore destiny : (n) تقدیر ؛ مقدر ؛ قسمت ؛ نصیب ؛ نصیبا ؛ مقدر کا لکھا ؛ شدنی ؛ قضائے مبرم ؛ حکم قضا ۔

Foer-edge : (n) باہری کنارہ ؛ سامنے والا کنارہ یا دھار ؛ کور ؛ خصوصاً کسی کتاب یا ورق کتا ب کا ۔

Fore-elders : (n) مورثان؛ اجداد؛ جدامجد؛اسلاف ؛ باپ دادا ۔

Fore-end : (n) (۱) اگلاحصہ ؛ سامنے کا حصہ (خاص کر جہاز میں) ۔ (۲) بندوق کے کنارے کا اگلا حصہ جو رنجك یاچقماق کےنیچے ہوتاہے۔ (۳) (بول چال) (وقت کی) ابتداء ؛ آغاز (خاص کرموسم بہارکا) ۔

Fore-foot : (n) (۱) چوپایہ جانورں کا ایك اگلا پاؤں ۔ (۲) (بحری اصطلاح) جہاز کے پیندے کا اگلا حصہ ؛ جہاز کے پیندے کی وہ بلّی یا شہتیر جو جہاز کے سب سے اگلے حصےتك ہوتی ہے اور جس پر جہاز کا اگلا حصہ بنا ہوتا ہے ۔

Crossin over fore foot : جب ایك جہاز کا راستہ کاٹ کر دوسرا جہازگذرے تو اس کی نسبت (بحری اصطلاح میں) کہتے ہیں ۔

Fore-game : (n) ابتدائی کھیل ؛ کھیل شروع ہونے سے پہلے کا کھیل ۔

Fore gut : (n) اگلی غذائی نالی ۔

Fore-hammer : (n) (اسکاٹستانی اورشمالی بول چال) وہ لمبا ہتھوڑا جو پہلے مار کرتا ہے ؛ لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا ؛ گھن ۔

Fore-hand : (n) (۱) سامنے یا اوپر کی جگہ ؛ سامنے یا اوپر کےمقام پرموجود شخص یا چیز؛ فوج کاہراول؛

کسی تحریک کا ہراول ؛ ہراول گارڈ ؛ رہنما ؛ اگواہا ۔ (۲) گھوڑے کا وہ حصہ جو زین یا کاٹھی سے آگے ہوتا ہے ۔

Fore-hand : (a) (۱) پہلے سے کہا یا دیا ہوا ؛ پیشگی (ادائی وغیرہ) ۔ (۲) اولین : سب سے اگلا؛ سب سے آگے؛ سب سے اول : سب سے زیادہ نمایاں ؛ بہترین ۔ (۳) (لان ٹینس) (ضرب یا کورٹ) جو ہاتھ کی پشت کی طرف سے نہ ہو ۔

Fore-handed : (a) (۱) دور اندیش ؛ عاقبت اندیش ؛ دوربین ؛ ہوشیار؛ چوکس ؛ محتاط ؛ مصلحت اندیش ؛ دانا ؛ کفایت شعار ؛ لہٰذا ؛ مرفہ الحال ؛ خوش حال (اب صرف امریکا میں)۔ (۲) (لان ٹینس) ہتھیلی آگے کرکے کھیلا ہوا ۔

Fore-hooks : (n) (جہاز رانی) دیکھو Breast hooks

Fore-horse : (n) اپنی جماعت میں سب سے اگلا گھوڑا ؛ رہنما گھوڑا ؛ ہراول گھوڑا ۔

Forearm : (n) بازو کا وہ حصہ جو کہنی سے کلائی تک یا انگلی کے آخری پوروں تک ہوتا ہے؛ دو سرے ریڑھ دار جانوروں کا یہی عضو ؛ پیش بازو ؛ ساعد ۔

Forearm : (n) پہلے سے مسلح ہو جانا یا کر دینا ؛ خطرے سے پہلے مدافعت کےلئے تیار ہو جانا ۔

Foreboard : (n) جہاز کا اگلا عرشہ ؛ جہاز کی اگلی چھتری ۔

Forebode : (v) (۱) پیش گوئی کرنا (شاذ) ؛ نشان دہی کرنا ؛ پہلے سے اعلان کرنا ؛ قبل سے خبر دینا ۔ (۲) شگون بد بتانا ؛ کسی امر کے وقوع سے پہلے دل میں اندیشہ پیدا کرنا؛ ماتھا ٹھنکنا؛ وقت سے پہلے کسی آنے والے خطرے کا خیال پیدا ہونا ؛ خدشہ ہونا؛ تشویش ہونا؛ (ہونے والے واقعہ کا) شگون ہونا؛ علامت ہونا؛ نشان ہونا؛ (ہونے والے واقعہ سے) آگاہ کرنا؛ خبر دینا؛ نشاندہی کرنا ؛ پیش بینی کرنا۔ (۳) پہلے سے سمجھ بیٹھنا؛ متوقع رہنا؛ پیش اندازہ ہونا؛ پہلے ہی سمجھ لینا یا محسوس کرنا؛ پیش تفکر یا پیش یقین ہونا ۔

Forebodement : (n) پیشین گوئی ؛ علامت ؛ نشاندہی ؛ پیش خبری ؛ خدشہ ؛ اندیشہ؛ تشویش؛ آگاہی؛ پیش اندازہ ؛ پیش احساس؛ پیش یقین؛ پیش تفکر ۔

Foreboder : (n) پیشین گوئی یا نشاندہی کرنے والا؛ آنے والے واقعے سے قبل ازوقت خبر دار کرنے والا ؛ پیش بینی یا پیش اندازہ کرنے والا ؛ شگون بد بنانے والا ؛ آنے والے خطرے کا محسوس کرنے والا ۔

Foreboding : (n) (۱) پیش گوئی ؛ شگون (بد) فال ؛ پیش اندیشگی (خصوصاً برائی سے متعلق) ؛ پیش آگاہی ؛ پیش اندازہ ؛ پیش بینی ؛ پیش تفکر ؛ پیش خبری ؛ (بری باتوں کی) علامت ؛ نشانی ۔ (۲) آنے والے خطرے کی آگہی ؛ آنے والی آفت یا مصیبت کا پہلے سے اندیشہ؛ پیش اندیشگی ؛ ماتھا ٹھنکنا ۔

Forebodingly : (adv.) بدشگونی سے؛ پیش اندیشہ کے طور پر؛ اس کی مدت میں پیش بینی کے طور پر ؛ پیش اندازہ کرتے ہوئے ؛ پیش بینی کے طور پر ۔

Forebody : (n) (۱) (جہاز رانی) کسی جہاز کا وہ حصہ جو جہاز کے ڈھانچے یا اس کے سب سے چوڑے شہتیر کے سامنے ہوتا ہے ۔ (۲) صدر؛ سینہ (انسان اور جانوروں کا)؛ (قدیم یونان) چار آئینہ ؛ بکتر ؛ سینہ پوش ۔

Forecast : (v) (۱) حیلہ کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ جتن کرنا؛ تدبیر نکالنا۔ (۲) پہلے سے مقرر کرنا؛ مقدر کرنا ؛ پہلے سے مقرر کر لینا ؛ پہلے سے سوچنا یا غور کرنا؛ پہلے سے قیاس کرنا یا تخمینہ کرنا ؛ قبل سے توجہ کرنا ؛ پہلے سے قیاس دوڑانا؛ پہلے سے اندازہ کرنا ۔ (۳) پیش گوئی کرنا ؛ مستقبل کا اندازہ لگانا ؛ پیش بینی کرنا ؛ قبل سے احساس کرنا ۔

Forecast : (n) (۱) دور بینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ مآل اندیشی ؛ پیش گوئی ؛ علم پیشن گوئی ؛ ملکہ پیشن گوئی ۔ (۲) مستقبل کی کسی بات کا قیاس یا اندازہ (خصوصاً موسم کا)؛ پیش اندازہ ؛ پیش اندیشہ ۔

Forecaster : (n) پیش گوئی کرنے والا ؛ پہلے سے اندازہ لگانے والا ؛ پہلے سے قیاس کرنے والا ؛ پہلے سے مقرر کرنے والا ؛ پہلے سے سوچنے والا یا غور کرنے والا ۔

Forecasting : (n) (معاشیات) پیش قیاسی ؛ پیش گوئی ۔

Forecastingly : (adv.) پیش گوئی کے طور پر ؛ پیش اندازہ سے؛ پیش بینی سے؛ پہلے سے قیاس کرکے ۔

Forecasatle/Fo'c'sle : (n) (۱) جہاز کے اگلے حصے پر تھوڑا بلند عرشہ ؛ سب سے آخری اگلے بادبان کے سامنے عرشہ کا ایک حصہ (جنگی جہازوں میں پہلے ہوتا تھا) ؛ (تجارتی جہازوں میں) اگلے عرشے کے نیچے جہاں ملاح رہتے ہیں ۔ (۲) جہاز کا اگلا حصہ ۔

Foreclose : (v) [ME.'forclose.'] (۱) روک دینا ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا؛ پوری طرح بند کردینا؛ مکمل روک لگا دینا ؛ کامل طورپر ممانعت کر دینا ۔ (۲) کسی حق کے استعمال کرنے سے منع کردینا؛ کسی عمل ، کارکردگی یا فعّالیت کو روک دینا اس کی راہ میں حائل ہونا یا مزاحم ہونا۔ (۳) (قانون) (ایسے شخص کو جسے انفکاک رہن کا حق حاصل ہو) ؛ زرمطالبہ کے روانہ کرنے پر حق انفکا ک رہن سے محروم کر دینا؛ حق انفکاك کو ختم کر دینا یا روك دینا؛ رہن کو چھڑا لینے، جائداد کو فك کرانے یا واپس خرید لینے کے اختیار کو ضبط کرلینا یا چھین لینا ۔ (٤) (ایسے معاملہ کو جس میں بحث و مباحثہ کی گنجائش ہو) پہلے ہی سے طے کر کے ختم کر دینا ۔ (٥) کسی مخصوص یا مستثنیٰ دعوے کو حتمی طور سے منوانا ۔

He had fore closed all manner of objection : اس نے پہلے ہی تمام قسم کے اعتراضات کا سد باب کر دیا تھا ۔

Foreclosure : (n) شے مرہونہ کی ضبطی ؛ حق انفکاك کا انسداد؛ تکمیل رہن ؛ باز داشت ؛ منع؛ ممانعت؛ پیش بندی ؛ اختیار انفکاك کی ضبطی ؛ شے مرہونہ کی واپسی یا انفکاك رہن کے حق کو روکنےیا ختم کرنے کی کاروائی ۔

Foredone : (a) قبل از وقت بنا یا ہوا ؛ وقت سے پہلے کیا ہوا ۔

Foredoom : (n) قبل سے کیا ہوا فیصلہ ؛ مقدر؛ تقدیر ؛ قسمت الہی ؛ قضائے مبرم ؛ شدنی ؛ حکم قضا ؛ سرنوشت ؛ بخت ؛ قسمت ۔

Foredoom : (v) (۱) قبل ہی سےطے کر دینا ؛ پہلے ہی فیصلہ کر دینا (کسی بات کا) ؛ پہلے سے مقرر یا مقدر کر دینا ؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کر دینا ۔ (۲) پیش گوئی کرنا؛ پیش آگہی دینا ؛ پیش بینی کرنا؛ عاقبت اندیشی کرنا ؛ پیش اندازہ کرنا؛ مآل اندیشی کرنا؛ (آنے والےواقعات کا عکس) پیش کردینا؛ شگون بتانا ؛ جھلك دکھانا؛ آنےوالے وقت کی تصویر دکھانا ۔

Foredoor : (n) مکان کے سامنے کا دروازہ ۔

Forefather : (n) (جمع) مورثان اعلیٰ ؛ اسلاف ؛ نیاگان ؛ وہ شخص (خصوصاً پیش رونسل) جن کی اولاد کسی شخص کے ماں اور باپ ہوں ؛ کسی خاندان کی گذشتہ نسلیں ؛ آبا و اجداد (واحد میں بہت کم استعمال)؛ مورث اعلیٰ ؛ سلف ؛ جد امجد ۔

Forefather's day : (n) (امریکا) اس روز کی یادگار میں سالانہ جشن ؛ جب نوآباد کاروں کا پہلا قافلہ پلائی موتھ(Ply mouth) پر اترا تھا ۔

Forefeel : (v) پیش احساس کرنا؛ پہلے ہی محسوس کرلینا ؛ پیش اندیشہ ؛ (آنےوالی بات یا واقعات کا) قبل ہی سے اندازہ یا احساس کرلینا ؛ ماتھا ٹھنکنا؛ (کسی امر کے وقوع کا)پہلے سے اندیشہ یا خیال پیدا ہوجانا ۔

Forefeel : (n) پیش احساس ؛ پیش اندیشہ ؛ پیش اندیشگی ؛ پیش بینی ۔

Forefeeling : (n) پیش اندیشہ ؛ پیش احساسی ؛ پیش بینی ؛ پیش اندیشگی ۔

Forefend : (n) دیکھو Fore-end

Forefield : (n) (کان کنی) وہ جگہ جہاں (کثائی کا) کا م ہو رہا ہو ؛ کھدان یا کان کے سامنے کی جگہ ؛ پیش میدان ۔

Forefinger : (n) انگشت شہادت؛ سبابہ؛ وہ انگلی جوانگوٹھے کےبعد (قریب) ہوتی ھے اسے First finger اور Index finger بھی کہتے ہیں ۔

Foreflank : (n) (۱) پسلیوں یا پٹھوں کا اگلا حصہ ؛ بازو کا اگلا حصہ ؛ فوج کا اگلا دستہ ۔ (۲) کاندھے کے فوراً بعد پسلیوں کے اوپر موٹائی کی اُبھار ۔

Foreflow : (v) پہلے سے بہنا ؛ پہلے سے جاری ہونا ۔

Forefront : (n) (۱) سب سے اگے کا حصہ ؛ اگلا حصہ ؛ چہرہ ؛ آگا (عموماً مجازی معنوں میں) ۔ (۲) ہراول ۔ (۳) جسم کا اگلا حصہ ؛ آگا؛ سامنا؛ آگے کا حصہ ؛ چہرہ (بخلاف پُشت) ۔

Forefront : (v) (نیا) چہرہ بنانا؛ (نیا) اگلاحصہ تعمیر کرنا ۔

In the forefront of the battle : فوج کے مہرے میں ؛ جنگ میں سب سے آگے کے حصے میں ؛ اولین صف جنگ میں ۔

Foreganger : (n) (جہاز رانی) چھوٹی رسی کا پھندا جو مچھلی وغیرہ کے شکار کے وقت بارپون کے سیدھے حصے پر لگایا جاتا ھے ۔

Foregate : (n) سامنے کا دروازہ ؛ سامنے کا پھاٹك ؛ صدر دروازہ۔

Foregather : (۱) (خاص کر اسکاٹ لینڈ میں) جمع ہونا؛ یکجا ہونا؛ ملنا؛ گفتگو کرنا؛ باتیں کرنا؛ مڈبھیڑ ہو جانا ؛ اتفاقاً ملاقات ہو جانا ؛ مل جانا؛ خصوصاً کسی سے ملنا؛ ملاقات کرنا ۔ (۲) شریک ہونا؛ ساتھ ہونا؛ مشارکت کرنا؛ رفاقت کرنا؛ ساتھی بنانا؛ ایک ہوجانا؛ ملا لینا؛ متفق کرلینا ۔

Foregift : (n) (قانون) بیعانہ ؛ رائی، پٹہ یا تجدید پٹہ کا بیعانہ یا سائی ؛ مال الاجارہ ۔

Forego : (v) [OE.'fore-gan.'] وقت اور مقام کے لحاظ سے مقدم ہونا ؛ فائق ہونا ؛ آگے جانا یا چلنا ؛ آگے یا پہلے آنا ؛ ہونا یا واقع ہونا ؛ نتیجے کا پہلے ہی ناگزیر ہونا ؛ مزید دیکھو Forgo ۔

Forego : (کسی چیزسے) بچنا؛ پرہیز کرنا (بغیر کسی چیزکے) گذارا کرنا؛ دست بردار ہونا؛ ہاتھ دھو بیٹھنا؛ ہاتھ اُٹھا لینا؛ استعمال کرنے یا لینے سے باز رہنا، چھوڑنا، جانے دینا، الگ ہوجانا؛ کنارہ کش ہوجانا؛ مستعفی ہوجانا؛ چھوڑ بیٹھنا؛ فارغ ہونا؛ فارغ خطی دینا (خصوصاً وراثت یا تولیت سے) ۔

Foregoer : (n) (۱) پیش رو؛ سابق؛ جو پہلے گذرا ہو ؛ پہلے گذرنے والا ؛ مقدم ہونے والا ؛ فائق ہونے والا ؛ پہلے آنے والا ؛ پیشوا ؛ رہنما ؛ مثال ؛ نمونہ ؛ اعلیٰ نمونہ (کسی صفت کا) ۔ (۲) سابق یاپیش رو عہدہ دار؛ پہلے گذری ہوئی چیز ۔ (۳) (جہاز رانی) چھوٹی رسی کاپھندا جو وہیل مچھلی وغیرہ کے شکار کے وقت ہارپون کے سیدھے حصے پر لگایا جاتا ہے ۔

Foregoing : (a) جس کا ذکر پہلے آچکا ہے ؛ مذکورہ ؛ سابق ؛ وقت یا مقام کے لحاظ سے قبل آنے والا ؛ مقدم ؛ پہلے واقع ہونے والا ؛ (نیم رسمی معنوں میں بھی مستعمل ہے) ۔

Foregone : (a) پہلے گذرا ہوا ؛ گذشتہ ؛ جو گذرچکا ہو ؛ پیش رفتہ ؛ گذرا ہوا (زمانہ) ماضی ۔

Foregone conclusion : (n) (نتیجہ) ایک شیکسپیرین محاورہ جو اب کسی ایسے فیصلے یا رائے کے لئے مستعمل ہے جو کامل محویت یا دلائل کےبہم پہونچنے سے پہلے ہی قائم کرلی گئی ہو ؛ نیز وہ نتیجہ جسے پہلے ناگزیر یا اٹل سمجھ لیا گیا ہو ۔

Foreground : (n) (۱) پیش منظر ؛ تصویر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے کو سب سے قریب نظر آئے؛ نمایاں مقام نظر؛ پیش نما۔ (۲) (مجازاً) انتہائی نمایاں یا واضح حالت ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Foreguess : (v) پیش روئی کرنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ پیش اندازہ کرنا ؛ پیش بینی کرنا ؛ پیش آگاہی کرنا یا ہونا ؛ قیاس کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ خیال آرائی کرنا ۔

Forehead : (n) [OE. 'forheafod.'] (۱) پیشانی؛ ماتھا؛ مستك ؛ لیلار؛ جبیں ؛ ابرو کے اوپر اور سر کے قدرتی بالوں کے نیچے کنپٹیوں کے درمیان چہرے کا حصہ؛ (مجازاً) بخت ؛ قسمت ؛ مقدر ؛ نصیب ۔ (۲) سب سے اگلا حصہ ؛ سامنے کا حصہ ؛ پیش منظر ؛ جسم کا اگلاحصہ ؛ (بخلاف پُشت) ؛ (کان کنی) پیش میدان ؛ کھدان یا کان کے سامنے کی جگہ ۔

Foreheadless : (a) محروم جسارت ؛ محتاج اعتماد ؛ دلاوری یا اعتماد سے خالی ؛ جسےخود پر بھروسہ نہ ہو ؛ محروم اعتماد ۔

Forehear : (v) پہلے سننا ؛ پہلے ہی سُن لینا ؛ پہلے سے مطلع ہو جانا یا کردینا ۔

Forehearth : (n) انجن بھٹی کے آتش دان کے سامنے کا ایک متشکل کھانچا یا دیوار ۔

Forehold : (n) (جہاز رانی) جہاز کےتہ خانے میں مال اُتارنے کےلئےعرشے میں لگی ہوئی پہلی کھڑکی یا دروازے کے سامنے (یا پہلے) سامان وغیرہ رکھنے کی جگہ یا گودام ۔

Foreholdings : دیکھو Forebodings

Foreign : (a) [OF.'forain'.] (۱)غیر کی (ملکیت) ؛ غیراشخاص یا غیر چیزوں کی طرف سے آئی ہوئی ؛ غیر (کسی سے یا کہ) جو چیز اپنی نہ ہو (شاذ) ۔ (۲) غیر متعلق ؛ اَنمیل ؛ مختلف ؛ ناجنس ؛ جدا؛ بےجوڑ؛ مناسبت نہ رکھنے والا (شخص)؛ بیگانہ ؛ غیر یکساں ؛ غیر مماثل ؛ بے میل ؛ نامناسب ۔ (۳) باہر سے لائی ہوئی یا داخل کی ہوئی (چیز) ؛ خصوصاً جراحی میں باہر سے آیا ہوا (شخص) ؛ جس (شخص) کا مقام یا وطن باہر ہو ؛ جو کسی دوسرے صوبے یا ضلعے یا کسی دوسری ریاست سے متعلق یا اُس سے نکل کر آیا ہو ؛ غیر ملکی؛ بدیسی ؛ بیرونی ؛ کسی صوبے، ضلعے یا ریاست وغیرہ سے باہر واقع ؛ بیرون ملکی ۔ (٤) ملك کے باہر ؛ اپنے قبضے سے باہر ؛ اپنے ملك سے خارج ؛ کسی

ایسے ملک کے متعلق یا ملک سے جدا ہو۔ (۵) دوسرے اشخاص یا دوسری چیزوں سے نکلنے والا، جاری ہونے والا ؛ شروع ہونے یا واقع ہونے والا ۔ (٦) جو ہم وطن نہ ہو ؛ جو ملکی نہ ہو ؛ بدیسی ۔ (۷) جو ہم خانہ یا ہم وطن نہ ہو ؛ جو گھریلو اور دیسی نہ ہو ۔ (۸) ملک کے باہر لےجایا ہوا یا مقیم؛ غیرملکی؛ غیر وطنی؛ خارجی ۔ (۹) بیرونی ممالک سے متعلق معاملات میں مشغول ؛ امورخارجہ سے متعلق یا ان میں مصروف ، نیز دوسرے ممالک کے ساتھ لین دین وغیرہ میں استعمال ہونے کے لائق (ہنڈی وغیرہ) ؛ کھلے آنگن میں بنا ہوا ۔

Foreign : (n) (مقامی) شہر کا وہ حصہ جو کلیسائی حلقے سے باہر ہو ؛ (جمع میں) کسی دَیر یا صومعہ کی باہری انگنائی ۔

Foreign affairs : (n) امورخارجہ ؛ امور بیگانگان ؛ خارجی امور ۔

Foreign allowance : (n) بیرونی بھتہ ۔

Foreign assets : (n) (معاشیات) بیرونی اثاثہ ۔

Foreign attachment : (n) لندن کےقرض دہندوں کی تشفی کے لئے شہرلندن میں پائے جانے والے غیر ملکی باشندوں کے سامان کی قانونی ضبطی ؛ غیر ملکیوں کے سامان کی ضبطی ۔

Foreign authority : (n) (تاریخ) غیر ملکی اقتدار ۔

Foreign body or substance in the tissues : رگوں یاپٹھوں میں خارجی مادہ ۔

Foreign capital : (n) (تاریخ) غیر ملکی سرمایہ ۔

Foreign colonial and home trade : غیر ملک کی یا نوآبادی یا اپنے ملک کی تجارت ۔

Foreign domicile : (n) (تاریخ) غیر ملکی سکونت ۔

Foreign elasticity of demand : (n) (معاشیات) مانگ کی بیرونی لوچ ۔

Foreign exchange : (n) غیر ملکی زر مبادلہ ۔

Foreing exchange reserve : (n) (معاشیات) زرمبادلہ کی محفوظات ۔

Foreign legion : (n) (تاریخ) غیر ملکی فوج ۔

Foreign letter-paper : (n) پتلا کاغذ جو غیرممالک کو خطوط لکھنے کے کام آتا ہےتاکہ اُس کا وزن زیادہ نہ ہو اورڈاک خانہ کو زیادہ محصول نہ دینا پڑے ۔

Foreign observer : (n) غیر ملکی مُشاہد ۔

Foreign office : (n) دفتر امورخارجہ یا وہ مکان جس میں اس محکمہ کا دفتر ہوتا ہے؛ وزارت امور خارجہ ؛ بیرونی اورغیرملکی معاملات کے سکریٹری کا دفتر یا شعبہ ۔

Foreign parts : (n) غیر ممالک ۔

Foreign tariff schedule : (n) غیر ملکی شرح نامے ۔

Foreigner : (n) وہ شخص جو غیر ملک میں پیدا ہوا ہو یاغیرملکی زبان بولتا ہو؛ غیرملکی؛ پردیسی؛ اجنبی ؛ خصوصاً وہ لوگ جن کی گھریلو یا پیدائشی زبان غیرملکی ہو ۔ (۲) غیرملکی جہاز ۔ (۳) غیر ملک کی بیھجی ہوئی شے یا جانور۔ (٤) دوسرے ملک کا؛ غیرملکی؛ بدیسی ؛ بیرونی ؛ خارجی ؛ باہری (بول چال)۔

Foreignism : (n) (۱) غیر ممالک کی نقل کرنا ؛ غیر ممالک کے خصائص، محاورات، ضرب الامثال یا اصطلاحات ۔ (۲) بدلییت ۔

Foreignize : (v) (محاورات وخیالات وغیرہ میں) غیرملکی بن جانا (بنا دینا) ؛ غیر ملکی کی نقل کرنا یا اتباع کرنا ؛ غیرملکی ہو جانا ۔

Foreignness : (n) غیر ملکیت ؛ غیر وطنیت ؛ غیر ملکی یا غیر وطنی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Forejudge: (v) شہادت سننے سے پہلے رائے قائم کرلینا یا فیصلہ کر دینا ؛ قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔

Forejudgement : (n) قبل از وقت کیا ہوا فیصلہ ؛ مناسب تحقیقات یا سماعت سننے سے پہلے کیا ہوا فیصلہ ۔

Forekidney : (n) (تشریح) پیش گردہ ۔

Foreknow : (v) (۱) پہلے سے واقف ہو جانا ؛ علم رکھنا ؛ پہلے سے جاننا ۔ (۲) علم غیب رکھنا ؛ آنے والے واقعات کا پہلے سے علم حاصل کر لینا ؛ کسی بات یا کسی چیز کاپہلے سےعلم رکھنا یا ہونا ۔

Foreknowingly : (adv.) پہلے سے جانتے ہوئے ؛ علم غیب رکھتے ہوئے ۔

Foreknowledge : (n) کسی چیز کا علم (واقفیت) جو پہلے سے حاصل ہو ؛ علم پیشین ؛ کسی واقعے وغیرہ کے ہونے یا واقع ہونے سے پہلے اُس کا علم؛ علم غیب ؛ پیش بینی ؛ پیش دانی ؛ ہونےوالی چیز کا پہلے سے علم۔

Forel/Forrel : (n) [OF.'forel,fourrel'.] (۱) صاف کئے ہوئے چمڑے کی مثل ایک قسم کا کاغذ جو حساب کی کتابوں اور بہی کھاتوں کی جلدوں پر لگایا جاتا ہے۔(۲) (بول چال) کسی کتاب یا مخطوطے کا غلاف یا پوشش؛ جزدان ۔(۳) کنارہ؛ کنّی؛ کو ۔

Foreland : (n) (۱) راس ؛ خشکی کا بلند حصہ جو تری میں چلاجائے؛ کھیت کا وہ ٹکڑا جو بغیر جوتے ہوئے چھوڑ دیا گیا ہو ؛ زمین کی نوک جو سمندر میں بڑھی ہوئی ہو ؛ راس البلد ۔ (۲) زمین کا ٹکڑا جو کسی چیز کے سامنے ہو ، نہر کے کناروں کو کٹاؤ سےبچانے کےلئے نہر کے کنارے اورنہر کی دوسری شاخ یا ندی کے درمیان چھوڑی ہوئی زمین کی پٹی ۔ (۳) (قلعہ بندی) فصیل اور خندق کے درمیان کی منڈیر ۔ (٤) زمین یا ریاست جو سامنے پڑتی ہو ۔

Forelay : (v) (۱) کسی کے انتظار میں (بیٹھنا) رہنا ، کسی کی تاک میں لگارہنا ؛ گھات میں بیٹھنا ؛ راستےمیں روکنا(لوٹنے یاملاقات کرنے کےلئے) (بول چال) ۔ (۲) (مجازاً) راہ روکنا؛ راہ میں حائل ہونا ؛روڑے اٹکانا (شاذ) ۔ (۳) (کسی کام کا) پہلے سے خاکہ مرتب کرلینا یا منصوبہ بنا لینا (بول چال)۔

Foreleg : (n)۔ چوپایہ جانورکے سامنے کی ٹانگ ؛ اگلی ٹانگ ۔

Forelimb : (n) اگلا جارحہ ۔

Forelive : (v) کسی کے پہلے سے رہنا ؛ کسی کے پہلے سے جینا؛ کسی سے پہلے وجود میں آنا ؛ کسی سےپہلے ذی روح ہونا؛ عمر میں کسی سے بڑا ہونا؛ مُسن ہونا ؛ کسی سے سینیئر ہونا ۔

Forelock : (n) دروازہ کی کنڈی یا کڑے کے سوراخ میں جو لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا لگادیا جاتا ہے تاکہ کھٹکا (چٹخنی) اپنی جگہ پر قائم رہے (اب خاص کر بحری اصطلاح میں مستعمل ہے)۔

Forelock : (n) وہ بال جو ٹھیک پیشانی کے اوپر ہوتے ہیں ؛ سامنے کے بال ؛ پیشانی کی لٹ ؛ کاکُل ۔

To take time opportunity, etc. by the forelock : (کسی کام کے) موقع کو (وقت کو) ہاتھ سے نہ دینا ؛ ضائع نہ کرنا؛ ٹھیک وقت پر کوئی کام کرلینا؛ عین وقت پر کوئی کام کرلینا؛ عین وقت پر کاروائی کرنا ۔

Forelock : (v) دروازے کی کنڈی، یا کڑے کے سوراخ میں لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا دے کر اس طرح بند کرنا کہ کھٹکا یا چٹخنی اپنی جگہ پرقائم رہے؛ قلابے میں کیل ڈالنا یا لگانا ۔

Forelock-bolt : (n) قلابہ جس میں لوہے کا ٹکڑا لگا دیا جاتا ہے تاکہ کنڈی کو روکے رکھے ۔

Forelock-hook : (n) (رسّہ سازی) رسّہ بٹنے والی چرخی کا آہنجہ یا ہینڈل جس کے ذریعہ تین دھاگوں کے لچھے کو بٹ کر ایک ڈوری بنائی جاتی ہے ۔

Forelook : (n) (امریکا) پیش بینی ؛ دور بینی ۔

Forelook/Forlook : (v) (۱) پیش بینی کرنا ؛ دوربینی یا دوراندیشی سے کام لینا ؛ عاقبت اندیشی کرنا ؛ پہلے ہی دیکھ لینا ؛ پہلے سے نظر رکھنا یا سمجھنا ؛ پہلے سے نگاہ رکھنا ؛ مستقبل پر نظر رکھنا ۔ (۲) آگے دیکھنا ؛ سامنے دیکھنا ؛ پیش بینی کرنا ۔

Forelooker : (n) پیش بیں؛ عاقبت اندیش؛ پہلے سے سمجھنے یانظر رکھنےوالا ؛ آگےیا سامنے نگاہ کرنے والا ؛ دور اندیش ؛ مستقبل پر نظر رکھنے والا ۔

Foreman : (n) (۱) جیوری کا صدر نشیں (میر مجلس) جو جیوری کے نمائندے کی حیثیت سے کام کرتا ہے ؛ عدالت کو اُن کے فیصلوں سے آگاہ کراتا ہے ۔ (۲) مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ یا نگراں ٬ مزدوروں کا سرغنہ یا مُکھیا ؛ وہ جو کام کے کسی خاص شعبے کا ذمہ دار یا نگراں ہو ۔ (۳) نمایاں ترین حصہ لینے والا ؛ نمایاں ترین رول ادا کرنےوالا (مقامی طور پر انگلستان میں استعمال ہوتا ہے) ۔ (٤) ڈچ زبان کا لفظ Voerman کا ترجمہ بمعنی بار بردار ؛ بارکش؛ بوجھ ڈھونے یا لے جانے والا ؛ حامل ؛ ناقل ؛ حمّال ؛ قلی؛ مزدور ۔

Working foreman : مزدوروں کا وہ سردار یا سرغنہ جو کام کی نگرانی بھی کرتا ہے اور خود بھی کام کرتا ہے ۔

Foremast : (n) (۱) پانیں بادبان جو جہاز کے اگلے حصے میں ہو تا ہے ؛ جہازوں کا اگلا نچلا بادبان ۔ (۲) بادبان کے آگے کی جگہ ؛ (لٰہذا) (نیم صفتی معنوں میں) ملاح کی خصوصیت ۔

Foremast man/Seaman : (n) پیٹی افسر سے کم رتبہ ملاح یا کشتی بان ؛ چھوٹے افسران جہاز کا ماتحت ملاح ۔

Foremost : (a) [OE.'formest, fyrmest'.] (۱) سب سے آگے ؛ حیثیت میں سب سے بڑھا ہوا؛ سب سے زیادہ؛ اولین ؛ اول (بہ لحاظ ترتیب و مقام و مرتبہ) ۔ (۲) سب سے زیادہ نمایاں بہترین ؛ خاص اشخاص ؛ نمایاں ترین ؛ افضل ترین ؛ واضح ترین ؛ بیّن ؛ اعلیٰ ؛ مخصوص ؛ ممتازترین ؛ صف اول کا؛ پہلے درجے کا ۔

Foremost : (adv.) رتبے یا مقام میں اول ؛ صف اول میں ؛ پہلے درجےمیں ؛ سب سے اول ؛ سب سے پہلا ؛ سب پر مقدم ؛ مقدم ترین ؛ اولین ۔

First and foremost : پہلا اور بڑا؛ اول اور آگے؛ سب پر مقدم ؛ سب سے پہلا ؛ مقدم ترین ؛ اولین ۔

Head, end etc. foremost : سر آگے کئے ہوئے ؛ سر کے بل ۔

Foremother : (n) دادی ؛ نانی وغیرہ ۔

Forename : (n) پہلا نام ؛ نام کا پہلا جزو ؛ بپتسما کے وقت کا نام ؛ عیسائی نام (عتیقیات میں) پہلا یا ذاتی نام ۔

Forenight : (n) (اسکاتستان) رات کا پہلا پہر ؛ شام کے جھٹ پٹے سے لے کر سونے کے وقت تک کا وقت ۔

Forenoon : (n) دن کا دوپہر سے پہلے کا حصہ ؛ دوپہر سے قبل ؛ قبل ظہر ؛ زوال سے پہلے کا وقت ؛ قبل زوال ؛ صبح ؛ نہار ۔

Forensic : (a) [L.] عدالتی ؛ متعلق عدالت ؛ جو عدالت میں استعمال ہو ؛ قانونی عدالت میں فریقین کے بیانات یا وکالتوں سے مشابہ ؛ ان سے ملتا جلتا ہوا، ان کے متوازی یا شایان شان ۔

Forensic : (n) (امریکا) وہ تقریر یا تحریری مقالہ جو کسی دیئے ہوئے سوال یا مسئلے کے پہلے یا دوسرے رُخ کی حمایت یا تائید میں ہو ۔

Forensic medicine : (n) طبی (اصول) قانون ۔

Forensically : (adv.) حسب قانون (طبی) ۔

Foreordain : (n) پہلے سے مقرر کرنا یا کرلینا ؛ پہلے سے توڑکر دینا؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کر دینا؛ مقدر کرنا؛ تقدیر میں لکھنا؛ پہلے سے تہیہ کرلینا ؛ (خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں) پہلے سےنجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا ۔

Foreordinate : (v) پہلے سے مقررکر دینا؛ مقدر کرنا؛تقدیر میں لکھنا؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کردینا؛ پہلے سے تہیہ کرلینا ۔

Foreordination : (n) پیش تقرری ؛ پیش تعین ؛ پیش تقدیر ؛ گذشتہ تقرری؛ سابقہ ماموری ؛ سابقہ اجراء یا نفاذ (فرمان وغیرہ) ؛ پیش تقسیم ؛ پہلے سے قسمت میں لکھ دینا یا مقدر کر دینا؛ (نفسیات) مقدریت ؛ تقدیر ؛ پیش امری ۔

Forepage : (n) پہلا صفحہ (کسی مطبوعہ کا) ۔

Forepassed/-past : (a) گذرا ہوا؛ جو پہلےگذرچکا ہو؛ گذشتہ (زمانہ) ؛ ماضی ۔

Forepeak : (n) (بحری اصطلاح) بطنِ جہاز کے آگے کے حصے کا آخری حصہ جو دونوں پہلوؤں کی جائے اتصال کے زاویہ کے درمیان ہوتا ہے اور جو اسباب رکھنےیا اسباب کو ادھر اُدھر کر کے جہاز کا توازن درست کرنے کےلئے ہوتا ہے ۔

Foreplay : (n) مجامعت سے پہلے کی جنسی چھیڑ چھاڑ ۔

Forepleasure : (n) لذت آمیز یا محظوظ کن اشتعال (جو جنسی مقامات کو متہیج کر کے پیدا کیا جاتا ہے) ، جو شدید جذباتی (یا جنسی) ردِعمل پیدا کرتا ہے؛ پیش لذت ؛ پیش حظ ۔

Foreplot : (v) پہلے سے خاکہ بنا لینا ۔

Forepost : بیرونی چوکی (فوج کی) ۔

Foreright : (prep.) (بول چال) آمنے سامنے ؛ مقابل میں ؛ برعکس ؛ برخلاف ۔

Foreright : (a) (۱) آگے کی طرف سیدھی نکلتی ہوئی (شاخ) ۔ (۲) (بول چال) سر کش ؛ ضدی ؛ خود رائے؛ کھرا ؛ صاف گو ؛ بے لاگ ؛ (شخص) ۔

Foreright : (n) سیدھی نکلی ہوئی شاخ ؛ کھرا اورصاف گو (شخص) ۔

Foreroom : (n) رہائشی کمرہ ؛ خلوت خانہ ؛ بیٹھک ؛ نشست کا کمرہ ؛ دیوان خانہ ۔

Forerunner : (n) (ME.) (۱) پیش رو ؛ مستقبل کی نشاندہی کرنے والا ؛ منادی ؛ جلو دار ؛ راہنما ؛ نقیب ؛ چاؤش ؛ طلایہ دار ؛ خصوصاً وہ جو کسی بڑے شخص کی آمد سے قبل بطور نقیب بھیجا جاتا ھے ۔ (۲) سابق یا پیش رو عہدہ دار؛ نیز سلف ؛ بزرگ؛ خاندان ؛ اب و جد ۔ (۳) کسی ہونیوالے واقعے یا پیش آنے والی بات کا شگون؛ فال ؛ علامت ؛ نشان ؛ پیش خیمہ ؛ پیش خبری ؛ پیش گوئی ۔ (٤) (جہاز رانی) رسی کا پھندا جو وہیل مچھلی کے شکار کے وقت نیزے (ہارپون) میں لگا یا جاتا ھے ؛ جہاز کےرفتار پیما کی ڈوری کے سرے پر لگی ہوئی کپڑے کی دھجّی ۔

Foresaid : (a) دیکھو Aforesaid

Foresee : (v) [OE.'foreseon'.] پیش بینی کرنا (کسی واقعہ کا)؛ وقوع سے پہلے علم ہوجانا؛ دور بینی کرنا؛ علم رکھنا؛ عاقبت اندیشی اور دوربینی سے کام لینا؛ ہونے والی بات کا پہلے سےعلم رکھنا؛ پیش دانی کرنا ۔

(Always) forseen or for seeing that : بشرطیکہ ؛ میں پہلے سے جانتاتھا کہ ؛ مجھے پہلے سےعلم تھا کہ ۔

Foreseeable : (a) قابل پیش بینی ؛ لائق پیش دانی؛ جس بات یا واقعے کا پہلے سے علم ہو سکے ۔

Foreseeing : (a) (۱) دوربین ؛ دوراندیش ؛ پیش بیں ؛ پیش داں ؛ عاقبت اندیش ؛ پہلے سے علم رکھنے والا ۔ (۲) دوربینی ؛ دوراندیشی ؛ پیش بینی ؛ پیش دانی ؛ غیب دانی ؛ عاقبت اندیشی ۔

Foreseeingly : (adv.) دوربینی سے ؛ دوراندیشی سے ؛ پیش بینی سے؛ پیش دانی سے ؛ پہلے سےعلم رکھتے ہوئے ؛ عاقبت اندیشانہ ؛ دوراندیشانہ ۔

Foreseer : (n) پیش بیں ؛ پیش داں؛ عاقبت اندیش؛ دوربیں یا دوراندیش ؛ غیب کا علم رکھنے والا ؛ عالم الغیب ؛ غیب داں ۔

Foreshadow : (v) پہلے سے نقشہ دکھادینا (آنےوالےواقعات کا عکس) پیش کرنا ؛ شگون بتانا ؛ جُھلک دکھانا؛ کنایہ کرنا ؛ عکس ماقبل کے طورپر آنا ؛ نقش ماقبل ہونا (لٰہذا)پہلے غیر مکمل طورپر پیش آنا ؛ پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا ؛ پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچ لینا ؛ پیش اندیشگی کرنا ؛ ماتھا ٹھنکنا ؛ وقت سےپہلے آنے والےخطرے کا خیال پیدا ہونا ۔

Foreshadow : (n) آنے والے واقعےیا ہونے والی بات کااشارہ؛ علامت یا عکس ؛ "آنےوالے دور کی دُھندلی سی ایک تصویر" ؛ عکس ماقبل ؛ نقش ماقبل ؛ فال ؛ شگون ۔

Foreshadower : (n) آنےوالے واقعے یا ہونے والی بات کا پہلے سے نقشہ دکھانے والا یا عکس پیش کرنے والا ؛ پیش گو ؛ پیش بیں ؛ غیب داں ؛ پیش اندیش ۔

Foreship : (n) [OE.'forcip'.] جہازکااگلا حصہ ؛جہاز یا کشتی کا پیش، آگاہ، اگواڑ ۔

Foreshore : (n) ساحل کا اگلا حصہ ؛ ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے اُتار اور چڑھاؤ کےنشان کے درمیان ہوتاھے (وہ جو چڑھاؤ کے وقت پانی سے ڈھك جاتا ھے اور اُتار کے وقت خشك ہوجاتا ھے) ؛ وہ حد جو پانی (دریا وغیرہ) اور اس خشکی کے درمیان ہو جس پر زراعت ہوتی ہو یا کوئی عمارت ہو ؛ (ماقوائی انجینیئرنگ) سمندری جھاگ کی طاقت کو توڑنے کےلئے بحری پشتے سے تھوڑےفاصلے پر بنا ہوا کنارہ یا ساحل؛ پانی کے زور کو توڑنے والا سمندر کی طرف نکلا ہوا قدرے خمیدہ حصہ ۔

Foreshorten : (v) تصویر کو اس طرح بنانا یا(ترچھے رخ پر) دکھانا کہ نظر کے مطابق اگلا حصہ چھوٹا نظر آئے نیز یہ تاثر پیش کرنے کےلئے تصویر کھینچنا ۔

Foreshot : (n) (۱) کسی عمارت کا باہر کی طرف نکلا ہوا حصہ ۔(۲) (تقطیر میں) وہ شراب جو سب سے پہلےنکلتی یا ٹپکتی ھے ۔

Foreshow : (v) [OE.'foresceawian'.] (۱) پیشین گوئی کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا؛ آگاہ کرنا؛ جتانا ۔(۲) شگون بتانا ؛ پہلے سے آنے والی چیز یا (واقعہ کی) تصویر دکھانا (نقشہ دکھا دینا) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ ذہن میں پہلے سےتصویر کھینچنا ۔

Foreshower : (n) (۱) پیشین گوئی کرنےوالا؛ پہلے سےبتا دینےوالا ؛ آگاہ کرنے والا ؛ جتا دینے والا ۔(۲) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنے والا ؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچنے والا ۔

Foreside : (n) [ME.] (۱) اگلاحصہ ؛ آگے کا حصہ ؛آگا ؛ سامنے کاحصہ؛ آگے یا اوپر کا کنارہ ۔ (۲) سامنے کا کنارہ ؛ سامنے کی طرف ؛ دھار ؛ سیدھی ڈھلان کا کنارہ ؛ کنارہ ؛ کور ؛ کگر ۔

Foresight : (n) (۱) پیش بینی کی صلاحیت ؛ استعداد یا عمل ۔ (۲) پیش بینی؛ دور بینی؛ مستقبل کی فکر یا تیاری ؛ بصیرت ؛ انجام بینی ؛ پیش ادراکی ۔ (۳) توپ یا بندوق کی اگلی مکھی (نشانہ باندھنے کا نشان)؛ مگسک ۔ (٤) منظر ؛ سماں ؛ سین ؛ نظارہ ؛ فضا؛ سامنے دیکھ کر حاصل کیا ہوا ادراک ۔(۵) (سروے) ہموار کرنے والے گز سے پہلی بار حاصل شدہ معلومات؛ ہموار کرنے والے گز کی اولین خواندگی (جو کسی دیئے ہوئےمقام پر لی جاتی ہے) (صرف امریکا میں)۔

Foresighted : (a) پیش بینی یا دور اندیشی کی صلاحیت رکھنے والا ؛ پیش بینی یا دور اندیشی کے استعداد یا صفت سے متصف ؛ پیش بین ؛ دوراندیش ؛ بصیر ؛ محتاط ؛ مستقبل کی فکر کرنے والا ؛ بندوق یا توپ جس کی نوک پر مکھی لگی ہو ؛ مگسک دار ۔

Foresightful : (a) پُر بصیرت ؛ عاقبت اندیشی سےبھرا ہوا ؛ پر احتیاط پیش بینی یا دوراندیشی کی بھرپور صلاحیت رکھنے والا ۔

Foresignification : (n) پیش خبری؛ پیش آگاہی؛ پیش خیمگی (پیش خیمہ ہونا) ۔

Foresignify : (v) پیش خیمہ ہونا ؛ کسی بات پر پہلے سے دلالت کرنا ؛ پہلے سے ظاہر کرنا یا مظہر ہونا (کسی بات یا معنی کا) ؛ پہلے سے تصویر بنا کر پیش کرنا؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچ لینا ؛ آنے والی بات کا پہلے سےنمونہ یا مثال پیش کرنا ۔

Foreskin : (n) عضو تناسل کے آگے کی کھال ؛ غلف ؛ قلفہ ؛ گھنگھڑ ؛ پوست ختنہ گاہ ؛ غلاف یا حشفہ کے اوپر کا چمڑا ؛ گھونگھٹ ۔

Foreslack : (v) (۱) سست ہو جانا ؛ کاہل ہو جانا (شاذ)۔ (۲) بے پروائی برتنا ؛ بے اعتنائی برتنا ؛ بےتوجہی کرنا ؛ تغافل برتنا؛ غفلت کرنا ؛ سہل انگاری برتنا ؛ کاہلی کے باعث چوک جانا؛ فروگذاشت کرنا؛ سستی کے باعث کھو بیٹھنا ؛ تلف کر دینا یا برباد کر دینا ۔

Foresleeve : (n) [ME.] (۱) آستین کااگلا حصہ ؛ کف آستین ؛ گوٹہ دار یا آرائشی آستیں ۔(۲) آستین کا وہ حصہ جو کہنی سے کلائی تک ہوتا ہے ۔

Forespeak : (v) [ME.] (۱) پہلے سے کسی بات کی اطلاع دینا ؛ پیش گوئی کرنا؛ پیش خبری کرنا۔(۲) پیشگی مقرر کر لینا ؛ پہلے سے ٹھہرا لینا ؛ پیشگی فرمائش کرنا؛ پہلے سے منگا لینا (اسباب، سامان وغیرہ)۔

Forespeak/Forspeak : (v) (۱) سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ موٹھ چلانا ۔(۲) موہنا ؛ رجھانا ؛ لُبھانا ؛ فریفتہ کرنا ۔

Forest : (n) [med. L.'forestem'.] (۱) جنگل ؛ بن ؛ زمین کا ایک بڑا رقبہ جس میں بہت سے درخت ہوں یا جھاڑیاں ہوں یا کہیں کہیں چراگاہ بھی ہو ۔ (۲) وہ درخت جو جنگل میں کھڑے ہوں ۔ (۳) (برطانیہ میں) کسی ضلع یا شہر کا نام جیسے (Shorwood) جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے اس مقام پر جنگل تھا اور اب زمین مزروعہ ہے ۔(٤) (قانون) غیرمحدود جنگلات کے اضلاع جو شکارکےلئے مخصوص رکھے جاتے ہیں (عموماً بادشاہوں کی ملکیت ہوتے ہیں) ؛ ایک جنگلاتی ضلع جو اکثر کسی بادشاہ کےتحت ہوتا ہے اور اُسے جنگلی جانوروں وغیرہ کےلئے الگ کر لیا جاتا ہے اور جس کے اپنے قوانین اور اپنے افسر ہوتے ہیں ۔ (۵) (اسکاٹستان) سطح مرتفع کا علاقہ جو عموماً بے درخت ہوتا ہے اور جسے ہرن پالنے یا شکار کرنے کےلئے مخصوص کرلیاجاتا ہے ۔ (٦) کوئی بھی چیز جو جنگل کی طرح کثرت یا افراط میں ہوتی ہے ؛ بہت ساری بلند چیزیں ؛ کثیر تعداد ؛ انبوہ ۔

A forest of masts : مستولوں کا ایک جنگل ؛ بکثرت مستولوں کا اجتماع ؛ بہت سے مستول ۔

High forest : (n) جنگل اعلیٰ ۔

Forest : (v) درخت لگانا؛ جنگل بنا دینا ؛ جنگل میں رکھنا ۔

Forest act : (n) قانون جنگلات ۔

Forest bat : (n) افریقی جنگلوں میں پائی جانے والی چمگادڑوں کی ایک جنس جن کے جسم پر چمکیلے دھبے ہوتے ہیں اور جسے Painted bat بھی کہتے ہیں ؛ منقش چمگادڑ ۔

Forest bed : (n) (ارضیات) دوراول کے جنگلات سے پیدا شدہ یا اُن پر مبنی زمینی پرت ۔

Forest circle : (n) حلقۂ جنگل ۔

Forest conservator : (n) ناظم جنگلات ۔

Forest fire : (n) جنگلات کی آگ ؛ جنگلی علاقے کی آگ جس پر قابو نہ پایا جا سکے ۔

Forest fly : (n) مکس سک ؛ مکس اسپ ؛ ایک قسم کی خون چوسنے والی مکھی جو گھوڑوں اور مویشیوں کو کاٹتی ہے ۔

Forest green : (n) (۱) گہرا سبز رنگ جو صدا بہار سبز رنگ یا اوسط بوتل گرین سے قدرے شوخ اور نسبتاً زرد ہوتا ہے ۔ (۲) درمیانی زیتونی سبز رنگ جو ہالی گرین سے زیادہ گہرا اور سبز ہوتا ہے ۔

Forest hog/-pig : (n) افریقہ کے گرم خطوں کے جنگلی علاقوں میں پایا جانے والا ایک بڑا سیاہ رنگ جنگلی سور ۔

Forest laws : (n) شاہی جنگلات سے متعلق قوانین جن کا نفاذ نارمن بادشاہوں نے کیا تھا ؛ قوانین جنگلات ۔

Forest mahogany : (n) (جنگلی مہوگنی) یوکلپٹس کی جنس کے مختلف آسٹریلیائی درختوں میں سے کوئی ۔

Forest marble : (n) چکنی مٹی کا ؛ متورق صدف نما چونا پتھر جو دانہ دار چونا پتھر کی چٹانوں کے نچلے سلسلے کے اوپری حصوں میں سے ایک کی تشکیل کرتا ہے ؛ (ارضیات) جنگلی مر مر ۔

Forest mole : (n) جنوبی افریقہ کے جنگلوں میں رہنے والا ایک بڑا اور لانبا چھچھوندر ؛ کور موش ۔

Forest pathology : (n) مرضیات نباتات کا ایک شعبہ جو امراض درختان سے بحث کرتا ہے؛ مرضیات درختان ۔

Forest privileges : (n) جنگلی مراعات ۔

Forest tree : (n) بڑا اور گھنیرا درخت جو جنگل کے درختوں جیسا ہوتا ہے ؛ جنگلی درخت ؛ جنگل کا درخت؛ بڑے جسم کا درخت، جیسے کہ عموماً جنگلوں میں ہوتے ہیں ؛ تناور درخت ۔

Forestage : (n) (۱) افسران جنگلات کے ذریعہ بادشاہ کو ادا کیاجانے والا محصول یا چنگی ؛ شاہی افسران جنگلات کو ادا کیاجانےوالا محصول ۔ (۲) درختوں کا جھرمٹ ؛ جنگل جہاں بہت سارے درخت اُگے ہوں ۔

Forestat : (a) جنگلی ؛ جنگلاتی ؛ جنگل کا یا اُس سے متعلق ۔

Forestall : (n) [OE.'foresteall'.] (۱) کوئی چیز جو سامنے ہو ؛ خصوصاً پیش دروازہ؛ پیش مکان؛ پیش صحن ۔ (۲) کھیت سے ملحق مکان کے سامنے کی خالی جگہ یا اُس جگہ تک پہنچنے کا راستہ (بول چال) ۔ (۳) (گھوڑے کا) پیشانی بند؛ وہ پٹی جو پیشانی پر باندھ دی جاتی ہے ۔

Forestall : (v) [OE.'foresteall'.] (۱) احتکار کرنا ؛ ناجائز ذخیرہ اندوزی کرنا؛ پہلے سے سامان تجارت خرید کر رکھ لینا جب بھاؤ بڑھے تو زیادہ نفع لے کر بیچنا ؛ بازار میں پہنچنے سے پہلے ہی (چیزوں کو) راہ میں روک لینا ؛ چیزوں کو پہلے ہی خرید کر لوگوں کو اُنہیں بازار میں لانے سے ۔ (۲) کسی کام میں پیش قدمی کرنا ؛ سبقت لے جانا ۔ (۳) آئندہ ہونے والے واقعہ یا اسلوب یا ڈھنگ کا اندازہ کرکے حریف کی چالوں کو توڑ دینا ؛ ہرا دینا ؛ شکست دینا ۔ (٤) وقت سے قبل کاروائی کرنا ؛ پیش بینی کے ساتھ کام کرنا ؛ پیش بندی یا پیش بینی کرنا ؛ قبل ازوقت عمل میں لانا ؛ پہل کرنا ۔ (٥) پہلے سے روک دینا؛ منع کر دینا؛ باز رکھنا؛ مانع ہونا؛ حائل ہونا؛ حارج ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا(شاذ) ۔ (٦) داخلہ روک دینا ۔

Forestaller : (n) ذخیرہ اندوز ؛ ضروری اشیاء کو بازار میں پہونچنے سے پہلے خرید کر رکھ لینے والا ؛ چیزوں کو بازارمیں پہنچنے سے پہلے روک لینے والا ۔

Forestalling : (n) (۱) چیزوں کو پہلے ہی خرید لینا ؛ بازار میں نہ پہونچنے دینا؛ ذخیرہ اندوزی ؛ احتکار ۔ (۲) پیش بندی یا پیش بینی کا عمل ۔

Forestalment : (n) ذخیرہ اندوزی ؛ احتکار ؛ بازار میں پہنچنے سے پہلے مال کی خرید و فروخت تاکہ بازار میں نہ پہنچ سکے ؛ پیش بندی ؛ پیش بینی ؛ پیش عملی ۔

Forestation : (n) (۱) جنگل سازی؛ احداث جنگل ؛ جنگل کاری توسیع جنگل ۔

Forestep : (n) (۱) پیش قدم ؛ ایک قدم آگے ۔ (۲) (جمع) پیش اقدام ؛ چلنے کے نشان ؛ قدم کے نشان ؛ لیک ؛ پگ ڈنڈی ؛ گھوڑ دوڑ کا راستہ ۔

Forester : (n) [OE.'forestier'.] (۱) داروغہ جنگلات ؛ افسر جنگلات ؛ جس کے ذمہ جنگلی درختوں ، پودوں اور جانوروں کی حفاظت ہوتی ہے؛ لکڑی کے محکمے کا افسر ؛ نیز وہ جو کسی ریاست کے درختوں کی دیکھ بھال کرتا ہے؛ (کبھی کبھی شاعری میں) شکاری یا شکاری کتوں کا نگراں ۔ (۲) جنگل میں رہنے والا ؛ جنگل بان ؛

جنگل کا پرندہ یا جانور۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ؛ پتنگا ؛ جنگلی۔ (٤) تناور درخت۔ (٥) انجمن امدادباہمی جسے (Ancient order of foresters) کہاجاتا تھا ، کا ایک رکن۔

Forestership : (n) افسر جنگلات کا عہدہ۔

Forestry : (n) (۱) جنگل (بہ حیثیت مجموعی) جنگل کی زمین ؛ جنگلات ؛ جنگلی قطعہ ؛ جنگلی ارضیات ؛ جنگلی علاقہ یا خطّہ۔(۲) جنگل کے انتظام کرنے کا فن ؛ جنگل بانی ؛ ہیزم سازی کا انتظام یا انصرام جنگل سازی ؛ جنگل کاری کا علم ؛ یا فن۔ (۳) بہت دورمیں پھیلے ہوئے درختوں کا سلسلہ۔

Forestwards : (adv.) جنگل کی طرف ؛ سوئے دشت۔

Foresty : (a) جنگلوں سے بھرا ہوا یا ڈھکا ہوا ؛ پُر از جنگلات۔

Foretalk : (n) پیش گفتار ؛ دیباچہ ؛ پیش لفظ ؛ مقدمہ۔

Foretaste : (n) [ME.] (۱) پہلے سے (کسی بات کی) تکلیف وراحت کا تھوڑا سا مزا چکھ لینا۔ (۲) پہلے سے تکلیف و راحت (فائدہ یا نقصان) کا اندازہ کرلینا (ہو جانا)۔ (۳) پیش اندازہ ؛ اندازہ ماقبل ؛ پیش چشی ؛ مزہ چشی ؛ لطف ماقبل ؛ جزوی لطف اندوزی؛ پیش بینی؛ پیش احساس؛ پیش یافت۔

Foretaste : (v) (۱) پہلے سے چکھ لینا ؛ کسی بات کے لطف یا مزے کا پہلے سے اندازہ کرلینا؛ جزوی طور پر لطف اندوز ہولینا؛ پیش چشی کرنا؛ پیش اندازہ کرنا۔(۲) دوسرے پہلے چکھ لینا۔

Foretaster : (n) پیش چش ؛ پیش بیں ؛ پہلے سے چکھ لینے والا ؛ جزوی طور پر لطف اندوز ہونے والا۔

Foretell : (v) پیش گوئی کرنا؛ آنے والےواقعات کو بتا دینا ؛ ظاہر کر دینا؛ پہلے سے کہہ دینا؛ آئندہ کا حال بتانا؛ الہام بیان کرنا ؛ پیش خبری کرنا ؛ شگون بتانا ؛ حال بتانا ؛ آنے والے وقت کی خبر دینا ؛ آنےوالے دور کی تصویر دکھانا ؛ نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ پیشگی اطلاع دینا۔

Foreteller : (n) پیشین گو ؛ غیب گو ؛ پیغمبر ؛ فال گیر ؛ شگون بتانے والا؛ آنے والے دور کی تصویر دکھانے والا ؛ آنے والے واقعات یا نشانات کی آگاہی دینے والا۔

Forethink : (v) [OE.'forepenc (e)an.] پہلے سےتاک میں رہنا ؛ پہلے سے سوچنا ؛ ارادہ کرنا ؛ نیت کرنا؛ پہلے سے ذہن میں رکھنا ؛ پہلے سے خبر دینا ؛ پیش آگاہی کرنا ؛ فال بتانا (ہونے والی بات کی) علامت یا آثار بتانا ؛ آنے والی مصیبت کی پیش گوئی کرنا (شاذ)۔

Forethought : (n) (۱) پیش بینی ؛ دور اندیشی ؛ انتظام پیشیں ؛ پیش بندوبستی ؛ پیش بندی ؛ پیش تدبیر ؛ فکر پیشین ؛ پیش اندیشگی ؛ پیش تفکر؛ وہ ارادہ یا قصد جو پہلے سے سوچ سمجھ کر کرلیا گیا ہو ؛ دوراندیشی ؛ پیش تفہیم ؛ فکر اولیں ؛ سابقہ غوروفکر ؛ گذشتہ غورو خوض ؛ تدبیر ماقبل ؛ فکر پیشتر ؛ تامل پیش تر۔(۲) فکر مستقبل ؛ فکر آئندہ۔

Forethought : (a) پہلے سے سوچا ہوا ؛ پہلے سے تدبیر کیا ہوا ؛ پہلے سے قصد کیا ہوا ؛ بالقصد ؛ بالعمد ؛ جو پہلے سے ٹھان لی گئی ہو ؛ پیش مجوزہ۔

Forethoughtful : (a) پیش اندیشانہ ؛ پیش اندیشگی سےبھرا ہوا ؛ فکر مستقبل سے معمور؛ پیش بیں ؛ پیش اندیش ؛ عاقبت اندیش ؛ دوراندیش۔

Forethwart : (n) ناؤ کے پچھلے کھویًا کی نشست۔

Foretime : (n) زمانہ گذشتہ ؛ ابتدائی زمانہ ؛ پرانا زمانہ ؛ اگلا زمانہ ؛ ایام گذشتہ ؛ دور سابق ؛ دوراول ؛ دور پیشیں ؛ ماضی ؛ دور رفتہ۔

Foretoken : (n) [OE.'foretacn'.] کسی آنےوالےواقعہ کاشگون ؛ اشارہٴ پیش خیمہ ؛ فال ؛ علامت پیشیں ؛ پیش آگاہی کرنے والی نشانی؛ اعلام قبلی؛ پیش گوئی؛ پیش خبری۔

Foretoken : (v) ہونےوالے واقعہ کی طرف اشارہ کرنا ؛ شگون بتانا ؛ جتلا دینا ؛ شگون یا فال ہونا ؛ پیش خیمہ ہونا ؛ پہلے سے آثاریا علامات ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا یا بتانا۔

Foretop: (n) [ME.] (۱) گھوڑے کی چڑ کی؛ گھوڑےوغیرہ کی کنوتیوں کے درمیان لٹکتا ہوا بالوں کا گچھا؛ کاکُل اسپ ؛ موی پیشانی۔(۲) (امریکا) کسی گاڑی کی اوپر والی اگلی سیٹ یا نشست۔ (۳) آگے کے مستول کا اوپر کا سرا۔

Military fore top : جنگی جہاز کے بالائی حصہ کا وہ گوشہ جو مسلح ہوتا ہے۔

Foretype : (n) آنے والی (ہونے والی) بات کا نقشہ یا طرز جو پہلے سےمعلوم ہو جاتا ہے ؛ نمونہ قبلی۔

Forever : (adv.) (۱) ہمیشہ کے لئے ؛ تا ابد ؛ جاوداں ؛ علی الدوام ؛ تاابد الآباد۔ (۲) (نیم اسم) دوام ؛ ابدیت ۔

Forevermore : (adv.) ہمیشہ ؛ دائم ؛ جاوداں طور پر ۔

Forewarn : (v) [ME.] پہلے سے متنبہ کر دینا؛ ہوشیار کردینا؛ خط سے اطلاع کردینا؛ آگاہ کرنا؛ خبردار کرنا؛ پہلے سے تاکید کرنا؛ سمجھانا؛ نصیحت کرنا ؛ ہدایت کرنا ؛ نیز پہلے سے آگاہ کر دینا ؛ پہلے سے اطلاع کر دینا ۔

Forewarner : (n) ہوشیار کرنے والا؛ پہلے سے متنبہ کرنے والا؛ ہدایت کرنے والا ؛ نذیر ۔

Forewarningly : (adv.) قبل سے آگاہ کرتے ہوئے ؛ پہلے سے متنبہ کرتے ہوئے ؛ بطور تاکید ماقبل ۔

Forewaters : (n) قبل آب ۔

Forewinning : (n) (کان کنی) کام کی تیزی یا تیز رفتاری ؛ کارکردگی ؛ نشانے سے زیادہ کام ۔

Forewoman : (n) (۱) زنانہ جیوری کی صدر نشیں ۔ (۲) مزدور عورتوں کی داروغہ یا ان کے کاموں کی نگراں ۔ (۳) نگراں عورت ۔

Foreword : (n) (کسی کتاب کا) دیباچہ ؛ آغاز کلام ؛ پیش نامہ ؛ پیش لفظ ؛ مقدمہ (عموماً مصنف یا مؤلف کے علاوہ کسی دوسرے شخص نے لکھا ہو) سر آغاز ؛ سرنامہ ؛ کسی تقریر یا تحریر سے پہلے کہی ہوئی بات ؛ پیش گفتار ۔

Forfalt/-fault/-faute : (۱) جرمانہ ؛ پاداش یا تاوان ۔ (۲) دیکھو Forfeit ۔

Forfeit : (n) [OF.'forfet'.] (۱) جو مجرمانہ حرکت یا قصور کی وجہ سے ضائع ہوگئی (یا کی گئی) ہو ؛ پاداش یا تاوان ؛ جریمہ ؛ جرمانہ ؛ قانونی جرمانہ ۔ (۲) خلاف ورزی ؛ (نقض) معاہدہ یا غفلت کا تاوان یا جرمانہ ۔ (۳) کسی کلب یا کھیل یا کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی کی بنا پر خفیف جرمانہ ؛ پنالٹی ۔ (٤) وہ چیزیں جو ایک قسم کے کھیل میں کھلاڑی حوالہ کر دیتا ہے تاکہ بعد کو کوئی تمسخراً بدنام کر کے ان کو واپس لے سکے ۔ (۵) قرقی ؛ ضبطی ۔

Forfeit : (a) [OF.'forfait'.] کسی جرم، قصور یا نقض عہد کے عوض تاوان یا پاداش پایا ہوا جرمانے میں دیا ہوا، کھویا ہوا، محروم کیا ہوا ۔

Forfeit : (v) (۱) کھو بیٹھنا ؛ محروم ہو جانا ؛ حق ساقط ہونا؛ حقوق سے محروم ہوجانا؛ جرم اور غفلت وغیرہ کا تاوان یا کسی دوسرے امر کی پاداش میں کچھ ادا کرنا جرم ؛ خلاف ورزی ؛ نقض عہد یا فرائض سے غفلت کے نتیجے میں جرمانہ اداکرنا؛ حرکات ناشائستہ کے باعث کھوبیٹھنا؛ محروم ہوجانا؛ کسی فعل کے نتیجے میں دست بردار ہو جانا یا ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ (۲) ضبط کیا جانا ؛ قرق ہونا یا کیا جانا ؛ ضبط کرنا ؛ قرق کرنا ؛ (تاریخ میں) ۔

Forfeitable : (a) قابل ضبطی ؛ ضبط شدنی ؛ جریمہ بردار ؛ تاوان کے لائق ؛ قابل جرمانہ ؛ قابل ضبطی ؛ قابل قرقی ۔

Forfeited share : (n) (تجارت) ضبط شدہ حصہ ۔

Forfeiter : (n) ضبط کرنے والا ؛ قرق کرنے والا ؛ کسی جرم، خلاف ورزی یا نقض عہد کی پاداش میں کسی سے جرمانہ یا تاوان وصولنے والا ؛ جرمانہ کرنے والا ؛ مورد تاوان شخص ؛ وہ شخص جس کا حق یا مال قابل ضبطی ہو ۔

Forfeiture : (n) [OF.'forfeture'.] (۱) کسی جرم، خلاف ورزی یا نقض عہد کے باعث (کسی حق، عہدہ، مال، ریاست یازندگی وغیرہ) کھو بیٹھنے یا محروم ہونے کی حالت یا عمل ۔ (۲) ضبطی ؛ قرقی ؛ (حق سے) محرومی ؛ خسارہ ؛ تاوان ؛ خسران ؛ ضرر ؛ زیاں ۔ (۳) ضبط شدہ چیز ؛ جرمانہ ؛ جریمہ ۔

Forfeiture of remission : (n) تنسیخ معافی ۔

Forfeiture of service : (n) فسخ خدمت ؛ برخاستگی ۔

Forfend/Forefend : (v) (۱) ٹالنا ؛ مٹانا ؛ دور کرنا ؛ پھیرنا ؛ دفع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ دور رکھنا ؛ قدغن کرنا ؛ منع کرنا ؛ روکنا ۔ (۲) (حفظ ماتقدم) کے ذریعے محفوظ کرنا یا بچانا (خصوصاً امریکا میں مستعمل) ۔

God forfend : خدا بچائے ! خدا محفوظ رکھے! حاشا کہ ۔

Forfex : (n) (۱) قینچی ؛ مقراض ؛ کلبتین ۔ (۲) (حشریات) مبرزی اعضا کا ایک جوڑا جو (قینچی کی طرح) عرضاً کُھلتے یا بند ہوتے اور ایک دوسرے کے اوپر سے گذرتے ہیں ۔

Forficate : (a) (حیوانیات) قینچی کے پھلوں کی صورت کا (پرندوں کی چونچ، دم وغیرہ) مثل قینچی کے؛ مقراض کی طرح ؛ مقراض نما ؛ قینچی نما؛ شاخ دار ۔

Forficiform : (n) مقراضی شکل ۔

Forficulate : (v) [mod.L.'forficula'.] رینگنا (جیسے کنکوجیا یا ایسے ہی دوسرے کیڑے کسی کی جلد پر رینگ رہے ہوں)۔

Forficulate : (a) (حیوانیات) مقراضی ۔

Forfoughten : (a) [ME.] (اسکاٹ لینڈ) (جنگ کی وجہ سے) خستہ ؛ عاجز ؛ تھکا ہوا ۔

Forgather : (v) دیکھو Foregather

Forge : (n) [OF.'forge'.] (۱) کارخانہء آہنگر؛ لوہار کی دکان ؛ لوہارخانہ ؛ لوہار کی بھٹی ؛ آتشدان جس میں دھونکنیاں لگی ہوتی ہیں ۔ (۲) دھاتوں کے گلانےاور صاف کرنے کی بھٹی ؛ وہ کارخانہ جس میں اس قسم کی بھٹی ہو ؛ لوہار کی بھاتی ۔ (۳) فوجی استعمال کی بھاتی جو پہیوں پر چلتی ہے ۔ (٤) بھاتی میں تپا کر یا گلا کر تیار کیا ہوا لوہا ۔

Forge : (v) [OF.'forgier'.] (۱) آگ میں گرم کرکے اور ہتھوڑے سے مار کر خاص شکل پیدا کرنا ؛ کوٹ کوٹ کر شکل بنانا ۔ (۲) گھڑنا ؛ بنانا ؛ جعل بنانا ؛ ایجاد کرنا؛ اختراع کرنا (جھوٹی باتیں یا جھوٹا قصہ) ۔ (۳) جعلی بنانا؛ دھوکا دینے کےلئے نقلی چیز بنانا خصوصاً اس طرح لکھنا (دستاویز یا دستخط) کہ کسی دوسرے کا لکھا سمجھا جائے ؛ جعل سازی کرنا؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جُل دینا ؛ نقل کرنا یا بنانا ؛ بناوٹ کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ ھوبھو کر دینا ۔ (٤) تدبیر کرنا ؛ ترکیب نکالنا؛ منصوبہ ٹھہرانا ؛ سازش کرنا نیز کوئی بات بنا کر کہنا ؛ بناوٹی بات کہنا ؛ جھوٹے قصے گھڑنا ؛ (٥)جعل سازی کا ارتکاب کرنا؛ دستاویز وغیرہ میں جعل بنانے کا مرتکب ہونا ؛ تلبیس یا فریب دہی کا مرتکب ہونا ۔ (٦) لوہار کی دکان یا بھٹی میں کام کرنا ۔ (۷) کوئی ایسی چیز بنانا جس کےلئے مہارت کی ضرورت ہو ۔

Forge : (v) [Origin doubtful.] (جہاز کا) تیزی سے آگے بڑھنا یا پل کے نیچے سے تیزی سے نکل جانا خاص کر حرکت یا جوار کے دباؤ کے ذریعے ۔

Forge-cart : (n) (فوج) وہ گاڑی جس پر فوجی استعمال کےلئے بھاتی ہوتی ہےاور میدان جنگ میں کام آتی ہے ۔

Forge-cinder : (n) لوہار کی بھاتی یا بھٹی سے نکلا ہوا دھات کا میل ؛ لوہے کو پگھلا کر سلاخیں بنانے کے کارخانے سے نکلا ہوا دھات کا میل ۔

Forge fire : (n) (۱) لوہار کی آگی ؛ بھاتی ؛ بھٹی ۔ (۲) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوچ دار بنانے والی مٹی ۔

Forge man : (n) لوہار کی بھٹی یا بھاتی میں لوہے کو گلانے والا ؛ لوہار ؛ آہن گر ؛ خصوصاً اونچے طبقے کا جس کے ماتحت ایک ہتھوڑا چلانے والا ہوتا ہے؛ سر آہنگ ۔

Forge pig : (n) بھاتی میں گلا کر تیار کیا ہوا لوہے کا مستطیل نما ٹکڑا ۔

Forge rolls : (n) بیلن دار مشین جس کے ذریعہ لوہے کی سلاخوں یا چھڑوں کو لوچ دار چھڑیوں میں تبدیل کیا جاتا ہے ۔

Forge tongs : (n) غیر آتش کاری ۔

Forge wagon : (n) دیکھو Forge-cart

Forge water : (n) وہ پانی جس میں گرم لوہابجھا یا گیاہو ؛ جو پہلے دواؤں میں استعمال ہوتا تھا ۔

Forgeable : (a) جس چیز(دستاویز یا دستخط وغیرہ) کا جعل بنایا جاسکے ۔

Forged : (a) ساختہ ؛ جعلی ؛ تقلبی ؛ گھڑا ہوا ۔

Forged documents : (n) اسناد جعلی ؛ اسناد قلابی ۔

Forged note expert : (n) ماہر شناخت جعلی نوٹ ۔

Forger : (n) [ME.] (۱) جعل ساز ؛ جعل بنانے والا ؛ جعلیا ؛ (جھوٹے قصے، کہانیاں وغیرہ) گھڑنے والا ؛ دروغ باف ؛ من گھڑت یا بناوٹی باتیں کرنے والا ۔ (۲) (دھات کو) بھٹی میں تپا کر اور ہتھوڑے سے پیٹ کرصورت پذیر کرنےوالا ؛ لوہارکی بھاتی پر کام کرنے والا؛ لوہار؛ آہنگر۔ (۳)پُرفریب نقالی کرنے والا؛ (دستاویزات، سکّے وغیرہ کی) نقلیں اُتارنے والا؛ جعل ساز؛ نقلی دستاویز یا سکّے بنانے والا ۔

Forgerer : (n) جعل ساز ۔

Forgery : (n) (۱) جعل سازی ؛ جعلی دستاویز بنانے کا عمل یا دستاویزیں جعل بنانےکاعمل ۔(۲) مصنوعی، جھوٹی، جعلی نقلی چیز (خصوصاً دستاویز یا دستخط) ۔ (۳) ایجاد ؛ اختراع ؛ نقل ؛ بناوٹ ؛ جھوٹ ؛ دروغ بافی ؛ جھوٹی ایجاد ؛ گھڑت ؛ بنائی ہوئی بات ؛ افسانہ ؛ کہانی (اب صرف شاعری میں)۔

Forgery insurance : (n) (تجارت) جعلسازی بیمہ ۔

Forget : (v)[OE.'forgietan.'] (۱) بھول جانا؛ فراموش کر دینا؛ خیال نہ رکھنا؛ یاد نہ رکھنا ؛ یاد نہ رہنا ؛ یادآوری میں ناکام رہنا؛ دوبارہ یادنہ کرسکنا؛ غفلت سےترک کرنا ؛ چھوڑ جانا ؛ نظر انداز یا قلم زد کرنا ۔(۲) بے پروائی کرنا؛ بےتوجہی کے باعث شامل یا شمار نہ کرنا ۔(۳) کسی شخص یا چیز کو بھول جانا؛ کسی چیز یا شخص کے لانے (اس کی طرف) توجہ کرنے یا اس کا ذکر کرنے کو سہواً بھول جانا ۔(٤) توجہ نہ کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ ارادۃً بے اعتنائی برتنا ؛ غفلت برتنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ اعراض کرنا؛ ناقابل توجہ سمجھنا ؛ حقیر سمجھنا ۔ (۵) نازیبا طرز عمل اختیار کرنا ؛ بیہودہ پن کرنا؛ اپنی خود داری کو فراموش کرنا ۔(٦) کسی کے بارے میں سوچنےیا غور کرنے کو ترک کر دینا؛ چھوڑ دینا ؛ باز آجانا ؛ بھلا بیٹھنا۔(۷) چشم پوشی کرنا؛ اغماض کرنا؛ کج خُلقی سے پیش آنا ۔

To forget oneself : خود کو بھول جانا ؛ اپنے مفاد کو بھول جانا ؛ اپنی توقیر وعزت کو بھول جانا ؛ بیخود ہوجانا ؛ اپنی جانب سے توجہ ہٹا لینا ؛ بے پروا ہو جانا ؛ خود سے غافل ہو جانا ؛ شائستگی اور معقولیت کے اقتضا کو زائل کر دینااورنازیبا طرزعمل اختیار کرنا؛ نامناسب یا نازیبا سلوک کرنا؛ ترک ادب کرنا؛ شعور کھو بیٹھنا ۔

Forget-me-not : (n) [OF.'ne m' oubliez mye'.] (۱) ایک قسم کا پھول خصوصاًوہ جس کا جسم چھوٹا ہوتاھے اور رنگ نیلا اور جس کا پہننا یا ساتھ رکھنا اس بات کی ضمانت سمجھا جاتا ھے کہ اُنہیں اُن کے عشاق کبھی فراموش نہیں کرنا چاہتے ؛ گُلِ وفا ؛ گلِ فراموش مکن ۔ (۲) ایک قسم کی نیلے چمک دار پھولوں والی بوٹی ۔

Forget-me-not/-blue : نیلارنگ جو اس پھول کی نیلاہٹ سے ملتاجلتا ھے ۔

Forgetful : (a) (۱) بھولنے والا؛ بھولا؛ بھولکڑ؛ بھول جانےوالا؛ فراموش کار؛ غفلت کار؛ فراموش کنندہ؛ کمزور یاد داشت والا؛ مائل بہ فراموش؛ بھولنے میں تیز ۔(۲) بےپروا ؛ بےغرض ؛ غافل ؛ بےاعتنا ؛ بےالتفات ؛ بےتوجہ ؛ لاأُبالی ؛ نظر انداز کردینے والا؛ غفلت کرنےوالا؛ اعراض یا اغماض کرنے والا۔ (۳) جس کے سبب فراموش کردیا جائے؛ بھلادینے والی (چیز، بات وغیرہ) (خاص کر)۔

Forgetfully : (adv.) (۱) بھول کر ؛ سہواً ؛ غفلت سے ؛ فراموشی سے ۔(۲) بے پروائی سے؛ بےاعتنائی سے ؛ بےتوجہی سے؛ نظر انداز کرکے؛ اعراض یا اغماض کرتے ہوئے ۔ (۳) بھول جانے کا سبب ہوکر ۔

Forgetfulness : (n) (۱) بھول ؛ فراموش ؛ نسیان ؛ غفلت ؛ فراموش کاری ؛ بھولنے کی حالت ؛ صفت یا عادت ۔ (۲) سب کچھ بھول جانے کی حالت ؛ ازخودرفتگی؛ بیخودی؛ گم گشتگی؛ بےھوشی ۔ (۳) بھلادینے جانے کی حالت؛ فراموش شدگی ۔ (٤) بےاعتنائی ؛ غفلت ؛ اعراض ؛ اغماض ؛ بےپروائی؛ بےتوجہی ؛ تغافل ۔

Water of forgetfulness : (اساطیر) آخرت ؛ دریائے فراموشی۔

Forgetive : (a) مائل بہ اختراع ؛ مائل بہ ایجاد ؛ مائل بہ تخلیق ؛ ایجادی ؛ اختراعی ؛ تخلیقی ؛ من گھڑت ؛ مصنوعی ؛ بناؤٹی ؛ ساختہ ؛ بافتہ؛ جعلی؛ نقلی ۔

Forgettable : (a) قابل فراموش ؛ قابل ترک ؛قابل نظر انداز ؛ قابل اعراض ؛ بھول جانے یا چھوڑ دینے کے لائق ۔

Forgetter : (n) فراموش کنندہ ؛ بھول جانے والا ؛ ترک کرنے والا ؛ نظر انداز کرنے والا ؛ بھلا دینے والا ؛ چھوڑ دینے والا ۔

Forgettingly : (adv.) دیکھو Forgetfully

Forging : (n) [ME.] (۱) بھاتی میں گرم کرکےاوربتھوڑے سے پیٹ کر دھات کو کسی شکل میں لانے کا عمل ؛ اس طرح بنائی ہوئی چیز ؛ آہنگری ؛ گھڑت ؛ بناوٹ ؛ ایجاد ؛ اختراع ؛ تخلیق ؛ نقالی ؛ جعل سازی ؛ گھڑائی ؛ سازش ؛ گرم کرکے کوٹ پیٹ کربنایا ہوا لوھے کا ٹکڑا ۔ (۲) توصیفی معنوں میں مثلاً Forging hammer ۔

Forging chisel : (n) گھڑ چھینی ۔

Forging machines : (n) (انجینیئرنگ) آلات آہنگری ۔

Forgivable/-eable : (a) چھوڑنے کے لائق ؛ قابل بخشائش ؛ بخشیدنی ؛ قابل معافی ؛ قابل عفو ۔

Forgive : (v) [OE.'forgiefan'.] (۱) معاف کر دینا ؛ بخشدینا؛ چھوڑ دینا؛ عفو کرنا؛ درگذر کرنا؛ (قرضہ میں) رعایت کرنا؛ معاف کر دینا ؛ (مجرم یا جرم کو) بخش دینا ۔ (۲) کسی جرم کے خلاف ناراضگی یا خفگی کو ترک کر دینا ؛ معافی دینا ؛ معاف کردینا؛ کسی قرض دار کے خلاف اپنے دعوے سے دست بردار ہو جانا۔ (۳) بخش دینا؛ چھوڑ دینا؛ شفقت کی نگاہ رکھنا؛ مروت سے درگذر کرنا (اب صرف امر میں بطور التجا یا التماس مستعمل ہے) ۔

Forgiveness : (n) [OE.'forgifennys'.] (۱) معافی؛ عضو پروری ؛ بخشش ؛ بخشائش ؛ عفو ؛ غفران ؛ آمرزش ؛ مغفرت ۔ (۲) آمادگی ؛ عفو ؛ آمادگی بخشش؛ معافی کا میلان یا رجحان ۔

Forgiver : (n) بخشندہ ؛ عفو کنندہ ؛ آمرزندہ ؛ معاف کرنے والا ؛ بخشنے والا ؛ چھوڑ دینےوالا ؛ درگذر کرنے والا ؛ از راہ شفقت معاف کر دینے والا ۔

Forgiving : (a) معاف کر دینے والا ؛ عفو پر ور ؛ بخشش کنندہ ؛ مائل بہ معافی ؛ مظہر معافی ؛ آمادگی بخشش ؛ آمادگیٔ معافی ۔

Forgivingly : (adv.) ازراہ عفو تقصیر ؛ ازراہ بخشش ؛ بخشتے ہوئے یا معاف کرتے ہوئے ؛ ازراہ معافی ۔

Forgivingess : (n) بخشش ؛ رحم دلی ؛ معاف کر دنیے کی خصلت ؛ آمرزگی ؛ بخشیدگی ۔

Forgo : (v) دیکھو Forego

Forgoer : (n) بچنے والا ؛ پرہیز کرنے والا ؛ چھوڑنے والا ؛ کنارہ کش ہونے والا ؛ دست بردار ہونے والا ؛ مستعفی ہونے والا ۔

Forgood : (adv.) ہمیشہ کے لئے دائماً ۔

Forgood (and all) : فراغت پا کر ؛ کام ختم کرکے ؛ واپس نہ آنے کی نیت سے ۔

Forgotten : دیکھو Forget

Forhale : (v) توجہ پھیرنا یا موڑنا ؛ توجہ ہٹانا ؛ منعطف کرنا؛ کسی کا خیال باٹنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ حیران کرنا ۔

Foristamiliate : (v) [med. L.'forisfamiliare'.] (دیوانی اور اسکاتستانی قانون) بیٹے کو وراثت کا حصہ دے کر اور اُس پر اُسے قابض دخیل گر دان کر اُس کو معاشری پابندیوں سے آزاد کرنا؛ بیٹے کا ورثہ مکمل طور پر اُس کے تصرف میں دے کر اُسے آزاد کرنا ۔

Forisfamiliation : (n) بیٹے کا ورثہ کامل طور پر اُس کے تصرف میں دے کر اُسے معاشری پابندیوں سے آزاد کرنے کاعمل ۔

Forjudge : (v) [OF.'fourjugier'.] فیصلے کے بدلےبےدخل کرنا ؛ نکال دینا ؛ ہٹا دینا ؛ خارج کر دینا ۔

Fork : (n) [L.'furca'.] (۱) دو شاخہ ؛فورک ؛ کانٹا؛ سرشاخہ ۔ (۲) ایک لمبا کئی شاخوں والا اوزار(کھودنے، چیزیں اٹھانے، لے جانے اور پھینکنے کےلئے)؛ ٹنگلی ؛ چنگالی ۔ (۳) دو یا تین دندانوں کا کانٹا جس سے کھانا کھاتے ہیں اور جو باورچی خانے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) موسیقی کا ایک فولادی ساز جس پر ضرب لگانے سے ایک خاص قسم کا سرگم پیدا ہوتا ہے؛ سر کا دو شاخہ ۔ (٥) دوشاخہ بجلی کی کوند ۔ (٦) (جمع میں) دوشاخہ یا سہ شاخہ یا کانٹیں ؛ چنگالی کی شاخیں ۔ (۷) دو (یا زیادہ) شاخوں والی کوئی چیز ؛ شاخدار سرے والا کھجا؛ کھونٹا؛ چھڑی جو سہارا ٹیک یا اڑواڑ کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۸) (شطرنج) ایک مہرے سے بہ یک وقت دومہروں پر حملہ ۔ (۹) مختلف شاخوں پر تقسیم یا وہ جگہ جہاں کوئی چیز شاخوں کوتقسیم کرتی ہے (لہٰذا) ۔ (۱۰)انسانی جسم کا وہ نچلا حصہ جہاں سے ٹانگیں علاحدہ ہوتی ہیں ۔ (۱۱) طلسمی چھڑی ؛ جادو کی چھڑی ؛ وہ دوشاخہ جس کی مدد سے زیر زمین معدنیات یا پانی معلوم کی جاتی ہیں ۔ (۱۲)خراد مشین میں لگا ہوا فولاد کا ایک ٹکڑا جو خرادے جانےوالے ٹکڑے کو چاروں طرف گھماتا ہے ۔ (۱۳)زمین کے آگے اور پیچھے کا نکلا ہوا حصہ ۔ (١٤) (معدنیات) کان میں پانی جانےوالی سیّال چیزوں کو جمع کرنے کےلئےبنائے ہوئے گڑھے یا کنوئیں کی تہ ۔

Knives and forks : کار دو چنگالی ؛ چھری کانٹا ۔

Tuning fork : سُر کا دوشاخہ ۔

Fork : (v) (۱) ایک دوشاخہ لکڑی سے سہارا لگانا (ٹیک لگانا) جس طرح انگور کی بیل وغیرہ کو سہارا دیتے ہیں ؛ شاخدار بنانا ؛ شاخہ شاخہ ہونا ؛ دو یا

زیادہ حصوں میں تقسیم کرنا ؛ دو یا زیادہ شاخوں میں تقسیم کرنا ؛ الگ الگ ہونا ۔ (۲) چیرنا؛ دونوں طرف پھیلانا جیسے انسان اپنی ٹانگیں چیر کر کھڑا ہوتا ہے یا ایک نقطہ سے دو طرف سڑکیں (راستے) پھیل جاتی ہیں یا جس طرح درخت کی شاخیں ۔ (۳) شاخیں بنانا یا پیدا ہونا ؛ دو شاخہ یا چند شاخہ ہونا ۔ (٤) دو شاخہ یا چنگالی سے اٹھانا؛ پھینکنا ؛ کھودنا ؛ اُٹھا کر لے جانا ۔ (٥) چنگالی کو استعمال کرنا ؛ چنگالی نما یا چنگال دار ہونا ۔ (٦) (دونوں کا) پھوٹنا؛ اُگنا؛ کلی نکلنا؛ سوئے نکلنا ؛ کلیانا؛ شاخیں نکلنا یا نکالنا ۔ (۷) دو شاخہ نما بنانا ؛ چنگالی دار؛ چنگالی نما بنانا ۔ (۸) (کان کنی) پانی کو پمپ کر کے (کان کو) خشک کرنا ؛ پمپ کے ذریعہ (پانی) نکالنا ۔ (۹) (شطرنج) دو مُہروں پر بہ یک وقت حملہ کرنا ۔ (۱۰) بجلی کا شاخ درشاخ ہو کر چمکنا ؛ بجلی کا لہردار کوندنا ۔ (۱۱) گھوڑے پر اُچك کر چڑھنا ۔

To fork out/-over/-up : حوالہ کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا؛ دے دینا ؛ ادا کرنا؛ دینا ۔

Fork-beam : (n) (جہاز رانی) جہاز کے عرشے میں آڑی ترچھی لگی ہوئی بلّیوں کے کناروں کی مزید حفاظت کے لئے لگا ہوا شاخدار شہتیر ۔

Fork-beard : (n) مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Fork chuck : (n) دو یا زیادہ دندانوں والا چاك یا ٹیك (جس کے ذریعہ) لکڑی گھومائی جاتی ہے ۔

Fork-head : (n) (۱) (میکانیات) دوہرے سروں والا یا دوشاخہ چھڑ جسے ایک کیل کے ذریعہ کسی دوسری چھڑ یا قلابے سے جوڑا جاسکے ۔ (۲) (پیچھے سے چلنے والے بحری بھاپ انجن میں) ایک عرضی چھڑ جو سرے والے ہر ایک کناروں کو جوڑتی ہے ۔

Fork length : (n) ایک مچھلی کی لمبائی (سر سے دُم تك) ۔

Fork moss : (n) ایک قسم کی کائی ۔

Fork of a river : (n) سنگم ۔

Fork-tail : (n) (۱) چار سال کی عمر کی سالمن مچھلی ۔ (۲) اُن پرندوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے جن کی دُم دو شاخہ ہوتی ہے ۔

Fork-tailed : (a) دو شاخہ دُم والا (پرند) ۔

Fork wrench : (n) سرسی ؛ سنسی ؛ پلاس ؛ نٹ وغیرہ کَسنے کا دو جبڑوں والا آلہ ؛ پیچ کش ۔

Forked : (a) (۱) ایك طرف سے دو شاخہ ؛ ایسا جس سے شاخیں نکلی ہوئی ہوں ؛ منفرج ؛ پھٹا ہوا ؛ چیرا ہوا ؛ دو ٹانگوں والا ؛ شاخہ دار ؛ دوشاخہ؛ چنگالی دار ؛ شاخ دار ؛ سینگوں سے الگ کیا ہوا ؛ شاخوں میں بٹا ہوا ؛ دو شاخہ نما ؛ چنگالی نما ؛ کئی شاخیں یا کانٹے رکھنے والا؛ چند پہلو؛ شگافتہ ؛ منشعب ؛ منشق ؛ دو پایہ ؛ دو پیروں والا ؛ شکستہ ؛ شاخہ شاخہ ۔ (۲) (مجازاً) دو معنی ؛ دو پہلو ؛ مبہم ؛ مشکوك ؛ مشتبہ (متروك) ۔

Forked circuit : (n) (برقیات) منقسم دور ۔

Forked lightning : (n) شاخ دار بجلی ۔

Three-forked : تین شاخوں والا ؛ سہ شاخہ ۔

Forked chain : (n) شاخ دار زنجیر ۔

Forked tongue : (a) گول مول بات کرنے والا ؛ ٹال مٹول کرنے والا ؛ مطلب کی بات اُڑا جانے والا ؛ مذبذب گفتگو کرنے والا ؛ مبہم یا دو معنی باتیں کرنے والا ۔

Forkedly : (adv.) (۱) دو شاخے کی طرح سے؛ شاخ شاخ ہو کر ہو کر ؛ بانداز شگافتہ ؛ چنگالی دار ہو کر ۔ (۲) (مجازاً) دو معنی انداز میں ؛ مبہم یا مشکوك طور پر ۔

Forkedness : (n) شگافتگی ؛ انشقاق ؛ شاخہ دار ہونے کی حالت یا صفت ؛ شاخ داریت ؛ (مجازاً) ابہام ؛ تشکیك ؛ اشتباہ ۔

Forkeeps : (adv.) مستقل طور پر ؛ ہمیشہ کے لئے ۔

Forkful : (n) چنگال بھر ؛ فورك بھر (ایك فورك میں جتنا (اُٹھ سکے) ۔

Forking : (a) (نباتیات) شاخہ دار ۔

Forkiness : (n) شگافتگی ؛ شاخ درشاخ ہونے کی حالت ؛ چنگال دار یا شاخ دار ہونے کی حالت ؛ دوشاخیت ۔

Forkless : (a) بے شاخہ ؛ بغیر چنگالی کے ۔

Forklift : (n) بھاری اور وزنی چیزوں کو اٹھانے کی ایک مشین ۔

Forky : (a) ؛ شاخ دار؛ کانٹے کی طرح (عموماً شاعری میں) ؛ چنگال نما؛ دوشاخہ نما ؛ چنگال دار؛ دو حصوں میں منقسم ؛ شاخ درشاخ ؛ چنگالی ؛ شاخہ شاخہ ؛ منشعب ؛ شگافتگی ۔

Forlana/Furlana (n) [IT.'Forlano'.] (۱) ایک قسم کا اطالوی نشاط انگیز رقص ۔ (۲) ایسے رقص کےلئے موسیقی ۔

Forlay : دیکھو Forelay

Forlorn : (a) [OE.'pa. pple. of forlese'.] (۱) مایوس ؛ ناامید ؛ واماندہ ؛ دل شکستہ ؛ محزون ؛ لاچار(جس کو سبھو نے چھوڑ دیا ہو) ؛ چھوڑا ہوا (متروک) ؛ تن تنہا؛ بیکس؛ بے یارو مددگار؛ تباہ و برباد شدہ ؛ غیر آباد ؛ ویران ؛ اجاڑ ؛ بنجر ؛ سنسان ۔ (۲) (شاعری) محروم؛ قابل رحم حالت میں ؛ آفت رسیدہ ؛ غم زدہ ؛ مبتذل صورت ؛ مصیبت زدہ ؛ رنج یافتہ ؛ دھکا کھایا ہوا ؛ توڑا مروڑا ہوا ؛ مسخ کیا ہوا ۔

Forlorn hope : (n) [Du.'verloren hop'.] (۱) (قلعہ یا غنیم کی فوج پر) حملے کا آغازکرنے والے منتخب سپاہیوں کا دستہ ؛ دھاوا بولنے کےلئے متعینہ دستہ ؛ طوفانی دستہ ؛ حملہ آور دستہ ؛ (نیز مجازاً) ۔ (۲) (جمع میں) بے خوف جانباز ؛ بے جگری سےلڑنے والے ؛ جری جانباز ؛ ناعاقبت اندیش جانباز ۔ (۳) انتہائی مشکل مہم ؛ جان جوکھم کا کام ؛ خطر ناک مہم ۔ (٤) مایوسی کی حالت میں لاچارہو کر کوئی کام کر بیٹھنا ۔ (٥) امید موہوم ۔

Forlorn verb : (n) نامکمل فعل ۔

Forlornly : (adv.) (۱) مایوسی سے ؛ ناامیدی سے ؛ تباہ و برباد ہو کر ؛ بےیارو مددگار ہو کر ؛ واماندہ و دل شکستہ ہو کر ۔ (۲) ویرانے کے طور پر ؛ اجاڑ یا غیرآباد یا بنجر طور پر؛ متروک انداز میں ؛ غم زدہ طو ر پر ؛ مصیبت زدہ حالت میں ۔

Forlornness : (n) یاس ؛ ناامیدی ؛ واماندگی ؛ شکستگی ؛ بے کسی ؛ بیچارگی؛ تباہی ؛ بربادی ؛ ویرانی ؛ متروکیت؛ اجاڑپن؛ محرومی؛ قابل رحم حالت؛ غم زدگی ؛ مصیبت زدگی ۔

Form : (n) [L.'forma'.] (۱) صورت ؛ شکل ؛ ترتیب اعضا و اجزا ؛ ظاہری صورت (قطع نظر رنگ کے) ؛ جسم کی شکل ، تناسب اعضاء ؛ چہرہ ہیکل ؛ پیکر ؛ جسمانی ساخت ؛ وضع ؛ ہیئت ؛ فورم ۔ (۲) شخص یا جانور جیسا بظاہر نظر آتا ہو ۔ (۳) (فلسفہ) وہ جو مادہ کو ایک معین بنادے ؛ بنیادی تخلیقی صفت ۔ (٤) (فلسفہ بیکن) اشیا کے وجود کے وہ اسباب جن کو جان کر ہم ان اشیا کو پیدا کرسکتے ہیں، وہ معروضی صفات جن پر کوئی محسوس صفت یا جسم اپنے وجود کےلئےمنحصر کرتا ھے ۔ (٥) (فلسفہ کانٹ) تکوینی مبادی جو شے کے عناصر کو مجتمع رکھتی ھے ۔ (٦) وہ مخصوص ہیئت، قسم، نوع جس میں (جس کے تحت میں ، جس کی شکل میں) کوئی شکل موجود ہو یا اپنے کو ظاہر کرے ؛ قسم؛ نوع، جنس ۔ (۷) (لسانیات) لفظ کی وہ صورت جس کو وہ ہجا، تلفظ یا گردان میں اختیار کرتا ھے ؛ معنی سے قطع نظر کر کے لفظ کی ظاہری خصوصیات ، تلفظ، ہجا، گرادن کی ان مختلف شکلوں میں سے کوئی ایک جن کے تحت کوئی لفظ ظاہر ہوسکتا ھے ۔ (۸) پبلک مدارس میں جماعت بندی(جو عموماً ششم سے اترتے ہوئے یکم تك شمار کی جاتی ھے) ۔ (۹) (علم وادب، موسیقی) تصنیف و تالیف میں ترتیب و طرز بیان وانشاء خیالات وغیرہ کی بہتر یا درست ترتیب ۔ (۱۰) حسب قاعدہ مرتب دستاویزات یا ایسی دستاویزات جن میں معین خالی مقامات الفاظ سے بدلے جائیں ۔ (۱۱) ترتیب الفاظ ؛ بعض مطالب کے لئےمقررہ الفاظ یا فقرے؛ الفاظ کی معینہ ترتیب کا مجموعہ ۔ (۱۲) صحت کی حالت؛ ترتیب؛ عادت؛ معمولی ۔ (۱۳) رسمی طریقہ ؛ رواج ؛ طرز عمل (قاعدے یامدارج کےمطابق) ؛ رسم و رواج ؛ طرز زندگی ؛ طرزحیات ۔ (١٤) (طباعت) ٹائپ کا مجموعہ جوایک بندش میں جمایا گیا ہو تاکہ ایک داب میں اس سے چھپائی کی جا سکے ۔ (۱۵) جسمانی ورزش کی عادت؛ ملکہ ۔ (١٦) ایک لمبی بیٹھنے کی جگہ (Bench) بے پشت کا ۔ (۱۷)خرگوش کےرہنے کی جگہ ؛ (شاذ) ہرن کے رہنے کی جگہ ۔ (۱۸) (جمع میں) جسم کے مختلف حصوں کی شکل ۔ (۱۹) (ماہر بلوریات یا قلمیات کا علم) باہم مماثل پہلوؤں کا مجموعہ ۔ (۲۰) پابندی آداب و رسوم، پابندی آداب مجلس ؛ پابندی شعار ؛ ظاہری اخلاق و آداب ؛ ظاہری مذہبی ریت یا رسم ؛ رسوم تشریفات کی پابندی ؛ محض ظاہر داری یا تکلفات ۔ (۲۱) (کھیل کود) (گھوڑے کی جسمانی اور تربیتی حالت ؛ درستگی ؛ موزونیت ؛ دوڑنے کی رفتار یا اندازہ ، طرز رفتار ؛ دوڑ کے مقابلےمیں گذشتہ کارکردگی؛ (کھلاڑیوں کے لئےبھی عموماً کہا جاتاھے) ۔ (۲۲) زندگی ؛ زندہ دلی ؛ بلند حوصلگی ؛ قوت گویائی ؛ منچلاپن (بول چال میں) ۔ (۲۳) کپاس کا نارس

پهول ـ (۲۴) مناسب شکل ؛ باقاعدگی ؛ مناسبت؛ باضابطگی؛ ترتیبی؛ ہمواری؛ سڈول پن ؛ مناسب، خوش اسلوبی ؛ خوش ترتیبی ؛ نیز فوجی صف بندی ؛ فوجی ترتیب ، فوج کی آراستگی ؛ فوجی قطار ـ (۲۵) وہ شکل یا ترتیب جس میں موسیقی کے خیالات پیش کئے جاتے ہیں ـ (۲۶) سانچہ ؛ ڈھانچہ ؛ وہ چیز جس کے ذریعہ کوئی چیز متشکل ہوتی ہے یا بنتی ہے ـ (۲۷) (فلسفہ) عرض ـ (۲۸) (سماجیات) رسم ؛ رسوم ـ

Good (on bad) form : اچھا یا برا طرز عمل ؛ مطابق رواج یا موجودہ رسوم کے خلاف ؛ تمیز یا بدتمیزی ـ

In a bad form : واریختہ ؛ نا منظم ـ

In due form : مقررہ ترتیب الفاظ کے ساتھ ؛ معینہ صورت میں درست حالت میں ؛ ٹھیک حالت میں ؛ دستاویزوں اور عبارتوں کے متعلق) اسی شکل میں ، جیسا کہ چاہیئے ـ

In form : دیکھو In due form

In (full, great) form : بہت خوش و خرم ؛ انتہائی شگفتہ ـ

In like fom : یکساں انداز میں ؛ یکساں ہیئت ؛ ہم شکل انداز میں ؛ مشابہ ہیئت میں ؛ مماثل صورت میں ؛ ویساہی ـ

In or out of form : کوئی کام (کھیل) کرنے کے قابل یا ناقابل (مثلاً گھوڑے کا گھڑ دوڑ کےقابل ہونا یا نہ ہونا) ـ

In proper form : دیکھو In due form

Saw a form, the form of, before me : ایک پیکر (فلاں شخص کا پیکر) میں نے اپنے سامنے دیکھا ـ

That is common form : یہی عام، رواجی ، طرز (بیان یا تحریر) ہے ـ

To lose one's form : عادت باقی نہ رہنا ؛ خارج ازتربیت ہو جانا؛ کھیل کا ملکہ باقی نہ رہنا ؛ عادت چھٹ جانا ـ

Was in great form : بہت شگفتہ مزاج تھا ؛ بہت خوش وخرم ہونا ـ

Form : (v) [L.'formare'.] (۱) بنانا ؛ گھڑنا ؛ مخصوص شکل دینا؛ ڈھالنا (کسی شکل میں) ـ (۲) کوئی صورت یا شکل اختیار کرنا ـ (۳) منجمد یا سخت ہو جانا ـ (٤) (کسی شخص یا اس کے قوی کو) تربیت یا تعلیم دے کر ایک خاص وضع یا شکل پیدا کرنا؛ تربیت دینا ؛ سکھانا ؛ (کسی جماعت کو) منظم کرنا، جماعت کی شکل میں مجسم کرنا؛ ترتیب دینا ـ (۵) نقشہ تیار کرنا ؛ ڈول ڈالنا؛ پیدا کرنا ؛ بنانا ؛ تخلیق کرنا ؛ وجود میں لانا ـ (٦) تلفظ کرنا ؛ (الفاظ) ادا کرنا؛ ترتیل سےبولنا ؛ یا ادا کرنا، معاہدہ کرنا؛ خیال میں لانا ؛ سوچنا؛ تصور کرنا ـ (۷) ترقی دینا؛ فروغ دینا؛ بڑھانا (تجارت) ؛ اتحاد میں شامل ہونا ـ (۸) کسی چیز کا حصہ ہونا؛ کسی چیز کا جزو بن جانا ؛ مرکب کرنا ؛ کسی چیز کے ساتھ مل کر اسے یا اس کے ایک حصے کو مکمل کرنا ـ (۹) (نحو) اشتقاق یا گردان کے ذریعہ نیالفظ بنانا ؛ وضع کرنا ؛ (کسی لفظ یا لفظ کےمادے سے) جدید لفظ پیدا کرنا ـ (۱۰) (فوج، بحری) ترتیب دینا ؛ کسی خاص ترتیب کے ساتھ قائم کرنا یا ہونا؛ کسی معینہ نظم و ضبط کے ساتھ کھڑا کرنا (فوج کو) ـ (۱۱) برقی ذخیرہ اندوز بیٹری میں استعمال ہونے کےلئے لیڈ ڈائی اکسائڈ لگاکر مثبت پلیٹیں اوراسفنجی لیڈ (جستہ) لگا کر منفی پلیٹیں تیار کرنا؛ حوض یا ٹنکی کو کھولنے کے بعد یا کچھ دن بیکار رہنے کےبعد اس کے اندر کی نمی اور گیس کو دور کرنے کےلئےمرکری آرک رکٹی فرائر کو استعمال کرنا ـ (۱۲) تشکیل پانا ؛ وجود میں آنا ؛ پیدا ہونا؛ ابھرنا؛ بلند ہونا؛ نمودار ہونا ـ

To form after, by, form, upon, pattern : کسی نمونے کے مطابق ڈھالنا ؛ گھڑنا ـ

To form a habit : عادت ڈالنا ـ

To form column : پرا باندھ کر کھڑا کرنا یا ہونا ؛ (سپاہیوں کو) ـ

To form fours : چار چار کی قطار میں (سپاہیوں کو کھڑا کرنا یا سپاہیوں کا اس طرح کھڑا ہونا ـ

To form line : صف بناکر کھڑا کرنا یا کھڑا ہونا ـ

To form one or part of : کوئی چیز بن جانا یا بنانا یا اس کا ایک حصہ بن جانا (بنا دینا) اس میں شامل ہو جانا، مل جانا ؛ شامل کر دینا یا ملا دینا ـ

To form the siege (of a place) : کسی جگہ کا تیزی سے محاصرہ کرنا ۔

Form : (v) خرگوش کا دوڑ کر اپنے بھٹ میں گُھس جانا ؛ دُبك جانا ۔

Form : (کیمیا) Formyl یا Formic کے مرکبات ۔

Form : [L. 'formis'.] لاحقہ شکل ظاہر کرنےاورتعداد اشکال بتانے کے لئے ۔

Cruciform : صلیبی ؛ صلیب کی شکل کا ۔

Cunciform : تکونا ؛ نکیلا ؛ الٹا مثلثی ۔

Diversiform : مختلف شکلوں کے ۔

Multiform : بہت شکلوں کے ۔

Uniform : ایك شکل کے ؛ ہم شکل ۔

Form and matter : (n) (فلسفہ) عرض و جوہر ۔

Form of address : (n) کسی مخصوص عہدے یا مرتبے والے شخص کو زبانی یا تحریری طور پر مخاطب کرنے کا کوئی مقبول عام ضابطہ ؛ القاب و آداب ؛ خطاب یا انداز تخاطب ۔

Form of forms : (n) مسبب الاسباب ؛ سبب اول ؛ خدا ؛ علت العلل ؛ علت اولیٰ ۔

Form-word : (n) (صرف و نحو) گردان کا لفظ ۔

Forma pauperis : (n) صیغہء مفلسی ۔

Formal : (a) [L.'formalis'.] (۱) رسمی ؛ اصلی ؛ اساسی ؛ ہیئتی ؛ ظاہری ؛ صوری ۔ (۲) (مابعد) شے کی اصلیت اور ماہیت کےمتعلق ۔ (۳) بہ ترتیب و تنظیم یا بہ صفات خارجی ۔ (٤) (منطق) استدلال کی صورت (نہ کہ مادہ) کے متعلق ۔ (٥) اپنی شکل و صورت کے لحاظ سے جائز اور بجا ؛ صریح و قطعی (نہ کہ بعض ضمنی) ۔ (٦) رسم و رواج کےمطابق ؛ تکلفی ؛ ظاہر دار ۔ (۷) بےپروائی کا (ظاہر داری ہو مگر خواہش اور احساس نہ ہو) ۔ (۸) رسمی طریقوں کی پابندی کرنےوالا؛ اپنی عادتوں میں چست، چوکس نہایت درجے کا باقاعدہ ؛ قاعدے اور طریقے پر کاربند ؛ اپنے طریقوں پر سختی سے عامل ؛ سخت ؛ روکھا ؛ کام کو مقررہ اُسلوب اورطریقے سے کرنےوالا ؛ باقاعدہ ؛ بااصول (شخص) ۔ (۹) سلیم الطبع ؛ عقل سلیم رکھنے والا ؛ سلیم العقل ؛ صحیح الدماغ ؛ سمجھ دار یا معقول ؛ دانا ؛ عاقل ؛ صحیح الحواس ؛ زیرك جو دیوانہ نہ ہو ۔ (۱۰) مقررہ طریق اور اسلوب سے کیا ہوا ؛ رسمی اور باقاعدہ طور پر انجام دیا ہوا ؛ جائز شکل میں کیا ہوا یا انجام دیا ہوا؛ معین ؛ مقرر؛ صریح ؛ قطعی ؛ واضح ۔ (۱۱) رسمی ؛ ملکی ؛ سرکاری ؛ ریاستی؛ سرکاری یا ریاستی تقریبات کےلئے مخصوص یا عمل میں آنے والا ۔ (۱۲) محض صوری ؛ ظاہری ؛ شکلی ؛ ہیئتی ؛ رسمی ؛ رواجی ۔ (۱۳) انتہائی باضابطگی ، مناسبت و موزونیت کا حامل ہونے یا ظاہر کرنے والا ؛ انتہائی پابند؛ غیر آزاد ۔

Formal : (n) (۱) (جمع میں) رسمی بات یا چیز ؛ صریح یا باقاعدہ کام ؛ پابند ضابطہ شخص ؛ کوئی چیز جو خاصیۃً رسمی یا باقاعدہ ہو مثلاً کوئی سماجی کام یا رقص کےلئے مخصوص لباس کا ہونا ضروری ہے ۔ (۲) زنانہ کُرتایا گون جو عموماً ٹخنوں یا فرش تك لمبا ہوتا ہے یا شام کا لباس جو سماجی تقریبات میں پہنا جاتاہے ۔ (۳) مردو ں کےلئے ٹیل کوٹ (جس کا پچھلا حصہ نیچے تك لانبا ہو) اسی کے مناسبت سے پینٹ جو عموماً سیاہ ، سیاہی مائل نیلے رنگ کا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ سفید قمیص اور سفید بوٹائی ہوتی ہےاور کہیں کہیں اس کے ساتھ کمربند بھی ہوتا ہے؛ جامہء شب ؛ رسمی شب خوابی لباس (مردانہ) ۔

Formal : (a) (۱) رسمی ؛ صُوَری ، عَرَضی ۔ (۲) (قانون) باضابطہ ۔

A formal address : خطاب رسمی ۔

Formal call : (n) حسب رواج کسی کےمکان پر بلانا ؛ ملاقات کےلئے جانا؛ رسمی ملاقات ؛ ضابطہ کی ملاقات ۔

Formal cause : (n) (فلسفہ) علت صوری ۔

Formal definition : (n) باضابطہ تعریف ۔

Formal schism : (n) ظاہری جماعت بندی یا فرقہ بندی ؛ ظاہری تفرقہ ؛ ظاہری پھوٹ ۔

Formal schismatic : (a) ظاہری فرقہ بندی کا ؛ ظاہری تفرقہ انداز ؛ بظاہر اعتزالی ؛ رافضی یا خارجی ۔

Formal sin : (n) (دینیات) وہ گناہ جو صرف ظاہری عمل پر مبنی نہ ہو بلکہ اس میں ارادے اور نیت کو بھی دخل ہو ؛ گناہ بالعمد ؛ تقصیر بالقصد ۔

Formal truth : (n) (منطق) حقیقت صُوَری ۔

Formaldehyde : (n) ایک تریاقی اور دافع جراثیم دوا ۔

Formalin : (n) ایک تریاقی اور دافع جراثیم کا محلول ۔

Formalism : (n) (۱) رواج ؛ دستور اور قاعدہ کی پابندی ؛ رسم پرستی ؛ سخت باضابطگی؛ انتہائی باقاعدگی ؛ سخت یا انتہائی پابندی رسوم و ضوابط ۔ (۲) رسمی، ظاہری یا سطحی باتوں کو زیادہ وقعت دینے یا بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کا رجحان یا میلانِ (خاص کر مذہبی معاملات میں)؛ (فلسفہ) صُوریت، (بن) شعائر پرست ۔

Formalist : (n) رواج، دستور اور قاعدے کی پابندی کرنے والا ؛ تشریفاتی ؛ پابند رسوم و ضوابط ؛ آداب ورسوم یا قواعد وضوابط کی پابندی پر سخت اصرار کرنےوالا ۔

Formalistic : (a) جس بات سے (کام سے) قاعدہ اورضابطہ کی پابندی مترشح ہو ؛ پابندی رسوم سے متعلق ۔

Formality : (n) [L.'formalitas'.] (۱) دستور ؛ رواج ؛ طور ؛ وضع ؛ طریقہ ؛ قاعدہ ؛ اسلوب ؛ مناسبت ؛ شائستگی ؛ معقولیت ؛ اصولوں کی مطابقت ؛ اصول پرستی؛ رسم پرستی ۔ (۲)تقریب یارسم جو بہت ساز و سامان کےساتھ انجام دی جائے ۔ (۳) کوئی رسم یا رواجی کاروائی ۔ (٤) آداب مجلس یارواج کےلوازمات ۔ (٥) دستور اور رواج پر کاربندی ۔ (٦) آداب صحبت یا مجلس کی پابندی ۔ (۷) وہ کام جو آداب و رسوم کی پابندی کے تحت یا اس کی خاطر کرنا پڑے ۔ (۸) (تاریخ) (واحد و جمع) کسی عہدے یا رتبے کا مخصوص لباس ؛ نشان امتیاز ؛ تمغہ ۔ (۹) رسمی یا تشریفاتی ہونے کی صفت ؛ پابندِ رسوم و ضوابط ہونے کی صفت ؛ انتہائی باقاعدگی یا سختی ؛ سخت پابندیٔ آداب ؛ انتہائی تکلف ۔

Formalize : (v) (۱) کسی چیز کو قطعی شکل دینا یا قانونی ترتیب میں لانا ؛ متشکل کرنا ؛ مجسم کرنا ؛ کسی صورت میں بدلنا ۔ (۲) کسی بات (یا کام) کو بہت تکلف آمیز اور رسمی بنانا ۔ (۳) وضع داری کی شدت سے پابندی کرنا؛ پابندیٔ آداب و رسوم پر سخت کاربند ہونا ۔ (٤) پابندیٔ رسم و رواج کا احساس پیدا کردینا ۔ (٥) تکلف یا ظاہرداری برتنا ؛ پابندِ رسوم ہونا ۔

Formalization : (n) (کسی چیز یا امر کو) رسمی (مقرر رواج یاطریقوں کا پابند) بنا دینا ؛ قطعی شکل بندی یا تشکیل ؛ قانونی ترتیب دہی ؛ مجسم کرنے یا کسی صورت میں لانے کا عمل ؛ سخت پابندیٔ آداب و رسوم ؛ پابندیٔ رسوم ؛ تکلف اورظاہر داری برتنے کا عمل ۔

Formally : (adv.) (۱) دستور،رواج، قاعدہ اور طریقے کے مطابق؛ رسماً ؛ رواجاً ؛ باضابطگی سے؛ باقاعدگی سے ؛ پابندی آداب ورسوم کے ساتھ ۔ (۲) صریحاً؛ واضح طور سے؛ قطعاً ۔ (۳) مجوزہ شکل میں ؛ رسمی شکل میں ؛ عام انداز میں ؛ مطابق دستور ؛ مروجہ یا رواجی شکل میں ؛ معینہ طور پر ۔ (٤) تکلف سے ؛ تکلفانہ ۔ (٥) ظاہراً ؛ ظاہری طور پر ؛ باعتبار شکل و صورت ؛ باعتبار ہیئت ؛ ہیئتی انداز ۔

Formamide : (n) فورمک ایسڈ کا امائیڈ ۔

Formant : (n) تلفظ کی کیفیت کا معین کنندہ جزو ترکیبی ؛ متشکل ؛ مرکب ؛ مشتق ۔

Format : (n) کتاب کی شکل اور حجم اور تقطیع ۔

Formate : (n) (کیمیا) فارمک ایسڈ کا نمک ۔

Formation : (n) [L.'formationem'.] (۱) بناوٹ ؛ تشکیل ؛ ساخت ؛ متشکل ہونے یا کئے جانے کا عمل ؛ تخلیق ؛ تکوین ؛ آفرینش ؛ تصویر ۔ (۲) وہ چیز جس کی تشکیل کی گئی ہو ؛ جو بنائی گئی ہو ؛ متشکل یا مجسم چیز ۔ (۳) اجزاء و حصص کی بناوٹ ؛ ترتیب ۔ (٤) (فوجی اصطلاح) فوج کی آراستگی ؛ ترتیب ؛ صف بندی ۔ (٥) (طبقات الارض) ایسی چٹانوں یا زمین کے طبقات کا اجتماع جس کی بعض خصوصیتیں مشترک ہوں ۔ (٦) جس انداز میں کوئی چیز بنی ہوئی ہو ؛ ظاہری ساخت ؛ ظاہری شکل و صورت ؛ وضع ؛ شکل ؛ ساختمان ؛ ظاہری ڈھانچہ ؛ ظاہری بناوٹ ۔ (۷) (نباتیات) نباتی جُھنڈ ۔ (۸) (حیوانیات) تکوین ۔ (۹) (ارضیات) طبقات عصر ۔

Formative : (n) (۱) (صرف و نحو) اشتقاق وگردان کے سابقے اور لاحقے جن سے الفاظ بنائےجاتے ہیں ؛ جزو ترکیبی ؛ جس سےمل کر کوئی لفظ بنتا ہو ۔

(۲) ایسالفظ جو کسی مادے یا ماخذ سے؛ مروجه قواعد و ضوابط کے مطابق بنایا گیا ہو ۔

Formative : (a) (۱) کسی چیز کو بنانے یا ترکیب دینے کی قابلیت رکھنے والا ؛ خالق ؛ موجد ؛ کسی چیز کو مجسم یا مشتکل کرنےوالا ؛ تشکیل دہندہ ؛ صورت دہندہ ۔ (۲) ظاہری شکل وصورت یا ڈھانچے کا یا اُس سےمتعلق شکلی ، وضعی، ہئیتی، کسی چیز کی ساخت کا یا اُس سے متعلق ۔ (۳) (حیوانیات وعروض) نئی نسیجیں پیدا کرنے والا ؛ نئی نسیجوں کی پیدائش سے متعلق ۔ (٤) (گرامر) الفاظ کےاشتقاق اور گردانی جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہونے والا ؛ لفظ ساز ؛ الفاظ سازی میں کام آنے والا(سابقه یا لاحقه) ۔ (٥) (حیاتیات) تکوینی ؛ تشکیلی ۔

Formative element : (n) بنانےوالا ؛ ترکیب دینےوالا عنصر ۔

Formative period : (n) (حیوانیات) تشکیل زمانہ ۔

Formatively : (adv.) تشکیل دہندہ کےطور پر ؛ صورت دہندہ کے طور پر؛ خالقانہ ؛ موجدانہ ؛ مصورانہ ؛ ہئیتی یا وضعی انداز میں ؛ مجسم یا متشکل کرتے ہوئے ۔

Formativeness : (n) شکل دہندگی ؛ خلّاقی ؛ ایجاد ؛ صورت گری ؛ ہیئت سازی ۔

Forme : (n) (طباعت) ٹائپ کا مجموعه جو ایك بندش میں جمایا گیا ہو تاکه ایك داب میں اُس سے چھپائی کی جا سکے ؛ فرمه ۔

Forme/-ee/Formy : (a) [F.f.'former'.] (نقابت) چلیپائی انداز میں (اسلحوں کا نشان) ۔

Formed : (a) (۱) ساخته ؛ متشکل ؛ مجسم ؛ بناشدہ ؛ بنایا ہوا؛ صورت یافته، ہیئت یافته؛ کسی خاص صورت یا شکل کا ۔ (۲) طے شدہ؛ متعین ؛ معین؛ واضح ؛ صریح ؛ مقررہ ؛ فیصل شدہ ؛ حتمی ؛ منفصل ؛ حد بسته ؛ محدود ؛ مخصوص؛ غیر مشتبه؛ اٹل ۔ (۳) تربیت یافته؛ مہذب ؛ تعلیم یافته تہذیب و تربیت سے آراسته ؛ پُخته ؛ کامل ؛ مکمل نشو و نما یافته ؛ مکمل طور پر بالیدہ؛ بالغ ؛ (جانور) سدھایا ہوا ۔ (٤)(نقابت) چلیپائی اندازمیں اسلحوں کا نشان ۔

Formene : (n) دلدلی گیس ؛ کاربنی ہائیڈروجن ؛ میتھین ؛ مارش گیس ۔

Former : (n) (۱) بنانے والا ؛ ساخت دہندہ ؛ شکل دہندہ ؛ وجود میں لانے والا ؛ خالق ؛ تشکیل کنندہ ؛ سازندہ ؛ آفرینندہ ؛ صورت گر ؛ وضع دہندہ ۔ (۲) وہ آلے جن کی مدد سے اشیا کو متشکل کیا جاتا ہے؛ سانچےجن میں چینی کے برتن وغیرہ ڈھالے جاتے ہیں ؛ قالب ؛ کاٹنے والا اوزار جس سےتراش کر کوئی وضع بنائی جاتی ہے ۔

Former : (a) (۱) گذرا ہوا ؛ پہلا ؛ پچھلا ؛ اگلے زمانے کا ؛ پیشین ؛ مقدم ؛ سابق ؛ عہد ماضی ۔ (۲) پہلے سے قبضه کیا ہوا ؛ پہلے سے قبضے یا تصرف میں لا یا ہوا ۔ (۳) حسب ترتیب دو میں سے پہلا ؛ اول الذکر (برخلاف آخر الذکر) ۔

In former time : گذرے ہوئے زمانے میں ؛ ماضی میں ۔

More like her former self : پہلے کی سی ہے ۔

Our former haunts : وہ جگه جہاں ہم اگلے زمانے میں آیا جایا کرتےتھے (جہاں ہم پہلے زیادہ آتے جاتے تھے)؛ ہمارے پرانے اڈے؛ ہماری پرانی جولاں گاہ ۔

The former : پہلا ؛ حسب ترتیب دو میں سے پہلا ؛ مذکورہ دو میں سے پہلا ؛ اول الذکر (برخلاف آخر الذکر) ۔

Formeret : (n) (تعمیرات)محراب دار چھت کی ڈاٹ؛ عمودی دیوار پر بنی ہوئی محراب دارچھت کی محراب کے مقام اتصال پر بنی ہوئی اُبھرواں لکیر ۔

Formerly : (adv.) پہلے ؛ اگلے زمانے میں ؛ سابقاً ؛ پیشتر ؛ قبلاً ؛ اولاً ۔

Formes frustes : (n) (طب) نا تمام اشکال ۔

Formful : (a) شکل دار ؛ متشکل ؛ پُر از شکل ؛ شکل سےبھرا ہوا ؛ خوش شکل ؛ خوش وضع ؛ خوش نما ؛ خوش قطع ؛ دیدہ زیب ؛ پُر تخیل ؛ صاحب تخیل ؛ بلند تخیل ؛ تخیلی ؛ قوت متخیله کا ؛ خیالی ؛ تصوراتی ۔

Formic : (a) [L.'formica+ -ic.] (کیمیا) بے رنگ تیز اڑجانے والا تیزاب جو اس رقیق مادے میں ہوتا ہے جو چیونٹیوں کے اندر سے نکلتا ہے ؛ عملی ؛ مُوری ؛ چیونٹیوں کا یا اُن سے متعلق (شاذ) ۔

Formic acid : (n) نملی تیزاب ۔

Formica : (n)[L.] (۱) (حشریات)چیونٹیوں کی ایک مخصوص جنس ۔ (۲) بد گوشت، پھوڑے یا زائدے کی ایک قسم جو خاص طور پر باز کی چونچ یا کتے کے کانوں میں ہوتا ھے ۔

Formicarioid : (a) [L.'formicarius'.] پرندوں کی ایک قسم کا یا اُن سے متعلق جن کی خوراک چیونٹیاں ہوتی ہیں ۔

Formicarioid : (n) مور خور پرندوں کی قسموں میں سے ایک ۔

Formicarium : (n) چیونٹیوں کا مصنوعی گھونسلہ کا یا رہنے کی جگہ جو اُن کے مشاہدے یا مطالعے کی غرض سے بنائی جا تی ھے ؛ مُورخانہ ؛ چیونٹی گھر ۔

Formicary : (n) [med.L.'formicarium'.] چیونٹیوں کی رہنے کی جگہ ؛ دمکوڑا ؛ چیونٹی یا دیمك کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ مُور تودا ۔

Formicate : (v) [L.'formicare'.] چیونٹیوں کی طرح رینگنا ؛ جھنڈ میں چلنا ؛ یا جمع ہونا ؛ ازدحام کرنا ؛ ہجوم کرنا؛ باہم جمع ھونا؛ اُمنڈنا؛ نرغہ کرنا ۔

Formication : (n) [L.'formicationem'.] (مرضیات) جلد میں چیونٹیوں کےرینگنے کا سا احساس ھونا ؛ سر سراہٹ ؛ سر سرانا ؛ حِسِ نملی ۔

Formicid/-cide : (n) [mod.L.'Formicidoe'.] چیونٹی ؛ دیمك ؛ یا اس جنس کا دوسرا کیڑا ۔

Formicid/-cide : (a) چیونٹیوں کا یا اس سے متعلق ۔

Formidability : (n) خوفناکی ؛ ہیبت ناکی ، رعب داریت ؛ حیرت ناکی ۔

Formidable : (a) [L.'formidabilem'.] (۱) خوفناك ؛ ڈراؤنا ؛ مہیب ؛ ہیبت ناك ؛ دہشت ناك ؛ خدشہ آور ؛ مخدوش ؛ ترسناك ؛ وحشت زا ۔ (۲) سخت دشوار ؛ مشکل ؛ مرعوب کرنے والا ؛ وہ جس کومغلوب کر نا یا جس کا مقابلہ کرنا دشوار ھو ؛ جسے نپٹنا یا کرنا مشکل ھو ؛ شکست یا ناکامی کا خوف یا خدشہ پیدا کرنے والا ۔ (۳) مستحکم ۔ (٤) قوی ہیکل ؛ تنومند ؛ بزرگ ؛ ممتاز ؛ حیرت ناك ؛ خوفناك (اپنے ڈیل ڈول ، مقدار، برتری یا خوبی کی بنا پر) ۔

Formidableness : (n) دیکھو Formidability

Formidably : (adv.) خوفناکی کےساتھ ؛رعب و داب کے ساتھ؛ مہیبانہ ؛ ہیبت ناك طور پر ؛ مرعوب کن انداز میں ؛ رعب دارطور پر ؛ حیرت ناکی کے ساتھ ۔

Forming : (n) تشکیل ؛ تخلیق ؛ ایجاد ؛ تہذیب ؛ ترکیب ؛ تنظیم ؛ تعلیم ؛ توضیح ؛ (الفاظ کی) ؛ تعلیم و تربیت یا تربیت دے کر کوئی خاص وضع یا شکل پیدا کرنے کا عمل ؛ بنائے جانے کا عمل یا طریقِ عمل ۔

Formless : (a) بے شکل ؛ بے صورت ؛ بے پیکر ؛ جس کی کوئی مقررہ شکل وصورت نہ ھو ؛ غیر جسمی ؛ غیر مجسم ؛ غیر متشکل ؛ نا تراشیدہ ؛ ڈھب ؛ بے ڈول ؛ ناقص ترتیب؛ غیر منظم ؛ غیر مہذب؛ ناتربیت یافتہ ؛ الھڑ ۔

Formlessly : (adv.) بغیر شکل کے ؛ غیر مجسم طور پر ؛ بے پیکر ھو کر ؛ بے ڈھب طور پر ؛ بے ترتیب یا غیر منظم انداز میں ۔

Formlessness : (n) بے پیکری ؛ بے شکلی ؛ غیر مجسم حالت ؛ بے جسمیت ؛ ناتراشیدگی ؛ بےترتیبی ۔

Formo- : Formic کا جزو ترکیبی جو کیمیائی ناموں کے ساتھ آتا ھے ۔

Formula : (n) [L.dim. of 'forma'.] (۱) الفاظ کی مقررہ ترتیب یا نشست ۔ (۲) تعریف ؛ کسی اصول کا اعلان ۔ (۳) کسی خاص موقع پر زبان سے ادا کرنے کے لئے کوئی بیان ۔ (٤) ایسا قاعدہ جس پر بغیر سمجھے عمل کیا جائے ۔ (٥) بول ؛ مروجہ عقیدے؛ دستور ۔ (٦) نسخہ ؛ ترکیب ؛ فارمولا ؛ ضابطہ؛ گُر ۔ (۷) ایسا اصول جو اختلاف مقاصد و آراء میں موافقت پیدا کرے ۔ (۸) (ریاضی) الجبرائی علامات میں قاعدہ یا اصول ؛ ضابطہ۔ (۹) (کیمیا) علامات کے ذریعے سے کسی مادے کے اجزائے ترکیبی کا اظہار ۔ (۱۰) بعض حقائق کا بذریعہ علامات و اعداد نقشہ یا جدول بنانا ۔ (۱۱) عام سائنسی استعمال میں علامات' واشکال کا مجموعہ جو حقائق کے کسی سیٹ کا اختصار پیش کرتا ھو ۔

Dental formula : دودھ پلانے والے جانوروں کے دانتوں کی ترتیب یا ایك مختصر خاکہ جس میں اُفقی خط کے ذریعہ دانتوں کی اوپری اور نچلی قطاروں میں دانتوں کی تعداد مندرج ہوتی ھے ۔

Diplomatists are seeking a formula : مدبرین ایك درمیانی شکل تلاش کر رھے ہیں (تاکہ اختلاف آراء کو دور کیا جاسکے) ۔

Formulation : (n) ضابطہ بندی ؛ ضابطہ سازی ؛ ضابطہ بنانا یا ضابطہ کا رتبہ دینا ؛ قاعدہ سازی ؛ دستور سازی ؛ انضباط ؛ تنظیم ؛ ترتیب ؛ منضبط اظہار یا پیش کش۔

Formulism : (n) مروجہ عقائد کا ماننا؛ عقیدہ پرستی ؛ رسم پرستی ؛ اصول و ضوابط کی سخت پابندی ؛ اصول و ضوابط پر انحصار ہونا ؛ رسوم و عقائد سے چپکا رہنا ؛ نیز نظام ضوابط ؛ ضابطیت ؛ سلسلہ ضوابط۔

Formulist : (n) مروجہ عقائد کوماننےوالا یاجو کسی اصول کا اعلان کرے یا کسی ضابطے کو مانے ؛ اصول و ضوابط کا پابند ؛ رسوم و عقائد سے چپکا رہنے والا۔

Formulistic : (a) ضابطہ کی طرف رجحان رکھنے والا ؛ اصول و ضوابط کی پابندی کا میلان رکھنے والا۔

Formulization : (n) انضباط ؛ ضابطہ بنانے کا عمل ؛ ضابطہ سازی ؛ ضابطہ میں ظاہر کرنے یا پیش کرنے کا عمل۔

Formulize : (v) ضابطے میں لانا ؛ منضبط کرنا ؛ ضابطہ بنانا ؛ ضابطوں میں ظاہر کرنا یا پیش کرنا ۔

Formyl : (n) (کیمیا) فارمك ایسڈ کا مفروضہ جزو مستقل (C H O) فارمائل۔

Fornical : (a) [L.'fornicem.] محراب نما چیزوں یا اعضا سے متعلق۔

Fornicate : (v) [L.'fornicat-'.] (۱) غیر منکوحہ عورت کےساتھ زنا کرنا ؛ زنا کرنا ؛ مقاربت جنسی کرنا ؛ زنا کا مرتکب ہونا ؛ حرام کاری کرنا ؛ بدکاری کرنا ؛ چھنالا کرنا ؛ ناکتخدا مرد و عورت کا بالارادہ مجامعت کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بتوں کی خاطر خدا کو چھوڑبیٹھنا ؛ بت پرستی کرنا ۔

Fornicate/Fornicated : (a) [L.'fornicatus'.] محراب نما ؛ محرابی؛ جھکا ہوا ؛ خمیدہ ؛ قوس نما ؛ قوسی؛ اوپر سے جھکا ہوا ؛ محراب دار ؛ (خاص کر نباتیات میں) پتے وغیرہ کا ۔

Fornication : (n) [late L.'fornicationem'.] (۱) مرد اور عورت کے درمیان مجامعت (جو بہ رضا و رغبت کی جائے) (عموماً غیر شادی شدہ مرد یا غیر شادی شدہ عورت کے ساتھ)-(۲) زنا ؛ بد کاری ؛ حرام کاری ؛ چھنالا ؛ جندہ بازی ۔ (۳) (مجازاً) بتوں کی خاطر خدا کو چھوڑ دینا ؛ بت پرستی ؛ صنم پرستی ۔

Formular : (a) [F.'formulaire'.] (۱) باقاعدہ ؛ باضابطہ ؛ درست شکل میں ؛ مناسب ؛ صحیح ۔(۲) کسی ضابطے یا فارمولے کایا اُس سے متعلق ؛رسوم وضوابط سے چپکا ہوا (شخص)۔

Formular : (n) کوئی منظور یا معین شکل ؛ ضابطوں کا مجموعہ؛ مجموعہ ضوابط؛ اصولوں یاضابطوں کےتحت پیش کیا ہوا بیان ؛ مقررہ ضابطے یا ضوابط کی حامل کوئی دستاویز جس کے مطابق کوئی کام کیا جاتا ہو ؛ وضع ؛ خاکہ ؛ نقشہ ؛ قسم ؛ طرح ؛ نوع۔

Formularistic : (a) اصول وضوابط سے متعلق ؛ بااصول ؛ باضابطہ ؛ باقاعدہ ؛ جو اصول وضوابط کےتحت ہو یا جس سےاصول وضوابط کا اظہارہوتاہو ۔

Formularize : (v) ضابطہ بنانا ؛ ضابطہ کی شکل میں لانا ؛ فارمولے میں ظاہر کرنا ؛ قاعدے یا ضابطے کےتحت لکھنا یا بولنا ؛ باضابطہ کرنا ؛ باضابطگی بخشنا ؛ باقاعدہ کرنا یا بنانا ۔

Formularization : (n) ضابطہ بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ ضابطہ بنانے، ضابطے کی شکل میں لانے یا ضابطگی بخشنے کا عمل۔

Formulary : (n) (۱) ضابطے کا مجموعہ ؛ دستور نامہ ؛ دستور العمل ۔(۲) اصولوں یا مقررہ بیانات یا عقائدی یا نسخوں کا مجموعہ ۔ (۳) کوئی دستاویز یا کتاب جس میں مقررہ اصول یا نسخے مندرج ہوں ؛ (خصوصاً عقائد یا مذہبی مراسم کےمتعلق) ۔(٤) مجموعہ عقائد و دستور العمل حقوقی ۔(٥) ضابطےیا ضوابط کی حامل کوئی دستاویز جس کےمطابق کوئی کام کیا جاتا ہو ۔

Formulary : (a) [F.'formulaire'.] فارمولے جیسا ؛ ضابطے کی نوعیت کا ؛ ضابطوں یا اصولوں کا یا اُن سے متعلق پابند ضوابط ؛ رسوم و ضوابط سے چپکا ہوا (شخص)۔

Formulate : (v) (۱) ضابطے کا رتبہ دینا یا ضابطہ بنانا ۔ (۲) اصول کی صورت میں کسی امر کو ظاہر کرنا۔(۳) باقاعدہ یا معمولی طریقے پر (صورت میں) کسی چیز (یا امر) کو پیش کرنا ۔ (٤) تنظیم کرنا ؛ درست کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ منضبط کرنا ؛ منظم کرنا ؛ ضابطے کی شکل میں ۔ (٥) کسی معینہ اور منظم بیان کی صورت میں ترتیب دینا یا پیش کرنا ۔

Fornication : (n) [f.'fornicatus'.] (تعمیرات) طاق سازی ؛ محراب سازی ۔

Fornicator : (n) [f.fornicate : V.] جندہ باز ؛ زنا کار ؛ حرام کار ؛ بدکار ؛ زانی ؛ جو (غیر شادی شدہ ہو) ۔

Fornicatress : (n) زانیہ ؛ زن زنا کار ؛ زنا کار عورت ؛ چھنال ؛ بدکار عورت (بالقصد زنا کرنے والی غیرشادی شدہ عورت) ؛ فاحشہ ؛ رنڈی ؛ کنواری زانیہ ؛ ناکتخدا زناکار عورت (جس نے غیر شادی شدہ مرد سے مجامعت کی ہو) ۔

Fornix : (n) [L.] (۱) محراب نما کو ئی چیز ؛ قوسیہ ۔ (۲) (تشریح) دماغ کی محراب نما ساخت یا شکل ۔ (۳) (نباتیات) کاسہء گل کی مختصر سی درازی ۔ (٤) (صدف) گھونگے کے وسط میں ابھرے ہوئے حصے کے نیچے کا کھوکھلا یا خول نما حصہ ۔

Forpass : (v) (۱) پیچھے جانا ؛ پیچھے کی طرف جانا ۔ (۲) پیچھے ہو جانا ؛ گذر جانا ؛ گذر کر پیچھے ہوجانا ؛ گذشتہ یا رفتہ بن جانا ؛ ماضی ہوجانا ۔

Forpine : (v) (متروک) کھُلادینا ؛ لاغر کر دینا ؛ دُبلا کر دینا ؛ کمزور کر دینا ۔

Forined : (a) (متروک) فاقوں کا مارا ؛ جوفاقہ کرتے کرتے سوکھ گیا ہو ؛ کمزور و ناتواں ہوگیا ہو ۔

Forrader : (adv) [colloq. pronunc. of forwarder.] زیادہ آگے ؛ مزید آگے ؛ نسبتاً زیادہ آگے ؛ بہت آگے ۔

Forsake : (v) [OE.'forsacan'.] (۱) چھوڑبیٹھنا ؛ ترک کر دینا ؛ کسی چیز سے قطع تعلق کر لینا ؛ چھوڑ دینا ۔ (۲) کسی کو اپنی مدد، ہمدردی یا دوستی سے محروم کر دینا ۔ (۳) ترک کردینا ؛ دست بردار ہو جانا ؛ بالکل چھوڑ دینا ؛ خود کو الگ کرلینا ؛ ہٹ جانا ؛ منہ موڑ لینا ۔

Forsaken : (a) چھوڑا ہوا ؛ متروک ؛ ویران ؛ غیر آباد ؛ اُجاڑ ؛ سنسان ؛ تنہا چھوڑا ہوا ؛ اکیلا چھوڑا ہوا ؛ الگ کیا ہوا ؛ علیحدہ کیا ہوا ۔

Forsakenly : (adv.) متروک طورپر ؛ ویران ہو کر ؛ غیر آباد ہو کر ؛ تنہا ہو کر ؛ الگ ہو کر ۔

Forsakenness : (n) ویرانی ؛ غیر آبادیت ؛ اُجاڑپن ؛ اکیلاپن ؛ تنہائی علاحدگی ؛ متروکیت ۔

Forsaker : (n) چھوڑنےوالا ؛ ترک کرنے والا ؛ تارک (شاذ)

Fros and againsts : موافقت ؛ اور مخالفت میں ۔

Forslow/Foreslow : (v) [OE.'forsla'wian'.] (۱) دھیما پڑ جانا ؛ سست ہو جانا ؛ بےحس یا کم حس ہوجانا ؛ سستی یا کاہلی سے چھوڑ بیٹھنا ؛ کھودینا ؛ یا برباد کر دینا ؛ لیت ولعل کرنا ؛ التوا میں رکھنا ؛ درنگ کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ تاویل کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ (متروک) ۔ (۳) سست کر دینا ؛ دیر گزر بنادینا ؛ متاخر کردینا ؛ مزاحم ہونا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ سدّ راہ ہونا ؛ خارج ہونا ؛ حائل ہونا ؛ روڑی اٹکانا ؛ خلل انداز ہونا ؛ (متروک) ۔

Forsooth : (n) ہاں میں ہاں ملانے والا ؛ ہر بات کو حقیقی اوربلاشبہ کہنے والا ؛ بناوٹی باتیں کرنے والا ؛ ظاہرداری برتنے والا ؛ ظاہر دار ۔

Forsooth : (adv.) درحقیقت ؛ فی الحقیقت ؛ صحیح طور پر ؛ سچائی سے ؛ بلاشبہ (ہمیشہ طنزاً استعمال ہوتا ہے) ۔

Forsooth : (v) رسماً پیش آنا ؛ رسمی برتاؤ کرنا ؛ ظاہر داری برتنا ؛ کسی کو طنزاً کیوں ، بلاشبہ کہنا ۔

Forspeak/Forespeak : (اسکاتستان) جادو کرنا ؛ سحر کرنا ؛ موہنا ؛ رجھانا ؛ لُبھانا ؛ فریفتہ کرنا ۔

Forspend/Forespend : (v) [OE.'forspendan'.] پوری طرح صرف کر ڈالنا ؛ بالکل ختم ہو جانا یا کردینا ؛ از کار رفتہ ہو جانا ؛ کثرت استعمال سے بالکل گھِس جانا یا گھِس ڈالنا ؛ فرسودہ کر دینا یا ہو جانا ؛ گھِس کر مٹا دینا ؛ یا مٹ جانا ؛ خستہ ہو جاناَ یا کرنا ؛ تھکا دینا ؛ عاجز کر دینا ۔

Forspent : (a) تھکا ہوا ؛ ماندہ ؛ تھکا ماندہ ؛ درماندہ ؛ عاجز ؛ خستہ ؛ از کار رفتہ ؛ فرسودہ ؛ گھِسا پِٹا ۔

Forstall : دیکھو Forestall

Forswear : (v) [OE.'forswerian '.] (۱) انکاری قسم کھانا ؛ حلفاً دست بردار ہو جانا ؛ تو بہ کرنا (قسم کھاکر کسی چیز، بات یا عمل کو) ترک کرنا ؛ تج دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ (ترک وطن وغیرہ کی) قسم کھا نا ۔ (۲) حلفاً یا حتمی طور پر انکار کرنا یا طلاق دینا ؛ حلفاً رد کر دینا یا تسلیم نہ کرنا ؛ حتمی طور پر قطع تعلق کرنا ۔ (۳) جھوٹی قسم کھانا ؛ دروغ حلفی کرنا ؛ دروغ بیانی کرنا ؛ جھوٹا حلف لینا ؛ دروغ حلفی کا مرتکب یا مجرم

ہونا ۔ (٤) (کسی بات کی) جھوٹی قسم کھانا ؛ قسم توڑنا ؛ نقض حلف کرنا؛ حلف وغیرہ لینے کے بعد بےوفائی کرنا ؛ قسمیہ اطاعت سے منحرف ہوجانا ؛ ترك وفا کرنا ؛ نمك حرامی کرنا ۔

To forswear oneself : دروغ حلفی کرنا ؛ جھوٹا حلف اُٹھانا ۔

Froswearer : (n) جھوٹی قسم کھانے والا ؛ دروغ حلفی کرنے والا ؛ دروغ حلفی کا مرتکب ؛ حلفیہ عہد کا توڑنے والا ؛ نقض حلف کا مجرم ۔

Forsworn : (a) جس نے جھوٹا حلف اُٹھا یا ہو ؛ دروغ حلفی کیا ہو ؛ جھوٹی قسم کھایا ہوا ۔

Forswornness : (n) دروغ حلفی ؛ جھوٹی بات کا حلف؛ جھوٹی قسم ؛ جھوٹا حلف ؛ دروغ بیان ۔

Forsythia : (n) [from Forsyth (1737-1804) English botanist.] پودے کی ایك جھاڑی دارجنس کا نام جس پر موسم بہار میں چمکیلے زرد اور گھنٹی نما پھول آتے ہیں ۔

Fort : (n) [F.] (۱) مستحکم مقام (عموماً عمارت یا فوجی عمارت کا سلسلہ) ؛ قلعہ ؛ گڑھی ؛ حصہ گڈھ ؛ قلعہ بند یا محفوظ مقام ؛ دفاعی یا حفاظتی مقاصد سے قلعہ بنی ہوئی کوئی جگہ جو عموماً خندق ؛ پُشتے اور دورے یا مورچے سے گھری ہوتی ہے اور جس پر محافظ فوج تعینات ہوتی ہے ؛ سنگر ؛ استحکام ۔ (۲)(امریکا) تجارتی مرکز (جو پہلے قلعہ بند ہوا کرتا تھا) ۔

Fortalice : (n) [med. L. 'fortalitia '.] (متروك شاعری) قلعہ ؛ گڑھی ؛ (جدید معنوں میں) چھوٹا سا قلعہ یا قلعہ کے باہر استحکامات کا ایك چھوٹا سلسلہ؛ چھوٹا قلعہ ۔

Forte : (n) [F.fort.] (۱) کسی شخص کی استعداد ؛ قابلیت ؛ کوئی خاص اخلاقی و دماغی قوت ۔ (۲) کوئی ایسی قوت یا حقیقت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو؛ نیز شاہکار ۔ (۳) تلوار کا پھل قبضے سے وسط تك (نیز مجازاً) ۔

Forte : (a) [IT.] (۱) (موسیقی کی ہدایت) بلند (آواز، سُر وغیرہ) ۔ (۲) بلندی یا تیزی (آواز وغیرہ کی) ۔

Forte : (n) (موسیقی) بلندی یا تیزی (آواز وغیرہ کی) بلند سُر ؛ بلند آواز ؛ بلند آواز والا ٹکڑا (نغمہ کا) ۔

Forte : (adv.) بلندی یا تیزی سے ۔

Forte forte : (a) [Abbrev. f. ff.] بہت بلند یا تیز (آواز، سُر وغیرہ) ۔

Forte-Piano : (a&adv.)[Abbrev. fp.] (موسیقی کی ایك ہدایت) بلند اور فوراً ہی پست ۔

Forte-Piano : (n) Piano Forte کا ابتدائی نام ۔

Forth : (adv.) [OE.'ford'.] (۱) آگے کی طرف ؛ آگے ۔ (۲) (وقت) آج سےآگے؛ آج کےبعد؛ آئندہ ۔ (۳) (مرکب صورت میں) اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کےبعد سے ۔ (٤) پیش نظر ؛ نظر میں ۔ (٥) گھر سے باہر؛ آگے؛ منبالے دور؛ قیام گاہ سےپرے یا باہر ۔

And so forth : ازیں قبیل ؛ اسی طرح ؛ وغیرہ ؛ ازیں طور ۔

From this time forth : اسوقت سے ؛ آج کے دن سے (ہمیشہ تك) ۔

Hence forth : اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کے بعد سے ۔

So far forth : اس حد تك ۔

So far forth as : کسی حدتك ؛ خواہ کتنا ہی ہو ۔

So forth : علی ہٰذا ؛ اسی طرح سے؛ ازیں قبیل ۔

To cast forth : گھر سے نکال دینا ؛ خارج کر دینا ؛ نکال کر پھینك دینا ۔

To sail, issue forth : کشتی میں روانہ ہو جانا یا گھر سے نکل کر روانہ ہونا ۔

Forth : (Prep.) آگے ؛ آگے کی طرف ؛ مزیدبر آں ؛ اس سے آگے ۔

Back and forth : آگے پیچھے ؛ پس و پیش ۔

Right forth : ٹھیك آگے ؛ سیدھا آگے کی طرف ؛ آگے کی طرف ؛ خط مستقیم میں ۔

To bring, come, show forth : آگے آنا؛ لانا؛ لاکر دکھانا ۔

Forth-: (Comb.) سابقہ جس سےانگریزی میں اسماء بنائے جاتے ہیں ۔

Forth of : (۱) (کسی چیز یا جگہ کے) اندر سے ؛ میں سے ؛ سے ۔ (۲) باہر (مثلاً بیرون ملك) ۔ (۳) (کسی

مجموعے) میں سے ۔ (٤) (کسی حد سے) پرے ؛ باہر ؛ دُور ۔ (٥) (کسی شخص یا چیز) سے ۔ (٦) بوجه ؛ بہ سبب ۔ (٧) (شہر وغیرہ سے) ایك مقررہ فاصلے پر ۔ (٨) متجاوز ؛ منحرف (کسی ضابطےوغیرہ سے) (اب صرف شاعری اور خطابت میں مستعمل ھے) ۔

Forth rights and meanders : (n) راستی اور پیچ و خم؛ صفائی اور الجھاؤ (ملے ھوئے) ۔

Forthcome : (v) [OE.] آگے آنا ؛ سامنے آنا ؛ نزدیك ھونا ؛ پیش آنا ۔

Forthcoming : (a) (١) وہ چیز یاواقعہ جو عنقریب آنےوالا ھو ؛ پیش آنے والا ھو ؛ بہت قرین قیاس ھو ؛ قریب آنے والا ۔

Forthgoing : (n) پیش رفت ؛ پیش قدمی ؛ آگے جانے، بڑھنے، یا گھر سے نکلنے کا عمل ۔

Forthgoing : (a) (شاذ) پیش قدمی کرنے والا؛ آگےبڑھنے والا؛ پیش پیش رہنے والا؛ سرگرم ؛ پُر جوش ۔

Forthputting : (n) (١) بڑھاؤ بہ نمو ؛ اشاعت ؛ پھیلاؤ ؛ پیش کش ؛ "بیان" آگے بڑھنے یا سامنے آنے کا عمل ؛ پیش پیش رھنے کا عمل ؛ ظاہر کرنے یا بیان کرنے کا۔ (٢) (امریکا) زبردستی مخل صحبت ھونے والا کردار؛ خواہ مخواہ دخل اندازھونے والا کردار ۔

Forthputting : (a) آگے بڑھنے یا خود کو آگے رکھنے والا ؛ خصوصاً پیش پیش رہنے والا ؛ گستاخ ؛ شوخ ؛ چالاك ؛ چلتا ھوا ؛ ڈھیٹ ؛ خواہ مخواہ دخل اندازھونے والا ؛ زبردستی گھُس جانے والا ؛ زبردستی مخاطب کرنے والا ؛ مخلِ صحبت ھونے والا ۔

Forthright : (adv.) (١) سچائی سے ؛ صفائی سے ؛ کھُرے پن سے ۔ (٢) براہ راست ؛ بلاواسطہ طور پر ؛ سیدھے طور سے؛ فوراً ؛ اسی وقت ۔

Forthright : (a) (١) سیدھا (جانا) بخط (مستقیم اَجانا) ۔ (٢) (مجازاً) صاف گو ؛ اٹل ؛ غیرمذبذب فیصلہ کن ؛ چست ؛ عاقل ؛ ھوشیار ؛ بلا کسی تمہید یا پیچ و خم کے ؛ براہ راست گفتگو کرنے والا؛ براہ راست مطلب کی بات کرنے والا ؛ بےجھجھك ؛ بے خوف ۔

Forthright : (n) راہ مستقیم ؛صراط مستقیم ؛ سیدھاراستہ ؛ راہ راست (نیز مجازاً) ۔

Forthrightness : (n) صفائی؛ سچائی ؛ کھراپن ؛ صاف گوئی ؛ سیدھا پن ؛ جس میں پیچ و خم نہ ھو ۔

Forthward/-wards : (adv.) [OE.'ford weard.] (١) (متروك) آگے کی طرف ؛ آگے ؛ سامنے ؛ پیش ۔ (٢) مستقبل میں ؛ آئندہ ۔

Forthward/-wards : (a) دیکھو Forward : (a)

Forthwith : (adv.) فوراً ؛ بغیرتاخیر کے؛ فی الفور؛ بلاوقفہ ؛ بلا تامل ؛ بےدرنگ ۔

Fortieth : (a) [OE.'feowertigoda.] (١) چالیسواں ؛ چہلم ؛ چہلمین ۔ (٢) چالیسواں حصہ ۔

The fortieth man : چالیسواں شخص ؛ چالیس اشخاص میں سے ایك ۔

Fortieth part : (n) چالیسواں حصہ ؛ یك چہلم ۔

Fortifiable : (a) قابل استحکام ؛ لائق قلعہ بندی یا مورچہ بندی ؛ مستحکم بنائے جانے کے قابل ۔

Fortification : (n) [L.'fortificationem'.] (١) استحکام ؛ مستحکم کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ مضبوطی یا استحکام بخشنے کا عمل ؛ قلعہ بندی ؛ فصیل بندی ۔ (٢) شراب کو الکحل سے ملا کر تیز و تند بنانا۔ (٣) (فوج) استحکامات مہیا کرنے اور بنانے کا عمل ؛ طریقہ یا فن ۔ (٤) (جمع) استحکامات ؛ دفاعی (سامان، وتعمیر وغیرہ) ؛ سامانِ دفاع ؛ دیواری مٹی کے پُشتے ؛ مینار وغیرہ ۔ (٥) ذہنی یا اخلاقی طور پرمضبوط و مستحکم بنانے کا عمل ۔ (٦) (کیمیا) تند سازی (شراب) ۔

Fortification agate : (n) ایك قسم کا عقیق ؛ نیم شفّاف جوہردار قیمتی پتھر کی ایك قسم ۔

Fortifier : (n) قلعہ بندی کرنے والا ؛ فصیلیں ، خندقیں ، مورچے وغیرہ تعمیر کرنے والا ؛ مستحکم بنانے والا ؛ استحکامات کی تعمیر کرنے والا ؛ حامل ؛ مددگار؛ مؤید ۔

Fortify : (v) [Late L.'fortiticase'.] (١) کسی عمارت یا کسی چیز کی بناوٹ کو مضبوط بنانا ؛ مستحکم کرنا ۔ (٢) کسی چیز یا جسم میں قوت عمل پیدا کرنا ۔ (٣) جسمانی قوت یا قوت برداشت پیدا کرنا ۔ (٤) اخلاقی یا دماغی حیثیت سے قوی بنانا ۔ (٥) ہمت افزائی کرنا ۔ (٦) شراب

کو الکحل سے تیز وتند بنانا ۔ (۷) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا (کسی بیان کی) ۔ (۸) (شہر، فوج یا اپنےلئے) استحکامات بنانا ؛ مہیا کرنا؛ قلعہ شہر وغیرہ بنانا ؛ قلعہ بندی کرنا ؛ فصیلیں ، خندقیں ، مورچے وغیرہ بنانا؛ استحکامات تعمیر کرنا؛ حملے سے بچاؤ کےلئے مضبوط کرنا ؛ سامان دفاع مہیا کرنا ؛ دفاعی سامان سےلیس کرنا ۔ (۹) قابل دفاع بنانا؛ محفوظ بنانا؛ مضبوط کرنا ؛ دفاعی حالت میں لانا ؛ دفاعی صورت بخشنا ۔ (۱۰) دفاعی صورت اختیار کرنا ؛ لائق دفاع ہونا ؛ دفاعی پوزیشن لینا؛ (نیزمجازاً) ۔

Fortissimo : (adv.) [It. supperl. of 'forte'.] (موسیقی کی ہدایت) بہت تیز یا بلند (آواز، سُر وغیرہ) (مخففات FF. F For ; or Fortiss) ۔

Fortition : (۱) مصنوعی لفظ ۔ (۲) دیکھو Sortition ۔

Fortitude : (n) [L.'fortitudo'.] تکلیف یامصیبت میں ہمت یا تحمل ؛ اخلاقی قوت و ہمت ؛ حلم ؛ صبرو شکیبائی؛ بُردباری ؛ ثبات ؛ استقلال ؛ متانت ؛ قوت برداشت ۔

Fox : (v) (۱) چالاکی ، مکاری سے کام کرنا ؛ ریا کاری کرنا ؛ منافقت کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ حیلہ کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ عیّاری کرنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ نقل کرنا (روزمرہ اورعامیانہ) (کتابوں کے اوراق یا تصویروں پر) بھورے رنگ کے دھبےڈال کر رنگ خراب کر دینا؛ (کتاب کےاوراق کو) بے رنگ کر دینا ۔ (۲) بیئر شراب کا کھٹا ہو جانا؛ (تخمیر کے باعث) یا خراب کر دینا۔ (۳) جوتوں کے اوپر چمڑے (کھنڈے) کو نیا بدل کر مرمت کرنا ۔ (٤) لومڑی کا شکار کرنا ؛ (امریکا) لومڑی پھنسانا (امریکا) ۔ (٥) مست کرنا ؛ بیہوش کرنا؛ مخمور کرنا؛ نشےمیں لانا؛ مدھوش کرنا؛ مست یا بیخود کر دینا ؛ والہانہ جوش پیدا کرنا ۔

Fox and geese : (n) ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے ۔

Fox and hounds : (n) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ کتا بن کر دوسرے بچے کو لومڑی بناتا ہے اور رگیدتا ہے ؛ کتا لومڑی کا کھیل ۔

Fox-bane : (n) ایک قسم کا پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Fox-bat : (n) دیکھو Flying fox

Fox-beagle : (n) ایک قسم کا سُراغی کتا جولومڑی کے شکار میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Fox-berry : (n) دیکھو Bearberry

Fox bolt : (n) ایک قسم کی چٹخنی جس میں پچّر لگانے کے لئے سوراخ بنا ہوتا ہے ۔

Fox-brush : (n) لومڑی کی دُم ۔

Fox chase : (n) کتوں کے ذریعے لومڑی کا شکار ۔

Fox colour : (n) سرخی مائل زرد رنگ ؛ لومڑی کے جیسا رنگ ۔

Fox coloured : (a) لومڑی کے رنگ کا ؛ سرخی مائل زرد رنگ کا ۔

Fox evil : (n) بال گرنے کی بیماری ؛ (طب) بال خورہ ؛ طاسی ؛ داؤ الثعلب ۔

Fox fish : (n) لومڑی نما مچھلیاں ؛ روباہ ماہی ؛ لومڑ مچھلی ۔

Fox-fire : (n) (امریکا) سڑی ہوئی لکڑیوں سے نکلنے والی چمک دار روشنی ۔

Fox-fur : (n) لومڑی کے نرم بال ؛ لومڑی کے نرم بالوں کی جھالر لگی ہوئی گون یا چغہ ۔

Fox-fured : (a) جس میں لومڑی کے نرم بالوں کی جھالر لگی ہو ؛ لومڑی کے فر سے بنے ہوئے لباس میں ملبوس یا لومڑی کے نرم بالوں کی جھالر سے آراستہ گون پہنے ہوئے ۔

Fox-glove : (n) [OE.'foxes glofa'.] (۱) ایک عام آرائشی پھولوں والے پودے کا نام جو دواؤں میں کام آتا ہے : اس سے بنی ہوئی گل پنجہ علی ؛ گل انگشتانہ؛ ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتا ہے۔(۲) پودوں کی دوسری جنس پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ؛ (نباتیات) کف الثعلب ؛ زہر الکشاتین ؛ گُل پنجۂ علی ۔

Fox-grape : (n) جنگلی انگوروں کی مختلف قسم کے امریکی نام ۔

Fox-hole : (n) (حیوانیات) بھٹ ۔

Fox hound : (n) ایک بہتر نسل کا کتاجسےلومڑیوں کے شکار کی تربیت دی گئی ہو اور اُن کے شکار کےلئے استعمال کیاجاتا ہو ۔

Fox-hunt : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا تعاقب یا شکار ۔

Fox-hunter : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا شکارکرنے والا ۔

Fox-hunting : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا شکار ۔

Fox-huntsman : (n) دیکھو Fox hunter

Fox key : (n) پتلی نوک والی فولادی کیل یا پچّر جو کسی پرزے کو پیچھے ہٹنے سے روکنے کے لئے لگائی جاتی ھے ۔

Fox-like : (a) لومڑی کی طرح ؛ بطرز روباہ ؛ روبا بیانہ ؛ روباہ صفت ؛ لومڑی صفت خصوصاً حیلہ گر ؛ حیلہ باز ؛ عیار ؛ مکار ؛ چالاک ؛ ماہر ؛ استاد ۔

Fox lynx : (n) بن بلاؤ ، سیاہ گوش کی ایک نوع ۔

Fox moth : (n) ایک خاکستری مائل بھورے رنگ کا یوروپی ریشم کا کیڑا ۔

Fox shark : (n) روباہ دریائی ؛ روباہ ماہی ؛ لومز مچھلی ؛ شارک مچھلی کی ایک قسم جو لومڑی سے مشابہ ہوتی ھے ۔

Fox sleep : (n) جھوٹی نیند؛ خواب روباہ ؛ دکھاوے کی نیند ؛ مکّاری ؛ عیّاری ؛ بھگل ۔

Fox snake : (n) امریکا کا ایک بڑا سانپ جو بےضرر ھوتا ھے اور میسی سیپی کی بالائی وادی میں پایا جاتا ھے ۔

Fox sparrow : (a) شمالی امریکی بڑی گوریّا ، جو اوپر کی طرف سرخی مائل بھوری اور نیچے کی طرف دھاری دار ہوتی ھے ۔

Fox squirrel : (n) شمالی امریکی گلہری کی ایک جنس ؛ سنجاب امریکائی ۔

Fox-terrier : (n) ایک قسم کا چھوٹے بالوں والا ولایتی نسل کا کتا جو لومڑیوں کو پنجوں سے زمین کھود کرنکال لیتا ھے مگر عموماً گھروں میں شوقیانہ پالا جا تا ھے ۔

Fox trot : (n) مختصر قدموں کےساتھ چھل قدمی یا آہستہ آہستہ چلنا نیز ایک امریکی رقص یا اس رقص کی کوئی گت ۔

Fox trot : (n) چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا ؛ اس نام کے امریکی رقص کے انداز پر رقص کرنا ۔

Fox wedge : (n) موٹے سروں والی دو پچّروں کے درمیان ٹھوکی ھوئی ایک لمبی پچّر ۔

Fox-wood : (n) سڑی ھوئی لکڑی ؛ خاص کر وہ جس سے چمک دار روشنی نکلتی ھے (امریکا) (نباتیات) چوب فاسد ۔

Foxed : (a) (۱) مست ؛ مدھوش ؛ مخمور ؛ بیخود ۔ (۲) اوپر کا چمڑا نیا بدل کر مرمت کیا ھوا (جوتا) ۔ (۳) جو سڑن کےباعث بےرنگ ھو گیا ھو ؛ بےرنگ ۔ (٤) بھورے مائل زرد دھبّوں سے پُر ؛ دھبّہ دار ؛ داغدار ؛ زنگ آلود ۔

Foxery : (n) چالاکی؛ عیّاری ؛ مکّاری ؛ دغابازی ؛ دھوکابازی ؛ ھوشیاری ؛ حیلہ بازی ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ تزویر ؛ ریا ؛ فریب ؛ بہانہ سازی ؛ اُستادی ؛ مہارت ۔

Foxiness : (n) (۱) چالاکی ؛ عیاری ؛ مکّاری ؛ دغابازی ؛ تزویر ؛ ریا ؛ روباہ صفتی ۔ (۲) سرخی مائل بھوراپن ؛ تصویروں میں رنگ کی تیزی اور گہرا پن ۔ (۳) پھپھوند ؛ بدرنگی ؛ بے رنگی ؛ بے کیفی ؛ بد بوئی ؛ ترشی ؛ بدمزگی ۔

Foxing : (n) (تاریخ) کاغذوں کازرد ھوجانا ۔

Foxite : (n) چارلس جیمس فاکس کا سیاسی مقلّد یا پیرو (نیز توصیفی معنوں میں) ۔

Foxship : (n) لومڑی پن ؛روباہی ؛مکاری ؛ عیاری ؛ دغابازی ؛ حیلہ سازی ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ چالاکی ؛ چالبازی ؛ لومڑی کی خصلت یا صفات ۔

Foxtail : (n) (۱) لومڑی کی دُم ؛ شاہی مسخرے کا نشان ۔ (۲) برش کی طرح ملائم پھولوں کےنوک دار گچھوں والی گھاس کی مختلف قسموں میں سے ایک ۔ (۳) ایک قسم کی جھاڑو دار گھاس کا نام ؛ گیاہ کبریت ؛ (نباتیات) نبات کبریت ۔ (٤) (فلزیات) چار کول بنانے کے عمل کے آخری مرحلے میں حاصل شدہ راکھ یا مٹی ۔

Foxtail saw : (n) فاختہ کی دُم جیسی چول بنانے والی آری ۔

Foxtail wedging : (n) چول بٹھانے کا ایک طریقہ ؛ ایک قسم کی چول ؛ لکڑی کے ٹکڑوں کو جوڑنے ، سالنے یا پیوست کرنے کا طریقہ جس کے تحت ایک ٹکڑے میں جوف بنائی جاتی ھے اور دوسرے

ٹکڑے کا نوکدار سرا اُس میں مضبوطی سے جما دیا جاتا ھے ۔

Foxy : (a) (۱)لومڑی کی طرح ؛ مثل لومڑی کے ؛ چالاک (جس کے چہرے سے چالا کی ظاہر ہوتی ہو) ؛ روباہ صفت ؛ مکّار ؛ عیّار ؛ حیلہ ساز ؛ چالباز ۔ (۲) سرخی مائل بھورا یا زرد (تصویریں) تیز اور گہرے رنگ کی، لومڑی ۔ (۳) جو (چیز) پھپھوندی لگ کر خراب ہوگئی ہو ؛ نامناسب سلوک یا نمی؛ عمر وغیرہ کے اثر سے رنگ اور کیفیت میں پیدا شدہ نقائص کی نشاندہی کےلئے استعمال ہوتا ھے ۔ (٤) (شراب وغیرہ کے لئے) کھٹی ؛ ترش ؛ جس کی مناسب طور پر تخمیر نہ ہو سکی ہو ۔ (٥) (جنگلی انگور) جو گھٹیا قسم کی بو اور ذائقہ رکھتے ہیں ۔

Foy : (n) [Du.'fooi'.] (بول چال) سفر پر جاتے ہوئے الوداعی دعوت ؛ وداعیہ ؛ تحفہ وغیرہ جو کسی نے لیا یا دیا ہو ۔

Foyer : (n) [F.'foyer'.] (۱) ماسکہ ؛ فوکس ؛ نقطۂ ماسکہ : مرکز عمل ؛ مرکز توانائی ؛ مرکز تعامل ۔ (۲) (فرانسیسی) تھیٹر وغیرہ میں باہر کا بڑا کمرہ جو کھیل کے وقفہ کے دوران میں تماشائیوں کے آرام کے لئے مخصوص ہوتا ھے ۔

Foziness : (n) ڈھیلا پن ؛ پلپلا ہٹ ؛ چرب داری ۔

Fozy : (a) [Sc.] (اسکاتستانی اور بول چال) اسفنجی ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ ڈھیلے طور پر ؛ بُنا ہوا نیز پلپلا (گوشت) مجازاً چرب دار ؛ مچرب ۔

Fra : (It.) Frate کا مخفف ؛ مخاطبت میں Friar (عیسائی راہب کے لئے آتا ھے) ۔

Frab : (v) [Onomatopoeic.] نقصان پہنچانا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ زچ کر دینا؛ ستانا؛ تکلیف دینا؛ پیچھے‌پڑجانا؛ چین نہ لینے دینا ۔

Fracas : (n) [It.'fracasso'.] پُرشور جھگڑا ؛ بلْز ؛ لڑا ئی ؛ ہنگامہ ؛ شورو غل ؛ دنگا ؛ چیخ وپکار ؛ شور و شغب؛ ابتری؛ افراتفری؛ قیل و قال ؛ مبارزہ؛ نزاع ؛ جنگ ۔

Fracted : (a) (نقابت) نکتا ؛ نقابت کا ایک نشان جس کا ایک حصہ الگ ہو گویا ٹوٹا ہوا ہو ۔

Fractile : (n) (شماریات) کاسر ۔

Fraction : (n) [L.'fractionem'.] (۱) شکست ؛ ٹوٹ پھوٹ ؛ توڑنے یا ٹوٹنے کا عمل ۔ (۲) عشائے ربانی میں مقدس روٹی کی تقسیم (عیسائیوں کی مذہبی رسم) ۔ (۳) (ریاضی والجبرا) ایک مقدار شمار جو عدد صحیح نہ ہو ؛ کسر ۔ (٤) چھوٹا ٹکڑا یا مقدار؛ پارچہ؛ ٹوٹی ہوئی چیز؛ ٹوٹا ہوا حصہ ۔

Common fractions/Vulgar- : کسور عام ۔

Complex fraction : کسر ملتف ۔

Compound fraction : کسر مرکب ۔

Continued fraction : کسر مسلسل ۔

Decimal fraction : کسر اعشاریہ ؛ کسر اعشاری ۔

Defective fraction : (شماریات) کسر ناقص ۔

Improper fraction : کسر غیر واجب ۔

Proper fraction : کسر واجب ۔

Simple fraction : کسر سادہ ۔

Fraction : (v) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں توڑنا ؛ توڑکر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔

Fraction of saturation : (n) مرطوبیتِ اضافی ۔

Fractional/Fractionary : (a) (۱) جزوی ؛ مکسور ؛ کسری ؛ جزوی ؛ کسر کا یا اس سےمتعلق ۔ (۲) کسر بنانے کی حالت یا صفت ؛ کسر کی طرح ۔ (۳) نامکمل ؛ جزوی ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی ؛ ناقابل توجہ ؛ بے معنی ؛ مہمل ۔ (٤) نسبتاً چھوٹا ۔

Fractional certificate : (n) (تجارت) جزوی سند ؛ جزوی سرٹیفیکیٹ ۔

Fractional crystallisation : (n) (کیمیا) کسری قلماؤ ؛ جُزوی قلماؤ ۔

Fractional currency : (n) چھوٹا سکّہ یا رائج کاغذی نوٹ ؛ خردہ سکّہ ؛ (معاشیات) ریزگاری ؛ ایک سکّہ جو بنیادی سکّے سے کم قیمت کا ہو ۔

Fractional distillation : (n) جزوی تقطیر ؛ علا حدہ تقطیر ؛ بھاپ بن کر اُڑجانے والے دو یا زیادہ سیال مادوں کو جن کےنقاط جوش مختلف ہوتےہیں؛

مختلف درجہء حرارت پر گذار کر الگ الگ حاصل کرنے کا عمل ؛ کسی محلول کو مختلف اجزاء میں الگ کرنے کاعمل ؛ (کیمیا) جُزوی کشید ۔

Fractional number : (n) (ریاضیات) عدد مکسور ۔

Fractional premium : (n) (تجارت) جزوی پریمیم ۔

Fractional reptication : (n) (شماریات) کسر تکرارانہ ۔

Fractional share : (n) حصہ رسدی ۔

Fractional threads : (n) (طبیعیات) کسری چُوڑیاں ۔

Frcationally : (adv.) جُزوی طورپر ؛ علاحدہ علاحدہ طورپر ؛ توڑ توڑ کر ؛ مختصر یا غیر اہم حدتک ؛ الگ الگ کر کے ۔

Fractionary : (a) (۱) کسری ؛ جزوی ؛ نامکمل ؛ غیر اہم ؛ خفیف؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی ۔ (۲) اجزاء یا ٹکڑوں کے ذریعہ کیا ہوا ؛ انجام دیا ہوا یا انجام دینے والا ۔ (۳) مائل بہ تجزیہ ؛ ٹکڑوں میں منقسم ہونے کا رجحان رکھنے والا ؛ قابل تجزیہ ؛ جس کے اجزاء یا ٹکڑوں کو جدا کیا جا سکے ۔

Fractionate : (v) تجزیہ کرنا ؛ محلول کے مختلف خواص رکھنے والےحصوں کو عمل تقطیر کے ذریعہ یا کسی دوسرے طریقے سے الگ الگ کر دینا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ۔

Fractionating : (n) (کیمیا) جُزوی کشیدی ؛ تکسیری ۔

Fractionating column : (n) (کیمیا) جُزوی کشید نلی ؛ تکسیری اُستوانہ ۔

Fractionation : (n) تجزیہ ؛ عمل تجزیہ ؛ کسی محلول کے اجزاؤں کو الگ الگ کر کےحاصل کرنے کا عمل؛ (تقطیر یا کسی اور طریقے سے) ؛ (کیمیا) تکسیر ؛ جزوی کشید ؛ کسر توجِہی ؛ بذریعہ تقطیر تجزیہ ۔

Fractionator : (n) آلہء تجزیہ کار ؛ تجزیہ کار آلہ ؛ تقطیر کے ذریعہ کسی محلول کے اجزاء کو الگ الگ کرنےوالا ؛ (کیمیا) تقطیر کرنے والا ۔

Fractionize : (v) (۱) ٹکڑے کر دینا ؛ اجزاء میں تقسیم کر دینا ۔ (۲) (ریاضیات) کسروں میں تقسیم کر دینا ۔

Fractious : (a) جھگڑالو ؛ چڑ چڑا ؛ سرکش ؛ نافرمان ؛ تنک مزاج ؛ نک چڑھا ؛ زود رنج ؛ (خصوصاً بچوں کےلئے) ۔

Fractiously : (adv.) تنک مزاجی سے؛ چڑچڑے پن کے ساتھ؛ سرکشی سے ۔

Fractiousness : (n) تنک مزاجی ؛ چڑچڑاپن ۔

Fracture : (n) [L.'fractura'.] (۱)ٹوٹ پھوٹ ؛ شکست وریخت ؛ شکست؛ توڑنے یا ٹوٹ جانے کاعمل؛ شکستگی؛ ٹوٹنا (خصوصاً ہڈی یا گروچھ کا ٹوٹ جانا) ۔ (۲) دھات کی وہ اندرونی ساخت سطح جو ہتھوڑے سے توڑنے کے بعد نظر آتی ھے ۔ (۳) سادہ حروف علت کے بجائے حروف علت کی ملی ہوئی آواز جو اس کے بعد والے حرف صحیح کی وجہ سے پیدا ھو ۔ (٤) ٹوٹنے کا نتیجہ ؛ انجام شکست ؛ شگاف ؛ درز ؛ دراڑ ؛ بال ؛ (شیشے کی) تقسیم ؛ چٹخ ؛ علاحدگی ؛ جدائی ؛ ٹکڑےٹکڑے ھونے کا عمل ۔

Fracture : (v) (۱) کسی چیز کے تسلسل کو توڑ دینا ؛ چٹخا دینا؛ دراڑ پیدا کر دینا؛ شگاف پیدا کرنا؛ ہڈی وغیرہ کو توڑ دینا ؛ شکستہ کرنا ۔ (۲) نقصان پہنچانا ؛ برباد کر دینا ؛ ٹکڑےٹکڑے کر دینا ۔ (۳) سکون میں خلل ڈالنا ۔ (٤) ٹوٹ جانا ؛ شکستگی میں مبتلا ھونا ؛ شکست و ریخت میں پڑنا ۔ (٥) قانون کی خلاف ورزی کرنا ۔

Compound fracture : اس طرح ہڈی کا ٹوٹ جانا کہ اس کے ساتھ جسم پر زخم بھی پیدا ھوجائے ؛ (طب) مرکب کسر ؛ کسر مع زخم ۔

Fracture dislocation : (n) (طب) کسر وضع ۔

Fraenulum : (n) [dim of 'fraenum.] (تشریح) (ہڈیوں کو جوڑنے والا) ایک چھوٹا جھلّی دار بند یا رباط جو متعلقہ عضو کی حرکت کو روکتا ھے ۔

Fraenum/Frenum : (n) [L.] (۱) وہ چوٹا سا پٹھا (یارگ) جس سےعضو کی حرکت رُک جائے؛ (ہڈیوں کوجوڑنے والا) ایک چھوٹا جھلّی داربند یا رباط جو متعلقہ عضو کی حرکت کو روکتا ھے۔ (۲) بعض زلف یا حیوانات میں جلد کے ایک یا دو باریک موڑ یا تہیں جو ایک لیس دارمادے کے ذریعہ انڈوں کو، بچے نکلنے تک روکے رکھنے کا کام انجام دیتی ہیں ؛ (تشریح) لِجام ؛ بند ۔

Fragile : (a) [L.'fragilis'.] (۱) نازک ؛ دھان پان ؛ جو آسانی سے ٹوٹ جائے ؛ کمزور ؛ بودی ؛ جلد خراب ھو

جانے والی (چیز) ؛ جس کی بناوٹ نازک ہو ؛ قابل شکست ۔ (۲) نحیف ؛ دُربل ؛ کمزور ؛ لائق شکست (آدمی) ۔ (۳) بے آبرو ؛ بد خلق ؛ بدچلن ؛ بد کار؛ ضعیف الارادہ ؛ کسی ترغیب یاتحریص میں جلد آجانے والا ۔

Fragilely : (adv.) نزاکت سے ؛ کمزور طور پر ؛ بودے پن کے ساتھ؛ قابل شکست انداز میں ؛ ضعیف الارادہ طور پر ؛ بد چلن ہو کر ؛ بدکارانہ انداز میں ؛ بےآبرو ہو کر ۔

Fragileness : (n) نزاکت ؛ کمزوری ؛ بد چلنی ؛ بد کاری ؛ بےآبروئی ؛ بوداپن ؛ ضعیف الارادگی ۔

Fragilitas : (n) [L.] (طب) تقصّف ۔

Fragilitas ossium : (n) (طب) تقصّفِ عَظمی ۔

Fragility : (n) [L.'fragilitatem'.] جلد ٹوٹ جانے، خراب ہونے یا برباد ہونے کی صفت ؛ زود شکستگی ؛ لطافت ؛ نزاکت ؛ بوداپن ؛ کمزوری ؛ (مجازاً) زودتحریص ؛ آوارگی ؛ بدچلنی ؛ بےآبروئی؛ ضعیف الارادگی؛ چھوئی موئی پن؛ (طبیعیات) تقصّف ؛ پھوٹک پن ۔

Fragment : (n) [L.'fragmentum'.] (۱) وہ حصہ جو کسی چیز سے ٹوٹ کر الگ ہو گیا ہو ؛ ٹوٹا ہوا حصہ ؛ پارچہ ؛ ٹکڑا ؛ تار ۔ (۲) کسی چیز کا علاحدہ یا غیرمکمل حصہ ؛ کرچ ؛ جزو ؛ جزو شکستہ ؛ کسی تباہ شدہ گنے گذرے، ضائع شدہ کل کا ایک بقیہ جزو ؛ خصوصاً کسی تحریر و تصویر وغیرہ کا نامکمل حصہ ؛ چھوٹا ٹکڑا ؛ حصہ ؛ الگ کیاہوا یا نامکمل حصہ جیسے کسی نامکمل شے سے جدا کرلیا گیا ہو ؛ (کسی تحریر یا عبارت سے) نکالا یا الگ کیا ہوا حصہ ؛ (ارضیات) پارہ ؛ ریزہ ۔

Fragmental : (a) ٹکڑوں کا یا ان سے مل کر بنا ہوا ؛ اجزاتی؛ غیر مکمل؛ غیر کل ؛ غیر متعلق ؛ غیر مسلسل؛ غیرمربوط ؛ غیر منظم ؛ بے ربط ؛ جدا کیا ہوا؛ علاحدہ؛ شکستہ؛ (ارضیات) پرانی چٹانوں کے منتشر ٹکڑوں یا حیوانیات یا پودوں کے بچے کھچے جمع شدہ حصوں، باقیات اور ہڈیوں پر مشتمل ۔

Fragmentally : (adv.) اجزاتی طور پر ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ غیر مکمل طور پر ؛ غیر مسلسل انداز میں ؛ غیر مربوط طور پر ؛ بے ربط انداز میں ؛ غیر منظم ہو کر ۔

Fragmentarily : (adv.) اجزاتی طور پر ؛ متفرق ہو کر ؛ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ؛ غیر مکمل طور پر ؛ غیر مسلسل انداز میں ؛ غیر مربوط انداز میں ؛ بے ربط ہو کر ؛ علاحدہ طور پر ۔

Fragmentariness : (n) غیر اکملیت ؛ بے ربطگی ؛ شکستگی ؛ ٹکڑے ٹکڑے یا متفرق ہونے کی حالت ۔

Fragmentray : (a) متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ اجزاتی ؛ ٹکڑوں جیسا یا اُن سے مل کر بنا ہوا غیر مکمل ؛ غیر اکمل ؛ غیر کُل ؛ غیر منظم ؛ غیر مسلسل ؛ غیر مربوط ؛ شکستہ ؛ بے ربط ؛ جدا کیا ہوا ؛ علاحدہ ؛ (ارضیات) پرانی چٹانوں وغیرہ کے ٹکڑوں سے مل کر بنا ہوا ؛ باقیات سے مرکب؛ جُز جُز ؛ پارہ پارہ ؛ ریزگی ۔

Fragmentation : (n) (۱) شکستگی ؛ تجزیہ ؛ تقطیع ؛ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کے ٹکڑے الگ کرنے یا ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کا عمل ۔ (۲) (حیاتیات) کونپل پھوٹنے یا شاخیں نکلنے کا عمل ؛ عمل علاحدگی ؛ شاخ درشاخ ہونے کاعمل ۔ (۳) اختلال ذہنی ؛ اختلال فکرو کردار ؛ برتاؤ میں خلل ۔

Fragmentation bomb/-grenade : ریزہ ریزہ کرنے والا بم یا گولہ ؛ ایسا بم جو کسی چیز کو توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کے لئے بنا یا گیا ہو ۔

Fragmented : (a) متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ؛ تفریق شدہ ؛ شکستہ ؛ مقطوع ؛ غیر مکمل یا بے ربط ؛ جدا کیا ہوا ؛ علاحدہ ؛ غیر مربوط ؛ غیر منظم ۔

Fragmentist : (n) قطعہ گو ؛ قطعات لکھنے والا ۔

Fragmentitious : (a) دیکھو Fragmentary

Fragmentize : (v) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا یا ہونا ؛ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا ؛ تجزیہ کرنا ؛ علاحدہ کرنا یا ہونا ؛ جدا کرنا ؛ الگ کرنا یا ہونا؛ شکستہ ہونا ؛ متفرق ہونا ۔

Fragrance : (n) [L.'fragrantia'.] خوشبو ؛ دل آویز مہک ؛ بوئے خوش ؛ عطریت ۔

Fragrant : (a) [L.'fragmentem'.] خوشبو دار ؛ معطر ۔

Fragrantly : (adv.) خوشبو دار انداز میں ؛ معطرهو کر ۔

Frail : (n) [OF.'frayel',of unknown origin.] (۱) ناگر موتھا گھاس (سوار) کی ٹوکری جس میں انجیر و کشمش وغیرہ بند کئے جاتے ہیں اس میں آنےوالی (۳۰ سے ۷۰ پونڈ تک) مقدار ۔ (۲) ناگر موتھا یا سوارجس سےٹوکری بنائی جاتی ھے ۔ (۳)(عامیانہ) (خاص کر امریکا) عورت ؛ استری ۔

Frail : (a) [L'fragilis'.] (۱) نازک ؛ عارض ؛ جلد گزر جانےوالا ؛ ناپائدار ؛ کمزور ؛ لائق شکست ؛ جلد ٹوٹ جانے یا برباد ھوجانے والا ؛ سرسری ؛ آنی جانی ؛ دم بھر کا ؛ ذرا سی دیر کا ۔ (۲) خراب صحت کی حالت میں ؛ بیمار ؛ زار ؛ نحیف ؛ کمزور ؛ نربل ؛ ناتواں ۔ (۳) اخلاقاً کمزور ؛ ترغیبات کا مقابلہ کرنے کے ناقابل ؛ جلد تحریص میں آجانے والا ؛ ضعیف الارادہ ۔ (٤) (عورت) بےعصمت ؛ آوارہ ؛ بد چلن ؛ بدکار ۔

Frail bliss : (n) چند روزہ مسرت ۔

Frail life : (n) چند روزہ زندگی ۔

Frailly : (adv.) نزاکت سے ؛ نازک طور پر ؛ کم زور انداز میں ؛ عارضی طور پر ؛ ناپائدار انداز میں ؛ ناتواں ھو کر ؛ سر سری طور پر ۔

Frailness : (n) نزاکت ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناپائداری ؛ عارضی پن ؛ بے ثباتی ۔

Frailty : (n) [L.'fragilitatem'.] (۱) غلطی کرنے یا ترغیبات کا شکار ھو جانے کا احتمال (امکان) ۔ (۲) غلطی ؛ کمزوری ؛ نقص ؛ خطا (قابل انگشت نمائی) ۔ (۳) خراب ھونے یا برباد ھو جانے کا رجحان ؛ تلف ھو جانے یا ضائع ھو جانے کا میلان ؛ ناپائداری؛ نااستواری ؛عارضی پن؛ فنا پذیری؛ زوال پذیری ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ۔ (٤) اخلاقی کمزوری؛غیرمستقل مزاجی؛ ضعیف الارادگی ۔ (٥) باریکی؛ نزاکت ۔ (٦) قصور؛ گناہ (کمزوری کے باعث) ۔

Fraise : (n) [Fr.] (۱) (برطانوی روز مرہ) شور وشغب ؛ ہنگامہ ؛ غوغا ۔ (۲) (اسکاٹستانی) خوشا مد ؛ چاپلوسی ؛ لایعنی گفتگو ؛ لغویات ۔

Fraise : (v) خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ پُھسلانا ؛ تملق کرنا؛ میٹھی میٹھی باتیں کرنا ۔

Fraise : (v) پتھر میں سوراخ کو چوڑا کرنا ۔

Fraise : (v) باڑ لگانا یا باڑ کے ذریعہ دفاع کرنا ؛ قلعہ بندی کرنا ۔

Fraise : (n) [F.'fraise'.] (۱) ایک قسم کا جھالر دار گلو بند (جو سولھویں صدی میں پہنا جاتا تھا) ۔ (۲) (قلعہ بندی) وہ سیدھی یا ڈھلوان باڑھ (کنگورہ) (پتھر یا لکڑی کی) جو قلعہ کی فصیل کی بنیاد اورخندق کے درمیان تحفظ کےلئے لگائی جاتی ھے ؛ کنگورے ۔

Fraise : (n) [F. f.'fraiser'.] وہ اوزار جن سے گول سوراخوں کو چوڑا کیا جاتا ھے یا گھڑی میں پہیوں کے دندانے بنائے جاتے ہیں ۔

Fraken (e) : Frecken کا متبادل

Fram : (v) [Origin unkn.] مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ گھونسوں سے مارنا؛ کوٹنا؛ پیسنا؛ چور چور کرنا؛ کچلنا؛ پامال کرنا؛ دھنکنا؛ گولے برسانا؛ بھاری قدم رکھتے ھوئے چلنا یا گھوڑا دوڑانا ۔

Framable/Frameable : (a) [Frame+able.] قابل تشکیل یا توضیع ؛ گھڑنے یا بنانے کے لائق؛ قابل تعمیر ؛ قابل تجویز؛ قابل ترکیب؛ قابل تنظیم؛ لائق تجسیم۔

Framboesia : (n) [F.'framboise'.] (مرضیات) فرامبیز یا ؛ حبشیوں کی ایک متعدی بیماری ؛ (طب) یاز (مرض) بیماری جس میں جسم پر گلٹیاں نکل آتی ہیں ؛ حبشیوں کی ایک متعدی اور پرانی بیماری جس میں راس بیری کی شکل کی متورم گلٹیاں جسم پر پیدا ھو جاتی ہیں ۔

Framboesioid : (a) فرامبیزیا کی طرح ۔

Frame : (n) [OE.'fram'.] (۱) تعمیر یا بنانے کا طریقہ یا اصول ۔ (۲) تعمیر ؛ بناوٹ ؛ ترکیب ؛ نظم ؛ ساخت؛ نظام؛ معینہ نظم؛ معینہ طریقہ؛ تجویز؛ مسلمہ ضابطہ ؛ نقشہ ؛ طریقۂ کار ؛ (خصوصاً گورنمنٹ کام)؛ ماہیت ؛ نوع ؛ جنس؛ نوعیت ۔ (۳) (مزاج یا دل کی) عارضی حالت ؛ عارضی کیفیت ۔ (٤) ایسی تعمیر جو چوکھٹے میں بند ھو ؛ جس کے چاروں طرف چوکھٹا لگا ھو ۔ (٥) انسان یا جانور کا کالبد ؛ جسم ؛ قالب؛ ہیکل ؛ ڈھانچہ ۔ (٦) عمارت کا ڈھانچہ ۔ (۷) کسی چیز کا اندرونی سہارا یا ضروری تختی تعمیر ۔ (۸) تصویر یا شیشے کا چو کھٹا یا خانہ ۔ (۹) (باغبانی) وہ روغنی چوکھٹا جو درختوں کو سر دی سے بچانے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔ (۱۰) (کان کنی) ڈھلواں تختہ جس پر کچی دھات دھوئی جاتی ھے ۔ (۱۱) قیاس منطقی کا ایک محول ؛ قیاس منطقی کی ایک

شکل - (۱۲) Frame up خفیہ سازش - (۱۳) وہ تعمیر ، ڈھانچہ ؛ عمارت یا انجن جو مختلف ٹکڑوں کو جوڑ کر بنے - (۱٤) لکڑی، تختےاور کڑیوں وغیرہ کا بنا ہوا ایک ڈھانچہ جو کسی عمارت کی تعمیر کے لئے بنایا جائے - (۱۵) عمارت (خصوصاً لکڑی کی بنی ہو) - (۱٦) ڈھانچہ یا سہارا مثلاً چھاتے کی کمان وغیرہ - (۱۷) (طبیعیات) ایک ٹسک جس میں حروف چیں کےلئےٹائپ کے ڈبےرکھےجاتےہیں - (۱۸) (جہازرانی) وہ خمدارلکڑیاں یا اسی طرح کے آہن پوش کے ٹکڑے جو جہاز کے ساق کی شکل کے ہوں - (۱۹) کوئی ایسا ظرف جس کا فریم یا چوکھٹا ایک ضروری حصہ ہو، مثلاً ایک قسم کا ککر تختے کو چاروں طرف سے گھیر ے رکھے تاکہ اُس میں ریت بھر کر کسی چیز کا قالب بنا یا جاسکے - (۲۰) (روز مرہ) دبلا پتلا انسان یا جانور - (۲۱) کوئی ایسی چیزجس پر، جس میں یا صلیبی طور پر کوئی دوسری چیز رکھے - (۲۲) (جمع میں) چشمے کا فریم - (۲۳) ہم وزن یا ہم قسم تیشوں یا کلہاڑیوں کا نظارہ یا محل (پوزیشن) کو محدود کیا جاسکتا ھے - (۲٤) معیاروں ، اعتقادات یا مفروضات کا مجموعہ جو کردار وغیرہ کو اپنے تابع رکھتا ھے؛ ان پر اثر انداز ھوتا ھے - (۲۵) (سینماٹوگرافی) فلم کی منفرد میں سے ایک (جو ایک دوسرے سے الگ بھی ہو اور کسی مجموعےمیں داخل بھی کی جاسکے؛ (ٹیلی ویژن) کوئی بھی تمثال -

Man of gigantic frame : عظیم الجثہ آدمی ؛ دیوپیکر آدمی -

Sobs shook her frame : سسکیوں سےاس کا سارا جسم ہل گیا -

The frame of heaven or earth : زمین یا آسمان کا چوکھٹا؛ حصار -

The frame of society of Governmet : حکومت یا سماج، کی تجویز ؛ طریقہء کار یا تنظیم -

Frame : (v) (۱) تشکیل کرنا ؛ وضع کرنا ؛ نقشہ بنانا ؛ ڈول ڈالنا ؛ گھڑنا ؛ بنانا ؛ ظاہر کرنا ؛ بتانا ؛ اشارہ کرنا - (۲) (افعال، خیالات، اشخاص کو) مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ بٹھانا ؛ رہنمائی کرنا - (۳) اپنے کام میں ھوشیاری ظاہر کرنا (کسی غرض سے ایسی حالت ظاہر کرنا جس سے ھوشیارھونے کی توقع کی جاسکے) - (٤) بٹھانا؛ چسپاں کرنا؛ جوڑکر بنانا (To اور into کے ساتھ) - (۵) مختلف حصوں کو جوڑ کر مکمل کرنا ؛ کسی نقشے کے مطابق بنانا - (٦) مرتب کرنا (قواعد) - (۷) (الفاظ میں) اظہار کرنا ؛ بیان کرنا ؛ منظوم کرنا ؛ الفاظ میں پیش کرنا (مضامین، قصے)؛ قائم کرنا (نظریہ) - (۸) صاف تلفظ کرنا ؛ الفاظ کے معنی قائم کرنا ؛ خیال میں لانا؛ لفظ لفظ ؛ صرف الگ بولنا - (۹) خیال کرنا؛ تمثیل کرنا؛ تصور کرنا؛ ذہن میں تشکیل دینا ؛ ذہن میں خاکہ بنانا ؛ تصورمیں لانا - (۱۰) چوکھٹے کا کام دینا ؛ چوکھٹے کے مثل ھو جانا - (۱۱) ایک چوکھٹے میں لگانا ؛ چسپاں کر دینا - (۱۲) رجوع کرنا؛ مدد لینا؛ کام لینا؛ جوق درجوق جمع ھونا ؛ راہ عمل اختیار کرنا؛ اپنی راہ نکالنا یا بنانا (بول چال) جانا ؛ آگے بڑھنا ؛ راہ نکالنا - (۱۳) مطابق کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ موافق کرنا؛ درست کرنا ؛ ٹھیک کرنا؛ بٹھانا - (۱٤) بنانا ؛ تعیمر کرنا ؛ ترکیب دینا ؛ دو پرزوں یا حصوں کو ملانا، جوڑنا یا درست بٹھانا ؛ کسی وضع کے مطابق کرنا ؛ کسی ڈیزائن کے موافق اُتارنا- (۱۵) خاکہ بنانا؛ ڈھانچہ بنانا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ گھڑنا ؛ تیار کرنا (کوئی پلاٹ ، خاکہ وغیرہ) ؛ (کہانی) بننا ؛ فسانہ طرازی کرنا - (۱٦) منہ اور لب سے اظہارخیال کرنا (بغیر الفاظ ادا کئے) - (۱۷) جوڑ ڈالنا ؛ جوڑ بندی کرنا ؛ گرہ یا جوڑ کے ذریعے ملانا - (۱۸) سازش کرنا (کسی جہاز کے ارتکاب کو) پہلے سے مرتب کر لینا یا سازش تیار کر لینا؛ (دوڑ وغیرہ کے نتیجے کو) لیپ پوت کر قابل قبول بنانا؛ چالبازی کرنا؛ کسی کےخلاف کوئی غلط الزام گھڑنا -

To frame کسی کے خلاف غلط الزام گھڑنا ؛ الزام تراشی کرنا؛ تہمت لگانا؛ باندھنا؛ اتہام لگانا؛ اختراع پردازی کرنا -

To frame up : (امریکی عامیانہ) سازش کرنا ؛ مجرمانہ ارادے سے (کسی واقعے کا) تانابانا پہلے ہی بُن لینا ؛ (دوڑ وغیرہ کے) نتیجے کو لیپ پوت کر قابل قبول بنانا؛ چال بازی کرنا -

Frame-breaker : (n) موزہ وغیرہ بُننے کے فریم کو رواج دینے کی پرتشدد مخالفت کرنے والوں میں سےایک -

Frame-bridge : (n) کٹھ پل ؛ چوبی پُل ؛ لکڑی کا پُل ؛ شہتیر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا ہوا پُل -

Frame-dam : (n) سرو کی لکڑیوں سے بنایا ہوا بند ؛ لکڑی کا بند ؛ سدِ چوبی (جس میں لکڑیاں اس طرح

رکھی جاتی ہیں کہ اُن کے سرے دباؤ کی جانب ہوں)۔

Frame-house : (n) جو دکان لکڑی کے ڈھانچے پر تختے لگا کر بنائی گئی ہو ؛ لکڑی کا مکان ۔

Frame-level : (n) معماروں کا وہ آلہ جس سے وہ سطح کی اونچائی یا نیچائی کا اندازہ لگاتے ہیں ؛ (تعمیرات) معمار کا لیول ۔

Frame of mind/-soul : (n) مزاج یا دل کی عارضی حالت یا کیفیت ؛ ذہن کا ڈھانچہ ؛ ذہن کی ساخت ؛ روح کا ڈھانچہ یا سانچہ ۔

Frame of reference : (۱) ہم وزن یا ہم قسم تیشوں یا کلہاڑیوں کا نظام جس سے حرکت یا پوزیشن کو محدود کیا جاتا ہے ۔ (۲) معیاروں، اعتقادات یا مفروضات کا مجموعہ جو خیالات، تصورات اورکردار وغیرہ کو اپنےتابع کرکے ان پر اثرانداز ہوتا ہے ۔

Frame-saw : (n) آرا جو ایک چوکھٹے میں لگا ہوتا ہے ؛ چوکھٹے دار آرا ۔

Frame stud : (n) لکڑی کا کھمبا یا پایہ ۔

Frame tubbing : (n) مضبوط لکڑی کا خول جس میں پانی داخل نہ ہو سکے ۔

Frame up : (n) (بول چال ابتداً امریکا) ترتیب ماجرا ؛ پلاٹ کی ترتیب ؛ ترتیب واقعہ ؛ خصوصاً ناپاک ارادے سے؛ سازش ؛ ساز باز ؛ خفیہ سازش ۔

Frame up : (n) (۱) (امریکا) کسی کے خلاف جھوٹا الزام لگانا: ساز باز کرنا ۔ (۲) بری نیت سے (کسی واقعہ کو) ترتیب دینا ۔ (۳) (انتخاب، دوڑ وغیرہ کا) جھوٹا نتیجہ نکالنا ۔

Frame-work/Frame work : (n) کسی چوکھٹے یا ڈھانچے میں یا اُس کی مدد سے کیا ہوا کام ؛ کسی خاکے کے تحت یا اُس کی مدد سے کیا ہوا کام ۔

Frameable : (a) جو مرتب کیا جاسکے ؛ جس پر چوکھٹا لگایا جا سکے ۔

Framer : (n) مرتب کرنے والا ؛ چوکھٹا لگانے والا ؛ گھڑنے والا؛ بنانے والا ؛ تعمیر کرنے والا ؛ تشکیل دینے والا ؛ سازش کرنے والا ؛ تہمت لگانے والا ؛ ظاہر کرنے والا ؛ راہ نکالنے والا ؛ جوڑنے والا ؛ موافق یا مطابق کرنے والا ؛ درست بٹھانے والا؛ کسی وضع پر ڈھالنے یا بنانے والا ؛ کہانیاں گھڑنے والا ؛ پلاٹ تیار کرنے والا ؛ الفاظ کا جامہ پہنانے والا ؛ ذہن میں خاکہ تیار کرنے والا ؛ تصور کرنے والا ؛ چوکھٹے میں بٹھانے والا ؛ چوکھٹے کی طرح کام آنے والا ۔

Frameless : (a) بغیر چوکھٹے کا ۔

Framework : (n) چوکھٹا یا دربست جس پر یا جس میں کوئی چیز بٹھائی، جمائی یا روکی جائے ؛ کئی حصوں کو ایک ساتھ ملا کر بنا یا ہوا ڈھانچہ یا چوکھٹا ؛ پیکرہ ؛ قالب ؛ کالبد ؛ چہار چومہ ؛ پنجر ؛ نیز مجازاً ۔

Framing : (n) (۱) کوئی چیز بنانے، تعمیر کرنے یا تشکیل دینے کاعمل ، طریقہ یا طریقہٴ عمل ۔ (۲) بنائی ہوئی چیز؛ شے متشکل: تشکیل دی ہوئی چیز؛ مجسم کی ہوئی شے؛ صورت یافتہ چیز؛ گھڑی ہوئی چیز ۔ (۳) چوکھٹا یا چوکھٹوں کا سلسلہ یا نظام ۔ (٤) اشیاء یا مسالہ جس سے چوکھٹا بنایا جائے ۔

Framing chisel : (n) چول بنانے کی وزنی چھینی یا رُکھانی ۔

Frampold/Frample : (n) [origin unkn.] (۱) (بول چال)نك چڑھا؛ تندمزاج ؛ تنك مزاج ؛ ترش مزاج ؛ کج خلق ؛ تند خو ؛ بد مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ؛ برہم ؛ جھلّا یا ہوا؛ برافروختہ ؛ ناگوار؛ ناخوشگوار ؛ تلخ ؛ پریشان کن ؛ تکلیف دہ ۔ (۲) جیوٹ والا ؛ پُرجوش ؛ آتش مزاج ؛ جوشیلا؛ جری (گھوڑا) ۔

Franc : (n) [F.] ایك فرانسیسی سکّہ؛ چودھویں صدی کا ایك طلائی سکّہ جس کا وزن ساٹھ گرین ہوتاتھا؛ بلجیم اور سوئٹزر لینڈ کا اسی کےمماثل سکّہ ۔

Franc-archer : (n) [F. franc+ archer.] (فرانسیسی تاریخ) چارلس ہفتم کی قائم کردہ تیراندازوں کی جماعت جنہیں اُن کی خدمات کے صلے میں تمام ٹیکسوں سے بری کر دیا گیا تھا ۔

Franc-tireur : (n) [F.] فرانس کی انقلابی جنگوں کے دوران وجود میں آئی پیدل فوج جو فرانس کی باقاعدہ فوج سے علاحدہ اپنی تنظیم رکھتی تھی ؛ بےقاعدہ پیدل فوج کا سپاہی ۔

Franchise : (n) [OF.'franchise'.] (۱) کسی بار، ذمہ داری یا کسی کے حاکمانہ اختیارات سے قانونی طورپر معافی یا استثناء ؛ معافیت ؛ (زیادہ وسیع

معنوں میں)حکومت کی طرف سے کسی شخص یا جماعت کو ملی ہوئی مراعت ۔ (۲) عام حق یا مخصوص حق جو کسی شخص یا جماعت کو دیا گیا ہو ۔ (۳) سلطنت کی ہیئت ترکیبی میں پورے حقوق کے ساتھ شمولیت ۔ (٤) حق شہریت : شہریت ۔ (۵) عام انتخابات میں حق رائے دہی : حق انتخابات (خاص کر قانون ساز جماعت کے ممبران کے لئے) ۔ (٦) وہ اصول جس پر اس کے حاصل کرنے کی استعداد کا فیصلہ ہوتا ہے ۔ (۷) (جدید معنوں میں) انتخابی حق رائے دہی کےلئےمختلف لیاقتوں میں سےایک ۔ (۸) (سیاسیات) حق انتخاب : حق رائے (دہی) ۔ (۹) کسی کمپنی کے ذریعہ کسی شخص یا جماعت کو تفویض کیا ہوا اختیار جس کے تحت وہ کسی خاص علاقے میں اس کمپنی کی مصنوعات یا خدمات کی فروخت کا مجاز ہوتا ہے ۔

Fancy franchise : استعداد حق رائے دہی کا معیار جو خودمختارانہ طریقہ پر قائم کیاگیا ہو ۔

Franchise du quartier : (n) (تاریخ) حق امان ۔

Francisc : (n) [med. L.'fancisca'.] ایک قسم کی جنگلی کلہاڑی یا گرانسہ جسے فرانک کے حامیوں نے استعمال کیا تھا ۔

Franciscan : (n) [med.L.'franciscus'.] عیسائی درویش (راہب) جس کا تعلق اس برادری سے ہوتا ہے جو سنہ ۱۹۰۲ء میں St. Francis باشندۂ فرانسیسی نے قائم کی تھی ۔

Franciscan : (a) سلسلہ راہبان سنت فرانسس سے وابستہ یا اُس سلسلے کا؛ سنت فرانسس کے سلسلے والوں سے متعلق : بطور صفت بھی مستعمل ہے ۔

Francium : (n) [mod . L.] (کیمیا) فرانسیم (عنصر، دھات) دھات کا ایک ریڈیو ایکٹیو عنصر جو القلی دھات کے سلسلے کا ثقیل ترین عنصر ہوتا ہے اور کیمیائی طور پر سیسیم (Caesium) کے برابر ہوتا ہے ؛ اس کا ایٹمی نمبر ۸۷ ہے ۔

Francize : (v) [F. f. 'francais'.] فرانسیسی بنانا؛ فرانسیانا۔

Francization : (n) فرانسیانا؛ فرانسیسی بنانے کاعمل : اس طرح حاصل شدہ مرتبہ یا قانونی حیثیت ؛ حیثیت عرفی۔

Franco- : [med L. Comb. f. Franci.] کلمہ سابقہ (پیشوند) بہ معنی فرانسسوی : فرانسیسی ۔

Francolin : (n) [It.'Francolino'.] ایک قسم کی چڑیا جو تیتر سے مشابہ ہوتی ہے ؛ دُرّاج ۔

Francolin partridge : دیکھو Francolin

Francolite : (n) (معدنیات) اپٹائٹ کی ایک قسم جو ڈیوان شائر کے مقام وہیل فرانکو میں کاربونیٹ آف لائم کے تہ نشیں مادوں کی صفت والے تودوں میں پائی جاتی ہے ۔

Francophil (e) : (a) فرانس کا بہت زیادہ جانب دار؛ فرانس دوست : ہواہ خواہ فرانس : فرانس کا بے حد طرف دار ۔

Francophile (e) (n) وہ شخص جو فرانس کا بے حد طرف دار اور جانب دار ہو۔

Francophilea : (n&a) جس (شخص) کو فرانسیسیوں کی طرف سے ہر وقت اندیشہ لگا رہتا ہو؛ فرانس ترس : متنفر فرانس ؛ فرانس بیزار ۔

Francophone : (n) فرانسیسی زبان بولنے والا شخص۔

Francophone : (a) فرانسیسی زبان بولنے والا۔

Francophone : (n) فرانسیسی بولنا ۔

Francophonic : (a) فرانسیسی بولنے سے متعلق ۔

Frangent : (a) [L.'frangentem'.] شکستنی : توڑنے والا : توڑ ڈالنے والا ؛ چور کر دینے والا ؛ ہڈی توڑ ؛ استخواں شکست ۔

Frangibility : (n) خستگی : شکستگی : ٹوٹنے یا توڑے جانے کی صفت : (طبیعیات) تقصّف ؛ پھوٹک ۔

Frangible : (a) [L.'frangere'.] شکستنی : لائق شکست ؛ ٹوٹنے یا توڑے جانے کے لائق ۔

Frangipane : (n) [F. said to be from 'Frangipan, name of the inventor.] (۱) سرخ چنبیلی کا عطر ؛ عطر یاسمین ۔ (۲) سرخ چنبیلی کا درخت ؛ یاسمین سرخ ۔ (۳) پیسٹری (کلوچہ) جو بادام، شکر، بالائی سے بنتی ہے ۔ (٤) (کیمیا) عطرگل پاس ؛ (نباتیات) گل پاس ۔

Frangipani (n) : (n) سرخ چنبیلی کا عطر ؛ یاسمین سرخ کا عطر ۔

Frangis : (n) [Blend of Fr. 'fran (cais'.] انگریزی اور امریکی الاصل الفاظ؛ رومن ویدوں کےلئے ربط دینے امتیاز دینے سے پیدا شدہ فرانسیسی زبان کا ناقص بیان ؛ بطور صفت بھی مستعمل ھے ۔

Frangulic (acid) : (a) (کیمیا) بید کی قسم کے ایک درخت (آلڈر) کی چھال میں موجود ایک زرد رنگ کے قلم پذیر ، رنگنے والے مادے کا (ترشہ)۔

Frangulin : (n) [f.the na meof the tree (Rhmnus) Frangula+-in.] (کیمیا) بید کی قسم کے ایک پھل دار درخت (آلڈر) کی چھال میں موجود ایک زرد رنگ کا قلم پذیر رنگنے والا مادہ ۔

Frank : (n) [OE.'Franca.'] (۱) جرمنك قوم یا متحدہ جماعت کا ایک فرد جس نے چھٹی صدی میں فرانس فتح کیا تھا ۔ (۲) (لیول ٹائن کے محاورہ میں) مغربی قومیت رکھنے والا فرد ۔ (۳) فرنگی ؛ المانوی ۔

Frank : (n) [f. Frank (v)] (۱) اس شخص کا دستخط جو محصول ڈاك کے بغیر خطوط ارسال کرنے کا مجاز ہو ۔ (۲) خط یا لفافہ جس پر کسی ایسے شخص کا دستخط ہو ۔

Frank : (n) [from its note.] (بول چال) بگلا ۔

Frank : (a) یورپ کی مغربی قوموں کا ؛ خصوصیت میں اُن جیسا یا اُن میں رائج ۔

Frank : (a) [med. L. 'francus'.] (۱) تیز فہم ؛ ذہین ؛ صاف دل ؛ صاف زبان؛ صاف گو؛ راست باز ؛ بے لاگ ؛ سادہ؛ ایمان دار؛ صریح ؛ واضح ؛ معین ؛ کھرا۔ (۲) ظاہر ؛ کھلا ؛ اعلانیہ ؛ بے تکلف ۔ (۳) وسیع القلب ؛ آزاد خیال ؛ وسیع الخیال ؛ سخی ؛ کریم ؛ داتا ؛ فیّاض ؛ دلدار ؛ شاہ خرچ ؛ دل کھول کر دینے والا ؛ عالی ہمت ؛ منش ؛ شریف النفس ؛ کشادہ دل ؛ فیض بخش ۔ (٤) آزاد ؛ بےلگام ؛ بے مہار ؛ مطلق العنان ؛ بے قید وبند؛ تمام قیود اور ذمہ داریوں سے آزاد ؛ صاف ؛ بے جھجھك ؛ کھلا ہوا ؛ بے روك ۔ (۵) (کیمیا) غیرمرکب ؛ (نباتیات) جو دوسرے اعضا سے الگ یا بے لاگ ہو ؛ (توانائی قوت) غیر مشغول (تجارت) بلا بار؛ بلامحصول ۔

Frank : (v) [f. Frank (a) 2.] (۱) (تاریخ) خط وغیرہ پردستخط کرنا کہ وہ بغیر محصول ڈاك میں جاسکے (قدیم دستور تھا کہ خاص خاص لوگوں کے دستخط اگر خط پر ہوں تو اس کا محصول معاف ہو جاتا تھا) بلا محصول بھیجنا یا بھیجے جانے کے لائق بنانا ۔ (۲) کسی شخص کے آنے جانے میں آسانیاں پیدا کرنا ۔ (۳) کسی شخص کو اعلیٰ صحبتوں میں شرکت کی اجازت دینا (موقع دینا) ۔ (٤) کسی شخص کو بلا کرایہ لے جانا ؛ پہنچا دینا ۔ (۵) کسی شخص کو آئندہ ادائی یا محصول سے مستثنیٰ اور معاف کر دینا ؛ محصول سے بری کر دینا ۔

A franking duty/-imposition : وہ محصول جس کی معافی دے دی گئی ہو ۔

Frank-almoign/-almoin : (n) [AF.'fraunke almoigne'.] (قانون) جاگیر لاخراج جو مذہبی خدمات کےصلے میں ہو ۔

Frank chase : (n) (قانون) دوسرے کے جنگلوں میں شکار کا حق ۔

Frank-fee : (n) جائداد غیر مشروط یا قابل توریث ؛ جائداد کا حق ملکیت نیز وہ زمین جو ایسے حق ملکیت کے تحت ہو ۔

Frank monster : (n) وہ چیز جو اپنے بنانے والے کے ہی لئے تباہ کن یا خوفناك بن جائے ۔

Frank-pledge : (n) [AF. 'franc-pledge.] (۱) (تاریخ) (قدیم انگریزی قانون) وہ نظام یا ضابطہ جس کے تحت بعض استثناؤں کے ساتھ دس کنبہ داروں کی جماعت کا ہر مرد جو ۱۲ سال یا اُس سے زیادہ عمر کا ہو، اُن دس کنبوں کے دوسرے ارکان کی نیك چلنی یا اُن سے سرزد ہونے کسی نقصان کے لئے ذمہ دار ہوا کرتا تھا ۔ (۲) اس نظام کا کوئی رُکن ؛ نیز یہ نظام (ایك دوسرے کےپڑوس میں رہنے والے دس کنبہ دار جو ایك دوسرے کی نیك چلنی کے ضامن اور بدچلنی کےلئے جواب دہ ہوتےتھے ۔

Frank-tenement : دیکھو Free-hold

Frank- tenure : (n) دیکھو Free-hold

Frankenstein : (n) مسز شیلی کے رومانس فرنیکینشائن کا مرکزی کردار جس نے ایك بے حد بدنفس اورعفریت صفت لفظ کی تخلیق کی؛ اس لفظ کا استعمال عموماً غلط طور پر کسی عفریت صفت انسان کے نام کی طرح ہوتا ھے جو خود خالق کو خائف اور تباہ کرتا ھے ؛ مزید دیکھو Frank monster ۔

Frankfold : (n) (قانون) دیکھو Faldage

Frankfort : (n) جرمنی کے ایک شہر کا نام ۔

Frankfort black : (n) سیاہ روغن جو تانبے پر نقش و نگار کھودنے میں استعمال کیا جاتا ھے : تانبے کی چادروں پر منبت کاری میں استعمال کیا جانے والا اچھی قسم کا سیاہ روغن یا رنگ ۔

Frankfurter/Frank furt : (n) [G.'Frank Furter wurst'.] انتہائی چٹخارا دار اور بھر پور مسالہ دے کر دھونیں میں خشک (اور محفوظ) کیا ھوا : گائے اور سور کے گوشت کا سا سیخ (جو قیمہ کئےھوئے گوشت میں مسالہ ملا کر اور انتڑیوں میں بھر کر بنایا جاتا ھے ۔

Frankincense : (n) [OF. 'Franc encens.'] (۱) لوبان ؛ بخور ؛ کندر: (کبھی کبھی) لوبان کا دھواں ۔ (۲) سرد یاصنوبر کے درختوں سے حاصل شدہ بخوریا لوبان ؛ نیز وہ درخت ۔

Frankish : (a) (۱) فرنگیوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (۲) چھٹی صدی میں فرانس کو آزاد کرانے والی جرمنی قوم یا متحدہ اقوام کا یا اُن سے متعلق ۔ (۳) مغربی قوموں کا یا اُن سے متعلق ۔

Frankish : (n) فرنگیوں کی زبان ؛ چھٹی صدی میں فرانس کو آزاد کرانے والی المانوی (جرمنی) قوم یا متحدہ اقوام کی زبان ۔

Franklin : (n) [Anglo L. 'franc-colanus.] (تاریخ) چودھویں اور پندرھویں صدی کازمیندار جو غلام تو نہ تھا مگر عالی خاندان اور شریف النسل بھی نہ ھوتا تھا ؛ لاخراج جانداد کا مالك ؛ بے لگان جانداد رکھنے والا ۔

Franklinian : (a) [f. Franklin.] بنجامن فرینکلین کا یا اُن سے متعلق ؛ (سیاسیات) فرینکلین کا پیرو ۔

Franklinian : (n) فرینکلین کا پیرو یا حامی شخص ۔

Franklinic : (a) ایك صفت جس کا اطلاق رگڑ یا مزاحمت سے پیدا شدہ برقی توانائی پر ھوتا ھے ۔

Franklinism : (n) رگڑ سے پیدا شدہ برقی توانائی ۔

Franklinist : (n) فرینکلین کے نظریہء برقی توانائی کا موید یا حامی؛ وہ شخص جوبرقی توانائی کےنظریہ میں فرینکلین کی پیروی یا حمایت کرتا ھو ۔

Franklinite : (n) [f. Franklin.] (معدنیات) چمکیلے سیاہ بلوروں میں پایا جانےوالا جستے ؛ میگنیز اور لوھے کے آکسائڈوں کا ایك مرکب ۔

Frankly : (adv.) صفائی سے ؛ درستی سے ؛ صاف گوئی کے ساتھ ؛ بے لاگ طو پر؛ صریحاً ؛ واضح انداز میں ؛ بےباکانہ ؛ آزادانہ ؛ بلاجھجك طور پر ؛ صاف دلی سے ؛ ایمان دارانہ ؛ کھلے طور پر ؛ اعلانیہ انداز میں ۔

Frankness : (n) صاف بیانی ؛ سچائی ؛ صفائی قلب ؛ صاف دلی ؛ بے باکی؛ کھراپن ؛ راستی؛ راست بازی ؛ وسیع القلبی ؛ ایمان داری ؛ غیر جانب داری ؛ اخلاص مندی ؛ صاف باطنی ؛ بے لاگ پن ۔

Frantic : (a) [ME.'frentik, frantik'.] شوریدہ سر ؛ آپے سے باہر ؛ ہذیانی ؛ دیوانہ ؛ مضطرب ؛ قابو سے باہر ؛ پاگل ؛ بد حواس ؛ وحشی ؛ بے عقل ؛ ذہنی مریض ؛ سودائی ؛ مجنوں ؛ باؤلا ؛ بے وقوف ؛ خبطی ؛ مراقی ؛ مغلوب الغیظ ۔ (بعد کے استعمال میں) سخت جذبے کی حالت میں ؛ سخت اضطراری حالت میں ؛ دیوانگی یا ہیجانی کیفیت میں ؛ پاگل کی طرح غضب ناك یا طیش میں (شاذ) ۔

Frantically/Franticly : (adv.) مضطربانہ ؛ بحالت غیظ و غضب ؛ اضطراری حالت میں ؛ شوریدہ سری سے ؛ ہذیانی طور پر ؛ آپے سے باہر ھو کر ؛ پاگلوں کی طرح ؛ بدحواسی سے ؛ مجنونانہ ؛ بطور سودائی ؛ وحشیانہ انداز میں ۔

Franticness : (n) سودا ؛ جنون ؛ شوریدہ سری ؛ پاگل پن ؛ بدحواسی: ہذیان؛ دیوانگی؛ اضطراب؛ وحشت ؛ باؤلاپن ؛ خبط ؛ بے عقلی ۔

Frap : (v) [OF.'fraper'.] (۱) (بحری) خوب کس دینا ؛ خوب چست باندھنا ؛ نقارے وغیرہ کی رسیوں کو کھینچ کر کسنا ۔ (۲) مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ ضرب لگانا وار کرنا ۔

Frappe : (a) [Fr. pa. pple. of frapper.] ٹھنڈا کیا ھوا ؛ جمایا ھوا ؛ یخ بستہ ؛ منجمد؛ برف سےٹھنڈا کیا ھوا ۔

Frass : (n) [Ger. f. 'fressen'.] (۱) کیڑوں کے بچوں یا انڈوں کا فُضلہ ۔ (۲) وہ مادہ یا فضلہ یا کوڑا کرکٹ جو سوراخ کرنے والے کیڑے چھوڑ جاتے ہیں ؛ (حیوانیات)فُضلہء کِرم ۔

Frate : (v) [F.Fratting.] (دشمن ملك کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ مراسم قائم ھونا ۔

Frate : (n) (دشمن ملك کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ تعلقات قائم کرنے سے جو عورت ملی ھو ۔

Frate : (n) [It.] عیسائی درویش ؛ راہب ۔

Frater : (n) [OF. 'fraitur'.] (تاریخ) دیر یا مسیحی خانقاہ کاوہ کمرہ جہاں کھانا کھایا جاتا تھا؛ آرام گاہ ؛ طعام خانہ ۔

Frater : (n) [L.] برادر؛ بھائی ؛ ساتھی ؛ اخی ؛ رفیق ؛ ہم دم ؛ دوست ؛ دینی یا نظریاتی بھائی ۔

Frater consanguinous : (n) (سماجیات) برادر صُلبی ۔

Frater uterinus : (n) (سماجیات) برادر بطنی ۔

Fraternal : (a) [f. L. fraternus+ A L.] برادرانہ ؛ بہ سلسلہ اخوت ؛ بھائی بندی کا ؛ دوستانہ ؛ بھائیوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Fraternal insurance : (n) (تجارت) باہمی بیمہ ۔

Fraternal polyandry : (n) (سماجیات) چند برادر شوہری ۔

Fraternally : (adv.) برادرانہ طور پر ؛ اُخوت سے ۔

Fraternate : (شاذ) بھائی بنانا ؛ بھائی کی طرح دوستی یا ہمدردی کا رشتہ قائم کرنا ؛ بھائی کی حیثیت سے شامل کر لینا یا شریک کرلینا ؛ برادرانہ اشتراک میں شامل کرلینا ؛ متفق ہونا ؛ برادری میں شامل کرنا یا ہونا ؛ ملنا جلنا ؛ بھائی چارہ پیدا کرنا ؛ رشتہء اخوت قائم کرنا ؛ خلا ملا پیدا کرنا ؛ دوست بنانا ؛ دوستوں کی طرح برتاؤ کرنا ؛ دوستی کرنا ؛ (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ روابط قائم کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ؛ دوستی کرنا ۔

Fraternation/Fraternism : (n) میل جول ؛ دوستوں کی طرح ملاپ ؛ برادرانہ اشتراک یا اتحاد ۔

Fraternity : (n) [L.'fraternitatem '.] (۱) برادری ؛ برادرانہ تعلقات ؛ اخوت ؛ بھائی چارہ ؛ بھائیوں کا سا ملاپ؛ بھائی کا رشتہ ۔ (۲) مذہبی جماعت ؛ کوئی جماعت جس کے مقاصد مشترک ہوں ؛ ایک ہی طبقے کے لوگوں کا اجتماع ؛ کسی مشترک مفاد کےلئے بنائی گئی انجمن یا جماعت ۔ (۳) ہم پیشہ یا ہم طبقہ لوگوں کی جماعت یا برادری ؛ کمپنی ؛ ساجھا ؛ اشتراک ۔ (٤) (سماجیات) پنچایت ؛ برادری ؛ اُخوت ۔

Fraternization : (n) [F.] میل جول ؛ دوستوں کی طرح ملاپ ؛ برادری ؛ مواخات ؛ اخوت ؛ برادرانہ اشتراک یا اتحاد؛ بھائیوں کی طرح متحد ہونے کا عمل؛ برادری میں شامل کرنے کا عمل ؛ بھائی کی حیثیت سے شامل یا متحد کرلینے کا عمل ۔

Fraternize : (v) [med.L. fraternizare.] دیکھو Fraternate

Fraternizer : (n) دوستی پیدا کرنے والا ؛ رشتہء اخوت قائم کرنے والا ؛ برادری میں شامل ہونے یا کرنے والا ؛ برادرانہ میل جول رکھنے والا ؛ متفق ہونے والا ۔

Fraternizing : (n) (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ روابط قائم کرنے کا عمل ؛ دوستانہ روابط کا قیام ۔

Fratriage/Fratrage : (n) [med. L. 'fratria-gium.] (قانون) چھوٹے بھائی کی میراث ۔

Fratricide : (n) [L.'fratricida.] (۱) اپنے بھائی کا قتل کرنے والا یا والی ؛ برادرکش ؛ قاتل اخی ؛ قتّالہ اخی ۔ (۲) دینی یا ملّی بھائی کا قاتل ۔

Fratricide : (n) [L.'fratricidium'.] برادر کُشی ؛ قتل اخی ؛ اپنے بھائی کو قتل کرنے کا عمل ؛ (قانون میں) (خواہر کُشی بھی) ۔

Fratricidal : (a) قاتل اخی ؛ برادر کُش ؛ بھای کا قاتل ؛ بھائی یا بہن کے قتل کا یا اس سے متعلق ؛ بھائی یا بہن کے قاتل کا یا اس سے متعلق ؛ قتل برادران یا اخوان سے متعلق ؛ بھائیوں کے قتل سے متعلق ۔

Fratry/Fratery : (n) (تاریخ) طعام خانہ ، دیر یا مسیحی خانقاہ کا کمرہ جہاں کھانا کھایا جاتا تھا؛ آرام گاہ ۔

Fratry : (n) [med.L.'fratria, fratreia.] (۱) برادری ؛ برادرانہ تعلقات ؛ اخوت ؛ بھائی چارہ ؛ مذہبی یا ملّی برادری؛ برادرانہ میل جول ؛ برادرانہ دوستی یا اشتراک ۔ (۲) ایک مخصوص زاویے کے عیسائی درویشوں یا راہبوں کی خانقاہ ۔

Fratting : (n) [short for fraternizing.] (عامیانہ)(دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ تعلقات کا قیام ۔

Frau : (n) [G.] (۱) جرمنی میں بیوی یا بیوہ کو اس طرح خطاب کرتے ہیں ؛ بیوی یابیوہ کا لقب جیسے مسز، بیگم، اہلیہ ۔(۲) جرمن عورت ۔

Fraud : (n) [L.'fraudem'.] (۱) مکاری ؛ دغابازی ؛ جعل سازی ؛ چال بازی؛ دھوکا بازی؛ فریب دہی ۔ (۲) مکاری؛ مجرمانہ دھوکا ؛ دغا ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ مکر ۔ (۳) دھوکا دینے کےلئے غلط واقعات بیان کرنا یا کسی کے نام سے ناجائز فائدہ اُٹھانا؛ ناجائز فائدہ حاصل کرنےیا کسی کے حقوق یا مفادات کو مجروح کرنے کی غرض سے کسی بات یا چیز کو غلط صورت میں پیش کرنے کا عمل ۔ (٤) بے ایمانی سے کوئی چال چلنا ؛ چال بازی ؛ ہتھکنڈا ؛ بے ایمانی کی چال ۔ (٥) ایسی چیز یا شخص جس سے توقعات پوری نہ ہوتی ہوں یا جس کو سمجھا کچھ ہو اور وہ نکلا کچھ ہو (جس کی حقیقت کاعلم نہ ہو) ۔ (٦) پُر فریب تدبیر ؛ سازش؛ دھوکا دینے والی چال ؛ دغابازی (جدید روز مرہ استعمال میں) ؛ جعلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی یا جھوٹی چیز ؛ دھوکے کی ٹٹی ؛ دام تزویر ۔ (۷) (روز مرہ) (افراد کےلئے)رنگا سیارہ؛ بنا ہوا؛ دغاباز؛ ٹھگ ؛ مکار ؛ عیار ؛ فریبی ؛ جعل ساز ؛ بگلا بھگت ۔

In fraud of/To the fraud of : (قانون) (کسی کو) فریب دیتے ہوئے ؛ نقصان یا ضرر پہنچاتے ہوئے؛ روڑا اٹکاتے ہوئے ۔

Pious fraud : ایسا دھوکا یا فریب جس کا مقصد اس شخص کو فائدہ پہنچانا ہو جس سےفریب کیا جائےاورخصوصاً ایسا فریب جس کا مقصد مذہبی عقیدے کوتقویت پہنچانا ہو ؛ مصلحت آمیز فریب ۔

Statute of frauds : (قانون) وہ قانون جس کے مطابق اکثر حالتوں میں کسی معاہدے کو قانوناً جائز قرار دینے کےلئےتحریری دستاویزات طلب کی جاتی تھیں ۔

Fraud order : (n) (امریکا) امریکی پوسٹ ماسٹر جنرل کا جاری کردہ ایک حکم جس کے تحت کسی ایسے شخص کو ڈاک کی چیزیں استعمال کرنے سے ممانعت کی گئی ھے جس نے پہلے کبھی ان چیزوں کو دھوکا دینے کےلئے استعمال کیا ھے یا جس پر ایسا کرنے کا شبہ کیا جاتا ھے ۔

Fraudful : (a) پرُفریب ؛ پُر از دغا ؛ مکّار ؛ دغا باز ؛ جعل ساز ؛ ٹھگ ؛ دھوکے باز ؛ فریب کار ؛ زور پا ؛ چال باز ؛ عیار ؛ فریبی ؛ غدّار ؛ بے وفا ؛ ناقابل اعتبار ؛ مکروفریب سے بھرا ہوا ؛ دھوکے کا ۔

Fraudfully : (adv.) پُر فریب طور پر ؛ مکاری سے ؛ دغابازی سے ؛ مکرؔ و فریب کے ساتھ ؛ بے وفائی سے ؛ ناقابل اعتبار طور پر ۔

Fraudless : (a) بے دغا ؛ جس میں دھوکا نہ ہو ؛ بے ضرر ؛ صاف ؛ قابل اعتبار ؛ باوفا ؛ بے فریب ؛ وفادار ؛ سچّا ؛ کھرا ؛ ایمان دار ۔

Fraudlessly : (adv.) وفاداری سے ؛ قابل اعتبار طور پر ؛ سچائی سے ؛ ایماندارانہ ۔

Fraudlessness : (n) وفاداری ؛ اعتبار ؛ سچائی ؛ ایمانداری ؛ کھراپن ۔

Fraudulence : (n) (۱) فریب کاری ؛ حیلہ بازی ؛ فریب ؛ دغابازی؛ عیّاری ؛ مکّاری ؛ چال بازی ؛ جعل سازی؛ بےوفائی ؛ بے ایمانی ۔ (۲) دیکھو Fraudulent ۔

Fraudulent : (a) [L.'fraudulentus'.] (۱) دھوکے باز ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ مکّار ؛ جعل ساز ؛ عیّار ؛ بے ایمان ۔ (۲) دھوکے کی قسم سے ؛ از قسم فریب ؛ جس میں دھوکا یا فریب کی نوعیت ہو ؛ جس کو دھوکا یا فریب کہا جا سکے یا جس میں دھوکا یا فریب کی آمیزش ہو ؛ فریب آمیز ؛ فریب کارانہ ؛ (قانون) دغاباز ؛ فریب کارانہ ۔

Fraudulent claim : (n) (تجارت) باطل دعویٰ ؛ دعویٔ باطل ۔

Fraudulently : (adv.) دھوکا یا فریب سے ؛ از روئے فریب ؛ دغابازی سے ؛ عیّاری کے ساتھ ؛ فریب کارانہ ؛ بےایمانی سے ۔

Fraught : (n) [Origin doubtful.] (۱) (اسکاتستان) سامان کے نقل و حمل کے لئے جہاز کا کرایہ یا کرائے پر لیا ہوا جہاز؛ سامان کی نقل وحمل کی خدمت؛ اس کےلئے ادا کی ہوئی رقم ؛ کرایہ ؛ بھاڑا ؛ مزدوری ؛ اُجرت ۔ (۲) (جہاز میں) لدا ہوا سامان؛ (امریکا میں) زمینی یا بحری راستے سے لےجائی جانے والی کوئی بھی چیز ۔

Fraught : (v) (۱) (جہاز کو) نقل و حمل کے سامان سے بھرنا یا لادنا؛ سامان یا مسافروں کو لےجانے کےلئے جہاز کو کرائے پرلگانا یا لینا ۔ (۲) کرائے پرلگنا ۔

Fraught : (a) (۱) (شاعری) بھرا ہوا ؛ لدا ہوا ؛ پُر ؛ آراستہ ؛ مملو ۔ (۲) بھرا ہوا ؛ لدا ہوا (جہاز) ۔

Full fraught : پورا لدا ہوا یا بھرا ہوا (جہاز) ۔

Fraught-with : (رنج، خطرہ معنی وغیرہ سے) پُر ؛ بھرا ہوا ؛ مملو ؛ جس سے (رنج ، خطرہ وغیرہ کے) پیدا ہونے کا اندیشہ یا خوف ہو ۔

Fraughtage : (n) (متروک) جہاز میں لدا ھوا سامان ؛ بار جہاز ؛ جہاز کے ذریعہ لے جائے گئے سامان کی مقدار ۔

Fraulein : (n) (جرمن) قوم کی غیر شادی شدہ زیادہ عمر کی لڑکی ؛ مس ؛ بچوں کی استانی ؛ بانوئے آموزگار ؛ دوشیزہ ۔

Fraunhofer : (n) جرمنی کے علاقے بویریا (Bavaria) کے ایک ماہر طبیعیات ؛ جوسف وافران ھوفر (۱۷۸۷ء - ۱۸۲٦ء) کا نام ۔

Fraunhofer lines/-spectrum : سورج یا ستاروں کےعکس ہائے شعاعی (جو آنکھیں بند کر لینے کے بعد بھی اپنی انحراف پذیری کے لحاظ سےترتیب وار نظر آتے ہیں) ۔

Fraxin : (n) [L.'frax(inus).] (کیمیا) نقری بھوری چھال والے درخت 'Ash' کی چھال میں پایا جانے والا ایک مادہ ($C_{16}H_{18}O_{10}$) جو Horse chest-nut کی چھال میں بھی ایک دو سرے کیمیائی مادے Aesculin کے ساتھ پایا جاتا ھے ۔

Fraxinelda : (a) ایک پھول دار پودا جس کے پتے 'Ash' کے پتوں کے مشابہ ھوتے ہیں ؛ فرسنیل ؛ دوا میں کام آنےوالی بوٹی کی ایک اُپجائی ھوئی قسم ۔

Fraxinus : (n) (نباتیات) جنس دیو دار ۔

Fraxinus excelsior : (n) (نباتیات) دیو دار ۔

Fray : (n) براس ؛ سراسیمگی ؛ خوف ؛ ڈر ؛ دہشت ؛ ھول ؛ گھبراہٹ ؛ ہیبت ؛ شور و شغب ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ لڑائی ؛ غل غپاڑا ؛ ستیزہ ؛ تنازعہ ؛ دنگا ؛ شورش ؛ غوغا ؛ نزاع ؛ جدال ؛ چیخ پکار ۔

Eager for the fray : لڑنے جھگڑنے پر آمادہ ؛ مستعد پیکار ھے ؛ نیز مجازاً ۔

Fray : (n) سراسیمگی کا مقام ؛ وہ جگہ جہاں خوف و دہشت کا احساس ھو ؛ پُرھول مقام ؛ مقامِ شورو شغب؛ شورش کی جگہ ۔

Fray : (v) (۱) ڈرانا ؛ خوف دلانا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ سراسیما کردینا؛ دہشت دلانا ۔ (۲) خوف دلا کر بھگا دینا یا نکال دینا؛ (شکار کا) ہانکا کرنا؛ گھیر کرنا؛ ہانکنا ؛ چلانا (متروک) ۔ (۳) جھگڑا کرنا ؛ لڑائی کرنا ؛ مارپیٹ کرنا (متروک) ۔

Fray : (v) [L.'fricare'.] (۱) (ہرن کا اپنے) سینگوں پر سے ہلکی نرم کھال (درختوں سےرگڑ کر) اتاردینا ۔ (۲) رگڑ کر پتلا کر دینا ؛ گھس ڈالنا ؛ کسی چیزکے کنارے یا سرے کو گھس ڈالنا ۔ (۳) گھس کر کپڑے کو تارتار کر دینا ؛ کپڑے کے کناروں کا(گھس کر) تارتار ھو جانا؛ کھر درا ھو جانا ۔ (٤) صاف کر دینا؛ راستہ بنا دینا؛ رگڑ کر چھیل ڈالنا یا چھل جانا ۔

Fraying : (n) رگڑ کر پتلا کرنے یا گھس ڈالنے کا عمل ؛ ہرن کا اپنے سینگوں کو درخت سے رگڑ کر اُن پر سے ہلکی نرم کھال کو اُتار دینے کا عمل ؛ رگڑ؛ چھیلن ؛ خراش ؛ گھساؤ ۔

Frazil/-ice : (n) [Can.f. Frasil,zil.] (کناڈا اور امریکا) دریا کی تہ میں جو برف جمی ھوتی ھے؛ متلاطم یا پُرشور پانی میں جمی ھوئی برف کی قلمیں یا دانے ؛ (ارضیات) پترا برف ؛ فرازل ۔

Frazzle : (n) تھکن اور کم زوری کی حالت ؛ فرسودگی ؛ تھکاوٹ ؛ ماندگی ؛ افسردگی ؛ تھکن ؛ گھساوٹ ؛ پراناپن ۔

Frazzle : (v) رگڑ کر گھس ڈالنا؛ گھس کرپتلا کر دینا؛ رگڑ کر یا چھیل کر پتلا اور کم زور کر دینا ؛ پرانا کردینا؛ کثرتِ استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ۔

Freak : (n) [Origin unkn.] (۱) وہم ؛ خیال ؛ پریشاں خیالی ؛ تلون مزاجی؛ وسواس ۔ (۲) اپج ؛ موج ؛ ترنگ ؛ خیال ؛ لہر ۔ (۳) کوئی غیرمعمولی اور عجیب چیزجو توہم ، پریشانی یا بےمعنی خیالات کی بلند پروازی کا نمونہ ھو ۔ (٤) عجیب اور خوفناک صورت؛ غیرمعمولی؛ غیرفطری چیز؛ عجوبہ ۔ (۵) ذہن کی اچانک اور بے وجہ تبدیلی یا پلٹ جانا ۔ (٦) (طب) عجوبہ ۔

Out of mere freak : محض توہم یا تلون مزاجی کی وجہ سے ۔

Freak : (n) گہرے جذباتی تجربے سے گذرنے والا ؛ گہرے جذباتی ہیجان سے گذرنے والا؛ مشتعل ؛ متہیج یا وحشت زدہ ھونے والا جو خاص کر کسی دوا کےزیر اثر ھو ؛ (کسی کو) مشتعل کرنے والا ؛ بھڑکانے والا ؛ سماج کے رسوم و قیود کی پابندی نہ کرنے والا؛ سماجی غیرمقلد ؛ دوا کا عادی ؛ کثرت سے دوا کھانے کا عادی شخص ۔

Freak : (n) رنگ کی دھاری یا لکیر ؛ رنگ کا داغ یا دھبّا ؛ رنگین دھبّا یا لکیر ۔

Freak : (v) (۱) داغ دھبے ڈالنا ؛ دھاریاں بنانا ؛ رنگ برنگا کرنا ؛ پچ رنگی بنانا ؛ بوقلموں کرنا ۔ (۲) دل لگی کرنا ؛ رنگ رلیاں منانا ؛ خوش طبعی کرنا؛ مسخراپن کرنا ؛ تلون مزاجی دکھانا ؛ عجوبگی دکھانا ۔

Freak : (v) (اکثر out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) گہرے جذباتی تجربے سے گذرنا؛ مشتعل یا متہیج ہوجانا؛ وحشی بن جانا؛ خاص کر کسی دوا کے اثر سے ؛ (کسی شخص کو) مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ اُکسانا ؛ متحرک یا متہیج کرنا ۔

Freak of nature : (n) (کوئی چیز یا شخص) جس کا وجود یا نشو و نما فطرت کے معمول کے خلاف ہو ؛ عجوبگیٔ فطرت ۔

Freaked : (a) جس (شے یا جانور) پر عجیب دھبے یا دھاریاں ہوں ؛ بوقلموں ؛ پچ رنگا ۔

Freakish : (a) (۱) خیالی ؛ وہمی ؛غیرمعمولی ؛ خلاف فطرت؛ عجیب و غریب ؛ متلون ۔ (۲) متلون مزاج ؛ عجیب و غریب فطرت کا ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ حیرت انگیز ۔

Freakishly : (adv.) وہم کے ساتھ؛ تلون مزاجی کے ساتھ؛ عجیب و غریب طور پر ؛ انوکھے پن کے ساتھ ۔

Freakishness : (n) متلون المزاجی ؛ غیر معمولی پن ؛ عجوبگی ؛ عجیب و غریب فطرت ؛ انوکھاپن ۔

Freck : (v) [Origin unkn.] دھبے ڈالنا ؛ داغ دار کرنا ؛ دھاریاں ڈالنا ؛ دھاری دار بنانا ؛ لہریا بنانا ؛ ہلکورے ڈالنا ؛ گڑھا پیدا کرنا ۔

Freck/ Frack : (a) [OE. frec, fric, fracc.] (۱) (اسکاٹستان) مشتاق؛ خواہش مند؛ مستعد؛ آمادہ؛ آرزومند؛ خواہاں ؛ خواست گار؛ شائق ؛ طالب ؛ متمنی ؛ بے قرار ۔ (۲) موٹا تازہ ؛ ہٹا کٹا؛ چاق و چوبند؛ تندرست و توانا ؛ مضبوط ؛ قوی ؛ زوردار ؛ طاقت ور ۔

Frecken : (n) [ON. 'freknur'.] (۱) جلد پر زردی مائل یا ہلکا بھورا دھبًا ۔ (۲) چھوٹا دھبًا ؛ جھائیں یا بے رنگی ۔

Freckle : (n) [altered frecken.] (۱) جسم یاکھال پر زردی مائل یاہلکےبھورے رنگ کا دھبا ۔ (۲) (جمع) جھائیاں؛ کلجھا ان ؛ مگس ؛ انہوریاں ۔ (۳) کوئی بھی چھوٹا دھبًا یا بے رنگی ۔ (٤) (طب) کلف؛ کُندمہ؛ جھائیں ۔

Freckle : (v) (۱) دھبے ڈالنا ؛ جھائیاں پڑجانا ؛ دھبوں سے بھر دینا ؛ چتکبرا بنا دینا ؛ داغ دار نظر آنا ۔ (۲) داغ دار ہو جانا ؛ دھبّے دار بنانا ؛ جھائیاں پڑجانا ۔

Freckled : (a) (۱) دھبوں سے بھرا ہوا ؛ جھائیوں سے بھرا ہوا ؛ جھائیں دار ۔ (۲) داغ دار ؛ دھبّے دار ؛ داغ داغ ۔

Freckling : (n) جھائیں کا نشان ؛ داغ دار نشان ۔

Free : (a) [OE.'freo, frio, frig'.] (۱) آزاد ؛ ذاتی حقوق اور سیاسی وسماجی آزادی رکھنےوالا۔ (۲) (ملکوں، شہروں‌اوراداروں کےمتعلق) جو نہ غیرملکیوں کے محکوم ہوں؛ خود مختار حکومت کے پابند ہوں بلکہ کامل قومی اور شہری آزادی رکھتے ہوں ۔ (۳) بےقید؛ پابندیوں اور فرائض سے سبك دوش ؛ بغیر کسی رکاوٹ کے۔ (٤) (انشاء پردازی) عام اصول تحریر وانشاء کی سختی سے پابندی نہ کرنے والا ؛ (غیر پابند) (ترجمہ وغیرہ آزاد ۔ (٥) جائز؛ مناسب؛ روا؛ مباح؛ حلال ۔ (٦) رکاوٹوں سے بچا ہوا ؛ صاف ؛ بے روك ۔ (۷) غیر معینہ ؛ غیر متعلقہ ۔ (۸) (کیمیا) غیر مرکب ؛ مفرد ۔ (۹) (قوت و استعداد) جو مصروف یا مشغول نہ ہو اور قابل استعمال ہو۔ (۱۰) ازخود؛ بلاجبر واکراہ؛ لا استحقاق؛ مفت ؛ بہ رضا و رغبت؛ خود رائی سے کام کرنا ۔ (۱۱) بکثرت ؛ بے تکان ؛ بہ مقدار کثیر (خرچ کرنا) ؛ بہ افراط ؛ کثیر ؛ لبریز ؛ بھرا ہوا۔ (۱۲) بےباك؛ بےتکلف؛ گستاخ؛ بےادب ۔ (۱۳) (قصے، افسانے، تذکرے) جو سنجیدہ نہ ہو؛ تہذیب سے گرا ہوا ۔ (۱٤) بے قید کام کرنے کا حق رکھنے والا ۔ (۱٥) خود جو کسی کا دست نگر نہ ہو ۔ (۱٦) صاف گو ؛ بے لاگ ؛ بات کہنےوالا ؛ بے تکلف ؛ بےتصنع ؛ سادہ ؛ کھرا ؛ صاف دل ۔ (۱۷) مستثنیٰ ؛ محفوظ ؛ بچا ہوا ۔ (۱۸) جس پر کوئی ٹیکس، محصول ، چنگی یا فیس یا کسی قسم کی تجارتی پابندی عائد نہ ہو ؛ (تجارت) تجّاروں کے لئے کھلا ہوا ؛ تجارتی پابندیوں یا رکاوٹوں سے مستثنیٰ ۔ (۱۹) بےجرم؛ بے گناہ ؛ معصوم ؛ رہائی یافتہ ؛ رہا کیا ہوا ۔ (۲۰) بے روك ؛ بے لگام مطلق العنان ؛ غیر مسدود۔ (۲۱) (جہازرانی) (ہَوا) موافق) ۔(۲۲) جو کسا ہوا یا بندھا ہوا نہ ہو ؛ ڈھیلا ؛ کھلا ہوا ؛ نابستہ ۔ (۲۳) غیر متعلق ؛ غیر مربوط ؛ آزاد ؛ بے ربط ؛ جو کسی دوسری شے سے ملا ہوا یا بندھا ہوا نہ ہو ؛ جو اپنے قریب یا اوپر والی چیز کے دباؤ سے آزاد ہو ۔ (۲٤) (نباتیات) بےلاگ ؛ جو دوسرے اعضاء سے ملا ہوا نہ ہو ؛ جدا ۔ (۲٥) (قوت یا توانائی)

غیر مشغول ؛ غیر مصروف ؛ آزاد ـ (۲٦) (کوئی چیز یا سامان) جسے به آسانی کمایا یا گھڑا جاسکے؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ نرم ؛ نرم ساخت والا ـ (۲۷) آماده ؛ مستعد؛ اپنی خواہش یا رضا سے کام کرنے والا؛ بلاجبر واکراہ کرنےوالا؛ اپنے آپ خود بخود؛ از خود؛ بلا تحریك غیر ـ (۲۸) (پیش کش، منظوری وغیره) به رضا و رغبت ، خود بخود؛ (گھوڑا) رضامند؛ آماده ـ (۲۹) آمادۂ داد و دہش ؛ فیاض ؛ سخی ؛ کریم ؛ فیض رساں ؛ اہل خیر (نیز) دی هوئی چیز ؛ تحفه ؛ ہدیه ؛ عطیه ؛ بخشش ـ (۳۰) وہ مزدور یا مزدوروں کا سرغنه جو یونین میں شامل نه هو ـ (۳۱) (زمین) جس پر کوئی لگان یا جس کے صلے میں کسی خدمت کی ذمه داری نه هو؛ بےلگان؛ لاخراج ـ (۳۲) بےادائی؛ مفت کا ؛ بلاقیمت؛ بےاستحقاق ـ (۳۳) محصول وغیره سے آزاد ؛ مبرا؛ بری ؛ بلامحصول ـ (۳٤) (تعلیمات) معاف (فیس)ـ

A free fight : لڑائی یا دنگا جس میں سب کے سب یا متعدد افراد شامل هوں ؛ لڑائی جس میں جس کا جی چاهے شریك هو جائے ـ

Carriage-free : محصول آمدورفت معاف؛ بلامحصول یا خرچه آمدو رفت ـ

Did it of my own free will : میں نے یه کام اپنی رضا و رغبت سے کیا (بغیر جبر و اکراه)ـ

Gallery is open free : نمائش گاه کا داخله مفت هے ـ

I am free to confess : میں اعتراف کرنے کے لئے تیار هوں ـ

It is free for or to him, to do so : اُس کےلئے ایسا کرنا جائز و روا هے؛ اس کو ایسا کرنے کا اختیارهے ـ

Made free of the city : (جس کو) حقوق شہریت دینے گئے ـ

Scot free : بے محصول ؛ بے لگان ؛ ٹیکس فری ؛جس کےلئے کوئی محصول یا فیس ادا نه کرنی پڑے ـ

To get free : ڈھیلا هوجانا ؛ کھل جانا ؛ سلجھ جانا ؛ نجات پانا ؛ رہا هو جانا ؛ آزاد هو جانا ؛ (کیمیا) گیس وغیره کا حالت ترکیبی سے) تحلیل هو جانا ـ

To have or give a free hand : اپنے ارادے (یا رائے) کےمطابق اور اپنی قوت امتیازی سے کام کرنے کا حق رکھنا یا دینا ـ

(To have or give) free hand : مکمل آزادیٔ عمل (هونا یا دینا)ـ

To make or be free : کسی کو گستاخ یا بے تکلف بنا دینا یا خود بن جانا ـ

To make (or be) free with : بےتکلف هونا یا کرنا ؛ غیر رسمی سلوك کرنا ؛ (جہاز رانی) دلیری سے یا نمایاں طور پر قریب آجانا ـ

Free : (adv.) آزادانه ؛ آزادی سے ؛ بےروك ٹوك ؛ بلا رکاوٹ؛ بےتکان؛ بےقمیت یا مفت طور پر؛ بلا آدائیگی؛ (جہاز رانی) ڈھیلے ڈھالے انداز میں ـ

Free : (v) آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھڑانا ؛ بچانا ؛ نجات دینا؛ نجات پانا؛ بچنا؛ سلجھانا؛ کھولنا؛ چھوڑ دینا ؛ دست بر دار هونا ؛ حوالے کرنا؛ سپرد کرنا ؛ سونپنا ؛ مستثنیٰ کرنا ؛ صاف کرنا؛ خلاصی دلانا؛ خلاص کرنا ؛ بےلاگ کر دینا؛ بے ربط کرنا ؛ (کسی چیز کو) کسی رکاوٹ ؛ بار یا مزاحمت سے چھڑانا یا آزاد کرنا ؛ (آراضی کو) رہن کے بار سے آزاد کرنا ؛ جائداد مستغرق کو چھڑانا؛ (جسته کی کان کنی) بارماسٹر (کان کنوں کا مقامی جج) کو مناسب رقم ادا کر کے (کوئی نئی کان یا ارضی شگاف) کو (اپنے نام) رجسٹر کرانا ـ

Free accent : (n) (لسانیات) آزاد لہجه ـ

Free alternation : (n) (لسانیات) آزاد تبادل ـ

Free air : (n) (دباؤ یا بہاؤ سے) آزاد هَوا ؛ کرهٔ هَوا ؛ زمین کی سطح سے ۱۰۰ فٹ بلند سبھی هَوا زمینی رکاوٹوں سے آزاد هوتی هے ـ

Free and easy : (a) غیر مجبور ؛ غیر پابند ؛ اپنے فعل میں آزاد؛ بےتکلف؛ بےمزاحمت؛ جو آداب صحبت کا زیاده لحاظ نه رکھے؛ فطری ؛ طبیعی ؛ لا اُبالی ؛ بےپروا؛ بےقاعده ؛ بےترتیب ؛ پھوہڑ ؛ بھونڈا؛ بےتُکا ؛ بےاصول ـ

Free and easy : (n) گانے بجانے کا ضیافتی اجتماع مثلاً جس میں سگریٹ نوشی، شراب نوشی وغیره بھی کی جاسکتی هے ـ

Free astray : (n) (تجارت) غیر محصولی بھٹکا مال ـ

Free articles : (n) (تاریخ) بلا محصول اشیاء ؛ غیر ممنوعه اشیاء ـ

Free aviation : (n) (تاریخ) آزاد ہوائی جہاز رانی ۔

Free balloon : (n) آزاد غبارہ ۔

Free bench/-bank : (n) (قانون) از روئے جمع بندی یا اجارے کے تحت مقبوضہ زمینوں کی ریاست جس کی کنواری یا شادی شدہ بیوی اُس تعلقہ کے رواج کے مطابق اپنے شوہر کی وفات کےبعد اپنے مہر کے عوض اُس کی مالک ہوتی ہے ۔

Free-board : (n) [AF.'franc bord'.] (۱) (قانون) کسی جنگل یا پارک کے احاطے سے باہر کسی مخصوص خطۂ اراضی پر دعویٰ کرنے کا حق ؛ نیز اس طرح دعویٰ کی گئی زمین ؛ زیر دعویٰ زمین ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پہلو کا وہ حصہ جو پانی کی سطح (خط آب) اور عرشہ کی سطح کے درمیان ہوتا ہے ۔

Free-boot : (v) [f. free booter.] قزاقی کرنا ؛ غارت گری مچانا ؛ تاخت وتاراج کرنا ؛ لوٹ مار کرنا ۔

Free-booter : (n) [Du.'vrijbuiter'.] بحری ڈاکو ؛ بحری قزاق ؛ جو شخص سمندروں میں لوٹ مار کرتا ہو ؛ لٹیرا ؛ غارت گر ۔

Free-bootery : (n) قزاقی ؛ غارت گری ؛ سمندری لوٹ مار ۔

Free-booting : (n) لوٹ مار ؛ غارت گری ؛ قزاقی ؛ تاخت و تاراج ۔

Free-born : (a) (۱) وہ لوگ جن کو وراثتاً شہری حقوق اور آزادی حاصل ہو؛ پیدائشی آزاد؛ جس نے غلامی میں آنکھ نہ کھولی ہو ۔ (۲) پیدائشی آزاد شخص کا یا اُس کے شایان ۔

Free capital : (n) (تجارت) نقد سرمایہ ۔

Free chase : (n) دیکھو Frank chase

Free church : (n) وہ کلیسا جس کا کوئی تعلق حکومت سے نہ ہو ؛ آزاد ؛ خود مختار کلیسا ۔

Free church of Scotland : (n) اسکاٹ لینڈ کا آزاد کلیسا ؛ ان مذہبی لوگوں کی جماعت جو سنہ ۱۸۴۳ء میں مرکزی کلیسا سے الگ ہوگئےتھے ۔

Free churches : (n) غیر مقلد؛ جن کا تعلق آزاد کلیسا سےہو ۔

Free churchman : (n) آزاد و خود مختار کلیسا سے متعلق شخص ۔

Free combination : (n) (لسانیات) آزاد ترکیب ۔

Free companion : (n) عہد وسطیٰ میں کرائے کے سپاہیوں کی جماعت کا کوئی فرد جو کسی شہزادے یا ملک کی خدمت میں کرائے کے عوض دستیاب ہوتاتھا؛ کرائے کا سپاہی؛ بھاڑے کا سپاہی جو کسی خاص قوم کافرد نہیں ہوتاتھا بلکہ وقتی طور پر اس شہزادے سے منسلک ہوا کرتاتھا جس نے اسے اُس کا عوض ادا کیا ہوتاتھا ۔

Free company/-grace : (n) بے استحقاق فضل خداوندی ۔

Free competition : (n) (تجارت) آزادی مسابقت ۔

Free consent : (n) (تجارت) آزاد رضامندی ؛ آزاد مرضی ۔

Free distribution : (n) (لسانیات) آزاد تقسیم ۔

Free drainage : (n) آزاد بہاؤ ۔

Free economy : (n) (تجارت) آزاد معیشت ۔

Free electron : (n) (برقیات) آزاد برقیہ ۔

Free end : (n) (طبیعیات) آزاد سرا ۔

Free enterprise : (n) نجی یاانفرادی کارو بار جس پر حکومت یا ریاست کا کنٹرول نہ ہو ۔

Free enterprise system : (n) آزاد معیشت کا نظام ۔

Free entry : (n) (تجارت) آزاد داخلہ ۔

Free exchange rate : (n) (تجارت) آزادشرح مبادلہ ۔

Free expression : (n) (لسانیات) آزاد اظہار ۔

Free fall : (n) کسی جسم یا شے کی وہ حرکت جو زمین کی کشش کے سوا کسی اورقوت کے زیر اثر نہ ہو؛ آزاد حرکت ۔

Free fight : (n) لڑائی دنگا جس میں جس کا جی چاہے شریک ہو جائے ۔

Free fishery : (n) دیکھو Fishery

Free flow of water : (n) پانی کا صاف بےروک بہاؤ ۔

Free fluctuation : (n) (لسانیات) آزاد تغیر ۔

Free-for-all : (a) (ابتداً امریکا) سبھوں کےلئے کھلا ھوا ؛ جہاں اذن عام ھو -

Free-for-all (n) یك یکی یادست بہ دست لڑائی ؛ کشتی ؛ مکابازی وغیرہ جس میں کوئی بھی حصہ لے سکتا ھو ؛ ایسی لڑائی ، محاربہ یا مقابلہ جس میں شرکت کا اذن عام ھو -

Free from difficulties : (a) مشکلات سے بچا ھوا -

Free from disease : (a) مرض سے محفوظ ؛ جس نے مرض سے نجات پائی ھے -

Free from ordinary rules : معمولی قواعد سے مستثنیٰ -

Free gift : (n) عطیہ جو کسی چیز کے معاوضہ میں نہ دیا گیا ھو -

Free gift of nature : (n) (تجارت) عطیہء فطرت -

Free goods : (n) (تجارت) فطری اشیاء -

Free grace : (n) خدا کی مہر بانی بلا استحقاق -

Free hand : (n) (۱) نقشہ کشی، بغیر اوزار و آلات کی مدد کے (صرف نظر کی مدد سے) -(۲) بے اسباب ؛ بے ترتیب -

Free hand curve : (n) (شماریات) آزاد منحنی -

Free -hand drawing : (n) آزاد دست نقشہ کشی -

Free-handed : (a) دست باز ؛ سخاوت مند ؛ سخی ؛ فیاض ؛ عالی ہمت ؛ عالی منش ؛ شریف النفس ؛ کریم ؛ کشادہ دل ؛ بےتعصب ؛ پُرفیض -

Free Harbour : (n) (تجارت) بلا خرچہ تا بندرگا -

Free-hearted : (a) کشادہ دل ؛ سخی ؛ فیاض ؛ عالی ہمت ؛ عالی منش ؛ صاف دل ؛ کھرا ؛ صاف زبان ؛ صاف گو ؛ راست باز ؛ کریم ؛ بے لاگ ؛ سادہ ؛ ایماندار ؛ بلندنظر ؛ ظاہر ؛ کُھلا ؛ اعلانیہ ؛ بےتکلف ؛ کھُل کر ملنے والا ؛ بےتکلفی کا ؛ محرك ؛ مَن موجی (شخص) ؛ بے چین (طبیعت) اضطراری (فعل) ؛ آزاد ؛ آزاد خیال -

Free-heartedly : (adv.) کشادہ دلی سے ؛ فیاضانہ ؛ عالی ہمتی کے ساتھ؛ صاف دلی کے طورپر ؛ صاف گوئی سے ؛ فراست بازی کے ساتھ؛ بے لاگ طور پر ؛ ایماندارانہ طور پر ؛ ظاہر طور پر ؛ بے تکلفی کے ساتھ -

Free-heartedness : کشادہ دلی ؛ فیاضی ؛ عالی ہمتی ؛ صاف گوئی ؛ ایمانداری ؛ بے تکلفی ظاہری -

Free imports : (n) (تجارت) آزاد در آمد -

Free kick : (n) (فٹ بال) فری کك ؛ آزاد کك ؛ گیند کی وہ کك جو کك لگانے والا اپنی خواہش کے مطابق جس طرح وہ چاہتا ھے اس وقت وہ لگاتا ھے جب مخالف کھلاڑیوں کو (کسی وجہ سے) ایك ھو -

Free labour : (n) (۱) آزاد مزدوروں کی (نہ کہ غلاموں کی) محنت ؛ مزدوری -(۲) ان مزدورں کی محنت جن کا تعلق انجمن اتحاد مزدوران سے نہ ھو -

Free limit : (n) (تجارت) آزاد مد -

Free list : (n) ایسےلوگوں (یا چیزوں) کی فہرست جن کےلئے مفت (بلامحصول) داخلہ کی اجازت ھو ؛ معافی داروں کی یا مالی معافی کی فہرست ؛ (تجارت) فہرست محصول -

Free-liver : (n) تن آسان ؛ تعیّش پسند ؛ کھانے پینے کا شوقین ؛ اپنے نفس کے مطابق اپنے شوق کو پورا کرنےوالا -

Free-living : (n) تعیّش پسندانہ زندگی ؛ آزادنہ طور پر زندگی گذارنا ؛ تن آسانی -

Free love : (n) یہ عقیدہ کہ شادی یا دوسری قانونی بندشوں کے بغیر انسان جنسی تعلقات میں آزاد انتخاب کا حق رکھتا ھے -

Free marriage : (n) وہ حق ملکیت جس کی بدولت کوئی شخص اور اس کی بیوی ، بیوی کے باپ یا قرابت دار و رشتہ دار کے ذریعہ بطوربخشش دی ھوئی زمین کےمالك ھوتےہیں جو آنےوالی چارپُشتوں تك ان کے ورثاء کےلئے قابل توریث ھوتی ھے کے صلے میں مالك کے ساتھ۔وفاداری کے سوا اور کوئی خدمت نہیں انجام دینی -

Free masonry : (n) [ME.] (۱) فریمیسن کا طریقہ کار اور ادارہ ؛ (مجازاً) دو ہم جنس اور یکساں طبیعت والے اشخاص کے درمیان خفیہ قرارداد یا سمجھوتہ ؛ خلقی ہمدردی ؛ جبلی و خفیہ یا خاموش بھائی چارگی -

Free milling : (a) (کان کنی) آسانی سے تحلیل پذیر یا تحویل پذیر (خام دھات)۔

Free navigation : (n) (تاریخ) آزاد جہاز رانی۔

Free of his money : خرچ کرنے میں فیاض ؛ کھلا ہوا ہاتھ ؛ بےلگام خرچ کرنے والا ؛ فضول خرچ ؛ مُصرف۔

Free of the house : جس کو کسی مکان میں داخل ہونے اور مکان کو استعمال کرنے کا حق حاصل ہو۔

Free oscillation : (n) (ریڈیو) آزاد اہتزاز۔

Free overside : (n) (تجارت) بلا خرچ تا گھاٹ۔

Free pass : (n) فری پاس؛ مفت اجازت نامہ؛ ایسی اجازت یا داخلہ جو بلا قیمت ہو ؛ ایسی سند جو مفت دی جائے ؛ (تاریخ) مفت پاس (ایسٹ انڈیا کمپنی)۔

Free path : (n) آزاد راہ۔

Free place : (n) ایک قسم کا وظیفہ جس کے تحت برطانوی سیکنڈری اسکول میں مفت تعلیم دی جاتی ہے۔

Free placer : (n) مفت تعلیم کا وظیفہ پانے والا برطانوی سیکنڈری اسکول کا طالب علم۔

Free play : (n) ؛ آزاد نقل و حرکت، اعمال و افعال یا تعامل ؛ (تجارت) آزاد کام۔

Free port : (n) ایسی بندرگاہ جو تمام تجّار کے لئے یکساں کھلی ہوئی ہو ؛ (جس میں سب داخل ہو سکیں ، سب کا مال تجارت آسکے) ؛ (تجارت) بے محصول بندرگاہ ؛ (تاریخ) بےمحصول پورٹ ؛ آزاد بندرگاہ ؛ آزاد پورٹ۔

Free price system : (n) (تجارت) قیمت کا آزادانہ نظام۔

Free-quarter : (n) (تاریخ) فوجوں کےرہن سہن کا مفت انتظام کرنے کی ذمہ داری ؛ نیز بے کرایہ مکانات میں رہنے یا رکھے جانے کا حق ؛ بلا معاوضہ مہمان داری ؛ (جمع میں) بے کرایہ کے مکانات۔

Free range : (n) (۱) (امریکا) مفت چراگاہ ؛ عام چراگاہ۔ (۲) (خاص کر توصیفی طور پر) دو مُرغیاں جنہیں چرنے چگنے کی آزادی ہو اور انڈے دینے کی بھی۔

Free rate : (n) زرمبادلہ کی آزاد شرح ؛ کسی ملک کے سکّے کی غیر ملکی سکّے سے وہ شرح مبادلہ جو سرکاری یا قانونی شرح مبادلہ سےالگ اور آزادانہ رائج ہو۔

Free reed : (n) (سمعیات) آزاد پتی۔

Free rein : (n) فیصلےیا عمل کی بےروک آزادی۔

Free root : (n) (لسانیات) آزاد مادہ۔

Free school : (n) ؛ ایسا اسکول جہاں مفت تعلیم دی جاتی ہو ؛ مفت تعلیم گاہ ؛ خیراتی مدرسہ۔

Free soil : (n) (امریکا) دو نوآبادی جہاں غلام رکھنے یا غلام بنانے کی ممانعت کردی گئی ہو۔

Free soil : (a) سنہ ۵٦-۱۸٤٦ء کی ایک سیاسی پارٹی کا وصف یا لقب جو اپنی نوآبادیوں میں غلامی یاغلام رکھنے کی حوصلہ افزائی کی مخالف تھی ؛ اس پارٹی یا اس کے اصولوں سے متعلق۔

Free soiler : (n) اس نوآبادی کا باشندہ جہاں غلام بنانے یا رکھنے پرممانعت تھی؛ سنہ ۵٦-۱۸٤٦ء کی اُس سیاسی پارٹی کا یا اُس کے اصولوں کا پیرو جس نے اپنی نو آبادیوں سے غلامی کی حوصلہ افزائی کی مخالفت کی تھی۔

Free soilism : (n) ۵٦-۱۸٤٦ء کی اس سیای پارٹی کے اصول و نظریے، جن کےتحت غلامی کی حوصلہ افزائی کی مخالفت کی گئی تھی ؛غلام مخالفت نظریہ۔

Free- speech : (n) (سماجیات) آزاد گفتگو۔

Free-spoken : (a) صاف گو ؛ کھرا ؛ دوٹوک بات کہنے والا ؛ جو شخص صاف صاف بات کہے ؛ اپنی رائے کو پوشیدہ نہ رکھے۔

Free-spokenness : (n) صاف گوئی ؛ کھراپن ؛ دوٹوک بات کہنے کی عادت یا صفت۔

Free state : (n) (۱) (کبھی کبھی) جمہوریت ؛ جمہوریہ (شاذ)۔ (۲) (امریکا) ٦۵-۱۸٦۱ء کی خانہ جنگی سے پہلے مرکز کی ریاست جس میں غلامی کا نام ونشان نہ تھا؛ آزاد ریاست۔ (۳) آئرستانی آزاد ریاست ؛ آئرلینڈ کا وہ حصہ جو سلطنت برطانیہ سے ہوکر ایک الگ مقبوضہ ریاست کی حیثیت سے قائم ہوا تھا۔

Free step and gestures : (n) آزاد وضع اور چال۔

Free-stone/Freestone : (n) اچھی قسم کاریتیلا پتھر یا چونا پتھر جسے آسانی سے کاٹا یا پیسا جاسکے؛

ایسے پتھر کی سل ؛ نیز توصیفی معنوں میں؛ (نباتیات) بھر بھرا پتھر ؛ ڈھیلی گٹھلی ۔

Free-stone/-peach : (n) ایك قسم کی آڑو جس کی گٹھلی اس کے پختہ ہوجانےکے بعد ڈھیلی پڑجاتی ھے ۔

Free stress : (n) (لسانیات) آزاد بل ۔

Free stuff : (n) (تعمیرات) بے داغ اور بے گرہ شہتیر ۔

Free style : (n) دوڑ کا وہ مقابلہ جس میں حصہ لینے والے کسی مخصوص انداز کے بجائے اپنی خواہش کےمطابق انداز اختیار کرتے ھوں؛ مثلاً تیراکی وغیرہ میں ۔

Free styler : (n) مقابلہ کرنےوالا تیراك جو فری اسٹائل تیرا کی کی صلاحیت میں نمایاں ھو ۔

Free swimming : (a) تیرنے والا ؛ تیرنے کی اہلیت رکھنے والا ؛ تیراك ؛ آزاد ؛ جو کسی سے بندھا ھوا یا منسلك نہ ھو ۔

Free-swinging : (a) بہادر ؛ دلیر ؛ جی دار ؛ جرأت مند ؛ غیرمذبذب ؛ عاقل ؛ چست ؛ ھوشیار ؛ تیز ؛ بےجھجھك؛ ذاتی نتائج یا احساسات سےبےپروا ۔

Free syllable : (n) (لسانیات) آزاد رکن ۔

Free territory : (n) (تاریخ) آزاد علاقہ ۔

Free thinker : (n) مذہبی عقائد میں مسلمات سے انکار کرنے والا ؛ معقولی ؛ دہریہ ؛ جو شخص مذہب کے مسلمہ عقائد کو اُس صورت میں قبول نہ کرتا ھو جس صورت میں مذہبی رہنما پیش کرتے ہیں ؛ آزاد خیال ؛ لا مذہب ؛ اٹھارھویں صدی کے منکرین کا اختیار کیا ھوا ایك لقب ؛ آزاد خیال ؛ منکر دین ۔

Free thinking : (n) (۱) بے دینی ؛ دہریت ؛ معقولیت ؛ آزادیٔ رائے و خیال (مذہبی معاملات میں) ۔(۲) دہریے کےاصول یا اعمال ؛ دہریوں کےاصول کو اختیار کرنے والا ؛ دہریت یا دہریوں سے متعلق ؛ (دینیات) معتزلی ۔

Free thought : (n) دہریت ؛ بے دینی ؛ معقولیت ؛ آزادیٔ رائے و خیال (مذہبی معاملات میں) ۔

Free to do : (n) کسی کام کے کرنے میں خود مختار ۔

Free trade/Free-trade : (n) (۱) آزاد تجارت ؛ بے روك ٹوك تجارت ۔ (۲) آزادانہ تجارت (جس پر درآمد روکنے یا ملکی صنعت کو دیگر ممالك کے مقابلہ سے محفوظ رکھنے کےلئے محصول نہ لگایا گیا ھو) ؛ اصول سیاسی جس کا مقصد آزادانہ تجارت ھو ۔(۳) اسمگلنگ ؛ چنگی ادا کئے بغیریا خلاف قانون درآمد، برآمد خفیہ تجارت ۔(٤) توصیفی معنوں میں ۔

Free-trader : (n) (۱) آزاد تاجر جسے بغیر روك ٹوك کے تجارت کرنے کی اجازت ھو ۔(۲) اسمگلر؛ خلاف قانون درآمد برآمد کرنے والا ۔ (۳) آزادانہ تجارت کا حامی ۔ (٤) خفیہ تجارت کرنے والا ؛ خفیہ تاجر ۔

Free-trade zone : (n) غیر ملکی یا بیرونی تجارت کا علاقہ ؛ وہ علاقہ جہاں آزادانہ بیرونی تجارت ھوتی ھو ۔

Free translation : (n) آزاد ترجمہ ؛ وہ ترجمہ جو لفظ بہ لفظ نہ ھو بلکہ مترجم اپنے الفاظ میں مفہوم کو ادا کر دے ۔

Free union : (n) [F.'union libre'.] شادی کے بغیر میاں بیوی کی طرح رہنا ؛ شادی کے بغیر ہم خوابی یا ہم بستری ۔

Free variant : (n) (لسانیات) آزاد متبادل ۔

Free variation : (n) (لسانیات) آزاد تغیر ؛ آزاد تبادل ۔

Free verse : (n) نظم معرا؛ آزاد نظم ؛ ایسے اشعار جو عروض و قواعد کی پابندیوں سے آزاد ھوں ۔

Free vibration : (n) (لسانیات) آزاد ارتعاش ۔

Free warren : (n) شکاری جانور اور پرندوں کی پرورش اورنشو و نما کےلئے محفوظ و مخصوص کی ھوئی جگہ میں ان جانوروں یا پرندوں کو رکھنے یا ان کا شکار کرنے کا حق ۔

Free way : (n) کُھلا راستہ ۔

Free way : (n) (ابتداً امریکا) وہ شاہراہ یا بڑی سڑك جس پر بڑی گاڑیوں کو چلنے کی ممانعت ھو ؛ وہ بڑی سڑك جس پر ایکسپریس یا تیز رفتار گاڑیاں چلتی ھوں ۔

Free wheel : (n) بائیسکل کا پہیا جو بغیر پاؤں چلائے بھی گھومتاہی رھے یعنی جب پاؤں روك لئے جائیں تو بھی بائیسکل چلتی ہی رھے ؛ فری وہیل ؛ آزاد پہیا ۔

Free will/Free-will/Freewill : (n) [ME.] : (۱) آزاد قوت ارادی ؛ ہمارے کاموں اور اعمال کی رہنمائی کرنے والی قوت ارادی جو ضروریات و مصالح اور رکاوٹوں سے آزاد اورتقدیر سے بے پروا ہو ؛ اختیار ؛ بے ساختہ قوت ارادی ؛ فطری قوت ارادی ۔ (۲) توصیفی معنوں میں ۔

Free willer : (n) آزاد قوت ارادی میں یقین رکھنےوالے کےلئے متکبرانہ اصطلاح ؛ آزاد قوت ارادی والا ؛ خود مختار ۔

Free will theory : (n) (سماجیات) نظریہء قدر ۔

Free wind : (n) باد موافق ۔

Free zone : (n) (سیاسیات) آزاد منطقہ ۔

Freed man : (n) آزاد کر دہ غلام ؛ آزاد کیا ہوا غلام ۔

Freed stool : (n) (۱) جائے پناہ ؛ ملجا ؛ ماوی ۔ (۲) پتھر کی ایک نشست (سیٹ) جوبعض گرجوں کی قربان گاہ کےقریب ہوتی تھی ۔

Freed woman : (n) آزاد شدہ کنیز ؛ آزاد کر دہ کنیز ؛ آزاد شدہ عورت ۔

Freedom : (n) [OE.'fredom'.] (۱) شخصی آزادی ؛ غلام نہ ہونا ؛ غلامی یا قید سے آزادی یا استثنا ۔ (۲) آزادی ؛ شہری آزادی؛ خودمختاری؛ ظالمانہ؛ خود مختارانہ اختیار سے استثنا ۔ (۳) استغنا؛ آزادی عمل ؛ حق عمل ؛ حق انتخاب ؛ حق خود انفصالی؛ حق خود مختاریت ۔ (٤) صاف گوئی ؛ صاف دلی ؛ صاف بیانی ؛ سچائی ؛ سادہ دلی ؛ کشادگی ؛ بےتکلفی؛ بے باکی ۔ (۵) ضرورت سے زیادہ بےتکلفی ؛ بے ادبی ؛ بے لاگی ۔ (٦) عمل کی آسانی اور سہولت ؛ سہولت ؛ آرام ؛ چین ؛ سکھ ؛ عافیت ؛ آسانی ۔ (۷) تخیل کی جرأت؛ نظر کی بلندی ؛ بخشندگی ؛ سخاوت ؛ جواں مردی؛ جرأت کاروائی ۔ (۸) (طبیعیات) استعداد حرکت ۔ (۹) (عیب، بار ، مضرت فرض سے) مستثنیٰ یا بری ہونا ۔ (۱۰) ایک حق جو کسی شہر یا ادارہ کو حاصل ہو ۔ (۱۱) کسی کمپنی کی رکنیت یا کسی شہر کی شہریت کے حقوق میں شرکت (جو اکثر نمایاں اشخاص کوبطور عزت افزائی پیش کئےجاتے ہیں) ؛ نیزاس قسم کی آزادی دینے کا ڈپلو ما ۔ (۱۲) استعمال کرنےکا (کسی چیز کو) بےقید غیرمشروط حق ۔ (۱۳) آزاد ہونے کی حالت ۔ (١٤) اختیارقدرو جبر سےآزاد ہونے کی صفت ۔ (۱۵) (قانون) استثنا ؛ آزادی ؛ بے خوفی ؛ حق؛ استحقاق ؛ رعایت ؛ خاص فائدہ ؛ نفع ۔ (١٦) (سیاسیات) استقلال ۔

Has the freedom of the library : کتب خانے کو بےروک ٹوک استعمال کرنے کا حق رکھتا ھے ۔

Personal freedom : (تاریخ) ذاتی آزادی ؛ شخصی آزادی ۔

To take freedoms with : (کسی سے) بے حد بے تکلفی (بے ادبی کا برتاؤ) کرنا ۔

Freedom fighter : (n) کسی ملک کے مستحکم سیاسی نظام کے کے خلاف کسی مزاحمتی یا مقاومتی تحریک کا کوئی رکن ؛ (بند) جنگ آزادی میں حصہ لینے والا ؛ جنگ آزادی کا سپاہی ۔

Freedom fine : (n) شہر کی آزادی ، گلڈیا کارپوریشن میں داخلے کی حیثیت سے ادا کی ہوئی ایک رقم ۔

Freedom of communication : (تاریخ) آزادی رسل و سائل ؛ آزادی مراسلت ؛ آزادی ملاقات ۔

Freedom of conscience : (n) (تاریخ) ضمیر کی آزادی ۔

Freedom of migration : (n) (تاریخ) آزادیء ہجرت ۔

Freedom of petition : (n) (تاریخ) عرضی دعویٰ کی آزادی ۔

Freedom of speech : (n) آزادیٔ تقریر ۔

Freedom of transit : (n) آمدو رفت کی آزادی ۔

Freedom of the press : (n) آزادیء مطبوعات ؛ پریس کی آزادی ۔

Freedom of thought : (n) (فلسفہ) آزادیء خیال ۔

Freedom of worship : (n) (تاریخ) عبادت کی آزادی ۔

Freedom ride : (n) (امریکا) نسلی امتیاز کے خلاف مظاہرہ کرنےوالوں کا (بس وغیرہ میں) سوار ہوکر منظم جلوس کی شکل میں نکلنا ۔

Freedom rider : (n) (امریکا) نسلی امتیاز کے خلاف (گاڑیوں میں) سوار ہو کر منظم جلوس کی شکل میں مظاہرہ کرنے والے ۔

Freehold : (n) [AF.frauncteneinent.] زمین معافی ؛ قابل ارث یا حین حیاتی حقیقت ؛ (اراضی یا امکنہ میں) مالکیت مطلق ؛ وراثت کے طور پر حق ؛ ملک موروثی ۔

Freeholder : (n) [AF.'fraunc tenaunt'.] مالک مطلق؛ جاگیردار؛ وہ شخص جو ازراہ وراثت جائداد کا مالک ہو ۔

Freelance : (n) یوروپ کے قرون وسطی کے وہ سپاہی (بھاڑے کے سپاہی) جومحض کرائے کےلئےفوجوں میں شریک ہوکر لڑا کرتے تھے ؛ پیشہ ور سپہ سالار ؛ کرائے کا فوج کا سردار ؛ موجودہ زمانے کے سیاسی مدبرین جو کسی مخصوص سیاسی جماعت یا اصولوں کے پابند نہ ہوں ؛ وہ اخبارنویس جو کسی خاص اخباریا جماعت کا ملازم یا پابند نہ ہو ؛ (تاریخ) غیر پابند سفیر ۔

Freelance soldiers : (n) (تاریخ) کرائے کا سپاہی ۔

Freely : (adv.)[ME.'freoliche, freliche, frely] (۱) آزاد طریقے سے ؛ آزادی سے ؛ بے تکلفی سے ؛ صفائی سے ؛ بےتکان ؛ بےروک ٹوک ؛ بلارکاوٹ کے؛ آزادانہ ۔ (۲) آسانی سے ؛ بلا دقت ؛ بلا تاخیر ؛ خوشی سے ؛ خوشی خوشی؛ بے تامل ۔ (۳) اپنے آپ؛ فطرتاً ؛ از خود ؛ خود بخود ؛ طبعاً ۔ (٤) صفائی سے ؛ راستی سے ؛ صاف گوئی کے ساتھ ؛ صاف بیانی کے طور پر؛ کھلے طور پر ؛ اعلانیہ انداز میں ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور پر ؛ بےتکلف انداز سے ؛ صریحاً ؛ ظاہراً ۔ (٥) بےمزاحمت کے؛ بغیر خلل اندازی کے؛ بغیر رکاوٹ کے ۔ (٦) بےقاعدہ؛ غیرصحیح طور پر؛ بےپروانی سے۔ (۷) دل کھول کے ؛ بے تکان ۔

Freeman : (n) [OE.'freoman'.] آزاد ؛ حُر (نہ کہ غلام) وہ شخص جو غلام نہیں ہے ؛ نیز جو سیاسی طور پر آزاد ہو ؛ آزاد ملک کا شہری ؛ وہ شخص جسے شہر، میونسپلٹی ؛ بلدیہ یا کمپنی کی آزادی حاصل ہو ؛ اصل زادہ ؛ آزاد منُش ۔

Freemartin : (n)[Origin unknown.] گوسالہء خُنثیٰ؛ گائے بیل وغیرہ کی ایسی قسم جس میں نر اورمادہ دونوں جنسوں کے آثار پائے جاتے ہیں ؛ ایسی گائے جس کا مادہ پن غیر مکمل ہو ؛ (حیوانیات) آزاد عقیم ؛ بیلا گائے ۔

Freemason : (n) [ME.] (۱) فریمیسن ؛ ایسی خفیہ انجمن کا جس کا مقصد آپس میں ایک دوسرے کو مدد کرنا اور برادرانہ خلوص پیدا کرنا، اور جس کے مراسم بہت شان و شوکت سے خفیہ طور پر کئے جاتے ہیں (فرامیسن کی اصل غالباً یہ ہے کہ لوگ چودھویں صدی عیسوئی میں کاروان معمار تھے جو غلامی سے آزاد کردیئے گئے تھے اور جن کو نقل وحرکت کی آزادی حاصل تھی، یہ لوگن انجمن کے معبر بنائے جاتے تھے اسی لئے (Free and accepted masons) آزاد اورمقبول معمار کہلاتےتھے) (۲) برادرانہ تعلقات کا رکن ؛ مذہبی جماعت کا ایک رکن ۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) اس جماعت کا یا اس سے متعلق ۔

Freeness : (n) [ME.] آزادی ؛ اختیار ؛ خود مختاری ؛ آزاد منشی ؛ کھراپن ؛ صاف دلی ؛ صاف گوئی ۔

Freer : (n) آزاد کرنےوالا ؛ رہائی کنندہ ؛ آزادی دینے یا بخشنے والا ؛ رہائی دلانے والا ؛ (کسی چیز کو) کسی رکاوٹ یا مزاحمت سے مبرّا، صاف یا بے لاگ کرنے والا ۔

Freeship : (n) غیر جانب دارملک کا جہاز جو جنگ کے دوران گرفتاری یا قبضے میں کر لینے سے مستثنیٰ ہوتا ہے خواہ اُس پر دشمن ہی کا سامان کیوں نہ لدا ہو؛ (تاریخ) غیر جانب دار طاقتوں کے جہاز ؛ جن کے مال پر دوارن جنگ پابندی نہ ہو ۔

Freeship : (n) (تعمیرات) معافی فیس ؛ فیس معافی ۔

Freesia : (n) [mod.L.] (نباتیات)راس امید (افریقہ) کا ایک پودا جس میں سوسنی قسم کا ایک پیاز نما پھول نکلتا ہے ۔

Freeze : (n) [f.Freeze. (v).] یخ زدگی ؛ فسردگی ؛ انجماد ؛ یخ بستگی ؛ برف زدگی ؛ پژمردگی ۔

Freeze : (n) (۱) اجرتوں، منافعوں، فوجی طاقت وغیرہ کا کسی خاص سطح یا تعداد پر تعین، تقرر یا جماؤ ۔ (۲) سنیما ٹوگرافی کا وہ شاٹ جس میں حرکت کو فلمایا گیا ہو ۔

Freeze : (v) [OE. freosan'.] (۱) منجمد ہونا ؛ جم کر برف ہو جانا ؛ سردی کی وجہ سے جم کر سخت ہو جانا ؛ بہت زیادہ سردی محسوس کرنا ؛ سردی کے باعث برف میں تبدیل ہو جانا۔ (۲) خوف سے ٹھنڈا ہو جانا ۔ (۳) (کسی رقیق یا سیّال چیز کو) برف کے ذریعہ جما دینا ۔ (٤) برف میں رکھ کر گوشت وغیرہ سڑنے اورخراب

ہونے سے محفوظ رکھنا ۔ (۵) احساسات کو ٹھنڈا کر دینا؛ بے حس کر دینا ؛ قوت کو مفلوج کر دینا ۔ (٦) سردی پہنچا کر سخت یا کڑا کر دینا؛ مجروح کر دینا یا مارڈالنا ۔ (۷) (بازاری) برف ہو کر یا برف کی وجہ سے کسی چیز میں جم جانا یا چپك جانا ؛ کسی شخص سے چپك جانا ۔ (۸) بہت زیادہ سردی محسوس کرنا ؛ سردی کی وجہ سے مرجانا ؛ پژمردہ ہو جانا ؛ سردی کی وجہ سے ٹھٹھر جانا ؛ حرارت سے یك قلم محروم ہو جانا ۔ (۹) (امریکا) سرد برتاؤ یا سخت مقابلہ وغیرہ کے ذریعہ سماج یا کاروبار وغیرہ سے نکال باہر کرنا ؛ علاحدہ کر دینا ۔

It freezes : برف جمتی ھے (موسم اس قدرسرد ھے کہ پانی جم کر برف ھو جاتا ھے) ۔

To freeze in, up : جمادینا ؛ جما کر برف کر دینا ۔

To freeze one's blood : خون خشك کر دینا ؛ خوف زدہ کر دینا ۔

To freeze (on) to : کسی شخص سے چپك جانا ؛ کسی شخص کے ہروقت ساتھ ساتھ رہنا ؛ کسی پر اپنا اثر اور قبضہ جمالینا ؛ کسی کے سر ہو جانا ۔

To freeze out : بازار) (بذریعہ مقابلہ یا مقاطعہ) صحبت یا کارو بار سے خارج کرنا ۔

To freeze over : برف سے ڈھك جانا ؛ برف آلود ہونا ۔

To freeze to death : برف باری کی وجہ سے مرجانا؛ سردی سے ہلاك ھو جانا ۔

Freeze : (v) (۱) خود کو اچانك سخت، بےلوچ اور بے حس و حرکت بنا لینا ؛ یکبارگی ساکن و صامت ہوجانا؛ اچانك اکڑ جانا ۔(۲) (قیمتیں، اُجرتیں وغیرہ) کسی مخصوص سطح پر مقرر یا معین کرنا؛ (اثاثے وغیرہ کو) ناقابل حصول بنا دینا ۔

Freeze drying : (n) خون کے انجماد پذیر بےرنگ حصے، کھانے کی چیزیں ؛ اور دوسری ایسی ہی چیزوں کو خُشك کرنے کا عمل جس میں اول اپنی نقطۂ انجماد تك سردی پہنچا کر منجمد کر لیاجاتا ھےبعدہ، ہائی ویکیوم (Vacuum) میں انہیں گرم کیا جاتا ھے ۔

Freeze -frame/-shot : (n) سنیماٹوگرافی کا وہ شاٹ جس میں حرکت کو فلمایا گیا ھو ۔

Freeze -up : (n) پانی کے جمنے کی مدت خاص کر اس طرح سے جس سے سفر کرنا دشوار ھوجائے ؛ وہ علاقہ جس میں اس طرح پانی جم گیا ھو ؛ یخ بستگی سے متاثر علاقہ ؛ (تالاب وغیرہ کی) منجمد حالت ؛ وہ حالت جب (کسی تالاب وغیرہ کا) پانی جم جائے ۔

Freezable : (a) جم جانے کے لائق ؛ قابل انجماد ؛ منجمد ھو جانے کے لائق ۔

Freezer : (n) جمانے والا ؛ جما کر برف کر دینے والا یا انتہائی سرد رکھنے والا ۔

Freezing : (n) انجماد ؛ جمنے یا منجمد ہونے کا عمل ؛ سردی سے جم کر منجمد ہوجانے کا عمل ؛ سردی کی شدت سے بے حس یا مفلوج ھو جانے کاعمل ؛ برف زدگی ؛ یخ بستگی ؛ برودت یابی؛ سردی سے اکڑ جانے، ٹھٹھر جانےیا سخت ھو جانے کا عمل ؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ سرد ۔

At freezing : نقطۂ انجماد پر ؛ سردی کے اس نقطے پر جہاں سیال چیز جم کر ٹھوس بن جاتی ھے ۔

Freezing : (a) (۱) جمانے والا ؛ برف کر دینے والا ؛ سردی کی شدت سے بےحس یا مفلوج کر دینے والا ؛ جما کرٹھوس اورسخت کردینے والا؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ ۔(۲) (مجازاً) (اطوار) سرد؛ بےجان ؛ خشك ؛ برف زدہ ؛ روکھا ؛ سرد مہری یا بےرخی والا (انداز) ۔

Freezing-mixture :(n) : نمك، برف اور دوسرے کیمیاوی اجزا ؛ جن کو ملا کر یا جن کے زیر اثر رقیق اشیاء کو جمایا جاتا ھے ؛ انجمادی آمیزہ ۔

Freezing-point : (n) سردی کاوہ نقطہ (یعنی ۳۲° فارن ہائٹ اور ۰.۰° سینٹی گریڈ) جس پر رقیق چیزیں خصوصاً پانی جم جاتا ھے ؛ نقطۂ انجماد ۔

Freezing point depression : (n) (طبیعیات) نقطۂ انجماد کا اتار ۔

Freezingly : (adv.) بہت سرد مہری کے ساتھ؛ انتہائی روکھے پن سے ؛ بےجان انداز میں ۔

Freieslebenite : (n) [f.'freiesleben', proper name+ITE.] (معدنیات) جستے اور چاندی کا سکف انٹی مونائیڈ جس کی قلمیں دھاری دارمنشوروں (Prisms) کی شکل میں ھوتی ہیں ۔

Freight : (n) [Origin doubtful.] (۱) مال و اسباب لے جانے کے لئے جہاز کا کرایہ یا کرایہ پر جہاز لےجانے کا عمل ۔ (۲) سامان کا بحری راستے سےلےجانے کا کرایہ ؛ حمّالی ۔ (۳) وہ مال جو بحری راستے سے لے جایا جائے ؛ (امریکا میں) وہ مال جو خشکی کے راستے سے لے جایا جا ئے ۔ (٤) بوجھ؛ وزن ؛ جہاز بھر ؛ بار جہاز ؛ سامان لانے اور لےجانے کی خدمت ؛ خدمت نقل و حمل ؛ خدمت بار برداری ۔ (٥) (امریکامیں) کوئی چیز جسے بحری راستے یا زمینی راستے سے لے جایا جائے ۔ (٦) (تجارت) مال بھاڑا ؛ (انتظامیہ) محصول اسباب ۔

Freight : (v) (۱) سامان کا بحری راستے سےلے جانا(امریکا میں خشکی راستے سے بھی) ۔ (۲) جہاز میں مال و اسباب لادنا ۔ (۳) (جہاز کو) اسباب و مسافر پہنچانے کےلئے کرایہ پر لینا یا دینا ۔ (٤) مال کی طرح ڈھونا ؛ کرایے پر سامان لانا لے جانا ۔

Freight bill : (n) (تجارت) مال بھاڑا بل ۔

Freight-car : (n) مال بردارگاڑی یا ٹرک ۔

Freight car : (n) صرف مال و اسباب لے جانے والا جہاز ؛ مال بردار جہاز ۔

Freight-handler : (n) مال کو گاڑی یا جہاز پر چڑھانے اتارنے والا ؛ قلی ؛ حمّال ۔

Freight note : (n) (تجارت) محصول نامہ ؛ مال نامہ ۔

Freight paid : (a) (انتظامیہ) محصول ادا شدہ ۔

Freight receipt : (n) (تجارت) رسید بھاڑا ۔

Freight revenue : (n) بھاڑا آمدنی ۔

Freight to pay : (انتظامیہ) محصول واجب الادا ۔

Freight train : (n) مال گاڑی ؛ مال بردار ٹرین ۔

Freightage : (n) (۱) جہاز کا کرایہ یا مال و اسباب لے جانے کا خرچہ؛ مال کو پہنچانے کی لاگت ۔ (۲) بحری یا برّی راستے سے جانے والا مال؛ بحری راستے سے پہنچائے گئے مال کی مقدار ۔ (۳) (امریکا میں) سامان کی نقل و حمل ۔

Freighter : (n) مال بردار هَوائی جہاز ؛ مال بردار طیارہ ۔

Freighter : (n) (۱) جو شخص اندرون ملک مال بھیجنے کےلئے کسی کے سپرد کرے ۔ (۲) وہ شخص جس کا کاروبار یہ ہو کہ سامان (عموماً مال تجارت) کو وصول کرے اور آگے بھیج دے ۔ (۳) جہاز کو کرایہ پر دینے والا ؛ اُس پر مال لادنے والا ۔

Freightless : (a) خالی ؛ جس پر کوئی بار یا لدائی نہ ہو (شاذ) ۔

Fremed : (a) [OE.'fremede'.] (۱) (اسکاتستان) باہری ؛ غیر ملکی ؛ بدیسی ؛ خارجی ۔ (۲) اجنبی ؛ پرایا ؛ بیگانہ ؛ دو سرے کا ؛ وحشی ؛ غیر پالتو ؛ بھنو چکا ؛ گھبرایا ۔ (۳) غیر دوستانہ؛ نامانوس ۔ (٤) غیر؛ بیگانہ ؛ دوسرا ؛ ناآشنا؛ غیرمتعلق ؛ ناوابستہ ؛ غیر مربوط ۔

Fremescence : (n) (شاذ) ابتدائی شور ؛ سرسراہٹ ؛ زمزمہ ؛ قلقل ۔

Fremescent : (a) [L.'fremescere'.] (شاذ) ہلکا اور مسلسل شور پیدا کرنے والا؛ زمزمہ پرداز؛ قلقل کنندہ ۔

Fremitus : (n) [f.L.'fremere'.] ہلکی گھنگھناہٹ ؛ مدھم گرج دارشور ؛ زن زن یا بھن بھن کی آواز؛ بھنبھناہٹ؛ (مرضیات میں) سینے کی دیواروں کا قابل احساس ارتعاش ؛ (طب) لرزہ ۔

Frenal : (a) (تشریح) لجامی ؛ بندی ۔

Frenal labium : (n) (تشریح) لجامات شفوی ۔

French : (n)[OE.'frencisc'.] (۱)اہل فرانس؛ (جمع) فرانسیسی عوام ؛ فرانسیسی افراد یا اشخاص ۔ (۲) اہل فرانس سےمنسوب خصوصیات کاحامل شخص یا چیز ۔ (۳) فرانسیسی زبان ۔

French : (a) (۱) اہل فرانس اور ملک فرانس کا یا اُن سے متعلق ؛ فرانسیسی ؛ فرانسوی ؛ وابستہ بہ فرانس ۔ (۲) فرانس یا اہل فرانس جیسا ؛ فرانسیسیوں کی وضع ؛ فرانسیسیوں جیسا ۔

Pedlar's French : (n) بازاری زبان ؛ کسی جماعت ، پیشہ یا فرقہ وغیرہ کی مخصوص بولی یا اصطلاح ؛ چوروں کی بولی ۔

The French : (n) (جمع) فرانسیسی عوام ؛ (کبھی کبھی The کے بغیر) فرانسیسی اشخاص ؛ اہالیان فرانس؛ ملت فرانسہ؛ فرانسیسی قوم ۔

French : (v) (۱) (شاذ) فرانسیسی زبان بولنا ۔ (۲) فرانسیسی یا فرانسیسی طرز کا بنا دینا یا فرانسیسی شکل دینا ۔

To French it : فرانسیسی زبان بولنا یا فرانسیسی زبان میں گفتگو کرنا ۔

French and English : (n) بچوں کا ایک کھیل ؛ بازیچہء اطفال ۔

French barley : (n) فرانسیسی جو (خوراک کے کام آتی ہے، اور جس سے شراب بنائی جاتی ہے) ۔

French bean : (n) فرانس کا لوبیا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اور جو مختلف صورتوں سے غذا میں استعمال ہوتا ہے ۔

French berry : (n) ایک فرانسیسی درخت کا پھل جو زرد رنگنے اور سبز رنگنے کا ہلکا روپ تیارکرنے کے کام آتا ہے ۔

French -blue : (n) (۱) مصنوعی نیلا رنگ جو لاجورد معدنی سے بنتا ہے؛ لاجوردی ۔ (۲) مصنوعی گہرا نیلا رنگ ۔ (۳) (بول چال) ایک قسم کی (کھانے کی) گولی جس میں ایمفیٹامائن اور بار بیچوریٹ ہوتا ہے (جو ہلکے بخار اور سر درد وغیرہ میں مفید ہوتی ہے) ۔

French bread : (n) ایک قسم کی پُر تکلف روٹی : فرانسیسی نان ؛ ایک خاص قسم کی روٹی ۔

French canadian : (n) وہ کناڈی جو نسلاً فرانسیسی ہو ؛ فرانسیسی نسل کا کناڈی ۔

French canadian : (n) کناڈا کے اس باشندے کا جو نسلاً فرانسیسی ہو ؛ فرانسیسی نسل والےکناڈی کا ۔

French casements : (n) کھڑکی کے بازوں سے جڑے ہوئے دو عمودی کناروں پر کے موڑ ۔

French chalk : (n) ایک قسم کی کھریائی مٹی جس سےکپڑے پرنشان لگائےجاتے ہیں، چکنائی کے دھبے دور کئے جاتے ہیں اور جو چکنائی کی طرح بھی استعمال کی جاتی ہے؛ گچ درزیگراں؛ گچ خیاطی؛ تباشیر خیاطی ؛ (کیمیا) فرانسیسی کھریا ۔

French cotton : (n) استبرق ؛ درخت ابریشم ۔

French cowship : (n) جنگل یا چراگاہوں میں اگنے والے ایک فرانسیسی پھولدارپودے(پری مولا) کی ایک قسم جس کی پتیاں ریچھ کے کانوں جیسی ہوتی ہیں ؛ خرس گوشا ؛ ریچھ کانی ۔

French Cricket : (n) کرکٹ کا ایک بے ضابطہ اور بے تکلفانہ یا غیر رسمی قسم کا کھیل جو بغیر وکٹ کے کھیلا جاتا ہے اور جس میں گیند باز، بلےباز کی ٹانگوں پر مارنے کی کوشش کرتا ہے ۔

French disease : (n) ایک قسم کا جماعی مرض ۔

French drain : (n) سوراخ دار پتھر اور اینٹوں سے جو نالیاں بنائی جاتی ہیں اور جو پانی کو خشک کرلیتی ہیں ۔

French fake : (n) رسّہ لپیٹنے کا ایک طریقہ ۔

French-grey : (n) سفید اور سیاہ ہاتھی دانت، ہندوستانی سرخ اور چینی نیلے رنگ کو ملا کر بنایا ہوا ایک ہلکا رنگ یا کسی رنگ کا ایک روپ ۔

French hem : (n) ایک قسم کی جھالر یا سنجاف ۔

French horn : (n) دھات سے بنی ہوئی ایک منہ سے بجانے کی نفیری ۔

French Indian : (n) فرانسیسیوں سے متاثر ہندوستانی ۔

French leave : (n) ابتداً کسی دعوت وغیرہ سے میزبان سے رخصت لئے بغیر چلے جانے کا رواج جو اٹھارھویں صدی عیسوی کے فرانس میں رائج تھا، لیکن اب مزاحاً ۔

To take french leave : بغیر اجازت اور اطلاع کے چلا جانا یا کوئی کام کرنا ۔

French letter : (n) ربر کا ایک باریک ، مانعِ حمل غلاف جو بوقت جماع آلہء تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ نطفہ قرارنہ پا سکے؛ ربرکنڈوم (نرودھ)؛ مانعِ حمل غلاف ۔

French-like : (adv.) فرانسیسیوں کے سے انداز میں ؛ فرانسیسی وضع پر ؛ فرانسیسی طرز پر ؛ فرانسیسی انداز میں ۔

French like : (n) فرانسیسیوں کی طرح ؛ فرانسیسی نما ؛ فرانسیسیوں جیسا ۔

French paste : (n) ایک قسم کا شیشہ جس میں جستے کے آکسائیڈ کی ایک مخصوص مقدار ملی ہوتی ہے ۔

Freench plum : (n) خشک آلوچہ (ایک قسم کا فرانسیسی پھل) جو فرانس سے برآمد کیا جاتا ہے ۔

French-polish : (n) (۱) لکڑی کو رنگنے یا پالش کرنے کا ایک روغن؛ الکحل یا نفط چوبی میں بعض درختوں کی رال یا گوند ملاکر بنایا ہوا محلول ؛ روغن جلا ۔ (۲) (لکڑی پر) اسی روغن کے استعمال سے پیدا شدہ چکنی اور چمک دار سطح نیز از راہ تجنیس بھی اس کا استعمال ہو تا ہے ۔

French-polish : (v) فرینچ پالش لگا کر چکنا اور چمکدار بنانا ؛ روغن جلا لگانا (نیز مجازاً) ۔

French-polisher : (n) فرینچ پالش لگا نے والا ؛ روغن جلا لگا کر چکنا اور چمکدار بنانے والا ۔

French purple : (n) پتھر کا درخت کےتنے پر آنے والی کائی سے تیار کیا ہوا ایک خوشنما (ارغوانی) رنگ ۔

French red/-rouge : (n) اصلی قرمزی رنگ ؛ نہایت گہرا سرخ رنگ ۔

French rice : (n) ایک گھٹیا قسم کا گیہوں ۔

French roll : (n) ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی جو ساخت میں فرانسیسی نان (فرینچ بریڈ) سے مشابہ اور شکل میں بیضوی ہوتی ہے ۔

French roof : (n) ڈھلواں چھت جس کی دونوں طرف دو ڈھال ہوتےہیں ایک کم اور ایک زیادہ ۔

French toast : (n) روٹی کے ٹکڑے جو انڈا اور شکر ملا کر تلے جاتے ہیں ۔

French tub : (n) رنگ کے کام آنے والے ایک امریکی درخت (Log wood) اورٹِن کے پروٹو کلو رائیڈ (اقل سبزیہ جس میں سبز کا عنصر کمترین ہو) کاایک مخلوط جسےرنگ ساز یا رنگ ریز استعمال کرتے ہیں ۔

French window : (n) روغن کیا ہوا ٹوتواں دروازہ جو دریچہ اور دروازہ دونوں کا کام دیتا ہے ؛ دروازے کی طرح کھلنے اور بند ہونے والا ایک بڑا دریچہ جس سے ہو کر اندر یا باہر آیا جایا جاسکتا ہے ۔

French woman : (n) فرانسیسی عورت ؛ زن فرانسوی ۔

Frenchification : (n) فرانسیسی بننے یا بنانے کا طریقہ یا عمل ۔

Frenchified : (a) (۱) فرانسیسیوں جیسا ؛ فرانسیسی نما (تحقیراً) ۔ (۲) جماعی مریض ؛ جماعی مرض میں مبتلا (شخص) سوزا کی ۔

Frenchify : (v) (۱) صورت، سیرت یا طرزنشست و برخاست میں فرانسیسی بنا دینا ؛ فرانسیسی صفات سے مملو کر دینا ۔ (۲) اطوارو انداز، خیالات و تصورات میں فرانسیسی ہوجانا؛ فرانسیسی موید یا ہم خیال ہو جانا؛ فرانسیسی درد مندی رکھنا ۔

Frenchily : (adv.) فرانسیسیوں کے طریقے سے ؛ فرانسیسیوں کے انداز سے ۔

Frenchiness : (n) فرانسیسی بننے کی یا ہونے کی خصوصیتیں ۔

Frenchism : (n) فرانسیسیت : فرانسیسی رسم و رواج ؛ فرانسیسی محاورے یا ضرب الامثال ؛ فرانسیسی خصوصیات ؛ فرانسیسی طرز گفتگو ، عادات و عقائد و صفات فرانسوی ۔

Frenchless : (a) فرانسیسی زبان سے ناواقف ۔

Frenchman : (n) (۱) فرانسیسی نسل یا قومیت کا آدمی ۔ (۲) (بول چال) ایک (اچھا وغیرہ) فرانسیسی اسکالر ۔ (۳) ایک فرانسیسی بحری جہاز ۔

Frenchmanlike : (a) فرانسیسی جیسا؛ فرانسیسی کی طرح ۔

Frenchmanlike : (adv.) فرانسیسی انداز میں ؛ فرانسیسی طرز پر ۔

Frenchness : (n) فرانسیسی پن ؛ فرانسیسیت ۔

Frenchy : (a) فرانسیسی خصائص رکھنے والا ۔

Frenchy : (n) فرانسیسی شخص (تحقیراً) ۔

Frenetic : (a) دیکھو Phrenetic

Frenotomy : (n) (جراحی) لجام تراشی ۔

Frenulum : (n) (تشریح) لجیم ؛ بند ۔

Frenulum pudendi : (n) (تشریح) قید الشفرتین ۔

Frenulum veli : (n) (تشریح) بند نقاب ۔

Frenzied : (a) دیوانہ ؛ شوریدہ ؛ آشفتہ ؛ دماغی اختلال میں مبتلا وحشی ؛ وحشی زدہ ؛ وحشیانہ طور پر؛ پُر جوش ؛ جنونی ؛ منتشر الدماغ ؛ منتشر الذھن ؛ عارضی دیوانگی میں مبتلا ؛ مخبوط؛ ہذیانی ؛ خشمگیں ۔

Frenzied rage : (n) دیوانے کا غصہ ؛ خشم جنون آمیز ۔

Frenziedly : (adv.) جنون آمیز طور پر ؛ بطور دیوانگی ؛ شوریدہ سر ھو کر ؛ شوریدگی سے ؛ ہذیانی انداز میں ۔

Frenzy/phrenzy : (n) [ME.'frenesie'.] (۱) انتشار دماغی ؛ عارضی دیوانگی ؛ خبط وجنون کا دورہ (شاذ) ۔ (۲) غصہ یا اضطراب کی ہذیانی حالت ۔ (۳) وحشیانہ حماقت ؛ اشتیاق مجنونانہ ۔ (٤) شوریدگی ؛ آشفتگی ؛ ہیجان ۔ (٥) (طب) سرسام ۔

Frenzy : (a) (بول چال) غضبناک ؛ پُر جوش ؛ جو شیلا ؛ خشم ناک ؛ خشم گیں ۔

Frenzy : (v) مشتعل کر دینا ؛ غضبناک کر دینا ؛ شدیدغصہ کی حالت پیدا کردینا ؛ ہذیانی بنا دینا ۔

Frequence : (n) [L.'frequentia'.] (۱) اجتماع کثیر ؛ حالت افراط وتفریط؛ کثرت وقوع؛ اژدحام نیز بھیڑ؛ جم گھٹا ؛ مجمع ؛ جماؤ ؛ اجتماع (اشیاء کام) (متروک) ۔ (۲) متواتر وقوع یا تکرار ؛ تندی ؛ سرعت ؛ پیہم وقوع ۔

Frequency : (n) (۱) تواتر ؛ سریع ؛ تکرار ؛ تکویر ؛ اکثر واقع ھونا ؛ کثرت سے کسی واقعہ کا پیش آنا؛ تھوڑے تھوڑے وقفے سے بارہا پیش آنا ۔ (۲) (نبض)تیزی ؛ سرعت ۔ (۳) تعدادیاارتعاش ؛ ایک معینہ وقت کے اندر تعداد تکرار ؛ تعداد ارتعاش (٤) (طبیعیات) (ارتعاش کی) شرح تکویر؛ شرح تواتر؛ شرح تکرار ۔ (٥) (برقیات) کسی متبادل یا باری باری سے آنے والی لہر کے فی سیکنڈ مکمل چکر (Cycles) کی تعداد ۔ (٦) (شماریات) کسی واقعے کی ممکنہ تعداد وقوع میں حقیقی واقعہ کا تناسب ۔

Foundamental frequency : (ارضیات).اساسی تعداد ۔

High frequency/Low- : موج آواز یا برقی لہر کا بلند و پست ارتعاش ۔

Frequency factor : (n) (نباتیات) جزو تعددی ۔

Frequency meter : (n) (برقیات) تعدد پیما ۔

Frequency modulation : (شعاعیات) زیر بم تعدد ؛ (برقیات) اپنے تواتر یا تکویر کے تغیر کے ذریعہ برقی رو کی متناسب تبدیلی ؛ (مخفف .F.M) ۔

Frequency response : (n) ایمپلفائر، مائکروفون وغیرہ کے خرچ اورماحصل کے تناسب کے مابین رشتہ اور اشارات (سگنل) کی تکویر یا تواتر ۔

Frequent : (a) [L.frequentem'.] (۱) جو قریب قریب (کم فاصلے پر) بہت سے تعداد میں پائے جائیں ۔ (۲) کثیر؛ بکثرت ؛ متعدد ۔ (۳) جو اکثر واقع ھو ؛ تھوڑے تھوڑے وقفےسےواقع ھونے والا؛ عام ؛ جو متواتر واقع ھو ؛ کثیر ؛ کثیر الاستعمال؛ کثیرالعمل ۔ (٤) (نبض) تیز ؛ تند ؛ سریع ؛ معمولی سے زیادہ تیز ۔ (٥) عادی ؛ ہمیشہ کا ؛ پابند تکرار؛ مکرر واقع ھونے والا ۔ (٦) مستقل ؛ عادی ۔

Frequent : (v) [L.'frequentare'.] اکثر یا عادتاً (کسی جگہ، کسی صحبت میں، کسی مکان پر) جانا ۔

A frequent caller : اکثر آنے جانے والا شخص ۔

It is a frequent practice to : (ایسا کرنے کا) بکثرت رواج ھے ؛ (یہ بات) بار بار ھوا کرتی ھے ۔

Frequentable : (a) قابل تکویر ؛ قابل تکرار ؛ جسے جلد جلد لایا جا سکے ؛ سریع الوقوع ؛ جسے اکثر یا عادتاً لے جایا جا سکے ۔

Frequentage : (n) اکثر اور عادتاً کسی جگہ، کسی صحبت وغیرہ میں جانے کا عمل یا عادت ؛ معاشرت ؛ شرکت مکرر ؛ آمدو رفت زیادہ ؛ اژدحام ۔

Frequentation : (n) زیادہ آمدوشد یا اکثر آنے جانے کا عمل یا عادت ؛ کسی صحبت وغیرہ میں عادتاً جانا ؛ اکثر آنا جانا ؛ اکثر آمدو رفت ۔

Frequentative : (a) [L.'frequentativus'.] (صرف و نحو) بار بار کسی فعل کے سرزد ھو نے کا اظہار کرنے والا یا کسی فعل کی شدت کو ظاہر کرنے والا (فعل یا فعلی شکل) ۔

Frequentative : (n) تکراری ؛ فعل تکراری ؛ استمراری ۔

Frequenter : (n) اکثر یا عادتاً کسی جگہ، کسی صحبت وغیرہ میں جانے والا ؛ اکثر آنے جانے والا ۔

Frequently : (adv.) اکثر ؛ باربار ؛ بارہا ؛ مکرر ہا ۔

Frescade : (n) [It.'frescate'.] روش خنک ؛ خیابان ؛ سایہ دار رستہ یا پگڈنڈی ۔

Fresco : (n) [It.] قلم سے آبی رنگوں میں دیوار یا چھت پر استر کاری کے خشک ہونے سے پہلے تصویر کشی کا ایک طریقہ؛ نقاشی آب رنگی ؛ نقاشی دیواری ۔

Fresco : (v) (دیوار، تصویر یا مضمون وغیرہ پر) قلم سے آبی رنگوں میں (استر کاری کے خشک ہونے سے پہلے) تصویر کشی کرنا ؛ آب رنگی نقاشی کرنا ۔

Fresh : (n) (۱) اول ؛ آغاز ؛ شروع ؛ اوائل ۔(۲) جو چیز حال ہی میں تیار ہوئی ہو یا پہنچی ہو؛ وصول ہوئی ہو، کہیں سے آئی ہو ۔(۳) جس (کھانے کی چیز) کو نمک یا مسالہ لگا کر یا دھواں دے کر، یا ٹین میں کرکے سڑنے گلنے سے محفوظ نہ کیا گیا ہو بلکہ جو تازہ استعمال کے لئے ہو ۔ (٤) دن یا سال کا ابتدائی حصہ ۔(٥) دریا میں پانی کی تیز روانی، سیلاب ۔(٦) میٹھے اور صاف پانی کا چشمہ ، جھرنا یا تالاب ۔(٧) جس دریا میں جوار آتا ہو اُس کے نمکین پانی سے فوراً بعد والا پانی نیز اُس سے متصل زمین (اکثر جمع میں ہوتا ہے)۔

Fresh : (a) [OE. 'fersc'.] (۱) جدید ؛ نیا ؛ تازہ ؛ اضافی ۔ (۲) جو پہلے علم میں نہ آیا ہو؛ جو پہلے نہ دیکھا گیا ہو نہ استعمال کیا گیا ہو، ضمیماتی ۔ (۳) مزید ، دوسرا یا دوسری ؛ مختلف ؛ دیگر ۔(٤) کچا ؛ ناتجربہ کار ؛ خام ؛ ناآزمودہ ؛ بےتجربہ ؛ تازہ کار؛ سبز؛ بےتدبیر ۔ (٥) (ہوا، آندھی، پانی) صاف مصفی ؛ تسکین بخش ؛ صحت بخش ؛ ٹھنڈی ؛ قوی ؛ سخت ۔ (٦) جو باسی سڑا ہوا ، مزے سے اترا ہوا نہ ہو ؛ اپنی اصلی صفات لئے ہو (غیرمادی چیز پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے) ۔(٧) (رنگ و روغن) صاف ستھرا ؛ بےعیب ؛ چمک دار ؛ کھلتا ہوا ۔(۸) جو تھکا ہوا نہ ہو ؛ چست چالاک ؛ تندرست؛ جو پژمردہ یا افسردہ نہ ہو ۔(۹) جو شخص شراب کےنشہ کی وجہ سے ہیجانی (اضطراری) حالت میں ہو ؛ سرمست ؛ جزوی طور پر مخمور یا نشے کی حالت میں ۔ (۱۰) (امریکا) بیباک ؛ شوخ ؛ گستاخ ؛ پیش پیش ؛ بدتمیز ؛ بیہودہ ؛ بے ادب ۔(۱۱) دیکھو Freshly ؛ از سرنو ، نئے سرے سے ۔(۱۲) تازہ ترین ؛ نیا بنا ہوا ؛ حاصل کیا ہوا یا لیا ہوا ۔ (۱۳) (یونیورسٹی، عامیانہ) نووارد ۔(۱٤) (ہوا) تند؛ تیز ؛ (جہاز کی رفتار) تیز ؛ مستقل ؛ مسلسل ؛ ایک ہی رخ پر ۔

A fresh wind : ہوا جو ذرا تیز ہو ۔

As fresh as paint : خوب تندرست ؛ چست و چالاک ۔

In the fresh of the morning : علی الصباح ۔

Of fresh water : دریا یا کنویں کے پانی کی (مچھلی وغیرہ) نہ کہ سمندر کی ۔

To begin a fresh chapter : تازہ باب شروع کرنا ؛ نیا دور شروع کرنا ؛ اپنے طرز عمل کو بدل دینا؛ اپنی حالت کی اصلاح کرنا ۔

To break fresh ground : کوئی نیا کام شروع کرنا ؛ نئے طریقے سے شروع کرنا؛ نئی بحث کا آغاز کرنا؛ ایسا کام (یا ایسی بات) شروع کرنا جو فرسودہ یا پرانی نہ ہو ۔

Fresh : (v) تازہ دم ہونا ؛ شگفتہ ہونا ؛ چہرے پر تازگی اور شگفتگی آنا ؛ چاق و چو بند ہونا ؛ چست ہونا؛ سرگرم ہونا؛ تیز طرار ہونا؛ خوش طبع ہونا ؛ بشاش ہونا ؛ شگفتہ خاطر ہونا ۔

Fresh : (adv.) شگفتگی سے ؛ تازگی سے ؛ مہکتے ہوئے ۔

Fresh butter : (n) بے نمک کا سادہ مکھن ۔

Fresh complexion : (n) چہرے کا صاف رنگ(جس سے تندرستی یا جوانی ظاہر ہو تی ہے)۔

Fresh eggs : (n) انڈے جو پرانے اورگندے نہ ہوں ؛ تازہ انڈا ۔

Fresh flowers : (n) تازہ پھول ۔

Fresh herring/-fruit/-meat : (n) تازہ مچھلی ؛ پھل ، مچھلی یا گوشت (جو نمک یا مسالہ لگا کر منہ بند ڈبے میں رکھا گیا ہو) ۔

Fresh memories : (n) گذشتہ باتیں جو یاد ہوں ، جو اکثر یا د آتی ہوں ۔

Fresh run : (a) (سالمن وغیرہ) جو سمندر سے پکڑ کر حال ہی میں لائی گئی ہو ۔

Freshen : (v) (۱) تازہ دم ہو جانا؛ تازہ ہونا؛ چست ہو جانا؛ تیز ہو جانا ؛ قوت حاصل کر لینا ؛ زوردار

ہوجانا؛ قوی و توانا ہو جانا ۔ (۲) چمک دار ہو جانا ؛ خوش رنگ یا خوش نما ہو جانا ۔ (۳) نمک یا نمکینی کھو دینا ؛ صاف اور میٹھا ہوجانا (پانی کا) ۔ (٤) تازہ دم کرنا ؛ شگفتہ خاطر کرنا ؛ بشاش کر دینا ؛ تازگی بخشنا ؛ تازہ کر دینا ؛ خو ش دلی بخشنا ؛ شگفتگی لانا ؛ تجدید کرنا ؛ نیاپن پیدا کرنا ؛ نیا کردینا ؛ جدت لانا ؛ تقویت پہنچانا ؛ احیاء کرنا ؛ بحال کرنا ؛ ہوش میں لانا ؛ جانَ ڈال دینا ؛ نمک یا نمکینی دور کر دینا ۔ (٥) (جہاز رانی) گھس کر نازک ہو جانے کی وجہ سے رسّے کی جگہ کو بدلنا ۔

To freshen ballast : جہاز کا توازن قائم رکھنے کےلئے اس پر رکھی ہوئی وزنی چیزوں کی حالت یا جگہ کو تبدیل کرنے کی غرض سے اسے تقسیم یا علاحدہ کرنا ۔

To freshen hawse/-the nip : برف کی رگڑ سے جہاز کو بچانےاوررگڑ پانےوالےمقام کو بدلنے کےلئے رسّوں کی مزید کنڈلیاں لگانا ۔

To freshen way : رفتار کو تیز کرنا ؛ تیز رفتاری لانا ؛ رفتار بڑھانا ۔

Freshener : (n) چست یا تازہ دم کرنے والا ؛ تازگی بخش ؛ بشاشت دہ ؛ حیات بخش ؛ مقوی ؛ خصوصاً گھوڑے کو تازہ دم کرنے والی ورزش ۔

Fresher : (n) (۱) (یونیورسٹی) (عامیانہ) نوواردطالب علم ؛ نیا طالب علم ؛ سال اول کا متعلم خصوصاً کسی یونیورسٹی (امریکا ، کسی اسکول) کی میقات اول کا طالب علم ۔ (۲) باد نسیم ؛ تازہ اور صاف ہوا ۔

Never felt fresher : جس قدر اب تندرست اور چست ہے ؛ پہلے کبھی نہ تھا ۔

Freshet/-erron/Fresh shot : (n) [OFr.] (۱) دریا کے صاف اور میٹھے پانی کا دھارا جو سمندر میں گرتا ہے ۔ (۲) دریا کی طغیانی جو زیادہ بارش یا برف کے پہاڑوں پر پگھلنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ سیلاب ؛ سیل ناگہانی ؛ سیل دریا ؛ طغیانی آب ۔ (۳) (شاعری) صاف اور میٹھے پانی کا ننھا چشمہ ؛ چشمہ؂ آب رواں ؛ آبجو ۔

Freshet : (v) لبریز ہونا ؛ سیلابی ہونا ؛ طغیانی میں ہونا (جیسے تیز بارش یا برف کے پگھلنے سے دریاؤں میں ہوتی ہے)۔

Freshly : (adv.) (۱) از سر نو ؛ نئے سرے سے ؛ دو بارہ ۔ (۲) پوری قوت کے ساتھ ؛ نئی طاقت اور توانائی سے ۔ (۳) شگفتہ چہرے کے ساتھ ؛ مہکتے ہوئے؛ تازگی لئے ہوئے ؛ تازہ دم ہوکر ؛ تازہ دم انداز میں ؛ تازگی کے ساتھ ؛ زور دار طور پر ؛ توانائی کے ساتھ؛ پھرتی سے ؛ تیزی سے؛ چستی کے ساتھ ؛جوشیلےاندازمیں ؛ بھر پور قوت، اخلاص،امتیاز وغیرہ کے ساتھ ؛ شگفتہ حالت میں ؛ تازہ ترین انداز میں ؛ حال میں ؛ قریب کے زمانے میں ؛ نیا نیا ؛ نئی طرز میں ۔

Freshly caught : (a) تازہ پکڑی ہوئی (مچھلی) ۔

Frshly coined : (a) جدید ڈھالا ہوا سکہ ۔

Freshman : (n) (۱) نو وارد طالب علم ؛ نیا طالب علم ؛ مبتدی ؛ نو آموز ؛ تازہ وارد ؛ وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا ہو یا کسی مذہب میں نیا داخل کیا گیا ہو ۔ (۲) سال اول کا متعلم ؛ خصوصاً کسی یونیورسٹی (یا امریکا ، کسی اسکول) کی میقات اول کا طالب علم ۔

Freshman class (n) (امریکا) امریکی کالج کے چار درجوں میں سب سے نچلا درجہ ؛ کالج کے سال اول کا درجہ ۔

Freehman ship : (n) نو وارد ہونا ؛ مبتدی ہونا ؛ نو آموز ہونا ؛ نیا یا نو آموز ہونے کی حالت ؛ زمانہ؂ نو آموزی ؛ وہ میعاد یا میقات جب تک کسی کو نیا یا نو وارد سمجھا جاتا ہے نیز مزاحاً نو آموز یا نو وارد حالت ۔

Freshness : (n) تازگی ؛ صفائی ؛ چستی ؛ تندرستی ؛ طراوت ؛ خنکی ؛ شگفتگی ؛ زندہ دلی ؛ خوش طبعی ؛ بشاشت ؛ بےنمکی ؛ شیرینی ؛ جدت ؛ نیاپن؛ (مجازاً) نا آموزگی؛ ناتجربگی؛ خامی؛ خام دستی ؛ بے ادبی ؛ چشمہ؂ شیریں ؛ میٹھے پانی کا جھرنا ۔

Freshwater : (a) (۱) میٹھے پانی کا یا اس سے متعلق ؛ صاف اور میٹھے پانی میں پیدا ہونے والا یا اُس میں رہنے والا ۔(۲) جو نمکین پانی کا عادی نہ ہوا ہو ؛ نو وارد بحر ؛ نا آشنائے بحر ؛ (لٰہذا) نو آموز؛ نا آزمودہ ؛ ناتجربہ کار ؛ خام ؛ تازہ کار ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ ناچیز ؛ حقیر ؛ مہمل ۔

Freshwater sailor : (n) دریاؤں کا (نہ کہ سمندر کا) ملاح ۔

Fresison : (n) (منطق) چوتھے قیاسی خاکے کی پانچویں ضرب کا ایک علامتی لفظ جس کے عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ بر آمد ہوتا ہے ۔

Fret : (n) [OF.'frete'.] (۱) منبت کاری (جس میں خطوط مستقیم کو اس طرح ترتیب دیتے ہیں (عموماً زاویہ قائمہ کے ساتھ) کہ اس سے آرائشی نقش ونگاربن جاتے ہیں ؛ باہم پیوستہ نقوش یا جھالروں کا آرائشی کام ؛ جال ۔(۲) بوقلمونے؛ رنگ برنگے ۔(۳) (عموماً چھت کی) ابھرواں یا تراشے ہوئے کام سے آرائش ۔(٤) بُنائی کے کام میں پھولوں اور جواہرات پرمشتمل ایک زیور یا آرائش ۔(٥) (نقابت) نقابت کا ایک نشان یا نقشہ ۔

Fret : (n) [f. fret v.] (۱) کٹاؤ : گھساؤ ؛ فرسودگی ؛ خستگی ؛ گُھن ؛ سڑن کا دھبا یا داغ ۔ (۲) آنتوں کا درد ؛ پیٹ کا درد؛ دردقولنج ؛ درد شکم (بول چال) ۔ (۳) دماغی اشتعال ؛ جھلاہٹ ؛ ہیجان ؛ کوفت ؛ غصہ؛ پریشانی کی حالت ؛ جھنجھلاہٹ ؛ پریشانی ؛ آشفتگی ؛ جھگڑا لو پن ؛ اذیت ؛ ہیجان؛ رنجش ؛ جوش ؛ کج خلقی ۔ (٤) شراب کی دوسری تخمیر یا دوسرا اُبال ۔

In a fret : جھنجھلاہٹ یا پریشانی میں ۔

On or upon the fret : جھنجھلاہٹ ؛ اشتعال ؛ چڑ چڑاپن ؛ بد مزاجی ؛ غصہ ؛ خشمناکی یا بے چینی اور بےصبری کی حالت میں ۔

Fret : (n) [OF. 'frete, frait, fraicte'.] سمندر کے کٹاؤ سے بنا ہوا راستہ یا رخنہ ۔

Fret : (n) [Origin unkn.] (موسیقی) (پہلے) گٹارجیسے سازوں کا کھوکھلا حلقہ ؛ (اب) تاروں والے ساز پر (انگلیوں سے پردوں کو دبانے کےلئے) کھونٹیوں کی قطار ۔

Fret : (v) [OE.'fretan'.] (۱) کاٹنا کترنا؛ گھن کی طرح کھانا ؛ گھن لگانا؛ گھلا ڈالنا؛ تحلیل کرنا؛ سوہان روح ہونا؛ گھس ڈالنا ؛ کھا لینا ؛ چبانا ؛ گلا دینا یا دانتوں سے کترکر اذیت پہنچانا (جس طرح کیڑے کپڑا کاٹ ڈالتے ہیں یا گھوڑے اپنا دہانہ چباتے ہیں یا زنگ گلا دیتا ہے یا کھا جاتا ہے یا رگڑ سےکوئی چیزگھس جاتی ہے یا جذبات اذیت دیتے ہیں) ؛ صرف کر ڈالنا؛ خرچ کر ڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ پھاڑ ڈالنا ؛ توڑ مروڑ دینا؛ کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا ڈالنا؛ عذاب پہنچانا؛ شدیدجسمانی یا روحانی اذیت دینا؛ (مثلاً کوئی بات) سنی اَن سنی کر دینا ؛ ختم کرنا؛ خستہ کر دینا؛ قابل استعمال نہ رہنے دینا ؛ پیہم رگڑ سے سوراخ کر دینا ؛ (نیز) گھس جانا ؛ صرف ہو جانا ؛ مٹ جانا ؛ خستہ ہو جانا ؛ گھن لگ جانا ؛ گل جانا یا گھس جانا؛ سخت ریت میں دبا رہنا۔ (۲) برف زدگی، گھن، زنگ، مرض یا کسی کھانے کھلانے یا کی جانے والی چیز (تیزاب وغیرہ کے اثر سے) رفتہ رفتہ خراب ہوجانا؛ فرسودہ ہونایا مٹ جانا۔(۳) رگڑ کر یا گھس کر بنانا یا کسی صورت میں لانا ؛ گھس کر یا کاٹ کر راستہ بنانا ۔(٤) دق کرنا ؛ چھیڑنا؛ غصہ دلانا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ رگڑ کر خراش بنانا ؛ بھڑ کانا ؛ خشمناک کرنا یا ہونا؛ مشتعل کرنا؛ تیہا دلانا۔ (٥) اپنے کو رنج یا قناعتی سے پریشان کرنا ؛ فکر میں مبتلا ہوکرگھلنا؛ (ہر وقت اپنی پریشانی کے تصور میں) کڑھتے رہنا یا پیچ و تاب کھانا ؛ جھنجھلاہٹ میں مبتلا رہنا ؛ اکڑ یا جھگڑالو اندازمیں چڑچڑاتےیا کڑکڑاتے رہنا۔(٦) (شراب کا) ثانوی تخمیر یا دوسرے اُبال میں ہونا(اب بول چال میں مستعمل ہے) ۔(۷) (دریا یا چشمے کا) بہنا ؛ اس میں ہلکی ہلکی موجیں اٹھنا ؛ پیچ و تاب کھانا (پانی کی سطح کا) تہ و بالا ہونا ؛ متلاطم ہونا ؛ شورش یا ہلچل ہونا؛ پر شور ہو کر بہنا ۔ (۸) لہریں پیدا کرنا؛ تلاطم لانا ؛ تموج پیدا کرنا ؛ اضطراب میں لانا ؛ لہریں اٹھانا ؛ ہلکورے مارنا ؛ لہریں مارنا ۔

To fret out one's life : رنج میں گھل گھل کر اپنی زندگی مٹا دینا ۔

To fret the heart : (مجازاً) دل مسلنا ؛ کلیجہ کھانا ؛ کلیجہ ملنا؛ کلیجہ چاٹنا یا چبانا؛ سوہان روح ہونا؛ سخت اذیت پہنچانا ؛ گھن لگا دینا؛ گھلا ڈالنا ۔

Fret : (v) (۱)) (تعمیرات) مختلف وضعوں میں کٹے ہوئے یا ابھرواں نقش و نگار سے (خصوصاً چھت کو) آراستہ کرنا ؛ منبت کاری کرنا؛ نقش ونگار بنانا ؛ کندہ کاری کرنا؛ گل کاری کرنا ؛ بیل بوٹے بنانا ۔ (۲) (نقابت) گوتھنایا گتھنا؛ باہم پیوستہ ہونا یا کرنا ۔

Fret : (v) [f. fret (n).] (گٹار وغیرہ) سازوں میں کھونٹیاں لگانا ۔

Fret and fever/-fume (n) غصے کی حالت میں بے چینی، جھلاّہٹ اور بےصبری کا اظہار ۔

Fret at : (v) کسی بات کے متعلق پریشان ہونا ۔

Fret away : (v) رنج میں گھُلنا ۔

Fret cutting : (n) لکڑی پر بنائی ہوئی آرائشی منبت کاری ؛ ترصیع کاری ۔

Fret saw : (n) بہت پتلی آری جو ایک چوکھٹے میں لگی ہوتی ہے جس سے پتلی لکڑی کو کاٹ کر پھول بوٹےبنائے جاتے ہیں ؛ آلۂ ترصیع ؛ ترصیعی آری ۔

Fretful : (a) (۱) پریشان ؛ جھگڑالو ؛ غصہ ور ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ؛ تنک مزاج ؛ جھلایا ہوا ؛ برہم ؛ برافروختہ ؛ مضطرب ؛ بے صبر ؛ بے تحمل ؛ بےتاب ؛ بے چین ۔(۲) (پانی) متلاطم ؛ متموج ؛ موج دار؛ لہریں لیتا ہوا ؛ ہلکورے مارتا ہوا ؛ پُرشور ؛ (ہَوا) طوفانی زور دار ؛ پُرجوش ؛ جھکّڑدار؛ زور دار؛ جھونکوں والی ۔(۳) متردد ؛ متفکر؛ کڑھتا ہوا؛ پیچ و تاب میں ؛ مشتعل ؛ غضبناک ؛ اشتعال آور ؛ پریشان کن ؛ رنج دہ ؛ سوہان روح ؛ اذیت ناک ؛ خستہ ؛ فرسودہ ؛ گھسا پٹا ؛ زنگ آلود ؛ کرم خوردہ ۔

Fretfully : (adv.) پریشانی کے ساتھ ؛ دق ہو کر ؛ رنجیدہ ہو کر؛ فروشاں؛ غضبناک طورپر؛ برہمی سے؛ تنک مزاجی سے؛ چڑ چڑے انداز میں ؛ بےصبری یا بےتابی سے ؛ مشتعل ہوکر ؛ پیچ و تاب کھاتےہوئے ؛ پریشان کن طور پر ؛ اذیت ناکی سے ؛ (پانی) پر شور طور پر ؛ متلاطم ہو کر ؛ (ہَوا) طوفانی انداز میں ؛ جھکّڑوں کے ساتھ؛ زور دار طور پر ۔

Fretfulness : (n) پریشانی ؛ رنجیدگی؛ جھنجھلاہٹ ؛ برہمی ؛ برافروختگی؛ تنک مزاجی؛ غضبناکی؛ اشتعال انگیزی ؛ چڑ چڑاپن ؛ بےصبری ؛ بےتابی ؛ پیچ و تاب ؛ اذیت ؛ اذیت ناکی ؛ تعذیب ؛ تلاطم ؛ جوش ؛ جوشیلا پن ؛ زورداری ۔

Frette : Fret (n) کا متبادل ۔

Fretted : (a) (۱) کرم خوردہ ؛ کھایا ہوا ؛ سوراخ دار ؛ زنگ خوردہ ؛ جس میں گھس کر یا رگڑ سے سوراخ ہوگئے ہوں ؛ گھسا ہوا ؛ زخم خوردہ ؛ خراش دار ۔ (۲) تنگ ؛ پریشان ؛ متردد ؛ متفکر ؛ مبتلائے اذیت ؛ فکرمند ؛ مشوّش ؛ کُڑھتا ہوا یا کُڑھا ہوا ؛ بے چین ؛ بے آرام ؛ جھنجھلا یا ہوا ؛ ستایا ہوا ؛ عاجز ؛ مغموم ؛ رنجیدہ ۔

Fretted : (a) (۱) منبت کاری یا کندہ کاری کے بیل بوٹے سے سجایا ہوا ؛ منقش ؛ نقش و نگارسے آراستہ ؛ کشیدہ کاری یا کندہ کاری کرکے نقش و نگار بنایا ہوا ؛ کشیدہ ؛ کندہ ۔ (۲) (نقابت) بہم پیوستہ ؛ گُتھا ہوا ۔

Fretted : (a) جس ساز میں کھونٹیوں کی قطار ہو ۔

Fretter : (n) گُھن کی طرح کھا جانے والا ؛ شدید جسمانی یا روحانی اذیت پہنچانے والا ؛ گھلا ڈالنے والا؛ کھا جانے والا ؛ صارف ؛ گھِس کر مٹا دینے والا ؛ گلا دینے والا ؛ کتر ڈالنے والا ؛ فرسودہ کن ؛ خستہ کناں ؛ پریشان کُن ؛ رنجیدہ کناں ؛ غیظ آور ؛ اشتعال آور؛ خشم آگیں ؛ چڑ چڑا ؛ جھگڑالو ؛ بدمزاج ؛ بےصبر (بطور اسم)۔

Fretting : (n) گھساوٹ ؛ گھُن ؛ فرسودگی ؛ خستگی؛ تصرف ؛ زنگ خوردگی ؛ کرم خوردگی ؛ پریشانی ؛ اشتعال ؛ غیظ و غضب ؛ رنج ؛ خشمناکی ؛ بدمزاجی؛ چڑ چڑاپن ؛ جھگڑالوپن ؛ بےصبری ؛ تعذیب ؛ اذیت ناکی ؛ کُڑھن ؛ پیچ و تاب ۔

Fretting : (a) مُعَذِّب ؛ اذیت ناک ؛ زنگ آور؛ خستہ کن ؛ گلانے یا گھلانے والا؛ کترکر خراب کردینے والا ؛ گھس ڈالنے والا؛ کھاجانے والا؛ صارف؛ صرف کرڈالنے والا ؛ پریشان کن ؛ اشتعال انگیز ؛ خشم آگیں ؛ بھڑکانےوالا؛ رنج دہ؛ رنجیدہ کن؛ اضطراب آور؛ تلاطم خیز ؛ کُڑھنے والا ؛ پیچ و تاب کھانے والا ۔

Fretty : (a) (نقابت) چند چھڑوں یا چھڑیوں سے جو عموماً آٹھ ہوتی ہیں اس طرح ڈھکا ہوا کہ داہنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف چھڑیاں اس طرح پڑی ہوں کہ ایک دوسرے سے گُتھی ہوئی ہوں ۔

Fretwork : (n) (۱) (تعمیرات) آرائشی نقش ونگار کی کندہ کاری جو بیشتر ایک دو سرے کو کاٹ کر یا ایک دوسرے سے ہو کر گذرتے ہوئے خطوط پر مشتمل ہوتی ہے خصوصاً وہ جو چھتوں میں کی جاتی ہے، نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) کندہ کاری والی پتلی آری سے کاٹ کر بنایا ہوا آرائشی کام ؛ چوبی کندہ کاری ؛ چوبی نقاشی ۔ (۳) سیسے کے چوکھٹوں کے آرائشی کام والا حصہ ۔

Fretwork : (n) کٹاؤ کا کام (لکڑی وغیرہ میں) جس میں آرائشی نقوش بنائے جاتے ہیں ؛ لکڑی پر وہ کام جو پتلی آری سے کیا جاتا ہے؛ چوبی نقاشی؛ چوبی منبت کاری ؛ کارہائے زینیتی ۔

Freudian : (a&n) (۱) فرائڈ یا اس کے اصول تحلیل نفسی کا پیرو یا معتقد ؛ معتقد فرائڈ ۔ (۲) جنسی ؛ وابستہ بہ امور جنسی ؛ ہرزہ ؛ شہوانی ۔

Freudianism/Freudism : (n) فرائڈ یا اس کے اصول تحلیل نفسی کا عقیدہ ؛ عقیدہ٭ فرائڈ ؛ فرائڈیت ۔

Friable : (a) [L.'friabilis'.] (۱) جو (چیز) آسانی سےتوڑی موڑی جاسکے ؛ اس طرح کچلی جاسکے کہ اس کے اجزا باریک اور ریزہ ریزہ ھوجائیں ؛ آسانی سےنرم اورسفوف ھونےوالا۔(۲) ریزناك (جو وزن پڑنے سے پس جائے ، ریزہ ریزہ ھو جائے) سفوف پذیر ؛ پسنے کے لائق ؛ بو سیدہ ؛ بھر بھرا ؛ ٹوٹن ہارا ؛ چورا ھوجانے والا ۔

Friableness : (n) پھسپھساپن ؛ خستگی ؛نازکی ؛ شکنندگی ؛ بھر بھراپن ۔

Friability : دیکھو Friableness

Friar : (n) [ME. 'frere'.] (۱) ایك مخصوص زاویہ کے عیسائی درویش ؛ راہب خصوصاً ان چار زاویوں کے راہب جو فرانسکانی (Grey Friars) اگستامین (wity Friars) ڈامنی نیکن (Friars Preachers , Black Friars) اور کارمیلائٹ (white Friars) کہلاتے ہیں ۔ (۲) (جمع میں) مخصوص زاویہ کے عیسائی درویش کی رہائش گاہ یا خانقاہ؛ اُس علاقے کا نام جہاں اس قسم کی خانقاہ تھی ۔ (۳) مختلف قسم کی مچھلیوں کا نام جیسے ماہی سیم ، شمالی امریکا کی ایك مچھلی ۔ (٤) ایك آسٹریلیائی پرندہ؛ مرغ طاس؛ مرغ کل ۔ (٥) (طباعت) مطبوعہ صفحہ میں ایك سفید یا ہلکی جگہ ۔(٦) شراب کی سطح پرتیرتی ھوئی ہلکے رنگ کی تلچھٹ کی چھوٹی سی پپڑی ۔

Friar-bir : (n) ایك آسٹریلیائی چڑیا؛ مرغ طاس ؛ طیر طاس ۔

Friar skate : (n) ایك قسم کا پودا ۔

Friars balsam : (n) روح لوبان ؛ جاوائی لوبان کے مرکب کا محلول جو زخموں پر لگا نے کے کام آتا ھے ۔

Friars cap (s) : (n) ایك قسم کا زہریلا پودا ؛ جد وار ۔

Friars cowl : (n) ایك جنگلی پودا ؛ اَرم ؛ درنمو ؛ پودوں کی ایك قسم ۔

Friars crown : (n) ایك قسم کا پودا ۔

Friarly : (a) عیسائی راہبوں کا یا اُن سے متعلق ؛ راہبوں جیسا ۔

Friarly : (adv.) عیسائی راہبوں کے سے انداز میں ۔

Friary : (n) راہبوں کی خانقاہ ؛ دیر ؛ صومعہ ۔(۲) راہبوں کی برادری ؛ راہبوں کی جماعت ۔(۳) توصیفی معنوں میں (راہبوں کی برادری یا اُن کی خانقاہ کا یا اُن سے متعلق) ۔

Friation : (n) رگڑنا یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔

Fribble : (a) غیر اہم ؛ خفیف ؛ ذراسی ؛ ادنیٰ سی ؛ سبك ؛ سبك سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہو دہ ؛ غیر سنجیدہ ؛ نکمی باتیں یا بے نتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ مضحك ؛ مہمل ؛ نامعقول ۔

Fribble : (n) (۱) خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ؛ سبك سر یا بیہودہ شخص ۔ (۲) لغو ؛ سبك ؛ پوچ ؛ بے معنی ؛ مہمل بات ؛ ادنیٰ سی چیز ؛ ادنیٰ سی بات ۔ (۳) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی ؛ نکماپن ؛ خفیف الحرکتی ؛ سطحیت ۔

Fribble : (v) [echoic.] خفیف اوربیہودہ حرکت کرنا ؛ خفیف الحرکات ھونا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ بےوقوفی کرنا؛ بے معنی بات کرنا ؛ بے مقصد کام کرنا ؛ کم زوری یا کم حوصلگی سے کام لینا ؛ بو الفضول کرنا؛ فضول وقت ضائع کرنا ؛ بیہودہ برتاؤ کرنا ؛ سبك سری دکھانا ۔

Fribbler : (n) نکمّا ؛ سبك سر ؛ ہرزہ سرا ؛ بیہودہ یا خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ۔

Fribbling : (n) سبکی ؛ بیہودگی ؛ سبك سری؛ ہرزہ سرائی ؛ خفیف الحرکتی؛ لغویت؛ نامعقولیت ؛ نامعقول باتیں یا بیہودہ حرکتیں کرنے والا ۔

Fribbery : (n) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی ؛ سبك سری ؛ خفیف الحرکتی ؛ نکّماپن ؛ نامعقولیت ۔

Friborgh/-burgh : دیکھو Frank-pledge

Fricandeau : (n) [F.] بُھنے ھوئے یا اُبلے ھوئے گوشت کا ایك ٹکڑا؛ پارچہ خصوصاً بچھڑے کا گوشت جو چٹنی کے ساتھ یا نمك مرچ چھڑك کر کھایا جاتا ھے ۔

Fricandeau : (v) بھُنے ھوئے یا ابلے ھوئے گوشت کےٹکڑے یا پارچے بنانا ۔

Fricandel/-elle : (n) [quasi-Fr.var.of prec.] کوفتہ ؛ قیمہ کر کےاور گول بنا کر تلا ھوا گوشت ؛ گولر کباب ۔

Fricassee : (n) [F.'fricassee'.] (۱) گوشت کے ٹکڑے جو بھون کر یا اُبال کر چٹنی کے ساتھ کھائے جاتے ہیں ۔ (۲) (خصوصاً) پرندوں یا چھوٹے جانوروں کے ٹکڑے کا قلیہ ۔

Fricassee : (v) قلیہ بنا نا ؛ گوشت کے ٹکڑے کو بھون کر یا اُبال کر کھانا تیار کرنا؛ قلیہ کی طرح تیار کرنا ۔

Fricative : (n) [mod.L. 'fricativus'.] وہ حرف صحیح جو منہ کے کم کھلے ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے پیدا ہو مثلاً 'f' the ' Ch (اسکاچستانی تلفظ) ؛ رگڑ سے پیدا شدہ یا پیدا کردہ موافق آواز ۔

Fricative : (a) (۱) ماؤتھ آرگن (منہ سے بجانے والے باجے) کے دو سوراخوں کے درمیان تنگ سوراخ سے ہو کر گذرتی ہوئی سانس کی رگڑ سے پیدا شدہ (حرف صحیح کے درستی ساز کی آواز) ۔ (۲)بعض سازوں میں رگڑ سے پیدا کی ہوئی (آواز) ؛ (لسانیات) صفیری ؛ صفیرہ ۔

Fricatrice : (n) [L.'fricatricem.] ذلیل عورت ؛ ناکارہ عورت ؛ برزہ عورت ؛ بدکار عورت ؛ فاحشہ ؛ رنڈی ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ وہ عورت جو کسی دوسری عورت سے استفادۂ جنسی کرتی ہو ؛ عیاش عورت ۔

Friction : (n) [L. 'frictionem'.] (۱) طبی مالش ؛ جسم کو مل کر گرمی پہنچانا ۔ (۲) دو جسموں کی رگڑ ؛ رگڑ ؛ اندراس ؛ گھساؤ ؛ چھلن ؛ خراش ۔ (۳) (طبیعیات) مزاحمت (حرکت اضافی) جو ایک جسم کے دوسرے جسم پر حرکت کرنے سے واقع ہوتی ہے۔ (٤) (مجازاً) اختلاف ؛ تکراؤ ؛ (خصوصاً مزاجوں یا خیالات کا) (لسانیات) رگڑ: اختلاف رائے؛ اختلاف طبیعت یا مزاج (عموماً دو آدمیوں میں)۔

Angle of friction : کسی جسم یا سطح کے ڈھلواں ہونے کی وہ حد جس پر کوئی دوسراجسم یا چیز بغیر پھسلے ہوئے قائم رہ سکے ؛ وہ زاویہ جو ایک جسم کا دوسرے جسم پر بغیر پھسلے یا گرے بنایا جاسکے (وہ زاویہ جس پر جسم قائم رہے)زاویۂ فرک ؛ (طبیعیات) رگڑزاویہ ۔

Boundary friction : (طبیعیات) حدی رگڑ ۔

Coefficient of friction : (طبیعیات) رگڑ ضربیہ ۔

Dynamic friction : (طبیعیات) حرکی رگڑ ۔

Face of friction : (طبیعیات) رگڑ قوت ۔

Static friction : (طبیعیات) سکونی رگڑ ۔

Friction : (v&n) رگڑنا ؛ ملنا ؛ مس کرنا ؛ چھیلنا ؛ خراش ڈالنا ؛ مالش کرنا ؛ گھسنا ؛ کُھجانا ؛ (جسم وغیرہ کو) ۔

Friction at rest : (n) ایک دو سرے کو مس کرتے ہوئے دو جسموں یا دو چیزوں کے درمیان رگڑ کی مقدار ۔

Friction-ball : (n) مشین کے پہیوں میں جو گولیاں اس غرض سے ڈالی جاتی ہیں کہ رفتار میں مزاحمت اور رگڑ کم ہو ۔

Friction block : (n) وہ بلاک جو کسی گھومتی ہوئی چیز پر دبا کر رگڑ کے ذریعہ اُس کی رفتارکو روکنےیا کم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Friction brake : (n) ایک قسم کا آلہ قوت پیما (ڈائناموميٹر) جس میں ایک مقررہ رفتارسے گھومتے ہوئے دُھرے کے ساتھ دو بلاک کسے ہوتے ہیں ؛ نیز کسی گھومنے والی بڑی مشین کے ذریعہ انجام دیتےہوئے کام کی مقدار کو ناپنے والا؛ روغنوں کی چکناہٹ کی پیمائش کا ایک آلہ؛ فریکشن بریک کے ذریعے چلنے والا ؛ فریکشن بریک ۔

Friction breccia : (n) دیکھو Fault-rock

Friction/-clutch'-cono/-coupling/-disc : (a) وہ پُرزے جو مشینوں کی رگڑ سے رفتار پیدا کرنے کےلئے لگائے جاتے ہیں ؛ فرکی پنجہ ۔

Friction fremitus : (n) وہ استماعی آواز جو اُس وقت سنی جاتی ھے جب پھیپھڑے کا پردہ یا غلاف قلب سوجن اور بہے ہوئے پنچھے سےنا ہموار یا کُھردرا ھوجا تا ھے ۔

Friction-fuse : توپ داغنے کی نلی ؛ وہ نلی جس میں آگ لگا کر توپ داغی جاتی ھے ۔

Friction gear/-gearing : (n) وہ پُرزے جو مشینوں میں رگڑ سے رفتار پیدا کرنے کےلئے لگاے جاتے ہیں ؛ فرکی گیرہ ۔

Friction machine : (n) ریشم کے اتصال سے برقی رو پیدا کرنے والی برقی مشین ۔

Friction powder : (n) سُرمے اور القلی (پوٹاش) کے کولوریٹ کا مرکب جو ذراسی رگڑ سے بھڑک اُٹھتا ھے ؛ خفیف رگڑ سے بھڑک اُٹھنے والا ایک آتش گیر مرکب ۔

Friction primer : (n) فریکشن ٹیوب کا امریکی نام ۔

Friction roller : (n) بیلن جو اپنے اوپر سے گذرتی ہوئی چیز کی رگڑ کو کم کرنے کےلئے ہوتا ہے ؛ بیرنگ میں گھومتے ہوئے چھوٹے بیلن ۔

Friction sound : (n) دیکھو Friction fremitus

Friction tube : (n) دیکھو Friction-fuse

Friction wheel : (n) (۱) بیلن جو اپنے اوپر سے گذرتی ہوئی چیز کی رگڑ کو کم کرنے کے لئے ہوتا ہے ۔ (۲) بیرنگ میں گھومتے ہوئے چھوٹے بیلن جو دھرے کے انخفاض میں اپنے محیطوں یا گھیروں کے اوپری حصے کے اتصال سے روکے رکھتا ہے؛ بیرنگ کے اندر گھومتے ہوئے چھوٹے بیلنوں میں سے ایک ۔

Frictional : (a) جو رگڑ سے پیدا ہو یا کیا جائے یا متحرک کیا جائے ؛ رگڑ کا یا اس سے متعلق ؛ فزکی ؛ (لسانیات) رگڑ دار ۔

Frictional electricity : (n) رگڑ کے ذریعہ پیدا کی ہوئی یا ترقی دی ہوئی بجلی ؛ فر کی برق ؛ (طبیعیات) رگڑ برق ۔

Frictional gearing (wheels) : (n) وہ پہیے جو دندانوں کی بجائےصرف رگڑ ہی سےحرکت کو منتقل کرتےہیں ۔

Frictional heat : (n) (طبیعیات) رگڑ حرارت ۔

Frictional resistance : (n) (طبیعیات) رگڑ مزاحمت ۔

Frictional unemployment : (n) (تجارت) مزاحمتی بےروزگاری ۔

Frictionalised : (a) (لسانیات) رگڑ دار ۔

Frictionally : (adv.) رگڑ کے ذریعہ پیدا ہو کر یا متحرک ہو کر ۔

Frictionless : (a) بےرگڑ کا ؛ جسم میں رگڑ یا رکاوٹ پیدا نہ ہو ؛ بے لاگ ؛ بے روک ؛ بے خراش ۔

Frictionlessly : (n) بے لاگ طور پر ؛ بلا روک ٹوک ۔

Friday : (n) [OE.'frizedoez'.] (۱) جمعہ ؛ آدینہ ؛ ہفتے کا چھٹا دن (انگریزی اعتبارسے) ۔ (۲) اُس دن دی ہوئی دعوت استقبالیہ یا تفریح ۔ (۳) توصیفی معنوں میں، مثلاً صبح جمعہ ؛ صبح آدینہ ۔

Black friday : سیاہ جمعہ ؛ بہت سے جمعے تاریخ میں ایسے گذرے ہیں جب سخت حادثات پیش آئے اسی لئے اُن کو سیاہ جمعہ کہا جاتا ہے۔

Good Friday : جمعہ جو ایسٹر سے پہلے آتا ہے ؛ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مصلوب ہونے کی یادگار کے طور پرمنایا جاتا ہے؛ آدینہء نیک ۔

Fridge : (v) [app.echoic.] مَلنا ؛ مالش کرنا ؛ رگڑنا ؛ کھُجانا ؛ رگڑ کر پتلا کردینا؛ گھس ڈالنا؛ (اب خاص کر بول چال میں مستعملؔ ہے)۔

Fridge/Frig : (n) (روز مرہ) Refrigerator کا مخفف ۔

Fried : (a) [f. fry v.] تلا ہوا ؛ بھُنا ہوا ؛ تل کر پکا یا ہوا ۔

Friedreich's ataxia : (n) (طب) موروثی لڑکھڑاہٹ ۔

Friend : (n) [OE.freond.] (۱) دوست ؛ محب ؛ یار ؛ رفیق ؛ آشنا ؛ مخلص ؛ ساتھی ۔ (۲) وہ شخص جو دو شخصوں کی لڑائی (Duel) میں کسی ایک کا ساتھی (Friend) ہو ۔ (۳) (عرف عام) شناسا ؛ وہ اجنبی جو کبھی کہیں مل جائے (اس معنی میں طنزاً) نیز دوستوں کی انجمن کے ارکان کے ذریعہ بطور خطاب استعمال کیا جاتا ہے ۔ (٤) (جمع) قریبی رشتہ دار ؛ وہ لوگ جو کسی شخص کےمتعلق کوئی ذمہ داری قبول کریں ۔ (٥) ہمدرد؛ معاون؛ مربی ؛ بہی خواہ ؛ مدد گار؛ پُشتیبان ؛ خیر خواہ ؛ حامی ۔ (٦) کوئی چیز ؛ بات یا صفت جس سے مدد ملتی ہو یا کام نکلتا ہو ؛ مفید مطلب بات یا چیز ۔ (۷) جو شخص دشمن نہ ہو یا اپنی جماعت یا فرقے کا آدمی ہو ، جنگ ، سیاست وغیرہ میں جو شخص اپنا ہم جماعت، ہم طرف یا رفیق رہا ہو ؛ جس شخص کے ساتھ تعلقات بہترہوں ۔ (۸) "خائفین" انجمن احباب (Society of Friends) کےاراکین کا نام؛ (غیرارکان کی اصطلاح میں) (اس انجمن کو سنہ ۵۰-۱٦٤۸ء میں جارج فاکشن نے قائم کیا تھا جس کی اغراض میں امن و امان کے اصولوں کی ترویج ، لباس کی سادگی اور زبان کی سلاست نیز القاب و آداب و خطابات سے حتی المقدور پرہیز وغیرہ شامل تھیں)۔

My friend in the brown hat now left me : وہ صاحب (محض شناسا یا ایسا اجنبی جو کبھی کہیں مل گیا ہو) جو بھوری ٹوپی پہنے ہوئےتھے اب مجھ سے جدا ہوگئے ۔

My honourable friend : میرے دوست (ممبران پارلیمنٹ و کاؤنسل اس طرح ایک دوسرے کا ذکر کرتےہیں) ۔

My learned friend : قانون پیشہ لوگ ، وکلا وغیرہ عدالت میں ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہیں ۔

My shyness was here my best friend : یہاں میرا شرم و حجاب ہی میرے کام آیا ۔

To be friends : دوست ھونا ؛ دوست بنانا ؛ دوستی کرنا ۔

To be, keep, make, friends with : دوست ھونایا دوست بنانا ؛ دوستی کرنا ۔

To keep friends : بہت سےدوست رکھنا یا ھونا ۔

To make friends : دوستی کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ۔

Friend : (v) [ME. f. friend n.] (شاعری کا) کسی کے ساتھ دوستی کرنا؛ کسی کی مدد کرنا ؛ مساعدت کرنا؛ وقت پر کام آنا؛ دوستانہ برتنا ؛ دوست داری کرنا؛ دستگیری کرنا؛ مراعت کرنا ؛ دوست کی طرح عمل کرنا ؛ (مجازاً چیزوں کےلئے) ۔

Friend Dick/-jones : جب کسی نام سے پہلے استعمال کیا جائےتو معمولی شناسائی کا اظہار ھوتا ھے ۔

Friend in or at court : (n) وہ دوست جس کےاثر یا کوشش سے دربار میں کار براری کی جاسکے ۔

Friend lead : (n) کوئی جلسہ یا تقریب جس کی غرض لندن کے غرباء اور مفلوک الحال لوگوں کے لئے چندہ کرنا ھو ۔

Friend of God : (n) جس پر خاص فضل الٰہی ھو اور جسے اللّٰہ کی خصوصی حمایت حاصل ھو؛ خلیل اللّٰہ؛ خدا کا دوست ۔

Friended : (a) جس کا ایک یا بہت سارے دوست ھوں ؛ یار باش ؛ دوست دار ۔

Friendless : (a) (۱) بے یارو مددگار ؛ بیکس ؛ جس کا کوئی دوست نہ ھو ؛ جس کا کوئی ساتھی نہ ھو ؛ بے دوست ۔ (۲) غیر دوستانہ ؛ نا مناسب ؛ غیر مفید ؛ بے موقع ؛ غیر کارآمد ؛ ناموافق ؛ ناپسندیدہ ۔

Friendlessness : (n) بیچارگی ؛ بیکسی ؛ بےیا ر و مددگار ھونے کی حالت ؛ غیر دوستانہ پن ۔

Friendlike : (a) دوستانہ ؛ دوستوں کی طرح ؛ غیرمخالفانہ ؛ مفید مطلب ؛ کارآمد ؛ مناسب ۔

Friendlily : (adv.) دوستانہ انداز میں ؛ محبانہ اور مشفقانہ طور پر ؛ ہم دردی کے ساتھ ۔

Friendliness : (n) موافقت ؛ہمدردی ؛ مہربانی ؛ لطف وکرم ؛ دوستی؛ شفقت؛ یگانگت؛ دوست داری ؛ (کبھی کبھی جمع میں) اظہار ہمدردی ۔

Friendly : (a) [OE.'freondlic'.] (۱) دوست کی طرح برتاؤ کرنےوالا یا ایسا برتاؤ کرنے پرآمادہ؛ کارآمد؛ دوستوں کی صفات رکھنے والا ۔ (۲) دوستوں کی خصوصیت کا ؛ یا دوستوں کو فائدہ پہنچانے والا ؛ دوستی کا اظہار کرنے والا ؛ دوست داری دکھلانےوالا ؛ ہمدردی یا دستگیری کرنے والا ۔ (۳) نا دشمن ؛ غیر دشمن ؛ جس سے محبانہ اور دوستانہ تعلقات ھوں ۔ (٤) خیر خواہ ؛ ھوا خواہ ؛ بھلائی چاہنے والا ؛ معاون ؛ حامی ؛ مددگار ۔ (٥) ہمدرد ؛ سازگار ؛ موافق ؛ مساعد ؛ مناسب ؛ مہربان ؛ شفقت رکھنے والا؛ طرف دار؛ مفید؛ مفید مطلب؛ آسان؛ سہل؛ راحت بخش؛ موزوں؛ ممد؛ معین ۔ (٦) جو رجحان (کسی طرف) موافقت کے ساتھ ھو ۔ (۷) جو (اشیاء) مناسب ، باموقع ھوں ۔

Firendly : (n) دوست یا غیر مخالف نیٹو (غیر مہذب نسل یا یوروپی اقوام کا فرد)؛ دوستانہ مقابلہ جو صرف تفریحاً ھو کسی انعام کی خاطر نہ ھو؛ دوستانہ ؛ یارانہ ؛ دوستوں کی خصوصیت جس سے مہربانی اورلطف و کرم ظاہر ھو یا جو رحم دلی کی وجہ سے پیدا ھو ۔

A friendly match (at Football etc.) : کھیل کاوہ مقابلہ جو محض دوستانہ ہارجیت کےلئے کیا جائے اور کسی انعام کی خاطر نہ ھو ؛ دوستانہ مقابلہ ؛ دوستانہ کھیل ۔

A friendly nation : وہ قوم جس سے دوستانہ تعلقات ھوں ۔

Friendly : (adv.) دوستانہ انداز میں ؛ دوستانہ جذبات کے ساتھ ؛ مشفقانہ طور پر ؛ حمایت کرتے ھوئے ؛ غیر مخالفانہ ؛ مہربانی اور محبت کےساتھ ؛ پسندیدگی کے ساتھ ؛ بہ طور ہمدردی ؛ ہمدردانہ جذبات کے ساتھ ۔

Friendly action at law : دوستانہ قانونی کاروائی جو محض کسی قانونی نکتہ کو عدالت میں حل کرانے کےلئے کی گئی ہو اور جس کا سبب ذاتی مخالفت نہ ہو۔

Friendly society : (n) (ابتداً) ایک مخصوص آگ بیمہ کمپنی کانام ؛ (بعد میں) ایسی مختلف انجمنوں میں سے ایک جن کے ارکان مصیبت ، بیماری اور ضعیف العمری میں ایک دوسرے کی مدد اور مرجانے پر پس ماندگان کی امداد کےلئے مقررہ چندہ جمع کرتے ہیں ؛ انجمن امداد باہمی ۔

Friendship : (n) [OE.'freondscipe'.] (۱) دوست ہونے کی حالت ؛ دوستی ؛ یاری ؛ رفاقت ؛ موافقت ؛ مساعدت ؛ یگانگت ؛ دوستوں کی طرح ایک جماعت یا انجمن ؛ دوستانہ تکلفی ؛ گہری دوستی ؛ موالات ؛ دوستانہ تعلقات ۔ (۲) دوستانہ رجحانات طبع جو ظاہر کئے جائیں یا محسوس کئے جائیں ؛ موافقت ؛ ہمدردی ؛ مہربانی ؛ لطف و کرم ؛ شفقت ؛ دوست داری ۔

Friesian/Frisian : (n) دودھ دینے والے بڑے جانور کی ایک نسل کا نام ۔

Frieze : (n) [F.'frise'.] (۱) موٹا ، کھردرا اونی کپڑا جس کے صرف ایک ہی طرف رواں ہو ؛ (اب خاص کر آئرش کا بنا ہوا) ۔ (۲) کیمخت کے چمڑے کی خراش ۔

Frieze : (n) [F.frise fem.] (۱) (تعمیرات) ستون کے اوپر کا ایک ٹکڑا جو وسطی کڑی اور اندر کی کنگنی (کگر) کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۲) اس ٹکڑے میں ایک چوڑی پٹی جس میں سنگ تراشی یا نقاشی کا کام کیا گیا ہو ۔ (۳) آرائشی پٹی جو کسی مقام پر بنائی گئی ہو؛ حاشیہ آرائشی (ستون میں) ؛ گوٹ ۔ (٤) کگری ۔ (٥) توصیفی معنوں میں جیسے حاشیہ آرائشی کا کام ؛ نیز چھ زائد تختے والے دروازے میں کا سب سے اوپری زائد تختہ ۔

Frieze : (v) [F.'friser'.] نرم روئیں دار کپڑے سے ڈھکنا ؛ (کپڑوں میں) نرم روئیں بنانا ۔

Frieze : (v) [F.friser.] (۱) زردوزی کا کام کرنا ؛ کارچوبی کا کام کرنا؛ زری کا کام بنانا؛ کشیدہ کاری کرنا (شاذ) ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پہلوؤں والے جنگلوں پر اور اسی طرح جہاز کے ماتھے اور دنبالہ٭ جہاز کے ارد گرد آرائشی کندہ کاری یا رنگین نقاشی کرنا ۔ (۳) (چاندی کی پلیٹ کو) کندہ یا اُبھرواں نقش و نگار سے آراستہ کرنا ۔

Frieze panel : (n) (تعمیرات) چھ زائد تختے والے دروازے میں کا ایک سب سے اوپری زائد تختہ ۔

Frieze-work : (n) (تعمیرات) ستون میں حاشیہ آرائشی کا کام ۔

Friezed : (a) ستون میں حاشیہ آرائشی کیا ہوا ۔

Friezed : (a) (۱) (کپڑا) نرم رُواں دار؛ جس میں نرم روئیں ہوں ۔ (۲) (پودا) روئیں دار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ روئیں کا ؛ روئیں کا سا ۔

Friezer : (n) [f.Frieze. v.] کپڑے کو نرم روئیں داربنانے والا؛ کپڑے پر زردوزی یا کارچوبی کا کام بنانے والا ۔

Friezing : (n) نرم روئیں دار کپڑے سے ڈھکنے کا عمل ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Friezing : (n) جہاز کے پہلوؤں والے جنگلوں پر اور اسی طرح جہاز کے ماتھے اور دنبالہ جہاز کے گرد بنی ہوئی آرائشی کندہ کاری یا رنگین نقاشی ۔

Frig : (v) مباشرت کرنا ؛ ہم بستری کرنا ؛ ہم بستر ہونا ؛ مباشر ہونا ۔

Frigate : (n) [F.fregate.] (۱) (تاریخ) جنگی جہاز جو بہ لحاظ جسم اور وزن اور بہ لحاظ سامان جنگ جنگی بیڑوں کے جہازوں سے دوسرے نمبر پر ہوں اورجن پر ۲۸ سے ٦٠ تک توپیں لگی ہوں؛ سبک اورتیزرو کشتی جو پہلے چپوؤں سے چلائی جاتی تھی اور بعد میں بادبان سے ۔ (۲) (جدید اصطلاح) عام جنگی جہاز ۔ (۳) منطقہ حارہ کے اورگرم درجہ٭ حرارت والے سمندروں کے آس پاس پایا جانے والا ایک بڑا تیز پروازشکاری پرندہ ۔ (٤) توصیفی معنوں میں ۔

Frigate-bird : (n) گرم ملکوں کاایک بڑا اورتیز پروازپرندہ ۔

Frigate-built : (a) جس جہاز کے اگلے بلند عرشے اور وسطی عرشے سے جہاز کے بیچ والے حصے میں جانے والی چند قدموں کی سیڑھی لگی ہو ۔

Frigate petrel : (n) دیکھو Frigate-bird

Frigatoon : (n) [It.fregatone.] مربع نما دنبالے والا شہر وینس کا ایک جہاز جس میں صرف ایک بڑا مستول ،

پچھلا مستول اور وہ شہتیر ہوتا ھے جو جہاز کے بیچ میں بادبان کو تھامے رکھنے کے لئے لگایا جاتاھے؛ ایک قسم کی ایک مستولی جنگی کشتی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ھے : جنگی غراب۔

Frige faction : (n) (عضویات) تبرید۔

Frigger : (n) ہم بستر ہونے والا ہم بستری کرنے والا؛ مباشرت کرنے والا۔

Frigging : (n) مباشرت ؛ ہم بستری ؛ جماع ؛ جفتی ؛ مجامعت ؛ مباشرت کرنے یا مباشرت ہونے کاعمل۔

Fright : (n) [OE. fryhto.] (۱) وہ خوف جو دفعتاً پیدا ہو ؛ خوف ناگہانی ؛ دہشت ؛ ہول ؛ ڈر ؛ سہم ؛ ہراس ؛ گھبراہٹ ؛ سراسیمگی ۔ (۲) بھیانک اور خوف ناک صورت والا آدمی ۔

Fright : (v) [OE.fryhtan.] (شاعری) ڈرانا؛ دھمکانا ؛خوف زدہ کرنا ؛ شدت سے خوف زدہ کرنا ؛ دہشت پیدا کرنا ؛ ہولا دینا ۔

Frighted : (a) خوف زدہ ؛ ڈرا ہوا ؛ خائف؛ دہشت زدہ ؛ ہیبت زدہ؛ جس کی رگ و پے میں خوف سرایت ہو ۔

Frightedly : (adv.) خوف زدہ انداز میں ؛ خائف ہو کر ؛ دہشت زدہ طور پر ۔

Frighten : (v) خوف زدہ کر دینا ؛ ڈرانا ؛ خائف کر دینا ؛ دہشت پیدا کرنا ؛ ہولا دینا ۔

To frighten away, or out of place : ڈرا کر کسی جگہ یا مکان سے بھگا دینا ۔

To frighten into doing : خوف دلا کر، دھمکا کر (کوئی کام) کرا لینا ۔

To frighten into submisssion : : دھمکا کرمطیع کرلینا ؛ اتنا دھمکانا کہ مطیع ہو جائے ۔

To frighten out of wits : خوف زدہ کر کے خارج از حواس کر دینا ؛ (اس قدر ڈرانا کہ بدحواس ہو جائے)۔

Frightened at : (a) (کسی چیز سے) خوف زدہ ۔

Frightened of : (a) (کسی چیز یا شخص سے) خوف زدہ (عموماً عادتاً)۔

Frightful : (a) (۱) خوفناک ؛ دردناک ؛ ترس ناک ؛ ہولناک ؛ ہیبت ناک ؛ خطر ناک ؛ وحشت انگیز ؛ دہشت ناک ؛ ڈرانے والا؛ مخوف؛ تکلیف دہ ؛ بیزارکن ۔ (۲) نفرت انگیز ؛ کریہہ المنظر ؛ کریہہ ؛ زشت ؛ بھیانک ؛ مکروہ ؛ گھناؤنا ؛ ناگوار۔ (۳) (بازاری) بہت بڑا ؛ پریشان کن ؛ بدحواس کر دینے والا؛ گھبراہٹ یا ہول پیدا کرنے والا ۔

Frightfully : (adv.) (اصطلاحاً) بہت ؛ بے حد؛ ازحد؛ خوف ناک طور پر ؛ بھیانک انداز میں ؛ نفرت انگیزطور پر ۔

Frightfulness : (n) دہشت انگیزی ؛ خوف ناکی ؛ ہولناکی ؛ ہیبت انگیزی ؛ بھیانک پن ؛ ناگواریت ؛ نفرت انگیزی ؛ (اصطلاحاً) غیرفوجی آبادی کو خوف زدہ کرنے کا طریقہ جو بعض اوقات فوجی حکمت عملی کے طور پر اختیار کیا جاتا ھے ۔

Frightless : (n) بے خوف ؛ نڈر ؛ بے باک ۔

Frightment : (n) وحشت ؛ ترس ؛ ہراس ؛ خوف زدگی؛ دہشت انگیزی ؛ وحشت ناکی ؛ دہشت انگیز چیز ۔

Frigid : (a) [L.frigidus.] (۱) سرد ؛ خنک ؛ مفقود الحرارت ؛ جس کا درجہء حرارت کم ہو یا بہت پست یا نیچا ہو ؛ بے جوش ؛ بےحرارت ۔ (۲) سرد مہر؛ باردالمزاج ؛ تصنع کابرتاؤ کرنےوالا ؛ جس میں جوش یا سرگرمی نہ ہو ؛ سرد ؛ بے حس ؛ جس پر جذبات کا اثر نہ ہو؛ گرمیء احساس و جذبات سے خالی ؛ ظاہر دار ؛ پابند رسوم ؛ سخت ؛ بےلوچ ؛ اکھڑ ؛ روکھا ؛ کم آمیز ؛ رسمی ؛ پر تصنع ۔ (۳) اُداس کرنےوالا؛ پژمردہ یا افسردہ کرنےوالا ۔ (٤) سست ؛ روکھا پھیکا ؛ بےمزہ ؛ بے ذائقہ ؛ بے رنگ ؛ بےنمک ؛ سپاٹ ؛ بے لطف ؛ بے حس ؛ بے جان ؛ افسردہ دل ؛ غبی؛ کند ذہن ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق ؛ ٹھس ۔ (٥) (طب) نامرد ۔ (٦) (نفسیات) زن جامد ؛ جماع گریز ۔

Frigid zone : (n) : (جغرافیہ) منطقہء باردہ؛ منطقہء منجمدہ ؛ منطقہء افسردہ ؛ زمین کا وہ سرد منطقہ یا حصہ جو قطب شمالی یا جنوبی کے دائرے میں واقع ھے ۔

Frigidaire : (n) (طبیعیات) سرد آلہ ۔

Frigidarium : (n) [L.f.'frigidus'.] رومی حمام کا سرد خانہ ؛ رومی حمام کا سرد کمرہ ۔

Frigidity : (n) [F.frigidite.] (۱) سرد ہونے کی حالت یا صفت؛ سردی ؛ خنکی ؛ انجماد ؛ انتہائی سردی یا

خنکی ؛ شدید ٹھنڈك ۔ (۲) حرارت جنسی کی کمی ؛ قوائے جنسی کی کمی ؛ حرارت تولیدی کی کمی ؛ نامردی ؛ کمزوری ۔ (۳) (مجازاً) گرمیء احساس و جذبات کا فقدان ؛ بے حسی ؛ مردہ دلی ؛ خشك یاروکھی پھیکی زندگی ؛ جس میں جذبے کو دخل نہ ہو ؛ سرد مہری؛ افسردہ دلی ؛ روکھاپن ؛ بےاعتنائی ؛ بےحرارتی ؛ بےحوصلگی ؛ بےدلی ؛ بےہمتی ؛ ناتوانی ؛ جوش یا سرگرمی کی کمی ؛ بے شعلگی ؛ زندگی یا سوز وساز زندگی کا فقدان؛ حرارت غریزی سے محرومی ؛ سستی ؛ بے جان ؛ سپاٹ پن ؛ افسردگی ۔ (٤) (میکانیات) جمود ۔ (٥) (طبیعیات) برودت ۔ (٦) (نفسیات) جمودزن ۔

Frigidly : (adv.) سرد مہری سے ؛ افسردگی سے ؛ روکھے پھیکے پن سے ؛ تصنع آمیز طور پر ؛ بےلطف انداز میں ۔

Frigidness : (n) سرد مہری ؛ افسردگی ؛ ظاہر داری ؛ تکلف ؛ تصنع ؛ بے لطف ؛ پھیکا پن ؛ بےنمکی ۔

Frigoric : (a) [L.f. frigor-frigus+-ic] سرد کاری سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ سردی کے استعمال سےمتعلق یا اُس پر مشتمل ۔

Frigorific : (a) [L.'frigorificus'.] سرد کرنے والا ؛ خنکی آور ؛ منجمد کرنےوالا ؛ بےحس کر دینے والا ؛ سردی پیدا کرنے والا ؛ سرما خیز ؛ خنك کنندہ ؛ خنکی انگیز ؛ برودتی ؛ برودت خیز ؛ بارد ؛ خنکی بخش ؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ سرد ؛ (عضویات) مبرِّد ؛ سرد خیز ۔

Frijol/Frijole : (n) [SP.] (نباتیات) سرخ لوبیا ۔

Frill : (n) [Origin unkn.] (۱) جھالر ؛ سنجاف ؛ چُنٹ (کپڑے کی) ؛ جھالردارحاشیہ ؛ اس سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۲) کاغذ کی جھالر جو گوشت کے بھنے ہوئے ٹکڑے پر برائے آرائش لگا دیتے ہیں ۔ (۳) وہ قدرتی جھالر جو پرندوں اور جانوروں کی گردنوں یا پروں یا پودوں کے پتوں پر ہوتی ہے ۔ (٤) (جمع) خود نمائی یا ظاہرداری ۔ (٥) (جانوروں کی) آنتوں کے بعض حصوں کو معدے کی بیرونی سطح سے ملانے والی جھلی (قصابوں کی زبان میں) ۔ (٦) (فوٹوگرافی) پلیٹ کے کنارے پر جلاٹین کی جھلی (فلم) جو شکن آلود ہوگئی ہو یا کسی طرف سمٹ گئی ہو ۔ (۷) صدفی مچھلی کی ایك قسم ۔

He puts on frills : خود نمائی کی مصنوعی باتیں کرتا ہے ؛ بڑا دم مارتا ہے ۔

Frill : (n) [Etym. doubtful.] سردی سے کانپتے ہوئے باز کے پروں کی بے ترتیبی یا پریشانی ۔

Frill : (n) (مجازاً) ٹیم ٹام ؛ بیکار آرائش ؛ لاحاصل یا نمائشی کمال (نیز جمع) ۔

Frill : (v) (۱) جھالر لگانا ؛ چنٹ ڈالنا ؛ جھالروں سے آراستہ کرنا؛ سنجاب دار بنانا؛ چین دار کرنا۔ (۲) (تصویر کشی) (فلم کو) جھالر کی طرح شکن در شکن اُٹھانا یا اُبھرواں بنانا یا ایسا بن جانا ۔

Frill-back : (n) کبوتر کی ایك قسم جس کی گردن پر گول جھالر نما پر ہوتے ہیں ۔

Frill lizard : (n) ایك قسم کا آسٹریلیائی چلپاسا (گرگٹ کی قسم کا جانور) جس کی گردن کے گرد چوڑا جھلی دار حلقہ ہوتا ہے جسے وہ کبھی کبھی کھڑا کر لیتا ہے ۔

Frilled : (a) جھالر دار ؛ جھالرلگا ہوا ؛ حاشیہ دار ؛ چین دار؛ سنجاب دار ؛ چنٹ لگا ہوا ؛ جھالروں سے آراستہ ؛ (تصویر کشی کی پلیٹ) کناروں پر کمرخی کی طرح اُبھری ہوئی ۔

Frilled lizard : (n) دیکھو Frill lizard

Frilledness : (a) جھالر داری ؛ حاشیہ داری ؛ سنجاب داری ؛ شکن آلودگی ۔

Frillery : (n) جھالروں کا مجموعہ ؛ جھالروں کی توفیر ۔

Frillies : (n) (جمع) جھالر لگے ہوئے اندر پہننے کے زنانے کپڑے ؛ سنجاب دار زیر جامے ۔

Frilling : (n) (۱) (لباس میں) جھالر لگانے کا عمل ؛ کمرخی دارحاشیہ ؛ جھالر لگانا یا ٹاکنا ؛ جھالر دوزی ؛ حاشیہ دوزی ؛ جھالریں ؛ سنجاب ؛ چنٹ ۔ (۲) (تصویر کشی) کنارے پر بنا ہوا کمرخی اُبھار ۔

Frilly : (a) جھالروں سے بھرا ہوا ؛ سنجاب دار ؛ چنٹ دار ؛ جھالر دار ؛ جھالر نما (نیز بطور اسم جمع میں) جھالر دار زیر جامے؛ سنجاب دار زیر جامے ۔

Frim : (a) [OE. 'freme'.] (۱) (بول چال) قوی ؛ طاقت ور ؛ شدید ؛ سخت ؛ چاق و چوبند؛ توانا ؛ مضبوط ؛ ہٹّا کٹّا؛ جان دار ؛ پُر زور؛ آسودہ ؛ خوش حال ؛ موٹاتازہ ؛ گداز ۔ (۲) بھر پور عرق والا؛ رسیلا؛

رس دار ؛ شیر دار ؛ کثیر ؛ وافر ؛ بےافراط ۔ (۲) حل پذیر ؛ تحلیل پذیر ؛ جو حل ہو سکے یا تحلیل ہوسکے ؛ قابل آمیزش و اتحاد ۔

Frimaire : (n) [F.f.'frimas'.] فرانسیسی انقلاب کی تقویم کا تیسرا مہینہ (۲۱ /نومبر تا ۲۰/دسمبر) ۔

Fringe : (n) [ME.'frenge'.] (۱) پلہ ؛ کرن ؛ حاشیہ ؛ جھالر ؛ آرائشی حاشیہ ؛ آرائشی کرن یا جھالر ؛ جو کپڑے کی پتلی پٹی پر بنے ہوئےیاکھلے ہوئے ریشمی یا سوتی ڈوروں کی لگائی جاتی ہے (بنائی جاتی ہے) ۔ (۲) سر کے سامنے کے کٹے ہوئے بال جو پیشانی پر پڑے رہتے ہیں ۔ (۳) جانوروں یا پودوں میں بالوں یا پتوں کی قدرتی جھالر ۔ (٤) جھالر سے مشابہ کوئی چیز ؛ کوئی کنارہ یا حاشیہ ؛ کسی قسم کا باہری کنارہ یا حاشیہ ؛ (مجازاً) ۔ (٥) قصے یابیان کا آخری جزو جو وقفے کے بعد آئے ؛ ذیل ؛ تکملہ ؛ تتمہ ؛ خاتمہ ؛ نتیجہ ؛ انجام کار ؛ ضمیمہ ؛ تالیق ؛ اضافہ ؛ شے محلقہ یا شمولہ ؛ دنبالہ ؛ حاشیہ ؛ دم چھلا ؛ نیز (بول چال میں) غیرمتعلق ؛ بےتکی ؛ بے جوڑ ؛ بےموقع بات ۔ (٦) (تشریح) بچہ دانی سےملحق بیضہ دان تک جانے والی دو نالیوں کے جھالر دار یا ریشہ دار سرے ۔ (۷) (نباتیات) کائیوں کے سرپوش کا جھالر نما حلقہ ۔ (۸) (بصریات) انکسارشعاع سے پیدا شدہ رنگین طیفوں میں سے ایک ۔

Newgate fringe : ڈاڑھی جو منڈھی ہوئی ٹھوڑی کے نیچے رکھی جائے ۔

Fringe : (v) (۱) جھالرلگا نا؛ کرن ٹانکنا ؛ جھالر سے آراستہ کرنا یا گھیرنا ۔ (۲) جھالر کا کام دینا ۔

Fringe benefit : (n) (ابتداً امریکا) اجرت یا تنخواہ کے علاوہ کسی مالک یا آجر کے ذریعہ دی جانے والی دستوری ؛ بالائی آمدنی ؛ بالائی یافت ؛ فتوح ؛ فتوحات (وہ آمدنی جو نوکر کو اپنی معمولی اجرت یا تنخواہ کے علاوہ حاصل ہو) ۔

Fringe benefits : (n) (تجارت) زائد از اجرت آدائیگی ۔

Fringe-net : (n) زلف کی جھالروں کو باندھنے والا جال ۔

Fringe pad : (n) Thysanocarpus Laciniatus کاکیلیفورنیائی کا نام ۔

Fringe tree : (n) ایک درخت کا نام ۔

Fringeless : (a) سادہ ؛ بےآرائش ؛ بےجھالر ؛ بےحاشیہ ؛ بغیر جھالر کا ۔

Fringent : (a) [Origin unkn.] (شاذ) رگڑ پیدا کرنے والا ؛ رگڑ کھانے والا ؛ ملنے والا ۔

Fringillaceous : (a) [f.L.fringilla+aceous.] چھوٹی چڑیوں کی ایک قسم سےمتعلق ۔

Fringillide : (n) Finch (فنچ) کی جنس کی ایک چڑیا ؛ ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا ۔

Fringilline : (a) چھوٹی چڑیوں کی جنس کا یا اُس سے متعلق ۔

Fringing : (n) وہ چیز جس کی جھالر بنا کر لگائی جائے ؛ جھالر لگانا ۔

Fringy : (a) (۱) کسی قدر جھالر دار ؛ ایسا کہ جھالر دار ہونے کا گمان گذرے ؛ جھالر جیسا یا جھالر سے مشابہ ؛ جھالرنما ؛ سنجاب نما ۔ (۲) جھالر یا جھالریں لگا ہوا؛ جھالروں سے ڈھکا ہوا ؛ جھالر دار ؛ سنجاب دار ؛ چنٹ دار ۔

Fripon (n) erie : [F.f. fripon.] (شاذ) شرارت ؛ بد معاشی ؛ شیطنت ؛ دغابازی ؛ سرکشی ؛ آوارہ گردی ۔

Fripperer : (n) پھٹے پرانے کپڑے یا کترنوں کا کاروبار کرنے والا؛ گدڑی بیچنے یا خریدنے والا ۔

Frippery : (n) [OF.'friperie, f. frepe'.] (۱) ٹھاٹ ؛ ٹیپ ٹاپ ؛ آرائش ؛ سجاوٹ ؛ لباس ؛ کپڑوں کی غیر ضروری آرائش ؛ سامان زینت؛ بناؤ ؛ سنوار؛ بھدا بھونڈا لباس اور آرائش؛ بھونڈے پن سے اپنے لباس کی نمود و نمائش ۔ (۲) طرز تحریر اورانشا پردازی میں خالی لفاظی؛ ظاہر داری کی گفتگو؛ تصنع آمیزبات ۔ (۳) چھوٹی موٹی، کم قیمت، محض آرائشی چیزیں؛ادنیٰ چیزیں، باتیں یاحرکتیں ۔ (٤) بھڑکیلا اوربھونڈا انداز؛ بدمذاقی سے آراستہ کیا ہوا لباس (شاذ) ۔

Frippery : (a) سبك ؛ سبك سر ؛ ہر زہ سر ؛ بیہودہ ؛ نکمّا ؛ نکمّی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ ؛ نادان ؛ ذلیل ؛ دنی ؛ خوار ؛ قابل حقارت ؛ قابل نفرت ؛ ٹیم ٹام ؛ محض نمائشی ؛ گھٹیا ؛ محض دیکھنے کا؛ ردّی ؛ نکمّا ؛ لغو ؛ مہمل ۔

Frisco : (n) امریکا کی بازاری زبان میں شہر سین فرانسسکو ۔

Frisette : (n) [F.] (۱) مصنوعی گھونگروالے بالوں کاپیشانی پر ایک گچھا ۔ (۲) کاکُل ؛ بل داربالوں کی ایک لٹ ؛ فرینچ کٹ ۔

Friseure : (n) [F. f .friser.] حجام ؛ موتراش ؛ بال بنانے والا ؛ نائی ؛ خاص تراش ؛ آرائش گر ؛ استاد آرائش موئے سر ۔

Frisian : (a) [L.frissi.pl.] ملک فریس لینڈ کے باشندوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Frisian : (n) فریس لینڈ کا باشندہ یا وہاں کی زبان ۔

Frisk : (n) [f. frisk. v.] اچھل کود کی چال ؛ کود پھاند کی رفتار ؛ شوخ قدمی ؛ رقص و سرود کے ساتھ رفتار ؛ کاوہ ؛ (گھوڑے کی) جست و خیز؛ لنگوری کلیل ؛ چاق و چوبند خوش طبعی حرکت ؛ چست چھل باز حرکت ؛ خوش طبعی ؛ رنگ رلیاں ؛ وہم ؛ خیال ؛ پریشان خیالی ؛ تلون مزاجی ؛ اپج ؛ موج خیال ؛ ترنگ ؛ چلت پھرت ۔

Frisk : (v) [OF.'frisque'.] (١) اچھلتے کودتے چلنا ؛ کودتے پھاندتے جانا ؛ شوخی کرتے ہوئے قدم اٹھانا ؛ چلت پھرت دکھانا ؛ رقصاں اور مسرور پھرنا ؛ چاق و چوبند کے ساتھ حرکت کرنا ؛ خوش طبعی کے ساتھ حرکت کرنا ؛ جست و خیز کرنا ؛ رقص کرنا ؛ رنگ رلیاں کرنا ؛ اچھلنا، کودنا؛ کلیلیں کرنا؛ زغند بھرنا ۔(٢) زندہ دلی کے ساتھ اُچھلنا کودنا یا حرکت کرنا؛ سرگرمی کےطور پرحرکت کرنا؛ کاوہ کاٹنا (گھوڑے کی) ۔

Frisk : (v) (کسی شخص یا جگہ کو) تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا؛ ڈھونڈنا خاص کر (کسی شخص یا اس کے لباس پر) تیزی سے ہاتھ پھیرنا ؛ ٹٹولنا (چھپانےہوئےہتھیار یا چوری کی ہوئی چیزوں کی تلاش میں) جامہ تلاشی لینا ؛ تلاشی لینا۔

Frisker : (a) اُچھلنے کودنے والا ؛ جست و خیز کرنے والا ؛ رقصاں اور مسرور پھرنے والا ؛ رنگ رلیاں کرنے والا ؛ چاق و چوبند دکھلانے والا ۔

Friskingly : (adv.) شوخ قدمی کے ساتھ ؛اچھلتے کودتے ہوئے؛ رقصاں اور مسرور طور پر ؛ کلیلیں کرتے ہوئے ؛ خوش طبعی کے ساتھ ؛ تلون مزاجی سے؛ ترنگ کے ساتھ ۔

Frisket : (n) [F. 'frisquette'.] (طباعت) پتلا لوھے کا چوکھٹا جس میں اوپر سےنیچےتک فیتےلگےہوتےہیں تاکہ چھپائی کے وقت کاغذ کو سیدھا رکھا جاسکے۔

Friskful : (a) (شاذ) شوخ ؛ خوش ؛ مسرت انگیز ؛ شوخ قدم ؛ تلون مزاج ؛ خوش طبع ۔

Friskily : (adv.) کھیلتے کودتے ؛ کودتے پھاندتے ؛ شوخی سے ؛ شگفتہ خاطر سے؛ ظریفانہ طور پر ؛ مذاقیہ انداز میں ؛ چست و چالاکی کے ساتھ ؛ فرحناک انداز میں ۔

Friskiness : (n) شوخی ؛ کھلاڑپن ؛ کود پھاند ؛ اچھل کود ؛ فرحناکی ؛ بشاشت ؛ تند و تیزی ؛ چست و چالاکی ؛ زندہ دلی ۔

Frisky : (a) شوخ ؛ طنّاز ؛ کھلاڑی ؛ کھلاڑ ؛ چنچل ؛ کودنے پھاندنے والا ؛ خوشی کی حالت میں دوڑنے بھاگنے والا ؛ زندہ دل ؛ چاق و چوبند ؛ چست و چالاک ؛ تیز طرّار ؛ جیتا جاگتا ؛ سرگرم ؛ خوش طبع ؛ شگفتہ خاطر ؛ ظریفانہ ؛ مذاقیہ ؛ بشاش ؛ فرحناک ؛ تندو تیز ؛ چابک ؛ جست و خیز کرنےوالا ۔

Frist : (n) [OE.first,fryst. frist.'.] (١) (متروک) وقفہ ؛ وقت ؛ وقت کی مدت معینہ ؛ کوئی مخصوص مدت یا وقت ۔(٢) دیر ؛ تاخیر ؛ مہلت ؛ التوا؛ فرصت ؛ نیز التوائے جنگ ؛ عارضی صلح (کام یا تکلیف سے) مہلت ؛ فراغت ۔

Frit : (n) [It.'fritta'.] (١) کھٹائی میں گلا کر شیشہ بنانے کے لئے ریت اور اُسے گلانے والی دھات کا کشتہ کیا ہوامخلوط یا مرکب ؛ خمیر شیشہ سازی ۔ (٢) تیزآبی مسالا جس سےنرم اور چکنی چینی بنائی جاتی ھے۔(٣) توصیفی معنوں میں ۔

Frit : (v) پگھلا کر شیشہ بنانے کا مرکب تیار کرنا ، اس کو کسی قدر پھونکنا اور پگھلانا ؛ پھونک کر یا جلاکر چونا بنانا ؛ کُشتہ بنانا ۔

Frit-fly : (n) ایک چھوٹی مکھی جو گیہوں کو برباد کرتی ھے ؛ (حیوانیات) مگس گندم ۔

Frith : (n) [OE.'fridu'] (تاریخ)امن ؛ امان؛ اطمینان ؛ سکون ؛ حفاظت ؛ بچاؤ ؛ سلامتی ۔

Frith : (n) [OE.(ge)'fyrhde'.] (١) بعض قسم کی لکڑیاں ؛ جنگل ؛ جنگلی علاقہ ۔(٢) وہ قطعۂ زمین جہاں چھدرے چھدرے درخت یا جھاڑیاں ہوں ؛ نیز درختوں کے بیچ میں کشادہ مسطح زمین ؛ غیر استعمال شدہ چراگاہ (اب صرف بول چال میں مستعمل ھے) ۔(٣) گھنی جھاڑی؛ تل جھاڑی (جو بڑے درختوں کےتلے ہوتی ھے) لمبی گھاس یا وہ جھاڑیاں جو باڑ کے طور پراُگائی جاتی ھے۔ (٤) باڑ ؛ احاطہ ؛ روک ؛ درختوں ، جھاڑیوں وغیرہ کی)۔

کسی کام کی تکمیل نہ کرنا اور ہر کام کو تھوڑا تھوڑا کر کے چھوڑ دینا ۔ (٤) ادنیٰ اور حقیر چیزوں پر خرچ کر ڈالنا ؛ تھوڑا تھوڑا کر کے ختم کر ڈالنا ؛ رفتہ رفتہ یا بتدریج خرچ کر ڈالنا ؛ گھس ڈالنا ؛ فرسودہ کر دینا ؛ گھس کر مٹا دینا؛ پتلا کر دینا؛ باریک کرنا؛ رقیق کر دینا ۔

Friterer : (n) توڑ پھوڑ کرنے والا ؛ ٹکڑے یا دھجیاں بکھیر کر رکھ دینے والا ؛ (وقت) ضائع کرنے والا ۔

Fritz : (n) جرمنوں کا عرف نام ؛ کسی جرمن کا عرف ۔

Frivol : (v) (١) ہرزہ کار ہونا ؛ نکما ہونا ۔ (٢) فضول بات کرنا؛ بے کار گفتگو کرنا ۔ (٣) روپیہ یا وقت کو احمقانہ طور پر ضائع کرنا؛ تضیع اوقات کرنا؛ اسراف بیجا کرنا ۔

Frivolity : (n) [F.'frivolite'.] (١) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی؛ نکماپن ؛ سبک سری ؛ وقت گذرانی ؛ ہلکاپن؛ ناسمجھی؛ اوچھاپن ؛ خفیف الحرکاتی ۔ (٢) ہرزہ کاری ؛ نادانی؛ غیرسنجیدگی؛ بیہودہ طرز عمل ؛ نکمی بات یا بے نتیجہ حرکت ؛ بے کارچیز ۔

Frivolous : (a) [f. L.'frivolus'.] (١) سبک ؛ ہلکا ؛ اوچھا ؛ سبک سر ؛ سبک مغز؛ پوچ ؛ غیر اہم ؛ بیہودہ؛ بےمعنی؛ حقیر ادنیٰ؛ معمولی سا؛ بےحقیقیت ؛ یوں ہی سا ؛ محض نمائشی ؛ گھٹیا ؛ محض دیکھنے کا ؛ لغو ؛ مہمل ؛ ناقابل توجہ ؛ (قانون) (وکالت میں) بظاہر یا ریحاً بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ بے اثر ؛ لاحاصل ؛ فضول ۔ (٢) غیرسنجیدہ ؛ نادان؛ نکما؛ ناسمجھ؛ نکمی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ بے ادب ؛ خفیف الحرکات ؛ بےوقوف ؛ ناعاقبت اندیش ؛ ضعیف العقل ؛ مردھو ۔

Frivolously : (adv.) بیہودگی کے ساتھ؛ سبک سری سے ؛ بےحقیقت یا گھٹیا طور پر مہمل انداز میں ؛ نا قابل توجہ طور پر ؛ لاحاصل انداز میں ؛ نا سمجھی سے ؛ ضعیف العقلی کے ساتھ ؛ غیر سنجیدہ طور پر ۔

Frivolousness : (n) بیہودگی ؛ سبک سری ؛ گھٹیا پن ؛ لغویت ؛ ناسمجھی ؛ نکما پن ؛ بے وقوفی ؛ نادانی ؛ غیر سنجیدگی ۔

Friz : Frizz کا متبادل ۔

Frizel : Frizzle (n) کا متبادل ۔

Frith : (n) [Meta the tic form of firth.n.] بازوئےسمندر؛ بڑے دریا کا دہانہ ؛ کھاڑی ؛ خلیج ۔

Frith : (v) [ME. f. frith. N.2] (١) باڑ لگانا ؛ احاطہ کرنا ؛ نیز مجازاً ۔ (٢) ٹھاٹھر یا جعفری لگانا؛ ٹٹی لگانا؛ (ٹہنیوں وغیرہ سےٹھاٹھر بنانا ، گوتھنا) نیز تل جھاڑیوں کو کاٹنا ۔

Frith-guild : (n) امن قائم رکھنے والی انجمن ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Frithsoken : (n) (تاریخ) ملجا، مامن ؛ جائے پناہ ؛ ٹھکانا ؛ مقدس مقام ؛ حرم ؛ پناہ گاہ ۔

Fritillaria : (n) [mod.L.f.'fritillus'.] سوسن کی جنس کا ایک پودا جو مرطوب ترائی یا مرغزاروں میں پایا جاتا ہے؛ گلِ سرنگون؛ لالہء الوان؛ لالہء متعفن؛ لالہء چمنی ۔

Fritillary : (n) [Anglicized f. prec.] (١) سوسن (پودا) کی شکل کا ایک پودا ؛ گلِ سرنگون ؛ لالہء متعفن ؛ تتلیوں کی ایک قسم ۔

Fritter : (n) [F.'friture'.] (١) پھینٹا ہوا دودھ اور انڈا (یا دو سری اشیا کا آمیختہ) جس کو تلا جاتا ہے اور جس میں اکثر پھلوں کے ٹکڑے وغیرہ ڈالے جاتے ہیں ؛ پیٹھی یا لپٹی کا حصہ ؛ لپٹی جس میں کبھی کبھی گوشت اورسیب وغیرہ بھر کر تیل اور سور کی چربی میں تلا جاتا ہے ۔ (٢) (جمع میں) وہیل مچھلی کی چربی کا ریشہ دار حصہ ؛ چربی کا خراب حصہ یا فضلہ (پگھلانے کے بعد) ۔

Fritter : (n) [app. an altered form of fitters.] (١) (جمع میں) باریک ٹکڑے ؛ ننھے ٹکڑے ؛ ریزے؛ کر چیاں ؛ شیرازے ؛ چیتھڑے ؛ دھجیاں ؛ پارے ؛ ذرے ؛نیز ادنیٰ یا خفیف چیزیں یا حرکتیں ؛ ذرا سی مقدار(شاذ) نیزتوصیفی معنوں میں ۔ (٢) بہت زیادہ ٹوٹ پھوٹ ؛ انتہائی شکست و ریخت ؛ بہت سےٹکڑے ۔

Fritter : (v) (١) چورا کرنا ؛ قیمہ کرنا ؛ بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا یا ہونا ؛ شیرازے بکھیرنا ؛ توڑکر ٹکڑےٹکڑے کرنا؛ پھاڑ کر دھجی یا پرزےپرزے کر دینا ؛ باریک ٹکڑوں یا انتہائی چھوٹے حصوں میں تقسیم کر دینا، ہو جانا (شاذ) ۔ (٢) (روپیہ وقت ، قوت کو) ضائع کرنا (چورا چورا کر کے پھینک دینا) ۔ (٣) (مختلف کاموں میں روپیہ ، وقت یا قوت کو) ضائع کرنا ؛

Frizette/Frizeur : Frisette/Friseur کا متبادل ۔

Frizz/Friz : (n) [f. next v.] بل دی ہوئی حالت ؛ پیچ و خم ؛ گھونگروؤں کی قطار ؛ زلف ؛ گیسوئے خم دار ۔

Frizz/Friz : (n) [f. 'friser'.] (۱) گھونگر بنانا ؛ موڑنا ؛ بل دینا؛ چھوٹے چھوٹے گھونگرو ڈالنا (بال میں) ؛ بالوں کو گھونگریالا بنانا؛ پیچ در پیچ یاخم دار بنانا ۔ (۲) جھانویں ، کند چھری یا چاقو سے چھیل کر صاف کرنا (چمڑے وغیرہ کو) تاکہ سطح نرم اور ملائم ہو جائے نیز موٹائی میں یکساں ہو جائے ۔ (۳) بالوں کا ننھے ننھے گھونگروؤں کی شکل میں بن جانا ؛ نیز بال کے سرے کو خم دار یا گھونگریالا بنانا ۔ (٤) کپڑے وغیرہ پر رواں اُٹھانا ؛ نرم روئیں سے ڈھکنا ۔

Frizz : (v) [f. fry v., echoic.] کسی چیز کے تلنے یا بھوننے میں چھناکا، چھن مُن، چھنچناہٹ یا چھن چھن کی آواز نکلنا ۔

Frizzle : (n) (۱) گھونگریالا بال ؛ کاکل پیچاں ؛ گھونگروالے بال ؛ خمیدہ بالوں کا ایک مختصر گھونگرو یا حلقہ؛ زلف خم دار؛ کاکل خم دار۔ (۲) خمیدگی؛ خم ؛ پیچیدگی؛ بالوں کے ننھے حلقےیا کاکلیں؛ خم داری؛ پیچ داری ؛ گھونگرو؛ گھونگریالاپن ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Frizzle : (n) [origin doubtful.] (بول چال) لوہےاور چقماق کے ذریعے داغی جانے والی بندوقوں میں لوہے کا وہ ٹکڑا جس پر دھماکا پیدا کرنے کےلئے چقماق کا ٹکڑا لگایا گیا ہو ۔

Frizzle : (n) چھن چھناہٹ ؛ چھنا کا ؛ چُھن مُن ؛ (چھن چھناہٹ کے ساتھ) تلنے یا بھوننے کا عمل ۔

Frizzle : (v) (۱) بالوں کو چھوٹے چھوٹے بل دےکر گھونگریالے بنانا ؛ موڑنا ؛ بل دینا ؛ خمیدہ کرنا یا خمدار بنانا ۔ (۲) بالوں کا گھونگریالا بن جانا؛ مُڑنا ؛ خم کھانا ؛ پیچ دار یا خم دار ہوجانا ۔

Frizzle : (v) (۱) کسی چیز کو بھوننایا تلنا یا آگ پر سینکنا (اس طرح کہ اس میں سے چٹخنےیا چُھن چُھنانے کی آواز نکلے) ؛ تلنے کے وقت چُھن چُھن کی آواز پیدا ہونا ؛ چُھن چُھنانا ؛ چٹخنا ۔ (۲) (چُھن چُھناہٹ کے ساتھ) تلنا ؛ بھوننا یا بریانی کرنا ۔

Frizzler : (n) بالوں کو چھوٹے چھوٹے بل دے کر گھونگریالا بنانے والا ؛ کاکل گر ۔

Frizzly : (a) گھونگریالے ؛ بل دار ؛ پیچ دار ؛ تاب دار ؛ خم دار؛ حلقہ دار؛ پیچاں ؛ خمیدہ؛ مُڑے ہوئے ۔

Frizzy : (a) گھونگریالے ؛ بل دار ؛ فرفری ؛ فردار ؛ پیچیدہ ؛ بالوں کی خمیدگی یا گھونگریالےپن سےمتعلق یا اُس کے مشابہ ۔

Fro : (prep.) [ON.'frof'.] (اسکاٹستانی اور بول چال) دیکھو From ۔

Fro : (adv.) اُدھر کو ؛ پرے ؛ وہاں ۔

To and fro : آگے پیچھے ؛ پیش و پس ؛ یہاں سے وہاں سے دو مقامات کے درمیان (حرکت کرنا) ۔

Frobel/Froebel : (n) جرمن استاد (ٹیچر) ایف، ڈبلو ، اے ، فرابیل (F.W.A.Frobel) کا نام جو توصیفی معنوں میں یا اضافی طور پر تعلیم الاطفال کےلئے اس کےرائج کردہ نظام یا اس نظام کےتحت چلنےوالے کسی اسکول کو موسوم کرنے کےلئے استعمال کیاگیا ہو ۔

Frock : (n) [med. L.'froccus.'.] (۱) راہب کا لمباچغہ (ڈھیلے آستین والا) ؛ راہب کا اوپری لباس (شاذ) پادریوں کا نیچا کرتا یا جبہ ۔ (۲) رہبانیت ؛ راہبانہ اور درویشانہ سیرت ۔ (۳) ملاح کا اونی کرتا یا تفتان ۔ (٤) بچوں اور عورتوں کے اوپر اور نیچے کے جسم کالباس جو عموماً گھر میں پہنا جاتا ہے ؛ گون ڈھیلا ڈھالا جامہ ۔ (٥) فراک ؛ لباس زنانہ (جدید وضع کا) عورتوں کا بے آستین کا چوغہ ؛ لبادہ ؛فرغل ۔ (٦) مرد کا اوپری لباس ؛ قبا ؛ عبا ؛ لمبا کوٹ ؛ قدیم رومی اور یونانی چوغہ ؛ پادری کا کرتا جو عشائے ربانی کے وقت پہناجاتا ہے ۔ (۷) اوپری پوشاک جوعورتیں کام کرتے وقت پہنتی ہیں ؛ (کھیت کے) مزدوروں کا ڈھیلا سا کُرتا جس کے بالائی حصےمیں چُنٹیں پڑی ہوتی ہیں ، یہ کپڑے کے اوپر پہن لیا جاتا ہے ۔ (۸) فراک کوٹ؛ لمبے دامن والا کوٹ؛ فوجیوں کےاستعمال کا ایساہی کوٹ ۔

Smock frock : کھیتوں میں کام کرنے والےمرد وزن کا لمبا کرتا جس کا اوپری حصہ چست ہوتا ہے ۔

Frock : (n) برٹش سروس میں گارڈ ؛ توپچی اور شاہی بحری سپاہی کا شب خوابی کا لباس ۔

Frock : (v) (۱) فراک پہننا ؛ اوپری لباس پہننا یا فراہم کرنا ۔ (۲) (مجازاً) کسی کو راہب کا عہدہ یا مراعت تفویض کرنا ۔

Frock-coat : (n) مردوں کا لمبا کوٹ جو سامنے سے کٹا ہوا نہیں ہوتا ؛ اسی قسم کا فوجی کوٹ ۔

Frock of mail : (n) (فوج) دفاعی لباس ؛ وہ لباس جو حفاظت یا بچاؤ کےلئے پہنا جائے ؛ زرہ بکتر ؛ زرہ ؛ درع ؛ جنگی جہازوں کی فلزیاتی پوشش ؛ جہازوں کی زرہ ۔

Frocked : (a) فراک پہنے ہوئے ؛ لمبا کوٹ پہنے ہوئے ؛ چوغہ پوش ؛ عبا پوش ۔

Froe/Frow : (n) [Origin doubtful.] (خاص کر امریکا) ایک پتلا دھاردار اوزار جو پیپے کی گول پٹی، کوٹھی کا چوبی حلقہ ، چوبی کھپرے وغیرہ پھاڑ نے یا چیرنے کےلئے استعمال ہوتاہے؛ اس کے پچھلی طرف دستہ لگا ہوتا ہے ۔

Froebelian : (n) فرابیلی طریقہ تعلیم ؛ تعلیم اطفال کے لئے جرمن استاد فرابیل کا رائج کردہ نظام یا اس نظام کےتحت چلنے والا اسکول ؛ وہ اسکول جہاں فرابیلی طریقے پر تعلیم دی جاتی ہو ۔

Froebelian : (a) فرابیلی ۔

Froebelism : (n) فرابیلی طریقہ٭ تعلیم الاطفال ۔

Frog : (n) [OE.'frogga'.] (۱) مینڈک ؛ غوک ؛ بینگ ؛ ایک بے دُم کا جل تھلی جانور۔ (۲) (تحقیراً) فرانسیسی جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں ؛ نیز فرانسیسی زبان ۔ (۳) (حیوانیات) جوف خشت ۔ (٤) مینڈک نما جانوروں کانام مثلاً Frog-Fish وغیرہ ۔ (٥) گلے اور منہ کی بعض بیماریوں کا نام ۔(٦) توصیفی معنوں میں ۔

Frog : (n) [orgin doutful'.] گھوڑے کے سُم کے بیچ میں ایک نرم لچک دار (سینگ جیسا) مادہ ۔

Frog : (n) (ریلوے) لوھے کا نالی دار ٹکڑا جو ریل کی پٹری میں اس جگہ لگا ہوتا ہے جہاں دو پٹریاں ایک دوسرے کو کاٹتی ہیں ؛ مہرہ٭ ریل ۔

Frog : (n) [L.'floccus'.] (۱) ایک کڑی جو کمر کی پٹی میں ہوتی ہے اور جس میں تلوار یا کرچ وغیرہ لگا تے ہیں ؛ حلقہ٭ کمر بند ۔ (۲) فوجی کوٹ یا فرغل کا بٹن جس کی شکل دو کچھے کی سی ہوتی ہے ؛ ملٹری کوٹ یا فرغل کے سامنے کا بندھن جو بٹَن پر مشتمل ہو اور ریشم سے ڈھکا ہوا ہو ۔ (۳) فوجی کوٹ یا فرغل کے بٹن کا کاج ۔

Frog-bit : (n) ایک قسم کا آبی پودا ۔(۲) اسفنج کی قسم کا ایک امریکی آبی پودا ۔

Frog cheese : (n) ایک قسم کی بڑی کُھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہو تا ہے (جب وہ شاداب ہو)۔

Frog-crab : (n) ایک قسم کا قشری یا خول دار جانور ۔

Frog eater : (n) مینڈک کھانے والا ؛ (تحقیراً) فرانسیسی جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں ۔

Frog-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی (خصوصاً وہ جس کو angler کہتے ہیں) ؛ (حیوانیات) ماہی کوسہ ۔

Frog-grass : (n) ایک قسم کا درخت جو پہلے شیشہ بنانےمیں کام آتا تھا ۔

Frog-hopper : (n) (حیوانیات) غوکی کرم ؛ ایک قسم کا کیڑا جو شکلاً مینڈک جیسا ہو تا ہے اور مینڈک ہی کی طرح اُچھل سکتا ہے ۔

Frog in the throat : (n) گلو گرفتگی ؛ حلق کی ایک بیماری کا نام ۔

Frog land : (n) مرطوب دلدلی سرزمین جہاں کثرت سے مینڈک پائےجاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Frog lander : (n) (عامیانہ) ولندیز یا نشیبستان کا باشندہ ؛ ولندیزی ۔

Frog man : (n) غواص ؛ غوطہ لگانے والا ؛ وہ شخص جو ربر یا ویسی ہی کسی دوسری چیز کا بنا چست لباس پہنے ہوئے آنکھوں پر بڑا سا چشمہ اور تیرنے والے ہاتھ لگائے ہوئے اور آکسیجن سے بھرے ڈبے سےلیس ہو تاکہ وہ پانی کے اندر اور اوپر تیر سکے ۔

Frog-march/Frog's-march : (n) (عامیانہ) شراب خوار یا سرکش قیدی کو لے جانے کا طریقہ جس میں چار آدمی اُس کو ہاتھ پاؤں پکڑ کر اُٹھائے ہوتے ہیں اور اُس کا منہ زمین کی طرف ہوتا ہے؛ (اب عموماً) (کسی شخص کو) پیچھےسے پکڑ کر دونوں بازؤں کو جکڑے ہوئے دھکا دے کر یا کہنی مار کر آگے لے جانا ۔

Frog-mouth/Frog's mouth : (n) (۱) ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلی کی سی ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا پرند ؛ (حیوانیات) غُوکی دہن (پرند) ۔

Frog pecker : (n) بگلا ۔

Frog plate : (n) مینڈک کے پاؤں کی جھلّیوں میں خون کے دوران کا مشاہدہ کرنے والی پلیٹ ۔

Frog-shell : (n) گھونگوں کی مختلف قسموں کا نام ۔

Frog-spawn/Frog's spawn : (n) (۱) مینڈک کے انڈے بچے ۔ (۲) دریا اور تالابوں کی ایک سبزی کا نام ؛ کائی ؛ صوف البحر جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے ؛ اُشنہ ۔ (۳) (شکر سازی) شکر دار محلول کو خراب کر دینے والی پھپھوندی ۔

Frog-spit/-spittle : (n) (۱) مینڈک نما کیڑے یا دوسرے کیڑوں کا جھاگ دار افراز جس میں ان کا پہل روپ، پودوں کے پتوں وغیرہ میں لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) منیڈک کے انڈے بچے ، دریا اور تالابوں کی ایک سبزی کا نام ؛ کائی ؛ صوف البحر جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے ؛ اُشنہ ؛ (شکر سازی) شکر دارمحلول کو خراب کر دینے والی پھپھوندی ۔

Frog-stool : (n) سانپ کی چھتری ۔

Frog tongue : (n) ایک قسم کا ورم یارسولی جو زبان کے نیچے ہوتی ہے ۔

Frog wort : (n) ثعلبیہ نوع کی ایک قسم ؛ ثعلب مصری (ایک مبہی بوٹی یا اسی قسم کی کوئی اوربوٹی) کی ایک نوع ۔

Frogged : (a) [f. frog. n.3] : (کوٹ وغیرہ میں) بندھا ہوا ؛ حقلہء کمربند سے آراستہ ؛ جس لباس میں خاص قسم کا فوجی بٹن لگا ہو ۔

Froggy : (n) (۱) مینڈک (ہنسی مذاق میں یا بچے بولتے ہیں) ؛ مذاق میں مینڈک کا لقب یا خطاب ۔ (۲) (عامیانہ) فرانسیسی (جو مینڈک خور ہوتے ہیں) ۔

Froggy : (a) (۱) مینڈک کی بہتات ؛ بینگ کی زیادتی ؛ پُر غوک ؛ جس میں بہت سے مینڈک ہوں ۔ (۲) غوک مانند ؛ غوکی ؛ مینڈک کے مانند ۔

Froise/Fraise : (n) [Origin unkn.] کئی چیزوں کو ملا کربنایا ہوا باریک کیک یا آملیٹ جس میں اکثر سور کے گوشت کی قاشیں بھی ہوتی ہیں ۔

Frolic : (a) [Du. vroolijk.] مسرور ؛ شاداں ؛ شوخ ؛ خنداں ؛ بذلہ سنج ؛ کھلنڈرا ؛ کھلاڑی ؛ دل لگی باز ؛ شادماں چھیڑچھاڑ کرنےوالا؛ چنچل ؛ شوخی باز ۔

Frolic : (n) (۱) سرور ؛ شادمانی ؛ خوش طبعی ؛ صحبت نشاط ؛ بذلہ سنجی؛ ظرافت ؛ دل لگی؛ تفریح ؛ شوخی ؛ شرارت ؛ اٹکھیل ؛ کلیل ہنسی مذاق ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و طرب ؛ قہقہے؛ چہچہے؛ وجد ؛ رقص ۔ (۲) مجلس عیش و طرب ؛ مجلس رقص ؛ تماشہ ؛ دعوت ؛ صحبت ؛ جلسہ ۔

Frolic : (v) شوخی کرنا ؛ مسخراپن کرنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ؛ رقص کرنا ؛ کلیل کرنا ۔

Frolicker : (n) شوخ ؛ مسخرا ؛ دل لگی باز ؛ پُر مزاح ؛ اُچھل کود کرنے والا ۔

Frolickly : (adv.) ازراہ دل لگی ؛ شوخی سے ؛ بطورشرارت ؛ ازراہ مذاق ؛ بذلہ سنجی سے ؛ ہنسی سے ۔

Frolicksome : (a) خوش طبع ؛ شوخ ؛ کھلاڑی ؛ بذلہ گو ؛ زندہ دل ؛ ہنسوڑ ؛ دل لگی باز ؛ پُر لطف ؛ پُر مذاق ۔

Frolicksomely : (adv.) خوش طبعی سے؛ خوشی سے ؛ دل لگی سے ؛ پُر لطف انداز میں ؛ زندہ دلی سے ۔

Frolicksomeness : (n) خوش طبعی ؛ مسخراپن ؛ کھیل ؛ دل لگی بازی ؛ شوخی ؛ ہنسی مذاق ۔

From : (prep.) [OE.fram,from.] حرف جار ۔سے ؛ از (۱) جس شخص یا جگہ سے حرکت شروع ہو اس کی طرف اشارہ کرتاہے اور نقطہء آغاز، حد تعداد، اندازہ یا مقامات کے فاصلے اوربُعد، علاحدگی ، جدائی، محرومی، تغیر حال، امتیازات، اندر باہر، وقت ، مقام، بھیجنےیا پانے، نمونہ، مثال، سبب ؛ باعث وغیرہ کی طرف بھی اشارہ کرتا ہےنیزحرف ربط کی حیثیت سےبھی استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۲) رخصت ، غیاب، انخلاع ؛ استخراج ؛ علاحدگی وغیرہ کو ظاہر کرتا ہے ؛ انحراف یا اختلاف کو بھی ظاہر کرتا ہے ۔

Apart from its moral aspect : اس کے اخلاقی پہلو سے قطع نظر کر کے ۔

Away, absent, apart from : الگ دور ؛ علاحدہ ؛ جدا ۔

Cannot refrain from laughing : ہنسے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

Comes from the clouds : بادلوں میں سے آتا ہے ۔

Died from fatigue : تھکان سے مرگیا ۔

Does not know black from white : سیاہ کو سفید سے تمیز نہیں کر سکتا ۔

Gifts from providence : انعامات الٰہی ؛ خدا کا عطیہ ؛ خدا کی دین ۔

I am far from saying : اس بات کے کہنے سے بہت دور ہوں کہ نہیں کہہ سکتا ۔

Painted from nature : فطرت کے مطابق (قدرتی منظر کے مطابق) کھینچی ہوئی (تصویر) ۔

Quotation from the father : باپ کے بیانات سے) اقتباسات (حوالہ جات) ۔

Released him from prison : اس کو قید خانے سے رہا کر دیا ۔

Repeated from mouth to mouth : ایک سے دو سرے کی زبان پر جاری ہوتا گیا ۔

Saw it from the poop : روشن دان میں سے دیکھا ۔

Suffering from dementia : جنون کی بیماری میں مبتلا ۔

Things not required from me : اشیا جو مجھ سے مطلوب نہیں ۔

To dig gravel from pit : گڑھے میں سے کھود کر کنکر نکالنا ۔

To dissuad from folly : حماقت کرنے سے روکنا ۔

To draw conclusion from premisses : مقدمات صغریٰ و کبریٰ سے نتیجہ نکالنا ۔

Took his sword from him : اُس سے اُس کی تلوار لے لی ۔

To raise penalty from banishment to death : جلاوطنی کے بجائے سزائے موت دینا ۔

From a child : بچپن سے ۔

From above/-a far : اوپر سے ؛ دور سے ۔

From amidst/-beneath : درمیان سے ؛ وسط سے ؛ بیچ سے؛ نیچے سئے ۔

From day today : روز بہ روز ؛ دن بہ دن ۔

From his point of view : اس کےنقطہء نظر سے ۔

From home : وطن سے دور ؛ باہر ۔

From long ago/-From old : بہت پرانے زمانے سے ۔

From out the bed : بستر کے باہر سے ۔

From post to pillar/From door to door : در بدر ؛ ادھر اُدھر ؛ یہاں سے وہاں ؛ اس درسے اُس در ۔

From time to time : وقتاً فوقتاً ؛ موقع بہ موقع ۔

From title to colophon : کتاب کے سر ورق سے آخر تک ۔

From under his spectacles : اپنی عینک کےنیچےسے(شیشوں میں سے دیکھنے کے بجائے شیشوں کے نیچے سے) ۔

Frond : (n) [L. frond,frous'.] (۱) (نباتیات) وہ ورق نما عضو جو بعض بغیر پھول کے پودوں اور گھاس میں، شاخ اور پتوں کے جوڑ سے پیدا ہو جاتا ہے اور جو معمولی پودوں کے پتے سے مختلف ہوتا ہے ؛ برگ ساقہ ؛ بڑے اور مرکب پتوں (مثلاً کیلا، ناریل وغیرہ) پر بھی اطلاق ہو تا ہے ۔ (۲) (حیوانیات) وہ پتّے کا سا پھیلاؤ جو بعض جانوروں کےاعضاء میں پیدا ہو جاتا ہے؛ بعض حیوانی اجسام میں پایا جانے والا برگ آسا یا برگ نما پھیلاؤ ؛ (نباتیات) برگ کرف ؛ گُمساق ؛ ورق ؛ خوص ؛ پتوا ۔

Frond : (v) برگ ساقہ کے ساتھ ہوا میں ہلنا ۔

Frondage : (n) درخت یا پودے کےاوراق نماعضو کا مجموعہ ؛ نیز (بے قاعدہ طور پر) پتے ؛ برگ ؛ اوراق ؛ پتوں کی کثرت ۔

Frondation : (n) (نباتیات) پتواؤ ۔

Fronde : (n) [F.] (۱) (فرانسیسی تاریخ) وہ حزب مخالف جس نےلوئی چہاردہم شاہ فرانس کی نابالغی کے زمانے میں وزیر سلطنت "مازارین" اور دربار کے خلاف بغاوت کی تھی ۔ (۲) (حکومت سے) بیزار جماعت ؛ شورش پسند یا آمادہء بغاوت سیاسی جماعت ؛ مخالف ؛ ناخوش (سیاسی)جماعت ۔ (۳) (نیز)تشددپسند سیاسی حزب مخالف ؛ تشدد آمیز سیاسی مخالفت ۔

Fronded : (a) (نباتیات) شاخ اور پتوں کے جوڑ سے بننے والے ورق نما عضو والا (بےگلا پودا) : برگ ساقہ دار ؛ بڑے اور مرکب پتوں والا؛ ورق دار؛ (حیوانیات) برگ نما پھیلاؤ والا ؛ برگ آسا عضو والا ۔

Frondent : (a) [L.'frondentem'.] (نباتیات) ورق دار ؛ پتوار دار ؛ جس میں شاخ اور پتوں کے جوڑ سے بنے ورق نما اعضا بکثرت ہوں ؛ بڑے اورمرکب پتوں سے بھرا ہوا؛ (حیوانیات) جس میں برگ آسا پھیلاؤ والے اعضا بہت ہوں ۔

Frondesce : (v) [L.'frondescere'.] پتےپیدا ہونا؛ پتیاں نکلنا ؛ پتیاں پھوٹنا ؛ کونپلیں آنا ؛ ورق دار ہونا ۔

Frondescence : (n)[mod.L.frondescentia.] پتیاں نکلنے کاعمل یا زمانہ؛ برگ زائی کا عمل یا زمانہ ؛ دوسرے اعضا کا پتیوں میں تبدیل ہو جانا ؛ مجموعی طور پر پتیاں ، شاخ اور پتوں کے جوڑے سے بنے ورق نما اعضا ؛ بڑے اور مرکب پتے؛ (نباتیات) تورق؛ برگ زائی ۔ (۲) موسم برگ ۔

Frondescent : (a) جس میں بکثرت پتیاں پھوٹتی ہوں ؛ پتیوں میں پھیلنے والا ؛ پتیوں میں بہار دکھانے والا ؛ پھیل کر بڑے پتوں میں تبدیل ہو جانے والا ؛ (نباتیات) ورق زا ؛ برگ زا ۔

Frondescently : (adv.) پتیوں میں پھیلتے ہوئے یا بہار دکھاتے ہوئے ؛ پھیل کر بڑے پتوں میں تبدیل ہوتے ہوئے ۔

Frondeur : (n) [F.f.fronde.] (۱) (فرانسیسی تاریخ) لوئی چہاردہم کی نابالغی کے زمانے میں وزیر سلطنت مازارین اور دربار کے خلاف بغاوت کرنے والی جماعت کا رکن ؛ شورش پسند سیاسی حزب مخالف کا رکن ۔ (۲) (بادشاہ یا حکومت سے) بیزار ؛ شورش پسند ؛ آمادہ٭ بغاوت؛ سخت مخالف یا سخت دشمن شخص ۔

Frondiferous : (a) (نباتیات) ورق بردار ؛ پتوار بردار ؛ ورق دار ؛ برگ ساقہ دار ؛ برگ دار ۔

Frondlet : (n) [f. frond n.+-let.] شاخ اور پتوں سے مل کر بنا ہوا چھوٹا ورق نما عضو ؛ ورقہ ؛ چھوٹا برگ ساقہ ؛ پتیا ۔

Frondose : (a) [L.'frondosus'.] اوراق سے ڈھکاھوا ؛ پُر برگ ؛ برگ دار ؛ ورق پوش ؛ (نباتیات) ورق نما ؛ برگ مانند ؛ ساقہ مانند ۔

Frondous : (a) [L.'frondosus'.] ورق دار ؛ پتوں بھرا؛ برگدار؛ پھول اور پتوں سے بھری شاخوں والا ۔

Frons : (n) [L.] (حشریات) کیڑوں کے چہرے کا بچلا حصہ ؛ آنکھوں کے بیچ کا حصہ ؛ (تشریح) جبہہ ؛ پیشانی ؛ ماتھا ؛ جبیں ۔

Front : (n) [L.frontem, frons.] (۱) پیشانی ؛ ماتھا ؛ مستک ؛ جبہہ؛ جبیں؛ لیلار۔ (۲) رخ؛ چہرہ ۔ (۳) بالمقابل؛ سامنے ؛ آگے ؛ مقدم ۔ (٤) (فوج) سب سے آگے کی صف یا سب سے آگے کا حصہ؛ پیش قراول ؛ محاذ جنگ ؛ واقعی یا فرضی دشمن کی طرف زمین کا کوئی حصہ ؛ وہ موقع جہاں واقعی جنگ ہو رہی ہو ؛ وہ رخ جس طرف صف بستہ فوج کا رخ ہو تا ھے؛ فوج کے سامنے کا میدان ؛ وہ سمت جس طرف صف بندی کے بعد فوج کارُخ ہو۔ (۵) کسی عمارت کا سامنے کا رخ؛ خصوصاً صدر دروازے کا ؛ روکار ؛ مقدم ۔ (٦) کسی چیز کا اگلا حصہ (کبھی کبھی قلعے کی چاروں طرف) یا بغلی حصہ جو نگاہ کے سامنے ہو ؛ کسی چیز کا سب سے اگلا حصہ (بہ خلاف پیچھے حصے کے) ۔ (۷) مصنوعی بالوں کی لٹ؛ مصنوعی کا کُل اور گھونگروؤں کی لڑیں جو عورتیں پیشانی پر لگا تی ہیں ۔ (۸) مردوں کی قمیص کا وہ حصہ جو سینہ پر رہتاھے نیز وہ حصہ جو قمیص میں سلا ہوا نہیں ہوتا بلکہ عموماً قمیص کے اوپرعلاحدہ لگا لیا جاتا ھے ؛ پیش سینہ ؛ قمیص یا کُرتے کا آگا ؛ بچوں کا ایپرن ۔ (۹) (شاذ) ڈھیٹائی؛ بےحیائی ؛ بے شرمی ؛ بے حجابی ؛ بے غیرتی ۔ (۱۰) اولین وقت؛ ابتدا؛ آغاز ؛ ازل ؛ (شاعری) ۔ (۱۱) کسی ایک طرف کا رُخ ؛ منظر ؛ کھلا ہوا رُخ ؛ وہ زمین جس کا ایک کنارہ کسی سڑک یا تالاب یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ؛ وہ زمین جس پر لشکر اُترا ہوا ہو یا جس پر فوج قواعد کرتی ہو ۔ (۲۱) (تھیٹر) سامعین یا ناظرین یا حاضرین جلسہ ۔ (۱۳) اگلی جگہ؛ اگلی پوزیشن ؛ آگے کی صورت حال؛ اگلا موقع؛ مکان یا محل؛ اگلا مورچہ ؛ اگلا منظر ۔ (١٤) توصیفی معنوں میں ۔ (۱۵) محاذ ہوا ۔

Front : (n) (۱) کوئی منظم دائرہ عمل یا سیاسی طاقتوں کی جماعت، تنظیم ۔ (۲) (ابتداءً امریکا) کوئی شخص ، تنظیم وغیرہ جو غیر قانونی اور تخریب کارانہ افعال کی پردہ پوشی کرتی ھے ۔

Chang of front : تبدیلی٭ رخ ؛ تبدیلی٭ طرز عمل ؛ تبدیلی ؛ تغیر ۔

Head and front : (شاعری) حصہ ٭ خاص (جسم کا) ۔

نیز بطور ہدایت یاحکم بہ معنی آگے کی طرف مڑجاؤ ۔ (۷) آگا کرنا ؛ آگا بنانا ؛ مورچہ بنانا یا قائم کرنا ۔

To front about : گھوم کردوسری طرف رُخ موڑ لینا ۔

Front bench : (n) وہ اگلی نشستیں جو پارلیمنٹ میں وزراء اورسابق وزراء کےلئے مخصوص ہوتی ہے ۔

Front door : (n) کسی مکان د. داخل ہونے کا بڑا دروازہ ؛ صدر دروازہ ۔

Front elevation : (n) (تعمیرات) مقدم روکار ۔

Front line : (n) کسی فوج یا بٹالین کی سب سے اگلی صف ؛ فوج کی اگلی صف ؛ ہراول ؛ لشکر کا اگلا حصہ ۔

Front of fortification : (n) دو آدھے بُرج اور ان کے درمیان کی دیوار ۔

Front runner : (n) (ابتدءًا امریکا) کسی مقابلے میں اول آنے والا ؛ سب سے آگے رہنے والا ۔

Front-stall : (n) لگان کا وہ حصہ جو گھوڑے کی پیشانی کو ڈھك لیتا ہے ۔

Front surface : (n) (طبیعیات) مقدم سطح ؛ محاذ سطح ۔

Front to front : بالمقابل ؛ آمنے سامنے ؛ ایك دوسرے کے منہ کے سامنے ؛ روبرو ۔

Front view : (n) (بصریات) پیش نظر (دوربیں) ۔

Front vowel : (n) (لسانیات) اگلا مصوتہ ۔

Front wave : (n) (طبیعیات) مقدم موج ۔

Front ways/-wise : (adv.) سامنے ؛ آگے ؛ آگے کے رُخ پر ؛ سامنےمیں؛ آگےمیں ؛ سامنےکی طرف یا سامنے ۔

Frontad : (n) پیش رُخ ۔

Frontage : (n) (۱) وہ زمین جس کا ایك کنارہ کسی سڑك یا تالاب یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ۔ (۲) وہ زمین جو کسی عمارت کی روکار اور سڑك کے درمیان ہو ۔ (۳) کسی عمارت کے اگلے رُخ کا طول ، پھیلاؤ ، روکار ۔ (٤) وہ زمین جس پر لشکر اترا ہوا ہو یا جس پر فوج قواعد کرتی ہو ۔ (٥) کسی ایك طرف کا رُخ ؛ منظر ؛ کھلا ہوا رُخ ۔ (٦) کسی مخصوص سمت میں رُخ کرنے کا عمل ۔ (۷) (تعمیرات) روکار ؛ اگواڑا ۔

In front : نمایاں ۔

In front of : آگے ؛ سامنے ؛ بالمقابل ۔

In the front (of a page, etc.) : آگے ؛ اگلے صفحے پر ۔

To change front : رُخ بدل لینا (اصطلاحاً) طرز عمل بدل دینا ؛ پلٹ جانا ؛ بدل جانا ؛ استدلال کا طریقہ بدل دینا ۔

To come to the front : نمایاں ہونا ؛ شہرت حاصل کرنا ؛ مشہور ہو جانا ۔

To go to the front : فوج میں جاکر شریك جنگ ہونا؛ محاذ جنگ پر جانا ۔

To have the front : بے حیائی سے جسارت کرنا ۔

To present, show a bold front : (کسی کے مقابلے میں) جرأت ظاہر کرنا ؛ چہرے سےاستقلال ظاہر کرنا ؛ ڈھٹائی کے ساتھ سامنا کرنا ۔

To turn to the front : (فوج) سامنے کے رخ پھر جانا ؛ پلٹ جانا ؛ گھوم جانا ۔

Two pair front : مکان کی دو سری منزل کا کمرہ جو سامنے کے رخ پر ہو ۔

Wave front : (طبیعیات) محاذ موج ۔

Were be set front and rear : آگے پیچھے سے گھر گئے تھے ؛ آگے پیچھے سے حملہ ہوگیا تھا ۔

Front : (n) (موسمیات) مختلف درجۂ حرارت والی ہَواؤں کے دو سلسلوں (یا کمیتوں) کے درمیان کی حدود ۔

Front : (a) اگلا ؛ سامنے کا؛ جلوئی ۔

Front : (v) [OF.'fronter'.] (۱) دیکھنا ؛ منہ پھیرنا ؛ مقابلہ پر کھڑا ہونا ؛ بالمقابل آنا ؛ آمنے سامنے ہونا ۔ (۲) مقابلہ کرنا ؛ بھڑنا ؛ مخالفت کرنا ؛ سامنا کرنا ؛ روبرو ہونا؛ آمنے سامنےرکھنا ۔ (۳) مکان کی روکار کا سڑك کے پہلو کی طرف ہونا ۔ (٤) روکار بنانا ۔ (٥) سامنے کی طرف آراستہ کرنا ؛ سامنے ہونا ؛ سامنے یا آگے کے حصے کی طرح کام دینا ؛ آگا ہونا؛ روکارہونا؛ اگواڑ ہونا ۔ (٦) (خاص کر فوج)بتائی ہوئی سمت کو رُخ کرنا ؛ مڑنا ؛ پلٹنا؛ رُخ موڑنا ؛

Frontager : (n) ایسی جائداد یا اراضی کا مالک جو کسی دوسری جائداد وغیرہ سے متصل و ملحق ہو یا اس کا ایک کنارہ کسی سڑک، تالاب، یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ۔

Frontal : (n) [ME.'frountel'.] (۱) دارقربان گاہ کی رو کار کا غلاف جو عموماً کشیدہ کاری کئے ہوئے کپڑے، ریشم وغیرہ کا اور کبھی کبھی دھات کا بنا ہوتا ہے ۔ (۲) کسی عمارت کا آگا ؛ رُخ ؛ سامنے کا حصہ یا وہ حصہ جو کسی گلی کوچے یا میدان کی طرف ہو ۔ (۳) (تشریح) پیش رُخ : جبہی ۔

Frontal : (a) [mod L.'frontalis'.] (۱) پیشانی کا ؛ سامنے کا : سامنے کی طرف کا؛ پیشانی یا اُس سے متعلق؛ جبینی؛ سب سے اگلے سرے یا اگلے حصے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (حملہ وغیرہ) بالمقابل ؛ سامنے سے ؛ آمنے سامنے کا؛ آگے سے۔ (۳) (نیم اسمی معنوں میں) پیشانی کی ہڈی ۔

Frontal artery : (n) (تشریح) جبہی شریان ؛ جبینی شریان ۔

Frontal attack : (a) سامنے کی طرف حملہ (بخط مستقیم) ؛ جو حملہ میمنہ ، میسرہ یا عقب میں نہ کیا جائے بلکہ سامنے کیا جائے ۔

Frontal bone : (n) (تشریح) پیشانی کی ہڈی ؛ ماتھے کی ہڈی ؛ استخوانِ جبیں ۔

Frontal fenestra : (n) (تشریح) جبہی دریچہ ؛ جبینی دریچہ ۔

Frontal hammer/-helve : (n) ایک قسم کا ہتھوڑا ۔

Frontal lobe : (n) (تشریح) فصِّ جبہی ۔

Frontal sinus/-vein : (n) جبہی شریان ؛ ماتھے کی ہڈی ۔

Frontal sinuses : (n) (لسانیات) اگلا نسیجی خلا ۔

Frontality : (n) [f. frontal+ity.] نقاشی یا سنگ تراشی کا ایک اصول جس کے مطابق کوئی شکل یا تصویر اس طرح ڈھالی یا کندہ کی جاتی ہے جس طرح وہ بالکل سامنے سے نظر آتی ہے ۔

Frontate : (a) [mod.L. frontatus.] (نباتیات) پھول کی پنکھڑی کا مسلسل چوڑا ہوتا جانا اور بالآخر خط مستقیم بناکر ختم ہو جانا ۔

Fronted : (a) روکار دار ؛ جس میں آگا یا روکار ہو ؛ (لسانیات) اگلا پا ۔

Fronted with stone : (جس مکان کی) روکار پتھر کی ہو ۔

Frontier : (n) [OF.frontier.] (جغرافیہ) (واحد وجمع) سرحد ؛ ڈانڈا؛ سوانا؛ کسی ملک کا وہ حصہ جو کسی دو سرے ملک کے سامنے؛ مُقابل یا ہم سرحد ہو؛ سرحدیں ؛ حدود ؛ (امریکا میں) کسی ملک کا وہ حصہ جو اس کے بندوبست کردہ یابسائے ہوئے علاقوں کا ہم سرحد ہو ۔

Frontier : (a) سرحدی ؛ ہم سرحد ؛ سرحد کا یا اُس سے متعلق ؛ سوانے یا سرحد پر واقع ۔

Frontier : (v) کسی کے ساحل یا سرحد پر نگاہ کرنا ؛ کسی حدود پر نگاہ رکھنا؛ سامنا کرنا؛ بالمقابل ہونا؛ آمنے سامنے ہونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ روبرو ہونا (شاذ) مخالفت کرنا ۔

Frontierman/Frontiersman : (n) وہ شخص جو سرحد پر رہتا ہو ؛ سرحدی ؛ مہذب علاقوں سے باہر یا دور رہنے والا ؛ سرحدی ؛ باشندہ ؛ نیم مہذب؛ نیم بیگانہ (جو دائرۂ تہذیب کی سرحد پر یا اس سے پرے رہتا ہو) ۔

Frontignac : (n) (۱) مشکی شراب جو مشکی انگور (مشک جیسی خوشبو والا) سے بنائی جاتی ہے؛ فرانگنی شراب ؛ جو فرانگنان، فرانس میں بنائی جاتی ہے ۔ (۲) مشکی انگور جس سے یہ شراب بنتی ہے ۔

Fronting : (n) (لسانیات) اگلانا ۔

Frontingly : (adv.) دیکھتے ہوئے ؛ بالمقابل ؛ آمنے سامنے ؛ رو برو؛ آگے کی طرف ؛ روکتے ہوئے ؛ مورچہ بنائے ہوئے ؛ مڑ کر دوسری طرف رُخ کرتے ہوئے ۔

Frontipetal : (n) پیش جُو ۔

Frontispiece : (n) [med.L. frontispicium.] (۱) (تعمیرات) عمارت کی روکار ؛ پیش گاہ ؛ منقش صدر دروازہ ؛ دروازے پر جو مثلث بنا ہوتا ہے؛ عمارت کے رو کار یا دروازے پر مثلث حصہ ۔ (۲) وہ با تصویر صفحہ جو کتاب کے یا اُس کے کسی حصہ کے سر ورق کے مقابل ہوتا ہے ۔ (۳) (گھونسابازی) چہرہ ۔ (٤) تصویر سرصفحہ کتاب ؛ سر صفحہ ۔ (٥) کسی چیز کا اگلا یا سامنے کا حصہ ۔ (٦) (تعمیرات) سرِ در ؛ (طباعت) سرِ تصویر ۔

Frontispiece : (v) عمارت کے سامنے کا حصہ بنانا ؛ عمارت کو منقش و مزین صدر دروازے سے آراستہ

کرنا ؛ دروازے کے اوپر مثلث روکار بنانا ؛ کتاب کے سر ورق یا اُس کے کسی حصے کے ورق کے بالمقابل کوئی تصویر پیش کرنا ؛ آگا بنانا؛ کسی چیز کو آگواڑ کے طور پر رکھنا ۔

Frontless : (a) (تعمیرات) مکان بغیر روکارکے؛ بدوں‌صورت؛ بے چہرہ ؛ بے رُخا ؛ بے آگواڑ ۔ (۲) (خصوصاً مجازاً) بے شرم ؛ بے حیا ؛ ڈھیٹ ؛ بے غیرت ؛ دیدہ دلیر ؛ گستاخ ؛ بے ادب ؛شوخ چشم (شاذ) ۔

Frontlessly : (adv.) بے چہرگی سے؛ بےشرمی سے؛ بےحیائی سے ؛ بے غیرت انداز میں ؛ بےادبی کے ساتھ ۔

Frontlessness : (n) بےچہرگی؛ بےشرمی؛ بےحیائی؛ بےغیرتی؛ شوخ چشمی؛ گستاخی؛ دیدہ دلیری؛ بے ادبی ۔

Frontlet : (n) [OF.'frontelet'.] (۱) وہ پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ھے ؛ پیشانی بند ؛ پیشانی پر لگائی جانے والی کوئی بھی زیبائشی چیز ؛ مانگ ٹیکا ؛ جھومر ؛ (نیز مجازاً) ۔ (۲) جانور کی پیشانی ۔ (۳) وہ کپڑا جو قربان گاہ کے غلاف کےاوپر لٹکا ھوتا ھے ۔ (٤) چمڑے کی ڈبیا جس میں عبرانی کا نسخہء توریت چمڑے پر لکھا ھوتا ھے؛ یہودی اسےاِس لئے پہنے رہتے ہیں کہ احکام ربانی کی یاد دلاتا ھے ؛ تعویذ توریت ؛ تعویذ ؛ گنڈا ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا؛ کوئی ظرف یا صندوقچہ جس میں مقدس آثار محفوظ ھوں ۔ (۵) لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کی پیشانی کو ڈھکتا ھے۔ (٦) (طیوریات) چونچ کے پیچھے سر کا حاشیہ یا حصہ جو عموماً سخت بالوں سے ڈھکا ھوتاھے ۔ (۷) (تعمیرات) عمارت کا رُخ یا کوئی ایک پہلو عموماً صدر دروازے کا رُخ (کبھی کبھی قلعے کے) چاروں اطراف ۔ (۸) ماورائے رُخ نیز قربان گاہ کے پردہ کا آرائشی حاشیہ ۔

Fronto- : (prep.) [L.frontem.] سابقہ بمعنی پیشانی ؛ سامنے یا آگے کا یا اس پر ۔

Fronto-ethmodial : (a) (حیوانیات) جبینی مصفاتی ۔

Fronto-nasal : (a) پیشانی اورناک کےمتعلق ؛ (حیوانیات) جبینی انفی ۔

Fronto-sphenoidal : (حیوانیات) جبینی وتری ۔

Frontogenesis : (n) (موسمیات) محاذ زائی ۔

Frontolysis : (n) (موسمیات) محاذ پاشی ۔

Frontomalar notch : (n) (تشریح) جبہی عارضی کثاؤ ۔

Fronton : (n) [It. frontone.] (۱) عمارت کے روکار کا مثلث حصہ جو یونانی طرز تعمیر کی یادگار ھے ؛ (عمارت) سنتوری ؛ سرگوشہ ۔ (۲) قربان گاہ پوش ؛ قربان گاہ کا پردہ جو عموماً منقش کپڑے یا ریشم کا ھوتا ھے ۔ (۳) (ہسپانوی میں) وہ عمارت جہاں پیلوٹا (ٹینس سے ملتا جلتا ایک کھیل) کھیلا جاتا ھے ۔

Frontsman : (n) وہ فروشندہ جو دکان کے سامنے سڑک کی پٹری پر بیچنے کےلئے مقرر ھو ۔

Frontward/-wards : (adv.) (۱) سامنے یا آگے کی طرف ؛ آگے ؛ سامنے۔ (۲) کسی خاص سمت کو رُخ کئے ھوئے؛ کسی مخصوص رُخ پر ۔

Frore : (a) (۱) (صرف بول چال) سخت سردی کے باعث جما ھوا؛ سردی کھایا ھوا؛ خنک زدہ؛ یخ بستہ؛ منجمد ۔ (۲) (صرف شاعری) انتہائی سرد ؛ سرد ترین ؛ برفیلا ؛ برف آسا ؛ برفانی ؛ برف مانند؛ مثل برف ۔

Frory : (a) انتہائی سرد ؛ برفیلا ؛ برف مانند ؛ برفانی ۔

Frost : (n) [OE.frost.] (۱) برف ؛ یخ ؛ پالا ؛ جلید ۔ (۲) وہ حالت جب کہ پانی کا درجہء حرارت نقطہء انجماد سےبھی نیچے گر جائے ؛ حالت انجماد یا عمل انجماد؛ ھَوا کا وہ درجہء حرارت جو پانی کے نقطہء انجماد سے نیچے ھو جائے ؛ انتہائی سردی ؛ شدید خنکی یا ٹھنڈک ۔ (۳) جمی ھوئی شبنم ؛ جمے ھوئے بخارات ۔ (٤) سرد مہری (اشخاص کی) ؛ ایسا طرزعمل جس سے دوسرےشخص کےخیالات پر اوس پڑ جائے؛ روکھا پن ؛ (عامیانہ) بےمروتی ۔ (۵) (بازاری) ناکامی ؛ عجز ؛ درماندگی ۔

Black frost : بغیر برف کی سردی ؛ وہ شدید سردی جس میں برف باری یا کُہرنہ ھو ۔

Hard frost /Sharp- : سخت اورتیز برف (برفباری) ۔

There is still frost on the ground : زمین پر ابھی تک برف جمی ھوئی ھے ۔

White frost : جمی ھوئی شبنم یا بخارات ؛ برفیلی سردی ؛ برف باری ؛ پالا ؛ ژالہ ۔

Windows covered with frost : دریچے برف سے ڈھکے ھوئے ہیں ۔

Frost : (v) (۱) پودوں وغیرہ کا برف باری سے جل جانا ؛ نقصان پہنچ جانا؛ مرجانا؛ پالا ماردینا ؛ ٹھٹھر جانا ۔ (۲) شیشہ یا دھات کی سطح کو کُھرا یا دانہ دار بنا دینا ۔ (۳) بالوں کو سفید کر دینا ۔ (٤) (گھوڑے کی نعل میں) کیلیں لگا کر ایسا کردینا کہ وہ پھسل نہ سکیں ؛ برف پر پھسلنے سے بچاؤ کےلئے جوتوں میں کیلیں لگانا ۔ (٥) کُہر آلود کردینا ؛ پالے سےڈھک دینا ؛ خاص کر مجازاً ۔ (٦) جما دینا ؛ منجمد کر دینا ؛ جما کر سخت کر دینا یا ٹھوس بنا دینا ؛ شدید سردی یا برف باری کے اثر سے جسم پر ورم یا پھوڑا پیدا ہو جانا یا کر دینا؛ سردی چُبھنا؛ شدید سردی کے باعث کاٹنے، کترنےیا چٹکی لینے جیسا احساس ہونا ۔

Frost bearer : (n) دیکھو Cryophorus

Frost bird : (n) ایک قسم کا پرند؛ امریکی سنہری پلوور ۔

Frost-bit : (a) جلید زدہ؛ جس کو برف باری یا شدید سردی کی وجہ سے ورم یا پھوڑے کا عارضہ ہو ؛ سرما زدہ ؛ یخ زدہ ۔

Frost-bite : (n) (طب) جلید زدگی ؛ یخ زدگی ؛ پالا مار ؛ ورم یا پھوڑا جو برف باری یا شدید سردی کے اثر سے جسم پر پیدا ہو جاتا ہے ۔

Frost-bitten : (a) دیکھو Frost-bit

Frost blite : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Frost dew : (n) ژالہ ؛ شبنم ؛ پالا ؛ کُہر ؛ جمی ہوئی شبنم یا بخار ۔

Frost fern : (n) مرطوب سطح کے جمنے سے پیدا شدہ ایک فرن نما شکل ۔

Frost fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جو کُہر ختم ہوتے ہی شمالی امریکا کے ساحل پر نمودار ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی نقرئی سمندری مچھلی جو میان کے مشابہ ہوتی ہے ۔

Frost fog : (n) فضا میں بخارات کے جمنے سےپیدا شدہ کُہر ۔

Frost flower : (n) گُلِ منیا ۔

Frost grape : (n) انگور کی ایک امریکی قسم ۔

Frost itch : (n) (طب) خارشِ سرما ۔

Frost lamp : (n) تیل سے جلنےوالا لیمپ جو آرگندی لیمپ کےتیل کی نلی کے نیچے رکھا ہوتا ہے تاکہ تیل کو بہاؤ کی حالت میں رکھے ۔

Frost mist : (n) فضا میں بخارات کے جمنے سے پیدا شدہ کُہر ۔

Frost nail : (n) برفانی موسم میں پھسلن سے بچنے کےلئے جوتے میں لگائی ہوئی کیل ۔

Frost nail : (v) برفانی موسم میں پھسلن سے بچنے کے لئے جوتے میں کیل لگانا ۔

Frost-nip : (v) سردی کا چُبھنا یا زخمی کرنا ؛ شدید سردی سے جلد پر پھوڑا پیدا ہوجانا؛ سرما زدہ ہونا یا کرنا ۔

Frost-nipped : دیکھو Frost-bit

Frost rime : (n) گہری اور دبیز کُہر جو قطب شمالی اور قطب جنوبی کے علاقوں میں درجۂ حرارت کے نقطۂ انجماد سے بہت نیچے گرجانے کے باعث سمندر کی سطح سے اُٹھتی ہے ۔

Frost smoke : (n) دیکھو Frost rime

Frost valve : (n) ایک قسم کا کھُل مندن جو کسی پائپ یا پمپ کے اُس حصے سے پانی کو نکالنے کےلئے کھُلتا ہے جہاں اُس کے جم جانے کا خدشہ ہو ۔

Frost weed/-wort : (n) ایک قسم کا پودا ؛ (نباتیات) چٹانی گلاب ۔

Frost-work : (n) (۱) شیشہ وغیرہ پر برف جمنے سےجو نقش و نگار پیدا ہو جاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) اس کے مشابہ آرائش یا نقاشی ۔

Frosted : (a) (۱) شدید سردی کے باعث جما ہوا ؛ منجمد ؛ خنک زدہ ؛ سرمازدہ ؛ یخ زدہ ؛ پالا مارا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ شدید سردی کے باعث پھوڑے کے عارضے میں مبتلا ۔ (۲) کُہر آلود ؛ جمی ہوئی شبنم یا بخارات سے ڈھکا ہوا ۔ (۳) ایسا جیسے کُہر سے ڈھکا ہوا یا پالا مارا ہوا ہو ؛ سفیدی مائل ؛ سفید مُو ۔ (٤) (شیشہ، نقرہ وغیرہ) جس کی سطح ایسی بنی ہو جیسے اُس پر پالے کی استرکاری کی گئی ہو ؛ سفید اور دودھیا سفید ۔ (٥) کُھردری برف کی مانند بنایا ہوا ؛ کُھردری سطح والا ۔

Frosted bulb : (n) ضبابی قمقمہ ؛ دھندلا بلب ؛ دودھیا بلب ۔

Frosted cake : (n) برف کی مانند ؛ شکر کی تہ جما یا ہوا کیک ۔

Frosted glass : (n) (کیمیا) دُھندلا شیشہ ۔

Frostily : (adv.) سرد مہری کے ساتھ ؛ روکھے پن سے؛ بطور سرد ؛ پیرانہ سالی سے ؛ بطور برف زدہ ؛ برف زدہ انداز میں ۔

Frostiness : (n) سرد مہری ؛ ٹھنڈ ؛ سردی ؛ اُداسی ؛ روکھاپن ؛ برف زدگی ؛ سفیدی ؛ پیرانہ سالی ۔

Frosting : (n) (۱) برف کی طرح ڈھک دینا ؛ شکر کی تہ (کسی کھانے یا مٹھائی پر) جما دینا ؛ ایک قسم کا سفوف خصوصاً باریک کی ہوئی سفید چینی جو کیک وغیرہ پر تہ جمانے کے کام آتی ہے ؛ شکر کی (برف جیسی) تہ جمائی ہوئی سطح ؛ انجماد ۔ (۲) ٹھنڈک کے اثر سے جما دینے کا عمل ؛ شدید سردی کے اثر سے جلد پر ورم یا پھوڑے نکلنے کا عمل ؛ سردی کی چُبھن؛ برف یا پالے سےڈھکنے کا عمل ؛ برف زدگی ؛ پالا زدگی ؛ شیشے یا دھات کی سطح کو برف کی طرح کھردری یا دودھیا بنانے کا عمل ؛ برف پھسلنے سے بچاؤ کےلئے جوتوں یا گھوڑے کی نعلوں میں کیلیں ٹھوکنے کاعمل ۔ (۳) کُہرانا ۔

Frostless : (n) بے کُہر ۔

Frosty : (a) (۱) (برف کی وجہ سے) سرد ؛ خنک ؛ نقطہٴ انجماد پر یا اُس سےنیچے؛ برف کی طرح سرد ؛ برف آسا ؛ برف کے مانند ؛ بسیار سرد ؛ برفیلی سردی۔(۲)(مجازاً) سرد مہر ؛ دو سروں کے ساتھ ایسا برتاؤ کہ اُن کو گرم جوشی کی ہمت نہ ہو ؛ روکھا ؛ پھیکا ؛ اداس ؛ جس کے احساسات میں گرمی نہ ہو ؛ گرم جوشی نہ ہو ؛ گرمیٴ جذبات سےخالی ؛ برف کی طرح سرد ؛ بے حس ؛ تصنع کا برتاؤ کرنے والا ۔ (۳) پالے یا برف سےڈھکا ہوا ؛ایسی حالت یا صورت میں کہ ڈھکا ہوا معلوم ہوتا ہو ؛ (بال) سفید ؛ برف زدہ ۔ (٤)معمّر ؛ بال سفید (پیرانہ سالی کی وجہ سے) ؛ سفیدی یا سفیدی مائل ؛ سفید مو ؛ سفیدبال والا؛ پیرانہ سالی کی خصوصیات ؛ ضعیف ؛ افسردہ ؛ بجھا ہوا ۔ (٥) (موسمیات) جلیدی ؛ سخت سرد ۔ (٦) (حشریات) چمکیلے سفید رنگ کا ۔

Frot : (v) [OF. 'froter'.] (دباغی) مالش کر کے نرم کرنا ؛ چمڑے کو ملائم کرنا ۔

Froth : (n) [ME.'frothe'.] (۱) جھاگ؛ کف ؛ پھین ؛ پھپھوندی ؛ سرجوش ؛ میل (کسی سیال چیز کی سطح پر) (نیزمجازاً) خصوصاً لعاب دہن؛ منہ سے نکلنے والا رال ؛ تھوک ؛ بکواس ؛ بک بک ؛ فضول باتیں ؛ بظاہر شاندار لیکن مہمل تقریر ۔ (۲) غیر حقیقی چیز ؛ خیالی چیز ؛ موہوم شے؛ برائے نام کوئی چیز ؛ خفیف شے ؛ کم قیمتی؛ معمولی ۔ (٤) شخص کےلئے حقارت آمیز طور پر بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Froth : (v) (۱) کف نکالنا ؛ پھینکنا ؛ جمع کرنا ؛ لانا ۔ (۲) (شراب میں) جھاگ پیدا کرنا ۔

Froth fly/-frog/-hopper/-insect/-worm : (n) کیڑوں کی مختلف قسموں کےنام ۔

Froth-spit : (n) دیکھو Cuckoo-spit

Froth stick : (n) مکھن وغیرہ بلونے کی چھڑی ؛ (انڈے ، مکھن، بالائی وغیرہ کو) بلوکر جھاگ دار بنانے کی چھڑی یا آلہ ۔

Frothery : (n) (مہمل لفظ) محض جھاگ ؛ کف دہن ؛ ادنیٰ یا خفیف چیز ؛ ادنیٰ یا خفیف ہونا ؛ نکماپن ؛ بےلطفی ۔

Frothily : (adv.) کف لاتے ہوئے ؛ فضول گوئی کرتے ہوئے ؛ کف در دہن ہو کر ؛ خالی خولی یا بےبنیاد طور پر ؛ بےاصل یا بےنتیجہ انداز میں ۔

Frothiness : (n) جھاگ دار ہونا ؛ کف آلودگی ؛ جھاگ داری ؛ (مجازاً) بے حقیقی ؛ بےنتیجگی ؛ لاحاصلیت ۔

Frothless : (a) بے جھاگ ؛ بے کف ؛ صاف ستھرا ؛ بڑھیا ؛ بیش قیمت ؛ قابل قدر (آدمی) ۔

Frothsome : (a) (۱) جھاگ دار ؛ کف آلود ؛ جھاگ سے بھرا ہوا ۔ (۲) جھاگ کا سا ؛ جھاگ نما ؛ کف مانند ؛ جھاگ پر مشتمل ؛ جھاگ کے متعلق ؛ پھین بھرا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) بے بنیاد ؛ خالی خولی ؛ بے حقیقت ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ فضول ؛ بےاصل ؛ غیر واقعی ؛ بے مغز ؛ بے معنی ؛ پوچ؛ محض لفاظی پر مشتمل ۔ (٤) (کیمیا) جھاگ اُٹھتا ہوا ۔

Frothy : (a) دیکھو Frothsome

Frou-frou : (n) [Fr. echoic.] سر سراہٹ ؛ کھڑ کھڑا ہٹ (خصوصاً لباس کی) ؛ پھڑپھڑاہٹ ۔

Frounce : (n) [OF.fronce,fronche.] خود نمائی ؛ بناؤ ؛ طمطراق؛ دکھاوا؛ نمائش؛ نمود؛ بھونڈی نمائش؛ خودبینی ؛ خود پسندی ؛ وضع داری ؛ بانکپن ۔

Frounce : (v) [OF.froncier,froncir.] سن سنانا؛ سائیں سائیں کرنا؛ زن زن کرنا ؛ موڑنا؛ خم دینا ؛ چکّر دینا ؛ نیز (بالوں کو) خم دار بنانا ؛ گھونگرو بنانا ؛ گھونگریالا کرنا ۔

Frouzy : (a) (۱) بدبو دار ؛ بند ؛ خراب ؛ گندہ ؛میلا کچیلا ؛ نامطبوع ۔ (۲) اندھیرا ؛ تاریك ؛ میلا چکّٹ ؛ زنگ خوردہ؛ زنگ آلود؛ بےطور ؛ پھوہڑپن کا؛ پریشان وضع ؛ بےترتیب ؛ الجھا ہوا ؛ (بال وغیرہ) بےڈھنگ (داڑھی وغیرہ) جس میں کنگھی نہ ہوئی ہو ؛ سر جھاڑ منہ پہاڑ ؛ بد حال ؛ (چہرے کا رنگ) سرخ اور کھردرا ؛ لال چقندر جیسا ؛ سرخ اور بھدّا ۔

Frow : (n) [Du.vrouw.] (۱) ولندیز کی رہنے والی عورت ؛ ولندیزی عورت ۔ (۲) عورت ؛ ملکہ ؛ زانی ؛ معشوقہ؛ محبوبہ؛ خاتون؛ بیگم؛ خانم؛ بی بی؛ گھروالی؛ صاحبة البیت؛ بیوی ؛ زوجہ ؛ (خاص کر جرمن یا ولندیزی عورت کے لئے) ۔ (۳) (بول چال) سست کاہل اورگندی عورت ؛ زن برزہ و بدکارہ ؛ ظریف کمینی عورت ؛ زن فاحشہ ۔

Frow : دیکھو Froe

Froward : (a) [Early ME.f.fra.] (۱) خودسر ؛ سرکش ؛ ضدی ؛ اڑیل؛ گمراہ؛ باغی؛ خودرائے؛ متمرد؛ کج رائے؛ ہٹ دھرم ؛ بد کیش ؛ بے راہ ؛ نا معقول ؛ نافرمان ؛ منحرف ؛ بےقابو ۔ (۲) (قانون) (چوری وغیرہ کا فیصلہ) خلاف شہادت وہدایت عدالت ۔ (۳) نامعقول ؛ ناگوار؛ ناپسندیدہ؛ غیر مطلوبہ ؛ خلاف خواہش ؛ غیر موافق (چیزیں)؛ نا مساعد (حالات) ۔

Frowardly : (adv.) ضد اور سر کشی کے ساتھ؛ باغیانہ طور پر ؛ گمراہی کے ساتھ ؛ نافرمانی کے ساتھ ؛ بےراہ ہوکر؛ منحرفانہ؛ ہٹ دھرمی کے ساتھ ۔

Frowardness : (n) سر کشی ؛ خود رائی ؛ گمراہی ؛ ضد ؛ بےراہ روی ؛ نافرمانی؛ انحراف ؛ ہٹ دھرمی ۔

Frower : دیکھو Froe

Frown : (n) (۱) تُرش روئی ؛ کڑوے تیور ؛ خم ابرو ؛ چین جبیں ؛ شکن ابرو ؛ تیوری ؛ ناپسندیدگی؛ چہرے کی حالت جس سے غصہ، سختی، ناراضگی یا تفکر ظاہر ہو ؛ نیز چیں بہ جبیں ہونے کی حالت ؛ خوئے غضب ناکی یا سخت گیری ؛ خوئے فکرمندی ؛ پیشانی یا ابروؤں پر شکن لانے کی عادت ۔ (۲) اظہار ناپسندیدگی؛ اظہار نارضامندی ؛ اظہار نا منظوری، اظہار ناخوشی ۔

Frown : (v) [ME.'froune'.] (۱) چیں بہ جبیں ہونا ؛ پیشانی پر شکن لانا ؛ تیوری چڑھانا ؛ سختی یا درشتی سے دیکھنا ۔ (۲) (اشیا کےلئے) تاریك پہلو دکھانا ۔ (۳) ناپسندیدگی ظاہر کرنا ۔ (٤)(بات کاٹنےوالےکو) گھورکر خاموش کردینا؛ روك دینا؛ (تیوری چڑھا کر) ۔ (٥) پیشانی کی شکن سےمقابلےاورگستاخی کاارادہ ظاہر کرنا ۔ (٦) پیشانی یا ابروؤں کی شکن سے کوئی بات ظاہر کرنا یا پیدا کرنا یا کوئی حکم دینا یا کسی بات پر زور ڈالنا (away, back,down,off وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۔

Frowner : (n) چیں بہ جبیں سے اظہار ناراضگی اور ناپسندیدگی کرنےوالا؛ گھور کر دیکھنے والا ؛ سخت یا تیز نگاہ کرنے والا ۔

Frownful : (a) شکن آلود ؛ چیں بہ جبیں ؛ متفکر ؛ غضب ناك ؛ پریشان ۔

Frowningly : (adv.) چیں بہ جبیں ہو کر ؛ گھورتے ہوئے ؛ تیز یا درشت نگاہ سے دیکھتے ہوئے؛ نامنظوری یا ناپسندیدگی کے انداز میں ؛ نارضا مندانہ ۔

Frowny : (a) (۱) عادتاً چیں بہ جبیں ہونے والا ؛ جبین و ابرو پر عادتاً شکن لانے والا ۔ (۲) نك چڑھا ؛ تنك مزاج ؛ عادتاً اظہار ناپسندیدگی کرنے والا ۔

Frowst : (n) (کمرے کے اندر کی) اُمس ؛ بدبو دار گرمی ؛ گھٹن ۔

Frowst : (v) اُمس اور گُھٹن جیسی گرمی میں ٹھہرنا ؛ ایسی گرمی کو پسند کرنا ؛ کمرے کی اُمس میں ٹھہرنا یا اُس سے دوچار ہونا ۔

Frowsty : (a) ایسا (کمرہ) جہاں اُمس والی گرمی ہو ؛ اُمس دار ؛ اُمسی ؛ گھٹن والا ۔

Frowziness : (n) (۱) میلا پن ؛ بدبو ؛ گندگی ۔ (۲) اندھیرا ؛ تاریکی؛ زنگ خوردگی؛ پھوہڑ پن ؛ بےترتیبی؛ بدحالی ؛ بے ڈھنگا پن ؛ (چہرے کی سُرخی اور بھداپن) ۔

Frowzy : (a) [Origin unkn.] دیکھو Frouzy

Frozen : (a) (۱) بہت زیادہ سردی سے جما ہوا ؛ منجمد ؛ جمایا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ انتہائی سردی کےزیر اثر لایا ہوا ؛ بہت زیادہ سرد کیا ہوا (نیز مجازی اور غیرمادی چیزوں کےلئے) ۔ (۲) (قرض پونجی وغیرہ) غیر دائر منجمد یا جمی ہوئی ناقابل ادائی ؛ ناقابل بےباکی؛ جو وقت معینہ اور مدت معہود پر چکائے جانے کے لائق نہ ہو یا جس کا چکا یا جانا ناممکن نہ ہو ۔ (۳) برف زدہ ؛ پالا مارا ہوا ؛ پالے کی وجہ سےکٹا ہوا ، رکا ہوا ؛ یا ٹھٹھرا ہوا ؛ شدید سردی کے باعث منقطع یا مقطوع ۔ (٤) (مجازاً) سرد مہر؛ بےحس ؛ سرد دل ؛ افسردہ دل ؛ بے جوش و جذبہ ؛ بے حرارت ؛ گرمی٭ جذبات سے خالی ۔

Frozen : (a)[P.ple.of Freeze (v).] (۱) (قرض، سرمایہ وغیرہ) ڈوبا ہوا (عارضی یا مستقل طور پر) ۔

Frozen asset : (n) (تجارت) منجمد اثاثہ ۔

Frozen limit : (n) (بول چال) قابل اعتراض یاناقابل برداشت معاملہ کی انتہا ۔

Frozenly : (adv.) منجمد ہو کر ؛ انتہائی سرد انداز میں ؛ سردمہری سے دیکھتے یا برتاؤ کرتے ہوئے ؛ بےحس یا بے جوش انداز میں ؛ سرد دلی سے ؛ (امریکا) سختی سے؛ ہٹیلےپن سے؛ سر کشانہ ۔

Frozenness : (n) انجماد ؛ جماؤ ؛ خنک زدگی ؛ یخ بستگی ؛ سرد مہری ؛ بے حسی ؛ بے دلی ؛ سرد دلی ؛ (امریکا) سختی ؛ ہٹیلاپن ؛ سرکشی ۔

Fructed : (a) [L.'fructus'.] (نقابت) (ڈھال کی رنگ کاری میں ایک مخصوص ہلکے رنگ کا) میوہ دار ؛ ثمرور (درخت یا پودا) ۔

Fructescence : (n) موسم باروری ؛ جب سبزیاں اپنے دانے بکھیرتی ہیں ؛ پھل لانے کا موسم ۔

Fructescent : (a) [mod.L.fructescentem.] باروری کا آغازکرنے والا ؛ جس نے ابھی ابھی پھل دینا شروع کیا ہے ۔

Fructiculose : چھوٹی جھاڑی کے مثل ؛ جزو ترکیبی کی حالت میں ۔

Fructidor : (n) [L.fructus] فرانس کے انقلابی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (۱۸/اگست تا ١٦/ستمبر تک) انقلاب فرانس جو اس ماہ کی اٹھارہ تاریخ (٤/ ستمبر) کو ہوا تھا ۔

Fructiferous : (a) [L.fructifer.] بار دار؛ بارور ؛ پھل لانے والا ؛ پھلنے والا ؛ ثمر ور ؛ مثمر ؛ ثمر دار ؛ پھل دار ۔

Fructiferously : (adv.) بارورہوکر ؛ پھل لانےوالے انداز میں ۔

Fructification : (n) [L.fructificationem.] (۱) (نباتیات) پھل لانے یا پھل دار ہونے کا عمل یا مرحلہ ؛ باروری ؛ ثمر بندی ؛ ثمر داری نیز بار آور یا حاملہ کرنے کا فعل ۔ (۲) (نباتیات) پودے کا پھل ۔ (۳) بار آوراعضا یا حصے؛ اعضائےتناسل ؛ اعضائےتولید؛ تولیدی یاتناسلی حصےخصوصاً فرنوں اور کائیوں کے ، (پودے اور خصوصاً چھوٹی گھاس وغیرہ) کےوہ حصے جونسل بڑھاتےہیں ۔

Fructifier : (n) بار آور ؛ ثمر آور ؛ حاملہ کرنے والا ؛ پھل دار کرنے والا ؛ بارور کرنے والا ۔

Fructify : (v) (۱) پھلنا؛ بار آورہونا؛ باروَرہونا ؛ مثمرہونا؛ پھل لانا ؛ پھل دارہونا ؛ ثمر ور یا ثمر دار ہونا (نیز مجازاً) ۔ (۲) پھلنے کے قابل بنانا ؛ بار دار کرنا ؛ بر ور کرنا ؛ پھل دار بنانا ؛ حاملہ کرنا ؛ ثمر ور کرنا ۔

Fructose : (n) (کیمیا) پھلوں کی شکر ؛ وہ شکر جو پھولوں سےنکالی جاتی ھے ؛ ایک قسم کی پھل کی شکر جو چپ گرداں ھوتی ھے؛ (نیز) پھلوں میں پائی جانےوالی شکر (پربھی اس کا اطلاق ھوتا ھے) ۔

Fructuary : (a) [L. 'fructuarius'.] (رومن قانون) حق واصلات یاحق استفادہ کایا اُس سے متعلق کسی دوسرے کی جائداد کے منافع سے اس طورپر متمتع ہونے کے حق سے متعلق یا اُس کا کہ اصل جائداد کو نقصان نہ پہنچے ۔

Fructuary : (n) (۱) حق واصلات یا حق استفادہ رکھنے والا ۔ (۲) وہ چیز جس سے حق واصلات کے ذریعہ استفادہ کیا گیا ہو ۔

Fructuous : (a) [L.'fructuosus'.] (۱) پھلوں سے لدا ہوا ؛ پھل لانے والا؛ پھلنے والا؛ پُر اثمار؛ کثیرالاثمار ۔ (۲) (مجازاً) نتیجہ خیز؛ نفع بخش؛ فائدہ مند؛ سود مند؛ مفید منفعت بخش ۔

Fructously : (adv.) (۱) بھر پور پھلوں کےساتھ؛ پھلوں سے لدکر؛ کثر الاثمارطور پر ؛ پھل دار ھو کر ؛ بار آورانداز میں ۔ (۲) (مجازاً) نتیجہ خیز طور پر ؛ نفع بخش انداز میں ؛ فائدہ مند طورسے ۔

Fruotuousness : (n) (۱) پھلوں سے لدا ہونے کی حالت ؛ پُر اثماریت ؛ بار آوری ؛ پھل لانے کی صفت یا

حالت ۔ (۲) (مجازاً) نفع بخشی ؛ منفعت دہی ؛ نتیجہ خیزی؛ فائدہ مندی؛ افادیت؛ سودمندی ۔

Frug : (n) [Origin unkn.] ایک جدید رقص ۔

Frug : (v) اس جدید انداز میں رقص کرنا ۔

Frugal : (a) [L.'frugalis'.] (۱) محتاط ؛ کفایت شعار ؛ جزرس (خصوصاً کھانے پینے اور اخراجات خانہ داری میں) ۔ (۲) کمی کے ساتھ استعمال کیا گیا یا دیا گیا ۔ (۳) کم خرچ؛ کم لاگت؛ سستا و برخلاف بہت خر چیلا یا قیمتی) ۔

Frugality : (a) [L.frugalitatem.] (۱) کفایت شعاری ؛ جزرسی ؛ احتیاط ؛ میانہ روی ؛ کم خرچیلے ؛ کم لاگتی ؛ کم دینے یا استعمال کرنے کی صفت ۔ (۲) کفایت شعاری سے؛ بچائی ہوئی دولت؛ حاصلِ کفایت شعاری ؛ حاصلِ کم خرچی ؛ (نیزجمع میں) کفایت شعارطرزِ زندگی ؛ کفایت شعار یا محتاط رہائش ؛ کم خرچ گذران ؛ محتاط گذربسر ۔

Frugally : (adv.) کفایت شعاری سے ؛ محتاط انداز میں ؛ جزرس طور پر ؛ کم کم ؛ کم خرچ طور پر ۔

Frugiferous : (a) [L.frugifer.] پھل دار ؛ بارور مثمر ؛ ثمرور؛ ثمر دار ؛ پھلوں سے بھرا ہوا ۔

Frugivorous : (a) پھل سے پیٹ بھرنے والا (جانور) ؛ میوہ خور ؛ پھل کھا کر بسر کرنےوالا ؛ (حیوانیات) ثمر خور ۔

Fruit : (n) [L.fructus.] (۱) پھل ؛ ثمر ؛ تازہ میوہ ؛ (عموماً جمع میں) ؛ ترکاریوں کے پھل جنہیں انسان اور حیوان بطور غذا استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) ترکاریوں کے ملفوف بیج ؛ کسی پودے یا درخت کا وہ خوردنی حصہ جو بیج اور اپنے ملفوف (خصوصاً جب رسیلا اور گودہ دار ہو مثلاً سیب نارنگی وغیرہ) پر مشتمل ہوتاہے ۔ (۳) کسی پودے یا درخت کابیج جسےباز تولید کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے (خصوصاً بن میں) بیضکوں کا حامل وہ پختہ بقچہٴ گل جو تخم ریزی یا بیج آنے کی حالت پر پہنچ چکا ہو ؛ نیز بغیر پھول کے پودں کا تخمک (وہ تنہا خانہ جو پودا بن جانے کے قابل ہو جاتا ہے) ۔ (٤) بچہ (جانوروں کا) ؛ اولاد ؛ نسل ؛ نیز نطفہ قرار یافتہ ؛ جنین ۔ (٥) نتیجہٴ عمل ؛ منافع ؛ نتیجہ؛ انجام ؛ حاصل ؛ ماحصل ؛ مادی پیداوار؛ افزائش؛ اضافہ؛ افزونی؛ ترقی ایزاد ۔ (٦) (جمع میں) مصنوعات؛ مالیات ۔ (۷) فائدہ ؛ نفع ؛ استفادہ ؛ مالی منفعت ؛ مالی نفع ؛ سود ؛ مفاد ۔

Feeds on fruit : پھل کھا کر پیٹ بھر تا ھے ۔

The fruits of industry : صنعت و حرفت کے پھل (منافع) ۔

Fruit : (v) (۱) پھلنا ؛ پھل لانا ؛ پھل پیدا کرنا ؛ مثمر ہونا ؛ بارور ہونا ؛ بار دار ہونا ؛ ثمرور ہونا ؛ میوہ زا ہونا ؛ حاملہ ہونا ؛ بچہ خیز ہونا ؛ نفع بخش ہونا ؛ نتیجہ خیز ہونا ؛ مفید ہونا؛ سود مند ہونا ۔ (۲) پھل دار بنانا ؛ مثمر کرنا ؛ بار آور کرنا ؛ بار دار کرنا ؛ حاملہ کرنا ؛ نفع بخش بنانا؛ نتیجہ خیز کرنا یا بنانا ؛ مفید یا سودمند بنانا؛ پرورش اورنگہداشت کر کے منزل بار آوری تک پہنچا دینا (ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

Fruit-bat : دیکھو Flying-fox

Fruit-body : (n) سانپ کی چھتری یا سماروغ کا وہ حصہ جس میں تولیدی اجسام (تخمکے) اور انہیں پیدا کرنے والے اعضا ہوتے ہیں ۔

Fruit bud : (n) وہ کلی جس میں حامل زر ہو ؛ وہ کلی جس میں بیضہ دان ہو ۔

Fruit-cake : (n) مٹھائی جس میں پھل ڈالے جاتے ہیں ۔

Fruit clipper : (n) تیز رفتار جہاز جو تازہ پھل لے جاتا ھے ۔

Fruit culture : (n) (نباتیات) ثمر پروری ۔

Fruit dot : (n) (نباتیات) فرنوں کا انبار ہ ؛ چھوٹے بیجو ں کی گھُنڈیوں کا گچھا جو فرن کےورق کے پیچھے ہوتا ھے ۔

Fruit dove : (n) میوہ خورفاختہ؛ ایک قسم کی چھوٹی فاختہ، جس کے پر چمك دار رنگین اور پاؤں چمکیلے سرخ یا زرد ہوتے ہیں ، اور جو پھلوں پر بسر کرتی ھے ۔

Fruit fly : (n) ایک قسم کی ننھی سیاہ مکھی جو پھل کے زمانے میں پھل دار درختوں پر کثرت سے پائی جاتی ھے؛ پھل مکھی ؛ میوہ مکھی (باغبانوں کا دیا ہوا نام) ؛ (حیوانیات) پھل مکھی ۔

Fruit frame : (n) جعفری ؛ ٹٹی (جس پر پھل دار بیلیں چڑھائی جاتی ہیں) ۔

Fruit knife : (n) چاندی کی چھری جس پر زنگ نہیں لگتا (پھل تراشنے کےلئے)۔

Fruit machine : (n) ایک قسم کی جوا کھیلنے کی مشین ؛ قماربازی کی مشین ۔

Fruit mill : (n) شراب کےلئے سیب اور انگور کو پیسنے والی مشین ۔

Fruit of the womb/-body : (n) جسم انسانی یا رحم کے پھل (انجیل کی اصطلاح میں) اولاد ۔

Fruit piece : (n) پھلوں کی تصویر خواہ کشیدہ ہو ، منقش ہو یا تراشیدہ ۔

Fruit pigeon : (n) کبوتروں کی ایک جنس کا نام ۔

Fruit pox : (n) ایک قسم کی بیماری جو سبز ٹماٹروں میں ہوتی ہے اور جس میں گھرے سبز رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں ۔

Fruit press : (n) پھلوں کو دبا کر ان کے رس نچوڑنے کا آلہ یا مشین ۔

Fruit salad : (n) (۱) فروٹ سلاد ؛ پھلوں کی سلاد ؛ تراش کر ایک ساتھ ملائے ہوئے پھل؛ مختلف پھل جن کو کاٹ کر ایک برتن میں ملا دتیے ہیں اور اکثر بالائی ملاکر کھاتے ہیں ۔(۲) (خدماتی عامیانہ) خدمات کے عوض ملے ہوئے اعزازی فیتوں اور تمغوں کی قطار؛ ترتیب یا ان سے مزّین لباس، پوشاک ۔

Fruit spur : (n) وہ چھوٹی شاخ جس کا بڑھنا پھل لانے والی کلیوں کی نشو و نما کو یقینی بنانے کے لئے روک دیا جاتا ھے (پارک جاتا ھے)۔

Fruit stalk : (n) پھل دار ڈنٹھل ؛ وہ ڈنٹھل جس میں پھل لگا ہوتا ھے؛ خصوصاً شاخ میوہ ؛ شاخ ثمر دار یا ثمر آور ۔

Fruit sugar : (n) شکر جو پھلوں سےبنائی جاتی ھے ۔

Fruit tree : (n) وہ درخت جو پھل حاصل کرنے کے لئے لگایا جاتا ھے ؛ پھل دار درخت ۔

Fruit wall : (n) وہ دیوار جس پر پھل دار بیلیں چڑھائی جاتی ہیں یا جہاں پودے کو کسی خاص شکل میں اُگا یا جاتا ھے ۔

Fruit worm : (n) (حیوانیات) پھل کیڑا ۔

Fruitage : (n) (۱) پھل اُگنے کا عمل، موسم یا حالت؛ موسم بار آوری ؛ حالت بار آوری ؛ با آوری ۔ (۲) پھل (بہ حیثیت مجموعی)نیزمجازاً ۔(۳)(نباتیات) میوہ جات ؛ پھل پھلاری ۔

Fruitarian : (n) [after vegetarian.] پھل کھانے والا (بطور غذا) میوہ خور ؛ (نیز بطور صفت)۔

Fruitarianism : (n) میوہ خوری ۔

Fruited : (a) بارور ؛ پھل دار؛ مثمر ؛ ثمر ور ؛ بارور ؛ پھلوں سے لدا ہوا ؛ کثیر الاثمار ۔

Fruiter : (n) [F.fruitier .] میوہ فروش ؛ پھل بیچنے والا یا پھلوں کی تجارت کرنے والا ؛ پھل لے جانے والا جہاز؛ پھلنے والے درختوں کی کاشت کرنےوالا ؛ پھل دار درخت ؛ شجر میوہ دار؛ درخت ثمر آور؛ پھل دینے والا درخت؛ پھل پیدا کرنے والا ؛ پھل دار درختوں کی کاشت کرنےوالا ۔

Fruiterer : (n) (۱) پھلوں کا سودا گر؛ پھل بیچنے والا؛ پھلوں کی تجارت کرنے والا ؛ میوہ فروش ۔(۲) پھلوں کی کاشت کرنے والا ؛ پھل اُبجانے والا ۔

Fruiteress : (n) (۱) پھلوں کی سوداگر عورت؛ پھل بیچنے والی ؛ میوہ فروش ۔ (۲) پھلوں کی کاشت کرنے والی۔

Fruitery : (a) پھل (بہ حیثیت مجموعی) ؛ پھلوں کا انبار ؛ بہت سارے پھل ۔

Fruitful : (a) [ME.] (۱) ثمر ور؛ بار دار ؛ بار آور؛ میوہ دار ؛ زرخیز ؛ بار ور ؛ مثمر ؛ پُر ثمر ؛ پھل دار ؛ پھل سے بھرا ہوا؛ بہت زیادہ پھل والا ۔(۲) پیدا کرنے والا ؛ بچے پیدا کرنے والا؛ کثیر التولید ؛ بہت پیدا کرنے والا ؛ جو بانجھ نہ ہو ؛ جو بنجر نہ ہو ۔ (۳) (مجازاً) مفید؛ نافع ؛ پر منفعت ؛ نفع بخش ؛ سود مند ۔ (٤) نتیجہ خیز ؛ نتیجہ بخش ۔(٥) (مٹی وغیرہ) زرخیز؛ بار آور ۔(٦) (بارش وغیرہ) زرخیز بنانے والا ۔ (۷) (نباتیات) مفید؛ بارآور؛ مثمر؛ میوہ خیز ۔

Fruitfully : (adv.) نفع کے ساتھ ؛ فائدہ مندی کے ساتھ ؛ سودمندی کے طور پر ؛ بارداری کے ساتھ ؛ زرخیزی کے طور پر ؛ بار آوری سے ؛ کثیر التولیدی کے ساتھ؛ نتیجہ بخش طور پر ۔

Fruitfulness : (n) نتیجہ خیزی ؛ فائدہ مندی ؛ منفعت ؛ سود مندی ؛ بار آوری ؛ ثمر وری ؛ زرخیزی ؛ نتیجہ خیزی ؛ کثیر التولیدی ۔

Fruitiness : (n) پھل کامزا ؛ پھل کی لذت ؛ ثمریت ؛ شیرینی؛ دل کشی؛ خوش گواری؛ خوش ذائقی؛ (عامیانہ) شوریدگی؛ آشفتہ سری؛ سودائی پن؛ بےدماغی ۔

Fruition : (n) [L.'fruitionem'.] لطف اندوزی یا استفادہ کا عمل ؛ لطف ؛ لذت ؛ استفادہ ؛ تمتع ؛ جن چیزوں کی خواہش کی گئی ہو ان کا حاصل کرلینا اور ان سے لطف اندوز ہونا؛ امیدوں اور توقعات کا پورا ہونا ؛ حصول آرزو ؛ مسرت بخش قبضہ ؛تصرف یا دخل ؛ پُرلطف ملک ۔

Fruitive : (a) [med.L.'fruitivus'.] متمتع ؛ لطف اندوز ہونے والا ؛ لذت گیر ؛ حصول آرزو والا ؛ استفادہ کرنے والا؛ لطف اندوزی کی صفت رکھنے والا ۔

Fruitless : (n) (١) پھل نہیں دینےوالا ؛ بے میوہ ؛ بےثمر ؛ بےپھل؛ اُسر ؛ بانجھ ؛ عقیم ؛ بنجر ۔(٢) بےنفع ؛ بیکار ؛ عبث ؛ لاحاصل ؛ بےاثر ؛ خالی؛ فضول ؛ بےنتیجہ؛ بےسود ؛ بےفائدہ؛ غیرمنفعت بخش ؛ بےمنفعت ؛ غیر مفید ؛ غیر نفع بخش ؛ سست ؛ کاہل ؛ بے کار ؛ مہمل ؛ بے سود ۔ (٣) (شخص) نا کامیاب ؛ ناکام ۔

Fruitlessly : (adv.) غیر مفید طور پر ؛ بے نتیجہ طور پر ؛ بےفائدہ ؛ لاحاصل ؛ بیکار؛ بے اثر انداز میں ؛ غیرنفع بخش طورپر؛ ناکامی سے؛ ناکام ہوکر ۔

Fruitlessness : (n) بے اثری ؛ بے ثمری ؛ بیکاری ؛ لاحاصلی ؛ بے افادیت ؛ غیر نفع بخش ؛ سستی ؛ کاہلی ؛ ناکامی ۔

Fruitlet : (n) (نباتیات) نواچہ ؛ سنگ برچہ ؛ ثمرچہ ؛ میوہ٭ کوچك ؛ چھوٹا سا پھل ۔

Fruits of the earth : نباتاتی پیداوار جو عموماً کھائی جاتی ھے ۔

Fruity : (a) (١) پھل کے متعلق ؛ پھل کا ؛ پھل کے مثل ؛ پھل کےمانند؛ میوہ نما؛ ثمرآسا؛ ثمری ۔(٢) (شراب) انگور مزہ ؛ خوش ذائقہ ۔ (٣) اچھی قسم کا ؛ انتہائی موثر ؛ پُر اثر ؛ دل چسپ یا قابل لطف اندوزی ؛ رس دار ؛ رسیلا ؛ دل کش ۔ (٤) انتہائی شیریں ؛ جذباتی ؛ تاثراتی ؛ شربتی ۔ (٥) (عامیانہ) دیوانہ ؛ آشفتہ ؛ شوریدہ ؛ سودائی ؛بے دماغ ؛ جس کا ذہنی توازن درست نہ ہو ۔(٦) بول چال ؛ ظریف ؛ بذلہ سنج ؛ پر مزاح ؛ افترا پرداز ۔ (٧) ہم جنسوں سے رغبت رکھنے والا ۔

Frumentaceous : (a) [late L.frumentaceus+-ous.] گیہوں یا دوسرے اناجوں کی مثل یا اُن کی فطرت کا ؛ گندمی؛ مثل گندم؛ (نباتیات)حُبوباتی؛ گندمی ۔

Frumentarious : (a) [L. frumentarius+ous.] (شاذ) غلّہ جات کا یا اُن سے متعلق ؛ حُبوبی ۔

Frumentation : (n)[L.'frumentationem'.] (قدیم روما) غلّےیا اناج کا عوامی عطیہ ۔

Frumenty/Frumety : (n) [ME.'frumentu'.] بغیر بھوسی کے گیہوں جو دودھ میں اُبالے جاتے ہیں اور جن میں لونگ اور شکر ملا کر کھاتے ہیں ؛ ایك قسم کی مٹھائی ؛ دلیا ۔

Frump : (n) [Origin unkn.] (١) (شاذ) پرانی وضع کی عورت بد قطع لباس پہنے ہوئے ؛ (مردوں کے) ۔ (٢) (بول چال) (جمع) آزردگی؛ خفگی؛ اُداسی؛ روٹھنے کا عمل ؛ ناسازگاری ۔

Frump : (v) مضحکہ اُڑانا ؛ تمسخر کرنا ؛ طنز کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ فقرے کسنا ؛ طعنے دینا ؛ تحقیر کرنا ؛ استہزا کرنا ؛ توہین کرنا ۔

Frumper : (n) مضحکہ اُڑانےوالا؛ آوازہ کسنےوالا؛ طعنہ زن ؛ تمسخر کرنے والا ؛ توہین کرنے والا ۔

Frumpish : (a) (١) پرانی وضع کا ؛ بد قطع ؛ مضحکہ خیز ؛ تمسخر انگیز ۔(٢) (عام محاورے میں) چڑ چڑا ؛ بد مزاج ؛ ترش رو ۔

Frumpy : (a) چڑ چڑا ؛ بد مزاج ؛ ترش رو ؛ نیز بد قطع ؛ بدلباس ؛ بد وضع پوشاك والی (عورت) ۔

Frush : (n) [OF.fruis,'frois'.] ٹکڑے ؛ ریزے ؛ کرچیاں ؛ پارے ؛ پُرزے ؛ ناتراشیدہ ٹکڑے ۔

Frush : (n) [Origin unkn.] (بول چال) گھوڑے کے سُم کے بیچ ایك نرم لچکدار (سینگ جیسا) مادہ ؛ نیز قلاع جو گھوڑے کے سُم کے بیچ میں ہو جاتا ھے ۔

Frush : (a) [Sc.] (١)(اسکاٹستانی اور بول چال) قابل شکست؛ ٹوٹنے والا ؛ پھوٹك ؛ کڑا ؛ بےلوچ ؛ خشك ؛ یابس ؛ نازك ؛ کم زور ؛ جلد خراب ہو جانے یا آسا نی سے ٹوٹ جانے والا ۔(٢) نرم ؛ بودا ؛ جو مضبوط نہ ہو ؛ ناپائدار ۔

Frustum : (n) [L.] (۱) مخروطی ؛ ناقص ۔ (۲) (عموماً) حصہ ؛ ٹکڑا ؛ پارہ ؛ پرزہ (شاذ) ۔ (۳) (ہندسہ) مقطوع ؛ مخروط مقطوع ؛ ہرم مقطوع ۔

Frutage : Fruitage کی متروک شکل ۔

Frutescence : (n) جھاڑی کی شکل یا اُس کی خاصیت ؛ جھاڑی نما ہونے کی حالت یا خاصیت ۔

Frutescent : (a) (نباتیات) جھاڑی کی خاصیت کا ؛ جھاڑی نما ؛ جھاڑی نما بن جانے والا ؛ جھاڑی کی طرح ہو جانے والا ؛ جھاڑی کی شکل یا خاصیت کا ۔

Frutex : (n) [L.] (نباتیات) جھاڑی ؛ جھاڑ ؛ چھوٹا درخت یا پودا؛ بوٹا؛ وہ پودا جس کا تنا درخت جیساھو لیکن قد بوٹا (درخت سے چھوٹا) ھو ۔

Fruticose : (a) [L.'fruticosus'.] (۱) جھاڑی نما (دھاتیں یا جمادات) جو ظاہری شکل میں جھاڑ نما ھوں ۔ (۲) جھاڑی کی خاصیت کا ؛ چوبی ؛ ڈنٹھلوں والا ۔

Fruticous : دیکھو Fruticose

Fruticulose : (a) دیکھو Fructiculose

Fruticulus : (نباتیات) جھاڑچی ۔

Frutify : (v) (مہمل لفظ) ایک مضحکہ خیز فاش غلطی جو جاہلوں سے ہوتی ھے ؛ اس کے معنی Fructify کے ساتھ خلط ملط ہو گئے ہیں ۔

Fry : (n) [ON. frib, freb,froe'.] (۱) (انسان کا) بچہ ؛ کسی شخص کے بچے یا اُس کا گھرانہ ؛ (شاذ) بچہ ۔ (۲) مچھلیوں کے بچے انڈوں سےنکلنے کےبعد ؛ (خاص کر) سالمن مچھلی جو اپنی عمر کے دو سال پورے کرلے ۔ (۳) مادہ مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کاگچھا؛ بعض دوسرے جانوروں اور چھوٹی جنس کی مچھلیوں کے بچے جو بڑی تعداد میں پیدا ہوتے ہیں (مثلاً شہد کی مکھیاں اور مینڈک) ؛ (حیوانیات) ماہیچہ ۔ (٤) کم سن اور غیر اہم افراد ؛ چھوٹےلوگ ؛ حقیر اشخاص ؛ بےجان چیزوں کا تودہ ؛ انبار ۔

Fry : (n) [f. fry v.] (۱) تلا ہوا گوشت ۔ (۲) جانوروں کے جسم کےاکثر حصے جو عموماً تل کر کھائے جاتےہیں ۔ (۳) تل کر بنائی ہوئی غذا یا کھانا؛ تلی ہوئی غذا ۔

I have other fish to fry : میرے درپیش دو سرا زیادہ اہم کام ھے ۔

Frush : (v) [OF.'fruissier'.] (تاریخ) (تیروں میں لگے پروں کو) سیدھا کرنا ؛ سلجھانا ؛ درست کرنا ۔

Frustative : (a) محروم کن ؛ مایوس کن؛ نااُمید کردینے والا؛ مانع ہونے والا ؛ مزاج والا ؛ روکنے والا ؛ ہمت پست کردینے والا ؛ ہرادینے والا ؛ مات دینے والا ؛ شکست دینے والا ؛ باطل کر دینے والا ؛ توڑ دینے والا ۔

Frustrate : (a)[L'frustratus'.] (۱) محروم ؛ مفلس ؛بےنصیب ؛ خالی (شاذ) ۔ (۲) بے اثر ؛ ناکام ؛ بےنتیجہ ؛ بےتاثیر ؛ ٹوٹا ہوا ؛ کالعدم کیا ہوا ۔ (۳) (اُمید) بھولی ہوئی ؛ چھوڑی ہوئی ؛ باطل ؛ شکستہ ؛ ٹوٹی ہوئی یاتو بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ لاحاصل ۔ (طب) ناکام ؛ خنثیٰ ؛ ناکام انقباض ۔

Frustrate : (v) [L.f.'frustra'.] (۱) محروم کرنا؛ روکنا؛ توڑنا ؛ توڑ کرنا ؛ ہرانا؛ شکست دینا ؛ مایوس کرنا ؛ رائیگاں کرنا ؛ نا اُمید کرنا؛ ناکام کرنا ؛ بے اثر کرنا (شاذ) ۔ (۲) بے اثر کرنا ؛ اثر کو باطل کر دینا (مخالف اثر کے ذریعہ) دفعیہ یا توڑ ؛ سد باب یا روک تھام کرنا؛ مزاحمت کرنا ؛ کاٹ کرنا (تریاق وغیرہ یا کسی مخالف عمل سے) اثر کم کرنا ؛ نرم کر دینا؛ معتدل کرنا ؛ باطل کر دینا ؛ موقوف کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا ۔ (۳) بے کار کر دینا ؛ بے سود یا بے فائدہ بنا دینا ؛ مات کرنا ؛ ہرانا ؛ شکست دینا ؛ پسپا کر دینا ۔

Frustration : (n) [L.frustrationem.] محرومی ؛ شکست ؛ پسپائی ؛ ہار؛ ناکامی؛ رکاوٹ ؛ روک؛ مایوسی؛ مفلسی ؛ بے نوائی ؛ محتاجی ؛ نا اُمیدی ؛ یاس ؛ (سماجیات) محرومیت ؛ (فلسفہ) احساس نامرادی ۔

Group frustration : (سماجیات) گروہی محرومیت ۔

Frustration-aggression theory : (n) (فلسفہ، تعلیمات) نظریہء نامرادی و جارحیت ۔

Frustration tolerance : (فلسفہ ، تعلیمات) برداشت نامرادی ۔

Frustule : (n) [late L.frustulum'.] ایک نہایت باریک آبی پودے (جو صرف خردبیں سےنظر آتا ھے) کا خول صوف البحر (ڈائیاٹم Diatom) ؛ دو صمامی یا دو صدفی خول یا صدف اور جو کچھ اُس کے اندر ہوتا ھے ؛ (نباتیات) کائی خول ۔

Frustulose : (a) (نباتیات) کائی خول دار ؛ ریزہ دار ۔

Fuchsine : (n) ایک قسم کا نمک جسے پانی میں ملانے سے ایک گہرا سرخ سیّال رنگ تیار ہوتا ہےجو رنگنے کے کام آتا ہے ۔

Fucivorous : (a) [L.'fucus±-vorus'.] بحری گھاس کھا کر بسر کرنے والا ؛ (حیوانیات) کائی خور ۔

Fuck : (v)[Origin unkn.] (بازاری) (کسی کے ساتھ) ہم بستر ہونا؛ مباشر ہونا ؛ جفت کرنا ؛ ہم بستری کرنا ؛ مباشرت کرنا؛ جفتی کرنا ؛ جماع کرنا ؛ مجامعت کرنا ؛ (کسی کو) ہم بستر کرنا ؛ مباشرت کرنا ۔

Fucoid : (a) (۱) سمندری گھاسوں کا یا اُن سے مشابہ ۔ (۲) ایسی سمندری گھاسوں کے ارتسامات یعنی اُن کے مماثل نشانات (سے متصف رکھنے والا) ؛ (نباتیات) سوار نما ۔

Fucoid : (n) (۱) Fucacese گروپ کی بحری گھاس ۔(۲) ان گھاسوں کے مشابہ کوئی متحجر سمندری پودا ۔

Fucoidal : (a) بحری گھاسوں کے ارتسامات یا ان سے مشابہ نشانات سے متصف ۔

Fucus : (n) سمندر کی ایک گھاس جس کی پتیاں چپٹی اور چمڑے کی طرح ہوتی ہیں ؛ (نباتیات) عشب البحر ؛ خس بحری ۔

Fud : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاٹستانی اور بول چال) کولہا ؛ پٹھا ؛ سرین ؛ چوتڑ ۔ (۲) خرگوش کی دُم ۔ (۳) (اون بافی) اون کی چھاتن ۔

Fudder : (n) [Ger.'fuder'.] (شراب کا) بڑا پیپا جو پہلے بطور پیمانہ رائج تھا ؛ (شراب کے دو سو باون (۲۵۲) گیلن کے برابر) ؛ حوض یا ٹب جس میں شراب کا خمیر اُٹھایا جاتا ہے ۔

Fuddle : (n) (۱) (عامیانہ اور سوقیانہ) مےخواری کا ایک دور ۔ (۲) نشہ ؛ حالت نشہ ؛ انتشار حواس ۔ (۳) سر شاری ؛ مدھوش ؛ مخموری ؛ سُکر ؛ متوالاپن ؛ بد مستی ۔ (٤) حالت نشہ ؛ حالت سرشاری ؛ حالتِ کیف و مستی ۔

On the fuddle : مےخواری کا ایک دور ؛ وہ حالت جبکہ مسلسل کوئی شخص پیتا رہے ۔

Fuddle : (v) [Origin unkn.] (۱) شراب کا دور چلانا ؛ شراب پینا؛ مئےنوشی کرنا؛ بہت تیز شراب کا عادی

Small fry : چھوٹے اور حقیر جاندار ؛ بچے وغیرہ ۔

Fry : (v) [L.'frigere'.] (۱) چربی میں تلنا ؛ تلنا ؛ کسی اُبلتے برتن میں روغن کےساتھ آگ پرپکانا۔ (۲) (شاذ) تلا جانا؛ چربی یا روغن میں تلا جانا یا پکایا جانا ۔

To fry a faggot : (۱) ایک ہی وقت میں بہت سارے کام لے بیٹھنا ۔ (۲) بیکارچیزوں کےپیچھےروپیہ اوروقت برباد کرنا؛ گونٹھے میں گھی سُکھانا ۔

To fry in one's own grease : اپنے آپ کو زندہ جلانا ؛ (مجازاً) اپنے کئے کی سزا پانا ؛ اپنی حماقت کے تکلیف دہ نتائج بُھگتنا ۔

Fryer/Frier : (n) (۱) مچھلی تلنے والا ؛ مچھلی تلنے کا برتن ؛ روغن میں پکانے والا ۔ (۲) (جمع) تلی جانے والی مچھلیاں ۔

Frying : (n) تلنے کا عمل ؛ تلنے والا ؛ تڑتڑاہٹ ۔

Frying-pan : (n) [ME.] لمبے دستے والا ایک کھُلا برتن جو عموماً لوہے یا المونیم کا ہوتا ہے اور جس میں چیزیں تلی جاتی ہیں ؛ تابہ ؛ ماہی تابہ ؛ کڑھائی ؛ تلنے کا برتن ۔

From frying -pan in to fire : کڑھائی سے نکل کر آگ میں ؛ ایک مصیبت (شکل ، بلا) سے نکل کر بدترمصیبت میں مبتلا ہوجانا ؛ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا ۔

Fuage : (n) Feuage کا متبادل ؛ چولہا ٹیکس ؛ چولہے یا چمنی کا ٹیکس۔

Fub : Fov (v) کا متبادل ۔

Fubly : (a) ناٹا اورموٹا ؛ چوکھونٹا ؛ چوکور ؛ پست قد اور مضبوط ۔

Fubsy : (a) [f. Fub(s+-y).] دیکھو Fubly

Fucaceous : (a) [mod.L. 'fucsceae'.] فوکیسیا گروپ کی سمندری گھاسوں کا یا ان سے متعلق ۔

Fuchsia : (n) [mod.L. f. Leonlard Fuchs (16th c.)] ایک جھاڑی نماپودا جس کے پھول گچھے کی طرح لٹکتےہیں؛ زمین کی جھکے ہوئے پھولوں والی و آرائشی جھاڑوں کی ایک قسم ؛ اس قسم کا پودا ؛ نیز توصیفی معنوں میں؛ گل گوشوارہ ؛ گل آویز ؛ فیوشا ۔

ہونا؛ بلا نوش ہونا ؛ مزے لے لے کر شراب کے جام پر جام چڑھانا ؛ پی کر دھت ہونا ؛ برابر پئے جانا ۔(۲) شراب پلا کر ابتر کر دینا ؛ ابتر کر دینا ؛ بد حواس کر دینا ؛ مخمور کرنا ؛ مست کرنا(شراب پلاکر) ۔(۳) (مجازاً) مدھوش کر دینا؛ مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا ؛ درہم برہم کر دینا ؛ بےترتیب یا گڈمڈ کر دینا ؛ پریشان کرنا ؛ خلط مبحث کر دینا ؛ بد مست کر دینا ؛ نشے میں لانا؛ مست یا بیخود کر دینا ؛ والہانہ جوش پیدا کرنا ۔

Fuddler : (n) بلا نوش ؛ بہت تیز شراب کاعادی ؛ تیز شراب کثرت سےپینے والا ۔

Fuddy-duddy : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ) پرانی وضع کا شخص ؛ پرانے فیشن کا آدمی ؛ ایک بیکار؛ بےاثر قدامت پسند شخص ؛ پرانے خیالات اور طرز کا آدمی ؛ ایسا آدمی جو زمانہ٭ موجودہ کے خیالات اور طریقوں سے مانوس نہ ہو (بہت پیچھے ہو) نیز توصیفاً یا بطور صفت ۔

Fudge : (n) [Origin unkn.] (۱) لغویت ؛ بے معنی باتیں ؛ بکواس ؛ گپ ؛ فضول گفتگو ؛ بیہودہ گفتگو ؛ حماقت ؛ لایعنی باتیں ؛ مہمل یا فضول چیز ؛ ذلیل یا قابل نفرت بات ۔(۲) سازش ؛ گھڑا ہوا قصہ؛ بناوٹی کہانی ؛ دروغ بافی؛ حیلہ گری ؛ فریب ؛ دغا ؛ غلط بیانی ؛ مکر ؛ مکاری ۔ (۳) کسی اخبار کی «مزید خبر» جو لمحہ آخر میں شامل صفحہ کی گئی ہو ؛ آخرین ۔ (٤) دودھ ، چینی ، چاکلیٹ وغیرہ سے بنی ہوئی نرم دانہ دار مٹھائی ۔

Fudge : (interj.) واہیات ؛ مہمل ؛ لغویات ؛ مہملات ؛ لایعنی ؛ فضول ؛ بکواس ۔

Piece of fudging : فریب کاری ؛ حیلہ گری ۔

Fudge : (n) جوڑ ؛ ملاوٹ ؛ پیوند کاری ۔

Fudge : (v) [Origin doubtful.] (۱) بھونڈے پن سے ملانا یا جوڑنا ؛ بےتکی پیوند کاری کرنا ۔(۲) جوڑنا ؛ ملانا ؛ پیوند لگانا ؛ بے ڈھنگے طور سے پیوند لگانا ؛ بد دیانتی، بے ایمانی سے شامل کرنا ؛ منافقانہ ساتھ دینا ؛ لیپ پوت کر قابل قبول بنانا ؛ جوڑ جاڑ کر تیار کرنا ؛ فرضی حساب تیار کر دینا ؛ جعلی بنانا ؛ فرضی کھاتے تیار کرنا ؛ ملونی کرنا ؛ بلا اجازت یا دھوکا یا چالاکی سے آمیزش کر دینا ؛ (کوئی بُری خبر) ناقص اور خراب چیز کو اچھی چیز بتاکر دینا؛ اسی طرح دھوکا دینا ؛ نقلی چیز تھوپنا ۔ (۳) توقع پر پورا اُترنا ؛ حسب توقع ہونا ؛ مراد بر آنا؛ بچ کر نکل آنا ؛ بچ نکلنا ؛ الگ ہونا ؛ نیز باہر نکل آنا ۔(٤) نہانی جوڑنا ؛ لغو یا بیہودہ گفتگو کرنا ؛ لایعنی بنانا ؛ قصہ گھڑنا ؛ اس قسم کی ترکیبیں اختیار کرنا ؛ بکواس کرنا (عامیانہ) جھوٹ بولنا ؛ دروغ بافی کرنا ؛ جھوٹی خبریں پہنچانا ۔

To fudge a day's work : روز مرّہ کے تجربے پر مبنی قاعدے سے جہاز کے مقام کو دریافت کرنا ۔

Fuel : (n) [L.'focalia'.] (۱) ایندھن ؛ جلاون ؛ سوختہ ؛ آگ ؛ جلانے کا سامان ؛ جلانے کی لکڑی ؛ کوئلہ سوختہ ؛ دھماکوں کے لئے آتش گیر مادے ۔ (۲) (مجازاً) جذبات کو بر انگیختہ اور مشتعل کرنے والی چیز ؛ غیظ اور یا اشتعال انگیز بات ؛ انگیزہ٭ خشم ۔(۳) (a کے ساتھ ، جمع میں) ایک قسم کا جلاون ۔(٤) مواد غذائی ؛ غذا؛ خوراک ؛ تغذیہ ؛ اغذیہ ؛ جسے جذب یا ہضم کر کے جسم میں توانائی پیدا کرتا ہے ۔ (٥) ایٹمی توانائی پیدا کرنے والی چیزیں ؛ نیوکلیائی ریکٹر میں استعمال ہونے والی انشقاق پذیر شے ۔(٦) تقویت ؛ تجدید قویٰ ؛ تقویت رسانی ؛ کمک رسانی ؛ تجدید نبرو ۔ (کیمیا) وقود ؛ ایندھن ۔ (۷) (نیو کلیائی سائنس) ایک قسم کا مادہ جو نیوکلیائی ری ایکٹر میں منبع توانائی یا ذریعہ٭ توانائی کے طورپر استعمال کیاجاتا ہے؛ وہ مادہ جو کسی خودگیر مسلسل ردعمل کا معاون ہوسکتا ہو ۔

Mineral fuel : (کیمیا) معدنی ایندھن ۔

Fuel : (v) [f.prec. n.] (۱) آگ کو ایندھن دینا ؛ بھڑکانا ؛ آگ میں ایندھن جھونکنا ؛ ایندھن کرنا؛ آگ بہم پہنچانا (ادبی اور مجازی) ؛ آگ فراہم کرنا ؛ ایندھن تیار کرنا ۔(۲) ایندھن لینا ؛ ایندھن پانا ؛ تیل ، کوئلہ وغیرہ لینا ۔ (۳) تقویت پہنچانا ؛ دستگیری کرنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ کفیل ہونا ؛ پرورش کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ ممد ہونا؛ محرک ہونا؛ ابھارنا؛ اکسانا؛ تیز کرنا؛ جان ڈالنا ؛ متہیج کرنا ۔

Fuel cycles : (n) دورات وُقود ۔

Fuel-economizer : (n) انجن یا بھٹی میں ایندھن بچانے کی کی ایک ترکیب یا آلہ ۔

Fuel gas : (n) ایندھن کی طرح استعمال ہونے والی گیس ۔

Fuel oil : (n) (کیمیا) ایندھن کا تیل ؛ سوختنی تیل ؛ فیول آئل ۔

Fuel tank : (n) تیل کی ٹنکی ؛ فیول ٹنکی ۔

Fuel technology : (n) (کیمیا) ایندھن کی ٹکنالوجی ۔

Fueller : (n) (اب شاذ) آگ کے لئے ایندھن مہیا کرنے والا ؛ ایندھن دینے والا (نیز مجازاً) ۔

Fuff : (n) (۱) (خاص کر اسکاٹستانی) ہَوا کاجھونکا ؛ تیز ہَوا کا جھونکا ؛ ہَوا کا جھکڑ ۔ (۲) بلی کی پھنکار ؛ ہلکا سا جھونکا ؛ سانس ؛ دَم ؛ کش ۔ (۳) ہلکا جھونکا ؛ ہلکا سا دھماکہ ؛ بھاپ ؛ دھونی ؛ بخارات ؛ خوشبو یا بدبودار تبخیر ؛ باہر کا سانس ؛ بھاپ ؛ بھپکا ؛ فاسد یا زہریلے بخارات (جن کی نسبت خیال ھے کہ معدے سے دماغ کی طرف اٹھتے ہیں) ؛ پانی کےبخارات؛ تیزابوں کے ابخارات یا بھاپ ۔

Fuff : (v) [echoic.] (۱) (اسکاٹستانی اور بول چال) پھونک مارنا؛ پھونکنا؛ دھواں اڑانا؛ دھواں یا ہَوا نکالنا ؛ ہانپنا ؛ سانس چڑھنا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھنا ؛ بے دم کر دینا ؛ پھُلانا ۔ (۲) (بلی یا شیر وغیرہ کا) پھنکار مارنا؛ غرّانا؛ غرغرانا ۔ (۳) (تمباکو کی نلی) پھونکنا ؛ دھواں اڑانا یا خارج کرنا ۔

Fuffy : (a) (۱) (اسکاٹستانی اور بول چال) سبک اور نرم ؛ ہلکا اورملائم ۔ (۲) غصے میں بھرا ھوا ؛ جھلایا ھوا ؛ خفا ؛ جھونکا دار ؛ ہَوا کے بلبلے چھوڑنے والا ؛ کھدبد کرنے والا ؛ جوش بھرا ۔

Fug : (n) [Etym. obsc.] کمرے میں اُمس ؛ گھٹن ؛ کثافت ؛ بند اور بد بو دار ھونا ؛ کونوں میں جمع شدہ جالے اور گرد ؛ دم گھُٹتا ھوا ماحول ؛ نامطبوع ھوا ۔

Fug : (v) کمرے میں اُمس کا ٹھہرنا ؛ گھُٹن ھونا؛ بدبو کرنا ؛ متعفن کرنا ؛ بدبو ھونا ۔

Fugacious : (a) [L.fugaci-, fugak.] (۱) عارضی ؛ فانی ؛ ناپائدار؛ چندروزہ؛ جلد گزرنے والا ۔ (۲) کافور ھوجانے والا ؛ جلد مٹنےوالی ؛ نہ معلوم طریقے پر ہَوا ھوجانے والا ۔ (۳) جو مشکل سے قبضہ میں رکھا جاسکے؛ پکڑا جاسکے، یا روکا جاسکے؛ سریع الزوال ؛ جلد پژمردہ ھونے والا ؛ بخار بن کر اُڑجانے والا ؛ طیار ؛ (نباتیات اور حیوانیات) جلد گرنے والا ؛ زود ریز ؛ جلد سوکھنے والا ؛ پہلے مرجھا جانے والا ؛ پہلے کمھلانے والا ؛ جلد چھوڑ دینے والا ؛ جلد نکال دینے والا ؛ جلد دور کرنے والا ؛ زود فنا ؛ فنا پذیر ۔

Fugaciously : (adv.) عارضی طور پر ؛ ناپائداری کے ساتھ ؛ فنا کے طور پر؛ سریع الزوال انداز میں ؛ جلد مٹتےھوئے؛ کافور ھوتے ھوئے؛ فناپذیرطور پر ۔

Fugaciousness : (n) ناپائداری ؛ فنا ؛ فنا پذیری ؛ سریع الزوالی ؛ زود ریزی ۔

Fugacity : (n) [f.as prec.] عارضی پن ؛ زود گذری ؛ فراری ؛

Fugacity : (n) [f. as prec.] عارضی ؛ فانی ؛ ناپائدار ؛ چندروزہ ھونے کی صفت ؛ عدم استحکام ؛ بےثباتی ؛ ناپائداری ؛ بے استقلالی ؛ تلوّن ؛ سیماب وشی ؛ شوخی ؛ طیاری ؛ فوراً بخار بن کر اُڑجانے کی خاصیت ؛ (کیمیا) فراریّت ۔

Fugal : (a) [f.Fugue+-al.] (۱) (موسیقی) کثیر الصوتانہ ؛ (نغمہ نگاری) نغمہ نگاری کا یا اُس کی صفت اور خصوصیت کا ۔ (۲) (طب) (دماغی) ازخودرفتگی کا یا اس سے متعلق ازخودرفتہ ۔

Fugally : (adv.) کثیر الصوتانہ طریقے سے ۔

Fugato : (adv.) [It. 'fugato'.] کثیر الصوتانہ (نغمہ نگاری) طریقے سے (لیکن پوری نغمہ نگاری کی شکل میں نہیں) ۔

Fugato : (n) اس اسٹائل میں ترتیب دی ھوئی موسیقی ۔

Fuge : (suffix.) (لاحقہ) بمعنی بھگا دینا ؛ بھاگنے پر مجبور کر دینا؛ دافع ؛ گریز ۔

Fuggy : (a) بدبودار ؛ متعفن ؛ جالے اورگرد بھرا ھوا ؛ بند اور دم گھٹتا ھوا ۔

Fugie : (n) [Origin unkn.] (اسکاٹستانی اب تاریخ) نہ لڑنے والا مرغا؛ مقابلے سے بھاگ جانےوالا مرغا؛ بھگیڑو ؛ فراری ؛ مفرور ؛ بھاگا ھوا؛ (لہٰذا بزدل ، ڈرپوک)۔

Fugie-warrant : (n) قرض دار کے خلاف جاری کیا گیا وارنٹ (جو اس حلفیہ اطلاع پر جاری کیا جاتا ھے کہ مقروض بھاگنا چاہتا ھے)۔

Fugitive : (n) (۱) خطرے ، دشمن ، انصاف یا اپنے آقا سے بھاگنے والا ۔ (۲) جگہ بہ جگہ مارا مارا پھرنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ خانہ بدوش ؛ سرگرداں ؛

Fugue : (n) [L.'fuga'.] (موسیقی) نغمہ نگاری (کثیرالصوت نغمہ) کی ایک قسم؛ (موسیقی) مکالمی نغمہ نگاری ؛ فراریہ ؛ کثیر الصوت نغمہ جو ایک یا زیادہ موضوعات یا خیالات پر ترکیب دیاگیا ہو؛ (طب) فرار؛ (طب دماغی) ازخودرفتگی ۔

Double fugue : دو موضوعات پر ترکیب دیا ہوا نغمہ جس میں دونوں موضوعات ساتھ ساتھ شروع ہوتے ہیں ۔

Fugue : (v) کثیر الصوت نغمہ ترکیب دینا یا انجام دینا ۔

Fuguist : (a) ایک یا زیادہ موضوعات یا خیالات پر مبنی کثیر الصوت نغمے کو ترتیب دینے والا ۔

Fuhrer/Fuehrer : (n) [G.] جرمنی کے حکمراں کی حیثیت سے اڈالف ہٹلر کے اختیار کئے ہوئے خطاب (Fuhrer und Reichskanzler) کا ایک جزو ۔

-ful : (اصل میں Full تھا) ۔ (۱) (لاحقہ) جب مفہوم بھرا ہوا یا مملو ہو مثلاً "beautiful" خوب صورتی سے مملو ؛ خوب صورت؛ حسین ۔ (۲) جب یہ لاحقہ افعال کے ساتھ ملتا ہے تو "مائل بہ لائق" یا عادی کے معنی دیتا ہے اردو میں کبھی کبھی اس کی جگہ "ناک" بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً mourn ful بہ معنی غم ناک ، اندوہناک ۔ (۳) جب خصوصیات اور خاصیت کی طرف اشارہ ہو مثلاً Direful خطرناک ، خوفناک ۔ (٤) جب مقدار یا تعداد کی طرف اشارہ کیا جائے مثلاً "Cupsful" پیالہ بھر 'hand ful' مٹھی بھر ؛ قلیل ۔

Fulcra : Fulcrum کی جمع ۔

Fulcraceous : (a) f.Fulcrum+-Aceous.] (نباتیات) پودوں کے فلسوں یا گوشکوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Fulcrate : (a) (نباتیات) ورقہ دار ؛ فلس دار ؛ گوشک دار ؛ لاحقہ دار؛ فلسوں یا گوشکوں سے تقویت یا سہارا دیا ہوا ۔

Fulcre : Fulcrum کا مبتادل ۔

Fulcrum : (n) [L.] (۱) نصاب ؛ ٹیک ؛ چوٹی ۔ (۲) وہ نوک جس پر کمانی رکھی جاتی ہے جس پر وہ گھومتی ہے یا جو اس کو سنبھالتی ہے ۔ (۳) وہ ذریعہ جس سے اثر ڈالا جائے ۔ (٤) (نباتیات) درخت یا پودے کے لاحقات مثلاً ورقہ ، فلس ، گوشک وغیرہ ؛ لاحقہ ۔ (۵) (ماہیات) (جمع) صاف اور

آوارہ ؛ جہاں گشت ؛ نیز اس طرح پھرنے والے چھوٹے جانور ۔ (۳) تارک الوطن ؛ پناہ گیر ؛ ملک بدر؛ دیس نکالا ۔ (٤) بھاگنے والا یا گرفت سے نکل جانے والی چیز ؛ بے قابو چیز ، جو قبضہ میں نہ رہ سکے ؛ پرّاں یا آنی جانی شے ؛ وقتی اور عارضی دل چسپی کی چیز ۔ (۵) رنگائی کا ایک ہلکا رنگ ؛ اُس رنگ سے رنگی ہوئی کوئی چیز؛ عارضی ؛ پرّاں (قانون) مفرور (سیاسیت) پناہ گیر ۔

Fugitive : (a) [L.'fugitivus'.] (۱) مفرور ؛ گریز پا ، ناپائدار؛ بھاگتا ہوا؛ مائل بہ فرار؛ اڑتا ہوا؛ رواں ؛ پرّاں؛ عارضی ۔ (۲) جلد پژمردہ ہوجانے والا ؛ جس کا رنگ جلد اڑجائے ؛ یک روزہ ؛ چندروزہ؛ سریع الزوال ۔ (۳) (شاذ) بھاپ بن کر اڑجانے والا ؛ طیّار ۔ (٤) جابجا پھرنے والا؛ خانہ بدوش؛ سیلانی ؛ سرگرداں ؛ آوارہ گرد ؛ مارامارا پھرنےوالا ۔ (۵) (ترکیبی) (کبھی کبھی انشاء پردازوں کی) وقتی؛ عارضی ؛ بے ثبات ؛ حسب موقع ۔

Fugitive from justice : (n) فراری مجرم ؛ جو سزا سے بھاگتا ہو ؛ (تاریخ) مفرور ؛ بھاگا ہوا ۔

Fugitive soldier : (n) (تاریخ) مفرور سپاہی ۔

Fugitive warrant : (n) فراری مجرم کا پروانۂ گرفتاری ۔

Fugitively : (adv.) مفرورانہ انداز میں ؛ فراری کی طرح ؛ آوارہ گردی سے ۔

Fugitiveness : (n) فرار ؛ فراریت ؛ پریدگی ؛ گریز پائی ؛ ناپائداری ؛ آوارہ گردی ؛ خانہ بدوشی ؛ سرگردانی ؛ جہاں گردی ۔

Fugitivism : (n) خانہ بدوشی ؛ آوارہ گردی ؛ جہاں گردی ؛ فراریت ؛ حالت فرار ؛ پریدگی ؛ ناپائداری ۔

Fugle : (v) [f.fugle man.] پلٹن کے سامنے کھڑے ہو کر خود قواعد کر کے سپاہیوں کو قواعد کرانا یا سکھانا ؛ رہنما یا ہادی کی حیثیت سے کام کرنا ؛ ہدایت کاری کرنا؛ اشارے کرنا؛ اشاروں کے ذریعہ ہدایت دینا یا رہنمائی کرنا (ادبی اور مجازی) ۔

Fugle man : (n) [Ger.'flugelmann'.] (۱) وہ سپاہی جو پلٹن کے سامنے کھڑا ہو کرخود قواعد کر کے سپاہیوں کو قواعد کرائے یا بتائے ۔ (۲) منتظم؛ لیڈر ؛ رہنما ؛ نمائندہ ۔

چمکیلے فلسوں والی بیشتر مچھلیوں کے پروں کی اندرونی شعاعوں پر چھوٹی استخواں پیکر فلسوں کی منظم قطار ۔

Fulfil : (v) [OE. fullfyllan.] (۱) تکمیل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تسکین دینا ؛ ایفا کرنا ؛ وفا کرنا (پیشن گوئی یا خواہش کو) ۔ (۲) قبول کرنا (دعا کو) ۔ (۳) تعمیل کرنا (قانون کےحکم کی) ۔ (٤) پابندی کرنا (شرائط کی) ۔ (٥) ختم کرنا ؛ مکمل کرنا (زمانہ کو یا کام کو) ۔ (٦) تسلیم کرنا ؛ ماننا (شرائط) ۔ (۷) مطلب براری کرنا؛ مقصد براری کرنا ۔ (۸) بہم پہنچانا؛ پورا کرنا ؛ فراہم کرنا؛ مہیا کرنا ؛ کمی کو پورا کرنا ۔ (۹) بھرنا ؛ لبریز کرنا ؛ بھردینا ۔

Fulfiller : (n) تکمیل کرنے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ قبول کرنے والا ؛ تعمیل کرنے والا ؛ پابندی کرنے والا ؛ تسکین دینے والا ؛ ختم کرنے والا ؛ مقصد براری کرنے والا ۔

Fulfilment : (n) تکمیل ؛ تعمیل ؛ قبولیت ؛ پابندی ؛ اتمام ؛ انجام ؛ اختتام ؛ سر انجام؛ ایفا؛ مقصد براری ؛ فراہمی ؛ بہم رسانی؛ (فلسفہ ، تعلیمات) تسکین ؛ اتمام ؛ ایفا ۔

Fulgent : (a) [L.fulgentem.fulgere.] (شعر ، فصاحت ، بلاغت) تاباں ؛ چمک دار ؛ براق ؛ چمکیلا ؛ درخشاں ؛ درخشندہ ؛ تیز چمکنے والا ؛ منور ؛ مجلّا ؛ نورانی ؛ جگمگا تا ہوا ؛ ضیا بار ؛ نورپاش ؛ ضوفشاں ؛ روشن ؛ شوخ ؛ بھڑک دار ۔

Fulgently : (adv.) تاباں یا منورطور پر؛ درخشاں اندازمیں؛ ضیا بار انداز میں ؛ ضو فگن ہو کر ؛ چمک دار اور بھڑکیلے انداز میں ۔

Fulgentness : (n) تابانی ؛ درخشاں ؛ نور ؛ چمک دمک ؛ ضوفشانی ؛ ضیاباری ؛ نور پاشی ؛ روشنی ؛ تجلّی ؛ تنویر ؛ بھڑکیلا پن ؛ شوخی ۔

Fulgid : (a) [L.'fulgidus'.] (۱) برق پاش ؛ منور ؛ تاباں ؛ مجلّی ؛ روشن ؛ درخشاں ؛ ضوفگن ؛ ضیابار ؛ نورپاش؛ شوخ؛ چمکیلا؛ بھڑک دار۔ (۲) (فطری تاریخ) شوخ ؛ آتشیں سرخ ۔

Fulgidity : (n) برق پاشی ؛ نور افشانی ؛ تجلی ؛ تابانی ؛ روشن ؛ درخشانی؛ شوخی ؛ چمک دمک ؛ بھڑ کیلاپن ۔

Fulgor/Fulgour : (n) [L.fulgor.] (متروک) تیز ؛ چمک دار یا برق پاش روشنی ؛ چکا چوند کرنے والی چمک؛ تابانی؛ خیرہ کن روشنی ؛ بہت تیز اور چوندھیا دینے والی روشنی یا آب وتاب ؛ حیران کن چمک دمک (نیز مجازاً) ۔

Fulgorous : (a) (شاذ) روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ فرزاں ؛ منور ؛ چمک دار ۔(ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

Fulgurant : (a) [L.fulgurantem.] برق آسا ؛ خیرہ کرنے والا ؛ برق پاشی کی طرح چوندھیا دینےوالا ؛ بجلی سی چکا چوند پیدا کردینے والا ؛ لامع ۔

Fulgurate : (v) [L.fulgurat.] بجلی کی طرح چکا چوند کر دینے والی روشنی خارج کرنا ؛ برق پاشی کرنا ۔

Fulgurating : (a) بجلی کی طرح چکا چوند کر دینے والی روشنی خارج کرنے والا؛ برق پاش ؛ نور پاش ؛ بجلی نما؛ لامع (طب) ٹیس دار ؛ شدید ؛ (مجازاً) بجلی کی طرح جسم میں برچھی سی چبھونے والا (درد) ۔

Fulguration : (n) [L.'fulguratinnem'.] (۱) تجلّی ؛ برق پاشی ؛ تنویر ؛ نور پاشی ؛ ضیا پاشی ؛ لمعہ ؛ لمعان ؛ ضو افگنی ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ تابندگی ؛ (کیمیا) بھڑک ؛ بجلی چمکنے یا بجلی سا چمکنے کا عمل ؛ خیرہ کن چمک دمک ؛ خاص کرجمع میں بجلی کی کوند (اب عموماً مجازی معنوں میں مستعمل ہے) ۔ (۲) (پرکھ جانچ میں) کٹھالی میں تپا کر یا گلا کر خالص بنا لینے کے بعد سونے یا چاندی میں پیدا ہو جانےوالی چمک دمک یا رنگ ؛ (طب) برقی خشکاؤ ۔

Fulgurite : (n) [L.fulgurt.] (۱) (طبقات الارض) چٹانی مادہ جو بجلی سے پگھل گیا ہو؛ ریتیلی زمین میں بجلی کے گرنے سے جو نلکی کی طرح راستہ بن گیا ہو ؛ بجلی نلیاں ؛ بجلی زدہ مادہ ۔ (۲) ایک قسم کا آتش گیر مادہ جو موٹے یا کھردرے زمینی نشاستہ دار مادے کے ساتھ ملی ہوئی نائیٹروگلیسرین پر مشتمل ہوتا ہے ۔

Fulgurous : (a) برق آسا ؛ بجلی نما ؛ لامع ؛ شرارہ مانند ؛ منوّر ؛ متجلّی ؛ پُر نور ؛ پُر ضیا ؛ تابدار ؛ بجلی سے بھرا ہوا (نیز مجازاً) ۔

Fulham : (n) [Origin doubtful.] وہ پانسہ جس کے اندر کوئی دھات بھر کر اس کو ایک طرف سے بھاری کردیتے ہیں تاکہ جب پھینکا جائے تو اسی رخ گرے جدھر بھاری ہو ؛ پانسہ میں دھوکہ بازی کی ایک مشہور ترکیب ۔

Fulham palace : (n) لندن کے بشپ کی سرکاری قیام گاہ (لندن میں)۔

Fuliginosity : (n) [F. fuliginosite.] سیاہی ؛ کالک ؛ دھوئیں سے کالا ہونے یا کالک سے بھرا ہونے کی حالت یا صفت ؛ تاریکی ؛ مجازاً کثافت۔

Fuliginous : (a) [L.fuliginosus.] (۱) جس میں دھواں بھرا ہو؛ جو دھوئیں سے کالا ہو گیا ہو (مکان یا کمرہ) دھوئیں کی سیاہی یا کالک سے متعلق ، اُس پر مشتمل ، اس کے مشابہ یا اُس سے مملو ؛ دھوئیں سے کالا ؛ کالک سے بھرا ہوا ؛ سیاہ ؛ تاریک ؛ سیاہی مائل ؛ دودی ؛ خاکی سیاہ (مزاحاً) دھوئیں یا کالک سے کالا کیا ہوا ؛ (مجازاً) کثیف ۔ (۲) (خاص کر فطری تاریخ) دھوئیں کے رنگ کا ؛ دھواں رنگ ؛ سیاہی مائل ؛ دود آسا ؛ دود رنگ ؛ (کسی قدر) دھندلا یا تاریک۔

Fuliginously : (adv.) دود زدہ انداز میں ؛ سیاہی مائل یا کالک زدہ طور پر ؛ دود رنگ ہو کر ؛ دھندلے طور پر ۔

Fuliginousness : (n) سیاہی ؛ کالک ؛ دود رنگی ؛ دود زدگی ؛ دُھندلاپن۔

Fuligo : (n) [L.] کالک ؛ دھوئیں کی سیاہی ؛ کلونس (دھوئیں وغیرہ کی)۔

Full : (a) [OE.full.] (۱) پورا بھرا ہوا؛ بقدر انتہائی گنجائش کے بھرا ہوا ؛ ملبّب ؛ لبالب ؛ معمور ؛لبریز ؛ مملو ؛ کامل ؛ تمام ؛ جامع ۔(۲) (مجازاً) بے انتہا جذبات سے پُر ؛ پُر از جذبات ؛ جذبات سے لبریز (خاص کر دل) ۔ (۳) حامل کثیر ؛ نھسا ہوا؛ لب بہ لب بھرا ہوا ۔(٤) (غیر مادی معنوں میں) مالا مال ؛ پُر افراط ؛ بھر پور ۔(٥) جذب کئے ہوئے یا منجذب (اب صرف of کے ساتھ مستعمل ھے) ؛ فرورفتہ ؛ مجذوب ؛ مستغرق ۔ (٦) شکم سیر ہو کر کھائے یا پئے ہوئے ۔ (۷) وافر ؛ کثیر ؛ بہ افراط ؛ تشفی بخش ؛ کافی ؛ اطمینان بخش ؛ خاطر خواہ ؛ حسب دل خواہ ؛ حسب توقع ؛ تسکین بخش ؛ معقول ؛ معتدبہ؛ تفصیل میں مکمل یا جامع ۔(۸) کامل؛ تمام؛ کل ؛ پورا پورا؛ مکمل؛ تام؛ بالکل ؛ قطعی؛ بھر طور تشفی بخش ۔ (۹) (تعداد ، مقدار ، جسامت یا وسعت میں) مکمل ؛ کامل ۔ (۱۰) (چاند کےلئے) پوری طرح روشن ؛ کامل۔ (۱۱) (چہرے یا سامنے کے حصے کےلئے) دیکھنے والے کو پوری طرح نظر آنے والا ۔(۱۲) (کسی مجلس، محفل وغیرہ کےلئے) جس میں تمام اراکین موجود ہوں یا محض چند ایک غیر حاضر ہوں ۔(۱۳) انتہائی یا پوری قوت والا ؛ پوری طاقت بنانے والا یا لگا ئے ہوئے ؛ گول جسم والا ؛ بھرا بھرا ؛ گداز ؛ موٹا تازہ ؛ اُبھرا ہوا؛ پھولا ہوا ؛ فراخ؛ وسیع ؛ (مجازاً) نمایاں ؛ جاذب توجہ ۔(١٤) (لباس کا کوئی حصہ) جس میں یا جہاں بہت سا کپڑا یکجا یا تہ بہ تہ ترتیب دیا ہوا ہو ۔(۱۵) (جہاز رانی) ہَوا سے بھرا ہوا (بادبان)؛ ہَوا سے بھرے ہوئے بادبانوں والا (جہاز)۔

A full man : بھر پور ذہنی صلاحیت رکھنےوالا شخص یا آدمی؛ انتہائی عقل مند؛ دانا؛ علم داں؛ عالم ؛ ماہر ؛ انسان کامل ۔

A full meal : پیٹ بھر کھانا ؛ غذا ئے کامل۔

A full pulse : تیز نبض۔

A full stomach : پُر شکم (اب انسان کے متعلق مستعمل نہیں)۔

At full length : زمین پر دراز ۔

At (the) full : مکمل طور پر؛ کاملاً ؛ بہ حالت شباب؛ بھرپور توانائی یا قوت کی حالت یا لمحے میں ؛ اوج پر ۔

Give full details : پوری تفصیلات پیش کر و ۔

He is very full on this point : اس مسئلہ پر اس نے بہت وسعت و جامعیت سےبحث کی ھے ۔

Hit him full on the nose : ٹھیک اُس کی ناک پر مارا ۔

I know it full well : اچھی طرح ، بخوبی ؛ پوری طرح جانتا ہوں۔

In a full house : بھرے مکان (یا جلسہ) میں جس کے اراکین کی بڑی تعداد موجود ہو۔

In full : پوری وسعت میں ؛ کاملاً ؛ تمام و کمال ؛ بہ تفصیل ؛ پوری اور بھر پور مقدار میں ؛ زمین پر دراز ؛ پوری لمبائی میں۔

In full of : تشفی بخش طور پر ۔

Keep her (i. e. the ship) full : (جہاز کو) پوری رفتار میں چلنے دو یا چلاؤ۔

Of the full blood : صحیح النسل (بخلاف دوغلا) نجیب الطرفین ۔

The full of moon : ماہ تمام ؛ بدر؛ وہ وقت یا حالت جب چاند پورے طور پر روشن ہوتا ہے ؛ پورا چاند ۔

To make full : (لباس کو) فراخ اور پھیلا ہوا بنانا ؛ گھوم دار بنانا ۔

To the full : انتہا تک ؛ حدتک ؛ بہ حدکمال ؛ آخرتک ؛ براوج تمام؛ کاملاً ؛ مکمل طورپر؛ پورے طورپر ۔

Turned it full account : اس سے پورا فائدہ اٹھایا ۔

Waited a full hour : پورا ایک گھنٹہ انتظار کیا ۔

Full : (n) (۱) بھرا ہوا یا لبالب ہونے کی حالت ؛ لبریزی ؛ معموری ۔ (۲) کامل رسد ؛ تشفی بخش رسد ؛ کافی مقدار (شاذ) ۔ (۳) پوری وسعت یا حد ؛ کامل گنجائش ؛ پوری رقم یا مقدار ؛ کمال ؛ تکمیل ؛ اکملیت ؛ کاملیت ؛ جامعیت ؛ کثرت ؛ افراط؛ وفور ؛ کفایت ؛ معقولیت ؛ شکم سیری؛ گولائی؛ گدازپن؛ موٹاپا؛ فراخی؛ وسعت(شاذ) ۔ (٤) انتہائی بلندی ؛ معموریت ؛ قوت یا مضبوطی کا نقطہ ؛ عرصہ یا حالت ۔ (٥) (کسی موسم یا مہینے کا) وسط ، اوج ؛ عروج ۔

Full : (adv.) (۱) کاملاً ؛ بہت ؛ بسیار ؛ درست ؛ نہایت ؛ بےحد ؛ پورے طور پر ؛ بالکل ۔ (۲) (سمت یا جگہ) ٹھیک ؛ درست ؛ سامنے؛ سیدھے ؛ بہ خط مستقیم ؛ صاف ؛ بے خطا ؛ (نشانے پر) ۔

Full : (v) [ME. fullen, f. 'full.a.] (۱) پُر کرنا؛ جمع کرنا؛ بھرنا۔ (۲) (لباس سازی) پلیٹ دینا ؛ چُنٹ دینا ؛ کپڑے کو تہ بہ تہ جمانا یا ترتیب دینا ۔

Full : (v) [OF.fuler.] کپڑے کو صاف یا دبیز کرنے کے لئے پیٹنا یا پاؤں سے کچلنا ؛ (لہٰذا) صاف اور دبیز بنانا (کپڑے کو) ۔

Full age : (n) سنِ بلوغ ؛ جواں سالی ؛ اکیس سال کی عمر ۔

Full and by : (جہاز رانی) ہَوا کے رُخ پر ۔

Full as an egg : انڈے کی طرح بھرا ہوا؛ بھر پور؛ جس میں ذرا بھی خالی جگہ نہ ہو ؛ معمور ۔

Full -back : (n) (فٹ بال) فُل بیک ؛ میدان میں دوسرے بیک کھلاڑیوں کے پیچھے کی پوزیشن یا مقام اور وہ کھلاڑی جو دوسرے کھلاڑیوں کے پیچھے ہر اُس پوزیشن سے کھیلتا ہے؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Full bastion : (n) (تاریخ) پورا برج ۔

Full bench : (n) (قانون) کامل اجلاس ۔

Full bodied : (a) بھر قرنبیق ؛ پوری قرنبیق بھر (شراب) ؛ گداز جسم ؛ موٹا تازہ ؛ فربہ اندام ؛ گول جسم والا ؛ توندیلا ۔

Full-blood : (a) (۱) (بھائی بہن) ایک ہی والدین کے ؛ سگا ؛ حقیقی ۔ (۲) خالص یا غیر مخلوط نسل کا ۔

Full-blooded : (a) (۱) سگا؛ حقیقی ۔(۲) خالص یا غیرمخلوط نسل کا ؛ اصلی ۔ (۲) (مجازاً) قوی ؛ تنومند ؛ توانا؛ پر جوش ؛ جنبیلا ؛ کثیر الدم ؛ پُر خون ۔

Full bloodedness : (n) (۱) اصلیت ؛ یگانگی ؛ سگا ہونا ؛ خالص نسل کا ہونا ۔ (۲) قوت ؛ توانائی ۔

Full blown : (a) ہَوا بھرا ہوا ؛ پھونک کر ہَوا بھرا ہوا ؛ پھلایا ہوا (ادبی اور مجازی) ۔

Full blown : (a) پورا کھلا ہوا؛ پوری طرح شگفتہ ؛ بہ حالتِ شباب ؛ مکمل ، کامل (ادبی اور مجازی) ۔

Full blown dignity : (n) تمکنت ۔ بڑھی چڑھی شان وشوکت ؛

Full-bottom : (n) بالوں کی ٹوپی یا سر پر لگانے کے مصنوعی بال جو پیچھے سے دراز ہوتےہیں ۔

Full-bottomed : (a) (۱) بالوں کی ٹوپی (یا سر پر لگانے کے مصنوعی بال) پیچھے سے (پشت گردن کی جانب) ۔ (۲) (جہاز رانی) لمبے سامان کو ڈھونے کےلئے بنے ہوئے (جہاز) ۔

Full breasted : (a) سینہ بھر ؛ بھر پور ؛ گداز سینے والا ؛ گول اور اُبھرے ہوئے سینے والا ۔

Full brother/- sister : (n) سگا بھائی ؛ سگی بہن ۔

Full brimmed : (a) لبریز ؛ لبالب ؛ کورتک بھرا ہوا ؛ بھرا ہوا ۔

Full butt : (a) (بندوق کا نشانہ) سیدھا ؛ اُفقی ؛ بہ خط مستقیم؛ افقی سمت میں؛ (مجازاً)صاف صاف؛ صاف لفظوں میں ۔

Full capacity savings : (n) (تجارت) بیشترین بچت۔

Full centre arch : (n) نصف دائروی محراب ؛ نیم مدور محراب ؛ ۱۸۰° قوس۔

Full circle : (adv.) مکمل دائروی شکل میں ؛ مکمل قرص کی صورت میں۔

Full cost pricing : (n) (تجارت) لاگتی قیمت۔

Full coverage : (n) (تجارت) کل حفاظتی بیمہ۔

Full cream : (a) بغیر بالائی اتارے ہوئے دودھ کا ، اس سے بنا ہوا یا اس پر مشتمل۔

Full cry : (n) بھر پور آواز ؛ بھر پور احتجاج۔

Full daylight : (n) دن کی پوری روشنی ؛ دن چڑھے۔

Full dress : (n) وہ لباس جو خاص تقریبوں میں پہنا جاتا ھے۔

Full dress debate : (n) ایک رسمی مباحثہ جس میں دونوں جانب سے اہم تقریریں ہوتی ہیں؛ پارلیمنٹ یا کونسل وغیرہ میں وہ مباحثہ جس کا تعین پہلے سے کیا جا چکا ہو (جو محض اتفاقیہ طور پر شروع نہ کیا گیا ہو)۔

Full-dress rehearsal : (n) کسی تھیٹر یا دوسرے جلوس یا تقریب وغیرہ کے مراسم کو امتحاناً وقت سے پہلے انجام دینا جس میں وہی لباس وغیرہ پہنا جاتا ھے جو اصل تقریب یا تماشہ کے وقت پہنا جانے والا ہو۔

Full employment : (n) (تاریخ) پورا روزگار؛ (تجارت) مکمل روزگار۔

Full equilibrium : (n) (تجارت) مکمل توازن۔

Full face : (n) پورا چہرہ جو دیکھنے والے کے بالکل سامنے ھو۔

Full-faced : (a) (۱) گول چہرے والا ؛ کتابی چہرے والا ؛ بھرے بھرے یا گداز چہرے والا (خصوصاً)۔(۲) کسی خاص سمت میں یا دیکھنے والے کی طرف پورا رخ کئے ہوئے ؛ رو بہ رو (ھونا اس طرح کہ پورا چہرا نگاھوں میں آجائے)۔

Full fain : (adv.) (شاعری) پوری خوشی سے ؛ بہ کمال مسرت ؛ بہ کمال رضامندی۔

Full flavoured : (a) بھرپور خوشبو والا ؛ تیز خوشبو والا (خصوصاً سگار) ؛ نیز مجازاً۔

Full flood/-sea/-tide : (n) (ادبی اور مجازی) پانی کی انتہا بلندی یا اُس وقت کو جب پانی انتہائی بلندی پر ھوتا ھے، ظاہر کرنے والا۔

Full front : (n) بالکل سامنے ھونا ؛ اس طرح کہ پورا چہرہ نگاھوں میں آجائے۔

Full gallop speed : (n) پوری رفتار ؛ پوری دلکی۔

Full-grown : (a) پختہ ؛ کامل ؛ پکا ھوا ؛ پوری طرح بالیدہ ؛ بالغ۔

Full-hearted : (a) (۱) گھرے محسوسات سے متحرک ؛ سرگرم ؛ پُر شوق ؛ باہمت ؛ با دلاوری ؛ باجرأت ؛ با اطمینان کا مل ؛ پُرجسارت ؛ پُراعتماد ؛ بےباک ۔(۲) (کام میں) پُرشوق اور پرجوش ؛ پُرانہماک ؛ پُر ازاحساسات ؛ جذبات سے بھرا۔

Full house : (a) (۱) کوئی جلسہ یا اجتماع جس میں اراکین یا سامعین سے پوری عمارت بھری ھو۔ (۲) پوکر (تاش کے ایک کھیل) میں ایسا ہاتھ جس میں ایک ہی طرح کے تین پتے ھوں اور ایک پیئر (Pair)۔

Full interest admitted : (a) (تجارت) کل مفاد تسلیم شدہ۔

Full length : (n) (۱) کسی چیز کی پوری لمبائی ؛ وسعت یا پھیلاؤ ۔(۲) قد آدم ؛ پورا قد۔

A full length : قد آدم ؛ پوری شبیہ ؛ پوری شکل ؛ پورا مجسمہ۔

At full length : پوری وسعت کے ساتھ ؛ کامل طور پر ؛ زمین پر دراز۔

Full length figure : (n) پوری تعداد۔

Full length protrait : (n) قد آدم تصویر ؛ پورے جسم کی تصویر۔

Full moon : (n) [OE.] (۱) پورا چاند ؛ بدر کامل ؛ چودھویں کا چاند ؛ ماہ کامل ؛ ماہ تمام ؛ پورا چاند۔ (۲) وہ وقت جب چاند پورے طور پر روشن ھوتا ھے ؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Full-membership : (n) رکنیت کامل (مع تمام حقوق رکنیت کے)۔

Full-mouthed : (a) (۱) (مویشی) جن کےپورے دانت ھوں ؛ (کتے) جو بہت بلند آواز سے بھونکتے ہیں ۔ (۲) پرزور آواز یا گفتگو؛پرصدا؛ پرزورصدا ۔ (۳) (خطاب وتقریر) جو گونجنے والی آواز اور زورشور سے کی جائے ۔

Full of himself/-of his subject : اپنے یا اپنے موضوع کے لئے خیالات میں اس قدرمحو که سوا اس کےکوئی دوسری بات ہی نہ کرتا ھو ۔

Full of vitality : (n) قوت و توانائی رکھنے والا ۔

Full of years and honours : عمر اورعزت دونوں سے بھرپور (عمر بھی طویل پائی اور اعزاز بھی بہت حاصل کیا) ۔

Full orbed : (a) (شاعری) مکمل طور پر روشن (چاند) ؛ ماہ کامل ؛ بدر ؛ نیز مجازاً ۔

Full paid stock : (n) (تجارت) ادا شدہ اسٹاك ۔

Full pay : (n) پوری تنخواہ ۔

Full point/-stop : (n) وقفۂ کامل ؛ نقطۂ کامل ؛ وقف لازم (تحریر و عبارت میں) وقف کی علامت ۔

Full powers (for signing treaties) : (n) (تاریخ) اختیارات کُلّی ۔

Full reporting clause : (n) (تجارت) کل اطلاعی دفعہ ۔

Full sail : (n) پوری رفتار (جہاز کی) ۔

Full scale : (a) (۱) اصل جسامت، سائز یا مقدار کے مماثل یا برابر ۔(۲) کُل ؛ مجموعی ؛ مکمل ؛ کامل ۔

Full seamark : (n) جوار کی انتہائی حد ۔

Full sentence : (n) (لسانیات) جملہ تمام ۔

Full sight : (n) شست یا نشانہ جس میں بندوق کا اگلا حصہ پچھلے حصے میں بنے گڈھے کے اندر پورے طور پر نظر آجاتا ھے ۔

Full stock : (n) (تجارت) کل اسٹاك ۔

Full-summed : (a) (۱) (شاہین بازی) جوان ؛ جس کے پرو بال مکمل طورپر نشو ونما پاچکے ھوں ۔(۲) (مہمل استعمال) پورے طور پر بالیدہ، ترقی یافتہ یا ارتقاء پذیر ؛ پورے طور پر تربیت دیا ھوا ؛ کامل کیا ھوا ۔

Full summer : (n) گرمی کے موسم کا عروج ؛ وسط گرما ۔

Full swing : (n) پوری قوت ؛ پوری سر گرمی زورو شور ۔

Full term : (n) پورے دن کا؛ پورے دنوں کا (بچہ) جو زمانۂ حمل کی پوری مدت رحم مادر میں گذار چکا ھو ۔

Full time : (n) کام کے مجموعی گھنٹے ؛ توصیفی معنوں میں‌ایساکام جوپوراوقت مشغول رکھے(دوسرے کاموں کےلئے وقت نہ مل سکے) ۔

Full time job : (n) (تجارت) کل وقتی کام ۔

Full-timer : (n) کل وقتی طالب علم ؛ وہ بچہ جو اسکول کے پورے وقت میں اسکول میں حاضر رہتا ھے (بخلاف وقتی طالب علم جو صرف آدھے دن تك اسکول میں رہتا ھے) ۔

Full to the brim : کناروں تك بھرا ھوا ؛ لب بہ لب ؛ مُلَبَّب ؛ لبریز ۔

Full to overflowing : لبریز ؛ چھلکنے کے قریب ؛ اتنا بھرا ھوا کہ چھلك جائے ۔

Full up : (بول چال) پورے طور پر بھرا ھوا ؛ بالکل بھرا ھوا ۔

Full waverectification : (n) (طبیعیات) مکمل لہرسمت کاری ۔

Fuller : (n) [OE. fullere'.] (کپڑ ے کو) صاف کرنے اور دبیز بنانے والا ؛ دھوبی ؛ (فلزیات) شَیار ؛ پچکانی ؛ کل سنبہ ۔

Fuller : (n) (۱) (سوہار) نالی دار سانچہ یا آلہ جس پر لوھے کی مختلف شکلیں بناتے ہیں ۔ (۲) وہ نالیاں جو اس آلے سے (خصوصاً گھوڑے کے نعل میں) بنائی جاتی ہیں ۔

Fuller : (v) (بول چال) نالی دار آلے سے ٹھپّا لگانا ؛ گھڑنا ؛ (سوتی کپڑے پر) آرائشی پلیٹیں یا لہریں بنانا ۔

Fuller's clay : (n) دیکھو Fuller's Earth

Fuller's earth : (n) (۱) الومینیا کا آب دار سلیکیٹ جو کپڑا دھونے کے کام آتا ھے ؛ فلر مٹی ؛ شور دار ریتا جو اکثر شکر صاف کرنےاور کپڑا دھونے اور صابن بنانے کے کام آتا ھے ۔ (۲) (ارضیات) زمینی پرتوں کا وہ گروپ جس میں ریہ ھوتی ھے ۔

Fuller's grass/-herb/-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Fuller's teazel/-thislte : (n) (۱) گوکھرو ؛ چندپودے جن کے سروں پر گوکھرو کے سے گچھے ہوتے ہیں اور وہ کپڑے پر رواں اٹھانے کے کام آتے ہیں ؛ ولایتی گوکھرو ۔ (۲) وہ آلہ جس سے کپڑے پر رواں اٹھاتے ہیں ۔

Fuller's thorn : (n) دیکھو Fuller's teazel

Fulleyed : (a) گول اور اُبھری ہوئی آنکھوں والا ؛ بھر پور آنکھوں والا ؛ شرابی آنکھوں والا ؛ مست یا مخمور آنکھوں والا ۔

Fulling : (n) پٹک کر اور دھوکر کپڑے کو صاف کرنے اور دبیز بنانے کا عمل ؛ نیز کپڑے کو دبیز کرنا ۔

Fulling-mill : (n) ایک مشین جس میں کپڑے رولر سے دبا کر اور صابن یا ریہ سے دھوکر صاف اور دبیز کئے جاتے ہیں ۔

Fullish : (a) تقریباً پورا مکمل ؛ عروج پر ؛ بلند ۔

Fullness/Fulness : (n) (۱) بھر ا ھوا یا لبا لب ہونے کی حالت یا صفت : لبریزی ؛ معموری ؛ حالت تکمیل ؛ کمال ؛ اکملیت ؛ جامعیت ؛ افراط ۔ (۲) کثرت سے یا پُر افراط طور پر کسی چیز کا حامل ہونے کی حالت ؛ بھرا ھوا ہونے کی حالت ؛ وہ تمام چیز یں جو بہ افراط یا بھر پور ھوں ۔ (۳) سریلاپن ؛ زور ؛ کَثرت ؛ شوخی (رنگ اور آواز کی)۔

The fullness of the heart : (انجیل) دل کے جذبات اور سچے محسوسات ۔

The fullness of time : (۱) مقررہ یا معہودہ وقت ۔ (۲) (کتابیات میں) زبان ؛ مخصوص اور معینہ وقت ۔

The fullness of the world : دنیا میں جو کچھ ھے وہ سب ؛ دنیا و مافیہا ۔

Fully : (adv.) [OE.fullice.] : پوری طرح ؛ بغیر کسی کمی کے ؛ بالکل (جہاں تعداد کا ذکر ھو)؛ کاملاً ؛ تمام ؛ بدرجہء اتم ؛ پورے طور پر ؛ سب کا سب ؛ پورا پورا ؛ بجا طور پر ؛ درست انداز میں ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ قطعاً ؛ صریحاً ؛ جچے تُلے انداز میں ؛ صحیح طور پر؛ باقاعدگی سے؛ کلیتاً ؛ سراسر؛ پورے معنوں میں ؛ یقیناً ؛ فی الجملہ ؛ مجموعی طور پر ۔

(To eat) fully : حد سے زیادہ (کھالینا) ؛ خواہش سے زیادہ (کھانا)؛ شکم سیر ھوکر یا انتہائی حدتک (کھانا)۔

Fully fashioned : (a) (زنانہ موزہ) جو پاؤں میں بالکل درست آتا ھو ۔

Fulmar : (n) [Origin doubtful.] چھوٹی مرغابی کے برابر ایک سمندری پرندہ ۔

Fulmar petrel : (n) دیکھو Fulmar

Fulminancy : (n) بجلی کی طرح چمکنے، کڑکنےیا گرجنے کی خاصیت ۔

Fulminant : (a) [L.fulminantem.] : بجلی کی طرح چمکنے والا ؛ رعد آسا ؛ پھٹنے والا ؛ گرجنے والا ؛ صاعقہ انداز ؛ (طب) (مرض) جو یکایک بڑھ جائے ؛ اچانک بڑھ جانے والا؛ خاطف؛ ناگہانی (مرض)۔

Fulminant : (n) بجلی کی طرح چمکنے یا کڑکنے والی چیز یا بات ؛ رعد آسا پھٹنے یا گرجنے والی چیز یا کڑکا؛ بجلی ؛ رعد ؛ برق ؛ صاعقہ ؛ دھماکہ ؛ تڑخنے والا یا بھك سے اُڑجانے والا ؛ (شاذ)۔

A fulminant disease : بلائے ناگہانی ۔

Fulminant plague : (n) (طب) مہلك طاعون ۔

Fulminate : (n) [f. Fulmin (ic+-ate.] (کیمیا) فل مِینك ایسڈ کا ایك کیمیائی مرکب جو تصادم، رگڑ یا حرارت پاکر بھڑك اُٹھتا ھے ؛ ایك قسم کا آتش گیر مرکب ۔

Fulminate : (v) [L.fulminat-,fulminare.] (۱) بجلی کی طرح چمکنا؛ تڑاقے یا دھماکے کے ساتھ پھٹنا ؛ کڑکے کی طرح نکلنا ؛ بجلی کی طرح تیز چمك پیدا کرنا؛ برق پاش ھونا یا برق پاشی کرنا ؛ تجلی پیدا کرنا؛ نورافگنی کرنا۔ (۲) (عموماً سرکاری طورپر کسی کےخلاف) الزامی اعتراضات شائع کرنا؛ کلیسائی الزامات یا ملازمتوں کی گھن گرج کا نشانہ بنانا ۔ (۳) (یورپ وغیرہ کی) ملامت یا مذمت کرنا؛ اظہارناراضی کرنا؛ بُری طرح پھٹکار یا لعن طعن کرنا؛ شدت سے بُرا بھلا کہنا؛ (کیمیا) تڑاقے سے پھٹنا۔ (٤) (مجازاً) شدت اور زور شور کے ساتھ ملامت کرنا؛ الزام لگانا ؛ زجر و توبیخ کرنا؛ (ملامت آمیز) مضامین شائع کرنا ۔

Fulminating : (a) (بجلی کی طرح کڑکنے اور گرجنے والا) (مجازاً) زجر و توبیخ کرنے والا ؛ ملامت یا مذمت کرنے والا ؛ الزامات یا اعتراضات شائع کرنے والا ؛ (خاص کر) پھٹ پڑنے والا ؛ پھٹنے والا ؛ بھك سے اُڑجانے والا ؛ تڑخنے یا کڑکنے والا ؛ شدید دھماکہ خیز ؛ زور دار دھماکہ پیدا کرنے والا؛ (کیمیا) دھماکو ؛خاطف ؛ رعد سا ۔

Fulminating gold/-mercury platinum/-silver : مختلف دھاتوں کے پھٹنے والے مختلف کیمیائی مرکبات یا فل منك ایسڈ کی نمکیات جو تصادم ، رگڑ یا حرارت سے پھٹ پڑتے ہیں ۔

Fuliminating powder : (n) بارود؛پُر زور دھماکہ خیز سفوف ؛ (ابتداءً شورہ ، القلی اورگندھك کاایك آتش گیر یا دھماکہ خیز مخلوط ؛ اب اس کا اطلاق اُن دھماکہ خیزسفوفوں پر ھوتا ھے جن میں پارے کا رنگ خاص طور پر شامل رہتا ھے ؛ (کیمیا) تڑاقے سے پھٹنے والا سفوف؛ بھڑك دار سفوف ۔

Fulmination : (n) [L. fulminationem.] (۱)رعدو برق کی چمك ، کڑك؛ تجلی ؛ تنویر ؛ گرج ۔(۲) دھماکہ خیزی ؛ دھماکے کے ساتھ اڑنے یا پھٹ پڑنے کا عمل ؛ پُر زور دھماکہ ؛ کلیسائی ملامت یا مذمت کا اجرا ۔ (۳) ملامت ؛ الزام ؛ اعتراضات؛ تہدید شدید ؛ (کیمیا) دھماکا ؛ انفجار ۔

Fulminatory : (a) [F. fulminatoire.] (مجازاً) شدید ملامت ؛ الزام یا اعتراض کے ساتھ ؛ تہدید آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ تہدیدی ؛ ملامتی ؛ مذمّتی ؛ دھمکی آمیز ؛ تنبیہی ؛ بجلی سی گھن گرج پیدا کرنے والا ۔

Fulmine : (v) [L.fulminate.] (۱) (شاعری) بجلی اور گرج پیدا کرنا؛ چمکنا ؛ برق پاشی کرنا ۔ (۲) اس شدت کے ساتھ کچھ کہنا یا کرنا گویا بجلی چمك رہی ھے یا بادل گرج رہا ھے ؛ گرج دار آواز میں کہنا یا ڈانٹنا ؛ تنبیہ کرنا یا دھمکی دینا؛ زجر وتوبیخ کرنا ۔

Fulmineous : (a) [L.'fulmineus'.] رعد و برق سے متعلق ؛ بجلی یا کڑکے سے متعلق ۔

Fulminic : (a) [L.fulmin-+.ic.] بعض دھاتوں کے ساتھ مل کر دھماکہ خیز مرکبات یا نمکیات بنانے والا (ترشہ)۔

Fulminic acid : (n) (کیمیا) ایك تیزاب ($C_2 H_2 H_2O_2$) جس کو بعض دھاتوں کے ساتھ ملا کر ایك آتش گیر مسالہ بنا یا جاتا ھے ؛ فل منك تیزاب ۔

Fulminous : (a) رعد و برق کا یا ان سے متعلق ؛ گرجنے والا ؛ چمکنے والا ؛ کڑکنے یا تڑخنے والا ؛ پھٹنے والا ؛ دھماکہ خیز ؛ رعدی ؛ رعد نما ۔

Fulminurate : (n) (کیمیا) فل مینورك ایسڈ کا نمك ۔

Fulminuric : (a) (کیمیا) سیانورك ایسڈ کا ساتھ مساوی التناسب کیا ھوا ۔

Fulminuric acid : (n) سیانورك ایسڈ کے ساتھ مساوی التناسب کی ھوئی تیزاب ($C_3 H_3 N_3O_3$) ۔

Fulness : دیکھو Fullness

Fulsome : (a) (۱) بے مزہ کرنے والا ؛ اکتا دینے والا (ضرورت سے زیادہ خوشامد، نیاز مندی، مبالغہ آمیز محبت کی وجہ سے) ؛ بہت نفرت پیدا کردینے والا ۔ (۲) مکروہ؛ نفرت انگیز؛ بدمذاق (زبان، طرز ، اسلوب برتاؤ وغیرہ) خاص کر کسی زیادتی یا توازن کی کمی سے ۔

Fulsomely : (adv.) نفرت انگیز خوشامد یا مبالغہ کے ساتھ مکروہ طور پر ؛ بدمذاقی سے ۔

Fulsomeness : (n) بد مذاقی ؛ نفرت انگیزی ؛ کراہت ۔

Fulvescent : (a) کسی قدر گندمی ؛ نسبتاً زرد ۔

Fulvid : (a) [med. L.'fulvidus.] سرخی مائل زرد ؛ گندمی ؛ گندم گوں ؛ ہلکا زردی مائل بھورا ۔

Fulvous : (a) [L. fulvous'.] دیکھو Fulvid

Fulwa : (a) [Bengli'phulware.] ایك قسم کےدرخت سےنکالا ھوا ٹھوس، مکھن جیسا تیل ۔

Fumacious : (a) [L.'fumare'.] تمباکو نوشی کا بےحد شوقین ۔

Fumade : (n) [Sp.'fumado'.] ایك قسم کی مچھلی جس کو دھوئیں سے پکایا گیا ھو ؛ ماہی دودی ۔

Fumage : (n) [med. L.'fumagium.'] (تاریخ) چولہے اور آتش دان پر لگایا ھوا محصول یا ٹیکس جو پہلے انگلینڈ اور ویلز کے ہر چولہےیا آتش دان پر دو شلنگ سالانہ کےحساب سےلگایا جاتاتھا ۔

Fumant : (a) [F. f.'fumer'.] (نقابت) مخرج دود؛ مخرج بخار؛ بھاپ یا دھواں خارج کرنے والا ؛ چمنی ۔

Fumarate : (n) فیومیرك ایسڈ کا نمك ۔

Fumaric acid : (n) ایک قسم کا تیزاب ($C_4H_4O_4$) جو Molic ایسڈ کو عنصر مائی سے محروم کر کےبنایا جاتا ھے ؛ (کیمیا) فومیرک تیزاب ۔

Fumarin : (mod. L.'fumaria'.] (کیمیا) ایک قسم کے پودے فیومتری میں پایا جانے والا ایک نامیاتی عنصر جو تیزاب سے مل کر نمک ھو جاتا ھے ۔

Fumarole : (n) [F.'fumerolle'.] آتش فشاں پہاڑ کے دہانےمیں ایک رخنہ یا درز جس سے بخارات خارج ھوتے ہیں ؛ دھواں نکلنے کا رخنہ یا سوراخ دھواں نکلنے کی چمنی یا دودکش ۔

Fumator/Erronfumitory : (n) [L.type.'fumatorium'.] تمباکو نوشی یا کسی چیز کو دھونی دکھا کر وبائی مادوں سےصاف کرنے یا رنگنے کےلئے ایک مخصوص مقام یا کمرہ ؛ (کیمیا) دخان خانہ ۔

Fumble : (v) [L.'palme'.] (۱) ٹٹولنا؛ ہاتھ لمبے کرکےڈھونڈنا؛ چھونا ؛ بے ڈھنگے پن سے ہاتھ چلانا؛ اضطراری حالت میں کسی چیز کو پکڑنا یا چھونا ۔ (۲) بےترتیب انبار لگا دینا؛ سمیٹ کر گٹھری بنانا ؛ بھونڈے پن سے لپیٹنا ۔ (۳) (عامیانہ) جنسی طور پر نا اہل ھونا ؛ نا مرد ھونا ۔ (٤) بولنے میں جھجھکنا یا ہچکچانا ؛ منہ ہی منہ میں بولنا ؛ بڑبڑانا ۔

To fumble the ball : (کرکٹ) گیند کو صفائی سے لینے میں نا کام رہ جانا؛ بےطریقہ یا بے ڈھنگےپن سے پکڑنےیا روکنے کی کوشش کرنا ۔

Fumble : (n) اناڑی پن کی کوشش ؛ اندھے کی طرح ٹٹولنے یا اضطراری حالت میں کسی چیز کو پکڑنے کا عمل ؛ اشتباہ ؛ سہو ۔

Fumbler : (n) ٹٹولنے والا ؛ بے ڈھنگا ؛ ہاتھ کا اناڑی ؛ خام دست ۔

Fumbling : (a) (۱) ٹٹولنے والا ؛ (مجازاً) اناڑی ؛ بد سلیقہ ؛ بھونڈے پن سے کوئی کام کرنے والا ؛ گفتگومیں جھجھکنے والا ؛ منہ ہی منہ میں بات کرنے والا ۔ (۲) جنسی طور پر نامرد ؛ نا اہل ۔

Fumblingly : (adv.) اناڑی پن سے؛ بدسلیقگی سے؛ بھونڈے پن سے ؛ نا اہل طور پر ۔

Fume : (n) [L.'fumus'.] (۱) دھواں ؛ دخان ؛ دود ؛ (متروک) بودار. دھواں ؛ دھونی ؛ بخور ؛ بخارات ؛ سائنس ؛ پانی کے بخارات ؛ بھاپ ؛ فاسد (زہریلے) بخارات (جو معدے سے دماغ کی طرف اٹھتے ہیں) بخار معدہ ۔ (۲) (مجازاً) غصے کا دورہ ؛ جوش ؛ ہیجان ؛ غیظ و غضب ۔ (۳) ترشوں اور بھڑک اٹھنے والے مادوں سے نکلا ھوا دھواں یا بخارات ۔ (٤) (مجازاً) بے حقیقت ؛ بےبنیاد ؛ خیالی ؛ عارضی ؛ ناپائدار (چیز) ۔ (٥) ذہن تک جا کر تمام صلاحیت لینے یا دھندلی کر دینے والی چیز ۔

In a fume : حالت غیظ میں ؛ غصے کی حالت میں

The fumes of wine : شراب کے بخارات ۔

Fume : (v) [L.'eumere'.] (۱) دھونی دینا ؛ بخورات سےمعطر کرنا؛ کیمیاوی بخارات (نوسادر وغیرہ کو) استعمال کرنا؛ (کسی چیز پر جو فوٹو کی پلیٹ پر اور بلوط کی لکڑی پر تیز رنگوں کو گہرا کرنے کےلئے استعمال کئے جاتے ہیں) ۔ (۲) (مجازاً) چڑچڑا ھونا ؛ تُند مزاج ھونا ؛ (کسی بات پر) خفا ھو جانا ؛ بگڑنا ۔ (٤) دھواں یا بخارات نکالنا ؛ چھوڑنا یا اُن کا اوپر اٹھانا یا چڑھنا ۔ (٤) (دھوئیں کا) نکلنا ؛ جاری ھونا؛ بلند ھونا ؛ گزرنا ؛ خارج ھونا ۔

Fume : (a) [F.] (۱) دھوئیں کے رنگ کا ؛ دھندلا (شیشہ) ۔ (۲) امونیا کی دھونی دی ھوئی (اوک کی لکڑی) ۔

Fume chamber : (n) دُخان خانہ ۔

Fumeless : (n) بودار دھوئیں یا بخارات سے خالی؛ بےجوش؛ سرد ؛ سرد مزاج ؛ جس کو غصہ نہ آتا ھو ؛ بےدخان ؛ بے دود ؛ بے دھواں ۔

Fumer : (n) (۱) بخوردہندہ ؛ دھونی دکھانے والا ۔ (۲) چڑچڑا؛ تند مزاج ؛ غصہ ور ۔

Fumet : (n) [AF.f.'fumer'.] (متروک) ہرن کا فضلہ؛ مینگنی ۔

Fumify : (v) [L.'fumificare'.] دھونی دینا؛ بخارات کے ذریعہ وبائی مادے کو صاف کرنا ؛ ھوا کو (یا کسی شے کو) دھواں دے کر صاف کرنا ۔

Fumigant : (n) [L.'fumigantem'.] دھونی دینے والا (شاذ) ۔

Fumigants : (n) (کیمیا) دخانیات ؛ دخانی اشیاء ۔

Fumigate : (v) [L.f.'fumus'.] (۱) دھواں دکھانا ؛ دھونی دینا ؛ خصوصاً دھواں دکھا کر وبائی اثر سے پاک کرنا ؛ بخارات کے ذریعہ وبائی جراثیم کو دور کرنا؛ ھوا کو (یا کسی شے کو) دھواں دے کرصاف کرنا ۔ (۲) بخورات سے معطر کرنا ؛

بسانا ؛ مہکانا ؛ خوشبو دار کرنا ۔ (۳) (اوک کی لکڑی کو) دھواں دکھا کر سیاہ کرنا یا گہرے رنگ کا بنانا ۔

Fumigation : (n) [L.'fumigationem.'] (۱) بو دار دھواں یا شعلہ پیدا کرنے کا عمل (خاص کر منتر پھونکنےمیں) ؛ جڑی بوٹیوں سے یا بخارات سے معطر کرنے کا عمل ؛ بخورات (جن سے ایسا دھواں نکلتا ھے) ۔ (۲) دھونی دینے کا عمل یا طریق عمل ۔ (۳) (طب) معالجی اثر پیدا کرنے یا وبائی اثرات سے پاک کرنے کےلئے دھونی دینے کا عمل ؛ اس عمل سے پیدا کئے ھوئے بخارات ؛ بخارات یا دھوئیں کے ذریعہ سے صفائی ؛ دھونی ؛ (طب) تدخین ؛ بھپارا ؛ دھونی ؛ بخور ۔

Fumigating appliance : (n) (کیمیا) دھونی دینے والا آلہ ۔

Fumigator : (n) دھونی دینےوالا ؛ دھواں دکھا کروبائی اثرات سے پاک کرنےوالا ؛ معطر کرنے والا ؛ (اوک کی لکڑی کو) دھواں دکھا کر سیاہ کرنے والا ؛ بخورات سے صفائی کرنے والا ؛ (طب) مبخرہ ؛ داخِن ؛ بخوردان ۔

Fumigatory : (a) دھونی دینے یا بخارات کے ذریعہ وبائی اثر سے پاک کرنے والا ۔

Fumigatory : (n) وہ سازو سامان جو دھونی دینے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Fuming : (n) [f. fume.] (۱) دھونی دینے کا عمل ؛ دھوئیں یا بخارات کے ذریعہ وبائی اثرات سے پاک کرنے کا عمل ؛ بخورات سے معطر کرنے کا یا بسانے کا عمل ؛ دھواں یا بخارات خارج کرنے کا عمل (۲) (اوک کی لکڑی کو) امونیا کی دھونی دےکرسیاہ کرنے کا عمل تاکہ وہ دیکھنے میں پرانی معلوم ھو ۔ (۳) (تصویر کشی) بیضوی روغن چڑھاتے ھوئے کاغذ کو امونیا کی دھونی دینے کا عمل ۔ (٤) (کیمیا) دخاندار؛ دخانی؛ (نباتیات) تدخین ؛ دھونی دینا ۔

Fuming : (a) [f. as prec.] (۱) دھوئیں یا بخارات خارج کرنے والا ۔ (۲) بخوردہندہ ؛ دھونی دینے والا ؛ بسانے والا؛ معطر کرنے والا ؛ بخارات کے ذریعہ وبائی اثرات سے پاک کرنے والا ؛ (کیمیا) دھواں دیتا ھوا ۔

Fuming liquor of Boyle : امونیا دھونی جسےبائل (Boyle) نے سب سے پہلے معلوم کیا تھا ۔

Fumingly : (adv.) [f.fuming.] دھواں خارج کرتے ھوئے ؛ دھوئیں کے ذریعہ وبائی اثر سےپاک کرکے ؛ دھونی دے کر ؛ بسا کر ؛ معطر کر کے ۔

Fumingly : (adv.) [f.fumy (a)] بخارات یا دھوئیں سےبھرکر ؛ (مجازاً) خشمگیں انداز میں ؛ برافروختہ ھوکر ۔

Fumitory : Fumatory کی غلط شکل ۔

Fumitory : (n) [med. L.'fumus terrae'.] شاہ ترہ ؛ پت پاپڑہ ایک قسم کا پودا ۔

Fummel : (n) (۱) خچر ؛ جس کا باپ گدھا اور ماں گھوڑی ھو ۔ (۲) دیکھو Funnel ۔

Fumose : (a) [L.'fumosus'.] (۱) پر از دود؛ دھوئیں یابخارات سے بھرا ھوا ؛ پر بخارات ۔ (۲) نفّاخ؛ بادی؛ ھَوا سے بھرا ھوا ؛ نفخ آور ؛ ریاحی ۔ (۳) دھواں دینے والا ؛ دھواں خارج کرنے والا ؛ دھوئیں جیسا؛ دود آسا ؛ دخانی ۔ (٤) (نباتیات) دھوئیں کے رنگ کا؛ سیاہ یا سیاہی مائل ؛ دھندلا ۔

Fumous : (a) [f.L.'fumosus'.] (۱) (مزاحاً) دھوئیں سے متعلق؛ تمباکو نوشی سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) دھوئیں کےرنگ کا ۔

Fumous capanosis : (n) (کیمیا) بخارات دخانیہ ۔

Fumously : (adv.) دھوئیں کی وابستگی سے ؛ دھوئیں کے رنگ کاھوکر ؛ تمباکونوشی سےوابستہ ھوکر ۔

Fumy : (a) [f. Fume.] (۱) بخارات یا دھوئیں سے بھرا ھوا یا اس سے مرکب ؛ دودی ؛ بخاری ؛ دخانی ؛ دود دار (مجازاً) ۔ (۲) خشمگیں ؛ بر افروختہ ؛ (کیمیا) مُدخن ؛ بخارات دار ۔

Fun : (n) [prob. f. fun. (v).] (۱) کھیل کود ؛ تماشا ؛ مذاق ؛ ظرافت ؛ شوخی ؛ بازی ؛ تفریح ؛ ٹھٹھول ، مسخراپن ؛ دلگی ۔ (۲) چال ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ جھانسا ؛ چُل ؛ دغا ۔ (۳) چکمہ ؛ مغالطہ ؛ مغالطے میں ڈالنے والی چال ؛ پینترا ؛ پینترا بازی ۔ (٤) توصیفی طور پر ؛ دل بہلانے والا ؛ خوشی کرنے والا؛ تفریحی؛ پر لطف ؛ پر تفنن ۔

For fun/In fun : مذاق میں ؛ بطور تفریح ؛ مذاقاً ؛ (نہ کہ سنجیدگی سے) ، تفریحاً ۔

Is good, great fun : بڑی دل لگی ھےخوب تفریح ھے ؛ نہایت دلچسپی ھے ۔

Like fun : زور شور سے ؛ جلد ؛ بہت ۔

To make fun of : (کسی کا) مذاق اُڑانا ؛ بنانا ؛ کسی سے تمسخر کرنا ؛ تضحیک کرنا ؛ توہین آمیز مذاق کرنا ۔

To poke fun at : (کسی پر) فقرے چست کرنا ؛ کسی کو بنانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ نہٹھا کرنا ؛ مضحکہ اڑانا ۔

What fun : واہ کیسی دل لگی ہے ! کیا تفریح ہے ۔

Fun : (v) (۱) (شاذ) مذاق کرنا ؛ دل لگی اور تفریح کرنا ؛ کھیل کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا؛ مغالطے میں ڈالنا؛ ہنسی ہنسی میں چکما دے جانا ؛ جھانسا دینا ؛ اُلو بنانا ؛ جُل دینا؛ (نیز) تملق یا خوشامد کرنا؛ چاپلوسی کرنا ؛ (بول چال) ۔

Fun fair : (n) ضمنی نمائش ؛ میلہ یا نمائش جوصرف تفریح کےلئے ہو ؛ تفریحی میلا یا نمائش ۔

Funambulism : (n) رسن سازی ؛ رسی پر چلنے یا ناچنے کا عمل ۔

Funambulist : (n) [f. L. 'funambulus.'] نٹ ؛ رسن باز ؛ رسی پر چلنے یا ناچنے والا ؛ اس طرح تماشہ یا کرتب دکھانے والا ۔

Funambulo : [sp. or lf.] دیکھو Funambulist

Function : (n) [L.'functionem.'] (۱) کسی امر کا مناسب طریقہء عمل جس سے اس امر (چیز یا شخص) کا مقصد پورا ہوتا ہو ۔ (۲) فرض منصبی ؛ ملازمت ؛ پیشہ؛ حرفہ ؛ وظیفہ ؛ کار ؛ شغل ؛ منصب؛ مقام؛ ماموریت ۔ (۳) مذہبی یا دوسری قسم کی عام تقریب یا رسم ؛ کوئی رسمی اہم جلسہ یا صحبت ۔ (٤) (ریاضی) تفاعل ؛ عمل کنندہ ؛ اجرا کنندہ ؛ فنکشن ۔ (۵) انجام ؛ اجرا؛ عمل ؛ ایفا ۔ (٦) (حیوانیات) وظیفہ؛ فعل ؛ (سماجیات) پیشہ؛ حرفہ؛ تقریب؛ (فلسفہ) تفاعل ؛ وظیفہ (لسانیات) عمل ؛ تفاعل ۔

Complementary function : (تجارت) امدادی تفاعل ۔

Consumption function : (تجارت) تفاعل صرف ۔

Contractual function : (n) (تجارت) معاہدہء تفاعل ۔

Culminative function/Demarcative-: (لسانیات) منتہائی تفاعل ۔

Depreciation function : (تجارت) فرسودگی تفاعل ۔

Distinctive function : (لسانیات) امتیازی تفاعل ۔

Emplyment function : (تجارت) روزگار تفاعل ۔

Estimable function : (شماریات) قابل تخمینہ تفاعل ۔

Estimated function : (شماریات) تخمینہ شدہ تفاعل ۔

Harmonious function : (سماجیات) ہم آہنگ تفاعل ۔

Institutional function : (سماجیات) ادارتی تفاعل ۔

Latent function : (سماجیات) مخفی تفاعل ۔

Loss function : (شماریات) نقصانی تفاعل ۔

Manifest function : (سماجیات) ظاہری تفاعل ۔

Operating characteristic function : (شماریات) مظہر خصوصیت تفاعل ۔

Probability function : (تجارت) اغلبی تفاعل ۔

Production function : (تجارت) تفاعل پیدا وار ۔

Spectral fuction : (n) (شماریات) طیفی تفاعل ۔

Structure function : (سماجیات) ساخت تفاعل ۔

Symbolic function : (سماجیات) علامتی تفاعل ۔

Function : (v) [f. prec. n.] فرض انجام دینا ؛ مقررہ کام پورا کرنا؛ مقصد پورا کرنا یا ہونا ؛ عمل کرنا ۔

Functional (a) (۱) سرکاری ؛ باضابطہ ؛ رسمی ؛ کسی منصب یا فرض منصبی کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (تشریح) (وہ بات) جو صرف کسی عضو کے عمل مقررہ سے متعلق ہو (خصوصاً مرض کے سلسلہ میں) ۔ (۳) (تشریح) (اسی عضو کے متعلق) جس کا کوئی مقررہ عمل بھی ہو اور محض بےعمل نہ ہو ۔ (٤) (ریاضی) تفاعل کا یا اُس کےمتعلق؛ عمل کنندہ کا یا اس سے متعلق ؛ (حیوانیات) تفاعلی ؛ وظیفی ؛ فعلی ۔

Functional analysis : (n) (سماجیات) تفاعلی تجزیہ ۔

Functional and structural theory : (لسانیات) تفاعلی اور ساختی نظریہ ۔

Functional change : (n) (لسانیات) تفاعلی تبدیلی ۔

Functional demand : (n) (تجارت) کارگذاری مانگ ۔

Functional dictionary : (n) (لسانیات) عملی لغت ۔

Functional diseases : (a) (طب) امراض عضوی ؛ مرض فعلی ۔

Functional Linguistics : (n) (لسانیات) تفاعلی لسانیات ۔

Functional load : (n) (لسانیات) تفاعلی وزن ۔

Functional organisation : (n) (سماجیات) تفاعلی تنظیم ۔

Functional relation : (n) (سماجیات) تفاعلی تعلق ۔

Functional representation : (n) (تاریخ) نمائندگی بر بنائے پیشہ ۔

Functional society : (n) (سماجیات) تفاعلی سماج ۔

Functional theory of right : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) تفاعلی نظریۂ حقوق ۔

Functional unit : (n) (لسانیات) تفاعلی اکائی ۔

Functional use : (n) (تجارت) مفاد کار کر دگی ؛ مصرف کارکردگی ۔

Functional word : (n) (لسانیات) تفاعلی لفظ ۔

Functional yield : (n) (لسانیات) تفاعلی حصول ۔

Functionalism : (n) (دینیات) فعلیّت (عقیدہ) ؛ وظیفیت ۔

Functionalist : (n) (دینیات) فعلیتی ؛ معتقد فعلیت ۔

Functionality : (n) (۱)عضوی افعال کی خاصیت ۔(۲) (ریاضی) تفاعلیت ؛ حالت تفاعلیت ؛ عمل کنندگی ۔

Functionalize : (v) کسی عہدے یا منصب پر مقرر کرنا یا کوئی فرض منصبی سپرد کرنا ۔

Functionally : (adv,) فرائض سے متعلق ہو کر ؛ فرائض منصبی انجام دیتے ہوئے ۔

Functionarism : (a) کسی کا م یا منصب پر ماموریت ؛ عہدہ داری ؛ کارگذاری ؛ صاحب منصب ہونا ۔

Functionary : (n) کسی کام یا منصب پر مامور شخص ؛ عہدہ دار؛ وہ شخص جسے مقررہ فرائض انجام دینے ہوں ؛ سرکاری ملازم ؛ مامور ؛ گماشتہ ؛ عامل؛ صاحب مقام ؛ صاحب منصب؛ کار گذار (حشریات، تشریح) عہدہ دار ؛ فعلی عضو ؛ (تاریخ) کارکُن ۔

Functionary : (a) کسی عضو کے مقررہ کاموں کا یا ان سے متعلق ؛ عضوی تفاعلات یا وظائف کا یا اُن سے متعلق ؛ کسی منصب یا منصبی کا یا اُن سے متعلق؛ سرکاری؛ دفتری؛ رسمی؛ باضابطہ ۔

Functionate : (v) (شاذ) اپنے فرائض انجام دینا ؛ کام کرنا ؛ خدمت انجام دینا ؛ قائم مقامی کرنا ۔

Functionating : (n) کارگزار ؛ کار پر داز ۔

Functioned : (a) (ریاضی) جس میں تفاعل یا عمل کنندہ ہو ۔

Functionless : (a) بےمقصود؛ بےمنصب ؛ بیکار ؛ جس کا کوئی کام نہ ہو (خاص کر عضویاتی معنوں میں) ۔

Functionless investment : (n) (تجارت) لاحاصل اصلی کار ۔

Fund : (n) [L.'fundus.'] (۱) کسی چیز کا مستقل ذخیرہ جس میں سے صرف کیا جاسکے ؛ منبع رسد ۔ (۲) روپیہ کا ذخیرہ خصوصاً ایسا ذخیرہ جو کسی خاص کام یا غرض کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہو ۔ (۳) (جمع) مالی ذرائع ۔(٤) قومی سرمایہ ؛ سرمایہ ؛ قومی قرضوں کا ذخیرہ جسے ایك قسم کا سرمایہ یا راس المال تصور کیا جاتا هے ۔ (٥) (طباعت) ایك ہی قسم اور جسامت کے ٹائپ کا مجموعہ ۔(٦) فنڈ ؛ رقم ؛ مد؛ خزینہ ؛ (انتظامیہ) سرمایہ ؛ خیریہ؛ فنڈ ۔

A fund of commen sense, tenderness, labour, knowledge : عقل و شعور ، محبت ، محنت یاعلم کا ذخیرہ (جو کسی شخص کے پاس ہو) ۔

Benevolent fund : (n) (انتظامیہ)سرمایۂ خیریہ ؛ اعانتی سرمایہ ؛ (تجارت) بہبود فنڈ ۔

Betterment fund : (n) (تجارت) بہتری فنڈ ۔

Contingency fund : (n) (تجارت) ناگہانی فنڈ ۔

Provident fund : (n) (انتظامیہ تجارت) پراویڈنٹ فنڈ ۔

Reserve fund : (n) مدّ محفوظ ؛ محفوظ فنڈ ۔

Sinking fund : (n) ذخیرہ ادائی ؛ وہ پس انداز جو سرمایہ کےطور پر (یا قرضہ کی ادائی کےلئے) جمع کیا جاتا ھے ؛ (تجارت) ادائی فنڈ ۔

Small saving fund : (n) (انتظامیہ) چھوٹی بچت ۔

The (public) funds : قومی یا ملکی قرضہ کا سرمایہ سرمایہ جس میں عوام بھی روپیہ لگا سکیں ۔

(To be) in funds : روپیہ رکھنے والا ؛ گرہ میں پیسہ رکھنے والا ؛ مالدار (ھونا) ۔

Fund : (v) (۱) عارضی قرضے کا مستقل قرضےمیں کسی مقررہ شرح سود پرتبادلہ کردینا یا اسے کسی سرمائےمیں لگادینا؛ فنڈ مہیا کرنا؛ سرمایہ فراہم کرنا؛ پونجی اکٹھا کرنا ۔ (۲) جمع کر دینا ؛ ذخیرے میں ملانا یا جمع کرنا ؛ ذخیرہ کرنا؛ جمع کرنا؛ کسی ذخیرے یا خزانےمیں رکھنا ۔ (۳) ملکی قرضہ کے سر مایہ میں روپیہ لگانا؛ قومی سرمائے میں روپیہ لگانا ۔ (٤) مخصوص ادائیوں کےلئے مالیات کا ایک حصہ بطورضمانت الگ کر دینا (تاکہ قومی قرضے کے سود کی ادائی باقاعدگی سے ھوتی رھے) ۔

Fund head : (n) (معاشیات) مدّسرمایہ ۔

Fund-holder : (n) وہ شخص جس نےقومی یا ملکی سرمائے میں روپیہ لگایا ھو ؛ سرمایہ٭ قومی یا ملکی میں روپیہ لگانےوالا ۔

Fund-lord : (n) وہ صاحب ثروت یا بڑا شخص جس کا رتبہ یا پوزیشن قومی یا ملکی سرمائے میں روپیہ لگانے کے سبب ھو ۔

Fund-monger : (n) وہ شخص جو قومی سرمائے میں سٹے کا کاروبار کرتا ھے ۔

Fundable : (a) ذخیرے یا خزانے میں شامل کرنے کے لائق ؛ لائق جمع؛ لائق ذخیرہ؛ قومی سرمائے میں لگائے جانے کے لائق یا لگایا جانے والا (روپیہ) ؛ (عارضی قرضہ) جسےمقررہ شرح سود پر مستقل قرضے میں تبدیل کیا جاسکے ۔

Fundal : (a) [f. fundus+al.] کسی عضو کی تہ یا اسی کے بنیادی حصے سے متعلق ؛ اساسی ؛ بنیادی ؛ (تشریح) قاعی ۔

Fundament : (n) [ME.'fondement.'] چوتڑ؛ پیندی ؛ سرین ؛ مقعد ؛ نشست ؛ اساس ؛ پایہ ؛ (پرندوں میں) مقام براز ؛ بیٹ کرنے کی جگہ ؛ مبرز ؛ (تشریح) قاعدہ ؛ اساس ؛ پیندہ ۔

Fundamental : (a) (۱) بنیادی ؛ اساسی ؛ اصلی ؛ مرکزی ؛ مصدری ؛ ضروری ؛ واجب ؛ ابتدائی ؛ حقیقی؛ اوّلیہ ؛ اوّلی ۔ (۲) (غیر مادی استعمال میں) اساس یابنیادکی طرح کام دینےوالا ۔ (۳) (زمین کی پرت) جو سب سے نیچےھو ۔ (٤) (موسیقی) (تین یا زیادہ سروں کے ملاپ میں) سب سےنچلا؛ مدھم یا بنیادی (سُر) ۔

Fundamental : (n) (۱) اصول ؛ قاعدہ ؛ اساس ؛ کسی نظام کا اصلی اصول (بنیاد) ؛ جزو لازم ؛ (خاص کر جمع میں) ۔ (۲) (موسیقی) بنیادی سُر ؛ سب سے نچلا یا مدھم سُر ؛ کلیدی سُر ۔ Fundamental tone or note کا مخفف ۔

A fundamental change : ایک بنیادی تغیر ۔

The fundamental form : حقیقی یا اصلی صورت ۔

The fundamental rules : بنیادی یا اصلی قواعد ۔

Fundamental bass : (n) (موسیقی) وہ دھیما سُر جو تین یا زیادہ سُروں کے ملاپ کی بنیاد تیار کرتا ھے ۔

Fundamental bliefs : (n) (منطق) یقینیات اوّلیہ ۔

Fundamental chord : (n) (موسیقی) بنیادی سُر کی ہم آہنگ آوازوں سےبنایا ھوا تین یا زیادہ سُروں کا ملاپ ۔

Fundamental colours : (n) (روشنی)الوان اصلی؛ اصلی رنگ ۔

Fundamental freedoms : (n) (تاریخ) بنیادی حقوق ۔

Fundamental frequency : (n) (لسانیات) بنیادی تعدد ۔

Fundamental human rights : (n) (تاریخ) بنیادی حقوق انسانی ۔

Fundamental note : (n) (موسیقی) تار کا سب سے نیچا سُر ؛ بنیادی سر ۔

Fundamental pitch : (n) (موسیقی) بنیادی سُر ۔

Fundamental principle : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) بنیادی اصول ۔

Fundamental probability set : (شماریات) بنیادی احتمالی سیٹ ۔

Fundamental quantities : (n) (طبیعیات)بنیادی مقداریں ۔

Fundamental random process : (شماریات) بنیادی اتفاقی عمل ۔

Fundamental right : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) بنیادی حق ۔

Fundamental rules : (n) قواعد اصلی ؛ بنیادی قوانین ۔

Fundamental tone : (n) نغمہء آہنگ جو کسی بلند آواز جسم کے ترنم سے پیدا ہو ۔

Fundamental units : (n) (طبیعیات) بنیادی اکائیاں ۔

Fundamentalism : (n) (امریکا) پروٹسنٹ مذہب میں عقائد جدیدہ کے خلاف ان دیرینہ عقائد پر قائم رہنا کہ انجیل کی صحت ناقابل انکار ہے اور لفظاً لفظاً مذہب کےاصولوں کو (لفظی معنوں میں) قبول کرنا ۔

Fundamentalist : (n) وہ شخص جو انجیل کے متعلق دیرینہ عقائدرکھتا ہو (کہ اس کی صحت ناقابل انکار ہے) نیز بصورر صفت ۔

Fundamentality : (a) اصلیت : مرکزیت ؛ حقیقت ؛ اساسیت : ابتدائی یا بنیادی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Fundamentally : (adv.) بنیادی اصولوں کے مطابق ؛ حقیقت یا اصلیت کے موافق ؛ اساسی طورپر ؛ بطور اصل ؛ لازمی طور پر ؛ حقیقی طور پر ؛بنیادی طورپر ؛ اصولی طورپر ۔

Fundamentum : (n) [L.] : قاعدہ ؛ اصل منطقی ؛ منطقی بنیاد ؛ اصل حاکمہ ؛ پایہ و اساس ۔

Fundatorial : (a) [f. L.'fundatorius.'] کسی بانی، موسس یا موجد سے متعلق ۔

Funded : (a) (۱) ریاست کے مستقل قرضوں میں شامل کیا ہوا ۔ (۲) قومی یا ملکی سرمائےمیں لگایا ہوا ۔ (۳) جمع کیا ہوا ؛ ذخیرہ کیا ہوا ۔

Fundiform : (a) (تشریح) قاعہ نما ؛ اُونگ نما ۔

Funding : (n) کسی عارضی قرضے کا(مقررہ شرح سود پر) مستقل قرضے میں تبادلہ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Funding loan : (n) (تجارت) سرکاری تمسکات ۔

Fundless : (a) بےمال ؛ غیرمتمول ؛ بے سرمایہ ؛ بےپونجی ؛ جس کے پاس دولت ، مال یا ذرائع نہ ہوں ؛ غریب ؛ نادار ؛ غیر مالدار ۔

Fundus : (n) [L.] (تشریح) کسی عضو کی تہ یا پیندی ؛ بیرونی دہن یا سوراخ سے دور جو حصہ ہو ؛ کسی عضو کی جڑ ، بنیاد ؛ (تشریح) (i) قاعہ ؛ اساس ؛ عضو ۔(ii) قعر چشم ؛ قاعہء چشم ۔

Fundus oculi : (n) (تشریح) قاعۃ العین ؛ قاعہء چشم ۔

Fundus of the eye : (n) دیدے کا پچھلا حصہ جو شفاف لینس کے پیچھے ہوتا ہے ۔

Fundus uteri : (n) (تشریح) قاعہء رحم ؛ اندامِ رحم ۔

Funebrial/Funebral : (a) [L.'funebris.'] (شاذ) جنازہ اور تجہیز و تکفین کےمتعلق یا مناسب حال ؛ افسردہ ؛ تاریک ؛ غمگین ؛ اداس ۔

The custom is funebrial in origin : اصلیت میں یہ رسم تجہیز و تکفین سے تعلق رکھتی ہے ۔

Funeral : (n) [med. L. f. 'funus.'] (۱) مُردے کی تدفین یا کریا کرم مع تمام مراسم تجہیز وتکفین : جنازہ ؛ نعش میت؛ تجہیزوتکفین ؛ تدفین ۔(۲) (امریکا) جنازے یا تدفین سے متعلق وعظ یا پند و نصیحت ؛ شمشان پر کیاجانے والا پوجا پاٹ؛ آرتی ؛ بھجن یا جنازے کےلئے دعا ؛ فاتحہ ؛ قل خوانی ؛ ایصال ثواب ۔ (۳) جنازے کا جلوس ۔ (٤) (غیر معینہ طور پر) موت ؛ وفات ؛ قبر ؛ گور ؛ یادگار ؛ نشان ؛ قدیم عمارت ۔

One's funeral : اپنے معاملات ؛ ذاتی معاملات (اکثر جن کے نتائج ناخوش گوار ہوں) (ابتداً امریکی عامیانہ) ۔

Funeral : (a) (۱) جنازے کے متعلق یا جنازہ پر یا مردے کو جلانے کے وقت استعمال کی جانے والی (شے) قبرستان ؛ شمشان یا جائے تدفین پر استعمال شدہ ۔ (۲) جنازہ یا تجہیز و تکفین کےمناسب حال یا اس سے متعلق، (لہذا) تاریک؛ سنسان؛ افسردہ ؛ اداس ؛ غم ناک ۔ (۳) جنازے کا یا اُس سے متعلق ؛ تدفینی ۔

Funeral car : (n) جنازہ لے جانے والی گاڑی ؛ نعش کش ؛ میّت گاڑی ؛ تابوت کش ۔

Funeral oration : (n) تقریر تعزیت ۔

Funeral pile/-pyre : (n) لکڑی کا ڈھیر جس پر لاش جلائی جاتی ہے ؛ چتا؛ (ماقبل تاریخ) چتا ۔

Funeral show : (n) (ماقبل تاریخ) ماتمی جلسہ ۔

Funeral urn: (n) ستودان ؛ وہ برتن جس میں جلانے کے بعد مردہ کی خاک رکھی جاتی ہے ۔

Funerary : (a) [L. late. 'funerarius.'] تجہیز و تکفین کےمتعلق؛ تدفینی ؛ جنازے یا تدفین سےمتعلق ۔

Funerary accessories : (n) (ماقبل تاریخ) تجہیز و تکفین کا سامان ۔

Funerary monuments : (n) (ماقبل تاریخ) جنازے کی یادگاریں ۔

Funerary wagon : (n) (ماقبل تاریخ) جنازہ کی گاڑی ۔

Funereal : (a) [f. L.] جنازہ یاتجہیز و تکفین کےمناسب حال ؛ تجہیز و تکفین کا یا اس سے متعلق ؛ تدفینی ؛ جنازے کا یا اُس سے متعلق ؛ (لٰہذا) اداس ؛ افسردہ ؛ تاریك ؛ تیرہ وتار؛ سنسان ؛ غمگین ؛ غمناك ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ محزوں ؛ غم انگیز ؛ حسرتناك ۔

Funereally : (adv.) مثل جنازہ کے ؛ افسردگی کے ساتھ ؛ افسردہ و سنسان طورپر ؛ تیزہ وتارھو کر ؛ اُداسی سے ۔

Funest : (a) [L.'funester.' f.'funus'.] (شاذ) موت یا بدبختی لانے والا ؛ یا اُس کی علامت ظاہر کرنے والا ؛ مرگ آور ؛ مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ منحوس ؛ شوم ؛ مضرت رساں ؛ تباہ کن ؛ مہلك ؛ جاں ستاں ؛ کار ؛ افسوس ناك ؛ ترس ناك ؛ انتہائی تاسف انگیز ۔

Fungaceous : (a)[f.'fungus.'] سماروغ کی فطرت کا؛ سماروغ مانند ؛ سماروغ جیسا ۔

Fungal : (a) [f. L.'fungus.'] سماروغ کا یا اُس سے متعلق ؛ سانپ کی چھتری جیسا یا اُس کی نوعیت کا ؛ سماروغ مانند (نباتیات) فُطری ؛ سماروغی ۔

Fungal : (n) سماروغ ؛ کھمبی ؛ ککرمتّا ؛ کلاہ باراں ؛ گلِ گورستان ؛ قارچ ؛ سانپ کی چھتری ۔

Fungate : (n) [f. Fungus+-ate.] (کیمیا) سماروغی ترشہ اور اساس تیزاب سے مل کر (نمك ھو جانے والے عنصر) کے مرکب سے بنایا ھوا نمك ۔

Fungate : (v) (مرضیات) سماروغ یا کھمبی کی شکل میں پیدا ھونا یا اُگنا ؛ سماروغ کی طرح تیزی سے بڑھنا یا نشو ونما پانا ۔

Fungation : (n) (نباتیات) تقطّر ۔

Fungi imperfect : (n) (نباتیات) غیر جنسی فُطرات ؛ نامکمل فُطرات ۔

Fungible : (n) [med. L.'fungibilis.'] وہ چیز جس کے بدلے کوئی چیزپیش کی گئی ھو ؛ شے مثلی ؛ اموال مثلی ؛ اموال قابل تفویض ۔

Fungible : (a) اس چیز کےبارے میں کہا جاتا ہےجو اُس وقت زیر بار منت ھوتی جب اس کے عوض کوئی دو سری چیز خواہ اسی قسم یا دوسری قسم کی پیش کی جاتی ہے؛ عوض دار ؛ مثلی ؛ قابل تفویض ۔

Fungic : (a) کھمبیوں یا سماورغوں کا یا اُن سے متعلق ؛ سماروغی ؛ سانپ کی چھتری کا یا اُس سے متعلق ۔

Fungic acid : (n) لیمو، سیب اور فاسفورس کے ترشوں کا مخلوط ؛ سماورغی ترشہ ۔

Fungicide : (n) سماروغ یا کھمبی کوضائع کردینے والا مادہ؛ سماروغ کُش ؛ (نباتیات) فُطر کش ؛ دافع فُطر ۔

Fungiform : (a) سماروغ مانند ؛ سماروغ جیسا ؛ سانپ کی چھتری کی شکل کا ؛ خاص کر زبان پر ھونے والےاس شکل کے دانے کو کہاجاتا ہے جو بٹھنی یا سر پستان کی شکل کا ھوتا ہے ؛ (نباتیات) فُطرنما ۔

Fungilliform : (a) دیکھو Fungiform

Fungillus : (n) [mod. L. dim of L. 'fungus.'] چھوٹی کھمبی ؛ چھوٹی سماروغ ۔

Fungistal : (a) (نباتیات) مانع فُطر ۔

Fungin : (n) [Erron. fungine.] وہ مادہ جس سے سماروغ کے اندرونی خانے (کیسی) بنتے ہیں ۔

Fungivorous : (a) سماروغ یا کھمبی پر بسر کرنے والا ؛ سماروغ کھاکر زندگی گذارنےوالا؛ (حیوانیات) فُطر خور ۔

Fungoid : (a) سمارغ کی مانند ؛ سماروغ کے خواص رکھنے والا ؛ تیزی سے بڑھنے والا ؛ سماروغی؛ خاص کر (مرضیات میں) ؛ (نباتیات) فُطر نما ۔

Fungoid : (n) تیز رُشد پودا ؛ سماروغ کی مانند یا اُس کے خواص رکھنےوالا؛ تیزی سے بڑھنے یا نشو ونما پانے والا پودا ۔

Fungological : (a) سماروغیاتی ؛ سماروغ شناسی کا یا اُس سے متعلق ۔

Fungologist : (n) سماروغ شناس ؛ ماہر سماروغیات ؛ کھمبیوں کا علم جاننے والا ۔

Fungology : (n) سماروغیات ؛ سماروغ شناسی ؛ کھمبیوں یا سماروغوں کا علم یا اُن کا مطالعہ ۔

Fungose : (a) [L. fungosus, f. 'fungus.'] کھمبی کا یا اُس سے متعلق؛ کھمبی کے خواص رکھنے والا (خاص کر مرضیات میں) ۔

Fungosity : (n) سماروغیت ؛ سماروغ مانند یا سماروغ کی خاصیت کا ہونے کی صفت یا حالت ؛ سماروغی روئیدگی ؛ سماروغ کی طرح تیزی سے بڑھنے والا فاسد پھوڑا ؛ (نباتیات) فطری نُموئی ۔

Fungous : (a) [L.'fungosus.'] (۱) سماروغ کایا اُس سےمتعلق؛ سماروغ کی قسم کا؛ سماروغی ؛ کھمبیوں کی طرح جلد پیدا ہونے والا ؛ کھمبی کی خاصیت رکھنے والا ؛ (خاص کر مرضیات میں) اسفنج نما ؛ فاسد پھوڑا ۔ (۲) کھمبی کی طرح اچانک اُگ آنےوالا یا نکل آنے والا ؛ زود روئیدہ ؛ زود نمو ؛ تیز رُشد ؛ عارضی ؛ نا پائدار ؛ دم بھرکا ؛ (۳) (نباتیات) نا پائدار ؛ فُطری ۔

Fungus : (n) [L 'fungus.'] (۱) کلاہ باراں ؛ سانپ کی چھتری ؛ گل گورستان ؛ سماروغ ؛ ککر متّا ؛ کھمبی ؛ چتر مار ؛ فُطر ۔ (۲) ایسی چیزیں جو دفعتاً پیدا ہو جائیں ۔ (۳) (مرضیات) اسفنجی قسم کا ایک فاسد دنبل ۔ (٤) مچھلی کی جلدی بیماری ۔ (٥) (طب) فُطری دمّل ؛ حرام گوشت ۔

Fungus foot : (n) (طب) فُطر پائی ۔

Fungusy : (a) جس پر کھمبیاں اُگی ہوں ؛ سماروغی ۔

Funic : (a) [f. funis+-ic.] نال سے متعلق ؛ وابستہ بہ نال (جو دائی بچے کی پیدائش کے وقت کاٹ دیتی ہے ؛ (تشریح) حَبلی ؛ ریسمانی ؛ سُری ۔

Funicle : (n) [Anglicized f. Funiculus.] (۱) نال (جو دائی بچوں کی پیدائش کے وقت کاٹ دیتی ہے)۔ (۲) (نباتیات) ساقہ؛ تخمچہ ؛ وہ چھوٹا ڈنٹھل جس کے ذریعہ بیج یا بیضک آنول نال سے چپکا ہوتا ہے ۔ (۳) بعض کیڑوں کے محاس کے اس حصے کے لئے ایک اصطلاح جو محاس کی جڑ اور ڈنڈے کے درمیان ہوتا ہے ۔ (٤) عصبی ریشوں کی طناب یا گچھے جو ملانے والی نسیجوں کے غلاف میں یکجا بندھے ہوتے ہیں اور جنہیں Perineurium یا Neurilemma بھی کہتے ہیں ۔ (٥) (نباتیات) اسنک ؛ تخم ؛ ڈنڈی (تشریح ، حیوانیات) حبل سُرّی ؛ بند ناف ؛ ناڑ ؛ (حیوانیات) حبل منوی۔

Funicular : (a) (۱) نال کایا اُس سے متعلق ؛ (تشریح) عصبی ریشوں کی ابتدائی طناب کا یا اُس سےمتعلق ۔ (۲) رسے یا اُس کے کھچاؤ یا تناؤ سے متعلق ۔ (۳) رسّا نما ؛ رسّے جیسا ؛ مثل طناب ؛ طناب آسا؛ (خاص کرتشریح اورنباتیات میں) (تشرح) حبلی ؛ ریسمانی ؛ سُرّی ۔

Funicular machine : (n) رسے، چرخیوں اورمعلّق اوزان کی ایک ترتیب جو سکونیات سےمتعلق اصولوں کو مثالوں سے واضح کرنے کےلئے وضع کی گئی ہو ۔

Funicular polygon : (n) وہ شکل جو اُس رسّے کی ہوتی ہے جو دونوں سروں پر بندھا ہوا ہو اور جس میں مختلف مقامات پر اوزان لٹک رہے ہوں ؛ (طبیعیات) ریسمانی کثیر الاضلاع۔

Funicular railway/Funicular : (n) وہ ریلوے جو لوہے کی رسّیوں اور قائم انجن سے چلائی جاتی ہے (کھینچی جاتی ہے) ؛ رسّے اور چرخیوں سے چلنے والی گاڑی جو عموماً پہاڑوں پر جانے کےلئے ہوتی ہے ؛ جھولا گاڑی ؛ جھولا ۔

Funiculate : (n) (نباتیات اور حیوانیات) نال دار ؛ ناف دار دنثھل ؛ طناب دار۔

Funiculitis : (n) (طب) ورم حبلی منی ۔

Funiculus : (n) [L dim. fo 'funis.'] دیکھو Funicle

Funiculus spermaticus : (n) (تشریح) حبل منوی ۔

Funiform : (a) [L.'funis.'] رسی نما ؛ رسے جیسا ؛ طناب مانند ؛ بہ شکل ریسماں ؛ بہ شکل طناب ۔

Funiliform : (a) (نباتیات) نال کی طرح چمڑا (جو لچك دار ہو مگر اس کا کاٹنا یا توڑنا مشکل ہو)؛ مضبوط؛ گول اور لچك دار ۔

Funipendulous : (a) [L.'funis+pendulus.'] رسّے سے لٹکا ہوا ؛ طناب سے لٹکتا یا جھولتا ہوا ؛ ٹنگے ہوئے یا تنے ہوئے رسے سے بندھا ہوا یا جڑا ہوا ۔

Funis : (n) [L.] نال (جو دائی بچے کی پیدائش کے وقت کاٹتی ہے) ؛ ناڑ ؛ (نباتیات) رسن ؛ رسّی ؛ (تشریح) حبل سُرّی ۔

Funk : (n) [origin doubtful.] (۱) (عامیانہ) ڈر ؛ خوف ؛ گھبراہٹ ؛ ہراس ؛ وحشت ؛ ہول ؛ دہشت ؛ سراسیمگی یا سنسنی ۔ (۲) سنسنی پھیلانے والا ؛ گھبرانے والا؛ خائف کردینے والا یا ہوجانے والا ؛ ڈرنے یا ڈرانے والا ۔ (۳) (عامیانہ) (ابتداً امریکا) وہ موسیقی جو غیر پیچیدہ ہو ؛ سلجھی ہوئی موسیقی ۔

Blue funk : سخت دہشت ؛ انتہائی سراسیمگی ۔

Funk : (v) [Origin doubtful.] (۱) (عامیانہ) کسی شخص کے منہ پر) دھواں چھوڑنا ؛ تمباکو نوشی کرنا ؛ پائپ پینا ؛ حقہ پینا ؛ (تمباکو یا پائپ سے) دھواں نکالنا ؛ دھواں نکلنا ؛ دھواں اُٹھنا ؛ دھواں دینا ۔ (۲) بدبو پیدا کرنا ؛ عفونت یا بدبو کا باعث ہونا ۔

Funk : (v) [Origni unkn.] (۱) (عامیانہ) خوف سے سراسیمہ ہو جانا ؛ ڈر کر سمٹ جانا ؛ گھبرا جانا ؛ کسی چیز کو چھوڑ بھاگنا ؛ نکل بھاگنا ؛ اپنی بات سے پھر جانا ؛ (کسی کام سے) جی چھوڑ دینا ؛ کسی کام سے ڈرنا ۔ (۲) جی چرانا ؛ بچنا ؛ کترانا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ بزدلی کا اظہار کرنا ؛ پہلو تہی کرنا ۔ (۳) (کسی شخص سے) ڈرنا، خوف کھانا ۔ (٤) کسی کے دل میں خوف پیدا کرنا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ خوف زدہ کرنا ۔

Funk-hole : (n) (فوجی عامیانہ) کُھدی ہوئی خندق ؛ کوئی کام جو اس لئے شروع کر دیا جائے کہ فوجی خدمت سے بچنے کا بہانہ ہو ۔

Funker : (n) (۱) ڈرانے والا ؛ دھمکانے والا ؛ خوف دلانے والا ؛ سراسیمہ کرنے والا ؛ خوف زدہ کرنے والا ۔ (۲) کام چور، بُزدل ؛ کام سے کترانے والا ؛ ڈرپوک ۔

Funky : (a) (۱) بزدل ؛ کام چور ۔ (۲) وحشت زدہ ؛ متوحش ؛ خائف ؛ ڈرا ہوا ؛ سراسیمہ ؛ گھبرایا ہوا ۔

Funky : (a) [f. Funk (n)] (۱) پھپھوندی لگا ؛ باسی ؛ اُبسا ہوا ؛ بدبودار، متعفن ۔ (۲) (عامیانہ ابتداً امریکا) (جاز یا اس جیسی موسیقی) ؛ پورے طور پر سلجھی ہوئی؛ غیر پیچیدہ ؛ نیز لہراتی ہوئی؛ گٹکری دار (آواز ، لے) لوچ دار؛ وضع دار۔

Funnel : (n) [ME.'fonel.'] (۱) پُرنی ؛ قیف؛ فنل ؛ ایسی نلکی جو ایک طرف سے پتلی اور دوسری طرف سے پھیلا ہوا منہ رکھتی ہو جس کے ذریعہ سے تنگ منہ کی چیزوں میں رقیق اشیا یا سفوف وغیرہ ڈالے جا سکیں ۔ (۲) روشن دان عمارت میں) ہو یا روشنی پہنچانے کا راستہ ؛ دود کش ؛ بادگیر ۔ (۳) انجن یا جہاز کا دود کش ؛ دھنوا را ۔ (٤) دودکش کے نیچے کا حصہ جو قیف نما ہوتا ہے ؛ (انجینیئرنگ) قیفی دودکش ۔ (٥) وہ سوراخ جس سے ہوکر پگھلی ہوئی دھات سانچے میں اُنڈیلی جاتی ہے ۔ (٦) (تشریحات ، حیوانیات) قیف نما عضو ۔ (۷) چٹانوں میں قیف نما سوراخ ؛ درز یا نالی ۔ (۸) دھات کا بنا ہوا گول رسّا خاص کر وہ جو مستول کے سرے پر لگا ہو تا ہے اور جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے ۔

Funnel : (n) [Origing unkn.] (بول چال) خچر (جس کا باپ گدھا ہو) ۔

Funnel-form : قیف مانند؛ قیف نما؛ قیف کی شکل کا (خاص کر نباتیات میں) ؛ (کیمیا) قیف کی شکل کا ۔

Funnel-shaped : (a) دیکھو Funnel-form

Funnel stand : (n) (کیمیا) قیف دان ۔

Funnel stays : (n) جہاز کی چمنی کے دہانے سے جہاز کے پہلوؤں تک لگے ہوئے رسّے یا زنجیریں ۔

Funnelled : (a) قیف نما جس میں دودکش لگا ہو (نیز مجازاً) (نباتیات) قیف نما؛ قیف کی شکل کا؛ قیف مانند ۔

Funnily : (adv.) ظریفانہ ؛ مسخرہ پن سے ؛ دل لگی سے ؛ عجوبہ پن سے ؛ بطور مضحك ؛ طرفگی سے ؛ انوکھے طور پر ؛ بے ڈھنگے طور پر ؛ حیرت انگیز طور پر ۔

Funniment : (n) مذاق ؛ دل لگی ؛ بذلہ گوئی ؛ ظرافت ؛ ٹھٹھول ؛ ہنسوڑ پن ؛ شوخ طبعی ؛ زندہ دلی ۔

Funniness : (n) مسخرہ پن ؛ ہنسوڑ پن ؛ عجوبہ پن ؛ ظرافت ؛ زندہ دلی ؛ شوخ طبعی ؛ عُجب ؛ نرالاپن ؛ طُرفگی ؛ انوکھاپن ؛ بےطوری ؛ بےڈھنگاپن ؛ اجنبیت ۔

Funny : (a) [f. Fun.(n)] (۱) پُر مذاق ؛ مضحک ؛ خندہ آور ؛ مسخرہ ؛ تمسخر انگیز ؛ ظریف ؛ زندہ دل ؛ ہنسوڑ ؛ شوخ طبع ؛ خوش مزاج ۔ (۲) عجیب ؛ نرالا ؛ طرفہ ؛ انوکھا ؛ بےطور ؛ بے ڈھنگا ؛ خبطی سا ۔ (۳) حیران کر دینےوالا ؛ جس کا سمجھ میں آنا مشکل ہو، حیرت انگیز ؛ نیا ؛ ناواقف ؛ اجنبی (بول چال) ۔

Funny : (n) ایک چھوٹی سی کشتی جس میں صرف ایک ملاّح (کھویّا) بیٹھ سکتا ہے ۔

Funny-bone : (n) کہنی کا وہ حصہ جس کے اوپر سے زندی عصب (Ülmer nerve) گزرتا ہے ؛ اسے ایسا اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس پر چوٹ پہنچانے سے ایک عجیب سا احساس ہوتا ہے) ؛ (تشریح) حرفقہ ؛ شوخ ہڈی ۔

Funny man : (n) پیشہ ور مسخرہ ؛ شوخ ۔

Fur : (n) [f. fur. (v).] (۱) پوستین ؛ سمور ؛ سنجاب ؛ قاقم ۔ (۲) جانور کی بال دار کھال جس پر ملائم بال ہوتے ہیں اور جس کو صاف کرکے اور دھو کر پوستین بناتےہیں ۔ (۳) (جمع) سمور کا لباس یاجس لباس میں سمورلگاہو ۔ (٤) گاد وغیرہ جو نیچے کی سطح پر جم جائے؛ تلچھٹ ؛ درد ۔ (۵) وہ کانٹے ؛ پپڑیاں جو بیماری کی حالت میں زبان پر جم جاتے ہیں ۔ (٦) چونا اور کوئلہ کے نمک کی تہ جو کیتلی اور بائلر کے پیندے میں جم جاتی ہے ۔ (۷) سمور دارجانور ۔ (۸) (نجّاری) سڑی ہوئی کڑی یا شہتیر مضبوطی کے لئے کیلوں کے سہارے جڑا ہوا لکڑی کا ٹکڑا ۔ (۹) نیزتوصیفی معنوں میں ۔ (۱۰) فر یا بالوں کے مشابہ کوئی چیز ؛ فر کی طرح کسی چیز کی سطح کی رنگائی یا استر کاری ۔ (۱۱) (نقابت) (ڈھال کی) رنگ کاری (جس میں مختلف رنگوں کے پیوند ہوتے ہیں) ؛ (کیمیا) تلچھٹ ؛ (طب) میل ۔

To make the fur fly : (امریکی ، عامیانہ) رُواں نکالنا یانوچنا؛ زوردارپنجے مارنا ؛ بری طرح نوچنا؛ کھسوٹنا؛ سخت خراشیں‌لگانا؛ شدیدطورپر زخمی کردینا؛ بھنبھوڑ لینا ؛ سخت مجروح کر ڈالنا ۔

To stroke the fur the wrong way : (مجازاً) جھلاہٹ پیدا کرنا ؛ باعث کوفت ہونا؛ غصہ دلانا ؛ ہیجان پیدا کرنا ۔

Fur : (v) [OF.'forrer'.] (۱) لباس میں سمور لگانا ؛ سمور پہنانا؛ جانوروں کے جسم پر بال پیدا کرنا؛ زبان پر کانٹے یا مریضانہ پپڑیاں پیدا ہونا ۔ (۲) انجن کے بائلر کی تہ کو چونے کی تہ سے صاف کرنا ۔ (۳) فرش کی لکڑیوں کی سطح کو لکڑی کی چھپٹیاں لگا کر یکسار کرنا ۔

Fur and feather : (n) سمور دار جانور اور پرندے ؛ شکاری جانور اور شکاری پرندے ۔

Fur-puller : (n) خرگوش اور دو سرے جانوروں کے چمڑے اتارنے والا ۔

Fur-seal : (n) سگ ماہی کی سمور ؛ سیل مچھلی کی کھال یا سمور ۔

Furacious : (a) [L.f.'furari.'] (مزاحاً) چور ؛ چوٹا ؛ چوری کا عادی ؛ دُزد ؛ چوری میں پلا ہوا ۔

Furacity : (n) چوٹاپن ؛ چوری کی رغبت ؛ دُزدی ۔

Furan/Furane : (n) [abbrev. of Furfuran.] (۱) (کیمیا) ہلکی یا اثیری بو والا ایک بےرنگ سیال (CH_4O) ؛ فیوران ۔ (۲) فیوران سے بنا ہوا کوئی بھی سیال جس میں فیورانی رنگ موجود ہو ۔

Furan resin : (n) (درختوں کی) مختلف رالوں میں سے کوئی جس میں فیوران کے سالمے موجود ہوں ۔

Furan ring : (n) کار بن کے چار سالموں اور آکسیجن کے ایک سالمے کا حلقہ یا دائرہ ۔

Furbelow : (n) [Altered f. Falbala.] (۱) گوٹ ؛ سنجاف ؛ جھالر؛ چین ؛ پلیٹیں پڑی ہوئی گوٹ جو زنانہ پاجامے یا لہنگے پر لگی ہوتی ہے ؛ پیٹی کوٹ یا گاؤن کا چنٹ دار حاشیہ ۔ (۲) (جمع میں تحقیراً) بھڑک دار، دکھاوے کےزیور۔ (۳) ایک قسم کی سمندری گھاس جس کے پتے لمبے اور پُرشکن ہوتے ہیں ۔ (٤) جھالر جیسی کوئی چیز ۔ (۵) (توصیفی معنوں میں) جھالردار یا سنجاف دار لباس یا کوئی چیز ۔

Furbelow : (v) گوٹ لگا کر مزین کرنا ؛ جھالریں لگانا یا چنٹ دار حاشیہ بنانا ؛ سنجاف دار بنانا ۔

Furbish : (v) [OF.'forbiss-.'] (۱) زنگ دور کرنا ؛ جلا کرنا؛ چمکانا ؛ صیقل کرنا ؛ رگڑ کر صاف کرنا ؛ یا چمکانا؛ جلا دینا ۔ (۲) (کسی پرانی چیز کو) صاف کر کے نیا کر دینا ؛ تجدید کر دینا ؛ احیا کرنا؛ پھر سے بنا دینا ؛ درست کردینا ۔ (۳) کسی قدیم چیز کو درست کرکےپھر کارآمد

بنا دینا ؛ پھر سے رواج دینا ؛ بحال کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ تازہ کر دینا (خاص کر up کے ساتھ)۔

Furbisher : (n) زنگ دور کرنے والا ؛ صیقل گر ؛ جلا دینے والا ؛ جلا کار ؛ صاف کرنے، نیا بنا دینے والا ؛ تجدید کرنے والا ؛ پھر سے رواج دینے والا ۔

Furca : (n) (حیوانیات) شعبیہ ؛ شاخیہ ۔

Furcal : (a) (نباتیات ، حیوانیات) شاخ دار ؛ دو شاخہ ۔

Furcate : (a) [med. L.'furcatus.'] (نباتیات، حیوانیات) شاخ دار ؛ شاخوں والا ؛ شاخہ شاخہ ؛ دو شاخہ نما بنا ہوا ۔

Furcate : (v) شاخ دار بنانا ؛ تقسیم کرنا ۔

Furcated : (a) شاخ دار ؛ دو شاخہ نما ؛ منقسم ؛ شاخہ شاخہ ۔

Furcately/Furcato : (adv.) شاخہ شاخہ ؛ شاخ دار ہو کر ۔

Furcation : (n) [f. L.'furca.'] تقسیم کرنے یا شاخ دار بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ شگافتگی ؛ تقسیم کاری ؛ انشعاب ؛ دوشاخہ نما تقسیم یا شاخ ؛ شاخیت ۔

Furcellatus : (a) (نباتیات) شاخچہ دار ۔

Furciferous : (a) [f.L.'furcifer.'] (۱) (حشریات) دو شاخہ نما ابھار والا؛ شاخ دار؛ سینگ دار (بعض تتلیوں کےپہل روپ کے لئے آتا ہے) ۔ (۲) پاجی ؛ بدمعاش ؛ بد ذات ؛ شریر ۔

Furcula : (n) [L. dim. of 'furca'.] (طیوریات) دوشاخی ہڈی جو پرندوں کے حلق اور سینے کے درمیان ہوتی ہے، (حیوانیات) جناغ طیر ۔

Furcular : (a) پرندوں کی گردن کے نیچے والی دوشاخی ہڈی کا یا اس سے متعلق ؛ (قدیم معنوں میں) ہنسلی کا یا اس سے متعلق ۔

Furculum : (n) دیکھو Furcula

Furfur : (n) [L.'furfur.'] جلد یا سر کی بھوسی؛ میل ؛ پپڑی ؛ بفا ؛ خشکیٔ جلد؛ (خصوصاً) سر کی خشکی ؛ میل کچیل ؛ پھپھوندی وغیرہ کی تہ جو کسی چہرے کے اوپر جم جائے ۔

Furfuraceous : (a) بھوسی جیسا ؛ پپڑیلا ؛ پھپھوندی لگا ؛ میلا کچیلا ؛ بفائی ؛ (نباتیات) بھوسی نما چھلکوں سے ڈھکا ہوا ۔

Furfural/Furfuraldehyde: (n) بخار یا بھاپ بن کر اُڑجانے والا تیل جو پانی ملے ہوئے سلفیورک ترشے کے ساتھ جلد کی بھوسی کو مقطر کر کے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Furfuran/Furfurane : دیکھو Furan

Furfuration : (n) (شاذ) جلد سے بھوسی نکلنا یا جھڑنا ۔

Furfurine : (n) [f. L.'furfur'.] (کیمیا) ایک نامیاتی اساس ۔

Furfurol : (n) [f. L.'furfur'+-ol.] دیکھو Furfural

Furfurous : (a) جلد کی بھوسی کی مانند ؛ جلد کی بھوسی کا حامل یا اس سے بنا ہوا ۔

Furibund : (a)[L.'furibundus'.] غصے میں بھرا ہوا؛ غضبناک ؛ خشم ناک ؛ پاگل ؛ دیوانہ ؛ حواس باختہ ؛ آپے سے باہر ؛ آگ بگولا ؛ جھنجھلایا ہوا ؛ طیش میں ۔

Furiosity : (n) [L.'furiositatem'.] (۱) غصہ ؛ غیظ ؛ خشم ناکی؛ غضب ناکی ؛حالت طیش؛ غصے کی حالت یا صفت شوریدگی ؛ شوریدہ سری ؛ جھلاہٹ (شاذ) ۔ (۲) پاگل پن ؛ دیوانگی؛ جوش جنونی ؛ باؤلاپن ؛ خبط ؛ بودا ؛ جنون (خاص کر اسکاتستانی قانون) ۔

Furioso : (a) [L.'furiosus.'] (موسیقی کی ہدایت) تیزی سے : جوشیلے انداز میں ۔

Furioso : (n) غضب ناک شخص؛ غصے سے بھرا ہوا یا آپے سے باہر شخص ؛ دیوانہ ؛ مجنوں ؛ پاگل ؛ سڑی ؛ جھلایا ہوا ۔

Furiosa : (n) غضبناک عورت ؛ دیوانی؛ پاگل ؛ خبط الحواس عورت ۔

Furious : (a) [L.'furiosus'.] (۱) غضب ناک ؛ خشم ناک ؛ آتشی؛ غصہ میں بھرا ہوا ؛ شوریدہ ؛ تندو تیز ؛ بحالت طیش ؛ آپے سے باہر ؛ جھلّایا ہوا ؛ آگ بگولا؛ سخت جذبے کی حالت میں؛ شوریدہ سر؛ غصہ درد یا غم کی حالت میں؛ اضطراری حالت میں ؛ مضطرب ؛ قابو سے باہر ؛ دیوانہ ؛ پاگل؛ بدحواس ۔ (۲) غیرمحتاط؛ حدود معقولیت سے متجاوز ؛ مسرف اُڑاؤ ؛ لٹاؤ ؛ بےحساب ؛ غالی؛ (شاذ) ۔ (۳) (اسکاتستانی قانون) پاگل ؛ دیوانہ ؛ خبطی ؛ مجنوں ؛ سودائی ؛ باؤلا ۔

Fast and furious : (ہنسی دل لگی یا خوش دلی کے متعلق) پُر شور اور بےحد تند وتیز ۔

Furiously : (adv.) غصے کی حالت میں ؛ غضب ناك هو کر ؛ تیزی سے ؛ طیش میں آکر ؛ آپے سے باہر ہوکر ؛ پاگل پن کے ساتھ ؛ بدحواسی سے ؛ مجنونانہ ؛ مخبوط الحواس کی طرح ۔

Furiousness : (n) غصہ ؛ غضب ناکی ؛ خشمناکی ؛ تندی ؛ تیزی ؛ شدت ؛ طیش ؛ پاگل پن ؛ جنون ؛ بدحواسی ؛ خبط ۔

Furl : (n) [f. next. (v).] (۱) لپٹا هوا کوائل یا کنڈی ۔ (۲) لپیٹنے یا لپیٹے جانے کا عمل یا حالت ؛ بادبان کو لپیٹنے کا طریقہ ۔

Furl : (v) [prob. an alteration of Furdle.] (۱) (باد بان کو) مستول پر لپیٹنا اور باندھنا ؛ (جھنڈے کو) لپیٹنا ۔ (۲) (پنکھا ، چھتری پر پردے کو) بند کرنا؛ لپیٹنا ؛ کھینچنا ؛ کھینچ کر کھول دینا، چھوڑ دینا ۔ (۳) (امید) چھوڑ دینا ؛ دست بردار هوجانا ؛ لپٹ جانا ؛ اُڑجانا (بادلوں کی طرح) ۔ (٤) لپیٹا جانا ؛ کنڈی سا بن جانا؛ بل کھانا ۔

Furlong : (n) [OE.furlang.] (۱) ایك میل کا آٹھواں حصہ ؛ دو سو بیس (۲۲۰) گز ۔ (۲) ہر طرف سے ایك فرلانگ لمبا قطعہٴ زمین جو دس ایکڑ کے برابر هوتا هے ۔ (۳) (بول چال) مشترکہ کھیت کے سرے کاوہ ٹکڑا جو بِن جوتے چھوڑ دیاجاتا هے ۔ (٤) کسی بے احاطہ زمین یا میدان کا کوئی غیرمعینہ حصہ یا تہ ۔ (٥) جوتے هوئے کھیتوں میں ہل سے بنی هوئی لکیر ۔

Furlough : (n) [Du.'verlof.'] رخصت ؛ رضا(خصوصاً وہ جو سپاہیوں کو دی جاتی هے) ؛ وطن جانے کی اجازت کسی معینہ مدت کے لئے نو کری سے غیرحاضررہنے کی اجازت جو سپاہی کو دی جائے ؛ چھٹی ؛ نیزتوصیفی معنوں میں ۔

Furlough : (v) (امریکا) کسی کو رخصت دینا ؛ چھٹی دینا ؛ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے کی اجازت دینا ۔

Furmente/-ty/Furmety/-ity : Frumenty کی متبادل شکلیں ۔

Furnace : (n) [ME.'formeis.'] (۱) گلخن ؛ آتش دان ؛ تنور ؛ انگیٹھی ؛ بھٹی (دھاتوں کو گرم کرنے، گلانے اور سانچوں میں ڈھالنے کی) ۔ (۲) بہت زیادہ گرم جگہ ؛ انتہائی گرم جگہ ؛ کوہ آتش فشاں ؛ گرم کیاری جو کھاد کا خمیر اُٹھاکر گرم کی جائے۔ (۳) بندآتش دان (جس کی گرمی نلکیوں کے ذریعہ سے کمروں میں پہنچا کر مکان کو گرم کیاجاتا هے) ۔ (٤) (مجازاً) سخت آزمائش؛ مشکل امتحان ؛ نازك موقع ۔

Destructor furnace : (کیمیا) اتلافی بھٹی ۔

Tried in the furnace : سخت امتحان یا آزمائش میں ڈالا گیا ۔

Furnace : (v) [f.prec.] (۱) بھٹی کی طرح بخار بنانا یا اُڑانا ؛ چھوڑنا ۔ (۲) بھٹی سےنکلتے هوئے دھوئیں یا بخارات کی طرح خارج هونا ، نکلنا ، اُڑنا ؛ بھبھکنا ؛ بھبھکا چھوٹنا ۔ (۳) بھٹی میں ڈال کر گرم کرنا ؛ بھٹی میں تپانا ۔

Furnace airpipe : (n) بھٹی میں هَوا پہنچانے کی نلکی ۔

Furnace-bar : (n) Fire-bar دیکھو

Furnace bridge : (n) لوهے کی چادروں یا آتشیں اینٹوں کی دیوار یا روك ۔

Furnace cadmia/-cadmium : (n) جستے کا آکسائڈ جو جستے کے خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنے والی بھٹیوں کی چمنیوں میں جمع هو جاتا هے ۔

Furance oil : (n) (کیمیا) بھٹّی کا تیل ۔

Furnace tube : (n) اندرونی طور پر جلنے والے بوائلر میں لگی هوئی وہ نلی جو ایندھن پہنچاتی هے ۔

Furnage : (n) [OF.'fornage'.] (۱) (تاریخ) تنور میں پکانے کا عمل ؛ روٹی پکانے کا عمل ؛ اس کام کے لئے ادا کی هوئی اُجرت ۔ (۲) (جاگیرداری قانون میں) اُن رعیتوں کے ذریعہ جن پر زمین دار ہی کے تنور میں پکانے کی پابندی تھی ؛ خود اپنا تنور استعمال کرنے یااپنے تنور میں پکانے کی اجازت کےلئے زمین دار کو ادا کیا جانےوالا محصول ۔

Furnish : (n) (۱) کسی چیز کی فراہمی یا بہم رسانی ۔ (۲) (بول چال) آرائش ؛ زیبائش؛ تزئین ؛ بناؤ ؛ سنگار ؛ آراستگی ۔

Furnish : (v) [OF. furnis'.] (۱) (کسی چیز کا) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ (کسی چیز یا جگہ کے لئے) کچھ سامان مہیا کرنا ۔ (۲) مکان یا کمرے کو درست کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ اس میں فرش، کرسی، میز وغیرہ ضروری چیزیں رکھنا یا لگانا ۔ (۳) دینا؛ عہدہ برآ هونا؛ فراہم کرنا ؛ بہم پہنچانا؛ سپلائی کرنا یا پہنچانا؛ حاصل دینا ؛ منافع دینا ؛ پیداوار دینا؛ (درخت وغیرہ کا) پھل دینا ؛ مستطیع هونا ۔

Furnish forth : (v) (۱) ضروری چیزیں مہیا کرنا یا بہم پہنچانا؛ آراستہ کرنا؛ زینت دینا ؛ سجانا؛ سنوارنا ؛ سنگار کرنا ۔ (۲) مستطیع ہونا؛ فراہم کرنا؛ سپلائی کرنا؛ منافع دینا؛ پھل دینا ۔

Furnish out : (v) (۱) کمی پورا کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ مکمل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تمام کرنےوالا ۔ (۲) مناسب سہولت بہم پہنچانا ؛ اشیائے خورد ونوش فراہم کرنا ؛ اسباب مہیا کرنا ۔

Furnishable : (a) قابل فراہمی ؛ لائق بہم رسانی ؛ قابل آراستگی ؛ لائق تزئین ۔

Furnished house/-room : (n) ایسا مکان یا کمرہ جو آراستہ حالت میں کرایہ پر دیا جائے ۔

Furnisher : (n) فرنیچر یا سازو سامان مہیا کرنے والا ؛ بہم رساں ؛ ضروری اشیا فراہم کر نے یا دینےوالا ؛ آراستہ کرنےوالا ؛ تزئین کار ۔

Furnishing : (n) (خاص کر جمع میں) فرنیچر ؛ مکان کے ضروری سازو سامان میں کرسی وغیرہ کی تنصیبات ؛ سازوسامان ؛ آلات وغیرہ ۔

Furnishment : (n) آراستگی یا بہم رسانی کا عمل ؛ بہم رسانی ؛ فراہمی ؛ آرائش ؛ زیبائش ؛ تزئین ؛ آراستگی؛ تزئین کاری ؛ (خاص کر جمع میں) سامان رسد ؛ خرچ ؛ مقررہ رقم جو کسی شخص کو خرچ کے لئے ملتی ہو ؛ فوج کی ضروریات کا مجموعی ذخیرہ یارسد ؛ سلاحِ جنگ؛ ذخائر حرب ؛ سامانِ جنگ ؛ گولہ بارود (اب شاذ) ۔

Furniture : (n) [F.'fourniture'.] (۱) (وہ اشیا یا سامان) جو کسی چیز یا مکان کے اندر ہو ۔ (۲) تیاری ؛ آراستگی ؛ آمادگی ؛ سازو سامان سے آراستہ یا مسلح ہونے کی حالت؛ ذہنی تربیت یا درستگی ؛ تہذیب (متروک) ۔ (۳) گھوڑے کا ساز وغیرہ (متروک) ۔ (٤) فرنیچر ؛ مکان یا کمرے کا سامان منقولہ مثلاً کرسی ، میز وغیرہ ۔ (٥) سازوسامان ؛ اثاثِ خانہ ؛ اثاثہ ؛ اسباب ؛ استعمال کی چیزیں یا آلات ؛ اوزار وغیرہ جن کے ذریعہ کام کیاجاتا ہے ۔ (٦) سامان مسالہ وغیرہ جس سے کوئی چیز بنائی جائے (خاص کر جہاز میں)؛ جہاز کے ضروری سازو سامان ۔ (۷) (ذہنی یا علمی) مواد؛ مسالہ ۔ (۸) مشمولات ؛ ملحقات ؛ لوازمات (اب صرف تکنیکی استعمال میں آتا ہے) مثلاً دروازے کی انگلی تختی (فنگرپلیٹ، دستے، تالے وغیرہ)؛ تابوت یا ایسی ہی دوسری چیزوں کے دستے، تختے وغیرہ ۔ (۹) (طباعت) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے یا پٹریاں جو طباعت کے مواد کو فریم کے اندر اپنے گھیرے میں لئے ہوتی ہیں ۔ (۱۰) (موسیقی) آرگن کے پردے میں نلکیوں کی بہت سی قطاروں میں سے ایک کا نام ۔

Furniture of his pocket : اس کی جیب کاسامان یعنی روپیہ ۔

Furniture of my shelves : میری الماریوں کا سامان یعنی کتابیں ۔

Furniture of one's mind : (کسی کا) علم ؛ ذہانت ۔

Furniture-pad : (n) فرنیچر میں لگا ہواربر کا ٹکڑا جو رگڑ یا ٹکر سے بچانے کے لئے ہو تا ہے ۔

Furniture picture : (n) نقاشی یا تصویر جو فروخت کے لئے بنائی گئی ہو ؛ ادب یا آرٹ کا کام جو محض کمانے کےلئے کیا جائے ۔

Furniture stop : (n) (موسیقی) آرگن کے پردے میں نلکیوں کی بہت سی قطاروں میں سے ایک کا نام ۔

Furniture worker : (n) وہ مزدور جو ہَوائی جہاز میں لگانے کےلئے لکڑی کے سامان اورلوازمات تیار کرتا ہے ۔

Furor : (n) [L.'furorem".] (۱) غصے یا طیش کا دورہ ؛ شدید غصہ یا طیش ؛ قہر ؛ غضب ناکی ؛ مالیخولیا؛ خبط ؛ سودا ؛ جنون ؛ مانیا ۔ (۲) بہ وقت القا شعرا کی ہذیانی کیفیت یاعارضی دیوانگی ؛ پیغمبروں کی الہامی کیفیت نزول وحی کےوقت کی اضطرابی حالت ۔ (۳)حالت اشتعال؛ حالت غیض ؛ جوش یااضطراب کی حالت یا کیفیت ؛ برانگیختگی ؛عشق مفرط ۔ (٤) غصہ ؛ تاؤ ؛ جذبہ ؛ طیش ؛ شدت ؛ جوش ؛ولولہ ؛ گرم جوشی ؛ زور ؛ بےحد شوق ؛ خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا ۔

Furore : (n)[It. form of furo'.] پرجوش تحسین یاپسندیدگی ؛ جوش و خروش ؛ ہنگامہ ؛ اضطرابِ عمومی ؛ جذبۂ عام ؛ ولولہ ؛ جو ش؛ شوق بےحد ؛ گرمی جوش ؛ خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا؛ غصہ ؛ طیش ؛ (طب) جنونی ؛ شور؛ (نفسیات) غیظ ۔

Furor uteriaus : (n) (طب) ہیاج رحمی ؛ چُداس ۔

Furoshiki : (n) [Jafo] مربع نما کپڑا جو عموماً ریشمی ہوتا ہے اور جس سے جاپانی باشندے چھوٹی موٹی

گھڑیاں باندھنے کا کام لیتے ہیں ؛ گمچھا ؛ رومال ۔

Furred : (a) [f. fur. n.] (۱) سمور لگا ہوا (لباس) ؛ فردار ۔ (۲) مریضانہ پپڑی یامیل سے ڈھکا ہوا ؛ پپڑی جما ہوا یاجمایا ہوا ۔ (۳) بال دار ؛ فر والا ؛ سمور دار (جانور) ۔

Furrier : (n) [f. fur n..+ ir.] سمور فروش ؛ سمور وغیرہ کو صاف کرنےوالا ؛ فرّا ؛ فر کا کارو بار کرنے والا ۔

Furriery : (n) سمور فروشی ؛ سمور کو صاف کرنے اور بیچنے کا کام ۔

Furring : (n) (۱) سمور یا نرم بالوں سے آراستہ یا ملبوس کرنے کا عمل ؛ سموری دھاریاں یا جھالر ۔ (۲) پپڑیاں جم جانے یا پپڑی دار ہو جانے کا عمل ؛ پپڑی جمی ہوئی حالت نیز پپڑی کی تہ ۔ (۳) (جہاز سازی) جہاز کے پہلو کے تختوں کو دہرا کرنے کا عمل یا طریق عمل ؛ نیز شہتیر کا وہ ٹکڑا جو اس کام کےلئے استعمال کیاجاتا ہے ۔ (٤) (تعمیرات) سطح کو ہموار کرنے یااونچا کرکےیکسارکرنے کےلئے تختے کی باریک چھپٹیوں کو کیلوں سے جڑنے کا عمل ؛ نیز وہ چھپٹیاں جو جڑی جائیں ۔ (٥) (تعمیرات) کمرے کی دیوار کو نمی یا مرطوبیت سے بچانے کےلئے اینٹ کی دیوار پر پلاسٹر کی بنائی ہوئی پپڑی ۔

Furrow : (n) [OE.'furh.'] (۱) ریگھاری ؛ شیار ؛ ہلائی ؛ باہ ؛ ہل سے جو نالی بیج ڈالنے کےلئے کھیت میں بنائی جاتی ہے (نیز مجازاً) (شاعری) جوتی ہوئی زمین ؛ بیج ڈالی ہوئی زمین ۔ (۲) گہری جھُری یا شکن ۔ (۳) پانی پر جہاز کے گذرنے کا نشان ۔ (٤) لکیر ؛ نالی ؛ پانی نکلنے کی نالی ؛ گہری نالی یا خندق ؛ کھائی ؛ کچی زمین پر پہیوں کا نشان ؛ ایک دو منٹوں کا درمیانی خلا ۔ (٥) ہل کی ریگھاری سےمشابہ کوئی چیز؛ (تشریح) جھری ؛ فجوہ ؛ جھُری ۔

Furrow : (v) (۱) ہل چلانا ؛ نالیاں یا لکیر بنانا ؛ شکن ڈالنا ؛ ہل سے ریگھاری یا شیار بنانا ؛ قبلہ رانی کرنا۔ (۲) ہل سے بنی ریگھاریوں جیسی نالیاں بنانا یا شکنیں ڈالنا ؛ جھیری بنانا ؛ خیارہ بنانا ؛ نالی بنانا ۔ (۳) ریگھاریاں بنانا ؛ لیک بنانا ؛ لکیریں ڈالنا ؛ نالیاں بنانا ؛ جھُریاں یا شکنیں ڈالنا یا بنانا ۔

Furrow-slice : (n) کھیت کی مٹی کا ٹکڑا جو ہل کے چلنے سے اُکھڑ جاتا ہے ۔

Furrow weed : (n) جوتے ہوئے کھیت میں اُگنے والی ایک گھاس ۔

Furrowed : (a) (تشریح) فجوہ دار ؛ (زراعت) شیار دار ۔

Furrowless : (a) جس میں نالی یا ہلائی نہ ہو ۔

Furrowy : (a) ریگھاری دار ؛ ریگھاریوں سے بھرا ہوا ؛ پرشکن ؛ نالی دار ؛ جس میں گہری جھرّیاں یا شکنیں ہوتی ہیں ۔

Furry : (n) [Origin unknown.] (بول چال) ۸ مئی کو ہلسٹن کارنوال میں منایا جانےوالا ایک تہوار یاجشن؛ نیز اُس موقع پر پیش کیا جانے والا رقص (جسے Flora بھی کہتے ہیں) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Furry : (a) (۱) سمور دار ؛ نرم بالوں والا ؛ فر والا ؛ فر سے بنایا ہوا ؛ نرم بالوں کا بنا ہوا ۔ (۲) سمور سے ڈھکا ہوا ؛ پوستین پہنے ہوئے یاپہننےوالا؛ قاقم پوش؛ سمور پوش ۔ (۳) فر کا کام کیا ہوا یا بنایا ہوا ؛ فر کی دھاریاں یاجھالریں لگا ہوا؛ جس میں فر کا حاشیہ لگا ہو ۔ (٤) فر کے مشابہ ؛ سمور مانند ؛ پوستین نما ۔ (٥) پپڑی جیسا ؛ مریضانہ پپڑی کی نوعیت کا ؛ جس پر پپڑی پڑی ہوئی ہو ۔

Further : (a) [OE.'furora'.] (۱) مزید ؛ مزید براں ؛ زائد ؛ اضافی ؛ پرلی طرف ؛ اپنی طرف نہیں بلکہ دوسری طرف ۔ (۲) (فاصلہ یا وقت کے اعتبار سے) دور ؛ اگلا ؛ زیادہ پرے ؛ نسبتاً زیادہ دور خاص کر دو میں سے ایک جو زیادہ دورھو ۔

I will see you further first : میں پہلے تم کو اور دور پہنچاؤنگا(یعنی اصطلاحاً) جہنم میں پہنچاؤنگا (درخواست کی سخت تردید کرنے کی صورت) ۔

On the further side : پرے ؛ دور ۔

Threats of the further punishment : مزید سزا کی دھمکیاں ۔

Till further notice : تا اطلاع ثانی ۔

To go further and fare worse : جوں جوں سیانا توں توں دیوانہ ہونا ۔

To inquire further : مزید معلومات حاصل کرنا ؛ مزید تحقیقات کرنا ۔

Unsafe to proceed further : آگے جانا خطرے سے خالی نہیں ۔

Further : (adv.) [OE. 'furdor'.] (۱) دور تك ؛ زیادہ دور تك ؛ زیادہ دوری پر ؛ زیادہ پرے ؛ بہت آگے (بہ لحاظ وقت اور فاصلہ) ۔ (۲) زیادہ وسیع طور پر ؛ مزید ؛ مزید براں ۔ (۳) اس کےعلاوہ ؛ علاوہ ازیں ؛ علاوہ براں ۔ (٤) خلا میں زیادہ دوری پر؛ نسبتاً زیادہ فاصلے پر دور تر ۔

Further : (v) [OE.'fyrdr (i) an'.] (۱) (تحریك، تجویز، یا مقصد کی یا کو) امداد کرنا ؛ بڑھانا ؛ اعانت کرنا ؛ ترقی دینا ۔ (۲) آگے بڑھنا ؛ جاری رہنا ؛ پیش قدمی کرتے رہنا (اسکاتستان) ۔

Furtherance : (n) (۱) آگے بڑھنے کی حالت یا صورت ؛ آگے بڑھنےیابڑھانےاور مدد کرنے کاعمل ۔ (۲) ترقی؛ اضافہ؛ پیش رفت ؛ اقدام ؛ پیشگی ؛ مدد؛ امداد؛ سہارا ؛ اعانت ؛ دستگیری ؛ استمداد ؛ استعانت ۔ (۳) امداد کے ذریعے یا وسائل ۔

Further continued : (a) وہ جو آگے جاری رہے ؛ مسلسل ۔

Further education : (n) تعلیم بالغاں ؛ بالغوں کے لئے پکچرس یا مراسلاتی نصاب جو عموماً ایسےلوگوں کے لئے ہوتا ہےجو حصولِ علم میں مشغول نہیں ہوتے ہیں ؛ ضابطہء تعلیم جس کا نظم بالغوں یا اسکول سے فارغ شدہ نوجوانوں کےلئے کیا گیا ہو ۔

Furtherer : (n) (کسی مقصد یا کام کو) بڑھانےوالا ؛ ترقی دینے والا ؛ اعانت کرنے والا؛ حامی ؛ ممد ؛ موید؛ مدد ؛ امداد ؛ سہارا؛ اعانت ؛ دستگیری ؛ استمداد ؛ استعانت ؛ امداد کے ذرائع یاوسائل ۔

Furthermore : اس کے علاوہ ؛ مزید براں ؛ علاوہ ازیں ؛ علاوہ براایں ۔

Furthermost : (a) انتہائی دور ؛ دور ترین ۔

Furthersome : (a) مائل بہ ارتقاء ؛ جو ترقی دے سکے ؛ بڑھا سکے ؛ ممد ؛ معاون ؛ مددگار ؛ مفید ؛ فائدہ مند ؛ سود مند ؛ کارآمد ؛ کام کا ؛ مائل بہ استمداد ۔

Furthest : (a) (۱) کسی سمت میں سب سے زیادہ دور ؛ سب سے زیادہ دور؛ بہت دور؛ نہایت بعید ؛ دورترین ۔ (۲) بہت دور پرے ؛ انتہائی دور(بہ لحاظ وقت) ۔

Furthest : (adv.) سب سےزیادہ دوری پر ؛ انتہائی فاصلےپر ؛ بعدترین فاصلے پر ؛ نہایت دور ؛ بہت دورتك؛ بعیدترین فاصلے تك ۔

Furtive : (a) [L.'furtivus'.] (۱) (کام) جو چوری چھپے کیاجائے؛ چوری سے کیا ہوا ؛ خفیہ ؛ چوری چھپے ؛ مخفی ؛ رازداری کے ساتھ کیا ہوا؛ پوشیدہ ؛ دزدیدہ ؛ پُر اسرار طور پر کیا ہوا ؛ عیاری سے یا چپکے سے اس طرح کیا جائے کہ کسی کو خبر نہ ہو سکے ۔ (۲) چور جیسا ؛ خاموش ؛ خفیہ ؛ دزدیدہ نظر (شخص) ۔ (۳) چرایا ہوا ؛ چوری چھپے کیا ہوا ؛ نظر بچا کر اُٹھا یا ہوا؛ خفیہ طور پر حاصل کیا ہوا ۔ (٤) چوٹا ؛ چوری کا ۔

Furtively : (adv.) چوری سے ؛ چوری چھپے ؛ خفیہ طور پر ؛ خفیہ طریقے سے ؛ پر اسرار طور پر ؛ رازدارانہ ؛ دزدیدہ انداز میں ۔

Furtiveness : (n) دزدیدگی ؛ چور کا سا انداز ؛ اخفا ؛ رازداری ۔

Furuncle : (n) [L.'furunculus'.] پھوڑا ؛ پھنسی ؛ دُمّل ؛ دنبل ؛ اماس ؛ آبلہ ؛ روم ؛ رسولی ۔

Furuncula/Furunculous : (a) پھوڑے یا پھنسی کے متعلق یا اُس کے جیسا ؛ اماسی ؛ دنبل یا پھوڑے کی خاصیت کا ؛ پھوڑے پھنسیوں سےبھرا ہوا؛ پھوڑا دار ؛ دنبل دار ؛ پھوڑا پھنسی پیدا کرنے کا میلان رکھنےوالا ؛ (طب) دُملی ۔

Furunculoid : (a) پھوڑا نما ؛ پھوڑا مانند ؛ دنبل جیسا ۔

Furunculosis : (n) (طب) دملّیت ۔

Furvus : (n) (نباتیات) کالا ۔

Fury : (n) [L.'furia'.] (۱) جذبہ ؛ جوش جنوں ؛ غضب ناکی ؛ طیش ؛ قہر ؛ غیظ ؛ خشم ؛ انتشار ذہن جو دیوانگی کی حدتك ہو ؛ خاص کر وحشیانہ غصہ؛ دیوانے کا غصہ ؛ جنون آمیز غضب ناکی نیز اس کا دورہ ۔ (۲) جنگ میں شدت جوش ؛ تشدد ؛ تندی ؛ تیزی ؛ جوش ؛ آتش مزاجی ۔ (۳)(تاریخ) ہسپانوی شورش یا فساد؛ وہ مقام جو ۱۵۷٦ء میں ہسپانوی لوگوں نے اینٹورپ میں کیاتھا ۔ (٤) (استعارتاً) (ہَوا ، طوفان وغیرہ کی) تیزی ؛ تُندی ؛ شدت ؛ یورش ؛ ہنگامہ ۔ (۵) الہامی جوش ؛ خاص کر شاعرانہ جذبہ (شاذ) ۔ (٦) (عموماً جمع میں) قدیم یونان

کی دیومالا میں وہ دیویاں جن کے بال سانپوں کی طرح اور جو گناھوں کی سزا دینےکےلئےبھیجی گئی تھیں ؛ (اصطلاحاً)انتقام لینےوالی شیطانی روح یا ارواح ۔ (۷) قسمت کی دیوی ؛ یونانی دیومالا کے مطابق قسمت کی تین دیویوں میں سے ایک ۔(۸) وہ تکلیف جو پشیمانی کی حالت میں قلب کو ہوتی ھے ۔ (۹) منحوس یا شیطان روح جیسا یا جیسی خاص کر خون آشام طور پر غضب ناک یا خبیث عورت ؛ لڑاکا عورت ؛ مردانہ صفت، غصہ ور اور کینہ پرور عورت ۔

Haunted by the furies of her father's blood : اس کےباپ کے خون کا بدلہ لینےوالی ارواح اُس کا پیچھا کر رہی تھیں ۔

In a fury : سخت طیش کی حالت میں ۔

Like fury : شدت سے ؛ بہت جوش کے ساتھ ۔

The spanish fury : وہ قتل عام جو ۱۷۷۶ء میں ہسپانوی لوگوں نے اینٹورپ میں کیا تھا ۔

Furze : (n) OE.'fyrs'.] (۱) رتمت ؛ رتم ؛ ایک جھاڑی دار سدا بہاردرخت جس میں زرد نگ کے پھول آتے ہیں اور تمام یورپ کی غیر مزروعہ زمینوں میں کثرت سے پیدا ھوتا ھے ۔(۲) دوسرے پودوں کے ناموں کے ساتھ بھی یہ لفظ آتا ھے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں بھی بعض جھاڑیوں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ آتا ھے؛ (نباتیات) جگن ؛ رتن ۔

Dwarf furze : (n) ایک پودے کا نام ۔

Furze-bush/Farzen -: (n) ایک قسم کا جھاڑی دار پودا ۔

Furze-chat : (n) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ یورپ کی ایک گانے والی چڑیا ۔

Furze chucker : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرندہ ۔

Furze lark : (n) چھوٹے پرندوں کی ایک قسم ؛ اس قسم کا پرندہ ؛ مرکزی اورشمالی یورپ اور ایشیا کے بیشترعلاقوں میں پائی جانےوالی ایک چھوٹی، زمزمہ پرواز چڑیا جس کے پر زیتون رنگ بھورے اور سینے وپیٹ کے روئیں سفیدی مائل ھوتے ہیں ۔

Furze wren : (n) انگلستان کے جنوبی ساحل اور مغربی و یورپ کی ایک زمزمہ پرواز چڑیا جس کا رنگ گہرا اور دُم لمبی ھوتی ھے ۔

Furzeling : (n) دیکھو Furze wren

Furzy : (a) (۱) رتمت کا بنا ھوا ؛ جہاں رتمت کے پودے بےشمار اُگے ھوں ۔ (۲) رتمت کا یا اس سے متعلق ۔(۳) گِھسا ھوا ؛ نرم رواں دار ۔

Fusain : (n) [F.] (۱) Spindle درخت کی لکڑی سےبنی ھوئی رنگین کھریا (نقاشی کے لئے) نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) (معدنیات) معدنی کوئلہ ؛ فیوسین ۔

Fusain drawing : (n) Spindle درخت کی لکڑی سے بنی ھوئی رنگین کھر یا سےکی گئی نقاشی ۔

Fusarole : (n) [F.'fusarolle'.] (تعمیرات) وہ ستون جو نصف گول نیم دائری شکل کا ھو اور جس میں چھوٹے چھوٹےدانے سے کُھدے ھوں، ڈورك، آونی، کورنتھی طرز عمارت میں یہ عموماً ستون کی اوپری چوکی یا سرِ ستون کےنیچے ھوتا ھے ؛ (تعمیرات) کعبیہ ۔

Fuscin/-ine : (n) [L.'fusc-us'.] (کیمیا) ایک گہرے رنگ کا مادہ جو مختلف جانوروں کے تیلوں کو حرارت پہنچا کر اُن کےعناصر الگ کر کے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Fusco - : [f.L.'fuscus'.] سابقہ ؛ بہ معنی کسی قدر دھندلا یا تاریك ۔

Fusco-ferruginous : (a) ہلکے زنگ کے رنگ کا ۔

Fuscous : (a) [f.L. 'fuscus.'] (خواص الاشیاء) تاریك رنگ کا ؛ اُداس رنگ کا؛ گندم گوں ؛ کسی قدر دھندلا یاتاریك ؛ (نباتیات) سیاہ بھورا ؛ سیاہ فام، سیاہی مائل؛ تیرہ ۔

Fuse : (n) [Origin doubtful.] جانوروں کے پاؤں کا نشان ؛ چلنے کےنشان ؛ کسی جانور کی مقررہ روش آنےجانے کا راستہ یا گذرگاہ ؛ نیز مجازاً ۔

Fuse/Fuze : (n) [It.'fuso'.] فتیلا ؛ پلیتا ؛ شتابہ ؛ فلیتا؛ آتش گیرمادوں سےبھری ھوئی یا باردار کی ھوئی نلکی ؛ فلیتا یا رسّی جس کے ذریعہ فوجی بم کےگولے یا شیل میں ، معدنیات کی کانوں کے دھماکوں میں آگ لگا کر دھماکا کیا جاتاھے؛ بتّی یانلکی یا ڈوری جو آتش گیر مادہ میں بھگودی گئی ھو تاکہ اُس میں آگ لگا کر بم یا پٹاخہ چھوڑا جائے یا کسی چیز کو بارود سے اڑایا جائے ۔

Fuse : (n) [f.Fuse (v)'.] (برقیات) پگھلنے والی دھات کا بنا ہوا وہ تار جو برقی رو کے رستے (الیکٹرک سرکٹ) میں لگا ہوتا ہے، اورجوں ہی برقی رو ایک مخصوص اور محفوظ طاقت سےزیادہ ہوجاتی ہے یہ تار پگھل جاتا ہے ؛ گدازہ فیوز ۔

Fuse : (v) [f.L.fus-] (۱) بہت تیزحرارت سےپگھلانا یاپگھلنا؛ تیزحرارت سے پگھلا کر سیال بنانا ؛ پانی کردینا؛ رقیق کر دینا ۔ (۲) (مجازاً) آمیزش کرنا یا ہونا ؛ مخلوط کرنا یا ہونا ؛ ملا کر ایک کر دینا ۔ (۳) اجزا کو ملا کر ایک بنا دینا یا اُن کا مل کر ایک ہو جانا مثلاً (پگھلا کر) دھات کو یا ہڈیوں کو یا اداروں کو متحد کر دینا یا اغراض کا مشترک کردینا یا اُن کا مشترک و متحد ہوجانا ۔ (٤) (حرارت سے) سیّال ہو جانا ؛ پگھل جانا ؛ پگھلنا ؛ رقیق ہو جانا ؛ نیز مجازاً ۔ (۵) (برقی روشنی کا) فیوز کے جلنے یا پگھلنے سے بجھ جانا یا گُل ہو جانا (بول چال) ۔ (٦) (تشریح) متصل رگوں ، ہڈیوں وغیرہ کا جُڑنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ متحد ہونا ۔ (۷) فلیتا لگانا ۔

Fuse/Fuze : (v) فلیتا لگانا ؛ شتابہ درست کرنا یا لگانا ۔

Fuse : (v) [f. Fus (n)3] بجلی کا فیوز لگانا یا مہیّا کرنا ۔

Fuse replacement : (n) (برقیات) تبدیلی گدازہ ۔

Fuse tongs : (n) (برقیات) فیوز چمٹی ۔

Fuse wire : (n) (برقیات) گدازہ تار ؛ فیوز وائر ۔

Fused : (a) [f.Fuse.(v) 3] بجلی کا فیوز لگایا ہوا ؛ جس میں گدازہ لگا ہو ۔

Fused : (a) (کیمیا) گداختہ ؛ پگھلا ہوا ۔

Fusee/Fuzee : (n) [f.fusil.] (تاریخ) ایک ہلکی دستی بندوق جو پیدل سپاہیوں کے پاس ہوا کرتی تھی اور ہاتھ سے بھری جاتی تھی ؛ پتھر کلا بندوق ۔

Fusee/Fuzee : (n) [F.fusee.] (۱) (نقابت) فیوزی، مخروطی پہیا گھڑی یا گھنٹے میں جس پر زنجیرلپیٹی ہوتی ہے اورجس کےذریعہ بڑی کمان کی قوت متوازن کی ہوتی ہوتی ہے ۔ (۲) (معدنیات) فتیلا ؛ شتابہ ؛ فلیتا ۔ (۳) (بیطاری) گھوڑے کےٹخنے کی ہڈی پر ایک قسم کا دنبل ۔ (٤) بڑے سر والی دیا سلائی (تیز ہَوا میں سگریٹ یا سگار سلگانے کےلئے) ۔

Fusee-hole : (n) فلیتے لگانے کا سوراخ ۔

Fusel : [Ger.'fusel'.] توصیفی معنوں میں مستعمل ہے ۔

Fusel oil : (n) کئی قسم کے الکحل کا مرکب جو شراب کی روح نکالتے وقت پیدا ہوتا ہے ؛ (کیمیا) داروتیل ۔

Fuselage : (n) [Fr. f.'fuseler'.] (ہَوابازی) بدنہ ؛ کالبُد ؛ ہوائی جہاز کا ڈھانچہ یا چوکھٹا جس میں طیارچی کی جگہ اورانجن لگا ہو؛ آلہء ہَوائی کا چوکھٹا ۔

Fusibility : (n) آمیزش اور اشتراک کی قابلیت (اہلیت) ؛ پگھلنےیاپگھلائےجانے کی صلاحیت؛ (طبیعیات) ذوب پذیری ۔

Fusible : (a) قابل آمیزش واتحاد ؛ قابل تحلیل ؛ پگھلنےیا پگھلائے جانے کے لائق ؛ حرارت پا کر رقیق ہو جانے والا؛ پگھلا کر ایک کر دیئے جانےکے لائق؛ (طبیعیات) ذوب پذیر ؛ گداختنی ۔

Fusible alloy : (n) گداختنی بھرت ۔

Fusible metal : (n) مختلف دھاتوں کا ایک مرکب جس میں آٹھ حصے پھول پانچ حصے دستے اور تین حصے ٹین کے ہوتے ہیں اور جو پانی کےنقطہء جوش یا ۲۱۲ ڈگری فارن ہائٹ پر پگھل جاتا ہے ؛ قابلِ آمیزش دھات ؛ قابلِ تحلیل دھات ۔

Fusible plug: (n) گدازہ ؛ وہ پلگ جواسٹیم بوائلر کی اوپری پرت پر لگا ہوتا ہےتاکہ حرارت جب کبھی خطرناک نقطے پر پہنچ جائے تو یہ پگھل کر اندر کے بخارات یاحرارت کو باہرنکلنےدے ۔

Fusible slag : (n) (کیمیا) گداختنی میل ؛ ذوبی میل ۔

Fusibleness : (n) تحلیلیت ؛ گرم کرنے سے پگھل جانے یا پگھل کر مل جانے کی خاصیت ؛ صفت یا حالت ۔

Fusiform : (a) (تاریخ، بحری) تکلہ یا سگار کا ہم شکل ؛ دونوں سروں پر نوک داراور پتلا گاؤدم ؛ (خاص کر نباتیات ، حشریات اور حیوانیات) تکلہ نما ؛ برچھا نما ؛ مخروطی شکل کا (حیوانیات ، نباتیات) دُوکی ؛ تکلہ نما ۔

Fusil : (n) [OF. 'fui (i) sel'.] نقابت کا ایک نشان ؛ گاؤ دم یا معین نما نشان جو ڈھال پر ہوتا ہے (جس پر کنواری یابیوہ عورت کا مارکہ بنایا جاتا ہے) ۔

Fusil : (n) [Late L.'focile'.] ہلکی دستی بندوق یا پتھر کلا بندوق جو پیدل سپاہیوں کےلئے ہوتی تھی؛ پرانی ہلکی توڑے دار بندوق ۔

Fusile/Fusil : (a) [L.'fusilis'.] (۱) قابل تحلیل ؛ پگھلنے یا پگھلائے جانے کے لائق (شاذ) ۔ (۲) حرارت کی قوت سے بہنے یا دوڑنے والا ؛ حرارت کی قوت سے بہتا یا دوڑتا ہوا (شاذ) ۔ (۳) پگھلا کر یا ڈھال کر بنایاھوا؛ گلا کربنایا ہوا؛ نیز مجازاً۔ (٤) (طبیعیات) ذوب پذیر ۔

Fusilier : (n) [F. f. fusil.'] (۱) برطانوی پلٹنوں کے سپاہی جو پہلے سے ہلکی توڑے دار بندوقوں سے مسلح کئے جاتےتھے ؛ 'Fusiliers' کا خطاب، برطانوی فوج میں اب بھی بعض ریجمنٹوں کے لئے اُن کے لباس کی بعض معمولی ندرتوں یا خصوصیات کی بنا پر رائج ہے ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fusillade Fusilade : (n) [F.f.'fusiller'.] بندوقوں کی باڑ (مار کر قتل عام) ؛ گولہ باری ؛ آتشیں اسلحوں کا ایک ہی وقت میں دغنا ؛ بڑے پیمانے پر گولہ باری یا فوجی کاروائی ۔

Fusillade : (v) (کسی مقام پر باڑ مارکر) مسلسل حملہ کرنا ؛ دھاوا کرنا ؛ لوگوں کو قتل کرنا ؛ لوگوں کا قتل عام کرنا۔

Fusing : (n) برقی گدازہ یا بجلی کے فیوز لگانے کا عمل یا طریقہ ؛ (لسانیات) ادغام ۔

Fusing point/-temperature : (n) وہ نقطہ یا حرارت جس پر جلنے، گلنے، پگھلنے یا گداز کا عمل واقع ہوتا ہے ؛ نقطۂ گداز ؛ نقطۂ تحلیل ؛ نقطۂ آمیزش واتحاد ؛ (طبیعیات) نقطۂ ذوب ۔

Fusion : (n) [L'fusionem'.] (۱) پگھلاؤ ؛ پگھلانے، گلانے یا حرارت پہنچا کر سیّال بنا دینے کا عمل یا طریق عمل ؛ حرارت کے نتیجے میں رقیق ہونے یا بہنے کی حالت ؛ رقّت ؛ سیّالیت ؛ بہاؤ جو حرارت کے نتیجے میں ہو ۔ (۲) گھلا ہوا مادہ ۔ (۳) پگھلا کر مختلف چیزوں کو ملانے، آمیزش کرنے یا متحد کرنے کا عمل ؛ مختلف چیزوں کی بہم آمیزش و اتحاد (پگھلا کر یا اس طرح جس طرح پگھلا کر کیا جاتا ہے) ۔ (٤) اس طرح ملائے جانے یا ہم آمیزش ہونے کا نتیجہ یا حالت ؛ اتحاد ؛ اتفاق ۔ (٥) (سیاسیات) جماعتوں یا پارٹیوں کا اتحاد ؛ ایتلاف ؛ اتحاد ؛ نیز توصیفی معنوں میں ؛ (طبیعیات) ذوب ؛ گداخت ؛ پگھلاؤ ؛ (نیکلو کیمسٹری) ادغام ؛ امتزاج ؛ (نفسیات) ملاپ ؛ تالیف (فلسفہ) امتزاج (لسانیات) اِدغام ؛ آمیزہ ۔

Fusion : (n) (نیو کلیائی سائنسی) دو یا زیادہ نسبتاً ہلکے نواتوں (Nucleus) کو ملا کر زیادہ پیچیدہ اور نسبتاًوزنی(نیوکلیس)کی تشکیل جس سےبڑی مقدار میں توانائی خارج ہوتی ہے ۔

Latent heat of fusion : (طبیعیات) پگھلاؤ کی مخفی حرارت ۔

Fusion cones : (n) (طبیعیات) گدازندہ مخروطات ۔

Fusion energy : (n) (طبیعیات) اختلاطی توانائی ۔

Fusion mixture : (n) (کیمیا) گدازندہ آمیزہ ۔

Fusion process : (n) (طبیعیات) اختلاط طریق ۔

Fusion reaction : (n) (طبیعیات) اختلاط عمل ۔

Fusion welding : (n) (الیکٹرك انجینیئرنگ) ذوبی ٹانکا ۔

Fusionism : (n) (سیاسیات) ایتلافیت ۔

Fusionist : (n) ایسا شخص جو مختلف جماعتوں یا اختلاف رائے رکھنے والے لوگوں کو متحد کرنے کی کوشش کرے ۔

Fusionless : (a) دیکھو Foisonless

Fusk/Fusc : (a) [L.'fuscus'.] (شاذ) سیاہی مائل بھورا ؛ سیاہ فام ؛ (کسی قدر) دھندلا یا تاریك ؛ کالے رنگ کا ؛ کالا ؛ تیرہ وتار ۔

Fusocellular : (a) (حیوانیات) دُو کی خلوی ۔

Fusoid : (a) f. L. fusus+-oid.] دیکھو Fusiform

Fusospirillosis : (n) (طب) ورم گلُو ۔

Fuss : (n) [Perh. echoic.] (۱) بھاگ دوڑ ؛ شور وغل ؛ ہنگامہ ؛ لے دے ؛ بہت ہل چل ؛ اضطراری حرکتیں ؛ قیل وقال ؛ بےموقع یا غیر ضروری بھاگ دوڑ ؛ خود نمائی کی حرکتیں ؛ فضول کاری ؛ فضول حرکتی ؛ خفیف تفصیلات کی کثرت ۔ (۲) (کم وبیش مضحکہ خیز) حیرانی ؛ سراسیمگی ؛ اضطراب یا تشویش کی حالت ؛ مضحکہ خیز خوف زدگی ۔ (۳) بےمحل اور بےضرورت بھاگ دوڑ ؛ ہنگامہ یا اضطراری حرکتیں کرنےوالا ؛ مضطرب ؛ سراسیمہ ۔

Fuss : (v) [f. prec. n.] (۱) بھاگ دوڑ کرنا ؛ ہل چل مچانا ؛ شور و غل کرنا ؛ اضطراری حرکتیں کرنا ؛ کھلبلی میں پڑنا ؛ چھوٹی موٹی باتوں کےلئے بیچینی سے بھاگ دوڑ کرنا یا انتہائی مشغولیت کا اظہار کرنا ؛ ادنیٰ چیزوں یاباتوں کےلئے پریشان ھونا ؛ معمولی اور خفیف باتوں میں بے چینی اور گھبراہٹ کے ساتھ مصروف ھونا یا پھرنا ؛ بات کا بتنگڑ بنالینا؛ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اہم سمجھنا ۔ (۲) (کسی کو) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ ہل چل یا بھاگ دوڑ میں مبتلا کر دینا ؛ چھوٹی باتوں یا چیزوں کےلئے پریشان کر دینا؛ پیچھے پڑجانا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ ستانا ؛ چین نہ لینے دینا ۔

Fussily : (adv.) گھبراہٹ یا ہنگامہ آرائی کے ساتھ؛ مضطربانہ ؛ بے محل یا غیرضروری بھاگ دوڑ کے ساتھ ؛ (لباس وغیرہ) حقیر اور ادنیٰ آرائشوں کے ساتھ ۔

Fussiness : (n) اضطراری حرکتیں؛ ذراسی بات کو بڑا سمجھنے کا عمل ؛ معمولی معمولی باتوں کی فکر ؛ بے محل اور غیر ضروری بھاگ دوڑ کی عادت یاصفت ؛ خفیف الحرکتی؛ ہنگامہ خیزی ؛ چھوٹی موٹی باتوں کےلئے عادتاً پریشان یا مشغول رہنے کی صفت ۔

Fussy : (a) (۱) بے محل اورغیر ضروری بھاگ دوڑ کرنےوالا ؛ چھوٹی موٹی باتوں یا چیزوں کے پیچھے عادتاً پریشان یا مشغول رہنے والا ؛ وہ جو بہت غل مچاتا ھو یا خفیف باتوں کو اہم سمجھتا ھو یا ذراسی بات میں گھبرا جاتا ھو ۔ (۲) (امریکا بول چال) شور و غل ؛ ہنگامہ یا ہل چل کی جگہیں ؛ جہاں بہت شور و غل یا ہل چل ھو ۔ (۳) (لباس وغیرہ) حقیر اور ادنیٰ آرائشوں ، نقش ونگار یا جزئی تزئین کاریوں سےبھرا ھوا۔

Fust : (n) [Var. of First.] (بول چال) کسی مکان کی چھت کی دو ڈھلواں سطحوں کا خط اتصال ؛ چھت کی چوٹی یا موگری ۔

Fust : (v) (۱) پھپھوندی لگا ھوا ھونا یا باسی مہکنا ؛ باسی یا اُترا ھوا ھونا؛ باسی ھوجانا ؛اُتر جانا؛ پراناھونا؛ فرسودہ ھونا ؛ بدمزہ ھونا ؛ خاص کر شراب میں (لکڑی کے) پیپے کی بو یا مزہ آجانا نیز مجازاً ۔

Fustanella : (n) [it. lingua franca 'fustanella'.] جدید یونان میں مردوں کا سفید رنگ کے سوتی کپڑے کا گھگرے جیسا لباس ۔

Fusteric : (n) [f. fust-et.] Fustet ایک چھوٹی یوروپی جھاڑی کا رنگین یا رنگنےوالا مادہ ۔

Fustet : (n) [f. Fustet.] ایک چھوٹی یوروپی جھاڑی ، جس سے زرد رنگ بنایا جاتا ھے اسے Young Fustic بھی کہتے ہیں ۔

Fustian : (n) [OF.'fustaingne'.] (۱) ایک قسم کےبٹے ھوئےتاگے کا بُنا ھوا موٹا کپڑاجوعموماً گہرے رنگ کا ھوتا ھے اور جس پر مختصرنرم روئیں ھوتے ہیں ۔ (۲) کلام ہرزہ ؛ بیہودہ ؛ مبالغہ آمیز تحریر یا تقریر ؛ لسانی ؛ لفاظی ؛ لمبی چوڑی تقریر ؛ بے جا عبارت آرائی یا بلند پروازی ؛ بڑا بول؛ بڑھ‌چڑھ‌ کر کی ھوئی بات ۔ (۳) لفت تراشی ؛ مبالغہ آمیزی ؛ ایسی گفتگو یاتحریر جس میں بیہودہ، فضول اور بڑی بڑی باتیں بنائی جائیں (نیز قدیم استعمال میں)؛ بےمعنی گفتگو ؛ غلط یا قواعد زبان کے خلاف گفتگو۔

Fustian : (a) ایک قسم کے بٹے ھوئے سوتی دھاگے کا بنا ھوا (نیز مجازاً) ۔ (۲) (زبان) جس میں بےجا عبارت آرائی یابلند پروازی دکھائی گئی ھو ؛ جو انتہائی پر شوکت اور رفیع الشان ھو ؛ مضحکہ خیز طورپر پُرتکلف ؛ بے حد شاندار ؛ متکبرانہ؛ غرور آمیز؛ مبالغہ آمیز ۔ (۲) بےکار؛ بےقیمت ؛ بیہودہ ؛ گھٹیا ؛ حقیر ؛ ادنیٰ درجے کا؛ ادعائی ؛ مصنوعی ؛ نمائشی ؛بےمعنی؛ بےارزش ۔

Fustianist : (n) بےجا عبارت آرائی اور بلند پروازی دکھانے والا؛ پُر تکلف یامبالغہ آمیز عبارت لکھنے والا؛ پُرتصنع اور ادعائی عبارت لکھنے والا ۔

Fustic : (n) [Arab.'fustu'.] (۱) زردرنگنے میں استعمال ھونے والی دو قسم کی لکڑیوں کے نام ؛ وینس کے جھاڑی دار پودے ، سماق ، کی لکڑی (جسے young fustic بھی کہتے ہیں) ؛ امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پائےجانےوالے پودے کی لکڑی جسے کبھی کبھی old fustic بھی کہتے ہیں ۔ (۲) ان درختوں کی لکڑیوں سے نکالا ھوا زرد رنگ ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Old fustic : امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پا یا جانے والا ایک درخت یا پودا جس کی لکڑی سے زرد رنگ نکالا جاتا ھے ۔

Young or zante fustic : ایک قسم کا جھاڑی دار درخت جس کی لکڑی سےزردرنگ نکالا جاتا ھے ۔

Fustic tree : (n) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سے زرد رنگ نکالا جاتا ھے ۔

Fustic wood : (n) ایک قسم کے درخت کی لکڑی جس سے زرد رنگ نکا لا جاتا ھے ؛ فسطیط ؛ فُسطق ۔

Fustigate : (v) [L. fustigt-, fustigare'.] (مزاحاً) ڈنڈے لگانا ؛ سونٹے مارنا ؛ پیٹنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Fustigation : (n) ڈنڈے مارنے کا عمل ؛ ڈنڈوں کی مار ؛ مارپیٹ ؛ زد و کوب ۔

Fustigator : (n) ڈنڈے لگانے والا ؛ چھڑی مارنےوالا ؛ زد و کوب کرنے والا ۔

Fustilugs : (n) [Origin doubtful.] موٹی اور گندے لباس والی عورت ؛ بھدی عورت؛ لحیم شحیم عورت ؛ میلی کچیلی عورت جس کے جسم اور لباس سے بدبو آتی ھو ۔

Fustily : (adv.) پھپھوندی لگے ھوئے انداز میں ؛ باسی ھوکر ؛ بدبو یا بساند کے ساتھ ؛ (مجازاً) فرسودگی سے ؛ قدیم انداز میں ؛ دقیانوسی طور پر ۔

Fustiness : (n) (طب) تعفن ؛ بساند ؛ بدبو ؛ سڑاند ؛ پھپھوند؛ اُمس ؛ (مجازاً) فرسودگی ؛ قدامت ؛ دقیانوسیت ۔

Fusty : (a) پھپھوندی لگا ھوا ؛ (باسی یا اُتری ھوئی چیز کی)بو رکھنے والا ؛باسی ؛ اُبسا ھوا ؛ کفک زدہ ۔ (۲) جس (جگہ یا کمرے) کی ھوا بند ھو اور اُس کےاندر اُمس یا گھمس ھو ؛ سیلا ھوا؛ گیلا ۔ (۳) پرانی وضع کا؛ قدیم؛ فرسودہ ؛ پُرانا؛ بوسیدہ؛ دقیانوسی ؛ پرانے خیالات کا (آدمی) ۔

Fusus : (n) (حیوانیات) دُوکی صدف ؛ تکلہ صدف ۔

Futchel : (n) [Origin unkn.] گاڑی کا دُھرا ؛ دُھری ۔

Futhorc/-ark/-ork : (n) رونی یا قدیم ٹیوٹانی ابجد جس کے حروف زاویہ دار ھوتےتھے اور جس کے ابتدائی چھ حروف کے مجموعہ سے یہ لفظ بنا ھے ؛ اس میں th ایک حرف شمار کیا جاتا ھے ۔

Futile : (a) [L.'futilis.'] (۱) بے کار ؛ بےنتیجہ ؛ بے اثر ؛ فضول ؛ بے حاصل ؛ بے سود؛ بےفائدہ ؛ عبث ۔ (۲) لایعنی گفتگو یاحرکات کاعادی ؛ بےمقصد ؛ لغو ؛ بیہودہ ؛ (شاید متروک ھے)۔

Futilely : (adv.) بے نتیجہ ھو کر ؛ بے اثر طور پر ؛ لاحاصل یا بے سود انداز میں ؛ عبث ؛ لایعنی طور پر ۔

Futileness : (n) ۔ بے نتیجگی ؛ لاحاصلی ؛ بے اثری ؛ لایعنیت ۔

Futilitarian : (a) بے کاری یا بےاثری کا مارا ھوا ؛ وقف وفا ؛ نذر ہلاکت ؛ وقف بیہودگی ؛ نذرِ بیکاری ۔

Futilitarian : (n) بے کاری اور بے اثری کا مارا ھوا شخص ؛ وقف بیکاری ۔

Futilitarianism : (n) (فلسفہ) عبثیّت (عقیدہ) ۔

Futility : (n) [F. 'futilite'.] (۱) بےاثری ؛بیکاری ؛ بےنتیجگی ؛ لاحاصلیت ؛ توازن اور اہمیت کی کمی ۔ (۲) لامقصدیت ؛لایعنیت ؛ نکمّاپن ؛بیہودگی ۔ (۳) بےکار ؛ بے اثر یا بےنتیجہ چیز ۔

Futtock : (n) [prop. a pronunciation of foot-hool.] دیکھو Foot-hook

Futtock-hoop : (n) مستول کے سرے سے ذرا نیچے مستول کو گھیرے ھوئے ایک آہنی یا چوبی حلقہ جو ان رسوں یازنجیروں کو جن کے سہارے جہاز کا مستول کھڑا ھوتا ھے، جوڑنے کا کام کرتا ھے ۔

Futtock plate : (n) ان آہنی تختوں میں سے ایک جو مستول کی مچان کے پہلوؤں سے عموداً گذرتے ہیں اور جن سےجہاز کے مستول کو سہارا دینےوالے رسّے محفوظ رہتے ہیں ۔

Futtock shroud : (n) مستول کو سہارا دینے والے چھوٹے رسّوں میں سے ایک جو نچلے کُندوں (Dead eyes) اور (نچلےمستول سے) اوپر والے مستول کے آہنی تختوں کی حفاظت کرتا ھے ۔

Future : (a) [L.'futurus'.] (۱) مستقبل ؛ آئندہ ؛ پیش آنےوالا ؛ آج کے بعد ؛ بعدہ؛ ؛ اس کے بعد ؛ بعد ازیں ؛ ھونے والا ؛ آنے والا ؛ عالم آخرت یا عُقبیٰ میں پیش آنے والا ؛ (کوئی شخص یا چیز) جو آگے چل کر کچھ کا کچھ ھونےوالی ھو؛ آئندہ توقعات؛ (دینیات) مستقبل ؛ آخرت ؛ عاقبت ؛ عُقبیٰ ۔ (۲) آنے والے وقت کا یا اُس سے متعلق ؛ مستقبل کا یا اس سے متعلق ؛ آئندہ کا یا اس سے متعلق ؛ (خاص کر قواعد میں) متعلق بہ زمانۂ مستقبل؛ ایسے واقعہ کو ظاہر کرنے والا زمانہ جسے ابھی واقع ھونا ھے ؛ نیز زمانۂ مستقبل ۔ (۳) (بے قاعدہ طور پر) بعد کا ؛ متاخر (واقعہ وغیرہ)۔

Periphrastic future : (لسانیات) اطنابی مستقبل ۔

Predicative future : (لسانیات) جبری مستقبل ۔

Future : (n) (۱) آنے والا وقت یازمانہ ۔(۲) مستقبل میں ہونےوالی بات یا پیش آنے والا واقعہ ۔ (۳)آنےوالے وقت میں کوئی حالت جو موجود وقت کی حالت سے مختلف ہو ؛ زمانہء حال سے مختلف ؛ زمانہ ۔ (٤) (کسی شخص، ملك وغیرہ کی) مستقبل میں متوقع حالت ۔ (٥)(قواعد) زمانہء مستقبل ؛ جو بات آنےوالے وقت کےلئے کہی گئی ہو ؛ آنے واے واقعہ کو ظاہر کرنےوالا ۔ (٦) ایك بارمنگنی کیا ہوا ؛ جس کی ایك بارمنگنی یا سگائی ہو چکی ہو ۔ (۷) (جمع، تجارت) مال واسباب جو آئندہ بھیجنے کے وعدے پر فروخت کئے جائیں نیز ان شرائط پر بیچنے یا خریدنے کے معاہدات ۔

A future state/-life : آئندہ زندگی (حالت) ؛ حیات بعد الممات ؛ حیات اُخروی ؛ عاقبت ؛ آخرت ۔

For the future : آئندہ کےلئے ۔

In future : زمانہء آئندہ میں ؛ مستقبل میں ؛ آنے والے وقت میں ۔

My future wife : میری ہونےوالی بیوی ۔

The future : آئندہ ؛ مستقبل ؛ آنے والا وقت یازمانہ ۔

Future indefinite : (n) (قواعد) فعل مستقبل ۔

Future goods : (n) (تجارت) اُگاؤ مال ؛ مستقبل مال ۔

Future market : (n) (تجارت) پیش بازار ۔

Future transactions : (n) (معاشیات) پیش بیوپار ۔

Futureless : (a) جس کا کوئی مستقبل نہ ہو ؛ جس کی کوئی توقعات نہ ہوں ۔

Futures : (n) (معاشیات) وعدے ۔

Futurism : (n) [It.'futurismo'.] اٹلی سےشروع ہونےوالی ایك تحریك جس کےتحت تصویر کشی اور فنون لطیفہ میں پرانی روایات اور طریقوں کو قطعاً ترك کرکے بالکل نئی علامات و اشارات کے ذریعہ جذبات کی ترجمانی کی جاتی ہے؛ مستقبلیت ۔

Futurist : (n) [It.'futuristo'.] (۱) (دینیات) وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ انجیل یا صحائف انبیاء کی پیشین گوئیاں ہنوز پوری ہونے والی ہیں ؛ آخرت پر ایمان رکھنے والا ؛ قیامت ، آخرت اور جزا و سزا کا معتقد ۔ (۲) (وہ لوگ) جو تصویر کشی اور فنون لطیفہ میں (جیسا کہ اٹلی میں کیاگیا ہے) پرانی روایات اور طریقوں کو قطعاً ترك کرکے جذبات کی ترجمانی بالکل نئے اشارات سے کرتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Futuristic : (a) (۱) صحائف آسمانی کی پیشین گوئیوں کے ہنوز پورے ہونے کا عقیدہ رکھنے والے شخص یااس سے متعلق آخرت پر ایمان رکھنے والے کا یا اس سے متعلق ۔(۲) فنون لطیفہ میں پرانی روایات کو قطعاً ترك کرکے بالکل نئی علامات و اشارات میں جذبات کی ترجمانی کرنے والوں کا یااُن سے متعلق ۔

Futuritial : (a) آنے والے (وقت، وقوع ، وجود وغیرہ) سے متعلق یا علاقہ رکھنے والا ؛ مستقبل سے تعلق رکھنے والا ؛ آئندہ سے متعلق ؛ مستقبلی ؛ (دینیات) موت کے بعد کی زندگی سے متعلق ؛ آخرت سے متعلق ؛ اُخروی ۔

Futurition : (n) [med. L.'futuritionem'.] (۱) آئندہ وجود یا وقوع (شاذ) ؛ مستقبل کا کوئی واقعہ یا مستقبلی وجود ۔(۲) مستقبل یا آئندہ ہونے کی صفت مستقبلیت ؛ یہ حقیقت کہ (کوئی مخصوص چیز) "ہوگی" ۔ (۳) (دینیات) حیات بعد الممات ؛ آخرت ؛ عاقبت ۔

Futurity : (n) (۱) مستقبل یا آئندہ ہونے کی صفت ؛ مستقبلیت ؛ یہ حقیقت کہ (کوئی چیز) "ہوگی"(شاذ)۔(۲) وقت آئندہ؛ زمانہء مستقبل؛ آنےوالا وقت یازمانہ ؛ مستقبل ؛ (دینیات) عاقبت ؛آخرت ۔ (۳) مستقبلی حالت ؛ آئندہ حالت ؛ احوال آئندہ ؛ آنے والی حالت ؛ نیز موت کے بعد کی زندگی ؛ حیات بعد الممات ۔

Futurologist : (n) کسی منظم بنیاد پر مستقبل کی پیشین گوئی کرنےوالا ۔

Futurology : (n) کسی منظم یاباضابطہ بنیاد پر مستقبل کےلئے پیشین گوئی کرنے کا عمل ۔

Fuzil :- دیکھو Fusil

Fuzz : (n) [CF. Fozy.] (۱) پتلا اُڑ جانے والا مادہ ؛ بخار بن کر اڑ جانے والا آزاد یا غیر پیوستہ مادہ ۔ (۲) (تصویر کشی) نا سختی ؛ غیرٹھوس پن ؛

نرمی ؛ ملائمت؛ کھلے ہوئے ریشوں کی طرح تارتار ہونےکی حالت ؛ روئیں دار ہونا ؛ رواں داری ؛ (نباتیات) کُرک ؛ رواں ؛ (بالوں کے) گھونگرو ؛ بل ؛ نرم یا گھونگر والے بال ؛ روئی وغیرہ کارواں ۔

Fuzz : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ، ابتداً امریکا) پولیس کا آدمی ؛ سپاہی ؛ سراغ رساں ؛ خفیہ پولیس ؛ مجموعی طور پر پولیس ۔

Fuzz : (v) [f. fuzz. (n)] (۱) ہلکے ذرات میں اڑنا؛ ہلکے روئیں بن کر اڑنا ۔ (۲) باریک ذرات سے ڈھکنا یا ڈھانکنا ؛ باریک روئیں سے ڈھانکنا ۔

Fuzz-ball : (n) کھمبی یا سماروغ کی ایک قسم Lycoperdon Bovista کا نام ؛ سانپ کی چھتری یا کلا ہ باراں کی ایک قسم؛ ایک قسم کی اسفنجی نباتات ؛ سماروغ کی ایک قسم جس کا بیج دانِ گیند نما ہوتا ہے ؛ (نیز مجازاً) ؛ (نباتیات) فُطر کُبّہ ؛ نوعِ فُطر ۔

Fuzz wig : (n) گھونگریالے بالوں کا وِگ (مصنوعی بالوں کا ٹوپ) ۔

Fuzzily : (adv.) نرمی سے؛ ملائمت سے ؛اسفنجی یامسامدار انداز میں ؛ روئیں دار ہوکر ؛ دھندلے یا مسخ شدہ انداز میں ؛ گھونگریالے طورپر ؛ خمدار انداز میں ؛ بل دار ہو کر ۔

Fuzziness : (n) اسفنجی یا مسام دار ہونے کی حالت یا صفت ؛ نرمی ؛ ملائمت ؛ رواں داری ؛ دھندلاہٹ ؛ مسخ شدگی ؛ داغداری ؛ گھونگرو یا گھونگریالاپن؛ پیچیدگی ؛ خمداری (بالوں کی)۔

Fuzzy : (a) (۱) اسفنجی ؛ جو سخت یا ٹھوس مادے کا بنا نہ ہو ؛ ناسخت ؛ غیرٹھوس ؛ نرم ؛ ملائم ؛ اسفنج یااسپنج نما ؛ اسفنج جیسا ؛ مسام دار ۔ (۲) (سنیما) فزّ دار ؛ بےسر ۔ (۳) (نباتیات) کُرک دار ؛ روئیں دار۔(٤) کھلےہوئےریشوں کی طرح تارتار؛ جو گھس کر تار تار ہو گیا ہو؛ گھسا ہوا ؛ نرم رُوئیں دار ؛ جس کےروئیں اُدھڑ گئے ہوں ؛ رواں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ہوا ۔(٥) دھندلا کیا ہوا ؛ دھندلا؛ مسخ کیا ہوا؛ پسا ہوا ؛ رگڑا ہوا ؛ داغدار کیا ہوا ؛ شکل بگاڑا ہوا ۔(٦) گھونگریالا ؛ بل دار ؛ پیچاں ؛ خم دار؛ گھونگروالا (بال) ۔

Fuzzy-wuzzy : (n) سوڈانی جنگی سپاہی کا لقب یا عرف جو اس کےبالوں کو سنوارنے کے طریقے اور انداز کی وجہ سے پڑا ؛ سوڈانی ؛ جنگجو ۔

-fy : (Suffix) [Fr. 'fier',med.L.-'ficere'.] افعال بنانےوالا لاحقہ (جوقدیم انگریزی الفاظ میں فرانسیسی لاحقہ fier - کا قائم مقام ہے ۔ لاطینی وسطیٰ میں لاحقہ ficare - لاطینی افعال میں اکثر -facere سےبدل جاتا ہے لہٰذا فرانسیسی اور انگریزی افعال جن کےلواحقات -fy اور fier ۔ہوتے ہیں ، کبھی کبھی ان لاطینی افعال کے مطابق ہوتے جو facere پر ختم ہوتے ہیں) جس سے کرنا اور بنانا کا مفہوم پیدا ہوتا ہے مثلاً ' deify Beautify وغیرہ ؛ انگریزی الفاظ کی مذاقیہ تراکیب میں یہ لاحقہ عموماً کسی کام کا تواتر ، شدت وغیرہ ظاہر کرتا ہے مثلاً Speechify یعنی متواتر تقریریں کئے جانا ۔

Fyke : (n) [du.'fuik'.] (امریکا) مچھلیاں پکڑنے کا تھیلا نما جال خاص کر وہ جس سے شاذ مچھلی پکڑی جاتی ہے ؛ اسے Fyke-net بھی کہتے ہیں ۔

Fyke-net : (n) دیکھو Fyke

Fylfot : (n) [perh. simply 'fill-foot'.] صلیب جو قدیم زمانے میں سورج کی پرستش میں استعمال کی جاتی تھی اور جس کی شکل سوستیکا (卐) کی ہوتی ہے ؛ سوستیکا ۔

Fylfot-cross : (n) دیکھو Fylfot

Fyrd : (n) [OE. 'fyrd.'] (انگریزی تاریخ) فرڈ ؛ نارمن فتح سےقبل انگلستان کی قومی فوج ؛ نیز فوجی خدمت کی قانونی پابندی ۔

Fytte : (n) [OE.'fitt'.] (۱) کسی نظم یا گیت کا ایک حصہ یا بند ؛ کسی طویل نظم کا باب یا فصل ، اتنا کہ جسے مطرب یا قرون وسطیٰ کا مغنی ایک نشست میں گا سکتا تھا ۔ (۲) موسیقی کی تان؛ پانچ متوازی خطوط جن میں سےایک پر یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کےلئےنشان لگادیاجائے۔

G

G : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا ساتواں حرف ۔ (۲) (استدلال میں) ساتواں شخص یا چیز ۔ (۳) (موسیقی) سپتک کا پانچواں سر ۔ (٤) اسراع جاذب ارض (Greates Common Factor or Measure) کا مخفف ۔ (٥) جزو اکبر مشترک ۔ (٦) Grand کا مخفف ۔ (٧) (عامیانہ) ایک ہزار ڈالر ۔

Gab : (n) [OFr. 'gab, gabe'.] شیخی ؛ تعلی ؛ بکواس ۔

Gab : (v) [OFr. 'gaber'.] شیخی بگھارنا ۔

Gab : (n) گفتگو ؛ گپ شپ ؛ یاوہ گوئی ۔

Gift of the gab : (۱) طاقت لسانی؛ قوت یاوہ گوئی ۔ (۲) چرب زبانی ؛ لسانی ؛ باتونی ۔

Gab : (v) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا؛ چرب زبانی دکھانا ۔

Gab : (n) [Var. or Gob.] (۱) منہ ؛ دہن ۔ (۲) زبان ۔ (۳) ذائقہ ۔

Gab : (n) [Origin obscure.] گاب ؛ تیشی ۔

Gab-lever : (n) قلاب دار بیرم ۔

Gabardine : (n) [Var. or Gaberdine.] سوتی یا ریشمی کپڑا اونی استر کے ساتھ۔

Gabber : (n) شیخی باز ۔

Gabber : (n) گپی ؛ بک بک کرنے والا ۔

Gabble : (n) زر ؛ بڑ ؛ بکواس ۔

Gabble : (v) [M.Du. 'gabbelen'.] (۱) بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا ۔ (۲) بلند آواز سے تیزی سے پڑھنا ۔ (۳) بڑبڑانا ۔ (٤) جلد جلد بولنا ؛ تیزی سے بولنا ۔ (٥) (بطخ وغیرہ کا) کرکرانا ؛ کٹ کٹ کرنا ۔

Gabblement : (n) بکواس ؛ بک بک ۔

Gabbler : (n) بک بک کرنے والا ؛ بکواسی ۔

Gabbro : (n) [It.] فلسپاری چٹان ۔

Gabbroic : (a) فلسپاری چٹان سے متعلق ۔

Gabelle : (n) [Fr.'gabelle'.] (۱) محصول نمک (فرانس کا) ۔ (۲) محصول ؛ چنگی ۔

Gabbelled : (a) محصول نمک کا سزاوار ۔

Gaberdine : (n)[OFr. 'gawberdine'.] (۱) چوغا؛ لبادہ ۔ (۲) ایک قسم کا کھردرا کپڑا ۔ (۳) لباس؛ حفاظ؛ پوشش ۔

Gaberlunzie : (n) [Origin unkn.] گشتی فقیر ۔

Gabion : (n) [Fr.'gabion'.] (۱) بید یا لوہے وغیرہ کی تیلیوں کی ٹوکری جس میں مٹی بھری جاتی ہے ۔ (۲) کم قیمت عجیب و غریب چیز ۔

Gabionade : (n) مٹی سے بھری ٹوکریوں کا پشتہ ۔

Gabionage : (n) مٹی سے بھری ٹوکریاں ۔

Gabioned : (a) مٹی بھری ٹوکریوں سے محفوظ کیا ہوا ۔

Gable : (n) [ME.'gavel, gable'.] (۱) دو رخی ڈھلوان چھت کا تکونا حصہ ؛ کنیٹا ؛ پاکھا؛ گیبل ۔ (۲) ڈھلوان دیوار جس کا بالا حصہ تکونا ہو ۔ (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا ۔

Gable : (v) (۱) کنیٹے دار چھت بنانا ۔ (۲) کنیٹے بننا ۔

Gable-end : (n) دیوار کا کنیٹے دار کنارہ ؛ (تاریخ) تکونا چھجا ۔

Gabled : (a) کنیٹے دار ۔

Gablet : (n) [AFr.'gablet'.] چھوٹا گیبل ؛ چھوٹا کنیٹا ۔

Gablock : (n) [Var. of Gavelock.] لوہے کا سابر یا سبل ۔

Gaby : (n) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ گھامڑ ؛ بدھو ؛ احمق ۔

Gad : (n) [ON.'gaddr'.] (۱) دھات کی تیز نوکدار سیخ ۔ (۲) (تاریخ) کدال ؛ کدالی ۔ (۳) (تاریخ) نیزہ ۔ (٤) مہمیز ؛ ڈنڈا ؛ چھڑی ۔ (٥) لمبائی ناپنے کا پیمانہ ؛ لگی ۔ (٦) بنسی (مچھلی مارنے کی) ۔ (۷) چراگاہ کا حصہ یا ٹکڑا ۔

Gad : (n) آوارہ گردی کرنا ۔

On, upon the gad : آوارہ گردی میں ۔

Gad : (n) (فوج) پیال یا چھال کا بنا ہوا رسّہ ۔

Gad : (n) God کی بدلی ہوئی شکل اظہار تعجب کے لئے By God ۔

Gad : (v) (۱) (کان کنی) کدالی سے چٹان وغیرہ کھودنا ۔ (۲) نکیلی لمبی سیخ سے جوڑنا ۔

Gad : (v) (۱) بیکار پھرنا؛ آوارہ پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا ۔ (۲) درختوں کی شاخوں کا بے قاعدہ پھیلنا؛ بے ترتیب اگنا ۔ (۳) تیر کا نشانہ خطا کرجانا ۔

Gad-bee : (n) (۱) گئو مکھی ، بڑمکھی ۔ (۲) چم چچڑ ؛ سر ہوجانے والا ؛ بھوت بن کے پیچھے پڑجانے والا ۔ (۳) بے اختیار خواہش ؛ خلش ؛ بے چینی ۔

Gad-fly : (n) دیکھو Gad-bee

Gadabout : (a&n) آوارہ گرد ؛ ہرزہ گرد ؛ خدائی خوار ۔

Gadder : (n) تیشہ ؛ چٹان کو توڑنے کا آلہ ۔

Gadder : (n) آوارہ گرد ؛ ہرزہ گرد ۔

Gadding : (n) تیشہ سے چٹان توڑنا ۔

Gadding - car : (n) برما کرنے والی مشین یا گاڑی ۔

Gaddingly : (adv.) آوارہ گردی سے ۔

Gade : (n) [mod. L. 'gadus'.] کاڈ مچھلی ۔

Gadean : (n) کاڈ کی قسم کی ایک مچھلی ۔

Gadget : (n) [Origin unkn.] (۱) مشین وغیرہ کا کوئی چھوٹا پرزہ یا چھوٹی کل ۔ (۲) ترکیب ؛ تدبیر؛ چال ۔

Gadhelic (a) [Ir.'gaedheal'.] اسکاچستان یا آئرستان کے کیلٹ لوگوں سے متعلق ۔

Gadid/Gadine : (n&a) [mod. L.'gadus'.] کاڈنما ؛ کاڈ مچھلی کے خاندان کا ۔

Gadinic : (a) بلوری روغنی ترشہ جو کاڈ مچھلی کے تیل سے حاصل ہوتا ھے ۔

Gadite : (a) [L.'Gades'+-Ite.] قادس لوگوں سے متعلق ۔

Gadling : (n) آہنی دستانے کی مہمیز ۔

Gadoid : (n) [mod.L.'gadus'.] ایک مچھلی جو کاڈ سے مشابہ ہوتی ھے ۔

Gadoid : (a) دیکھو Gadid

Gadolinic : (a) ایٹریم کے سلیکیٹ کا ۔

Gadolinite : (n)[Named after'Gadolin'a mineralogist.] ایٹریم (Yattrium) کا سلیکیٹ جو کالے بلوروں میں پایا جاتا ھے ۔

Gadroon/Godroon : (n) [Fr. 'godron'.] منحنی شکل کی کگر جو تعمیر یا دھات کے کام میں بطور آرائش بنائی جاتی ھے ؛ خیارہ ۔

Gadrooned/Godrooned: (a) خیارہ دار ۔

Gadsme/Gadsmy life : خدا بچائے ۔

Gadso : (interj.) کلمۂ استعجاب ۔

Gaduin : (n) [mod. L. 'gadus'.] روغنی مادہ جو کاڈ مچھلی کے تیل میں پایا جاتا ھے ۔

Gadwall : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی بھوری بطخ ۔

Gael : (n) [Sc. Gaelic. 'Gaidheal'.] اسکاچستان کی کیلٹ نسل ؛ آئرستان کی کیلٹ نسل ۔

Gaelic : (a) اسکاچستان یا آئرستان وغیرہ کی کیلٹ نسل کا یا اس سے متعلق ۔

Gaelic : (n) اسکاچستان کے کیلٹ لوگوں کی نسل ۔

Gaff : (n) [Pr. 'gaf'.] (۱) آنکڑا ؛ آنکڑے دار نیزہ ۔ (۲) موٹا لٹھا جس کا ایک سرا اگلے اور دوسرا پچھلے بادبان پر رکھا رہتا ھے ۔ (۳) مچھلی مارنے کا برچھا۔

Gaff : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) مہمل ۔ (۲) بھانڈا پھوڑنا ۔

To blow the gaff : بھانڈا پھوڑنا ۔

Gaff : (n) [Origin unkn.] (۱) ادنیٰ قسم کا تھیٹر یا کمرہء موسیقی ۔ (۲) میلہ ۔

Gaff : (v) برچھے سے مارنا اور کھینچ لینا ۔

Gaff : (v) (عامیانہ) جوا کھیلنا؛ قرعہ نکالنا ۔

Gaff-topsail : (n) (۱) ہلکا مثلث یا مربع بادبان جس کا سرا بلّے پر تنا ہوا رہتا ھے ۔

Gaffe : (n) [Fr.] فاش غلطی ؛ لغزش ؛ خطا ۔

Gaffer : (n) (۱) تعظیمی لفظ ۔ (۲) بھلے آدمی ۔ (۳) بوڑھا گنوار؛ بڑے میاں ۔ (٤) مالك ۔ (٥) جمعدار؛ چودھری ۔ (٦) فلم یا ٹیلی ویژن کے اسٹیج کی روشنیوں کا نگہدار ۔

Gag : (n) (۱) کپڑا وغیرہ جو منہ میں ٹھونس دیا جائے تاکہ آواز نہ نکلے؛ ڈھاٹی؛ بہن بند ؛ چھینکا ۔ (۲) (جراحی) ایک قسم کا آلہ جو جراحی کے وقت منہ میں لگا دیتے ہیں تاکہ منہ بند نہ ہو جائے ۔ (۳) (پارلیمنٹ) مابہہ النزاع مسئلے کا فیصلہ جو بحث بند کرکے کیا جائے ؛ زبان بندی کرنا ؛ منہ میں کپڑا وغیرہ ٹھونس کر خاموش کردینا؛ آزادیء تقریر سلب کرلینا ۔ (٤) وہ فقرے جو ایکٹر اسٹیج پر موقع و محل کے مناسب اپنے مقررہ بیان سے زیادہ کہہ جاتے ہیں ایکٹروں کا ایسےفقرے کہنا ؛ الحاقی الفاظ (جو اصل کتاب میں نہ ہوں) ۔ (٥) زبان بندی ۔ (٦) ابالے ہوئے گوشت کی چربی ۔

Gag : (n) (۱) (عامیانہ) پاکھنڈ ؛ جھوٹ ؛ جھوٹا ادعا ؛ دھوکا؛ فریب ۔ (۲) نشانہء تضحیك ۔

Gag : (v) (۱) متلی آنا ۔ (۲) منہ بند کرنا ۔ (۳) زبان بند کرنا ۔ (٤) گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ۔ (٥) رکاوٹ ڈالنا ۔ (٦) (ایکٹروں کا) اپنے مقررہ بیان سے زیادہ کہہ جانا ۔

Gag : (v) باہر نکلا ہوا ہونا ۔

Gag : (v) دھوکا دینا؛ دغا دینا؛ پاکھنڈ پھیلانا؛ جھوٹ بولنا ۔

Gag-bit : (n) لگام کا مضبوط دہانہ ۔

Gag-law : (n) (امریکا) آئین زبان بندی ۔

Gag-rein : (n) خاردار لگام ۔

Gag-runner : (n) خاردار لگام کا حلقہ ۔

Gaga : (a) [Fr. 'gagr.] (۱) بے وقوف ؛ احمق ؛ مخبوط الحواس ۔ (۲) شیفتہ ۔

Gage : (n) [OFr. 'gage'.] (۱) شے مرھونہ ؛ شے مکفولہ ؛ وہ شے جو ضمانت کے طور پر رکھوا دی جائے؛ وہ چیز جو گروی رکھ دی جائے ۔ (۲) مبارز طلبی کےلئے دستانہ وغیرہ پھینکنا ؛ مبارزت طلبی کی علامت مثلاً دستانہ وغیرہ جو پھینکا جائے ۔

To throw down the gage : مبارز طلب ہونا ۔

Gage : (n) (عامیانہ) چوتھائی گیلن کا برتن ؛ چوتھائی گیلن کے برتن بھر ۔

Gage : (n) بیر کی قسم کا ایك سبز پھل ۔

Gage : (v) [OFr.'gage'] رہن رکھنا؛ گروی رکھنا؛ مکفول کرنا؛ گرو کرنا؛ بطور ضمانت کے پیش کرنا ۔

Gagger : (n) منہ بند کرنے والا؛ زبان بند کرنے والا ۔

Gagger : (n) رافع ؛ اٹھانے والا آلہ (خصوصاً کسی چیز کو ڈھاٹی میں) ۔

Gagger : (n) دھوکا دینےوالا ؛ دل لگی کرنے والا ۔

Gaggle: (v) [Imitative.] (مرغی اور بطوں کا) کٹ کٹ کرنا؛ کرکرانا ۔

Gaggle: (n) (۱) (بطوں کا) جھنڈ ۔ (۲) عورتوں کی جماعت ۔ (۳) گپ شپ ۔

Gahnite : (n) [f.'Gahn' a Swedish Chemist+-ite] (معدنیات) جستے اور آلومینا کا آکسائیڈ ۔

Gaiety/Gayety : (n) [OFr.'gaiete'.] (۱) خوش طبعی؛ شگفتہ مزاجی ؛ زندہ دلی ۔ (۲) رنگ رلیاں ؛ ہنسی ؛ دل لگی ؛ عیش و عشرت ۔ (۳) بناوٹ ؛ سجاوٹ؛ آراستگی ؛ زرق برق ہونا ۔ (٤) گہرا گلابی (رنگ) ۔

Gaillard/Gaillard : ایك قسم کا ریتلا پتھر ۔

Gaillardia : (n) [mod. L.] مرکب پودوں کی ایك نوع جس کے خوش رنگ پھول ہوتے ہیں ۔

Gaily/Gayly : (adv.) زندہ دلی سے؛ شوخی سے؛ خوش نمائی سے ۔

Gain : (n) [OFr. 'ga(a)in'.] (١) بڑھوتری ؛ نفع ؛ ترقی ؛ افزونی؛ افزائش؛ سود؛ منفعت؛ یافت ؛ آمدنی ۔ (٢) کمائی، حصول دولت؛ جلب زر؛ (جمع) منافع؛ نفع تجارت؛ مشاہرہ ؛ تنخواہ ؛ جوئے کی جیت ۔ (٣) توقیر ؛ بیشی ؛ بڑھوتری ؛ ازدیاد ۔ (٤) (طبیعیات) اضافہ ۔

Gain : (n)[origin obscure.] (١) کھانچ ۔ (٢) (کان کنی) زمین دوز رستے میں متقاطع کٹائی ۔ (٣) (معماری) طاق ۔

Gain : (a) [ON.'gegna'.] (١) (رستہ یا سمت کےلئے) نزدیک ؛ سیدھا ۔ (٢) تیار؛ مہربان ۔ (٣) دستیاب؛ سہل ؛ مفید ۔

Gain : (v)[OFr.'ga(a)ignier'.] (١) پانا؛ حاصل کرنا ۔ (٢) کمانا؛ آمدنی میں اضافہ ہونا ؛ نفع ہونا؛ بڑھوتری ہونا ۔ (٣) فتح پانا؛ جیتنا ۔ (٤) ترقی کرنا؛ سبقت لے جانا؛ (آگے) بڑھ جانا ۔ (٥) منزل مقصود کو پہنچنا؛ پہنچ جانا ۔ (٦) توڑ لینا؛ اپنا ہم خیال بنا لینا؛ سمجھابجھا کر راضی کرلینا ۔ (٧) (سمندر کا) ہٹنا ۔

To gain face : اقتدار حاصل کرنا ۔

To gain ground : (١) (فوج) فتح کرنا؛ قبضہ کرنا ۔ (٢) بڑھنا؛ ترقی کرنا ۔

To gain ground on : کسی سے سبقت لے جانا ۔

To gain ground upon : دبانا ؛ قریب ہوتے جانا؛ قریب تر ہوتے جانا ۔

To gain on/-upon : (١) (سمندر کا) خشکی کی طرف بڑھنا ۔ (٢) قریب تر ہونا ؛ (تعاقب میں) ۔ (٣) مقبول ہونا ؛ تقرب حاصل کرنا ۔

To gain the ear of : عرض و معروض کا موقع پانا؛ گفتگو کا موقع پانا ۔

To gain the upper hand : غالب آنا؛ فتح پانا ۔

To gain the wind : (بحریات) ہَوا کی رخ کی طرف ہونا ۔

To gain time : مہلت حاصل کرلینا ۔

Gain : (v) جوڑنا ؛ کھانچ بنانا ۔

Gain : (adv.) تقریباً ؛ لگ بھگ ۔

Gain control : (n) (طبیعیات) اضافہ کنٹرول ۔

Gain-giving : (n) شبہ ۔

Gainable : (a) (١) قابل حصول ۔ (٢) جس کو توڑا جاسکے ؛ جس کو اپنی طرف کیا جاسکے ۔

Gained : (a) حاصل کیا ہوا ؛ حاصل شدہ ؛ بچایا ہوا ۔

Gained day : (n) (بحریات) زمین کی گرد گھومنے سے ٢٤ گھنٹے کی بچت (مغرب کی طرف جانے سے) ۔

Gainer : (n) فائدہ اٹھانے والا؛ کامیاب ہونے والا ؛ جیتنے والا؛ حاصل کرنے والا ۔

Gainful : (a) (١) سودمند؛ فائدہ مند ۔ (٢) کماؤ ؛ نفع بیں ۔

Gainful occupation : (n) نفع بخش پیشہ ۔

Gainfully : (adv.) سودمندانہ ؛ فائدہ مندی سے ؛ نفع بینی سے ۔

Gainfulness : (n) سودمندی ؛ فائدہ مندی ؛ نفع بینی ۔

Gaining : (n) کھانچ بنانا ۔

Gaining : (a) بڑھتا ہوا ۔

Gaining-machine : کھانچ بنانے کی مشین ۔

Gaining-twist : (n) بندوق کی نالی کا پیچ جو دہانے کی طرف بڑھاتا جاتا ہے ۔

Gainless : (a) بے فائدہ؛ بے سود ۔

Gainlessness : (n) بے فائدگی؛ بے سودمندی ۔

Gainliness : (n) خوش شکلی ؛ خوش اطواری ۔

Gainly : (a) خوش شکل ؛ خوش اطوار ۔

Gainsay : (n) تردید ۔

Gainsay : (v) (١) انکار کرنا ۔ (٢) تردید کرنا ۔ (٣) مخالفت کرنا ۔

Gainsayer : (n) مخالفت کرنے والا؛ تردید کرنے والا ۔

Gainsome : (a) آمادہ ۔

Gainst/Gainst : (Prep.) دیکھو Against

Gairfowl : (n) آك کبیر؛ بحر منجمد شمالی کی ایک بط جس کی نسل اب معدوم ھے ۔

Gairish : بھڑك دار؛ بہت چمکدار؛ زرق برق؛ فوق البھڑك ۔

Gait : (n) [ME.'gate, gait'] (۱) چال؛ گام؛ چلنے کا انداز؛ طرز خرام ۔ (۲) (گھوڑے کی) گام ۔ (۳) شرح رفتار؛ قدم ۔

Gaited : (a) (۱) خاص طرز خرام کا ۔ (۲) مخصوص طرز کا بنایا ھوا ۔

Gaiter : (n) [Fr.'guetre'.] (۱) ساق پوش؛ گیٹس ۔ (۲) ساق پوش جوتا ۔ (۳) حفاظتی پوشش ۔

Gaiter : (v) ساق پوش پہننا ۔

Gaiter : (n) [OE. 'gate treow'.] (نباتیات) زغال اختہ؛ افون موس ۔

Gala : (n) [Fr.'gala'.] (۱) تہوار؛ عید؛ جشن ۔ (۲) زرق برق لباس ۔

Gala day : (n) تہوار؛ جشن؛ عید ۔

Gala dress : (n) زرق برق لباس ۔

Gala meet : (n) جشن شکار ۔

Galactic : (a)[Gr.'gala, gala+ -IC.] (۱) شیری ۔ (۲) کہکشانی؛ متعلق بہ کہکشاں ۔

Galactic circle : (n) دائرۂ کہکشاں؛ دائرۂ مجرا ۔

Galactic poles : (n) قطبین کہکشاں ۔

Galactin : (n) [Gr.'galakt'+-in.] (۱) قند شیر ۔ (۲) ایک نباتی مادہ جو دودھ روکھ (Cow-tree) سے نکلتا ھے ۔ (۳) انجماد شیر کا بنیادی عنصر ۔

Galacto- : [Gr.'gala, galakt'.] سابقہ بمعنی "دودھ" "شیر" ۔

Galactogogue : (a) شیر زا؛ دودھ پیدا کرنے والی ۔

Galactometer : (n) شیر پیما ۔

Galactophagist : (a) شیر خوار ۔

Galactophorous : (a) شیر بردار ۔

Galactopoetic/Galactopoitic : (a) شیر زا ۔

Calactorrhoea : (n) سیلان شیر ۔

Galactose : (n) قند شیر (HocH, (CHoH, CHO) ۔

Galactosis : (n) شیر آوری ۔

Galactosuria : (n) پیشاب میں شکر آنا ۔

Galago : (n) [mod. L.'galago'.] بندر کی ایک قسم ۔

Galah : (n)[Native name in Australia.] (۱) آسٹریلوی کا کاتوا ۔ (۲) (عامیانہ) بیوقوف؛ سادہ لوح ۔

Galahad : (n) [after Sir Galahad, a knight in Arthurian legend.] پاك باطن جانباز ۔

Galam butter : (n) [f. Galam, on the Senegal.] گاڑھا تیل یا چربی جو بعض بیجوں سے نکلتی ھے ۔

Galanga : (n) [med. L.'galanga'.] (۱) خولنجان؛ پان کی جڑ؛ ناگر موتھا؛ کلیجن ۔ (۲) ایک قسم کی انگریزی گھاس؛ سور ۔

Galantine : (n) [OFr. 'galantine'.] اُبالا ھوا بے ہڈی کا پرندوں کا گوشت ۔

Galanty show : [It. 'galanti'.] تماشا جس میں کٹھ پتلیوں کا عکس پردے یا دیوار پر ڈالا جاتاھے ۔

Galapee : (n) [Origin unkn.] ویسٹ انڈیز کا ایک درخت ۔

Galatea : (n) [after the Galatea, British man of war.] نیلی دھاریوں والا سفید سوتی کپڑا ۔

Galaxy : (n) [OFr.'galaxie'.] (۱) کہکشاں؛ مجرا؛ آکاس گنگا ۔ (۲) چیدہ اشخاص کا مجمع؛ جمگھٹ؛ مجمع حسینان؛ اِندر کا اکھاڑہ ۔

Galaxy : (v) کہکشاں بننا؛ جمگھٹا ھونا ۔

Galbanum : (n) [L. 'galbanum'.] (۱) ایک قسم کی لاکھ؛ بر یجا؛ بارزد ۔ (۲) (مجازاً) مہمل؛ لغو ۔

Galbulus : (n) [L. 'galbulus'.] گوگل پھلا -

Gale : (n) [OE.'gagel, gagelle'.] حنائے دلدلی؛ ایک قسم کی مہندی۔

Gale : (n) [Origin unkn.] (۱) تند ہَوا ؛ تیز ہَوا ؛ (بحری) طوفان ؛ جھکڑ ؛ نسیم ؛ ہلکی اورفرحت بخش ہَوا (شاعری میں) - (۲) ہیجان یا خوشی کی حالت۔

Equinoctial gale : اعتدالی ہَوا -

Gale : (n) [Contr. of Gavel.] کرایہ یا لگان کی میعادی ادائی۔

Gale : (v) (بحری) طوفان کے رخ پر جہاز چلانا -

Gale : (v) کان کو لگان پر دینا یا لینا -

Galea : (n) [L.'galea'] (۱) (نباتیات و حیوانیات) خود : فانوس - (۲) صداع ؛ درد سر - (۳) سر کی پٹی کی ایک قسم۔

Galeage/Galiage : (n) لگان -

Galeate/Galeated : (a) [L.'galeatus'.] خود دار؛ خود نما ؛ خود صورت -

Galeeny : (n) [Sp.'gallina'.] چنیا بطخ؛ ایک قسم کا بڑا پرندہ جو جزیرہ گینی میں ہوتا ہے -

Galeid : (n) [mod. L.'Galeidao'.] ایک قسم کی شارک مچھلی -

Galeidan : دیکھو Galeid

Galen : (n) [L.Galenus'.] (۱) جالینوس - (۲) حکیم ؛ طبیب ؛ ڈاکٹر -

Galena : (n) [L.'galena'] خام سیسہ -

Galenian : (a) (۱) جالینوس سے متعلق، جالینوسی - (۲) (مزاحاً) جڑی بوٹی کی (دوا) مفردات کی (دوا)-

Galenic : (a) دیکھو Galenian

Galenic : (a) خام سیسے سے متعلق -

Galenic figure : (n) (منطق) قیاس کی چوتھی شکل -

Galenical : (a) جالینوس -

Galenical : (n) جڑی بوٹی -

Galenical figure : (n) (منطق) قیاس کی چوتھی شکل -

Galenically : (adv.) جڑی بوٹی سے -

Galenism : (n) طب جالینوس -

Galenist : (n) جالینوس کا پیرو -

Galenite : (n) دیکھو Galenan

Galenoid : (a) خام سیسے سے مشابہ -

Galenoid : (n) مثلثی چوبیس سطحی شکل -

Galeod : (n) [Gr. 'galeoides'.] ایک قسم کی شارک -

Galeoid : (a) (۱) شارک نما - (۲) (حشریات) عنکبہ کے خاندان سے متعلق -

Galeopithecus : (n) [mod. L.] اُڑتا بندر؛ نیولا بندر -

Galericulate : (a) [L.'galericulum'.] (نباتیات) خود نما -

Galere : (n) [Fr.] دَل ؛ جتھا -

Galerite : (n) [mod.L.'galerites'.] ایک قسم کا متحجر خارپشت -

Galilean : (n) [L.'Galilaea'+ - an.] (۱) جلیل (فلسطین کاایک شہر) کا باشندہ - (۲) حضرت عیسیٰ - (۳) عیسائی - (٤) ایک عیسائی فرقہ -

Galilean : (a) جلیلی : جلیل سے متعلق -

Galilean : (a) [f. 'Galileo, the astronomer'.] گلیلائی دوربین -

Galilee : (n) [OFr.'galilee'.] گرجا سے ملحق کمرہ ؛ گرجا کا برآمدہ -

Galimatias : (n) [Fr.'galimatias'.] (۱) بے معنی گفتگو ؛ بَڑ ؛ مہمل - (۲) عجیب وغریب - (۳) (لسانیات) یاوہ گوئی -

Galingale : (n) [OFr.'galingal'.] دیکھو Galanga

Galiot : (۱) بحرالکاہل میں چلنے والا تیزرو بادبانی یا چپوؤں سے چلنے والا جہاز - (۲) ولندیزی مال بردار یا ماہی گیر جہاز -

Galipot/Gallipot : (n) [Fr.'galipot'.] گوند جو بعض صنوبر کے تنے سے ٹپکتا ھے ۔

Galium : (n) [mod. L. 'galium'.] ایک قسم کی گھاس ۔

Gall : (n) [ON.'gall'.] (۱) پتّے کی رطوبت؛ زرد آب ؛ پت ؛ صفرہ ۔ (۲) بہت تلخ شے ۔ (۳) پتّا ؛ زہرہ اور اس کے اندر کا مادہ ۔ (٤) (مجازاً) درشتی ؛ سختی ؛ تند مزاجی ؛ غصہ ؛ بغض ؛ عناد؛ دشمنی ؛ کینہ ؛ عداوت ؛ ترش روئی ؛ کاوش ۔ (٥) امریکا (عامیانہ) اعتماد ؛ گستاخی (٦) پگھلے ہوئے شیشے کی گاد یا جھاگ ۔ (۷) قنطاریون ۔

To dip one's pen in gall : قلم سے زہر اگلنا ؛ شدید مخالفت میں لکھنا ۔

Gall : (n) [MDU. 'galle'.] (۱) آماس ؛ سوجن ؛ ورم ؛ آبلہ ؛ چھالا ؛ زخم (خصوصاً گھوڑوں کا) ۔ (۲) کھجانے کا زخم ؛ خراش ۔ (۳) جس جگہ رگڑنے سے کھال اُدھڑ جائے یا کسی اور وجہ سے پھٹ جائے؛ کمزوری ؛ عیب ۔ (٤) رنجیدگی یا اس کا سبب ۔ (٥) بَن یا کھیت میں صاف قطعۂ زمین ۔

Gall : (n) [OFr. 'galle'.] مازو ؛ ماجو ۔

Gall : (v)[Back-formation from Galled.] (۱) رگڑنا؛ رگڑ ڈالنا؛ رگڑ کا زخم لگنا؛ کھرچنا؛ چھیلنا؛ چھل جانا ۔ (۲) دق کرنا ؛ ستانا؛ تنگ کرنا؛ ناک میں دم کرنا؛ پریشان کرنا۔ (۳) ذلیل کرنا؛ خفیف کرنا؛ تذلیل کرنا ۔

Gall : (v) (رنگ ریزی) مازو سے رنگنا ۔

Gall-apple : (n) مازو ؛ ماجو ۔

Gall-bladder : (n) پتا ؛ زہرہ ۔

Gall-duct/-pipe : (n) صفرا کی نلی ۔

Gall-fly : (n) مازو مکھی ؛ پت مکھی ۔

Gall-leaf : (n) مازو پتا ۔

Gall-nut : (n) مازو پھل ۔

Gall-oak : (n) وہ بلوط جس سے مازو یا ماجو نکلتا ھے ۔

Gall-steep : (n) مازو سے رنگنا ۔

Gall-stone : (n) سنگ برادہ ؛ پتھر ۔

Gallant : (a&n) [OFr.'galant'] (۱) خوش پوشاک؛ خوش لباس؛ نمائشی ؛ پُر تکلف ۔ (۲) شاندار ؛ نفیس ؛ عمدہ؛ عظیم الشان؛ پُرشوکت (گھوڑا یا جہاز) ۔ (۳) جواں مرد ؛ شجاع ؛ بانکا ؛ سور؛ سورما ؛ بیر ؛ جانباز ۔ (٤) (دارالعلوم کے فوجی یا بحری رکن) اس لقب سے مخاطب کرتے ہیں ۔ (٥) عاشق مزاج ؛ حسن پرست ؛ دل پھینک ؛ عشق باز ۔

Gallant : (v) کسی عورت سے عشق و محبت کی باتیں کرنا؛ بانکپن کی آن سے کسی خاتون کے ہمرکاب رہنا ۔

Gallantly : (adv.) دلیرانہ ؛ جانبازانہ ؛ مردانہ وار ؛ عاشقانہ؛ نیازمندی سے ؛ حسن اخلاق سے ۔

Gallantness : (n) جانبازی ؛ خوش اطواری ۔

Gallantry : (n) [Fr.'galanterie'.] (۱) بہادری ؛ شجاعت ؛ دلیری ؛ بےجگری ؛ تہور؛ جوانمردی ۔ (۲) وضع داری؛ خوش پوشاکی ۔ (۳) حسن پرستی؛ عاشق مزاجی؛ نازبرداری ۔ (٤) نیاز عاشقی ؛ عاشقانہ کلام یاطرزعمل ؛ حسن خلق ۔ (٥) عاشقانہ اختلاط ؛ بوس و کنار ؛ بدچلنی ؛ تماشا بینی ۔

Gallantry-award : (n) (انتظامیہ) انعام بہادری ؛ (تاریخ) انعام شجاعت ۔

Gallate : (n) (کیمیا) مازو کے تیزاب کا نمک ۔

Galleass : ایک بھاری نیچا فوجی جہاز جو بادبان اور چپوؤں دونوں سے چلایا جاتا ھے ۔

Galled : (a) (۱) آبلہ دار ؛ چھالا دار ۔ (۲) پریشان ؛ آزردہ ۔ (۳) صاف قطعۂ زمین والا (بن یا کھیت) ۔

Galled : (a) تلخ ۔

Gallein : (n) [gallic+-in.] ایک قسم کا سرخ سفوف ۔

Galleon : (n) [MDu.'galjoen'.] (۱) ایک قسم کا جہاز ؛ جنگی جہاز ۔ (۲) (مجازاً) سونے کی چڑیا ؛ موٹی اسامی ۔ (۳) بڑا ہسپانوی جہاز جو امریکی تجارت میں استعمال ھوتا تھا ۔

Gallery : (n) [OFr.'galerie'.] (۱) دالان ؛ برآمدہ ؛ بارجہ ۔ (۲) شہ نشین ؛ غلام گردش ۔ (۳) کسی کمرے یا گرجے کے اندر کا چھجا جو اخبار کے رپوٹروں ،

گویّوں وغیرہ کےلئے مخصوص ہو ؛ (تھیٹر) سب سے اونچی نشست ؛ گیلری ؛ گیلری میں بیٹھنے والے لوگ، ادنیٰ طبقے کے حاضرین یا ناظرین ۔ (٤) تنگ اور لمبا کمرہ ۔ (٥) تصویر خانہ ؛ رنگ محل ۔ (٦) (فود کا) سرنگ ۔ (٧) میز وغیرہ کے آرائشی کٹہرے ۔ (٨) گیلری کا کھیل سے بعید ترین راستہ ۔

Art gallery : (انتظامیہ) تصویر خانہ ۔

To play to, or, for the gallery : ٹپ ٹاپ دکھانا ؛ ادنیٰ طبقے کے لوگوں کو خوش کرنے کی کوشش کرنا ؛ ابلہ فریبی سے کام لینا ۔

Gallery : (v) (١) غلام گردش بنانا ۔ (٢) (فوج) سرنگ بنانا ۔

Gallery hit/-shot/-stroke : وہ ہٹ وغیرہ جو تماشائیوں کو دکھانے کے لئے مارا جائے ۔

Galley : (n) [OFr.'galie'.] (١) ایک قسم کا یک عرشہ بادبانی جہاز ۔ (٢) قدیم یونانی یا رومی جنگی جہاز ۔ (٣) بڑی کشتی جس پر جنگی جہاز کا کپتان سوار ہوتا ہے ۔ (٤) جہاز کا باورچی خانہ ؛ (طباعت) وہ کشتی جس پر سیسے کے حروف سطر وار جمائے جاتےہیں ؛ چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ ۔ (٥) پتھر کے ظروف کو گرم کرنے کی بھٹی ۔

In this galley : صحبت ناجنس میں ۔

To condemn or send to the galleys : جہاز پر کام کرنے کی سزا دینا ۔

Galley-arch/-house : (n) چھت دار بندرگاہ ۔

Galley-man : (n) جہاز پر کام کرنے والا ؛ ملاح ۔

Galley packet : (n) من گھڑت قصہ ؛ جھوٹ ۔

Galley-press : (n) چھوٹا دستی مطبع جس سے پروف نکالا جاتا ہے ۔

Galley proof/-slip : (n) چھاپے خانے کے پروف جو سلپ کی شکل میں ہوں ۔

Galley slave : (n) وہ شخص جس کو جہاز پر ملاحی کا کام کرنے کی سزا دی جائے ؛ بیگاری ؛ غلام ۔

Galley-stick : (n) خانہ ۔

Galley-worm/Galley worm : (n) ایک قسم کا کئی ٹانگوں والا کیڑا ؛ ہزارپایہ ۔

Galliambic : (n)[L.'galliambus'.] ایک بحرجس میں‌ٹینی سن (Tennyson) نے اپنی نظم بوڈیشیا لکھی ہے ۔

Galliambic : (a) مندرجہ بالا بحر میں لکھی ہوئی ۔

Galliard : (a) [OFr.'gaillard'.] دلیر ؛ شجاع ؛ زندہ دل ۔

Galliard : (n) ایک تیز رقص ۔

Galliard : (n) [Origin unkn.] (ارضیات)ایک قسم کا رتیلاپتھر ۔

Galliardise/Galliardize : (a) [Fr.'gaillardise'.] رنگ رلیاں ؛ شادمانی ؛ خوشی ۔

Galliass/galleas : (n) [OFr.'gal (l) easse'.] دیکھو Galleass

Gallic : (a) [L.'gallicus'.] (١) گال کا ؛ قدیم فرانس کے باشندوں کا ۔ (٢) (مزاحیہ) فرانسیسی ۔

Gallic : (a) [Fr.'gallique'.] مازونی ۔

Gallic acid : (n) مازو کا تیزاب ۔

Gallican : (a&n) [Fr.'gallican'.] (١) فرانس کے قدیم گرجا کا ۔ (٢) فرانس کے قدیم گرجا کا پیرو یا مقلد ؛ فرانس کے اُس رومن کیتھولک فرقے کا جس نے سولہویں صدی میں پوپ کا اقتدارکم کرنے اور قومی گرجے کا اقتدار بڑھانے کی کوشش کی تھی ۔

Gallicanism : (n) پوپ کا اقتدار کم کرنے اور قومی گرجے کا اقتدار بڑھانے کا اصول ۔

Gallicanist : (n) پوپ کا اقتدار کم کرنے اور قومی کلیسا کا اقتدار بڑھا نے کا حامی ۔

Gallicism : (n) (١) فرانسیسی محاورہ جو دوسری زبان میں بولا یا لکھا جائے ۔ (٢) فرانسیسی انداز گفتگو یا رسم و رواج ۔

Gallicize : (v) فرانسیسیوں کی تقلید کرنا ؛ فرانسیسی بننا ؛ فرانسیسی رنگ میں رنگنا ۔

Galliform : (a) [mod. L.'galliformis'.] پرندوں کی ایک نوع سے متعلق ۔

Galligaskin : (n) [It.'grechesca'.] (١) برجس ؛ پتلون؛ پاجامہ ۔ (٢) ساق پوش ۔ (٣) گاؤزباں کی ایک قسم ۔

Gallimaufry : (n) [Fr.'galimafree'.] گڑبڑ ؛ خلط ملط ؛ گڈمڈ ؛ افرا تفری۔

Gallinacean : (a) پرندوں کی عام جنس کاجس میں مرغیاں، کبوتر، تیتر ، فاختہ ؛ وغیرہ شمارکئے جاتے ہیں ۔(۲) گستاخ ؛ شوخ ۔(۳) دجاجی ۔

Gallinacean : (n) مرغ۔

Gallinaceous : (a) دیکھو Gallinacean

Gallinaginous : (a) [mod. L.'gallinago'.] آبیانی ۔

Gallinaginous crest : (n) پیشاب کی نالی کی جھلی کی تہ ۔

Gallinazo : (n) [sp.'gallinazo'.] امریکی گدھ۔

Galling : (a) پریشان کن ؛ تکلیف دہ ۔

Gallingly : (adv.) پریشان کن طورپر ؛ تکلیف دہ طورپر ۔

Gallingness : (n) پریشانی ؛ تکلیف ۔

Gallinipper : (n) ['Origin unkn'.] بڑا مچھر ۔

Gallinule : (n) [mod.L.'gallinula'.] مرغ آبی ؛ ڈایک ۔

Galliot : (n) [OFr.'galiote'.] دیکھو Galiot

Gallipot : (n) (۱) مرتبان یا کلھیا جس میں مرہم وغیرہ بھرا جاتا ھے ۔(۲) (مزاحاً) عطار ؛ دوا فروش ۔

Gallium : (n) [mod. L.] ایک قسم کی نرم نیلگوں سفید دھات ۔

Gallivant : (v) [perh. fantastic alter of gallant.] آوارہ پھرنا ؛ ہرزہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا ۔

Galliwasp : (n) [Origin unkn.] ویسٹ انڈیز کی ایک چھوتی چھپکلی ۔

Gallize : (v) [From Dr.L. gall.] انگور کے عرق میں پانی اور شکر ملا کر اس کی مقدار بڑھانا ۔

Gallo- : سابقہ بمعنی "فرانسیسی کا" "فرانسیسی" ۔

Gallo-celtic : (a) فرانس کے کلٹوں سے متعلق ۔

Gallo-tannate : (n) ماجو کے ترشے کا کسی اساس کے ساتھ مرکب ۔

Gallo-tannic : (a) ماجو کا ترشہ ۔

Galloglass : (n)[Ir.Gael.'galloglach'.] (۱) آئرستانی سرداروں کا فوجی سپاہی ۔(۲) (ہائی لینڈ کے) رئیس یا سردار کا داروغہ ؛ کا مدار ۔

Galloman : (n) فرانس اور فرانسیسی چیزوں کے پیچھے دیوانہ ۔

Gallomania : (n) فرانس اور فرانسیسی چیزوں کا خبط ۔

Gallomaniac : (n) دیکھو Galloman

Gallon : (n) [ONFr.'galon'.] گیلن ؛ ایک پیمانہ جس سے غلہ یا رقیق چیزیں ناپتے ہیں ۔

Galloon : (n) [Fr.'galon'.] سوتی، ریشمی یا زرتار کی ڈوری ؛ پٹکہ ۔

Gallooned : (a) پٹکہ لگا ھوا ۔

Gallop : (n) [OFr.galop'.] (۱) سرپٹ ، پوئی ؛ پوئیا (چال گھوڑے کی) ۔(۲) (مجازاً) تیز رفتاری ۔

False gallop : سہولت ۔

Full gallop : پوری رفتار سے ؛ سرپٹ ۔

Gallop : (v) (۱) سرپٹ دوڑنا یا دوڑانا ۔(۲) پوئیاجانا یا لے جانا ۔ (۳) بہت تیزی سے چلنا؛ بڑھنا یا گفتگو کرنا ۔ (٤) تیز رفتار گھوڑوں سے پہنچانا ۔

To gallop away : تیزی سے گفتگو کرنا ۔

To gallop over or through : سرسری طورپر پڑھنا ۔

Gallopade/Galopade: (n) [Fr.'galopade'.] ہنگری کاتیزرقص ۔

Galloper : (n) (۱) پوئی دوڑنے والا ؛ سرپٹ جانے والا ؛ وہ گھوڑا جو پوئی چلے ۔ (۲) ہلکی توپ جسے میدانِ جنگ میں لے جاسکیں ۔ (۳) آوارہ گرد ۔ (٤) (فوج) اڈی کانگ ۔

Gallophilism : (n) فرانس دوستی ۔

Gallophobe : (n) فرانس ترس ۔

Gallophobia : (n) فرانس ترسی ۔

Galloping : (a) دوڑنے والا ؛ تیز رفتار ؛ (طب) برقی ۔

Galloping consumption : (n) دق برقی ۔

Galloping carriage : (n) ہلکی توپ گاڑی ۔

Galloping inflation : (n) تیز گام افراط زر ۔

Galloping nun : (n) دنیاوی راہبہ ۔

Gallophil : (n) فرانس دوست ۔

Galloway : (n) [A district in the S.W.of Scotland.] (۱) گیلووے کامضبوط ٹٹو ؛ ٹانگن ۔ (۲) چھوٹےقد کا گھوڑا؛ ٹٹو ۔

Gallows : (n) [ON.'galgi'.] (۱) دار ؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔ (۲) پھانسی کی سزا ۔ (۳) ورزش کا تختہ ؛ باورچی خانے میں گوشت وغیرہ لٹکانے کی لکڑی ۔ (٤) واجب القتل شخص ۔ (٥) پتلون کے تسمے ۔

To have the gallows in one's face : واجب القتل مجرموں کی سی صورت ہونا ۔

Gallows : (a) (۱) واجب القتل ؛ بدمعاش ؛ موذی ۔ (۲) (عامیانہ) بڑا ؛ بہت ؛ شدید ۔

Gallows : (adv.) بہت بڑا ۔

Gallows air : (n) کمینہ روئی ۔

Gallows-bird : (n) واجب القتل ؛ گردن زدنی ۔

Gallows-bitts : (n) زائد بادبان وغیرہ رکھنے کا چوکھٹا ۔

Gallows foot : (n) پھانسی کے سامنے کی جگہ ۔

Gallows-ripe : (a) گردن زدنی ؛ پھانسی کے قابل ۔

Gallows-top : (n) دیکھو Gallows bitts

Gallows-tree : (n) [OE.'galg-trew'.] دار؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔

Gally : (a) (۱) چھالا دار؛ آبلہ دار۔ (۲) صاف یا مرطوب قطعۂ زمین والا ۔

Gally : (v) ڈرانا ؛ ہراساں کرنا ۔

Gally-crow/Galli- : (n) ڈراؤنا ۔

Galoot : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) نو آموز ملاح ۔ (۲) بدقوارہ شخص ۔

Galop : (n) [Fr.'galop'.] ایک طرح کا تیز رقص ۔

Galore : (adv.) [ir.'go leor or lor'.] کثرت سے ؛ افراط ۔

Galore : (n) کثرت ؛ بہتات ؛ فراوانی ؛ افراط ۔

Galosh/Golosh : (n) [OFr.'galoche'.] (۱) جوتوں کے اوپر پہننے کے پتلے ربڑ کے جوتے ۔ (۲) جوتوں کے نچلے حصے میں لگانے کا چمڑا ؛ جوتوں پر چڑھانے کا چمڑا یا ربڑ ۔

Galosh/Golosh : (v) جوتوں کے اوپر پتلے ربڑ کے جوتے پہننا ۔

Galt : (n) چکنی مٹی کی تہ ۔

Galumph : (v) [Invented by C.L. Dodgson.] (خوشی میں) اچھلتے ہوئے چلنا ۔

Galumphing : (a) اچھلتے ہوئے چلنے والا ۔

Galvanic/-al : (a) (۱) گیلوانی ؛ حرکی برق سے متعلق ۔ (۲) (تبسم وغیرہ) بناوٹی اور فوری ۔

Galvanic battery : (n) موجہ گیلوانی ؛ گیلوانی بیٹری ۔

Galvanic belt : (n) گیلوانی کمربند ۔

Galvanic electricity : (n) (۱) گلوانیت ؛ حرکی برقی ؛ کیمیائی برق ؛ طرح دینے کا عمل ۔ (۲) برقی رو سے علاج ۔

Galvanic pile : (n) تیس چاندی اور تیس جستے کے ٹکڑے نمک آلود کپڑے میں لپیٹے ہوئے ۔

Galvanically : (adv.) گیلوانی طورپر ۔

Galvanism : (n)[Fr.'galvanisme' f. the name of living Galvani.] دیکھو Galvanic electricity

Galvanist : (n) ماہر گلوانیت ۔

Galvanistical : (a) گلوانیت سے متعلق ۔

Galvanisation : (n) (۱) جست کاری ۔ (۲) جھول ؛ ملمع ؛ ملمع سازی ۔

Galvanize/Galvanise : (v) (دھات کو) طرح دینا ؛ جست کاری کرنا ؛ (کیمیا) جستہ چڑھانا ۔

Galvanized iron : (n) جستی لوہا ؛ وہ لوہا جس پر جست کی قلعی ہو ؛ (کیمیا) جستہ چڑھا لوہا ۔

Galvanizer : (n) طرح دینے والا ؛ جھول چڑھانے والا ؛ ملمع ساز ؛ جست کار ۔

Galvano- : سابقہ Galvanic اور Galvinism کی مرکب صورت ۔

Galvano-caustic : (a) گلوانی کاوی ۔

Galvano-cauterization : (n) برقی داغ دینا ۔

Galvano-cautery : (n) برقی داغ ۔

Galvano-magnetic : (a) مقناطیسی برقیات سے متعلق ۔

Galvano-magnetism : (n) مقناطیسی برقیات ۔

Galvano-puncture : (n) نسیج میں برقی رو دینا ۔

Galvano-therapeutics : (n) علاج برقی رو سے ۔

Galvano-thermometer : (n) برقی حرارت پیما ۔

Galvanograph : (n) برقی نقش ۔

Galvanographic : (a) برقی نقاشی سے متعلق ۔

Galvanograhpic : (n) برقی نقاشی ؛ مقناطیسی برق کی قوت سےتانبے کی تختیوں پر کندہ کرنا ۔

Galvanologist : (n) حرکی برق کا ماہر ۔

Galvanology : (n) حرکی برق سے متعلق کتاب ۔

Galvanometer : (n) برقی رو پیما ۔

Galvanometric/Galvanometrical : (a) برقی رو پیمائی سے متعلق ۔

Galvanometry : (n) برقی رو پیمائی ۔

Galvanoplastic : (a) برقی ملمع کاری سے متعلق ۔

Galvanoplasty : (n) برقی ملمع کاری ؛ بجلی کے ذریعہ قلعی کرنا ۔

Galvanoscope : (n) برقی رو نما ۔

Galvanoscopic : (a) برقی رو نما سے متعلق ۔

Galvanoscopy : (n) برقی رو نمائی ۔

Galvanotropism : (n) (نباتیات) برق رخی ۔

Galwegian : (a) [f.'gal (lo) -way'.] گیلووے سے متعلق ۔

Galwegian : (n) گیلووے کا باشندہ ۔

Gam : (n) دانت ؛ منہ (اسکاٹ لینڈ) ؛ لمبے دانت ۔

Gam : (n) ٹانگ ؛ پنڈلی ؛ ساق ۔

Gam : (n) (۱) وہیلوں کا جھنڈ ۔ (۲) وہیل پکڑنےوالوں کا اجتماع ۔

Gam : (v) (۱) (وہیلوں کا) جھنڈ بنانا ۔ (۲) (وہیل کے شکاریوں کا) گپ شپ کےلئے مجتمع ہونا ۔

Gama grass/Gamma- : (n) ایک قسم کی لمبی اونچی گھاس ۔

Gamash : (n) [Fr.'gamache'.] ساق پوش ؛ پٹی ۔

Gamba : (n)[short forviol da Gamba.] ارگن باجےکی کھونٹی ۔

Gamba : (n) [late L.'gamba'.] جگالی کرنے والے جانوروں کی پشت پا کی لمبی ہڈی ۔

Gambade : (n) [Fr.'gambade'.] (۱) گھوڑے کی چھلانگ ۔ (۲) بے محل حرکت ؛ شرارت ؛ بدتمیزی ۔

Gambado : (n) [It.'gamba,+-ado'.] ساق پوش جو زمین میں لگا رہتا ہے ۔

Gambado : (n) [Sp.'gambada'.] دیکھو Gambade

Gambado : (v) چھلانگ مارنا ؛ اچھلنا ۔

Gambeson : (n) [OFr.'gambeson'.] (فوج) چمڑے یا موٹے کپڑے کی بنڈی جو عموماً زرہ کےنیچے پہنی جاتی تھی ۔

Gambet : (n) (طیوریات) سرخ پایلوا ۔

Gambetta : (n) [mod.L.] دیکھو Gambet

Gambier/Gambeer/Gambir : (n) [Malay.'gambir'.] ورقی کتھا ؛ پودے کا ست جو چمڑا رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Gambist : (n) وایولا بجانے والا ۔

Gambit : (n) [It.'gambetto'.] (۱) شطرنج کی ایک ابتدائی چال ۔ (۲) (مجازاً) موضوع : ابتدائی فقرہ ۔ (۳) (مجازاً) ارادی ترکیب ۔ (٤) آبدوز کشتی پر ہوائی حملے کی ایک حکمت جس میں جہاز اس کے پیرس کوپ سے چھپا رہتا ھے ۔

Gambit : (v) چال چلنا ۔

Gamble : (n)[Early form of game.] (۱) جوابازی ۔ (۲) خطرناک مہم : جوکھم کا معاملہ ۔

Gamble : (v) (۱) جوا کھیلنا؛ قماربازی کرنا ۔ (۲) جوکھم میں پڑنا : جوکھم میں ڈالنا ۔ (۳) سٹا کرنا ۔

To gamble away : جوئے میں ہار دینا ۔

Gambler : (n) جواری : قمارباز : جوئے باز ۔

Gamboge : (n) [mod. L.'gambangium'.] رب ریوند : وہ لاکھ جس سے زرد رنگ نکلتا ھے ۔

Gambogian : (a) رب ریوند کے رنگ کا ۔

Gambogic/Gambodic/Cambogic : (a) رب ریوند کا ۔

Gambol : (n) [Fr.'gambade'.] چھلانگ : پھلانگ : زغند : زقند : اچھل کود : کلیل ۔

Gambol : (v) اچھلنا : کودنا : زغند بھرنا : کلیلیں کرنا ۔

Gambrel : (n) دیکھو Gambrel

Gambrel roof : (n) خمیدہ چھت ۔

Gambroon : (n) [f.Gambroon, a town of Parsian Gulf.] موٹا کپڑا جو استر کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Game : (n) [OE.'gamen, gomen'.] (۱) ہنسی : دل لگی : مضحکہ : تمسخر ۔ (۲) پُرلطف واقعہ : مزا ۔ (۳) کھیل : بازی ۔ (٤) (جمع ، یونان و روم) ورزشی ناٹکی یا موسیقی کے مقابلے ۔ (٥) منصوبہ : کام : مہم : مقصد ۔ (٦) (جمع) چالیں : کاٹ پھانس ۔ (۷) کھیل کی ایک بازی : ایک داؤں ۔ (۸) کھیل کا پورا سامان ۔ (۹) کھیل کی حالت : کھیل کا رنگ : گیم (ٹینس وغیرہ میں) ۔ (۱۰) شکار : صید : وہ چیز جس کا شکار کیاجاتا ھے؛ شکار کا جانور : شکار کا گوشت ۔ (۱۱) کھلاڑی ۔ (۱۲) جرأت : برداشت : بے باکی ۔ (۱۳) پالیسی ۔ (١٤) (مجازاً) شکار : نشانہ ۔

Cock of the game : دیکھو Game-cock

Fair game : جائز شکار ۔

Forbidden game : ممنوع ۔

Game and game : دونوں فریقوں کی ایک ایک جیت ۔

Round game : وہ کھیل ، خصوصاً تاش کا، جس میں ہر کھلاڑی اپنا اپنا کھیل کھیلتا ھے ۔

The game is up : شکست ھوگئی ۔

The same old game : وہی پرانا دھندا ۔

To force the game : (کرکٹ) بے خوف و خطر کھیلنا (جیتنے کےلئے) ۔

To make game of : مضحکہ اڑانا : بے وقوف بنانا ۔

To play a good game/-poor- : اچھا یا خراب کھلاڑی ھونا ۔

Game : (a) اصیل مرغ کی مانند : جری : باہمت : مستعد ۔

To die game : (۱) دلیری سے موت کا سامنا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) آخر دم تک لڑتے رہنا ۔

Game : (a) (ہاتھ پاؤں وغیرہ) شل : معذور : بیکار ۔

Game : (v) (۱) دل لگی کرنا : تفریح کرنا : عشق بازی کرنا۔ (۲) جوا کھیلنا ۔ (۳) جوے میں ہارجانا یا اڑا دینا ۔

Game act : (n) تحفظ شکار کا قانون ۔

Game-animal : (n) شکار کا جانور ۔

Game bag : (n) فتراک : شکار بند ۔

Game ball : (n) (ٹینس وغیرہ میں) وہ اسکور جس کے بعد ایک پوائنٹ جیتنے سے گیم ھو جاتا ھے ۔

Game-bantam : (n) لڑنے والا مرغ ۔

Game-bird : (n) (شکار کے پرند ۔ (۲) (بیڈ منٹن) دیکھو Gameball ۔

Game-cast : (n) (بال (Bowls) کے کھیل میں) گیند کو اس طرح پھینکنا کہ جیت متیقن ہو ۔

Game certificate : (n) ۔ شکار کا اجازت نامہ؛ شکار کا لائسنس ۔

Game-cock : (n) (۱) اصیل مرغ ؛ لڑنےوالا مرغ ۔ (۲) جانباز ؛ جنگجو ۔

Game-fowl : (n) (۱) پالی لڑنے والا پرندہ ۔ (۲) پرند جس کا شکار کیا جائے ۔

Game-hole : (n) Cribbage (تاش کا ایک کھیل) کے بورڈ کا آخری سوراخ ۔

Game-keeper : (n) محافظ شکار گاہ ۔

Game law : (n) تحفظ شکار کا قانون ۔

Game-licence : (n) دیکھو Game certificate

Game-tenant : (n) شکار کرنے یا مچھلی مارنے کا اجارہ دار یا ٹھیکہ دار ۔

Game theory : (n) (شماریات) نظریہء کھیل ۔

Game-trespass : (n) ۔ شکار کے تعاقب میں مداخلتِ بیجا کرنا ۔

Gameless : (a) بے شکار ۔

Gamely : (adv.) ہمت سے ؛ جرأت سے ۔

Gameness : (n) ہمت ؛ جرأت ۔

Games-man : (n) (تاریخ) مہرا ۔

Gamesome : (a) شوخ چنچل ؛ خوش طبع ؛ ہنس مکھ ؛ کھیل کود کا شائق ۔

Gamesomely : (adv.) ۔ چنچل پن ؛ شوخی یا خوش طبعی سے ۔

Gamesomeness : (n) شوخی ؛ خوش طبعی ۔

Gamester : (n) (۱) جواری ؛ قمار باز ۔ (۲) شکار گاہ ؛ ہنس کا محافظ ۔

Gamestress : (n) قمار باز عورت ۔

Gametal : (a) زواجی ؛ نسبتی خلیوں سے متعلق ۔

Gametange : (n) زواجہ دان ۔

Gamete : (n) [mod. L.'gameta'.] زواجہ ؛ نسبتی خلیہ ؛ گمٹے ؛ صنفی تخم ۔

Gametic : (a) (حیوانیات) زواجی ۔

Gametic mutation : (n) (حیوانیات) زواجی ناگہانی تبدل ۔

Gametic number : (n) (حیوانیات) زواجی عدد ۔

Gametocyte : (n) زواجہ زا خلیہ ۔

Gametogenesis : (n) زواجی تولید ؛ زواجیہ زائی ۔

Gametogenic : (a) (حیوانیات) زواجیہ زا ۔

Gametogeny : (n) (حیوانیات) عمل زواجی پیدائش ۔

Gametogonium : (n) زواجہ کیسہ ۔

Gametogony : (n) زواجی پیدائش ۔

Gametoid : (n) زواجہ نما ۔

Gametophore : (n) زواجہ بردار ۔

Gametophyte : (n) زواجی پودا ۔

Gamgee : (n) جاذت روئی ؛ پھاہا (یا پھایا) ۔

Gamic : (a) [Gr.'gamikos'.] زواجی ؛ جنسی ۔

Gamic edges : (n) خود قطبی کثیرالسطوح کے مساوی کنارے ۔

Gamin : (n) [Fr.] لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا ۔

Gaminerie : (n) [Fr.] شوخ ؛ گستاخ ؛ شریر ۔

Gaming : (n) قماربازی ؛ جوا کھیلنا ۔

Gamma : (n) [Gr.'gamma'.] (یونانی) حروف تہجی کا تیسرا حرف ؛ شمار کرنے میں ۳ اور C کے بجائے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا پروانہ یا تیتری ۔

Gamma rays : (n) گاما شعاعیں ۔

Gammadion/Gammation : (n) [Late Gr. 'gammadion'.] دیکھو Fylfot

Gammarid : (n) [mod. L.'Gammaridae'.] (حیوانیات) دوکار پا قشریہ ۔

Gammarolite : (n) متحجر دو کارپا قشریہ ۔

Gammer : (n) [probably a Contr. of 'Godmother'.] بڑھیا : پیر زن ۔

Gammon : (n) [ONFr.'gambon'.] سور کے پٹھے اور ران کا گوشت (جو نمک لگا کر سکھا لیا جاتا ہے) ۔

Gammon : (v) سور کے پٹھے اور ران کے گوشت کو نمک لگا کر سکھانا ۔

Gammon : (n) (بحریات) رسّی یا سُتلی (جس سے جہاز کا اگلا حصہ باندھا جاتا ہے) ۔

Gammon : (v) جہاز کے اگلے حصے کو رسّے سے باندھنا ۔

Gammon : (n) [app. survival of 'gamen'.] چوسر میں دو بازی کی جیت ۔

Gammon : (v) چو سر میں دو بازی جیتنا ۔

Gammon : (n) (۱) (عام چوروں کا) پاکٹ مارکا ساتھی ۔ (۲) گپ شپ ۔ (۳) مہمل : واہیات ۔

To give gammon : (چوروں کا) (عامیانہ) کسی کے پاس کھڑا رہنا تاکہ اس کا ساتھی جیب کترسکے ۔

To keep in gammon : کسی کی توجہ دو سری طرف مشغول رکھنا تاکہ اس کا ساتھی پاکٹ مارسکے ۔

Gammon : (v) (۱) چرب زبانی سے بات کرنا ۔ (۲) روغن قاز ملنا : مکر کرنا : حیلہ کرنا : بننا ۔ (۳) دھوکا دینا : فریب دینا : بیوقوف بنانا ۔

Gammoner : (n) (۱) چرب زبانی کرنےوالا : دھوکا دینے والا ۔ (۲) اپنے ساتھی کو جیب کترنے کا موقع دینے والا ۔

Gammoning : (n) رسّا جس سے جہاز کا اگلا حصہ باندھا جاتا ہے ۔

Gamo- : (۱) سابقہ بمعنی "زواج" "شادی" ۔ (۲) (نباتیات) "پیوستہ" "جڑواں" ۔

Gamobium : (n) [L.] جنسی تبدیل نسل ۔

Gamogastrona : (a) (نباتیات) پیوستہ بفچہء گل والا ۔

Gamogenesis : (n) جنسی ولادت : توالد و تناسل ۔

Gamogenetic : (a) جنسی ولادت سے متعلق ۔

Gamogenetically : (adv.) بطور جنسی ولادت ۔

Gamogony : (n) زواجہ زائی ۔

Gamomania : (n) زواجی خبط ۔

Gamomorphism : (n) زواجی تشکیل ۔

Gamopetalous : (a) پیوستہ گل برگہ ۔

Gamophyllous : (a) پیوستہ برگہ ۔

Gamosepalous : (a) پیوستہ سبلہ ۔

Gamp : (n) [After Mrs. Sarah Gamp, a monthly nurse.] (۱) بدنام قسم کی تیماردار عورت ۔ (۲) (مزاحاً) چھتری ، خصوصاً بڑی سی میلی کچیلی چھتری ۔

Gampish : (a) میلا کچیلا ۔

Gamut : (n) [Contr. of mod.L.'gamma+ut'.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے سرگم کا سب سے نچلا سُر ۔ (۲) بڑا سرگم جس میں قرون وسطیٰ کے کُل سُر ہوتے ہیں ۔ (۳) کل مسلمہ سُروں کا مجموعہ ۔ (٤) سرگم ۔ (٥) آواز یا ساز کا محیط یا گھیر ۔ (٦) (کسی شے کا) احاطہ : حلقہء اثر : دائرہ ۔

Gamy : (a) (۱) پر شکار : جس میں شکار کی کثرت ہو ۔ (۲) جری : دلیر : جیوٹ ۔ (۳) شکار کی بو رکھنے والا : بدبو ۔ (٤) شہوت زا (موضوع) ۔ (٥) بداخلاق ۔

-gamy : لاحقہ بمعنی "زواج" "شادی" ۔

Gander : (n) [Late OE. 'ganra, gandra'.] (۱) ہنس ۔ (۲) بیوقوف، سادہ لوح : گھامڑ ۔ (۳) (عامیانہ) شادی شدہ شخص جو بیوی سے علاحدہ رہے ۔

Gander : (v) چہل قدمی کرنا : گھومنا پھرنا ۔

Gander : (n) (عامیانہ) نظر ۔

Gander month/-moon : (n) زچگی کے بعد کا مہینہ ۔

Ganef : (n) [Yeiddish,'ganef'.] چور : بدمعاش ۔

Gang : (n) [ON.'ganga'.] (۱) رستہ ؛ چراگاہ ۔(۲) چند آلات جن کا سلسلہ ایک دوسرے سے ملا ہو اور ساتھ ساتھ کام کرتےھوں ؛ دستہ ۔(۳) گروہ ؛ منڈلی؛ ٹولی (مزدورں ، غلاموں اور قیدیوں کی) ؛ ٹکڑی ۔(٤) جتھا ؛ مجرموں کا گروہ ۔

Criminal gang : مجرمانہ ٹولی، (جماعت، گروہ) ۔

Gang : (v) [OE.'gangan'.] ٹہلنا ؛ جانا ۔

Gang : (v) جتھا بنانا ؛ ٹولی بنا کر آنا ؛ (ٹولی کے ساتھ) رہنا ۔

Gang-age : (n) (سماجیات) ٹولی بنانے کی عمر ۔

Gang-board : (n) وہ تختےجو کنارے سے کشتی پر آنے جانے کےلئے جڑ دیئے جاتے ہیں ۔

Gang-cask : (n) (بحری) پانی کا پیپا ۔

Gang-mill : (n) بہت سے آروں والی لکڑی چیرنے کی مل ۔

Gang-plank : (n) وہ تختے جو کنارے سے کشتی پر آنے جانے کے لئے جڑ دیئے جاتے ہیں ۔

Gang-rider : (n) کان کی گاڑیوں پر سواری کرنے والا ۔

Gang-road :(n) بندرگاہ اور عمارتوں کے بیچ کی سڑک ۔

Gange : (v) [Origin unkn.] تار سے باندھنا ؛ تارسے مضبوط کرنا (مچھلی پکڑنے کے کانٹے وغیرہ کو) ۔

Ganger : (n) (۱) پیدل چلنے والا ؛ پیادہ مسافر ۔(۲) تیز رفتار گھوڑا ۔

Ganger : (n) قلیوں کا جمعدار ؛ مزدورں کا چودھری ۔

Ganger : (n) (بحری) لنگر کی لمبی زنجیر ۔

Gangetic : (a) [L.'gangeticus'.] دریائے گنگا سے متعلق ۔

Ganging : (n) (۱) بنسی کو لگی سے باندھنا ۔(۲) لگی کاایک حصہ جس کے سرے سے بنسی باندھتے ہیں ۔

Gangliac : (a) عقد سے متعلق ۔

Ganglial/Gangliar : (a) عقدی ؛ عقودی ۔

Gangliated : (a) عقود دار ۔

Gangliform/Ganglioform : (n) عقدہ شکل ؛ عقد نما ۔

Ganglion : (n) [Gr.'gagglion'.] (۱) (عضویات) عقدہ ۔ (۲) مرکزی نظام عصبی کا خاکی رنگ کا مواد ؛ غدہ عصب؛ (نفسیات)عصبی گچھا۔(۳) (مجازاً) مرکز، محور۔(٤) بر آمدگی ؛ گھیگھا ۔

Sympathetic ganglion : تانیدی عصبی گچھا ۔

Ganglion cell/-corpuscle/-globule : (n) عقدہ خلیہ ؛ نظام عصبی کے خاکی رنگ کے مواد کے خلیے ۔

Ganglionary : (a) عقدہ دار ۔

Ganglionated : (a) دیکھو Gangliated

Ganglionic : (a) عقدی ؛ عقدے کا ۔

Gangrel : (n) (۱) آوارہ گرد ؛ آوارہ گرد فقیر ۔(۲) لاغر اور لمبا شخص ۔

Gangrel : (a) آوارہ گرد ۔

Gangrene : (n) [Fr.'gangrene'.] (۱) غانقاریا ؛ شقاقولوس ؛ فساد نسیج ؛ خورہ ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی فساد ؛ خورہ ۔

Gangrene : (v) (۱) نسیج جسمانی کا سڑجانا ۔(۲) اخلاقی فساد کا پھیل جانا ۔

Gangrene scent : (a) سڑا ھوا ؛ گلا ھوا ؛ ناسور دار ۔

Gangrenous : (a) سڑا ھوا ؛ گلا ھوا ؛ ناسور دار ۔

Gangsman : (n) (۱) گودی کا مزدور۔(۲) مزدوروں کاجمعدار ۔

Gangster : (n) (۱) مجرموں کےگروہ کارکن ۔(۲) (سماجیات) گروہ بند ۔

Gangue/Gang : (n) [Fr.'gangue'.] گل معدن ؛ سنگ معدن ؛ مٹی کے ساتھ ملی ھوئی خام دھات ۔

Gangway : (n) (۱) گزرگاہ ؛ راہ رو ؛ رستہ ۔(۲) نشستوں کی قطاروں کےمابین گزرنے کا راستہ ؛ (جہاز کے اندر) راستہ خصوصاً اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کا پلیٹ فارم ۔(۳) جہاز سے کنارے پر آنے جانے کا راستہ یا پل ۔(٤) (کان کنی) کان میں مسطح زمین ۔

To bring to the gangway : ملاحوں کو سزا دینا ۔

Gangway ladder : (n) جہاز میں داخل ہونے کی سیڑھی ۔

Gangway netting : (n) جنگی جہاز میں اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کے پلیٹ فارم کو چھپانے کی جالی ۔

Ganister : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا پتھر ۔

Gannet : (n) [OE.'ganot'.] قاز سفید ۔

Ganocephalan : (n) [mod.L.'ganocephalus'.] مچھلی کی ایک جنس جو اب ناپید ھے ۔

Ganocephalous : (a) ناپید جنس کی مچھلی سے متعلق ۔

Ganoid : (n) وہ مچھلی جس کے کھپرے صاف اور چمکدار ہوں ۔

Ganoid/-al : (a) [Fr. 'ganoide'.] (مچھلی کے کھپرے کےلئے) چمکیلا ؛ چکنا ؛ چمکدار ؛ صاف ۔

Ganoidean/Ganoidian : (a&n) دیکھو Ganoid

Ganoin/Ganine : (n)[Gr.'ganos'.] مچھلی کے کھپرے کی سخت چمکتی ہوئی بالائی تہ ۔

Ganosis : (n) [Gr.'ganosis'.] سنگ مرمرکی چمک کو کم کرنے کی ایک ترکیب (خصوصاً سنگ تراشی میں بت کے عریاں حصے کو)۔

Gansel : (n) [ME. 'gansell'.] چبھتا ہوا جملہ ۔

Gant : (n) جمابی ۔

Gant : (v) [ME.'ganten'.] جمابی لینا ۔

Gant : (v) لاغر بنانا ۔

Gantry/Gauntry : (n) [prob.'Gawn+tree.] مچان ۔

Ganymede : (n) [L.'Ganymedes'.] (۱) ساقی ۔ (۲) (مزاحاً) ویٹر ؛ شراب خانے کا ملازم ۔ (۳) مشتری کے گرد گھومنے والے ستاروں میں سب سے بڑا ستارہ گانمید ؛ قمر مشتری ۔ (٤) امرد ؛ کوفی ۔

Ganza : (n) جنگلی بنس ۔

Gaol/Gaoler : (n) دیکھو Jail

Gap : (n) [ON.'gap'.] (۱) درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ رخنہ ۔ (۲) خندق ؛ کھائی ۔ (۳) پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ ۔ (٤) خالی جگہ؛ خلا ؛ وقفہ ۔ (٥) تفاوت؛ اختلاف (خیالات وغیرہ)۔

To open a gap : شگاف بنانا ۔

To stand in the gap : خلا کو بھرنا ۔

Gap bed lathe : (n) خراد جس میں بڑی چیزوں کو خراد پر چڑھایا جاسکے ۔

Gap-toothed : (a) دانتوں کے درمیان شگاف رکھنے والا ۔

Gap-window : (n) لمبی اور پتلی کھڑکی ۔

Gape : (n) (۱) جمابی ؛ بکابکا ہونا ؛ حیرانی ؛ استعجاب ۔ (۲) کھلے منہ یا کھلی چونچ کے سروں کا فصل ؛ منہ کی چوڑائی ؛ چونچ کا وہ حصہ جو کھلتا ھے ۔ (۳) شگاف ؛ درز ؛ دراڑ ۔

The gapes : (۱) مرغیوں کی ایک بیماری ۔ (۲) (مزاحاً) جمابیوں کا دورہ ۔

Gape : (v) [ON.'gapa'.] (۱) منہ پھاڑنا ؛ منہ پھیلانا ۔ (۲) پھیلنا ؛ پوری طرح کھلنا ؛ پوری طرح کھلا یاپھیلا ہونا ؛ منہ پھیلائے ہونا؛ پھٹنا ؛ تڑخنا۔ (۳) منہ پھاڑ کر دیکھنا ؛ حیرت و استعجاب سے گھورنا ؛ بکا بکا رہ جانا ۔ (٤) جمابی لینا ۔ (٥) آرزو مند ہونا ۔

Gape-eyed : (a) (حشریات) بظاہر بےپپوٹوں والا ۔

Gaper : (n) (۱) جمابی لینے والا ؛ شق ہونےوالا ؛ منہ پھیلا کر رہ جانےوالا ۔ (۲) بعض اقسام کے پرندے ۔ (۳)ایک قسم کاگھونگا۔ (٤)ایک قسم کی مچھلی ۔

Gape-seed : (n) گھورنا ؛ بکا بکا رہ جانا ؛ حیرت کا مقام ؛ وہ چیز جسے دیکھ کر آدمی بکابکا رہ جائے ۔

To seek, buy or sow gape-seed : بازار یا میلے میں خرید وفروخت کےبجائے تماشا دیکھنا ۔

Gaping : (n) (۱) منہ پھاڑنا یا پھیلانا ۔ (۲) شگاف ۔

Gaping stock : (n) وہ چیز جسے دیکھ کر آدمی بکا بکا رہ جائے ۔

Gapingly : (adv.) منہ پھاڑ کر ؛ حیرت واستعجاب سے ۔

Gapped : (a) شگاف دار ؛ دراز دار ؛ دندانہ دار ۔

Gar/Garr/Guard : (n) [Short for Garfish.] (۱) سینگا ؛ نیزہ ماہی ۔ (۲) سگ ماہی ۔

Gar : (v) [ME.'gere'.] بنانا ۔

Gar-pike : (n) سینگا مچھلی ؛ نیزہ ماہی ۔

Garage : (n) [Fr.'garage'.] وہ عمارت جس میں موٹر کاروں ، انجنوں وغیرہ کی مرمت ہوتی ھے؛ موٹر کاروں کا گودام ؛ انجن خانہ ؛ موٹر خانہ ۔

Garancin/Garancine : (n) [Fr.'garancine'.] رنگ جو مجیٹھ سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Garb : (n) [It.'garbo'.] (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے ۔ (۲) وضع ؛ پہناوا ؛ بھیس ۔ (۳) طرز ۔

Garb : (v) (۱) کپڑے پہنانا ؛ کسی خاص پوشاک میں ملبوس کرنا ۔ (۲) لفظی جامہ پہنانا ۔

Garbage : (n) [AFr.'garbage'.] (۱)اوجھڑی ؛ آلائش؛ پھیپھڑے ۔ (۲) آخور ؛ سڑی بسی چیز ؛ ردی ؛ کوڑا کرکٹ ۔ (۳) (مجازاً) فحش یا مکروہ ادب ؛ کتابیں ۔ (٤) تاش کا ایک کھیل ۔

Garble : (n) [It. 'garbello'.] مسخ کرنا ؛ تحریف کرنا ۔

Garble : (v) [AL.'garbellare'.] (۱) (شاذ) چھانٹ لینا ؛ اچھی سے اچھی چوٹی کی چیزیں چن لینا ۔ (۲) ادھر اُدھر سے اپنے کام کی چیزیں لے لینا؛ بے انصاف اور بدنیتی سے اقتباس کرنا ۔ (۳)تحریف کرنا؛ بگاڑنا ؛ مسخ کرنا ۔

To garble the coinage : چھانٹ لینا ۔

Garbler : (n) مسخ کرنےوالا؛ تحریف کرنےوالا ؛ بگاڑنے والا ۔

Garbling : (n) (۱) انتخاب کرنا ۔ (۲) مسخ کرنا ۔ (۳) بچی کھچی ہوئی چیز ۔

Garboard : (n) [Du.'gaderen+boord'.] تختے جو جہاز کے پیندے کے نز دیک لگائے جاتےہیں ۔

Garboard strake : (n) دیکھو Garboard

Garcon : (n) [Fr.] فرانسیسی ہوٹل کا خادم ؛ ویٹر ۔

Garde-du-corps : (n) [Fr.] محافظ دستہ ؛ محافظ دستے کا ایک رکن ۔

Garden : (n) [ONFr.'gardain'.] (۱) باغ ؛ پھلواری ؛ چمن ؛ گلزار ؛ گلستاں ؛ بوستاں ؛ روضہ ؛ گلشن ؛ ریاض ؛ باغ عامہ ؛ تفریح گاہ عوام ۔ (۲) زرخیز زمین ؛ سیرحاصل یا شاداب خطہ ۔ (۳) مکانوں کا مجموعہ ؛ کثرہ ۔ (٤) Hatton Garden (لندن کے مقامات) کا مخفف Covel Garden ۔ (٥) Epicurus کے مدرسے کا نام ۔

Garden : (v) باغ لگانا ؛ باغبانی کرنا ۔

Garden : (a) (۱) باغ کا ۔ (۲) معمولی ۔ (۳) باغدار ۔

Garden city : (n) چمن دار شہر ۔

Garden engine : (n) باغ سیراب کرنے کا پمپ ۔

Garden-frame : (n) درختوں کے چوکھٹے ۔

Garden-fresh : (a) (۱) تازہ ۔ (۲) تازہ ترکاریوں سے بنا ۔

Garden-gate : (n) (۱) باغ کا دروازہ ۔ (۲) کئی پودوں کے نام ۔

Garden-glass : (n) (۱) (درختوں کا) شیشے کا سر پوش ۔ (۲) سیاہ فام شیشے کا آرائشی گلوب (جو باغ میں جاتا ھے) ۔

Garden-house : (n) (۱) باغ میں چھوٹی سی عمارت ۔ (۲) باغ دار مکان ۔

Garden-party : (n) دعوت جو باغ میں کی جائے ؛ ضیافت بستانی ۔

Garden-plot : (n) تختہ؛ چمن ؛ پھلواری ۔

Garden-pot : (n) گملہ ۔

Garden-roller : (n) باغ کے رستے اور لان کو درست کرنے کا بیلن ۔

Garden-seat : (n) (۱) باغ میں بیٹھنے کی نشست گاہ ؛ باغ کی بینچ ۔ (۲) منی بس کے بالائی درجے میں ایک یا دو آدمیوں کی نشست ۔

Garden-seated : (a) باغ میں نشست گاہ میں بیٹھا ۔

Garden-stuff : (n) پھل ؛ ترکاری وغیرہ ۔

Garden-wall-bond : (n) بندھن جس میں تین طولے اور ایک سرنل ہو ۔

Garden-warbler : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Garden-white : (n) ایک قسم کی تیتری ۔

Gardener : (n) [AFr 'gardiner'.] باغ لگانے والا ؛ باغبان ؛ مالی ۔

Gardener's delight/-eye : (n) حشیشۃ السراج کی قسم ۔

Gardener's garters : (n) دھاری دار گھاس ۔

Gardenership : (n) باغبان ۔

Gardenesque : (a) باغ سا ؛ چمن سا ؛ گلزار سا ۔

Gardenhood : (n) باغ نما ۔

Gardenia : (n) [mod.L.] گندہ راج ؛ ایک پودا جس کے بڑے اور سفید پھول ہوتے ہیں ۔

Gardening : (n) باغبانی ؛ مالی کا کام ۔

Gardenless : (a) بے باغ ۔

Garderobe : (n) [Fr.'gardrobe'.] گودام ؛ اسلحہ خانہ ؛ کپڑا رکھنے کی الماری ؛ نجی کمرہ ؛ خوابگاہ ۔

Gardez : (v) ہوشیار ! (شطرنج میں وزیر مارنے سے پہلے مخالف کو متنبہ کیا جاتا ہے ۔

Gardyloo : (n) [f.'gare de l'ean'.] ہوشیار ۔

Gare : (v) ہوشیار ؛ خبر دار ۔

Gare-fowl : (n) [Icel. 'geirfugl'.] دیکھو Gairfowl

Garfish : (n) [OE.'gar+Fish.] سینگا مچھلی ؛ نیزہ ماہی ۔

Garganey : (n) [It.] پن ککڑی ۔

Gargantua : (n) دیو

Gargantuan : (a) عظیم الجثہ ؛ دیوقامت ؛ بہت بڑا ۔

Garget : (n) [OFr.'gargate'.] (۱) ورم پستان گاؤ ؛ تھن کی سوزش ۔ (۲) چوپایوں ، مرغیوں وغیرہ کے سر یا گلے کا ورم ۔

Garget plant : (n) خریق سفید ۔

Gargil : (n) [OFr.'gargouille'.] (۱) مویشی، سور اور بطخ کے سر اور گلے کی ایک بیماری ۔ (۲) دیکھو Garget ۔

Gargle : (n) غرارہ ؛ غرغرا ؛ غرارے کا پانی یا دوا ۔

Gargle : (v) [Fr. 'gargouiller'.] (۱) غرارہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) غرغر کی آواز نکالنا ۔

Gargoyle : (n) [OFF.'gargouille'.] میزاب ؛ پرنالہ جس کے دہانے پر انسان یا حیوان کی مضحک صورت بنی ہو ۔

Gargoylism : (n) جسمانی اور دماغی پیدائشی نقص ۔

Garibaldi : (n) [Name of an Italian general.] (۱) عورتوں یا بچوں کی ایک صدری ۔ (۲) ایک قسم کا سمبوسہ ۔ (۳) مچھلی کی ایک قسم ۔

Garish : (a) [Origin unkn.] دیکھو Gairish

Garishly : (adv.) بھڑ کیلے پن سے ۔

Garishness : (n) بھڑک ؛ زرق برق ہونا ۔

Garland : (n) [OFr.'gerlande, garlande'.] (۱) گجرا ؛ پھولوں کا ہار ؛ پھولوں کا مکٹ ۔ (۲) دھات وغیرہ کا ہار ۔ (۳) انعام ؛ طرہ امتیاز ؛ نشان اعزاز ۔ (٤) بیاض ؛ گلدستہ ؛ منتخبات ۔ (٥) ہار کی طرح کی کوئی چیز ۔ (٦) پیچ دار نالی ۔ (۷) (بحری) رسے یا لوہے کاحلقہ ۔ (۸) (فوج) کارتوسوں کا ہار ۔ (۹) ایک قسم کا جال ۔

To gain, get, win etc. the garland : جیتنا ؛ طرہ امتیاز حاصل کرنا ۔

Garland : (v) ہار پہنانا یا ہار سے آراستہ کرنا ؛ گجروں سے سجانا ۔

Garland flower : (n) ہار کا پھول ۔

Garlandless : (a) بے ہار ۔

Garlandry : (n) ہاروں کا مجموعہ ۔

Garlic : (n) [OE.'garleac'.] لہسن ۔

Garlicky : (a) لہسن کا سا ؛ لہسن کی (بو) ۔

Garment : (n) [ME.'garnement'.] (۱) کپڑے ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ ملبوسات (خصوصاً) لبادہ ؛ چوغا ؛ قبا ؛ (جمع) کپڑے ؛ ملبوسات ۔ (۲) کسی شے کا بالائی اور ظاہری پردا ۔

Garment : (v) کپڑا پہنانا ۔

Garmentless : (a) بے لباس ۔

Garmenture : (n) لباس ؛ آرائش ۔

Garner : (n) [ME.'gernet, garner'.] (۱) ذخیرہ ؛ کوٹھی (غلے کی) ۔ (۲) خزانہ ؛ مخزن ۔

Garner : (v) ذخیرہ جمع کرنا ۔

Garnet : (n) [OFr.'(poeme) garnette'.] انار ۔

Garnet : (n) [ME.'garent, grenat'.] لعل ؛ یاقوت ؛ تامڑا ۔

Garnet : (n) [Du,'garnaat'.] (بحریات) ہلکے سامانوں کو اٹھانے کی رسہ چرخی ۔

Clew-garnets : ایک قسم کی رسہ چرخی ۔

Garnet-berry : (n) کشمش ۔

Garnet-blende : (n) جستے کا سلفائیڈ ۔

Garnet rock : (n) یاقوت کی چٹان ۔

Garnetiferous : (a) یا قوت زا ۔

Garnierite : (n) [after Jules Garnier, the discoverer.] نکل اور میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Garnish : (n) [f. next.] (۱) وہ چیزیں جن سے کھانے کی پلیٹ سجائی جائے ۔ (۲) (مجازاً) ادنیٰ نقش ونگار ۔ (۳) آرائشی ادب ۔ (٤) پیسہ یا زر جو نئے قیدیوں سے بطور جیلر کی فیس کے لیا جاتا تھا یا دوسرے قیدیوں کے شراب پینے کےلئے؛ مزدوروں میں بی اس قسم کی ادائی ۔

Garnish : (v) [OFr.'garniss-'.] (۱) آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ (کھانا وغیرہ پلیٹوں میں) ۔ (۲) (قانون) رقم کی قرقی کا نوٹس دینا ۔ (۳) (عامیانہ) بیڑیاں پہنانا ۔

Garnish bolt : (n) روبک دار سر والا پیچ ۔

Garnish money : (n) پیسہ جونئے قیدیوں سے بطور جیلر کی فیس کے لیا جاتا تھا یا دوسرے قیدیوں کے شراب پینے کےلئے ۔

Garnished : (a) (نقابت) مختلف قسم کے دمبالوں سے آراستہ کیا ہوا ۔

Garnishee : (n) (قانون) مدیون کا مدیون جس کی عدالت سے اطلاع ملے کہ قرضجات واجب الادا مدیون کے قرق ہو چکے ہیں اور وہ یہ رقم مدعاعلیہ کو ادا نہ کرے بلکہ حاضر عدالت کرے ۔

Garnishee : (v) مدیون کی واجب الادا رقم کو قرق کرنا ۔

Garnisher : (n) کھانے کی پلیٹ سجانےوالا ۔

Garnishment : (n) (۱) آرائش (خصوصاً کھانےکےپلیٹوں کی) ۔ (۲) کسی شخص پر نوٹس تعمیل کرنا ؛ رقم کی قرقی ۔ (۳) (تجارت) اُجرت روک حکم ۔

Garniture : (n) [Fr.'garniture'.] (۱) لوازمات ۔ (۲) سجاوٹ کی چیزیں (خصوصاً کھانے کی پلیٹ میں) ۔ (۳) لباس ؛ پوشاک ؛ ملبوسات ۔

Garookuh/Garrooka : (n) خلیج فارس کی ماہی گیر کشتی ۔

Garotte : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Garram : (n) اسکاٹ لینڈ یا آئرلینڈ کا ٹٹو ۔

Garret : (n) [OFr.'garite'.] (۱) اٹاری ؛ بالاخانہ ؛ سب سے اوپر کی منزل کا کمرہ ۔ (۲) (عامیانہ) سر ؛ دماغ ۔

Garret : (v) [OFr.'galet'.] (معماری) دیوار وغیرہ میں پتھروں یا اینٹوں کے بیچ میں کنکر بھر دینا ۔

Garret lock : (n) ادنیٰ قسم کا تالا ۔

Garret master : (n) گھٹیا قسم کا بڑھئی ۔

Garreted : (a) منار دار ۔

Garreteer : (n) Garret میں رہنے والا ؛ خصوصاً غریب مصنف ۔

Garrison : (n) [OFr.'garison'.] قلعےیا شہر کی محافظ فوج ۔

In garrison : محافظ فوج میں ۔

Garrison : (v) (۱) محافظ فوج رکھنا؛ محافظ فوج کی حیثیت سے رہنا ۔ (۲) فوج کو قلعے وغیرہ کی حفاظت پر متعین کرنا ۔

Garrison hack : (n) فوجی افسر سے مشق بازی کرنے والی عورت ۔

Garrison-hold : (n) محافظ دستے کے ذریعہ قبضہ ۔

Garrison town : (n) محافظ فوج سے محفوظ شہر ۔

Garron/-an : (n) [Gael.'gearran'.] دیکھو Garran

Garrot : (n) [OFr.'garrot'.] ایک قسم کی مرغابی ۔

Garrotte/Garotte : (n) [Sp.'garrote'.] (۱) اسپین میں سزائے موت جس میں گلا گھونٹ کر مارڈالتے ہیں ۔ (۲) وہ آلہ جو اس طرح سےمار ڈالنے میں استعمال ہوتا ھے ۔ (۳) شاہراہ کا ڈاکہ جس میں مسافر کو گلا گھونٹ کر مار ڈالا جائے ۔

To tip the garrotte : مسافر کو گلا گھونٹ کر لوٹنا ۔

Garrotte/Garotte : (v) (۱) گلا گھونٹ کر سزائے موت دینا ۔ (۲) لوٹنے کی خاطر گلا گھونٹنا ۔ (۳) گلا گھونٹنا ۔

Garrotter/Garotter : (n) گلا گھونٹ کر مار ڈالنے والا جلاد یا قزاق ۔

Garrulity : (n) [L.'garrulitas'.] فضول گوئی ؛ باتونی پن ۔

Garrulous : (a) (۱) باتونی : بکی: گپی : فضول گو ۔ (۲) چوں چوں کرنے والی چڑیا ۔ (۳) پر شور(دریا وغیرہ) ۔

Garrulously : (adv.) باتونی پن سے ؛ فضول گوئی سے ۔

Garrulousness : (n) باتونی پن ؛ فضول گوئی ۔

Garter/Gartan/Garten : (n) [OFr.'gartier'.] (۱) گیٹس ؛ موزہ بند ۔ (۲) (بحریات ، عامیانہ) بیڑی ۔ (۳) دیکھو The garter ۔ (٤) (نقابت) متوازی لکیریں جو داہنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف کھینچی جائیں ۔ (٥) گیٹس نما کوئی چیز ۔ (٦) Garter king of Arms اور Garter snake کا مخفف ۔

In the catching up of a garter : ایک لمحہ میں ۔

Pricking in the garter : ایک قسم کا کھیل ۔

The Garters : (۱) امرائے انگلستان کا سب سے اول درجہ ۔ (۲) اس کا تمغہ ۔

To cast one's garter : شادی کرنا (عورت کا) ۔

Garter : (v) (۱) گیٹس باندھنا ؛ موزوں کے بند باندھنا ۔ (۲) (نقابت) فیتے کا حلقہ بنانا ۔

Garter-blue : (n) گہرا نیلا ۔

Garter-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ؛ نیام ماہی ۔

Garter-knee : (n) بایاں گُھٹنا ۔

Garter-robe : (n) انگلستان کے سب سے اعلیٰ درجے کے امراء کا لبادہ ۔

Garter-snake : (n) (۱) امریکا کا غیر سمی دھاری دار سانپ ۔ (۲) افریقہ کے سمی سانپ کی ایک قسم ۔

Garter-webbing : (n) گیٹس بنانے کا لچکیلا کپڑا ۔

Gartered : (a) امرائے انگلستان سب سے اعلیٰ درجے کا تمغہ لگائے ہوئے ۔

Gartering : (n) وہ چیزیں جن سے گیٹس بناتےہیں ۔

Garth : (n) [ON.'garor'.] (۱) احاطہ : صحن ؛ باغیچہ ؛ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کا احاطہ ؛ خانقاہ کا صحن ۔ (۲) مچھلی کا مان ۔

Garth : (n) [north. form of 'gerth'.] (۱) زیر بند ؛ تنگ ۔ (۲) لکڑی کا حلقہ ۔ (۳) زیر بند ۔

Garum : (n) [L.] رومی چٹنی (مچھلی کی) ۔

Garvie : (n) [Origin unkn.] ہیرنگ قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Gas : (n) [Gr.'Chaos'.] (۱) گیس ؛ غاز ۔ (۲) روشنی کی گیس ۔ (۳) ایک قسم کی پھٹنے والی گیس ۔ (٤) ہائیڈروجن وغیرہ جو غبارے میں بھری جاتی ھے۔ (٥) ایک قسم کی گیس کہ جسے سنگھانے سے آدمی بے ہوش ہو جاتا ھے ۔ (٦) (عامیانہ) بکواس ؛ شیخی ۔ (۷) ریاح ۔

Incandescent gas : دہکتی گیس ۔

Gas : (n) Gasoline کا مخفف ۔

To step or tread in the gas : موٹر گاڑی کی رفتار تیز کرنا ۔

Gas : (v) (۱) گیس مہیا کرنا ۔ (۲) زہر کی گیس پھینکنا (دشمن کی فوج پر) ۔ (۳) گیس کے زہر سے

متاثر ہونا ۔ (٤) گیس کے شعلے سے گزارنا تاکہ پھونسڑے دور ہو جائیں ۔ (٥) خالی خولی باتیں بنانا ؛ شیخی بگھاڑنا ؛ خالی خولی باتیں بناکر دھوکا دینا ۔ (٦) چونے میں کلورین ملا کر بلیچنگ پاؤڈر بنانا ۔ (٧) گاڑی، موٹر، ہوائی جہاز میں پٹرو ل بھرنا ۔

Gas-alarm : (١) گیس سےهوشیار کرنا ۔ (٢) گیس کے دھماکے کے ذریعہ انتباہ کرنا ۔

Gas-bag : (n) (١) گیس دان ؛ طیارہ ؛ وہ تھیلا جس میں گیس بھری ہو ۔ (٢) خالی خولی باتیں کرنے والا ۔

Gas-bath : (n) گیس کے ذریعہ گرم کیا ہوا حمام ۔

Gas-battery : (n) گیسی مورچہ ۔

Gas-bill : (n) (١) گیس بنانے اور مہیا کرنے کا حکم ۔ (٢) گیس کے خرچ کا فرد حساب ۔

Gas bleaching : (n) سلفرڈائی اکسائیڈ کےذریعہ سپید بنانا ۔

Gas-blower : (n) کوئلے کی پرت سےگیس کی دھار ۔

Gas bottle : (n) (١) قرنبیق ۔ (٢) (طب) گیس دان ۔

Gas-bouy : (n) گیسی پیراك پیپا ۔

Gas-burner : (n) گیس مشعل ؛ گیس برنر ۔

Gss-chandlier : (n) گیس جھاڑ ۔

Gas chamber : (n) مجرموں کو گیس کے ذریعہ سزائےموت دینے کا کمرہ ؛ (کیمیا) گیس خانہ ۔

Gas check : (n) (توپ کی) ایك ترکیب جس سے گیس نہ نکل سکے ۔

Gas-coal : (n) گیسی کوئلہ ۔

Gss-cock : (n) گیس کی نلکی کی ٹونٹی ۔

Gas-coke : (n) کوئلہ جس کی گیس نکل گئی ہو ۔

Gas condensation tube : (n) (کیمیا) گیس تکثیفی نلی ۔

Gas- condenser : فیرسے گیس علاحدہ کرنے کا آلہ ۔

Gss constant : (n) (کیمیا) گیس مستقلہ ۔

Gas-drain : (n) (کوئلے کی کان میں) گیس نکالنے کی نالی ۔

Gas-dregs : (n) گیس سازی میں بننے والا مادہ ۔

Gas electrode : (n) گیس برقیرہ ۔

Gas-engine : (n) گیس کا انجن ؛ گیس انجن ۔

Gas filled : (a) گیس بھرا ہوا ۔

Gas-firing : (n) گیس کی بھٹی کو چلانا ۔

Gas-fitter : (n) عمارتوں میں گیس کےلوازمات لگانے والا ۔

Gas-fitting : (n) گیس کی روشنی وغیرہ کے آلات ۔

Gas-fixture : (n) گیس کی مشعلوں کا دیوار گیر یا جھاڑ ۔

Gas-furnace : (n) (١) گیس بھٹی ۔ (٢) گیس بنانےکی بھٹی ۔

Gas generator : (n) گیس بنانے والا ۔

Gas helmet : (n) گیس روك نقاب ۔

Gas-holder : (n) گیس دان ؛ (کیمیا) گیس کی ٹنکی ۔

Gas indicator : (n) گیس نما ۔

Gas leading tube : (n) گیس گزار نلی ۔

Gas-light : (n) گیس کی روشنی ۔

Gas-lime : (n) کوئلے کی گیس صاف کرنے کا چونا ۔

Gas-mask : (n) گیس روك نقاب ۔

Gas-microscope : (n) گیس خوردبین ۔

Gas monometer : (n) گیس داب پیما ۔

Gas motor : (n) دیکھو Gas engine

Gas-pendant : (n) پائپ جو چھت سے آویزاں ہو اور جس میں مشعلیں لگی ہوں ۔

Gas-pipe : (n) (١) گیس کی نلکی ۔ (٢) (مزاجاً) گھٹیا قسم کی بندوق ۔ (٣) گیس کی نالی ۔

Gas-plant : (n) (١) (نباتیات) افطامون سفید (Fraxinella) ۔ (٢) گیس کےکارخانوں کا سازو سامان ۔

Gas-plate : (n) توپوں کی آہنی قرص -

Gas-retort : (n) گیس بنانے کے سازوسامان رکھنے کی قرنبیق -

Gas-ring : (n) سوراخ دار جس سے گیس نکلتی ھے اور جس پر پکایا جاتا ھے -

Gas-sand : (n) رتیلا پتھر جس سے گیس حاصل ھوتی ھے -

Gas-shell : (n) زہریلا گولہ ؛ گیس بم -

Gas-spectrum : (n) گیسی طیف -

Gas-stoker/-stoking : (n) گیسی قرنبیق کو گرم کرنے والا اور گرم کرنا -

Gas-tar : (n) تارکول ؛ کول تار -

Gas-tar : (v) تارکول چڑھانا -

Gas- thermometer : (n) گیس تپش پیما -

Gas turbine : (n) گیس چرخ -

Gas washer : (n) گیس سے امونیا کا ازالہ کرنےوالا -

Gas water : (n) پانی جس سے پانی کی گیس گزری ھو -

Gas well : (n) قدرتی گیس کا کنواں -

Gasalier : (n) گیس جھاڑ -

Gascon : (n) [OFr.'gascon'.] (۱) گیسکنی کا باشندہ - (۲) شیخی باز ؛ ڈینگ مارنے والا ؛ لاف زن - (۳) گیسکنی کی زبان -

Gasconade : (n) [Fr.'gasconnade'.] شیخی ؛ لاف وگزاف ؛ ڈینگ -

Gasconade : (v) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا -

Gasconader : (n) شیخی باز ؛ لاف زن -

Gasconism : (n) شیخی ؛ لاف زنی -

Gaseity : (n) گیس کی خاصیت یا صفت -

Gaselier : (n) گیس جھاڑ -

Gaseous : (a) گیس کا ؛ گیس سا ؛ گیس وار ؛ گیسی -

Gash : (n) [OFr.'garcer'.] (۱) گہرا زخم ؛ گہرا گھاؤ ؛ کاری زخم -(۲) ضرب ؛ وار -(۳) (عامیانہ) منہ -

Gash : (a) کریہہ منظر -

Gash : (v) کاری زخم لگانا ؛ گہری ضرب لگانا -

Gash : (a) (۱) عقلمند -(۲) خوش لباس -

Gash : (n) بات چیت -

Gash : (n) گپ شپ -

Gash : (n) [Origin unkn.] (۱) مزید کھانا-(۲) بچا کھُچا کھانا -

Gashful : (a) خوفناک -

Gashliness : (n) خوفناکی -

Gashly : (a) خوفناک -

Gasifiable : (a) گیس بننے کے قابل -

Gasification : (n) گیس بننا یا بنایا جانا -

Gasiform : (a) گیس جیسا ؛ گیس سا -

Gasify : (v) گیس بنانا ؛ گیس بننا -

Gasket : (n) [Fr.'garcette'.] (۱) رسی یا ڈوری جس سے لپٹے ھوئےبادبان کو چوب مستول سے باندھ دیا جاتا ھے ؛ بادبان بند -(۲) درزبند -

Gasket : (v) بادبان کو رسی یا ڈوری سے چوب مستول میں باندھنا -

Gaskin : (n) گھوڑے کی پچھلی ران -

Gasman : (n) (۱) گیس بنانے یا مہیّا کرنے والا -(۲) گیس کا فرد حساب تیار کرنے والا - (۳) تھیٹر کی روشنی کی دیکھ بھال کرنے والا - (٤) (کوئلہ کی کان) ہائیڈروجن کےلئے کارکردی کی جانچ کرنے والا -

Gasogene : (n) گیس آب زا ؛ سوڈا واٹر مشین -

Gasolene/Gasoline : (n) گیسولین پٹرول ؛ ایک قسم کا پراں آتش گیر رقیق مادہ جو حرارت اور روشنی پیدا کرنے میں کام آتا ھے -

Gasometer/Gazometer : (n) [Fr.'gazometer'.] (۱) گیس دان : گیس پیما ۔ (۲) گیس کا خزانہ جس میں سے نلکیوں کے ذریعہ گیس تقسیم ہوتی ہے ۔

Gasometric : (a) گیس پیمائی سے متعلق ۔

Gasometry : (n) [Fr.'gazometric'.] گیس پیمائی ۔

Gasoscope : (n) گیس نما ۔

Gasp : (n) [f. next.] سانس ؛ ہانپنا ؛ نفس زنی ؛ شدت تنفس کا پھول جانا ۔

At the last gasp : قریب المرگ ۔

(One's) last gasp : آخری سانس ۔

Gasp : (v) [ON.'geispa'.] ہانپنا ۔

To gasp for : ہانپنا ۔

To gasp one's last : آخری سانس لینا ۔

To gasp out : ہانپتے ہوئے کہنا ۔

Gasper : (n) گھٹیا قسم کا سگریٹ ۔

Gassendist : (n) [f.'Gassendi' t-ist.] Gassendi کا پیرو ۔

Gasserian/Casserian : (a) [f. gohann Laurentios Gasser+-ian] گیسیرین (Gasserin) عقدہ ۔

Gassy : (a) (۱) گیس کا ؛ گیس سے بھرا ہوا ؛ گیس کے مانند؛ گیس دار ؛ گیس زا ۔ (۲) خالی خولی ؛الفاظی (کی باتیں) ۔

Gasteromycetous : (a) [mod.L.'gasteromycetes'.] سماروغ کی ایک جنس سے متعلق ۔

Gasteropod/Gastropod : (n)[Fr.'gasteropode'.] ناعمہ؛ معدہ پا؛ ایک قسم کا گھونگا ۔

Gastropoda/-teropoda : (a) gastropodus. حیوانات ناعمہ ؛ معدہ پایان ۔

Gastropodous/Gasteropodous : (a) حیوانات ناعمہ سے متعلق ۔

Gastful : (a) خوفناک ؛ ڈراؤنی ؛ مہیب ؛ بھیانک ۔

Gastraea : (n) [mod.L.'Gastraea'.] ایک کیڑا جس کا وجود ارتقاع کے سلسلے میں فرض کرلیا گیا ہے اور خلیوں کی دو تہوں پر مشتمل سمجھا جاتا ہے ؛ زیر جسم معدیہ ۔

Gasraea theory : (n) یہ نظریہ کہ معدیہ حیوانات کی اولین شکل ہے ۔

Gastraead : (n) اسفنج کی ایک ابتدائی قسم ۔

Gastralgia : (n) درد معدہ ۔

Gastralgic : (a) درد معدہ سے متعلق ؛ درد معدہ میں مبتلا ۔

Gastralgic : (n) درد معدہ میں مبتلا مریض ۔

Gastric : (a) [mod.L.'gastricus'.] پیٹ کا ؛ شکمی ؛ معدی ؛ متعلق بہ شکم ؛ شکم و معدہ ۔

Gastric fever : (n) تپ معدی ؛ حصبہ ۔

Gastric juice/-acid/-liquid : (n) عصیر معدہ ؛ معدی ترشہ ؛ سیال اورتقریباً بے رنگ ترشہ جو معدہ میں پیدا ہوتا ہے اور ہاضم ہوتا ہے ۔

Gastricism : (n) شکمی بیماریاں ۔

Gastriloquist : (n) بطنی تکلم کرنے والا ۔

Gastriloquous : (a) بطنی تکلم سےمتعلق ۔

Gastriloquy : (n) بطنی تکلم ۔

Gastritis : (n) (طب) ورم معدہ ۔

Gastro - : (سابقہ) شکم ؛ پیٹ ؛ معدی ۔

Gastro-catarrhal : (a) معدی نزلے سے متعلق ۔

Gastro-colic : (a) معدی قلونی ۔

Gastro-duodenal : (a) معدی اثنا عشری ۔

Gastro-duodenitis : (n) ورم معدہ و اثنا عشر ۔

Gastro-enteric : (a) معدے اور آنتوں کے متعلق ۔

Gastro-enteritic : (a) معدے اور آنت ورم سے متعلق ۔

Gastro-enteritis : (a) معدے اور آنت کے ورم ۔

Gastro-epiploic : (a) معدے اور ثُرب سے متعلق ۔

Gastro-hepatic : (a) معدے اور جگر سے متعلق ۔

Gastro-hysterotomy : (n) Caesarean operation دیکھو

Gastro-intestinal : (a) Gastro-enteric دیکھو

Gastro-phrenic : (a) معدے اور حجاب حاجز سے متعلق ۔

Gastro-pneumonic : (a) معدے اور پھیپھڑے سے متعلق ۔

Gastro-pulmonary/-pulmonu : (a) Gastro-pneumonic دیکھو

Gastro-splenic : (a) معدہ اور طحال سے متعلق ؛ شکمی طحالی ۔

Gastro-vascular : (a) معدہ اور عروق سے متعلق ۔

Gastrocele : (n) فتق معدہ ۔

Gastrocnemial/Gastrocnemian : (a) عضلہء ساق سےمتعلق ۔

Gastrocnemius : (n) ['gastrokyemia'.] عضلہء ساق ۔

Gastrocutaneous : (a) شکمی جلدی ۔

Gastrodisc : (n) پستاندار کا نہوضی قرص ۔

Gastrolith : (n) سنگ معدہ ۔

Gastologer : (n) باورچی ؛ طباخ ۔

Gastrological : (a) (۱) طباخی ۔ (۲) علم معدہ سےمتعلق ۔

Gastrologist : (n) ماہر فن طباخی ؛ طبیب معدہ ؛ بکاول ۔

Gastrology : (n) [Gr.'gastrologia'.] فن باورچی گیری ؛ طباخی ؛ خانساماں گیری ؛ علم معدہ ۔

Gastromalacia : (n)[mod.L.Gastro+Gr.'malakia'.] لینت معدہ ۔

Gastromancy : (n) بطن سے فال نکالنا ۔

Gastronome : (n) [Fr.'gastronome'.] کھانے کا مبصر ؛ طباخی کا مبصر ؛ خوش خوراك ؛ شکم پرور ۔

Gastronomer/Gastronomist : (n) فن طباخی کا مبصر ۔

Gastronomic/-al : (a) طعام کا ۔

Gastronomically : (adv.) فن طعام کی رو سے ۔

Gastronomy : (n) [Fr.'gastronomie'.] خوش خوراکی ؛ شکم پروری ؛ فن طباخی کی مبصری ۔

Gastropod/Gastropodous : Gasteropod/Gasteropodous دیکھو

Gastrorrhaphy/Gastroraphy : (n) [Fr.'gastroraphic'.] معدے کے زخم کو سینا ۔

Gastroscopy : (n) معدہ بینی ۔

Gastrostomy : (n) معدہ تفویہ ۔

Gastrotomy : (n) معدہ شگافی ۔

Gastrula : (n) mod. L.'gastrula'.] شکمینہ ؛ معدیہ ؛ (حیوانیات) نہوضیہ ۔

Gastrular : (a) شکمینہ سے متعلق ۔

Gastrulation : (n) شکمینہ کی تشکیل ؛ (حیوانیات) نہوضیت ۔

Gastruran : (a) [Gr.'gaster+ura'+-an.] دہن پایاں قشریوں سے متعلق ۔

Gastruran : (n) دہن پایا قشریہ ۔

Gastrurous : (a) دہن پایاں قشریوں سے متعلق ۔

Gat/Gate : (n) [ON.'gat'.] رتیلے ٹیلوں کے درمیان کی گھاٹی ؛ گھاٹی ؛ آبنائے ۔

Gat : (n) [Short for 'gatling'.] پستول ۔

Gatch bed : (n) مریضوں کا پلنگ ۔

Gate : (n) [OE.'gaet, geat'.] (۱) در ؛ دروازہ ؛ پھاٹك ؛ دُوار ؛ باب ۔ (۲) (انجیل) عدل گاہ شہر ۔ (۳) دو پہاڑوں کے بیچ کا تنگ راستہ ؛ درہ ؛ گھاٹی ۔ (٤) جنگلےیا کٹہرے کا دروازہ ۔ (٥) ان اشخاص کی مجموعی تعداد جو فیس ادا کر کے فٹ بال وغیرہ کا میچ دیکھنے آئیں نیز وہ رقم جو اس صورت سے حاصل ہو ۔ (٦) آب بند ۔ (۷) تالے کا سوراخ جس میں کنجی ڈالی جاتی ہے ۔ (۸) کھڑکی کا آئینہ دار پٹ جو اوپر نیچے کھسك سکتا ہے ۔ (۹) (عامیانہ) رد کرنا ۔ (۱۰) دروازہ نما کوئی چیز ۔

The gate of death : موت سے قربت ۔

The gate of heaven/-paradise : باب جنت ۔

The gate of hell : باب جہنم ۔

The ivory gate, the gate of horn : یونانی افسانے میں وہ دروازے جن سے بالترتیب جھوٹے اور سچے خواب داخل ھوتے ہیں ۔

Gate: (n) [ON,'gata'.] (۱) سڑک؛ راستہ ؛ گزرگاہ ۔ (۲) عادت ۔ (۳) رخ ؛ سمت ۔ (٤) دوری ؛ فاصلہ ۔ (٥) چراگاہ ۔

To come, go, ride his gate : اس کے دروازے تك آنا ۔

This gate, that gate : اس طرف ؛ اُس طرف ۔

Some, any gate : کہیں ؛ کسی جگہ ۔

Gate : (n) (۱) سانچے میں پگھلی ھوئی دھات کے جانے کا راستہ ۔ (۲) فاضل دھات کا ٹکڑا جو سانچے کی نکاس پر رکھا جائے ۔

Gate : (v) (آکسفورڈ وکیمبرج) ہر وقت یا کسی خاص وقت کے بعد کالج سے نکلنے کی ممانعت کرنا ۔

Gate : (v) (۱) دروازہ لگانا ۔ (۲) بُننے کے لئے کرگھے کو ٹھیك کرنا ۔ (۳) قالب کو شگاف دار بنانا ۔

Gate-bill : (n) (آکسفورڈو کیمبرج) انڈر گریجویٹ طلبا کے بعد از وقت کالج آنے کی یاد داشت ؛ وہ رقم جو اس کے جرمانہ میں عائد کی جائے ۔

Gate-boot : (n) دروازے کےلئے لکڑیاں کاٹنے کا حق ۔

Gate-chamber : (n) آب بند کا طاق ۔

Gate circuit : (n) (طبیعیات) باب سرکٹ ۔

Gate-crasher : (n) وہ شخص جو ناچ کے جلسے وغیرہ میں بن بلائے پہنچ جائے ؛ ناخواندہ مہمان ۔

Gate fold : (n) کسی کتاب یا رسالے میں وہ تہ کیا ھوا ورق جو کتاب کے صفحوں سے بڑا ھو ۔

Gate-house : (n) (۱) ڈیوڑھی ۔ (۲) شہر کے دروازے کا کمرہ جو قیدخانہ کے طورپر استعمال کیا جاتاتھا ۔

Gate-keeper : (n) (۱) دربان ۔ (۲) ایك قسم کی تیتری ۔

Gate-leg/-legged : (a) کھلنے اور بند ھونے والے پایوں کا (ٹیبل) ۔

Gate-money : (n) داخلہ فیس (کسی جلسے یا تماشےمیں) ۔

Gate-post : (n) پھاٹك کا بازو (کھمبا، ستون) ۔

Gate- saw : (n) چوکھٹا دار آرا ۔

Gate-works : (n) شہر کے دروازے کی قلعہ بندی ۔

Gated : (a) دروازہ دار ۔

Gated amplifier : (n) باب شدہ افزا ۔

Gateless : (a) بے دروازہ ؛ بے در ۔

Gateway : (n) (۱) پھاٹك ؛ دروازہ ۔ (۲) راستہ ؛ گزرگاہ ۔ (۳) درہ ۔

Gather : (n) [f.Gather. (v).] (۱) فصل ۔ (۲) (جمع) لباس وہ حصہ جو سمیٹ لیا جاتا ھے ۔ (۳) دھرے کا آگے کی طرف جھکاؤ ۔

Gather : (v) [OE.'gaderian'.] (۱) جمع کرنا یا ھونا ؛ مجتمع کرنا؛ اکٹھا کرنا؛ مجتمع ھونا۔ (۲) (دولت) جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ جوڑ جوڑ کر رکھنا ۔ (۳) بیننا ؛ خرمن جمع کرنا ؛ چننا ؛ توڑنا (پھول وغیرہ) ۔ (٤) بڑھنا؛ زیادہ ھونا ۔ (٥) ٹھیك کرنا ؛ (حواس) مجتمع کرنا ۔ (٦) نتیجہ نکالنا ؛ قیاس کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا ؛ اخذ کرنا ۔ (۷) سمیٹنا ؛ موڑنا ؛ (کپڑے میں) پلیٹیں ڈالنا۔ (۸) زمین سےاٹھانا ۔ (۹) سمٹنا ۔ (۱۰) ترتیب دینا ؛ ایك سلسلے میں لانا ؛ یکجا کرنا (واقعات وغیرہ) ۔ (۱۱) (ہمت) باندھنا ۔ (۱۲) اکٹھا ھونا ؛ جمع ھونا ۔ (۱۳) زخم کا منہ کرنا ؛ بھرنا ؛ بننا ۔ (١٤) اضافہ ھونا ؛ حاشیہ چڑھانا (قصے میں) ۔ (۱۵) (تعمیرات) چھوٹا بنانا ۔

To be gathered to one's father/-to one's people : مرنا ۔

To gather breath : حواس مجتمع کرنا ۔

To gather head : (۱) منہ بننا ؛ پکنا (زخم وغیرہ کا) ۔ (۲) مضبوط ھونا ۔

To gather into the wind : (بحری) ھَوا کے رخ پر چلنا ۔

To gather oneself (together) : مضبوط ھونا ۔

To gather way : (بحری) بادبان میں ھَوا کا بھرنا ۔

Gatherable : (a) قابل استنباط ۔

Gatherer : (n) (۱) جمع کرنے والا ۔ (۲) گھوڑے کا اگلا دانت ۔

Gathering : (n) (۱) جمع کرنا ؛ جمع ھونا ؛ بڑھنا ۔ (۲) ورم ؛ سوجن ؛ زخم کا ابھار ۔ (۳) جلسہ ؛ اجتماع ؛ جمع ۔ (٤) (جلد سازی) (کتاب کے) اوراق کو ترتیب دینا ۔ (٥) سگنل ۔

Gathering-board : (n) (جلد سازی) حلقہ نما میز (اوراق جمع کرنےکے لئے) ۔

Gathering coal : (n) بڑا سا کوئلہ جس میں دیرتك آگ رہتی ھے ۔

Gathering cry : (n) جنگ کےلئے بلاوا ۔

Gathering ground : (n) وہ علاقہ جہاں پانی جمع ھو کر دریا بنتے ہیں ۔

Gathering hoop : (n) پہیے کی گول پٹیوں کو باندھنے کا حلقہ ۔

Gathering peat : (n) (۱) جلتا ھوا دلدلی کوئلہ جو لوگوں کو خطرے سے آگاہ کرنے کےلئے بھیجا جاتا تھا ۔ (۲) دلدلی کوئلہ جو چولہےمیں رات بھر جلتے رہنے کےلئے ڈالا جائے ۔

Gatherum : (n) مختلف چیزوں کا مجموعہ ۔

Gatling : (n) ایك قسم کی مشین گن جو گیٹلنگ نے ایجاد کی تھی ۔

Gauche : (a) [Fr.] (۱) بے سلیقہ ؛ بےتُکا ؛ پھوہڑ ؛ ناشائستہ ۔ (۲) (ارضیات) منحرف ۔

Gaucherie : (n) [Fr.] بے سلیقگی ؛ بے تُکاپن ۔

Gaucho : (n) [Sp.] امریکا کے دیسیوں اور یورپیوں کی مخلوط نسل کا ایك فرد ۔

Gaud : (n) [OF.'gaudir'.] (۱) کھولنا ۔ (۲) بھڑکدار چیز ؛ نمائشی زیور یا لباس ۔ (۳) رنگ رلیاں ۔ (۳) بیکار نمائش ۔

Gaudeamus : (n) [mod.L.] کالج کے طالب علموں کی رنگ رلیاں ۔

Gaudery : (n) بھڑکیلی نمائش ؛ زرق برق لباس ۔

Gaudily : (adv.) زرق برق لباس میں ۔

Gaudiness : (n) نمائش ؛ بھڑکیلاپن ۔

Gaudy : (n) [L.'gaudium'.] (۱) دھوم دھام کی دعوت ۔ (۲) کالج کے قدیم طلبا کا سالانہ ڈنر ۔

Gaudy : (a) (۱) زرق برق ؛ فوق البھڑك ؛ بھڑکیلا ؛ نمائشی ۔ (۲) (عامیانہ) (نفی میں) بہت اچھا ۔

Gaudy : (v) زرق برق بنانا ۔

Gaudy-day : (n) جشن کا دن ؛ کالج کےقدیم طلبا کےڈنر کا دن ۔

Gaudy-green : (n) زردی مائل سبز ۔

Gaudy-night : (n) جشن کی رات ؛ کالج کے قدیم طلبا کے ڈنر کی رات ۔

Gauffer/Gauffre : (n) پلیٹیں وغیرہ بنانے کی سلاخیں ۔

Gauge/Gage : (n) [ONFr. 'gauge'.] (۱) پیمانہ ؛ ناپ ؛ بندوق کی گولی کا قطر ؛ پہیے کی سمائی کاپیمانہ ؛ لوھےکی چادرکی موٹائی کا ناپ ۔ (۲) گنجائش؛ مقدار ؛ وسعت ؛ سمائی ۔ (۳) ریل کی پٹری کی چوڑائی ۔ (٤) (بحری اصطلاح) جہاز کا محل ھَوا کے رخ کے لحاظ سے ۔ (٥) باراں پیما ؛ ھَوا پیما وغیرہ ۔ (٦) اوزاروں اور تار وغیرہ کی جسامت معلوم کرنے کا آلہ ۔ (۷) (طباعت) حاشیہ قائم رکھنے کی پٹی ۔ (۸) محك ؛ کسوٹی؛ معیار ؛ مقیاس ۔ (۹) (پلاسٹر کرنے میں) پلاسٹر آف پیرس کی مقدار جو دوسرے پلاسٹر کے ساتھ ملائی جائے ۔ (۱۰) بھرے ھوئے جہاز کا زیر آب حصہ ۔

Mixed gauge : بڑی اور چھوٹی پٹریاں ۔

Pressure gauge : (کیمیا) دباؤ پیما ۔

Standard gauge : چار فٹ آٹھ اِنچ چوڑی پٹریاں ۔

To have or keep the weather gauge of : (۱) (بحری) ھَوا کے رخ ھونا (جہاز کا) ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ھونا ؛ بہتر حالت میں ھونا ۔

Gauge/Gage : (v) [ONFr.'gauger'.] (۱) ناپنا ؛ پیمائش کرنا (خصوصاً تار، ریل، بارش، ھَوا وغیرہ کی) ۔ (۲) گنجائش معلوم کرنا ؛ سمائی ناپنا(پیپے وغیرہ کی) ۔ (۳) اندازہ کرنا ؛ جانچنا ۔ (٤) یك

Gewgaw/Gew-gaw : (n&a)[Origin unkn.] (١) کھلونا ؛ نمائشی زیور؛ محض دکھاوے کی چیز ۔ (٢) بھڑکیلی لیکن کم قیمت (چیز) ۔

Gewgawed : (a) نمائشی زیوروں سے آراستہ ۔

Gey : (a&adv.) [variable of Gay.] بہت ؛ بیحد ؛ بڑی حد تک ۔

Geyser : (n) [Icel'geysir'.] (١) گرم چشمہ ۔ (٢) گرمابہ ؛ ایک خاص قسم کا چولہا جس پر پانی گرم کیا جاتا ہے ۔

Geyseric : (a) گرم چشمے سے متعلق ۔

Geyserite : (n) ایک قسم کا دودھیا پتھر ۔

Ghast : (a) (١) مہیب ؛ بھیانک ؛ خوفناک ؛ ڈراؤنی ۔ (٢) دیکھو Ghastly ۔

Ghastlily : (adv.) بھیانک پن سے ؛ وحشت ناک طریقے سے ۔

Ghastly : (a) [ME.'gastlich'.] (١) خوفناک ؛ ڈراؤنی ؛ مہیب ؛ بھیانک ۔ (٢) مبالغہ کے ساتھ ؛ برا ؛ خراب ۔ (٣) جس پر مردنی چھائی ہو ؛ زور (پڑنا)؛ وحشت ناک ۔ (٤) خوفناک (تبسم) ۔

Gheber/-bre : آتش پرست ؛ زرتشتی ؛ پارسی ۔

Gherkin : (n) [mod. Du '(a) gourkkign.] چھوٹی ککڑی (جو اچار بنانے کے کام آتی ہے) ۔

Ghetto : (n) [It.'ghetto'.] شہر میں یہودیوں کے رہنے کا مقام، یہودی باڑہ ؛ یہودی محلہ ؛ گھیٹو ۔

نبھانا ۔ (٧) نزدیک آنا ۔ (٨) دیر کرنا ۔ (٩) بوڑھا ہونا ۔ (١٠) سمجھنا ۔ (١١) رابطہ قائم کرنا ۔

Get out : (v) (١) دور ہو ۔ (٢) بس رہنے بھی دو ۔ (٣) ظاہر ہو جانا؛ کھل جانا۔ (٤) معلوم کرلینا ۔ (٥) شائع کردینا یا بیان کرنا ۔ (٦) نکلنا ۔ (٧) اپنےحصص کو علاحدہ کرنا یا بیچ دینا ۔ (٨) سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینا ۔ (٩) نکالنا ۔ (١٠) ووٹ دلوانا ۔

Get out : (n) چھٹکارا ۔

Get out of : (v) (١) نکلنا ؛ بھاگ نکلنا ۔ (٢) رفتہ رفتہ چھٹ جانا (عادت کا) ۔ (٣) ٹال جانا ۔ (٤) رازمعلوم کرنا یا روپیہ اینٹھنا ۔

Get over : (v) (١) غالب آنا (مشکل پر) ۔ (٢) رد کرنا (دلیل) ۔ (٣) طے کرنا؛ پورا کرنا۔ (٤) دور ہونا (بیماری، حیرت وغیرہ) ۔ (٥) (عامیانہ) پھانسنا؛ چرکا دینا ۔ (٦) گریز کرنا ۔ (٧) ختم کرنا ؛ خدا خدا کرکے ختم کرنا (کسی دقت طلب یا ناگوار کام کو) ۔ (٨) صاف کرنا ۔

Get-rich-quick : (a) جلد دولت مند بننے کا خواہاں ۔

Get round (v) پھانسنا ؛ چرکا دینا ؛ راضی کر لینا ؛ (میٹھی باتوں سے) ۔

Get round : (v) صحت یاب ہونا ۔

Get through : (v) (١) پہنچنا ؛ پہنچانا منزل مقصود تک ؛ ختم کرنا ؛ کرڈالنا ۔ (٢) (مسودہ قانون) پاس ہو جانا ؛ منظور ہو جانا ۔ (٣) (امتحان) میں کامیاب ہو جانا؛ پاس ہو جانا۔ (٤) کاٹ دینا ؛ گزار دینا (وقت کا) ۔ (٥) سمجھادینا ؛ واضح کر دینا ۔ (٦) استعفیٰ دینا ۔

Get-together : (n) سماجی اجتماع ۔

Get-tough : (a) سخت گیر ۔

Get under : (v) زور کم کر دینا (آگ کا) ۔

Get up : (v) (١) اٹھنا ؛ سوکر اٹھنا ۔ (٢) چڑھنا (گھوڑے پر) ۔ (٣) تیز ہونا (آگ یا ہوا کا) ؛ طوفانی ہونا (سمندر کا) ؛ نکل کر سامنےآنا (شکار کا) ٹپہ کھا کر اچھلنا (گیند کا) ؛ بنا ڈالنا ؛ قائم کرنا ؛ کپڑے پر استری وغیرہ کرنا ؛ درست کرنا ؛ سنوارنا ؛ بھڑکانا (غصہ) ؛ پیدا کرنا؛ مہیا

Ghibelline : (n) [It. Ighibellino'.] (اطالوی) شہنشاہ کی جماعت کا (شخص) جو قرون وسطیٰ میں پوپ کے خلاف شہنشاہ کی حمایت کرتی تھی) ۔

Ghebelline : (a) شہنشاہ کی جماعت کے حامی ۔

Ghebellinism : (n) (اطالوی) شہنشاہ کی حمایت ۔

Ghost : (n) [OF.'gast'.] (۱) روح ؛ دم ؛ جان ۔ (۲) روح القدس ۔ (۳)بھوت؛ پریت ؛ آسیب ۔ (٤) شائبہ ؛ وہم و گمان ۔ (٥) دبلا پتلا آدمی ۔ (٦) (بصریات) زائد شبیہ (جو عدسے کی خرابی کی وجہ نظر آتی ہو) ۔ (۷) وہ مصنّف یا مصور جو معاوضہ لے کر دوسرے کے نام سے کام کرے ۔ (۸) (طبیعیات) باطل ۔

Ancestral ghost : (سماجیات) آبائی بھوت ۔

To lay a ghost : آسیب یا بھوت دور کرنا یا بھگانا ۔

To give up the ghost : مر جانا ؛ انتقال کرنا ۔

To raise a ghost : بھوت یا آسیب بلانا ۔

Ghost : (v) بھوت کی طرح منڈلانا ؛ چکر لگانا ۔

Ghost bird : (n) ایک قسم کی ابلق (چڑیا) ۔

Ghost candle : (n) وہ شمع جو بھوت بھگانے کےلئے مردے کےپاس جلائی جاتی ھے ۔

Ghost-cult : (n) (سماجیات) آسیب پرستی ۔

Ghost-dance : (n) شمالی امریکا کے امریکی انڈین کا ایک رقص۔

Ghost-hole : (n) (تاریخ) پریت چھید ۔

Ghost-image : (n) (طبیعیات) باطل شبیہ ۔

Ghost-like : (a) بھوت سا ؛ ایسی جگہ سے متعلق جہاں بھوتوں کا بسیرا ہو ۔

Ghost line : (n) (طبیعیات) باطل خط ؛ باطل لائن ۔

Ghost-moth : (n) رات پتنگا ۔

Ghost plant : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Ghost society : (n) (سماجیات) ظلّی سماج ۔

Ghost town (n) (سماجیات) ویران شہر ۔

Ghost word : (n) ایسا لفظ جو کاتب یا طباعت کی غلطی سے بنے ؛ (لسانیات) جناتی لفظ ۔

Ghostliness : (n) روحانیت ؛ مذہبیت ؛ بھوت کا سا ہونا ۔

Ghostly : (a) [OE.'gastlic'.] (۱) روحانی ؛ غیر جسمانی ؛ دینی ؛ مذہبی ۔ (۲) بھوت کا سا ۔

Ghostly enemy : (n) شیطان ۔

Ghostly father : (n) وہ پادری جس کے سامنے گناھوں کا اعتراف کیا جائے ۔

Ghostology : (n) بھوت سے متعلق افسانے اور معلومات ۔

Ghoul : (n) [Arab.'gul'.] غول بیابانی ۔

Ghoulish : (a) غول سا ۔

Ghyll : دیکھو Gill

Giallo antico : (n) [it.'giallolino'.] عمدہ قسم کا زرد مرمر جو اطالیہ کے کھنڈروں میں ملتا ھے ۔

Giant : (n) [OFr.'geant'.] (۱) دیو ؛ عفریت ؛ جن ۔ (۲) (یونانی دیومالا) زمین ، آسمان اور عالم اسفل کی اولاد جس نے دیوتاؤں سے جنگ کی تھی ۔ (۳) کوئی عظیم الشان قوت ۔ (٤) غیر معمولی بڑے قدو قامت کا شخص ، جانور یا درخت ؛ دیو ؛ دیو پیکر ۔ (٥) غیرمعمولی قابلیت و جرأت یا قوت کا شخص ؛ جن ۔

Giant : (a) عظیم ؛ بزرگ ؛ مہیب ؛ عفریتی ۔

Giant -cell : (n) بڑا خلیہ ۔

Giant-celled : (a) بڑے خلیوں والا ۔

Giant-powder : (n) ایک قسم کا ڈائنامائٹ ۔

Giant's causeway : (n) سنگ سیاہ کے ستون جو آئرستان میں پائے جاتے ہیں ۔

Giant's kettle : (n) پہاڑ کا گہرا استوانی سوراخ جو ناروے کے ساحل پر پایا جاتا ھے ۔

Giantess : (n) دیونی؛ غیرمعمولی بڑے قدوقامت کی عورت ۔

Giantlike : (a) دیو جیسا ؛ دیوقامت ؛ قوی ہیکل ؛ عفریت صورت ؛ عظیم الجثہ ؛ دیو کا دیو ۔

Gaintship : (n) عفریتیت ۔

Giaour : (n) [Pers.'gaur, gor'.] کافر (ترکی میں ازراہ تنفر عیسائیوں وغیرہ کو کہتے ہیں) ۔

Gib : (n) [Short for 'Gilbert'.] (۱) بلی کا نام ۔ (۲) بلا ؛ آختہ بلا ۔ (۳) (تحقیراً) بوڑھی عورت ۔

Gib : (n) [Origin unkn.] خمیدہ کرکری ہڈی جو سالمن مچھلی کے نچلے جبڑے میں نکل آتی ہے ۔

Gib : (n) [Origin unkn.] جب ؛ پشت بند ۔

Gib : (v) مچھلی کو صاف کرنا (نمک لگا کر سکھانے کے لئے) ۔

Gib- staff : (n) پانی کو ناپنے یا ناؤ کو کنارے ہٹانے کی لگّی ۔

Gibbed cat : (n) آختہ بلا ۔

Gibber : (n) (نمک لگا خشک کرنے کےلئے) مچھلی صاف کرنے والا ۔

Gibber : (n) [f. Jibber (v)] تیز لہجہ ؛ وہ آواز جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Gibber : (n) [L.'gibber'.] (نباتیات) کیسہ نما ورم (کمانہ کے نیچے) ؛ کوز ؛ کوہان ۔

Gibber : (n) سنگریزہ پتھر ۔

Gibber/Jibber : (v) [Imitative.] بہت تیزی سے گفتگو کرنا جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آسکے ؛ بندر کی طرح شور مچانا ۔

Gibberish : (a) بےمعنی گفتگو ؛ لا یعنی شور ؛ غلط یا قواعد زبان کے خلاف گفتگو ۔

Gibbet : (n) [OFr.'gibet'.] (۱) سولی ؛ دار ؛ پھانسی ۔ (۲) پھانسی کی سزا ۔ (۳) دمکلا کا نکلا ہوا بازو ۔

Gibbet : (v) پھانسی دینا ؛ پھانسی پرلٹکا ئے رکھنا ؛ اس طرح لگانا جس طرح پھانسی پر لٹکا تےہیں ؛ رسوا کرنا ۔

Gibble-gabble : (n) بے معنی گفتگو ۔

Gibbon : (n) [Fr.'gibbon'.] لنگور ۔

Gibbose : (a) [late L.'gibbosus'.] (۱) محدب ؛ ابھرا ہوا ۔ (۲) (ہیئت) نیم بریں ؛ نیم دائرے سے زیادہ روشن ۔ (۳) کبڑا ؛ کوز پشت؛ دوتا ؛ خمیدہ کمر۔

Gibbosity : [OFr.'gibbosite'.] نیم برینی ؛ نیم بریں ہونا ؛ محدب ہونا ؛ کوز پشتی ؛ ورم ؛ ابھار ۔

Gibboso-: [L.'gibbosus'.] جزو ترکیبی ؛ بمعنی "محدب" " نیم برینی" ۔

Gibbous : (a) [L.'gibbosus'.] دیکھو Gibbose

Gibbously : (adv.) محدب شکل میں ؛ نیم بریں حالت میں ۔

Gibbousness : (n) نیم برینی ؛ کوز پشتی ۔

Gibbsite : (n) (۱) الومینیم ہائیڈریٹ ۔ (۲) جارج جِبس ایک امریکی ماہر معدنیات ۔

Gibe/Jibe : (n) طعنہ ؛ آوازہ ؛ پھبتی ۔

Gibe/Jibe : (v) [OFr.'giber'.] طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ مذاق اُڑانا ؛ تمسخر کرنا ۔

Gibel : (n) [G.'gibel, giebel'.] ایک قسم کی چھوٹی زرد مچھلی ۔

Gibeonite : (n) خادم ؛ مزدور ۔

Giber : (n) طعنہ زن ؛ مذاق اُڑنے والا ۔

Gibingly : (adv.) طعنہ زنی سے ؛ تمسخر سے ۔

Giblet : (n) [OFr.'gibelet'.] بط کے وہ اعضا جو پکانے سے پہلے الگ کر دیئے جاتےہیں ۔

Gibralter : (n) (۱) جبل الطارق ۔ (۲) (مجازاً) نا قابل تسخیر قلعہ ۔ (۳) ایک قسم کی مٹھائی ۔

Gibus : (n) [f.'Gibus', the inventer'.] ایک قسم کی ٹوپی جو کھٹکے کے ذریعہ سے کھولی اور بند کی جاسکتی ہے ۔

Gid : (n) (۱) بھیڑ کی ایک بیماری ۔ (۲) Giddy کا مخفف ۔

Giddily : (a) (۱) دوران سر کی حالت میں ۔ (۲) بیخودی میں ؛ لا ابالی پن سے ۔

Giddiness : (n) (۱) چکر، دوران سر ۔ (۲) بے خودی ؛ لا اُبالی پن ؛ تلون ۔

Giddy : (a) (۱) جس کا سر چکراتا ہو ؛ جیسے دوران سر ہو ۔ (۲) جس سے سر چکرا جائے ؛ دوارن سر پیدا کرنے والا ۔ (۳) تیزی سے چکر کھاتا ہوا ۔ (٤) بےخود وارستہ مزاج ؛ لا ابالی ؛ من موجی؛ متلون ۔ (٥) برہم ؛ بر افروختہ ۔ (٦) دماغ کی بیماری میں مبتلا (بھیڑ) ۔ (۷) نمائشی؛ مرصع ۔

Giddy : (v) سر میں چکر آجانا یا سر چکرا جانا ۔

Gieseckite : (n) [f. Sir Charles Giesecke.] سنگ سحابی کی ایک شکل ۔

Giff-gaff : (n) (۱) سوال و جواب ۔ (۲) امداد باہمی ۔

Gift : (n) [ON.'gipt'.] (۱) بخشش ؛ دینا ؛ ہبہ ؛ سوغات ؛ عطیہ ؛ تحفہ ۔ (۲) (قانون) ہبہ ۔ (۳) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ؛ خدا کی دین؛ وہبی کمال ۔ (٤) ناخن پر سفید داغ یا دھبا ۔ (٥) رشوت ۔

At a gift : بلا معاوضہ ؛ بطور تحفہ ۔

The gift of tongues : (۱) مختلف زبانوں پر عبور ۔ (۲) اجنبی زبانوں میں گفتگو کا ملکہ ۔

Gift : (v) تحفہ دینا ؛ تحفے یا عطیے کے طور پر دینا ۔

Gift-book : (n) وہ کتاب جو تحفے میں دی گئی ہو یاتحفے میں دیئے جانے کے قابل ہو ۔

Gift-horse : (n) تحفے کا گھوڑا ۔

Gift of gab : (n) باتونی پن ۔

Gift wrap : (v) دیدہ زیب طورپر لپیٹنا ۔

Gifted : (a) قابل ؛ لائق ؛ خدا داد قابلیت رکھنے والا ؛ (فلسفہ) فطین ۔

Giftedness : (n) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ۔

Giftie : (n) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ۔

Giftless : (a) (۱) بےتحفہ ۔ (۲) بے صلاحیت ؛ ناقابل ۔

Giftless gifts : (n) ظاہری عطیے ۔

Giftling : (n) چھوٹا تحفہ ۔

Gig : (n) [Echoic or symbolic.] (۱) چکر کھانے والی کوئی چیز ؛ گرنشی ۔ (۲) کپڑے کو ہموار اور چکنا کرنے کی مشین ۔ (۳) عجیب و غریب شخص ؛ بیوقوف ۔ (٤) ہنسی مذاق ۔

On the (high) gig : مسرور ؛ ترنگ میں ؛ شائق ۔

Gig : (n) (۱) ٹم ٹم ۔ (۲) ہلکی کشتی جو جہاز کے ساتھ رہتی ہے۔ (۳) ہلکی کشتی جو ناؤ دوڑ میں ، استعمال ہوتی ہے ۔ (٤) لکڑی کا دو خانوں کا بکس جو کانوں میں اترنے چڑھنے کے کام آتا ہے ۔

Gig : (v) آگے پیچھے حرکت کرنا ۔

Gig : (n) (۱) ایک قسم کا بھالا (مچھلی کے شکار کے لئے) ۔ (۲) Fishing یا Fizgig کا مخفف ۔

Gig : (v)[Back- formation from gig-mill.] کپڑے پررُواں اُٹھانا ۔

Gig : (v) (۱) مچھلی کا شکارکرنا ؛ بھالے سے مچھلی مارانا ۔ (۲) مہمیز لگانا ۔ (۳) پسلی میں بھونکنا ۔ (٤) پریشان کرنا ؛ دق کرنا ۔

Gig : (v) ٹم ٹم پر سفرکرنا ۔

Gig : (n) فوجی قوانین سے انحراف کی دفتری رپورٹ ۔

Gig : (v) فوجی قوانین سے انحراف کے خلاف رپورٹ دینا ۔

Gig : (n) [Origin unkn.] کام ۔

Gig-lamp : (n) (۱) ٹم ٹم کا لیمپ ۔ (۲) (عامیانہ) چشمہ ؛ عینک ۔

Gig-mill : (n) (۱) کپڑے کو ہموار اور چکنا کرنے کی مشین ۔ (۲) وہ عمارت جس میں یہ مشین ہو ۔

Gig-pair : (n) کشتی جس کو دو آدمی کھیتے ہیں ۔

Gig-saw : (n) گرنشی آرا ۔

Gig-work : (n) کشتی کھینے کی مشق ۔

Giga : (n) عہد وسطیٰ کی سارنگی ۔

Giga-*: جزو ترکیبی بمعنی" دس کروڑ " ۔

Gigantean : (a) [L.'giganteus+-al'.] (۱) دیوقامت؛ عظیم الجثہ؛ قوی ہیکل ۔ (۲) بہت بڑا ؛ عظیم الشان ؛ بڑا بھاری ۔

Gigantesque : (a) [Fr.'gigantesque'.] دیو کا سا ۔

Gigantic : (a) دیکھو Gigantean

Gigantically : (adv.) بہت ؛ نہایت ۔

Giganticide : (n) دیو کُش ۔

Giganticide : (n) دیو کشی ۔

Gigantism : (n) (۱) عفریتیت ۔ (۲) غیر معمولی زیادہ طور پر نشو و نما ۔ (۳) (فلسفہ) دیو پیکری ۔

Gigantology : (a) [Gr.'gigantologie'.] دیووں سے متعلق مباحثے یا کتابیں ۔

Gigantomachy/Gigantomachia : (n) [Gr.'gigantomachia'.] (یونانی دیومالا) زمین، آسمان اورعالم اسفل کی اولادوں کی دیوتاؤں سے جنگ ۔

Gigger : (n) کپڑے پر رواں اتھانے والی مشین پر کام کرنے والا ۔

Giggish : (a) زندہ دل ؛ متلون المزاج ؛ آوارہ ۔

Giggisness : (n) زندہ دلی ؛ متلون المزاجی ؛ آوارگی ۔

Giggle : (n) (۱) شوخ چشم لڑکی ؛ بدتمیزی سےہنسنے والی لڑکی ۔ (۲) بد تمیزی کی ہنسی ؛ دبی ہوئی ہنسی ۔

Giggle : (v) بدتمیزی سے ہنسنا ؛ ٹھٹھا لگانا ؛ رہ رہ کر ہنس پڑنا ۔

Giggler : (n) بدتمیزی کی ہنسی ہنسنے والا؛ ٹھٹھالگانےوالا ۔

Giggly : (a) ٹھٹا لگانے کا عادی ۔

Giglet/-ot : (n) دیدہ دلیر لڑکی ۔

Giglet/-to fair : (n) ایک قانونی میلہ جس میں خادماؤں کو ملازمت کےلئے چنا جاتا ھے ۔

Gigman :(n) صاحب ٹم ٹم ۔

Gigman : (n) بھالے سے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Gigolo : (n) [Fr.'gigolo'.] پیشہ ور شریک رقص (مرد) ۔

Gigot : (n) [Fr.'gigot'.] ران (بکرے وغیرہ کی) ۔

Gigot-sleeve : (n) پھولی پھولی آستین ۔

Gigsman : (n) جہاز کی کشتی کا ملاح ۔

Gilbertian : (a) [f.W.S. Gilbert.] الٹا سیدھا ؛ مضحکہ خیز ؛ مسخرے پن کا ۔

Gilbertine : (a) [L.'Gilbertinus'.] اس مذہبی سلسلے سےمتعلق جسے گلبرٹ آف سمپرنگھم (Gilbert of Sempringhem) نےقائم کیا تھا ۔

Gilbertine : (n) اس سلسلہ کا راہب یا راہبہ ۔

Gild/Guild : (n) [med.L.'gildum, geldum'.] محصول ۔

Gild : (v) [OE.'gyldan'.] (۱) سونےکاپتر چڑھانا؛ ملمع کرنا ۔ (۲) دولت سے عیب پوشی کرنا ؛ دولت سے آنسو پونچھنا ۔ (۳) سنہرا رنگنا ؛ سنہری روشنی سے چمکانا؛ رنگ کرنا۔ (٤) خالی خولی شاندار الفاظ سے آراستہ کرنا ۔ (٥) (مجازاً) خون آلود کرنا ۔ (٦) جاذب نظر بنانا ۔

To gild the lily : تضیع اوقات کرنا ؛ جو بذات خود حسین ہو اسے حسین بنانے کی کوشش کرنا ۔

Gilded : (a) (۱) طلائی ؛ مذہّب ۔ (۲) بھڑکیلا ۔ (۳) امیرانہ ۔

Gilded-chamber : (n) دارالامراء ۔

Gilded spurs : سنہری مہمیز (نائٹ کے رتبے کی علامت) ۔

Gilded youth : (n) وضع دار نوجوان ؛ فیشن والے نوجوان ۔

Gilder : (n) ملمع ساز ۔

Gilding : (n) ملمع سازی ۔

Gilding metal : (n) ایک قسم کا بھرت ۔

Gill : (n) [ON. 'gil'.] (۱) گلپھڑا (عموماً جمع) ۔ (۲) گوشت جو مرغوں وغیرہ کےگلے سےلٹکتاھے ۔ (۳) سماروغ کی چھتر کی نچلی سطح کی چمک داردھاریاں ۔ (٤) جبڑے پر کا گوشت ۔ (٥) (عامیانہ) کھڑے کالروں کا کنارہ ۔

To the gills : حتی الوسعت ۔

Gill : (n) [ON.'gil'.] تنگ وادی یا درہ ؛ تنگ پہاڑی چشمہ ۔

Gill : (n) [OF.'gille, gelle'.] (۱) رقیق کا ایک پیمانہ ۔ (۲) وہ ظرف جس میں ایک جِل آ سکے ۔

Gill/Jill : (n) (۱) لڑکی ؛ محبوبہ ۔(۲) Gillian کا مخفف ۔

Jack and gill : لڑکا اور لڑکی ۔

Gill : (n) سن وغیرہ جھاڑنے کی کنگھی یا شانہ ۔

Gill : (n) (۱) مچھلی کو صاف کرنا ۔(۲) سماورغ کی چمك دار دھاریاں دور کرنا ۔ (۳) جال سے مچھلی پکڑنا ۔

Gill : (v) سن یا اون کو صاف کرنا ۔

Gill arch/-bar : (n) (مچھلی کے) گلپھڑے کی محرابی، کرکری ہڈی ۔

Gill-basket : (n) (حیوانیات) خیشومی سبد ؛ خیشومی پٹاری ۔

Gill-cavity/-chamber : (n) خیشومی جوف ۔

Gill-cleft : گلپھڑے کا شگاف جس سےپانی اندر جاتا ھے ؛ (حیوانیات) خیشومی شگاف ۔

Gill comb : (n) خیشوم شانہ ۔

Gill-cover : (n) خیشوم غلاف ۔

Gill-flirt : (n) دیدہ دلیر عورت ۔

Gill-footed : (a) خیشوم پا ۔

Gill-lamella/-leaf/-leaflet : (n) قناتی ورقہ جو گلپھڑے کا حصہ ھوتا ھے ۔

Gill-lid : (n) گلپھڑے کا غلاف ۔

Gill-net : (n) ایک قسم کا جال جس میں مچھلی گلپھڑوں سے پھنستی ھے ۔

Gill-opening : (n) دیکھو Gill cleft

Gill-plate : (n) دیکھو Gill-lamella

Gill-plume : (n) دیکھو Gill-comb

Gill-poach : (n) خیشومی تھیلی ۔

Gill-raker : (n) محرابی غضروف میں اندرونی ابھار ۔

Gilly-flower : (n) (۱) لونگ پھول ؛ شبو ؛ ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو ھوتی ھے ۔(۲) اس قسم کے اور پھول ۔(۳) سیب کی ایک قسم ۔

Gillie : (n) [Gael.'gille'.] (۱) کوہستانی سردار کا خادم ۔ (۲) شکاری ساتھی چھوکرا ۔

Gilling : (n) [Origin unkn.] سالمن ۔

Gilravage : (n) [Origin unkn.] وحشیانہ طور پر رنگ رلیاں منانا ۔

Gilravager : (n) وحشیانہ طور پر رنگ رلیاں منانےوالا ۔

Gilt : (n) (۱) ملمع سازی ۔(۲) (عامیانہ) سونا ؛ زر ۔

To take the gilt of the gingerbread : کسی چیز کی چمك دمك چھین لینا؛ دلکشی ختم کرنا ۔

Gilt : (n) سورنی ؛ مادہ سور ۔

Gilt : (a) (۱) بھڑکیلا ؛ طلائی ۔(۲) وضع دار نوجوان ۔

Gilt-edged : بے جوکھم ۔

Gilt-edged security : وہ بے جوکھم تمسکات جن کو ٹرسٹی ترجیح دیتے ہیں یا جن پر ایسا کرنا بہ خیال حفاظت و احتیاط لازم ھے؛ (معاشیات) محفوظ تمسك ۔

Gilt-tail : (n) ایك چھوٹا کیڑا ۔

Gilt youth : (n) وضع دار نوجوان ؛ فیشن والے نو جوان ۔

Gim : (a) [var.of Jimp.] بانکا ؛ صاف ستھرا ۔

Gimbal : (n) ایک آلہ جو جہاز میں قطب نما کو افقی حالت میں رکھنے کےلئے استعمال ھوتا ھے ؛ جمبل ۔

Gimbal-ring : (n) اکہرا جمبل ۔

Gimballed : (a) جمبل لگا ھوا ۔

Gimble : (v) [Origin unkn.] منہ بنانا ۔

Gimcrack : (n) [ME.'gibcrake'.] (۱) کھلونا ؛ نمائشی چیز ؛ نکمی آرائشی چیز ۔(۲) سائنسی آلات ۔(۳) ہر فن مولا ۔

Gimcrack : (a) نمائشی ؛ حقیر ؛ بیکار ؛ نقلی ۔

Gimcrackery : (n) نمائشی چیزیں ؛ کھلونے ۔

Gimlet : (n) [OFr.'guimbelet'.] برما؛ دستی برما ؛ سوراخ کرنے کا اوزار ۔

Gimlet : (v) (۱) دستی برما سے سوراخ کرنا ۔ (۲) (بحری) (لنگر کے گرد) گھومنا (جہاز کا) ۔

Gimlet-eye : (a) (۱) بھینگا آنکھ ۔ (۲) چبھنے والی آنکھ ۔

Gimlet-eyed : (a) بھینگا ۔

Gimlet-hole : (n) برما سے بنایا ہوا سوراخ ۔

Gimmal : (n) [Altered f.Grmel.] ایک قسم کی انگوٹھی ۔

Gimme : مجھے تو ـــ پسند ہے ۔

Gimme : (n) چندہ وغیرہ مانگنے والا ۔

Gimme : (n) (عامیانہ) تحفوں کی شدید تمنا ۔

Gimmer : (n) [ON.'gymber'.] (۱) بھیڑ ۔ (۲) (تحقیراً) عورت ۔

Gimmick : (n) [Origin unkn.] (۱) دھوکا دینے کا میکانکی آلہ ۔ (۲) نئی ترکیب ۔ (۳) مخفی گرفت ۔

Gimmick : (v) دھوکا سے اثر انداز ہونا ۔

Gimp/Gymp : (n) [Du.'gimp'.] (۱) ریشم یا سوت کی بٹی ہوئی ڈوری جس کے بیچ میں تار ہوتا ہے ؛ ریشم وغیرہ کی شست جو تار سے بندھی ہو ؛ لیس کا موٹا حاشیہ ۔

Gimp : (n) [Fr.'guimpe'.] گلے کا رومال جو راہبات باندھتی ہیں ۔

Gimp : (v) (۱) تار کے ساتھ بٹی ہوئی ریشم یا سوت کی ڈوری سے آراستہ کرنا ۔ (۲) تار وغیرہ کو موڑ کر نرم کرنا ۔ (۳) دھاری دار بنانا ۔

Gimp : (n) [Origin unkn.] جوش ؛ ولولہ ۔

Gimp : (n) [Origin unkn.] لنگڑا ۔

Gimp : (v) لنگڑانا ۔

Gin : (n) [OFr.'engin'.] (۱) ایک میکانیکی آلہ ۔ (۲) جال ؛ پھندا ؛ دام ۔ (۳) ایک قسم کی جرثقیل کی کل ۔ (٤) (کان کنی) آہنجہ ۔ (٥) کھمبا گاڑنے کی مشین ۔ (٦) بنولے نکالنے کی مشین ۔ (۷) (بحری) چرخی کا چوکھٹا ۔

Gin : (n) [abbrev. of Geneva.] ایک قسم کی شراب جو اناج سے تیار ہوتی ہے ۔

Gin : (v.) (۱) جال میں پھنسانا ؛ پھانسنا ۔ (۲) بنولے علاحدہ کرنا ۔

Gin : (prep.) دیکھو Against

Gin : (conj.) اگر ۔

Gin : (conj.) جب تک کہ ؛ جب ۔

Gin : (n) (آسٹریلیا) آدی باسی عورت ۔

Gin drinker's liver/Gin-liver : تشمّع الکبد ۔

Gin-horse : (n) آہنجہ چلانے والا گھوڑا ۔

Gin-house : (n) وہ جگہ جہاں بنولہ علاحدہ کیا جاتا ہے ۔

Gin-palace : (n) بھڑ کیلا شراب خانہ ۔

Gin-pit : (n) آہنجہ دار عمودی سرنگ ۔

Gin-race/-ring : (n) وہ دائرہ جس میں آہنجے کا گھوڑا گھومتا ہے ۔

Gin-saw : (n) بنولہ علاحدہ کرنے کا آرا ۔

Gin-shop : (n) بھٹی ؛ شراب کی دکان ۔

Gin-sling : (n) جن شراب سے بنا ایک مشروب ۔

Gin-trap : (n) (۱) خرگوشوں کو پکڑنے کا پھندا یا جال ۔ (۲) (عامیانہ) منہ ۔

Gin-wheel : (n) (۱) (آہنجے) کا پہیا ۔ (۲) بنولے نکالنے کی مشین کا پہیا ۔

Gingall/Jingall : (n) [Hindi.'janjal'.] بھاری بندوق ؛ ہلکی توپ ۔

Gingelly : (n) [Arab. Juljulan'.] تِل ۔

Ginger : (n) [ME.'gingivere'.] (۱) ادرک ؛ زنجبیل ۔ (۲) (روز مرہ عام) جوش ؛ تیزی ؛ طراری ۔ (۳) ہلکا سرخی مائل زرد رنگ ۔ (٤) ہلکے سرخی مائل زردرنگ کے بالوں والا شخص ۔

Ginger : (a) (۱) ادرک کے رنگ کا ۔ (۲) سرخی مائل زرد رنگ کے بالوں والا ۔ (۳) لال پروں والا (مرغ) ۔

Ginger : (a) بااحتیاط ۔

Ginger : (v) (۱) ادرک کی چاشنی دینا ۔ (۲) گھوڑے کو دوڑانے کیلئے اس کے سرین کو چھیڑنا ۔ (۳) (کسی شخص کو) ابھارنا ؛ اکسانا؛ تیز کرنا؛ گرمانا ۔

Ginger-ale : (n) ایک مشروب جس میں ادرک کا ذائقہ ہوتا ہے ؛ ادرک کی جھاگ دار شراب ۔

Ginger-beer : (n) ادرک کی جھاگ دار شراب ۔

Ginger-bread : (n) (۱) ادرک پڑی ہوئی میٹھی ٹکیا ۔ (۲) نمائشی ؛ شوخ اور بھدی چیز ۔ (۳) (عامیات) زر ۔

To take the gilt of the ginger-bread : دیکھو gilt

Ginger-bread nut : (n) ادرک پڑی ہوئی میٹھی گول ٹکیا ۔

Ginger-bready : (a) نمائشی ۔

Ginger-cordial : (n) کشمش، لیمو کے چھلکے، ادرک اور پانی سے تیار کیا ہوا ایک مشروب جس میں بعض اوقات برانڈی یا وہسکی بھی ملاتےہیں ۔

Ginger-grass : (n) جزائر شرق الہند کی ایک گھاس ۔

Ginger-nut : (n) دیکھو Ginger-bread nut

Ginger-pop : (n) (۱) دیکھو Ginger-beer ۔ (۲) (عامیانہ) پولیس کا سپاہی ۔

Ginger-snap : (n) (۱) ادرک سےبناھوا ایک پتلا کُرکُرا کلچہ ۔ (۲) تندخو شخص ۔

Ginger-spice : (n) ادرک ۔

Ginger-wine : (n) چینی، پانی اور ادرک سےبنی شراب ۔

Ginger-wort : (n) ادرکیہ ۔

Gingerbread plum : (n) مغربی افریقہ کے ایک ثمردار درخت کا پھل ۔

Gingerbread tree : (n) مغربی افریقہ کا ایک ثمردار درخت ۔

Gingerbread work : (n) نمائشی اور بےڈھنگی آرائش ۔

Gingerliness : (n) با احتیاط ہونا ۔

Gingerly : (adv.) بہت احتیاط سے ؛ ڈرتے ڈرتے ۔

Gingerly : (a) با احتیاط ۔

Gingery : (a) (۱) سرخی مائل زرد رنگ کا ۔ (۲) ادرک کا ۔ (۳) جو شیلا ؛ تیز ؛ طرار ۔

Gingham : (n) [Malay.'ginggang'.] (۱)رنگین سوت کا بنا ہوا دھاری دار کپڑا ۔ (۲) (روزمرہ) چھتری ۔

Gingiva : (a) [L.] مسوڑھا ۔

Gingival : (a) مسوڑھوں سے متعلق : مسوڑوں کا ؛ لثوی ۔

Gingivitis : (n) مسوڑھوں کا ورم یا سوزش ۔

Ginglyform : (a) قبضہ نما ۔

Ginglymate : (v) قبضہ بننا ۔

Ginglymoidal/Ginglimoid : (a) قبضہ سےمشابہ ؛ قبضہ نما ۔

Ginglymus : (n) [mod.L.'ginglymus'.] مفصل قفلی ؛ جسم کا ایک جوڑ جو صرف دو طرف حرکت کرسکتا ہے ۔

Ginkgo/Gingko : (n)[Jap-Chinese 'yinhing'.] ایک چینی درخت جس کے پتے خوبصورت ہوتے ہیں ۔

Ginny-carriage : (n) مال گاڑی ۔

Ginseng : (n) [Chinese 'yen shen'.] ایک پوداجس کی جڑ بطور دوا استعمال ہوتی ہے ۔

Giottesque : (a) Giotto کے طرز کا ۔

Giottesque : (n) Giotto کا طرز ؛ جیوٹو کا پیرو ۔

Gip : (n) مصیبت ۔

Gip : (v) [Origin unkn.] نمک لگا کر سکھانے کےلئے مچھلی کو صاف کرنا ۔

Gippo : (n) (عامیانہ) شوربا ؛ دم پخت سالن ۔

Gipsies : (n) [Proper name of springs.] وقفہ دار چشمہ ۔

Gipsy/Gypsy : (n) [L.'Aegyptius'.] (۱) جپسی ؛ خانہ بدوش ؛ قبطی ۔ (۲) جپسی زبان ۔ (۳) (مزاحاً) شریر یا سانولی عورت ۔

Gipsy : (v) خانہ بدوشوں کی طرح رہنا ۔

Gipsy bonnet/-hat : (n) چوڑے چھجے والا ہیٹ ۔

Gipsy herring : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Gipsy-moth : (n) جپسی پروانہ ۔

Gipsy-ring : (n) چپٹی سونے کی انگوٹھی جس میں پتھر جڑے ہوتے ہیں ۔

Gipsy-rose : (n) ایک قسم کا کجھلی مار پودا ۔

Gipsy-winch : (n) چھوٹا حمالہ ۔

Gipsy-wort : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Gipsydom : (n) خانہ بدوش لوگ ؛ جپسی قوم ۔

Gipsyfy/Gipsify : (v) جپسی بنانا ۔

Gipsyhood : (n) خانہ بدوشی ۔

Gipsyism : (n) خانہ بدوشوں کی زندگی ؛ جپسی پن ۔

Giraffe : (n) [Arab.'gazafa'.] (۱) (حیوانیات) زرافہ ؛ افریقہ کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں بہت بڑی ہوتی ہیں ۔ (۲) (علم النجوم) زرافہ ۔ (۳) (کان کنی) گاڑی جو ڈھلوان پر استعمال ہوتی ھے ۔

Girafid : (n) جنس زرافہ کا ایک جانور ۔

Girandola : (n) [It.] (۱) (آتش بازی کی) چرخی ۔ (۲) گردشی فوارہ ۔

Girandole : (n) [Fr.'girandole'.] (۱) آتش بازی کی چرخی ۔ (۲) گردشی فوارہ ۔ (۳) موم بتیوں کا جھاڑ ۔ (٤) جڑاؤ آویزہ یا کرن پھول ۔

Giransol : (n) [Fr.'girasol'.] ایک قسم کا دودھیا پتھر ؛ عین الشمس ۔

Gird : (n) [f.Gird (v).] (۱) تشنج ۔ (۲) طعنہ ؛ ہنسی ؛ مذاق ۔

Gird : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ۔ (۲) تقویت پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ۔ (۳) پیٹی میں تلوار باندھنا ۔ (٤) پیٹی یا پٹکے سے کسنا ۔ (٥) لپیٹنا ۔ (٦) گھیرا ڈالنا ؛ حلقہ ڈالنا؛ احاطہ کرنا ۔ (۷) محاصرہ کرنا ؛ گھیرنا ۔

Gird : (v) مذاق کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ طعنہ زن ہونا ۔

Girder : (n) (۱) شہتیر ؛ دہنی ؛ گرڈر ۔ (۲) چھت یا پل کی ڈاٹ ۔

Girder-bridge : (n) شہتیری پل ۔

Girder-rail : (n) شہتیر نما ریل ۔

Girderage : (n) شہتیریں ۔

Girding : (n) (۱) گھیرنا ؛ لپیٹنا ؛ طعنہ زن ہونا ۔ (۲) گھیرنے والا ۔

Girdle : (n) [OE.'gyrdel'.] (۱) پیٹی ؛ پٹکا ؛ کمر کی ڈوری ۔ (۲) حلقہ ؛ گھیرا ۔ (۳) درخت کی چھال چھیل کر جو حلقہ اس کے گرد بناتے ہیں ۔ (٤) (عضویات) چپنی ؛ حزام ؛ جسم کا وہ حصہ جس کے سہارے ہاتھ پاؤں وغیرہ ٹکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

(To have, hold) under one's girdle : تابع بنانا ۔

Girdle : (n) توے کی قسم کی چیز جس پر کیک سینکتے ہیں ۔

Girdle : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ۔ (۲) حلقہ میں لینا ؛ درخت کے تنے کےگرد حلقہ بنا کر اس کو زیادہ پھل دار کرنا یا خشک کر دینا ۔

Girdler : (n) (۱) پیٹی، پٹکا وغیرہ بنانے والا ۔ (۲) گھیرنے والا ۔

Girdle-string : (n) (تاریخ) کمربند ؛ کمر ڈوری ۔

Girdlestead : (n) (۱) کمر ۔ (۲) گود ؛ آغوش ۔

Gire : (n) گردش ؛ چکر ؛ دوراں ؛ دور ۔

Girl : (n) [ME.'gurle, girle,gerle.] (۱) لڑکی؛بچی ۔ (۲)ناکتخدا عورت؛ دوشیزہ؛ کنواری ۔ (۲) خادمہ؛ چھوکری ۔ (٤) محبوبہ ؛ معشوقہ ۔ (٥) قحبہ ۔ (٦) زنانہ سکریٹری ۔

Knave girl : لڑکا ۔

Old girl : (۱) عورت کو محبت یا حقارت سے کہتے ہیں ۔ (۲) (تحقیراً) گھوڑی ۔

Girl guide : (n) رہبر ؛ گائیڈ ؛ ہادی ۔

Girlery : (n) لڑکیاں ۔

Girlhood : (n) لڑکپن ؛ بچپن ؛ دوشیزگی ؛ کنیاپن ؛ بچی ؛ لڑکی (پیار میں) ۔

Girlie : (n) (۱) چھوٹی بچی ۔ (۲) (عامیانہ) قحبہ ۔

Girlish : (a) معصوم ؛ بھولی؛ کم سن ؛ شرمیلاپن ؛ شرمیلی ۔

Girlishly : (adv.) بھولےپن سے ؛ شرمیلے پن سے ۔

Girlishness : (n) معصومیت ؛ بھولاپن ؛ شرمیلاپن ۔

Girly : (a) دیکھو Girlish

Gilry-girly : (a) بناوٹی طور پر بھولی یا شرمیلی ۔

Girn : (v) [Metathetic form of Gr in.] غم وغصہ میں دانت پیسنا ۔

Girn : (n) غرّاہٹ ۔

Giro : (n) [It.] چکر ؛ گردش ۔

Gironde : (n) (فرانس کی) معتدل جمہوری پارٹی ۔

Girondist : (n&a) [Fr.'Girondiste'.] ۱۷۹۱-۱۷۹۳ میں معتدل جمہوری پارٹی کارکن (فرانس میں)؛ معتدل جمہوریت پسند ۔

Girouette : (n) [Fr.] (مرغ) باد نما ۔

Girt : (n) (۱) گھوڑے کا تنگ ؛ زیر بند ۔ (۲) استوانہ نما چیز کےگرد کی پیمائش ۔ (۳) دیکھو Girth ۔

Girt-line : (n) (بحری) مستول سے بندھا ھوا رسّا جس سے سازو سامان اُٹھاتے ہیں ۔

Girth : (a) (۱) گھیرا ھوا ۔ (۲) (بحری) لنگر انداز جہاز جو حرکت نہ کرسکے ۔

Girth/Girt : (n) [ME.'gerth'.] (۱) (گھوڑے کا) تنگ ؛ زیر بند ۔ (۲) استوانہ نما چیز کے گرد کی پیمائش ۔ (۳) (کان کنی) افقی جوڑ ڈنڈا ۔ (٤) گھیرنے والی چیز ۔ (٤) چھوٹے افقی شہتیر ۔

Girth : (v) (۱) تنگ کسنا؛ تنگ باندھنا ۔ (۲) گھیرنا؛ احاطہ کرنا ۔ (۳) رسی کو کسی چیز کے گرد لپیٹنا (پیمائش کےلئے) ۔ (٤) گولائی ناپنا ۔

Girth-web : (n) زیر بند بنانے کا بُنا ھوا کپڑا ؛ بُنے ھوئے کپڑے کی پیٹی ۔

Girtonian : (n) Girton (کیمبرج) کی طالبہ ۔

Gisement : (n) [Var.of 'gistment'.] (۱) اُجرت پر مویشی کو چرائی کےلئے لینا ۔ (۲) چرائی کی اُجرت ۔

Gismondine/Gismondite : (n) [f.prof.'Gismondic'.] آلومینیم اور کیلسیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Gist : (n) [OFr.'gist'.] خلاصہ ؛ اصل مدعا ؛ اصل مطلب ؛ لب لباب ۔

Gist : (v) قیمتاً مویشی کو چرائی کے لئےلینا ۔

Git-up : (n) قوت عمل ؛ توانائی ؛ جارحیت ۔

Gitana : (n) جپسی عورت ۔

Gitano : (n) [S p.] جپسی مرد (خصوصاً ہسپانیہ کے) ۔

Gith : (n) [L.'git, gith'.] کلونجی ۔

Gitter : (n) [G.] (بصریات) انکساری جالی ۔

Gittern : (n) [OFr.'guiterne'.] بربط ؛ ایک قسم کا باجا ۔

Giunta : (n) [It.'giunta'.] اُمراء کی مجلس شوریٰ ۔

Give : (n) لچک ؛ نرمی ؛ ملائمت ؛ پسپائی ۔

Give : (V) [OE.'giefan, gefan'.] (۱) دینا ؛ عنایت کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ ہبہ کرنا ؛ ہدیہ دینا ؛ نذرکرنا؛ ترکہ میں دینا ؛ نکاح میں دینا ۔ (۲) حوالہ کرنا؛ سپرد کرنا؛ تفویض کرنا ؛ پیش کرنا ۔ (۳) پلانا (دوا) ۔ (٤) پہنچانا (پیغام) ۔ (٥) دینا (قول زبانی) ۔ (٦) ادا کرنا ؛ فروخت کرنا ۔ (۷) وقف کرنا ؛ صرف کرنا ۔ (۸) عادت ھونا؛ لت ھونا ۔ (۹) مارنا(ٹھوکر، نعرہ وغیرہ)؛ دینا (حکم ، دعا) ۔ (۱۰) فیصلہ کرنا ۔ (۱۱) پیش کرنا؛ بڑھانا (ہاتھ مصافحہ کےلئے) ۔ (۱۲) ظاہر کرنا ۔ (۱۳) گانا ؛ نقل کرنا ؛ ایکٹ کرنا ۔ (۱٤) باعث ھونا؛ وجہ تسمیہ ھونا ۔ (۱٥) مقرر کرنا؛ منسوب کرنا، رکھنا (نام) ۔ (۱٦) پیدا کرنا ؛ دینا؛ نکلنا ۔ (۱۷) ڈھیلا پڑنا ؛ گرپڑنا؛ بیٹھ جانا؛ ہٹ جانا ؛ سکڑجانا ۔ (۱۸) (کھڑکی کا کسی طرف) کھلنا ۔ (۱۹) قربانی دینا ۔ (۲۰) پیش کرنا۔ (۲۱) نیک خواہشات پیش کرنا۔ (۲۲) ٹیلیفون لگانا ۔

Give him his due : اس میں جو اچھی باتیں ہیں انہیں ماننا چاہیئے ؛ عیب مئے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو ۔

Give me : مجھے تو ـــــ پسند ھے ۔

God, Christ give : اے خدا عطا کر ۔

To give a broadside, a volley , a shot : گولے برسانا ۔

To give a good account of : اچھا کرنا ۔

To give a person to believe : یقین دلانا ۔

To giev a piece of one's mind : صاف صاف کہنا ؛ پُر زور طریقے سے اظہار اختلاف کرنا ۔

To give a Roland for an Oliver : جیسے کوتیسا دینا ۔

To give fire : ایندھن دینا ؛ بھڑك اٹھنا ۔

To give it to custody : حراست میں دینا ۔

To give (one) as good as he brings : ترکی بہ ترکی جواب دینا ؛ گھونسے کا جواب گھونسے سے دینا ۔

To give one his due : کسی میں جو اچھی باتیں ہوں انہیں ماننا ؛ انصاف کرنا ۔

To give rise to : باعث ھونا سبب ھونا ۔

To give the case : ساتھ دینا یا مخالفت کرنا ۔

To give the point : (شمشیر زنی) حملہ کرنا ۔

To give the (time of) day (to) : سلام کرنا ؛ صبح بخیر وشام بخیر وغیرہ کہنا ۔

To give the world one's ears : (کسی چیز کے لئے) بڑی سے بڑی قربانی کرنا/ دینا ۔

To give to eat, drink : کھلانا پلانا ۔

To give to reflect : دعوت فکر دینا ۔

To give to the world/-to the public : اشاعت کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ شائع کرنا ۔

Give about : (v) پھیلا نا (افواہ) ۔

Give again : (v) (۱) واپس دینا ۔(۲) نرم ھونا ؛ ملائم ھونا ۔

Give- and-take : (n) (۱) دونوں طرف سے رعایت ؛ سمجھوتہ؛ مصالحت ۔ (۲) گفت وشنید ۔ (۳) گُھڑ دوڑ میں گھوڑوں پر کم یازیادہ بوجھ رکھنا ۔ (٤) موافق اور ناموافق حالات کا باری باری ھونا ۔

Give- and-take : (a) (۱) (گُھڑ دوڑ میں) کم وبیش بوجھ لے جانے والا ۔ (۲) مصالحتی ۔

Give away : (v) (۱) دے ڈالنا ؛ ہبہ کرنا ۔ (۲) دلہن کو دولہا کے ساتھ رخصت کرنا ۔ (۳) راز فاش کرنا ۔ (٤) (تضحیك وغیرہ کا) مورد بنانا ۔ (٥) تقسیم کرنا (انعام) ۔

Give back : (v) (۱) واپس کرنا؛ لوٹا دینا ۔ (۲) انعکاس کرنا ۔

Give battle : (v) جم کر لڑنا ۔

Give birth : (v) جننا ۔

Give birth to : (v) (۱) جننا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) پیدا کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔

Give down : (v) (گائے کا) دودھ دینا ۔

Give ear to : (v) شنوائی کرنا ؛ غور سے سننا ۔

Give forth : (v) (۱) پھیلانا ۔ (۲) چھوڑنا ؛ نکالنا ۔

Give ground : (v) پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ھونا ۔

Give in : (v) دب جانا ؛ اطاعت قبول کرلینا ؛ مان لینا ؛ باضابطہ داخل کرنا(درخواست) ؛ بطور ضمیمے کے شامل کرنا ۔

To give in one's adhesion to : باضابطہ منظور کرنا ۔

Give it : (v) مارنا ؛ کندی کرنا ؛ مرمت کرنا ۔

Do give it hot : سرزنش کرنا ۔

Give off : (v) نکالنا ؛ خارج کرنا (دعویٰ وغیرہ) ۔

Give out : (v) (۱) اعلان کرنا ۔ (۲) نکالنا؛ خارج کرنا ۔ (۳) تقسیم کرنا ۔ (٤) تھک کر نہ جانا ۔ (٥) کم پڑنا ۔ (٦) ٹوٹ جانا (عضو، مشین وغیرہ کا) ۔

Give over : (v) دست بردار ھو جانا ؛ ترك کرنا (عادت) ؛ باز رہنا ؛ حوالہ کرنا ؛ نا امید ھو جانا ۔

To give over for (dead, lost) : مردہ یا گم سمجھنا ۔

Give place : (v) کسی کے لئےجگہ خالی کرنا ؛ ایک شخص کی جگہ یا اس کے بعد دوسرے کا آنا ۔

Give up : (v) (۱) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا ؛ مستعفی ہو جانا ۔ (۲) حوالہ کرنا ؛ دے دینا ۔ (۳) مغلوب ہوجانا ؛ بیتاب ہو جانا (جذبات سے) ۔ (٤) قطع تعلق کرلینا ۔ (٥) کوشش سے باز آجانا ۔ (٦) عادت ہونا ؛ لت ہونا ۔ (۷) ظاہر کر دینا (شرکائے جرم کے نام وغیرہ) ۔ (۸) لاعلاج یا لاحل سمجھ کر چھوڑ دینا ؛ مایوس ہو جانا ۔

To give up for lost : ملنے کی امید نہ رکھنا ۔

To give up the ghost : مرجانا ۔

Give way : (v) (۱) پسپا ہونا ۔ (۲) اپنی جگہ دوسرے کو دینے پر مجبور ہو جانا ۔ (۳) ٹوٹ جانا؛ کام کا نہ رہنا (چیزوں کا) ۔ (٤) رعایت کرنا ۔ (٥) مغلوب ہونا (جذبات سے) ۔ (٦) صبر یا قوت برداشت کھو دینا ۔ (۷) (حصص وغیرہ کا) نرخ کم کرنا ۔ (۸) (بحری) تیزی سے کھینے کا حکم ۔

Given : (a) (۱) عطیتاً ۔ (۲) مائل ؛ عادی ۔ (۳) مقررہ ۔ (٤) تعمیل ؛ تکمیل ۔

Given name : (n) نام جو بپتسما کے وقت دیا جاتا ہے ۔

Giver : (n) دینے والا ؛ عطیہ دہندہ ۔

Givey/Givy : (a) دینے پر مائل ۔

Giving : (n) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ۔

Gizmo/Gismo : (n) [Origin unkn.] نا معلوم الاسم ۔

Gizz : (n) [by shortening and alter. of 'jasey'.] مصنوعی بال ۔

Gizzard : (n) [ME.'giser'.] (۱) (عضویات) سنگ دان ؛ پوٹا ؛ قانصہ ؛ سنگ دانہ ۔ (۲) (مزاحاً) شخص ۔ (۳) (مزاحاً) جگر ۔

To fret one's gizzard : متردد ہونا ؛ پریشان ہونا یا کرنا ۔

To stick in one's gizzard : ناگوار ہونا ۔

Glabella/Glabellum : (n) [mod.L.] (تشریح) مقطب ؛بین ابرو ۔

Glabellar : (a) مقطب سے متعلق ۔

Glabello- : جزو ترکیبی بمعنی "مقطب" ؛ مقطب سے متعلق ۔

Glabrate : (a) [L.'glabrus'.] (نباتیات و حیوانیات) چکنا ؛ بےمو ۔

Glabreity : (n) [Fr.'glabreite'.] چکنا پن ؛ بےموئی ۔

Glabrescent : (a) [L.'glaber'+escent.] (نباتیات وحیوانیات) رواں ریز ؛ موریز ۔

Glabrous : (a) بےرواں ؛ چکنا ؛ بےمو ؛ صفاچٹ ؛ چکنی کھال کا ۔

Glace : (n) [Fr.] (۱) چکنا ؛ چمکدار ؛ پالش کیا ہوا ۔ (۲) شکر آمیختہ ؛ برف میں لگا ہوا ؛ برف پڑا ہوا (پھل وغیرہ) ۔

Glacial : (a) [Fr.'glacial'.] (۱) برف کا ؛ برفانی ۔ (۲) (کیمیا) بلورہ دار؛ قلم دار؛ قلمی ۔ (۳) (ارضیات) برفانی ۔

Glacial epoch/-era/-period : (n) برفانی دور ۔

Glacial sea : (n) برفانی دور کا سمندر ۔

Glacialism : (n) زمین کی سطح پر برف کے اثر انداز ہونے کا نظریہ ۔

Glacialist : (n) برفانی مظاہر کا ماہر ۔

Glacially : (adv.) برفانی حالت میں ۔

Glaciate : (v) [L.'glaciat-'.] (۱) منجمد کرنا ۔ (۲) برف سے مشابہ کرنا ۔

Glaciated : (a) جو برف گرنے سے چکنا ہو جائے ؛ جس پر برف کی تہ جمی ہو ؛ یخ بستہ ؛ (جغرافیہ) گلیشیر زدہ ۔

Glaciation : (n) برف سے چکنا ہونا ؛ برف کی تہ جم جانا ؛ یخ بستگی ؛ (جغرافیہ) کلیسائی عمل ۔

Glacier : (n) [Fr.'glacier'.] برف کی چٹان یا برف کا چشمہ ؛ یخ تودہ ؛ تلجیہ ۔

Glacier-mill : (n) برف کےپہاڑ میں کھڑی دراڑ ۔

Glacier-mud/-silt : (n) کنکریلی کیچڑ ؛ سنگریزے اورچھوٹی چٹانوں کاانبار جوایسی چٹانوں میں پایاجاتا ہے جو کبھی یخ بستہ تھی ۔

Glacier snow : (n) نرم برف جو برف کی چٹانوں کے سروں پر پائی جاتی ہے ۔

Glacier-table : (n) برف کے ستون کےاوپر چپٹی چٹان ۔

Glaciered : (a) برف کی چٹانوں سے ڈھکاھوا ؛ تلجیہ دار ۔

Glacierist : (n) تلجیہ کا ماہر ۔

Glacis : (n) [Fr. 'glacis'.] (۱) ہلکی ڈھلوان ۔ (۲) (قلعہ) قلعہ کا پشتہ : (تاریخ) قلعہ کا حفاظتی دمدمہ ۔

Glad : (a) [OE.'glaed'.] (۱) خوش ؛ مسرور ؛ مگن ؛ دلشاد ؛ خرم ؛ شادماں ۔ (۲) سرور آگیں ؛ مسرت بھری ۔ (۳) شگفتہ ؛ پاکیزہ (مزاج) ۔ (٤) مسرت بخش ؛ دلپذیر ؛ خوش آئند (خبر وغیرہ) ۔

Glad : (v) خوش کرنا ۔

Glad of : (a) (۱) (کسی چیز کو) پاکر خوش ۔ (۲) (کسی وجہ سے) خوش ۔

Glad rags : (n) (عام، امریکا) اتوار کا لباس ؛ رسمی لباس ۔

Gladden : (v) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ باغ باغ کرنا ۔

Gladdon : (n) [OE.'glaedene'.] سوسن ۔

Glade : (n) [Origin unkn.] (۱) جنگل کے بیچ میں کُھلا ہوا میدان یا راستہ ۔ (۲) جنگلوں کے درختوں کے درمیان راستہ ؛ لیکھ ؛ بٹیا ۔

Glade-nut : (n) چڑیا پھنسانے کا ایک قسم کا جال ۔

Gladen : (e) دیکھو Gladdon

Gladful : (n) خوش ؛ مسرور ۔

Gladfully : (adv.) خوشی سے ؛ خوش ہو کر ۔

Gladfulness : (n) خوشی ؛ مسرت ؛ انبساط ۔

Gladiate : (a) [L.'gladiator'+-ate.] تیغی ؛ سیفی ۔

Gladiator : (n) [L.'gladiator'.] (۱) پیشہ ور تیغ زن (جس کا رومائے قدیم میں عام جشن یا تماشائیوں میں مقابلہ کرایا جاتا تھا) ؛ پیشہ ور شمشیر باز ۔ (۲) مناظرے کا مرد میدان ۔

Gladiatorial/Gladiatorian : (a) پیشہ ور تیغ زن سے متعلق ۔

Gladiatorism : (n) تیغ زنی ۔

Gladiatorship : (n) تیغ زنی کا پیشہ یا اس کی مہارت ۔

Gladiole : (n) [L.'gladiolus'.] (۱) (نباتیات) سیف الغراب، تیغہٴ سوسن ؛ ایک پھول دار درخت جس کے پتےتلوارکی شکل کے ھوتے ہیں ۔ (۲) (تشریح) تیغہ ؛ تیغہٴ قص ۔

Gladiolus : (n) [See prec.] دیکھو Gladiole

Gladius : (n) [L.] (۱) تیغ ماہی ۔ (۲) (یك وقتی لفظ) تیغ ۔ (۳) قیرماہی ڈھانچہ ۔

Gladly : (adv.) خوشی سے ؛ بخوشی ۔

Gladness : (n) خوشی ؛ خرّمی؛ مسرت ؛ شادمانی ؛ انبساط ۔

Gladsome : (a) (شاعرانہ) خوش ؛ خرم ؛ شادماں ؛ مگن ؛ مسرور ۔

Gladsomely : (adv.) خوشی سے ؛ شاداں وفرحاں ۔

Gladsomeness : (n) خوشی ؛ خرّمی ؛ شادمانی ۔

Gladstone : (n) [f.w.E.Gladstone.] (۱) ارزاں قسم کی شراب جو گلیڈ اسٹون کے زمانےمیں محصول کم ہو جانے سے بہت رائج ہو گئی تھی ۔ (۲) ایک قسم کا ہلکا سفری ہینڈ بیگ ۔ (۳) چار پہیوں والی ایک قسم کی گاڑی ۔

Gladstonian : (a) گلیڈ اسٹون کے متعلق ۔

Gladstonian : (n) گلیڈ اسٹون کا حامی یا اس کی پارٹی کا رکن ۔

Gladwin (e) : دیکھو Gladdon

Glaik : (n) [Origin unkn.] (۱) تمسخر آمیز فریب ۔ (۲) چمك (روشنی کی) ۔

Glaikit : (a) [ME.'glaikit'.] نا سمجھ ؛ بے وقوف ۔

Glair : (n) [OFr.'glaire'.] (۱) انڈے کی سفیدی ؛ بیاض البیض؛ زلال ۔ (۲) لس دار شے ۔

Glair : (v) انڈے کی سفیدی یا کوئی اور لس دار چیز لپیٹ دینا ۔

Glaireous : (a) لس دار ؛ زلال نما ؛ سفیدی دار ۔

Glairigenous : (a) لس دار چیز پیدا کرنے والا ۔

Glairin/-ine : (n) ایک لس دار نباتی مادہ جو معدنی پانی کو ہوا میں رکھے جانےکے بعد پایا جاتا ہے۔

Glairiness : (n) چپچپاہٹ ؛ لزوجت ۔

Glairy : (a) انڈے کی سفیدی کا سا ؛ لس دار ۔

Glaive : (n) [OFr.'glaive'.] چوڑے پھل کی تلوار ۔

Glamorous : (a) سحر کا ؛ جادو کا؛ مسحور کن ؛ نظر فریب ۔

Glamorously : (adv.) مسحور کن طورپر ۔

Glamour/Glamoury/Glamourie : (n) [Alternation of Grammar.] (۱) سحر ؛ جادو ؛ ٹوٹکا ۔ (۲) نظر فریب حسن ۔

Glamour : (v) جادو کرنا ؛ موہ لینا ۔

Glance : (n) [f Glance (v).] (۱) چمک ؛ جھلک ۔ (۲) سرسری نظر ؛ اچٹتی نظر ۔ (۳) (کرکٹ) بٹ جو گیند کو کنکھیوں سے دیکھ کر لگائی جائے ۔

Glance : (v) (۱) چِٹنا ؛ اچٹ جانا (ہتھیار وغیرہ) ۔ (۲) (کسی مضمون پر) اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا یا سرسری بحث کرنا ۔ (۳) چمکنا؛ دمکنا؛ چمک اٹھنا ۔ (٤) جھلک دیکھنا ؛ نظر سے اشارہ کرنا ۔ (٥) ترچھی نظر ڈالنا ۔ (٦) (کرکٹ) کنکھیوں سے دیکھ کر ہٹ لگانا ۔

To glance one's eye, look : نظر دوڑانا ؛ نظر پھیرنا ؛ متوجہ ہونا ۔

Glance : (v) چمکانا ؛ جلا کرنا ۔

Glance-coal : (n) پتھر کوئلا ۔

Glance-pitch : (n) (کان کی) رال ؛ خالص اسفلٹ ۔

Glance-wood : (n) ایک قسم کی سخت لکڑی جو کیوبا میں میں پائی جاتی ہے ۔

Glancer : (n) (بول) کندوں کو پھسلنے میں اِدھر اُدھر ہونے سے روکنے والا کندہ ۔

Glancingly : (adv.) اچٹتے ہوئے ؛ سرسری طورپر ۔

Gland : (n) [L'glans, gland.] (۱) (تشریح) حشفۃ الذکر ؛ سر ذکر ؛ سر بظر ؛ حشفۃ البظر ۔ (۲) (نباتیات) بلوط دانہ ۔

Gland : (n) [Fr.'glande'.] (عضویات، نباتیات) غدہ ؛ غدود ؛ گلٹی ۔

Digestive gland : (حیوانیات) ہضمی غدہ ۔

Gland : (n) (۱) گیرندہ ۔ (۲) خمیدہ سلاخ ۔ (۳) جوڑ نلکی ۔

Gland-secretion : (n) (کیمیا) غدودی رطوبت ۔

Glander : (n) [OFr.'glandre'.] (۱) کنار ؛ گھوڑوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ہے اورنوک سے رطوبت خارج ہوتی ہے ۔ (۲) (طب) کنار ، سراجہ ۔

Glandered : (a) کنار میں مبتلا ۔

Glanderous : (a) کنار میں مبتلا یا اس سے متاثر ؛ سراجی ؛ سراجہ زدہ ۔

Glandiferous : (a) [L.'glandifer'.] بلوط دار ؛ بلوط آور ؛ بلوط سے لدا ہوا ۔

Glandiform : (a) (۱) بلوط نما ۔ (۲) غدود نما ۔

Glandless : (a) بےغدود ۔

Glandular : (a) [Fr.'gladulaire'.] (۱) غدودی ؛ غدود نما ۔ (۲) بلوط بردار ۔

Glandulation : (n) غدودی نظام ۔

Glandule : (n) [L.'gladulae'.] غدیدہ ؛ چھوٹا غدود ۔

Glanduliferous : (a) غدیدہ دار ؛ پُر غدود ۔

Glanduliform : (a) غدیدہ نما ۔

Glandulose : (a) غدودی ۔

Glandulous : (a) غدودی ۔

Glans : (n) [L.'glans'.] دیکھو Gland

Glare : (n) (۱) خیرہ کن روشنی ؛ چکا چوند ؛ تاب و تب ؛ آفتاب کی روشنی ۔ (۲) بھڑکیلا پن ؛ بھدی آرائش ۔ (۳) ٹکٹکی ؛ گھری نظر ؛ غضب آلود نظر ۔ (٤) (کیمیا) چوندھ ۔

Glare : (n) [Origin obscure.] برف کی چادر ۔

Glare/Glair : (a) چکنا اور نیم شفاف (خصوصاً برف) ۔

Glare : (v) [MDu.'glaren'.] (۱) چوندھیا دینا ؛ چکا چوند کر ڈالنا؛ نظر خیرہ کر دینا ۔ (۲) بہت زیادہ نمایاں ہونا؛ نظریں چبھنا ۔ (۳) گھور کر یا گرم نگاہوں سے دیکھنا ۔ (٤) آنکھوں سے نفرت یا حقارت ٹپکنا ۔

Glare ice : (n) چکنی اور پھسلواں سطح والی برف ۔

Glareous/Glareose : (a) [L.'glareosus'.] سنگریزی ۔

Glareous : (a) دیکھو Glairy

Glariness : (n) چکا چوند ۔

Glaring : (a) (۱) خیرہ کن : نمایاں ۔ (۲) ٹکٹکی باندھتے ہوئے ۔

Glaringly : (adv.) فاش طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ نظر کو خیرہ کرتے ہوئے ۔

Glaringness : (n) خیرہ کن ہونا ؛ فاش ہونا ؛ نمایاں ہونا ۔

Glary : (a) خیرہ کن ؛ بھڑکیلا ؛ غضب آلود ۔

Glass : (n) [OE.'glaes'.] (۱) شیشہ ؛ زجاج ؛ آبگینہ ؛ کانچ ۔ (۲) شیشے سے مشابہ چیزیں ۔ (۳) شیشے کے برتن ، زیور وغیرہ ۔ (٤) شیشے کا گلاس ۔ (۵) گلاس بھر ۔ (٦) ریت گھڑی ۔ (۷) گاڑی کی کھڑکی ۔ (۸) تصویر کا آئینہ ؛ شیشہ ۔ (۹) پودوں کا شیشے کا سر پوش ؛ کھڑکیوں کا شیشہ ۔ (۱۰) آئینہ ؛ آرسی ۔ (۱۱) آتشی شیشہ ۔ (۱۲) (جمع) عینک ؛ چشمہ ۔ (۱۳) عینک کا شیشہ ۔ (۱٤) گھڑی کا شیشہ ۔ (۱۵) عدسہ ۔ (۱٦) دوربین ؛ خوردبین ۔ (۱۷) ہوا پیما ۔ (۱۸) وہ شیشہ جس میں دیکھ کر پیش گوئی کی جاتی ہے ۔

Crown glass : (کیمیا) کلسی شیشہ ۔

Cut glass : بلور ۔

Flint glass : چقماق شیشہ ۔

Glazed glass : پالش کیا ہوا شیشہ ؛ چمکدار شیشہ ۔

Ground glass : سن شیشہ ۔

Glass : (v) (۱) شیشے کے ڈبے میں بند کرنا ۔ (۲) آئینہ کے سامنے کھڑا ہونا ؛ آئینہ دیکھنا ۔ (۳) منعکس کرنا ؛ عکس ڈالنا ۔ (٤) چمڑے کو صاف کرنا ۔ (۵) شیشہ لگانا؛ آئینہ جڑنا ۔ (٦) (آنکھوں کو) پتھرا دینا ۔

Glsss : (a) (۱) شیشے سے بنا ہوا ۔ (۲) شیشہ جڑا ہوا ۔

Glass-arm : (n) بازو جس کے عضلات بہت جلد سخت ہو جاتے ہیں ۔

Glass artist : (n) شیشوں کی رنگین کھڑکیاں بنانے والا ۔

Glass bead : (n) کانچ منکا ۔

Glass-bell : (n) شیشے کا جھانپو ؛ پودا پوش ۔

Glass-blower : (n) (۱) آبگینہ ساز ؛ شیشہ گر ؛ منیہار ۔ (۲) (کیمیا) شیشہ پھکنا ۔

Glass cloth : (n) (۱) شیشہ صاف کرنے کا کپڑا ۔ (۲) وہ کپڑا جس پر شیشے کا برادہ چپکا ہوتا ہے ۔

Glass-crab : (n) جھینگڑی (مچھلی) کا پھل روپ ۔

Glass-culture : (n) پھلوں، پودوں وغیرہ کو شیشے کے اندر اگانا ۔

Glass-cutter : (n) شیشہ تراش ۔

Glass cutting : (n) شیشہ تراشی ۔

Glass dust : (n) شیشے کا سفوف یا برادہ ۔

Glass enamel : (n) غیر شفاف شیشہ ۔

Glass-eye : (n) (۱) نقلی آنکھ؛ شیشے کی آنکھ ۔ (۲) گھوڑوں کی ایک بیماری ۔ (۳) ایک قسم کی طوطی ۔ (٤) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۵) سفیدی مائل یا بےرنگ پردۂ عنبیہ والا ؛ ایسی آنکھوں والا شخص ۔

Glass-faced : (a) آئینہ سا ۔

Glass-furnace : (n) شیشہ گری کی بھٹی ۔

Glass-gall : (n) سفید نمکین جھاگ جو شیشہ پگھلانے میں سطح پر جم جاتا ہے ۔

Glass-gazing : (n) آئینہ دیکھنے والا ۔

Glass-glazed : (a) موٹی جلد والے (برتن) ۔

Glass-grenade : (n) شیشے کے غلاف والا دستی بم۔

Glass-hard : (a) انتہائی سخت ۔

Glass-height-gauge : (n) گھڑی کے شیشے کی اونچائی ناپنے کا آلہ ۔

Glass-house : (n) (۱) شیشہ کا کارخانہ ۔ (۲) شیشہ گھر (پودوں یا مصوری کے لئے)۔

Glass-man : (n) (۱) شیشہ فروش ۔ (۲) شیشہ گر ۔

Glass-metal : (n) پگھلا ہوا شیشہ ۔

Glass-mosaic : (n) شیشے کے رنگین مربعوں سے بنا ہوا موزیک ۔

Glass-mould : (n) شیشہ ڈھالنے کا فلزی ڈھانچہ ۔

Glass-oven : (n) شیشے کے نئے ظروف کو بتدریج ٹھنڈا کرنے کا گرم تنور ۔

Glass-paper : (n) وہ کاغذ جس پر شیشے کا برادہ چپکا ہوتا ھے ۔

Glass-paper : (v) شیشے کے برادہ لگے ہوئے کاغذ سے صاف کرنا ؛ رگڑنا یا چکنا کرنا ۔

Glass pock/-pox : (n) ایک قسم کی بیماری ۔

Glass-pot : (n) وہ ظرف یا کٹھال جس میں شیشے کی چیزوں کو رکھ کر گلاتے ہیں ۔

Glass-press : (n) شیشے کو لچکیلی حالت میں سانچے کے اندر دبانے کی ایک ترکیب ۔

Glass-rop (sponge) : (n) ایک قسم کا اسپنج ۔

Galss-sand : (n) شیشے سازی میں استعمال ہونے والا بالو ۔

Glass-shell : (n) ایک قسم کا صدفہ ۔

Glass-shrimp : (n) دیکھو Glass crab

Glass-slag : (n) شیشہ گری کا کوڑا ۔

Glass-snail : (n) زجاجی صدفہ ۔

Glass-snake : (n) مختلف قسم کی چھپکلیاں ۔

Glass-sponge : (n) دیکھو Glass-rope-sponge

Glass-tinner : (n) شیشے پر ٹین کی پنی چڑھانے والا ۔

Glass-tube : (n) شیشہ نلی ۔

Glass-ware : (n) شیشے کے ظروف ؛ کانچ کا سامان ؛ شیشے کے آلات؛ (تاریخ) صیقلی برتن ۔

Glass-wool : (n) زجاجی اون جو ترشوں کی تقطیر میں کام آتا ھے ۔

Glass-work : (n) (جمع) کارخانۂ شیشہ سازی ؛ شیشہ سازی ؛ شیشے کے سامان ؛ شیشے ۔

Glass-worker : (n) شیشہ گر ۔

Glass-worm : (n) جگنو ؛ کرمک شب تاب ۔

Glass-wort : (n) الف شورہ ؛ نبات شورہ زا ؛ ایک قسم کا درخت جو پہلے شیشہ بنانے میں کام آتا تھا ۔

Glassen/Glazen : (a) (۱) شیشے کا بنا ہوا ؛ شیشہ نما ۔ (۲) پتھرائی ہوئی (آنکھ)۔

Glassful : (n) گلاس بھری ؛ کوئی چیز جو گلاس بھر ہو ۔

Glassie/Glassy : (n) (۱) شیشے کی گولی – (۲) شفّاف الماسی بلور ۔

Glassily (adv.) (۱) آئینے کی طرح ۔ (۲) پتھر کر ۔

Glassine : (n) ایک قسم کا پتلا اور گھنا شفاف یا نیم شفاف کاغذ ۔

Glassiness : (n) شفاف ہونا؛ ہموار ہونا؛ پتھرایا ہوا ہونا ۔

Glassing : (n) (۱) شیشے کے ڈبے میں رکھنا ۔ (۲) پتھرا دینا ۔

Glassing : (a) پتھرا یا ہوا ؛ پتھرا دینےوالا ۔

Glassing-jack/-machine : (n) ایک چمڑا صاف کرنےوالی مشین ۔

Glassite : (n) اس مذہبی فرقے کا رکن جس کو سینٹ گلاس نے ۱۷۲۸ء میں قائم کیا تھا ۔

Glassless : (a) بے شیشے کا ۔

Glassy : (a) (۱) شیشے کےمانند ؛ کانچ سا ۔ (۲) بےرونق ؛ بے نور ؛ پتھرائی ہوئی (آنکھوں کے لئے) ۔ (۳) شفاف (پانی کی سطح) ۔ (٤) سرد مہر ۔

(۵) سخت - (٦) تیز (آواز) - (۷) سطحی - (۸) پرسکون اور چمکدار -

Glassy texture : (n) (جغرافیہ) شیشہ نما بافت -

Glastonbury : (n) انگلستان کا ایک شہر -

Glastonbury chair : (n) ایک قسم کی آرام کرسی -

Glastonbury thorn : (n) عضاۃ یا خفچہ کی ایک قسم -

Glauber : (n) Glauber's salt کا مخفف -

Glauber-salt/Glauber's salt- : (n) [f.Johann Rudo (f. Glauber) Geman chemist.] گلابری نمک : سوڈیم سلفیٹ -

Glauberite : (n) کیلسیم اور سوڈیم سلفیٹ -

Glaucescence : (n) مٹیالاپن -

Glaucescent/Glaucine : (a) مٹیالا : آبی سبز رنگ کا : سبز پوشوی -

Glaucic : (a) [mod.L.'Glaucium'.] (Glaucic acid میں)گلوسک -

Glaucodot/Glaucodote/Glaukodot : (n) [Gr.'glaukodot'.] لوھے اور کوبالٹ سلف آرسینائیڈ -

Glaucoma : (n) [Gr.'glaukoma'.] زرق الماء : سبز موتیا : آنکھ کی ایک بیماری جس میں پتلی پھیل جاتی ھے اور نظر رفتہ رفتہ جاتی رہتی ھے -

Glaucomatic : (a) زرق الماء سے متعلق -

Glaucomatous/Glaucomatose : (a) زرق الماء کا (مریض) -

Glauconite : (n) [G.'glaukophan'.] لوھے، پوٹاشیم اور دوسرے اثاثوں کا آبدار سلیکیٹ : گلو کونائیٹ -

Glauconitic : (a) گلوکونائیٹ سا : گلو کونائیٹ دار -

Glaucophane : (n) [G.'glaukophon'.] ایک قسم کی معدنی شے -

Glaucosis : (n) [Gr.'glaukosis'.] زرق الماء کی ابتدا : کوری : اندھاپن -

Glaucous : (a) [L.'glaucus'.] (۱) نیلگوں سبز - (۲) (نباتیات) گردپوش -

Glaucus : (n) [mod. L.] (۱) جنس نیلگوں ناعمہ - (۲) ایک قسم کی یاغو -

Glaum : (v) [Origin unkn.] جھپٹنا : دھمکانا -

Glaymore : دیکھو Claymore

Glaze : (n) [f.Glaze (v).] (۱) شیشہ کا روغن : کلپ : پالش - (۲) چکنی اور چمکدار سطح - (۳) برف کی تہ - (٤) (مصوری) شفاف رنگ جو دو سرے رنگ پر چڑھایا گیا ھو - (۵) (عامیانہ) کھڑکی -

Glaze : (v) [ME.'glase'.] (۱) شیشے لگانا : شیشے جڑنا : شیشےدار کھڑکیاں لگانا - (۲) شیشے کا روغن کرنا- (۳) (چمڑے کپڑے وغیرہ پر) کسی چمکدار چیز کی تہ دینا - (٤) رگڑ کرچمکا دینا : پالش کرنا : صیقل کرنا - (۵) جالا پڑنا (آنکھوں میں)؛ پتھراجانا : بےنور ھو جانا - (٦) (مصوری) ایک رنگین سطح پر دوسرا شفاف رنگ چڑھانا-

Glaze : (v) گھورنا -

Glaze-kiln : (n) گلخن جس میں شیشے کے ظروف کو پکایا جاتا ھے -

Glaze-wheel : (n) چوبی پہیا جس سے چاقو وغیرہ پر سان چڑھاتے ہیں -

Glaze-worm : (n) جگنو -

Glazen : (a) دیکھو Glassen

Glazer : (n) (۱) شیشہ لگانے والا (کھڑکیوں میں) : جلا کرنے والا - (۲) جلا کرنے کا آلہ -

Glazier : (n) (۱) کھڑکیوں میں شیشہ لگانے والا - (۲) جلا کرنے کا آلہ -

Glaziery : (n) صیقل گر کا کارخانہ -

Glazily : (adv.) چمکتےھوئے -

Glaziness : (n) چمک : جلا -

Glazing : (n) (۱) شیشہ لگانا - (۲) کھڑکیاں (شیشہ دار) - (۳) شیشے کا فلک : پالش : صیقل - (٤) (مصوری) دو سرے رنگ پر کسی شفاف رنگ کو چڑھانا -

Glazing-wheel : (n) پالش کرنے کا چوبی پہیا -

Glazy : (a) (۱) چمکدار ۔(۲) بےرونق ؛ بےنور (آنکھ)۔

Gleam : (n) [OE.'glaem'.] (۱) جھلک ؛ چمک دمک ۔(۲) کسی صفت وغیرہ کی جھلک ؛ (امید وغیرہ کی) کرن ؛ شعاع۔

Gleam : (v) جھلکنا؛ چمکنا ؛ دمکنا ۔

Gleamingly : (adv.) چمکتے ہوئے؛ دمکتےہوئے ۔

Gleamy : (a) چمکدار ؛ جھلکتا ہوا ۔

Glean : (n) [OFr.'glene, glane'.] جمع کی ہوئی چیز ؛ چُنی ہوئی چیز ۔

Glean : (v) (۱) خوشہ چینی کرنا ؛ بالیں جمع کرنا ؛ چُننا ؛ بالیں توڑ کر کھیت کو صاف کرنا ۔ (۲) جمع کرنا ؛ چننا ۔(۳) سرسری طور پر معلوم کرنا ۔

Gleanable : (a) قابل خوشہ چینی ۔

Gleaner : (n) خوشہ چیں ۔

Gleaning : (n) خوشہ چینی ۔

Gleanings : (n) جمع کی ہوئی چیز ؛ چُنی ہوئی چیز ۔

Glebe : (n) [L.'gleba, glaeba'.] (۱) زمین ۔(۲) کھیت ۔(۳)وقف زمین ؛ گرجا کے متعلق زمین ۔

Glebe-house : (n) پادری کا گھر ۔

Glebe land : (n) گرجا کے متعلق زمین ۔

Glebeless : (a) بےقطعہ زمین ؛ بےکھیت ۔

Gled/Glede : (n) [OE.'glida'.] چیل ؛ گدھ ؛ باز ۔

Glee : (n) [OE.'gleo, glio'.] (۱) موسیقی کی ایک خاص چیز جسے مختلف آوازوں کے تین یا زیادہ اشخاص باری باری سےگاتےہیں ۔(۲) خوشی؛ شادمانی ؛ مسرت ؛ انبساط، سرور ؛ نشاط ؛ طرب ۔

Glee-club : (n) گیت کلب ۔

Gleed : (n) [OE.'gled'.] (۱) جلتا ہوا کوئلا ۔(۲) خاکستر کوئلا۔

Gleed : (a) (۱) بھینگا ۔(۲) ٹیڑھا ۔

Gleeful : (a) خوش ؛ شادماں ؛ مسرور ۔

Gleefully : (adv.) مسرت سے ؛ شادمانی سے ۔

Gleek : (n) [OFr.'glic'.] تاش کا ایک کھیل ۔

Gleeman : (n) پیشہ ور گانے والا ۔

Gleesome : (a) دیکھو Gleeful

Gleesomely : (adv.) دیکھو Gleefully

Gleesomeness : (n) مسرت ؛ شادمانی ۔

Gleet : (n) [ME.'glet'.] ریم؛ پتلا مواد جو زخم یاشانے سے نکلتا ہے ؛ جریان ۔

Gleet : (v) ریم نکلنا ۔

Gleetous : (a) بلغمی (باز کےلئے)۔

Gleety : (a) لعاب دار ۔

Gleg : (a) [On.'glegger, gleggr'.] (۱) حساس ؛ تیز نظر ۔ (۲) چست ۔(۳) زندہ دل ۔

Gleg at the uptake : تیز ؛ تیز فہم ۔

Glegly : (adv.) زندہ دلی سے ؛ چستی سے ؛ تیز نظری سے ۔

Glegness : (n) زندہ دلی ؛ تیز نظری ؛ چستی ۔

Glen : (n) [Gael. Ir.'gleann'.] تنگ گھاٹی ۔

Glendoveer : (n) [Altered f.'grandouver'.] ایک پری ۔

Glene : (n) [Gr.'glene'.] کاسۂ چشم ؛ کاسۂ مفصل ۔

Glengarry : (n) [f.Glengarry'.] ایک قسم کی ٹوپی جو آگے سے اونچی ہوتی ہے ۔

Glenlivet : (n) ایک قسم کی وہسکی (شراب)۔

Gleno- : جزو ترکیبی بہ معنی "کاسۂ مفصلی ۔

Glenoid/Gleniodal : (a) [Fr.'glenoide'.] کاسی ۔

Glent : (n&v) جھلک ؛ چمک ۔

Gliadin : (n) [Fr.'gliadine'.] گلوٹین لسدار حصہ ۔

Glib : (a) [Irish.'glib'.] آنکھو ں پر جھکی ہوئی بالوں کی لٹ ۔

Glib : (a) ۔ (۱) چکنی ؛ صاف ؛ ہموار ؛ پھلسنی (سطح وغیرہ) ۔ (۲) (حرکت کے لئے) بے رکاوٹ ؛ بے تکلف ۔ (۳) طرار ؛ لسان ؛ چرب زبان ؛ تیز ؛ سرپٹ ؛ بےلگام (زبان، گفتگو) ۔

Glib : (adv.) چرب زبانی سے ؛ طراری سے ۔

Glib : (v) (۱) چکنا بنانا ۔ (۲) چرب زبانی سے بولنا ۔

Glibly : (adv.) روانی کے ساتھ ؛ سرپٹ ؛ تیزی سے ؛ طراری سے ؛ صفائی سے ؛ چکنےپن سے ۔

Glibness : (n) ہموار ؛ چکناپن ؛ تیزی ؛ طراری ؛ لسانی ۔

Glid e : (n) (۱) بغیر محسوس کئے ہوئے گزرجانا ۔ (۲) (موسیقی، صوتیات) انتقال لسانی ۔ (۳) (لسانیات) تدریجہ ۔

Glide : (v) [OE.'glidan'.] (۱) سبک رفتار سے چلنا ؛ پھسلنا ؛ خاموشی سےبہنا، گزرنا وغیرہ ۔ (۲) دبے پاوں جانا ؛ چوری سے جانا ؛ آہستہ آہستہ جانا ۔ (۳) بغیرمحسوس کئےہوئے گزرجانا ۔ (٤) (ایک چیز کا دوسری چیز میں) بتدریج منتقل ہونا ؛ رفتہ رفتہ بولنا ۔ (٥) سبکی سے چلانا؛ آہستہ لے جانا ؛ پھسلنا ؛ چپکے سے گزرنا ۔ (٦) (موسیقی) بغیرمحسوس کئےہوئے سُر بدلنا ۔ (۷) بے انجن کے ہَوائی جہاز اُڑنا ۔

Glide-vowel : (n) حرف علت جو خود ہجا نہیں بناسکتے ؛ (لسانیات) مصوتی تدریجہ ۔

Glider : (n) (۱) آہستہ گزرنے والا ؛ پھسلنے والا ۔ (۲) بےانجن کا ہَوائی جہاز ۔

Gliff : (n) [Origin unkn.] (۱) جھلک ۔ (۲) لمحہ ۔ (۳) ڈر ؛ خوف ۔

Gliff : (v) ڈرانا ۔

Glim : (n) (۱) (عامیانہ) روشنی ، شمع ؛ لالٹین ؛ دیا ۔ (۲) آنکھ ۔

Dous the glim : Douse دیکھو

Glimmer : (n) [f.Glimmer (v).] (۱) ٹمٹماہٹ ؛ جھلملاہٹ ؛ جھمک ؛ خفیف سی جھلک ۔ (۲) (عامیانہ) کرن، شعاع (امید وغیرہ کی) ۔ (۳) (عامیانہ) آنکھ ۔

Glimmer : (n) [G.'glimmer'.] ابرق ۔

Glimmer : (v) ۔ جھلملانا ؛ ٹمٹمانا ؛ جھمکنا ؛رہ رہ کر چمکنا ۔

Glimmer-gowk : (n) اُلو ۔

Glimmering : ۔ (۱) جھلملاہٹ ، ٹمٹماہٹ ۔ (۲) جھلک ؛ اشارہ ۔

Glimpse : (n) [f. the v.] جھلک ؛ سرسری جلو ہ ۔

The glimpsese of the moon : ارضی مناظر ۔

Glimpse : (v) [OE.'glimsian'.] جھلک نظرآنا ؛ جھلک دیکھنا ؛ سرسری نظر ڈالنا ؛ (شاعرانہ) جھلک دکھانا ؛ پَو پھٹنا ۔

Glint : (n) [f. the vb.] جھلک ؛ چمک ؛ سرسری نظر ۔

Glint : (v) [ME.'glinten'.] (۱) کوندنا ؛ چمکنا ؛ جگمگانا ۔ (۲) چمکانا ؛ عکس ڈالنا ۔ (۳) جھانکنا ۔

Glioma : (n) [mod. L.'glioma'.] لاصلقی سلعہ ۔

Gliomatous : (a) لاصلقی سلعہ کی طرح ۔

Gliriform : (a) ۔ پستان دار جانوروں کی ایک نوع سےمشابہ

Glirine : (a) [L.'glis, glir'+ine.] پستان دار جانوروں کی نوع سے متعلق ۔

Glissade : (n) [Fr.'galissade'.] (۱) پھسلنا (خصوصاً برف پر)؛ کسی چیز کی مدد سے پھسلنا ۔ (۲) رقص میں دائیں یا بائیں جانب ہٹنا ۔

Glissade : (v) پھسلنا ۔

Glissader : (n) پھسلنے والا ۔

Glissette : (n) [Fr.'glisser'.] (ریاضیات) نقطوں سے بنا ہوا منحنی ۔

Glisten : (n) چمک ؛ دمک ۔

Glisten : (v) [OE.'glisnian'.] دمکنا؛ رہ رہ کر چمکنا؛ جھلکنا؛ جگمگانا ۔

Glisteningly : (adv.) دمکتےہوئے ؛ جگمگاتے ہوئے ۔

Glister : (n) (۱) چمک دمک ۔ (۲) ابرق ۔

Glister : (v) [ME.'glistren'.] دمکنا ؛ چمکنا ۔

Glisteringly : (adv.) دمکتے ہوئے ؛ چمکتے ہوئے ۔

Glitter : (n) چمك دمك ؛ تابش ؛ روشنی ؛ تجلی ؛ درخشانی ؛ بھڑکدار ؛ نمود ۔

Glitter : (v) [ON.'glitra'.] (۱) چمکنا ؛ دمکنا ؛ جھمکنا ؛ جگمگانا ؛ درخشاں ہونا ۔(۲) آراستہ پیراستہ ہونا ؛ بھڑك دار ہونا ؛ جگمگ کرنا ۔

Glitteringly : (adv.) چمکتے ہوئے ؛ دمکتے ہوئے ۔

Gloam : (v) [Back-formation from Gloaming'.] دھندلکاھونا ؛ جھٹپٹا ہونا ۔

Gloaming : (n) [OE.glomung'.] جھٹپٹا ؛ شام کا اندھیرا ۔

Gloaming-shot : (n) دھندلکے کی ابتدا ۔

Gloat : (v) [Origin unkn.] شوق و تمنا کی نگاہ سے دیکھنا ؛ للچائی نظروں سے دیکھنا ؛ شماتت کرنا ۔

To gloat on, upon, or over : شوق و تمنا کی نگاہ سے دیکھنا ۔

Gloat : (n) (۱) شوق و تمنا کی نظر ۔(۲) معاندانہ نظر ۔

Gloatingly : (adv.) نگاہ شوق سے ؛ ندیدوں کی طرح ؛ شماتت سے ۔

Global : (a) [Fr.] عالمگیر ؛ مجموعی طور پر ؛ (تاریخ) عالمی ؛ کروی ۔

Global affair : (n) عالمی امور ؛ عالمی معاملات ۔

Global policy : (n) عالمی پالیسی ۔

Globe : (n) [OFr.'globe' or L.'globus'.] (۱) کرہ ؛ گول شے ؛ کرۂ زمین ؛ ارض ۔(۲) سورج ؛ سیارہ ؛ جرم ۔ (۳) نقشہ کی شکل میں کمرہ ۔(٤) سونے کا گولا (بادشاہی کی علامت) ۔(٥) آنکھ کا ڈھیلا ۔ (٦) شیشے کا برتن جس کی شکل قریب قریب مدورکی سی ہوتی ہے (خصوصاً لیمپ کا گلوب) ۔ (۷) دَل ۔

The globe : کرۂ ارض ۔

Globe : (v) مدور شکل اختیار کرنا ۔

Globe amaranth (us) : (n) گل مخمل ۔

Globe animalcule : (n) مدور حوین ۔

Globe artichoke : (n) دیکھو Artichoke

Globe crowfoot : (n) جدواری پودے جن کے پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Globe fish : (n) مدور مچھلی ؛ مچھلی جو اپنے کو پھلا کر گولے کی شکل اختیار کرلیتی ہے ۔

Globe-flower : (n) دیکھو Globe corwfoot

Globe-ranunculus : (n) دیکھو Crowfort

Globe sight : (n) رائفل کی گول مکھی ۔

Globe slater : (n) غیر متحرك آنکھوں والا قشریہ ۔

Gripper : (n) (۱) (آئرستان کا) مین ۔ (۲) (آسٹریلیا میں) بھیڑ پکڑنے والا ۔ (۳) پکڑنے کا کوئی آلہ ؛ گیرندہ ۔

Gripple : (a) [OE.'gripul'.] (۱) بخیل ؛ کنجوس ۔ (۲) مضبوطی سے پکڑنے والا ۔

Grippy : (a) بخیل ' کنجوس ۔

Grippy : (a) انفلوئنزا میں مبتلا ۔

Gripsack : (n) سفری بیگ ؛ دستی بیگ ۔

Gris-amber : (n) دیکھو Ambergris

Grisaille : (n) [Fr.] آرائشی مصوری کا ایک طرز ؛ ایک طرح کی رنگ کاری جس میں خاکستری رنگ کے نقوش بنائے جاتے ہیں ۔

Grisaille : (a) آرائشی (طرز مصوری) ۔

Grisard : (n) [OFr.] سفید بالوں والا شخص ۔

Griseous : (a) [med. L.'griseus'+-ous.] رمادی ؛ نیلگوں ؛ خاکستری ؛ سفیدی مائل خاکستری ۔

Grisette : (n) [Fr.] (۱) ایک سستا بھورے رنگ کا کپڑا ۔ (۲) فرانس کی مزدور لڑکی ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔ (٤) قحبہ جو کل وقتی نہ ہو ؛ جوان عورت جو عصمت فروشی کے ساتھ دوسرا پیشہ بھی کرتی ہو ۔

Griskin : (n) سور کے ران کا بے چربی دار گوشت ۔

Grisled : (a) خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورا ؛ خاکستری بالوں والا ؛ بھورے بالوں والا ۔

Grisliness : (n) خوفناک ہونا ؛ ڈراؤنا پن ؛ بدہیئتی ۔

Grisly : (a) [Late OE.'grislic'.] خوفناک ؛ بدہیئت ؛ مہیب ؛ ڈراؤنا ؛ ہولناک ؛ دہشتناک ۔

Grison : (n) (Fr.] (۱) جنوبی امریکا کا ایک گوشت خور چوپایہ ۔ (۲) جنوبی امریکا کا بندر ۔

Grist : (n) [OE.'grist'.] (۱) غلہ جو پیسا جائے ؛ پیسا جانے والا غلہ ۔ (۲) مخصوص مقدار یا عدد ۔ (۳) پیسا ہوا غلہ ۔ (٤) کوٹا ہوا شعیرہ ۔

All is grist that comes to his mill : وہ ہر چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے ۔

To bring grist to the (one's) mill : فائدہ پہنچانا ۔

Grist : (n) دھاگے یا رسے کی موٹائی ۔

Grist : (v) غلہ وغیرہ پیسنا ۔

Grist-mill : (n) چکی ؛ آسیا ۔

Gristing : (n) غلہ پیسنا ؛ پیسا ہوا غلہ ۔

Gristle : (n) [OE.'gristle'.] (۱) کرکری ہڈی ؛ چبنی ہڈی ؛ نرم ہڈی ؛ غضروف ۔ (۲) کر دار کی استقامت ۔

In the gristle : ابتدائی حالت یا شکل میں ؛ خام ؛ نارسیدہ ۔

Gristly : (a) کرکری ہڈی کی طرح ؛ غضروفی ۔

Grit : (n) [OE.'greot'.] (۱) سنگ ریزہ ؛ کنکری ؛ کنکر ۔ (۲) موٹا ؛ رتیلا پتھر ۔ (۳) رتیلے پتھر کے ذرے ۔ (٤) (زور) کس ؛ بل ؛ جیوٹ ؛ استقلال ؛ ہمت ؛ ست ۔ (٥) (کنیڈا کی سیاست میں) آزاد خیال ۔

Grit : (n) [OE.'grytt (e)'.] (۱) کٹی ہوئی جئی ۔ (۲) موٹا جئی کا آٹا ۔

Grit : (v) (۱) کرکراہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ کرکرانا ۔ (۲) (دانت) کسکسانا ۔ (۳) کنکر یا بالو بچھانا ۔

Grit-berry : (n) ایک قسم کا گودہ دار پھل ۔

Grit-board : (n) بینگا ۔

Grit-emery : (n) موٹا کرنڈ ۔

Grit-rock : (n) موٹا رتیلا پتھر ۔

Grith :(n)[Late OE.'grip'.] (۱) محدود حفاظت ۔ (۲) جائے امان ۔

Church girth : امان کلیسا ۔

Grithbreach : (n) نقض امن یا اُس کی سزا ۔

Gritstone : (n) موٹا رتیلا پتھر ۔

Gritty : (a) (۱) کِر کرا ؛ کنکر دار ؛ کسکسا ۔ (۲) استقلال والا ؛ جیوٹ ؛ ہمت والا ۔

Gritty-core : (n) (تاریخ) کنکریلا جگر ۔

Grivet : (n) [Origin unkn.] شمالی مشرقی افریقہ کا چھوٹا بندر ۔

Grivoiserie : (n) [Fr.] عیاشی ؛ بیہودگی ؛ بد اخلاقی ۔

Grizel : (n) نیک اور صابر بیوی ۔

Grizzle : (a) بھورا؛ خاکستری ؛ خاکستری بالوں والا ۔ بھورے بالوں والا ۔

Grizzle : (n) (۱) بھورا یاخاکستری گھوڑا یا دوسرا مویشی ۔ (۲) بھورا یا خاکستری بال ۔ (۳) بھورا رنگ ۔ (٤) دوسرے درجے کی اینٹ ۔

Grizzle : (v) (۱) خاکستری بنانا؛ بالوں کو خاکستری کرنا ۔ (۲) بالوں کا سفید ہونا ۔

Grizzled : (a) دیکھو Grisled

Grizzly : (a) بھورا ؛ خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورے بالوں والا ۔

Grizzly : (n) شمالی امریکا کا بڑا ریچھ ، بھورا ریچھ ؛ خاکستری خِرس ۔

Grizzly : دیکھو Grisly

Grizzly : (n) [Origin unkn.] لوہ کولہ ؛ بڑا چھلنا ۔

Grizzly bear : (n) شمالی امریکا کا بڑاریچھ ؛ بھورا ریچھ ؛ خاکستری خِرس ۔

Groan : (n) [f.'groan (v).] (۱) کراہ ؛ کراہنا ۔ (۲) سخت مذمت کا اظہار ۔

Groan : (v) [OE.'granian'.] (۱) کراہنا ۔ (۲) کراہ کراہ کرکہنا ۔ (۳) دباھونا؛ لدا ھونا ۔ (٤) آرزومند ھونا؛ (کسی چیز کیلئے) تڑپنا ۔ (٥) سخت مذمت کرنا ۔

Groaner : (n) (۱) کراہنے والا ۔ (۲) (عامیانہ) چور جو جنازے وغیرہ میں شرکت کرتا ھے ۔

Groaningly : (adv.) (۱) کراہ کر ؛ فریاد کے ساتھ ۔ (۲) تکلیف سے مظلومانہ طورپر ۔ (۳) آرزو سے ؛ خواہش سے ۔

Groat : (n) [MDu.'groot, MLG.'grote'.] (۱) (تاریخ) یورپ کا چاندی کا سکہ جس کاوزن ایک اونس کا آٹھواں حصہ ھوتاتھا؛ گروٹ ۔ (۲) ایک انگریزی چاندی کا سکہ جو چار پینی کے برابر ھوتاتھا ۔ (۳) حقیر رقم ؛ کوڑی ؛ جھنجھی ۔

A cracked groat/Slit- : حقیر شے ۔

Groat-silver : (n) ایک گروٹ کا انعام یا بخشش ۔

Groats : (n) [Late OE.'grotan'.] چھلا اور کٹا ھوا غلہ ؛ دلیا ۔

Embden groats : جو اور جئی کا دلیا ۔

Grobian : (n) [G.'grobian'.] بدتمیز بے تکا آدمی ؛ گنوار ۔

Grocer : (n) [ME.'grosser'.] پنساری کرانہ بیچنےوالا؛ بقال ۔

Grocer's itch : (n) خارش جو شکر کو چھونے سے پیدا ھوتی ھے ۔

Grocery : (n) (۱) پنساری کا سامان ؛ کرانا ۔ (۲) پنساری کی دُکان ۔ (۳) پنساری کا پیشہ ۔

Grocery-captain : (n) جہاز کا کپتان ۔

Groceteria : (n) پنساری کی دُکان جہاں گاہک خود چیزیں خرید کر پیسے رکھ دیتے ہیں ۔

Grog : (n) [perhaps short for Grogram.] (۱) خمر آب ؛ پانی ملی ھوئی شراب ۔ (۲) پختہ سخت مادہ ۔

Seven-water grog : بہت ہلکا خمرآب ۔

Grog : (v) (۱) خمر آب پینا ؛ پانی ملی شراب پینا ۔ (۲) خالی پیپےمیں گرم پانی ڈال کر بچی کچی شراب لگانا ۔

Grog-blossom : (n) زیادہ شراب خواری سے ناک پر پیدا ھونے والی سرخی ۔

Grog-shop : (n) (۱) بھٹی ؛ شراب کی دکان ۔ (۲) (عامیانہ) منہ ۔

Groggery : (n) خمر آب کی دکان ۔

Grogginess : (n) (۱) مدھوشی ؛ میخواری ۔ (۲) (گھوڑے کے) اگلےپاؤں کی کمزوری ۔ (۳) تزلزل ؛ لڑکھڑاہٹ ۔

Groggy : (a) (۱) مخمور ؛ شرابی ؛ متوالا ؛ مدھوش ؛ پئے ھوئے؛ مےپرست ؛ شراب خوار ۔ (۲) لڑکھڑانے والا؛ ہلتا ڈولتا؛متزلزل ۔ (۳) (گھوڑا) اگلے پاؤں کا کمزور ۔

Grogram : (n) [f. modification of Fr.'grosgrain'.] ایک قسم کا موٹا کپڑا جو ریشم، اون اوربلی کےبالوں کو ملا کربناجاتاھے ۔ (۲)اس کپڑے کی بنی پوشاک ۔

Groin : (n) [ME.'grynde'.] (۱) چڈا؛ جانگھ؛ بن ران ؛ اربیہ ۔ (۲) پیغول ؛ متقاطع محرابوں کا کونا ۔

Groin : (v) [OFr.'grognir'.] (۱) (جانوروں کا) غّرانا خصوصاً ہرن کا مستی کےزمانے میں ۔ (۲) (آدمی کا) بڑبڑانا ۔

Groin : (v) (۱) متقاطع محراب بنانا ۔ (۲) پیغول بنانا ۔

Groin : (n&v) لکڑی کی دیوار یا پشتہ جو بطور بند کے استعمال ہوتا ہے ۔

Groined : (a) پیغول دار ۔

Grom (m) et/-it : (n) رسی کا حلقہ جو کشتی کو باندھنے وغیرہ کے کام آتا ہے ۔

Gromwell : (n) [ME.'gromil'.] ایک قسم کا پودا جس کےبیج پہلےبطور دوا کے استعمال ہوتے تھے ۔

Gront (e) : (۱) غراہٹ ۔ (۲) ایک (امریکی مچھلی) ۔

Groo-groo/Gru-gru: (n) [Native name.] (۱) جنوبی امریکا اور جزائرغرب الہندمیں دونخلوں کےنام ۔ (۲)غلاف پر کیڑے کا پہل روپ ۔

Groof/Grufe : (adv.) [ON.'grufa'.] منہ یا پیٹ کے بل لیٹے ہوئے ؛ لیٹا ہوا ۔

Groom : (n) [ME.'grom'.] (۱) شاہی محل کا ایک افسر : داروغہ ۔ (۲) سائیس ؛ نفر ۔ (۳) دولہا ۔

Groom : (v) (۱) گھوڑے کو ملنا ؛ کھریرا کرنا ؛ دانہ گھاس کھلانا؛ گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا۔ (۲) طرحدار بنانا؛تیار کرنا۔ (۳) دولہا بنایاجانا۔ (٤) سیاسی امیدواربنایا جانا۔ (٥) صاف ستھرا بنانا ؛ خوش پوشاک بنانا ۔

Groomer : (n) گھوڑے کو ملنے کا میکانکی کھریرا ۔

Groomsman : (n) دولہا کا کنوارا دوست جو حسب رواج نکاح کے وقت اس کے ساتھ رہتا ہے ؛ شہ بالا ۔

Groove : (n) [ME.'grofe, groof'.] (۱) کان ۔ (۲) نالی ؛ خانہ ؛ کھانچ ؛ (فلسفہ،نفسیات) لیکھ۔ (۳) (حیوانیات وتشریح) میزاب ۔ (٤) (مجازاً) بندھا ٹکا کام ؛ مقررہ راستہ ؛ لیکھ ؛ لکیر ۔ (٥) بہترین کار کردگی۔ (٦) مقبول طرز ۔

Groove : (v) (۱) عمودی سرنگ بنانا ؛ کان کنی کرنا ۔ (۲) کھانچ یا نالی بنانا ۔

Groove-board : (n) آرگن باجے کا بالائی تختہ ۔

Grooved : (a) (تاریخ) کھانچے دار ۔

Groover : (n) کھانچ یا نالی بنانے والا ؛ کان کن ۔

Grooviness : (n) لکیر کا فقیر ہونا ؛ لیکھ پر چلنا ۔

Grooving : (n) (۱) کھانچ یا نالی بنانا ۔ (۲) کھانچ یا نالی ۔

Groovy : (a) لکیر کا فقیر ؛ لیکھ پر چلنے والا ۔

Grope : (n) [f.Grope (v).] ٹٹولنا ۔

Grope : (v) [OE.'grapian'.] ٹٹولنا ؛ کسی شے کو اندھوں کی طرح تلاش کرنا ۔

To grope one's way : ٹٹول کر چلنا؛ دیکھ بھال کر قدم اٹھانا ۔

Gropingly : (adv.) ٹٹول کر ؛ ٹٹولتے ہوئے ۔

Groroilite : (n) [f.'Groroi' in France.] مینگنیز کی ایک قسم ۔

Gros de Naples : (n) ایک دبیز ریشمی کپڑا جو نیپل میں بنتا تھا ۔

Gros grain : (n) مضبوط دھاری دار ریشمی کپڑے کا تجارتی نام ۔

Grosbeak : (n) [Fr.'grosbec',] کبیر المنقار ؛ ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ لمبی اور مضبوط ہوتی ہے اس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں جیسے Green grosbeak , Pine Grosbeak وغیرہ ۔

Groschen : (n) [G.] ایک چھوٹا چاندی کا سکہ ۔

Gross : (n) [Fr.'grosse'.] بارہ درجن یا ایک سو چوالیس ۔

Great gross : بارہ گروس یا ایک سو چوالیس درجن ۔

Gross : (a) [OFr.'gros'.] (۱) کثیر ؛ وافر ؛ لبریز ؛ مالا مال ۔ (۲) ابھراہوا ؛ پھولا ہوا۔ (۳) فاش ؛ کھلی ؛ موٹی؛ سخت (غلطی وغیرہ) ۔ (٤) کل ؛ مع خرچ؛ جملہ ؛ جلی ۔ (٥) کثیف ؛ چیکدر؛ غلیظ ؛ موٹا؛

بھدا ۔ (٦) میلا ؛ چکٹا ؛ غلیظ کثیف ؛ مکروہ (کھانا) ۔ (٧) کُند ؛ سُست ۔ (٨) بیہودہ ؛ غیرمہذب ؛ ناشائستہ ؛ فحش ۔ (٩) موٹا؛ فربہ؛ تنومند ۔

A hundred gross : ایک سو بارہ پونڈ یا ایک ہنڈریٹ ۔

Gross : (n) (١) (قانون) مطلق اور آزاد ۔ (٢) اکثریت ۔

Gross : (v) جملہ آمدنی لانا ؛ یا کمانا ۔

Gross income : (n) جملہ آمدنی ؛ خام آمدنی ۔

Gross interest : (n) خام سود ۔

Gross rent : (n) جملہ لگان ۔

Gross revenue : (n) خام مالیہ ۔

Grossification : (n) (نباتیات) تخم داں کا پھولنا ۔

Grossly : (adv.) بہ شدت ؛ نہایت ؛ صاف طور پر ؛ بدتمیزی سے ؛ بےشرمی سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

Grossness : (n) کثرت ؛ کثافت ؛ غلاظت ؛ بیہودگی ۔

Grossular/Grossulare : (n) [mod. L.'grossularia'.] ہلکا سبز تامڑا ۔

Grossularious/Grossularite : (n&a) سرخ گارنیٹ ؛ ہلکا سبز ؛ زرد ؛ بھورا یا سرخ یاقوت ؛ ہلکا سبز ؛تامڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Grot : (n) [Fr.'grotte'.] (١) خوبصورت غار؛ کھوہ ۔ (٢) مصنوعی غار یا کھوہ جو سیپ سے آراستہ کیا جاتا ہے ۔

Grotesque : (a) [MFr.'grotesque'.] (١) ایک قسم کی نقاشی یا سنگ تراشی جس میں انسان اورحیوان کی عجیب وغریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں ۔ (٢)بگڑی ہوئی شکل ؛ مضحک تصویر (عمارت) ۔ (٣) مسخرہ ۔ (٤) (طباعت) ایک قسم کے حروف ۔

Grotesque : (a) (١) مضحک ؛ رنگ برنگ ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر؛ بےڈھنگا ؛بےتُکا ؛ بےسرو پا ۔ (٢) اس قسم کی نقاشی یاسنگ تراشی سے متعلق جس میں انسان اورحیوان کی عجیب وغریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں ۔ (٣) (فلسفہ ، نفسیات) عجیب الہیئت ۔

Grotesque : (v) نقالی کرنا ۔

Grotesquely : (adv.) بیہودگی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ مضحک طور پر ۔

Grotesqueness : (n) بےڈھنگاپن ؛ بے تُکاپن ؛ مضحک ہونا ۔

Grotesquerie : (n) مضحک ؛ بےڈھنگی ؛ بےتکی چیز یا کام ۔

Grotto : (n) [It.'grotta'.] دیکھو Grot

Grotto-work : (n) مصنوعی غار یا کھوہ جو سیپ سے آراستہ کیا جاتا ہے ۔

Grouch : (n)[Variable of Grutch'.] (١) بڑبڑانا ۔ (٢) جنگلی ؛ بڑبڑانےوالا ۔

Grouch : (v) بڑابڑانا ؛ شکایت کرنا ۔

Grouch-bag : (n) (عامیانہ) بیگ ؛ بٹوا ۔

Grouchy : (a) بڑبڑانےوالا ۔

Grouf : (n) [ME.'(one) gruff'.] جسم کا شکمی حصہ ؛ شکم ۔

Ground : (n) [OE.'grund'.] (١) سمندر کی تہ ۔ (٢) (جمع) تلچھٹ ؛ گاد ۔ (٣) (برقیات) زمین ۔ (٤) بنیاد ؛ اصل ؛ سبب ؛ علت ؛ وجہ ؛ دلیل ۔ (٥) (نقاشی، سوزن کاری) زمین ۔ (٦) (کندہ کاری) مسالا جو دھات پر پھیلا کر سوئی سے چھیدا جائے ۔ (٧) سطح عرض زمین ۔ (٨) مکان کا احاطہ ۔ (٩) محل وقوع ؛ رقبہ ؛ فاصلہ ۔ (١٠) کسی خاص چیز کا میدان ۔ (١١) آراضی ؛ زمین ؛ جانداد ؛ باڑہ ۔ (١٢) کھیلنے والے کی کریز(Crease) کا میدان ؛ تنخواہ دار کھلاڑی ۔ (١٣) (پرندوں کے نام میں) بحری یا بری (جانور) مانندیا بھٹ میں رہنےوالا ؛ (پودوں کےنام میں) زمین پوش ۔ (١٤) فرش ۔ (١٥)(طبیعیات)ارضیہ؛ ارضیہ تار۔ (١٦) تھیٹر کا بےفرش کا حصہ ۔ (١٧) موضوع ۔

Above groud : زندہ ؛ بقید حیات ۔

Down to the ground : ہر طرح ؛ ہر صورت سے ؛ پوری طرح ۔

From the ground up : (١) نئے سرے سے ۔ (٢) شروع سے آخر تک ۔

To ground arms : (فوج) ہتھیار زمین پر ڈال دینا ۔

Ground : (a) (۱) سفوف کیا ہوا ۔ (۲) رگڑ کر کُھر درا بنایا ہوا ۔ (۳) غیر شفاف ۔

Groundage : (n) (۱) محصول جو جہازوں کو کنارے پر ٹھہرنےیا بندرگاہ میں داخل ہونے پر دینا پڑتا ہے ۔ (۲) (کان کنی) مالکانہ ۔

Ground air : (n) زیر زمینی ہَوا ۔

Ground angling : (n) بےتریا کے مچھلی مارنا ۔

Ground-archil : (n) ایک قسم کی کائی جو رنگنے میں کام آتی ہے ۔

Ground ash : (n) (۱) ایش یا دیودار کا چھوٹا درخت ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس ۔

Ground bailiff : (n) کانوں کا منتظم یا نگہدار ۔

Ground-bait : (n) (۱) مچھلی کا چارہ ۔ (۲) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Groud-bass : (n) نیچے سُروں کا نغمہ ۔

Ground-bear : (n) بھورا بھالو ۔

Ground-beetle : (n) زمینی بھونرا ؛ بھونروں کی ایک نوع ۔

Ground-berry : (n) ایک قسم کا گودے دار پھل ۔

Ground-bird : (n) دجاجی قسم کا کوئی پرند ۔

Ground-box : (n) چھوٹے قسم کے شمشاد ۔

Grund-breaker : (n) نئی راہ نکالنےوالا ۔

Ground bundle : (n) حرام مغز کے پاس اعصاب کے گچھوں میں سے ایک ۔

Ground-cable : (n) لنگر کی زنجیر کا وہ حصہ جو سمندر کی تہ پر رہتا ہے ۔

Ground-cedar : (n) دیودار کی قسم کا ایک پودا ۔

Ground-chamber : (n) کمرہ جو نچلی منزل پر ہو ۔

Ground-cherry : (n) شاہ دانہ کا چھوٹا درخت ۔

Into the ground : حد سے زیادہ ۔

Off the ground : (۱) اُڑتےہوئے ۔ (۲) اچھی طرح شروع ہو کر ۔

On the ground : (۱) یکیکی لڑنا ۔ (۲) جائے مقررہ پر ہونا ۔

The ground : (۱) (کرکٹ) کرکٹ کا میدان ۔ (۲) وہ جگہ جہاں کھلاڑی جائز طورپر کھڑا ہو سکتا ہے ۔ (۳) کرکٹ کلب کے ملازمین ۔

To cut the ground from under one or one's feet : پیش بندی کرکے کسی کے دلائل یا منصوبوں کو توڑ دینا ۔

To fall, be dashed, to the ground : ناکام ہونا یا رہ جانا (تجویز کا) ۔

To gain, gather, get ground : ترقی کرنا؛ آگےبڑھنا ۔

To give ground : پیچھے ہٹنا : پسپا ہونا ۔

To hold, keep, maintain, stand one's ground : اپنی رائے پر قائم رہنا ۔

To lose ground : پیچھے ہٹنا ؛ انحطاط پر ہونا ؛ پسپا ہونا ۔

To shift one's ground : اپنی رائے بدلنا ۔

To take ground : کسی خاص مقام میں داخل ہونا ۔

To the ground : پوری طرح سے ؛ مکمل طورپر ۔

To touch ground : ادھر اُدھر کی باتوں کے بعد اَصل مقصد پر آنا ؛ مطلب پر آنا ۔

Ground : (v) (۱) بنیاد رکھنا ؛ مبنی کرنا ؛ بنا قرار دینا ؛ مداررکھنا ۔ (۲) بنیاد مضبوط کرنا ؛ ابتدائی اصولوں کو اچھی طرح سکھانا۔ (۳) (سوزن کاری)زین تیار کرنا۔ (٤) ہتھیاروغیرہ زمین پر رکھنا ۔ (٥) (برقیات) زمین سے ملانا (بطور برق کش) ۔ (٧) زمین پر اُترنا ۔ (٧) (جہاز کا) زمین پر چڑھ جانا یا چڑھا دینا ۔ (۸) زمین پر مارگرانا ۔ (۹) پرواز سے منع کرنا (مسافر، پائلٹ، ہوائی جہاز وغیرہ کو) ۔ (۱۰) جاکی کو گھوڑ دوڑ میں شرکت سے روکنا ۔ (۱۱)ڈرائیور کو گاڑی چلانے سے روک دینا ۔

Ground-cistus : (n) خر زہرہ کی ایک قسم ۔

Ground-colour : (n) (مصوری) زمین کا رنگ ؛ تہ رنگ ۔

Ground-crab : (n) ایک قسم کا حمالہ جو کانوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Ground-cuckoo : (n) کوئل کی ایک قسم ۔

Ground-cypress : (n) سرو کی ایک قسم ۔

Ground-dove : (n) فاختہ یا کبوتر کی ایک نوع ۔

Ground-elder : (n) اقطئی کی ایک قسم ۔

Ground-fast : (a) مستحکم ۔

Ground-fish : (n) تہ نشیں مچھلی ۔

Ground fishery/-fishing : (n) تہ نشیں مچھلیوں کا پکڑنا ۔

Ground finch : (n) سہرہ کی ایک قسم ۔

Ground-fir : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Ground-flax : (n) سن کی ایک نوع ۔

Ground-floor : (n) نچلی منزل ۔

To get (or be let) in on the ground floor : برابر کا حصہ دار بنانا ۔

Ground-game : (n) خرگوش وغیرہ ۔

Ground-gudgeon : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Ground henlock : (n) صوّریایو کی امریکی نوع ۔

Ground-hog : (n) (۱) زمیخوک ۔(۲) ایک قسم کی امریکی گلہری ۔

Ground-holly : (n) شرابة الراعی ۔

Ground-hornbill : (n) ابو قرن کی ایک نوع ۔

Ground-hornet : (n) زمینی زنبور ۔

Ground-ice : (n) تہ نشیں برف ۔

Ground-ivy : (n) زمینی بیل ؛ ایک قسم کی بیل جس کے پھول لاجوردی ارغوانی ہوتے ہیں ۔

Ground-Jasmine : (n) یاسمین کی ایک نوع ۔

Ground-Joint : (n) (معماری میں) ایک تہ کو دوسرے تہ سے ملانا یا جمانا ۔

Ground-Joist : (n) فرش کی کڑی ۔

Ground lackey : (n) پیلا کی ایک نوع ۔

Ground landlord : (n) اس زمین کا مالک جو تعمیر مکان کےلئے پٹے پر دی گئی ہو ۔

Ground-lark : (n) چنڈول کی ایک نوع ۔

Ground laurel : (n) (نباتیات) غار کی ایک قسم ۔

Ground-line : (n) (۱) تہ نشیں مچھلی پکڑنے کی بنسی ۔ (۲) (ہندسہ) زمینی خط ؛ افقی اورعمودی سطحوں کی تظلیل کا خط ۔(۳) (جمع) خاکے ۔

Ground-lizard : (n) چھپکلی کی ایک قسم ۔

Ground-loop : (n) ہَوائی جہاز کا اترتے وقت ، اڑتے وقت یا چلتے وقت بےاختیار رُخ بدلنا ۔

Ground-mail : (n) قبر کی فیس ۔

Ground-man/Groundsman : (n) (۱) کرکٹ وغیرہ کے میدان کا نگراں ۔(۲) مزدور ۔

Ground-mass : (n) آتشی چٹان کا نچلا حصہ ۔

Ground-moraine : (n) صخری مٹی ۔

Ground-net : (n) پھینکواں جال ۔

Ground-note : (n) لے کا سُر ؛ بنیادی سُر ۔

Ground-nut : (n) مونگ پھلی ۔

Ground-oak : (n) چھوٹا بلوط ۔

Ground officer : (n) زمیندار کا کارندہ ۔

Ground-parrakeet/-parrot : (n) ایک قسم کا دراز دُم طوطا ۔

Ground-pea : (n) دیکھو Ground-nut

Ground-pearl : (n) ایک قسم کا کیڑا جو زمین پر رہتا ہے ۔

Ground-pig : (n) ایک قسم کا چوہا ۔

Ground-pigeon : (n) زمینی کبوتر ۔

Ground-pine : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) ایک قسم کی کائی۔

Ground-plan : (n) عمارت کا نقشہ یا خاکہ ؛ کسی چیز کا خاکہ۔

Ground-plane : (n) تظلیل کی افقی سطح ۔

Ground-plate : (n) (۱) سب سے نیچی افقی شہتیر ۔ (۲) سب سے نیچے کا پٹرا ۔ (۳) دھات کا چپٹا ٹکڑا ۔ (٤) دھات کا پٹرا جو زمین میں گاڑ دیتے ہیں (بطور برق کش)۔

Ground-plum : (n) آلوچہ کی قسم کا ایک پھل ۔

Ground-puppy : (n) سمندر آبی ۔

Ground-rat : (n) دیکھو Ground-pig

Ground-rent : (n) زمین کا کرایہ ؛ متعارفہ ۔

Ground-rope : (n) رسّہ جس سے کشتی کےنچلے حصے کو زمین سے باندھ دیتے ہیں ۔

Ground-row : (n) (۱) اسٹیج پر روشنی کی قطار ۔ (۲) نیچے چپٹے مناظر جو اسٹیج کے اگلے حصے میں لگائے جاتے ہیں ۔

Ground-scratcher : (n) دجاجی چڑیوں کانام ۔

Ground-sea : (n) طغیانی سمندر جس کی وجہ معلوم نہ ہو ۔

Ground-seine : (n) پھینکواں جال ۔

Ground-shark : (n) ایک قسم کی شارک جو سطح دریا پر نہیں آتی ھے ۔

Ground-sloth : (n) ناپید تنبل ۔

Ground-sluice : (n) زمین دوز نالی ۔

Ground-snake : (n) ایک قسم کا سانپ ۔

Ground-sparrow : (n) عصفور کی ایک قسم ۔

Ground-spearing : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Ground-spider : (n) ایک قسم کا مکڑا جو پتھر کے نیچے رہتا ھے ۔

Ground-squirrel : (n) (۱) ایک قسم کی افریقی گلہری ۔ (۲) گلہری کی قسم کا کترنے والا جانور ؛ ناقب ۔

Ground-stone implements : (n) (تاریخ) گھسے ہوئے پتھروں کے اوزار ۔

Ground story : (n) نچلی منزل ۔

Ground-substance : (n) (۱) (عضویات) بچہ دانی ۔ (۲) (کان کنی) جوف معدن ۔

Ground-swell : (n) (۱) طوفان جو سمندر میں زلزلہ وغیرہ کے سبب آیا ہو ۔ (۲) سیاسی تحریک جس کا بظاہر کوئی رہنما نہ ہو ۔

Ground-sype : (n) سطح زمین سے زیر زمین پانی کا رسنا ۔

Ground-table : (n) (تعمیرات) کرسی ۔

Ground-tackle : (n) مختلف قسم کےمرقعے ۔

Ground-thistle : (n) ہاتھی چوک کی قسم کا ایک پودا ۔

Ground-thrush : (n) مختلف قسم کا طوطی ۔

Ground-tier : (n) (۱) جہاز کے پیٹے میں سب سے نیچے رکھا ہوا سامان ۔ (۲) تھیٹر میں سب سے نیچی نشستیں ۔

Ground-timbers : (n) جہاز کے پیندے کی شہتیریں ۔

Ground-tissue : (n) وہ خلیے جو عروقی گچھوں کو ایک دوسرے سے جدا رکھتے ہیں ۔

Ground-tit : (n) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ پھدکی ۔

Ground-torpedo : (n) تارپیڈو جو سمندر کی تہ میں لگایا جائے ۔

Ground-tow : (n) سن کنگھا کرنے کے بعدجو سن بچ جائے ۔

Ground-ward : (a) مائل بہ زمین ؛ زمین کی طرف جھکا ہوا ۔

Ground-wasp : (n) ایک قسم کا زنبور جو زمین پر گھونسلا بناتا ھے ۔

Ground-water : (n) تہ زمین کا پانی ۔

Ground-ways : (n) ڈھانچہ جس سے جہاز کو پانی میں اُتارا جاتا ھے ۔

Ground-willow : (n) چھوٹی قسم کا بید ۔

Ground-wire : (n) (تلغرافی) ارضی تار ۔

Ground-worm : (n) کیچوا ۔

Ground-wren : (n) ایک قسم کی پھدکی ۔

Ground-yew : (n) چھوٹی جھاڑی کا پھل ۔

Ground-zero : (n) زمین یا پانی کا وہ نقطہ جس پر یا جس کے اوپر یا جس کےنیچے ایٹم بم پھٹتا ھے ۔

Groundedly : (adv.) مستحکم طور پر ۔

Grounder : (n) (۱) مستحکم بنانےوالا ۔ (۲) (ماہی گیری) بنسی کا زمین میں پھنس جانا ۔ (۳) زمین پر گرا دینے والی ضرب ۔ (٤) (کرکٹ) گیند جو زمین کو چھوتی ھوئی جائے ۔

Grounding : (n) (۱) بنیاد ڈالنا؛ بنیاد ۔ (۲) ابتدائی تعلیم : بنیادی معلومات ۔ (۳) جہاز کو زمین پر چڑھا دینا ۔

Grounding machine : (n) (منقش کاغذ بنانے میں) زمین تیار کرنے والی مشین ۔

Grounding tool : (n) (کندہ کاری) میں وہ آلہ جس سے پلیٹ کو کھردرا بنایا جاتاھے ۔

Groundless : (n) بےسبب ؛ بے دلیل ؛ بے سروپا ؛ بےبنیاد ۔

Groundlessly : (adv.) ناحق ؛ بلا سبب ؛ بلاوجہ ۔

Groundlessness : (n) بےبنیادی ؛ بے سبب ھونا ۔

Groundling : (n) (۱) ایک قسم کی تہ نشیں مچھلی ۔ (۲) بونا یا زمین بوس پودا یا بیل ۔ (۳) ادنیٰ مذاق کا شخص ، تماشائی یا ناظر ۔ (٤) زمین پر کام کرنے والا شخص ۔

Groundsel : (n) [OE.'groundeswylige'.] ایک قسم کا پودا جو قفسی چڑیوں کو بطور غذا دیاجاتا ھےاور جو پہلےبطور دوا استعمال ھوتاتھا ؛ شیخ الربیع ۔

Groundsel/Ground-sill : (n) بنیادی شہتیر ؛ بنیادی اصول ؛ دروازے کے نیچے کی چوکھٹ ۔

Groundsel tree : (n) شیخ الربیع ۔

Groundsman : (n) دیکھو Ground-man

Groundwork : (n) (۱) بنیاد ؛ داغ بیل ۔ (۲) جزو اعظم ۔ (۳) (سوزن کاری وغیرہ) زمین ۔

Group : (n)[Fr.'groupe'.] (۱) (فنون لطیفہ) مرقع؛ مجموعہ ۔ (۲) مجمع ؛ جتھا ؛ گچھا ؛ جھُنڈ ؛ پرا ؛ ٹکڑی ۔ (۳) جماعت گروہ ؛ فریق؛ زمرہ ۔ (٤) (علمی اصطلاح) صنف ؛ جنس ۔

Social group : سماجی گروپ ۔

Group : (v) جمع کرنا ؛ جماعت بنانا ؛ جماعت میں داخل کرنا ؛ زمرہ میں شریک کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ قسموں میں تقسیم کرنا ۔

Group behaviour : (n) (سماجیات) گروہی کردار ۔

Group captain : (n) ھَوائی فوج میں افسر کا عہدہ جو کرنل کے برابر ھے ۔

Group consciousness : (n) (تاریخ) جماعتی شعور ۔

Group cult : (n) (تاریخ) گروپ بندی کا مسلک ۔

Group degradation : (n) (سماجیات) گروہی پستی ۔

Group elevation : (n) (سماجیات) گروہی عروج ۔

Group-genitve : (n) (لسانیات) مجموع اضافی ۔

Group marriage : (n) (سماجیات) گروہی بیاہ ؛ اجتماعی شادی ۔

Group mind : (n) (نفسیات) گروہی ذہن ؛ جماعتی ذہن ۔

Group-movement : (n) آکسفورڈ کی ایک مذہبی تحریک جس میں جماعتیں اپنے مذہبی تجربوں میں شریک بناتی تھیں ۔

Group-psychology : (n) جماعتی نفسیات ؛ گروہی نفسیات ۔

Group-retardation : (n) (ریڈیو) ابطاء مجموعہ امواج ۔

Group-test : (n) گروہی آزمائش ؛ جماعتی آزمائش ۔

Groupage : (n) نوع بندی ؛ جماعت بندی ؛ صف وار ترتیب ۔

Grouped : (a) گروہ بند ۔

Grouped clumns : (n) تین، چار ستونوں کا مجموعہ جو ایک ہی پائیدان یا بنیاد پر ہوں ۔

Grouper : (n) ایک قسم کی مچھلی جو آسٹریلیا اور جزائر غرب الہند میں ہوتی ہے ۔

Grouping : (n) گروہ بندی ؛ ترتیب ۔

Groupism : (n) جماعت پسندی ؛ (تاریخ) گٹ بندی ؛ گروپ بندی ۔

Grouse : (n) [Origin unkn.] (۱) قطاۃ ؛ یا قرقر ؛ بھٹ تیتر ۔ (۲) پاموز پرند جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جیسے Black grouse, Red grouse وغیرہ ۔

Grouse : (v) بھٹ تیتر یا قطاۃ کا شکار کرنا ۔

Grouse : (v) [Origin unkn.] (عامیانہ) بڑ بڑانا؛ شکایت کرنا ۔

Grouse-pigeon : (n) قطاۃ ؛ بھٹ تیتر ۔

Grouser : (n) [Origin unkn.] نوک دار شہتیر جس سےلنگر کا کام لیتے ہیں ۔

Grout : (n) [OE.'grut'.] تلچھٹ ؛ رسوب ؛ گاد ۔

Grout : (n) [Origin unkn.] استرکاری کا مسالہ ؛ پتلا گچ ؛ پلاوا ۔

Grout : (v) گچ کرنا ؛ گچ پھیرنا ۔

Grout : (v) (سور کا) تھوتھنی سے زمین کھودنا ؛ تھوتھنی سے مٹی اکھاڑنا ۔

Groutiness : (n) بد مزاجی ؛ چڑ چڑاپن ۔

Grouty : (a) بد مزاج ؛ چڑ چڑا ۔

Grove : (n) [OE.'graf'.] (۱) درختوں کا جھنڈ ؛ کنج ؛ چھوٹا سا جنگل یا بن ؛ بیشہ ۔ (۲) وہ ستون جس کی پرستش ہوتی ہے ۔ (۳) ایک دیوی کا نام ۔

Grove-dock : (n) تُرشک ؛ بیچ بند ۔

Gove-snail : (n) حل زول ؛ گھونگا ۔

Grovel : (v) [Back-formation from Grovelling.] (۱) زمین پر لیٹ جانا ؛ چت ہو جانا ۔ (۲) ذلت اختیار کرنا ؛ اپنے کو ذلیل کرنا ۔

Grovelling/Groveling : (a) (۱) زمین پر لیٹا ہوا ۔ (۲) ذلیل ؛ کمینہ ؛ حقیر ؛ دنی ۔

Grovelling/Groveling : (adv.) زمین پر لیٹے ہوئے ۔

Grovellingly : (adv.) ذلت سے ؛ حقارت سے ۔

Grovy : (a) بیشہ نما ؛ کنج دار ؛ کنج کا ۔

Grow : (v) [OE.'growan'.] اگنا ؛ بڑھنا ؛ نمو پانا ۔ (۲) ترقی کرنا؛ زیادہ ہونا؛ پھیلنا ؛ پھلنا؛ پھولنا؛ پنپنا ۔ (۳) پیدا ہونا ؛ اگنا ؛ پھوٹنا ؛ ہونا ؛ اُپجنا ۔ (٤) بتدریج ہونا ؛ رفتہ رفتہ ہونا ۔ (۵) کاشت کرنا ؛ بونا ؛ آگانا؛ بڑھنا ؛ رکھنا (داڑھی وغیرہ)۔ (٦) ڈھکنا ؛ پٹنا ؛ چھپ جانا (گھاس وغیرہ سے)۔

The law of growing to : حق بازگشت ۔

To grow on or upon : (۱) بڑھنا ؛ تکلیف دہ ہونا ۔ (۲) اثر انداز ہونا ۔

To grow on : ترقی کرنا ۔

To grow on trees : آسانی سے مل جانا ۔

Grow -up : (v) (۱) سن بلوغ کو پہنچنا ؛ جوان ہونا ۔ (۲) اپجنا ؛ بڑھنا ؛ رواج پانا ۔

Growable : (a) (۱) ترقی پذیر ۔ (۲) زراعت کے قابل ۔

Growan/Grouan : (n) ایک قسم کا ملائم تحلیل شدہ سنگ خارہ ۔

Grower : (n) (۱) (پودا) اُگنے والا ؛ بڑھنےوالا ۔ (۲) اپجانے والا ؛ بونے والا ؛ کاشتکار ۔

Growing : (n) اُگنا ؛ بڑھنا ؛ نمو ۔

Growing cell : (n) خورد بینی سلائیڈ جس پر خورد بینی چیز پانی میں نمو کےلئے رکھی جاتی ہے ۔

Growing pains : (n) عصبی درد ۔

Growing-period : (n) (نفسیات وفلسفہ) عہد نمو ۔

Growing point : (n) (نباتیات) کسی عضو کا آخری حصہ جس پر راسی نمو ہو ۔

Growing-slide : (n) دیکھو Growing cell

Growing weather : (n) موسم جو پودوں کی نمو کے لئے مناسب ہو ۔

Growingly : (adv.) روز افزوں ؛ بڑھتے ہوئے ۔

Growl : (n) [f.Growl.(v).] (۱) غرّاہٹ ؛ بڑبڑ ؛ گرج ؛ گڑگڑاہٹ ۔ (۲) شکایت ۔

Growl : (v) [Echoic.] (۱) غرّانا ؛ غصے کی آواز نکالنا ۔ (۲) گرجنا ؛ چرچرانا ؛ گڑگڑانا ۔ (۳) بڑ بڑانا ۔ (٤) گرج کر کہنا ؛ غصے میں بھری آواز میں کہنا ۔

Growler : (n) (۱) غرّانے والا ؛ گرجنے والا ؛ چرچرانے والا ۔ (۲) چرخ چوں گاڑی ؛ چار پہیوں والی گاڑی ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔

Growlery : (n) (۱) غرّانے کی جگہ ۔ (۲) (مزاحاً) رہنے کا کمرہ ۔

Growleringly : (adv.) غرّا کر ؛ گرج کر؛ غرّاتے، گرجتےہوئے ۔

Grown-up : (a&n) سن رسیدہ ؛ معمر ؛ بالغ ؛ عاقل ۔

Growth : (n) (۱) نشو ونما ؛ ترقی ؛ اضافہ ؛ زیادتی ؛ بالیدگی ؛ نمو ؛ روئیدگی ؛ اپج ؛ بڑھوتری ؛ افزونی؛ افزائش ۔ (۲) زراعت ؛ کاشت؛ کھیتی ۔ (۳) (مرضیات)فاسد؛ پھوڑا؛ سرعہ ۔ (٤) پیداوار ۔

Growth-line : (n) (عضویات) خط بالیدگی ۔

Growthful : (a) پُر از نشو ونما ؛ نشو ونما پذیر ۔

Groyne : (n) دیکھو Groin

Groyne : (v) کنارے پر لکڑی کے پشتے لگانا ۔

Groyning : (n) لکڑی کے پشتے بنانا ؛ پشتوں کا نظام ۔

Grozing-iron/Grosing- : (n) [Du.'gruisijzer'.] سیسے کےپائپ کے جوڑوں کو ملانے کا آلہ ۔

Gru-gru : (n) دیکھو Groo-Groo

Grub : (n) (۱) پہل روپ ؛ کیڑوں کی ابتدائی شکل ۔ (۲) بیل کی طرح کام کرنے والا ؛ بیل ؛ کرائے کا منشی ؛ قلم کا مزدور؛ بد سلیقہ ؛ نکھٹّو ؛ مٹھا آدمی ۔ (۳) (کرکٹ) زمینی گیند ؛ وہ گیند جو زمین سےلگتی ہوئی پھینکی جائے ۔ (٤) (عامیانہ) خوراک ؛ غذا ؛ کھانا ۔ (۵) زمین صاف کرنے کے بعد جو جڑ باقی رہ گئی ہوں ؛ ٹھونٹھ ۔ (٦) محنتی طالب علم ۔

Grub : (v) [ME.'grobben'.] (۱) کھودنا ؛ اکھاڑنا ۔ (۲) کھودکر نکالنا ؛ کھوج لگانا ؛ ڈھونڈنکالنا ۔ (۳) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ چھان ڈالنا ؛ چھان مارنا ۔ (٤) محنت کرنا؛مشقت کرنا ۔ (۵) (عامیانہ) کھلانا ؛ پیٹ بھرنا ؛ کھانا دینا ۔

Grub- : Grub-Street کا مخفف ۔

Grub-axe : (n) ایک قسم کی کدال یا پھاوڑا ۔

Grub-hoe/-hook : (n) درخت کے ٹھونٹھ اکھاڑنے کی کدال یا بیلچہ ۔

Grub-fell : (v) جڑ کاٹ کر درخت کو گرانا ۔

Grub-saw : (n) سنگ مرمر کا ٹنے کی دستی آری ۔

Grub-stake : (n) کان جو کو سامان مہیا کرنا ۔

Grub-street : (n) (۱) غریب مصنفوں ، قلم کے مزدوروں کا محلہ ۔ (۲) یہ مصنف مجموعی طورپر ۔

Grub-street : (a) غریب مصنفین سےمتعلق ۔

Grub-worm : (n) کیڑوں کا پہل روپ ۔

Grubber : (n) (۱) کھودنےوالا ۔ (۲) پھاوڑا ۔ (۳) کھانےوالا ؛ کھلانے والا ۔

Grubbiness : (n) گندگی ؛ گنداپن ؛ غلاظت ؛ میلاپن ۔

Grubby : (a) (۱) پہل روپ کیڑوں کا؛ ایسے کیڑوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) میلا ؛ گندہ ؛ غلیظ ۔ (۳) بونا ۔

Grudge : (n) [f.Grudge.(v)] بغض ؛ کینہ ؛ بیر ؛ لاگ ۔

To bear a grudge against/To bear, owe a grudge : بغض رکھنا ؛ کینہ رکھنا ۔

Grudge : (v) دریغ کرنا ؛ بخل کرنا ۔

Grudgeful : (a) بغض رکھنے والا ؛ کینہ جو ۔

Grudgefully : (adv.) کینہ پروری سے ؛ بغض کے ساتھ ۔

Grudger : (n) کینہ پرور ؛ بغض رکھنے والا ۔

Grudging : (n) بے مرضی ؛ بے دلی ۔

Grudgingly : (adv.) بے دلی سے ؛ بادل ناخواستہ ؛ بخل سے ۔

Grudgingness : (n) بغض ؛ کینہ پروری ۔

Grue : (v) [ME.'gruen'.] کانپنا ؛ تھرتھرانا (ٹھنڈ یا خوف سے) ۔

Grue : (n) کپکپاہٹ ؛ تھرتھری ۔

Grue : (n) [ME.] ذرہ ۔

Grue : (n) [Origin unkn.] بہتا ہوا پتلا برف کا ٹکڑا ۔

Gruel : (n) [OFr.'gruel'.] (۱) دلیا ؛ آش لپسی ؛ حریرہ ۔ (۲) سزا ؛ موت ۔

To have or get one's gruel : سزا پانا ۔

Gruel : (v) (۱) تھکا دینا ؛ بیکار بنا دینا ؛ سزا دینا ۔ (۲) (ایک وقتی لفظ) دلیا کھلانا ۔

Grueller : (n) (۱) دشواری ؛ مشکل ۔ (۲) فیصلہ کن ؛ دلیل یا ضرب ۔

Gruelling : (n) سخت سزا یا مار ۔

Gruelling : (a) سخت ؛ شدید ۔

Gruelly : (a) دلیا سا ۔

Gruesome : (a) ڈراؤنا ؛ ہولناک ؛ مہیب ؛ دہشتناک ؛ نفرت انگیز ؛ مکروہ ۔

Gruesomely : (adv.) ہولناک طریقے سے؛ نفرت انگیزطور پر ۔

Gruesomeness : (n) ہولناکی ؛ نفرت انگیز ہونا؛ مکروہ پن ۔

Gruff : (a) [Du.'grof'.] (۱) موٹا ۔ (۲) چڑچڑا جھلا ؛ کم سخن ؛ تند ؛ روکھا ؛ ترش رو ؛ اکھڑ ؛ اُجڈ ۔

Gruff : (n) (۱) (دوا سازی) موٹا تلچھٹ ۔ (۲) جھگڑا ؛ تکرار ۔

Gruffish : (a) تند مزاج ؛ اکھڑ ۔

Gruffly : (adv.) سختی سے ؛ تُرشی سے ؛ تندی سے ۔

Gruffness : (n) سختی ؛ ترشی ؛ چڑچڑاپن ؛ اُجڈپن ۔

Gruft : (n) [Origin unkn.] گرد جو برسات میں گھاس میں لگ جاتی ہے ۔

Grufted : (a) میلا ؛ گندہ ۔

Grum : (a) [Probably blend of 'grim' and 'glum'.] افسردہ ؛ مغموم ۔

Grumness : (n) افسردگی ؛ مغموم ہونا ۔

Grumble : (n) [See Grumble (v).] بڑبڑاہٹ ؛ غرّاہٹ ؛ چرچڑاہٹ ؛ شکایت ۔

Grumble : (v) [Fr.'grommeler'.] (۱) بڑابڑانا ؛ منہ ہی منہ میں کہنا ۔ (۲) غُرفش کرنا؛ غرّانا ۔ (۳) چڑچڑانا ۔ (٤) شکایت کرناً ؛ گلہ کرنا ؛ شکوہ کرنا ۔ (٥) شکایت کے طور پر کہنا ؛ شکایتاً کہنا ۔

Grumbler : (n) بڑبڑانے والا ؛ شکایت کرنے والا ۔

Grumblingly : (adv.) بڑبڑاکر ؛ شکایتاً ۔

Grumbletonian : (n) [f.'Grumble (v).] دیکھو Grumbler

Grume : (n) [L.'grumus'.] خون کا چکتا ؛ خراب رطوبت ؛ فاسدرطوبت ۔

Grummet/Grommet : (n) [Fr.'grurmette'.] دیکھو Grom(m)et

Grumous : (a) [f.'Grume+-ous.] (۱) جس میں خون کے چکتے یا فاسد رطوبت ہو ؛ بستہ ۔ (۲) (نباتیات) دانہ تودہ ۔

Grumousness : (n) خون کا چکتا یا فاسد رطوبت بننا ۔

Grump : (n) (۱) (جمع) چڑچڑاپن ؛ بدمزاجی ؛ تُندخوئی ۔ (۲) (جمع) چڑچڑا ؛ بدمزاج ؛ تند خو ۔

Grumpish/Grumpy : (a) بدمزاج ؛ چڑچڑا ؛ تن خو ؛ ترش رو ۔

Grundel : (n) [G.'grundel'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Grundy : (n) [The surname of an imaginary personnage.] سماجی رائے کے استبداد کی تجیسم ۔

Grundyism : (n) پابندئ وضع ؛ پابندئ رسوم ۔

Grunt : (n) [f.'grunt (v).] (۱)غرّاہٹ ۔ (۲)ایک امریکی مچھلی ۔ (۳) انگلستان کی ایک مچھلی ۔

Grunt : (v) [OE.'grunnettan'.] (۱) غرّانا ؛ غُرفش کرنا ؛ سور کی سی آواز نکالنا ۔ (۲) بڑبڑانا؛ ناراضی کا اظہار کرنا ۔ (۳) بڑبڑا کر کہنا ۔

Grunter : (n) (۱) غرّانےوالا؛ سور ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Grunter : (n) [Origin unkn.] لوہے کی سلاخ جو ہُک کی طرح خمیدہ ہوتی ہے ۔

Grunting : (a) غرّانے والا ۔

Grunting-ox : (n) یاک ۔

Grunting-peck : (n) سور کا گوشت ۔

Gruntingly : (adv.) غرّاتے ہوئے ؛ بڑبڑاتے ہوئے ۔

Gruntle : (n) خوک کا منہ ؛ سور کی تھوتھنی ۔

Gruntle : (v)[f.'grunt (v)+-le.] (۱) بڑبڑانا ؛ شکایت کرنا ۔ (۲) خوش کرنا ؛ مطمئن کرنا ۔

Gruntling : (n) سور کا بچہ ۔

Gruppeto : (n) سولہویں صدی کا ایک کھنک پیدا کرنے والا آلہ٭ موسیقی ۔

Grutch : (v)[ME. gruce,gruche'.] (۱) بڑبڑانا ، شکایت کرنا ۔ (۲) دریغ کرنا ؛ بخل کرنا ۔

Gruyere : (n) (۱) گائے کے دودھ سے بنا ایک قسم کا پنیر ۔ (۲) سوئٹزرلینڈ کے ایک قصبے کا نام ۔

Gry - : دیکھو Gri

Gryllotalpa : (n) [L.'gryllo-+talpa'.] نقب زن جھینگر ۔

Grype : دیکھو Gripe

Gryphite : (n) [mod.L.'gryphites'.] ایک قسم کامتحجر سیپ ۔

Gryphon : (n) دیکھو Griffin

Grysbok : (n) [Du'grijs'.+'bok'.] جنوبی افریقہ کا بھورے رنگ کا چھوٹا چکارا ۔

Guacharo : (n) [Sp.] طیر زمینی ؛ جنوبی امریکا اور ٹرینیڈاد کی رات کی چڑیا ۔

Guaco : (n) [Sp-Amer.] ایک قسم کا پودا جو تریاق کا کام کرتا ہے ؛ تریاق ؛ زہر مار ۔

Guaconize : (v) تریاق لگانا ۔

Guaiac : (n) (۱) گیا کم : جزائر غرب الہند کے پودوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم ۔ (۲) اس قسم کے درختوں کی لکڑیاں جو بطور دوا استعمال ہوتی ہیں ۔ (۳) ان درختوں کا گوند ؛ دوا جو اس سےبنتی ہے ۔

Guaiacene : (n) ایک ہلکا بے رنگ روغن جو گیا کم کے گوند سے حاصل ہوتا ہے ۔

Guaiacic : (a) ایک مادہ جو گیا کم گوند اور لکڑی سےحاصل ہوتا ہے ۔

Guaiacin/Guaiacine : (n) ایک نباتی جوہر جو گیا کم کی لکڑی اور چھال سے حاصل ہوتا ہے ۔

Guaiacum : (n) [Sp.'guayaco'.] دیکھو Guaiac

Guan : (n) [prob.a native name.] جنوبی امریکا کا ایک پرندہ ؛ تیتر ، مرغی وغیرہ کی قسم کا پرندہ ۔

Guana : (n) [Var.of Iguana.] (۱) جنوبی امریکا کی چھپکلی ۔ (۲) بڑی قسم کی چھپکلی ۔

Guana : (n) (۱) ایک پرند کی بیٹ جو بطور کھاد کےاستعمال ہوتی ہے؛ بیٹ کھاد ۔ (۲) مصنوعی کھاد؛ مچھلی کی کھاد ۔

Guanaco : (n) [Quichua.'huanaco'.] اونٹ کی قسم کا چھوٹا جانور جس کی اون بادامی رنگ کی ہوتی ہے ۔

Guanamine/Guanamin : (n) [f.Guano+Amine.] ایک اساس جو گونڈین نمک پر حرارت کےاثر سے حاصل ہوتا ہے ۔

Guanidine/Guanidin : (n) گوانین کی تکسیر سےبنا ہواالقلی اساس ۔

Guanidinic : (a) گوانین کے القلی اساس سے متعلق ۔

Guaniferous : (a) بیٹ کھاد پیدا کرنےوالا ۔

Guanin/Guanine : (n) [Guano+-in.-ine.] ایک سفید بےشکل مادہ جو بیٹ کھاد سے حاصل ہوتا ہے ۔

Guano : (n) [Sp.'guano'.] دیکھو Guana

Guano/Guanize : (v) بیٹ کھاد دینا ۔

Guara : (n) [mod.L.] لال ابو ہنس ۔

Guara/Aguara : (n) [Tupi'jagoara'] جنوبی امریکا کا ایک بڑے ایال والا جنگلی کتا ۔

Guaracha/Guaracia : (n) [Sp.] ایک تیز ہسپانوی رقص ۔

Guarana : (n) [Tupi, 'guarana'.] ایک قسم کی جھاڑی جو برازیل میں پائی جاتی ھے ۔

Guarani : (n) پراگوئے کے سکے کی اکائی ۔

Guaranine/Guaranin : (n) [Guarana+-in.] ایک بلوری جوہر جو برازیلی جھاڑی میں پایا جاتا ھے ۔

Guarantee : (n) [Fr.'garantie'.] (۱) ضامن ؛ ذمہ دار ؛ کفیل ۔ (۲) ضمانت ؛ ذمہ داری ؛ کفالت ۔ (۳) شئے مکفولہ ؛ وہ چیز جس کی ضمانت دی جائے ۔

Treaties of guarantee : (تاریخ) ضمانتی معاہدے ۔

Guarantee : (v) ضامن ہونا ؛ کفیل ہونا ؛ ذمہ داری لینا ؛ تصدیق کرنا ؛ بیمہ کرنا ۔

Guarantee bond : (n) (قانون) ضمانت نامہ ۔

Guarantee-fund : (n) (۱) مد ضمانت ؛ زرضمانت ۔ (۲) ضمانتی انجمن ۔

Guarantee society : (n) ضمانتی انجمن ۔

Guaranteeship : (n) ضمانت دینا ۔

Guarantor : (n) ضامن ۔

Guarantorship : (n) ضامن ہونا ۔

Guaranty : (n) (۱) ضمانت نامہ ؛ کفالت نامہ ۔ (۲) بنائے ضمانت ؛ وجہ ضمانت ۔

Guaranty : (v) ضمانت کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ ذمہ دار ہونا ۔

Guard : (n) [OFr.garde'.] (۱) نگہبان ؛ محافظ ؛ پہرہ دار ؛ گارڈ ؛ سنتری ؛ چوکی دار ؛ پہرے والا ؛ پاسبان ۔ (۲) محافظ فوج ؛ طلایہ ؛ قول اول ۔ (۳) بچاؤ کا پیچ ؛بچاؤ کا بند۔ (٤) چوکی ؛ پہرہ ؛ نگہبانی؛ حفاظت ۔ (٥)لکڑی یا دھات کی کوئی روک؛ حفاظت کرنےوالی تدبیر جس سےنقصان یا حادثے سے محفوظ رکھا جائے ۔ (٦) حفاظت ؛ مدافعت ۔

At open guard : ایسی حالت جس میں شمشیر زن پر حملہ ہو ۔

Guard-of-honour : فوجیوں یا سپاہیوں کا دستہ جو کسی ممتاز شخص کے استقبال کے لئے متعین کیا جائے ۔

Off one's guard : خطرے سے بیخبر ؛ غافل ۔

On or upon one's guard, on guard : مدافعت کے لئے تیار؛ ہوشیار ؛ چوکس ۔

To mount guard : حفاظتی دستے کو تعینات کرنا ؛ پہرے پر آنا ۔

To relieve guard : ایک محافظ دستے کی جگہ دوسرے محافظ دستے کا آنا ؛پہرہ بدلنا ۔

Yeoman of the guard : لندن ٹاور کا نگراں سپاہی ۔

Guard : (v) (۱) حفاظت کرنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ بچانا ؛ نگہبانی کرنا؛ چوکسی کرنا؛ پاسبانی کرنا؛ رکھوالی کرنا؛ خبرداری کرنا۔ (۲) (معاہدے وغیرہ میں) مناسب شرائط طے کرنا تاکہ غلط فہمی یا غلط استعمال کی گنجائش نہ رھے ۔ (۳) (طب) مصلح دوا دینا؛ بدرقہ استعمال کرانا ۔ (٤) زبان روکنا ؛ احتیاط سے کہنا ۔ (٥) حفاظت یا بچاؤ کی تدابیر اختیار کرنا۔ (٦) (بول وغیرہ کے کھیل میں) آڑے آنا ۔ (٧) (شطرنج) زور دینا ۔ (٨) کتاب میں حفاظتی ترکیب استعمال کرنا ۔

Guard-boat : (n) پہرے کی کشتی ؛ محافظ کشتی (جو محصول وغیرہ کی نگرانی کے لئے گشت کرتی ھے) ۔

Guard-book : (n) کتاب جس میں نئے اوراق اور خطوط وغیرہ کے اضافے کی گنجائش رکھی جائے ۔

Guard-bolt : (n) چپٹے سر والی چٹخنی ۔

Guard-brush : (n) برقی ریل کا دھات کا برش جس سے بجلی انجن میں جاتی ھے ۔

Guard-cell : (n) محافظ خلیہ ۔

Guard-chamber : (n) گارڈ کا کمرہ ۔

Guard-circle : (n) (گراموفون) ریکارڈ کا آخری حلقہ ۔

Guard-detail : (n) فوج کا وہ دستہ جو چھوٹی مہم کے لئے معمور کیا جائے ۔

Guard-duty : (n) طلایہ کا کام ۔

Guard-finger : (n) کھیت کاٹنے کے کَل کا نکلا ہوا دندانہ ۔

Guard-fish : (n) دیکھو Guarfish

Guard-house : (n) (۱) گارڈ کا کمرہ ۔ (۲) حوالات ۔

Guard-iron : (n) سلاخ جس سے راس جہاز کی حفاظت ہوتی ھے ۔

Guard-lock : (n) اس بندرگاہ کا بند جس میں مدوجزر آتا ہو ۔

Guard-pin : (n) حفاظتی پن ۔

Guard-plate : (n) (۱) حفاظتی حلقہ ۔ (۲) حفاظتی پلیٹ ۔

Guard-polyp : (n) (حیوانیات) دفاعی مرجانیہ ۔

Guard-rail : (n) حفاظتی جنگلہ یا زنجیر وغیرہ ۔

Guard-ring : (n) حفاظتی چھلہ ؛ محافظ حلقہ ۔

Guard-room : (n) دیکھو Guard house

Guard-ship/Guardship : (n) پہرے کا جہاز ۔

Guard-stops : (n) نقطے جو کسی عدد ؛ حرف یا شکل کی دونوں جانب ہوں ۔

Guard-tube : (n) دھات کی نلی ۔

Guarda-Costa : [Sp.] ساحل کی حفاظت کرنے والا ایک ہسپانوی جہاز ۔

Guardable : (a) قابل حفاظت ۔

Guardant : (a) [Fr.'gardant'.] (۱) نگراں ؛ ھوشیار ؛ چوکس ۔ (۲) (نقابت) جانورجس کا چہرہ دیکھنے والے کی طرف ہو ۔

Guardant : (n) محافظ ؛ مربی ؛ سرپرست ۔

Guarded : (a) (۱) محفوظ ۔ (۲) ھوشیار ؛ چوکنّا ؛ محتاط ۔ (۳) حفاظتی ؛ ترکیب لگی ہوئی (کتاب) ۔

Guardedly : (adv.) احتیاط کےساتھ؛ دبی زبان میں ۔

Guardedness : (n) تقریر میں احتیاط ۔

Guarder : (n) محافظ ۔

Guardian : (n) [Late ME.'gardein'.] (۱) مربی ؛ محافظ ؛ سرپرست ۔ (۲) ولی ؛ سر پرست ۔ (۳) فرانسکن خانقاہ کا افسر ۔

Guardian angel : (n) محافظ فرشتہ ؛ حفاظت کرنےوالا موکل ؛ ہمزاد ۔

Guardian ad litem : (n) ولی مقررہ عدالت بہ دوران مقدمہ ۔

Guardian by nature : (n) باپ (ولی حقیقی) ۔

Guardian by nurture : (n) باپ اور اس کے مرنے کے بعد ماں (ولی) ۔

Guardian-cell : (n) دیکھو Guard cell

Guardian in chivalry : (n) نابالغ کا ولی (فوجی خدمات کے عوض) ۔

Guardian in socage : (n) لگان دینے والے رعیت کا ولی ۔

Guardian of the poor : (n) خیرات خانےکی مجلس انتظامیہ کا رکن ۔

Guardianess : (n) خاتون ولی ؛ سرپرست عورت ۔

Guardianless : (a) بے سرپرست ۔

Guardianship : (n) (۱) سرپرستی ؛ حمایت ؛ ولایت ۔ (۲) حفاظت ؛ امانت ؛ محافظت ۔

Guardless : (a) بےمحافظ ؛ بے بچاؤ ۔

Guardsman : (n) (۱) محافظ ۔ (۲) محافظ سپاہی ۔

Guariba : (n) [Native Brazilian.] چلانےوالا بندر ۔

Guava : (n) [Sp.'guayaba'.] امرود ۔

Guazzo : (n) [It.] دیکھو Gouache

Gubernacular : (a) مہار سے متعلق ۔

Gubernaculum : (n) [L.'gubernaculum'.] مہار ؛ حاکم ۔

Gudgeon : (n) [Late ME.'gogen'.] (۱) چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ھے ۔ (۲) بھولابازود اعتقاد شخص ۔ (۳) چارہ ۔

Gudgeon : (v) (۱) بیوقوف بننا ۔ (۲) دھوکا دینا ۔

Gudgeon : (n) [OFr.'goujon'.] (۱) محور ؛ کیلی ؛ مانی ؛ دھرا جس پر پہیا وغیرہ گھومتا ہے ؛ چول ۔ (۲) کُنڈا ؛ گھر ؛ خانہ ۔ (۳) لوھے کا کڑا جو دو پتھروں کو جوڑتا ہے ۔

Guebre : (n) [Fr.'guebre'.] آتش پرست ؛ زرتشتی ؛ گبر ؛ پارسی ۔

Guelder rose : (n) [Du.'geldersche roos'.] گل بداغ ؛ ایک میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Guelph : (n) [It.'Guelfo.] عہدوسطیٰ کی ایک اطالوی سیاسی پارٹی کارکن جو شہنشاہ کے خلاف پوپ کی موئد تھی ؛ پاپائی ؛ کلیسائی ۔

Guelphic : (a) پاپائی ؛ پاپائی پارٹی کا ۔

Guenon : (n) [Fr.] افریقی بندروں کی جنس کا نام ۔

Guepard Gepard : (n) [Fr.'guepard'.] (۱) چیتا ۔ (۲) تیندوے کی ایک قسم ۔

Guerdon : (n) [OFr.'guer (e) don.] (شاعری) معاوضہ ؛ صلہ ؛ انعام ؛ ثمرہ ۔

Guerdon : (v) معاوضہ ، انعام اور ثمرہ دینا ۔

Guerdonable : (a) انعام کے قابل ۔

Guerdonless : (a) بےثمرہ ؛ بے صلہ ؛ بے معاوضہ ۔

Guereza : (n) [Prob.African'.] حبشہ کا لنگور ۔

Guerilla : (n) (۱) بےقاعدہ لڑائی ؛ چورلڑائی ؛ چھاپہ بازی ۔ (۲) بےقاعدہ لڑائی لڑنے والا؛ چھاپہ مار ۔

Guerite : (n) [Fr.'guerite'.] سنتری خانہ ۔

Guernsey : (n) (۱) جنوبی افریقہ یا جاپان کا ایک پودا ۔ (۲) نیلے رنگ کی موٹی اونی بنیان یا جرسی ۔ (۳) گرنسی کی گائے ۔

Guerrilla/Guerilla : (n) [SP. 'guerrilla'.] دیکھو Guerilla

Guerrilla-fight : (n) چھاپہ مار جنگ ۔

Guerrilla war : (n) چھاپہ مار طرزجنگ ۔

Guerrillero/Guerillero : (n) بے قاعدہ لڑائی لڑنے والا ۔

Guess : (n) [f.'guess (v).] قیاس ؛ اندازہ ؛ مفروضہ؛ سرسری تخمینہ ۔

By guess قیاسی ؛ قیاسی طورپر ؛ اٹکل پچو ؛ محض قیاساً ۔

Guess : (v) [ME.'gesse'.] (۱) اندازہ کرنا ؛ اٹکل سے بتانا ؛ قیاساً بتانا ۔ (۲) رائےقائم کرنا؛ قیاس کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (۳) صحیح اندازہ کرنا؛ تاڑلینا ؛ معلوم کرلینا؛ بوجھ لینا ۔

I guess : (امریکا) مجھے یقین ہے ؛ مجھے اچھی طرح سے معلوم ہے ۔

To keep (someone) guessing : غیر یقینی حالت میں رکھنا ۔

Guess-rope : (n) (۱) دوسری رسی جو کشتی کو ہاتھ سے کھینچتےوقت اس میں باندھی جاتی ہے تاکہ اسے ڈگمگانے سےروکے ۔ (۲) کشتی کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک بندھا ہوارسہ جسے نزدیک آنے والی کشتیوں کے سلاخ پکڑ سکیں ۔

Guess-warp : (n) [ME.'gyes warp'.] (۱) رسہ جسے دورلےجاکر جہاز کو باندھتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Guest-rope ۔

Guess-work : (n) قیاس آرائی ۔

Guessable : (a) قابل قیاس ۔

Guesser : (n) قیاس کرنے والا ۔

Guessingly : (adv.) قیاسی طورپر ؛ قیاساً ۔

Guesstimate/Guestimate : (v) [f.blend of 'guess'+'estimate'.] (عامیانہ) اندازہ لگانا ؛ اٹکل سےبتانا ۔

Guest : (n) [ON.'gestr'.] (۱) مہمان ؛ ضیف ؛ پاؤنا ؛ پائینا ۔ (۲) سرائے ؛ ہوٹل وغیرہ کاوقتی مہمان ؛ مقیم مسافر ۔ (۳) وہ جانور یا پودا جو کسی دوسرے جانوریا پودے کے ساتھ لگا ہے؛ طفیلی جانور؛ علقی پودا ؛ انگل ۔ (٤) مہمان معدن ۔ (٥) مہمان اداکار یا فنکار ۔

Guest : (v) (۱) مہمان بنانا ۔ (۲) مہمان بننا یا ہونا ۔ (۳) بطورمہمان اداکار یا فنکار کے آنا ۔

Guest-chamber : (n) مہمان کا کمرہ ۔

Guest-gall/-fly/-moth : (n) درمکیں مکھی یا پتنگا ۔

Guest-house : (n) [OE.'giest-hus'.] مہمان خانہ ۔

Guest-night : (n) شام مہمان ؛ مہمان رات ؛ شب مہمانی ۔ (کالج وغیرہ میں) وہ رات جب مہمان مدعو کئے جاتےہیں ۔

Guest of honour : (n) مہمانِ خصوصی ۔

Guest-room : (n) دیکھو Guest-chamber

Guest-rope/Guess- : (n) دیکھو Quess rope

Guestless : (a) (۱) بےمہمان ۔ (۲) غیر مہمان نواز ۔

Guestwise : (adv.) مہمان یا اجنبی کی طرح ۔

Guffaw : (n) [Echoic.] قہقہہ ۔

Guffaw : (a) قہقہہ لگانا ؛ قہقہہ لگا کر کہنا ۔

Guffer : (n) ایک قسم کی بچہ زا مچھلی ۔

Guggle : (n) [f.'guggle (v)] (۱) نرخرا ؛ سانس لینے کی نلی ۔ (۲) غرغر ؛ قل قل ؛ (کی آواز) ۔

Guggle : (v) [Echoic.] (۱) غرغرانا ؛ قل قل کرنا ۔ (۲) غرغر کی آواز نکالنا ۔

Guglio : (n) [It.'guglia'.] پتھر کی مربع یا مستطیل منار جس کی چوٹی مخروطی ہوتی ھے ۔

Guhr : (n) [G.] تہ نشیں مٹی ؛ جو پتھروں کے جوفوں میں پائی جاتی ھے ۔

Guib : (n) مغربی افریقہ کا ایک چکارا ۔

Guidage : (n) [AFr.'guidage'.] (۱) ہدایت ؛ رہبری ؛رہنمائی ۔ (۲) دیکھو Guidance ۔

Guidance : (n) رہبری ؛ رہنمائی ؛ ہدایت ؛ قیادت ؛ اصلاح ؛ اہتمام ؛ انصرام ؛ انتظام ۔

Vocational guidance : رہنمائی پیشہ ۔

Guide : (n) [OFr.'guide'.] (۱) رہبر ؛ گائیڈ ؛ ہادی ؛ رہنما ۔ (۲) پیشرو؛ رستہ دکھانے والا۔ (۳) (فوج) راستہ دریافت کرنے والا ؛ رہبر فوج ۔ (٤) (بحری) رہبر جہاز ۔ (٥) صلاح کار مشیر ۔ (٦) اصول کار ؛ معیارعمل ؛ شمع ہدایت ۔ (۷) وہ کتاب جو کسی معاملے میں رہنمائی کرے ؛ رہنما ۔ (۸) ڈنڈا وغیرہ جو کسی چیز کی حرکت کا نظام قائم رکھے ؛ اوزار کو قابو میں رکھنے والا آلہ ؛ آلۂ محرک ؛ چالو پرزہ ؛ ضابط پُرزہ ۔ (۹) دلیل راہ ۔ (۱۰) گرل گائیڈ (بوائے اسکاؤٹ کےمانند لڑکیوں کی انجمن) ۔ (۱۱) (موسیقی) کثیر الصوت نغمہ نگاری ۔ (۱۲) (کان کنی) رگ معدن ۔

Guide : (v) (۱) رہبری کرنا ؛ رہنمائی کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ راستہ دکھانا ؛ پیش رو ھونا ۔ (۲) (واقعات کا) رخ پھیرنا ۔ (۳) معیار ھونا ؛ محرک ھونا؛ موجب ھونا ؛ وجہ ھونا ۔ (۳) اہتمام کرنا؛ انصرام کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ انجام دینا ۔

Guide-block : (n) رہنما دھات کا ٹکڑا ۔

Guide-board : (n) مسافروں کو راستہ بتانے والا تختہ ؛ رہنما تختہ ۔

Guide-book : (n) راہ نامہ ، رہنما کتاب ۔

Guide-post : (n) ستون جس پر مسافروں کو راہ بتانے کےلئے تختے لگے رہتے ہیں ۔

Guide-pulley : (n) رہنما چرخی ۔

Guide-rope : (n) آلۂ جر ثقیل کی زنجیر ۔

Guide-screw : (n) خراد کی رہبر چوڑی ۔

Guide-tackle : (n) کھمبے کے سرے سے بندھا ھوا رسّا جو اُسے ہلنے ڈولنے سے روکتا ھے ۔

Guide-word : (n) ترک ۔

Guided-democracy : (n) (تاریخ) ہدایت یا ب جمہوریت ۔

Guideless : (n) بےہادی ؛ بلارہبر ؛ بغیر رہنما ۔

Guider : (n) رہنما ؛ رہبر ۔

Guidaway : (n) رہبر نالی یا رستہ ؛ لیکھ ۔

Guiding principle : (n) (تاریخ) رہنما اصول ۔

Guidon : (n) [Fr.'guidon'.] (۱) گاؤ دم ؛ جھنڈا ؛ نشان یا پھریرا ۔ (۲) جھنڈا بردار افسر ۔

Guidonian : (n) [f.'Guidon'-+-ian.] (موسیقی)اطالوی‌موسیقار Guido d' Arezzo کا یا اس سے متعلق ۔

Guige : (n) [ME.'gyge'.] سپر کے مزید سہارے کےلئے زائد تسمہ ۔

Guignol : (n) [Fr.] (۱) کٹھ پتلی ۔ (۲) کٹھ پتلی کا تماشہ ۔ (۳) سنسنی خیز ڈرامہ ۔

Guild/Gild : (n) [MDu.'gilde'.] (۱) ہم پیشہ لوگوں کی برادری یا انجمن ۔ (۲) انجمن تجار۔ (۳) کوئی انجمن یا برادری ۔

Merchant guild : انجمن تجار ۔

Trade guild : ہم پیشہ لوگوں کی انجمن یا برادری ۔

Guild-brother : (n) برادری کا ایک رکن ۔

Guild-hall : (n) وہ ہال جس میں قرون وسطیٰ میں ہم پیشہ لوگوں کی انجمن یا برادری کاجلسہ ہوتاتھا ؛ ٹاؤن ہال ۔

Guild-rent : (n) مالگذاری جو برادری سرکار کو دیتی تھی ۔

Guild-socialism : (n) گلڈ اشتراکیت ؛ اشتراکیت کی وہ صنف جس کی رو سےسارے سماج کو مختلف شعبوں کی برادریوں میں تقسیم ہونا چاہیئے اورہرایک کی حکومت اس کی کاؤنسل کے ہاتھ میں ہونا چاہیئے ۔

Guilder : (n) (۱) سونے کا سکہ جو ولندیز میں رائج تھا ۔ (۲) ولندیزی چاندی کا سکہ ۔

Guildship : (n) [OE.'gieldscipe'.] (۱) برادری ۔(۲) برادری کی رکنیت ۔

Guildsman : (n) برادری کا ایک رکن ۔

Guile : (n) [OFr.'guile'.] فریب ؛ دغا ؛ مکر ؛ عیاری ؛ حیلہ سازی ؛ دغابازی ؛ جُل ؛ حیلہ ؛ دھوکا؛ چالا کی ۔

Guileful : (a) فریبی ؛ دغاباز ؛ مکار ؛ عیار ۔

Guilefully : (adv.) دغابازی سے ؛ حیلہ سازی سے ۔

Guilefulness : (n) دغابازی ؛ حیلہ سازی ؛ مکاری ۔

Guileless : (a) سیدھا سادہ ؛ بھولا بھالا ؛ بےریا ؛ صاف ۔

Guilelessly : (adv.) صفائی سے ؛ بےریائی سے ؛ بھولےپن سے ۔

Guilelessness : (n) صفائی سے ؛ بےریائی ؛ بھولاپن ۔

Guilery : (n) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ۔

Guillem : (n) [W.'Gwilym'.] تنگ منقار آک ؛ ایک قسم کا دریائی پرند ۔

Guillemot : (n) [Fr.'guillemot'.] دیکھو Guillem

Guilloche : (n)[Fr.'guilloche'.] ایک قسم کی تعمیری گل کاری جو فیتے کی چین سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Guilloche/Guillochee : (v) فیتے کی چین کی سی گل کاری کرنا ۔

Guillotinade : (n) [Fr.'guillotinade'.] گردن زنی کرنا ۔

Guillotine : (n) [Fr.'guillotine'.] (۱) مقصلہ ؛ گردن زن ؛ سر کاٹنے کی مشین ؛ جلاد مشین ۔ (۲) (جراحی) لوزہ تراش ؛ تالو میں لگانے کا ایک آلہ ۔ (۳) کاغذ کاٹ مشین ؛ کاغذ کاٹنے کی مشین ۔ (٤) (امریکا) نئےصدرکے انتخاب پر سرکار یا افسروں کو برخاست کرنا۔ (٥) پارلیمنٹ میں کسی مسودۂ قانون کے بحث میں تخفیف کرنے کا ایک طریقہ ۔ (٦) ایک قسم کی کھڑکی ۔ (۷) یکایک ختم کردینے کا کوئی طریقہ ۔ (۸) کشتی کا ایک داؤں ۔

Guillotine : (v) (۱) گلوٹین سے سر کاٹنا ؛ جلاد مشین سے سر اُڑانا ۔ (۲) کتاب کا کنارہ کاٹنا ۔ (۳) کسی مسودہ قانون پر بحث میں تخفیف کرانا یا بحث ختم کرا دینا ۔

Guillotine amputation : (n) (جراحی) پاؤں کاٹنے کی ایک ترکیب ۔

Guillotine-cravat : (n) ایک قسم کا گلوبند جو فرانسیسی انقلاب کےزمانے میں مقبول تھا ۔

Guillotine-window : (n) معمولی ساش دار کھڑکی ۔

Guilt : (n) [Oringin unkn.] (۱) گناہ ؛ قصور ؛ جرم ؛ تقصیر ؛ خطا؛ پاپ ۔(۲) قصور واری ؛ خطاواری ۔

Without guilt : معصوم ؛ بے گناہ ۔

Guiltily : (adv.) قصورواری سے ؛ مجرمانہ انداز میں ۔

Guiltness : (n) قصورواری ؛ خطا کاری ۔

Guiltless : (a) (۱) بےقصور ؛ بےگناہ ؛ معصوم ؛ بے خطا ۔ (۲) لاعلم ؛ انجان ؛ محروم ۔

Guiltlessly : (adv.) محرومی سے ؛ لاعلمی سے؛ انجان پن سے۔

Guiltlessness : (n) بےقصوری ؛ محرومی ؛ انجان پن ؛ لاعلمی ؛ معصومی ۔

Guilty : (n) [OE.'gyltig'.] (۱) قصور وار ؛ مجرم ؛ خاطی ؛ عاصی ؛ گناہ گار ۔ (۲) مجرمانہ ؛ خطاوارانہ ۔

Guinea : (n) [Origin unkn.] (۱) ملک گینی جو افریقہ کے مغربی ساحل پر واقع ۔ (۲) اشرفی، گِنی ؛ ایک طلائی سکہ ۔ (۳) اکیس شیلنگ ۔ (٤) نیا غلام (جوافریقہ سےامریکا لایا گیا ہو) ۔ (٥) اجنبی ؛ غیرملکی ۔ (٦) (حقارتاً) اطالوی ۔ (۷) دوغلی نسل کا (امریکی) جو امریکی حبشی اور امریکی انڈین نسل سے ہو ۔ (۸) سائیس ۔

Double guinea : دو گِنّی کے برابر ایک سکہ ۔

Spade guinea : گنی جو ۱۷۸۷ سے ۱۸۰۰ عیسوی تک رائج تھا ۔

Guinea-bird : (n) چنیا مرغی ۔

Guinea-corn : (n) باجرا ۔

Guinea-cubebs : (n) کباب چینی کی ایک قسم ۔

Guinea fowl/-hen : (n) چنیا مرغی ۔

Guinea-gold : (n) سونا جس سےگِنی بنتی تھی ؛ ۲۲ قیراط کا سونا ۔

Guinea-goose : (n) چینی بطخ ۔

Guinea grains : (n) مغربی افریقہ کے ایک پودے کا تلخ بیج جو بطور مسالا استعمال ہوتا ہے ۔

Guinea grass : (n) افریقہ کی ایک لمبی گھاس ؛ چینا گھاس کی ایک قسم ۔

Guinea hog : (n) گینی کے سور کی ایک قسم ۔

Guinea-man : (n) گینی کا باشندہ ۔

Guinea-merchant : (n) غلام فروش ۔

Guinea peach : (n) ایک قسم کا افریقی درخت جس کا پھل شفتالو جیسا ہوتا ہے ۔

Guinea-pepper : (n) سرخ مرچ ۔

Guinea-pig : (n) (۱) خوک ہندی ؛ امریکی چوہا ۔ (۲) (مزاحاً) وہ شخص جس کی فیس ایک گِنی ہو؛ عارضی طور پر کام کرنے والا پادری خصوصاً کمپنی کا ڈائرکٹر یا پادری ۔ (۳) جہاز کا ایک چھوٹا افسر ۔

Guinea-plum : (n) مغربی افریقہ کا ایک درخت جس کا پھل اکلوچہ کی طرح ہوتا ہے ۔

Guinea-pods : (n) فلفل سرخ ۔

Guinea-ship : (n) غلام فروش کا جہاز ۔

Guinea sorrel : (n) پٹوا ۔

Guinea-trade : (n) (مزاحاً) ایک گنی فیس لینا ۔

Guinea-trader : (n) دیکھو Guinea-merchant

Guinea-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Guinea-worm : (n) ایک قسم کی جوں اور اس سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

Guinness : (n) Guinness کی بنائی ہوئی بیئر (شراب) ۔

Guipure : (n) [Fr.'guipure'.] (۱) ایک قسم کی لیس ۔ (۲) لیس کا موٹا حاشیہ ۔

Guisard : (n) [Guise+-ard.] بھیس بنانے والا ۔

Guise : (n) [OFr.'guise'.] (۱) لباس ؛ وضع ؛ پوشاک ۔ (۲) وضع قطع ؛ ظاہری حالت ۔ (۳) مصنوعی وضع ؛ بھیس ؛ پردہ ؛ بہانہ ۔

Guise : (v) لباس پہننا ؛ بہروپیا بننا ۔

Guiser : (n) بہروپیا ؛ بھیس بدلنے والا ۔

Guisian : (a) [Fr.'(duc de) Guise+-ian.] گیز کے ڈیوک یا اس خاندان کا یا اس سے متعلق ۔

Guisian : (n) گیز کا حمایتی ۔

Guit-guit : (n) [Imitative.] امریکی پودوں کی ایک نوع ۔

Guitar : (n) [Sp.'guitarra'.] ایک طرح کا ستار جس میں چھ تار ہوتے ہیں ؛ چھتارا ۔

Guitar : (v) چھتارا بجانا ۔

Guitarist : (n) چھتارا بجانے والا ؛ ستار نواز ۔

Gula : (n) [L.'gula'.] (۱) نرخرہ؛ سانس کی نلی ۔(۲) حشرات کے زیر ذقنہ کو سہارا دینے والی سخت پلیٹ ۔ (۳) شط ؛ کوبیہ ۔

Gular : (a) (۱) نرخرے سے متعلق ۔(۲) خوش غذا ۔(۳) سانپ وغیرہ کے نرخرے کی پلیٹ ۔

Gulaund : (n) [Icel.'gulond'.] بطخ جس کی چونچ دندانے دار ہوتی ھے ۔

Gulch : (n) تنگ گہری گھاٹی خصوصاً جس میں سونا پایا جاتا ھے ۔

Guld : (n) گیندا (پھول) ۔

Gulden : (n) [G.'gulden'.] ولندیزی چاندی کا سکہ ۔

Gule : (n) [OFr.'gule, goule'.] پہلی اگست ۔

Gules : (n) [Late ME.'goules, gols'.] سرخ ؛ صبغہ ۔

Gules : (a) سرخ ؛ سرخ رنگ کا ۔

Gulf : (n) [OFr.'golfe'.] (۱) خلیج ؛ کھاڑی ۔(۲) قعر ؛ گڑھا ؛ بہت گہرا غار ۔ (۳) قعر زمین ؛ سمندر ۔ (٤) بھنور ؛ گرداب ۔ (٥) (استعارۃً) خلیج ؛ ناقابل عبور فاصلہ یا فرق ۔(٦) (جامعہ) آنرس یا امتیازی نصاب کے طالب علم کو ناکام ہوجانے پر جو معمولی سند دے دی جاتی ھے ۔

Fiery gulf/Gulf of fire : قعر شعلہ زن ۔

Gulf : (v) (۱) غرق کرنا ؛ نگل جانا ۔ (۲) آنرس کے ناکام طالب علم کو معمولی سند دینا ۔

Gulf-dream : (n) خلیج میں گرنے یا ڈوبنے کا خواب ۔

Gulf-State : (n) ریاستیں جو میکسیکو کے خلیج پر واقع ہیں ۔

Gulf-stream/Gulf stream : (n) خلیجی سیل ؛ خلیجی رو ۔

Gulf-weed : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Gulfy : (a) (۱) گرداب سے بھرا ہوا ۔(۲) (مجازاً) گہرائی یا کھوکھلے پن سے بھرا ہوا ۔

Gull : (n) [W.'gwylan'.] مرغابی یا غو قسم کی چھوٹی بطخ اس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں جیسے Glaucous gull, Commen gull وغیرہ ۔

Gull : (n) چڑیا جس کے ابھی پر نہیں نکلے ہوں ۔

Gull : (n) (۱) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ احمق ؛ بھولا ؛ دھوکا کھانے والا ۔ (۲) (عامیانہ) دھوکے باز ؛ دھوکا دینے والا ۔

Gull : (n) سیل گر یا تیز دھارے کا بنا یا ہوا شگاف ۔

Gull : (v) (۱) نالا بنانا ؛ بہالے جانا ؛ گھسنا ۔(۲) گُھس جانا ۔

Gull : (v) بیوقوف بنانا؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ؛ احمق بنانا ۔

Gull-billed : (n) ایک قسم کی بحری ابابیل ۔

Gull-teaser : (n) ایک پرند جو یاغو کو ستاتا ھے ۔

Gullable (a) زود یقین ؛ سادہ لوح ؛ جو آسانی سے بیوقوف بن سکے ۔

Gullery : (n) دھوکا ؛ جُل ؛ فریب ؛ دغابازی ۔

Gullery : (n) وہ جگہ جہاں مرغابیاں پیدا ہوتی ہیں ۔

Gullet : (n) [OFr.'goulet'.] (۱) نرخرہ ؛ حلق ؛ حلقوم ؛ ٹینٹوا ۔ (۲) نالی ؛ نالا ؛ پانی کا راستہ ؛ گھاٹی ۔(۳) آرا کے دانتوں کا متعر تراش ۔(٤) گھوڑے کی گردن کا نچلا حصہ ۔ (٥) بطخ یا دوسری چڑیوں کا غبغب ۔

Gulleting : (n) (۱) آرے کے دانت میں متعر تراش بنانا ۔ (۲) (جہاز سازی) پتوار کے لئے کھانچ بنانا ۔

Gullibility : (n) سادہ لوحی ۔

Gullible : (a) دیکھو Gullable

Gullish : (a) بیوقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ۔

Gully : (n) [Fr.'goulet'.] (۱) تنگ گھاٹی ؛ درہ ۔(۲) نالی ؛ بدرو؛ پرنالہ ۔ (۳) (کرکٹ) میدان کاوہ حصہ جو سلپ کے پیچھے رہتا ھے ؛ اس مقام پر رہنے والا کھلاڑی ۔

Gully : (n) [Origin unkn.] بڑا چاقو ؛ چھرا ۔

Gully/Gulley : (n) [Origin unkn.] لوھے کا جنگلہ ۔

Gully : (v) (۱) نالی بنانا ۔ (۲) پانی سے درہ بن جانا ۔

Gully-drain : (n) مٹی کی پائپ جو نالی کا کام دیتی ھے ۔

Gully-hole : (n) موری کا منہ ؛ بدرو کا راستہ ۔

Gully -squall : (n) (بحری) ھَوا کا جھونکا جو گھاٹی کی طرف آئے ۔

Gully-washer : (n) ابر اور مینہ کا طوفان ۔

Gulo : (n) گرکک ؛ نیولے کے قسم کا لیکن بڑا بسیار خور جانور ۔

Gulp : (n) [f. gulp (v).] (۱) بڑا سا نوالہ یا گھونٹ ؛ جلدی سے نگلنا یا پینا ۔ (۲) نگلنے کی کوشش ۔

Gulp : (v) [MDu.'gulpen'.] (۱) نگلنا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ ایک گھونٹ میں پی جانا؛ مشکل سے نگلنا ؛ بدقت حلق سے اتارنا ۔ (۳) ہانپنا؛ دم گھٹنا ۔

Gulpin : (n) (۱) ہر چیز کو نگلنے والا ۔ (۲) (بحری) ملاح ۔

Gulpingly : (adv.) نگلتے ہوئے ؛ مشکل سےنگل کر ۔

Gulpy : (a) بڑا نوالہ کھانے والا ۔

Gum : (n) [OE.'goma'.] (۱) مسوڑھا ؛ لیثہ ۔ (۲) (عامیانہ) جبڑا ۔

Gum : (n) [OFf.'gomme'.] (۱) گوند ؛ صمغ ۔ (۲) آنکھوں کی چیپ ۔ (۳) وہ درخت جس سےگوند نکلے؛ کیکر ؛ ببول وغیرہ ۔ (٤) درختوں کی ایک بیماری جس میں منجمد چیپ نکلتی ھے ۔ (٥) ربر کا کپڑا ۔ (٦) ربر کا بوٹ ۔ (۷) ایک قسم کی مٹھائی ؛ چیونگ گم ۔

Gum : (n) God کی مسخ شدہ صورت ۔

Gum : (v) (۱) گوند لگانا ۔ (۲) گوند سے سانٹنا ۔ (۳) گوند کا نکلنا۔ (٤) گوند دار ھونا؛ لسلساھونا۔ (٥) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Gum : (v) (۱) آرے کا دانت بنانا ۔ (۲) مسوڑھے سے چبانا (غذا کو) ۔

Gum acacia : (n) صمغ عربی ؛ کیکر کا گوند ۔

Gum-ammonic : (n) گندہ بیرزہ ۔

Gum -animal : (n) افریقہ کے بندر کے قسم کا ایک جانور جو گوند کھاتا ھے ۔

Gum-Arabic : (a) دیکھو Gum acacia

Gum-boots : (n) ربر کا لمبا کوٹ ۔

Gum-cistus : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Gum-dragon : (n) کیترا گوند ۔

Gum-elastic : (n) ربڑ ۔

Gum-flower : (n) مصنوعی پھول ۔

Gum-gum : (n) لوھے کاپیالہ جسے لوھے یا لکڑی کی سلاخ سے بجاتے ہیں ۔

Gum-ivy : (n) عشق پیچاں کا گوند ۔

Gum-Juniper : (n) لال ہڑتال ؛ سندروس ۔

Gum-plant : (n) ایک پودا جو لیس دار مادے سےبھرا ھوتاھے۔

Gum-resin : (n) صمغ الصنوبر ؛ ایک قسم کی لاکھ ۔

Gum-rubber : (n) ایک قسم کی چسنی ۔

Gum-senegal : (n) صمغ عربی کی ایک قسم۔

Gum-shoe : (n) ربر کا بوٹ ۔

Gum-stick : (n) دیکھو Gum-rubber

Gum-succory : (n) ایک یورپی گھاس ۔

Gum-sucker : (n) آسٹریلوی خصوصاً وکٹوریا کا باشندہ ۔

Gum-thistle : (n) ایک قسم کا گوکھرو ۔

Gum-tickler : (n) شراب خواری کا پہلا زینہ ۔

Gum-tooth : (n) داڑھ ۔

Gum-tree : (n) کوئی درخت جس سےگوند نکلتا ھے ۔

He has seen his last gum-tree : اس کا قصہ تمام ہو گیا ۔

To be up a gum-tree : ضیق میں ؛ منقطے میں ۔

Gum-water : (n) صمغ عربی اور پانی کا محلول ۔

Gum-wood : (n) گوند کے درخت کی لکڑی ۔

Gumbo/Gombo : (n) [of Negro origin.] (۱) (نباتیات) بھنڈی ؛ بامیہ : بھنڈی کا شوربا ۔ (۲) (ارضیات) میسیسیپی ویلی کا نچلا صخرہ ۔ (۳) مرغزار کی کیچڑ ۔ (٤) کریبول کی زبان ۔ (٥) مخلوط ۔

Gumboil : (n) لثی دمبل ؛ لثی بثرہ ؛ مسوڑھے کا ورم ۔

Gumma : (n) [L.'gummi'.] آتشک کاپھوڑا ؛ آتشک کا زخم ۔

Gummatous : (a) جیسے آتشک کاپھوڑا ہو ۔

Gummer : (n) آرے کا دندانہ بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Gummic : (a) صمغی ۔

Gummic acid : (n) صمغی ترشہ ۔

Gummiferous : (a) صمغ زا ؛ گوند پیدا کرنے والا ؛ صمغ آور ۔

Gumminess : (n) چپچپاہٹ ، لس ؛ چیپ ؛ سوجن ؛ ورم ۔

Gummite : (n) [L.'gummi'.] یورینیم کا ہائیڈریٹ ۔

Gummosity : (n) [med.L. 'gummositas'.] لس ؛ چپچپاہٹ ۔

Gummous/Gummose : (a) گوند نما ؛ گوند کا سا ۔

Gummous : (a) دیکھو Gummatous

Gummy : (a) (۱) گوند کا سا ؛ چکنا ؛ چپچپا ؛ چیپ دار ؛ لس دار ۔ (۲) گوند والا ؛ گوند دار ؛ گوند پیدا کرنے والا ۔ (۳) ورم دار ؛ سوجا ہوا ۔

Gummy : (a) دیکھو Gummatous

Gump : (n) [Origin unkn.] احمق ؛ بیوقوف ۔

Gumption : (n) (۱) جیوٹ ؛ منچلاپن ؛ سمجھ بوجھ ؛ کاربردار کا مادہ ۔ (۲) (مصوری) رنگ آمیزی کا فن ؛ وہ چیز جس سے رنگوں کی آمیزش کی جاتی ہے ۔

Gun : (n) [ME.'gunne, gonne'.] (۱) بندوق ؛ قرابین ؛ تفنگ ؛ توپ ؛ رائفل ۔ (۲) طمنچہ ؛ ریوالور ۔ (۳) شکار پارٹی کا رکن ؛ توپچی ۔ (٤) (کان کنی) کھوکھلا استوانہ جس میں بارود بھرکر پہاڑ کو توڑتے ہیں ۔ (٥) صراحی ۔ (٦) (مزاحاً) تمباکو پینے کا پائپ ۔ (۷) (عامیانہ) چور؛ بدمعاش ؛ فقیر ۔ (۸) بندوق نما کوئی چیز ۔

As a gun : مطلقاً ۔

As sure as a gun : یقیناً ؛ یقینی طورپر ؛ بلاشبہ ؛ قطعاً ۔

Great gun : (۱) توپ ۔ (۲) معزز یا با اثر آدمی ۔

Morning and evening gun : (بحری) توپ جو صبح و شام داغی جاتی ہے ۔

Son of a gun : مردك ؛ شخص ۔

To blow great guns : شدید طوفان آنا؛ سخت آندھی چلنا ۔

To stand or stick to one's gun : اپنی بات پر جمے رہنا؛ اپنی رائے یا اپنےنقطہء نظر سےنہ ہٹنا ۔

Gun : (v) بندوق چلانا ؛ جنگ چھیڑنا ۔

Gun-apron : (n) توپ کو پانی اورگرد سےبچانے کی ترکیب ۔

Gun-barrel : (n) بندوق کی نال ۔

Gun-boat/Gunboat : (n) چھوٹا جنگی جہاز جس پر بھاری توپیں ہوں ۔

Gun-brig : (n) دو ستونی جنگی جہاز ۔

Gun-brush : (n) بندوق کی نال صاف کرنے کا برش ۔

Gun-camera : (n) فوٹو کیمرہ جو جنگی ہوائی جہاز میں استعمال ہوتا ہے ۔

Gun-carriage : (n) توپ گاڑی ۔

Gun-cotton : (n) بھک روئی ؛ بارود پنبہ ؛ ایک آتش گیر مادہ جو روئی کو شورے اور گندھك کےتیزاب میں ملاکر بناتےہیں ۔

Gun-deck : (n) (بحری) وہ عرشہ جس پرتوپیں رہتی ہیں ۔

Gun-fire : (n) (۱) بندوق یا توپ داغنا ۔ (۲) (بحری) صبح وشام کا وہ وقت جب توپ داغی جاتی ہے ۔

Gun-flint : (n) چقماق کا ایک ٹکڑا جس کو فولاد کے ساتھ استعمال کرنے سے آگ پیدا ہوتی ہے ۔

Gun-harpoon : (n) بحری برچھا جو توپ کے ذریعہ سے پھینکا جائے ۔

Gun-hoop : (n) توپ کی نال کا حلقہ ۔

Gun-iron : (n) بندوق بنانے کا لوہا ۔ (۲) دیکھو Gun-harpoon ۔

Gun-lock : (n) لبلبی یا گھوڑا (بندوق یا توپ کا) ۔

Gun-man/Gunman : (n) (۱) مسلح قزاق ۔ (۲) بندوق ساز ۔ (۳) بندوق باز ۔

Gun-metal : (n) توپ دھات ؛ مفرغ ؛ تانبے اور رانگ کا مرکب جس سے توپ بنتی ہے ۔

Gun-money : (n) (۱) وہ رقم جو جہاز پکڑنے والوں کے درمیان تقسیم کی جاتی تھی ۔ (۲) وہ سکہ جو جیمس دوم نے پرانی توپ کی دھات سے بنوا کر آئرستان میں رائج کیا تھا ۔

Gun-pendulum : (n) گولے کی ابتدائی رفتار کا اندازہ لگانے کی ترکیب ۔

Gun-pit : (n) (۱) توپ کے گرد کی خندق (توپ کی حفاظت کےلئے) ۔ (۲) بندوق یا توپ بنانے کا سانچہ ۔

Gun-port : (n) جہاز کی کھڑکی جس سے توپ چلائی جاسکے ۔

Gun-room : (n) (۱) جنگی جہاز میں ادنیٰ درجے کے افسروں کا کمرہ ۔ (۲) کمرہ جہاں بندوقیں رکھی جاتی ہیں ۔

Gun-runner : (n) قانون اسلحہ کے خلاف ماتحت ملکوں میں ہتھیار کی تجارت کرنے والا ۔

Gun-running : (n) قانون اسلحہ کے خلاف ماتحت ملکوں میں ہتھیار کی تجارت ۔

Gun-searcher : (n) بندوق کی نال جانچنے کا ایک آلہ ۔

Gun-shot : (n) (۱) توپ یا بندوق کی مار ۔ (۲) توپ یا بندوق کی زد ۔ (۳) پستول ۔

Gun-shy : (a) بندوق کی آواز سے ڈرنے والا ؛ خصوصاً شکاری کتا ۔

Gun-slide : (n) توپ گاڑی کا وہ حصہ جس پر توپ آگے پیچھے گھسٹتی بڑھتی ہے ۔

Gun-sling : (n) رسّے کا حلقہ جس سے توپ اٹھائی جاتی ہے ۔

Gun-stick : (n) بندوق بھرنے کا گز ۔

Gun-stock : (n) بندوق کا کندہ ۔

Gun-tackle : (n) توپ اٹھانے یا ہٹانے کا مرفاع ۔

Gun-work : (n) (۱) اسلحہ سازی ۔ (۲) بندوق چلانا

Guna : (n) [Skr.'guna'.] (سنسکرت قواعد) حروف علت کی تبدیلی کے سلسلے کا وسطی حصہ ۔

Guna : (v) حروف علت میں تبدیلی لانا ۔

Gunate : (v) دیکھو Guna

Gunation : (n) حروف علت میں تبدیلی لانا ۔

Gunmaker : (n) بندوق ساز ۔

Gunnage : (n) وہ رقم جو جہاز پکڑنے والوں کے درمیان تقسیم کی جاتی تھی ۔

Gunnel : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Gunnale : (n) جہاز کا بالائی کنارہ ۔

Gunner : (n) [ME.'gonner'.] (۱) توپچی ؛ بندوقچی ؛ گولہ انداز ؛ توپ خانے کا افسر ؛ (بحری) جہاز کے سلاح خانے کا یا توپ خانے کا افسر ۔ (۲) شکاری ؛ بندوق سے شکار کھیلنے والا ۔ (۳) ایک قسم کی بحری مچھلی ؛ بحری سیم ماہی ۔ (٤) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Gunner's daughter : (n) توپ جس سے باندھ کر ملاحوں کو سزا دی جاتی تھی ۔

Gunner's quadrant : (n) زاویہ ناپنے کا آلہ ؛ زاویہ پیما ؛ مرولہ ۔

Gunnery : (n) (۱) گولہ اندازی ؛ توپ چلانے کا فن ؛ توپچی کا فن ۔ (۲) توپ سازی ۔ (۳) توپ چلنا ؛ آتش باری ۔

Gunnery-lieutenant : (n) وہ افسر جس نے توپچی کے فن کی سند حاصل کی ہو ۔

Guner's line/-proportion : (n) گنٹری پیمانے کی لکیر جو ضرب اور تقسیم میں کام دیتی ہے ۔

Gunter's quadrant : (n) گنٹری زاویہ پیما ۔

Gunwale/Gunnel : (n) [Gun+Wale] جہاز کا بالائی کنارہ ۔

Gurge : (v) [L.'gurges'.] گرداب بنانا ۔

Gurgeons : (n) چوکر ؛ بھوسی ۔

Gurgitation : (n) [mod. L.'gurgitat-'.] (۱) ابال ؛ بلبلے اٹھنا ؛ تموج ۔ (۲) غرغر (کی آواز) ۔

Gurgle : (n) [Imitative.] (۱) تغرغر ؛ غرغرا ۔ (۲) قل قل ؛ غرغر کی آواز ۔

Gurgle : (v) (۱) غرغرانا ؛ قل قل کرنا ۔ (۲) غرغر کے ساتھ کہنا ۔

Gurglingly : (adv.) غرغراتے ہوئے ۔

Gurgoyl (e) : (n) دیکھو Gargoyle

Gurjon/Gurjun : (n) [Native name.] جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کا تیل بطور دوا کے استعمال ہوتا ہے ۔

Gurlet : (n) [Fr.'gurlet'.] گینتی ۔

Gurnard/Gurnet : (n) [OFr.'gornart'.] سرخ ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

Flying gurnard : اڑانے والی سرخ ماہی ۔

Gurry : (n) [Origin unkn.] دست ؛ اسہال ۔

Gurry : (n) [Hindi 'garhi, garh'.] گڑھی ؛ چھوٹا قلعہ ۔

Gurry : (n) [Origin unkn.] (۱) مچھلی کا فضلہ ۔ (۲) وہیل کو کاٹ کر اُبالنے کے بعد جو چیز بچ جائے ۔

Gurt : (n) [AFr.'gort'.] خندق ؛ نالا ۔

Gush : (n) [Gush (v).] (۱) فوارہ ۔ (۲) جوش وخروش؛ وفور ۔ (۳) جذبات کی نمائش ۔

Gush : (v) [ME.'gosshe'.] (۱) ابلنا ؛ اچھلنا ؛ فوارہ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا ۔ (۲) اچھالنا؛ فوارہ بہانا ؛ دریا بہا

Gunnery-ship : (n) جہاز جس پر توپچی کا فن سکھایا جاتا ہے ۔

Gunnies : (n) [Origin unkn.] معدن میں شگاف ۔

Gunning : (a) (۱) دیکھو Gunnery ۔ (۲) بندوق سے شکار کرنا ۔

Gunny : (n) [Hindi, Marathi 'goni'.] ٹاٹ ؛ ٹاٹ کاتھیلا ؛ بورا ۔

Gunpoint : (n) بندوق کی زد ۔

At gunpoint : بندوق کی زد میں ۔

Gunpowder : (n) (۱) بارود ۔ (۲) عمدہ قسم کی سبز چائے ۔ (۳) آتش گیر ۔

White gunpowder : سفید بارود ۔

Gunpowder-cake : (n) بارود کی ٹکیا ۔

Gunpowder-engine : (n) انجن جو بارود سے چلایا جاتا ہے ۔

Gunpowder-hammer : (n) بڑا ہتھوڑا جو بارود کے پھٹنے سے چلتا ہے ۔

Gunpowder-plot : (n) وہ سازش جو ۱٦۰۵ء میں دارالعوام کو اڑا دینے کےلئے کی گئی تھی ۔

Gunpowder-press : (n) شکنجہ جس میں ٹکیوں کو ڈال کر سخت بنایا جاتا ہے دانہ سازی کےلئے ۔

Gunpowder-tea : (n) عمدہ قسم کی سبز چائے جس کی ہری پتی گول لپیٹ دی جاتی ہے ۔

Gunpowderous : (a) بارود کا سا ؛ نیلگوں ۔

Gunsmith : (n) (۱) بندوق ساز ۔ (۲) (عامیانہ) چور ۔

Gunsmithery : (n) بندوق سازی ؛ بندوق سازی کا کارخانہ ۔

Gunter : (n) [f. Edmund Gunter, an English mathematician.] (۱) دو فٹا مسطر یا پیمانہ جو مسافت اور جہاز رانی میں کام آتا ہے ؛ گنٹری پیمانہ ۔ (۲) اوپر کا مستول یا اس کا بادبان جو چھلوں کے ذریعہ سے اوپر نیچے ہٹایا جاسکتا ہے ۔

Gunter's chain : (n) گنٹری زنجیر جو چار بانس کے برابر ہوتی ہے زمین کی پیمائش میں کام آتی ہے ۔

دینا ۔ (۳) اصلی یا بناوٹی جوش و خروش سے تقریر یا کام کرنا؛ خطابت کا دریا بہا دینا ؛ طوفان کی طرح اٹھنا ۔

Gusher : (n) (۱) جو ش سے تقریر کرنے والا ؛ طوفان اٹھانے والا ۔ (۲) (امریکا) تیل کا چشمہ یا کنواں ۔

Gushing : (a) (۱) بہنے والا ۔ (۲) جوش سے تقریر یا کام کرنے والا ۔ (۳) جذبات کی بےجا نمائش کرنے والا ۔

Gushingly : (adv.) جوش وخروش سے ؛ طوفان کی طرح ۔

Gushingness : (n) جوش وخروش سے ابلنا ۔

Gusset : (n) [OFr.'gousset'.] (۱) زرہ میں جوڑ کو محفوظ رکھنے والا حصہ ۔ (۲) وہ تکونا ٹکڑا جو کپڑے میں مضبوطی کےلئے لگا دیاجاتا ہے ؛ کلی ۔ (۳) زین کا تکونہ حصہ ۔ (٤) لوہے کا بریکٹ جو عمارت میں مضبوطی کے لئےلگا دیا جائے ؛ بند آہنی ؛ بندگوشہ ۔ (٥) (نقابت) تخفیف کا نشان ۔

Gusset-needle : (n) موزہ بنانے کی سوئی ۔

Gusseted : (a) کلی دار ؛ بند گوشہ دار ۔

Gusseting : (n) کلی لگانا ؛ بند آہن لگانا ؛ بندگوشہ لگانا ۔

Gust : (n) [ON.'gustr'.] (۱) (ہَوا، دھواں) زور کا جھونکا ؛ جھکڑ؛ (بارش) زور کا چھینٹا؛ (آگ) زور کالپکا ؛ زور کی آمد ۔ (۲) (مجازاً) لپک ؛ جوش؛ زور ؛ وفور ؛ اُمڈ ؛ چھپٹ ؛ تماچہ یا تپانچہ ۔

Gust : (n) [L.'gustus'.] (۱) ذوق ؛ مذاق ۔ (۲) مزہ ؛ لطف ؛ ذائقہ ؛ لذت ۔ (۳) مزا اور خوشبو ۔

Gust : (v) مزہ لینا ؛ ذائقہ لینا ۔

Gustation : (n) [Fr.'gustation'.] چکھنا ؛ چکھائی؛ ذائقہ ؛ مزہ ۔

Gustative : (a) ذائقے کا ؛ ذائقے دار ۔

Gustatory : (a) ذائقی ؛ ذوقی ؛ ذائقے کا ۔

Gustily : (adv.) جوش کے ساتھ؛ آندھی کی طرح ۔

Gusto : (n) [It.'gusto'.] (۱) ذائقہ ؛ مزہ ؛ مزہ اور خوشبو ؛ چاشنی ۔ (۲) ذوق ؛ ذوق وشوق ؛ جوش ؛ چاؤ ؛ شوق ؛ جذبہ ۔ (۳) فنکارانہ اسلوب ۔

Gusty : (a) (۱) زو ر کا ؛ طوفانی ۔ (۲) پُرجوش ۔

Gusty : (a) ذائقہ دار ؛ مزہ دار ۔

Gut : (n)[OE.'gattas'.] (۱) انتیں ؛ انتڑیاں ؛ اوجھڑی ؛ رودہ ؛ امعاء ۔ (۲) کسی چیز کے اندر کا مادہ ؛ جوہر ۔ (۳) آنت ؛ معدے کی نالی؛ قنات ہاضمہ ۔ (٤) معدہ ۔ (٥) تانت ۔ (٦) ریشم کے کیڑے کی آنت جو سست میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۷) آبنائے نالہ ؛ موری ؛ بدرو ۔ (۸) دریا کا موڑ (آکسفورڈ کیمبرج کی کشتی کی دوڑ) ۔ (۹) گھاٹی ؛ تنگ راستہ ؛ گلی ۔

Blind gut : (۱) اعور ۔ (۲) بندگلی ؛ اندھی گلی ۔

The gut : (آکسفورڈ کیمبرج کی کشتی کی دوڑمیں) دریا کا موڑ ۔

Gut : (v) (۱) خلاصہ کرنا ؛ نچوڑ لینا ؛ عطر نکال لینا (کتاب وغیرہ کا) ۔ (۲)صاف کرنا؛ آلائش نکالنا؛ آنتیں نکالنا۔ (۳) اندرکا سامان وغیرہ صاف کرنا یابرباد کر دینا ؛ جلا ڈالنا ۔ (٤) ٹھورنا؛ نگلنا؛ حریصوں کی طرح کھانا ۔ (٥) (سڑک پر) گڑھے بنانا ۔

Gut-bread : (n) لبلبہ ؛لوزالمعدہ ؛ بان قراس ۔

Gut-scraper : (n) سارنگی بجانےوالا ۔

Guts : (n) جرأت ؛ ہمت ؛ قوت برداشت ؛ صبر ۔

Hate one's guts : (عامیانہ) شدید نفرت کرنا ۔

Gutshoot : (v) (عامیانہ) پیٹ میں گولی مارنا ۔

Gutstring : (n) بھیڑ کی آنت کا بنا دھاگا جو جراحی میں کام آتا ہے ۔

Gutsy : (a) (۱) (عامیانہ) بہادر ؛ ہمت ور ۔ (۲) (عامیانہ) پُرشہوت ۔

Gutta : (n) [L.] (۱) (دوا سازی ومرضیات) قطرہ ۔ (۲) (تعمیرات) مخروط مقطوع جو ستون میں آرائش کےلئےلگایاجاتا ہے ۔ (۳) (نقابت) قطرہ ۔

Gutta : (n) (۱) Gutta-percha کا مخفف ۔ (۲) سفیدبےشکل مادہ جو گتا پرچا میں پایا جاتا ہے ۔

Gutta opace : (n) موتیا بند ۔

Gutta-percha : (n) گتا پرچا ؛ لاستک ؛ سینگ کی طرح کا مادہ جو ملایا کے بعض درختوں سے نکلتا ھے ۔

Gutta-percha-tissue : (n) باریک گتا پرچا جو پن روک کا کام دیتا ھے ۔

Gutta-percha-wire : (n) (تلغرافی) تار جس پر گتاپرچا کا غلاف ھو ۔

Gutta-serena : (n) کمنت ؛ تمبر ؛ کم بینائی ؛ جزوی یا کلی فقدان بصر ۔

Guttae band : (n) (تعمیرات) رخچہ جس سے مخروط مقطوع لٹکا ھوا نظر آتا ھے ۔

Guttate : (a) [L.'guttatus'.] (حیوانیات، نباتیات) بوندی دار ؛ چتی دار ؛ قطرے دار ؛ گلدار ۔

Guttated : (a) قطروں یا چیتوں کی طرح بکھرا ھوا ۔

Guttatim : (adv.) [L.] قطرہ قطرہ ۔

Gutte/Guttee : (a) [AFr.'gutte'.] (نقابت) بوند دار ؛ گلدار ۔

Gutte reversed : (a) اُلٹی بوندوں والا ۔

Gutter : (n) [AFr.'gotere'.] (۱) پانی کا راستہ ؛ مجرائے آب ۔ (۲) نالا ؛ موری ؛ پرنالا ؛ بدرو ؛ آب راہ ۔ (۳) کیچڑ؛ گندگی ۔ (٤) مصنوعی نالا ۔ (٥) (جلد سازی) کتاب کےصفحوں کےبیچ کا سفیدحصہ ۔ (٦) شہری تہذیب کا پست ترین حصہ ۔

Gutter : (v) (۱) نالیاں بنانا ؛ پانی کارستہ بنانا۔ (۲) دھارے میں بہنا۔ (۳) (موم بتی) نالیاں پڑکرموم بہہ جانا ۔ (٤) (شمع کا) مدھم طورپر جلنا ۔

Gutter (a) پست ؛ بدنام ۔

Gutter-bird : (n) گوریّا ؛ عصفور ۔

Gutter-blood : (n) رذیل ۔

Gutter-board : (n) نالی کا بنیادی تختہ ۔

Gutter-child : (n) لاوارث لڑکا ؛ آوارہ لڑکا ۔

Gutter-drift : (n) قدیم آسٹریلوی دریا کا نچلا حصہ جہاں سونا پایا جاتاتھا ۔

Gutter-flag : (n) جھنڈا وہ جگہ دکھلانے کےلئے جہاں سونا پایا جاتا ھے ۔

Gutter-man : (n) خوانچے والا ؛ پھیری والا ۔

Gutter-member : (n) مرصع آب راہ ۔

Gutter-plane : (n) ایک قسم کارندا ۔

Gutter-snipe : (n) (۱) لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا ۔ (۲) امریکی چہار ۔ (۳) چھوٹا پتلا اشتہار ۔

Gutter-snippet : (n) Gutter snipe کا اسم تصغیر ۔

Gutter-stick : (n) فارم میں صفحوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کا آلہ ۔

Gutter-tree : (n) زغال اختہ ۔

Guttifer : (n) [mod. L.] ایک درخت جس سے گوند نکلتا ھے ۔

Guttiferal : (a) گوند زا درخت سے متعلق ؛ صمغ آوردرخت ؛ گوند زا؛ صمغ آور ۔

Guttiform /Guttifom : (a) قطرہ نما ۔

Guttle : (v) پیٹوپن سے کھانا ؛ ٹھونسنا ؛ تھورنا ۔

Guttler : (n) پیٹو ؛ کھاؤ ؛ مربھکا ۔

Guttula : (n) [L. dim.of'gutta'.] چھوٹا قطرہ ؛ چھوٹی چتی ؛ قطرہ خورد ؛ بوندک ۔

Guttular : (a) بوندک دار ؛ چتی دار ۔

Guttulate : (a) بوندک دار ؛ چتی دار ۔

Guttur : (n) [L.] حلق ۔

Guttural : (a) [Fr.'guttural'.] حلقی ؛ حلق سے نکلنے والا ۔

Guttural : (n) حروف حلقی ؛ حروف کو حلق سے ادا کرنے کا اصول ۔

Gutturalism : (n) حلقی بنانے کارجحان ؛ تلفظ کا حلق سے ادا کیا جانا ۔

Gutturality : (a) حلقیت ۔

Gutturalization : (n) حقلی بنانا ؛ حلق سے ادا کیا جانا ۔

Gutturalize : (v) حلقی بنانا ؛ حلق سے اداکیا جانا ۔

Gutturally : (adv.) حلقی تلفظ کے مطابق ۔

Gutturalness : (n) دیکھو Gutturality

Gutturize : (v) حلق سے ادا کرنا ؛ حلقی بنانا ۔

Gutturo- : جزو ترکیبی بہ معنی "حلق" "حلق کا" ۔

Gutty : (n) (گولف) گٹا پرچا کی گیند ۔

Gutty : (a) توندیلا ۔

Guy : (n) [OFr.'guie'.] آلہء جر ثقیل کی زنجیر یا خیمہ کی طناب ۔

Guy : (n) (۱) گائی فاکس کا پُتلا جو پانچ نومبر کو جلایا جاتا ہے ۔ (۲) مضحکہ خیز لباس کا شخص ؛ ہوّا ۔ (۳) (امریکا) آدمی ؛ شخص ۔ (٤) فرار ہو جانا؛ رفو چکر ہوجانا ۔

Guy : (v) (بحری) زنجیر یا خیمے کی طناب سے مضبوط کرنا ۔

Guy : (v) (۱) پتلا بنانا ؛ مورت بنانا ۔ (۲) مذاق اڑانا؛ بنانا۔ (۳) (عامیانہ) فرار ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Guy-rein : (n) خاص لگام ۔

Guytrash : (n) [Origin unkn'.] بھوت ؛ خصوصاً جانور کی شکل میں ۔

Guyver : (n) [Origin unkn.] عجیب وغریب بات ۔

Guze : (n) [Origin unkn.] (نقابت) سرخ قرص ۔

Guzzle : (n) [f. the verb.] (۱) نالی ؛ آب راہ ۔ (۲) شراب ۔ (۳) شراب خواری ؛ عیاشی ۔

Guzzle : (v) [OFr.'gosillier'.] (۱) چڑھانا ؛ ڈھکوسنا ؛ نگلنا ۔ (۲) کھانےپینےمیں روپیہ ، وقت وغیرہ اڑا دینا؛ کھا پی کے برابر کرنا ۔

Guzzler : (n) (۱) بہت کھانےیا پینےوالا ۔ (۲) روپیہ اڑانےوالا ؛ فضول خرچ ؛ مسرف ۔

Gwyniad : (n) [welsh'gwynid'.] ایک قسم کی مچھلی جس کا گوشت سفید ہوتا ہے اوریہ جھیل میں پائی جاتی ہے ۔

Gy- : جزو ترکیبی ۔

Gybe : (n) [f. (v).] (بحری) جہاز کا رخ بدلنا جس سے جہاز جھونکے کھائے ۔

Gybe : (v) [Du.'gijpen'.] (۱) (بادبان کا) ہلنا ؛ جھوکے کھانا ؛ جھولنا ۔ (۲) (بادبان کو) جھلانا ؛ جھوکے دینا ۔

Gyle : (n) [MDu.'gbijl'.] (۱) شراب کی وہ مقدار جو ایک وقت میں بنائی جائے ؛ ایک گھان ۔ (۲) بیئر ؛ سڑے ہوئے جو جس سےشراب نکالی جاتی ہے ۔ (۳) بیئر بنانے کا ظرف ۔

Gyle-tun : (n) بیئر بنانے کا ظرف ۔

Gym : (n) (۱) Gymanasium کا مخفف ۔ (۲) دھات کا ڈھانچہ جس میں مختلف کھیلوں کے سامان ہوتے ہیں مثلاً جھولا وغیرہ ۔

Gymkhana : (n)[Hindi'gend-khana'.] (۱) کھیل گھر؛ جمخانہ ۔ (۲) کھیلوں کے مقابلے ۔

Gymnasial : (n) یورپی تعلیم گاھوں سے متعلق ۔

Gymnnsiarch : (n) [L.'gymnasiarchus'.] (۱) یونان میں ورزشی اسکول اور کھیلوں کا نگراں ۔ (۲) ورزشی کاروں کا سردار۔ (۳) اسکول یا کالج کا صدر ۔

Gymnasiarchy : (n) ورزشی اسکولوں اور کھیلوں کے نگراں کا عہدہ ۔

Gymnasiast : (n) [Gr.'gymnasion'.] (۱) یوروپی طالب علم ۔ (۲) ورزش کار ۔

Gymnasic : (a) ورزش گاہ سے متعلق ۔

Gymnasium : (n) [L.'gymnasium'.] ورزش گاہ ؛ جمناسٹک گھر ۔

Gymnast : (n) [Fr.'gymnaste'.] جمناسٹک کا ماہر ؛ ورزش کا ماہر ؛ ورزش کار؛ کسرتی ۔

Gymnastic : (a) [L.'gymansticus'.] جمناسٹک کا ؛ ورزش کا ؛ ذہنی ورزش یا مشق کا ۔

Gymnastic/-al : (n) (۱) مشق؛ انضباط ۔ (۲) (جمع) جمناسٹک ۔

Gymnastically : (adv.) مشق کے طورپر ؛ کسرت کے طورپر ۔

Gymnite : (n) [Gr.'gymnos'.] میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Gymno-/Gymn- : جزو ترکیبی بمعنی " برہنہ " "عریاں" ۔

Gymnoblastic : (a) برہنہ نہوضیہ سے متعلق ۔

Gymnoblastous : (a) دیکھو Gymnoblastic

Gymnobranchiate : (a) برہنہ خیشوم دار ۔

Gymnocarpous : (a) (نباتیات) برہنہ ثمرہ ۔

Gymnoceratous : (a) برہنہ قرن والے حشرات سے متعلق ۔

Gymnocyta/Gymnocyte : (n) برہنہ خلیہ ۔

Gymnodont : (a) برہنہ دانداں مچھلیوں سے متعلق ۔

Gymnogen : (n) برہنہ تخم ۔

Gymnogene : (n) [mod. L.'Gymnogenys'.] افریقی شکرے کا نام ۔

Gymnogenous : برہنہ تخم ؛ باز دانہ ؛ کھل بیجا ؛ جس کے بیج بیضہ دان میں نہ ہوں ۔

Gymnogram : (n) برہنہ سرخس ۔

Gymnogynous : (a) برہنہ تخم دانہ ۔

Gymnolaematous : (a) برہنہ دہن حوینات مجتمع سے متعلق ۔

Gymnomerous : (a) قسریوں کی ایک قسم سے متعلق ۔

Gymnomyxine : (a) (حیوانیات) برہنہ حوینات مجتمع سے متعلق ۔

Gymnopaedic : (a) [Gr.'gymnopaedikos'.] برہنہ لڑکوں کے رقص سے متعلق ۔

Gymnophthalmate/-tous/Gymnoophthalmic/-mous : (a) برہنہ جسم نجم البحر سے متعلق ۔

Gymnopterous : (a) برہنہ بازوؤں والے (حشریات) ۔

Gymnorhinal : (a) برہنہ منخرہ ۔

Gymnosomate/-tous/-mous : (a) برہنہ جسمہ ۔

Gymnosophist : (n) [Fr.'gymnosophiste'.] بیراگی ؛ برہنہ درویش ۔

Gymnosophy : (n) بیراگیوں کا عقیدہ ۔

Gymnosperm : (n) [mod. L.'gymnospermus'.] برہنہ تخم ۔

Gymnospermous/-mal/-mic : (a) دیکھو Gymnogenous

Gymnospore : (a) برہنہ بزرہ ۔

Gymnosporous : (a) برہنہ بزرہ رکھنے والا ۔

Gymnostomous/Gymnostomatous : (a) برہنہ دہانہ ۔

Gymnotetraspermous : (a) برہنہ چہار تخمہ ۔

Gymnotocous : (a) برہنہ اعضائے تناسل والا ۔

Gymnotus : (n) [mod. L.] جنوبی امریکا کی ایل کی طرح کی دریائی مچھلی ۔

Gymnozoidal : (a) برہنہ حوین سے متعلق ۔

Gynaeceum/Gynoecum : (n) [Gr.'gynaekion'.] (۱) زنان خانہ ۔ (۲) (نباتیات) پھول کے وہ اعضا جو مادہ ہونے کی علامت ہیں ؛ بقچہء مادہ ۔

Gynaecica/Gynecic : [Gr. gynaekikos'.] زنانہ امراض سے متعلق ۔

Gynaeco-/Gyneco : جزو ترکیبی بہ معنی " عورت" "مادہ" ۔

Gynaeco-coenic : (a) مشترک عورتیں رکھنے والے ۔

Gynaeco-physiology : (n) نسوانی عضویات ۔

Gynaecocracy : (n) [Fr.'gynecocratie'.] زنان شاہی؛ تریاراج ؛ عورتوں کی حکومت ۔

Gynaecocratic/-al : (a) زنان شاہی سے متعلق ۔

Gynaecological : (a) نسوانی مرضیات سے متعلق ۔

Gynaecologist : (n) نسوانی مرضیات کا ماہر ۔

Gynaecology/Gynecology : (n) علم امراض زناں ؛ نسوانی امراض کا علم ؛ مرضیات نسوانی ۔

Gynaecophore : (n) بعض بےریڑھ کے جانوروں کےنر کی وہ تھیلی جس میں مادہ پیدا ہوتاہے ۔

Gynaecophoric : (a) بےریڑھ کےبعض جانوروں کی اس تھیلی سے متعلق جس میں مادہ پیدا ہوتا ہے ۔

Gynander : (n) [Gr.'gynandros'.] (نباتیات) مادنر نبات ۔

Gynandrian : (a) مادنر نبات سے متعلق ۔

Gynandro- : سابقہ بمعنی "مادنرا" ۔

Gynandromorphism : (n) نرمادہ شکلی ۔

Gynandromorphous : (n) نرمادہ شکلہ ۔

Gynandrophore : (n) وہ مولدہ بردار جس میں بقچہ گل اور حامل زر دونوں ہوتے ہیں ۔

Gynandrous : (a) مادنر ؛ مزدوج ؛ زربقچی ۔

Gynantherous : (a) ایسے پھول جن میں حامل زر بقچہ گل بن جاتے ہیں ۔

Gynarchy : (n) عورت کی حکومت ؛ تریا راج ۔

Gyniolatry : (n) عورتوں کی پرستش ۔

Gyno/Gyn-: جزو ترکیبی بمعنی "بقچہ" عورت" ۔

Gynobase/Gynobasis : (n) بقچہ اساس ؛ بقچہ پا ۔

Gynobasic : (a) بقچہ اساسی ۔

Gynocracy : (n) دیکھو Gynaecocracy

Gynodioecious : (a) مادہ اور نر پھول ایک ساتھ رکھنے والا (پودا) ۔

Gynoecium : دیکھو Gynaeceum

Gynodioecism : (n) نر اور مادہ پھول کا ایک ہی پودے میں ہونا ۔

Gynophore : (n) (نباتیات) تخم داں بردار ؛ مادہ بردار ؛ مادہ ستون ۔

Gynostegium : (n) بقچہ خول ۔

Gynostemium : (n) زربقچہ ؛ نرمادہ کوٹ ۔

-gynous : لاحقہ بہ معنی " جس میں مادہ کے اعضاء ہوں " "بقچی" ۔

Gyp : (n) (۱) (آکسفورڈ کیمبرج) خادم جو بستر درست کرتا ہے ۔ (۲) چور ۔ (۳) فریبی ؛ دھوکاباز ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (٤) کتی ؛ کتیا ۔ (٥) گھڑ دوڑ میں شرکت کرنےوالا ۔

Gyp : (n) [Origin unkn.] مصیبت ۔

Gyp : (n) آبدار کیلشیم سلیکیٹ ؛ کھر یا مٹی ۔

Gyp : (v) سزا دینا ؛ زد وکوب کرنا ۔

Gypseous/Gypsous : (a) [late L.'gypseus'.] جبسی ؛ گچی ۔

Gypsiferous : (a) جبس خیز؛ جبس بردار ۔

Gypsum : (n) [L.'gypsum'.] (۱) آبدار کیلشیم سلیکیٹ ؛ کھریا مٹی ؛ سنگ گچ ؛ جبس ۔ (۲) کھریا مٹی کا کھاد ۔

Gypsum : (v) کھریا مٹی کا کھاد دینا ۔

Gypsy : دیکھو Gipsy

Gyral : (a) گردشی ؛ دوار ۔

Gyrally : (adv.) گردشی طورپر ۔

Gyrant : (a) [L.'gyrant'.] چکر دار ؛ گردندہ ؛ دوار ۔

Gyrate : (a) [L.'gyratus'.] چکر دار ؛ مرغولی ؛ پیچدار ۔

Gyrate : (v) چکر کھانا ؛ گھومنا ؛ گردش کرنا ۔

Gyration : (n) [Late L.'gyratio- '.] گردش ؛ چکر ؛ دورہ ؛ دوراں ۔

Gyrator : (n) گردندہ ۔

Gyratory : (a) گردش کرنےوالا ؛ گھومنے والا ؛ دَوری ؛ گرداں ۔

Gyre : (n) [L.'gyrus'.] (۱) گردش ؛ چکر ؛ دوراں ؛ دور ۔ (۲) حلقہ ؛ دائرہ ؛ بھنور ؛ گرداب ۔

Gyre : (v) [Late L.'gyrare'.] (شعریات) گھومنا؛ گردش کرنا ؛ چکر کرنا ۔

Gyrencephalate/-lous : (a) پیچاں مغزہ ۔

Gyringly : (adv.) چکر کھاتے ہوئے ۔

Gyro- : جزو ترکیبی بہ معنی "گردش ؛ چکر ؛ دور ۔"

Gyro-compass : (n) گردشی قطب نما ؛ حرکت پیما جس سے قطب نما کا کام لیا جائے ۔

Gyro-plane : (n) دوار طیارہ ۔

Gyrogonite : (n) بعض پودوں کا متحجر بیج داں ۔

Gyroidal : (a) گردشی ترتیب والا ؛ چکر دار ؛ پیچدار ۔

Gyroidally : (adv.) گردشی ترتیب کے ساتھ ۔

Gyromancy : (n) [med. L.'gyromantia'.] گردشی تفاعل ۔

Gyron : (n) [OFr.'giron '.] (نقابت) مثلث نما مارکہ ۔

Gyronny : (a) [Fr.'gironne'.] (نقابت) مثلث مارکہ دار ۔

Gyroscope : (n) [Fr.'gyroscope'.] گردش نما؛ آلہ جو سیاروں کی گردش بتاتا ھے ۔

Gyroscopic : (a) گردش نما سے متعلق ۔

Gyrose : (a) [Gyrus+-ose.] (نباتیات) متقابل خم ۔

Gyrostat : (n) گردش قرار ؛ دوار ساکن گر ۔

Gyrostatic : (a) دوار سکونی ۔

Gyrostatically : (adv.) از روئے دوار سکونی ۔

Gyrostatics : (n) دوار سکونیات ؛ گردشیات ۔

Gyrus : (n) [L.] تزرید ؛ تلفیف ؛ لپیٹنا ۔

Gyte : (a) [Origin unkn.] مخبوط الحواس ؛ خبطی ۔

Gytrash : (n) Guytrosh کا مخفف ۔

Gyve : (n)[Origin unkn.] (عموماً جمع میں) ہتھکڑی ؛ بیڑی ۔

Gyve : (v) پابجولاں کرنا ؛ بیڑی ڈالنا ؛ ہتھکڑی پہنانا ؛ زنجیر سے باندھنا ۔

ENGLISH – URDU

DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جامع انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME THIRD

H-N

ENGLISH – URDU DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

انگریزی اردو لغت

VOLUME THIRD

H-N

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

Bureau For Promotion of Urdu
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block I, R. K. Puram, New Delhi- 110066, INDIA

Contents

پیش لفظ

لغت نویسی ہر کسی کے بس کی بات نہیں ۔ بغیر فنی مہارت، ذوق اور خدا داد صلاحیت کے اس میدان میں قدم اٹھانا اپنی توانائیوں کو ضائع کرنے کے مترادف ھے۔ ان دنوں ایک سے زیادہ زبانوں کی لغات کا سلسلہ جاری ھے۔ کثیر لسانی لغات یا ذو لسانی لغت کی تدوین مشکل ترین کاموں میں سے ایک ھے دونوں زبانوں یا کئی زبانوں کے مزاج، آغاز، ارتقاء، ماخذ، صرف و نحو، روز مرّہ، محاورہ، اس کے صوتیاتی نظام و لسانی ہم آہنگی اور اصطلاحات پر قدرت حاصل کئے بغیر ان لغات کی تدوین کا تصور بھی ممکن نہیں ۔ ایک معیاری لغت کو زبان کے ان تمام پہلوؤں کے بارے میں لازمی طور پر صحیح معلومات فراہم کرنا ضروری ہوتا ھے۔ قارئین اس بات کی توقع رکھتے ہیں که لغت ان کی رہنما اور مددگار ھے۔ کسی بھی زبان کے حدود اربع لامحدود ہونے کی صورت میں علاقه واری فرق پیدا ہو جاتے ہیں ۔ لغت نویس کو ان کا بھی خاص خیال رکھنا ضروری ھے۔ اردو میں ذو لسانی لغات کا سلسله عهد قدیم سے چلا آرہا ھے۔ انگریزی اردو لغت کے ابتدائی نقش اٹھارویں صدی عیسوی میں جارج ہیڈلے کے ہاں نظر آتے ہیں ۔ به قول مولوی عبدالحق (بابائے اردو)۔

" اس نے اردو کی صرف و نحو پر ایک کتاب لکھی جس میں انگریزی ہندوستانی لغت بھی شامل ھے"۔ ذو لسانی لغات کے سلسله کو جے فرگوسن، ٹٹکن فوربس، شیکسپیر، پلیٹس، جے۔ بی ۔ گلکرائسٹ اور ڈاکٹر فیلن وغیرہ نے جاری رکھا اور ہندوستانیوں میں امیر خسرو، دوسا بھائی، سہراب جی، عبدالواسع ہانسوی، متھرا پرساد، سدا سکھ لال، انشاءاللّٰہ خان انشاء اور خان آرزو وغیرہ نے اس میدان میں طبع آزمائی کی ۔ عبدالواسع کی "غرائب اللغات" اور خان آرزو کی "نوادر الفاظ" معانی و مفاہیم کے تعین کے اعتبار سے اہم ہیں ۔

زندہ زبان سمندر کی مانند ھے جو ہر نئی موج کے ساتھ نه صرف نیا مواد ساتھ لاتی ھے بلکه اپنے ساحل کو وسیع کرتی چلی جاتی ھے لہٰذا نئے الفاظ کا مسلسل اضافه لغت کو زیادہ کارآمد بناتا ھے۔

مذکورہ بالا مستشرقین اور ہندوستانیوں کے کارناموں کے بعد اس جہت میں مدتوں سناٹا رہا۔ اس دوران انگریزی زبان کی انتظامی اور تعلیمی ضروریات میں اضافه ہوتا رہا۔ ہر جگه اس زبان کے سرمایۂ الفاظ کا دامن وسیع سے وسیع تر ہونے لگا۔

بین الاقوامی سطح پر انگریزی زبان سائنسی، فنی اور انتظامیه کے شعبوں میں زیادہ مقبول ہونے لگی اور انگریزی اردو لغت کی شدید ضرورت کے پیش نظر ایسی لغت کا منصوبه بنایا اور یه لغت آپ کے ہاتھ میں ہے۔

ہندوستانی تہذیبی پس منظر میں انگریزی کے ذریعه مفہوم کی ادائیگی کے لئے اردو الفاظ کے مترادفات، روز مرّہ محاورہ اور اسی معیار کے انگریزی کے مترادفات، الفاظ، روز مرّہ اور محاورہ سے کامل واقفیت اور دونوں زبانوں پر قدرت لازم و ملزوم ہوگئی اور جو لغات انفرادی کوششوں سے تیار کی گئی تھیں وہ بڑی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے ناکافی ثابت ہونے لگیں ۔ اس جہت میں جم کر کام کرنے کی ضرورت تھی ۔ بیسویں صدی کی ابتداء میں ڈاکٹر عبدالحق نے اس ضرورت کو محسوس کیا اور انجمن ترقی اردو سے "انگریزی اردو" اور "اردو انگریزی" لغت کی تدوین کا بیڑا اٹھایا۔ لغت کی تدوین کا کام مکمل کیا اور اپنے ہی ادارہ یعنی انجمن سے دونوں لغات کو شائع بھی کروا دیا۔ اتنے میں ملک کے حالات بدلے۔ ضرورتیں بدلیں ۔ حسب دستور زبانوں کے سرمایۂ الفاظ میں اضافه ہوا۔ سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی نے زبانوں کو وسعت دی ۔ نئی نئی سائنسی اور عملی اصطلاحیں مروج ہوئیں دنیا کی بڑی بڑی زبانوں کے ساتھ اردو اور انگریزی زبان کے ذریعه سے بھی نئے نئے علوم و فنون کی دنیا کے مختلف ممالک میں جو ترقی ہوئی اس نے انگریزی اور دوسری زبانوں کی علمی، فنی اور سائنسی حیثیت کو اور بلند کر دیا۔ اردو پر بھی اسکے اثرات پڑے ۔ ان خوش گوار ترقیوں اور تبدیلیوں کے پیش نظر وقت اور ضرورت کا تقاضه تھا که عبدالحق کی ذو لسانی لغات میں ترمیم و اضافے کا کام جاری رہتا جو انجمن اردو ترقی کی اہم ذمه داریوں میں سے تھا مگر انجمن ترقی اردو نے کبھی اس کی طرف توجه نہیں کی صرف اس کے کئی عکسی ایڈیشن چھاپنے پر اکتفا کیا اور زبانوں کی روز افزوں ترقی کی وجه سے یه لغت قاریوں اور مترجموں

کی ضرورت کو ہر طرح سے پورا کرنے کے قابل نہ رہی۔

مرکزی حکومت کی سرپرستی میں ترقی اردو بورڈ کے قیام کے بعد حکومت ہند اور اراکین بورڈ نے اس کمی کو شدت سے محسوس کیا اور ایک مکمل لغت کا منصوبہ تیار کرلیا۔ بڑے پیمانے پر انگریزی اردو لغت کی تیاری کا خاکہ تیار ہوا۔ متفقہ رائے سے اس کی ادارت کی اہم ذمہ داری پروفیسر کلیم الدین احمد کو سونپی گئی۔ انہیں امدادی عملہ اور دیگر تمام سہولتیں فراہم کردی گئیں۔ انہوں نے پوری لگن اور خلوص کے ساتھ اس کام کی ابتداء کی۔ ان کی قیام گاہ بی۔ 7 کرشناپوری، پٹنہ میں اس کا دفتر قائم کیا گیا۔ 1975 میں پہلی جلد کی تکمیل کے فوراً بعد ترقی اردو بیورو کو اس لغت کی اشاعت کا کام ہاتھ میں لینا چاہئیے تھا مگر بدقسمتی سے اس طرف توجہ نہ کی گئی اور ایک کے بعد ایک جلد مکمل ہوتی گئی لغت کا مسودہ صرف واحد الماری کی زینت بن کر رہ گیا تھا۔

پانچ سال کی مقررہ مدت میں اس کی ساری جلدیں مکمل ہو گئیں لیکن اس کی اشاعت کا مسئلہ جوں کا توں رہا۔ انگریزی اردو لغت کے دور تدوین سے دور اشاعت طویل، انتہائی صبر آزما اور تاریخی واقعہ بن گیا۔ اس لغت کی اشاعت کی داستان الگ سے سنائی جائے گی۔

لغت کی تیاری کے لئے الفاظ کا ماخذ عموماً اخبارات، ہر موضوع پر نئی نئی کتابیں اور علوم کی ترقی کے مضامین ہوتے ہیں۔ یہ میدان الفاظ کا مقام پیدائش ہے جہاں عصری ضرورت اور تقاضے کے مطابق نہ صرف نئے الفاظ جنم لیتے اور پھلتے پھولتے ہیں بلکہ مروج سرمایہء الفاظ کے کچھ حصہ کو متروک کردیا جاتا ہے جس کے کئی اسباب ہیں۔ تناسب کے اعتبار سے نئے الفاظ کی تعداد متروک الفاظ سے بہت زیادہ ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ الفاظ کا خزانہ روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ ہر نئی لغت کا یہ تقاضا ہے کہ نئے الفاظ اور ان کے ممکن مشتقات اور نئی اصطلاحات کو لغت میں ضرور شامل کرے۔ پروفیسر کلیم الدین احمد نے کئی ایسے انگریزی الفاظ اور اصطلاحات کو شامل لغت کیا ہے جن کا اندراج اس لغت کی تیاری کے زمانے کی دوسری لغات میں موجود نہیں تھا۔ یہ ان کا کمال ہے حالانکہ اتنے ذرائع بھی ان کے پاس نہیں تھےجتنے ہر ایک بڑے پروجیکٹ کے لئے درکار ہوتے ہیں۔ وقفہ وقفہ سے مصنفوں کے اظہار بیان کے پیرائے زمان و مکاں کے لحاظ سے بدلتے رہتے ہیں۔ اردو زبان نے بھی عالمی سطح پر ان تبدیلیوں کو بڑی خوبی سے قبول کیا ہے۔ ایک ہندوستانی اردو مصنف اور امریکی یا برطانوی یا عرب میں مقیم اردو مصنف کے انداز بیان اور انتخاب خیال یا مضمون میں نمایاں فرق محسوس کیا جا سکتا ہے۔ معیاری لغت کی تدوین کے دوران لغت نویس ان فطری تبدیلیوں کو بھی سامنے رکھتا اور مستقبل کی ضرورتوں کو محسوس کرتا ہے تاکہ نئے نئے مفاہیم کے زیادہ سے زیادہ قریبی معنی و مفہوم کا اندراج لغت میں کرے۔ اس اعتبار سے یہ لغت ایک کامیاب کوشش ہے خصوصاً مترجموں، مصنفوں، نصابی کتابوں کے مترجموں، سائنس دانوں، زباندانوں، پیشہ وارانہ ماہروں، رپورٹروں، اخبار نویسوں، شعبہء انتظامیہ کےکارکنوں اور صحافیوں کے لئے اندھیرے میں روشنی کا مینار ہے۔

جامع انگریزی اردو لغت میں الفاظ کی ترتیب حروف تہجی کے ساتھ ذیلی اندراجات کی ترتیب بھی حروف تہجی کے مطابق کی گئی ہے۔ لغت نویس نے قدیم اور جدید علوم کے الفاظ کا احاطہ کرنے کی بھر پور کوشش کی ہے لغوی معنی کے ساتھ اس کے اصطلاحی پہلوؤں کو بھی کمال خوبی سے سمیٹ لیا ہے۔ صفحہ 38 جلد اول پر ایک لفظ Accretion (n) ہے اس کے لغوی معانی کا اندراج پہلے کیا گیا ہے اس کے بعد اس لفظ کے مختلف علوم میں مختلف اصطلاحات کےمفہوم کا اندراج ہے۔ درج شدہ مختلف معنی و مفاہیم بہ ظاہر ایک دوسرے سے جدا معلوم ہوتے ہیں مگر بہ باطن ان کے درمیان معنوی رشتہ موجود ہے جس کی وضاحت چابکدستی سے کی گئی ہے۔

Accretion : (n) [L. "accretionem."] (۱) مسلسل نمو؛ ہم نمائی؛ بروز؛ نشو و نما (جو عضوی زوائد کے ذریعہ ہو)

(۲) نمو کا عمل بیرونی اضافے سے۔ (۳) خارجی مادہ یا

اشیاء کا وصل جو زیادتی کا باعث ہو؛ الحاق؛ اضافہ

(خارجی مادہ کا اصل شے میں)؛ وہ شے جو اضافہ

ہوتی ہو؛ زوائد افزونی ۔ (٤) کسی ترکہ یا وراثت
میں اضافہ جو ناکام شریک دار یا شریک موتی الیہ
کے حصہ کو وصل کرنے سے پیدا ہو. (٥) (طب) بڑھاؤ؛
(معاشیات) ایزاد؛ (حیاتیات) تن نزائی؛ (لسانیات)
الحاق؛ (تاریخ و سیاسیات) اضافہ ۔

Artificial accretion (of territory) : (تاریخ و سیاسیات) ارادی اضافہ ۔

Natural accretion : (تاریخ و سیاسیات) قدرتی اضافہ (افزونی)۔

اس لغت کی یہ نمایاں انفرادی خصوصیت ہے جو مترجموں کو تلاش و جستجو کی زحمت سے نجات دلانے کی اور کم وقت میں زیادہ مواد کا ترجمہ صحیح مفہوم کے ساتھ پیش کرنے میں پوری مدد کرے گی ۔

لفظ کے معنی ترجیحی ترتیب سے (١) (٢) (٣) نمبروں سے ظاہر کئے گئے ہیں ۔ انھیں نمبروں کے ساتھ سیمی کولن (؛) موجود ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ نمبر کے مطابق لفظ کے معنی پورے ہوگئے۔ انگریزی الفاظ کی قواعدی صورت، اسم، فعل، متعلق فعل، صفت، حرف ربط وغیرہ کو انگریزی لفظ کے اندراج کے فوراً بعد قوسین میں ظاہر کردیا گیا ہے۔ قواعد کے مشتقات کی فہرست الگ سے درج کردی گئی ہے۔

اس لغت میں کل 84 علوم کی اصطلاحات کی شناخت دی گئی ہے مگر ایسے علوم جنھوں نے زمانۂ قریب میں متعلقاً الگ مضمون کی حیثیت اختیار کی ہے ان کو زیادہ مشہور متعلقہ علوم کے ذیل میں سمولیا ہے۔ جیسے طب کے تحت اس سے متعلقہ شعبہ جات مثلاً:

(1) Pharmacy (2) Embryology (3) Genetics (4) Pharmacology
(5) Neurology

وغیرہ جو اپنا انفرادی وجود منواچکے ہیں ۔ ان کے متعلقہ الفاظ کے معنی اور اصطلاحات کو طب کے عنوان سے شامل کر لیا گیا ہے۔

لغت میں اصطلاحات بہ کثرت موجود ہیں ان اصطلاحات کے اندرجات کا طریقۂ کار یہ ہے کہ پہلے واحد لفظ کے لغوی معنی دیئے گئے ہیں واحد لفظ کے مرکبات، سابقوں، لاحقوں کے جوڑ سے حاصل ہونے والے الفاظ و اصطلاحات اسی واحد لفظ کے ذیلی اندرجات ہیں جیسے ایک واحد لفظ ہے :

Age : (n) (١) عمر؛ سن؛ بڑھاپا وغیرہ ۔
(٢) (تاریخ و ارضیات) زمانہ؛ عہد؛
صدی وغیرہ ۔

Age : (v) بوڑھا کردینا؛ بوڑھا ہوجانا۔

اس کے 39 ذیلی، معنوی و اصطلاحی اندراجات ہیں جنہیں حروف تہجی کی ترتیب سے ص 99 سے 100 تک درج کیا گیا ہے مثلاً:

Admitted age :	تسلیم شدہ عمر۔
Brass age :	(تاریخ) کانسہ کا دور۔
Copper age :	(تاریخ) تانبے کا دور۔
Dark age :	(تاریخ)دور تاریک ۔
Epic age :	(تاریخ) رزمیہ دور؛ ایپک دور۔
Golden age :	سنہرا دور۔
Iron age :	(تاریخ) لوہے کا دور۔
Modem age :	(تاریخ) دور جدید ۔
Over age :	مقررہ عمر سے زائد ۔
Pre-historic age :	(تاریخ) ماقبل تاریخ ۔
Stone age :	(تاریخ) پتھر کا دور۔
Teen age :	(سماجیات) عہد طفلی؛ بچپن کا دور۔
Under age :	مقررہ وقت سے کم عمر؛ خُرد سال ۔ نابالغ؛ صغیر۔

اس کے بعد Age کے دوسرے مرکزی اندراجات دیئے گئے ہیں جیسے :

Age class :	(سماجیات) عمر طبقہ ۔
Age grade :	(سماجیات) درجہ عمر۔
Age limit :	(تاریخ و سیاسیات) عُمر کی قید؛ (انتظامیہ) حد عمر۔

واحد لفظ کے اندراجات کے بعد بالکل اسی نمونہ پر اس لفظ کے جمع کے اندراجات درج ہیں اور پھر اصطلاحات بھی حروف تہجی کی ترتیب سے درج ہیں۔

علمی اصطلاحات کو عام معنی کے برعکس قوسین میں دیا گیا ھے۔ جہاں ایک ہی لفظ الگ الگ علوم میں کئی مفہوم میں مستعمل ھے تو اس کا اندراج، 'و' عطف کی مدد سے کر دیا گیا ھے۔ ص 33 پر ایک عام لفظ Account ہے اس کی قواعدی صورت فعل کے تحت 2 مختلف علوم کی اصطلاحی معنی اور قواعدی حیثیت اسم کے تحت 4 علوم کے اصطلاحی معنی درج ہیں ۔ صرف اس ایک لفظ کے مرکزی اور ذیلی اندراجات ص 38 تک پھیلے ہوئے ہیں جس سے اس لغت کے مکمل پن کا اندازہ لگایا جا سکتا ھے۔ Account کے چند اندراجات کی مثال ملاحظہ کی جا سکتی ھے۔

Account : (v) ['accompatare"] (۱) جاننا؛ سمجھنا؛ خیال کرنا؛ شمار کرنا؛ حساب کرنا؛ حساب لگانا؛ حساب دینا؛ حساب سمجھنا (اس روپئے کا جو امانت کے طور پر ھو) حساب لینا؛ وضاحت کرنا؛ شرح کرنا۔ (۲) جوابدہ ھونا جوابدہی کرنا؛ (کسی طرز عمل کی، ادائے قرض وغیرہ کی)۔ (۳) توجیہ کرنا، سبب بتلانا؛ علت بتلانا؛ سبب ھونا۔ (٤) (شکار کی اصطلاح) نشانہ کرنا؛ گرانا؛ مارنا (شکار کو)۔ (٥) اندازہ لگانا؛ تخمینہ لگانا؛ قیمت لگانا؛

مان لینا؛ کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوچنا؛
(سماجیات) ذمہ داری؛ جوابدہی۔

Account: (n) (۱) شمار؛ گنتی؛ حساب؛ تفصیل۔ (۲) کھاتا؛
حساب کتاب؛ فرد حساب؛ گوشوارہ؛ (کامرس)
کھاتا؛ (معاشیات) حساب؛ کھاتا؛ (سماجیات)
شمار؛ حساب؛ تفصیل۔ (۳) روپئے کے لین دین کا
گوشوارہ تیار کرنا؛ مد حساب (جس کے تحت
کھاتا میں حساب درج کیا جاتا ہے)۔ (٤) فائدہ؛
منافع؛ بیشی؛ کسی کے حق میں حساب کرنا۔
(٥) اپنے اعمال کا جوابدہ ہونا (حشر کے دن)؛
اپنے عمل کا حساب؛ زر امانت کے جمع اور خرچ کا
فرد حساب یا گوشوارہ۔ (٦) (قانون) پروانہ
عدالت یا کاروائی بخلاف اہلکار عدالت یا متولی
یا امین جو حساب کتاب دینے سے انکار کرے۔
(۷) تخمینہ؛ اندازہ؛ اہمیت؛ وقعت؛ توجہ؛
معاوضہ؛ اجر۔ (۸) رپورٹ؛ تعلق؛ کیفیت؛
بیان؛ تعریف؛ ذکر؛ چرچا؛ روداد؛ تفصیل۔

بعض الفاظ کے معنی بہت مفصل ہیں اور سیاق و سباق میں مستعمل تقریبا تمام رنگوں کا احاطہ کرتے ہیں۔

الفاظ کے لسانی ماخذ کی بھی نشاندہی قوسین [ ] کے ذریعہ کردی گئی ہے جن کے مخففات الگ سے دیے دئیے گئے ہیں اور جس کا ماخذ دستیاب نہیں ہو سکا اس کے سامنے Origin unknown لکھ دیا گیا ہے۔

انگریزی میں لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ املا کا رواج رہا ہے جیسے قدیم انگریزی یا امریکی انگریزی کا املا وغیرہ جسے یہاں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے مثلاً :

(1) Abulia /Aboulia (2) Boutten / Botten (3) Carbeling / Carbelling (4) Misselery / Missilry
(5) Molluck / Molluse.

لغت میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی ہے کہ انگریزی زبان کے الفاظ یا اصطلاحات کا اردو متبادل لفظ یا محاورہ دیا جائے لیکن جہاں ضرورت پڑی ہے وہاں انگریزی لفظ کے معنی بیانیہ انداز سے دیئے گئے ہیں۔

مسودہ کی تیاری کا دفتر پروفیسر کلیم الدین احمد کی قیام گاہ کرشنا پوری۔ بی 7 پٹنہ کے باہر والے ایک وسیع کمرہ میں قائم کیا گیا تھا جس میں لغت منصوبہ کا متعلقہ عملہ اور کلیم الدین احمد صبح دس بجے سے شام کے پانچ بجے تک تدوین لغت کے کام میں مصروف رہتے دیوار کی دونوں جانب الماریاں اور ریک لگا دیئے گئے تھے جس میں مطالعہ کی اور حوالہ کی ساری کتابیں، نایاب لغات دیگر ساز و سامان بڑے سلیقے سے رکھا ہوتا تھا اور مسودہ کے تیار شدہ حصے بڑی احتیاط سے الماری یا ریک میں رکھ دیئے جاتے تھے۔

5/ اگست 1975 کو پٹنہ سے ہوکر بہنے والی گنگا ندی میں زبردست سیلاب آیا ایک روایت کے مطابق سیلاب کے شروع ہوتے ہی پروفیسر کلیم الدین احمد صاحب نے خطرے کا احساس کرتے ہوئے ریک اور الماریوں کے اندر اور اوپر کتابیں رکھی ہوئی تھیں ان میں سب سے اوپر لغت کا مسودہ رکھوا دیا اور خود گھر کی بلائی منزل پر ایک نیم تعمیر شدہ کمرے میں پناہ گزیں ہوگئے۔ تقریباً 21 دن تک سیلاب کی یہی حالت رہی ۔ لوگوں کے گھروں کا سارا اثاثہ تباہ و برباد ہوگیا۔

انھوں نے اپنے گھر کی ساری چیزوں، نایاب کتابوں، اپنی سوانح حیات کی تیسری جلد، شاد عظیم آبادی کے ہاتھ کی تحریروں وغیرہ سب پر لغت کے مسودہ کو ترجیح دی اور اسکی حفاظت کا پورا پورا انتظام کیا۔ تین دن وہ اسی نیم تعمیر شدہ کمرے میں بھوکے پیاسے مقیم رہے۔ تیسرے دن ڈاکٹر ممتاز احمد اور پرنسپل کالج ڈاکٹر پی ۔ این ۔ شرما جی نے ناؤ کے ذریعہ پروفیسر کلیم الدین کو ان کے آبائی مکان میں منتقل کیا۔

ساری نایاب کتابیں سیلاب میں تباہ و برباد ہو گئیں اور انگریزی اردوو لغت کے مسودہ کا کچھ حصہ سیلاب کی نذر ہو گیا جسے پروفیسر صاحب نے دوبارہ تیار کیا۔

لغت کو شائع شدہ حالت میں دیکھنے کا جو اشتیاق تھا اس کا بیان الفاظ کے ذریعہ نا ممکن ہے مجھے افسوس ہے کہ باوجود کوشش کے لغت کا کوئی حصہ پروفیسر کلیم الدین احمد متوفی ١٩٨٤ء یا ان کی بیگم مسز زہرہ کلیم کی زندگی میں شائع نہ ہو سکا۔ لغت کی تیاری کسی ایک فرد کا کارنامہ نہیں ہو سکتی ۔ اس لغت کی تیاری میں جن اصحاب نے سب ایڈیٹر، ریسرچ آفیسر، ریسرچ اسسٹنٹ یعنی مختلف حیثیت سے مختلف اوقات میں پروفیسر کلیم الدین احمد صاحب کی مدد کی ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں :

پروفیسر عطاءالرحمن عطا کاکوری ۔ پروفیسر ممتاز احمد ۔ پروفیسر محمد صدیق

-------- x --------

سید عبدالحامد خاں ۔ محمد کمال الدین ہاشمی ۔ مصطفی کمال ہاشمی

-------- x --------

رضوان احمد خاں ۔ ممتاز احمد خاں

بشیر الدین احمد ۔ ناصر رضا خان جلالی

کاظم حسین ۔ شمیم احمد صدیقی وغیرہ

ابتداء میں اس لغت کو پانچ جلدوں میں تقسیم کیا گیا تھا مگر اشاعت کے مرحلے میں یہ تقسیم بہ اعتبار ضخامت بدلنی پڑی ۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ کوئی بھی حرف ٹوٹ کر دو جلدوں میں نہ جائے بلکہ اس کے کل اندراجات کسی بھی ایک جلد میں ہوں ۔ ہر جلد کی ضخامت 1400 صفحات سے زیادہ نہ ہو۔ جلد اول انگریزی کے حروف تہجی A - B - C پر مشتمل ہے۔ D سے دوسری جلد شروع ہوتی ہے اندازہ ہے کہ یہ لغت چھ جلدوں پر مشتمل ہوگی جس میں تقریباً ڈھائی لاکھ انگریزی الفاظ اس سے متعلق محاورات اور روزمرہ کے معنی 84 علوم کی اصطلاحات کے ساتھ دیئے گئے ہیں ۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے جس نے اتنی بڑی تعداد میں الفاظ اور اصطلاحات کے معنی اردو میں دیئے ہیں۔

لغات کی پروف خوانی ایک نازک معاملہ ہے پوری توجہ انہماک اور احتیاط سے اس ذمہ داری کو نبھانا پڑتا ہے۔ خصوصاً ذو لسانی لغت کی پروف خوانی میں دو گنی محنت اور احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس جلد کی آخری پروف

خوانی کا کام مسز مہ جبیں اختر، ریسرچ اسسٹنٹ کے ذمہ رہا۔ انہوں نے جانفشانی محنت اور لگن سے اس ذمہ داری کو نبھایا ہے۔

کوئی بھی انسانی کام مکمل یا حرف آخر نہیں ہوتا باوجود انتہائی احتیاط کے بھی کوئی نہ کوئی کسر یا کمی باقی رہ جاتی ہے۔ اس لغت میں ایسی کوئی کمی نظر آئے تو میری دوستوں سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ وہ بلاتکلف اس کے بارے میں میرے دفتر کو لکھیں تاکہ غیر مطبوعہ جلدوں میں اور اس لغت کے آئندہ ایڈیشن میں تلافی کی کوشش کی جا سکے۔

پہلی جلد کے بعد تیسری جلد کا تحفہ اردو دنیا کو مرکزی حکومت ہند، محکمۂ تعلیم، شاستری بھون، ترقی اردو بورڈ اور ترقی اردو بیورو کی طرف سے پیش کرتے ہوئے مجھے فخر اور انتہائی مسرت محسوس ہو رہی ہے۔ دوسری اور چوتھی جلد کی پروف خوانی ہو رہی ہے۔ وہ جلد شائع کر دی جائیں گی ۔

اس تحفہ کو پیش کرنے کی کوشش تقریباً پندرہ سال سے ہو رہی تھی مگر اس کی طباعت کا خاطر خواہ انتظام ہندوستان کے کسی بھی پریس میں ممکن نہ ہو سکا جو اس کی اشاعت کی تاخیر کا واحد سبب بنا A B C پر مشتمل پہلی جلد 1994ع میں شائع ہوگئی ہے دوسری اور چوتھی جلد کی پروف کا کام بھی آخری مرحلے میں ہے۔ تیسری جلد شائع کرنے میں جناب ویر پال سنگھ مالک پریس نرائن اینڈ سنز کی جانفشانی، خلوص، قابل قدر ہے ان کی انتھک کوشش کی وجہ سے یہ جلد شائع ہوسکی ۔ سب کی متفقہ محنت اور خلوص کی بدولت یہ لغت ترقی اردو بیورو کی الماری سے نکل کر دنیا کے کتب خانوں کی زینت بننے کے قابل ہوگئی ہے۔ میں ہر ایک کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتی ہوں اور بے انتہا خوش ہوں کہ راہ ہموار کرنے کی ساری مشکلیں دور ہوگئیں، راستے کے پتھر کھسک گئے کانٹے ختم ہوگئے۔ باقی جلدیں بھی جلد شائع ہونے کی امید ہے۔

اپنے دفتر کے عملہ کا اور دفتر سے باہر کے ان تمام حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اس لغت کی اشاعت کے سلسلہ میں مدد فرمائی ۔

فہمیدہ بیگم

ڈائریکٹر، ترقی اردو بیورو

ویسٹ بلاک - ۱، آر کے۔ پورم، نئی دلی ۱۱۰۰٦٦

۲/ ستمبر ۱۹۹۵ ع

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

Abbreviation	Meaning
a.	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev.	...abbreviation, abbreviated
abstr.	...abstract
ad.	...adaptation of
adj.	...adjective
adv.	...adverb
AF (r).	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...archaic
A. V.	...Authorised version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N. Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt	...Celtic
Cf. cf.	...Confer, Compare
Cl. L. Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjuction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...from of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H. G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M. Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle high German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and Modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N. O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N. S. W.	...New South Wales
N. T.	...New Testament
N. W.. n.w. N. Z.	...north-west,-western
N. Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscence, -ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo-saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O Pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL. -Oslav.	...Old Slavonic
Osp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
O T.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa. t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash	...refashioned
Rom	...Roman. 1
Rum	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U. S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, West, western
WFr.	...West French
W Fris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind.,W. Indies	...West Indies
W. S.	...West Saxon
WycL.	...Wyclif
YMCA	...Young Men's Christia Association
Yr.	...Year
Yrbk	...Year book
YWCA	...Young Women's Christiar Association
Zool	...Zoological, Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

Acoustics	سمعیات	Geography	جغرافیہ
Administration	انتظامیہ	Geology	ارضیات
Aeronautics	طیرانیات	Geometry	ہندسہ
Agriculture	زراعت	Grammar	قواعد
Anatomy	تشریح	Heraldry	نقابت
Anthropology	بشریات	History	تاریخ
Archaeology	اثریات	Horology	ساعت شناسی
Architecture	تعمیرات	Jewellery	جواہرات
Astrology	علم النجوم	Law	قانون
Astronomy	فلکیات	Linguistics	لسانیات
Bacteriology	جرثومات	Logic	منطق
Biology	حیاتیات	Mathematics	ریاضیات
Bleaching	سفید کاری	Mechanics	میکانیات
Botany	نباتیات	Medicine	طب
Chemistry	کیمیا	Metallurgy	فلزیات
Colloquial	روز مرّہ	Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Commerce	تجارت	Meteorology	موسمیات
Conchology	صدفیات	Military	فوج
Crystyllography	قلمیات	Minerology	معدنیات
Cytology	علم خلیات	Mining	کان کنی
Dentistry	دندان سازی	Music	موسیقی
Dynamics	حرکیات	Mythology	اساطیر
Ecclesiastical	کلیسائی	Natural history	تاریخ طبیعی
Economics	معاشیات	Nautical	بحری
Education	تعلیمیات	Nonce-word	یک وقتی لفظ
Electricity	برقیات	Optics	بصریات
Engineering	انجینیئرنگ	Ornithology	طیوریات
Entomology	حشریات	Palaeontology	فوسلیات
Ethics	اخلاقیات	Pathology	مرضیات
Fishery	ماہی گیری	Philosophy	فلسفہ
Fortification	قلع بندی	Phonetics	صوتیات
Forestry	جنگلات	Photography	فوٹو گرافی
Gardening	باغبانی	Physics	طبیعیات

Physiology	عضویات	Sociology	سماجیات
Politics	سیاسیات	Statics	مسکونیات
Printing	طباعت	Statistics	شماریات
Prosody	عروض	Surgery	جرّاحی
Psycho-analysis	تحلیل نفسی	Surveying	پیمائش
Psychology	نفسیات	Telegraphics	تلغرافی
Radiology	شعایات	Theology	دینیات
Rhetric	علم البدیع	Veterenary	بیطاری
Slang	عامیانہ	Zoology	حیوانیات
Smelting	تصفیہ		

H

H . (۱) انگریزی حروف تہجی کا آٹھواں حرف ۔ (۲) جرمن نظام موسیقی میں B سُر ۔ (۳) (ریاضیات) احصائے تفرقی میں خفیف زیادتی ۔ (٤) (قلمیات) l' k' h مختلف سطحوں کی حالت کو ظاہر کرتا ہے ۔

H ' : He کا مخفف جب یہ حرف علت کے پہلے ہوتا ہے ۔

Ha ; (Interj.) (کلمہ فجائیہ) (اظہار تعجب ، شبہہ ، خوشی یا کامیابی وغیرہ کے لئے) (تعجب) اخاہ ؛ اوھو ؛ ہائیں ؛ ارے ؛ (مسرت) واہ واہ ؛ اھاھاھا ؛ سبحان اللّٰہ ؛ مرحبا ؛ (شک) جی ہاں ؛ کیا ؛ واللّٰہ ؛ کیا خوب ؛ (فخر) وہ مارا ؛ اھاھاھا ۔

Ha/Hah : (v) شش و پنج میں "ایں" کہنا ۔

Ha : (pron.) وہ عورت ۔

Ha/Ha : Have کی تخفیف شدہ شکل ۔

Ha' : (n) (۱) بڑا کمرہ ؛ بڑا دالان ۔ (۲) تعلقدار یا زمیندار کا مکان ۔ (۳) (یونیورسٹی) تعلیم گاہ یا درس گاہ جس کا منتظم ہو مگر فیلو نہ ہو ۔ (٤) (انگلستان کے کالجوں وغیرہ میں) کھانے کا کمرہ ؛ اس کمرے میں کھانا ۔ (٥) پیشہ وروں کی برادری کی جلسہ گاہ ۔ (٦) بڑا کمرہ جس میں عام جلسے وغیرہ ہوتے ہیں ۔ (۷) ڈیوڑھی ۔

Ha' -Bible : (n) بڑے سائز کی انجیل جو بڑے کمرے میں رکھی رہتی تھی ۔

Haaf : (n) (جزائر شٹلینڈ اور اور کنی میں) گہرے سمندر میں ماہی گیری کا خطہ ؛ ماہی شکار گاہ ۔

Haar : (n) دھند شمالی ؛ دھند بحری ۔

Habeas corpus : (n) پروانہء حاضری ملزم ؛ وہ تحریری حکم جس کے ذریعہ سے ملزمین کو اصالتاً عدالت کے سامنے پیش کرنے کے لئے ہدایت کی جائے ؛ ملزمین پر باقاعدہ مقدمہ چلانے کی غرض سے ان کو عدالت یا حاکم کے سامنے پیش کرنے کا حکم نامہ ؛ (خصوصاً) ملزمین کو حراست میں رکھنے کا قانون ۔

Habeas Corpus Act : (n) قانون لزوم تحقیقات ملزم ؛ وہ قانون جس کی رو سے پروانہء حاضری ملزم جاری ہوتا ہے (اجراء سنہ ۱٦۷۹ بہ عہد چارلس دوم) ۔

Habendum : (n) قانونی دستاویز کا وہ حصہ جس سے یہ واضح ہو کہ کونسی جاگیر عطا کی گئی ۔

Haberdasher : (n) (۱) خوردہ فروش ؛ بزاز ؛ بساطی ۔ (۲) ٹوپی ، ہیٹ و غیرہ بنانے اور بیچنے والا ۔

Haberdashery : (n) (۱) خوردہ فروشی ؛ بزاز یا بساطی کی دکان ۔ (۲) وہ چیزیں جو بزاز یا بساطی وغیرہ بیچتے ہیں ۔

Habergeon/Haubergeon : (n) بے آستینوں کی زرہ ؛ گلے اور سینے کا بکتر ۔

Habile : (a) ہوشیار ؛ ہنرمند ؛ استاد ؛ ماہر ۔ (۲) چابکدست ؛ چست و چالاک ؛ تیز ۔

Habiliment : (n) (۱) (جمع) کسی خاص تقریب یا موقع کے لئے خاص پوشاک ۔ (۲) (مزاحاً) معمولی ۔ (۳) (واحد) لباس ؛ پوشاک ؛ آرائشی سازوسامان ۔

Habilimented : (a) ملبوس ۔

Habilitate/Abilitate : (a) (۱) کسی عہدے یا ملازمت کے لئے خود کو تیار کرنا ۔ (۲) (کان میں) کام کرنے کے لئے کافی سرمایہ لگانا ۔

Habitation : (n) (۱) گھر ؛ مسکن ؛ بیت ؛ خانہ ؛ مکان ؛ مقام ؛ استھان ۔ (۲) پر مروز لیگ کی شاخ ۔ (۳) نو آبادی ۔ (٤) سکونت ۔

Habited : (a) (۱) آباد ۔ (۲) ملبوس ۔

Habitual : (a) (۱) معمولی ؛ ہمیشہ کی ؛ دائمی ؛ مستقل ۔ (۲) مسلسل ؛ مدامی ۔ (۳) عادی ؛ پرانا ۔

Habitual : (n) عادی مجرم ؛ نشہ باز ۔

Habitual abortion : (n) متوالی اسقاط ۔

Habitual criminal/-offender : (n) عادی مجرم ۔

Habitualize : (v) عادی بنانا ۔

Habitually : (adv.) عادتاً ؛ معمولاً ؛ مستقلاً ؛ دائماً ۔

Habitualness : (n) عادی ہونا ؛ عادت ؛ معمول ۔

Habituate : (v) (۱) عادی کرنا ؛ (کسی کام یا بات کی) عادت ڈالنا ؛ خوگر کرنا ؛ سدھانا ۔ (۲) اکثر یا عادتاً جانا ؛ باربار جانا ۔

Habituation : (n) اعتیاد ؛ معتاد سازی ؛ خوگری ؛ خوپذیری ؛ عادی کرنا ، بنانا یا ہونا ۔

Habituative : (a) (قواعد میں) اعتیادی ۔

Habituade : (n) (۱) عادت ؛ خصلت ؛ خو ؛ رجحان ؛ طبیعت ؛ میلان ؛ رغبت ۔ (۲) دماغی یا جسمانی ساخت ۔ (۳) روش ؛ دستور ؛ مستقل طریق عمل ؛ عام اندازہ ؛ رواج ؛ رسم ؛ ریت ۔

Habitue : (n) (۱) ہمیشہ آنے جانے والا ۔ (۲) منشیات کا عادی ۔

Habitus : (n) (۱) جسمانی یا ذہنی ساخت ۔ (۲) (حیوانیات و نباتیات) طریق نشوونما ؛ روش ۔

Haboob : (n) جھکڑ ؛ ہبوب ۔

Habilitation : (n) (۱) کان میں سرمایہ لگانا ۔ (۲) آمادگی ؛ آباد کاری ؛ عہدے کی تیاری ۔

Habilitator : (n) (کان کا) سرمایہ کار ۔

Hability : (n) دیکھو Ability

Habit : (n) (۱) لباس ؛ پوشاک ۔ (۲) خاص قسم کا لباس ۔ (۳) کسی خاص عہدے یا پیشے کا لباس خصوصاً پادریوں کا ۔ (٤) گھڑ سواری کا لباس ۔ (٥) جسمانی حالت یا کیفیت ۔ (٦) (حیوانیات و نباتیات) طریق نشوونما ؛ روش ؛ خصوصیت ؛ خصلت ؛ خو ۔ (۷) عادت ؛ خصلت ؛ طبیعت ۔ (۸) دستور ؛ رسم و رواج ۔

The habit : راہبوں کا سلسلہ یا پیشہ ۔

Habit : (v) (۱) لباس پہنانا ۔ (۲) رہنا ؛ بسنا ؛ سکونت اختیار کرنا ۔

Habit-forming : (a) عادت ڈالنے والا ۔

Habitable : (a) قابل سکونت ؛ قابل بودو باش ؛ رہنے کے لائق ۔

Habitableness/Habitability : (n) سکونت پذیری ؛ قابل بود و باش ہونا ۔

Habitably : (adv.) قابل سکونت طور پر ۔

Habitance : (n) مسکن ۔

Habitancy : (n) (۱) سکونت ۔ (۲) رہنے والے ۔

Habitant : (a) رہنے والا ۔

Habitant : (n) (۱) باشندہ ؛ ساکن ؛ رہنے والا ؛ باسی ۔ (۲) کناڈا کا فرانسیسی باشندہ ۔

Habitat : (n) (۱) (نباتیات) جائے روئیدگی ؛ مسکن ۔ (۲) (حیوانیات ، نباتیات) طبعی مسکن ؛ وطن ؛ جائے اصلی ؛ پودے یا جانور کی پیدائش کی اصلی جگہ ؛ زاد بوم ۔ (۳) گھر ؛ وطن ۔

Habu : (n) ایک زہریلا سانپ ۔

Hache : (a) قیمہ کیا ہوا ۔

Hachure : (n) خطوطی سایہ ؛ وہ خطوط جس سے نقشہ کشی میں ڈھال ہلکے رنگ میں ظاہر کئے جاتے ہیں ؛ خطوط نشیب ۔

Hachure : (v) خطوطی سایہ بنانا ۔

Hacienda : (n) جاگیر ؛ جانداد مزرع یا کھیت جس میں مکان بھی ہو (ہسپانیہ اور ہسپانوی مستعمرات میں) ؛ (امیروں کا) دیہات میں مکان ۔

Haciendado : (n) جاگیر یا مزرع کا مالک (جس میں مکان بھی ہو) ۔

Hack : (n) (۱) کدال کی قسم کا اوزار ۔ (۲) کان کنوں کا اوزار ۔ (۳) کاری زخم ؛ عمیق زخم ؛ گہرا گھاؤ ؛ غار ؛ زخم (خصوصاً) جو بوٹ کی ٹھوکر سے ہوا ہو ۔ (٤) بولنے میں رکاوٹ ۔ (٥) سوکھی کھانسی ۔ (٦) کوشش ۔ (۷) پریشانی کی حالت ۔ (۸) نظر بندی (بحریہ کے افسروں کی بطور سزا) ۔

Hack : (n) (۱) وہ تختہ جس پر شکرے یا باز کے لئے گوشت رکھا جائے ۔ (۲) اینٹیں خشک کرنے کا چوبی چوکھٹا ۔ (۳) ایک قسم کی بندوق (سولہویں صدی کی) ۔

To live at hack and manger : خوش حالی سے بسر کرنا ۔

Handmaid : (n) (۱) خادمہ ؛ کنیز ؛ لونڈی ؛ باندی ۔ (۲) (مجازاً) تابعدار ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔

Handmaiden : (n) خادمہ ؛ کنیز ؛ لونڈی ؛ باندی ۔

Hands down : (adv.) آسانی سے بغیر اعتراض کے ۔

Hands down : (a) (۱) آسان ۔ (۲) بے شبہ ؛ بے اختلاف ۔

Hands off ! : خبردار جو ہاتھ لگایا ۔

Hands up ! : ہاتھ اُٹھاؤ (یعنی ہاتھ اٹھاکر خاموش کھڑے رہو) ؛ مزاحمت نہ کرو ۔

Handsel/ Hansel : (n) (۱) نو روز کا تحفہ ؛ وہ تحفہ جو کسی نئے دور کے شروع ہونے پر دیا جائے ۔ (۲) بیعانہ ۔ (۳) آنے والے تغیر کا نمونہ ۔

Handsel : (v) (۱) نئے دور کی تہنیت میں تحفہ دینا ۔ (۲) افتتاح کرنا (کچھ رسوم کے ساتھ) ۔ (۳) کسی نئی چیز کی سب سے پہلے آزمائش کرنا ۔

Handsel Monday : (n) سال کا پہلا سوموار جس دن نو روز کا تحفہ دیاجاتا ہے ۔

Handshake : (n) مصافحہ ۔

Handshaker : (n) (۱) ظاہری شناسائی سے فائدہ اٹھانے والا ۔ (۲) لوگوں سے ملنے جلنے کا شوقین ۔

Handsome : (a) (۱) خوبصورت ؛ خوبرو ؛ خوشرو ؛ خوشنما ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع ؛ شکیل ؛ جمیل ؛ حسین ؛ قبول صورت ؛ انوپ ۔ (۲) فیاضانہ ؛ مہربانی کا ؛ اچھا ؛ عالی ظرفی کا (برتاؤ وغیرہ) ۔ (۳) معقول ؛ کافی ؛ اچھی خاصی ؛ کثیر (رقم ، قسمت وغیرہ) ۔

Handsome/Handsomely : (adv.) (۱) خوبصورتی سے ؛ عالی ظرفی سے ؛ فیاضی سے ؛ کافی مقدار میں ۔ (۲) آہستہ سے احتیاط سے ۔

Handsomeness : (n) حسن ؛ خوبصورتی ؛ خوبی ؛ معقول مقدار میں ہونا ۔

Handspike : (n) شام لگاہوا ڈنڈا (جو توپ خانے اور جہاز میں بطور بیرم وغیرہ کے استعمال ہوتا ہے) ؛ دستی بیرم ۔

Handspike-ring : (n) توپ گاڑی کے نچلے حصے کا انگشتانہ (جس میں دستی بیرم لگایا جاتا ہے) ۔

Handspoke/-spake/-spaik/-spike : (n) لکڑی کی سلاخ جس کو ہاتھ میں لے کر چلتے ہیں ۔

Handstroke : (n) گرجا میں گھنٹی بجانے والے کا رسی کا کھینچنا ۔

Handy : (a) (۱) موجود ؛ تیار ۔ (۲) برتنے میں سہل ؛ سبک ۔ (۳) سبک دست ؛ باسلیقہ ۔ (٤) ہرفن مولا ۔

Handy-dandy : (n) بچوں کا ایک کھیل جس میں کوئی چیز جلدی سے ہاتھ میں چھپا دیتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں کہ چھپی ہوئی چیز کون سی مٹھی میں ہے ۔

Handy-man : (n) ہر کارہ ؛ ہرفن مولا ؛ وہ ملازم جو متفرق کام کرے ۔

Handy-pandy : (n) دیکھو Handy-dandy

Hang : (v) (۱) آویزاں کرنا ؛ ٹانگنا ؛ لٹکانا (کھونٹی ، کیل وغیرہ سے) ۔ (۲) (گوشت وغیرہ) خشک کرنے یا نرم کرنے کے لئے لٹکانا ۔ (۳) دیوار پر (تصویر) لگانا یا لٹکانا ۔ (٤) دیوار پر (ابری یا کاغذ) چسپاں کرنا ۔ (٥) (مکان میں) گھنٹی لٹکانا ۔ (٦) معلق کرنا ؛ ادھر میں لٹکانا ؛ (دروازوں کا قبضوں پر اور پلنگ کا کمانیوں پر) قائم کرنا یا اٹکانا ۔ (۷) پھانسی دینا ؛ سولی دینا ؛ دارپر کھینچنا ؛ پھانسی لگاکر خود کشی کرنا ۔ (۸) سر جھکالینا (شرم وغیرہ سے) ۔ (۹) لٹکنا ؛ معلق ہونا ؛ لٹکا رہنا ؛ آویزاں ہونا ؛ لٹکا رہنا ؛ پھانسی پانا ؛ (مجازاً) معلق ہونا فیصلہ نہ ہونا ؛

منڈلانا ۔ (۱۰) تصویروں ، قندیلوں وغیرہ سے آراستہ کرنا ۔ (۱۱) گھوڑا دبانے کے بعد گولی کا دیر سے چلنا ۔ (۱۲) جھکنا ؛ خمیدہ ہونا ۔ (۱۳) (دوسرے پر) بھروسہ کرنا ؛ سہارا ڈھونڈنا ؛ مضبوطی سے گرفت کرنا ۔ (۱۴) چپکے رہنا ۔ (۱۵) دست نگر ہونا ۔ (۱٦) شك میں ہونا ؛ مذبذب ہونا ۔ (۱۷) (موسیقی) طول کھینچنا ۔

To hang in the air : نامکمل ، غیر مستند ہونا ۔

To hang in the balance : مشکوك ہونا ۔

To hang the head (down) : شرم وغیرہ سے سر جھکالینا ۔

To hang the groin, a leg : : پس و پیش کرنا ؛ رك جانا ؛ آگے نہ بڑھنا ۔

To hang a jury : (۱) جیوری کا متفق نہ ہونا ۔ (۲) جیوری کو متفق نہ ہونے دینا ۔

Hang : (n) (۱) خم ؛ جھوك ؛ جھکاؤ ؛ ڈھال ۔ (۲) لٹکنے کا انداز ۔ (۳) لٹکی ہوئی چیز ۔ (٤) گُر ۔ (٥) بچکچاہٹ ۔

Not a hang : کچھ نہیں ، ذرہ برابر بھی نہیں ۔

To get the hang of : واقف ہونا ؛ اٹکل پانا ؛ آگاہ ہونا ؛ سمجھنا ؛ گر سمجھ لینا ؛ قابو پانا ۔

Hang- : جز و ترکیبی کی طرح سے استعمال ہوتا ہے ۔

Hang about : (v) آس پاس ٹہلتے رہنا ؛ چکر کاٹتے رہنا ۔

Hang back : (v) جھجکنا ؛ رکنا ؛ چلتے چلتے رك جانا ۔

Hang-bird : (n) ایك چڑیا جو آویزاں گھونسلا بناتی ہے ۔

Hang-dog : (n) کمینہ ؛ رذیل ؛ ذلیل ؛ خوشامدی ۔

Hang-dog : (a) کمینہ پن کا ؛ ذلیل ؛ خوشامد کا ۔

Hang man : (n) جلاّد ۔

Hang manship : (n) جلادی ؛ جلادی کا پیشہ ۔

Hang -nail: (n) کٹنا (ناخن کی جڑ کے پاس مہین کھال کا ٹکڑا جو الگ ہوجاتا ہے مگر جس کا ایك سرا لگا رہتا ہے) ۔

Hang off : (v) پیچھے رہ جانا ۔

Hang on : (n) (۱) دست نگر ہونا ؛ طفیلی ہونا ۔ (۲) آسرا رکھنا ؛ بھروسا رکھنا ؛ تکیہ کرنا ۔ (۳) توجہ کرنا ۔ (٤) چمٹا رہنا ۔ (٥) ستاتے رہنا ؛ مریض بنے رہنا ۔ (٦) (آواز کا) بجتے رہنا ۔

Hang out : (v) (۱) (کھڑکی وغیرہ سے) کسی چیز کا باہر لٹکانا ۔ (۲) نیچے جھکا رہنا یا نکلا رہنا ۔ (۳) (عام) رہنا ؛ اقامت پذیر ہونا ۔ (٤) علامتی تختی لٹکانا ۔

Hang over : (v) نامکمل رہ جانا ۔

Hang together : (v) (۱) مربوط رہنا ۔ (۲) ساتھ رہنا؛ مل جل کر رہنا ۔

Hang up : (n) (۱) لٹکانا ؛ آویزاں کرنا ۔ (۲) (مجازاً) الگ کرنا ؛ بالائے طاق رکھنا ۔ (۳) کھٹائی میں ڈالنا ؛ ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا ۔

To hang up (one's sword, gun etc.) (بندوق ، تلوار و غیرہ کا) استعمال نہ کرنا ۔

To hang up one's hat : سسرال میں رہنا ؛ گھر جمائی ہونا ؛ خانہ داماد ہونا ۔

Hang-up : (n) (۱) درخت جو ٹوٹ کر دوسرے درخت میں پھنس گیا ہو ۔ (۲) سد راہ ۔

Hangar : (n) (۱) چھپر ۔ (۲) طیارہ گاہ ۔

Hangar : (v) (ہوائی جہاز کو) طیارہ گاہ میں رکھنا ۔

Hanged : (a) (۱) پھانسی پایا ہوا ۔ (۲) لعنت ۔

Hanger : (n) وہ جنگل جو ڈھلوان پہاڑی پر ہو ۔

Hanger : (n) (۱) لٹکانے والا ؛ لٹکنے والا ؛ پھانسی دینے والا ۔ (۲) کڑا وغیرہ جس میں کوئی چیز لٹکائی جائے ۔ (۳) وہ زنجیر یا رسی جس سے دیگچی چولہے پر لٹکائی جائے ۔ (٤) (لکھنے میں) دو خمہ شوشہ ؛ وہ شوشہ جس میں دو خم ہوں (جیسے S)۔ (٥) نمائش میں تصویروں کو منتخب کرکے لٹکانے والا ۔ (٦) لٹکی ہوئی چیز۔

Hanger : (n) چھوٹی تلوار ؛ نیمچہ ؛ چھرا ۔

Hanger-on : (n) دست نگر ؛ طفیلی ؛ حاضر باش ؛ حاشیہ نشیں۔

Hangfire : (n) گھوڑا دبانے کے بعد گولی چلنے میں تاخیر۔

Hanging : (n) (۱) لٹکانا ؛ لٹکنا ؛ پھانسی پانا ؛ پھانسی دینا ۔ (۲) (جہاز سازی) انحناء۔ (۳) آویزاں۔ (٤) دیوار کے پردے ؛ چھت گیری ۔ (٥) ڈھلوان۔

Hanging : (a) (۱) آویزاں۔ (۲) آگے کو نکلا ہوا ؛ کھڑا ڈھلوان۔ (۳) منہ لٹکائے ہوئے ۔ (٤) پھانسی دینے والا ۔ (٥) بہت اہمیت رکھنے والا ۔

Hanging-ball : (n) (گولف) ڈھلوان پر پڑی ہوئی گیند ۔

Hanging-buttress : (n) (تعمیرات) پشتہ جو توڑے کے سہارے بنا ہوا ہو۔

Hanging coal : (n) (کان کنی) کھدان پر لٹکا ہوا کوئلہ۔

Hanging comittee : (n) وہ مجلس جو اس کا فیصلہ کرتی ہے کہ نمائش میں کون سی تصویریں رکھی جائیں ؛ مجلسِ انتخاب تصویر ۔

Hanging-gale : (n) بقایا کرایہ یا لگان۔

Hanging gardens : (n) بابل کا معلق باغ ۔

Hanging-head/-post/-stile: (n) عمودی چوکھٹ ۔

Hanging-moss : (n) درخت کی شاخوں سے لٹکی ہوئی کائی ۔

Hanging sleeve : (n) کھلی ہوئی آستین۔

Hanging valve : (n) ایک قسم کا قبضہ دار صمام۔

Hangout : (n) (۱) اقامت گاہ ۔ (۲) گھٹیا قسم کی تفریح گاہ ۔

Hangover : (n) (۱) پس ماندہ ۔ (۲) خمار (مے نوشی ، منشیات وغیرہ کا) ؛ ناگوار اثر مابعد ۔ (۳) (بھونپو میں) آواز کا بے جا طول کھینچنا ۔

Hank : (n) (۱) لچھا ؛ انٹی ؛ پھینٹی ؛ (خصوصاً وہ جس میں ۸٤۰ گز سوت اور ٥٦۰ گزاون کا تاگا ہو)۔ (۲) (جہاز رانی) بادبان گیر ؛ رسی کا گول پھندا یا لوہے وغیرہ کا کڑا جس سے بادبان مستول کی رسی میں لٹکا دیئے جاتے ہیں۔

Hank : (n) (۱) پھندے سے باندھنا ۔ (۲) لچھا بنانا ؛ انٹی بنانا ۔

Hanker : (n) خواہش ؛ آرزو ؛ تمنا ۔

Hanker : (v) آرزو ہونا ؛ تمنا ہونا ؛ دل چاہنا ؛ طلب ہونا ۔

Hankerer : (n) خواہش مند ؛ آرزو مند ۔

Hankering : (n) آرزو ؛ تمنا ؛ شوق ؛ طلب ؛ چاہ ؛ میل ؛ رغبت ۔

Hanky/Hankie/Hankey : (n) دیکھو Handkerchief

Hankle : (v) پھنسانا ۔

Hanky-panky : (n) (۱) (عام) شعبدہ بازی ؛ بازیگری ؛ نظر بندی ؛ مداری کا کھیل ؛ بھان متی کا تماشا ۔ (۲) (عام) چال ؛ سازش ؛ چالبازی۔

Hanover : (n) شمالی جرمنی کا ایک شہر۔

Hanoverian : (a) ہنوور یا خاندان ہنوور سے متعلق۔

Hanoverian : (n) ہنوور کا باشندہ یا خاندان ہنوور کا حامی۔

Hans : (n) (۱) Johannes کا مخفف ۔ (۲) جرمن یا ڈچ کا عرفی نام ۔

Hansard : (n) سیاسی اور تجارتی المانی جماعت کا رکن ۔

Hansard : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی کی سرکاری رپورٹ ۔

Hansardize : (v) برطانوی پارلیمنٹ کے کسی رکن کی تقریر کا اس کی گذشتہ تقریروں سے مقابلہ کرکے تناقص بیان ثابت کرنا ۔

Hanse : (n) (۱) جمعیت تجار ؛ جمعیت ہنزا ؛ (جرمنی کے چند شہروں کی سیاسی اور تجارتی مجلس سنہ ۱۲۴۱ء میں ہیمبرگ اور لیونگ (جرمنی کے دوشہروں) کے تاجروں میں تاجرانہ اور مدافعانہ اتحاد کے متعلق ایک معاہدہ ہوا تھا جس کے مطابق ایک انجمن بنائی گئی تھی اس کا یہ مقصد تھا کہ وہ جرمنی کے تجارتی شہروں کے حقوق و مفاد کی حفاظت کرے) ۔ (عہد وسطیٰ میں) جمعیت تجار میں داخلہ کی فیس ۔

Hanse city/-town : (n) ہنزائی شہر ۔

Hanse-house : (n) جمعیت التجار کا بڑا کمرہ ۔

Hanseatic : (a) ہنزائی ؛ جرمنی کی جمعیت ہنزا سے متعلق ۔

Hansel : (n) دیکھو Handsel

Hansom : (n) کرائے کی ٹم ٹم (اس کا ہانکنے والا پیچھے بیٹھا کرتا تھا اور باگ ڈور چھتری یا ٹپ پر سے ہوکر اس کے ہاتھ میں رہتی تھی) ۔

Hantle : (n) کافی مقدار یا تعداد ۔

Hap : (n) (۱) اتفاق ؛ قسمت ؛ تقدیر ۔ (۲) اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ ۔

Hap : (n) پوشش ۔

Hap : (v) (۱) اتفاقاً کرنا (کوئی کام) ۔ (۲) اتفاقاً واقع ہونا ؛ ناگہاں ظہور پذیر ہونا ۔

Hap : (v) چھپانا ؛ لپیٹنا ۔

Haphazard : (n) اتفاق ؛ حادثہ ۔

Haphazard : (a) اتفاقی ؛ اتفاقاً ؛ اٹکل پچو ۔

Haphazard : (adv.) اتفاقی طور پر ۔

Hapless : (a) بدبخت ؛ بدنصیب ؛ بدقسمت ؛ کمبخت ؛ ابھاگی ۔

Haplessly : (adv.) بدبختانہ ؛ بدنصیبی سے ۔

Haplo- : جز و ترکیبی بہ معنی "ایک" اور "سادہ" ۔

Haplo chlamydeous : (a) (نباتیات) ناقص غلاف گل والا ۔

Haplobiont : (n) (نباتیات) ایک حیاتیہ ۔

Haplocardiac : (a) یک قلبہ ؛ سادہ قلب والا ۔

Haplocaulescent : (n) (نباتیات) سادہ ساق دار ۔

Haplocerine : (a) بھیڑ کی ایک قسم سے متعلق ۔

Haplocerus : (n) بھیڑ کی ایک قسم ۔

Haplodont : (n) (حیوانیات) سادہ دنتہ ۔

Haplography : (n) جو حرف ، بول یا سطر دوبار لکھنا چاہئیے اسے غلطی سے ایک بار لکھنا (مثلاً Philogy) ۔

Haplology : (n) تلفظ میں ایک یا دو یکساں ہجاؤں کو حذف کرنا ۔

Haplophase : (n) سطری ہیّت ۔

Haploscope : (n) عمق بین ۔

Haplostemonous : (a) (نباتیات) سادہ زرہ ۔

Haplotomy : (n) معمولی شگاف کرنا ۔

Haplotype : (n) کسی نوع کی ایک جنس ۔

Haply : (adv.) (۱) اتفاقاً اتفاق سے ۔ (۲) مبادا ؛ شاید ۔

Happen : (v) (۱) واقع ہونا ؛ پیش آنا ؛ اتفاقاً واقع ہونا ۔ (۲) گزرنا ؛ بیتنا ؛ پیش آنا ۔

Happen in : (v) (کسی کے یہاں) اتفاقاً آنا یا جانا ۔

Happen chance/-so/-stance : (n) اتفاق ۔

Happening : (n) (۱) ہونا ۔ (۲) (عموماً جمع میں) حادثہ ؛ واقعہ ؛ ماجرا ۔

Happily : (adv.) (۱) دیکھو Haply ۔ (۲) خوش قسمتی سے خوش نصیبی سے ؛ مسرت سے ؛ آسودہ حالی سے ۔

Happiness : (n) (۱) خجستگی ؛ فرخندگی ؛ سعادت ؛ اقبال مندی ؛ خوش نصیبی ۔ (۲) راحت ؛ مسرت ؛ آسودہ حالی ؛ سکھ ؛ آنند ؛ چین ۔ (۳) بر محمل ہونا ؛ موزوں ہونا ۔

Happy : (a) (۱) مبارک ؛ خجستہ ؛ فرخندہ ؛ فرخ ؛ مسعود ۔ (۲) اقبال مند ؛ خوش نصیب ؛ خوش قسمت ۔ (۳) خوش ؛ مسرور ؛ دلشاد ؛ قانع ؛ مطمئن ۔ (٤) برمحمل ؛ موزوں ؛ مناسب ۔ (٥) (مزاحاً) قدرے مخمور ۔

Of happy memory : مرحوم ۔

Happy dispatch : (n) شکم دری ؛ جاپانی طرز کی خود کشی (جاپان کے امراء ، معززین و فوجی حکام میں دستور ہے کہ جب ان میں کسی کو سزائے موت دی جاتی ہے یا کسی اور طرح ان کی ذلت ہوتی ہے تو وہ اپنا پیٹ چاک کرکے خود کشی کرلیتے ہیں) ۔

Happy dust : (n) کوکین ؛ منشیات ۔

Happy-go-lucky : (adv.) اتفاقاً ؛ اتفاقیہ طور پر ۔

Happy-go-lucky : (a & n) لاابالی ؛ بے پروا ؛ تن آساں ۔

Haquebut : دیکھو Hackbut

Hara-kiri/Hari-kari : (n) دیکھو Happy dispatch

Harangue : (n) (۱) خطبہ ؛ تقریر ۔ (۲) پرجوش یا ولولہ انگیز تقریر ؛ زور دار تقریر ۔

Harangue : (v) تقریر کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ پرجوش تقریر کرنا ؛ داد خطابت دینا ۔

Haranguer : (n) مقرر ؛ خطیب ؛ ولولہ انگیز تقریر کرنے والا ۔

Haras : (n) گھوڑوں کی افزائش نسل کا مقام ؛ مرکز افزائش نسل ۔

Harass : (v) (۱) بار بار کے حملوں سے پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ قافیہ تنگ کرنا ؛ زچ کر دینا ۔ (۲) تکلیف دینا ؛ اذیّت پہنچانا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ستانا تشویش میں ڈالنا ۔

Harass : (n) پریشانی ؛ تشویش ؛ بدحواسی ؛ ایذا دہی ؛ تکلیف دکھ ؛ زچ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ۔

Harassedly : (adv.) دق ہوکر ، تنگ ہوکر ۔

Harasser : (n) دق کرنے والا ؛ تنگ کرنے والا ؛ تشویش میں ڈالنے والا ۔

Harassinglys : (adv.) دق کرتے ہوئے ، پریشان کرتے ہوئے ۔

Harassment : (n) دیکھو Harass

Harbinge : (v) نقیب ہونا ۔

Harbinger : (n) (۱) نقیب ؛ چاؤش ؛ آمد کی خبر دینے والا ۔ (۲) مقدمہ ؛ پیش خیمہ ؛ لین ڈوری ۔

Harbinger : (v) نقیب ہونا ؛ آمد کی خبر دینا ۔

Harbinger of spring : (n) مونگ پھلی سے مشابہ شمالی امریکا کا ایک پودا ۔

Harbor : (n) (۱) پناہ ؛ ملجا و ماوا ۔ (۲) جہازوں کے قیام کی جگہ ؛ بندرگاہ ۔ (۳) (شیشہ سازی) حوض نما بکس جس میں مختلف اجزاء کو ملاتے ہیں ۔

Harbour : (n) دیکھو Harbor

Harbour/Harbor : (n) (۱) پناہ دینا ؛ چھپانا (مجرم کو) دل میں جگہ دینا (فاسد خیال کو) - (۲) بندرگاہ میں لنگر انداز ہونا - (۳) ہرن یا دوسرے جانور کے بھٹ کا پتا لگانا -

Harbour-due : (n) بندرگاہ کا محصول -

Harbour-master : (n) بندرگاہ منتظم یا نگراں کار -

Harbour-watch : (n) ملازمان جہاز کا وہ گروہ جو رات میں پہرہ دیتا ہے -

Harbourage/-orage : (n) (۱) پناہ ؛ مامن ؛ ملجا - (۲) جائے پناہ - (۳) بندرگاہ -

Harbourer/-orer : (n) (۱) پناہ دینے والا - (۲) ہرن کے بھٹ کا پتا لگانے والا -

Harbourless : (n) (۱) بے پناہ ؛ بے گھر ؛ بے مامن - (۲) بے بندرگاہ کا -

Hard : (a) (۱) سخت ؛ کڑا ؛ ٹھوس - (۲) دشوار ؛ مشکل ؛ کٹھن - (۳) درشت - (٤) بے رحم - (٥) کھاری (پانی) ؛ ترش ؛ نشہ آور - (٦) نقدی - (۷) تیز (نبض) - (۸) مضبوط ؛ بہادر - (۹) کنجوس - (۱۰) غیر جذباتی ؛ عملی ؛ ذہین - (۱۱) ناقابل برداشت ؛ شدید - (۱۲) نا خوشگوار - (۱۳) گراں - (۱٤) (لسانیات) حروف c, g جب ان کا تلفظ k اور g کی طرح ہو - (۱٥) (برقیات) نسبتاً زیادہ خلا رکھنے والے برقیہ ٹیوب سے متعلق - (۱٦) سخت (محنت) -

Hard : (n) (۱) ٹھوس ساحل - (۲) ڈھلوان پتھریلی سڑک کے کنارے بحر تک - (۳) (عام) قید یا مشقت -

When hard comes to hard : اگر بدترین صورت پیش آئے -

Hard : (adv.) (۱) سختی سے ؛ شدت سے ؛ کوشش سے - (۲) بے رحمی سے ؛ درشتی سے - (۳) مشکل سے - (٤) سختی کی حد تک - (٥) نزدیک (بحری) انتہائی طور پر ؛ انتہا تک -

To die hard : بڑی مشکل سے مٹنا -

To go hard with : دشواری ہونا ؛ تکلیف ہونا -

To run (a peson) hard : (کسی سے) بہت کام لینا -

Hard and fast : (a) (۱) (بحری) لنگر انداز - (۲) بندھا ہوا ؛ سخت -

Hard back : (a) گٹ اور کاغذ یا کپڑے کی جلدوں والی -

Hard back : (n) گٹ اور کاغذ یا کپڑے کی جلدوں والی کتاب -

Hard-bake : (n) بادام کی ٹافی (ایک طرح کی مٹھائی) -

Hard-bargain : (n) مہنگا سودا -

Hard-bitten : (a) خوب لڑنے والا ؛ حریف -

Hard-boiled : (n) (۱) ایسا ابلا ہوا انڈا جس کی سفیدی اور زردی سخت ہوگئی ہو - (۲) (مجازاً) بے درد ؛ ہوشیار ؛ عملی ؛ غیر جذباتی -

Hard-board : (n) مصنوعی لکڑی کا تختہ -

Hard-bound : (a) آہستہ کام کرنے والا ؛ سست رو -

Hard-bread : (n) ایک قسم کا سخت بسکٹ یا کیک -

Hard by : (prep. & adv.) نزدیک ؛ بالکل قریب ؛ متصل -

Hard case : (n) (۱) ناقابل اصلاح شخص - (۲) قابل رحم -

Hard-cash : (n) نقد روپیہ -

Hard-corn : (n) گیہوں اور رائی -

Hard-drawn : (a) ٹھنڈا ہونے پر کھینچا ہوا (تار وغیرہ) -

Hard-favoured : (a) بدصورت ؛ روڑھا -

Hard-favouredness : (n) بدصورتی ؛ روڑھاپن -

Hard-featured : (a) بدصورت -

Hard-fern : (n) سرخس کی ایک قسم ۔

Hard-finish/-fishing : (n) پلاسٹر کی تیسری تہ ۔

Hard-fish : (n) نمک لگائی ہوئی اور سکھائی ہوئی مچھلی ۔

Hard-fisted : (a) (۱) کنجوس ؛ بخیل ۔ (۲) مضبوط ہاتھوں والا ؛ مضبوط ۔

Hard goods : (n) باقی رہنے والی شے ۔

Hard-grained : (a) (۱) سخت ریشوں والی ۔ (۲) ناپسندیدہ ۔

Hard grass : (n) بعض قسم کی گھاسوں کے نام ۔

Hard-handed : (a) (۱) سخت ہاتھوں والا ۔ (۲) بے رحم ؛ سخت گیر ۔

Hard-head/Hardhead : (a) (۱) ہٹی ؛ بے وقوف ۔ (۲) بعض مچھلیوں کے نام (۳) کیلیفورنیا کی وھیل ۔ (٤) ایك قسم کی گھاس ۔ (٥) ایك قسم کا اسفنج ۔ (٦) ٹِن ، لوھا اور آرسینك کا رسوبی بھرت جو ٹن صاف کرنے میں نکلتا ھے ۔

Hard-headed : (a) (۱) سخت سر والا ۔ (۲) غیر جذباتی ، عملی ، منطقی ؛ سیانا ۔

Hard-headedly : (adv.) سیانا پن سے ، عملی طور پر ۔

Hard-headedness : (n) سیانا پن ۔

Hard-hearted : (a) سخت دل ؛ بے رحم ؛ سنگ دل ؛ کٹّر ؛ شقی القلب ۔

Hard-heartedly : (adv) سنگ دلانا ؛ بےرحمانہ ؛ قساوت ؛ کٹرپن سے ۔

Hard-heartedness : (n) قساوت ؛ سنگدلی ؛ بے رحمی ؛ سخت دلی ؛ کٹرپن ۔

Hard iron : (n) وہ لوھا جو مقناطیسی میدان سے ہٹائے جانے کے بعد مقناطیسیت قائم رکھے ۔

Hard-labour : (n) سخت مشقت (قیدیوں سے) ۔

Hard-laid : (a) گٹھا ھوا ؛ پاس پاس بناھوا (کپڑا وغیرہ) ۔

Hard-lead : (n) سنگ سرمہ ملا ھوا سیسہ ۔

Hard-lines : (n) (۱) بدقسمتی ؛ شومئی قسمت ؛ بدبختی ۔ (۲) مصیبت ؛ تکلیف ۔

Hard-mouthed : (a) (۱) (گھوڑا) سرکش ؛ بد لگام ؛ منہ زور ۔ (۲) سرکش ؛ بے قابو (شخص) ۔

Hard-of-hearing : (n) اونچا سننے والا ؛ جسے ثقل سماعت ھو ۔

Hard-pan : (n) (۱) سخت زمین ؛ ریتلی یا کنکریلی زیر سطحی زمین ۔ (۲) (مجازاً) تہ پیندا ۔

Hard-set : (a) (۱) مصیبت زدہ ۔ (۲) مضبوط جما ھوا ۔ (۳) ضدی ۔ (٤) (انڈا) جس کو سے چکے ھوں ۔

Hard-shell/Hardshell : (n) (۱) سخت چھلکے کا ۔ (۲) (مجازاً) سخت ؛ کٹّر ۔

Hard-shell : (n) سخت پوست والا کیکڑا ۔

Hard-shelled : (a) (۱) سخت چھلکے والا ۔ (۲) درشت ؛ بے درد ۔

Hard-spun/-stand/-standing : (a) ہوائی اڈے کا وہ حصہ جہاں ہوائی جہاز کھڑا رکھا جاتا ھے ۔

Hard-surface : (v) سڑك وغیرہ کو کنکریٹ وغیرہ سے سخت بنانا ۔

Hard-swearing : (n) دروغ حلفی ۔

Hard-tac : (n) (۱) جہازی بسکٹ ۔ (۲) ملاحوں کا کھانا ۔ (۳) مہوگنی کی قسم کے درخت ۔

Hard-top : (n) وہ موٹر جس کی چھت دھات کی بنی ھو ۔

Hard-top : (n) کنکریٹ وغیرہ سے سخت بنایا ھوا خطہ یا سڑك ۔

Hard-top : (v) دیکھو Hard-surface

Hard up : (adv.) (بحری) ہوا کے رخ پر بہت دور ۔

Hard up : (a) (۱) قلاش ؛ نادار مفلس ؛ حاجت مند (خصوصاً روپیہ وغیرہ کا) ۔ (۲) حیران ۔

Hard (up) on : (a) (۱) سختی سے معترض ۔ (۲) مخالف ؛ ناسازگار (زمانہ) ۔

Hard upon : (a) نزدیک ؛ تقریباً ؛ قریب ہی ؛ پاس ہی ۔

Hard water : (n) بھاری پانی (جس میں صابن گھلتا نہیں ہے) ۔

Harden/Hurden : (n) ایک قسم کا موٹا کپڑا ۔

Harden : (v) (۱) سخت دل بنانا یا ہونا ۔ (۲) سخت کرنا یا ہونا ۔ (۳) ضدی بنانا ۔ (٤) مستحکم کرنا ۔ (٥) مضبوط ، گٹھیلا یا جفاکش کرنا یا ہونا ۔ (٦) (تجارت) مہنگا ہونا ۔

Hardened : (a) سخت ؛ ضدی ؛ سخت دل ؛ بے رحم ؛ سخت بنایا ہوا ۔

Hardener : (n) دھات کو سخت بنانے والا ۔

Harderian : (a) (تشریح) بارڈیرینی غدود ۔

Hardhack : (n) ایک قسم کی نیچی جھاڑی ۔

Hardiesse : (n) بہادری ۔

Hardihood : (n) دلیری ؛ جرأت ؛ بے باکی ؛ نڈر پن ؛ اکھڑ پن ۔

To have the hardihood to deny : دیدہ دلیری سے انکار کرنا ۔

Hardily : (adv.) بہادری سے دلیرانہ ؛ بے باکانہ ۔

Hardiment : (n) بہادری ؛ جرأت ؛ دلیری ۔

Hardiness : (n) جرأت ؛ بے باکی ؛ دلیری ؛ مضبوطی ؛ جفاکشی ۔

Hardish : (a) قدرے سخت ؛ کسی قدر سخت ۔

Hardly : (adv.) (۱) بدشواری ؛ بدقت ؛ بمشکل ؛ بڑی مشکل سے ۔ (۲) درشتی سے ۔ (۳) سختی سے ۔ (٤) شاید ہی ؛ مشکل سے ۔

Hardness : (n) (۱) سختی ؛ ٹھوس پن ؛ دشواری ۔ (۲) دقت ۔ (۳) سخت دلی ؛ کنجوسی ۔ (٤) درشتی ؛ شدت ۔ (٥) (طبیعیات) طاقت (لاشعاعی) ۔ (٦) (برقیات) درجہ خلا ۔ (۷) (کیمیا) سنگینی ۔

Hards/Hurds : (n) سن کے موٹے حصے ۔

Hardship : (n) (۱) بدنصیبی ؛ کور بختی ؛ سیاہ بختی ؛ گردش ؛ مصیبت ۔ (۲) صعوبت ؛ کلفت ؛ اذیت ؛ آزار ؛ سختی ؛ تکلیف ، بیتا گٹھا ہوا ۔

Hardware : (n) لوہے کے برتن ؛ ظروف آہنی ؛ دھات کا نیا سامان ۔

Hardwareman : (n) لوہے کے برتن یا دھاتی سامان بیچھے والا ۔

Hardwood : (n) (۱) برگ ریز درختوں کا جنگل ۔ (۲) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی ۔

Hardy : (a) (۱) دلیر ؛ جری ؛ باہمت ؛ منچلا ؛ بیباک ؛ نڈر ؛ اکھڑ ۔ (۲) مضبوط ؛ جفاکش ۔ (۳) پودا جو تمام سال کھلی ہوا میں اگایا جاسکے ۔

Half hardy : وہ پودا یا درخت جس کو جاڑے میں حفاظت کی ضرورت ہو ۔

Hardy : (n) خانہ چھینی ؛ سندان ۔

Hardy annual : (n) (۱) خود رو پودا ۔ (۲) (مجازاً) پارلیمنٹ یا اخبار میں بار بار آنے والے موضوعات ۔ (۳) کوئی چیز جو ہر سال واقع ہو ۔

Hare : (n) (۱) خرگوش ؛ ارنب ۔ (۲) مضحکہ خیز شخص ؛ بیوقوف ۔ (۳) بعض کھیلوں میں کھیلنے والوں کے لئے نشانات دینے والا ۔ (٤) ایک جنوبی مجموعہ نجوم ۔ (٥) ایک صدف نما جانور ۔ (٦) (عام) بے ٹکٹ مسافر ۔ (۷) (عام) موضوع بحث ۔

As mad as march hare : پاگل ؛ دیوانہ (اس خرگوش کی طرح جو مستی پر یا ھواھو) ۔

First catch your hare : (ضرب المثل) سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا ۔

To hold (orrun) with the hare and run (or hunt) with the hounds/To run with hare and hounds : دونوں طرف ملا ھواھونا ؛ ساز باز رکھنا ۔

Hare and hounds : (n) بہت لمبی دوڑ جس میں دو ایک آدمی کھیتوں یا جنگلوں میں کاغذ کی کترن پھینکتے جاتے ھیں اور بہت سے لوگ کھوج لگاتے ھوئے اس کا تعاقب کرتے ھیں ؛ خرگوش اور کتوں کی دوڑ ۔

Hare bell/Hare-bell/Hair bell : (n) دیکھو Hair bell

Hare-brain/Hair-brain : (n) دیکھو Hair bain

Hare-brained : (a) ناعاقبت اندیش ؛ لاپرواہ ؛ خبطی ۔

Hare-up : (a) طیش میں ھونا ۔

Hare-eyed : (a) چوکس ؛ جس کی آنکھیں بند نہ ھوں ۔

Hare-finder : (n) خرگوش تلاش کرنے والا (پیشہ ور) ۔

Hare-hearted : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ۔

Hare-kangaroo : (n) ایک قسم کا چھوٹا کنگارو ۔

Hare-lip : (n) (طب) اشرمیت ؛ اوپر کے ھونٹ کا شگاف ۔

Hare-lipped : (a) جس کا اوپر کا ھونٹ کٹا ھواھو ۔

Hare-sighted : (a) نزدیک دیکھنے والا ۔

Hareld : (n) سمندری بطخ کی ایک جنس ۔

Harem/Haram : (n) (۱) حرم سرا ؛ زنان خانہ ۔ (۲) حرم ؛ بیگمات ؛ پردہ نشیں خواتین ۔ (۳) حرم محترم ۔

Harengiform : (a) ہیرنگ (مچھلی) نما ۔

Hare's : بہت سے پودوں کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔

Hare's ear : (n) خیر اللہ ۔

Hare's eye : (n) (طب) چشم خرگوشی (آنکھ کی بیماری جس کی وجہ سے سونے میں آنکھ بند نہیں ھوتی ھے) ۔

Hare's foot : (n) (۱) تپتیا گھاس ؛ نفل ۔ (۲) ایک قسم کی لکڑی جس میں مسامات ھوتے ھیں ۔

Harfang : (n) سفید اُلّو ۔

Haricot : (n) (۱) پسندے (بھیڑ یا بکری کے گوشت کے) ۔ (۲) لوبیا ؛ فرانسیسی پھلی ۔

Haricot/Harico : (v) پسندے بنانا ۔

Hariolation : (n) قیاس ۔

Hark : (v) (۱) سننا ؛ کان لگاکر سننا ؛ کان دھرنا ؛ توجہ سے سننا ۔ (۲) لینا ھے ؛ لگے لگے (شکاری کتوں کو بُشکارنے کے لئے) ۔

Hark away : (v) آگے بڑھنا یا چلے جانا ۔

Hark back : (v) (۱) (شکاری کتوں کے لئے) کھوج لگانے کے لئے پیچھے لوٹنا ۔ (۲) گھوم پھر کر اسی بات پر واپس جانا ۔ (۳) (شکاری کتوں کو) واپس بلانا ۔

Hark forward : (v) آگے بڑھنا ۔

Hark in : (v) جانا ۔

Hark off : (v) واپس ھونا ۔

Hark on/-forwards : (v) لگے لگے کرنا ؛ بُشکارنا ۔

Harken : (v) دھیان دینے والا ؛ توجہ سے سننے والا ۔

Harl/Harle : (n) (۱) سن کا ریشہ ۔ (۲) پر کاریشہ ۔

Harl/Harle : (v) (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) کھردرا پلاسٹر لگانا ۔ (۳) پھینکواں جال سے مچھلی پکڑنا ؛ کھردرا پلاسٹر ۔

Harl : (v) (۱) پھنسانا ؛ الجھانا ۔ (۲) (مرے ہوئے خرگوش کی) ٹانگیں باندھ دینا (لے جانے کے لئے) ۔

Harleian : (a) رابرٹ ہارلے ؛ ارل آف آکسفورڈ کے کتب خانے کا یا اس سے متعلق ۔

Harlequin : (n) (۱) اطالوی اور فرانسیسی کامیڈی ایک کیریکٹر ۔ (۲) انگریزی گونگے ناٹک (Pontomime) کا کیریکٹر جو منہ سے نہیں بولتا اور مسخرے پن کی حرکتیں کرتا ہے ۔ (۳) مسخرا ؛ بھانڈ ۔ (٤) چھوٹے گلدار کتوں کی ایک نسل ۔ (٥) ایک قسم کی بط ۔

Harlequin : (a) مسخرے یا اس کے لباس سے مشابہ ؛ مضحك ؛ مختلف رنگوں کا ؛ رنگ برنگ کا ۔

Harlequin-bat : (n) ایك قسم کی چمگادڑ ۔

Harlequin-beetle : (n) ایك قسم کا بھونرا جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں ۔

Harlequin brant : (n) ایك امریکی بطخ جس کا سینہ سفید ہوتا ہے ۔

Harlequin-cabbage-bug : (n) ایك قسم کا کیڑا جو بہت خوش رنگ ہوتا ہے ۔

Harlequin duck : (n) ایك قسم کی بطخ جس کے پر رنگ برنگے ہوتے ہیں ۔

Harlequinade : (n) (۱) ایك قسم کا گونگا ناٹك ۔ (۲) سوانگ کا وہ حصہ جس میں ہارلے کوین یا مسخرے کا پارٹ ہوتا ہے ۔

Harlequinade : (v) ہارلے کوین کا پارٹ کرنا؛ عجیب و غریب حرکتیں کرنا ۔

Harlequint flower : (n) ایك قسم کا پھول جس میں بہت سے رنگ ہوتے ہیں ۔

Harlequint garrot : (n) ایك قسم کی بحری بطخ ۔

Harlequint moth : (n) ایك قسم کا پروانہ ۔

Harlequint pigeon : (n) ایك قسم کا آسٹریلوی کبوتر ۔

Harlequint ring : (n) مختلف رنگ کے نگینوں سے جڑی انگوٹھی ۔

Harlequint rose : (n) گلاب جس کی پتی دھاری دار ہوتی ہے ۔

Harlequint snake : (n) ایك قسم کاسانپ جو مختلف رنگ کا ہوتاہے ۔

Harlot : (n) رنڈی ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ فاحشہ ۔

To play the harlot : فاحشہ پن کرنا ۔

Harlot : (v) فاحشہ پن کرنا ۔

Harlotry : (n) (۱) کسب ؛ چھنالا ؛ فاحشہ پن ۔ (۲) فاحشہ ۔ (۳) (مجازاً) کسبیوں کا ساٹھا ؛ بھڑکیلا پن ؛ طمطراق ؛ تصنع ۔

Harm : (n) ضرر ؛ نقصان ؛ گزند ؛ تکلیف ؛ ایذا ؛ دکھ ؛ شر ؛ برائی ؛ قباحت ۔

Out of harm's way : محفوظ ؛ گزند سے دور ۔

Harm : (v) نقصان یا گزند پہنچانا ۔

Harmala/Harmel : (n) جنوبی یورپ کا ایك پودا ؛ اسپند ؛ کالا دانہ ؛ جرمل ۔

Harmaline : (n) جرمل کے بیج کے حاصل ہونے والا ایك سفید بلوری قلی نما ($C_{13} H_4 N_2 O$) ۔

Harmattan : (n) سموم کانٹا ؛ وہ گرم و خشك جھلس دینے والی ہوا جو بالائی گائنا کے ساحل پر دسمبر ، جنوری اورفروری میں چلتی ہے ۔

Harmel : دیکھو Harmala

Harmful : (a) مضر ؛ موذی ؛ ضرر رساں ؛ نقصان دہ ۔

Harmfully : (adv.) ضرر رساں طور پر۔

Harmfulness : (n) ضرر رسانی ؛ مضر ہونا ؛ مضرت۔

Harmine : (n) جرمل کے بیج میں پایا جانے والا ایک قلی نما ۔($C_{13}H_{12}N_2O$)

Harminc acid : (n) ایک ترشہ جو Harmine کی نکسید سے حاصل ہوتا ہے ($C_{10}H_8N_2O_4$)۔

Harmless : (a) (۱) بے ضرر ؛ غیر مضر۔ (۲) مسکین ؛ مرنجاں مرنج۔ (۳) نقصان یا سزا سے بری۔

Harmlessly : (adv.) بے ضرر طور پر۔

Harmlessness : (a) بے ضرر ہونا ؛ غیر مضر ہونا۔

Harmonic : (a) (۱) ہم آہنگ ؛ ملتے ہوئے سروں کا ؛ سریلا۔ (۲) ہم آہنگی کا۔ (۳) مضاعف سرتی۔ (٤) (ریڈیو) مضاعفہ۔ (٥) (تشریح) مصنوعی درز سے متعلق۔ (٦) سادہ موسیقی حرکت۔

Harmonic : (n) (۱) موسیقانہ سُر۔ (۲) مضاعف تفاعل۔

Spherical harmonic : کروی مضاعف۔

Harmonic analysis : (a) مضاعف تفاعل کا احصاء۔

Harmonic current : (n) ایک قسم کی بدلتی رو۔

Harmonic function : (n) مضاعف تفاعل۔

Harmonic mean : (n) موسیقی اوسط۔

Harmonic progression : (n) سلسلہٴ موسیقیہ۔

Harmonic proportion : (n) موسیقی تناسب۔

Harmonic scale : (n) موسیقی سرگم۔

Harmonica : (n) (۱) مختلف قسم کے ساز۔ (۲) مختلف قسم کے پردوں کا نام۔

Harmonical : (a) (۱) دیکھو Harmonic۔ (۲) مختلف کتابوں کے متوازی اقتباسات کے موازنے سے متعلق۔

Harmonically : (adv.) ہم آہنگی سے۔

Harmonicon : (n) دستی آرگن ؛ ساز سنگیت۔

Harmonious : (n) (۱) ہم آہنگ ؛ ہم ساز ؛ مربوط۔ (۲) متحد ؛ متفق۔ (۳) خوش آواز ؛ سریلا خوش گلو ؛ شیریں نوا ؛ شیریں (نغمہ)۔

Harmoniously : (adv.) ہم آہنگی سے، خوش نوائی سے؛ میٹھے سروں میں ؛ موسیقی کے قواعد کے مطابق۔

Harmoniousness : (n) ہم آہنگی ؛ مطابقت ؛ حسن ترتیب۔

Harmoniphon/-phone : (n) ایک قسم کا ساز۔

Harmonist : (n) (۱) فن نغمہ کا ماہر۔ (۲) مغنی ؛ مطرب ؛ موسیقی داں۔ (۳) مصحح ؛ مختلف نسخوں یا بیانوں کا مقابلہ کرکے تصحیح کرنے والا۔ (٤) ہم آہنگی پیدا کرنے والا۔ (٥) اشتراکی مذہبی فرقہ جس کو امریکا میں Rapp نے ۱۸۰۳ میں قائم کیا تھا۔

Harmonistic : (a) (۱) تطبیقی۔ (۲) فن نغمہ سے متعلق۔

Harmonistically : (adv.) مغنی کی طرح ؛ موسیقی داں کی طرح ؛ تحریروں کی تطبیق کے طور پر۔

Harmonium : (n) ہارمونیم (ایک قسم کا باجا)۔

Harmonization : (n) ہم آہنگی ، سروں کا میل۔

Harmonize : (v) (۱) ہم آہنگ ، ہم ساز ، مطابق یا موافق بنانا یا ہونا ، سروں کا ملنا یا ملانا۔ (۲) خوش ترتیب کرنا یا ہونا ؛ حسن ترتیب پیدا کرنا۔

Harmonizer : (n) ہم آہنگ کرنے والا۔

Harmonometer : (n) تطبیق پیما ؛ آہنگ پیما ؛ وہ آلہ جس سے سروں کی باہمی نسبت معلوم ہوسکے ۔

Harmony : (n) (۱) مطابقت ؛ اتحاد ؛ اتفاق ؛ ہم آہنگی ؛ میل ۔ (۲) حسن ترتیب ؛ خوش ترتیبی ۔ (۳) ہم آہنگ نغمہ سروں کا میل ۔ (٤) میٹھی یا سریلی آواز ۔ (٥) مختلف نسخوں خصوصاً چاروں انجیلوں کا مقابلہ اور تصحیح ۔ (٦) (تشریح) نطابق عظمی ۔

Pre-established harmony : دماغ اور مادے کی ہم آہنگی ۔

Harmony of the spheres : کرہ ہائے سماوی کی ہم آہنگی ۔

Harmost : (n) حکومت اسپارٹا کا بھیجا ہوا حاکم (مقبوضہ شہروں اور جزیروں کو زیر اقتدار رکھنے کے لئے) ۔

Harmotome : (n) الومینیم اور بیریم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Harness : (n) (۱) گھوڑے کا ساز و سامان ؛ جانوروں کی گاڑی میں جوتنے کا سامان ۔ (۲) (مجازاً) کام کرنے کا کپڑا وغیرہ ۔ (۳) (پارچہ بافی) پھنی ؛ کنگھی ۔ (٤) زرہ بکتر ، مدافعت کے ہتھیار ۔

In harness : جتا ہوا ؛ روز مرہ کے کام میں مصروف ۔

To die in harness : کام کرتے ہوئے مرجانا ۔

Harness : (v) (۱) گھوڑے پر ساز و سامان وغیرہ رکھ کر جوتنا ؛ کسی اور جانور کو گاڑی میں جوتنا ۔ (۲) (مجازاً) دریا کے پانی کو روک کر اس کی قوت سے کام لینا ؛ کام لینا ۔

Harnes-bull/-cops : (n) (عام) پولیس (وردی پہنے ہوئے) ۔

Harness cask : (n) ایک طرح کا پیپا جس میں نمکین گوشت رکھ کر جہاز پر رکھتے ہیں ۔

Harns : (n) دماغ ؛ بھیجا ۔

Harp : (n) (۱) ستار کی قسم کا مثلث شکل کا باجا ؛ بربط ؛ عود ۔ (۲) (علم النجوم) شلیاق ۔ (۳) چھلنی ؛ پردا ۔ (٤) ایک قسم کاصدف ۔ (٥) ایک قسم کی مچھلی ۔ (٦) آئرستانی شخص ۔

Aeolian harp : باد ترنگ ؛ ہوا سارنگی ؛ ساز ہوائی ۔

Double harp : دوہرے تاروں والا بربط ۔

Harp : (v) (۱) بربط بجانا ۔ (۲) طول دینا ۔ (۳) بربط کی طرح آواز کرنا ۔ (٤) قیاس کرنا ۔

To harp at : قیاس آرائی کرنا ۔

To harp on, upon : طول دینا ۔

To harp upon, on, a, one, the same (etc.) string : کسی مضمون کو بہت طول دے کر بیان کرنا ۔

Harp-file : (n) کاغذوں کو نتھی کرنے کا تاروں کا بربط نما پلہ ۔

Harp-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Harp lute : (n) گٹار سے مشابہ بارہ تاروں والا ایک ساز ۔

Harper : (n) (۱) بربط نواز ۔ (۲) آئرستانی سکے ۔ (۳) ایک قسم کی سیل مچھلی ۔

Harping : (a) بربط بجانے والا ۔

Harpings : (n) (۱) (بحری) جہاز کے کھمبند کا اگلا حصہ ۔ (۲) جہاز کے مسطح ڈھانچے کو جکڑنے والے تختے ۔ (۳) وہ رسے جو جہاز کے مستول کو کھڑا رکھنے والے رسوں کو سہارا دیتے ہیں ۔

Harpist : (n) پیشہ ور بربط نواز ۔

Harpoon : (n) خطاف ؛ پارہ گیر ؛ ہارپون ؛ برچھی کی شکل کا خمدار کانٹا جس میں رسی کا پھندا باندھ کر وھیل مچھلی وغیرہ شکار کرتے ہیں ۔

Harpoon : (v) ہارپون سے شکار کرنا ۔

Harpoon-fork : (n) ایک قسم کا سرشاخہ جس سے سوکھی گھاس لادتے اور اتارتے ہیں۔

Harpoon-gun : (n) وہ توپ جس سے ہارپون پھینکا جاتا ہے۔

Harpoon-rocket : (n) وھیل مچھلی کو مارنے کی بم برچھی۔

Harpooner : (n) ہارپون پھینکنے والا۔

Harpress : (n) خاتون بربط نواز۔

Harpsichord : (n) قیشارہ ؛ ایک ساز جس کا رواج سولھویں صدی عیسوی تک تھا یہ ساز مضراب سے بجایا جاتا تھا۔

Harpy : (n) (۱) (یونانی اور لاطینی دیومالا) ایک خونخوار عفریت جس کا چہرہ اور جسم عورت کاسا تھا اور بازو اور پنجے پرند کی طرح تھے ؛ زن مرغ۔ (۲) (مجازاً) خونخوار شخص۔ (۳) شمالی امریکا کا عقاب۔ (٤) امریکی گدھ کی ایک قسم۔ (٥) جزائر شرق الہند میں پائی جانے والی ایک قسم کی چمگادڑ۔

Harpy-bat : (n) جزائر شرق الہند میں پائی جانے والی نو یا اس سے زیادہ قسموں کی چمگادڑ کے نام۔

Harpy-eagle : (n) جنوبی امریکا میں پایا جانے والا عقاب۔

Harpyian : (a) زن مرغ سے متعلق۔

Harquebus/Arquebus : (n) (۱) پرانی وضع کی ہلکی توڑےدار بندوق۔ (۲) ایسی بندوق سے لیس سپاہی۔

Harquebusade/Arq - : (n) توڑے دار بندوق سے مسلسل گولی باری۔

Harquebusier/Arq - : (n) بندوقچی؛ توڑے دار بندوق سے لیس سپاہی۔

Harridan : (n) بھیانک شکل کی بوڑھی عورت ؛ چڑیل ؛ ڈائن۔

Harrier : (n) (۱) تباہ کرنے والا ؛ غارت گر ؛ اجاڑنے والا ؛ تاراج کرنے والا۔ (۲) چرغ ؛ صقر ؛ ایک قسم کا باز یا شکرہ۔

Harrier : (n) (۱) تازی ؛ ایک قسم کا شکاری کتا جس سے خرگوش کا شکار کراتے ہیں۔ (۲) شکاریوں اور کتوں کا غول۔

Harrovian : (a) ہیرو کے اسکول سے متعلق۔

Harrovian : (n) ہیرو سے تعلیم یافتہ۔

Harrow : (n) (۱) دندانے دار سراون ؛ سہاگہ ؛ ایک طرح کا سراون جس میں لوہے کے دندانے ہوتے ہیں۔ (۲) (تعمیرات) قلع کا مضبوط دروازہ۔ (۳) فوجیوں کی وتری ترتیب ؛ بطوں کی ہوا میں وتری ترتیب۔

Revolving harrow : گردشی سراون۔

Harrow : (v) (۱) زمین پر دندانے دار سراون پھیرنا۔ (۲) زخمی کرنا۔ (۳) (مجازاً) جذبات کو مجروح کرنا ؛ دل میں گھاؤ ڈالنا/زخم پیدا کرنا۔

Harrow : (v) (۱) اجاڑنا ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا۔ (۲) لوٹنا ؛ تاراج کرنا۔

Harrower : (n) سراون پھیرنے والا۔

Harrowingly : (adv.) (۱) سراون پھیرتے ہوئے۔ (۲) دل خراشی سے۔

Harrowingness : (n) دل خراشی ؛ جگر خراشی۔

Harry : (n) (۱) نام۔ (۲) نیچے طبقے کے جوان انگریز عرف۔ (۳) معمولی قسم کا تاش۔

By the Lord Harry : ایک طرح کی قسم۔

Old Harry : شیطان۔

To play old Harry : شیطنت کرنا؛ برباد کرنا۔

Harry : (n) (۱) لوٹنا ؛ پامال ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ اجاڑنا ؛ ویران کرنا ؛ لوٹ لینا (کسی شخص کو)۔ (۲) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ رنج پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ حیران کرنا ؛

پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ۔ (۳) لوٹ کر لے جانا ۔

Harry bird : (n) ابو مقص ؛ آب بر ؛ ایک دریائی پرندہ ۔

Harry Derchman/-Dutchman : (n) کلغی دار یا ڈنمارک کے کووں کا نام۔

Harry noble : (n) ہنری ششم کا طلائی سکہ ۔

Harry sovereign : (n) ہنری ہفتم اور ہنری ہشتم کے زمانے کا سورن (سکہ)۔

Harsh : (a) (۱) سخت ؛ کھردار ؛ درشت ؛ کرخت ۔ (۲) ناپسندیدہ ؛ ناگوار ۔ (۳) بے رحم ؛ سنگ دل ؛ سخت دل ؛ بے رحمانہ ؛ سخت ۔

Harshen : (v) سخت بنانا ؛ کھردار بنانا ۔

Harshly : (adv.) سختی ؛ درشتی سے ؛ ناگوار طور پر ؛ بے دردانہ ؛ بے رحمانہ ۔

Harshness : (n) سختی ؛ درشتی ؛ بے دردی ؛ سنگ دلی ؛ ناگواری ؛ ناپسندیدگی ۔

Harslet : (n) گوشت کا پارچہ (جو بھوننے کے لئے کاٹا جائے) ؛ سور کے گوشت کا پارچہ ۔

Hart : (n) غزال ؛ آھو ؛ ہرن ؛ مرگ ؛ بارہ سنگھا (خصوصاً پانچ سال سے زیادہ عمر کا) ۔

Hart berry : (n) دیکھو Bilberry

Hart clover/Hart's clover : (n) الکیل الملک ؛ ناخونک ۔

Hart of ten : (n) وہ شاخہ ہرن جس کے ہرسینگ میں دس دس شاخیں ہوں ۔

Hart royal : (n) بارہ سنگھا یا ہرن جس کو بادشاہ نے شکار کیا ہو ۔

Harte beest : (n) افریقی بارہ سنگھا ۔

Hartleian : (a & n) ڈیوڈ ہارٹلے کے عقائد سے متعلق ؛ ڈیوڈ ہارٹلے کا پیرو ۔

Hart's ball : (n) زمیں دوز سماروغ ۔

Harts horn : (n) شاخ گوزن ؛ ہرن کے سینگ کا وہ مادہ جس سے پہلے نوشادر بنتا تھا ۔

Salt of harts horn : نوشادر کا لخلخہ جو بے ہوش آدمی کو ہوش میں لا نے کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Spirit of hartshorn : محلول امونیا ۔

Harts horn jelly : (n) ہرن کے سینگ کو چھیل کر بنائی جانے والی جیلی ۔

Harts horn plantain : (n) ایک قسم کا کاھو ۔

Hart's-tongue/-fern : (n) سرخس کی ایک قسم ۔

Hart's trefoil : (n) دیکھو Hart-clover

Hart's truffle : (n) زمیں دوز سماروغ کی ایک قسم ۔

Hartwort : (n) کاشم ۔

Harum-scarum : (a) لاأبالی ؛ بے پرواہ ۔

Harum-scarum : (n) لاأبالی شخص یا کام ۔

Haruspex : (n) قدیم رومی فال گیر جو انتڑیوں سے فال نکالتا ھے ۔

Haruspical : (a) قدیم رومی فال گیر سے متعلق ۔

Haruspicate : (a) دیکھو Haruspical

Haruspication : (n) انتڑیوں سے فال نکالنا۔

Haruspicy : (n) فال گیری ۔

Harvest : (n) (۱) فصل کاٹنے کا زمانہ ۔ (۲) تیار فصل ۔

(۳) حاصل ؛ پیداوار - (٤) کام کا نتیجه ؛ ماحصل -

Lord of the harvest : خدا

Harvest : (v) (۱) فصل کاٹنا ؛ اکٹھا کرنا - (۲) ذخیرہ جمع کرنا -

Harvest-bell : (n) ایک قسم کا پھول -

Harvest-bug : (n) ایک چھوٹا سا کیڑا جو فصل کاٹنے کے زمانے میں بہت ستاتا ہے -

Harvest festival/-thanks giving : (n) فصلی جشن (جو کھیت کاٹنے پر منایا جاتا ہے) -

Harvest-field : (n) کھیت جس کی فصل کاٹی جارہی ہو -

Harvest-fish : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی -

Harvest-fly : (n) ایک قسم کا امریکی جھینگر -

Harvest-home/Harvest home : (n) (۱) فصل کٹنے کا اختتام - (۲) فصلی جشن جو اس موقع پر ہوتا ہے -

Harvest-home goose : (n) وہ بط جو فصلی جشن میں پکاکر کھائی جاتی ہے -

Harvest-month : (n) فصل کاٹنے کا مہینہ (ستمبر یا اگست) -

Harvest moon : (n) موسم خزاں کا ماہ کامل ؛ خریفی چاند ؛ ۲۲ یا ۲۳/ستمبر کا زمانہ جب سورج برج میزان کے پہلے خط پر پہنچے اور چاند کامل ہو -

Harvest mouse : (n) موش خرمنی ؛ وہ چوہا جو فصل کٹنے کے زمانے میں پیدا ہوتا ہے اور کھیت میں رہتا ہے -

Harvest queen : (n) (۱) فصل کی دیوی ، سیرس (Ceres) - (۲) فصل کاٹنے والوں میں سے وہ جوان عورت جس کو فصل کے اختتام پر اعزازی درجه دیاجاتا تھا -

Harvest-spider : (n) لمبی ٹانگوں والا فصلی مکڑا -

Harvest-tick : (n) دیکھو Harvest-bug

Harvest-work : (n) فصل کاٹنے اور جمع کرنے کا کام -

Harvester : (n) (۱) کھیت کاٹنے والا - (۲) مختلف کیڑوں کا نام - (۳) کھیت کاٹنے کی مشین یا آله -

Harvesting : (a) فصل کاٹنے اور جمع کرنے والا -

Harvesting ant : (n) چیونٹی کی ایک قسم جو گھاس کے بیجوں کو جمع کرتی ہے -

Harvesting mouse : دیکھو Harvest mouse

Harvestless : (a) بے فصل ؛ بنجر -

Harvestman : (n) (۱) فصل کاٹنے والا (خصوصاً وہ جو اس کام کے لئے گھر چھوڑ کر نکلتا ہے) - (۲) لمبی ٹانگوں والا مکڑا -

Harvey/Harveyize : H. A. Harvey کے ایجاد کردہ طریقے سے لوہے کو سخت کرنا -

Hash-been : (n) وہ جو اب کسی کام کا نہیں ہے ؛ دقیانوسی شخص یا طریقه ؛ کوئی چیز جو پرانی ہوگئی ہو ؛ از کار رفته -

Hash : (v) (۱) گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا - (۲) (مجازاً) کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

Hash : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے پکایا ہوا گوشت - (۲) پرانی چیز جو نئی صورت میں پیش کی جائے - (۳) بے میل (چیز) ؛ ملغوبه ؛ گڈمڈ -

Hash out : (v) کسی موضوع پر خوب بحث کرنا -

Hash over : (v) گفتگو کرنا ؛ بحث کرنا -

Hasher : (n) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے والا -

Hashish/-eesh : (n) حشیش ؛ ایک قسم کا بھنگ -

Hasp : (n) (۱) قلابہ ؛ کنڈا ؛ چھپکا ۔ (۲) تکلا ؛ لچھا ؛ انٹی ۔ (۳) سہاگہ ؛ سراون ۔

Hasp : (v) قلابہ لگانا ۔

Hassock : (n) (۱) گدا جس پر گھٹنوں کے بل کھڑے ہوتے وقت گھٹنے ٹیکتے ہیں ۔ (۲) گتھی ہوئی گھاس کا پولا ۔ (۳) (کینٹ میں) چونا ملا ہوا بھرا بھرا پتھر ۔

Hassocky : (a) طرد دار ؛ بھر بھرے پتھروں والا ۔

astate : (a) (۱) برچھی نما ؛ نیزہ نما ؛ نیزہ شکل ۔ (۲) (نباتیات) برچھی سا ۔

Hastately : (n) برچھی نما طور پر ۔

Hastato- : جز و ترکیبی بہ معنی برچھی نما ۔

Haste : (n) (۱) عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی ۔ (۲) جلد بازی ؛ ضرورت سے زیادہ عجلت ۔

More haste less speed : جلد بازی میں اور دیر ہوتی ہے ؛ دیر آید درست آید ۔

To make haste : عجلت کرنا ۔

Haste : (v) (۱) جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ۔ (۲) (تاکید سے) آگے بڑھانا ۔

Hasteless : (a) بے عجلت ۔

Hastelessness : (n) عجلت نہ کرنا ۔

Hasten : (n) (۱) جلدی کرانا ؛ عجلت کی تاکید کرنا ۔ (۲) رفتار بڑھا دینا ؛ تیز تر کرنا ؛ تیز کرنا ؛ جلد تر کرنا ۔ (۳) تیزی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ جلدی کرنا ۔ (٤) تیزی سے آنا یا جانا ؛ جلد قدم اٹھانا ۔

Hastener/Haster : (n) (۱) جلدی کرنے والا ۔ (۲) پردہ جس سے آگ کی تپش کو مرتکز کرتے ہیں ۔

Hastifoliate/Hastifolious : (a) برچھی نما پتیوں والا ۔

Hastiform : (a) برچھی نما ۔

Hastile : (a) دیکھو Hastate

Hastily : (adv.) (۱) تعجیلاً ؛ عاجلاً ۔ (۲) جلدی جلدی ؛ تیزی سے ۔ (۳) جلد بازی یا ناعاقبت اندیشی سے (٤) چڑچڑے پن سے ۔

Hastiness : (n) (۱) تعجیل ؛ عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی ۔ (۲) جلد بازی ؛ ناعاقبت اندیشی ۔ (۳) زود رنجی ؛ چڑچڑا پن ۔

Hasting : (a) جلد بازی کرنے والا ۔

Hasty : (a) (۱) جلدی کا ؛ عجلت کا ؛ عاجلانہ ۔ (۲) تیز ؛ تیز رفتار ۔ (۳) جلد باز ؛ ناعاقبت اندیش ؛ ناعاقبت اندیشانہ ۔(٤) زود رنج ؛ چڑچڑا ؛ جھلا ؛ تند خو ؛ تیز مزاج ۔

Hasty-pudding : (n) ایک قسم کی پڈنگ ۔

Hat : (n) (۱) ہیٹ ؛ انگریزی ٹوپی (زنانہ یا مردانہ) ۔ (۲) ٹوپی جس سے پہننے والے کا رتبہ یا مرتبہ ظاہر ہو ۔

(His) hat covers (his) family : وہ دنیا میں تنہا ہے ؛ اس کا کوئی نہیں ۔

To send round the hat/To go round with the hat : چندہ جمع کرنا ۔

To talk through one's hat : مبالغہ کرنا ؛ فقروں سے کام لینا ؛ شیخی مارنا ۔

Hat : (n) (۱) سر پر ہیٹ رکھنا ۔(۲) (کسی کو) ہیٹ دینا ۔

Hat-band/Hatband : (n) (۱) ہیٹ کی پٹی (جو اس کے گرد لپٹی ہوتی ہے) ۔(۲) وہ پٹی جو ہیٹ میں سوگواری کی علامت کے طور پر لگائی جاتی ہے ۔

Hat-block : (n) ہیٹ کا قالب ۔

Hat-body : (n) فلٹ کا وہ ٹکڑا جس کو کاٹ کر ہیٹ بناتے ہیں ۔

Hat-box : (n) ہیٹ رکھنے کا بکس۔

Hat-brush : (n) ہیٹ صاف کرنے کا برش۔

Hat-case : (n) دیکھو Hat-box

Hat-die : (n) ہیٹ کا قالب۔

Hat-homage : (n) احتراماً ہیٹ کو اٹھانا۔

Hat-money : (n) مالک کو چھوٹی سے رقم جو اس کی نگرانی اور کاوش کے صلے میں دی جائے۔

Hat-mould : (n) دیکھو Hat die

Hat-piece : (n) چھوٹا خود جو ہیٹ کے اندر پہنا جاتا ہے۔

Hat-stand/-tree : (n) ہیٹ ، کوٹ وغیرہ لٹکانے کا ٹیکن۔

Hat trick : (n) (۱) ہیٹ سے کوئی شعبدہ بازی کرنا۔ (۲) (کرکٹ) متواتر تین گیندیں پھینک کر تین کھلاڑیوں کو آوٹ کرنا۔

Hatch : (n) (۱) نصفہ در ؛ دو حصے والے کواڑ کا نیچے کا حصہ۔ (۲) کھٹکے دار دوازہ جو جہاز کے عرشے میں ہوتا ہے اس کا پٹ۔ (۳) کھڑکی (دروازے ، دیوار ، مکان کے فرش یا جہاز کے عرشے میں)۔ (٤) دریا یا نہر کے بند کا دروازہ ؛ آب بند۔ (٥) سالمن مچھلی کو پھنسانے کی ایک ترکیب۔ (٦) ہوائی جہاز کی وہ کھڑکی یا اس کا دروازہ جو ہنگامی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Under hatches : جہاز کی سب سے نیچی منزل یا خانے میں۔

Under the hatches : (۱) (مجازاً) پستی کی حالت میں خستہ حال۔ (۲) نیچے جاکر غائب ہونا۔ (۳) مردہ۔

Hatch : (n) (انڈے) سینا ؛ جھول۔

Hatch : (n) کھدے ہوئے متوازی خطوط۔

Hatch : (v) (۱) انڈوں سے بچے نکالنا ؛ جھول نکالنا (مرغی کے بچوں وغیرہ کا)۔ (۲) انڈے سینا ؛ انڈوں پر بیٹھنا ۔(۳) بچوں کا (انڈوں سےنکلنا) ؛ انڈا کھٹکنا۔ (٤) تدبیر کرنا ؛ منصوبہ باندھنا(سازش وغیرہ کا)۔ (٥) پیدا کرنا ؛ ترکیب نکالنا۔

Hatch : (v) (۱) کندہ کرنا ؛ جدول کھینچنا ؛ (کسی سطح پر متوازی خطوط کھینچنا۔ (۲) جڑاؤ کام کرنا۔

Hatch-boat : (n) ایک قسم کا چھوٹا جہاز جس کے عرشے میں بہت سی کھڑکیاں ہوتی ہیں۔

Hatched-moulding : (n) (تعمیرات) متقاطع متوازی خطوط کی کندہ کاری۔

Hatchel : (n) سن کو صاف کرنے کا کنگھا ؛ پنجہ۔

Hatchel : (v) سن کو پنجے سے صاف کرنا۔

Hatcheller : (n) سن کو صاف کرنے والا۔

Hatcher : (n) (۱) سینے والی ؛ سینے کی مشین۔ (۲) سازش کرنے والا ؛ منصوبہ باندھنے والا۔

Hatchery : (n) سینانہ ؛ وہ جگہ جہاں مچھلیوں کے انڈے سے بچے نکلتے ہیں۔

Hatchet : (n) (۱) تبر ؛ کلہاڑی۔ (۲) دانت اکھاڑنے کا ایک آلہ۔

To take or dig up the hatchet : صلح کرنا۔

To bury the hatchet : دشمنی شروع کرنا۔

Hatchet-face : (n) تنگ کتابی چہرہ۔

Hatchet-faced : (a) تنگ کتابی چہرے والا۔

Hatchet-fist : (n) تنگ مٹھی۔

Hatchet jaw : (n) تنگ جبڑا۔

Hatchettin/Hatchettine/Hatchetinle : (n) زردی مائل سفید نیم شفاف متحجر گوند یا موم نما ہائیڈرو کاربن ۔

Hatchettite : (n) دیکھو Hatchettin

Hatchety : (a) دیکھو Hatchet-face

Hatching : (n) سایہ زنی ؛ خطوطی سایہ ۔

Hatchment : (n) (۱) مارکہ ڈھال ؛ جس پر امراء کے مارکے بنائے جاتے ہیں ۔ (۲) مارکہ تختی ، وہ تختی جو مکان کے دروازے پر لگائی جاتی ہے جس پر صاحب خانہ کا مارکہ ہوتا ہے ۔

Hatchway : (n) جہاز کے عرشے میں وہ کھڑکی یا دروازہ جس سے مال تہ خانے میں اتارتے ہیں ۔

Hate : (n) (۱) نفرت ؛ بغض ؛ عناد ؛ عداوت ۔ (۲) جس سے نفرت کی جائے ۔

Hate/Haet : (n) ذرہ ۔

Hate : (v) (۱) نفرت کرنا ۔ (۲) عداوت رکھنا ؛ بغض و عناد رکھنا ؛ جلنا ؛ دشمنی رکھنا ۔

Hateable : (a) قابل نفرت ۔

Hateful : (a) (۱) نفرت انگیز ؛ قابل تعریف ۔ (۲) کینہ ور ۔

Hatefully : (adv.) نفرت انگیز طور پر ۔

Hatefulness : (n) نفرت انگیزی ۔

Hatemonger : (n) نفرت پھیلانے والا ۔

Hater : (n) نفرت کرنے والا ۔

Hatless : (a) بے ہیٹ ؛ ننگے سر ؛ کھلے سر ؛ برہنہ سر ۔

Hatred : (n) (۱) نفرت ۔ (۲) عداوت ؛ کینہ ؛ بغض ؛ عناد ۔

Hatted : (a) ہیٹ پہنے ہوئے ۔

Hatter : (n) (۱) ہیٹ بنانے اور بیچنے والا ؛ کلاہ ساز ۔ (۲) (آسٹریلیا ، کان) تنہا کام کرنے والا ۔

Hatter : (v) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ۔

Hatti/Hatti-sherif/-Humayun : (n) (ترکی) (خط شریف) سلطان کا دستخطی فرمان ۔

Hatting : (n) کلاہ سازی کا پیشہ ۔

Hauberk : (n) زرہ ؛ بکتر ۔

Hauerite : (n) مینگنیز کا دوہرا سلفائیڈ ۔

Haugh/Halgh : (n) دریا برآمد زمین جو دریا کے کنارے واقع ہو ۔

Haught : (a) مغرور ؛ متکبر ۔

Haughtily : (adv.) متکبرانہ ؛ مغرورانہ ؛ تمکنت سے ۔

Haughtiness : (n) (۱) کبر ؛ غرور ؛ تکبر ؛ خود بینی ؛ نخوت ۔ (۲) تمکین ؛ تمکنت ؛ بھاری بھر کم پن ۔

Haught : (a) (۱) متکبر ؛ مغرور ؛ خود بیں ؛ خود پسند ؛ مغرورانہ ۔ (۲) پر تمکین ؛ باتمکنت ؛ بھاری بھر کم ۔

Haul : (v) (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) (بحری) جہاز کا رخ بدلنا ۔ (۳) (ہوا کا) رخ بدلنا ۔ (٤) طرز عمل بدلنا ؛ آنا جانا ۔

To haul on a wind/To haul the (her, our, etc) wind/ To haul upon or to the wind : جہاز کا رخ ہوائی رخ پر بدلنا یا کردینا ؛ موڑنا ؛ پھیرنا ؛ گھمانا ؛ پلٹنا ۔

To haul over the coals : سرزنش کرنا ۔

To haul up : سرزنش کرنے کے لئے لانا ۔

Haul : (n) (۱) کھینچائی ؛ مچھلی کے جال کو کھینچنا - (۲) (مجازاً) یافت - (۳) مچھلیوں کی تعداد جو ایک بار جال کھینچنے میں آئے - (٥) (رسا سازی) تقریباً چار سو لڑیاں -

Haul-rope : (n) رسا (جس سے کوئی چیز کھینچی جاتی ھے) -

Haul-seine : (n) مچھلی پکڑنے کا جال جس کا ایک سرا کنارے پر باندھ دیا جاتا ھے اور دوسرے سرے کو گھماکر مچھلیوں کو کنارے پر لاتے ھیں -

Haulage : (n) (۱) کھینچنا ؛ کشش - (۲) کھینچنے کا خرچ - (۳) کھینچنے کا رستہ -

Hauler : (n) کھینچنے والا ؛ بارکش -

Haulier : (n) کوئلے کی کان میں ٹب کا کھینچنے والا -

Haulm : (n) دیکھو Halm

Haulm : (v) گھاس پھوس کا چھپر بنانا -

Haulmy : (a) ٹھنٹھ دار ؛ ڈنٹھل دار -

Haunce : دیکھو Hance

Haunch : (n) (۱) کولھا ؛ پٹھا - (۲) ہرن وغیرہ کی ران اور پٹھے کا گوشت - (۳) محراب کے مرکز اور ستون کا درمیانی حصہ - (٤) (بحری) شہتیر کے سائز میں یکبارگی تخفیف - (٥) (مجازاً) آخری حصہ -

Haunch : (v) موٹائی کم کرنا یا ہونا -

Haunch-bone : (n) کولھے کی ہڈی -

Haunched : (a) کولھے دار -

Haunt : (v) (۱) کسی جگہ زیادہ آمد و رفت رکھنا ؛ زیادہ آنا جانا ؛ نشست یا اڈا بنانا - (۲) (کسی شخص کا) بار بار آنا ؛ منڈلانا ؛ چکر لگانا - (٤) بھوتوں کا کسی جگہ بار بار آنا -

Haunt : (n) (۱) عادت - (۲) (جانوروں کے) آنے جانے کی جگہ ؛ (بدمعاشوں یا مجموں کا) اڈا ؛ بیٹھک - (۳) بھوت -

Haunted : (a) (۱) جہاں بھوت بہت آتے ھیں ؛ بھوتوں کا بسیرا - (۲) پریشان -

Haunter : (n) زیادہ آمد و رفت رکھنے والا -

Haurient : (a) (سپر پر مچھلی کا نشان) سر اٹھائے ہوئے -

Hause/Hawse : (n) دو اونچائیوں کے درمیان تنگ گھاٹی -

Hausen : (n) اسٹرجن (Shirgdon) مچھلی کی سب سے بڑی قسم -

Hausse : (n) توپ کی عقبی شست -

Haussmanize : (v) سڑکوں کو سیدھا اور چوڑا کرنا ؛ پھر سے بنانا -

Haustellate : (a) جُرعیّہ دار ؛ جرعیّہ حشرات سے متعلق -

Haustellum : (n) جرعیہ ؛ جاذبیہ خرطوم -

Haustorium : (n) جاذبہ برنبات -

Haut-gout : (n) تیز ذائقہ ؛ چٹپٹاپن -

Haut-pas : (n) دیکھو Half-pace

Haut-relief : (n) ابھری ہوئی تصویر یا مورت -

Haut-ton : (n) بلند فیشن ؛ بلند فیشن کے لوگ -

Hautboy/Hoboy : (n) (۱) شہنائی ؛ ایک طرح کی نفیری یا بانسری - (۲) اسٹرا بیری یاتوت فرنگی کی ایک نوع - (۳) آرگن باجے کا پردہ -

Hautboyist : (n) نفیری نواز -

Hauteur : (n) نخوت کا انداز ؛ تمکنت کا انداز -

Hauyne : (n) الومینیم اور سوڈیم کا ایک سلیکیٹ جس میں

کیلسیم سلفیٹ شامل رہتا ھے ۔

Hauynite : (n) دیکھو Hauyne

Havana : (n) ھوانا یا کیوبا کا بنا ھوا سگار ۔

Have : (v) (۱) پاس ھونا ؛ رکھنا ۔ (۲) مشتمل ھونا ۔ (۳) محسوس کرنا (خوشی وغیرہ) ۔ (٤) استعداد رکھنا ۔ (٥) مجبور ھونا (کسی کام کے کرنے پر) ۔ (٦) کرنا (شک وغیرہ) ۔ (۷) ھونا (گفتگو ملاقات) ۔ (۸) پانا (خبر وغیرہ) ۔ (۹) کھانا یا پینا ۔ (۱۰) انصرام دینا ۔ (۱۱) دعویٰ کرنا ؛ ادّعا کرنا ۔ (۱۲) حاصل کرنا ۔ (۱۳) (کسی پر) اختیار رکھنا ۔ (١٤) بازی لے جانا ۔ (۱٥) پیدا کرنا ۔ (۱٦) حصه لینا ۔ (۱۷) ملازم رکھنا ۔

To have a go : (کرکٹ) گیند کو زور سے مارنا (اسکور کرنے کے لئے) ۔

To have a hand in : کچھ اختیار یا دخل رکھنا ۔

To have and to hold : لینا اور رکھنا (ہمیشه کے لئے) ۔

To have done : ختم کرنا ۔

To have had it : (۱) حتی المقدور کوشش کرنا ۔ (۲) برداشت کرنا ۔

To have it coming : مستوجب ھونا ؛ سزاوار ھونا ۔

To have it in for : عداوت رکھنا ۔

To have it in one : جرأت رکھنا ۔

To have it out : معامله طے کرنا ۔

To have it over/To have it all over : ور پڑنا ۔

To have kittens : متردد ھونا ۔

To have none of : انکار کرنا شرکت کرنے سے ۔

To have nothing on : برتر نه ھونا ۔

To have no use for : حقارت سے دیکھنا ۔

To have one self : رنگ رلیاں منانا ۔

To have one's eye on : حاصل کرنے کی نیت رکھنا ۔

To have one's hands full : ضرورت سے زیادہ مشغول یا مصروف رہنا ۔

To have one's head/To have one's hide : (غصه میں) سزا دینا ۔

To have one's own back : بدله لینا ۔

To have to do : سرو کار رکھنا ۔

To have someone do something : کام لینا ۔

To have something happen to one : (کسی کے ساتھ) کوئی واقعه ھونا ۔

To have something on : کسی کی مخفی خطا یا جرم کی خبر رکھنا ۔

To let one have it : خبر لینا ؛ ڈانٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Have : (n) (۱) صاحب مقدرت ۔ (۲) (عام) فریب ؛ دھوکا ؛ چرکه ۔

Have-not : (n) غریب ؛ مفلس ۔

Have on : (v) (۱) پہننا ۔ (۲) شرکت کا منصوبه بنانا ، منصوبه تیار کرنا ۔

Have up : (v) عدالت کے سامنے پیش کرنا ۔

Havelock : (n) سفید کپڑے کا پارچه جو ٹوپی کے اوپر گرمی سے بچنے کے لئے لگایا جاتا تھا ۔

Haven : (n) (۱) بندرگاہ ؛ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگه ۔

(۲) (مجازاً) مامن ؛ ملجا ؛ ماوا ؛ جائے پناہ۔

Haven : (v) جہاز کو بندرگاہ میں لانا ۔

Havenage : (n) بندرگاہ کا محصول۔

Havener/-or : (n) بندرگاہ کا منتظم ۔

Havenership : (n) بندرگاہ کے منتظم کا عہدہ۔

Havenless : (a) بے بندرگاہ ؛ بے مامن ؛ بے جائے پناہ۔

Haver : (n) مالک ۔

Haver : (n) جئی ۔

Haver : مہمل گفتگو ؛ بکواس ۔

Haver : (v) مہمل گفتگو کرنا ۔

Haver-cake : (n) جئی کا کیک۔

Haver-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Haverel : (n) فضول گو ؛ مہمل گفتگو کرنے والا ۔

Havering : (a) ذو معنی ۔

Haversack : (n) (سپاہی کا) تھیلا یا خرجی (جس میں وہ کھانے پینے کا سامان رکھتا ہے) ۔

Haversian : (a) ہڈی کی بعض ساخت جو Havers نے دریافت کی ۔

Haversine : (n) (بحری) نیم جیب معکوس ۔

Havey-cavey : (a) غیر متوازن ۔

Having : (n) (۱) ملک ؛ ملکیت ۔ (۲) دولت ؛ جائیداد ؛ مال و متاع ؛ اثاثہ ۔ (۳) (جمع میں) اطوار ؛ کردار ۔

Having : (a) حریص ۔

Haviour : (n) چلن ؛ اخلاق ۔

Havlagah : (n) جبر علی النفس ؛ ضبط ؛ خود ضبطی ۔

Havna : (n) دیکھو Have-not

Havoc : (n) تباہی ؛ بربادی ؛ خرابی ۔

Havoc : (v) (۱) تباہ و برباد کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ اجاڑنا ؛ گدھے سے ہل چلوا دینا ۔ (۲) ہنگامہ برپا کردینا ؛ تباہی پھیلا دینا ۔

To cry havoc : (۱) فوج کو لوٹ مار کی اجازت دینا یا اشارہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) ہلا کرنے کا حکم دینا ۔

Havocker : (n) تباہی مچانے والا ؛ غارت گر ۔

Haw : (n) (تاریخ) (جھاڑیوں کی) باڑ ؛ جنگلا ؛ احاطہ ۔

Haw : (n) (۱) ثمر خفچہ ۔ (۲) خفچہ ؛ ایک خاردار جھاڑی ۔

Haw : (n) (گھوڑے ، کتے وغیرہ کی) چشمک زن جھلی ۔

Haw : (interj. & n) پس و پیش کی آواز یا سا ۔

Haw : (v) پس و پیش کی آواز نکالنا ۔

Haw-buck : (n) دیہاتی ؛ گنوار ۔

Haw-haw : (interj.) قہ قہ قہ ۔

Haw-haw : (n) قہقہہ کی آواز ؛ قہقہہ ۔

Haw-haw : (a) (۱) قہقہہ آمیز ۔ (۲) عادتاً قہقہہ لگانے والا ؛ پس و پیش کرنے والا (تقریر میں) ۔

Haw-haw : (v) کھلکھلا کر ہنسنا ؛ قہقہہ لگانا ۔

Hawcubite : (n) آوارہ گرد نوجوان جو سترھویں صدی عیسوی میں لندن کی گلیوں میں منڈلاتے پھرتے تھے ۔

Hawfinch : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ۔

Hawk : (n) (۱) شاہین ؛ شکرہ ؛ باز ؛ جرہ (اس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جیسے Hack hack) ۔ (۲) جبر ستانی کرنے والا شخص ؛ ڈاکو ؛ قزاق ۔

Hawk of the fist : باز جو یکایک مٹھی پر سے اُڑجاتا ہے ۔

Hawk : (n) گچ وغیرہ لے جانے کا چوبی ظرف ۔

Hawk : (n) کھنکھارنا ؛ کھنکھارنے کی آواز ۔

Hawk : (v) پھیری لگاکر سامان فروخت کرنا ؛ پھیری لگانا ۔

Hawk : (v) (۱) (چڑیوں وغیرہ کا) باز سے شکار کرنا ۔ (۲) ہوا میں شکار کرنا ۔ (۳) اڑکر حملہ کرنا یا اڑتے ہوئے حملہ کرنا ۔

To hawk at : (۱) شکرے کی طرح جھپٹنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (۲) (ابابیل وغیرہ کا) کیڑوں کا شکار کرنا ۔

Hawk : (v) کھنکھارنا ؛ کھنکھار کر بلغم صاف کرنا ۔

Hawk-bill : (n) (۱) پلاس یا سنسی ۔

Hawk-billed : (a) باز منقارہ ۔

Hawk-boy : (n) ریزہ ۔

Hawk-eagle : (n) ایک قسم کا عقاب ۔

Hawk-eye : (n) امریکا کے دیسی باشندوں کا لقب ۔

Hawk-eyed : (a) شاہین نظر ؛ تیز نظر ۔

Hawk-fly : (n) زنبور کی ایک قسم ۔

Hawk-moth : (n) ایک قسم کا اُڑنے والا کیڑا ۔

Hawk-nose : (n) منقار نما ناک ۔

Hawk-nosed : (a) عقاب بینی ؛ باریک ؛ اونی اور نوکیلی ناک والا ۔

Hawk-owl : (n) ایک قسم کا اُلّو جو دن کو شکار کرتا ہے ۔

Hawkbil : (n) مرکب پودوں کا نام ۔

Hawked : (a) خمیدہ ؛ منقار نما ۔

Hawker : (n) شکرہ باز ۔

Hawker : (n) پھیری والا ؛ خوانچے والا ۔

Hawk's-bell/Hawk-bell : (n) چھوٹی سی گول گھنٹی جو باز کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے ۔

Hawk's-bill : (n) (۱) ایک قسم کا کچھوا ۔ (۲) گھوڑی کی گھنٹی کا ایک پرزہ ۔

Hawkweed : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ پودوں کی ایک نوع کا نام ۔

Hawm : (v) بے ڈھنگے طور پر حرکت کرنا ۔

Hawse : (n) (۱) جہاز کے اگلے سرے کا وہ حصہ جس میں رسوں یا تاروں کے لئے چھید ہوتے ہیں ۔ (۲) لنگر انداز جہاز کے اگلے سرے اور لنگروں کے بیچ کی جگہ ۔

Athwart the howse : (بحری) لنگر انداز جہاز کے رسے کے آڑے ۔

Clear, open hawse : (بحری) جب دونوں رسے سیدھے سیدھے اپنے لنگر سے بندھے ہوں ۔

Foul hawse : (بحری) جب دونوں رسے الجھے ہوئے ہوں ۔

To clear the hawse : (بحری) دو رسوں کو الگ کرنا ۔

To fresh (freshen) the hawse : (بحری) رسے کو ڈھیلا کرنا ۔

Hawse : (n) دیکھو Hause

Hawse-block : (n) لکڑی کا کندہ جس سے رسوں کے سوراخ کو بند کیا جاتا ہے۔

Hawse-hole : (n) جہاز کے اگلے حصے کے دو سوراخوں میں سے ایک استوانہ سوراخ۔

Hawse-piece : (n) جہاز کے اگلے حصے کی شہتیر جس میں رسوں کے لئے سوراخ بنایا جاتا ہے۔

Hawse-pipe : (n) لوہے کی پائپ جو رسے کے سوراخ میں لگی رہتی ہے تاکہ لکڑی محفوظ ہے۔

Hawse-plug : (n) (بحری) ڈاٹ جو Hawsepipe میں لگائی جاتی ہے۔

Hawser : (n) (بحری) بڑا رسا جو جہاز کے لنگر اندازی میں استعمال ہوتا ہے۔

Hawser-bend : (n) دو بڑے رسوں کو باندھنے کی گرہ۔

Hawser-laid : (a) ایک لڑی میں تین چار لڑیوں کو ملا کر بنایا ہوا۔

Hawthorn : (n) (۱) خفچہ ؛ بٹ سنگلی ؛ ایک خار دار جھاڑی جس کے پھول سفید ، گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ ہوتے ہیں۔ (۲) مصنوعی چارہ (مچھلی پکڑنے کے لئے)۔

Hawthorn-china : (n) مشرقی چینی کے ظرف جن میں نیلگوں زمین پر سفید شاخیں ہوتی ہیں۔

Hawthorn-fly : (n) (۱) ایک چھوٹی کالی مکھی۔ (۲) مصنوعی چارہ (مچھلی پکڑنے کے لئے)۔

Hawthorn-grosbeak : (n) کبیر المنقار سہرہ۔

Hawthorn-tree : (n) خفچہ کا پودا۔

Hay : (n) (۱) پیال ؛ کاہ ؛ خشک گھاس جو چارے کے کام آتی ہے سوکھی کٹی ہوئی گھاس جو جانوروں کو کھلاتے ہیں۔ (۲) بونجھ۔ (۳) محنت کا پھل۔ (۴) (عام) بستر۔ (۵) حقیر رقم۔

To carry hay in one's horns : بد مزاج یا خطر ناک ہونا۔

To look for a needle in a bundle of hay : لاحاصل تلاش کرنا ؛ گھاس کے ڈھیر میں سوئی تلاش کرنا۔

To make hay : (۱) گھاس کا ٹنا ۔(۲) انتشار پیدا کرنا ۔

To make hay of : ابتری پیدا کرنا ؛ درہم برہم کرنا۔

To make hay while the sun shines : موقع سے فائدہ اٹھانا ؛ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا۔

Hay : (n) (۱) جنگلا ؛ باڑ۔ (۲) احاطہ۔

Hay/Hey : (n) ایک قسم کا دیہاتی رقص۔

To dance the hay or hays : خاص طور سے رقص کرنا۔

Hay : (v) (۱) گھاس لگانا۔ (۲) گھاس کاٹ کر خشک کرنا۔ (۳) گھاس کو خشک کرنا۔

Hay asthma : (n) تپ کاہی

Half-niece : (n) سوتیلے بھائی یا سوتیلی بہن کی لڑکی ۔

Half-noble : (n) ایک طلائی سکہ جو ایڈورڈ سوم اور چہارم کے زمانے میں رائج تھا ۔

Half-note : (n) (۱) موسیقی کا ایک سر (ٹھمری) ۔ (۲) بینک نوٹ کا آدھا حصہ ۔

Half-pace : (n) (۱) چبوترہ جس پر تخت وغیرہ رکھا جاتا ہے ۔ (۲) قربان گاہ چبوترہ ۔ (۳) زینوں کے دو سلسلوں کا درمیانی چوڑا زینہ ۔

Half-paced : (a) ایک قدم اونچا ۔

Half-pay : (n) (۱) نصف تنخواہ ۔ (۲) نصف تنخواہ پانے والا افسر ۔

Half-penny/-pence : (n) مسی سکہ جس کی قیمت دو پیسے ہے یا نصف پینی ۔

Half-penny under the hat : ایک قسم کا جوا ۔

More kicks than half penny : باتیں کم لاتیں زیادہ ؛ مہربانی کم سختیاں زیادہ ۔

To turn up again like a bad half-penny : پھر پھرکر آپہنچنا ؛ بار بار لوٹ آنا ۔

Half pennyworth : (n) دھیلے برابر ؛ خفیف مقدار میں ۔

To lose the ship for a halfpennyworth : تھوڑے نفع کے لئے بڑا نقصان اٹھانا ۔

Half-pike : (n) چھوٹا نیزہ ۔

Half-plate : (n) ایک قسم کی گھڑی جس میں بڑی بال کمانی ہوتی ہے ۔

Half-plate paper : (n) مشین کا بنا ہوا کاغذ ۔

Half-press : (n) مطبع میں ایک آدمی کا کام ۔

Half-price : (n) نصف قیمت ۔

Half-principal : (n) نصف شہتیر ۔

Half-relif : (n) تھوڑا ابھرا ہوا حام ۔

Half-rest : (n) (موسیقی) سُر کا وقفہ ۔

Half-round : (a) نصف دائروی ۔

Half-round : (n) نصف دائرہ ۔

Half-royal : (n) موٹی دفتی کی ایک قسم ۔

Half-sap : (n) نصف نقب ۔

Half-seas-over : (a) (۱) نصف سمندر پار ۔ (۲) آدھا کام ختم کئے ہوئے ۔ (۳) نیم مست ؛ نیم مدھوش ؛ نیم مخمور ۔

Half-shade : (n) (مصوری) نصف سایہ ۔

Half-sheet : (n) آدھا تختہ ۔

Half-shift : (n) سارنگی بجانے میں ہاتھ کا ایک خاص جگہ پڑنا ۔

Half-sister : (n) سوتیلی بہن ۔

Half-snipe : (n) چھوٹا چہا ۔

Half-sovereign : (n) (۱) انگلستان کا طلائی سکہ جو دس شلنگ کے برابر ہوتا ہے ۔ (۲) پتھر کی صراحی ۔

Half-space : (n) تین طرف سے حفاظت کرنا ۔

Half-stitch : (n) ڈھیلا بخیہ ۔

Half-storey : (n) آدھی بالائی منزل ۔

Half-stuff : (n) (کاغذ سازی) نصف تیار شدہ مادہ ۔

Half-swing plough : (n) ایک قسم کا ہل ۔

Half-text : (n) چھوٹے حروف میں لکھی ہوئی تحریر ۔

Half throw/-travel : (n) فشارہ باصمام وغیرہ کی آدھی حرکت ۔

Half-tide : (n) نصف مدو جزر ۔

Half-tide basin/-dock : (n) دروازہ لگی ہوئی گودی جو نصف جزر کے وقت بند کردی جاتی ہے ۔

Half-timber : (n) نصف شہتیر ۔

Half-timber : (a) (۱) شہتیروں سے آدھا بنا ہوا ۔ (۲) نصف شہتیروں سے بنا ہوا ۔

Half-timberde : (a) نصف شہتیروں سے بنا ہوا ۔

Half-time : (n) (۱) نصف وقت ۔ (۲) (فٹ بال) وقفہ جب کھیل کا پہلا حصہ ختم ہوجاتا ہے ۔

Half-timer : (n) وہ جو آدھے دن مدرسے میں پڑھے اور آدھے دن مزدوری کرے ؛ نیم وقتی طالب علم ۔

Half-time register: (n) نیم وقتی طالب علموں کے لئے رجسٹر ۔

Half-time system : (n) وہ نظام جس میں بچے آدھے دن مدرسے میں پڑھتے ہیں اور آدھے دن کماتے ہیں ۔

Half-tint : (n) یک رنگی تصویر ۔

Half-title : (n) کتاب کا مختصر عنوان ۔

Half-tone : (n) (۱) (موسیقی) نیم سُرتی ۔ (۲) درمیانی رنگ ۔

Half-tongue: (n) جیوری جس کے آدھے ممبران غیر ملکی ہوں ۔

Half-trap : (n) گندی موری میں نیم دائروی نشیب ۔

Half-truth : (n) وہ بات جو پوری حقیقت کو ظاہر نہ کرے ؛ ادھورا سچ ۔

Half-uncial : (n) نیم جلی ۔

Half-volley : (n) (فٹ بال ، کرکٹ وغیرہ میں) ایسی گیند جو زمین پرگرکر اس طرح اٹھتی ھے کہ اسے ہٹ یا کک کیا جاسکے ۔

Half-water : (n) دیکھو Half-tide

Half-wave : (n) نصف موج ؛ نصف طول موج ۔

Half-way/Halfway : (a) درمیانی دور ؛ نصف دور ۔

Half-way/Halfway : (adv.) (۱) درمیان میں ؛ بیچ بیچ میں ۔ (۲) مصالحتانہ ۔ (۳) کم و بیش ۔

Half-way/Halfway : (n) وہ سرائے جو دو شہروں یا قصبوں کے ٹھیک درمیان میں ہو ؛ بیچ کی سرائے ۔

Half-way house : (n) دیکھو Half-way

Half-wit : (n) بے سمجھ ۔

Half-witted : (a) بے سمجھ ؛ ضعیف العقل ۔

Half-word : (n) اشارہ ۔

Half-world : (n) نصف کرہ ۔

Half-year : (n) نصف سال ؛ چھ مہینے ۔

Half-yearly : (adv.) شش ماہی ؛ چھ ماہی ۔

Halfa/Alfa/Alpha//Halfeh : (n) حلفہ ؛ ایک قسم کی گھاس جس سے کاغذ بنایا جاتا ھے ۔

Halfness : (n) آدھا نامکمل ھونا ۔

Halfy : (n) (عام) وہ فقیر جس کے دونوں پاؤں کٹے ھوئے ھوں ۔

Halibut/Holibut : (n) ایک بڑی اور چپٹی مچھلی جو شمالی سمندر میں پائی جاتی ھے ۔

Halichondroid : (a) بڑے اسفنجوں کے خاندان کا ۔

Halicore : (n) (حیوانیات) زالعہ ؛ بحری گائے ۔

Halidom/Halidome : (n) (۱) پاک چیز ؛ مقدس شے ۔ (۲) مقدس جگہ یا جائے امان ۔

Halieutic : (a) ماہی گیری سے متعلق ۔

Halieutics : (n) ماہی گیری ؛ ماہی گیری کا فن ؛ ماہی گیری کی کتاب ۔

Haliotis : (n) جنس گوش صدفہ ۔

Haliotoid : (a) جنس گوش صدفہ سے مماثلت رکھنے والا ۔

Halitosis : (n) بدبودار دم ۔

Halituous : (a) سانس سا ؛ دم سا ۔

Halitus : (n) دم ؛ نفس ۔

Hall : (n) دیکھو Ha' : (n)

Servant's hall : بڑے گھروں میں نوکروں کے کھانے وغیرہ کا کمرہ ۔

Hall bed-room : (n) ڈیوڑھی کے اوپر کا سونے کا چھوٹا کمرہ ۔

Hall-door : (n) بڑے مکان یا دالان کا دروازہ ۔

Hall-mark : (n) (۱) سرکاری مہر ؛ مہر تصدیق ؛ وہ سرکاری مہر جو طلائی یا نقری اشیاء پر بطور تصدیق و سند لگائی جائے ۔ (۲) (مجازاً) علامت ۔

Hall-mark : (v) مہر تصدیق ثبت کرنا ۔

Hallali : (n) شکاری کے بگل کی آواز ۔

Hallan : (n) دروازہ اور آتش دان کے بیچ کی اوٹ ۔

Hallan-shaker : (n) (۱) گشتی فقیر ۔ (۲) بدمعاش ۔

Hallel : (n) بھجن ؛ حمد ۔

Hallelujah/-iah : (interj. & n) (۱) خدا کی تعریف کا گیت ؛ حمد ۔ (۲) سب تعریف تجھ کو ہے اللہ ۔

Hallelujah : (n) (نباتیات) نرشک ؛ ترش عرق والے پودوں کی قسمیں ۔

Hallelujah-chorus : (n) وہ نغمہ جس کی بنیاد لفظ Hallelujah پر ہوتی ہے ۔

Hallelujah-lass : (n) Salvahion Army کی خاتون رکن ۔

Hallelujatic/-iatic : (a) حمد سے متعلق ۔

Hallidome : دیکھو Halidom

Hallo/Halloa : (interj. & n) (۱) (متوجہ کرنے یا اظہار تعجب کےلئے) ھوت ، اخاہ ۔ (۲) ہیلو کی آواز ۔

Haloo : (interj. & n) کتوں کو شکار کے لئے ہُلکار نے کی آواز ؛ لگے لگے ۔

Halloo : (v) (۱) ہلکارنا ؛ لگے لگے کہنا ۔ (۲) ہلو کا نعرہ لگانا ۔ (۳) کسی کو متوجہ کرنے لئے پکارنا ۔

Not to halloo until one is out of the world : خطرہ گزر جانے کے بعد خوشی منانا ۔

Hallow : (n) (۱) مقدس آدمی ؛ ولی ۔ (۲) (جمع) درگاہیں یا تبرکات ۔

Hallow : (n) ہُلکار ؛ شُشکار ۔

Hallow : (v) (۱) پاک یا مقدس کرنا ۔ (۲) تعظیم کرنا ؛ احترام کرنا ۔ (۳) کسی دن یا تہوار کو احتراماً منانا ۔

Hallow : (v) (۱) للکارتے ہوئے پیچھا کرنا ۔ (۲) کتوں کو ہلکارنا یا شُشکار ۔ (۳) چلانا ۔

Hallow-e'en : (n) اکتوبر کی آخری رات ۔

Hallowmas : (n) یوم الاولیاء ۔

Halloysite : (n) گلی معدن ۔

Hallucal : (a) انگوٹھے سے متعلق ۔

Hallucar : (a) دیکھو Hallucal

Hallucinate : (v) (کسی شخص کے دماغ پر) غلط اثر ڈالنا ؛ غلط خیال پیدا کرنا ؛ گمراہ کن اثر ڈالنا ۔

Hallucination : (n) واہمہ ؛ فریب حس ؛ فریب نظر ؛ فریب خیال تصور کا دھوکا ؛ وہم ۔

Hallucinative : (a) وہمی ؛ خیالی ۔

Hallucinator : (n) وہم پیدا کرنے والا ۔

Hallucinatory : (a) دیکھو Hallucinative

Hallucinogen : (n) وہم پیدا کرنے والی دوا ۔

Hallucinosis : (n) وہم روگ ؛ وہمیت ۔

Hallux : (n) ابہام قدم ؛ شست پا ؛ انگوٹھا ؛ (حیوانیات) پنجہ ، پشت پا ۔

Halm : (n) کھیتوں میں اناج کے کٹے ہوئے پودوں کے خشک ٹھونٹھ ؛ دھانے ؛ سوکھی ہوئی کھونٹیاں (مٹر وغیرہ کی) ؛ پھلیوں کے ڈنٹھل ؛ گھاس پوس وغیرہ (جو چھپر بنانے کے کام آتی ہے) ۔

Halma : (n) ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے ۔

Halo : (n) (۱) ہالہ (سورج ، چاند وغیرہ کا) ؛ منڈل ؛ خرمن ماہ ۔ (۲) حلقہ ؛ دائرہ ۔ (۳) اولیاء کے سر کا حلقہ ، نور ؛ اولیاء کا نورانی تاج ۔ (٤) اولیاء کی تصویر میں سر کے گرد نورانی دائرہ ۔ (٥) روحانی عظمت ۔

Halo : (n) حلقہٴ نور بنانا ؛ ہالہ بنانا ؛ روحانی نور یا عظمت بخشنا ۔

Haloed : (a) ہالہ دار ۔

Halogen : (n) لونجن ؛ ایک عنصر جو دھاتوں سے ملکر نمک بناتا ھے اس میں کلورین ، فلورین ، ایوڈین ، برومین اور سایا نوجن کے مرکب شامل ھیں ۔

Halogenated : (a) لونجن سے ملا ھوا ۔

Halogenous : (a) لونجن سا ۔

Haloid : (a) عام نمک سا ۔

Haloid : (n) بحری نمک ۔

Halomancy : (n) نمکی تفاؤل ۔

Halometer : (n) نمک کے قلموں کی ظاہری شکل ؛ زاویے اور سطحوں کو جانچنے کا آلہ ؛ نمک پیما ۔

Halotrichite : (n) لوہ پھٹکری ۔

Haloxylin/-ine : (n) ایک آتش گیر مادہ ۔

Halse/-hals : (n) (۱) گردن ۔ (۲) حلق ۔

Halt : (n) مقام ؛ منزل ؛ پڑاؤ ؛ وقفہ ؛ ٹھہرا

Halt : (n) (۱) لنگ ؛ لنگڑاپن ۔ (۲) بھیڑ کے پاؤں کی بیماری ۔

Halt : (a) لنگڑا ؛ لولا ؛ لنجا ۔

Halt : (v) لنگڑانا ۔ (۲) رک رک کر چلنا ۔ (۳) پس و پیش کرنا ؛ تامل کرنا ؛ مذبذب ھونا ؛ ہچکچانا ۔ (٤) (شعروں) سکتہ پڑنا ؛ وزن سے گرنا ۔ (٥) (دلیل کا) ناقص ھونا ؛ کمزور ھونا ۔

Halt : (v) (۱) ٹھہرنا ؛ مقام کرنا ؛ پڑاؤ ڈالنا ۔ (۲) (فوج) ٹھہرنا ؛ پڑاؤ ڈالنا ۔

Halter : (n) (۱) تسمہ ؛ رسی ؛ ڈوری جس میں گلے میں ڈالنے کے لئے حلقہ ھو ۔ (۲) پھانسی کی رسی ۔ (۳) پھانسی ؛ پھانسی سے موت ۔

Halter : (n) لنگڑانے والا ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Halter : (v) (۱) گلے میں رسی ڈالنا ۔ (۲) پھانسی دینا ۔

Halteres : (n) (۱) وزن جس کو ہاتھوں میں پکڑ کر چھلانگ لگائی جاتی ھے ۔ (۲) (حشریات) متوازنات ۔

Halting : (a) (۱) ناقص ؛ لنگ ۔ (۲) پس و پیش کرنے والا ۔

Haltingly : (adv.) رک رک کر ؛ پس و پیش کے ساتھ ؛ لنگڑا کر ۔

Haltingness : (n) پس و پیش ؛ رک رک کر چلنا ۔

Halvans : (n) فضلہ کچ دھات ۔

Halve : (v) (۱) مساوی حصہ کرنا ؛ برابر حصے کرنا ؛ نصفا نصف کرنا ؛ آدھا آدھ کرنا ۔ (۲) نصف کرنا ؛ نصف کردینا ۔ (۳) شہتیروں کے سرے آدھے تراش کر جوڑنا ۔ (٤) برابر برابر حصے لینا ؛ مساوی حصے لینا ۔

To halve a hole, around, a match : (گولف) اتنی ہی بار میں سوراخ میں گیند پہنچانا جتنی بار میں دوسرے نے پہنچائی ھے ۔

Halved : (n) (۱) آدھا کیا ھوا ؛ نصف کیا ھوا ۔ (۲) آدھا کٹا ھوا ؛ دو نیم ؛ دو پارہ ۔

Halver : (n) (۱) آدھا کرنے والا ؛ آدھا حصہ پانے والا ۔ (۲) (جمع) آدھا حصہ ۔

Halving : (a) آدھا کیا ھوا ۔

Halyard/Halliard/Haulyard : (n) (۱) آدھا کرنا ؛ نصف کرنا ۔ (۲) شہتیروں کے سرے آدھے تراش کر جوڑنا ۔

Ham : (n) (بحری) بادبان کش ؛ رسا یا رسی جو بادبان چڑھانے اتارنے کے کام آتی ھے ۔

Ham : (n) (۱) پشت ران ؛ پتھا ۔ (۲) دھوئیں میں پکائی ہوئی سور کی نمکین ران ۔ (۳) ران نما کوئی چیز ۔
(٤) بظاہر پرتکلف اداکار جو مہارت نہ رکھتا ہو ۔
(٥) ضرورت سے زیادہ جذبات کی نمائش ۔

Ham : (n) قصبہ ؛ بستی ؛ موضع ؛ گاؤں ۔

Ham : (a) بے مہارت کام کرنے والا ۔

Ham : (v) (۱) تصنع آمیز اداکاری کرنا ۔ (۲) ضرورت سے زیادہ جذباتی بنانا ۔

Hamadryad : (n) (۱) بن دیوی ؛ درخت میں رہنے والی پری جو درخت میں پیدا ہوتی ہے اور اس کے خشک ہوتے ہی مرجاتی ہے ۔ (۲) ہندوستان کا ایک زہریلا سانپ ۔ (۳) بوزنہ حبشہ ؛ حبش کا بڑا بندر ۔

Hamate : (a) سرخم ؛ خطافی ۔

Hamated : (a) دیکھو Hamate

Hamber-line : (n) (بحری) چھوٹا رسہ جو باندھنے میں کام آتا ہے ۔

Hamburg/-burgh : (n) (۱) ایک قسم کا سیاہ انگور ۔ (۲) ایک قسم کا چھوٹا پرند جو پالا جاتا ہے ۔ (۳) جرمنی کا ایک شہر ۔

Hame : (n) دو چوبی یا آہنی خمدار قلابے جو بگھی کے گھوڑوں کے گلے میں پڑتے ہیں ۔

Hamesucken : (n) (۱) کسی شخص کو اس کے گھر میں گھس کر مارنے کا جرم ۔ (۲) اس جرم کا عذر کرنا اور جو سزا دی جائے اس کو قبول کرنا ۔

Hamiform : (a) سرخم ۔

Hamite : (n) (۱) حامی ؛ حام کی اولاد ۔ (۲) مصری یا افریقہ کی کسی دوسری نسل سے ۔ (۳) حضرت نوح کا دوسرا بیٹا ۔

Hamite : (a) حامی ۔

Hamite : (n) متحجر سرخم سر پایہ ۔

Hamitic : (a) دیکھو Hamite

Hamlet : (n) (۱) دیہہ ؛ چھوٹا گاؤں ؛ بستی ، ٹولہ ؛ خصوصاً وہ چھوٹا گاؤں جس میں کوئی گرجایا معبد نہ ہو ۔
(۲) ایسے گاؤں کے لوگ ۔

Hamlet : (n) پس و پیش کرنے والا آدمی ۔

Hamleted : (a) گاؤں میں واقع شدہ ۔

Hammer : (n) (۱) ہتھوڑا ؛ ہتھوڑی ؛ مارتول ؛ موگری ۔
(۲) (بندوق) گھوڑا ۔ (۳) پیانو وغیرہ کی مضراب ۔
(٤) نیلام کرنے والے کی موگری (جو نیلام کرتے وقت میز پر ماری جاتی ہے) ۔ (٥) کچل دینے والا شخص یا چیز ۔ (٦) مطرقی ہڈی (کان کی) ۔
(۷) ہتھوڑا پھینکنے کا مقابلہ ۔

Hammer and tongs : پوری طاقت سے ؛ ایڑی چوٹی کا زور لگاکر ۔

Hars's hammer/Hammer of thorn : (۱) Jhoro کا ہتھوڑا ۔ (۲) ہندوستانی سوا سینکا ۔ (۳) ماقبل تاریخ کا ایک زیور ۔

Throwing the hammer : ہتھوڑا پھینکنے کا مقابلہ ۔

To bring (send, put up) to the hammer : نیلام کرنا ۔

To come to, go under the hammer : نیلام ہونا ۔

Hammer : (n) (۱) ہتھوڑے مارنا ۔ (۲) کوٹنا پیٹنا ؛ ٹھوکنا ۔
(۳) لڑائی یا کھیل میں ہرانا ؛ پیٹنا ۔ (٤) (کسی کام میں) سخت محنت کرنا ۔ (٥) (اسٹاک بازار میں) موگری تین بار مارنا (یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ فلاں شخص ادائی کے وعدے میں جھوٹا ٹھہرا) ؛ بھاؤ کو زبردستی کم کرنا ۔ (٦) ذہنی کاوش سے کسی چیز کی تشکیل کرنا ۔ (۷) لکنت کرنا ۔ (۸) ہموار کرنا ۔

Hammer-beam : (n) (تعمیرات) وہ کڑی جو بڑے شہتیر کے نیچے دیوار سے نکلی ہوئی ہو۔

Hammer-cloth : (n) کوچ بکس کی پوشش۔

Hammer-fish : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی۔

Hammer-harden : (n) ہتھوڑا مارکر سخت کرنا (دھات کو)۔

Hammer-head : (n) (۱) ہتھوڑے کا سر۔ (۲) ایک بڑی مچھلی۔ (۳) ایک افریقی پرندہ۔

Hammer-hacded: (a) (۱) ہتھوڑا نما سر رکھنے والا۔ (۲) (مجازاً) بےوقوف ؛ کودن۔

Hammer-mill : ہتھوڑے سے چلانے والی مل۔

Hammer-oyster : (n) دوصمامی صدفے کی ایک نوع۔

Hammer-scale : (n) آکسائیڈ جو گرم لوہے پر جم جاتا ہے۔

Hammer-sedge : (n) سور کی ایک قسم۔

Hammer-shark : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی جس کا سر ہتھوڑے جیسا ہوتا ہے۔

Hammer-shell : (n) دوصمامی صدفے کی ایک نوع۔

Hammer-slag/-slough : (n) دیکھو Hammer-scale

Hammer-spur : (n) بندوق کے گھوڑے کا وہ حصہ جس پر انگلی رکھ کر اُسے اٹھایا جاتا ہے۔

Hammer-stone : (n) ماقبل تاریخ کا ایک اوزار جو ہتھوڑے کی طرح کا ہوتا تھا۔

Hammer-toe : (n) برابر خم ہوجانے والا انگوٹھا۔

Hammer-work : (n) ہتھوڑے سے کیا جانے والا کام۔

Hammer-wrought : (a) ہتھوڑے سے بنایا ہوا۔

Hammerer : (n) (۱) ہتھوڑا چلانے والا یا مارنے والا۔ (۲) ارضیات داں (۳) Costa Rica کی ایک چڑیا۔

Hammerless : (a) (بندوق) جس میں گھوڑا نہ ہو۔

Hammerman/Hammersmith : (n) ہتھوڑے سے کام کرنے والا ؛ سنار ، لوہار وغیرہ۔

Hammochrysos : (n) ایک چمکتا ہوا پتھر جس کا قُدماء نے ذکر کیا ہے۔

Hammock : (n) (۱) جھولن کھٹولا ؛ جالی دار جھولا۔ (۲) جھولن کٹھولا نما کوئی چیز۔

Hammock-chair : (n) جھولن کرسی۔

Hammock-netting : (n) جھولن کھٹولوں کو رکھنے کا بکس یا جالی۔

Hammock-rail : (n) جھولن کھٹولے کا جنگلا۔

Hammock-shroud : (n) جھولن کھٹولا جس میں لاش کو لپیٹ کر سمندر میں دفن کرتے ہیں۔

Hamose : (a) خطافی ؛ سرخمہ۔

Hamper : (n) (۱) بید وغیرہ کا بناہوا صندوق یا پٹارہ جس میں کھانے پینے کی چیزیں اور ترکاریاں وغیرہ رکھی جاتی ہیں۔ (۲) صدف رکھنے کی ٹوکری۔ (۳) ٹوکری نما کوئی چیز۔

Hamper : (n) (بحری) جہاز کا بھاری سامان جو اکثر رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔

Hamper : (v) (۱) بیچ میں کوئی چیز رکھ کر روک دینا۔ (۲) (مجازاً) روکنا ؛ مانع ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ روڑے اٹکانا۔ (۳) سامان سنبھالنا۔

Hamper : (v) (۱) کھانے پینے کی چیزوں سے پٹاروں کو بھرنا۔ (۲) کھانے پینے کی چیزوں سے بھر کر پٹارا دینا۔

Hamperer : (n) رکاوٹ ڈالنے والا۔

Hamshackle : (v) (۱) (گھوڑے وغیرہ کے) اگلے پیر اور گلے کو باہم رسی سے باندھنا - (۲) (مجازاً) روکنا -

Hamster : (n) (۱) چوہے کی قسم کا ایک جانور جس کے منہ میں جھلی دار تھیلیاں ہوتی ہیں اور ان میں اناج وغیرہ بھر کر وہ اپنے سرمائی (موسم سرما کے) ذخیرے میں لے جاتا ہے - (۲) اس جانور کا رواں -

Hamstring : (n) (۱) (تشریح) عرقوب ؛ (انسان کے جسم میں) ٹانگ میں گھٹنے کے پیچھے کی موٹی نس - (۲) (مجازاً) روکنے کی طاقت -

Hamstring : (v) (۱) گھٹنے کے پیچھے کی موٹی نس کاٹ کر لنگڑا کردینا - (۲) (مجازاً) لنگڑا یا لولا کردینا ؛ بے اثر ؛ رکاوٹ ڈالنا -

Hamular : (a) اخطیفی سرخمہ -

Hamulate : (a) (حیوانیات و نباتیات) سرخمہ -

Hamulose/Hamulous : (a) سرخمہ بالوں والا -

Hamulus : (n) (۱) خطیفہ ؛ خطافچہ ؛ سرخمیدگی - (۲) جنیٓن کو نکالنے کا ایک سرخم اوزار -

Hamus : (n) (حیاتیات) خمیدہ ابھار -

Hance : (n) (۱) (بحری) جہاز کا خمیدہ ابھار - (۲) شہتیر کی سائز میں یک بارگی کمی - (۳) (تعمیرات) چھوٹے نصف قطر کی محراب -

Hand : (n) (۱) ید ؛ دست ؛ ہاتھ - (۲) بندر کا ہاتھ یا پیر - (۳) چوپایوں کا اگلا پیر - (٤) خط - (٥) دستکار ، فنکار مصنف وغیرہ ؛ مزدور خصوصاً ملاح - (٦) قبضہ - (۷) سمت - (۸) چار انچ کی ناپ - (۹) گھڑی کی سوئی - (۱۰) (رومی قانون) شوہر کا بیوی پر اختیار - (۱۱) باعث ہونا - (۱۲) حصہ - (۱۳) وعدہ ، قسم ، منگنی وغیرہ کی علامت - (١٤) صلاحیت ؛ مہارت - (١٥) لگام کو قابو میں رکھنے کی مہارت - (١٦) دستکاری - (۱۷) آخری ہاتھ - (۱۸) (کھیل) بازی - (۱۹) ہاتھ کی طرح کوئی چیز دست نما - (۲۰) تاش کا ہاتھ ؛ وہ شخص جس کے ہاتھ میں پتے ہوں ؛ کھیل کا ایک دور - (۲۱) بندوق کا وہ حصہ جو ہاتھ میں پکڑا جاتا ہے - (۲۲) مدد ؛ جسمانی تعاون ، شرکت - (۲۳) نمایاں تعریف - (٢٤) ریوالور کا روک دار بیرم - (٢٥) پڑوس - (٢٦) کپڑے ، چمڑے وغیرہ کا لمس (اس کی چکناہٹ وغیرہ دیکھنے کے لئے) -

At first hand : براہ راست ؛ بلا والاسطہ -

At hand : (۱) نزدیک ؛ قریب ؛ متصل ؛ پاس - (۲) قریب الوقوع -

At the hand of : کسی کے ذریعے سے -

Better hand : پیش روی ؛ تقدم -

By hand : محنت مزدوری سے ؛ ہاتھ پاؤں کی مشقت سے -

By the hand : فوراً -

By the hand of : وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ واسطے سے -

Change hands : ایک کے قبضے سے دوسرے کے قبضے میں جانا ؛ (ملکیت کا) منتقل ہونا -

Clean hands : معصومیت ؛ بے قصوری ؛ پاک دامنی -

Come to hand : (۱) حاصل ہونا ؛ وصول ہونا ؛ ہاتھ لگنا - (۲) واقع ہونا -

Come to one's hand : نزدیک آنا -

For one's own hand : اپنے نفع کے لئے ؛ خود اپنے واسطے -

For hand to hand : دست بدست -

For hand to mouth : مفلسی میں -

Give (one's) hand : (۱) مصافحہ کرنا - (۲) ہیاز بٹا کرنا -

In hand : (۱) پاس میں ؛ ملکیت میں ۔ (۲) زیر غور ؛ قابومیں ۔ (۳) ہاتھ ملاتے ہوئے ؛ مل کر ۔

In (into, to, etc.) hands of : کسی کے ہاتھوں میں یا قبضہ ۔

In other hands : (دوسروں کے) قبضے میں ۔

In the turning of a hand : ایک لمحہ میں ؛ فوراً ۔

Make a hand : نفع کرنا ؛ (کسی کام میں) کامیابی حاصل کرنا ۔

Of one's hand : کسی کی سر گرمی سے متعلق ۔

Off hand : بے غور و فکر ۔

Off one's hand : اپنے قابو میں نہ رہنا ۔

On all hands/On every hands : ہر طرف سے ؛ چاروں طرف سے ۔

On any hand : بہر صورت ؛ ہر حال میں ۔

On (upon) one's hands : اپنے ذمے ۔

On (upon, in, of) the mending hand : اچھا ہونا ؛ روبصحت ہونا ۔

Out of hand : (۱) قابو سے باہر ۔ (۲) برجستہ ؛ فی البدیہہ ۔

Take in hand : اپنے ذمے لینا ؛ اپنی نگرانی میں لینا ۔

To bind hand and foot : اچھی طرح جکڑ لینا ۔

To have a hand in : شریک ہونا ۔

To have one's hands full : بہت مصروف ہونا ۔

To (unto) one's hand : مہیا ؛ کیا کرایا ؛ تیار ۔

To wait upon hand and foot : خاطر داری کرنا ؛ خوب خدمت کرنا ۔

To win hands down : آسانی سے جیتنا (ریس وغیرہ میں) ؛ بغیر کوشش کے جیتنا ۔

Under hand : خفیہ طور پر ۔

Under one's hand (s) : نگرانی میں ؛ نگہبانی میں ؛ اپنے علاج میں ۔

Under the hand of : دستخط سے ۔

With a heavy hand : سختی سے ؛ بے رحمی سے ۔

With a high hand : (۱) دلیری سے جرأت سے ۔ (۲) نخوت سے ؛ غرور سے ۔

Hand : (v) (۱) مدد دینا ؛ ہاتھوں سے سہارا دینا (کسی کو سوار کرانے یا سواری سے اتارنے میں) ۔ (۲) دینا ؛ حوالہ کرنا ، سونپنا ؛ عنایت کرنا ؛ بخشنا ۔ (۳) (بحری) لپیٹنا (بادبان) ۔ (٤) منتقل کرنا ؛ پہنچانا ؛ نسلاً بعد نسلاً منتقل کرنا ۔ (٥) ہاتھوں سے راستہ صاف کرنا ۔ (٦) کسی کو مجبور کرنا ۔

Hand alphabet : (n) دستی حروف ابجد ؛ حروف ابجد جو انگلیوں کے ذریعہ بنائے جاتے ہیں ۔

Hand and foot : (adv.) (۱) بالکل ؛ مکمل طور پر ۔ (۲) جکڑ کر ۔

Hand and glove/-in glove : دلی دوست ۔

Hand-axe/-ax : (n) دستی تبر ۔

Hand bag : (n) چھوٹا بیگ ؛ دستی بیگ ؛ ہینڈ بیگ ۔

Hand-ball : (n) (۱) بڑی دستی گیند ۔ (۲) ہینڈ بال (ایک کھیل کا نام) ۔ (۳) ربر کی کھوکھلی سوراخ دار گیند جس کو دابنے سے کسی چیز کی دھار نکلتی ہے ۔

Hand-barrow : (n) ٹھیلا ؛ ہتھ گاڑی ۔

Hand bell : (n) (۱) چھوٹی گھنٹی ؛ وہ گھنٹی جو ہاتھ سے بجائی جائے ، ہتھ گھنٹی ۔ (۲) (موسیقی) ایک ساز کا نام ۔

Hand bill : (n) ایک قسم کا چاقو جس سے درخت وغیرہ چھانٹا جاتا ہے ۔

Hand bill : (n) دستی اشتہار ۔

Hand book : (n) دستی کتاب ؛ رسالہ ؛ گائیڈ ؛ دستور العمل شرط بندی کی کتاب ۔

Hand-breadth : (n) ایک بالشت ۔

Hand-canter : (n) ہلکا پویا ۔

Hand-car : (n) ٹھیلا گاڑی جو ریل کی پٹری پر دستی بیرم کو دبانے سے چلتی ہے ۔

Hand-cart : (n) ہتھ گاڑی ؛ دستی گاڑی ؛ وہ گاڑی جو ہاتھ سے کھینچی جائے ۔

Hand-clasp : (n) ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ ۔

Hand-cuff/Handy- : (n) ہتھکڑی ۔

Hand-cuff : (n) ہتھکڑی پہنانا ؛ ہتھکڑی ڈالنا ۔

Hand down : (n) (۱) منتقل کرنا ۔ (۲) فیصلہ کرنا ۔ (۳) زبردستی پھیلانا ۔

Hand-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Hand-flower : (n) میکسیکو کے ایک پودے کا پھول ۔

Hand-gallop : (n) ہلکی سرپٹ چال ۔

Hand-gear : (n) دستی گیرہ ۔

Hand-glass : (n) (۱) مکبر شیشہ ؛ گلاس نما شیشہ ۔ (۲) دستی آئینہ ؛ وہ آئینہ جس میں چوبی دستہ لگا ہوا ہو ۔ (۳) (باغبانی) پودوں کو محفوظ رکھنے کا فانوس نما شیشہ ۔ (٤) جہاز کی رفتار پیما کی ڈوری سے وقت ناپنے کا یا وقت کا اندازہ لگانے کا آلہ ۔

Hand-grenade : (n) (۱) دستی بم ۔ (۲) آگ بجھانے کی بوتل ۔

Hand-grip/-gripe/Handy-gripe/Handigrip : (e) (۱) دستی گرفت ؛ ہاتھ کی پکڑ ؛ مصافحہ ۔ (۲) (جمع) دست بدست لڑائی ۔

Hand in glove : دیکھو Hand-and-glove

Hand in hand : (adv.) ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ۔

Hand in hand : (a) برابر کا ۔

Hand in hand : (n) (۱) مصافحہ ۔ (۲) مصافحہ کی شبیہ ۔ (۳) ہاتھ میں ڈالے ہوئے لوگ ؛ ہم خیال افراد ۔

Hand-labour : (n) ہاتھ کا کام ؛ دستی کام ۔

Hand-language : (n) ہاتھوں سے بنائی ہوئی علامتوں کے ذریعہ باتیں کرنے کا فن ۔

Hand-lead : (n) (بحری) بیس فیتھم سے کم گہرائی ناپنے کا پنسال ۔

Hand-light : (n) (باغبانی) پودا پوش ؛ شیشے کا جھانپو ۔

Hand-line : (n) ماہی گیری کی ڈور ؛ شست ۔

Hand-list : (n) فہرست کتب ۔

Hand-list : (v) کتابوں کی فہرست بنانا ؛ فہرست میں شامل کرنا ۔

Hand-loom : (n) کپڑے بننے کی دستی مشین ؛ کرگھا ۔

Hand-made : (a) ہاتھ سے بنی (ہوئی چیز) ۔

Hand-mast : (n) گول کڑی ؛ گول مستول ۔

Hand-me-down : (a & n) (۱) مستعمله ؛ استعمال کیا ہوا ؛ بنا بنایا (کپڑا) - (۲) (جمع) پتلون -

Hand-mill : (n) چکّی -

Hand-mule : (n) سفری حمالہ -

Hand of glory : (n) مردم گیاہ یا پھانسی دیئے ہوئے مجرم کے ہاتھ سے بنایا ہوا جادو -

Hand-orchis : (n) ایک قسم کا سہلب -

Hand over hand : (adv.) ایک ہاتھ کے بعد دوسرا ہاتھ رکھتے ہوئے یا رکھ کر مسلسل بڑھتے ہوئے -

Hand-pick : (v) ہاتھ سے توڑنا ؛ انتخاب کرنا -

Hand-plant : (n) میکسیکو کا ایک درخت جس کے پھول بڑے ہوتے ہیں -

Hand-play : (n) دست بدست لڑائی میں گھونسے مارنا -

Hand-post : (n) رہنما ستون -

Hand-promise : (n) آئرستانی کسانوں میں منگنی کا ایک طریقہ -

Hand-rail : (n) دستی جنگلا -

Hand-reading : (n) کف بینی ؛ ہاتھ دیکھنا -

Hand-saw : (n) دستی آرا -

Hand-screw : (n) ددستی پیچ گرداں -

Hand-spring : (n) قلا بازی -

Hand-staff : (n) عصا نما دستہ خصوصاً خرمن کوب کا وہ حصہ جسے پکڑتے ہیں -

Hand-swipe : (n) دستی ڈھینگلی -

Hand to hand : (adv.) نزدیک : دست بدست -

Hand to hand : (a) دست بدست (یکیکی) -

Hand to mouth : مفلسی میں -

From hand to mouth : روز کنواں کھودنا روز پانی پینا ؛ جتنا کمانا اتنا خرچ کردینا -

Hand to mouth : (a) فضول خرچ ؛ مسرف -

Hand to mouth : (n) فضول خرچی -

Hand-tree : (n) دیکھو Hand-plant

Hand-vice : (n) دستی بانک -

Hand-wave : (v) غلے کے ڈھیر کو ہاتھ سے ہموار کرنا -

Hand-work : (n) دستی کام -

Hand-worked : (a) ہاتھ سے بنایا ہوا -

Hand-worker : (n) دستکار -

Hand working : (n) دستکاری -

Hand writing : (n) تحریر ؛ (کسی خاص شخص ، زمانے یا قوم کی) تحریر -

Handed : (a) (۱) ہاتھوں والا - (۲) ہتھیلی کی شکل کا ؛ ہتھیلی جیسا ؛ کف نما - (۳) ہاتھ سے ہاتھ ملا ہوا -

Hander : (n) دینے والا -

Hander : (n) (۱) ہاتھ پر ضرب - (۲) پشت دست -

Handfast : (a) بخیل ؛ کنجوس -

Handful : (n) (۱) (مقدار) مٹھی بھر ؛ تھوڑا سا - (۲) (تعداد) گنتی کے (لوگ) ؛ گنے چنے ؛ معدودے چند ، (۳) (روز) تکلیف دہ ؛ بار خاطر (آدمی یا کام) -

Handhold : (n) (۱) گرفت (جس پر ہاتھ رکھ کر اوپر چڑھیں) ۔ (۲) دستہ ۔

Handicap : (n) (۱) ایک قسم کا کھیل جس میں مہارت سے زیادہ اتفاق کی اہمیت ہوتی ہے ۔ (۲) مقید دوڑ یا مقابلہ ؛ وہ دوڑ ، گھڑ دوڑ یا مقابلہ جس میں بعض مقابلہ کرنے والوں پر کوئی قید عائد کی جائے ؛ مشروط مقابلہ ۔ (۳) (گھڑ دوڑ وغیرہ میں) شرط یا قید جو مقابلہ کرنے والے پر عائد کی جائے ۔ (٤) (مجازاً) رکاوٹ ؛ روک ۔

Handicap : (v) (۱) مقابلہ کرنے والے پر خاص شرط یا قید عائد کرنا ۔ (۲) (مجازاً) (واقعات یا حالات کا) سنگ راہ بننا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ نا موافق ہونا ۔ (۳) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑوں پر ان کی جانی ہوئی طاقت کے مطابق بوجھ رکھنا تاکہ سب گھوڑے برابر کا مقابلہ کرسکیں ۔ (٤) دو مقابلہ کرنے والوں کو برابر کا موقع دینا ۔

Handicapper : (n) (۱) وہ افسر جو یہ بتاتا ہے کہ گھڑ دوڑ میں کس گھوڑے پر کتنا بوجھ لادا جائے ۔ (۲) گھڑ دوڑ میں جیتنے والے گھوڑے کی پیش گوئی کرنے والا ۔

Handicapping : (n) گھڑ دوڑ میں جیتنے والے گھوڑے کی پیش گوئی کرنے کا پیشہ (خصوصاً اشاعت کے لئے) ۔

Handicraft : (n) (۱) دستکاری ؛ صنعت ؛ کاریگری ؛ ہنر ۔ (۲) صنعتی پیشہ ؛ حرفہ ۔

Handicraftsman : (n) دستکار ؛ حرفت پیشہ ؛ صناع ؛ کاریگر ۔

Handicuff/Handycuff : (n) دست بدست لڑائی ؛ ہاتھوں سے مارنا ۔

Handily : (adv.) (۱) مہارت سے ۔ (۲) آسانی سے ۔

Handiness : (n) (۱) مہارت ۔ (۲) آسانی ؛ سہولت ۔

Handiwork/Handy- : (n) (۱) ہاتھ کا کام ؛ دستی کام ؛ دستکاری ۔ (۲) کار سازی ؛ کام ؛ کارستانی ؛ حرفت ۔ (۳) عملی کام ۔

Handkerchief : (n) ریشمی یا سوتی چھوٹا رومال ؛ دست مال ؛ دستی ۔

Handlaid : (a) ہاتھ کا بنا ہوا ۔

Handle : (n) (۱) دستہ ؛ قبضہ ؛ موٹھ ۔ (۲) دستہ نما کوئی چیز ۔ (۳) واقعہ جس سے فائدہ اٹھایا جاسکے ؛ بہانہ ۔ (٤) (نباتیات) دستہ ۔ (٥) (عام) نام خطاب ۔ (٦) شرط بندھی ہوئی کل رقم ۔ (۷) (نیوزی لینڈ) بیئر ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

A handle to one's name : خطاب ۔

Handle : (v) (۱) چھونا ؛ ہاتھ لگانا ؛ ہاتھ پھیرنا ۔ (۲) (معاملے کو) نمٹانا ؛ انجام دینا ۔ (۳) (کاموں یا اشخاص کو) قابو میں رکھنا ؛ نظم و ضبط میں رکھنا ۔ (٤) سلوک کرنا ؛ برتاؤ کرنا (اچھا یا برا) ۔ (٥) کسی (مضمون یا موضوع پر) بحث کرنا ؛ لکھنا یا تقریر کرنا ۔ (٦) (کسی مال کا) کاروبار کرنا ؛ بیو پار کرنا ۔ (۷) ہاتھ میں لینا ؛ ہتھیار اٹھانا ۔ (۸) صناعی سے کام لینا ۔ (۹) (شکار میں) مارنا ۔ (۱۰) شراب پی کر ہوش نہ کھونا ۔

To handle a horse : گھوڑے کو سدھانا یا قابو میں رکھنا ۔

Handle : (n) دستہ لگانا ۔

Handleable/Handlable : (a) ہاتھ لگانے کے قابل ؛ انجام دئیے جانے کے قابل ۔

Handle-bar : (n) دستہ دار سلاخ ۔

Handlebar moustache : (n) گھنی لمبی مونچھ جس کے دونوں سرے جھکے ہوئے ہوں ۔

Handled : (a) (۱) دستہ دار ؛ قبضہ دار ۔ (۲) (نقابت) پھل سے دوسرے رنگ کا دستہ ۔

Handler : (n) منتظم ؛ ہاتھ سے کام کرنے والا ؛ دستکار

Handler : (n) دستہ یا قبضہ لگانے والا ۔

Handless : (a) (۱) لنجا ؛ بے ہاتھ کا ۔ (۲) بے سوئی کی ۔

(۳) بیکار ؛ کمزور (کام کرنے والا)۔

Handling : (n) (۱) چھونا ؛ ہاتھ لگانا ۔ (۲) سلوک ؛ برتاؤ۔ (۳) صناعی۔

Handmaid : (n) (۱) خادمہ ؛ کنیز ؛ لونڈی ؛ باندی ۔ (۲) (مجازاً) تابعدار ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔

Handmaiden : (n) خادمہ ؛ کنیز ؛ لونڈی ؛ باندی ۔

Hands down : (adv.) آسانی سے بغیر اعتراض کے ۔

Hands down : (a) (۱) آسان ۔ (۲) بے شبہہ ؛ بے اختلاف۔

Hands off ! : خبردار جو ہاتھ لگایا ۔

Hands up ! : ہاتھ اُٹھاؤ (یعنی ہاتھ اٹھاکر خاموش کھڑے رہو) ؛ مزاحمت نہ کرو ۔

Handsel/ Hansel : (n) (۱) نو روز کا تحفہ ؛ وہ تحفہ جو کسی نئے دور کے شروع ہونے پر دیا جائے ۔ (۲) بیعانہ۔ (۳) آنے والے تغیر کا نمونہ۔

Handsel : (v) (۱) نئے دور کی تہنیت میں تحفہ دینا ۔ (۲) افتتاح کرنا (کچھ رسوم کے ساتھ) ۔ (۳) کسی نئی چیز کی سب سے پہلے آزمائش کرنا ۔

Handsel Monday : (n) سال کا پہلا سوموار جس دن نو روز کا تحفہ دیاجاتا ہے ۔

Handshake : (n) مصافحہ۔

Handshaker : (n) (۱) ظاہری شناسائی سے فائدہ اٹھانے والا ۔ (۲) لوگوں سے ملنے جلنے کا شوقین۔

Handsome : (a) (۱) خوبصورت ؛ خوبرو ؛ خوشرو ؛ خوشنما ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع ؛ شکیل ؛ جمیل ؛ حسین ؛ قبول صورت ؛ انوپ ۔ (۲) فیاضانہ ؛ مہربانی کا ؛ اچھا ؛ عالی ظرفی کا (برتاؤ وغیرہ) ۔ (۳) معقول ؛ کافی ؛ اچھی خاصی ؛ کثیر (رقم ، قسمت وغیرہ)۔

Handsome/Handsomely : (adv.) (۱) خوبصورتی سے ؛ عالی ظرفی سے ؛ فیاضی سے ؛ کافی مقدار میں ۔ (۲) آہستہ سے احتیاط سے ۔

Handsomeness : (n) حسن ؛ خوبصورتی ؛ خوبی ؛ معقول مقدار میں ہونا ۔

Handspike : (n) شام لگاہوا ڈنڈا (جو توپ خانے اور جہاز میں بطور بیرم وغیرہ کے استعمال ہوتا ہے) ؛ دستی بیرم۔

Handspike-ring : (n) توپ گاڑی کے نچلے حصے کا انگشتانہ (جس میں دستی بیرم لگایا جاتا ہے)۔

Handspoke/-spake/-spaik/-spike : (n) لکڑی کی سلاخ جس کو ہاتھ میں لےکر چلتے ہیں۔

Handstroke : (n) گرجا میں گھنٹی بجانے والے کا رسی کا کھینچنا ۔

Handy : (a) (۱) موجود ؛ تیار ۔ (۲) برتنے میں سہل ؛ سبک ۔ (۳) سبک دست ؛ باسلیقہ ۔ (٤) ہرفن مولا ۔

Handy-dandy : (n) بچوں کا ایک کھیل جس میں کوئی چیز جلدی سے ہاتھ میں چھپا دیتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں کہ چھپی ہوئی چیز کون سی مٹھی میں ہے ۔

Handy-man : (n) ہر کارہ ؛ ہرفن مولا ؛ وہ ملازم جو متفرق کام کرے ۔

Handy-pandy : (n) دیکھو Handy-dandy

Hang : (v) (۱) آویزاں کرنا ؛ ٹانگنا ؛ لٹکانا (کھونٹی ، کیل وغیرہ سے) ۔ (۲) (گوشت وغیرہ) خشک کرنے یا نرم کرنے کے لئے لٹکانا ۔ (۳) دیوار پر (تصویر) لگانا یا لٹکانا ۔ (٤) دیوار پر (ابری یا کاغذ) چسپاں کرنا ۔ (٥) (مکان میں) گھنٹی لٹکانا ۔ (٦) معلق کرنا ؛ ادھر میں لٹکانا ؛ (دروازوں کا قبضوں پر اور پلنگ کا کمانیوں پر) قائم کرنا یا اٹکانا ۔ (۷) پھانسی دینا ؛ سولی دینا ؛ دارپر کھینچنا ؛ پھانسی لگاکر خود کشی کرنا ۔ (۸) سر جھکالینا (شرم وغیرہ سے) ۔ (۹) لٹکنا ؛ معلق ہونا ؛ لٹکا رہنا ؛ آویزاں ہونا ؛ لٹکا رہنا ؛ پھانسی پانا ؛ (مجازاً) معلق ہونا فیصلہ نہ ہونا ؛

منڈلانا ۔ (۱۰) تصویروں ، قندیلوں وغیرہ سے آراستہ کرنا ۔ (۱۱) گھوڑا دبانے کے بعد گولی کا دیر سے چلنا ۔ (۱۲) جھکنا ؛ خمیدہ ہونا ۔ (۱۳) (دوسرے پر) بھروسہ کرنا ؛ سہارا ڈھونڈنا ؛ مضبوطی سے گرفت کرنا ۔ (۱٤) چپکے رہنا ۔ (۱٥) دست نگر ہونا ۔ (۱٦) شك میں ہونا ؛ مذبذب ہونا ۔ (۱۷) (موسیقی) طول کھینچنا ۔

To hang in the air : نامکمل ، غیر مستند ہونا ۔

To hang in the balance : مشکوك ہونا ۔

To hang the head (down) : شرم وغیرہ سے سر جھکالینا ۔

To hang the groin, a leg : پس و پیش کرنا ؛ رك جانا ؛ آگے نہ بڑھنا ۔

To hang a jury : (۱) جیوری کا متفق نہ ہونا ۔ (۲) جیوری کو متفق نہ ہونے دینا ۔

Hang : (n) (۱) خم ؛ جھوك ؛ جھکاؤ ؛ ڈھال ۔ (۲) لٹکنے کا انداز ۔ (۳) لٹکی ہوئی چیز ۔ (٤) گُر ۔ (٥) ہچکچاہٹ ۔

Not a hang : کچھ نہیں ، ذرہ برابر بھی نہیں ۔

To get the hang of : واقف ہونا ؛ اٹکل پانا ؛ آگاہ ہونا ؛ سمجھنا ؛ گر سمجھ لینا ؛ قابو پانا ۔

Hang- : جز و ترکیبی کی طرح سے استعمال ہوتا ہے ۔

Hang about : (v) آس پاس ٹہلتے رہنا ؛ چکر کاٹتے رہنا ۔

Hang back : (v) جھجکنا ؛ رکنا ؛ چلتے چلتے رك جانا ۔

Hang-bird : (n) ایك چڑیا جو آویزاں گھونسلا بناتی ہے ۔

Hang-dog : (n) کمینہ ؛ رذیل ؛ ذلیل ؛ خوشامدی ۔

Hang-dog : (a) کمینہ پن کا ؛ ذلیل ؛ خوشامد کا ۔

Hang man : (n) جلاّد ۔

Hang manship : (n) جلادی ؛ جلادی کا پیشہ ۔

Hang -nail: (n) کٹنا (ناخن کی جڑ کے پاس مہین کھال کا ٹکڑا جو الگ ہوجاتا ہے مگر جس کا ایك سرا لگا رہتا ہے) ۔

Hang off : (v) پیچھے رہ جانا ۔

Hang on : (n) (۱) دست نگر ہونا ؛ طفیلی ہونا ۔ (۲) آسرا رکھنا ؛ بھروسا رکھنا ؛ تکیہ کرنا ۔ (۳) توجہ کرنا ۔ (٤) چمٹا رہنا ۔ (٥) ستاتے رہنا ؛ مریض بنے رہنا ۔ (٦) (آواز کا) بجتے رہنا ۔

Hang out : (v) (۱) (کھڑکی وغیرہ سے) کسی چیز کا باہر لٹکانا ۔ (۲) نیچے جھکا رہنا یا نکلا رہنا ۔ (۳) (عام) رہنا ؛ اقامت پذیر ہونا ۔ (٤) علامتی تختی لٹکانا ۔

Hang over : (v) نامکمل رہ جانا ۔

Hang together : (v) (۱) مربوط رہنا ۔ (۲) ساتھ رہنا؛ مل جل کر رہنا ۔

Hang up : (n) (۱) لٹکانا ؛ آویزاں کرنا ۔ (۲) (مجازاً) الگ کرنا ؛ بالائے طاق رکھنا ۔ (۳) کھٹائی میں ڈالنا ؛ ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا ۔

To hang up (one's sword, gun etc.) (بندوق ، تلوار و غیرہ کا) استعمال نہ کرنا ۔

To hang up one's hat : سسرال میں رہنا ؛ گھر جمائی ہونا ؛ خانہ داماد ہونا ۔

Hang-up : (n) (۱) درخت جو ٹوٹ کر دوسرے درخت میں پھنس گیا ہو ۔ (۲) سد راہ ۔

Hangar : (n) (۱) چھپر ۔ (۲) طیارہ گاہ ۔

Hangar : (v) (ہوائی جہاز کو) طیارہ گاہ میں رکھنا ۔

Hanged : (a) (۱) پھانسی پایا ہوا ۔ (۲) لعنتی ۔

Hanger : (n) وہ جنگل جو ڈھلوان پہاڑی پر ہو ۔

Hanger : (n) (۱) لٹکانے والا ؛ لٹکنے والا ؛ پھانسی دینے والا ۔ (۲) کڑا وغیرہ جس میں کوئی چیز لٹکائی جائے ۔ (۳) وہ زنجیر یا رسی جس سے دیگچی چولہے پر لٹکائی جائے ۔ (٤) (لکھنے میں) دو خمہ شوشہ ؛ وہ شوشہ جس میں دو خم ہوں (جیسے S) ۔ (٥) نمائش میں تصویروں کو منتخب کرکے لٹکانے والا ۔ (٦) لٹکی ہوئی چیز ۔

Hanger : (n) چھوٹی تلوار ؛ نیمچہ ؛ چھرا ۔

Hanger-on : (n) دست نگر ؛ طفیلی ؛ حاضر باش ؛ حاشیہ نشیں ۔

Hangfire : (n) گھوڑا دبانے کے بعد گولی چلنے میں تاخیر ۔

Hanging : (n) (۱) لٹکانا ؛ لٹکنا ؛ پھانسی پانا ؛ پھانسی دینا ۔ (۲) (جہاز سازی) انحناء ۔ (۳) آویزاں ۔ (٤) دیوار کے پردے ؛ چھت گیری ۔ (٥) ڈھلوان ۔

Hanging : (a) (۱) آویزاں ۔ (۲) آگے کو نکلا ہوا ؛ کھڑا ڈھلوان ۔ (۳) منہ لٹکائے ہوئے ۔ (٤) پھانسی دینے والا ۔ (٥) بہت اہمیت رکھنے والا ۔

Hanging-ball : (n) (گولف) ڈھلوان پر پڑی ہوئی گیند ۔

Hanging-buttress : (n) (تعمیرات) پشتہ جو توڑے کے سہارے بنا ہوا ہو ۔

Hanging coal : (n) (کان کنی) کھدان پر لٹکا ہوا کوئلہ ۔

Hanging comittee : (n) وہ مجلس جو اس کا فیصلہ کرتی ہے کہ نمائش میں کون سی تصویریں رکھی جائیں ؛ مجلسِ انتخاب تصویر ۔

Hanging-gale : (n) بقایا کرایہ یا لگان ۔

Hanging gardens : (n) بابل کا معلق باغ ۔

Hanging-head/-post/-stile: (n) عمودی چوکھٹ ۔

Hanging-moss : (n) درخت کی شاخوں سے لٹکی ہوئی کائی ۔

Hanging sleeve : (n) کھلی ہوئی آستین ۔

Hanging valve : (n) ایک قسم کا قبضہ دار صمام ۔

Hangout : (n) (۱) اقامت گاہ ۔ (۲) گھٹیا قسم کی تفریح گاہ ۔

Hangover : (n) (۱) پس ماندہ ۔ (۲) خمار (مے نوشی ، منشیات وغیرہ کا) ؛ ناگوار اثر مابعد ۔ (۳) (بھونپو میں) آواز کا بے جا طول کھینچنا ۔

Hank : (n) (۱) لچھا ؛ انٹی ؛ پھینٹی ؛ (خصوصاً وہ جس میں ٨٤٠ گز سوت اور ٥٦٠ گزاون کا تاگا ہو) ۔ (۲) (جہاز رانی) بادبان گیر ؛ رسی کا گول پھندا یا لوہے وغیرہ کا کڑا جس سے بادبان مستول کی رسی میں لٹکا دیئے جاتے ہیں ۔

Hank : (n) (۱) پھندے سے باندھنا ۔ (۲) لچھا بنانا ؛ انٹی بنانا ۔

Hanker : (n) خواہش ؛ آرزو ؛ تمنا ۔

Hanker : (v) آرزو ہونا ؛ تمنا ہونا ؛ دل چاہنا ؛ طلب ہونا ۔

Hankerer : (n) خواہش مند ؛ آرزو مند ۔

Hankering : (n) آرزو ؛ تمنا ؛ شوق ؛ طلب ؛ چاہ ؛ میل ؛ رغبت ۔

Hanky/Hankie/Hankey : (n) دیکھو Handkerchief

Hankle : (v) پھنسانا ۔

Hanky-panky : (n) (۱) (عام) شعبدہ بازی ؛ بازیگری ؛ نظر بندی ؛ مداری کا کھیل ؛ بھان متی کا تماشا ۔ (۲) (عام) چال ؛ سازش ؛ چالبازی ۔

Hanover : (n) شمالی جرمنی کا ایک شہر ۔

Hanoverian : (a) ہنوور یا خاندان ہنوور سے متعلق ۔

Hanoverian : (n) ہنوور کا باشندہ یا خاندان ہنوور کا حامی ۔

Hans : (n) (۱) Johannes کا مخفف ۔ (۲) جرمن یا ڈچ کا عرفی نام ۔

Hansard : (n) سیاسی اور تجارتی المانی جماعت کا رکن ۔

Hansard : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی کی سرکاری رپورٹ ۔

Hansardize : (v) برطانوی پارلیمنٹ کے کسی رکن کی تقریر کا اس کی گذشتہ تقریروں سے مقابلہ کرکے تناقص بیاں ثابت کرنا ۔

Hanse : (n) (۱) جمیعت تجار ؛ جمیعت ہنزا ؛ (جرمنی کے چند شہروں کی سیاسی اور تجارتی مجلس سنہ ۱۲۴۱ء میں ہیمبرگ اور لیونگ (جرمنی کے دوشہروں) کے تاجروں میں تاجرانہ اور مدافعانہ اتحاد کے متعلق ایک معاہدہ ہوا تھا جس کے مطابق ایک انجمن بنائی گئی تھی اس کا یہ مقصد تھا کہ وہ جرمنی کے تجارتی شہروں کے حقوق و مفاد کی حفاظت کرے) ۔ (عہد وسطیٰ میں) جمیعت تجار میں داخلہ کی فیس ۔

Hanse city/-town : (n) ہنزائی شہر ۔

Hanse-house : (n) جمعیت التجار کا بڑا کمرہ ۔

Hanseatic : (a) ہنزائی ؛ جرمنی کی جمیعت ہنزا سے متعلق ۔

Hansel : (n) دیکھو Handsel

Hansom : (n) کرائے کی ٹم ٹم (اس کا ہانکنے والا پیچھے بیٹھا کرتا تھا اور باگ ڈور چھتری یا ٹپ پر سے ہوکر اس کے ہاتھ میں رہتی تھی) ۔

Hantle : (n) کافی مقدار یا تعداد ۔

Hap : (n) (۱) اتفاق ؛ قسمت ؛ تقدیر ۔ (۲) اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ ۔

Hap : (n) پوشش ۔

Hap : (v) (۱) اتفاقاً کرنا (کوئی کام) ۔ (۲) اتفاقاً واقع ہونا ؛ ناگہاں ظہور پذیر ہونا ۔

Hap : (v) چھپانا ؛ لپیٹنا ۔

Haphazard : (n) اتفاق ؛ حادثہ ۔

Haphazard : (a) اتفاقی ؛ اتفاقاً ؛ اٹکل پچو ۔

Haphazard : (adv.) اتفاقی طور پر ۔

Hapless : (a) بدبخت ؛ بدنصیب ؛ بدقسمت ؛ کمبخت ؛ ابھاگی ۔

Haplessly : (adv.) بدبختانہ ؛ بدنصیبی سے ۔

Haplo- : جز و ترکیبی بہ معنی "ایک" اور "سادہ" ۔

Haplo chlamydeous : (a) (نباتیات) ناقص غلاف گل والا ۔

Haplobiont : (n) (نباتیات) ایک حیاتیہ ۔

Haplocardiac : (a) یک قلبہ ؛ سادہ قلب والا ۔

Haplocaulescent : (n) (نباتیات) سادہ ساق دار ۔

Haplocerine : (a) بھیڑ کی ایک قسم سے متعلق ۔

Haplocerus : (n) بھیڑ کی ایک قسم ۔

Haplodont : (n) (حیوانیات) ،سادہ دنتہ ۔

Haplography : (n) جو حرف ، بول یا سطر دوبار لکھنا چاہئیے اسے غلطی سے ایک بار لکھنا (مثلاً Philogy) ۔

Haplology : (n) تلفظ میں ایک یا دو یکساں ہجاؤں کو حذف کرنا ۔

Haplophase : (n) سطوری ہیئت ۔

Haploscope : (n) عمق بیں ۔

Haplostemonous : (a) (نباتیات) سادہ زرہ ۔

Haplotomy : (n) معمولی شگاف کرنا ۔

Haplotype : (n) کسی نوع کی ایک جنس ۔

Haply : (adv.) (۱) اتفاقاً اتفاق سے - (۲) مبادا ؛ شاید -

Happen : (v) (۱) واقع ہونا ؛ پیش آنا ؛ اتفاقاً واقع ہونا - (۲) گزرنا ؛ بیتنا ؛ پیش آنا -

Happen in : (v) (کسی کے یہاں) اتفاقاً آنا یا جانا -

Happen chance/-so/-stance : (n) اتفاق -

Happening : (n) (۱) ہونا - (۲) (عموماً جمع میں) حادثہ ؛ واقعہ ؛ ماجرا -

Happily : (adv.) (۱) دیکھو Haply - (۲) خوش قسمتی سے خوش نصیبی سے ؛ مسرت سے ؛ آسودہ حالی سے -

Happiness : (n) (۱) خجستگی ؛ فرخندگی ؛ سعادت ؛ اقبال مندی ؛ خوش نصیبی - (۲) راحت ؛ مسرت ؛ آسودہ حالی ؛ سکھ ؛ آنند ؛ چین - (۳) بر محمل ہونا ؛ موزوں ہونا -

Happy : (a) (۱) مبارک ؛ خجستہ ؛ فرخندہ ؛ فرخ ؛ مسعود - (۲) اقبال مند ؛ خوش نصیب ؛ خوش قسمت - (۳) خوش ؛ مسرور ؛ دلشاد ؛ قانع ؛ مطمئن - (٤) برمحمل ؛ موزوں ؛ مناسب - (٥) (مزاحاً) قدرے مخمور -

Of happy memory : مرحوم -

Happy dispatch : (n) شکم دری ؛ جاپانی طرز کی خود کشی (جاپان کے امراء ، معززین و فوجی حکام میں دستور ہے کہ جب ان میں کسی کو سزائے موت دی جاتی ہے یا کسی اور طرح ان کی ذلت ہوتی ہے تو وہ اپنا پیٹ چاک کرکے خود کشی کرلیتے ہیں) -

Happy dust : (n) کوکین ؛ منشیات -

Happy-go-lucky : (adv.) اتفاقاً ؛ اتفاقیہ طور پر -

Happy-go-lucky : (a & n) لاابالی ؛ بے پروا ؛ تن آساں -

Haquebut : دیکھو Hackbut

Hara-kiri/Hari-kari : (n) دیکھو Happy dispatch

Harangue : (n) (۱) خطبہ ؛ تقریر - (۲) پرجوش یا ولولہ انگیز تقریر ؛ زور دار تقریر -

Harangue : (v) تقریر کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ پرجوش تقریر کرنا ؛ داد خطابت دینا -

Haranguer : (n) مقرر ؛ خطیب ؛ ولولہ انگیز تقریر کرنے والا -

Haras : (n) گھوڑوں کی افزائش نسل کا مقام ؛ مرکز افزائش نسل -

Harass : (v) (۱) بار بار کے حملوں سے پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ قافیہ تنگ کرنا ؛ زچ کر دینا - (۲) تکلیف دینا ؛ اذیّت پہنچانا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ستانا تشویش میں ڈالنا -

Harass : (n) پریشانی ؛ تشویش ؛ بدحواسی ؛ ایذا دہی ؛ تکلیف دکھ ؛ زچ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا -

Harassedly : (adv.) دق ہوکر ، تنگ ہوکر -

Harasser : (n) دق کرنے والا ؛ تنگ کرنے والا ؛ تشویش میں ڈالنے والا -

Harassinglys : (adv.) دق کرتے ہوئے ، پریشان کرتے ہوئے -

Harassment : (n) دیکھو Harass

Harbinge : (v) نقیب ہونا -

Harbinger : (n) (۱) نقیب ؛ چاؤش ؛ آمد کی خبر دینے والا - (۲) مقدمہ ؛ پیش خیمہ ؛ لین ڈوری -

Harbinger : (v) نقیب ہونا ؛ آمد کی خبر دینا -

Harbinger of spring : (n) مونگ پھلی سے مشابہ شمالی امریکا کا ایک پودا -

Harbor : (n) (۱) پناہ ؛ ملجا و ماوا - (۲) جہازوں کے قیام کی جگہ ؛ بندرگاہ - (۳) (شیشہ سازی) حوض نما بکس جس میں مختلف اجزاء کو ملاتے ہیں -

Harbour : (n) دیکھو Harbor

Harbour/Harbor : (n) (۱) پناہ دینا ؛ چھپانا (مجرم کو) دل میں جگہ دینا (فاسد خیال کو) ۔ (۲) بندرگاہ میں لنگر انداز ہونا ۔ (۳) ہرن یا دوسرے جانور کے بھٹ کا پتا لگانا ۔

Harbour-due : (n) بندرگاہ کا محصول ۔

Harbour-master : (n) بندرگاہ منتظم یا نگراں کار ۔

Harbour-watch : (n) ملازمان جہاز کا وہ گروہ جو رات میں پہرہ دیتا ہے ۔

Harbourage/-orage : (n) (۱) پناہ ؛ مامن ؛ ملجا ۔ (۲) جائے پناہ ۔ (۳) بندرگاہ ۔

Harbourer/-orer : (n) (۱) پناہ دینے والا ۔ (۲) ہرن کے بھٹ کا پتا لگانے والا ۔

Harbourless : (n) (۱) بے پناہ ؛ بے گھر ؛ بے مامن ۔ (۲) بے بندرگاہ کا ۔

Hard : (a) (۱) سخت ؛ کڑا ؛ ٹھوس ۔ (۲) دشوار ؛ مشکل ؛ کٹھن ۔ (۳) درشت ۔ (٤) بے رحم ۔ (٥) کھاری (پانی) ؛ ترش ؛ نشہ آور ۔ (٦) نقدی ۔ (۷) تیز (نبض) ۔ (۸) مضبوط ؛ بہادر ۔ (۹) کنجوس ۔ (۱۰) غیر جذباتی ؛ عملی ؛ ذہین ۔ (۱۱) ناقابل برداشت ؛ شدید ۔ (۱۲) نا خوشگوار ۔ (۱۳) کراں ۔ (۱٤) (لسانیات) حروف c, g جب ان کا تلفظ k اور g کی طرح ہو ۔ (۱٥) (برقیات) نسبتاً زیادہ خلا رکھنے والے برقیہ ٹیوب سے متعلق ۔ (۱٦) سخت (محنت) ۔

Hard : (n) (۱) ٹھوس ساحل ۔ (۲) ڈھلوان پتھریلی سڑک کے کنارے بحر تک ۔ (۳) (عام) قید یا مشقت ۔

When hard comes to hard : اگر بدترین صورت پیش آئے ۔

Hard : (adv.) (۱) سختی سے ؛ شدت سے ؛ کوشش سے ۔ (۲) بے رحمی سے ؛ درشتی سے ۔ (۳) مشکل سے ۔ (٤) سختی کی حد تک ۔ (٥) نزدیک (بحری) انتہائی طور پر ؛ انتہا تک ۔

To die hard : بڑی مشکل سے مٹنا ۔

To go hard with : دشواری ہونا ؛ تکلیف ہونا ۔

To run (a peson) hard : (کسی سے) بہت کام لینا ۔

Hard and fast : (a) (۱) (بحری) لنگر انداز ۔ (۲) بندھا ہوا ؛ سخت ۔

Hard back : (a) گٹ اور کاغذ یا کپڑے کی جلدوں والی ۔

Hard back : (n) گٹ اور کاغذ یا کپڑے کی جلدوں والی کتاب ۔

Hard-bake : (n) بادام کی ٹافی (ایک طرح کی مٹھائی) ۔

Hard-bargain : (n) مہنگا سودا ۔

Hard-bitten : (a) خوب لڑنے والا ؛ حریف ۔

Hard-boiled : (n) (۱) ایسا ابالاہوا انڈا جس کی سفیدی اور زردی سخت ہوگئی ہو ۔ (۲) (مجازاً) بے درد ؛ ہوشیار ؛ عملی ؛ غیر جذباتی ۔

Hard-board : (n) مصنوعی لکڑی کا تختہ ۔

Hard-bound : (a) آہستہ کام کرنے والا ؛ سست رو ۔

Hard-bread : (n) ایک قسم کا سخت بسکٹ یا کیک ۔

Hard by : (prep. & adv.) نزدیک ؛ بالکل قریب ؛ متصل ۔

Hard case : (n) (۱) ناقابل اصلاح شخص ۔ (۲) قابل رحم ۔

Hard-cash : (n) نقد روپیہ ۔

Hard-corn : (n) گیہوں اور رائی ۔

Hard-drawn : (a) ٹھنڈا ہونے پر کھینچا ہوا (تار وغیرہ) ۔

Hard-favoured : (a) بدصورت ؛ روڑھا ۔

Hard-favouredness : (n) بدصورتی ؛ روڑھاپن ۔

Hard-featured : (a) بدصورت ۔

Hard-fern : (n) سرخس کی ایک قسم۔

Hard-finish/-fishing : (n) پلاسٹر کی تیسری تہ۔

Hard-fish : (n) نمک لگائی ہوئی اور سکھائی ہوئی مچھلی۔

Hard-fisted : (a) (۱) کنجوس ؛ بخیل۔ (۲) مضبوط ہاتھوں والا ؛ مضبوط۔

Hard goods : (n) باقی رہنے والی شے۔

Hard-grained : (a) (۱) سخت ریشوں والی۔ (۲) ناپسندیدہ۔

Hard grass : (n) بعض قسم کی گھاسوں کے نام۔

Hard-handed : (a) (۱) سخت ہاتھوں والا۔ (۲) بے رحم ؛ سخت گیر۔

Hard-head/Hardhead : (a) (۱) ہٹی ؛ بے وقوف۔ (۲) بعض مچھلیوں کے نام (۳) کیلیفورنیا کی وھیل۔ (٤) ایک قسم کی گھاس۔ (٥) ایک قسم کا اسفنج۔ (٦) ٹن ، لوھا اور آرسینک کا رسوبی بھرت جو ٹن صاف کرنے میں نکلتا ھے۔

Hard-headed : (a) (۱) سخت سر والا۔ (۲) غیر جذباتی ، عملی ، منطقی ؛ سیانا۔

Hard-headedly : (adv.) سیانا پن سے ، عملی طور پر۔

Hard-headedness : (n) سیانا پن۔

Hard-hearted : (a) سخت دل ؛ بے رحم ؛ سنگ دل ؛ کٹّر ؛ شقی القلب۔

Hard-heartedly : (adv) سنگ دلانا ؛ بےرحمانہ ؛ قساوت ؛ کٹرپن سے۔

Hard-heartedness : (n) قساوت ؛ سنگدلی ؛ بے رحمی ؛ سخت دلی ؛ کٹرپن۔

Hard iron : (n) وہ لوھا جو مقناطیسی میدان سے ہٹائے جانے کے بعد مقناطیسیت قائم رکھے۔

Hard-labour : (n) سخت مشقت (قیدیوں سے)۔

Hard-laid : (a) گٹھا ھوا ؛ پاس پاس بناھوا (کپڑا وغیرہ)۔

Hard-lead : (n) سنگ سرمہ ملا ھوا سیسہ۔

Hard-lines : (n) (۱) بدقسمتی ؛ شومئی قسمت ؛ بدبختی۔ (۲) مصیبت ؛ تکلیف۔

Hard-mouthed : (a) (۱) (گھوڑا) سرکش ؛ بد لگام ؛ منہ زور۔ (۲) سرکش ؛ بے قابو (شخص)۔

Hard-of-hearing : (n) اونچا سننے والا ؛ جسے ثقل سماعت ھو۔

Hard-pan : (n) (۱) سخت زمین ؛ ریتلی یا کنکریلی زیر سطحی زمین۔ (۲) (مجازاً) تہ پیندا۔

Hard-set : (a) (۱) مصیبت زدہ۔ (۲) مضبوط جما ھوا۔ (۳) ضدی۔ (٤) (انڈا) جس کو سے چکے ھوں۔

Hard-shell/Hardshell : (n) (۱) سخت چھلکے کا۔ (۲) (مجازاً) سخت ؛ کٹّر۔

Hard-shell : (n) سخت پوست والا کیکڑا۔

Hard-shelled : (a) (۱) سخت چھلکے والا۔ (۲) درشت ؛ بے درد۔

Hard-spun/-stand/-standing : (a) ہوائی اڈے کا وہ حصہ جہاں ہوائی جہاز کھڑا رکھا جاتا ھے۔

Hard-surface : (v) سڑک وغیرہ کو کنکریٹ وغیرہ سے سخت بنانا۔

Hard-swearing : (n) دروغ حلفی۔

Hard-tac : (n) (۱) جہازی بسکٹ۔ (۲) ملاحوں کا کھانا۔ (۳) مہوگنی کی قسم کے درخت۔

Hard-top : (n) وہ موٹر جس کی چھت دھات کی بنی ھو۔

Hard-top : (n) کنکریٹ وغیرہ سے سخت بنایا ھوا خطہ یا سڑک۔

Hard-top : (v) دیکھو Hard-surface

Hard up : (adv.) (بحری) ہوا کے رخ پر بہت دور۔

Hard up : (a) (۱) قلاش ؛ نادار مفلس ؛ حاجت مند (خصوصاً روپیہ وغیرہ کا)۔ (۲) حیران۔

Hard (up) on : (a) (۱) سختی سے معترض۔ (۲) مخالف ؛ ناسازگار (زمانہ)۔

Hard upon : (a) نزدیک ؛ تقریباً ؛ قریب ہی ؛ پاس ہی۔

Hard water : (n) بھاری پانی (جس میں صابن گھلتا نہیں ہے)۔

Harden/Hurden : (n) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

Harden : (v) (۱) سخت دل بنانا یا ہونا۔ (۲) سخت کرنا یا ہونا۔ (۳) ضدی بنانا۔ (٤) مستحکم کرنا۔ (٥) مضبوط، گٹھیلا یا جفاکش کرنا یا ہونا۔ (٦) (تجارت) مہنگا ہونا۔

Hardened : (a) سخت ؛ ضدی ؛ سخت دل ؛ بے رحم ؛ سخت بنایا ہوا۔

Hardener : (n) دھات کو سخت بنانے والا۔

Harderian : (a) (تشریح) ہارڈیرینی غدود۔

Hardhack : (n) ایک قسم کی نیچی جھاڑی۔

Hardiesse : (n) بہادری۔

Hardihood : (n) دلیری ؛ جرأت ؛ بے باکی ؛ نڈر پن ؛ اکھڑ پن۔

To have the hardihood to deny : دیدہ دلیری سے انکار کرنا۔

Hardily : (adv.) بہادری سے دلیرانہ ؛ بے باکانہ۔

Hardiment : (n) بہادری ؛ جرأت ؛ دلیری۔

Hardiness : (n) جرأت ؛ بے باکی ؛ دلیری ؛ مضبوطی ؛ جفاکشی۔

Hardish : (a) قدرے سخت ؛ کسی قدر سخت۔

Hardly : (adv.) (۱) بدشواری ؛ بدقت ؛ بمشکل ؛ بڑی مشکل سے۔ (۲) درشتی سے۔ (۳) سختی سے۔ (٤) شاید ہی ؛ مشکل سے۔

Hardness : (n) (۱) سختی ؛ ٹھوس پن ؛ دشواری۔ (۲) دقت۔ (۳) سخت دلی ؛ کنجوسی۔ (٤) درشتی ؛ شدت۔ (٥) (طبیعیات) طاقت (لاشعاعی)۔ (٦) (برقیات) درجہ خلا۔ (۷) (کیمیا) سنگینی۔

Hards/Hurds : (n) سن کے موٹے حصے۔

Hardship : (n) (۱) بدنصیبی ؛ کور بختی ؛ سیاہ بختی ؛ گردش ؛ مصیبت۔ (۲) صعوبت ؛ کلفت ؛ اذیت ؛ آزار ؛ سختی ؛ تکلیف ، بپتا کٹھا ہوا۔

Hardware : (n) لوہے کے برتن ؛ ظروف آہنی ؛ دھات کا نیا سامان۔

Hardwareman : (n) لوہے کے برتن یا دھاتی سامان بیچھے والا۔

Hardwood : (n) (۱) برگ ریز درختوں کا جنگل۔ (۲) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی۔

Hardy : (a) (۱) دلیر ؛ جری ؛ باہمت ؛ منچلا ؛ بیباک ؛ نڈر ؛ اکھڑ۔ (۲) مضبوط ؛ جفاکش۔ (۳) پودا جو تمام سال کھلی ہوا میں اگایا جاسکے۔

Half hardy : وہ پودا یا درخت جس کو جاڑے میں حفاظت کی ضرورت ہو۔

Hardy : (n) خانہ چھینی ؛ سندان۔

Hardy annual : (n) (۱) خود رو پودا۔ (۲) (مجازاً) پارلیمنٹ یا اخبار میں بار بار آنے والے موضوعات۔ (۳) کوئی چیز جو ہر سال واقع ہو۔

Hare : (n) (۱) خرگوش ؛ ارنب۔ (۲) مضحکہ خیز شخص ؛ بیوقوف۔ (۳) بعض کھیلوں میں کھیلنے والوں کے لئے نشانات دینے والا۔ (٤) ایک جنوبی مجموعہ نجوم۔ (٥) ایک صدف نما جانور۔ (٦) (عام) بے ٹکٹ مسافر۔ (۷) (عام) موضوع بحث۔

As mad as march hare : پاگل ؛ دیوانہ (اس خرگوش کی طرح جو مستی پر یا ہواھو) ۔

First catch your hare : (ضرب المثل) سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا ۔

To hold (orrun) with the hare and run (or hunt) with the hounds/To run with hare and hounds : دونوں طرف ملا ھواھونا ؛ ساز باز رکھنا ۔

Hare and hounds : (n) بہت لمبی دوڑ جس میں دو ایک آدمی کھیتوں یا جنگلوں میں کاغذ کی کترن پھینکتے جاتے ھیں اور بہت سے لوگ کھوج لگاتے ھوئے اس کا تعاقب کرتے ھیں ؛ خرگوش اور کتوں کی دوڑ ۔

Hare bell/Hare-bell/Hair bell : (n) دیکھو Hair bell

Hare-brain/Hair-brain : (n) دیکھو Hair bain

Hare-brained : (a) ناعاقبت اندیش ؛ لاپرواہ ؛ خبطی ۔

Hare-up : (a) طیش میں ھونا ۔

Hare-eyed : (a) چوکس ؛ جس کی آنکھیں بند نہ ھوں ۔

Hare-finder : (n) خرگوش تلاش کرنے والا (پیشہ ور) ۔

Hare-hearted : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ۔

Hare-kangaroo : (n) ایک قسم کا چھوٹا کنگارو ۔

Hare-lip : (n) (طب) اشرمیت ؛ اوپر کے ھونٹ کا شگاف ۔

Hare-lipped : (a) جس کا اوپر کا ھونٹ کٹا ھواھو ۔

Hare-sighted : (a) نزدیک دیکھنے والا ۔

Hareld : (n) سمندری بطخ کی ایک جنس ۔

Harem/Haram : (n) (۱) حرم سرا ؛ زنان خانہ ۔ (۲) حرم ؛ بیگمات ؛ پردہ نشیں خواتین ۔ (۳) حرم محترم ۔

Harengiform : (a) ہیرنگ (مچھلی) نما ۔

Hare's : بہت سے پودوں کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔

Hare's ear : (n) خیر اللہ ۔

Hare's eye : (n) (طب) چشم خرگوشی (آنکھ کی بیماری جس کی وجہ سے سونے میں آنکھ بند نہیں ھوتی ھے) ۔

Hare's foot : (n) (۱) تپتیا گھاس ؛ نفل ۔ (۲) ایک قسم کی لکڑی جس میں مسامات ھوتے ھیں ۔

Harfang : (n) سفید اُلّو ۔

Haricot : (n) (۱) پسندے (بھیڑ یا بکری کے گوشت کے) ۔ (۲) لوبیا ؛ فرانسیسی پھلی ۔

Haricot/Harico : (v) پسندے بنانا ۔

Hariolation : (n) قیاس ۔

Hark : (v) (۱) سننا ؛ کان لگاکر سننا ؛ کان دھرنا ؛ توجہ سے سننا ۔ (۲) لینا ھے ؛ لگے لگے (شکاری کتوں کو بُشکارنے کے لئے) ۔

Hark away : (v) آگے بڑھنا یا چلے جانا ۔

Hark back : (v) (۱) (شکاری کتوں کے لئے) کھوج لگانے کے لئے پیچھے لوٹنا ۔ (۲) گھوم پھر کر اسی بات پر واپس آجانا ۔ (۳) (شکاری کتوں کو) واپس بلانا ۔

Hark forward : (v) آگے بڑھنا ۔

Hark in : (v) جانا ۔

Hark off : (v) واپس ھونا ۔

Hark on/-forwards : (v) لگے لگے کرنا ؛ بُشکارنا ۔

Harken : (v) دھیان دینے والا ؛ توجہ سے سننے والا ۔

Harl/Harle : (n) (۱) سن کا ریشہ ۔ (۲) پر کاریشہ ۔

Harl/Harle : (v) (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) کھردرا پلاسٹر لگانا ۔ (۳) پھینکواں جال سے مچھلی پکڑنا ؛ کھردرا پلاسٹر ۔

Harl : (v) (۱) پھنسانا ؛ الجھانا ۔ (۲) (مرے ہوئے خرگوش کی) ٹانگیں باندھ دینا (لے جانے کے لئے) ۔

Harleian : (a) رابرٹ ہارلے ؛ ارل آف آکسفورڈ کے کتب خانے کا یا اس سے متعلق ۔

Harlequin : (n) (۱) اطالوی اور فرانسیسی کامیڈی ایک کیریکٹر ۔ (۲) انگریزی گونگے ناٹک (Pontomime) کا کیریکٹر جو منہ سے نہیں بولتا اور مسخرے پن کی حرکتیں کرتا ہے ۔ (۳) مسخرا ؛ بھانڈ ۔ (٤) چھوٹے گلدار کتوں کی ایک نسل ۔ (٥) ایک قسم کی بط ۔

Harlequin : (a) مسخرے یا اس کے لباس سے مشابہ ؛ مضحک ؛ مختلف رنگوں کا ؛ رنگ برنگ کا ۔

Harlequin-bat : (n) ایک قسم کی چمگادڑ ۔

Harlequin-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں ۔

Harlequin brant : (n) ایک امریکی بطخ جس کا سینہ سفید ہوتا ہے ۔

Harlequin-cabbage-bug : (n) ایک قسم کا کیڑا جو بہت خوش رنگ ہوتا ہے ۔

Harlequin duck : (n) ایک قسم کی بطخ جس کے پر رنگ برنگے ہوتے ہیں ۔

Harlequinade : (n) (۱) ایک قسم کا گونگا ناٹک ۔ (۲) سوانگ کا وہ حصہ جس میں ہارلے کوین یا مسخرے کا پارٹ ہوتا ہے ۔

Harlequinade : (v) ہارلے کوین کا پارٹ کرنا؛ عجیب و غریب حرکتیں کرنا ۔

Harlequint flower : (n) ایک قسم کا پھول جس میں بہت سے رنگ ہوتے ہیں ۔

Harlequint garrot : (n) ایک قسم کی بحری بطخ ۔

Harlequint moth : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Harlequint pigeon : (n) ایک قسم کا آسٹریلوی کبوتر ۔

Harlequint ring : (n) مختلف رنگ کے نگینوں سے جڑی انگوٹھی ۔

Harlequint rose : (n) گلاب جس کی پتی دھاری دار ہوتی ہے ۔

Harlequint snake : (n) ایک قسم کاسانپ جو مختلف رنگ کا ہوتاہے ۔

Harlot : (n) رنڈی ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ فاحشہ ۔

To play the harlot : فاحشہ پن کرنا ۔

Harlot : (v) فاحشہ پن کرنا ۔

Harlotry : (n) (۱) کسب ؛ چھنالا ؛ فاحشہ پن ۔ (۲) فاحشہ ۔ (۳) (مجازاً) کسبیوں کا ساٹھا ؛ بھڑکیلا پن ؛ طمطراق ؛ تصنع ۔

Harm : (n) ضرر ؛ نقصان ؛ گزند ؛ تکلیف ؛ ایذا ؛ دکھ ؛ شر ؛ برائی ؛ قباحت ۔

Out of harm's way : محفوظ ؛ گزند سے دور ۔

Harm : (v) نقصان یا گزند پہنچانا ۔

Harmala/Harmel : (n) جنوبی یورپ کا ایک پودا ؛ اسپند ؛ کالا دانہ ؛ جرمل ۔

Harmaline : (n) جرمل کے بیج کے حاصل ہونے والا ایک سفید بلوری قلی نما ($C_{13} H_4 N_2 O$) ۔

Harmattan : (n) سموم گانتا ؛ وہ گرم و خشک جھلس دینے والی ہوا جو بالائی گانتا کے ساحل پر دسمبر ، جنوری اورفروری میں چلتی ہے ۔

Harmel : دیکھو Harmala

Harmful : (a) مضر ؛ موذی ؛ ضرر رساں ؛ نقصان دہ ۔

Harmfully : (adv.) ضرر رساں طور پر ۔

Harmfulness : (n) ضرر رسانی ؛ مضر ہونا ؛ مضرت ۔

Harmine : (n) جرمل کے بیج میں پایا جانے والا ایک قلی نما ($C_{13}H_{12}N_2O$) ۔

Harminic acid : (n) ایک ترشہ جو Harmine کی نکسید سے حاصل ہوتا ہے ($C_{10}H_8N_2O_4$) ۔

Harmless : (a) (۱) بے ضرر ؛ غیر مضر ۔ (۲) مسکین ؛ مرنجاں مرنج ۔ (۳) نقصان یا سزا سے بری ۔

Harmlessly : (adv.) بے ضرر طور پر ۔

Harmlessness : (a) بے ضرر ہونا ؛ غیر مضر ہونا ۔

Harmonic : (a) (۱) ہم آہنگ ؛ ملتے ہوئے سروں کا ؛ سریلا ۔ (۲) ہم آہنگی کا ۔ (۳) مضاعف سرتی ۔ (٤) (ریڈیو) مضاعفہ ۔ (٥) (تشریح) مصنوعی درز سے متعلق ۔ (٦) سادہ موسیقی حرکت ۔

Harmonic : (n) (۱) موسیقانہ سُر ۔ (۲) مضاعف تفاعل ۔

Spherical harmonic : کروی مضاعف ۔

Harmonic analysis : (a) مضاعف تفاعل کا احصاء ۔

Harmonic current : (n) ایک قسم کی بدلتی رو ۔

Harmonic function : (n) مضاعف تفاعل ۔

Harmonic mean : (n) موسیقی اوسط ۔

Harmonic progression : (n) سلسلۂ موسیقیہ ۔

Harmonic proportion : (n) موسیقی تناسب ۔

Harmonic scale : (n) موسیقی سرگم ۔

Harmonica : (n) (۱) مختلف قسم کے ساز ۔ (۲) مختلف قسم کے پردوں کا نام ۔

Harmonical : (a) (۱) دیکھو Harmonic ۔ (۲) مختلف کتابوں کے متوازی اقتباسات کے موازنے سے متعلق ۔

Harmonically : (adv.) ہم آہنگی سے ۔

Harmonicon : (n) دستی آرگن ؛ ساز سنگیت ۔

Harmonious : (n) (۱) ہم آہنگ ؛ ہم ساز ؛ مربوط ۔ (۲) متحد ؛ متفق ۔ (۳) خوش آواز ؛ سریلا خوش گلو ؛ شیریں نوا ؛ شیریں (نغمہ) ۔

Harmoniously : (adv.) ہم آہنگی سے ، خوش نوائی سے ؛ میٹھے سروں میں ؛ موسیقی کے قواعد کے مطابق ۔

Harmoniousness : (n) ہم آہنگی ؛ مطابقت ؛ حسن ترتیب ۔

Harmoniphon/-phone : (n) ایک قسم کا ساز ۔

Harmonist : (n) (۱) فن نغمہ کا ماہر ۔ (۲) مغنی ؛ مطرب ؛ موسیقی داں ۔ (۳) مصحح ؛ مختلف نسخوں یا بیانوں کا مقابلہ کرکے تصحیح کرنے والا ۔ (٤) ہم آہنگی پیدا کرنے والا ۔ (٥) اشتراکی مذہبی فرقہ جس کو امریکا میں Rapp نے ۱۸۰۳ میں قائم کیا تھا ۔

Harmonistic : (a) (۱) تطبیقی ۔ (۲) فن نغمہ سے متعلق ۔

Harmonistically : (adv.) مغنی کی طرح ؛ موسیقی داں کی طرح ؛ تحریروں کی تطبیق کے طور پر ۔

Harmonium : (n) ہارمونیم (ایک قسم کا باجا) ۔

Harmonization : (n) ہم آہنگی ، سروں کا میل ۔

Harmonize : (v) (۱) ہم آہنگ ، ہم ساز ، مطابق یا موافق بنانا یا ہونا ، سروں کا ملنا یا ملانا ۔ (۲) خوش ترتیب کرنا یا ہونا ؛ حسن ترتیب پیدا کرنا ۔

Harmonizer : (n) ہم آہنگ کرنے والا ۔

Harmonometer : (n) تطبیق پیما ؛ آہنگ پیما ؛ وہ آلہ جس سے سروں کی باہمی نسبت معلوم ہوسکے ۔

Harmony : (n) (۱) مطابقت ؛ اتحاد ؛ اتفاق ؛ ہم آہنگی ؛ میل ۔ (۲) حسن ترتیب ؛ خوش ترتیبی ۔ (۳) ہم آہنگ نغمہ سروں کا میل ۔ (٤) میٹھی یا سریلی آواز ۔ (٥) مختلف نسخوں خصوصاً چاروں انجیلوں کا مقابلہ اور تصحیح ۔ (٦) (تشریح) تطابق عظمیٰ ۔

Pre-established harmony : دماغ اور مادے کی ہم آہنگی ۔

Harmony of the spheres : کرہ ہائے سماوی کی ہم آہنگی ۔

Harmost : (n) حکومت اسپارٹا کا بھیجا ہوا حاکم (مقبوضہ شہروں اور جزیروں کو زیر اقتدار رکھنے کے لئے) ۔

Harmotome : (n) الومینیم اور بیریم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Harness : (n) (۱) گھوڑے کا ساز و سامان ؛ جانوروں کی گاڑی میں جوتنے کا سامان ۔ (۲) (مجازاً) کام کرنے کا کپڑا وغیرہ ۔ (۳) (پارچہ بافی) پھنی ؛ کنگھی ۔ (٤) زرہ بکتر ، مدافعت کے ہتھیار ۔

In harness : جتا ہوا ؛ روز مرہ کے کام میں مصروف ۔

To die in harness : کام کرتے ہوئے مرجانا ۔

Harness : (v) (۱) گھوڑے پر ساز و سامان وغیرہ رکھ کر جوتنا ؛ کسی اور جانور کو گاڑی میں جوتنا ۔ (۲) (مجازاً) دریا کے پانی کو روک کر اس کی قوت سے کام لینا ؛ کام لینا ۔

Harnes-bull/-cops : (n) (عام) پولیس (وردی پہنے ہوئے) ۔

Harness cask : (n) ایک طرح کا پیپا جس میں نمکین گوشت رکھ کر جہاز پر رکھتے ہیں ۔

Harns : (n) دماغ ؛ بھیجا ۔

Harp : (n) (۱) ستار کی قسم کا مثلث شکل کا باجا ؛ بربط ؛ عود ۔ (۲) (علم النجوم) شلیاق ۔ (۳) چھلنی ؛ پردا ۔ (٤) ایک قسم کا صدف ۔ (٥) ایک قسم کی مچھلی ۔ (٦) آئرستانی شخص ۔

Aeolian harp : باد ترنگ ؛ ہوا سارنگی ؛ ساز ہوائی ۔

Double harp : دوہرے تاروں والا بربط ۔

Harp : (v) (۱) بربط بجانا ۔ (۲) طول دینا ۔ (۳) بربط کی طرح آواز کرنا ۔ (٤) قیاس کرنا ۔

To harp at : قیاس آرائی کرنا ۔

To harp on, upon : طول دینا ۔

To harp upon, on, a, one, the same (etc.) string : کسی مضمون کو بہت طول دے کر بیان کرنا ۔

Harp-file : (n) کاغذوں کو نتھی کرنے کا تاروں کا بربط نما پلک ۔

Harp-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Harp lute : (n) گٹار سے مشابہ بارہ تاروں والا ایک ساز ۔

Harper : (n) (۱) بربط نواز ۔ (۲) آئرستانی سکے ۔ (۳) ایک قسم کی سیل مچھلی ۔

Harping : (a) بربط بجانے والا ۔

Harpings : (n) (۱) (بحری) جہاز کے کھمبند کا اگلا حصہ ۔ (۲) جہاز کے مسطح ڈھانچے کو جکڑنے والے تختے ۔ (۳) وہ رسے جو جہاز کے مستول کو کھڑا رکھنے والے رسوں کو سہارا دیتے ہیں ۔

Harpist : (n) پیشہ ور بربط نواز ۔

Harpoon : (n) خطاف ؛ پارہ گیر ؛ بارپون ؛ برچھے کی شکل کا خمدار کانٹا جس میں رسی کا پھندا باندھ کر وھیل مچھلی وغیرہ شکار کرتے ہیں ۔

Harpoon : (v) بارپون سے شکار کرنا ۔

Harpoon-fork : (n) ایک قسم کا سرشاخہ جس سے سوکھی گھاس لادتے اور اتارتے ھیں۔

Harpoon-gun : (n) وہ توپ جس سے ہارپون پھینکا جاتا ھے۔

Harpoon-rocket : (n) وھیل مچھلی کو مارنے کی بم برچھی۔

Harpooner : (n) ہارپون پھینکنے والا۔

Harpress : (n) خاتون بربط نواز۔

Harpsichord : (n) قیشارہ ؛ ایک ساز جس کا رواج سولھویں صدی عیسوی تک تھا یہ ساز مضراب سے بجایا جاتا تھا۔

Harpy : (n) (۱) (یونانی اور لاطینی دیومالا) ایک خونخوار عفریت جس کا چہرہ اور جسم عورت کاسا تھا اور بازو اور پنجے پرند کی طرح تھے ؛ زن مرغ۔ (۲) (مجازاً) خونخوار شخص۔ (۳) شمالی امریکا کا عقاب۔ (٤) امریکی گدھ کی ایک قسم۔ (٥) جزائر شرق الہند میں پائی جانے والی ایک قسم کی چمگادڑ۔

Harpy-bat : (n) جزائر شرق الہند میں پائی جانے والی دو یا اس سے زیادہ قسموں کی چمگادڑ کے نام۔

Harpy-eagle : (n) جنوبی امریکا میں پایا جانے والا عقاب۔

Harpyian : (a) زن مرغ سے متعلق۔

Harquebus/Arquebus : (n) (۱) پرانی وضع کی ہلکی توڑےدار بندوق۔ (۲) ایسی بندوق سے لیس سپاہی۔

Harquebusade/Arq - : (n) توڑے دار بندوق سے مسلسل گولی باری۔

Harquebusier/Arq - : (n) بندوقچی؛ توڑے دار بندوق سے لیس سپاہی۔

Harridan : (n) بھیانک شکل کی بوڑھی عورت ؛ چڑیل ؛ ڈائن۔

Harrier : (n) (۱) تباہ کرنے والا ؛ غارت گر ؛ اجاڑنے والا ؛ تاراج کرنے والا۔ (۲) چرغ ؛ صقر ؛ ایک قسم کا باز یا شکرہ۔

Harrier : (n) (۱) تازی ؛ ایک قسم کا شکاری کتا جس سے خرگوش کا شکار کراتے ھیں۔ (۲) شکاریوں اور کتوں کا غول۔

Harrovian : (a) ھیرو کے اسکول سے متعلق۔

Harrovian : (n) ھیرو سے تعلیم یافتہ۔

Harrow : (n) (۱) دندانے دار سراون ؛ سہاگہ ؛ ایک طرح کا سراون جس میں لوھے کے دندانے ھوتے ھیں۔ (۲) (تعمیرات) قلع کا مضبوط دروازہ۔ (۳) فوجیوں کی وتری ترتیب ؛ بطوں کی ھوا میں وتری ترتیب۔

Revolving harrow : گردشی سراون۔

Harrow : (v) (۱) زمین پر دندانے دار سراون پھیرنا۔ (۲) زخمی کرنا۔ (۳) (مجازاً) جذبات کو مجروح کرنا ؛ دل میں گھاؤ ڈالنا/زخم پیدا کرنا۔

Harrow : (v) (۱) اجاڑنا ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا۔ (۲) لوٹنا ؛ تاراج کرنا۔

Harrower : (n) سراون پھیرنے والا۔

Harrowingly : (adv.) (۱) سراون پھیرتے ھوئے۔ (۲) دل خراشی سے۔

Harrowingness : (n) دل خراشی ؛ جگر خراشی۔

Harry : (n) (۱) نام۔ (۲) نیچے طبقے کے جوان انگریز عرف۔ (۳) معمولی قسم کا تاش۔

By the Lord Harry : ایک طرح کی قسم۔

Old Harry : شیطان۔

To play old Harry : شیطنت کرنا؛ برباد کرنا۔

Harry : (n) (۱) لوٹنا ؛ پامال ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ اجاڑنا ؛ ویران کرنا ؛ لوٹ لینا (کسی شخص کو)۔ (۲) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ رنج پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ حیران کرنا ؛

پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ۔ (۳) لوٹ کر لے جانا ۔

Harry bird : (n) ابو مقص ؛ آب بر ؛ ایک دریائی پرندہ ۔

Harry Derchman/-Dutchman : (n) کلفی دار یا ڈنمارک کے کووں کا نام ۔

Harry noble : (n) ہنری ششم کا طلائی سکہ ۔

Harry sovereign : (n) ہنری ہفتم اور ہنری ہشتم کے زمانے کا سورن (سکہ) ۔

Harsh : (a) (۱) سخت ؛ کھردار ؛ درشت ؛ کرخت ۔ (۲) ناپسندیدہ ؛ ناگوار ۔ (۳) بے رحم ؛ سنگ دل ؛ سخت دل ؛ بے رحمانہ ؛ سخت ۔

Harshen : (v) سخت بنانا ؛ کھردار بنانا ۔

Harshly : (adv.) سختی ؛ درشتی سے ؛ ناگوار طور پر ؛ بے دردانہ ؛ بے رحمانہ ۔

Harshness : (n) سختی ؛ درشتی ؛ بے دردی ؛ سنگ دلی ؛ ناگواری ؛ ناپسندیدگی ۔

Harslet : (n) گوشت کا پارچہ (جو بھوننے کے لئے کاٹا جائے) ؛ سور کے گوشت کا پارچہ ۔

Hart : (n) غزال ؛ آھو ؛ ہرن ؛ مرگ ؛ بارہ سنگھا (خصوصاً پانچ سال سے زیادہ عمر کا) ۔

Hart berry : (n) دیکھو Bilberry

Hart clover/Hart's clover : (n) الکیل الملك ؛ ناخونك ۔

Hart of ten : (n) وہ شاخہ ہرن جس کے ہرسینگ میں دس دس شاخیں ہوں ۔

Hart royal : (n) بارہ سنگھا یا ہرن جس کو بادشاہ نے شکار کیا ہو ۔

Harte beest : (n) افریقی بارہ سنگھا ۔

Hartleian : (a & n) ٹیوڈ ہار ٹلے کے عقائد سے متعلق ؛ ٹیوڈ ہار ٹلے کا پیرو ۔

Hart's ball : (n) زمیں دوز سماروغ ۔

Harts horn : (n) شاخ گوزن ؛ ہرن کے سینگ کا وہ مادہ جس سے پہلے نوشادر بنتا تھا ۔

Salt of harts horn : نوشادر کا لخلخہ جو بے ہوش آدمی کو ہوش میں لا نے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Spirit of hartshorn : محلول امونیا ۔

Harts horn jelly : (n) ہرن کے سینگ کو چھیل کر بنائی جانے والی جیلی ۔

Harts horn plantain : (n) ایک قسم کا کاھو ۔

Hart's-tongue/-fern : (n) سرخس کی ایک قسم ۔

Hart's trefoil : (n) دیکھو Hart-clover

Hart's truffle : (n) زمیں دوز سماروغ کی ایک قسم ۔

Hartwort : (n) کاشم ۔

Harum-scarum : (a) لاأبالی ؛ بے پرواہ ۔

Harum-scarum : (n) لاأبالی شخص یا کام ۔

Haruspex : (n) قدیم رومی فال گیر جو انتڑیوں سے فال نکالتا ہے ۔

Haruspical : (a) قدیم رومی فال گیر سے متعلق ۔

Haruspicate : (a) دیکھو Haruspical

Haruspication : (n) انتڑیوں سے فال نکالنا ۔

Haruspicy : (n) فال گیری ۔

Harvest : (n) (۱) فصل کاٹنے کا زمانہ ۔ (۲) تیار فصل ۔

(۲) حاصل ؛ پیداوار ۔ (٤) کام کا نتیجہ ؛ ماحصل ۔

Lord of the harvest : خدا

Harvest : (v) (۱) فصل کاٹنا ؛ اکٹھا کرنا ۔ (۲) ذخیرہ جمع کرنا ۔

Harvest-bell : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Harvest-bug : (n) ایک چھوٹا سا کیڑا جو فصل کاٹنے کے زمانے میں بہت ستاتا ہے ۔

Harvest festival/-thanks giving : (n) فصلی جشن (جو کھیت کاٹنے پر منایا جاتا ہے) ۔

Harvest-field : (n) کھیت جس کی فصل کاٹی جارہی ہو ۔

Harvest-fish : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Harvest-fly : (n) ایک قسم کا امریکی جھینگر ۔

Harvest-home/Harvest home : (n) (۱) فصل کٹنے کا اختتام ۔ (۲) فصلی جشن جو اس موقع پر ہوتا ہے ۔

Harvest-home goose : (n) وہ بط جو فصلی جشن میں پکاکر کھائی جاتی ہے ۔

Harvest-month : (n) فصل کاٹنے کا مہینہ (ستمبر یا اگست) ۔

Harvest moon : (n) موسم خزاں کا ماہ کامل ؛ خریفی چاند ؛ ۲۲ یا ۲۳/ستمبر کا زمانہ جب سورج برج میزان کے پہلے خط پر پہنچے اور چاند کامل ہو ۔

Harvest mouse : (n) موش خرمنی ؛ وہ چوہا جو فصل کٹنے کے زمانے میں پیدا ہوتا ہے اور کھیت میں رہتا ہے ۔

Harvest queen : (n) (۱) فصل کی دیوی ، سیرس (Ceres) ۔ (۲) فصل کاٹنے والوں میں سے وہ جوان عورت جس کو فصل کے اختتام پر اعزازی درجہ دیاجاتا تھا ۔

Harvest-spider : (n) لمبی ٹانگوں والا فصلی مکڑا ۔

Harvest-tick : (n) دیکھو Harvest-bug

Harvest-work : (n) فصل کاٹنے اور جمع کرنے کا کام ۔

Harvester : (n) (۱) کھیت کاٹنے والا ۔ (۲) مختلف کیڑوں کا نام ۔ (۳) کھیت کاٹنے کی مشین یا آلہ ۔

Harvesting : (a) فصل کاٹنے اور جمع کرنے والا ۔

Harvesting ant : (n) چیونٹی کی ایک قسم جو گھاس کے بیجوں کو جمع کرتی ہے ۔

Harvesting mouse : دیکھو Harvest mouse

Harvestless : (a) بے فصل ؛ بنجر ۔

Harvestman : (n) (۱) فصل کاٹنے والا (خصوصاً وہ جو اس کام کے لئے گھر چھوڑ کر نکلتا ہے) ۔ (۲) لمبی ٹانگوں والا مکڑا ۔

Harvey/Harveyize : H. A. Harvey کے ایجاد کردہ طریقے سے لوہے کو سخت کرنا ۔

Hash-been : (n) وہ جو اب کسی کام کا نہیں ہے ؛ دقیانوسی شخص یا طریقہ ؛ کوئی چیز جو پرانی ہوگئی ہو ؛ از کار رفتہ ۔

Hash : (v) (۱) گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ (۲) (مجازاً) کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Hash : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے پکایا ہوا گوشت ۔ (۲) پرانی چیز جو نئی صورت میں پیش کی جائے ۔ (۳) بے میل (چیز) ؛ ملغوبہ ؛ گڈمڈ ۔

Hash out : (v) کسی موضوع پر خوب بحث کرنا ۔

Hash over : (v) گفتگو کرنا ؛ بحث کرنا ۔

Hasher : (n) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے والا ۔

Hashish/-eesh : (n) حشیش ؛ ایک قسم کا بھنگ ۔

Hasp : (n) (۱) قلابہ ؛ کنڈا ؛ چھپکا ۔ (۲) تکلا ؛ لچھا ؛ انٹی ۔ (۳) سہاگہ ؛ سراون ۔

Hasp : (v) قلابہ لگانا ۔

Hassock : (n) (۱) گدا جس پر گھٹنوں کے بل کھڑے ہوتے وقت گھٹنے ٹیکتے ہیں ۔ (۲) گتھی ہوئی گھاس کا پولا ۔ (۳) (کینٹ میں) چونا ملا ہوا بھرا بھرا پتھر ۔

Hassocky : (a) طرد دار ؛ بھر بھرے پتھروں والا ۔

astate : (a) (۱) برچھی نما ؛ نیزہ نما ؛ نیزہ شکل ۔ (۲) (نباتیات) برچھی سا ۔

Hastately : (n) برچھی نما طور پر ۔

Hastato- : جز و ترکیبی بہ معنی برچھی نما ۔

Haste : (n) (۱) عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی ۔ (۲) جلد بازی ؛ ضرورت سے زیادہ عجلت ۔

More haste less speed : جلد بازی میں اور دیر ہوتی ہے ؛ دیر آید درست آید ۔

To make haste : عجلت کرنا ۔

Haste : (v) (۱) جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ۔ (۲) (تاکید سے) آگے بڑھانا ۔

Hasteless : (a) بے عجلت ۔

Hastelessness : (n) عجلت نہ کرنا ۔

Hasten : (n) (۱) جلدی کرانا ؛ عجلت کی تاکید کرنا ۔ (۲) رفتار بڑھا دینا ؛ تیز تر کرنا ؛ تیز کرنا ؛ جلد تر کرنا ۔ (۳) تیزی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ جلدی کرنا ۔ (٤) تیزی سے آنا یا جانا ؛ جلد قدم اٹھانا ۔

Hastener/Haster : (n) (۱) جلدی کرنے والا ۔ (۲) پردہ جس سے آگ کی تپش کو مرتکز کرتے ہیں ۔

Hastifoliate/Hastifolious : (a) برچھی نما پتیوں والا ۔

Hastiform : (a) برچھی نما ۔

Hastile : (a) دیکھو Hastate

Hastily : (adv.) (۱) تعجیلاً ؛ عاجلاً ۔ (۲) جلدی جلدی ؛ تیزی سے ۔ (۳) جلد بازی یا ناعاقبت اندیشی سے (٤) چڑچڑے پن سے ۔

Hastiness : (n) (۱) تعجیل ؛ عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی ۔ (۲) جلد بازی ؛ ناعاقبت اندیشی ۔ (۳) زود رنجی ؛ چڑچڑا پن ۔

Hasting : (a) جلد بازی کرنے والا ۔

Hasty : (a) (۱) جلدی کا ؛ عجلت کا ؛ عاجلانہ ۔ (۲) تیز ؛ تیز رفتار ۔ (۳) جلد باز ؛ ناعاقبت اندیش ؛ ناعاقبت اندیشانہ ۔(٤) زود رنج ؛ چڑچڑا ؛ جھلا ؛ تند خو ؛ تیز مزاج ۔

Hasty-pudding : (n) ایک قسم کی پڈنگ ۔

Hat : (n) (۱) ہیٹ ؛ انگریزی ٹوپی (زنانہ یا مردانہ) ۔ (۲) ٹوپی جس سے پہننے والے کا رتبہ یا مرتبہ ظاہر ہو ۔

(His) hat covers (his) family : وہ دنیا میں تنہا ہے ؛ اس کا کوئی نہیں ۔

To send round the hat/To go round with the hat : چندہ جمع کرنا ۔

To talk through one's hat : مبالغہ کرنا ؛ فقروں سے کام لینا ؛ شیخی مارنا ۔

Hat : (n) (۱) سر پر ہیٹ رکھنا ۔(۲) (کسی کو) ہیٹ دینا ۔

Hat-band/Hatband : (n) (۱) ہیٹ کی پٹی (جو اس کے گرد لپٹی ہوتی ہے) ۔(۲) وہ پٹی جو ہیٹ میں سوگواری کی علامت کے طور پر لگائی جاتی ہے ۔

Hat-block : (n) ہیٹ کا قالب ۔

Hat-body : (n) فلٹ کا وہ ٹکڑا جس کو کاٹ کر ہیٹ بناتے ہیں ۔

Hat-box : (n) ہیٹ رکھنے کا بکس۔

Hat-brush : (n) ہیٹ صاف کرنے کا برش۔

Hat-case : (n) دیکھو Hat-box

Hat-die : (n) ہیٹ کا قالب۔

Hat-homage : (n) احتراماً ہیٹ کو اٹھانا۔

Hat-money : (n) مالک کو چھوٹی سے رقم جو اس کی نگرانی اور کاوش کے صلے میں دی جائے۔

Hat-mould : (n) دیکھو Hat die

Hat-piece : (n) چھوٹا خود جو ہیٹ کے اندر پہنا جاتا ھے۔

Hat-stand/-tree : (n) ہیٹ ، کوٹ وغیرہ لٹکانے کا ٹیکن۔

Hat trick : (n) (۱) ہیٹ سے کوئی شعبدہ بازی کرنا ۔ (۲) (کرکٹ) متواتر تین گیندیں پھینک کر تین کھلاڑیوں کو آوٹ کرنا ۔

Hatch : (n) (۱) نصفہ در ؛ دو حصے والے کواڑ کا نیچے کا حصہ ۔ (۲) کھڑکی دار دروازہ جو جہاز کے عرشے میں ہوتا ھے اس کا پٹ ۔ (۳) کھڑکی (دروازے ، دیوار ، مکان کے فرش یا جہاز کے عرشے میں)۔ (٤) دریا یا نہر کے بند کا دروازہ ؛ آب بند۔ (٥) سالمن مچھلی کو پھنسانے کی ایک ترکیب۔ (٦) ہوائی جہاز کی وہ کھڑکی یا اس کا دروازہ جو ہنگامی حالت میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Under hatches : جہاز کی سب سے نیچی منزل یا خانے میں۔

Under the hatches : (۱) (مجازاً) پستی کی حالت میں خستہ حال ۔ (۲) نیچے جاکر غائب ہونا ۔ (۳) مردہ۔

Hatch : (n) (انڈے) سینا ؛ جھول۔

Hatch : (n) کھدے ہوئے متوازی خطوط۔

Hatch : (v) (۱) انڈوں سے بچے نکالنا ؛ جھول نکالنا (مرغی کے بچوں وغیرہ کا) ۔ (۲) انڈے سینا ؛ انڈوں پر بیٹھنا ۔(۳) بچوں کا (انڈوں سےنکلنا) ؛ انڈا کھنکنا ۔ (٤) تدبیر کرنا ؛ منصوبہ باندھنا(سازش وغیرہ کا) ۔ (٥) پیدا کرنا ؛ ترکیب نکالنا ۔

Hatch : (v) (۱) کندہ کرنا ؛ جدول کھینچنا ؛ (کسی سطح پر متوازی خطوط کھینچنا ۔ (۲) جڑاؤ کام کرنا ۔

Hatch-boat : (n) ایک قسم کا چھوٹا جہاز جس کے عرشے میں بہت سی کھڑکیاں ہوتی ہیں۔

Hatched-moulding : (n) (تعمیرات) متقاطع متوازی خطوط کی کندہ کاری۔

Hatchel : (n) سن کو صاف کرنے کا کنگھا ؛ پنجہ۔

Hatchel : (v) سن کو پنجے سے صاف کرنا ۔

Hatcheller : (n) سن کو صاف کرنے والا ۔

Hatcher : (n) (۱) سینے والی ؛ سینے کی مشین ۔ (۲) سازش کرنے والا ؛ منصوبہ باندھنے والا ۔

Hatchery . (n) سینالہ ؛ وہ جگہ جہاں مچھلیوں کے انڈے سے بچے نکلتے ہیں۔

Hatchet : (n) (۱) تبر ؛ کلہاڑی ۔ (۲) دانت اکھاڑنے کا ایک آلہ۔

To take or dig up the hatchet : صلح کرنا ۔

To bury the hatchet : دشمنی شروع کرنا ۔

Hatchet-face : (n) تنگ کتابی چہرہ ۔

Hatchet-faced : (a) تنگ کتابی چہرے والا ۔

Hatchet-fist : (n) تنگ مٹھی۔

Hatchet jaw : (n) تنگ جبڑا ۔

Hatchettin/Hatchettine/Hatchetinle : (n) زردی مائل سفید نیم شفاف متحجر گوند یا موم نما ہائیڈرو کاربن ۔

Hatchettite : (n) دیکھو Hatchettin

Hatchety : (a) دیکھو Hatchet-face

Hatching : (n) سایہ زنی ؛ خطوطی سایہ ۔

Hatchment : (n) (۱) مارکہ ڈھال ؛ جس پر امراء کے مارکے بنائے جاتے ہیں ۔ (۲) مارکہ تختی ، وہ تختی جو مکان کے دروازے پر لگائی جاتی ہے جس پر صاحب خانہ کا مارکہ ہوتا ہے ۔

Hatchway : (n) جہاز کے عرشے میں وہ کھڑکی یا دروازہ جس سے مال تہ خانے میں اتارتے ہیں ۔

Hate : (n) (۱) نفرت ؛ بغض ؛ عناد ؛ عداوت ۔ (۲) جس سے نفرت کی جائے ۔

Hate/Haet : (n) ذرہ ۔

Hate : (v) (۱) نفرت کرنا ۔ (۲) عداوت رکھنا ؛ بغض و عناد رکھنا ؛ جلنا ؛ دشمنی رکھنا ۔

Hateable : (a) قابل نفرت ۔

Hateful : (a) (۱) نفرت انگیز ؛ قابل تعریف ۔ (۲) کینہ ور ۔

Hatefully : (adv.) نفرت انگیز طور پر ۔

Hatefulness : (n) نفرت انگیزی ۔

Hatemonger : (n) نفرت پھیلانے والا ۔

Hater : (n) نفرت کرنے والا ۔

Hatless : (a) بے ہیٹ ؛ ننگے سر ؛ کھلے سر ؛ برہنہ سر ۔

Hatred : (n) (۱) نفرت ۔ (۲) عداوت ؛ کینہ ؛ بغض ؛ عناد ۔

Hatted : (a) ہیٹ پہنے ہوئے ۔

Hatter : (n) (۱) ہیٹ بنانے اور بیچنے والا ؛ کلاہ ساز ۔ (۲) (آسٹریلیا ، کان) تنہا کام کرنے والا ۔

Hatter : (v) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ۔

Hatti/Hatti-sherif/-Humayun : (n) (ترکی) (خط شریف) سلطان کا دستخطی فرمان ۔

Hatting : (n) کلاہ سازی کا پیشہ ۔

Hauberk : (n) زرہ ؛ بکتر ۔

Hauerite : (n) مینگنیز کا دوہرا سلفائیڈ ۔

Haugh/Halgh : (n) دریا برآمد زمین جو دریا کے کنارے واقع ہو ۔

Haught : (a) مغرور ؛ متکبر ۔

Haughtily : (adv.) متکبرانہ ؛ مغرورانہ ؛ تمکنت سے ۔

Haughtiness : (n) (۱) کبر ؛ غرور ؛ تکبر ؛ خود بینی ؛ نخوت ۔ (۲) تمکین ؛ تمکنت ؛ بھاری بھر کم پن ۔

Haught : (a) (۱) متکبر ؛ مغرور ؛ خود بیں ؛ خود پسند ؛ مغرورانہ ۔ (۲) پر تمکین ؛ باتمکنت ؛ بھاری بھر کم ۔

Haul : (v) (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۲) (بحری) جہاز کا رخ بدلنا ۔ (۳) (ہوا کا) رخ بدلنا ۔ (٤) طرز عمل بدلنا ؛ آنا جانا ۔

To haul on a wind/To haul the (her, our, etc) wind/ To haul upon or to the wind : جہاز کا رخ ہوائی رخ پر بدلنا یا گردینا ؛ موڑنا ؛ پھیرنا ؛ گھمانا ؛ پلٹنا ۔

To haul over the coals : سرزنش کرنا ۔

To haul up : سرزنش کرنے کے لئے لانا ۔

Haul : (n) — (۱) کھینچائی ؛ مچھلی کے جال کو کھینچنا ۔ (۲) (مجازاً) یافت ۔ (۳) مچھلیوں کی تعداد جو ایک بار جال کھینچنے میں آئے ۔ (۵) (رسا سازی) تقریباً چار سو لڑیاں ۔

Haul-rope : (n) — رسا (جس سے کوئی چیز کھینچی جاتی ہے) ۔

Haul-seine : (n) — مچھلی پکڑنے کا جال جس کا ایک سرا کنارے پر باندھ دیا جاتا ہے اور دوسرے سرے کو گھماکر مچھلیوں کو کنارے پر لاتے ہیں ۔

Haulage : (n) — (۱) کھینچنا ؛ کشش ۔ (۲) کھینچنے کا خرچ ۔ (۳) کھینچنے کا رستہ ۔

Hauler : (n) — کھینچنے والا ؛ بارکش ۔

Haulier : (n) — کوئلے کی کان میں ٹب کا کھینچنے والا ۔

Haulm : (n) — دیکھو Halm

Haulm : (v) — گھاس پھوس کا چھپر بنانا ۔

Haulmy : (a) — ٹھنٹھ دار ؛ ٹنٹھل دار ۔

Haunce : — دیکھو Hance

Haunch : (n) — (۱) کولھا ؛ پٹھا ۔ (۲) ہرن وغیرہ کی ران اور پٹھے کا گوشت ۔ (۳) محراب کے مرکز اور ستون کا درمیانی حصہ ۔ (٤) (بحری) شہتیر کے سائز میں یکبارگی تخفیف ۔ (٥) (مجازاً) آخری حصہ ۔

Haunch : (v) — موٹائی کم کرنا یا ہونا ۔

Haunch-bone : (n) — کولھے کی ہڈی ۔

Haunched : (a) — کولھے دار ۔

Haut : (v) — (۱) کسی جگہ زیادہ آمد و رفت رکھنا ؛ زیادہ آنا جانا ؛ نشست یا اڈا بنانا ۔ (۲) (کسی شخص کا) بار بار آنا ؛ منڈلانا ؛ چکر لگانا ۔ (٤) بھوتوں کا کسی جگہ بار بار آنا ۔

Haunt : (n) — (۱) عادت ۔ (۲) (جانوروں کے) آنے جانے کی جگہ ؛ (بدمعاشوں یا مجموں کا) اڈا ؛ بیٹھک ۔ (۳) بھوت ۔

Haunted : (a) — (۱) جہاں بھوت بہت آتے ہیں ؛ بھوتوں کا بسیرا ۔ (۲) پریشان ۔

Haunter : (n) — زیادہ آمد و رفت رکھنے والا ۔

Haurient : (a) — (سپر پر مچھلی کا نشان) سر اٹھائے ہوئے ۔

Hause/Hawse : (n) — دو اونچائیوں کے درمیان تنگ گھاٹی ۔

Hausen : (n) — اسٹرجن (Shirgdon) مچھلی کی سب سے بڑی قسم ۔

Hausse : (n) — توپ کی عقبی شست ۔

Haussmanize : (v) — سڑکوں کو سیدھا اور چوڑا کرنا ؛ پھر سے بنانا ۔

Haustellate : (a) — جُرعیّہ دار ؛ جرعیّہ حشرات سے متعلق ۔

Haustellum : (n) — جرعیہ ؛ جاذبیہ خرطوم ۔

Haustorium : (n) — جاذبہ برنبات ۔

Haut-gout : (n) — تیز ذائقہ ؛ چٹپٹاپن ۔

Haut-pas : (n) — دیکھو Half-pace

Haut-relief : (n) — ابھری ہوئی تصویر یا مورت ۔

Haut-ton : (n) — بلند فیشن ؛ بلند فیشن کے لوگ ۔

Hautboy/Hoboy : (n) — (۱) شہنائی ؛ ایک طرح کی نفیری یا بانسری ۔ (۲) اسٹرا بیری یاتوت فرنگی کی ایک نوع ۔ (۳) آرگن باجے کا پردہ ۔

Hautboyist : (n) — نفیری نواز ۔

Hauteur : (n) — نخوت کا انداز ؛ تمکنت کا انداز ۔

Hauyne : (n) — الومینیم اور سوڈیم کا ایک سلیکیٹ جس میں

کیلسیم سلفیٹ شامل رہتا ہے ۔

Hauynite : (n) دیکھو Hauyne

Havana : (n) ہوانا یا کیوبا کا بنا ہوا سگار ۔

Have : (v) (۱) پاس ہونا ؛ رکھنا ۔ (۲) مشتمل ہونا ۔ (۳) محسوس کرنا (خوشی وغیرہ) ۔ (٤) استعداد رکھنا ۔ (٥) مجبور ہونا (کسی کام کے کرنے پر) ۔ (٦) کرنا (شك وغیرہ) ۔ (۷) ہونا (گفتگو ملاقات) ۔ (۸) پانا (خبر وغیرہ) ۔ (۹) کھانا یا پینا ۔ (۱۰) انصرام دینا ۔ (۱۱) دعوی کرنا ؛ ادّعا کرنا ۔ (۱۲) حاصل کرنا ۔ (۱۳) (کسی پر) اختیار رکھنا ۔ (١٤) بازی لے جانا ۔ (١٥) پیدا کرنا ۔ (١٦) حصہ لینا ۔ (۱۷) ملازم رکھنا ۔

To have a go : (کرکٹ) گیند کو زور سے مارنا (اسکور کرنے کے لئے) ۔

To have a hand in : کچھ اختیار یا دخل رکھنا ۔

To have and to hold : لینا اور رکھنا (ہمیشہ کے لئے) ۔

To have done : ختم کرنا ۔

To have had it : (۱) حتی المقدور کوشش کرنا ۔ (۲) برداشت کرنا ۔

To have it coming : مستوجب ہونا ؛ سزاوار ہونا ۔

To have it in for : عداوت رکھنا ۔

To have it in one : جرأت رکھنا ۔

To have it out : معاملہ طے کرنا ۔

To have it over/To have it all over : ور پڑنا ۔

To have kittens : متردد ہونا ۔

To have none of : انکار کرنا شرکت کرنے سے ۔

To have nothing on : برتر نہ ہونا ۔

To have no use for : حقارت سے دیکھنا ۔

To have one self : رنگ رلیاں منانا ۔

To have one's eye on : حاصل کرنے کی نیت رکھنا ۔

To have one's hands full : ضرورت سے زیادہ مشغول یا مصروف رہنا ۔

To have one's head/To have one's hide : (غصہ میں) سزا دینا ۔

To have one's own back : بدلہ لینا ۔

To have to do : سرو کار رکھنا ۔

To have someone do something : کام لینا ۔

To have something happen to one : (کسی کے ساتھ) کوئی واقعہ ہونا ۔

To have something on : کسی کی مخفی خطا یا جرم کی خبر رکھنا ۔

To let one have it : خبر لینا ؛ ڈانٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Have : (n) (۱) صاحب مقدرت ۔ (۲) (عام) فریب ؛ دھوکا ؛ چرکہ ۔

Have-not : (n) غریب ؛ مفلس ۔

Have on : (v) (۱) پہننا ۔ (۲) شرکت کا منصوبہ بنانا ، منصوبہ تیار کرنا ۔

Have up : (v) عدالت کے سامنے پیش کرنا ۔

Havelock : (n) سفید کپڑے کا پارچہ جو ٹوپی کے اوپر گرمی سے بچنے کے لئے لگایا جاتا تھا ۔

Haven : (n) (۱) بندرگاہ ؛ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ۔

(۲) (مجازاً) مامن : ملجا : ماوا : جائے پناہ۔

Haven : (v) جہاز کو بندرگاہ میں لانا ۔

Havenage : (n) بندرگاہ کا محصول۔

Havener/-or : (n) بندرگاہ کا منتظم ۔

Havenership : (n) بندرگاہ کے منتظم کا عہدہ ۔

Havenless : (a) بے بندرگاہ : بے مامن : بے جائے پناہ۔

Haver : (n) مالک ۔

Haver : (n) جئی ۔

Haver : مہمل گفتگو : بکواس ۔

Haver : (v) مہمل گفتگو کرنا ۔

Haver-cake : (n) جئی کا کیک ۔

Haver-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Haverel : (n) فضول گو : مہمل گفتگو کرنے والا ۔

Havering : (a) نو معنی ۔

Haversack : (n) (سپاہی کا) تھیلا یا خرجی (جس میں وہ کھانے پینے کا سامان رکھتا ہے) ۔

Haversian : (a) ہڈی کی بعض ساخت جو Havers نے دریافت کی ۔

Haversine : (n) (بحری) نیم جیب معکوس ۔

Havey-cavey : (a) غیر متوازن ۔

Having : (n) (۱) ملک : ملکیت ۔ (۲) دولت : جائیداد : مال و متاع : اثاثہ ۔ (۳) (جمع میں) اطوار : کردار ۔

Having : (a) حریص ۔

Haviour : (n) چلن : اخلاق ۔

Havlagah : (n) جبر علی النفس : ضبط : خود ضبطی ۔

Havna : (n) دیکھو Have-not

Havoc : (n) تباہی : بربادی : خرابی ۔

Havoc : (v) (۱) تباہ و برباد کرنا : تاراج کرنا : اجاڑنا : گدھے سے ہل چلوا دینا ۔ (۲) ہنگامہ برپا کردینا : تباہی پھیلا دینا ۔

To cry havoc : (۱) فوج کو لوٹ مار کی اجازت دینا یا اشارہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بلا کرنے کا حکم دینا ۔

Havocker : (n) تباہی مچانے والا : غارت گر ۔

Haw : (n) (تاریخ) (جھاڑیوں کی) باڑ : جنگلا : احاطہ ۔

Haw : (n) (۱) ثمر خفچہ ۔ (۲) خفچہ : ایک خاردار جھاڑی ۔

Haw : (n) (گھوڑے ، کتے وغیرہ کی) چشمک زن جھلی ۔

Haw : (interj. & n) پس و پیش کی آواز یا سا ۔

Haw : (v) پس و پیش کی آواز نکالنا ۔

Haw-buck : (n) دیہاتی : گنوار ۔

Haw-haw : (interj.) قہ قہ قہ ۔

Haw-haw : (n) قہقہہ کی آواز : قہقہہ ۔

Haw-haw : (a) (۱) قہقہہ آمیز ۔ (۲) عادتاً قہقہہ لگانے والا : پس و پیش کرنے والا (تقریر میں) ۔

Haw-haw : (v) کِھلکِھلا کر ہنسنا : قہقہہ لگانا ۔

Hawcubite : (n) آوارہ گرد نوجوان جو سترھویں صدی عیسوی میں لندن کی گلیوں میں منڈلاتے پھرتے تھے ۔

Hawfinch : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ۔

Hawk : (n) (۱) شاہین ؛ شکرہ ؛ باز ؛ جرہ (اس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جیسے Hack hack) ۔ (۲) جبر ستانی کرنے والا شخص ؛ ڈاکو ؛ قزاق ۔

Hawk of the fist : باز جو یکایک مٹھی پر سے اُڑجاتا ہے ۔

Hawk : (n) گچ وغیرہ لے جانے کا چوبی ظرف ۔

Hawk : (n) کھنکھارنا ؛ کھنکھارنے کی آواز ۔

Hawk : (v) پھیری لگاکر سامان فروخت کرنا ؛ پھیری لگانا ۔

Hawk : (v) (۱) (چڑیوں وغیرہ کا) باز سے شکار کرنا ۔ (۲) ہوا میں شکار کرنا ۔ (۳) اڑکر حملہ کرنا یا اڑتے ہوئے حملہ کرنا ۔

To hawk at : (۱) شکرے کی طرح جھپٹنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (۲) (ابابیل وغیرہ کا) کیڑوں کا شکار کرنا ۔

Hawk : (v) کھنکھارنا ؛ کھنکھار کر بلغم صاف کرنا ۔

Hawk-bill : (n) (۱) پلاس یا سنسی ۔

Hawk-billed : (a) باز منقارہ ۔

Hawk-boy : (n) ریزہ ۔

Hawk-eagle : (n) ایک قسم کا عقاب ۔

Hawk-eye : (n) امریکا کے دیسی باشندوں کا لقب ۔

Hawk-eyed : (a) شاہین نظر ؛ تیز نظر ۔

Hawk-fly : (n) زنبور کی ایک قسم ۔

Hawk-moth : (n) ایک قسم کا اڑنے والا کیڑا ۔

Hawk-nose : (n) منقار نما ناک ۔

Hawk-nosed : (a) عقاب بینی ؛ باریک ؛ اونی اور نوکیلی ناک والا ۔

Hawk-owl : (n) ایک قسم کا اُلّو جو دن کو شکار کرتا ہے ۔

Hawkbil : (n) مرکب پودوں کا نام ۔

Hawked : (a) خمیدہ ؛ منقار نما ۔

Hawker : (n) شکرہ باز ۔

Hawker : (n) پھیری والا ؛ خوانچے والا ۔

Hawk's-bell/Hawk-bell : (n) چھوٹی سی گول گھنٹی جو باز کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے ۔

Hawk's-bill : (n) (۱) ایک قسم کا کچھوا ۔ (۲) گھوڑی کی گھنٹی کا ایک پرزہ ۔

Hawkweed : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ پودوں کی ایک نوع کا نام ۔

Hawm : (v) بے ڈھنگے طور پر حرکت کرنا ۔

Hawse : (n) (۱) جہاز کے اگلے سرے کا وہ حصہ جس میں رسوں یا تاروں کے لئے چھید ہوتے ہیں ۔ (۲) لنگر انداز جہاز کے اگلے سرے اور لنگروں کے بیچ کی جگہ ۔

Athwart the howse : (بحری) لنگر انداز جہاز کے رسے کے آڑے ۔

Clear, open hawse : (بحری) جب دونوں رسے سیدھے سیدھے اپنے لنگر سے بندھے ہوں ۔

Foul hawse : (بحری) جب دونوں رسے الجھے ہوئے ہوں ۔

To clear the hawse : (بحری) دو رسوں کو الگ کرنا ۔

To fresh (freshen) the hawse : (بحری) رسے کو ڈھیلا کرنا ۔

Hawse : (n) دیکھو Hause

Hawse-block : (n) لکڑی کا کندہ جس سے رسوں کے سوراخ کو بند کیا جاتا ھے۔

Hawse-hole : (n) جہاز کے اگلے حصے کے دو سوراخوں میں سے ایک استوانہ سوراخ۔

Hawse-piece : (n) جہاز کے اگلے حصے کی شہتیر جس میں رسوں کے لئے سوراخ بنایا جاتا ھے۔

Hawse-pipe : (n) لوھے کی پائپ جو رسے کے سوراخ میں لگی رہتی ھے تاکہ لکڑی محفوظ ھے۔

Hawse-plug : (n) (بحری) ڈاٹ جو Hawsepipe میں لگائی جاتی ھے۔

Hawser : (n) (بحری) بڑا رسا جو جہاز کے لنگر اندازی میں استعمال ہوتا ھے۔

Hawser-bend : (n) دو بڑے رسوں کو باندھنے کی گرہ۔

Hawser-laid : (a) ایک لڑی میں تین چار لڑیوں کو ملا کر بنایا ھوا۔

Hawthorn : (n) (۱) خفچہ ؛ بٹ سنگلی ؛ ایک خار دار جھاڑی جس کے پھول سفید ، گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ ھوتے ھیں۔ (۲) مصنوعی چارہ (مچھلی پکڑنے کے لئے)۔

Hawthorn-china : (n) مشرقی چینی کے ظروف جن میں نیلگوں زمین پر سفید شاخیں ھوتی ھیں۔

Hawthorn-fly : (n) (۱) ایک چھوٹی کالی مکھی۔ (۲) مصنوعی چارہ (مچھلی پکڑنے کے لئے)۔

Hawthorn-grosbeak : (n) کبیر المنقار سہرہ۔

Hawthorn-tree : (n) خفچہ کا پودا۔

Hay : (n) (۱) پیال ؛ کاہ ؛ خشک گھاس جو چارے کے کام آتی ھے سوکھی کٹی ھوئی گھاس جو جانوروں کو کھلاتے ھیں۔ (۲) بونجھہ۔ (۳) محنت کا پھل۔ (٤) (عام) بستر۔ (٥) حقیر رقم۔

To carry hay in one's horns : بد مزاج یا خطر ناک ھونا۔

To look for a needle in a bundle of hay : لاحاصل تلاش کرنا ؛ گھاس کے ڈھیر میں سوئی تلاش کرنا۔

To make hay : (۱) گھاس کا ٹنا۔ (۲) انتشار پیدا کرنا۔

To make hay of : ابتری پیدا کرنا ؛ درھم برھم کرنا۔

To make hay while the sun shines : موقع سے فائدہ اٹھانا ؛ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا۔

Hay : (n) (۱) جنگلا ؛ باڑ۔ (۲) احاطہ۔

Hay/Hey : (n) ایک قسم کا دیہاتی رقص۔

To dance the hay or hays : خاص طور سے رقص کرنا۔

Hay : (v) (۱) گھاس لگانا۔ (۲) گھاس کاٹ کر خشک کرنا۔ (۳) گھاس کو خشک کرنا۔

Hay asthma : (n) تپ کاہی

Hay-bird : (n) تنکوں سے گھونسلا بنانے والی چڑیا۔

Hay-bote : (n) لکڑی یا کانٹے جس سے باڑ کی مرمت کی جاتی ھے ؛ اس مقصد کے لئے لکڑی اور کانٹے لینے کا حق۔

Hay-box : (n) گھاس بھرا صندوق جس میں پکے ھوئے کھانے کی دیگچی دم ھونے کے لئے رکھ دیتے ھیں۔

Hay-cock : (n) سوکھی گھاس کا مخروطی شکل کا انبار۔

Hay-de-guy/-guise : (n) ایک قسم کا رقص۔

Hay-fever : (n) تپ کاہی ؛ یہ بخار خاک ، دھول ، کوڑا کرکٹ پیٹ میں پہنچنے سے پیدا ھوتا ھے اور اس میں

ضیق النفس کی علامات بھی ہوتی ہیں ۔

Hay-field : (n) کھیت جس میں گھاس کاٹنا ہے یا کاٹی جاچکی ہے ۔

Hay-fork : (n) پنجا جس سے گھاس الٹ پلٹ کرتے ہیں ؛ جیلی ۔

Hay-making : (n) گھاس کاٹنے اور سکھانے کا عمل ۔

Hay-making machine : (n) گھاس کو خشک کرنے کی مشین ۔

Hay-mow : (n) خشک گھاس کا انبار ؛ وہ جگہ جہاں گھاس کو رکھا جائے ۔

Hay-plant : (n) تبت کا ایک چھتردار پودا ۔

Hay-rake : (n) مویشیوں کے لئے سوکھی گھاس رکھنے والا چارہ دان ۔

Hay-rake : (n) کریدنی ۔

Hay-see/Hayseed : (n) (۱) گھاس کا بیج ۔ (۲) دیہاتی ؛ دھقانی ۔

Hayloft : (n) اصطبل یا کھلیان کی اوپر کی کوٹھری جس میں خشک گھاس رکھی جاتی ہے ۔

Haymaker : (n) (۱) کٹی ہوئی گھاس کو خشک کرنے والا (مرد یا عورت) ۔ (۲) گھاس کو خشک کرنے کا آلہ ۔ (۳) (جمع) ایک دیہاتی رقص ۔

Hayrick : (n) خشک گھاس کا انبار ۔

Haystack : (n) دیکھو Hayrick

Hayward : (n) باڑ رکھوالا ؛ حلقے کے جنگلوں یا باڑوں وغیرہ کا محافظ ۔

Hazard : (n) (۱) کعبتین یا پانسوں کا کھیل ؛ قمار بازی ؛ جوا ۔ (۲) اتفاق ؛ موقع ۔ (۳) خطرہ ؛ جوکھوں ؛ جوکھم ۔ (٤) ٹینس کا ایک قسم کا ہاتھ ؛ ضرب ۔ (٥) (گولف) خراب زمین ۔ (٦) (آئرلینڈ) گاڑی کا اڈا ۔

Losing hazard : (بلیرڈ) اپنی گولی کو تھیلی میں گرانا ۔

Winning hazard : (بلیرڈ) سرخ گولی کو تھیلی میں گرانا ۔

Hazard : (v) خطرے میں ڈالنا ؛ اپنے سر جوکھم لینا ؛ دل کڑا کرکے کوئی بات کہنا یا کوئی کام شروع کرنا ۔

Hazard-side : (n) (ٹینس) کورٹ کا وہ حصہ جس میں گیند پھینکی جاتی ہے ۔

Hazardable : (a) خطر ناک ؛ پرخطر ۔

Hazardous : (a) (۱) اتفاقی ؛ تقدیر ؛ جوئے کا سا (معاملہ) ۔ (۲) خطرناک ؛ پرخطر ؛ جوکھم کا ۔

Hazardously : (adv.) خطر ناک طور پر ؛ جوئے کی طرح ۔

Hazardousness : (n) خطرناک ہونا ؛ اتفاق پر مبنی ہونا ۔

Haze : (n) (۱) دھند ؛ ہلکا کہر ؛ غبار ؛ دھندلاہٹ ۔ (۲) (مجازاً) دھندلاپن (ذہن کا) ؛ پریشان خیالی ۔

Haze : (v) (۱) ڈرانا ؛ ڈانٹنا ؛ مارنا ۔ (۲) (بحری) کام لیتے لیتے پلیتھن نکال دینا ؛ زیادہ سخت کام یا محنت کی وجہ سے تھک جانا یا تھکا دینا ۔ (۳) ستانا ؛ دق کرنا ۔ (٤) آوارہ پھرنا ۔ (٥) دل لگی کرنا ۔

Haze : (v) (۱) ترشح ہونا ۔ (۲) دھندلا بنانا ۔

Haze : (v) خشک کرنا ۔

Haze about : (v) آوارہ پھرنا ۔

Hazel : (n) (۱) فندق ؛ بندق ؛ برطانیہ کی ایک جھاڑی جس کے پھل کا مغز کھایا جاتا ہے ۔ (۲) اس جھاڑی کی لکڑی کی چھڑی ۔ (۳) بادامی سرخی مائل رنگ (خصوصاً آنکھ کا) ۔

To annoint with oil of hazel : فندق کی چھڑی سے مارنا ۔

Hazel : (a) بادامی سرخی مائل رنگ کا ۔

Hazel/Hazle : (n) ایک قسم کا بھر بھرا پتھر ۔

Hazel grouse : (n) یورپی بھٹ تیتر ۔

Hazel-hen : (n) دیکھو Hazel grouse

Hazel-nut : (n) فندق ؛ بندق ۔

Hazel-wood : (n) (۱) فندق کی جھاڑی ۔ (۲) فندق کی لکڑی ۔

Hazeline : (n) ایک قسم کے فندق کا الکحلی مقطر ۔

Hazelly : (a) سرخی مائل بادامی رنگ کی (آنکھ) ۔

Hazelly : (a) بھربھرے پتھر جیسا ۔

Hazelwort : (n) اسارون شامی ۔

Hazily : (adv.) دھندلے پن سے ۔

Haziness : (n) غبار ؛ دھندلاپن ؛ پریشان خیالی ۔

Hazle/Hazzle : (v) خشک کرنا یا ہونا ۔

Hazy : (a) (۱) کہریلا ؛ دھندلا ۔ (۲) مبہم ؛ دھندلا ؛ غیر واضح ۔
(۳) کسی قدر پئے ہوئے ۔

He : (pron. & n) (۱) وہ ؛ اس نے ۔ (۲) نر ۔ (۳) شخص ۔

He : (v) 'وہ' کہنا ۔

He : (interj.) اہاہا ؛ واہ (خوشی یا حقارت کے اظہار کے لئے) ۔

Head : (n) (۱) سر ، کلہ ۔ (۲) سر کی اونچائی یا لمبائی (ناپ کے طور پر) ۔ (۳) دماغ ؛ ذہن ؛ عقل ۔ (٤) زندگی ؛ جان ۔ (۵) چہرہ (جو سکے پر بناہو) ۔ (٦) شخص ۔ (۷) فرد ؛ کس ؛ نفر ؛ (مویشی) راس وغیرہ ؛ تعداد ۔ (۸) سرا (مثلاً ناخن کا اوزار کا) ۔ (۹) (نباتیات) گل تودہ ؛ کھنڈ ؛ پتوں کی چھتری ؛ سرشاخ ۔ (۱۰) شراب وغیرہ کا جھاگ ۔ (۱۱) دودھ کی بالائی ؛ ملائی ؛ پپڑی ۔ (۱۲) اوپر کا سرا ۔ (۱۳) پھوڑے کا منہ ۔ (۱٤) جھیل کا دہانہ ؛ دریا اور جھیل کے ملنے کی جگہ ۔ (۱۵) سرہانہ ۔ (۱٦) سرچشمہ ۔ (۱۷) وہ پانی جو کسی انجن یا مشین وغیرہ کے لئے اوپر کے خزانے میں رکھا جائے ۔ (۱۸) بھاپ کا دباؤ یا زور ۔ (۱۹) (فوج ، مجمع کا) اگلا سرا ۔ (۲۰) ہل کا سامنے کا حصہ ؛ پھل ۔ (۲۱) راس جہاز (اگلا سرا) ۔ (۲۲) راس ؛ زمین یا خشکی کا وہ حصہ جو سمندر میں نکلا ہوا ہو ۔ (۲۳) کوئلہ کی کان میں زمین دوز راستہ ۔ (۲٤) رئیس ؛ سردار ؛ صدر ؛ اعلیٰ افسر ۔ (۲۵) رئیس کلیہ ؛ صدر کلیہ ۔ (۲٦) (مدرسے کا) صدر الاساتذہ ۔ (۲۷) مقالے یا تحریر کا حصہ ؛ شعبہ ؛ عنوان ۔ (۲۸) زمرہ ؛ قسم ۔ (۲۹) انتہائی صورت ؛ نازک موقع ؛ نتیجہ ؛ پختگی ؛ بلندی ؛ طاقت ۔ (۳۰) ملاحوں کا پاخانہ جو جہاز کے اگلے سرے پر ہوتا ہے ۔ (۳۱) درد سر ۔ (۳۲) سر کے بال ۔ (۳۳) ہرن کے سینگ ۔ (۳٤) سر نما کوئی چیز ۔ (۳۵) (علم النجوم) برج کی ابتدا ۔ (۳٦) چھینی یا پچڑ کا موٹا حصہ ۔ (۳۷) سرداری ۔ (۳۸) تقریر کا اہم حصہ ؛ موضوع ؛ باب ؛ فصل ۔ (۳۹) پیش قدمی ؛ مزاحمت ۔

By head and shoulders : (۱) جبراً ؛ زبردستی ۔ (۲) بہت زیادہ ؛ کہیں زیادہ ۔

By head and years : زبردستی ؛ سینہ زوری سے ؛ کھینچ تان کر ۔

By (down by) the head : جہاز کے سرے کا اس کے پچھلے حصے سے زیادہ پانی میں جھکا ہونا ۔

From head to foot : سرتاپا ؛ بالکل ۔

From head to heel : سرتاپا ؛ بالکل ۔

Inspite of or maugre his head : اس کی مخالفت کے باوجود ۔

Off one's head : خبطی ؛ پاگل ۔

Of the first head : (۱) ہرن جس کی سینگیں نکل رہی ہوں ۔ (۲) (مجازاً) تازہ خطاب یافتہ ۔

On or upon one's head : کسی کے سر ہونا (الزام یا ذمہ داری) ۔

Out of one's own head : اپنی عقل سے ؛ اپنی ایجاد سے ۔

Over head : (۱) اوپر ؛ بالا ۔ (۲) کسی کے اوپر ؛ سر پر (منڈلاتا خطرے وغیرہ کا) ۔

Over head and ears : بالکل غرق ۔

Over one's head : (۱) کسی کے اوپر ؛ سر پر (منڈلاتا خطرے وغیرہ کا) ۔ (۲) گزرا ہوا ۔ (۳) سمجھ سے باہر ؛ صلاحیت سے باہر ؛ بغیر کسی سے مشورہ کئے ہوئے ۔

Over (some one's) head : کسی کا حق مار کر ۔

Taller by a head : سر کی لمبائی برابر اونچا ۔

To bear or keep head against : برابری سے مقابلہ کرنا ۔

To beat one's head off : (کسی سے) پوری طرح جیتنا؛ سبقت لے جانا ۔

To bring, draw to a head : انتہائی صورت تک پہنچا دینا ۔

To come, grow, gather to a head : انتہائی صورت تک پہنچ جانا ؛ نازک صورت اختیار کرلینا ۔

To give (a horse) the head/To let him have the head :
گھوڑے کو دوڑ نے دینا ؛ لگام سے نہ روکنا ۔

To keep one's head : طبیعت کو قابو میں رکھنا ؛ مشتعل نہ ہونا ؛ اوسان قائم رکھنا ۔

To keep one's head above water : (کسی طرح) زندہ رہنا؛ (مجازاً) بغیر قرض کے کام چلانا ۔

To lay their heads together : (آپس میں) صلاح مشورہ کرنا ۔

To lose one's head : (۱) قتل کیا جانا ۔ (۲) گھبرا یا گڑبڑا جانا ۔

To make head : بڑھنا؛ آگے بڑھنا(مخالفت کے باوجود) ۔

To make head against : پسپا کرتے ہوئے آگے بڑھنا ؛ بغاوت کرنا ؛ کامیابی سے مقابلہ کرنا ۔

To make shorter by the head : قتل کرنا ۔

To put (a thing) in or into (a person's) head :
(۱) یاد دلانا ۔ (۲) کان میں بات ڈالنا ۔

To put out of one's head : بھلا دینا ۔

To take into (in) one's head : ارادہ کرنا ۔

To talk a person's head off : مغز چاٹنا؛ بھیجا کھانا ۔

Two heads are better than one : دو آدمیوں کی عقل ایک آدمی سے بہتر ہوتی ہے ۔

Head: (n) (۱) سرا بنانا ؛ نوك نکالنا ؛ پھل یا پیکان بنانا ۔
(۲) گل تودہ یا سرشاخ قلم کرنا ؛ چھانٹنا ۔
(۳) سرے پر ہونا ؛ سرا ہونا ۔ (٤) سرفہرست ہونا ؛ عنوان ہونا ۔ (٥) (کتاب) کے باب یا فہرست وغیرہ میں) عنوان یا سرخی قائم کرنا ۔ (٦) عروج حاصل کرنا ؛ ترقی کرنا ؛ آگے بڑھنا ؛ انتہائی نقطہ تك پہنچنا ؛ نازك صورت اختیار کرنا ۔
(۷) (کسی جماعت وغیرہ کا) صدر یا امیر ہونا یا بننا ؛ سردار ہونا ؛ سالاری کرنا ۔ (۸) رہبری یا رہنمائی کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ اگوا ہونا ؛ سرغنہ یا گروہ ہونا ۔ (۹) سبقت لے جانا ؛ بڑھ جانا ؛ برتری یا امتیاز حاصل کرنا ؛ کوئی سبقت لے جانا ؛ فائق ہونا ۔ (۱۰) مزاحمت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ روکنا ؛ مخالف یامقابل ہونا ۔
(۱۱) (کسی جھیل وغیرہ کے) دہانے کے گرد پھرنا ۔
(۱۲) قتل کرنا ۔ (۱۳) (چشمہ کا) دہانہ ہونا ؛ دہانہ بننا ۔

(۱٤) چڑھائی پر ہونا - (۱۵) (جہاز کا) کسی رخ جانا - (۱٦) کسی سے آگے نکل جانا - (۱۷) (فٹ بال وغیرہ) سر سے مارنا -

To head a trick : (تاش میں) اونچا پتا کھیلنا -

To head up : پیپے کو بند کرنا -

-head : (suffix) (لاحقہ) اسم یا صفت کے آخیر میں لگاکر اسم ذات یا صفت بناتے ہیں -

Head and front : (n) (۱) چوٹی - (۲) اصل (جرم) - (۳) سرغنہ -

Head-block : (n) (۱) (لکڑی چیرنے کی مشین) چیرے جانے والے کندے کو پکڑنے کی ترکیب - (۲) وہ ٹکڑا جو پانچویں پہیے کو گاڑی کے اگلے حصے سے ملاتا ھے -

Head-board : (n) (۱) تختہ جو کسی چیز کے اوپری حصے میں لگا رہتا ھے - (۲) (بحری) جہاز کے بغلوں کے عمودی تختے -

Head-boom : (n) جہاز کے سرے کی بلی -

Head-cap : (n) (جلد سازی) اندرونی پشت کی پٹی کے اوپر کی چرمی پٹی -

Head-cheese : (n) سور کے گوشت کا دلہ -

Head-chute : (n) وہ نلکی جو ملاحوں کے فضلات کو سمندر میں گراتی ھے -

Head-cloth : (n) (۱) سر میں لپیٹنے کا کپڑا - (۲) (جمع) کپڑا جس سے سر کا لباس تیار ہوتا ھے - (۳) بستر کے سرہانے کا کپڑا -

Head-coal : (n) کوئلے کے موٹی پرت کا بالائی حصہ -

Head-court : (n) (تاریخ) عدالت جس کا کام تھا رائے دہندگان کے ناموں کو رجسٹر میں اندراج کرنا -

Head-cringle : (n) (بحری) بادبان کے بالائی کنارے حلقہ -

Head-cress : (n) سر کا لباس (عموماً عورتوں کا) -

Head-earing : (n) بادبان کے بالائی کنارے کے حلقے میں بندھی چھوٹی رسی -

Head end : (n) (۱) (کپڑے بننے والی مشین سے) ابتدائی چند انچوں کی بنائی - (۲) انجن سے نزدیک والے ڈبے -

Head-ender : (n) سیدھے سیدھے ٹکرانا -

Head-fish : (n) سورج مچھلی ؛ گول مچھلی -

Head-foremost/Headforemost/Head-first : (adv.) (۱) سر کو آگے کئے ہوئے - (۲) دفعتاً ؛ یکبارگی -

Head-form : (n) انسانی سر کی شکل -

Head-gate : (n) آب بند -

Head-gea : (n) (۱) ٹوپی ؛ سر کا لباس - (۲) ساز و سامان کا وہ حصہ جو گھوڑے کے سر میں پہنایا جاتا ھے - (۳) (کان کنی) عمودی نقب کے سرے کے آلات - (٤) راس جہاز کا ساز و سامان -

Head hunt : (n) مہم جس کا مقصد دشمنوں کے سروں کو بطور یادگار حاصل کرنا ہوتا ھے -

Head hunt : (v) (۱) دشمنوں کے سروں کو بطور یادگار کاٹنا اور محفوظ رکھنا - (۲) سیاسی حریفوں کا اثر یا مقام چھین لینا -

Head hunter : (n) دشمنوں کے سروں کو بطور یادگار کاٹ کر جمع کرنے والا -

Head hunting : (n) دشمنوں کے سروں کو بطور یادگار کاٹنا اور محفوظ کرنا -

Head-kidney : (n) ابتدائی گردے کے تین حصوں میں سے اگلا حصہ ؛ پیش گردہ -

Head-lease : (n) (قانون) اجارہ جو براہ راست مالک مطلق سے ملے -

Head-lessee : (n) اجارہ دار جس کو مالک مطلق سے اجارہ براہ راست ملا ہو۔

Head-light/-lamp : (n) سربتی (موٹر وغیرہ کی) ؛ سامنے کی بتی۔

Head-line : (n) (۱) (بحری) وہ رسا جس سے بادبان کو مستول سے باندھتے ہیں۔ (۲) جھنڈے کے بالائی حصے میں سی ہوئی لکیر (مضبوطی کے لئے)۔ (۳) عنوان ؛ ضمنی عنوان ؛ پیشانی ؛ صفحہ کی پہلی سطر جس میں کتاب کا نام یا باب کا عنوان ہو۔ (٤) رسا جو بیل کی گردن میں بندھا ہوتا ہے۔

Head-line : (n) (۱) عنوان دینا یا قائم کرنا۔ (۲) مشتہر کرنا۔ (۳) (کسی کھیل میں) مرکزی اداکار ہونا۔

Head-liner : (n) (۱) سرخی لکھنے والا۔ (۲) جس کا نام سرخی میں واقع ہو ؛ اہم شخصیت۔

Head-louse : (n) جوں۔

Head-man/Headman/Head man : (n) (۱) سردار؛ چودھری؛ مکھیا۔ (۲) جلاد۔

Head Master/Head-master : (n) شیخ مدرسہ ؛ مدرسے کا مدرس اعلی ؛ ہیڈ ماسٹر۔

Head mastership : (n) شیخ مدرسہ کا عہدہ ؛ صدر مدرس کا عہدہ۔

Head Mistress/Head-mistress : (n) اسکول کی مدرسہٴ اعلیٰ۔

Head-mistress-ship : (n) مدرسہٴ اعلیٰ کا عہدہ۔

Head-money : (n) (۱) رقم فی کس (جودی جائے یا وصول کی جائے)۔ (۲) وہ رقم جو فی قیدی یا فی غلام دی جائے۔ (۳) کسی قزاق کو پکڑنے یا مارنے کا صلہ۔

Head-netting : (n) تجارتی جہاز کے جنگلے میں لگی ہوئی آرائشی جالی۔

Head-note : (n) (۱) (قانون) فیصل شدہ مقدمے کی رپورٹ کے ابتدا میں لگا ہوا فیصلے کا خلاصہ۔ (۲) (موسیقی)

دوسرے اور تیسرے پٹے کا سُر۔

Head of account : (n) حساب۔

Head office : (n) صدر دفتر۔

Head of hair : (n) سر کے بال خصوصاً زیادہ گھنے بال۔

Head of the state : (n) سر مملکت ؛ سر براہ مملکت۔

Head of water : (n) سر آبہ۔

Head-on : (adv.) (۱) مستقیماً۔ (۲) مستقیم مخالفت میں۔

Head-on : (a) (۱) مستقیم۔ (۲) آمنے سامنے کا۔

Head-or-tail : (۱) چت یا پٹ۔ (۲) قابل فہم۔

To make head or tail of : سمجھنا۔

Head over ears : (adv.) بالکل ؛ گہرے طور پر۔

Head over heals : (adv.) الٹا ؛ قلابازی کھاتا ہوا۔

Head-page : (n) کتاب کا سرورق۔

Head-phone : (n) سر فون ؛ ٹیلیفون یا لاسلکی کا سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لٹکا لیا جاتا ہے۔

Head-piece : (n) (۱) خود ؛ آہنی کلاہ۔ (۲) ٹوپی۔ (۳) سر ؛ کھوپڑی۔ (٤) عقل ؛ فہم ؛ ذہن ؛ ذکاوت۔ (٥) عاقل ؛ ذہین ؛ ذکی۔ (٦) گردن باندھنے کا رسًا۔ (۷) (طباعت) کسی کتاب کے باب یا فصل وغیرہ کے آغاز میں (آرائشی) جدول یا بیل بوٹے وغیرہ۔

Head-plate : (n) (۱) سر تختی (توپ گاڑی)۔ (۲) زمین کے ڈھانچے کے پچھلے حصے کو مضبوط کرنے کی تختی۔

Head-pump : (n) (بحری) راس جہاز میں لگا چھوٹا سا پمپ جو جہاز کی صفائی میں کام آتا ہے۔

Head quarters : (v) (۱) صدر مقام بنانا ۔ (۲) صدر مقام میں رکھنا ۔

Head-quarters : (n) (فوجی اصطلاح) سپہ سالار یا امیر عساکر کی فرود گاہ (عام اصطلاح) فوجی مرکز ؛ پڑاؤ ؛ صدر مقام ۔

Head-race : (n) تیز بہاؤ جس سے پانی چکی تک آتا ہے ۔

Head-rail : (n) (۱) راس جہاز کا جنگلا ۔ (۲) چوکھٹ کا بالائی افقی حصہ ۔

Head-rent : (n) مالک مطلق کو دیا جانے والا مکان ۔

Head-rope : (n) (۱) رسے کا وہ حصہ جو بادبان کے بالائی کنارے میں سی دیا جاتا ہے ۔ (۲) جال کے سرے کا رسًا ۔ (۳) گھوڑے کی گردن میں باندھنے کا رسا ۔

Head-sail : (n) اگلے مستول کا بادبان ۔

Head-sill : (n) (دروازے یا کھڑکی کی) چوکھٹ کا بالائی حصہ ۔

Head-space : (n) (۱) (بندوق) کھٹکے اور شگاف کا درمیانی حصہ ۔ (۲) پیپے ، بوتل وغیرہ کا وہ حصہ جو اس میں کوئی چیز بھر کر خالی چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Head-stall/Headstall : (n) سردوال ؛ مہری ۔

Head-start : (n) (۱) دوڑ وغیرہ میں دی گئی یا حاصل کی ہوئی ابتدائی برتری ۔ (۲) اچھا آغاز ۔

Head-timber : (n) (جہاز سازی) راس کے جنگلے کے چوکھٹے کو سہارا دینے والی عمودی شہتیر ۔

Head-tire : (n) دیکھو Head-dress

Head-tone : (n) دیکھو Head-note

Head up : (v) (۱) پیپے وغیرہ میں ڈھکن لگانا ۔ (۲) سرداری کرنا ۔ (۳) چوٹی پر ہونا ۔

Head-valve (n) بالائی صمام ۔

Head-voice : (n) ٹیپ ؛ اونچی آواز ؛ بلند آواز ؛ اونچا سُر ۔

Head-water/Head water : (n) (۱) (جمع) سر چشمہ ۔ (۲) آب بند میں وہ نشان جہاں تک پانی اٹھ سکتا ہے ۔

Head wind : (n) باد مخالف ۔

Head-word : (n) لفظ جو بطور سرخی استعمال ہو ۔

Head-work : (n) (۱) دماغی کام ؛ دماغی محنت ؛ دماغ سوزی ۔ (۲) محراب کے ڈاٹ کی آرائش ۔ (۳) آب بند ۔

Head-worker : (n) (۱) دماغ سوزی کرنے والا ۔ (۲) سماجی ایجنسی کا منتظم ۔

Head-yard : (n) اگلے مستول کی سہارے کی بلی ۔

Headache : (n) (۱) صداعی ؛ درد سر ۔ (۲) جنگلی خشخاش ۔

Headache-tree : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کی پتیوں سے درد سر کا علاج ہوتا تھا ۔

Headache-weed : (n) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی ۔

Headachiness : (n) درد سری ۔

Headachy : (a) (۱) مبتلائے درد سر ۔ (۲) درد سر پیدا کرنے والا ؛ جس سے درد سر پیدا ہونے لگے ۔

Headband : (n) (۱) سر کا بندھن ۔ (۲) پتلون کا بندھن ۔ (۳) (جلد سازی) پٹی جو جلد کی اندرونی پشت پر چپکا دی جاتی ہے (٤) (تعمیرات) اندرون محراب ۔ (٥) (طباعت) لوہے کی پتلی دھجی جو مطبع کے استر کے سرے پر ہوتی ہے ۔

Headbander : (n) کتاب کی اندرونی پشت پر پٹی لگانے والا ۔

Headbanding : (n) دھجی لگانا ۔

Headborough : (n) (۱) میر ؛ میر محلہ ۔ (۲) پولیس کا سپاہی ۔

Headed : (a) (۱) سر والا (مخصوص قسم کا) - (۲) سر والا -
(۳) سر شاخ والا - (٤) منہ والا (پھوڑا) -
(٥) سرخی دار -

Header : (n) (۱) سر کاٹنے والا ؛ خصوصاً فصل کاٹنے والی مشین -
(۲) سر پوش ساز ؛ پیپوں وغیرہ کے ڈھکن بنانے والا ؛
(۳) سر کے بل غوطہ مارنا - (٤) پتھر یا اینٹ جو دیوار
سے (زاویہ قائمہ بناتی ہوئی) آگے کو نکلی ہوئی ہو -
(٥) سر پر ضرب - (٦) کوئلے کی کان میں زمین دوز
راستہ بنانے والا - (۷) مویشی اور بھیڑوں کی نگہبانی
کرنے والا کتا - (۸) بڑی شاخ جس سے کچھ شاخیں
نکلتی ہیں - (۹) بیگ کے منہ پر لگا ہوا کاغذ
(مضبوطی کے لئے) -

Headfast : (n) (بحری) رسا جو جہاز کے اگلے سرے پر بندھا
ہوتا ہے -

Headily : (adv.) عاجلانہ ؛ جلد بازی سے ؛ تند مزاجی سے -

Headiness : (n) عجلت پسندی ؛ جلد بازی ؛ تند مزاجی ؛ تند خوئی ؛
تیزی (شراب کی) -

Heading : (n) (۱) سرا بنانا ؛ نوک نکالنا - (۲) عنوان ؛ باب ؛ فصل -
(۳) رہنمائی کرنا ؛ رہبری کرنا - (٤) سر ؛ سرا -
(٥) وہ سامان جس سے پیپے کے ڈھکنے بنتے ہیں -
(٦) زمین دوز راستہ (سرنگ بنانے کے لئے) - (۷) شراب
وغیرہ کا جھاگ - (۸) پرنے کی سلاخ کے اوپر نکلا ہوا
پرنے کا حصہ -

Heading-course : (n) اینٹ کا وہ سرا جو باہر کی طرف رہتا ہے -

Heading-joint : (n) تختوں کے جوڑ جو ان کے ریشوں سے زاویہ
قائمہ بناتے ہیں -

Heading-machine : (n) (۱) خوشوں کو کاٹنے والی ایک قسم کی
مشین - (۲) ڈھکن یا سر بنانے کی مشین -

Headland : (n) (۱) (جغرافیہ) راس - (۲) کھیت کے سرے کا وہ ٹکڑا
جو بغیر جوتے چھوڑ دیا جاتا ہے -

Headless : (a) (۱) سر بریدہ ؛ بےسرا ؛ بےسر کا - (۲) بےسردار کا -

(۳) کڑھ مغز -

Headlining : (n) موٹر کی (اندرونی) چھت کا استر -

Headlong/Headlongs : (adv.) (۱) سر کے بل ؛ سر آگے کی طرف
(گرنے وغیرہ میں) - (۲) دفعتاً ؛ جھٹ پٹ ؛ فوراً ؛
آناً فاناً ؛ اندھا دھند؛ناعاقبت اندیشانہ -

Headlong : (a) (۱) (سر کے بل) نیچے گرنے والا - (۲) سر جھکائے
ہوئے - (۳) عاجلانہ ؛ بے پروا ؛ بے سوچے سمجھے -

Headmost : (a) (۱) سب سے پہلا ؛ سب سے مقدم ؛ سب سے نمایاں -
(۲) کسی خاص کمپنی کا سب سے اچھا جہاز -
(۳) سب سے اونچا -

Headship : (n) سرداری ؛ برتری ؛ تفوق ؛ سیادت -

Headshrinker : (n) (۱) دشمن کا سرکاٹ کر اور سکھاکر بطور یادگار
رکھنے والا - (۲) عام غیر شعوری یا تحت الشعور
کی بیماری کا معالج -

Headsman : (n) (۱) جلاد ؛ پھانسی دینے والا - (۲) (کان کنی)
مزدور جو کان میں کوئلہ ٹرام پر چڑھاتا ہے -
(۳) وھیل مچھلی کا شکار کرنے والی کشتی کا
کپتان یا افسر -

Headspoing : (n) منبع ؛ سر چشمہ -

Headstock : (n) گھومنے والے آلے یا مشین کی کرسی ؛ مشین کا
وہ حصہ جس پر گھومنے والے پرزے ٹھہرے ہوتے ہیں -

Headstone/Head stone : (n) (۱) سنگ بنیاد ؛ کونہ پتھر -
(۲) (مجازاً) بنیاد ؛ اساس - (۳) سنگ مزار ؛
لوح مزار ؛ قبر کے سرہانے کا پتھر -

Headstrong : (n) سرکش ؛ ضدی ؛ ہٹیلا ؛ خود رائے ؛ سرکشی
کا (کام) -

Headstrongness : (n) خود رائی ؛ سرکشی ؛ ضد -

Heads up : (interj.) ہوشیار ! خبردار !

Heads up : (a) — چوکنا ؛ ہوشیار ؛ حاضر دماغ ۔

Headward : (adv.) — سرے کی طرف ۔

Headward : (a) — سرے سے قریب ۔

Headway : (n) — (۱) جہاز کی رفتار ۔ (۲) ترقی ؛ اقدام ۔ (۳) (تعمیرات) محراب وغیرہ کی بلندی ۔ (٤) (کان کنی) دو چوڑی متوازی سرنگوں کو ملانے والی پتلی سرنگ ۔ (٥) دو ایک ہی سمت جانے والی ٹرینوں کے درمیان زمانی وقفہ ۔

Heady : (a) — (۱) عجلت پسند ؛ جلد باز ؛ تند مزاج ؛ مغلوب الغضب ۔ (۲) عاجلانہ ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ تشدد آمیز ۔ (۳) (شراب وغیرہ) تیز ؛ نشہ آور ؛ چڑھ جانے والی ۔ (٤) بیدار مغز ۔

Heal : (v) — (۱) بھلا چنگا کرنا ؛ اچھا کردینا ؛ شفا بخشنا ؛ (زخم کا) مندمل ہونا ؛ بھر جانا ؛ گھاؤ کا بھرنا ؛ زخم کا اچھا ہونا ۔ (۲) (مجازاً) زخم دل کو اچھا کرنا ؛ درد کی دوا کرنا ؛ پاک و صاف کرنا ۔ (۳) اچھا ہونا ؛ بھلا چنگا ہونا ۔

Heal : (v) — چھپانا ۔

Heal-all : (n) — (۱) اکسیر ؛ اکسیر اعظم ؛ کیمیائے صحت ؛ ہرمرض کی دوا ۔ (۲) بعض پودوں کو کہتے ہیں ۔

Healer : (n) — زخم کو بھرنے والا ؛ درد کی دوا کرنے والا ۔

Healing : (n) — کنٹھ مالا کے علاج کے لئے اشرفی کو چھونا ۔

Healing : (a) — شفا دینے والا ؛ اندمال کرنے والا ۔

Healingly : (adv.) — شفا دیتے ہوئے ۔

Health : (n) — (۱) صحت ؛ تندرستی ۔ (۲) صحت کی حالت (اچھی یا بری) ۔ (۳) (مجازاً) نفسی یا روحانی صحت ۔ (٤) جام صحت ۔

Bill of health : — صحت نامہ (جہاز کے مسافروں کا) ۔

Health : (a) — (۱) صحت سے متعلق ۔ (۲) صحت بخش ۔

Health bulletin : (n) — خبر نامہ٭ صحت ۔

Health centre : (n) — (سماجیات) صحت گاہ ؛ مرکز صحت ۔

Health education : (n) — تعلیم صحت ۔

Health-guard : (n) — قرنطینہ کے قوانین کا نگراں ۔

Health insurance : (n) — بیمہ٭ صحت ۔

Health officer : (n) — افسر صحت ؛ محافظ صحت عامہ ؛ حفظ صحت کی ہدایات جاری کرنے والا ۔

Health resort : (n) — صحت گاہ ؛ صحت افزا مقام ۔

Health-roll : (n) — فہرست جس میں لوگوں (جیسے جہاز کے عملوں) کی صحت کی حالت کی نشان دہی ہو ۔

Health-visitor : (n) — مشاہدہ صحت ۔

Healthful : (a) — (۱) صحت بخش ؛ صحت افزا ۔ (۲) ممد اخلاق ؛ مہذب نفس ؛ روحانیت افزا ۔

Healthfully : (adv.) — صحت بخشانہ ؛ صحت افزایانہ ۔

Healthfulness : (n) — صحت بخشی ؛ صحت افزائی ۔

Healthily : (adv.) — صحت بخشانہ ۔

Healthiness : (n) — تندرست ہونا ؛ صحت بخشی ؛ مفید صحت ہونا ؛ ممد اخلاق یا مصلح روح ہونا ۔

Healthless : (a) — (۱) بے صحت ؛ غیر صحت مند ۔ (۲) غیر صحت بخش ۔

Healthlessness : (n) — غیر صحت مندی ؛ غیر صحت بخشی ۔

Healthsome : (a) — صحت بخشی ؛ صحت افزا ۔

Healthsomely : (adv.) — صحت بخشی سے ؛ بطور صحت بخش ۔

Healthsomeness : (n) صحت بخشی ؛ صحت افزائی ۔

Healthward : (a) روبہ صحت ۔

Healthy : (a) (۱) تندرست ؛ صحت مند ؛ صحیح المزاج صحیح الجسم ۔ (۲) (مجازاً) صحیح النفس ؛ نفسی یا روحانی امراض سے پاک ۔ (۳) مفید صحت ؛ صحت افزا ؛ صحت بخش ۔ (٤) محفوظ ۔ (٥) بڑی مقدار ۔

Heap : (n) (۱) انبار ؛ ڈھیر ؛ تودہ ؛ ڈھیری ۔ (۲) بہت بڑی تعداد یا مقدار ۔ (۳) مقابلہ کرنے والوں کی مجموعی تعداد ۔ (٤) (عام) موٹر گاڑی (خصوصاً پرانی دقیانوسی) ۔

All of a heap : (۱) مبہوت ۔ (۲) یکایک ۔

Fallacy of the heap : انبار میں کتنی چیزیں ہیں اس کو بیان کرنے کا مغالطہ ۔

To strike all of a heap : مفلوج کرنا ؛ مبہوت کرنا ۔

Heap : (n) (۱) (چیزوں کا) انبار لگانا ؛ ڈھیر کرنا ۔ (۲) (گاڑی یا شخص وغیرہ پر) لادنا ؛ بار کرنا ۔ (۳) بوچھار کرنا ؛ بھرمار کرنا (گالیوں وغیرہ کی) ۔ (٤) جمع کرنا ۔

Heap-cloud : (n) دل بادل ؛ تودہ ابر ۔

Heap-flood : (n) طغیانی سمندر ۔

Heaped measure : (n) لبالب پیمانہ ۔

Heaper : (n) انبار لگانے والا ؛ جمع کرنے والا ۔

Heapy : (a) تودوں سے بھرا ہوا ۔

Hear : (v) (۱) سننا ۔ (۲) غور سے یا توجہ سے سننا ؛ (کسی کی بات) سننا ؛ گفتگو کا موقع دینا ۔ (۳) (مقدمہ یا دعویٰ کی) سماعت کرنا ۔ (٤) قبول کرنا (دعا) ۔ (٥) معلوم ہونا ؛ اطلاع ملنا ؛ واقفیت ہونا (کسی کے متعلق) ؛ ذکر سننا ؛ چرچا سننا ؛ اطاعت کرنا ۔ (۷) ڈانٹ سننا ؛ سزا پانا ۔

To hear of it : جواب دہی کے لئے بلایا جانا ۔

Hearable : (a) شنیدنی ؛ لائق سماعت ؛ سننے کے لائق ۔

Hearer : (n) (۱) سامع ؛ شنوا ؛ سننے والا ؛ پیرو ۔ (۲) (کلیسا) وہ جس کو بائبل پڑھ کر سنائی جاتی تھی مگر گرجا میں عبادت کی اجازت نہ تھی ۔

Hear! Hear : واہ واہ ! (سامعین کو کسی خاص قول کی طرف متوجہ کرنے کے لئے) ۔

Hearing : (n) (۱) سننا ؛ شنوائی ؛ سماعت ۔ (۲) قوت سامعہ ۔ (۳) سنی ہوئی بات ؛ افواہ ؛ خبر ۔

In one's hearing/Within hearing : سماعت کے اندر ؛ اتنی دور کہ سنا جائے ۔

Out of hearing : سماعت کے باہر ؛ اتنی دور کہ سنا نہ جائے ۔

To come to one's hearing : کان تک پہنچنا ؛ سماعت میں آنا ۔

To give one a fair hearing : غیر جانب داری یا انصاف سے بات سننا ۔

Visual hearing : (نفسیات) بصری سماعت ۔

Hearken : (v) دیکھو Harken

Hearkener/Harkener : (n) دھیان دینے والا ؛ توجہ سے سننے والا ۔

Hearsay : (n) افواہ ؛ سنی سنائی بات ؛ سماعی بات ۔

Hearsay : (a) سنی سنائی ؛ سماعی ۔

Hearsay evidence : (n) سنی سنائی ؛ شہادت ۔

Hearse : (n) (۱) وہ گاڑی جس میں مردے کو قبرستان تک لے جاتے ہیں ، ارابہ ؛ تابوت گاڑی ۔ (۲) تابوت کا چوبی ڈھانچہ جس پر چادر تانی جاتی ہے (اور

کبھی کبھی موم بتیاں بھی لگادیتے ھیں) ۔

Hearse : (v) (۱) تابوت میں رکھنا ؛ دفن کرنا ۔ (۲) ارابہ میں لے جانا ۔ (۳) بند کرنا ۔

Hearse-cloth : (n) تابوت کو ڈھانکنے کا سیاہ کپڑا ۔

Hearse-like : (a) ماتمی ؛ سوگواری ۔

Hearsed : (a) تابوت میں رکھا ھوا ۔

Hearst : (n) مادہ* آھو (خصوصاً جو دوسرے یا تیسرے سال میں ھو) ۔

Heart : (n) (۱) قلب؛ دل ۔ (۲) سینہ؛ چھاتی ۔ (۳) دماغ؛ نفس ؛ ذہن ۔ (٤) روح ۔ (٥) جذبات ؛ احساس ؛ دقت قلب ۔ (٦) جرأت ؛ ہمت ؛ جگر ؛ گردہ ؛ زہرہ پتا ۔ (۷) لخت جگر ؛ آرام جاں ؛ راحت دل ؛ نور بصر ۔ (۸) (بحری) باہمت یا جانباز رفیق ۔ (۹) وسط ؛ درمیانی یا بیچ کا حصہ خصوصاً درخت کا ۔ (۱۰) لب لباب ؛ نچوڑ ؛ مغز ۔ (۱۱) (زمین) شادابی ؛ سرسبزی ؛ زرخیزی ۔ (۱۲) دل کی شکل کی کوئی شے ۔ (۱۳) تاش میں پان کی بازی یا رنگ ؛ (۱٤) مریض دل ۔ (۱٥) ضمیر ۔ (۱٦) شخص ۔

A heart : دل سے ؛ باطن ؛ دراصل ؛ درحقیقت ۔

A heart and a heart : دورنگی ؛ منافقت ۔

Break the heart of : (ہجوم غم کی وجہ سے) دل شکستہ کرنا ؛ کمر توڑ دینا ۔

By heart : زبانی ؛ ازبر ۔

Cry one's heart out : رو رو کر برا حال کرنا ۔

Eat one's heart out : (رنج و غم کی وجہ سے) گھلنا ؛ گھن لگ جانا ۔

Find in one's heart : دل چاہنا ؛ گوارا ھونا ۔

From one's heart : تہ دل سے ؛ خلوص سے ؛ صداقت سے ۔

Have at heart : بہت دلچسپی ھونا ؛ دل سے لگی ھونا ۔

In heart : (۱) خوش ؛ ہشاش بشاش ؛ شکستہ خاطر ۔

In one's heart : دل ہی دل میں ؛ مخفی طور پر ؛ پوشیدہ طور پر ۔

In one's heart of hearts : دل میں ؛ قلب کی گہرائی میں ۔

Lay to heart : سنجیدگی سے غور کرنا ۔

Near, nearest one's heart : محبوب ترین ؛ دل سے عزیز ؛ بہت پیارا ۔

One's heart is in its right place : اس میں بجا ہمدردی ھے ۔

One's heart sinks in one's shoes : نہایت خوف زدہ یا افسردہ ۔

Out of heart : (۱) پژمردہ ؛ افسردہ ؛ دلگیر ۔ (۲) بری حالت میں ۔

Take heart of grace : ہمت بندھنا ؛ دل بڑھنا ؛ حوصلہ ھونا ۔

Take to heart : صدمہ ھونا ؛ متاثر ھونا ۔

To do one's heart good : (کسی بات سے) بہت خوش ھوجانا ؛ باغ باغ ھوجانا ۔

To give, lose one's heart to : کسی کو دل دینا ؛ عاشق ھونا ۔

To have, obtain, gain a person's heart : دل موہ لینا ۔

To have one's heart in, put one's heart into : دل لگا کر کوشش کرنا ۔

سکوت قلب۔

Heart-blood/Heart's-blood : (n) (۱) خونِ دل ؛ وہ خون جس پر زندگی کا مدار ھے۔ (۲) (مجازاً) سرمایۂ حیات ؛ روحِ رواں ؛ گہرا احساس ، جان سے زیادہ عزیز (شے)۔

Heart-bond : (n) (۱) سگائی ؛ منگنی۔ (۲) (تعمیرات) ایک قسم کی جوڑائی۔

Heart-break : (n) روح فرسا مصیبت ؛ جانگزا الم ؛ روحانی صدمہ۔

Heart-breaking : (a) سوہانِ روح ؛ روح فرسا ؛ جانگزا۔

Heart-breakingly : (adv.) روح فرسا طور پر۔

Heart-broken/-broke : (n) شکستہ دل ؛ دل ریش ؛ درد رسیدہ ؛ خستہ جگر ؛ دلگیر ؛ دکھی ؛ غم کا مارا ؛ غمزدہ۔

Heart-brokenly : (adv.) شکستہ دلی سے خستہ جگری سے۔

Heart-brokenness : (n) شکستہ دلی ؛ خستہ جگری۔

Heart-burn : (n) التہاب قلب ؛ وجع القلب ؛ سوزش جگر۔

Heart-burning : (n) (۱) رقابت ؛ جلن ، رشک۔ (۲) (جمع) شکوے۔

Heart-burning : (a) دل جلانے والا ؛ دل سوز۔

Heart-cam : (n) ایک قسم کا کیم : پہیے کا نکلا ہوا حصہ دندانے دار ہو یا بے دندانہ جس سے دائری حرکت کو دوسری حرکت میں منتقل کرسکیں۔

Heart-cherry : (n) ایک قسم کا شاہ دانہ جس کا پھل دل کی شکل کا ہوتا ھے۔

Heart-clot : (n) خون کا تُھکّا جو مرنے کے بعد دل میں بن جاتا ھے۔

Heart-clover : (n) نَفَل کی ایک قسم۔

Heart-cockle : (n) ایک قسم کا دوصمامی صدف۔

To have one's heart in one's mouth : دل منہ میں آنا (مجازاً) سہم جانا ؛ ہکا بکا رہ جانا۔

To have the heart, take heart : جرأت ؛ ہمت باندھنا۔

To lose heart : ہمت ہارنا۔

To pluck up, gather, keep (up) heart : ہمت باندھنا ؛ جرأت کرنا۔

To wear one's heart upon one's sleeve : بھڑبھڑیا ہونا ؛ دل کی بات سبھوں سے کہتے پھرنا۔

With a heart and a half : خوشی سے۔

With all one's heart/With one's whole heart : بہت خوشی سے ؛ بہت شوق سے ؛ خلوص سے۔

With half a heart : بے دلی سے۔

Heart : (v) (۱) ہمت بڑھانا ؛ ہمت افزائی کرنا۔ (۲) متاثر ہونا۔ (۳) اینٹوں کے درمیان خالی جگہوں کو کوڑا کرکٹ سے بھرنا۔ (٤) گٹھا ہوا ہونا (کرم کلہ وغیرہ کا)۔

Heart-ache : (n) (۱) دردِ دل ؛ وجع القلب۔ (۲) غم و غصہ ؛ روحانی کرب۔

Heart and hand : (adv.) تپاک سے ؛ جوش و خروش سے ؛ گرم جوشی سے۔

Heart and soul : (adv.) دل و جان سے؛ تن من دھن سے؛ انتہائی جوش اور سر گرمی سے۔

Heart attack : (n) قلب کا دورہ۔

Hydrosphere : (n) (۱) کرہ* آب ۔ (۲) کرہ* رطوبت ھوا ۔

Hydrospire : (n) ورقہ ورقہ نلکیاں جس سے سمجھا جاتا تھا کہ خار پوست سانس لیتے تھے ۔

Hydrostat : (n) (۱) آب قرار ۔ (۲) ارتفاع آب پیما ؛ برقی آلہ* دریافت آب ۔

Hydrostatic : (a) ماسکونی ؛ سکون سیالات ۔

Hydrostatic balance : (n) ماسکونی ترازو ۔

Hydrostatic bed : (n) پانی کا پرت ۔

Hydrostatic bellows : (n) پن دھونکنی ۔

Hydrostatic paradox : (n) ماسکونی معجزہ ؛ یہ نظریہ کہ کسی کامل سیال کی چھوٹی سی چھوٹی مقدار کو ہر دوسری مقدار سے متوازن کیا جاسکتا ھے ۔

Hydrostatic press : (n) شکنجہ* آبی ۔

Hydrostatical : (a) سکون سیالات کا ۔

Hydrostatically : (adv.) سکون سیالات کی رو سے ۔

Hydrostatician : (n) ماسکونیات کا ماہر ۔

Hydrostatics : (n) ماسکونیات ؛ علم سکون سیالات ۔

Hydrosulphide : (n) (کیمیا) ہائیڈروجن سلفائیڈ کا کسی دھات یا اصلیہ کے ساتھ مرکب ۔

Hydrosulphuric : (a) جس میں صرف ہائیڈروجن اور گندھک ھو ۔

Hydrotalcite : (n) الومینم اور میگنیشیم کا آب دار آکسائیڈ ۔

Hydrotelluric : (a) (کیمیا) ہائیڈروجن اور ٹیلوریم کے مرکب سے بنا ہوا ۔

Hydrotellurates : (n) ہائیڈروجن اور ٹیلوریم کے مرکب کا نمک ۔

Hydrotheca : (n) مرجان جدا کا کمامہ ۔

Hydrothecal : (a) مرجان جدا کے کمامے سے متعلق ۔

Hydrotherapeutic : (a) پانی کے علاج کا ۔

Hydrotherapeutics : (n) علاج بالماء آبی علاج ۔

Hydrotherapy : (n) دیکھو Hydrotherapeutics

Hydrothermal : (a) گرم آبی ، سطح ارض پر گرم پانی کا (عمل) ؛ حرابی ۔

Hydrothorax : (n) (مرضیات) استسقائے سینہ ؛ استسقاالصدر ؛ وہ بیماری جس میں سینے کے اندر پانی ہوجائے ۔

Hydrotic/-al : (a) پسینہ آور ؛ معرق ۔

Hydrotic : (n) پسینہ آور دوا ؛ معرق دوا ۔

Hydrotically : (adv.) بطور معرق ۔

Hydrotropic : (a) (نباتیات) آب رخ ۔

Hydrotropism : (n) (نباتیات) آب رخی ؛ پودوں کا رطوبت کی طرف میلان ۔

Hydrous : (n) [Gr. 'hydro'+ -ous.] آب دار؛ آبی ، جس میں پانی ہو؛ پرآب ۔

Hydroxide : (n) ہائیڈروکسائیڈ ؛ ایک عنصر یا اصلیہ کا آکسیجن اور ہائیڈروجن کے ساتھ مرکب ۔

Hydroxy- : Hydroxyl دار ۔

Hydroxyl : (n) یک گرفتہ اصلیہ جس میں ایک ایٹم ہائیڈروجن کا ایک ایٹم آکسیجن کا ہوتا ہے ۔

Hydroxylamine : (n) ایک اساسی مادہ جو (NH_2OH) جو امونیا سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Hydrozoa : (n) (حیوانیات) آب حیوانیات ؛ مرجانیان ؛ دریائی جانور ۔

Hydrozoal/-an/-ic : آب حیوانیات سے متعلق ۔

Hydrozoan : (n) آب حیواں ۔

Hydrozoon : (n) آب حیواں ۔

Hydrus : (n) (۱) ایک افسانوی بحری سانپ ۔ (۲) (علم النجوم) مية الماء ۔

Hyemal : دیکھو Hiemal

Hyena : (n) [L. 'hyaena'.] دیکھو Hyaena

Hyena-dog : (n) جنوبی افریقہ کا چرخ کی طرح کا جانور ۔

Hyeto- : سابقہ بمعنی "بارش کا" ۔

Hyetograph : (n) باراں نگار ؛ باراں شمار ۔

Hyetographic/-al : (a) باراں نگار سے متعلق ۔

Hyetographically : (adv.) بطور باراں نگاری ۔

Hyetography : (n) باراں شماری ؛ حساب بارش ۔

Hyetological : (a) مطریات سے متعلق ؛ علم باراں سے متعلق ۔

Hyetology : (n) علم باراں ؛ مطریات ۔

Hyetometer : (n) باراں بیما ؛ بارش پیما ۔

Hyetometrogaph : (n) خودکار باراں نگار ۔

Hygeia : (n) [Gr. 'hygeia'.] (۱) (یونانی اساطیر) صحت کی دیوی ؛ تندرستی کی دیوی ۔ (۲) صحت مجسم ؛ مجسمہ صحت ۔ (۳) صفائی کا نظام ۔ (٤) (علم النجوم) دسواں سیارچہ ۔

Hygeian : (a) صحت کی دیوی یا صحت سے متعلق ۔

Hygeist : (n) حفظان صحت کا ماہر ۔

Hygiene : (n) [Fr.] (۱) اصول صحت ۔ (۲) حفظان صحت ؛ علم حفظ صحت ۔

Hygienic/-al : (a) اصول یا حفظان سے متعلق ؛ مفید صحت ؛ حفظان صحت کا ۔

Hygienically : (adv.) حفظان صحت کے اصول پر ؛ حفظان صحت کی رو سے ۔

Hygienics : (n) علم حفظان صحت ۔

Hygienist : (n) حفظان صحت کا ماہر ۔

Hygiology : (n) صحتیات ؛ علم حفظ صحت ۔

Hygrine : (n) [Gr. 'hygros'+ -INE.] (کیمیا) کو کوا کے پتے سے حاصل کیا ہوا ایک القلی نما ۔

Hygro-/Hygr- : سابقہ بمعنی "سیالات کا" "رطوبت کا" "رطوبت" ۔

Hygrodeik : (n) ایک قسم کا رطوبت پیما ؛ رطوبت نما ؛ مرطوبیت نما ۔

Hygrograph : (n) رطوبت نگار ۔

Hygrology : (n) رطوبیات ؛ علم رطوبت ہوا ؛ علم رطوبت جسم ۔

Hygrometer : (n) مقیاس رطوبت ؛ رطوبت پیما ۔

Hygrometric/-al : (a) (۱) رطوبت پیمایانہ ؛ رطوبت پیمائی کا ۔ (۲) نم گیر ؛ رطوبت سے متاثر ہونے والا ۔ (۳) نم ؛ مرطوب (پانی) ۔

Hygrometrically : (adv.) رطوبت پیمائی سے ۔

Hygrometry : (n) رطوبت پیمائی ۔

Hygrophanous : (a) (۱) مرطوب نما ۔ (۲) مرطوب ہونے پر نیم شفاف اور خشک ہونے پر غیر شفاف نظر آنے والا ۔

Hygrophilous : (a) رطوبت پسند ؛ رطوبت باش ۔

Hygroplasm : (n) نخز مایہ سیال حصہ ۔

Hygroscope : (n) رطوبت نما ؛ رطوبت بیں ۔

Hygroscopic/-al : (a) (۱) رطوبت نما یا رطوبت نمائی سے متعلق ۔ (۲) نم گیر ؛ رطوبت سے متاثر ہونے والا ۔ (۳) نم ؛ مرطوب (پانی) ۔

Hygroscopally : (adv.) رطوبت نمائی سے ۔

Hygroscopicity : (n) رطوبت نمائی سے متاثر ہونے کی صلاحیت ۔

Hygroscopy : (n) رطوبت نمائی ۔

Hyla : (n) [mod. L.] ایک قسم کا مینڈک ۔

Hylaeosaurus/Hylaeosaur : (n) [mod. L.] عظیم متحجر سوس مار ماہی ۔

Hyleg : (n) [pers. 'hailag'.] (علم النجوم) ہیلاج ؛ طالع ستارہ ۔

Hylo- : سابقہ بمعنی "چوب" "مادہ" ۔

Hylo-ideal : (a) مادی مثالیت سے متعلق ۔

Hylo-idealism : (n) مادی مثالیت ۔

Hylo-idealist : (n) مادی مثالیت کا پیرو ۔

Hylo-morphism : (n) نظریہ قدم مادہ ؛ یہ نظریہ کہ مادہ کائنات کی علت اولیٰ ہے ۔

Hylobate : (n) [mod. L.] لنگور ۔

Hylodes : (n) [mod. L.] (حیوانیات) امریکی مینڈکوں کی ایک جنس ۔

Hyloist : (n) مادے کو خدا ماننے والا ۔

Hylomorphist : (n) نظریہ قدم مادہ کا حامی ۔

Hylopathism : (n) یہ نظریہ کہ مادہ ذی حس ہے ۔

Hylopathist : (n) یہ نظریہ رکھنے والا کہ مادہ ذی حس ہے ۔

Hylophagous : (a) چوب خور ۔

Hylotheism : (n) دیکھو Hullotheism

Hylotheist : (n) مادہ پرست ؛ الوہیتِ مادہ کا معتقد ۔

Hylotheistic : (a) مادہ پرستی سے متعلق ؛ مادہ پرستانہ ۔

Hylozoic : (a) مادی ۔

Hylozoism : (n) ہیولیت ؛ حیاتیات مادہ ؛ ماہیت یہ عقیدہ کہ مادہ زندہ ہے یا یہ کہ زندگی مادے کی خاصیت ہے ۔

Hylozoist : (n) مادہ پرست ۔

Hylozoistic : (a) مادیانہ ۔

Hymen : (n) [L. 'hymen'.] (۱) (تشریح) غشاء بکارت ؛ پردہ بکارت ؛ بکارہ ؛ وہ جھلی جو فرج کی منہ کے اندر ہوتی ہے ۔ (۲) (حیوانیات) غشاء ؛ جھلی ۔

Hymen : (n) [L. 'hymen'.] (رومی اور یونانی دیومالا) شادی کا دیوتا ؛ بیاہ دیوتا ۔

Hymenal : (n) بکاری ۔

Hymeneal/Hymenean : (n) [L. 'hymenaeus'.] شادی کا ؛ شادی متعلق ؛ ازدواجی ۔

Hymeneal : (n) (۱) شادی کا گیت ۔ (۲) عروسی ؛ شادی ؛ بیاہ ۔

Hymeneally : (adv.) ازدواجی طور پر ۔

Hymenial : (a) غشاء ثمردان سے متعلق ؛ غشائیہ سے متعلق ۔

Hymenium : (n) [Gr. 'hymenion'.] غشاء ثمر بند ؛ غشائیہ ؛ طبق ثمر بند ۔

Hymeno-: سابقہ بمعنی "جھلی کا" "پردہ بکارت" ؛ غشاء ۔

Hymenogeny : (n) غشازائی ۔

Hymenomycetal/-tous : (a) ایسے سماروغ سے متعلق یا اسکا سا جس میں غشائیہ بذور بردار کی سطح پر ہوتا ہے ۔

Hymenomycete : (n) سماروغ کی قسم جس میں غشائیہ بذور بردار کی سطح پر ہوتا ہے ۔

Hymenomycetoid : (n) ایسے سماروغ کی طرف جس میں غشائیہ بذور بردار کی سطح پر ہوتا ہے ۔

Hymenophore/Hymenophorum : (n) سماروغ کا وہ حصہ جو غشائیہ کو سہارا دیتا ہے ؛ غشائیہ بردار ۔

Hymenopter : (n) [Fr. 'hymenoptere'.] غشائی بردار ۔

Hymenoptera : (n) غشائی پردارن ؛ غشائی بالان ؛ بڑے کیڑے جن کی جھلی سے مشابہ چار پر ہوتے ہیں ۔

Hymenopteral : (a) غشائی پردار ؛ چار جھلی نما پر رکھنے والے ۔

Hymenopteran : (n) غشائی پردار ۔

Hymenopterist : (n) حشریات کے اس شعبے کا ماہر جو غشائی پرداران کا مطالعہ کرتا ہے ۔

Hymenopterological : (a) حشریات کے اس شعبے کا جو غشائی پردارن سے متعلق ۔

Hymenopterologist : (n) حشریات کے اس شعبے کا ماہر جو غشائی پرداران کا مطالعہ کرتا ہے ۔

Hymenopterology : (n) حشریات کا وہ شعبہ جو غشائی پردارن سے متعلق ہے ۔

Hymenopterous : (a) غشائی پردار ؛ چار جھلی نما پروں والا ۔

Hymenotomy : (n) بکارہ شگافی ۔

Hymn : (n) [ME. 'imne, ymne'.] نغمہ؛ حمد ؛ مناجات ؛ ترانۂ حمد ؛ بھجن ۔ (۲) قصیدہ ۔

Hymn : (v) ترانہ؛ حمد گانا؛ بھجن گانا ؛ خدا کی تعریف کے گیت گانا ۔

Hymn-book : (n) مناجاتوں یا بھجنوں کی کتاب ۔

Hymnal : (a) بھجنوں یا مناجاتوں کا ۔

Hymnal/Hymnary : (n) بھجنوں یا مناجاتوں کی کتاب ۔

Hymner : (n) بھجن یا مناجات گانے والا ۔

Hymnic : (a) مناجات یا بھجن کا ؛ حمد کا ۔

Hymnic : (n) بھجن کی طرح کی نظم ۔

Hymnist : (n) بھجن یا مناجات لکھنے والا ۔

Hymnody : (n) [med. L. 'hymnodia'.] (۱) حمد سرائی ؛ مناجات یا بھجن گانا ۔ (۲) مناجات تصنیف کرنا ؛ بھجن بنانا ۔ (۳) بھجنوں یا مناجاتوں کی کتاب ؛ بھجن نامہ ؛ مناجات نامہ ۔

Hymnographer : (n) بھجن نگار ؛ بھجن بنانے والا ؛ مناجات نگار ۔

Hymnography : (n) بھجن یا مناجات نگاری کا علم ۔

Hymnologic/-al : (a) مناجات گوئی کا؛ علم مناجات کا؛ بھجن ودیا کا ۔

Hymnologically : (adv.) علم مناجات کی رو سے ۔

Hymnologist : (n) مناجات گو ؛ علم مناجات کا ماہر ۔

Hymnology : (n) [Gr. 'hymnologia'.] (۱) مناجات گوئی ؛ علم مناجات ؛ بھجن ودیا ۔ (۲) مناجاتوں یا بھجنوں کا مجموعہ ۔

Hyne : (adv.) دیکھو Hence

Hy- : [Gr. 'hyo-'.] سابقہ بمعنی "لامی" ۔

Hyobranchial : (n) گلپھڑے اور زبان کی جڑ کی ہڈی سے متعلق ۔

Hyoepiglottic/Hyoepiglottidean : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی کو لسان المزمار سے ملانے والا ۔

Hyoganoid/Hyoganoidean : (a) سگ ماہی کی ایک زیر جماعت سے متعلق ۔

Hyoglossal/Hyoglossian : (a) زبان اور زبان کی جڑ کی ہڈی سے منسلک ۔

Hyoglossus : (n) زبان اور زبان کی جڑ کی ہڈی کا ایک عضلہ ۔

Hyoid : (a) [Fr. 'hyoide'.] زبان کی جڑ کی ہڈی سے متعلق ؛ لامی ۔

Hyoid : (n) زبان کی جڑ کی ہڈی اور شیریان ۔

Hyoid arch/-apparatus: (n) ریڑھ دار جانوروں کا دوسرا محراب احشائی ۔

Hyoidal/Hyoidan : (a) (تشریح) زبان کی جڑ کی ہڈی سے متعلق ۔

Hyoidean : (a) دیکھو Hyoidal

Hyomadibular : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی اور نچلے جبڑے سے متعلق ۔

Hyomadibular : (n) عظم تعلیقی ۔

Hyomadibular bone : (n) (مچھلیوں کی) عظم تعلیقی ۔

Hyomadibular cleft : (n) ریڑھ دار جانوروں کے جنین کے نچلے جبڑے اور محراب احشائی کا درمیانی شگاف ۔

Hyomental : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی اور ٹھوڑی سے متعلق ۔

Hyoplastron : دوسرے محراب احشائی اور سینے کی ہڈی سے متعلق ۔

Hyoplastrol : (a) دیکھو Hyoplastron

Hyoscapular : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی اور شانے کی ہڈی سے متعلق ۔

Hyoscine : (n) (کیمیا) وہ القلائیڈ جو henbane میں ہوتے ہیں ۔

Hyoscyamia/Hyoscyamine : (n) سیکراتی قلیاسا؛ ایک نہایت زہریلی القلی جو بھنگ سیاہ سے حاصل ہوتی ہے ($C_{17}H_{23}NN_3$)۔

Hyoscyamus : (n) بھنگ سیاہ۔

Hyosternal : (a) دیکھو Hyoplastron

Hyosternal : (n) کچھوے کے پوست کے شکمی حصے کی پلیٹوں کے دوسرے جوڑے میں سے ایک۔

Hyosternum : (n) دیکھو Hyosternal

Hyostylic : (a) (تشریح) وہ جس کا نچلا جبڑا کھوپڑی سے عظم تعلیقی کے ذریعہ جڑا ہوتا ہے ؛ نچلا جبڑا۔

Hyothyroid : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی اور غضروف درقی سے متعلق۔

Hyothyroid : (n) لامی درقی عضلہ۔

Hypaethral/-ethral : (a) [L. 'hypaethrus'.] (۱) کھلا ہوا ؛ بغیر چھت کا ؛ غیر مسقف۔ (۲) زیر آسمان۔

Hypalgeria : (n) قلت حس درد ؛ کم درد حسی۔

Hypallage : (n) [Late L.] (صرف و نحو) کسی جملے کے دوفقروں یا لفظوں کی نحوی ترتیب کو بدل دینا۔

Hypanthial : (a) مسند گل سے متعلق۔

Hypanthium : (n) مسند گل۔

Hypapophysial : (a) جسم فقری کے ریڑھ کے آماسیہ سے متعلق۔

Hypapophysis : (n) جس فقری کی ریڑھ کا آماسیہ۔

Hyparterial : (a) زیر شیریانی۔

Hypaspist : (n) [Gr. 'hypaspistes'.] سپر بردار۔

Hypate : (n) [Gr. 'hipate'.] قدیم یونانی موسیقی میں سب سے نیچا سُر۔

Hypaxial : (a) (تشریح) زیر عمود فقری ؛ زیر محوری۔

Hyper : سابقہ بمعنی "بیش" "شدید" "حدت" "بے حد"۔

Hyper chromatism : (n) زیادتی رنگ۔

Hyperaemia/Hyperhaemia/Hyperemia : (n) (مرضیات) غلبہٴ خون؛ اجتماعِ خون۔

Active/arterial hyperaemia : شیریانی اجتماع خون۔

Passive/venous hyperaiemia : وریدی اجتماع خون۔

Hyperaemic/Hypermic: (a) غلبہٴ خون سے متعلق ؛ اجتماع خون سے متاثر۔

Hyperaesthesia : (n) [Hyper+Gr. 'aisthesia'.] (مرضیات) شدت احساس (اعصاب کی)۔

Hyperaesthetic : (a) شدید الاحساس۔

Hyperalbuminosis : (n) (مرضیات) خون میں البومن کی زیادتی۔

Hyperapophysial : (a) شدید آماسہ سے متعلق۔

Hyperapophysis : (n) (تشریح) شدید آماسہ۔

Hyperbatic : (a) معکوس۔

Hyperbatically : (adv.) معکوس طور پر۔

Hyperbaton : (n) [Gr. 'hyperbaton'.] الفاظ کی ترتیب معکوس (تاکید کی غرض سے) ؛ عکس ترتیب تاکیدی۔

Hyperbola : (n) [mod. L.] (علم ہندسہ) شکل ہذلولی ؛ قطعہ ہذلولی ؛ قطعہ زائد ہذلولی۔

Hyperbole : (n) (عروض یا معانی) مبالغہ ؛ اغراق۔

Hyperbolic/-al : (a) [Late L. 'hypebolicus'.] (۱) ہذلولی۔ (۲) غلو آمیز ؛ مبالغہ آمیز ؛ اغراقی۔

Hyperbolic curvature : (n) ہذلولی انحناء۔

Hyperbolic function : (n) ہذلولی تفاعُل۔

Hyperbolic logarithm : (n) طبعی لوگارتھم۔

Hyperbolic spiral : (n) ہذلولی مرغولہ۔

Hyperbolically : (adv.) مبالغے سے ؛ اغراق سے۔

Hyperbolism : (n) (۱) وہ فقرہ جس میں مبالغہ یا اغراق ہو ؛ مبالغہ یا اغراق سے کام لینا۔ (۲) (علم ہندسہ) ہذلولیت۔

Hyperbolist : (n) مبالغے یا اِغراق سے کام لینے والا۔

Hyperbolize : (v) مبالغے یا اِغراق سے کام لینا۔

Hyperboloid : (n) (علم ہندسہ) ہذلولی نما۔

Hyperborean : (a) [Late L. 'hypeboreanus'.] انتہائی شمالی ؛ شمالی بارد۔

Hyperborean : (n) (۱) انتہائی شمالی باشندہ ؛ ملک کے انتہائی شمال کا باشندہ۔ (۲) (یونانی دیومالا) وہ قوم جو باد شمال کی حد سے پرے نور آفتاب میں رہتی تھی اور جہاں دولت کی گنگا بہتی تھی۔

Hyperbranchycephalic : (a) انتہائی کوتاہ سر۔

Hyperbranchycephaly : (n) انتہائی کوتاہ سری۔

Hyperbranchial : (a) (حیوانیات) گلپھڑے سے اوپر واقع۔

Hypercardia : (n) (مرضیات) امتداد قلب۔

Hypercatalectic : (a) [Late L. 'hypercatalecticus'.] (مصرعہ) جس کے آخر میں ایک ہجا بڑھا دیا گیاہو۔

Hyperconic : (a) دو مخروط نما کے تقاطع سے متعلق۔

Hypercritic/-al : (a) ادنیٰ ادنیٰ فروگذاشتوں اور خامیوں پر نکتہ چینی کرنے والا ؛ بال کی کھال کھینچنے والا ؛ خردہ گیر ؛ خردہ گیرانہ۔

Hypercritically : (adv.) خردہ گیری سے۔

Hypercriticism : (a) خردہ گیری۔

Hypercriticize : (v) خردہ گیری کرنا ؛ بال کی کھال کھینچنا۔

Hyperdeterminant : (n & a) (ریاضیات) علامتوں کا معین کرنے والا۔

Hyperdulia : (n) حضرت مریم کا شدت احترام۔

Hyperdulic/-al : (a) حضرت مریم کے شدت احترام سے متعلق۔

Hypergamy : (n) بالازدواج۔

Hypergenesis : (n) بیش نمو۔

Hyperhidrosis/Hyperidrosis : (n) (مرضیات) تعرق ؛ کثرت پسینہ۔

Hypericum : (n) [L.] ایک قسم کا پودا جس کا پھول زرد ہوتا ہے۔

Hyperideation : (n) دماغی سرگرمی کی زیادتی ؛ دماغی بے چینی۔

Hyperinosis : (n) (مرضیات) بیش فائبرینی۔

Hyperinotic/Hyperinosed : (a) خون میں بیش فائبرینی رکھنے والا۔

Hypermetamorphic/-photic : (a) کثرت کایا پلٹ سے متعلق۔

Hypermetamorphism : (n) زیادہ کایا پلٹ ہونا۔

Hypermetamorphosis : (n) کثرت کایا پلٹ۔

Hypermeter : (n) [Gr. 'hypermetros'.] (۱) مصرعہ جس میں ایک ہجا کی زیادتی ہو۔ (۲) (مزاحاً) زیادہ لمبا آدمی۔

Hypermetric/-al : (a) زیادہ ہجا کا (مصرعہ) ؛ (وہ مصرعہ) جو وزن ، بحر یا تقطیع سے بڑھاہوا ہو۔

Hypermetrope : (n) بعید بیں ؛ بعید نظر ۔

Hypermetropia/Hypermetropy : (n) دراز نظری (بیماری) بعید نظری ۔

Hypermetropic : (a) دراز نظری کا ؛ اس بیماری سے متعلق ۔

Hypermnesia : (n) غیر معمولی حافظہ ۔

Hypernutrition : (n) بیش نمو ؛ (کسی عضو کا) امتداد (کثرت تغذیہ کی وجہ سے) ۔

Hyperoodon : (n) [mod. L.] حوتان کی ایک جنس ۔

Hyperopia : (n) دیکھو Hypermetropia

Hyperopic : (a) دیکھو Hypermetropic

Hyperorganic : (a) جسم نامی سے ازاد یا فاضل ۔

Hyperorthognathic : (a) انتہائی کھڑے جبڑے والا ۔

Hyperorthognathy : (n) انتہائی کھڑا جبڑا ہونا ۔

Hyperostosis : (n) بیش تعظم ۔

Hyperoxidation : (n) بیش تکسید ۔

Hyperoxide : (n) (کیمیا) زیادہ آکسیجن والا مرکب ۔

Hyperoxygenate : (v) (۱) آکسیجن سے سیر کردینا ۔ (۲) (مزاحاً) حد سے زیادہ ترش بنانا ۔

Hyperoxygenation : (n) آکسیجن سے سیر کرنا ۔

Hyperoxygenize : (v) دیکھو Hyperoxygenate

Hyperper : (n) [med. L. 'hyperperum'.] بظنتینی سکہ ۔

Hyperphysical : (n) فوق العادت ؛ فوق الطبع ۔

Hyperphysically : (adv.) فوق الطبع طور پر ۔

Hyperphysics : (n) علم فوق الطبع ۔

Hyperplasia/Hyperplasm : (n) [mod. L.] تزائد خلوی ۔

Hyperplasic/Hyperplastic : (a) تزائد خلوی سے متعلق ؛ تزائد خلوی والا ۔

Hyperpyretic: (a) تپ شدید سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Hyperpyrexia : (n) تپ شدید ۔

Hyperpyrexic/-al : (a) دیکھو Hyperpyretic

Hypersarcoma/Hypersarcosis : (n) بیش لحمیت ۔

Hyperspace : (n) (علم ہندسہ) مکان جس میں ابعاد ثلاثہ سے زیادہ ابعاد ہوں ۔

Hypersthene : (n) [Fr. hyperstene'.] (معدنیات) لوہے اورمیگنیشیم کا سلیکیٹ ۔

Hypersthenia : (n) بیش تندی ۔

Hypersthenic : (a) لوہے اور میگنیشیم سے متعلق یا جس میں یہ معدنی شے ہو ۔

Hypersthenic : (n) بیش تندی سے متعلق یا بیش تندی پیدا کرنے والا ۔

Hypersthenite : (n) Hyposthene اور Labradorite کا مجموعہ ۔

Hypertension : (n) بیش تنش خون ؛ بیش طنابی ۔

Hyperthesis : (n) [Gr. 'hyperthesis'.] تقلیب ۔

Hyperthetic : (a) تقلیبی ۔

Hypertrichosis : (n) کثیر شعریت ؛ گھنے بال ۔

Hypertrophic/-al : (a) (عضو کے) امتداد کا ۔

Hypertrophous : (a) امتدادی ۔

Hypertrophy : (n) دیکھو Hypernutritian

Hypertrophy : (v) امتداد میں مبتلا ہونا ۔

Hypesthesia : (n) کم حسی ۔

Hypha : (n) [mod. L.] (نباتیات) نسیجہ ؛ ریشہ ؛ فطرویہ ۔

Hyphaeresis/-eresis: (n) [Gr. 'hyphairesis'.] کسی لفظ یا ہجا میں ایک حرف کا حذف ہوجانا ۔

Hyphal : (a) نسیجہ سے متعلق ۔

Hyphen : (n) [Late L.] (۱) نشان الحاق ؛ خط ربط ۔ (۲) وقفہ جو بولنے میں لفظ کا ایک بول ختم ہونے کے بعد ہوتا ہے ۔ (۳) مثبت نشان ۔

Hyphen : (v) نشان الحاق سے ملانا ؛ نشان الحاق لگانا ۔

Hyphenate : (v) دیکھو Hyphen

Hyphenate : (n) وہ شخص جس کی وطنی وفاداری منقسم ہو ۔

Hyphenated : (a) وہ جس کی وطنی وفاداری منقسم ہو ۔

Hyphomycetous : (a) سماروغ کی اس جنس سے متعلق جس میں صرف فطروے رہتے ہیں ۔

Hypinosis : (n) ناقص فائبرینی ۔

Hypinotic : (a) ناقص فائبرینی سے متعلق ۔

Hypnagogic : (a) [Fr. 'hypnagogique'.] خواب آور ؛ خواب آلودگی سے متعلق ۔

Hypno-/Hypn- : سابقہ بمعنی "نیند" "خواب" ۔

Hypnobate : (n) خواب خرام ۔

Hypnocyst : (n) خوابیدہ بذرہ ۔

Hypogenesis/Hypnogeny : (n) تنویم ؛ نومیت ؛ نوم توجہ پیدا کرنا ؛ اثر پذیر حالت نوم پیدا کرنا ۔

Hypnogenetic/-genic/Hypnogenous : (a) (۱) اثرپذیر حالت نوم پیدا کرنے والا ؛ نوم توجہ پیدا کرنے والا ۔ (۲) خواب آور ۔

Hypnogenetically : (adv.) تنویم کے ذریعہ ؛ نوم توجہ پیدا کرتے ہوئے ۔

Hypnoid : (a) پہلو ثمرہ کائی کی ایک ایک جنس سے متعلق یا مشابہ ۔

Hypnoid/-al : (a) تنویم نما ؛ نیند نما ؛ تنویمی ۔

Hypnologic/-al : (a) نومیات سے متعلق ؛ علم خواب سے متعلق ۔

Hypnologist : (n) نومیات داں ۔

Hypnology : (n) نومیات ؛ علم خواب ؛ علم النوم ۔

Hypnophilous : (a) کائیوں میں پیدا ہونے والا ۔

Hypnosis : (n) [Gr. 'hypnos'+ -osis.] (۱) تنویم ؛ خواب مصنوعی ۔ (۲) نوم توجہ کی حالت ؛ اثر پذیر حالت نوم ۔

Hypnosperm/Hypnospore : (n) خوابیدہ بذرہ ۔

Hypnosporange/Hypnosporangium : (n) بذرہ داں جس میں خوابی بذرے ہوں ۔

Hypnosporic : (a) خوابی بذرہ کاسا ۔

Hypnotic : (a) [Fr. 'hypnotique'.] (۱) تنویمی ؛ منوم ؛ خواب آور ۔ (۲) نوم توجہ کا ؛ تنویم کا ۔ (۳) نوم توجہ کی حالت میں ؛ اثر پذیر حالت نوم میں ۔

Hypnotic : (n) (۱) خواب آور دوا ۔ (۲) وہ شخص جو تنویم کی حالت میں ہو ۔

Hypnotically : (adv.) تنویمی طور پر ۔

Hypnotism : (n) (۱) تنویم ؛ علم تنویم ؛ عمل تنویم ؛ عمل نوم توجه ۔ (۲) نوم توجه ؛ اثر پذیر حالت نوم ۔

Hypnotist : (n) عالم تنویم ؛ عمل توجه کا عامل ۔

Hypnotization : (n) عمل تنویم ؛ تنویم کاری ؛ تنویمی حالت ۔

Hypnotize : (v) نام توجه پیدا کرنا ؛ عمل توجه سے اثر پذیر هونا ؛ حالت نوم پیدا کرنا ۔

Hypnotizer : (n) عامل تنویم ۔

Hypnum : (n) [mod. L.] پہلو ثمرہ کائی کی ایك جنس ۔

Hypo : (n) [abbreviation of Hyposulphite.] (فوٹو گرافی) سوڈے کا ہائپو سلفائیٹ ؛ ایك محلول جس سے تصویر کا نقش بٹھایا جاتا ھے ۔

Hypo-/Hyp- : سابقه بمعنی (۱) "کمی" "تحت" "زیر" "خفت" ۔ (۲) اندك ؛ کسی قدر ۔

Hypo : (n) (۱) باریك سوئی والی پچکاری جو زیر جلدی انجکشن میں استعمال هوتی هے ۔ (۲) زیر جلدی انجکشن ۔ (۳) تحریك ۔

Hypo : (v) (۱) زیر جلدی انجکشن دینا ۔ (۲) محرك کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ۔

Hypo-ellipsoid : (n) (علم ہندسه) زیر بیضوی شکل ۔

Hypoaria : (n) (مچھلیوں میں) دوا بھرے هوئے بیضوی عقدے ۔

Hypoarian : (a) دوا بھرے بیضوی عقدے سے متعلق ۔

Hypobasal : (a) (نباتیات) بیضه بذرہ کے دوخلیوں میں سے نچلے خلیے کے متعلق ۔

Hypoblast : (n) [mod. L. 'hypobastus'.] زیر نہوض ؛ درنہوض ؛ پردہ' جنین کے اندرونی خلیوں کی تہه ۔

Hypoblastic : (a) زیر نہوض سے متعلق ۔

Hypobole: (n) ایسے اعتراضات کا جواب پہلے ہی دے دینا جو مقرر پر اس کا مخالف عائد کرسکے ۔

Hypobranchial : (a) زیر خیشومه ؛ گلپھڑے کے نیچے کا ۔

Hypobranchial : (n) تحت خیشوم ۔

Hypobromite : (n) (کیمیا) برومین (Bromine) کے ترشے کا نمك ۔

Hypobromous acid : (n) برومین کا ترشه (H Bro) ۔

Hypobulia : (n) قوت فیصله یا عمل کی کمی ۔

Hypocatharsis : (n) خفیف اسہال ۔

Hypocathartic : (a) خفیف اسہال ۔

Hypocaust : (n) [L. 'hypocaustum'.] (۱) (قدیم روما) زمین دوز آتشدان ؛ ته خانه جس میں مکان اور حمام وغیرہ کو گرم کرنے کے لئے گرمی جمع کی جاتی تھی ۔ (۲) اسٹوو ؛ ولایتی چولھا ۔

Hypochlorite : (n) کلورین کے آکسی ایسڈ کا نمك ۔

Hypochlorous acid : (n) (کیمیا) کلورین کا آکسی ایسڈ ۔

Hypochondria : (n) [Late L. 'hypoo (h) ondria'.] (۱) تحت غضروف ؛ تہی گاہ ۔ (۲) مراق ؛ مراق کی حالت ۔

Hypochondriac/-al acid : (n) (۱) مراقی ؛ مراق میں مبتلا ۔ (۲) تحت غضروفی ۔

Hypochondriac : (n) مراقی ۔

Hypochondriac region : (n) تحت غضروفی حصه ۔

Hypochondriacally : (adv.) مراقیوں کی طرح ؛ مراق کی حالت میں ۔

Hypochondriacism : (n) مراق ۔

Hypochondrial : (a) تحت غضروفی ۔

Hypochondriasis/Hypochondriasm : (n) مراق ؛ سودا ۔

Hypochondriast : (n) تحت غضروف ۔

Hypochondrium : (n) [med. and mod. L.] تحت غضروف ؛ تہی گاہ ۔

Hypoclidian : (a) پرندوں کے جناغ کے بین تر قوی حصے سے متعلق ۔

Hypoclidium : (n) پرندوں کے جناغ کا بین تر قوی حصہ ۔

Hypocone : (n) (پستان دار) اوپر کی ڈاڑھ کا چھٹا قرن ۔

Hypocoristic : (a) پکارنے کے نام سا ؛ پیار کے نام سا ۔

Hypocotyl : (n) (نباتیات) زیر فلقہ تل بیج پتا ۔

Hypocotyledonary : (n) زیر فلقہ کے نیچے کا یا ان کو سہارا دینے والا ۔

Hypocotyledonous : (a) زیر فلقہ کے نیچے کا یا ان کو سہارا دینے والے سے متعلق ۔

Hypocotylous : (a) زیر فلقہ سے متعلق ۔

Hypocrateriform : (a) [mod. L. 'hypodrateriformis'.] طشتریہ ۔

Hypocraterimorphous : (a) دیکھو Hypocrateriform

Hypocrisis : (n) (۱) ریا ؛ ریاکاری ؛ منافقت ۔ (۲) مکاری ؛ مکر ؛ فریب ؛ حیلہ سازی ؛ دوروئی ۔

Hypocrisy : (n) [ME. 'ipocrisie'.] دیکھو Hypocrisis

Hypocrite : (n) [ME. 'ipocrisie'.] (۱) ریا کار ؛ بگلا بھگت ۔ (۲) مکار ؛ حیلہ باز ؛ فریبی ۔

Hypocritic/-al : (a) ریاکارانہ ؛ مکارانہ ؛ پرفریب ۔

Hypocritically : (adv.) ریاکارانہ ؛ مکارانہ ؛ حیلہ سازی سے ، فریب سے ۔

Hypocrystalline : (a) نیم بلوری ۔

Hypocycloid : (n) (علم ہندسہ) تدویر ؛ اندرونی مستدیریہ ۔

Hypocycloidal : (a) تدویر سے متعلق ۔

Hypodactylum : (n) [HYPO- +Gr. 'dactylos'.] پرند کے چنگل کا نچلا حصہ ۔

Hypoderm : (n) زیر جلد ؛ زیرادمہ ۔

Hypoderma : (n) (۱) زیر جلد ؛ زیرادمہ ۔ (۲) (نباتیات) زیر قشرہ ۔

Hypodermal : (a) زیرادمہ یا زیر قشر سے متعلق ۔

Hypodermatic : (a) (۱) زیر جلدی ۔ (۲) (تشریح) زیر جلد ؛ جو جلد کے نیچے واقع ہو ۔

Hypodermatic : (n) زیر جلد انجکشن ۔

Hypodermatically : (adv.) زیر جلدی طور پر ۔

Hypodermatomy : (n) زیر جلدی شگاف ۔

Hypodermic : (a) دیکھو Hypodermatic

Hypodermic : (n) زیر جلدی علاج ۔

Hypodermically : (adv.) جلد کے نیچے یا اندر کی طرف ۔

Hypodermis : (n) (۱) کائی کے بذردان کی اندرونی تہ ۔ (۲) زیرادمہ ۔

Hypodermoclysis : (n) زیر جلدی تغذیہ ۔

Hypodiastole : (n) (یونانی صرف ونحو) کوما کے قسم کا ایک نشان ۔

Hypodicrotous : (a) (عضویات) خفیف دوضربی (نبض) ۔

Hypodynamia : (n) (مرضیات) ضعف ؛ کمزوری ۔

Hypogaeate : (n) مونگ پھلی کے تیل کے ترش کا نمک ۔

Hypogaeic acid : (n) مونگ پھلی کے تیل کا ترشہ ($C_{16}H_9O_2$) ۔

Hypogamy : (n) کہتر ازدواج ؛ نیچی ذات میں شادی کرنا ۔

Hypogastric : (a) زیر معدہ سے متعلق یا اس میں واقع ۔

Hypogastric region : (n) زیر معدہ ؛ بطن زیریں ۔

Hypogastrium : (n) [Gr. 'hypogastrion'.] زیر معدہ ؛ بطن زیریں ۔

Hypogastrocele : (n) فتق بطن زیریں ۔

Hypogeal/Hypogean : (a) [Late. L. 'hypogeus'.] زیر زمین ؛ زمین دوز ۔

Hypogene : (a) (ارضیات) زیر زمین ؛ زمین دوز (چٹان) ۔

Hypogenic : (a) زیر زمین ؛ زمین دوز ۔

Hypogenous : (a) (نباتیات) زیریں ؛ زیر رو ۔

Hypogeous/Hypogaeous : (a) زیر زمیں ۔

Hypogeum/Hypogaeum : (n) تہ خانہ ؛ زمین دوز مکان ۔

Hypoglossal : (a) زیر زبانی ؛ زیر لسانی ۔

Hypoglossal nerve : (n) عصب زیر زبانی ؛ وہ عصب جس سے زبان کو حرکت ہوتی ہے ۔

Hypoglossus : (n) [mod. L.] دیکھو Hypoglossal nerve

Hypognathism : (n) نچلے جبڑے کا اوپر کے جبڑے سے لمبا ہونا ۔

Hypognathous : (a) (طیرانیات) وہ جس کا نچلا جبڑا اوپر کے جبڑے سے لمبا ہو۔

Hypogyn : (n) زیر بقچوی پودا ۔

Hypogynic/Hypogynous : (a) زیر بقچوی ؛ زیر بقچی ۔

Hypogyny : (n) زیر بقچیت ۔

Hyponastic : (a) زیر روئیدگی سے متعلق ؛ نیچے نیچے اگنے والا ۔

Hyponasty : (n) [Hypo- +G.. 'nastos'+ -y.] (نباتیات) زیرروئیدگی ؛ نیچے نیچے اگنا ؛ زیر رو ہونا ۔

Hyponitrite : (n) Hyponitrous ترشے کا نمک ۔

Hyponitrous acid : (n) ایک شعلہ گیر بلوری کمزور ترشہ ($H_2N_2O_2$) ۔

Hyponutrition : (n) تغذیہ کی کمی ۔

Hypopharyngeal : (a) حلقوم کے نیچے واقع ؛ حلقوم سے متعلق ۔

Hypopharynx : (n) (حشریات) حشرات کے نچلے ہونٹ کے اندرونی سطح کا ابھار ۔

Hypophonic/Hypophonous : (a) ساز کے طور پر ۔

Hypophosphate : (n) Hypophospheri acidکا نمک ۔

Hypophosphite : (n) Hypophosphorous acid کا نمک ۔

Hypophosphoric acid : (n) ایک چار اساسی ترشہ جو بے بوسیال کی صورت میں حاصل ہوتا ہے ($H_4P_2O_6$) ۔

Hypophosphorous acid : (n) فاسفورس کایک اساسی ترشہ (H^3PO^2) ۔

Hypophyllium : (n) ناقص زیر برگ ۔

Hypophyllous : (a) زیر برگہ ۔

Hypophysial : (a) غدہ نخامیہ سے متعلق ۔

Hypophysics : (n) زیر طبیعیات ۔

Hypophysis : (n) (۱) (نباتیات) زیر نمو ۔ (۲) (تشریح) غدہ نخامیہ ۔

Hypopial : (a) بعض کرمکوں کے بے خوارکی پہل روپ سے متعلق ۔

Hypoplastral : (a) (حیوانیات) خارپشتان کے شکم پوش کے تیسرے پہلوی حصے سے متعلق۔

Hypoplastron : (n) (حیوانیات) خارپشتان کے شکم پوش کا تیسرا پہلوی حصہ۔

Hypoptilar : (a) زیر بال سے متعلق۔

Hypoptilum : (n) (طیوریات) زیر بال۔

Hypopus : (n) [Gr. 'hypopous'.] بعض کرمکوں کا بے خوراکی پھل روپ۔

Hypopygium : (n) [Gr. 'hypopous'.] (۱) (حشریات) شکم کا آخری تحتانی حصہ۔ (۲) شکم کے نیچے کا پکڑنے والا حصہ۔

Hyporachidian : (a) زیر پر ڈنڈی سے متعلق۔

Hyporachis/Hyporrhachis : (n) [Hypo- +Gr. 'rachis'.] (طیوریات) زیر پر ڈنڈی۔

Hyporadian : (n) (طیوریات) زیر پر ڈنڈی کے ریشوں میں سے ایک سے متعلق۔

Hyporadius : (n) (طیوریات) زیر پر ڈنڈی کے ریشوں میں سے ایک۔

Hyporohythmic : (a) ناقص آہنگ۔

Hyposcenium : (n) [mod. L.] یونانی تھیٹرکے اسٹیج کی نیچی دیوار جو اس کے اگلے حصے کو سہارا دیتی تھی۔

Hyposkeletal : (a) (تشریح) دیکھو Hypaxial

Hypospadioc/Hypospadic : (n) تحت مبالی نقص سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Hypospadius : (n) [Gr. 'hypospadias'.] (مرضیات) تحت مبالی نقص۔

Hypostasis : (n) (۱) تہ نشینی رسوب ؛ تراکم خون ؛ کثرت خون ؛ جسم کے اعضا میں خون کی زیادتی۔ (۲) جوہر ؛ جوہر حامل۔ (۳) وجود ؛ ذات ؛ شخصیت مسیح ؛ ذات خداوندی۔ (٤) (نباتیات) جنین کا معلاق۔

Hypostasization : (n) ذات یا جوہر بننا یا بنانا۔

Hypostasize : (v) ذات یا جوہر بننا یا بنانا۔

Hypostatic/-al : (a) کثرت خون کا ؛ ذات الہی کا؛ شخصیت مسیح کا۔

Hypostaticality : (n) خون کی زیادتی ہونا۔

Hypostatically : (adv.) کثرت خون سے شخصیت مسیح کے عقیدے کی رو سے۔

Hypostatization : (n) ذات یا جوہر بننا یا بنانا۔

Hypostatize : (v) ذات یا جوہر بننا یا بنانا۔

Hyposternal : (a) خار پشتان کے شکم پوش کے تیسرے پہلوی حصے سے متعلق۔

Hypostaternum : (n) خارپشتان کے شکم پوش کا تیسرا حصہ پہلوی حصہ۔

Hypostigma : (n) Comma جو پہلے بطور full-stop کے استعمال ہوتا تھا۔

Hypostomatous/Hypostomous : (a) (حیوانیات) زیریں منہ رکھنے والی (مچھلی وغیرہ)۔

Hypostome : (n) [Fr.] بےریڑھ والے جانوروں کے منہ کا ایک حصہ۔

Hypostrophe : (n) [Gr. 'hypostrophe'.] (۱) (مرضیات) عود مرض ؛ (مریض کی) بےچینی۔ (۲) (خطابت) موضوع کی طرف لوٹنا۔

Hypostyle : (a) (تعمیرات) ستون دار ؛ جس کی چھت ستونوں پر قائم ہو۔

Hyposulphite : (n) Hyposulphurous acid کا نمک۔

Hyposulphurous acid : (n) سلفیورس ترشہ ($H_2S_2O_4$)۔

Hyposyllogistic : (a) قیاس ناقص۔

Hypotactic : (a) [Gr. 'hypotactikos'.] (نحو) ماتحت ؛ متعلق ۔

Hypotarsal : (a) زیر ساق پا سے متعلق ۔

Hypotarsus : (n) (حیوانیات) زیر ساق پا ۔

Hypotaxis : (n) [Gr. 'hypotaxis'.] ماتحت ؛ ماتحت ہونا ۔

Hypotension : (n) کم تنش خون ۔

Hypotenuse : (n) [L. 'hypotenusa'.] وتر ۔

Hypothalline : (a) زیر غصنہ سے متعلق ۔

Hypothallus : (n) [mod. L.] زیر غصنہ ۔

Hypothec/Hypotheca : (n) [Fr. 'hypotheque'.] رہن ؛ گرو ؛ کفالت ۔

Hypothecary : (a) کفالتی حق ۔

Hypothecate : (v) مکفول کرنا ؛ رہن رکھنا ؛ گرو کرنا ۔

Hypothecation : (n) رہن ؛ گرو ؛ مکفول کرنا یا ہونا ۔

Hypothecator : (n) رہن رکھنے والا ۔

Hypothecial : (a) زیر غشائی ۔

Hypothesium : (n) [HYPO- + Gr. 'thekion'.] (نباتیات) زیرغشائیہ؛ زیر غشائی طبق ۔

Hypothenar : (a) [Gr. 'hypothenar'.] (تشریح) زیر راحی ۔

Hypothesis : (n) [Late. L.] (۱) قیاس ؛ مفروض ؛ مفروضہ ؛ فرض ؛ فرضیہ ۔ (۲) بے دلیل دعویٰ ۔

Hypothesize : (v) (۱) فرضیہ یا مفروضہ قائم کرنا ۔ (۲) فرض کرنا ؛ قیاس کرنا ۔

Hypothetic/al : (n) فرضی ؛ مفروضہ ؛ مشروط ۔

Hypothetically : (adv.) فرضیے یا مفروضے کے طور پر ۔

Hypothetico-disjunctive : (n) (منطق) بطور مفروضہ تردیدی ۔

Hypotrachelium : (n) [Gr. 'hypotrachylion'.] (تعمیرات) سرستون کا نچلا حصہ ۔

Hypotrichous : (a) (حیوانیات) زیر مودار سے متعلق ۔

Hypotrochoid : (n) (علم ہندسہ) زیر استدار ۔

Hypotrochoidal : (a) زیر استدار کی شکل کا ۔

Hypotympanic : (a) زیر طبلہ؂ گوش ۔

Hypotyposis : (n) [Gr. 'hypotyposis'.] منظر یا واقعہ کا واضح بیان ۔

Hypoxanthic : (a) اس نائٹروجنی مادے سے متعلق جو اعصاب ، طحال وغیرہ میں پایا جاتا ہے ۔

Hypoxanthine : (n) نائٹرو جینی مادہ (C5 H4 N4 O) جو ریڑھ دار جانوروں کے اعصاب ، طحال اور دل وغیرہ میں پایا جاتا ہے ۔

Hypozeugma : (n) (نحو) مختلف اسموں کی ایک فعل کے ساتھ ترکیب ۔

Hypozeuxis : (n) (نحو) متوازی جملوں کا استعمال ۔

Hypozoic : (a) (۱) (ارضیات) اس طبق کے نیچے جس میں اجسام حیوانی کے آثار پائے جاتے ہیں ۔ (۲) (حیوانیات) حوینات اولیہ سے متعلق ۔

Hypped : (a) دیکھو Hipped

Hippish : (a) مراقی ۔

Hypsi- : سابقہ بمعنی "اونچا" "بلند" ۔

Hypsiloid : (a) وی (v) یا (u) کی شکل کا ۔

Hypsistarian : (a) [Gr. 'Hypsistenos'.] چوتھی صدی عیسوی کے ایک انتخابی فرقے سے متعلق ۔

Hypsistarian : (n) چوتھی صدی عیسوی کے انتخابی فرقے کا رکن ۔

Hypso- : سابقہ بمعنی "بلندی" "اونچائی" ۔

Hypsography : (n) ارتفاع نگاری؛ ارتفاعی جغرافیہ ؛ نقشہ ارتفاعات ؛ ارتفاعیات ؛ جغرافیہ کی وہ شاخ جس میں زمین کی بلندی سے بحث کی جاتی ہے ۔

Hypsometer : (n) ارتفاع پیما ؛ بلندی پیما ؛ مقیاس الارتفاع ۔

Hypsometric/-al : (a) ارتفاع پیمائی سے متعلق ۔

Hypsometrically : (adv.) ارتفاع پیمائی کی رو سے ۔

Hypsometry : (n) رفعت پیمائی ؛ ارتفاع پیمائی ۔

Hypt : دیکھو Hipped

Hypural : (a) [Gr. 'hyp (o + "oura" + -AL.] زیر دُمہ ۔

Hyraci-/Hyraco : سابقہ بمعنی خرگوشک ۔

Hyracoid : (a) خرگوشک سے مشابہ یا متعلق ۔

Hyracid : (a) خرگوشک کی جنس کا ۔

Hyrax : (n) [mod. L.] خرگوشک ؛ ایک چھوٹی قسم کا جنگلی یا پہاڑی خرگوش اور شمالی افریقہ کا بجو ۔

Hyrst : دیکھو Hurst

Hyson : (n) [Chinese hsichun'.] ہائسن چائے ؛ ایک قسم کی چینی چائے ۔

Hyssop : (n) [OE. '(h) ysope'.] (۱) ایک چھوٹا خوشبودار پودا ۔ (۲) (انجیل) وہ پودا جس کی شاخیں یہودیوں کی مذہبی رسوم میں کام آتی ہیں اور جس کے پھولوں کا گچھا گناہوں سے پاک کرنے والا سمجھا جاتا تھا ۔

Hysteranthous : (a) [Gr. 'hysterou' + anthous'.] پتوں سے پہلے پھول دینے والا ۔

Hysterectomy : (n) رحم براری ؛ رحم کا آپریشن ۔

Hysteresial : (a) پس ماندہ ۔

Hysteresis : (n) [Gr. 'hysteriess'.] (برقیات) پس ماندگی ۔

Hysteria : (n) [mod. L. 'hystericus'.] (۱) اختناق الرحم ؛ ہسٹیریا ۔ (۲) مریضانہ جذبات ؛ ہیجان ۔

Hysteric/-al : (a) [L. 'hystericus'.] اختناقی ۔

Hysterical fits : (n) تشنجی دورے ۔

Hysterically : (adv.) شدت جذبات سے بے قابو ہوکر ؛ مجنونانہ ۔

Hystericism : (n) اختناق الرحم کی حالت ۔

Hysterics : (n) تشنجی دورے؛ ہسٹیریا کے دورے ۔

Hystero/Hyster : سابقہ بمعنی "رحم کا" "اختناقی" ۔

Hystero-epilepsy : (n) صدعی باؤ گولا ۔

Hystero-epileptic : (a & n) صدعی باؤ گولا سے متعلق ۔

Hysterocele : (n) فتق رحمی ۔

Hysterodymia : (n) (مرضیات) درد رحم ۔

Hysterogenic/Hysterogenous : (a) اختناقی ؛ اختناقی خیزی ۔

Hysterogeny : (n) اختناق خیزی ؛ اختناق رحم سے متعلق ۔

Hysteroid/-al : (a) اختناق الرحم سے مشابہ ۔

Hysterology : (n) علم امراض رحم ؛ رحمیات ۔

Hysteron/Proteron : (n) الفاظ کی صحیح ترتیب کی الٹ پلٹ ؛ ترتیب معکوس ؛ عکس ترتیب ۔

Hysterophone : (n) رحم کو سہارا دینے کا رحم بند ۔

Hysterphytal : (a) نامیہ خور پودے سے متعلق۔

Hysterophyte : (n) نامیہ خور پودا ۔

Hysterosis : (n) [mod. L.] دیکھو Hysteron/Proteron

Hysterotome : (n) رحم شگافی کا چاقو ؛ قیصری تراش کا چاقو۔

Hysterotomy : (n) رحم شگافی ؛ قیصری تراش ؛ رحم کا آپریشن۔

Hystricid : (n) [mod. L. 'Hystricidae'.] (حیوانیات) خارپشت ۔

Hystricine : (a) خارپشت کی ایک نوع سے متعلق۔

Hystricomorph : (n) [med. L. 'Hystricomopha'.] (حیوانیات) خارپشت۔

Hystricomorphic/-phine : (a) خارپشتان سے متعلق۔

Hyte : (a) [Origin unkn.] دیوانہ۔

Hythe : (n) بندرگاہ۔

Hythergraph حرارت اور بارش کو ناپنے کا آلہ ۔

I

I. : (n)	(۱) انگریزی حروف تہجی کا نواں حرف۔ (۲) I یا i رومی عدد۔ (۳) (منطق) ایک مثبت مقدمہ۔
I. (pron. n)	(۱) میں ؛ من ؛ انا۔ (۲) (فلسفہ) انا ؛ ذات ؛ نفس۔ (۳) حد سے زیادہ خود پسندانہ شخص۔ (٤)ذات کا دوسرا حصہ۔
Another I:	دوسری ذات۔
I - come (n : (v)	آیا ہوا۔
I - cried : (v)	چلاتا ہوا۔
I' ll :	I will کا مخفف۔
I' m:	I am کا مخفف۔
- i : (suffix)	(لاحقہ) ان لاطینی الفاظ کی جمع کے لئے جو us - یا er - پر ختم ہوتے ہیں نیز ان اطالوی الفاظ کی جمع کے لئے جن کے آخر میں حرف o یا e ہوتا ہے؛ انگریزی علمی الفاظ کی جمع کے لئے مستعمل و جاری ہے (مثلاً literati, dilettati, foci, Cirri وغیرہ)۔
- i - :	لاطینی کا رابطہ حرف علت۔
-- ia : (suffix)	(لاحقہ) (۱) اسمائے کیفیت بنانے کے لئے مثلاً hydrophobia, mania, militia وغیرہ۔ (۲)امراض کےآخر میں مثلاً cephalalgia, hysteria وغیرہ۔ (۳) نباتیات میں پودوں کی قسموں اور منفرد پودوں کے ناموں کے آخر میں مثلاً Cryptogamia,dahlia, fuchsia - (٤) اسمائے ممالک کے آخر میں جیسے Australia۔(٥) قلویات کے ناموں کے آخر میں مثلاً morphia, strychnia وغیرہ۔
- ia : (suffix)	(۱) (لاحقہ) ان یونانی اسماء کی جمع کے لئے جو ion - پر ختم ہوتے ہیں نیز ان لاطینی اسماء کے لئے جوium پر ختم ہوتے ہیں مثلاً paraphernalia, regalia وغیرہ۔ (۲) (حیوانیات) جدید لاطینی اسمائے جنس کی جمع کے لئے مثلاً mammalia, reptilia وغیرہ۔
-ial : (suffix)	لاحقہ – ان اسمائے صنعت کے آخرمیں جو لاطینی کےis یاius پر ختم ہونےوالے اسمائے صفات سے بنتے ہیں مثلاً dictatorial, celestial, terrestrial وغیرہ۔
Iamb : (n)	نظم کا وہ رکن جس کی پہلی ہجا غیر تاکیدی اور دوسری تاکیدی ہو یا جس کی پہلی ہجا چھوٹی اور دوسری لمبی ہو۔
Iambic : (a)	جس (نظم) کے رکن کی پہلی ہجا غیر تاکیدی اور دوسری تاکیدی ہو یا جس کی پہلی ہجا چھوٹی اور دوسری ہجا لمبی ہو۔
ambic : (n)	جمع Iambic رکن یا بحر میں لکھی ہوئی نظم۔
Iambical : (a)	دیکھو Iambic
Iambically : (adv.)	Iambic وزن کی رو سے۔
Iambist : (n)	Iambic بحر یا رکن میں نظم لکھنے والا۔
Iambographer : (n)	دیکھو Iambist
Iambus : (n)	دیکھو Iamb
- ian : (suffix)	سابقہ اسمائے صفات کے لئے مثلاً Virgilian, Italian وغیرہ۔

Ianthine : (a) — بنفشئی ۔

Iatro-: (prefix) — جزو ترکیبی به معنی " طبیب" ۔

Iatro-chemical : (a) — کیمیائی طب سے متعلق ۔

Iatro-chemist : (n) — کیمیائی طبیب ۔

Iatromathematical : (a) — ریاضیاتی طب سے متعلق ۔

Iatromathematically : (adv.) — ریاضیاتی طب کی رو سے ۔

Iatromathematician : (n) — ریاضیاتی طبیب ۔

Iberian : (a) — (۱) قدیم آئی بیریا کا ؛ اس جزیرہ نما کا جو ہسپانیہ اور پرتگال پر مشتمل ہے ۔ (۲) آئی بیریا کے باشندے سے متعلق ۔

Iberian : (n) — (۱) آئی بیریا کی قد یم زبان ؛ آئی بیری زبان ۔ (۲) قد یم آئی بیریا کا باشندہ؛ بسکانی ؛ ہسپانوی ۔ (۳) ہسپانوی اور پرتگالی ۔

Ibex : (n) — کوہ آلپ اور اپینائین کا پہاڑی بکرا جس کے سینگوں میں دُہرا خم ہوتا ہے؛ بز کو ہی ۔

Ibidem : (adv.) — اسی جگہ یا اسی کتاب میں ؛ اسی میں ۔

Ibis : (n) — پرندوں کی ایک جنس جو لقلق سے مشابہ ہوتی ہے ۔

- ible : (suffix) — (لاحقہ) جو لاطینی الفاظ bilis ۔ یعنی ibilis سے لیا گیا ہے یعنی لائق ، قابل ، ناک ، اسمائی صفت بنانے کے لئے عموماً اسماء و افعال پرآتا ہے مثلاً خوفناک terrible ؛ د فع کئے جانے کے قابل avertible ۔

Ibsenian : (a) — Henrik Ibsen یا اس کے ڈراموں سے متعلق یا اس کے طرز کا ۔

Ibsenian : (n) — ابسن کا معتقد یا نقال ۔

Ibsenism : (n) — ابسن کے ڈرامائی اصول اور مقاصد ۔

Ibsenite : (n) — دیکھو Ibsenian

- ic : (suffix) — (۱) لاحقہ اسمائی صفات بنانے کے لئے یا ان صفات سےاسماء بنانے کے لئے ؛ صفات میں "مانند" "طرح" یا "کے متعلق " کا مفہوم ہوتا ہے ؛ مثلاً heroic, rustic وغیرہ ۔ یہ لاحقہ ا ب تک اسماء سے صفات کے بنانے میں کام آتا ہے خصوصاً :
(الف) علمی صفات میں لاطینی و یونانی اصل رکھنے والے الفاظ سے مثلاً carbonic , magnatic وغیرہ ۔
(ب) اسماء خاص سےمثلاً Icelandic, Druidic وغیرہ ۔
(ج) ist ۔ پر ختم ہونے والے اسماء سے مثلاً realistic, artistic وغیرہ ۔
(۲) اسماء جو ic ۔ پر ختم ہوتے ہیں حسب ذ یل شکلوں میں قائم مقامی کرتے ہیں :
(الف) یونانی و لاطینی صفات کی مثلاً elastic, classic وغیرہ ۔
(ب) ike, ika پر ختم ہونے والے یونانی اسماء خصوصاً علوم و فنون کے ناموں کے مثلاً music, rhetoric وغیرہ ۔
(ج) ic ۔ پر ختم ہونے والے صفات سے بنائے ہوئے اسماء کی جو ics ۔ پر ختم ہوتے ہیں مثلاً physics, dynamics وغیرہ ۔

- ical : (suffix) — (لا حقہ) اسمائی صفات بنانے کے لئے مثلاً historical, comical,musical وغیرہ ۔

- ically : (suffix) — (لا حقہ) متعلقات فعل بنانے کے لئے ۔

Icarian : (a) — (۱) (یونانی اساطیر) Icarus سے متعلق جس نے اتنی بلند پروازی کی کہ اسکے موم کے بازو آفتاب کی گرمی سے پگھل گئے ۔ (۲) ایسی ہوس سے متعلق جو تباہی کا سبب ہوتی ہے ۔ (۳) ضرورت سے زیادہ بلند (پروازی) ۔ (٤) ناکامیاب حوصلہ مندی سے متعلق ۔

Ice : (n) — (۱) برف ؛ آب منجمد ۔ (۲) (جمع) آئس کریم ؛ ملائی یا میووں کی برف ۔ (۳) شکر کی تہ جمانا؛ برف سے ٹھنڈا کرنا یا محفوظ رکھنا ۔ (٤) سرد مزاجی ۔ (٥) (عام) ہیرا ؛ زیورات ۔ (٦) (عام) ناجائز کاروبار کرنے کے لئے رشوت ۔

On ice : (۱) جیتنے یا پورا کٹنے جانے کے امکان کے ساتھ۔ (۲) محفوظ طور پر ۔ (۳) حراست میں ۔

On thin ice : خطرے میں ۔

The ice : (دریا، جھیل یا سمندر کی سطح پر) برف کی تہ ۔

To break the ice : آغاز کرنا ؛ سلسلہء گفتگو شروع کرنا؛ مہر خاموشی توڑ نا؛ حجاب رفع کرنا ۔

To cut no ice : بے اثر ہونا ۔

Ice : (v) (۱) جمنا، منجمد ہونا ؛ برف ہو جانا ۔ (۲) برف سے ڈ ھکنا ۔ (۳) برف میں لگانا؛ برف سے ٹھنڈا کرنا ۔ (٤) شکر کی تہ جمانا خصوصاً کیک وغیرہ پر ۔ (٥) محفوظ جگہ رکھنا ۔

- ice : (لاحقہ) اسماء و صفات بنانےکا ۔

Ice-action : (n) ارضی سطح پر برف کا عمل ؛ عمل یخ ۔

Ice-age : (n) عصرِ یخ؛ برفانی دور؛ عصر برفانی؛ وہ زمانہ جب دنیامیں برف ہی برف تھی ۔

Ice-anchor : (n) لنگر جو برف پر لگ سکے ۔

Ice-apron : (n) پل کے ستون کو برف سے بچانے کا نوکیلا ساخت مان۔

Ice-axe : (n) ایک قسم کی کدال جس کو کوہ آلپ پر چڑ ھنے والے سیڑھیاں بنانے کے لئے ا ستعمال کرتے ہیں۔

Ice-bag : (n) برف کی تھیلی۔

Ice-beam : (n) برف کے دباؤ کو روکنے کے لئے وہ شہتیر جو جہاز کے اگلے یا پچھلے حصے میں لگائی جاتی ہے ۔

Ice-bearer : (n) تبخیر سے پانی کے جمنےکو دکھانے والا آلہ ۔

Ice-bed : (n) برفانی تہ ۔

Ice-belt : (n) برف کا وہ حاشیہ جو بحر شمال کے ساحل کے قریب ہوتا ہے ۔

Ice-bird : (n) (۱) آک صفیر ۔ (۲) پشّہ خوار ۔

Ice-boat : (n) (۱) برف پر چلنے والی پہیے دار کشتی ۔ (۲) برف توڑنے والی کشتی ۔

Ice-bolt : (n) (۱) سخت ٹھنڈ ۔ (۲) بہمن ۔

Ice-boulder : (n) برفانی چٹان ۔

Ice-bound : (a) یخ بستہ ۔

Ice-box : (n) برف دان ۔

Ice-breaker : (n) (۱) یخ توڑ؛ برف توڑ ۔ (۲) برف توڑ کشتی ۔ (۳) ایک قسم کی وھیل مچھلی ۔

Ice-calk : (n) جوتے کی ایڑی جس کا باہر نکلا ہوا لوہا پھسلنے سے بچاتا ہے ۔

Ice- canoe : (n) پہیے دار کشتی جو یخ بستہ جھیل یا د ر یا پر چلائی جاتی ہے ۔

Ice-cap : (n) (۱) کلاہ برف ۔ (۲) (طب) برف کی تھیلی جو سر پر رکھی جاتی ہے ۔

Ice - chair : (n) پھسلنے والی کرسی ۔

Ice- chamber : (n) برف خانہ ۔

Ice-chest : (n) خنک ساز؛ برادہ ۔

Ice-claw : (n) برف پکڑنے اور اٹھانے کا چمٹا ۔

Ice-closet : (n) دیکھو Ice-chamber

Ice-cream : (n) ملائی کی برف؛ آئس کر یم ۔

Ice-creeper : (n) دیکھو Ice-calk

Ice-drift : (n) بہتی ہوئی برف کا تودہ ۔

Ice-escape : (n) (د ر یا میں) برف کی تہ کے ٹوٹ جانے سے ڈوبنے والے آدمیوں کو بچانے کا آلہ ۔

Ice-fall : (n) (۱) برفانی آبشار؛ برف کے پہاڑ کا ڈھلوان حصہ جو جمی ہوئی برف معلوم ہوتی ہے ۔ (۲) برف کے تودے کا گرنا ۔

Ice-fender : (n) جہاز کو برف سے ہونے والے نقصان سے بچانے کی روک ۔

Ice-ferns : (n) شیشے پر پالے کے عمل سے بنا ہوا سرخس نما نقش ۔

Ice-field : (n) برفستان؛ میدان برف ۔

Ice-fish : (n) نیم شفاف مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔

Ice-fole : (n) بہتی ہوئی برف کی بڑی تہ؛ کوہ برف؛ طافیہ ۔

Ice-flow : (n) برفانی ندی ۔

Ice-foot : (n) دیکھو Ice-belt

Ice-fox : (n) قطب شمالی کی لومڑی ۔

ce-glass : (n) شیشے کے ظروف جن پر بطور نقش بال یا درز یں بنی ہوں ۔

Ice-gull : (n) یاغو کی قسموں کا نام ۔

Ice-hill : (n) برفانی یا پہاڑی تودہ ۔

Ice-hook : (n) برف اٹھانے کا کانٹا ۔

Ice-house : (n) برف رکھنے کا تہ خانہ جسکی د یوار یں غیر موصل ہوتی ہیں ۔

Ice-island : (n) جز یرہ٬ یخ ۔

Ice-ladder : (n) دیکھو Ice-escape

Ice-ledge : (n) دیکھو Ice-foot

Ice-machine : (n) برف کی مشین ۔

Ice-mark : (n) عمل یخ سے پیدا ہونے والے نشانات خصوصاً عصرِ یخ میں ۔

Ice-master : (n) طافیوں کے درمیان جہاز رانی کرنے کا ماہر ؛ جہاز راں ۔

Ice-mill : (n) برف کے پہاڑ میں کھڑی دراڑ ۔

Ice-mountain : (n) (۱) برف کی چٹان؛ برف کا وہ انبار جو سمندروں میں بہتا رہتا ہے ۔ (۲) (استعارتاً) برف کا تودہ؛ بت؛ وہ شخص جسکا دل جذبات سے خالی ہو ۔ (۳) کوئی چیز جسکا صرف تھوڑا سا حصہ نظر آتا ہو ۔

Ice-pack : (n) برف انبار ۔

Ice-pail : (n) برف رکھنے کا ظرف جس میں شراب وغیرہ رکھ کر ٹھنڈی کی جاتی ہے ۔

Ice-paper : (n) جلاٹین کے شفاف اور باریک اوراق ۔

Ice-period : (n) دیکھو Ice-age

Ice-pick : (n) چھڑی جس سے برف توڑی جاتی ہے ۔

Ice-pit : (n) برف کو محفوظ رکھنے کا گڑھا ۔

Ice-pitcher : (n) برف یا ٹھنڈا پانی رکھنے کی صراحی ۔

Ice-plane : (n) برف کاٹنے یا مسطح کرنے کا رندا ۔

Ice-plant : (n) ایک پودا جس کے پتے آبی بلبلوں سے بھرے ہوتے ہیں ۔

Ice-plough : (n) برف میں کھانچ بنانے کا آلہ ۔

Ice-point : (n) نقطہ٬ برف ۔

Ice-poultice : (n) برف کی تھیلی جو پولٹس کے طور پر استعمال

ہوتی ہے ۔

Ice-pudding : (n) ایک قسم کی مٹھائی جو برف کی طرح جمائی جاتی ہے ۔

Ice-pulse : (n) وہ ارتعاش جو برفانی زلزلے سے پہلے محسوس ہوتا ہے ۔

Ice-quake : (n) برفانی زلزلہ ۔

Ice-raft : (n) برف کی بہتی ہوئی چادر ۔

Ice-raft : (v) یخ تودہ یا برف کے بہتے ہوئے انبار پر لے جانا ۔

Ice-river : (n) (۱) برف کے بہتے ہوئے تو دوں کی ندی ۔ (۲) گھاٹی کا یخ تودہ ۔

Ice-saw : (n) برف کاٹنے کا آرا ۔

Ice-sheet : (n) زمین کے بڑے رقبے پر برف کی تہ ۔

Ice-ship : (n) ایسا جہاز جو برف کے دباؤ کو برداشت کرتا ہے ۔

Ice-shoe : (n) برف پر چلنے کا میخ دار جوتا ۔

Ice-stream : (n) دیکھو Ice river

Ice-striae : (n) پتلی دھاریاں جو برف کے گذرنے سے چٹانوں پر بن جاتی ہیں ۔

Ice-system : (n) یخ تودوں کا نظام ۔

Ice-whale : (n) ایک قسم کی بڑی وھیل مچھلی ۔

Ice-work : (n) (۱) شیشہ وغیرہ پر برف جمنے سے جو نقش و نگار پیدا ہو جاتے ہیں ۔ (۲) (ارضیات) یخ تودوں کا عمل ۔

Ice-yacht : (n) برف پر چلنے والی پہیے دار کشتی ۔

Ice-yachting : (n) برف پر کشتی رانی ۔

Ice-yachtsman : (n) کشتی رانی کرنے والا ۔

Iceberg : (n) دیکھو Ice mountain

Iceblink : (n) یخ تاب ؛ افق کی وہ چمک جو برف کے عکس کا نتیجہ ہوتی ہے؛ برف کا عکس ۔

Iced : (a) (۱) برف کے ذریعہ ٹھنڈا کیا ہوا ۔ (۲) شکر کی تہ جمایا ہوا (کیک وغیرہ) ۔

Iceland : (n) برفانی جزیرہ ؛ یخ بستہ جزیرہ ۔

Iceland : (n) آئس لینڈ ۔

Iceland cur/-dog : (n) نوکیلے کانوں والا جھبرا کتا ۔

Iceland lichen/-moss : (n) کائی کی قسم کی ایک سبزی جو کھائی جاتی ہے ۔

Iceland poppy : (n) زرد گل لالہ جو بحر منجمد شمالی کے ساحلی ملکوں میں پایا جاتا ہے ۔

Iceland spar : (n) ایک قسم کا شفاف چونا ۔

Icelander : (n) آئس لینڈ کا باشندہ ۔

Icelandic : (a) آئس لینڈ سے متعلق ۔

Icelandic : (n) آئس لینڈ کی زبان ۔

Iceman/Ice-man : (n) (۱) برف پر چلنے والا ؛ وہ شخص جو برف پر چلنے میں مشاق ہو ۔ (۲) برف والا ۔ (۳) اسکیٹنگ کے تالاب کی برف کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Icemanship : (n) برف پر چلنے کی مہارت ۔

Icespar : (n) (معدنیات) ایک قسم کا بلور ۔

Ich- : طفیلی مکھی کی شکل یا صفت کا ۔

Ichneumon : (n) ایک قسم کا نیولا جو گھڑیال کے انڈے توڑ ڈالتا ہے ۔ (۲) طفیلی مکھی ۔

Ichneumon : (n) جزو ترکیبی بہ معنی "طفیلی مکھی" ۔

Ichneumon-fly : (n) طفیلی مکھی۔

Ichneumonidan : (a) طفیلی مکھیوں کی جنس سے متعلق۔

Ichneumonidan : (n) طفیلی مکھی۔

Ichneumoniform : (a) طفیلی مکھی کی شکل یا صفت کا۔

Ichnite : (n) (ارضیات) متحجر نقش پا؛ فوسل قدم؛ رکاز قدم۔

Ichnographic/-al : (a) خاکہ کشی سے متعلق۔

Ichnographically : (adv.) خاکہ کشی کے طور پر۔

Ichnography : (n) خاکہ کشی؛ نقشہ کشی؛ طرّاحی۔

Ichnolite : (n) دیکھو Ichnite

Ichnolithological : (a) علم رکاز قدم سے متعلق؛ متجر نقش پا کے علم سے متعلق۔

Ichnolithology : (n) علم رکاز قدم؛ متحجّر نقش پا کا علم۔

Ichnological : (a) دیکھو Ichnolithological

Ichnology : (n) دیکھو Icnolithology

Ichoglan : (n) قصر سلطان کا نو عمر ملازم۔

Ichor : (n) (۱) سیال اور رواں مادہ جو د یوتاؤں کی رگوں میں بجائے خون کے ہوتا ہے؛ زرد آب د یوتا؛ خون دیوتا۔ (۳) (مرضیات) خلط آبی؛ ریماب؛ آب زخم؛ مواد۔

Ichorous : (a) مواد سا؛ ریماب دار؛ زرد آب بھرا۔

Ichorhaemia/ -emia : (n) زرد آبی مادے کی وجہ سے خون کا زہر یلا ہو جانا۔

Ichthyic/Ichthyal/Ichthyon : (a) ماھی نما؛ مچھلی سے متعلق۔

Ichthyidin/-lin : (n) مچھلی کے انڈوں کی زردی میں پایا جانے والا بیضینی مادہ۔

Ichthyo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "مچھلی کا"۔

Ichthyocolla : (n) مچھلی سریش۔

Ichthyocoprolite : (n) مچھلیوں کا متحجر فضلہ۔

Ichthyodont : (n) مچھلی کا متحجر دانت۔

Ichthyodorylite/- dorulite : (n) مچھلیوں یا دوسرے ر یڑھ دار جانوروں کی متحجر ر یڑھ۔

Ichthyographer : (n) مچھلیوں سے متعلق لکھنے والا؛ ماھی نگار۔

Ichthyographic : (a) ماھی نگاری سے متعلق۔

Ichthyography : (n) ماھی نگاری۔

Ichthyoid : (a) مچھلی سا؛ ماھی نما۔

Ichthyoid : (n) ماھی نما ر یڑھ دار جانور۔

Ichthyoidal : (a) دیکھو Ichthyoid

Ichthyol : (n) (طب) بھورا مائل زرد رقیق مادہ جو ان چٹانوں کی تقطیر سے نکالا جاتا ھے جن میں متحجر مچھلیاں ھوتی ھیں۔

Ichthyolic : (a) اسی بھورا مائل زرد رقیق مادے سے متعلق جو ان چٹانوں کی تقطیر سے نکالا جاتا ھے جن میں متحجر مچھلیاں ھوتی ھیں۔

Ichthyolaty : (n) ماھی پرستی؛ ماھی دیوتا کی پرستش۔

Ichthyolite : (n) متحجر مچھلی۔

Ichthyolitic : (a) متحجر مچھلی سے متعلق۔

Ichthyologic/-al : (a) علم ماھیان سے متعلق۔

Ichthyologically : (adv.) علم ماهیان کی رو سے ۔

Ichthyologist : (n) علم ماهیان کا ماہر ۔

Ichthyology : (n) علم ماهیان؛ سمکیات ۔

Ichthyomancy : (n) مچھلی سے فال نکالنا ۔

Ichthyomantic : (a) مچھلیوں سے فال نکالنے سے متعلق ۔

Ichthyomorphic : (a) ماهی شکل؛ ماهی صفت ۔

Ichthyophagi : (n) ماهی خواران ۔

Ichthyophagist/- gite : (n) ماهی خور ۔

Ichthyophagous : (a) ماهی خور ۔

Ichthyophagy : (n) ماهی خوری ۔

Ichthyophthalmite : (n) (معدنیات) دیکھو Apophyllite

Ichthyophthiran : (a) قشر یوں کی اس جنس سے متعلق جو مچھلیوں کی طفیلی هوتی هے ۔

Ichthyophthiran : (n) ماہی جوں ۔

Ichthyopsida : (n) ر یڑھ دار جانوروں کے تین ابتدائی خاندانوں کا سب سے نچلا خاندان جس میں جل تھلیا، مچھلیاں اور ماهی نما دوسرے جانور هوتے هیں ۔

Ichthyopsidan/-dian/ Ichthyopsid : (a) ر یڑھ دار جانوروں کے تین ابتدائی خاندانوں کے سب سے نچلے خاندان سے متعلق ۔

Ichthyopterygian : (a) بحری خزندگان کی ایک جنس سے متعلق جو اب ناپید هے ۔

Ichthyopterygian : (n) ماهی سوسمار ۔

Ichthyornis : (n) ایک قسم کے معدوم پرندوں کی جنس جس کے

Ichthyornithic : (a) ان معدوم پرندوں سے متعلق جن کے دانت هوتے تھے ۔

Ichthyornithid : (n) دانت والا پرندہ (جو اب معدوم هے) ۔

Ichthyosaur : (n) ایک قسم کا بڑا بحری جانور جو اب ناپید هے؛ ماهی سوسمار ۔

Ichthyosaurian : (a) ماهی سوسماراں سے متعلق ۔

Ichthyosaurian : (n) ماهی سوسمار ۔

Ichthyosaurid : (n) ماهی سوسمار ۔

Ichthyosauroid : (a) ماهی سوسمار کی شکل یا صفت کا ۔

Ichthyosaurus : (n) دیکھو Ichthyosaur

Ichthyosis : (n) ایک بیماری جس میں جلد خشک اور سخت هوجاتی هے؛ داءالحیه؛ سمک جلدی ۔

Ichthyotic : (a) سمک جلدی میں مبتلا ۔

Ichthyotomist : (n) مچھلیوں کی تشر یح کرنے والا ۔

Ichthyotomy : (n) مچھلیوں کی تشر یح ۔

Ichthytaxidermy : (n) تصبیر ماهی ۔

- ician : (suffix) (لاحقه) به معنی "ماهر" "دان" مثلاً Politician (سیاست داں)؛ mathematician (حساب داں) وغیره ۔

Icica : (n) جنوبی امر یکا کے درختوں کی ایک جنس ۔

Icican/- Icacin : (n) ایک قسم کا گوند ۔

Icicle : (n) (۱) قلم یخ؛ برف کا قلم ۔ (۲) (نقابت) الٹی بوند کا نشان ۔

Icicled : (a) برف کے قلموں سے آراسته ۔

Icily : (adv.) برف کی طرح؛ بے حد سرد مہری۔

Iciness : (n) سرد مہری؛ بے رخی۔

Icing : (n) (۱) شکر کی تہ جمانا؛ شکر کی تہ ۔ (۲) برف سے ٹھنڈا کرنا یا محفوظ رکھنا ۔

- icity : (suffix) مرکب لاحقہ جس سے صفات سے اسماء بناتے ہیں مثلاً electricity, atomicity وغیرہ ۔

Icker : (n) (فصل کی) بالی ۔

Ickle : (n) (بچوں کی زبان) تھوڑا سا؛ چھوٹا سا ۔

Icon/-ikon/- eikon: (n) (۱) مجسمہ؛ بت؛ مورتی؛ شبیہ ۔ (۲) تصاویر اولیاء آرائش کے لئے دیواروں پر بنائی جاتی ہیں ۔

Iconic/eiconic : (a) بت یا مجسمے سے متعلق؛ بت یا شبیہ کی قسم کا ۔

Icono : (prifix) (لاحقہ) "بت" "مجسمہ" "مورتی" کے متعلق ۔

Iconoclasm : (n) بت شکنی؛ بتوں کو توڑنا ۔

Iconoclast : (n) (۱) بت شکن؛ بتوں کو توڑنے والا ۔ (۲) قدیم رسموں یا عقیدوں پر حملہ کرنے والا ۔

Iconoclas/Iconoclastic : (a) بت شکنی کے متعلق؛ بت شکنانہ ۔

Iconoclastically : (adv.) بت شکنی کے طور پر ۔

Iconoclasticism : (n) بت شکنی کا عمل یا بت شکنوں کے عقائد ۔

Iconodule/Iconodulist : (n) بتوں کا احترام کرنے والا ۔

Iconodulic : (a) بتوں کے احترام سے متعلق ۔

Iconoduly : (n) بتوں کا احترام ۔

Iconograph : (n) تصویر؛ خاکہ؛ نقاشی ۔

Iconographer : (n) تصویر کش؛ تصویر نگار ۔

Iconographic/ -al : (a) تصویر کشی سے متعلق ۔

Iconography : (n) تصویر کشی؛ تصویر نگاری، مورتی نامہ؛ مجسمہ نگاری ۔

Iconolater : (n) بت پرست ۔

Iconolatry : (n) بت پرستی ۔

Iconologic/- al : (a) علم بتاں سے متعلق؛ تصویریات سے متعلق ۔

Iconologist : (n) ماہر علم بتاں ۔

Iconology : (n) علم بتاں؛ تصویریات ۔

Iconomachy : (n) بت دشمنی؛ تصویر پرستی کی مخالفت ۔

Iconomania : (n) بتوں کو جمع کرنے کا خبط؛ بتوں سے بے حد عقیدت ۔

Iconophile/Iconophilist : (n) بت شناس ۔

Iconophilism/Iconophily : (n) بت شناسی ۔

Iconostasis : (n) وہ پردہ جو عبادت گاہ کے اندرونی حصے کو کلیسا کے بقیہ حصوں سے الگ کرتا ہے اور جس پر شبیہیں لگائی جاتی ہیں ۔

Icos-/ icos-/ icosi-: (prefix) لاحقہ بمعنی "بیس" ۔

Icosacolic : (a) بیس حصوں والا ۔

Icosahedral : (a) بیس سطحوں والا ۔

Icosahedron : (n) (ہندسہ) بیس سطحی؛ بیس سطحی مجسم ۔

Icosander : (n) بست نر پودا -

Icosandria : (n) بست نر پودے؛ بست نراں -

Icosandrian/Icosandrous : (a) بست نر پودوں سے متعلق -

Icosasemic : (a) بست ھجائی -

Icosian : (a) بیس سے متعلق -

Icositetrahedron : (n) (ھندسہ اور قلمیات) چوبیس سطحی مجسم -

Icotype : (n) جنس جو صاف طور پر پہچانی جا سکے لیکن جس کا تفصیلی بیان ممکن نہ ہو -

- ics : (suffix) لاحقہ - اسماء جو ic - پر ختم ہوتے ہیں حسب ذیل شکلوں میں قائم مقامی کرتے ہیں ic - پر ختم ہونے والے صفات سے بنائے ہوئے اسماء کی جمع ics - پر ختم ہوتے ہیں - مثلاً physics, dynamics وغیرہ -

Icteric : (a) (۱) یرقانی؛ یرقان سے متعلق؛ یرقان میں مبتلا - (۲) دافع یرقان -

Icteric : (n) (۱) یرقان میں مبتلا شخص - (۲) یرقان کی دوا -

Icterine : (a) (حیوانیات) (۱) زردی مائل - (۲) امریکی پرندوں کی ایک جنس سے متعلق -

Icteritious : (a) یرقانی زرد؛ زرد رنگ؛ یرقان زدہ؛ مریض یرقان -

Icteroid : (a) یرقان سے مشابہ؛ یرقان صفت -

Icterus : (n) (۱) (مرضیات) زرد - (۲) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتے زرد ہو جاتے ہیں - (۳) امریکی پرندوں کی ایک جنس -

Ictus : (n) (۱) زور جو مصرعے کے کسی ٹکڑے پر دیا جائے - (۲) نبض کی رفتار - (۳) لُو -

Ictus solis : (n) لُو -

Icy : (a) (۱) برفانی؛ برفدار؛ برف سے پٹا ہوا - (۲) ٹھنڈا برف؛ بہت سرد؛ برف جیسا سرد - (۳) سرد مہر؛ بے رخ -

Id : (n) (۱) (حسیات) حیات پارہ؛ مایہ پارہ؛ ایچ مائے کا کا پیمانہ - (۲) (نفسیات) این؛ ذات؛ فرد کی جبلی حرکت ارادی؛ اڈ -

- id : (suffix) لاحقہ افعال سے صفات بنانے کیلئے مثلاً morbid, fluid وغیرہ -

- id : (suffix) (لاحقہ) لاطینی سے اخذ کئے ہوئے اسماء خصوصاً نباتیاتی اصطلاحات میں مثلاً orchid -

- id : (suffix) (لاحقہ) (حیوانیات) اسماء اور صفات کے آخر میں مثلاً Arachnid, Arneid -

- id : (suffix) ide کے قدیم ہجے -

Id est : (adv.) یعنی ؛ اعنی -

- idan : (suffix) (لاحقہ) (حیوانیات) بہ معنی "متعلق بہ" -

Idant : (n) لونیہ؛ اڈانٹ -

Ide : (n) شمالی یورپ کی ایک دریائی مچھلی -

Ide: (قدیم روما) مارچ ، مئی، جولائی اور اکتوبر کی پندرھویں تاریخ اور دوسرے مہینوں کی تیرھویں تاریخ -

- ide : (suffix) (لاحقہ) (کیمیا) دو عنصروں کے مرکبوں کے نام کے آخر میں مثلاً Oxide, bromide -

Idea : (n) (۱) مثال؛ تصویر - (۲) عین؛ مثال؛ اشیاء کی اصل جو عالم مثال میں موجود ہے جس کی ناقص نقلیں اس دنیا میں نظر آتی ہیں - (۳) ذہنی خاکہ ؛ منصوبہ ؛ تجویز - (٤) خیال؛ تصور؛ فکر - (٥) طرز خیال - (٦) گمان؛ وہم - (۷) (ڈیکارٹ اور لاک) جو شے

بلاواسطہ معروض فکر و ادراک ہوتی ہے ؛ ادراک۔ (۸) (کانٹ) کامل تصور۔ (۹) (ہیگل) حقیقت مطلق ؛ مطلق۔ (۱۰) (موسیقی) موضوع۔

In idea : خیال میں؛ وہم میں۔

he big idea : (امر یکا) تجو یز؛ اسکیم (عموماً طنزاً)۔

The idea : (ہیگل کے فلسفے میں) حقیقت مطلق۔

Idea'd/Ideaed : (a) تصوری؛ با تصور۔

Idea man/-ideamonger : (n) وہ شخص جو نئے نئے تصورات کا حامل ہو ؛ افکار گر۔

Ideal : (a) (۱) معیاری؛ عینی؛ مثالی؛ کامل۔ (۲) تصوری؛ فکری۔ (۳) وہمی؛ خیالی۔

Ideal : (n) عین؛ معیار؛ نصب العین؛ مطمح نظر۔

Idealess : (a) بے تصور۔

Impeachment : (n) مواخذہ؛ الزام؛ اعتراض؛ شبہ؛ حملہ (سیرت وغیرہ پر)؛ بغاوت وغیرہ کا الزام اور اس کا مقدمہ؛ تعصب؛

Impedienta : (n) مزاحم؛ (فوٹوگرافی) اسباب؛ سامان سفر ۔

Impedimental : (a) روکنے والا؛ مزاحم؛ مزاحمت کا ۔

Impel : (v) (۱) ریلنا؛ ٹھیلنا؛ چلانا ۔ (۲) اکسانا؛ برانگیختہ کرنا ۔

Impellent : (a) اکسانے والا؛ محرک ۔

Impellent : (n) اکسانے والا؛ محرک؛ قوت محرکہ ۔

Impeller : (n) ٹھیلنے والا؛ اکسانے والا؛ برانگیختہ کرنے والا ۔

Impend : (v) (۱) آویزاں ہونا؛ معلق ہونا؛ لٹکنا ۔
(۲) (خطرے وغیرہ کا) منڈلانا ۔
(۳) قریب الوقوع ہونا؛ قریب ہونا؛ نزدیک ہونا ۔

Impendence : (n) دیکھو Imminence

Impendency : (n) آویزاں ہونا؛سر پر منڈلانا؛ فوری خطرہ ۔

Impending : (a) قریب الوقوع ۔

Impenetrability : (n) ناقابل دخول ہونا؛ ناقابل گزر ہونا؛ ٹھوس پن؛ ٹھس پن؛ غیر متداخل ہونا؛ دخول ناپذیری ۔

Impenetrable : (a) (۱) ناقابل دخول؛مانع دخول؛ ناقابل گزر ۔
(۲) نہایت گہرا؛ فہم و ادراک سے باہر؛ اتھاہ ۔
(۳) جو (خیالات وغیرہ) قبول یا جذب نہ کر سکے؛ ٹھس ۔ (٤) غیر متداخل؛ جس میں ایک ہی وقت میں اور ایک ہی جگہ دو جسم داخل نہ ہو سکیں؛ دخول نا پذیر ۔

Impenerableness : (n) دیکھو Impenetrability

Impenetrably : (adv) بہت گہرائی کے ساتھ؛ ناقابل فہم طور پر؛ ناقابل گزر یا ٹھوس پن سے ۔

Impenetrate : (v) گھس جانا؛ بہت گہرا اتر جانا؛ دور تک داخل ہو جانا ۔

Impenitence : (n) عدم ندامت؛ کٹر پن؛ ضدی پن؛ سنگدلی ۔

Impenitency : (n) دیکھو Impenitence

Impenitent : (a & n) کٹر؛ اپنی کئی پر نادم نہ ہونے والا؛ توبہ نہ کرنے والا؛ ضدی؛ ناپشیماں ۔

Impenitently : (adv) کٹر پن سے؛ شقاوت سے ۔

Impennate : (a) بے بازو؛ بے بال و پر ۔

Impennate : (n) بے بال و پر پرند ۔

Impeople : (v) دیکھو Empeople

Imperatival : (a) صیغہ امر کا؛ لازمی ۔

Imperative : (a) (۱) (صرف و نحو) صیغہ امر کا ۔
(۲) تحکم آمیز؛ تحکمانہ؛ قطعی؛ نادری ۔
(۳) نہایت اہم؛ نہایت ضروری ۔ (٤) لازمی؛ جبری ۔

Imperative : (n) (۱) (صرف و نحو) صیغہ امر ۔
(۲) حکم محکمانہ عمل؛ تقریروغیرہ ۔

Imperatively : (adv) قطعاً؛ حکماً؛ لازماً ۔

Imperativeness : (n) لزوم؛ اہمیت؛ تحکم؛ قطعیت ۔

Imperator : (n) (۱) (تاریخ روما) میرعسکر؛ قائد؛ فاتح سپہ سالار کا خطاب ۔ (۲) شہنشاہ؛ حکمراں؛ امیر؛ امپرا طور؛ امر مطلق ۔

Imperatorial : (a) قائد کا؛ امپرا طواری ۔

Imperatorially : (adv) قائد کی طرح؛ امپرا طور کی حیثیت سے ۔

Imperatorin : (n) (Also imperatrin) سنبل خطائی یا جنگلی گاجر کی جڑوں میں پایا جانے والا ایک بے تاثیر مادہ ۔

Imperatorship : (n) امپرا طور کا عہدہ ۔

Imperceptibility : (n) غیر محسوسیت؛ ناقابل ادراک ہونا ۔

Imperceptible : (a) (۱) ناقابل ادراک ۔
(۲) غیر محسوس؛ خفی؛ باریک؛ خیف سا ۔

Imperceptible : (n) غیر محسوس شے؛ ناقابل ادراک چیز ۔

Imperceptibleness : (n) ناقابل ادراک ہونا؛ غیرمحسوس ہونا یا غیر محسوسیت ۔

Imperceptibly : (adv) غیر محسوس طور پر؛ بتدریج ۔

Imperception : (n) عدم احساس؛ ادراک کا فقدان ۔

Imperceptie : (a) بے ادراک؛ غیر مدرک؛ قوت مدرکہ سے خالی؛ غیر ادراکی؛ بے احساس؛ کند ذہن ۔

Imperceptiveness : (n) بے احساس ہونا؛ بے ادراک ہونا ۔

Imperceptivity : (n) غیر ادراکی ہونا ۔

Impercipience : (n) قوت مدرکہ کی کمی ۔

Impercipient : (a & n) قوت مدرکہ سے عاری؛ غیر مدرک؛ بے ادراک ۔

Imperence : (n) بےحیائی؛ بے شرمی؛بے غیرتی؛ دیدہ دلیری؛ بے حجابی ۔

Imperent : (a) (۱) شوخ؛ ڈھیٹ؛ دیدہ دلیر ۔(۲) بے شرم؛ بے حیا؛ بے غیرت ۔ (۳) گستاخ؛ بد تمیز؛ بد تہذیب ۔

Imperfect : (a) [ME. 'inperfit.'] (۱) نامکمل؛ غیر مکمل؛ ناتمام؛ ادھورا ۔ (۲) ناقص؛ خام ۔(۳) ماضی ناتمام کا؛ استمراری ۔ (٤) (نباتیات) ادھورا ۔
(٥) (موسیقی) سادہ ۔

Imperfect : (n) ماضی ناتمام یا حال (جس کا فعل تمام نہ ہوا ہو) ۔

Imperfect cadence : (n) ناتمام آہنگ ۔

Imperfect Concerd/Consonance : (n) سوم کبیر اور ششم صغیر کانام ۔

Imperfect flower : (n) ادھورا پھول ۔

Imperfect number : (n) عدد ناقص ۔

Imperfect trusts : (n) نامکمل / ادھورا اوقاف ۔

Imperfectibility : (n) تکمیل ناپذیری ۔

Imperfectible : (a) تکمیل نا پذیر ۔

Imperfection : (n) (۱) ناتمامی؛ ادھورا پن؛ عدم تکمیل ۔
(۲) ناقص ہونا؛ نقص؛ عیب؛ کمی؛ خامی ۔

Imperfective : (a) ماضی ناتمام کا ۔

Imperfectly : (adv) ناقص طور پر؛ نا مکمل طور پر ۔

Imperfectness : (n) عدم تکمیل ۔

Imperforable : (a) جس میں سوراخ نہ ہو سکے ۔

Imperforate : (a) (۱) بےسوراخ؛ بے منہ(سوراخ)کا؛ بالکل بند ۔
(۲) (حیوانیات)بے ثقبات؛ (طب) غیر مثقوب ۔

Imperforated : (a) دیکھو Imperforate

Imperforation : (n) بے سوراخ ہونا ۔

Imperial : (a) (۱) سلطنت کے متعلق؛ شہنشاہی کے متعلق ۔
(۲) خسروی؛ شہنشاہی؛ سلطانی؛ سامراجی ۔
(۳) قاہر؛ پُر سطوت؛ پر جلال ۔ (٤) اعلی؛ اعظم ۔
(٥) پر حشم؛ پر شوکت ۔ (٦) ۲۲×۳۲ انچ کا (کاغذ) ۔
(۷) برطانیہ کے متعلق (نوآبادیات وغیرہ کو چھوڑ کر)
(۸) اعلی درجے کا ۔ (۹) (باٹ، پیمانش وغیرہ) برطانوی قانونی معیار کا ۔

Imperial : (n) (۱) شہنشاہ کا حامیؔ/ہمنوا خصوصاً (۱۶۰۰-۱۸۰۰ء) المانی شہنشاہ کا ۔ (۲) حضرت سلطانی ۔ (۳) ایک قسم کا صندوق؛ سفری ٹرنک ۔ (٤) ریش بچہ ۔ (٥) روس کا طلائی سکہ جس کی قیمت ۱۵ روبل طلائی تھی ۔ (٦) مخصوص سائز اور قسم کی چیزوں کا تجارتی نام؛ غیرمعمولی سائز کی یا عمدہ چیز ۔

Imperial blue : (n) ایک قسم کا نیلارنگ ۔

Imperial city : (n) (۱)دارالسلطنت؛ خود مختار شہر ۔ (۲) قدیم المانی شہنشاہیت کا کوئی شہر ۔

Imperial drink : (n) شاہاب؛ شاہی مشروب؛ ایک مشروب جو طرطیر اور لیموں سے بنایا جاتا ہے ۔

Imperial preference : (n) شاہی ترجیح؛ سامراجی ترجیح ۔

Imperial yellow :(n) ایک قسم کا زرد چینی برتن ۔

Imperialism : (n) (۱) شہنشاہی؛ (نظام حکومت) شہنشاہیت؛ سامراجیت ۔ (۲) توسیع سلطنت کی پالیسی؛ شہنشاہیت کی پالیسی ۔(۳) شہنشاہی حکومت کی حمایت؛ شہنشاہیت پسندی ۔

Imperialist : (n) (۱) شہنشاہ کا ہمنوا/ ہمخیال/ حامی خصوصاً (۱۶۰۰-۱۸۰۰ء) المانی شہنشاہ کا ۔ (۲) شہنشاہی حکومت کا حامی ۔ (۳) شہنشاہیت پسند؛ شہنشاہی ۔

Imperialistic : (a) شہنشاہیت پسند؛ شہنشاہی ۔

Imperialistically : (adv) شہنشاہیت کے طور پر ۔

Imperiality : (n) (مزاحاً) حضرت سلطانی ۔

Imperialize : (v) سامراجی بنانا؛ شہنشاہی نظام کے تحت لانا ۔

Imperially : (adv) شاہانہ طور پر؛ شان و شوکت سے؛ سطوت سے؛ شاہی نظام حکومت کے مطابق ۔

Imperially crowned : (a) (نقابت)شہنشاہی تاج کے ساتھ (مارکہ) ۔

Imperil/Emperil : (v) خطرے میں ڈالنا؛ جوکھم میں ڈالنا ۔

Imperilled/ -/-led : (a) خطرے یا جوکھم میں ڈالا ہوا ۔

Imperilment : (n) خطرے یا جوکھم میں ڈالا جانا ۔

Imperious : (a) (۱) تحکم پسند؛ تحکمانہ ۔ (۲) لازمی؛ تاکیدی؛جبری؛ قطعی؛ ناد ری ۔

Imperiously : (adv) تحکم سے؛ لازمی طور پر ۔

Imperiousness : (n) تحکم پسندی؛ لازمی یا قطعی ہونا ۔

Imperishability : (n) غیرفانی یا لازوال ہونا ۔

Imperishable : (a) غیرفانی؛ لازوال؛ امر ؛ امٹ؛ جو خراب نہ ہو؛ جو سڑے نہیں ۔

Imperishableness : (n) دیکھو Imperishability

Imperishably : (adv) ہمیشہ؛ ہمیشہ کے لئے ؛ لازوال طور پر ۔

Imperiumm : (n) (۱) خود مختار قوت؛ مطلق العنان حکومت ۔ (۲)سلطنت؛ شہنشاہی ۔

Imperium in imperio : (n) سلطنت د ر سلطنت ۔

Impermanence/Impermanency : (n) عدم استقلال؛ غیر مستقل ہونا ۔

Impermanent : (a) غیر مستقل ۔

Impermeability : (n) ٹھوس پن؛ غیر نفوذ پذیری ۔

Impereable : (a) غیر نفوذ پذیر؛ ٹھوس ۔

Impermeableness : (n) دیکھو Impermeability

Impermeably : (adv) غیر نفوذی حالت میں ۔

Impermissible : (a) ناجائز؛ ناروا؛ ناقابل منظوری ۔

Imperscriptible : (a) غیر مستند؛ جس کی تائید میں کوئی تحریری سند نہ ہو ۔

Impersonable : (a) غیروجیہ ۔

Impersonal : (a) (۱) (صرف و نحو) صیغہ واحد غائب میں استعمال ہونے والا ۔(۲)لاشخص ۔ (۳) غیر ذاتی ۔

Impersonal : (n) وہ فعل جو صرف صیغہ واحد غائب میں استعمال ہوتا ہے ۔

Impersonality : (n) لاشخصیت ۔

Impersonalization : (n) لاشخصی بنانا ۔

Impersonalize : (v) لاشخصی بنانا ۔

Impersonally : (adv) لاشخصی طور پر ۔

Impersonate : (v) (۱) مجسم قرار دینا؛ شخص قرار دینا ۔ (۲) کوئی دوسرا شخص بننا؛ کسی دوسرے کی شخصیت اختیار کرنا تلبیس شخصی کرنا ۔ (۳) روپ بھرنا؛ پارٹ کرنا ۔

Impersonate : (a) مشخص؛ مجسم ۔

Impersonation : (n) (۱) مجسم قرار دینا؛ تبدیل ہیئت کا ۔ (۲) کسی کردار کا پارٹ یا روپ؛ تلبیس شخصی ۔

Impersonator : (n) کسی دوسرے کی شکل بنانے والا؛ روپ بھرنے والا؛ بہروپیا ۔

Impersonification : (n) تجیسم ۔

Impersonify : (v) مجسم بنانا؛ تمثل کرنا ۔

Imperspicuity : (n) اغلاق؛ ابہام؛ غیرواضح ہونا ۔

Impersuadable : (a) ترغیب ناپذیر؛ تشویق ناپذیر؛ جس کو راغب یا مائل نہ کیا جاسکے ۔

Impersuadableness : (n) ترغیب ناپذیری؛ تشویق ناپذیری ۔

Impertinence : (n) (۱) گستاخی؛ بے ادبی؛ شوخی ۔ (۲) بے محل یا بے تعلق ۔ (۳) بے جا مداخلت ۔

Impertinence : (v) گستاخی کرنا؛ بے ادبی کرنا ۔

Impertinency : (n) دیکھو Impertinence

Impertinent : (a) (۱) بے ہودہ؛ بے ادب؛ بدتمیز؛ گستاخ؛ شوخ ۔ (۲) بے محل؛ بے موقع ۔ (۳) خارج ازبحث؛ بے تعلق؛ بےربط ۔

Impertinent : (n) گستاخ؛ شوخ ۔

Impertinently : (adv) گستاخی سے؛ بےمحل ۔

Impertinentness : (n) دیکھو Impertinence

Imperturbability : (n) سکون؛ اطمینان ۔

Imperturbable : (a) پر سکون؛ پر اطمینان ۔

Imperturbableness : (n) دیکھو Imperturbability

Imperturbably : (adv) سکون سے؛ اطمینان سے ۔

Imperturbation : (n) سکون؛ اطمینان ۔

Imperturbed : (a) پرسکون؛ پر اطمینان ۔

Imperviability : (n) نفوذ ناپذیری ۔

Imperviable : (a) نفوذ ناپذیر؛ غیر اثر پذیر ۔

Imperviableness : (n) دیکھو Impervicbility

Impervious : (a) (۱) غیر نفوذ پذیر؛ نفوذ ناپذیر؛ ناگزار ۔ (۲) غیر اثر پذیر ۔

Imperviously : (adv) نفوذ ناپذیری سے ۔

Imperviousness : (n) نفوذ نا پذیری؛ غیراثپذیری ۔

Impest : (v) وبا پھیلنا ۔

Impestation : (n) وبا پھیلنا ۔

Impeticos : (v) زیر جامہ پہنانا ۔

Impetiginous : (a) حَصَفہ سے متعلق؛ حَصَفہ کا مریض؛ حَصَفہ سا؛ خشک خارش سے متعلق ۔

Impetigo : (n) (Pl. 'impetigines) جلد کی ایک بیماری جس میں پھنسیاں نکلتی ہیں؛ حَصَفہ؛ خشک خارش ۔

Impetrate : (v) (دینیات) التجا کر کے حاصل کرنا ۔

Impetratory : (a) التجا سے حاصل کرنے کی نوعیت کا ۔

Impetration : (n) (۱) التجا سے حاصل کرنا ۔
(۲) (عدالت کا حکمنامہ) حاصل کرنا ۔
(۳) التجا؛ درخواست ۔

Impetuosity : (n) تندی؛ تیزی؛ جوش ۔

Impetuous : (a) (۱) تند؛ تیز؛ پر جوش ۔(۲) آندھی کی طرح کام کرنے والا؛ زود عمل؛ جلد باز؛ تیز مزاج؛ تند خو ۔

Impetuously : (adv) تیزی سے؛ جلد بازی سے ۔

Impetuousness : (n) تیز مزاجی؛ تند خوئی ۔

Impetus : (n) (۱) قوت رفتار؛ رفتار کا زور ۔
(۲) (استعارتاً) قوت محرکہ؛ زور؛ محرک ۔
(۳) (گولہ اندازی) گولی کی ابتدائی رفتار کی وجہ سے حاصل کی ہوئی اونچائی ۔

Impeyan/Impeian : (n) ایک قسم کا تیتر جس کے سر پر کلغی اور چمکدار پر ہوتے ہیں جو جزائر شرق الہند میں پایا جاتا ہے ۔

Impeyan/Ipeian : (a) جزائر شرق الہند کے کلغی دار تیتر سے متعلق ۔

Imphee : (n) گنّے کی ایک نوع ۔

Impi : (n) افریقہ کی کافر قوم کے سپاہیوں کا ایک دستہ ۔

Impicture/Epicture : (v) تصویر کھینچنا؛ شبیہہ بنانا ۔

Impiety : (n) (۱) بے دینی؛ نا پرہیزگاری؛ عدم اتقا؛ فسق؛ بداعمالی ۔(۲) بے ادبی؛ بے عقیدتی؛ سوئے عقیدت ۔

Imping : (n) (۱) پھیلانا؛ وسیع کرنا؛ کمی کو پورا کرنا ۔
(۲) باز کے بازوؤں کے پروں کی پیوند کاری کرنا ۔

Impinge : (v) (۱) تصادم ہونا؛ ٹکّر لگنا ۔
(۲) ایک چیز کو دوسری چیز سے ٹکرانا ۔
(۳) مداخلت کرنا؛ خلاف ورزی کرنا ۔

Impingement : (n) (۱) تصادم؛ ٹکّر؛ صدمہ ۔
(۲) مداخلت؛ خلاف ورزی ۔

Impious : (a) بے دین؛ ناپرہیزگار؛ بے ادب؛ بے عقیدت؛ بداعمال ۔

Impiously : (adv) بے دینی سے؛ بداعمالی سے ۔

Impiousness : (n) لادینیت؛ بداعمالی؛ بے ادبی؛ بے عقیدت مندی ۔

Impish : (a) شیطان؛ شریر بچے کی طرح ۔

Impishly : (adv) شرارت سے؛ شیطنت سے ۔

Impishness : (n) شرارت؛ شیطنت ۔

Impiteous : (a) بے رحم؛ بے درد؛ بے رحمانہ؛ بے دردانہ ۔

Implacability : (n) بے رحمی؛ سنگدلی؛ کٹّرپن ۔

Implacable : (a) جس کو تسکین نہ دی جا سکے؛ سخت؛ کٹّر ۔

Implacableness : (n) دیکھو Implacability

Implacably : (adv) سنگدلی سے؛ کٹر پن سے ۔

Implacement : (a) دیکھو Emplacement

Implacental (n) بے مشیمہ پستان دار جانور ۔

Implacental/Iplacentate : (a) (حیوانیات) بے آنول؛ بے مشیمہ ۔

Implant : (v) (۱) نصب کرنا؛ گاڑنا ۔ (۲) ذہن نشیں کرنا؛ نقش کرنا ۔(۳) بونا؛ لگانا(درخت وغیرہ کا) ۔ (٤) (طب) جسم میں داخل کرنا ۔

Implanter : (n) نصب کرنے والا؛لگانےوالا؛ بونے والا ۔

Implantation : (n) (۱)نصب کرنا؛ لگانا ۔ (۲) مصنوعی دانت لگانا ۔ (۳) خلیوں کا خود بخود منتقل ہونا ۔

Implastic : (a) جو آسانی سے ڈھل نہ سکے؛ سخت ۔

Implausibility :(n) ناقابل یقین یا اعتماد ہونا ۔

Implausible : (a) ناقابل یقین؛ ناقابل اعتماد ۔

Implausibleness : (n) دیکھو Implausibility

Implausibly : (adv) ناقابل یقین طور پر ۔

Impleach : (v) بُننا؛ بٹ دینا ؛ گوندھنا ۔

Implead : (v) (۱) (کسی پر) مقدمہ کرنا ۔ (۲) (ایک وقتی لفظ) سفارش کرنا؛ التجا کرنا ۔

Impledge : (v) گروی رکھنا؛ گرورکھنا؛ رہن رکھنا؛ مکفول کرنا ۔

Implement : (n) (۱)گھرکےاسباب وغیرہ میں کوئی شے؛ رخت ۔ (۲) (جمع) سازوسامان؛ اسباب ۔ (۳) (جمع) اوزار؛ آلات ۔ (٤) (اسکا چستانی قانون) تکمیل؛ انجام دہی؛ تعمیل (معاہدہ وغیرہ) ۔

Implement : (v) (۱)تعمیل کرنا؛ تکمیل کرنا(معاہدہ وغیرہ) ۔ (۲) پُرکرنا؛ بھرنا؛ مکمل کرنا ۔

Implemental : (a) قابل تکمیل؛ قابل تعمیل ۔

Implementation : (n) پر کرنا؛ بھرنا ۔

Implementer / Implentor : (n) بھرنے والا؛ پُرکرنے والا ۔

Implete : (v) بھرنا؛ پُر کرنا ۔

Impletion : (n) (۱) بھرنا؛ پُرکرنا ۔ (۲) بھرا ہونا؛ پُر ہونا ۔

Impliable : (a) جس سے نتیجہ اخذ کیا جا سکے ۔

Implicate : (a) الجھا ہوا؛ لپیٹاہوا؛ پیچ در پیچ ۔

Implicate : (n) ضمنی مفہوم؛ نتیجہ؛(بات کا) پہلو؛ منشا ۔

Implicate : (v) (۱) الجھانا؛ لپیٹنا ۔ (۲) معنی نکلنا؛ پہلو نکلنا؛ نتیجہ نکلنا ۔ (۳) ماخوذ کرنا؛ پھانسنا؛ لپیٹ لینا ۔

Implication : (n) (۱) الجھاؤ ؛ پیچ؛ لپیٹ؛ ماخوذ کرنا یا ہونا ۔ (۲) پہلو؛ کنایہ؛ اشارہ ؛ منشا؛ مراد؛ مفہوم؛ نتیجہ ۔

By implication : نتیجتاً

Implicative : (a) نتیجہ خیز؛ پہلودار بات؛ دلالت کرنے والی ۔

Implicit : (a) (۱) مقدر؛ جس کی طرف اشارہ ہو مگر صاف الفاظ میں ذکر نہ ہو ۔ (۲) مضمر ۔ (۳)مستند؛مسلم ؛ بے شبہ ۔

Implicitly : (adv.) بالکنایہ ۔

Implicitness : (n) مقدر ہونا؛ مضمر ہونا ۔

Implied : (a) مضمر؛ متصور؛ مفہوم ۔

Implied contract : (n) مضمر معاہدہ ۔

Impliedly : (adv) اشارتاً؛ کنایتاً؛ بالکنایہ ۔

Implode : (v) (۱) اندر کی طرف پھٹنا ۔
(۲) (لسانیات) درکشیدگی کےذریعہ تلفظ کرنا ۔

Implodent : (n) درکشید آواز ۔

Imploration : (n) منت؛ التجا؛ درخواست؛ التماس ۔

Implore : (v) بہ منت چاھنا؛ مانگنا؛ درخواست کرنا ۔

Imploringly : (adv) التجا سے؛ منت سے ۔

Imploringness : (n) عاجزی؛ منت و سماجت ۔

Implosion : (n) (۱) اندر کی طرف پھٹنا؛ درانفجار ۔
(۲) (لسانیات) درکشیدگی ۔

Implosive : (a & n) درکشیدہ؛ درکشیدہ آواز ۔

Impluvium : (n) (قدیم روما) حوض باراں؛ حوض جس میں چھت کے کھلے ھوئے حصے سے بارش کا پانی گرے ۔

Imply : (v) (۱) دلالت کرنا؛ نتیجہ نکلنا ۔ (۲) مفہوم ھونا؛ مراد ھونا ۔ (۳) اشارہ کرنا؛ پہلو نکلنا ۔

Impocket/Empocket : (v) جیب میں رکھنا ۔

Impolder : (v) آب برآمد کرنا؛ سمندر سے نکلنا ۔

Impolicy : (n) (۱) ناقص تدبیر؛ غلط طرزعمل؛ سرسری تدبیر ۔
(۲)خلاف مصلحت ھونا؛ نامناسب ھونا؛ مضر ھونا ۔

Impolite : (a) کج خُلق؛ بد تہذیب؛ بدتمیز؛ نا شائستہ ؛ نامعقول ۔

Impolitey : (adv.) ناشائستگی سے ؛ بد تہذیبی سے؛ کج خلقی سے ۔

Impoliteness : (n) کج خلقی؛ بد تہذیبی؛ بد تمیزی ۔

Impolitic : (a) (۱) خلاف مصلحت؛ نامناسب؛ مُضر ۔
(۲)کوتاہ اندیش؛ ناعاقبت اندیش؛ بےتدبیر ۔

Impoliticaly/Impolitically : (adv) کوتاہ اندیشی سے؛ خلاف مصلحت؛ سوئے تدبیر سے ۔

Impoliticness : (n) دیکھو Impolicy

Imponderability : (n) بے وزنی؛ ھلکاپن؛ غیرمادیت ۔

Imponderable : (a) (۱) (طبیعیات) بے ثقل؛ بےوزن ۔
(۲) بہت ھلکا؛ سبک ۔ (۳) غیر مادی ۔

Imponderable : (n) بے وزن شے؛ ھلکی یا غیر مادّی شے ۔

Imponderableness : (n) بے وزن ھونا؛ بہت ھلکاھونا؛ غیرمادی ھونا ۔

Imponderably : (adv) بغیر وزن کے ۔

Imponent : (a & n) عائد کرنے والا(فرض وغیرہ) ۔

Import : (n) (۱)معنی؛ مفہوم؛ مطلب ۔ (۲) اھمیت ۔
(۳) (جمع) اشیائے درآمد ۔ (٤) درآمد؛ داخلہ ۔

Import : (v) (۱) درآمد کرنا؛ باھر سےلانا؛ ملک میں داخل کرنا ۔ (۲) دلالت کرنا؛ مفہوم رکھنا؛ ظاھر کرنا ۔ (۳) اظہار کرنا؛ خبر دینا ؛ بتانا ۔
(٤) اھمیت رکھنا؛ اھم ھونا ۔ (٥) سروکار رکھنا ۔

Importability : (n) قابل درآمدگی؛ قابل درآمد ھونا ۔

Importable : (a) قابل درآمد ۔

Importance : (n) (۱) اھمیت؛ قدر و قیمت؛ پایہ؛ وزن؛ بوجھ؛ قدرو منزلت ؛ رتبہ؛ وقار ۔ (۲) ذاتی اھمیت ۔

Important : (a) (۱) اھم؛ضروری؛ وقیع؛ بہت بڑا ۔
(۲) تشخص مآب؛ خودپسند ۔

Importantly : (adv) اھمیت سے؛ خودپسندی سے ۔

Importation : (n) (۱) درآمد؛ باھر سے لانا ۔
(۲) درآمد کی ھوئی اشیاء ۔

Importer : (n) درآمد کرنے والا؛ باہر سے مال لانے والا؛ داخل کرنے والا ؛ درآمدکار ۔

Importing : (a) درآمد کرنے والا ۔

Imports : (n) درآمدات ۔

Importunacy : (n) سخت اصرار؛ چھچڑپن؛ ابرام ۔

Importunate : (a) (۱)مبرم؛ سخت اصرار کرنے والا؛پیچھے پڑنے والا؛ چم چچڑ؛ چمٹو ۔ (۲)نہایت ضروری ۔

Importunate : (v) سخت اصرارکرنا؛ پیچھے پڑجانا ۔

Importunately : (adv) سخت اصرار سے؛ چم چچڑ پن سے ۔

Importunateness : (n) چم چچڑپن؛ پیچھے پڑ جانا ؛ اصرار۔

Importunator : (n) مصر؛ پیچھے پڑ جانے والا ۔

Importune : (a) بےحد مصر ۔

Importune : (v) سخت اصرار کرنا؛ پیچھے پڑجانا ۔

Importunely : (adv) بےحد اصرار سے ۔

Importuner : (n) بے حد مصر ۔

Importunity : (n) دیکھو Importunacy

Impose : (v) (۱)کسی شے پر رکھنا؛ اوپررکھنا ۔ (۲)(طباعت) [ٹائپ کے صفحات کو] ترتیب کے ساتھ رکھنا اور فرمے میں جمانا ۔(۳) لگانا؛ عائدکرنا؛ مقرر کرنا ۔ (٤)(کوئی چیز کسی کے) گلے منڈھنا؛سر ڈالنا ۔ (٥) مرعوب کرنا ۔ (٦)(کلیسا) دعا دیتے ہوئے سر پر ھاتھ رکھنا ۔ (۷خطاب دینا ۔ (۸)دھوکادینا؛ چکما دینا ۔

To impose upon : ٹھگنا؛ چکمادینا؛ آنکھوں میں خاک ڈالنا ۔

Imposer : (n) (ٹائپ کے صفحات کو) ترتیب کے ساتھ رکھنے اور جمانے والا ۔

Imposing : (n) (۱) عائد کرنا؛ لگانا ۔ (۲) (طباعت) ٹائپ کے صفحات کو فرمے میں جمانا ۔

Imposing : (a) (۱) زبردستی کرنے والا؛ زبردست ۔ (۲) بارعب ۔ (۳) دھوکےباز؛ چکما دینے والا ۔

Imposing slab/Imposing stone : (n) پتھر یا دھات کا ٹکڑاجس پر ٹائپ کے صفحات کو جمایا جاتا ھے ۔

Imposingly : (adv) مرعوب کرتے ھوئے ۔

Imposingness : (n) رعب دار ھونا ۔

Imposition : (n) (۱) لگانا ؛ عائد کرنا ۔ (۲) (کلیسا) رسموں‌میں سرپرھاتھ رکھنا ۔ (۳) محصول؛ لگان؛ ٹیکس ۔ (٤) دھوکا؛ ٹھگنا؛ ٹھگی ۔ (٥) وہ کام جو اسکول میں سزا کے طور پر دیا جاتا ھے؛ تعزیری کام ۔ (٦) (طباعت) صفحہ بندی ۔

Impositor : (n) صفحہ بند ۔

Impossibilism : (n) (۱) ناقابل حصول مقصد کی حمایت ۔ (۲) ناقابل حصول سیاسی منصوبہ یا مقصد ۔

Impossibilist : (n) ناقابل حصول مقصد کا حامی ۔

Impossibilist : (a) ناقابل حصول مقصد یا اسکی حمایت سے متعلق ۔

Impossibility : (n) (۱) ناممکن ھونا؛ عدم امکان ۔ (۲) امر محال ۔

Impossible : (a) (۱) ناممکن؛ محال؛ انھونی ۔ (۲) غیرآسان؛ مشکل ۔ (۳) ناقابل قبول ۔

Impossibly : (adv.) ناممکن طور پر ۔

Impost : (n) (۱)محصول؛ ٹیکس؛ لگان؛ چُنگی ؛ خراج؛ باج ۔ (۲)(گھوڑدوڑ کی اصطلاح) زائد بوجھ جوکمزور گھوڑے کومساوی موقع دینے کے لئے قوی گھوڑے پر رکھا جائے؛ مزید وزن۔

Impost : (n) (۱) ستون کا وہ حصہ جس پر محراب قائم ہوتی ہے؛ ستون کی کگر ۔ (۲)داسا (محراب کا)۔

Imposthume : (n) (۱) پھوڑا؛ دنبل؛ دُمّل جرکین ۔ (۲) (مجازاً) پھوڑا ۔

Impostor : (n) (۱) رنگا سیار؛ بناھوا ۔ (۲) دغاباز؛ ٹھگ؛ مکار؛ عیار؛ فریبی ۔

Impostorous : (a) مکار؛ مکارانہ؛ دغاباز؛ دغابازی کا ۔

Impostorship : (n) مکاری؛ دغابازی ۔

Impostress : (n) مکار عورت؛ دغابازعورت ۔

Impostrous : (a) مکار؛ مکارانہ؛ عیارانہ؛دغابازی کا؛ فریب کا؛ جعلی ۔

Impostume : (n) دیکھو Imposthume

Imposture : (n) (۱) فریب؛ مکر؛ عیاری؛ دغابازی؛ جعل؛ ٹھگائی ۔ (۲) فریبی؛ مکار؛ عیار؛ دغاباز(شخص) ۔

Impot : (n) (مدرسے کے بچوں کی زبان میں) تعزیری کام ۔

Impotable : (a) جو پینے کے لائق نہ ہو ۔

Impotence : (n) (۱) کمزوری؛ مجبوری؛ بے بسی ۔ (۲) ضعف؛ معذوری؛ نامردی ۔

Impotency : (n) دیکھو Impotence

Impotent : (a) (۱) کمزور؛ مجبور؛ بے بس؛ بےدست و پا؛ قوت سے محروم ۔ (۲) ضعیف؛ لاچار؛ محروم ۔ (۳) نامرد؛ رجولیت سے محروم ۔

Impotent : (n) کمزور شخص؛ نامردشخص؛ عنّین ۔

Impotently : (adv) کمزوری سے؛ ناتوانی سے؛ نامردی سے ۔

Impound : (v) (۱) مو یشی خانے(کانجی ہاؤس) میں بند کرنا؛ چاردیواری میں بند کر دینا ۔ (۲)باضابطہ قبضہ کرنا؛ باقاعدہ قبضہ لینا ۔ (۳)ضبط کرنا ۔ (٤) پانی کا ذخیرہ کرنا؛ آب پاشی یا سیلاب کی روک تھام کے لئے پانی جمع کرنا ۔

Impound : (n) پانی جمع کرنے کا حوض؛ ذخیرۂ آب ۔

Impounder : (n) مو یشی خانےمیں بند کرنے والا؛ باضابطہ قبضہ کرنے والا؛ ضبط کرنے والا ۔

Impoundment : (n) (۱) مویشی خانے میں بند کرنا یا ہونا ۔ (۲) پانی جوکسی بند وغیرہ کی وجہ سے جمع ہو جائے ۔

Impoverish : (v) (۱) غریب کرنا؛ کنگال کرنا؛ مفلس کرنا؛ قلانچ کرنا؛ قلاش کرنا ۔ (۲) ضعیف کرنا ۔

Impoverished : (a) قلیل؛ قلیل المقدار؛ ناکافی ۔

Impoverisher : (n) کنگال بنانےوالا؛ مفلس بنانے والا ۔

Impoverishment : (n) افلاس؛ غریبی؛ فقر؛ کمزورکرنایا ہونا ۔

Impracticability : (n) ناقابل عمل ہونا؛ ضدی یابےقابو ہونا؛ خراب یا دشوارگزارھونا ۔

Impracticable : (a) (۱) ناممکن العمل؛ ناقابل عمل ۔ (۲) ضدی؛ بے قابو؛ بےڈھب؛ مشکل سے قابو میں آنے والا ۔ (۳) دشوار گزار؛ ناگزار (سڑک وغیرہ) ۔

Impracticableness : (n) دیکھو Impracticability

Impracticably : (adv) ناقابل عمل طور پر؛ ضد سے ۔

Imprecate : (v) (۱) دعا کرنا ۔ (۲) بددعا کرنا ۔

Imprecatingly : (adv) دعا یا بددعا دیتے ہوئے ۔

Imprecation : (n) کوسنا؛ بددعا ۔

Imprecatorily : (adv) بددعا کے طور پر ۔

Imprecatory : (a) کوسنے کی؛ بددعا کی ۔

Impregn : (v) باراور کرنے والا ۔

Impregnate : (v) (۱) حاملہ کرنا؛ گابھن کرنا ۔ (۲) کوٹ کوٹ کر بھرنا؛ رگ وریشہ میں بھر دینا؛ لبریز کر دینا ۔ (۳) حاملہ ہونا ۔ (٤) سمو دینا ۔ (٥) نمایاں طور پر اثر کرنا ۔

Impregnability : (n) ناقابل تسخیرھونا؛ مضبوطی؛ تسخیر ناپذیری ۔

Impregnable : (a) (۱) ناقابل تسخیر؛ جو بزورشمشیر فتح نہ ہو سکے؛ اَجیت ۔ (۲)(مجازاً) نہایت مستحکم یا مضبوط؛ جس پر حملہ نہ ہوسکے ۔

Impregnably : (a) ناقابل تسخیر طورپر ۔

Impregnate : (a) (۱) حاملہ؛ گابھن ۔ (۲) معنی خیز؛ نتیجہ خیز ۔ (۳) مملو؛ پُر؛ ڈوبا ہوا؛ بھرا ہوا؛ معمور؛ لبریز ۔

Impregnant : (a & n) دیکھو Impregn

Impregnation : (n) حمل؛ گابھن ہونا؛ معمور یا لبریز کرنا یا ہونا ۔

Impregnatory : (a) حاملہ کرنے والا؛ بھرنےوالا؛ لبریز کرنے والا ۔

Impreparation : (n) غیرآمادگی؛ غیر مرتب یا نامکمل ہونا؛ تیارنہ ہونا ۔

Impresario : (n) تماشے کا منیجرخصوصاً گانے کے جلسوں کا ۔

Imprescriptible : (a) غیر منفک؛ ناقابل انتقال؛ جو قانوناً ساقط نہ کیا جا سکے ۔

Impress : (n) (۱) ٹھپّا؛ مُہر؛ نقش؛ چھاپا ۔ (۲) (مجازاً) مخصوص علامت یا نشان ۔

Impress : (v) (۱) نقش ثبت کرنا؛ مہر لگانا؛ ٹھپّا لگانا ۔ (۲) ذہن نشیں کرنا؛ دل پر نقش کرنا؛ دل میں بٹھا دینا ۔ بہت متاثر کرنا؛ گہرا اثر ڈالنا ۔ (٤) متحرک کرنا ۔

Impress : (v) (۱) جبراً فوج میں بھرتی کرنا ۔ (۲) مفادعامہ کےلئے ضبط کر لینا (اسباب وغیرہ) ۔ (۳) دلیل کے طور پر استعمال کرنا ۔

Impressed : (a) (نباتیات و حیوانیات) دبا ہوا؛ منقش؛ نشان دار ۔

Impressibility/Impressability : (n) نقش پذیری؛ نقل پذیری ۔

Impressible : (a) نقش پذیر؛ اثر پذیر ۔

Impressibleness : (n) دیکھو Impressibility

Impressibly : (adv) نقش پذیری سے؛ اثر پذیری سے ۔

Impression : (n) (۱) ٹھپا، مُہر وغیرہ لگانا ۔ (۲) نشان؛ نقش؛ چھاپا؛ ٹھپا؛ مُہر ۔ (۳) چھپی ہوئی کتاب ۔ (٤) کتاب وغیرہ کی ایک اشاعت کی کاپیاں؛ اشاعت؛ایڈیشن ۔ (٥) گمان؛ خیال؛ تصور؛ ارتسام ۔ (٦) اثر؛ تاثیر ۔ (۷) (مصوری) رنگ کی پہلی تہہ ۔ (۸) فنکارانہ بیان ۔

Fiery impression : شہاب ثاقب ۔

Under the impression : خیال میں یا اس خیال میں ۔

Impressionability : (n) زوداثر پذیر؛ زود تاثری ۔

Impressionable : (a) جلد متاثر ہونے والا؛ زود اثر پذیر؛ زود تاثر ۔

Impressional : (a) دیکھو Impressionable

Impressionary : (a) اثر پرستانہ؛ اثر پرستی کے متعلق؛ تاثراتی فنکاری سے متعلق ۔

Impressionism : (n) تاثریت؛ اثرپرستی؛ نقاشی کاوہ طرزجس میں جزئیات کی تکمیل پر زورنہیں دیا جاتا ھے بلکہ تصویر کے مجموعی اثر پر؛ تاثراتی فنکاری ۔

Impressionist : (n) معتقد تاثریت؛ تاثریتی؛ تاثراتی فنکار ۔

Impressionistic : (a) دیکھو Impressionary

Impressionistically : (adv) تاثراتی طور پر ۔

Impressive : (n) موثر؛ دل نشیں؛ پُر اثر ۔

Impressively : (adv) موثر طور پر ۔

Impressiveness : (n) موثر یا دل نشیں ہونا ۔

Impressment : (n) جبری بھرتی؛ ضبطی ۔

Imprest : (n) وہ رقم جو کسی سرکاری کام کے لئے پیشگی دی جائے ؛ مساعدہ؛ ضبطی ۔

Bill of imprest : پیشگی وصول کرنے کا حکم نامہ ۔

Imprimatur : (n) (۱) کتاب چھاپنے کی اجازت؛ اجازت طباعت؛ سند ۔ (۲) (مجازاً) منظوری ۔

Imprimis : (adv) اولاً؛ ایک تو ۔

Imprint : (n) (۱) ٹھپا؛ چھاپا؛ نقش؛ چھاپ ۔ (۲) مُہر ناشر ۔

Imprint : (v) (۱) کسی چیز پر نقش وغیرہ چھاپنا ۔
(۲) دل نشیں کرنا؛ ذہن نشیں کرنا ۔
(۳) اثر انداز ہونا ۔

Imprinter : (n) ٹھپا لگانے والا؛ نقش ابھارنے والا ۔

Imprison : (v) (۱) قید کرنا؛ محبوس کرنا؛ قید خانے میں ڈالنا ۔
(۲) (مجازاً) بند کر دینا؛ مقید کر دینا ؛ قید کر دینا ۔

Imprisonable : (a) قابل اسیری؛ قید کئے جانے کے لائق ۔

Imprisoner : (n) قید کرنے والا؛ محبوس کرنے والا ۔

Imprisonment : (n) قید؛ اسیری؛ حبس ۔

Improbability : (n) بعید از قیاس ہونا ۔

Improbable : (a) غیراغلب؛ مستبعد؛ بعید از قیاس ۔

Improbableness : (n) بعید از قیاس ہونا ۔

Improbably : (adv) بعید از قیاس طور پر ۔

Improbation : (n) کسی دستاویز کو غلط یا جعلی ثابت کرنے کی کاروائی ۔

Improbative : (a) غلط یا جعلی ثابت کئے جانے کے لائق ۔

Improbatory : (a) غلط یا جعلی ثابت کرنے والا ۔

Improbity : (n) (۱) بے ایمانی؛ بددیانتی ۔ (۲) شرارت؛ بدمعاش ۔

Improgressive : (a) غیر ترقی پسند ۔

Impromptu : (a) فی البدیہ؛ بروقت؛ برجستہ ۔

Impromptu : (n) وہ نغمہ جو بر وقت ترتیب دے دیا جائے؛ برجستہ نغمہ ۔

Impromptuary : (a) فی البدیہ؛ برجستہ ۔

Improper : (a) (۱) نامناسب؛ بے جا؛ بے موقع؛ نازیبا؛ بے محل ۔
(۲) ناسزاوار؛ ناشائستہ؛ نا معقول؛ بیہودہ ۔
(۳) نادرست؛ ناقص؛ غلط ۔

Improper diphthong : (n) ناقص حروف علت ۔

Improper fraction : (n) (ریاضیات) وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے بڑا ہو؛ کسر غیر صحیح ۔

Improperly : (adv) نامناسب طور پر؛ ناشائستہ طریقے سے؛ غلط طور پر ۔

Impropriate : (v) پادریوں کی جائداد ضبط کرنا؛کلیسائی اراضی دوسروں کو دے دینا ۔

Impropriate : (a) کلیساسے ضبط کی ہوئی ۔

Impropriation : (n) کلیسائی جائداد کی ضبطی ۔

Impropriator : (n) وہ شخص جس کو کلیسا کی ضبط شدہ جائداد دی جائے ۔

Impropriatrix : (n) وہ عورت جس کو کلیسا کی ضبط شدہ جائداد دی جائے ۔

Impropriety : (n) (۱) نامعقولیت؛ ناشائستگی؛ بیہودگی ۔ (۲) نادرستی؛ غلطی؛ سقم ۔ (۳) ناموزونیت؛ بیجا یا بے محل ہونا ۔

Improvability : (n) اصلاح پذیری؛ تربیت پذیری؛ قابل زراعت ہونا ۔

Improvable/Improveable : (a) (۱) قابل اصلاح؛ قابل د رستی؛ قابل ترقی؛ تربیت پذیر؛ ترقی پذیر ۔ (۲) زراعت کے قابل؛ قابل زراعت؛ زراعتی ۔

Improvableness : (n) دیکھو Improvability

Improvably : (adv.) تربیت پذیری سے؛ ترقی پذیری سے؛ قابل زراعت طور پر ۔

Improve : (v) (۱) اصلاح کرنا؛ سدھارنا؛ بہتر کرنا؛ ترقی دینا؛ سدھرنا؛ بہتر ہونا؛ اصلاح ہونا ۔ (۲)فائدہ اٹھانا؛ کام لینا(موقع سے) نصیحت آمیز تقریر کرنا؛وعظ کرنا ۔ (۳) موقع سے کام لے کر (بغرض اصلاح) ۔

To improve on or upon : بڑھ جانا؛ بہتر کرنا ۔

Improvement : (n) اصلاح ؛ د رستی؛ ترقی؛ بہتری ۔

Improver : (n) (۱) اصلاح کرنے والا؛ ترقی دینے والا ۔ (۲) کارآموز؛ وہ شخص جو کسی پیشے کو سیکھنے کے لئے مفت یا کم اجرت پر کام کرے ۔

Improvidence : (n) ناعاقبت اندیشی؛ فضول خرچی؛ لاابالی پن ۔

Improvident : (a) (۱) کوتاہ اندیش؛ ناعاقبت اندیش ۔ (۲) فضول خرچ؛ مُسرف؛ مسرفانہ ۔ (۳) بے پرواہ؛ لاابالی ۔

Improvidently : (adv.) ناعاقبت اندیشی سے ۔

Improving : (n) اصلاح؛ ترقی؛ بہتری ۔

Improving lease : (n) زیادہ لمبے عرصے کی اجارہ داری ۔

Improvisate : (v) (۱) فی البدیہہ تقریر کرنایا شعر کہنا یا نغمہ ترتیب دینا ۔ (۲) بروقت مہیا کر لینا ۔

Improvisation : (n) (۱) بروقت مہیا کی ہوئی چیز ۔ (۲) برجستہ تقریر؛ شعر یا نغمہ ۔

Improvisator/Improvisatore/Improvvisatore : (n) بروقت نغمہ ترتیب دینے والا؛ فی البدیہہ تقریر کرنے والا یا شعر کہنے والا؛ بدیہہ گو ۔

Improvisatorial/Improvisatory : (a) برجستہ؛ فی البدیہہ ۔

Improvisatorially : (adv.) برجستہ طور پر؛ فی البدیہہ طور پر ۔

Improvisatrice/Improvvisatrice : (n) بروقت نغمہ ترتیب دینےوالی؛ بدیہہ گو(عورت) ۔

Improvise : (v) دیکھو Improvisate

Improvise : (n) دیکھو Improvisation

Improvisedly : (adv.) فی البدیہہ طور پر؛ بروقت مہیا کرتے ہوئے ۔

Improviser : (n) فی البدیہہ کہنے والا؛ بر وقت مہیا کرنے والا ۔

Imprudence : (n) ناعاقبت اندیشی؛ بےاحتیاطی ۔

Imprudent : (a) ناعاقبت اندیش؛ بے احتیاط؛ غیر محتاط؛ ناعاقبت اندیشانہ؛ خلاف احتیاط ۔

Imprudently : (adv) ناعاقبت اندیشی سے؛ بے احتیاطی سے ۔

Impuberty : (n) نابالغیت ۔

Impudence : (n) دیکھو Imperence

Impudent : (a) دیکھو Imperent

Impudent : (n) گستاخ ۔

Impudently : (adv) ڈھٹائی سے؛ بے حیائی سے؛ بےشرمی سے؛ گستاخی سے ۔

Impudicity : (n) بے حیائی؛ بے شرمی ۔

Impugn : (v) اعتراض کرنا؛ گرفت کرنا؛ تردید کرنا ۔

Impugnant : (a) مخالف ۔

Impugnation : (n) اعتراض کرنا؛ گرفت کرنا ۔

Impugner : (n) اعتراض کرنے والا؛ گرفت کرنے والا ۔

Impugnment : (n) تردید؛ اعتراض؛ گرفت ۔

Impuissance : (n) کمزوری؛ بے بسی ۔

Impuissant : (a) کمزور؛ بے بس ۔

Impulse : (n) (۱) صدمہ؛ دھکا ۔ (۲) (حرکیات) صدمہ ۔ (۳) تشویق؛ ہیجان؛ تہیج؛ تحریک؛ ابھارنا؛ اکسانا؛ انگیزش ۔ (٤) لہر؛ تیرنگ؛ من کی موج ۔ (٥) قوت رفتار؛ زور ۔ (٦) (مرضیات) ہیجان ۔ (۷) ضرب ۔

Impulsion : (n) (۱) دھکا؛ صدمہ ۔ (۲) تشویق؛ ابھارنا؛ اکسانا ۔ (۳) زور؛ قوت رفتار ۔ (٤) تحریک ۔

Impulsive : (a) (۱) محرک (۲) من موجی (شخص)؛ بے چین (طبیعت) (۳) اضطراری (فعل) ۔

Impulsively : (adv) اضطراری طور پر ۔

Impulsiveness : (n) من موجی پن؛ بے چینی (طبیعت کی) ۔

Impulsivist : (n) من موجی؛ انگیزش پر عمل کرنے والا ۔

Impulsivity : (n) من موجی؛ بے چینی ۔

Impunctate : (a) بےچتّی؛ غیر چتی دار؛ جس پرنشان نہ ہو ۔

Impunctual : (a) غیر پا بند اوقات ۔

Impunctuality : (n) غیر پابندیٔ اوقات ۔

Impunity : (n) برأت؛ پاداش یا سزاے بر یت ۔ (فعل کے) برے نتیجے سے بر یت ۔

Impure : (a) (۱) گندا؛ میلا؛ کثیف؛ ملوث ۔ (۲) بے عصمت؛ بے عفت؛ عاصی؛ پاپی؛ ناپاک ۔ (۳) غیر خالص ۔ (٤) ملواں؛ دوسرے سے مخلوط رنگ ۔ (٥) (طرز تحریر) غیر خالص؛ صرف و نحو کے اصول کا غلط استعمال ۔

Impurely : (adv) غیر خالص طور پر ۔

Impureness : (n) گنداپن؛ میلا پن؛ غیر خالص ہونا؛ کثافت ۔

Impuritan : (n) Puritan کا مخالف؛ ناپاک عامل ۔

Impurity : (n) میلا پن؛ نجاست؛ گندگی؛ بے عصمتی؛آلائش ۔

Imputability : (n) (کسی شخص کا قصور وغیرہ سے) منسوب کیا جا سکنا ۔

Imputable : (a) منسوب کئے جانے کے لائق ۔

Imputableness : (n) دیکھو Imputability

Imputably : (adv) منسوب کرتے ہوئے؛ تہمت رکھتے ہوئے ۔

Imputation : (n) نسبت؛ منسوب کرنا یا ہونا؛ اتہام؛ تہمت ۔

Imputative : (adv) اتہام آمیز؛ تہمت کا ۔

Imputatively : (adv) اتہام آمیز طور سے؛ تہمت رکھتے ہوئے ۔

Imputativeness : (n) اتہام آمیزی ۔

Impute : (v) (۱) (فعل کو کسی کی طرف) منسوب کرنا؛ الزام یا تہمت لگانا ۔ (۲) (دینیات) ایک شخص کی نیکی یا گناہ کا ذمہ دار دوسرے شخص کو قرار دینا ۔

Imputedly : (adv.) منسوب کرتے ہوئے؛ تہمت دھرتے ہوئے ۔

Imputrescence : (n) عدم تعفن ۔

Imputrescibility : (n) تعفن ناپذیری ۔

Imputrescible : (a) ناقابل تعفن ۔

In : (n) (۱) (سیاسیات) اقتدار (جمع) وہ سیاسی جماعت جو بر سر اقتدار ہو ؛ حکمراں جماعت ۔ (۲) کھیل میں وہ فریق جس کے کھیلنے کی باری ہو ۔ (۳) ٹینس یا اسکواش میں حد کے اندر مارنا یا پھینکنا ۔

In : (a) اندرونی؛ داخلی ۔

In : (v) (۱) کھلیان میں جمع ہونا ۔(۲) جمع ہونا؛ مجتمع ہونا ۔

In : (prep) (۱) میں؛ بیچ؛ در؛ اندر؛ درمیان ۔ (۲) پہنے ہوئے (جیسے in boots) ۔ (۳) (پر جیسے believe in, rejoice in) ۔ (٤) دوران ۔

Day in day out: مسلسل؛ دن رات ۔

To be in it : مقابل ہونا؛ شریک ہونا؛ حریف ہونا ۔

In : (adv) اندر؛ اندر کی طرف ۔

In - : (prefix) سابقہ جو افعال کے ساتھ مرکب الفاظ بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

In - : (prefix) سابقہ (لاطینی) اندر؛ پر؛ طرف ۔

In - : (prefix) سابقہ بہ معنی "نفی" ۔

In - : (prefix) سابقہ بہ معنی "بہت"؛ "زیادہ" ۔

-in : (suffix) لاحقہ (کیمیا) neutral مرکبات کے آخر میں آتا ہے ۔ جیسے albumin وغیرہ ۔

In absentia : (adv) غیر حاضری میں؛ غیر موجودگی میں ۔

In abstracto : (adv.) مجرد طور پر ۔

In-and-in/In and-in : (adv) (۱) نسل کے اندر؛ اندرونی طور پر؛ خالص نسلی طور پر ۔

To breed in and in : خاندان سے باہر شادی نہ کرنا ۔ (۲) ہمیشہ قریبی رشتہ داروں سے شادی کرنا ۔

In and in : (a) مسلسل اندرونی خلا؛ خلا در خلا ۔

In and out/In-and-out : (adv.) (۱) باری باری اندر باہر؛ ابھی اندر ابھی باہر ۔ (۲) اندر بھی اور باہر بھی ۔ (۳) پوری طرح؛ تفصیل سے ۔

In and out/In-and-out : (a) (۱) خالی؛ محروم ۔ (۲) بیوقوف؛ بے عقل ۔ (۳) معمولی ۔

In-and-out/In and out : (n) (۱) خلا ۔ (۲) بیوقوف آدمی ۔

In-and-out running : (n) (گھڑ دوڑ میں) باری باری جیتنا اور ہارنا ۔

In as much as : (adv) (۱) جہاں تک کہ؛ جس حد تک؛ جیسا کہ؛ جیسے جیسے؛ جس طرح ۔ (۲) چونکہ؛ کیونکہ ۔

In banco : دیکھو Banco

In-beaming : (n) درون درخشانی ۔

In-being/In being : (n) — (۱) خلقیت ۔ (۲) ذات؛ اصلیت ۔

In-between : (adv. & prep) — درمیان ۔

In-between : (a) — درمیانی ۔

In-between : (n) — (۱) وقفہ ۔ (۲) درمیانی شخص ۔

In-breeding : (n) — (۱) ایسےجانوروں کی نسل لینا جس میں قریبی رشتہ ہو ۔ (۲) (سماجیات) سگوتی شادی ۔

In-brother : (n) — کسی برادری کا مقیم رکن ۔

In-burgess : (n) — شہری ۔

In-calf : (a) — (گائے) گابھن ۔

In capite : (a) — شاہی جاگیر رکھنے والا ۔

In-case : (n) — داخلی مریض کا معاملہ ۔

In-clearing : (n) — وہ چیک وغیرہ جو clearing house کی معرفت بینک میں آتے ہیں اور ان کا اکٹھا حساب ہو جاتا ہے ۔

In for : — (۱) (کسی آفت میں) مبتلا ؛پھیریں؛ چکریں ۔ (۲) مقابلے میں شریک ۔

In infinitum : (a) — لا محدود ؛ لا متناہی ۔

In limine : (adv) — ابتدا میں ہی ؛ آغاز میں ۔

In laco parentis : (adv.) — ماں یا باپ کی جگہ ؛ بمنزلہ والد یا والدہ ۔

In medias res : (adv.) — معاملات کے بیچ میں؛ تفصیلات کے درمیان اصل سخن؛ بے تمہید و تقریب اصل مطلب ۔

In memoriam / Inmemoriam : — بہ یاد گار ۔

In nubilous : (a) — (۱) بادلوں میں ۔ (۲) خیالی؛ دھندلا؛ غیر طے شدہ؛ ناقابل تکمیل ۔

In partibus : (adv.) — (رومی کلیسا) دارالشرک میں؛ دارا لحرب میں ۔

In-patient : (n) — وہ مریض جو ہسپتال میں رہ کر علاج کرائے؛ داخلی مریض؛ اندرونی مریض ۔

In perpetuum : (adv.) — ہمیشہ کے لیے ۔

In-phase : (a) — (برقیات) ایک ھی ہینت کا؛ ایک ہی فیزکا؛ ہم ہینت ۔

In pontificalibus : (a) — پاپائی لباس میں ۔

In pouring : (n) — امنڈ کر یا ہجوم کر کے (اندر) آنا ۔

In posse : (adv.) — ممکن؛ بالقوہ ۔

In propria persona : (adv.) — خود؛ بہ نفس نفیس ۔

In put : (n) — (۱) لین ۔ (۲) درآمد ۔ (۳) کمپیوٹر یا حساب کرنے کی مشین میں دئے ہوئے معطیات یا دیگر معلومات ۔

In re : (adv.) — درحقیقت؛ حقیقتا ۔

In re : (prep.) — دربارہ؛ بارے میں ۔

In-shore/Inshore : (adv.) — ساحل کے قریب؛ ساحل کے نزدیک ۔

In-shore/Inshore : (a) — ساحل سے قریب کا یا واقع ۔

In situ : (adv.) — اپنی (اصلی) جگہ پر؛ فی محلہ ؛ بر محل ۔

In so far as : (conj.) — جس حد تک؛ جہاں تک کہ ۔

In-sooth : (adv.) — در حقیقت؛ فی الواقعہ ۔

In statu quo : — بد ستور؛ مثل سابق ۔

In terrorem : (adv.) — بطور تنبیہ کے ؛ متنبہ کرنے کے لئے ۔

In that : چونکہ ؛ کیونکہ ۔

In - toed : (a) اندر کو مڑی ہوئی پیر کی انگلیاں رکھنے والا ۔

In toto : (adv.) بالکل ؛ پوری طرح ؛ سراسر ۔

In transitu : (adv.) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے درمیان ۔

In vacuo : (adv.) (۱) خلا میں ۔ (۲) بغیر ثبوت کے ۔

In vitro : (adv.) (نباتیات) درزُ جاج ؛ برتن میں ۔

In vivo : (adv.) در احیا ؛ زندہ جسم میں ۔

In vogue : (adv.) رائج ۔

- ina : (suffix) لاحقہ مونث کی علامت ۔

- ina : (suffix) (لاحقہ) لا طینی اسم صفت کی جمع کی علامت ۔

Inability : (n) (۱) نا قابلیت ؛ نالائقی؛ نا اہلیت؛ معذوری؛ مجبوری ۔

Inabsorbable : (a) ناقابل جذب ۔

Inabstinence : (n) بد پر ہیزی ۔

Inaccessibility : (n) پہنچ سے باہر ہونا؛ ناقابل حصول ہونا؛ کم آمیزی ۔

Inaccessible : (a) (۱) رسائی سے باہر؛ پہنچ سےباہر؛ ناقابل حصول ۔ (۲) جس کے یہاں رسائی مشکل ہو؛ کم آمیز؛ کم اختلاط ۔

Inaccessibleness : (n) دیکھو Inaccessibility

Inaccessibly : (adv.) رسائی سے باہر؛ ناقابل حصول طور پر ۔

Inaccordance/Inaccordancy : (n) عدم تناسب؛ غیر آہنگی ۔

Inaccordant : (a) غیر متناسب؛ غیر آہنگ ۔

Inaccordantly : (adv.) غیر آہنگ طور پر؛ غیر متناسب طور پر ۔

Inaccuracy : (n) غلطی؛ نادرستی؛ سُقم ۔

Inaccurate : (a) غلط؛ غیر صحیح؛ نادرست؛ ناقص؛ خلاف واقعہ ۔

Inaccurately : (adv.) غلط طور پر؛ ناقص طور پر ۔

Inaccurateness : (n) غلط ہونا؛ ناقص ہونا؛ غیر صحیح ہونا ۔

Inacquaintance : (n) ناشناسائی ۔

Inacquiescent : (a) منکر ؛ نہ ماننے والا ۔

Inaction : (n) (۱) عدم حرکت؛ عدم عمل؛ بے شغلی؛ بے کاری (۲) سُستی؛ کاہلی؛ آلکسی ۔

Inactivate : (v) (۱) بے عمل کر دینا؛ بیکار کر دینا ۔ (۲) فوجی خدمات سے معطل کر دینا ۔

Inactive : (a) کاہل؛ سُست؛ مجہول؛ بے شغل؛ بے حرکت؛ بیکار؛ رکا ہوا؛ بند؛ بے حرکت ۔

Inactively : (adv.) کاہلی سے؛ سُستی سے ۔

Inactiveness : (n) کاہلی؛ سُستی؛ بے شغلی ۔

Inactivity : (n) عدم حرکت یا عدم عمل؛ کاہلی؛ سُستی؛ بے شغلی؛ بیکاری ۔

Inadaptability : (n) مطابقت یا توافق کی صلاحیت نہ ہونا؛ مطابقت ناپذیری ۔

Inadaptable : (a) مطابقت ناپذیر ۔

Inadaptation : (n) عدم توافق؛ عدم تطبیق ۔

Inadaptive : (a) توافق ناپذیر ۔

Inadequacy : (n) کوتاہی؛ کمی؛ کافی نہ ہونا ۔

Inadequate : (a) ناکافی؛ قلیل؛ تھوڑا؛ کم؛ ادھورا ۔

Inadequately : (adv.) ناکافی طور پر؛ ناقص طور پر ۔

Inadequateness : (n) ناکافی ہونا ؛ قلیل ہونا ۔

Inadequation : (n) ناکافی ہونا؛ قلیل ہونا ۔

Inadherent : (n) (۱) آزاد؛ غیر جانب دار ۔(۲) غیر چسپاں ۔

Inadhesion : (n) غیر چسپیدگی ۔

Inadhesive : (a) بے چپک؛ بے بس ۔

Inadmissibility : (n) ناقابل قبول ہونا؛ ناقابل تسلیم ہونا ۔

Inadmissible : (a) ناقابل قبول؛ ناقابل تسلیم؛ ناقابل منظوری ناقابل سماعت ۔

Inadunate : (a) (نباتیات) غیر متحد ۔

Inadventurous : (a) غیر مہم جُو ۔

Inadvertence/Inadvertancy : (n) غفلت؛ سہو؛ بے توجہی ۔

Inadvertent : (a) (۱) بے توجہی؛ غافل ۔
(۲) غیر ارادی؛ بے ارادہ؛ بلا قصد ۔

Inadvertently : (adv.) غفلت سے؛ بے توجہی سے؛ بلا قصد؛ بے ارادہ ۔

- inae : (suffix) (لاحقہ) لاطینی صفات جمع (مونث) کی علامت ۔

Inaesthetic : (a) غیر جمالیاتی؛ بے ذوق ۔

Inalienability : (n) غیر منفک ہونا؛ نا قابل انتقال ہونا ۔

Inalienable : (a) غیر منفک ؛ ناقابل انتقال ۔

Inalienably : (adv.) غیر منفک طور پر ۔

Inalterability : (n) غیر تغیر پذیری؛ ناقابل تغیر ہونا ۔

Inalterable : (a) ناقابل تغیر؛ ناقابل تبدیل؛ غیر تغیر پذیر؛ غیر متغیر؛ اٹل ۔

Inalterably : (adv.) ناقابل تغیر طور پر ۔

Inamorata/Enamorata : (n) دل آرام؛ معشوقہ ۔

Inamorate : (a) عاشق ۔

Inamorato : (n) عاشق؛ شیدائی ۔

Inane : (a & n) (۱) خالی؛ تہی؛ بے مغز ۔
(۲) بیوقوف؛ احمق؛احمقانہ؛ نامعقول؛ لغو ۔

Inanely : (adv.) (۱) خالی پن سے ۔
(۲) بے وقوفی سے؛ حماقت سے ۔

Inanimate : (a) (۱) بے روح؛ بے جان؛ غیر ذی روح ۔
(۲) مردہ دل؛ بے حس؛ کُند ۔

Inanimately : (adv.) (۱) بے جان یا غیر ذی روح کی حیثیت ۔
(۲) مردہ دلی سے؛ بے حسی سے ۔

Inanimateness : (n) بے جان یا غیر ذی روح ہونا؛ مردہ دلی ۔

Inanimation : (n) (۱) بے جان ہونا؛ غیر ذی روح ہونا ۔
(۲) مردہ دلی؛ بے حسی ۔

Inanition : (n) (۱) خلو؛ ضعف جوع ؛ خلو معدہ ۔ (۲) سستی؛ کاہلی ۔

Inanity : (n) (۱) خالی ہونا؛ خلو؛ بے مغزی؛ بیوقوفی؛ حماقت ۔
(۲) احمقانہ بات یا حرکت ۔

Inappeasable : (a) فرونہ ہونے والا؛ سیر نہ ہونے والا ۔

Inappelability : (n) ناقابل مرافع ہونا ۔

Inappelable : (a) ناقابل مرافع؛ ناقابل اپیل؛ جسکے خلاف اپیل نہ ہو سکے ۔

Inappetence/Inappetency : (n) خواهش نه هونا؛ آرزو نه هونا؛ بے رغبتی۔

Inappetent : (a) بے خواهش؛ بے آرزو۔

Inapplicability : (n) نا مطابقت؛ ناموزونیت۔

Inapplicable : (a) (۱) جو صادق نه آئے؛ ناقابل اطلاق۔ (۲) بے محل؛ ناموزوں؛ غیر مطابق۔

Inapplicably: (adv.) نا مطابقت؛ بے محل یا ناموزوں طور پر۔

Inapplication : (a) نا مطابقت؛ ناموزونیت۔

Inapposite : (a) ناموزوں؛ بے محل؛ بے موقع۔

Inappositely : (adv.) بے محل؛ بے موقع؛ ناموزوں طور پر۔

Inappreciable/Inappretiable : (a) (۱) غیر محسوس؛ خفیف۔ (۲) ناقابل لحاظ۔

Inappreciably : (adv.) غیر محسوس طور پر؛ ناقابل قدر طور پر۔

Inappreciation : (n) ناشناسی؛ ناقدری؛ عدم احساس۔

Inappreciative : (a) نا قدر؛ ناقدرانه؛ ناشناسانه۔

Inappreciatively : (adv.) ناقدرانه؛ ناشناسانه طور پر۔

Inappreciativeness : (n) ناقدر هونا؛ ناقدرانه هونا۔

Inapprehensible : (a) ناقابل فهم؛ ناقابل ادراک۔

Inapprehension : (n) فهم و ادراک کی کمی؛ تشو یش کی کمی۔

Inapprehensive : (a) بے تشو یش؛ بے تردُد۔

Inapprehensiveness: (n) بے تشویش هونا؛ بے تَردُد هونا۔

Inapproachable : (a) جس کے قر یب پہنچ نه سکیں؛ پہنچ سے باہر؛ رسائی سے باہر۔

Inapproachably : (adv.) رسائی سے باہر هوتے هوئے۔

Inappropriate : (a) غیر مناسب؛ غیر موزوں؛ بے محل؛ بے موقع؛ بے جوڑ۔

Inappropriately : (adv.) نامناسب طور پر؛ غیر موزوں طور پر۔

Inappropriateness : (n) غیر موزونی؛ نامناسبت؛ بے محل هونا۔

Inapt : (a) ناقابل؛ نا اهل؛ ناموزوں۔

Inaptitude : (n) ناقابلیت؛ نالائقی۔

Inaptly : (adv) نا قابلیت سے۔

Inaptness : (n) ناقابلیت؛ نالائقی۔

Inarable : (a) نا قابل زراعت۔

Inarch : (v) ایک درخت میں د وسرے درخت کی شاخ کو کاٹے بغیر پیوند لگانا۔

Inarching : (n) ایک درخت میں د وسرے درخت کی شاخ کو کاٹے بغیر پیوند لگانا۔

Inarm/Enarm : (v) گلے لگانا؛ آغوش میں لینا؛ معانقه کرنا۔

Inarticulate : (a) (۱) غیر مربوط؛ بے ربط۔ (۲) (کلمه) مہمل؛ غیر واضح؛ ناصاف۔ (۳) جو صاف نه بول سکے۔ (٤) گونگا۔ (٥) (حیوانیات) بے مفصّل۔ (٦) (نباتیات) بے جوڑ۔

Inarticulated : (a) دیکھو Inarticulate

Inarticulately : (adv.) غیر مربوط طور پر؛ اس طرح که سمجھ میں نه آ سکے۔

Inarticulateness : (n) بے ربطی، مہمل هونا، گونگاپن۔

Inartificial : (a) (۱) بهدا؛ بهونڈا؛ بدنما؛ بے اصول؛ صناعی

(آرٹ) کے اصول کے خلاف۔ (۲) بے تکلف؛ سادہ؛ بے بناوٹ ؛ بے تصنع؛ غیر فطری۔

Inartificiality : (n) دیکھو Inarticulateness

Inartificially : (a) بھونڈے پن سے؛ بے تکلفی سے۔

Inartistic/Inartistical : (a) (۱) غیر فنی؛ بے اصول؛ صناعی کے اصول کے خلاف۔ (۲) بھدا؛ بھونڈا؛ بدنما۔ (۳) صناعی سے ناواقف۔

Inartistically : (adv.) غیر فنی طور پر؛ بھدے پن سے ؛ صناعی کے اصول کے خلاف۔

Inattention : (n) (۱) بے توجہی۔ (۲) غفلت؛ بے پروائی؛ لا پروائی۔ (۳) بے اعتنائی؛ بے رخی۔

Inattentive : (a) بے توجہ؛ بے پروا؛ غافل؛ بے اعتنائی کرنے والا؛ لا پروا۔

Inattentively :(adv.) بے توجہی سے؛ بے پروائی سے؛ بے اعتنائی سے؛ لا پروائی سے۔

Inattentiveness : (n) غفلت؛ بے پروائی؛ بے توجہی؛ بے اعتنائی؛ بے رخی؛ لا پروائی۔

Inaudibility : (n) بے آواز؛ بہت ھی ھلکی آواز؛ غیر مسموع۔

Inaudible : (a) جو سنا نہ جا سکے؛ جو سنائی نہ دے؛ بہت دھیما؛ بے آوازی؛ غیر مسموعیت۔

Inaudibly : (adv.) چپکے سے؛ بہت دھیمی آواز میں۔

Inaugural : (a) افتتاح کے متعلق؛ افتتاحی؛ با قاعدہ آغاز یا جائزے کا۔

Inaugurate : (v) (۱) افتتاح کرنا۔ (۲) دھوم دھام سے شروع کرنا؛ باضابطہ شروع کرنا۔

Inauguration : (a) (۱) افتتاح؛ دھوم دھام سے یا باضابطہ کوئی کام شروع کرنا یا عہدے کا جائزہ لینا؛ با ضابطہ آغاز۔

Inaugurator : (n) افتتاح کرنے والا؛ رسمی طور پر آغاز کرنے والا۔

Inauguratory : (a) افتتاحی۔

Inaunter : اگر؛ اس حالت میں۔

Inauspicious : (a) بد شگون؛ بد فال؛ نا مبارک؛ منحوس۔

Inauspiciously : (adv.) بد شگونی سے؛ نحوست سے۔

Inauspiciousness : (n) بد شگونی؛ نحوست؛ بد فالی۔

Inauthoritative : (a) غیر مستند؛ بے اختیار۔

Inbent : (a) اندر کی طرف جھکا ھوا۔

Inboard : (adv.) جہاز کے پہلو میں یا وسط میں۔

Inboard : (prep.) میں؛ اندر (جہاز کے)۔

Inboard : (a) وسط جہاز یا طرف جہاز کا۔

Inbond : (a) (تعمیرات) عرضہ؛ کل جوڑ۔

Inborn : (a) خلقی؛ جبلی؛ فطری۔

Inbound : (a) ملک کی طرف لوٹنے والا۔

Inbreathe : (v) (۱) سانس کے ساتھ اندر کو کھینچنا؛ جذب کرنا۔ (۲) روح پھونکنا۔

Inbreather : (a) سانس کے ساتھ اندر کھینچنے والا۔

Inbred : (a) (۱) خلقی؛ جبلی؛ فطری۔ (۲) خاندان کے اندر شادی کیا ھوا۔

Inbreed/Imbreed : (v) داخلی تولید کرنا۔

Inburning : (a) اندر ھی اندر جلنے والا۔

Inca : (a) (۱) ھسپانوی فتح سے پہلے پیرو (Peru) کے بادشاھوں کا لقب۔ (۲) پیرو کے شاھی خاندان کا فرد۔

Inca-cockatoo : (n) ایک قسم کا آسٹر یلیائی کا کاتو۔

Incalculability : (n) بے اندازہ ہونا۔

Incalculable : (a) (۱) بے شمار؛ بے حساب؛ ان گنت؛ بے حد۔ (۲) جسکا پہلےسے اندازہ نہ ہو سکے؛ ناقابل اندازہ۔ (۳) متلون؛ ڈانواں ڈول۔

Incalculableness : (n) بے شمار؛ بےاندازہ یا نا قابل اندازہ ہونا۔

Incalculably : (adv.) بے اندازہ طور پر۔

Incalver : (n) گابھن گائے۔

Incamp/ -ment : دیکھو Encamp/ -ment

Incan : (a) پیرو کے بادشاہوں سے متعلق۔

Incandesce : (v) گرمی سے روشن ہونا یا جلنا؛ دہکنا؛ گرمی سے جلانا؛ دہکانا۔

Incandescence/Incandescency : (n) جلنا؛ دہکنا؛ تابانی؛ چمک؛ روشنی۔

Incandescent : (a) (۱) جلتا ہوا؛ دہکتا ہوا۔ (۲) چمکتا ہوا؛ روشن۔ (۳) (برقی یا گیس کی روشنی) جو تار کے جلنے سے پیدا ہو۔ (٤) (مجازاً) جوشیلا؛ سرگرم؛ تند۔

Incanous : (a) (نباتیات) بھورا۔

Incantation : (n) افسوں؛ منتر پڑھنا؛ افسوں پھونکنا۔

Incanton : (v) ضلع بنانا۔

Incapability : (n) ناقابلیت؛ نااہلی؛ معذوری؛ عدم صلاحیت۔

Incapable : (a) (۱)ناقابل ؛ نالائق؛ نا اہل؛ معذور؛جس میں صلاحیت نہ ہو؛ بے بہرہ۔ (۲) (قانون) مسلوب الحواس۔

Drunk and incapable : مدہوش۔

Incapable : (n) نا اہل۔

Incapableness : (n) دیکھو Incapability

Incapably : (adv.) ناقابلیت سے؛ نا اہلیت سے۔

Incapacious : (a) (۱) ناکشادہ۔ (۲) چھوٹا؛ تنگ؛ محدود۔ (۳) کم عقل۔

Incapacitate : (v) ناقابل کرنا؛ بے کار کرنا؛ کام کا نہ رکھنا۔

Incapacitation : (n) بے کار کر دینا یا ہو جانا۔

Incapacity : (n) (۱)ناقابلیت؛ نااہلی؛ نالائقی؛ معذوری۔ (۲) قانونی ناقابلیت۔

Incapsulate/Encapsulate : (v) کیسے میں بند کرنا۔

Incapsulating : (a) الفاظ میں تبدیلی لانے والے عناصر یا اجزا جس سے ان کے معنی میں کوئی تبد یلی ہو۔

Incapsulation : (n) کیسے میں بند کرنا۔

Incarcerate : (a) قید کرنا؛ محبوس کرنا؛ جیل میں ڈالنا؛ مقید کرنا۔

Incarcerated : (a) (مرضیات) محبوس؛ مقید۔

Incarceration : (n) (۱) قید؛ حبس؛ اسیری (۲) (طب) انحباس۔

Incarcerator : (n) قید کرنے والا؛ محبوس کرنے والا۔

Incardinate : (v) (۱)کسی خاص کلیسا یا مقام کا پادری مقرر کرنا۔ (۲) کارڈینل بنانا۔

Incardination : (n) کسی خاص کلیسا یا مقام کا پادری وغیرہ بنانا؛ کارڈینل بنانا۔

Incarn : (v) زخم بھرنا یا مندمل ہونا۔

Incarnadine : (a) گوشت فام؛ بدنی رنگ؛ قرمزی؛ سوہا؛ لال؛ سرخ۔

Incarnadine : (v) قرمزی رنگ میں رنگنا؛ سوھے رنگ میں رنگنا؛ لال رنگ میں رنگنا ۔

Incarnate : (a) مُجسم؛ مجسم به شکل انسان؛ پُتلا ۔

Incarnate : (v) (۱) مجسم کرنا ؛ تجسیم کرنا ۔ (۲) عملی صورت میں لانا؛ عملی جامه پہنانا (کسی خیال وغیرہ کو) ۔ (۳) زندہ نمونه ہونا ؛ زندہ مثال ہونا؛ (کسی صنعت کا) مجسم ہونا؛ پُتلا ہونا۔

Incarnation : (n) (۱) تجسم؛ تجسیم؛ مجسم ہونا یا کرنا؛ انسانی شکل دینا یا اختیار دینا ۔ (۲) زندہ نمونه؛ زندہ مثال؛ پُتلا ۔ (۳) انگور آنا؛ زخم بھرنا (٤) (دینیات) تجسُدّ؛ اوتار بت ۔

Incase/-ment : دیکھو Encase/ -ment

Incatenate : (v) زنجیر سے باندھنا؛ مسلسل کرنا ۔

Incatenation : (n) زنجیر سے باندھنا؛ مسلسل کرنا ۔

Incaution : (n) احتیاط کی کمی ۔

Incautious : (a) نا عاقبت اندیش؛ بے احتیاط؛ بے احتیاطی کا؛ خلاف احتیاط ۔

Incautiously : (adv) بے احتیاطی سے ۔

Incautiousness : (n) بے احتیاطی ۔

Incavation : (n) کھوکھلا بنانا؛ کوکھلاپن ۔

Incave/Encave /Incavern/ Encavern : (v) غار میں بند کرنا ۔

Incelebrity : (n) عدم شہرت ۔

Incendiarism : (n) (۱) آتش زنی؛ آگ لگانا ۔ (۲) فتنه پردازی ۔

Incendiary : (a) (۱) آگ لگانے والا؛ آتش زن؛ آگ لگاؤ ۔ (۲) مفسدانه؛ اشتعال انگیز؛ آگ لگا دینے والی ۔

Incendiary : (n) (۱) آگ لگانے والا؛ آتش زن؛ آگ لگاؤ ۔ (۲) اشتعال انگیز ۔

Incensation : (n) دھونی؛ اگربتّی یا عود بتی جلانا؛ معطر کرنا یا ہونا ۔

Incense : (n) (۱) لوبان؛ عود ۔ (۲) لوبان وغیرہ کی خوشبو؛ اگربتی یا عود بتی کی خوشبو؛ اگر بتی یا عود بتی کی خوشبو ۔(۳) خوشامد؛ خوشامدانه تعریف؛ چاپلوسی ۔

Incense : (v) (۱) اگر یا عود کی دھونی دینا ۔ (۲) لوبان وغیرہ جلانا؛ اگر یا عود بتی جلانا ۔ (۳) معطر کرنا؛ مہکانا؛ خوشبو میں بسانا ۔

Incense : (v) بھڑکانا؛ غصه دلانا؛ طیش دلانا؛ برہم کرنا؛ برافروخته کرنا ۔

Incense-boat : (n) کشتی نما اگردان ۔

Incense-breathing : (a) معطر ۔

Incense-cedar : (n) دیودار کی ایک قسم ۔

Incensed : (a) (۱) بھڑکایا ہوا؛ مشتعل؛ برافروخته ۔ (۲) (نقابت) منه اور کانوں سے شعلے نکلتے ہوئے (جانور) ۔

Incenser : (n) دھونی دینے والا؛ (دیوتاؤں کے نام پر) لوبان وغیرہ جلانے والا ۔

Incensor : (n) دیکھو Incenser

Incensory : (n) عود دان؛ بخورات کی انگیٹھی؛ بخور دان ۔

Incentive : (a) محرک؛ اشتعال دہ؛ باعث اشتعال ۔

Incentive : (n) اشتعال؛ اشتعال دینے والی چیز؛ ترغیب؛ محرک؛ باعث ۔

Incentively : (adv) اشتعال دیتے ہوئے؛ ترغیب کے ساتھ ۔

Incept : (v) (۱) شروع کرنا؛ آغاز کرنا؛ ابتدا کرنا ۔ (۲) (کیمبرج یونی ورسٹی) بی اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینے کی منزل طے کرنا ۔ (۳) (حیاتیات) اپنے اندر جذب کر لینا ۔

Inception : (n) (۱) آغاز؛ ابتدا؛ شروع ۔ (۲) (کیمبرج) بی، اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینا ۔ (۳) (حیاتیات) انجذاب؛ اپنے اندر جذب کر لینا ۔

Inceptive : (a) ابتدائی؛ شروع کا ۔

Inceptive : (n) فعل تمہیدی؛ وہ فعل جس سے کام کا آغاز ظاہر ہو ۔

Inceptively : (adv.) ابتدائی طور پر ۔

Inceptor : (n) (کیمبرج) بی، اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینے والا ۔

Incertitude : (n) عدم تیقن؛ غیر یقینی ہونا ۔

Incessancy : (n) تسلسل؛ تواتر ۔

Incessant : (a) مسلسل؛ پیہم؛ لگاتار؛ متواتر؛ پےدر پے ۔

Incessantly : (adv.) تسلسل سے؛ مسلسل؛ لگاتار طور پر ۔

Incessantness : (n) تسلسل؛ تواتر ۔

Incest : (n) محرمات کے ساتھ مباشرت؛ تزو یج محرمات؛ زنائے محرمات؛ حُرمت ۔

Spiritual incest : (۱) راہب کا راہبہ کے ساتھ مباشرت یا تزو یج ۔(۲) د و کلیسائی جاگیروں کا بیک وقت قبضہ میں رکھنا ۔

Incestuous : (a) (۱) محرمات کے ساتھ مباشرت کرنے والا ۔ (۲) مباشرت یا محرمات سے متعلق ۔

Incestuously : (adv.) مباشرت یا محرمات کے طر یقے پر ۔

Incestuousness : (n) محرمات کے ساتھ مباشرت ۔

Inch : (n) (۱) انچ؛ فٹ کا بارھواں حصہ ۔ (۲) خفیف سی مقدار ۔ (۳) (جمع) قد ۔ (٤) انچ دباؤ ۔

An inch of cold iron : خنجر؛ تلوار ۔

By inches/ inch by inch : رفتہ رفتہ؛ تھوڑا تھوڑا کرکے ۔

By inch of candle : ایک قسم کا نیلام جس میں ایک چھوٹی شمع جلنے تک بولی ، بولی جا سکتی ہے ۔

Cubic inch : مکعب انچ ۔

Every inch : سراسر؛ بالکل ۔

Flog person within an inch of his life : اتنے کوڑے لگانا کہ بس جان نکلنےکی کسر رہ جانا ۔

Give him an inch and he'll take an ell انگلی پکڑ کر پہنچا پکڑنا/ ہلکی چوٹ سے ناجائز فائدہ اٹھانا ۔

Miner's inch of water : پانی کی وہ مقدار جو ایک مربع انچ سے چوبیس گھنٹوں میں چھ انچ کے دباؤ سے گزرتی ہے ۔

Square inch : مربع انچ ۔

With in an inch of : تقر یباً؛ قر یب قر یب ۔

Inch : (n) چھوٹا جز یرہ (خصوصاً اسکا چستان کا) ۔

Inch : (v) (۱) رفتہ رفتہ بڑھنا یا پیچھے ہٹنا ۔ (۲) آہستہ چلانا ۔ (۳) انچیں گننا؛ انچوں میں ناپنا ۔

Inch-meal : (adv.) رفتہ رفتہ؛ تھوڑا تھوڑا کرکے؛ بتدر یج ۔

Inch-measure : (n) انچوں میں تقسیم کیا ہوا پیمانہ ۔

Inch of pressure : (n) انچ دباؤ ۔

Inch of rain : (n) بارش کی وہ مقدار جو سطح کو ایک انچ تک ڈبو سکے ۔

Inch-pound : (n) (حرکیات) ایک پونڈ وزن کو افقی طور پر ایک انچ اٹھانے میں کیا ہوا کام ۔

Inch-worm : (n) انچ کرم؛ ناپ کرم ۔

Inchant : دیکھو Enchant

Inchase : دیکھو Enchanse

Inched : (a) انچوں والا (لمبائی کی یا جسامت میں) ۔

Inchest : دیکھو Enchest

Inchoate : (a) (۱) جس کا ابھی آغاز ہوا ہو؛ ادھورا؛ غیر مکمل ۔ (۲) (حیوانیات) بدوی؛ ناقص ۔ (۳) غیر مرتب؛ غیر مربوط؛ غیر منظم ۔

Inchoate : (v) (۱) شروع کرنا؛ آغاز کرنا؛ ابتدا کرنا ۔ (۲) طرح ڈالنا؛ اختراع کرنا؛ ایجاد کرنا ۔

Inchoately : (adv.) نا مکمل طور سے؛ ادھورے طور سے ۔

Inchoateness : (n) نا مکمل ہونا؛ ادھوراپن ۔

Inchoation : (n) شروع؛ ابتدا؛ آغاز؛ ایجاد ۔

Inchoative : (a) (۱) ابتدائی؛ آغاز کا؛ شروع کا ۔ (۲) (صرف و نحو) تمہیدی فعل ۔

Inchoatively : (adv.) ابتدائی حالت میں ۔

Incidence : (n) (۱) کسی چیز پر گرنا؛ تصادم ۔ (۲) (طبیعیات) وقوع (شعاع کا) ۔ (۳) دائرہٴ اثر؛ حلقہٴ اثر ۔ (٤) (طب) شرح مرض ۔

Angle of incidence : (طبیعیات) زاویہٴ وقوع ۔

Incident : (n) (۱) حادثہ؛ ماجرا؛ واقعہ؛ ضمنی واقعہ؛ واردات ۔ (۲) واقعہ جو کسی ناٹک یا نظم میں بیان کیا جائے ۔ (۳) (قانون) جائداد سے متعلق حق یا ذمہ داری ۔ (٤) جنگ بغیر اعلان کے ۔

Incident : (a) (۱)یقینی طور پر واقع ہونے والا؛ لازمی ۔ (۲) (قانون) متعلق بہ ۔ (۳) (طبیعیات) واقع ہونےوالی اشعّہ؛ (شعاع) واقع ۔

Incidental : (a) (۱) ضمنی؛ عرضی ۔(۲) شدنی؛ جسکا واقع ہونا ضروری ہو؛ اتفاقی ۔

Incidental : (n) (۱) واقعہ؛ واردات ۔ (۲) ضمنی اخراجات ۔

Incidental image/-colour : (n) ایسی شبیہیں اور رنگ جو ان اثرات کے نتائج ہوں جو موجود نہ رہے ہوں ۔

Incidental music : (n) ناٹک کے دوران کی ضمنی موسیقی؛ رقص یاگیت ۔

Incidentally : (adv.) ضمناً؛ اتفاقاً ۔

Incidentalness : (n) ضمنی ہونا؛ عرضی ہونا ۔

Incinerate : (v) جلا کر خاک کر دینا؛ جلا کر راکھ کر ڈالنا ۔

Incineration : (n) جلا کر راکھ کر دینا خصوصاً مردے کو ۔

Incinerator : (n) جلا کر راکھ کر دینے والا ۔

Incipience / Incipiency : (n) شروع؛ آغاز؛ ابتدا ۔

Incipient : (n) (عبرانی قواعد) فعل کا زمانہ جو مستقبل؛ حال وغیرہ کہا جاتا تھا ۔

Incipient : (a) (۱)ابتدائی؛ جوابتدائی منزل میں ہو ۔ (۲) (طب) بدوی ۔

Incipiently : (adv.) ابتداً ؛ شروع میں ۔

Incipit : (n) کسی نظم کے ابتدائی الفاظ ؛ قرونِ وسطیٰ کے مسودے یا چھپی ہوئی کتاب کا پیش لفظ ۔

Incisal : (a) کاٹنا یا گھسنا (دانتوں کے کنارے) ۔

Incise : (v) (۱) شگاف د ینا ؛ چیرنا ؛ گود نا ۔ (۲) کندہ کرنا ؛ کھود نا ۔

Incised : (a) (۱) بریدہ ؛ شگافتہ ؛ کندہ ۔ (۲) نقش شدہ ۔

Incision : (n) (۱) درز ؛ شگاف ؛ کھود نے کا نشان ؛ گود نے کا نشان ۔ (۲) تیز طبعی ؛ باریکی ؛ تیزی ۔
(۳) (تشریح) قطع ؛ چاک ؛ شگاف ۔
(٤)(حیوانیات و نباتیات) د ندانہ ۔

Incisive : (a) (۱) گود نے والا ؛ چیر نے والا ؛ گھس جانے والے ۔
(۲) (مجازاً) تیز طبع ۔ (۳) باریک ؛ تیز ؛ چبھتا ہوا ۔

Incisive : (n) اگلا دانت ۔

Incisively : (adv) تیز طبعی سے؛ تیزی سے ؛ کاٹتا ہوا؛ چبھتا ہوا ۔

Incisiveness : (n) تیز طبعی ؛ باریکی ؛ تیزی ؛ کاٹ ۔

Incisor :(n) سامنے کے کاٹنے والے دانتوں میں سے کوئی دانت؛ اگلا دانت ؛ ثنیہ ؛ قاطع دانت ۔

Incisor : (a) کاٹنے والا ۔

Incisure : (n) چاک ؛ شگاف ؛ درز۔

Incitant : (a) اکسانے والا ؛ مشتعل کرنے والا ؛ تر غیب د ینے والا ۔

Incitant : (n) اکسانے والا ؛ ترغیب د ینے والا ؛ محرک ۔

Incitation : (n) تحریک ؛ اشتعال ؛ ترغیب ؛ کج خلقی یا بد تمیزی ۔

Incite : (v) اکسانا ؛ بھڑکانا ؛ ابھارنا ؛ ترغیب د ینا ؛ آمادہ کرنا؛ مشتعل کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ متحرک کرنا ۔

Incitement : (n) دیکھو Incitation

Join : (v) (۱) جوڑنا ؛ ملنا ؛ ملانا ۔ (۲) دو نقطوں کو خط سے ملانا ۔ (۳) متحد ہونا ؛ شریک ہونا ؛ رشتہ جوڑنا ؛ مربوط ہونا ۔ (٤) جڑنا ۔ (٥) شامل ہونا ؛ شریک ہونا ۔ (٦) کسی کے سلتھ آملنا ۔ (۷) (کلب وغیرہ کا) رکن بننا ؛ داخل ہونا ۔ (۸) (فوج ، جہاز وغیرہ میں) ملازمت کے لئے حاضر ہونا ۔ (۹) اتصال ہونا ۔ (۱۰) ایک دریا کا دوسرے میں گرنا یا ملنا ۔ (۱۱) شامل ہونا یا (جنگ میں) مصروف ہونا ؛ وابستہ ہونا ۔

To join battle : (phr.) ایک ساتھ جمع ہو کر جنگ کرنا؛ جنگ شروع کرنا ؛ (مجازاً) کسی قسم کے مقابلے میں شریک ہونا ۔

To join efforts : (phr.) باہم کوشش کرنا ؛ متحد ہوکر کوشش کرنا ۔

To join forces : (phr.) متحد ہوکر کوشش کرنا ؛ طاقت بہم پہنچانا ۔

To join hands : (phr.) معاہدہ یا محبت کے اظہار میں ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ کرنا ؛ دو شخص کے ہاتھوں کو ملوانا (خصوصاً شادی کے موقع پر) ؛ مجازاً کسی کام یا مہم میں شریک ہونا ۔

To join out or join out the odds : (عامیانہ) بھڑوا بننا ؛ قلبتان بننا ۔

To join the issue or join issue : (۱) فیصلہ کے لئے متنازعہ فیہ مسئلہ ایک ساتھ پیش کرنا ۔ (۲) کسی مخصوص مسئلہ کو متنازعہ کی بنیاد ماننا یا متعین کرنا یا صاف طور پر وضاحت کرنا ۔

To join the (great or silent) majority : مرجانا ؛ مُردوں میں شامل ہوجانا ۔

To join up : (روز مرّہ) بھرتی کرنا ۔

Join : (n) (۱) مقام اتصال ؛ نقطۂ اتصال ؛ جوڑ ؛ ملنے کی جگہ ؛ سنگم ۔ (۲) مقناطیسی صوت بندی کے فیتے کا جوڑ ۔

Joinable : (a) قابل اتصال ؛ جوڑے جانے کے قابل ۔

Joinant : (a) دیکھو Conjoined

Joinder : (n) (۱) (قانون) اشتمال ؛ کسی مقدمے میں فریقین کا بحیثیت مدعی یا مدعا علیہ شامل ہونا ؛ دیوانی قانون میں یہ ضروری ہے کہ جتنے اشخاص کا تعلق اس معاملے سے ہے جس کی نالش کی

جاریں ہے ان سب کو بہ حیثیت مدعی یا مدعاعلیہ دعوے میں شامل کیا جائے ؛ اس فروگذاشت کو اشتمال کہتے ہیں ؛ دو یا زیادہ فریقین کا ایک مشترک معاملے میں شامل ہونا ۔ (۲) جوڑنے کا عمل ؛ اتحاد ؛ اتصال ۔

Joiner : (n) (۱) جوڑنے والا ؛ ملانے والا ۔ (۲) وہ بڑھئی جو فرنیچر وغیرہ بناتا ہے ؛ چھوٹا موٹا لکڑی کا متفرق کام کرنے والا ؛ پوشاک کے مختلف حصوں کو سینے والا ؛ وہ شخص (کام کرنے والا) جو ہاتھ یا مشین سے جوتے کی ایڑی کے کناروں کو درست کرتا ہے ؛ وہ شخص جو ناؤ کے اندرونی حصوں کو درست کرتا ہے ۔ (۳) ایسا صحبت پسند جو متعدد تنظیموں میں شامل ہوتا ہے ؛ طبعی طور پر مختلف تنظیموں میں شریک ہونے والا شخص ۔

Joiner : (v) جوڑنے والے ، ملانے والے یا متعدد انجمنوں میں شریک ہونے والے شخص کی طرح عمل کرنا ۔

Joiner work : (۱) جوڑنے والے یا ملانے والے کا پیشہ یا فن یا اس کا کارخانہ ۔ (۲) جوڑنے والے کی بنائی ہوئی چیزیں ۔

Joinering : (n) ملانے والا ؛ جوڑنے والا ۔

Joinery : (n) دیکھو Joiner work

Joining : (n) (۱) ایک چیز کو دوسری چیز سے جوڑنے کا عمل یا کام ؛ اتصال ۔ (۲) جائے اتصال ؛ جوڑ ۔ (۳) متعدد تنظیموں میں شریک ہونے کا عمل ۔

Joint : (n) (۱) جوڑ ؛ مفصل ۔ (۲) ملنے کی جگہ ؛ نقطہ اتصال ۔ (۳) گرہ ؛ گانٹھ ۔ (٤) درخت کے تنے کا وہ حصہ جہاں سے شاخ یا پتا پھوٹتا ہے ۔ (٥) جوڑ ؛ چول ؛ قفلی بند وغیرہ ۔ (٦) (ارضیات) چٹان میں شگاف یا دراڑ ۔ (۷) جسم کا ایک حصہ یا ٹکڑا ؛ انگلی کی پور ۔ (۸) (کل کا) جز یا ٹکڑا ۔ (۹) گوشت کا پارچہ یا ٹکڑا ۔ (۱۰) ناجائز شراب خانہ یا چانڈو خانہ ؛ ریستوران یا ہوٹل ؛ جگہ ؛ مسکن ؛ ادارہ ۔ (۱۱) (عامیانہ) مار جوانا سگریٹ ؛ سرکس یا میلے کے لئے رعائتی (ٹکٹ کے) حصول کی جگہ ۔

Butt joint : الصاقی جوڑ ۔

Hinge joint : قفلی جوڑ ۔

Out of joint : (۱) (ہڈی کے لئے) سرخانے سے باہر نکلا ہوا ؛جوڑ سے اترا ہوا ۔ (۲) بے ترتیب ؛ پریشان ؛ ناموزوں ؛ غیر آہنگ ۔

Tenon joint : چول جوڑ ۔

Universal joint : قفلی جوڑ ۔

Joint : (a) (۱) متحدہ ؛ ملا جلا ؛ باہمی ؛ مشترک ۔ (۲) دو یا زیادہ کامشترک ؛ بہ شرکت ؛ بالا شتراک ۔ (۳) مخلوط خاندان کا یا اس سے متعلق ۔

Joint : (v) (۱) (متروک) ملنا ؛ شامل ہونا ؛ متحد ہونا ۔ (۲) چول قفلی بند وغیرہ سے جوڑنا ۔ (۳) (کسی چیز) کے جوڑ کو الگ کرنا ؛ جوڑ پر سے تقسیم کرنا یا کاٹنا ۔ (٤) عمارت کے جوڑوں کو گارے سے بھرنا ؛ (٥) (لازم) جوڑ کی طرح ملنا ؛ متصل ہونا ؛ نشو و نما کی صورت میں جوڑ بننا (جیسے گیہوں میں) ۔

Joint account : (n) مشترکہ کھاتا جس میں دو یا زیادہ اشخاص شامل ہوں اور ان میں سے کوئی ایک رقم نکال سکتا ہے یا اپنےدستخط سے کوئی لین دین کا کام انجام دے سکتا ہے ۔

Joint author : (n) وہ جو ایک یا زیادہ اشخاص کے ساتھ ادبی تصنیف میں شریک ہوتا ہے ؛ مشترکہ مصنف ۔

Joint-bedded : (a) (معماری) عمودی شکل میں دوہرا لگایا ہوا (پتھر) ۔

Joint chair : (n) لوہے یا فولاد کا جوڑ جس سے ریل کی پٹری اپنے مقام پر رہے ۔

Joint committee : (n) وہ کمیٹی جودونوں ایوان کے باہمی مسائل پر غور و خوض کرے یا کسی مشترکہ موضوع پر کوئی فیصلہ لے ۔

Joint coupling : (n) ایک قطبی جوڑ جو ایک دُھرے کے ذریعے ہر زاویئے پر قوت منتقل کر سکے ؛ ہر طرفی جوڑ ۔

Joint-enterprise : (n) مشترک کار جوئی ؛ دو یا زیادہ اشخاص کی مشترکہ مہم جس میں مشترک مقاصد ہوں اور جن میں ان کے یکساں اختیارات ہوں ۔

Joint family / -household : (n) مشترک خاندان جس میں دو یا زیادہ نسلیں ایک ساتھ ہوں، اور ان کا مشترک گھر ہو اور ان کے سماجی ؛ اقتصادی اور مذہبی قاعدے مشترک ہوں ۔

Joint hinge : (n) قبضہ (قلابے کا) ۔

Joint-mouse : (n) موش مفصلی ۔

Joint obligation : (n) مشترکہ ذمہ داری ۔

Joint oil : (n) روغن جو مفصل سے نکلتا ہے ۔

Joint product : (n) (۱) باہمی جدو جہد کا نتیجہ ۔ (۲) ایک ہی خام مال سے حاصل شدہ دو یا زیادہ مصنوعات میں سے ایک (جیسے کوئلہ سے حاصل ہونے والی گیس اور کوک) یہ By product کے معنی سے مختلف ہے ۔

Joint property : (n) شاملات ؛ مشترک جائداد ۔

Joint resolution : (n) مشترک تجویز ؛ دونوں ایوان سے منظور شدہ تجویز ۔

Joint rust : (n) گھاس کی ایک بیماری ۔

Joint session /- meeting (n) مجلس مقنّنہ کے دونوں ایوان کا اجلاس ۔

Joint splice : (n) کسی جوڑ پر مزید پٹی لگائی جائے تاکہ حصے با ہم متحد ہو جائیں ۔

Joint stock : (n) مشترک سرمایہ ۔

Joint stock company : (n) مشترک سرمایہ کمپنی ، ایک کمپنی یا جماعت جو ایسے افراد پر مشتمل ہو جو مشترک سرمایہ لگا کر منافع کا مقصد رکھتے ہوں اور جس کے ایک رکن کا حصہ دوسرے رکن کی رضامندی کے بغیر منتقل ہوسکتا ہے ۔

Joint stool : (n) (۱) علاحدہ ٹکڑوں سے بنی ہوئی تپائی ۔ (۲) دو علاحدہ ٹکڑوں کے سروں کو ملانے والا بلاک ۔

Joint-supply : (n) رسد مشترک ۔

Joint tenancy : (n) مشترک لگان داری ؛ مشترک دخیل کاری ۔

Joint-tenant : (n) غیر منقسم املاک ؛ مشترک دخیل کار ، نیز مجازاً ۔

Joint vein : (n) ایک چھوٹی ارضیاتی ورید جو مفصل پر حاوی ہو ۔

Joint worm : (n) کِرم گکو ؛ کرم گندم ۔

Jointed : (a) گرہ دار ؛ حلقہ دار (عموماً) مرکب مستعمل جیسے Well-jointed, loose-jointed ۔

Jointedly : (adv.) مل جل کر ؛ اشتراک میں ؛ بالا شتراک ۔

Jointedness : (n) اشتراک کی حالت یا صفت ۔

Jointer : (n) (۱) ٹکڑوں کو جوڑنے والا ، وغیرہ ۔ (۲) مسطح تخت ۔ (۳) چھوٹی کرنی ؛ مجھولا ؛ راج کا گارا بھرنے کا اوزار ۔ (٤) (نجاری) جوڑ تراش (رندہ) ۔ (٥) بجلی کے تاروں کو جوڑنے والا کاریگر ۔ (٦) اس طرح کا کام کرنے والا ۔

Jointer-plane : (n) بڑھئی کا جوڑ تراش(رندہ) جو لکڑی کے تختوں کو مسطح کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Jointing : (n) جوڑنے کا عمل ؛ پتر جوڑ ؛ جوڑ کی ساخت ۔

Jointing-plane : (n) درز یا چاک بھرنے کا جوڑ تراش (رندہ) ۔

Jointing-rule : (n) معمار کا پٹا یا روسا (مسطح کرنے کا) ۔

Jointless : (a) ایک ٹکڑے پر مشتمل ؛ درزا یا جوڑ سے خالی ؛ بے مفصل ؛ بغیر جوڑ ۔

Jointly : (adv.) (۱) بالا شتراک ؛ باہم ؛ متحدہ طور پر ۔ (۲) مشترک دخیل کاری میں ۔ (۳) پیداوار کے تناسب میں ۔

Jointness : (n) دو یا زیادہ اشخاص میں مشترک ہونے کی حالت یا صفت ۔

Jointress : (n) وہ عورت جس کے نام خاوند نے کوئی جائداد لکھی ہو ؛ وثیقہ زوجہ کی مستحق یا مالک عورت ؛ جو بعد وفات خاوند جائداد سے تاحیات متمتع ہو سکتی ہو ۔

Jointure : (n) (۱) ملانے کا عمل ؛ اتصال ۔ (۲)جائداد مہر ؛ وہ جائداد جو شوہر کی موت کے بعد بیوی کو ملے تاکہ وہ تاحیات اس سے متمتع ہو ؛ وثیقہ زوجہ ۔

Jointure : (v) بیوی کے نام وثیقہ لکھنا ۔

Jointureless : (a) عدم وثیقہ زوجہ ۔

Jointuress : (n) وہ عورت جس کے نام خاوند نے کوئی جائداد لکھی ہو ؛ وثیقہ زوجہ کی مستحق یا مالک عورت ۔

Jointweed : (n) مختلف پودوں کا نام ۔

Jointy : (a) متعدد جوڑ والا ۔

Joist : (n) (چھت کی) کڑی ؛ لکڑی کی فرش کی کڑی جس پر تختے جڑے جاتے ہیں ۔

Joist : (v) کڑی لگانا یا کڑی پر رکھنا ۔

Joke : (n) (۱) مذاق ؛ لطیفہ ؛ ٹھٹول ۔ (۲) دل لگی ۔ (۳) ہنسی کی بات یا حرکت ۔ (٤) مضحک واقعہ ۔ (٥) آسان کام ؛ کھیل ۔

It is not a joke : یہ مذاق نہیں ہے ؛ یہ سنگین معاملہ ہے ؛ یہ ہنسی کی بات نہیں ۔

Practical joke : عملی مذاق ؛ مذاق کی حرکت ۔

To crack a joke : دل لگی کرنا ۔

To turn a matter into a joke : بات کو مذاق بنا دینا ۔

Joke : (v) (۱) مذاق کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ مسخراپن کرنا ۔ (۲) کسی کے ساتھ مذاق کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ چھیڑنا ۔ (۳) مذاق سے حاصل کر لینا ۔

Jokeless : (a) مذاق سے عاری ۔

Jokelet : (n) ہلکا مذاق ؛ تھوڑی دل لگی ۔

Joker : (n) (۱) مذاق کرنے والا ؛ مسخرا ؛ دل لگی باز ۔ (۲) تاش کا جوکر ۔ (۳) (عامیانہ) شخص ؛ آدمی ۔

Jokesmith : (n) مطائبہ نویس ۔

Jokey / Joky : (a) مذاق کا خوگر ؛ پُر مذاق ؛ مذاق کا ۔

Joking relationship : (n) مخصوص رشتہ داروں کے درمیان گہری واقفیت پر مبنی اداری تعلق جو غیر متمدن قوموں میں پایا جاتا ہے اور جن کے یہاں جنسی رنگ میں ڈوبے مذاق روا ہیں ۔

Jokingly : (adv.) مذاق کے طور پر ؛ دل لگی سے ۔

Jokul : (n) جزیرہ آئس لینڈ کا برف سے ڈھکا پہاڑ ۔

Jolie laide : (n) وہ لڑکی جو خوبصورت نہ ہونے کے باوجود پر کشش ہو ؛ پر کشش لڑکی ؛ جاذب نظر لڑکی ۔

Joll : (v) (عامیانہ ، برطانیہ) لڑ کھڑانا ؛ قدم کو لغزش ہونا ۔

Jolley / Jollie : (n) Jolly کی متبادل شکل ۔

Jollier : (n) (۱) مذاق کرنے والا ؛ دل لگی کرنے والا ؛ مسخرا ۔ (۲) وہ ورکر جو جولی مشین کا استعمال گِلی ظروف بنانے میں کرتا ہے ۔

Jollification : (n) سرور ؛ رنگ رلیاں ؛ بادہ نوشی ۔

Jollify : (v) رنگ رلیاں منانا ؛ پینا پلانا ؛ بادہ نوشی کرنا ۔ فرحت بخشنا ؛ سرور پیدا کرنا ؛ نشاط پیدا کرنا ؛ مست کرنا ۔

Jollily : (adv.) مستی میں ؛ سرور میں ؛ خوشی میں ؛ وجد میں ۔

Jolliness : (n) سرور ؛ مستی ؛ نشاط ؛ کیف و حال ۔

Jollity : (n) رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ؛ قہقہے ؛ وجد و سرور ۔

Jolloped : (a) (۱) جس کے گلے پر گوشت لٹکا ہو - (۲) گل مچھے دار - (۳) (نقابت) (جسم سے) مختلف رنگ کے غبغبے والا -

Jolly : (a) (۱) خوش ؛ مسرور ؛ مگن ؛ مسرت بخش - (۲) ہنس مکھ ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ؛ رنگین مزاج - (۳) (روز مرہ) پر لطف ؛ مزے کا ؛ بہت خوشگوار ؛ بہت قابل پسند ؛ شاندار -(٤) (روز مرہ) بہت ؛ نہایت ؛ بڑے مزے کا -

Jolly : (adv.) بہت ؛ نمایاں طور پر ؛ اکثر شدت کے لئے مستعمل -

Jolly : (v) (۱) جھانسا دینا ؛ فقرہ بازی کرنا - (۲) جولی مشین سے گھڑنا -

Jolly : (n) (۱) (خصوصاً برطانیہ میں) رنگ رلیاں ؛ سرور ؛ مستی - (۲) Jolley یا Jollie کمہار کی ایک مشین (چرخی کی طرح) جس کا استعمال پلیٹ یا طشتری بنانے میں ہوتا ہے -

Jolly balance : (n) ایک نازک کمانی دار ترازو جس کاخاص استعمال ہوا اور پانی میں تول کر کثافت کا پتا لگانے میں ہوتا ہے -

Jolly boat/Jolly : (n) جہاز کے ساتھ کی چھوٹی کشتی جس کا استعمال عام موٹے یا معمولی کاموں میں ہوتا ہے -

Jolly roger : (n) ایک سیاہ پرچم جس پر ایک سفید جمجمہ اور آڑی استخوان کا نشان ہوتا تھا - ۱۷ ویں اور ۱۸ ویں صدی میں یہ بحری قزاق کا جھنڈا تھا - اس نشان کا یہ مطلب بھی ہوتا تھا کہ مخالفت کی عدم موجودگی میں ایک چوتھائی کا حق قبول ہے -

Jolt : (v) (۱) ہچکولے دینا ؛ دھچکے دینا - (۲) (گاڑی کا) دھچکے کھاتے ہوئے چلنا - (۳) نفسیاتی جھٹکے دینا ؛ سکون منتشر کرنا ؛ استقامت کو صدمہ پہنچانا - (٤) (عامیانہ) مُسکّر استعمال کرنا -

Jolt : (n) (۱) ہچکولا ؛ دھچکا ؛ جھٹکا - (۲) نا اُمیدی ؛ تعجب یا صدمہ کا اچانک احساس - (۳) جیل کی ایک اصطلاح - (٤) جھونکا ؛ کسی چیز کا مختصر حصہ (عامیانہ) مُسکّر کی ایک اکائی انجکشن کے لئے -

Jolter : (n) ہچکولے دینے والا ؛ دھچکے دینے والا -

Jolter-head/-head : (n) (۱) (قدیم) بڑا یا بھاری سر - (۲) (روز مرّہ) موٹی عقل ؛ بھدی عقل ؛ احمق ؛ کوڑھ مغز ؛ کند -

Jolter-headed : (a) (۱) (قدیم) بڑے یا بھاری سر والا - (۲) (روز مرّہ) (خصوصاً انگلستان میں) احمق ؛ بھدا -

Joltless : (a) دھچکے سے عاری -

Jolty : (a) دھچکے دینے والا -

Jonah : (a) منحوس آدمی ؛ وہ شخص جو منحوس سمجھ کر (دیوتاؤں پر) قربان کر دیا جائے -

Jonah : (v) نحوست لانا ؛ بد نصیبی لانا -

Jonah-crab : (n) شمالی امریکا کے مشرقی ساحل کا ایک بڑا کیکڑا -

Jonathan : (n) شہر نیو یارک کا باشندہ جو وہاں کی مخصوص صفات کا حامل ہو -

Brother jonathan : (phr.) (۱) نیو یارک کا مثالی باشندہ - (۲) امریکی سیب کی ایک قسم -

Jonathan freckle : (n) سیب کی ایک بیماری جو احتکار سے پیدا ہوتی ہے اور جس سے سیب میں داغ پڑ جاتے ہیں -

Jong : (n) (جنوبی افریقہ) نوجوان شخص -

Jongleur : (n) (تاریخ) خانہ بدوش گوّیا ، شاعر ؛ جہاں گرد بھاٹ -

Jonquil : (n) (۱) نرگس کی قسم کا ایک پودا - (۲) ہلکا زرد رنگ -

Jonsonian : (a) بن جانسن کا یا اس کی تصنیفات سے متعلق -

Joram : (۱) قدح ؛ جام ؛ شراب یا شربت کا بڑا پیالہ - (۲) قدح بھر شراب (خصوصاً punch) - (۳) بڑی مقدار -

Jordan : (n) (روز مرہ ، برطانیہ) حاجتی ؛ پاٹ ؛ پاخانے کا برتن -

Jordan : (a) اردن کا یا اس کے مروجہ طرز سے متعلق -

Jordan /- engine / - refiner : (n) کاغذ کے مغز کو عمدہ بنانے والی مشین۔

Jordan (v) جارڈن کے ذریعہ عمدہ بنانا۔

Jordan almond : (n) (۱) نفیس بادام جو ملاگا (اسپین) سے آتا ھے اور جس کا خاص استعمال مٹھائیوں میں ہوتا ھے۔ (۲) بادام جو مختلف رنگوں میں شکر سے لپٹا ہو۔

Jordan curve : (n) (ریاضی) ایک بند خطِ منحنی جو خود سے منقطع نہ ہو۔

Jordan's law : (n) ارتقائی علم الحیات کا ایک اصول جس کے مطابق قریبی عضویات متصلہ سلسلے اختیار کرتے ھیں ؛ مماثل یا بعید نہیں۔

Jordanian : (a) (۱) اردن کا یا اس کی خصوصیات کا حامل۔ (۲) اردن کے باشندوں کی صفات سے متصف۔

Jordanian : (n) اردن کا باشندہ۔

Jordanite : (n) ایک قسم کی معدنی شے۔

Jordanon : (n) ایک خرد نوع۔

Jornada : (n) عموماً ایک روز کا دشوار ریگستانی سفر۔

Jorram : (n) (اسکاٹستان) کیلٹ لوگوں کا گیت جو ناؤ پر گایا جاتا ھے۔

Jorum : (n) دیکھو Joram

Joseph : (n) (۱) پاکباز آدمی۔ (۲) وہ لمبا لبادہ جو ۱۸ ویں صدی میں یورپ کی عورتیں گھوڑے پر سوار ہوتے وقت پہنتی تھیں۔

Joseph's coat : (n) (۱) کئی رنگوں کا کوٹ۔ (۲) خاص پودوں میں سے کوئی ایک پتیوں کے ساتھ۔

Joseph's flower : (n) ایک قسم کا پودا۔

Josephinite : (n) لوہے اور نکل کا ایک قدرتی بھرت۔

Josh : (v) دق کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ بے وقوف بنانا ؛ دل لگی کرنا۔

Josh : (n) لطیفہ ؛ لطیف مذاق ؛ ہلکی دل لگی۔

Joskin : (n) دیہاتی گنوار ؛ دیہاتی بے وقوف۔

Joss : (n) چینی بتخانہ ؛ چینی بت ؛ چینی مورت ؛ لعبت چین۔

Joss : (v) (روز مرّہ) دھکا دینا ؛ مجتمع ہونا ؛ کہنی مارنا۔

Joss-house : (n) چینی بتخانہ۔

Joss-stick : (n) اگر کی قسم کی بتی جو خوشبو کے لئے جلائی جاتی ھے ؛ اگر بتی ؛ عودبتی۔

Josser : (n) شخص ؛ آدمی۔

Jostle : (v) (۱) ٹکرانا ؛ دھکا کھانا۔ (۲) چھینا جھپٹی کرنا (کسی چیز کو لینے کے لئے) ؛ دھکم دھکا کرنا۔ (۳) دھکا دینا ؛ کہنی مارنا۔ (٤) دھکا دے کر ہٹا دینا۔ (۵) کسی مقصد کے حصول کے لئے جدو جہد کرنا۔

Jostle : (n) دھکم دھکا ؛ ٹکر ؛ کہنی مارنا۔

Jostlement : (n) دھکا دے کر پریشان کرنا۔

Jostler : (n) دھکا دینے والا ؛ ٹکرانے والا۔

Jot : (n) (۱) خفیف سی مقدار۔ (۲) ذرہ۔

Jot : (v) مختصر طور سے لکھنا ؛ اختصار سے لکھ لینا ؛ ٹانک لینا۔

Jota : (n) (۱) اسپین کا ایک عوامی رقص۔ (۲) اس رقص کا نغمہ۔

Jotter : (n) (۱) وہ جو یاد داشت رقم کرے۔ (۲) وہ نوٹ بک جس میں یاد داشتیں وغیرہ نوٹ کی جاتی ھیں۔

Jotting : (n) مختصر یاد داشت ؛ نوٹ۔

Jouke : (v) (۱) (روز مرہ) جھانسا دینا ؛ کام سے کترانا۔ (۲) (روز مرّہ) دھوکہ دینا ؛ فریب دینا۔

Joukery : (n) (خصوصاً اسکاٹستان میں) مکر ؛ فریب ؛ دھوکا۔

Joule : (n) جول (اکائی) : کام یا توانائی کی اکائی۔

Joule effect : (n) جول اثر : میکانکی کام : برقی رو یا مقناطیسیت کے باعث طول میں تغیر سے پیدا ہونے والی حرارت۔

Joule heat / Joulean heat : (n) جول حرارت : مزاحمت سے گزرنے والی برقی رو سے پیدا ہونے والی حرارت۔

Joule's equivalent : (n) جول معادل : میکانکی معادل : حرارت کا میکانی مُعادل۔

Joule's law : (n) کلیہ' جول: طبیعیات کے درج ذیل اصولوں میں سے کوئی ایک (i) مثالی گیس کی داخلی توانائی بلالحاظ حجم اور دباؤ کے صرف درجہ' حرارت پر مبنی ہوتی ہے۔ (ii) جس شرح پر برقی دور کے کسی حصے میں مستقل رو سے حرارت پیدا ہوتی ہے وہ مزاحمت اور رو کے مربع کے متناسب ہوتی ہے۔

Jounce : (v) (۱) گرنا : لڑ کھڑانا۔ (۲) دھچکا یا ہچکولا لگنا۔ (۳) دھکا دینا : ٹکرانا۔

Jounce : (n) دھچکا : دھم۔

Jouncy : (a) دھچکے کا : ہچکولے والا۔

Journal : (n) (۱) روز نامچہ۔ (۲) روزانہ حساب کا بہی کھاتا۔ (۳) روزنامہ : روزانہ اخبار : کوئی موقت الشیوع اخبار یا رسالہ۔ (٤) (بحری) جہاز کا روزنامچہ : روزانہ واقعات کا رجسٹر۔ (٥) شہتیر یا دھرے کا وہ حصہ جو سہارے پر قائم ہو۔

The Journals : (پارلیمنٹ) روزنامچہ۔

Journal : (v) روز نامچہ فراہم کرنا : روزانہ اخبار مہیا کرنا۔

Journal-bearing : (n) چھڑ یا دھرے کا سہارا۔

Journal-book : (n) واقعات کی ڈائری : ڈائری : روزنامچہ۔

Journal box : (n) وہ چول جو دھرے اور کمانی کے گرد ہو۔

Journal packing : (n) تیل یا چربی سے تر کیا ہوا کسی ریشہ دار چیز کا گچھا جو جنرل بکس میں لگایا جاتا ہو۔

Journalese : (n) (۱) اخبار کا مخصوص اسلوب : اخباری زبان۔ (۲) ایسی تحریر جس میں سادگی اور بے ساختگی ہو اور جس کی ترکیب وساخت غیر مستحکم ہو۔

Journalism : (n) (۱) اخبار نویسی : صحافت۔ (۲) صحافتی طرز۔ (۳) صحافتی طرز میں کسی واقعہ یا خیال کا بیان۔

Journalist : (n) اخبار نویس : صحافت نگار : صحافی : وہ مصنف جو عوامی اپیل کے پیش نظر سادہ اور بے ساختہ طرز اختیار کرتا ہے۔

Journalistic : (a) (۱) صحافت یا اخبار نویسی کا یا اس سے متعلق۔ (۲) صحافتی : ایسی ادبی خصوصیات کا حامل جو اخبار اور مقبول عام مجلہ کے لئے موزوں ہوں۔

Journalistically : (adv.) صحافتی طور پر۔

Journalize : (v) (۱) کھتیانا : روز کے حساب کتاب میں درج کرنا۔ (۲) کھاتے میں لکھنا۔ (۳) روز نامچہ لکھنا : روز نامچے میں درج کرنا : روزانہ خیالات یا تاثرات قلم بند کرنا۔

Journey : (n) (۱) سفر : ایک جگہ سے دوسری جگہ کا سفر: خشکی کا سفر۔ (۲) منزل : جتنا فاصلہ وقت معینہ میں طے ہو سکے۔ (۳) (خصوصاً روز مرّہ) دن کی محنت یا معینہ کام۔

A journey by rail : (phr.) ریل کا سفر۔

A journey on foot : (phr.) پیدل سفر۔

Journey in to the country : (phr.) دیہات کا سفر۔

Journey to London : لندن کا سفر۔

To make or undertake a journey : سفر کرنا۔

Journey : (v) (۱) سفر کرنا : مسافت طے کرنا - (۲) علاحدہ کرنا (برطانوی ٹکسال میں سکوں کو)۔

Journey-man : (n) کاریگر یا مستری جو دوسرے کی دکان پر اجرت سے کام کرتا ہو : (مجازاً) بھاڑے کا ٹٹو۔

Journey manclock : (n) رصد گاہ کا گھڑیال۔

Journey work : (n) اجرت کا کام ؛ بھاڑے کا کام۔

Journeyer : (n) مسافر ؛ سفر کرنے والا ۔

Joust / Just : (n) (۱) نیزہ بازی کا مقابلہ ؛ گھوڑے پر سوار بانکوں کا مقابلہ ۔ (۲) اسی قسم کا کوئی دوسرا مقابلہ ۔

Joust / Just : (v) دواسپ سوار بانکوں کا نیزے سے لڑنا ؛ اس کے مشابہ مقابلہ بازی میں شریک ہونا ۔

Jove : (interj.) افوہ ! قسم خدا کی ! (اس طرح مستعمل :By jove) ۔

Jovial : (a) (۱) ہنس مکھ؛ خوش مزاج ؛ خندہ پیشانی ۔ (۲) رنگین مزاج ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ۔

Joviality : (n) خوش مزاجی ؛ شگفتہ مزاجی ۔

Jovialize : (v) (قدیم) شگفتہ دل کرنا ۔

Jovially : (adv.) خوش مزاجی سے ۔

Jovialness : (n) شگفتگی ؛ خوش طبعی ۔

Jovian : (a) (۱) (رومیوں کا سب سے بڑا دیوتا) jove کا یا اس کی طرح ۔ (۲) مشتری کا یا اس کی طرح ۔

Jovicentric : (a) (علم النجوم) مشتری پر مرکوز یا مشتری کے محور پر ؛ مرکز مشتری سے ظہور ۔

Jovinianist : (n) جووینین (jovinian) کا پیرو یا متبع (جو حضرت مریم کی پاک دامنی کا منکر تھا اور تجرد و ریاضت کا مخالف) ۔

Jowl / Jole : (n) (۱) جبڑا ؛ جبڑے کی ہڈی - (۲) گال ؛ رخسار ؛ کلاّ ۔

Jowl / Jole : (n) (۱) گوشت جو گردن یا گلے سے لٹکتا ہے ۔ (۲) بیل وغیرہ کی گردن سے لٹکنے والا گوشت ۔ (۳) (پرندوں کا) پوٹا ۔

Jowl / Jole : (n) مچھلی کا سر خصوصاً بڑی مچھلی کا سر اور گلپھڑے ۔

Jowl / Jole : (v) (۱) ضرب لگانا (بال پر) چھڑی سے ۔ (۲) کھٹکھٹانا ؛ دبانا ؛ ضرب لگانا ۔ (۳) (معدنیات) کوئلے کی کان کی دیوار کو تھپتھپانا سگنل کے طور پر ۔ (٤) دھیرے دھیرے گھنٹی وغیرہ بجانا (بول چال) ۔

Jowled : (a) خصوصی قسم کے جبڑے ؛ کلّے وغیرہ والا ۔

Jowler : (n) بہت ہی بھاری جبڑوں والا کتّا ؛ نیز ایک قسم کے کتّے کا نام ۔

Jowly : (a) بھاری کلّے جبڑے والا ؛ جس کے گلے اور گردن گوشت سے بھرے ہوئے ہوں اور گوشت نیچے لٹکتا ہو ۔

Jowter : (n) (۱) مچھلی بیچنے والا ؛ آواز لگا کر مچھلی بیچنے والا ۔ (۲) کسی بھی چیز کو آواز لگا کر بیچنے والا ؛ ہاکر ۔

Joy : (n) (۱) خوشی ؛ مسرت ؛ شادمانی ؛ سرور ؛ انبساط ۔ (۲) باعث مسرت ؛ مایہ٭ شادمانی ؛ حالت سرور ؛ کسی محبوب شے کو پا لینے یا حاصل کر لینے کی خوشی ۔ (۳) اتفاقی عظمت ۔

Joy : (v) (۱) خوش ہونا ؛ مسرور ہونا ؛ دلشاد ہونا ؛ خوشی کا تجربہ کرنا ؛ خوشی منانا ؛ خوشی محسوس کرنا یا خوشی ظاہر کرنا ۔ (۲) باغ باغ کر دینا ؛ مسرور کرنا ؛ نہال کرنا ؛ شادماں کرنا ۔ (۳) خوشی حاصل کرنا (کسی سے) ۔

Joy bells / -fire /-gun : (n) گھنٹیاں جو خوشی کے موقع پر بجتی ہیں ؛ بندوق جو خوشی کے موقع پر داغے جاتے ہیں ۔

Joy-girl : (n) رنڈی ؛ طوائف ۔

Joy-house : (n) رنڈی خانہ ؛ قحبہ خانہ ۔

Joy-juice : (n) شراب ؛ مشروب مسرت ۔

Joy-less : (a) (۱) خوشی سے محروم ؛ خوشی سے خالی ؛ مغموم ۔ (۲) جسے خوشی نہ ہو ؛ افسردہ ۔

Joy-pop : (v) کبھی کبھی دوا استعمال کرنا ۔

Joy-popper : (n) کبھی کبھی دوا استعمال کرنے والا ؛ دوا استعمال کرنے والا ؛ جو ابھی دوا کا عادی نہیں ہے ۔

Joy-ride : (n) (امریکا ؛ عامیانہ) موٹر ؛ ہوائی جہاز وغیرہ میں سیر ، ایسی سیر مالک کی اجازت کے بغیر یا چوری سے ۔

Joy-stick : (n) دیکھو Control stick ؛ ہوائی جہاز کا بیرم جس سے اس کی حرکت کو قابو میں رکھا جاتا ہے ۔

Joy-weed : (n) Alternanthera کی جنس کا ایک پودا ۔

Joyance / Joyancy : (n) (۱) (خاص کر شاعری میں) مسرت بخش کام یا عمل ؛ جشن مسرت ؛ اظہار مسرت ۔ (۲) خوشی ؛ مسرت ؛ سرور ۔ (۳) مسرور فطرت ؛خوش مزاج ۔

Joyant : (a) خوشی ؛ مسرور ؛ پر مسرت ؛ شادمانی ۔

Joyful : (a) (۱) مسرور ؛ شاداں و فرحاں ؛ خوشی سے بھرا ہوا ۔ (۲) خوشی ظاہر کرتے ہوئے ؛ خوشی کا ظاہر کرنے والا ۔

Joyfully : (adv.) خوشی سے ؛ مسرت کے ساتھ ۔

Joyfulness : (n) خوشی ؛ مسرت ۔

Joylessly : (adv.) بے لطفی سے ؛ افسردگی سے ۔

Joylessness : (n) بے لطفی ؛ افسردگی ؛ عدم مسرت ۔

Joyous : (a) دیکھو Joyant

Joyously : (adv.) خوشی سے ؛ پُرمسرت طور پر ۔

Joyousness : (n) لطف و مسرت ؛ سرور و انبساط ۔

Joys : (جمع) مسرتیں ؛ خوشیاں ؛ شادمانیاں ۔

Joysome : (a) (شاذ) خوشی سے بھرا ہوا ؛ پُر مسرت ۔

Juaneno : (n) (۱) جنوبی کیلی فورنیا کے شو شو لوگ جو لوسینو (Luiseno) کی بولی بولتے ہیں ۔ (۲) اس طبقہ کا کوئی فرد ۔

Juang : (n) (۱) اڑیسہ (ہندوستان) کا کوئی فرقہ ؛ اس نسل کا کوئی فرد ۔ (۲) کولوں کی منڈا زبان ۔

Juba : (n) (۱) جنوبی امریکا کے حبشیوں کا رقص جس میں وہ تالیاں بجاتے ؛ گھٹنے پیٹتے اور "جوبا ، جوبا" چلاتے ہیں ۔ (۲) افریقی الاصل باشندوں کا رقص موت ؛ رقص تباہی ۔

Jubardy : (n) (۱) دیکھو Jeopardy ۔ (۲) خطرہ ؛ جوکھم ۔

Jubate : (a) (حیوانیات) ایال والا ؛ گھوڑے کے بال جیسا ؛ گھوڑے کے ایال جیسا (بال رکھنا) ۔

Jubbah / Jubba : (n) جُبّہ ؛ لباس کے اوپر پہننے کا لمبا لبادہ جو مسلمان اور پارسی پہنتے ہیں جس کا سامنا کھلا ہوا ہوتا ہے اور جس کی آستین کلائی تک ہوتی ہے ۔

Jube : (n) (۱) لکڑی یا پتھر کی منقش اوٹ جو گرجے کے وسط اور مشرقی حصے کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۲) گیلری جو Rood screen کے اوپر ہوتی ہے ۔

Juberous : (a) مشکوک ؛ مشتبہ ۔

Jubilance /-ancy : (n) خوش ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Jubilant : (a) بغلیں بجانے والا ؛ شور و غل کے ساتھ اظہار مسرت کرنے والا ؛ خوشی کا اظہار مظاہرے کے ذریعے کرنے والا ۔

Jubilantly : (adv.) اظہار مسرت کرتے ہوئے ؛ بغلیں بجاتے ہوئے ۔

Jubilarian :(n) وہ راہب ؛ پادری یا نن جس نے اپنے عہدے کے پچاس سال پورے کر لئے ہوں ۔

Jubilate : (n) (۱) عیسائیوں کے انگلیکن فرقہ کے سویں (۱۰۰) مناجات ۔ (۲) نعرہ ہائے مسرت ؛ فتح کے نعرے ؛ جے کار ۔ (۳) ایسٹر کے بعد تیسرا اتوار ۔

Jubilate : (v) بغلیں بجانا ؛ خوشی منانا ؛ جشن منانا ؛ کسی تقریب کے موقع پر خوشی کرنا ؛ اظہار خوشی کرنا ؛ مسرت کے نعرے لگانا ؛ شور و غل کے ساتھ خوشی ظاہر کرنا ۔

Jubilation : (n) مسرت ؛ عمل مسرت ؛ حالت خوشی ؛ کیفیت انبساط ؛ خوشی منانا ؛ بغلیں بجانا ۔

Jubilean : (a) جوبلی کا یا اس سے متعلق ۔

Jubilee : (n) (۱) (تاریخ یہود) یہودیوں کی آزادی اور مراجعت وطن کی یادگار جو ہر پچاس برس کے بعد منائی جاتی ہے ۔ اس موقع پر شادیانے بجائے جاتے ہیں ، کھیت غیر مزروعہ چھوڑ دیئے جاتے ہیں اور غلام آزاد کئے جاتے ہیں ؛ وقت آزادی ۔ (۲) (رومی کلیسا) سال عفو ؛ گنہگاروں کی شرعی سزا معاف کئے جانے کا سال (اب یہ معافی ہر وقت مل سکتی ہے) ۔ (۳) پچاسویں سالگرہ ۔ (٤) جشن کا زمانہ ؛ خوشی منانے کا زمانہ ۔ (٥) جشن مسرت ؛ بہجت و انبساط ۔ (٦) جشن منانے کا موسم یا موقع ۔ (٧) حبشی قوم کا ایك گیت جس میں خوشگوار مستقبل کی آمد یا دشوار و پریشان زمانہ کے خاتمہ کی بشارت ہوتی ہے ۔

Diamond jubilee : سلطنت وکٹوریہ کی ساٹھویں سالگرہ ۔

Silver jubilee : ۲٥ ویں سالگرہ ۔

Jubilize : (v) جوبلی منانا ؛ جشن منانا ۔

Juck : (v) رات کو تیتر یا چکور کی حقیقی آواز نکالنا ۔

Jucundity : (a) خوش ہونے کی کیفیت ۔

Judaeo : (prefix) جزو ترکیبی جیسے Judeologist وغیرہ ۔

Judahite : (n) (۱) یہود کے قبیلہ* اسرائیل کا کوئی فرد ۔ (۲) سلطنت یہود کا کوئی رکن ۔

Judahite : (a) قبیلہ* یہود یا سلطنت یہود کے کسی فرد یا رکن کا یا اس سے متعلق ۔

Judaic/-al : (a) یہودیانہ ؛ یہودیوں کا یا یہودیت سے متعلق ۔

Judaica : (n) یہود یا یہودیت سے متعلق ادبی یا تاریخی چیزیں ۔

Judaically : (adv.) یہودیت کے طور پر ۔

Judaism : (n) (۱) یہودیت ؛ یہودی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۲) یہودی رسم و رواج ؛ تقریبات اور احکامات پر اعتقاد ۔ (۳) مذہب یہود پر عمل درآمد ؛ یہودیوں جیسا فکر و خیال یا طرز عمل ۔

Judaist : (n) یہودی ؛ یہودیوں کے سے خیالات رکھنے والا ۔

Judaistic : (a) یہودی کا یا اس سے متعلق ؛ یہودی صفت ۔

Judaization : (n) یہودی بننے یا بنانے کا عمل ۔

Judaize : (v) (۱) یہودیوں کی رسم و رواج کی تقلید کرنا ؛ یہودیت برتنا ۔ (۲) یہودی بنانا ؛ یہودیت کے رنگ میں رنگنا ؛ یہودی ہونا ۔

Judaizer : (n) یہودی رسم و رواج اور احکامات پر سختی سے عمل کرنے والا ۔

Judas : (n) (۱) اس پیرو کا نام جس نے حضرت عیسیٰ کو نظر انداز کیا تھا ؛ وہ حواری جس نے حضرت مسیح کا راز فاش کردیا تھا ؛ بد ترین قسم کا غدار ؛ دوست بن کر دغا دینے والا ۔ (۲) روزنِ در ؛ دروازے کا سوراخ جس میں سے خفیہ طور پر جھانك سکیں ۔

Judas blossom : (n) جودس درخت (judas tree) کا پھول ؛ گل ارغواں ۔

Judas coloured : (a) سرخ ؛ لال (عام طور پر بالوں کے لئے مستعمل) ۔

Judas hole/-trap : (n) روزن در ۔

Judas priest : (interj) (حضرت عیسیٰ کی حسن تعبیر سے متعلق) ہلکی قسم کے لئے مستعمل ۔

Judas thorn : (n) ایك قسم کا درخت ارغواں ۔

Judas tree : (n) ایك درخت جس کے سرخ پھول کو نپلوں سے پہلے نکلتے ہیں اور جو جنوبی یورپ اور ایشیا کے کچھ حصوں میں پایا جاتا ہے ؛ درخت ارغواں ۔

Judder : (v) زور سے ہلانا ڈلانا خصوصاً کار، کیمرہ وغیرہ کے میکنزم کو ؛ چلاّ کرگانا ۔

Judean : (a &n) یہودین ؛ جنوبی فلسطین کے ایک خطے یہودہ کا یا وہاں کا باشندہ ۔

Judenhelz : (n) (جرمن) باقاعدہ اور منظم یہود کشی ؛ یہود آزادی ۔

Judge : (n) (۱) جج ؛ اعلیٰ حاکم عدالت جس کو دیوانی اور فوج داری مقدمات کی سماعت کا اختیار ہو ۔ (۲) انصاف کرنے والا ؛ منصف ۔ (۳) مبصر ۔ (٤) داور حقیقی ؛ خدائے تعالیٰ ۔ (٥) (تاریخ یہود) بنی اسرائیل کا وہ عارضی حاکم جسے اختیارات انفصال مقدمات د یئے جاتے تھے ۔ (٦) (جمع میں) توریت کی ساتویں کتاب ۔ (۷) حکم ؛ ثالث ۔ (۸) فیصلہ کرنے کا اہل ۔ (۹) (معدنیات) وہ عملہ جو گڑھوں کی گہرائی کی پیمائش کرتا ہے ۔

Judge : (v) (۱) (سزا) تجویز کرنا ۔ (۲) (مقدمہ کی) سماعت کرنا ۔ (۳) فیصلہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ چکانا ۔ (٤) (عدالت) کا رائے ظاہر کرنا ؛ تجویز کرنا ۔ (٥) رائے قائم کرنا ؛ (سیرت کا) اندازہ کرنا ۔ (٦) تنقید کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ ملامت کرنا ۔ (۷) نتیجہ نکالنا ؛ خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ فرض کرنا ۔ (۸) جج کے فرائض انجام دینا ؛ حکم دینا ؛ فیصلہ کرنا ۔

Judge Advocate : (n) دیوانی کا عہدہ دار جو فوجی عدالت کا انچارج ہو ۔

Judge Advocate General : (n) دیوانی کا عہدہ دار جو عدالت کا صدر ہو ۔

Judge-delegate : (n) جج جسے خصوصی اختیارات حاصل ہوں ۔

Judgemade : (n) قانونی اصول جو ججوں کے فیصلے پر مبنی ہو ؛ عدالتی فیصلہ ۔

Judgematic / Judgematical : (a) (۱) سمجھدار ؛ دوربین ؛ نکتہ رس ؛ معاملہ فہم ؛ سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ؛ مدبّر ۔ (۲) معاملہ فہمانہ ؛ مدبرانہ ۔

Judgematically : (adv.) جج کی طرح ؛ جج کے طریقے سے ۔

Judgeordinary : (n) جج ؛ جس کے اختیارات محدود ہوں ۔

Judger : (n) فیصلہ کرنے والا ؛ وہ جو فیصلہ کرتا ہے ۔

Judgeship : (n) جج کا عہدہ ۔

Judgess : (n) خاتون جج ۔

Judgmatic /-al : (a) سمجھدار ؛ دوربین ؛ نکتہ رس ؛ معاملہ فہم ۔

Judgment / Judgement :(n) (۱) عدالت کی تجویز یا فیصلہ ۔ (۲) خدا کی طرف سے سزا ؛ قہر الٰہی ۔ (۳) تنقید ۔ (٤) رائے ؛ قیاس ؛ دانست ؛ خیال ۔ (٥) قوت فیصلہ ؛ فہم ؛ بصیرت ۔ (٦) سمجھ ؛ تمیز ؛ عقل سلیم ۔ (۷) فیصلہ کرنے والاشعبہ ۔ (۸) مذہبی خیال یا عقیدہ کی ایک شکل ۔ (۹) (منطق) دو تخیلی اشیاء میں ذہنی طور پر تعلق قائم کرنے کا دماغی عمل ؛ پیشن گوئی (ذہنی عمل کے طور پر) ۔ (۱۰) بہترین قوت فیصلہ رکھنے والا شخص ۔

Judgment book : (n) (۱) (قانون) وہ رجسٹر جس میں عدالتی فیصلے درج کئے جاتے ہیں ۔ (۲) تمام انسانوں کے جملہ اعمال کا وہ رجسٹر جو قیامت کے روز کھولا جائے گا ۔ (۳) اعمال نامہ ۔

Judgment by default : (n) (قانون) وہ فیصلہ جو ایک فریق کی غیر حاضری یا ضروری قانونی کاروائی کی کمی کے نتیجہ میں دیا جائے ۔

Judgment cap : (n) دیکھو Black cap ؛ وہ کالی ٹوپی جو جج سزائے موت کا فیصلہ سناتے وقت پہنتا ہے ۔

Judgment creditor : (n) (قانون) مقدمہ جیتنے والا ؛ وہ شخص جس کے موافق فیصلہ ہو (بالخصوص رقم کی ادائیگی کا) ۔

Judgment day : (n) (۱) آخری فیصلہ کا دن ؛ یوم الحساب ؛ روزِ قیامت ؛ حشرکا دن ۔ (۲) قانونی یا دستوری طور پر وہ مقررہ دن جس دن عدالتی فیصلہ سنایا جائے یا عدالت کے ریکارڈ میں درج کیا جائے ۔

Judgment debt : (n) (قانون) قرض جس کی ادائیگی کی ڈگری دی گئی ہو۔

Judgment debtor : (n) (قانون) (مقدمہ) ہارنے والا؛ وہ شخص جس کے خلاف فیصلہ ہو ؛ عدالتی مدیون۔

Judgment hall : (n) عدالت کا کمرہ ؛ عدالت۔

Judgment note : (n) ایک قسم کی ہُنڈی جو بعض امریکی ریاستوں میں غیر قانونی ہے جس کے مطابق قرض دینے والا اپنی مرضی کے مطابق فیصلہ کر سکتا ہے۔

Judgment proof : (a) ایسے آدمی سے متعلق جس کے پاس قرض کی ادائیگی کے لئے کوئی جائداد نہیں ہے یا جس نے عدالتی فیصلہ کی زد سے بچنے کے لئے اپنی جائداد منتقل کر دی ہو۔

Judgment rate : (n) بیمہ کی وہ شرح جو مقررہ شرح کی بجائے پارٹی کی مرضی کے مطابق ہو۔

Judgment roll : (n) (قانون) وہ عدالتی رجسٹر جس میں کسی مقدمہ کی عدالتی کاروائی لکھی جائے۔

Judgment seat : (n) حاکم کی کرسی : کرسی؛ عدالت۔

Judgment summons : (n) برطانیہ کی مضافاتی عدالتوں سے عدالتی مدیون کے نام جاری کیا جانے والا جواب طلبی کا سمن کہ کیوں نہ اسے سزائے قید دی جائے ؛ وہ سمن جو جج کی فیس ادا نہ کرنے کی صورت میں جاری کیا جائے۔

Judgmental : (a) فیصلہ کا یا فیصلہ سے متعلق۔

Judicable : (a) انصاف کے لائق ؛ فیصلہ کے لائق۔

Judication : (n) فیصلہ کا عمل۔

Judicative : (a) فیصلہ کا اختیار رکھنے والا۔

Judicator : (n) فیصلہ کرنے والا ؛ وہ جو فیصلہ کرتا ہے یا فیصلہ کرنے والے کی طرح کام کرتا ہے۔

Judicatory : (n) (۱) (قانون) نظام عدالت : نظم انصاف۔ (۲) حاکم عدالت کا عہدہ یا میعاد خدمت۔ (۳) ججوں کی جماعت ؛ حکام عدالت۔ (٤) عدالت ؛ عدالت کی کچہری۔ (٥) (سیاسیات) اختیار۔

Judicature : (n) دیکھو Judicatory

Judicature acts : (n) اس قانون کا نام جو سپریم کورٹ کو قائم کرتا ہے یا اس کی کاروائیوں کو برقرار رکھتا ہے۔

Judicial : (a) (۱) (قانون) عدالتی ؛ عدالت کا ؛ متعلق بہ عدالت ؛ متعلق بہ نظام عدالت۔ (۲) (دینیات) خدا کی طرف سے (سزا یا مصیبت) ؛ خدائی فیصلہ جیسا۔ (۳) جج کا ؛ جج کے شایانِ شان۔ (٤) کسی بھی معاملہ میں فیصلہ دینا ؛ فیصلہ تیار کرنا یا ظاہر کرنا۔ (٥) تنقیدی ؛ ناقدانہ۔ (٦) منصفانہ ؛ بلا رورعایت۔ (۷) (علم النجوم) انسانی معاملات میں ستاروں کے اثرات کے فیصلے سے متعلق۔

Judicial : (n) وہ قانون یاآرڈیننس جس کانفاذ عدالتوں کے ذریعہ ہو۔

Judicial act : (n) عدالتی اختیارکے استعمال سے متعلق قانون یا عمل۔

Judicial administration : (n) (۱) قانون کے مطابق عدل گستری (خصوصاً عدالتی ضابطوں کوپیش نظر رکھتے ہوئے)۔ (۲) عدالتی نظام کے اندرونی امور کا انتظام۔

Judicial astrology : (n) (علم النجوم) علم نجوم کا وہ شعبہ جو کسی فرد یا قوم کے کاموں یا قسمت کی پیشن گوئی کرتا ہے اسے mundane Astrology بھی کہا جاتا ہے۔

Judicial blindness : (n) گناہوں کے وبال میں عقل پر پردہ پڑ جانا۔

Judicial bond : (n) عدالتی مچلکہ۔

Judicial combat : (n) آزمائشی جنگ ؛دو افراد کے درمیان احقاق حق کی جنگ ؛ ڈوئل ؛ جنگ مسابقت۔

Judicial committee of the privy council : (n) برطانوی پریوی

کاؤ نسل کی وہ کمیٹی جو عام طور پر برطانوی اور وقتاً فوقتاً دولت مشترکہ کے ماہرین انصاف پر مشتمل ہوتی ہے اور جو برطانوی نوآبادیات کی سب سے بڑی اپیلی عدالت کے طور پر کام کرتی ہے ۔ کبھی کبھی دولت مشترکہ کے بعض ممالک بھی اس سے رجوع کرتے ہیں ۔

Judicial conference : (n) ججوں کی کانفرنس جس میں بعض اوقات دوسرے حکام اور لیڈر بھی شرکت کرتے ہیں اور جس کا کام کسی مخصوص علاقہ کے عدالتی نظام کی انتظامیہ کے مسائل پر غور کرنا اور اس سلسلہ میں اصلاحات تجویز کرنا ہوتا ہے ۔

Judicial council : (n) ججوں اور وکیلوں پر مشتمل وہ سرکاری ایجینسی جو قوانین میں ترمیم و تبدیلی اور عدلیہ کی انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور تجویز پیش کرنے کے لئے قائم کی جاتی ہے ۔

Judicial discretion : (n) کسی معاملہ میں مخصوص قانون کی غیر موجودگی کی وجہ سے انصاف کے اصولوں کے پیش نظر ممکنہ فیصلوں میں سے کسی ایک کا انتخاب ۔

Judicial lock-up : (n) (قانون) عدالتی حوالات ۔

Judicial murder : (n) قانونی قتل ؛ سزائے موت جو الفاظ قانون کے مطابق ہو لیکن منصفانہ نہ ہو ۔

Judicial oath : (n) حلف جو عدالتی کاروائی کے سلسلہ میں لیا جائے ۔

Judicial process : (n) انصاف کے قیام کے لئے عدالتی طور پر کی جانے والی کار وائیوں یا اقدامات کا سلسلہ ۔

Judicial review : (n) (۱) (قانون) نظر ثانی ؛ مکرر تحقیقات ۔ (۲) آئینی اصول جو عدلیہ بالخصوص سپریم کورٹ کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ قانون سازی یا انتظامی کاروائیوں کو سابقہ آئین کے خلاف ہونے کی بنا پر کالعدم قرار دے دے ۔

Judicial separation : (n) میاں بیوی کے درمیان عدالت کے ذریعہ جدائی ؛ قانونی طلاق ؛ اسے Legal separation بھی کہا جاتا ہے ۔

Judicial service : (n) (سیاسیات) ملازمت عدلیہ ۔

Judicial side : (n) صیغۂ عدالت ۔

Judicial veto : (n) (قانون) عدلیہ بالخصوص سپریم کورٹ کو تفویض کیا ہوا وہ اختیار جس کی رو سے وہ کسی بھی قانون سازی یا انتظامی کاروائی کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے منسوخ کر سکتا ہے ۔

Judicial writ : (n) (قانون) حکم نامہ ؛ عدالتی حکم نامہ ۔

Judiciality : (n) فیصلہ کی صفت یا حالت ۔

Judicially : (adv.) عدالتی طریقہ سے ۔

Judicialness : (n) عدالتی طریقہ ؛ انصاف ۔

Judiciary : (a) عدلیہ کا یا اس سے متعلق ؛ عدالتی ۔

Judiciary : (n) (کسی ریاست کے) حکام عدالت بہ حیثیت مجموعی ؛ کسی ریاست یا قوم کا نظام عدالت ؛ وہ سرکاری محکمہ جسے عدلیہ کے اختیارات حاصل ہوں ۔

Judicious : (a) دیکھو Judgmatic

Judiciously : (adv.) ہوشیاری سے ؛ سمجھداری کے ساتھ معاملہ فہمی کے انداز میں ۔

Judiciousness : (n) سمجھدار اور معاملہ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ محکم فیصلہ ۔

Judicium : دیکھو Judgment

Judo : (n) جوڈو ؛ دفاع کا ایک جدید فن جس میں اسلحہ استعمال نہیں کرتے بلکہ حرکت ، توازن اور زور کے اصولوں پر عمل کر کے حریف کو مات دیتے ہیں یہ قدیم فن 'jujitus' کی ترقی یافتہ شکل ہے ۔

Judoka : (n) وہ جو جوڈو میں حصہ لیتاہے یا اس کی مشق کرتا ہے ۔

Judophobia : (n) سامیت مخالف ؛ یہودیت مخالف ؛ عبریت مخالف ۔

Judy : (n) 'Punch and Judy' میں Punch کی بیوی کا نام؛ (عامیانہ) خصوصاً مضحکہ خیز اور نامعقول عورت کے لئے مستعمل۔

Jug : (n) پیار کا نام یا جان ، جوانا اور جینی کا عرفی بدل ؛ گربستن عورت ، خادمہ ، معشوقہ ، خواتین کے لئے عموی نام کے طور پر مستعمل ؛ یا بدنامی اور حقارت کے لئے مستعمل (شاذ)۔

Jug : (n) (۱) جگ ؛ ترابہ ؛ صراحی ؛ کوزہ ؛ سیال رکھنے کا گہرا برتن جس میں ہینڈل لگا ہوتا ہے اور عام طور پر ڈھکن دار ہوتا ہے - (۲) بھرا ہوا جگ ؛ سیال شے خصوصاً شراب ، جگ میں ؛ (مقامی) شراب ناپنے کا ایک پیمانہ - (۳) (عامیانہ) قید خانہ ؛ زندان۔

Stone jug : (عامیانہ) قید خانہ۔

Jug : (n) کسی چڑیا کی آواز یا چہچہاہٹ۔

Jug : (v) (۱) خرگوش کا گوشت (بند برتن میں) دم پخت کرنا ۔ (۲) قید کرنا ؛ جیل بھیجنا ۔

Jug : (v) بلبل یا پرندے کا بولنا (جگجگاہٹ کی آواز کے ساتھ) ؛ چہچہانا ۔

Jug : (v) زمین پر ایک ساتھ جمع ہونا یا گھونسلا بنانا ؛ ایک دوسرے سے ملا ہوا بنانا ؛ جھرمٹ میں جمع ہونا ۔

Jug eared : (a) باہر نکلے ہوئے کانوں والا ۔

Jugal : (a) (سماجیات) (۱) مقرانی ؛ یوغی ۔ (۲) زواجی ۔ (۳) (تشریح) وجنی خَدّی ۔ (٤) (تشریح) عظم وَجْنی ۔ (٥) جو غل ؛ رخسار کی محرابی ہڈی سے متعلق۔

Jugate : (a) (نباتیات) جُفت برگچہ ؛ جزیتیا ؛ جوڑے دار پتیاں رکھنے والا۔

Jugate : (v) (نباتیات) جوڑے دار پتیوں والا ہونا ؛ باہم جڑنا ؛ باہم جڑا ہوا ۔

Jugated : (a) دیکھو Jugate

Jugation : (n) (نباتیات) جفت برگچہ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Juged instruction : (n) مجرمانہ معاملات کا مجسٹریٹ جس کے یہاں شکایتیں درج کرائی جاتی ہیں اور جو فریقوں اور گواہوں سے پوچھ تاچھ کرتا ہے ؛ تفتیش کرتا ہے اور الزامات کا تعین کرتا ہے ۔

Jugendstil : (n) اواخر انیسویں صدی اور اوائل بیسویں صدی میں جرمنی کا ایک آرائشی طرز ۔

Juger : (n) قدیم روم میں زمین کی ایک پیمائش یا رقبہ' زمین جو ۲۸۸۰۰ رومن مربع فٹ یا ۰٫٦۲۲ ایکڑ کے برابر ہوتا تھا ۔

Jugful : (n) جگ بھر ۔

Juggernant / Jugannath : (n) (۱) (ہندو دیو مالا) جگن ناتھ ؛ کرشن ۔ (۲) جگن ناتھ کا مندر جو پوری (اڑیسہ) میں ہے ؛ کرشن کا بت جسے ہر سال رتھ میں رکھکر جلوس کے ساتھ نکالا جاتا ہے اور پہلے جس کے آگے لوگ اپنے آپ کو گرا کر ہلاک کر دیتے تھے جو ان کے عقیدے کے مطابق باعث نجات تھا ۔

Juggins : (n) بے وقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بھولا ؛ ضعیف العقل ؛ نادان۔

Juggle : (n) شعبدہ ؛ فریب ؛ دھوکا ۔

Juggle : (v) (۱) شعبدہ کرنا ؛ نظر بندی کرنا؛ ہاتھ کی صفائی دکھانا ۔ (۲) دھوکا دے کر لے لینا ؛ دھوکے سے اڑا لینا (کوئی چیز) ۔ (۳) چالاکی سے کوئی چیز ہٹا دینا یا رکھ دینا ؛ چالاکی سے کسی چیز کو بدل دینا ۔

Juggle : (n) لکڑی کا کُندا جسے ایک مخصوص لمبائی تک کاٹا گیا ہو۔

Juggler : (n) (۱) بازی گر ؛ شعبدہ باز ؛ مداری ۔ (۲) عیار ؛ فریبی ؛ دغاباز ؛ مکّار ۔

Jugglery / Juggling : (n) (۱) شعبدہ بازی ؛ مداری کا کھیل ؛ بازی گری - (۲) دغا بازی ؛ عیّاری ؛ فریب کاری ؛ مکّاری -

Jugglingly : (adv.) شعبدہ بازی کے طور پر ؛ بازی گری کے انداز سے-

Jughandled : (a) غیر متناسب ؛ یك طرفہ (امریکا) وحدانی ؛ غیر متوازن -

Juglandacea : (a) (نباتیات) اخروٹیہ ؛ جوزیہ -

Juglandles : (n) (نباتیات) برگ تخم کا ایك گروپ جو اخروٹیہ خاندان کا ہم وجود ہوتا ہے -

Juglans : (n) (نباتیات) جنس اخروٹ -

Juglone : (n) ایك سرخی مائل زرد بلوری مرکب ((C, H5 O2 (OH)) جو خاص طور پر اخروٹ کے چھلکے سے تیار کیا جاتا ہے اور جو سر کے بالوں کو رنگنے کے کام آتا ہے -

Jugoslav / yu -: (n) جنوبی سلافی قوم ؛ یوگو سلاویہ سلطنت کا رکن -

Jugoslavia : (n) Yugoslavia کی متغیر شکل -

Jugular : (a) (۱) (تشریح) حلق یا گردن کایا اس سے متعلق یا اس میں واقع ؛ وداجی - (۲) اس مچھلی کے متعلق جس کے حلق کے قریب پَر ہوں -

Jugular : (n) (۱) رگ گردن ؛ وداج - (۲) گردن کے قریب پر رکھنے والی مچھلی -

Jugular foramen : (n) (تشریح) کن پٹی سے رگ گردن کے گزرنے کی جگہ کا اندرونی سوراخ -

Jugular fossa : (n) (تشریح) رگ گردن کے ، پیشانی سے گزرنےکا مخصص حفرہ -

Jugular vein : (n) (تشریح) وداج ؛ گردن کی طرف سے گزرنے والی رگوں میں سے کوئی بھی ؛ ان رگوں کی دو قسمیں ہیں - (۱) Internal jugular (۲) External jugular -

Internal jugular : اندرونی وداج ؛ وہ گیس جو اندرونی دماغ سے گردن تك خون لاتی لے جاتی ہیں -

External jugular : بیرونی وداج ؛ وہ رگیں جو سر کے بیرونی حصہ اور گردن کے درمیان خون لاتی لے جاتی ہیں -

Jugulate : (v) (۱) مار ڈالنا (خصوصاً گردن کاٹ کر) ؛گردن کاٹنا - (۲) کسی زود اثر اور طاقت ور دوا سے مرض کو روك دینا -

Jugulum : (n) (۱) (تشریح ، حیوانیات) حلق کا زیریں حصہ یا کسی چڑیا کی گردن کا وہ حصہ جو اس کے سینہ سے ایك ذرا اوپر ہوتا ہے ؛ گردن کی ہڈی کا ایك نام - (۲) حشرات کے مماثل اعضا -

Jugum : (n) (۱)(نباتیات) دھاری - (۲) ورقینہ - (۳) (جمع میں) (جراحی) مقران ؛ یوغ ؛ جُوا-

Jugum penis : (n) مقِران الذکر -

Juice : (n) (۱) رس ؛ عرق ؛ شیرہ ؛ افشردہ ؛ (مجازاً) حیوانی جسم وغیرہ کا رقیق حصہ ؛ رطوبت - (۲) (مجازاً) لب لباب ؛ نچوڑ - (۳) (عامیانہ) انجن وغیرہ کا تیل (پٹرول یا بجلی) -

Juice : (v) رس نچوڑنا ؛ رس ملانا ؛ رس دینا -

Juice up : (v) کسی کو زندگی ، توانائی یا حوصلہ دینا -

Juiced : (a) رس دار ؛ رس والا -

Juiced rehearsal (n) ٹیلی ویژن پروگرام کی ملبوساتی ریہرسل جس میں میکنیکل آلات استعمال کئے جاتے ہیں -

Juiceless : (a) (۱) بے رس ؛ خشك - (۲) بے کیف ؛ مردہ -

Juicer : (n) (۱) وہ مشین جس سے پھلوں یا ترکاریوں کا رس کشید کرتے ہیں - (۲) وہ بجلی مستری جو (کسی تھیٹر یا ٹیلی ویژن کے) اسٹیج کی روشنی کا انتظام کرتا ہے -

Juicily : (adv.) رس دار طریقے سے ؛ پر لطف انداز میں ۔

Juiciness : (n) رس دار ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ رس دار ہونا ؛ پر معنی ہونا ۔

Juicy : (a) (۱) رس دار ؛ رس بھرا ؛ رس سے بھرا ہوا ۔ (۲) (موسم) جس میں بارش کثرت سے ہو ؛ پُر باراں ؛ پُر نم ۔ (۳) (روز مرّہ) دل چسپ ؛ لطیف ؛ معنی خیز ؛ پُر معنی ۔ (٤) (آرٹ) طراوت بخش ؛ شوخ رنگوں کا ۔

Jujitsu / Jui -/Jiu /-Jitsu /-Jutsu : (n) دیکھو Jiu Jitsu

Juju : (n) (۱) (مغربی افریقہ میں) جادو ؛ ٹونا ؛ منتر ۔ (۲) بے جان چیز جس کی پوجا کی جائے ۔ (۳) جادو کا پھیر ؛ آسیب کا خلل ۔

Jujube : (n) (۱) زی زی فس (ziziphus) کی جنس کے درخت کا ایک گٹھلی دار پھل جسے کھایا جاتا ہے ؛ عناب ؛ قرص عناب ۔ (۲) وہ نوع یا جنس جس سے یہ پھل حاصل ہوتا ہے ؛ درخت عناب ۔ (۳) وہ مٹھائی یا مشروب جسے اس پھل سے خوشبودار بنایا گیا ہو یا جس میں یہ پھل ملایا گیا ہو ۔

Jujube paste : (n) عناب کی جیلی ؛ عناب سے خوشبودارکی ہوئی یا عناب آمیز شے ۔

Jujube plum : (n) عمدہ قسم کا عناب ۔

Jujube tree : (n) درخت عناب ۔

Jujuism : (n) جادو گری ؛ جادو ٹونےکا نظریہ ۔

Jujuist : (n) جادو گر ؛ جادو ٹونے کو ماننے والا ۔

Juke : (v) کسی چیز کے اطراف میں وقت گزارنا ؛ کسی چیز کے گرد گھیرا ڈالنا ۔

Juke : (n) مکان لب سڑک یا قحبہ خانہ ۔

Juke box : (n) وہ بکس جس میں خود کار پلیئر اور فونوگراف ریکارڈ ہوتے ہیں جس کو بجانے کے لئے اس میں ایک سکّہ ڈالتے ہیں اور عام طور پر ایک بٹن دبا کر ریکارڈ منتخب کرتے ہیں ؛ میوزک بکس ۔

Juke joint : (n) وہ چھوٹا اور سستا کیفے یا ریستوران جہاں خوردونوش اور شراب نوشی کی جاتی ہے اور جیوک بکس کی موسیقی پر رقص کیا جاتا ہے ۔

Jukes : (n) احمق آدمی ؛ بیوقوف آدمی ؛ ابلہ ۔

Julep : (n) (فارسی لفظ گلاب یا عربی لفظ جلاب کی بگڑی ہوئی شکل) ۔ (۱) شربت جس میں کوئی دوا شامل ہو ۔ (۲) مفرح شربت یا عرق ۔ (۳) (امریکا) وہ مرکب شراب جس میں چینی برف اور کوئی خوشبودار چیز ملائی گئی ہو ۔

Julian : (a) جولیس قیصر (سیزر) کا ؛ جولیسی ۔

Julian account : (n) فرسودہ طریقہ ۔

Julian calender : (n) کیلنڈر جسے جولیس سیزر نے روم میں ٤٦ ق م جاری کیا تھا جس میں سال کے ٣٦٥ دنوں کو بارہ مہینوں میں تقسیم کیا گیا ؛ ہر چوتھا برس ٣٦٦ دنوں کا اور ہر مہینہ ٣٠ یا ٣١ دنوں کا رکھا گیا ؛ صرف فروری ٢٨ دنوں کا اور ہر چوتھے برس ٢٩ دنوں کا رکھا گیا تھا ؛ تقویم جولیسی ۔

Julian day calender : (n) ایک سسٹم جو خاص طور پر نجومی ایّام شماری کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Julian epoch / -era : (n) وہ وقت جب سے جولین کلینڈر کا آغاز ہوتا ہے (٤٦ ق م) ۔

Julian period : (n) ٧٩٨٠ جولیسی برسوں کی مدت ، جو ١٥٨٢ء میں تقابلی تاریخ شماری کے معیار کے طور پر مقرر کیا گیا جو قمری اور شمسی گردشوں کے مطابق سنین کی تعداد کے نتیجہ اور اس اشاریہ (١٥ x ١٩ x ٢٨)پر مشتمل ہوتا ہے ۔

Julian year : (n) جولیسی تقویم کا ایک سال (٣٦٥ دنوں اور چھ گھنٹوں پر مشتمل) یا اوسط سال ۔

Julienne : (n) مختلف قسم کی سبزیوں سے تیار کیا ہوا شوربہ ۔

Julienne : (a) لمبی پتلی قاشیں کاٹنا خصوصاً پھل اور ترکاریوں کے لئے مستعمل ۔

Juliet : (n) (۱) شیکسپئر کے ڈرامے " رومیو اور جولیٹ " کی ہیروئن جولیٹ ۔ (۲) ایک قسم کا آرام دہ زنانہ جوتا ۔

Juliet cap : (n) ایک خاص قسم کی مرصع زنانہ ٹوپی جو شادی بیاہ اور خصوصی تقریبات کے موقع پر پہنی جاتی ہے ۔

Julio / Giulio : (n) ایک اطالوی سکہ ۔

Julius : (n) (۱) دیکھو Julio ۔ (۲) چھ پنس کے برابر جولیس کا جاری کردہ ایک سکہ ۔

July : (n) عیسوی سن کا ساتواں مہینہ ؛ جولائی ۔

July hound : (n) امریکی نژاد شکاری کتا جو قد میں چھوٹا اور عموماً سفید رنگ کا ہوتا ہے ۔

July flower : (n) (۱) دیکھو Gilly flower ۔ (۲) ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی سی خوشبو ہوتی ہے ۔

Jumada : (n) جمادی الاول اور جمادی الآخر میں سے کوئی ایک مہینہ ۔

Jumart : (n) دوغلی نسل کا ایک افسانوی جانور جو سانڈ اور گھوڑی یا گھوڑا یا گدھا اور گائے کے اختلاط سے وجود پذیر ہوتا ہے ۔

Jumbal / Jumble : (n) عمدہ قسم کا کیک یا بسکٹ یا جو پہلے انگوٹھی کی شکل یا لپٹی ہوئی شکل کا بنایا جاتا تھا ۔ اب امریکا میں ایک پتلے قسم کے لذیذ میٹھے اور خوشبودار کیک کو کہتے ہیں ۔

Jumble : (v) (۱) تہ وبالا ہونا ؛ خلط ملط ہونا ؛ گڈ مڈ ہونا ۔ (۲) خلط ملط کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ کھلبلی پڑنا ۔ (٤) دھکم پیل کی حالت میں سفر کرنا ۔

Jumble : (n) (۱) بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ؛ انبار ۔ (۲) گڈ مڈ ؛ بے ترتیبی ۔ (۳) دھکم دھکا ۔

Jumble-sale : (n) وہ بازار جہاں سستی یا استعمال شدہ چیزیں بکتی ہیں ؛ سستی چیزوں کا نیلام ۔

Jumble shop : (n) (۱) کباڑ خانہ ؛ کاٹھ کباڑ کی دکان ۔ (۲) کپڑے کی دکان ۔

Jumbled : (a) عدم ترتیب ؛ عدم تنظیم ؛ تسلسل یا منصوبہ کی کمی ۔

Jumblement : (n) گڈ مڈ ؛ گڈ مڈ ہونے یا کرنے کا عمل ؛ خلط ملط ہونے کی حقیقت ۔

Jumbler : (n) خلط ملط کرنے والا ؛ گڈ مڈ کرنے والا ۔

Jumblingly : (adv.) گڈ مڈ ہونے یا کرنے کے طریقے سے ۔

Jumbly : (a) مخلوط ؛ خلط ملط شدہ ؛ گڈ مڈ کیا ہوا ۔

Jumbo : (n) (۱) بہت موٹا بھدا آدمی ؛ جانور یا بہت ہی بھدی شے ۔ (۲) شہرت یافتہ ، مشہور خصوصاً ہاتھی کے نام کی طرح ۔ (۳) لندن کے جانور خانہ کا مشہور ہاتھی ۔ (٤) کوئی بھی بڑی اور تنو مند شے ۔ (٥) قسمت کا دھنی ؛ نہایت کامیاب آدمی ۔ (٦) بڑا طیارہ جس میں کئی سو مسافروں کے لئے نشستیں ہوں ۔

Jumbo : (a) نوعیت کے اعتبار سے بہت بڑا ہونا ؛ بہت زیادہ ۔

Jumboism : (n) بڑپن کی پوجا ؛ بڑی چیزوں کی تعریف و تحسین ۔

Jumby / Jumbie : (n) بھوت ؛ پریت ؛ حبشی عقیدہ کے مطابق ایک چھوٹا شیطان ۔

Jumby bean / - tree : (n) مغربی ہندوستان میں پایا جانے والا ایک درخت جس کے بیج کا ہار پہنتے ہیں ۔

Jumelle : (a) جڑواں ؛ جوڑا بنایا ہوا ۔

Jumma : (n) (ہندوستان) تخمینہ ؛ تعین ؛ جمع ۔

Jumnapari : (n) (ہندی) دودھاری بکری کی ایک ہندوستانی نسل ۔

Jump : (n) (۱) جست ؛ زقند ؛ پھلانگ ؛ چوکڑی ؛ چھلانگ ۔ (۲) چونک اٹھنا ۔ (۳) قیمت وغیرہ کا دفعتاً چڑھ جانا ۔ (٤) گریز ؛ ایک بات سے دوسری بات پر جا پہنچنا (سلسلے یا استدلال میں) خلا؛ اونچی جست ۔(٥) بندوق داغتے وقت دہانے کی حرکت عمودی ۔

جواب دینا ؛ سخت لہجے میں قطع کلام کرنا ۔
(۲) سختی سے تنبیہ کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔
پوری شدت سے تردید کرنا ۔

To jump out one ' s skin : حیرت کے مارے اچھل پڑنا ؛ چونك پڑنا ۔

To jump over the broomstick/ Jump the broom : (بول چال) جھوٹ موٹ کی شادی کرنا ؛ رشتہ مناکحت میں منسلك ہونا ۔

To jump rope : (phr.) رسی پھلانگنا؛ رسی پھلانگنے کا تماشہ کرنا (اس طرح کہ رسی کے دونوں سرے خود پھلانگنے والوں نے پکڑ رکھے ہوں یا دوسرے دو افراد نے اور رسی کو پھلانگنے والوں کے سر سے پیر تك یا پیچھے سے آگے تك گھما رہے ہوں)۔

To jump ship : (ملاح کا) معاہدہ کی مدت پوری ہونے سے پہلے جہاز سے علاحدہ ہو جانا ۔

To jump the gun : مقابلہ(ریس) میں بندوق داغنے سے پہلے دوڑ پڑنا ۔

To jump the queue : (phr.) قطار کو پھلانگنا ؛ صف میں کھڑے ہوئے لوگوں سے آگے بڑھ جانا ۔

To jump the rails : (ٹرین یا ٹرام کا) لائن سے ہٹ جانا یا پٹری چھوڑ دینا ۔

To jump together : (phr.) متفق ہونا ؛ میزان پٹ جانا ۔

To jump to it : کسی چیز کو سر گرمی کے ساتھ شروع کرنا ۔

To jump upon : (۱) حملہ کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔
(۲) سختی سے ڈانٹنا ؛ خبر لے ڈالنا ۔

Jump ball : (n) باسکٹ بال کھیلنے کاایك طریقہ ۔

Jump-bid : (n) ضرورت سے زیادہ کی کوشش ۔

Jump boot : (n) وہ بوٹ جو پیراٹرو پر پہنتے ہیں ۔

(٦) بحران (جمع میں) حالت عصبی ۔ (۷) جماع ؛ مقاربت ۔ (۸) پرواز ۔ (۹) پیشی ۔ (۱۰) اچانك اور غیر متوقع تبدیلی یا نقل مکانی ؛ اس تبدیلی سے متعلق وقفہ یا خلا ۔

From the jump : آغاز سے ؛ ابتداسے ۔

High jump : (n) اونچی چھلانگ ؛ اونچی جست ۔

Long jump : (n) لمبی چھلانگ ؛ لمبی جست ۔

On the jump : متحرك ؛ رواں ۔

Jump : (a) (۱) صحیح ؛ درست ؛ ٹھیك ۔ (۲) پل کے اوپر سے نیچے چھلانگ لگانے کی کوشش ۔

Jump : (n) (۱) ایك قسم کا مردانہ جیکٹ ۔ (۲) (جمع میں) محرم (زنانہ) ؛ جانگھیا (زنانہ) ۔

Jump : (v) (۱) کودنا ؛ اچھلنا ؛ چھلانگ مارنا ؛ زقند بھرنا ؛ جست کرنا ۔ (۲) اچھل پڑنا ؛ چونك اٹھنا ۔ (۳) دفعتاً قیمت چڑھ جانا ۔ (٤) جلد بازی سے کسی نتیجہ پر پہنچنا ؛ جھٹ سے نتیجہ نکالنا ۔ (٥) مطابقت ہونا ؛ میزان پٹنا ۔ (٦) پھاند جانا ۔ (۷) ریل کا پٹری سے اتر جانا ۔ (۸) بچے کو کُدانا ؛ کودنے میں مدد دینا ۔ (۹) چونکا دینا ۔ (۱۰) آلو کو توے میں تلنا اور کبھی کبھی الٹ پلٹ دینا ۔ (۱۱) جھپٹنا ؛ جھپٹ مارنا ؛ اچانك حملہ کرنا ؛ سخت اوربے رحمانہ تنقید کرنا ۔ (۱۲) کسی جگہ پہلے سے جا پہنچنا ؛ (کسی کام میں) سبقت کرنا ۔ (۱۳) (نوآبادیات) فوراً قبضہ کرلینا (معدنی خطے پر جسے سابق مالك نے خالی کر دیا ہو) ۔ (١٤) سرسری نظر ڈال کر چھوڑ دینا (کسی مضمون یا کتاب کے کسی حصے کو) ؛ ایك صفحہ سے دوسرے صفحہ تك مطالعہ جاری رکھنا ۔ (١٥) برما سے سوراخ کرنا ۔

To jump at : (phr.) قبول کر لینا ؛ فوراً راضی ہوجانا ۔

To jump bail : (phr.) ضامن کو فرار کر دینا ۔

To jump down on person 's throat : (۱) دندان شکن

Jump-cut : (n) (فلم) کسی شاٹ کے درمیانی حصہ میں قطع وبرید ، جس سے عمل میں عدم تسلسل پیدا ہوتا ہو -

Jump joint : (n) (١) جوڑ جہاں اعضا کے سرے ایک دوسرے سے ملتے ہیں - (٢) لمعی جوڑ ، جس میں پلیٹوں یا تختوں کے کناروں کو اس طرح ایک دوسرے سے ملا کر رکھا جاتا ہے جس سے ایک بہتر سطح تیار ہوجاتی ہے -

Jump line : (n) کتاب بالخصوص رسالے ، اخبار وغیرہ میں بقیہ کا اشاریہ (جیسے باقی صفحہ پر یا صفحہ کا بقیہ) -

Jump master : (n) چھلانگ لگانے والوں کا انچارج ؛ چھلانگ لگانے کے فن کا ماہر -

Jump off : (n) (سو جمپنگ میں) برابر کے حریفوں کا آخری اور فائنل راؤنڈ -

Jump page : (n) اخبار کا وہ صفحہ جس پرمضامین کے بقیہ حصے ہوتے ہیں -

Jump seat : (n) (١) گاڑی کی متحرک نشست یا سیٹ - (٢) گاڑی جس میں اس قسم کی نشست ہو -

Jump-suit : (n) کپڑے کے ایک ہی ٹکڑے سے بنا ہوا پورے بدن کا لباس جو جمپر اور شلوار (پاجامہ) پر مشتمل ہو -

Jump weld : (n) جوڑ جو دھات کے دو گرم ٹکڑوں کے سروں کو ہتھوڑے سے پیٹ پاٹ کر ملانے سے بنا ہو -

Jump weld : (v) دھات کے گرم ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنا -

Jumpable : (a) کودنے کے لائق ؛ چھلانگ لگانے کے قابل -

Jumped-up : (n) جونیا نیا اور اچانک ابھرا ہو اور اہم حیثیت کا مالک بن گیا ہو -

Jumper : (n) (١) ڈھیلا ڈھالا جیکٹ جو ملاح اور مزدور پہنتے ہیں - (٢) عورتوں کا جیکٹ ؛ (جدید) عورتوں کا جمپر یا جمپر بلاؤز - (٣) بچوں کا وہ بیرونی لباس جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے اوپر سے پہنایا جاتا ہے ؛ بچوں کی شب خواری کا لباس یا کھیل کا لباس - (٤) (خصوصاً برطانیہ میں) عورتوں یا لڑکیوں کا سوئیٹر -

Jumper : (n) (١) کودنے یا چھلانگ وغیرہ لگانے والا - (٢) ویلش میتھوڈسٹ کی ایک جماعت کا نام جو عبادت کے طور پر اچھل کود اور رقص کرتی ہے - (٣) دوسرے کے دعووں سے انکار کرنے والا آدمی - (٤) وہ کیڑے یا حشرات جو کود کود کر چلتے ہیں - (٥) ایک قسم کا بڑا اور بھاری ہتھوڑا یا برما - (٦) وہ رسی جو جہاز کے مستول وغیرہ پر باندھتے ہیں تاکہ جھٹکے نہ لگیں -

Jumperstay : (n) وہ سہارا یا ستون جو طوفانی موسم میں گھروں کو اڑنے سے محفوظ کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے -

Jumpiness : (n) کودنے کی حالت یا کیفیت ؛ اضطراب ؛ پریشانی ؛ عصبانیت؛ تحریک پذیری -

Jumping : (n) کودنے یا چھلانگ لگانے کا عمل -

Jumping : (a) کودنے والا ؛ چھلانگ لگانے والا ؛ اڑنے والا ؛ پرندہ -

Jumping bean/-seed : (n) میکسیکو کے ایک مخصوص پودے کا بیج -

Jumping deer : جنوبی افریقہ کا ہرن جس کی دم لمبی ہوتی ہے - (Mule deer)

Jumping hare : (n) جنوبی اور مشرقی افریقہ میں پایا جانے والا ایک جانور ؛ افریقی زیبرا -

Jumping jack : (n) (کل پرزوں کے ذریعہ) کودنے اچھلنے والا کھلونا -

Jumping louse : درختوں میں رہنے والا اور پھدکنے والا جوں کی صورت کا کیڑا -

Jumping mouse : (n) ایک مخصوص قسم کا امریکی چوہا جو جاڑے کے موسم میں زمین کے اندر رہتا ہے -

Jumping mullet : (n) خاکستری رنگ کی ملیٹ مچھلی جو بے حد متحرک رہتی ہے -

Jumping net : (n) وہ جال جس پر اونچی جگہوں خصوصاً آتش زدہ عمارتوں کی بالائی منزلوں سے کودتے ہیں -

Jumping pit : (n) وہ (نرم) جگہ جہاں اونچی چھلانگیں لگانے والے کرتے ہیں۔

Jumping plant louse : (n) ایک مخصوص قسم کا پودا (Psyllidae کی جنس کا)۔

Jumping rat : (n) (۱) دیکھو Jumping mouse - (۲) کوئی بھی چھلانگ لگانے والا جانور ۔

Jumping sheet : (n) دیکھو Jumping net

Jumping spider : (n) مکڑیوں کا گروپ جو اپنے شکار پر جھپٹتا ہے ۔

Jumpingly : (adv.) کودتے ہوئے ؛ اچھلتے ہوئے ۔

Jumpy : (a) (۱) کودنے والا ؛ چھلانگ لگانے والا ؛ جست لگانے والا۔ (۲) اعصابی ہیجان میں مبتلا شخص ؛ اعصاب زدہ۔

Juncaceae : (n) (نباتیات) اَسلیّہ ؛ سازو ؛ سمار ۔

Juncaceous : (a) اسلِیّائی۔

Junco : (n) (۱) ایک چھوٹی سی امریکی چڑیا (finch) ؛ پرندہ' برف ؛ اس میں سے کوئی ایک۔ (۲) (جمع میں) اس جنس کی کوئی چڑیا ۔

Juncous : (a) جہاں سینٹھے کثرت سے ہوں۔

Junction : (n) (۱) جوڑنے کا عمل ؛ متحد ہونے کی حقیقت ؛ اتحاد ؛ اتصال ؛ اختلاط۔ (۲) وہ نقطہ یا جگہ جہاں دو چیزیں ملتی یا ملائی جاتی ہیں (خصوصاً) وہ ریلوے اسٹیشن جہاں بہت سی لائنیں ملتی ہیں ؛ جنکشن۔ (۳) ریلوے اسٹیشن جو کسی تجارتی مرکز سے دو دوسری لائنوں کو جوڑتی ہے ۔

Junction : (v) کسی ایک جنکشن پر ملنا ؛ باہم ملنا ۔

Junction box : (n) برقی تاروں اور کیبلز کے اتصال کو محفوظ کرنے کے لئے (دھات کا) بکس۔

Junctional : (a) جنکشن سے متعلق۔

Junctural : (a) grammatical juncture کا یا اس سے متعلق۔

Juncture : (n) (۱) ملن ؛ اتصال؛ باہم ملانے کا عمل؛ حالت اتصال۔ (۲) مقام اتصال ؛ جوڑ۔ (۳) واقعات کا اکٹھا ہو جانا ؛ بحران۔ (٤) صورت حال ؛ موقع ؛ منزل ؛(واقعہ کی)۔

June : (n) جون ؛ عیسوی سال کا چھٹا مہینہ ؛ جارجین تقویم کا چھٹا مہینہ۔

June : (v) (بول چال) تیزی کے ساتھ ہانکنا ۔

June apple : (n) آغاز فصل کا سیب ؛ بے موسم سیب۔

June berry / Service berry : (n) جون بیری ؛ ایک قسم کے چھوٹے درخت جون بیری کا پھل۔

June bug : (n) ان مختلف قسم کے بھونروں کا نام جو جون میں ظاہر ہوتے ہیں اور جو یورپ ، شمالی اور جنوبی امریکا میں پائے جاتے ہیں ؛ بھونرا ۔

June drop : (n) ناپختہ اور کچے پھلوں کا ، کھاد کی کمی ، بیماری یا آندھی طوفان کی وجہ سے گرنا (زیادہ تر جون میں)۔

June-teenth : (n) جون کی ۱۹ تاریخ ، جو ٹیکساس کے حبشی باشندوں کی عام تعطیل کا دن ہے کیونکہ یہ دن ٹیکساس میں غلاموں کی آزادی کا یادگار دن ہے اور اس بنا پر حبشی باشندے اس دن جشن مناتے ہیں۔

June week : (n) ویسٹ پوائنٹ (West point) اور اناپولس (Anna polis) میں گریجویشن ہفتہ۔

June yellow : (n) اسٹرا بیری پودے کی ایک غیر کرمی بیماری جو نمودی اسباب کی بنا پر ہوتی ہے اس بیماری میں زرد و سبز داغ دھبے پڑ جاتے ہیں اور پتوں پر دھاریاں بن جاتی ہیں۔

Kelp-fish : (n) امریکا کے بحرالکاہل کے کنارے پائے جانے والی مختلف مچھلیوں کے نام۔

Kelp-pigeon : (n) ایک قسم کا دریائی پرندہ۔

Kelp raft : (n) سطح سمندر پر تیرتی ہوئی کثیر دریائی گھاس۔

Kelpie/ Kelpy : (n) (اسکاچستان) دریائی بھتنا جو عموماً گھوڑے کی شکل میں دکھائی دیتا ہے اور مسافروں کو غرق کر دیتا ہے اسے Water-kelpie بھی کہتے ہیں۔

Kelpies feet : (n) فورفارشائر کے قدیم سرخ ریتیلے پتھروں میں نشانات۔

Kelson/Keelson : (n) لکڑیوں کی قطار جو فرش جہاز کے تختوں کو جہاز کے پیندے پر قائم رکھتی ہے۔

Cross-Kelson : اسٹیمر کے انجن اور بائلر کو سہارا دینے کے لئے کلسن کے قریب رکھا ہوا ایک چلیپائی شہتیر۔

Keit : (n) (اب صرف اسکاٹستانی) سالمن مچھلی۔

Keit : (n) (اسکاٹستانی اور اب بول چال) ہاتھ کا بنا ہوا ایک قسم کا پشمی سیاہ و سفید کپڑا۔

Kelt : (n) Celt کا متبادل۔

Kelted : (a) مچھلی ، مینڈک ، گھونگے وغیرہ کا دیا ہوا انڈا۔

Kelter/ Kilter : (n) اچھی حالت ؛ اچھی ترتیب۔

Kelter : (v) (خصوصاً اسکاٹستان) بے قراری کی حرکت کرنا ؛ لہرا کر چلنا ؛ ہلنا۔

Kelter : (n) (۱) کسی قسم کی جانداد خصوصاً روپیہ۔ (۲) ملبا؛ کوڑا کرکٹ ؛ کاٹھ کباڑ ؛ بیکار چیز ؛ لغویات ؛ مہمل؛ مز خرف۔

Keltic/ Kelto -: Celtic, Celto کا متبادل۔

Kelvin : (n) (الیکٹرک) کلون؛ امپر ساعت ؛ (طبیعیات) مطلق پیمانہ ؛ کلون۔

Kelvin effect : (n) (طبیعیات) کلون اثر۔

Kelvinator : (n) (طبیعیات) سرد آلہ۔

Kemelin (e) : Kimnel کا متبادل۔

Kemp : (n) اون کے موٹے بال ؛ موٹی اون۔

Kemp-hair : (n) اون کے موٹے بال۔

Kemp-haired : (a) اون کے موٹے بال والا۔

Kemple : (n) (اسکاٹستان) گھاس یا پیال کے لئے ایک پیمانہ۔

Kempy : (a) موٹی اون کی طرح۔

Ken : (n) (۱) دائرہ نظر ؛ حد نظر ؛ نظر ؛ بینائی۔ (۲) دائرہ علم ؛ حد ادراک ؛ نظر جمانا ؛ ٹکٹکی۔ (۳) ذہنی شعور ؛ بصیرت۔

In one's ken : (کسی کی) حد نظر یا حد علم کے اندر۔

Out of, beyond one's ken : (کسی کی) حد نظر یا حد علم سے باہر۔

Ken : (n) گھر ؛ خانہ خصوصاً جہاں چور اچکے ، فقیر وغیرہ ملتے ہیں یا قیام کرتے ہیں ؛ پناہ گاہ ؛ مامن۔

Ken : (v) (۱) جاننا ؛ پہچاننا ؛ شناخت کرنا ؛ معترف ہونا ؛ تسلیم کرنا ؛ واقف ہونا ؛ اعتراف کرنا ؛ اقرار کرنا ۔ (۲) جاننا (کسی شخص کو) (اب اسکاٹستانی) ؛ جاننا (کسی چیز کو) (خصوصاً اسکاٹستانی)؛ دیکھ کر پہچاننا ؛ صورت آشنا ہونا ۔

Kennel : (n) (۱) سگ خانہ ؛ کتا گھر یا گھاٹ پالتو کتے کے لئے ؛ کتوں کے رہنے کی جگہ ۔ (۲) ادنیٰ درجے کا مکان ؛ ذلیل مکان ؛ مکانوں کی قطار جہاں کتوں کا غول رکھا جاتا ہے ؛ لومڑی کے رہنے کی جگہ ؛ مان بھٹ ۔ (۳) کتوں یا دوسرے جانوروں کا غول ۔ (٤) لوگوں کی جماعت ، جتھا ۔

Kennel : (n) موری ؛ نالی ؛ سڑک کا نالہ ؛ بدرو ۔

Kennel : (v) (۱) سگ خانے میں رہنا یا جانا ؛ سگ خانے یا ماند میں آرام کرنا ؛ سگ خانے میں زندگی گزارنا ۔ (۲) (آدمی کے لئے تحقیراً) قیام کرنا ؛ چھپنا ؛ دبکنا ؛ گھات میں رہنا (نیز مجازاً) ۔ (۳) سگ خانے میں رکھنا ۔

Kennel-book : (n) وہ کتاب جس میں سگ خانے کے تمام حالات یا واقعات مندرج ہوتے ہیں ؛ جہاں کتے پرورش پاتے ہیں ۔

Kennel lameness : (n) (بیطاری) نقرس سگ ۔

Kennel maid : (n) سگ خانے کی نگراں خاتون ۔

Kennel-man : (n) سگ خانے کا محافظ یا نگراں ؛ سگبان ۔

Kennelling : (n) سگ خانوں کا انتظام ؛ سگ خانے مہیا کرنا ۔

Kenning : (n) (۱) (عامیانہ صرف اسکاٹستان میں) تعلیم ؛ تدریس معلومات ؛ وقوف ؛ آگاہی ؛ اطلاع ؛ دائرۂ علم ؛ واقفیت ؛ آگہی ۔ (۲) نگاہ ؛ نظر بصیرت؛ قدرت بینائی ؛ ادراک؛ شناخت ؛ معرفت ؛ قدر شناسی ۔ (۳) قابل تسلیم رقم؛ تھوڑی مقدار ؛ معمولی ؛ کمی ۔ (٤) پیچیدہ طرز کلام؛ پیچیدہ اظہار خیال ۔

Kenning wort : (n) دیکھو Celandine

Keno/ Kino : (n) (امریکا) ایک قسم کا جوا ۔

Kenogenesis : (n) (حیاتیات) بدل تولید ؛ ماحولی تولید ۔

Kenogenetic : (a) ماحولی تولید سے متعلق ۔

Kenosis : (n) (دینیات) ترک الوہیت (عقیدہ) ؛ (مسیح کا) ترک اُلوہیت؛ بشریت مسیح ؛ حضرت عیسیٰ کا انسانی شکل اختیار کرتے وقت کلی یا جزوی طور پر الوہیت سے دست بردار ہونا ۔

Kenotic : (a) (مسیح کے) ترک الوہیت سے متعلق ۔

Kenoticism : (n) (مسیح کے) ترک الوہیت کا عقیدہ ۔

Kenoticist : (n) ترک الوہیت کا مقلد یا پیرو ۔

Kenotron : (n) (ریڈیو) دو بر قیریہ ؛ کینو ٹرون ۔

Kenspeck/Kenspeckle : (a) (اسکاٹستانی اور بول چال) ظاہر ، نمایاں ؛ بین ؛ واضح صریح ؛ جالب توجہ؛ بہ آسانی شناخت پذیر ۔

Kentish : (a) (انگلستان کے ضلع) کینٹ کا یا اس سے متعلق ۔

Kentish fire : (n) نعرہ ہائے تحسین یا نفریں کی بوچھاڑ ؛ پسندیدگی ، نا پسندیدگی کا طویل مظاہرہ ۔

Kentish man : (n) مغربی کینٹ کا باشندہ ۔

Kentish rag : (n) ایک قسم کا سخت چونے کا پتھر جو کینٹ میں پایا جاتا ہے ۔

Kentledge : (n) (جہاز رانی) پاسنگ : کچا لوہا جو جہاز کا توازن قائم رکھنے کے لئے بھر لیا جاتا تھا ۔

Kenyapithecus : (n) نوع انسانی کے وہ قدیم آثار جو سب سے پہلے کینیا میں دریافت ہوئے ۔

Kephalin : (n) ایک مادہ جو دماغ کے مغز سے حاصل ہوتا ہے ۔

Kephalo- : (prefix) Cephalo کا متبادل ۔

Kepi : (n) فرانس کی فوجی ٹوپی جس میں افقی چوٹی ہوتی ہے ۔

Kepler's laws : (n) (علم النجوم) کلیات کپلر ؛ قوانین کپلر ۔

Kept : (a) (۱) محفوظ ؛ نگاہ داری کیا ہوا ؛ قائم رکھا ہوا ۔ (۲) داشتہ ؛ کسی دلچسپی رکھنے والے آدمی سے مالی امداد پایا ہوا ۔

Kera - : (prefix) سابقہ بمعنی "زیر" "شاخ" ۔

Keralite : دیکھو Horn stone

Keramic/ -ist : دیکھو Ceramic/-ist

Kerasine : (a) شاخ دار ؛ پُر شاخ ؛ سینگ کا ؛ سینگ کی طرح ؛ قرنی ؛ سنگیا ۔

Keratalgia : (n) (طب) درد قرنیہ ۔

Keratectasia : (n) (طب) بُرّز قرنیہ ۔

Keratectomy : (n) (جراحی) قرنیہ براری ؛ شق قرنیہ ، قرنیہ کو قطع وبرید کرنا ۔

Keratic : (a) (حیوانیات) قرنی ؛ (طب) قرنیتی ۔

Keratin : (n) (حیوانیات) قرانین ؛ قرنی مادہ ۔

Keratinisation : (n) (۱) (حیوانیات) قرنیت ۔(۲) (حیوانیات) قرانتینیت ۔

Keratinous : (a) (حیوانیات) قرنی ۔

Keratitis : (n) (مرضیات) ورم قرنیہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے کے بیرونی پردے کی سوجن ۔

Kerato - : -Cerato کا متبادل ۔

Keratocele : (n) (طب) فتق قرنیہ ۔

Keratoconus : (n) (طب) مخروطی قرنیہ ۔

Keratode : (n) ایک قسم کا سینگ نما مادہ جو بعض اسفنجوں میں پایا جاتا ہے ۔

Keratoderma : (n) (طب) قرنی جلد ؛ (تشریح) قرنیہ ۔

Keratoid : (a) (ریاضیات) قرنی نما ؛ ہلالی ۔

Keratoid cusp : (n) (ریاضیات) ہلالی راس ۔

Keratoma : (n) (طب) قرنی سلعہ ۔

Keratome : (n) (جرّاحی) قرنیہ تراش ۔

Keratometer : (n) (طب) قرنیہ پیما ۔

Keratonyxis : (n) (جرّاحی) موتیا بند کے آپریشن کا ایک طریقہ ۔

Keratoplasty : (n) (جراحی) قرنیہ پیوندی ۔

Keratoscope : (n) (طب) قرنیہ بیں ۔

Keratose : (a) (۱) سینگ کے سے مادے کا ۔

Keratose : (n) دیکھو Keratode

Keratosis : (n) (طب) قرنیت ۔

Keratotome : (n) (جرّاحی) قرنیہ تراش ۔

Keratotomy : (n) (جرّاحی) قرنیہ شگافی ۔

Keraunograph : (n) (موسمیات) رعد نگار ؛ رعد و برق سنج ۔

Kerb : (n) پتھر کے فرش یا سڑک کی پٹری کے کنارے کا پشتبان ؛ (انجینیئرنگ) سنگ حاشیہ ۔

On the kerb : صرافہ کا کام جو سنگ حاشیہ پر ہوتا ہے ۔

Kerb : (v) سنگ حاشیہ سے درست کرنا یا آراستہ کرنا ۔

Kerb-stone broker : (n) (امریکا) دلال ؛ اسٹاک اکسچینج کا ممبر نہیں ، جو صرافہ کا کام سڑک پر کرتا ہے ۔

Kerb-stone/kirb - : (n) (۱) پشتبان پتھر ؛ رصیف ؛ باڑ سنگ ؛ سنگ حاشیہ ۔ (۲) کنویں کے سرے پر پتھر کا حاشیہ ۔

Kerbing : (n) سنگ حاشیہ بنانے والا پتھر ۔

Kerchief : (n) (۱) سر پر اوڑھنے کا ایک کپڑا ؛ پہلے عورتوں

کے سروں کا لباس کے معنی میں مستعمل تھا ۔
(۲) سینے پر ڈال لینے والا کپڑا یا گلے کا رومال ۔
(۳) رومال ؛ دستی ؛ دست مال ۔

Kerchief : (v) رومال لپیٹنا ۔

Kerchiefed : (a) رومال دار ۔

Kerf : (n) (۱) شگاف (خصوصاً جو آرے سے کاٹنے سے پڑ جائے) ۔ (۲) کٹے ہوئے درخت کا وہ سرا جدھر سے وہ کاٹا گیا ہے ۔ (۳) تراش کا نشان یا درز ۔ (٤) تراش (کسی چیز کی) ۔

Kerion : (n) (طب) چھتے دار دانے ؛ عسلی دار دانے ۔

Kerite : (n) ایک قسم کا خام ربر جو ٹیلیگراف کے تاروں پر لگایا جاتا ہے ۔

Keritheraphy : (n) (طب) پیرافی علاج ۔

Kermes : (n) (۱) ایک کیڑے کی حاملہ مادہ جس کو پہلے بڑکولہ جیسا پھل تصور کیا گیا تھا ؛ قرمز (ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ بنتا ہے) ۔ (۲) اوک کی ایک قسم جس میں یہ کیڑے رہتے ہیں ۔ (۳) سرخ رنگ جو ان کیڑوں کو خشک کر کے بنایا جاتا ہے ؛ قرمزی رنگ ۔ (٤) شوخ سرخ رنگ کے سرمے کا غیر قلمدار ثری سلفائڈ (Trisulphide) ۔ (٥) قرمزدانہ ؛ کرم قرمز ۔

Kermes mineral : (n) شوخ سرخ رنگ کے سرمے کا غیر قلمدار ثری سلفائیڈ ۔

Kermes oak : (n) اوک کی ایک قسم جس میں قرمز پائے جاتے ہیں ۔

Kermesite : (n) ایک خام سرخ سرمہ جو آکسائیڈ اور سلفائیڈ کا مرکب ہوتا ہے ۔

Kermesinous : (n&a) قرمزی ۔

Kermis/Kermess(e)/Kirmesse : (n) ہالینڈ وغیرہ کا سالانہ موسمی میلہ جس میں خوب ادھم مچاتے ہیں اور رنگ رلیاں مناتے ہیں ؛ امریکا میں اسی قسم کا میلہ خیراتی کاموں کے لئے لگتا ہے ۔

Kern/ Kerne : (n) (۱) (تاریخ) آئرستان کا سبک پوش (کم اسلحے والا) سپاہی ۔ (۲) کسان ؛ گنوار ۔

Kern : (n) (طباعت) حروف طباعت کا ایک کھلا ہوا حصہ ۔

Kern : (v) (اب خصوصاً بول چال) اناج کی بالی میں سخت دانہ بن جانا ؛ تخم ریزی کرنا ؛ بیج بونا ؛ نیز (پھلوں کا) پک جانا یا تیار ہو جانا ۔

Kern : (v) (طباعت) (حرف کو) زیادہ دراز کرنا ؛ جلی حروف ۔

Kerned : (a) حرف کو دراز کیا ہوا ۔

Kernel : (n) (۱) گری یا گٹھلی دار پھل کا نرم حصہ ؛ مغز گری ۔ (۲) مغز ؛ گودا ؛ مینگ ؛ تخم ؛ دانہ ؛ (گیہوں وغیرہ) کی گری ۔ (۳) مرکزہ نوات (Nucleus) ؛ قثج دان ۔ (٤) (مجازاً) مرکز ؛ جز ؛ اصل ؛ اساس (کسی مسئلے یا معاملے وغیرہ کی) ۔ (٥) جسم کے کسی حصے میں گول گلٹی جیسی کوئی چیز خصوصاً گردن یا جانگھ میں بڑی گلٹی ۔

Kernel : (v) چھلکے یا غلاف میں تخم کی طرح بند کرنا ؛ دانہ یا غلہ پیدا کرنا ۔

Kernelled/ -eld : (a) (پھل) مغز دار ؛ مثل مغز یا گودا ۔

Kernelly/ -ely : (a) تخم جیسا ؛ مغز کی طرح کا ۔

Kerolite : Cerolite کا متبادل ۔

Kerosene : (n) مٹی کا تیل ؛ گھاس لیٹ ؛ گیس کا تیل؛ نفت چراغ؛ پیرافین کا عمومی نام ۔

Kerrie/ Keerie : (n) چھوٹا لٹھا یا گانٹھ دار چھڑی جو جنوبی افریقہ کے لوگ بطور ہتھیار استعمال کرتے تھے ۔

Kersey : (n) ایک قسم کا چھوٹے عرض کا موٹا کپڑا جو لمبی اون سے تیار کیا جاتا ہے ؛ پٹو ۔

Kerseymere : (n) (۱) باریک بناوٹ کا اونی کپڑا ؛ ایک قسم کا پشمینہ ۔ (۲) (جمع) اس کپڑے کی پتلون ۔

Kerseynette : Cassinette کا متبادل ۔

Keslep/ -lip/ -lop : دیکھو Cheeselip

Kestrel : (n) (۱) ایک چھوٹی قسم کا باز ؛ شکرا ؛ (حیوانیات) لٹورا ؛ تُرمتی -(۲) (مجازاً) (شخص کے لئے) بطور حقارت ، ذلت ؛ تحقیراً -

Ket : (n) (۱) (بول چال) کچا گوشت مردار ؛ سڑا ہوا گوشت ؛ لاشہ ؛ گندگی ؛ آلائش - (۲) (مجازاً) نکمی چیز ؛ فضول یا بیکار چیز ؛ ردی چیز ؛ مہمل ؛ لغویات -

Ketch : (n) دو مستولی مضبوط بنا ہوا جہاز جو ۱۰۰ سے ۲۵۰ ٹن وزن کا سامان لے جا سکتا ہے جسے پہلے بم بردار کشتی کہتے تھے اب عموماً چھوٹا جہاز جو ساحل کے قریب چلایا جاتا ہے -

Ketch : (n) جلاّد -

Ketch : (v) (۱) لٹکانا ؛ آویزاں کرنا - (۲) پھانسی دینا ؛ پھانسی پر لٹکانا -

Ketchup/Catchup : (n) ٹماٹر ، اخروٹ ، کھمبی وغیرہ کے عرق کی پتلی چٹنی -

Ketine : (n) (کیمیا) ایک قسم کا مائع روغنی $(C_6H_8N_2)$ یا $(C_nH_{2n-4}N_2)$ -

Keto - : (prefix) سابقہ کیتون کی شکل -

Ketogenic : (a) (طب) کیتون زا -

Ketone : (n) ایک کیمیائی مرکب کا نام -

Ketonic : (a) کیتون کا یا اس سے متعلق -

Ketonic acid : (n) (کیمیا) کیتونک ایسڈ -

Ketol : (n) کیتونک الکحل -

Ketonuria : (n) (طب) انسان اور پالتو جانوروں کے پیشاب میں کیتون کی زیادتی -

Ketose : (n) کیتون دار شکر ؛ چینی -

Ketosis : (n) کیتونیت -

Kettle : (n) (۱) کیتلی ؛ پانی گرم کرنے کے لئے ایک دھات کا برتن ؛ خصوصاً چائے کی کیتلی - (۲) برکار کا پیتل یا اور کسی دھات کا بکس -

A kettle of fish/A pretty kettle of fish : (phr.) بیڈھب معاملہ -

Kettle-holder : (n) کیتلی کو پکڑ کر اٹھانے کا کپڑا وغیرہ ؛ صافی -

Kettle-stitch : (n) (جلد سازی) کتاب کے سرے اور نیچے کی گرہ -

Kettledrum : (n) (۱) نقارہ ؛ نوبت ؛ ٹنکا - (۲) (بول چال) شاندار عصرانہ (چائے کی پارٹی) ؛ بڑے پیمانے پر سہ پہر میں چائے پارٹی -

Kettledrummer : (n) نقارچی -

Kettleful : (n) کیتلی بھر چیز -

Keuper : (n) سہ گانہ نظام کا بالائی حصہ -

Kevel : (n) (اسکاتستانی اور بول چال) لکڑی کا گول ٹکڑا ؛ ٹنڈا ؛ سونٹا ؛ کدکا -

Kevel : (n) (جہاز رانی) دھری ، میخیں یا کھونٹیاں جن پر بعض رسیاں لپیٹی جاتی ہیں -

Kevel : (n) (اسکاتستانی اور بول چال) ہتھوڑے کی ایک قسم (پتھر توڑنے کے لئے) ؛ تیشہ؛ سنگ تراش ؛ سنگ کوب -

Kevel : (v) توڑنا (پتھر) -

Kevel hammer/ -mell : (n) پتھر توڑنے والا ہتھوڑا ؛ تیشہ؛ سنگ تراش ؛ سنگ کوب -

Kew gardens : (n) (۱) کیو گارڈن (لندن کا مشہور نباتاتی باغ) - (۲) دیکھو Botanical gardens -

Key : (n) (۱) کنجی ؛ چابی ؛ تالی ؛ کلید ؛ مفتاح - (۲) (بت تراشی اور نقاشی میں) کنجی کا خاکہ - (۳)(مجازاً) کنجی (معاملے وغیرہ کی) ؛ دروازہ ؛ باب ؛ راہ - (٤) (مجازاً) چوکی ؛ وہ مقام جو موقع کے لحاظ سے سمندر یا خشکی کے کسی حصے پر نگرانی قائم رکھنے کے لئے مناسب ہو -

(٥) (دینیات) (جمع) رومن کیتھولک میں پوپ کے مذہبی اختیارات - (٦) حل ؛ تشریح ؛ تفسیر ؛ غیر زبان کا ترجمه ؛ ترجمه نامه - (٧) (ریاضیات) حل سوالات ؛ ریاضی کے مسائل کے حل کی کتاب ؛ شرح مسائل ریاضی - (٨) (موسیقی) آہنگ ؛ ایك سلسلے کا سُر ؛ لحن - (٩) سروں کا سلسله یا نظام؛ لے ؛ (مصوری) رنگوں کی ترتیب - (١٠) لہجه ؛ (بلند ، دراز یا پست) لے یا باجے کی آواز ؛ بنیادی سُر ؛ پردا - (١١) (مجازاً) طرز خیال ؛ لہجه؛ طرز ادا؛ اسلوب ؛ (اظہار خیال کا) انداز ؛ بنیادی خیال ؛ تصور - (١٢) (میکانکی ساخت کے مستعمل) کیلی ؛ پچر یا پن بولٹ ؛ ضامن ؛ ڈاٹ (جو دو جوڑ مضبوط بٹھانے کے لئے لگاتے ھیں) - (١٣) پٹی ؛ لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جو مضبوطی کے لئے دوسرے ٹکڑوں کے درمیان جوڑ دیا جائے - (١٤) گچ کی ته جو لکڑی کے تلے تختوں کے درمیان دیوار کی مضبوطی کے لئے چڑھاتے ھیں - (١٥) محراب کے بیچ کا پتھر ؛ (تعمیرات) ڈاٹ کا پتھر ؛ پتر : کمرے کے نیچے کی سطح میں آخری تخته یا پٹرا - (١٦) دیوار کی سطح کا کھردراپن جو پلاستر کو جمنے نہیں دیتا ؛ دیوار کی سفیدی کا پہلا استر - (١٧) (پیانو میں) مضراب ؛ ساز کے پردے - (١٨) (تلغرافی) ایك میکانکی ساخت جو برقی رو کو بند کرتی ھے - (١٩) ٹائپ رائٹر کی کنجی - (٢٠) پیچ کش ؛ گھڑی کی چابی ؛ (الیکٹرك) کلید - (٢١) ہلکا جھلی دار خشك پھل یا میوه -

Golden key : (سیاسیات) رِشوت ؛ زر رشوت -

Greek key : (n) کنجی مانند خمیدکی جو یونانی منبت کاری میں ملتی ھے -

House of keys : جزیره مین کی مجلس وضع قوانین کا شعبه انتخابات -

Master key : ہر قفلی کنجی ؛ ایسی کنجی جو ہر طرح کے قفلوں پر لگ سکے -

Power of the keys : پاپائی اختیارات -

Silver key : (n) دیکھو Golden key

St. Peter's keys : صلیب نما متقاطع کنجیاں

(پوپ کا مارکه) -

To get (have) the key of the street : رات کو گھر سے باہر نکال دیا جانا ؛ بے خانماں ھونا -

Key : (n) پشته ؛ گھاٹ ؛ لکڑی یا پتھر کا چبوتره جہاں اسباب اتارنے کے لئے ٹھہرایا جاتا ھے -

Key : (n) (١) نیچا جزیره - (٢) (سمندر میں سطح آب نیچے) چٹانوں کا سلسله یا ریت کا توده ؛ (ارضیات) جزیرۂ مرجان -

Key : (v) (١) پچر جڑنا ؛ بلّی یا چٹخنی لگانا ؛ آلپن لگانا - (٢) پلاسٹر لگانا - (٣) (باجوں کے) سر ٹھیك کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ موزوں کرنا ؛ تاروں کو کسنا - (٤) محراب کے بیچ کا پتھر لگانا ؛ محراب میں ڈاٹ لگانا - (٥) ٹیلی گراف یا ٹائپ رائٹر وغیره کی کلید یا کلیدوں کو دبانا یا اس سے کام لینا -

To key up : (مجازاً) کسی (شخص کو کسی بات پر) ابھارنا ؛ بڑھا دینا (اشتیاق ، ہمت وغیره) -

Key action : (n) وه ترتیب جس کے ذریعے آلات موسیقی میں آوازیں پیدا کی جاتی ھیں -

Key board : (n) کلیدی تخته ؛ ساز کے پردوں کا تخته ؛ ردیف مضراب ؛ ردیف حروف -

Key-board : (v) ٹائپ رائٹر کے کلیدی تخته سے ٹائپ کرنا یا لکھنا -

Key bolt : (n) ایك قسم کی چٹخنی یا قفل کا کھٹکا -

Key bone : (n) (١) ہنسلی کی ہڈی ؛ ہنسلی - (٢) کسی ساخت کی بنیادی ہڈی -

Key-bugle : (n) وه بگل جس میں آواز کے اتار چڑھاؤ کے لئے کنجیاں لگی ھوتی ھیں ؛ چابی بگل -

Key hole : (n) (١) سوراخ کلید؛ قفل کا دہانه یا منه - (٢) پچر لگانے کے لئے سوراخ -

Key industry : (n) (معاشیات) بنیادی صنعت ۔

Key-less : (a) بے کلید ؛ بے کنجی ؛ بے کنجی کے چلنے والی (گھڑی) ۔

Key man : (n) اہم شخص ۔

Key money : (n) مکان کرایہ پر لینے سے قبل پیشگی کے طور پر روپے کی ادائیگی ؛ کرایہ دار کے مکان کی کنجی لیتے وقت پیشگی کے طور پر روپیہ دینا ۔

Key-note : (n) (۱) (موسیقی) بنیادی سر ۔ (۲) (مجازاً) بنیادی خیال ؛ تصور ۔ (۳) مفتاح ؛ راہنما ۔ (٤) وہ تقریر جو کسی کانفرنس کا رخ متعین کر دے ؛ عموماً سیاسی ریلیوں کے لئے مستعمل ۔

Key-note : (n) بنیادی خیال ظاہر کرنا ؛ بنیادی مقرر کی حیثیت سے تقریر کرنا ۔

Key-noter : (n) بنیادی خیال ظاہر کرنے والا ؛ بنیادی مقرر کی حیثیت سے تقریر کرنے والا ۔

Key-plate : (n) (تعمیرات) سپرچہ ۔

Key position : (n) بنیادی خیال ؛ بنیادی مسئلہ ؛ بنیادی حیثیت ؛ اہم مرتبہ ؛ مقام ؛ اہم عہدہ ۔

Key-punch : (n) کلیدی پنچ ؛ کاغذ وغیرہ میں سوراخ کرنے کا آلہ ۔

Key stone : (n) (۱) (تعمیرات) محراب کے بیچ کا پتھر ؛ ڈاٹ ؛ وسطی پتھر ؛ سنگ سرطاق ۔ (۲) (نفسیات) مرکز خیالات ؛ محور ۔ (۳) بنیادی اصول ؛ (مجازاً) اصل ؛ اساس ؛ مدار ۔ (٤) دیوار کی چوڑائی کا پورا پتھر جو مضبوطی کے لئے لگایا جاتا ہے ۔ (٥) (رنگین لیتھو) وہ پتھر جس پر مضمون کا خاکہ بنایا جاتا ہے ۔ (٦) ڈھلا ہوا لوہے کا بلاک ۔

Key-stroke : (n) کلیدی تختہ پر کلید کا جھکاؤ عموماً کام کی پیمائش کے طور پر ۔

Key-word : (n) (۱) صفر کے ساتھ کلیدی حیثیت کا لفظ ۔ (۲) با معنی لفظ ؛ اہم لفظ ۔

Keyage : (n) گھاٹ کر ؛ گھاٹ اترائی ؛ گھاٹ ٹیکس ۔

Keybed : (n) بلی یا چھڑ کا حصہ جس پر ڈاٹ ٹھہرتا ہے ۔

Keyed : (a) (۱) (آلہ موسیقی) کنجیوں سے بنایا ہوا ؛ کلید دار ؛ مضراب دار ۔ (۲) (نجاری) پچر کے سہارے مضبوط کیا ہوا ۔ (۳) (تعمیرات) ڈاٹ کے ذریعہ بنایا ہوا ۔ (٤) ہم آہنگ یا ترتیب دیا ہوا ۔

Keyhole escutcheon : (n) سوراخ کلید کے چاروں طرف سپرچہ نمادھات کی پلیٹ ۔

Keyhole limpet : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Keyhole saw : (n) سوراخ کلید کو کاٹنے والا کم چوڑے پھل کا آرا ۔

Keying : (n) (میکانیات) اتصال خاری ۔

Keying waves : (n) نشان انداز لہریں ۔

Keynesian : (a) (۱) برطانوی ماہر اقتصادیات 'Keynes' کا یا اس سے متعلق یا اس کے نظریات کے تحت ۔ (۲) 'Keynes' کے نظریات کا حامی یا پیرو ۔

Keys : (n) دیکھو House of keys

Keystone state : (n) (امریکا) پنسلوانیا کا مشہور خطاب یا لقب ۔

Khakan : (n) خاقان ؛ بادشاہ ؛ سلطان ۔

Khaki : (a) خاکی ؛ مٹیالے رنگ کا ۔

Khaki : (n) خاکی کپڑا ؛ مٹیالے رنگ کا کپڑا ۔

Khaksar : (n) خاکسار ؛ تحریک آزادی کے وقت کی ایک مسلم جماعت کا نمائندہ ۔

Khalifa : (n) Caliphکا متبادل ۔

Khalsa(h) : (n) (۱) ہندوستانی ریاستوں میں سرکاری محکمہ ؛ خزانہ ۔ (۲) سکھوں کا طبقہ ؛ سکھوں کی جماعت ؛ فرقہ ؛ سکھ ۔

Khamsin : (n) خمسین ؛ مصر کی جنوبی یا جنوب مشرق کی گرم ہوائیں (جو مارچ ، اپریل اور مئی کے مہینوں میں پچاس دن تک چلتی رہتی ہیں) ۔

Khan : (n) (۱) (تاریخ) تا تاری ؛ منگول اور ترکی قبیلوں کا فرمانروا ؛ (قرون وسطیٰ میں) بادشاہ چین ؛ خاقان چین ۔ (۲) خان ؛ افغانستان ؛ وسط ایشیا وغیرہ کے حکمراں اور عہدہ داروں کا خطاب ۔

Khan : (n) (مشرق میں) کارواں سرائے ۔

Khanate/Khanat : (n) خان کی قلمرو (یا حکومت) ؛ خان کا عہدہ ۔

Khankah : (n) خانقاہ ۔

Khansamah/ -samn : (n) (ہند میں) خانساماں ؛ داروغہء مطبخ اور نعمت خانہ ؛ رکاب دار ؛ جمعدار ؛ باورچی ۔

Khanum / Hanum : (n) خانم ؛ بانو ۔

Kharif : (a) خریف ؛ خزاں سے متعلق ؛ خزاں کا ؛ ہندوستان میں اگست سے اکتوبر کے درمیان پیدا ہونے والے اناج سے متعلق ۔

Khatun : (n) خاتون ؛ معزز گھرانے کی عورت ؛ عورت ۔

Khawarij : (n) خوارج (واحد خارجی) مسلم فرقہ جو حضرت علی کو نہیں مانتا ؛ ساتھ چھوڑنے والا ؛ الگ ہونے والا ۔

Kheda/Keddah : (n) کھیدا (بنگال میں ہاتھیوں کو پکڑنے کا باڑہ یا احاطہ) ۔

Khedival/ Khedivial : (a) خدیو ؛ مصر کے وائسرائے کا خطاب (اسماعیل پاشا کو ترکی حکومت کی طرف سے ۱۸۶۷ میں دیا گیا تھا) ۔

Khedivate/Khediviate : خدیو کا دفتر ، عہدہ ، اختیار یا خدیو کی حکومت ۔

Khedive : (a) خدیوی ؛ خدیوکا ۔

Khediviah : (n) خدیویہ ؛ زوجہء خدیو مصر ۔

Khidmutgar : (n) خدمت گار ؛ بیرا ؛ خدمت کرنے والا ؛ خدمت گزار ۔

Khilafat : (n) خلافت (ولیعہدی) ۔

Khilafat agitation : (n) ہندوستان کی تحریک خلافت (جنگ عظیم کے بعد) ۔

Khoja : (n) (۱)خواجہ ؛ خواجہء حرم سرا ؛ اسماعیلیہ فرقے کارکن ۔ (۲) مسلم معلم ؛ استاد ؛ اسکول ٹیچر ؛ کالج کا پروفیسر ۔ (۳) کاتب ؛ منشی ؛ محرر ؛ کلرک ؛ لکھنے والا ۔

Khud : (n) (پہاڑ کا) گہرا نالا ؛ گھاٹی ؛ کھنڈ ؛ کھنائے (کوہ نائے) ؛ غار قعر ۔

Khus-khus : (n) ہندوستان کی خوشبو دار گھاس ؛ خس (جس کی چٹائیاں اور ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں) ۔

Khutbah : (n) خطبہ ؛ وہ وعظ جو معمولاً نماز ظہر یا جمعہ میں خطیب بیان فرماتا ہے ۔

Kiang : (n) Kyang کا متبادل ۔

Kibble : (n) (کان کنی) (لوہے کی کانوں کے) ڈول جس سے خام لوہا نکالتے ہیں ؛ ستل ؛ ڈلو ۔

Kibble : (n) دیکھو Cobble

Kibble : (v) دلنا (غلے وغیرہ کو) ۔

Kibble : (v) دھات کو ڈول میں لے جانا ۔

Kibbler : (n) دلنے والا ۔

Kibbler man : (n) دلنے والا ؛ وہ آدمی جو دلنے والی مشین پر رہتا ہے یعنی کام کرتا ہے ۔

Kibbutz : (n) اسرائیل میں فرقہ وارانہ کاشت کاری کا ادارہ یا تنظیم ۔

Kibbutznik : (n) Kibbutz کارکن یا ممبر ۔

Kibe : (n) بوائی ؛ سرمازدگی ؛ پھٹا ہوا زخم جو خصوصاً ایڑی میں ہوتا ہے (خصوصاً جاڑے میں) ۔

To gall or tread on (one's) kibes: کسی شخص کے احساسات کو ٹھیس لگانا ۔

To tread or follow on the kibes of: بہت ہی قریب آجانا ۔

Kibed : (a) بوائی دار ؛ پھٹے ہوئے ۔

Kibitka : (n) (۱) تاتاریوں کا گول خیمہ جو نمدے سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے ؛ نمدئیرہ ۔ (۲) تاتاری گھرانا ؛ کنبہ ؛ خاندان ؛ روس کی چھجے دار برف گاڑی ۔

Kibitzer : (n) بے جا مداخلت کرنے والا ؛ بن بلائے بولنے والا ؛ خود سے مشورہ دینے والا ۔

Kiblah : (n) (۱) قبلہ ؛ سمت قبلہ ؛ وہ مقام (خانہ کعبہ) جس کی طرف رخ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں ۔ (۲) مسلم عمارتوں میں ایک طاق جو قبلہ رخ ہوتا ہے ۔

Kibosh : (n) مہمل بات ؛ لغویات ۔

To put the kibosh on : مارڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ سر پر ضرب لگانا ؛ کسی کو دق کرنا یا خاموش کرنا ۔

Kiby : (n) (بول چال) بوائی میں مبتلا ۔

Kick : (n) (۱) لات مارنے کا عمل ؛ لات ؛ ٹھوکر ۔ (۲) لات مارنے کی صلاحیت ۔ (۳) (فائر کرنے پر) بندوق کا دھکا یا جھٹکا ۔ (٤)جھٹکا ؛ ہچکولا؛ دھچکا ۔ (۵) تحریک ؛ ہیجان ۔ (٦) وہ شخص جو ٹھوکر مارتا ہے (عموماً .adj کے ساتھ) ۔ (۷) (عامیانہ) فیشن ؛ نئی طرز ؛ اسٹائل ۔ (۸) (عامیانہ) چھ پنس ۔ (۹) پاکٹ ؛ ملازمت سے برطرفی ۔ (۱۰) (روزمرہ) جان ؛ دم ؛ مزاحمت کی قوت ۔ (۱۱) (فٹ بال) کک ؛ ٹھوکر ۔ (۱۲) (جمع میں) عیش ؛ خوشی ؛ ہیجان ؛ تفریح ۔ (۱۳) (جمع) تعجب ؛ حسرت ؛ تغیر ناگہانی ۔

Drop kick : (n) (فٹ بال) وہ کک (ٹھوکر) جو گیند کو گدا کھلا کرلگائی جائے ۔

More kicks than half pence : باتیں کم لاتیں زیادہ؛ مہربانی کم سختیاں زیادہ ۔

Place-kick : (فٹ بال) ٹھوکر جو اس گیند کو لگائی جائے جو دوسرا کھلاڑی اس غرض سے زمین پر رکھتا ہے ۔

The kick : (n) (۱)(عامیانہ) فیشن؛ جدید طرز ۔ (۲) ملازمت سے بر طرفی ۔

Kick : (n) (۱) گلاس کی بوتل کے پیندے کا دندانہ؛ کانچ کی بوتلوں کے پیندے کے دندانے ۔ (۲) جیبی چاقو کے پھل کے نوک کا محافظ بڑھاؤ (نکلا ہوا حصہ) ۔ (۳) دستے کے اوپری حصے پر لگایا ہوا لکڑی کا ایک ٹکڑا جس سے اینٹ کے نچلے حصے کو دبایا جاتا ہے ۔ (٤) (تعمیرات) جوف خشت ۔

Kick : (v) (۱) لات مارنا ؛ ٹھوکر مارنا ؛ لات چلانا ؛ لات پھینکنا ۔ (۲) (عامیانہ) مرنا ۔ (۳) (مجازاً) غصے کا اظہار کرنا ؛ نفرت کرنا ؛ غصہ دکھلانا ؛ بغاوت ؛ سرکشی یا انحراف کرنا ؛ منحرف ہونا ؛ اظہار تنفر کرنا ۔ (٤) جھٹکا دینا ؛ دھکا دینا ؛ (بندوق چلانے کے بعد) ۔ (۵) (کرکٹ) گیند کو اس طرح پھینکنا کہ نسبتاً عمودی سمت میں اچھلے ۔ (٦) کسی چیز کو لات سے مارنا ۔ (۷) حقارت سے ادا کرنا ؛ ٹھکرانا (حقارت سے) ۔ (۸) لات مار کر ہٹانا یا بھگانا ۔ (۹) (فٹ بال) کک مار کر گول کرنا ۔ (۱۰) (چیز) (کسی چیز کو) شدت کے ساتھ ضرب لگانا ۔ (۱۱) (بندوق) فائر ہونے کے بعد بندوق کا جھٹکا یا دھکا دینا ۔ (۱۲) اکسانا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ نکال باہر کرنا ؛ بے دخل کر دینا ؛ نکال دینا (تشدد کے ساتھ) ۔ (۱۳) پورا کرنا ؛ ختم کرنا مکمل کرنا ؛ انجام دینا ؛ تمام کرنا ؛ بجالانا (سرگرمی سے) ۔

To kick against majority rule: کثرت آرا سے مخالفت کرنا ۔

To kick against or at : سختی سے اعتراض کرنا ؛ لات مارنا ؛ ٹھوکرمارنا ؛ حقارت سے رد کرنا؛ بغاوت کرنا ؛ اہانت یا تحقیر کرنا ۔

To kick against the pricks (spur, goad) : دیوار سے سر پھوڑنا ؛ لات مار کر چوٹ کھانا ؛ مزاحمت کر کے نقصان اٹھانا ۔

To kick one's heels : انتظار کرنا ؛ انتظار میں کھڑے رہنا ۔

To kick one upstairs: (کسی کو) لارڈ وغیرہ کا خطاب دے کر سیاسی میدان سے ہٹا دینا ؛ (کسی کو) ترقی دینا ؛ استحقاقاً نہیں بلکہ کسی دوسرے نقطہ نظر سے ۔

To kick over the traces (of a horse) : (گھوڑے کا) بے قابو ہونا ؛ (مجازاً) بے قابو ہونا ؛ منہ زوری کرنا ۔

To kick the beam : ہار جانا ؛ ہلکا ثابت کرنا ۔

To kick the bucket : (عامیانہ) مرنا ۔

To kick up its heels : گھوڑے کا لاتیں اچھالنا ۔

Kick-back : (n) کک بیک ؛ پِس زدگی ۔

Kick off : (v) (۱) پیر جھٹک کر (جوتے) اتار پھینکنا ۔ (۲) (فٹ بال) پہلی کک مارنا فٹ بال میچ میں ۔

Kick-off : (n) پہلی کک یا ٹھوکر جس سے کھیل (فٹ بال) شروع ہوتا ہے ؛ فٹ بال میچ میں گیند کو پہلی کک ۔

Kick-out : (v) (۱) لات مار کر نکال باہر کرنا ؛ نکال دینا ؛ شرم ناک فیشن میں ہونا ۔ (۲) (فٹ بال) ۲۵ گز کی لائن سے مخالف گول کی طرف گیند کک کر کے دوبارہ کھیل شروع کرنا ؛ نیز بغل کی لائن پر گیند کو کک کرنا ۔ (۳) مرنا (عامیانہ) ۔

Kick-pleat : (n) اسکرٹ کا چنٹ (تطویہ) جس سے حرکت کرنے میں آسانی ہوتی ہے ۔

Kick-start/-starter : (n) کک اسٹارٹ ؛ اسٹارٹر ؛ وہ پرزہ جس پر ٹھوکر مار کر موٹر سائیکل کو اسٹارٹ کرتے ہیں ۔

Kick-start : (v) ٹھوکر لگا کر اسٹارٹ کرنا موٹر سائیکل وغیرہ کو ۔

Kick-turn : (n) برف پر پھسلنے (Skiing) میں مراجعت قائمی کی ایک شکل ؛ کھڑے کھڑے پلٹ پڑنے کی ایک شکل ۔

Kick up : (v) (۱) (دھول) اڑانا؛ (تکلیف دہ کام) کرنا ؛ (فساد) برپا کرنا ۔ (۲) (کرکٹ میں) (بال کا) کم و بیش عموداً پلٹنا یا اُچٹ آنا ۔

Kick-up : (n) (۱) لات مارنے کا عمل ؛ لات مارنا ۔ (۲) صف ؛ قطار ؛ بڑا کام ؛ بڑی گھبراہٹ ۔ (۳) (جامیکاس) ایک قسم کے دریائی پرندوں کے نام ۔ (٤) کانچ کی بوتلوں کے پیندے کے دندانے ۔

Kickable : (a) لات مارنے کے قابل ؛ قابل تحریک ۔

Kicker : (n) (۱) لات مارنے والا ؛ لاتیں اچھالنے والا ۔ (۲) دولتی جھاڑنے والا گھوڑا ۔

Kicking-strap : (n) گھوڑے کی لاتوں کو روکنے کے لئے بندھن باندھنا؛ لات بندھن ۔

Kickshaw/ -shaws : (n) (۱) وہ نفیس غذا جس سے اشتہا رفع نہ ہو مثلاً نمش ۔ (۲) کھلونا ؛ بے حقیقت یا حقیر چیز ؛ خیالی چیز ۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) سبک سر ؛ بے ہودہ ؛ نکما ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ ذرا سا ۔

Kicksie-wicksie : (n) بیوی کے لئے ظریفانہ یا مضحکہ خیز اصطلاح ۔

Kid : (n) (۱) بز غالہ ؛ بکری کا بچہ ؛ میمنا ۔ (۲) میمنے کا گوشت ۔ (۳) چرم بز غالہ ؛ میمنے کی جلد ؛ بکری کے بچے کی کھال ۔ (٤) بکری کے بچے کا چمڑا جو دستانوں اور جوتوں کے لئے استعمال کیا جائے ۔ (٥) (علم النجوم) (جمع میں) ستاروں کی جھرمٹ میں دو چھوٹے ستارے ۔ (٦) (عامیانہ) بچہ ؛ کودک ۔

Kid : (n) (بول چال) گٹھا (ایندھن کا) ؛ ڈالیوں اور شاخوں کا گٹھر ؛ خار دار جھاڑی کا بنڈل ۔

Kid : (n) چھوٹا کٹھرا یا کھٹولی خصوصاً ملاحوں کے کھانے کا برتن ۔

Kid : (n) دام تزویر ؛ ریاکاری ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ مکر؛ ڈھونگ ۔

Kid : (v) جننا ؛ بکری کا بچہ جننا ؛ بچہ دینا ۔

Kid : (v) (۱) کٹھر بنانا - (۲) کھردری مٹی وغیرہ کو کٹھروں کے ذریعے محفوظ کرنا -

Kid : (v) (عامیانہ) بے وقوف بنانا ؛ جھانسا دینا ؛ فریب دینا ؛ جُل دینا ؛ دام تزویر میں پھانسنا -

Kid glove : (n) میمنے کی جلد کا یا اسی طرح کے چمڑے کا بنا ہوا دستانہ -

Kid-glove : (a) (۱) نفیس ؛ عمدہ ؛ لطیف - (۲) (اصل کا) سے احتراز کرنے والا ؛ سختی ؛ ناگواری ؛ سنگدلی؛ بے دردی سے آزاد - (۳)(مجازاً) نواب ؛ حد سے زیادہ نفاست پسند ؛ روز مرہ کے کاموں سے عار کرنے والا ؛ نرم و نازک عمل میں -

With Kid gloves : پر لطف ؛ دلکش ؛ بہت محتاط -

Kid-gloved : (a) میمنے کے چمڑے کا دستانہ پہنے ہوئے ؛ (مجازاً) نفیس ؛ عمدہ ؛ لطیف ؛ دلکش -

Kid-skin : (n) بکری کے بچے کی کھال خصوصاً بھیڑ کی کھال -

Kidderminster : (n) ضلع ورسٹر کا ایک قصبہ ؛ کڈر منسٹر -

Kidderminster-carpet : (n) اس قصبے کی بنی ہوئی دو رنگی پٹی دار دری -

Kidding : (n) بُھر بُھری مٹی کو کٹھر میں محفوظ رکھنا -

Kiddle : (n) (۲) جال روک (بہت بڑا جال جو مچھلی پکڑنے کے لئے لگا دیا جاتا ہے) - (۲) ٹنٹے دار جالوں کا سلسلہ (جو سمندر کے کنارے پھیلاتے ہیں) -

Kiddy : (n) (۱) بز غالہ ؛ میمنا - (۲) (عامیانہ ، بول چال) چھوٹا بچہ - (۳) (چوروں کا عامیانہ) پیشہ ور چور جو بظاہر جانب نظر مگر کم قیمت کپڑا پہنے ہوتا ہے ؛ وہ شخص جو اسی طرح کا کپڑا پہنتا ہے -

Kiddy : (a) میمنا سے متعلق -

Kiddy : (v) (عامیانہ) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جھانسا دینا -

Kidling : (n) بزغالہ ؛ میمنا -

Kidnap : (v) (۱) (بچہ کو) چرالے جانا -(۲) (کسی کو) نا جائز طور پر جبراً لے بھاگنا -

Kidnapper : (n) ۱) بالك چور - (۲) (کسی کو) جبراً لے بھاگنے والا -

Kidnapping : (v) (قانون) اغوا کرنا ؛ لے بھاگنا (جبراً) -

Kidney : (n) (۱) گردہ ؛ کلیہ - (۲) مزاج ؛ سرشت ؛ طینت ؛ طبیعت ؛ فطرت - (۳) قسم ؛ طبقہ ؛ جنس - (٤) سرخ آلو ؛ بیضوی آلو -

Floating kidney : متحرک گردہ -

Kidney like : گردہ کی طرح ؛ گردہ نما ؛ گردے کی شکل کا -

Man of the right kidney : صحیح طبیعت انسان -

Waxy kidney : مومی گردہ -

Kidney bean/Kidney-bean : (n) (نباتیات) فرانسیسی سیم ؛ فرانسیسی سیم کی چھوٹی پھلی ؛ ایک قسم کی سیم کی چھوٹی پھلی ؛ ایک قسم کی پھلی ؛ سرخ لوبیا ؛ لوبیے کی پھلی -

Kidney-beantree : (n) ایک قسم کے امریکی سیم کی لت -

Kidney-cotton : (n) ایک قسم کی روئی کا پودا جس کا بیج گردہ نما ہوتا ہے -

Kidney ore : (n) سرخ یا سیاہی مائل رنگ کا گردہ نما کچا لوہا یا دھات وغیرہ -

Kidney piece : (n) کیم ؛ پہیئے کا نکلا ہوا حصہ جو گردہ نما ہوتا ہے -

Kidney potato : (n) سرخ آلو؛ بیضوی آلود ؛ گردہ نما آلو -

Kidney shaped : (a) (نباتیات) گردہ شکل ؛ کلیہ نما ؛ گردہ نما -

Kidney stone : (n) (کان کنی) یشم ؛ گردہ پتھر ؛ (طبیعات) سنگ گردہ ؛ پتھری -

Kidney vetch : (n) (نباتیات) حشیشتہ النب ؛ جنس بھنڈی ۔

Kidneywort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Kie : Key کا متبادل اور Cow کی جمع۔

Kie-Kie : (n) نیوزی لینڈ کی ایک بیل جس کے پتوں کی ٹوکریاں بنائی جاتی ھیں ۔

Kief : (n) Kef کا متبادل ۔

Kier : (n) ماٹ جس میں کپڑوں کا میل چھانٹنے کے لئے جوش دیتے ھیں ؛ شرب دیگ ۔

Kieselguhr : (n) (کان کنی) چقماق مٹی ؛ طرابلس پتھر ۔

Kieserit : (n) آب دار میگنیشیم سلفیٹ ۔

Kiffa Australis : (n) (علم النجوم) کف جنوبی (ستارہ) ۔

Kiffa Borealis : (n) (علم النجوم) کف شمالی (ستارہ) ۔

Kikuyu : (n) کینیا کے حبشیوں کا ایک زراعت پیشہ قبیلہ ؛ اس قبیلہ کا کوئی فرد ؛ (نیز) (Kikuyus) زبان ۔

Kilderkin : (n) (۱) شراب کا پیپا جس میں ۱٦ یا ۱۸ گیلن کی گنجائش ھوتی ھے۔ (۲) یہ پیپا بطور پیمانہ ؛ کلڈرکن ۔

Kilkenny cats : (n) بہت جھگڑالو بلیاں ؛ (مجازاً) بہت جھگڑالو۔

Kill : (n) (۱) شکار کے طور پر جانور مارنے کا عمل۔ (۲) شکار کیا ھوا جانور ؛ مارا ھوا جانور ؛ ذبح کیا ھوا جانور ؛ شکار میں مارا ھوا جانور ؛ شکار ۔ (۳) لان ٹینس اور ریکٹس ۔ (٤) قتل ۔ (٥) راس ۔

Kill : (n) جھرنا ؛ رود ؛ نہر ؛ کنا ل ؛ کھاڑی ؛ آب درہ ؛ ساق یا شاخ دریا ۔

Kill/Kiln : (n) مچھلی پھنسانے کا ایک قسم کا پھندا ۔

Kill : (v) (۱) قتل کرنا ، مار ڈالنا ؛ ذبح کرنا ؛ نیز مجازاً ۔ (۲) (بیماری ، زھر وغیرہ کا) ھلاک کرنا ؛ موت کا سبب ھونا ؛ ختم کردینا ۔ (۳) جانور ذبح کرکے (گوشت) مہیا کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ ذبح کرنا (جانوروں کو) ۔ (٤) مردہ کی مانند مجسمہ ھونا؛ مردہ کی طرح چربا اتارنا ۔ (٥) قوت حیات برباد کرنا ؛ قوت حیات تباہ کرنا (بیماری ، جانوروں کی زندگی وغیرہ کا) ازالہ کرنا ؛ زائل کرنا ؛ استیصال کرنا ؛ مسمار کرنا ؛ برباد کرنا ؛ ختم کرنا ؛ کمزور ھونا ؛ ویران کرنا ؛ پامال کرنا؛ تباہ کرنا ۔ (٦) (احساسات وغیرہ کو) مارنا ؛ دور کردینا ؛ ختم کردینا ۔ (۷) (امتیاز یا متضاد کے ذریعہ) (وضع ، قطع ، غور یا صفات) ضائع کرنا؛ برباد کرنا ۔ (۸) (وقت) کاٹنا ؛ گزارنا ۔ (۹) (مبالغہ کے طور پر) قوت و طاقت کو بالکل ختم کر دینا ؛ دماغ پر پُر زور تاثر سے ؛ (شخص پر) چھا جانا اوپر سے بوجھ لاد دینا (کسی شخص پر) ۔ (۱۰) بہت زیادہ نقصان پہنچانا ؛ بہت ضرر پہنچانا ؛ زیادہ خراب کرنا ؛ بہت زخمی کرنا ۔ (۱۱) گردن مارنا ؛ پھانسی دینا ۔ (۱۲) شکار کرنا ؛ مارنا ۔ (۱٤) (افسانے وغیرہ میں کسی کیریکٹر کو) مارڈالنا ؛ ختم کر دینا ۔ (۱٤) (پودوں کو) مارنا ؛ باڑھ مارنا ۔ (۱٥) (شوخ رنگ کو متضاد رنگ سے) دھیما کر دینا ۔ (۱٦) (تعریف ، خاطر تواضع کی کثرت سے) ناک میں دم کر دینا ؛ دق کر دینا ۔ (۱۷) (پارلیمنٹ) کسی تحریک کو شکست فاش دینا ۔ (۱۸) اچھا یا زیادہ گوشت نکلنا ۔ خارج کرنا ؛ نیست و نابود کردینا ؛ ہٹا دینا ؛ خصوصاً ہٹا دینا یا استعمال نہ کرنا (اخباری کہانی کو) ؛ بجھا دینا (اسٹیج یا فلم کے سیٹ سے روشنی کو) ۔

Pigs do not kill well at that age : اس عمر میں سور میں زیادہ گوشت نہیں نکلتا ۔

To kill a ball : (prh.) (۱) (ٹینس) گیند کو اس طرح مارنا کہ حریف واپس نہ کر سکے ۔ (۲) (فٹ بال) (گیند کو) بالکل ساکن کر دینا ؛ روک دینا ۔

To kill a bill (inparliament) : (Phr.) بل کو پاس ھونے سے روک لینا ؛ (پارلیمنٹ) کسی تحریک کو شکست فاش دینا ۔

To kill dead : مار ڈالنا ؛ مردہ کر دینا ؛ بالکل جان لے لے لینا ۔

To kill out/-off : (قتل کر کے لوگوں سے) چھٹکارا پانا ۔

To kill time : وقت گزاری کرنا ؛ وقت کو تلف کرنا ؛ وقت برباد کرنا ؛ وقت کاٹنا ۔

To kill with kindness: بے موقع مہربانی سے سخت نقصان پہنچانا ۔

Kill - : سابقہ بہ معنی "مارنا" ۔

Kill-calf : (n) قصاب ۔

Kill-courtesy : (n) دیہاتی ؛ اجڈ آدمی ؛ بے ادب ؛ گنوار آدمی ۔

Kill-devil : (n) (۱) بے دھڑک ؛ ہمت ور ۔ (۲) مچھلی کا مصنوعی پارہ جو پانی میں تیرتا رہتا ہے ۔

Kill-devil : (a) ظالم بدمعاش کو مار ڈالنے والا ؛ بدمعاش کو ختم کرنے والا ۔

Kill-duck : (a) بطخ کے شکار کے لائق ؛ جس سے بطخ شکار کی جا سکے ۔

Kill-joy : (n) عیش منغص کرنے والا ؛ رنگ میں بھنگ کرنے والا ۔

Kill-joy : (a) خوشی کو ختم کرنے والا ۔

Kill-time : (n) بے شغلی کا وقت کاٹنے کا مشغلہ ؛ کار بیکاری ۔

Kill-time : (a) بے شغلی کا وقت کاٹنے کا یا اس سے متعلق ۔

Killadar : (n) قلعہ دار ؛ حاکم قلعہ یا قصر ۔

Killas : (n) (معدنیات) تختہ سنگ رس ؛ مٹی کا سلیٹ ؛ کار نوال کا چکنی مٹی کا سلیٹ ۔

Killder/Kildee : (n) شمالی امریکا کے پرندوں کی قسم ۔

Killer : (n) (۱) قاتل ؛ مارنے والا ۔ (۲) آدم کُش ۔ (۳) ایک قسم کی وھیل مچھلی ۔ (٤) (طبیعیات) لمعان کُش ۔ (٥) با اثر ہنسی باز کا چارہ ۔

Humane killer : (n) دیکھو Humane

Killer whale : (n) ایک قسم کی وھیل مچھلی ؛ (حیوانیات) حوت ۔

Killes (s) e : نالی (خصوصاً چھت کی) ؛ نالا ؛ موری ۔

Killick/ Killock : (n) (جہاز رانی) لنگر سنگی ؛ چھوٹا لنگر ۔

Killickinnick : Kinnikinic کا متبادل ۔

Killifish/Killy : (n) شمالی امریکا میں پانی جانے والی چھوٹی مچھلی کی ایک قسم ۔

Killing : (n) (۱) قتل کرنا ؛ مارنا ؛ ختم کر ڈالنا ؛ قتل ۔ (۲) (مجازاً) دلربائی ؛ دل فریبی ؛ دلبری ۔ (۳) عظیم یا قابل ذکر کامیابی خصوصاً مالی ؛ کامیاب حملہ یا قبضہ ۔

Killing : (a) (۱) قاتل (ادبی اور مجازی) ؛ وہ جو قتل کرتا ہے ؛ (مجازاً) قاتل (آنکھیں وغیرہ) ۔ (۲) (چارا) یقینی طور پر ہلاک کرنے والا ۔ (۳) (مبالغہ) مارنے کے لائق ۔ (٤) قابل ؛ مضرت رساں ؛مہلک ۔ (٦) (مجازاً) نہایت خندہ انگیز ؛ (بول چال) وہ جو زیادہ ہنسنے سے مر جائے یا وہ جس کی موت ہنسنے سے واقع ہو ۔ (۷) تھکا دینے والا ۔

Killing-bottle : (n) زہر آلود بخار سے بھری ہوئی بوتل جس سے کیڑوں کو ختم کیا جاتا ہے ۔

Killingly : (adv.) قاتلانہ ؛ قتل کے طور پر ۔

Killock : دیکھو Killick

Kiln : (n) (۱) بھٹی ؛ گلخن (خصوصاً چونے کی بھٹی) ۔ (۲) پجاوا پژاوا ؛ بھاڑ؛ بھٹا۔

Brick-kiln : (n) اینٹ کا پجاوا ؛ پژاوا ؛ بھٹا۔

Lime-kiln : (n) چونے کی بھٹی ۔

Potter's kiln : آوا (کمہار کا) ۔

Kiln : (v) بھٹی میں جلانا ؛ بھٹی میں پکانا ؛ بھٹی میں سکھانا ۔

To set the kiln on fire/ To fire the kiln : (phr.) بے قرار ہونا ؛ شور برپا کرنا ۔

Kiln-dry : (v) بھٹی میں سکھانا ۔

Kiln-hole : (n) بھٹی کا منہ ۔

Kilo -: سابقہ یونانی لفظ بہ معنی "ہزار" ؛ ۱۷۹۲ء میں فرانس میں میٹرک سسٹم کے طور پر وزنوں کے لئے استعمال ہوا جس کی اکائی ایک ہزار (۱۰۰۰) ہوتی تھی ۔

Kilo : (n) Kilogramme کا مخفف ۔

ilocycle : (n) دیکھو Cycle (n) ؛ خصوصاً فی سکنڈ اکائی کے طور پر (برقی رو میں) ؛ ہر سکنڈ میں ایک ہزار دور (برقی رو میں) ؛ (ریڈیو) ہزار چکّر ؛ کلو سائیکل ۔

Kilogramme/-gram : (n) (طبیعیات) کلو گرام ؛ وزن کا پیمانہ جو ایک ہزار گرام کا ہوتا ہے ؛ تقریباً ۲۰۲۰۵ پونڈ avoirdupois (وزن کا پیمانہ جو برطانیہ میں تمام چیزوں کے تولنے کے لئے سوائے قیمتی دھاتوں اور ادویہ کے ، استعمال ہوتا ہے) ۔

Kilogrammetre/-meter : (n) (طبیعیات) قوت کی مقدار ؛ وہ طاقت جو ایک کلو گرام کو ایک میٹر اونچا اٹھا سکے ۔

Kilolitre/-liter : (n) (طبیعیات) کلو لیٹر ؛ ایک ہزار لیٹر کا پیمانہ ۔

Kilometre/-meter : (n) کلو میٹر ؛ ایک ہزار میٹر کا پیمانہ ۔ تقریباً ۳۲۸۰۰۸۹ فٹ یا تقریباً ایک میل کا ۵/۸ ۔

Kilometric/-al : (a) کلو میٹری ؛ کلو میٹری پیمانے کا ۔

Kilovolt : (n) (طبیعیات) ہزار والٹ ۔

Kilowatt : (n) (طبیعیات) کلو واٹ ؛ ہزار واٹ ۔

Kilowatt-hour : (n) (الیکٹرک) کلو واٹ ساعت ۔

Kilowatt hour-meter : (n) (الیکٹرک) کلو واٹ ساعت پیما ۔

Kilt : (n) گھاگھرا ؛ (اسکا تستان کے) پہاڑی مردوں کا لباس جو عورتوں کے سائے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Kilt : (v) (۱) (دامن یا سائے کو) سمیٹ کرکمر میں لپیٹ لینا ۔ (۲) باندھنا ؛ کسنا ؛ (بول چال) پھانسی دے دینا ۔ (۳) کمر تک لپیٹ کر چلنا ۔ (٤) چنن (چنٹ) کو عموماً طور پر گھاگھرا کے مانند یکجا کرنا ؛ کمر چین لگانا ۔

Kilted : (a) گھاگھرا پہنے ہوئے ۔

Kilted : (a) چین دار ؛ کمر چین پہنے ہوئے ؛ کمر تک پہنے ہوئے ۔

ilter : (n) Kelter کا متبادل ۔

Kiltic : (n) (۱) گھاگھرے والا ؛ اسکاتستان کا پہاڑی سپاہی ۔ (۲) ایک قسم کا جوتا ۔

Kilting : (n) کمر سے باندھنے کا عمل ؛ پٹکا (کمر بند)باندھنے کا عمل ؛ چنٹ ؛ چنائی ۔

Kim-kam : (a) کج ؛ خمدار ؛ خود سر ؛ معاند ؛ متمرد ؛ بے راہ رو ۔

Kim-kam : (adv.) خود سرانہ ؛ خلاف عقل ؛ کج رائی سے ؛ ضد سے ؛ معاندانہ ؛ بے راہ روی کے ساتھ ؛ بد شکل طور پر ۔

Kimberlite : (n) (کان کنی) ایک قسم کا پتھر؛ پھوٹ نکلنے والی چٹان ۔

Kimmeridge : (n) Dorsetshire کے ساحل کا ایک گاؤں ۔

Kimmeridge clay : (n) چونے کے پتھر میں مٹی کی تہ ۔

Kimmeridge coal : (n) ایک قسم کا پتھر کوئلا ۔

Kimono/Kimona : (n) (۱)کیمونو ؛ ایک قسم کا جاپانی لباس (۲) ایک قسم کا یورپی گاؤن ۔

Kin : (n) (۱) خویش و اقارب ؛ عزیز و اقارب ؛ اعزہ ۔ (۲) خاندان ؛ گھرانا ۔

Kin : (a) قرابت دار ؛ رشتہ دار ؛ متعلق ۔

Comes of good kin : اعلیٰ خاندان سے ہے ۔

Kith and kin : رشتہ دار ؛ قرابت دار ۔

Near of kin : قریبی رشتہ دار ۔

Of kin : (۱) رشتہ دار ؛ قرابت دار ؛ سگا ۔
(۲) ہم رنگ ؛ ہم مزاج ؛ ہم مذاق ؛ ہم سرشت ۔

-kin : لاحقہ تصغیر کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے اردو میں "چہ" اور "ک" مثلاً باغچہ ؛ ڈھولک ۔

Kin : (خصوصاً اسکاٹستان) Kind کا متبادل ۔

Kin : (n) (انگریزی بول چال) دراڑ ؛ درز ؛شگاف ۔

Kinaesthesis/-thesia : (n) (عضویات) حس حرکت فضلہ ۔

Kinaesthetic : (a) (حیوانیات) عضلی حرکت حسی ۔
(عضویات) حس حرکت عضلہ سے متعلق ۔

Kinase: (n) (کیمیا) عامل کار خمیر ۔

Kinchin : (n) (تملق کے موقع پر) (پیارا) بچہ ؛ مُنّا ۔

Kinchinlay : (n) بچوں سے سودے سلف کے پیسے ہتھیا لینا ؛ (بچوں کے ساتھ) اچکا پن ۔

Kincob : (n) کمخواب؛ زریفت بندی ؛حریر زریفت ۔

Kind : (n) (۱) (حیوانیات اور نباتیات) نوع ؛ نسل ؛ جنس ؛ گروہ دستہ ۔ (۲) قسم ؛ قماش ؛ طرح ۔ (۳) (قدیم) قدرت ؛ عالم فطرت ؛ عالم طبیعی ۔ (٤) (قدیم) سرشت ؛ طینت ۔ (٥) ماہیت ؛ کیفیت ؛ کیف ۔

A kind of : ایک قسم کا ۔

All kind of : ہر قسم کا ۔

He is a kind of stock broker : وہ ایک طرح کا صرافے کا دلال ہے ۔

Human kind : بنی نوع انسان ۔

I kind of expected it : (روز مرہ) میں ایک حد تک اس کامتوقع تھا ۔

In kind : (ادائی) بالجنس ؛ عام اشیاء کی صورت میں ۔

No kind of : کسی قسم کا نہیں ۔

Nothing of the kind : (حقارت سے) ایسا ہرگز نہیں ۔

Repay his insolence in kind : اس کی بد تمیزی کا ترکی بہ ترکی جواب دو ۔

We had a coffee of a kind : ہم نے قہوہ تو پیا جو نام کا قہوہ تھا ۔

Kind: (a) (۱) اچھی قسم کا (عام بول چال) ۔ (۲) رحیم ؛ کریم ؛ رحم دل ؛ با مروت ؛ شفیق ؛ کرپال ؛ ہم درد ؛ درد مند ؛ دوسروں کا لحاظ رکھنے والا ۔ (۳) محبت کرنے والا ؛ پریمی ؛ مشتاق ؛ شیدائی ؛ دلدادہ (کسی کا) (اب شاذ) ۔ (٤) (بول چال یا تکنیکی) نرم ؛ ملائم؛ گدگدا ؛ لوچ دار ؛ جس میں سختی نہ ہو ؛ کام کرنے میں آسان ۔ (٥) مہربان ؛ شفقت آمیز ؛ لطف و عنایت سے پیش آنے والا ۔

Kind-hearted : (a) رحم دل ؛ مہربان ؛ خوش قلب ۔

Kindergarten : (n) کنڈر گارٹن؛ Friedrich Frobel کے اصول کے مطابق بچوں کی تعلیم گاہ ؛ (تعمیرات) باز بچہء اطفال ؛ دبستان اطفال ؛ کود کستان ؛ چھوٹے بچوں کا اسکول جہاں کھلونوں وغیرہ کے ذریعہ تعلیم دی جاتی ہے ۔

Kindergarten : (a) ابتدائی ؛ بچوں کی تعلیم سے متعلق ؛مخصوص اطفال ؛ کود کانہ ؛ صباوت ۔

Kindergart(e)ner : کنڈر گارٹن میں تعلیم دینے والا ۔

Kindergartenism : (n) کنڈر گارٹن کا طریقہء تعلیم ۔

Kindheartedness : (n) رحم دلی ؛ مہربانی ۔

Kindle : (n) (پرندوں اور جانوروں کے اور حقارت سے آدمیوں کے بچوں کے لئے) چینگی پوٹے ؛ جھول ۔

In kindle : خرگوش کے بچے ۔

Kindle : (v) (۱) آگ لگانا ۔ جلانا ؛ سلگانا ؛ روشن کرنا ۔
(۲) آگ لگنا ؛ جلنے لگنا ؛ شعلے کا ابھرنا ؛

پیار سے ؛ کریم النفسی کے ساتھ ؛ پسندیدگی سے ؛ دل پذیری سے ؛ عمدگی کے ساتھ ؛ نفاست سے ۔

To take kindly : (phr.) خوشی سے قبول کرنا؛ مہربانی کے طور پر قبول کرنا ۔

To take kindly : (phr.) فطری طور پر گرویدہ کرنا ۔

To thank kindly : (phr.) دل سے شکریہ ادا کرنا ۔

Kindness : (n) لطف و عنایت ؛ مہربانی ؛ رحم دلی؛ شفقت ؛ رحم ؛ کرم ۔

Kindred : (n) (۱) رشتہ ؛ عزیز داری ؛ قرابت ؛ ناتا ۔ (۲) (سماجیات) خویش ؛ اقارب ؛ رشتہ داری ۔ (۳) اوصاف میں مماثلت ؛ مشابہت ۔ (٤) اتحاد مذاق ؛ اتحاد طبیعت ؛ روحانی رشتہ ۔

Kindred : (a) (۱) ایک ہی رشتے کا ؛(پیدائشی یا شادی کے ذریعہ) رشتہ دار ؛ یک جدی رشتہ دار ؛ عزیز ؛ قرابت مند ۔ (۲) (مجازاً) متعلق ؛ علاقہ رکھنے والا؛ مشابہ ۔ (۳) (حیاتیات) قرابت ؛ ہم جنس ؛ ہم نوع ۔ (٤) فطرت ؛ کردار یا جانداد میں ایک ہی طرح کا؛ ہم اوصاف ۔

Kine : (n) (حیوانیات) گائیں (گائے کی جمع) ۔

Kinema : دیکھو Cinema

Kinema colour : (n) (۱) سنیمائی رنگی ۔ (۲) رنگین متحرک تصاویر ۔

Kinematic : (a) خالص متحرک کا ؛ حرکت مجردہ سے متعلق ۔

Kinematic : (n) جنبش شناسی ؛ علم الحرکات ؛ علم اجسام متحرک ؛ حرکیات مجردہ ؛ علم حرکت مجردہ ۔

Kinematical (a) جنبش شناسی کا یا اس سے متعلق : حرکیات مجرد کا ۔

Kinematics : (n) دیکھو Kinematic

Kinematograph : (n) (۱) دیکھو Cinematograph (۲) (سنیما)

شعلہ بھڑکنا ؛ سلگنا ۔ (۳) (مجازاً) آگ سی لگا دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ (احساسات و جذبات وغیرہ کو) پر جوش بنانا ؛ جوش میں لانا ۔ (٤) بڑھانا ۔ (٥) (جذبات) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ جوش دلانا ۔ (٦) جل اٹھنا ؛ بھڑک اٹھنا ؛ جوش میں آجانا ۔ (۷) (مجازاً) مشتعل ہو جانا ؛ تیز ہو جانا ؛ جوش اٹھنا ؛ ہیجان پیدا ہونا ؛ آگ بگولا ہونا ۔ (۸) دہکانا ؛ دمکانا ؛ تمتمانا ؛ چمکنا ؛ دمکنا؛ دہکنا ۔

Kindle : (v) (عام بول چال) بچہ دینا ؛ جننا (نیز مجازاً) ۔

Kindler : (n) آگ لگانے والا ؛ آتش افروز ؛ اغوا کرنے والا ؛ متحرک ۔

Kindless : (n) (۱) نا مہربان ؛ ناقد انسانیت ؛ انسانیت سے بے بہرہ ۔ (۲) نا پسند ؛ نا مطلوب ۔

Kindliness : (n) مہربانی ؛ دل پذیری ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ موافق بالیدگی ۔

Kindling : (n) (۱) تحریک ؛ اشتعال ؛ جلانے کا عمل ۔ (۲) سلگانا ۔ (۳) (جمع یا واحد) (امریکا) چپٹیاں (جس سے آگ جلائی جاتی ہے) ۔

Kindling : (n) (۱) بچہ دینا ۔ (۲) چینگی پوٹے ؛ جھول ۔ (۳) جانور کا بچہ ۔

Kindling wood : (n) آگ جلانے والی لکڑی؛ چوب آتش زن ۔

Kindly : (a) (۱) اصلی حق رکھنے والا ؛ حسب قانون ؛ جائز ؛ قانونی ؛ منصفانہ ؛ قرین انصاف ؛ بر حق ؛ صحیح ۔ (۲) (بچہ) حلالی ؛ جائز ۔ (۳) (کرایہ دار) (اسکاٹستان) اچھے شرائط کے ساتھ اجارہ رکھنے والا ۔ (٤) اچھی قسم کا ؛ اچھی حالت میں ۔ (٥) (شخص) رحم دل ؛ شفیق ؛ رحیم ؛ کریم ۔ (٦) (مجازاً) (اشیاء) خوش گوار ؛ صحت بخش ؛ فائدہ بخش ؛ بڑھنے کے لائق ۔ (۷) فرحت بخش ؛ قابل قبول ؛ قابل تسلیم ؛ مقبول ؛ پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ دل پذیر ؛ خوش نما ؛ عمدہ نفیس ؛ مرغوب ۔ (۸) (آب و ہوا وغیرہ) خوش گوار ؛ ساز گار ؛ موافق ۔ (۹) قدیم ؛ پیدائشی ؛ جنسی ۔

A kindly Scot :- پیدائشی یا جنسی باشندہ" اسکاٹستان ۔

Kindly : (adv.) (۱) مہربانی سے ؛ شفقت سے؛ محبت سے ؛

حرکت نما؛ سنیما مشین۔ (۳) (فوٹو گرافی) حرکت نگار ؛ سنیما کیمرہ۔

Kinematography : (n) (سنیما) حرکت نمائی ؛ (فوٹو گرافی) متحرک تصاویری عکاس۔

Kinemeter/Kinemometer : (n) حرکت پیما ؛ جنبش پیما ۔

Kineograph : (n) (سنیما) حرکی تصویر ؛ تصویر متحرک۔

Kinesalgia : (n) (طب) درد حرکی۔

Kinescope : (n) (ٹیلی ویژن) حرکت بیں۔

Kinesi/Kines -: (prefix) سابقہ بہ معنی "حرکت"۔

Kinesiatrics : (n) (مرضیات) حرکت عضلات کے ذریعہ بیماری کا علاج ؛ (طب) حرکتی علاج۔

Kinesiology: (n) علم الحرکات بدن ؛ اصول میکانزم و تشریح حرکات بدن انسانی ؛ بدن کی حرکتوں کا علم یا سائنس۔

Kinesipathy/Kinesitheraphy : (n) دیکھو Kinesiatrics ؛ (طب) حرکتی علاج ؛ علاج بالحرکت۔

Kinesiphone : (n) (صوتیات) حرکی مصوات ؛ حرکی فون۔

Kinesis : (n) (حیاتیات) (موافق) حرکت انگیزی۔

Kinesodic : (a) (عضویات) بر آور ؛ باہر لانے والا۔ (حیوانیات) حرکت بر ؛ حرکی حِس۔

Kinesthesia : (n) (عضویات) حرکی حسّیات ؛ احساس حرکت عضد۔

Kinesthetic : (a) (عضویات) حرکتی ؛ حسیّتی۔

Kinetic : (a) (۱) حرکت کا ؛حرکتی ؛ حرکی ؛ متحرک۔ (۲) اجسام متحرک کے علم سے متعلق۔ (۳) (طبیعیات) حرکی ؛ بالفعل۔

Kinetic : (n) حرکیات اجسام ؛ علم حرکت اجسام ؛ (میکانیات) حرکیات۔

Kenetic-art : (n) حرکیٰ آرٹ ؛ وہ آرٹ جس کی اثر انگیزی حرکت پر منحصر ہو۔

Kinetic body : (n) حرکی جسم ؛ حرکیّہ۔

Kinetic energy : (n) توانائی بالفعل ؛ حرکی توانائی۔

Kinetic pressure : (n) حرکی دباؤ۔

Kinetic theory of heat/- of gases: یہ نظریہ کہ حرارت(اور گیس بننا) ذرات کی حرکت پر بنتی ہے ۔ (طبیعیات) گیسوں کا نظریہ" تحرّک۔

Kinetics : (n) دیکھو Kinetic

Kineto-: (prefix) سابقہ بہ معنی "قابل حرکت"۔

Kinetoblast : (n) (حیوانیات) حرکی نہوضہ۔

Kinetogenesis : (n) (حیوانیات)(نظریہ) حرکی تولید۔

Kinetograph : (n) (سنیما) حرکت نگار ؛ حیات نگار۔

Kinetomere : (n) (حیاتیات) حرکت پارہ۔

Kinetonucleus : (n) (حیاتیات) حرکی نوات۔

Kinetophone : (n) (صوتیات) حرکی فون۔

Kinetoplasm : (n) (حیاتیات) حرکی مایہ۔

Kinetoscope : (n) (۱) (سنیما) حرکت انداز ؛ حرکت نما۔ (۲) حرکی سیریبن کی تصویر کی ایک قسم۔

King : (n) (۱) کسی آزاد ملک کا خود مختار حکمراں ؛ بادشاہ ؛ شاہ ؛ مَلِک خصوصاً موروثی بادشاہ ؛ قدرت مطلق والا ؛ سلطان۔ (۲) خدایا عیسیٰ مسیح کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) خطاب جو کسی شخص کو دیا جائے جو خاص عہدہ رکھتا ہو۔ (٤) وہ شخص جسے افضلیت حاصل ہو ؛ اعلیٰ شخص۔ (٥) بعض چیزوں کی تجسیم کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے King caucus, King cotton ۔ (٦) (مجازاً) کوئی چیز جو اپنی جماعت میں اعلیٰ اقتدار رکھتی ہو۔ (۷) وہ شخص جو تجارت میں نہایت کامیاب ہو ؛ ملک التجار ؛ بہت بڑا تاجر مثلاً Sugar king, oil king- (۸) پھلوں ، ترکاریوں وغیرہ کی بہترین قسم۔ (۹) (شطرنج) شاہ۔ (۱۰) (تاش) بادشاہ۔ (۱۱) سگار بزرگ۔

(۱۲) (خاکہ) طرہ دار ٹکڑا ۔ (۱۳) بادشاہ کا جام صحت ۔ (۱٤)دیکھو King post ۔ (۱۵) بڑا نر دیمك ۔

The books of kings : یہودیوں کی بعض کتابیں جس میں حضرت اسحق وغیرہ کے (تاریخی) حالات درج ہیں ۔

Uncrowned King : وہ شخص جسے اختیار کلی ہو لیکن بادشاہ کا عہدہ نہ ہو ۔

King : (v) (۱) حکومت کرنا ؛ بادشاہ کی طرح سلوك کرنا ؛ شاہی سلوك کرنا ۔ (۲) بادشاہ ہونا ۔ (۳) (کسی کو) بادشاہ بنانا ۔

King-auk : (n) چھوٹا آك یا ایك قسم کا چھوٹا پرند (شمالی سمندر میں پایا جاتا ہے) ۔

King-baby : (n) بچہ ؛ گھر کا راجا ۔

King-bee : (n) ملکہ زنبورعسل ؛ شہد کی رانی مکھی ۔

King-bird : (n) (۱) (حیوانیات) مگس گیر ؛ امریکا کا مکھی مار پرندہ ۔ (۲) ایك قسم کا پیلو (نیو گینی کا پرندہ) ۔ (۳) مرغ بہشتی کی ایك قسم ۔ (٤) بحری سیاح کا ایك نام (نیوٹن کی قسم کا) ۔

King-bolt : (n) (تعمیرات) بڑی چٹخنی ۔ (۲) (میکانیات)شاہ پیچ : بڑی بلی یا چٹخنی ۔

King card : (n) (تاش) رنگ کا عمدہ کارڈ ۔

King Charle s spaniel : (n) سیاہ اور بادامی رنگ کا اسپنیل کتا ۔

King-closer : (n) (انجینیئرنگ) راج کسر بند ۔

King-cob : (n) گل ساغری ؛ گل صد برگ ؛ دلدلی گیندا ؛ گل آلہ ۔

King cobra : (n) (۱) (دیو مالا) درخت میں رہنے والی پری جو درخت میں پیدا ہوتی اور اس کے خشك ہوتے ہی مر جاتی ہے ۔ (۲) ہندوستان کا زہریلا سانپ ؛ حبش کا بڑا بندر ۔

King conch/ -conk : (n) گھونگے کی مختلف قسموں کو جمع کرنے

والے کا نام ۔

King-crab : (n) (حیوانیات) شاہ سرطان ؛ نعلی سرطان ۔

King-craft : (n) فن بادشاہی ؛ کشور داری ؛ سیاست پادشاہی سیاست مداری ؛ کامیاب بادشاہت ۔

King crow : (n) کوؤں کی جماعت کا سردار ؛ نیز ایك قسم کا پرندہ ۔

King-cup : (n) دیکھو King cob

King-duck/-eider : (n) ایك قسم کا پرندہ ؛ بطخ شمالی ۔

King-emperor : (n) شہنشاہ ۔

King-fish : (n) مچھلیوں کی مختلف قسمیں ۔

King fern : (n) ایك قسم کا پودا ۔

King herald : (n) دیکھو Herald

King hunter : (n) افریقی اور آسٹریلیائی پرندوں کی مختلف قسمیں خصوصاً ماہی خور قسم کی ۔

King-killer : (n) بادشاہ کش ۔

King-killing : (n& a) بادشاہ کشی ۔

King-lever : (n) (میکانیات) شہ بیرم ۔

King-lory : (n) ایك قسم کا چھوٹا توتا ۔

King-maker : (n) بادشاہ ساز ؛ بادشاہ گر (خصوصاً ارل آف واروك (Earl of Warwick) جو ہنری ششم کے عہد میں تھا) ۔

King-of-Arms/-at-Arms : (۱) فوج کا سب سے بڑا افسر ۔ (۲) کالج آف آرمس کے تین صدر نقیبوں میں سے ایك نقیب ۔

King beasts : (n) (حیوانیات) بادشاہ جنگل ؛ شیر ۔

King of birds : (n) (حیوانیات) شاہین ؛ عقاب ۔

King of Heralds/-arms : (n) انیس نقیب شاہی ۔

King of Kings : (n) (۱) (مجازاً) خدا - (۲) اکثر مشرقی بادشاھوں کا خطاب ؛ شہنشاہ -

King of metals : (n) (دھات) دھات سلطان :سونا (gold) -

King of terrors : (n) موت -

King of the castle : (n) بچوں کا ایک کھیل -

King of the Mullets : (n) (۱)بحر روم کی ایک قسم کی مچھلی - (۲) بن بھیڑیا ایک قسم کی مچھلی -

King-parrakeet/-parrot : (n) ایک قسم کا چھوٹاتوتا جو پنجرے میں رکھا جاتا ھے -

King penguin : (n) ایک قسم کا پرند -

King-piece/-post : (n) (۱) (نجاری) راج کھم -(۲) (تعمیرات) شہتیر - (۳) سیدھا کھمبا جو بلینڈی یا دھنی سے میال تک جاتا ھے -

King-pin : (n) (۱) دیکھو King-bolt - (۲) (مجازاً) اہم ترین شخص -

King post truss : (n) (تعمیرات) راج کھم قینچی -

King-size : (a) معمول سے بڑا ؛ نارمل سے بڑا (خصوصاً سگریٹ) -

King-vulture: (n) (حیوانیات) شاہ گدھ -

King s Advocate : (n) اسکاٹستانی اٹارنی جنرل -

King's (bad) bargain : (n) بیماری کا بہانہ کرنے والا'پہلو تہی کرنے والا سپاہی (جنگی سپاہی) یا ملاح -

King's Bench : (n) دیکھو Bench

King's bishop : (n) (شطرنج) شاہ کی طرف کا فیل -

King's bloom : (n) شقائق نعمان(ایک پودا جس کے پھول گول ھوتے ھیں اور رنگ سرخ یا سفید -)

King's cushion : (n) دو آدمیوں کے سہارے بنائی ھوئی نشست -

King's evil : (n) (طب) خنازیر ؛ کنٹھ مالا ؛ اورنگ زیبی (جس کے متعلق پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ بادشاہ کے ہاتھ لگانے سے زائل ھو جاتا ھے) -

King's friend : (n) (تاریخ) ایک سیاسی پارٹی جس نے جارج سوم کو اقتدار میں لانے کے لئے حمایت کی تھی -

King's Highway : (n) دیکھو Highway

King's knight : (n) (شطرنج) (شاہ کی طرف کا) گھوڑا -

King's man/Kingsman : (n) (۱) طرف دار بادشاہ ؛ طرف دار سلطنت - (۲) کسٹم گھر کا افسر ؛ افسر کمرک -

King's peace : (n) امن عامہ -

King's peg : (n) شیمپین اور برانڈی کا مرکب -

King's roll : (n) ان آجروں کی فہرست جنہوں نے یہ عہد کرلیا ھے کہ آجروں میں ایک مقررہ تعداد ان سپاہیوں کی رکھیں گے جو جنگ عظیم میں شریک تھے -

King's rod : (n) علف سریش؛ ایک قسم کی گھاس -

King's rook : (n) (شطرنج) (شاہ کی طرف کا) رُخ -

King's silver : (n) (۱) وہ چاندی جس کو بادشاہ نے برکت بخشی ھو اور جس سے انگوٹھیاں بنائی جاتی تھیں جو مختلف امراض کے لئے مفید سمجھی جاتی تھیں - (۲) عدالت میں داخل کی ھوئی فیس جس سے جرمانہ کرنے کا اجازت نامہ مل جاتا تھا -

King's spear : (n) سوسن کی قسم کا ایک پودا ؛ دیکھو Asphodel -

King's taper : (n) ایک قسم کا پودا -

King's wort : (n) (نباتیات) سنبل فتائی -

King's yellow : (n) (کیمیا) زرنیخ زرد ؛ ہڑتال -

Kingdom : (n) (۱) بادشاہت ؛ شاہی؛ شاہی حکومت - (۲) بادشاہ کی قلمرو ؛ سلطنت ؛ کشور - (۳) اسکاٹستانی فائف (Fife) کی سلطنت کا ہم نام - (٤) خدا کی روحانی باد شاھت ؛ حکومت الٰہی -

(٥) قلمرو ؛ دائرہ حکومت ۔ (٦) (حیاتیات) عالم (عالم حیاتیات وغیرہ)۔

Animal kingdom : (n) عالم حیوانیات۔

Mineral kingdom : (n) عالم معدنیات۔

The kingdom of God : خدا یا عیسیٰ علیہ اسلام کی روحانی خود مختاری ؛ حکومت الٰہی ۔

The kingdom of heaven : (n) رام راج ؛ حکومت الٰہی۔

United kingdom : برطانیہ عظمیٰ و آئرستان۔

Vegetable kingdom : (n) عالم نباتات۔

Kingdom-come : (n) (عامیانہ) آخرت ؛ عقبیٰ۔

Kingdomed : (a) صاحب سلطنت ؛ بیشمار قلمرو ؛ سلطنت والا۔

Kingfisher : (n) ماہی خور ؛ رام چڑیا۔

Kinghood : (n) بادشاہی ؛ سلطنت ؛ مقام یا قلمرو سلطنت۔

Kingless : (a) بے بادشاہ ؛ بغیر بادشاہ کے ۔

Kinglet : (n) (١) (عموماً حقارت سے) معمولی یا چھوٹا سا بادشاہ ؛ غیر اہم بادشاہ۔ (٢) ایک پرندہ جس کی چوٹی سنہری ہوتی ہے ۔

Kinglihood : (n) شاہانہ حکومت ؛ بادشاہی؛ سلطنت۔

Kinglike : (a) بادشاہ کی طرح ؛ بادشاہانہ ؛ شاہ صفت ؛ شاہ منش ؛ شاہوار۔

Kinglike : (adv.) بادشاہ کی طرح کا؛ بادشاہ کی صفت کا ۔

Kingliness : (n) شاہانہ صفت ؛ شانِ بادشاہی ؛دبدبہ؛ شاہی ؛ شاہ صفتی ؛ حالت ملوکانہ۔

Kingling : (n) چھوٹا سا بادشاہ ؛ غیر اہم بادشاہ۔

Kinglog : (n) (١) ظالم بادشاہ۔ (٢) نام کا بادشاہ ؛ شاہ شطرنج؛ کمزور بادشاہ۔

Kingly : (a) (١) بادشاہ کی صفت کا ؛ شاہی ؛ شاہی عہدے کا ۔ (٢) بادشاہ کا یا اس سے متعلق ؛ شاہانہ ؛لائق بادشاہ ؛ ملوکانہ ؛ خسروی ۔ (٣) (حکومت) شاہی ؛ شخصی حکومت کا ؛ سلطانی ۔ (٤) دیکھو King like ۔ (٥) عالی شان ؛ پر شکوہ ؛ باوقار ؛ شاندار ؛ شاہانہ ؛ رعب دار ۔

Kingly : (adv.) (١) شاہانہ طور پر؛ تزک و احتشام سے ۔ (٢) شاہانہ ؛ ملوکانہ ؛ بادشاہوں کی طرح کا ؛ شاہانہ طریقے سے ؛ شان و شوکت سے ۔

Kingmullet : (n) ویسٹ انڈیز کی ایک بڑی مچھلی ۔

Kingship : (n) (١) بادشاہ کا عہدہ ؛ بادشاہی ؛ شاہی ؛ شہر یاری ؛ مقام سلطنت ۔ (٢) شاہی حکومت ۔ (٣) شاہی اقتدار ؛ شاہی شان و شوکت ۔ (٤) بادشاہ کا قلمرو ؛ سلطنت ۔

Kingston : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Kinin : (n) پیتدون ؛ پپتدون (Peptides) کا کوئی ایک گروپ جو زخم کی وجہ سے بدن میں پیدا ہوتا ہے اور تکلیف کے احساس کو بڑھا دیتا ہے ؛ سانپ کے زہر میں بھی پایا جاتا ہے ۔

Kink : (n) (١) (تار ، زنجیر وغیرہ میں) پیچ ؛ بَل ؛ گرہ ؛ کتھی ۔ (٢) (مجازاً) (امریکا) انوکھا خیال ؛ وہم؛ خلل دماغ ؛ وسوسہ ؛ وسواس ۔ (٣) (نفسیات) وہم ؛ انوکھا خیال۔

Kink : (n) (١) (اسکاتستان اور بول چال) غش یا حملہ نا گہانی مرض ۔ (٢) (طب) سخت کھانسی ؛ ہنسنے یا کھانسی کا دورہ۔

Kink : (v) ہنسنے یا کھانسنے میں سانس پھول جانا ؛ دم پھولنے لگنا (ہنسنے یا کھانسنے میں)۔

Kink : (v) کتھی ڈالنا ؛ الٹابل دینا ؛ الٹا بل پڑنا ؛ کتھی پڑنا ؛ پیچ کھانا (غصہ وغیرہ) ؛ گرہ پڑنا ؛ گرہ ڈالنا ۔

Kinkajou/Kincajou : مرکزی اور جنوبی امریکا کا ایک قسم کا گوشت خور جانور قنکاج ۔

Kinkcough : (n) (بول چال) کالی کھانسی(طب) شہقہ؛ کالی کھانسی ۔

Kinkle : (n) — (۱) چھوٹا پیچ ؛ چھوٹا بل ؛ چھوٹی گرہ ۔ (۲) (مجازاً) کنایہ ؛ اشارہ ۔

Kinkled : (a) — تاب دار ؛ پیچ دار ؛ گرہ خوردہ ؛ گرہ دار ؛ گرہ والا

Kinky : (a) — (۱) باب دار ؛ پیچ دار ؛ گرہ دار ؛ کٹھی دار ۔ (۲) (مجازاً) (امریکا) خلل دماغ والا ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ طرفہ ؛ بے طور ؛ خبطی سا ؛ بے حال ؛ بوالہوس ۔ (۳) جنسی کج روی بالخصوص ہم جنس پرستی میں مبتلا ؛ جنسی گمراہی کی ایمائیت ۔

Kingless : (n) — ناٹھا ؛ جس کا کوئی رشتہ دار نہ ہو ۔

Knowble : (n) (عموماً جمع) ممکن الادراک اشیاء ۔

Knowableness : (n) دیکھو Knowability

Not know from nothing : کسی چیز یا کسی بات سے بے خبر ہونا ؛ قطعاً لا علم ہونا کچھ بھی نہ جاننا ۔

To know a thing or two : بڑا تجربہ کار ہونا ؛ بڑا سیانا ہونا ؛ زندگی کا تجربہ رکھنا ۔

To know better (than to do something) : احتیاط یا مصلحت اندیشی کی بنا پر (کسی کام کو) نہ کرنا ۔

To know by heart : اچھی طرح جاننا یا سمجھنا ؛ دل سے سمجھنا ؛ (کسی کو) خوب اچھی طرح سے پہچاننا ۔

To know how : (کچھ کرنے کا) سلیقہ رکھنا ؛ طریقہ جاننا ؛ اہل ہونا ؛ اہلیت رکھنا ۔

To know of : جاننا ؛ واقف ہونا ؛ آگاہ ہونا ؛ مطلع ہونا ؛ باخبر ہونا ۔

To know one's onions : کسی شعبۂ علم یا کسی میدان عمل کا ماہر ہونا ؛ صاحب کمال ہونا ؛ مہارت تامّہ رکھنا ؛ تمام کہنیات یا نشیب و فراز کو اچھی طرح سمجھنا (کسی معاملے میں) ۔

To know one's stuff : To know one's onions دیکھو

To know (person etc.) to be : (کسی شخص کو اس طرح) جاننا ؛ سمجھنا ۔

To know the ropes : کسی کام کے نشیب و فراز کو جاننا یا سمجھنا ۔

To know the time of day : : وقت کی نبض کو پہچاننا ؛ وقت کے تقاضے کو سمجھنا ؛ بڑا سیانا ہونا ؛ دنیا دیکھے ہوئے ہونا ۔

To know what's what : سمجھ بوجھ کا آدمی ہونا ؛ سمجھ دار اور تجربہ کار ہونا ؛

Knowe : (اسکاٹستان) Knoll (n) کی متبادل صورتیں ۔

Knower : (n) جاننے والا ؛ واقف ؛ آگاہ ؛ با خبر ؛ عالم ؛ علم رکھنے والا ؛ آشنا ؛ ماہر ؛ محرم راز ۔

Knowing : (n) (۱) سمجھ ؛ بوجھ ؛ فہم ؛ ادراک ؛ تفہیم ؛ درک ؛ شناخت ؛ آشنائی ؛ شناسائی ؛ علم ؛ وقوف ؛ واقفیت ؛ دانش ۔ (۲) آگاہی ؛ باخبری ؛ اطلاع ؛ وقوف ؛ علم آگہی ۔

Knowing : (a) (۱) واقف ؛ ماہر ؛ جاننے والا ؛ عالم ؛ باخبر ؛ آگاہ ؛ محرم ؛ دانا ۔ (۲) چتُر ؛ سیانا ؛ ہوشیار ؛ چوکس ؛ چالاک ؛ زیرک ؛ کائیاں ۔ (۳) (روز مرہ) فیشن ، لباس وغیرہ کی کامل واقفیت رکھنے والا ؛ بانکا ؛ طرح دار ؛ ٹھاٹ کا ؛ بانکی (مثلاً بانکی ٹوپی) ۔

Knowingly : (adv.) جانتے ہوئے ؛ جان بوجھ کر ؛ دیدہ و دانستہ ؛ عمداً ؛ بالا رادہ ؛ واقف ہو کر ؛ چوکسی سے ؛ سیانے پن سے ؛ دانائی سے ۔

Knowingness : (n) وقوف ؛ مہارت ؛ علم ؛ باخبری ؛ دانائی ؛ سیانا پن ؛ چوکسی ؛ چالاکی ؛ چترائی ۔

Knowledge : (n) (۱) علم ؛ معلومات ؛ وقوف ؛ ادراک ؛ خبر ؛ آگہی ؛ آگاہی ؛ اطلاع ؛ واقفیت ۔ (۲) جنسی تعلق ؛ جماع ؛ مجامعت ؛ مباشرت ۔ (۳) دائرہ علم ۔ (٤) (کسی فن ، زبان وغیرہ کی) نظری و عملی مہارت ؛ علم ؛ استعداد ؛ درک ؛ عبور ۔ (٥) علم و فن ؛ شعبۂ علم ؛ سائنس ؛ آرٹس ۔ (٦) تعلیم ؛ تدریس ؛ درس ۔ (۷) مجموعی معلومات ۔

Branch of knowledge : شعبۂ علم ۔

Carnal knowledge : (عضویات ، قانون) جماع ؛ مجامعت ؛ مباشرت ؛ جنسی تعلق ۔

Positive knowledge : علم الیقین ۔

Secondhand Knowledge : بالواسطہ علم ۔

Knowledge box : (n) (مزاحاً) سر؛ سمجھ دانی ۔

Knowledgeable : (a) (روز مرہ) باخبر ؛ ذی علم ؛ ذہین ؛ طباع ؛ تیز ؛ صاحب استعداد ۔

Knowledgeableness : (n) باخبری ؛ آگاہی ؛ واقفیت ؛ طباعی ؛ نہانت ؛ فراست ؛ تیزی ۔

Knowledgeably : (adv.) فراست سے؛ باخبر ہو کر ؛ عالمانہ ؛ ذی علم انداز میں ۔

Knowledgement : (n) علم ؛ آگاہی ؛ وقوف ؛ آگہی ؛ اطلاع ؛ واقفیت ؛ دائرہ علم ۔

Known : (a) معلوم ؛ مشہور ؛ معروف ؛ مانوس ؛ جانا بوجھا ۔

Knub : (n) (۱) کسی چیزکی سطح پر یا سرے پر گول ابھار ؛ موٹھ ؛ گرہ ؛ گومڑی ؛ دنبل ؛ پھوڑا ۔ (۲) ریشم کے کوے کی اندرونی تہ ؛ ریشم کے پیلے کی اندرونی لپیٹ یا تہ (عموماً NUB لکھا جاتا ھے) ۔

Knuckle : (n) (۱) انگلیوں کے جوڑ کی ہڈی؛ خصوصاً انگلیوں کی جڑ کی ہڈی ؛ پور کا جوڑ ؛ (تشریح) بند انگشت ؛ برجمہ ؛ ٹکیا ۔ (۲) چوپایوں کے گھٹنے اور ٹخنے کی ابھری ہوئی ہڈی ؛ پونگے کی ہڈی ؛ (حیوانیات) کعب ؛ پونگا ۔ (۳) پونگے کا پارچہ (ہڈی مع گوشت) ۔ (٤) بند ؛ گرہ ۔ (٥) آنت کا خم یا بل (جو آگے کو نکلا ہوا ہو) ۔ (٦) (میکانیات) قبضہ ؛ چول (کواڑ وغیرہ کی) ۔ (۷) (جہاز سازی) بعض شہتیروں میں زاویہ حادہ ۔ (۸) (ابتداً مجرموں کا عامیانہ) دھات کا بنا ہوا آلہ یا دستہ جو انگلیوں کے پوروں کو (مارتے وقت) مجروح ہونے سے بچانے اور مکے یا ضرب کو زیادہ پر زور بنانے کے لئے پہن لیا جاتا ھے ۔

A rap on the knuckles/Near the knuckle : (بول چال) فحش کے سوا برا بھلا کہنے میں کمی نہ کرنا ۔

Knuckle : (v) (۱) گولیاں کھیلنے میں انگلیوں کی پوروں کو زمین پر ٹکانا ۔ (۲) (مجازاً) دب جانا ؛ مات کھا جانا ؛ مان لینا ؛ ہار مان لینا ؛ مغلوب ہو جانا ؛ اطاعت قبول کر لینا ۔ (۳) (انگلیوں کی پور سے) مارنا ؛ کھٹکھٹانا ؛ ٹھوکنا ؛ ٹھوکر دینا ؛ دبانا ؛ رگڑنا ۔

Knuckle bone : (n) (۱) (تشریح) بُرجُمہ ؛ بند انگشت ۔ (۲) بھیڑ وغیرہ کے ٹخنے کی ہڈی ؛ (حیوانیات) کعب ؛ پونگا ؛

گول سر والی ہڈی نیز چوپایوں کے ٹخنے اور گھٹنے کی ابھری ہوئی ہڈی ؛ پونگے کی ہڈی ۔ (۳) پشت پا یا پشت دست کی پانچ ہڈیوں میں سے ایک ؛ (جمع) ایک قسم کا کھیل جو ان ہڈیوں سے کھیلا جاتا ہے (انہیں hucle bones یا diles بھی کہتے ہیں) ۔

Knuckle-bow : (n) تلوار کے قبضے کے اوپر بنا ہوا نیم دائروی خول جو انگلیوں کی پوروں کو چھپا لیتا ہے ؛ محافظ انگشت ۔

Knuckle down : (v) (۱) گولیوں کے کھیل میں (کسی گولی کو) مارنے کے لئے (انگوٹھے یا انگلیوں کی) پور کو زمین پر ٹکانا ۔ (۲) خود کو سنجیدہ اور کسی کام کی طرف متوجہ رکھنا ؛ مستعدی دکھانا ۔ (۳) دب جانا ؛ ہار مان لینا ؛ چھوڑ دینا ؛ شکست کھا جانا ؛ اطاعت قبول کرلینا ؛ مغلوب ہو جانا ؛ مطیع ہو جانا ؛ فرماں برداری قبول کرنا ۔

Knuckle down : (n) (۱) گولیوں کا ایک کھیل ۔ (۲) اطاعت ؛ فرماں برداری؛ عجز و انکساری ؛ فروتنی ؛ مغلوبیت ؛ دب جانا ؛ شکست کھا جانا ۔

Knuckle-down : (adv.) فرماں برداری سے ؛ عجز و انکساری سے ؛ عاجزانہ ؛ مطیع ہو کر ؛ دب کر ؛ ہار مان کر ۔

Knuckle-duster : (n) دھات کا بنا ہوا آلہ یا دستہ جو انگلیوں کی پوروں کو (مارتے وقت) مجروح ہونے سے بچانے اور مکے یا ضرب کو زیادہ پر زور بنانے کے لئے پہن لیا جاتا ہے ۔

Knuckle-end : (n) خصی یا سور کا پایہ ۔

Knuckle-guard : (n) دیکھو Knuckle bow

Knuckle-joint : (n) (۱) (ہاتھ کی) انگلیوں کی پوروں کا ہر جوڑ ؛ چوپائے کے پاؤں کا جوڑ ؛ کعب ؛ پونگا ؛ بند انگشت ۔ (۲) ایک قبضہ" جوڑ ۔

Knuckle of intestine : (n) (تشریح) آنت کا بَل ۔

Knuckle of Iris : (n) (تشریح) قترحیہ کا بَل ۔

Knuckle under : (v) دب جانا ؛ ہار مان لینا ؛ چھوڑ دینا ؛ شکست کھا جانا ؛ اطاعت قبول کر لینا ؛ مغلوب ہو جانا ؛ مطیع ہو جانا ۔

Knuckled : (a) ابھرے ہوئے یا نمایاں ٹخنوں والا ؛ (ابھری ہوئی) پوروں والا ؛ پوروں یا ٹخنوں کی طرح ابھرا ہوا یا نمایاں ۔

Knuffe : گنوار؛ غیر مہذب ؛ دیہاتی ؛ اجڈ ؛ ناشائستہ ۔

Knur/Knurr : (n) (۱) درخت کے تنے پر کی گانٹھ ؛ (نباتیات) درخت کی گرہ ؛ برآمدگی ؛ درخت کے تنے پر سخت ابھار ؛ پتھر کا مرکزہ ؛ منجمد مادہ ؛ ورم ؛ پھوڑا ۔ (۲) شمالی انگلستان کے ایک کھیل(knur and spell) کی چوبی گیند جو Trap ball کے مشابہ ہوتی ہے ؛ نیز ہاکی وغیرہ میں استعمال ہونے والی ایسی ہی گیند ؛ لکڑی کی گیند ؛ چوبی گیند ۔

Knurl/Nurl : (n) (۱) موٹھ ؛ گرہ ؛ دھات کی سطح پر بنا ہوا دانہ یا ابھار ؛ دندانہ ؛ کنگرہ ۔ (۲) موٹھ ؛ لٹو (خصوصاً وہ جس سے ٹائپ رائٹر کے بیلن کو گھماتے ہیں) ۔ (۳) بل ؛ پیچ ۔ (٤) ناٹا اور موٹا آدمی ؛ چھوٹے اور گٹھیلے جسم والا شخص (بول چال) ۔

Knurl/Nurl : (v) (کسی کنارے اور سطح پر) گانٹھیں یا ابھار بنانا ؛ دندانے بنانا ؛ کنگرے بنانا ؛ مہرے بنانا ؛ مہرہ دار آرائش کا کام بنانا ؛ دندانے دار بنانا ۔

Knurled/Nurled : (a) گانٹھ دار یا موٹھ دار ؛ دانہ دار ؛ پشتہ دار ؛ کنگرہ دار ؛ دنتیلا ؛ مہرہ دار ؛ مہرہ دارآرائشی کام بنا ہوا ۔

Knurly : (a) گرہ دار ؛ گانٹھ دار ؛ پیچیدہ ؛ دانہ دار ؛ کنگرہ دار ؛ مہرہ دار ؛ مہروں جیسا ؛ گرہ نما ؛ ناٹا ؛ ٹھگنا ؛ بونا ؛ پست قد ۔

Knut : (n) (مزاحاً) (اواخر انیسویں صدی یا اوائل بیسوی صدی کا) بانکا ؛ چھیلا ؛ وضع دار ؛ خود بیں ؛ خود نما شخص ؛ وہ نوجوان جس میں نمائش کا بہت شوق ہو ؛ نمودیا ۔

Koa : (n) جزائر سینڈوچ میں ایک قسم کا (acacia) ببول کا درخت ۔

Koala : (n) دیکھو Kangaroo bear

Kob : (n) Kobus جنس کا افریقی آبی ہرن ؛ کاب ؛ افریقی مرگ ۔

Koba : (n) دیکھو Kob

Koban : (n) جاپان کا ایک بیضوی طلائی سکہ جو وہاں سترھویں صدی سے انیسویں صدی تک رائج رہا ؛ کوبان ۔

Kobald : (n) (۱) (جرمن لوک کتھا میں) ایک مانوس روح جو گھروں میں آتی جاتی تھی اور وقتاً فوقتاً گھر کے لوگوں کو مدد بھی پہنچاتی تھی ؛ نیک دل تھنبا جو مخفی طور سے گھر کا کام کر جاتا ہے ؛ مخول؛ جن ؛ گھریلو بھوت ۔ (۲) زیر زمین رہنے والی روح جو کانوں میں آتی جاتی ہے ؛ روحِ خاکی (زیر زمین خزانوں کی محافظ) ۔

Kobus : (n) مرگ یا ہرن کی ایک نوع ۔

Kocab : (n) (علم النجوم) کوکب شمالی ؛ اخفی الفرقدین(ستارہ) ۔

Kodak : (n) (۱) کوڈک کیمرہ (آلہ عکاسی) ؛کوئی بھی دستی کیمرہ ۔ (۲) کوڈک یا دستی کیمرے سے لی ہوئی تصویر ۔ (۳) کوڈک ایک کارخانے کا نام ۔ (٤) جارج ایسٹمین کی اختیار کردہ تجارتی علامت یا نشان ۔

Kodak : (v) (۱) کوڈک یا کسی بھی دستی کیمرے سے تصویر لینا ۔ (۲) (مجازاً) تیزی سے اور وضاحت کے ساتھ (ذہن کی) گرفت میں لانا یا بیان کرنا ؛ ایک نظر میں وضاحت کے ساتھ بیان کرنا ؛ (واقعہ کی) تصویر کھینچ لینا یا کھینچ دینا ۔

Koel : (n) کوئل ؛ ہندوستان کا مشہور پرند ۔

Koft/Koftgari : (n) کوفت گری ؛ دھات پر طلاکاری یا ملمع کاری کا کام ؛ دھات کی بنی چیزوں پر دمشقی کام ؛ دمشقی طلا کاری یا مرصع کاری جس میں دھات پر بنائے ہوئے نقش میں سونا جڑ دیا جاتا ہے ۔

Koh-i-noor : (n) (۱) کوہِ نور ؛ مشہور ہندوستانی ہیرا جو ۱۸٤۹ء میں پنجاب پر انگریزی تسلط کے بعد سے اب تک تاج برطانیہ کی زینت ہے ۔ (۲) (مجازاً) کوئی بھی نئی عمدہ اور شان دار چیز ؛ کوئی بھی بیش قیمت یا بے بہا شے ؛ کوئی چیز جو (اپنی قسم کی چیزوں میں) منفرد ہو ؛ بے نظیر شے ۔

Kohl : (n) کحل ؛ سرمہ ۔

Kohl : (n) Kohlrabiکا مخفف ۔

Kohlrabi/Kohl-rabi : (n) کول رابی؛ ایک قسم کی گوبھی جو انگلستان میں جانوروں کو کھلائی جاتی ہے اور جس کا ڈنٹھل شلغم نما ہوتا ہے ؛ شلغم نما گوبھی ؛ (نباتیات) گانٹھ گوبھی ۔

Kohler's disease : (n) مرض عظم کعب؛ مرض کوہلر ۔

Koilonychia : (n) ناخنوں کا غیر طبعی طور پر باریک اور مقعر ہونا خصوصاً Hypochromic anemia میں ؛ (طب) قعری ناخن (اسے Spoon nail بھی کہتے ہیں) ۔

Kokan : (n) مشرقی ہندوستان کا درخت (کوکن) جس کی لکڑیاں شہتیر کے کام میں آتی ہیں ۔

Kokil : (n) کوئل ؛ مشہور ہندوستانی پرند ۔

Kokoon/Kokong : (n) جنوبی افریقہ کا بڑا ہرن ۔

Kola : (n) (نباتیات) کولا (درخت) ؛ کولا (مشروب) ۔

Kolinsky : (n) (۱) (حیوانیات) ظربان (سائبیریا) ؛ نیولے کی قسم کا چھوٹا نیم بحری جانور ۔ (۲) اس کی سمور ۔

Kolkboz : (n) (۱) سوویت روس کا اجتماعی فارم ۔ (۲) اجتماعی کاشت کا نظام ۔

Koni : (n) غبار ۔

onia : (n) (۱) (جغرافیہ) قونیہ (ترکستان کا ایک ضلع) ۔ (۲)ترکی کمبل (موٹے اور نرم بالوں کا جو عموماً سرخ ، نیلا یا زرد ہوتا ہے) ۔

Konilite : (n) (معدنیات) سلیکا کا سفوف جو سیاہ رنگ کی ستون نما آتش فشانی چٹانوں کے شگافوں میں پایا جاتا ہے ۔

Konimeter : (n) غبار پیما ۔

Koniscope : (n) غبار بیں ۔

Konometer : (n) دیکھو Konimeter

Koodoo/Kudu : (n) (۱) بھورے رنگ کا بڑا افریقی ہرن جس کے جسم پر سفید دھاریاں ہوتی ہیں (نر کے سینگ چکر دار شکل میں اینٹھے ہوئے (مرغولہ دار) ہوتے ہیں) ۔ (۲) (حیوانیات) کودو؛ بز کوہی (افریقی) ۔

Kookaburra : (n) آسٹریلوی رام چڑیا جو قد میں کوے کے برابر ہوتی ہے اور جس کی آواز نہایت بلند اور کرخت ہوتی ہے ؛ یہ آواز نہایت تیز اور بلند قہقہے سے ملتی ہے اسی لئے اسے laughing Jackan بھی کہتے ہیں ؛ یہ رینگنے والے حیوانات کا شکار کر کے کھاتی ہے ۔

Koolah : (n) (۱) کولا ؛ آسٹریلیا کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو درختوں پر رہتا ہے ۔ (۲) دیکھو Kola ۔

Kopec(k/ -peck/ -pek) : (n) Copeck کی متبادل شکلیں ۔

Kopje : (n) (جنوبی افریقہ میں) ایک چھوٹی سی پہاڑی ۔

Kora : (n) (حیوانیات) کورا ؛ مرغ آبی ؛ مرغابی ۔

Koran/Quran :(n) قرآن ؛ کلام مجید ؛ کلام الٰہی ۔

Koran : (n) جنوبی افریقی تغدار (گدھ کی نسل سے) ۔

Koranic : (a) قرآنی ؛ کلام الٰہی کا یا اس سے متعلق ۔

Korneforos : (n) (علم النجوم) تماثیل (ستارہ) ۔

Koronion : (n) (علم النجوم) ثاجینہ ۔

Kosher/Cosher : (a) کوشر ؛ یہودیوں کی شرع کے مطابق تیار کیا ہوا (کھانا) ؛ حلال (کھانا) ؛ (نیز دکان وغیرہ) جہاں ایسا کھانا ملتا ہے ۔

Kosher : (n) یہودیوں کی شرع کے مطابق تیار کیا ہوا کھانا یا ایسے کھانے کی دکان ۔

Kotal : (n) تنگ گھاٹی ؛ درہ ؛ گھاٹی کی ابھری ہوئی سطح جو ماہی پشت ہوتی ہے ؛ گھاٹی کا بلند سرا یا چوٹی ۔

Kotow/Kowtow/-too : (n) (۱) اظہار عجز ؛ احترام یا عبادت کی غرض سے زمیں پر پیشانی ٹیکنے کا چینی رواج ؛ چینیوں کی رسم زمیں بوسی یا جبیں سائی ۔ (۲) (مجازاً) خوشامدانہ یا غلامانہ احترام ؛ اظہار اطاعت ۔

Kotow : (v) (۱) ناصیہ سائی کرنا ؛ جبیں سائی کرنا ۔ (۲) (مجازاً) خوشامدانہ یا غلامانہ انداز اختیار کرنا؛ خوشامد یا چاپلوسی کرنا ؛ اظہار اطاعت کرنا ۔

Kotwal : (n) دیکھو Cotwal

Kotwalee : (n) کوتوالی ؛ تھانہ ؛ پولس اسٹیشن ۔

Koulan/Kulan : (n) گھوڑے کی مثل چوپایوں کی ایک قسم ؛ میسوپوٹامیہ ، پرشیا اور سواحل اندس کا جنگلی گدھا ؛ خروحشی ۔

Koumiss : (n) کومس ؛ ایک قسم کی شراب جو گھوڑی کے دودھ کو سڑا کر تیار کی جاتی ہے (تاتاری اسے مشروب کے طور پر استعمال کرتے ہیں) ۔ گدھی اور گائے کے دودھ سے بھی اس شراب کی نقلی صورتیں کشید کی جاتی ہیں ۔

Kourbash/Koor-/Cour- : (n) دریائی گھوڑے یا دوسرے جانوروں کی کھال سے بنا ہوا کوڑا جو مصر، ترکی اور سوڈان میں سزا دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ قورباش ؛ قرباچ ۔

Kourbash : (v) کوڑے لگانا ؛ قور باش سے (بطور سزا) مارنا ۔

Kousso : (n) ایک ابیسینیائی پودے (Hagenia abyssinica) کے خشک پھول جو کرم کش (پیٹ کے کیڑے مارنے والی) دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔

Kow-tow : (n) دیکھو Kotow

Kraal :(n) دیکھو Craal

Kraal : (v) احاطہ بند کرنا ؛ باڑے میں لینا ؛ باڑے سے گھیرنا ؛ حصار بند کرنا ۔

Kraft : (n) ایک مضبوط ، چکنا اور بھورے رنگ کا کاغذ جو سوئی کے غیر صاف شدہ مادے سے تیار کیا جاتا ھے اور (کسی چیز کے اوپر) لپیٹنے کے کام آتا ھے ۔

Krait : (n) کریت ؛ کریتا ؛ ایک زہریلا سانپ (جو بنگال میں عام ھے) ۔

Kraken : (n) کراکن ؛ ایک خیالی عفریت جو بحر ناروے کے سواحل پر ظاہر ھوتا ھے ۔

Krameria : (n) (۱) (نباتیات) Polygalaceae کی ایک غیر طبعی یا بے قاعدہ جنس ، پھیلی ھوئی شاخوں والی چھوٹی جھاڑی جو امریکا میں پائی جاتی ھے اور قبض آور ھوتی ھے ۔ (۲) (طب) Krameria Triaudva کی جڑ یا اس سے تیار کی ھوئی دوا ۔

Krang : Kreng کا متبادل ۔

Krantz/Kranz : (n) (جنوبی افریقہ) چٹانوں کی دیوار جو کسی پہاڑ یا چوٹی کو گھیرے ھوئے ھو ؛ چٹانوں کی کھڑی دیوار ؛ چٹانوں کا چھجا ؛ چھجے دار چٹان ۔

Kraurosis/Krauroses : (n) (خاص کر فرج کی) جلد یا بلغمی جھلی کا سوکھ جانا جو اکثر مرض سرطان (کینسر) کا پیش خیمہ ھوتا ھے ۔ (طب) (فرج کی) زبونی ؛ (فرج کی) پژ مردگی ۔

Kraurosis vulvae : (n) پژمردگیٔ فرج ۔

Kreatic/Kreatine : Creatic/Creatine کا متبادل ۔

Kreil/Krele : Creel کی متروک شکلیں ۔

Kremlin : (n) روسی شہروں کا اندرونی قلعہ ؛ خصوصاً ماسکو کا قلعہ جس میں شاہی محل ھے ؛ قصر (ماسکو) ؛ کریملن ؛ روسی قلعہ ۔

The kremlin : (n) حکومت روس ؛ سوویت یونین (کے لئے مستعمل ھے) ۔

Kremlinologist : (n) سوویت حکومت اور اسکی پالیسیوں کا مطالعہ و تجزیہ کرنے والا ۔

Kremlinology : (n) سوویت حکومت اور اسکی پالیسیوں کا مطالعہ و تجزیہ ۔

Kremnophyte : (n) (نباتیات) دیوار پودا ۔

Kreng : (n) مردہ وھیل مچھلی جس کے ھونٹ کاٹ کر الگ کر لئے گئے ھوں ۔

Krenger : (n) مردہ وھیل مچھلی کے جسم سے اسکےھونٹ الگ کرنے والا ۔

Krenging hook : (n) مردہ وھیل مچھلی کے ھونٹوں کو کاٹ کر الگ کرنے والا اوزار ۔

Kreosote : (n) دیکھو Creosote

Kreutzer/Kreuzer : (n) تانبے (ابتداً چاندی) کا ایک چھوٹا سکہ جو پہلے جرمنی اور آسٹریلیا میں رائج تھا ؛ صلیبیہ ۔

Kriegspiel : (n) (۱) ایک جنگی کھیل جس میں فوجی دستوں ، توپوں وغیرہ کی جگہ مہرے ، پن اور جھنڈوں کو ایک نقشے پر جنگی قاعدوں کے مطابق چلایا جاتا ھے ؛ جنگی شطرنج ۔ (۲) شطرنج کی ایک قسم جس میں دونوں حریف ایک دوسرے کی بساطوں کو نہیں دیکھ سکتے بلکہ ایک ریفری (نگراں) ھوتا ھے جو تمام چالوں کا ریکارڈ ایک تیسری بساط پر رکھتا ھے اور حریف کی چالوں سے ایک دوسرے کو آگاہ کرتا ھے ۔

Krill : (n) سطح آب پر بہتے یا تیرتے پھرنے والے قشرے جو قطبی سمندروں میں جابجا کثرت سے جمع ملتے ھیں اور بعض مچھلیوں اور وھیل کی خوراک بنتے ھیں ۔

Kris : (n) (۱)Creese کا متبادل ۔ (۲) لہر دار پھل والا (ملایا کا) خنجر یا چھرا ۔

Krishna : (n) (۱) (تاریخ) کرشن ۔ (۲) (دینیات) کرشن دیوتا ۔

Krishnaism : (n) (۱) ہندوؤں کے دیوتا ، کرشن پر ایمان یا اسکی پوجا ؛ (دینیات) کرشن بھگتی ؛ کرشن پرستی ؛ کرشن پوجا ۔

Krishnaist/Krishnaite : (n) کرشن پرست ؛ کرشن بھگت ؛ کرشن کو پوجنے والا ۔

Kritarchy : (n) اسرائیل میں یا اسرائیلیوں کے یہاں ججوں کی حکمرانی ۔

Kroci-/Krokydolite : Crocidolite کا متبادل ۔

Kromesky : (n) قیمہ کئے ہوئے گوشت یا مچھلی کو سور کے (نمک لگا کر سکھائے ہوئے) گوشت میں لپیٹ کر یا بھر کر اور تل کر بنایا ہوا کوفتہ : کولی کباب ۔

Kromogram : (n) (تصویر) سہ رنگی تصویر : کرومو گرام ۔

Kromoscope : (n) (تصویر) سہ رنگی تصویربیں : کروموسکوپ ۔

Krone : (n) (۱) ڈنمارک ، ناروے اور سویڈن کا ایک نقرئی سکہ جو ایک شلنگ ڈیڑھ پینس کے برابر ہوتا ہے ۔ (۲) جرمنی کے دس مارک کا سونے کا ڈلا : جرمنی کا دس مارک کا طلائی سکہ ۔ (۳) آسٹریا کا ایک نقرئی سکہ جو دس پینس کے برابر تھا ۔

Kroo/Krou/Kru : (n) (بطور صفت) ساحل لائبیریا پر رہنے والی اور کشتی رانی میں ماہر : حبشیوں کی ایک نسل کا یا اس سے متعلق : کرو : کروی ۔

Kruman : (n) حبشیوں کی وہ نسل جو لائبیریا کے ساحل پر رہتی اور کشتی رانی میں ماہر ہوتی ہے : کرو نسل کا حبشی : کرو ۔

Krummhorn : (n) (۱) منحنی شکل کا ہوا باجا (جس میں ہوا کے ذریعہ آواز پیدا ہوتی ہے) جو اب رائج نہیں ۔ (۲) (موسیقی) آرگن کی اونچے سر والی کھونٹی یا پردہ جس کی آواز الغوزے کی آواز سے ملتی ہے ۔

Kryo- : (prefix) Cryo کا متبادل : یونانی لفظ Kryos سے بنایا ہوا جزو ترکیبی بمعنی "پالا" "برف" ۔

Kryolite : (n) (معدنیات) گرین لینڈی بلور : کرائیو لائٹ ۔

Kryometer : (n) برف پیما ۔

Krypton : (n) ایک کمیاب گیس جو ۱۸۹۸ء میں Sir W.Rawsay نے دریافت کی تھی (علامت Kr. جوہری نمبر ۳۶ ، جوہری وزن ۸۳٫۷) : کرپٹن ۔

Ksar : Czar کی متروک شکل ۔

Kshatriya/Kshatri : (n) کھتری : ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے دوسرے درجہ کی ذات جو دلیر اور جنگجو ہوتی ہے : اس ذات کا کوئی فرد ۔

Ku-klux (-klan) : (n) (۱) انجمن "کوکلس کلین" ریاستہائے متحدہ (امریکا) کی جنوبی ریاستوں کی ایک خفیہ انجمن جو ۶۵-۱۸۶۱ء کی خانہ جنگی کے بعد سفید فاموں کی حفاظت اور تشدد کے زور پر ان کی بالا دستی کو قائم رکھنے نیز حبشیوں کے اثرات کی مخالفت یا ان کے استیصال کے لئے قائم ہوئی تھی (یہ جماعت قتل اورباغیانہ سر گرمیوں پر عامل تھی) ۔ (۲) اسی قسم کی انجمن جو جنگ عظیم کے بعد کل ریاستہائے متحدہ میں بیرونی اثرات کے خلاف قائم ہوئی ۔

Kudize : (v) (یونیورسٹی عامیانہ/روز مرہ) شہرت : شہرہ : نام وری : نیک نامی : تعریف کرنا : مدح کرنا ۔

Kudos : (n) دیکھو Kudize

Kufic : (v) Cufic کا متبادل ۔

Kukang : (n) سست گام یا سست قدم لورس (ایک قسم کا لنگور) یا لیمور (بندر کی قسم کا دودھ پلانے والا شب رو جانور) جو مڈغاسکر میں ہوتا ہے ۔

Kukri : (n) ککری : ایک خمیدہ چھرا جو نوک کی طرف سے چوڑا ہوتا ہے اور جس کو ہندوستان میں گورکھے استعمال کرتے ہیں : اسے بھو جالی بھی کہتے ہیں ۔

Kulak : (n) کولاک : روس کا خوش حال یا دولت مند کسان (ہندوستان میں "بورا" کہتے ہیں) : سوویت حکومت میں وہ کسان جو اپنی زمین کا مالک ہے اور اپنے ذاتی فائدے کے لئے کام کرتا ہے ۔

Kulan : Koulan کا متبادل ۔

Kultur : (n) (جرمن) تہذیب و تمدن (خصوصاً ان کے طریقہ" جنگ کے نقطہ" نظر سے) ؛ (سماجیات) تمدن : تہذیب ۔

Kulturkampf : (n) جرمن جنگ تہذیب ، حکومت اور مذہبی اداروں

کے ما بین نزاع (خصوصاً تعلیم پر کنٹرول اور کلیسائی تقرریوں کے مسئلہ پر)۔

Kumis/Kumiss/Kumys : دیکھو Koumiss کی متبادل صورتیں۔

Kummel : (n) ایک شراب جس میں زیرے کی خوشبو ملائی جاتی ہے (یہ شمالی جرمنی میں بنتی ہے) ؛ زیرے کی چاشنی والی شراب۔

Kumquat : (n) (۱) نارنجی نما چھوٹا پھل ؛ لیمو کی قسم کا ایک پھل جو Fortunella جنس کے درخت سے حاصل ہوتا ہے (یہ شمالی چین کا مقامی پھل ہے اور اس کا درخت ہر جگہ لگایا جا سکتا ہے)۔ (۲) (آسٹریلیا) نہایت چھوٹا آسٹریلیائی لیمو یا اس کا درخت ؛ (اسے ریگستانی لیمو Desert lemon بھی کہتے ہیں)۔

Kumys : دیکھو Kumis

Kunkur : (n) کنکر ؛ چونا پتھر کی ایک قسم جو ہندوستان میں پائی جاتی ہے یہ مٹی کی اوپری سطح میں طویل مسطح پرتوں میں بکھری ہوتی ہے۔ یہ مختلف سائز کی گوٹیوں کی شکل میں ہوتی اور چونا یا سڑکیں بنانے میں کام آتی ہے ؛ چونا کنکی۔

Kuomintang : (n) چین کی قوم پرور اور اصلاح پسند (یا انقلابی) پارٹی (سیاسیات) قوم پرست چین ؛ کومنتانگ۔

Kupfernickel : (n) (معدنیات) کچدھات نکل ؛ نکولائٹ ؛ کاپر نکل ؛ نکل کاآرسنائڈ ؛ (نیزدیکھوNiccolites)۔

Kuphar : (n) قُفّہ ؛ بید کی بنی ہوئی کشتی (ٹب بند ناؤ) جس کے اوپر چمڑے کا خول چڑھا ہوتا ہے اور جو دریائے فرات میں چلتی ہے۔

Kurbash : دیکھو Kourbash

Kurchi Cortea : (n) (نباتیات) پوست اندر جو ؛ اِندر جو درخت کی چھال یا چھلکا۔

Kurd : (n) کرد ؛ کردستان کا باشندہ ؛ ترکی ، ایران ، عراق ، اور شام کے سطح مرتفع والے علاقوں نیزآرمینیا اور آذر بائجان کے کثیرالتعداد باشندے جن کا پیشہ کاشتکاری یا گلہ بانی ہے۔

Kurgan : (n) روس اور تاتار میں ماقبل تاریخ کا بنا ہوا اونچا مقبرہ یا مٹی کا ڈھیر جس کے نیچے لاشوں کو دبا دیا جاتا تھا ؛ کرگان قدیم روسی یا تاتاری مقبرہ۔

Kursaal : (n) جرمن کے صحت بخش مقامات پر جانے والوں کےلئے بنی ہوئی سرکاری عمارت ؛ ہوٹل (خصوصاً جرمنی کے صحت بخش مقامات کا ہوٹل)۔

Kusimanse : (n) مغربی افریقہ کا ایک گوشت خور اور بل میں رہنے والا پستان دار چھوٹا جانور (Crossarchus obscurus) جو گہرے بھورے رنگ کا ہوتا ہے اور نیولے کی جنس سے متعلق ہے ؛ ایک قسم کا نیولا۔

Kuskus : Khus-khus کا متبادل۔

Kutch/Kutcha : Cutch/Cutchaکا متبادل۔

Kutki : (n) (نباتیات) کٹکی ؛ ایک کالے رنگ کی گرہ دار کڑوی دوا۔

Kuttar : (n) کٹار ؛ چھوٹا ہندوستانی خنجر جس کا دستہ دو متوازی چھڑوں سے بنا ہوتا ہے جنہیں عرضاً ایک ٹکڑے کے ذریعہ جوڑ دیا جاتا ہے۔

Kvass : (n) روس کی ایک شراب جو Rye سے بنتی ہے ؛ قواز۔

Kwashiorkor : (n) (مرضیات) ایک مرض جو غذا میں پروٹین کی مقدار نا کافی ہونے سے پیدا ہو جاتا ہے اور خاص کر گرم خطوں میں ننھے بچوں کو ستاتا ہے ؛ (اس کے علامات ہیں اسہال ، وریدی استسقاء ، جسم کے رنگ کا جزوی فقدان (سفید داغ پڑنا) ، کھپرے اترنا (تقشیر) ، نشو ونما کا رک جانا ، اور اکثر حالتوں میں آخر کار موت کا واقع ہونا)۔

Ky : (اسکاٹستانی اور شمالی بول چال)Cow کی جمع ؛گائیں۔

Kyabuka/Kiabooca : (n) ملیشیا کا ایک درخت جس کی لکڑی آرائش کے کام آتی ہے (اسے Amboyna wood بھی کہتے ہیں)۔

Kyah : (n) تیتر یا دراج جس کے پاؤں کے نکیلے خار بہت تیز اور مضبوط ہوں۔

Kyang : (n) جنگلی گھوڑے یا گدھے کی ایک قسم جو تبت میں ہوتی ہے ۔

Kyanite : Cyanite کا متبادل ۔

Kyanize : (v) لکڑی کو گھن لگنے یا سڑنے سے بچانے کے لئے پارہ آمیز زہر محرق مرکب(Corrosive sublimate) سے رنگ دینا ؛ لکڑی پر یہ مرکب لگانا ۔

Kyano -: (comb.) Cyanoکا متبادل ۔

Kyanol : (n) Aniline کا مترادف لفظ ۔

Kyanophyll : (n) ایک نیلے سبز مادے کا نام جسے کلوروفل کا جز و ترکیبی سمجھا جاتا ہے ۔

Kye : دیکھو Ky

Kyke : Keek کی متروک شکل ۔

Kyle : (n) دو جزیروں کے درمیان کا تنگ آبنائے ؛ آبنائے ؛ کائیل ۔

Kylie : (n) (مغربی آسٹریلیا) لکڑی کا ایک ہتھیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ہے ؛ دیکھو Boonerang ۔

Kylin : (n) ایک خیالی نرمادی جانور جس کی تصویر جاپانی اور چینی ساخت کے مٹی کے برتنوں پر بنی ہوتی ہے ؛ کیلن ۔

Kylix دیکھو Cylix

Kyllosis : (طب) گرزپا ؛ کج پا ۔

Kyloe : (n) لمبی سینگوں والا چھوٹی نسل کا اسکا چستانی جانور ؛ کیلو ۔

Kymatology : (n) (صوتیات) علم امواج ؛ موجیّات ۔

Kymogram : (n) (صوتیات وغیرہ) موج نگارش ؛ ترسیم موج ۔

Kymograph : (n) (۱) (صوتیات) موج نگار ۔ (۲) (طب) نبض شمار ؛ تنّش خون نگار ؛ کسی زندہ حیوان کی رگوں میں سیال کے دباؤ کے اختلافات یا تغیرات کو ہو بہو نقل یا ریکارڈ کرنے کا آلہ ؛ دباؤ ، موج آواز ، رفتار ، نبض کے انحنیات کو دکھاتا ہے ۔

Kymographic : (a) موج نگار کا یا اس سے متعلق ؛ آلہ نبض شمار کا یا اس سے متعلق ۔

Kymographion : (n) دیکھو Kymograph

Kymoscope : (n) (صوتیات) موج نما ؛ موج بیں ۔

Kymric: دیکھو Cymric

Kynocephalus : (a) (طب) سگ سر (مسخوط) ؛ جس کا سر کتے جیسا ہو ۔

Kynophobia : (n) (نفسیات) سگ ترسی ؛ خوف سگ ۔

Kyogenic : (a) مُمدّ حمل ۔

Kyphos (n) : (طب) حدبہ ؛ کوز ؛ کوب ۔

Kyphoscoliosis : (n) (طب) حدب التوا ؛ کوز التوا ۔

Kyphosis : (n) (طب) حَدَبیّت ؛ سنام؛ قوز ؛ کوز پشتی ۔

Kyphotic : (a) (طب) کوز پشت ؛ کبڑا ؛ کوزہ پشت ۔

Kyrie/-eleison/-eleeson : (n) (۱)مختصر دعاؤں کے الفاظ جن سے مشرقی اور رومی کلیساؤں میں Mass شروع ہوتی ہے ۔ (۲) ان الفاظ کا نغمہ ۔ (۳) کلیسائے انگلستان کے عشائے ربانی میں احکام عشرہ کو سن کر یہ الفاظ کہے جاتے ہیں "یا اللہ رحم کر" ۔

Kyrielle : (a) ایک فرانسیسی نظم جو چھوٹی بحر کی بیتوں میں منقسم ہوتی ہے اور ہر بیت کے دوسرے مصرعے کا اختتام اسی لفظ پر ہوتا ہے جو پہلی بیت کے دوسرے مصرعے کے آخر میں آیا ہے ۔

Kyriologic : Cyriologic کا متبادل ۔

Kyte : (n) (اسکاٹستانی اور شمالی بول چال) (تشریح و حیوانیات) معدہ ؛ شکم ؛ پیٹ ۔

Kythe : (v) Kithe کا متبادل ہجے ۔

L

L : (n) — (۱) انگریزی حروف تہجی کا بارھواں حرف ۔ (۲) L کی شکل کی چیز ؛ قائمہ نما ۔(۳) بلیوں کا قائم الزاویہ جوڑ وغیرہ ۔(٤) رومی ھندسہ ؛ رومی اعداد میں L پچاس کے لئے استعمال ھوتا ھے یا نمائندگی کرتا ھے۔(٥) کسی عمارت میں وہ توسیع جو عمارت سے زاویہ قائمہ بنائے۔ (٦) کسی سلسلے کا بارھواں مقام (زیادہ تر گیارھواں مقام) ۔ (۷) بالائے زمین چلنے والی ریل۔

La : — (موسیقی) سر گم کا چھٹا سُر ۔ دھا ۔

La : (interj.) — (۱) کلمہ استعجابی ، کلمہ فجائیہ ۔ (۲) کلمہ جو کسی فقرے ، خطاب یا زوردار بیان کے پہلے استعمال ھوتا تھا ۔

La : (a) — The (عورتوں کے خاندانی نام کے ساتھ استعمال کیا جاتا ھے) ۔

La-di-da :(a & n) — (۱) شیخی باز؛ ٹینگیا ؛ اکڑ باز ؛ اٹھلانے والا ؛ چباچبا کر باتیں کرنے والا ۔ (۲) شیخی ؛ تعلی ؛ لافزنی ؛ اکڑ ؛ اٹھلانا ؛ چباچباکے باتیں کرنا ۔

La-di-da : (v) — شیخی بگھارنا ؛ ٹینگ مارنا ؛ چباچبا کر باتیں کرنا ۔

La-la : (a) — یونہی سا ؛ معمولی ۔

Laager / Lager : (n) — (۱) خیمہ گاہ ؛ پڑاؤ (خصوصاً جو چھکڑوں سے گھرا ھوا ھو) ۔ (۲) فوجی پڑاؤ جو بکتر بند گاڑیوں سے گھرا ھوا ھو۔

Laager : (v) — (۱) خیمے لگانا ؛ خیمہ زن ھونا ؛ پڑاؤ ڈالنا ۔ (۲) پڑاؤ کو چھکڑوں سے گھیرنا ۔ (۳) چھکڑوں سے گھرے ھوئے پڑاؤ میں ٹھہرنا ۔

Laagte : (n) — وسیع اور مسطح وادی ۔

Lab : — Laboratory کا مخفف ۔

Labadism : (n) — فرانسیسی مصلح Jean de Labdie (۷٤ - ۱٤۱۰ ء) کی پیروی ۔

Labadist : (n) — (کلیسائی تاریخ) فرانسیسی مصلح Jean de Labadie کا پیرو ۔

Labaria/Labarri/Labarea/Labarria : (n) — شمالی امریکا کا ایک زھریلا سانپ ۔

Labarum : (n) — (۱) قسطنطین اعظم کا شاھی جھنڈا جس پر روما کے فوجی نشانات کے علاوہ مسیحی علامات بھی موجود تھے ۔(۲) علم ؛ نشان ۔

Labba : (n) — گوائنا کا کیبی (ایک کتر نے والا جانور) ۔

Labby : (n) — مونٹے کارلو میں ایک نظام جس میں اس طرح بازی لگائی جاتی ھے کہ ایک بازی جیتنے سے دو ھاری ھوئی بازیوں کا نقصان برابر ھو جاتا ھے ۔

Labdanum : (n) — لادن ؛ سیاہ رال ۔

Labefactation : (n) — تزلزل ؛ ناتوانی ؛ کمزوری ؛ ضعف ؛ زوال ؛ انحطاط ۔

Labefaction : (n) — دیکھو Labefactation

Label : (n) — (۱) کاغذ ، پھٹےکپڑے یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کی نوعیت ، مالک کا نام یا پتا ، نشان وغیرہ بتانے کےلئے لگایا جاتا ھے ؛ لیبل چٹ ؛ چٹی ؛ طبلقی ؛ چٹ ؛ بلاّ ۔ (۲) (مجازاً) (جماعت ، گروہ کا) نام ؛ تسمیہ ۔(۳) چپکنے والا ٹکٹ ۔ (٤) (تعمیرات) چھجا ؛ کگر (پتھر

کی) ۔ (٥) (نقابت) ایک مارکہ جس میں ایک پٹلی پٹی اور تین آویزے ہوتے ہیں ۔

Label : (v) (١) لیبل لگانا ؛ چٹ لگانا ؛ طبلقی لگانا ۔ (٢) کسی گروہ یا زمرے میں شامل کرنا ۔

Labeller : (n) لیبل لگانے والا ، چٹ لگانے والا ۔

Labelloid : (a) شفتہ کی شکل کا ۔

Labellum : (n) (١) (نباتیات) لبہ ؛ گلبرگ زیریں ۔ (٢) (حیوانیات) لب خرطوم ۔

Labia : (n) (١) (حیوانیات) لب ؛ شفتین ۔ (٢) (تشریح) شفتین فرج ۔

Labia cerebri : (n) شفتین دماغ ۔

Labia majora : (n) شفتین کبریٰ ۔

Labia minra : (n) شفتین صغریٰ ۔

Labial : (a) (١) ہونٹوں کا ؛ لبوں کا ؛ لبوں سے متعلق ؛ لبی؛ شفوی ؛ شفہی ۔ (٢) (نباتیات و حیوانیات) لب نما حصہ) ۔ (٣) (صوتیات) (حروف) شفہی (جو ہونٹوں کو بند کرکے یا قریب لا کر ادا کئے جائیں) ۔ (٤) (تشریح) شفتینی ۔

Labial : (n) (١) شفہی آواز ؛ حروف شفہیہ ۔ (٢)شفوی عضو ۔

Labialism : (n) شفہی صوتیت ؛ شفہیت ۔

Labialization :(n) (صوتیات) شفہی بنانا ؛ ہونٹ بند کرکے آواز نکالنے کا عمل ؛ تشفیہ ۔

Labialize : (v) شفہی بنانا ؛ ہونٹوں کو بند کرکے آوازنکالنا ۔

Labiate : (a) (١) (نباتیات) (لب) لبیلا ؛ لب دار ؛ نعناعیہ پودوں سے متعلق ؛ دوبرگہ ؛ شگافتہ ۔ (٢)(تشریح و حیوانیات) لب نما ؛ ہونٹ کے مانند ۔

Labiate : (n) لب دار پودا ۔

Labiated : (a) دیکھو Labiate

Labiatiflorous : (a) لب گلہ ۔

Labidometer : (n) جنین کے سر کی پیمائش کرنے کا آلہ ۔

Labile : (a) (١) (کیمیا) غیر مستقل ؛ ناپائیدار ؛ تغیر پذیر۔ (٢) لغزندہ ؛ خاطی ۔ (٣) (برقیات) رواں ۔

Lability : (n) غیر مستقل ہونا ؛ ناپائیداری ۔

Labio - : (prefix) سابقہ بمعنی "ہونٹوں کا" "لبی" ؛ "شفوی" ۔

Labio-dental : (a) لب دندانی ۔

Labium : (n) (١) (تشریح) لب فرج ؛ شفتہ فرج ۔ (٢) (حیوانیات) شَفَتہ اسفل ؛ لب زیریں ؛ نچلا ہونٹ ۔ (٣) (صدف) اندرونی لب ۔ (٤) (نباتیات) لبہ ؛ لب ۔

Lablab : (n) (نباتیات) لبلاب ۔

Laboratorial : (a) معملی ؛ تجربہ گاہی ۔

Laboratory : (n) (١) مکان جس میں سائنس کے تجربے کئے جاتے ہیں ؛ دارالتجربہ ؛ معمل ؛ تجربہ گاہ ؛ تجربہ خانہ ۔ (٢) آنچ پلٹ بھٹی کا فرش ۔ (٣) لیبارٹری ۔

Laboratory test : (n) معرف تجربہ گاہ ۔

Laborious : (a) (١) محنتی ؛ محنت کش ؛ جفاکش ۔ (٢) پر مشقت ؛ محنت طلب ؛ دشوار ؛ سخت ۔ (٣) (قبالیات) شدید درد زہ کے ساتھ ۔

Laboriously : (adv.) محنت سے ؛ جفاکشی سے ؛ مشقت سے ؛ آورد سے کام لے کر ۔

Laboriousness : (n) محنت کشی ؛ جفا کشی ؛ محنت طلبی ؛ دشواری ؛ عدم سلاست ۔

Labour/Labor : (n) (١) جسمانی یا دماغی محنت ؛ مشقت ۔ (٢) مزدوری ؛ محنت ۔ (٣) مزدور پیشہ جماعت ؛

انجمن مزدوران - (٤) درد زہ ؛ درد وضع حمل -
(٥) مہم ؛ مشکل کام -

A labour of Hercules: مشکل کام ؛
بڑی محنت کا کام ؛ ھفتخوان -

Hardlabour مشقت تعزیری -

Labour / Labor : (v) (١) کوشش یا جدوجہد کرنا - (٢) محنت کرنا - مشقت اٹھانا - (٣) بہ دقت آگے بڑھنا ؛ اٹک اٹک کر چلنا - (٤) تکلیف اٹھانا ؛ زحمت برداشت کرنا ؛ پریشان ہونا - (٥) مبتلا ہونا (غلطی میں) - (٦) (جہاز کا) ہچکولے کھانا ؛ ڈگمگانا ؛ شدت سے ہلنا ڈولنا - (٧) تفصیل بیان کرنا ؛ مفصل بحث یا ذکر کرنا - (٨) درد زہ میں مبتلا ہونا - (٩) کاشت کرنا ؛ جوتنا (زمین) -

Labour / Labor : (a) مشقت کا ؛ محنت کا ؛ انجمن مزدوران سے متعلق -

Labour exchange : (n) محکمہ مزدوران -

Labour market : (n) مزدوری کا بازار ؛ مزدوری طلب و رسد -

Labour of love : (١) مرغوب کام ؛ خوشگوار کام ؛ پسندیدہ کام - (٢) وہ کام جو دوسروں کی خاطر کیا جائے ؛ خوشی کی بیگاری -

Labour-pains : (n) درد زہ -

Labour-party : (n) لیبر پارٹی ؛ مزدور پارٹی ؛ جماعت مزدوران ؛ مزدور جماعت ؛ حزب العمّال -

Labour-yard : قید خانے یا محتاج خانے کا باڑہ جہاں قیدیوں یا محتاجوں سے زبردستی کام لیا جاتا ھے -

Laboured/Labored : (a) پر تکلف ؛ پر آورد ؛ آورد آگیں ؛ آورد کا -

Labourer/Laborer : (n) (١) محنت کرنے والا ؛ مشقت کرنے والا - (٢) مزدور - (٣) کارندہ حشرات -

Labouring /Laboring : (n) محنت کرنا ؛ مشقت -

Labouring / Laboring : (a) (١) مشقتی ؛ مزدوری کرنے والا - (٢) محنت سے آگے بڑھنے والا ؛ رکاوٹوں کے باوجود بڑھنے والا ؛ تکلیف اٹھانے والا - (٣) دھڑکنے والا (دل) - (٤) ہچکولے کھانے والا (جہاز) -

Labouring oar : (n) چپو جسے چلانے کے لئے سخت محنت کی ضرورت ھو -

Labouringly : (adv) جد و جہد کرتے ھوئے ؛ تکلیف اٹھاتے ھوئے -

Labourism : (n) لیبر پارٹی کے اصول یا عقائد -

Labourist / Labourite :(n) مزدور پارٹی کا رکن یا مؤیّد -

Labourless / Laborless : (a) بے محنت ؛ بے مشقت -

Laboursome / Laborsome : (a) (١) محنت طلب ؛ دشوار ؛ سخت ؛ پر مشقت - (٢) (جہاز) ہچکولے کھانے والا -

Laboursomely / Laborsomely : (adv.) پر مشقت طور پر ؛ دشواری سے -

Laboursomeness / Laborsomeness : (n) پرمشقت ھونا ؛ محنت طلب ھونا -

Labrador : (n) برطانوی شمالی امریکا کا ایک بڑا جزیرہ نما علاقہ -

Labrador blue : (n) گہرا نیلا -

Labrador dog : (n) ایک قسم کا کتا -

Labrador duck : (n) شمالی امریکا کی کالی سفید سمندری بط -

Labrador feldspar/- spar/- stone : (n) ایک قسم کا فلسپار جو لیبریڈر میں پایا جاتا ھے -

Labradorite : (n) دیکھو Labrador feldspar

Labral : (a) لب بالا کا یا اس سے متعلق -

Labret : (n) ھڈی یا صدف کا ٹکڑا جو لب پر بطور زیور لگایا جاتا ھے -

Labrum : (n) (١) لب ؛ شفتہ ؛ لب نما عضو -

(۲) (حیوانیات) شفت اعلیٰ ؛ لب بالا ۔
(۳) یک صمامی صدف کا بیرونی لب ۔

Laburnum : (n) شجرۃ النحل ؛ قصاص ؛ ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس میں شوخ زرد رنگ کے پھولوں کے گچھے آتے ھیں ۔

Labyrinth : (n) (۱) پر پیچ عمارت جس میں رھنما کے بغیر راستہ نہ مل سکے ؛ بھول بھلیاں ؛ مُضالّ ؛ مضلّ ۔
(۲) (تشریح) کان کا اندرونی چکر ، قلزون ؛ اُذن ؛ تیّہ ۔ (۳) پیچیدگی ؛ پیچدار ترتیب ۔
(٤) الجھا ھوا معاملہ ؛ گورکھ دھندا ۔
(٥) (فلزیات) خام دھات دانوں کی مٹائی کے لحاظ سے الگ الگ کرنے کے لئے نالیوں کا سلسلہ ۔

Labyrinth : (v) (۱) بھول بھلیاں میں بند کرنا ۔
(۲) پیچ دار ترتیب میں رکھنا ۔

Labyrinth fret : (n) (تعمیرات) پر پیچ منّبت کاری ۔

Labyrinthian / Labyrinthic / Labyrinthine: (a) پر پیچ ؛ پیچیدہ ؛ پیچا پیچ ۔

Labyrinthiform : (a) پر پیچ ؛ پیچیدہ ۔

Labyrinthodon : (n) متحجر بحری جانور جن کے دانتوں کی ساخت پر پیچ ھوتی ھے ؛ معقد الاسنان ؛ پیچ دنتے ؛ تیّہ دندان ۔

Labyrinthodont : (n) دیکھو Labyrinthodon

Labyrinthodont : (a) پر پیچ ساخت کے (دانتوں والے متحجر بحری جانور) ؛ پیچ دنتے سے متعلق ۔

Lac : (n) (۱) لاکھ ؛ لاک ۔ (۲) برتن جس پر لاکھ کا روغن ھو ؛ اک بھرا ھوا برتن ۔ (۳) (نباتیات) لاک ؛ وارنشی رس ۔

Lac / Lakh : (n) لاکھ ؛ صد ھزار ۔

Lac-cochineal : (n) وہ کیڑا جس سے لاکھ پیدا ھوتی ھے ۔

Lac-dye : (n) ایک قسم کا قرمزی رنگ جو ھندوستان میں لاکھ سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Lac-lake : (n) ایک قسم کا قرمزی رنگ جو لاکھ سے حاصل ھوتا ھے ۔

Laccic acid : (n) لاکھ کا ترشہ ۔

Laccin : (n) لاکھ کا رنگ ۔

Laccolite / Lacolith : (n) قبہ لاوی ؛ ایک قسم کا آتش فشاں پتھر ۔

Lace : (n) (۱) ڈوری ؛ فیتہ ؛ تسمہ ؛ بند ۔ (۲) کلابتو کا حاشیہ ؛ قیطون ؛ لیس ؛ جھالر ۔ (۳) لیس کا کپڑا (سادہ یا زر کا) ۔ (٤) کافی میں تھوڑی شراب کی آمیزش ۔

Lace : (v) (۱) (جوتے وغیرہ کے) فیتے یا تسمے باندھنا ۔ (۲) محرم کی ڈوریاں کھینچ کر کمر کسنا ۔ (۳) کمر کو کس کر تنگ کرنا ۔ (٤) لیس بنانا ؛ کلابتو ، زربفت وغیرہ کا کام کرنا ؛ (کپڑے پر) جھالر لگانا ؛ قیطون لگانا ۔ (٥) ڈوری وغیرہ پرونا ، ڈالنا ۔ (٦) (پھول میں) رنگ برنگ کی دھاریاں ڈالنا ۔ (۷) چابک ، کوڑے یا درّے لگانا ؛ تازیانہ مارنا ؛ پیٹنا ؛ زک دینا ؛ شکست دینا ۔ (۸) مشروبات میں روح شراب وغیرہ ملاکر ان کو تیز کرنا یا چاشنی دینا ؛ (۹) حملہ کرنا ۔ (۱۰) لیس سے باندھنا ۔

To lace in : کمر کو کس کر باندھنا ۔

Lace-bark / Lace-ree : (n) جزائر الغرب الھند کی ایک جھاڑی ۔

Lace -glass : (n) شیشہ جس میں جالی کٹی ھو ۔

Lace-piece : (n) لکڑی کے جہاز کا وہ حصہ جو پھالی سے اوپر ماتھے کی پشت پر ھوتا ھے ۔

Lace-pillow : (n) گدی جو لیس بنانے والے گھٹنوں پر رکھتے ھیں ۔

Lace-woman : (n) لیس کا کام کرنے والی ؛ لیس فروخت کرنے والی ۔

Laced : (a) فیتہ یا تسمہ لگا ھوا ؛ لیس بنا ھوا ؛ جھالردار ؛ دھاری دار ۔

Lacedaemonian : (a) (۱) اسپارٹا یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔ (۲) اختصار پسندی (تقریر) ۔

Lacedaemonian: (n) اسپارٹا کا باشندہ۔

Lacerability : (n) جراحت پذیری۔

Lacerable : (a) جراحت پذیر۔

Lacerate / Lacerated : (a) (۱) مجروح ؛ پاش پاش ؛ خستہ جگر۔ (۲) (نباتیات و حیوانیات) دریدہ۔

Lacerate : (v) (۱) چیرنا ؛ پھاڑنا ؛ تکا بوٹی کرنا۔ (۲) (دل کو) پاش پاش کردینا ؛ (کلیجہ) چھلنی کردینا ؛ (احساسات کو) مجروح کردینا ؛ سخت صدمہ پہنچانا ؛ اذیّت دینا۔

Lacerately : (adv.) مجروح کرتے ہوئے ؛ پاش پاش کرکے ؛ صدمہ پہنچاکر۔

Laceration : (n) (۱) چیر پھاڑ۔ (۲) جراحت ؛ خستہ جگری ؛ دل آزاری ؛ ایذا رسانی۔ (۳) (طب) زخم۔ (٤)(نباتیات) دریدہ ہونا۔

Lacertian/Lacertine : (n) چھپکلی کا ؛ چھپکلی سا ؛ چھپکلی نما۔

Lacertian : (n) چھپکلی۔

Lacertilian : (a) چھپکلیوں سے متعلق ، سوسماراں سے متعلق ؛ کرلیاں سے متعلق۔

Lacertilian : (n) چھپکلیاں ؛ سوسماراں ؛ کرلیاں۔

Lacery : (n) لیس کی طرح کا کام۔

Lacet : (n) کلابتو کا کام۔

Laches : (n) (۱) (قانون) عدم تعمیل ؛ عدم پیروی ؛ دعوے یا مطالبے میں غفلت۔ (۲) غفلت مستلزم سزا ؛ غفلت مجرمانہ۔

Lachesis : (n) امریکا کے زہریلے سانپوں کی ایک جنس۔

Lachryma Christi : (n) جنوبی اٹلی کی نہایت تیز و شیریں سرخ شراب۔

Lachrymal : (a) (۱) آنسوؤں کا ؛ آنسوؤں سے متعلق ؛ دمعی ؛ سرشکی ؛ اشکی۔ (۲) دمعی اعضا سے متعلق۔

Lachrymal : (n) (۱) دمعی اعضا ؛ دمعی غدود ؛ نالی ، شیریان وغیرہ ؛ اشکی اعضا۔ (۲) دمعی ھڈی ؛ آنسوؤں کی ھڈی ؛ المظفری۔ (۳) اشکی دورے (جمع میں)۔ (٤) اشک داں ؛ وہ برتن جس میں آنسو جمع کئے جاتے ھیں۔

Lachrymary : (a & n) (۱) آنسوؤں کا ؛ دمعی۔ (۲) محرک اشک فشانی ؛ موجب اشک باری ؛ رقت خیز ؛ اشک خیز ؛ اشک آور۔

Lachrymation : (n) آنسو بہنا ؛ اشک فشانی ؛ اشک ریزی ؛ اشک باری ؛ دمعیت۔

Lachrymator : (n) آنسو گیس ؛ اشک آورگیس۔

Lachrymatory : (a) دیکھو Lachrymery

Lachrymatory : (n) (۱) اشک دان ؛ آنسو جمع کرنے کا برتن۔

Lachrymist : (n) رونے والا ؛ آنسو بہانے والا۔

Lachrymose/Lachrymous : (a) (۱) اشک آلود ؛ آب دیدہ ؛ اشک ریز۔ (۲) آنسو بہانے والا ؛ بات بات پر رونے والا۔

Lachrymosely : (adv.) آنسو بہاتے ہوئے۔

Lacing : (n) (۱) فیتہ باندھنا ؛ جھالر لگانا۔ (۲) لیس ؛ جھالر۔ (۳) لیس کا کپڑا۔ (٤) زریفت ؛ کلابتوں وغیرہ کا کام۔ (٥) پھول کی پنکھڑیوں پر رنگین حاشیہ۔ (٦) زدو کوب کرنا ؛ مارنا۔ (۷) مشروبات میں شراب کی آمیزش۔(۸) (پل سازی) پٹریوں کی ایک ترتیب جو آڑواڑکے دو خطوط کو اس طرح ملاتی ھے کہ دونوں ایک ھوکر کام کرنے لگتے ھیں۔ (۹) (تعمیرات) شہتیریں جو بلیوں کے اوپر چھت کو محفوظ رکھنے کے لئے لگائی جاتی ھیں۔

Lacinia : (n) (۱) (حیوانیات) راس فك ؛ نوك دندان۔ (۲) (نباتیات) قاش۔

Laciniate/Laciniated : (a) (۱) (نباتیات) قاش دار ؛ دریدہ۔ (۲) حیوانیات) دندانے دار ؛ جھالر دار۔

Laciniation : (n) دندانے یا جھالر بنانا ۔

Laciniolate : (a) (نباتیات) قاشك دار (جس میں چھوٹی قاشیں ھوں) ۔

Lacinula : (n) قاشك ۔

Lacis : (n) جالی ؛ جال ؛ جالی دار لیس ۔

Lack : (n) (۱) کمی ؛ قلت ؛ کوتاھی ؛ محتاجی ؛ نه ھونا ۔ (۲) افلاس ؛ ناداری ؛ قحط ؛ فاقه ۔

For (by/from/through)lack of : کمی کی وجه سے ؛ کمی سے ۔

No lack (of) : کافی ؛ افراط ؛ کثرت ۔

Lack : (v) (۱) کمی ھونا ؛ محتاج ھونا ؛ نه دکھنا ؛ خالی ھونا ۔ (۲) ضرورت مند ھونا ؛ حاجت مند ھونا ۔

Lack-all : (n) ھر چیز کا حاجت مند ۔

Lack-latin : (a) لاطینی زبان نه جاننے والا ؛ غیر عالم ؛ جاھل ۔

Lack-lustre : (a) بے نور ؛ بے چمك ؛ دھندلا ؛ بے آب ؛ ماند ؛ بے رونق ۔

Lack-wit : (n) بیوقوف ۔

Lackadaisical : (a) ناتوانی کا اظہار کرنے والا؛ مصنوعی نزاکت کا ؛ بناوٹ کا ؛ نازدار ؛ باعشوہ ؛ ناز و انداز کا ؛ نخرے کا ؛ رقت آگیں ؛ بندہ* جذبات ؛ جذباتی ۔

Lackadaisically : (adv.) ناتوانی کا اظہار کرتے ھوئے ؛ مصنوعی نزاکت سے ؛ نخرے سے ؛ ناز وانداز سے ۔

Lackadaisicalness : (n) مصنوعی نزاکت ؛ اظہار ناتوانی ؛ بناوٹ ؛ ناز و انداز ؛ رقت طاری ھونے کی حالت ؛ جذبات سےبہت جلد متاثر ھوجانا ۔

Lackadaisy : (interj.) افسوس ؛ آہ ؛ دریغا ؛ واحسرتا ۔

Lackadaisy : (a) دیکھو Lackadaisical

Lacker : (۱) سنہرا روغن جو چپڑا لاکھ کو اسپرٹ میں حل کرکے تیار کیا جاتا اور پیتل وغیرہ پر لگایا جاتا ھے ؛ بیروزہ دار روغن جو لکڑی وغیرہ پر لگایا جاتا ھے اور بہت محنت سے مجلا کیا جاتا ھے ؛ لاکھ روغن ؛ لاکھ وارنش ۔(۲) اشیا جن پر لاکھ وارنش لگایا گیا ھو ۔ (۳) جاپانی لاکھ وارنش ۔ (٤) بالوں میں لگانے کا ایك مسالا ۔

Lackey / Lacquey : (n) (۱) (عموما وردی پوش) ھرکارہ ؛ خدمت گار؛ خادم ؛ شاگرد پیشه ؛ ٹھلوا ۔ (۲) خوشامدی آدمی ؛ خوشامد خورا ؛ طفیلی ؛ کاسه لیس ۔

Lackey / Lacquey : (v) دربار داری کرنا ؛ جوتے اٹھانا ؛ خوشامد کرنا ؛ کاسه لیسی کرنا ۔

Lackey caterpillar : (n) ریشم کے کیڑے کا بھوا ۔

Lackey-moth : (n) ریشم کا کیڑا ۔

Lackland : (n) وہ شخص جس کے پاس املاك یا اراضی نه ھو بے ملك ؛ بے زمین ۔

Lackland : (a) بے زمین ؛ بے املاك ۔

Lacmus : (n) ایك نیلا رنگ جو کائما نباتات سے حاصل کیا ھے ؛ لٹمس ۔

Laconian : (a) لیکونیا (اسپارٹا) یا وھاں کے باشندوں سے متعلق ۔

Laconian : (n) لیکونیا کا باشندہ ۔

Laconic : (a) (۱) لیکونیا یا وھاں کے باشندوں سے متعلق ۔ (۲) لیکونیا کے باشندوں کی طرح ۔ (۳) مختصر ۔ (٤) مختصر اور پر مغز ؛ نپا تلا ؛ قل و دل ۔ (٥) اختصار پسند ۔

Laconic : (n) (۱) مختصر اور پر مغز گفتگو یا تحریر ۔ (۲) (جمع) مختصر جملے ۔

Laconically : (adv.) ایجاز سے ؛ اختصار سے ؛ مختصر اور پر مغز انداز میں ۔

Laconicism : (n) ما قلّ ودلّ ؛ مختصر بات ۔

Laconism : (n) (۱) (تقریر کا) اختصار ؛ ایجاز ۔ (۲) مختصر اور پر معنی کلام ۔

Laconize : (v) (۱) اسپارٹا کے لوگوں اور ان کے رسم و رواج کی حمایت کرنا ۔ (۲) مختصر بنانا ۔

Lacquer/Lacker : (n) دیکھو Lacker

Lacquer / Lacker : (v) (۱) لاکھ وارنش یا روغن لگانا یا چپڑنا ۔ (۲) ملمع کاری کرنا ؛ ظاهری رنگ و روغن پھیرنا۔

Lacquer-ware : (n) بیروزہ دار روغن لگائی ہوئی چوبی اشیا ۔

Lacquer-work : (n) (۱) لاکھ روغن لگاکر اشیا کی بناوٹ ۔ (۲) بیروزہ دار روغن لگی ہوئی چوبی اشیا ۔

Lacquerer / Lackerer : (n) لاکھ وارنش کرنےوالا ۔

Lacquey : دیکھو Lackey

Lacrim / Lacrym : اشکبار ؛ اشک آلود ؛ پر اشک ۔

Lacrosse : (n) شمالی امریکا کا ہاکی کے مانند ایک کھیل ۔

Lactalbumine : (n) شیری البومن ۔

Lactate : (n) نمک شیری تیزاب ؛ دودھ کے تیزاب کا نمک ۔

Lactation : (n) (۱) دودھ پلانا ؛ رضاعت ۔ (۲) (حیوانات کے جسم میں) دودھ کی پیدائش ؛ شیر آوری ۔ (۳) شیر آوری کی مدت ۔

Lacteal / Lactean : (a) (۱) دودھ کا ؛ متعلق به شیر ؛ دودھیا ؛ لبنی ؛ دودھ سا ؛ شیر نما ؛ کیلوس دار ؛ شیری ۔ (۲)(تشریح) کیلوسی ؛ جس سے دودھ گزرتا ہے ۔

Lacteal : (n) (جمع) عروق امعاء جن میں سے کیلوس گزرتا ہے ؛ حجرائے کیلوس ؛ عروق کیلوس ؛ عروق لبنه ؛ رگ کیلوس ۔

Lacteally : (adv.) دودھ کی طرح ۔

Lacteous : (a) (۱) شیری؛ دودھیا ۔ (۲) شیر نما (خصوصاً رنگ میں) ۔

Lacteously : (adv.) دودھ کی طرح ۔

Lactescence : (a) (۱) دودھیاپن ؛ شیر نمائی ؛ شیریت ۔ (۲) (نباتیات) شیرہ دہی ؛ شیرنما عرق ۔

Lactescent : (a) (۱) شیری ؛ دودھیا ۔ (۲) (نباتیات) شیرہ دار ۔ (۳) شیر دار ؛ کیلوس دار ۔

Lactic : (a) (کیمیا) شیری ؛ دودھ کا ۔

Lactic acid : (n) لبنی ترشه (جو کھٹے دودھ میں پیدا ہو جاتا ہے) ؛ شیری تیزاب (CH 3CH (OH) COOH (C3 H6 O3) ؛ دودھ کا تیزاب ۔

Lactiferous : (a) (۱) دودھ یا دودھ کا سا عرق پیدا کرنے والا ؛ شیر آور ؛ شیرزا ؛ شیر دار ۔ (۲) (نباتیات) شیرہ دار ؛ نسیغ دار ؛ کیلوس دار ۔

Lactific : (a) شیرزا ۔

Lactifluous : (a) جوئے شیر سا ۔

Lactivorous : (a) شیر خور ۔

Lacto - : (prefix) سابقه به معنی "دودھ" ۔

Lactochrome/ Lactoflavin : (n) وٹامن "ب" ؛ حیاتین "ب" ۔

Lactogen : (n) شیرزا ہارمون ۔

Lactogenic : (a) شیرزا ۔

Lactogenic harmone : (n) دیکھو Lactogen

Lactometer : (n) شیر پیما ؛ مقیاس اللبن ؛ دودھ کسوٹی ؛ آله جس سے دودھ کے خالص ہونے کی جانچ کی جاتی ہے ۔

Lactoprotein : (n) دودھ کا البومنی جز۔

Lactoscope : (n) شیر بیں ۔

Lactose : (n) شکر شیر ؛ قند شیر ؛ لکٹوس ؛ ایک قسم کی شکر جو دودھ میں پائی جاتی ہے ؛ لبنی شکر ۔

Lacuna : (n) (۱) خلو ؛ خلل ؛ رخنه ؛ چھوٹی ہوئی جگه ؛ خالی جگه ۔ (۲) (تشریح) جوف ؛ قعر ؛ گڑھا (ہڈی یا اعصاب میں)۔ (۳) (نباتیات) ہوا خلیه ۔

Lacunal : (a) رخنے کا ؛ جوف کا ؛ رخنہ دار ؛ جوف دار ؛ مقعر۔

Lacunar : (a) جوف سے متعلق ؛ رخنہ دار ؛ جوف دار ۔

Lacunar : (n) (۱) جوف دار سقف ۔ (۲) (جمع) جوف دار دلاً ۔

Lacunary : (a) دیکھو Lacunal/ Lacunar

Lacune : دیکھو Lacuna

Lacunose : (a) (نباتیات وحیوانیات) جوف دار ؛ جوفی ۔

Lacustrine : (a) جھیل کا ؛ جھیل سے متعلق ؛ جھیل میں پیدا ہونے یا رہنے والا ؛ غدیری ؛ تالابی ؛ جھیل باش ؛ غدیر باش ۔

Lacustrine age/-period : (n) عصر غدیری ؛ تالابی جگ ؛ تال جگ ؛ وہ زمانہ جب لوگ جھیلوں میں بود وباش رکھتے تھے ۔

Lacy / Lacey : (a) فیتہ دار ؛ لیس دار ؛ جھالر دار ۔

Lad : (n) (۱) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ؛ امرد ؛ طفل ۔ (۲) شخص ؛ آدمی ۔ (۳) معشوق ؛ عاشق ۔

Ladanum : (n) دیکھو Labdanum

Ladder : (n) (۱) سیڑھی ؛ زینہ ؛ نردبان ؛ مرقات ۔ (۲) جراب وغیرہ میں کھڑا رخنہ ؛ موزے کا کھڑا تار نکل جانا ۔ (۳) (مجازاً) دنیاوی ترقی ؛ حصول مقصد کا ذریعہ ؛ وسیلۂ ترقی ۔ (٤) سیڑھی جیسی چیز ۔

Car-ladder : مال ڈھونے کی صلاحیت بڑھانے کے لئے گاڑی میں لگی سیڑھی ۔

To kick down the ladder : جس شخص کے یا چیز کے ذریعہ آدمی ترقی کرے اس سے بیوفائی کرنا ؛ جس سیڑھی سے چڑھنا اسے لات مارنا ۔

Ladder : (v) (۱) زینہ فراہم کرنا ۔ (۲) (موزہ کا) کھڑا تار نکل جانا ۔ (۳) زمین پر دندانہ دار سراون پھیرنا ۔ (٤) بتدریج ترقی کرنا ۔

Ladder-dredge : (n) پانی کے اندر سے کیچڑ یا ریت کھودکر نکالنے کا آلہ (جس کے ساتھ سیڑھی کی شکل کی زنجیر لگی ہوتی ہے اور زنجیر پر ڈول بندھے ہوئے ہوتے ہیں) ؛ کیچ رہٹ ۔

Ladder-shell : (n) حلزونی صدفہ ۔

Ladder-way : (n) وہ راستہ جدھر سے سیڑھی کے ذریعہ چڑھا یا اترا جاتا ہے ۔

Laddie : (n) (پیار کا طرز تخاطب) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ۔

Lade : (v) (۱)لادنا ؛ بوجھ رکھنا ؛ جہاز پر مال چڑھانا؛ اسباب بھرنا ؛ بار کرنا ۔ (۲) (گناہ وغیرہ سے) دبا ہوا ہونا ۔ (۳) پانی نکالنا ؛ کفچے وغیرہ سے پانی نکالنا ؛ (جہاز وغیرہ سے) پانی نکال کر خالی کرنا ۔

Lade : (n) (۱) چکی دھارا ؛ پانی کی وہ دھار جو چکی کے پٹے کو چلاتی ہے ۔ (۲) نہر ؛ ندی کا دہانہ ؛ نالا ؛ چشمہ ۔

Laden : (a) (۱) لدا ہوا (جانور ، درخت) ؛ لدی ہوئی (گاڑی ، ٹہنی) ۔ (۲) (گناہ کے بوجھ سے) گراں بار ؛ دبا ہوا ۔

Lader : (n) (جہاز پر) مال لانے والا ۔

Ladies gallery : (n) دارالعوام میں عورتوں کی گیلری ۔

Ladies man : (n) زن پسند ؛ عورتوں کی سوسائٹی میں رہنے والا مرد ۔

Ladies school : (n) عورتوں کا اسکول ؛ زنانہ مدرسہ ۔

Ladify : (v) (۱) بیگم یا خاتون بنانا ۔ (۲) بیگم یا خاتون کہہ کر خطاب کرنا ۔

Ladin : (n) ایک قسم کی رومی بولی جو جنوب مشرقی سوئستان (سوئزرلینڈ) کے بعض حصوں اور ٹرول میں بولی جاتی ہے ۔

Lading : (n) (۱) بوجھ ؛ بار ؛ اسباب ؛ مال ۔ (۲) جہاز پر مال واسباب کی چڑھائی ۔

Bill of lading : بار نامہ ؛ جہاز کے مال کی بلٹی۔

Ladle : (n) (۱) پلی ؛ ڈوئی ؛ بڑا چمچا ؛ کرچھل (۲) (بندوق سازی) بارود بھرنے کا آلہ ۔ (۳) (دھات کی ڈھلائی اور شیشہ سازی) دستہ دار برتن (پگھلی ہوئی دھات یا شیشہ رکھنے کے لئے) ۔ (٤) پن چرخی کا تختہ ۔

Ladle : (v) پلی سے نکالنا ۔ (۲) پن چکی میں تختہ لگانا ۔

Ladle-board : (n) پن چکی کا تختہ ۔

Ladleful : (n) پلی بھر ؛ ڈوئی بھر ۔

Ladler : (n) پلی سے نکالنے والا ۔

Ladrone : (n) (۱) چور ؛ قزاق ؛ ڈاکو ۔ (۲) بدمعاش ؛ پاجی ۔

Lad 's-love : (n) (نباتیات) قیصوم ؛ شیبہ ۔

Lady : (n) (۱) فرماں روا عورت ؛ ملکہ ؛ رانی ۔ (۲) معشوقہ ؛ محبوبہ ۔ (۳) حضرت مریم ؛ عذرا ۔ (٤) خاتون ؛ بیگم ؛ خانم ؛ بی بی (یعنی اونچے گھرانے کی عورت) ۔ (٥) خاتون (تعظیماً ہر عورت کےلئے صیغہ واحد میں صرف نظم میں بطور خطابات یا عامیانہ ، لیکن جمع میں مخاطبت کی عام شکل) ؛ معزز خادمہ ۔ (٦) لیڈی جو مارشینس ، کاؤنٹس ، وائی کاونٹس اور بیرونس کے نام یا ڈیوک مارکوئس اور ارل کی بیٹی کے مسیحی نام یا رسمی خطاب والے کی بی بی کے مسیحی نام یا بیرونٹ اورنائٹ کی بی بی کے لئے اس کے شوہر کے خاندانی نام کے پہلے استعمال کیا جاتا ہے ، نیز مرکب خطابات میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ (۷) بیوی ؛ زوجہ ۔ (۸) (جانور کی) مادہ ۔ (۹) ایک قسم کی تتلی ۔ (۱۰) جھینگا مچھلی کے پیٹ کی چنیلی ساخت (جو بیٹھی ہوئی عورت کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے) ۔ (۱۱) (ویلس میں بننے والی) سب سے چھوٹی چھت سلیٹ ۔ (۱۲) عورت کا بیت الخلا ۔

Lady altar : (n) معبد عذرا کی قربان گاہ ۔

Lady-bird : (n) بادامی رنگ کا بھونرا جس پر سیاہ چتیاں ہوتی ہیں ۔

Lady bracken : (n) ایک قسم کا فرن ؛ کرف ۔

Lady-chair : (n) زخمیوں وغیرہ کے لئے ڈولی جو دو آدمیوں کے ایک دوسرے کا ہاتھ چلیپادار پکڑنے سے بنتی ہے ؛ قینچی ۔

Lady chapel : (n) بڑے گرجا کا معبد جو حضرت مریم کے نام سے منسوب ہوتا ہے ؛ معبد عذرا ۔

Lady-clok / -cow : (n) دیکھو Lady-bird

Lady-day : (n) عید البشارت (۲٥/ مارچ) یوم عذرا ۔

Lady-eve/ -even : (n) یوم عذرا سے پہلے کا دن ۔

Lady-fern :(n) اونچا اور پتلا فرن ۔

Lady-fish : (n) مچھلیوں کی جنسوں کا نام ۔

Lady-help : (n) گھریلو خادمہ جسے خاتون کی حیثیت حاصل ہو ۔

Lady-in-waiting / Lady-of-the bedchamber : (n) ملکہ انگلستان کی محل دار یا مصاحبہ ۔

Lady-killer : (n) (مزاحاً) عورتوں کا دل موہ لینے میں سرگرداں؛ کنہیّا ۔

Lady-kin : (n) چھوٹی خاتون ۔

Lady-kind : (n) خواتین ؛ بیگمات ۔

Lady-like (a) (۱) بیگموں کے عادات واطوار والی ؛ خاتون صفت ؛ بیگمانہ ۔ (۲) زنانہ ؛ زن صفت ؛ زن مزاج ۔ (۳) بیگموں کے شایاں ؛ بیگماتی ۔

Lady-likeness : (n) خاتون صفت ہونا ؛ زنانہ پن ؛ زن مزاج ہونا ۔

Lady-love : (n) (۱) معشوقہ ؛ محبوبہ ۔ (۲) خواتین سے محبت ۔

Lady mayoress : (n) صدر بلدیہ کی بیوی ۔

Lady of easy virtue : (n) طوائف ؛ بیسوا ؛ چھنال ۔

Lady of pleasure : (n) طوائف ؛ بیسوا ۔

Lady of the evening : (n) طوائف ؛ بیسوا ۔

Lady of the lake : آرتھر کی روایت میں ایک شخصیت کا خطاب ۔

Lady's bedstraw : (n) علف ماست ؛ پال ۔

Lady's bower : (n) (نباتیات) تلسی بیل ؛ لتا ۔

Lady's cushion : (n) (نباتیات) پہاڑی کائی نما پودا ؛ گچھےدار پودا ۔

Lady's delight : (n) بنفشہ ۔

Lady's finger/Lady-finger : (n) (۱) ایک قسم کا کیک ۔ (۲) (آسٹریلیا کا) ایک قسم کا انگور ۔ (۳) کیلا ۔ (٤) آلو کی ایک ایک قسم ۔ (٥) ایک قسم کا جھینگا (٦) سیب کی ایک قسم ۔ (۷) بھنڈی ؛ بامیہ ۔

Lady's glove : (n) کف الثعلب ؛ گل پنجہ٫ علی ؛ زھر الکشابتین ۔

Lady's hair : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Lady's lace : (n) گھاس ؛ ایک قسم کی گھاس جس پر رنگ برنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Lady's mantle : (n) ایک گلاب نما پودا ۔

Lady's slipper / Ladies slipper : (n) پاپوش گل ۔

Lady's smock/Ladies smock: (n) رشاد (ایک قسم کا پھول) ؛ ایک قسم کا پودا جس کے سفید یا قرمزی پھول ہوتے ہیں ۔

Lady's thigh : (n) ناشپاتی کی ایک قسم ۔

Lady's thimble : (n) (۱) کف الثعلب ؛ گل پنجہ٫ علی ۔ (۲) خرگوشک ؛ جنگلی سنبل ۔

Lady's trace/ -tresse : ایک قسم کا آرقید ؛ گانٹھ دار پودا ۔

Ladyfy : (v) دیکھو Ladify

Ladyhood : (n) (۱) خاتون یا بیگم ہونا ؛ شریف عورتوں کے اطوار و خصائل ؛ شرافت ۔ (۲) خواتین ۔

Ladyship : (n) (۱) خاتون ہونا ، بیگم ہونا ۔ (۲) خطاب یافتہ خاتون کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) وہ ضلع جو خاتون کے انتظام میں ہو ۔

Laen : (n) کلیسا کے لئے وقف کی ہوئی جاگیر ۔

Laen-land : (n) کلیسا کے لئے وقف کی ہوئی زمین ۔

Laen-right : (n) حق جاگیر ۔

Laeotropic : (a) (حیوانیات) چپ رخہ ۔

Laet : (n) آزاد اور غلام کی درمیانی حیثیت کا آدمی ۔

Laevo-/ levo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "گردش چپ کا" "گردش یساری کا" ۔

Laevo-compound : (n) چپ گرداں مرکّب ۔

Laevo-glucose : (n) (کیمیا) ایک قسم کے پھل کی شکر جو چپ گرداں ہوتی ہے ؛ چپ گرداں شکر ؛ قند میوہ ۔

Laevo-gyrate /-gyrous : (a) مقطب نور کی سطح کو بائیں جانب گردش میں لانے والی ؛ چپ گرداں ۔

Laevo-rotatin : (n) چپ گردش ۔

Laevulin / Levulin : (n) نشاستین سے مشابہ ایک مادہ جو بعض درختوں کی جڑوں سے حاصل کیاجاتا ہے ۔

Laevulosane : (n) Laevulose کو گرم کرنے والا مادہ ۔

Laevulose / Levulose : (n) دیکھو Laevo-glucose

Lafayette : (n) شمالی امریکا کی مچھلی کی ایک قسم ۔

Lag : (n) (۱) تاخیر ؛ پس ماندگی ۔ (۲) (طبیعیات) برقی رو یا حرکت کا بابطاء ؛ تاخر ۔

Lag : (n) بوئلر (گرم آبہ) وغیرہ کا غیر موصل ڈھکنا ؛ کسی غیر موصل چیز کا ٹکڑا یا پٹی ۔

Lag : (n) (۱) سزا یافتہ ؛ قیدی ؛ مجرم ۔ (۲) حبس دوام کی مدت ؛ مدت قید ۔

Lag : (n) لبا ، تنگ اور دلدلی مرغزار ۔

Lag : (n) (۱) بہت آہستہ چلنا ؛ پیچھے رہ جانا ؛ دھیرے دھیرے حرکت کرنا ۔

Lag : (v) (۱) قید ، گرفتار ، محبوس ، اسیر یا ماخوذ کرنا ۔ (۲) پکڑنا ؛ قید محض کی سزا دینا ؛ کالے پانی بھیجنا ۔

Lag : (v) غیر موصل پٹیاں لگانا ۔

Lag-last : (n) پیچھے رہ جانے والا ۔

Lag of the tide : (n) تاخیر مدوجزر ؛ مدوجزر کی وہ تاخیر جو اوسط وقت کے لحاظ سے چاند کے ربع اول وثالث میں واقع ہوتی ہے ۔

Lag-screw : (n) چوڑے سر والا پیچ جس سے غیر موصل پٹی لگائی جاتی ہے ۔

Lagan : (n) (قانون) غرق شدہ اشیا جو سمندر کی تہ میں پڑی ہوں ؛ غرق شدہ مال ؛ تہ آب سامان ۔

Lagenian : (a) (حیوانیات) لگینا کی جنس کا یا اس کی طرح ۔

Lageniform : (a) (نباتیات وحیوانیات) صراحی نما ۔

Lager beer : (n) ایک قسم کی ہلکی بیئر یا بوزہ ۔

Laggard : (a & n) وہ شخص یا شے جو پیچھے رہ جائے ؛ سست رفتار ؛ پھسڈی ۔

Laggardly : (adv.) سست رفتاری سے ۔

Laggardness : (n) سست رفتاری ۔

Lagger : (n) آہستہ چلنے والا ؛ سست رفتار ؛ دھیما ۔

Lagger : (n) حبس دوام کی سزا پانے والا ؛ قیدی ؛ سزا یافتہ ۔

Lagging : (n) غیر موصل پٹی ؛ منڈھائی ؛ (تعمیرات) بدّے ۔

Lagging : (a) سست رفتار ؛ دھیما ؛ پیچھے رہ جانے والا ۔

Laggingly : (adv.) سست رفتاری سے ۔

Lagomorph : (n) کترنے والے جانوروں کی ایک جماعت جس میں خرگوش بھی شامل ہے ۔

Lagomorphic : (a) کترنے والے جانوروں کی ایک جماعت سے متعلق ۔

Lagoon : (n) (۱) ساحلی جھیل ؛ کھرے پانی کا قطعہ جسے ریت کا نیچا کراڑا سمندر سے جدا کرتا ہو ؛ مرداب ۔ (۲) مرجانی جھیل ؛ مرجانیہ ؛ جھیل جو مونگے کے ٹیلوں سے گھری ہو ۔

Lagoon-island : (n) مرجانی جھیل ؛ مرجانیہ ۔

Lagophthalmic : (a) چشم خرگوشی میں مبتلا یا اس کے متعلق ۔

Lagophthalmus / Lagophthalmia : (n) (طب) چشم خرگوشی ؛ عین خرگوشی ۔

Laguna : (n) جھیل ؛ ساحلی جھیل ؛ تالاب ۔

Lagune : (n) دیکھو Lagoon

Lahar : (n) کیچڑ جس میں بہت زیادہ آتش فشانی مادہ ہوتا ہے ۔

Laic/-al : (a) غیر کلیسائی ؛ جو پادری نہ ہو ؛ دنیوی ؛ گرہستی ؛ غیر ماہرانہ ۔

Laic : (n) (کلیسا کے) باہر کا آدمی ؛ غیر عالم دین ؛ دنیا دار ؛ عامی ؛ غیر ماہر (کسی فن خصوصاً قانون یا طب کا) ۔

Laicality : (n) غیر ماہر ہونا ۔

Laically : (adv.) دنیا دارانہ ؛ عامیانہ ؛ غیر ماہرانہ ۔

Laicization : (n) غیر کلیسائی یا دنیاوی بنانا ۔

Laicize / Laicise : (v) (۱) غیر کلیسائی یا دنیاوی بنانا ؛ عوام یا دنیاداروں کے سپرد کرنا (مدرسے کا انتظام) ؛ دنیاداروں یا غیر ماہروں کے تقرر کی اجازت دینا (کسی عہدے پر) ۔

Laicizer : (n) غیر کلیسائی یا دنیاوی بنانے والا ۔

Laid paper : (n) دھاری دار کاغذ ۔

Laidly : (a) ہیبت ناک ؛ ڈراؤنا ؛ مکروہ۔

Laigh : (a) نیچا ؛ چھوٹا ؛ پست ؛ نشیب میں ؛ نشیبی ؛ ادنیٰ ؛ نیچ ؛ کم رتبہ ؛ کمتر کمینہ ؛ ذلیل۔

Laigh : (adv.) نیچے رتبے میں ؛ گری ہوئی حالت میں ؛ پست حالت میں ؛ ذلیل حالت میں ؛ نیچے سُر میں ؛ دھیمے؛ آہستہ۔

Laigh : (n) وادی ؛ درّہ۔

Lain : دروغ ؛ جھوٹ ؛ کذب ؛ دھوکا ؛ ریا ؛ فریب۔

Lain : (n) (۱) جانوروں کے لیٹنے یا آرام کرنے کی جگہ ؛ باڑہ ؛ کھرک (وہ چیز جس میں جانوروں کو بازار لے جاتے وقت بند کرتے ہیں)۔ (۲) جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ ؛ بھٹ ؛ ماند۔ (۳) قبر ؛ مزار۔ (٤) بستر ؛ پلنگڑی ؛ کوچ۔ (٥) (زراعت) مٹی کی قسم۔ (٦) چھپنے کی جگہ ، کمین گاہ۔

Lair : (v) باڑے میں جانا ؛ آرام کرنا یا بند کرنا ؛ ماند ، بھٹ میں جانا ؛ آرام کرنا۔

Lair : (n) علم ؛ معلومات ؛ ہدایات کے ذریعے حصول علم۔

Lair :(n) کیچڑ ؛ میل کچیل ؛ بھربھری مٹی۔

Lairage : (n) جانوروں کو باندھنے کا محصول۔

Laird : (n) اسکا چستان کا زمیندار یا تعلقہ دار۔

Lairdship : (n) زمینداری یا تعلقہ داری۔

Laissez-aller / Laisser-aller : (n) کامل آزادی ؛ مطلق العنانی ؛ بے قیدی۔

Laissez-faire / Laisser-faire : (n) سرکار کے انفرادی اعمال خصوصاً تجارت میں دخل دینےسے احتراز ؛ عدم مداخلت۔

Laissez-faireism : (n) عدم مداخلت کا نظریہ۔

Laissez-passer : (n) اجازت نامہ ؛ پروانہ ؛ پاس ؛ اجازت نامہ عبور۔

Lait : (v) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا۔

Laity : (n) (۱) غیر کلیسائیت ؛ دنیویت ؛ گرہست ؛ دنیاداری۔ (۲) دنیا دار لوگ ؛ غیر کلیسائی جماعت ؛ عوام ؛ غیر پیشہ ور لوگ ؛ غیر اہل فن ؛ غیر ماہرین۔

Lakatoi : (n) ایک قسم کی ڈونگی ؛ جو آسٹریلیا کے لوگ استعمال کرتے ہیں۔

Lake : (n) (۱) جھیل ؛ غدیر ؛ بڑا تال یا تالاب ؛ پانی کا بڑا سا قطعہ جو خشکی سے گھرا ہو۔ (۲) جھیل نما چیز۔

The Great Lake : بحر اوقیانوس۔

The great lakes : پانچ جھیلیں (سپیریر ، ہیورن ، مشگین ایری ، اونٹیریو) جو ریاستہائے متحدہ امریکا اور کنیڈا کی سرحد پر واقع ہیں۔

Lake : (n) قرمزی رنگ جو ابتدا میں لاکھ سے بنایا گیا تھا اور اب کسی طرح مختلف چیزوں کے ملانےسے تیار کیا جاتا ہے۔

Lake : (v) (۱) کھیلنا ؛ دل بہلانا ؛ دل لگی کرنا ؛ عشق بازی کرنا۔ (۲) تعطیل منانا ؛ چھٹی منانا۔

Lake-basin : (n) جھیل کی وادی۔

Lake-country : (n) جھیلوں کا علاقہ ؛ (مورلینڈ ، کمبرلینڈ اور لنکا شائر کا وہ حصہ جہاں جھیلیں کثرت سے ہیں)۔

Lake-crater : (n) جوالا مکھی جس میں جھیل ہو۔

Lake-dweller : (n) قبل تاریخی زمانے میں جھیل گھروں میں رہنے والا ؛ جھیل باشی۔

Lake dwelling /-habitation : (n) جھیل میں پل کی طرح کھمبوں یا پایوں پر بنا ہوا گھر ؛ جھیل گھر۔

Lake-fly : (n) مکھی جو جھیل پر آتی ہے۔

Lake hamlet/-settlement/-village : (n) جھیل میں گھروں کی بستی۔

Lake-land / Lakeland : (n) دیکھو Lake country

Lake-lawyer : (n) (امریکا) مچھلیوں کی دو قسمیں جو بہت پیٹو ہوتی ہیں -

Lake-man : (n) دیکھو Lake-dweller

Lake poets : (n) جھیلوں کے علاقے کے شاعر کولرج ، سدّے اور ورڈزورتھ جو جھیلوں کے علاقے کے رہنےوالے تھے -

Lake-school : (n) جھیلوں کے علاقے کے شعراء کا دبستان -

Lake-weed : (n) هفت بند -

Lakelet : (n) تالاب ؛ تال ؛ تلیا ؛ چھوٹی جھیل -

Laker : (n) جھیلوں کے علاقے کے شاعر (کولرج ، سدّے یا ورڈزورتھ) -

Lakh : دیکھو Lac

Laky : (a) جھیل سے متعلق ؛ جھیل کی طرح -

Laky : (a) قرمزی (رنگ) -

Lalapalooza : (n) برتر یا غیر معمولی چیز ؛ غیر معمولی مثال -

Lali : (n) ایک قسم کا بڑا ڈھول جو درخت کے تنوں کو کاٹ کر بنایا جاتا ہے اور فی جی (Fiji) میں مستعمل ہے -

Lallation : (n) لامیت "ر" کا تلفظ "ل" کی طرح کرنا ؛ "ل" کا ناقص تلفظ -

Lalopathy : (n) اختلال نطق ؛ اختلال قوت گویائی -

Laloplegia : (n) نطقی لقوہ یا فالج -

Lam : (n) لکڑی کا ٹکڑا ؛ جو کرگھے میں ڈوریوں کو پائیدان سے ملاتا ہے -

Lam : (n) پرواز -

Lam : (n) پیٹنا ؛ مارنا ؛ بید لگانا ؛ کندی کرنا ؛ مرمت کرنا -

Lama : (n) تبت یا منگولیا کا بودھ ؛ پُجاری ؛ لاما گرو -

Dalai (dalae or delli) Lama: تبت کا بڑا لاما یا دلائی لاما -

Tesho/-Teshu-lama: منگولیا کا ٹیشو لاما-

Lamaic : (a) لاما سے متعلق ؛ لاما کا پڑھایا ہوا -

Lamaism / Lamism : (n) لاما کی پیروی ؛ مذہب لاما ؛ تبتی بودھ مت -

Lamaist / Lamaite : (n) لامائی ؛ لاما کا پیرو-

Lamaistic / Lamaitic : (a) لامائیوں سے متعلق-

Lamantin : (n) مناتی ؛ دریائی گائے (ایک نبات خور بحری جانور) -

Lamarckian : (a) لیمار کی ؛ لیمارک کے نظریے سے متعلق-

Lamarckian : (n) (۱) پیرو لیمارک ؛ نامیاتی ارتقاء کےمتعلق لیمارک کے نظریے کو ماننے والا کہ عادت کی بنا پر فرد کی جسمانی ساخت میں نئی خصوصیات پیدا ہوجاتی ہیں اور یہ متوارث ہوتی ہیں -

Lamarckianism / Lamarckism : (n) نظریہ' لیمارک ؛ لیمارکیت -

Lamarckite : (n) دیکھو Lamarckian

Lamasery : (n) لاماؤں کی خانقاہ یا مٹھ ؛ لاما مندر -

Lamb : (n) (۱) بھیڑ کا بچہ ؛ میمنا ؛ برّہ ؛ حلوان - (۲) برّے کا گوشت - (۳) کلیسائی جماعت کا کم سن رکن ؛ مسیح کے گلے کا میمنا - (٤) بھولا ؛ مسکین شخص ؛ اللّٰہ میاں کی گائے ؛ گئو ؛ بھیڑ - (٥) (نقابت) بھیڑ کے بچے کی شبیہ صلیب یا جھنڈے لئے ہوئے - (٦) کرنل کرک (Col. Kirke) کے دستے کا سپاہی - (۷) انتخابات کے وقت تشدد کرنے والے کرائے کے غنڈوں کی جماعت - (۸) پیارا ؛ پیار کے قابل- (۹) Lamb-Skin کا مخفف-

In lamb : گابھن (بھیڑ) -

Like a lamb : چپ چاپ ؛ بے کان ہلائے -

The Lamb (of God) : خدا کا برّہ (حضرت عیسیٰ) ۔

Wolf / fox / in lamb's skin : رنگا سیار ؛ بھیڑ کے پردے میں بھیڑیا ؛ ریاکار ۔

Lamb : (v) (۱) (برّے کا) پیدا ہونا ؛ بچہ ہونا ؛ برہ پیدا کرنا ؛ بچہ دینا ؛ بیانا ۔ (۲) بچہ کشی کے وقت بھیڑوں کی خبر گیری کرنا ۔ (۳) بھیڑ چرانا ۔

Lamb-ale : (n) بھیڑ کے بال کاٹتے وقت دی گئی سالانہ دعوت ۔

Lamb-florin : (n) فلورن (سکہ) جس پر جھنڈا یا صلیب لئے ہوئے بھیڑ کا بچہ ہوتا ہے ۔

Lamb's fry : (n) برّے کا تلا ہوا کپورا ۔

Lamb's lettuce : (n) (نباتیات) شیر پنگ ۔

Lamb's skin / Lamb skin : (n) (۱) برّے کی کھال یا چمڑا ؛ کاف ؛ میشا ۔ (۲) اونی کپڑا جو بھیڑ کی کھال سے مشابہ ہوتا ہے ۔(۳) سفید چرمی پیش بند ۔

Lamb's tails : (n) فندق کے دم نما پھول ۔

Lamb's tongue : (n) (۱) کیلے کی ایک جنس کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا رندہ جس سے چوڑی بنائی جاتی ہے ۔

Lamb's wool : (n) (۱) برّے کی اون یا پشم ؛ برّے کی اون کے بنے سازوسامان ۔ (۲) بوزہ ؛ بھنے ہوئے سیب کے گودے ، شکر اور مسالے سے بنایا ہوا ایک مشروب ۔

Lamba : (n) ایک قسم کی شال جو مڈغاسکر میں لوگ پہنتے ہیں ۔

Lambaste : (v) (عام) مارنا پیٹنا ۔

Lambda : (n) (۱) یونانی حروف تہجی کا گیارھواں حرف ؛ لیمڈا ۔ (۲) (تشریح) قَمحدوَہ ؛ لامَہ ۔

Lambda moth : (n) ایک قسم کا پتنگا جس کے پروں پر لیمڈا کا نشان بنا ہوا ہوتا ہے ۔

Lambdacism / Lamdacism : (n) (۱) "ر" کا تلفظ "ل" کی طرح ادا کرنا ؛ لامیت ۔ (۲) تقریر یا تحریر میں "ل" کا کثرت استعمال ۔ (۳) "ل" کا ناقص تلفظ ادا کرنا ۔

Lambdoid : (a) لیمڈا کی شکل کا ؛ قمَحدوی ؛ (درز) لامی ۔

Lambdoidal : (a) (یونانی حرف) لیمڈا کی شکل کا ۔

Lambdoidal ridge : (n) (تشریح) موخری ھڈی کا کنارہ جس سے درز لامی کی تشکیل ہوتی ہے ۔

Lambdoidal suture : (n) (تشریح) قمحدوی درز ؛ درز لامی ؛ سر کے پچھلے حصے اور کھوپڑی کی دونوں ھڈیوں کا جوڑ ۔

Lambency : (n) (۱) لپک (روشنی کی) ؛ سبک تابی ؛ سبک رخشی ؛ نرم تابی ؛ جھلمل ۔ (۲) (مجازاً) تاباں نکتہ سنجی ۔

Lambent : (a) (۱) (شعلہ یا روشنی) (سطح پر اس کو جلائے بغیر) لپکتا ہوا ؛ سبک تاب ۔ (۲) (آنکھیں وغیرہ) دھیمی روشن ؛ منور ۔ (۳) (آسمان وغیرہ) درخشاں ؛ منور ۔ (٤) (ظرافت وغیرہ) بامزہ ؛ مکین ۔ (٥) چاٹنے والا ۔

Lambently : (adv.) سبک تابی سے ؛ سبک رخشی سے ۔

Lambkin : (n) (۱) چھوٹا میمنا ؛ چھوٹا برہ ۔ (۲) نازک اندام شخص یا بچہ ۔

Lamblike : (a) بھولا ؛ بے زبان گئو ؛ حلیم الطبع ۔

Lamboys : (n) زرہ کا دامن ۔

Lambrequin : (n) (۱) خود کی پوشش ۔ (۲) چھوٹا سا پَردا جو دروازے یا کھڑکی کے بالائی حصے پر پڑا رہتا ہے ۔ (۳) (کوزہ گری) ایک قسم کا نقش ونگار ۔

Lamda/ -ooidal : دیکھو Lambda

Lame : (n) (۱) پتری ؛ ورق ؛ طبق ۔ (۲) زرہ کی پتری ۔

Lame : (a) (۱) لنگڑا ؛ لولا ؛ لنجا ؛ لنگ ؛ اعوج ۔ (۲) (دلیل یا عذر) لنگ ؛ نا معقول ؛ مہمل ؛ ناقابل قبول ؛ (بیان) غیر تشفی بخش ؛ بودا ؛ پھسپھسا ۔ (۳) (بحر) جس میں روانی نہ ہو ۔

بوبے یا پھسپھسے طور سے ۔

Lameness : (n) لنگڑاپن ؛ لنگ ؛ نامعقول ہونا ؛ غیر تشفی بخش ہونا ۔

Lament : (n) (۱) زاری ؛ گریہ ؛ نالہ شیون ؛ فغاں ؛ فریاد ؛ ماتم ؛ واویلا ؛ آہ وبکا ۔ (۲) نوحہ ؛ مرثیہ ۔

Lament : (v) رونا پیٹنا ؛ نالہ ، فغاں ، فریاد ، شیون یا نوحہ کرنا ؛ واویلا ، غم ، ماتم یا افسوس کرنا ۔

Lamentable : (a) (۱) قابل افسوس ؛ افسوسناک ۔ (۲) (مزاحاً) خراب حال ۔

Lamentably : (adv.) افسوس ناک طور پر ۔

Lamentation : (n) گریہ ؛ ماتم ؛ فریاد ؛ فغاں ؛ آہ وبکا ؛ رونا پیٹنا ۔

Lamented : (a) (مُردوں کے لئے) مرحوم ۔

Lamenter : (n) گریہ کرنے والا ؛ ماتم کرنے والا ۔

Lamentingly : (adv.) افسوس کرتے ہوئے ؛ گریہ کرتے ہوئے ؛ ماتم کرتے ہوئے ۔

Lamentoso : (adv.) (موسیقی کی ہدایت) غم آلودانہ ۔

Lameter/ Lamiter : (n) لنگڑا ؛ لنجا ؛ لنگ ۔

Lametta : (n) پیتل ، چاندی یا سونے کا پتر یا تار ۔

Lamia : (n) (۱) (یونانی دیومالا) ایک ڈائن جس کا سر اور سینہ عورت کا اور جسم اور دم سانپ کی ہوتی ہے اور جو انسان کو کھاجاتی ہے اور بچوں کا خون چوس لیتی ہے ۔ (۲) ڈائن ؛ دیونی ؛ جادوگرنی ؛ چڑیل ۔ (۳) ایک قسم کا دراز قرنہ بھونرا ۔

Lamin/Lamen : (n) (۱) پتری ؛ ورق ؛ طبق ؛ فولادی پترا ۔ (۲) (تشریح) تہ ۔ (۳) چھلکا ؛ قشر ؛ پرت ۔ (٤) (ارضیات) پرت ؛ ورق ؛ طبق لطیف ۔ (٥) (نباتیات) ورقہ ؛ کف برگ ۔

Lamina : (n) دیکھو Lamin

(٤) (مصرع) جس میں سکتہ ہو ۔

Lame : (v) لنگڑا یا لولا کردینا ؛ بگاڑدینا ؛ نکما کردینا ۔

Lame : (n) زریفت ۔

Lame-duck : (n) جو اسٹاک کے بازار میں اپنا وعدہ پورا نہ کرسکے ؛ لنجا آدمی ۔

Lamella : (n) ورق ؛ پرت ؛ تہ ؛ چھلکا ؛ غشا ؛ پتری ؛ پترا ؛ (نباتیات) ورقہ ۔

Lamellar : (a) پرت دار ؛ پتری دار ؛ ورقہ دار ۔

Lamellarly : (adv.) پرت میں ؛ پتری میں ۔

Lamellate / Lamillated : (a) (۱) ورقہ ورقہ ؛ پترا پترا ۔ (۲) ورقہ نما ۔

Lamellately : (adv.) ورقہ ورقہ طور پر ۔

Lamellibranch : (a) دو صمامی صدفہ ؛ دوسران صدفہ ۔

Lamellibranch : (a) ورقہ خیشومہ ؛ دوسران سے متعلق ۔

Lamellibranchiate : (a) دیکھو Lamellibranch

Lamellibranchiate : (n) دوسران ؛ دو صمامی صدفیہ ۔

Lamellicorn / Lamellicornate / Lamellicornous : (a) ورقہ قرن سے متعلق ۔

Lamellicorn : (n) ورقہ ورقہ بھونرا ۔

Lamelliferous : (a) ورقہ دار ۔

Lamelliform : (a) ورقہ نما ؛ پتری جیسا ۔

Lamellirostral : (a) ورقہ منقارہ ۔

Lamellirostral : (n) ورقہ منقارہ پرند ۔

Lamellose : (a) دیکھو Lamellate

Lamely : (adv.) لنگڑا کر ؛ غیر تشفی بخش طریقے سے ؛

Laminal / Laminar / Laminary / Laminose / Laminous : (a) پتری دار ؛ ورق دار؛ پرت دار ؛ پترے کی طرح ؛ ورقہ دار ۔

Laminability : (a) ورقہ یا پرت بنائے جانے کی صلاحیت ۔

Laminable : (a) ورقہ یا پرت بنائے جانے کے لائق ۔

Laminarian zone : (n) وہ سمندری خطہ جہاں ورقہ داران پائے جاتے ھیں ۔

Laminarite : (n) (ارضیات) ایك قسم کی متحجر کائی ۔

Laminate : (a) ورق دار ؛ ورق سا ۔

Laminate : (v) (۱) پترے بنانا یا بننا ۔ (۲) ورق اتارنا یا اترنا ؛ تہوں یا اوراق میں تقسیم ھونا یا کرنا ۔ (۳) پتریں جڑنا ۔ (٤) پترے یا تہیں جماکر تیار کرنا ۔

Laminated : (a) متورق ؛ ورقہ ورقہ ۔

Lamination : (n) ورقہ بندی ؛ پرت بندی ؛ ورق سازی ؛ ورق داری ؛ کوئی ورق دار ساخت ۔

Lamini - : (prefix) سابق بمعنی "پتری" "ورق" "پرت" ۔

Laminiferous : (a) متورق ؛ ورق دار ؛ پرت دار ۔

Laminiplanter : (a) (طیوریات) ورقہ دار ساق پا والا ۔

Laminitis : (n) ورم پائے اسپ ؛ لنگی ٔ اسپ (گھوڑے کے پاؤں کا ورم ؛ گھوڑے کا لنگڑاپن) ۔

Lamish : (a) کسی قدر لنگڑا ۔

Lammas : (n) اگست کی پہلی تاریخ (پہلے اس تاریخ کو انگلستان میں فصل کاٹنے کا جشن منایا جاتا تھا) ؛ فصلی جشن ۔

Latter lammas : فرضی تاریخ ؛ کبھی نہ آنے والا دن ؛ کالی جمعرات ۔

In latter lammas : کبھی نہیں ۔

Lammas-day : (n) پہلی اگست ۔

Lammas-land : (n) وہ زمین جو پہلی اگست سے پہلے نجی ملکیت ھو لیکن اس کے بعد موسم بہار تك عام چراگاہ بنی رھے ۔

Lammergeyer : (n) ریش دار گدھ ۔

Lamming : (n) مارنا پیٹنا ۔

Lamp : (n) (۱) چراغ ؛ دیا ؛ دیپك ؛ قندیل ؛ سراج ؛ مشعل؛ فانوس ؛ لیمپ ۔(۲) (مجازاً) سورج ؛ چاند ؛ ستارہ ۔ (۳) مشعلِ ھدایت ؛ چراغ راہ ؛ امید وغیر کا سرمایہ ۔ (٤) ٹارچ ۔ (٥) (جمع) آنکھیں ۔

Of the lamp : محنت اور آورد کا (نتیجہ) ۔

To smell of the lamp : مطالعہ شبینہ کا پتا دینا ؛ طرز تحریر میں آورد کا پایا جانا ۔

Lamp : (v) (۱) چمکنا؛ روشن ھونا ۔ (۲) چراغ مہیا کرنا؛ روشنی کرنا؛ منور کرنا ۔ (۳) لیمپ کی طرح روشن کرنا ۔ (٤) (عام) دیکھنا ۔

Lamp : (v) (لمبے لمبے قدم بھر کر) تیزی سے چلنا ۔

Lamp-black : (n) کاجل ؛ دود ؛ دیئے کی کالك ۔

Lamp-fly : (n) جگنو ؛ کرمكِ شب تاب ۔

Lamp-furnace : (n) بھٹی جس کو لیمپ سے گرم کیا جاتا تھا ۔

Lamp-holder : (n) لیمپ گیر ۔

Lamp-iron : (n) لوھے کا نکلا ھوا چھڑ جس میں لیمپ لٹکاتے ھیں ۔

Lamp-jack : (n) (امریکا) گاڑی کےلیمپ کا سر پوش ۔

Lamp-man : (n) (۱) لیمپ ساز ؛ لیمپ فروش ؛ مشعلچی ۔ (۲) (کان وغیرہ میں) لیمپ کی نگہبانی کرنے والا ۔

Lamp-oil : (n) مٹی کا تیل ؛ کراسن تیل ۔

Lamp-post : (n) (۱) لیمپ یا قندیل کا کھمبا ۔ (۲) (فرانسیسی انقلاب) عوام کی غضبناکی کے شکار کو پھانسی دینے کا کھمبا ۔

Lamp-shade : (n) لیمپ پوش ۔

Lamp-shell : (n) ایک قسم کا خیشوم پا ۔

Lampad : (n) شمع ؛ مشعل ؛ شمعدان ۔

Lampadedromy : (n) مشعل ڈور ؛ قدیم یونان میں دوڑ کا ایک مقابلہ جس میں جلتی ہوئی مشعل ایک آدمی سے دوسرے آدمی کو جو فاصلے پر کھڑے رہتے تھے دے کر روانہ کرتے تھے ۔

Lampadephoria / Lampadophoria : (n) دیکھو Lampadedromy

Lampadist : (n) (قدیم یونان) مشعل دوڑ میں حصہ لینے والا ۔

Lampara : (n) جال کیسہ سے مشابہ ماہی جال ۔

Lampas /Lampers : (n) گھوڑے کے تالو کا ورم ؛ کام ۔

Lampas : (n) پھولدار سلک کی ایک قسم جو چین میں تیـار ہوتی تھا ۔

Lampatia : (n) جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کی شہتیر ہوتی ہے ۔

Lamper : (v) سستی سے چلنا ؛ بھاری قدم سے چلنا ۔

Lamper-eel : (n) (۱) تنبو مچھلی ؛ مرینہ ؛ مورینہ ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Lampern : (n) تنبو مچھلی ۔

Lampers : (n) دیکھو Lampas

Lamping : (a) منور ؛ تاباں ؛ درخشاں ۔

Lampion : (n) رنگین شیشے کا چراغ ؛ قُمقُمہ ؛ چھوٹا لیمپ ۔

Lampless : (a) بے چراغ ۔

Lamplet : (n) چھوٹا لیمپ ۔

Lamplight : (n) چراغ یا لیمپ کی روشنی ۔

Lamplighter : (n) (۱) چراغ روشن کرنے والا ؛ دیا جلاؤ ۔ (۲) لیمپ جلانے یا روشن کرنے کے لئے لکڑی یا کاغذ کی بتی ۔ (۳) مچھلی کی ایک جنس ۔

Lampoon : (n) ھجو قبیح ؛ ھجو ۔

Lampoon : (v) خاکہ اڑانا ؛ ھجو قبیح لکھنا ۔

Lampooner : (n) ھجو گو ؛ مذمت کرنے والا ؛ ھاجی ۔

Lampoonery : (n) ھجو ؛ ھجو گوئی ۔

Lampoonist : (n) ھجو گو ؛ ھجو باز ۔

Lamprey : (n) تنبو مچھلی ؛ مرینا ؛ بام کی شکل کی مچھلی جس کا منہ اور گلپھڑے تھیلیوں کی طرح ہوتے ہیں ان کے دونوں جانب سات منافذ اور سر کے اوپر ایک نالی ہوتی ہے ؛ سنگ لیس مچھلی ؛ مورینہ ۔

Lamprey-eel : (n) سمندری تنبو مچھلی ۔

Lampro- : (prefix) سابقہ بمعنی "تاباں" "منور" "روشن" "چمکدار" ۔

Lamprotype : (n) (فوٹو گرافی) تصویر جس کو جلاٹین اور سریش پنبہ لگاکر چمکدار بنادیا جاتا ہے ۔

Lampyrine : (a) جگنو سے متعلق ۔

Lampyrine : (n) جگنو ؛ کرمک شب تاب ۔

Lamster / Lamister : (n) فراری مجرم (خصوصاً پولیس سے) ۔

Lanac : (n) راڈار کی مدد سے ہوائی جہاز چلانے کا نظام جس سے تصادم کا خطرہ نہیں رہتا ہے اور اترنے سے پہلے جہاز خواہش کے مطابق اونچائی پر اُڑ سکتا ہے ۔

Lanai : (n) نشستگاہ جو جزوی طور پر باہر کی طرف کھلتی ہے ؛ برآمدہ جسے بیٹھنے کے کمرے کی طرح استعمال کیا جائے ؛ برآمدہ ؛ پیش دہلیز ۔

Lanarkite : (n) خام یا کچا سیسہ ۔

Lanas : (n) تمباکو کی ایک بیماری ۔

Lanate / Lanated : (a) (نباتیات و حیوانیات) پشم دار ؛ بال دار ؛ روئیں دار ۔

Lancashire : (n) انگستان کے کاؤنٹی کا نام ۔

Lanacashire boiler : (n) (۱) ایک قسم کا افقی ، استوانہ نما بوائلر جس میں دو نلیاں ہوتی ہیں ۔ (۲) مویشی کی ایک نسل کا نام ۔

Lancaster /- gun / -rifle : (n) ایک قسم کی بندوق جس کی نال کا قطر بیضاوی ہوتا ہے ۔

Lancasterian / Lancastrian : (a) (۱) جوسف لنکاسٹر (۱۸۳۸ - ۱۷۷۸ء) اوراس کے قائم کئے ہوئے مانیٹر کے نظام سے متعلق ۔ (۲) لنکا شائر یا لنکاسٹر کا ۔ (۳) لنکاسٹری ؛ جان آف کانٹ یا ڈیوک آف لنکاسٹر کے خاندان کا ۔

Lancastrian : (n) (۱) جان آف کانٹ کے خاندان کا رکن یا موید ۔ (۲) لنکاسٹر یا لنکاشائر کا باشندہ ۔

Lance : (n) (۱) نیزہ ؛ برچھا ؛ بھالا ؛ برچھی ؛ سنان ۔ (۲) مچھلی مارنے کا نیزہ نما ہتھیار ۔ (۳) نیز بردار سوار ؛ نیزہ باز ۔ (٤) (نجاری) نوکدار بلیڈ ۔ (٥) (فوج)گولی بھرنے کا آلہ یا گز ۔ (٦) ایک قسم کا آتش بازی کا مسالا جو پتلی ٹبیا میں بند رہتا ہے اور جلنے میں سیر اور رنگین روشنی دیتا ہے ۔

To break a lance : دیکھو Break

Lance : (v) (۱) (برچھی ، تبر وغیرہ) پھینکنا ؛ چلانا ۔ (۲) (جرّاحی) نشتر دینا ۔ (۳) بھالا ، برچھا مارنا؛ نیزہ چلانا ۔

Lance-corporal : (n) فوج کا ادنی عہدے دار جو سپاہی کی تنخواہ پاتا ہے اور نائک کا کام کرتا ہے ؛ لانس نائک ۔

Lance-fish : (n) نیزہ مچھلی ۔

Lance-head : (n) امریکا کا ایک زہریلا سانپ جس کا سر نیزہ کی طرح ہوتا ہے ؛ نیزہ سانپ ۔

Lance-knight : (n) بھاڑے کا پیدل سپاہی جو نیزہ وغیرہ سے مسلح ہوتا ہے ۔

Lance-sergeant : (n) دیکھو Lance-corporal

Lance-snake : (n) دیکھو Lance head

Lancelet : (n) نیزک ماھی ؛ دو نوکہ ؛ ایک قسم کی مچھلی جو اصلی ریڑھ دار جانداروں کی ادنیٰ ترین قسم ہے ۔

Lanceolar : (a) سنانیہ ؛ نوک تیز ؛ بھالےکی شکل کا ؛ دونوں جانب گاؤ دم ؛ نیزہ نما ۔

Lanceolate : (a) دیکھو Lanceolar

Lanceolately : (adv.) سنانیہ طور پر ؛ نیزہ نما طور پر ۔

Lanceolated : (a) دیکھو Lanceolate

Lancepesade/ Lanceprisado : (n) (۱) (جمع) اعلیٰ عہدے کا سپاھی ۔ (۲) سب سے نچلے درجے کا بے کمیشن افسر ۔

Lancer : (n) (۱) رسالے کا سپاھی جو نیزہ سے مسلح ہو ؛ نیزہ بردار ؛ بر چھیت ؛ نیزہ باز ۔ (۲) (جمع) ایک قسم کا ناچ ؛ اس ناچ کے ساتھ کا ساز ۔

Lancet : (n) (۱) نشتر ؛ نیشتر ؛ آلہٗ جراحی جو بالعموم دو دھارا اور نکیلا ہوتا ہے ۔ (۲) نوکدار محراب ؛ نشتری دریچہ ۔

Lancet arch : (n) نشتری محراب ؛ نوکدار محراب ۔

Lancet-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lancet-window : (n) نوکدار دریچہ ؛ نشتری دریچہ ۔

Lancet wood : (n) بلَم لکڑی ۔

Lanciform : (a) نیزہ نما ؛ برچھی کی شکل۔

Lancinating : (a) (درد) سخت ؛ شدید ؛ جس میں ٹیس اٹھے ؛ چبھتا ہوا۔

Lancination : (n) درد شدید ؛ ٹیس۔

Land : (n) (۱) خشکی ؛ برّ۔ (۲) زمین ؛ دھرتی ؛ بھوم ؛ پرتھی ؛ ارض ؛ گیتی۔ (۳) ملک ؛ دیس ؛ اقلیم ؛ ولایت ؛ سرزمین ؛ خطہ۔ (٤) ریاست ؛ مملکت ؛ سلطنت ؛ کشور۔ (٥) زمینداری ؛ جائداد (بہ صیغہ جمع) ؛ اراضی ؛ تعلقہ ؛ علاقہ ؛ جاگیر۔ (٦) کیاری ؛ قطعہ ؛ تختہ۔ (۷) بندوق کی کوٹھی ؛ خزانہ' تفنگ ؛ چکی کے پتھر کی لکیروں کے درمیان کی جگہ۔ (۸) مختلف فلیٹوں میں بٹی ہوئی عمارت۔ (۹) (بھاپ) (انجن میں) پہسلوان صمام کی تختی کا غیر سوراخ دار حصہ۔ (۱۰) جڑے ہوئے تختوں کی کشتی کے لوہے کے پتروں کا نکلا ہوا حصہ۔

How the land lies : معاملے کی کیا صورت ہے ؛ صورت حال کیا ہے۔

Land : (v) (۱) کنارے پر اتارنا یا اترنا ؛ جہاز پر سے اتارنا یا اترنا۔ (۲) گاڑی سے اتارنا یا اترنا۔ (۳) جگہ پر یا کسی حالت یا نوبت کو پہنچانا یا پہنچنا ؛ مبتلا کرنا۔ (٤) (گھونسہ وغیرہ) رسید کرنا ، جمانا۔ (٥) مچھلی (مارکر یا پکڑکر) کنارے پر لانا۔ (٦) (مجازاً) (انعام) حاصل کرنا۔ (۷) گھڑ دوڑ میں گھوڑے کا اول آنا ؛ (سوار کا گھوڑے کو اول وغیرہ) لانا ؛ پہنچانا۔ (۸) (کودنے کے بعد) زمین چھونا۔ (۹) مٹی سے بھرنا یا بند کرنا ؛ تہ نشیں مادے سے اٹ جانا۔ (۱۰) (ہوائی جہاز کا) زمین پر اترنا یا اتارنا ؛ (بحری طیارے کا) پانی میں واپس آنا۔ (۱۱) پریشان کرنا ؛ پریشانی میں مبتلا کرنا۔

Land : (n) جرمنی میں مقامی حکومت کی ایک اکائی جو ریاست کے برابر ہوتی ہے۔

Land agent : (n) مختار ؛ کارندہ (جاگیر یا علاقے کا) ؛ دلال (زمین کا)۔

Land-bank : (n) وہ بینک جو زمین کی ضمانت پر نوٹ جاری کرتا ہے ؛ زمیندارہ بینک۔

Land beetle : (n) ایک قسم کا بری شکاری بھونرا۔

Land-blink : (n) ایک فضائی روشنی جو شمالی خطے کی برفیلی زمین پر دور سے دکھائی دیتی ہے۔

Land book /-boc : (n) زمین کی دستاویز۔

Land-breeze : (n) نسیم بری ؛ وہ ہوا جس کا رخ زمین سے سمندرکی جانب ہوتا ہے۔

Land-cast : (n) سمت بندی ؛ تعین سمت۔

Land-chain : (n) جریب۔

Land-chelonian : (n) کچھوا۔

Land-crab : (n) برّی کیکڑا۔

Land drost : (n) جنوبی افریقہ کا ایک مجسٹریٹ۔

Land-flood : (n) اندرونی ذرائع سے سیلاب۔

Land force /-fird : (n) برّی فوج ؛ عسکر بریّہ۔

Land-girl : (n) لڑکی جو جنگ عظیم کے زمانے میں کھیتی باڑی کرتی تھی۔

Land-grabber : (n) (۱) غاصب زمین۔ (۲) (آئر لینڈ) وہ شخص جو بے دخل کئے ہوئے اسامیوں کی زمین حاصل کرے۔

Land grave : (n) بعض (قدیم) جرمن ریاستوں کے حکمراں کا لقب۔

Land-gravel : (n) محصول اراضی ؛ زمین کا خراج ؛ مال گزاری۔

Land-graveship /-graviate/-gravate : (n) بعض (قدیم) جرمن ریاستوں کے حکمرانوں کا عہدہ ؛ دائرہ' عمل یاحلقہ' اختیار۔

Land-gravine : (n) بعض (قدیم) جرمن ریاستوں کے حکمرانوں کی بیوی یا ان ریاستوں کی خاتون حکمراں۔

Land ho : ملاحوں کی پکار ۔ "وہ زمین نظرآئی" ۔

Land-hunger : (n) جوع الارض ؛ زمین کا ھوکا ۔

Land-hungry : (n) جسے زمین کا ھوکا ھو ۔

Land ice : (n) ساحلی برف ۔

Land-law : (n) (عموما جمع) قانون اراضی ۔

Land-lead : (n) ساحلی برفوں کے درمیان وہ راستہ جو قابل جہاز رانی ھو ۔

Land-league : (n) مجلس اراضی ؛ جماعت مزارعین (سنہ ۱۸۷۹ء میں آئر لینڈ کے مزارعین نے اس نام سے ایک انجمن قائم کی تھی جس کا مقصد لگان کی تخفیف اور کسانوں کو حقوق ملکیت وغیرہ دلوانا تھا) ۔

Land-leaguer : (n) مجلس اراضی کا رکن ۔

Land-leaguism : (n) مجلس اراضی بنانا ۔

Land-leech : (n) جونک کی ایک جنس جو سرکاری لنکا میں بہت زیادہ پائی جاتی ھے ۔

Land-line : (n) آسمان یا سمندر اور زمین کے درمیان خط فاصل ۔

Land-loper/ -louper : (n) خانہ بدوش ؛ آوارہ ؛ آوارہ گرد (شخص) ۔

Land-loping /-louping : (a) آوارہ ؛ آوارہ گرد ؛ خانہ بدوش ۔

Land-lubber : (n) (بحری) وہ شخص جو سمندر اور جہازوں سے ناواقف ھو ؛ زمین کا بیل (جہاز راں یہ لفظ از راہِ تضحیک خشکی پر زندگی بسر کرنے والوں کے لئے استعمال کرتے ھیں ؛ خشکی کا باشندہ ۔

Land-measure : (n) زمین کی پیمائش کی مختلف اکائیوں میں سے ایک (مثلاً ایکڑ ھیکٹر وغیرہ) ۔

Land-measurement / -measuring : (n) زمین کی پیمائش ۔

Land of cakes : (n) کیکوں کا ملک (یعنی اسکاٹ لینڈ) ۔

Land office : (n) وہ آفس جہاں نئی زمین کے فروخت کی رجسٹری ھوتی ھے ۔

Land of nod : (n) نیند کا عالم ؛ اقلیم خواب ۔

Land of promise / Promised land : (n) ارض موعودہ (کنعاں مراد ھے) ۔

Land of the leal : (n) بہشت ؛ جنت ؛ فردوس ؛ خلد ۔

Land of the living : (n) زندوں کی سرزمین : دنیا ؛ زندگی ۔

In the land of he living : زندہ ؛ بقید حیات ۔

Land on : (v) جھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ ڈانٹنا ؛ تنبیہ کرنا ۔

Land-pike : (n) (امریکی) سمندر آبی ۔

Land rat : (n) برّی چوہا ۔

Land-reeve : (n) براھل ۔

Land-score : (n) زمین کی تقسیم ۔

Land-service : (n) لازمی فوجی خدمت برّی فوج میں ۔

Land-shark :(n) (۱) خشکی کا ٹھگ جس کی گزر اوقات جہاز رانوں کے ٹھگنے پر ھو ۔ (۲) غاصب اراضی ۔

Land-shut in : (n) زمین کا وہ حصہ یا سرا جو دوسرے سرے یا حصے کو جہاں سے جہاز آیا ھے نظر سے اوجھل کردیتا ھے ۔

Land-sick : (a) (۱) (بحری) (جہاز) جو زمین کے قریب ھونے کی وجہ سے اچھی طرح نہ چلتا ھو ۔ (۲) برّی مریض ، جو زمین دیکھنے سے بیمار ھوجائے ۔

Land-side : (n) (۱) زمین کی طرف کا رخ یا حصہ ۔ (۲) ھل کا چپٹا حصہ جو بغیر جوتی ھوئی زمین کی طرف کردیا جاتا ھے ۔

Land-snail : (n) گھونگے کی ایک قسم۔

Land-sole : (n) لال گھونگا۔

Land-spring : (n) جھرنا جو مٹی کے حصوں کے زیادہ مرطوب ہونے سے نکلتا ہے۔

Land-steward : (n) منتظم جائداد۔

Land-stream : (n) وہ سمندری رو جو دریا کے پانی کی وجہ سے ہو۔

Land-surveying : (n) مساحت ارضی۔

Land-surveyor : (n) مساح ؛ جریب کش۔

Land-swell :(n) سساحل کے قریب پانی کا تموج ؛ موجہ ساحل۔

Land-tag : (n) (قدیم) جرمن ریاستوں کی مجلس وضع قوانین۔

Land-tax : (n) محصول اراضی ؛ جمع ؛ لگان ؛ مالگذاری۔

Land-tie :(n) چھڑ ، شہتیر ، اینٹ ، گچ وغیرہ کا کام جو ساحل دریا دیوار کو مضبوط کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے ؛ اڑواڑ ؛ ٹیکن ؛ تھونی۔

Land to : (n) زمین (جو جہاز سے نظر آئے)۔

Land tortoise / - turtle : (n) برّی کچھوا۔

Land-trash : (n) برف کا چورا جو ساحل کے نزدیک رهتا ہے۔

Land-value : (n) زمین کی قیمت ؛ قدرِ اراضی۔

Land-valuer : (n) زمین کی قدرو قیمت لگانے والا۔

Land-war : (n) (۱) برّی جنگ۔ (۲) زمین یا زمینداری کے لئے جھگڑا۔

Land-warrant : (n) سرکاری زمین کا حق ملکیت۔

Land-wash : (n) ساحل کے قریب مدو جزر کی هلچل۔

Land-water : (n) (۱) دریائی پانی ؛ پانی جو زمین پر بہتا ہے۔ (۲) سیلاب۔ (۳) برفیلے ساحل پر بہنے والا پانی جس میں برف نہ ہو۔

Land-wehr : (n) صرف ایام جنگ میں خدمت کرنے والا لشکر۔

Land-wind : (n) باد برّی ؛ نسیم برّی۔

Landamman : (n) سوئیزر لینڈ کے بعض ضلعوں کا اعلیٰ مجسٹریٹ۔

Landau : (n) ٹپ دارچوپہیا گاڑی جس کے ٹپ کا اگلا اور پچھلا حصہ الگ الگ کھولا یا بند کیا جاسکتا ہے ؛ لینڈو گاڑی یا بگھی۔

Landaulet : (n) (۱) چھوٹی لینڈو گاڑی۔ (۲) موٹر جس کی چھت کھلی یا بند ہو سکے۔

Landed : (a) (۱)ارضی ؛ زمین کا ؛ زمین سے ؛ اراضی سے متعلق ؛ اراضی پر مشتمل۔ (۲) حوالے کیا ہوا۔

Lnaded property / - estate : (n) جائداد متعلق بہ اراضی ؛ زمینداری۔

Landed interest : (n) زمینداروں کی جماعت ؛ زمینداری کا نفاذ۔

Lander : (n) (۱) کنارے پر اترنے والا۔ (۲) (کان کنی) وہ شخص جو کان میں ڈول لٹکاتا ہے۔

Landfall : (n) (۱) بحری سفر میں جہاز پر سے زمین کا پہلی مرتبہ نظر آنا ؛ رویتِ زمین۔ (۲) کسی امیر آدمی کے مرجانے سے غیر متوقع طور پر جائداد کا ملنا۔

To make bad landfall : (زمین کا) جہازراں کے اندازے کے خلاف نظر آنا۔

To make good landfall : (زمین کا) جہازراں کے اندازے کے مطابق نظر آنا۔

Landfish : (n) (۱) دریائی مچھلیاں۔ (۲) بری مچھلی ؛ غیر طبعی مخلوق۔

Landholder : (n) زمیندار ؛ پٹہ دار اسامی ؛ جوتا۔

Landholding : (n) زمینداری۔

Landing : (n) (۱) جہاز یا گاڑی سے اتارنا یا اترنا۔ (۲) دو سیڑھیوں کے درمیان کا چبوترا ؛ جہاز سے اترنے کی جگہ ؛ سیڑھیوں کے درمیانی چبوترے کا پتھر ؛ منزل ؛ موقف۔ (۳) (کودنے کے بعد) زمین چھونا۔

(٤) (کان کنی) وہ جگہ جہاں گاڑیوں کو اتارنے کا کھٹولا ٹھہرتا ہے - (٥) (کان کنی) ٹو ل کو شافٹ کے منہ میں اتارنا - (٦) ہوائی جہاز کا اترنا -

Hard landing : ہوائی جہاز کا بے قابو ہوکر اترنا یا اتارا جانا جس میں جہاز تباہ ہوجاتا ہے -

Soft landing : ہوائی جہاز کو محفوظ طور سے اتارنا -

Landing beam : (n) رہنما روشنی (ہوائی جہاز کو اترنے میں مدد دینے کے لئے) -

Landing charges/-rates : (n) جہاز سے اتارے ہوئے مال پر دیا ہوا محصول -

Landing circle : (n) اترنے سے قبل ہوائی جہاز کی دائروی پرواز -

Landing craft : (n) ساحل تك فوج اور جنگی آلات وغیرہ لے جانے والی کشتی -

Landing floor : (n) منزل ؛ سیڑھیوں کے درمیان کا چبوترہ -

Landing gear : (n) ہوائی جہاز کے پہئیے جو اڑنے پر اندر کھینچ لئے جاتے ہیں -

Landing net : (n) بڑی مچھلیوں کو پکڑنے کے بعد کنارے پر لانے کا جال -

Landing place : (n) (١) زود گاہ ؛ نزول گاہ - (٢) جہاز پر اترنے کی جگہ ؛ گودی ؛ گھاٹ -(٣) (مجازاً) منزل -

Landing stage : (n) عموماً تیرتا ہوا چبوترہ جس پر سے جہاز کے مسافر اور مال اتارا جاتا ہے -

Landing-strake : (n) (کشتی سازی) جہاز کے بالائی کنارے سے نیچے دوسرا تختہ -

Landing strip : (n) دیکھو Air-strip

Landing-waiter : (n) کڑوڑ گیری (کسٹم) کا افسر جو مال چڑھانے کی نگرانی کرتا ہے اور ان کی جانچ کرتا ہے -

Landlady : (n) عورت جو سرائے ، طعام خانے ، مکان یا زمین کی مالك ہو ؛ سرائے دارنی ؛ بھٹیاری ؛ مکان دارنی ؛ زمیندارنی ؛ چودھرانی -

Landless : (a) بے زمین ؛ بے مِلك -

Landlocked : (a) جو زمین سے تقریبا یا بالکل گھرا ہوا ہوا ؛ زمین بند ؛ زمین سے محصور -

Landlord : (n) (١) سرائے ، مکان وغیر کا مالك ؛ زمیندار ؛ جاگیردار ؛ مکان دار ؛ مالك مکان ؛ سرائے دار - (٢) صاحب خانہ ؛ میزبان -

Landlordism : (n) (١) جاگیریت ؛ نظام زمینداری ؛ زمیندارہ (خصوصاً آئر لینڈ کے نظام زمینداری کو حقارت سے کہتے ہیں) - (٢) نظام زمینداری کی حمایت -

Landlordship : (n) جاگیر داری -

Landlubberly : (a) زمین کے بیل کی طرح -

Landman : (n) دیہاتی ؛ کسان -

Landmark : (n) (١) مُلك ، جاگیر وغیرہ کی سرحد کا نشان ؛ سوانا؛ حدنما ؛ کوئی مشہور چیز جو کسی علاقے کا امتیازی نشان ہو ؛ امتیازی نشان ؛ نشان سرحد - (٢) (تاریخ وغیرہ میں) دور آفریں واقعہ (یعنی ایسا واقعہ جس سے نئے دور یا انقلاب کا آغاز ہو) - (٣) جسم یا نیچر کا ایك نشان جہاں سے پیمائش کی جاتی ہے - (٤) روایتی رہنما ؛ اصول یا قول -

Landocracy : (n) زمینداروں کی جماعت ؛ جاگیر داروں کا گروہ ؛ مالکانِ اراضی -

Landowner : (n) مالك زمین ؛ زمیندار -

Landownership : (n) زمینداری -

Landowning : (n) زمینداری -

Landowning : (a) زمیندارانہ -

Landrail : (n) اَبچلیك برّی ؛ جزائر برطانیہ کا ایك پرندہ جو غلوں کے کھیتوں میں ہوتا ہے -

Landscape / Landerkip : (n) (۱) (اندروں ملک کے) بری مناظر یا ان کی تصویر ؛ منظر بری ؛ منظرہ ۔ (۲) فطری مناظر اور ان کی نقش کشی ۔

Landscape : (v) قدرتی مناظر کے مشابہ باغ لگانا ۔

Landscape architecture : (n) قدرتی مناظر کے مشابہ نقوش بنانا (عمارت میں) ۔

Landscape-gardening : (n) قدرتی مناظر کے مشابہ باغ لگانا ۔

Landscape-marble : (n) وہ سنگ مرمر جس پر درختوں کے سے نقش ہوں ؛ شجری سنگ مرمر ؛ منظرہ مرمر ۔

Landscapist : (n) قدرتی مناظر کا مصور ۔

Landscrip : (n) (امریکا) ایک تحویل پذیر سرٹیفیکیٹ جس کے ذریعہ حامل کو سرکاری زمین پر قبضہ دیا جاتا ہے ۔

Landslide : (n) (۱) ہبوط ارض ؛ ریزش زمین ؛ فروریزی ۔ (۲) (امریکا) سیاسی شکست فاش ۔

Landslide : (v) (۱) ریزش زمین پیدا کرنا ۔ (۲) بھاری اکثریت سے جیتنا (انتخاب میں) ۔

Landslip : (n) پہاڑ وغیرہ کے ٹکڑے کا کٹ کر گرنا ۔

Landsman : (n) (۱) زمین پر رہنے یا کام کرنے والا ۔ (۲) (بحری) غیر جہاز رانی ؛ بری (خشکی کا باشندہ) ۔ (۳) دیس بھائی ؛ باشندہ) ۔ (۳) دیس بھائی ؛ ہم وطن ۔

Landstrum : (n) (جرمن) (بری ، بحری اور صرف ایام جنگ میں خدمت کرنے والی فوجوں کے علاوہ) عام بھرتی ؛ (جنگ کے موقع پر) عام بھرتی ۔

Landswoman : (n) کھیتیر عورت ۔

Landward : (adv.) خشکی کی طرف ۔

Landward : (a) خشکی کی طرف کا ۔

Landwards : (n) خشکی کی طرف ۔

Lane : (n) (۱) عموماً دو باڑوں کے درمیان تنگ راستہ ۔ (۲) تنگ راستہ ؛ کوچہ ۔ (۳) صفوں کے بیچ کا راستہ ۔ (٤) جہازوں کا مقررہ راستہ ؛ ہوائی جہاز کا مقررہ راستہ ۔ (٥) (عام) حلق ؛ نرخرہ ؛ حنجرہ ۔ (٦) سڑک جس پر صرف ایک طرف سے سواریاں چلتی ہیں ۔

Blind lane : بند گلی ؛ کوچہ سر بستہ ۔

Red lane / The lane/ Narrow lane : حلق ۔

Lane : (v) گلی بنانا ؛ گلی بننا ۔

Lane : (a) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے مونس و غمخوار ؛ اجاڑ ؛ ویران ؛ سنسان ؛ اداس ؛ دلگیر ۔

Lanely : (adv.) دیکھو Lane

Lanesome : (a) تنہا ؛ اداس ؛ تنہائی سے ملول ؛ سنسان ۔

Langobardic : (a) لمبارڈی ؛ لمبارڈی یا اہل لمبارڈی سے متعلق ۔

Langrage / Langridge : (n) کولا جو بحری جنگ میں جہاز کی رسیوں ، بادبانوں وغیرہ کو برباد کرنے کے لئے توپ میں بھر کر چلایا جاتا ہے ۔

Langshan : (n) چین کا سیاہ مرغ ۔

Langsyne : (adv.) زمانہ سابق (میں) ؛ زمانہ گزشتہ (میں) ۔

Language : (n) (۱) زبان؛ بھاشا؛ بولی؛ لسان ؛ بول چال ؛ طرز سخن؛ سخن؛ طرز کلام ؛ طرز بیان ؛ نشست الفاظ ۔ (۲) لغت اور اس کا استعمال ۔ (۳) (مجازاً) پیرایہ ادا ؛ اظہار خیال کا طریقہ ۔ (٤) نطق ؛ گویائی ۔ (٥) اصطلاحی زبان ؛ کسی طبقے کی زبان ؛ اصطلاح ؛ محاورہ ۔ (٦) (کمپیوٹر) علامات وغیرہ جس کے ذریعہ پروگرام لکھتے ہیں ۔

Bad language : ناشائستہ گفتگو ؛ گالیاں وغیرہ ؛ سوقیانہ گفتگو ۔

Dead language : غیر مروجہ زبان ؛ مردہ زبان ؛ وہ زبان جو بولی نہ جاتی ہو صرف کتابوں میں محفوظ ہو ۔

Finger language: قواعد مقررہ کے مطابق انگلیوں کے اشارے سے مطلب ادا کرنا ؛ اشاروں کی زبان ۔

(۱) پر زور الفاظ ؛ پر جوش گفتگو ؛ Strong language جوشیلی گفتگو ۔ (۲)سخت کلامی ۔

Language : (v) زبان میں ادا کرنا ۔

Language laboratory : (n) وہ جگہ جہاں ٹیپ ریکارڈوں وغیرہ کے ذریعہ زبانی مشق کرکے غیر ملکی زبانوں کو سیکھاجاتا ھے ۔

Language of flowers : (n) مختلف پھولوں کی مقررہ علامتوں سے مطلب ادا کرنا ؛ پھولوں کی زبان ؛ پھول بھاشا ۔

Languaged : (a) (۱) زبان دار ؛ خوش زبان ۔ (۲) (زبان کا) ماھر ۔ (۳) خوش الفاظ ۔

Languageless : (a) بے زبان ؛ بے لسان ۔

Langue : (n) کسی مذھبی اور فوجی مدارج کی قومی تقسیم یا شاخ ۔

Langued : (a) (نقابت) مخصوص رنگ کی زبان والا (مارکہ) ۔

Languedoc : (n) (۱) قرون وسطیٰ کی فرانسیسی زبان جو دریائے لوار (Loire) کے جنوب اور شمال میں بولی جاتی ھے ۔ (۲) فرانس کے قدیم صوبے Languedoc میں بننے والی شراب ۔

Languet / Languette : (n) (۱) زبان سے مشابہ کوئی چیز ؛ خصوصاً ارگن باجا ؛ فلو باجا ۔ (۲) (حیوانیات) زبانہ ؛ زبانك ۔

Languid / Language : (n) فلو باجا ۔

Languid : (a) (۱) مریل ؛ بے جان ؛ بے دم ؛ نڈھال ؛ سُست ؛ مجہول ؛ ضعیف ۔ (۲) بے ھمت ؛ مردہ دل ؛ بے حس ؛ بے کیف ۔ (۳) بے رونق ؛ پھیکا ؛ بے لطف ۔ (٤) مٹھا ؛ سست ۔ (٥) کمزور ؛ ناتواں ؛ پست ؛ بیمار ؛ رنجور ۔

Languidly : (adv.) سستی سے ؛ بے کیفی سے ؛ افسردہ دلی سے ؛ کمزوری سے ۔

Languidness : (n) سستی ؛ بے کیفی ؛ کمزوری ؛ افسردہ دلی ۔

Languish : (n) (۱) کمزوری ؛ ناتوانی ؛ پژمردگی ؛ اداسی ۔ (۲) محبت بھری نظر ۔

Languish : (v) (۱) کمزور ھونا ؛ ناتواں ھونا ؛ پژمردہ ھونا ؛ کمھلانا ؛ مرجھانا ؛ نڈھال ھونا ؛ مضمحل ھونا ۔ (۲) اداسی یا مردہ دلی کی زندگی بسر کرنا ۔ (۳) گرنا ؛ زور گھٹنا ؛ پست ھونا ۔ (٤) (کسی آرزو میں) گھلنا ۔ (٥) حسرت و یاس کا انداز اختیار کرنا ۔ (٦) چشم نیم باز سے دیکھنا ؛ مدھ بھری نگاھوں سے دیکھنا ۔

Languisher : (n) اداسی یا مردہ دلی سے زندگی بسر کرنے والا ؛ (کسی آرزو میں) گھلنے والا ؛ مدھ بھری نگاھوں سے دیکھنے والا ۔

Languishment : (n) (۱) کمھلاھٹ ؛ اضمحلال ؛ اداسی ؛ کاھش ؛ گھلنا (کسی آرزو میں) ۔ (۲)جذبات کا اظہار ۔ (۳) درد عشق ؛ محزونی ۔

Languor : (n) (۱) نقاھت ؛ کمزوری ؛ تکان ۔ (۲) سستی ؛ ڈھیلاپن ؛ بے دم یا بے جان ھونا ۔ (۳) حسرت ویاس کا انداز ؛ نیم نگاھی ؛ لگاوٹ ۔ (٤) سستی ؛ بے رونقی ؛ بے کیفی ؛ افسردگی ؛ پژمردگی ۔ (٥) (آسمان وغیرہ کی) بھیانك خاموشی ۔

Languorous : (a) دیکھو Languid

Laniard : چھوٹی رسی خصوصاً وہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے یا پکڑی جائے ۔

Laniariform : (a) کچلیوں کی شکل کا ۔

Laniary : (a) (دانتوں کے بارے میں) نکیلا اور تیز ؛ نیش ؛ دندانی ۔

Laniary : (n) تیز نکیلا دانت ؛ کچلی ؛ ناب ؛ گوشت چیرنے پھاڑنے کے لئے موزوں دانت ۔

Laniferous : (a) پشم دار ؛ اون دار ؛ روئیں دار ۔

Lanigerous : (a) اون دار ؛ پشم دار ؛ روئیں دار ۔

Lanista : (n) (قدیم روما) پیشہ ور تیغ زنوں کوتربیت دینے والا ۔

Lank : (a) (۱) سوکھا ؛ لاغر ؛ کم گوشت ؛ چھریرا ؛ اکہرا ؛ پتلا ۔ (۲) لمبی نرم (گھاس) ؛ قاق ۔ (۳) سیدھے نرم (بال) ۔

Lankily : (adv.) دبلے پتلے اور لمبے طور پر ۔

Lankiness : (n) سوکھا اور لمبا ہونا ۔

Lanky : (a) دبلا ، پتلا اور لمبا ؛ سوکھا اور لمبا۔

Lanner : (n) ایک قسم کا باز ؛ چرغ ؛ چرغ مادہ ۔

Lanneret : (n) چرغ نر ۔

Lanolin : (n) روغن پشم ؛ صوفانی ؛ ایک قسم کی روغنی چیز جو اون سے نکالی جاتی ہے اور اس سے مرہم کے پھاہے بنائے جاتے ہیں ۔

Lanose : (a) پشم دار ؛ روئیں دار ۔

Lansquenet/ Lamb-skin-it : (n) (۱) سولھویں اور سترھویں صدیوں میں جرمنی کے بھاڑے کے سپاہیوں کی ایک جماعت ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل جو جرمن کی ایجاد ہے ۔

Lant : (n) ایک قسم کی بام مچھلی جو ریت میں رہتی ہے ۔

Lantanium : (کیمیا) ایک کمیاب عنصر جو المونیم کی قسم کی دھاتوں میں ملا ہوا ہوتا ہے ۔ (دریافت 41 - 1839) ۔

Lantern / Lanthorn : (n) (۱) فانوس ؛ قندیل ؛ لالٹین ۔ (۲) روشنی کے مینار کا وہ کمرہ جس میں روشنی کی جاتی ہے ؛ منارہ ۔ (۳) کمرے کی چھت یا گنبد کا روشن دان (اندھے شیشوں کا) ۔ (٤) Lantern fly کی چمکنے والی سونڈ ۔ (٥) جادوئی فانوس ؛ طلسمی لالٹین ۔ (٦) (چھینٹ چھپائی) بھاپ چیمبر جس میں چھینٹ کے رنگوں کو پکا کیا جاتا ہے ۔ (۷) (برقیات) ریعی خطا کے خول کا وہ حصہ جو آئینے وغیرہ کا احاطہ کئے رہتا ہے ۔ (۸) (ڈھلائی) مسام دار استوانہ جو قالب کا کام کرتا ہے ۔ (۹) چرخ دندانی ؛ دنت پہیا ۔ (۱۰) بعض مچھلیوں کا نام ۔

Bull's eye lantern : نیم کروی عدسہ کی لالٹین ۔

Magic lantern : جادوئی فانوس ؛ طلسمی لالٹین ۔

Parish lantern : ماہ ؛ مہتاب ؛ چاند ۔

Lantern : (v) (۱) فانوس کی قسم کی چیز میں بند کرنا ۔ (۲) فانوس مہیا کرنا ۔ (۳) قندیل کے کھمبے سے لٹکا کر پھانسی دینا ۔

Lantern-carrier : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Lantern-fish : (n) سول ماهی ؛ چپٹی مچھلی ۔

Lantern-fly : (n) دیکھو Lantern carrier

Lantern-jaws : (n) لمبے پتلے جبڑے ۔

Lantern-jawed : (a) لمبے پتلے جبڑے والا ۔

Lantern-light : (n) (۱) فانوس کی روشنی ۔ (۲) چھت یا گنبد کے روشن دان کی روشنی ۔ (۳) کمرے کی چھت کا روشن دان ۔

Lantern-pinion : (n) چرخ دندان ۔

Lantern-shell : (n) ایک قسم کا دو عمامی صدف جس کا خول نیم شفاف ہوتا ہے ۔

Lantern-wheel : (n) دیکھو Lantern-pinion

Lanthanite : (n) لینتھینم کا آبدار کاربونٹ ۔

Lanthanum / Lant (h)anium : (n) لینتھینم ؛ ایک کمیاب عنصر جو سیر یم دھات میں ملا ہوتا ہے ۔

Lanthopine : (n) افیون میں پایا جانے والا القلی ۔

Lanthorn : (n) دیکھو Lantern

Lanuginous / Lanuginose: (a) قطنی ؛ پشم دار ۔

Lanugo : (n) پشم جنین ؛ رواں ؛ رونگٹا ؛ نرم پر ۔

Lanyard : (n) دیکھو Laniard

Lanzknecht : دیکھو Lanquenet

Laodicean : (a) (۱) لیٹو ڈیسیا سے متعلق ۔ (۲) مذہبی یا سیاسی معاملات سے بے پروا ۔

Laodicean : (n) (۱) لیٹو ڈیسیا کا باشندہ ۔ (۲) وہ آدمی جو مذہبی یا سیاسی معاملات میں بہت کم دلچسپی لے ۔

Laodiceanism : (n) بے پروائی ؛ بے اعتنائی ؛ غیر جانب داری ۔

Lap : (n) (۱) کپڑے کا دامن ؛ (زمین وغیرہ کا) لٹکتا ہوا حصہ ۔ (۲) کان کی لو ؛ نیا گوش ۔ (۳)جھولی ۔ (٤) گود ؛ آغوش ۔ (٥) غار ؛ کوہ ۔ (٦) حفاظت ؛ نگرانی ؛ تحویل ۔

In fortune lap / Inpleasure's lap : خوش قسمتی کی گود میں ۔

In the lap of : گود میں ۔

In the lap of providence : تقدیر کی گود میں ؛ مستقبل میں ۔

In the lap of future : تقدیر کی گود میں ؛ مستقبل میں ۔

Lap : (n) (۱) وہ چیز جو سڑپی جائے ؛ کتے کی پتلی خوراک ۔ (۲) (عام) کم نشہ آور مشروب ؛ پینے کی کوئی ہلکی چیز ؛ شراب ۔ (۳) سڑپا ؛ ایک بار سڑپنے کی مقدار (٤) لہروں کے کنارے پر ٹکرانے کی آواز ۔

Lap : (n) (۱) کسی چیز کا وہ حصہ جو دوسری چیز کو ڈھکنے کے بعد باہر نکلا رہے ؛ اس حصے کی مقدار ۔ (۲) بیلن پر (روئی وغیرہ کی) لپٹی ہوئی تہ ۔ (۳) چرخی یا پھرکی کے گرد سوتی یا ریشمی تاگے کا ایک دور یا چکر ۔ (٤) دوڑ کے میدان کا ایک چکر یا دور ؛ کھیل کا ایک دور ۔ (٥) تاش کے کھیل میں جیتنے کے پوائنٹ سے زیادہ پوائنٹ جو دوسرے دور میں شامل کر دیا جائے ۔

Half-lap : (ریل کی پٹریوں وغیرہ میں) ایسا جوڑ جس میں سروں کی موٹائی آدھا کرکے انہیں پیوست کردیں ؛ ادھ سرا جوڑ ؛ لو جوڑ ؛ سلواں جوڑ ۔

Lap : (n) (۱) سان چکر ؛ پھرکی جس پر دھاتوں اور جواہرات کو جلا دیتے ہیں ۔ (۲) بندوق کی نال صاف کرنے کا سیسے کا ٹکڑا جو لوہے کی چھڑ میں لگا رہتا ہے ۔

Lap : (v) (۱) سڑپنا ؛ (پانی وغیرہ) زبان سے سڑپ کر پینا ؛ چپڑ چپڑ پینا ۔ (۲) (تالاب یا چشمے کے کنارے سے) لہروں کا شور کے ساتھ ٹکرانا ۔

Lap :(v) (۱) لپیٹنا ؛ اوٹنا ؛ تہ بہ تہ باندھنا (کپڑے کا) ۔ (۲) بہت سے کپڑوں یا تہوں میں لپیٹنا ؛ بہت سے کپڑے پہنادینا ۔ (۳) (اثرات وغیرہ کا) گھیر لانا ؛ محاصرہ کرلینا ؛ نرغے میں لے لینا ۔ (٤) آغوش میں لینا ۔ (٥) (گھڑ دوڑ) (دوسرے گھوڑے سے) آگے رہنا یا ہو جانا (بقدر ایک یا زیادہ چکر کے) ۔ (٦) (کسی چیز کو) اس طرح ڈھکنا کہ کچھ حصہ باہر نکلا رہنا ۔ (۷) باہر نکلا رہنا ۔ (۸) (امریکا) (کشتی دوڑ) دوسرے کے قریب آنا ۔ (۹) (خام روئی کو) چرخی پر لپیٹنا ۔ (۱۰) نئے فنڈ کو گذشتہ فنڈ کی کمی پورا کرنے کے لئے استعمال کرنا ۔

Lap : (v) جلا دینا (دھات ، جواہرات وغیرہ پر) ۔

Lap-board : (n) وہ تختہ جس کو گود میں رکھ کر ٹیبل کا کام لیا جاتا ہے ۔

Lap-child/ -baby : (n) گود کا بچہ ؛ بچہ جو خود سے چلنے کے لائق نہ ہو ۔

Lap-dog :(n) چھوٹاپلا ہوا کتا ؛ گرجی کتا ۔

Lap into : (v) (کسی چیز میں) گھسا ہوا ہونا ۔

Lap-joint : (n) لو جوڑ ؛ ملواں جوڑ ؛ (ریل کی پٹریوں وغیرہ میں) ایسا جوڑ جس میں سروں کی موٹائی آدھی کرکے انہیں پیوست کردیں ؛ ادھ سرا جوڑ۔

Lap on : تاگا وغیرہ لپیٹ کر کسی چیز کو مستحکم کردینا ؛ قائم کردینا۔

Lap over : (v) (۱) کسی چیز کے آگے نکلا ہوا ہونا۔ (۲) اپنی حد سے تجاوز کرجانا۔

Lap-streak : (n) ایک خاص ساخت کی کشتی جس میں لوہے کے پترے ایک دوسرے پر چڑھے رہتے ہیں۔

Lap table : (n) دیکھو Lap-board

Lap up : (n) (۱) پر جوش خیر مقدم کرنا ؛ خوشی سے قبول کرنا ؛ (۲) پینا (شراب وغیرہ کا)۔

Lap-work : (n) ایسا کام جس میں ایک حصہ دوسرے پر ادل بدل کر چڑھا ہوا ہو۔

Lapactic : (a) مُلین ؛ دست آور۔

Laparo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "پہلو" کوکھ (جراحی وتشریح کے بعض مرکب اصطلاحات کا پہلا جزو)۔

Laparoctomy : (n) معدہ برآری۔

Laparotomy : (n) (دیوار) معدہ شگافی۔

Lapel : (n) کوٹ کے گریبان کی گوٹ ؛ گوٹ گریباں۔

Lapelled : (a) لوٹ کے گریبان کا (کوٹ)۔

Lapful : (n) دامن بھر ؛جھولی بھر ؛ گود بھر۔

Lapicide : (n) کتبہ تراش؛ سنگ تراش ؛ کندہ کار۔

Lapidary : (n) نگینہ ساز ؛ حکاک ؛ جواہروں کو تراشنے اور جلا دینے والا ؛ نگینہ شناس ؛ حجارؔ۔

Lapidary : (a) (۱) (قیمتی یا آرائشی) پتھروں کے متعلق ؛ حجری۔ (۲) کندہ کیا ہوا۔ (۳) (عبارت) کندہ کرنے کے قابل۔

Lapidary's -mill / -wheel : (n) پتھروں کو تراشنے اور جلا دینے کا آلہ۔

Lapidate : (v) پتھر برسانا ؛ سنگ سار کرنا ؛ سنگ سار کر کے مارڈالنا۔

Lapidation : (n) سنگساری ؛ پتھروں کی بارش ؛ رجم۔

Lapidific: (a) سنگ سازی کےلئے موزوں یا اس سے متعلق۔

Lapidification : (n) پتھر بنادینا ؛ تحجر ؛ سنگ سازی۔

Lapidify : (v) پتھر بنادینا ؛ پتھر کا بنادینا ؛ محجر کردینا۔

Lapidose : (a) (۱) پتھروں سے بھرا ؛ پتھروں سا۔ (۲) پتھریلی زمین میں اگنے والا۔

Lapies : (n) وہ نالی اور ماہی پشت جو پتھروں پر چونے کے محلول سے بن جاتی ہے۔

Lapilli : (n) سنگریزہ ؛ برکانی خصوصاً آتش فشاں سے نکلنے والے سنگریزے۔

Lapin : (n) خرگوش ؛ (خصوصاً اختہ کیا ہوا نر خرگوش)۔

Lapis : (n) (۱) پتھر ؛ حجر ؛ سنگ۔ (۲) Philosopher stone اور Lapis-lazuli کا مخفف۔

Lapis armenus : (n) تانبے کا نیلا کاربونیٹ۔

Lapis calaminaris : (n) کچا جست۔

Lapis causticus : (n) کاسٹک پوٹاش۔

Lapis infernalis : (n) سلور نائٹریٹ ؛ حجر جہنم۔

Lapis judaicus : (n) بحری خار پشت کی متحجر ریڑھ۔ جو پہلے دوا میں استعمال ہوتی تھی۔

Lapis lazuli / Lapis-lazuli : (n) (۱) ایک معدنی چیز جس سے شوخ نیلا رنگ بناتے ہیں ؛ لاجورد۔ (۲) شوخ نیلا رنگ ؛ لاجوردی رنگ۔

Lapis-ollaris : (n) کوزہ پتھر ؛ سنگ صابون۔

Lappish : (a & n) دیکھو Lappic

Lapponian : (a) دیکھو Lappic

Lapponian : (n) دیکھو Lapp

Lapsability / Lapsibility : (n) (قانون) قابل تمادی ہونا ۔

Lapsable / Lapsible : (a) (قانون) قابل تمادی ۔

Lapse : (n) (۱) بھول ؛ چوک ؛ ادنیٰ سی خطا ؛ غلطی ؛ سہو ؛ فرو گزاشت ۔ (۲) لغزش ؛ اخلاقی قصور ؛ غفلت ۔ (۳) ارتداد ۔ (٤) تنزل ۔ (٥) (قانون) عدم استعمال کی وجہ سے استحقاق باقی نہ رہنا ؛ حق چلا جانا ؛ تمادی عارض ہونا ؛ غیر مستقل ہوجانا ۔ (٦) (پانی کا) ہلکا بہاؤ ؛ سبک روی ۔ (۷) امتداد زمانہ ؛ وقت کا گزرنا ؛ وقفہ ۔

Lapse : (v) (۱) گرنا ؛ گھٹنا ؛ گرکر پہلی حالت ہوجانا ؛ بد تر ہوجانا ۔ (۲) (حق) جاتا رہنا ؛ تمادی عارض ہوجانا ؛ (جانداد وغیرہ کا) وارث نہ ہونے سے (کسی کو) واپس مل جانا ۔ (۳) آہستہ آہستہ بہنا ؛ گزرنا ؛ اترنا ؛ دبنا ؛ فرو ہونا ؛ کم ہونا ۔

Lapse-rate : (n) (موسم) اونچائی کے ساتھ درجۂ حرارت کم ہونے کی شرح ۔

Lapsed : (a) (۱) متروک ؛ بحالت انحطاط ؛ غائب ؛ مسقوط ۔ (۲) (شخص) مرتد ؛ عاصی ؛ گنہگار ؛ برگشتہ مذہب ؛ منحرف ۔ (۳) (جاگیر وغیرہ کا) منتقل شدہ حق ۔

Lapsed : (n) اذیت کی وجہ سے مذہب سے انکار کرنے والے عیسائی ۔

Lapser : (n) انکار کرنے والا ؛ منکر ؛ مرتد ؛ آہستہ آہستہ بہنے والا ؛ کم ہونے والا ۔

Lapsible : (a) دیکھو Lapsable

Lapsided : (a) جس کا رخ ایک دوسرے سے نیچا یا چھوٹا ہو ؛ ناھموار ؛ بے توازن ۔

Lapland : (n) لاپستان ؛ اسکینڈی نیویا کا سب سے شمالی خطہ ۔

Laplander : (n) لاپستان کا باشندہ ؛ لاپی ۔

Laplandian /Laplandic /Laplandish : (a) لاپستان ؛ لاپستانی قوم یا لاپستانی زبان سے متعلق ۔

Lapp : (n) (۱) شمالی اسکینڈی نیویا کی ایک بونی قوم ؛ لیپی قوم ۔ (۲) لیپی قوم کی زبان ۔

Lapp : (a) لاپستان کا ؛ لاپی ؛ لاپستانی ۔

Lappaceous : (a) کتا گھاس سے متعلق یا مشابہ ؛ آنکڑے دار ۔

Lappage : (n) وہ مقدار جس سے ایک سطح دوسری سطح کو ڈھانکتی ہے ۔

Lapper : (n) سڑپنے والا ۔

Lapper : (n) کپڑوں کو تہ کرکے لپیٹنے والا ۔

Lapper : (n) دھاتوں یا جواھرات کو جلا دینے والا ۔

Lapper : (n) جما ہوا (دودھ) ۔

Lappet : (n) (۱) دامن ؛ کپڑے کا لٹکتا ہوا حصہ ۔ (۲) لٹکا ہوا گوشت یا جھلی ؛ کان کی لو ؛ غبغبہ ۔ (۳) کوٹ کے گریبان کی لوٹ ۔ (٤) عورتوں کی ٹوپی کا دنبالہ یا فیتہ ۔ (٥) کسی چیز کا لٹکا ہوا حصہ ۔ (٦) Lappet moth کا مخفف ۔

Lappet-end : (n) لیس وغیرہ کے لٹکے ہوئے حصے کا کنارا ۔

Lappet-moth : (n) ریشم کے کیڑے کی ایک جنس ۔

Lappet-muslin : (n) ایک قسم کی منقش ململ ۔

Lappet-weaving : (n) (کپڑے کی) بنائی کا ایک طریقہ جس میں پھسلواں چوکھٹے میں لگی ہوئی سوئی کے ذریعہ کشیدہ کاری کی جاتی ہے ۔

Lappeted : (a) دنبالہ دار ۔

Lappic : (a & n) لاپی ؛ لاپستانی ۔

Lapping : (n) (۱) لپیٹنا ؛ لپیٹ ؛ تہ لگانا (تہ کی لگاوٹ) ۔

Lapstone : (n) سندان (موچیوں کا ، جسے گود میں رکھ کر چمڑا پیٹتے ہیں) ۔

Lapsus : (n) سہو ؛ لغزش ؛ فروگزاشت ؛ بھول ؛ بھول چوک ۔

Lapsus calami : (n) سہو قلم ؛ قلم کی لغزش ۔

Lapsus linguae : (n) زبان کی لغزش ۔

Laputan : (a) (۱) لیپوٹا (کتاب Gulliver's Travels میں ایک اڑنے والا جزیرہ) کا ؛ لیپوٹی ۔ (۲) (مجازاً) شیخ چلی ۔ (۲) خیالی ؛ موہوم ؛ بے سروپا ؛ بے بنیاد ؛ شیخ چلی سا ۔

Laputan : (n) لیپوٹا کا باشندہ ۔

Lapwing : (n) زقزاق کی جنس کا ایک پرندہ ؛ مرغ زیبا ؛ زیاک ؛ ہُدہُد ۔

Laquear : (n) (تعمیرات) چادر چھت جس میں نشیبیں ہوتی ہیں اور نشیبوں کے درمیان پٹیاں ہوتی ہیں ؛ دبّے دار چھت ۔

Lar : (n) (۱) (جمع) قدیم روما اور یونان کا گھریلو دیوتا ؛ گھر کا دیوتا ؛ گھر ۔ (۲) (حیوانیات) برمی لنگور؛ بندر ۔

Larboard : (n) جہاز کا بایاں پہلو ۔

Larboard : (a) (۱) جہاز کے بائیں پہلو سے متعلق ۔ (۲) (مزاحاً) بایاں ۔

Larcener / Larcenist : (n) چور ؛ سارق ؛ دزد ؛ غیر قانونی قبضہ ۔

Larcenous : (a) سرقے کا ؛ چوری کا ؛ سارقانہ ۔

Larcenously : (adv.) چوری سے ؛ سارقانہ ۔

Larceny : (n) (قانون) چوری ؛ سرقہ ۔

Grand larceny : خفیف سرقہ جس میں چیز کی قیمت ایک شلنگ سے زیادہ ہو ۔

Mixed or compound larceny : سنگین سرقہ ۔

Petty larceny : خفیف سرقہ (جس میں چیز کی قیمت ایک شلنگ سے کم ہو) ۔

Simple larceny : معمولی سرقہ ۔

Larch : (n) (۱) عرعر ؛ سیاہ کاج ؛ ایک قسم کا اونچا خوبصورت درخت جس سے گندہ بروزہ ، پائدار عمارتی لکڑیاں اور دباغت میں کام آنے والی چھال حاصل ہوتی ہے ؛ لارشی کی لکڑی ۔ (۲) سیاہ کاج کا درخت یا اس کی جنس کا درخت ۔ (۳) سیاہ کاج کی لکڑی ۔

Larch bark : (n) سیاہ کاج کی چھال ۔

Larchen : (a) عرعری ۔

Lard : (n) شحم خنزیر ؛ لارڈ ؛ سور کے پیٹ کی چربی ؛ سور کی چربی ۔

Compound lard : نباتی روغن سے بنائی ہوئی چربی ۔

Neutral lard : سور کے پیٹ کی بہترین چربی سے تیار کیا ہوا لارڈ ۔

Lard : (v) (۱) (مرغ وغیرہ میں) سور کا نمکایا ہوا گوشت ملانا (پکانے سے پہلے) ۔ (۲) (تقریر یا تحریر کو) استعاروں ، اصطلاحوں اور غیر ملکی لغات سے مرصع کرنا ۔ (۳) سور کی چربی ملانا ؛ چربی یا چکنائی سے ڈھک دینا ۔

Lard-oil : (n) لارڈ سے بنایا ہوا تیل جو مشینوں میں ڈالا جاتا ہے ۔

Lardacein : (n) (کیمیا) مومی مادہ ۔

Lardaceous : (a) (طب) سور کی چربی سے مشابہ ؛ چربیلا ؛ چربی دار ؛ مومی ۔

Larder : (n) (۱) کمرہ جس میں گوشت اور کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں ؛ رکابدار خانہ ؛ نعمت خانہ ۔ (۲) غیر مطلوب جانوروں کو مار کر ڈراؤنا (Scare [illegible]) کی طرح لٹکادینا ۔

Larder : (n) سور کا گوشت ملانےوالا ؛ استعاروں ، اصطلاحوں اور غیر ملکی لغات سےمرصع کرنے والا ۔

Larder-beetle : (n) ایک قسم کا کیڑا جو خشک گوشتوں کو کھاتا ہے ۔

Larder-house : (n) رکابدار خانہ ۔

Larderer : (n) رکابدار خانے کا نگراں ۔

Lardiner : (n) رکابدار خانے کا افسر ۔

Lardon / Lardoon : (n) (مرغ وغیرہ میں ملانے کے لئے) سور کے نمکائے ہوئے گوشت کا ٹکڑا ۔

Lardy : (a) چربیلا ؛ چربی دار ۔

Lardy-dardy : (a) (عام) بننے والا ؛ چھبیلا ؛ رنگیلا ؛ نخرے باز ؛ بناوٹی ؛ نخرے بازی کا ۔

Lare : دیکھو Lair, Layer, Lore

Large : (a) (۱) وسیع ؛ فراخ ۔ (۲) بڑا ۔ (۳) (تقریر و اطوار) پر تکلف ؛ طمطراق ؛ غیر محتاط ؛ پر لاف و گزا ف ۔ (٤) آزادانہ ۔ (٥) (بحری) موافق (ہوا) ۔ (٦) بے تعصبانہ ۔

Large : (adv.) (۱) (بحری) موافق ہوا کے ساتھ اس طرح کہ دونوں پہلو ہوا کے رخ پر ہوں ۔ (۲) شیخی کے ساتھ ۔

By and large : ہوا کے رخ پر اور اس سے الگ ۔

To go or lead large : مقررہ راستے کر چھوڑ کر سیدھے آگے بڑھ جانا ۔

Large : (n) (۱) (موسیقی) سب سے لمبا سُر ۔ (۲) کاغذ کی تقطیع کا ایک سائز (″۱۹ × ″۲٤) ۔

At large: (۱) آزاد (جو قید نہ ہو) ۔ (۲) (بیان وغیرہ) مفصل ؛ مشرح ؛ تفصیلی ؛ بے اختصار ۔ (۳) علی العموم ؛ بحیثیت مجموعی ۔(٤) علی الاطلاق ؛ بلا تفریق وبلا امتیاز ۔ (٥) موافق ہوا کے رخ پر چلنے والا ۔ (٦) (امریکا) پوری ریاست کا ؛ کلی نمائندگی کرنے والا (نمائندہ یا رائے دہندہ) ۔ (۷) بغیر کسی مقصد یا محنت کے ۔

In large : بڑے پیمانے پر ۔

Large : (v) (بحری) (ہوا کا) سکان رخ بہنا ۔

Large-eyed : (a) (۱) بڑی آنکھوں والا ؛ پھٹی پھٹی آنکھوں والا۔ (۲) (مجازاً) چوکس ؛ ہوشیار ۔

Large-handed : (a) (۱) فیاض ؛ فیاضانہ ۔ (۲) لمبے ہاتھوں والا ۔

Large-handedness : (n) فیاضی ؛ فراخدلی ۔

Large-hearted : (a) فراخ دل ؛ وسیع القلب ؛ وسیع النظر ؛ فرا خدلانہ ۔

Large-heartedness : (n) فراخ دلی ؛ وسعت قلب ؛ وسعت نظر ؛ وسعت قلبی ؛ وسعت نظری ۔

Large-lunged : (a) (مرضیات) بڑھے ہوئے پھیپھڑوں والا ۔

Large-minded : (a) (۱) فیاض ؛ دریا دل ؛ فیاضانہ ۔ (۲) بے تعصب ؛ وسیع القلب ؛ بے تعصبانہ ۔

Large-mindedness : (n) فیاضی ؛ فراخ حوصلگی ؛ بے تعصبی ؛ وسعت قلب ؛ وسعت نظر ۔

Large order : (n) مشکل الحصول چیز ۔

Large-paper : (n) بڑی تقطیع کا کاغذ ۔

Large pole : (n) جنگل کا درخت جس کا قطر ۸ سے ۱۲ انچ ہو ۔

Largely : (adv.) (۱) وسعت سے ۔ (۲) بڑی حد تک ؛ زیادہ تر ؛ بیشتر ۔

Largen : (v) بڑا کرنا یا ہونا ؛ وسیع کرنا یا ہونا ۔

Largeness : (n) وسعت ؛ ضخامت ؛ کثرت ؛ جسامت ؛ بڑا ہونا ۔

Largess / largesse : (n) (۱) انعام و اکرام ؛ داد و دہش - (۲) گراں قدر عطیہ ؛ دریا دلانہ بخشش -

Larget : (n) لوہے کی چھوٹی چھڑ جس سے چادر بنائی جاتی ہے -

Largish : (a) کسی قدر بڑا ؛ بڑا سا -

Largo : (n) موسیقی کی ایک ہدایت -

Lariat : (n) (۱) گھوڑوں وغیرہ کو پکڑنے کا ایک پھندا - (۲) جانوروں کو پکڑنے کی کچے چمڑے کی کمند -

Lariat : (v) پھندے سے پکڑنا یا باندھنا -

Larick : (n) دیکھو Larch

Larid : (n) یاغو کے خاندان کا ایک پرند -

Laridine : (a) یاغو صفت -

Larigot : (n) ارگن باجے کا ایک پردا -

Larikin : (n) (نوجوان) لُچا ؛ شہدا ؛ غنڈہ ؛ بدمعاش -

Lark /Laverock : (n) (۱) چکاوک ؛ چنڈول : کوا ؛ قنبرہ ؛ قنابر ؛ بھورے مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسمیں جن کی پچھلی انگلیاں بڑی ہوتی ہیں - (۲) بعض پرندوں کے نام کے آگے آتا ہے -

Lark : (n) (۱) ہنسی ؛ دل لگی ؛ چُہل ؛ رنگ رلیاں ؛ پر لطف صحبت ؛ صحبت نشاط - (۲) دلچسپ واقعہ ؛ مزے کی بات - (۳) طرز عمل ؛ طرز زندگی -

Lark : (v) چنڈول پکڑنا -

Lark : (v) (۱) رنگ رلیاں منانا ؛ چُہل کرنا ؛ ہنسی ، دل لگی کرنا ؛ کھیلنا کودنا - (۲) دیہاتی علاقے میں گھُڑ سواری کرنا -

Lark-heel / Lark's-heel : (n) (۱) گل نافرمان ؛ جرجیر ؛ نسترن- (۲) ھالم ؛ گل میمون ؛ لاون ؛ عنبر - (۳) لمبی ایڑی جو نیگروز میں پائی جاتی ہے -

Lark-heeled : (a) (پرند) جس کی پچھلی انگلیاں بڑی ہوتی ہیں -

Larker : (n) چنڈول پکڑنے والا -

Larker : (n) رنگ رلیاں منانے والا ؛ چُہل کرنے والا -

Larkspur : (n) (نباتیات) جرجیر ؛ ھالم ؛ گل میمون ؛ زبان ورقا -

Larky : (a) کھلنڈرا ؛ رنگ رلیوں کا شائق ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ ہنسوڑ -

Larmier : (n) (۱) (تعمیرات) آبریز ؛ کانس - (۲) (تشریح) ماق چشم -

Larmoyant : (a) آنسو بہانے والا ؛ بات بات پر رونے والا ؛ اشک ریز -

Larrikin : (n) دیکھو Larikin

Larrup / Larrop : (v) پیٹنا ؛ مارنا -

Larry : (n) لاری ؛ ٹرک جو اوپر سے کھلا ہوا ہو- لمبی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں -

Larry : (n) (۱) بیلچہ - (۲) پلاوا -

Larry : (v) بیلچہ یا پلاوے سے بھرنا -

Larry : (n) انتشار ؛ شور و غوغا ؛ ابتری -

Larum : (n) Alarm کی قدیم صورت -

Larva : (n) پہل روپ ؛ لاروا -

Larval : (a) (۱) پہل روپ کا - (۲) (مرضیات) مخفی ؛ مضمر-

Larvate / Larvated : (a) پوشیدہ ؛ پنہاں ؛ نقاب پوش -

Larve : (n) (۱) بھوت ؛ ھوّا؛ روح - (۲) پہل روپ -

Larvi - : (prefix) سابقہ بمعنی "پہل روپ کا" -

Larviform : (a) لاروا کی شکل کا ۔

Larviparous : (a) لاروزا ؛ لاروا کی شکل میں پیدا ہونے والا ۔

Laryngeal : (a) حنجری ؛ حنجرے کا ۔

Laryngismus : (n) (مرضیات) تشنیم حنجرہ ۔

Laryngitic : (a) ورم حنجرہ سے متعلق ۔

Laryngitis : (n) ورم حنجرہ ۔

Laryngo / Laryng : (prefix) سابقہ بمعنی "حنجرے کا یا اس سے متعلق" ۔

Laryngological : (a) حنجریاتی ؛ حنجریات سے متعلق ۔

Laryngologist : (n) حنجریات داں ؛ ماہر علم امراض حنجرہ ۔

Laryngology : (n) حنجریات ؛ علم امراض حنجرہ ۔

Laryngopharyngeal : (a) حنجرہ و حلقوم سے متعلق ۔

Laryngopharynx : (n) حنجرہ و حلقوم ۔

Laryngophony : (n) (طب) صوت حنجرہ ؛ وہ آواز جو صدر بین کو حنجرہ لگانے سے ملتی ہے ۔

Laryngoscope : (n) حنجرہ بین ؛ حنجرہ نما ؛ حنجرے کے معائنے کا طبی آلہ جس میں آئینہ لگا ہوتا ہے ۔

Laryngoscopic / Laryngoscopical : (a) حنجرہ بین سے متعلق ؛ حنجرہ بینی سے متعلق ۔

Laryngoscopically : (adv.) حنجرہ بین کے مطابق ؛ حنجرہ بین کے ذریعہ ۔

Laryngoscopist : (n) حنجرہ بین استعمال کرنے والا ؛ اس کا ماہر ۔

Laryngoscopy : (n) حنجرہ بینی ۔

Laryngotome : (n) حنجرہ شگافی آلہ ۔

Laryngotomic : (a) حنجرہ شگافی سے متعلق ۔

Laryngotomy : (n) حنجرہ شگافی ؛ حنجرے کاشگاف یا نشتر (جو سانس کے آنے جانے کے لئے باہر سے دیا جاتا ہے) ۔

Laryngotracheal : (a) حنجرہ اور قصبیہ سے متعلق ۔

Laryngotracheotomy : (n) حنجرہ اور قصبیہ کے ایک حصے کا نشتر ۔

Laryngotyphus : (n) مُحرقہ دماغی کی ایک شکل جس میں حنجرہ قرحہ اور اس کے غضروفوں کا انحطاط نسیج ہوجاتا ہے ۔

Larynx : (n) حنجرہ نرخرہ ۔

Las : Laas کا مخفف ۔

Lascar : (n) (۱) مشرقی ہند کے دیسی ملاح ۔ (۲) خلاصی ۔ (۳) خیمہ لگانے والا ؛ ادنی درجے کی توپچی ۔

Lascivious : (a) (۱)شہوت پرست ؛ نفس پرست ؛ شہوت پرستانہ ۔ (۲) شہوت انگیز ۔

Lasciviously : (adv.) شہوت سے ؛ نفس پرستی سے ۔

Lasciviousness : (n) شہوت پرستی ؛ نفس پرستی ؛ شہوت انگیزی ؛ شہوانیت ؛ شَبَق ؛ چُل ؛ چُداس ۔

Laser : (n) کُوکُل ۔

Laser-wort : (n) (نباتیات) کُو کل ۔

Lash : (n) (۱) چابک وغیرہ کی مار یا ضرب ۔ (۲)چابک کا تسمہ ؛ کوڑا ؛ کوڑوں کی سزا ۔ (۳) (مجازاً) اکسانے والی چیز ؛ تازیانہ ؛ مہمیز ۔ (٤) مژہ ۔

The lash کوڑوں کی سزا ۔

Lash : (n) (پارچہ بافی) گول سوراخ والی ڈوری ۔

Lash : (v) (۱) جھٹکنا (دُم ، ہاتھ ، پیر وغیرہ) ؛ شعلہ نکلنا (آگ کا) ۔ (۲) موسلا دھار برسنا ؛ جھپٹنا؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (۳) زور سے حملہ کرنا ؛ زور سے وار

کرنا ؛ ہاتھ چلانا ۔ (٤)دو لتی چلانا ۔ (٥) برس پڑنا ؛ اُبل پڑنا ۔ (٦) درّے مارنا ؛ چابک مارنا ؛ کوڑے لگانا ۔ (٧) ٹکرانا (موجوں کا) ۔ (٨) جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ؛ ملامت کرنا ۔ (٩) کوڑے لگاکر مجبور کرنا ۔ (١٠) زیادتی پر کمر باندھنا ۔ (١١) فضول خرچی کرنا ۔

Lash : (v) — (بحری) کس کر باندھنا ؛ جکڑنا (ٹوری وغیرہ) ۔

Lash out : (v) — شدت سے مارنا ؛ (گھوڑے کا) لات مارنا ۔

Lash-up : (n) — (١) عارضی تدبیر یا انتظام ۔ (٢) لوازمات ؛ سازوسامان ۔

Lasher : (n) — (١) (بحری) رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھتے ہیں ۔ (٢) دریا کا بند ؛ پانی کے نیچے کا گہرا حصہ ؛ پانی جو بند کے اوپر سے گزرتا ہے ؛ گڑھا جس میں پانی گرتا ہے ۔

Lashing : (n) — (١) کوڑے کی مار ؛ ملامت ؛ سرزنش ۔ (٢) ٹوریاں ؛ بندھن ؛ باندھنا ۔

Lashings : (n) — بہتات ؛ کثرت ؛ ڈھیروں ۔

Lask : (n) — اسہال ؛ دست ۔

Lask : (v) — (بحری) ہوا کے موافق نہ چلنا ۔

Lasking : (n) — ہوا کے موافق نہ چلنا ۔

Lasket : (n) — (بحری) حلقہ جس سے بادبان کے نیچے کی حفاظتی کرچ بادبان کے نچلے حصے میں لگادیتے ہیں ۔

Laspring : (n) — چھوٹی سالمن مچھلی ۔

Lasque : (n) — چپٹا ، خط دار یا بے ڈول ہیرا ۔

Lass : (n) — (١)لڑکی ؛ چھوکری ۔ (٢) معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Lassie : (n) — (پیار میں) معشوقہ ۔

Lassitude : (n) — سستی ؛ ماندگی ؛ تکان ؛تھکن ؛ بے کیفی ۔

Lasso : (n) — (ہسپانوی امریکا) (جانوروں کو پکڑنے کی) کمند ؛ ربقہ ۔

Lasso : (v) — (جانوروں کو) کمند سے پکڑنا ۔

Lasso-cell : (n) — مرجانیہ کے ڈنک مارنے والے خلیے ۔

Lasso-harness : (n) — ایک قسم کا تنگ یا تسمہ جو گھوڑوں کے گرد لگایا جاتا تھا اور اس سے باندھ کر توپ کھینچوائی جاتی تھی ۔

Lassock : (n) — چھوٹی چھوکری ۔

Last : (n) — لکڑی کا قالب یا کالبد جس پر موچی جوتوں کو چڑھاتے ہیں ۔

Last : (n) — پلہ ؛ ناپ تول کے ایک پیمانے کا نام جو مختلف مقامات پر مختلف چیزوں کے لئے مختلف ہوتا ہے ۔

Last : (n) — کس ؛ دم ؛ پائداری ۔

Leaderette : (n) مختصر مقالہ* ادارت ؛ چھوٹا اداریہ ؛ ادارچہ ۔

Leaderless : (n) بے رہنما ؛ بے رہبر ۔

Leadership : (n) پیشوائی ؛ رہنمائی ؛ قیادت ؛ سر کردگی ۔

Leadhillite : (n) سیسے کا سلفیو کاربونیٹ جو سفید موتی سا بلور میں پایا جاتا ہے ۔

Leading : (n) (۱) رہنمائی کرنا ؛ ہدایت کرنا ؛ آگے چلنا ۔ (۲) (سیسے کی کان) پتلی درار جو رگ معدن کی شاخوں کو ملاتی ہے ۔ (۳) رہنمائی ؛ قیادت ۔

Men of light and leading : قابل اور ذی اثر لوگ ۔

Leading : (n) کھڑکی کے شیشے کو سیسے دے کر بٹھانا ۔

Leading : (a) (۱) رہنمائی کرنے والا ۔ (۲) نمایاں ؛ خاص ؛ اہم ؛ اول ۔

Leading article : (n) (۱) اداریہ ؛ مقالہ* ادارت ؛ افتتاحیہ ۔ (۲) (تجارت) وہ چیز جو کم قیمت پر بیچی جائے تاکہ اور چیزوں کی بکری زیادہ ہو ؛ تجارت کی خاص اشیاء ۔

Leading block : (n) غیر محرک چرخی جو قوت کی سمت کو تو بدل دیتی ہے لیکن اس میں اضافہ نہیں کرتی ۔

Leading-buoy : (n) رہنما پیراک پیپہ ۔

Leading-business : (n) (تھیٹر میں) سب سے اہم پارٹ ۔

Leading-case : (n) وہ مقدمہ جو بطور نظیر دوسرے مقدموں کے فیصلہ میں مدد دے ۔

Leading lady / -man : (n) وہ شخص جو تماشے میں سب سے اہم پارٹ ادا کرے ۔

Leading-mark : (n) (بحری) رہنما نشانات (مثلاً درخت ، پیراک پیپہ وغیرہ) ۔

Leading motive : (n) (موسیقی) کسی گانے میں اصل نغمہ یا خیال ۔

Leading-note : (n) (موسیقی) ساتواں سر ۔

Leading-question : (n) وہ سوال جس سے مطلوبہ جواب حاصل کیا جائے یا مطلوبہ جواب کی طرف اشارہ کرے ؛ پتے کا سوال ؛ رہنما سوال ؛ ایمائی سوال ۔

Leading-rein : (n) باگ ڈور ۔

Leading seventh : (n) (موسیقی) ساتویں سُر کا تار ۔

Leading-stafff : (n) بیل کی ناتھ کی لکڑی ۔

Leading stone : (n) مقناطیس ؛ چُمبک ؛ میگنیٹ ۔

Leading-strings : (n) ڈوریاں جن کو پکڑ کر بچے چلنا سیکھتے ہیں ۔

In leading-strings : ہر بات میں دوسروں کا محتاج ؛ بچوں کی طرح دوسروں کا محتاج ۔

Leadingly : (adv.) خاص طور پر ؛ اہم طور پر ؛ رہنمائی کرتے ہوئے ۔

Leadless : (a) بے سیسہ ؛ بن سیسہ ۔

Leadsman : (n) وہ ملاح جو پانی کی تھاہ ناپنے کے لئے ساھول ڈالتا ہے ۔

Leady : (a) سیسہ نما ؛ سیسے کے رنگ کا ۔

Leaf : (n) (۱) پتا ؛ برگ ۔ (۲) پتی ؛ پنکھڑی ۔ (۳) پتے ؛ پتیاں ؛ مجموعہٴ برگ ؛ تمباکو یا چائے کی پتیاں ۔ (٤) ورق (کتاب) ۔ (٥) چاندی ، سونے وغیرہ کا پتر ؛ چاندی ، سونے کا ورق ؛ ورق طلا یا نقرہ وغیرہ ؛ پنی ۔ (٦) لٹکن (بندوق کی مکھی کا) ؛ پٹ (کواڑ کا) ؛ لٹك تختہ (میز وغیرہ کا) ۔ (۷) چکر یا پہیے کا دندانہ ۔ (۸) (تعمیرات) پتیوں کا نقشہ ۔ (۹) (شراب کا) موسم ۔ (۱۰) سور یا دوسرے جانوروں کے گردے کے اطراف کی چربی ۔ (۱۱) پیٹ کا کنارہ ۔ (۱۲) (بنائی) کرگھے کی چھوٹی ڈوریاں یا تار جو دوہری چوبی شافٹ کے ذریعہ ملی ہوئی ہوں ۔ (۱۳) اٹھاؤ پُل کا وہ حصہ جوقبضہ پر جڑا رہتا ہو ۔

In leaf : برگ پوش ؛ (درخت) جس کے پتے نکلے ہوئے ہوں ۔

To take a leaf out of (a person's) book : دیکھو Book

To turn over a new leaf : اپنی طرز زندگی کی اصلاح کرنا ۔

Leaf : (v) (۱) پتے نکلنا ۔ (۲) ورق الٹنا ۔ (۳) (صفحہ پر) نمبر ڈالنا ؛ نمبر لگانا ۔ (٤) (رنگ کا) رنگین سطح پر فلس ماہی نما نقش بننا ۔

Leaf-bearing : (a) برگ نما زائدہ والا (کیڑا) ۔

Leaf-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Leaf brass : (n) پیتل کی کند تلوار (شمشیر باز کی) ۔

Leaf-bridge : (n) پل جس میں قبضہ پر تختے لگے رہتے ہیں ۔

Leaf-bud : (n) غنچہٴ برگ ۔

Leaf-bundle : (n) ریشوں کامجموعہ جو تنے سے پتیوں تك جاتے ہیں ۔

Leaf-butterfly : (n) ایک قسم کی تتلی ۔

Leaf-climber : (n) بیل جو پتیوں کے سہارے اوپر چڑھتی ہے ۔

Leaf-climbing :(a) پتیوں کے سہارے چڑھنے والی (بیل) ۔

Leaf-crumpler : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا پروانہ ۔

Leaf-cutter /-cutting : (a) ایك قسم کا کیڑا جو پتیوں کو کاٹتا ہے یا ان کے بعض حصوں کو کاٹ کر کھا جاتا ہے ۔

Leaf-cutting : (n) پتی جس کی قلم لگائی جائے ۔

Leaf-drop : (n) قبل از وقت پتیوں کا گرنا ۔

Leaf-eared : (n) لٹکے ہوئے کانوں والا ۔

Leaf-fall : (n) پت جھڑ ۔

Leaf-fat : (n) سور کے گردوں کے گرد کی چربی ۔

Leaf-flea : (n) ایك قسم کا کیڑا جو پودوں پر رہتا ہے ۔

Leaf-folder : (n) ایك قسم کا پروانہ جس کا پہل روپ اپنی حفاظت کے لئے پتیوں کو موڑ دیتا ہے ۔

Leaf-footed : (a) برگ نما پیروں والا ؛ برگ پا ۔

Leaf-frog : (n) ایك قسم کا مینڈك ۔

Leaf gap : (n) (نباتیات) پودوں کے ریشوں کی تقسیم (غنچہٴ برگ کے نکلنے کی وجہ سے) ۔

Leaf-gold : (n) (۱) دیکھو Gold-leaf ۔ (۲) ورق کی شکل میں خام سونا ۔

Leaf-green : (n) گہرا سبز ۔

Leaf-green : (n) سبزہٴ نباتی ؛ سبزینہ ؛ کلوروفل ۔

Leaf-hopper : (n) کیڑوں کی ایك جنس جوزیادہ تر پودوں پر رہتے ہیں ۔

Leaf-insect : (n) کیڑوں کی ایك جنس جن کے بازو اور بعض اوقات پیر پتیوں سے مشابہ ہوتے ہیں ؛ برگ نما حشرہ ۔

Leaf-lard : (n) لارڈ (شحم خنزیر) جو سور کی پرت دار چربی سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Leaf-lichen : (n) کائی کی ایک جنس ۔

Leaf-louse : (n) ایک قسم کا روکھ جوں جو پتیوں پر کثرت سے ہوتا ہے ۔

Leaf-metal : (n) دھات کا ورق ۔

Leaf-miner : (n) ایک قسم کا چھوٹا بھوا ۔

Leaf-mould : (n) برگی کھاد؛ پت کھاد؛گلے سڑے پتوں کی پھپھوندی ۔

Leaf-nosed : (a) تھوتھنی پر برگ نما زائدہ والا ۔

Leaf-opposed : (a) مقابل برگ ۔

Leaf-plant : (n) وہ پودا جسے پتیوں کے لئے لگایا جائے (ساگ ، چائے ، تمباکو وغیرہ کے پودے) ۔

Leaf-red : (n) دیکھو Carthamus red

Leaf-roller : (n) بعض تتلیوں یا پتنگوں کے پہل روپ جو درخت کی پتیوں کو (جن پر وہ کثرت سے ہوتے ہیں) لپیٹ دیتے ہیں ۔

Leaf-rosette : (n) پتیوں کا گلاب نما گچھا ۔

Leaf-rust : (n) فطر زنگ ؛ زنگ گیاہی ۔

Leaf-scale : (n) پودوں کے ڈنٹھل کا پوست جو پتّا بن جاتا ہے ۔

Leaf-scar: (n) داغِ برگ ؛ نشانِ برگ ۔

Leaf-sheath : (n) برگی غلاف ۔

Leaf-sight : (n) بندوق کی مکھی کا لٹکن ۔

Leaf-spine : (n) خار برگ ؛ وہ کانٹا جو ڈنٹھل کی بجائے پتی سے نکلے ۔

Leaf-table : (n) میز جس میں لٹک تختہ لگا ہو ۔

Leaf-tendril : (n) برگ ڈور ؛ برگ جفتہ ؛ متغیر پتے کا سوت یا داڑھی جس کے سہارے ایک درخت دوسرے درخت سے مل جائے ۔

Leaf-thorn : (n) دیکھو Leaf-spine

Leaf-tobacco : (n) تمباکو کے پتے ؛ خام تمباکو ۔

Leaf-trace : (n) (نباتیات) برگ جا ؛ پتے کی موٹی رگ جو ڈنٹھل سے ملتی ہے ۔

Leaf-valve : (n) قبضہ دار صمام ۔

Leaf-wasp : (n) آرہ مکھی ؛ نبابۃ المنشاری ؛ ایک قسم کی مکھی جو درختوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Leaf-work : (n) پتیوں سے مشابہ آرائشی کام ۔

Leafage : (n) (۱) پتوں کا مجموعہ ۔ (۲) شاخ و برگ (بطور آرائش) ۔

Leafed : (a) (۱) برگ دار ؛ پتیوں والا ۔ (۲) چوڑے کناروں والا ۔

Leafiness : (n) پر برگی ؛ گھناپن ۔

Leafless : (n) بے برگ ؛ بے پتیوں کا ۔

Leaflessness : (n) بے برگی ۔

Leaflet : (n) (۱) (نباتیات) پتی ؛ برگچہ ۔ (۲) ننی پتی ؛ کونپل ۔ (۳) (حیوانیات وتشریح) برگ نما عضو ۔ (٤) دستی اشتہار ؛ دو ورقی رسالہ ۔

Leafy : (a) (۱) برگ پوش ؛ پر برگ ؛ پتے دار ؛ کثیر برگہ ۔ (۲) بڑے پتوں والا ۔ (۳) برگ نما ؛ ورق سا ۔

League : (n) مسافت کاپیمانہ جو بہ قدر تین میل کے ہوتا ہے ؛ فرسخ ۔

Marine league : تین بحری میل ۔

League : (n) (۱) اتحاد ؛ ایتلاف ۔ (۲) انجمن اتحاد ؛ متحدہ جماعت ؛ لیگ ۔ (۳) کھیل کود (خصوصاً فٹ بال) کی انجمنوں کے درمیان مقابلہ ۔

In league with : ایتلاف یا اتحاد رکھنے والا ۔

League : (v) (۱) ایتلاف یا اتحاد کرنا ۔ (۲) انجمن میں شامل ہونا ۔

League of Nations : (n) انجمن اقوام ۔

League-table : (n) لیگ کے اراکین کی فہرست (بلحاظ رتبہ) ۔

Leaguer : (n) (۱) محاصرہ ؛ گھیرا ۔ (۲) محاصرے کی چھاؤنی یا پڑاؤ ۔

In leaguer : محاصرہ کئے ہوئے ۔

Leaguer : (n) لیگ کا رکن ؛ انجمن اتحاد کا رکن ؛ ایتلاف کا رکن ۔

Leaguer : (n) (۱) عرق ناپنے کا پیمانہ ۔ (۲) شراب یا تیل کا پیپا ۔ (۳) (بحری) پانی رکھنے کا سب سے بڑا پیپا ۔

Leaguer : (v) محاصرہ کرنا ؛ گھیرا ڈالنا ۔

Leak : (n) (۱) رخنہ ؛ چھید ؛ سوراخ ؛ درز ؛ دراڑ (جس میں سے پانی وغیرہ ٹپکے) ۔ (۲) تراوش ؛ ٹپکا ۔ (۳) (برقیات) اخراج ؛ لیک ۔ (٤) پانی جو سڑے ہوئے پھل یا ترکاریوں سے ٹپکتا ہے ۔ (٥) پیشاب کرنا ۔

To spring a leak : سوراخ ہو جانا ؛ چھید ہو جانا ۔

Leak : (v) (۱) رسنا ؛ ٹپکنا ؛ چونا ۔ (۲) بھید ظاہر ہونا ؛ آہستہ آہستہ فاش ہوجانا یا پھیل جانا ۔ (۳) ٹپکانا ؛ چوانا ۔ (٤) پیشاب کرنا ۔ (٥) (شراب کشی) آہستہ آہستہ بہانا ۔

Leak out : (v) فاش ہو جانا ؛ ظاہر ہو جانا ۔

Leakage : (n) (۱) رساؤ ؛ ٹپکاؤ ؛ اخراج ؛ تراوش ؛ ٹپکا ۔ (۲) راز کا افشا ۔ (۳) (روپئے کا) غبن ؛ خرد برد ۔ (٤) رساؤ کی گنجائش ۔

Leaker : (n) (۱) بال پڑا ہوا انڈا ۔ (۲) محفوظ کی ہوئی چیزوں کا ٹپکنے والا ڈبہ ۔

Leakiness : (n) سوراخ دار ہونا ؛ ضعف مثانہ ؛ پیٹ کا ہلکا ہونا ۔

Leakproof : (a) رساؤ روک ۔

Leaky : (a) (۱) سوراخ دار ؛ رسنے والا ؛ ٹپکنے والا ۔ (۲) ضعف المثانہ ؛ پیشاب نہ روک سکنے والا ۔ (۳) پیٹ کا ہلکا ؛ بھید ظاہر کرنے والا ؛ راز فاش کرنے والا ۔

Leal : (a) (۱) وفا دار ؛ با وفا ؛ دیانت دار ۔ (۲) صحیح ؛ حقیقی ؛ ٹھیک ؛ ٹھیک ٹھیک ۔ (۳) (مکہ یا گولی) ٹھیک نشانہ پر لگی ہوئی ۔

Land of the leal : بہشت ؛ جنت ؛ فردوس ؛ خلد ۔

Leal / Leally : (adv.) وفا داری سے ؛ صحیح طور پر ۔

Lealty : (n) وفا داری ؛ دیانت داری ۔

Leam : (n) روشنی ؛ شعلہ ؛ چمک ؛ شعاع ؛ کرن ؛ ضو ۔

Leam : (n) دلدلی علاقوں کی نالیاں ۔

Leam : (v) چمکنا ؛ دمکنا ؛ جھلکنا ۔

Leam : (v) بھوسی سے (جوز کو) الگ کرنا ۔

Leamer : (n) پکا ہوا جوز (جو چھلکے سے الگ ہونے والا ہو) ۔

Leamer : (n) سگ تازی ؛ شکاری کتا ۔

Lean : (n) جھکنا ؛ جھکاؤ ؛ ٹیک لگانا ؛ ڈھال ؛ میلان ؛ رجحان ۔

On the lean : مائل ؛ جھکا ہوا ۔

Lean : (a) (۱)دبلا ؛ لاغر ؛ پتلا ۔ (۲) ہلکی ؛ کم ؛ غذائیت سے خالی ؛ غیر مقوی (غذا) ۔ (۳) بغیر چربی کا (گوشت) ۔ (٤) کم ؛ ناکافی ؛ قلیل ؛ تھوڑا ۔ (٥) منافع سے خالی ؛ بے یافت ۔ (٦) فنی اختصار پسند ؛ طرز یا اسلوب سے متعلق ۔

Lean : (n) (۱) کسی چیز کا لاغر حصہ خصوصاً بے چربی کا گوشت ۔ (۲) (طباعت) کام جس کی اجرت کم ہو ۔

Lean : (v) (۱) ٹیک لگانا ؛ تکیہ لگانا ؛ سہارا لینا ؛ (چیز کا) سہارے پر رکھا ہونا ؛ ٹکا ہونا ۔ (۲) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ تکیہ کرنا ۔ (۳) جھکنا ؛ جھکانا ۔ (٤) ایک طرف جھک کر کھڑا ہونا ۔ (٥) مائل ہونا ؛رجحان ہونا ۔ (٦) حامی ہونا ؛

طرفدار ہونا ؛ طرفداری کرنا ۔ (۷) جھکانا ؛ ڈھال بنانا ۔ (۸) زور ڈالنا ؛ زور دینا (کسی چیز پر) ۔ (۹) آڑا یا ترچھا ہونا ۔

Lean against : (v) مخالف ہونا ؛ ناسازگار ہونا ۔

Lean-strokes : (n) (کسی حرف کا) ہلکا خط ۔

Lean-to : (n) اُسارا ؛ سائبان ؛ زائد ڈھلوان چھت ۔

Lean-to : (a) اُسارے سے متعلق ؛ سائبان میں رکھا ہوا ۔

Lean upon : (n) (فوج) محافظت کے لئے ایک بازو پر رکھنا (دیوار ، دھس وغیرہ) ۔

Lean work : (n) منافع سے خالی کام ؛ کار بے یافت ۔

Lean year : (n) خشک سال ؛ قحط کا سال ۔

Leaning : (n) (۱) جھکاؤ ؛ سہارا ؛ بھروسہ ۔ (۲) (طرفداری کا) میل ؛ میلان طبع ؛ رجحان ۔

Leaning-note : (n) دیکھو Appoggiatura

Leaning-stock : (n) (۱) سہارا ؛ ٹیک ۔ (۲) (ارگن باجے کا) وہ حصہ جس پر نلکی رہتی ہے ۔

Leaning tower : (n) مائل مینار ۔

Leanly : (adv.) قلیل مقدار میں ؛ قلت سے ؛ ناکافی طور پر ۔

Leanness : (n) لاغری ؛ دبلاپن ؛ قلت ؛ کمی ۔

Leap : (n) (۱) کود ؛ پھلانگ ؛ چھلانگ ؛ جست ؛ تڑپ ۔ (۲) وہ چیز جسے پھاندنا ہو ۔ (۳) (جفتی میں جانوروں کا) مادہ پر چڑھنا ۔ (٤) دریا کا نیچے کی طرف کرنا ۔ (٥) (کان کنی) رخنہ ؛ رگہ ۔ (٦) (موسیقی) دراز وقفہ سُر ۔ (۷) تیز اور اچانک اضافہ ۔

A leap in the dark : اپنے کو جوکھم میں ڈالنا ۔

By leaps and bounds : حیرت انگیز رفتار سے ؛ نہایت تیزی سے ؛ دن دونی رات چوگنی رفتار سے ۔

Leap : (n) (۱) ٹوکری ۔ (۲) ٹوکری جس سے مچھلی پکڑتے اور رکھتے ہیں ۔

Leap : (v) (۱) کودنا ؛ پھاندنا ؛ پھلانگنا ؛ اچھلنا ۔ (۲) (دل یا نبض کا) دھڑکنا ؛ پھڑکنا (خصوصاً غیر معمولی رفتار سے) ؛ بے قاعدہ طور پر چلنا ۔ (۳) اچانک ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا ۔ (٤) (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر پر دراز وقفے کے ساتھ جانا ۔ (٥) اچانک پہلو بدلنا ۔ (٦) (نر جانوروں کا) مادہ پر چڑھنا (جفتی میں) ۔

Leap-day : (n) لوند کا دن ؛ ۲۹ فروری کی تاریخ ؛ یوم زائد ۔

Leap-frog : (n) گھوڑی سٹیا ؛ کودا کود ؛ ایک کھیل جس میں کچھ لڑکے جھک کر اور ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہوتے ہیں اور دوسرے ان کی پیٹھ پر سے پھاندتے ہیں ۔

Leap-frog : (v) محراب بناکر کھڑا ہونا یا پیٹھ پر سے پھاندنا ۔

Leap-year : (n) لوند کا سال ؛ سال کبیسہ ۔

Leaper : (n) کودنے والا ؛ پھلانگنے والا ۔

Leaping : (n) کود ؛ پھاند ؛ پھلانگ ؛ چھلانگ ؛ جست ۔

Leaping : (n) کودنے والا ؛ پھلانگنے والا ۔

Leaping-head / -horn : (n) زین کا محراب نما حصہ ۔

Leaping spider : (n) ایک قسم کا اچھلنے والا مکڑا ۔

Leaping time : (n) جوانی ؛ شباب ؛ اچھل کود کا زمانہ ۔

Leapingly : (adv.) اچھلتے ہوئے ؛ پھلانگتے ہوئے ۔

Lear : (n) تعلم ؛ آموزش ؛ تعلیم ؛ درس ۔

Lear : (n) (بھیڑیا مویشی کا) رنگ (زمین کی نوعیت کی وجہ سے) ۔

Lear : دیکھو Lair / Leer / Lere

Learn : (v) (۱) سیکھنا ؛ (علم) حاصل کرنا ۔ (۲) حفظ کرنا ؛

ازبر کرنا - (۳) اطلاع پانا ؛ مطلع ہونا ؛ آگاہ ہونا ؛ خبر ہونا ؛ دریافت کرکے معلوم کرنا ؛ معلوم کرنا - (٤) پڑھنا ؛ تعلیم پانا - (٥) پڑھانا؛ تعلیم دینا -

Learnable : (a) سیکھنے کے قابل ؛ جو سیکھا جا سکے -

Learned : (a) (۱) عالم ؛ دانا ؛ فاضل - (۲) فاضلانہ ؛ عالمانہ - (۳) (عدالت میں وکیلوں سے خطاب کے لئے) فاضل - (٤) علمی ؛ عالمانہ (پیشہ یا الفاظ) -

Learnedly : (adv.) عالمانہ طریقے سے ؛ فاضلانہ انداز سے ؛ عالموں کی طرح سے -

Learnedness : (n) عالم ہونا ؛ فاضل ہونا ؛ عالمانہ ہونا ؛ علم وفضل -

Learner : (n) آموزندہ ؛ سیکھنے والا ؛ متعلم ؛ طالب علم ؛ شاگرد -

Learning : (n) (۱) سیکھنا ؛ آموزش ؛ تعلم - (۲) علم ؛ فضل ؛ علمیت ؛ معلومات ؛ ذخیرۂ علوم -

The new learning : یونانی علم و ادب وغیرہ جو انگلستان میں نشاۃ ثانیہ کے زمانے میں رائج ہوئے -

Leary : چالاک ؛ کائیاں -

Leasable : (a) قابل اجارہ -

Lease / leaze : (n) چراگاہ ؛ مرغزار -

Lease : (n) جھوٹ ؛ دروغ بیانی -

Lease : (n) (۱) اجارہ ؛ پٹہ - (۲) اجارہ کی مدت - (۳) (آسٹریلیا) قطعۂ اراضی جو کان کنی کے لئے اجارہ پر دیا جائے -

A new lease of life : از سر نو زندگی (بیماری یا مصیبت دور ہونے کے بعد) -

Lease : (n) (۱) (پارچہ بافی) تانا - (۲) گول سوراخ والی ڈوری -

Lease : (v) (۱) جمع کرنا ؛ چننا -

Lease : (v) پٹے یا اجارے پر دینا یا لینا -

Leasehold : (n) پٹہ ، اجارہ ؛ اجارہ داری -

Leaseholder : (n) پٹہ دار ؛ اجارہ دار -

Leaser : (n) خوشہ چیں -

Leaser : (n) اجارہ دار ؛ پٹہ دار -

Leash : (n) (۱) تسمہ یا ڈوری جس میں کتےکو باندھ کر ساتھ لے جاتے ہیں - (۲) تین کتوں یا خرگوشوں کا تکڑم یا مجموعہ - (۳) (پارچہ بافی) گول سوراخ والی ڈوری - (٤) تسمہ جس سے باز کو باندھتے ہیں - (٥) اختیار ؛ قابو ؛ قید - (٦) تین شخصوں کی جماعت -

The leash : دوڑانے کا طریقہ -

Leash : (v) (۱) تسمہ یا ڈوری سے جوڑنا یا باندھنا - (۲) ضبط کرنا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا - (۳) ملاکر جوڑنا (خصوصاً تین تین ایک ساتھ کر کے) -

Leasing : (n) جھوٹ ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی -

Leasing-maker : (n) جھوٹا ؛ دروغ گو -

Leasing-making : (n) زبانی بغاوت -

Leasow : (n) چراگاہ ؛ مرغزار -

Least : (a) سب سے چھوٹا ؛ سب سے کم ؛ کمترین ؛ اقلّ -

At least : بہر حال ؛ کم سے کم ؛ اور نہیں تو اتنا ؛ ایسا -

At the least : کم سے کم ؛ چھوٹے سے چھوٹے تخمینے کے لحاظ سے -

In the least : ذرا بھی ؛ بالکل -

The least : کچھ بھی -

To say the least (of it) : بہت کم کرکے لیکن تب بھی ؛

کم سے کم ؛ کتنا بھی گھٹاؤ تو بھی ۔

Least : (adv.) سب سے کم (طرح سے) ۔

The least : سب سے کم طرح سے ۔

Least common multiple : (n) ذو اضعاف اقل ؛ مخفف .L.C.M ۔

Leastways : (adv.) یا کم سے کم ؛ یا یوں کہنے کہ ؛ یہ نہیں تو ۔

Leastwise : (adv.) دیکھو Leastways

Leat : (n) پن چکی نہر ؛ کھائی ؛ لیٹ ؛ پن چکی تک پانی لے جانے والی نہر ۔

Leather : (n) (۱) چمڑا ؛ پکا چمڑا ؛ چرم ۔ (۲) چمڑے کی چیز ؛ چرمی شے ؛ پالش کرنے کا چمڑا ۔ (۳) چمڑے کا تسمہ یا پٹی ۔ (٤) کرکٹ کی گیند یا فٹ بال ۔ (٥) (جمع) برجس ؛ چمڑے کے موزے ۔ (٦) (عام) کھال ؛ جلد (آدمی کی) ۔ (۷) کتے کے کان کا لٹکتا ہوا حصہ ۔ (۸) چرمی تسمہ (بچوں کی تنبیہ کے لئے) ۔ (۹) پمپ کا واشر ۔

American leather : ایک قسم کا روغنی کپڑا ۔

Nothing like leather : اپنی چیز سب سے اچھی ؛ اپنا فائدہ سب سے مقدم ۔

Patent leather : چمڑا جس پر نفیس سیاہ وارنش ہو ۔

To lose leather : جلد پر خراش پڑجانا ؛ کھروچ یا کھروچا پڑ جانا ؛ جلد کا رگڑ سے چھل جانا ۔

Leather : (v) (۱) چمڑا چڑھانا ۔ (۲) تسمے سے مارنا ؛ مارنا ؛ زدو کوب کرنا ۔ (۳) کڑی محنت کرنا ۔

Leather : (a) چرمی ؛ چمڑے کا ۔

Leather-back : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Leather-bark : (n) ایک درخت کا نام ۔

Leather-board : (n) مصنوعی چمڑا ۔

Leather-carp : (n) سیم ماہی کی ایک قسم جو بے فلس ہوتی ہے ۔

Leather-coat : (n) گیروے رنگ کے سخت چھلکے والا سیب ۔

Leather-flower : (n) شمالی امریکا کا بیل کی طرح چڑھنے والا ایک پودا ۔

Leather-head : (a&n) (۱) (عام) کوڑھ مغز ؛ بیوقوف ؛ احمق ۔ (۲) (آسٹریلیا) طیرطاس ؛ Philemon جنس کا ایک آسٹریلیائی پرند ۔

Leather-jacket : (n) (۱) ایک قسم کی سخت جلد والی مچھلی ۔ (۲) ایک قسم کا کیک ۔ (۳) (آسٹریلیا) سخت چھال والے درختوں میں سے کوئی ایک ۔ (٤) ایک کیڑے کا پہل روپ ۔

Leather-leaf : (n) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار جھاڑی ۔

Leather-mouthed: (a) سخت منہ والا (مثلاً گھوڑا ، مچھلی وغیرہ) ۔

Leather-neck : (n) سپاہی ۔

Leather-plant : (n) نیوزی لینڈ کا ایک درخت ۔

Leather-turtle : (n) دیکھو Leather-back

Leather-wing : (n) چمگادڑ ۔

Leather-wood : (n) (۱) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جس کی چھال سخت ہوتی ہے ۔ (۲) تسمانیہ کا ایک درخت ۔

Leatherette : (n) مصنوعی چمڑا ؛ کپڑا یا کاغذ جو چمڑے کی طرح معلوم ہو ۔

Leathern : (a) (۱) چرمی ؛ چمڑے کا بنا ہوا ۔ (۲) چمڑے سا ۔

Leatheroid : (n) روئی کا کاغذ جو کیمیاوی عمل کرنے سے چرم خام سے مشابہ ہوتا ہے ؛ چرم نما کاغذ ۔

Leatherware : (n) چرمی اشیاء ۔

Leathery : (a) (۱) چمڑے جیسا ؛ چرم نما ۔ (۲) (نباتیات)

چرمی ۔ (۳) سخت (گوشت وغیرہ) ۔

Leathwake : (a) لچکدار ؛ لچکیلا ۔

Leave : (n) (۱) اجازت ؛ اذن ۔ (۲) رخصت ؛ چھٹی ؛ میعاد رخصت ۔ (۳) (بلیرڈ) وہ حالت جس میں دوسری بار کھیلنے کے لئے گیند کو چھوڑ دیا جاتا ھے ۔

By your leave : (اکثر طنزاً) گستاخی معاف آپ کو زحمت تو ھوگی (ذرا سامنے سے ہٹ جائیے) ۔

On leave : چھٹی پر ۔

To take one's leave : رخصت ھونا ؛ الوداع کہنا ؛ خیرباد کہنا ۔

To take leave of one's senses : ھوش و حواس کھودینا ؛ مجنوں ھوجانا ۔

Leave : (v) (۱) چھوڑدینا ؛ چھوڑ جانا ؛ رہنے دینا ۔ (۲) ترکے میں چھوڑنا ۔ (۳) چھوڑنا ؛ باقی رکھنا ؛ اٹھا رکھنا ؛ بدستور رہنے دینا ۔ (٤) حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ کسی کی مرضی پر چھوڑنا ۔ (٥) کوئی کام کرنے دینا ؛ دخل دینے سے باز رہنا ۔ (٦) لے جانا (ہدایت ، پیغام ، چیز) ؛ چھوڑنا ۔ (۷) (کسی شخص کے پاس سے) جانا ؛ جدا ھونا ؛ رخصت ھونا ۔ (۸) روانہ ھونا (کسی مقام کے قصد سے) ۔ (۹) کسی چیز کے پاس سے گزر جانا ؛ کسی چیز کو چھوڑ کر گزرجانا ۔ (۱۰) خدمت ؛ ملازمت یا تعلق ترک کرنا ۔ (۱۱) ہاتھ اٹھانا ؛ دست بردار ھونا ؛ ساتھ چھوڑنا ۔ (۱۲) ناکافی ھونا ؛ غیر معقول ھونا ؛ ناقابل اطمینان ھونا ۔ (۱۳) باقی بچنا ؛ باقی رہنا ۔ (١٤) اکیلا رہ جانا ؛ شکست کھانا ۔ (١٥) انحراف کرنا ۔

To be left : بچنا ؛ رہ جانا ۔

To be (well etc.) left : معقول ترکہ پانا ۔

To get (or be) left : اکیلا رہ جانا ؛ شکست کھانا ۔

To leave alone : کسی کو اس کے حال پر چھوڑدینا ؛ کسی کے معاملے میں دخل نہ دینا ؛ نہ چھیڑنا ۔

To leave go (of)/hold (of)/loose (of): گرفت چھوڑ دینا ۔

To leave it at that : اس معاملے کو یہیں پر چھوڑدو ۔

To leave (something) to be desired : ناقابل اطمینان ھونا ۔

To leave undone/-unsaid : چھوڑدینا ؛ باز رہنا ؛ پرہیز کرنا ۔

Leave : (v) پتیاں نکلنا ۔

Leave behind : (v) چھوڑ کر چلا جانا ؛ (کسی مقام سے) گزر جانا ؛ آثار وغیرہ چھوڑ جانا ۔

Leave off : (v) (استعمال) ترک کرنا ؛ (عادت) چھوڑدینا ؛ ختم کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ خاتمہ کرنا ؛ خاتمہ ھونا ۔

Leave out : (v) چھوڑ دینا ؛ بھول جانا ۔

Leave over : (v) بے باق نہ کرنا ؛ بقایا رہنے دینا ۔

Leave-taker : (n) الوداع کہنے والا ؛ رخصت لینے والا ۔

Leave-taking : (n) الوداع ؛ رخصت ۔

Leaved : (a) (۱) پتے دار ؛ پتی والا ۔ (۲) (خاص قسم کی تعداد کی) پتیوں والا ۔ (۳) ورقہ نما ۔ (٤) دو پٹوں والا (کواڑ) ۔ (٥) ورق دار ۔

Leaven : (n) (۱) خمیر ؛ خمیر مایہ ۔ (۲) وہ اثر جو کسی چیز میں سرایت کرکے اس کی ماہیت بدل دے ۔ (۳) کسی صفت کا شائبہ یا آمیزش ۔ (٤) موثر عامل ۔

Of the same leaven : ملتی جلتی صفت یا قسم کا ۔

The old leaven : دور جہالت کے آثار باقیہ ؛ پرانی لاگ ؛ فطری معصیت ۔

Leaven : (v) (۱) خمیر اٹھانا ۔ (۲) کسی چیز میں سرایت کرکے اس کی ماہیت بدل دینا ؛ معتدل کرنا ؛ امتزاج کرنا ؛ سمانا ۔

Leavenous : (a) خمیری ۔

Leaver : (n) چھوڑ دینے والا ؛ ترکے میں چھوڑنے والا ۔

Leaving : (n) (۱) چھوڑنا ؛ ترک کرنا ۔ (۲) (عموماً جمع) متروکہ ؛ چھوڑی ہوئی چیز ؛ ردی ؛ بچا کھچا سامان ؛ پسماندہ ۔

Leaving-book : (n) (Eton میں) کتاب جو رخصت ہوتے وقت دوست تحفے میں دیتے ہیں ۔

Leaving-shop : (n) (عامیانہ) گروی کی بے لائسنس دکان ؛ گروی کی وہ دکان جس نے چیزیں رہن میں لینے کا لائسنس نہ حاصل کیا ہو ۔

Leavy : (a) دیکھو Leafy

Leban/Lebban/Leben : (n) جما ہوا کھٹا دودھ جسے عرب بطور مشروب استعمال کرتے ہیں ؛ لبن ۔

Lecanomancy : (n) آبگیر میں پانی کا معائنہ کر کے فال نکالنا ۔

Lecanorate : (n) Lecanoric Acid کا نمک ۔

Lecanoric acid : (n) ایک بلوری مادہ جو بعض قسم کی کائیوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Lecanorin : (n) دیکھو Lecanoric acid

Lech : (n) ایک کلٹی یادگار نشان ۔

Leche : (n) جنوبی افریقہ کا آبی مرگ ۔

Lecher : (n) عیاش ؛ بد کار ؛ زانی ؛ تماش بیں ۔

Lecherous : (a) بدکار ؛ زنا کار؛ عیاشانہ ۔

Lecherously : (adv.) عیاشانہ ؛ بدکارانہ ۔

Lecherousness : (n) عیاشی ؛ بدکاری ۔

Lechery : (n) عیاشی ؛ بدکاری ؛ زنا کاری ؛ شہوت پرستی ۔

Lechosa : (n) پپیتا ۔

Lecithin / Lecithine : (n) زرد پن ۔

Lectern : (n) گرجوں میں لکھنے یا گانے کا ڈیسک ؛ رحل ۔

Lection : (n) بائبل کی قرأت یا درس ؛ کتاب مقدس کا درس ۔

Lectionary : (n) وہ کتاب جس میں نماز میں پڑھے جانے والے بائبل کےرکوع درج ہوں ۔

Lectisternium : (n) (قدیم روما) ایک مذہبی رسم جس میں دیوتاؤں کو کوچ پر بٹھا کر ان کے سامنے کھانا رکھ دیا جاتا تھا ۔

Lector : (n) (۱) توریت یا انجیل کی آیتوں کو پڑھنے والا ۔ (۲) مقرر ؛ لکچرار ؛ ریڈر ۔

Lecture : (n) (۱) درس زبانی ؛ تقریر ؛ کسی مضمون پر تقریر یا بیان ؛ خطبہ ۔ (۲) تنبیہ ؛ سرزنش ؛ وعظ ۔

To read (a person) a lesson : سرزنش کرنا ؛ تنبیہ کرنا ۔

Lecture : (v) (۱) تقریر کرنا لکچر دینا ۔ (۲) لکچر کے ذریعے تعلیم دینا ؛ زبانی درس دینا ۔ (۳) تنبیہ کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Lecturee : (n) (۱) تقریر سننے والا ۔ (۲) تنبیہ پانے والا ۔

Lecturer : (n) (۱) مقرر ؛ لکچرار ۔ (۲) نائب واعظ (انگلستان کے کلیسا کا) ۔

Lecturership / Lectureship : (n) لکچرار کا عہدہ یا خدمت ۔

Lecturette : (n) مختصر لکچر ۔

Lecturn : (n) دیکھو Lectern

Lecyth : (n) (نباتیات) ایک درخت ؛ لیستھ ۔

Lecythid : (a) لیستھ سے متعلق ۔

Lecythoid : (a) تنگ گردن والے ظرف یا بوتل سے مشابہ ۔

Lecythus : (n) تنگ گردن والا ظرف یا بوتل جس میں قدیم یونانی تیل یا مرہم وغیرہ رکھتے تھے ۔

Led-captain : (n) کسی سے منسلک رہنے والا ؛ کسی پر منحصر کرنےوالا ؛ دست نگر ؛ طفیلی ؛ جلو دار ؛ حاشیہ نشیں ۔

Led-horse : (n) گھوڑا جسے سائیس باگ پکڑ کر لے جائے ؛ بار برداری کا گھوڑا یا ٹٹو ؛ فالتو گھوڑا ۔

Ledge : (n) (۱) دیوار وغیرہ کے باہر کا نکلا ہوا تختہ یا پتھر ؛ کگر ؛ کنگنی ؛ بدّہ ۔ (۲) پہاڑی یا چٹان کے پہلو کا باہر نکلا ہوا حصہ ؛ چھجا ؛ پشت چٹان ۔ (۳) چٹانوں کا سلسلہ (خصوصاً پانی کے اندر) ۔ (٤) (کان کنی) چٹان کی پرت جس میں دھات موجود ہو ؛ دھات پرت ؛ اگہ ۔ (٥) لکڑی کا افقی آگل یا پٹی ۔ (٦) (بحری) لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو شہتیروں کے درمیان ، عرشے کے نیچے ترچھا لگا رہتا ہے ۔ (۷) (قلعہ) فصیل اور خندقوں کے درمیان کی منڈیر ۔

Ledged : (a) کگردار ؛ چھجے دار ؛ دھات پرت رکھنے والا ۔

Ledged door / - door : (n) کگر دار دروازہ یا بنّے دار دروازہ ۔

Ledgement / Ledgment : (n) (۱) (تعمیرات) کور ؛ کنگنی ۔ (۲) سطح کا نکلا ہوا حصہ ۔

Ledger : (n) (۱) بہی کھاتا ؛ پکی بہی ؛ بڑی بہی ۔ (۲) پاڑ کی افقی لکڑیاں (جو روکار کے متوازی ہوں) ؛ اڑنڈا ۔ (۳) قبر کی چپٹی تختی ؛ قبر کا تعویذ یا لوح مزار ۔ (٤) (مچھلی وغیرہ کا) چارہ جو کسی جگہ لگایا جائے ۔ (٥) چکی کا نچلا پتھر ۔

Ledger : (v) مچھلی کا چارہ استعمال کرنا ۔

Ledger-bait : (n) مچھلی کا چارہ جو ایک جگہ پر رہتا ہے ۔

Ledger-blade : (n) کپڑا کاٹنے کی مشین کا غیر متحرک پھل یا چھری ۔

Ledger-book : (n) کھاتا بہی ؛ بہی ۔

Ledger-line : (n) (موسیقی) یوروپی موسیقی کے پانچ متوازی خطوط کے نقشے میں چھوٹی لکیر جو اسی نقشے کے اوپر یا نیچے اضافہ کی گئی ہو ۔

Ledger-millstone : (n) چکی کا نچلا پتھر ۔

Ledger-stone : (n) قبر کی چپٹی تختی ۔

Ledger-wall : (n) (کان کنی) دھات کی پرت کے نیچے اور اوپر کی پرت ۔

Ledget /-it : (n) نکلا ہوا ٹکڑا ۔

Ledgy : (a) کگردار ؛ چھجے دار ؛ دھات پرت رکھنے والا ۔

Lee / Lew : (n) (۱) آڑ ؛ پناہ ۔ (۲) (بحری) (جہاز کا) محفوظ پہلو جو ہوا کے رخ سے پرے ہو ؛ محفوظ رخ ۔

In/Under (the) lee of : حفاظت میں ؛ پناہ میں ۔

On/Under (the) lee : ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف ۔

Lee : (a) (بحری) محفوظ پہلو کی طرف کا ۔

Lee-anchor : (n) (بحری) محفوظ پہلو کی طرف کا لنگر ۔

Lee-board : (n) تختوں کا ڈھانچہ جو چپٹے پیندے کے جہازوں کے پہلو میں ہوتا ہے اور انحراف کو کم کرنے کے لئے پانی میں لٹکا دیا جاتا ہے ۔

Lee-bow : (n) (بحری) جہاز کا مستک جس کو ہوا کے رخ سے ہٹا لیا جاتا ہے ۔

Lee-bow : (v) (جہاز کے) ہوا سے محفوظ پہلو سے بہنا (جوار کا یا رو کا) ۔

Lee-gage : (n) ایک جہاز کا مقام دوسرے جہاز اور ہوا کی نسبت سے ۔

Lee-latch : (n) (بحری) ہوا سے محفوظ رخ کی طرف مڑنا ۔

Lee-most : (a) (بحری) ہوا سے محفوظ رخ سے آگے ۔

Lee-shore : (n) سمندر کا کنارہ جو جہاز کے محفوظ پہلو کے مقابل ہو ۔

Lee-side / Lew side : (n) جہاز کا پہلو جو ہوا سے محفوظ ہو ۔

Lee-way /Leeway (n) (۱) (بحری) ہوا سے محفوظ رخ کی طرف انحراف ۔ (۲) معیار اور واقعہ کے درمیان پیمانہ تناقض ۔ (۳) کسی معیار یا مقصود سے درجہ انحراف ۔ (٤) روا داری ؛ برداشت ؛ آزادیٔ خیال ؛ انتخاب کی گنجائش ۔ (٥) تحفظ کی گنجائش ۔

Angle of leeway : زاویہ انحراف ۔

To make leeway : (جہاز کا باد پشت کی طرف) انحراف کرنا ۔

To make up leeway / To Letch up leeway : (جہاز کے باد پشت کی طرف) انحراف کو کم کرنا ۔

Lee-wheel : (n) سکان گیر کا معاون ؛ پتوار چلانے والے کا معاون ۔

Leech : (n) طبیب ؛ حکیم ؛ معالج ۔

Leech : (a) طبیب کا ۔

Leech : (a) (۱) جونک ؛ زلو ؛ علق ؛ علقہ ۔ (۲) (طب) خون کش ۔ (۳) جو شخص دوسروں پر سختیاں کر کے نفع حاصل کرے ؛ خون چوسنے والا ؛ لہو چوس ۔

Artificial leech : خون کش ۔

To stick like a leech : جونک کی طرح چمٹ جانا ؛ پیچھے پڑ جانا ۔

Leech : (n) بادبان کا عمودی یا ڈھلوان پہلو ۔

Leech : (v) جونک لگانا ؛ خون کش لگانا ۔

Leech-extration : (n) جونک کا سبت ۔

Leech-gaiter : (n) ایک قسم کا ساق پوش جو سری لنکا میں جونک سے محفوظ رہنے کے لئے پہنتے ہیں ۔

Leech-glass : (n) (جراحی) شیشے کی نلکی جس کے ذریعہ جونک کسی خاص مقام پر لگاتے ہیں ۔

Leech-line : (n) رسا جو بادبان کے عمودی یا ڈھلوان پہلو سے لگا رہتا ہے جس سے بادبان کو کھمبے سے باندھا جاتا ہے ۔

Leech-rope : (n) بادبان کے حاشیے پر لگے ہوئے رسے کا وہ حصہ جس کے ساتھ بادبان کو سی دیا جاتا ہے ۔

Leechcraft : (n) طبابت ؛ فن طبابت ؛ فن معالجہ ۔

Leechdom : (n) علاج ؛ معالجہ ۔

Leek : (n) (۱) کرّات ؛ گندنا ؛ پیاز کی قسم کا پودا جس کی گٹھلی استوانہ نما ہوتی ہے ۔ (۲) یہ پودا ویلز کا قومی نشان قرار دیا گیا ہے ۔

To eat the (or one's) leek : توہین یا بے عزتی برداشت کر لینا ۔

Wild leek : جنس پیاز ۔

Leelane : (a) اکیلا ؛ تنہا ۔

Leelang : (a) پورا مکمل ؛ سب ۔

Leep : (v) کھولانا ؛ جوش دینا ۔

Leer : (n) بری نظر ؛ چور نظر ؛ غمزہ ؛ ترچھی نظر ۔

Leer / Lear /Lier : (n) (شیشہ سازی) شیشے کو تپا کر مضبوط کرنے کی بھٹی ۔

Leer / Lear : (a) (۱) بھوکا ۔ (۲) خالی ۔

Leer : (v) کنکھیوں سے دیکھنا ؛ بری نظر سے دیکھنا ؛ ترچھی نظر سے دیکھنا ۔

Leer : (n) پہلو ؛ پٹھا ؛ کمر ؛ صلب ۔

Leerily : (adv.) چالاکی سے ؛ کائیاں پن سے ۔

Leeringly : (adv.) بری نظر سے ؛ کنکھیوں سے ؛ کج نگاہی سے ۔

Leerness : (n) خلو ؛ خالی ہونا ؛ خلا ۔

Leery : (a) (عام) چالاک ؛ کائیاں ۔

Lees : (n) (۱) شراب کی تلچھٹ ؛ دُرد ۔ (۲) سب سے ادنیٰ حصہ ؛ ردی کھدی ؛ فضلہ ۔

Leesome : (a) مسرت افزا ؛ فرحت بخش ۔

Leesome : (a) جائز ؛ قانونی ۔

Leet : (n) (۱) ان اشخاص کی فہرست جو کسی عہدے کے لئے اہل قرار دیے گئے ہوں ۔ (۲) (جمع) ایسی فہرست کے افراد ۔

Leet : (v) کسی عہدے کے لئے اہل افراد کی فہرست میں شامل کرنا ۔

To be in leet / To be on the leet : (کسی عہدے کے لئے اہل افراد کی) فہرست میں شامل ہونا ۔

To put in leet / To put on the leet : (کسی عہدے کے لئے اہل افراد کی) فہرست میں شامل کرنا ۔

Leetle : مختصر ؛ چھوٹا ؛ صغیر ؛ کوچک ۔

Leeward : (a) (جہاز کے) ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف یا طرف کا ؛ باد پشت ؛ محفوظ رخ ۔

On/Upon /To (the) leeward of : بادپشت کی طرف ۔

Leeward : (adv.) ہوا سے محفوظ رخ یا پہلو کی طرف ۔

Leeward-shore : (n) دیکھو Lee-shore

Leeward-tide : (n) ہوا کے رخ بہنے والا جوار ۔

Leeward-way : (n) دیکھو Lee-way

Leewardmost : (a) مائل بہ انحراف ؛ ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف جھکا ہوا ۔

Leewardmost : (a) ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف سب سے زیادہ ہٹا ہوا ۔

Left : (a) (۱) الٹا ؛ بایاں ؛ چپ ؛ یسار ۔ (۲) الٹے ہاتھ کی طرف کا ؛ بائیں طرف کا ۔

Over the left : (عام) جو کچھ کہا گیا ہے اس کے برعکس مفہوم مراد ہے ۔

Left : (adv.) الٹی طرف کو ؛ جانب چپ ۔

Left : (n) (۱) دست چپ ؛ الٹا ہاتھ ۔ (۲) (فوج) فوج کا میسرہ ۔ (۳) (سیاسیات) (فرانس وغیرہ کی مجلس وضع قوانین سے مستعار) صدر کے الٹے ہاتھ کی جمہوریت پسند جماعت ؛ انتہا پسند جماعت ؛ فلسفہ یا مذہب وغیرہ کا جدت پسند یا انتہا پسند فرقہ ۔ (٤) مکے باز کے بائیں مکے کی ضرب ۔ (٥) الٹے ہاتھ کا دستانہ وغیرہ ۔

Left bank : (n) (بہاؤ کی طرف رخ کر کے کھڑے ہونے پر) بایاں کنارہ ۔

Left branch : (n) (چشمے کی) بائیں شاخ ۔

Left centre : (n) (فرانس کی مجلس قوانین ساز کی) بائیں بازو کی جمہوریت پسند جماعت ۔

Left hand : (a) الٹے ہاتھ کی جانب کا ؛ جانب چپ ۔

(A daughter) by the left hand : (۱) ان میل شادی سے پیدا ہونے والی لڑکی ۔ (۲) حرامی لڑکی ۔

On / to the left hand (of) : بائیں طرف ۔

To marry with the left hand : شاہی خاندان کے شخص کا چھوٹے درجے کی عورت سے اس طرح شادی کرنا کہ اس کی اولاد کو حق وراثت وغیرہ نہ ہو ۔

To Take the left hand of : (کسی کے) الٹی طرف ہوجانا یا چلا جانا ۔

Left-hand blow : (n) الٹے ہاتھ کی ضرب ۔

Left-hand man : (n) بائیں طرف کا آدمی ۔

Left-hand marriage : (n) بڑے درجے کے مرد کی شادی چھوٹے درجےکی عورت سے ۔

Left-hand rope : (n) رسی یا ڈوری جس کے پیچ الٹے بٹے ہوئے ہوں ۔

Left-hand wife : (n) (اپنے سے) چھوٹے درجے کی بیوی (جس کی اولاد کو حق وراثت نہ ملے) ۔

Left-handed : (a) (۱) کھبا ؛ چپہ ؛ چپ دست ؛ یساری ۔ (۲) بھدا ؛ بے ڈول ؛ بے تکا ۔ (۳) گول مول ؛ دو رخی ؛ منافقانہ ؛ مشتبہ ۔ (٤) منحوس ؛ نحس ۔ (٥) (شادی) جس میں شوہر شاہی یا امیر خاندان کا اور زوجہ نیچ ذات ہو اور زوجہ کو اور اس کی اولاد کو پورے حقوق نہ ملیں ۔ (٦) (گھونسا وغیرہ) جو الٹے ہاتھ سے لگایا جائے ؛ الٹے ہاتھ کا ۔ (۷) کھبے آدمی کے کام کا ؛ بائیں ہاتھ سے استعمال کرنے کا ۔

Left-handedly : (adv.) بائیں ہاتھ سے ؛ کھبوں کی طرح ؛ منافقت سے ؛ دو رخے پن سے ؛ کھبے پن سے ؛ بھدے پن سے ۔

Left-handedness : (n) کھبا پن ؛ بھداپن ؛ منافقت ؛ دو رخا پن ۔

Left-hander : (n) الٹے ہاتھ کا گھونسا وغیرہ ؛ کھبا آدمی ۔

Left-handiness : (n) بے تکا پن ؛ بھدا پن ۔

Left-off : (a) ترک کیا ہوا ؛ چھوڑا ہوا ۔

Left-over : (a) بچاکھچا ؛ پسماندہ ۔

Left-over : (a) بچی کھچی چیز ؛ باقی رہ جانا ؛ بچ جانا ۔

Left-side : (a) بائیں طرف کا ؛ بائیں ہاتھ کا ۔

Left side : (n) (سیاسیات) انتہا پسند جماعت ۔

Left wing : (n) (۱) (فوج) فوج کا میسرہ ۔ (۲) (سیاسیات) انتہا پسند جماعت ۔

Left-wing : (a) انتہا پسند جماعت کا یا اس کی حمایت کرنے والا ۔

Left-winger : (n) (۱) بائیں سے کھیلنے والا ؛ کھلاڑی جو میدان میں بائیں جانب سے کھیلتا ہو ۔

Leftish : (a) انتہا پسندانہ رجحان والا ۔

Leftism : (n) انتہا پسندی ؛ انتہا پسندی کی حمایت ؛ بائیں بازو کی حمایت ۔

Leftist : (n) انتہا پسند ۔

Leftist : (a) انتہا پسند ؛ بائیں بازو کا ۔

Leftmost / Leftermost : (a) چپ ترین ؛ سب سے زیادہ بائیں طرف ہٹا ہوا ۔

Leftward / Leftwards : (adv.) جانب چپ ؛ الٹی طرف ۔

Leftward : (a) جانب چپ کا ؛ الٹی طرف کا ۔

Lefty : (n) (۱) آدمی ۔ (۲) انتہا پسند شخص ۔

Leg : (n) (۱) ٹانگ ؛ ساق ؛ ساق پا ۔ (۲) دست (جانوروں کی ران پکانے کے لئے) ۔ (۳) ایک قدم پیچھے ہٹا کر تعظیم یا سلام کرنا ۔ (٤) دغا باز ؛ دھوکے باز ۔ (٥) (کرکٹ) میدان کا وہ حصہ جو کھیلنے والے کی بائیں جانب اور بائیں جانب کے پیچھے ہوتا ہے ؛ لیگ ۔ (٦) مصنوعی ٹانگ ۔ (۷) پائنچہ (پا جامے وغیرہ کا) ۔ (۸) مشین کا سہارا یا پایہ ۔ (۹) میز کرسی یا پلنگ کا پایہ ۔ (۱۰) دو شاخہ چیز کی کوئی شاخ ۔ (۱۱) (نقابت) ٹانگ کی شبیہ ۔ (۱۲) (ہندسہ) ساق (مثلث) ۔ (۱۳) (بحری) چھوٹے چھوٹے رسے جو دو یا زیادہ حصوں میں بٹ جاتے ہیں ۔ (١٤) (بحری) وہ فاصلہ جو ایک حرکت میں طے ہو ۔

All legs and wings : (۱) عمر کے لحاظ سے زیادہ بڑا ۔ (۲) (بحری) بھاری مستولوں والا ۔

Not a leg to stand on : کوئی سہارا نہیں ؛ بے آسرا ؛ بے سہارا ۔

On one's last legs : موت یا خاتمے کے قریب ؛ قریب المرگ ۔

On one's legs : (۱) کھڑا ہوا (تقریر کرنے کو) ۔

To stand upon one's own legs : اپنے اوپر بھروسا کرنا ؛ دوسروں کی امداد سے مستغنی ہونا ۔

To stretch one's legs : ورزش کرنے کے لئے ٹہلنا ۔

To take one's legs : بھاگ کھڑا ہونا ۔

Leg : (v) (۱) دوڑنا ؛ تیز چلنا ۔ (۲) نہر کی سرنگ کے کناروں میں ٹانگیں اڑا کر کشتی چلانا ؛ اس طرح کشتی سے (سرنگ) پار کرنا ۔ (۳) پیر سے پکڑنا یا مارنا ۔

Leg-bail /-stump : (n) (کرکٹ) وکٹ یا گلّی جو بلے باز سے نزدیک ہو ۔

Leg-bail : (n) رفو چکر ؛ فرار ۔

To give leg-bail / To take leg-bail : فرار ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Leg ball /-break : (n) (کرکٹ) وہ گیند جو بلے باز کی بائیں طرف گرے یا گھوم جائے ۔

Leg-bone : (n) نلی ؛ پنڈلی کی نلی ۔

Leg-bye : (n) دیکھو Bye

Leg-guard : (n) گدّا جو کرکٹ وغیرہ میں ٹانگوں سے باندھ لیتے ہیں ۔

Leg hit - stroke : (n) (کرکٹ) پاؤں کی طرف مارنا (گیند کو) ۔

Leg-iron : (n) بیڑی ؛ پیروں کی زنجیر ۔

Leg of mutton : (a) بکرے کی ٹانگ کی شکل کا ۔

Leg of mutton sail : (n) ایک قسم کا تکونا بادبان ۔

Leg-of-mutton sleeve : (n) آستین جو اوپر سے کشادہ اور کلائی پر چست رہتی ہے ۔

Leg-pull : (n) دھوکا ؛ جھانسا ؛ فریب ۔

Leg-puller : (n) دھوکا باز ؛ جھانسا دینے والا ۔

(۲) بیماری کے بعد چلنا پھرنا ۔ (۳) خوشحال ؛ قابل اطمینان مالی حالت میں ۔

On the leg : لمبی ٹانگوں والا (کتا) ؛ لم ٹنگا ۔

The boot is on the other leg : دیکھو Boot

To change leg : (گھوڑے کا) چال بدلنا ۔

To dance (run, walk) a person off his legs : نچاتے نچاتے یا چلاتے چلاتے تھکا مارنا ۔

To fall on one's legs : مشکل سے بچ نکلنا ۔

To get on one's hind legs : (۱) (گھوڑے کا) پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی کا) برہم ہونا ؛ غصہ ہونا ۔

To give a person a leg up : سہارا دینا ؛ (اوپر چڑھنےمیں یا مشکل پر غالب آنے میں) دستگیری کرنا ۔

To have a bone in one's leg : چلنے سے بچنے کے لئے عذر لنگ پیش کرنا ۔

To have the legs of : (کسی سے) تیز چلنا ۔

To keep one's legs : کھڑے رہنا یا چلتے رہنا ؛ سنبھلے رہنا ؛ نہ گرنا ۔

To lift (or heave up) the leg : (کتے کا) ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا ۔

To pull (or draw) a person's leg : چھیڑنا ؛ بنانا ؛ بیوقوف بنانا ؛ فقرہ کسنا ۔

To put (or set) one's best leg formost : قدم بڑھا کر چلنا ؛ اپنی سی کرنا ۔

To set a person upon his legs : کسی کی مالی حالت ٹھیک کر دینا ؛ کسی کو ترا دینا ۔

To shake a leg : ناچنا ۔

Leg-pulling : (n) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ۔

Leg-rest : (n) (معذور شخص کے لئے) بیٹھتے وقت پاؤں کو سہارا دینے کی ایک ترکیب ۔

Leg-theory : (n) (کرکٹ) فیلڈر کو لیگ کی طرف متوجہ کر کے گیند کو لیگ کی طرف پھینکنا ۔

Leg-worm : (n) نارو ؛ ناروا ؛ رشتہ ۔

Legacy : (n) (۱) مال جو بذریعہ وصیت ملے ۔ (۲) مال متروکہ ؛ ورثہ ؛ میراث ۔

Legacy-hunter /- monger : (n) ترکہ حاصل کرنے کے لئے خوشامد کرنے والا ۔

Legal : (a) (۱) قانونی ؛ شرعی ؛ مطابق قانون ۔ (۲) قانون مروجہ کے مطابق (خواہ اصول انصاف کے خلاف ہو) ۔ (۳) جائز ؛ حلال ؛ مطابق شرع ۔ (٤) (دینیات) موسوی شریعت کا ؛ نجات بالعمل سے متعلق ۔ (٥) (ایک وقتی لفظ) شریعت پسند ؛ ضابطہ پرست؛ پابند شریعت ۔

Legal adviser : (n) قانونی مشیر ۔

Legal aid : (n) مالی مدد جو مقدمہ باز کو سرکاری طور پر دی جاتی ہے ۔

Legal man / -person : (n) وہ شخص جسے پورے قانونی حقوق حاصل ہوں ۔

Legal tender : (n) زر رائج ؛ زر قانونی ۔

Legalism : (n) (۱) (دینیات) نجات بالعمل کا اعتقاد ؛ شرع کو وحی و تنزیل پر ترجیح دینا ؛ شریعت پرستی ۔ (۲) ضابطہ پرستی ؛ ضابطے یا قانون پر حد سے زیادہ زور دینا ۔

Legalist : (n) شریعت پرست ؛ نجات بالعمل کا قائل ؛ ضابطہ پرست ۔

Legalistic : (a) شریعت پرستانہ ؛ ضابطہ پرستانہ ۔

Legality : (n) (۱) شریعت پرستی ؛ ضابطہ پرستی ۔ (۲) جواز ؛ اباحت ۔

Legalization : (n) جواز ۔

Legalize : (v) جائز ٹھہرانا ؛ مباح کرنا ۔

Legally : (adv.) شرعی طریقے سے ؛ جائز طور پر ؛ از روئے شریعت ؛ از روئے قانون ؛ قانونی طور پر ۔

Legantine : (a) سفیر پوپ سے متعلق ۔

Legatary : (n) میراثی ؛ موصی بہ سے متعلق ؛ مالی وصیت سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ میراث سے متعلق ۔

Legatary : (a) ترکہ یا میراث پانے والا ؛ جس کے لئے وصیت کی جائے ؛ موصی لہ' ۔

Legate: (n) (۱) پادری جو پاپا کا نائب سفیر ہو ؛ سفیر پوپ ۔ (۲) سفیر ؛ وکیل ؛ نائب ؛ نمائندہ ۔ (۳) (قدیم روما) جنرل یا صوبے کے گورنر کا نائب ؛ گورنر ۔

Legate : (v) وصیت کی رو سے دینا ؛ دے جانا ؛ چھوڑ جانا (ترکے میں) ۔

Legate a latere : (n) پاپا کا سفیر اعلیٰ ؛ وزیر مختار ۔

Legatee : (n) موصی لہ' جس کے لئے وصیت کی جائے ؛ ترکہ پانے والا ۔

Legateship : (n) سفارت ؛ وکالت ؛ نیابت ؛ نمائندگی ؛ ایلچی گیری ۔

Legatine : (a) دیکھو Legantine

Legatine constitutions : (n) کلیسائی قانون ۔

Legatine synod : (n) مجلس کلیسا جو سفیر پوپ کی صدارت میں منعقد ہو ۔

Legation : (n) (۱) سفارت بھیجنا ؛ نمائندہ یا وکیل بھیجنا ؛

سفارت۔ (۲) جماعت نمائندگان ؛ جماعت وکلا ؛ (دوسرے درجے کا) سفیر اور اس کا عملہ؛ سفارت۔ (۳) سفارت خانہ۔ (٤) نمائندگی ؛ نیابت ؛ سفارت کا عہدہ۔ (٥) یا پانی اقلیموں کا ایک صوبہ۔

Legationary : (a) سفارت سے متعلق ؛ سفارت خانے سے متعلق۔

Legative : (a) (۱) سفیر پوپ سے متعلق۔ (۲) سفارتی اختیار دینے والا ؛ نمائندہ بنانے والا۔

Legato : (n) (موسیقی کی ہدایت) نرمی سے ؛ روانی سے ؛ بغیر وقفوں کے۔

Legator : (n) موصی ؛ وصیت کنندہ۔

Legend : (n) (۱) بزرگانِ دین کے سوانح ؛ سیرت الاولیاء۔ (۲) قصہ ؛ کہانی ؛ روایت۔ (۳) مشہور عام افسانہ ؛ خرافات ؛ دیو کہانی ؛ داستان ؛ قصص و روایات۔ (٤) کتابہ ؛ سجع جو سکّے یا تمغے پر کندہ ہو ؛ نوشتہ ؛ نقش سکہ۔

The legend / The golden legend : تیرھویں صدی عیسوی کا مجموعہ؛ قصص۔

Legend : (v) نقش کندہ کرنا۔

Legenda : (n) تذکرۃ الاولیاء ؛ جسے افادہ؛ روحانی کے لئے پڑھا جاتا ہے۔

Legendary : (a) (۱) افسانے کا ؛ فرضی ؛ داستانی ؛ افسانوی۔ (۲) سکے پر کندہ (سجع)۔ (۳) داستان گو (مصنف)۔

Legendary : (n) (۱) تذکرۃ الاولیاء۔ (۲) داستان گو۔

Legendary period /-age : (n) اساطیری عہد یا دور۔

Legendry : (n) قصص و روایات ؛ داستانوں کا مجموعہ۔

Legerdemain : (n) (۱) ہاتھ کی صفائی ؛ شعبدہ بازی ؛ شعبدہ گری ؛ کرتب ؛ بازیگری۔ (۲) مکاری ؛ فریب ؛ تدلیس ؛ سفسطہ۔

Legerdemain : (a) شعبدہ بازی سے متعلق ؛ ہاتھ کی صفائی کا۔

Legerdemainist : (n) شعبدہ باز ؛ جادوگر۔

Legged : (a) (۱) مرکب کے ساتھ آتا ہے۔ بمعنی "پیروں والا" "پایہ"۔ (۲) (نقابت) مخصوص رنگ کی ٹانگوں والا۔

Legger : (n) نہر کی سرنگ کے کناروں میں ٹانگیں اڑا کر کشتی چلانے والا ؛ اس طرح کشتی کھے کر (سرنگ) سرنگ پار کرنیوالا ملاح۔

Legging : (n) (عموماً جمع) چرمی پائتابہ ؛ چرمی موزہ ؛ چرمی ساق پوش۔

Legging : (n) ایک قدم پیچھے ہٹا کر تعظیم یا سلام کرنا ؛ کورنش۔

Leggy : (a) پتلی اور لمبی ٹانگوں والا ؛ لم ٹنگا ؛ لم ڈھینگ (لڑکا یا بچھڑا یا پلا)۔

Leghorn : (n) (۱) چٹائی کی تہ جو انگریزی ٹوپی میں دی جاتی ہے ؛ وہ ٹوپی جس میں چٹائی کی تہ لگائی جائے۔ (۲) ایک قسم کی مرغی ؛ سفید مرغ ؛ لیگ ہارن۔

Legibility : (n) صاف یا واضح ہونا ؛ مقروئیت ؛ خوانائی۔

Legible : (a) صاف (خط) جو آسانی سے پڑھنے میں آئے ؛ مایقریٰ ؛ مقرو ؛ خوانا۔

Legibly : (adv.) صاف صاف ؛ صاف خط میں۔

Legific : (a) وضع قوانین سے متعلق۔

Legion : (n) (۱) قدیم رومی فوج کا تین ہزار سے چھ ہزار تک آدمیوں کا دستہ ؛ لیجن۔ (۲) فوج کثیر ؛ جم غفیر ؛ بڑی تعداد ؛ انبوہ ؛ خیل۔ (۳) فوج کا دستہ۔ (٤) فرانس کا ایک اعزازی سلسلہ۔ (٥) (امریکا) سابق فوجیوں کی قومی انجمن۔ (٦) قسم اور جنس کی درمیانی چیزوں کا اجتماع۔

American Legion : امریکا کے سابق فوجیوں کی قومی انجمن۔

British legion : (برطانیہ) جنگ عظیم کے پنشن یافتہ سپاہیوں کی قومی انجمن۔

Foreign legion : زمانہ حال کی فوج میں غیر ملکی رضا کاروں کا گروہ۔

Their name is legion : ان کی تعداد بے شمار ہے۔

Legion : (a) کثیر ؛ بے شمار۔

Legion of Honour : (n) فرانس کا ایک اعزازی سلسلہ یا طبقہ۔

Legionary : (a) (۱) لیجن کا۔ (۲) خاص رومی لیجن کا (مارکہ ، نشان وغیرہ)۔

Legionary : (n) (۱) لیجن کا سپاہی۔ (۲) فرانس کے اعزازی سلسلے کا رکن۔

Legioned : (a) خیل در خیل ؛ فوج در فوج ؛ جوق در جوق۔

Legit : (n) (عام) جائز ڈراما یا تھیٹر۔

Legit : (n) کشیشوں کے حق استثنا کا دعوی (بائبل کے کچھ حصوں کے پڑھنے کی بنیاد پر)۔

Legitim : (n) باپ کی جائیداد منقولہ کا وہ حصہ جو مرنے کے بعد اس کے بچوں کو وراثتاً ملے۔

Legitimacy : (n) (۱) جواز ؛ جائز ہونا۔ (۲) صحت قانونی ؛ منطقی یا شرعی ؛ درستگی۔ (۳) صحیح النسبی ؛ حلال زادگی۔

Legitimate / Legit : (a) (۱) حلال ؛ جائز (اولاد)۔ (۲) قانونی ؛ شرعی ؛ صحیح ؛ باقاعدہ ؛ باضابطہ ؛ ٹکسالی ؛ مستند ؛ مطابق معیار۔ (۳) (از روئے حق) موروثی ؛ جائز۔ (٤) (منطق کی رو سے) صحیح ؛ مدلل ؛ معقول ؛ عقلی۔

The legitimate /-drama : شکسپیر اور دوسرے ڈراما نگاروں کے مستند ڈرامے۔

Legitimate : (v) (۱) حلال قرار دینا ؛ جائز قرار دینا ؛ جائز کرنا۔ (۲) صحیح ٹھہرانا ؛ معقول وجوہ سے تائید کرنا ؛ وجوہ پیش کرنا ؛ وجہ معقول ہونا۔ (۳) جائز حق دینا۔

Legitimate : (n) (۱) ولدالحلال ؛ حلال زادہ۔ (۲) جائز ڈراما یا تھیٹر۔ (۳) جائز فرما نروا۔

Legitimately : (adv.) بحیثیت حلالی اولاد کے ؛ جائز طور سے ؛ بجا طور سے ؛ شرعاً ؛ قانوناً ؛ منطق کی رو سے۔

Legitimateness : (n) جائز ہونا ؛ حلالی ہونا ؛ صحت ؛ جواز ؛ حلّت ؛ اباحت۔

Legitimation : (n) جواز ؛ جائز کرنا یا کیا جانا ؛ معقول وجوہ سے تائید یا حمایت۔

Legitimatize : (v) حلالی قرار دینا ؛ صحیح النسب ٹھہرانا ؛ جائز یا معقول قرار دینا ؛ باضابطہ قرار دینا۔

Legitime : (n) دیکھو Legitim

Legitimism : (n) بادشاہت کے موروثی حقدار کی طرفداری ؛ جائز وراثت کی حمایت۔

Legitimist : (n) (۱) (بادشاہت کے) موروثی حقدار یا جائز وارث کا حامی۔ (۲) شیعان علیؓ۔ (۳) (فرانس کے) بڑے Bourbon کی نسل کا حامی۔

Legitimization : (n) دیکھو Legitimation

Legitimize : (a) دیکھو Legitimatize

Legless : (a) بے ٹانگ کا ؛ بے پائے کا ؛ بے پا۔

Leglet : (n) (۱) چھوٹی ٹانگ۔ (۲) پاؤں کا ایک زیور۔

Legman : (n) (۱) گشتی نامہ نگار۔ (۲) گشتی معاون۔

Legroom : (n) پاؤں پھیلانے کی جگہ (بیٹھنے کے بعد)۔

Leguleian : (a) قانونی فریب کاری کرنے والا۔

Leguleian : (n) ادنیٰ درجے کا وکیل ؛ مختار ؛ ادنیٰ وکیل ۔

Leguleious : (a) دیکھو Leguleian

Legume : (n) (۱) پھلی ؛ دانہ ؛ دال ؛ حبہّ ؛ تخمدان ۔ (۲) خوردنی ترکاری ؛ سبزی ترکاری ۔

Legumen : (n) دیکھو Legume

Legumin / Legumine : (n) پروٹینی مادہ؛ حبوب ؛ اناج یادانوں کا پروٹینی مادہ ۔

Leguminous : (a) دال کی طرح کا ؛ پھلی دار ؛ بقلی ۔

Lei : (n) پھول ، پتیوں یا صدفوں کا ہار یا گلو بند ۔

Leibnitzian / Leibnitian /-izian : (a) جرمن فلسفی G. W. Leibnitz کا یا اس کے فلسفے کا ماننے والا ؛ لاب نیز کا پیرو ۔

Leicester : (n) لمبے بال اور سینگوں والی بھیڑ ۔

Leiger/Leigier : دیکھو Ledoer

Leic/Leo : جز و ترکیبی بمعنی "چکنا" "ہموار" ۔

Leiophyllous : (a) (نباتیات) چکنے پتوں والا ۔

Leiotrichi : (n) انسان کی مفروضہ ابتدائی دونوعوں میں سے ایک ۔

Leiotrichous : (a) مستقیم مویہ ؛ صاف بال والا ۔

Leister : (n) سالمن مچھلی شکار کرنے کا نوکدار بلم یا بھالا ۔

Leister : (v) نوکدار بلّم یا بھالے سے سالمن مچھلی کا شکار کرنا ۔

Leisure : (a) خالی وقت ؛ فرصت ؛ مہلت ؛ چھٹی ؛ سبیتا ۔

At leisure : (۱) خالی ؛ فرصت رکھنے والا ۔ (۲) اطمینان سے ۔ (۳) سبیتے سے ۔

At one's leisure : جب فرصت ہو ۔

To tarry/- attend / -stay a person's leisure : کسی کی فرصت کے وقت کا منتظر رہنا ۔

Leisured : (a) فرصت کا ؛ جسے فرصت ہو ؛ فرصت والا ۔

Leisureliness : (n) آہستگی ؛ دھیماپن ؛ اطمینان ؛ دھیرج ۔

Leisurely : (a) (۱) آہستہ ؛ دھیما ؛ اطمینان کا ؛ فرصت کا ۔ (۲) جسے فرصت ہو ؛ فرصت والا ۔ (۳) غور و تامل کا ؛ سوچا سمجھا ؛ دھیرج کا ۔

Leisurely : (adv.) اطمینان سے ؛ سہولت سے ؛ سہج سہج ۔

Leitmotiv / Leitmotif / Leitmotive : (n) کسی گانے میں اصل نغمہ یا خیال ۔

Lek : (v) بھٹ تیتر کا مجتمع ہونا ۔

Lek : (n) اجتماع ۔

Leman : (n) (۱) عاشق ؛ چاہنے والا ؛ معشوق ؛ محبوب ۔ (۲) یار ؛ آشنا ۔ (۳) وہ عورت جس سے ناجائز تعلق ہو ؛ آشنا ۔

Lemma : (n) (۱) (قضیہ) مسلمہ ؛ (قضیہ) مصروفہ ۔ (۲) ادبی مقالے ؛ لغت کے مضمون ؛ حاشیئے وغیرہ کا عنوان جس سے اس کا موضوع یا لب و لباب ظاہر ہو ۔

Lemma : (n) خانہ؛ گل ؛ لیما ۔

Lemming / Leeming : (n) موش شمالی ؛ لیمنگ ؛ قطب شمالی کا ایک چھوٹا کترنے والا جانور ۔

Lemnian : (a) لیمنوس کا یا اس سے متعلق ۔

Lemnian earth : (n) زرد مٹی ؛ لیمناسی مٹی ۔

Lemnian reddle : (n) ملتانی مٹی ؛ گیرو ۔

Lemnian Smith : (n) اگن دیوتا ؛ ولکن ؛ آگ اور آہنگری کا دیوتا ۔

Lemniscate : (a) (ہندسہ) دو چشمہ منحنی ؛ ایٹرن ۔

Lemniscus : (n) (۱) علامت تحریف ۔ (۲) بعض درون حوین کے تناسلی مسام کا باریک زائدہ ۔

Lemon : (n) (۱) نیبو ؛ لیموں ؛ ترنج ۔ (۲) درخت لیموں ۔ (۳) ہلکا زرد رنگ ۔ (٤) لیموں کی شکل کی کوئی چیز ۔ (٥) بے نتیجہ تجویز ؛ نا کامی ۔

Lemon : (v) لیموں ڈالنا ۔

Lemon : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Lemon-balm : (n) ایک قسم کا پودینہ ۔

Lemon-cheese : (n) لیموں ، مکھن اور انڈے سے بنی ایک مٹھائی ۔

Lemon-cutting (n) لٹکے ہوئے لیموں کو تیز دوڑتے ہوئے گھوڑے پر سے تلوار سے دو ٹکڑے کرنے کا کرتب ۔

Lemon-dab : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lemon-drop : (n) لیموں لوز ۔

Lemon-grass : (n) جزائر شرق الہند کی ایک گھاس ؛ گور گیاہ ؛ بید مشک ۔

Lemon-kali : (n) سوڈابائی کا ربونیٹ اور ایک قسم کا ترشہ ملا ہوا مشروب ۔

Lemon-plant : (n) گل شاہ پسند ۔

Lemon-sole : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lemon-squash : (n) عرق لیموں اور سوڈے کا مشروب ؛ لیموں کا افشردہ ۔

Lemon-squeezer : (n) افشردہ نکالنے کا آلہ ؛ افشردہ کش ۔

Lemon-thyme : (n) صعتر کی ایک قسم جس میں لیموں کی بو ہوتی ہے ۔

Lemon-tree : (n) (۱) درخت لیموں ۔ (۲) گل شاہ پسند ۔

Lemon verbena : (n) دیکھو Lemon-plant

Lemon-wood : (a) نیوزی لینڈ کا ایک درخت ۔

Lemonade : (n) لیمنڈ ؛ ترنجاب ۔

Lemony : (a) لیموں کے متعلق ؛ لیموں کا سا ؛ ہلکےزرد رنگ کا ۔

Lemur : (n) (۱)مڈغا سکر کے بندر کی قسم کا ایک دودھ پلانے والا شب رو جانور ؛ میمون مڈغا سکر ؛ لیمور ۔ (۲) (جمع) مردوںکی روحیں ؛ ارواح ؛ بھوتنے ۔

Lemuridous : (a) لیمور کے خاندان کا ۔

Lemurine : (a) لیمور سے مشابہ ؛ لیمورنما ۔

Lemuroid : (a) دیکھو Lemurine

Lemuroid : (n) لیمور نما جانور ۔

Lend : (n) قرض ؛ ادھار ۔

Lend : (v) (۱) قرض دینا ؛ ادھار دینا ؛ مانگےدینا ؛ مستعار(عاریت) دینا ؛ عاریتاً دینا ۔ (۲) (روپیہ) سود پر دینا؛ (کتابیں) کرائے پردینا ۔ (۳) بخشنا ؛ دینا ؛ پیداکرنا(کچھ عرصے یا دیرکے لئے) ۔ (٤) (کسی چیزکے) سانچے میں ڈھل جانا ؛ اپنے کو حالات کے مطابق ڈھالنا ؛ گون کا ہونا ؛ مطلب یا کام کا ہونا ۔ (٥) مارنا (گھونسا وغیرہ) ۔(٦) مدد دینا ؛ تعاون کرنا ۔

To lend a hand /.helping hand : مدد دینا ؛ دستگیری کرنا ۔

To lend an ear /.one's ear : کان دھرنا ؛ سننا ۔

To lend out : قرض دینا ؛ ادھار دینا ۔

Lend-lease : (n) ادھارپٹہ ۔

Lendable : (a) جو قرض دیاجاسکے؛ قابل عاریت ۔

Lender : (n) مستعار دینے والا ؛ عاریت دہندہ ؛ قرض خواہ ؛ قرض دہندہ ؛ دائن ۔

Lending : (n) (۱) مستعار دینا ؛ قرض دینا ؛ ادھار دینا ۔ (۲) قرض ؛ ادھار ؛ مستعار ؛ ادھار یا قرض دی ہوئی چیز ۔

Lending : (a) قرض دینے والا ؛ ادھار دینے والا ۔

Lending Library : (n) کرائے پر کتابیں دینے والا کتب خانہ ۔

Length : (n) (۱) طول ؛ درازی ؛ لمبائی ۔ (۲) مدت ؛ امتداد (زمانہ) ؛ عرصہ ۔ (۳) کسی چیز کا طول ؛ فصل ؛ فاصلہ ۔ (٤) کسی کام کی حد ؛ انتہا ۔ (٥) (عروض) حرف علت یا رکن کا وزن ۔ (٦) (کرکٹ) وکٹ سے وہ فاصلہ جہاں گیند گدا کھائے ۔ (۷) طویل ؛ تفصیل ؛ وسعت ۔ (۸) کپڑے کے تھان کی لمبائی ۔ (۹) کشتی ، گھوڑے وغیرہ کی لمبائی جودوڑ میں جیتنے کےلئے بطور اکائی کے لی جاتی ہے ۔ (۱۰)سیاست ۔ (۱۱) (تاش) تناسب سے زیادہ رنگ کے پتے رکھنا ۔ (۱۲) (تھیٹر) ایکٹر کے پارٹ کا حصہ (جو عموماً بیالیس سطروں کا ہوتاتھا) ۔ (۱۳) (کشید) شعیرے کی مخصوص مقدار سے نکالے ہوئے زلال کی مقدار ۔

At arm's length : اتنے فاصلے پر جتنی دور ہاتھ پھیل سکے ۔

At full length : (۱) مفصل طور سے ۔ (۲) لمبا لمبا ؛ پیر پھیلائے ۔

At length : (۱) بالتفصیل ؛ مفصل طور سے ۔ (۲) آخرکار ؛ بالآخر ۔

Cable 's length : قریب سو یا ایک سو بیس فیدم ۔

One 's length : (کسی آدمی کی) لمبائی ۔

The length of one 's tether : (۱) لمبی رسی یا زنجیر جس سے باندھ کر جانور کوچرنے کے لئے چھوڑ دیتے ہیں ۔ (۲) احاطہ ؛ دائرہ ؛ حد ۔ (۳) رسی سے باندھنا ۔

To find /- get /- know the length of (a person ' s) foot : اپنی (یاکسی کی) کمزوری معلوم کرنا ؛ (کسی کو) قابو میں رکھ کر اس کا انتظام کرنا (کرنے کے قابل ہونا) ۔

To keep one at an arm ' s length : بے تکلف نہ ہونا ؛ خلا و ملا سے پرہیزکرنا ۔

Length ball : (n) (کرکٹ) ٹھیک فاصلے پر پھینکی ہوئی گیند ۔

Lengthen : (v) (۱) دراز تر ہوجانا یا کرنا ؛ لمباہوجانا یاکرنا ۔ (۲) (عروض) حرف علت کوکھینچ کر ادا کرنا ۔ (۳) پتلاکرکےمقدار بڑھانا ۔

Lengthen out : (v) (فوج) لمبے قدم بھرنا ؛ تیز چلنا ۔

Lengthily : (adv.) طوالت سے ؛ بہت طول دے کر ۔

Lengthiness : (n) طوالت ؛ حد سے زیادہ طول ۔

Lengthways : (adv.) طولاً ؛ درازی میں ؛ لمبائی میں ۔

Lengthwise : (adv.) طولاً ؛ لمبائی میں ۔

Lengthwise : (a) لمبی ؛ دراز ۔

Lengthy : (a) غیر معمولی طور پر طویل (تقریر وغیرہ) ؛ طول طویل ؛ شیطان کی آنت کی طرح لمبی ؛ اکتا دینے والی ۔

Lenience /- cy : (n) نرمی ؛ نرم مزاجی ؛ حلم ؛ تحمل ؛ رواداری ۔

Lenient : (a) (۱) نرم کرنے والی ؛ ملین ۔ (۲) نرم ؛ روادار ؛ متحمل ؛ حلیم ؛ روادارانہ ۔ (۳) ہلکی ؛ نرم (سزاوغیرہ) ۔

Leniently : (adv.) نرمی سے ؛ تحمل سے ؛ رواداری سے ۔

Leninism : (n) لینن کے سیاسی ، معاشی اور سماجی اصول ۔

Leninist : (n) لینن کے سیاسی ، معاشی اور سماجی اصول کا حامی ۔

Leninist : (a) لینن کے سیاسی ، معاشی اور سماجی اصول یا ان کے حامیوں سے متعلق ۔

Lenitive : (a) ملین ؛ مسکن ؛ مفرح ۔

Lenitive : (n) (۱) ملین ؛ مفرح دوا ۔ (۲) مسکن ۔

Lenitively : (adv.) مسکن کے طور پر ؛ ملین کے طور پر ۔

Lenitiveness : (n) مسکن ہونا ؛ ملین ہونا ۔

Lenity : (n) رحمدلی ؛ رقیق القلبی ؛ رحم (کا برتاؤ) ۔

Leno : (n) ایک قسم کی سوتی جالی جو ٹوپی ، پردہ اور نقاب وغیرہ بنانے میں کام آتی ہے ؛ جالی ؛ گاج ۔

Lens : (n) (۱) دوربین یا عینک کا شیشہ ؛ تال ؛ عدسہ ۔ (۲) تصویر کشی میں استعمال ہونے والا عدسوں کا مجموعہ ۔ (۳) (تشریح) عدسہ ؛ آنکھ کا پردہ ؛ عدسۂ چشم ۔

Concave lens : مقعر عدسہ ۔

Covex lens : محدب عدسہ ۔

Lens-eye : (n) عدسۂ چشم ؛ جلیدیہ ۔

Lens-form : (a) عدسہ کی شکل کا ؛ عدسہ نما ۔

Lensed : (a) عدسہ دار ؛ شیشہ دار ۔

Lensless : (a) بے عدسے کا ؛ بے شیشے کا ۔

Lent : (n) (۱) ایسٹر سے قبل چالیس دن کا زمانہ جس میں سوائے اتوار کے ہر روز مجاہدۂ نفس کیا جاتا ہے اور روزہ رکھا جاتا ہے ؛ لینٹ ؛ ایسٹر سے پہلے کا چلہ ۔ (۲) (جمع) لینٹ کے زمانے میں کشتیوں کی دوڑ ۔

Lent : (a) قرض دیا ہوا ۔

-lent : (suffix) لاحقہ صفات بنانے کے لئے بمعنی "پر، بھرا ہوا ، مملو" ۔

Lent-lily : (n) نرگس زرد ؛ أبی زردی ۔

Lent-rose : (n) دیکھو Lent-lily

Lent-term : (n) یونیورسٹی کی وہ میقات جس میں لینٹ کا تیوہار ہوتا ہے ۔

Lentamente : (adv.) (موسیقی کی ہدایت) آہستہ ؛ دھیرے دھیرے ۔

Lenten : (n) لینٹ کے متعلق ؛ لینٹ کا ؛ لینٹ کے زمانے کے مناسب ۔

Lenten-corn : (n) اناج جو لینٹ کے زمانے میں بویا جائے ۔

Lenten-fig : (n) کشمش ۔

Lenten-pie : (n) پائی (Pie) جس میں گوشت نہ ہو ۔

Lentic : (a) ٹھہرے ہوئے پانی (مثلاً جھیل ، تالاب وغیرہ) سے متعلق ؛ ٹھہرے ہوئے پانی میں رہنے والا ۔

Lenticel : (n) (نباتیات) عدسہ نما کارک جیسا داغ جو نئے چھالوں پر ہوتا ہے ؛ منخر ؛ منفذِ عدسی ؛ عدسیہ ۔

Lenticellate : (a) عدسہ نما کارک جیسا داغ والا ؛ عدسیہ پیدا کرنے والا ۔

Lenticle : (a) (ارضیات) عدسی تودہ ۔

Lenticula : (n) (۱) (طب) کلف ؛ گندمہ ؛ جھائیں ۔ (۲) چھوٹا مناظری عدسہ ۔

Lenticular : (a) (۱) عدسہ نما ؛ دونوں پہلو محدب رکھنے والا ؛ محدب الطرفین ۔ (۲) عدسی ؛ عدسہ سے متعلق ۔ (۳) عدسۂ چشم سے متعلق ۔

Lenticular bed : (a) معدن عدسی ۔

Lenticular (ore) : (n) سرخ صلصالی خام معدن کی پرت ۔

Lenticularis : (a) عدسہ کی شکل کا (بادل) ؛ عدسی ۔

Lenticularly : (adv.) عدسہ نما طور پر ؛ عدسے کی طرح ۔

Lentigerous : (a) عدسہ' چشم دار ۔

Lentiginous : (a) گندمہ دار ؛ نقطہ دار ۔

Lentigo : (n) گندمہ ؛ کلف ؛ چھائیں ؛ ثولول ۔

Lentil : (n) (۱) مسور ؛ عدس ۔ (۲) محدود پتلی ارضیاتی پرت جس کے چاروں طرف چینوں کی پرتیں ہوں ۔

Lentil-shell : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا صدف ۔

Lentiscus : (n) مصطگی کا درخت ۔

Lentisk : (n) دیکھو Lentiscus

Lentitude : (n) سستی ؛ مٹھاپن ۔

Lento : (adv.) (موسیقی) آھستہ ۔

Lentoid : (a) عدسہ نما ؛ عدسی شکل ۔

Lentor : (n) سستی ۔

Lenvoy / L'envoy : (n) قدیم طرز کی نظموں کا آخری بند ۔

Leo : (n) برج اسد ؛ سنگھ راس ؛ پانچواں برج ۔

Leo minor : (n) اسد اصغر ۔

Leonid : (n) (فلکیات) اسدیہ ؛ شہاب ثاقب جو برج اسد سے تاباں ھوتا ھے ۔

Leonine : (a) شیرانہ ؛ شیر کی طرح ؛ شیر کا ؛ شیر خو ۔

Leonine : (a) Leo کا بنایا ھوا یا ایجاد کیا ھوا یا اس سے متعلق ۔

Leonine city : (n) روم کا وہ حصہ جسے Leo چہارم نے قلعہ بند بنوایا ۔

Leonine convention / - partnership : (n) (یونانی قانون) معاہدہ یا شرکت جس کی شرط یہ ھوتی ھے کہ ایک شریک کو تمام منافع ملتے ھیں اور دوسرے کو تمام نقصانات اٹھانے پڑتے ھیں جسے Cassius نے غیر ضروری قرار دےدیا ۔

Leonine monkey : (n) ایک قسم کا بندر ۔

Leonine verse : (n) ازمنہ وسطیٰ لاطینی نظم کے مقفیٰ مرثیے بحر مسدس میں ۔

Leoninely : (adv.) شیر کی طرح سے ۔

Leontiasis : (n) (۱) (طب) داءُ الاسد ؛ ایک قسم کا کوڑھ جس میں شکل شیر کی سی ھو جاتی ھے ۔ (۲) چہرے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کی بیش نمو جس سے چہرہ شیر جیسا لگتا ھے ۔

Leontodon : (n) (نباتیات) شیر دنداں ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Leopard : (n) (۱) تیندوا ؛ پلنگ ؛ چیتا ۔ (۲) (نقابت) انگلستان کے سرکاری مارکے میں شیر کی تصویر ۔ (۳) ایڈورڈ سوم کے دور حکومت کا طلائی سکہ جس کی پشت پر شیر کی تصویر ھوتی تھی ۔ (٤) سگ ماہی (سیل) کی ایک جنس ۔ (٥) چیتا (غیر متبدل ھونے کی علامت کے طور پر) ۔ (٦) چیتے کی کھال ۔

American leopard : امریکی چیتا ۔

Hunting leopard : معمولی چیتا ۔

Snow leopard : یوز ؛ تیندوا ؛ پہاڑی چیتا ۔

Leopard : (a) چیتے سا ؛ چیتے کی طرح ۔

Leopard cat : (n) افریقہ ، ہندوستان وغیرہ کی جنگلی بلی ۔

Leopardess : (n) چیتے کی مادہ ۔

Leopard s bane : (n) درونج ؛ درونج عقربی ۔

Leopardwood : (n) جنوبی امریکا کے ایک درخت کی لکڑی ۔

Leotard : (n) ایک قسم کا چست لباس جو رقص کرنے والے یا قلا باز پہنتے ہیں ۔

Lepadoid : (a) سرخاب سے مشابہ ؛ سرخاب سا ۔

Lift : (v) (۱) اٹھانا ؛ اکسانا ؛ اچکانا ؛ اونچا کرنا ؛ ابھارنا ؛ بلند کرنا - (۲) ترقی دینا ؛ معیار بلند کرنا ؛ بڑھانا - (۳) اٹھانا ؛ حرکت دینا - (٤) اونچا رکھنا - (٥) چرانا ؛ مویشی ہانك لے جانا - (٦) (مضمون کا) سرقہ کرنا ؛ (مضمون) چرانا - (۷) اکھاڑنا (خیمہ) - (۸) کھود کر نکالنا (آلو وغیرہ) - (۹) اونچی ہٹ مارنا ؛ اچھالنا (گیند) ؛ اٹھنا (گیند کا) - (۱۰) (جہاز کا) لہروں پر اٹھنا ؛ ابھرنا - (۱۱) (کھڑکی کا) اٹھنا - (۱۲) (کہرا وغیرہ) ہٹنا ؛ منتشر ہونا ؛ عارضی طور پر تھمنا (بارش) - (۱۳) (زمین کے فرش کا) اوپر اٹھ جانا ؛ ابھرنا - (١٤) اٹھنا - (١٥) دل بڑھانا ؛ ہمت بندھانا ؛ تعریف کرنا - (١٥) دل بڑھانا ؛ ہمت بندھانا ؛ (۱۷) توپ خانے کا رخ بدلنا ؛ گولہ باری روك دینا - (۱۸) ایك جگہ سے دوسری جگہ لے جانا - (۱۹) سہارا ہٹا لینے کے بعد ثابت رہنا - (۲۰) انگلیوں کے نشان مٹانا (کسی سطح سے) - (۲۱) مطبع سے فرما ہٹانا -

To lift up a cry/- one's voice : چلاّنا -

To lift up one's eyes/- brow/ -face/- visage : دیکھنا ؛ نظر اٹھانا -

To lift (up) the hands/- arms : ہاتھ اٹھانا (دعا ، اظہار شکریہ ، قسم وغیرہ کے لئے) -

To lift (up) the hands against : ہاتھ اٹھانا ؛ مارنا -

To lift up one's head : گر کر سنبھلنا ؛ حالت درست کرنا -

To lift up one's heart /-mind /-soul : (۱) ابھارنا ؛ بیدار کرنا - (۲) بڑھانا ؛ بلند کرنا -

To lift up one's heel : ٹھوکر چلانا -

To lift up one's horn : زمین پر قدم نہ رکھنا ؛ مغرور یا جاہ پسند ہونا -

Lift-bridge : (n) اٹھاؤ پل -

Lift-gate : (n) بے قبضے کا پھاٹك -

Lift-hammer : (n) بھاری ہتھوڑا جو ایك محور پر گھومتا ہے -

Lift-latch : (n) اٹھنے کرنے والی چٹخنی -

Lift-lock : (n) آب بند -

Lift-off : (n) ہوائی جہاز ؛ راکٹ میزائل وغیرہ کی عمودی اڑان ؛ وہ وقت جب راکٹ وغیرہ زمین چھوڑتے ہیں -

Lift-pump : (n) رافع پمپ ؛ اٹھاؤ پمپ ؛ عام پمپ -

Lift-tenter : (n) رفتار کو درست کرنے کی ایك کل -

Liftable : (a) اٹھائے جانے کے لائق -

Lifter : (n) (۱) اٹھانے والا ؛ مرفاع - (۲) چور - (۳) مرفاع لفٹ - (٤) اٹھانے کے آلات -

Lifting : (n) رافع ؛ اٹھاؤ -

Lifting : (a) اٹھانے یا اٹھنے والا -

Lifting-bridge : (n) دیکھو Lift-bridge

Lifting-cam : (n) کیم جس سے کوئی چیز اٹھائی جاتی ہے -

Lifting-dog : (n) دیکھو Lifting cam

Lifting-gate : (n) دیکھو Lift-gate

Lifting-jack : (n) بھاری سامان کو اٹھانے کی ایك کل ؛ رام پھل ؛ جیك -

Lifting-pump : (n) دیکھو Lift-pump

Lifting-sail : (n) بادبان جو جہاز کے سر کو پانی سے اوپر اٹھاتا ہے -

Lifting-set : (n) پمپوں کا مجموعہ جس سے کان کی تہ سے پانی نکالا جاتا ہے -

Ligament : (a) (۱) بندھن ؛ بند ۔ (۲) اتحاد ۔ (۳) (تشریح) رباط (جو ہڈیوں کو جوڑتا ہے) ؛ جھلی دار بند ۔

Ligamental / Ligamentary / Ligamentous : (a) رباطی ۔

Ligamentously : (adv.) رباط کے ذریعے ؛ بند کے ذریعہ ۔

Ligate : (v) (جرّاحی) پٹی باندھنا (خون بند کرنے کے لئے) ۔

Ligation : (n) بندش ؛ پٹی ؛ پٹی باندھنا ۔

Ligature : (n) (۱) بند ؛ رباط ۔ (۲) رابطه ؛ رشتہ؛ اتحاد ۔ (۳) پٹی ۔ (٤) (موسیقی) کنکری ۔ (٥) شریان بندی ۔ (٦) (طباعت) وصل ؛ لیگیچر (ٹائپ میں دو یا دو سے زیادہ حروف ملے ہوئے بطور ایك جوڑ کے جیسے As ff) ۔

Ligature : (v) پٹی باندھنا ؛ شریان بندی کرنا ۔

Ligeance : (n) (۱) وفاداری ؛ جاں نثاری ؛ نمك حلالی ۔ (۲) حکومت ؛ فرمانروائی ؛ حکمرانی ۔

Liger : (n) شیر ببر اور شیرنی کا بچہ ۔

Ligger : (n) (۱) رضائی ؛ بالا پوش ۔ (۲) تختے کا پل ۔ (۳) مچھلی کے کانٹے کی ڈور جس میں ڈونگا اور چارا لگا رہتا ہے ۔

Ligger : (v) ڈونگا اور چارا لگی ڈور سے مچھلی کا شکار کرنا ۔

Light : (n) (۱) روشنی ؛ نور ؛ ضیا ۔ (۲) اجالا ؛ روشنی ؛ چاندنی ۔ (۳) جوت ؛ چمك ؛ روشنی ۔ (٤) بصارت ؛ بصر ؛ دیکھنے کی قوت ۔ (٥) آنکھوں کی رونق ؛ چمك ۔ (٦) نگاہ لطف ؛ نظر عنایت ؛ چشم کرم ۔ (۷) تڑکا ؛ صبح کا اجالا ؛ بھور ؛ دن کی روشنی ؛ فلق الصبح ۔ (۸) ظہور ؛ اظہار ۔ (۹) نظر ؛ نگاہ ؛ (عام ، جمع) آنکھیں ۔ (۱۰) منبع نور ؛ مصدر انوار ؛ آفتاب یا کوئی اور جرم فلکی ؛ چراغ ؛ شمع ؛ (جمع) روشنیاں ؛ جہاز یا روشنی کے مینار کی مشعل ؛ روشنی کا مینار ۔ (۱۱) (مجازاً) نامور شخص ؛ آفتاب علم و فضل ۔ (۱۲) دماغی یا ذہنی روشنی ؛ روشن طبع ؛ روشن خیالی ؛ روشن دماغی ۔ (۱۳) (تشریح) توضیح ؛ (جمع) علمی تحقیقات یا واقعات جن سے کسی مبحث پر روشنی پڑے ؛ اکتشافات ۔ (۱٤) (جمع) استعداد ؛ قابلیت ۔ (۱٥) رنگ ؛ انداز ۔ (۱٦) وہ لفظ جس کے اول و آخر حروف سے acrostic کا جواب پیدا ہو ۔ (۱۷) (الٰہیات) آسمانی نور یا روشنی؛ بصیرت ؛ ہدایت ۔ (۱۸) روشنی کی کھڑکی ؛ روشن دان ؛ سلاخ دار کھڑکی کا ایك حصہ (عمودی تقسیم سے) ؛ پودوں کے گرم خانے کی چھت یا دیوار ۔ (۱۹) (مصوری) تصویر کا روشن حصہ ۔ (۲۰) (قانون) روشنی بحیثیت حق آسائش ۔ (۲۱) شعلہ ؛ شرارہ ؛ چنگاری ؛ جس چیز سے آگ وغیرہ روشن کی جائے ؛ دیا سلائی ؛ چقماق ؛ موم بتی وغیرہ ۔ (۲۲) پتلے حروف کا ٹائپ ۔ (۲۳) (میکانیات) شگاف ؛ روزن ۔

Angel (or spirit) of light : جنت کے فرشتے ؛ ارواح جنت ۔

In light : روشن ۔

In the light of : مدد سے ؛ مد نظر رکھ کر ۔

Light of one's eye (s) : نور نظر ۔

New light : (مجازاً) نئی روشنی ۔

Northern light : انوار شمالی ۔

Old light (s) : پرانی روشنی ۔

One's light : عام روشنی ۔

Southern light : انوار جنوبی ۔

The light of (a person's)countenace : (۱) لطف و کرم ؛ عنایت ؛ نوازش ۔ (۲) قدم کی برکت ؛ فیض قدم ۔ (۳) مرضی ؛ رضا ۔

The light of God's countenance : ۔ ' کی عنایت ؛ ۔۔دا کا لطف و کرم ۔

To bring to light : ظاہر کرنا ۔

In light marching order : ہلکا کوچ (جس میں سوائے بندوق اور گولی بارود کے کچھ ساتھ نہ لیا جائے)۔

Light in the mouth (of a horse) : بد لگام (گھوڑا)۔

To lie light : ہلکا ہونا۔

To make light of : کافی قدر نہ کرنا ؛ کم اہمیت دینا۔

To set light by or of (a person or thing) : حقیر جاننا ؛ سبکی کرنا ؛ ناکافی قدر کرنا۔

Light : (a) (۱) روشن ؛ منور ؛ جہاں روشنی ہو۔ (۲) زردی مائل ؛ ہلکا (رنگ)۔ (۳) روشن خیال۔

On (of, in) a light fire : روشن ؛ بھڑکتا ہوا۔

Light : (adv.) ہلکے طور پر ؛ آہستہ آہستہ ؛ سرسری طورپر ؛ لاابالی پن سے۔

Light : (v) (۱) (بحری) رسی کو اوپر اٹھانا ؛ رسی کھینچنے میں مدد دینا یا ہاتھ بٹانا۔ (۲) اتفاقاً ملنا ؛ اتفاق سے آنا یا واقع ہونا۔ (۳) سواری سے اترنا ؛ نیچے آنا۔ (٤) (عام) یکایک چلاجانا ؛ چمپت ہو جانا ؛ رفو چکرہو جانا۔ (٥) آہستہ گرنا (پرند ، برف وغیرہ کا)۔

To light on one's feet/-legs : کامیاب ہونا۔

Light : (v) (۱) جلانا ؛ روشن کرنا ؛ سلگانا ؛ آگ دینا ؛ آگ لگنا ؛ جل اٹھنا۔ (۲) روشنی دینا ؛ روشن کرنا۔(۳) (آنکھوں میں) چمک یا رونق پیداکرنا یا پیدا ہونا ؛ چمک اٹھنا ؛ چمکنے لگنا۔ (٤) روشنی دکھانا ؛ روشنی سے آراستہ کرنا۔

Light-adaptation : (n) تطبیق نور۔

Light- armed : (a) کم مسلح ؛ نیم مسلح۔

Light-ball : (n) (فوج) روشن گولہ جو رات میں دشمنوں کی نقل و حرکت کا پتا لگانے کے لئے پھینکتے ہیں۔

To come to light : ظاہر ہونا۔

To give light : روشنی دینا ؛ روشن ہونا۔

To put out or quench (one's) light : جان سے مارنا۔

To see the light : پیدا ہونا ؛ شائع ہونا۔

To set in a certain light : کسی خاص انداز میں پیش کرنا۔

To stand in one's light : (۱) روشنی روکنا۔ (۲) کامیابی میں حائل ہونا۔

To strike a light : دیاسلائی وغیرہ جلانا۔

To throw /-cast /-shed light upon : روشنی ڈالنا ؛ تشریح کرنا۔

Zodiacal light : ضوءُالبروج ؛ نور برجی ؛ منطقة البروج کی روشنی۔

Light : (a) (۱) ہلکا ؛ سبک۔ (۲) وزن میں کم ؛ کم وزن۔ (۳) کم ثقل ؛ ثقل نوعی میں کم۔ (٤) ہلکا لدا ہوا ؛ سبک بار ؛ ہلکے بوجھ کے لئے بنا ہوا ؛ (جہاز وغیرہ)۔ (٥) سبک ؛ خوشنما ؛ خوش وضع (عمارت)۔ (٦) ہلکا (ہاتھ) ؛ خفیف (ضرب)۔ (۷) پتلا ؛ ہلکا ؛ رقیق ؛ مسام دار ؛ نفوذ پذیر ؛ خستہ ؛ بھر بھرا۔ (۹) ہلکی (شراب)۔ (۱۰) (بول) جس پر زور نہ دیا جائے۔ (۱۱) غیر ضروری ؛ غیر اہم ؛ معمولی ؛ ادنیٰ ؛ حقیر ؛ خفیف ؛ قابل درگزر ؛ قابل چشم پوشی ؛ غیر سنجیدہ ؛ مزاحی ؛ ہنسی کا ؛ مذاق کا ؛ لاابالی ؛ خفیف الحرکات۔ (۱۲) آوارہ ؛ بد چلن ؛ بے عصمت ؛ آوارگی یا بد چلنی کا۔ (۱۳) چست چالاک ؛ پھرتیلا۔ (۱٤) متلون ؛ غیر مستقل مزاج۔ (۱٥) آسانی ؛ سہل (کام) ؛ ہلکی (سزا)۔ (۱٦) لطیف ؛ تفریحی (ادب وغیرہ) (۱۷) (نیند) ہلکی ؛ جلد اچٹ جانے والی۔ (۱۸) بے غم ؛ خوش دل ؛ پرامید۔ (۱۹) بہکا ہوا ؛ چلا ہوا ؛ خبطی۔ (۲۰) (فوج) ہلکے اسلحہ سے مسلح۔ (۲۱) ہلکا (اور سفید) (بادل)۔ (۲۲) اوسط وزن۔

Light-boat : (n) ہادی جہاز ؛ بن لدا جہاز ۔

Light-bob : (n) لائٹ انفنٹری کا سپاہی ۔

Light-cart : (n) کمانی دار سواری گاڑی ۔

Light-comedian : (n) ہلکی پھلکی تمثیل نگاری کا اداکار ۔

Light- comedy : (n) ہلکی پھلکی تمثیل نگاری ۔

Light due /-duty : (n) روشنی مینارہ کا محصول ۔

Light engine : (n) چھڑا انجن ؛ خالی انجن ۔

Light equation : (n) مساوات نور ۔

Light-fingered : (a) (۱) سبک انگلیوں والا ۔ (۲) چور ؛ بے ایمان ؛ ہاتھ کا چالاک ۔

Light-footed : (a) تیز رفتار ؛ سبک رو ؛ ہلکے قدم کا ۔

Light-handed : (a) سبکدست ؛ چابکدست ؛ ہلکے ہاتھ کا ۔

Light-handedness : (n) سبک دستی ؛ چابکدستی ؛ ہلکا ہاتھ ۔

Light-head : (n) روشن دان کا اوپری سرا ۔

Light-headed : (a) (۱) بہکا ہوا ؛ چلا ہوا ؛ بہکی بہکی باتیں کرنے والا ۔ (۲) غیر سنجیدہ ؛ بے پروا ۔

Light-headedly : (adv.) بہک بہک کر ؛ بے پروائی سے ۔

Light-headedness : (n) خبط ؛ غیر سنجیدگی ؛ بے پروائی ۔

Light-hearted : (a) لگن ؛ خوش ؛ مطمئن ؛ ناعاقبت اندیش ۔

Light-heartedly : (adv) لگن میں ؛ ناعاقبت اندیشی سے ۔

Light-heartedness : (n) نا عاقبت اندیشی ؛ لگن میں ہونا ۔

Light-heeled : (a) سبک رو ؛ تیز قدم ۔

Light-horse : (n) سبک پوش رسالہ ۔

Light-horseman : (n) (۱) نیم مسلح رسالے کا سپاہی ۔ (۲) ٹیمس کے چوروں کا عامیا نہ نام ۔

Light-horse : (n) روشنی مینار ؛ رہ نما مینار ۔

Light-ice : (n) (پانی کے اوپر) برف کی پتلی تہ ۔

Light-keeper : (n) روشنی مینار کا منتظم ۔

Light-limbed : (a) پھرتیلا ؛ چست ۔

Light-man : (n) (۱) روشنی مینار کا منتظم ۔ (۲) مشعلچی ؛ مشعل بردار ۔

Light-minded : (a) سبک سر ؛ بے فکرا ؛ لاابالی ۔

Light-mindedness : (n) سبک سری ؛ بے فکراپن ؛ لاابالی ۔

Light-money : (n) دیکھو Light due

Light of foot : (a) سبک رو ؛ تیز رفتار ؛ ہلکے قدم کا ۔

Light of nature : (n) فطری حق بینی ؛ فطری ذہانت ؛ فیض طبع ۔

Light of person : (a) ہلکا ؛ کم وزن ۔

Light of touch : (a) جس کا ہاتھ یا قلم سبک ہے ؛ سبک ۔

Light of love / Light o' love : (n) ہرجائی عورت ؛ بد چلن عورت ؛ چھنال ۔

Light on / -upon : (v) (۱) اترنا ؛ گرنا ؛ حصے میں آنا ۔ (۲) اتفاقیہ ملنا ؛ آپڑنا ؛ اتفاقیہ پالینا ۔

Light out : (v) یکایک چلاجانا ؛ فوراً چلاجانا ۔

Light-port : (n) روشن دان ؛ موکھا ۔

Light-porter : (n) ہلکا سامان اٹھانے والا قلی ۔

Light-railway : (n) ریل جو ہلکی آمد و رفت کےلئے ہوتی ہے ۔

Light-sail : (n) سب سے اونچا بادبان ۔

Light-ship : (n) لنگر انداز جہاز جس میں مشعل روشن ہو ۔

Light show : (n) بدلتے ہوئے رنگوں کا تماشا ۔

Light-skirts : (n) بدچلن عورت ۔

Light-sleeper : (n) ہلکی نیند سونے والا ۔

Light-struck : (a) روشنی زدہ (فوٹو وغیرہ) ۔

Light-tower : (n) دیکھو Light-house

Light up : (v) (۱) سگریٹ وغیرہ جلانا ۔ (۲) روشن کرنا ؛ مخصوص طرز میں روشن کرنا ۔

Light-vessel : (n) دیکھو Light-ship

Light-waterline : (n) بن لدے جہاز کی دیوار میں وہ خط جہاں تك پانی پہنچتا ہے ؛ خالی جہاز کا خط آب ۔

Light-weight / Light weight : (n) (۱) شخص جو اوسط وزن سے کم ہو ۔ (۲) مکے باز جس کا وزن دس اسٹون سے زیادہ نہ ہو ۔ (۳) (گھڑ دوڑ) گھوڑا یا گھڑ سوار جس کا وزن اوسط وزن سے کم ہو ۔

Light year : (n) سال نور ۔

Lightable : (a) منور کئے جانے کے لائق ؛ روشن کئے جانے کے قابل ۔

Lightage : (n) (مصنوعی) روشنی کی فراہمی ۔

Lighten : (v) (۱) ہلکا کرنا یا ہونا ؛ بوجھ کم کرنا یا ہونا ؛ بوجھ اتارنا ۔ (۲) (دل) ہلکا کرنا ؛ تسکین دینا ؛ تسلی دینا ؛ ہلکا ہونا ؛ تسکین ہونا یا پانا ۔ (۳) وزن کم کرنا ؛ گھٹنا ؛ شدت کم کرنا ۔ (٤) ہلکا ہونا ؛ گھٹنا ؛ شدت کم ہونا ۔

Lighten : (v) (۱) روشنی ڈالنا ؛ روشن کرنا ؛ نورانی کرنا ؛ منور کرنا ؛ چمکانا ۔ (۲) (آنکھ یا چہرہ کا) چمکنا ؛ دمکنا ۔ (۳) بجلی گرانا ؛ بجلی چمکنا ۔

Lighter : (n) جہاز سے مال اتارنے کی کشتی ؛ بوجھ اتارنے کی ناؤ ۔

Lighter : (n) (۱) جلانے والا ؛ روشن کرنے والا ؛ آگ لگانے والا ۔ (۲) شعلہ زنِ سگریٹ ۔

Lighter : (v) کشتی کے ذریعہ جہاز سے مال اتارنا ۔

Lighter-than-air : ہوا سے ہلکا ۔

Lighterage : (n) (۱) کشتی کے ذریعہ سے جہاز کا مال اتروانا ۔ (۲) کشتی کے ذریعہ سے مال اتروانے کی اجرت ؛ بار گیری ۔

Lighterman : (n) جہاز سے مال اتارنے والی کشتی پر کام کرنے والا یا اس کا مالك ۔

Lightful : (a) منور ؛ روشن ؛ تاباں ۔

Lightfulness : (n) نور ؛ روشنی ؛ تابانی ۔

Lighthead : (n) خبطی ؛ بہکی بہکی باتیں کرنے والا ۔

Lighthouse : (n) مینارہ ؛ روشنی کا مینار ؛ رہ نما مینار ؛ فنار ۔

Lightless : (a) بے نور ؛ اندھیرا ؛ بے روشنی کا ؛ تاریك ؛ اندھا ؛ بے چراغ ۔

Lightlessness : (n) بے نور ہونا ؛ اندھیرا پن ۔

Lightly : (v) تحقیر کرنا ؛ کم قدری کرنا ؛ حقیر یا بے قدر کرنا ۔

Lightly : (adv.) (۱) آہستہ آہستہ ؛ سرسری طور سے ؛ بے توجہی سے ؛ لاابالی پن سے ؛ سبك سری سے ۔ (۲) خوشی سے ؛ دل سے ۔ (۳) پھرتی سے ۔ (٤) بے سوچے سمجھے ۔

Lightmanship : (n) روشنی مینار کے منتظم یا مشعلچی کا عہدہ ۔

Lightmans : (n) (چوروں کا عامیانہ) دن ۔

Lightness : (n) (۱) ہلکا پن ؛ لاابالی پن ؛ سبك سری ۔ (۲) اوچھا پن ؛ خفیف الحرکاتی ۔ (۳) پھرتی ؛ تیزی ۔ (٤) رواں اور ہلکا پھلکا طرز ۔

Lightness : (n) روشنی ؛ نور ۔

Lightning : (n) (۱) برق ؛ بجلی ؛ صاعقہ ۔ (۲) (عام) گھٹیا قسم کی وہسکی ؛ جن (شراب) ۔ (۳) خوبیٔ تقدیر ۔ حسن اتفاق (خصوصاً کسی اونچے سیاسی عہدے کے لئے انتخاب یا نامزدگی) ۔ (٤) دوڑ میں شریک ہونے والی کشتی کی ایک قسم ۔

Chain lightning /Chained lightning : بجلی کی لہر دار چمک ؛ لہر دار بجلی ۔

Forked lightning : شاخدار بجلی ۔

Like lightning / Like greased lightning : بجلی کی طرح ؛ نہایت تیزی سے ۔

Sheet lightning : بجلی کی پھیلی ہوئی چمک ؛ منتشر بجلی ۔

Summer or heat lightning : بجلی جس کے ساتھ گرج نہ ہو ۔

Lightning-arrester : (n) برق گیر ؛ محافظ بجلی ۔

Lightning-bone : (n) متحجر ہڈیوں کی بعض قسمیں ۔

Lightning-bug : (n) جگنو ۔

Lightning-conductor : (n) برق ربا ؛ بجلی کش ۔

Lightning-discharger : (n) دیکھو Lightning-arrester

Lightning-pains : (n) شدید درد ۔

Lightning-prints : (n) ایک قسم کا نقش جو بجلی گرنے سے انسان اور مویشیوں کی جلد پر اور کپڑوں پر بن جاتا ہے ۔ اور جسے کہا جاتا ہے کہ ارد گرد کی چیزوں کی تصویر ہوتی ہے ۔

Lightning-proof : (n) بجلی سے محفوظ ۔

Lightning-rod : (n) دیکھو Lightning-conductor

Lightning-stone /-tube : (n) بجلی نلیاں ؛ بجلی زدہ مادہ ۔

Lightning-strike : (n) مزدوروں کی فوری ہڑتال ۔

Lightning-war : (n) تیز رفتار جنگ ۔

Lights : (n) چوپایوں کے پھیپھڑے ؛ شُش ۔

Lightship : (n) دیکھو Light boat

Lightsome : (a) (۱) سبک ؛ خوش نما ؛ خوش وضع ؛ خوش اسلوب ؛ وضع دار ؛ زیبا ۔ (۲) مگن ؛ مسرور ؛ خوش دل ؛ شاد ؛ شادماں ۔ (۳) تیز ؛ چست و چالاک ؛ پھرتیلا ؛ طرار ۔

Lightsome : (a) (۱) منیر ؛ روشنی بخش ؛ ضیا بخش ۔ (۲) منور ؛ چمکدار ۔

Lightsomely : (adv.) خوش اسلوبی سے ؛ زیبائی سے ؛ شادمانی سے ؛ مگن ہو کر ؛ پھرتی سے ۔

Lightsomely : (adv.) ضیا بخش طور پر ؛ منور ہو کر ۔

Lightsomeness : (n) خوش وضعی ؛ خوشی ؛ اطمینان ؛ طراری ؛ پھرتی ۔

Lightsomeness : (n) تنویر ؛ ضیائیت ۔

Lightwood : (n) وہ درخت جن کی لکڑیاں ہلکی ہوتی ہیں ۔

Lightwood : (n) (۱) لکڑیاں جو جلانے کے کام آتی ہیں ؛ سبک صنوبر ؛ صمغی صنوبر ۔ (۲) وہ درخت جن کی لکڑی کی آگ بہت روشن ہوتی ہے ۔

Lign-aloe : (n) (۱) اگر ؛ عود ۔ (۲) اگر کی لکڑی ۔ (۳) میکسیکو کی ایک خوشبودار لکڑی ۔

Ligneous : (a) چوبی ؛ جس میں لکڑی ہو (درخت یا پودا) ۔

Ligneous marble : (n) مرمر نما لکڑی ۔

Ligni - : (prefix) سابقہ بمعنی "چوبی" "لکڑی کے متعلق" ۔

Ligniferous : (a) لکڑی پیدا کرنے والا ؛ چوب خیز ؛ چوب آور ۔

Lignification : (n) لکڑی بننا یا بنانا ؛ چوبی ہوجانا ؛ خشب ؛ چوب شدگی ۔

Ligniform : (a) چوب نما ؛ لکڑی سے مشابہ ؛ خشب نما ۔

Lignify : (v) لکڑی بنا دینا یا بن جانا ؛ چوبی ہو جانا ۔

Lignin / Lignine : (n) مادہ چوب ؛ خشنین ؛ لگنین ۔

Lignin-dynamite : (n) چوبی ڈائنا مائیٹ ۔

Ligniperdous : (a) مخرّب چوب ؛ لکڑی کو برباد کرنے والا ۔

Lignite : (n) بھورا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ؛ بھورا کوئلہ ۔

Lignitic : (a) بھورا کوئلہ سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Lignitiferous : (a) بھورا کوئلہ پیدا کرنے والا ۔

Lignivorous : (a) چوب خور ۔

Ligno - : (prefix) سابقہ بمعنی "چوب" "لکڑی" ۔

Lignocellulose : (n) مادہ چوب اور خلوی مادے کا مرکب ۔

Lignocentric acid : (n) ایک شحمی ترشہ جو پیرافن وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Lignose : (a) دیکھو Ligneous

Lignose : (n) (۱) (کیمیا) مادہ چوبی کا ایک جزوترکیبی ۔ (۲) ایک آتش گیر مادہ جو چوبی ریشہ اور نائٹرو گلیسرین سے بنتا ہے ۔

Lignum : (n) چوب ۔

Lignum-aloes : (n) دیکھو Lign-aloe

Lignum vitae : (n) ایک قسم کی لکڑی جو دوا میں کام آتی ہے ؛ پاک چوبہ ؛ چوب حباب ؛ گوا کم ۔

Ligula : (n) (۱) (نباتیات) لتّہ ۔ (۲) (حیوانیات) زبانک ۔ (۳) (تشریح) سفید مادے کی پٹی جو دماغ کے چوتھے بطن کی دیوار سے لگی رہتی ہے ۔

Ligular : (a) لتہ ؛ زبانک یا سفید مادے کی پٹی سے متعلق یا ان کی طرح ۔

Ligulate / Ligulated : (a) (۱) (نباتیات) لتہ دار ؛ تسمئی ۔ (۲) ایک پٹی میں مسلسل (کتبہ کے حروف) ۔

Ligule : (n) (۱) (نباتیات) لتہ ۔ (۲) (حیوانیات) زبانک ۔

Liguli : (prefix) سابقہ بمعنی "لتہ" ۔

Liguliflorous : (a) لتہ گل ؛ لتہ گلہ ۔

Ligurian : (a) لیگوریا کا ۔

Ligurian : (n) (۱) لیگوریا کا باشندہ ؛ لیگوریائی نسل کا آدمی ۔ (۲) ایک قسم کی شہد کی مکھی ۔

Ligurian bee : (n) شہد کی مکھی کی ایک قسم ۔

Ligustrin : (n) قاغیہ (Private) کا تلخ عنصر ۔

Likable : (a) پسندیدہ ؛ مرغوب ؛ قابل رغبت ۔

Like : (n) (جمع) رغبت ؛ پسند ؛ میلان خاطر رجحانات ؛ رغبات ۔

Like : (a) (۱) مشابہ (کسی سے) ؛ مثل ؛ مانند ؛ مماثل ؛ ہم شکل ؛ ویسا ہی ؛ برابر ۔ (۲) مخصوص (انداز) ؛ امتیازی (صفت) ۔ (۳) مائل ؛ آمادہ ؛ طیار ۔ (٤) قرین قیاس ؛ اغلب ۔ (٥) (کسی خاص) حد تک ؛ (کسی چیز کے) مانند ۔

Anything like : اس طرح کی کوئی چیز ۔

As like as two peas : بالکل یکساں ۔

Had like to : تقریباً ۔

In like manner : ایک ہی طرح سے ؛ ویسے ہی انداز میں ۔

Like master / Like man : جیسا آقا ویسا نوکر ۔

Nothing like : اس طرح کی کوئی چیز نہیں ۔

Something like : کچھ بھی اس طرح کا ۔

The like : جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے؛اسی طرح کا ۔

There is none, nothing like : اتنا اچھا یا تعجب خیز نہیں ہے جیسا کہ ۔

To feel like : رجحان رکھنا ؛ رغبت رکھنا ۔

To look like / To be like : (کسی کی) طرح ہونا ؛ آثار ہونا ۔

What is he, or, it like? کس طرح کا آدمی یا کس طرح کی چیز ہے ؟

Like : (adv.) (۱) اسی طور سے ؛ اسی طرح ؛ اغلباً ؛ غالباً ۔ (۲) اتنا ہی ؛ مساویانہ ۔ (۳) گویا ؛ یوں سمجھو ۔

As like as not / Like as not : غالباً ۔

Like a shot : بے چوں و چرا ؛ خوشی سے ؛ بلا تامل ۔

Like : (conj.) جیسا کہ ۔

Like : (n) (۱) ثانی ؛ نظیر ؛ جواب ؛ مماثل ؛ برابر والا ۔ (۲) ایک ہی قسم کی شے یا اشیاء ؛ مشابہ شخص یا چیز ۔ (۳) (گولف) وہ ہاتھ جس سے فریقوں کے داؤں برابر ہوجائیں ۔

And the like / The like : وغیرہ وغیرہ ۔

I never saw the like : میں نے اس کی مانند کبھی نہیں دیکھا ۔

Like (will) to like / Like draws to like : کندہم جنس باہم جنس پرواز ۔

Like begets like : گندم از گندم بروئید ۔

Like for like / Like cures like : علاج بالمثل ہوتا ہے ۔

The like : ایک ہی طرح کی چیز ۔

The like (s) of : ایسا شخص یا ایسی چیز ؛ اس جیسا یا جیسی ۔

Like : (v) (۱) پسند ہونا ؛ پسند آنا ؛ بھانا ۔ (۲) خوش ہونا ۔ (۳) پسند کرنا ؛ خواہش کرنا ؛ چاہنا ؛ رغبت رکھنا اچھا جاننا ۔ (٤) موزوں ہونا ؛ موافق مزاج ہونا ؛ موافق آنا (غذا وغیرہ) ۔

I should like : میں چاہتا ہوں ؛ میری خواہش ہے ۔

I should like to : میں چاہوں گا ۔

To do as one likes : اپنی مرضی کے مطابق کرنا ۔

To like ill : ناخوش یا غمگین ہونا ۔

To like well : پسندیدہ ہونا ؛ موافق آنا ۔

- like : (suffix) (۱) لاحقہ اسم کے آخر میں صفت کا فائدہ دیتا ہے جیسے woman like ؛ کبھی متعلق فعل کے معنی دیتا ہے جیسے cowardlike ۔ (۲) صفات کے آخر میں صفت اور متعلق فعل کے معنی دیتا ہے ۔

Like anything : شدت سے ۔

Like case : اسی طرح سے ۔

Like-minded : (a) یکساں مزاج والے ؛ ہم خیال ؛ ہم مذاق ۔

Like quantities : (n) مماثل مقادیر ۔

Like signs : (n) (ریاضیات) موافق علامات ؛ مماثل نشانات (دونوں منفی یا دونوں مثبت) ۔

Like wise : (adv.) اسی طرح ؛ اسی طور سے ؛ نیز ؛ علیٰ ھٰذالقیاس ۔

Likeable / Likable : (a) دیکھو Likable

Likeableness / Likeability : پسندیدگی ؛ مرغوبیت ۔

Likelihead : (n) (۱) آثار ؛ قرنیہ ؛ احتمال ۔ (۲) کامیابی کی امید ۔

Likelihood : (n) دیکھو Likelihead

The likelihood : قریب صحت واقعہ یا امر ؛ تخمینی رقم ۔

Likeliness : (n) دیکھو Likelihead

Likely : (a) (۱) اغلب ؛ قرین یاس ؛ بہت ممکن ۔ (۲) بظاہر موزوں یا قابل ۔ (۳) ہونہار ۔ (٤) موزوں ۔ (٥) خوبصورت ؛ قبول صورت ؛ خوش اندام ۔

He is likely to : - اغلب ہے کہ وہ ...... ؛ امید ہے کہ ......

Likely : (adv.) اغلباً ؛ غالباً ۔

Liken : (v) مشابہت دینا ؛ تشبیہ دینا ۔

Likeness : (n) (۱) مشابہت ؛ شباہت ؛ مماثلت ۔ (۲) بھیس ؛ روپ ۔ (۳) ہوبہو نقل ؛ چربہ ؛ شبیہ ؛ تصویر ۔ (٤) ہمشکل ۔

To take a person 's likeness : تصویر کھینچنا ۔

Likerish/-ous : (a) دیکھو Lickerish

Likewalk : (n) شب کومیت کی نگرانی ۔

Likin / Lekin : (n) چین میں صوبہ جاتی چنگی ؛ محصول درآمد و برآمد ۔

Liking : (n) (۱) پسند ؛ ذوق ؛ مذاق ۔ (۲) توجہ ؛ رغبت ذوق ؛ شوق ؛ تعلق ؛ خاطر ۔

To one's liking : اپنی پسند کا ؛ اپنے مذاق کا ۔

Lilac / Laylock : (n) (۱) گل یاس ؛ بکان ؛ بکائن ۔ (۲) ہلکا بنفشی رنگ ؛ ارغوانی رنگ ۔

Lilac : (a) بنفشی یا ارغوانی ۔

Lilac-moth : (n) ایک قسم کا پروانہ جو چاکلیٹی رنگ کا ہوتا ہے ۔

Lilaceous : (a) گل یاس کا ؛ ارغوانی ۔

Lilacin / Lilacine : (n) (نباتیات و حیوانیات) ایک قسم کا بلوری شکر ($C_{17} H_{24} O_9$) ۔

Liliaceous : (a) سوسنی ؛ سوسن کا ؛ سوسن کی قسم کا ۔

Lilial : (a) سوسنیہ دستہ سے متعلق ۔

Lilial : (n) سوسنیہ دستہ کا کوئی پودا ۔

Lilied : (a) (۱) سوسنی رنگ کا ۔ (۲) سوسن کے پھولوں سے آراستہ یا بھرا ہوا ۔ (۳) Fleur-di-lis سے آراستہ ۔

Lilly-pilly : (n) آسٹریلیا کا ایک درخت ۔

Lillibullero : (n) ایک گیت جو سترھویں صدی عیسوی کے اواخر میں مقبول تھا ۔

Lillibullero : (v) Lillibullero گانا ۔

Lilliput : (n) گلیورس ٹریولز (Gulliver's Travels) کا خیالی ملک ۔

Lilliput : (a) بہت چھوٹا ؛ ننھا ۔

Lilliputian : (a) بونا ؛ بہت پست قد ؛ بالشتیا ؛ کوتاہ قد ؛ للی پٹ سے یا اس کے باشندے سے متعلق ۔

Lilliputian : (n) للی پٹ کا رہنے والا ؛ بونا ؛ ننھی منی چیز ۔

Lilt : (n) (۱) نغمه ؛ زمزمه ؛ ترانه ـ (۲) نغمه کا اتار چڑھاؤ ـ (۳) اچھل کود ـ

Lilt : (v) (۱) خوش الحانی سے گانا ؛ باقاعدہ اتار چڑھاؤ سے گانا ـ (۲) اچھلنا کودنا ـ

Lily : (n) (۱) سوسن ـ (۲) سوسن کی قسم کے پودے ـ (۳) انتہائی پاکدامن یا صحیح شخص ؛ بے داغ موتی ؛ سفید ؛ بے داغ چیز ـ (٤) سوسن کا پھول بطور مارکے کے ـ (٥) کشتیوں سے بنایا ہوا ہوائی اڈہ ـ

Yellow lily : نرگس آبی ـ

Lily : (a) (۱) نزاکت کے ساتھ ؛ سفید ؛ سیمیں ؛ دودھیا ـ (۲) زرد ؛ پھیکا ؛ بے آب ؛ بے رنگ ـ

Lily asphodel /-daffodil : (n) جنس نرگس ـ

Lily beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ـ

Lily-bind /-bine : (n) جنگلی لبلاب ـ

Lily-encrinite : (n) متحجر سوسن نما ـ

Lily flower : (n) (۱) سوسن کے پھول ـ (۲) سوسن کے پھول بطور مارکہ ـ

Lily-hyacinth : (n) سنبل کبود ـ

Lily-iron : (n) مچھلی مارنے کی برچھی جس کا سر الگ ہوتا ہے ـ

Lily-livered : (a) بزدل ؛ نامرد ؛ تھرڈلا ـ

Lily of the valley : (n) سمن ؛ سوسن بری ؛ موسم بہار کا ایک پھول جو سوسن کی قسم کا ہوتا ہے ـ

Lily-pad : (n) کنول کا پتا ـ

Lily-pink : (n) سوسن کی ایک قسم ـ

Lily-pot : (n) (۱) سوسن کا گملا (جس میں سوسن لگا ہو) ـ (۲) سوسن کا گملا بطور علامت ـ (۳) سوسن کے گملے سے مشابہ گلدان ـ

Lily-star : (n) (۱) ایک قسم کا سوسن نما پھول ـ (۲) کنول کا ستارہ نما پھول ـ

Lily thorn : (n) سوسن کی ایک جنس ـ

Lily-white : (a) (۱) سوسن کی طرح سفید ؛ سفید جھک ؛ بگلے کے پر کی طرح سفید ـ (۲) حبشیوں کو حق رائے دہی سے علاحدہ رکھنے سے متعلق ؛ نسلی علاحدگی والی سفید لکیر سے متعلق ـ (۳) پاکدامن ؛ بے داغ ؛ معصوم ـ

Lily-whiteness : (n) سفیدی ؛ پاکدامنی ـ

Lily-worts : (n) سوسنیہ ؛ نرگسیہ ـ

Lima : (n) پیرو (Peru) کے دارالسلطنت کا نام ـ

Lima bark : (n) بعض قسم کے سنکونا کی چھال ـ

Lima bean : (n) ایک قسم کا باقلا ـ

Lima wood : (n) برازیل کی ایک لکڑی جو لال ہوتی ہے اور رنگنے کے کام آتی ہے ـ

Limaceous : (a) حلزونی ـ

Limaciform : (a) حلزون نما ـ

Limacon : (n) (۱) (ریاضیات) حلزونی ؛ منحنی ـ (۲) تار جو ریشم یا سوت کی بٹی ہوئی ڈوری کے بیچ میں ہوتا ہے ـ

Limail /Lemel : (n) فلزی برادہ ـ

Liman : (n) ساحلی جھیل ؛ مزداب ـ

Limb : (n) (۱) ہاتھ ؛ پاؤں یا پنکھ ؛ عضو ؛ انگ ـ (۲) شریر بچہ ـ (۳) ڈال (پیڑ کی) ؛ ٹہنی ؛ گدا ـ (٤) صلیب کے چار پہلوؤں میں سے کوئی پہلو ـ (٥) فقرہ ؛ جملہ کا

ٹکڑا ۔ (٦) پہاڑ کا چھجا ۔ (٧) سرگرم رکن یا ایجنٹ ۔ (٨) کمان کے دستہ سے کسی کنارے تک کا حصہ ۔

Life and limb / Limb and carcase / Limb and wind : پوری قوت ۔

Limb of the devil /-of satan /-of hell : شریر آدمی ۔

Limb of the law : وکیل ؛ پولس افسر ۔

Out on a limb : نقصان میں ؛ مشکل حالت میں ۔

To tear or pull (one's) limb from limb : ہاتھ پاؤں کاٹنا ؛ بند بند جدا کر دینا ۔

Limb : (n) (١) کنارہ ؛ سطح ؛ حاشیہ ۔ (٢) ربعی زاویہ پیما کا کنارہ جو درجوں میں تقسیم ہوتا ہے ۔ (٣) سورج یا چاند وغیرہ کا کنارہ ؛ حاشیہ ۔ (٤) پنکھڑی یا پتی کا پھیلا ہوا کشادہ حصہ ؛ کف برگ ؛ حاشیہ ۔

Limb : (v) ہاتھ پاؤں کاٹنا ؛ بے کار کردینا ؛ بند بند جدا کرنا ۔

Limbate : (a) (نباتیات) محشی ؛ حاشیہ دار ۔

Limbation : (n) حاشیہ کی تشکیل ؛ حاشیہ ۔

Limbeck : (n) دیکھو Alembic

Limbed : (a) ہاتھ پاؤں یا پنکھ والا ؛ عضو دار ۔

Limber : (n) (کھینچنے کی) توپ گاڑی کا اگلا حصہ (جو الگ ہوجاتا ہے) ۔

Limber : (n) (بحری) سوراخ جو جہاز کے فرش میں پمپ کے ذریعے پانی کے نکاس کے لئے کیا جائے ۔

Limber : (a) (١) لچیلا ؛ لچکدار ۔ (٢) لوچدار ؛ پھرتیلا ۔

Limber : (v) لچکدار بنانا ؛ لچیلا بنانا ۔

Limber : (v) توپ گاڑی میں اگلا حصہ جوڑنا ؛ اس کے دونوں حصوں کو باہم ملانا یا جوڑنا ۔

Limber board : (n) (بحری) عزل پذیر تختے جو جہاز کے فرش میں ان سوراخوں پر لگے رہتے ہیں جن سے پمپ کے ذریعے پانی نکالا جاتا ہے ۔

Limber-box /-chest : (n) (فوج) گولا بارود کا بکس جو گاڑی کے اگلے حصے میں رکھا جاتا ہے ۔

Limber-chain : (n) زنجیر جو جہاز کے فرش کے ان سوراخوں سے گرد وغیرہ صاف کرنے کے لئے گزارا جاتا ہے ۔

Limber-hook : (n) قلابہ یا ہُک جو توپ گاڑی کے اگلے حصے کے عقب میں لگا رہتا ہے ؛ جوڑنے والا کانٹا یاآنکڑا ۔

Limber-horse : (n) توپ گاڑی کو کھینچنے والا گھوڑا ۔

Limber-passage : (n) وہ راستہ جو جہاز کے پیندے کی شہتیروں کے فوراً بعد والے تختوں سے بنتا ہے ۔

Limber-rope : (n) وہ رسہ جس سے جہاز کے پیندے کے سوراخوں کو صاف کرنے کے لئے گزارا جاتا ہے جن کے ذریعہ پمپ سے پانی باہر نکالا جاتا ہے ۔

Limber-saddle : (n) گاڑی کا گدا ۔

Limber-strake / -streak : (n) جہاز کے پیندے کے شہتیروں کے فوراً بعد والے تختوں کی پہلی تہ ۔

Limber tar : (n) کول تار لانے والے جہاز کے تہ خانے میں پایا جانے والا فضلہ یا کوڑا کچرا ۔

Limberness : (n) لوچ ؛ لچکیلاپن ۔

Limbic : (a) حاشیہ دار ۔

Limbiferous : (a) حاشیہ دار ۔

Limbless : (a) لُنجا ؛ بغیر ہاتھ پاؤں کا ۔

Limbo : (n) (١) دوزخ کے کنارے وہ مقام جہاں عیسائیوں کے

نزدیک غیر عیسائی نیک لوگ اور بچوں کی ارواح رھتی ھیں ؛ اعراف ؛ برزخ - (۲) قید خانہ ؛ قید - (۳) طاق نسیاں -

Limbus : (n) (۱) اعراف ؛ برزخ - (۲) (نباتیات) حاشیہ -

Limbus infantum : (n) اعراف جہاں بچوں کی ارواح رھتی ھیں -

Limbus patrum : (n) اعراف جہاں غیر عیسائی نیک لوگوں کی ارواح رھتی ھیں -

Limby : (a) کثیرالاعضاء ؛ نمایاں عضو والا -

Lime : (n) (۱) لاسا - (۲) کلس ؛ چونے کا پتھر ؛ چونا -

Lime : (n) لیمو ؛ کھٹا لیمو -

Lime : (n) شجر لائم ؛ لنڈن ؛ ایک درخت جس کے پتے دل کی شکل کے اور کلیاں زرد اور خوشبودار ھوتی ھیں -

Lime : (v) (۱) لاسا لگانا ؛ لاسا سے پکڑنا ؛ شکار کرنا ؛ پھانسنا - (۲) چونا پھیرنا ؛ چونا ڈالنا -

Lime/-hound : (n) جاسوس ؛ سراغ رساں کتا -

Lime-ash : (n) راکھ اور چونے کا مسالہ جس سے باورچی خانہ وغیرہ کے فرش بنائے جاتے ھیں -

Lime-ball : (n) کلسی روشنی ؛ شہرت -

Lime-burner : (n) چونا پھونکنے والا -

Lime-juice : (n) عرق لیمو ؛ لیموں کا شربت -

Lime-juicer : (n) (۱) وہ جس نے حال ہی میں انگلستان سے بحری سفر کیا ھو - (۲) برطانوی جہاز کا ملاح -

Lime-kiln : (n) کلاسہ ؛ چونا بھٹی -

Lime-pit : (n) (۱) چونے کے پتھر کی کان - (۲) وہ گڑھا جس میں چونا جلایا جاتا ھے - (۳) چونے کا گڑھا جس میں کھال کو بال اتارنے کی غرض سے ڈالتے ھیں -

Lime-punch : (n) ایک قسم کا آشام جس میں عرق لیموں کی جگہ چونے کا پانی ملایا جاتا ھے -

Lime-rock : (n) سنگ کلس ؛ چونا پتھر -

Lime-squash : (n) لیموں کا افشردہ -

Lime-twig : (n) لاسادار ٹہنی ؛ کمپا ؛ ٹہنی جس پر لاسا لگا ھو -

Lime-wash : (n) چونا اور پانی کا محلول (دیوار پر پھیرنے کے لئے) -

Lime-wash : (v) (دیوار پر) چونا پھیرنا -

Lime-water : (n) (۱) چونے کا پانی - (۲) قدرتی پانی جس میں چونا پایا جائے -

Lime-work : (n) وہ جگہ جہاں چونا تیار کیا جاتا ھے ؛ چونے کا کارخانہ -

Limelight : (n) (۱) کلسی روشنی ؛ نہایت تیز سفید روشنی جو چونے کے استوانے کو ایک خاص گیس میں گرم کرنے سے حاصل ھوتی ھے - (۲) شہرت -

In the limelight : نمایاں حالت میں -

Limelight : (v) کلسی روشنی سے روشن کرنا -

Limen : (n) (۱) حد شعور ؛ وہ حد جس کے نیچے ہیچ کا احساس نہ ھو - (۲) حد حس ؛ اقل حس کم سے کم ہیجان اعصابی جو حس پیدا کرنے کے لئے ضروری ھے -

Limer : (n) شکاری کتے کی ایک قسم -

Limer : (n) لاسا سے شکار پکڑنے والا ؛ چونا پھیرنے والا ؛ چونا پھیرنے کا برش -

Limerick : (n) ایک قسم کی بے تکی نظم (عموماً ہجویہ) پانچ مصرعوں کی -

Limestone : (n) سنگ کلس ؛ چونا پتھر ۔

Limey : (n) (۱) (عام) انگریز ملاح ۔ (۲) (عام) انگریز ۔

Limicoline : (n) لمبی ٹانگوں والی دریائی چڑیوں کی ایک جنس سے متعلق ؛ ساحل باش پرند ۔

Liminal : (a) اقل حس سے متعلق ؛ ابتدائی منزل سے متعلق ؛ اقل شعوری ۔

Liminary : (a) تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ تعارفی ۔

Limit : (n) (۱) آخری سرا ؛ حد ؛ چھور ۔ (۲) حد ؛ انتہا ؛ حدود ۔ (۳) آخری تنکا ؛ بوجھ یا تکلیف کی انتہا کو پہنچ جانے کے بعد خفیف سا اضافہ ۔ (٤) (ریاضیات) انتہا ۔ (٥) معین وقت ؛ ایام زچگی ۔

Limit : (v) (۱) محدود کرنا ؛ قیود عائد کرنا ؛ پابند کرنا ۔ (۲) حد ہونا ؛ حد کا کام دینا ۔

Limitable : (a) محدود کئے جانے کے لائق ؛ قابل تحدید ۔

Limitableness : (n) قابل تحدید ہونا ۔

Limitanean : (a) (قدیم روما) سرحد پر تعینات ۔

Limitarian : (a & n) نجات بعض کا قائل ؛ جو اس عقیدہ کا حامی ہو کہ انسان کی ایک محدود جماعت ہی کی نجات ہو سکتی ہے ۔

Limitary : (a) (۱) مشروط ؛ پابند قیود ۔ (۲) حد یا قیود کے متعلق ؛ تحدیدی ۔

Limitary : (n) شکاری کتے کی ایک قسم ۔

Limitate : (a) (نباتیات) واضح حدود والا ۔

Limitation : (n) (۱) حد بندی ؛ پابندی ؛ محدود کرنا ؛ محدود ہونا ۔ (۲) محدود یا مشروط حالت ؛ مجبوری ؛ معذوری ؛ پابندی ۔ (۳) قید ؛ بندش ۔ (٤) مدت سماعت مقدمہ تمادی ؛ میعاد ۔

Limitative : (a) محدود کرنے والا ؛ پابندی عائد کرنے والا ؛ تحدیدی ۔

Limitative : (n) (منطق) تحدیدی قیاس ۔

Limitative judgement : (n) تحدیدی قیاس ۔

Limited : (a) (۱) محدود ۔ (۲) تھوڑا ؛ کم ؛ قلیل ؛ تنگ ۔ (۳) تنگ نظر ؛ نئے خیالات سے عاری ۔

Limited : (n) ڈاک گاڑی جو مسافروں کی محدود تعداد کو لے جائے ۔

Limited atonement : (n) محدود کفارہ ۔

Limited company : (n) محدود کمپنی ؛ شرکت محدودہ ؛ وہ کمپنی جو محدود مقدار قرض کی ذمہ دار ہو ۔

Limited liability : (n) محدود ذمہ داری ۔

Limited mail : (n) دیکھو Limited

Limited monarchy : (n) محدود شاہی ؛ مشروط شاہی ؛ آئینی شاہی ۔

Limitedly : (adv.) محدود طور پر ۔

Limitedness : (n) محدود ہونا ؛ قلت ؛ کمی ۔

Limiter / Limitor / Limitour : (n) محدود کرنے والا ؛ حد بندی کرنے والا ۔

Limiting : (a) (۱) محدود کرنے والا ؛ تحدیدی ۔ (۲) انتہائی ۔

Limitless : (a) بے حد ؛ بے انتہا ؛ بے پایاں ؛ لامتناہی ۔

Limitlessly : (adv.) بے حد ؛ بے انتہا طور پر ۔

Limitlessness : (n) بے پایاں ہونا ؛ بے انتہا ہونا ۔

Limitrophe : (a) سرحدی ؛ ہم سرحد ؛ ہم سوانا ؛ نزد سرحد ؛ مجاور ۔

Limivorous : (a) کیچ خور ؛ گل خور ۔

Limmer : (n) (۱) شہدا ؛ بدمعاش ؛ آوارہ گرد ۔ (۲) فاحشہ ؛ قحبہ ۔ (۳) شوخ چنچل لڑکی ۔

Limmer : (a) شریر ؛ بدمعاش ۔

Limn : (v) تصویر کھینچنا ؛ شبیہ یا مرقع بنانا ؛ بیان کرنا ؛ تصویر کھینچنا (واقع کی) ۔

To limn the water/-on water : نقش برآب بنانا ۔

Limner : (n) مصور ؛ بیان کرنے والا ؛ نقشہ کھینچنے والا ؛ نقاش ۔

Limnery : (n) نقاشی ؛ مصوری ۔

Limnic / Limnetic : (a) زلالی ؛ زلال باش ؛ تالاب باش ۔

Limnology : (n) عذیریات ؛ جھیلوں کا علم ؛ جھیلوں کے جانوروں وغیرہ کا مطالعہ ۔

Limonin / Limonine : (n) (کیمیا) تلخ مادہ جو نارنگی ؛ لیمو وغیرہ کے بیج میں پایا جاتا ہے ۔

Limonite : (n) دلدلی لوہا ؛ لمونائٹ ۔

Limousine : (n) بند موٹرکار ۔

Limp : (n) لنگ ؛ لنگڑی چال ۔

Limp : (n) ایک آلہ جس سے کچی دھات کو نہارنے کے بعد بچے کھچے فضلوں کو باہر پھینکا جاتا ہے ۔

Limp : (a) (۱) لچیلا ؛ ڈھیلا ؛ نرم ۔ (۲) (جلد بندی) بے پٹھے کی ۔ (۳) (مجازاً) بے جان ؛ بے طاقت ۔

Limp : (v) (۱) لنگڑانا ؛ لنگ کرنا ؛ لنگڑا کر چلنا ۔ (۲) (اشعار میں) سکتہ ہونا ۔

Limper : (n) لنگڑا کر چلنے والا ۔

Limpet / Lampit : (n) (۱) گھونگے کی قسم کا ایک کیڑا جو چٹانوں سے چمٹا رہتا ہے ؛ چٹانی ناعمہ ۔ (۲) عہدے یا منصب کو کسی طرح نہ چھوڑنے والا شخص ؛ چمچیچڑ ۔ (۳) ایک قسم کا بم یا سرنگ جو جہاز کے ڈھانچے سے چمٹ جاتا ہے ۔

Limpet mine /-bomb : (n) ایک قسم کا بم یا سرنگ جو جہاز کے جسم سے چمٹ جاتی ہے اور جہاز کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Limpid : (a) واضح ؛ صاف ؛ شفاف ؛ نتھرا ہوا ؛ غیرمکدر ۔

Limpidity : (n) وضاحت ؛ صاف شفاف ہونا ۔

Limpidly : (adv.) صفائی کے ساتھ ؛ وضاحت کے ساتھ ؛ شفاف حالت میں ۔

Limpidness : (n) دیکھو Limpidity

Limping standard : (n) (معاشیات) معیار لنگ ۔

Limpkin : (n) ایک قسم کا پرند جو سارس سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Limply : (adv.) بے جان ہوکر ؛ بے طاقت ہوکر ۔

Limpness : (n) بے طاقتی ؛ بے جان ہونا ؛ ڈھیلاپن ؛ انحنا پذیری ۔

Limuloid : (a) شاہ سرطان نما ۔

Limulus : (n) شاہ سرطان نما ۔

Limy : (a) (۱) لاسا لگا ہوا ۔ (۲) چونے دار ۔ (۳) چونے کا سا ۔

Lin : (n) واحدالقرن ؛ گھوڑی جو چینی اسطوریات میں پائی جاتی ہے ۔

Lin-lan-lone : (n) تین گھنٹیوں کی آواز کی باز گشت ۔

Linable / Lineable : (a) مستقیم لکیروں میں ترتیب دیا ہوا ۔

Linage / Lineage : (n) (۱) مطبوعہ کتاب وغیرہ میں سطورکی تعداد ۔ (۲) سطور کے حساب سے طباعت کی اجرت ۔

کام - (۳) (موسیقی) پانچ متوازی خطوط میں سے کوئی ایک - (٤) (کھیل کے میدان کی) حد بندی کا خط یا نشان - (٥) رنگ کی دھاری ؛ سیون ؛ چھوٹی نالی ؛ شکن ؛ جھری ؛ ریکھا - (٦) (ریاضیات) خط - (٧) خط استوا - (٨) سیدھی لکیر ؛ خط مستقیم - (٩) سمت (جس کی کسی چیز نے نشاندہی کی ہو) - (١٠) خاکہ ؛ گردہ ؛ خط و خال - (١١) (جمع) خاکہ ؛ نقشہ ؛ (جہاز کا) نقشہ یا طریقہ' کاروائی - (١٢) انچ کا بارھواں حصہ ؛ سوت - (١٣) حد ؛ سرحد - (١٤) نشاندہی جس کی بنا دروں بینی یا تجربے پر ہو -

ج - قطار -

(١) قطار ؛ صف ؛ پرا - (٢) (فوج) مورچوں یادھسوں کا سلسلہ ؛ (فوجی پڑاؤ میں) خیموں یا جھونپڑوں کی قطار - (٣) (فوج) آدمیوں کی دوہری قطار یا صف جو دوش بدوش کھڑی ہو ؛ کمپنیوں کی دوش بدوش صف بندی ؛ (بحری) جہازوں کی قطار - (٤) لڑنے والی فوج ؛ پیادہ فوج - (٥) کشتیوں یا گاڑیوں کی ڈاک ؛ لائن - (٦) سطر ؛ رقعہ ؛ مختصر خط ؛ مختصر تحریر - (٧) (جمع) نکاح نامہ ؛ سند نکاح - (٨) (جمع) ایکٹر کے پارٹ کے الفاظ - (٩) (جمع) سبق جو طلبہ سے بطور سزا کے لکھوایا یا یاد کرایا جائے -

د - سلسلہ -

سلسلہ' نسب ؛ خاندان ؛ نسل ؛ گھرانا ؛ خانوادہ -

ہ - سمت -

(١) سمت ؛ رخ ؛ راستہ ؛ راہ - (٢) (ریل) پٹری ؛ سڑک ؛ کوئی خاص لائن یا اس کی شاخ (جس کی لگام الگ ہو) - (٣) (شکار) سواری کا راستہ ؛ شکار کی بو - (٤) طریقہ' کاروائی ؛ طریق کار ؛ طرز عمل ؛ طرز خیال - (٥) پیشہ ؛ شغل ؛ صیغہ ؛ دائرہ' عمل ؛ کاروبار - (٦) (تجارت) مال کی کوئی خاص قسم ؛ اس کا ذخیرہ یا آرڈر (فرمائش) -

All along the line : (١) ہر نقطے پر - (٢) (مجازاً) ابتدا سے انتہا تک ؛ ہر لحاظ سے -

As straight as a line / As right as a line or any line : (١) سیدھا سادہ ؛ کھرا ؛ صاف -(٢) فوراً ؛ اسی وقت -

By line / By line and level / By rule and line : بہت باضابطگی سے ؛ پوری صحت کے ساتھ -

(٣) سطور میں (نقشہ وغیرہ کا) مقام -

Linarite : (n) (معدنیات) جست اور تانبے کا سلفیٹ جو چمکیلے نیلے بلوروں میں پائے جاتے ہیں -

Linch : (n) (١) ٹیلا - (٢) دو جتے ہوئے کھیتوں کے درمیان سبزہ زار ؛ کیاری - (٣) کھریا مٹی کی پہاڑیوں کا ڈھلوان حصہ -

Linch : (v) میخ محور سے باندھنا یا جڑنا -

Linch-pin : (n) میخ محور ؛ دھرے کی کیل (جس سے پہیا باہر نہ نکل سکے) -

Linchet / Lynchet : (n) دیکھو Linch

Lincoln : (n) بھیڑ کی ایک جنس جو لنکن شائر میں پیدا ہوتی ہے -

Lincolngreen : (n) شوخ رنگ کا سبز کپڑا جو (Lincoln) میں تیار ہوتا ہے -

Lincture : (n) لعوق -

Linctus : (n) دیکھو Lincture

Lindabrides : (n) (١) "Mirror of knightood"کے ایک کردار کا نام - (٢) معشوقہ ؛ محبوبہ -

Linden : (n) شجر لائم ؛ لینڈن -

Linder : (n) اونی زیر قمیض یا بنیان -

Line : (n) الف - ڈور ؛ ستلی -

(١) (بحری) رسہ ؛ رسی - (٢) ڈور ؛ ستلی - (٣) تار عنکبوت - (٤) برقی تار ؛ تلغرافی تار ؛ راستہ جس سے برقی تار گزرے ؛ لائن - (٥) مچھلی کے کانٹے کی ڈور - (٦) (معمار کی) ساقول - (٧) (جمع) نصیب ؛ مقسوم ؛ قسمت کا لکھا - (٨) رہائشی؛ قطعہ' زمین - (٩) بد قسمتی ؛ بد نصیبی -

ب - لکیر ؛ خط -

(١) لکیر ؛ خط ؛ سطر - (٢) خط کشی ؛ مسطر کا

Ship of the line : جنگی جہاز ۔

The line : لڑنے والی فوج ۔

To bring into (a) line : (۱) قطار بندی کرنا ؛ صف بندی کرنا ۔ (۲) (مجازاً) متفق الرائے بنانا ؛ یك زبان بنانا ۔

To draw a (the) line : حد مقرر کرنا ؛ کسی خاص حد سے آگے نہ بڑھنا ۔

To form a line : اتحاد عمل کرنا ؛ متفق ہونا ۔

To get a line on : اطلاع حاصل کرنا ؛ خبر پانا ۔

To give on line enough : ڈھیل دینا ۔

To read between the lines : تقریر یا تحریر کے چھپے ہوئے معنی سمجھ لینا ؛ پنہاں مفہوم کو پا لینا ۔

To ride the line / To take, keep one's own line : (۱) اپنی قطار میں چلنا یا رہنا ۔ (۲) خود اپنی رائے پر چلنا ۔

To toe the line : اپنی سیاسی پارٹی کی پالیسی قبول کرنا ۔

Under the line : خط استوا پر ۔

Line : (v) (۱) استر لگانا ۔ (۲) بھرنا ۔ (۳) استر کا کام دینا ۔

Line : (v) (۱) لکیر کھینچنا ؛ خط کھینچنا ؛ سطر کھینچنا ۔ (۲) شکن ڈالنا ؛ جھری ڈالنا ۔ (۳) قلمزد کر دینا ۔ (٤) آراستہ کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ صف میں کھڑا کرنا ؛ صف بندی کرنا ۔ (٥) تھوڑے فاصلے پر (کسی چیز کے طول میں) کھڑا ہونا ؛ صف میں کھڑا ہونا ؛ صف بنانا ۔ (٦) شہد کی مکھیوں کا پیچھا کر کے چھتے تك پہنچنا ۔ (۷) شست سے مچھلی کا شکار کرنا ۔

Line : (v) (کتے کا کتیا سے) لگنا ؛ جفتی کرنا ۔

Direct line : حقیقی نسبت ۔

Down the line : (۱) (بیچ) شہر کی طرف ۔ (۲) مکمل طور سے ؛ پورے طور پر ۔

Female line : نسبت مادری ۔

Hard lines : (۱) بدبختی ؛ بد قسمتی ؛ شومئی قسمت ؛ کم بختی ۔ (۲) مصیبت ؛ تکلیف ۔

Heir of line : قانونی وارث ؛ جائز وارث ۔

In line : (۱) صف میں ؛ قطار میں ۔ (۲) خط مستقیم میں ۔ (۳) متفق ؛ موافق ؛ مطابق ۔ (٤) قابو میں ۔

In line for : پانے یا حاصل کرنے کا مستحق ۔

In line with : متفق ؛ مطابق ؛ ہم آہنگ ۔

In one's line : صلاحیت یا مذاق کے موافق ۔

Male line : نسبت پدری ۔

Marriage lines : نکاح نامہ ؛ سند نکاح ۔

Mason and Dixon's line : پن سلوانیا کی جنوبی سرحد ۔

On the line : (۱) تصویروں کو (نمائش میں) اس طرح لٹکانا کہ ان کا مرکز آنکھ کی سطح پر ہو ۔ (۲) نظر کے سامنے اور خطرے میں ۔ (۳) فوراً ؛ بلا تاخیر ۔ (٤) عصمت فروشی کے پیشے میں ۔ (٥) بین بین جس کے متعلق فیصلہ دشوار ہو کہ اُدھر جائے گا یا اِدھر رہے گا ۔

On the lines of : مشابہ ؛ مماثل ؛ مثل ۔

Out of line : (۱) بے ترتیب ۔ (۲) غیر مستقیم ۔ (۳) غیر موزوں ۔ (٤) بے ادب ؛ بد تمیز ۔

Out of one's line : جس سے لوق یا تعلق نہ ہو ۔

Line and plummet : (a) سخت باضابطہ ۔

Line-bail : (n) مچھلی کا چارا جو شست میں لگا کر پھینکتے ہیں ۔

Line-boat : (n) کشتی جو شست کے ذریعہ مچھلی کے شکار میں کام آتی ہے ۔

Line-breeding : (n) ایسے جانوروں سے نسل لینا جن میں قریبی رشتہ ہو ۔

Line-coordinate : (n) خط محدد ۔

Line-drawing : (n) قلم یا پنسل سے بنائے ہوئے نقش یا تصویر ۔

Line-engraving : (n) خطی کندہ کاری ۔

Line-firing : (n) (فوج) ایک صف میں کھڑے فوجیوں کا بیک وقت فائر کرنا ۔

Line-hunter : (n) صرف شکار کی بو پر شکار کرنے والا کتا ۔

Line-hunting : (n) صرف شکار کی بو پر شکار کرنا ۔

Line in : (v) (۱) گہری پنسل سے لکیریں کھینچنا (تصویر کی) ۔ (۲) تصویر کے خاکے میں (چیزوں کو) داخل کرنا یا بھرنا ۔

Line-integral : (n) (ریاضیات) خطی عدد صحیح ۔

Line-integration : (n) (ریاضیات) خطی عدد صحیح پانے کا عمل ۔

Line-man : (n) (۱) اڑنے والی فوج کا سپاہی ۔ (۲) ریلوے ؛ ٹیلیفون وغیرہ کی لائن کی دیکھ بھال کرنے والا ۔ (۳) (ٹینس فٹ بال وغیرہ) وہ شخص جو یہ فیصلہ کرے کہ آیا گیند نے حد کو چھوا ہے یا حد سے گزری ہے ؛ لائن مین ۔

Line of action : (n) (۱) طریقۂ کاروائی ۔ (۲) (قوت کا) خط عمل ۔

Line of apsides : (n) خط اوج ۔

Line of battle : (n) صف جنگ ۔

Line of beauty : (n) انگریزی حرف S کی شکل کا خط جو مصوری اور کندہ کاری میں آرائشی اور ترتیبی مقاصد کے لئے کھینچا جاتا ہے ؛ نشان اعشاریہ سے مشابہ خط ۔

Line of communication : (n) مواصلی لائن ۔

Line of defence : (n) (۱) مصنوعی دفاعی روک ۔ (۲) پیدل فوج کی ایک تنظیم ۔

Line of demarcation : (n) سرحد ؛ حد ؛ حدود ۔

Line off : (v) لکیروں سے حد بندی کرنا ۔

Line of fire : (n) گولی کی سمت ۔

Line of force : (n) خط قوت ۔

Line of fortune : (n) قسمت کی لکیر ۔

Line of induction : (n) خط امالہ ۔

Line of life : (n) خط زندگی ۔

Line of lines : (n) بہترین خاکہ ۔

Line of march : (n) (فوج) کوچ کا راستہ ۔

Line of nodes : (n) (علم النجوم) خط عُقدین ۔

Line of numbers : (n) اشعار کی سطر ۔

Line of operations : فوجی کاروائیوں کا طریقہ ۔

Line of shadows : (n) دوری یااونچائی ناپنے کا ایک آلہ ۔

Line of sight : (n) سمت نظر ؛ خط نظر ۔

Line out : (v) (۱) خاکہ کھینچنا ؛ پہلے سے قیاس کرنا ۔ (۲) ڈانٹنا ؛ سرزنش کرنا ۔ (۳) خاص سمت میں جلدی جلدی چلنا ۔ (٤) قطار میں درخت لگانا ۔

Line-out : (n) (رگبی فٹ بال) اگلے کھلاڑیوں (forward) کی آمنے سامنے کی ترتیب ۔

Line spectrum : (n) خطی طیف ۔

Line through : (v) قلم زد کرنا ۔

Line up : (v) (۱) صف بندی کرنا ۔ (۲) صحیح ڈھنگ سے لگانا یا بٹھانا ۔ (۳) جمع کرنا اور فراہم کرنا ۔ (٤) چھپائی میں اصلاح کرنا ۔

Line-up : (n) (۱) صف بندی ؛ قطار بندی ؛ صف میں کھڑا کرنا ۔

Line upon line : (adv.) سطر وار (تکرار) ۔

Lineage : (n) (۱) سلسلہٴ نسب ؛ نسل ؛ خاندان ؛ گھرانا ؛ حسب نسب ۔ (۲) خاندانی پس منظر ۔ (۳) ایک ہی خاندان کے لوگ ۔

Lineal : (a) (۱) خطی ؛ خط کا ؛ خط کے متعلق ۔ (۲) صلبی (وارث ؛ اولاد) ؛ موروثی ۔ (۳) طویل ۔

Lineal number / -perspective : (n) خطی تناظر ۔

Lineality : (n) (۱) خطیت ؛ موروثیت ۔ (۲) تحریر کی خطی یکسانی ۔

Lineally : (adv.) براہ راست (سلسلہٴ نسب میں) ۔

Lineament : (n) صورت شکل ؛ خط و خال ؛ چہرہ مہرہ ؛ سیما ؛ چھب ۔

Lineamentation : (n) صورت شکل بنانا ؛ خط و خال بنانا ۔

Linear : (a) (۱) خطوط کا ؛ سیدھے خط میں ؛ خط کا ۔ (۲) (ریاضیات) طولی ؛ خطی ؛ مستقیم ۔ (۳) (نباتیات) مخطط ۔ (٤) قطعی یک صوتی سے متعلق ۔ (٥) خط نما ۔ (٦) (طبیعیات) طولی ؛ خطی ۔

Linear accelarator : (n) مسرع برقیات ؛ مسرع روانات ۔

Linear equation : (n) سادہ مساوات ۔

Linear expansion : (n) طولی پھیلاؤ ۔

Linear function : (n) سادہ تفاعل ۔

Linear measure : (n) پیمانہٴ طول ۔

Linear perspective : (n) دیکھو Lineal number

Linearity : (n) خطیت ۔

Linearly : (adv.) مستقیماً ؛ خطاً ؛ طولاً ۔

Lineate : (a) (نباتیات) مخطط ۔

Lineate : (v) مسطر بنانا ؛ لکیریں کھینچنا ۔

Lineated : (a) مسطر ؛ مخطط ۔

Lineation : (n) (۱) سطر کشی ؛ سطوں سے نشان کرنا ۔ (۲) سطروں میں تقسیم (خصوصاً نظم کی) ۔ (۳) ترتیب خطوط ؛ جدول ۔

Lineman : (n) (۱) ریل ؛ ٹیلیفون وغیرہ کے تار کی دیکھ بھال کرنے والا ۔ (۲) (سروے) جریب بردار ۔

Linen : (a) کتان کا ؛ سنئی کا (کپڑا) ؛ کتانی ۔

Linen : (n) (۱) سنئی کا کپڑا ؛ کتان ۔ (۲) سوتی کپڑا ۔

To wash one's dirty linen at home : گھر کے جھگڑوں کو گھر ہی میں رکھنا ۔

Linen-armourer : (n) فوجی چست کوٹ وغیرہ بنانے والا ۔

Linen-decency : (n) (یک وقتی لفظ) ظاہری رسمی پابندی ۔

Linen-draper : (n) کتان وغیرہ کے کپڑے بیچنے والا ؛ بزاز ۔

Linen-fold /-pattern /-scroll : (n) (تعمیرات) دلاً کا کندہ کیا ہوا ، ٹھلائی کیا ہوا آرائشی کام جو دیکھنے میں تہ کیا ہوا کتان معلوم ہوتا ہے ۔

Linen-panel : (n) کتانی مرغولوں سے آراستہ دلا۔

Linen-press : (n) کتان رکھنے کی الماری۔

Linenette : (n) نقلی کتان۔

Lineolate : (a) (نباتیات و حیوانیات) باریک خطوط دار۔

Lineolated : (a) دیکھو Lineolate

Liner : (n) (۱) لکیر کھینچنے والا ؛ سطر ڈالنے والا ؛ خط کش۔ (۲) استر۔ (۳) وہ برتن یا استوانہ جو دوسرے میں رکھا جائے۔ (٤) پچر ؛ خانہ۔ (٥) سل جس سے باندھ کر سنگ مر مر کو چکنا کیا جاتا ہے۔

Liner : (n) (۱) حدود معین کرنے والا۔ (۲) گاڑی کے پہیوں پر لکیریں کھینچنے والا۔ (۳) وہ مصنف جسے سطروں کے حساب سے معاوضہ دیا جاتا ہے۔ (٤) لڑنے والی فوج کا سپاہی۔ (٥) کسی خاص لائن کا جہاز ؛ مسافر دخانی جہاز۔ (٦) جنگی جہاز۔ (۷) (بیس بال) وہ گیند جو مارنے پر سیدھے اڑ کر جائے۔ (۸) تصویر جو اس طرح لٹکائی گئی ہو کہ اس کا مرکز آنکھ کے سیدھ میں ہو۔ (۹) تیل کے کنویں کا اندرونی غلاف۔

Lines of growth : (n) (صدف) برون مرکزی دھاریاں۔

Ling : (n) شمالی یورپ کی لمبی پتلی مچھلی جو کھائی جاتی ہے ؛ لنگ ماہی۔

Ling : (n) (نباتیات) خلنج ؛ ایک قسم کی چھوٹی جھاڑی۔

-ling : (suffix) (۱) لاحقہ جو اسم مرکب بنانے کے لئے اسم کے آخر میں بڑھایا جاتا ہے اور نسبت کے معنی ظاہر کرتا ہے جیسے hireling وغیرہ۔ (۲) نیز اسم بنانے کے لئے صفت میں آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے grayling۔ (۳) کسی متعلق فعل یا فعل پر بڑھایا جاتا ہے جیسے shaveling, underling۔ (٤) پہلے تصغیر کے لئے استعمال ہوتا تھا جیسے codling وغیرہ۔

-ling /-lin (s) : (suffix) لاحقہ جو متعلق فعل بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے یہ اسما کے آخر میں سمت یا حالت ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے جیسے baecling, darkling۔

Ling-bird : (n) چنڈول کی ایک جنس۔

Lingel / Lingle : (n) موم لگا ہوا دھاگا جو موچی استعمال کرتے ہیں۔

Lingel / Lingle : (n) تسمہ (چمڑے کا) ؛ جوتے کا تسمہ۔

Linger : (v) (۱) جانے میں ڈھیل ڈالنا ؛ دیر لگانا ؛ درنگ کرنا۔ (۲) ٹھہرنا ؛ رک جانا۔ (۳) کسی جگہ ٹھہر کر دیر لگانا ؛ دیر تک ٹھہرنا ؛ (کسی بحث پر) دیر تک گفتگو کرنا۔ (٤) لشتم پشتم زندگی گزارنا ؛ گھسیٹنا۔ (٥) (بیماری کا) طول کھینچنا ؛ مزمن ہونا۔ (٦) سستی کرنا ؛ تاخیر کرنا۔ (۷) (ہر کام میں دیر لگا کر) وقت گنوانا ؛ ضائع کرنا۔

Lingerer : (n) دیر کرنے والا ؛ دیر تک کسی حالت میں رہنے والا۔

Lingerie : (n) (۱) کتان کے پارچوں کا ذخیرہ۔ (۲) عورتوں کا لباس زیریں۔

Lingeringly : (adv.) دیر کر کے ؛ ٹھہرتے ٹھہراتے ؛ ڈھیل کے ساتھ ؛ مزمن طور پر۔

Lingism : (n) ورزش کے ذریعہ بعض امراض کے علاج کا ایک طریقہ ؛ علاج بالحرکت۔

Lingo : (n) (حقارتاً) غیر ملکی زبان ؛ غیر زبان ؛ (کسی خاص مضمون یا طبقے کی) زبان یا محاورہ ؛ غیر مفہوم بولی۔

Lingo / Lingoa : (n) ایک بڑا پھلی دار درخت یا اس کی لکڑی۔

-lings: دیکھو Ling

Lingua : (n) (۱) زبان ؛ زبان نما عضو ؛ زبانہ ؛ زبانک۔ (۲) خرطوم حشرہ۔ (۳) لسان ؛ لغت ؛ بولی ؛

Lingula : (n) (۱) زبانک - (۲) دو صمامہ صدفوں کی ایک جنس ؛ بعض متحجر صدف -

Lingula flags : (n) شمالی ویلس میں پائی جانے والی پتھر کی سل -

Lingular : (a) زبانک سے متعلق -

Lingulate / Lingulated : (a) زبان نما ؛ زبان کی شکل کا -

Linguo - : (prefix) لفظ Lingua کی ترکیبی صورت -

Linguo dental : (a) جیبھ دنتی ؛ زبان دندانی ؛ (وہ آواز یا لفظ) جس کے مخرج زبان اور دانت ہوں -

Liniment : (n) طلا ؛ مالشی تیل ؛ مالش کی دوا ئی یا تیل -

Lining : (n) (۱) استر - (۲) (جمع) تنگ مہری کا پاجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے - (۳) مافیہ - (٤) زیر جامہ -

Lining : (n) (۱) صف بندی - (۲) حد بندی -

Link : (n) (۱) ساحل کے قریب ریتیلا قطعہ' زمین جس پر گھاس جمی ہو - (۲) گولف کا میدان -

Link : (n) (۱) زنجیر کی کڑی ؛ حلقہ ؛ جریب کا سوواں (۱۰۰) حصہ - (۲) آستین کے دہرے بٹن - (۳) ربط ؛ رشتہ' اتحاد ؛ رابطہ ؛ لگاؤ ؛ واسطہ - (٤) روابط ؛ کڑی - (٥) (موزے وغیرہ کی بناٹی میں) ٹانکا - (٦) خالی جگہ کو بھرنے والی چیز ؛ کسی سلسلے کی ایک کڑی - (۷) حلقہ نما یا کڑی نما کوئی چیز - (۸) دلے کا حصہ - (۹) ندی کا یا چشمے کا موڑ - (۱۰) بال کی لٹ - (۱۱) مشین کا ڈنڈا جو حرکت کو ایک حصے سے دوسرے میں منتقل کرتا ہے - (۱۲) کپڑے کے حلقوں کو مِلانے والی مشین - (۱۳) بال رقص کا ایک قدم - (١٤) (بنسی بازی) بال سے بنی ڈوری کا ایک حلقہ -

Missing link : (۱) مفقود کڑی -(۲) بین بندر و انسان -

زبان ؛ بھاشا -

Lingua dental : (a) لفظ Lingua کی ترکیبی صورت -

Lingua Franca : (n) (۱) اطالوی ، فرانسیسی ، یونانی اور ہسپانوی زبانوں سے مرکب بولی جو Levant میں رائج تھی ؛ کوئی مخلوط زبان جو مختلف قوموں میں اظہار خیالات کا ذریعہ ہو ؛ بین الاقوامی زبان -

Lingual : (a) (۱) (تشریح) زبان یا نطق کے متعلق ؛ جیبھ کا - (۲) بولی یا زبان سے متعلق ؛ لسانی ؛ زبانی - (۳) (حیوانیات) زبانوی -

Lingual : (n) (۱) آواز جو زبان سے نکلے یا جس کا تلفظ زبان سے ہو - (۲) (تشریح) عصب زبان -

Lingual artery : (n) شریان زبان -

Lingual nerve : (v) عصب زبان -

Lingual ribbon : (n) ایک قسم کا صدف ؛ سوہانیہ صدف -

Lingual teeth : (n) سوہانیہ صدف کے سخت دانت -

Linguality : (n) لسانیت -

Lingualize : (v) زبان کے مخرج سے آواز نکالنا -

Lingually : (adv.) زبانی طور پر ؛ زبان کی طرف -

Linguet : دیکھو Languet

Linguiform : (a) زبان نما ؛ زبان کی شکل کا ؛ زبانیہ -

Linguist : (n) غیر زبانوں کا عالم ؛ ماہرالسنہ ؛ ہفت زبان -

Linguistic / -al : (a) (۱) متعلق علم السنہ ؛ لسانیاتی - (۲) لسانی بولی کے متعلق ؛ زبان کا -

Linguistically : (adv.) لسانیات کی رو سے -

Linguistics : (n) علم السنہ ؛ لسانیات ؛ زبانوں کا مطالعہ؛ علم اللسان -

Link : (n) (۱) رال کی مشعل - (۲) مشعلچی ؛ مشعل بردار ؛ مشعل والا -

Link : (a) (۱) کڑی یا حلقے سے متعلق ؛ حلقے دار - (۲) رابطہ ؛ خصوصاً لسانی رابطہ -

Link : (v) (۱) ملانا ؛ منسلک کرنا ؛ جوڑنا - (۲) ہاتھ میں دینا ؛ ہاتھ میں ہاتھ لے کر دبانا - (۳) شامل ہونا ؛ منسلک ہو جانا -

Link : (v) تیزی سے چلنا -

Link : (a) غیردین دار -

Link-block : (n) (چرخی کا) سہارا جو ربطی حرکت سے متحرک ہوتا ہے -

Link-boy : (n) مشعلچی ؛ مشعل بردار ؛ مشعل والا -

Link-motion : (n) (۱) ربطی حرکت - (۲) والوی گیرہ (انجن کی حرکت کو پلٹنے کے لئے) -

Link-staff : (n) اصلی خط پیمائش پر عمود کھینچنے کی چھڑی -

Link-structure : (n) (ریاضیات) زنجیر -

Link-work : (n) (۱) زنجیر - (۲) ایک قسم کا گیرہ جس سے کڑی کے ذریعہ حرکت منتقل کی جاتی ہے -

Link-worming : (n) زنجیر لپیٹ کر رسے کی حفاظت کرنا -

Linkage : (n) (۱) زنجیرہ پن ؛ کڑیوں کی ترتیب - (۲) (کیمیا) ربط ؛ رابطہ ؛ گرفت (جوہروں کی) -

Linked : (a) (۱) (فوج) منسلک - (۲) نشانی ربط والا (مورثہ) -

Linker : (n) ملانے والا ؛ جوڑنے والا ؛ منسلک کرنے والا -

Linkman : (n) مشعلچی ؛ مشعل بردار -

Linn : (n) (۱) آبشار ؛ جھرنا - (۲) تالاب جو جھرنے کے نیچے ہو - (۳) پہاڑی کی کھڑی دیوار ؛ گہری گھاٹی ؛ نالا ؛ درہ تنگ -

Linn : (n) شجر لائم ؛ لینڈن -

Linnaea : (n) ایک صدا بہار پھولدار درخت -

Linnaean / Linnean : (a) Linnaeus کا یا اس سے متعلق یا اس کا ایجاد کردہ -

Linnaean / Linnean : (n) Linnaeus یا اس کے نام کا پیڑ -

Linnaeite : (n) کوبالٹ کا سلفائڈ جس میں کچھ نکل اور تانبہ بھی ہوتا ہے -

Linnet : (n) (۱) ایک چھوٹا خوش الحان بھورے رنگ کا پرند ؛ زقیقیہ ؛ سہرہ - (۲) تکسیر شدہ خام جست -

Green linnet : سبز قبا ؛ سبز سہرہ -

Pine linnet شمالی امریکا کا سہرہ -

Lino : (n) Linotype ، Linoleum کا مخفف -

Linocut : (n) موم جامہ پر بنا ہوا ابھرواں خاکہ اور اس کا نقش -

Linoleate : (n) السی کے تیل میں پائے جانے والے ترشے کا نمک -

Linoleic acid : (n) السی وغیرہ کے تیل میں پایا جانے والا ترشہ -

Linoleum : (n) فرشی موم جامہ ؛ مومی کرمچ -

Linotype : (n) سطر ٹائپ ؛ لینو ٹائپ ؛ ایک مشین جس میں پوری پوری سطریں چھاپنے کے لئے جمائی جاتی ہیں -

Linsang : (n) بورینو اور جاوا کا مشک بلاؤ -

Linseed / Lintseed : (n) السی ؛ سنی کا بیج ؛ تخم کتان -

Linseed-cake : (n) السی کی کھلی -

Linseed-meal : (n) پسی ہوئی السی ۔

Linseed oil : (n) السی کا تیل ۔

Linseed-poultice : (n) السی کی پلٹس ۔

Linseed-tea : (n) السی کا خیساندہ ۔

Linsey : (n) (۱) سوت کے تانے اور اون کے بانے کا موٹا کپڑا ۔ (۲) لغویات ؛ مہمل بات ؛ خیال یا کام ۔

Linsey-woolsey : (n) دیکھو Linsey

Linsey-woolsey : (a) (۱) کتانی اونی ۔ (۲) آدھا تیتر آدھا بٹیر ۔

Linstock : (n) توپ کا فتیلہ جو قدیم زمانے میں استعمال ہوتا تھا ۔

Lint : (n) (۱) سن کا درخت ۔ (۲) سن ؛ سنئی ۔ (۳) کتانہ ؛ پھائے ؛ لنٹ ۔ (٤) مچھلی پکڑنے کے جال کی جالی ۔

Lint-doctor : (n) (چھینٹ چھپائی) ایک تیز رول جو چھپائی کے دوران نکلے ہوئے دھاگوں کو الگ کرتا ہے ۔

Lint-scraper : (n) (۱) پھائے نکالنے والا ۔ (۲) (عام) نوآموز سرجن ۔

Lint-white : (a) سن کی طرح سفید ؛ زردی مائل ۔

Lintel : (n) سردل ؛ داسہ ؛ لنٹل ؛ (دروازہ یا کھڑکی کے) اوپر کی چوکھٹ ۔

Lintelled : (a) سردل دار ۔

Linter : (n) بنولہ سے روئی نکالنے کے بعد بچی کھچی روئی نکالنے کی مشین ۔

Lintie / Linty : (n) دیکھو Linnet

Lintseed : (n) دیکھو Linseed

Lintstock : (n) دیکھو Linstock

Lintwhite : (n) دیکھو Linnet

Linum : (n) جنس کتان ؛ جنس السی ۔

Linus : (n) قدیم یونان کا نوحہ ؛ ماتم ۔

Liny / Liney : (a) (۱) لکیروں دار ؛ سطر شدہ ۔ (۲) جھریوں دار ؛ شکن آلود ۔ (۳) (مصوری وغیرہ) حد سے زیادہ خطوط سے کام لینے والا ؛ خطوط کی بھر مار کرنے والا ۔

Lion: (n) (۱) شیر ببر ؛ اسد ؛ سنگھ ۔ (۲) بہادر ؛ شجاع ؛ شیر مرد ؛ سورما ۔ (۳) (جمع) (شہر کی) قابل دید چیزیں ؛ عجائبات ۔ (٤) مشہور مصنف یا کوئی اور مشہور آدمی جو رونق محفل سمجھا جائے ۔ (٥) برطانیہ کا قومی نشان ؛ برطانوی قوم بحیثیت فرد واحد ۔ (٦) برج اسد ؛ سنگھ راس ۔ (۷) (آکسفورڈ کا عامیانہ) کالج کا سیر کرنے والا ۔

A lion in the way/- path : رکاوٹ ؛ خطرہ (خصوصاً موہوم خطرہ) ؛ ہوّا ۔

British Lion : برطانیہ کاقومی نشان ؛ (مجازاً) برطانوی قوم ۔

Scottish lion : اسکاٹستان کا قومی نشان ؛ اسکاٹستانی قوم ۔

The lion of the North : دیکھو Gustavus Adolphus

The lion's mouth : موت کے منہ (میں) ؛ جوکھم کا مقام ؛ سخت خطرے کا محل ۔

The lion's provider : (۱) گیدڑ ؛ سیار ۔ (۲) (مجازاً) (کسی کا) کرگا ۔

The lion's share : سب سے بڑا یا پسندیدہ حصہ ۔

The lion's skin : شیر قالین ؛ مصنوعی بہادری ؛ دکھاوے کی ہمت ۔

They twist the lion's tail : (دوسرے ملکوں کے اخبار

Lionel : (n) دیکھو Lioncel

Lionesque : (a) دیکھو Lion-like

Lioness : (n) (۱) شیرنی ؛ مادہ شیر - (۲) (عام) آکسفورڈ کی سیر کرنے والی خاتون -

Lionet : (n) بچہ شیر ؛ چھوٹا شیر -

Lionism : (n) بڑے آدمیوں کو دعوت دینے کی عادت ؛ مشاہیر پرستی -

Lionize : (v) (۱) (کسی شہر کی) عجائبات دیکھنا یا دکھانا - (۲) (سیاحوں کو) شہر کی عجائبات دکھانا - (۳) دلچسپ اور قابل دید منظر دیکھنا - (٤) (کسی شخص سے) اس طرح پیش آنا کہ گویا وہ بڑا آدمی ہے ؛ مشاہیر پرست ہونا ؛ اظہار شان کے لئے بڑے آدمیوں کو دعوت دینا -

Lionne : (n) بڑی فیشن والی عورت -

Lionship : (n) رونق محفل سمجھا جانا -

Lock up : (v) (۱) (فوج) پچھلی صف کا اگلی صف سے اس قدر متصل کوچ کرنا کہ پاؤں سے پاؤں لگتا چلے ؛ بھڑ کر چلنا ۔ (۲) مقفل کرنا ؛ تالا بند کرنا ۔

Lock-up house : (n) حوالات ۔

Lock-up shop : (n) علاحدہ کمرہ جو دکان کی طرح استعمال کیا جاتا ہے اور رات کو مقفل کردیا جاتا ہے ۔

Lock washer : (n) سوراخ اور چھلا جو پیچ یا ڈھبری کے نیچے جکڑنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Lockable : (a) جو مقفل ہو سکے ۔

Lockage : (n) (۱) (بند کے ذریعے سے) پانی کے اتار چڑھاؤ کی مقدار ۔ (۲) بندیانہ (بند کے استعمال کا محصول) ۔ (۳) بند کا استعمال ؛ بندوں کی مجموعی تعداد ۔

Lockaid gun : (n) تالا کھولنے کا ایک اوزار ۔

Locked : (a) (۱) مقفل ۔ (۲) لڑائی میں گتھے ہوئے ؛ دست و گریباں ۔ (۳) ہم آغوش ؛ ہم کنار ۔ (٤) (گھٹنے کا جوڑ) محدود حرکت والا ؛ جو محدود حرکت کرسکے یا پوری طرح سیدھا نہ ہو سکے ۔

دینا ؛ کھٹکا وغیرہ لگنا یا لگانا ۔ (۷) گونتھنا ؛ الجھانا ؛ پھنسانا ۔ (۸) (فوج) پچھلی صف کا اگلی صف سے اس قدر متصل کوچ کرنا کہ پاؤں سے پاؤں لگتا چلے ؛ ٹھہر کر چلنا ۔ (۹) شہر میں بند باندھنا ؛ بند میں کشتی جانا یا لے جانا ۔ (۱۰) (شمشیرزنی) مخالف کی تلوار کے گرد بایاں ہاتھ دے کر اسے چھیننا ۔ (۱۱) (جانوروں کا) لڑائی میں سینگ میں سینگ پھنس جانا ۔ (۱۲) (مجازاً) جھگڑا کرنا ؛ لڑنا ۔ (۱۳) زور سے بھینچنا ؛ گتھم گتھا ہونا ۔ (١٤) اگلے پہیے کے اِدھر اُدھر بہکنے کی گنجائش رکھنا ۔ (۱۵) (نہر) بند بنانا ؛ دریا کے کچھ حصوں کو بند کے ذریعے بند کرنا ۔

To lock up a forme : (طباعت) ٹائپ یا اوراق کو دھات کے فریم میں کسنا (چھاپنے کے لئے) ۔

Lock-bay : (n) (نہر کے) بند کے دروازے کے درمیان کا پانی ۔

Lock-chamber : (n) بغلی دیوار اور بند کے دروازوں کی درمیانی جگہ ۔

Lock hole : (n) دیکھو Key hole

Lock horns : (v) (جانوروں کا) لڑائی میں سینگ میں سینگ پھنسانا ۔

Lock-hospital : (n) شفاخانہ امراض خبیثہ ۔

Lock-jaw : (n) دانت پچی ؛ فک بستگی ؛ کزاز ؛ چاندنی ۔

Lock-jawed : (a) (۱) فک بستہ ۔ (۲) (مجازاً) بولنے سے قاصر ۔

Lock-nut : (n) زائد ڈھبری جو روک کی غرض سے ایک دوسری پر کس دی جاتی ہے ؛ قفلی ڈھبری ۔

Lock-on : (v) رڈار کے ذریعہ نشانے کو خودبخود دیکھ لینا اور اس سے پیچھا کرنا ۔

Lock-out / Lock out : (n) دربندی ۔

Lock out : (v) (۱) کارخانے کے مالک کا مزدوروں کو معطل کرکے اطاعت پر مجبور کرنا ۔ کارخانے کی دربندی کرنا ۔ (۲) دروازہ مقفل کر کے کسی آدمی کو اندر نہ آنے دینا ۔

Locked groove : (v) (گراموفون) ریکارڈ کی آخری بند لکیر ۔

Locked-in : (a) مستحکم ۔

Locked jaw : (n) (۱) دانت بچی ۔ (۲) فك بستگی ؛ کزاز ؛ چاندنی ۔

Locker : (n) (۱) قفل لگانے والا ؛ تالا لگانے والا ؛ مقفل کرنے والا ؛ بند کرنے والا ۔ (۲) مقفل الماری ۔ (۳) (بحری) کپڑے ، گولا بارود وغیرہ رکھنے کا خانہ یا صندوق ۔ (٤) کبوتر خانے کا ایك خانہ ؛ موکھا ؛ کبوتر چھید ۔ (٥) (کلیسا) مقدس روٹی اور شراب رکھنے کی الماری جو قربان گاہ کے نزدیك دیوار میں ہوتی ہے ۔

Davy john's locker : سمندر (سمندر میں مرنے والوں کے مدفن کے طور پر) ۔

Laid in the lockers : مردہ ؛ مرا ہوا ؛ مرحوم ۔

(Not) a shot in the locker : جیب خالی ؛ کوئی امید نہیں ۔

Locket : (n) (۱) تلوار کی میان پر لوہے کا پتر یا پٹی ۔ (۲) لاکٹ ؛ ڈھولنا ؛ (سونے یا چاندی کا) جس میں یادگار کے طور پر بالوں کی لٹ یا تصویر رکھتے ہیں ۔

Lockfast : (n) (۱) مقفل ؛ بند ۔ (۲) (میکانیات) کسنے والا ۔

Lockian : (a) لاکی ؛ جان لاك کا اس کے فلسفہ کا ۔

Lockian : (n) لاك کا پیرو ۔

Lockianism : (n) لاك اور اس کے پیروؤں کا نظریہ ۔

Lockist : (n) جان لاك کا متبع ؛ لاکی ۔

Lockless : (a) (۱) بے قفل ؛ بے تالا ۔ (۲) بے بند ۔

Lockman / Locksman : (n) (۱) Isle of man میں وہ عہدہ دار جسے کارونر (Coroner) کے طلب کرنے کا اختیار ہے ۔ (۲) نہر کے بند کا محافظ یا چوکیدار ۔

Locksmith : (n) قفل ساز ۔

Locky : (a) لٹ سے متعلق ؛ زلفوں سے متعلق ۔

Loco : (n) لوکو ؛ ایك پھلی دار پودا جسکو کھانے سے مویشیوں کو دماغ کی بیماری ہو جاتی ہے ۔

Loco : (n) Locomotive کا مخفف ۔

Loco-descriptive : (a) مقامی مناظر بیان کرنے کے شائق ۔

Loco-disease : (n) گھوڑے کے دماغ کی ایك بیماری جو "لوکو" کھانے سے ہوجاتی ہے ۔

Loco-foco : (n) (۱) امریکا (ڈیموکریٹك پارٹی) کے "مساوی حقوق" کی شق کا نام ۔ (۲) ڈیموکریٹك پارٹی کا رکن ۔

Locofocoism : (n) ڈیموکریٹك پارٹی کا نظریہ ۔

Locomobile : (a) خودرو ۔

Locomobile : (n) خودرو موٹر گاڑی کا انجن ۔

Locomote : (v) (حیاتیات) ایك جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنا ؛ نقل مکان کرنا ۔

Locomotion : (n) (۱) نقل مکان ؛ حرکت ؛ قوت حرکت ؛ رفتار ۔ (۲) طریق سفر ۔

Locomotive : (a) (۱) متعلق بہ نقل مکان ؛ حرکت کے متعلق ؛ (مزاحاً) سفر کا ؛ سفر کے متعلق ۔ (۲) چلنے والا ؛ متحرك کرنے والا ۔ (۳) حرکت دینے والا ؛ حرکی ۔

Locomotive : (n) (۱) انجن ؛ ریل کا انجن ۔ (۲) (عام) (جمع) ٹانگیں ۔ (۳) گاڑی کھینچنے والا جانور ؛ حراکہ ؛ حراك ۔ (٤) اسکول یا کالج کے کھیل کود کا نعرہ آفریں (جو شروع میں آہستہ مگر بعد میں تیز ہوجاتا ہے) ۔

Locomotive car : (n) مصنوعی انجن ؛ انجن مع ڈبا ۔

Locomotive engine : (n) ریل کا انجن ۔

Locomotive faculty : (n) حرکی قوت ۔

Locomotive power : (n) دیکھو Locomotive faculty

Locomotive tailor : (n) آوارہ گرد مزدور ۔

Locomotively : (adv.) متحرك طور پر ؛ حرکی طور پر ۔

Locomotiveness : (n) متحرك هونا ؛ حرکی هونا ۔

Locomotivity : (n) دیکھو Locomotiveness

Locomotor : (n) حرکت کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Locomotor : (a) نقل و حرکت سے متعلق ؛ (شخص یا شے) جس میں حرکت کی صلاحیت هو ۔

Locomotor ataxy : (n) لڑکھڑاتی چال ۔

Locomotory : (a) نقل مکان سے متعلق ؛ نقل و حرکت کی قوت والا ؛ متحرك ۔

Loculament : (n) دُرج ؛ خانه ۔

Locular : (a) دُرج دار ؛ خانه دار ۔

Loculate : (a) دیکھو Locular

Loculated : (a) دیکھو Locular

Loculation : (n) دُرج دار هونا ۔

Loculicidal : (a) (نباتیات) دُرج دُر ۔

Loculicidally : (adv.) دُرج دُر طور پر ۔

Loculose / Loculous : (a) دُرج دار ۔

Loculus : (n) (۱) (نباتیات و حیاتیات) دُرج ؛ خانه ۔ (۲) قدیم مقبروں کی وہ کوٹھری جس میں لاش یا خاك دان (راکھ دان) رکھا جاتا ھے ۔ (۳) جوف عظم ۔

Locun-tenency : (n) نیابت ؛ قائم مقامی ۔

Locum-tenens : (n) نائب ؛ قائم مقام ؛ خصوصاً نائب پادری یا ڈاکٹر ۔

Locus : (n) (۱) موقع ؛ محل وقوع ؛ کسی چیز کی ٹھیك جگه یا مقام ۔ (۲) (ریاضیات) طریق ؛ چیز ؛ لوکس ۔ (۳) موضوع ؛ مضمون ۔

Locus classicus : (n) مستند عبارت ؛ قول فیصل ؛ کسی موضوع پر سب سے مستند عبارت ۔

Locus communis : (n) منتخبات ۔

Locus in quo : (n) موقع واردات ؛ کسی واقعه کا محل وقوع ۔

Locus poenitentiae : (n) (۱) ندامت گاہ ۔ (۲) لوٹنے کا موقع ؛ فیصله کن قدم اٹھانے سے پہلے پیچھے ہٹنے کا موقع ۔

Locus standi : (n) مسلمه حیثیت ؛ مداخلت کا حق ؛ عدالت میں حاضر ہونے کا حق ؛ موقف ؛ حیثیت مشخصه ۔

Locust : (n) (۱) ٹڈی ؛ ٹیڈی ؛ ملخ ؛ جراد ؛ جرادہ ۔ (۲) ایك درخت کے پھل کا نام ؛ خرنوب ۔ (۳) (مجازاً) تباہ کن شخص ۔ (٤) درخت اقاقیا ۔

Locust : (v) نرغه کرنا اور چٹ کرجانا ۔

Locust-bean : (n) خرنوب کا پھل ۔

Locust-beetle : (n) ایك قسم کا دراز قرنه بھونرا ۔

Locust-bird : (n) ملخ خور ؛ ایك پرند جو ٹڈی کھاتا ھے ۔

Locust-borer : (n) دیکھو Locust-beetle

Locust eater : (n) ملخ خور ۔

Locust-tree : (n) (۱) درخت اقاقیا ۔ (۲) درخت خرنوب ۔ (۳) نیوزی لینڈ کا ایك پھلی دار درخت ۔

Bastard Locust-tree : جزائر غرب الہند کا درخت اقاقیا

یا خرنوب -

Honey Locust-tree : مشرقی امریکا کا ایک آرائشی درخت -

Locution : (n) (۱) انداز تقریر ؛ طرز گفتگو ؛ طرز تکلم - (۲) محاورہ ، لفظ یا فقرہ (فصاحت کے اعتبار سے) -

Locutory : (n) (۱) خانقاہ ، دیوان خانہ یا گفتگو کا کمرہ - (۲) جالی دار پردے کی دیوار جس کے پیچھے سے خانقاہ کے رہنے والے باہر کے لوگوں سے گفتگو کرسکتے ہیں -

Lode : (n) (۱) (زیر آب اراضی میں) پانی کا کٹاؤ ؛ نالا - (۲) (کان کنی) وہ درز جس میں خام دھات ہوتی ہے ؛ کچی دھات کی پرت ؛ رگِ معدن - (۳) چمبک پتھر ؛ سنگ مقناطیس -

Lodestar : (n) دیکھو Load star

Lodestone : (n) دیکھو Load stone

Lodge : (n) (۱) چھوٹا سا مکان - (۲) بڑے مکان یا پھاٹک کی کوٹھری (جس میں مالی یا خدمت گار رہتا ہے) - (۳) ڈیوڑھی ؛ دربان خانہ - (٤) (فری میسن وغیرہ کا) دیوان ؛ جلسہ گاہ ؛ جلسہ - (٥) (کیمبرج میں) کالج کے صدر کی قیام گاہ - (٦) بھٹ ؛ بعض جانوروں کے رہنے کی جگہ - (۷) امریکا کے قدیم باشندوں کا خیمہ یا جھونپڑا - (۸) جنگل یا ویران جگہ میں نیا گھر (جو شکار کے موسم میں کام آتا ہے) - (۹) (کان کنی) عمودی سرنگ سے ملحق کمرہ (جس میں خام دھات رکھی جاتی ہے) - (۱۰) مقامی انجمن ؛ قومی انجمن کی شاخ - (۱۱) سرائے یا ہوٹل -

Grand lodge : فری میسنوں کی مجلس انتظامیہ -

Orange lodge : آئر لینڈ کے فری میسنوں کی مجلس انتظامیہ -

Lodge : (v) (۱) رات کو ٹھہرنا ؛ ٹکانا - (۲) (مستقل طور پر) گھر میں رکھنا ؛ مہمان رکھنا - (۳) ٹھہرانا ؛ قیام کا انتظام کرنا ؛ (آرام یا تکلیف سے) رہنا ؛ قیام کرنا ؛ رات گزارنا - (٤) مسکن یا قیام گاہ کا کام دینا یا رہنے کی گنجائش رکھنا ؛ رہنا - (٥) (امانت) رکھنا ؛ رکھوانا ؛ سپرد کرنا -(٦) (درخواست یا ضابطہ) داخل کرنا ؛ پیش کرنا ؛ (دعوے) دائر کرنا - (۷) (اختیار) سونپنا ؛ سپرد کرنا ؛ بخشنا - (۸) (ہوا کا فصل کو) بچھا دینا ؛ لٹا دینا ؛ گرادینا - (۹) بٹھا دینا ؛ جما دینا ؛ بیٹھ جانا ؛ جم جانا - (۱۰) رہنا ؛ قیام کرنا ؛ سکونت اختیار کرنا ؛ واقع ہونا - (۱۱) (کسی کے گھر میں) کرائے کے کمرے میں رہنا - (۱۲) ہرن کے رہنے کی جگہ دریافت کرنا - (۱۳) (شکار) (ہرن کا) اپنے باڑے میں جانا - (١٤) (فصل کا ہوا سے) گرجانا ؛ بچھ جانا - (١٥) (درخت کو) اس طرح گرانا کہ دوسرے درخت میں جاکر لٹک جائے -

Lodgeable : (a) رہنے کے لائق ؛ قابلِ رہائش -

Lodged : (a) (نقابت) زمین پر لیٹا ہوا (ہرن وغیرہ) -

Lodgement / Lodgment : (n) (۱) (فوج) دشمن سے چھینا ہوا دھس ؛ مورچہ - (۲) قدم ٹکانے کی جگہ - (۳) (قانون) ادخالِ زر ؛ روپیہ جمع کرنا یا داخل کرنا ؛ جمع شدہ یا داخل شدہ رقم - (٤) تہ یا ڈھیر (جو کسی چیز کے گرنے سے جمع ہوجائے) - (٥) بندوق کی نال کا وہ حصہ جہاں کارتوس رہتا ہے - (٦) کرائے کے کمرے میں رہنا ؛ قیام کرنے کی گنجائش -

To make or find a lodgement : محفوظ مقام پالینا یا بنا لینا ؛ پاگاہ پا لینا ؛ قدم جمانے کی جگہ پا لینا یا بنا لینا -

Lodger : (n) (۱) ٹھہرنے والا ؛ قیام کرنے والا ؛ رہنے والا ؛ ساکن - (۲) کرایہ دار مہمان -

Lodger-franchise : (n) کرایہ داروں کا حقِ رائے دہی یا دہندگی -

Lodging : (n) (۱) ٹھہرانا ؛ ٹکانا ؛ رہنا - (۲) کرائے کے کمرے میں رہنا - (۳) مسکن ؛ اقامت گاہ ؛ مکان - (٤) (جمع) کالج یا جامعہ کے لڑکے کے رہنے کا مکان (جو نہ والدین کے ساتھ رہے اور نہ کالج میں) -

Board and lodging : قیام و طعام -

Lofty : (a) (۱) بلند ؛ بہت اونچا ؛ اعلیٰ ؛ رفیع ؛ سربہ فلک۔ (۲) (طور طریقہ) شکرانہ ؛ پر تمکین ؛ پر وقار۔ (۳) بلند مرتبہ ؛ رفیع الشان ؛ عالی منزلت ؛ بلند پایہ ؛ سر بلند ؛ ممتاز ؛ بلند پرواز ؛ پر شوکت ؛ (شاندار) طمطراق کا۔ (٤) غیر عملی۔

Log : (n) (۱) لکڑی کا کندہ ؛ کولا ؛ لٹھا۔ (۲) جہاز کی رفتار ناپنے کا تریندا ؛ جہاز کا رفتار پیما؛ چال ناپ۔ (۳) جہاز کی رفتار وغیرہ کا روز نامچہ۔ (٤) (اجرت پر کام کرنے والے) درزی کا روز نامچہ۔ (٥) (کان کنی) وزن جو کان میں جانے والے رسے کے دوسرے چھور سے باندھ دیا جاتا ہے تاکہ رسی چرخی پر پھسل نہ سکے۔ (٦) لکڑی کا کندہ جو آدمی یا جانوروں کے پاؤں سے چال روکنے کے لئے باندھتے ہیں ؛ چال روک۔ (۷) (آسٹریلیا کا عامیانہ) جیل ؛ قید خانہ و حوالات۔ (۸) لاگ ؛ رفتار ؛ ترقی یا کردگی کی روداد۔

In the log : ناتراشیدہ حالت میں۔

King log : شاہ شطرنج ؛ نام کا بادشاہ۔

To float /-lie /-fall like a log : بے حس و حرکت تیرتے رہنا ؛ بیہوش ہو کر گرنا ؛ بے حس و حرکت یا بے سکت پڑے رہنا۔

To have a log to roll : (ایک دوسرے سے) تعاون کرنا۔

To heave/- throw the log : لکڑی کے کندے کو اٹھانا۔

To sail or calculate one's way by the log : جہاز کے رفتار پیما سے جہاز کا محل اور رخ دریافت کرنا یا معلوم کرنا۔

Log : (n) رقیق شے ناپنے کا ایک عبرانی پیمانہ۔

Log : (v) (۱) چیر کر کندے بنا لینا ؛ لٹھے یا کولے کاٹنا۔ (۲) (طے شدہ مسافت) روزنامچے میں چڑھانا ؛ جہاز کے روزنامچے میں اندراج کرنا ؛ (جہاز کا) طے کرنا (مسافت)۔ (۳) (ملاح کا نام اور قصور) روز نامچے میں درج کرنا ؛ جرمانہ کرنا۔

Judges lodgings : تحقیقات کے دوران ججوں کے رہنے کی جگہ۔

Lodging -house: (n) مکان جس میں کمرے یا کوٹھریاں کرائے پر دی جاتی ہیں۔

Lodging-money : (n) وہ بھتہ جو حکومت ان افسران اور فوجیوں کو دیتی ہے جنہیں چھاؤنی میں رہنے کی جگہ نہیں ملتی۔

Lodging-room : (n) سونے کا کمرہ ؛ خواب گاہ۔

Lodicule : (n) (نباتیات) گھاس کا زہر ؛ بفچی حول ؛ نخالک۔

Loess /Loss : (n) (ارضیات) غباری تودہ ؛ زردی مائل بھورے رنگ کی چکنی مٹی کی تہ۔

Loft : (n) (۱) اٹاری ؛ کوٹھا ؛ بالاخانہ ؛ پنچھتی۔ (۲) اصطبل کا بالاخانہ۔ (۳) کبوتروں کے کابک ؛ کبوتر خانہ۔ (٤) کبوتروں کا جھنڈ یا غول۔ (٥) گرجے یا بڑے کمرے کی بالائی نشست گاہ (گیلری)۔ (٦) (گولف کے بلے کے سرکا) عمود سے پیچھے کی طرف ڈھلان ؛ گیند کو اونچا مارنا ؛ (گیند کو) اوپر اٹھانے والی ضرب۔ (۷) دھاگے (خصوصاً اون) کی لچك۔

Loft : (v) (۱) بالاخانہ بنانا۔ (۲) (گولف) اونچا مارنا یا اچھالنا ؛ (گولف کی گیند کو کسی جگہ سے) پار کرنا۔ (۳) (جہاز یا ہوائی جہاز کے دھڑ کا) خاکہ تیار کرنا۔

Loft-dried : (a) خشکندہ ؛ بالاخانے میں سکھایا ہوا۔

Lofter : (n) (گولف) بلا جس سے گیند کو اونچا مارتے ہیں۔

Loftily : (adv.) عالی دماغی سے ؛ تمکنت سے ؛ رفعت سے ؛ شان سے ؛ طمطراق سے۔

Loftiness : (n) بلندی ؛ رفعت ؛ تمکنت ؛ شان و شوکت ؛ بلند پروازی ؛ سر بلندی۔

Lofting : (n) (۱) چھت ؛ فرش ؛ سقف۔ (۲) جہاز یا ہوائی جہاز یا اس کے کسی حصے کا ڈھانچہ کھڑا کرنا۔

Log : (v) جھلانا ؛ جھولنا ۔

Log : (n) Logarithim / Logarithmic کا مخفف ۔

Log-board : (n) لکڑی کا تختہ جس پر جہاز کا کچا روزنامچہ لکھا رہتا ہے ۔

Log-book : (n) (۱) وہ کتاب جس میں جہاز کی رفتار وغیرہ درج ہوتی ہے ؛ جہاز کا روزنامچہ ؛ سیاح کا روزنامچہ ۔ (۲) ابتدائی مدرسوں کے معلم کا رائے نامہ ۔ (۳) درزی کے کام کا روز نامچہ ۔

Log-cabin : (n) لٹھوں یا کندوں کی بنی ہوئی جھونپڑی ۔

Log-canoe : (n) ڈونگی جو ایک درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی گئی ہو ۔

Log-chip : (n) چوبی ربع جو پانی میں کھڑا رہتا ہے ۔

Log-house : (n) لٹھوں یا کندوں سے بنا ہوا گھر ۔

Log-juice : (n) (عام گھٹیا) تیز میٹھی شراب ۔

Log-knot : (n) (بحری) جہاز کے رفتار پیما کی ڈوری کی گرہ (لمبائی ظاہر کرنے کے لئے) ۔

Log-line : (n) (بحری) ڈوری جو جہاز کے رفتار پیما میں بندھی ہوئی ہوتی ہے ۔

Log-man : (n) آرامل میں لکڑی ڈھونے یا کاٹنے والا شخص ۔

Log-perch : (n) شمالی امریکا کی ایک دریائی مچھلی ۔

Log-reel : (n) چرخی جس پر جہاز کے رفتار پیما سے بندھی ہوئی ڈوری لپیٹی جاتی ہے ۔

Log-roll : (v) (۱) مسودہ' قانون کو آپس کے اتحاد سے منظور کرانا ۔ (۲) ایک دوسرے کو بڑھانا ۔

Log-roller : (n) (۱) (سیاست یا ادبی تنقید میں) ایک دوسرے کو بڑھانے والا ۔ (۲) آرا پر لکڑی چڑھانے کی ایک ترکیب ۔

Log-rolling : (n) (۱) لکڑی کے کندوں کو کسی مقام تک ڈھکیل کر لے جانا ؛ کندوں کو ڈھکیلنے کے واسطے تعاون کے لئے جلسہ ۔ (۲) (سیاسی سازش) سیاسی تعاون کے لئے اتحاد ۔ (۳) (ادبی اشاعتوں میں) ایک دوسرے کو بڑھانا ۔

Log-ship : (n) چوبی لٹھا یا شہتیر جو پانی میں کھڑا رہتا ہے ۔

Log-slate : (n) بڑی سلیٹ جو Log-board کی جگہ استعمال ہوتی ہے ۔

Log-work : (n) (۱) عمارت میں کندوں کی ترتیب ۔ (۲) روزنامچہ یا جہاز کا روزنامچہ لکھنا ۔

Logan-berry : (n) ایک پھل جو رس بھری اور بلیک بیری کے پیوند سے پیدا ہوتا ہے ۔

Logan-stone / Loggan-stone : (n) متوازن پتھر ؛ بھاری پتھر جو توازن کی حالت میں ہو اور چھوتے ہی ہلنے لگے ۔

Logaoedic : (a & n) (عروض) ڈیکٹل (-uv) (ٹروکی (-u) یا اناپیسٹ (-vo) اور آئیمب (-u) پر مشتمل (مصرعہ) ۔

Logarithm : (n) (۱) لوگارتم ؛ حساب کا ایک قاعدہ ؛ لوگارتھم ۔ (۲) قوت جس تک ایک خاص عدد کو بڑھانا چاہئیے کہ دیا ہوا عدد حاصل ہو ۔

Logarithmic : (a) لوگارتھی ؛ لوگارتھم کے متعلق ۔

Logarithmical : (a) دیکھو Logarithmic

Logarithmically : (adv.) لوگارتھم کی رو سے ۔

Loge : (n) (۱) عارضی دکان ۔ (۲) (فرانسیسی) تھیٹر وغیرہ میں بکس ۔

-loger : (suffix) لاحقہ جو پہلے اسم فاعل بنانے کے لئے استعمال ہوتا تھا اب اس کی جگہ Logist استعمال کرتے ہیں ۔

Logged : (a) (۱) بھاری بھرکم بنایا ہوا ۔ (۲) (پانی) ٹھہرا ہوا ؛

جامد ؛ ساکن ۔ (۳) (جہاز) پانی بھرا ۔ (٤) درخت کاٹ کر صاف کی ہوئی (زمین) ۔

Logger : (n) (۱) لکڑی کا کندہ بنانے والا ؛ درخت کاٹنے والا ۔ (۲) حرارت اور نمی وغیرہ ریکارڈ کرنے کا خودکار آلہ ۔

Logger-head : (n) (۱) کندہ ناتراش ؛ گاؤدی ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ بیوقوف ۔ (۲) ایک آہنی آلہ جس کے سرے پر گیند سی ہوتی ہے ۔ (۳) کھم جو کشتی کے پچھلے حصے میں رسی لپیٹنے کےلئے لگا ہوتا ہے ۔ (٤) ایک بڑے سر کا کچھوا ۔ (٥) ایک بڑے سر کا پرند ۔ (٦) (جمع) قنطاریوں کی جنس کا ایک پودا ۔

To be at loggerheads : ان بن ہوجانا ؛ جل جانا ۔

Logger-headed : (a) (۱) احمق ؛ گاؤدی ۔ (۲) بڑے سر والا (جانور) ۔

Loggerhead-sponge : (n) جزائر غرب الہند کا گھٹیا قسم کا ربر ۔

Loggia : (n) برآمدہ ؛ چھت دار راستہ ؛ چھتّا گیلری ۔

Logging : (n) درخت کاٹنا ؛ کندہ تراشنا ۔

-logian : (suffix) لاحقہ جو پہلے اسم فاعل بنانے کے لئے استعمال ہوتا تھا اب اس کی جگہ Logist استعمال کرتے ہیں ۔

Logic : (n) (۱) منطق ؛ علم منطق ۔ (۲) منطق کا کوئی خاص مذہب یا نظام ۔ (۳) منطق کی کتاب ۔ (٤) استدلال (صحیح یا غلط) ؛ دلائل ؛ بحث ؛ استدلال یا مناظرہ کی قابلیت ۔ (٥) زبردست قوت (واقعات وغیرہ کی) ۔ (٦) رومن کیتھولک عقیدہ کے ایک طبقے کا نام ۔

Deductive logic : منطق استخراجی ۔

Formal logic : منطق صوری ۔

Inductive logic : منطق استقراری ۔

-logic /-al : (suffix) لاحقہ جو صفات بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Logical : (a) (۱) منطقی ؛ متعلق منطق ؛ منطق کا ۔ (۲) صحیح ؛ اصول استدلال کے موافق ؛ مدلّل ۔ (۳) معقول ؛ قابلِ تسلیم ۔(٤) لازمی ۔(٥) صحیح استدلال کی لیاقت رکھنے والا ۔

Litte or small logicals : بعض چھوٹے سوالات جن سے Petrus Hispanus کے Parva Logicalia میں بحث کی گئی ہے ۔

Logicality : (n) منطقیت ، صحت؛ اصول منطق کی مطابقت؛ معقولیت ۔

Logically : (adv.) از روئے منطق ؛ منطق سے؛ لازمی طور پر ۔

Logician : (n) (۱) منطقی ؛ منطق داں ۔(۲) استدلال کا ماہر ۔ (۳) منطق کا طالب علم ۔

Logie : (n) (تھیٹر) جست کا نقلی زیور جو دیکھنے میں اصلی معلوم ہوتا ہے ۔

Logion : (n) (حدیث مسیح) حضرت عیسیٰ کا قول جو تورات اور انجیل میں نہ ہو ۔

-logist : (suffix) لاحقہ جو اسماء بنانے میں استعمال ہوتاہے بمعنی ماہر، عالم ، دانی (بحالت ترکیب) ۔

Logistic : (a) (۱) منطقی ۔ (۲) شماری ؛ حسابی ۔ (۳) لوکارتمی ۔ (٤) (ریاضیات) تناسبی ۔

Logistic : (n) (۱) (ریاضیات) لوکارتمی انحنا ۔ (۲) عملی حساب ۔ حساب ۔

Logistical : (a) دیکھو Logistic

Logistics : (n) (۱) حساب ۔ (۲) عملی حساب ۔

Logistics : (n) فوج کی نقل و حرکت اور قیام وغیرہ کے بند و بست کا فن یا ہنر ؛ نظم فوج ؛ انصرام ۔

Logocracy : (n) طرز حکومت جس میں الفاظ کی حکمرانی ہوتی ہے ؛ الفاظ شاہی ۔

Logodaedalist : (n) الفاظ کا شاطر ۔

Logodaedalus : (n) الفاظ کا شاطر ۔

Logogram / Logograph : (n) (۱) رمز (علامت یا نشان جو لفظ کے بدلے استعمال ہو) ۔ (۲) علامت لفظ ۔ (۳) الفاظی عبارت ؛ الفاظی ٹائپ سے طباعت ۔ (٤) قدیم یونان کا مورخ ۔ (٥) (انسانی) صورت نگار ۔

Logograph : (v) Logotype سے چھاپنا ۔

Logographer : (n) (۱) (قدیم یونان) یونان کا مورخ ۔ (۲) قدیم یونان کا پیشہ ور تقریر نویس ۔ (۳) الفاظی عبارت میں چھاپنے والا ۔

Logographic : (a) الفاظی عبارت سے متعلق ۔

Logographical : (a) دیکھو Logographic

Logographically : (adv.) الفاظی عبارت میں ۔

Logography : (n) (۱) الفاظی عبارت ۔ (۲) وقائع نگاری ۔

Logogriph : (n) لفظی معما جو تقلیب (حرف کی لوٹ پھیر) پر مشتمل ہو ؛ معما لفظ ۔

Logogriphic : (a) معما لفظ سے متعلق ؛ معما لفظ کی طرح کا ۔

Logogmach / Logomachic : / Logomachical : (a) (۱) نزاع لفظی سے متعلق ۔ (۲) الفاظ سازی سے متعلق ۔

Logomachist : (n) نزاع لفظی کرنے والا ؛ لفظی بحث کرنے والا ۔

Logomachize : (v) نزاع لفظی کرنا ۔

Logomachy : (n) (۱) نزاع لفظی ؛ لفظی بحث ۔ (۲) الفاظ سازی ۔

Logomania : (n) جنون کلام ۔

Logometric (a) پیمائش سے تناسب بنانے والا ۔

Logopedics : (n) نطقی نقص کا علم اور علاج ۔

Logorrhea : (n) دیکھو Logomania

Logos : (n) (۱) کلام الٰہی ؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی ۔ (۲) اصول عقلی ۔

Logothete : (n) (۱) بزنطینی شہنشا ہوں کے عہدہ داران میں سے ایک ۔ (۲) سسلی کا وزیر اعظم ۔

Logotype : (n) (طباعت) الفاظی ٹائپ ؛ ایک لفظ یا دو سے زیادہ حروف ٹائپ کے ایک ٹکڑےمیں ڈھلے ہوئے ۔

Logotypy : (n) الفاظی عبارت ؛ الفاظی ٹائپ سے طباعت ۔

-logue : (suffix) لاحقہ جو فرانسیسی الفاظ میں آتاہے ۔

Logwood : (n) دیکھو Chompeachy Wood

Logy : (a) (۱) بھاری بھر کم ؛ سست ؛ مجہول ، مٹھا ۔ (۲) غیر لچکدار ۔

-logy : (suffix) لاحقہ جو اسماء میں آتاہے اور خاصیت فعل یا کسی مخصوص علم کے معنی دیتا ہے ۔

Lohoch : (n) (طب) لعوق ۔

Loin : (n) (عموماً جمع) کمر ؛ صلب ؛ پٹھا ؛ پٹھے کا گوشت ۔

To gird (up) the loins : کمربستہ ہونا ؛ سخت محنت کےلئے تیار ہونا ۔

Loin-cloth : (n) لنگوٹ ؛ لنگوٹی ۔

Loir : (n) خرموش ؛ گھونس ؛ زبابہ ۔

Loiter : (v) (۱) ٹھہرتے ٹھہراتے چلنا ؛ مٹرگشت کرنا ؛ رستے میں دیر لگانا ۔ (۲) ٹھہرتے ٹھہراتے سفر کرنا ۔ (۳) ہرزہ گردی کرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ کوچہ گردی میں وقت ضائع کرنا ۔

Loiterer : (n) ہرزہ گرد ؛ کوچہ گرد ؛ آوارہ گرد ؛ رستے میں دیر لگانے والا ۔

Loiteringly : (adv.) ٹھہرتے ٹھہراتے ؛ سستی سے ؛ ہرزہ گردی میں ۔

Loke : (n) گلی ؛ بند گلی ؛ نچی سڑک یا گلی ۔

Loll : (n) (۱) پاؤں پھیلاکر یا تکیہ لگاکر بیٹھنا یا اس طرح بیٹھنے کا انداز ۔ (۲) زبان نکالنے والا ۔ (۳) لاڈلا؛ منظور نظر ؛ بگڑا ہوا بچہ ۔

Loll : (v) (۱) زبان نکالنا ۔ (۲) (زبان کا) باہر لٹکنا ۔ (۳) پاؤں پسار یا تکیہ لگاکر بیٹھنا ؛ اینٹھنا ؛ سستی سے کھڑا رھنا یا بیٹھے رھنا ۔(٤) سستی سے بیٹھ کر وقت ضائع کرنا ۔

Lollard ; (n) چودھویں صدی کے بدعتی جو Wyclif کے پیرو تھے ؛ وکلفی ۔

Lollardism : (n) وکلفی عقیدہ جس کا بانی Wyclif تھا ؛ وکلف کی بدعت پرستی ۔

Lollardist : (n) وکلفی ؛ وکلف کا پیرو ۔

Lollardy : (n) وکلفی عقیدہ ۔

Lollardy : (a) وکلفی ۔

Loller : (n) پاؤں پسارکر یا تکیہ لگاکر بیٹھنے والا ؛ سستی سے کھڑا رھنے یا بیٹھنے والا ۔

Lollingly : (adv.) تکیہ لگائے ؛ پاؤں پھیلائے ؛ سستی سے ۔

Lollipop : (n) (جمع) مٹھائیاں ؛ شکر کی گولیاں ۔

Lollop : (v) (۱) بھدے پن سے ہلنا ڈولنا ۔(۲) بھدے پن سے چلنا ؛ جھومتے ھوئے چلنا ؛ ہاتھی کی سی چال چلنا ۔

Lollop : (n) بھدی چال ۔

Lolly : (n) (عام) زر ؛ روپئے پیسے ۔

Lombard : (n) (۱) اس جرمانی قوم کا فرد جس نے چھٹی صدی عیسوی میں اٹلی کو فتح کیا ۔ (۲) باشندۂ لمبارڈی ۔

Lombard : (a) Lombard یا Lombardy کے متعلق ۔

Lombard : (n) ایک قسم کا فوجی انجن جو سولھویں صدی عیسوی میں ہسپانیہ میں استعمال ھوتا تھا ۔

Lombard-street : (n) (۱) لندن کی ایک سڑک جس پر لمبارڈی مہاجن رھتے تھے اور اب بھی بنک کا کارو بار ھوتا ھے ۔ (۲) (مجازاً) صرافہ ؛ مہاجنوں کا طبقہ ۔

Lombard-street to a china orange : یقینی ۔

Lombardesque : (a) لمبارڈی مصوروں کے طرز سے مشابہ ۔

Lombardic : (a) (۱) لمبارڈی ؛ لمبارڈی یا اھل لمبارڈی کے متعلق ؛ خصوصاً لمبارڈی کے فن تعمیر(ساتویں یا تیرھویں صدی) یا مصوری (پندرھویں اور سولھویں صدی) کے متعلق ۔

Lombardic : (n) لمبارڈی تحریر ۔

Lombarism : (m) لمبارڈی محاورہ ۔

Lombardo- : (prefix) جزو ترکیبی بمعنی " لمبارڈی " ۔

Loment : (n) (نباتیات) شکستنی ؛ پرند پا ؛ ایک قسم کی پھلی جو پکنے کے بعد پھٹ جاتی ھے ۔

Lomentaceous : (a) شکستنوی ۔

Lomentum : (n) شکستنی ؛ پرند پا ۔

Lomonite : دیکھو Laumontite

London : (n) (۱) لندن ؛ انگلستان کا دارالسلطنت ۔ (۲) بعض الفاظ میں بطور صفت مستعمل ھے ۔

London clay : (n) جنوبی مشرقی انگلستان کے ارضی طبقات کی ساخت ۔

London ivy : (n) لندن کا کہرا یا دھواں ۔

London particular : (n) ایک قسم کا کہرا جو لندن میں ھوتا ھے ۔

London paste : (n) ایك قسم کا کھاد جس میں چونا اور کاوی سوڈا الکحل کے ساتھ یکساں مقدار میں ملے ہوتے ہیں۔

London pride : (n) ایك قسم کے کچھےدار سرخ یا سفید پھولوں کا پودا۔

London rocket : (n) ایك پودا جو لندن میں ۱٤٤٤ ء کی زبردست آتش زدگی کے بعد کھنڈرات میں کثرت سے اُگ آئے تھے۔

London smoke : (n) میلا بھورا رنگ۔

Londoner : (n) لندنی ؛ لندن کا باشندہ۔

Londonism : (n) اہل لندن کی خصوصیت یا محاورہ۔

Londonize : (v) (۱) لندنی بنانا ۔ (۲) بار بار لندن جانا ۔ (۳) لندن کے فیشن کی نقل کرنا ۔

Lone : (a) (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے یارو مددگار ؛ بے مونس و غمخوار ۔ (۲) (عورت) بن بیاهی یا بیوہ ۔ (۳) غیر آباد ؛ اجاڑ ؛ ویران ؛ سنسان ۔ (٤) اداس ؛ تنہائی سے ملول ؛ دلگیر ؛ وحشت خیز ؛ اداسی پیداکرنے والا ۔

To play /-hold a lone hand : سب کے خلاف کھیلنا ؛ تن تنہا مقابلہ کرنا ۔

Lone-hand : (n) (بعض کھیلوں میں) کھلاڑی جو سب کے خلاف کھیلے ؛ تن تنہا سب کا مقابلہ کرنے والا ۔

Lone wolf : (n) (۱) بھیڑیا جو اکیلے شکار کرتا ہے ۔ (۲) تنہا کام کرنا پسند کرنے والا شخص۔

Lone-wolf : (v) اکیلے کام کرنا ؛ تنہا ؛ کام کرنا ۔

Lonelihood : (n) تنہائی ؛ اکیلاپن ؛ ویرانی ؛ سنسان پن۔

Lonelily : (adv.) تنہا طورپر ؛ غیرآباد طور پر۔

Loneliness : (n) دیکھو Lonelihood

Lonely : (n) (۱) تنہا ؛ اکیلا ؛ بے یارو مددگار ؛ بے مونس و غمخوار؛ تنہائی سے ملول ۔ (۲) غیر آباد ؛ سنسان ؛ ویران ؛ اجاڑ ؛ جہاں آمدو رفت نہ ہو ؛ اداس ؛ ملول۔

Loner : (n) تنہائی پسند شخص۔

Lonesome : (a) تنہا ؛ تنہائی سے ملول ؛ سنسان۔

Lonesomely : (adv.) تنہائی محسوس کرتے ہوئے ۔

Lonesomeness : (n) احساس تنہائی ؛ سنسانی ۔

Long : (a) (۱) لمبا ؛ دراز ؛ طویل ؛ بڑا ؛ طول طویل ؛ مدید (مدت) ۔ (۲) (مزاحاً) دراز قد ؛ لانبا ۔ (۳) دوررس ؛ دور پرکام کرنے والا ؛ دورکا ؛ جس میں بڑا وقفہ یا تفاوت ہو ۔ (٤) لمبی شکل کا ؛ لمبوترا ۔ (٥) جس کی لمبائی مشہور ہو ۔ (٦) لمبا(ایساعدد جس میں بہت سے صفر ہو ں) ۔ (۷) بڑا (جس میں بہت سے افراد ہوں) ۔(۸) لمبا چوڑا (مضمون) ؛ طول طویل ؛ شیطان کی آنت ؛ اکتادینے والا ۔ (۹) معمولی تعداد سے زیادہ ۔ (۱۰) دیرپا ؛ قدیم ؛ بہت دنوں کے لئے ۔ (۱۱) (قواعد وعروض)لمبا (بول یاحرف علّت) ؛ (عام استعمال) جس پر زور دیا جائے ۔ (۱۲) (تجارت) (بازار) جس میں لمبے معاہدےکرائے جائیں (متوقع قلت کی بناپر) ۔ (۱۳) لمبے جام میں پیش کی ہوئی (شراب) ۔ (١٤) کافی ؛ مصرف کی ضرورتوں کو پوراکرنے والا ۔ (١٥) رواں ؛ سریع الحرکت ۔ (١٦) تیز ۔

A long face : افسردگی ؛ سنجیدگی ۔

A long head : (۱) لمباسر ۔ (۲) دوراندیشی ۔

A long tongue : بکواس ؛ بك بك ؛ زیادہ گوئی ۔

At long word : لفظ جو مدت دراز ظاہر کرے ۔

At long bowls or bolls : دور سے ایك دوسرے پر گولہ اندازی کرتے ہوئے (جہاز) ۔

At (the) long last : خدا خدا کرکے ؛ بارے ۔

At long weapon : دور سے (لڑتےہوئے) ۔

It is as long as it is broad : نتیجه واحد هے ؛ هرطرح سے ایك ہی هے ۔

This long time or while : آج تك ۔

To make a long nose : اظہار حقارت کی لئے انگوٹھا ناك پر رکھکر انگلیاں پھیلانا ۔

To think long : اکتا جانا ؛ بے چین هوجانا ۔

Long : (n) (۱) وقفه دراز ؛ مدت طویل ۔ (۲) تفصیل ؛ مفصل تنکرہ یا بیان ۔(۳) (عروض) لمبا بول ؛ ممدود رکن ۔ (٤) بڑی تعطیل ؛ تعطیل کلاں ۔(٥) (تعمیرات) بڑے اور چھوٹے کندے جو یکے بعد دیگرے چنے جاتے هیں ۔(٦) (موسیقی) لمبا سر ۔ (۷) ننکلاٹ ؛ لٹھا ۔ (۸) (تجارت) متوقع مانگ کے سہارے پر خرید نے والا ۔ (۹) (جمع) پتلون ۔ (۱۰) (جمع) بانڈ جس کی مدت کم سے کم پانچ سال هو ۔

At(the) longest : زیادہ سے زیادہ (اتنے عرصے میں) ۔

Before long : جلد ۔

Ere it be long : جلد ۔

Ere long : جلد ۔

For long : بہت دنوں تك ۔

It is long before : (کسی چیز سے) پہلے ۔

It will be long first : بہت پہلے ۔

That long : اتنے دنوں (تك) ۔

The long and the short of : مدعائے خلاصه ۔

Long : (a) (Long of) به سبب ؛ وجه سے ۔

Long : (adv.) (۱) عرصے تك ؛ مدت تك ؛ تادیر ۔(۲) بہت دیر (پہلے یا بعد) ۔ (۳) (اسمائے زماں کے ساتھ) سنارے ؛ بھر ۔ (٤) وقت معین کے بعد ۔

No longer : اب سے (نہیں) ۔

Not to be long for this world : دنیا میں تھوڑے دن کا مہمان هونا ۔

So long : خدا حافظ ؛ الوداع ۔

So long as / As long as : (۱) به شرطیکه ؛ اگر ۔ (۲) جب تك ۔

Long : (v) بے حد آرزو مند هونا ؛ تمنا رکھنا ؛ بےحد مشتاق هونا ؛ (کسی چیز کےلئے) بیتاب هونا ؛ تڑپنا ۔

Long : (v) مناسب هونا ؛ نسبت رکھنا ؛ حصه یاجزو هونا ۔

Long : دیکھو Along

-long : (suffix) لاحقه جو اسماء وغیرہ کے آخر میں آتا هے جیسے Side long۔

Long ago : (adv.) بہت دن قبل ؛ بہت قبل ۔

Long ago : (a) بہت دن کا ؛ بہت پرانا ۔

Long ago : (n) بہت قدیم زمانه ۔

Long and short : (v) لمبی اور چھوٹی هجاؤں پر مبنی نظم لکھنا (خصوصاً لاطینی یا یونانی زبان میں) ۔

Long arm/-hand : (n) پہنچ ؛ رسائی ۔

Long axed : (a) لمبے محور والا ۔

Long bill : (n) (۱) لمبا چوڑا بل ۔ (۲) میعادی ہنڈی ۔

Long-bill : (n) نوك دراز ؛ چہا اور بعض دوسرے پرندے ۔

Long-boat : (n) بادبانی جہاز کی سب سے بڑی کشتی ۔

Long-bow : (n) کمان ۔

To draw/-pull a long bow : گھڑے ہوئے قصے بیان کرنا ؛ مبالغہ آمیز قصے بیان کرنا ؛ زمین و آسمان کے قلابے ملانا ۔

Long-bowl : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Long breathed : (a) (۱) لمبی سانس لینے والا ۔ (۲) (مجازاً) دیر تک گفتگو کرنے والا ۔

Long butt (n) بلیرڈ کھیلنے کا ڈنڈا جو دور تک پہنچتا ہے ۔

Long card : (n) (تاش) رنگ کا بچا ہوا ایک پتا ۔

Long-clam : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Long-cloth / Long cloth : (n) ننکلاٹ ؛ لٹھا ۔

Long-clothes :(n) گود کے بچے کے کپڑے (لباس) ۔

Long coat / Long-coat : (n) (۱) لمبا کوٹ (جو ٹخنے تک پہنچے) ۔ (۲) (جمع) گود کے بچے کے کپڑے ۔ (۳) لمبا کوٹ پہننے والا ۔

Long-dated : (a) دور کی تاریخ والی (ہنڈی وغیرہ کی ادائی) ۔

Long division : (n) (ریاضیات) تقسیم مرکب ۔

Long-dozen : (n) تیرہ ۔

Long-drawn : (n) طول طویل ؛ جس کو بیجا طور پر طول دیا جائے ۔

Long-eared : (a) (۱) لمبے کانوں والا ؛ درازگوشی ؛ گدھا ۔ (۲) (مجازاً) بیوقوف ؛ گدھا ۔

Long-field : (n) (۱) (کرکٹ) وہ کھلاڑی جو میدان میں گیند پھینکنے والے کے دائیں بائیں دور پر کھڑا رہتا ہے ۔ (۲) گیند پھینکنے والے کے پیچھے کا میدان ۔ (۳) میدان کا وہ حصہ جو گیند پھینکنے والے کے پیچھے ہوتا ہے ۔

Long-firm : (n) (عام) نادہندوں کا جتھا ۔

Long-flax : (n) سن جسے بغیر کاٹے بنا یا جائے ۔

Long-forage : (n) پیال اور سبز چارہ ۔

Long-game : (n) گولف ۔

Long-green : (n) (عامیانہ) نوٹ (روپیہ) ۔

Long hair : (n) (۱) لمبے بالوں والا شخص ۔ (۲) فنکار ۔

Long haired : (a) (۱) لمبے بالوں والا ۔ (۲) خیالی نظریہ اور غیر عملی خیالات کا حامی ۔ (۳) فنکارانہ ؛ جمالیاتی ۔ (٤) پکے راگ سے متعلق یا اس کا شوقین ۔

Long-head : (m) (۱) لمبا سر ؛ درازسر ۔ (۲) مستطیل الراس ۔

Long-headed : (a) (۱) لمبے سر والا ۔ (۲) دوراندیش ۔

Long-headedness : (n) درازسری ؛ دوراندیشی ۔

Long-hop : (n) (کرکٹ) وکٹ کے قریب ٹپا کھانے والی گیند ۔

Long-horn : (n) طویل القرن ؛ درازسینگ ۔

Long hour : (n) بارہ بجے ۔

Long-hundred : (n) ایک سو بیس ۔

Long in the tooht : (a) سن رسیدہ ؛ معمر ؛ بوڑھا ۔

Long-jawed : (n) (۱) لمبے جبڑے والا ۔ (۲) (رسا) جس کا زیادہ تر بل کھل گیا ہو ۔

Long-jump : (n) لمبی جست ۔

Long-leg :(n) (۱) ابوساق ؛ لم ٹینگو ۔ (۲) کلنگ مکھی ۔

Long-legged : (a) (۱) لمبی ٹانگوں والا ۔ (۲) (بحری) (جہاز) چلنے کے لئے زیادہ پانی چاہنے والا ۔

Long-leek : (n) عام کرات ؛ عام گندنا ؛ پیاز کا سبزا ۔

Long-line : (n) سمندر میں مچھلی پکڑنے کی شست ۔

Long-line : (a) (۱) لمبی سطروں والی (تحریر) ۔ (۲) سمندر میں مچھلی پکڑنے والا یا ایسی شست سے لیس ۔ (۳) دور کے مواصلات یا نقل و حمل سے متعلق ۔

Long-lining : (n) لمبی شست سے مچھلی پکڑنا ۔

Long-litter : (n) پیال (جس کا بستر بنتا ہے) ۔

Long-lived : (a) (۱) دراز عمر ؛ لمبی عمر والا ۔ (۲) دیرپا ۔

Long-mark : (n) لمبا نشان (-) جو حرف علت پر لگایاجاتا ہے ۔

Long-measure : (n) لمبائی کا پیمانہ ؛ گز و غیرہ ۔

Long-metre : (n) مناجات کا ایک بند جس میں آٹھ آٹھ ہجاؤں کے چار مصرعےہوتے ہیں ۔

Long-memory : (n) لمبی یاد داشت ۔

Long-necked : (n) دراز گردن ۔

Long- nine : (n) (امریکا) ایک قسم کا گھٹیاسگار ۔

Long-nose : (n) سینگامچھلی ؛ نیزہ ماہی ۔

Long-nosed : (a) درازبینی ؛ لمبی ناک والا ۔

Long off / - on : (n) (کرکٹ) وہ کھلاڑی جو گیند پھینکنے والے کے دائیں بائیں یا پیچھے کھڑا ہوتا ہے یا میدان کا وہ حصہ ۔

Long parliament : (n) پارلیمنٹ جو ۱۸٤۰ سے ۱۸٦۰ تک رہی ۔

Long pig : (n) (مردم خور قبائل کی اصطلاح) انسان کا گوشت ۔

Long play : (n) زیادہ دیر تک بجنے والا ریکارڈ ۔

Long playing : (a) خرد بینی لکیروں والا (گراموفون ریکارڈ جس کا قطرہ ۱۰ یا ۱۲ انچ ہوتا ہے اور ایک منٹ میں ۳۳ ۱/۳ چکر لگاتا ہے) ۔

Long-pod : (n) با قلا کی ایک قسم جو لمبی پھلی میں ہوتا ہے ۔

Long-primer : (n) لمبا ٹائپ (جسکی ساڑھےسات سطریں انچ میں آتی ہیں) ۔

Long-purple : (n) ارغوانی سحلب ۔

Long-range : (a) (۱) لمبی مدت کا ۔ (۲) لمبی دوری کا ؛ دورمار ؛ لمبی زد کا ۔

Long-robe : (n) (۱) وکلا ؛ قانون پیشہ لوگ ۔ (۲) قانونی پیشہ ۔

Long-run / Long run : (n) (نشیب و فراز کی) لمبی مدت ۔

In the long run : (نشیب و فراز کے بعد) آخر میں ۔

Long service : (n) فوج میں طویل عرصے کے لئے بھرتی کرنے کا قاعدہ ؛ مبی بھرتی ۔

Long shanks : (n) (۱) انگلستان کے بادشاہ ایڈورڈ اول کا خطاب جسکی ٹانگیں لمبی تھیں ۔ (۲) ایک لمبی ٹانگوں کا پرند ؛ لم ٹنگا ۔

Long ship : (n) بڑا جہاز ؛ جنگی جہاز ۔

Long-shore : (a) سمندری ساحل یا بندرگاہ سے متعلق ؛ ساحلی ؛ جو ساحل پر زیادہ آمد و رفت یا کارو بار رکھے ۔

Long shot : (n) (۱) (گھڑ دوڑ میں) وہ بازی جس میں جیتنے کا امکان کم ہو ۔ (۲) کوئی کام یا مہم جو پرخطر ہو مگر نتیجہ بہت مفید ہو ۔(۳) (سنیما) دور سے لی ہوئی تصویر ۔

Long-sighted : (a) (۱) دراز نظر ؛ بعید میں ۔ (۲) (مجازاً) دوربین ؛ دور اندیش ۔

Long-sightedness : (n) (۱) بعید نظری ؛ دراز نظری ۔ (۲) عاقبت

اند یشی ؛ دوربینی ۔

Long since : (adv.) دیکھو Long ago

Long six : (n) لمبی موم بتّی (جو ایک پونڈ کا چھٹا حصہ ہوتی ہے) ۔

Long-sleever : (n) (آسٹریلوی عامیانہ) شراب (خصوصاً بیئرکی) کی بڑی مقدار ۔

Long-square : (n) لمبوترا ؛ مستطیل ۔

Long-standing : (a) بہت دن کا ؛ پرانا ؛ دیرینہ ۔

Long staple : (a) دراز ریشہ ؛ لمبے ریشوں والی (روئی) ۔

Long-stemmed : (a) (۱) لمبے تنوں یا لمبی ٹنٹھل والا ۔ (۲) لمبا اور دبلا ۔

Long-stone : (n) پتھرلاٹ ؛ سنگ یادگار ۔

Long-stop : (n) (کرکٹ) وہ فیلڈر جو وکٹ کیپر کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے ؛ اس جگہ سے پیچھے کھڑاہوکر گیند روکنا ۔

Long sufferance : (n) قوت برداشت ؛ تحمل ؛ بردباری ۔

Long suffering : (a) متحمل ؛ بردبار ؛ حلیم ۔

Long suffering : (n) دیکھو Long sufferance

Long-suit : (n) (تاش میں) ایک رنگ کے بہت سے پتے ۔

Long sweetening : (n) رقیق منٹھاس ۔

Long sword : (n) لمبی تلوار ۔

Long-tail : (n) (۱) دراز دم جانور خصوصاً Grey-haund ۔ (۲) چینی ؛ چین کا باشندہ ۔

Cut and long tail : (۱) کٹی ہوئی اور لمبی دم والا گھوڑا یا کتا ۔ (۲) (مجازاً) بھیڑیا دھسان خلقت ؛ گنورتل ؛ اراذل و انفار ۔

Long-tailed : (a) (۱) لمبی دم والا ۔ (۲) لمبے آخری کلمے والے (الفاظ) ۔

Long term : (a) طویل المیعاد ۔

Long term : (n) پراناقیدی ؛ طویل المیعاد قید ۔

Long thread : (n) تانا ۔

Long time : (adv.) عرصے تک ؛ موت تک ۔

Long timer : (n) (۱) وہ شخص جو کسی عہدے یا جگہ پر لمبی مدت سے ہو ۔ (۲) وہ قیدی جو بہت دنوں سے جیل میں ہو ۔

Long tom : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کی دم لمبی ہوتی ہے ۔ (۲) سونا دھونے کا ظرف ۔ (۳) لمبی یا دورمار توپ ۔

Long-tongue : (n) (۱) لمبی زبان والا شخص یا جانور ۔ (۲) قینچی کی سی زبان ۔

Long-tounged : (a) بکی ؛ باتونی ؛ قینچی سی زبان رکھنے والا ۔

Long train : (n) دور تک جانے والی ریل گاڑی ۔

Long vacation : (n) تعطیل کلاں ؛ یونیورسٹیوں اور عدالتوں کی گرمیوں کی چھٹی ۔

Long-waisted : (a) لمبی کمر والا ۔

Long-wall : (n) (کان کنی) تمام دستیاب کوئلوں کو ایک ساتھ نکال لینے والا (کام) ۔

Long-wave : (n) (لاسلکی) طویل موج ؛ تقریباً آٹھ سو میٹر یا زیادہ طول موج رکھنے والی موج ۔

Long-way : (n) دیکھو Long-wall

Long-while : (adv.) عرصے تک ؛ مدت تک ۔

Long-whist : (n) وھسٹ جس میں دس پوائنٹ کا گیم ہوتا ہے ۔

Long-wind : (n) دیر تک دوڑ سکنے یا کام کر سکنے کی قوت ؛ دم ۔

Long-winded : (a) (۱) دیر تک دوڑ سکنے یا کام کر سکنے والا ؛ بڑے دم کا ۔ (۲) لمبی گفتگو کرنے والا ۔ (۳) لمبی (گفتگو) ؛ طول طویل ۔

Long-windedly : (adv.) طول کے ساتھ ۔

Long-windedness : (n) طوالت ؛ بڑا دم ۔

Long-wool : (n) (۱) لمبے ریشوں والا اون ۔ (۲) لمبے بالوں والی بھیڑ ۔

Long-writ : (n) (قانون) حق خصوصی ۔

Longan : (n) چین کا ایک سدا بہار درخت اور اس کا پھل ۔

Longanimity : (n) قوت برداشت ؛ تحمل ؛ سہار ۔

Longanimous : (a) قوت برداشت رکھنے والا ؛ تحمل رکھنے والا ۔

Longeron : (n) طیارے کے ڈھانچے کے لمبان کی کڑی یا تختہ ۔

Longeval / Longaeval : (a) لمبی عمر پانے والا ؛ دراز عمر ۔

Longevity : (n) درازئ عمر ؛ بڑی عمر پانا ۔

Longhand : (n) عام طرز تحریر (شارٹ ہینڈ یا مختصر نویسی کی ضد) ۔

Longi : (prefix) سابقہ جو سائنس کی اصطلاحات کے شروع میں آتا ہے اور درازی کے معنی دیتا ہے ۔

Longicolous : (a) دراز گردن ؛ دراز منقار ۔

Longicorn : (a) دراز شاخک (بھونرا) ؛ دراز قرنہ ۔

Longicorn : (n) دراز قرنہ بھونرا ۔

Longing : (n) (۱) اشتیاق ؛ تمنّا ؛ آرزو ۔ (۲) (مرضیات) شدید خواہش (خصوصاً حمل کے دوران) ۔

Longing : (a) اشتیاق رکھنے والا ؛ متمنی ؛ آرزو مند ۔

Longingly : (adv.) بے حد اشتیاق سے ؛ بے تابی سے ۔

Longingness : (n) اشتیاق ؛ بے تابی ۔

Longish : (a) کسی قدر لمبا ؛ کسی قدر طویل ؛ لمبا سا ۔

Longitude : (n) (۱) (مزاحاً) طول ؛ لمبائی ۔ (۲) (درجہ) طول البلد ؛ خطِ طول ۔ (۳) (دائرۃالسہر پر) نقطہ٭ اعتدال خریفی سے شرقی رخ زاویائی فصل (درجہ) ؛ طول فلکی ۔

Circle of longitude : ایک چھوٹا دائرہ جو دائرۃالبروج کے متوازی ہوتا ہے ۔

Longitude star : (n) کوئی ثابتہ جسے قمری مشاہدات کے ذریعہ طول البلد دریافت کرنے کے لئے منتخب کیا جائے ۔

Longitudinal : (a) (۱) لمبائی میں ؛ طول میں ؛ طول کا ؛ طولی ۔ (۲) طولاً ؛ طول کے حساب سے ۔ (۳) طول البلد یا طول فلکی کے متعلق ؛ طول البلدی ۔ (٤) (صوتیات) مرتعش جسم کی طرف پیدا ہونے والا (ارتعاش) ؛ آواز کی سمت میں اداشدہ ۔

Longitudinal : (n) (۱) طولی عضو ۔ (۲) (جہاز سازی) جہاز کے عمودی پیندے کی متوازی چادر ؛ ریل کا سلیپٹ جو پٹری کے متوازی ہوتا ہے ۔

Longitudinal wave : (n) طولی موج ۔

Longitudinally : (adv.) طولاً ؛ بہ حساب طول البلد ؛ بہ حساب طول فلکی ۔

Longleaf : (a) (نباتیات) شہ برگ ۔

Longly : (adv.) بڑی حد تک ۔

Longobard : (n & a) دیکھو Lombard

Longobardic : (a) دیکھو Lombardic

Longs and shorts : (n) (یونانی یا لاطینی) نظم جس کی بنیاد لمبی اور چھوٹی ھجاؤں پر ھو۔

Longshoreman : (n) ساحل کا حمال ؛ ساحلی حمال یا ماہی گیر۔

Longsome : (a) لمبا ؛ دراز ؛ طویل۔

Longueur : (n) (کتاب کا) لمبی اور اکتا دینے والی عبارت ؛ لمبی مدت ۔

Longways : (adv.) لمبائی میں ؛ طولاً ۔

Longwise : (adv.) دیکھو Longways

Loo : (n) (۱) تاش کا ایك قدیم کھیل جس میں هارنے والا جرمانه ادا کرتا ھے ۔ (۲) یہ جرمانہ ۔ (۳) بازی کی رقم میں یہ جرمانہ ملا دینا ۔ (٤) Loo کے کھلاڑی ۔

Limited loo : Loo جس میں جرمانہ کی رقم مقرر یا محدود ھو۔

Unlimited Loo : وہ بازی جس میں جرمانے کی رقم اتنی ھو جتنی کہ پہلے سے گولك میں موجود ھو۔

Loo : (n) پاخانہ۔

Loo : (v) Loo میں ہرا کر جرمانہ وصول کرنا ۔

Loo : (int.) کتوں کو للکارنے کی صدا ۔

Loob : (n) (۱) (ٹن کی کان) گڑھا جس میں مٹی اور فضلہ ڈالا جاتا ھے ۔ (۲) ریت یا کیچڑ جس میں خام دھات ھو۔

Looby : (n) احمق ؛ بیوقوف۔

Looch : دیکھو Lohoch

Loof : (n) ہتھیلی۔

Loof : لیفٹنٹ۔

Loof : (n) لوفہ ؛ ایك پھلی جس سے جھالویں کا کام لیا جاتا ھے ۔

Loofah : (n) دیکھو Loof

Look : (n) (۱) نظر ؛ نگاہ ؛ دیکھنا ۔ (۲) صورت ؛ شکل ؛ بشرہ ؛ انداز ۔ (۳) وضع ؛ طرز ۔ (٤) خوش وضع ۔

Look : (v) (۱) آنکھ اٹھا کر دیکھنا ؛ نظر ڈالنا ؛ نگاہ کرنا ؛ دیکھنا ۔ (۲) تکنا ؛ ٹکٹکی باندھنا ؛ حیرت سے دیکھنا ۔ (۳) دیکھنا بھالنا ؛ جانچنا ؛ معائنہ کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ۔ (٤) چہرے سے ظاہر کرنا یا ھونا ؛ نظروں سے ٹپکنا ۔ (٥) تحقیق کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ تفحص کرنا ؛ گہری نظر سے دیکھنا ؛ کسی خاص نقطہ* نظر سے دیکھنا یا غور کرنا ۔ (٦) خیال رکھنا ؛ احتیاط رکھنا ؛ اطمینان کر لینا ۔ (۷) کسی بات کی توقع رکھنا ۔ (۸) کسی رخ پر ھونا ؛ کسی سمت ھونا ؛ محاذی ھونا ؛ اس طرح واقع ھونا کہ کوئی جگہ یا منظر نظر آئے ۔ (۹) (واقعات سے کوئی پہلو نکلنا) نتیجہ نکلنا ۔ (۱۰) نظر آنا ؛ دکھائی دینا ؛ معلوم ھونا ۔ (۱۱) میلان رکھنا ؛ رجحان رکھنا ؛ رغبت رکھنا ۔

Fair to look at : دیکھنے میں خوشنما ۔

Not to look at : کچھ واسطہ نہ رکھنا ۔

To look a gift horse in the mouth : دیکھو Horse

To look as if : (کسی چیز کو) دیکھ کر کسی کا یا کسی چیز کا خیال ھونا ۔

To look at him : اس کو دیکھ کر ۔

To look black : غصے میں ھونا ۔

To look blue : پست نظر آنا ؛ اداس یا نڈھال نظر آنا ۔

To look daggers : دیکھو Dagger

To look ill : (۱) بیمار نظر آنا ۔ (۲) (معاملات میں) ابتری نظر آنا ۔

Look-down : (n) کاغذ کی ظاہری شکل جو منعکس روشنی میں نظر آتی ہے ۔

Look-down : (n) (امریکا) ایک قسم کی مچھلی ۔

Look down ward : (v) نیچے کی طرف دیکھنا ۔

Look for : (v) امید کرنا ؛ توقع رکھنا ؛ انتظار کرنا ؛ راہ دیکھنا ؛ تلاش کرنا ۔

Look forth : (v) (کھڑکی وغیرہ سے) باہر دیکھنا ؛ نظارہ کرنا ۔

Look forward : (v) (۱) پیش بینی کرنا ۔ (۲) منتظر ہونا (امید کے ساتھ) ؛ امید رکھنا ۔ (۳) (عموماً خوشی سے) منتظر رہنا ؛(کسی چیز کی امید پر) خوشی ہونا ۔

Look here : (interj.) دیکھو ! سنو !

Look in : (v) (۱) ملنے کو آنا یا جانا ۔ (۲) دروں بینی کرنا ۔ (۳) (ٹیلیویژن) دیکھنا ۔

Look-in : (n) (۱) (کسی کےیہاں) تھوڑی دیر کے لئے مل لینا ؛ ہو آنا ۔ (۲) (کھیل کود میں عامیانہ) کامیابی کی امید ۔ (۳) حصہ (کسی چیز میں)۔

Look in the eye / - face : (v) سامنا کرنا ؛ مردانہ وار مقابلہ کرنا ؛ آنکھیں چار کرنا ۔

Look into : (v) (۱) کسی چیز کے اندرونی حصے کو دیکھنا ؛ سرسری نظر سے دیکھنا (کتاب) ۔ (۲) تحقیقات کرنا ۔ (۳) (کسی کے یہاں) ذرا دیر کے لئے ہو لینا ۔

Look like : (v) (۱) مشابہ ہونا ۔ (۲) (کسی چیز کو دیکھ کر) امید ہونا ؛ اندیشہ ہونا ۔

Look on : (v) (۱) کھڑے دیکھتے رہنا ؛ (شریک کار نہ ہونا) ؛ الگ کھڑے تماشا دیکھنا ۔ (۲) (کتاب وغیرہ کو) دوسروں کے ساتھ مل کر پڑھنا ۔

To look on ahead : پیش بینی کرنا ؛ منتظر رہنا ۔

To look one's age : عمر کے مطابق نظر آنا ۔

To look oneself : بحال نظر آنا ؛ خوش نظر آنا ۔

To look well : (۱) تندرست نظر آنا ۔ (۲) (معاملات کا) اچھی حالت میں نظر آنا ۔

Look about : (v) چاروں طرف نظر ڈالنا ؛ نگرانی کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ نگاہ دوڑانا ۔

Look about one : (v) (۱) جائزہ لینا ۔ (۲) چاروں طرف دیکھنا ۔ (۳) خوفزدہ ہونا ۔

Look after : (v) (۱) نگاہ سے تعاقب کرنا ۔ (۲) نگرانی کرنا ؛ خبر گیری کرنا ۔ (۳) تلاش کرنا ۔ (٤) متوجہ ہونا ؛ خیال کرنا ؛ سوچنا ۔

Look alive : (v) جلدی کرنا ؛ چوکس رہنا ۔

Look around : (v) (۱) چاروں طرف دیکھنا ۔ (۲) ہر پہلو کو دیکھ بھال کر فیصلہ کرنا ؛ پوری طرح جائزہ لینا ۔

Look at : (v) ملحوظ کرنا ؛ دھیان میں لانا ؛ توجہ کرنا ۔

Look back : (v) (۱) (کسی مہم میں) کچیانا ؛ دل چھوڑ دینا ؛ ہمت ہارجانا ۔ (۲) پچھلا زمانہ یاد کرنا ؛ گذشتہ واقعات پر نظر ڈالنا ۔ (۳) ترقی رک جانا ۔ (٤) پیچھے مڑ کر دیکھنا ۔

Look behind : (v) پیچھے کی طرف دیکھنا ۔

Not or never to look behind : مسلسل ترقی کرتے جانا ؛ مسلسل آگے بڑھتے جانا ۔

Look down : (v) (۱) نیچے دیکھنا ۔ (۲) اپنے کو برتر سمجھنا ؛ نظر حقارت سے دیکھنا ۔ (۳) نظر سے مرعوب کر لینا ؛ دبا لینا ۔

To look down on or upon : نظر حقارت سے دیکھنا ؛ اپنے کو (دوسرے سے) برتر سمجھنا ۔

Look on : (v) خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ (شک کی نظر سے) دیکھنا ۔

Look out : (v) (۱) جھانکنا ؛ باہر دیکھنا ۔ (۲) نگرانی کرنا؛ نگہبانی ۔ (۳) دیکھ کر چن لینا ؛ منتخب کرنا ۔ (٤) نظر آنا ؛ دکھائی دینا ۔

Look out / Look-out : (n) (۱) نگہبانی ؛ چوکسی ۔ (۲) انتظار ؛ تلاش ۔ (۳) دیدبان ۔ (٤) نگہبانی یا پاسبانی کرنے والا آدمی یا جماعت یا کشتی ۔ (٥) منظر ۔ (٦) آثار (کامیابی یا ناکامی کے) ۔ (۷) (چھجا وغیرہ سنبھالنے کے لئے دیوار میں لگا) بریکٹ ۔

On the look-out : منتظر رہنا ۔

Look keep a (good) look-out : اچھی طرح نگرانی کرنا ۔

To place /- be / - put on or upon the look-out : منتظر رہنا یا رکھنا ۔

Look out for : (v) کسی شخص کی راہ دیکھنا یا انتظار کرنا ؛ (جھگڑے وغیرہ کے لئے) آمادہ رہنا ۔

Look over : (v) ایک ایک کر کے معائنہ کرنا ؛ ایک ایک جز کو جانچنا ۔

Look over : (v) معائنہ کرنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ درگذر کرنا ۔

Look-over : (n) سرسری معائنہ ۔

Look round : (v) (۱) چاروں طرف دیکھنا ۔ (۲) ہر پہلو کو دیکھ بھال کر فیصلہ کرنا کہ کیا کرنا چاہیئے ۔

Look-see : (n) (عام) تحقیقات ؛ جانچ پڑتال ؛ جائزہ ۔

Look through : (v) (۱) (کسی چیز میں سے) جھانکنا ؛ دیکھنا ۔ (۲) (پردے وغیرہ سے) اندر تک دیکھ لینا ۔ (۳) (معاملے کی) اصلیت کا پتا چلا لینا ؛ (چال یا فریب کو) سمجھ جانا ۔ (٤) سرسری نظر ڈالنا (کتاب وغیرہ پر) ۔ (٥) ظاہر ہونا ؛ ٹپکنا ۔

Look through : (v) غور سے دیکھنا ؛ اچھی طرح ٹٹولنا ؛ متجسس نگاہ سے دیکھنا ؛ پورے طور پر جانچنا ؛ یکے بعد دیگرے معائنہ کرنا ۔

Look to : (v) (۱) سمجھنا ؛ خیال کرنا ۔ (۲) ہوشیار رہنا ؛ خبردار رہنا ؛ نگہبانی کرنا ۔ (۳) بھروسہ کرنا ؛ امید رکھنا ؛ اعتماد کرنا ۔ (٤) قصد کرنا ؛ ارادہ کرنا ۔

To look to it : خبردار رہنا ۔

Look toward (s) : (v) (کسی کی طرف) دیکھنا ۔

To look towards a person : کسی کا جام صحت پینا ۔

Look unto : (v) دیکھو Look to

Look up : (v) (۱) نظر اٹھانا ؛ دیکھنا ۔ (۲) عزت کرنا ؛ احترام کرنا ۔ (۳) (تجارت) قیمت بڑھانا ؛ بھاؤ چڑھنا ۔ (٤) (لغت یا حوالہ کی کتاب میں) تلاش کرنا ۔ (٥) ملنے کے لئے جانا ۔ (٦) تلاش کرنا ۔ (۷) مالی حالت بہتر ہونا ؛ پنپنا ۔ (۸) ہمت باندھنا ۔ (۹) معلومات حاصل کرنا ۔ (۱۰) (پسند یا التجا وغیرہ کی نگاہ سے) دیکھنا ۔

To look up to : (۱) احترام کرنا ؛ عقیدت رکھنا ۔ (۲) (التجا ، پسند وغیرہ کی نگاہ سے) دیکھنا ؛ منتظر رہنا ۔

To look up and down : (کسی شخص کا) سر سے پیر تک جائزہ لینا ۔

Look upon : (v) (۱) خیال کرنا ۔ (۲) (اچھی یا بری نظر سے) دیکھنا ؛ سمجھنا ۔

Look you : (int.) دیکھو ! خبردار !

Looker : (n) دیکھنے والا ۔ (۲) نگراں ؛ خبرگیری کرنے والا ؛ محافظ ؛ زمینداروں کا کارندہ ۔ (۳) خوبصورت شخص ۔

Looker-on / Looker on : (n) تماشائی ؛ نظارہ کن ۔

Looking : (n) دیکھنا ؛ نظر ڈالنا ؛ نگاہ کرنا ۔

Looking : (a) مخصوص وضع کا ؛ مخصوص انداز کا ۔

Looking-glass : (n) (۱) آئینہ ۔ (۲) آئینے کا (پارہ چڑھا ہوا) شیشہ ۔ (۳) ایک قسم کا پودا ۔

Looking-glass plant : (n) ایک ایشیائی درخت ۔

Looking-glass writing : (n) الٹی تحریر (جو آئینہ کے ذریعہ پڑھی جائے) ۔

Loom : (n) (۱) کپڑا بننے کی مشین ؛ کرگھا ؛ جلاھے کا راچھ (بندانے دار کنگھی) ۔ (۲) برقی تار کے اوپر کی لچکدار نلی ۔ (۳) بنائی کا کام ۔

Loom : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Loom : (n) ڈانڈ کا وہ حصہ جو کشتی کے اندر رھتا ھے ۔

Loom : (n) (بحری) سمندر سے خشکی کا پہلا نظارہ ۔

Loom : (v) بڑا دکھائی دینا ؛ خوفناک نظر آنا ؛ دھندلا نظر آنا ۔

Loom : (v) بُننا ؛ کرگھا پرتانا چڑھانا ۔

Loomery : (n) مرغابی خانہ ۔

Loon : (n) (۱) اُچکّا ؛ لُچّا ؛ شہدا ؛ آوارہ گرد ۔ (۲) گنوار ۔ (۳) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ۔ (٤) کسبی ؛ فاحشہ عورت ۔

Loon : (n) ایک قسم کی مرغابی ؛ پن ڈُبّی ۔

Loony / Luny : (a) مجنوں ؛ دیوانہ ؛ پاگل ؛ سڑی ۔

Loony bin : (n) پاگل خانہ ۔

Loop : (n) (۱) (قلع بندی) سوراخ ؛ روزن ۔ (۲) موکھا ؛ روشن دان ۔ (۳) (معاہدے ؛ ضابطے وغیرہ سے) بچ نکلنے کی صورت ؛ مفر ؛ بھاگنے کی راہ ۔

Loop : (n) (۱) پھندا ؛ پھان ؛ حلقہ ؛ پھانسا ؛ چکر ۔ (۲) (ھندسہ) ایسا خط جو خود اپنا تقاطع کرتا ھو ؛ حلقہ ۔ (۳) حلقہ یا کڑا جو کسی چیز میں پکڑنے کے لئے لگا ھو ۔ (٤) تار یا ریل کی شاخ جو اصل لائن سے نکل کر پھر اسی میں مل جائے ؛ چکر شاخ ۔ (٥) (اسکیٹنگ) وہ حلقہ جو اسکیٹ کی ایک نوک سے بنایا جائے ۔ (٦) (سمعیات) ضد عقدہ ؛ لوپ ۔ (۷) (برقیات) حلقہ رو ۔ (۸) فلم یا مقناطیسی فیتہ (ٹیپ) کا ایک حصہ ۔ (۹) ورزشی کانفرنس یا انجمن ۔ (۱۰) مانع حمل حلقہ ۔

For a loop : (۱) حیرت زدہ ھوکر ۔ (۲) مصیبت میں ۔

To loop th loop : ریل کے حلقہ شاخ پر سفر کرنا ؛ چکر کاٹنا ۔

Loop : (n) (فلزیات) مندلا ؛ پگھلے ھوئے لوہے کی ڈھیر ۔

Loop : (v) (۱) پھندے ڈالنا ؛ حلقے بنانا ۔ (۲) (کیڑے کا) کنڈلی بنائے ھوئے چلنا یا رینگنا ۔ (۳) حلقہ میں لے لینا ؛ چکر میں پھانسنا یا گھیرنا ۔ (٤) پھندا لگانا ؛ حلقہ دار پھندوں میں باندھنا ۔ (٥) (برقیات) تار کو حلقہ بنا کر جوڑنا ۔ (٦) (ھوائی جہاز کو ھوا میں) قلا بازی کھلانا ۔ (۷) سوراخ بنانا ؛ موکھے بنانا ۔ (۸) حلقہ شاخ ریلوے پر سفر کرنا ۔

Loop-hole / Loophole : (n) دیکھو Loop

Loop hole : (v) روزن بنانا ؛ موکھے بنانا ۔

Loop-knot : (n) کنڈلی گرہ ؛ کنڈل گانٹھ ۔

Loop-lace : (n) (۱) ایک زیور جس میں حلقے بنے ھوتے ھیں ۔ (۲) لیس کی ایک قسم جو مہین جالی پر بُنی جاتی ھے ۔

Loop-laced : (a) حلقہ دار (زیور) مہین جالی پر بُنی لیس سے مزین ۔

Loop-line : (n) ریل کی شاخ جو اصل لائن سے نکل کر پھر اسی میں مل جائے ۔

Loop-stitch : (n) حلقہ دار بخیہ ۔

Looped : (a) (۱) سوراخ دار ؛ موکھا دار ۔ (۲) حلقہ بنایا ہوا ؛ پھانسا بنایا ہوا ۔ (۳) مہین جال پر بُنا ہوا (لیس) ۔ (٤) پھندے کے ذریعہ لگا ہوا ۔ (٥) مخمور ؛ مدہوش ۔

Looper : (n) (۱) ایک کیڑا جو کنڈلی بناتا ہوا رینگتا ہے ؛ کنڈل کیڑا ۔ (۲) بخیہ پرزہ ؛ سینے کی مشین کا ایک پرزہ جس سے بخیہ ہوتا ہے ۔

Looping : (n) (۱) حلقے بنانا ؛ (۲) حلقہ بنانے کے لوازمات ۔ (۳) حلقوں کی جھالر ۔

Looping : (a) کنڈل بنانے والا ؛ کنڈل بنا کر چلنے والا یا رینگنے والا ۔

Looping caterpillar : (n) کنڈل بھُوا ۔

Looping-snail : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Loopy : (a) (۱) حلقوں سے بھرا ہوا ؛ پھندوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) مکار ؛ فریبی ؛ حیلہ گر ۔ (۳) خبطی ؛ پاگل ۔

Loose : (n) (تیر اندازی) (تیر) چھوڑنا ۔

At (in) the (very) loose : آخری لمحہ میں ۔

To give a loose to : : آزاد کردینا ؛ کھل کر اظہار کرنا ؛ لگام ڈھیلی کرنا ۔

To make a loose from :. بھاگ جانا ؛ ساتھ چھوڑ دینا

Loose : (a) (۱) کھُلا ہوا ؛ چھوڑا ہوا ؛ آزاد ؛ رہا ۔ (۲) اپنی جگہ سے ہٹا ہوا ؛ الگ ؛ جو الگ ہو سکے ۔ (۳) (کیمیاوی عناصر) آزاد ؛ غیر پیوستہ ۔ (٤) لٹکا ہوا ۔ (٥) ڈھیلی (لگام وغیرہ) ؛ ڈھیلا (کپڑا) ۔ (٦) ڈھیلا ؛ ہلتا ہوا ؛ جو کسا ہوا نہ ہو ۔ (۷) (فوج) (صفیں) جس کے درمیان فاصلہ ہو ۔ (۹) (خیالات) غیر واضح ؛ دھندلے ؛ مبہم ؛ جس میں صحت کا پورا خیال نہ رکھا جائے ؛ غیر صحیح ؛ (ترجمہ) غیر مطابق اصل یا غیر لفظی ۔ (۱۰) (اُسلوب بیان) جس میں صرف و نحو کی غلطیاں ہوں ؛ غیر نحوی ؛ خلاف قواعد ۔ (۱۱) آوارہ ؛ بد چلن ؛ قول یا فعل میں غیر محتاط ۔ (۱۲) (نباتیات) ڈھیلا ؛ مسامدار ۔ (۱۳) غیر اسہالی (پیٹ) ۔ (۱٤) پھیلی ہوئی (تحریر) ؛ ٹیڑھا میڑھا ۔ (۱٥) (اصطبل) جس میں گھوڑے باندھے نہ جائیں ۔

With a loose rein : (۱) لگام ڈھیلی چھوڑے ہوئے ۔ (۲) (مجازاً) نرمی سے ؛ رعایت سے ۔

Loose : (n) (فٹ بال) کھلاڑیوں کا وہ جتھا جس میں گیند آزادانہ طور پر ایک کھلاڑی سے دوسرے تک جاتی ہے ۔

In the loose : بے بنایا ہوا ۔

On the loose : رنگ رلیاں مناتے ہوئے ۔

Loose : (adv.) بے قاعدہ ؛ بے پروائی سے ۔

To hold loose : غیر طرفدار یا غیر جانب دار ہونا ؛ دلچسپی نہ رکھنا ۔

To play fast and loose : Fast and loose دیکھو

To sit loose : آزاد ہونا ؛ غیر طرفدار ہونا ؛ بے وزن ہونا ۔

Loose : (v) (۱) رہا کرنا ؛ ؛ کھولنا ؛ آزاد کرنا ؛ چھوڑنا ۔ (۲) کھولنا (گرہ ، بال ، ہتھکڑی وغیرہ) ۔ (۳) (کشتی) کھولنا (کھونٹے وغیرہ سے) ؛ لنگر اٹھانا ۔ (٤) تیر چھوڑنا ۔ (٥) بندوق داغنا ؛ چلانا ۔ (٦) چھوڑنا ؛ جاری کرنا ۔ (۷) ڈھیلی کرنا (گرفت) ۔ (۸) کام ختم کرنا ؛ (اسکول ، فیکٹری وغیرہ) بند کرنا ۔ (۹) فیس دے کر چھڑانا یا حاصل کرنا ۔ (۱۰) (اسکاچستان) واپس لے لینا (حکم امتناع وغیرہ) ۔

Loose-bodied : (a) ڈھیلا ڈھالا (جامہ وغیرہ) ۔

Loose-bowel : (n) اسہالی کیفیت ۔

Loose-box : (n) اصطبل جس میں گھوڑا آزادی سے چل پھر سکتا ھے ۔

Loose-change : (n) بچی ہوئی ریزگاری ؛ خردہ ۔

Loose-coupling : (n) ڈھیلا جفتہ ۔

Loos-end : (n) (۱) لٹکتی ہوئی چیز ۔ (۲) خلاف احتیاط ؛ مذبذب ؛ غیر فیصل ۔

At (after / on) a loose end : جس کا کوئی مشغلہ نہ ہو ؛ کٹی پتنگ کی طرح ۔

At a loose end : غیر فیصل ؛ غیر معین ۔

Loose fish : (n) عیاش ؛ بد چلن شخص ۔

Loose-leaf : (a) علاحدہ علاحدہ اوراق والا (کھاتا) ۔

Loose-lipped : (a) بکّی ؛ فضول گو ؛ بکواس کرنے والا ۔

Loose-pulley : (n) ڈھیلی چرخی ۔

Loose strife : (n) ایک بوٹی کا نام جس کی دو قسمیں ہوتی ھیں ۔

Loose-tongued : (a) دیکھو Loose lipped

Loosely : (adv.) بے قاعدہ ؛ غیر صحیح طور پر ؛ بے پروائی سے ۔

Loosen : (v) (۱) کھول دینا (زبان) ۔ (۲) ڈھیلا کرنا ؛ ڈھیلا ہونا ۔ (۳) قبض دور کرنا ؛ دست لانا ۔ (٤) (کھانسی کی) خشکی دور کرنا ۔ (٥) ڈھیل دینا ؛ آزادی دینا ؛ (ضابطے کی) سختیاں کم کرنا ۔

To loosen (a person's) hide : کوڑے سے مارنا ؛ چمڑی اُدھیڑنا ۔

Loosener : (n) ڈھیلا کرنے والا ؛ ڈھیل دینے والا ۔

Looseness : (n) کشادگی ؛ ڈھیلاپن ؛ بے قاعدگی ؛ آوارگی ؛ اسہال ۔

Loosish : (a) کسی قدر ڈھیلا ۔

Loot : (n) (۱) لوٹ کا مال ؛ مال غنیمت ۔ (۲) ناجائز آمدنی ؛ رشوت ۔ (۳) لوٹ ۔

Loot : (v) (۱) لوٹنا ؛ تاراج کرنا ۔ (۲) مال غنیمت کے طور پر لے جانا ۔

Looter : (n) لٹیرا ؛ لوٹنے والا ۔

Lop : (n) پسّو ۔

Lop : (n) درختوں کی چھوٹی ٹہنیاں ۔

Lop : (n) پانی کی چھوٹی لہریں ۔

Lop : (n) لٹکتے کان والا خرگوش ۔

Lop : (v) (۱) شاخیں کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔ (۲) (شاخوں کے) درخت کو ننگا کر دینا ۔ (۳) (اعضا یا سر) قطع کرنا ؛ اُڑا دینا ؛ قلم کرنا ۔

Lop : (v) (۱) ڈھیلا لٹکنا ۔ (۲) (کان کنی) لٹکانا ۔ (۳) ٹھالی پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ بے ڈھنگے طریقے سے بیٹھا یا کھڑا ہونا ۔ (٤) چھلانگیں بھرنا ۔

Lop : (v) (پانی کا) چھوٹی لہروں میں ہو کر بہنا ۔

Lop : (a) لٹکتے کان والا ۔

Lop and top / - crop : (n) درخت کا تراشہ ؛ چھانٹی ہوئی ڈالیاں ؛ کاٹ چھانٹ ۔

Lop-ear : (n) (۱) (جمع) لٹکتے ہوئے کان ؛ لمبے لمبے کان ۔ (۲) ایک قسم کا خرگوش ۔

Lop-eared : (a) لٹکتے ہوئے کان والا ؛ جس کے کان لٹکتے ہوں ۔

Lop-eaves : (n) طرفین میں جھکی ہوئی اولتی ۔

Lop-rabbit : (n) لٹکتے کان کا خرگوش ۔

Lop sided /Lopsided :(a) دیکھو Lapsided

Lope : (n) چھلانگ۔

Lope : (v) (۱) دوڑنا ؛ بھاگنا ۔ (۲) چھلانگیں بھرنا ۔

Loper : (n) چول چھلا جس میں لگا کر رسہ بانٹا جاتا ہے ۔

Lopho / Loph : (prefix) سابقہ یونانی لفظ Lophos سے ماخوذ ہے بمعنی "کلغی" "طُرّہ" یہ سائنس کے الفاظ میں مستعمل ہے ۔

Lophobranch : (n) طرہ' خیشوم ؛ کلغ گلپھڑا ؛ مچھلی جس کا گلپھڑا کلغی نما ہوتا ہے ۔

Lophobranch : (a) طرّہ' خیشومی ۔

Lophobrabchiate : (a) طرّہ' خیشومی ۔

Lophodont : (a) ابھرواں دندان ۔

Lophophore : (n) (۱) حُوینات اُشینہ کا دہنی قرص جس میں محاس ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا کلغی دار چمکیلے پروں والا پرند ۔

Lopped : (n) (۱) (نباتیات و حیوانیات) مقطوع ؛ کٹوان ۔ (۲) (نقابت) اس طرح کٹا ہوا جس سے موٹائی معلوم ہو ۔

Lopper : (n) شاخیں کاٹنے والا ۔

Lopper : (v) (۱) (دودھ کا) جمنا ؛ چکتا بندھنا ؛ بستہ ہونا ۔ (۲) جمانا ۔

Lopping : (n) (۱) شاخ تراشی ؛ شاخ کٹائی ۔ (۲) کترن ؛ تراشہ ۔

Loppy : (a) لٹکنے والا ؛ لٹکا ہوا ۔

Loppy : (a) متلاطم ؛ امواج (سمندر) ۔

Lopseed : (n) شمالی امریکا کی ایک بوٹی ۔

Loquacious : (a) (۱) بکّی ؛ باتونی ؛ زیادہ گو ۔ (۲) شور کے ساتھ بہتا ہوا (پانی) ؛ بولتا ہوا ؛ چہچہانے والا (پرند) ۔

Loquaciously : (adv.) بکی پن سے ؛ زیادہ گوئی سے ؛ چہچہاتے ہوئے ؛ شور کے ساتھ بہتے ہوئے ۔

Loquaciousness : (n) زیادہ گوئی ؛ بکی پن ؛ باتونی پن ۔

Loquacity : (n) بکواس ؛ بک بک ؛ زیادہ گوئی ۔

Loquat : (n) لوکاٹ ؛ چین اور جاپان کا مشہور پھل اور اس کا درخت ۔

Loquitur : (ناٹک کی ہدایت) (حال واحد غائب) کہتا ہے ، کہتی ہے ۔

Lor : (int.) (عامیانہ) Lord کا مخفف ؛ کلمہ' فجائیہ یا خدا ۔

Loral : (a) (نباتیات و حیوانیات) لُوری ؛ Lore کا ۔

Lorate : (a) تسمہ نما ۔

Lorcha / Lorch : (n) ایک قسم کا جہاز جس کا ڈھانچہ یورپی طرز کا اور بادبان ، مستول وغیرہ چینی طرز کا ہوتا ہے ۔

Lord : (n) (۱) مالک ؛ حاکم ؛ مخدوم ؛ سردار ؛ فرمانبردار ؛ بادشاہ ۔ (۲) (شعر) مالک ؛ صاحب ۔ (۳) (کسی خاص چیز کا) سب سے بڑا تاجر ؛ ملک التجار ۔ (٤) رئیس ؛ امیر ؛ جاگیر دار ۔ (٥) (شعر مزاحاً) شوہر ؛ خاوند ۔ (٦) (علم النجوم) (کسی شخص کا) ستارہ ؛ طالع ۔ (۷) خداوند ؛ خدا ؛ اللّٰہ ؛ رب ۔ (۸) حضرت عیسیٰ ؛ یسوع مسیح ۔ (۹) لارڈ امیر ؛ دارالامراء کا رکن ۔ (۱۰) (جمع) دارالامراء؛ دارالامراء کی عدالت عالیہ ؛ اعلیٰ انتظامی مجلس کے ارکان ۔ (۱۱) اکثر منصبی خطابات کا پہلا لفظ جیسے لارڈ لیفٹنٹ ؛ آئر لینڈ کا وائسرائے ؛ ہر ضلع کا ناظم اعلیٰ ۔ (۱۲) ڈیوک کے چھوٹے لڑکے کا خطاب ۔ (۱۳) صدر تقریبات ۔ (۱٤) کبڑا شخص ۔ (۱٥) ایک قسم کی بط ۔

Cicil lord : مجلس بحریہ کا غیر فوجی رکن ۔

Drunk as a lord : مخمور ؛ نشے میں چور ۔

House of lords : دارالامراء ۔

In the year of our Lord : سنہ عیسوی ۔

Lord bless me : اے خدا رحم کر ۔

Lord, have mercy on us : خدایا ہم لوگوں پر رحم کر ۔

Mesne Lord : درمیانی زمیندار (جو بڑے جاگیر دار سے زمین پٹہ پر لے اور دوسروں کو پٹہ پر دے) ۔

My Lord : کسی نام یا خطاب کا سابقہ ۔

The Lord : خدا ؛ اللّٰہ ۔

(The) Lord knows / -who / -what- / -how etc : خدا جانے کون ؛ کیسے ؛ کیا وغیرہ ۔

The Lord's prayer : (۱) وہ دعا جو حضرت عیسی نے اپنے حواریوں کو سکھائی ۔ (۲) عیسائیوں کی معروف دعا ۔

The Lords Spiritual : اُسقف جو دارالامراء کے رکن ہوتے ہیں ؛ امرائے دینی ۔

The Lord's Supper : عشائے ربانی ۔

The Lord's table : (۱) گرجے کی قربان گاہ ۔ (۲) عشائے ربانی ۔

The Lords Temporal : طبقہ اُمراء؛ غیر پادری اراکین؛ امرائے دینوی ۔

To live Like a lord : رئیسانہ شان سے رہنا ۔

To swear like a lord : لارڈ امیر کی طرح حلف لینا ۔

To treat (a person) like a lord : بہت تکلف کے ساتھ خاطر مدارت کرنا ؛ بہت تعظیم کرنا ۔

Lord : (v) (۱) حکومت کرنا ؛ حکم چلانا ۔ (۲) لارڈ بنانا ؛ لارڈ کا خطاب بخشنا ۔ (۳) لارڈ کہہ کر خطاب کرنا ۔

To lord it : حکم چلانا ۔

Lord Chamberlain : (n) انگلستان کا ایک شاہی یا سرکاری افسر جس کا کام پیشہ ور لوگوں کی تقرری ، شاہی تھیٹر اور گرجاؤں کی تنظیم اور انگلستان میں عام طور پر کھیلے جانے والے ڈراموں کا لائسنس دینا ہوتا ہے ۔

Lord Chancellor : (n) دارالامراء کا میر مجلس ؛ عدالت مرافعہ کا میر مجلس ؛ قاضی القضاۃ ۔

Lord Chief justice : (n) میر مجلس عدالت عالیہ ۔

Lord Commissioner of the Admiralty : (n) امارت بحری کا ایک اعلیٰ عہدہ دار ۔

Lord Commissioner of the Great Seal : (n) دیکھو Lord Chancellor

Lord Commissioner of the Treasury : (n) حاکم خزانہ جو برطانیہ کے خزانوں کے نگراں میں سے ایک ہوتا ہے ۔

Lord Harry : (n) شیطان ۔

Lord High Admiral : (n) برطانیہ کے امارت بحری کا اعلیٰ عہدہ دار ۔

Lord High Commissioner : (n) اسکاچستان کے کلیسا کی مجلس عام میں تاجدار برطانیہ کا نمائندہ کمشنر ۔

Lord-in-waiting : (n) (انگلستان کی)فرمانروا ملکہ کا اعلیٰ مصاحب ۔

Lord Justices : (n) انگلستان کی عدالت مرافعہ کے جج ۔

Lord Justices (of Ireland) : (n) (آئرستان کا) اٹھارویں صدی کے اوائل کا وہ عہدہ دار (کمشنر) جسے وانسرائے کے اختیارات حاصل تھے ۔

Lord-Lieutenancy : (n) آئرلینڈ کے وائسرائے یا ضلع کے ناظم اعلیٰ کا عہدہ۔

Lord-Lieutenant : (n) (۱) آئرلینڈ کا وائسرائے ۱۹۲۲ء سے پہلے کا۔ (۲) ہر ضلع کا ناظم اعلیٰ۔

Lord Mayer : (n) بلدیہ لندن ؛ ڈبلن وغیرہ کا صدر۔

Lord-Mayer's Day : (n) ۹ نومبر جب بلدیہ کا صدر اپنے انتخاب کی شاہی منظوری کے لئے جلوس میں ویسٹ منسٹر جاتا ھے۔

Lord Mayer's Show : (n) Lord Mayer's Day کا جلوس۔

Lord of misrule : (n) (۱) بڑے دن کے جشن طرب کا صدر۔ (۲) عوامی تقاریب کا صدر۔

Lord of the Bed-Chamber : (n) بادشاہ کا اعلیٰ مصاحب۔

Lord of (the) creation : (n) (۱) اشرف المخلوقات ؛ نوع انسانی۔ (۲) (مزاحاً) مرد (عورتوں کے مقابلے میں)۔

Lord of the manor : (n) جاگیر دار ؛ تعلقہ دار۔

Lord paramount : (n) مقتدر اعلیٰ ؛ فرمانروا۔

Lord rector : (n) اسکاچستان کی جامعہ صدر۔

Lord-rectorship : (n) اسکاچستان کی جامعہ کے صدر کا عہدہ۔

Lording : (n) چھوٹا امیر۔

Lordkin : (n) چھوٹا امیر۔

Lordless : (a) بے مالک ؛ بے آقا ؛ بے حاکم ؛ بے سردار۔

Lordling : (n) چھوٹا امیر۔

Lordlily : (adv.) تحکمانہ طور پر ؛ مغرورانہ طور پر ؛ امیرانہ طور پر۔

Lordliness : (n) امیری ؛ صاحبی ؛ امارت ؛ شان و شوکت ؛ وقار ؛ تمکین ؛ غرور ؛ تکبر۔

Lordly : (a) (۱) مغرور ؛ متکبر ؛ تحکمانہ ؛ رئیسانہ مزاج کا ؛ پر تمکین ؛ باوقار ؛ حقارت آمیز۔ (۲) شاندار ؛ عظیم الشان ؛ امیرانہ ؛ رئیسانہ۔

Lordly : (adv.) امیرانہ طور پر ؛ امیروں کی طرح۔

Lordolatory : (n) امراء پرستی۔

Lordosis : (n) (طب) فطاء ؛ ریڑھ کی معمول سے زیادہ خمیدگی۔

Lords and ladies : (n) ایک خود رو پودا ؛ عجالہ ؛ اروی۔

Lord s day / Day : (n) یوم السمت ؛ اتوار۔

Lordship : (n) (۱) حکومت ؛ ملک ؛ ملکیت۔ (۲) تعلقہ ؛ علاقہ ؛ ریاست ؛ جاگیر۔ (۳) لارڈ (امیر) ذات یا شخصیت جیسے Your lordship حضور، عالی جناب۔ (٤) وہ معاوضہ جو کان کنی کا اجارہ دار زمیندار کو دے ؛ حقِ تصنیف۔

Lore : (n) (۱) (کسی خاص موضوع کی) معلومات ؛ روایات ؛ افسانے ؛ داستان۔ (۲) علم و فضل ؛ تبحر ؛ علمیت ؛ دانش ؛ علم الروایات۔ (۳) عقیدہ ؛ اصول۔

Lore : (n) (۱) لور ؛ تسمہ نما جگہ آنکھ اور بالائی جبڑے کے درمیان (چڑیوں میں)۔ (۲) (سانپ کے جسم میں) آنکھ اور نتھنے کے بیچ کی دھاریاں۔

Loreal : (a) دیکھو Loral

Lorgnette : (n) لمبے دستے کی عینک ، لمبی کمانی کا چشمہ ؛ دستہ دار دو چشمہ۔

Lorgnon : (n) دیکھو Lorgnette

Lori : (n) (۱) ایک چھوٹا پتلا سا بے دُم کا دودھ پلانے والا جانور (جو سیلون میں ہوتا ھے)۔ (۲) ایک قسم کا لنگور۔

Lorica : (n) (۱) (قدیم روم) چرمی زرہ ۔ (۲) (قدیم کیمیا) ایك قسم کی کہگ جو پکانے سے قبل برتنوں پر لگا دی جاتی تھی ۔ (۳) (حیوانیات) زرہ ۔ (٤) پوست ؛ قشر ۔

Loricate : (a) (حیوانیات) زرہ پوش ۔

Loricate : (n) زرہ پوشاں ۔

Loricate : (v) حفاظتی تہ چڑھانا ۔

Loricated : (a) دیکھو Loricate

Lorication : (n) حفاظتی تہ چڑھانا ۔

Lorikeet : (n) لوری صفیر ؛ ایك قسم کا چھوٹا توتا ۔

Lorimer / Loriner : (n) لگام کا دہانہ بنانے والا ؛ لوہے کے چھوٹے سامان بنانے والا ؛ آہنگر ؛ لہار ۔

Loriot : (n) ایك پرند جس کے پرسیاہ اور زرد ہوتے ہیں ؛ صفاریہ ۔

Loris : (n) دیکھو Lori

Lorn : (a) (۱) اجاڑ ؛ ویران ؛ بے چراغ ۔ (۲) تنہا ؛ بچھڑا ہوا ؛ اناتھ ؛ بیکس ۔

Lorry / Lurry : (n) (۱) لمبی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں ؛ چھکڑا ؛ ٹھیلا ۔ (۲) مال گاڑی کا ڈبّا ؛ باربرداری کی ٹرام گاڑی ۔ (۳) (کان کنی) کان کے اوپر کا پُل ۔

Lory : (n) لوری ؛ توتے جیسی چڑیا جس کے پر شوخ رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Losable / Loseable : (a) ہارنے کے قابل ۔

Lose : (v) (۱) کھو بیٹھنا ؛ کھودینا ؛ تلف کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ بچھڑ جانا ۔ (۲) معدوم ہو جانا ؛ مٹ جانا ؛ مر جانا ؛ ہلاك ہو جانا ۔ (۳) نقصان اٹھانا ؛ خسارے میں رہنا ۔ (٤) کھو دینا ؛ گم کر دینا ؛ سلسلہ قائم نہ رکھ سکنا ۔ (٥) ضائع کرنا ؛ رائیگاں کرنا ؛ برباد کرنا ۔ (٦) نہ پانا ؛ نہ پکڑ سکنا ؛ سننے نہ پانا ؛ دیکھ نہ پانا ۔ (۷) ہارنا ؛ (داؤں) کھونا ؛ شکست کھانا ۔ (۸) (تحریك یا تجویز کی) منظور کرانے میں نا کام رہنا ۔ (۹) ضائع کرادینا ؛ لے ڈوبنا ۔ (۱۰) بھٹك جانا ؛ گمراہ ہونا ؛ محو ہو جانا ؛ گم ہو جانا ۔ (۱۱) چھٹکارا پانا (بیماری ، وزن وغیرہ سے) ؛ جاتا رہنا (زکام وغیرہ کا) ۔ (۱۲) ٹیبل گھڑی کا سست چلنا ۔

To be lost on or upon : بے اثر ہونا ؛ رائیگاں جانا ۔

To lose caste : ذات کھو دینا ؛ عزت کھو دینا ۔

To lose ground : پسپا ہونا ؛ گرنا ؛ گھٹنا ۔

To lose heart : ہمت ہارنا ؛ دل برداشتہ ہونا ۔

To lose hold : گرفت ڈھیلی پڑنا ؛ ہاتھ سے جاتا رہنا ۔

To lose one's balance : توازن کھو دینا ۔

To lose one's head : (۱) قتل کیا جانا ۔ (۲) گھبرایا گڑ بڑا جانا ۔

To lose one's legs : نشے میں ہونا ۔

To lose one's temper : جھنجھلانا ؛ غصے میں آنا ۔

To lose patience : صبر نہ کرنا ؛ صبر کا یارانہ رہنا ۔

To lose out : ناکامیاب ہونا ؛ نا کام ہونا ۔

Losel : (n) بد چلن ؛ آوارہ ؛ نکما ۔

Losel : (a) بے کار ؛ نکما ۔

Loser : (n) (۱) کھونے والا ؛ ہارنے والا ۔ (۲) مغلوب ہونے والا ؛ شکست کھانے والا ؛ نقصان اٹھانے والا ۔ (۳) آدمی یا گھوڑا جو دوڑ میں ہار جائے ۔ (٤) (بلیرڈ) وہ ہاتھ جس سے خود اپنی گیند تھیلی میں چلی جائے ۔ (٥) (ٹینس) ضرب شکست ۔ (٦) (برج کھیل) وہ پتّا جس سے ہار ہو ۔

Losing : (n) ہارنا ؛ شکست کھانا ۔

Losing : (a) ہارنے والا ؛ ہرانے والا ؛ نقصان پہنچانے والا ۔

Losing game : (n) (۱) وہ کھیل جس میں ہار یقینی ہو ۔ (۲) کھیل جس میں ہار نے والے کی جیت ہو۔

Losing hazard : (n) (بلیرڈ) اپنی گیند کو تھیلی میں گرانا ۔

Losing-money : (n) وہ رقم جو بعض کھیلوں میں ہارنے والوں کو دی جاتی ہے ۔

Losingly : (adv.) ہارتے ہوئے ؛ نقصان اٹھاتے ہوئے ۔

Loss : (n) (۱) نقصان ؛ خسارہ ؛ گھاٹا ؛ ٹوٹ ؛ ٹوٹا ۔ (۲) کمی ۔ (۳) وہ آدمی یا مال جو تلف ہو جائے یا ہاتھ سے جاتا رہے ۔ (٤) (فوج) نقصان ؛ فوجیوں کا ہاتھ سے جاتے رہنا ؛ ہاتھ سے جانے والے فوجیوں کی تعداد۔

At a loss : (۱) (کتا) جو شکار کے سراغ کی بو کھوبیٹا ہو ۔ (۲) مذبذب ۔

At a loss for : قاصر ۔

For a loss : افسردگی کی حالت میں ۔

In the loss of question : بشرطیکہ کوئی تنازع نہ ہو ۔

To have a great loss in (or of) : بری طرح ہار جانا ۔

Loss : (n) دیکھو Loess

Loss-leader : (n) کوئی چیز جو گاہک کو راغب کرنے کے لئے اصل قیمت سے کم میں بیچ دی جائے ۔

Loss of lie : (n) (۱) سزائے موت پانا ۔ (۲) (آدمی کی) قربانی۔

Lost : (a) (۱) بربادشدہ ؛ تباہ شدہ ؛ کھویا ہوا ؛ گم شدہ ۔ (۲) مجبور ؛ معذور ۔ (۳) مردود ؛ ملعون ؛ ناکارہ ۔ (٤) شکست خوردہ ؛ ہارا ہوا ؛ ہاری ہوئی۔

To be lost to : (۱) جاتے رہنا ؛ کھو جانا ۔ (۲) آدمی کا بے حس ہونا ۔

To give (up or over) for lost : گم شدہ سمجھنا ۔

Lot : (n) (۱) قرعہ ۔ (۲) قرعہ اندازی ؛ قرعے سے انتخاب ۔ (۳) حصہ ؛ نصیب ۔ (٤) قسمت ؛ تقدیر ؛ نصیب ؛ حالت ؛ بخت ۔ (٥) ٹیکس ؛ محصول ؛ مطالبہ ؛ واجب الادا ۔ (٦) قطعہ زمین جو ایک شخص کے حصے میں آئے ۔ (۷) ڈھیری ؛ مجموعہ اشیاء (جو ایک ساتھ نیلام ہو) ۔ (۸) ٹکری ؛ گروہ ؛ جتھا ؛ مجموعہ اشیاء ؛ کھیپ ۔ (۹) بہت ؛ بڑی مقدار ؛ بڑی تعداد ۔

Bad lot : برا آدمی ؛ بد چلن آدمی ۔

Chief lot / Great lot : سب سے بڑا انعام۔

The lot : سارا کا سارا؛ کل۔

The lot falls on : کسی کے نام سے قرعہ نکلنا ۔

To cast in one's lot with : عہد رفاقت کرنا ؛ دکھ سکھ کا شریک ہونا ۔

To fall to the lot of : حصے میں آنا ؛ مقدر ہونا ؛ قسمت میں ہونا ۔

To have neither part nor lot in : کچھ سروکار نہ رکھنا ؛ کوئی واسطہ نہ رکھنا ۔

Lot : (v) (۱) حصہ دینا ؛ بانٹنا ۔ (۲) بانٹنا ؛ تقسیم کرنا (ڈھیروں یا قطعوں میں) ۔

To lot upon : آسرا ہونا ؛ بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ کامل امید رکھنا ۔

Lot-mead /-meadow : (n) چراگاہ ؛ مرغزار۔

Lote : (n) (۱) کنول ؛ پدم ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو یونانی

اساطیر میں کاہلی اور آرام طلبی پیدا کرنے والا مانا جاتا تھا - (۳) مصر کا (آبی) کنول ؛ نیلوفر - (٤) کنار ؛ سدر ؛ بیری - (٥) (تعمیرات) مصری نیلوفر کی شکل کا آرائشی کام - (٦) جنس پرند -

Loth — دیکھو Loath

Lothario : (n) — اوباش ؛ عیاش -

Lotic : (a) — رواں پانی سے متعلق یا اس میں رہنے والا ؛ دریا باش -

Lotion : (n) — (۱) لوشن ؛ زخم دھونے کی دوا ؛ جلدی امراض دور کرنے یا رنگ صاف کرنے کا عرق وغیرہ ؛ زخم شویہ -

Loto : — لاٹری کا سا جوئے کا کھیل -

Lotophagi : (n) — یونانی اساطیر میں وہ لوگ جو ایک قسم کا پھل کھاتے تھے جس سے سستی اور کاہلی پیدا ہوتی تھی ؛ اس پھل کو کھانے والے -

Lottery : (n) — قرعہ اندازی ؛ چھٹی ڈالنا ؛ لاٹری -

Lottery-wheel : (n) — گردشی پہیا جس میں قرعہ اندازی کے لئے ٹکٹوں کو رکھ کر گھماتے ہیں -

Lotus : (n) — دیکھو Loto

Lotus eater : (n) — (۱) دیکھو Lotophagi - (۲) کاہل ؛ آرام طلب (شخص) -

Lotus-eating : (a) — کاہل ؛ آرام طلب -

Lotus-eating : (n) — کاہلی ؛ آرام طلبی ؛ عیش پرستی -

Lotus eyes : (n) — کنول کی شکل کی آنکھیں ؛ کنول نما آنکھیں ؛ کنول کی طرح کی آنکھیں -

Lotus-land : (n) — وہ جگہ جہاں کاہلی اور عیش پرستی سے بسر ہو -

Loud : (a) — (۱) اونچا ؛ زور کا ؛ بلند ؛ بلند آواز کا - (۲) پر شور ؛ غل مچانے والا ؛ آسمان سر پر اٹھانے والا - (۳) (رنگ لباس) بھڑک دار ؛ بھڑکیلا ؛ شوخ رنگ کا ؛ (آداب مجلس) نمائشی -

Loud : (adv.) — (۱) بہ آواز بلند ؛ پکار کر ؛ زور سے - (۲) ناگوار طور پر -

Loud-mouth : (n) — شیخی باز ؛ ڈینگی -

Loud speaker : (n) — آواز رساں ؛ بھونپو ؛ بلند گو ؛ مکبرالصوت ؛ ناقوس ؛ صوت افزا آلہ -

Loud-spoken : (a) — بلند آواز سے بولنے والا -

Louden : (v) — بلند ہونا یا کرنا -

Loudish : (a) — کسی قدر بلند آواز کا -

Loudly : (adv.) — بہ آواز بلند ؛ زور سے ؛ پکار کر -

Loudness : (n) — بلند آوازی ؛ جہرالصوت -

Lough : (n) — جھیل ؛ خلیج ؛ کھاڑی -

Louis : (n) — (۱) لوئی ؛ متعدد فرانسیسی بادشاہوں کا نام - (۲) فرانسیسی طلائی سکہ -

Louis d'or : (n) — (۱) فرانسیسی طلائی سکہ - (۲) دیکھو Louis -

Louis Quatorze : (n) — لوئی چہاردہم (فرانسیسی بادشاہ) ؛ طرز تعمیر کے لئے اکثر بطور صفت آتا ہے -

Lounge : (n) — (۱) مٹر گشت ؛ ٹہلنا ؛ ٹہل ؛ خرام - (۲) ٹہلنے کی جگہ ؛ سیر گاہ ؛ (مکانوں میں) انتظار کا کمرہ ؛ برآمدہ ؛ غلام گردشی - (۳) آرام کرسی ؛ سونا ؛ کوچ - (٤) (عام) (اسٹین اور کیمبرج میں) ضیافت -

Lounge : (v) — (۱) خراماں خراماں چلنا ؛ ہلنا ؛ مٹر گشت کرنا - (۲) آرام سے بیٹھنا ؛ تکیہ لگا کر بیٹھنا - (۳) کاہلی میں وقت کھونا ؛ آوارہ گردی کرنا -

Lounge lizard : (n) (۱) عادتاً ہوٹل کے ناچ میں جانے والا (مثلاً پیشہ ورشریک رقص کے طور پر) - (۲) بانکا ؛ چھیلا -

Lounge-suit : (n) ایک قسم کا سوٹ جس کا کوٹ چھوٹا ہوتا ہے -

Lounger : (n) ٹہلنے والا ؛ مٹر گشت کرنے والا ؛ آرام سے بیٹھنے والا ؛ آوارہ گرد -

Loup : (n) دیکھو Leap

Loup : (n) ریشمی یا مخملی نقاب (عورتوں کی) -

Loup cervier : (n) کناڈا کا بن بلاؤ -

Loupe : (n) گھڑی سازوں کا کلاں نما شیشہ -

Lour / Lower : (n) (۱) خشمگیں تیور ؛ کڑے تیور ؛ گھڑکی - (۲) آسمان وغیرہ کی تاریکی ؛ طوفانی انداز -

Lour / Lower : (v) (۱) تیوری چڑھانا ؛ ماتھے پر بل ڈالنا ؛ خشمگیں نظر آنا ؛ گھڑکنا - (۲) (بادل ، آسمان یا طوفان کا) تاریک اور خوفناک نظر آنا ؛ طور بے طور -

Louringly / Loweringly : (adv.) خشمگیں انداز سے -

Loury / Lowery : (a) خشمگیں ؛ تاریک -

Louse: (n) (۱) جوں قملہ ؛ قمل -(۲) طفیلی کیڑے -(۳) تحقیراً آدمی کے لئے -

Louse: (v) جوں نکالنا -

Louse disease: (n) جوئیں پڑنا ؛ تقمل -

Louse wort : (n) ایک قسم کا پودا -

Lousily : (adv.) کمین پن سے ؛ تنگ ظرفی سے ؛ ذلالت کے ساتھ -

Lousiness : (n) (۱) جوؤں سے بھرا ہونا ؛ تقمل ؛ جوئیں پڑنا - (۲) کمینہ پن ؛ بدمعاشی - (۳) ریشمی کپڑوں کا ایک نقص جس میں دھاگا ٹوٹنے کی وجہ سے دھبا پڑجاتا ہے -

Louster : (v) سرگرمی دکھانا ؛ دوڑ دھوپ کرنا -

Lousy : (a) (۱) جوؤں سے بھرا ہوا - (۲) گندہ ؛ فحش - (۳) ذلیل ؛ کمینہ ؛ حقارت آمیز - (٤) بھرا ہوا - (٥) (ریشمی کپڑا) روئیں دار - (٦) (عام) امیر ؛ صاحب دولت -

Lout : (n) (۱) بھدا اور بے ڈھنگا آدمی ؛ گنوار ؛ ان گھڑا - (۲) کھیل چاکر -

Lout : (n) (۱) آداب بجالانا ؛ سلام کرنا ؛ تعظیم کیلئے جھکنا (۲) (مجازاً) جھکنا -

Lout : (v) (۱) شوخ چشمی کرنا ؛ زبان درازی کرنا ؛ تضحیک کرنا ؛ مذاق اڑانا - (۲) گنوار کی سی حرکت کرنا ؛ بیکار وقت ضائع کرنا -

Loutishly : (a) ناتراشیدہ ؛ بے سلیقہ ؛ گنوار -

Loutishly : (adv.) بے ڈھنگے پن سے ؛ گنوار پن سے -

Loutishness : (n) گنوار پن -

Louver / Louvre / Luffer : (n) (۱) گنبد دار، منارہ نما دود کش - (۲) (جمع) تختوں یا شیشوں کا روشن دان جس سے ہوا آتی رہے مگر بارش اندرنہ آئے ؛ بادگیر -

Louver-board : (n) تختوں یا شیشوں کا روشن دان جس سے ہوا آتی رہے مگر بارش اندر نہ آئے -

Louvered : (a) بادگیر کی طرح ترتیب دیا ہوا ؛ بادگیر لگا ہوا -

Lovability / Loveability : (n) خوش ادائی ؛ شیریں مزاجی ؛ دل پذیری -

Lovable / Loveable : (a) خوش ادا ؛ پیارا ؛ شیریں مزاج ؛ قابلِ محبت ؛ دل پذیر -

Lovableness / Loveableness : (n) دیکھو Lovability

Lovage : (n) سنبل ؛ ایک قسم کی بوٹی ۔

Love : (n) (۱) محبت ؛ عشق ؛ چاہت ؛ الفت ؛ پریم ؛ شفقت ؛ پیار ؛ حب ؛ رغبت ؛ شوق ؛ چاہ ؛ چاؤ ۔ (۲) پدرانہ الفت ؛ محبت مادری ؛ مامتا ؛ دوستانہ خلوص ۔ (۳) کام دیو ؛ محبت کا دیوتا ؛ کیوپڈ ۔ (٤) پیارا ؛ دوست ؛ عاشق ؛ معشوق ؛ محبوب ؛ صنم ؛ دلبر ؛ دلدار ؛ پیاری ؛ جاناں ؛ معشوقہ ۔ (٥) مزے کا آدمی ؛ پر لطف آدمی ؛ خوب صورت چیز ۔ (٦) (کھیل) صفر ؛ ندارد ؛ خالی ۔ (۷) جنسی جبلت اور اس کی تسکین ۔ (۸) عمدہ مثال ۔ (۹) تاش کا ایک امریکی کھیل ۔ (۱۰) ایک بیل کا نام ۔

For love : بے شرط کا ؛ بے بازی لگائے ۔

For love or money : کسی طرح بھی ؛ بزر یا بزاری ۔

For the love of : واسطے ؛ خاطر ۔

(Give) my love to love to : دعا کہنا ؛ پیام محبت کہنا ۔

In love (with) : (۱) عاشق ؛ گرویدہ ؛ فریفتہ ۔ (۲) شائق ؛ بہت پسند کرنے والا ۔

Labour of love : (۱) مرغوب کام ؛ خوش گوار کام ۔ (۲) وہ کام جو دوسروں کی خاطر کیا جائے ؛ خوشی کی بیگار ۔

Out of love (with) : متنفر ۔

There is no love lost between them : دونوں میں ان بن ہے ؛ ایک دوسرے سے بیزار ہیں ۔

To fall in love : عاشق ہو جانا ۔

To make love : عشق کرنا ؛ معاشقہ کرنا ۔

To send one's love : پیار کہلا بھیجنا یا لکھ بھیجنا ؛ دعا کہلانا یا کہنا ؛ پیام محبت بھیجنا یا کہنا ۔

Love : (v) (۱) عزیز رکھنا ؛ محبت کرنا ؛ چاہنا ؛ پیار کرنا ؛ عشق رکھنا ؛ عاشق ہونا ؛ فریفتہ ہونا ؛ مائل ہونا ؛ راغب ہونا ۔ (۲) بے حد رغبت رکھنا ؛ بہت پسند کرنا ؛ شائق ہونا ؛ رسیا ہونا ؛ جان دینا (کسی پر) ۔ (۳) پسند کرنا ؛ خوشی سے کرنا ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) (بعض مخصوص حالت) بڑھنے کی طرف مائل ہونا ۔ (٥) گلے لگانا ؛ چھاتی سے لگانا ۔ (٦) جماع کرنا ؛ مباشرت کرنا ۔

I love my love with an A /-with a B : وہ فقرہ جو "صنم آمد" (For fiets) کے کھیل میں دہرایا جاتا ہے ۔

(Lord) love you (your heart) : ایک عامیانہ کلمۂ فجائیہ ۔

Love affair : (n) (۱) عشق بازی ؛ معاملۂ محبت ؛ معاملہ ۔ (۲) سر گرمی ۔

Love-begotten : (a) حرامی ؛ حرام کا ؛ ناجائز ۔

Love-bind : (n) ایک بیل کا نام ۔

Love-bird : (n) توتے کی قسم کی ایک چھوٹی چڑیا جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ وہ اپنے جوڑے کے مرنے پر گھل گھل کر مر جاتی ہے ؛ طیر حب ؛ افریقی توتا ۔

Love-call : (n) جنسی پکار ۔

Love-child : (n) حرامی بچہ ؛ نطفۂ حرام ؛ ولدالزنا ۔

Love-dart : (n) بعض گھونگوں کا ڈنک ۔

Love-drink : (n) شربت حب ؛ عرقِ حب ؛ عشق آور عرق ۔

Love-entangle / Love-entangled : (n) گل شودی ؛ ایک پھول کا نام ۔

Love-favour : (n) کوئی چیز جو کسی کی نشانی کے طور پر دی جائے ۔

Love-feast : (n) برادرانہ محبت کی یادگار میں دعوت جو قرون اولیٰ کے عیسائیوں میں رائج تھی ؛ مذہبی عبادت (میتھوڈسٹ

فرقے کی) -

Love-grass : (n) ایک قسم کی گھاس -

Love-hate : (n) محبت اور نفرت کا ملا جلا جذبہ -

Love in a cottage : (n) افلاس میں شادی -

Love-in-a-mist : (n) گُل شودی ؛ ایک پھول کا نام -

Love-in-idleness : (n) پنسی ؛ بنفشہ* فرنگی -

Love-knot : (n) فیتے کی ایک خاص قسم کی گرہ -

Love-letter : (n) عشقیہ یا شوقیہ خط -

Love-lies / -bleeding : (a) قطیفہ ؛ گلِ تاج خروس ؛ زلفِ عروس ؛ ایک ارغوانی رنگ کی بالیوں کا سنبل نما پودا جو باغوں میں بویا جاتا ہے -

Love-lorn : (a) مہجور ؛ ہجراں نصیب ؛ فرقت زدہ ؛ برہ کا مارا -

Love-making : (n) (۱) اظہار عشق کرنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ راز و نیاز کی باتیں ؛ تعاشق ؛ معاشقہ - (۲) مباشرت ؛ جماع ؛ بوس و کنار -

Love-match : (n) شادی جو صرف عشق کی بنا پر کی جائے ؛ عشق کی شادی -

Love-mate : (n) عاشق ؛ معشوق -

Love-parrakeet /-parrot : (n) دیکھو Love-bird

Love-philtre : (n) شربت حب ؛ عشق آور عرق ؛ وہ عرق جس میں عشق پیدا کرنے کی تاثیر ہو -

Love-potion : (n) دیکھو Love-philtre

Love power : (n) سفوفِ حب -

Love-scene : (n) عشقیہ منظر -

Love-sick : (a) بیمار عشق ؛ عشق میں گھلنے والا ؛ محبت کا مارا ؛ مریض الفت -

Love-song : (n) عشقیہ غزل یا گیت -

Love-story : (n) عشقیہ ناول ؛ واقعات محبت ؛ عشقیہ افسانہ -

Love-token : (n) یادگار عشق ؛ محبت کی نشانی -

Love-tree : (n) درخت ارغواں ؛ ایک درخت جس کے سرخ پھول کونپلوں سے پہلے نکلتے ہیں -

Love-vine : (n) کلوث ؛ افتمیوں ؛ اکاس بیل -

Love-worthiness : (n) قابل محبت ہونا -

Love-worthy : (a) قابل محبت -

Lovee : (n) (یک وقتی لفظ) جس کو پیار کیا جائے ؛ جس سے محبت کی جائے ؛ معشوق -

Loveless : (a) (۱) ناآشنا ؛ بے مہر ؛ بے محبت - (۲) محروم محبت -

Lovelessly : (adv.) بے مہری سے ؛ محرومی محبت میں -

Lovelessness : (n) (۱) ناآشنائی؛ بے مہری - (۲) محروم محبت ہونا -

Lovelily : (adv.) دل کشی سے -

Loveliness : (n) دل کشی ؛ دل آویزی -

Lovely : (a) (۱) خوب صورت ؛ حسین ؛ دلکش - (۲) خوش گوار ؛ خوش آئند ؛ بہت دل چسپ -

Lovely : (n) (۱) خوب صورت عورت ؛ حسین لڑکی - (۲) خوب صورت شے - (۳) خوبصورتی ؛ حسن ؛ دلکشی -

Lover : (n) (۱) عاشق ؛ چاہنے والا ؛ شادی کا امیدوار - (۲) آشنا ؛ یار (عورت کا) - (۳) (جمع) عاشق و معشوق -

Lover wise : (adv.) عشاق کی طرح -

Lovering : (n) دیکھو Love making

Loverless : (n) بے عاشق ؛ بے خریدار ۔

Loverly : (a) عاشقانہ ؛ عشاق کے شایاں ۔

Loverly : (adv.) عشاق کی طرح ۔

Lover's knot : (n) دیکھو Love-knot

Lover's lane : (n) کوچہ٭ عشق ۔

Lover's leap : (n) (۱) پہاڑی یا اونچائی جہاں سے نامراد عاشق چھلانگ لگا کر خودکشی کرتے ہیں ۔ (۲) پانسے کے کھیل کا ایک داؤ ۔

Lovesickness : (n) مرض الفت ؛ بیماری٭ عشق ۔

Lovesome : (a) دیکھو Lovely

Lovesomeness : (n) دیکھو Loveliness

Lovey / Lovy : (n) پیار کا لفظ ؛ پیاری ۔

Lovey-dovey : (n & a) پیاری ۔

Loving : (a) (۱) پیار کرنے والا ؛ محبت کرنے والا ؛ چاہنے والا ؛ شفیق ۔ (۲) محت آمیز ؛ محبت کا ؛ پیار کا ؛ شفقت کا ۔ (۳) محنتی ؛ محنت شعار ؛ جفاکش ۔

Our loving subjects : شاہی اعلان کا رسمی فقرہ ۔

Your loving friend : خط کے خاتمے پر نام کے ساتھ لکھنے کا رسمی فقرہ ۔

Loving-kindness : (n) شفقت ۔

Lovingly : (adv.) الفت سے ؛ محبت سے ؛ پیار سے ۔

Lovingness : (n) شفقت و محبت ۔

Low : (n) مغربیلی پہاڑی ۔

Low / Lowe : (n) شعلہ ؛ لپٹ ۔

Low : (n) گائے کی آواز ؛ گائے کا ڈکرانا ۔

Low : (a) (۱) نیچا ؛ چھوٹا ؛ کوتاہ ؛ پست (مکان ، قد وغیرہ) ۔ (۲) نشیبی ؛ نشیب میں واقع ؛ نیچی سطح کا ۔ (۳) ادنیٰ ؛ نیچ ؛ پست ؛ کم رتبہ ؛ کہتر ۔ (٤) حقیر ؛ معمولی ؛ غیر مہذب ؛ غیر متمدن ۔ (٥) کمینہ ؛ ذلیل ؛ پست ؛ گراھوا ؛ مضمحل ؛ نڈھال ۔ (٦) (عام) بازاری ۔ (۷) کم قوت ؛ جس میں غذائیت کم ہو ۔ (۸) سُست ؛ ضعف یا غذا کی کمی ظاہر کرنے والا ؛ (نبض) کمزور؛ ہلکی ؛ پست ۔ (۹) کم ؛ تھوڑا ؛ ناکافی ؛ قلیل ۔ (۱۰) (آواز) دھیمی ؛ ہلکی ؛ نیچی ؛ مدھم ؛ جو تیز یا بلند نہ ہو ۔ (۱۱) (کسی چیز کا ذخیرہ) قریب قریب خالی؛ قریب الختم ۔ (۱۲) حال کا ؛ ابھی کا ؛ تھوڑے عرصے کا ۔ (۱۳) جو پادریوں اور مذہبی پیشواؤں کے اختیارات اور مذہبی رسوم کو نہ مانے ۔ (١٤) (عورتوں کا پوشاک) اس طرح کٹا ہوا کہ گردن وغیرہ کھلی رہے ۔ (١٥) فرشی (کورنش ، سلام وغیرہ) ۔ (١٦) اتھلا ؛ چھچھلا ؛ پایاب ۔ (١٧) مردہ ؛ مدفون ۔ (١٨) (جمع) نزد خط استوا ۔ (١٩) خالی (جیب) ۔ (۲۰) تحقیر آمیز ۔

To be low in packet : جیب تقریباً خالی ہوجانا ۔

To burn low : دھیمے دھیمے جلنا ۔

To lay low : پچھاڑ دینا ؛ نیچا دکھانا ؛ مغلوب کرنا ۔

To lie low : (۱) دبک جانا ؛ عاجزی سے گر پڑنا ؛ مر جانا ؛ ذلیل ہونا ۔ (۲) (عام) چپ رہنا ؛ چپ سادھنا ۔ الگ رہنا ؛ گھات میں رہنا ؛ وقت کا منتظر رہنا ۔

To run low : تقریباً ختم ہوجانا ؛ کم ہوجانا ۔

Low : (n) (۱) نیچے کی چیز ؛ ادنیٰ رتبہ ؛ نیچی جگہ ؛ نشیبی علاقہ ۔ (۲) نشیبی قطعہ٭ اراضی ۔ (۳) کم دباؤ خطہ ۔ (٤) (تاش یا پانسے کے کھیل میں) دُگّی ؛ رنگ کی دُگّی ۔ (٥) نیچی سطح ؛ نشیب ؛ کم اعداد ۔

Low : (adv.) (۱) نیچے کی طرف ؛ نشیب میں ۔ (۲) گری ہوئی حالت میں ؛ پست حالت میں ؛ ذلیل حالت میں ۔ (۳) سادہ یا کم غذا پر ؛روکھے سوکھے پر ؛ موٹی جھوٹی خوراك پر ۔ (٤) معمولی سی بازی لگا کر ؛ کم رقم کے داؤں یا شرط پر ۔ (٥) نیچے سُر میں ؛ دھیمے ؛ آہستہ ؛ مدھم ۔ (٦) قریب (زمانے) میں ۔

To play low : کم رقم کے داؤں یا شرط پر کھیلنا ۔

Low : (v) (۱) بیل یا گائے وغیرہ کا ڈکرانا ؛ رمبھانا ۔ (۲) گائے وغیرہ کی طرح بولنا ؛ بھیں بھیں کرنا ۔

Low-born : (a) نیچ ذات ؛ کم اصل ۔

Low-bred : (a) بدتمیز ؛ ناشائستہ ؛ بے تربیت ۔

Low-brow : (n) جو اعلیٰ ذہن و فراست کا مدعی نہیں ۔

Low-brow : (a) ایسے شخص سے متعلق ؛ ایسے شخص کی خصوصیت کا ۔

Low-browed : (a) (۱) نیچے ابرو والا ۔ (۲) (چٹان) باہر کو نکلی ہوئی ؛ اوپر لٹکی ہوئی ۔ (۳) نیچے دروازے کی ؛ تنگ و تاریك ۔ (٤) جو اعلیٰ ذہن و فراست کا مدعی نہیں ۔

Low-browism : (n) اعلیٰ ذہن و فراست کا مدعی نہ ہونا ۔

Low-budget : (a) کم خرچ ؛ کم لاگت کا ۔

Low-celebration : (n) عشائے ربانی کی سادہ رسم جس میں بھجن وغیرہ نہ ہو ۔

Low-Church : (a) غیر مقلدوں یا ان کے اصول سے متعلق ۔

Low-Church : (n) کلیسائے انگلستان کا ایك فرقہ ؛ غیر مقلد ۔

Low-Churchism : (n) کلیسائے انگلستان کے غیر مقلد فرقے کا اصول یا اعتقاد ۔

Low-Churchman : (n) کلیسائے انگلستان کے غیر مقلد فرقے کا رکن ۔

Low comedian : (n) مسخرکی آمیز مزاحیہ کا ایکٹر ۔

Low comedy : (n) وہ مزاحیہ جو مسخرے پن کی حد تك پہنچ جائے ؛ مسخرکی آمیز ؛ مزاحیہ ۔

Low-countries : (n) بلجیم اور ہالینڈ ؛ نشیبستان ۔

Low-country : (n) نشیبستان ؛ وہ علاقہ جو نواحی علاقوں کے مقابلے میں نشیبی ہو ۔

Low-country : (a) نشیبستان سے متعلق ۔

Low-cut : (a) (۱) نیچی تراش والا ۔ (۲) نیچا (جوتا) جو ٹخنے تك پہنچے ۔

Low-down : (a) ذلیل ؛ کمینہ پن کا ؛ بے ایمانی کا ۔

Low-down : (adv.) بہت نیچے ؛ غیر شریفانہ طور سے ؛ کمینہ پن سے یا تنگ دلی سے ۔

Low down : (n) حقیقت ؛ احوال واقعی ؛ خفیہ اطلاعات ۔

Low-downer : (n) (امریکا) جنوبی ریاستوں کا مفلس سفید فام ۔

Low-Dutch : (n) جنوبی جرمنی زبان (جس میں ولندیزی اور فلانڈری زبانیں شامل ہیں) ۔

Low-end : (n) (۱) گھٹیا ۔ (۲) گھٹیا قسم کی چیزیں (خصوصاً کپڑا) بنانے والا ۔

Low frequency : (n) سست ارتعاش ۔

Low German : (n) دیکھو German

Low Latin : (n) ازمنۂ وسطیٰ یا عہد متاخر کی لاطینی زبان ۔

Low Latinist : (n) ازمنۂ وسطیٰ یا عہد متاخر کی لاطینی زبان کا ماہر ۔

Low-lived : (a) نیچ طبقے کی زندگی بسر کرنے والا ؛ حقیر ۔

Low mass : (n) عشائے ربانی کی سادہ رسم (جس میں موسیقی وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی) ۔

Low-neck : (n) عورتوں کی نیچی تراش کا کپڑا جس سے گردن وغیرہ کھلی رہتی ہے ۔

Low-pitched : (a) (۱) نیچے سُر کا ۔ (۲) زاویہ نما ڈھال والی (چھت) ۔ (۳) نیچی سقف (چھت) والا (کمرہ) ۔

Low pressure : (a) (۱) ہلکا دباؤ والا ۔ (۲) آسانی پسند ۔

Low relief : (n) منب ناقصہ ؛ ہلکی برجستہ کاری ؛ پست ابھرواں ۔

Low-set : (n) (۱) (مویشی) گٹھیلا ؛ چھوٹے قد کا ؛ (خصوصاً جس کا پاؤں چھوٹا اور جسم گٹھیلا ہو) ۔

Low-side window: (n) بعض قدیم کلیساؤں کی چھوٹی کھڑکی جو دوسری کھڑکیوں سے نیچی ہوتی ہے ۔

Low-spirited : (a) نڈھال ؛ مضمحل ؛ پست ۔

Low-spiritedness : (n) اضمحلال ؛ پستی ۔

Low Sunday : (n) ایسٹر (اتوار) کے بعد کا اتوار ۔

Low tea : (n) معمولی چائے ۔

Low tension : (n) پست قوت ؛ کم تناؤ ؛ ادنیٰ تناؤ ۔

Low tide : (n) جزر ؛ بھاٹا ۔

Low water : (n) پانی کی سطح جزر کے وقت ؛ بھاٹا ۔

In low water : خرچ سے تنگ ؛ عسرت میں ۔

Low-water mark : (n) (۱) جزر کی سب سے نیچی سطح کا نقطہ ۔ (۲) (مجازاً) پستی کی انتہا ۔

Low week : (n) وہ ہفتہ جو ہفتہ ایسٹر کے بعد آئے ۔

Low wine : (n) ہلکی شراب ۔

Lowance : (n) دیکھو Allowance

Lowboy : (n) سنگار میز جس کی اونچائی تقریباً تین فٹ ہوتی ہے ۔

Lower : (a) (۱) مقابلتاً ادنیٰ یا کم ۔ (۲) ادنیٰ یا گھٹیا چیزوں سے متعلق ۔ (۳) حال کا ؛ ابھی کا ۔

Lower : (n) ادنی؛نیچ ؛ کمتر ۔

Lower : (v) (۱) اتارنا ؛ جھکانا ؛ نیچا کرنا ۔ (۲) کشتی کو سمندر میں اتارنا ؛ بادبان اتارنا ۔ (۳) نیچا کرنا ؛ اونچائی کم کرنا ۔ (٤) نشیب ہونا ؛ ڈھال ہونا ۔ (٥) (قیمت) گھٹانا ؛ (مول) کم کرنا ؛ (قیمت کا) کم ہوجانا ؛ گھٹ جانا ۔ (٦) زور یا لے کم کرنا یا کم ہو جانا ۔ (۷) گرانا ؛ تنزل کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔ (۸) (جسمانی طاقت) گھٹانا ؛ کمزور کرنا ۔

Lower : دیکھو Lour

Lower boy : (n) تحتانی مدرسے کا طالب علم ۔

Lower case : (n) (طباعت) دیکھو Case

Lower Chamber : (n) دارالعوام ۔

Lower classes : (n) نچلے طبقے کے لوگ ۔

Lower critic : (n) وہ نقاد جو محض لفظی تنقید کرے ۔

Lower criticism : (n) لفظی تنقید ۔

Lower deck : (n) (جہاز) عرشہ پائیں ؛ تہ خانے کے اوپر کا عرشہ ۔

Lower Empire : (n) آخر زمانے کی سلطنت روما ۔

Lower fourth /- fifth . : (n) تحتانی مدرسے کی چوتھی ؛ پانچویں جماعت ۔

Lower house : (n) دارالعلوم ۔

Lower order : (n) دیکھو Lower-classes

Lower school : (n) تحتانی مدرسہ ۔

Lower world : (n) دنیا ؛ جہنم ۔

Lowermost : (a) سب سے نیچا ۔

Lowest : (a) پست ترین ؛ ادنیٰ ۔

Lowest : (n) ادنیٰ لوگ ۔

Lowest : (adv.) سب سے کم ؛ پست ترین حالت میں ۔

Lowish : (a) کسی قدر نیچا ۔

Lowland : (n) (۱) نشیبی ملک ۔ (۲) (جمع) اسکاٹ لینڈ کا جنوبی مشرقی حصہ ۔

Lowland : (a) (۱) نشیبی ملک کا ۔ (۱) اسکاٹ لینڈ کے جنوبی مشرقی حصے سے متعلق ۔

Lowlander : (n) نشیبی ملک کا رہنے والا ۔

Lowlihead : (n) عاجزی ؛ انکساری ۔

Lowlily : (adv.) عاجزانہ ؛ انکسار سے ۔

Lowliness : (n) عاجزی ؛ انکسار ۔

Lowly : (a) عاجز ؛ نیازمند ؛ منکسر ؛ غریب ؛ مسکین ؛ سادہ مزاج ؛ سیدھا سادہ ؛ سادہ لوح ۔

Lowly : (adv.) عاجزی سے ؛ منکسرانہ ۔

Lowman / Low man : (n) (جمع) پانسا اس طرح رکھا ہو کہ کم نمبر آئے ۔

Lown (e) : دیکھو Loon

Lowness : (n) (۱) نیچا پن ؛ نشیب ؛ پستی ۔ (۲) ایک مضحک خطاب ۔

Lowrie : (n) (اسکاچستانی) لومڑی ۔

Lowry : (n) (ریل) کھلا ہوا ڈبا ۔

Lowsin : (n) کام روکنا ۔

Lox : (n) دھوئیں میں سکھائی ہوئی سالمن ۔

Lox : (n) رقیق آکسیجن ۔

Loxodrome : (n) مساوی المیلان خط ۔

Loxodromic : (a) جہاز کے ترچھے جانے کے متعلق ۔

Loxodromic : (n) وہ خط جو خطوط نصف النہار کو ایک ہی زاویہ پر قطع کرتا ہو ؛ مساوی المیلان خط ۔

Loxodromical : (a) دیکھو Loxodromic

Loxodromically : (adv.) متماثل طور پر ؛ ترچھے طور پر ۔

Loxodromics : (n) سیر متماثل ؛ متماثل جہاز رانی ؛ جہاز کے ترچھے چلانے کا فن ۔

Loxodromism : (n) ترچھے جانا ۔

Loxodromy : (n) مساوی المیلان خط ۔

Loy : (n) (۱) آئرستان کا بیلچہ ۔ (۲) آئرستانی بیلچے سے مشابہ ایک اوزار ۔

Loyal : (a) (۱) باوفا ؛ وفاشعار ؛ وفادار ؛ مخلص ؛ صادق ؛ فرض شناس ؛ نمک حلال ۔ (۲) (بادشاہ ، حکومت یا ملک کا) وفادار ۔ (۳) بادشاہ کی ذات یا خاندان کا سرگرم حامی ؛ شاہ پرست ۔ (٤) وفادارانہ ؛ مخلصانہ ۔

Loyal : (n) وہ شخص جو بغاوت کے زمانہ میں وفادار رہے ۔

Loyalism : (n) شاہ پرستی ۔

Loyalist : (n) شاہ پرست ؛ وفادار حکومت یا ملک ۔

Loyalize : (v) شاہ پرست بننا یا بنانا ۔

Loyally : (adv.) وفاداری سے ؛ نمک حلالی سے ؛ خلوص سے ۔

Loyalness : (n) شاہ پرستی ؛ وفاداری ؛ نمک حلالی ۔

Loyalty : (n) وفاداری ؛ نمک حلالی ۔

Lozenge : (n) (۱) معین لواریتہ الاضلاع شکل (جس کے اضلاع برابر ہوں مگر زاویہ قائمہ نہ ہوں) ۔ (۲) (نقابت) میعن نما ڈھال (جس پر کنواری یا بیوہ کا مارکہ بنایا جاتا ہے) ۔ (۳) ترشے ہوئے جواہرات کی معین نمایا کور نما سطح ۔(٤) مٹھائی یا دوا کی لوز ۔ (٥) کھڑکی کا معین نما شیشہ ۔

Lozenge : (a) لَوزی ۔

Lozenge coach : (n) گاڑی جس پر مالک کا مارکہ لوزی شکل میں لکھا یا بنا رہتا ہے ۔

Lozenge fret : (n) منبت کاری جس میں لوزی شکل کی آرائش ہوتی ہے ۔

Lozenge moulding : (n) لوزی شکل کا آرائشی حاشیہ ۔

Lozenged : (a) (۱) (نقابت) معین نما حصوں میں منقسم ۔ (۲) لوزی ؛ معین نما ؛ مختلف رنگوں کے لوز نما جواہرات سے مرصع ۔

Lozengy : (a) دیکھو Lozenged

L.S.D : (n) (۱) پاؤنڈ ؛ شلنگ ؛ پنس ۔ (۲) دولت ؛ زر ؛ روپیہ ۔

L.S.Deism : (n) (مزاحاً) زر پرستی ؛ روپیہ کی پوجا ۔

Luah / Luach : (n) یہودیوں کا نظام تقویم ۔

Lubbard : (n) (۱) بھدا ؛ بیوقوف آدمی ؛ گنوار کا لٹھ ۔ (۲) بےڈھنگا ملاح ۔

Lubber : (n) دیکھو Lubbard

Lubber : (a) بھدا ؛ بے ڈھنگا ۔

Lubber : (v) بے وقوف کی سی حرکت کرنا ؛ بے ڈھنگے طور پر کشتی چلانا ۔

Lubber-friend : (n) نفع بخش بھُتنا جو رات کو گھر یا کھیت کا کام کر دیا کرتا ہے ۔

Lubber-grasshopper : (n) امریکا کے دو بڑے اور بھدے کیڑوں کا نام ۔

Lubber-head : (a) بے وقوف ؛ ان گھڑ ؛ کٹھل ۔

Lubber land : (n) بے فکروں کی جنت ۔

Lubber-line /- mark /- point : (n) (بحری) سمت پیما کے خول کے اندر کی عمودی لکیر جو جہاز کے سر کا سمت ظاہر کرتی ہے ۔

Lubber hole: (v) (بحری) مستول کے مچان کا سوراخ جس کے ذریعہ اوپر چڑھنے یا اترنے میں آسانی ہوتی ہے ۔

Lubberliness : (n) گنوار پن ؛ بھدا پن ۔

Lubberly : (a) (۱) بھدا ؛ بے ڈھنگا ۔ (۲) بے ڈھنگے ملاح سے مشابہ یا اس سے متعلق ۔

Lubberly : (adv.) بے ڈھنگے پن سے ؛ بھدے پن سے ۔

Lubric : (a) شہوت پرست ؛ نفس پرست ؛ شہوت انگیز ۔

Lubrical : (a) دیکھو Lubric

Lubricant : (a) چکنا کرنے والا ۔

Lubricant : (n) دُہن ؛ چکنا کرنے والا ؛ مُدَہن ؛ دہنیات ؛ چکنائی ۔

Lubricate : (v) (۱) تیل وغیرہ سے چکنا کرنا ؛ چکنانا ۔ (۲) (مشین میں تیل دے کر) رگڑ دور کرنا ؛ تیل دینا ۔ (۳) (مجازاً) دقت کو سہولت سے دور کرنا ۔ (٤) چکنائی کا کام کرنا

یا دینا ۔

Lubricating : (a) چکنا کرنے والا ۔

Lubricating : (n) چکنا کرنا ؛ رگڑ دور کرنا ۔

Lubrication : (n) چکنا کرنا ؛ تدہین ؛ تیل دینا یا دیا جانا ؛ سہولت ؛ چکناؤ ۔

Lubricator : (n) چکنا کرنے والا ؛ مشین میں تیل ڈالنے کی کُپی ؛ مُدہن ۔

Lubricious : (a) (۱) چکنا ۔ (۲) کائیاں ؛ زمانہ ساز ؛ چرب زبان ؛ بے ثبات ۔ (۳) شہوت انگیز ؛ شہوانی ۔

Lubricity : (n) (۱) چکناہٹ ؛ دہنیت ۔ (۲) حیلہ سازی ؛ کائیاں پن ؛ زمانہ سازی ؛ تملق ؛ چاپلوسی ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ چرب زبانی ۔ (۳) بدکاری ؛ شہوت پرستی ؛ مستی ۔

Lubricous : (a) دیکھو Lubricious

Lubritorium : (a) موٹر میں تیل یا چکنائی ڈالنے کا اسٹیشن ؛ چکناؤ گھر ۔

Lucan / Lukan : (a) حواری لیوک (لوقا) سے متعلق ؛ لوقا کا ۔

Lucarne : (n) روشن دان ، تابدان ؛ ڈھلوان چھت میں باہر کو نکلی ہوئی کھڑکی ۔

Luce : (a) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lucency : (n) چمک ؛ چمکیلاپن ؛ نیم شفاف ہونا ؛ نیم شفافی ۔

Lucent : (a) (۱) چمک دار ؛ چمکیلا ؛ روشن ؛ منور ۔ (۲) نیم شفاف ۔

Lucernal : (a) چراغ کا ؛ لیمپ سے متعلق ۔

Lucerne / Lucern : (n) فصفصہ ؛ سہ برگہ ؛ ایک پودا جو چارے کے کام میں آتا ہے ۔

Lucian : (n) یونان کا ایک مشہور مصنف ۔

Lucianic : (a) Lucian کے انداز کا ؛ جس میں ظرافت اور استحقاق مذہب رنگ ہو ۔

Lucianically : (adv.) Lucian کے طرز میں ۔

Lucid : (a) (۱) روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ چمکدار ۔ (۲) (نباتیات و حیوانیات) چکنی ؛ چکنی سطح کا ؛ مجلی ۔ (۳) صاف ؛ واضح (اسلوب بیان) ۔

Lucid interval : (n) حواس ٹھیک ہونے کا زمانہ ؛ افاقے کا زمانہ ؛ دیوانگی کے دوروں کے درمیان عقل آجانے کا زمانہ ؛ پریشانیوں کے درمیان سکون کا زمانہ ؛ وقفۂ صحیح الحواسی ۔

Lucida : (n) نیّر ؛ روشن ترین سیارہ ۔

Lucidity : (n) تابندگی ؛ وضاحت بیان ۔

Lucidly : (adv.) وضاحت سے ۔

Lucidness : (n) دیکھو Lucidity

Lucifer : (n) (۱) ستارۂ سحر ؛ زہرا ؛ اولی فلک ؛ برہیت ۔ (۲) عزازیل ؛ شیطان ؛ ابلیس ۔ (۳) فرکی دیا سلائی ۔

Lucifer match : (n) فرکی دیا سلائی ؛ ایک پرانی قسم کی دیا سلائی ۔

Luciferian : (a) Cagliari کے اُسقُف Lucifer کے قائم کردہ فرقے سے متعلق ۔

Luciferian : (n) Lucifer کا پیرو ۔

Luciferous : (a) منور ؛ روشن ؛ واضح ؛ تنویری ۔

Luciferously : (adv.) منور ہو کر ؛ واضح طور سے ۔

Luciferousness : (n) نور ؛ روشنی ؛ وضاحت ۔

Lucific : (a) نور خیز ؛ نور افزا ۔

Lucifugous : (a) نور گریز ؛ روز گریز ؛ دن چور ؛ جو دن کی روشنی سے بچتا ہو۔

Lucigen : (n) نورزا لیمپ۔

Lucimeter : (n) (۱) نور پیما ؛ ضیا پیما ؛ ایک آلہ جس سے روشنی کی شدت ناپی جاتی ہے - (۲) دھوپ کے تبخیری اثر کو ناپنے کا آلہ -

Lucina : (n) (۱) (اساطیر روما) وضع حمل کی دیوی - (۲) دائی ؛ قابلہ - (۳) چاند -

Luck : (n) (۱) بخت ؛ تقدیر ؛ قسمت ؛ نصیب ؛ بھاگ ؛ اتفاق ؛ خوش نصیبی یا بدنصیبی - (۲) خوش قسمتی ؛ اتفاقی کامیابی - (۳) خوش بختی لانے والی چیز -

Bad luck to : بری خواہشات ؛ نا امیدی یا نفرت کا جملہ فجائیہ -

Down on (or in) one's luck : بدنصیبی کا مارا ؛ شامت زدہ -

For luck : برکت کے لئے -

In luck : خوش بختی میں ؛ خوش قسمتی میں -

Just my luck / No such luck / Out of luck : میری بدقسمتی سے -

Out of luck : بد بختی میں -

Run or stroke of luck : حسن اتفاق ؛ خوبیٔ تقدیر -

To have the luck : سعادت پانا ؛ ایسا خوش قسمت ہونا کہ -

To try one's luck : قسمت آزمائی کرنا ؛ جوا کھیلنا (لغوی و مجازی معنوں میں) -

Worse luck : بد قسمتی سے -

Luckily : (adv.) خوش قسمتی سے ؛ قسمت سے ؛ حسن اتفاق سے -

Luckiness : (n) خوش قسمتی ؛ اقبال مندی ؛ نیک فال ؛ سعادت ؛ باعث برکت ہونا -

Luckless : (a) کم بخت ؛ بد نصیب ؛ بد قسمت -

Lucklessly : (adv.) کم بختی سے ؛ بدنصیبی سے -

Lucklessness : (n) کم بختی ؛ بد نصیبی -

Lucky / Luckie : (n) (۱) بوڑھی عورت خصوصاً دادی ، نانی - (۲) (مزاحاً) بوڑھی عورت ؛ بیوی ؛ منتظمہ - (۳) شراب خانے کی منتظمہ -

Lucky : (n) خوش نصیبی ؛ خوش قسمتی ؛ اقبال مندی -

To cut or make one's luck : (عام) بھاگ جانا ؛ رفوچکر ہوجانا -

Lucky : (a) (۱) خوش نصیب ؛ خوش قسمت ؛ اقبال مند ؛ بھاگوان ؛ نصیبے کا سکندر ؛ قسمت کا دھنی ؛ مقدر کا سکندر - (۲) اتفاق سے صحیح نکلنے والا ؛ تیرتکے کا ؛اتفاقی - (۳) بروقت ؛ عین ضرورت کے وقت واقع ہونے والا - (٤) نیک ؛ سعید ؛ مسعود ؛ شبھ ؛ نیک فال ؛ نیک شگون ؛ باعث برکت ؛ جو برکت کے لئے پہنا جائے - (٥) (اسکاچستانی) خوش نصیب ؛ خوش بخت (عورتوں کو پیار سے پکارنے کا لفظ) -

Lucky : (adv.) (اسکاچستان) فیاضی سے ؛ فراخدلی سے -

Lucky : (n) (۱) باعث برکت چیز ؛ نیک شگون چیز - (۲) قسمت ساز چیز - (۳) (عام) فرار ؛ لے بھاگنا -

Lucky-bag : (n) ایک تھیلا یا برتن جس میں کم و بیش قیمت اشیاء ہوتی ہیں اور جو چاہے ایک چھوٹی سی رقم دے کر اس میں ہاتھ ڈالتا ہے اور جس چیز پر ہاتھ پڑ جائے وہ لے لیتا ہے -

Lucky dip : (n) دیکھو Crab-bag

Lucky penny : (n) مڑی ہوئی یا چھید کی ہوئی پینی جو بطور تعویذ پہنتے ہیں۔

Lucky-proach : (n) سمندری مچھلیوں کی دو قسموں کا نام۔

Lucky-sixpence : (n) پڑا ہوا یا Sixpence چھید کیا ہوا (سکہ) جو بطور تعویذ پہنتے ہیں۔

Lucky-stone : (n) نیک فال پتھر ؛ سوراخ دار پتھر جو خوش بختی کے لئے پہنا جاتا ہے۔

Lucrative : (a) نفع بخش ؛ نفع کا ؛ پر منفعت۔

Lucratively : (adv.) پر منفعت طور پر۔

Lucrativeness : (n) پرمنفعت ہونا ؛ نفع بخش ہونا۔

Lucre : (n) مال و زر ؛ روپیہ پیسہ (ہمیشہ ذم کے معنوں میں آتا ہے)۔

Lucretian : (a) Lucretius Carus (ایک شاعر کا نام) سے متعلق یا اس کی صفت کا یا اس سے مشابہ۔

Lucutual : (a) غمگین ؛ غم زدہ ؛ ماتمی۔

Lucubrate : (v) (۱) اپنے افکار و خیالات کو سپرد قلم کرنا۔ (۲) راتوں کو مطالعہ کرنا۔ (۳) پر آورد یا علمیت نما کتابیں لکھنا۔

Lucubration : (n) (۱) مطالعہ نیم شب ؛ افکار نیم شب۔ (۲) ادبی تصنیف خصوصاً وہ جس میں علمیت کا بیجا اظہار یا آورد ہو ؛ پر آورد یا علمیت نما تصنیف۔

Lucubrator : (n) اپنے افکار کو سپرد قلم کرنے والا ؛ پر آورد یا علمیت نما کتابیں لکھنے والا۔

Luculent : (a) (۱) (شہادت وغیرہ) واضح ؛ صاف ؛ بین ؛ قطعی۔ (۲) (آدمی) مشہور ؛ نامور ؛ ممتاز ؛ نامی گرامی۔

Luculently : (adv.) بین طور پر ؛ واضح طور پر۔

Luculian /-ean : (a) روم کے امیر L. Licius Lucullus سے متعلق یا اس کی صفت کا۔

Lucumo /-on : (n) Etruria کا امیر۔

Lud : (n) دیکھو Lord

Luddism : (n) Luddites کا عقیدہ یا رواج۔

Luddite : (n) کاریگروں کی ایک جماعت کا رکن جس نے ۱۸۱۱ء میں مشینوں کو تباہ کر دینے کی غرض سے بلوہ کیا تھا (انگلستان میں)۔

Ludicro : (prefix) سابقہ بمعنی "مسخرگی"۔

Ludicrous : (a) مہمل ؛ مضحک ؛ مضحکہ خیز ؛ مستحق حقارت۔

Ludicrously : (adv.) مضحکہ خیز طور پر ؛ مضحک طور پر۔

Ludicrousness : (n) مضحکہ خیز ہونا ؛ مضحک ہونا ؛ مضحکہ خیزی۔

Ludo : (n) لوڈو ؛ ایک کھیل جو خاص قسم کے بور (بساط) پر پانسے سے کھیلا جاتا ہے۔

Lues : (n) (۱) وبا ؛ طاعون ؛ متعدی مرض ؛ چھوت ؛ متعدی ہونا۔ (۲) آتشک۔

Luetic : (a) طاعونی ؛ آتشکی ؛ آتشک میں مبتلا۔

Luff : (n) (۱) بادبان کا وہ رخ جو مستول سے قریب ترین ہو۔ (۲) جہاز کے اگلے (سر جہاز) کا سب سے چھوٹا حصہ۔

Luff a luff : (بحری) ساحل کے قریب قریب رہنا۔

To keep one's luff : (بحری) ہوا کے رخ پر چلنا ؛ ہوا کے ساتھ چلنا۔

To spring one's luff : (بحری) سر جہاز کو ہوا کے رخ پر کرنا۔

کی کوشش کرنا ؛ زور کرنا ۔(۳) (بات یا مسئلے کو) کھینچ تان لے آنا ۔ (٤) (آدمی کو) کھینچتے ہوئے لے چلنا ؛ زبردستی لے چلنا ۔

Lug-mark : (n & v) دیکھو Ear-mark

Lug out : (n) (۱) کھینچ کر باہر لے جانا ۔ (۲) تلوار کھینچنا ؛ روپے پیسے وغیرہ اینٹھنا ۔

Lug sail : (n) ایک قسم کا چوکوشیہ بادبان ۔

Lug-worm : (n) کرم طعمہ ؛ کیچوا ۔

Luge : (n) سوئٹزر لینڈ میں استعمال ہونے والی برف گاڑی ۔

Luggage : (n) سفری اسباب ؛ سامان ؛ بوریا بستر ۔

Lugger : (n) ایک چھوٹا جہاز جس میں آگے اور پیچھے چوکوشیہ بادبان لگے ہوں ۔

Lugubrious : (a) اُداس ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ رنجیدہ ؛ ماتمی ؛ غمناک ؛ غمزدہ ۔

Lugubriously : (adv.) اداسی سے ؛ مغمومانہ ؛ غم ناک طور پر ۔

Lugubriousness : (n) اداسی ؛ غمگینی ؛ رنجیدگی ؛ غم ناکی ۔

Lukewarm : (a) (۱) نیم گرم ؛ کنکنا ؛ شیر گرم ۔ (۲) سرد مہر ؛ بے التفات ۔ (۳) سرد مہربانہ ؛ کم التفاتی کا ؛ بے دل کا ۔

Lukewarm : (n) سرد مہر ؛ بے التفات (شخص) ۔

Lukewarmly : (adv.) کنکنے پن کی حالت میں ؛ سرد مہری سے ؛ کم التفاتی سے ؛ بے دلی سے ۔

Lukewarmness : (n) کنکناپن ؛ سرد مہری ؛ غیر گرم جوشی ؛ کم التفاتی ؛ بے دلی ۔

Lull : (n) (۱) تھپکی ؛ تھپک کر سلانے والا ؛ داروئے اندوہ رُبا ۔ (۲) مدھوشی (۳) (طوفان کے درمیان کا) سکون ؛

To turn /- wend the luff : (بحری) راستہ بدلنا ۔

Luff : (v) (۱) سر جہاز کو ہوا کی طرف پھیرنا ۔ (۲) (کشتی کی دوڑ میں) حریف کی کشتی کی ہوا کے رخ پر اپنی کشتی لے آنا ۔

Luff the helm : جہاز رانوں کا ایک حکم یا پکار ۔

To luff round or alee : ہوا کے رخ کی طرف زیادہ کرنا ۔

Luff : (n) (عام) لفٹنٹ ۔

Luff-tackle : (n) (بحری) رسا چرخی جس میں دوہری یا اکہری چرخی لگی رہتی ہے ۔

Luff upon luff : (n) (بحری) ایک قسم کی رسا چرخی ۔

Luffer : (n) دیکھو Louver

Luft waffe : (n) جرمنی کی فضائیہ ۔

Lug : (n) (۱) ڈنڈا ؛ بلّی ؛ (۲) لمبائی کا پیمانہ ۔

Lug : (n) (۱) ٹوپی کا لٹکتا ہوا حصہ جو کان کو ڈھکتا ہے ۔ (۲) کان ؛ گوش ۔ (۳) کان سے مشابہ چیز ۔ (٤) صراحی کا دستہ ؛ دستہ ۔ (٥) آتش دان کی بغلی دیوار ۔ (٦) تانبے یا پیتل کا ایک پرزہ جس کے ذریعہ برقی تار جوڑے جاتے ہیں ۔ (۷) گول ڈھبری جو پیچ کے سرے کو ڈھکتا ہے ۔ (۸) (عام) بھدا بیوقوف آدمی ؛ ان گھڑا ؛ کوڑھ مغز ۔

Lug / Log : (n) ایک بڑا بحری کیڑا جس کو مچھلی کے چارے کے لئے کام میں لاتے ہیں ۔

Lug : (n) ایک قسم کا چوکوشیہ بادبان ۔

Lug : (n) زور کی کھینچ ؛ زور کا جھٹکا ؛ گھسیٹ ۔

Lug : (v) (۱) گھسیٹنا ؛ زور سے کھینچنا ؛ کھینچتے ہوئے لے جانا ۔(۲) (کسی بھاری چیز کو) کھینچنے

وقفہ ۔ (٤) وقفہ ؛ سکون ۔

Lull : (v) (۱) لوری دے کر یا تھپک کر سلانا ۔ (۲) سہلا دینا ؛ جھوٹی تسلی کر دینا ؛ (شبہ) رفع کرنا (دھوکا دے کر)۔ (۳) (طوفان ، شور و غل کا) فرو کرنا ؛ فرو ہونا ۔ (٤) طوفان ، غصہ وغیرہ کا) فرو ہونا ؛ زور کم ہونا ۔

Lull : (n) (وھیل کا شکار) جہاز کے تہ خانے میں وھیل کی چربی لے جانے کی نلی ۔

Lullaby : (n) (۱) مسکن ؛ ترجیح ۔ (۲) لوری ؛ بچوں کے سلانے کا گیت ۔

Lullaby : (n) لوری دینا ؛ گیت گا کر سلانا (بچوں کو) ۔

Lullilbo : (v) افریقی حبشیوں کی طرح نعرہ٬ مسرت بلند کرنا ۔

Lulu : (n) نہایت عمدہ چیز یا شخص ۔

Lum: (n) چمنی ؛ دودکش ؛ ساق چمنی ۔

Lumachella / Lumachel (le) : (n) ایک قسم کا گہرے رنگ کا چونے کا پتھر جس میں سے آگ کی سی روشنی نکلتی ہے ؛ آتشی سنگ مر مر ۔

Lumbaginous : (a) درد کمر سے متعلق یا اسی طرح کا یا اس میں مبتلا ؛ درد کمر کا ؛ وجع مفاصل کا ۔

Lumbago : (n) (طب) درد کمر ؛ وجع مفاصل ؛ کمر میں گٹھیا کا اثر ۔

Lumbago : (v) درد کمر میں مبتلا کرنا ۔

Lumbar : (a) کمر کا ؛ کمر کی ؛ صلبی ؛ کمری ۔

Lumbar : (n) کمر کی رگ ؛ نس وغیرہ ؛ صلبی رگ ؛ مہرہ٬ پشت ۔

Lumber : (n) (۱) فرسودہ یا از کار رفتہ ؛ سامان ؛ کاٹ کباڑ ۔ (۲) بیکار سامان ؛ بھدا یا بھاری سامان ۔ (۳) ضرورت سے زیادہ چربی ؛ فالتو چربی (خصوصاً گھوڑوں میں) ؛ فالتو گوشت (خصوصاً کتے میں) ۔ (٤) بھدی عمارتی لکڑی ؛ کٹے شہتیر ۔

Lumber : (v) بھد بھد کرتے ہوئے چلنا ؛ بھدے پن سے چلنا ۔

Lumber : (v) (عام) رہن رکھنا ؛ گروی رکھنا ؛ پوشیدہ طور پر رکھا جانا ؛ قید ہونا ۔

Lumber : (v) (۱) بیکار جگہ گھیرنا ؛ رستہ روک دینا ۔ (۲) ایک جگہ ڈھیر لگا دینا ؛ کاٹ کباڑ کی طرح بھر دینا ۔ (۳) جنگلی لکڑی کے لٹھے کاٹ کر تیار کرنا ۔

Lumber-career : (n) عمارتی لکڑی لے جانے والی کشتی ۔

Lumber-man :.(n) جنگلی درختوں کے لٹھے کاٹنے والا ۔

Lumber-mill : (n) تختے چیرنے کا کارخانہ ۔

Lumber-room : (n) کباڑ کوٹھری ۔

Lumber-trade : (n) کٹے شہتیر کی تجارت ۔

Lumber-wood : (n) لکڑی جس کو کاٹ کر شہتیر بنائی جاتی ہے ۔

Lumberer : (n) دیکھو Lumber man

Lumbo : (prefix) سابقہ بمعنی "کمر" ۔

Lumbo-abdominal : (a) کمر اور پیڑو کا ۔

Lumbrical : (a) کرم نما ؛ کرم قِطنیہ سے متعلق ؛ تکلہ نما عضو کے متعلق ۔

Lumbrical / Lumbricalis: (n) وہ پٹھا جس سے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں جھکتی ہیں ۔

Lumbriciform : (a) کرم نما ؛ کیچوا سے مشابہ ۔

Lumbricoid : (a) کیچوا سے مشابہ ؛ کرم نما ۔

Lumbricoid : (n) حَیات ؛ کیچوا ۔

Lumbricus : (n) (۱) کیچوا ؛ زمینی کیڑا ۔ (۲) کرم قطنیہ ؛ حیات ۔

Lumen : (n) (۱) (تشریح و نباتیات وغیرہ) جوف خلوی ؛ جوف مرکزی ؛ درونہ قنات ۔ (۲) (فوج) نوریہ ؛ لُومن ۔

Luminance : (n) نور ؛ روشنی ؛ تابانی ۔

Luminant : (a) منور ؛ روشن ۔

Luminant : (n) روشن کرنے والا ۔

Luminarism : (n) چمکیلے رنگوں والی مصوری ۔

Luminarist : (n) مصور جو روشنی سے موثر طور پر کام لیتا ھے ؛ چمکیلے رنگوں کو استعمال کرنے والا مصور ۔

Luminary : (n) (۱) نیّر ؛ روشنی بخشنے والا ؛ جرم سماوی ؛ خصوصاً چاند یا سورج ۔ (۲) جسے ذهنی ، اخلاقی یا روحانی عظمت حاصل هو ، نیز فضل و کمال ؛ صاحب فضل ؛ ذی شرف ؛ روشن خیال و رهنما ۔ (۳) مصنوعی روشنی ؛ چراغاں ۔

Luminesce : (v) ضیا بار هونا ۔

Luminescence : (n) ضیا باری ؛ نورانیت ؛ لمعان ۔

Luminescent : (a) ضیا بار ۔

Luminiferous : (a) نور آفریں ؛ نور پاش ؛ نوررساں ؛ روشنی پیدا کرنے والا یا پھیلانے والا ۔

Luminophore : (a) (کیمیا) نور بردار ۔

Luminosity : (n) نوریت ؛ طاقت تنویر ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ روشنی ؛ تابندگی ۔

Luminous : (a) (۱) روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ منور ؛ نورانی ؛ چمک دار ۔ (۲) بصیرت افروز ؛ نوری ۔ (۳) واضح

Luminously : (adv.) تابندگی سے ؛ بصیرت افروز طریقے سے ۔

Luminousness : (n) بصیرت افروزی ؛ روشنی ؛ تابانی ۔

Lumme / Lummy : (interj.) (۱) ارے ؛ ہائیں ۔ (۲) قسم هے ؛ اپنی جان کی قسم ۔

Lummy : (a) (عام) اوّل درجے کا ۔

Lump : (n) (۱) ڈھیلا ؛ ڈلا ؛ ڈلی ؛ لونڈا ۔ (۲) ڈھیر ؛ انبار ؛ مجموعہ ؛ مقدار کثیر ۔ (۳) گندھی هوئی مٹی ؛ گندھا هوا آٹا ۔ (٤) ابھری هوئی چیز ؛ گومڑا ؛ گانٹھ ؛ گلٹی ؛ ورم ؛ چوٹ ؛ زخم ۔ (٥) موٹا بھدا آدمی ؛ بڑی اور مضبوط مخلوق ۔ (٦) لوچدار لوہے کی سلاخ ۔ (۷) فرش بندی کی قدرے موٹی اینٹ ۔ (۸) گودی میں استعمال هونے والا بجرا ۔ (۹) بندوق کا نپّل ۔ (۱۰) موج (جو هوا کی وجه سے اٹھے) ۔ (۱۱) (جمع) سزا ؛ مار ۔

A lump in one's throat : (۱) جذبات کے جوش میں دم رکنا ۔ (۲) گلے کی سوجن ۔

All of a lump : کل ملا کر ؛ اکٹھے ۔

By the lump : (۱) اکٹھا ؛ مجموعہ ۔ (۲) تھوک ۔

In the lump : By the lump دیکھو

Lump : (n) ایک بھدی خار دار کھپروں والی مچھلی جس کا رنگ سُرمئی هوتا هے ۔

Lump : (v) (۱) اکٹھا کرنا ؛ ڈھیر کرنا ۔ (۲) سب کو یکساں سمجھنا ؛ فرق نه کرنا ۔ (۳) کل رقم لگا دینا ۔ (٤) گومڑے پڑ جانا ؛ بہت سے ڈھیر جمع هوجانا ؛ ڈلے اکٹھے هو جانا ۔ (٥) بھدے پن سے چلنا یا بیٹھنا ۔

Lump : (v) (کسی چیز کو) ناپسند کرنا ؛ طوعاً یا کرہاً برداشت کرنا ۔

Lump-coal : (n) ڈلا کوئله ۔

Lump-fish : (n) ایک بھدی خار دار کھپروں والی مچھلی ؛ بوم ماہی ۔

Lump-gold : (n) سونے کا ڈلا ۔

Lump sucker : (n) بوم ماہی ۔

Lump sugar : (n) ڈلی دار چینی ؛ شکر کے ڈلے ۔

Lump sum : (n) یکمشت رقم ؛ وہ رقم جس میں تمام مدیں شامل ہوں ؛ بالمقطع ؛ (ادائی) مجموعی رقم ؛ اکٹھی رقم ؛ کل رقم ۔

Lumper : (n) (۱) (جہاز کا) حمال ؛ مزدور جو جہاز کا مال لادنے اتارنے کا کام کرتا ہے ۔ (۲) چھوٹا ٹھیکہ دار جو اکٹھا کام دوسروں کو بانٹ دے ۔ (۳) وہ شخص جو چیزوں کو چند بڑی بڑی قسموں میں تقسیم کر دے ۔ (٤) (آئرستان) گھٹیا قسم کا آلو۔

Lumpily : (adv.) گٹھیلے پن سے ؛ ڈلے دار طور پر ۔

Lumpiness : (n) گٹھیلا ہونا ۔

Lumping : (a) بڑا ؛ بھاری ؛ بھدا ؛ کثیر ۔

Lumping pennyworth : (n) کافی ؛ وافر ؛ کثیر ۔

Lumping weight : (n) پورا وزن ؛ اچھا وزن ۔

Lumpish : (a) (۱) موٹا اور بھدا ۔ (۲) بیوقوف ؛ سست ؛ کٹھل ۔

Lumpishly : (adv.) بھدے پن سے ؛ بیوقوفی سے ۔

Lumpishness : (n) بھدا پن ؛ سستی ۔

Lumpkin : (n) بیوقوف شخص ؛ انگھڑ شخص ۔

Lumpy : (a) (۱) گٹھیلا ؛ گومڑے بڑا ؛ گلٹی دار ۔ (۲) ڈھیلوں سے بھرا ؛ ڈلے دار ۔ (۳) (پانی) لہر لہر ؛ جس میں ہوا سے چھوٹی چھوٹی لہریں پیدا ہوجائیں ؛ موج دار ۔ (٤) (عام) مخمور ؛ نشے میں ۔

Luna : (n) (۱) چاند (شخص) ۔ (۲) (نقابت) چاندی ؛ نقرہ ۔ (۳) (کلیسا) دیکھو Lunette ۔ (٤) شمالی امریکا کا ایک بڑا کیڑا جس کے بازوؤں پر ہلالی نشان ہوتا ہے ؛ ماہ پروانہ ۔

Luna cornea : (n) کچی چاندی ۔

Luna moth : (n) ماہ پروانہ ۔

Lunacy : (n) (۱) سودا ؛ جنون ؛ دیوانگی ؛ سنکی پن ؛ پاگل پن ۔ (۲) (قانون) عدم صحت عمل ۔ (۳) سخت حماقت ؛ بڑی بیوقوفی ۔

Commission of lunacy : صحت عقل کی تحقیقات کا اختیار ۔

Commissioner in lunacy : صحت عقل کی تحقیقات کا مجاز ۔

Master in lunacy : وہ افسر جو صحت عقل کی تحقیق کرتا ہے ۔

Lunar : (a) (۱) چاند کا ؛ قمری ؛ متعلق بہ قمر ۔ (۲) (روشنی یا شان و شوکت) پھیکی ؛ ہلکی ؛ ماند ۔ (۳) ہلال نما ؛ ہلالی ۔ (٤) نقرئی ؛ سیمیں ؛ چاندی کا ۔

Lunar / Lunare : (n) (۱) فاصلہ قمری ؛ ساخت قمری ؛ بُعد قمری ؛ مشاہدہ قمر ؛ چاند کی ساخت معلوم کر کے طول البلد معین کرنا ۔ (۲) کلائی کی ہلالی نما ہڈی ؛ ہلالیہ ۔

Lunar caustic : (n) پگھلی ہوئی چاندی کا نائٹریٹ ۔

Lunar cycle : (n) دور قمر ۔

Lunar day : (n) قمری دن ۔

Lunar distance : (n) (۱) (بحری) سورج ؛ سیارہ یا ثابتہ سے چاند کی دوری ۔

Lunar eclipse : (n) خوف ؛ چاند گہن ۔

Lunar module : (n) چاند گاڑی ۔

Lunar month : (n) قمری مہینہ ؛ قمری ماہ ؛ چندر ماس ۔

Lunar rainbow : (n) قمری قوس قزح (جو چاند کی شعاعوں سے بنتی ہے)۔

Lunar tables : (n) قمری جداول۔

Lunar theory : (n) کلیہ تجاذب سے چاند کی حرکت کی تفریق۔

Lunar year : (a) قمری سال۔

Lunarian : (a) چاند میں رہنے والا ؛ ساکن قمر ؛ قمری۔

Lunarian : (n) (۱) کرہ قمر کا باشندہ ؛ ساکنِ قمر۔ (۲) قمر شناس ؛ چاند کے متعلق خاص معلومات رکھنے والا ہیّت داں یا جہازراں ؛ عالم قمر ؛ قمرداں۔

Lunary : (n) علف ماہ ؛ رشادکوہی۔

Lunary : (a) دیکھو Lunar

Lunate : (a) (نباتیات و حیوانیات) ہلالی ؛ ہلال نما۔

Lunatic : (a) (۱) سودائی ؛ مجنون ؛ دیوانہ ؛ سڑی ؛ باؤلا ؛ پاگل۔ (۲) سخت احمقانہ و مجنونانہ (فعل)۔ (۳) بیوقوف ؛ خبطی ؛ چلا ہوا۔

Lunatic : (n) پاگل ؛ سودائی ؛ خبطی ؛ مجنون ؛ بیوقوف ؛ احمق۔

Lunatic asylum : (n) پاگل خانہ۔

Lunatic fringe : (n) انتہا پسند اراکین (کسی جماعت کے)۔

Lunatic hospital : (n) دیکھو Lunatic asylum

Lunation : (n) تقمیر ؛ ایک چاند رات سے دوسرے تک کا زمانہ ؛ قمریہ ؛ قمری ماہ۔

Lunch : (n) (۱) دوپہر کا کھانا۔ (۲) (ناشتے اور دوپہر کے کھانے کے درمیان) حاضری ؛ چاشت۔ (۳) ہلکا کھانا (کسی وقت کا)۔ (٤) ہوٹل (جہاں کھانا پکتا اور بکتا ہے)۔

Lunch : (v) چاشت یا حاضری کھانا یا مہیا کرنا۔

Luncheon : (n) دوپہر کا کھانا ؛ دوپہر کے کھانے کی دعوت۔

Luncheon : (v) دوپہر کا کھانا کھانا۔

Luncheonette : (n) وہ جگہ جہاں لنچ بکتا ہے۔

Lundyfoot : (n) ایک قسم کا ناس یا نسوار۔

Lune : (n) (شکرہ بازی) شکرے کی ڈوری۔

Lune : (n) دورہ جنون۔

Lune : (n) (۱) قاش ؛ شکل ہلالی ؛ پھانک۔ (۲) ہلالی شکل یا سطح۔

Lunel : (n) (۱) ایک قسم کی میٹھی مشک بو شراب۔ (۲) فرانس کا ایک شہر۔

Lunette : (n) (۱) (نعلبندی) کھُر کے اگلے حصے کی نیم کروی نعل۔ (۲) (مقعر چھت میں) محرابی روشندان۔ (۳) گنبد یا چھت میں ہلالی یا نیم دائرہ کی جگہ جو نقش و نگار سے مزین کی جائے ؛ کمانچہ۔ (٤) بڑا دمدمہ جس میں دو محاذ اور دو پہلو ہوں۔ (٥) گھڑی کا چپٹا شیشہ۔ (٦) (guillotine میں) گردن ڈالنے کا سوراخ۔ (۷) اندھیاری (جو گھوڑوں کی آنکھوں پر ڈال دیتے ہیں)۔ (۸) چشمے کا مقعر محدب شیشہ۔ (۹) (شیشہ سازی) بھٹی کا بغلی شگاف۔ (۱۰) دو شاخہ آہنی پلیٹ جس سے توپ گاڑی جوڑ دی جاتی ہے۔ (۱۱) (کلیسا) مدور بلوری ڈبہ جس میں عشائے ربّانی کی روٹی رکھی جاتی ہے۔ (۱۲) ریت وغیرہ کا ہلال نما تودہ جو ہواؤں سے تشکیل پاتا ہے۔

Lung : (n) (۱) پھیپھڑا ؛ شُش ؛ ریات۔ (۲) دیکھو Lung-lichen۔

Lung-fever : (n) نمونیا ؛ ذات الرّیہ۔

Lung-fish : (n) پھیپھڑے دار مچھلی۔

Lung-flower : (n) دلدلی یکھان بید۔

Lung-growing : (n) مواشی کی ایک بیماری جس میں پھیپھڑے بغل میں چمٹ جاتے ھیں ۔

Lung-lichen : (n) (۱) حشیشته الرّیه ؛ ایک قسم کی کائی ۔ (۲) ایک پودا جس کی پتیوں پر سفید چتیاں ھوتی ھیں ۔

Lung-power : (n) آواز کا زور ؛ چیخنے کی قوت ۔

Lung-worm : (n) مواشی کے پھیپھڑے کا ایک طفیلی کیڑا ۔

Lunge / Longe : (n) (۱) لمبی رسی جس میں چابک سوار گھوڑے کو باندھتا ھے اور سدھانے کے لئے کاوے دیتا ھے ۔ (۲) گھوڑے کو کاوے دینے کا مدور میدان ۔ (۳) گھوڑے کو لمبی رسی کے ذریعہ سے یا اسی میدان میں کاوے دینا ۔

Lunge / Lounge : (n) (۱) شمشیر بازی میں تلوار کی هول ۔ (۲) بله ؛ جھپٹ ۔

Lunge / Longe : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lunge / Lounge : (v) (۱) (شمشیر بازی) تلوار سے هول مارنا ؛ بھونکنا ۔ (۲) (مکه بازی) کندھے سے ٹکرمارنا ۔ (۳) لاتیں پھینکنا ؛ لاتیں اچھالنا ۔ (٤) زور سے چلانا ۔ (٥) جھپٹنا ؛ بله کرنا ۔

Lunge/ Longe / Lounge : (v) (۱) گھوڑے کو لمبی رسی کے ذریعہ میدان میں کاوے دینا ۔ (۲) (گھوڑے کا) میدان میں چکر لگانا ۔

Lunged : (a) پھیپھڑے دار ؛ شُش دار ۔

Lungeous : (a) تیز و تند ۔

Lungs of oak : (n) دیکھو Lung lichen

Lungs of London : (n) لندن یا دوسرے بڑے شہر کے اندر یا اس کے نواح میں کھلے میدان ۔

Lungwort : (n) دیکھو Lung lichen

Lungy : (a) (عام) مدقوق ؛ دق والا ۔

Luniform : (a) قمری شکل ؛ قمر نما ۔

Lunisolar : (a) چاند و سورج کا ؛ قمری شمسی ۔

Lunisolar period : (n) قمری شمسی دور ؛ ٥٣٢ (پانچ سو بتیس) سال کا عرصه جس کے بعد شمس و قمر کا دورہ ایک ساتھ ھوتا ھے ۔

Lunisolar-precession : (n) استقبال نیرین ۔

Lunisolar year : (n) قمری شمسی سال ۔

Lunistice : (n) وہ نقطه یا وقت جس پر چاند انتہائی جنوب یا شمال میں ھوتا ھے ۔

Lunitidal : (a) قمر جَواری ۔

Lunitidal interval : (n) قمر جَواری وقفه ۔

Lunker : (n) بہت بڑی چیز (خصوصاً مچھلی کے لئے استعمال ھوتا ھے) ۔

Lunkhead : (n) غبی ؛ کند ذہن شخص ؛ کودن ؛ کوڑھ مغز ۔

Lunt : (n) (۱) آھسته جلنے والی دیا سلائی ؛ ثارج ۔ (۲) بے شعلے کا دھواں (مثلاً پائپ کا) ؛ گرم بھاپ ۔

Lunt : (v) (۱) تمباکو پینا ؛ دھواں نکالنا ۔ (۲) (دھوئیں کا) مرغوله بننا ۔ (۳) جلانا ؛ روشن کرنا ۔ (٤) آگ لگنا ۔

Lunula : (n) شکل ہلالی ۔

Lunular : (a) شکل ہلالی سے متعلق یا مشابه ؛ ہلالک نما ۔

Lunulate / Lunulated : (a) ہلال نما ؛ ہلالی نمو ؛ ہلالی چتیوں یا داغوں والا ۔

Lunule : (n) (۱) ہلالی نشان ؛ ہلالک ۔ (۲) قاش ؛ شکل ہلالی ۔

Lunulet : (n) چھوٹا ہلالی نشان ۔

Lunulite : (n) چھوٹا متحجر مرجان جو کم و بیش مدور ہوتا ہے ۔

Luny : دیکھو Loony

Lupanar : (n) چکلا ؛ قحبہ خانہ ۔

Lupercal / Lupercalia : (n) (۱) (قدیم روما) غار جو لیو پرکس(دیوتا) کی نسبت سے متبرک سمجھا جاتا ہے ۔ (۲) سالانہ تیوہار Lupercus کے احترام میں فروری میں منایا جاتا ہے ۔

Lupine / Lupin : (n) (۱) باقلائے مصری ؛ ایک قسم کا پودا ۔ (۲) (جمع) باقلائے مصری کا بیج ۔

Lupine : (a) بھیڑیئے کا ؛ بھیڑیئے کے متعلق ؛ گرگ صفت ؛ بھیڑیئے جیسا ؛ گرگی ۔

Lupinin : (n) (کیمیا) ایک تلخ شکر ۔

Lupous : (a) نتبہ سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Lupulin : (n) سفوف رازک ؛ ایک زرد لاکھی سفوف جو رازک (Hop) کے پوست کمامہ کے نیچے پایا جاتا ہے ۔

Lupulinic : (a) سفوف رازک سے متعلق ۔

Lupus : (a) (۱) نتبہ ؛ اکلہ ۔ (۲) سبع ؛ گرگ فلک ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔

Lurch : (n) پیش دستی ۔

To lie at (on, upon the) lurch : چھپا رہنا ؛ گھات میں بیٹھنا ۔

Lurch : (n) (۱) (بحری) ایک سمت کو اچانک جھکاؤ ؛ جھوک ؛ لغزش (قدم) ۔ (۲) (امریکا) رجحان ؛ میلان ؛ جھکاؤ ۔

Main street : (n) بڑی سڑک (کسی شہر کی) ۔

Main-top : (n) (بحری) نچلے بڑے مستول کے اوپر کا تختہ ۔

Main-topgallant : (n) Main-topmast کے اوپر کا مستول ۔

Main-topmast : (n) نچلے سب سے بڑے مستول کے اوپر کا مستول ۔

Main-topsail : (n) سب سے بڑے بادبان سے اوپر کا بادبان ۔

Main-yard : (n) آڑنڈا ؛ سب سے بڑے پال کا ڈنڈا ۔

Mainly : (adv.) زیادہ تر ۔

Mains : (n) گھر سے ملحق فارم ۔

Mainstay : (n) (۱) اگلے مستول کی بڑی سہارے کی بلّی ۔ (۲) (مجازاً) سب سے بڑا سہارا ؛ وہ چیز جس پر دارومدار ھو ۔

Mainstaysail : (n) بادکش جو اگلے مستول کے سہارے کی رسی میں لگاتے ھیں ۔

Mainstream : (n) (مجازاً) اہم چشمہ ۔

Maintain : (v) (۱) قائم رکھنا ؛ جاری رکھنا ؛ کرتے رھنا ۔

(۲) (کسی شخص کو کسی حالت میں) قائم رکھنا ؛ سنبھالے رہنا ؛ سہارا دیئے رہنا ؛ قابض رکھنا ۔ (۳) (اپنا) خرچ چلانا ؛ حیثیت قائم رکھنا ۔ (٤) خرچ اٹھانا ؛ کفالت کرنا ؛ خبر گیری کرنا ؛ پرورش کرنا ۔ (٥) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ۔ (٦) وثوق سے کہنا ؛ وعدے سے کہنا ۔ (۷) اچھی حالت میں رکھنا ؛ مہیا کرنا ؛ مرمت کرتے رہنا ۔ (۸) قائم رکھنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ (مقام، حیثیت وغیرہ دشمن کے خلاف) ۔

To maintain one's ground : اپنی جگہ پر قائم رہنا ؛ اپنے موقف پر ڈٹے رہنا ۔

Maintainable : (a) قابل حمایت ؛ قابل تائید ؛ قیام پذیر ۔

Maintainer : (n) قائم رکھنے والا ؛ تائید کرنے والا ۔

Maintenance : (n) (۱) پرورش ؛ سہارا ؛ حفاظت ؛ حمایت ؛ خبر گیری ؛ نگہداشت ۔ (۲) روٹی کپڑا ؛ نان ونفقہ ؛ مایحتاج ؛ ضروریات زندگی ؛ گذارا ۔ (۳) کسی فریق مقدمہ کی ناجائز امداد ۔

Cap of maintenance : (۱) کلاہ شاہی جسے جلوس میں بادشاہ کے آگےلے چلتے ہیں ۔ (۲) کلاہ حکومت ؛ کلاہ منصب ۔

Separate maintenance : مطلقہ بیوی کی کفالت ۔

Maintenon : (n) Louis XIV کی بیوی کا نام ؛ بعض ناموں کے ساتھ بہ طور صنعت استعمال ہوتا ہے جیسے Maintenon chop/-cutlet وغیرہ ۔

Maison-dieu : (n) اسپتال ؛ دارالاقامت ؛ ہوٹل ۔

Maison (n) ette : (n) (۱) چھوٹا مکان ۔ (۲) مکان کا کوئی حصّہ جو خود مکمل رہائش گاہ کا کام دے ۔ (۳) اٹھاؤ حصّہ (کسی مکان کا وہ حصہ جو کرائے پر دیا جائے) ۔

Maitre d 'armes : (n) شمشیر زنی کا استاد ۔

Maitre d 'hotel : (n) (۱) منتظم ؛ خانساماں ۔ (۲) ہوٹل کا منیجر ۔

Maitred : (n) دیکھو Maitre d'hotel

Maize : (n) (۱) مکئی کا پودا ؛ مکئی ۔ (۲) مکئی کا رنگ ۔

Maize-bird : (n) ایک امریکی چڑیا جو مکئی کھاتی ہے ۔

Maize-eater : (n) جنوبی امریکا کی ایک چڑیا جو مکئی کھاتی ہے ۔

Maize-sugar : (n) گلوکوز ؛ قند انگور ۔

Maize-thief : (n) دیکھو Maize-bird

Maize-yellow : (n) مکئی کی طرح زرد (رنگ) ۔

Maizena : (n) مکئی کا آٹا ؛ آرد مکئی ۔

Maja : (n) ہسپانوی حسینہ (نچلے طبقے کی) ۔

Majestic : (a) عالی شان ؛ پر شکوہ ؛ باوقار ؛ شاندار ؛ شاہانہ ؛ رعب دار ؛ عظیم الشان ۔

Majestical : (a) دیکھو Majestic

Majestically : (adv.) شان و شکوہ سے ؛ کروفر سے ؛ شان و شوکت سے ؛ جاہ و جلال سے ؛ آن بان سے ۔

Majesty : (n) (۱) شان و شوکت ؛ شان و شکوہ ؛ جاہ و جلال ؛ عظمت و جلالت ؛ عظمت و جلال ؛ کروفر ؛ رعب داب ؛ دبدبہ ؛ طنطنہ ؛ وقار ۔ (۲) منصب شاہی ؛ فرماں روا قوت ۔ (۳) (عیسوی تثلیث) باپ یا بیٹے کی تصویر نور کے ہالے میں ۔

Her majesty : ملکہ معظمہ ۔

His majesty : ملک معظم ۔

Your majesty : حضور ؛ جلالت مآب ؛ عزت مآب ؛ جلال الملک ۔

Majo : (n) نچلے طبقے کا ہسپانوی بانکا ۔

Majolica/Maiolica : (n) (۱) اطالیہ کے قدیم نقشی ظروف۔(۲) ان کی نقل جو آج کل بنائی جاتی ھے۔

Major : (n) (۱) میجر (فوجی عہدہ دار جو کپتان سے بڑا اور لفٹنٹ کرنل سے چھوٹا ہوتا ھے۔ (۲) سالمن مچھلی پھنسانے کا مصنوعی کیڑا۔

Major : (a) (۱) (دو شخصوں یا چیزوں میں) بڑا ؛ بزرگ ؛ کبیر ؛ اکبر اعظم۔ (۲) (مدرسے میں) ایک نام کے دو لڑکوں میں سے بڑا لڑکا۔ (۳) بالغ ؛ بالغہ۔ (٤) (منطق) کبریٰ۔ (٥) اصلی۔ (٦) سنگین۔

Bob major : (گھنٹی بجانے میں) سروں کا تغیر جو آٹھ گھنٹیوں پر بجایا جاتا ھے۔

Major : (n) (۱) بڑا شخص ؛ بزرگ۔ (۲) (منطق) قضیہ کبریٰ۔ (۳) بالغ ؛ بالغہ۔ (٤) وہ مضمون جو خصوصی مطالعہ کے لئے چنا جائے ؛ ایسے خصوصی مطالعے کا طالب علم۔

Major : (v) کسی مضمون کا خصوصی مطالعہ کرنا۔

Major alcaics : (n) (یونانی شاعر) القیوس اعظم۔

Major axis : (n) محور اعظم ؛ قطر اعظم۔

Major-domo : (n) (۱) (اطالیہ وہسپانیہ) شاہی محل کا میر سامان۔ (۲) (مزاحاً) انگریز خانساماں ؛ کرتا دھرتا ؛ کل کلاں۔

Major epilepsy : (n) اصلی صرع۔

Major excommunication : (n) (رومن کیتھولک) کسی شخص کا کلیسا سے مطلق خراج۔

Major-general : (n) (۱) لفٹنٹ جنرل سے نیچے کا عہدہ دار۔ (۲) کروم ول کے فوجی نظام حکومت کا ایک اعلیٰ افسر۔

Major orders : (n) (کلیسا) اعلیٰ مدارج۔

Major point : (n) (فٹ بال) گول۔

Major premise : (n) (منطق) قضیہ کبریٰ۔

Major prophets : (n) انبیائے اعظم (عیسائیہ، برمیہ، عزاقیل ، دانیال)۔

Major proposition : (n) قضیہ کبریٰ۔

Major ship : (n) عہدہ میجر ؛ میجری۔

Major term : (n) (منطق) حد کبریٰ ؛ کبریٰ۔

Majorat : (n) خلف اکبر ہونے کا حق۔

Majoration : (n) توسیع۔

Majority : (n) (۱) اکثریت ؛ کثرتِ تعداد ؛ کثرتِ رائے ؛ غلبہ آرا ؛ بڑا حصہ۔ (۲) بلوغ ؛ سن بلوغ۔ (۳) میجری ؛ میجر کا عہدہ۔ (٤) رائے دینے والوں کی وہ تعداد جو مخالف کے رائے دہندوں سے زیادہ ہو۔

Absolute majority : کل رائے دہندوں کی نصف سے زیادہ تعداد۔

The majority : مردے ؛ رفتگاں۔

To attain majority : بالغ ہونا ؛ سن بلوغ کو پہنچنا۔

To join/-go/-pass over to the majority : مرجانا ؛ مردوں میں شامل ہو جانا۔

Majorize : (v) (رگبی فٹ بال) ٹرائی کو گول میں تبدیل کرنا۔

Majuscular : (a) بڑے حروف سے متعلق ؛ جلی حروف سا۔

Majuscule : (a) بڑے حروف سے متعلق یا ان میں لکھا ہوا ؛ بڑے (حروف) ؛ جلی (حروف)۔

Majuscule : (n) (قدیم کتبوں میں) بڑے یا جلی حروف۔

Makai : (adv.) سمندر کی طرف۔

Makar : (n) (اسکاچستان) شاعر ۔

Make : (n) (۱) ساخت ؛ بناوٹ ؛ کاٹھی ؛ جُثّہ ؛ ترکیب ؛ صنعت ؛ تراش خراش ؛ وضع قطع ۔ (۲) فطرت ؛ سرشت ؛ انداز طبیعت ؛ افتاد طبع ؛ سیرت ؛ نہاد ۔ (۳) (برقیات) تماس ؛ نقطہ تماس ۔ (٤) قسم ؛ نوع ۔ (٥) بنائی ہوئی مقدار ؛ کل پیداوار ۔ (٦) (عام) فوجی ترقی یا تقرری ۔ (۷) پتے پھینٹنا (تاش کے) ۔

On the make : (۱) (عام) روپیہ کمانے پر تُلا ہوا ۔ (۲) بڑھنے کی حالت میں ؛ تشکیل پانے کی حالت میں ۔ (۳) تماشا بینی کی فکر میں ۔

Make : (v) (۱) بنانا ؛ خلق کرنا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا ؛ تحریر کرنا ۔ (۳) تیار کرنا ؛ بنانا (چائے وغیرہ) بچھانا ؛ درست کرنا (بستر وغیرہ) ۔ (٤) کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ برپا کرنا ۔ (٥) ہونا ۔ (٦) قائم کرنا ؛ بنانا ؛ وضع کرنا (قانون قواعد وغیرہ) ۔ (۷) پورا کرنا (کورم ، مقررہ تعداد) ۔ (۸) کرنا (شک ، تامل وغیرہ) ۔ (۹) (بحری) نظر آنا (ساحل) پہنچنا (کسی مقام پر) (عام) ریل وغیرہ پکڑنا ۔ (۱۰) میزان ہونا ؛ حاصل ہونا ۔ (۱۱) بن جانا ؛ ہو جانا ۔ (۱۲) ہونا ؛ شمار ہونا ۔ (۱۳) کام دینا ۔ (۱٤) ثابت ہونا ۔ (۱٥) حاصل کرنا ؛ کمانا ؛ پیدا کرنا ۔ (۱٦) ہاتھ ملانا ؛ پتا بنانا ؛ پتے ملانا یا پھینٹنا ۔ (۱۷) (کسی مقام کی طرف) جانا ؛ رخ کرنا ۔ (۱۸) بنانا ؛ کامیاب بنانا ۔ (۱۹) کر دینا ؛ بنا دینا ۔ (۲۰) جھوٹ موٹ ظاہر کرنا ۔ (۲۱) خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ اندازہ کرنا ۔ (۲۲) (کسی کام کرنے پر) مجبور کرنا ؛ کرانا ۔ (۲۳) (لڑائی) لڑنا ؛ (جنگ) کرنا ۔ (۲٤) جسمانی حرکت کرنا ۔ (۲٥) ابتدا کرنا ۔ (۲٦) (فاصلے) طے کرنا ؛ قطع مسافت کرنا ۔ (۲۷) (دریا میں) مد و جزر ہونا ۔ (۲۸) (آگ لگانے کے لئے) جمع کرنا اور جلانا ۔ (۲۹) (باغ ، پارک ، سڑک وغیرہ کے لئے) جگہ بنانا ۔ (۳۰) (قواعد) (الفاظ کا) مخصوص شکل اختیار کرنا ۔ (۳۱) تقرری کرنا ؛ ترقی دینا ؛ (قیمت) مقرر کرنا ۔ (۳۲) مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا (کھانا وغیرہ) ۔ (۳۳) (تاش کا کھیل) جیتنا ؛ (دوسرے کھیلوں میں) پائنٹ حاصل کرنا ؛ کامیاب ضرب لگانا ۔ (۳٤) فربہ ہونا ؛ وزن بڑھنا ؛ موٹا ہونا (درخت کا) ۔ (۳٥) (بحری) دراڑ کے ذریعہ پانی بھرنا ۔ (۳٦) (کوشش) کرنا ۔ (۳۷) بند کرنا (دروازہ) ۔ (۳۸) (بحری) جہاز چلانا ؛ زائد بادبان چڑھانا ۔ (۳۹) (گھوڑے ، باز ، کتے وغیرہ کو) تربیت دینا ؛ سدھانا ۔ (٤۰) تبدیل کرنا ؛ بدلنا ۔ (٤۱) سمجھنا ؛ خیال کرنا ؛ دکھانا ۔ (٤۲) بولنا ؛ تقریر کرنا ۔ (٤۳) کہانا ۔ (٤٤) پیش کرنا ۔ (٤٥) (قانون) (جج کا) فیصلہ دینا ۔ (٤٦) برداشت کرنا ؛ درد ہونا ۔ (٤۷) ترقی حاصل کرنا ۔ (٤۸) تقرری کرنا ؛ ترقی دینا ؛ نواب بنانا ۔

To make a bag : (۱) بہت سے جانوروں کا شکار کرنا ۔ (۲) (گابھن جانوروں کے) تھن کا بڑا ہوجانا ۔

To make a beast : جانور بنانا ۔

To make a book : ایک ہی دوڑ پر کئی شرطیں اس طرح لگانا کہ نتیجہ نفع ہو ۔

To make a bow : آداب بجالانا ؛ تسلیم کرنا ؛ کورنش بجا لانا ۔

To make a business : پیشہ بنانا ۔

To make a circuit : چکر لگانا ؛ دورہ پورا کرنا ۔

To make a commotion : ہنگامہ کرنا ؛ شورش برپا کرنا ۔

To make a courtesy : آداب بجالانا ؛ تسلیم کرنا ۔

To make a dent in : خفیف اثر ڈالنا ۔

To make a difference : فرق ہونا یا کرنا ۔

To make a do : ہنگامہ آرائی کرنا ۔

To make a face (at): منہ بنانا یا منہ چڑانا ۔

To make a fool of : بیوقوف بنانا ؛ اُلّو بنانا ۔

To make a (or one's) fortune : دولت مند بننا ۔

To make a fuss : چھوٹی باتوں پر ہنگامہ کرنا ؛ بات کا بتنگڑ بنا لینا ۔

کرنا ۔

To make a stir : کھلبلی مچانا ؛ ہنگامہ برپا کرنا ؛ افراتفری پھیلانا ۔

To make a trade of : دھندا بنانا ۔

To make an ass : بیوقوف بنانا ؛ اُلو بنانا ۔

To make an example of oneself : اپنے کو دوسروں کے لئے سبق(یا باعث عبرت) قرار دینا ۔

To make an exeursion : سیر کرنا ؛ سیاحت کرنا ۔

To make an exhibition of oneself : اپنے کو دوسروں کی نظر میں مضحکہ خیز بنانا ۔

To make an impression : اثر ڈالنا ؛ متاثر کرنا ۔

To make an obeisance : کورنش بجا لانا ؛ آداب کرنا ۔

To make believe : (کوئی کام) جھوٹ موٹ کرنا ۔

To make bones : ہچکچانا ؛ تذبذب میں ہونا ؛ پس و پیش کرنا ۔

To make both ends meet : اپنی آمدنی کے بیچ گزر بسر کرنا ۔

To make capital out of : فائدہ یا انتفاع حاصل کرنا ۔

To make default : (قانون) پیروی نہ کرنا یا حاضر نہ ہونا (مقدمات وغیرہ میں) ۔

To make do : اپنی آمدنی کے اندر گزارہ کر لینا ۔

To make English : انگریزی میں ترجمہ کرنا ۔

To make foul water : کم گہرے پانی میں جہاز چلانا ۔

To make free : بے جا طور پر بے تکلف ہونا ۔

To make a hash : خراب کر دینا ؛ ستیا ناس کر دینا ۔

To make a head : آگے بڑھنا (دوسروں کو پسپا کر کے) ۔

To make a house : دارالعوام میں چالیس ارکان کو اکٹھا کرنا ۔

To make a leg : (۱) جھکنا اور چاپلوسی کرنا ۔ (۲) ایک پیر پیچھے ہٹا کر تعظیم کے لئے جھکنا ۔

To make a living : روز کمانا ۔

To make a long arm : ہاتھ بڑھانا ؛ پہنچنا ؛ زور مارنا ؛ کوشش کرنا ۔

To make a long nose : انگوٹھا ناک سے لگا کر انگلیاں پھیلا کر کسی کو چڑانا ۔

To make a loss : نقصان اٹھانا ؛ خسارہ میں ہونا ۔

To make a market : شرحوں کے نامناسب اتار چڑھاؤ کو روکنے کے لئے بولیاں بولنا ۔

To make a mouth : (گھوڑے کو) لگام کا عادی بنانا ۔

To make a name : نام کمانا ؛ شہرت پانا ۔

To make a note : لکھوا لینا (بطور یادداشت کے) ۔

To make a play for : سر کرنے یا پکڑنے کی کوشش کرنا ۔

To make a practice : عادت ڈالنا ۔

To make a quorum : کورم پورا کرنا ؛ (کسی مجلس یا انجمن کے ممبروں کی تعداد) پورا کرنا ؛ نصاب پورا کرنا ۔

To make a row : اودھم مچانا ؛ آفت برپا کرنا ۔

To make a sensation : ہنگامہ برپا کرنا ؛ ہیجان پیدا

To make one's mark : کامیابی یا شہرت حاصل کرنا ۔

To make one's number : (بحری) (جہاز) اپنے مقررہ نمبر کا سگنل دینا ۔

To make one's peace : صلح کرلینا ؛ سمجھوتہ کر لینا ۔

To make one's way : ترقی کرنا (خصوصاً تجارت وغیرہ میں) ۔

To make or mar : بنانا یا بگاڑنا ۔

To make play with : اچھی طرح اور موثر طور پر استعمال کرنا ۔

To make public : افشا کرنا ؛ فاش کرنا ۔

To make room : جگہ دینا ؛ جگہ خالی کرنا ۔

To make sail : (۱) (جہاز کا) روانہ ہونا ۔ (۲) مزید بادبان چڑھانا ۔

To make sense of : معنی رکھنا ۔

To make shipwreck : پامال کرنا ۔

To make something of : جھگڑنا ؛ لڑنا (کسی چیز پر)؛ ناراضگی کا اظہار کرنا ۔

To make sports : دل لگی کرنا ۔

To make strange : بے مروتی برتنا ؛ خلاف توقع برتاؤ کرنا یا سلوک کرنا ۔

To make sure : (۱) پوری طرح تصدیق کر لینا یا اطمینان کر لینا ۔ (۲) پورا انتظام کر لینا (کسی بات کے ہونے کا) ۔

To make the bag : (دوسرے شکاری ساتھیوں کے مقابلے میں) زیادہ شکار مارنا ۔

To make fun of : بنانا ؛ مذاق اُڑانا (کسی کا) ۔

To make game of : تضحیک کرنا ؛ ہنسی اُڑانا ۔

To make good : دیکھو Good

To make (great etc.) account of : بہت اچھی رائے رکھنا ؛ قدر کرنا ۔

To make haste : جلدی کرنا ۔

To make hay : موقع سے فائدہ اٹھانا ۔

To make hay of : ابتری پیدا کرنا ؛ درہم برہم کرنا ۔

To make head or tail of : (کسی معاملے کا) سر پیر سمجھنا ۔

To make heavy weather : مشکل کا سامنا کرنا ۔

To make hole : تیل کا کنواں کھودنا ۔

To make light of : حقیر سمجھنا ؛ آسان سمجھنا ۔

To make love : عشق کرنا ؛ معاشقہ کرنا ۔

To make much of : (۱) (موقع سے) اچھی طرح فائدہ اٹھانا ۔ (۲) بہت اہمیت نہ دینا ۔

To make no matter : اہمیت نہ رکھنا ۔

To make nothing of : (کسی کام کے کرنے میں) مشکل نہ پانا یا پس و پیش نہ کرنا ؛ تامل نہ کرنا ۔

To make one of : شریک کرنا ۔

To make one's hair stand on ends : رونگٹے کھڑے کر دینا ۔

To make one's law : حلفی گواہ کے بیان کو بطور ثبوت پیش کرنا ۔

Make after : (v) تعاقب کرنا ۔

Make against : (v) (کسی بات کا کسی شخص کے) خلاف ہونا ؛ خلاف پڑنا ۔

Make and mend : (n) (بحری) نصف دن کی تعطیل ۔

Make at : (a) جارحانہ کاروائی کرنا ۔

Make away : (v) چمپت ہو جانا ؛ بھاگ جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Make away with : (n) (۱) مار ڈالنا ؛ کام تمام کر دینا ۔ (۲) الگ کرنا ؛ پیچھا چھڑانا ۔ (۳) اڑا دینا ؛ ٹھکانے لگا دینا ؛ برباد کرنا (دولت وغیرہ) ۔

Make-bate : (n) فتنہ انگیز ؛ فتنہ پرداز ۔

Make-believe : (n) (۱) بناوٹ ؛ دکھاوا ؛ ظاہرداری ؛ فکر ؛ نمود ؛ مرغوبیت ۔ (۲) ظاہرداری کرنے والا ؛ مکار ۔

Make-believe : (a) بناوٹی ؛ دکھاوے کا ؛ ظاہر دارانہ ۔

Make-do : (a) عارضی ؛ وقتی ۔

Make-do : (n) کام چلاؤ چیز ۔

Make down : (n) بارش ؛ برف ۔

Make down : (v) (ریل کی متحرک نشست کو) رات کے استعمال کے لئے تیار کرنا ۔

Make-fast : (n) وہ چیز جس سے کشتی باندھی جاتی ہے (کھمبا یا ترنا) ۔

Make for : (v) (۱) باعث ہونا (راحت وغیرہ کا) ۔ (۲) دلیل ہونا ؛ تائید کرنا (رائے یا خیال کی) ۔ (۳) (کسی طرف) رخ کرنا ؛ جانا ؛ دھاوا بولنا ؛ حملہ کرنا ۔

Make-hawk : (n) وہ باز جو نئے بازوں کو تربیت دیتا ہے ۔

Make in : (v) (۱) مداخلت کرنا ؛ بیچ بچاؤ کرنا ؛ بیچ میں پڑنا ۔

To make the best : (۱) جو موجود یا ممکن ہو اس پر قناعت کرنا ۔ (۲) حتی الامکان اچھا سمجھنا ۔

To make the blood boil : خون کھولا دینا ؛ غصہ دلانا ۔

To make the fir fly : (۱) جھگڑے میں شریک ہونا ۔ (۲) ہنگامہ کرنا ؛ شورش پیدا کرنا ۔ (۳) عجلت کرنا ؛ شتابی کرنا ۔

To make the grade : (۱) (کسی شخص کا) کامیاب ہونا ۔ (۲) (کسی چیز کا) قابل قبول ہونا ؛ معیاری ثابت ہونا ۔

To make the most of : زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا ؛ بڑھا چڑھاکر دکھانا ۔

To make time : (۱) خاص رفتار سے سفر کرنا ۔ (۲) جلدی کرنا ۔ (۳) راضی کرنا (محبت یا جماع کے لئے) ۔

To make tracks : (۱) چلنا یا لوٹنا ۔ (۲) بھاگنا ۔

To make use of : استعمال کرنا ۔

To make water : (۱) (کشتی میں) پانی کا رسنا ۔ (۲) پیشاب کرنا ۔

To make way : (۱) راستہ یا راہ دینا ۔ (۲) ترقی کرنا ۔

To make weight : (مکہ باز کا) وزن کم کرکے مکہ بازی کے لئے اہل رہنا ۔

To make work تکلیف دینا ؛ کام کروانا (زبردستی) ۔

What do you make of that? : اس کا آپ کیا مطلب سمجھتے ہیں ۔

Make : (n) (۱) مد مقابل ؛ جوڑ ؛ ہمسر ؛ ہم پلہ ۔ (۲) میاں یا بیوی ؛ نوج ۔

Make : (n) نصف پینی ۔

(۲) (شکرہ بازی) شکرہ کے پاس جانا (جب وہ شکار کرلے) ۔

Make off : (v) (۱) بھیڑ کو فریب کرنا ۔ (۲) بھاگنا ؛ تیزی سے جانا ؛ چمپت ہوجانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Make off with : (v) لے بھاگنا ؛ لے اڑنا ؛ چرانا ؛ چھین لینا ۔

Make on : (v) بڑھنا ؛ تیزی سے جانا ؛ تیز تر کرنا ۔

Make-or-break : (a) جس میں پوری کامیابی ہو یا مکمل تباہی ۔

Make out : (v) (۱) ترتیب دینا ؛ تحریر کرنا (دستاویز، فہرست وغیرہ) ۔ (۲) جوں توں کر کے پورا کرنا ۔ (۳) ثابت کرنا ۔ (٤) معنی یا مفہوم سمجھنا ۔ (٥) پرانے کتبوں یا شکستہ تحریر وغیرہ پڑھنا ۔ (٦) (دور سے) دیکھ لینا یا پہچان لینا ۔ (۷) تلافی کرنا ؛ پورا کرنا ۔ (۸) بننا ؛ پیش کرنا ۔ (۹) پا لینا ؛ دریافت کرنا ۔ (۱۰) روانہ ہونا ؛ ارادہ کرنا ؛ خواہش کرنا ۔ (۱۱) کامیاب ہونا ۔

Make over : (v) (۱) حوالے کرنا ؛ منتقل کرنا ۔ (۲) پھر بنانا ؛ دوبارہ تشکیل دینا ؛ نو ساختہ کرنا ۔ (۳) اصلاح کرنا ۔ (٤) متن یا ترتیب بدلنا (طباعت میں) ۔

Make over : (n) (۱) نو ساختہ چیز ۔ (۲) (اخبار کی) نئے ایڈیشن کی نئی کاپی ۔

Make-peace : (n) صلح کرانے والا ۔

Make-ready : (n) (طباعت) فرما تیار کرنا ۔

Make-shift : (n) وہ چیز جو دفع الوقتی کے لئے ہو ؛ عارضی تدبیر یا انتظام ۔

Make-shift : (a) عارضی ؛ وقتی ؛ دفع الوقتی ۔

Make up : (v) (۱) (کمی) پورا کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ تعداد پوری کرنا ۔ (۲) تلافی کرنا ۔ (۳) (دوا یا نسخہ) بنانا ؛ (گھاس کے گٹھے وغیرہ) بنانا ۔ (٤) اکٹھا کرنا (رقم، مجمع) ۔ (٥) (طباعت) کالم بندی یا صفحہ بندی کرنا ۔ (٦) ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا ؛ تحریر کرنا (فہرست ، دستاویز وغیرہ) ۔ (۷) گھڑنا (قصہ) ۔ (۸) (اجزا کا) مل کر بنانا (کل مجموعہ) ۔ (۹) (تھیٹر) ایکٹر کا روپ بھرنا ؛ بھیس بدلنا ۔ (۱۰) تصفیہ کرنا (نزاع کا) ؛ طے کرنا (شادی وغیرہ) ۔ (۱۱) بھرنا (خلا وغیرہ) ؛ بند کرنا (راستہ ، دروازہ وغیرہ) ۔ (۱۲) آگ میں ایندھن دینا ۔ (۱۳) (کسی موقع کے لئے بستر وغیرہ) لگانا یا تیار کرنا ؛ (کمرہ) سجانا ؛ درست کرنا ۔ (۱٤) (حساب) جوڑنا ۔ (۱٥) فیصلہ کرنا ؛ نتیجے پر پہنچنا ۔ (۱٦) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ۔ (۱۷) سرخی غازہ ملنا ۔ (۱۸) (جانوروں کو فروخت کے لئے) تیار کرنا ۔

To make up one's mind : مصمم ارادہ کر لینا ؛ طے کر لینا ؛ ٹھان لینا ۔

To make up one's mind for, to, to do : تیار ہونا ؛ راضی ہونا ۔

To make up to : (۱) معاشقہ کرنا ۔ (۲) خوشامد کرنا ؛ دربار داری کرنا ۔

Make-up : (n) (۱) ایکٹر کا بھیس ؛ بہروپ ۔ (۲) غازہ ؛ روغن جو بھیس بدلنے کے لئے استعمال ہو ۔ (۳) من گھڑت ؛ گھڑا ہوا قصہ ۔ (٤) صفحہ بندی ؛ کالم بندی ۔ (٥) ترکیب ؛ بناوٹ ۔ (٦) بدلہ ؛ عوض ؛ تلافی ۔ (۷) پائپ کے سرے کی چوڑی (دوسرے پرزے بٹھانے کے لئے) ۔ (۸) مخصوص امتحان (جو اس طالبعلم کے لئے ہو جو میعادی امتحان میں نہ بیٹھ سکا ہو) ۔

Make-weight/Makeweight : (n) (۱) پاسنگ ۔ (۲) (مجازاً) بے تکی دلیل یا بات ۔

Make-weight/Makeweight : (a) بھرتی کا (شخص) ۔

Make-work : (n) وہ کام جو مزدوروں کو بھرتی کرنے کی غرض سے نکالا جائے ۔

Maker : (n) (۱) بنانے والا خالق ؛ صناع ؛ صنعت گر ۔ (۲) خدائے تعالیٰ ؛ خالق ۔ (۳) (کوئی حالت ، اثر وغیرہ) پیدا کرنے والا ۔ (٤) اقراریہ (درشنی ہنڈی) ۔

پر دستخط کرنے والا ۔

The maker : آفریدگار ؛ خالق حقیقی ؛ خدائے تعالیٰ ۔

Maki : (n) دیکھو Lemur

Making : (n) (۱) بنانا ۔ (۲) (جمع) آمدنی ؛ منافع ۔ (۳) (جمع) ضروری اوصاف ؛ لازمی صفات ؛ امتیازی خصوصیات ۔ (٤) جتھا ؛ گھان ؛ پیداوار ؛ وہ تعداد جو ایک جتھے میں پیدا ہو ۔ (٥) (جمع) کوئلے کی کان کا گرد و غبار ۔ (٦) تمباکو اور کاغذ (سگریٹ بنانے کے لئے) ۔

In the making : زیر ساخت ؛ زیر تکمیل ۔

Of (so-and-so's) making : فلاں ساختہ ۔

To have/- be the making (s) of : صلاحیت رکھنا ؛ اوصاف رکھنا ۔

Making-iron : (n) ایک قسم کی کھانچ دار چھینی ۔

Making-up : (n) تکمیل ؛ آمیزش تصفیہ ؛ بہروپ ؛ بھیس بدلنا ؛ کھاتا یا حساب برابر کرنا ؛ جوڑ ملانا ۔

Mal/Male : (prefix) سابقہ بمعنی "خراب" "بُرا" "ناقص" ۔

Mal : (n) بیماری ۔

Mal-entendu : (n) غلط فہمی ۔

Mal-observation : (n) سوء مشاہدہ ؛ ناقص مشاہدہ ۔

Mal-position : (n) (۱) بے جگہ ہونا ۔ (۲) سوء وضع (جنین) ؛ جابجائی ۔

Mal-practice : (n) (۱) ناجائز فعل ؛ بد عنوانی ؛ بددیانتی ؛ بے ضابطگی ۔(۲) (طبیب کی) علاج میں غفلت یا غلط علاج ؛ سوء علاج ؛ غفلت مجرمانہ ۔ (۳) خیانت ۔

Mal-practice : (v) بد عنوانی کرنا ؛ خیانت کرنا ؛ علاج میں غفلت کرنا ۔

Mal-praxis : (n) دیکھو Mal-practice

Mal-presentation : (n) سوء وضع (جنین) ؛ جابجای ۔

Mala fide : (adv.) بد نیتی سے ۔

Mala fide : (a) (۱) بدنیت ؛ عیار ؛ مکار ۔ (۲) بظاہر صحیح ۔

Mala fides : (n) سوء نیت ؛ بد نیتی ۔

Malabar-nut : (n) ایک خاردار پودا ۔

Malabar-oil : (n) مختلف قسم کی مچھلیوں کے جگر سے حاصل کیا ہوا تیل ۔

Malacca : (n) ملا کا ؛ جزیرہ نما سے ملایا کا ایک ضلع ۔

Malacca-apple : (n) ایک حنائیہ درخت اور اس کا پھل جو کھایا جاتا ہے ۔

Malacca cane : (n) ملا کا کی کھجور کی چھڑی ۔

Malachite : (n) مر مر سبز ؛ سبز کچا تانبہ ؛ ملاکیٹ ؛ ایک سبز رنگ کی معدنی شے جو تانبے کے کاربونیٹ سے مرکب ہے ۔

Blue malachite : تانبے کا کاربونیٹ ۔

Malachite-green : (۱) ملاکیٹ ۔ (۲) (معدنیات) مر مر سبز ؛ ایک قسم کا رنگ ۔ (۳) سبز کچا تانبہ ۔

Malacia : (n) لینت عضو ۔

Malaco : (prefix) سابقہ بمعنی "ملائم" "نرم" ۔

Malacoderm : (a) نرم جلد ۔

Malacoderm : (n) نرم یا ملائم جلد والا جانور ؛ حشرات الارض کی ایک قسم ۔

Malacodermatous : (n) نرم جلد ۔

Malacolite : (n) (معدنیات) دیکھو Diopside

Malacological : (a) صدفیات سے متعلق ۔

Malacologist : (n) صدفیات داں ؛ ماہر صدفیات ۔

Malacology : (n) علم صدفیات ؛ علم نرم تناں ۔

Malacopterygian : (a) نرم مہپیرہ سے متعلق ؛ نرم بازو۔

Malacopterygian : (n) نرم مہپیرہ ؛ نرم بازو مچھلی ۔

Malacopterygious : (a) نرم بازو والا ۔

Malacosteon : (n) (مرضیات) ملائمت عظام ؛ ہڈیوں کا نرم پڑ جانا ؛ رخاوت عظام ۔

Malacostomous : (a) نرم منہ والی مچھلی ۔

Malacostracan/Malacostracous : (a) نرم قشرہ ۔

Malacostracan : (n) نرم قشرہ (قشریہ) ۔

Malacozoic : (a) نرم تناں سے متعلق ؛ حیوانات نامئہ سے متعلق ۔

Maladaptation : (n) ناقص تصرف ۔

Maladjustment : (n) (۱) بے ترتیبی ؛ ابتری ۔ (۲) بے آہنگی ؛ ناسازی ۔ (۳) عدم مطابقت ۔

Maladminister : (v) بد انتظامی کرنا ؛ بد نظمی کرنا ۔

Maladministration : (n) بد نظمی ؛ بد انتظامی ؛ بد عملی ۔

Maladresse/Maladress : (n) بد سلیقگی ؛ بھدا پن ؛ ناکارہ پن ۔

Maladroit : (a) بد سلیقہ ؛ بھدا ؛ اناڑی ۔

Maladroitly: (adv.) بد سلیقگی سے ؛ بھدے پن سے ؛ اناڑی پن سے ۔

Maladroitness : (n) بد سلیقگی ؛ بھدا پن ؛ اناڑی پن ۔

Malady : (n) (لغوی اور مجازی) مرض ؛ عارضہ؛ بیماری ؛ آزار ؛ روگ ؛ علت ؛ علالت ۔

Malaga : (n) (۱) ملاگا (اسپین کے جنوب میں ایک بندرگاہ) ۔ (۲) ملاگا کی سفید شراب ۔

Malagash : (n) مڈغاسکری ۔

Malagasy : (a) دیکھو Malagash

Malagasy : (n) مڈغاسکری ؛ مڈغاسکر کا باشندہ ؛ مڈغاسکر کی زبان ۔

Malaguetta : (n) مغربی افریقہ کا ایک ٹوڈا یا بیج جو بطور مسالا اور دوا کے استعمال ہوتا ہے ۔

Malaise : (n) (طبیعت کی) بد مزگی ؛ بے کیفی ؛ بے قراری ؛ بے آرامی ؛ الجھن (بغیر کسی مرض کے) ۔

Malanders/Mallenders : (n) گھوڑوں کے گھٹنے کے پیچھے داد کی قسم کی پھنسیاں ۔

Malapert : (a & n) (قدیم) بدتمیز ؛ شوخ چشم ؛ گستاخ ؛ بے ادب ۔

Malaprop : (n) بے موقع یا غلط استعمال کے الفاظ جس پر ہنسی آئے ؛ بے تکا پن ۔

Malaprop : (a) بے تکا ؛ ناموزوں ؛ بے جوڑ ۔

Malapropian : (a) دیکھو Malaprop

Malapropism : (n) دیکھو Malaprop

Malapropoism : (n) دیکھو Malaprop

Malapropos/Mal a propos/Mal apropos : (adv.) بے محل یا بے موقع طور پر ؛ بےتکا پن سے ۔

Malapropos : (a) بے موقع ؛ بے محل ؛ بے جوڑ ؛ بے تک ۔

Malapropos : (n) بے موقع یا بے تکی بات یا حرکت ؛ بے وقت حادثہ ۔

Malar : (a) رخسار کی ؛ گال کی ؛ خدی ؛ وجنی ۔

Malar : (n) عظم وجنی ؛ رخسار کی ہڈی ۔

Malaria : (n) (۱) ہوائی فاسد ؛ آبخارات فاسد (جو کیچڑ سے پیدا ہوں) ۔ (۲) ملیریا بخار ؛ موسمی بخار ؛ فصلی بخار ۔

Malarial : (a) ملیریائی ؛ ملیریا کا ۔

Malarial : (n) ملیریا کا مریض ۔

Malarious : (a) فاسد ؛ ملیریا بھری (ہوا وغیرہ) ۔

Malassimilation : (n) (مرضیات) بدہضمی ؛ ناقص ہضم ؛ جذب ناقص ۔

Malate : (n) سیب کا نمک ۔

Malaxate : (v) گوندھ کر یا کچھ ملا کر ملائم کرنا ۔

Malaxation : (n) گوندھ کر یا ملا کر ملائم بنانا ؛ ترقیق ؛ خمیر سازی ۔

Malaxator : (n) ملانے والی کل یا مشین ۔

Malay : (n) (۱) جزائر شرق الہند اور ملاکا کی زبان یا ان مقامات کا باشندہ ۔ (۲) Malay fowl کا مخفف ۔

Malay : (a) ملاوی ۔

Malay apple : (n) دیکھو Malacca apple

Malay fowl : (n) ملاوی مرغ ۔

Malayan : (a & n) دیکھو Malay

Malaysian : (a) ملیشیا کا ۔

Malconduct : (n) بد چلنی ؛ برے اطوار ؛ برا چال چلن ۔

Malconformation : (n) ناقص ترکیب ؛ خراب بناوٹ یا ساخت ۔

Malcontent : (a & n) (بادشاہ، حکومت سے) بیزار ؛ آمادۂ بغاوت ؛ شورش پسند ۔

Male : (a) (۱) مذکر ؛ نرینہ ؛ نر ۔ (۲) (مشین) نر ؛ پیچ (جو کسی سوراخ میں داخل ہوتا ہے) ؛ درونہ ۔ (۳) مرد ؛ نر ۔ (٤) اس لفظ سے متعلق جس کا آخری بول دوسرے لفظ کے آخری بول کا قافیہ ہو ۔ (٥) (نباتیات) زر ریشہ سے متعلق ؛ بیرونی چھال سے متعلق ۔

Male : (n) (۱) نر جانور ۔ (۲) مرد ۔ (۳) (نباتیات) مرد ۔

Male- : دیکھو Mal

Maledict : (a) ملعون ؛ لعین ؛ مردود ۔

Malediction : (n) (۱) بددعا ؛ سراپ ؛ کوسنا ۔ (۲) بد زبانی ؛ گالیاں دینا یا بکنا ۔

Maledictory : (a) بد دعا بھری ۔

Malefaction : (n) مجرمانہ خصلت ؛ جرم ؛ بد معاشی ؛ جوروستم ۔ ایذا رسانی ؛ کارِبد ۔

Malefactor : (n) (۱) بدمعاش ؛ مجرم ۔ (۲) (کسی کے ساتھ) برائی کرنے والا ؛ ستمگر ؛ موذی ۔

Malefactress : (n) بدمعاش ؛ مجرم ؛ برائی کرنے والی ۔

Malefeazance : (۱) (قانون) فعل ناجائز ؛ بدعنوانی (خصوصاً ملازمان سرکار کی) ۔ (۲) گنہگاری ؛ خطا کاری ؛ گناہ ؛ خطا ۔

Malefic : (a) سفلی ؛ موذی (جادو) ؛ مصیبت انگیز ؛ تباہ کن ۔

Malefic : (n) (فلک) سفلی اجرام ؛ مصیبت انگیز اجسام ۔

Malefic : (n) سحر ؛ جادو ۔

Maleficence : (n) مضر ہونا ؛ باعث ایذا ہونا ؛ بدمعاشی ؛ مجرمانہ خصلت ۔

Maleficent : (a) (۱) مضر ؛ باعث ایذا ؛ باعث مضرت ؛ موجب آزار ۔ (۲) مجرمانہ ؛ بد معاشی کا ۔

Maleficiate : (v) سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ (خصوصاً جادو سے بے بس کر دینا) ۔

Maleic acide : (n) ایک ترشہ جو سیب کے ترشے کی خشک تقطیر سے حاصل ہوتا ہے

Maleo : (n) بڑے پیروں والی ایک چڑیا ۔

Malevolence : (n) کینہ ؛ بغض ؛ بدخواہی ؛ بد اندیشی ؛ بدباطنی ؛ خُبث ؛ خباثت ۔

Malevolent : (a) بد خواہ ؛ بداندیش ؛ بد باطن ؛ کینہ پرور ؛ کینہ توز ؛ خبیث ۔

Malevolently : (adv.) ازراہ بداندیشی ؛ ازراہ بدباطنی ؛ کینے سے ؛ خباثت سے ؛ بغض سے ۔

Malfeasant : (a & n) بد عنوانی کا مرتکب ۔

Malformation : (n) (خلقت میں) نقص ؛ ساخت میں خرابی ؛ خلقت ناقص ۔

Malformed : (a) ناقص ؛ بدقوارہ ؛ بدشکل ۔

Malfunction : (v) ناقص طور پر کام کرنا ؛ حسب معمول چلنے میں نا کام رہنا ۔

Malfunction : (n) تفاعل ناقص ۔

Malgre : (prep.) باوجود ؛ باوجودیکہ ؛ تاہم ؛ با ایں ہمہ ۔

Malic acid : (n) سیب کا تیزاب ۔ (C4 H6 O5) ۔

Malice : (n) (۱) کینہ ؛ بغض ؛ عداوت ؛ عناد ؛ بدباطنی ؛ خبث ۔ (۲) ستم ظریفی ؛ شرارت ۔ (۳) (قانون) بد نیتی ؛ مخاصمت ؛ خصومت ۔

To bear malice : کینہ رکھنا ؛ بغض رکھنا ۔

Malice aforethought : (n) قصد ضرر رسانی ۔

Malice prepense : (n) قصد ضرر رسانی ۔

Malicious : (a) (۱) کینہ توز ؛ کینہ ور ؛ خبیث ؛ بدباطن ۔ (۲) بدنیتی کا ؛ معاندانہ ۔ (۳) (قانون) قصد ضرر رسانی سے پیدا ہونے والا ۔

Malicious abandonent : (n) (شوہر یا بیوی کی) بغیر معقول وجہ کے علاحدگی ۔

Maliciously : (adv.) کینہ توزانہ ؛ کینہ ورانہ ؛ خبث باطن سے ؛ بد نیتی سے عداوت سے ؛ معاندانہ ۔

Maliciousness : (n) کینہ توزی ؛ کینہ وری ؛ خباثت ؛ عداوت ۔

Malign : (a) (۱) موذی ؛ مضرت رساں ؛ مہلک ۔ (۲) شدید یا متعدی (مرض) ۔ (۳) (علم النجوم) منحوس ؛ نحس ۔ (٤) بد خواہ ؛ بداندیش ۔

Malign : (v) بد نام کرنا ؛ تہمت لگانا ۔

Malignance : (n) (۱) (مرضیات) خبث ؛ شدت ۔ (۲) بغض ؛ عداوت ؛ کینہ ؛ بیر ؛ دشمنی ؛ خصومت ؛ خبث باطن ؛ خباثت ۔

Malignancy : (n) دیکھو Malignance

Malignant : (a) (۱) کینہ توز ؛ کینہ ور ؛ کینہ ورانہ ؛ خبیثانہ ؛ بغض و عداوت کا ؛ بیر بھرا ۔ (۲) (مرضیات) سخت ؛ شدید ؛ متعدی ؛ خبیث ؛ مہلک ۔ (۳) (علم النجوم) نحس ۔ (٤) سمی ؛ زہریلا ؛ مضر ؛ نقصاں رساں ۔

The Church malignant : پاپائے روما یا کلیسائے روما ۔

Malignant : (n) (۱) آمادہ بغاوت ؛ شورش پسند ۔ (۲) طرفداران چارلس اول ۔

Malignant growth : (n) (مرضیات) سرطان ؛ کینسر ۔

Malignant tumour : (n) (مرضیات) سرطان۔

Malignantly : (adv.) ازراہ بغض و عداوت ؛ خباثت سے ۔

Maligner : (n) تہمت لگانے والا ؛ بد نام کرنے والا۔

Malignity : (n) (۱) کینہ ؛ بغض ؛ عداوت ؛ بیر ؛ دشمنی ؛ خصومت ؛ خباثت ؛ خبث باطن ۔ (۲) تیزی ؛ شدت ؛ سختی ؛ متعدی ہونا ؛ مضرت۔

Malignly : (adv.) کینہ توزانہ ؛ کینہ ورانہ ؛ ازراہ بغض و عداوت ؛ ازراہ حسد و کینہ ؛ دشمنی سے ؛ عداوت سے ۔

Malinger : (v) بیمار بننا ؛ بیماری کا بہانہ کرنا ؛ دانستہ بیمار پڑنا ؛ بیماری کو طول دینا (خصوصاً سپاہی یا ملاحوں کے بارے میں کہا جاتا ہے)۔

Malingerer : (n) بیمار بننے والا ؛ بیماری کا بہانہ کرنے والا ؛ بیماری کو طول دینے والا۔

Malintegration : (n) تکمیل ناقص۔

Malinvestment : (n) غیر نفع بخش سرمایہ کاری۔

Malism : (n) (نظرائیہ) شریت ؛ یہ نظریہ کہ دنیا شرِ محض ہے ۔

Malison : (n) بد دعا ۔

Mall : (n) (۱) Pall - Mallکھیلنے کا خیاباں یا وہ چوگان جس سے یہ کھیل کھیلا جاتا ہے ۔ (۲) ٹھنڈی سڑک ؛ خیاباں۔

The Mall : سینٹ جیمس پارک لندن کی ایک سڑک ؛ پہلے یہ خیاباں تھا جس میں پال مال کھیلا جاتا تھا ۔

Mall : موگرا ؛ موگری ؛ چوبی دھرمٹ۔

Mallard : (n) (۱) جنگلی بط یا بطخ۔ (۲) جنگلی بطخ کا گوشت۔ ایک تہوار جو ۱۴ جنوری کو آکسفورڈ کے All Souls College میں منایا جاتا ہے ۔

Malleability : (n) (۱) تورق ؛ ورق پذیری ؛ اثر پذیری ۔ (۲) لوچ ؛ تشکیل پذیری ؛ اثر پذیری۔

Malleable : (a) (۱) (دھات) متورق ؛ جس کے ورق اتارے جا سکیں ؛ ورق پذیر ۔ (۲) لوچ دار ؛ تشکیل پذیر ؛ اثر پذیر ۔

Malleable iron : (n) لوچدار لوہا ؛ آہن ملائم یا نرم۔

Malleableize/Malleablize : (v) متورق یا لوچدار بنانا ۔

Malleableness : (n) دیکھو Malleability

Mallear : (a) کان کی ہڈی سے متعلق ؛ مطرقہ ۔

Malleate : (a) مطرقہ دار ؛ جیسے کان کی ہڈی ہو ؛ مطرقی ۔

Malleation : (n) (مرضیات) ایک تشنجی عارضہ (جس میں مریض اپنے جسم کو پیٹتا رہتا ہے)۔

Mallee : (n) یوکلپٹس کی ایک جنس۔

Mallee bird/-fowl/-hen : (n) آسٹریلیا کا ٹیلا ساز پرند ۔

Mallein/-e : (n) ایک قسم کا عصیہ (Bacillus) جس سے ٹیکہ دیا جاتا ہے ۔

Mallemuck/Mallemock/Mallemoke : (n) ایک سمندری پرندہ۔

Mallender : (n) دیکھو Malanders

Malleolus : (n) (۱) (تشریح) (عظم) کعبہ ۔ (۲) (باغ) داب جو درخت سے الگ کر دینے کے بعد ہتھوڑے کی شکل کا ہو جاتا ہے ۔

Mallet : (n) (۱) موگرا ؛ موگری ؛ موسل ۔ (۲) پولو وغیرہ کھیلنے کا چوگان۔

Mallet-shoot : (n) (نباتیات) موگرا نما قلم۔

Malleus : (n) (۱) کان کی ہڈی ؛ استخوان گوش ؛ عظم مطرقی ؛ مطرقہ ۔ (۲) چرخنی حوین کے دہن کے دواعضا میں سے ایک ۔

(۳) دو صمامہ صدف کی ایک جنس۔ (٤) ایک متعدی بیماری ؛ سراحہ۔

Mallophagous : (a) (حشریات) بال کھانے والا ؛ موخور۔

Malloseismic : (a) اس خطے سے متعلق جہاں کثرت سے زلزلہ آتا ہے۔

Mallow : (n) ایک جنگلی پودا جس کا تنا اور پتیاں روئیں دار اور پھول ارغوانی ہوتے ہیں ؛ خبازی ؛ خطمی۔

Marsh mallow : گل خیرو ؛ خطمی۔

Mallum/Mallus : (n) (تاریخ) Franks کا دربار صدر۔

Malm : (n) (۱) نرم چاک کی چٹان ؛ دودھیا چٹان۔ (۲) ریت اور نباتی کھاد سے مرکب مٹی جو اس چٹان کے ٹوٹنے سے بنتی ہے ؛ کلسی مٹی ؛ مام۔(۳) Malm - brick کا مخفف۔

Malm : (v) (۱) اینٹ بنانے کے لئے مٹی کو کلسی مٹی میں تبدیل کرنا۔ (۲) اینٹ بنانے کی مٹی پر کلسی مٹی لگانا۔

Malm-brick : (n) سب سے عمدہ قسم کی اینٹ۔

Malm-rock : (n) ایک قسم کا بھر بھرا پتھر۔

Malm-stone : (n) نرم چاک کی چٹان ؛ دودھیا چٹان۔

Malmag : (n) بورنیو اور فلپائن کا ایک لنگور نما جانور۔

Malmaison : (n) (باغ) کارنیشن کی ایک قسم۔

Malmsey : (n) نرم چاک کی چٹان ؛ دودھیا چٹان۔

Malmy : (a) نرم ، چکنی ، کلسی مٹی سے مشابہ۔

Malnourishment : (n) (۱) ناکافی غذائیت ؛ غذائیت کی کمی ؛ سوء تغذیہ۔ (۲) ناکافی غذا پہنچنا ؛ ناقص تغذیہ ؛ غذا کی کمی۔

Malnutrition : (n) دیکھو Malnourishment

Malo : (n) ایک قسم کا لنگوٹ جو ہوائی کے مرد رسمی موقعوں پر پہنتے ہیں۔

Malo animo : (adv.) دیکھو Maliciously

Malocclusion : (n) دندان بے نظم۔

Malodorous : (a) (۱) متعفن ؛ بدبودار۔ (۲) بدنام کن ؛ اہانت آمیز۔

Malodorously : (adv.) تعفن کے ساتھ ؛ بدبودار حالت میں۔

Malodorousness : (n) تعفن ؛ بدبودار ہونا۔

Malodour : (n) تعفن ؛ بدبو۔

Malpighian : (n) ملپگی ؛ اٹلی کے ایک طبیب کا نام۔

Malt : (n) (۱) شراب سازی کے لئے تیار کئے ہوئے جو یا کوئی اور اناج ؛ شعیرہ ؛ مالٹ۔ (۲) شراب شعیر ؛ جَو کی شراب۔

Extract of malt : جو ہر شعیر ؛ عرق شعیر۔

The malt is above the meal : اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے جو بدمست ہو۔

Malt : (v) (۱) اناج کا شعیرہ بنانا یا بن جانا۔ (۲) بیج کا خشک سالی کے سبب سے شعیرے کی طرح ہوجانا۔ (۳) شعیرے سے شراب بنانا۔ (٤) شراب شعیر پینا۔

Malt-dust : (n) شعیرہ بنانے میں اناج سے گرنے والا فضلہ۔

Malt extract : (n) (۱) ایک قسم کا شکر دار اور لعاب دار مادہ شعیرے کے زلال سے حاصل ہوتا ہے۔ (۲) جوہر شعیر۔

Malt-floor : (n) (۱) فرش جس پر شعیر کو اگنے کے لئے بچھا دیا جاتا ہے۔ (۲) شعیرے کی بھٹی کا سوراخ دار فرش۔

Malt-house : (n) شعیرہ بنانے اور رکھنے کی جگہ۔

Malt-kiln : (n) شعیرہ سکھانے کی بھٹی۔

Malt-liquor : (n) شراب شعیر ؛ جو کی شراب۔

Malt-sugar : (n) (کیمیا) قند شعیر ؛ شکر شعیر ؛ مالٹوز ؛ شعیری شکر۔

Malt-tax : (n) شعیرہ پر لگنے والا محصول۔

Malt-vinegar : (n) شعیرے کی تخمیر سے بننے والا سرکہ۔

Malt-worm : (n) (مجازاً) پکا شرابی۔

Malta : (n) مالٹا ؛ بحر روم کا ایک جزیرہ۔

Malta-fever : (n) مالٹی بخار۔

Maltase : (n) خمیر شعیر ؛ مالٹیز۔

Maltese : (a) مالٹا یا وہاں کے باشندے سے متعلق ؛ مالٹا کے نائٹ سے متعلق ؛ مالٹی۔

Maltese : (n) (۱) مالٹا کا باشندہ۔ (۲) مالٹا کا Knight۔ (۳) مالٹی زبان۔ (٤) Maltese lace کا مخفف۔

Maltese cat : (n) مالٹا کی خوبصورت بلی جو پالی جاتی ہے۔

Maltese cross : (n) دیکھو Cross

Maltese dog : (n) مالٹا کا ایک خوبصورت قسم کا چھوٹا کتا۔

Maltese lace : (n) ایک قسم کی لیس جس میں بیل بوٹے بنے ہوتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے مالٹا میں بنی۔

Maltese orange : (n) ایک قسم کی نارنگی جو اٹلی میں پیدا ہوتی ہے۔

Maltha : (n) (۱) قیر اور موم کا گارا ؛ موم اور قیر کی گچ۔ (۲) قیر معدنی۔

Malthusian : (a) مال تھوسی ؛ مال طوسی ؛ مال تھوس کی تعلیمات سے متعلق۔

Malthusian : (n) مال طوس کا پیرو (مالطوس نے یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ آبادی کا حد سے زیادہ تیزی سے بڑھنا تمدن کے لئے ہلاکت کا پیش خیمہ ہے اس لئے ضبط نفس سے کام لے کر اسے روکنا چاہیئے۔

Malthusianism : (n) مال طوسیت ؛ مال طوسی نظریہ ؛ بندش آبادی۔

Maltine : (n) شعیرہ سے تیار کی ہوئی مختلف اشیاء کا تجارتی نام۔

Malting : (n) (۱) اناج کا شعیرہ بنانا۔ (۲) شعیرے کا گودام یا کارخانہ۔

Malting - floor : (n) دیکھو Malt-floor

Malting-kiln : (n) دیکھو Malt-kiln

Maltman : (n) شعیرہ ساز۔

Maltose : (n) دیکھو Malt sugar

Maltreat : (v) بدسلوکی کرنا ؛ بری طرح پیش آنا ؛ برا برتاؤ کرنا۔

Maltreatment : (n) بد سلوکی ؛ برا سلوک۔

Maltster : (n) شعیرہ ساز۔

Malty : (a) (۱) شعیرہ دار ؛ شعیرہ سے مشابہ۔ (۲) شراب شعیر کا عادی۔ (۳) (عام) بد مست ؛ پئے ہوئے۔

Malum : (n) جرم ؛ خطا۔

Malvaceous : (a) (نباتیات) Mallowکی قسم کا (پودا)۔

Malval : (a) جنس خبازی سے متعلق۔

Malversation : (n) (۱) خیانت عاملانہ ؛ بد دیانتی۔ (۲) غبن ؛ خیانت ؛ تصرف بیجا۔

Mam : (n) ماں ؛ اماں ۔

Mama : اماں ؛ اماں جان ؛ امی ؛ امی جان ۔

Mamamouch-i : (n) ایک مضحک ترکی خطاب ۔

Mamelon : (n) (۱) گول ٹیلا ؛ گول پہاڑی ۔(۲) چھوٹی نصف کری بڈی ۔

Mamelonated : (a) گول ٹیلوں سے بھرا ہوا ۔

Mameluco : (n) برازیلی ہندوستانی اور سفید فام نسل کا شخص ۔

Mameluke : (n) (۱) مملوک ؛ اس فوجی جماعت کا ایک رکن جس نے ۱۲۵۲ء میں مصر پر قبضہ کیا تھا ۔ ابتدا میں یہ لوگ کوہ قاف کے رہنے والے غلام تھے ۔ (۲) غلام ۔

Mamilla/Mammilla : (n) (۱) سرپستان ؛ بھٹنی ؛ حلّمہ ۔ (۲) پستانی شکل کا عضو ۔ (۳) (نباتیات) گومڑی ؛ گومڑا ۔

Mam(m)illar : (a) پستانی ؛ پستان کا ؛ پستان نما ؛ پستان آسا ؛ حلمی ؛ پستان نما ؛ گومڑی والا ۔

Mamillary/Mammillary : (a) دیکھو Mammillar

Mamillary brooch : (n) ایک قسم کا بروچ جس میں دو پیالہ نما ٹکڑے ایک دستے کے ذریعہ جڑے رہتے ہیں ۔

Mamillate/Mammilat : (a) (۱) پستان دار ؛ پستان والی ؛ حلمہ دار ۔ (۲) (مرضیات ، ارضیات ، معدنیات) سر پستان کی شکل کا عضو یا حصہ رکھنے والا ۔ (۳) (نباتیات) گومڑی دار ۔

Mamillated/Mammillated : (a) دیکھو Mamillate

Mamillation/Mammillation : (n) (۱) پستان دار ہونا ۔ (۲) گول ابھار یا برآمدگی (جمع) ۔

Mamilliform : (a) پستان نما ؛ تکمہ نما ؛ گومڑی نما ۔

Mamilloid : (a) دیکھو Mamilliform

Mamma : (n) دیکھو Mama

Mamma : (n) (۱) پستان ؛ ممہ ۔ (۲) تھن ؛ ثدی ۔ (۳) چھوچی (مرد کی) ؛ نر کا تھن جیسا عضو ۔

Mammal : (n) حیوان پستانیہ ؛ پستان دار ؛ دودھ پلانے والا جانور ۔

Mammalia : (n) ذوات الثدی ؛ پستان داران ؛ دودھ پلانے والے جانور ۔

Mammalian : (a) ذوات الثدی سے متعلق ؛ دودھ پلانے والے جانوروں سے متعلق ۔

Mammalian : (n) حیوان پستانیہ ؛ پستان دار ۔

Mammalifercus : (a) (ارضیات) پستان دار جانوروں والی (جگہ) وہ (زمین) جس میں تھن دار جانوروں کے اجزا ہوں ۔

Mammalogical : (a) علم ذوات الثدی سے متعلق ؛ پستانی حیوانات سے متعلق ۔

Mammalogist : (n) ماہر علم ذوات الثدی ۔

Mammalogy : (n) علم ذوات الثدی ؛ علم پستانی حیوانیات ۔

Mammaplasty : (n) پستان کی پیوندی جراحی ۔

Mammary : (a) پستان کا ؛ تھن کا ؛ پستانی ۔

Mammary gland : (n) پستان ؛ تھن ۔

Mammato : (prefix) سابقہ جو موسمیاتی اصطلاحات کے ساتھ آتا ہے ۔

Mammee : (n) امریکا کے گرم خطے کا درخت جس کا رنگ زرد اور گودا ملائم ہوتا ہے ۔

Mammiferous : (a) پستان دار ؛ تھن دار ۔

Mammiform : (a) تھن جیسا ؛ پستان نما ۔

Mammock : (n) چیتھڑا ؛ دھجی ؛ پارہ ؛ ٹکڑا ۔

Mammock : (v) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ دھجی بنا دینا ۔

Mammodi : (n) ایک قسم کی ململ ۔

Mammon : (n) دولت کا بت ؛ زر علیہ السلام ؛ دولت کا شیطان ؛ مایا ۔

Mammonish : (a) مایا کا ؛ دولت پرستی کا ؛ دولت پرست ۔

Mammonism : (n) زر پرستی ؛ دولت پرستی ۔

Mammonist : (n) زر پرست ؛ دولت کا پجاری ۔

Mammonite : (n) دیکھو Mammonist

Mammonitish : (a) دولت کے بت کی طرح کا ؛ مایا کی طرح کا ۔

Mammose : (a) پستان نما ؛ ابھار والا ۔

Mammose : (n) جوان سنگ ماہی ۔

Mammoth : (n) (۱) ایک قسم کا ہاتھی جس کی نسل اب معدوم ہو چکی ہے ؛ موہاتھی ؛ ماموت ۔ (۲) (امریکا) متحجر مستودن (ہاتھی سے مشابہ معدوم جانور) ۔

Mammoth : (a) زبردست ؛ بہت بڑا ؛ فیل پیکر ؛ فیل قامت ۔

Mammy : (n) (۱) اماں ؛ امی ؛ اماں جان ؛ امی جان ۔ (۲) (امریکا) دیسی نسل کی انّا یا کھلائی ۔ (۳) حبشی نیگرو عورت ۔

Mampus : (n) تعداد کثیر ؛ مجمع ؛ بھیڑ ؛ انبوہ ۔

Mamsell : (n) دیکھو Mademoiselle

Man : (n) (۱) آدمی ؛ انسان ؛ آدم زاد ؛ بشر ۔ (۲) شخص ۔ (۳) بنی آدم ؛ نوع انسان ؛ نوع بشر ۔ (٤) (مزاحاً) بھلا آدمی ؛ بندۂ خدا ۔ (٥) (مزاحاً یا پیار میں خطاب کے طور پر) میاں صاحب زادے ۔ (٦) کوئی شخص ۔ (۷) مرد ؛ فرد ؛ کس ۔ (۸) (لاحقہ) پیشہ ، عہدہ وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے جیسے Clirgyman ۔ (۹) مرد ؛ جواں مرد ؛ بہادر ۔ (۱۰) شوہر ؛ میاں ۔ (۱۱) (تاریخ) (نظام جاگیرداری میں) اسامی ۔ (۱۲) خادم ؛ نوکر ؛ خدمت گار ؛ پیش خدمت ۔ (۱۳) مزدور ۔ (۱٤) (جمع)سپاہی؛ پیادہ یا سوار ؛ جوان ۔ (۱٥) (شطرنج وغیرہ میں) مہرہ ۔ (۱٦) (بہ حالت ترکیبی) جہاز ۔ (۱۷) روح اور جسم (انسانی) ؛ (مزاحاً) جسم کے بیرونی حصے ؛ گمراہ اور ہدایت یافتہ کی روحانی حالت ؛ جسم ؛ ظاہر ۔ (۱۸) انڈر گریجویٹ ؛ طالب علم ۔ (۱۹) (پہاڑوں پر) پتھروں کا گاؤدم ڈھیر؛ پہاڑ کی چوٹی ۔ (۲۰) اوتار ؛ خالص دماغ ؛ روح ۔

A man : کوئی ؛ کوئی شخص (خصوصاً مرد کے لئے) ۔

As a man : شخصی حیثیت سے ؛ اپنی ذات سے ۔

As one man : یک زبان ہو کر ؛ بہ اتفاق رائے ؛ متفقہ طور پر ۔

Between man and man : آدمی آدمی میں ۔

Every man jack : ہر شخص ؛ ہر کس و ناکس ۔

Little man : میاں صاحب زادے ۔

One's man : پسند کا آدمی ۔

Per man : فی کس ۔

The man : آدمی ؛ شخص ۔

The man for me : (فلاں شخص) میری پسند ہے ۔

To a man : سب کے سب ۔

To become man : آدمی بننا ۔

To be made man : آدمی بنایا جانا ۔

To be man : آدمی بننا ۔

To be one s own man : آزاد ہونا ؛ اپنے فعل کا مختار ہونا ۔ (۲) اپنے آپے میں ہونا ؛ حواس بجا ہونا ۔

To play the man : مردانگی دکھانا ۔

Man : (v) (۱) (قلعہ میں) فوج رکھنا ؛ (جہاز میں) ملاح وغیرہ رکھنا ۔ (۲) (بحری) (جہاز کے کسی حصے میں) لوگوں کو تعینات کرنا ؛ زور لگانا (رسے وغیرہ پر) ۔ (۳) (عہدے پر) کسی کو مقرر کرنا ۔ (٤) دل مضبوط کرنا ؛ ہمت بندھانا ؛ ہمت کرنا ۔ (٥) (شکرہ بازی) باز کو سدھانا ؛ مانوس بنانا ۔ (٦) آباد کرنا ۔ (٧) مضبوط کرنا ؛ کسنا ۔

Man-about-town : (n) دنیا دار اور معاشرت پسند آدمی ۔

Man and boy : (adv.) بچپن سے ۔

Man-ape : (n) آدم نما ؛ بوزنہ ؛ بن مانس ؛ نسناس ۔

Man-at-arms : (n) سپاہی ؛ پورا مسلح سوار ۔

Man by man : فرداً فرداً ۔

Man-child : (n) لڑکا ۔

Man-day : (n) ایک مزدور کا کام (جو ایک دن میں کام کے وقت میں کرے) ؛ روزگار ۔

Man-eater : (n) (۱) آدم خور ۔ (۲) آدم خور جانور مثلاً چیتا ، شارک ، شیر اور مگرمچھ وغیرہ ۔

Man-eating : (n) آدم خوری ۔

Man-eating : (a) آدم خور ۔

Man-engine : (n) ایک قسم کی لفٹ جس سے کان کے اندر جاتے ہیں ۔

Man for man : (n) ایک کے مقابلہ میں ایک ۔

Man Friday : (n) (۱) رابن سن کروسو کا نوکر ۔ (۲) خدمت گار ؛ ہرکامی ؛ ہرکارہ ۔

Man fungus : (n) (نباتیات) زمین نجمہ ؛ ایک قسم کا سماروغ ۔

Man-handle : (v) (۱) ہاتھ سے چلانا ؛ انسانی قوت سے چلانا ۔ (۲) بری طرح برتنا ۔

Man-hater : (n) (۱) بنی نوع انسان سے نفرت کرنے والا ۔ (۲) انسانی صحبت سے دور بھاگنے والا ؛ مردم بیزار ؛ اکل کھرا ۔

Man-hole : (n) (نالے وغیرہ میں) اتنا بڑا سوراخ جس سے آدمی گذر سکے ؛ مانس موکھا ۔

Man-hunt : (n) کسی شخص (خصوصاً مجرم) کی منظم تلاش ۔

Man-hunter : (n) آدمی کا شکار کرنے والا خصوصاً آدم خور غلاموں کی تجارت کرنے والا وغیرہ ۔

Man in blue (n) (عام) پولس ۔

Man in the moon : (n) (۱) چاند کی بڑھیا ۔ (۲) فرضی شخص ۔

Man in the street : (n) عام آدمی ۔

Man jack : (n) فرد ؛ آدمی ۔

Man-keen : (a) انسان پر حملہ کرنے والا (جانور) ؛ غضبناک ؛ جنگلی ۔

Man machine : (n) دیکھو Man-engine

Man-milliner : (n) (۱) پوشاک بنانے والا ۔ (۲) (تحقیراً) بناؤ سنگار کرنے والا ۔ (۳) (مجازاً) وہ شخص جو چھوٹے چھوٹے کاموں میں وقت صرف کرتا ہے ۔

Man-millinery : (n) (تحقیراً) پوشاک ؛ لباس (جس میں آدمی بہت وقت صرف کرتا ہے) ۔

Man-mountain : (n) گلیور کا نام جو لی لی پٹین نے رکھا تھا ۔

Man-of-all-works : سبھی طرح کا کام کرنے والا نوکر ۔

Man of belial : ناکارہ یا شریر شخص ۔

Man of blood : (n) قاتل ؛ خونی۔

Man of God : (n) (۱) ولی ؛ بزرگ ؛ خدا رسیدہ۔ (۲) کلیسا کا عہدہ دار پادری۔

Man of kent : (n) کینٹ کا باشندہ۔

Man of law : (n) وکیل ؛ قانون پیشہ۔

Man of letters : (n) (۱) عالم ؛ فاضل۔ (۲) مصنف ؛ ادیب۔

Man of parts : (n) باصلاحیت شخص ؛ قابل ؛ خداداد صلاحیت رکھنے والا۔

Man of straw : (n) (۱) پُتلا (جس میں بھُس بھر دیتے ہیں)۔ (۲) خیالی حریف ؛ پیکر خیالی۔ (۳) نادار ؛ مفلس شخص۔

Man of the cloth : (n) پادری یا کلیسا کے دوسرے عہدے دار۔

Man of the house : (n) صاحب خانہ۔

Man of the world : (n) (۱) دنیادار ؛ جہاں دیدہ ؛ تجربہ کار۔ (۲) غیر مذہبی شخص۔

Man of war : (n) جنگی جہاز ؛ مسلح جہاز ؛ فوجی۔

Portuguese man-of-war : ایک قسم کا مرجانیہ۔

Man of war's man : (n) جنگی جہاز کا ملاح۔

Man on horseback (n) : آمر ؛ ڈکٹیٹر ؛ حاکم مطلق (خصوصاً فوجی) ؛ مطلق العنان۔

Man on the street : (n) دیکھو Man in the street

Man power : (n) (۱) قوت انسانی (بطور اکائی)۔ (۲) آدمیوں کی تعداد فوجی خدمت وغیرہ کے لئے۔

Man-rope : (n) (بحری) رسّا جو سیڑھی یا کنارے پر آنے جانے کے رستے کی جانب رہتا ہے اور جہاز پر چڑھنے اترنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Man-servant : (n) نوکر ؛ خادم۔

Man-size/Man sized : (a) (۱) ایک آدمی کے لئے یا ایک آدمی کے لائق۔ (۲) قد آدم۔

Man-slaying : (n) قتل انسان۔

Man-to-man : (a) صاف گویانہ اور ایماندارانہ۔

Man-trap : (n) آدم گیر بانس یا پھندا جو چوروں وغیرہ کو پکڑنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔

Man-woman : (n) مرد نما عورت۔

Manacle : (n) (۱) ہتھکڑی ؛ بیڑی ؛ زنجیر۔ (۲) (جمع) بندش ؛ قید ؛ روک۔

Manacle : (v) ہتھکڑی ڈالنا ؛ بیڑی ڈالنا ؛ زنجیر ڈالنا ؛ پابہ زنجیر کرنا۔

Manage : (n) (۱) گھڑ سواری سکھانے کا مدرسہ۔ (۲) اوزاروں کا شاطرانہ استعمال۔

Manage : (v) (۱) (اوزار وغیرہ) استعمال کرنا ؛ چلانا۔ (۲) (کام) انجام دینا ؛ چلانا ؛ انصرام کرنا ؛ سر انجام کرنا۔ (۳) (گھر بار، ادارے وغیرہ) انتظام کرنا ؛ بندوبست کرنا ؛ نظم و نسق کرنا۔ (٤) (چوپایوں وغیرہ کو) سنبھالنا ؛ دیکھ بھال کرنا۔ (٥) (گھوڑے یا انسان کو) قابو میں رکھنا ؛ سدھانا۔ (٦) (خوشامد درآمد وغیرہ سے) کام نکالنا۔ (۷) کسی نہ کسی طرح کر لینا۔ (۸) (ناکافی وسائل سے) کام چلانا۔ (۹) نمٹنا ؛ بھگتنا ؛ سنبھالنا۔ (۱۰) عمل کرنا ؛ تیار کرنا (زمین کو) ؛ آمیزش کرنا ؛ ملانا۔

Manageability : (n) قابل انتظام ہونا ؛ خوش لگام ہونا ؛ فرماں پذیری۔

Manageable : (a) قابل انتظام ؛ لائق انصرام ؛ مطیع ؛ فرماں پذیر ؛ خوش لگام ؛ سیدھا۔

Manageableness : (n) دیکھو Manageability

Manageably : (adv.) فرماں پذیری سے ؛ خوش لگامی سے ؛ مطیع ہو کر۔

Management : (n) (۱) انتظام ؛ انصرام ؛ بندوبست ؛ اہتمام۔ (۲) زمین تیار کرنا ؛ کھاد ملانا۔ (۳) چال ؛ ترکیب ؛ جوڑ توڑ۔ (٤) انتظامی صلاحیت۔ (٥) مجلس انتظامیہ ؛ مجلس نظما۔

Managemental : (a) انتظام سے متعلق ؛ انتظامیہ۔

Manager : (n) (۱) منیجر ؛ منتظم ؛ منصرم ؛ سربراہ کار ؛ مہتمم۔ (۲) پارلیمنٹ کے کسی ایوان کا رکن جو کسی ایسے کام کے انصرام کے لئے مقرر کیا گیا ہو جسے دونوں ایوانوں سے تعلق ہو۔ (۳) (قانون) سربراہ کار ؛ وہ شخص جو عام طور پر عدالت کی جانب سے دیوالیہ یا مقروض کارخانے وغیرہ کے انتظام کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔

Manageress : (n) منتظمہ ؛ منصرمہ ؛ مہتممہ۔

Managerial : (a) منیجر کا ؛ منتظمانہ ؛ انتظامی۔

Managership : (n) منتظمی ؛ منصرمی ؛ منیجری ؛ سربراہ کاری ؛ مہتممی ؛ انتظام۔

Managing : (a) (۱) انتظامی۔ (۲) کفایت شعار۔ (۳) خوشامد وغیرہ سے کام نکالنے والا۔

Manakin/Manikin : (n) امریکا کی ایک خوش رنگ چھوٹی عصفوری چڑیا۔

Manatee/Manati/Manatin : (n) مناتی ؛ جل گائے ؛ سمندری گائے (ایک نبات خور سمندری جانور)۔

Manatee-grass : (n) جزائر شرق الہند کا ایک بحری پودا۔

Manche/Maunche : (n) (نقابت) آستین (بطور مارکہ)۔

Manchester : (n) مانچسٹر ؛ لنکا شائر کے ایک شہر کا نام۔

Manchester policy : (n) عدم مداخلت اور نفع ذاتی کی پالیسی۔

Manchester school : (n) مذہب مانچسٹر ؛ آزادانہ تجارت اور اصول عدم مداخلت کے حامی۔

Manchester wares : (n) مانچسٹر میں بننے والے سوتی سامان۔

Manchineel : (n) منچی نیل ؛ جزائر غرب الہند کا ایک درخت جس کا دودھ زہریلا اور پھل تلخ ہوتا ہے۔

Manchu : (n) منچوریا کے منگول۔

Mancipable : (a) انتقال یا بیع کئے جانے کے لائق۔

Mancipate : (v) (قانون روما) انتقال یا بیع کرنا۔

Mancipation : (n) (۱) انتقال یا بیع ؛ قدیم روما میں جائداد کو منتقل کرنے کا ایک طریقہ۔ (۲) غلامی ؛ غلام بنانا۔

Mancipatory : (a) انتقال یا بیع یا غلامی سے متعلق۔

Manciple : (n) کالج اور Inn of court وغیرہ کا وہ عہدہ دار جو مطبخ کے لئے جنس خریدتا ہے ؛ داروغہ ؛ سربراہ کار۔

Mancunian : (a) مانچسٹر کا ؛ مانچسٹر کے گرامر اسکول کا۔

Mancunian : (n) مانچسٹر کا باشندہ ؛ مانچسٹر کے گرامر اسکول کا طالب علم۔

-mancy : (suffix) لاحقہ بہ معنی "پیش گوئی بذریعہ ......

Mandaean : (n) (۱) اس باطنی فرقے کا رکن جو عراق عرب میں اب تک موجود ہے۔ (۲) اس فرقے کی زبان۔

Mandament : (n) حکم ؛ ہدایت۔

Mandamus : (n) (قانون) وہ حکم نامہ جو کسی عدالت عالیہ کی جانب سے کسی عدالتِ ماتحت کے نام صادر ہوتا ہے ؛ روبہ کار عدالت بالا ؛ حکم نامہ۔

Mandamus : (v) حکم دینا ؛ جبر کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ۔

Mandar : (v) جارحانہ حملہ کر کے سانڈ پر قابو پانا (سانڈ اور آدمی کی لڑائی Bullfight میں) ۔

Mandarin : (n) (۱) ماندرین ؛ چین کے عمال کے نو طبقوں میں سے کسی طبقے کا عامل ۔ (۲) ضابطہ پرست حاکم ۔ (۳) باوقار شخص ۔ (٤) ایک گڈا جسے چینی لباس پہناتے ہیں اور اسکا سر ہلتا ہے ۔ (٥) چین کے افسرانہ اور تعلیم یافتہ طبقے کی زبان ۔ (٦) Mandarin porcelain کا مخفف ۔

Mandarin/Mandarine : (n) (۱) چھوٹی چپٹی شوخ رنگ کی نارنگی ۔ (۲) نارنجی رنگ جو تارکول سے نکلتا ہے ۔ (۳) ایک قسم کی شراب ۔

Mandarin duck : (n) رنگین اور چمکیلے پروں والی بط کی ایک قسم ۔

Mandarin jar : (n) جاپانی چینی مٹی کا مرتبان ۔

Mandarin porcelain : (n) جاپان کے چینی مٹی کے ظروف جن پر گلوں کی تصویریں بنی رہتی ہیں ۔

Mandarin-vase : (n) جاپانی چینی مٹی کا گلدان ۔

Mandarinate : (n) ماندرین کا عہدہ ۔

Mandarinic : (a) ماندرین سے متعلق ۔

Mandarining : (n) ریشم یا اون کو نارنجی رنگ میں رنگنے کا ایک عمل ۔

Mandarinism : (n) ماندرین کی حکومت ؛ ماندرین کا نظام ۔

Mandarinship : (n) ماندرین کا عہدہ ۔

Mandatary : (n) کوئی شخص یا حکومت جسے کسی جائداد یا علاقے کے انتظام کا اختیار تفویض کیا جائے ؛ متولی ؛ حکم بردار ۔

Mandate : (n) (۱) حاکم ؛ عدالت کا حکم ؛ ہدایت ۔ (۲) حق وکالت ؛ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار ۔ (۳) حکم ؛ فرمان ۔ (٤) پاپائے اعظم کا فتویٰ ۔ (٥) (قانون) معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص بلامعاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے ۔ (٦) سیاسی امور کے متعلق ہدایت جو انتخاب کرنے والے پارلیمنٹ کے ممبر کو دیں ۔ (۷) کس شخص کو رفیق کلیہ بنانے یا سند دینے کے لئے شاہی حکم ۔ (۸) بلا معاوضہ ضمانت دینے کا معاوضہ ۔ (۹) کسی ملک کے انتظام سنبھالنے کے لئے دیا ہوا لیگ آف نیشن کا اختیار ۔

Mandate : (v) (۱) کسی ملک کو عارضی طور پر کسی ریاست کی حکومت میں دینا ۔ (۲) وغط کو یاد کرلینا ۔

Mandatee : (n) جسے حکم دیا جائے ؛ جسے اختیار دیا جائے ۔

Mandator : (n) ہدایت یا اختیار دینے والا ۔

Mandatory : (a) (۱) حکم یا فرمان سے متعلق ۔ (۲) لازمی ؛ واجب ۔ (۳) جمعیت اقوام (لیگ آف نیشن) کے اختیار سے متعلق ۔

Mandatum (n) دیکھو Mandate

Mandelic acid : (n) امگڈلین پر ہائڈرو کلورک ایسڈ کے عمل سے پیدا ہونے والا ترشہ ۔

Mandible : (n) (۱) جبڑا ؛ دودھ پلانے والے جانوروں اور مچھلیوں کا نیچے کا جبڑا ؛ فک اسفل ۔ (۲) (چونچ کا) اوپر یا نیچے کا حصہ ؛ فک طیر ۔ (۳) (کیڑوں کے) اوپر کے جبڑوں میں سے کوئی ایک جبڑا ۔

Mandibular/Mandibulary : (a) جبڑے سے متعلق ؛ جبڑا سا ؛ فکی ۔

Mandibulate : (a) جبڑے دار ؛ داڑھ سا ۔

Mandibulated : (a) دیکھو Mandibulate

Mandibuliform : (a) (حشریات) جبڑے کا سا ؛ جبڑے کی شکل کا ۔

Mandibulo - : (prifix) سابقہ بہ معنی جبڑے سے متعلق اور ...... ۔

Mandil : (n) پگڑی ؛ صافہ ۔

Mandioca : جزائر غرب الہند کا پودا جس کے نشاستے کی روٹی پکائی جاتی ہے ؛ کساوا ؛ ات کھٹ ۔

Mandola/Mandora : (n) سارنگی کی قسم کا بڑا باجا ۔

Mandolin/Mandoline : (n) چسکارا ؛ چھوٹی سارنگی ؛ سارنگی کی قسم کا باجا جس میں چار سے چھ تک تار ہوتے ہیں ۔

Mandolinist : (n) چسکارا بجانے والا ۔

Mandom : (n) (۱) نوع انسان ؛ نوع بشر ؛ بنی آدم ؛ نسل انسان ۔ (۲) مرد ؛ جنس ذکور ۔

Mandore : (n) دیکھو Mandola

Mandragora : (n) (۱) مردم گیاہ ؛ ایک خواب آور اور قے آور زہریلا پودا (مشہور ہے کہ اس کی جڑ کی شکل انسان کی سی ہوتی ہے اور جب اکھاڑی جاتی ہے تو چیخنے کی آواز نکلتی ہے) نفاح ۔

Mandrake : (n) دیکھو Mandragora

Mandrake apple : (n) مردم گیاہ کا پھل ۔

Mandrel/Mandril : (n) (۱) خراد کا محور ؛ سنبہ ۔ (۲) لوہے کا اسطوانی کھونٹا جس پر رکھ کر دھات وغیرہ کی چیزیں گھڑی جاتی ہیں ۔ (۳) کان کنوں کی کدال ؛ کلنگ ۔ (٤) گول آرے کا محور ۔

Mandrel-lathe : (n) خراد جس پر کھوکھلی چیزیں بناتے ہیں ۔

Mandrill/Mandril : (n) دیکھو Maimon

Mandrin : (n) قناطیر کا تار ۔

Manducate : (v) چبانا ؛ کھانا ۔

Manducation : (n) چبانا ؛ چبائی ۔

Manducatory : (a) چبانے کا ؛ چبانے سے متعلق ؛ چبانے والا ۔

Mane : (n) (۱) یال ؛ ایال ؛ گردن کے بال ۔ (۲) (زراعت) کھیت کی نالیوں کے درمیان ابھرا ہوا حصہ یا پودوں کی ٹھُنٹھ یا گھاس جو کھیت کاٹنے والے چھوڑ دیتے ہیں ۔

- mane : (suffix) (سابقہ) بعض فرانسیسی الفاظ کے آخر میں آتا ہے ۔

Maned : (a) ایال دار ۔

Maneen : (n) چھوٹا آدمی ؛ بونا ۔

Manege : (n) (۱) گھڑ سواری کا مدرسہ ۔ (۲) سدھے ہوئے گھوڑوں کی چال ۔ (۳) سواری ؛ شہ سواری ۔

Maneh : (n) ایک عبرانی سکہ یا وزن ۔

Maneless : (a) بے ایال ۔

Manerial : (a) جاگیردارانہ ؛ تعلقہ دارانہ ؛ جاگیر کا ؛ تعلقے کا ۔

Manes : (n) (۱) ارواح (مرد گاہ) ؛ بزرگوں کی پاک روحیں ۔ (۲) مردوں کی روحیں جن کی پرستش کی جائے ۔

Manful : (a) جواں مرد ؛ بہادر ؛ شجاع ؛ ارادے کا پکا ؛ بات کا دھنی ؛ راسخ الارادہ ۔

Manfully : (adv.) مردانہ ؛ مردانہ وار ؛ شجاعانہ ؛ بہادرانہ ؛ ہمت و استقلال سے ۔

Manfulness : (n) بہادری ؛ شجاعت ؛ جواں مردی ؛ عزم و استقلال ۔

Manga : (n) (۱) پونچو ؛ جنوبی امریکا کا چوغہ (کپڑے کا مستطیل ٹکڑا جس کے بیچ میں گریبان ہوتا ہے) ۔ (۲) اس قسم کا چوغہ جو سائیکل پر بیٹھتے وقت پہنا جاتا ہے ۔

Manga : (n) (۱) آم ؛ انبہ ۔ (۲) آم کا درخت ۔ (۳) کھیرا ،

خربوزہ ، تربوز وغیرہ کا اچار ۔

Mangabey : (n) افریقہ کا لمبی دم والا بندر ۔

Mangan - : (prefix) سابقہ بہ معنی "میگنیز" ۔

Mangan-amphibole : (n) میگنیز کا سلیکٹ جس کا رنگ گلابی ہوتا ہے ؛ گلابی میگنیز ۔

Manganase : (n) (کیمیا) میگنک ایسڈ (Manganic acid) کا نمک ۔

Manganese : (n) (۱) میگنیز ؛ ایک سیاہ دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے ۔ (۲) فولاد میں سختی پیدا کرنے والا بھرتی عنصر ۔

Manganese bronze : (n) (۱) میگنیزی کانسی زنگ ۔ (۲) میگنیز، تانبہ اور جستے کا بھرت ۔

Manganese green : (n) بیریم کے میگنیز سے حاصل کیا ہوا سبز رنگ ۔

Manganese steel : (n) لوہا اور میگنیز کا لوچدار بھرت ۔

Manganesian : (a) میگنیز کا ؛ مینگنیزی ۔

Manganes (e) ous acid : (n) میگنس ایسڈ (Manganous acid) ۔

Manganic : (a) ان مرکبات سے متعلق جس میں میگنیز ہو ۔

Manganic acid : (n) ایک ترشہ H2 Mn O4 ۔

Manganiferous : (a) میگنیز دار یا میگنیززا ۔

Manganin : (n) تانبہ ، میگنیز اور نکل کا بھرت ؛ میگنین ۔

Manganite : (n) کچا میگنیز ؛ میگنائٹ ۔

Manganium : (n) ایک فلزی عنصر جس کا سیاہ میگنیز آکسائڈ ہے ۔

Manganous : (a) میگنیز کی طرح کا ؛ میگنیز دار ؛ جس میں میگنیز ہو ۔

Mange : (n) (۱) جلد کی ایک بیماری جو اون دار جانوروں کو ایک طفیلی کیڑے سے ہو جاتی ہے ؛ ایک قسم کی خارش ؛ جرب الحیوانات ۔ (۲) جلد کی خرابی یا کھجلی ۔

Mangel/Mangold : (n) Mangel-wurzelکا مخفف ۔

Mangel-wurzel/Mangold-wurzel : (n) چقندر کی ایک بڑی قسم جسے جانور کھاتے ہیں ۔

Manger : (n) (۱) دانہ کھانے کا برتن ؛ چارہ کھلانے کا برتن ؛ کونڈا ؛ ناند ؛ کٹھرا ؛ چرنی ؛ کھُرلی ۔ (۲) (بحری) جہاز کے ماتھے کا چھوٹا کھڑا تختہ جس پر لنگر کی زنجیر رکھی جاتی ہے ۔

Mangily : (adv.) خارشتیوں کی طرح ۔

Manginess : (n) خارشتی پن ۔

Mangle : (n) کرنا ؛ منطقہ حارّہ کا درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے ۔

Mangle : (n) (۱) کل دار استری ؛ استری کرنے کی کل ۔ (۲) کلف کاری کی مشین ۔

Mangle : (v) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ پرزے پرزے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ دھجی دھجی کرنا ؛ زخموں سے چور کر دینا ؛ قیمہ کردینا ۔ (۲) کاٹ پیٹ کر خراب کردینا ؛ صورت بگاڑ دینا ۔ (۳) (عبارت وغیرہ کو کثرت اغلاط سے) مسخ کر دینا ؛ (غلط تلفظ سے لفظ کو) کچھ کا کچھ کر دینا ؛ بدل دینا ۔

Mangle : (v) (۱) کپڑوں پر کل کے ذریعہ استری کرنا ۔ (۲) جستے کو پیٹ کر چپٹا کر دینا ۔

Mangle-wheel : (n) ایک پہیا جو استری کو آگے پیچھے حرکت کراتا ہے ۔

Mango : (n) دیکھو Manga

Mango-bird : (n) پلیک ۔

Mango-fish : (n) سنہرے رنگ کی مچھلی جو ہندوستان میں ہوتی ہے ۔

Mango (tree) trick : (n) آم کا شعبدہ ؛ نظر بندی کر کے آم کا درخت اگا کر دکھانا ۔

Mango-squash : (n) آم کا فشردہ ۔

Mangonel : (n) (تاریخ) منجنیق ؛ پتھر پھینکنے کی کل جو لڑائی میں استعمال ہوتی ہے ۔

Mangosteen/Mangostan : (n) مینگوسٹین ؛ جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کے پھل کا رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔

Mangrove : (n) دیکھو Mangle

Mangue : (n) دیکھو Kusimanse

Mangy : (a) (۱) خارشتی ؛ جسے خارشت کی بیماری ہو ؛ خارشت کی طرح ۔ (۲) خستہ حال ؛ غلیظ ؛ گھناؤنا ؛ ذلیل ؛ حقیر ۔ (۳) کمینہ ۔

Manhood : (n) (۱) مرد ہونا ؛ مردمی ؛ مردانگی ؛ جواں مردی ؛ بہادری ۔ (۲) انسانیت ؛ آدمیت ؛ رجولیت ۔ (۳) بلوغ ۔ (٤) مردانہ عضو تناسل ۔ (٥) مرد (بالغ) ۔

Manhood suffrage : (n) مردوں کا عام حق رائے دہندگی (جو سوائے مجرموں اور پاگلوں کے ہر مرد کو حاصل ہے) ۔

Mani : (n) مونگ پھلی ۔

Mania : (n) (۱) خبط ؛ جنون ؛ سودا ؛ مالیخولیا ؛ مانیا ۔ (۲) (کسی کام میں) حد سے زیادہ جوش یا انہماک ؛ حد سے زیادہ محبت ؛ خبط ۔

-mania : (suffix) (۱) (لاحقہ) (۱) اقسام جنوں کے ناموں کے آخر میں آتا ہے ۔ (۲) حد سے زیادہ شوق ؛ حد سے زیادہ محبت ، خبط ، شوق کے معنی ظاہر کرتا ہے ۔

Maniac : (a & n) (۱) خبطی ؛ سودائی ؛ جنون ؛ جنونی ۔ (۲) شوریدہ سر ؛ سخت جذبے کی حالت میں ۔

Maniac : دیکھو Mania

Maniacal : (a) مجنونانہ ۔

Maniacally (adv.) مجنونانہ طور پر ؛ اضطراری حالت میں ۔

Manic-depressive psychosis : (n) دوری اختلال دماغی ۔

Manicate : (a) (نباتیات) نمدہ پوش ۔

Manichaean/Manichean : (a) مانویت پرست ؛ دین مانی سے متعلق ۔

Manichaeism/Manicheism : (n) مانویت ؛ دین مانی ؛ مذہب مانی (ایک مذہب جو چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں رائج تھا جس میں ایزد و اہرمن دونوں حی و قیوم مانے جاتے تھے) ۔

Manichaeist : (n) مانویت کا پیرو ؛ مانویت پرست ؛ مانی کا مقلد ؛ مانوی ۔

Manichee : (n) دیکھو Manichaeist

Manicure : (n) ہاتھوں اور ناخنوں وغیرہ کی صفائی ؛ ناخن تراشی ؛ ناخن تراش ؛ ہاتھوں اور ناخنوں وغیرہ کی صفائی کرنے والا ۔

Manicure : (v) ناخن تراشنا ؛ ہاتھوں اور ناخنوں کی صفائی وغیرہ کرنا ۔

Manicurist : (n) دیکھو Manicure

Maniere criblee : (n) نقاشی کا ایک طریقہ جو پندرھویں صدی عیسوی میں رائج تھا ۔

Manifest : (n) جہاز کے مال کی فہرست ۔

Manifest : (a) ظاہر ؛ صاف ؛ واضح ؛ آشکار ؛ آشکارا ؛ عیاں ؛ روشن ؛ ہویدا ؛ بین ۔

Manifest : (v) (۱) ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ آشکار کرنا ۔ (۲) ثابت کرنا ؛ ثبوت ہونا ؛ دلیل ہونا ۔ (۳) اپنے افعال سے ظاہر کرنا ؛ دکھانا ۔ (٤) ظاہر ہونا ؛ عیاں ہونا ؛ ترشح ہونا ۔ (٥) جہاز کی مالی فہرست میں درج کرنا ۔ (٦) (سیاسی پارٹی وغیرہ کا) عام جلسے وغیرہ میں اظہار رائے کرنا ۔ (۷) (بھوت کا) نظر آنا ۔ (۸) (تاریخ) (ہسپانی قانون) ملزموں کو جج کے (فیصلے) کے اثر سے محفوظ رکھنا اور انہیں مخصوص جیل میں بند کر دینا جو جج کے دسترس سے باہر ہو ۔

Manifest content : (n) (تحلیل نفسی) بارزخواب ۔

Manifestation : (n) (۱) اعلان ؛ منشور ؛ محضر ۔ (۲) مظاہرہ ۔ (۳) ظہور ؛ تجلیٰ ۔ (٤) (تاریخ) (ہسپانوی قانون) ملزموں کو جج کے (فیصلے) کے اثر سے محفوظ رکھنے کا ایک خاص طریقہ ؛ مخصوص جیل جس میں ایسے ملزموں کو بند کرتے ہیں ۔ (٥) تجسیم ؛ روحوں کو جسمانی شکل میں ظاہر کرنا ۔

Manifestative : (a) اظہاریہ ؛ اظہار رائے کا ۔

Manifestly : (adv.) برملا ؛ بد یہی طور پر ؛ صریحاً ؛ واضح طور پر ؛ علانیہ طور پر ۔

Manifestness : (n) ظہور ؛ ظاہر ہونا ؛ اظہار ؛ عیاں ہونا ۔

Manifesto : (n) اعلان ؛ منشور ؛ محضر ؛ اعلانیہ ۔

Manifold : (a) (۱) گو نا گوں ؛ بو قلموں ؛ رنگا رنگ ؛ طرح طرح کا ۔ (۲) قسم قسم کا ؛ چند در چند ؛ متنوع ۔

Manifold : (n) (۱) گو نا گوں چیز ؛ متنوع قسم کی چیز ۔ (۲) بہت سے سوراخوں والی نلکی ۔ (۳) آلہ' نقل گیر سے بنائی ہوئی نقل ۔ (٤) (ریاضیات) ایک ریاضیاتی تصور جس میں وقت اور فاصلہ گو نا گوں ہوتے ہیں ۔ (٥) (فلسفہ) احساسات کا مجموعہ ۔

Manifold : (n) امعاء ؛ انتڑیاں ؛ خصوصاً جگالی کرنے والے جانوروں کا تیسرا معدہ ۔

Manifold : (v) (خطوط وغیرہ کی) کئی نقلیں تیار کرنا ۔

Manifold paper : (n) (۱) کاربن لگا ہوا کاغذ (جس سے نقل اتارتے ہیں ۔ (۲) پتلا کاغذ جس پر نقل اتاری جاتی ہے ۔

Manifold writer : (n) (آلہ) نقل گیر ۔

Manifold writing : (n) نقل اتارنا ؛ نقل گیری ۔

Manifoldly : (adv.) کئی طرح سے ۔

Manifoldness : (n) طرح طرح کا ہونا ؛ تنوع ۔

Maniform : (a) دست نما ؛ (حشریات) چنگالی ۔

Manikin : (n) (۱) بونا ؛ ٹھگنا آدمی ۔ (۲) (جسم انسانی کا تشریحی) ڈھانچہ ۔ (۳) مجسمے وغیرہ کا ابتدائی ڈھانچہ ۔

Manikin : (n) دیکھو Manakin

Manikin : (a) بونا ؛ کوتاہ قد ؛ بہت چھوٹا ؛ لاغر ۔

Manilio : Quadrolle اورOmbre (تاش کے کھیل) میں دوسرے نمبر کا تُرپ یا ٹیپ کا پتا ۔

Manilla : (n) دھات کا کنگن جو بعض افریقی قومیں پہنتی ہیں اور سکے کی جگہ مبادلے کے لئے استعمال کرتی ہیں ۔

Manilla/Manila : (n) (۱) منیلا ؛ جزائر فلپائن کا دارالحکومت ۔ (۲) منیلوی چرٹ ۔ (۳) منیلوی سننی جس سے چٹائیاں ، رسیاں وغیرہ بنتی ہیں ۔

Manille : (n) دیکھو Manilio

Manioc/Mandioc : (n) دیکھو Mandioca

Maniple : (n) (۱) (قدیم روما) فوج کا دستہ جس میں ٦٠ یا ١٢٠جوان ہوتے تھے ۔ (۲) کلیسائی لباس کا ایک جزو (جو عشائے ربانی کے وقت استعمال ہوتا ہے) ؛

Manless : (a) غیر آدمی کے ۔

Manlike : (a) (۱) انسانیت کا ؛ آدمیت کا ؛ انسانی ؛ بشری ۔ (۲) انسانوں کا سا ؛ جس میں انسانی خوبیاں یا کمزوریاں ہوں ۔ (۳) مردانی ۔

Manlike : (adv.) دیکھو Manfully

Manlikely : (adv.) انسان کی طرح ۔

Manlikeness : (n) بشریت ؛ آدمی کی طرح ہونا ۔

Manlily : (adv.) مرد کی طرح ؛ مردانہ وار ؛ شجاعانہ طور پر ۔

Manliness : (n) مردمی ؛ مردانگی ؛ جواں مردی ؛ دلیری ؛ بہادری ؛ شجاعت ؛ مرد صفت ہونا ۔

Manling : (n) مردک ؛ چھوٹا آدمی ۔

Manly : (a) (۱) مردانہ ؛ دلیرانہ ؛ بہادرانہ ؛ شجاعانہ ؛ شریفانہ ؛ جواں مرد ؛ بہادر ۔ (۲) (عورت) مرد صفت ؛ مرد سیرت ۔ (۳) مرد کے لئے موزوں ۔

Manly : (adv.) مردانہ وار ؛ بہادری سے ۔

Manna : (n) (۱) من ؛ من و سلویٰ ؛ وہ خوراک جو خدا نے بنی اسرائیل کو صحرائے سینا میں عطا فرمائی تھی ۔ (۲) روحانی غذا خصوصاً عشائے ربانی ؛ نعمت ایزدی ۔ (۳) شیر خشت ۔ (٤) من البنات ۔ (٥) ایک قسم کی گھاس ۔

Australian manna : بعض قسم کے یوکلپٹس سے نکلنے والا مادہ ۔

Briancon manna : سیاہ کاج سے نکلنے والا مادہ ۔

Persian manna/Hebrew manna/Jew's manna/ Mount Siai's manna : ترنجبین ۔

عشائیہ (کپڑے کی گز بھر لمبی دھجی جو بائیں بازو پر لٹکتی رہتی ہے) ۔

Manipular : (a) (۱) قدیم روما کے فوج کے دستے سے متعلق جس میں ٦٠ یا ١٢٠ جوان ہوتے تھے ۔ (۲) اس دستے کا سپاہی ۔

Manipulate : (v) (۱) سلیقے سے استعمال کرنا یا برتنا ۔ (۲) (خوش اُسلوبی سے) انجام دینا (کام کو) ؛ سبکدستی سے کرنا ؛ بڑی خوبی سے نپٹانا ؛ سلجھانا ؛ بحث کرنا (مسئلے پر) ۔ (۳) (کسی شخص سے کسی ترکیب سے یا نا جائز اثرات سے) کام نکالنا ؛ ہموار کرنا ؛ ساز باز کرنا ؛ جوڑ توڑ کرنا ۔

Manipulation : (n) (۱) استعمال ؛ برتنے کا طرز یا سلیقہ ۔ (۲) کسی مسئلے کی بحث ؛ جوڑ توڑ ؛ ساز باز ؛ کارستانی ۔ (۳) (جراحی) جسم کے کسی حصے کا ہاتھ سے جانچ کرنا ۔ (٤) دوا تیار کرنا ۔

Manipulative : (a) سبکدستی کا ؛ ہوشیاری کا ۔

Manipulator : (n) برتنے والا ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛ تدبیر سے کام نکالنے والا ۔

Manipulatory : (a) دیکھو Manipulative

Manis : (n) مور خور ؛ مانس ۔

Manism : (n) ارواح پرستی ؛ اجداد پرستی ۔

Manitou/Manito/Manitu/Maneto : (n) (۱) روح ؛ بھوت ؛ پریت ؛ آسیب ۔ (۲) کوئی شے جس میں مافوق الفطرت قوت ہو ۔

Manitrunk : (n) (حشریات) سینے کا اگلا حلقہ ۔

Mankie : (n) دیکھو Calamanco

Mankin : (n) دیکھو Manikin

Mankind : (n) دیکھو Mandom

Manna-croup : (n) گیہوں کا روا ؛ سوجی ۔

Manna-grass : (n) علف من ؛ من گیاہ ۔

Manna-seeds : (n) علف من کا بیج ۔

Manna sugar : (n) قند شیر خشت ۔

Mannequin : (n) وہ عورت یا مرد جس کا کام یہ ہے کہ درزیوں وغیرہ کی دکان پر پوشاک خریداروں کو پہن کر دکھائے ۔

Mannequin : (n) دیکھو Manikin

Manner : (n) (۱) طور ؛ طریقہ ؛ انداز ؛ طرز ۔ (۲) چال ڈھال ؛ وضع قطع ؛ رکھ رکھاؤ ۔ (۳) (جمع) طرز معاشرت ؛ اخلاق و عادات ؛ آداب و رسوم ۔ (٤) (جمع) اطوار ؛ برتاؤ ؛ طور طریقہ ؛ ڈھنگ ؛ تہذیب ؛ تمیز ؛ شائستگی ۔ (٥) اُسلوب بیان ؛ طرز ادا ؛ انداز فن ۔ (٦) (ادب یا آرٹ میں) ایک مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال ؛ بیان یا ادا کا خاص ڈھب ؛ تکیہ" فن جس سے جاو بیجا کام لیا جائے ۔ (۷) قسم ؛ طرح ۔

Adverb of manner : متعلق فعل جس سے کیفیت ظاہر ہو ۔

All manners of : ہر طرح کا ۔

By on (or any) manner of means : مطلق نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ قطعاً نہیں ۔

In a manner : ایک طرح سے ؛ ایک حد تک ۔

In a manner of speaking : گویا ۔

In like manner : اسی طرح سے ۔

No (or any) manner of : کسی طرح کا نہیں ۔

To the manner born : (۱) (شیکسپیر) ایک خاص خاندان میں پیدا ہونے کی وجہ سے کسی رسم کی پابندی پر مجبور ۔ (۲) کسی رتبے کے لئے خلقی طور پر موزوں ۔

Manner of speaking : طرز گفتگو ؛ اسلوب بیان ۔

Mannered : (a) (اُسلوب بیان ، مصنف ، صناع وغیرہ) کسی مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال کرنے والا ؛ تکیہ" فن رکھنے والا ۔

Ill mannered : بدتمیز ؛ غیر مہذب ؛ بد تہذیب ۔

Well mannered : خوش اطوار ؛ تمیز دار ۔

Mannerism : (n) (۱) ادب یا آرٹ میں کسی مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال ۔ (۲) بیان یا ادا کا خاص ڈھب ؛ تکیہ" فن جس سے جاو بیجا کام لیا جائے؛ اطواریت ؛ گفتگو یا اشارے کا ڈھب (خصوصاً ادا کار کا)۔

Mannerist : (n) تکیہ" فن سے کام لینے والا ۔

Manneristic/-al : (a) جس میں تکیہ" فن سے کام لیا گیا ہو۔

Mannerless : (n) بد تہذیب ؛ بد تمیز ؛ ناشائستہ ؛ گنوار ؛ کندہ" ناتراش ۔

Mannerliness : (n) تہذیب ؛ شائستگی ؛ خوش خلقی ؛ تمیز داری ۔

Mannerly : (a) مہذب ؛ شائستہ ؛ تمیز دار ؛ خلیق ؛ خوش خلق ۔

Mannerly : (adv.) خوش خلقی سے ؛ شائستگی سے ؛ تہذیب سے ۔

Mannersome : (a) دیکھو Mannerly

Manness : (n) انسان کی امتیازی خصوصیت ۔

Mannide : (n) قند شیر خشت کو Butyric acid کے ساتھ گرم کرنے سے حاصل ہونے والا شیرے کا سا مادہ ۔

Mannie : (n) (۱) بونا ؛ پست قد ۔ (۲) چھوکرا ؛ لونڈا ۔

Manning : (n) (۱)آدمی مہیّا کرنا ۔ (۲) عملہ ۔

Mannish : (a) (۱) (عورت کے لئے) مردانی ؛ مردوں کی سی ۔ (۲) مردوں سے مخصوص ؛ مردانہ ۔

Mannishly : (adv.) مردانہ پن کے ساتھ ۔

Mannishness : (n) مردانہ پن ۔

Mannite : (n) (کیمیا) شیر خشت کی شکر ۔

Mannite sugar : (n) دیکھو Mannite

Mannitic : (a) شیر خشت سے حاصل شدہ ۔

Manoeuvrable : (a) (ہوائی جہاز ، موٹر وغیرہ) جسے آسانی سے خاص طور پر حرکت میں لایا جا سکے ۔

Manoeuvre/Manoeuver : (n) (۱) حرکت عسکری ؛ بحری افواج یا جہازوں کے بیڑے کی نقل و حرکت کسی خاص نقشے کے مطابق ۔ (۲) چال ؛ داؤ ؛ گھات ؛ جوڑ ۔ (۳) تدبیر ؛ ترکیب ؛حکمت ۔

Manoeuvre : (v) (۱) حرکت عسکری یا بحری کرنا ؛ فوج یا جہاز کے بیڑے کا کسی خاص نقشے کے مطابق حرکت کرنا ۔ (۲) داؤ کرنا ؛ گھات کرنا ؛ جوڑ چلنا ۔ (۳) جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کر دینا (کسی شخص کو کسی کام پر) ۔ (٤) خوش اُسلوبی سے کام کرنا یا کام نکالنا ۔

Manoeuvrer : (n) (۱) حرکت عسکری یا بحری کرنے والا ۔ (۲) داؤ کرنے والا ؛ چال باز ؛ عیار ۔

Manoir : (n) فرانس میں جاگیر دار کا محل یا ڈیوڑھی ۔

Manometer : (n) فشار گیس پیما ؛ دباؤ پیما ۔

Manometric/Manometrical : (a) فشار پیما کا ۔

Manometric flame : (a) فشاری شعلہ ؛ شعلہ جو امواج صوت کے ذریعہ تھر تھراتا ہے اور آواز کا تجربہ کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Manor : (n) جاگیر ؛ تعلقہ ؛ علاقہ ۔ (۲) پولیس کا علاقہ ؛ پولیس کے انتظام کی مقامی اکائی ۔

Lord of the manor : جاگیر دار ؛ تعلقہ دار ۔

Manor-house : (n) تعلقہ دار کا محل ؛ جاگیر دار کی ڈیوڑھی ۔

Manor place : (n) دیکھو Manor house

Manorial : (a) دیکھو Manerial

Manorial system : (n) جاگیری طریقہ ؛ جاگیری نظام ۔

Manostat : (n) کسی احاطے کے اندر دباؤ کو مستقل طور پر قائم رکھنے کا ایک طریقہ ۔

Manque : (a) جو ہو سکتا تھا مگر نہیں ہے ۔

Mansard : (n) منساردی چھت ؛ دو رویہ سلامی چھت جس کے ہر رخ پر دو ڈھال ہوتے ہیں اوپر والا کم اور نیچے والا زیادہ ڈھلوان ہوتا ہے ۔

Manse : (n) کرجے سے متعلق مکان ؛ (اسکاچستان) حلقے کے پادری کا مکان ۔

Manshift : (n) کام کی ایک اکائی (ایک بدل چوکی میں ایک آدمی کے ذریعہ کیا ہوا کام) ۔

Mansion : (n) (۱) بڑا مکان ؛ محل ؛ قصر ؛ حویلی ؛ محل سرا ؛ گڑھی ۔ (۲) (جمع) بڑی عمارت جس کی ہر منزل پر الگ الگ کرائے کے مکان ہوں ۔ (۳) (کسی بڑے عہدہ دار کی) سرکاری اقامت گاہ ۔ (٤) (فلک) برج ؛ مرحلہ ؛ گھر ۔

To have/-keep/-make/-take (one's) mansion: قیام کرنا ؛ رہنا ؛ اقامت گزیں ہونا ۔

Mansion-house : (n) (۱) تعلقه دار کا محل ؛ جاگیر دار کی ڈیوڑھی ۔ (۲) سرکاری اقامت گاہ (خصوصاً لندن کے لارڈمیئر کی) ۔

Manslaughter : (n) (۱) قتل انسان ۔ (۲) (قانون) قتل انسان بوجه اشتعال طبع ۔

Manslayer : (n) انسان کا قاتل ؛ خونی ۔

Manstealing : (n) (کسی کو) اغوا کرنا ؛ جبراً لے بھاگنا ۔

Manstopper : (n) سپاهیوں کی پیش قدمی کو روکنے والی گولی (جس سے صرف چوٹ لگتی ہے) ۔

Mansuetude : (n) مسکینی ؛ اطاعت شعاری ۔

Mant : (v) رك رك كر بولنا ؛ ہکلانا ؛ تتلانا ۔

Mant : (n) ہکلاہٹ ؛ تتلاہٹ ؛ لکنت ۔

Mantel : (n) (۱) آتشدان کے اوپر کا مچان یا الماری ؛ تختهٔ آتش دان ؛ سر بخاری ۔ (۲) آتش دان کے اوپر کی دیوار گیر الماری ۔

Mantel-board : (n) لکڑی کا مچان جو آتش دان کے اوپر لگا دیا جاتا ہے ۔

Mantelet/Mantlet : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا لبادہ ؛ چغه یا فرغل ۔ (۲) گولندازوں (توپ چلانے والوں) کے لئے گولی روك اوٹ ۔

Mantelpiece : (n) سر بخاری ؛ آتش دان کے اوپر کا مچان یا الماری ؛ تختهٔ آتش دان ۔

Mantelshelf : (n) آتش دان کے اوپر کی دیوار گیر الماری ۔

Manteltree : (n) (۱) لکڑی جو آتش دان کے منه کے آر پار لگی رہتی ہے ۔ (۲) دیکھو Mantelpiece ۔

Mantic : (a) پیش گوئی ؛ غیب دانی سے متعلق ۔

- mantic : (suffix) ان اسماء کے صفات میں آتا ہے جو Mancy پر

ختم ہوتے ہیں ۔

Manticore : (n) (۱) (اساطیر) ایك فرضی جانور جس کا جسم شیر ببر کی طرح ، سر آدمی کی طرح ، پر خار دار اور دم اور نیش بچھو کی طرح کے ہوتے ہیں ۔ (۲) (نقابت) ایك عجیب الخلقت جانور جس کا جسم شکاری درندے کی طرح ، سر آدمی کی طرح ، سینگیں پیچدار اور پیر اژدہے جیسے ہوتے تھے ۔

Mantilla : (n) جالی وغیرہ کا نقاب جو عورتیں سر اور کاندھے پر ڈال لیتی ہیں ۔ (۲) چھوٹی بے آستین کی قبا ۔

Mantis : (n) جھینگر کی قسم کا ایك کیڑا ؛ فرس النبی ؛ مطس ۔

Praying mantis : ایك قسم کا کیڑا جو اگلے پاؤں اس طرح رکھتا ہے جیسے نماز کے لئے ہاتھ باندھتے ہیں ؛ نمازی کیڑا ؛ نمازی مطس ۔

Mantis crab/-shrimp : (n) مطسی جھینگر ۔

Mantissa : (n) (ریاضیات) لوگارتھم کا اعشاری جزو ؛ لوگارتھم کا وہ جزو جس میں کسر اعشاریہ واقع ہو ۔

Mantle : (n) (۱) عورتوں کا بے آستین کا چوغه ؛ لبادہ ؛ فرغل ۔ (۲) (مجازاً) پردا ؛ نقاب ۔ (۳) گیس کے لیمپ کی جالی نما ٹوپی ؛ جال ٹوپی ۔ (٤) گھونگے وغیرہ کے پیٹ کی جھلی ۔ (٥) مینٹل ؛ غلاف ؛ ٹوپی ۔(٦) (تشریح) غشاء مغز ۔ (۷) کھلی گاڑی کی چرمی چھت ۔ (۸) زمین کے نیچے کا وہ حصه جو پتلی بیرونی قشر ارض کے نیچے ہوتا ہے ۔

Mantle : (v) (۱) لبادہ یا چوغه پہنانا ؛ چوغه سا اوڑھانا ۔ (۲) چھپا لینا ؛ ڈھك لینا ؛ گھیر لینا ۔ (۳) (سیال چیزوں پر) پھین آجانا ؛ کسی چیز کی ته جم جانا ۔ (٤) (چہرے پر) سرخی دوڑجانا ۔ (٥) سطح پر پھیل جانا ۔

Mantle-knot : (n) جواہرات سے مرصع تمغه ۔

Mantlet : (n) دیکھو Mantelet

Mantling : (n) (۱) (نقابت) طغرے کے گرد یا پیچھے کے نقش و

Manualist : (n) بہروں کو ہاتھ کے اشاروں سے تعلیم کی حمایت کرنے والا ۔

Manually : (adv.) ہاتھ سے ؛ دستی کام سے ۔

Manubrial : (a) دستہ سے متعلق ۔

Manubrium : (n) (حیوانیات) دستہ ؛ یدالقص ۔

Manucode: (a) بعض پرندوں کی قسم ۔

Manuduction : (n) (۱) رہبری ؛ رہنمائی ؛ ہدایت ؛ تعارف ؛ مقدمہ ۔ (۲) رہنما ؛ ہادی ؛ تمہید ؛ تعارف ۔

Manufactory : (a) صنعتی ؛ صنعت سے متعلق ۔

Manufactory : (n) کارخانہ ؛ کارگاہ ؛ فیکٹری ۔

Manufactural : (a) صنعت سے متعلق ؛ صنعتی ۔

Manufacture : (n) (۱) صنعت ؛ بڑے پیمانے پر تجارتی اشیاء کا تیار کرنا ؛ مصنوعہ ؛ ساخت ۔ (۲) صنعت کی کوئی خاص شاخ ۔ (۳) (حقارتاً) (ادب وغیرہ کی) مشینی پیداوار ؛ کل کی ساخت ۔ (٤) محنت کی ، مشین کی پیداوار ۔

Manufacture : (v) (۱) بنانا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) بڑے پیمانے پر اشیاء تیار کرنا ۔ (۳) (حقارتاً) لکھ لکھ کر ڈھیر لگا دینا (مشین کی طرح سے) (ادب وغیرہ) ۔ (٤) گھڑنا (قصہ ، بات وغیرہ) ۔

Manufacturer : (n) صناع ؛ کاریگر ؛ کارخانہ دار ؛ صنعت کار ۔

Manufacturing : (a) صنعتی ۔

Manul : (n) جنگلی بلی ؛ مینل ۔

Manumission : (n) غلامی سے رہائی ؛ آزادی ۔

Manumit : (v) آزاد کرنا ؛ رہا کرنا (غلامی سے) ۔

نگار ۔ (۲) پردا ؛ نقاب ؛ غلاف ؛ لفاف ۔ (۳) چھپا لینا ؛ پھن آجانا ۔

Manto : (n) لبادہ ؛ چوغہ ۔

Manton : (n) ایک قسم کی ہلکی بندوق جسے Joseph Manton نے بنایا تھا ۔

Mantua : (n) (۱) اوپر پہننے والا گاؤن یا چوغہ جو سامنے سے کھلا ہوتا ہے یہ ۱۷ ویں اور ۱۸ ویں صدی میں عورتوں میں زیادہ مقبول تھا ۔ (۲) اٹلی کا بنا ہوا سلکی لباس ۔

Mantua-maker : (n) عورتوں کے کپڑے سینے اور بیچنے والی درزن ۔

Mantuan : (a) شمالی اٹلی کے مقام Mantua سے متعلق جہاں ورجل (Virgil) پیدا ہوا تھا ؛ ورجل کا یا اس سے متعلق ۔

Mantuan : (n) Mantua کا باشندہ ۔

The mantuan/Muse-Swan : ورجل ۔

Manual : (a) (۱) دستی ؛ دست کارانہ ؛ ہاتھ کا ۔ (۲) دستخط ۔ (۳) (قانون) حقیقی ۔ (٤) مختصر دستورالعمل کی طرح کی (کتاب) ۔

Manual : (n) (۱) رسالہ ؛ دستی کتاب ؛ کتابچہ ؛ دستورالعمل ۔ (۲) (کلیسا) مذہبی رسوم اور اعمال کے آداب کا دستور العمل ۔ (۳) (ہارمونیم ، آرگن ، پیانو وغیرہ کا) لوحہ ؛ پردوں کا تختہ ۔ (٤) دستی مشق ۔

Manual alphabet: (n) ہاتھ کے اشارے جن سے بہروں سے گفتگو کرتے ہیں ۔

Manual exercise : (n) (فوجی قواعد) دستی مشق ؛ ہاتھوں کی مشق ۔

Manual labour : (n) ہاتھ کا کام ؛ ہاتھ کی محنت ؛ دست کاری ۔

Manual training : (n) دستی تربیت ۔

Manualism : (n) بہروں کو ہاتھ کے اشارے سے پڑھانا ۔

Manumitter : (n) آزاد کرنے والا ؛ رہائی دینے والا ۔

Manumotive : (v) دستی پرزہ کاری سے حرکت کرنے والا ۔

Manurable : (a) جس میں کھاد ڈالی جا سکے ۔

Manurance : (n) (قانون) حق ملکیت ؛ قبضہ' اراضی ؛ اشیاء ۔

Manure : (n) کھاد ؛ کھات ؛ پانس ۔

Manure : (v) (۱) کھاد ڈالنا ؛ کھاد دینا ۔ (۲) (مجازاً) زرخیز کرنا ؛ قوت نمو یا قوت تخلیق بڑھانا ۔

Manurer : (n) کھاد ڈالنے والا ۔

Manurial : (a) کھاد کا ؛ کھاد سے متعلق ۔

Manuring : (n) کھاد ڈال کر زرخیز بنانا ۔

Manus : (n) (۱) (تشریح) ہاتھ ؛ دست ؛ ید ؛ (حشریات) پیر کا سرا ؛ سینے سے اگاپر ؛ (قانون) بیوی پر شوہر کا اختیار یا حق ۔

Manuscript : (n) (۱) مسودہ ؛ بیضہ ؛ قلمی نسخہ ؛ دستاویز ۔ (۲) تحریر ۔

Manuscript : (a) قلمی ؛ دستی ؛ ہاتھ کی لکھی ۔

Manward : (a) راجع بہ انسان ؛ سوئے انسان ؛ آدمی کی طرف ۔

Manward : (adv.) آدمی کی طرف ۔

Manway : (n) تنگ راستہ (جس سے صرف ایک آدمی گزر سکے) ۔

Manwise : (adv.) انسان کی طرح ۔

Manx : (a) جزیرہ Man کا ؛ مانوی ؛ اس جزیرے کی ۔

Manx : (n) (۱) جزیرہ مین کے باشندے ۔ (۲) جزیرہ مین کی زبان ؛ منوی ۔

Manx cat : (n) جزیرہ مین کی بلی ؛ مانوی بلی ؛ گربہ' بے دم ۔

Manx man : (n) مانوی باشندہ ۔

Manx penny : (n) سکہ جس پر تین ٹانگوں کے نشان ہوتے ہیں ۔

Many : (a) بہت ؛ اکثر ؛ بہترے ؛ متعدد ۔

As many : اتناہی ؛ اتنی ہی تعداد میں ۔

As many as : سب جو برابر ہوں ۔

One too many : مخل صحبت ؛ بار خاطر ۔

The many : جماعت ؛ جمہور ۔

Many : (n) (۱) بڑی تعداد ۔ (۲) (فلسفہ) کثرت تعداد ۔

Many - : دیکھو Mani

Many a (n) one : (n) بہت سے اشخاص ۔

Many-headed : (a) (۱) متعدد سروں والا ۔ (۲) خلقت سے متعلق ۔

Many-headed beast/-monster : (n) بھیڑ یا دھسان ؛ خلقت ۔

Many plies : (n) جگالی کرنے والے جانوروں کا معدہ' سوم ۔

Many-sided : (a) (۱) متنوع ؛ ہمہ گیر ۔ (۲) کثیر الاطراف ۔

Many-sidedness : (n) متنوع ؛ ہمہ گیری ؛ کثیر الاطراف ہونا ۔

Many times : (adv.) کئی بار ؛ اکثر ؛ متعدد بار ۔

Many ways : (adv.) (۱) دور ؛ بعید ۔ (۲) بے حد ؛ بے انتہا ۔

Manzanilla : (n) ہلکی شیری (شراب) جس کا ذائقہ کسی قدر تلخ ہوتا ہے ۔

Manzanita : (n) امریکا کی ایک جھاڑی جس میں بیری ہوتی ہے ۔

Maoism : (n) ماؤ کا نظریہ؛ اشتراکیت ۔

Maoist : (n) ماؤ کے نظریہ؛ اشتراکیت کا حامی ۔

Maori : (n) (۱) موری ؛ نیوزستان (Newzealand) کی ایک سانولی نسل کا آدمی ۔ (۲) موری زبان ۔ (۳) نیو ساؤتھ ویلس (New south Wales) کی ایک مچھلی ۔

Maorian : (a) نیوزستانی ؛ نیوزی لینڈ کا ۔

Maorilander : (n) نیوزستان کا باشندہ ۔

Map : (n) (۱) نقشہ ؛ جغرافی نقشہ ۔ (۲) (عام) چہرہ ۔

Off the map : فرسودہ ؛ غیر مستعمل ؛ متروک ۔

On the map : اہم ؛ مشہور ؛ قابل قدر ۔

To put on the map : شہرت دینا ؛ مشہور کرنا ۔

To wipe off the map : تباہ کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ ناپید کرنا ۔

Map : (v) (۱) نقشہ بنانا ؛ نقشہ کھینچنا ؛ نقشہ تیار کرنا ۔ (۲) لائحہ عمل تیار کرنا یا بنا لینا ؛ مفصل خاکہ بنا لینا ۔

افزا کی مختلف قسمیں ۔

Map lichen : (n) ایک قسم کی کائی ۔

Maple : (n) (۱) ایک درخت ہے جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں ۔ بہتیرے ان میں سے سایہ یا آرائش کے لئے لگائے جاتے ہیں ، کچھ لکڑی حاصل کرنے کی غرض سے اور کچھ ایسے ہیں جن سے شکر بنتی ہے ۔ اسفندان ؛ آج ؛ افزا ۔ (۲) چوب افزا ۔

Bird s eye Maple/Red Maple/Scarlet Maple/ Silver maple/Silver leaved Maple/Sugar Maple/ Swamp Maple/Sycamore Maple/White Maple : افزا کی مختلف قسمیں ۔

Maple-honey : (n) اس افزا کا رس جس سے شکر بنتی ہے ۔

Maple molasses : (n) افزا کے رس کا شیرہ ۔

Maple sugar : (n) افزا کی شکر ۔

Mappemonde : (n) نقشہ؛ عالم ؛ دنیا ۔

Mapping : (n) نقشہ کشی ۔

Mapping-pen : (n) قلم نقشہ کشی ۔

Maquette : (n) (کسی چیز کا) ابتدائی نمونہ یا خاکہ ؛ سن تراشی کا مومی یا گلی نمونہ ۔

Maqui : (n) چیلی کی ایک جھاڑی جس کے دھاگے بنتے ہیں اور جن کی بیریں کو شراب میں ملاتے ہیں ۔

Maquillage : (n) غازہ ؛ روغن وغیرہ ؛ روغن ، غازہ وغیرہ لگانا ۔

Maquis : (n) (۱) بحیرہ؛ روم کے بعض ساحلی خطے کی جھاڑیاں جہاں مفرور پناہ لیتے تھے ۔ (۲) جرمانی حکومت کے عہد میں فرانسیسی محبان وطن کی خفیہ فوج ۔

Mar : (n) خرابی ؛ نقص ؛ نقصان ۔

Mar : (v) خراب کرنا ؛ ابتر کرنا ؛ بگاڑنا ؛ برباد کردینا ؛ غارت کر دینا ؛ ستیاناس کر دینا ۔

To make or mar : بنانا یا بگاڑنا ۔

Mar - : (prefix) سابقہ بمعنی "بگاڑنے والا" ۔

Marabou/Marabout/Marabu : (n) (۱) مارابو ؛ ایک قسم کا سارس یا لقلق جو مغربی افریقہ میں پایا جاتا ہے ؛ افریقی لقلق ؛ ابوسعن ۔ (۲) مارابو کے پنکھ یا دم کے نرم پروں کا گچھا جو ٹوپی میں لگایا جاتا ہے ۔ (۳) ایک قسم کا سفید ریشمی کپڑا ۔

Marabout : (n) (۱) مرابط (تارک الدنیا درویش جو شمالی افریقہ میں بہ کثرت ہوتے ہیں) ۔ (۲) کسی مرابط کا مزار ۔

Maraca/Maracca : (n) لاطینی امریکا کا آلہ موسیقی جو سوکھے کدو میں سیم وغیرہ کا بیج ڈال کر بنایا جاتا ہے اور جھنجھنے کی طرح بجایا جاتا ہے ۔

Marah : (n) تلخ یا تلخی۔

Maranatha : (n) دیکھو Anathema

Marasca : (n) ایک قسم کا چھوٹا اور سیاہ شاہ دانہ۔

Maraschino : (n) سیاہ شاہ دانے کی شراب ؛ مراشینو۔

Marasmic : (a) جسے سوکھے کا عارضہ ہو ؛ سوکھے کا (مریض)۔

Marasmus : (n) تحلیل بدن ؛ سوکھا ؛ لاغری ؛ ٹُنبُول۔

Marathan-race : (n) بڑی لمبی دوڑ۔

Marathon : (n) قدیم یونان کا ایک شہر۔

Marathon : (a) غیر معمولی طور پر لمبا (وقفہ یا دوری)۔

Maraud : (v) (۱) ڈاکہ ڈالنا ؛ چھاپا مارنا ۔ (۲) چوری کرتے پھرنا ؛ ادھر اُدھر ہاتھ مارنا ؛ جو پانا وہ لے جانا ۔ (۳) تاراج کرنا ؛ لوٹنا ۔

Maraud : (n) لوٹ ؛ ڈاکہ زنی ؛ چھاپا مارنا ۔

Marauder : (n) قزاق ؛ غارت گر ؛ لٹیرا ؛ ڈاکو ؛ رہزن یا راہزن ۔

Marble : (n) (۱) سنگ مرمر ؛ مرمر ۔ (۲) سنگ مرمر کا ٹکڑا یا یادگار۔ (۳) (جمع) سنگ تراشی کے مجموعوں کا نمونہ ؛ مجسموں کا مجموعہ ۔ (٤) (کھیلنے کی) گولی ۔ (٥) (جلد سازی) ماربل ؛ ابری ۔ (٦) (عام) (جمع) عقل سلیم ؛ قے ۔

Marble : (a) (۱) سنگ مرمر کی طرح چکنی یا سخت ۔ (۲) سنگ مرمر کی بنی ہوئی ۔ (۳) بھرنگی ؛ رنگ برنگا ۔

Marble : (v) ابری بنانا ؛ ماربل بنانا ؛ مرمری بنانا ۔

Marbled : (a) (۱) سنگ مرمر کا یا سنگ مر مر سے بنایا ہوا ؛ سخت ؛ سنگ مرمر بنا ہوا ؛ (مجازاً) مرمریں ؛ سنگ مرمر سے مزین ۔ (۲) ابری ؛ مخطط ؛ مرمری ۔ (۳) (گوشت) جس میں چربی کم ہو ۔

Marbled beauty : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Marbleize : (v) سنگ مرمر کی طرح رنگنا ؛ ماربل بنانا ۔

Marbler : (n) ماربل بنانے والا ؛ ماربل بنانے کا آلہ ۔

Marbling : (n) (۱) سنگ مرمر کی طرح بنانا ؛ ابری بنانا ۔ (۲) چربی دار اور بے چربی والے گوشت کی ملاوٹ ۔

Marbly : (a) مرمری ۔

Marc : (n) (پھلوں کا) فضلہ ؛ پھوک ؛ تفالہ ۔

Marcasite : (n) (۱) لوہے اور گندھک کا مرکب ؛ گندھکی فولاد ۔ (۲) گندھکی فولاد کا زیور ۔

Marcasitical : (a) گندھکی فولاد سے متعلق ؛ جس میں مرغش ہو ۔

Marcassin : (n) (نقابت) جنگلی سور کا بچہ (بطور نشان کے) ۔

Marcel/Marcelwave : (n) (۱) بالوں میں ایک خاص قسم کی شکن ۔ (۲) پیرس کے ایک ہیئر ڈریسر کا نام ۔

Marcel : (v) بالوں میں ایک خاص قسم کی شکن ڈالنا ۔

Marcel (l)ine : (n) ایک خاص قسم کا ریشمی کپڑا جو استر کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Marcella/Marsella : (n) ایک قسم کا دو سوتی یا کتانی کپڑا ۔

Marcescence : (n) کملاہٹ ؛ پژمردگی ؛ ٹھٹھرنا ؛ مرجھانا ۔

Marcescent : (a) پژمردہ ؛ کملائی ہوئی ؛ ٹھٹھری ہوئی ؛ مرجھائی ہوئی ؛ سوکھی ہوئی ۔

Marcescent : (n) درخت جس کی ٹہنیاں ٹھٹھر گئی ہوں ۔

March : (n) مارچ ؛ انگریزی سال کا تیسرا مہینہ ؛ ماہ مریخ ۔

March : (n) (۱) حد ؛ سرحد ؛ ڈانڈا ۔ (۲) انگلستان اور اسکاچستان یا ویلس کے درمیان سرحدی علاقہ (اکثر جمع میں آتا ہے) ۔

March : (n) (۱) کوچ ؛ روانگی ؛ مارچ ۔ (۲) طویل اور تکلیف دہ قطع مسافت ؛ چکر ؛ دوڑ ؛ ریڑ ۔ (۳) رفتار ترقی (واقعات ، آبادی وقت ، ذہن ، دماغ کی) ۔ (٤) فوجی کوچ کی ایک دن کی مسافت ؛ منزل ۔ (٥) (فوج کی تیز ، سُست وغیرہ) چال ، رفتار ۔ (٦) (موسیقی) کوچ کا راگ ؛ مارچ ۔ (۷) (مجازاً) آہنگ شعر ۔ (۸) (شطرنج) مہرے کی چال ۔ (۹) (مجازاً) سبقت ؛ ترقی ۔

Column of march : کوچ میں فوجیوں کی صفیں ۔

Dead march : جنازے کے ساتھ کا باجا ۔

Line of march : (۲) کوچ کا راستہ ۔ (۲) (مجازاً) راہ سفر ؛ خط سفر ۔

On the march : (۱) ترقی کرتے ہوئے ؛ بڑھتے ہوئے ۔ (۲) کوچ کرتے ہوئے ۔

To gain/-get a march on or upon : بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔

To steal a march (on or upon) : چپکے چپکے آگے بڑھ جانا یا سبقت لے جانا ۔

March : (v) ملکوں کی سرحد ملنا ؛ ڈانڈا ملنا ۔

March : (v) (۱) باقاعدہ قدم اٹھانا ؛ معین رفتار سے چلنا ۔ (۲) ترقی کرنا ؛ آگے بڑھنا ۔ (۳) روانہ کرنا ؛ لے چلنا ؛ جانے پر مجبور کرنا ؛ چلانا ۔ (٤) (افسر معائنہ یا بادشاہ کے سامنے سے) سلامی دیتے ہوئے گزر جانا ؛ فوجی اصول کے مطابق چلنا ؛ باضابطہ قدم اٹھاتے ہوئے چلنا ؛ مارچ کرنا ۔

March ale/-beer : (n) ایک قسم کا تیز بوزہ یا بیئر (شراب) ۔

March brown : (n) ایک مکھی جو مچھلی پکڑنے میں چارہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

March hare : (n) دیوانگی ؛ پاگل پن ؛ جنون ۔

March-land : (n) سرحدی علاقہ ۔

March-past : (n) (فوج کی) سلامی ۔

March-violet : (n) بنفشہ ۔

Marcher : (n) مارچ کرنے والا ؛ کوچ کرنے والا ۔

Marchese : (n) (۱) مارکوئیس ؛ نواب ؛ ڈیوک سے چھوٹا اور ارل سے بڑا خطاب ۔ (۲) (ممالک غیر) کاؤنٹ ۔

Marchesa : (n) (۱) زوجہٴ مارکوِس ۔ (۲) وہ عورت جو مارکوِس کے مساوی ذاتی منصب رکھتی ہو ؛ مارشنس ۔ (۳) خادمہ جو گھر کا سب کام کرے ۔ (٤) ناشپاتی کی ایک قسم ۔ (٥) سلیٹ کا ایک سائز (۲۲ انچ × ۱۱ انچ یا ۱۲۰ انچ × ۱۲ انچ) ۔

Marching : (a) کوچ کرنے والی ؛ مارچ کرنے والی (فوج) ۔

Marching : (n) باقاعدہ قدم اٹھانا ؛ کوچ کرنا ۔

Marching money : (n) وہ زائد تنخواہ جو فوجی افسران اور سپاہیوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنے پر ملتی ہے ۔

Marching order : (n) (۱) کوچ کا ساز و سامان ۔ (۲) (جمع) کوچ کا حکم ۔ (۳) (جمع) برطرفی کا حکم ۔

Marching regiment : (n) وہ فوجی دستہ جس کا کوئی مستقل پڑاؤ نہیں ہوتا اور جسے کسی جگہ بھی بھیجا جا سکتا ہے ۔

Marchioness : (n) دیکھو Marchesa

Marchpane : (n) بادام کے کیک کی لونی ؛ بادام کا کیک۔

Marcionite : (n) دوسری صدی عیسوی کے غناسطی Marcion کے قائم کئے ہوئے فرقے کا پیرو۔

Marconi : (n) لاسلکی پیام ؛ لاسلکی خبر ؛ لاسلکی کے موجد کا نام۔

Marconi : (v) مارکونی طریقے سے لاسلکی پیام یا خبر پہنچانا۔

Marconigram : (n) لاسلکی خبر ؛ لاسلکی پیام (مارکونی طریقے سے)۔

Marconigraph : (n) لاسلکی پیام پہنچانے کا آلہ۔

Marcor : (n) (مرضیات) دبلاپن۔

Marcosian : (n) دو صدی عیسوی میں Marcus کا قائم کردہ غناسطی نظام کا پیرو۔

Mardi gras : (n) یوم استغفار ؛ توبہ کا منگل۔

Mare : (n) (۱) گھوڑی ؛ مادیان ؛ مادہ اسپ۔

Grey mare : دیکھو Grey

Mare/Mear (e) : (n) چاند کا مسطح خطہ (جو دوربین سے دیکھنے میں تاریک نظر آتا ہے)۔

Mare clausum : (n) وہ سمندر جو کسی خاص ملک کے زیر اقتدار ہو ؛ بحیرہ محروسہ۔

Mare liberum : (n) وہ سمندر جو تمام لوگوں کے لئے عام ہو ؛ بحیرہ آزاد۔

Mare nostrum : (n) وہ سمندر جو کسی ایک ملک کے زیر اقتدار ہو یا دو یا زیادہ ملکوں کے باہمی معاہدے کے مطابق اس میں حصہ ہو۔

Marechal Niel/Marshal Niel : (n) زرد رنگ کا چڑھنے والا گلاب۔

Maremma : (n) ساحلی دلدلی زمین ؛ کچھار ؛ ترائی ؛ کھادر ؛ سمندر کے کنارے کی نشیبی دلدلی زمین۔

Mare's nest : (n) سراب آسا انکشاف ؛ نیا انکشاف جسے لوگ کوئی بڑی چیز سمجھ لیں مگر اصل میں وہ چیز نہ ہو۔

To have found a mare's nest : یہ تصور کر لینا کہ کسی بہت ہی عجیب و غریب چیز کا انکشاف کر لیا ہے۔

Mare's tail/Mares-tail : (n) (۱) مادیان مو ؛ ایک قسم کا آبی پودا۔ (۲) (جمع منتشر رعد (ابر)۔

Margaret : (n) (۱) عورتوں کا نام۔ (۲) ایک قسم کا سیب ؛ ناشپاتی کی ایک قسم۔

Margaric acid : (n) ایک قسم کا مصنوعی ترشہ۔

Margarin/Margarine : (n) Margaric acid کا گلیسرائڈ (Glyceride)۔

Margarine : (n) نقلی مکھن ؛ مارگرین۔

Margaritaceous : (n) موتی جیسا ؛ دُرصفت۔

Margarite : (n) موتی ؛ مروارید۔

Margaritic acid : (n) (۱) ایک مرواریدی ترشہ۔ (۲) موتی سا آبدار تیزاب۔

Margaritiferous : (a) موتی بردار۔

Margarodite : (n) (معدنیات) ایک قسم کا ابرق جو موتی کی طرح چمکتا ہے۔

Margaux : (n) ایک قسم کی لال شراب جو Margaux (فرانس) میں بنتی ہے۔

Margay : (n) گربہ شیر ؛ شیربلا ؛ جنوبی امریکا کا ایک جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے۔

Marge : (n) Margarine کا مخفف۔

Margent : (n) حاشیہ : کتاب کا حاشیہ۔

Margin/Marge : (n) (۱) لب ؛ حاشیہ ؛ کور ؛ گوٹ ؛ سنجاف ؛ کنارہ ۔ (۲) آخری حد (جس کے آگے کسی چیز کا وجود نا ممکن ہو) ۔ (۳) کچھ زائد مقدار (جو کمی بیشی کے لحاظ سے رکھ لی جائے) ۔ (۵) کتاب کا حاشیہ ۔ (٦) (بیمہ) قسط ادائی میں اضافہ ۔ (۷) (نجاری) چوکھٹے کی کھڑی سلاخ کا چپٹا حصہ ۔ (۸) مال کی قیمت اور فروخت کی درمیانی رقم ۔ (۹) (تعمیرات) کسی ردے کا وہ حصہ جو دوسرے ردے سے چھپ نہ جائے ۔ (۱۰) (جسم کا) ممیز حاشیہ ۔

Margin : (v) (۱) حاشیہ لکھنا ؛ حاشیہ لگانا ۔ (۲) حاشیہ میں تصریح کرنا ۔ (۳) حاشیہ دینا ؛ حاشیہ بنانا ۔ (٤) دلال کے پاس زائد رقم جمع کرنا ۔

Margin draft/-drauht : (n) (معماری) پتھر کے کنارے کو چھینی سے ہموار کرنا ۔

Marginal : (a) (۱) حاشیے کا ؛ متعلق بہ حاشیہ ؛ حاشیہ پر لکھا ہوا ؛ مندرجہ حاشیہ ؛ حاشیائی ۔ (۲) کنارے کا ؛ کنارے پر واقع ۔ (۳) آخری حد کے قریب ۔

Marginalia : (n) حواشی ؛ حاشیہ پر لکھی ہوئی تشریحات ۔

Marginally : (adv.) حاشیہ پر ؛ بطور حاشیہ ۔

Marginate : (a) حاشیہ دار ؛ کنارہ دار ؛ سنجافی ۔

Marginate : (v) حاشیہ بنانا ؛ حاشیہ دینا ۔

Marginated : (a) دیکھو Marginate

Margination : (n) حاشیہ ۔

Margined : (a) حاشیہ دار ؛ کنارہ دار ۔

Marginicidal : (a) (نباتیات) شگفتہ؛ کشادہ (بقچۂ گل کے پوستہ کناروں کے انفصال سے) ۔

Margosa : (n) زیتون تلخ (درخت) ؛ جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس سے تلخ روغن نکلتا ہے ۔

Margravate : (n) مارگریو کی ریاست ۔

Margrave/Markgrave/Mar (k) graf/Marcgrave : (n) (۱) مارگریو ؛ سرحد کا گورنر ؛ عامل سرحد ؛ مرزبان ۔ (۲) Holy Roman Empire کے ماتحت ؛ ماتحت فرمانرواؤں میں بعض کا لقب ۔

Margraviate : (n) دیکھو Margravate

Margravine : (n) زوجہ مارگریو ؛ بیگم مارگریو ۔

Marguerite : (n) (۱) سفید گل داؤدی ؛ نور چشم ؛ ایک پھول کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا کیک ۔

Marian : (a) (۱) مریمی ؛ متعلق بہ مریم ۔ (۲) ملکہ میری کا ؛ متعلقہ بہ میری ملکہ انگلستان ۔ (۳) اسکاچستان کی ملکہ میری سے متعلق ۔

Marian : (n) (۱) عورت کا نام ۔ (۲) مریم عذرا کا پجاری ۔ (۳) اسکاچستان کی ملکہ میری کا حامی ۔ (٤) انگلستان کی میری کے عہد کے انگریز رومن کیتھولک ۔

Maricolous : (a) سمندری ؛ سمندر میں رہنے والا ؛ بحری ۔

Marie : (n) دیکھو Maid-of-honour

Marigenous : (a) سمندر سے یا سمندر میں پیدا ہونے والا ۔

Marigold : (n) گل صد برگ ؛ گیندا ۔

French marigold : گل جعفری ؛ زرد گیندا ۔

Marigold apple : (n) سیب کی ایک قسم ۔

Marigold bird/-finch : (n) یورپ کی ایک چھوٹی گانے والی چڑیا جس کی کلغی سبز ہوتی ہے ۔

Marigold window : (n) مور پنکھی گول کھڑکی جس میں پہیئے کے دھروں کے سے خانے ہوتے ہیں ۔

Marigram : (n) مدو جزر نگارش ۔

Marigraph : (n) مد و جزر نگار ۔

Marihuana/Marijuana/Marajuana : (n) (۱) جنگلی تمباکو ۔ (۲) حشیش کی ایک قسم ؛ گانجا ؛ بھانگ ۔

Marikina : (n) جنوبی امریکا کا بندر جس کی دم نرم اور گچھے دار ہوتی ہے ۔

Marimba : (n) ایک قسم کا چوبی باجا جسے افریقی بجاتے ہیں ۔

Marimonda : (n) امریکا کے بندروں کی ایک جنس ۔

Marina : (n) (۱) ساحلی سیر گاہ یا مسطح میدان (جس میں چہل قدمی کرتے ہیں) ۔ (۲) گودی یا مصنوعی بندرگاہ جس میں چھوٹی کشتیوں کے لئے زنجیر دار لنگر وغیرہ ہوتے ہیں ۔

Marinade : (n) (۱) شراب ، سرکہ اور گرم مسالے کا مرکب یا اچار ۔ (۲) گوشت یا مچھلی کا اچار جو اس میں ڈالا جائے ۔

Marinade : (v) شراب ؛ سرکہ اور گرم مسالے میں اچار ڈالنا ۔

Marinate : (v) دیکھو Marinade

Marine : (a) (۱) بحری ؛ آبی ؛ دریائی ؛ سمندری ۔ (۲) جہاز رانی کا ؛ بحری فوج کا ؛ بحری ؛ امور بحری سے متعلق ۔ (۳) سمندر میں استعمال ہونے والا ؛ بحری سفر میں استعمال کی (چیز) ۔ (٤) (وہ سپاہی) جو جہاز پر تعینات ہو ۔

Marine : (n) (۱) بحری فوج ۔ (۲) تجارتی یا فوجی بیڑا (جہاز کا) ۔ (۳) جنگی جہاز کا سپاہی ۔ (٤) بحریہ (شعبہ) ۔ (٥) بحری تصویر ؛ دریائی منظر کی تصویر ۔

Royal Marine : برطانیہ کے جنگی جہازوں پر کام کرنے والے سپاہی ۔

Tell that to the marines : روز مرہ میں بے اعتقادی کا طریقہ' اظہار ۔

Marine barometer : (n) بحری بار پیما ۔

Marine board : (n) تجارتی جہاز رانی کے قانونی دفعات کو نافذ کرنے والا ادارہ جو بندرگاہوں پر ہوتا ہے ۔

Marine chronometer : (n) بحری وقت پیما (گھڑی) ۔

Marine galvanometer : (n) بحری مقناطیسی برق پیما ۔

Marine glue : (n) ایک قسم کا سریش جو جہاز سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Marine insurance : (n) بحری بیمہ ۔

Marine rainbow : (n) بحری قوس قزح ۔

Marine store(s) : (n) (۱) پرانے جہاز کا سامان جو بطور اسباب تجارت فروخت کیا جائے ۔ (۲) وہ دکان جہاں پرانے جہاز کے سامان فروخت کئے جاتے ہیں ۔

Marine watch : (n) بحری گھڑی ۔

Marined : (a) (نقابت) ان جانوروں کے لئے استعمال ہوتا ہے جن کا نچلا دھڑ مچھلی کی طرح ہوتا ہے ۔

Mariner : (n) ملاح ؛ جہاز راں ۔

Mariner's compass/-needle : (n) بحری قطب نما ۔

Marinism : (n) اطالوی شاعر مرینی کا سا تصنع آمیز انداز بیان ۔

Marinist : (n) تصنع پسند ؛ مقلّدِ مرینی ۔

Marinorama : (n) بحری مناظر کی مسلسل تصویر ۔

Mariolater : (n) مریم پرست ۔

Mariolatrous : (a) مریم پرست ۔

Mariolatry : (a) مریم پرستی ؛ حضرت مریم کی پرستش ۔

Mariologist : (n) مریمیات کا ماہر۔

Mariology : (n) مریمیات ؛ بحث مریم۔

Marionette : (n) (۱) کٹھ پتلی۔ (۲) ایک قسم کی بط۔

Mariposa lily : (n) کیلیفورنیا اور میکسیکو میں پیدا ہونے والا ایک پودا۔

Marish : (n) دلدل۔

Marish : (a) دلدلی۔

Marist : (n) رومن کیتھولک سوسائٹی آف میری کا ایک رکن۔

Marital : (n) (۱) شوہری ؛ شوہرانہ ؛ متعلق بہ شوہر۔ (۲) ازدواجی ؛ شادی سے متعلق۔

Maritality : (n) شوہر کے لئے انتہائی محبت۔

Maritally : (adv.) شادی کی بنا پر۔

Mariticidal : (a) (۱) زوج کُشی سے متعلق۔ (۲) (حشریات) نرحشرہ کو مارنے سے متعلق۔

Mariticide : (n) زوج کُشی۔

Maritime : (a) (۱) بحری ؛ سمندر کے قریب واقع ؛ سمندر کے قریب رہنے والا ؛ ساحل باش۔ (۲) ساحلی۔ (۳) بحری سیاحت سے متعلق۔

Maritime insurance : (n) دیکھو Marine insurance

Maritime interest : (n) بحری قسط یا سود۔

Marjoram : (n) بوٹیوں کی ایک نوع کا نام ؛ مروا ؛ فرزنگوش۔

Mark : (n) (۱) نشان ؛ نشانہ ؛ چاند ؛ ہدف۔ (۲) (مکہ بازی) جوف معدہ۔ (۳) ہدف مراد ؛ مدعا ؛ مقصود۔ (٤) علامت ؛ نشانی۔ (۵) مُہر ؛ طغرا ؛ مارکہ۔ (٦) کوئی نشان جو ناخواندہ آدمی دستخط کی جگہ بنائے۔ (۷) تحریری نشان یا علامت (کسی خاص مفہوم کو ادا کرنے کے لئے؛ نیک چلنی یا بد چلنی کا نشان (جو رجسٹر میں بنایا جائے)۔ (۸) امتحان کا نمبر ؛ نشان۔ (۹) خط (جو کسی چیز کا محل وقوع یا حد ظاہر کرے)۔ (۱۰) (فٹ بال) ایڑی کا نشان جو گیند کھیلنے والا زمین پر بناتا ہے۔ (۱۱) داغ ؛ دھبہ ؛ نشان۔ (۱۲) (تاریخ) قدیم ٹیوٹانی جماعتوں کے دیہات سے متعلق علاقہ ؛ پرگنہ۔ (۱۳) امتیازی نشان (جو سمندر وغیرہ میں مسافروں کے لئے ہوتا ہے)۔ (١٤) گھوڑے کے اگلے دانت کا وہ جوف جس سے اس کی عمر کا پتا چلتا ہے۔ (۱۵) (نقابت) خاندانی ڈھال پر بنا چھوٹا مارکہ جو امتیاز ظاہر کرتا ہے۔ (١٦) خط یا نقطہ وغیرہ جس سے حالت ظاہر ہو۔ (۱۷) پسند یا مذاق کی چیز۔ (۱۸) صنعتی نشان ڈالنے کا سانچہ یا مُہر۔ (۱۹) توجہ ؛ دھیان ؛ اہمیت ؛ امتیاز۔ (۲۰) شناختی نشان۔ (۲۱) کسی ہتھیار ، آلات وغیرہ کی مخصوص ساخت۔

Beside the mark/Far from the mark/Short of the mark/Wide of the mark: نشان سے باہر ؛ خالی ؛ نشانے سے دور۔ (۲) (مجازاً) غیر متعلق ؛ خارج از بحث ؛ موضوع کلام سے بے تعلق۔

Easy mark : سہل الحصول شے۔

(God) bless (or save) the mark : کسی ہولناک واقعے کو بیان کرتے وقت عذر کے طور پر کہتے ہیں۔

God's mark : چندیا مونڈنے یا پورا سر مونڈنے کی رسم جو پادریوں کو یا راجوں کے سلسلے میں داخل ہونے والوں کو ادا کرنی پڑتی ہے۔

King's mark : تاج پہنے ہوئے چیتے یا شیر ببر کا سر۔

Near the mark : نشان کے قریب۔

Of mark : ممتاز ؛ مشہور۔

Plimsoll's mark : جہاز کا غرقابی خط ؛ یعنی وہ خط جہاں تک لدے ہوئے جہاز کو زیر آب رکھنے کی قانونی اجازت ہے ؛ اگر پانی اس سے اوپر جائے تو خلاف قانون ہوگا۔

حریف کے قریب رہنا تاکہ اسے گیند نہ ملنے پائے - (۱۱) نقشہ بنانا ؛ خاکہ بنانا - (۱۲) (فوج) فوجی ترتیب ظاہر کرنا - (۱۳) اس جگہ کو یاد رکھنا جہاں کھیل بند ہوا ہے -

Mark-boat : (n) کشتی جو ایک خاص جگہ پر بحری نشان کے طور پر لنگر گاہ سے باندھ دی جاتی ہے -

Mark-book : (n) نمبر لکھنے کی کتاب -

Mark down : (v) قیمت کم کرنا -

Mark-down : (n) (۱) قیمت میں تخفیف - (۲) (رقم) قیمت جو کم کی جائے -

Mark lodge : (n) فری میسن تنظیم ؛ کسی عہدے پر فائز فری میسن کی قیام گاہ -

Mark man/-mason/-master : (n) فری میسن جو کسی عہدے پر (فری میسن کی تنظیم میں) فائز ہو -

Mark of admiration/-exclamation : (n) علامت فجائیہ -

Mark of clergy : (n) چندیا یا پورے سر مونڈن کی رسم جو پادریوں یا راہبوں کے سلسلے میں داخل ہونے والوں کو ادا کرنی پڑتی ہے -

Mark off : (v) حدود الگ کرنا ؛ حد بندی کرنا -

Mark of the holy church : (n) دیکھو Mark of clergy

Mark of the beast : (n) (۱) بدی کا نشان - (۲) بدعتی -

Mark-on : (n) (۱) منافع -

Mark-out : (v) (۲) حدود قائم کرنا ؛ خاکہ کھینچنا - (۳) تجویز یا طریق عمل سوچنا - (٤) (کسی خاص کام کے لئے چن کر) مخصوص کر دینا -

Mark time : (v) (۱) (فوج) مارک ٹائم کرنا ؛ قدموں کو مارچ کے انداز میں بڑھانا مگر آگے نہ بڑھنا - (۲) (مجازاً)

To be above the mark : معیار سے اونچا ہونا ؛ معیار سے بلند ہونا -

To be near the mark : معیار کے قریب ہونا -

To be under the mark : معیار سے کم ہونا ؛ معیار سے نیچے ہونا -

To be up to the mark : معیاری ہونا ؛ معیار کے مطابق ہونا ؛ معیار کے برابر ہونا ؛ معیار پر پورا اترنا -

To be within the mark : معیار کے مطابق ہونا ؛ معیاری ہونا -

To hit the mark : مقصود حاصل کرلینا ؛ مدعا پالینا -

To leave a mark : اثر چھوڑنا -

To make a mark : اثر ڈالنا -

To make one's mark : امتیاز حاصل کرنا ؛ مقام پیدا کرنا -

To miss the mark : مقصود حاصل کرنے میں ناکام ہونا ؛ مدعانہ پانا -

Mark : (n) (۱) مارک ؛ آٹھ اونس کا پیمانہ چاندی سونے کے لئے - (۲) جرمنی کا سکہ - (۳) (تاریخ) قدیم انگریزی سکہ جس کی قیمت ۱۳ شلنگ چار پینس تھی -

Mark : (v) (۱) نشان لگانا ؛ نشان کرنا ؛ علامت بنانا ؛ داغنا ؛ نقش کرنا ؛ نقش کھودنا ؛ گودنا ؛ لکھنا (علامت کے طور پر) - (۲) نام لکھنا یا نشان بنانا (کپڑوں پر جو دھوبی کو دئے جائیں) - (۳) (اشیاء پر) قیمت لکھنا - (٤) قدرتی نشان ، داغ ، دھبہ پایا جانا - (٥) اعراب یا علامات لگانا (حروف پر) ؛ کسی نشان سے ظاہر کرنا یا دکھانا (جگہ کو نقشے میں) - (٦) کھیلوں کے جیتے ہوئے نمبر درج کرنا - (۷) خصوصیت ہونا ؛ لازمی جزو ہونا - (۹) غور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ دھیان کرنا ؛ نظر کرنا ؛ لحاظ رکھنا - (۱۰) (فٹ بال)

ترقی کرنے میں ناکام رہنا ؛ آگے نہ بڑھنا ۔

Mark tooth : (v) گھوڑے کا اگلا دانت جس کے جوف کے ذریعے اس کی عمر بتائی جاتی ہے ۔

Mark up : (v) (۱) زیادہ قیمت لکھنا ۔ (۲) (کسی دکان کے) حساب میں ایک مد کا اضافہ کرنا ۔

Mark up : (n) (۱) قیمت میں اضافہ ۔ (۲) وہ رقم جو کسی چیز کی قیمت کی تشخیص میں بڑھا دی جاتی ہے ۔

Mark-vessel : (n) دیکھو Mark-boat

Marked : (a) (۱) امتیازی نشان یا علامت والا ۔ (۲) مشکوک صفت (آدمی) ؛ مشکوک طرز عمل کا (آدمی) ۔ (۳) جو آسانی سے پہچانا جا سکے ۔

Marked bar : (n) لوہے کے ڈلے کی ایک خاص قسم ۔

Marked iron : (n) دیکھو Marked-bar

Marked proof : (n) کندہ کاری کا چھاپ جس میں بعض نقش و نگار کو نامکمل چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Markedly : (adv.) نمایاں طور پر ۔

Markedness : (n) نمایاں ہونا ؛ امتیاز ۔

Marker : (n) (۱) نشان لگانے والا ؛ نشان کرنے یا بنانے والا ۔ (۲) وہ شخص جو شکار کے چھپنے کی جگہ سے واقف ہوتا ہے ؛ کھوجیا یا کھوج کرنے والا ۔ (۳) وہ شخص جو انٹی وغیرہ کھیلوں کا حساب رکھتا ہے ؛ مار کر ۔ (٤) (امریکا) تختی یا لوح جو مستقل یادگار ہو ۔ (٥) دیکھو Book-marker ۔ (٦) تیز روشنی وغیرہ جو ہوائی جہاز کے پائلٹ کو کسی خاص مقام کی تلاش میں مدد دے ۔

Market : (n) (۱) بازار ؛ منڈی ؛ گرزی ؛ پینٹھ ؛ مارکٹ ؛ سوق ۔ (۲) بازار لگنے کا دن ۔ (۳) خرید و فروخت کے لئے لوگوں کا اجتماع ۔ (٤) (قانون) جاگیر دار یا علاقہ دار ، بلدیہ یا کسی دوسرے ادارے کو بازار لگانے کا حق ۔ (٥) مانگ ؛ طلب ۔ (٦) قیمت ؛ بازاری قیمت ؛ بھاؤ ۔ (۷) خرید یا فروخت کا موقع ۔

At the Market : سٹہ بازار میں رائج قیمت پر ۔

Away from the market : سٹہ بازار میں رائج قیمت سے زائد قیمت پر ۔

Black market : کالا بازار ؛ چور بازار ۔

Buyer's market : بازار جو خریداروں کے حق میں ہو ۔

Common market : مشترکہ منڈی ۔

In or on the market : (۱) فروخت کے لئے ۔ (۲) خریدار بن کر ۔

Seller's market : بازار جو بیچنے والوں کے حق میں ہو ۔

The market : کسی خاص چیز کا بیوپار یا منڈی ؛ بازار (کسی خاص چیز کا) ۔

To be in the market : خریدار ہونا ؛ فروخت ہونے کے لئے بازار میں آنا ۔

To bring one's eggs (or one's hogs) to a bad market : اپنے منصوبے میں ناکام ہونا ۔

To bring to market : فروخت کے لئے پیش کرنا ؛ بازار میں لانا ۔

To come into the market : بازار میں آنا ؛ فروخت ہونے کے لئے آنا ۔

To engross the market : کسی چیز کا ذخیرہ خرید لینا تاکہ اُس کو اس کی قیمت بڑھا کر بیچا جا سکے ۔

To lose one's market : کاروبار کا موقع کھوبیٹا ؛ بازار گنوا دینا ۔

To make a or one's market of : (۱) (مجازاً) بیچ ڈالنا ؛ مالی نفع کی خاطر کھو دینا ۔ (۲) سودا بازی یا منافع کا موضوع بنا لینا ۔

To mar another's or one's own market : اپنے یا دوسرے کےکاروبار کو خراب کرنا یا نقصان پہنچانا ۔

To mend one's market : منافع کو بڑھانا ۔

To overstand one's market : مول جول میں اُلجھ کر موقع کھو دینا ۔

Market : (v) (۱) خرید و فروخت کرنا ۔ (۲) بازار میں بیچنا (مال کو) ۔

Market bell : (n) وہ گھنٹی جو بازار شروع ہونے کے اعلان کے طور پر بجائی جاتی ہے ۔

Market cross : (n) وہ صلیب جو بازار میں نصب ہو ۔

Market custom : (n) چنگی یا محصول جو بازار میں لائی گئی اشیاء پر لگتا ہے ۔

Market day : (n) بازار کا دن ؛ پینٹھ کا دن ۔

Market garden : (n) وہ باغ جس میں بازار میں بیچنے کے لئے سبزی، ترکاری وغیرہ بوئی جائے ۔

Market man : (n) بازار میں بیچنے والا ۔

Market over : (n) (قانون) کھلا بازار ۔

Market place : (n) (۱) مقام بازار ؛ چوک بازار ۔ (۲) وہ دائرہ یا حلقہ جہاں ناقابل فہم اقدار کا تصادم ہوتا ہے ۔

Market rate : (n) بازاری قیمت ؛ بازار بھاؤ ۔

Market-research : (n) خاص اشیاء کی فروخت پر اثر انداز ہونے والے عناصر کی باضابطہ تفتیش ۔

Market-ripe : (a) اس قدر (کم) پکا ہوا کہ بازار تک پہنچنے میں پوری طرح پک جائے ؛ آدھا پکا ہوا (پھل وغیرہ) ۔

Market square : (n) چوک بازار ۔

Market stead : (n) دیکھو Market place

Market town : (n) قصبہ جہاں بازار لگے ۔

Market value : (n) قابل فروخت قیمت یا قدر ۔

Marketable : (a) قابل فروخت ؛ قابل بازار ؛ بکنے والی ؛ بکنے کے قابل ۔

Marketably : (adv.) اس طرح کہ بک سکے یا فروخت ہو سکے ۔

Marketeer : (n) بازار میں بیچنے والا ۔

Marketer : (n) (۱) بازار جانے والا ۔ (۲) بازار میں خرید و فروخت کرنے والا ۔

Marketing : (n) (۱) خرید و فروخت کرنا ۔ (۲) اشیائے فروخت ؛ قابل فروخت پیداوار ۔

Markhor (e)/Markhoor : (n) شمالی ہندوستان کی جنگلی بکری ۔

Marking : (n) (۱) نشان کرنا یا لگانا ؛ نشان اندازی ۔ (۲) نشان ۔

Marking board : (n) (۱) تختہ جس پر کھیل وغیرہ کا شمار رکھا جاتا ہے ۔ (۲) سٹہ بازار کا وہ تختہ جس پر روداد یا کاروائی درج کی جاتی ہے ۔

Marking gauge : (n) نشان انداز پیما ۔

Marking ink : (n) پختہ روشنائی ؛ کپڑوں پر نشان لگانے کی سیاہی ۔

Marking iron : (n) داغ دینے والا لوہا ۔

Marking nut : (n) بَلاذُر ؛ بھِلاواں ؛ ایک درخت کا پھل جس کے رس سے کپڑوں پر نشان لگاتے ہیں ۔

Marksman : (n) (۱) اچھا نشانہ باز ؛ قدر انداز ۔ (۲) دستخط کی بجائے نشان لگانے والا ۔

Marksmanship : (n) نشانہ اندازی ؛ قدر اندازی ۔

Markworth : (a) قابل غور ؛ قابل توجہ ؛ قابل ذکر ۔

Marl : (n) (۱) ایک طرح کی مٹی جس میں چونا ہوتا ہے اور کھاد کے کام آتی ہے ؛ مَیرا ؛ کلسی میرا ؛ کلسی مٹی ۔ (۲) زمین ؛ مٹی ۔ (۳) کلسی مٹی کی بنی اینٹ ؛ جہنم کی اذیت ؛ دیکھو Burning marl ۔

Red marl : (۱) سرخ کلسی مٹی ۔ (۲) ایک قسم کی لوہا ملی ہوئی مٹی ۔

Marl : (v) کلسی مٹی کی کھاد دینا ۔

Marl : (v) (۱) (بحری) چھوٹی رسی سے باندھنا ۔

Marl : (a) چتی دار ؛ خط دار ؛ لکیر دار ۔

Marl grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Marl-pit : (n) وہ گڑھا جس سے کلسی مٹی نکالی جاتی ہے ۔

Marl-stone : (n) کلسی پتھر ۔

Marled/Merled : (a) دیکھو Marl

Marlaceous : (a) کلسی مٹی سے مشابہ یا اس سے بنا ہوا ؛ (وہ زمین) جس میں کلسی مٹی ہو ۔

Marline/Marling : (n) (بحری) دو بَل کی چھوٹی ڈوری یا رسی ۔

Marline-spike/Marlinspike : (n) (۱) (بحری) رسی کے بل کھولنے کا آلہ ۔ (۲) ایک پرند کا نام ۔

Marling : (n) دیکھو Marline

Marlite/Marlyte : (n) (معدنیات) کلسی مٹی کی ایک قسم جو ہوا کے عمل کو روکتی ہے ۔

Marlitic : (a) کلسی مٹی کی اس قسم سے متعلق جو ہوا کے عمل کو روکتی ہے ۔

Marly : (n) (وہ زمین) جس میں کلسی مٹی ہو ۔

Marly : (a) لکیر دار ؛ چتی دار ۔

Marmalade : (n) مارملیڈ ؛ نارنگی یا دوسرے پھلوں کا مربہ ۔

Marmalade tree : (n) کھرنی کی ایک جنس ۔

Marmarize/Marmorize : (v) مرمر بنانا ۔

Marmarosis : (n) مرمرسازی ۔

Marmolite : (n) ہلکا سبز پتھر ۔

Marmoraceous : (a) مرمری ؛ سنگ مرمر سے متعلق ۔

Marmorate : (a) مرمری رنگ ؛ سنگ مرمر سا خط دار ۔

Marmoreal : (a) (۱) مرمریں ؛ سنگ مرمر کا ؛ سنگ رخام کا ۔ (۲) مرمرصفت ۔

Marmorize : (v) دیکھو Marmarize

Marmose : (n) جنوبی امریکا کا کیسہ دار موش ۔

Marmoset : (n) ایک قسم کا بندر جو امریکا کے گرم حصوں میں پایا جاتا ہے اور اس کی دم گچھے دار ہوتی ہے ۔

Marmot : (n) ایک قسم کی گلہری ؛ موش خرمائی ؛ مار موٹ ۔

Marocain : (n) ایک قسم کا کپڑا ۔

Maronite : (n) مارونی ؛ مقلد مارون ؛ لبنان (شام) کے عیسائیوں کے اس فرقے کا شخص جس کا بانی مارون تھا ۔

Maroon : (n) (۱) قرمزی رنگ ؛ کشمشی رنگ ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی جو دھماکے کے ساتھ پھٹتی ہے ۔

Maroon : (a) بادامی قرمزی رنگ کا نرشاہ بلوطی ۔

Maroon : (n) (۱) مارون ؛ وہ حبشی جو جزائر غرب الہند اور ڈچ گیانا کے جنگلوں میں رہتے ہیں ؛ ابتداً یہ لوگ مفرور غلام تھے ۔ (۲) وہ شخص جس کو سزا کے طور پر غیر آباد جزیرے وغیرہ میں چھوڑ دیا جائے ۔

Maroon : (v) (۱) کسی شخص کو غیر آباد جزیرے میں سزا کے طور پر چھوڑدینا ۔ (۲) آوارہ گردی کرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا ؛ مٹر گشت کرنا ۔ (۳) گھر جانا (سیلاب کے درمیان) ۔ (٤) غلامی سے آزاد ہوجانا ۔ (٥) تفریحی ضیافت میں حصہ لینا ۔

Marooner : (n) (۱) قزاق ۔ (۲) وہ شخص جسے کسی غیر آباد جزیرے میں سزا کے طور پر چھوڑ دیا گیا ہو ۔ (۳) تفریحی ضیافت میں حصہ لینے والا ۔

Marotte : (n) مرغوب خاطر خیال ۔

Marouflage : (n) کرمچ کو دیوار میں گوند کے ذریعے لگانے کا ایک طریقہ ۔

Marplot : (n) (۱) کسی منصوبے کو بگاڑنے والا شخص (دخل در معقولات کر کے) ؛ وہ شئے جس سے کوئی منصوبہ بگڑ جائے یا خراب ہو جائے ۔ (۲) کسی مہم کی کامیابی کو خطرے میں ڈالنے والا ۔

Marplot : (a) کسی منصوبے کو (بے جا مداخلت کر کے) بگاڑنے والا ۔

Marplotry : (n) کسی منصوبے کو بے جا مداخلت سے بگاڑنا ۔

Marque : (n) (۱) مسلح جہاز سے دشمنوں کے تجارتی جہاز کو گرفتار کرنے کا اجازت نامہ جسے Letters of marque and reprisal) بھی کہتے ہیں ۔ (۲) وہ جہاز جس کے پاس دشمنوں کے تجارتی جہاز کو گرفتار کرنے کا اجازت نامہ ہو ۔

Marquee : (n) (۱) بڑا خیمہ ؛ ڈیرا ؛ خرگاہ ؛ شامیانہ ۔ (۲) (عمارت کے بروازے پر کا) چھجا ۔

Marquetry/Marquetrie : (n) مرصع کام ؛ جڑاؤ کام ؛ مینا کاری ؛ خاتم کاری ۔

Marquis/Marquess : (n) دیکھو Marchese

Marquisate : (n) (۱) مارکوئیس کا خطاب ؛ مارکوئیس کا درجہ ۔ (۲) مارکوئیس کا علاقہ ؛ مارکوئیس کی عملداری

Marquise : (n) (۱) (ممالک غیر) زوجہ مارکوئیس ؛ مارکوئیس بیگم ۔ (۲) شامیانہ ؛ چھجا ۔ (۳) ایک قسم کی ناشپاتی ۔ (٤) انگوٹھی جس میں بیضوی شکل میں نگینے جڑے ہوتے ہیں ۔ (٥) ایک قسم کا چھوٹا صوفہ ۔

Marquois : (n) متوازی کش ؛ خطوط متوازی کھینچنے کا آلہ ۔

Marram : (n) (۱) ساحلی گھاس جو ریت میں اگتی ہے ۔ (۲) ریت کی پہاڑی جس پر یہ گھاس اُگی ہوئی ہو ۔

Marrer : (n) خراب کرنے والا ؛ برباد کرنے والا ؛ بگاڑنے والا ۔

Marriage : (n) (۱) شادی ؛ بیاہ ؛ نکاح ؛ عقد ؛ ازدواج ؛ عروسی ۔ (۲) (مجازاً) اتحاد ؛ یگانگی ؛ یک جان دو قالب ہونا ۔ (۳) (تاش) ایک ہی رنگ کے بادشاہ اور بیگم کا ساتھ ساتھ دکھانا ۔

Civil marriage : قانونی شادی (جس میں مذہبی رسوم نہ ہوں) ۔

Communal marriage : مشترکہ شادی (ایک جماعت کے کل مردوں کی شادی کل عورتوں سے) ۔

*Companionate Marriage : (امریکا) امتحانی شادی ؛ مرد اور عورت کا امتحاناً کچھ دن تک میاں بیوی کی حیثیت سے رہنا ۔

Cross marriage : بہنوئی کی بہن سے شادی (یعنی کسی کی اپنے بہنوئی کی بہن سے شادی) ۔

Fleet marriage : دیکھو Fleet

Group marriage : دیکھو Communal marriage

In marriage : شادی شدہ ۔

Plural marriage : تعداد ازدواج ؛ چند شوہی ؛ چند زنی ؛ کثرت ازدواج ۔

Scotch marriage : وہ شادی جو گواہوں کے سامنے

باہمی اعلان کے ذریعہ ہو (بغیر کسی تکلف کے) ۔

Temporary marriage : متعہ ۔

To give in marriage : نکاح میں دینا ؛ عقد میں دینا ۔

To take in mariage : نکاح کرنا ؛ نکاح میں لانا ۔

Marriage Act : (n) قانون ازدواج ۔

Marriage articles : (n) شرائط نکاح ؛ شرائط ازدواج ۔

Marriage bed : (n) بستر عروسی ۔

Marriage brokage/-brokerage : (n) شادی طے کرانے والے کا معاوضہ ۔

Marriage contract : (n) نکاح نامہ ۔

Marriage licence : (n) شادی کی سرکاری اجازت ۔

Marriage lines : (n) اجازت نامہ، نکاح ۔

Marriage mill : (n) وہ جگہ جہاں شادی کم سے کم تکلف کے ساتھ اور جلد ہوتی ہے ۔

Marriage of convenience : (n) مطلبی شادی (جو محبت کی بجائے مال و زر کے لئے کی جائے) ۔

Marriage portion : (n) جہیز ۔

Marriage settlement : (n) وہ معاہدہ جس کے ذریعے جائداد بیوی بچوں کے نام کر دی جائے ۔

Marriageable : (a) (۱) قابل شادی ؛ قابل نکاح ؛ قابل عقد ۔ (۲) شادی بیاہ کے قابل (عمر) ۔

Married : (a) (۱) شادی شدہ ؛ بیاہا ہوا ؛ بیاہی ہوئی ؛ منکوحہ ؛ متاہل ۔ (۲) شادی شدہ سے متعلق ۔

Marrier : (n) (۱) شادی کرنے والا ؛ نکاح کرنے والا ۔ (۲) عقد

پڑھانے والا ۔

Marron : (n) دیکھو Maroon

Marron glace : (n) شاہ بلوط کی برفی ۔

Marrot/Marrock : (n) ایک قسم کا دریائی پرند ؛ آک ۔

Marrow : (n) (۱) مغز ؛ گودا ؛ مُغ ؛ مغز عظم ؛ حرام مغز ۔ (۲) لب لباب ؛ نچوڑ ؛ کسی چیز کا مغز ؛ ست ۔ (۳) مرغن غذا ؛ طاقت کا سر چشمہ ۔ (٤) گھیا ؛ کدو ؛ ایک قسم کا بڑا مٹر ۔

Pith and marrow : لب لباب ؛ مغز ۔

Spinal marrow : حرام مغز ؛ نخاع ۔

Vegetable marrow : گھیا ؛ کدو ۔

Marrow : (n) جوڑا ؛ بر ؛ دولہا یا دلہن ۔

Marrow-spoon : (n) مغزکش ؛ نلی میں سے مغز نکالنے کی چمچی ؛ گوداکش ۔

Marrowbone : (n) (۱) گودا دار ہڈی ؛ گودے کی ہڈی ؛ گودے کی نلی ۔ (۲) (مزاحاً) (جمع) گھٹنے ۔ (۳) سر کی شکل اور اس کے نیچے دو آڑی ہڈیاں (خطرے یا موت کی) علامت کے طور پر ۔ (٤) (جمع) (عام) مکہ ؛ گھونسا ۔

Marrowfat : (n) بڑی قسم کی مٹر ؛ جلبان ۔

Marrowfat peas : (n) بڑی مٹر ۔

Marrowless : (n) بے مغز کا ؛ بے گودے کا ۔

Marrowsky : (n) دو یا زیادہ متصل لفظوں میں پہلے حروف صحیح کا اتفاقی طور سے ادل بدل ہوجانا ۔

Marrowy : (n) مغز دار ؛ گودا دار ۔

Marry : (v) (۱) نکاح پڑھانا ۔ (۲) نکاح میں دینا ؛ بیاہ دینا ؛ شادی کردینا ۔ (۳) نکاح میں لانا ؛ عقد کرنا ؛ شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ؛ بیاہنا ۔ (٤) (مجازاً) ملانا ؛ ایک کرنا ؛ امتزاج کرنا ؛ متحد کرنا ۔ (٥) شادی ہونا ؛ بیاہ ہونا ۔ (٦) (بحری) رسے کے دو سروں کو اس طرح جوڑنا کہ کسی جگہ سے گزارنے میں پھنسے نہیں ۔ (۷) (تاش) ایک ہی رنگ کے بادشاہ اور بیگم کو دکھانا ۔

Marry : (interj.) (تعجب ، غصہ ، تاکید) ہائیں! ارے! لاحول ولاقوۃ ! واللہ !

Marry come up : (interj.) لاحول ولاقوۃ !

Marry into : (v) (کسی خاندان وغیرہ میں) شادی کرنا ۔

Marry off : (v) شادی کردینا ۔

Mars : (n) (۱) مریخ ؛ منگل ؛ بہرام ؛ جلاد فلک ۔ (۲) قدیم رومیوں کا لڑائی کا دیوتا ؛ مریخ ۔ (۳) جنگ ؛ حرب ؛ لڑائی ؛ جدال و قتال ۔

Marsala : (n) (۱) مارسالا شراب ؛ صقلیہ (سسلی) کے شہر مارسالا کی سفید شراب ۔ (۲) سسلی کے ایک قصبے کا نام ۔

Marseillais : (a) Marseilles (فرانس کے ایک شہر کا نام) کے باشندوں سے متعلق ۔

Marseillaise : (n) جمہوریہ فرانس کا قومی راگ ؛ فرانس کا قومی گیت ۔

Marsh : (n) (۱) دلدل ؛ کیچڑ ؛ کلابہ ۔ (۲) سبزہ زار ۔

Marsh blackbird : (n) امریکا کی ایک چڑیا ۔

Marsh deer : (n) جنوبی امریکا کا ایک ہرن ۔

Marsh diver : (n) ایک قسم کا آبچلیک ۔

Marsh fever : (n) دلدلی بخار ؛ ملیریا ۔

Marsh-fire/-light: (n) اگیا بیتال ۔

Marsh gas : (n) دلدلی گیس ؛ کاربنی ہائیڈروجن ؛ میتھین ۔

Marsh goose : (n) دلدلی بط ۔

Marsh grass : (n) دلدلی گھاس ۔

Marsh-harrier : (n) ایک قسم کا شکرا ۔

Marsh hawk : (n) شکرے کی ایک قسم ۔

Marsh-hen : (n) دلدلی مرغ ۔

Marsh-hog : (n) سور کی ایک قسم جو سوئزر لینڈ میں پایا جاتا تھا ۔

Marsh-mallow : (n) (۱) ایک جھاڑی جو دلدل کے قریب اگتی ہے ؛ خطمی ۔ (۲) ایک مٹھائی جو خطمی کی جڑ سے بنتی ہے ۔

Marsh-marigold : (n) دلدلی گیندا ؛ ایک طرح کا پودا جو مرطوب چراگاہوں میں اگتا ہے اور جس کا پھول سنہرا ہوتا ہے ۔

Marsh quail : (n) ایک قسم کا چکاوک ۔

Marsh-trefoil : (n) ایک قسم کا آبی پودا ۔

Marsh-worm : (n) ایک قسم کا کیڑا جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Marshal : (n) (۱) (یورپ کے بعض ممالک میں) سپہ سالار ؛ سردار ؛ سیناپتی ؛ جنرل ۔ (۲) میردربار (بادشاہ کا) ۔ (۳) افسر تقریبات ۔ (٤) (آکسفورڈ) پراکٹر کا اعلیٰ اردلی ؛ (کیمبرج) وائس چانسلر کا ہرکارہ ۔

Judge's marshal : جج کا پیشکار جو دورے میں ساتھ رہتا ہے ۔

Kinght marshal : (تاریخ) شاہی محل کا عہدہ دار جو محل کے اندرونی مقدمات کا فیصلہ کرتا تھا ۔

Marshal : (v) (۱) صف آرائی کرنا ؛ صف بندی کرنا ؛ (واقعات

وغیرہ کو) ترتیب دینا ؛ مرمت ۔ (۲) (نقابت) نشان یا مارکے کو ترتیب دینا ۔ (۳) (کسی شخص کو بادشاہ وغیرہ کے سامنے) پیش کرنا ۔

Marshal-at-Arms : (n) ولی العوام کا ایک عہدہ دار ۔

Marshal of the Admiralty : (n) بحری عدالت کا ایک افسر ۔

Marshalcy : (n) مارشل کا عہدہ یا رتبہ ۔

Marshalman : (n) وہ اشخاص جو بادشاہ کے آگے جلوس میں چلتے ہیں ۔

Marshalsea : (n) (۱) Southwark میں نائٹ مارشل کی عدالت ۔ (۲) اس مقام کی جیل ۔

Marshalship : (n) سپہ سالار کا عہدہ ؛ سپہ سالاری ۔

Marshbanker : (n) ایک سمندری مچھلی جس کا جسم چپٹا ، سر بڑا اور جبڑا بغیر دانت کے ہوتا ہے ۔ اس کی لمبائی ۱۲ سے ۱۶ انچ تک ہوتی ہے ۔

Marshiness : (n) دلدلی ہونا ۔

Marshland : (n) دلدلی علاقہ ۔

Marshy : (a) دلدلی ؛ دلدل دار ۔

Marsipobrach : (n) ریڑھ دار جانوروں کی ایک جنس جن کے گلپھڑے کیسہ کی طرح ہوتے ہیں ۔

Marsipobrachiate : (a) تھیلی نما گلپھڑوں والا ؛ کیسہ خیشو میان سے متعلق ۔

Marsipobrachiate : (n) کیسہ خیشوم ۔

Marsupial : (a) (۱) تھیلی دار ۔ (۲) خریطہ نما ؛ کیسہ نما ۔ (۳) تھیلی سے متعلق ؛ کیسوی ۔

Marsupial : (n) تھیلی دار جانور ؛ تھیلی دار ؛ وہ جانور جو اپنے بچوں کو تھیلی میں رکھتے ہیں ۔

Marsupian : (a) کیسہ دار جانور سے متعلق ۔

Marsupium : (n) (۱) کیسہ ؛ تھیلی ؛ خریطہ ۔ (۲) غشاء چشم (پرندوں اور رینگنے والے جانوروں کی) ۔

Mart : (n) (۱) بازار ۔ (۲) نیلام خانہ ؛ نیلام گھر ؛ نیلام گاہ ۔ (۳) منڈی ؛ تجارتی مرکز ۔

Mart : (n) (۱) فربہ گائے وغیرہ ۔ (۲) گوشت جسے سکھا کر جاڑے کے لئے محفوظ کر لیا جائے ۔

Martagon : (n) سوسن سرخ ۔

Martel/Martel-de-fer : (n) گرز ؛ مارتول ۔

Marteline : (n) ایک قسم کی چھوٹی ہتھوڑی جس کا ایک سرا نوکیلا ہوتا ہے ۔

Martello/Martello tower : (n) قلعہ ساحلی ؛ مارٹیلا ؛ قلعہ جو ساحل بحر پر ملک کی حفاظت کے لئے بنایا جائے ۔

Marten/Mart : (n) (۱) نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کے سمور بہت قیمتی ہوتے ہیں ؛ دلہ ۔ (۲) دلہ کا سمور ۔

Martial : (a) (۱) حربی ؛ جنگی ؛ عسکری ؛ فوجی ۔ (۲) مریخ ؛ مریخ کے متعلق ۔ (۳) جری ؛ جراز ۔ (٤) جنگ جو ۔ (٥) (قدیم کیمیا) لوہے سے متعلق ؛ جس میں لوہا ہو ۔

Martial law : (n) مارشل لا ؛ جنگی قانون ؛ حربی حکومت ۔

Martialism : (n) جنگی صفات ۔

Martialist : (n) جنگ جو ؛ جنگ دوست ؛ جنگ پسند ؛ حربی فنون داں ۔

Martialize : (v) فوجی بنانا ؛ جنگی بنانا ۔

Martially : (adv.) فوجی طرز پر ؛ جنگی اصول پر ؛ جرارانہ ؛ جنگجویانہ ۔

Martian : (a) (۱) مریخ یا وہاں کے مفروضہ باشندوں سے متعلق ۔

(۲) ماہ مارچ سے متعلق۔

Martian : (n) مریخ کا باشندہ۔

Martin/Marten : (n) ایک طرح کی ابابیل ؛ مارٹن۔

Bee martin : مگس گیر۔

House martin : گھریلو ابابیل۔

Sand or bank martin : ریگی ابابیل۔

Martin : (n) بطور جز و ترکیبی استعمال ہوتا ہے۔

(St.) Martin's day : یوم مارٹن (۱۱ نومبر)۔

(St.) Martin's eve : شام مارٹن (۱۰ نومبر کی شام)۔

(St.) Martin's Summer : یوم مارٹن کا خوشگوار موسم۔

Martinet : (n) وہ شخص جو (بحری یا فوجی) انضباط میں سخت ہو ؛ سخت گیر ؛ فوجی اور بحری انضباط کا قائل۔

Martinetism : (n) سخت گیری ؛ انضباط کی سختی ؛ انضباط سخت۔

Martinet (t) ish : (a) سخت گیرانہ انضباط۔

Martingale : (n) (۱) وہ تسمہ جس کا ایک سرا گھوڑے کے تنگ میں اور دوسرا پوزی میں بندھا ہوتا ہے۔ (۲) (بحری) پیش جہاز کی چوب کے سہارے کی رسی ؛ چوب جہاز کی طناب۔ (۳) جوئے میں داؤں کو دو چند کر دینے کا اصول ؛ دونی بازی۔

Martini : (n) (۱) مارٹنی رائفل۔ (۲) مشہور موجدوں کے نام۔

Martini : (n) جن اور فرانسیسی ور متھ (شرابوں) کا کاک ٹیل (Cocktail)۔

Martinmas : (n) یوم مارٹن کی ضیافت (۱۱ نومبر)۔

Martlet : (n) (۱)ایک قسم کی چڑیا ؛ خطاف صفیر۔ (۲) (نقابت) پرند بے پا ؛ بے پاؤں کے پرند کی تصویر جو مارکوں میں بنی ہوتی ہے۔

Martyr : (n) شہید ؛ راہِ حق میں جان دینے والا۔

To make a martyr of : تکلیف دینا ؛ زحمت دینا۔

To make a martyr of oneself : نام و نمود کی خاطر (سچا یا جھوٹا) ایثار کرنا ؛ شہید بننا ؛ لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا۔

Martyr : (v) (۱) شہید کرنا۔ (۲) اذیت دینا۔ (۳) بطور شہید پیش کرنا۔

Martyrdom : (n) (۱) شہادت۔ (۲) اذیت ؛ کرب۔

Martyrium : (n) (۱) وہ عمارت یا کوٹھری جن میں قدیم عیسائی اپنے مردے دفن کرتے تھے۔ (۲) وہ جگہ جہاں شہیدوں کی یادگاریں محفوظ رکھی جاتی ہیں۔

Martyrization : (n) شہید بننا یا بنانا۔

Martyrize : (v) شہید بننا ؛ شہید بنانا۔

Martyrolatry : (n) شہید پرستی۔

Martyrologic/-al : (a) تاریخ شہداء کے متعلق؛ماثر شہداء سے متعلق۔

Martyrologist : (n) تاریخ شہداء لکھنے والا ؛ تذکرۃ الشہداء کا ماہر۔

Martyrology : (n) سلسلہ شہداء ؛ فہرست شہداء ؛ تاریخ شہداء ؛ تذکرۃ الشہداء ؛ ماثر شہداء۔

Martyry : (n) شہید کا مزار یا روضہ ؛ وہ روضہ جو کسی شہید کی یاد میں بنایا جائے۔

Maru : (n) جاپانی تجارتی جہاز۔

Marvel : (n) (۱) تعجب کی بات ؛ حیرت انگیز واقعہ ؛ عجیب و غریب چیز ؛ انوکھی چیز ؛ عجوبہ۔ (۲) (کسی صفت کا) کمال ؛ حیرت انگیز نمونہ۔ (۳) حیرت ؛ تعجب۔

For a marvel : غیر متوقع طور پر ۔

No marvel : کوئی تعجب نہیں ۔

What marvel : کیا تعجب ۔

Marvel : (v) (۱) حیران ہونا ؛ حیرت زدہ ہونا ؛ محو حیرت ہونا ؛ متعجب ہونا ۔ (۲) (کسی چیز کی وجہ وغیرہ معلوم کرنے کے لئے) فکر ہونا ؛ الجھن ہونا ؛ کاوش ہونا ۔

Marvel-of-peru/-the world : (n) دیکھو Four-o-clock

Marvellous/Mavelous : (a) (۱) عجیب و غریب ؛ طرفہ ؛ حیرت خیز ؛ تعجب انگیز ۔ (۲) مافوق العادت ؛ خارج از قیاس ۔

The marvellous : مافوق العادت امور ۔

Marvellously : (adv.) حیرت انگیز طریقے سے ۔

Marvellousness : (n) حیرت انگیزی ؛ انوکھا پن ۔

Marver : (n) لوہے یا سنگ مرمر کی تختی جو شیشہ ساز استعمال کرتے ہیں ۔

Marver : (v) لوہے یا سنگ مرمر کی تختی پر شیشے کو پھیرنا ۔

Marxian : (a) کارل مارکس کا ؛ مارکسی ۔

Marxian : (n) کارل مارکس کا پیرو ۔

Marxism : (n) مارکسیت ؛ کارل مارکس کا عقیدہ ۔

Marxist : (n) کارل مارکس کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Mary : (n) (۱) حضرت مریم ؛ مریم عذرا ۔ (۲) (آسٹریلیائی) عام ملکی عورت ۔

Mary-lily : (n) سوسن کی ایک قسم ۔

Marzipan : (n) دیکھو Marchpane

Mascagnine : (n) امونیم کا سلفیٹ جو آتش فشاں کے پاس پیدا ہوتا ہے ۔

Mascalage : (n) بلوط کی چھال جمع کرنا ۔

Mascara : (n) پلک اور ابرو پر لگانے کا رنگ (غازہ) ۔

Mascle : (n) (۱) (نقابت) معین نما مارکہ ۔ (۲) سوراخ دار معین نما فلزی تختی جو فوجی کوٹ پر لگی رہتی تھی ۔

Mascled : (a) جس میں معین نما مارکہ یا تختی ہو ؛ معین نما خانوں یا فلس میں بھرا ہوا ۔

Mascon : (n) چاند کے میدانوں میں پایا جانے والا کثیف مادّہ ۔

Mascot/Mascotte : (n) (۱) وہ شخص یا چیز جسکا ہونا نیک شگون سمجھا جائے ؛ باعث برکت چیز یا شخص ؛ بخت آور ؛ بھاگوان شخص یا چیز ۔ (۲) تعویذ ؛ طلسم ۔

Mascotism : (n) نیک شگونی ؛ بخت آوری ۔

Mascotry : (n) دیکھو Mascotism

Masculine : (a) (۱) مذکر ۔ (۲) مردانہ ؛ جواں مردانہ ؛ قوی ؛ پر زور ۔ (۳) مردانہ صفت (عورت) ۔

Masculine : (n) (۱) جنس مذکر ؛ مذکر لفظ ۔ (۲) مرد ؛ نر ۔

Masculine rhyme : (n) (فرانسیسی عروض میں) وہ قافیے جن کے آخیر میں ساقط حرف "ے" نہ ہو بلکہ آخری لفظ پر جھٹکا ہو ۔

Masculinely : (adv.) مردانہ طور پر ۔

Masculineness : (n) تذکیر ۔

Masculinity : (n) دیکھو Masculineness

Masculinization : (n) مرد یا نر بنانا ؛ مذکر سازی ۔

Masculinize : (v) مرد یا نر بنانا ؛ مذکر بنانا ۔

Masculo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "مرد" ؛ "نر" ۔

Masculo-feminine : (n) زن مرد ۔

Maser : (n) انگیختہ جوہروں یا سالموں وغیرہ کی تابکاری کو برقی مقناطیسی تابکاری پیدا کرنے یا افزوں کرنے کا ایک طریقہ ۔

Mash : (n) (۱) وہ شعیرہ جس میں بوزہ (بیئر) بنانے کے لئے گرم پانی ڈالا گیا ہو ۔ (۲) کچومر ۔ (۳) چنے ، چوکر اور بھوسی وغیرہ کا مرکب جو گھوڑوں کو دیا جاتا ہے ۔ (٤) آلو کا بھرتہ ۔ (٥) ملغوبہ ؛ معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ کھچڑی ۔

Mash : (n) من موہن ؛ جانی ؛ پیارا یا پیاری ۔

Mash : (n) پتھر توڑنے کا ہتھوڑا ۔

Mash : (v) ہتھوڑے سے پتھر توڑنا ۔

Mash : (v) (۱) شعیرے میں گرم پانی ملانا ۔ (۲) کچو مر بنانا ؛ کچلنا ۔ (۳) (آلو وغیرہ کا) بھرتہ بنانا ۔ (٤) (چائے) بنانا ؛ (چائےکا) رنگ آنا ۔ (٥) دبانا ؛ زور لگانا ۔

Mash : (v) (۱) (عورت کا مرد کو یا مرد کا عورت کو) فریفتہ کر لینا ؛ موہ لینا ۔

To be mashed on : لٹو ہونا ؛ (کسی پر) جان دینا ؛ فریفتہ ہونا ۔

Mash-tub/-tun/-vat : (n) شعیرے میں گرم پانی ملانے کا ظرف ۔

Mash-wort : (n) شعیرے کا زلال ۔

Mashed : (a) بھرتہ بنایا ہوا ۔

Masher : (n) شعیرہ میں گرم پانی ڈالنے کی مشین یا برتن ۔

Masher : (n) اپنے آپ کو کنھیا سمجھنے والا ؛ چھیلا ؛ رسیا ۔

Mashie/Mashy : (n) گولف کھیلنے کا ایک چوگان ۔

Mashy : (a) بھرتے کی طرح ۔

Mask : (n) (۱) نقاب ، مقنع ، برقع ، جالی وغیرہ (جو حفاظت کے لئے کسی چیز پر لگا دی جائے) ۔ (۲) (مصنوعی) چہرہ (جیسے رومی اور یونانی ایکٹر استعمال کرتے تھے) ۔ (۳) (شبیہ) چہرہ ؛ چہرے کا سانچا (جو موم وغیرہ چہرے پر رکھ کر ڈھالا جاتا ہے) ۔ (٤) (مجازاً) (بناوٹ کا) پردہ ؛ بہروپ ۔ (٥) نقاب پوش ؛ برقع پوش ۔ (٦) لومڑی کا سر یا چہرہ ؛ چہرہٴ روباہ ۔ (۷) چھپانے والی کوئی چیز ۔

To assume the mask of/To put on the mask of : (بناوٹ کا) پردہ چڑھالینا ۔

To drop-throw or put off the mask (of) : (بناوٹ کا) پردہ اٹھا دینا ؛اصلی رنگ میں ظاہر ہونا ۔

Under the mask of : فلاں بھیس میں ۔

Mask : (v) کھومر بنانا ؛ کچلنا ؛ بھرتہ بنانا ۔ شعیرے میں گرم پانی ڈالنا ۔

Mask/Masque : (v) (۱) منہ پر نقاب ڈالنا ؛ برقع یا مقنع میں منہ چھپانا ۔ (۲) چہرہ لگانا ؛ مصنوعی چہرے کا استعمال کرنا ۔ (۳) (احساسات و جذبات کو کسی چیز کے پردے میں) چھپانا ۔ (٤) (فوج) اپنی قوت کو دشمن سے پوشیدہ رکھنا ؛ کافی فوج کے ساتھ دشمن کی نقل و حرکت دیکھتے رہنا تاکہ وہ کچھ نہ کر پائے ؛ اپنی فوج کے آگے کھڑے ہو کر گولہ باری میں خلل انداز ہونا ۔

Mask crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا ۔

Masked : (a) (۱) نقاب پوش ۔ (۲) (نباتیات) نقاب پوش ؛ دہان بستہ ۔ (۳) پوشیدہ ؛ بھیس بدلے ہوئے ۔ (٤) (نوبتی بخار) جس کی تشخیص نہ ہو سکے ؛ ناقابل تشخیص ۔ (٥) (فوج) پوشیدہ ۔

Masked ball : (n) ناچ کا جلسہ جس میں لوگ نقاب ڈال کر شریک

ھوں ؛ نقابی رقص ۔

Masked crab . (n) دیکھو Mask-crab

Masker/Masquer : (n) وہ شخص جو Masque (سوانگ یا رہس) میں حصہ لے ۔

Masker : (v) حیران کردینا ؛ متحیر کر دینا ؛ پریشان کرنا ۔

Maskinonage/Muskellunge : (n) سنان ماہی؛ ایك بڑی قسم کی نوك دار منہ کی مچھلی جو شمالی امریکا کی بڑی جھیلوں میں ھوتی ھے ۔

Masklike : (a) نقاب کی طرح کا ۔

Maslin : (n) (۱) پیتل کی ایك قسم ۔ (۲) پیتل کا ظرف ۔

Maslin : (n) ملا جلا اناج ۔

Maslin-kettle : (n) (مربہ بنانے کے لئے) پھلوں کو ابالنے کا برتن ۔

Masochism : (n) (۱) ایك قسم کی جنسی کج روی جس میں ایك شخص اپنے شریك کار کی گالی اور بیدردی سے لطف اندوز ھوتا ھے ؛ مزدکیت ؛ لذتیت جفا (معشوق) ۔ (۲) لذت درد ۔

Masochist : (n) مزدکی ؛ لذت کش جفا ۔

Masochistic : (a) مزدکی سے متعلق ؛ مزدکی ۔

Mason : (n) (۱) معمار ؛ راج ۔ (۲) میسن ۔

Mason : (v) پتھر کی عمارت بنانا ؛ مضبوطی کے لئے پتھر لگانا ۔

Mason-bee : (n) ایك قسم کا کیڑا ۔

Mason-shell : (n) ایك قسم کا صدف ۔

Mason-spider : (n) ایك قسم کا مکڑا ؛ معمار عنکبوت ۔

Mason wasp : (n) زنبور کی ایك قسم ۔

Mason-work : (n) معمار کا کاج ؛ راج کا کام ۔

Masoned : (a) (نقابت) ایسی لکیروں سے آراستہ جو پتھروں کے جوڑ یا خانہ نظر آئیں ۔

Masonic : (a) (۱) فرامیسنی ۔ (۲) معماری سے متعلق ۔

Masonry : (n) (۱) معماری ۔ (۲) پتھر ؛ اینٹ ؛ گچ کا کام ؛ چنائی ۔ (۳) فرامیسن ۔

Masonry : (v) پتھر ؛ اینٹ ؛ گچ وغیرہ سے بنانا یا مضبوط کرنا ۔

Masonry saw : (n) پتھر ؛ اینٹ وغیرہ کاٹنے کا آرا ۔

Masoola : (n) ایك قسم کی ہلکی کشتی جو تلاطم کے وقت استعمال کی جاتی ھے ۔

Masora(h)/Massora (h) : (n) عبرانی بائبل کے متعلق قدیم روایات ؛ عبرانی بائبل کی تفسیر ۔

Masorete/Massorete : (n) عبرانی انجیل کا مفسر ؛ وہ یہودی عالم جو عبرانی انجیل کی قدیم روایت کا راوی ھو ۔

Masoretic/-al : (a) عبرانی انجیل کی تفسیر سے متعلق ۔

Masorite : (n) دیکھو Masorete

Masque : (n) (۱) ایك طرح کا عطائیوں کا ناٹك ۔ (۲) وہ قصہ جو اسکے لئے لکھا جائے ؛ سوانگ ؛ رہس ۔

Masque : دیکھو Mask

Masquer : (n) دیکھو Masker

Masquerade : (n) (۱) نقاب پوشوں کا رقص ؛ رقص نقابی ۔ (۲) بناوٹ ؛ دکھاوا ؛ سوانگ ؛ بہروپ ؛ ریا کاری ۔ (۳) رقص ؛ نقابی کی پوشاك ۔ (٤) مضحك شبیہ یا نقل ۔

Masquerade : (v) (۱) بھیس بدلنا ؛ روپ بدلنا ؛ سوانگ بھرنا ۔

(۲) ریا و نمائش کرنا ؛ دکھاوے کی زندگی بسر کرنا ۔

Masquerader : (n) سوانگ میں حصہ لینے والا ؛ بہروپ ۔

Mass : (n) (۱) رسم عشائے ربانی ؛ دعا یا نماز عشائے ربانی ۔ (۲) عشائے ربانی کے الفاظ ؛ وہ دعا جو عشائے ربانی میں پڑھی جاتی ہے ۔

High mass : عشائے ربانی کی پر تکلف رسم (نجورات ، موسیقی وغیرہ کے ساتھ) ۔

Low mass : عشائے ربانی کی سادہ رسم (جس میں موسیقی وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی) ۔

Mass : (n) (۱) ڈھیر؛ انبار ؛ تودہ ۔ (۲) گچھا ؛ لچھا ۔ (۳) بہت بڑی تعداد ؛ کثیر تعداد ۔ (٤) دور تك پھیلا ہوا سلسلہ (روشنی وغیرہ کا) چادر (نور کی) ۔ (٥) (طبیعیات) کمیت ؛ کمیت مادہ ؛ مواد ۔ (٦) انبوہ ؛ مجمع ۔ (۷) (فوج) ایك ترتیب جس میں سپاہی ایك کے پیچھے ایك کھڑا ہوتا ہے ۔

In mass : مجموعی طور پر ؛ اکٹھا ۔

In the mass : مجموعی حیثیت سے ؛ من حیث المجموعہ ۔

The mass : اکثریت ؛ کثرتِ تعداد ۔

The masses : عوام الناس ۔

The mass of : (کسی چیز کی) اکثریت ۔

To be a mass of bruise : زخموں سے چور ہونا ؛ سراپا زخم ہونا ۔

Mass : (v) (۱) اکٹھا ہونا ؛ اکٹھا کرنا ۔ (۲) (فوج) فوجوں کو ایك مرکز پر جمع کرنا ۔

Mass action : (n) (۱) انبوہ کا عمل ۔ (۲) غیر منظم اجتماعی عمل ۔

Mass bell : (n) عشائے ربانی کی گھنٹی ۔

Mass-book : (n) کتاب نماز ؛ عبادت نامہ ؛ پادریوں کی عبادت کی کتاب ۔

Mass defect : (n) فرق کمیت ۔

Mass-house : (n) (پروٹسٹنٹ کی اصطلاح میں) رومن کیتھولك کی عبادت گاہ ۔

Mass medium : (n) عوامی ترسیل کا ذریعہ ۔

Mass meeting : (n) جلسہء عام ؛ عام سیاسی جلسہ ۔

Mass money : (n) (۱) وہ رقم جو عشائے ربانی میں بطور نذر پیش کی جاتی ہے ۔ (۲) وہ رقم جو عشائے ربانی کی رسم ادا کرنے والے پادری کو دی جائے ۔

Mass-monger : (n) (تحقیراً) رومن کیتھولك ۔

Mass number : (n) کسی جوہری مرکزہ کے کل نیوٹران اور پروٹون ۔

Mass-penny : (n) رقم جو عشائے ربانی میں بطور نذر پیش کی جاتی ہے ۔

Mass priest : (n) پادری ۔

Mass production : (n) تھوك پیداوار ۔

Mass radiography : (n) اجتماعی شعاعی عکاسی (سینے کی) جو معمول کے طور پر کم وقت میں کی جائے ۔

Mass spectrograph : (n) (طبیعیات) ایك آلہ جس سے برق پاروں کی شعاع کو خلا میں گزار کر عکاسی تختی پر اتارا جاتا ہے ۔

Mass spectrometer : (n) ایك آلہ جس سے برق پاروں کو بجلی کے ذریعہ معلوم کیا جاتا ہے ۔

Mass spectrum : (n) کمی طیف ۔

Mass suggestion : (n) ایمائے مجموعی ۔

Mass-tree : (n) (۱) بعض سیدھے لمبے درختوں کا نام۔ (۲) درخت جس ک مستول بنایا جاتا ھے خصوصاً کارک شاہ بلوط۔

Massacre : (n) قتل عام ؛ خوں ریزی ؛ بہت سے جانور ذبح کرنا۔

Massacre : (v) قتل کرنا ؛ خوں ریزی کرنا ؛ ذبح کرنا ؛ بیدردی سے قتل ؛ کرنا گلے پر چھری پھیرنا۔

Massacre of the innocents : دیکھو Innocent۔

Massage : (n) جسم کی مالش ؛ مشت مال ؛ مٹھی چاپی ؛ چپی ؛ ملادلی۔

Massage : (v) مالش کرنا (جسم کی) (ہاتھ پاؤں) دبانا ؛ ملادلی کرنا۔

Massasauga : (n) (۱) شمالی امریکا کا ایک ٹیٹر یا سانپ۔ (۲) کنیڈا میں ایک دریا کا نام۔

Masse : (a & n) (بلیرڈ) عمودی نشانہ ؛ وہ نشانہ جو چھڑی کو کھڑا رکھ کر لگایا جائے ؛ عمودی نشانے سے متعلق۔

Masseter : (n) چبانے والا عضلہ ؛ رافعہ فک (عضلہ) ؛ عضلہ مضغ۔

Masseteric : (a) چبانے والے عضلہ سے متعلق۔

Masseteric : (n) چبانے والا عضلہ ؛ شریان وغیرہ۔

Masseur : (n) جسم کی مالش کرنے والا ؛ مشت مالی کرنے والا ؛ ہاتھ پاؤں دبانے والا۔

Masseuse : (n) جسم کی مالش کرنے والی ؛ مشت مالی کرنے والی۔

Massicot : (n) مردار سنگ ؛ جستے کا زرد مونو آکسائڈ۔

Massif : (n) اونچے پہاڑوں کا گٹھا ہوا سلسلہ ؛ میخ کوہ۔

Massive : (a) (۱) بڑا اور بھاری ؛ بڑا اور ٹھوس ؛ ضخیم۔ (۲) (نقشہ ؛ چہرہ وغیرہ) بھاری ؛ چوڑا چکلا۔ (۳) (مجازاً) ٹھوس ؛ سنگین۔ (٤) (نفسیات) وسیع ؛ کثیر (احساس وغیرہ)۔ (٥) (معدنیات) نقلمی۔ (٦) (ارضیات) یك جنس ؛ ٹھوس۔ (۷) (مرضیات) سخت ؛ بہت سی نسیجوں کو متاثر کرنے والا۔

Massively : (adv.) بڑے اور بھاری پن اور ٹھوس پن سے۔

Massiveness : (n) بھاری پن ؛ ٹھوس پن ؛ وسعت یا کثرت احساسات۔

Massivity : (n) دیکھو Massiveness

Massoola (h)/Musoola : دیکھو Masoola

Massy : (a) (۱) بھاری ٹھوس۔ (۲) وزنی ؛ گراں ؛ بوجھل ؛ دقیق ؛ اہم۔ (۳) اجتماعی۔

Mast : (n) (۱) مستول ؛ مستول کشتی۔ (۲) مستول کی لکڑی۔ (۳) بوجھ اٹھانے والی مشین یا دوسری مشینوں کا آہنی ستون۔

At the mast : سب سے بڑے مستول کے پاس عرشے پر۔

Before the mast : دیکھو Before

To nail one's colours to the mast : مصر رھنا ؛ اڑ جانا۔

To spring a mast : مستول کا پھٹ جانا۔

To step a mast : مستول کو خانے میں بٹھا دینا۔

Mast : (n) شاہ بلوط وغیرہ کا پھل۔

Mast : (v) مستول لگانا۔

Mast-buoy : (n) پیراك پیپا جس میں مستول لگا رھتا ھے۔

Mast-head : (n) (۱) مستول کی چوٹی ؛ سرمستول ؛ (خصوصاً)

نچلے مستول کی چوٹی جس پر چڑھ کر مشاہدہ کرتے ہیں یا جس میں لوگوں کو باندھ کر سزا دیتے ہیں۔ (۲) مضمون جو اخبار کے دائیں سرے پر چھاپا جائے ؛ اخبار یا جریدے کا نام۔

Mast-head : (v) (۱) ملاح کو مستول کی چوٹی پر چڑھانا۔ (۲) (بادبان) چڑھانا۔

Mastax : (n) چرخی حوین کا حلقوم ؛ ماضغہ۔

Mastectomy : (n) پستان برآری۔

Masted : (a) (۱) مستولی ؛ مستول والا۔ (۲) بہت سے مستولوں والا۔

Master : (n) (۱) مالک ؛ مختار ؛ قابض ؛ متصرف۔ (۲) (بحری) تجارتی جہاز کا کپتان ؛ ناخدا۔ (۳) آقا ؛ آجر ؛ کارخانے کا مالک۔ (٤) کتے ، گھوڑے وغیرہ کا مالک۔ (٥) سردار خاندان ؛ صاحب خانہ ؛ ماہر فن ؛ ماہر فن مزدور ؛ فن داں ؛ رئیس المدارس ؛ حاکم ؛ عامل ؛ ناظم۔ (٦) استاد ؛ معلم۔ (۷) استاد فلسفہ وغیرہ۔ (۸) کاریگر (خصوصاً جس کا اپنا کارخانہ ہو)۔ (۹) استاد فن ؛ کامل فن ؛ مسلم الثبوت آرٹسٹ ؛ (خصوصاً تیرھویں اور سترھویں صدی کے نقاش)۔ (۱۰) ان نقاشوں کی بنائی ہوئی تصویر۔ (۱۱) میاں ؛ بھیا (شرفاء کے لڑکوں کے نام کے ساتھ لوگ خصوصاً یہ لقب لگاتے ہیں)۔ (۱۲) فاتح۔ (۱۳) Bowls کے کھیل میں Jack۔ (١٤) اسکاچستانی طبقہ امراء کے ولیعہد۔ (١٥) شوہر ؛ عاشق۔

Great master : دیکھو Grand master

Like master like man : جیسا آقا ویسا نوکر۔

Old master : تیرھویں اور سولھویں یا سترھویں صدی عیسوی کے نقاش۔

The master : آقا ؛ مولا (حضرت عیسیٰ کے لئے)۔

Master : (a & n) (۱) غالب ؛ فرماں روا ؛ حاکم۔ (۲) استاد (کاریگر)۔ (۳) خاص ؛ اہم ؛ اصل۔ (٤) اعلیٰ ترین۔

Master : (v) (۱) غالب آنا ؛ مغلوب کرنا ؛ فتح کرنا ؛ شکست دینا۔ (۲) مطیع کرنا ؛ تسخیر کرنا ؛ تابع کرنا ؛ زیر کرنا ؛ قابو میں لانا۔ (۳) کمال حاصل کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ مہارت حاصل کرنا ؛ عبور حاصل کرنا ؛ دسترس پیدا کرنا ؛ دستگاہ حاصل کرنا ؛ قدرت حاصل کرنا ؛ حاوی ہونا ؛ (علوم و فنون میں ، اوزار کے استعمال میں)۔ (٤) حکومت کرنا ؛ حکم چلانا۔ (٥) ماسٹر کہہ کر پکارنا۔ (١٦) پختہ کرنا۔

Master : (n) (بحری) مخصوص تعداد میں مستول رکھنے والا جہاز۔

Master-at-arms : (n) جنگی جہاز کا پولس افسر ؛ تجارتی جہاز کا پولس افسر۔

Master attendant : (n) شاہی گودی کا افسر جو جنگی جہازوں کو کھولنے ، تیار کرنے ، ہٹانے وغیرہ کا کام کرنے میں معاون ہو۔

Master-bedroom : (n) صاحب خانہ کی خواب گاہ۔

Master-builder : (n) (۱) ماہر معمار۔ (۲) تعمیرات میں مزدوروں کو بحال کرنے والا۔ (۳) (بحری) ایک ادنیٰ افسر۔

Master fault : (n) (ارضیات) رخنہ جو اردگرد کی چٹانوں کی تشکیل کرتا ہے۔

Master hand : (n) کاریگر۔

Master joint : (n) (ارضیات) چٹان کا اصل شگاف۔

Master-key : (n) شہ کنجی ؛ ہر قفلی کنجی ؛ وہ کنجی جو بہت سے قفلوں میں لگ جائے۔

Master mariner : (n) دیکھو Mariner

Master mason : (n) (۱) ماہر فن معمار ؛ کاریگر راج۔ (۲) فری میسن سوسائٹی کا وہ رکن جو تیسری منزل سے گزر چکا ہو۔

Master of ceremonies : (n) میر تشریفات ؛ وہ شخص جس کے ذمے

آداب و رسوم بجالانے جانے کی نگرانی ہوتی ہے ۔

Master of Misrule : (n) بڑے دن کے جشن طرب کا صدر ۔

Master of the Chancery : (n) لارڈ چانسلر کے بارہ معاونوں میں سے ایک ۔

Master of the Rolls : (n) عدالت مرافعہ کا جج جو بعض سرکاری کاغذات کا محافظ بھی ہوتا ہے ۔

Master plan : (n) مرکتہ الآرا منصوبہ ۔

Master-sinew : (n) شہ نس ۔

Master stroke : (n) (۱) معرکے کی تدبیر ؛ غضب کی چال ؛ (حکمت عملی وغیرہ کا) کمال ۔ (۲) (نقاشی وغیرہ میں) ماہرانہ خط ۔

Master work : (n) (۱) اہم کام ۔ (۲) شاہکار ۔

Master workman : (n) (۱) کاریگر ۔ (۲) مزدور ، قلی وغیرہ بحال کرنے والا ۔

Masterdom : (n) آقائی ؛ حکومت ؛ قبضہ ؛ تصرف ۔

Masterful : (a) (۱) خود سر ؛ خود رائے ؛ تحکم پسند ۔ (۲) قوی العزم ۔ (۳) جس میں آقا بننے کی صلاحیت ہو ۔ (٤) ماہرانہ ؛ استادانہ ؛ عمدہ ۔

Masterfully : (adv.) (۱) خودارانہ ؛ خودسری سے ؛ محکم پسندی سے ۔ (۲) قوی العزمی سے ۔

Masterfulness : (n) (۱) خود رائی ؛ خود سری ؛ تحکم پسندی ۔ (۲) قوی العزمی ۔

Masterhood : (n) دیکھو Masterdom

Masterless : (a) بے مالک ؛ بے آقا ۔

Masterliness : (n) استادی ؛ مہارت ؛ کمال ؛ عمدگی ۔

Masterly : (a) استادانہ ؛ ماہرانہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ عمدہ ۔

Masterly : (adv.) ماہرانہ طور پر ؛ استادانہ ۔

Mastermind : (n) (۱) اعلیٰ دماغ ؛ عقل کل ۔ (۲) مدبر ؛ نگراں ۔

Mastermind : (v) نگرانی کرنا ؛ تدبیر کرنا ۔

Masterpiece : (n) شاہکار ؛ مہاکاج ؛ کمال ۔

Master's mate : (n) جنگی جہاز کے کپتان کا معاون افسر ۔

Masters and misses : (n) نوجوانان ۔

Mastership : (n) (۱) حکمرانی ؛ مختاری ؛ قبضہ ؛ حکومت ؛ سرداری ۔ (۲) مدرسی ؛ ماسٹری ؛ ٹیچری ؛ استادی ؛ معلمی ۔

Masterwort : (n) شقاقل (مصری) ؛ جنگلی گاجر ؛ سنبل خطائی ۔

Mastery : (n) (۱) واقفیت ؛ مہارت ؛ دسترس ؛ دستگاہ ۔ (۲) قبضہ ؛ دخل ؛ حکومت ؛ سرداری ؛ فرماں روائی ۔ (۳) غلبہ ۔ (٤) مہارت ؛ استادی ؛ کمال ؛ کاریگری ؛ چابک دستی ؛ یدطولیٰ ۔

It is great mastery : یہ (کام کرنا) مشکل ہے ۔

It is little/-no mastery : یہ (کام کرنا) آسان ہے ۔

To do/-make work (a) mastery/-masteries : مہارت دکھانا ؛ کرتب دکھانا ۔

Masthead bombing : (n) بہت نیچے آکر جہاز پر اس طرح بمباری کرنا کہ بم جہاز کے خط آب کے نیچے جاکر پھٹے ۔

Mastic : (n) (۱) مصطگی ؛ درخت مصطگی ۔ (۲) ایک طرح کی گچ ۔ (۳) شراب جس میں مصطگی کی چاشنی ہوتی ہے ۔ (٤) ہلکا زرد رنگ ۔ (٥) جزائر غرب الہند کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارت میں کام آتی ہے ۔

Mastic varnish : (n) ایک قسم کی عمدہ وارنش جو تصویروں پر لگائی جاتی ہے ۔

Masticate : (v) (۱) چبانا (غذا کو دانتوں سے) ۔ (۲) (ربر کو) چور کر اور گوندھ کر پلپلا بنانا ۔

Mastication : (n) چبائی ؛ چبانے کا فعل ؛ چبانا ؛ مضغ ۔

Masticator : (n) چبانے والا ؛ ماضغ ۔

Masticatory : (a) چبانے کا ؛ مضغی ؛ ماضغ ۔

Masticatory : (n) مضغی دوا ۔

Masticic/Mastichic : (a) مصطگی کا ۔

Masticin : (n) مصطگی کا حل ناپذیر رسوب ۔

Masticot : (n) دیکھو Massicot

Mastiff : (n) ماسٹف ؛ ایک بڑا کتا جس کے کان اورھونٹ لٹکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Mastiff-bat : (n) چمگادڑکی ایک جنس ۔

Mastigophora : (n) (حیوانیات) چابك برداران ؛ سوطیسے ۔

Masting : (n) (۱) مستول لگانا ۔ (۲) مستول ۔

Masting-house : (n) وہ جگہ جہاں مستول بنائے اور رکھے جاتے ہیں ۔

Masting-pine : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Mastitis : (n) التہاب پستان ؛ ورم پستان ۔

- mastix : (suffix) لاحقہ ؛ بمعنی حملہ أور (کسی شخص یا چیز پر) ۔

Mastless : (a) (۱) بے مستول کا ۔ (۲) بے شاہ بلوط ۔

Masto/Mast : (prefix) سابقہ بمعنی پستان نما اور...... حلمہ نما اور......

Mastodon/Mastodont : (n) مستو ڈون ؛ ہاتھی سے مشابہ جانور جو اب معدوم ہے ۔

Mastodont : (a) (۱) مستوڈون جیسے دانت والا ۔ (۲) مستوڈون سے متعلق ۔

Mastodontic : (a) مستوڈونی ۔

Mastodynia : (n) درد پستان ۔

Mastoid : (a) (۱) پستان نما ۔ (۲) (حیوانیات) حلمہ نما ۔

Mastoid : (n) کنپٹی کی ہڈی کا بھٹنی نما مخروطی ابھار ۔

Mastoid bone : (n) قذالی ہڈی ؛ عظم حلمیہ ؛ زائدہ حلمیہ ۔

Mastoid cancer : (n) ایك قسم کا سرطان جس میں گائے کی کھیری جیسا مادّہ نکلتا رهتا هے ۔

Mastoid process : (n) دیکھو Mastoid

Mastoidal : (a) دیکھو Mastoid

Mastoidean عظم حلمیہ سے متعلق ۔

Masturbate : (v) جلق لگانا ؛ ہتھ رس کرنا ؛ مشت زنی کرنا ۔

Masturbation : (n) جلق ؛ ہتھ رس ؛ مشت زنی ۔

Masturbator : (n) جلق لگانے والا ؛ مشت زن ۔

Mat : (n) (۱) چٹائی ؛ بوریا ؛ سیتل پاٹی ۔ (۲) زیر انداز ؛ پا انداز ۔ (۳) گچھا ؛ الجھاؤ ۔ (٤) (بحری) رسّے کے سوت کا گچھا جو مستول ، رسے وغیرہ کو رگڑ سے بچانے کے لئے ہوتا ہے ۔ (٥) پتھر کا بڑا چوکا جو بڑی عمارت کے نیچے دیا جاتا ہے ۔ (٦) (انجینیرنگ) گدا (پیالی وغیرہ کا) ۔

On the mat : زیر غور ؛ زیر بحث ۔

To go to the mat : گرم مباحثہ کرنا ۔

Mat/Matt : (n) (۱) (چوکھٹے دار تصویر کے گرد) غیر مجلیٰ سنہرا حاشیہ ۔ (۲) زر خام کا سا رنگ وغیرہ ؛ مدھم پن ؛ ماند پن ۔ (۳) (منقش شیشے وغیرہ کی) کھردری زمین ؛ دانہ دار زمین ۔ (٤) رنگ کی وہ تہ جو شیشے پر چڑھائی جاتی ہے ۔ (٥) رنگ چڑھانے کا پنچ ۔

Mat : (n) (۱) بعض کھیلوں میں تاش کا سب سے بڑا پتہ ۔ (۲) Matador کا مخفف ۔

Mat : (a) (۱) ماند ؛ مدھم ؛ بے رونق ؛ بے آب ۔ (۲) دانہ دار ؛ کھردرا ۔

Mat : (v) ملمع کو ماند کرنا ؛ شیشے کو کھردرا کرنا ؛ دانہ دار بنانا ۔

Mat : (v) (۱) (کمرے وغیرہ میں) چٹائی بچھانا ؛ بوریا بچھانا ؛ چٹائی کا فرش بچھانا ؛ بوریے کا فرش بچھانا ۔ (۲) الجھا دینا ۔ (۳) الجھ کر گچھا سا بن جانا ۔

Mat grass : (n) بعض قسم کی گھاس ۔

Mat rush : (n) نم گیاہ ؛ ناگرموتھا ۔

Mataco : (n) شمالی امریکا کا زمین کے اندر رہنے والا ایک چھوٹا جانور ۔

Matador : (n) (۱) سانڈ سے لڑنے والا پہلوان ؛ ثورافگن ۔ (۲) بعض کھیلوں میں تاش کا سب سے بڑا پتہ ۔ (۳) ڈو مینو کھیل کا مہرہ ۔

Mataeology : (n) بیکار گفتگو ۔

Match : (n) (۱) مد مقابل ؛ حریف ؛ جوڑ ؛ ٹکر کا شخص ۔ (۲) نظیر ؛ مثل ؛ جواب ۔ (۳) ہمسر ؛ ہم پلہ ۔ (٤) مقابلہ ؛ مقابلے کا کھیل ؛ میدان ؛ میچ ۔ (٥) بتر ؛ جوڑا ؛ دولھا یا دولھن ۔ (٦) جوڑا ۔ (۷) شادی ۔

By match : شادی کے نتیجے کے طور پر ۔

It is a match : "اتفاق ہے" ، متفق ہوں ۔

More than a match : غالب ۔

To be/-prove oneself a match for : ہمسر ہونا ؛ نظیر ہونا ؛ مدمقابل ہونا ۔

To find/-meet one's match : جوڑا پانا ؛ شادی ہونا ۔

Match : (n) (۱) ماچس ؛ دیا سلائی ؛ کبریت ۔ (۲) (توپ وغیرہ کا) فتیلہ ؛ فلیتہ ؛ بتی ؛ توڑا ؛ شتابہ ۔

Paraffin match : پیرا فینی ماچس ۔

Safety match : محفوظ دیا سلائی ۔

To strike a match : دیا سلائی جلانا ۔

Match : (v) (۱) شادی کرانا ؛ بیاہ کرانا ۔ (۲) برابر کا جوڑ ہونا ؛ ہمسر ہونا ۔ (۳) مقابلے میں لانا یا کھڑا کرنا ۔ (٤) میل کھانا ؛ (مقدار ، صفت ، رنگ وغیرہ میں) یکساں ہونا یا جوڑ ہونا ۔ (٥) میل کی چیز ڈھونڈ نکالنا ؛ میل ملانا ۔

To match : برابر طور پر ۔

Match : (v) گندھک یا دیا سلائی جلا کر دھونی دینا ۔

Match-board : (n) سال تختہ ؛ وہ تختہ جس کے ایک طرف نوک نکلی ہو اور دوسری طرف چول ہو تاکہ دوسرے تختے میں سال دیا جا سکے ۔

Match-board : (v) سال تختہ لگانا ۔

Match-boarding : (n) سال تختہ ۔

Match-box : (n) آگ پیٹی ؛ ماچس کا بکس ؛ دیا سلائی کا بکس ؛ ماچس کی ڈبیہ ۔

Match-game : (n) (۱) برتری کا مقابلہ (کھیل) ۔ (۲) ایک کھیل جس میں نو کھلاڑی جوڑے کی صورت میں کھیلتے ہیں ۔

Match-maker : (n) (۱) شادی کرانے والا ۔ (۲) (کھیل) مقابلہ کرانے والا ۔

Match-maker : (n) ماچس بنانے والا ۔

Match-making : (n) شادی کرانا ؛ مقابلہ کرانا ۔

Match-making : (n) ماچس بنانا ۔

Match-paper : (n) شورہ پلایا ہوا کاغذ جو توپ چلانے میں فتیلے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Match-paste : (n) دیا سلائی کا مسالا ۔

Match-play : (n) مقابلے کا کھیل ۔

Match point : (n) کھیل میں وہ مقام جب طرفین کو جیتنے کے لئے صرف ایک پوائنٹ کی ضرورت ہو ؛ وہ پوائنٹ جو جیتنے کے لئے ضروری ہو ۔

Match-rifle : (n) نشانہ بازی کے مقابلے میں استعمال کی جانے والی رائفل ۔

Match-rifling : (n) (بندوق سازی) نال میں پیچ دار نالی بنانے کا ایک طریقہ جس سے مقابلے میں دور کا نشانہ لگانا موزوں ہو ۔

Match-splint : (n) ماچس کی تیلی ؛ کھپچی ۔

Match-stick : (n) ماچس کی تیلی ۔

Match-thread : (n) دھاگا جو توپ چلانے میں فتیلے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Match wagon : (n) ریل کا ڈبہ جو دھکیلے کے ساتھ لگا رہتا ہے ۔

Matchable : (a) قابل شادی ؛ ہمسر ؛ میل کا ۔

Matchbook : (n) کاغذ کی دیا سلائی کی ڈبیہ ۔

Matcher : (n) میل ملانے والا ؛ جوڑ ملانے والا ۔

Matchet/Matchette : (n) بڑا چاقو ، چھرا ، بغدا (جو شمالی امریکا وغیرہ میں اوزار اور ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

Matchless : (n) بے نظیر ؛ عدیم المثال ؛ لاثانی ؛ لاجواب ؛ بے مثل ؛ فرد ؛ عدیم النظیر ؛ بے عدیل ۔

Matchlessly : (adv.) لاجواب طور پر ؛ بے نظیر طور پر ؛ بے مثل انداز سے ؛ لاثانی اُسلوب سے ۔

Matchlock : (n) (۱) ایک پرانی قسم کی بندوق جو لبلبی میں ماچس لگا کر داغی جاتی تھی ۔ (۲) ایک قسم کی توڑے دار بندوق ۔

Matchlock-man : (n) توڑے دار بندوق سے لیس سپاہی ۔

Matchwood : (n) لکڑی کا چھوٹا پتلا ٹکڑا ؛ دیا سلائی کی لکڑی ۔

Mate : (n) دیکھو Checkmate ۔

Mate : (n) (۱) (مزدور) رفیق ؛ ساتھی ؛ (طریق خطاب) دوست ۔ (۲) (پرندوں کا) جوڑا ؛ نر یا مادہ ۔ (۳) بر ؛ جوڑا ؛ دولھا یا دولھن ؛ زوج ۔ (٤) (تجارتی جہاز کا) نائب کپتان ۔ (٥) (باورچی وغیرہ کا) مددگار ؛ میٹ ۔

Mate : (v) مات دینا (شطرنج میں) ۔

Mate : (v) (۱) شادی کرانا ؛ نکاح کرانا ۔ (۲) شادی کرنا ؛ نکاح کرنا ۔ (۳) (پرندوں کا) جوڑا ملانا ۔ (٤) (پرندوں کا آپس میں) جوڑا ملنا ۔ (٥) ہم صحبت ہونا ؛ ہم نوالہ و ہم پیالہ ہونا ؛ ساتھ اٹھنا ؛ بیٹھنا ۔

Mate : (n) (۱) ایک قسم کا ظرف جس میں پیرا گوئے کی چائے بھگوئی جاتی ہے ۔ (۲) پیرا گوئے کی چائے ۔

Matelasse : (n) ایک قسم کا فرانسیسی ریشمی یا ریشمی اونی کپڑا ۔

Mateless : (n) بے رفیق ؛ بے شوہر یا زوجہ ؛ پھٹیل (جانور) ۔

Matelot : (n) (عام) ملاح ۔

Matelote : (n) شراب اور پیاز وغیرہ کے مسالے میں پکی ہوئی

(۳) مادی چیزوں کا نظام ؛ مادی کائنات ۔

Materialist : (n) مادی؛ مادہ پرست ؛ دہری؛ متعقدِ مادیت ؛ منکر روح ۔

Materialist : (a) دہریانہ ؛ مادہ پرستانہ ؛ مادیانہ ؛ مبنی برمادیت ۔

Materialistic : (a) دیکھو Materialist

Materialistically : (adv.) مادہ پرستانہ انداز سے ۔

Materiality : (n) (۱) ہیولانیت ؛ مادیت ؛ جسمانیت ۔ (۲) (قانون) اہمیت ۔

Materialization : (n) (۱) تجسم ؛ تجسیم ؛ مجسم ہونا یا کرنا ۔ (۲) وقوع ؛ ظہور ۔

Materialize : (v) (۱) مادی بنانا ؛ مادی قرار دینا ۔ (۲) مادی بنانا ؛ ہیولانی بنانا ؛ جسم کی صورت میں لانا ؛ مجسم کرنا ۔ (۳) روحوں کو جسمانی شکل میں ظاہر کرنا ؛ روحوں کا جسمانی شکل میں نمودار ہونا ۔ (٤) واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا ؛ وقوع میں آنا ؛ حقیقت کا جامہ پہننا ۔ (٥) مادہ پرست بنانا ؛ مادیت کے رنگ میں رنگنا ۔

Materially : (adv.) معنوی حیثیت سے ؛ مادی طور پر ؛ جسمانی طور پر ؛ حقیقت میں ۔

Materialness : (n) دیکھو Materiality ۔

Materiel : (n) (۱) مال تجارت ؛ سامان تجارت ؛ بضاعت ؛ پونجی ؛ سامان ۔ (۲) (فوج) ساز و سامان ۔

Maternal : (a) (۱) مادری ؛ مادرانہ ؛ ماں کا ۔ (۲) ماں کی طرف سے ؛ ننہیالی ۔ (۳) ضروریات زچگی فراہم کرنے والے (ادارے) ۔ (٤) (عضویات) رحمی (آنول نال) ۔

Maternal : (n) (۱) زن منکوحہ ؛ بیاہی عورت ۔ (۲) شفا خانے ؛ مدرسے وغیرہ کی منتظمہ ؛ میٹرن ۔ (۳) (کلیسا) شادی شدہ ولیہ ۔ (٤) شادی شدہ عورت جسے حمل وغیرہ کے معاملے میں مہارت ہو ۔

Maternalism : (n) مادرانہ جبلیت ۔

مچھلی ؛ ماتلوت ۔

Matelote : (v) ماتلوت بنانا ۔

Mater : (n) (۱) (تشریح) دیکھو Dura mater/pia ۔ (۲) (مکتب روزمرہ) ماں ؛ اماں ؛ اماں جان ۔

Materfamilias : (n) گھر کی بڑی بوڑھی ۔

Materia medica : (n) دوائیں جو علاج میں استعمال ہوتی ہیں ؛ مخزن الادویہ ؛ علم الادویہ ؛ میٹر یا میڈیکا ۔

Materia prima : (n) غیر واضح مادہ جسے کائنات کی مادی علت سمجھا جاتا ہے ۔

Material : (a & n) (۱) معنوی ؛ نفس مضمون کے متعلق ؛ ہیولیٰ کے متعلق ۔ (۲) مادی ؛ ہیولانی ۔ (۳) مادیت پرستانہ ؛ مادی ؛ مادیانہ ۔ (٤) جسمانی (راحت وغیرہ) ۔ (٥) اہم ؛ ضروری ۔

Material : (n) (۱) وہ اشیاء جن سے کوئی چیز بنائی جائے ۔ (۲) کپڑا پارچہ ۔ (۳) مواد ؛ مسالا (تاریخی کتاب وغیرہ کے لئے) ۔ (٤) آلات (خصوصاً لکھنے کے سامان) ۔

Material cause : (n) (فلسفہ) مادی علت ۔

Material heresy : (n) مادی الحاد ۔

Material righteousness : (n) غیر مذہبی اتقا یا پارسائی ۔

Material schism : (n) مادیت پرستانہ تفرقہ ۔

Material sin : (n) گناہ بے نیت ۔

Material theory (of heat) : (n) نظریہ' مادیت یعنی یہ نظریہ کہ گرمی مادی شے ہے ۔

Materialism : (n) (۱) مادیت ؛ مادہ پرستی ؛ یہ نظریہ کہ دنیا میں سوائے مادے کے جوہر موجود نہیں ؛ یہ عقیدہ کہ شعور اور ارادہ یہی مادے کے مظاہر ہیں ۔ (۲) (آرٹ) مادیت ؛ اشیاء کے مادی پہلو پر زور دینا ۔

Maternally : (adv.) مادرانہ ؛ ماں کی طرح ؛ ماں کی طرف سے ؛ ننیہالی رشتے سے -

Maternity : (n) (۱) ماں ہونا ؛ امویت ؛ زچگی - (۲) مادرانہ شفقت ؛ مامتا - (۳) شفا خانہ زچگی -

Maternity hospital : (n) شفا خانہ زچگی -

Mateship : (n) رفاقت ؛ جوڑا ہونا -

Matey : (n) (۱) رفیق ؛ ساتھی ؛ جوڑا - (۲) گودی کا مزدور -

Matey : (a) دوستانہ ؛ دوست کی طرح برتاؤ کرنے والا ؛ ملنسار ؛ بے تکلف -

Mateyness : (n) بے تکلف دوستی ؛ رفاقت -

Math : (n) (۱) علم ریاضی ؛ ریاضی ؛ ریاضیات - (۲) Mathematics کا مخفف -

Mathematical : (a) (۱) ریاضی کے متعلق ؛ ریاضیاتی - (۲) (ثبوت وغیرہ) بالکل صحیح ؛ جچاتلا ؛ بالکل ٹھیک ؛ قطعی -

Mathematical instrument : (n) آلات ریاضی (خصوصاً علم ہندسہ کے) -

Mathematically : (adv.) ازروئے ریاضی ؛ ازروئے علم ریاضی -

Mathematician : (n) ریاضی داں ؛ ماہر ریاضی -

Mathematico - : جز و ترکیبی بمعنی ریاضیاتی اور ...... -

Mathematics : (n) ریاضی ؛ علم ریاضی ؛ ریاضیات -

Applied mathematics/Mixed mathematics : عملی ریاضیات ؛ ریاضیات عملی ؛ ریاضی مقرون -

Pure mathematics : نظری ریاضی ؛ ریاضی مجرد ؛ ریاضی محض ؛ ریاضیات خالص -

Mathesis : (n) تادیب ذہنی ؛ تادیب ریاضی -

Mathetic : (a) علمی ؛ تعلمی ؛ علم سے متعلق -

Maths : دیکھو Mathematics

Mathurin/Mathurine : (n) Matha کے سینٹ جان کے سلسلے کا رکن -

Matico : (n) مرچ پیرو ؛ پیرو جھاڑ ؛ ایک جھاڑی جو ملک پیرو میں پائی جاتی ہے اس کی پتیاں خون کے بہنے کو روکتی ہیں -

Matie : (n) بیرنگ مچھلی (جب اس کے انڈے پوری طرح نہ بڑھے ہوں) -

Matilda : (n) آسٹریلیائی جنگلوں کا بوجھا یا گٹھری -

To walk or waltz matilda : اپنی گٹھری لے کر چلنا ؛ سڑکوں پر سفر کرنا -

Matin : (n) (۱) تسبیح نیم شب ؛ تسبیح صبح (جس کا بائبل میں حکم ہے) - (۲) (جمع) (کلیسائے انگلستان) نماز صبح ؛ دعائے صبح - (۳) پرندوں کا زمزمۂ صبحگاہی ؛ نغمۂ مرغان سحر -

To sin matins : (پرندوں کا) زمزمۂ صبح گاہی گانا -

Matin : (a) (۱) سحری ؛ تسبیح صبح کے وقت کا - (۲) صبح کا ؛ سحری -

Matin : (n) ایک قسم کا بڑا فرانسیسی کتا -

Matinee : (n) (۱) سہ پہر کا تماشا (تھیٹر ، سنیما وغیرہ) سہ پہر کی صحبت موسیقی - (۲) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا چوغا جو صبح اُٹھ کر یا نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے - (۳) وہ گھڑ دوڑ جس میں داخلہ فیس نہیں لگتی اور جیتنے والوں کو نقد انعام کی بجائے نشان ظفر دیا جاتا ہے -

Matinee idol : (n) عورتوں کا محبوب ایکٹر -

Mating : (n) (۱) جفتی - (۲) جفتی کھانے کا زمانہ -

Matins : (n) عبادت صبح ؛ نماز صبح ۔

Matlo(w) : (n) ملاح ۔

Matman : (n) پہلوان ؛ کشتی لڑنے والا ۔

Matrass/Mattrass : (n) بھبکا ؛ قرنبیق ؛ کھٹالی ۔

Matriarch : (n) وہ عورت جو رتبے میں سر قبیلہ (Patriarch) کے برابر ہو ؛ مزاحاً گھر کی بڑی بوڑھی کو کہتے ہیں ۔

Matriarchal : (a) حکومت مادری سے متعلق ؛ مادر شاہی کا ۔

Matriarchate : (n) مادر شاہی نظام یا طبقہ ۔

Matriarchy : (n) وہ سماجی تنظیم جس میں ماں سردار خاندان ہوتی ہے ؛ مادر شاہی ۔

Matric : (n) (۱) داخلہ٭ جامعہ ؛ امتحان داخلہ ۔ (۲) (نقابت) (نشان یا علامت کا) اندراج ۔

Matric/-al : (a) رحم یا بین خلویہ سے متعلق ۔

Matrice : (n) ٹائپ کا سانچہ ؛ قالب ۔

Matricentric : (n) جس میں ماں کو مرکزی حیثیت حاصل ہو ؛ مادر مائل ؛ مادر مرکوز ۔

Matricidal : (a) مادر کشانہ ؛ قتل مادر کے متعلق ۔

Matricide : (n) اپنی ماں کا قاتل ؛ قاتل مادر ۔

Matricide : (n) مادر کشی ؛ قتل مادر ۔

Matriclan : (n) مادر نسبی خاندان ۔

Matriclinous : (a) ننھیالی ؛ مادری ۔

Matricliny : (n) ننھیالی ہونا ؛ مادری ۔

Matricula : (n) (کسی سلسلے ، سوسائٹی وغیرہ کے افراد کی) فہرست ؛ شجرہ ۔

Matricular : (a) (۱) کسی جامعہ ، انجمن وغیرہ کی فہرست سے متعلق ۔ (۲) رحمی ؛ رحم سے متعلق ۔

Matriculate : (a) میٹرک پاس ۔

Matriculate : (n) میٹرک پاس شخص ۔

Matriculate : (v) (۱) (طالب علم کو) یونیورسٹی میں داخل کرانا ؛ (امتحان وغیرہ کے بعد) جامعہ میں داخلے کا حق عطا کرنا ۔ (۲) طلبا کا داخل جامعہ ہونا ؛ داخلے کا امتحان پاس کرنا ۔ (۳) (نقابت) نشان یا علامت کا سرکاری رجسٹر میں اندراج کرنا ۔

Matriculation : (n) دیکھو Matric

Matrikin : (n) ننھیالی رشتہ دار ۔

Matrilateral : (a) دیکھو Maternal

Matrilinage : (n) مادری سلسلہ٭ نسب ۔

Matrilineal : (a) مادر نسبتی ۔

Matrilinear : (a) دیکھو Matrilineal

Matrilineate : (n) دیکھو Matrilineage

Matriliny : (n) ننھیالی نسب یا رشتہ نکالنا ۔

Matrilocal : (a) غیر مہذب قوم کی اس رسم شادی سے متعلق جس میں شوہر بیوی کے قبیلے میں شامل ہوجاتا ہے ۔

Matrimonial : (a) (۱) بیاہ شادی سے متعلق ؛ ازدواجی ؛ متعلق به نکاح ۔ (۲) شادی سے حاصل ہونے والا ۔

Matrimonially : (adv.) ازروئے ازدواج ؛ شادی کی بنا پر ؛ شادی کے لحاظ سے ۔

Matrimony : (n) (۱) بیاہ ؛ شادی ؛ عقد ؛ نکاح ؛ ازدواج ۔ (۲) تاش کی بعض کھیلوں میں ترپ کے شاہ اور بیگم کا ایک جگہ جمع ہونا ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔ (٤) (عام) دو اشیائے خوردنی یا مشروب کا کرکب ۔

Matrimony vine : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Matrix : (n) (۱) (تشریح) رحم ؛ بچہ دان ؛ کوکھ ۔ (۲) مقام نشو و نما ؛ منشاء ۔ (۳) جسم حیوانی کے کسی عضو کا جز و ترکیبی ۔ (٤) چٹان وغیرہ کا ٹکڑا جس میں جواہرات وغیرہ پائے جائیں ؛ جوف معدن ۔ (٥) (حیوانیات) وہ مادہ جو خلیوں کے درمیان ہوتا ہے ؛ دھارن ؛ بین خلویہ ۔ (٦) ٹائپ وغیرہ کا سانچہ ؛ قالب ۔ (۷) (ریاضیات) بستتی ؛ اعداد یا علامت کی مستطیل ترتیب ۔ (۸) وہ سطح جس پر سماروغ یا کائی اگتی ہے ۔

Matroclinal : (a) دیکھو Matriclinous

Matroclinic : (a) دیکھو Matriclinous

Matroclinous : (a) دیکھو Matriclinous

Matrocliny : (n) ننھیالی ہونا ؛ مادری ۔

Matron : (n) دیکھو Maternal

Matron of honour : (n) دولھن کی شادی شدہ خاص سہیلی ۔

Matronage : (n) (۱) مدرسہ وغیرہ کی منتظمہ کا عہدہ یا کام ۔ (۲) جماعت منتظمات ۔ (۳) منتظمہ کی سر پرستی ۔

Matronal : (a) منتظمہ کا یا اس سے متعلق ۔

Matronhood : (n) بیاہی ہونا ؛ شادی شدہ ہونا ۔

Matronize : (v) (۱) بیاہ کرنا ۔ (۲) شادی شدہ ہونا ۔ (۳) اتالیقی کرنا ؛ نگرانی کرنا ۔

Matronlike : (a) بیاہی عورتوں کا سا ۔

Matronly : (a) دیکھو Matronlike

Matronship : (n) (۱) منتظمہ کا عہدہ یا کام ۔ (۲) بیاہی ہونا ۔ (۳) منتظمہ کی شخصیت (مزاحاً) ۔

Matronymic : (a & n) ماں یا خاندان کی عورتوں کے نام سے ماخوذ (خصوصاً لاحقہ یا سابقہ کے ذریعے) ؛ خاندان کی نشان دہی کرنا ۔

Matster : (n) پہلوان ؛ کشتی لڑنے والا ۔

Matt : (a) دیکھو Mat

Mattamore : (n) تہ خانہ ؛ زمین دوز گھر یا گودام ؛ مطمورہ ۔

Matte : (n) خام دھاتوں خصوصاً تانبے کا غیر خالص اور ناقص حاصل جو پگھلانے میں نکلتا ہے ۔

Matted : (a) مدھم ؛ ماند ۔

Matted : (a) (۱) چٹائی دار ۔ (۲) الجھا ہوا ؛ ژولیدہ (بال وغیرہ) ۔(۳) گھنا ؛ پیچیدہ ۔ (٤) بوریا میں لپٹا ہوا ۔ (٥) سینٹھا کی بنی ہوئی (کرسی وغیرہ) ۔

Matter : (n) (۱) جنس خام ؛ وہ مادہ جس سے اشیاء بنتی ہوں ۔ (۲) مواد ؛ ریم ؛ پیپ ؛ راد ۔ (۳) ہیولیٰ ؛ مادہ ؛ جوہر مادی ۔ (٤) (منطق) قضیے کا موضوع ؛ مدعا ۔ (٥) مسئلہ ؛ امر ۔ (٦) (کتاب یا تقریر کا) مضمون ؛ موضوع ؛ مغز ۔ (۷) موقع ؛ مقام (شکایت ، افسوس وغیرہ کا) ۔ (۸) وجہ ؛ سبب ؛ علت ۔ (۹) ماجرا ؛ معاملہ ۔ (۱۰) (طباعت) مطبوعات ؛ مسودہ ۔ (۱۱) ایسی چیزیں جو ڈاک سے بھیجی جا سکیں ؛ ڈاک ۔ (۱۲) جھگڑے کا موضوع ۔

A matter of : (۱) معاملہ ؛ بات ۔ (۲) غیر معین ؛ چند ۔

A small matter : کسی قدر ؛ خفیف طور پر ؛ تھوڑا سا ۔

First matter : ازل ؛ ابتدائی وجود ۔

For that matter : اس معاملے میں ؛ اس امر خاص میں ؛ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ۔

For the matter of that : جہاں تک اس کا تعلق ہے ۔

From the matter : متعلق ؛ موضوع سے متعلق ۔

Grey matter : مغز ؛ دماغ کا خاکستری مادہ ۔

In the matter of : اس کی بابت ؛ بہ لحاظ اس کے ۔

It is another matter : یہ دوسری بات ہے ۔

It is no such matter : ایسی بات نہیں ہے ۔

It makes no matter : یہ غیر اہم ہے ؛ یہ لاحاصل ہے ۔

Laughing matter : ہنسی کی بات ۔

Much about the matter : متعلق ؛ موضوع سے متعلق ۔

No matter : کوئی بات نہیں ؛ کچھ مضائقہ نہیں ۔

Nude matter : صریح الزام ۔

Postal matter : ایسی چیزیں جو ڈاک سے بھیجی جا سکیں ۔

Printed matter : مطبوعات ؛ مسودات ۔

To the matter : مناسب ؛ موزوں ؛ متعلق ۔

What is the matter : کیا بات ہے؟ کیا معاملہ ہے؟

What is the matter with? : (مزاحاً) کیا اعتراض ہے؟

White matter : دماغ کا سفید مادہ ؛ مادۂ ابیض ۔

Matter : (v) (۱) اہم ہونا ؛ ضروری ہونا ؛ اہمیت رکھنا ۔ (۲) پیپ پڑنا ؛ پیپ بننا ؛ پیپ بہنا ؛ بہنا (زخم کا) ۔ (۳) اہمیت دینا ؛ اہم سمجھنا ۔

Matter of breviary : (n) بدیہی چیز ؛ مسلّمہ چیز ۔

Matter of course : (n) وہ بات جو خود بخود یعنی قدرتی طور پر واقع ہو ۔

Matter-of-course : (a) موقع ؛ (وہ بات) جو خود بخود یعنی قدرتی طور پر واقع ہو ۔

Matter of fact : (n) (۱) امر واقع ؛ واقعات کا سوال ۔ (۲) (قانون) امر واقعہ ؛ واقعات کا مسئلہ ۔

As a matter of fact/In the matter of fact :۔ درحقیقت

Matter-of-fact : (a) (۱) تخیل سے کورا ؛ شعریت سے خالی ؛ بے ذوق ۔ (۲) عملی ۔

Matter of law : (n) امر قانونی ؛ قانون کا مسئلہ ۔

Matter of record : (n) دستاویزی معاملہ ؛ تحریری معاملہ ۔

Matterless : (a) غیر اہم ؛ حقیر ۔

Mattery : (a) پُر مواد ؛ پیپ بھرا ۔

Matting : (n) (۱) چٹائی ؛ بوریا ۔ (۲) (بحری) دیکھو Mat ۔ (۳) چٹائی بنانے کا سامان ۔

Matting : (n) (۱) ملمع ماند کرنا ؛ کھردری زمین بنانا ۔ (۲) دانہ دار سطح ؛ ماند سطح ۔ (۳) (تصویر کے گرد) غیر مجلیٰ سبز حاشیہ لگانا ۔

Mattock: (n) ایک طرح کی کدال ؛ پھاوڑا ۔

Mattock : (v) کدال سے کھودنا ۔

Mattoid : (n) سنکی آدمی ؛ وہ شخص جو غیر معمولی ذہانت رکھتا ہو مگر اس کا دماغ صحیح نہ ہو ۔

Mattress : (n) (۱) گدا (کرمچ کا جس میں پیال وغیرہ بھری ہو) ۔ (۲) (انجینیئرنگ) درخت کے چھاڑن کی چٹائی جو پشتہ وغیرہ میں لگاتے ہیں ۔

Maturate : (v) (۱) (طبیعیات) پھوڑے وغیرہ کا پکنا ؛ پیپ پڑنا ۔

Maturation : (n) (۱) پھوڑے وغیرہ کا پکنا ؛ مادے کا پك جانا یا پکا دینا ؛ نَضج ۔ (۲) پھل کا پکنا ؛ پختگی ۔ (۳) نشو و نما ؛ پختہ ہونا ؛ بروز ؛ نمو ۔ (٤) (شراب وغیرہ کا) بامزہ ہونا ؛ تیار ہونا ۔ (٥) رشد ؛ بلوغت ۔

Maturation factor : (n) وٹامن بی ۱۲ (Vitamin B 12) ۔

Maturational : (a) نشو و نما میں واقع ہونے والا ۔

Maturative : (a) پھوڑے وغیرہ کو پکانے والی منضج ۔

Maturative : (n) پھوڑے وغیرہ کو پکا کر اچھا کرنے کا علاج ۔

Mature : (a) (۱) رسیدہ ؛ بالغ ؛ پختہ ؛ پکا ۔ (۲) جس کی ذہنی اور جسمانی نشو و نما مکمل ہو چکی ہو ؛ پختہ سیرت ؛ پختہ کار ۔ (۳) (ہنڈی) واجب الادا ۔ (٤) (طبیعیات) پکا ہوا ؛ ناضج ۔ (٥) بلوغت سے متعلق ۔

Mature : (v) (۱) پختہ ہونا ؛ تیار ہونا ؛ پکنا ؛ بالغ ہونا ؛ نشو و نما کا مکمل ہونا ۔ (۲) پکانا ۔ (۳) پختہ کرنا ؛ کامل کرنا ؛ مکمل کرنا ۔ (٤) (ہنڈی کا) واجب الادا ہونا ۔ (٥) (طبیعیات) پھوڑے وغیرہ کا پکنا ۔ (٦) (چینی کے ظروف کا) پکنا ۔

Maturely : (adv.) کامل نشو و نما کے ساتھ ؛ پختہ طور پر ۔

Matureness : (n) (۱) بلوغ ؛ پختگی ؛ رسیدگی ۔ (۲) واجب الادا ہونا ۔

Maturer : (n) پکانے والا ؛ پختہ کرنے والا ؛ بالغ کرنے والا ۔

Maturescence : (n) دیکھو Maturation

Maturescent : (a) تقریباً بالغ ؛ قریب قریب پختہ ؛ پختگی کے قریب ۔

Maturity : (n) (۱) پختگی ؛ بلوغ ؛ رسیدگی ؛ بلوغت ۔ (۲) تکمیل ۔ (۳) (تجارت) واجب الادائی ؛ واجب الادا ہونا ۔ (٤) (طبیعیات) پھوڑے وغیرہ کا پکا ہوا ہونا ۔

Matutinal : (a) (۱) سحری ؛ صبح ؛ علی الصبح سے متعلق ۔ (۲) علی الصبح ظہور پذیر ہونے والا ۔

Matutinally : (adv.) (۱) سحری ؛ سحر گاہی ؛ صبحگاہی ؛ صبح کا ۔ (۲) سویرے کا ؛ قبل از وقت ؛ صبح کا وقت ۔

Matutine : (a) سحری ؛ صبح کا ۔

Matutinely : (adv.) سحر کے وقت ۔

Matweed : (n) بعض قسم کی گھاسوں کا نام ۔

Maty : (n) ملکی نوکر ۔

Maud : (n) (۱) اسکاچستان کے گُڈریوں کی چادر جس پر خاکستری دھاریاں ہوتی ہیں ۔ (۲) اسی طرز کا سفری غالیچہ یا کمبل ۔

Maudlin : (n) (۱) ایك قسم کی جڑی بوٹی ۔ (۲) رقیق القلبی ؛ رقت ؛ رونا پن ۔

Maudlin : (a) بےجا طور پر رقیق القلب ؛ رونی صورت ۔

Maudlin-drunk : (a) اس حد تك پیئے ہوئے کہ صورت رونی نظر آئے ۔

Maudlinism : (n) میخواری میں بدحواس ہونا ؛ بے حد پینا ۔

Maudlinly : (adv.) بد حواس کی طرح ؛ مخمور ہو کر ۔

Maugrabee/Maugrabin : (n) افریقی مُور (بربری اور عربی نسل کے لوگ) ۔

Maugre : (prep.) باوجود ۔

In (the) maugre of : باوجودیکہ ؛ با ایں ہمہ ۔

Maugre : (adv.) باوجودیکہ ؛ با ایں ہمہ ۔

Maugre (a person's) teeth/head : اس کی مخالفت کے باوجود ۔

Maukin : دیکھو Malkin

Maul : (n) دیکھو Mall

Maul : (n) دیکھو Mallow

Maul : (v) (۱) مارتے مارتے زخمی کر دینا ؛ بری طرح مارنا ۔ (۲) بری طرح یا بے پروائی سے استعمال کرنا ؛ خراب کر دینا ۔ (۳) (تنقید میں) پرخچے اڑا دینا ؛ دھجیاں بکھیر دینا ۔

Mauley/Maulie : (n) (عامیانہ) ہاتھ ؛ مٹھی ۔

Maulstick/Mahlstick : (n) دیکھو Mahlstick

Maun : (v) چاہیئے ؛ لازم ہے ؛ ضروری ہے ؛ فرض ہے ۔

Maunche : دیکھو Manche

Maund : (n) (۱) دستہ دار ٹوکری ۔ (۲) دستہ دار ٹوکری میں رکھی چیزیں ۔ (۳) گنجائش کا ایک پیمانہ ۔

Maund : (n) من ؛ ۸۲ ۲/۷ پاؤنڈ ۔

Maunder : (n) بے جوڑ بات ؛ بے ربط تقریر ۔

Maunder : (v) کھویا کھویا رہنا ؛ بے جوڑ باتیں کرنا ؛ انمل فقرے کہنا ؛ بے ربط تقریر کرنا ؛ ادھر اُدھر کی بکواس کرنا ۔

Maunderer : (n) بکی ؛ بکواس کرنے والا ؛ بکواسی ۔

Maunderingly : (adv.) بے ربط طور پر ؛ غیر یقینی طور پر ۔

Maundy : (n) (۱) (رومن کیتھولک ملکوں میں) غریبوں کے پیرو ہونے کی رسم ۔ (۲) (انگلستان میں) خیراتی جمعرات کو بادشاہ کی جانب سے تقسیم خیرات ۔

Maundy money : (n) خیراتی رقم ؛ وہ رقم جو خیراتی جمعرات کو بادشاہ کی جانب سے شاہی داروغہ خیرات کرتا ہے ۔

Maundy Thursday : (n) خیراتی جمعرات (ایسٹر سے قبل کی جمعرات) ۔

Maundy supper : (n) عشائے ربانی ۔

Maundy week : (n) رجعت مسیح ؛ (ایسٹر) کے قبل کے اتوار سے پہلے کا ہفتہ ؛ مقدس ہفتہ ۔

Mauresque : (a) مورش طرز کا ؛ بربری طرز کا ۔

Maurist : (n) St. Maur کی جماعت کا فرانسیسی بینی ڈکٹن سلسلے کا راہب ۔

Mauser : (n) (۱) مازر ؛ ایک خاص فوجی رائفل (جو موجد کے نام سے موسوم ہے) ۔

Mauritian : (a & n) موریشس کے باشندے یا اس کے متعلق ۔

Maurya : (n) موریہ ؛ موریہ لوگ جنھوں نے ۱۸۴-۳۲۱ قبل مسیح ہندوستان پر حکومت کی ۔

Mausolean : (a) مقبرے سے متعلق ؛ مقبرے کی طرح کا ۔

Mausoleum : (n) مقبرہ (اصل میں یونانی بادشاہ Mausolus کی قبر کا نام تھا) ؛ روضہ ؛ قبر کی شاندار عمارت ۔

Mauther : (n) جوان لڑکی ؛ دوشیزہ ؛ پھوہڑ لڑکی ۔

Mauvaise honte : (n) بناوٹی شرم ؛ بیجا شرم ؛ ناجائز شرم ؛ فضول شرم ؛ ناگوار شرمیلا پن یا جھینپوپن ۔

Mauvaise quart d heure : (n) مختصر مگر تلخ تجربہ ؛ مختصر مگر ناگوار ملاقات ۔

Mauvaise sujet : (n) بد معاش ۔

Mauve : (n) ایک شوخ اور لطیف ارغوانی رنگ ۔

Mauve : (a) شوخ اور لطیف ارغوانی رنگ کا ۔

Mauveine : (n) (کیمیا) انیلین رنگوں کی اساس ۔

Maux : (n) پھوہڑ عورت ۔

Maverick : (n) (۱) وہ بچھڑا جس پر مالک کا مارکہ نہ ہو۔ (۲) (مجازاً) کسی سیاسی جماعت کا منحرف رکن۔ (۳) (مجازاً) آوارہ گرد شخص۔

Maverick : (a) منحرف ؛ آوارہ۔

Maverick : (v) (۱) مارکہ لگا کر بچھڑے کو لے لینا۔ (۲) بے ایمانی سے حاصل کرنا۔

Mavis : (n) ماوس ؛ ایک قسم کا نغمہ سنج پرندہ ؛ طرقہ۔

Mavourneen/Mavournin : میری پیاری یا پیارا۔

Maw : (n) (۱) معدہ (انسان کا)۔ (۲) جگالی کرنے والے جانوروں کے چار معدوں میں سے آخری معدہ ؛ حوصلہ ؛ پوٹا شکمبہ۔ (۳) (مچھلی کا) پھکنا۔ (٤) منہ ؛ جبڑا۔

Maw : (n) دیکھو Maul

Mawk : (n) دیکھو Maggot

Mawkish : (a) (۱) (کھانے کی چیز) منہ بھرا دینے والی۔ (۲) رقت کا ؛ رونے پن کا۔

Mawkishly : (adv.) اس طور سے کہ منہ بھر آئے۔

Mawkishness : (n) (۱) منہ بھرا دینے کی کیفیت۔ (۲) رقیق القلبی ؛ رونا پن۔

Mawky : (a) (۱) جس میں گھن لگا ہو۔ (۲) دیکھو Mawkish۔

Mawseed : (n) خشخاش ؛ دانہ ؛ تخم افیون۔

Mawther : (n) دیکھو Mauwther۔

Mawworm : (n) کرم امعاء ؛ کرم شکم ؛ کیچوا۔

Mawworm : (a) ریا کار ؛ مکار ؛ بگلا بھگت۔

Max : (n) (عام) جِن (شراب)۔

Max : (n) (۱) پوری ؛ مکمل کامیابی۔ (۲) Maximum کا مخفف۔

Max : (v) پوری کامیابی حاصل کرنا۔

Maxi - : Maximum کا جزو ترکیبی۔

Maxi : (n) لمبا کوٹ یا سایا وغیرہ۔

Maxilla : (n) (۱) جانوروں کا اوپر کا جبڑا ؛ جبڑے کی ہڈی ؛ فك۔ (۲) بعض حشرات کا بیرونی عضو جس سے وہ چبانے کاکام لیتا ہے۔

Maxillary : (a) جبڑے کے متعلق ؛ جبڑے کی ہڈی کے متعلق ؛ فکی۔

Maxillary : (n) فکی ہڈی۔

Maxillary System : (n) جبڑوں کی بنیاد پر حشرات کی درجہ بندی کا نظام۔

Maxilliform : (a) جبڑے کی شکل کا ؛ جبڑے کا سا ؛ فك نما۔

Maxilliped / - pede : (n) فکی زائدہ۔

Maxillo - : جزو ترکیبی بمعنی فکی اور ...۔

Maxim : (n) (۱) اصول ؛ قاعدہ ؛ ضابطہ عمل ؛ قاعدہ کلی ؛ کلیہ۔ (۲) گُر ؛ حکمت ؛ (حکیمانہ) قول ؛ دانشوروں کا مقولہ ؛ ایقان۔ (۳) ضرب المثل۔

Maxim : (n) میکسم ؛ ایک نالی کی مشین گن جو بہت تیزی سے گولہ باری کرتی ہے اور ٹھنڈا رکھنے کے لئے اس کے خول میں پانی بھرا رہتا ہے۔

Maxim - Nordenfelt gun : (n) میکسم گن کی ایک تغیر یافتہ شکل۔

Maximal : (a) سب سے زیادہ یا سب سے بڑا۔

Maximalist : (n) روس کے اشتراکی فرقے کا ایک رکن جو اپنے مطالبات میں بہت سخت ہے اور کسی مصالحت کو پسند نہیں کرتا۔

Maximite: (n) (۱) ایک قسم کا بارود جس سے دھواں نہیں نکلتا ہے اور جس کا موجد ہڈسن میکسم ہے۔

Maximization : (n) انتہا تك پہنچانا ؛ بڑھانا ؛ مبالغه ؛ غلو ؛ افراط ـ

Maximize : (v) (۱) بہت بڑھادینا ؛ انتہا تك پہنچادینا ـ (۲) بڑھا چڑھاکر دکھانا یا بیان کرنا ـ (۳) کسی اصول کی تفسیر میں غلو کرنا ؛ انتہائی پہلو کو اختیارکرنا ـ (٤) (ریاضیاتی تفاعل میں) زیادہ سے زیادہ قیمت نکالنا ـ

Maximizer : (n) بڑھادینے والا ؛ بڑھا چڑھاکر بیان کرنے والا ـ

Maximum / Maxima : (n) (۱) بڑی سے بڑی مقدار ؛ بڑی سی بڑی تعداد ؛ انتہا ؛ غایت ؛ منتہا ـ (۲) کمال ؛ کلاھی ـ (۳) اعظمات ـ

Maximum : (a) زیادہ سے زیادہ ؛ اعلیٰ ؛ اعظم ـ

Maximum thermometer : (n) اعلیٰ تپش پیما ؛ اعلی مقیاس الحرارت ـ

May : (n) دوشیزہ ؛ کنواری ـ

May : (n) (۱) مئی ؛ ماہ مئی ـ (۲) (مجازاً) کسی چیز کا شباب ؛ عنفوان شباب ؛ نو بہار ـ (۳) Hawthorne کی کلی یا شگوفه ـ (٤) (جمع) (کیمبرج میں) مئی کے امتحانات ؛ کشتیوں کی دوڑ جو آخر مئی یا شروع جون میں ہوتی ہے ـ

Lady or queen of the may : ملکه٭ بہار ؛ ملکه٭ مئی ؛ وہ لڑکی جو یوم بہار کے کھیلوں میں ملکه بنا ئی جاتی ہے ـ

May : (v) (۱) سکنا ؛ ممکن ہونا ؛ امکان ہونا ؛ اختیارہونا ؛ اجازت ہونا ـ (۲) خواہش یا دعاکے لئے آتا ہے (مثلاً !May you live long) ـ (۳) سوالات میں به تاکید لا علمی ظاہرکرنا ـ

May : (v) یوم بہار بنانا ؛ کلیوں کو چننا ـ

May : (n) (فلسه زندگی) فریب زندگی ؛ فریب نظر ؛ سراب نظر ؛ مایا ـ

May - apple : (n) بیروج ؛ مرگیاہ ؛ لکھمنی ـ

May beetle : (n) طلائی حشرہ ؛ طلائی بھونرا ـ

May bird : (n) پن ککڑی کی ایك جنس ـ

May - bug : (n) دیکھو May beetle

May-bush : (n) (۱) Hawthorne کی شاخ ـ (۲) خفچه ؛ دیکھو Hawthorne ـ

May butter : (n) بے نمك مکھن جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ـ

May - cock : (n) ایك قسم کا خربوزہ ـ

May - day : (n) (۱) یوم بہار ؛ یکم مئی ـ (۲) ایك بین الا قوامی ریڈیو یا ٹیلیفون سگنل جو مصیبت کے وقت دیا جاتا ہے ـ

May dew : (n) مئی کے مہینے کی شبنم جو بطور دوا یا آرائش استعمال کی جاتی ہے ـ

May drink : (n) ایك قسم کی مفید شراب جو بلجیم اور مغربی جرمنی میں استعمال ہوتی ہے ـ

May duke / Mayduke : (n) ایك قسم کا تلخ شاہ دانه ـ

May examination : (n) (جامعه کیمبرج) مئی کے امتحانات ـ

May fish : (n) ایك قسم کی مچھلی ـ

May-fly : (n) (۱) مئی مکھی ؛ ایك موسمی کیڑا ـ (۲) ایك کیڑا جو مچھلی پکڑنے کے لئے بطور چارا استعمال کیا جاتا ہے ـ

May-game : (n) (۱) (جمع) وہ کھیل جو یکم مئی کو کھیلے جاتے ہیں ـ (۲) یوم بہار کے کھیل ـ (۳) (مجازاً) جشن ؛ کھیل کود ؛ حماقت ؛ احمقانه حرکت ـ (٤) نشانه٭ تضحیك ؛ سرمایه٭ تضحیك ـ

May-game : (a) ادنیٰ ؛ معمولی ـ

May-happen : (adv.) شاید ؛ اتفاقاً ۔

May-lord : (n) (۱) وہ نوجوان جو یوم مئی کی تقریبات کی صدارت کرتا ہے ۔ (۲) (مجازاً) وہ شخص جس کا تمسخر اڑایا جائے ۔

May-meetings : (n) مذہبی انجمنوں وغیرہ کے اجلاس جو مئی میں ہو تے ہیں ۔

May parr : (n) سالمن مچھلی کا نام (جونشوونما کی ایک خاص منزل میں ہو) ۔

May peal : (n) دیکھو May parr

May-pop : (n) گل صلیبی یا گل ساعت کا پھل ؛ گل صلیبی کا پودا ۔

May queen : (n) ملکہ٭ بہار ؛ ملکہ٭ مئی ؛ وہ لڑکی جو یوم بہار کے کھیلوں میں ملکہ بنائی جاتی ہے ۔

May races : (n) (جامعہ کیمبرج) بین المدارس کشتی کی دوڑ ۔

May-rose : (n) گلاب کا پھول جو مئی میں کھلتا ہے ۔

May-term : (n) جامعہ کیمبرج کی میقات ایسٹر ۔

May-thorn/-tree : (n) عوسج ؛ توت سیاہ ۔

May-week : (n) (کیمبرج) ہفتہ بہار ؛ ہفتہ مئی (جوآخرمئی میں یا شروع جون میں منا یا جاتا ہے) ۔

May-wort : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Maybe/May-be : (adv.) شاید ؛ ممکن ہے کہ ۔

Maybe/May-be : (a) امکان ؛ ممکن ۔

Mayflower : (n) (۱) ایک پھول جو مئی میں کھلتا ہے ؛ گل غنچہ ؛ گل غضاۃ ؛ گل گاؤ زبان ۔ (۲) سیب کی ایک قسم ۔ (۳) (شمالی امریکا) ایک قسم کا توت فرنگی ۔

Mayfowl : (n) پن ککڑی ؛ ایک قسم کی مرغابی ۔

Mayhap : (adv.) دیکھو May-happan

Mayhem : (n) (قانون) لنگڑا لولا کردینے کا جرم (تاکہ دفاع نہ کرسکے) ۔

Mayhem : (v) لنگڑا کردینا ؛ لولا بنا دینا ۔

Maying : (n) یوم بہار منانا ؛ یوم مئی منانا ۔

Mayonnaise : (n) چٹنی کی قسم کی چیز جو انڈے کی زردی وغیرہ سے تیار کرتے ہیں ۔

Mayor : (n) رئیس بلدیہ ؛ صدربلدیہ ؛ میئر ۔

Mayor of the palace : (n) بادشاہیت کا وزیر اعظم ۔

Mayoral : (a) میئری ؛ میئر سے متعلق ؛ صدربلدیہ کے متعلق ۔

Mayoral : (n) بوجھ لیے ہو ئے جانوروں کا نگہبان ؛ گڈر یا ؛ ڈاک گاڑی کا نگہبان ۔

Mayoralty : (n) صدر بلدیہ کا عہدہ ؛ صدر بلدیہ کی میعاد حکومت ۔

Mayoress : (n) صدر بلدیہ کی بیوی ؛ میئر کی بیوی ؛ خاتون میئر ۔

Mayorship : (n) صدر بلدیہ کا عہدہ یا رتبہ ۔

Maypole : (n) وہ چھڑ جو یوم بہار کے پھولوں سے آراستہ کرکے نصب کی جاتی ہے اور اسکے آس پاس ناچتے ہیں ۔

Mayweed : (n) بدبو بابونہ ۔

Mazame/Mazama : (n) بعض امریکی ہرنوں کانام ۔

Mazard : (n) سر ؛ چہرہ ۔

Mazard : (n) سیاہ شاہ دانہ ؛ یا گیلاس ۔

Mazarine : (n) (۱) گہرا نیلارنگ ؛ لاجوردی رنگ - (۲) لاجوردی رنگ کا کپڑا - (۳) لندن کی مجلس مشترکہ (Common-Council) کا رکن -

Mazarine : (a) لاجوردی ؛ گہرا نیلا -

Mazdaism/Mazdeism : (a) زرتشتیت ؛ مذہب زرتشت -

Mazdean/Mazdaean : (a) زرتشتی -

Maze : (n) (۱) سڑکوں یا رستوں کی پیچیدہ چال ؛ بھول بھلیاں ؛ مضال -(۲) گورکھ دھندا ؛ بے ترتیب مجموعہ ؛ پیچ در پیچ مجموعہ ؛ مکھبڑا - (۳) رقص میں چکر لگانے والی حرکت -

To read a maze : بھول بھلیاں کے راز کو سمجھ لینا -

Maze : (v) (۱) حیران کردینا ؛ چکرمیں ڈال دینا ؛ سراسیمہ کردینا ؛ گھبرادینا -(۲) بھول بھلیاں میں پڑجانا -

Mazement : (v) (۱) بے خودی ؛ مدھوشی ؛ حالت استعجاب - (۲)دیکھو Bewilderment -

Mazily : (adv.) پیچیدگی سے ؛ بھول بھلیاں کی طرح ؛ گورکھ دھندے کی طرح -

Maziness : (n) الجھا ہوا ہونا ؛ پیچ در پیچ ہونا -

Mazuma : (n) (عام) زر ؛ رقم ؛ روپے پیسے -

Mazurka : (n) (۱) ایک قسم کا پولستانی رقص - (۲) سرود جو اس رقص کے ساتھ ہوتا ہے -

Mazy : (a) پیچیدہ ؛ پر پیچ ؛ پیچ در پیچ ؛ الجھا ہوا -

M.B. Waistcoat : (n) ایک قسم کی صدری جو آگے سے بند ہوتی ہے اور جسے کشیش پہنتے ہیں -

Me : (pron.) (۱) مجھے ؛ مجھ کو - (۲) (روز مرّہ) میں - (۳) (میں نے) اپنے آپ کو -

Me - too : (a) (سیاسی پالیسی) جو حزب مخالف نے پیش کی ہو اور قابل قبول اور موافق ہو -

Me - too : (v) (مخالف کی) کامیاب اور محرک پالیسی سے اتفاق کرنا اور اسے اپنا لینا -

Mead : (n) (۱) ایک قسم کی شراب جو شہد سے بنائی جاتی ہے ؛ عسلی شراب -(۲) (امریکا) ایک مشروب جس میں کا ربولک ایسڈ گیس ملی ہوتی ہے اور عشبہ کے شیرے کی چاشنی ہوتی ہے -

Mead : (n) (۱) چراگاہ ؛ مرغزار ؛ سبزہ زار -(۲) ترائی ؛ سیراب زمین - (۳) وہ جگہ جہاں مچھلیوں کو چارا دیا جاتا ہے -

Mead-bench : (n) عسلی شراب پینے کی کرسی -

Mead-hall : (n) ضیافت کا کمرہ -

Mead-wine : (n) ایک قسم کی گھریلو (خانہ ساز) شراب جو شہد اور پانی سے بنتی ہے -

Meadow : (n) دیکھو Mead

Meadow : (v) (۱) مرغزار بنانا ؛ چراگاہ کے لئے زمین دینا - (۲) مویشیوں کو چرانا -

Meadow ant : (n) برطانیہ کی ایک قسم کی چھوٹی چیونٹی -

Meadow chicken/-snipe : (n) (۱) سورا پرندہ-(۲) دلد لوں میں رہنے والا پرندہ -

Meadow crake/-drake : (n) اَبچلیک بری -

Meadow fly : (n) امریکی جگنو -

Meadow green : (n) چمکیلا سبز (رنگ) -

Meadow ground : (n) مرغزار کی زمین ؛ مرغزار -

Meadow-hen : (n) دیکھو Meadow chicken

Meadow lark : (n) ایک قسم کا چوٹا پرندہ ؛ لوا ؛ امریکی چکارک۔

Meadow mouse : (n) (۱) کھیت چوہا ؛ چراگاھی چوہا ؛ چھوٹی دم والا کھیت چوہا۔

Meadow mussel : (n) سیپ کی قسم کا ایک کیڑا۔

Meadow pipit : (n) Anthus جنس کا ایک پرندہ ؛ لوا ؛ قنبرک ؛ (امریکا) چنڈول جیسا پرندہ۔

Meadow-sweet : (n) گلاب کی طرح کا ایک پودا جو مرغزاروں میں اگتا ھےاس کا طرہ دودھیا رنگ کا اور پھول خوشبودار ھوتا ھے۔

Meadow thatch : (n) ایک قسم کی گھاس جس سے چھپر بناتے ھیں۔

Meadow vole : (n) دیکھوMeadow-mouse

Meadowy : (a) سبزہ زار کی مانند ؛ جہاں سبزہ زاروں کی کثرت ھو۔

Meagre : (a) (۱) دبلا ؛ پتلا ؛ لاغر ؛ نحیف۔ (۲) حقیر ؛ کم مایہ ؛ تھوڑا ؛ قلیل ؛ کم ؛ ناکافی۔ (۳) (عبادت ؛ خیالات) نامکمل ؛ ناقص ؛ تشنہ۔ (٤) دیکھوMaigre۔

Meagre : دیکھو Maigre

Meagrely : (adv.) قلیل مقدار میں ؛ نامکمل طور پر ؛ ناقص طور پر۔

Meagreness : (n) لاغری ؛ کمی ؛ قلت ؛ بے مائگی ؛ کوتاھی۔

Meak : (n) درانتی ؛ لمبے دستے والا ایک اوزار۔

Meaking/-iron : (n) جہاز کے درز سے رسیوں کا سن نکالنے کا اوزار۔

Meal : (n) آٹا ؛ میدہ ؛ چونی۔

Meal : (n) (۱) غذا جو مقررہ وقت پر کھائی جائے ؛ طعام ؛ کھانا ؛ کھانے کی باری یا وقت۔ (۲) دودھ کی وہ مقدار جو گائے بھینس وغیرہ سے ایک ھی وقت میں حاصل ھو ؛ دودھ دوھنے کا وقت۔

Meal : (v) (۱) آٹا ، میدہ وغیرہ سے ڈھک دینا۔ (۲) آٹا بنانا۔ (۳) آٹابننا۔ (٤) آٹاپیداکرنا۔

Meal : (v) کھانا ؛ کھلانا۔

- meal : (suffix) لاحقہ بمعنی مقدار جوایک بار لی جائے۔

Meal-beetle : (n) ایک کیڑا جو اناج کو خراب کرتا ھے۔

Meal mite : (n) ایک قسم کا کیڑا۔

Meal moth : (n) ان دو قسموں کے کیڑوں میں سے ایک جس کا پھل روپ آٹا کھاتا ھے۔

Meal time : (n) کھانے کا وقت۔

Meal worm/-beetle : (n) Meal-beetle کا پھل روپ۔

Mealie : (n) (جنوبی افریقہ ، عموماً جمع) مکئی۔

Mealiness : (n) (۱) آٹے سے بھرا ھونا۔ (۲) بھر بھرا پن۔ (۳) چتلا رنگ۔ (٤) پیلاپن۔ (٥) چرب زبانی۔

Mealing : (n) (۱) آٹابنانا ؛ میدہ بنانا ؛ (۲) بارود کو پیسنا۔

Mealing-stone : (n) آٹا پیسنے کی چکی۔

Mealing table : (n) بارود کو پیسنے کا تختہ۔

Mealy : (a) (۱) اٹے کا ؛ میدےکا ؛ آٹاسا ؛ میداسا ؛ جس میں آٹا ھو۔ (۲) سوکھا اور بھربھرا (ابلا ھوا آلو)۔ (۳) (گھوڑا) ابلق ؛ چتلا ؛ گل دار۔ (٤) پیلا (چہرے کا رنگ)۔ (٥) چرب زبان ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ؛ اعتراض میں نرمی کرنے والا ؛ نرم زبان۔ (٦) (نباتیات) باریک گرد یا سفوف سے ڈھکا ھوا ؛ آردی۔

Mealy bug : (n) ایک کیڑا جو انگور وغیرہ کی بیل میں لگ جاتا ھے ؛ آردی کیڑا۔

Mealy-mouthed : (a) (۱) چرب زبان ؛ نرم زبان۔ (۲) (مویشی) جس

کے سیاہ منہ کے گرد سفید حلقہ ہو۔

Mealy-mouthedly : (adv.) نرم زبانی سے ۔

Mealy-mouthedness : (n) چرب زبانی ؛ نرم زبانی۔

Mean : (n) (۱) اوسط ؛ حد اوسط ؛ نقطہ' اعتدال ؛ متوسط ؛ درمیانہ ۔ (۲) (ریاضیات) اوسط ۔ (۳) (جمع جو اکثر واحد کے طور پر استعمال ہو تی ہے) ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ۔ (٤) (جمع) آدمی ؛ مقدرت ؛ دولت ؛ ثروت ۔

By all (manner of) means : ہر طرح سے ؛ ہر ممکن ذریعہ سے ؛ یقیناً ۔

By any (manner of) means : کسی طرح سے ۔

By fair means : دیکھو fair

By no (manner of) means : مطلق نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ قطعاً نہیں ۔

By or through means of : (۱) ذریعہ ؛ وساطت سے ۔ (۲) نتیجے میں ؛ بہ وجہ ؛ بہ سبب ؛ بدولت ؛ باعث ۔

By this or that means : (۱) کسی بھی طرح سے ۔ (۲) نتیجتاً ؛ اس لئے ؛ اس سبب سے ۔

To be the means of : ذریعہ ہونا ؛ سبب ہونا ؛ باعث ہونا ۔

To find (the) means : ذریعہ تلاش کرنا ۔

Mean : (a) (۱) گھٹیا ؛ ادنیٰ درجے کا ؛ حقیر ۔ (۲) کم رو ؛ کم حیثیت ؛ بدحیثیت ۔ (۳) رذیل ؛ کمینہ ؛ ادنیٰ ؛ خسیس ؛ بخیل ؛ کنجوس ؛ تنگ خیال ؛ تنگ ظرف ۔

To feel mean : پشیماں ہونا ؛ نادم ہونا ۔

Mean : (adv.) اوسط ؛ متوسط ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ۔

Extreme and mean ratio دیکھو Extreme

Mean : (adv.) دیکھو Intermediately

Mean : (v) (۱) چاہنا ؛ نیت رکھنا ؛ مد نظر رکھنا ؛ قصد رکھنا ؛ ارادہ رکھنا ۔ (۲) مطلب ہونا ؛ معنی ہونا ؛ مراد ہونا ؛ مفہوم ہونا ؛ منشا ہونا ۔ (۳) کسی چیز کے لئے مخصوص کرنا ؛ کسی مقصد کے لئے بنانا یا منتخب کرنا ۔ (٤) اہمیت رکھنا ۔

To mean business: مصمّم ارادہ ہونا ۔

What do you mean by that ? : اس سے آپ کا کیا مطلب ہے ؟

Mean distance : (n) بعدِ اوسط ؛ اوسط دوری ۔

Mean noon : (n) نیم روز ؛ دوپہر ۔

Mean of grace : (n) وسائل برکت (کلیسائی رسوم وعبادت کو کہتے ہیں) ۔

Under the mean of grace : وسائل برکت سے ۔

Mean proportional : (n) متناسب اوسط ؛ تین مقداروں میں سے درمیانی مقدار جس سے پہلی کو وہی نسبت ہو جو خود اس کو تیسری سے ہے ۔

Mean sun : (n) شمس اصطلاحی ؛ آفتاب مجازی ؛ فرضی آفتاب جو آسمانی خط استوا پر اصلی آفتاب کی اوسط رفتار سے حرکت کرتا ہو۔

Mean test : (n) کسی کی آمد نی کی سرکاری تحقیقات (مالی مدد دینے کے لئے یا اس کی حد بندی کرنے کے لئے) ۔

Mean time : (n) اوسط وقت ؛ درمیانی وقت ۔

For the mean time : درمیانی وقفے میں ؛ درمیان میں ۔

In the mean time : (۱) اس اثنا میں ۔ (۲) پھر بھی ؛ تا ہم ۔

Mean time : (a) (۱) درمیانی ؛ درمیانی وقفے کا ۔

Mean time : (adv.) اس اثنا میں ۔

Mean while/Meanwhile : (n) دیکھو Mean time

For the mean while : درمیانی وقفے میں ؛ درمیان میں ۔

In the mean while : (۱) اس اثنا میں ۔ (۲) پھر بھی ؛ تا ہم ۔

Mean white : (n) ریاستہائے متحدہ امریکا کی جنوبی ریاستوں کے گوری قوم کے لوگ جن کے پاس جائداد نہیں تھی ؛ بے مایہ گورے ۔

Meander : (n) (۱) (جمع) خم داری ؛ پھیر ؛ چکر ؛ دریا کے پیچ و خم ۔ (۲) (جمع) پر پیچ و خم راھیں ؛ پیچ دار راستے ؛ بھول بھلیاں ۔ (۳) (عموماً جمع) چکر ؛ پھیر (کا سفر) ۔ (٤) لہر دار کشیدہ (کتاؤ کا کام) ۔

Meander : (v) (۱) اِدھر اُدھر پھرنا ؛ چکر لگانا ۔ (۲) دریا کا چکر کھاتے ہوئے بہنا ۔

Meandric : (a) خم دار ؛ پیچ دار ؛ چکرمارنے والا ۔

Meandrine : (a) پر پیچ و خم ؛ پیچ دار ؛ (خصوصاً اس مونگے کی صفت جس کی ساخت انسان کے دماغ کی طرح ہوتی ہے) ۔

Meandrous : (a) دیکھو Meandric

Meanie/Meaning : (n) کج خُلق اورغیر دلکش شخص ؛ کنجوس ؛ غیر منصف ؛ عیب جو ؛ (تھیٹرکا) ولن ؛ بدمعاش ۔

Meaning : (n) مطلب ؛ مقصد ؛ مدعا ؛ مفہوم ؛ مقصود ؛ مراد ؛ معنی ؛ منشا ؛ اہمیت ۔

Meaning : (a) معنی خیز ؛ پُرمعنی ۔

Meaningful : (a) پر مقصد ؛ معنی خیز ؛ پر مفہوم ۔

Meaningfully : (adv.) معنی خیز طور پر ۔

Meaningless : (a) بے معنی ؛ مہمل ؛ لغو ۔

Meaninglessly : (adv.) مہمل طور پر ؛ بے معنی طور پر ۔

Meaninglessness : (n) بے معنی ہونا ؛ مہمل ہونا ۔

Meaningly : (adv.) پرمعنی طریقے سے ۔

Meanly : (adv.) کمینہ پن سے ؛ تنگ ظرفی سے ؛ تنگ خیالی سے ؛ دوں ہمتی سے ؛ قلیل مقدار میں ؛ افلاس زدہ حالت میں ۔

Meanness : (n) کمینہ پن ؛ کمینگی ؛ رذالت ؛ دنائت ؛ خساست ؛ کنجوسی ؛ تنگ دلی ؛ تنگ ظرفی ؛ تنگ خیالی ؛ دوں ہمتی ۔

Meant : (a) Mean (v) کا صیغہ ماضی ۔

Mease : (n) ہیرنگ (مچھلی) کی پیمائش کا ایک پیمانہ ۔

Mease : (v) تخفیف کرنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا ۔

Measle : (n) (۱) (جمع) کھسرا ؛ ایک قسم کی چھوٹی چیچک ؛ پھول متی ؛ خسرہ ۔ (۲) (جمع) سوروں کی ایک بیماری ۔

German measles : ایک قسم کی چھوٹی چیچک ؛ خسرہ کاذب ۔

Measle : (n) سونڈی (کدو دانے کی) ۔

Measle : (v) (۱) خسرہ پھیلانا ۔ (۲) خسرہ کی طرح داغدار کردینا ۔ (۳) خسرہ میں مبتلا ہونا ۔

Measled : (a) (۱)خسرہ میں مبتلا ۔ (۲) چتی دار ؛ گلدار ۔

Measly : (a) (۱) خسرے کا ؛ جیسا کھسرا ہو ۔ (۲) (عام) حقیر ؛ ذلیل ؛ نکما ۔

Measurable : (a) (۱) قابل پیمائش ؛ قابل اندازہ ؛ جوناپا جاسکے ؛

پیمودنی ؛ پیمائش پذیر ۔ (۲) (موسیقی) تال دار ؛ موزوں ۔

To come within a measurable distance : بہت قریب آجانا ۔

Measurably : (adv.) قابل پیمائش طور پر ؛ حد کے اندر ؛ متناسبتاً ۔

Measure : (n) (۱) ناپ ؛ پیمائش (جسامت ، طول ، مقدار وغیرہ) ۔ (۲) حد ؛ درجہ ؛ مقدار ۔ (۳) پیمانہ ؛ صاع ؛ وہ ظرف جس سے سیالات وغیرہ ناپی جائیں ۔ (٤) فیتہ (ناپنے کا) ؛ گز وغیرہ ۔ (٥) وزن کا پیمانہ یا اکائی ۔ (٦) پیمائش (کا اصول یا طریقہ) ۔ (۷) معیار ؛ مقیاس ۔ (۸) معینہ حد یا مقدار ۔ (۹) (شعر کا) وزن ؛ بحر ۔ (۱۰) گیت وغیرہ کی تال ؛ گت ۔ (۱۱) ناچ ۔ (۱۲) تدبیر ؛ کاروائی ؛ وسیلہ ۔ (۱۳) قانون ؛ ضابطہ ۔ (١٤) (ریاضیات) مقسوم علیہ ۔ (١٥) صفحہ کی چوڑائی (شمشیرزنی) پہنچ ۔ (١٦) (ارضیات) (جمع) طبق ۔ (۱۷) تناسب ۔

Beyond above measure : بے حد ؛ حد سے زیادہ ؛ بے انتہا ۔

By measure : ناپ کر ۔

By measure : معینہ حد تك ؛ جزوی طور پر ؛ جزواً ۔

Common measure : (ریاضیات) مقسوم علیہ مشترك ۔

Full measure : مقدار کامل ؛ پوری مقدار ۔

Good measure : صحیح مقدار ؛ صحیح پیمائش ۔

Greatest common measure : سب سے بڑا مقسوم علیہ مشترك ۔

In a great or large measure : بڑی حد تك ؛ زیادہ تر ؛ بیشتر ۔

In a measure : کسی حد تك ؛ کسی قدر ۔

In measure : جزواً ؛ مقررہ حد تك ۔

In measure as : تناسب سے ۔

In some measur : کسی قدر ؛ کسی حد تك ۔

In the same measure : اسی قدر ؛ اسی حد تك ۔

Long measure : لمبائی کا پیمانہ ؛ گز وغیرہ ۔

Out of (all) measure : بہت زیادہ ؛ انتہا سے بڑھ کر ۔

To be the measure of : پیمانہ ہونا ؛ ناپ ہونا ۔

To keep measure : صحیح وقت دیکھنا ۔

To keep or observe measure : ضبط کرنا ؛ حد کے اندر رہنا ۔

To know the measure of foot : اپنی (یاکسی کی) کمزوری معلوم کرنا ؛ (کسی کو) قابو میں رکھ کر اس کا انتظام کرنا (کرنے کے قابل ہونا) ۔

To take measures : ناپنا ؛ ناپ لینا ۔

To take, adopt, pursue (certain) measures : مناسب کاروائی کرنا ۔

To take the measure of : ناپ لینا ۔

Measure : (v) (۱) ناپنا ؛ ماپنا ؛ پیمائش کرنا ؛ تولنا ۔ (۲) (کسی شخص کے کپڑوں کا) ناپ لینا ۔ (۳) (کسی کو) سرسے پیر تك دیکھنا ۔ (٤) (مقررہ طول کا) خط کھینچنا ؛ ناپ کر نشان لگانا ؛ ناپ کر ایك ٹکڑا علا حدہ کرنا ۔(٥) کسی کی سیرت وغیرہ کا اندازہ کرنا ؛ کسی غیر مادی چیز کا اندازہ کرنا ۔ (٦) (کسی کو) مقررہ حصہ دینا ۔ (۷) طاقت آزمائی کرنا ؛ (زور) آزمانا ۔ (۸) قطع مسافت کرنا ۔ (۹) مقسوم علیہ ہونا ۔ (۱۰) پیمانہ ہونا ۔

To measure one's length : زمین پر چت گرنا ؛

زمین ناپنا ۔

To measure swords : (۱) ڈوئل کے لئے تلواروں کو ناپنا کہ برابر ہیں یا نہیں ۔(۲) مقابلہ کرنا ؛ زور آزمائی کرنا ۔ (۳) تلوار سے لڑنا ۔

To measure up to (or with) : (۱) ہم پلہ ہونا ؛ مد مقابل ہونا ۔ (۲) اہل ہونا ؛ موزوں ہونا ۔

Measured : (a) (۱) ناپا ہوا ؛ پیمائش کردہ ۔ (۲) موزوں ؛ باقاعدہ ؛ باترتیب ؛ متناسب ۔ (۳) جچے تلے (الفاظ) ۔ (٤) (موسیقی) تال دار ؛ موزوں ۔

Measured work : (n) ٹھیکے کا کام ؛ اجرتی کام ؛ اجرت کا کام ۔

Measureless : (a) بے اندازہ ؛ بے حد ؛ بے کراں ؛ بے قیاس ؛ بے انتہا ۔

Measurelessly : (adv.) بے اندازہ طور پر ؛ بے انتہا طور پر ۔

Measurelessness : (n) بے اندازہ ہونا ؛ بے حد ہونا ؛ بے قیاس ہونا ۔

Measurement : (n) اندازہ ؛ پیمانہ ؛ مقیاس ؛ پیمائش ؛ ناپ تول ؛ مساحت ۔

Measurer : (n) (۱) پیمائش کرنے والا ؛ پیمائندہ ۔ (۲) پیمائش کرنے کا آلہ ۔ (۳) مسّاح پروانہ ؛ ایک قسم کا کیڑا جو آگے چل کر تتلی بن جاتا ہے ۔

Measuring : (n) پیمائش ؛ اندازہ کرنا ؛ ناپ لینا ؛ ناپنا ۔

Measuring : (a) پیمائشی ۔

Measuring cast : (n) (مجازاً) مشکل مسئلہ ؛ نازک سوال ؛ دگدھا کا معاملہ ۔

Measuring chain : (n) جریب ۔

Measuring wheel : (n) (۱) فاصلہ پیما ۔ (۲) محیط چرخ پیما ۔

Measuring worm : (n) کنڈل کیڑا ۔

Meat : (n) (۱) گوشت ؛ لحم ؛ ماس (غذا کی حیثیت سے باستثنائے مرغ) ۔ (۲) غذا ؛ کھانے کی چیز ۔ (۳) (پھل ، جوز ، انڈا وغیرہ کا) گودا ؛ مغز ؛ زردی ۔(٤) صدف ماہی کاگوشت ۔(٥) (شکار) شکار کیا ہوا جانور ۔(٦) مواد ؛ موضوع ۔ (۷) سور کا گوشت ۔

After meat : کھانے کے بعد ؛ بعد از طعام ؛ بعد از غذا ۔

At meat : کھانے کے وقت ؛ کھانے کی میز پر ۔

Before meat : کھانے سے پہلے ؛ قبل طعام ؛ غذا سے پہلے ۔

Green meat : سبزی ؛ ترکاری ؛ چارا ۔

Meat : (v) کھانا فراہم کرنا ۔ (۲) کھانا کھانا : کھانے میں شریک ہونا ۔

Meat biscuit : (n) گوشت کا بنا بسکٹ ۔

Meat earth : (n) زرخیز زمین ۔

Meat-fly : (n) مانس مکھی ۔

Meat lozenge : (n) گوشت کا بنا لوز ۔

Meat maggot : (n) مگس مکھی کا پھل روپ ۔

Meat-offering : (n) (بائبل) میدے دار تیل کا چڑھاوا ؛ غذا کا چڑھاوا ۔

Meat tea : (n) شام کا ناشتہ جس میں گوشت پیش کیا جائے ۔

Meatal : (a) نالی سے متعلق ؛ صماخ سے متعلق ۔

Meated : (a) لحم دار ۔

Open meated : رس دار (پنیر) ۔

Well meated : (۱) (وہ جانور) جس میں گوشت زیادہ ہو ۔ (۲) مقوی (پنیر) ۔

Meatiness : (n) پر گوشت ہونا ؛ ست دار ہونا ۔

Meatless : (a) (۱) بے گوشت کا ۔ (۲) بے غذا کا ۔

Meato - : (prefix) سابقہ بہ معنی نالی ؛ منفذ ۔

Meatoscope : (n) پیشاب کی نالی کو جانچنے کا آلہ ۔

Meatotome : (n) منفذ بول میں شگاف ڈالنے کا نشتر ۔

Meatotomy : (n) منفذ بول کا شگاف ۔

Meatus : (n) (تشریح) نالی ؛ منفذ ؛ صماخ ۔

Auditory meatus : صماخ الاذن ؛ کان کی نالی ۔

Nasal meatus/Olfactory meatus : ناک کا سوراخ ۔

Urinary meatus : منفذ بول ۔

Meaty : (a) (۱) پرگوشت ؛ گوشت دار ؛ بھر بھرا ؛ (گوشت سے) بھرا ہوا ۔(۲) (مجازاً) پرمغز ؛ ست دلد ۔ (۳) گوشت کا ؛ گوشت جیسا ۔

Meaul/Meawl (c) : (n) میاؤں میاؤں کرنا ؛ بلی کی بولی بولنا ؛ بلی کی طرح بولنا ۔

Meaw (c) : (n) دیکھو Meaul

Meazle : (n) کوڑھی ۔

Mecca : (n) (۱) مکہ ؛ مکہ معظمہ ۔(۲) (مجازاً) وہ جگہ جس کےدیکھنے کی آرزو ہو ۔(۳) (مجازاً) عقیدے وغیرہ کے پیدا ہونے کی جگہ ؛ سر چشمہ مولد و منشا ؛ گہوارہ ۔

Mecca balm: (n) زردی مائل روغن دار لاکھ ۔

Meccan : (a) مکے کا ؛ مکے سے متعلق ؛ مکّی ۔

Meccan : (n) مکے کا باشندہ ؛ مکّی ۔

Meccano : (n) چھوٹے چھوٹے پرزوں کے سیٹ کا تجارتی نام جس سے انجینیئرنگ کے نمونے بنائے جاتے ہیں ۔

Mechanic : (a) (۱) دستکار ۔ (۲) میکانیکی ؛ مشین سے متعلق ؛ مشین جیسا میکانیکی ۔ (۳) مشینی ؛ مشین کی طرح کام کرنے والا ۔

Mechanic : (n) (۱) کاریگر ؛ دستکار ؛ اہل حرفہ ؛ مشین ساز ۔ (۲) مشین چلانے والا ؛ مستری ۔

Mechanic power : (n) سادہ مشین ؛ میکانیکی اوزار یا آلات ۔

Mechanical : (a) (۱) مشینی ؛ کلوں کے متعلق ؛ جر ثقیل کے متعلق ۔ (۲) مشین سے چلنے والا ؛ مشین کا بنا ہوا ؛ کل دار ۔ (۳) مشین جیسا ؛ کٹھ پتلی کی طرح کا ؛ جس میں اپج بالکل نہ ہو ۔ (٤) میکانکی ؛ کل کے سکون و حرکت سےمتعلق ۔ (٥) میکانیکی (نظریہ) ؛ (نظریہ) جو کل مظاہر کو محض طبیعی حرکت کا نتیجہ سمجھتا ہے ۔ (٦) خود کار ۔ (۷) (ارضیات) (وہ طبقات عصر) جن کے اجزا میں کیمیائی تبدیلی نہ ہوئی ہو ۔ (۸) (ریاضیات) علوی ؛ غیر جبری ۔ (۹) طبعی یا مادی ۔ (۱۰) میکانیکیات سے متعلق ۔ (۱۱) (نفسیات) اضطراری ۔

Mechanical : (n) دستکار ؛ اہل حرفہ ۔

Mechanical advantage : (n) میکانیکی مفاد ؛ مفادحیلی ۔

Mechanical construction : (n) میکانیکی عمل ۔

Mechanical drawing : (n) ڈرائنگ بذریعہ اوزار یا آلات ؛ میکانیکی نقشہ کشی جو بذریعہ پرکار کی جائے ۔

Mechanical mixture : (n) سادہ آمیز ۔

Mechanical powers : (n) دیکھو Mechanic power

Mechanical tissue : (n) (نباتیات) ریشے جو ڈھانچے کا کام کرتے ہیں ۔

Mechanicalism : (n) نظریہ میکانیکی کی پیروی ؛ میکانیکی عقیدہ ۔

Mechanicality : (n) میکانیکی ہونا ؛ مشین جیسا ہونا ۔

Mechanicalize : (v) میکانیکی بنانا ۔

Mechanically : (adv.) میکانیکی طریقے سے ؛ از روئے علم جر ثقیل ؛ کلوں کے ذریعے سے ؛ مشین سے ؛ مشین کی طرح ؛ کٹھ پتلی کی طرح ؛ بغیر شعوری ارادے کے ۔

Mechanicalness : (n) میکانیکی ہونا ؛ مشین جیسا ہونا ۔

Mechanician : (n) کل ساز ؛ مشین بنانے والا ؛ ماہر مشین سازی ۔

Mechanico - : جزو ترکیبی بمعنی میکانیکی ۔

Mechanico-Chemical : (a) میکانیکی کیمیاوی ۔

Mechanico-Corpuscular : (a) میکانیکی ذراتی (فلسفہ) ۔

Mechanics : (n) (۱) علم سکون و حرکت ؛ میکانکس ؛ علم جر ثقیل ؛ میکانیکیا ت ؛ علم الحیل ۔ (۲) مشینوں کا علم ؛ مشین دانی ۔

Analytical mechanics : تحلیلی میکانیکیات ۔

Animal mechanics : حیوانی میکانیکیات ۔

Mechanics institute / - institution : (n) کاریگروں کا اسکول ۔

Mechanism : (n) (۱) پرزوں کی ترتیب ؛ ترکیب ؛ پرزہ کاری ؛ مشین کی ساخت ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کی ساخت ؛ ترکیب و ترتیب ۔ (۳) (آرٹ) اصول فن ؛ فنی پہلو ؛ ظاہری ساخت ؛ میکانیت ۔ (٤) نظام ؛ نظام جسم ۔

Mechanist : (n) (۱) مشین ساز ۔ (۲) ماہر میکانك ؛ میکانیکیات داں ؛ (۳) میکانیکی نظریے کا قائل ؛ جو خیالی مظاہر کو بھی طبعی اور کیمیاوی اصول کے ماتحت سمجھتا ہے ؛ معتقد میکانیت ۔

Mechanistic : (a) مشین سازی یا مشین ساز سے متعلق ؛ نظریہ میکانیت سے متعلق ۔

Mechanization : (n) مشین صفتی ۔

Mechanize : (v) (۱) میکانیکی بنادینا ؛ مشین صفت کردینا ۔ (۲) خود کار بنادینا ۔ (۳) مشین لگانا یا مہیا کرنا ۔ (٤) (فوج کو) ہتھیار سے لیس کرنا ۔ (٥) مشین سے بنانا ۔ (٦) مشین پر حد سے زیادہ بھروسہ کر کے بنانا ۔

Mechanizer : (n) میکانیکی نظریے کا قائل ۔

Mechanotherapy : (n) میکانیکی علاج ؛ مشینی علاج ۔

Mechant/Mechante : (a) کینہ پرور ؛ بد یا طن ۔

Mechlin (lace) : (n) میکلن کی بنی ہو ئی لیس ۔

Mechoacan : (n) ایك قسم کی جنگلی بیل کی جڑ ۔ (۲) جلاب یا مسہل لانے والی جڑ ۔ (۳) میکسیکو کے ایك قصبے کا نام ۔

Meconate : (n) خشخاش کے تیزاب کا نمك ۔

Meconic : (a) خشخاش کا ؛ افیون کا ۔

Meconic acid : (n) خشخاش کا تیزاب ؛ ایك قسم کا سفید قلمی تیزاب جو افیون سے حاصل ہو تا ہے ۔

Meconidine : (n) ایك قسم کا بے شکلا القلی نما جو افیون میں پایا جاتا ہے ۔

Meconin : (n) ایك سفید بلوری بے تاثیر مرکب جو افیون میں پایا جاتا ہے ۔

Meconium : (n) جنین کی بڑی آنت سے پیدائش کے بعد خارج ہونے والا سیاہ فضلہ ؛ نوزائیدہ بچے کا پہلا پاخانہ ۔

Medal : (n) تمغہ و نشان ۔

The reverse of the medal : سوال کا دوسرا پہلو ؛ تصویر کا دوسرا رخ ۔

Medal : (v) تمغہ دینا ؛ تمغے سے مزین کرنا ۔

Medal play : (n) (گولف) گولف مقابلہ جس میں اسکور ضربوں کی تعداد پر دیا جاتا ھے ۔

Medalet / Medallet : (n) چھوٹا تمغہ ۔

Medallic : (a) تمغوں کا ؛ تمغو ں سے متعلق ۔

Medallion : (n) (۱) بڑا تمغہ ؛ تمغہ کلاں ۔ (۲) کوئی تمغہ نما چیز ، جیسے تصویر ، لوح وغیرہ ۔

Medallist / Medalist : (n) (۱) تمغہ ساز ؛ تمغہ گر؛ تمغہ کن ۔ (۲) تمغہ یافتہ شخص ، جس کو تمغہ ملا ھو ۔

Meddle : (v) دخل دینا ؛ مداخلت کرنا ؛ بیجا دست اندازی کرنا ؛ ٹانگ اڑانا ؛ دخل در معقولات کرنا ۔

Neither make nor meddle : دیکھو Make

Meddler : (n) مداخلت کنندہ ؛ خواہ مخواہ دخل دینے والا ؛ دست اندازی کرنے والا ۔

Meddlesome : (a) دخل در معقولات کا عادی ؛ خواہ مخواہ دخل دینے کا عادی ۔

Meddlesome mettie : (n) دیکھو Meddler

Meddlesomely : (adv.) دخل در معقولات کرتے ھوئے ؛ خواہ مخواہ دخل دیتے ھوئے ۔

Meddlesomeness : (n) دخل در معقولات کی عادت ۔

Meddling : (n) دخل در معقولات ؛ دست اندازی ؛ مداخلت ۔

Meddlingly : (adv.) دخل در معقولات کرتے ھو ئے ؛ دست اندازی کرتے ھوئے ۔

Mede : (n) میڈیا (Media) کا باشندہ ۔

The law of the medes and persians : دیکھو law

Media : (n) (۱) b 'd 'g کے اصوات ۔ (۲) (تشریح) شیریان کی درمیانی جھلی ؛ رگوں کی درمیانی جھلی ۔

Media : (n) Medium کی جمع ۔

Mediacy : (n) (منطق و فلسفہ) بالواسطہ ھونا ۔

Mediaeval/Medieval : (a) ازمنہ وسطیٰ کے متعلق ؛ قرون وسطیٰ کا ۔

Mediaeval/Medieval : (n) ازمنہ وسطیٰ کا باشندہ ۔

Mediaevalism/Medievalism : (n) قرون وسطیٰ کا رنگ یا طرز ؛ ازمنہ وسطیٰ کا نظام وغیرہ ۔

Mediaevalist/Medievalist : (n) قرون وسطیٰ کی تاریخ کا محقق ؛ ازمنہ وسطیٰ کے فن ، مذھب وغیرہ کا پیرو ۔

Mediaevalize/Medievalize : (v) قرون وسطیٰ کے رنگ میں رنگنا ؛ ازمنہ وسطیٰ کے خیالات کی حمایت کرنا ۔

Mediaevally/Medievally : (adv.) قرون وسطیٰ کی طرز پر ۔

Medial : (a) (۱) وسطی ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛ درمیان کا ؛ جو بیچ میں واقع ھو ۔ (۲) متوسط ؛ اوسط درجے کا ؛ درمیانی رتبے یا حیثیت کا ۔ (۳) متوسط ؛ معمولی ۔ (٤) اوسط ۔

Medial : (n) درمیانی لفظ ۔

Medial accent : (n) پانچویں سر سے سوم صفیر کا اترنا ۔

Medial cadence : (n) لے کا سر گم کے تیسرے رکن پر ختم ھونا ۔

Medial consonance : (n) ششم اکبر اور سوم اکبر ۔

Medial to : (adv.) درمیان میں ؛ درمیان کا ۔

Medially : (adv.) وسط میں ؛ اوسط درجے پر ۔

Median : (a) درمیانی ؛ وسطی ؛ بیچ کا ۔

Median : (a) (۱) وسطی شریان ، رگ یا عصب ۔ (۲) (ریاضیات) وسطانیہ ؛ خط وسطی ۔ (۳) (شماریات) وسطی عدد ۔

Median : (a) میڈیا کی بادشاہت کا یا اس سے متعلق ۔

Median : (n) دیکھو Mede

Median artery : (n) وسطی شریان ۔

Median basilic vein : (n) وسطی با سلیق ورید ۔

Median line : (n) وسطی خط ۔

Median lithotomy : (n) وسطی حصات تراشی ۔

Median plane : (n) وسطی سطح ۔

Median zone : (n) ۵۰ اور ۱۰۰ فیتھم کے درمیان کی گہرائی میں سمندری تہ ۔

Mediant : (n) (۱) (کلیسائی موسیقی) دوقسم کے سروں میں سے ایک (۲) سر گم کا تیسرا رکن ۔

Mediastinal : (a) غشائے وسطی کا ۔

Mediastinum : (a) (تشریح) غشائے وسطی ؛ ایک جھلی جو پھیپھڑوں وغیرہ کے درمیان ہوتی ہے ۔

Mediastino - : جز و ترکیبی بمعنی " غشائے وسطی" ۔

Mediate : (a) بالواسطہ ۔

Mediate : (v) (۱) واسطہ ہونا ؛ بیچ کی کڑی ہونا ؛ ثالثی کرنا ۔ (۲) بیچ میں پڑنا ؛ مصالحت کرانا ؛ رفع شر کرنا ؛ بیچ بچاؤ کرنا ؛ گفت و شنید کرنا ۔ (۳) سبب ہونا ؛ باعث ہونا ؛ وسیلہ ہونا ؛ ذریعہ ہونا ۔

Mediate auscultation : (n) بالواسطہ استماع الصدر ۔

Mediate inference : (n) (منطق) استنتاج نظری ۔

Mediate knowledge : (n) استنتاجی علم ۔

Mediate testimony : (n) (قانون) ثانوی شہادت ۔

Mediation : (n) (۱) واسطہ ؛ شفاعت ؛ وساطت ؛ توسل ؛ وسیلہ ۔ (۲) بیچ بچاؤ ۔ (۳) (موسیقی) بھجن کا وہ حصہ جو سروں کے درمیان ہو ۔

Mediatization : (n) بالواسطہ الحاق ؛ مشروط الحاق ؛ بیچ بچاؤ ۔

Mediatize : (v) (۱) بالواسطہ الحاق کرنا ؛ مشروط الحاق کرنا ؛ کسی چھوٹی ریاست کا بڑی سلطنت کے ساتھ اس طرح الحاق کرنا کہ اس کے فرمانروا کا شاہی خطاب اور بعض حقوق بر قرار رہیں ۔ (۲) بیچ بچاؤ کرنا ؛ مصالحت کرانا ۔

Mediator : (n) (۱) بیچ بچاؤ کرنے والا ؛ مصالحت کرانے والا ؛ ثالث ۔ (۲) شفیع ؛ (خصوصاً) حضرت عیسیٰ ۔ (۳) Quadrille اور Ombre کھیلوں میں ایک قسم کا انحراف ۔ (٤) کیمیاوی رد عمل یا حیاتی عمل کا درمیانی عامل ۔

Mediatorial : (a) وسیطانہ ؛ شفیعانہ ۔

Mediatorship : (n) ثالث کا عہدہ ۔

Mediatory : (a) شفیعانہ ؛ مصالحت کا ؛ شفاعت کی ۔

Mediatrix/Mediatress/Mediatrice : (n) وسیطہ ؛ مصالحت کرانے والی ؛ شفیعہ ؛ ثالثہ ۔

Medic : (a) (۱) طبی ؛ طب کے متعلق ؛ طب مغربی کا ؛ ڈاکٹری ۔ (۲) طبی (ضد جراحی) ۔ (۳) جس کا علاج عمل جراحی سے نہیں بلکہ دواؤں سے ہو ۔

Medic : (n) (۱) (امریکا) (عام) طبیب ؛ ڈاکٹر؛ طب کا طالب علم ۔

Medicable : (a) علاج پذیر ؛ قابل علاج ؛ لائق معالجہ ؛ جس میں طبی تدارک ممکن ہو ۔

Medical : (a) دیکھو Medic

Medical : (n) طب کا طالب علم ؛ مدرسہ طبی کا طالب علم ۔

Medical examination : (n) طبی معائنہ ؛ طبی جانچ ۔

Medical garden : (n) وہ باغ جس میں جڑی بوٹی اگائی جاتی ہے ۔

Medical jurisprudence : (n) طب شرعی ؛ طبی قانون ؛ وہ قانونی معلومات جو طبیب کے لئے لازمی ہیں ۔

Medical man : (n) طبیب (وسیع معنی میں) حکیم ؛ ڈاکٹر ؛ وید ؛ ماہر جراح ۔

Medically : (adv.) از روئے طب ۔

Medicament : (n) دوا ؛ مرہم ؛ ضماد ۔

Medicament : (v) دوا کھلانا ؛ ضماد لگانا ۔

Medicamentally : (adv.) طبی طور پر ۔

Medicamentary : (a) شفا بخش ۔

Medicamentous : (a) دواؤں کی طرح عمل کرنے والا ؛ دواؤں سے پیدا ہونے والا ۔

Medicant : (n) طبی جوہر ۔

Medicaster : (n) بے قاعدہ طبیب ؛ نیم حکیم ؛ اتائی طبیب ؛ اتائی ۔

Medicate : (v) (۱) علاج کرنا ؛ معالجہ کرنا ؛ دوا کرنا ۔ (۲) (کسی چیز میں) دوا ملانا ؛ دوا شامل کرنا ۔

Medication : (n) مداوا ؛ علاج ؛ معالجہ ؛ کسی چیز میں دوا کی آمیزش ؛ دوا ملانا ۔

Medicative : (a) علاجی ؛ علاج سے متعلق ؛ معالجہ سے متعلق ؛ دوا کی خاصیت رکھنے والا ۔

Medicean : (a) خاندان میڈیچی (یا میڈیسی) کا (رکن) ؛ (یہ پندرھویں صدی عیسوی میں فلارنس کا حکمراں خاندان تھا) ۔

Medicinable : (a) (۱) طبی ؛ دوا کے متعلق ؛ ادویاتی ۔ (۲) طبی حیثیت سے مفید ؛ نافع امراض ؛ دافع امراض ؛ صحت بخش ۔

Medicinal : (a) دیکھو Medicinable

Medicinal : (n) ادویاتی جوہر ۔

Medicinally : (adv.) طبی طور پر ؛ دوا سے ۔

Medicine : (n) (۱) علم طب ؛ طب (ضدجراحی وغیرہ) ؛ دواؤں سے علاج کرنے کا فن ۔ (۲) دوا (جو اندرونی علاج میں استعمال ہو) ؛ پینے یا کھانے کی دوا ۔ (۳) (وحشی اقوام میں) تعویذ ؛ گنڈا ؛ جادو ؛ ٹونا ؛ منتر ؛ پریت ؛ آسیب ۔ (٤) ساحر ؛ جادوگر ۔ (٥) (مجازاً) قوی اثر ۔

To take one 's medicine : ناگوار چیز کو قبول کرلینا ؛ گوارا کرلینا (کوئی نامطبوعی بات) ؛ پی جانا (کوئی غیر پسندیدہ چیز) ۔

Medicine : (v) دواؤں سے علاج کرنا ؛ دوا دینا ؛ دوا کے طور پر استعمال کرانا ؛ شفا بخشنا ۔

Medicine ball : (n) ورزش کرنے کی چرمی گیند ۔

Medicine man : (n) ساحر ؛ جادوگر ؛ طلسم گر ۔

Medicine seal : (n) قدیم رومی طبیبوں کی مہر (دواؤں کا نام چھاپنے کے لئے) ۔

Medicine stamp : (n) دیکھو Medicine-seal

Medicine tree : (n) سہجنا ؛ مونگا ۔

Mediciner : (n) طبیب ؛ ڈاکٹر ؛ حکیم ؛ معالج ۔

Medick : (n) (نباتیات)فصفصہ ؛ یونجہ ۔

Medico : (n) طبیب ؛ علم طب کا طالبعلم ۔

Medico - : (prefix) سابقہ بمعنی " طبی " ۔

Medico-botanical : (a) طبی نباتاتی ۔

Medico-galvanic : (a) طبی برقی ؛ طبی گالوینی ۔

Medicolegal : (a) طبی قانونی ۔

Medicommissure/Mediocommissure : (n) (تشریح) دماغ کا درمیانی جوڑ ۔

Mediety : (n) (قانون) نصف ؛ آدھا ؛ نیم ۔

Medieval : (a) دیکھو Mediaeval

Medine : (n) مصر کا ایك سکہ ۔

Medio- : (prefix) سابقہ بمعنی " متوسط " "وسطی" ۔

Medio - inferior : (a) نچلا درمیانی ۔

Medio - posterior : (a) پچھلا درمیانی ۔

Mediocre : (a) معمولی ؛ اوسط درجے کا ؛ بین بین ؛ نہ اچھا نہ برا ۔

Mediocrist : (n) اوسط صلاحیت کا آدمی ؛ معمولی قابلیت کا آدمی ۔

Mediocrity : (n) (۱) معمولی چیز ؛ اوسط درجے کی چیز ۔ (۲) معمولی قابلیت کا آدمی ۔

Medism : (n) (۱) میڈس (Medes) کی حمایت ۔ (۲) میڈس کی زبان کا لفظ یا محاورہ ۔

Meditate : (v) (۱) تجویز کرنا ؛ منصوبہ باندھنا ؛ نیت کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا ۔ (۲) دھیان کرنا ؛ مراقبہ کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ محو خیال ہونا ۔ (۳) مشاہدہ کرنا ۔

To meditate the muse : شاعری کرنا ۔

Meditatingly : (adv.) غور و فکر کرتے ہوئے ؛ مراقب ہو کر ۔

Meditation : (n) (۱) غور و فکر ؛ تامل ؛ تفکر ؛ مراقبہ ؛ دھیان ؛ (۲) فکر انگیز بحث ۔

Meditative : (a) (۱) جس میں غور و فکر کا مادہ ہو ؛ تفکر پسند ؛ دھیانی ؛ مراقبے میں رہنے والا ؛ غور و فکر کا ؛ مراقبے کا (۲) ممد فکر ۔

Meditatively : (adv.) غورو فکر کے انداز میں ؛ مراقبےکے انداز سے ۔

Meditativeness : (n) غور و فکر ؛ تامل ؛ تفکر ؛ محویت ؛ استغراق ؛ انہماك ؛ مراقبہ ؛ فکر مندی ؛ سوچ بچار ۔

Meditator/Meditater : (n) مراقبہ کرنے والا ؛ غور و فکرکرنے والا ۔

Mediterranean : (a) (۱) اندرونی (حصہ ملك) ؛ ساحل بحر سے دور ؛ وسطی ۔ (۲) زمین بند (پانی) ؛ اندورن ملك کی ؛ چاروں طرف خشکی سے گھری ہو ۔ (۳) بحیرہ' روم سے متعلق ۔

Mediterranean : (n) بحیرہ' روم ۔

Mediterranean fever : (n) مالٹی بخار ۔

Medium : (n) (۱) درمیانی درجہ ؛ درمیانی منزل ؛ درمیانی چیز ؛ اوسط ۔ (۲) واسطہ ؛ ذریعہ (حرارت یا روشنی کا ، اظہار خیال وغیرہ کا) ۔ (۳) (مجازاً) اسباب معیشت ؛ لوازم زندگی ۔ (٤) ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ وساطت ۔ (٥) محلل ؛ وہ سیال جس میں رنگ گھولے جائیں ۔ (٦) (روحانیت) معمول ؛ محدد اسرار ۔ (٧) (تھیٹر) وہ پردا جس کے ذریعے اسٹیج کی روشنی رنگین ہوجاتی ہے ۔ (٨) ایجنٹ ؛ ثالث ؛ مصالحت کرانے والا ۔ (٩) ذریعہ مبادلہ ۔ (۱۰) کاغذ کا ایك ناپ (۱۸ × ۲۳ انچ یا ۲/۱ ۱۷ × ۲۲ انچ) ۔ (۱۱) کاغذ ؛ کپڑا وغیرہ جس پر کیمیاوی تقطیر میں ٹھوس مادے جمع ہو جاتے ہیں ۔ (۱۲) ایك قسم کی وارنش جو منفی فوٹو پر درست کرنے کیلئے لگاتے ہیں ۔ (۱۳) ذریعہ' مواصلات ۔

Circulating medium : ذریعہ گردش زر ۔

Medium : (a) درمیانی ؛ اوسط درجے کا ؛ منجھولا ۔

Medium of circulation : (n) — نریعہ گردش زر ۔

Medium of exchange : (n) — نریعہ' مبادلہ ۔

Medium of waves: (n) — (ریڈیو) متوسط امواج (جس کا طول امواج ۱۰۰ سے ۸۰۰ میٹر ہو) ۔

Mediumism : (n) — معمول ہونا ؛ روحانی اسرار کا مورد ہونا ؛ معمولیت ۔

Mediumistic : (a) — معمول ہونے کے متعلق ؛ سبات معمول ۔

Medius : (n) — (موسیقی) دیکھو Mediant

Medize : (v) — میڈیا کے باشندوں کی (طرز زبان یا لباس کی) طرح ہونا ؛ میڈیائی کی حمایت کرنا ؛ میڈیائی بنانا ۔

Medjidic : (n) — (۱) (ترکی کے) سلطان عبد الحمید کا تمغہ ؛ مجیدی ۔ (۲) ترکی کا ایک نقرئی سکہ ۔

Medlar : (n) — (۱) سیب کا سا ایک پھل جسے سڑ نے کے بعد کھاتے ہیں ۔ (۲) وہ درخت جس میں یہ پھل آتا ہے ۔

Japan medlar : — (نباتیات) لوکاٹ ۔

Neapolitan or oriental medlar : — (نباتیات) زو عرور ۔

Medlar tree : (n) — زوعرور کا درخت ۔

Medley : (n) — (۱) مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ ؛ معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ گھال میل ۔ (۲) مختلف قسم کے لوگوں کا مجمع ؛ مخلوط مجمع ؛ پچ میل مجمع ۔ (۳) متفرق کے رسالوں کا مجموعہ ۔ (٤) دست بدست جنگ ۔ (٥) تمسخر آمیز موسیقی ۔ (٦) مختلف رنگوں والا اونی کپڑا ۔

Medley : (a) — گڈ مڈ ؛ مخلوط ؛ پچ میل ؛ رنگ برنگ کا ۔

Medley : (v) — گڈ مڈ کرنا ؛ خلط ملط کرنا ۔

Medley cloth : (n) — مختلف رنگوں والا اونی کپڑا ۔

Medoc : (n) — جنوب مغربی فرانس کے ضلع میڈوک کی سرخ شراب ؛ میڈوک شراب ۔

Medulla : (n) — (۱) مغز استخواں ؛ مغز عظم ؛ مغز ؛ گودا ۔ (۲) مخ ؛ حرام مغز ؛ نخاع ۔ (۳) بعض اعضا کے مثلاً گردوں کے مرکزی حصے ۔ (٤) پودوں کے اندرونی ملائم ریشے ؛ گودا ؛ بافت درونی ؛ لب ؛ گودا ۔ (٥) جانوروں کے پشم یا بالوں کا گودا ۔ (٦) حیوانات اولیہ کا درون مایہ ۔

Medulla oblongata : (n) — راس النخاع ؛ مغز کا سب سے پچھلا حصہ ۔

Medullary/Medullar/Medullous : (a) — مغز استخواں کا ؛ نخاعی ؛ مغزی ؛ لبی ۔

Medullary ray : (n) — لبی کرن ؛ گودا کرن ۔

Medullary sheath : (n) — مغزی غلاف ؛ لبی غلاف ؛ غلاف گودا ۔

Medullated : (a) — مغزدار ؛ گودادار ؛ مغزی غلاف دار ۔

Medusa : (n) — (۱) (یونانی اسط) میڈوسا (تین Gorgon میں س سے ایک) ۔ (۲) رخوہ ؛ نجم البحر ؛ فالودہ مچھلی ۔ (۳) مرجانیہ کے دو حوین میں سے ایک ۔

Medusal : (a) — میڈوسا سے متعلق یا اس کا ۔

Medusan/Medusian : (a) — دیکھو Medusal

Medusa 's head : (n) — (۱) (علم النجوم) راس الغول ۔ (۲) ایک قسم کا خار پوست ۔ (۳) ایک قسم کا سوسن نما ۔ (٤) پودوں کی ایک جنس ؛ فرفیون ۔ (٥) سحلب کی ایک قسم ۔ (٦) ایک قسم کا سماروغ ۔

Medusiform : (a) — میڈوساکی نوعیت یا شکل کا ؛ نجم السحر نما ۔

Medusoid : (a) — دیکھو Medusiform

Medusoid : (n) — مرجانیہ کا میڈوسا نما تولیدی چشمہ ۔

Meech : — چھپ رہنا ؛ دبک رہنا ؛ نظروں سے بچنا ۔

Meed : (n) (۱) انعام ؛ اجر ؛ جزا ؛ معاوضہ ۔ (۲) حق ؛ حصہ ؛ ما وجب (تعریف وغیرہ کا) ۔

Meek : (a) (۱) حلیم ؛ عاجز ؛ مسکین ؛ منکسر ۔ (۲) چپ چاپ ظلم سہنے والا ؛ بے زبان ۔ (۳) (جانور) پالتو ۔

As meek as a lamb/- maid/-as moses : میمنے وغیرہ سا منکسر ۔

Meekly : (adv.) حلم سے ؛ عاجزی سے ؛ چپ چاپ ؛ مسکینی سے ؛ تحمل سے ۔

Meer : (e) دیکھو Meer/Mayor

Meerkat : (n) (۱) ایک قسم کا بندر ۔ (۲) افریقی نیولا ۔

Meerschaum : (n) (۱) میر شام ؛ کف البحر ؛ میگ نیشیم کا ہائیڈرس سلیکیٹ جو سمندر میں پھین کی شکل کا ہوتا ہے ۔ (۲) میر شام کی بنی پائپ (تمباکو پینے کی) ۔

Meet : (n) (۱) جمگھٹ ؛ اجتماع شکاریوں اور کتوں کے شکار کےلئے ۔ (۲) سائیکل سواروں کا ایک جگہ جمع ہونا ۔

Meet : (a) (۱) موزوں ؛ مناسب ؛ زیبا ؛ سزاوار ؛ بجا ؛ درست ۔

To be meet with : برابر ہونا ۔

Meet : (v) (۱) دوچار ہونا ؛ ملنا ؛ ملاقات ہونا ۔ (۲) استقبال کرنا ؛ خیر مقدم ۔ (۳) ملنا ؛ تعارف ہونا ۔ (٤) (خطوط یا سڑکوں کا) ملنا ؛ اتصال ہونا ۔ (٥) مقابلہ کرنا ؛ لڑنا (کسی شخص یا برائی وغیرہ سے) ۔ (٦) اتفاقاً سامنا ہونا ؛ مڈ بھیڑ ہوجانا ۔ (۷) (کسی شخص کے) حسب دلخواہ کام کرنا ۔ (۸) پورا کرنا ۔ (۹) ادا کرنا (ہنڈی یا قرض کا روپیہ) ۔ (۱۰) ملنا ؛ چھونا ؛ متصل ہونا ۔ (۱۱) (صفات کا کسی شخص میں) جمع ہونا ۔ (۱۲) برتاؤ یا سلوک ہونا ۔ (۱۳) (کانفرنس ، پرستش وغیرہ کے لئے) جمع ہونا ۔ (۱٤) متفق ہونا ؛ راضی ہونا ۔ (۱٥) جنگ کے لئے جمع ہونا ۔

To be well met : اچانک کسی دوست سے ملاقات ہوجانا ۔

To meet a bill : (ہنڈی وغیرہ) اداکرنا ۔

To meet half-way : (۱) کسی کو دوستی پر آمادہ دیکھتے ہوئے خود بھی قدم بڑھانا ۔ (۲) مصالحت کرنا ۔

To meet the ear : کان میں پڑنا ؛ سنائی دینا ۔

To meet the eye : نظر آنا ؛ دکھائی دینا ۔

To meet the eye of : (کسی کو) دکھائی پڑنا(کوئی چیز)۔

To meet trouble half-way : مصیبتوں کے خیال سے پریشان ہونا ۔

To meet up with : مڈ بھیڑ ہوجانا ؛ اتفاقاً سامنا ہونا ۔

To meet with : سابقہ پڑنا ؛ دوچار ہونا ۔

Meeten : (v) موزوں بنانا ؛ سزاوار بنانا ؛ مناسب بنانا ۔

Meeter : (n) مجلس یا جلسے میں شرکت کرنے والا ۔

Meeth : (n) عسلی شراب ۔

Meeting : (n) (۱) ملنا ؛ میل ؛ ملاقات ؛ وصل ؛ اتصال ۔ (۲) مجلس ؛ سبھا ؛ جلسہ ؛ بزم ؛ انجمن ؛ جماعت (نمازکی) ۔ (۳) حاضرین مجلس ؛ مجمع ۔

Meeting engagement : (n) پیش قدمی کرتی ہوئی دو فوجوں کا تصادم (جبکہ جنگ کے لئے پوری طرح تیار نہ ہوں) ۔

Meeting - folks : (n) کلیسائے انگلستان سے علیحدگی اختیار کرنے والے فرقے کا رکن ؛ غیر مقلد ۔

Meeting house : (n) عبادت خانہ ؛ جائے عبادت (سوائے Quakers کے عبادت خانوں کے اور سب کے لئے (اظہار) حقارت کے موقع پر آتا ہے) ۔

Meeting of minds : (n) اتفاق ؛ ہم آہنگی ؛ موافقت ۔

Meeting place : (n) مقام جلسہ ؛ جلسے کی جگہ ؛ مقام انجمن ؛ جلسہ گاہ۔

Meetly : (adv.) درست طریقے سے ؛ بجا طور پر ؛ مناسب طور پر ؛ موزوں طریقے سے ۔

Meetness : (n) بجا ہونا ؛ درست ہونا ؛ موزونیت ؛ سزاواری۔

Meg : (n) (۱) شوخ یا شریر لڑکی ؛ هڑدنگی ۔ (۲) دیہاتی لڑکی۔

Meg : (n) نصف پینی ؛ ایک منٹ ۔

Meg : (n) (۱) مکبرالصوت ؛ ایک آلہ جو آواز کو دور تک پہنچاتا ہے ؛ آلہ بلند آواز ۔(۲) (مجازاً) دوسروں کی طرف سے بولنے والا ۔ (۳) باتیں کرنے کا بڑا آلہ۔

Mega / Meg : (prefix) سابقہ بمعنی " کلاں " "بزرگ" "بڑا " ۔

Megacephalic : (a) کلاں سر ؛ بڑے سر والا ۔

Megacosm : (n) دیکھو Macrocosm

Megacycle : (n) هزار کلو سائیکل ؛ هزار هزار چکر ۔

Megadeath : (n) دس لاکھ انسانوں کی موت (جنگ کے اثرات کی اکائی کے طور پر) ۔

Megadont : (a) بڑے دانتوں والا ۔

Megagamete : (n) کلاں گمٹہ ؛ مادہ گمٹہ ۔

Megalith : (n) سنگ کلاں ؛ بڑا پتھر (یادگار وغیرہ کا) ۔

Megalithic : (a) کلاں سنگی ؛ بڑے پتھروں کا بنایا ہوا ؛ جس میں بڑے بڑے پتھر ہوں ۔

Megalo / Megal : (prefix) سابقہ بمعنی " کلاں " " بڑا " ۔

Megaloblast : (n) کلاں نہوضمہ ؛ بڑا مرکزہ دار سرخ جسمیہ جو کم خونی میں پیدا ہوتا ہے ۔

Megalocyte : (n) کلاں خلیہ ؛ کلاں خلیہ احمر ۔

Megalomania : (n) بڑائی کا خبط ؛ بڑے لوگوں کا خبط ؛ خبط عظمت ۔

Megalomaniac : (a) خبط عظمت کے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Megalomaniac : (n) وہ شخص جسے بڑائی یا بڑےکاموں کا خبط ہو ۔

Megalomaniacal : (a) خبط عظمت سے متعلق ۔

Megalophonous : (a) بلند آہنگ ۔

Megalopolis : (n) عظیم شہر یا وہاں کا طرز زندگی ۔

Megalopolis : (a & n) عظیم شہر میں رہنے والا ۔

Megalops / Megalopa : (n) (حیوانیات) کیکڑے کا پہل روپ جس کی آنکھیں بہت بڑی ہوتی ہیں ۔

Megalosaur : (n) عظیم سو سمار ؛ ایک قسم کی بڑی چھپکلی جو اب معدوم ہے ۔

Megalosaurian : (a) عظیم سو سمار سے متعلق ۔

Megalosaurian : (n) عظیم سو سمار ۔

Meganucleus : (n) نوات اکبر ۔

Megaphone : (n) دیکھو Meg

Megapod /-e : (n) کلاں پا ؛ ایک قسم کا پرندہ جو ٹیلہ بناتا ہے ؛ ٹیلہ ساز ۔

Megapodan : (a) کلاں پا سے متعلق ۔

Megapodan : (n) کلاں پایاں ؛ ٹیلا سازان ۔

Megarian / Megarean : (a) Megara کے فلسفی اقلیدس کے مسلک فلسفہ سے متعلق ۔

Megarian / Megarean : (n) اقلیدس کا مسلک (فلسفہ) ۔

Megaric : (a) اقلیدسی ؛ اقلیدس کے مسلک سے متعلق۔

Megaric : (n) اقلیدسی مسلک کا پیرو۔

Megascope : (n) کلاں نما ؛ کلاں عکس انداز ؛ ایک قسم کا سیر بین۔

Megascopic : (a) مرئی بچشم ؛ ایسی اشیاء جو خورد بین وغیرہ کی مدد کے بغیر نظر آسکتی ہیں۔

Megaseme : (a) بڑے قحفی اشاریوں والا۔

Megaseme : (n) بڑے قحفی اشاریوں والی کھو پڑی۔

Megasporange / Megasporangium : (n) تخمک دان جس میں کلاں بذرہ ہو۔

Megaspore : (n) دیکھو Macrospore

Megass / Megasse : (n) گنے کا کھو جڑ (جورس نکالنے کے بعد رہ جاتی ہے)۔

Megatherial : (a) Sloth کی قسم کے سبزی خور جانور جیسا جو اب معدوم ہے ؛ عظیم الجثہ ؛ بہت بڑا ؛ مہیب۔

Megatherian : (a) سلاتھ (sloth) کی قسم کے سبزی خور جانور سے متعلق۔

Megatherian : (n) سلاتھ (sloth) کی قسم کا معدوم سبزی خور جانور یا اس سے مشابہ جانور۔

Megatherioid : (a) سلاتھ (sloth) کی قسم کا معدوم سبزی خور جانور سے مشابہ۔

Megatherioid : (n) (sloth) سے مشابہ جانور۔

Megatherium : (n) Sloth کی قسم کا سبزی خور جانور جو اب معدوم ہے۔

Megaton : (n) انفجاری قوت کی اکائی جو دس لاکھ T. N. T. کے برابر ہوتی ہے۔

Megilp : (n) (تصویر کے) روغنی رنگوں کا محلل (السی اور تارپین کے تیل کا مرکب)۔

Megilp : (v) روغنی رنگوں کے محلل سے رنگنا یا اس طرح کا بنانا۔

Megohm : (n) دس لاکھ اوم۔

Megrim : (n) (۱) شقیقہ ؛ آدھا سیسی ؛ شقیقہ کا درد۔ (۲) من کی موج ؛ لہر ؛ ترنگ۔ (۳) (جمع) جی ٹوٹنا ؛ جی بیٹھنا ؛ افسردگی ؛ تبخیر۔ (٤) (جمع) گھوڑوں کی دوران سر کی بیماری ؛ گھمیر کی بیماری ؛ دوار۔

Megrim / Megrin : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Meibomian : (a) (تشریح) انسانی آنکھ کے بعض کے غدّہ شحمی کی صفت کے طور پر آتا ہے۔

Meiocene : (a) (ارضیات) (تیسرے ارضیاتی دور کے) طبقهٔ اوسط کا ؛ عصر مایوسینی کا۔

Meiosis : (n) (۱) دیکھو Litotes - (۲) تخفیفی انقسام۔

Meiostemonous / Miostemonous (a) کم ترہ ؛ کم زرہ۔

Meistersinger : (n) چودھویں سے سولہویں صدی عیسوی تك کے جرمن غنائی شاعروں کی علاحدہ علاحدہ جماعتیں۔

Meith : (n) (۱) سرحد کا نشان ؛ حد نما ؛ بحری نشان منارہ ؛ سرحد ؛ سِوانا۔ (۲) (اسکاچستان) پیمانا ؛ پیمائش۔

Meith : (v) حدود قائم کرنا ؛ خاکہ کھینچنا۔

Mekhitarist / Mechatarist : (n) رومن کیتھو لك کلیسا کے ارمنی راہبوں کی جماعت جو ۱۷۰۱ء میں Constantinople میں Mekhiter نے قائم کی تھی۔

Mekometer : (n) گولی کی سمت ناپنے کا آلہ ؛ زنبیما ؛ حد پیما۔

Melaconite : (n) (معدنیات) تانبے کا مٹیالا سیاہ آکسائیڈ۔

Melada : (n) خام شکر (جس میں شیرہ بھی ملا رہتا ہے)۔

Melaena : (n) برازالدم ؛ خونی پاخانہ۔

Melam : (n) (کیمیا) پیلے رنگ کا ایک حل نا پذیر بے شکل مادہ۔

Melamine / Melamin : (n) (۱) ایک بلوری مادہ جو Melam کو Potassicehydrate کے ساتھ گرم کرنے سے ملتا ہے۔ (۲) Melamine سے بنائی ہوئی رال۔

Melamine resin : (n) دیکھو Melamine

Melanaemia : (n) (مرضیات) سواد الدم ؛ ایک مرض جس میں تیز بخار آتا ہے اور خون میں سیاہ یا بھورے رنگ کے دانے ہوجاتے ہیں۔

Melanaemic : (a) سواد الدم سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Melancholia : (n) مالیخولیا ؛ خفقاں ؛ وحشت ؛ سودا۔

Melancholiac : (a) سودائی۔

Melancholiac : (n) مریض مالیخولیا۔

Melancholic : (a) (۱) سودائی ؛ خفقانی ؛ مالیخولیائی۔ (۲) اداس ؛ ملول ؛ دلگیر ؛ حسرت ناک ؛ غم ناک۔

Melancholic : (n) مریض مالیخولیا۔

Melancholily : (adv.) سودائی طور پر ؛ خفقانی انداز سے ؛ مجنونانہ طور پر۔

Melancholy : (n) (۱) اداسی ؛ غمگینی ؛ حزن ؛ افسردگی ؛ دلگیری۔ (۲) افسردہ مزاجی ؛ افسردہ دلی ؛ محزوں طبعی۔

Melancholy : (a) (۱) افسردہ ؛ پژمردہ ؛ دلگیر؛ ملول ؛ اداس ؛ محزوں ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ غمناک ؛ حسرت ناک۔ (۲) افسردہ کن ؛ وحشت انگیز ؛ غم خیز۔

Melanchthonian : (a) Melanchthon یا اس کے عقیدے سے متعلق۔

Melanchthonian : (n) Melanchthon کا پیرو۔

Melanesian : (a) میلنشیا (Melanesia) یا اس کے باشندے یا زبان سے متعلق۔

Melanesian : (n) Melanesia کا باشندہ یا وهاں کی زبان۔

Melange : (n) (۱) ملغوبہ ؛ معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ کھال میل۔ (۲) ایک قسم کا سوتی اونی کپڑا۔ (۳) پچرنگا اونی دھاگا۔

Melange : (v) مختلف قسم کے اونوں کو ملانا۔

Melanian : (a) (۱) سیاہ بال اور جلد والا ۔(۲) (مرضیات) سیاہ جلدی۔

Melanic : (a) دیکھو Melanian

Melanin : (n) جلدی سیاھی ؛ میلانین۔

Melanism : (n) جلد یا بالوں کی گہری سیاھی ؛ برص اسود۔

Melanistic : (a) برص اسود میں مبتلا۔

Melano - : (prefix) سابقہ بمعنی " سیاہ "۔

Melano chroid / Melanochroid / Melanochrous : (a) سیاہ مو زرد رو انسان سے متعلق۔

Melanoblast : (n) سیاہ نبوض۔

Melanochroi : (n) انسانوں کی وہ نسل جس کے بال چکنے اور سیاہ اور چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے ؛ سیاہ مو زرد رو انسان۔

Melanocomous : (a) سیاہ مو ؛ کالے بالوں والا۔

Melanoderma / Melanodermia : (n) سیاہ بہق ؛ سیاہ چھیپ۔

Melanoi : (n) سیاہ بال اور جلد والے انسان۔

Melanoid : (a) (مرضیات) جس میں سیاہ ہو (رنگ)۔

Melanoma : (n) سیاہ سلعہ۔

Melanose : (a) سیاہ سلعہ کے رنگ کا ۔

Melanosis : (n) (۱) (مرضیات) سیاہ سرطان ۔ (۲) رگ و ریشے میں سیاہ رنگ کا غلبہ ۔

Melanotic : (a) (۱) (مرضیات) سیاہ سرطان کی صفت رکھنے والا ۔ (۲) (حیوانیات) دیکھوMelanistic ۔

Melanotype : (n) Ferrotype کی ایک قسم ۔

Melanous : (a) (تشریح) سیاہ فام ۔

Melanuria : (n) (مرضیات) بول سیاہ ؛ ایک مرض جس میں پیشاب کا رنگ سیاہ یا گہرا نیلا ہو جاتاہے ۔

Melanuric : (a) بول سیاہ سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Melanuric acid : (n) ایک قسم کا سفید سفوف جو بولینا (یوریا) کو گرم کرنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Melaphyre : (n) سنگ سیاہ ؛ حجراسود ۔

Melasma : (n) (مرضیات) سیاہ دھبے ؛ جلد میں سیاہ رنگ کی زیادتی ۔

Melasmic : (a) سیاہ دھبے سے متعلق ۔

Melchite : (n) (۱) شام اور مصر کے مشرقی عیسائی جو Ephesus اور Chalcedon کی مجلس شوریٰ کے عقیدوں کی پیروی کرتے تھے ۔ (۲) مصر ، شام یا فلسطین کے یونانی جو بزنطینی رسوم کی پابندی کرتے ہیں ۔

Meld : (v) (تاش کے کھیل Pinocle میں) بعض پتوں کو دکھا کر جیتنا ۔

Meld : (n) (Pinocle میں) وہ پتے جو دکھائے جائیں ۔

Meld : (v) (ایک چیز کا دوسری میں) ضم ہوجانا ؛ مل جانا ؛ جذب ہوجانا ؛ ضم کردینا ؛ ملا دینا ۔

Melder : (n) آٹا وغیرہ جو ایک دفعہ میں پیسا جائے ؛ آٹا جو فورا پیسا گیا ہو ؛ اناج پیسنا ۔

Melee : (n) (۱) گھمسان کی لڑائی ؛ دست بدست لڑائی ۔ (۲) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی ۔ (۳) (مجازاً) پرزور یا پر جوش بحث ؛ گرما گرم بحث ؛ معرکے کا مباحثہ ۔ (٤) مرکب ؛ گڈمڈ ؛ گھال میل ۔

Melena / Melaena : (n) خونی پاخانہ ؛ براز الدم ۔

Melene : (n) ایک قسم کا Olefine جو موم کی تقطیر میں حاصل ہوتا ہے ۔

Melic : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Melic : (a) غنائی (نظم) ۔

Melic : (n) غنائی نظم ۔

Meliceris : (n) (۱) (مرضیات) ایک قسم کا سلعہ جس میں شہد جیسا مواد ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا مرض جس میں شہد جیسا رشحہ رستا رہتا ہے ۔

Melicerous / Meliceric : (a) ایسے سلعہ سے متعلق جس سے شہد جیسا مادہ نکلتا رہتا ہے ۔

Melilite / Mellilite : (n) (۱) شہد سنگ : کیلسیم ، الو مینیم اور دوسرے اساسوں کا سلیکیٹ ۔

Melilot : (n) ایک قسم کا پودا جس کے خشک پھولوں سے پولٹس وغیرہ بناتے تھے ؛ ناخنک ؛ سینجی ۔

Melinite : (n) ایک آتش گیر مادہ جو فرانس میں ایجاد ہوا تھا ۔

Meliorate : (v) بہتر کرنا ؛ ترقی دینا ؛ سدھارنا ؛ سنوارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ ترمیم کرنا ۔

Melioration : (n) سدھار : اصلاح ، ترقی ؛ بہتری ۔

Meliorative : (a) اصلاحی ؛ ترمیمی ؛ بہتر کرنے والا یا بہتر بنانےوالا ۔

Meliorator /-er : (n) بہتر کرنے یا بنا نے والا ؛ ترقی دینے والا ؛

سدھارنے والا ؛ ترمیم کرنے والا ۔

Meliorism : (n) عقیدہ' اصلاح و ترقی ؛ یہ عقیدہ کہ دنیا سعی انسانی کے ذریعے سے بہتر ہو سکتی ہے ؛ اصلاحیت ۔

Meliorist : (n) اصلاحی ؛ اصلاح کا قائل ؛ وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ دنیا سعی انسانی کے ذریعے بہتر ہوسکتی ہے ۔

Melioristic : (a) عقیدہ' اصلاح و ترقی سے متعلق ۔

Meliority : (n) بہتری ؛ درستی ؛ اصلاحیت ۔

Meliphagous : (a) (طیوریات) شہد خور ۔

Melis : (n) ایک قسم کی زرد چینی ۔

Melisma : (n) نغمہ ؛ گانا ؛ گیت ۔

Melitose : (n) (کیمیا) ایک قسم کی شکر جو یو کلپٹس سےبنتی ہے ۔

Melituria : (n) ذیابیطس شکری ۔

Mell : (n) ہتھوڑا ؛ موگری ؛ گھن ؛ دھرمٹ ۔

Mell : (v) (۱) ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ مخلوط کرنا ۔ (۲) ملنا ؛ رسم و راہ رکھنا ؛ کاروبار رکھنا ۔ (۳) لڑائی میں شریک ہوجانا ۔ (٤) مشغول رہنا ؛ مداخلت کرنا ۔

Mell : (v) ہتھوڑے سے پیٹنا ۔

Mellay : (n) دست بدست لڑائی ۔

Melliferous : (a) عسل دار ؛ پر عسل ؛ شہد دار ؛ شہد پیدا کرنے والا ؛ جس سے شہد حاصل ہو ۔

Mellifluence : (n) خوش کلامی ؛ شیرینی ؛ حلاوت ؛ عذوبت ؛ مٹھاس ۔

Mellifluent : (a) شہد کے مانند شیریں ؛ میٹھی ؛ حلاوت آمیز (آواز ، تقریر وغیرہ) ۔

Mellifluous : (a) دیکھو Mellifluent

Mellifluously : (adv.) مٹھاس کے ساتھ ؛ حلاوت آمیزی سے ۔

Mellifluousness : (n) حلاوت آمیزی ؛خوش کلامی ؛ شیرینی ۔

Mellisonant : (a) شیریں ؛ خوش آواز ؛ سریلا ۔

Mellitate : (a) شہد سنگ کے ترشے کا نمک ۔

Mellite : (n) شہد سنگ ؛ الومینیم کا خام سلیٹیٹ ۔

Mellitic acid : (n) شہد سنگ کا تیزاب ۔

Mellivorous : (a) شہد خور ۔

Mellone / Mel (l) on : (n) (کیمیا) نائٹرو جن اور کاربن کا مرکب ۔

Mellonide : (n) کسی دھات کے ساتھ Mellone کا مرکب ۔

Mellow : (a) (۱) میٹھا اور رسیلا ؛ میٹھا اور کھلا ہوا (پھل) ۔ (۲) (شراب) رسیدہ ؛ ٹھیک چاشنی کی (شراب) ؛ پکی (شراب) ۔ (۳) زرخیز چکنی مٹی والی (زمین) ۔ (٤) ٹھنڈی اور نرم (طبیعت) ۔ (٥) مدھم ؛ دھیما ۔ (٦) خوش مزاج ۔ (۷) جسے ہلکا سا نشہ یا سرور ہو ؛ سر خوش ۔

Mellow : (v) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ نرم ہونا ؛ ملائم ہونا ؛ مدھم یا دھیما کرنا ؛ مدھم یا دھیما ہونا ۔

Mellowly : (adv.) رسیلا پن ؛ پختگی اور نرمی پیدا کرنے کے طور پر ۔

Mellowness : (n) پختگی ؛ رسیدگی ؛ دھیماپن ؛ نرمی ملائمت ۔

Melodeon / Melodian : (n) ایک ساز کانام ؛ امریکی آرگن کی ابتدائی شکل ۔

Melodic / Melodial : (a) نغمہ' شیریں یا سریلے گیت سے متعلق ۔

Melodically / Melodially : (adv.) نغمہ' شیریں کے طور پر ۔

Melodics : (n) موسیقی کا وہ شعبہ جو سریلے گیت سے متعلق ہوتا ھے ۔

Melodious : (a) پر نغمہ ؛ خوش آہنگ ؛ سریلا ۔

Melodiously : (adv.) سریلے پن سے ؛ خوش آہنگی سے ۔

Melodiousness : (n) شیرینی ؛ خوش آہنگی ؛ سریلاپن ۔

Melodist : (n) (۱) گانے والا ؛ گویا ؛ مغنّی ۔ (۲) گیت بنانے والا ؛ سریلے نغمے ترتیب دینے والا ۔

Melodium : (n) دیکھو Melodeon

Melodize : (v) گیت بنانا ؛ سریلے نغمے ترتیب دینا ؛ سریلا کرنا ؛ (مزاحاً) بجانا (ساز وغیرہ) ۔

Melodrama : (n) (۱)جذبات پر ستانہ ڈراما جس میں واقعات شورش انگیز اور انجام خوش گوار ہو ؛ میلو ڈراما ؛ جذبات انگیز ڈراما ؛ سروریہ ۔ (۲) وہ فعل یا گفتگو جسمیں اثر پیدا کرنے کے لئے جذبات کی نمائش کی جائے (۳) (قدیم) وہ ناٹک جس میں جابجا گیت ہوں ۔

Melodramatic : (a) میلو ڈراما کا ؛ جذبات فروشانہ ۔

Melodramatically : (adv.) جذبات فروشانہ انداز سے ۔

Melodramatist : (n) میلو ڈراما لکھنے والا ۔

Melodramatize : (v) میلو ڈراما بنا دینا ؛ جذبات فروشانہ بنا دینا ۔

Melody : (n) (۱) نغمہٴ شریں ؛ سریلا گیت ؛ خوش الحانی ۔ (۲) الفاظ کی ترتیب موسیقی کے انداز سے ؛ روانی ۔ (۳) سروں کی ترتیب موسیقی کے لحاظ سے ۔ (٤) لے ؛ آہنگ ؛ نغمہ ۔ (٥) (نقاشی میں) رنگوں کی ہم آہنگی ۔

To make melody : نغمہ بنانا ؛ سریلا گیت بنانا ۔

Melologue : (n) وہ گیت جس کا کچھ حصہ گاکر پڑھا جاتا ھے اور بعض حصہ تحت اللفظ پڑھا جاتا ھے ۔

Melon : (n) (۱) تربوز ؛ خربوزہ ؛ سردا ۔ (۲) ایک قسم کا صدف ۔ (۳) بعض فیل ماہیہ کے سر کی چربی ۔ (٤) (امریکی عام) فاضل منافع جو بہت سے لوگوں میں تقسیم کردیا جاتا ھے ۔ (٥) توند ؛ باھر کو نکلا ہوا پیٹ (دوراں حمل یا چربی کی وجہ سے) ۔

Musk melon : خربوزہ ؛ سردا ۔

Water melon : تربوز ؛ ہندوانہ ۔

Melon beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو خربوزہ وغیرہ کو نقصان پہنچاتا ھے ۔

Melon cactus : (n) ایک قسم کی ناگ پھنی جسکی شاخ میں خربوزہ کی سی دھاریاں بنی ہوتی ہیں ۔

Melon - pumpkin : (n) پیٹھا ۔

Melon thistle : (n) دیکھو Melon cactus

Melophone : (n) ایک قسم کا ساز ؛ اکارڈین ۔

Melophonist : (n) دیکھو Melodist

Meloplastic : (a) گال کی پیوندی جراحی سے متعلق ۔

Meloplasty : (n) گال کی پیوندی جراحی ۔

Melopoeia : (n) نغمہ بنانا ؛ سریلا گیت بنانا ؛ نغمہٴ شیریں بنانے کا فن یا نظریہ ۔

Melt : (n) پگھلی ہوئی دھات ؛ کسی چیز کی وہ مقدار جو ایک بار میں پگھل جائے ۔

Melt : (v) (۱) پگھلانا ؛ گلانا ۔ (۲) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ گداز کرنا ؛ متاثرکرنا ۔ (۳) پگھلنا ؛ گلنا ۔ (٤) نرم ہونا ؛ ملائم ہونا ؛ متاثر ہونا ؛ پسیجنا ؛ رو پڑنا ؛ رونے لگنا ۔ (٥) (بادل کا) برس پڑنا ۔ (٦) کھل جانا ؛ اُڑجانا ؛ رفتہ رفتہ غائب ہوجانا ؛ فنا ہوجانا ؛ جذب ہوجانا ۔ (۷) (آوازکا) نرم اور رواں ہونا ؛ دریا کی طرح بہنا ۔ (۸) (مزاحاً) بہت زیادہ پسینہ آنا ۔

(۹) گھٹنا ؛ کم ہوجانا ؛ پگھلنا ۔ (۱۰) غیر محسوس طور پر شکل بدلنا (کسی شے کا) ۔ (۱۱) (عام) خرچ کرنا ؛ بہنانا : (چلن وغیرہ) ۔ (۱۲) ملانا ؛ آمیزش کرنا ۔ (۱۳) متاثرکرنا ۔

Go into the melting-pot : (مجازاً) کایا پلٹ ہوجانا ۔

Melt into tears : روپڑنا ؛ آبدیدہ ہونا ۔

To melt away : پگھل جانا ؛ گُھل جانا ؛ اُڑجانا ؛ ضائع ہوجانا ؛ غائب ہوجانا ؛ فنا ہوجانا ۔

To melt down : دھات کے برتنوں ، سکوں وغیرہ کو پگھلانا ۔

To melt in the mouth : (کھانے کی چیزوں کا) نرم اور ملائم ہونا یا منہ میں گھل جانا ۔

Melting : (n) (۱) ذوب ؛ پگھلاؤ ؛ گلائی ۔ (۲) (جمع) وہ چیز جسے پگھلایا جائے ؛ پگھلاؤ سے پیدا ہونے والی چیز ۔

Melting : (a) پگھلنے والا ؛ رقیق القلب ؛ سیال اور ملائم ؛ منہ میں گھل جانے والی (خصوصاً بعض قسم کی ناشپاتیاں) ۔

Melting heat : (n) وہ حرارت جو کسی چیز کو پگھلانے کے لئے درکار ہو ۔

Melting mood : (n) رقت کی کیفیت ۔

Melting-point : (n) نقطہ' اماعت ؛ پگھلاؤ کا درجہ ۔

Melting-pot : (n) گدازندہ ؛ وہ ظرف جس میں رکھ کر دھاتوں وغیرہ کو پگھلاتے ہیں ۔

Meltingly : (adv.) پگھلانے کے طور پر ؛ رقیق القلبی سے ۔

Meltingness : (n) نرمی ؛ ملائمت ۔

Melton : (n) (۱) ایک قسم کا کپڑا ۔ (۲) ایسٹر شائر کے ایک قصبے کا نام ۔

Meltonian : (a) Melton Mowbray سے متعلق ۔

Meltonian : (n) Melton Mowbray میں شکار کرنے والا ؛ ماہر شکاری ۔

Mem : (n) یاد داشت ؛ Memorandom کا مخفف ۔

Mem : (n) دیکھو Ma ' am

Member : (n) (۱) جسم کا حصہ ؛ عضو ' ہاتھ یا پیر ۔ (۲) جزو ؛ حصہ ۔ (۳) رکن ؛ ممبر ؛ نمائندہ ۔ (٤) فقرہ ؛ جملے کا ٹکڑا ۔ (٥) سیاسی جماعت کا حصہ ؛ شعبہ ؛ شاخ ۔ (٦) اعداد کا مجموعہ (حسابی یا الجبری مساوات میں ہر دو جانب کے اعداد یا علامت ، ممبر کہلاتے ہیں) جز ؛ اجزا ۔ (۷) (حیاتیات) عضو ؛ اعضا ۔ (۸) (مجازاً) عیسائی ؛ مسیحی ۔ (۹) (تعمیرات) حویلی کا کوئی حصہ ؛ کسی پیچیدہ عمارت کا کوئی حصہ ۔ (۱۰) (عام) شخص ؛ آدمی ۔ (۱۱) کسی جاگیر ، ضلع وغیرہ کا حصہ ۔ (۱۲) کسی سلسلے کی مد ۔

Privy member : خفیہ یا پوشیدہ حصہ یا عضو ۔

The unruly member : زبان ؛ جیبھ ؛ عضو سرکش ۔

Member of christ : (n) (مجازاً) عیسائی ؛ مسیحی ۔

Membered : (a) (۱) ذی ارکان ؛ منقسم بہ ارکان ۔ (۲) (نقابت) مختلف رنگ کے پیروں والی (چڑیا) ۔

Memberless : (a) بے رکن (جماعت یا مجلس) ۔

Membership : (n) (۱) رکنیت ؛ ممبری ۔ (۲) ارکان کی مجموعی تعداد ۔ (۳) ارکان ؛ ممبر ۔

Membranaceous : (a) غشائی ؛ جھلی دار ؛ جھلی سا ۔

Membrane : (n) (۱) جھلی ؛ پردہ ؛ غشا ۔ (۲) وہ جھلی جو بعض بیماریوں میں پیدا ہو جاتی ہے ۔

Membrane-bone : (n) عظم غشائی ؛ جلدی ہڈی ۔

Membraneous / Membranous : (a) (۱) غشائی ؛ جھلی دار ؛ جھلی سا ۔ (۲) (مرضیات) جھلی پیدا کرنے والے امراض سے متعلق ۔

Membraniform : (a) جھلی سا ؛ غشانما ۔

Membrano - : (prefix) جزو ترکیبی بمعنی " غشائی "۔

Membranula / Membranule : (n) غشاچہ ؛ چھوٹی جھلی ۔

Membrum (virile) : (n) آلہ' تناسل ؛ عضو تناسل ؛ قضیب ؛ کیر ۔

Memento : (n) (۱) یادگار ؛ یاد داشت ؛ نشانی ؛ علامت ۔ (۲) (مزاحاً) محویت ؛ خیالات میں غرق ہونا ۔

Memento mori : (n) (لفظی معنی، یاد رکھو کہ ایك دن مرنا ہے) موت کو یاد دلانے والی یا عبرت دلانے والی شے مثلاً مردے کی کھوپڑی ؛ علامت موت ۔

Memnonian : (a) نیم دیوتا Memnon سے متعلق ۔

Memo : (n) (۱) یاد داشت ؛ روداد ؛ روزنامچہ ۔ (۲) (قانون) دستاویز ؛ (کسی کاروائی کے) اسباب کا خلاصہ لکھنا ۔ (۳) غیر رسمی خط (جو ایسے کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھا جاتا ہے جن پر Memorandum لکھا رہتا ہے اور لکھنے والے کا نام اور پتا درج ہوتا ہے ۔

Memo : (v) (۱) یاد داشت لکھنا ۔ (۲) غیر رسمی خط لکھ کر بلانا ۔

Memoir : (n) (۱) یاد داشت ۔ (۲) تذکرہ ؛ توزك ؛ (تزك) سوانح ؛ سرگذشت ۔ (۳) سوانح عمری ؛ سیرت ؛ خود نوشت ؛ آپ بیتی ۔ (٤) فاضلانہ مقالہ ؛ محققانہ رسالہ ؛ مقالہ' علمی ۔

Memoirism : (n) تذکرہ نویسی ؛ سرگذشت لکھنے کی رسم ۔

Memoirist : (n) تزك نویس ؛ تذکرہ نویس ؛ سوانح لکھنے والا ۔

Memorabilia : (n) قابل یادگار اشیاء ؛ قابل یاد داشت چیزیں ۔

Memorability : (n) یاد گار ہونا ؛ یاد ؛ یادگار ۔

Memorable : (a) (۱) یادگار ؛ یاد رکھنے کے قابل ۔ (۲) جسے آسانی سے یاد رکھا جائے یا کیا جائے ۔ (۳) (جمع) قابل یادگار اشیاء ۔

Memorableness : (n) دیکھو Memorability

Memorably : (adv.) یادگار کے طور پر ۔

Memorandum : (n) دیکھو Memo

Memorandum : (v) یاد داشت لکھنا ؛ روداد لکھنا ۔

Memorandum cheque : (n) قرض داری کی رسید کے طور پر دیا ہوا چیك جسے صرف اسی دن پیش کیا جاسکتا ہے جس پر دین دار اور دائن متفق ہوں ۔

Memorandum of association : (n) مشترك سرمایہ کمپنی کی رجسٹری کے لئے دستاویز جس پر کمپنی کا نام ، مقصد اور سرمایہ وغیرہ درج رہتا ہے ۔

Memoria technica : (n) حافظے کا لٹکا ؛ وہ چیز یا طریقہ جس سے حافظے کو مدد پہنچے ۔

Memorial : (a) (۱) یادگار کا کام دینے والا ؛ یادگار کا ۔ (۲) یاد کا ؛ یاد کے متعلق ۔

Memorial : (n) (۱) یادگار ؛ رسم یادگار ۔ (۲) یاد داشت ؛ عرض داشت ؛ محضر ؛ میموریل ؛ معروضہ ۔ (۳) (جمع) روداد ؛ وقائع ؛ سوانح ۔ (٤) بے ضابطہ تحریر یا نوٹ (سیاسی معاملات میں مثلاً عہدنامہ وغیرہ تیار کرتے وقت جب ایك مدبردوسرے مدبر کے پاس اپنی تحریر یا نوٹ بھیجتاہے) ۔

Memorial : (v) (۱) عرضداشت تیار کرنا ۔ (۲) (قانون) دستاویز میں اندراج کرنا ۔

Memorial day : (n) (امریکا) یوم شہداء (جو ۱۸٦۱-٦۵ کی خانہ جنگی میں شہید ہوئے تھے) ۔

Mcmorial park : (n) قبرستان ؛ گورستان ۔

Memorialist : (n) عرض گزار ؛ عرض پرداز ؛ محضر پیش کرنے والا ؛ عرض داشت لکھنےوالا ؛ تذکرہ نویس ؛ سائل ؛ معروضہ نویس ۔

Memorialize : (v) (۱) یادگار منانا ۔ (۲) یاد داشت پیش کرنا ؛ عرض داشت یا محضر پیش کرنا ؛ میموریل پیش کرنا ۔

Memoriter : (adv . & a) زبانی ؛ ازبر ۔

Memorize : (v) (۱) یاد کرنا ؛ ازبر کرنا ؛ حفظ کرنا ۔ (۲) یاد داشت رکھنا ؛ ضبط تحریر میں لانا ؛ قلم بند کرنا (یاد رکھنے کے لئے) ۔

Mcmory : (n) (۱) حافظہ ؛ یاد داشت ؛ قوت حافظہ ۔ (۲) یاد ۔ (۳) شہرت مابعد ؛ نام ؛ وہ رائے جو کسی شخص کے مرنے کے بعد اس کی نسبت ہو ۔

Art of memory/ Artificial memory : تقویت حافظہ کا اصول یا فن ۔

Beyond the memory : یاد سے پہلے ۔

From memory : یاد داشت سے ۔

In memory of/ To the memory of : بہ یادگار فلاں ؛ فلاں شخص کی یاد میں ۔

Of blessed, happy, famous memory : خلد مکاں ؛ مرحوم ؛ مغفور ۔

Of sound, sane memory : اچھی یاد داشت کا ۔

Time of (legal) memory : (قانون) یاد کی مدت ۔

To come to (a person 's) memory : یاد آنا ۔

To commit to memory : یاد کرنا ؛ ازبر کرنا ۔

To draw or take into or to memory : یاد کرنا ؛ حافظے میں آجانا ۔

To have, bear, keep in memory : یاد رکھنا ۔

Within the memory (of man) : (آدمی کے) زمانے سے پہلے کی بات ہے ۔

Memoried : (a) (خاص قسم کی) یاد داشت یا یاد والا ؛ یادوں سے پر یا بھرا ہوا ۔

Memphian : (a) قدیم مصر کے شہر ممفس (Memphis) سے متعلق ؛ مصری ۔

Memphian : (n) ممفس کا باشندہ ؛ مصری ۔

Memphitic : (a) ممفس سے متعلق ۔

Menace : (n) دھمکی ؛ ڈراوا ؛ تخویف ؛ تہدید ۔

Menace : (v) ڈرانا ؛ دہشت دکھانا ؛ دھمکانا ؛ دھمکی دینا ۔

Menacetul : (a) دھمکی آمیز ؛ تخویف آمیز ؛ تہدید آمیز ۔

Menacement : (n) دھمکی ؛ تخویف ؛ تہدید ۔

Menacer : (n) دھمکانے والا ۔

Menacingly : (adv.) دھمکی کے طور پر ؛ دھمکاتے ہوئے ۔

Menad : دیکھو Maenad

Menage : (n) (۱) امور خانہ داری ؛ انتظام خانہ داری ۔ (۲) گھر بار ؛ گھر ۔

Menage : دیکھو Manage

Menagerie : (n) جانور خانہ ؛ جانوروں کا مجموعہ پنجروں وغیرہ میں ؛ چڑیا گھر ۔

Menald : (a) (حیوانیات) چتی دار ؛ چتلا ؛ گلدار؛ چت کبرا سرخی مائل بھورے رنگ کا (ھرن) ۔

Menald : (n) چت کبرا سرخی مائل بھورے رنگ کا ھرن ۔

Mend : (n) رفو ؛ مرمت کرنا ؛ مرمت ؛ مرمت کیا ھوا سوراخ وغیرہ ۔

On the mend : روبہ صحت ؛ روبہ اصلاح ؛ روبہ ترقی ؛ بہتر ۔

Mend : (v) (۱) مرمت کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ سدھارنا ؛ رفو کرنا ۔ (۲) اپنی اصلاح کرنا ؛ سدھارنا ؛ سنورنا ۔ (۳) اچھا ھونا ؛ صحت پانا ؛ اچھاکردینا ؛ تندرست کردینا ۔ (٤) بنانا ؛ تراشنا (قلم وغیرہ) ۔ (٥) (مرض میں) تخفیف ھونا ؛ کمی ھونا ۔ (٦) بڑھ جانا ؛ بہتر کرنا ۔

To mend a fire : آگ میں ایندھن ڈالنا ۔

To mend a pen : قلم بنانا یا تراشنا ۔

To mend one 's pace : قدم بڑھانا ؛ رفتار تیز کرنا ۔

Metrician : (n) علم عروض کا ماہر ۔

Metricize : (v) (پیمائش کے) نظام اعشاری میں بدلنا ۔

Metrification : (n) منظوم کرنا ۔

Metrify : (v) منظوم کرنا ۔

Metrist : (n) (۱) شاعر ؛ شعر گو ۔ (۲) ماہر عروض ۔

Metritis : (n) (مرضیات) ورم رحم ۔

Metrological : (a) پیمائشی ؛ نظام وزن و پیمائش کے متعلق ۔

Metrology : (n) نظام وزن و پیمائش ؛ مقیاسیات ۔

Metromania : (n) شعر گوئی کا خبط ۔

Metromaniac : (n) شعر گوئی کا خبطی ۔

Metronome : (n) ایک آلہ جس میں ایک رقاص کے ذریعے تال اور سم کا اتار چڑھاؤ معلوم ہوتا ہے ؛ تال ناپ ؛ تال ترازو ؛ تال شمار ۔

Metronomic /-al : (a) تال کی پیمائش کا ؛ تال ترازو کا ۔

Metronomically : (adv.) تال شماری کے طور پر ۔

Metronomy : (n) تال شماری ؛ تال کی پیمائش ۔

Metronymic : (a) ماں یا خاندان کی عورتوں کے نام سے ماخوذ (خصوصاً لاحقہ یا سابقہ کے ذریعے) ؛ خاندان کی نشان دہی کرنا ۔

Metronymic : (a) ماں یا خاندان کی عورتوں کے نام سے ماخوذ(نام) ۔

Metropole : (n) کسی ملک کا سب سے بڑا شہر ؛ ام البلاد ؛ مرکز کار ۔(۲) اسقف اعظم کا علاقہ ۔ (۳) مکتی فوج (Salvation army) کی اقامت گاہ ۔

Metropolis : (n) (۱) کسی ملک کا سب سے بڑا شہر ؛ ام البلاد ۔ (۲) اسقف اعظم کا علاقہ ۔ (۳) دارالسلطنت ؛ دارالحکومت ؛ راجدھانی ۔ (٤) مرکز (جدوجہد کا) ؛ مرکز کار (٥) (حیاتیات) اصلی مسکن ۔

The metropolis : لندن ۔

Metropolitan : (a) (۱) ام البلاد کا ۔ (۲) اسقف اعظم کے علاقے کا ۔ (۳) مادر وطن کا ۔

Metropolitan : (n) (۱) اسقف اعظم ؛ یونانی کلیسا میں اسقف سے بڑا اور بطریق سے چھوٹا عہدہ دار ۔ (۲) ام البلاد ۔ (۳) ام البلاد کا رہنے والا ۔

Metropolitanate : (n) اسقف اعظم کا علاقہ یا عہدہ ۔

Metropolite : (n) اسقف اعظم ۔

Metropolitical : (a) (۱) اسقف اعظم کے علاقے سے متعلق ۔ (۲) ام البلاد سے متعلق ۔

Metropolitically : (adv.) اسقف اعظم کے علاقے کے لحاظ سے ؛ ام البلاد کے لحاظ سے ۔

Metrorrhagia : (n) (مرضیات) رحمی سیلان خون ؛ نزف الدم رحم ۔

Metroscope : (n) (۱) رحم بین آلہ ؛ رحم کی جانچ کرنے کا آلہ ۔ (۲) جنین کے دل کی دھڑکن سننے کا آلہ ۔

Metrotome : (n) رحم کی عمل جراحی میں کاٹنے والا آلہ ؛ رحم تراش ۔

- metry : (suffix) لاحقہ بمعنی " (کسی آلے کے ذریعے) پیمائش " پیمائش کا طریقہ ۔

Mettle : (n) (۱) جوہر ؛ نہاد ؛ طبیعت ؛ مزاج ۔ (۲) ولولہ ؛ جوش ۔ (۳) دلیری شجاعت ؛ بہادری ؛ ہمت ؛ جرأت ؛ جیوٹ ؛ دم خم ۔

To be on, upon one 's mettle : اپنی والی پر آنا ؛ اپنی بات پر آنا ؛ (کسی بات سے متاثر ہوکر) اپنی طرف سے کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا ۔

To put or set (a person) on or upon his mettle/ To put to his mettle/To try (a person 's) mettle : قوت برداشت آزمانا ۔

Mettle : (a) جیوٹ ؛ جی دار ؛ جوشیلا ؛ جری ۔

Mettled : (a) جیوٹ ؛ جی دار ؛ جوشیلا ؛ جری ۔

Mettlesome : (a) دیکھو Mettled

Meum / Meum and tuum : (n) میرا اور تیرا ؛ اپنا اور پرایا (ملکیت کا امتیاز ظاہر کرنے کے لئے) ۔

Meurtriere : (n) چھوٹا روزن جس سے سپاہی بندوق وغیرہ کی نال نکال کر داغتا ہے ۔

Meuse / Muse : (n) (۱) باڑ یا جھاڑی کے بیچ کی خالی جگہ جس سے خرگوش وغیرہ نکل کر بھاگتے ہیں ۔ (۲) (مجازاً) راہ نجات ؛ مفر ؛ بچنے کا راستہ ۔ (۳) خرگوش کے رہنے کی جگہ ۔

Mew : (n) مرغابی ؛ یا غو ۔

Mew : (n) (۱) پنجرا (جس میں شکرے کو کُریز کے زمانے میں رکھتے ہیں) ۔ (۲) توالیدی پنجرا ۔

Mew : (n) میاؤں میاؤں ؛ بلی کی بولی ۔

Mew : (v) (۱) (شکرے کا) کُریز کرنا ؛ پرانے پر جھاڑنا ۔

Mew : (v) (۱) کُریز کے لئے چھوڑنا ؛ شکرے کو کُریز کے لئے پنجرے میں بند کرنا ۔ (۲) (مجازاً) قید کرنا ؛ پنجرے میں بند کرنا ۔

Mew : (v) بلی کا بولنا ؛ میاؤں میاؤں کرنا ؛ سمندر کے پرندوں کا بولنا ۔

Mew : (int.) میاؤں میاؤں ۔

Mewl : (v) (۱) ٹھوں ٹھوں کرنا ؛ بچے کا رونا ؛ ٹھنکنا ۔ (۲) بلی کی طرح میاؤں میاؤں کرنا ۔

Mews : (n) (۱) لندن کا شاہی اسطبل (اصطبل) ۔ (۲) وہ عمارت جس کے بیچ میں صحن ہو اور چاروں طرف اصطبل کا سلسلہ پھیلا ہو ۔

Mexican : (a) میکسیکو کا یا اس سے متعلق ۔

Mexican : (n) (۱) میکسیکو کا باشندہ ۔ (۲) میکسیکو کا سکہ ۔

Mexican coca : (n) ایک امریکی پودا جو چارے کے کام آتا ہے ۔

Mezentian : (a) مزینٹس (Mezentius) کے مثل جو انسان کو لاش سے باندھ کر انہیں بھوکا مرنے کے لئے چھوڑ دیتا تھا ۔

Mezereon /Mezereum : (n) (۱) مانریون ؛ ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) (دوا سازی) مانریون کی خشک چھال ۔

Mezuza (h) : (n) جھلی کا ٹکڑا جس کی ایک طرف توریت کی آیات اور دوسری طرف مقدس شدائی (Shaddai) کا نام لکھا رہتا ہے اور یہودی اسے دروازے پر لٹکاتے ہیں ۔

Mezza voice : (adv.) (موسیقی) درمیانی آواز سے ۔

Mezzanine : (n) (۱) پہلی منزل اور دوسری منزل کے درمیان نیچی چھت کی منزل ؛ درمیانی منزل ۔ (۲) (تھیٹر) تماشا گاہ سے نیچے کا فرش ؛ پائیں ۔ (۳) چھوٹی کھڑ کی جو لمبائی میں کم اور چوڑائی میں زیادہ ہوتی ہے ۔

Mezzo : (n) Mezzo soprano کا مخفف ۔

Mezzo : (a) (موسیقی) درمیانی ؛ وسطی ؛ متوسط ؛ نصف ؛ نیم ۔

Mezzo forte : (adv. & a) (موسیقی) قدرے بلند ۔

Mezzo piano : (adv. & a) قدرے آہستہ ۔

Mezzo-rilievo : (n) وہ منبت کاری جس میں نقش سطح پر سے اپنے اصلی تناسب سے نصف ابھرے ہوئے ہوں ؛ نقش نیم برجستہ ۔

Mezzo-soprano : (n) (۱) ایک خاص نوعیت کی آواز ۔ (۲) ایک خاص نوعیت کی آواز رکھنے والا شخص ۔

Mezzotint : (n) نیم رنگ (فولاد اور تانبے پر کندہ کاری کا طریقہ جو نقاشی کی تقلید میں اختیار کیا گیا ہے ۔ اس میں سطح کے نشیب و فراز سے روشنی اور تاریکی کے اثرات پیدا کئے جاتے ہیں) ؛ نیم رنگ کندہ کاری ۔

Mezzotint : (v) نیم رنگ کندہ کاری کرنا ۔

Mezzotinter : (n) نیم رنگ کندہ کاری کرنے والا ۔

Mezzotinto : (n) نیم رنگ کندہ کاری ۔

Mho : (n) مہو ؛ ایصالیت کی اکائی ۔

Mhometer : (n) ایصالیت کی پیمائش کا آلہ ۔

Mhorr / M 'horr / Moh (o)r : (n) مغربی افریقہ کا غزال (ہرن) ۔

Mi : (n) سر گم کا تیسرا سُر کا ۔

Miaow : (int. &n) میاؤں ؛ بلی کی آواز ۔

Miaow : (v) میاؤں میاؤں کرنا ؛ بلی کی بولی بولنا ؛ بلی کی طرح بولنا ۔

Miargyrite : (n) چاندی کا سلف انٹی مونائیڈ ۔

Mias : (n) نسناس ؛ انسان الغاب ؛ انسان صورت بندر ۔

Miascite / Miascyte / Miascykite : (n) ایک قسم کی چٹان جو قائمہ شگاف اور سیاہ ابرق وغیرہ سے بنی ہوتی ہے ۔

Miasm / Miasma: (n) بخار متعفن ؛ مضر بخارات ؛ ملیریا ۔

Miasmal : (a) سمی بخارات کا ؛ ملیریا کا ۔

Miasmatic : (a) وبائی ؛ متعفن ؛ سمی بخارات کا ؛ ملیریائی ۔

Miasmic / Miasmous : (a) دیکھو Miasmatic

Miaul : (v) (۱) میاؤں میاؤں کرنا ؛ بلی کی طرح بولنا ؛ بلی کی بولی بولنا ۔ (۲) بلی کی سی آوازیں نکالنا ۔

Miauler : (n) میاؤں میاؤں کرنے والا ؛ بلی کی سی آواز میں گانے والا ۔

Mica : (n) (۱) ابرق ؛ ابرک ؛ طلق ۔ (۲) ابرک جیسی کوئی شے ۔

Mica-powder : (n) ایک قسم کا ڈائنا مائٹ جس میں سلیکائی مٹی کی جگہ ابرق ڈالا جاتا ہے ۔

Mica-schist : (n) ابرق کی پرت دار چٹان ؛ ابرقی سلیٹ ۔

Mica slate : (n) دیکھو Mica-schist

Micaceous : (n) ابرقی ؛ ابرق دار ؛ ابرق سے مشابہ ؛ ورقہ ورقہ ؛ طلقی ۔

Mice : (n) Mouse کا (صیغہ) جمع ۔

Micella : (n) (حیاتیات) حئی ریزہ ؛ دقیق ریزہ ۔

Micellar : (a) حئی ریزہ سے متعلق ۔

Michael : (n) میکائیل (جو چار ملائک مقربین میں سے ایک ہیں) ۔

Order of st. Michael & St. George : انگلستان کا ایک اعزازی خطاب ۔

The feast of Michael / St. Michael 's day : یوم المیکائیل ۔

Michaelmas : (n) یوم المیکائیل ؛ سینٹ میکائیل کا عرس جو ۲۹/دسمبر کو منایا جاتا ہے ۔

Old Michaelmas day : تقویم گریگوری سے قبل کی تقویم کا ٢٦ / ستمبر کا دن ۔

Michaelmas daisy : (n) بحری گل مینا ۔

Michaelmas day : دیکھو Michaelmas

Michaelmas eve : (n) یوم میکائیل سے پہلے کی شام ۔

Michaelmas term: (n) آکسفورڈ ؛ کیمبرج وغیرہ جامعوں کی ایک میقات ۔

Miche : (v) دیکھو Meech

Mickey / Micky : (n) (۱) آئرستانی ۔ (۲) آلو ۔

To take the mickey (our of) : طنز کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

Mickey finn : (n) (عام) ایک قسم کی تیز شراب ۔

Mickle / Muckle : (a) بہت زیادہ ؛ بڑا ؛ کثیر ۔

Mickle / Muckle : (n) (۱) بڑی مقدار یا تعداد ۔ (۲) بڑی رقم ۔

Many a little (or pickle) makes a mickle : تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے ۔

Micklemote / Migemote : (n) اینگلو سیکسن بادشاہوں کی پارلیمانی اسمبلی یا کونسل ۔

Micracoustic : (a) پست آواز کو بلند بنانے والا ۔

Micro - : (prefix) (۱) سابقہ بمعنی " چھوٹا " " خرد " ۔ (۲) " خرد بینی " " قلیل " ۔ (۳) دس لاکھواں ۔

Micro-aerophile : (n) قلیل ہوا پسند ۔

Micro-analysis : (n) خرد تجزیہ ؛ تجزیہ قلیل مقدار ۔

Micro-balance : (n) نازک ترازو ۔

Micro-electronic : (a) سائنس کے اس شعبے سے متعلق جو تکملی دور سے بحث کرتا ہو ۔

Micro-electronics : (n) سائنس کا وہ شعبہ جو تکملی دور سے بحث کرتا ہے ۔

Micro-organism : (n) خرد بینی جرثومہ ؛ زندک ؛ میکروب ۔

Microbe / Microbion : (n) دیکھو Micro organism

Microbial/Microbian : (a) زندکی؛ میکروبی ؛ جرثومی ؛ میکروب دار ۔

Microbic : (a) دیکھوMicrobial

Microbicidal : (a) جرثومہ سے متعلق ۔

Microbicide : (n) جرثومہ کشی ؛ میکروب کشی ۔

Microbicide : (a) دیکھو Microbicidal

Microbiological : (a) حیاتیات جرثومی سے متعلق ۔

Microbiologist : (n) حیاتیات جرثومی کا ماہر ؛ میکروب شناس ؛ میکروب داں ۔

Microbiology : (n) حیاتیات جرثومی ؛ حیاتیات زندك ؛ میکروبیات ۔

Microbion : (n) دیکھو Microbe

Microbiota : (n) کسی خطے کا نباتاتیہ اور حیوانیہ ۔

Microbism : (n) جرثومہ سے بھرا ہونا ؛ جرثومہ کی کثرت ۔

Microblast : (n) خرد خلیہ خون ؛ خرد جسمیہ دموی ۔

Microcard : (n) وہ غیر شفاف کارڈ جس پر کتاب ، جریدہ وغیرہ کے کچھ حصوں کی خرد بینی تصویر رہتی ہے ۔

Microcephalic : (a) (مرضیات) خرد سر (آدمی) ۔

Microcephalous : (a) دیکھوMicrocephalic

Microcephaly : (n) خرد سری ۔

Microchemistry : (n) خرد بینی کیمیا ۔

Microcircuit : (n) تکملی دور ۔

Microclimate : (n) کسی چھوٹے علاقے کی آب و ہوا ؛ جسم نامی کے گرد کا ماحول ۔

Microcline : (n) سبز اور نیلا فلسپار ۔

Micrococcus : (n) خرد نبقہ ۔

Microcosm : (n) (۱) کائنات اصغر (یعنی انسان اس حیثیت سے کہ اس کی ذات کائنات کا خلاصہ ہے) ۔ (۲) عالم صغیر ۔

Microcosmic /-al : (n) کائنات اصغر کا ۔

Microcosmic salt : (n) سوڈا اور امونیا کا سلفیٹ ۔

Microcyte : (n) دیکھو Microblast

Microdont : (a) (تشریح) خرد دندان ۔

Microdot : (n) چھپی ہوئی یا لکھی ہوئی تحریر کا فوٹو جو گھٹا کر ایك نقطے کے برابر کردی گئی ہو ۔

Microdrop : (n) بہت چھوٹا قطرہ ۔

Microfelsite : (n) ایك قسم کا فلسائٹ ۔

Microfiche : (n) چھوٹی چپٹی فلم جس پر کتاب ، جریدہ وغیرہ کے ساٹھ صفحوں کی خرد بینی تصویریں ہوتی ہیں ۔

Microfilm : (n) ایك قسم کی فوٹو فلم جو ۱۶ یا ۳۵ میلی میٹر چوڑی ہوئی ہوتی ہے جس پر کتاب یا تحریر وغیرہ کو بطور ریکارڈ اتار لیاجاتا ہے ۔

Microfine : (a) خرد قلمی ۔

Microform : (n) دیکھو Micro-organism

Microgamete : (n) خرد گمٹہ ؛ نرگمٹہ ۔

Microgameto cyte : (n) خرد گمٹہ خلیہ ۔

Micrograph : (n) تصویر جو خرد بین کی مدد سے لی جاتی ہے ۔

Micrographer : (n) خرد بینی اشیاء نگار ؛ خرد نگار ۔

Micrographic : (a) خرد نویسی سے متعلق ۔

Micrography : (n) (۱) خرد نویسی ۔ (۲) خرد بینی اشیاء نامہ ۔

Micromikron : (n) میٹر کا دس لاکھواں حصہ ۔

Micromotion : (n) حرکت ذرات ؛ حرکت ذرات نمائی ۔

Micron : (n) میٹر کا دس لاکھواں حصہ ؛ ہزار ہزارم میٹر ۔

Micronesian : (a) مائیکرو نیشا (شمالی بحرالکاہل کے چھوٹے جزیروں) سے متعلق یا وہاں کے باشندوں یا زبان سے متعلق ۔

Micronesian : (n) مائیکرو نیشیا کا باشندہ یا وہاں کی زبان ۔

Microparasite : (n) خرد طفیلی ۔

Microphage : (n) خرد آکلہ ۔

Microphagous : (a) جراثیم خور ؛ میکروب خور ۔

Microphone : (n) خرد شنو ؛ مکبرالصوت ؛ مائیکرو فون ۔

Microphonic : (a) مکبرالصوتی ۔

Microphonics : (n) مکبرالصوت یا تکبیر صوت کا علم ۔

Microphonograph : (n) خرد صورت نگار ؛ ایک آلہ جو مائیکرو فون اور صورت نگار دونوں کا کام دیتا ہے ۔

Microphonous : (a) مکبرالصوتی ۔

Microphotograph : (n) خرد بینی فوٹو ؛ بہت چھوٹی چیزوں کی تصویر بڑے پیمانے پر لینا ؛ خرد بینی عکاسی ۔

Microphotographic : (a) خرد بینی عکاسی سے متعلق ۔

Microphotographically : (adv.) خرد بینی عکاسی کے طور پر ۔

Microphotography : (n) خرد بینی عکاسی ۔

Microphthalmia : (n) خرد چشمی ؛ بہت چھوٹی آنکھ ہونا ۔

Microphthalmic : (a) خرد چشم ؛ بہت چھوٹی آنکھ رکھنے والا ۔

(۳) خرد بینی اشیاء کا بیان ۔

Microgroove : (n) گراموفون ریکارڈ کی بہت ہی باریک نالیاں ۔

Microlepidoptera : (n) بعض قسم کے پروانے ۔

Microlite : (n) دیکھو Crystallite

Microlith : (n) سنگریزہ ؛ دقیق قلمی ریزہ ۔

Microlithic : (a) سنگریزوں سے بنا ہوا ؛ سنگریزی ۔

Micrological : (a) (۱) موشگافی سے متعلق ۔ (۲) علم خرد بینی سے متعلق ؛ خردیاتی ۔

Micrologically : (adv.) موشگافی کے طور پر ؛ خردیات کی رو سے ۔

Micrologist : (n) خردیات داں ؛ علم خرد بینی اشیاء کا ماہر ۔

Micrology : (n) (۱) موشگافی ؛ بال کی کھال نکالنا ۔ (۲) خردیات ؛ علم خرد بینی اشیاء ؛ خرد بینی اشیاء پر کتاب ۔

Micromeral /-ic : (a) دوسمامی صدفیے کے انڈے کی زردی کے ایک حصے سے متعلق ۔

Micromere : (n) دوسمامی صدفیے کے انڈے کی زردی کا ایک حصہ ۔

Micrometer : (n) خرد پیما ؛ خردہ پیما ؛ چھوٹی چیزوں یا چھوٹے فاصلوں کے ناپنے کا آلہ ۔

Micrometer balance : (n) خرد پیما ترازو ۔

Micrometer microscope : (n) خرد پیما خرد بین ۔

Micrometer screw : (n) خرد پیما پیچ ۔

Micrometric /-al : (a) خرد پیمائی سے متعلق ۔

Micrometrically : (adv.) خرد پیمائی کی رو سے یا طور پر ۔

Micrometry : (n) خرد پیمائی ۔

Microphthalmy : (n) دیکھو Microphthalmia

Microphyllous : (a) (نباتیات) خرد برگہ ۔

Microphyte : (n) خرد بینی بودا ؛ جرثومہ ۔

Micropodal / -ic : (a) خرد پا ۔

Micropodous : (a) دیکھو Micropodal

Micropylar : (a) (نباتیات) ثقبہ تخمک سے متعلق ؛ (حیوانیات) ثقبہ سے متعلق ۔

Micropyle : (n) (۱) (نباتیات) ثقبہ تخم ؛ ثقبہ تخمک ۔ (۲) (حیوانیات) ثقبہ بیضہ ۔

Microscope : (n) (۱) خرد بین ۔ (۲) (علم النجوم) ستاروں کا ایک جھمکا جو خط جدی Capricorn کے جنوب میں ہوتا ہے ۔

Microscopic : (a) (۱) خرد بینی ؛ اتنا چھوٹا جو صرف خرد بین سے نظر آئے ۔ (۲) خرد بین کا ۔

Microscopical : (a) خرد بینی ۔

Microscopically : (adv.) (۱) خرد بین کے ذریعے ؛ خرد بین سے ۔ (۲) خرد بینی اشیاء کی طرح ۔

Microscopist : (n) خرد بین کے استعمال کا ماہر ؛ ماہر خرد بینی ۔

Microscopy : (n) (۱) خرد بینی ؛ خرد بین کے استعمال کا ہنر ؛ خرد بینی معائنہ ۔ (۲) علم خرد بین ۔

Microseme : (n) جس کی کھوپڑی کا قعفی اشاریہ ۸۳ سے کم ہو ۔

Microseism : (n) خفیف زلزلہ ۔

Microseismic / -al : (a) خفیف زلزلے سے متعلق ۔

Microseismograph : (a) زلزلہ پیما؛ زلزلہ نگار ۔

Microseismology : (n) علم زلزلہ ؛ زلزلیات ۔

Microseismometry : (n) زلزلہ نگاری ۔

Microsoma / Microsome : (n) خرد جسم ؛ ذرہ نخزمایہ ۔

Microspectroscope : (n) خرد بینی طیف نما ۔

Microsporangium / Microsporange : (n) خرد بذرہ داں ؛ خرد تخمک داں ۔

Microspore : (n) (۱) خرد بذرہ ؛ خرد تخمک ؛ وہ خلیہ جو علاحدہ نشو ونما پاسکے ۔ (۲) (نباتیات و مرضیات) ایک طفیلی سما روغ ۔ (۳) (حیوانیات) بذرہ نما حوینات اولیہ ۔

Microsporon : (n) (نباتیات و مرضیات) ایک قسم کا طفیلی سماروغ یا قطری دنبل ۔

Microstylous : (a) (نباتیات) چھوٹی گردن بقچہ والا ۔

Microtasimeter : (n) بے حد خفیف دباؤ کو ناپنے کا آلہ ۔

Microtelephone : (n) خفیف صوتی ٹیلیفون ۔

Microtome : (n) خرد تراش ؛ وہ آلہ جس سے کسی چیز کے نہایت چھوٹے ٹکڑے خرد بین سے دیکھنے کیلئے کاٹے جائیں ۔

Microtomic / -al : (a) خرد تراشی سے متعلق ۔

Microtomist : (n) ماہر خرد تراشی ۔

Microwave : (n) خرد امواج ؛ برقی مقناطیسی موج جس کا طول موج ایک ملی میٹر اور ۳۰ سینٹی میٹر کے درمیان ہو ۔

Microzoa : (n) خرد بینی حوینات ۔

Microzoal / -ic : (n) خرد بینی حوینات سے متعلق ۔

Microzoospore : (n) (نباتیات) خرد حرکی بذرہ ۔

Microzyme/Microzyma : (n) خمیر مرض ؛ جرثومہ مرض ؛ تخمیری جرثومہ (جو سڑنے سے پیدا ہوتا ہے)۔

Micrurgy : (n) خرد بین کے نیچے منفرد خلیہ کو رکھنا یا داخل کرنا۔

Miction : (n) بول ؛ تبویل ؛ پیشاب ہونا یا کرنا۔

Micturate : (v) پیشاب کرنا۔

Micturition : (n) (۱) پیشاب کی کثرت ؛ سلسل البول۔ (۲) پیشاب کرنے کی خواہش ؛ پیشاب کرنا۔

Mid : (a) (۱) وسطی ؛ درمیانی ؛ اوسط ؛ منجھولا ؛ نیم ؛ نصف۔ (۲) (حرف علت کی آواز) جو زبان یا اس کے کسی حصے کو درمیان میں رکھ کر نکالی جائے۔ (۳) وسط ؛ بیچ ؛ درمیان۔

Mid : (n) Midshipman کا مخفف۔

Mid / 'mid : (prep.) (شعر) درمیان۔

Mid air : (n) بادل اور زمین کے بیچ کی فضا ؛ درمیانی فضا۔

Mid-brain : (n) میان دماغ ؛ پُل دماغ۔

Mid breast : (n) (حشریات) میان صدر کا نچلا حصہ۔

Mid-course : (n) درمیانی راستہ یا صورت۔

Mid-day : (n) نصف النہار ؛ نیم روز ؛ دوپہر ؛ ظہر۔

Mid-earth : (n) دنیا (جنت اور دوزخ کے درمیان)۔

Mid-feather : (n) (۱) (نمک سازی) بھٹی کا فاصل جو دیگ نلی کو دوحصوں میں منقسم کردیتا ہے۔ (۲) (معدنیات) سرنگ کے مرکز کا سہارا۔

Mid-field : (n) (فٹ بال) وسط میدان۔

Mid-gut : (n) درمیانی آنتیں۔

Mid-heaven : (n) (۱) وسط آسمان۔ (۲) نصف النہار۔

Mid-iron : (n) (گولف) منجھولا سرا ؛ گولف کے چوگان کا متوسط چوڑائی کا خمدار سرا۔

Mid-leg : (n) (۱) پیرکا وسطی حصہ۔ (۲) (حشریات) حشرات کا وسطی پیر۔

Mid-leg : (adv.) پاؤں کے وسطی حصے کی طرف۔

Mid-lent : (n) ایسٹر سے قبل والا اتوار۔

Mid-off : (n) (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے داہنی جانب کھڑا ہوتا ہے۔

Mid-on : (n) (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے بائیں طرف کھڑا رہتا ہے ؛ وہ جگہ جہاں فیلڈر کھڑا ہوتا ہے۔

Mid-sea : (n) کھلا سمندر۔

Mid-season : (n) وسط موسم۔

Mid-spoon : (n) (گولف) درمیانی سائز کا چوبی بلا۔

Mid-totality : (n) وسط کسوف کامل۔

Mid-watch : (n) (بحری) ملازمین جہاز جو بارہ بجے رات سے چار بجے صبح تک ڈیوٹی دیتے ہیں۔

Mid-water : (n) بیچ کا پانی (عموداً)۔

Mid-week : (n) وسط ہفتہ ؛ بدھ۔

Mid-wicket : (n) فیلڈ کا وہ حصہ جو گیند پھینکنے والے کے داہنی جانب ہوتا ہے۔

Mid-workings : (n) (ایک ہی کان میں) وسطی کام۔

Midas : (n) فریجیا (Phrygia) کا افسانوی بادشاہ جس کے چھونے سے ہر چیز سونے میں تبدیل ہوجاتی تھی۔

Midas ' ear : (n) حوینات ناعمہ کا خول ۔

Midas touch : (n) وہ خدا داد ودیعت جس سے دولت بہ آسانی حاصل ہوسکے ۔

Midden : (n) گھورا ؛ کوڑی ؛ کوڑے کا ڈھیر ۔

Middenstead : (n) کوڑی ؛ گھورا ؛ وہ جگہ جہاں کوڑے کرکٹ کا انبار ہوجائے ۔

Middest : (a) بالکل وسطی ؛ ٹھیک درمیانی ۔

Middle : (a) (۱) بیچ کا ؛ درمیانی ۔ (۲) وسطی ؛ مرکزی ۔ (۳) متوسط ؛ اوسط درجے کا ۔ (٤) (قواعد) فعل معروف اور فعل مجہول کے درمیان کا ۔

Middle : (n) (۱) درمیانی حصہ ؛ وسطی حصہ ؛ مرکز ۔ (۲) میان ؛ وسط ۔ (۳) کمر ۔ (٤) (بحری) وہ جگہ جہاں پانی کم گہرا ہو ۔ (٥) (فٹ بال) بازو سے بال کا گول کے پاس میدان کے بیچ میں واپس آنا ۔

In the middle : مشکل کے درمیان ؛ مشکل میں ۔

In the middle of : دوران میں ؛ اثناء میں ۔

Middle : (v) (۱) (بحری) بیچ سے تہ کرنا ۔ (۲) بیچ میں رکھنا ؛ وسط میں رکھنا ۔ (۳) (فٹ بال) گیند کو گول کے سامنے میدان میں ڈالنا ۔

Middle age : (n) متوسط عمر ؛ ادھیڑ عمر ؛ سن کہولت ۔

Middle age/-aged : (a) (۱) متوسط عمر کا ؛ ادھیڑ ۔

Middle-ager : (n) ادھیڑ ۔

Middle article : (n) مختصر ادبی مضمون جو رسالے یا اخبار میں سیا سی مضامین اور تنقید کتب کے درمیان ہو ؛ وسطی مضمون ۔

Middle brow : (n) (۱) اوسط ذوق اور کلچر رکھنے والا شخص ۔ (۲) اوسط ذہین شخص ۔

Middle class : (n) متوسط طبقہ ۔

Middle class : (a) متوسط طبقے کا ۔

Middle class examination :(n) کسی جامعہ کے مرکزی بورڈ کے تحت مختلف مقاموں پر لئے گئے امتحانات ۔

Middle class schools : (n) متوسط طبقے کا اسکول ۔

Middle deck : (n) درمیانی عرشہ ۔

Middle distance : (n) (نقاشی اور قدرتی مناظر) پیش منظر و دور منظر کے درمیان کا حصہ ۔

Middle ear : (n) درمیانی کان ؛ جوفہ طبل ۔

Middle earth : (n) دیکھو Mid earth

Middle east : (n) مشرقِ وسطیٰ ؛ ایران ؛ مصر اور ان کے درمیان کے ممالک ۔

Middle empire : (n) چین کے اٹھارہ صوبے ؛ چینی ملک ۔

Middle finger : (n) بیچ کی انگلی ؛ انگشت وسطیٰ ۔

Middle game : (n) (شطرنج) درمیانی کھیل (شروع اور آخر کے درمیان کا دور) ۔

Middle ground : (n) (۱) (بحری) وہ جگہ جہاں پانی کم (گہرا) ہو ۔ (۲) دیکھو Middle distance ۔ (۳) نقطہ اعتدال ۔

Middle kingdom : (n) دیکھو Middle empire

Middle life : (n) (۱) ادھیڑ عمر ؛ متوسط عمر ۔ (۲) متوسط طبقوں کی زندگی ۔

Middle line : (n) (بحری) (جہازکی) وسطی لکیر ۔

Middle-man : (n) (۱) بیچ والا ؛ بچولیا ـ (۲) اعتدال پسند ؛ درمیانی راستہ یا صورت اختیار کرنے والا ـ (۳) دلال ؛ بیچ کا بیوپاری ـ (٤) (آئرستان) وہ شخص جو زمین کو اجارے پر لے کر اسے زیادہ شرح پر (دوسرے کو) اجارہ پر دیتا ہے ـ (٥) رائے یا ثقافتی معیار وغیرہ دینے والا شخص ـ

Middle-of-the-road : (n) نقطہء اعتدال ؛ اعتدال پسندی ـ

Middle passage : (n) افریقہ سے امریکا لے جانے جانے والے غلام کے سفر کا درمیانی حصہ ـ

Middle pointed : (a) منقش گاتھی تعمیرات کا نام ـ

Middle post : (n) راج کھم ؛ سیدھا کھمبا ـ

Middle space : (n) (طباعت) درمیانی فصل ـ

Middle term : (n) (منطق) حد اوسط ؛ وہ لفظ جو کبریٰ اور صغریٰ میں مشترک ہو ـ

Middle tint : (n) (نقاشی) مخلوط رنگ جس میں تیز رنگ غالب نہیں ہوتا ہے ـ

Middle wall : (n) درمیانی دیوار ؛ بیچ کی دیوار ؛ اوٹ ـ

Middle watch : (n) دیکھو Mid watch

Middle way : (n) (۱) اعتدال ؛ درمیانی راستہ ـ (۲) رستے کے بیچ کا حصہ ؛ وسط راہ ـ

Middle way : (adv.) بیچ میں ؛ درمیان میں ـ

Middle weight : (n) (مکہ بازی) ایک من بتیس سیر سے دو من تک کا وزن ـ

Middle-wicket : (n) دیکھو Mid-wicket

Middler : (n) (سن کی تیاری میں) وہ شخص جو درمیانی عمل کرتا ہے ـ

Middling : (n) (۱) (جمع) اوسط سائز کی پن ؛ اوسط درجے کی چیزیں ؛ اوسط درجے کا باریک میدہ ـ (۲) سور کے پٹھے کا گوشت ـ (۳) اوسط درجے کا تیل (پٹرول سے نکالا ہوا) ـ

Middling : (a) (۱) دوسرے درجے کا ؛ درمیانی درجے کا ـ (۲) اوسط درجے کا ؛ بیچ کے راس کا ؛ خاصا ـ (۳) معمولی ـ (٤) متوسط طبقے کا ـ

Middling : (adv.) (۱) اوسط درجے پر ؛ متوسط طور پر ـ (۲) صحت کے لحاظ سے اچھا خاصا ـ

Middlingly : (adv.) متوسط طور پر ـ

Middy : (n) (۱) جہاز کا ایک چھوٹا افسر ـ (۲) ایک قسم کا بلاؤز ـ

Midge : (n) (۱) بعوضہ ؛ ایک قسم کا چھوٹا کیڑا ـ (۲) ٹھگنا ؛ بالشتیا ؛ چھوٹا سا آدمی ؛ مٹھی بھر کا آدمی ـ (۳) (بعض قسم کی) تلی ہوئی مچھلیاں ـ

Midget : (n) (۱) بونا (جس کی نمائش کی جائے) ؛ بالشتیا ـ (۲) بہت چھوٹی چیز ـ

Midgety : (a) بہت چھوٹا ـ

Midinette : (n) (پیرس میں) دکان کی خادمہ ـ

Midland : (n) (۱) وسط ملک ؛ ملک کا درمیانی حصہ ؛ اندرونی علاقہ ـ (۲) (جمع) انگلستان کے وسطی اضلاع ـ

Midland : (a) اندرونی علاقے کے متعلق ؛ وسط ملک کا ـ

Midland dialect : (n) انگلستان کے وسطی اضلاع کی بولی ـ

Midmost : (a) (۱) بیچوں بیچ ـ (۲) درمیانی ـ (۳) قریبی ـ

Midmost : (adv.) درمیان میں ؛ وسط میں ؛ بیچ میں ؛ دوران ـ

Midmost : (n) درمیانی ـ

Midnight : (n) (۱) نیم شب ؛ نصف شب ؛ آدھی رات ؛ رات کے بارہ بجے ۔ (۲) غضب کا اندھیرا ۔

Midnight : (a) نصف شب کا ؛ اندھیرا ؛ تاریک ۔

Midnight sun : (n) آفتاب نیم شب ۔

Midrash : (n) یہودیوں کی قدیم شرح توریت ۔

Midrashic : (a) یہودیوں کی قدیم شرح توریت سے متعلق ۔

Midrib : (n) (نباتیات) میان رگ ؛ پتے کی بیچ رگ ۔

Midribed : (a) (نباتیات) میان رگ والا (پتا) ۔

Midriff : (n) پردۂ شکم ۔

To shake, tickle the midriff : ہنسی کا سبب ہونا ۔

Midship : (n) کشتی کا درمیانی حصہ ؛ جہاز کا درمیانی حصہ ؛ وسط جہاز ۔

Midship-beam : (n) جہاز کی وسطی شہتیر (جو سب سے لمبی ہوتی ہے) ۔

Midship bend: (n) سب سے چوڑی شہتیر ۔

Midship frame: (n) جہاز کا ڈھانچہ جو سب سے چوڑا ہو ۔

Midshipport : (n) وسط جہاز کا روشن دان ۔

Midshipman : (n) جہاز کا ایک چھوٹا افسر ۔

Midshipmanship : (n) جہاز کے ایک چھوٹے افسر کا عہدہ ۔

Midshipmite : (n) (ملاحوں کی زبان میں) لفظ Midshipman کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Midships : (n) وسط جہاز ۔

Midships : (adv.) جہاز کے بیچ یا وسط میں ۔

Midst : (n) درمیان ۔

(In) our midst : ہمارے درمیان ۔

In the midst of : درمیان میں ۔

Midst : (adv. & prep.) درمیان میں ؛ وسط میں ؛ بیچ میں ۔

Midstream : (n) وسط چشمہ ؛ ندی کے بیچ کا حصہ ۔

Midsummer : (n) (۱) انقلاب صیفی ؛ عدول کلی صیفی (۲۱ جون کے لگ بھگ) ۔ (۲) وسط الصیف ؛ موسم گرما کا وسط ۔

Midsummer daisy : (n) ایک قسم کا گل داؤدی ۔

Midsummer day : (n) ۲٤/ جون ۔

Midsummer madness : (n) جوش جنون ؛ انتہائی حماقت ۔

Midway : (adv.) وسط راہ میں ؛ بیچوں بیچ ؛ آدھے راستے پر ۔

Midwife : (n) دائی ؛ قابلہ ۔

Midwifery : (n) دایہ گری ؛ قبالت ؛ قابلہ گیری ۔

Midwinter : (n) (۱) وسط ایشیا ۔ (۲) انقلاب شتوی ۔

Midwintry : (a) وسط ایشیا کا ۔

Mien : (n) چہرہ ؛ بشریٰ ؛ انداز ؛ رنگ ۔

Miff : (n) (۱) چھیڑ؛ جھڑپ ؛ ان بن ۔ (۲) خفگی؛ ناراضگی؛ روٹھنا ۔

Miff : (v) (۱) خفا ہوجانا ؛ بگڑ جانا ۔ (۲) خفا کردینا ؛ ناراض کردینا ۔ (۳) (پودوں کا) مرجھا جانا ۔

Miffy : (a) تنک مزاج ؛ جلد خفا ہوجانے والا ؛ تندخو ؛ چڑ چڑا ۔

Might : (n) (۱) زور ؛ قوت ؛ طاقت ۔ (۲) زور طبیعت ؛ قابلیت ؛ قدرت ؛ عظمت ۔

With all one ' s might : اپنی پوری قوت سے ۔

Might-have-been : (n) ہونہار ۔

Mightful : (a) طاقت ور ؛ پرزور ۔

Mightily : (adv.) قوت سے ؛ عظمت سے ۔

Mightiness : (n) قوت ؛ عظمت ۔

Mightless : (a) بے زور ؛ بے قوت ۔

Mighty : (a) (۱) قوی ؛ طاقتور ؛ شہ زور ؛ بلونت ؛ زور آور ؛ زبردست ؛ جید ؛ جلیل القدر ؛ عظیم الشان ۔ (۲) بہت ؛ بہت زیادہ ۔

Mighty : (adv.) بہت ؛ نہایت ۔

Mighty : (n) طاقت ور شخص ۔

Mighty works : (n) (بائبل) معجزات ؛ معجزے ۔

Mignon / Mignonne : (n) نازک ؛ سبک ۔

Mignonette : (n) (۱) ایک پودا جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں ۔ (۲) بھورا مائل سبز یا سبزی مائل سفید رنگ ۔ (۳) ایک قسم کی لیس ۔ (٤) باریک جالی ۔

Mignonette pepper : (n) موٹی پسی ہوئی گول مرچ ۔

Migraine : (n) شقیقہ ؛ درد نیم سر ؛ آدھی سیسی کا درد ۔

Migrainous : (a) شقیقہ سے متعلق ؛ شقیقہ میں مبتلا ۔

Migrant : (a) نقل و طن کرنے والا ؛ مہاجر ۔

Migrant : (n) (۱) موسمی چڑیاں یا دوسرے جانور ۔ (۲) مہاجر (شخص) ؛ عارضی مزدور (جو کام کی تلاش میں دوسری جگہ جایا کرے) ۔

Migrate : (v) نقل مکان کرنا ؛ نقل و طن کرنا ؛ ایک مدرسے سے دوسرے مدرسے میں جانا ؛ ایک شہر کو چھوڑ کر دوسرے شہر میں جانا ؛ ہجرت کرنا ۔ (۲) (چڑیوں اور مچھلیوں کا) جاڑے میں گرم خطوں اور گرمی میں سرد خطوں میں چلا جانا ۔ (۳) ہٹایا جانا (چیزوں کا) ۔

Migration : (n) ہجرت ؛ نقل و طن ؛ نقل مکان ۔

Migration-station : (n) موسمی پرندوں کا مشاہدہ کرنے کے لئے مقررہ مقام ۔

Migrative : (a) (۱) موسمی ؛ سیّار ؛ غیر مقیم ؛ مہاجر ۔

Migrator : (n) مہاجر ؛ نقل مکان یا نقل و طن کرنے والا ؛ سیّار چڑیا ۔

Migratory : (a) دیکھو Migrative

Migratorycell : (n) سیّار خلیہ ۔

Mikado : (n) شہنشاہ جاپان ؛ میکاڈو ۔

Mike : (n) Microphone کا مخفف ۔

Mike : (v) کام سے جی چرانا ؛ بیکار وقت ضائع کرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ۔

Mike : (n) آوارہ گردی ۔

Mikvah/Mikveh : (n) یہودیوں کا مذہبی غسل یا غسل خانہ ۔

Mil : (n) (۱) ہزار ۔ (۲) مجوزہ سکہ ؛ پونڈ کا ہزارواں حصہ ۔ (۳) تار وغیرہ کا قطر ناپنے کی اکائی ؛ انچ کا ہزارواں حصہ ۔ (٤) ملی میٹر ۔

Per mil : فی ہزار ۔

Milage : (n) (۱) مسافت (میلوں میں) ۔ (۲) بھتا فی میل ؛ خرچ فی میل ۔

Milan : (n) Lombardy کا اہم شہر ۔

Milan point : (n) ایک قسم کی ہاتھ کی بنی ہوئی مہین جالی یا لیس ۔

Milan steel : (n) وہ فولاد جو ملان کے اسلحہ ساز تلوار وغیرہ بنانے کیلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Milanese : (a) ملان کا ؛ ملانی ۔

Milanese : (n) (شمالی اطالیہ کے) شہر ملان کا باشندہ ؛ ملانی ۔

The Milanese : وہ علاقہ جس پر قدیم زمانے میں ڈیوک ملان کی حکومت تھی ۔

Milch : (a) دودھ دینے والی ؛ دودھار ؛ شیردہ ۔

Milch-cow : (n) (۱) دودھار گائے ۔ (۲) (مجازاً) منافع کا ذریعہ ۔ (۳) وہ شخص جس سے روپیہ آسانی سے اینٹھا جاسکتا ہو ؛ اسامی ۔

Milched : (a) دودھار ۔

Milcher : (n) دودھار جانور ۔

Mild : (a) (۱) حلیم ؛ نرم مزاج ۔ (۲) نرم (قواعد) ؛ ہلکی (سزا) ؛ شفیقانہ ؛ رحمدلانہ (حکومت) ۔ (۳) معتدل (موسم) ؛ جب بارش اور سردی نہ ہو ۔ (٤) ہلکی (دوا) ۔ (٥) (تمباکو وغیرہ) ہلکا ۔ (٦) (کھانا) موافق آب و نمک کا ۔ (۷) میٹھی ؛ ہلکی (بیئر) ۔ (۸) کمزور ؛ بودا ؛ (انسان اور فعل) ۔ (۹) (جانور) پالتو ؛ سدھایا ہوا ۔ (۱۰) کم چمک والی (روشنی) ۔ (۱۱) خفیف (بیماری) ۔ (۱۲) تدریجی (ڈھلان) ۔ (۱۳) بے خار (جنگل) ۔

As mild as a dove, as may, as milk : فاختہ ؛ مئی یا دودھ کی طرح نرم مزاج ۔

Mild steel : (n) نرم فولاد جو آسانی سے سخت نہ بنایا جاسکے ۔

Milden : (v) (۱) نرم کرنا ؛ معتدل کرنا ؛ ملائم کرنا ۔ (۲) نرم ہونا ؛ معتدل ہونا ؛ ملائم ہونا ۔

Mildew : (n) پھپھوندی ۔

Mildew : (v) پھپھوندی لگنا یا لگانا ۔

Mildewy : (a) پھپھوندی لگا ۔

Mildly : (adv.) حلم و مروت سے ؛ نرمی سے ؛ ملائمت سے ؛ رحمدلی سے ۔

Mildness : (n) نرمی ؛ ملائمت ؛ رحمدلی ؛ نرم مزاجی ؛ حلم ومروت ؛ (موسم کا) اعتدال ۔

Mile : (n) (۱) میل ۔ (۲) ایک میل کی دوڑ ۔ (۳) (نسبتاً) زیادہ دوری یا فاصلہ ۔

Geographical mile nautical mile : بحری میل ؛ جغرافی میل (٦٥٨٠ فٹ) ۔

Mile-mark : (n) سنگ میل ؛ میل کا پتھر ۔

Mile-stone : (n) (۱) سنگ میل ؛ میل کا پتھر ۔ (۲) (مجازاً) زندگی کا اہم واقعہ ؛ اہم موڑ ۔

Mile-stone : (v) سنگ میل لگانا یا اس کے ذریعے نشان دہی کرنا ۔

Miler : (n) ایک میل کی دوڑ دوڑ نے والا ؛ وہ گھوڑا یا شخص جس کو ایک میل کی دوڑ کی مشق کرائی گئی ہو ۔

Milesian : (a) ایشیائے کوچک کے مائی لیٹس (Miletus) کا یا اس سے متعلق ۔

Milesian : (a) شہنشاہ مائیلسیس (Milesius) کے لوگ ؛ آئرستانی ؛ آئری ۔

Milesian : (n) آئرستانی ؛ آئرستان کا باشندہ ۔

Milfoil : (n) ایک سدا بہار پودا جس کی خوشبو بہت تیز ہوتی ہے ۔

Miliaria : (n) موتی جھرا ؛ جاورسہ ۔

Miliary : (a) (۱) باجرے کا سا؛ باجرے برابر (غدود ، دانہ وغیرہ) ۔ (۲) جاورسی ۔ (۳) باجرے جیسا چھالا یا داغ والا ۔

(٤) (تاریخ طبعی) دانہ دار۔

Miliary : (n) (حیوانیات) بعض جانوروں کی کھال کا چھوٹا دانہ۔

Miliary fever : (n) موتی جھرا ؛ وہ بخار جس میں باجرے کے سے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں۔

Miliary gland : (n) جلد کا غدہ شحمی۔

Miliary tubercle : (n) ایک بھورا مائل سفید باجرے کے دانے کے برابر دانہ جو پھیپھڑے میں نکل آتا ہے۔

Milieu : (n) ماحول ؛ معاشرتی ماحول۔

Miliola : (n) ثقبہ داران کی ایک جنس۔

Milioline : (a) ثقبہ داران کی جنس سے متعلق۔

Miliolite : (a) متحجر ثقبہ داران۔

Militancy : (n) جنگ جوئی۔

Militant : (a) جنگ جو ؛ جنگی ؛ لڑاک ؛ لڑاکا۔

Militant : (n) مجاہد ؛ محارب۔

Militantly : (adv.) مجاہدانہ طور پر ؛ محاربانہ انداز سے ؛ جنگ پسندانہ ؛ جنگ جوئی کے انداز سے۔

Militantness : (n) جنگ جوئی ؛ جنگ پسندی۔

Militarily : (adv.) فوجی یا حربی طرز پر۔

Militariness : (n) فوجی ہونا ؛ حربیت۔

Militarism : (n) (۱) فوجی روح ؛ سپاہیانہ روش ؛ جنگ پرستی۔ (۲) فوجی رنگ کا بیجا غلبہ ؛ فوج گردی ؛ فوجی نظام۔

Militarist : (n) (۱) جنگ پرست ؛ فوجی نظام کا حامی۔ (۲) فن جنگ کا ماہر ؛ ماہرحربیات۔

Militarize : (v) فوجی روح پیدا کرنا ؛ فوجی رنگ میں رنگنا ؛ فوجی نظام کے ماتحت لانا۔

Military : (a) لشکری ؛ عسکری ؛ فوجی ؛ جنگی ؛ حربی ؛ سپاہیانہ۔

Military : (n) سپاہ ؛ فوجی دستہ ؛ فوج۔

Military board : (n) فوجی معاملات کا بورڈ۔

Military chest : (n) فوجی خزانہ۔

Military engineering : (n) فوجی انجینیئرنگ ؛ قلعہ بندی ؛ پل سازی اور بارودی سرنگیں وغیرہ بچھانے کا فن۔

Military fever : (n) فوجی بخار ؛ جنگی بخار ؛ میعادی بخار۔

Military law : (n) فوجی قانون۔

Military offence : (n) ایسا جرم جو فوجی عدالت میں قابل سماعت ہو۔

Military service : (n) جنگی خدمت ؛ وہ خدمت جو دوران جنگ اسامی یا رعیت انجام دیتی ہے۔

Military tenure : (n) حق لگان داری جس کے تحت جنگ کے زمانے میں اسامی جاگیرداروں کے لئے (جنگی) خدمت انجام دیتا ہے۔

Militate : (v) (۱)شریک جنگ ہونا ؛ جنگ کرنا۔ (۲) (مجازاً) لڑنا ؛ مخالفت کرنا۔ (۳) (واقعات یا شہادت کا) اثر ڈالنا (عموماً مخالف)۔

Militia : (n) (۱) شہریوں کی فوج ؛ رضاکار فوج۔ (۲) برطانوی فوج کی ایک شاخ۔

Militiaman : (n) رضاکار فوج کا سپاہی۔

Milk : (n) (۱) دودھ ؛ شیر۔ (۲) درختوں کا دودھ۔ (۳) (بادام وغیرہ کا) شیرہ۔ (٤) بچپن کی غذا ؛ خوشگوار اور قوت بخش شے۔ (٥) بچہ صدف

(پیدا ہونے سے پہلے) ۔

As like as milk to milk : ہو بہو ۔

In milk : دودھار ؛ دودھ دیتی ہوئی ۔

Spilt milk : ناقابل تلافی نقصان یا غلطی ۔

The milk in th coco-nut : حیران کن معاملہ یا حالت ۔

Milk : (v) (۱) دودھ دوہنا ۔ (۲) روپیہ اینٹھنا ؛ ٹھگنا ؛ لوٹنا ۔ (۳) ٹیلیفون وغیرہ کے تار سے خبر بالا بالا اڑا لینا ۔ (٤) (پودوں وغیرہ کا) دودھ نکالنا ؛ شیرہ نکالنا ؛ (سانپ کا) زہر نکالنا ۔ (٥) دودھ دینا ۔ (٦) ہاتھ پھیرنا (گویا دودھ دوھ رہے ہوں) ۔

To milk a telegram : ٹیلیفون وغیرہ کے تار سے خبر بالا بالا اڑا لینا ۔

To milk a wire : ٹیلیفون وغیرہ کے تار سے خبر بالا بالا اڑا لینا ۔

To milk the market, street : ذخیرہ اندوزی کرنا تاکہ خواہش کے مطابق بھاؤ گھٹا بڑھا کر زیادہ منافع کمایا جاسکے ۔

To milk the ram bull : ناممکن الحصول (مقصد) کے لئے کوشش کرنا ؛ نا ممکن بات کی کوشش کرنا ۔

Milk-abscess : (n) پھوڑا جو عورتوں کی پستان میں ہوجاتا ہے (دودھ پلانے کے زمانے میں) ۔

Milk and honey : (n) سامان عیش و فراغبالی ۔

Milk-and-water : (n) بودی ؛ پھسپھسی یا رقت آمیز تحریر ، تقریر ، جذبات وغیرہ ۔

Milk-and-waterish/-watery : (a) بودی ؛ پھسپھسی ؛ رقت آمیز ۔

Milk-bar : (n) وہ جگہ جہاں دودھ سے بنے مشروبات بکتے ہیں ۔

Milk-brother : (n) دودھ بھائی ؛ رضاعی بھائی ۔

Milk-cell : (n) (نباتیات) خلیہ جس میں دودھ ہوتا ہے ۔

Milk-chocolate : (n) دودھ سے بنایا ہوا چاکلیٹ ۔

Milk-dentition : (n) دندان شیری ؛ دودھ کے دانت ۔

Milk-escutcheon : (n) گائے کے تھن اور ران کا وہ حصہ جس میں بالوں کی ترتیب الٹی ہوتی ہے ۔

Milk-factory : (n) وہ کارخانہ جہاں دودھ سے ملائی نکالی جاتی ہے ۔

Milk-farm : (n) شیر خانہ ۔

Milk-fever : (n) (۱) تپ شیری ؛ دودھ کا بخار ؛ وضع حمل کا بخار ۔ (۲) دودھار گائے وغیرہ کا تپ شیری ۔

Milk-float : (n) ہلکی گاڑی جس میں دودھ لے جاتے ہیں ۔

Milk-glass : (n) دودھیا رنگ کا شیشے کا گلاس ۔

Milk-grass : (n) (نباتیات) شیر تنک ؛ ایک پودا جو کھیتوں میں اگ آتا ہے ۔

Milk-leg : (n) ورم نفاسی ؛ پیر کا ورم جو وضع حمل سے ہوتا ہے ۔

Milk-livered : (a) بزدل ؛ ڈرپوک ۔

Milk of almond : (n) بادام کا شیرہ ۔

Milk of human kindness : (n) ہمدردی جو لازمہ' انسانیت ہے ۔

Milk of lime : (n) (چونے کی) سفیدی ؛ چونے اور پانی کا محلول ۔

Milk of sulphur : (n) ترسیب شدہ گندھک ۔

Milk-parsley : (n) ایک قسم کی بوٹی جس سے دودھیا رنگ کا تیز رس نکلتا ہے ۔

Milk-pea / Milk-plant : (n) شمالی امریکا کا ایک پھلی دار پودا ۔

Milk-punch : (n) شراب اور دودھ کا مرکب ۔

Milk-quartz : (n) (معدنیات) دودھیا صوان ۔

Milk run : (n) متواتر بمباری کرنا یا تفتیش و جستجو کا کام (جو صبح سویرے کیا جاتا ہے اور اس میں کوئی خطرہ نہیں ہوتا ہے) ۔

Milk-shake : (n) دودھ کا شربت ۔

Milk-sickness : (n) مغربی امریکی ریاستوں میں مویشیوں کی ایک مقامی بیماری جو بعض اوقات آدمی کو ایسے مویشیوں کا گوشت کھانے سے ہوجاتی ہے ۔

Milk-spot : (n) سفید داغ یا چکتے جو بعض بیماریوں میں ہوتے ہیں ۔

Milk-sugar : (n) قند شکر ؛ شکر شیر ۔

Milk-thrush : (n) (مرضیات) قلاع ؛ برفک ؛ بچوں کی ایک بیماری جس میں منہ اور زبان پر چھوٹے چھوٹے سفید داغ ہوجاتے ہیں ۔

Milk-toast : (n) مکھن لگاھوا گرم توس جو گرم دودھ کے ساتھ چینی یا نمک اور گول مرچ ڈال کر کھایا جاتا ہے ۔

Milk-toast : (a) کم زور ؛ بودا ؛ بے ضرر ۔

Milk-tooth : (n) دودھ کا دانت ۔

Milk-tree : (n) شجر شیر ۔

Milk-tube : (n) (نباتیات) شیرہ دار نلی ۔

Milk-vessel : (n) (۱) دودھ کا برتن ۔ (۲) گائے کا تھن ۔ (۳) (نباتیات) وہ نلی جس سے شیرہ نکلتا ہے ۔

Milk-vetch : (n) کنیر ؛ گون ؛ ایک قسم کا پھلی دار پودا ۔

Milk-walk : (n) شیر فروش کا حلقہ ۔

Milk-weed : (n) شیرگیاہ ؛ دودھیل پودا ؛ ایک جنگلی پودا جس کا عرق دودھ سا ہوتا ہے ۔

Milk-white : (a) دودھ جیسا سفید ؛ نہایت سفید ۔

Milk wort : (n) حشیشۃ الحلیب ؛ شیرہ زا ؛ ایک قسم کا پودا جس کے چرنے سے کہتے ہیں کہ گائے کا دودھ بڑھ جاتا ہے ۔

Milker : (n) (۱) دودھ دوہنے والا ۔ (۲) دودھ دینے والی خصوصاً گائے ۔

Milkily : (adv.) نزاکت سے ؛ زنانہ پن کے ساتھ ۔

Milkiness : (n) (۱) دودھ جیسا ہونا ۔ (۲) دودھیا پن ۔ (۳) دھندلاپن ؛ ملگجاپن ۔ (٤) نزاکت ؛ زنانہ پن ۔

Milkmaid : (n) وہ عورت جو دودھ دوہتی ہے یا شیر خانہ میں کام کرتی ہے ۔

Milkman : (n) (۱) شیر فروش ؛ دودھ والا ؛ گھوسی ؛ گوالا ۔ (۲) دودھ دوہنے والا ۔

Milksop : (n) زنانہ ؛ بودا لڑکا یا آدمی ۔

Milkstone : (n) دودھیا پتھر ۔

Milky : (n) (۱) دودھ کا ؛ دودھ جیسا ؛ شیر صفت ؛ دودھیلا ؛ دودھیا ۔ (۲) (سیال شے) میلی میلی سی ؛ دھندلی ؛ ملگجی ۔ (۳) زنانہ ؛ نازک ؛ مخنث ؛ شریف ؛ نرم دل ۔

Milky way : (n) (۱) کہکشاں ؛ آکاش گنگا ۔ (۲) منور شاہراہ ۔

Mill : (n) (۱) بن چکی ؛ پون چکی ؛ (مشین سے چلنے والی) چکی ؛ معمولی چکی ؛ آسیا ۔ (۲) پیسنے کی چھوٹی مشین ؛ کولہو ۔ (۳) کارخانہ ؛ مِل ؛ پتلی گھر ۔ (٤) مکہ بازی کا مقابلہ ۔ (٥) طلائی یا نقرئی

(۲) سر چشمہ جو پن چکی کو گھماتا ہے ۔

Mill-lead : (n) چکی تک پانی لے جانے کی مصنوعی نالی ۔

Mill-leat : (n) دیکھو Mill lead

Mill ore : (n) خام دھات (مل میں کوٹے جانے کے لائق) ۔

Mill pick : (n) دیکھو Mill bill

Mill pond / -pool : (n) چکی تال ؛ وہ پانی جو چکی تال سے رک کر جمع ہوجاتا ہے ۔

Mill-post : (n) (۱) پون چکی کا کھمبا ۔ (۲) موٹا اور بھاری پاؤں ۔

Mill-race : (n) چکی دھارا ؛ پانی کی دھار جو چکی کے پٹے کو چلاتی ہے ۔

Mill-rind : (n) (۱) چکی کے اوپری پاٹ کو سہارا دینے والا لوہا ۔ (۲) (نقابت) ایسا لوہا بطور نقابتی نشان کے ۔

Mill-round : (n) چکی چلانے والے گھوڑے کا چکر ۔

Mill-run : (n) (۱) چٹانوں یا خام دھاتوں میں معدنیات کی جانچ ۔ (۲) دیکھو Mill-race ۔ (۳) قابل فروخت کٹے ہوئے شہتیر (کسی مل کے) ۔ (٤) اوسط یا معمولی شخص یا چیز ۔

Mill-shaft : (n) (۱) فلزی دُھرا جو چکی کی مشین کو چلاتا ہے ۔ (۲) چکی یا مل کا لمبا دود کش ۔

Mill-stream : (n) دیکھو Mill race

Mill-wheel : (n) (۱) چکی کا پہیا (خصوصاً پن چکی کا) ؛ چرخ آسیاب ۔ (۲) (نقابت) چکی کا پہیا بطور نقابتی نشان کے ۔

Mill-work : (n) (۱) چکی کی مشین ۔ (۲) چکی بنانا یا لگانا ۔

Millboard : (n) موٹی دفتی ۔

سکوں پر نقش بنانے کی مشین (جو سولھویں صدی عیسوی میں ایجاد کی گئی تھی) ۔(٦) پاؤں چکی جس میں متحرک سیڑھیاں ہوتی ہیں جو قدم رکھنے سے چلتی ہیں ۔ (۷) اناج پیسنے کی دستی چکی ۔ (۸) سست یا دشوار عمل ؛ ایسا تجربہ یا عمل جس کا شخصیت پر اثر پڑے ۔ (۹) (عام) (موٹر وغیرہ کا) انجن ؛ ٹائپ رائٹر ۔

To draw water to (one 's) mill : ہر موقع سے فائدہ اٹھانا ۔

To go, have been through mill : مشکلات سے گزرنا؛ خوب محنت کرنا ؛ مشقت جھیلنا ۔

To put through the mill : مشکلات سے گزارنا ؛ مشقت کروانا ؛ خوب محنت کروانا ۔

Mill : (n) (امریکا) مل ؛ ایک ڈالر کا ہزارواں حصہ (یہ رقم محض شمار کے لئے مقرر کرلی گئی ہے) ۔

Mill : (v) (۱) کپڑے کو دبیز کرنا ۔ (۲) پیسنا (غلہ) ۔ (۳) (سکے کے کنارے پر) خط ڈالنا ۔ (٤) چاکلیٹ وغیرہ کو پھینٹنا ؛ جھاگ اٹھانا ۔ (٥) مارنا ؛ پیٹنا ؛ گھونسے بازی کر نا ۔ (٦) (کسی شخص سے) لڑنا ؛ جھگڑنا ۔ (۷) (مویشی کا) ساتھ ساتھ چکر کاٹنا ۔ (۸) (وھیل مچھلی) کا اچانک گھوم جانا ۔ (۹) پیسا جانا ۔

Mill : (v) (عام) چوری کرنا ؛ ڈاکہ ڈالنا ؛ چھین لینا ۔

Millard : (n) کسی قسم کی چکی چلانے والا ۔

Mill-bar iron : (n) لوہے کی سلاخ ۔

Mill-bill : (n) سنگ آسیا کو چکنا کرنے کا تیشہ (کلہاڑی) ۔

Mill-dam : (n) بند آسیاب ؛ چکی بند ؛ وہ بند جو پن چکی چلانے کیلئے دریا میں باندھتے ہیں ؛ تال آسیاب ۔

Mill-hand : (n) مل کا کام کرنے والا ۔

Mill-head : (n) (۱) گھوڑا چکی کا وہ حصہ جہاں گیرندہ ہوتا ہے ۔

Mille-feuille : (n) ایک قسم کی پیسٹری (کیک) ۔

Milled : (a) نقش کیا ہوا ؛ منقش (سکہ) ؛ نابدار ؛ دانتے دار ۔

Milled-board : (n) دیکھو Millboard

Millefiori : (n) ایک قسم کا آرائشی شیشہ جو مختلف رنگوں اور لمبائی کے شیشے کے چھڑوں کو ملاکر بنایا جاتا ہے ۔

Millefleurs : (n) مختلف قسم کے پھولوں سے بنایا ہوا عطر ۔

Millenarian : (a) (۱) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا ۔ (۲) الف سعادت کا ۔

Millenarian : (n) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا قائل ؛ الف سعادت کا قائل ؛ عہد سعادت کا قائل ۔

Millenarianism : (n) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا عقیدہ ؛ الف سعادت کا عقیدہ ۔

Millenary : (a) (۱) عہد ہزار سالہ کا ۔ (۲) عہد سعادت کا ؛ الف سعادت کا ؛ الف سعادتی ۔ (۳) ایک ہزار سپاہیوں کی سپہ سالاری کرنے والا ۔

Millenary : (n) (۱) عہد ہزار سالہ ۔ (۲) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا قائل ؛ عہد سعادت کا قائل ۔ (۳) ایک ہزار سپاہیوں کا سپہ سالار ۔

Millennial : (a) (۱) ہزار سالہ ۔ (۲) (مسیح کی حکومت) عہد ہزار سالہ کا ؛ عہد سعادت کا ؛ الف سعادت کا ۔

Millennian : (a & n) دیکھو Millenarian

Millennium : (n) (۱) عہد ہزار سالہ ؛ دور ہزار سالہ ۔ (۲) عہد سعادت ؛ الف سعادت (ہزار سال کا وہ زمانہ جس میں شیطان قید ہوگا اور مسیح کی حکومت ہوگی) ۔ (۳) (مجازاً) عہد مسرت ۔

Millepede . (n) (۱) ہزار پا ؛ کنکھجورا ۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا جس کا خول ہڈی کا ہوتا ہے اور پیر بہت سے ہوتے ہیں ۔ (۳) صدپا ۔

Millepore : (n) ایک قسم کا مرجان ۔

Milleporite : (n) متحجر مرجان ۔

Miller : (n) (۱) کسی قسم کی چکی چلانے والا ؛ آسیابان ۔ (۲) پن چکی والا ۔ (۳) ایک قسم کا سفید کیڑا ۔ (٤) بھونرے کی قسم کا کیڑا ۔ (٥) مکھ باز ۔

An honest miller hath a thumbof gold : چکی چلانے والا ایماندار نہیں ہوتا ہے ۔

Too much water drowned the miller : اچھی چیزوں کی زیادتی بھی نقصان دہ ہوتی ہے ۔

Millerite : (n) ولیم ملر کے عقیدے پر یقین رکھنے والا جس کا کہنا تھا کہ ورود مسیح اور قیامت بہت نزدیک ہیں ۔

Millerite : (n) نیکل (Nickle) کا خام سلفائیڈ ۔

Miller 's-thumb : (n) (۱) ایک چھوٹی مچھلی جس کا سر بہت بڑا ہوتا ہے ۔ (۲) بعض قسم کی چھوٹی چڑیا ۔

Millesimal : (a) ہزارواں ؛ ہزارم ۔

Millesimal . (n) ہزارواں حصہ ۔

Millet : (n) باجرہ ؛ کونوں ؛ چینا ۔

Millet-grass : (n) ایک لمبی خوشنما گھاس ۔

Millet-rash : (n) دیکھو Military fever

Millet-seed : (n) باجرہ وغیرہ کا دانا ۔

Milli - : (prefix) سابقہ بمعنی " ہزارواں (حصہ) " ۔

Milliard : (n) ہزار ملین ؛ ایک ارب ۔

Milliary / Miliary : (a) ایک ہزار قدموں والے قدیم رومی میل سے متعلق ؛ ایک میل کا ۔

Milliary / Miliary : (n) قدیم رومی سنگ میل ۔

Millibar : (n) ملی بار ۔

Milligramme / - grm : (n) ملی گرام ؛ ایك گرام كا ہزار واں حصہ ؛ انگریزی گرین كا ۱٥٤ OSO حصہ ۔

Millilitre : (n) ایك لٹر كا ہزارواں حصہ یعنی ٤١ OSO مكعب انچ ۔

Millimetre : (n) ملی میٹر ؛ ایك میٹر كا ہزارواں حصہ یعنی ۳۹۳ OSO انچ ۔

Milliner : (n) (۱) ملان كا باشندہ ؛ ملانی ۔ (۲) وہ شخص خصوصاً عورت جو عورتوں كی ٹوپی وغیرہ تیار كرتی یا بیچتی ہے ؛ كلاہ ساز ۔

Millinery : (n) كلاہ سازی كا سامان ؛ ٹوپی وغیرہ ۔

Milling : (n) (۱) پیسنا ؛ (كپڑے وغیرہ كو) دبیز كرنا ؛ مہین كاری ۔ (۲) (سكے كے كنارے پر) خط ڈالنا ؛ دندانہ داری ۔

High milling : (اناج كو) مہین یا باریك پیسنا ۔

Low milling : موٹا پیسنا ۔

Million : (n) (۱) ملین ؛ دس لاكھ ۔ (۲) دس لاكھ پاؤنڈ یا ڈالر ۔

The million : عام لوگ ؛ عوام الناس ۔

Millionaire : (n) لكھ پتی ؛ كروڑ پتی ؛ بے حد دولت مند ۔

Millionairess : (n) لكھ پتی ؛ كروڑ پتی ؛ بے حد دولت مند عورت ۔

Millioned : (a) (۱) ملین میں شمار كیا ہوا ۔ (۲) لكھ پتی ۔

Millionth : (a) دس لاكھ واں ۔

Millionth part : (n) دس لاكھ واں حصہ ۔

Milliped : (n) دیكھو Millepede

Millstone : (n) (۱) چكی كا پاٹ ؛ سنگ آسیا ؛ سنگ آسیا بطور نقابتی نشان ۔ (۲) وہ پتھر جس سے چكی كا پاٹ بنایا جاتا ہے ۔ (۳) (مجازاً) بوجھ ۔ (٤) پیسنے یا چور كرنے كا آلہ یا مشین ۔

Nether millstone : پتھر كا دل ۔

To see far in (into, through) a millstone : (طنزاً) بہت تیز ہونا ؛ ہوشیار ہونا ۔

Millstone bridge : (n) دیكھو Mill rind

Millstone grit : (n) (ارضیات) ایك قسم كی سخت چٹان ۔

Millwright : (n) چكی كا كاریگر ؛ چكی ساز ؛ آسیا ساز ؛ آسیا كار ۔

Milor (d) : (n) انگریز رئیس ؛ مائی لارڈ ؛ فرانسیسی میں انگلستان كے لارڈ یا دولت مند شخص كو كہتے ہیں ۔

Milque toast : (n) كمزور یا بودا شخص ۔

Milreis : (n) پرتگالی طلائی سكہ ؛ برازیلی نقرئی سكہ ۔

Milsey / Milsie : (n) دودھ چھاننے كی چھلنی ۔

Milt : (n) (۱) تلی ؛ طحال ۔ (۲) نر مچھلی كے انڈے ۔

Milt : (v) مادہ مچھلی كے انڈوں میں تولیدی مادہ پہنچانا ۔

Milter : (n) نر مچھلی (انڈے دینے كی فصل میں) ۔

Miltonian : (a) ملٹن كے طرز كا ؛ ملٹن سے متعلق ۔

Miltonic : (a) ملٹنی ؛ ملٹن كے طرز كا ۔

Miltonically : (adv.) ملٹن كے طرز میں ۔

Miltonist : (n) ملٹن كے خیالات كا حامی (خصوصاً طلاق كے معاملے میں) ۔

Miltwast : (n) ایک قسم کا فرن ۔

Mim : (a) سنجیدہ ؛ متین ؛ کم گو ۔

Mim-mouthed : (a) کم گو ۔

Mime : (n) (۱) نقال ؛ بھانڈ ؛ مسخرا ۔ (۲) بھانڈوں کی نقل ۔ (۳) (مجازاً) نقل اتارنے والا ؛ نقال ؛ مقلد ۔ (٤) (قدیم یونانی وروبی) معمولی مذاقیہ ڈراما ۔

Mime : (v) محض چہرے کے حرکات و اشارات سے نقل کرنا ؛ خاموش نقل کرنا ۔

Mimeograph : (n) وہ آلہ جس میں لکھے ہوئے صفحوں سے دھات کی پلیٹیں تیار ہوتی ہیں ؛ میمو گراف ؛ نقل نگار (جس سے بہت سی نقلیں کی جاسکتی ہیں) ۔

Mimeograph : (v) میمو گراف کے ذریعے نقلیں اتارنا ۔

Mimer : (n) نقال ؛ بھانڈ ؛ مسخرا ۔

Mimesis : (n) (۱) (حیاتیات) ظاہری مشابہت ؛ شباہت خارجی ؛ پرشباہت (ایک جانور کی دوسرے جانور یا کسی بے جان چیز سے) ۔ (۲) (علم البدیع) نقالی ۔

Mimetic : (a) (۱) نقل کا ؛ نقالی کا ؛ ظاہری مشابہت کا ؛ شباہتی ۔ (۲) نقل اتار نے کا عادی ؛ نقالی کا شائق ؛ تقلید کا شائق ۔ (۳) نقلی ۔

Mimetically : (adv.) ظاہری مشابہت کے لحاظ سے؛ نقالی کے طور پر ۔

Mimetism : (n) (۱) نقل اتارنا ؛ نقالی ؛ سوانگ یا سانگ ۔ (۲) نقالی ؛ اندھی تقلید ؛ کورانہ تقلید ۔ (۳) نقل ؛ مشابہ چیز ۔ (٤) (حیوانیات) ظاھری کلی مشابہت ؛ پر شباہت ۔

Mimiambi : (n) Iambic یا Scazontic میں لکھا مذاقیہ ڈراما ۔

Mimiambic : (a) Mimiabi سے متعلق ۔

Mimiambics : (n) دیکھو Mimiambi

Mimic : (a) (۱) نقالی کا شائق ؛ نقل کا شائق ۔ (۲) نقلی ؛ مصنوعی ۔ (۳) نقل اتارنے میں مشاق ۔ (٤) پرمشابہ (پودا) ۔

Mimic : (n) نقال ؛ نقل اتارنے والا ؛ نقل اتارنے میں مشاق ؛ بہروپیا ۔

Mimic : (v) (۱) نقل اتارنا ۔ (۲) نقالی کرنا ؛ اندھی تقلید کرنا ۔ (۳) (اشیاء کا) پورا مشابہ ہونا ۔ (٤) (مرضیات) (دوسرے مرض سے) مشابہ ہونا ۔

Mimical : (a) نقالی کا ؛ اندھی تقلید کا ۔

Mimically : (adv.) نقالی کے طور پر ؛ اندھی تقلید کرتے ہوئے ۔

Mimicry : (n) دیکھو Mimetism

Miminy-piminy : (a) حد سے زیادہ نازک دماغ ؛ ضرورت سے زیادہ نفاست پسند ۔

Mimographer : (n) مذاقیہ ڈراما لکھنے والا ۔

Mimosa : (n) (۱) چھوئی موئی ؛ ام غلیاں ؛ لاجونتی ؛ گل فتنہ اور اسی قسم کے دوسرے پودوں کا نام ۔ (۲) چھوئی موئی قسم کے درختوں کی چھال جو دباغی میں کام آتی ھے ۔ (۳) ببول کی جنس کا پودا ۔

Mimosa gum : (n) ببول کا گوند ؛ صمغ عربی ۔

Mimosa pudica : (n) چھوئی موئی ۔

Mimotannic acid : (n) ایک قسم کا مازو کا تیزاب ۔

Mina : (n) (۱) مینا ؛ ایک یونانی رقم ۔ (۲) قدیم یونان و مصر وغیرہ کا وزن کا پیمانہ جو تقریباً ایک پونڈ کے برابر تھا ۔

Mina / Myna / Miner / Minor : (n) مینا (ہندوستانی پرند) ۔

Minacious : (a) تہدیدی ؛ تہدید آمیز ؛ دھمکی کا ۔

Minaciously : (adv.) تہدیداً ؛ دھمکی کے طور پر ۔

Minaciousness : (n) تہدید آمیز ہونا ؛ تہدید آمیزی ۔

Minacity : (n) تہدید آمیز ہونا ؛ تہدید آمیزی ۔

Minaret : (n) مینار ؛ مسجد کے مینار ۔

Minatorial : (a) تہدیدی ؛ تہدید آمیز ۔

Minatorially : (adv.) تہدیداً ؛ دھمکی کے طور پر ۔

Minatorily : (adv.) دھمکی کے طور پر ؛ تہدیداً ۔

Minatory : (a) تہدیدی ؛ تخویف آمیز ؛ تہدید آمیز ؛ دھمکی کا ۔

Minauderie : (n) نخرہ ؛ عشوہ ؛ نازوادا ۔

Minbar / Mimbar : (n) منبر ؛ مسجد کا منبر ۔

Mince : (n) قیمہ ۔

Mince : (v) (١) قیمہ کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ (٢) گفتگو میں نرمی اور شائستگی کا خیال رکھنا ۔ (٣) نازوادا سے چلنا ؛ ناز وانداز سے قدم رکھنا ؛ تکلف سے چلنا یا گفتگو کرنا ؛ چبا چبا کر باتیں کرنا ۔ (٤) (مجازاً) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ۔ (٥) سخت تنقید کرنا ؛ بری طرح خبر لینا ۔

To mince matters/-the matter : مذمت یا مخالفت کے ا ظہار میں نرمی سے کام لینا ؛ مروت سے کام لینا ۔

Mince pie : (n) ایک کھانا جس میں خشک میوہ وغیرہ ڈال کر اوپر سے آٹے کی تہ دے کر پکاتے ہیں ۔

Minced : (a) قیمہ کیاہوا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹا ہوا ۔

Minced meat : (n) قیمہ کیا ہوا گوشت ۔

Minced-pie : (n) Mince-pie دیکھو

Mincemeat : (n) (١) قیمہ ۔ (٢) خشک میوہ وغیرہ جو پائی (pie) میں ڈالتے ہیں ۔ (٣) مکمل تباہی ؛ بربادی ۔

Mincer : (n) قیمہ بنانے والا (شخص یا مشین) ۔

Mincing : (n) قیمہ کرنا ۔

Mincing : (a) (١) قیمہ کرنےوالا یا والی ۔ (٢) ناز سے چلنے والا ؛ پر تکلف ۔

Mincingly : (adv.) چبا چبا کر ؛ اٹھلا کر ؛ تکلف سے ۔

Mincy : (a) حد سے زیادہ محتاط یا نفاست پسند ۔

Mind : (n) (١) یاد ؛ یاد داشت ۔ (٢) صاف صاف رائے ؛ اصلی منشا ۔ (٣) دھیان ؛ توجہ ؛ میلان خاطر ۔ (٤) قلبی کیفیت ۔ (٥) ذہن ؛ نفس ؛ دماغ ؛ دل؛ قلب ۔ (٦) روح ؛ باطن ؛ ضمیر ۔ (٧) ذہن رکھنے والا شخص؛ دماغ (بمعنی صاحب دماغ) ؛ نفس (بہ معنی صاحب نفس) ۔ (٨) عقل ؛ فہم ؛ قوائے عقلی ۔

Absence of mind : بے خیالی ۔

A piece or bit of one 's mind : بے لاگ رائے ؛ اصلی رائے ؛ جھڑکی ؛ ڈانٹ ڈپٹ ۔

Frame of mind : ذہنی رجحان ؛ ذہنی ساخت ۔

In my mind/To my mind : میری رائے میں ؛ میرے خیال میں ؛ میرے نزدیک ۔

Of sound mind : صحیح الدماغ ۔

Of unsound mind : خبطی ؛ پاگل ۔

On one 's mind : (کسی کے) دماغ پر چھایا ہوا ۔

One 's mind 's eye : چشم بصیرت ؛ دل کی آنکھ ۔

Presence of mind : اوسان ؛ اوسان قائم ؛ بجا رہنے کی حالت ۔

Time out of mind : قدیم الایام ؛ عرصہ دراز ؛ مدید مدت ۔

To be a (specified) mind : رائے رکھنا ۔

To be in one 's right mind : صحیح الدماغ ہونا ۔

To be in two minds : حیص بیص میں ہونا ؛ دو دلا ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا ۔

To be of (another 's) mind : کسی شخص کی رائے سے اتفاق کرنا ۔

To be of one or a mind : ہم خیال ہونا ؛ متفق ہونا ۔

To be (go, pass) out of mind : دل سے اتر جانا ؛ فراموش ہوجانا ۔

To bring, call to mind : یاد کرنا ۔

To change one 's mind : ارادہ بدل دینا ۔

To give one 's mind to : توجہ کرنا ؛ توجہ مبذول کرنا ۔

To have a great, good mind : بہت ہی چاہنا ۔

To have a mind : ارادہ کرنا ؛ جی چاہنا ۔

To have half a mind : کچھ کچھ جی چاہنا ۔

To have, bear, keep in mind : یاد رکھنا ۔

To have no mind : جی نہ چاہنا ۔

To know one 's own mind : اپنے فیصلے پر ڈٹے رہنا ۔

To let a person know one 's mind : اپنا خیال ظاہر کرنا ۔

To lose one 's mind : پاگل ہوجانا ۔

To make up one 's mind : (۱) مصمم ارادہ کرنا ؛ عزم بالجزم کرنا ۔ (۲) کسی مصیبت یا ناگزیر واقعہ پر صبر کرلینا ؛ راضی برضا ہونا ۔

To one 's mind : (کسی کے) خیال میں ۔

To put (a person) in mind : یاد دلانا ؛ یاد دہانی کرانا ۔

To set (have, keep) one 's mind on : خواہش کرنا ؛ آرزو کرنا (کسی چیز کے حاصل کرنے یا انجام دینے کی) ۔

To speak one 's mind : دل کی بات صاف صاف کہہ ڈالنا ؛ اصلی رائے ظاہر کردینا ۔

To tell (a person) one 's mind : اپنی رائے دینا ۔

Mind : (v) (۱) یاد رکھنا ؛ لحاظ رکھنا ۔ (۲) پرواکرنا ؛ خیال کرنا ؛ توجہ دینا ۔ (۳) مصروف ہونا ۔ (٤) اعتراض ہونا ؛ ناپسند کرنا ۔ (٥) (کسی چیز کی طرف سے) خبر دار رہنا ؛ خیال رکھنا ۔ (٦) نگراں ہونا ؛ نگراں کرنا ۔ (۷) (امر) دیکھو ؛ یاد رکھو ۔ (۸) (امر) یہ یاد رہے ؛ یہ ملحوظ رہے ۔

If you don 't mind : اگر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہوتو ۔

I should not mind : مجھے کوئی عذر نہیں ۔

Mind your eye : چوکس رہو ؛ دیکھتے رہو ۔

Never mind : جانے دو ؛ کوئی فکر نہ کرو ۔

To mind one 's business : اپنے کام کو مستعدی سے کرنا ۔

To mind one's own business : اپنے کام سے مطلب رکھنا (دوسروں کے کام میں دخل نہ دینا) ۔

To mind one 's p's and Q's : گفتگو یا کام میں احتیاط برتنا ؛ سوچ سمجھ کر بات یا کام کرنا ۔

Mind-cure : (n) نفسیاتی علاج ۔

Mind-healing : (n) نفسیاتی علاج ۔

Mind-reader : (n) ضمیر داں ؛ قوت اسراق سے دوسروں کے خیالات معلوم کرنے والا ۔

Mind-set : (n) (۱) طرز خیال ۔ (۲) مستقل ذہنی کیفیت ۔

Mind stuff : (n) جوہر نفس ؛ بعض فلسفیوں کے نزدیک کائنات کی حقیقت یہی جوہر ہے ، مادہ بھی اسی کی ایک شکل ہے ۔

Minded : (a) (۱) راغب ؛ مائل ۔ (۲) (اعلیٰ ، ادنیٰ وغیرہ) دماغ کا ۔

Minder : (n) (۱) نگراں ۔ (۲) چھاپنے والا ؛ مطبع کا مستری ۔ (۳) کسی بچے کی نگرانی کرنے والا ۔ (٤) وہ بچہ جو کسی دوسرے شخص کی نگرانی میں دے دیا گیا ہو ۔

Mindful : (a) محتاط ؛ احتیاط کرنے والا ؛ لحاظ رکھنے والا ۔

Mindfully : (adv.) احتیاط سے ؛ توجہ سے ۔

Mindfulness : (n) احتیاط ؛ لحاظ ؛ فکر ۔

Minding : (n) (۱) یاد رکھنا ؛ لحاظ رکھنا ؛ پروا کرنا ۔ (۲) یاد دہانی ۔

Mindless : (n) (۱) تہی مغز ؛ کوڑھ مغز ۔ (۲) غافل ؛ بے خبر ؛ بے فکر ؛ بے پروا ۔

Mindlessly : (adv.) کوڑھ مغزی سے ؛ غفلت کے ساتھ ؛ بے فکری میں ۔

Mindlessness : (n) کوڑھ مغزی ؛ غفلت ؛ بے خبری ۔

Mind 's eye : (n) چشم بصیرت ؛ دل کی آنکھ ؛ دیدۂ بینا ۔

Mine : (n) (۱) کان ؛ معدن ؛ کھان ۔ (۲) (مجازاً) مخزن ؛ خزانہ ؛ منبع ۔ (۳) خام لوہا ؛ کچا لوہا ۔ (٤) (فوج) سرنگ (جس میں بارود وغیرہ بچھاکر اڑاتے ہیں) ۔ (٥) بحری سرنگ (لوہے کی نلکیاں جس میں آتش گیر مادہ بھر کر سمندر میں ڈالتے ہیں) ۔ (٦) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۷) وہ راستہ جو کیڑے پتوں کے اندر بناتے ہیں ۔

All mine : بہترین قسم کا لوہے کا ڈلا ۔

Part-mine : خام لوہا جس میں میل نہ ہو ۔

Mine : (a) (۱) میرا ؛ میری (بطور صفت جب اسم محذوف ہو) ۔ (۲) بعض اسموں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

Of mine : میرا ؛ میری ۔

Mine : (v) (۱) بھٹ بنانا ۔ (۲) اندر اندر زمین کھودنا ؛ سرنگ کھودنا ؛ زمین دوز راستہ بنانا ۔ (۳) (مجازاً) جڑ کھودنا ؛ بنیاد کھو کھلی کردینا ؛ بیخ کنی کرنا ۔ (٤) (فوج) سرنگ لگانا ۔ (٥) (بحری) سرنگ بچھانا ۔ (٦) کان سے دھات نکالنا ۔ (۷) کان کھودنا ۔

Mine adventure : (n) کانوں پرسٹا کرنا ۔

Mine-adventurer : (n) کانوں پر سٹا کرنے والا ۔

Mine-detector : (n) بارودی سرنگوں کا پتا لگانے کا آلہ ۔

Mine-dial : (a) کان کن کا قطب نما ۔

Mine-dragging : (n) پانی سے بحری سرنگوں یا آبدوز سرنگوں کو ہٹا دینا ۔

Mine-field : (n) سمندر کا وہ حصہ جس میں سرنگوں کا جال بچھا ہو ۔

Mine-iron : (n) خام لوہے سے بنایا ہوا ڈلا ۔

Mine-layer : (n) سرنگیں بچھانے والا جہاز ۔

Mine laying : (n) سرنگیں بچھانا ۔

Mine-stone : (n) سنگ آہن ؛ لوہے کا کاربونیٹ ۔

Mine-stuff : (n) دیکھو Min-stone

Mine-sweeper : (n) دشمن کی سرنگیں ہٹانے والا یا انکو بے اثر کرنے والا جہاز ۔

Mine-sweeping : (n) دشمن کی سرنگیں ہٹانا یا انکو بےاثر بنادینا ۔

Mine-thrower : (n) ایک قسم کی چھوٹی توپ جو خندق میں رکھ کر چلائی جاتی ہے ۔

Mine-tin : (n) رگِ معدن سے نکالا ہوا ٹین ۔

Mine-work : (n) (۱) (فوج) سرنگ کی طرح کا زمین دوز راستہ ۔

Mine-worker : (n) کان میں کام کرنے والا ؛ کان کن ۔

Mineable : (a) کان کنی کے لائق ۔

Miner : (n) (۱) کان کن ؛ کان کھودنے والا ؛ کان کا مزدور ۔ (۲) سرنگ لگانے والا ؛ سرنگ بچھانے والا ؛ سرنگ اڑانے والا ۔ (۳) (حیوانیات) حفّار ؛ بعض قسم کے کیڑے جو زمین کھود کر رہتے ہیں ۔ (٤) سرنگیں بچھانے والا جہاز ۔

Mineral : (n) (۱) کانی شے ؛ معدن ؛ معدنیات ۔ (۲) قدرتی غیر نامی مادے ۔

Mineral : (a) (۱) معدنی ؛ کانی ۔ (۲) غیر نامی ؛ غیر نامی مادوں سے متعلق ۔

Mineral candle: (n) پیرا فن کی بنی ہوئی شمع ۔

Mineral caoutchouc: (n) ایک قسم کا بھورا ہائیڈرو کاربن جو ربڑ جیسا ہوتا ہے ۔

Mineral chameleon: (n) پوٹا شیم کا میگنیٹ ۔

Mineral charcoal: (n) لکڑی کے کوئلے جیسا مادہ جو پتھر کوئلے کی پرتوں کے درمیان ملتا ہے ۔

Mineral coal : (n) پتھر کوئلہ ۔

Mineral cotton : (n) اون جیسی ریشہ دار شے جو دھات کے میل میں پھونکنے سے بنتی ہے ۔

Mineral jelly : (n) ویسیلین ؛ ایک قسم کا موم روغن ۔

Mineral kingdom : (n) عالم جمادات ؛ عالم معدنیات ۔

Mineral oil : (n) پٹرول اور دوسرے تیل جو اس سے تقطیر ہوکر نکلتے ہیں ۔

Mineral pitch : (n) قدرتی رال ۔

Mineral right : (n) حق کان کنی ۔

Mineral tallow : (n) موم معدنی ۔

Mineral tar : (n) معدنی قیر ۔

Mineral water : (n) معدنی پانی ؛ قدرتی چشموں کا پانی جس میں کوئی معدنی شے ملی ہو ۔

Mineral wax : (n) دیکھو Mineral tallow

Mineral wool : (n) دیکھو Mineral cotton

Mineralization : (n) معدن کاری ؛ معدنی بننا یا بنانا ۔

Mineralize / Mineralise : (v) (۱) معدنی بنانا ؛ معدنی بننا ۔ (۲) معدنیات یا کوئی غیر نامی اشیاء ملانا ۔ (۳) (حیوانی نباتی مادوں کا) پتھر ہوجانا ۔ (٤) معدنیات کا مطالعہ کرنا ؛ معدنیات تلاش کرنا ۔ (٥) معدنی اشیاء کا جمع ہونا ۔ (٦) کچی دھات میں تبدیل کردینا ۔

Mineralizer : (n) (۱) وہ مادہ جو دھات سے ملکر اسے خام دھات بنادیتا ہے مثلاً گندھک وغیرہ ؛ معدن ساز عنصر ۔ (۲) وہ معدنیات جو پانی میں ملاتے ہیں ۔

Mineralogical : (a) معدنیاتی ؛ معدنی ؛ علم معدنیات کے متعلق ۔

Mineralogically : (adv.) علم معدنیات کی رو سے ۔

Mineralogist : (n) (۱) عالم معدنیات ؛ ماہر معدنیات ؛ معدنیات داں ۔ (۲) (حیوانیات) ایک قسم کا صدف ۔

Mineralogize : (v) معدنیات کا مطالعہ کرنا ؛ معدنیات تلاش کرنا ۔

Mineralogy : (n) علم معدنیات ؛ علم معادن ۔

Miner 's friend : (n) ڈیوی (Davy) کا چراغ حفاظت ۔

Minerva : (n) (رومی دیومالا) منروا ؛ عقل و دانش کی دیوی ۔

Minerva machine : (n) خرد ٹائپ مشین ۔

Minerva press : (n) (۱) لندن کا ایک مطبع ۔ (۲) بےحد جذبات پرستانہ ناول جو سنہ ۱۸۰۰ء کے قریب اس مطبع سے شائع ہوتے تھے ۔

Minerval : (n) وہ تحفہ جو طالب علم اپنے استاد کو دے ۔

Minery : (a) کان ؛ وہ جگہ جہاں کان کنی ہوتی ہے ۔

Minestrone : (n) چاول ، سبزی وغیرہ کا گاڑھا شوربہ ۔

Minever : (n) ایک قسم کا سمور ؛ سنجاب ؛ قاقم ۔

Ming : (n) (۱) چین کا شاہی سلسلہ جس نے ۱۳٦۸ء سے ۱٦٤٤ء تک حکومت کی ۔ (۲) اس شاہی سلسلے کا رکن ۔ (۳) اس زمانے کے چینی کے برتن ۔

Mingle : (v) (۱) ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ مرکب کرنا ؛ مخلوط کرنا ۔ (۲) ملنا ؛ مرکب ہونا ؛ مخلوط ہونا ۔ (۳) ملنا ملانا ۔

Mingle-mangl : (n) آمیزش (خصوصاً مختلف النوع چیزوں کی) معجون مرکب ۔

Mingle-mangle : (v) آمیزش کرنا ؛ ملنا ؛ گڈمڈ کرنا ۔

Minglement : (n) آمیزش ؛ ملاوٹ ؛ ملنا ؛ ملانا ۔

Mingy : (a) کمینہ ؛ ذلیل ؛ کنجوس ؛ بخیل ؛ خسیس ۔

Mini : (n) (۱) Minicar کا مخفف ۔ (۲) Miniskirt کا مخفف ۔

Mini -: (n) جزو ترکیبی بہ معنی " بہت چھوٹے پیمانے کا " ؛ "مختصر" ۔

Miniaceous : (a) سیندوری رنگ کا ۔

Miniate: (n) (۱) سیندور کا رنگ چڑھانا ؛ شنگرف کے رنگ میں رنگنا ۔ (۲) (قلمی کتابوں میں) ہر عبارت کے پہلے حرف کو نقش و نگار اور طلائی کام وغیرہ سے آراستہ کرنا ؛ منقش اور مطلا کرنا ۔

Miniator : (n) منقش اور مطلا کرنے والا ۔

Miniature : (n) (۱) منقش اور مطلا کتابوں میں تصویر ۔ (۲) بہت چھوٹی سی تصویر ؛ بہت چھوٹے پیمانے کی تصویر ؛ مختصر تصویر ؛ تصویر چہ ۔ (۳) مختصر تصویروں کی نقاشی ۔ (٤) مختصر شبیہ یا عکس ؛ مختصر نقشہ ۔ (٥) شکل و صورت ؛ خط و خال ؛ چہرہ مہرہ ۔ (٦) بہت چھوٹا کیمرہ (Camera) ۔ (۷) چھوٹا خاکہ یا نمونہ (جس کی تصویر لینے سے حقیقی سائز کا معلوم ہو) ۔

In miniature : بہت چھوٹے پیمانے پر ۔

Miniature : (a) بہت چھوٹے پیمانے کا ؛ بہت چھوٹے پیمانے پر بنا ہوا ؛ مختصر ۔

Miniature : (v) مختصر پیمانے پر تصویر یا نقشہ بنانا ۔

Miniaturist : (n) مختصر تصویروں کا مصور یا نقاش ۔

Miniaturization : (n) مختصر پیمانے پر تصویر یا نقشہ وغیرہ بنانا ۔

Miniaturize : (v) مختصر پیمانے پر تصویر یا نقشہ وغیرہ بنانا ۔

Miniaturized : (a) مختصر کیا ہوا ؛ مختصر پیمانے پر بنایا ہوا ۔

Minibus : (n) چھوٹی موٹر گاڑی جس میں دروازہ عقب میں ہوتا تھا اور چار آدمیوں کے بیٹھنے کی نشست ہوا کرتی تھی ؛ چھوٹی بس -

Minicam : (n) چھوٹا کیمرا ؛ چھوٹا عکس آلہ -

Minie ball / -bullet : (n) ایک قسم کی رائفل کی گولی جس کا سرا مخروطی اور پیندا خالی رہتا تھا اور انیسوی صدی میں استعمال ہوتی تھی -

Minify : (v) (۱) کم کرکے دکھانا ؛ چھوٹا کرکے دکھانا ؛ گھٹا کر ظاہر کرنا - (۲) چھوٹا کرنا ؛ وقعت یا اہمیت کم کردینا ؛ قدر گھٹا دینا -

Minikin : (n) (۱) بہت چھوٹا (شخص یا جانور) ؛ بَونا ؛ بالشتیا - (۲) ایک قسم کی چھوٹی پن ؛ خرد پن -

Minikin : (a) (۱) بننے والا ؛ اٹھلانے والا ؛ نخرے کرنے والا ؛ نخرے کا - (۲) بہت چھوٹی (چیز) ؛ ننھی سی -

Minim : (n) (۱) موسیقی کا ایک سر - (۲) قلم کی جنبش یا کشش (نیچے کی طرف) - (۳) سب سے چھوٹی یا کم درجے کی مخلوق ؛ بھنگا - (٤) (کسی چیز کا) سب سے چھوٹا حصہ - (٥) سب سے چھوٹا دریوزہ گر راہب - (٦) مِنم ؛ قطرہ ؛ بوند ؛ ایک ڈرام کا ساٹھواں حصہ -

Minim : (a) سب سے چھوٹا ؛ انتہائی چھوٹا -

Minim of nature : (n) سب سے چھوٹا جانور -

Minimal : (a) نہایت خفیف ؛ بہت چھوٹا ؛ چھوٹے سے چھوٹا -

Minimalist : (n) اقلّ حقوق ؛ معتقد اقلّ حقوق ؛ وہ شخص جس کا یہ اصول ہو کہ کم سے کم سیاسی حقوق وغیرہ جو بھی ملیں انہیں چھوڑنا نہیں چاہئیے -

Minimism : (n) (۱) جزئیات میں انہماک - (۲) (دینیات) اعتدال پسندی (مذہبی عقیدے میں خصوصاً پوپ کی معصومیت کے بارے میں) -

Minimization : (n) کم سے کم اندازہ ؛ کم سے کم کرکے دکھانا ؛ گھٹاکر کم سے کم کرنا ؛ اعتدال پسندی (مذہبی عقیدے میں) -

Minimize : (v) (۱) گھٹاکر کم سے کم کرنا - (۲) کم سے کم اندازہ کرنا ؛ کم سے کم کرکے دکھانا - (۳) (مذہبی عقیدے میں) اعتدالی نظریہ رکھنا -

Minimizer : (n) کم سے کم کرنے والا ؛ کم سے کم کرکے دکھانے والا -

Minimum : (n) (۱) قلیل ترین مقدار ؛ اقل - (۲) (ارضیات) ادنی قدر - (۳) کم سے کم انحراف یا اختلاف (حرارت وغیرہ میں) -

Minimum : (a) کم سے کم ؛ کم از کم -

Minimum thermometer : (n) ادنی تپش پیما ؛ وہ تپش پیما جس سے معلوم ہوسکے کہ ایک مقررہ وقت کے اندر تپش کا کم سے کم درجہ کیا تھا -

Minimum value : (n) (ریاضیات) وہ قیمت جہاں سے تغیر پذیر مقدار بڑھنے لگتی ہے ؛ کم سے کم قیمت -

Minimus : (n) (۱) سب سے چھوٹی مخلوق ؛ بونا ؛ ٹِھگنا - (۲) (تشریح) چھنگلیا ؛ خنفر -

Minimus : (a) (اسکول میں) ایک نام کے بچوں میں سب سے چھوٹا (بچہ) -

Mining : (n) کان کنی ؛ حضر معدن -

Mining-hole : (n) (کان میں بنایا ہوا) سوراخ جس میں بارود رکھ کر کان کو اڑاتے ہیں -

Mining lease : (n) کان کا پٹہ (بندوبستی) -

Mining-ship : (n) آب دوز سرنگ بچھانے والا جہاز -

Minion : (n) (۱) منہ لگا ؛ منہ چڑھا ؛ منظور نظر (بچہ ، نوکر جانور) ؛ آوردہ ؛ پیاری چیز ؛ محبوب ؛

معشوق - (۲) غلام ؛ بردہ - (۳) (طباعت) ٹائپ کے حروف کی ایک ناپ - (٤) ایک قسم کی ہلکی توپ (سولہویں اور سترھویں صدی عیسوی کی) - (٥) (کسی شخص یا ادارے کا) ماتحت -

Minion : (n) کشتہ کیا ہوا یا چھانا ہوا خام لوہا -

Minionette : (n) ٹائپ کے حرف کی ایک ناپ -

Minish : (v) (۱) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم ہونا ؛ تخفیف ہونا - (۲) اہمیت گھٹانا ؛ قدر و قیمت میں کمی کرنا -

Minister : (n) (۱) وزیر ؛ دیوان ؛ مدارالمہام - (۲) سفیر ؛ ایلچی ؛ وکیل ؛ مختار - (۳) پادری (کلیسائے انگلستان کا) - (٤) بعض مذہبی حلقوں کا سردار - (٥) عامل ؛ فاعل ؛ کارکن -

Minister : (v) (۱) خدمت کرنا ؛ امداد کرنا ؛ اعانت کرنا - (۲) مدد ہونا ؛ مدد پہنچانا ؛ باعث ہونا - (۳) پادری کا کام کرنا - (٤) دینا ؛ پہنچانا -

Minister of religion : (n) کشیش (کسی بھی درجےکا) -

Minister without portfolio : (n) وزیر بے قلمدان ؛ وزیر بے محکمہ -

Ministerial : (a) (۱) عاملانہ - (۲) معاون ؛ ممد - (۳) وزارتی ؛ وزیر کا ؛ وزارت کا - (٤) وزارت کی پارٹی کا حامی ؛ طرفدار وزارت - (٥) پادری کا ؛ پادری سے متعلق -

Ministerial : (n) (تاریخ) نظام جاگیرداری کا ایک افسر -

Ministerialist : (n) موئد وزارت ؛ طرفدار وزارت ؛ وزیر کی پارٹی کا شخص -

Ministerially : (adv.) عاملانہ طور پر ؛ وزیر کی حیثیت سے ؛ پادری کی حیثیت سے -

Ministering : (v) خدمت کرنا ؛ ممد ہونا -

Ministering : (n) خدمت کرنے والا ؛ مدد کرنے والا -

Ministering angel : (n) تیماردار -

Ministrant : (a) معاون ؛ ممد (مدد وغیرہ دینے والا) -

Ministrant : (n) معاون ؛ ممد (مدد وغیرہ دینے والا) -

Ministration : (n) (۱) اعانت ؛ امداد ؛ دستگیری و معاونت ؛ خدمت - (۲) دینا ؛ پہنچانا (امداد) - (۳) مذہبی خدمت - (٤) انتظام ؛ انصرام (انصاف ، قانون وغیرہ کا) -

Ministrative : (a) امدادی ؛ اعانتی -

Ministress : (n) اعانت کرنے والی ؛ معاونت کرنے والی ؛ خدمت کرنے والی -

Ministry : (n) (۱) خدمت ؛ اعانت ؛ امداد - (۲) جماعت وزراء ؛ وزارت ؛ پادریوں کی جماعت - (۳) محکمہ' وزارت - (٤) وساطت ؛ ایجنسی ؛ ذریعہ ؛ مدد -

Minium : (n) سیندور ؛ شنگرف -

Miniver : (n) (۱) ایک قسم کا سمور ؛ قاقم ؛ سنجاب - (۲) قاقم ؛ سائبریائی گلہری -

Minivet : (n) کینوس ؛ طیر جلاد -

Mink : (n) (۱) نیولے کی قسم کا ایک چھوٹا نیم بحری جانور ؛ آبی نیولا - (۲) آبی نیولے کا سمور -

Minnesinger : (n) جرمنی کا مغنی شاعر (بارھویں تا چودھویں صدی) -

Minnow : (n) (۱) چھوٹی دریائی مچھلی ؛ سیم ماہی - (۲) بہت چھوٹا شخص یا چیز - (۳) زندہ یا مصنوعی سیم ماہی جو بطور چارہ استعمال ہوتی ہے -

A triton of or among the minnows : اندھوں میں کانا راجا -

Minnow-tansy : (n) قرنفل ملاکر تلی ہوئی سیم ماہی -

Minoan : (a) کریٹ کے قدیم تمدن کا (۳۰۰۰ تا ۱۵۰۰ قبل مسیح) ۔

Minor : (a) (۱) چھوٹا ؛ اصغر ۔ (۲) کم درجے کا ؛ گھٹیا ؛ ناقابل لحاظ ۔ (۳) (ریاضیات) صغیر ؛ صغائر ۔ (٤) اقلیتی ۔ (٥) نابالغ ۔ (٦) (موسیقی) اصغر ؛ صغیر (۷) فرانسسکی ۔

Minor : (n) (۱) فرانسسکی راہب ۔ (۲) (منطق) مقدمہ' صغریٰ ؛ حد صغریٰ ۔ (۳) نا بالغ ۔ (٤) (فٹ بال) کم پوائنٹ ۔ (٥) اسکول وغیرہ میں ایک ھی نام کے دو بچوں میں سے سب سے چھوٹا بچہ ۔

Minor axis : (n) محور اصغر ؛ قطر اصغر ۔

Minor canon : (n) چھوٹے درجے کا پادری ۔

Minor determinant : (n) (ریاضیات) مقطوعہ صغیر ۔

Minor operations : (n) معمولی عمل جراحی (جس میں جان کا خطرہ نہ ھو) ۔

Minor planet : (n) سیارہ' اصغر ؛ سیارچہ ۔

Minor point : (n) (رگبی فٹ بال میں) ٹرائی ؛ ایک فریق کا یہ حق کہ وہ گیند کو گول کے سامنے رکھ کر ٹھوکر مارکر گول کرنے کی کوشش کرے ۔

Minor premis : (n) (منطق) مقدمہ' صغریٰ ۔

Minor proposition : (n) مقدمہ' صغریٰ ۔

Minor prophets : (n) انبیائے خرد ھوسیہ (Hosea) سے ملاکی (Malachi) تك ۔

Minorca : (n) منورکا ؛ ایک جزیرے کا نام ۔

Minorca fowl : (n) ایک قسم کی مرغی جو اسپین سے آتی ھے ۔

Minorcan : (a) منورکا سے متعلق ۔

Minorcan : (n) منورکا کی زبان ؛ منورکا کا باشندہ ۔

Minorite : (n) (۱) فرانسسکی راہب ۔ (۲) چھوٹے چھوٹے معاملات میں مشغول رہنے والا ۔

Minorite : (a) فرانسسکی سلسلے سے متعلق ۔

Minority : (n) (۱) نابالغی ؛ زمانہ نابالغی ۔ (۲) کمتر تعداد یا مقدار ؛ رائے دہندوں کی کمتر جماعت ؛ اقلیّت ۔

Minority report : (n) اقلیّت کی رپورٹ ۔

Minority teller : (n) اقلیت کو شمار کرنے والا ۔

Minotaur : (n) (یونانی دیو مالا) ایک عجیب مخلوق جس کا آدھا دھڑ انسان کا آدھا بیل کا تھا اور وہ انسان کا گوشت کھاتاتھا ۔

Minster : (n) (۱) کلیسائے خانقاہ ؛ وہ گرجا جو کسی خانقاہ میں واقع ھو ۔ (۲) بڑا گرجا ؛ مشہور و معروف گرجا ۔

Minstrel : (n) (۱) قرون وسطیٰ کا مغنی ۔ (۲) مسخرا مطرب ؛ بھانڈ ؛ میراثی ۔ (۳) گویّا ؛ موسیقار ۔ (٤) (جمع) حبشیوں کا سانگ بھرنے والوں کی ٹولی ۔

Minstrel : (v) گاکراداکرنا ۔

Minstrelsy : (n) (۱) مطربی ؛ مغنی شاعروں کا پیشہ ؛ گانا بجانا ۔ (۲) مغنی شاعروں کی جماعت ۔ (۳) مغنی شاعروں کی شاعری ۔

Mint : (n) (۱) ٹکسال ؛ دارالضرب ؛ منٹ ۔ (۲) دولت وافر ؛ زرکثیر ؛ خزانہ ۔ (۳) (مجازاً) نئی چیزیں گھڑنے کی جگہ ؛ ٹکسال ۔

Master of the mint : ٹکسال کا افسر اعلیٰ ۔

Mint : (n) منٹ ؛ پودینے کی قسم کی پتی ؛ جنس نعناع ۔

Mint : (n) (اسکا چستان) کوشش ؛ سعی ۔

Mint : (v) (۱) سکه ڈھالنا ؛ مضروب کرنا ؛ بنانا ؛ ٹھپا لگاکر سکه بنانا ۔ (۲) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ۔ (۳) (الفاظ) تراشنا ؛ (محاورات) گھڑنا ؛ ڈھالنا ۔

Mint : (v) (۱) (اسکاچستان) اراده حرنا ؛ قصد کرنا ؛ مطلب هونا ۔ (۲) کوشش کرنا ؛ ہمت کرنا ؛ جرأت کرنا ۔ (۳) حیله کرنا ؛ بننا ۔ (٤) کنایتاً کہنا ؛ اشاره کرنا ۔ (٥) آرزو مند هونا ؛ خواہش کرنا ۔

Mint : (a) (۱) ٹکسالی ۔ (۲) تازه ؛ ابتدائی حالت میں ۔

Mint-bill : (n) ہنڈی جو ٹکسال کا مالک سونے چاندی کے عوض جاری کرتا ہے (سکه بنانے کے لئے) ۔

Mint condition : (n) تازه اور مکمل ۔

Mint julep : (n) شربت نعناع ۔

Mint mark : (n) ٹھپا ؛ سکه ؛ ٹکسال کا نشان ؛ نشان دار الضرب ۔

Mint master : (n) ٹکسال کا داروغه ؛ مہتمم دارالضرب ۔

Mint-price : (n) ٹکسالی قیمت (سونے چاندی کی) ۔

Mint sauce : (n) (۱) منٹ کی چٹنی (جو سرکه اور شکر ملاکر بناتے ہیں) ۔ (۲) (مجازاً) روپیه ؛ زر ۔

Mint value : (n) ٹکسالی قیمت ۔

Mint water : (n) ایک قسم کی شراب جو منٹ سے بنائی جاتی ہے ۔

Mintage : (n) (۱) کسی خاص ٹکسال یا وقت میں ڈھلے ہوئے سکے ۔ (۲) ڈھلائی ؛ سکه ڈھالنے کی اجرت ؛ سکه سازی کا محصول ۔ (۳) حق الضرب ۔ (٤) تسکیك ؛ سکه سازی ۔

Minter : (n) سکے پر ٹھپا لگانے والا ۔

Minuend : (n) (ریاضیات) وه عدد یا مقدار جس سے دوسرا عدد یا مقدار گھٹاتے ہیں ۔

Minuet : (n) (۱) ایک قسم کا رقص جس میں دو آدمی ملکر ناچتے ہیں ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی ۔

Minus : (n) (۱) منفی (جس کا نشان – ہے) ۔ (۲) منفی مقدار ۔ (۳) کھو کر ؛ کم ۔

Minus : (a) منفی ؛ کم ۔

Minus : (adv.) منفی طور پر ۔

Minuscule : (a) (۱) (ساتویں صدی عیسوی کے خط کی) چھوٹی (قسم) ۔ (۲) بہت چھوٹا ۔

Minuscule : (n) چھوٹا حرف ۔

Minute : (n) (۱) منٹ ؛ ایک گھنٹے کا ساٹھواں حصه ۔ (۲) لحظه ؛ لمحه ؛ ایک درجے کا ساٹھواں حصه ؛ دقیقه ۔ (۳) تحریری یاد داشت ؛ مسوده ۔ (٤) (جمع) مختصر روداد ؛ خلاصه کارروائی ۔ (٥) (تعمیرات) موڈیول (طول کی اکائی کا) ساٹھواں حصه ۔ (۷) (ہندسه) درجے (ڈگری) کا ساٹھواں حصه ۔

Minute : (a) (۱) باریك ؛ خفیف ؛ بہت چھوٹاسا ۔ (۲) معمولی ؛ ذراسا ؛ جزوی ؛ ادنیٰ ۔ (۳) گہری ؛ دقیق ؛ بالکل ٹھیك ؛ بالکل صحیح ۔

Minute : (n) ایك منٹ میں طے کی جانے والی دوری ۔

Minute : (v) (۱) ٹھیك لمحه معلوم کرنا ؛ ٹھیك وقت معلوم کرنا ۔ (۲) لکھنا ؛ مرتب کرنا ؛ مسوده کرنا (یاد داشت، تجویز وغیره کا) ۔ (۳) روداد میں لکھنا ۔

To minute down : نوٹ کرلینا ؛ قلم بند کرلینا ۔

Minute bell: (n) گھنٹیوں کا ایك منٹ کے وقفے سے بجنا ۔

Minute book: (n) کتاب روداد ۔

Minute-glass : (n) منٹ ریت گھڑی ۔

Minute gun: (n) منٹ توپ ؛ ایک ایک منٹ کے بعد فائر کرنے والی توپ ۔

Minute hand: (n) (گھڑی میں) منٹ کی سوئی ؛ بڑی سوئی ۔

Minute man : (n) امریکی انقلابی دور کے رضاکار ۔

Minute-repeater : (n) ایسی گھڑی جو کمانی دبانے سے منٹ بتاتی ہے ۔

Minutely : (adv.) ہر منٹ ؛ منٹ منٹ پر ۔

Minutely : (a) ہرمنٹ کا ؛ ہر منٹ واقع ہونے والا ۔

Minutely : (adv.) باریک بینی سے ؛ نکتہ سنجی سے ؛ دقیقہ رسی سے ؛ دقت نظری سے ؛ غور و فکر سے ؛ صحت کا پورا خیال رکھتے ہوئے ۔

Minuteness : (n) (۱) باریکی ؛ خفیف ہونا ۔ (۲) معمولی ہونا ؛ ادنیٰ ہونا ۔ (۳) دقیقہ رسی ؛ نکتہ رسی ؛ دقیقہ سنجی ؛ نکتہ سنجی ؛ دقت نظر ؛ باریک بینی ؛ موشگافی ۔

Minutia : (n) (عموما جمع) تفصیل ؛ جزئیات ۔

Minutiose / -ous : (a) جزئیات پر نظر رکھنے والا ؛ جزئیاتی ۔

Minx : (n) شوخ چشم لڑکی ؛ دیدہ دلیر لڑکی ؛ لگاوٹ کرنے والی لڑکی ؛ نازو نخرہ دکھانے والی لڑکی ۔

Miocene / Meiocene : (a) دیکھو Meiocene

Miocene : (n) عصر مایوسینی ۔

Miocenic : (a) دیکھو Miocene

Miosis / Myosis : (n) انقباض حدقہ ؛ آنکھ کی پتلی کا بہت سکڑنا ۔

Miquelet : (n) (۱) کیٹالونی ڈاکوؤں کی جماعت کا رکن ۔ (۲) ہسپانوی گوریلا (جو جنگ جزیرہ نما میں لڑتے تھے) ۔ (۳) بعض ہسپانوی مقامی رجمنٹوں کے سپاہی ۔

Mir : (n) روس کے دیہی باشندے ۔

Mirabelle : (n) ایک قسم کا آلوچہ ۔

Mirabilite : (n) خام سوڈیم سلفیٹ ؛ گلبری نمک ۔

Miracle : (n) (۱) معجزہ ؛ اعجاز ؛ کرامات ؛ خرق عادت ۔ (۲) عجیب و غریب واقعہ ۔ (۳) (ذہانت یا شوخ چشمی وغیرہ کا) حیرت انگیز نمونہ ۔ (٤) قرون وسطیٰ کا مذہبی ناٹک ۔

To a miracle :- کمال کی حد تک ؛ حیرت انگیز خوبی سے ۔

Miracle : (v) (۱) کرامات کے ذریعے ظاہر کرنا ۔ (۲) کرامات دکھانا ؛ معجزہ دکھانا ۔

Miracle play : (n) قرون وسطیٰ کا مذہبی ڈراما ؛ کرامتی ناٹک ۔

Miracle player : (n) قرون وسطیٰ کا مذہبی ناٹک کرنے والا ۔

Miracle playing : (n) (قرون وسطیٰ کا) مذہبی ناٹک کرنا ۔

Miracular : (a) معجزات سے متعلق ؛ معجزہ نما ؛ کرامتی ۔

Miraculism : (n) معجزات میں عقیدہ ۔

Miraculize : (v) معجزہ سمجھنا ۔

Miraculous : (a) اعجازی ؛ کراماتی ؛ مافوق فطرت ؛ ماورائے فطرت ؛ حیرت خیز ؛ تعجب انگیز ؛ معجز نما ؛ معجزے کی طرح کا ؛ معجزے جیسا ؛ معجزہ صفت ؛ اعجاز خیز ۔

Miraculously : (adv.) معجز نما طور پر ؛ اعجاز خیز انداز سے ؛ کرامات سے ؛ معجزے کے ذریعے ؛ عجیب و غریب طریقے سے ۔

Miraculousness : (n) معجز نمائی ؛ اعجاز خیزی ؛ کرامات ؛ معجزہ ؛ حیرت خیزی ؛ تعجب انگیزی ؛ معجزہ صفتی ۔

Mirador / Miradore : (n) دیدبان ؛ پہرے کا منار ؛ جھتابی ۔

Mirage : (n) (۱) سراب ۔ (۲) (مجازاً) فریب نظر ؛ نظر کا دھوکا ۔

Mirage : (v) سراب کی طرح نظر آنا ۔

Mirbane : (n) نائیٹرو بنزول (Nitrobenzol) جو عطریات میں استعمال ہوتا ہے ۔

Mire : (n) (۱) دلدل ۔ (۲) کیچڑ ؛ میل کچیل ۔

To bring, drag in the mire : مصیبت میں پھنسانا ؛ مشکلات میں مبتلا کرنا ۔

To lay, leave, stick in the mud/To find oneself in the mud : مصیبت میں گرفتار ہونا ؛ مشکلات میں ہونا ۔

Mire : (v) (۱) دلدل میں ڈھکیلنا ؛ کیچڑ میں آلودہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) مصیبت میں پھنسانا ؛ مشکلات میں مبتلا کرنا ۔ (۳) لتھیڑنا ؛ آلودہ کرنا ؛ دلدل یا کیچڑ میں پھنسانا ۔ (٤) دلدل میں پھنسنا ۔

Mire-crow : (n) ایک قسم کی مرغابی جس کا سر سیاہ ہوتا ہے ۔

Miriness : (n) (۱) کیچڑ میں لت پت ہونا ؛ کیچڑ بھرا ہونا ۔ (۲) شرمناکی ؛ ذلالت ۔

Mirror : (n) (۱) آئینہ ۔ (۲) (مجازاً) ہوبہو عکس یا نقشہ ؛ آئینہ ۔ (۳) پانی ۔ (٤) آئینہ عجب نما ۔ (٥) فلزی آئینہ ؛ نور انداز ۔ (٦) (تعمیرات) ایک قسم کا بیضوی آرائشی کام ۔ (۷) (حیوانیات) قطعہ شہپر ۔

Burning mirror : مقعر آئینہ جو سورج کی شعاعوں کو مرتکز کرتا ہے جو (شعاعیں) چیزوں کو (آگ کی طرح) جلانے میں کام دیتی ہیں ۔

Mirror : (v) منعکس کرنا ؛ عکس دکھانا ۔

Mirror carp : (n) ایک قسم کی چمکدار مچھلی جو پالی جاتی ہے ۔

Mirror-plate : (n) چادری شیشہ جس سے آئینہ بنایا جاتا ہے ؛ بغیر فریم کا شیشہ ۔

Mirror-scope : (n) عکس انداز ۔

Mirror-writing : (n) الٹی تحریر ۔

Mirth : (n) ہنسی ؛ ہنسی مذاق ؛ ہنسی دل لگی ؛ عیش و طرب ؛ رنگ رلیاں ؛ قہقہے ؛ چہچہے ؛ لطف و مسرت ۔

Mirthful : (a) (۱) خوش طبع ؛ خوش دل ؛ مسرور ۔ (۲) پرلطف ؛ پر مذاق ۔ (۳) خوشگوار ؛ پر مسرت ۔

Mirthfully : (adv.) خوش طبعی سے ؛ پر لطف طور پر ؛ پر مذاق طریقے سے ۔

Mirthfulness : (n) (۱) خوش طبعی ۔ (۲) پر لطف ہونا ؛ پر مذاق ہونا ۔

Mirthless : (a) بے لطف ؛ خوشی سے خالی ۔

Mirthlessly : (adv.) بے لطفی سے ؛ خوشی سے خالی ہوکر ۔

Mirthlessness : (a) بے لطفی ؛ عدم طرب ۔

Miry : (a) (۱) کیچڑ میں لت پت ؛ کیچڑ بھرا ۔ (۲) شرمناک ؛ ذلیل ۔ (۳) دلدلی ۔

Mis - : (prefix) سابقہ جو اسماء و افعال پر لگایا جاتا ہے اور ان میں بدی ، خرابی یا غلطی کا مفہوم پیدا کرتا ہے ۔

Mis - : (prefix) یہ سابقہ صفات اور افعال پر لگایا جاتا ہے اور ان میں بدی ، خرابی یا غلطی کا مفہوم پیدا کرتا ہے ۔

Mis-citation : (n) غلط حوالہ ۔

Mis-cite : (v) غلط حوالہ دینا ۔

Mis-say : (v) (۱) شکایت کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ بہتان باندھنا ۔ (۲) غلط کہنا ؛ غلط بیانی سے کام لینا ۔

Mis-see : (v) غلط ڈھنگ سے دیکھنا ۔

Mis-send : (v) غلط جگہ یا شخص کے پاس بھیجنا ۔

Mis-set : (v) دیکھو Misplace

Mis-shape : (v) بدہیئت کرنا ؛ بدصورت کرنا ؛ بدنما کرنا ؛ شکل بگاڑنا ۔

Mis-shapen : (a) بدقطع ؛ بدشکل ؛ بدصورت ؛ کریہہ ؛ کریہہ منظر ؛ کم رد ۔

Mis-shapenly : (adv.) کریہہ المنظر بناکر ؛ بدشکل بناکر ۔

Mis-shapenness : (n) بدشکلی ؛ بدصورت ہونا ۔

Mis-sheathed : (a) غلطی سے غلاف چڑھایا ہوا یا کیا ہوا ۔

Mis-sort : (v) غلط طور سے چھانٹنا ۔

Mis-sound : (v) غلط آواز نکالنا ؛ غلط تلفظ کرنا ۔

Mis-spell : (v) غلط ہجّے کرنا ؛ ہجوں میں غلطی کرنا ۔

Mis-spell / Mis-spelling : (n) غلط ہجّے ۔

Mis-spend : (v) فضول خرچی کرنا ؛ برباد کرنا ۔

Mis-spend : (a) برباد کیا ہوا ۔

Mis-state : (v) غلط بیان کرنا ؛ غلط اظہار کرنا ۔

Mis-statement : (n) غلط بیانی ۔

Mis-suit : (v) نامناسب ہونا ؛ ناموزوں ہونا ۔

Mis-sworn : (a) (۱) ترک کیا ہوا ؛ متروک ۔ (۲) جس کے نام سے غلط قسم کھائی گئی ہو ۔

Mis-word : (n) سخت الفظ ؛ درشت الفاظ ۔

Mis-word : (v) غلط الفاظ استعمال کرنا ؛ غلط لفظوں میں بیان کرنا ۔

Mis-wording : (n) غلط طرز بیان ؛ الفاظ کی غلط ترتیب ۔

Mis-write : (v) غلط لکھنا ؛ لکھنے میں غلطی کرنا ۔

Misaccount : (v) غلط شمار کرنا ؛ غلط اندازہ لگانا ۔

Misaddress : (v) (۱) غلط پتا لکھنا ۔ (۲) غلط طریقے سے اور بدتمیزی یا بدتہذیبی سے مخاطب کرنا ۔

Misadjustment : (n) غلط ترتیب ۔

Misadventure : (n) (۱) شامت ؛ شامت اعمال ؛ بد قسمتی؛ بد بختی ؛ بدنصیبی ۔ (۲) بدبختانہ حادثہ ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ سانحہ (۳) (قانون) اتفاق ۔

Homi cide or death by misadventure : واردات قتل اتفاقی ۔

Misadvice : (n) غلط مشورہ ۔

Misadvise : (v) غلط مشورہ دینا ۔

Misalliance : (n) بے جوڑ دوستی یا رفاقت ؛ بے جوڑ سنگت ؛ بے جوڑ شادی ؛ نا مناسب شادی ۔

Misanthrope : (n) (۱) بنی نوع انسان سے نفرت کرنے والا ۔ (۲) انسانی صحبت سے دور بھاگنے والا ؛ مردم بیزار ؛ اکل کھرا ؛ خلق دشمن ؛ مردم گریز ۔

Misanthropic / -al : (a) مردم بیزارانہ ؛ مردم بیزاری کا ؛ مردم گریزانہ ۔

Misanthropically : (adv.) مردم بیزارانہ ؛ مردم گریزانہ ؛ انسان سے گریز کرتے ہوئے ۔

Misanthropist : (n) دیکھو Misanthrope

Misanthropize : (v) مردم بیزار ہونا ؛ اکل کھرا ہونا ؛ بنی نوع انسان سے نفرت کرنا ۔

Misanthropy : (n) مردم بیزاری ؛ مردم گریزی ؛ اکل کھراپن ؛ بنی نوع انسان سے نفرت۔

Misapplication : (n) استعمال بےجا ؛ سوء استعمال ؛ تصرف بےجا ؛ صرف بےجا ؛ (رقم کا) ناجائز استعمال۔

Misapply : (n) (۱) (رقم کو) نا جائز طور پر صرف کرنا ؛ بےجا تصرف کرنا ۔ (۲) غلط استعمال کرنا ؛ بےجا استعمال کرنا ۔

Misappreciate : (v) غلط اندازہ لگانا ؛ غلط تخمینہ لگانا ۔

Misappreciation : (n) غلط اندازہ ؛ غلط تخمینہ ۔

Misapprehend : (v) (۱) (بات کا مطلب) غلط سمجھنا ۔ (۲) (کسی شخص کا منشاء) غلط سمجھنا ۔ (۳) (کسی کے متعلق) غلط رائے قائم کرنا ۔

Misapprehension : (n) غلط فہمی ۔

Misapprehensive : (a) غلط فہمی پر مبنی ؛ غلط سمجھنے والا ۔

Misappropriate : (v) غبن کرنا ؛ تغلب کرنا ؛ خورد برد کرنا ؛ تصرف ناجائز کرنا ۔

Misappropriation : (n) غبن ؛ خورد برد ؛ تغلب ؛ تصرف بیجا ۔

Misarranged : (a) غلط طور پر ترتیب دیا ہوا ۔

Misarrangement : (n) غلط ترتیب ۔

Misarray : (v) دیکھو Disarray

Misascription : (n) غلط نسبت ؛ غلط انتساب ۔

Misassignment : (n) غلط سپردگی ؛ کوئی کام یا ذمہ داری ایسے شخص کو سپرد کرنا یا سونپنا جس کےلئے وہ نہ تو تیارھو اور نہ اس کا اہل ہو ۔

Misbaptize : (v) (۱) غلط نام رکھنا ۔ (۲) غلط بپتسما کرنا ۔

Misbecome : (v) شایان شان نہ ہونا ؛ خلاف شان ہونا ؛ نامناسب ہونا ؛ نازیبا ہونا ۔

Misbecoming : (a) نامناسب ؛ نازیبا ۔

Misbecomingly : (adv.) نامناسب طور پر ؛ نازیبا طور پر ۔

Misbecomingness : (n) نامناسب ہونا ؛ نازیبا ہونا ۔

Misbegotten : (n) حرامی ؛ ولدالحرام ؛ حرامزادہ ؛ بد ذات ۔

Misbegotten : (n) حرامزادہ ؛ حرامی ۔

Misbehave : (v) بد اطواری کرنا ؛ بد چلنی کرنا ۔ (۲) ناشائستہ حرکتیں کرنا ؛ بد تمیزی کرنا ۔

Misbehaved : (n) بد اطوار ؛ بد کردار ؛ بد چلن ۔

Misbehaviour : (n) ناشائستہ حرکت ؛ بد تمیزی ؛ بد اطواری ؛ بد چلنی ؛ بد کرداری ۔

Misbelief : (n) (۱) فاسد عقیدہ ؛ بد اعتقادی ؛ غلط عقیدہ ۔ (۲) غلط رائے ؛ خطا ؛ بے اعتقادی ۔

Misbelieve : (v) فاسد عقیدہ رکھنا ۔

Misbeliever : (n) گمراہ ؛ فاسد عقیدہ رکھنے والا ؛ بد اعتقاد ۔

Misbelieving : (a) گمراہ ؛ فاسد العقیدہ ؛ بد اعتقاد ۔

Misbeseem : (v) دیکھو Misbecome

Misbestow : (v) غلط یا نامناسب طریقے سے عطا کرنا ۔

Misbestowal : (n) غلط یا نا مناسب طور پر عطا کرنا ۔

Miscalculate : (v) غلط حساب کرنا ؛ غلط اندازہ کرنا یا لگانا ؛ حساب میں غلطی کرنا ؛ اندازے میں غلطی کرنا ۔

Miscalculation : (n) حساب کی بھول چوك ؛ حساب کی غلطی ؛ اندازے کی غلطی ؛ غلط اندازہ ۔

Miscall : (v) (۱) غلط نام رکھنا ؛ غلط نام پکارنا ۔ (۲) گالیاں دینا ؛ برا بھلا کہنا ۔

Miscarriage : (n) (۱) خط کا ٹھیک پتے پر نہ بھیجنا ۔ (۲) قبل از وقت ولادت ؛ اسقاط حمل ؛ املاص ۔ (۳) ناکامی (منصوبے یا تجویز کی) ۔

Miscarry : (v) (۱) (شخص یا کارو بار) ناکام ہونا ۔ (۲) قبل ازوقت ولادت ہونا ؛ اسقاط حمل ہونا ۔ (۳) (خط کا) ٹھیک پتے پر نہ پہنچنا ۔

Miscegenation : (n) اختلاط نسلات ؛ اختلاط اقوام ؛ مختلف نسلوں کی آمیزش ؛ (خصوصاً) گوروں اور حبشیوں کا اتحاد نسل ؛ گوروں اور حبشیوں کے درمیان شادی ۔

Miscellanea : (n) ادبی رسائل کا مجموعہ ؛ مجموعہ٭ مضامین ؛ ادبی کشکول ۔

Miscellaneous : (a) (۱) مخلوط ؛ بےمیل ؛ مختلف العناصر ۔ (۲) متفرق ؛ مختلف قسم کے ؛ کئی طرح کے ۔ (۳) جامع حیثیات شخص ۔

Miscellaneously : (adv.) متفرق ؛ مختلف طور پر ؛ کئی طرح سے ۔

Misellaneousness : (n) مخلوط ہونا ؛ مختلف العناصر ہونا ؛ مختلف قسم کا ہونا ۔

Miscellanist : (n) مجموعہ٭ رسائل شائع کرنے والا یا مرتب کرنے والا ۔

Miscellany : (n) (۱) معجون مرکب ؛ خلط ملط ؛ گڈمڈ ؛ بےمیل مجموعہ ۔ (۲) رسائل کا مجموعہ ؛ مجموعہ٭ مضامین (ایک جلد میں) ۔ (۳) ایسی کتاب جس میں مختلف رسالے یا مقالے ہوں ۔

Mischance : (n) (۱) بدبختی ؛ بدنصیبی ؛ گردش تقدیر ؛ گردش طالع ؛ گردش ایام ۔ (۲) (بدبختانہ) حادثہ ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ سوءا اتفاق ۔

By mischance : سوء اتفاق سے ؛ بد قسمتی سے ۔

Mischanceful : (a) بدبخت ؛ بدقسمت ۔

Mischief : (n) (۱) نقصان ؛ ضرر ؛ ایذا ؛ مضرت ۔ (۲) موجب ضرر ؛ باعث ایذا ؛ تکلیف دہ چیز ؛ بنائے فساد ۔ (۳) شرارت (خصوصاً بچوں کی) ۔ (٤) فتنہ ؛ فساد ؛ جھگڑا ؛ جھمیلا ۔ (٥) شوخی ؛ شرارت ؛ چھیڑ ۔ (٦) ایذا رسانی ؛ فتنہ پردازی ؛ فتنہ انگیزی ۔

A mischief on/-take : شرارت کی مختلف صورتیں ۔

The mischief (of. . .) is (that) : اس میں تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ . . . ۔

To go to the mischief : برباد ہونا ؛ تباہ ہونا ۔

To make mischief : جھگڑا کرنا ؛ لڑانا ؛ آپس میں پھوٹ ڈالنا ؛ فساد پیدا کرنا ۔

To play the mischief : شرارت کرنا ؛ شیطنت کرنا ۔

Mischief : (v) (۱) نقصان اٹھانا ؛ مضرت اٹھانا ۔ (۲) نقصان پہنچانا ؛ ضرر پہنچانا ۔

Mischief-maker : (n) فتنہ پرداز ؛ مفسد ۔

Mischief-making : (n) فتنہ پردازی ۔

Mischieful : (a) شریر ؛ مضر ؛ ضرر رساں ۔

Mischieve : (v) (۱) برباد کرنا ؛ تباہ کرنا ۔ (۲) نقصان پہنچانا ؛ (۳) زخمی کرنا ۔

Mischievous : (a) (۱) مضر ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں ؛ تکلیف دہ ۔ (۲) فساد انگیز ؛ مفسد ؛ فتنہ پرداز ۔ (۳) شریر ؛ ستم ظریف ۔

Mischievously : (adv.) مضر طور پر ؛ تکلیف دہ طور پر ؛ شرارت سے ؛ ستم ظریفی سے ۔

Mischievousness : (n) شرارت ؛ ایذا رسانی ؛ مضر ہونا ؛ تکلیف دہ

ہونا ؛ فتنہ پردازی ؛ فتنہ انگیزی ۔

Mischoice : (n) غلط انتخاب ۔

Mischoose : (v) غلط انتخاب کرنا ؛ انتخاب میں غلطی کرنا ۔

Miscibility : (n) آمیزش پذیری ؛ قابل آمیزش ہونا ؛ امتزاجیت ۔

Miscible : (a) آمیزش پذیر ؛ قابل آمیزش ۔

Miscolour : (v) غلط تصویر پیش کرنا ؛ غلط بیان کرنا ۔

Miscomprehend : (v) غلط سمجھنا ؛ کچھ کا کچھ سمجھنا ۔

Miscomprehension : (n) غلط فہمی ۔

Miscomputation : (n) غلط حساب ۔

Misconceit : (n) (۱) غلط تصور ۔ (۲) غلط فہمی ؛ غلط رائے ۔

Misconceit : (v) غلط تصور قائم کرنا ؛ غلط سمجھنا ؛ غلط رائے قائم کرنا ۔

Misconceive : (n) (۱) غلط تصور قائم کرنا ؛ (بات کا مطلب) غلط سمجھنا ۔ (۲) (کسی کا منشا) غلط سمجھنا ؛ کسی کے متعلق غلط رائے قائم کرنا ۔

Misconceiver : (n) غلط تصور قائم کرنے والا ؛ غلط سمجھنے والا ۔

Misconception : (n) دیکھو Misconceit

Misconduct : (n) (۱) بری حرکت ؛ ناشائستہ فعل ؛ بد فعلی ؛ زنا ۔ (۲) بد نظمی ؛ بد انتظامی ؛ بد اعمالی ۔

Misconduct : (v) (۱) نا شائستہ فعل کا مرتکب ہونا ۔ (۲) (کام کو) بگاڑ دینا ؛ ابتر کر دینا ۔

Misconsecrated : (a) غلط مقصد کے لئے وقف کیا ہوا ؛ غیر مناسب طور پر نذر کیا ہوا ۔

Misconsecration : (n) غلط نذر ۔

Misconstruable : (a) (جس کی) غلط تعبیر ہوسکے ۔

Misconstruct : (v) خراب ساخت کرنا ۔

Misconstruction : (n) غلط تعبیر ؛ غلط معنی ۔

Misconstrue : (v) (۱) غلط تعبیر کرنا ؛ غلط معنی پہنانا ۔ (۲) غلط مفہوم سمجھنا ؛ غلط سمجھنا ۔

Misconstruer : (n) غلط تعبیر کرنے والا ؛ غلط سمجھنے والا ۔

Miscontent : (a) غیر مطمئن ؛ نا خوش ۔

Miscontentment : (n) غیر اطمینانی ۔

Miscopy : (n) غلط نقل ۔

Miscopy : (v) غلط نقل کرنا ۔

Miscorrect : (v) غلط تصحیح کرنا ۔

Miscorrection : (n) غلط تصحیح ۔

Miscounsel : (n) غلط مشورہ ۔

Miscounsel : (v) غلط مشورہ دینا ۔

Miscount : (v) (۱) غلط گننا ؛ غلط شمار کرنا ؛ (رایوں کے) شمار میں غلطی کرنا ۔ (۲) غلط سمجھ لینا ؛ غلط اندازہ لگانا ۔

Miscount : (n) غلط شماری ؛ شمار میں غلطی ۔

Miscreance : (n) غلط عقیدہ یا اعتقاد ؛ بد اعتقادی ۔

Miscreancy : (n) (۱) دیکھو Miscreance ۔ (۲) بدمعاشی ؛ بد ذاتی ۔

Miscreant : (n) (۱) بدعت پرست ؛ ملحد ۔ (۲) بدمعاش ؛ بد ذات ۔

Miscreant : (a) (۱) بدعتی ؛ ملحدانہ ؛ بدعت پرستانہ ۔ (۲) بدمعاش ؛ بد ذات ۔

Miscreated : (a) بد قطع ؛ مکروہ ؛ صورت حرام ۔

Miscreation : (n) بد قطع ہونا ؛ صورت حرام ہونا ؛ خلقت ناقص ۔

Miscredit : (v) یقین نہ کرنا ؛ متشکک ہونا ۔

Miscreed : (n) غلط عقیدہ ؛ غلط مسلک ۔

Miscue : (n) (بلیرڈ) انٹا کھیلنے کے چھڑکا گیند سے ٹھیک طور پر نہ ٹکرانا ۔

Miscue : (v) گیند کو کھیلنے کے چھڑ سے ٹھیک طور پر نہ ٹکرانا ۔

Misdate : (v) غلط تاریخ ڈالنا ۔

Misdate : (n) غلط تاریخ ۔

Misdeal : (v) (۱) ناشائستہ حرکت کرنا ۔ (۲) غلط تقسیم کرنا ؛ تقسیم میں غلطی کرنا ؛ (تاش کے پتوں کے بانٹنے میں غلطی کرنا ۔

Misdeal : (n) غلط بانٹ ؛ غلط تقسیم ۔

Misdealing : (n) (۱) غلط بانٹنا ؛ غلط تقسیم کرنا ۔ (۲) بد نظمی ؛ بد انتظامی ۔

Misdeed : (n) (۱) بد کاری ؛ بد کرداری ؛ عمل بد ؛ برا کام ۔ (۲) جرم ؛ مجرمانہ فعل ۔

Misdeem : (v) (۱) (کسی چیز کی بابت)) غلط فہمی میں مبتلا ہونا ؛ غلط رائے رکھنا ۔(۲) غلط رائے قائم کرنا ؛ غلط خیال قائم کرنا ۔ (۳) غلطی سے ایک شخص کو دوسرا شخص یا ایک چیز کو دوسری چیز سمجھ لینا ۔

Misdeliver : (v) (خط وغیرہ) غلط طور پر بانٹنا یا تقسیم کرنا ۔

Misdelivery : (n) مال یا خط وغیرہ کی غلط تقسیم ۔

Misdemean : (v) ناشائستہ فعل کا مرتکب ہونا ؛ جرم خفیف کرنا ۔

Misdemeanant : (n) جرم خفیف یا بد اعمالی کا مجرم ؛ خفیف جرم کرنے والا شخص ۔

Misdemeanour/-or : (n) (۱) (قانون) قابل مواخذہ جرم ؛ خفیف جرم ؛ تقصیر ۔ (۲) جرم ؛ مجرمانہ فعل ۔

Misderive : (v) غلط ماخذ بتانا ۔

Misdescribe : (v) غلط بیان کرنا ۔

Misdescription : (n) غلط بیان ۔

Misdevotion : (n) غلط عقیدہ ؛ بے جا خلوص ۔

Misdirect : (v) (۱) غلط ھدایت دینا ؛ غلط رہنمائی کرنا ؛ غلط راستہ بتانا ؛ غلط راستہ دکھانا ؛ گمراہ کرنا ۔ (۲) غلط رخ پر وار کرنا ۔

Misdirection : (n) (۱) گمراہ کرنا یا ہونا ؛ غلط ھدایت ۔ (۲) (وارکا) صحیح رخ سے انحراف ۔

Misdo : (v) غلطی کرنا ؛ غلط طور سے کر نا ۔

Misdoer : (n) خطا کار ؛ بدکار ۔

Misdoing : (n) (۱) خطا ؛ قصور ؛ تقصیر ۔ (۲) بدکاری ؛ بدکرداری ۔

Misdoubt : (n) شک ؛ شبہ ؛ بے اعتقادی ؛ بد ظنی ۔

Misdoubt : (n) (۱) (کسی بات کی) صداقت پر شبہ کرنا ؛ (کسی چیز کے وجود میں شبہ) شبہ کرنا ۔ (۲) شک کرنا ؛ مشکوک سمجھنا ؛ مشتبہ سمجھنا ؛ مشکوک رکھنا ۔

Mise : (n) (۱) باہمی معاہدہ ؛ آپس کا فیصلہ ؛ وہ فیصلہ جو طرفین کی رضامندی سے ہو ۔ (۲) وہ رقم جو آزادی یا امان کے لئے دی جائے ۔ (۳) (قانون) پروانہ؛ حقوق میں امر تنقیح طلب ۔

Mise-en-scene : (n) کسی ناٹک کے پردے اور لباس وغیرہ ؛ ساز و سامان ۔

ہوسکتے ہیں) ۔

Miserliness : (n) کنجوسی ؛ بخل ۔

Miserly : (a) (۱) ممسك ؛ بخیل ؛ کنجوس ۔ (۲) ممسکانہ ؛ بخیلا نہ ؛ لئیمانہ ؛ کنجوس کا سا ۔

Misery : (n) (۱) پریشانی ؛ کلفت ؛ حال زار ۔ (۲) نکبت ؛ کم بختی ؛ بد بختی ؛ بد نصیبی ؛ بد قسمتی ؛ فلاکت ؛ مسکنت ؛ شامت ؛ شامت اعمال ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ بد حالی ۔ (۳) (تاش) بولنے والے کی بولی جس سے یہ ظاہر ہو کہ وہ کوئی ہاتھ نہ بنائے گا ۔

Misesteem : (v) غلط تخمینہ لگانا ؛ غلط اندازہ لگانا ۔

Misesteem : (n) عزت ، احترام یا تعظیم کی کمی ۔

Misestimate : (v) دیکھو Misesteem

Misestimate : (n) غلط اندازہ ؛ غلط تخمینہ ۔

Misestimation : (n) غلط اندازہ ؛ غلط تخمینہ ۔

Misevaluation : (n) غلط قیمت لگانا ۔

Misexecute : (v) غلط تعمیل کرنا ۔

Misexecution : (n) غلط تعمیل ۔

Misexplain : (v) غلط توضیح کرنا ؛ غلط طور سے سمجھانا ۔

Misexposition : (n) غلط تشریح ؛ غلط تفسیر ۔

Misexpress : (v) ناقص طور پر اظہار کرنا ؛ غلط طور پر اظہار کرنا ۔

Misexpression : (n) ناقص اظہار ؛ غلط اظہار ۔

Misexpressive : (a) غلط معنی بتانے والا ۔

Misfaith : (n) دیکھو Disbelief

Misease : (n) مصیبت ؛ تکلیف ؛ پریشانی ؛ کلفت ۔

Miseducate : (v) غلط تعلیم دینا ۔

Miseducation : (n) غلط تعلیم ۔

Misemploy : (n) غلط استعمال کرنا ۔

Misemployment : (n) غلط استعمال ۔

Miser : (a) کنجوس ؛ بخیل ؛ ممسك ۔

Miser : (n) (۱) ممسك ؛ بخیل ؛ کنجوس ؛ لئیم ۔ (۲) لالچی طماع ؛ حریص ؛ بندۂ زر ۔

Miserable : (a) مصیبت زدہ ؛ فلك زدہ ؛ آفت زدہ ؛ شکستہ حال ؛ بد بخت ؛ کمبخت ؛ بد نصیب ؛ بیحد رنجیدہ ؛ زارو نزار ؛ خستہ حال ؛ انتہائی تکلیف یا کرب کی حالت میں ۔ (۲) کمبخت ؛ آفت خیز ؛ منحوس ؛ مصیبت انگیز (حالات و واقعات وغیرہ) ۔

Miserable : (n) آفت زدہ اور خستہ حال شخص ۔

Miserableness : (n) مصیبت زدگی ؛ شکستہ حالی ؛ کمبختی ؛ بد نصیبی ؛ بد بختی ۔

Miserably : (adv.) تکلیف دہ طور پر ؛ افسوس ناك طور پر ؛ ذلیل حالت میں ۔

Misere : (n) (تاش) پتہ دکھانا تاکہ یہ ظاہر ہو کہ بولی دینے والا کوئی ہاتھ نہ لے گا یا بنائے گا ۔

Miserere : (n) (۱) مناجات پنجاہ و یکم ؛ مناجات نمر ۵۱ ۔ (۲) رحم کی دعا ؛ رحم کی التجا ۔ (۳) گرجے کی مشرقی حصے میں گانے والوں کی نشست کا سلامی بازو ۔

Misericord : (n) (۱) (رومی کلیسا) خانقاہ کا ایك قطعہ جس میں عفو گناہ کی رسم ادا ہوتی تھی؛ بیت العفو ۔ (۲) وہ خنجر جس کے ایك ہی وار میں سر اڑ جاتا ہے ۔ (۳) گرجے کے مشرقی حصے میں گانے والوں کی نشست کا سلامی بازو (جن کے سہارے لوگ کھڑے

Misfeasance : (n) (۱) (قانون) خلاف ورزی ؛ اختیار جائز کا ناجائز استعمال ؛ اختیار قانونی کا خلاف قانون استعمال۔ (۲) (مزاحاً) بے عنوانی ؛ بے جا حرکت۔

Misfeasor : (n) خلاف ورزی کرنے والا۔

Misfeature : (n) بگڑی ہوئی ہیئت ؛ بگڑی ہوئی وضع و قطع یا شکل و صورت۔

Misfile : (v) (کاغذات وغیرہ کو) غلط جگہ رکھ دینا۔

Misfire : (v) (۱) (بندوق کا) رنجك چاٹ جانا ؛ فائر نہ ہونا۔ (۲) (موٹر کے انجن وغیرہ کا) نہ چلنا ؛ اسٹارٹ نہ ہونا۔

Misfire : (n) رنجك چاٹ جانا ؛ اسٹارٹ نہ ہونا۔

Misfit : (n) (۱) چھوٹا یا بڑا ، تنگ یا ڈھیلا ، ناموزوں ، نامناسب کپڑا ؛ وہ لباس وغیرہ جو ٹھیك نہ آئے (جسم پر)۔ (۲) وہ شخص جس کو اپنے ماحول سے مطابقت نہ ہو۔

Misfit : (v) موزوں نہ ہونا ؛ مطابقت نہ رکھنا ؛ ٹھیك نہ بیٹھنا۔

Misform : (v) خراب شکل اختیار کرنا ؛ بد شکل ہونا۔

Misformation : (n) نقص ؛ ساخت میں خرابی۔

Misfortunate : (n) (۱) بدقسمت؛ بدنصیب۔(۲) افسوسناك۔(۳) ناکام۔ (٤) بدقسمتی کا ؛ نامبارك۔ (٥) بدنصیب شخص۔ (٦) کسبی ؛ فاحشہ عورت۔

Misfortune : (n) (۱) بد نصیبی ؛ بد بختی ؛ کم بختی ؛ بد قسمتی ؛ شامت۔ (۲) آفت ؛ بلا ؛ مصیبت۔ (۳) حرامی بچہ پیدا کرنا ؛ حرامی بچہ۔

To have, meet with a misfortune : بد بخت ہونا ؛ بد بختی سے دوچار ہونا۔

Misfortuned : (a) دیکھو Misfortunate

Misgive : (v) (۱) (دل میں) خطرہ ، شبہ یا وسوسہ پیدا کرنا۔ (۲) شبہ ہونا ؛ شك کرنا۔ (۳) ناکام ہونا ؛ بگڑ جانا۔ (٤) (بندوق کا) رنجك چاٹ جانا۔ (٥) حوالہ دینا۔

Misgiving : (n) شك ؛ شبہ ؛ اندیشہ ؛ خطرہ ؛ دھڑکا ؛ وسوسہ۔

Misgo : (v) (۱) بھٹك جانا ؛ غلطی کرنا ؛ ناکام رہنا۔

Misgotten : (a) (۱) حرام کی ؛ غلط طریقے سے حاصل کی ہوئی۔ (۲) حرامی ؛ حرامزادہ۔

Misgovern : (v) بد انتظامی سے حکومت کرنا ؛ بری طرح حکومت کرنا۔

Misgoverned : (a) بد انتظام۔

Misgovernment : (n) بد انتظامی یا بد نظمی ؛ بری حکومت ؛ بد عملی۔

Misgrafted : (a) برے طور یا نامناسب طریقے سے پیوند لگایا ہوا یا پیوند کاری کیا ہوا۔

Misgrounded : (a) جس کی بنیاد کمزور ہو۔

Misgrowth : (n) ناقص نشوو نما۔

Misguidance : (n) گمراہ کرنا یا ہونا ؛ غلط ہدایت ؛ غلط رہبری یا رہنمائی۔

Misguide : (v) (۱) بہکانا ؛ گمراہ کرنا ؛ غلط رستے پر ڈالنا۔ (۲) بد انتظامی کرنا ؛ خراب انتظام کرنا۔ خراب کرنا ؛ مجروح کرنا ؛ برا سلوك کرنا۔

Misguided : (a) گمراہ ؛ گم کردہ راہ ؛ بے راہ رو۔

Misguidingly : (adv.) گمراہ کرتے ہوئے ؛ غلط روی سے۔

Mish-mash : (n) گلمڈ ؛ کھچڑی ؛ معجون مرکب۔

Mishandle : (v) (۱) بری طرح انجام دینا ؛ غلط طور پر ہاتھ

لگانا ؛ بد سلیقگی سے کرنا ۔ (۲) بد سلوکی کرنا ؛ برا سلوک کرنا ۔

Mishap : (n) حادثہ ؛ سانحہ ؛ مصیبت ؛ آفت ۔

Mishear : (v) غلط سننا ؛ پوری طرح نہ سننا ؛ کچھ کا کچھ سننا ۔

Mishit : (n) ناقص ضرب ۔

Mishit : (v) ناقص ضرب لگانا ۔

Mishnah / Mishna : (n) احکام تالمود ۔

Mishnic / -al : (a) احکام تالمود سے متعلق ۔

Misimagination : (n) غلط تصور ۔

Misimagine : (v) غلط تصور کرنا ۔

Misimpression : (n) غلط خیال ؛ غلط تاثر ۔

Misincline : (v) غلط رجحان رکھنا ۔

Misinclined : (a) غلط رجحان والا ؛ بے رغبت ۔

Misinclination : (n) غلط رجحان ۔

Misinform : (v) غلط اطلاع دینا ؛ جھوٹی خبر دینا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا

Misinformant : (n) غلط خبر دینے والا ؛ جھوٹا مخبر ۔

Misinformation : (n) غلط اطلاع ؛ غلط خبر ۔

Misinformer : (n) دیکھو Misinformant

Misinstruct : (v) غلط ہدایت دینا ؛ غلط تعلیم دینا ۔

Misinstruction : (n) غلط ہدایت ؛ غلط تعلیم ۔

Misintelligence : (n) غلط فہمی ؛ غلط تاثر ۔

Misinterpret : (v) غلط تعبیر یا تفسیر کرنا ؛ غلط معنی بیان کرنا ؛ غلط معنی پہنانا ؛ غلط مطلب یا نتیجہ نکالنا ۔

Misinterpretation : (n) غلط تعبیر ؛ غلط تفسیر یا تشریح ؛ غلط معنی یا مطلب نکالنا ؛ غلط استنباط ؛ غلط استخراج ۔

Misjoin : (v) (قانون) غلط طور سے شامل کرنا ۔

Misjoinder : (n) (قانون) غلط اشتمال ۔

Misjudge : (v) (۱) کسی شخص کی طبیعت یا سیرت کا غلط اندازہ لگانا ۔ (۲) غلط رائے قائم کرنا ۔

Misjudgement : (n) غلط اندازہ ؛ غلط رائے ۔

Miskal : (n) (۱) وزن کا عربی پیمانہ ۔ (۲) مراکو کا سکہ ۔

Misken : (v) (۱) غلط سمجھنا ؛ پہچاننے میں ناکام ہونا ۔ (۲) کسی کی شناخت میں غلطی کرنا ۔ (۳) پہچاننے سے انکار کردینا ۔

Miskin : (n) (مقامی) گھورا ؛ کوڑی ؛ کوڑے کا انبار (کسانوں کے باڑے میں) ۔

Misknow : (v) دیکھو Misken

Misknowledge : (n) ناقص علم ۔

Mislay : (v) (چیز کو) کہیں رکھ کر بھول جانا ۔

Mislead : (v) غلط راستے پر ڈالنا ؛ غلط رستہ بتانا ؛ گمراہ کرنا ؛ بری راہ چلانا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا ۔

Mislearn : (v) ناقص علم حاصل کرنا ۔

Mislike : (v) (۱) ناخوش ہونا ۔ (۲) ناپسند کرنا ۔

Misliking : (n) ناخوشی ؛ ناپسندیدگی ۔

Mislodge : (v) غلط جگہ داخل کرنا یا پیش کرنا ۔

Misluck : (n) بد بختی ؛ بد قسمتی ؛ بد نصیبی ۔

Misluck : (v) بد بختی سے دوچار ہونا ۔

Mismake : (v) (۱) ناقص طور پر بنانا ۔ (۲) پریشانی میں ڈالنا ۔

Mismanage : (v) بری طرح انتظام کرنا ؛ خراب انتظام کرنا ؛ بد انتظامی کرنا ۔

Mismanagement : (n) بد انتظامی ؛ بد نظمی ؛ انتظام کی خرابی ؛ سوء تد بیر ۔

Mismanager : (n) بد نظمی کرنے والا ؛ خراب منتظم ۔

Mismark : (v) غلط نشان لگانا یا ڈالنا ۔

Mismarriage : (n) بے جوڑ شادی ۔

Mismarry : (v) بے جوڑ شادی کرنا ؛ ناموزوں طور پر شادی کرنا ۔

Mismatch : (v) بے جوڑ ہونا (خصوصاً شادی میں) ۔

Mismatch . (n) بے جوڑ شادی ۔

Mismatched : (a) بے جوڑ ؛ ناموزوں ۔

Mismeasure : (v) غلط پیمائش کرنا ؛ غلط اندازہ لگانا ۔

Mismeasurement : (n) غلط اندازہ ؛ غلط پیمائش ۔

Mismetre : (v) (شعر وغیرہ کا) وزن بگاڑ دینا ۔

Mismane : (v) دیکھو Miscall

Misnomer : (n) نام کی غلطی ؛ تسمیہ کی غلطی ؛ غلط نا م کا استعمال؛ اصطلاح کا غلط استعمال ؛ اسم بے مسمیٰ ۔

Misnomer : (v) غلط نام رکھنا ۔

Misnumber : (v) غلط نمبر لگانا ۔

Miso - : (prefix) سابقہ بہ معنی " نصرت" ؛ "بیزاری " ؛ " تنفر " ؛ " بیزار " ۔

Misogamic : (a) ازدواج بیزاری سے متعلق ؛ نفرت عروسی سے متعلق ۔

Misogamist : (n) شادی سے نفرت کرنے والا ؛ ازدواج بیزار ۔

Misogamy : (n) شادی سے نفرت ؛ ازدواج بیزاری ؛ نفرت عروسی ؛ بیاہ بیزاری ۔

Misogynic : (a) زن بیزاری ؛ زن بیزارانہ ۔

Misogynist / Misogyne : (n) زن بیزار ؛ عورت سے نفرت رکھنے والا ۔

Misogynous /Misogynistic/-al : (a) زن بیزار ؛ زن بیزارانہ ۔

Misogyny / Misogynism : (n) زن بیزاری ؛ عورتوں سے نفرت ۔

Misologist : (n) علم سے نفرت کرنے والا ؛ علم بیزار ۔

Misologue : (n) دیکھو Misologist

Misology : (n) علم بیزاری ؛ نفرت علم ۔

Misoneism : (n) جدت بیزاری ؛ نفرت جدت ؛ نو بیزاری ۔

Misoneist : (n) جدت بیزار ؛ نوبیزار ۔

Misoneistic : (a) جدت بیزاری سے متعلق ۔

Misotheism : (n) خدا گریزی ؛ خدا بیزاری ۔

Misotheist : (n) خداگریز ؛ خدا بیزار ۔

Misotheistic : (a) خدا گریزی سے متعلق ؛ خدا بیزاری ۔

Mispay : (v) غلطی سے ادا کردینا (قیمت ، معاوضہ وغیرہ) ۔

Misperform : (v) ناقص طور پر انجام دینا ؛ غلط تعمیل کرنا ۔

Misperformance : (n) غلط تعمیل ؛ غلط طور پر انجام دینا ۔

Mispickel : (n) دیکھو Arsenopyrite

Misplace : (v) (۱) بے ٹھکانے رکھنا ؛ بےجگہ رکھنا ۔ (۲) نامناسب شخص کے ہاتھ میں دینا ۔ (۳) (محبت ، اعتماد وغیرہ کا موضوع) نا مناسب شخص یا چیز کو بنانا ۔ (٤) بے محل یا غلط موقع پر (کوئی لفظ) رکھنا یا (کوئی کام) کرنا ۔

Misplaced : (a) بے ٹھکانے (رکھا ہوا) ؛ بے محل ؛ بیجا ؛ نا موزوں۔

Misplacement : (n) غلط استعمال ؛ بے محل استعمال۔

Misprint : (v) غلط چھاپنا ؛ (کسی چیز کے چھاپنے میں) غلطی کر دینا ۔

Misprint : (n) چھاپے کی غلطی ؛ طباعت کی غلطی۔

Misprision : (n) (۱) (قانون) ناجائز فعل یا ترک فعل ۔ (۲) (موجودہ معنی) اخفائے سازش باغیانہ ۔ (۳) کچھ کا کچھ سمجھنا ؛ غلط سمجھنا ۔

Misprision : (n) (۱) حقارت ؛ تحقیر ۔ (۲) ناقدری ؛ ناشناسی ؛ بے قدری۔

Misprize : (v) (۱) حقارت کی نظر سے دیکھنا ؛ حقارت کرنا ؛ تحقیر کرنا ۔ (۲) بے قدری کرنا ؛ ناقدری کرنا ؛ ناقدر شناسی کرنا ۔

Mispronounce : (v) غلط تلفظ کرنا ؛ تلفظ میں غلطی کرنا ۔

Mispronunciation : (n) غلط تلفظ ؛ تلفظ کی غلطی ۔

Misproportion : (n) عدم تناسب ۔

Misproportion : (v) غیر متناسب طور پر جوڑ دینا ۔

Misproportioned : (a) غیر متناسب۔

Misproud : (a) گستاخ ؛ مغرور ؛ متکبر۔

Mispunctuate : (v) غلط اوقاف لگانا ۔

Mispunctuation : (n) غلط اوقاف۔

Misquote : (v) (قول کو) غلط نقل کرنا ؛ عبارت یا قول کو نقل کرنے میں غلطی کرنا ۔

Misquotation : (n) الفاظ نقل کرنے میں غلطی ؛ نقل عبارت میں یا قول میں غلطی ۔

Misread : (v) (عبارت یا لفظ کو) غلط پڑھنا ؛ غلط تعبیر یا تفسیر کرنا ۔

Misrecital : (n) غلط بیانی ؛ غلط پڑھنا ۔

Misrecite : (v) غلط پڑھنا ؛ غلط بیان کرنا ۔

Misreckon : (v) غلط شمار کرنا ؛ غلط تخمینہ کرنا ؛ غلط حساب لگانا ۔

Misreckoning : (n) غلط شمار ؛ غلط تخمینہ ۔

Misrelate : (v) غلط بیان کرنا ؛ غلط روایت کرنا ۔

Misrelated : (a) غیر نسبتی ؛ بے جوڑ۔

Misrelation : (n) غلط بیان کرنا ؛ غلط روایت کرنا ۔

Misremember : (v) (۱) غلط یاد کرنا ۔ (۲) بھول جانا ؛ فراموش کر دینا ۔

Misrender : (v) غلط ادا کرنا ؛ غلط تفسیر کرنا ۔

Misreport : (n) غلط رپورٹ (کسی شخص کے کام کی) ۔

Misreport : (v) غلط رپورٹ دینا ؛ غلط روداد بیان کرنا ۔

Misrepresent : (v) (۱) غلط نمائندگی کرنا ـ (۲) غلط تصویر پیش کرنا ؛ خلاف واقعہ بیان کرنا ؛ غلط بیان کرنا ؛ توڑ موڑ کر بیان کرنا ـ

Misrepresentation : (n) غلط بیانی ؛ تدلیس واقعے کی غلط تصویر ؛ غلط بیان ـ

Misrepresentative : (a) ناقص نمائندہ ـ

Misrule : (n) بد نظمی ؛ بد عملی ؛ بد انتظامی ؛ خراب حکومت ؛ ابتری ـ

Lord of misrule/Abbot-/Master- : بڑے دن کے جشن طرب کا صدر ـ

Misrule : (v) خراب حکومت کرنا ؛ بد انتظامی کرنا ـ

Miss : (n) (۱) نقصان ؛ کمی ؛ عدم ؛ غیر موجود ہونا ـ (۲) نشانے کا خطا ہونا یا خالی جانا ؛ چوک ؛ ناکامی ـ (۳) (طباعت) چھاپے کی مشین میں کاغذ ڈالنے میں چوک جانا ـ (٤) اسقاط حمل ـ (٥) ارادی احتراز ـ (٦) دیکھو Misfire ـ (۷) نقصان ؛ افسوس ـ

A miss is as good as a mile : (۱) بال بھر چوک اور گز بھر چوک برابر ہے ـ (۲) بال بال بچنا اور صاف بچنا برابر ہے ـ

To feel the miss of : کمی کا احساس کرنا ـ

To give a miss : (۱) (بلیرڈ) حریف کی گیند کو خاص کر کے نہ مارنا تاکہ اپنی گیند اچھی جگہ پر رہے ـ (۲) اکیلا چھوڑ دینا ؛ چھوڑ کر آگے بڑھ جانا ـ

There is no (great) miss of : کمی کا احساس نہیں ہے ـ

Miss : (n) (۱) مس ؛ ناکتخدا لڑکی یا عورت کا لقب ـ (۲)(حقارت یا مذاق میں) لڑکی ؛ اسکول کی لڑکی ـ

Miss : (n) (تاش) فاضل ہاتھ جسے کوئی بھی کھلاڑی اپنے ہاتھ کے عوض لے سکتاہے ـ

Miss : (v) (۱) (نشانےکا) خطا ہونا ؛ خالی جانا ؛ نہ لگنا ؛ نہ ٹھہرنا ـ (۲) (کسی چیز کے حاصل کرنے میں) چوک جانا ؛ ناکام رہنا ؛ محروم رہنا ؛ (کسی سے) نہ مل سکنا ؛ ملاقات نہ ہوسکنا ـ (۳) (موقع کو) رائیگاں کھو دینا ؛ خالی جانے دینا ـ (٤) (ریل گاڑی وغیرہ) نہ پکڑ سکنا ؛ نہ پاسکنا ـ (٥) نہ سن سکنا ؛ نہ سمجھ سکنا (لفظ ، بات وغیرہ) ؛ نہ دیکھ سکنا ـ (٦) (وعدے پر) نہ پہنچ سکنا ـ (۷) (فرض منصبی کے ادا کرنے میں) قاصر رہنا ـ (۸) کسی کو یاد کرنا ؛ کسی کی جدائی میں بے چین ہونا ؛ کمی محسوس کرنا ؛ نہ ہونے پر افسوس کرنا ـ (۹) چھوڑ دینا ـ (۱۰) ناکام رہنا ـ (۱۱) (فصل کا) ناقص ہوجانا ـ (۱۲) گریز کرنا ـ

Hit or miss دیکھو Hit

To miss fire : (۱) (بندوق کا) رنجک چاٹ جانا ؛ فائر نہ ہونا ـ (۲) (مجازاً) نشانے کا خالی جانا ؛ تد بیر کا ناکام رہنا ـ

To miss on : نہ لگنا ؛ نشانہ چوک جانا ـ

To miss one 's aim/-mark : (مقصد وغیرہ) حاصل کرنے میں ناکام رہنا ؛ کھو دینا ـ

To miss one 's way : کھوجانا ؛ راستہ گم ہوجانا ـ

To miss stays : (بحری) جہاز کا رخ بدلنے میں ناکام رہنا ـ

To miss the boat : موقع کو کھو کر فاش غلطی کرنا ـ

To miss the bus : موقع کھو دینا ـ

Miss / Mis : (n) Miscarriage کا مخفف ـ

Missal : (n) (۱) کتاب نماز ؛ عبادت نامہ ؛ پادریوں کی عبادت کی کتاب ؛ زالامعاد ـ (۲) رومی کلیسا کی کتاب نماز خصوصاً وہ جو منقش اور مطلا ہو ـ

Missal : (a) عشائے ربانی سے متعلق ۔

Missal caps : (n) (طباعت) ایک قسم کے خوب صورت حروف ۔

Missel : (n) یورپی طوطی ؛ ایک خوش الحان پرند جس کا کھاجا ثمراکاس بیل ہے ۔

Missel - bird : (n) دیکھو Missel

Missel - thrush : (n) دیکھو Missel

Missfire : (n) دیکھو Misfire

Missile : (a) جسے پھینکا جاسکے ؛ پھینک کر مارنے کا (ہتھیار وغیرہ) ۔

Missile : (n) (۱) (کسی آلہ یا ہاتھ سے) پھینک کر مارنے کا ہتھیار ؛ پھینکنے کی چیز ۔ (۲) انعام و اکرام جو رومی بادشاہان عوام کی طرف پھینکا کرتے تھے ۔

Missing : (a) (۱) غائب ؛ گم ۔ (۲) جو نشانے پر نہ لگے ۔

Missing link : (n) (۱) گم شدہ کڑی ؛ بیچ کی خالی کڑی ؛ مفقود کڑی ۔ (۲) انسان اور بندر کے درمیان ایک فرضی جانور ۔

Mission : (n) (۱) رسالت ؛ سفارت ۔ (۲) مشن ؛ جماعت مبلغین ؛ تبلیغی جماعت ۔ (۳) تبلیغی جماعت کے کام کا حلقہ یا دائرہ ۔ (٤) تبلیغی مرکز ۔ (٥) کسی ضلع کا ادارہ تبلیغی ۔ (٦) (سیاسی مہم وغیرہ یا سفارت کا) مقصد ۔ (۷) انسان کا مشن (وہ کام جس کے لئے اسے خدانے پیدا کیا) ؛ مقصد زندگی ۔ (۸) (فوج) اہم فوجی فرائض ؛ ہوائی جہاز کا کسی خاص مہم پر اڑان ۔

Mission : (v) (۱) مشن پر بھیجنا ؛ سفارت پر روانہ کرنا ؛ مشن سونپنا ۔ (۲) تبلیغ کرنا ۔

Missionary : (a) مشنری ؛ مشن کا ؛ تبلیغی ادارے یا جماعت کا ۔

Missionary : (n) (۱) مشنری ؛ تبلیغی جماعت کا رکن ؛ مبلّغ ؛ داعی ۔ (۲) وہ پادری جو فوجداری عدالتوں میں مجرموں یا مستغیثوں کی اصلاح اور امداد کے لئے ہوتا ہے ۔

Missionary box : (n) چندے کا صندوقچہ ۔

Missioner : (n) مشنری ؛ مبلغ ؛ کلیسائی حلقے کے تبلیغی ادارے کا منتظم ۔

Missionize : (v) مبلغ کا کام کرنا ؛ تبلیغ کرنا ۔

Missis / Missus : (n) (نوکروں کی زبان) بیوی ؛ بیگم صاحبہ ۔

The missis : بیوی صاحبہ (اپنی یا دوسرے کی) ۔

Misses : (v) بیگم صاحبہ کہکر مخاطب کرنا ۔

Missish : (a) لڑکیوں کا سا نازک مزاج ؛ بنا ٹھنا ہونا ؛ لڑکیوں کے سے مزاج یا عادت کا ۔

Missishness : (n) لڑکیوں کا سا مزاج یا عادت ۔

Missive : (a) مخصوص طور پر بھیجاھوا ۔

Missive : (n) (۱) خط ؛ (خصوصاً) سرکاری مراسلہ ۔ (۲) (اسکاچستان) وہ دستاویز جو خط کی شکل میں ہوتا ہے اور معاہدے کے فریقین آپس میں تبادلہ کرتے ہیں ۔

Missive letter / Letter missive : (n) منشور شاہی ؛ وہ خط جو بادشاہ وقت کسی نائب اسقف کے نام ارسال کرتا ہے اور کسی شخص کو اسقف کے منصب کے لئے نامزد کرتا ہے ۔

Misstay : (v) (جہاز کا) رخ بدلنے میں ناکام رہنا ۔

Missy : (n) (محبت ، مذاق یا حقارت کی راہ سے) نوجوان خاتون ۔

Mist : (n) (۱) کہر ؛ کہرا ۔ (۲) دھند ؛ جالا (آنکھوں کی بیماری) ؛ دھندلاپن (جوانسو کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے) غبار چشم ۔

Scotch mist : اسکاچستان کی کہر ؛ کہری دھند جو اسکاچستان کی پہاڑیوں پر چھائی رہتی ہے ۔

Mist : (v) دھندلا کرنا یا ہونا ؛ دھند چھا جانا ؛ دھندلا ہوجانا ۔

Mist-bow : (n) دیکھو Bow یا Fog

Mis-flower : (n) امریکا کا ایک پودا ۔

Mistful : (a) کہریلا ؛ دھندلا ۔

Mistakable : (a) جس میں غلطی ممکن ہو ۔

Mistakableness : (n) غلطی پر ہونا ؛ غلط ہونا ۔

Mistakably : (adv.) غلطی سے ۔

Mistake : (n) (۱) غلط فہمی ؛ دھوکا ۔ (۲) بھول ؛ چوک ؛ غلطی ؛ خطا ؛ قصور ۔

And no mistake : (کسی بات کو بیان کر کے زور دینے کے لئے کہتے ہیں) بلا شبہ ۔

By mistake : غلطی سے ؛ غلط فہمی میں ۔

Mistake : (v) (۱) غلط سمجھنا (معنی ، منشا ، مقصد) سمجھنے میں غلطی کرنا ۔ (۲) غلط رائے قائم کرنا ؛ رائے میں غلطی کرنا ۔ (۳) غلطی کرنا ۔ (٤) ایک شخص یا چیز کو دوسرا شخص یا چیز سمجھ لینا ۔

There is no mistaking : یہ بات کھلی ہوئی ہے ؛ صاف ظاہر ہے ؛ یہ بلا شبہ وہی شخص ہے ۔

To mistake the/-one 's road/- one 's mark : انتخاب میں غلطی کرنا ۔

Mistaken : (a) غلطی پر ؛ برسر خطا ؛ غلط فہمی پر مبنی ۔

Mistakenly : (adv.) غلطی سے ؛ غلط فہمی سے ۔

Mistakenness : (n) غلطی پر ہونا ؛ غلط ہونا ۔

Mistaught : (a) غلط طور پر تعلیم یافتہ ۔

Misteach : (v) غلط تعلیم یا ہدایت دینا ۔

Mistell : (v) غلط طور سے بیان کرنا ۔

Mister : (n) (۱) مسٹر ؛ صاحب (اشخاص کے نام یا عہدے کے ساتھ تعظیماً استعمال ہوتا ہے) ۔ (۲) غیر خطاب یافتہ شخص ؛ معمولی شخص ۔ (۳) (عامیانہ تخاطب کے لئے) جناب ؛ حضرت ۔

Mister : (v) کسی کو مسٹر کہہ کر پکارنا ۔

Misterm : (v) غلط نام رکھنا ؛ غلط موسوم کرنا ۔

Mistery : دیکھو Mastery

Misthought : (n) غلط رائے ؛ غلط خیال ۔

Misthink : (v) (۱) غلط سوچنا ۔ (۲) غلط رائے قائم کرنا ۔ (۳) برا سوچنا ۔

Misthrive : (v) ناکام ہونا ۔

Mistico : (n) دو باد بان والی کشتی جو بحیرہ ٔ روم میں چلائی جاتی ہے ۔

Mistigris : (n) (تاش) پوکر کے ایک کھیل میں سادہ پتا ۔

Mistily : (av.) دھندلے پن سے ؛ غیر واضح طور پر ۔

Mistiness : (n) دھندلاپن ؛ کہریلا ہونا ۔

Mistitle : (v) غلط نام رکھنا ؛ غلط عنوان لگانا ۔

Mistletoe : (n) ایک قسم کی بیل جس کا پھل لیس دار ہوتا ہے اور اس سے لاسا بناتے ہیں ؛ امر بیل ؛ اکاس بیل ؛ بنڈا ۔

Mistletoe-thrush : (n) دیکھو Missel-thrush

Mists of death/Deathly mists : (n) موت کا کہرا ۔

Mistral : (n) سرد شمال مغربی ہوا (فرانس وغیرہ کے ان صوبوں میں چلتی ہے جو بحر روم کے کنارے پر واقع ہیں) ۔

Mistranslate : (v) غلط ترجمہ کرنا ؛ ترجمے میں غلطی کرنا ۔

Mistranslation : (n) غلط ترجمہ ۔

Mistreat : (v) بدسلوکی کرنا ؛ بری طرح پیش آنا ؛ برا برتاؤ کرنا ۔

Mistreatment : (n) بدسلوکی ؛ براسلوك ۔

Mistress : (n) (۱) منتظمہ ؛ نوکروں کی نگراں عورت ؛ خاتون ۔ (۲) بی بی ؛ بیگم ؛ گھر والی ۔ (۳) مالك ؛ مختار (عورت) ۔ (٤) (کسی علم کی) ماہرہ ؛ عالمہ ۔ (٥) محبوبہ ؛ معشوقہ ۔ (٦) داشتہ ؛ آشنا (عورت) ۔ (۷) معلمہ ؛ مُدّرِسہ ۔ (۸) بعض شاہی عہدہ داروں کا خطاب ۔ (۹) (Bowl کھیل میں) چھوٹا پیالہ جو نشانہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۱۰) کوئلے کی کان میں استعمال ہونے والی لالٹین ۔

Mistress of the robes : ملکہ کے توشہ خانے کی منتظمہ ۔

To be the mistress of : (۱) مالك ہونا ؛ رکھنا ۔ (۲) ماہر ہونا ۔

Mistressship : (n) استانی گری ؛ معلمہ کا عہدہ وغیرہ ۔

Mistressly : (a) (۱) مالکانہ ۔ (۲) ماہرانہ ۔

Mistrial : (a) (مقدمے کی) غلط تحقیقات ؛ ناقص تحقیقات ۔

Mistrust : (n) بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ عدم اعتمادی ؛ بدظنی ؛ بدگمانی ۔

Mistrust : (v) اعتماد نہ کرنا ؛ اعتبار نہ کرنا ؛ بھروسہ نہ کرنا ؛ بدگمانی رکھنا ؛ بدظن ہونا ؛ شك کرنا ۔

Mistrustful : (a) اعتماد نہ کرنے والا ؛ بدظن ؛ بدگمان ۔

Mistrustfully : (adv.) بدظنی یا بدگمانی سے ؛ بے اعتمادی کی راہ سے ۔

Mistrustfulness : (n) بدظنی ؛ بدگمانی ؛ بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ عدم اعتماد ۔

Mistrustingly : (adv.) اعتماد یا اعتبار نہ کرتے ہوئے ؛ بھروسا نہ کرتے ہوئے ۔

Mistrustless : (a) شك نہ کرنے والا ؛ اعتماد کرنے والا ۔

Mistryst : (v) (۱) ملاقات کا وعدہ کرکے نہ آنا ؛ ملاقات کا وقت مقرر کرکے نہ آنا ۔ (۲) پریشان ہوجانا ؛ گھبرا جانا ۔

Mistune : (v) بے سُرا بنا دینا ؛ بے سُرا راگ چھیڑنا ۔

Misturn : (v) غلط سمت میں مڑ جانا ۔

Mistutored : (a) غلط پڑھایا ہوا ؛ غلط پرورش پایا ہوا ۔

Misty : (a) (۱) کہر آلود ؛ کہریلا ۔ (۲) دھندلاسا ؛ مٹا مٹاسا ۔ (۳) دھندلا ؛ غیر واضح ۔ (٤) جس کا ذہن صاف نہ ہو ؛ ناقص العقل ۔

Misunderstand : (v) (۱) (الفاظ کا مطلب) غلط سمجھنا ؛ کچھ کا کچھ سمجھنا ۔ (۲) (کسی شخص کے قول یا فعل کا) منشا غلط سمجھنا ؛ تعبیر غلط کرنا ۔

Misunderstanding : (n) (۱) غلط فہمی ۔ (۲) ان بن ؛ پھوٹ ؛ نا انصافی ۔

Misuse : (n) بے جا استعمال ؛ غلط استعمال ؛ سختی ؛ زیادتی تشدد ۔

Misuse : (v) (۱) غلط استعمال کرنا ؛ بے جا استعمال کرنا ۔ (۲) برا برتاؤ کرنا ؛ براسلوك کرنا ؛ بدسلوکی کرنا ؛ سختی کرنا ۔

Misuser : (n) غلط استعمال کرنے والا ؛ بے جا استعمال کرنے والا ۔

Misuser : (n) آزادی کا بے جا استعمال ۔

Misvaluation : (n) غلط قیمت ؛ غلط اندازہ ۔

Misvalue : (v) غلط قیمت لگانا ؛ غلط اندازہ لگانا ۔

Misventure : (n) بدبختانہ حادثہ ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ شامت ۔

Misvouched : (a) (١) جس کی ٹھیک سے تصدیق نہ کی گئی ہو ۔ (٢) غلط الزام لگایا ہوا ۔

Miswedded : (a) جس کی بے جوڑ شادی ہوئی ہو ۔

Misworship : (n) بے جا پرستش ؛ غلط پرستش ۔

Misworship : (v) غلط پرستش کرنا ؛ غلط طور پر پوجنا ۔

Misworshipper : (n) غلط پرستش کرنے والا ۔

Misyoke : (v) بے جوڑ شادی کر دینا ۔

Miszealous : (a) بے جا سرگرم ۔

Mitch-board : (n) سہارے کی بلّی ؛ بادبان کے نیچے کی لکڑی وغیرہ رکھنے کا سہارا ۔

Mite : (n) کرمك ؛ جوں ؛ لیکھ ؛ کرمك پیتر ۔

Mite : (n) (١) ایك چھوٹا تانبے کا سکہ جو فلانڈرس میں رائج تھا ۔ (٢) دھیلا ؛ نصف نارینگ ۔ (٣) اپنا تھوڑاسا حصہ جو کچھ انسان سے ہوسکے (کسی اچھے مقصد یا کام میں) اپنی سوت کی انٹی (غریب آدمی کا حقیر لیکن مخلصانہ تحفہ) ۔ (٤) ننھی سی چیز ۔ (٥) ذرہ ؛ خفیف سی مقدار ۔

Mithra / Mithras : (n) ایك یونانی دیوتا ؛ سورج دیوتا ۔

Mithraic : (a) سورج کے دیوتا سے متعلق ۔

Mithraism : (n) آفتاب پرستی ۔

Mithraist : (n) آفتاب پرست ۔

Mithridate : (n) زہر مہرہ ؛ فاد زہر ۔

Mithridatic : (a) (١) زہر کا عادی کرنے سے متعلق ۔ (٢) میتھریڈیٹ چہارم (پونٹس کے بادشاہ) سے متعلق ۔

Mithridatism : (n) زہر کا عادی کرنا یا ہونا ؛ عادت زہر ؛ مناعت زہر ۔

Mithridatize : (v) زہر کا عادی کر دینا ؛ زہر کی مقدار بتدریج بڑھاکر اس کے اثر سے محفوظ کر دینا ۔

Mitigable : (a) قابل تخفیف ؛ کم کئے جانے کے لائق ۔

Mitigant : (a) مُسکِّن ۔

Mitigant : (n) مسکن (دوا) ۔

Mitigate : (v) (١) (غصہ وغیرہ) کم کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ۔ (٢) درد میں تخفیف کرنا ؛ کمی کرنا ۔ (٣) (سزا کو) ہلکا کرنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا ۔ (٤) (گرمی ، سردی ، سختی وغیرہ میں) اعتدال پیدا کرنا ، شدت کم کرنا ۔ (٥) کم ہونا ؛ ٹھنڈاہونا ۔ (٦) (جرم کو) خفیف ثابت کرنا ۔

Mitigation : (n) تخفیف ؛ کمی ۔

Mitigative : (a) مُسکِّن ۔

Mitigative : (n) مُسکِّن (دوا) ۔

Mitigatory : (a) تخفیفی ؛ تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ؛ ہلکا کرنے والا ۔

Mitigatory : (n) تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ۔

Mitis : (n) ملائم فولاد ؛ مائٹس ۔

Mitosis : (n) خلیے کے نوات کا باریک ریشوں میں منقسم ہونے کا عمل خیطیت ۔

Mitotic : (a) خیطیت سے متعلق ۔

Mitraille : (n) (۱) لوہے کے ٹکڑے ، کانسی کا سرا وغیرہ جو پہلے توپ میں بھر کر پھینکے جاتے تھے ۔

Mitrailleur : (n) کئی فائر کی بندوق ؛ کئی نال کی توڑے دار بندوق ؛ حذیفہ انداز ؛ مشین گن ۔

Mitrailleuse : (n) دیکھو Mitrailleur

Mitral : (a) تاج اسقف کی شکل کا ؛ نیم قائمے کی شکل کا ؛ کلاہ نما ۔

Mitral : (n) دل کا (بائیں جانب کا) پردہ ۔

Mitral valve : (n) دیکھو Mitral

Mitre : (n) (۱) تاج اسقف ؛ اسقف کی لمبی ٹوپی جس کی چوٹی پر گہرا کٹاؤ ہوتا ہے ؛ کلاہ ۔ (۲) ۴۵درجے کا زاویہ ؛ نیم قائمہ ۔ (۳) (نقابت) کلاہ ؛ (بطور علامت) ۔ (۵) صدف دوپارہ ۔

Mitre : (n) (۱) دوگوشہ جوڑ ؛ جوڑ جو دولکڑیوں کے ملنےاور باہم ٹھیک بیٹھنے سے اس طرح پیدا ہوکہ زاویہ قائمہ بن جائے ۔ (۲) لوہے کا بریکٹ جو عمارت میں مضبوطی کے لئے لگادیا جائے ۔

Keyed mitre : (n) دوگوشہ جوڑ جس میں دھات کا یا لکڑی کا ٹکڑا لگا کر مضبوط کردیا جائے ۔

Lapped mitre : ادھ سرا جوڑ اور دوگوشہ جوڑ کا اتصال ۔

Mitre : (v) کلاہ اسقف عطا کرنا ۔

Mitre : (v) (۱) نیم قائمی جوڑے جوڑنا ۔ (۲) نیم قائمی شکل بنانا ۔ (۳) (کشیدہ کاری) پٹی یا فیتے میں زاویہ بنانا ۔

To mitre the square : جوڑ کے زاویہ کو نصف کردینا ۔

Mitre-arch : (n) دو آڑی شکلوں کے اتصال سے بننے والی خمدار شکل ۔

Mitre-bevel : (n) گنیا جسکا پھل ۴۵ ڈگری کے زاویہ پر لگا رہتا ہے ۔

Mitre-block/-board : (n) نیم قائمی شکل کا باریک تختہ وغیرہ جسکی مدد سے لکڑی کے نیم قائمی جوڑ بنائے جاتے ہیں ۔

Mitre-box : (n) دیکھو Mitre block

Mitre-dovetail /-dovetailing : (n) فاختہ دم جوڑ اور نیم قائمی جوڑ کا امتزاج ۔

Mitre-gauge : (n) دوگوشہ جوڑ یا نیم زاویہ ناپنے کا آلہ ۔

Mitre-joint : (n) دوگوشہ جوڑ ۔

Mitre-shooting-board : (n) لکڑی کے کناروں کو مسطح کرنےکا رندا ۔

Mitre-square : (n) دیکھو Mitre bevel

Mitre-valve : (n) ایک قسم کا پتلی صمام (Puppet valve) ۔

Mitre-wheel : (n) نیم قائمی پہیے ؛ محرک پہیے جس کے دندانے ۴۵ درجے کے زاویے پر اور دہرے زاویہ قائمہ پر ہوتے ہیں ۔

Mitre-wort : (n) پودوں کی ایک جنس ۔

Mitred : (a) (۱) کلاہ اسقف پہننے کا اہل ۔ (۲) صاحب کلاہ (اسقف) ۔ (۳) کلاہ نما ۔

Mitred abbey : (n) خانقاہ جو صاحب کلاہ اسقف کے ماتحت ہو ۔

Mitred abbot : (n) صاحب کلاہ ؛ صدر راہب ۔

Mitriform : (n) (۱) کلاہ نما ۔ (۲) صدف دوپارہ کی شکل کا ۔

Mitring : (n) نیم قائمی بنانا ۔

Mitring-machine : (n) نیم قائمی سرے بنانے کی کل ۔

Mitt / Mit / Mitten : (n) (۱) بے انگلیوں کا دستانہ ۔ (۲) عورتوں کا ساعد پوش ؛ (جالی کا یا معمولی) دستانہ جو کلائی اور ہتھیلی کی حفاظت کرتا ہے ۔

To get the mitten : (۱) (عاشق کا) صاف صاف جواب پانا (معشوق سے) ۔ (۲) بر طرف ہونا (خدمت سے) ۔

To give the mitten : (۱) (عاشق کو) صاف جواب دینا ۔ (۲) بر طرف کر دینا (خدمت سے) ۔

To handle without mitten: بے رحمی کے ساتھ سلوک کرنا ۔

Mittened : (a) دستانہ پہنے ؛ ساعد پوش پہنے ۔

Mittimus : (n) (۱) (قانون) (سزائے) قید کا حکم دینا ؛ پروانہ قید ۔ (۲) برطرفی ؛ خدمت سے علاحدہ کیا جانا ؛ موقوفی ۔ (۳) (مزاحاً) مجسٹریٹ ۔

To get one 's mittimus : برطرف ہونا ۔

Mittimus : (v) حکم نامہ گرفتاری کے ذریعہ قید کر دینا ۔

Mity : (n) دانے دار ؛ کرمك دار ۔

Mix : (n) اختلاط ؛ گڈ مڈ ؛ بدنظمی ؛ بد ترتیبی ۔

Mix : (v) (۱) ملانا ؛ مرکب کرنا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیزش کرنا ۔ (۲) (اجزاکو ملاکر) مرکب تیار کرنا ؛ ترتیب دینا ۔ (۳) ملنا ؛ مرکب ہونا ؛ مخلوط ہونا ۔ (٤) ملنا جلنا ؛ میل جول رکھنا ؛ محبت رکھنا ؛ راہ و رسم رکھنا ۔ (٥) مباشرت کرنا ۔ (٦) جنگ میں شریك ہونا ۔ (۷) پیوند لگانا ؛ جفت کرنا ؛ دو نسلوں کو ملانا ۔

Mix-hellene : (n) یونانی اور بربری نسل کا شخص ۔

Mix up : (v) (۱) ملانا ؛ اچھی طرح ملانا یا ملنا ۔ (۲) شامل کرنا ؛ الجھانا ؛ پھنسانا ۔ (۳) غلط مبحث کردینا ؛ گڈ مڈ کردینا ۔ (٤) (کسی مشتبہ یا قابل اعتراض معاملے میں) شریك ہونا ۔

Mix-up : (n) (۱) اختلاط ۔ (۲) آمیزہ ۔ (۳) گھمسان کی لڑائی ؛ دست بدست جنگ یا لڑائی ۔

Mixed : (a) (۱) ملاھوا ؛ مخلوط ۔ (۲) مختلف العناصر ؛ پچ میل ۔ (۳) (صحبت) جس میں ہر طرح کے لوگ (خصوصاً) مشتبہ رویہ کے ہوں ؛ بے امتیاز ۔ (٤) مخبوط ؛ بدحواس ۔ (٥) عورت ؛ مرد دونوں کے لئے ؛ مخلوط ۔ (٦) مدھوش ؛ بدمست ۔ (۷) (صوت) (حروف علت کی) آواز درمیانی ۔

Mixed bag : (n) قسم قسم کا سامان ؛ ایك میل یا کئی میل کا مال ۔

Mixed bathing : (n) عورتوں اور مردوں کا ایك جگہ نہانا ۔

Mixed marriage : (n) مخلوط شادی ۔

Mixed mathematics : (n) عملی ریاضی ؛ ریاضیات عملی ۔

Mixed metal : (n) بھرت ؛ مختلف دھاتوں کا مرکب ؛ کس کٹ ۔

Mixed metaphor : (n) استعارہ مخلوط ؛ بے جوڑ استعاروں کا اجتماع ۔

Mixed number : (n) عدد کسری ؛ کسر مرکب ۔

Mixed school : (n) مخلوط مدرسہ ؛ لڑکے اور لڑکیوں کا مخلوط مدرسہ ۔

Mixed train : (n) وہ ریل جس میں مال اور مسافر دونوں ہوں ۔

Mixedly : (adv.) مخلوط طور پر ؛ بے امتیاز ؛ پچ میل طور پر ۔

Mixedness : (n) مخلوط ہونا ؛ پچ میل ہونا ؛ بے امتیاز ہونا ۔

Mixen : (n) (۱) گھورا ؛ کوڑی ؛ کوڑے کا انبار (کسانوں کے باڑے میں) ۔ (۲) ایك گالی (عورت کے لئے) ۔

Mixer : (n) (۱) ملانے والا ؛ مرکب کرنے والا ؛ آمیزش کرنے والا ؛ آمیزندہ ۔ (۲) دوسروں سے ملنے والا ؛ ملنسار ؛ معاشر ۔ (۳) غیر نشہ آور مشروب ۔

Mixo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "مخلوط" ۔

Mixochromosome : (n) مخلوط لونیہ ۔

Mixogamous : (a) مخلوط جفتہ ۔

Mixogamy : (n) مخلوط جفتی ۔

Mixolydian : (a) قدیم یونانی موسیقی میں سب سے بلند آہنگ طرز ۔

Mixotrophic : (a) مخلوط تغذیائی ۔

Mixtie-maxtie / Mixty-maxty / Mixter-maxter (a) بے ترتیب ؛ گڈ مڈ ۔

Mixtilinear : (a) مخلوط الخطوط ۔

Mixture : (n) (۱) ملانا ؛ مرکب محلول (دواؤں کا) ؛ مرکب دوا ؛ مکسچر ۔ (۲) (خارجی) آمیزش (دوچیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات نہ ہوں) ۔ (۳) پچ رنگا کپڑا ۔(٤) آمیزہ ۔ (٥) (موسیقی) ایک قسم کا آرگن باجے کا پردا ۔ (٦) ڈاک کی ٹکٹوں کا پیکٹ جو تول کر بیچا جاتا ہے ۔

Without mixture : خالص ۔

Mizen / Mizzen / Mizen-sail : (n) سہ مستول جہاز کے سب سے پچھلے مستول کا سب سے نچلا مربع بادبان ۔

Mizen-mast : (n) سہ مستولی جہاز کا سب سے پچھلا مستول ۔

Mizen-top : (n) سہ مستولی جہاز کے سب سے پچھلے مستول کا مچان ۔

Mizen-topgallant-mast : (n) Mizen-mast کے اوپر کا مستول ۔

Mizen-topmast : (n) نچلے Mizen-mast کے اوپر کا مستول ۔

Mizen-topsail : (n) Mizen-topmast سے لگا بادبان ۔

Mizen-yard : (n) سہ مستولی جہاز کے سب سے پچھلے مستول کا کھم ۔

Mizmaze : (n) ابلہ فریبی ؛ چکر میں ڈال دینا ۔

Mizzle : (v) پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا ؛ بوندا باندی ہونا ؛ ہلکی بارش ہونا ۔

Mizzle : (n) پھوار؛ ترشح ۔

Mizzle : (v) گڈ مڈ کردینا ؛ ابتر کردینا ؛ غلط خبر دینا ۔

Mizzle : (v) بھاگ جانا ؛ فرار ہوجانا ؛ چمپت ہوجانا ؛ چل دینا ۔

Mizzly : (a) (وہ موسم) جس میں ترشح ہو ۔

Mizzy : (n) کچھار ؛ لرزاں دلدل ؛ دلدل ۔

Mna : (n) (۱) مینا ؛ ایک یونانی رقم جو تقریباً چار پونڈ کے برابر ہوتی ہے (۲) قدیم یونان و مصر وغیرہ کے وزن کا پیمانہ ۔

Mneme : (n) (۱) (نفسیات) یاد ؛ حافظہ ۔ (۲) ہوش ۔

Mnemonic /-al : (a) (۱) حافظے کا ۔ (۲) ممد حافظہ ؛ حافظے میں مدد دینے والا ؛ تذکری ۔

Mnemonic : (n) (۱) ممد حافظہ ترکیب ۔ (۲) تذکریات ؛ فن تقویت حافظہ ۔

Mnemonically : (adv.) ممد حافظہ کے طور پر ۔

Mnemonician : (n) تقویت حافظہ کے فن یا اصول کا ماہر ۔

Mnemonics : (n) تقویت حافظہ کا اصول یا فن ؛ تذکریات ۔

Mnemonist : (n) دیکھو Mnemonician

Mnemotechny : (n) دیکھو Mnemonics

Mo : (a) زیادہ۔

Mo : (n) Moment کا مخفف۔

-mo : لاطینی ترتیبی عدد سے ماخوذ اصطلاحات کا آخری ہجا جو یہ ظاہر کرتاھے کہ ایك تاؤ کاغذ کتنےصفحوں میں موڑا گیا ھے۔

Moa : (n) نیوزی لینڈ کا ایك معدوم نہ اڑ نے والا پرندہ۔

Moabite : (n) مواب (Moab) سے متعلق جو ماوراء اردن کی سرحد پر رہتے تھے۔

Moabite : (a) مواب یا مواب کے باشندے سے متعلق۔

Moabitish : (a) مواب کے باشندوں کی طرح۔

Moan : (n) (۱) کراہنے کی آواز ؛ آہ۔ (۲) ھوا ، پانی وغیرہ کی غمناك یا غم آلود آواز۔

Moan : (v) (۱) آہیں بھرنا؛ کراہنا۔ (۲) کراہ کرکہنا۔ (۳) فریاد کرنا ؛ (قسمت کو) رونا۔ (٤) (مردے کو) رونا ؛ ماتم کرنا ؛ نوحہ کرنا۔

Moanful : (a) درد انگیز ؛ پردرد۔

Moanfully : (adv.) درد انگیز طور پر ؛ پردرد طور پر۔

Moaningly : (adv.) آہیں بھرتے ھوئے ؛ کراہتے ھوئے۔

Moat : (n) (قلع بندی) خندق ؛ کھائی۔

Moat : (v) (قلعہ وغیرہ کو) خندق سے محصور کرنا ؛ چاروں طرف خندق بنانا۔

Mob : (n) (۱) ادنیٰ طبقے کے لوگ ؛ عوام ؛ عوام االناس۔ (۲) میلہ ؛ بھیڑ بھڑکّا ؛ بھیڑ بھاڑ۔ (۳) مجمع عام ؛ اژدہام ؛ انبوہ ؛ جمع غفیر ؛ ھجوم۔ (٤) (عام) چوروں یا جیب کتروں کا گروہ ؛ بلوائیوں کا گروہ۔ (٥) (آسٹریلیا) مواشی کا گلہ۔ (٦) Mobile کا مخفف۔

Swell mob : سفید پوش اُچکے یا گرہ کٹ۔

Mob : (v) (۱) (مجمع کا کسی شخص پر) ہلہ کرنا ؛ ہلہ بول دینا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ ستانا۔ (۲) مجمع ھونا ؛ ٹھٹ لگنا ؛ اژدہام ھونا۔ (۳) مجمع میں مل جانا۔ (٤) برا بھلا کہنا ؛ گالی دینا ؛ جھاڑنا۔ (٥) شکار کو اس طرح گھیرنا کہ وہ بھاگ نہ سکے۔

Mob-cap : (n) عورتوں کی گھر پر پہننے کی ٹوپی جو سارے سر کو ڈھك لیتی تھی (اٹھارھویں اور انیسویں صدی)۔

Mobbish : (a) مجمع عام کی طرح ؛ بے ترتیب۔

Mobile : (n) عام لوگ ؛ عوام ؛ عوام الناس۔

Mobile : (a) (۱) منقولہ ؛ نقل پذیر ؛ قابل حرکت ؛ حرکت پذیر ؛ حرکی۔ (۲) متلون ؛ سیماب وش ؛ سیمابی۔ (۳) (فوج) جو آسانی سے ایك جگہ سے دوسری جگہ منتقل ھوسکے ؛ نقل و حرکت کے لئے تیار ؛ سفری ؛ نقل پذیر۔ (٤) سیلان پذیر ؛ سریع السیلان۔

Mobiliary : (a) (۱) جائداد منقولہ سے متعلق۔

Mobility : (n) حرکت پذیری ؛ سیلان پذیری ؛ نقل پذیری ؛ غیر مستقل مزاجی ؛ تلون ؛ حرکت کی صلاحیت ؛ نقل و حرکت کی صلاحیت۔

Mobility : (n) ادنیٰ طبقے کے لوگ ؛ عوام ؛ عوام الناس۔

Mobilizable : (a) قابل نقل و حرکت ؛ حرکت پذیر ؛ جو آسانی سے جنگ کے لئے تیار ھوسکے۔

Mobilization : (n) (۱) اجتماع افواج ؛ بحری یا بری افواج کا جنگ کے لئے تیار ھونا ؛ لام بندی۔ (۲) (قانون) غیر منقولہ جائداد کو منقولہ جائداد میں بدلنا۔

Mobilize : (v) (۱) حرکت پذیر بنانا ؛ حرکت میں لانا ؛ گردش میں لانا۔ (۲) (فوج یا بیڑے کو) جنگ کے لئے تیار کرنا ؛

جمع کرنا ؛ بحری اور بری فوج کا اجتماع کرنا ؛ لام بندی کرنا - (۳) کسی عضو یا حصے کو دوسرے سے الگ کرنا تاکہ آپریشن میں آسانی ہو -

Mobocracy : (n) حکومت عوام ؛ حکومت انبوہ ؛ انبوہ کردی ؛ انبوہ راج -

Mobocrat : (n) (۱) حکومت عوام کا حامی - (۲) بازاری لیڈر -

Mobocratic : (a) حکومت عوام کا یا اس سے متعلق -

Mobsman : (n) (۱) ادنیٰ طبقے کا آدمی - (۲) سفید پوش اچکا یا گرہ کٹ -

Moccasin : (n) (۱) مکاسن ؛ ہرن کی کھال کا جوتا جو شمالی امریکا کے دیسی لوگ پہنتے ہیں - (۲) مارسیاہ ؛ ایک قسم کا زہریلا سانپ -

Moccasin flower /-plant : (n) پاپوش گل -

Moccasin snake : (n) ایک قسم کا زہریلا سانپ ؛ مارسیاہ -

Moccasined : (a) ہرن کی کھال کا جوتا پہنے ہوئے -

Mocha : (n) (۱) ایک قسم کا عتیق ؛ عتیق مخا - (۲) ایک مسّاح پروانہ -

Mocha : (n) مخا ؛ بحیرۂ قلزم کے ساحل عرب کی ایک بندرگاہ -

Mocha coffee : (n) مخا کا نفیس قہوہ -

Mocha stone : (n) عتیق مخا -

Mochila / Mochilla : (n) (سپاہیوں کا یا مسافروں کا) تھیلا (جو زین سے لگا رہتا ہے) -

Mochy : (a) مرطوب اور گرم -

Mock : (a) نقلی ؛ جعلی ؛ جھوٹا ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی -

Mock : (n) (۱) تمسخر ؛ تضحیک ؛ مضحکہ ؛ استہزا ؛ ہنسی - (۲) قابل مضحکہ چیز ؛ قابل تحقیر چیز - (۳) تلبیس ؛ جعل -

Mock : (v) (۱) نقل کرنا ؛ نقل اتارنا ؛ منہ چڑانا - (۲) مضحکہ اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ استہزا کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ کھلّی اڑانا - (۳) جوتی کی نوک پر مارنا ؛ پروانہ کرنا ؛ ٹھکرانا ؛ ہیچ سمجھنا - (٤) بے وقوف بنانا ؛ دھوکہ دینا - (٥) (مقدس چیزوں کا) استخفاف ؛ مضحکہ اڑانا -

Mock-auction : (n) (۱) ولندیزی نیلام (اس میں اس وقت تک قیمت کم کرتے رہتے ہیں جب تک کوئی خریدار نہ ملے) - (۲) ایک قسم کا فریبانہ نیلام جس میں حلیف اصلی بولی بڑھانے کے لئے بڑھاکر بولی دیتا رہتا ہے -

Mock-bird : (n) (۱) امریکا کا ایک پرندہ جو اوروں کی نقل کرتا ہے - (۲) نقل کرنے والا پرندہ مثلاً توتا -

Mock-duck/-goose : (n) سور کا گوشت جو بطخ کے مسالے میں پکایا جائے -

Mock-heroic : (n) وہ مضحک نظم جس میں رزمیہ نظم کا خاکہ اڑایا جائے ؛ رزمیہ انداز کی مضحک نظم -

Mock-heroic : (a) رزمیہ انداز کی نقل اتارنے والا یا والی -

Mock-lead : (n) جست کا ایک مرکب -

Mock-moon : (n) قمر کاذب -

Mock-nightingale : (n) ایک قسم کا گانے والا پرند -

Mock-orange : (n) نقلی نارنگی -

Mock-rainbow : (n) ثانوی قوس قزح -

Mock-sun : (n) آفتاب کاذب ؛ آفتاب کے ہالے (سر چشمۂ شمس) میں سب سے روشن مقام -

Mock-turtle : (n) (۱) گائے کا سرا جو اس طرح بنایا جاتا ہے کہ دیکھنے میں کچھوا معلوم ہوتا ہے - (۲) گائے کی سری کا شوربا کچھوے کے شوربا جیسا -

Mock-venison : (n) بکرے کی ٹانگ جو ہرن کے گوشت کی طرح پکاکر لٹکا دی جاتی ھے ۔

Mockable : (a) قابل تضحیك ؛ قابل استہزا ؛ نقل اتارے جانے کے لائق ۔

Mocker : (n) (۱) نقل اتارنے والا ؛ تضحیك کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Mock-bird ۔

Mockery : (n) (۱) استہزا ؛ تضحیك ؛ کھلی ؛ ہنسی ؛ خندہ زنی ۔ (۲) قابل مضحکہ چیز ؛ موضوع تمسخر ۔ (۳) (کسی چیز کی) نقل ؛ (ظاہری) چربا ۔ (٤) فضول حرکت ؛ حماقت ؛ مسخرا پن ۔

Mocking-bird : (n) دیکھو Mock bird

Mocking thrush : (n) امریکا کا طوطی ۔

Mockingly : (adv.) مضحکے کے طور پر ؛ استہزا کے طور پر ۔

Moco : (n) پہاڑی کابی (امریکا کا کترنے والا جانور) ۔

Mocock / Mocuck : (n) کھانا رکھنے کی ٹوکری یا بکس ۔

Mod : (a) Modern اور Moderato کا مخفف ۔

Modal : (a) (۱) صوری یا عرضی (ضد معنوی یا جوہری) ۔ (۲) (صرف و نحو) طرز فعل کے متعلق ؛ (حرف) صوری ۔ (۳) (قانون) مشروط ۔ (٤) (منطق) جہتی ؛ شرطی ۔ (٥) (موسیقی) راگ سے متعلق ۔

Modalism : (n) وہ سابیلی (sabellian) عقیدہ کہ باپ ، بیٹا اور روح القدس خدائے واحد کی مختلف حیثیتوں کے نام ھیں ؛ صوریت ؛ وحدت تثلیث کا عقیدہ ۔

Modalist : (n) اس عقیدے کا حامی یا پیرو کہ باپ ، بیٹا اور روح القدس خدائے واحد کی مختلف حیثیتوں کے نام ھیں ۔

Modalistic : (a) وحدت تثلیث کے عقیدے سے متعلق ۔

Modality : (n) (۱) صوریت ۔ (۲) جہت ۔ (۳) نہج ؛ طریقہ ۔ (٤) ادائے فرض کا مقررہ طریقہ ؛ ذمہ داری پوری کرنے کے مقررہ شرائط ۔

Modally : (adv.) (۱) صوری اعتبار سے ۔ (۲) صوری حیثیت سے ۔ (۳) مشروط طور پر ۔ (٤) (منطق) از روئے جہت ۔

Mode : (n) (۱) طور ؛ طریق ؛ طرز ؛ ڈھنگ ؛ انداز ؛ اسلوب ۔ (۲) عام رواج ؛ وضع زمانہ ؛ دستور ۔ (۳) (منطق) جہت (عدم یا وجود ، امکان یا وجود) ؛ شرط ؛ ضرب ۔ (٤) (موسیقی) دوقسموں کے سروں (میجر مائنر) میں سے ایك ؛ (عہد قدیم اور قرون وسطی کی موسیقی میں) طرز ؛ پردا ؛ راگ ۔ (٥) (ارضیات) ترکیب (چٹان) ۔ (٦) (ریاضیات) وضع ۔ (۷) لباس کی مقبول عام وضع ؛ فیشن ۔ (۸) (قواعد) صورت ۔

Mixed mode : مخلوط جہت ۔

The mode : لباس کی مقبول عام وضع ؛ فیشن ۔

Model : (n) (۱) (عمارت ، مشین وغیرہ کا) چھوٹا مجسمہ ؛ مجسم نمونہ ؛ نمونے کا ڈھانچہ ؛ قالب ۔ (۲) موم یا مٹی کا ڈھانچا / مورتی ۔ (۳) (عمارت کا) طرز ؛ نقشہ ؛ ساخت ؛ خاکہ ۔ (٤) نمونہ جس کی تقلید کی جائے ؛ اسوہ ۔ (٥) مصوروں کا معمول ؛ مصور یا سنگ تراش کے لئے نمونہ بن کر بیٹھنے والا شخص ۔ (٦) وہ عورت جو پوشاك کی دکانوں پر کپڑے پہن کر خریداروں کو دکھاتی ھے ۔

Model : (v) (۱) (کسی چیز کا) موم یا مٹی کا ڈھانچا / مورتی بنانا ۔ (۲) ترتیب دینا ؛ تشکیل کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کے) نمونے پر ڈھالنا ؛ طرز پر بنانا ۔ (٤) (مصوروں کا) معمول بننا ۔ (٥) دکان پر کپڑے پہن کر خریداروں کو دکھانا ۔

Model : (a) قابل تقلید (نمونہ) ؛ مکمل ؛ کامل ؛ مثالی ۔

Model drawing : (n) مثالی نقشہ کشی ؛ نمونہ کشی ۔

Model-room : (a) نمونہ گھر ۔

Modeller : (n) ڈھانچہ بنانے والا ؛ ترتیب دینے والا ؛ طرز پر بنانے والا ۔

Modelling : (n) نمونہ سازی ۔

Modellist : (n) نمونہ ساز ؛ ڈھانچہ بنانے والا ۔

Modena : (n) (۱) قرمزی ؛ قرمزی رنگ ؛ گہرا ارغوانی رنگ ۔ (۲) اٹلی کے ایک شہر کانام ۔

Moderate : (a) (۱) اعتدال پسند ؛ معتدل خیالات کا ؛ معتدل ۔ (۲) اوسط درجے کا ؛ اچھا خاصا ؛ واجبی (قیمت) ۔

Moderate : (n) اعتدال پسند ۔

Moderate : (v) (۱) نرم کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ معتدل کرنا یا بنانا ؛ اعتدال پر لانا ۔ (۲) ہلکاهونا ؛ نرم پڑنا ؛ دھیما ہونا ؛ معتدل ہونا ؛ اعتدال پر آنا ۔ (۳) صدارت کرنا ۔

To moderate (in) a call : کسی پادری کی تقرری پر دستخط کرنے کے لئے بلائی گئی مجلس کی صدارت کرنا ۔

Moderately : (adv.) اعتدال کے ساتھ ؛ اوسط درجے کے لحاظ سے ۔

Moderateness : (n) اعتدال ؛ اوسط درجے کا ہونا ؛ اچھا خاصا ہونا ؛ واجبی ہونا ۔

Moderation : (n) (۱) معتدل کرنا یا ہونا ۔ (۲) اعتدال پسندی ؛ میانہ روی ؛ سلامت روی ؛ اعتدال ۔

In moderation : بدرجہ٫ اعتدال ؛ اعتدال سے یا اعتدال کے ساتھ ۔

Moderations : (n) (جامعہ آکسفورڈ میں) بی ۔ اے کی ڈگری کے امتحان کا پہلا حصہ ؛ ابتدائی سندی امتحان ۔

Moderatism : (n) اعتدال پسندی ۔

Moderatist : (n) اعتدال پسند ۔

Moderato : (n) (موسیقی) (ایک ہدایت) اعتدال سے ۔

Moderator : (n) (۱) ثالث ؛ پنچ ۔ (۲) مصالحت کرانے والا ۔ (۳) نگراں ؛ صدر ۔ (٤) (جامعہ آکسفورڈ) ابتدائی سندی امتحان کا ممتحن ؛ ناظر امتحان ۔ (٥) (کیمبرج) ریاضی سندی امتحان کے دو ممتحنوں میں سے ایک ۔ (٦) غیر مقلد عیسائی فرقے کی کسی مذہبی مجلس کا صدر ۔ (۷) معتدل گر ۔ (۸) جوہر متعاملہ میں نیٹرون کو کم کرنے کے لئے ڈالا جانے والا مادہ ۔

Moderator lamp : (n) وہ لیمپ جس میں تیل چڑھایا ، گھٹایا یا بڑھایا جاسکتا ھے ۔

Moderatorship : (n) (۱) ثالثی کا منصب ۔ (۲) صدارت ؛ ممتحنی ۔

Modern : (a) (۱) جدید ؛ زمانہ٫ حال کا ؛ دور حاضر کا ۔

Modern : (n) (۱) نئی روشنی کا شخص ؛ جدید یا نئے زمانے کا انسان ؛ نیا ۔ (۲) نیا مذاق یا نقطہ٫ نظر رکھنے والا ۔

Modern English : (n) وہ انگریزی جو عہد حاضر میں (تقریباً سنہ ١٤٥١ء سے) بولی جاتی ھے ۔

Modern History : (n) جدید تاریخ ۔

Modern Greats : (n) (جامعہ آکسفورڈ) فلسفہ ؛ علم سیاست اور معاشیات میں آنرز ڈگری ۔

Modern shool/-part : (n) علوم جدید کا شبہ ۔

Modernism : (n) (۱) جدید خیال ؛ جدید خیالات ؛ جدید اصول ؛ (خصوصاً) مذہبی عقائد کو جدید طرز خیال کے مطابق کرنا ؛ جدت پسندی ؛ نئی روشنی ؛ تجدد ۔ (۲) زمانہ٫ حال کی اصطلاح ؛ جدید لفظ یا محاورہ ۔

Modernist : (n) (۱) نئی روشنی کا شخص ۔ (۲) (مذہبی عقائد میں) جدت پسند ؛ متجدد ۔

Modernity : (n) جدید ہونا ؛ جدید طرز ؛ جدید چیز ؛ جدیدیت ۔

Modernization : (n) زمانہ٫ حال کے مطابق بنانا ؛ زمانہ٫ حال کے رنگ میں رنگنا ۔

Modernize : (v) (۱) جدید طرز پر لانا ؛ زمانہ٭ حال کے رنگ میں رنگنا ۔ (۲) زمانہ٭ حال کا رنگ اختیار کرنا ۔

Modernizer : (n) جدید طرز پر لانے والا ۔

Modernly : (adv.) زمانہ٭ حال کے طرز پر ؛ زمانہ٭ حال میں ۔

Modernness : (n) جدید ہونا ؛ زمانہ٭ حال کے مطابق ہونا ۔

Modest : (a) (۱) بے ادّعا ؛ منکسر ؛ جو اپنی قابلیت کا اندازہ گھٹا کر کرتا ہو ۔ (۲) شرمیلا ؛ باحجاب ؛ چھپنے والا ۔ (۳) باحیا ؛ باعصمت ؛ پاکدامن ؛ لاجونتی ۔ (٤) (مطالبہ ، دعویٰ وغیرہ) واجبی ؛ معقول ۔ (٥) سیدھا سادا ؛ معمولی ۔

Modestly : (adv.) شرمیلے انداز سے ؛ سیدھے سادے طریقے سے ؛ خاکسارانہ ؛ منکسرانہ ۔

Modestness : (n) انکساری ؛ شرم یا حجاب ہونا ؛ پاک دامنی ۔

Modesty : (n) (۱) انکسار ؛ لحاظ ؛ حیا ؛ شرم ؛ لاج ؛ عصمت ؛ عفت ۔ (۲) نیک چلنی ؛ پاکدامنی ؛ انکسار ؛ خاکساری ۔ (۳) ایک قسم کا نقاب جو سینے کو ڈھانکنے کے لئے پہنا جاتا ہے ۔ (٤) سادگی ؛ سیدھا سادا ہونا ۔

Modicum : (n) مقدار قلیل ؛ تھوڑی سی مقدار ۔

Modifiability : (n) اعتدال پذیری ؛ تبدیل پذیری ؛ ترمیم پذیری ؛ تغیر وتبدل کی صلاحیت ۔

Modifiable : (a) اعتدال پذیر ؛ ترمیم پذیر ؛ تبدیل پذیر ۔

Modifiableness : (n) دیکھو Modifiability

Modification : (n) (۱) تعدیل ؛ تحدید ؛ قید ؛ بندش ۔ (۲) معتدل کرنا؛ ترمیم ؛ تغیرو تبدل ؛ اصلاح ۔ (۳) (اسکاچستانی قانون) تشخیص ؛ تعین ۔ (٤) (قواعد) لفظ کے مفہوم کو معین اور محدود کرنا ؛ (کسی) حرف علت کی آواز میں (i) یا (u) کی آواز مدغم کرنا ۔

Modificative : (a) ترمیمی ؛ ترمیم کرنے والا ؛ معتدل کرنے والا ؛ (لفظ کے مفہوم کو) معین اور محدود کرنے والا ۔

Modificative : (n) ترمیم کرنے والی چیز ؛ وہ لفظ یا جملہ جو لفظ کے مفہوم کو معین اور محدود کرتا ہے ۔

Modificatory : (a) ترمیمی ؛ معتدل کرنے والا ۔

Modifier : (n) معتدل کرنے والا ؛ ترمیم کرنے والا ؛ ہلکا کرنے والا ؛ تبدیلی پیدا کرنے والا ۔

Modify : (v) (۱) معتدل کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ شدت کم کرنا ۔ (۲) (فلسفہ) مخصوص طرز دینا ۔ (۳) ترمیم کرنا ؛ جزوی تغیروتبدل کرنا ۔ (٤) تشخیص کرنا ؛ تعین کرنا ۔ (٥) (قواعد) لفظ کے مفہوم کو معین اور محدود کرنا ۔ (٦) حرف علت کی آواز میں (i) یا (u) کی آواز مدغم کرنا ۔

Modillion : (n) کارنتھی طرز کی کارنس میں آگے کو نکلا ہوا بریکٹ ۔

Modiolar : (a) محور حلزونیہ سے متعلق ۔

Modiolus : (n) (تشریح) محور حلزونیہ ؛ وہ مخروطی محور جس کے گرد حلزونیہ (صدف گوش) ہوتا ہے ۔

Modish : (a) (۱) طرحدار ؛ پابند و ضع یا فیشن (شخص) ۔ (۲) مقبول عام وضع کے مطابق ؛ فیشن کے مطابق (چیز) ۔

Modishly : (adv.) فیشن کے مطابق ؛ فیشن کے لحاظ سے ۔

Modishness : (n) فیشن کے مطابق ہونا ۔

Modiste : (n) عورتوں کی پوشاک اور ٹوپیاں بنانے اور بیچنے والے ۔

Modius : (n) (۱) روم کا غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ جو 0.96 پیک کے برابر ہوتا ہے ۔ (۲) لمبی استوانہ ٹوپی یا سر کا لباس (جو بعض قدیم صناعی میں دیوتاؤں کے سروں پر دکھائے جاتے ہیں) ۔

Mods : (n) — Moderations کا مخفف۔

Modular : (a) — مقیاسہ یا مقیاس سے متعلق۔

Modulate : (v) — (۱) (معیار) گھٹانا یا بڑھانا ؛ کمی بیشی کرنا ؛ ٹھیک ترتیب پر لانا ۔ (۲) کسی چیز کا تناسب سے بدلنا یا گھٹانا ۔ (۳) (موسیقی) ایک سر گم سے دوسرے سر گم میں تبدیل کرنا ۔ (٤) آواز کو خاص امتداد پر لانا ؛ سر ٹھیک کرنا ۔ (٥) (تلغرافی مواصلات) (موج کی) سمت کو بدلنا (دوسری کم ارتعاش والی موج کے مطابق) ۔

Modulation : (n) — (۱) متناسب تبدیلی ؛ معیار کے مطابق کمی بیشی۔ (۲) سُر ٹھیک کرنا ؛ آواز کا اتار چڑھاؤ ؛ زیروبم ۔ (۳) (مجازاً) الفاظ کا مترنم استعمال۔ (٤) (تعمیرات) مقیاسہ کے ذریعے طرز تعمیر کو متناسب بنانا ۔ (٥) (تلغرافی مواصلات) موج کی خصوصیت کی تبدیلی کا عمل۔

Modulator : (n) — (۱) (موسیقی) نقشہ جس میں آواز کے گھٹانے بڑھانے کی تفصیل ہوتی ہے ۔ (۲) گھٹانے بڑھانے والا ؛ زیروبم کنندہ۔

Module : (n) — (۱) (تعمیرات) (تناسب ظاہر کرنے کے لئے) طول کی اکائی (خصوصاً پیل پائے کا نصف قطر) ؛ مقیاسہ۔ (۲) ناپنے کی اکائی یا معیار ۔ (۳) خلائی جہاز کا وہ حصہ جو الگ ہوکر آزادانہ کام کرتا ہے ۔ (٤) پیداواری اکائیوں میں سے ایک جس میں ایک ساخت کی چیزیں بنائی جاتی ہیں ۔ (٥) (تعمیرات) ابعاد ثلاثہ وغیرہ ناپنے کی ایک اکائی۔

Modulus : (n) — (۱) (ریاضیات) معینہ مضروب فیہ (خاص طور پر وہ مضروب فیہ جو نیپیری لوگارتھم کو معمولی لوگارتھم میں تحویل کرنے کے لئے کام آتا ہے) ۔ (۲) معیار (قوت اور کام کا تناسب) ۔ (۳) (طبیعیات) طبعی اثر اور اسکو پیدا کرنے والی قوت کے درمیان نسبت ظاہر کرنے والا ثابتہ۔

Modus : (n) — (۱) طریقہ ؛ طرز۔ (۲) دہ یکی کے بجائے نقد ادائی۔

Modus agendi : (n) — طریقہ عمل ؛ طرز عمل۔

Modus operandi: (n) — طرز عمل ؛ طریق عمل ؛ طریق کار ۔

Modus vivendi : (n) — (امور متنازعہ کا) عارضی تصفیہ ؛ (معاملات زیر تحقیقات کا) بالفعل تصفیہ ؛ موقّت تصفیہ ۔

Moeso-goth : (n) — گاتھی قوم جو چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں Moesia میں رہتی تھی ۔

Moet : (n) — ایک قسم کی شیمپین (شراب) ۔

Mofette : (n) — (۱) گندی اور بدبودار گیس کی تبخیر ۔ (۲) وہ غار جس سے گندی اور بدبو دار گیس نکلتی ہے ۔

Mofussil : (n) — (۱) مفصلات ۔ (۲) اضلاع ؛ صدر مقام سے دور کے مقامات۔

Mogul : (n) — (۱) مغل ؛ منگولی ۔ (۲) (جمع) بہترین قسم کے تاش کے پتے ۔ (۳) (مجازاً) بڑا آدمی ؛ مطلق العنان بادشاہ ۔ (٤) بڑا تاجر ۔

The (Great or grand) Mogul : — خاندان مغلیہ کے بادشاہوں کا خطاب ؛ مغل اعظم ؛ شہنشاہ دہلی ۔

Mogul : (a) — مغل نسل کا ؛ خاندان مغلیہ سے متعلق ۔

Moguntine : (a) — (جرمنی کے) (Mainz) سے متعلق ؛ وہاں کی چھپائی کے فن سے متعلق ۔

Mohair : (n) — (۱) انگورہ کی بکری کے بالوں سے بنی نرم اور ملائم اون ۔ (۲) انگورہ کی بکری کے بالوں سے بنی اون کا دھاگا ۔ (۳) کپڑا جو اس سے بنتا ہے ۔

Mohammedan : (a) — اسلامی۔

Mohammedan : (n) — مسلمان ؛ مسلم۔

Mohammedanism : (n) — اسلام ؛ دین اسلام ؛ مذہب اسلام۔

Mohawk : (n) (۱) موہاک ؛ امریکا کے اصلی باشندوں کی ایک قوم - (۲) موہاکی ؛ قوم موہاک کی زبان - (۳) برف پر پھسلنے کے کھیل ؛ Skating میں ایک خاص حرکت -

Mohican / Mohigan : (a) موہی کن (Mohican) سے متعلق -

Mohican : (n) شمالی امریکا کی ایک جنگجو قوم -

Moho : (n) پیلے پروں والا ایک نایاب پرندہ -

Mohock / Mohawk : (n) امیر خاندان کے بدمعاش جو اٹھارھویں صدی میں رات کو لندن کی گلیوں میں رہزنی کرتے تھے ؛ شریف بدمعاش -

Mohoohoo : (n) سفید گینڈا -

Mohorovicic discontinuity / Moho : (n) قشر ارض اور غلافی چٹانوں کے درمیان عدم تسلسل جو سطح سمندر سے تقریباً سات میل نیچے واقع ہوتا ہے -

Mohur : (n) مُہر ؛ گنی ؛ کلدار اشرفی -

Moidore : (n) (۱) برازیل اور پرتگال کا طلائی سکہ جس کا 4.93 گرام وزن ہوتا ہے - (۲) مانٹور -

Moiety : (n) (۱) (قانون) نصف ؛ نیم ؛ آدھا - (۲) کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک - (۳) زوج ؛ شوہر ؛ بیوی -

Moil : (n) (۱) سخت محنت ؛ مشقت - (۲) شورش ؛ ہنگامہ ؛ افراتفری -

Moil : (v) (۱) بیل کی طرح کام کرنا ؛ ناگوار (کام میں عرق ریزی کرنا ؛ محنت و مشقت کرنا - (۲) پریشان ہونا ؛ گھبرانا - (۳) جھگڑا کرنا -

Moil : (n) (کان کنی) زمین کو ٹھیک ٹھیک کاٹنے کا ایک اوزار -

Moil : (n) بے سینگ گائے یا بیل -

Moire : (n) لہر یا ریشم ؛ ابری ریشم -

Moire : (n) (۱) ابری یا لہری (ریشم) - (۲) لہر دار (دھات کا) برتن وغیرہ جس کی سطح پر پانی کی سی لہریں نظر آئیں -

Moire : (n) ابری یا لہرنے کی طرز -

Moire antique : (n) لہر یا ریشم ؛ ابری ریشم -

Moist : (a) (۱) نم ؛ مرطوب ؛ تر ؛ سیلا ؛ گیلا - (۲) (موسم وغیرہ) بارش کا ؛ بارانی - (۳) (مرضیات) جس میں رطوبت خارج ہوتی ہے ؛ ریزشی ؛ رطوبت ریز - (٤) (طب) (اسماع الصدر میں) ایسی آواز جس سے معلوم ہو کہ کسی جگہ رطوبت جمع ہوگئی ہے -

Moisten : (v) (۱) گیلا کرنا ؛ سیلا کرنا ؛ مرطوب کرنا ؛ ترکرنا ؛ نم کرنا - (۲) نم ہونا ؛ گیلا ہونا ؛ مرطوب ہونا ؛ تر ہونا ؛ سیلنا ؛ سیل جانا -

To moisten one 's clay : پینا ؛ حلق ترکرنا -

To moisten the lips/- throat etc : حلق ترکرنا ؛ ہونٹ ترکرنا -

Moistener : (n) نم کرنے والا ؛ ترکرنے والا -

Moistless : (a) بے رطوبت ؛ خشک ؛ سوکھا -

Moistly : (adv.) نمی کے ساتھ ؛ نم کر کے -

Moistness : (n) نمی ؛ تری ؛ رطوبت ؛ گیلاپن ؛ سیلاپن ؛ سیلن -

Moisture : (n) نمی ؛ رطوبت ؛ گیلاپن ؛ تری ؛ سیلاپن -

Moistureless : (n) خشک ؛ سوکھا ؛ بے رطوبت ؛ نمی سے خالی -

Moisturize : (v) نم کرنا (خصوصاً روغن و غازہ وغیرہ کا) -

Moisturizer : (n) نم کرنے والا روغن وغیرہ۔

Moisty : (a) نم ؛ مرطوب ؛ گیلا ؛ تر۔

Moither / Moider : (v) (۱) پریشان ہونا ؛ فکر مند ہونا ؛ پریشان کرنا ؛ ناك میں دم کرنا ۔ (۲) بہکی بہکی باتیں کرنا ؛ بے ربط گفتگو کرنا ۔ (۳) سخت محنت کرنا ؛ جانفشانی کرنا ۔

Moke : (n) (۱) جال کا پھندا یا سوراخ ۔ (۲) (جمع) بید کی بنی ہوئی چیزیں ۔

Moke : (n) گدھا ؛ خر ۔

Mola : (n) جنین کاذب ؛ لحمی ابھار جو رحم میں ہوجاتا ہے ۔

Molar : (a) (۱) پیسنے والا ۔ (۲) داڑھ سے متعلق ۔

Molar : (n) داڑھ ۔

False molar : وہ داڑھ جو دودھ کے دانت کے بعد نکلتی ہے ۔

True molar : وہ داڑھ جو سن بلوغ میں نکلتی ہے (لیکن کسی دودھ کے دانت کی جگہ نہیں نکلتی ہے) ۔

Molar : (a) (۱) بڑی کمیت (مادہ) پر عمل کرنے والا ؛ بڑی کمیت مادہ کے ذریعے سے عمل کرنے والا ؛ بڑے مجموعوں میں واقع ہونے والا ۔ (۲) متعلق کمیت مادہ ۔

Molary : (a) چبانے والا ؛ پیسنے والا ۔

Molasse : (n) (ارضیات) طبقہ اوسط کا ایك پتھر جو Alps اور Jura کے درمیان پایا گیا تھا ۔

Molasses : (n) (۱) راب ۔ (۲) شیرہ ۔

Mole : (n) تل ؛ خال ؛ مسّا ؛ پیدائشی موہکا ۔

Mole : (n) (۱) چھچھوندر ؛ کورموش ؛ موشك ۔ (۲) (مجازاً) اندھیرے میں کام کرنے والا ؛ خفیہ کام کرنے والا ؛ ناقص بینائی والا ۔ (۳) زمین دوز نالی بنانے والے ہل کا پھل ۔ (٤) (جمع) ایك قسم کے موٹے سوتی کپڑے کا جامہ ۔

Mole : (n) (۱) سنگین عمارت جیسے گودی یا راستہ جو پانی کے بیچ میں بنایا جائے ۔ (۲) مصنوعی بندر گاہ ۔

Mole : (n) دیکھو Mola

Mole : (v) زمین دوز راستہ بنانا یا طے کرنا ۔

Mole : (n) (کیمیا) کمہ ؛ مول ؛ کسی خاص مادے کی وہ مقدار جس کی گرام میں کمیت تعداد کے لحاظ سے اتنی ہو جتنا کہ اس کا سالماتی وزن ۔

Mole : (n) ایك قسم کی مسالے دار چٹنی ۔

Mole-cast : (n) مٹی کا ڈھیر جو چھچھوندر لگاتی ہے ۔

Mole-cricket : (n) حفار ؛ لکھوری ۔

Mole-head : (n) گھاٹ کا باہری حصہ ۔

Mole-hill / Molehill : (n) دیکھو Mole cast

To make a mountain (out) of a mole-hill : رائی کا پربت بنادینا ؛ چھوٹی سی رکاوٹ کو بہت بڑھا چڑھا کر دکھانا ۔

Mole-rat : (n) گھونس ؛ چھچھوندر ۔

Molecular : (a) سالماتی ؛ سالمی ؛ سالمہ مادے سے متعلق ۔

Molecular compound : (n) سالماتی مرکب ۔

Molecular distillation : (n) سالماتی کشید ۔

Molecular formula : (n) سالماتی ضابطہ ۔

Molecular heat : (n) سالماتی حرارت ۔

Molecular spectrum : (n) سالماتی طیف ۔

Molecular volume : (n) سالمی حجم ۔

Molecular weight : (n) سالمی وزن ؛ سالماتی وزن ؛ وزن سالمہ ۔

Molecularity : (n) سالمیت ؛ سالمے کی خاصیت ۔

Molecularly : (adv.) سالمے کے طور پر ۔

Molecule : (n) (۱) سالمہ ؛ سالمہ مادہ ۔ (۲) ذرہ ؛ ریزہ ۔

Molendinar : (a) چکی یا چکی والے سے متعلق ۔

Molendinar : (n) داڑھ ۔

Molendinary : (a) چکی یا چکی والے سے متعلق ۔

Molendinary : (n) داڑھ ۔

Moleskin : (n) (۱) چھچھوندر کی کھال یا سمور ۔ (۲) ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا جو رنگنے سے پہلے چکنا کرلیا جاتا ھے ۔ (۳) اس قسم کے کپڑے کا بنا پاجامہ ۔

Molest : (v) ستانا ؛ دق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ حیران کرنا ؛ پریشان کرنا ۔

Molestation : (n) چھیڑ ؛ ستانا ؛ دق کرنا ۔

Molester : (n) ستانے والا ؛ دق کرنے والا ؛ پریشان کرنے والا ۔

Molimen : (n) (۱) (مرضیات) نظام جسمانی کے فطری تفاعل کو انجام دینے کا عمل خصوصاً حیض میں ۔ (۲) حیض کے دوران یا اس سے پہلے ہونے والی تکلیف یا بے چینی ۔

Moline : (a) (نقابت) چکی کے اوپری پاٹ کو سہارا دینے والے لوھے کے سروں کی مانند پھیلا ھوا اور خمیدہ ۔

Moline : (n) دیکھو Cross-moline

Cross moline : ایک قسم کی صلیب جس کا ھر بازو دو پھیلے ھوئے اور خمیدہ سروں پر ختم ھوتا ھے ۔

Molinism : (n) مولینی عقیدہ ؛ یہ عقیدہ کہ توفیق یا فضل ربانی خلوص نیت یا حسن عقیدت پر موقوف ھے ۔

Molinism : (n) مولینی عقیدہ؛ تسلیم و رضا ؛ یہ عقیدہ کہ روحانی ترقی صرف اسی وقت ممکن ھے کہ جب مشیت ایزدی کے آگے سر تسلیم خم کردیا جائے ۔

Molinist : (n) مولینی عقیدے کا معتقد ۔

Molinist : (n) مولینی عقیدہ؛ تسلیم و رضا کا معتقد ۔

Moll : (n) (۱) عورتوں کا نام ۔ (۲) قحبہ ؛ رنڈی ۔ (۳) قزاق کی محبوبہ ؛ ملاح کی معشوقہ ۔

Moll-buzzer : (n) جیب کترا جس کا شکار عورتیں ھوتی ھیں ۔

Mollicrush : (v) جیلی بنادینا ؛ چورنا ۔

Mollifiable : (a) ٹھنڈا کرنے کے لائق ؛ قابل فرو ۔

Mollification : (n) ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ نرم کرنا ؛ شدت کم کرنا ؛ ملائم کرنا یا ھونا ؛ تسکین ؛ تخفیف ۔

Mollifier : (n) ٹھنڈا کرنے والا ؛ شدت کم کرنے والا ؛ مُسکِّن ۔

Mollify : (v) ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ شدت کم کرنا ؛ نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ۔

Mollities : (n) (طب) نرم کرنے والا ۔

Mollusc / Mollusk : (n) صدفہ ؛ صدف نما جانور ؛ سیپ ؛ گھونگا ؛ نرم تن ؛ رخوہ ۔

Mollusca : (n) حیوانات صدفیہ ؛ نرم تناں ۔

Molluscan : (a) صدفی ؛ رخوی۔

Molluscoid : (a) صدفه نما ؛ صدف نما ؛ رخوه نما۔

Molluscoidea / Molluscoida : (n) صدفه نمایان۔

Molluscous : (a) (۱) صدفی۔ (۲) (مجازاً) پلپلا ؛ غیر فقری ؛ بے ریڑھ کا۔

Molly : (n) (۱) پیار کا ایک نام ؛ میری۔ (۲) قحبه ؛ رنڈی۔ (۳) زنانه صفت ؛ مرزا پھویا۔

Molly-coddle : (n) زنان نتری ؛ بودا ؛ زنانه۔

Molly-coddle : (v) دلار کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ لاڈ و ناز سے پرورش کرنا ؛ ناز برداری کرنا۔

Molloy-cotton-tail : (n) امریکی لومڑی۔

Molly maguire : (n) آئرستان کی خفیه سوسائٹی کا رکن جو ۱۸٤۳ء میں لوگوں کو لگان دینے سے روکنے کے لئے قائم کی گئی تھی۔

Mollycot : (n) وه مرد جو گھر کی عورتوں کے کام میں دلچسپی لیتا ہے اور اسے کرتا ہے۔

Moloch : (n) (۱) مولوك ؛ ایك کنعانی بت جس پر بچوں کی قربانی چڑھائی جاتی تھی۔ (۲) شیاطین میں سے ایك۔ (۳) (مجازاً) جو بے گناہوں کی قربانی کا طالب ہو۔ (٤) آسٹریلیا کا خار دار گرگٹ۔

Molochize : (v) قربانی دینا ؛ قربان کرنا۔

Molossian : (a) مولوشیا (Molossia) سے متعلق۔

Molossian : (n) مولوشیا کا باشنده۔

Molossian dog /-hound : (n) میسٹف (کتا) کی ایك قسم۔

Molossus / Moloss : (n) شعر کا ایك خاص رکن جس میں تین لمبی هجائیں ہوتی ہیں۔

Molotov bread-basket : (n) ایك قسم کا ڈبه جس میں آتش گیر اور آتش زن بم رکھے رہتے ہیں۔

Molotov-cocktail : (n) آتش زن دستی بم۔

Molten : (n) (۱) گداخته ؛ پگھلا ہوا۔ (۲) (بت وغیره) پگھلا کر اور قالب میں ڈھال کر بنایا ہوا۔ (۳) گرم دہکتا ہوا۔

Moltenly : (adv.) پگھلی ہوئی چیز کی مانند۔

Molto : (adv.) (موسیقی کی ہدایت) بہت۔

Molucca : (n) جزیروں کے ایك مجموعے کا نام۔

Molucca-bean : (n) ایك قسم کا پھل۔

Moly : (n) (۱) ایك فرضی بوٹی جس کا ذکر افسانوں میں آتا ہے اور دافع سحر سمجھی جاتی ہے ؛ طلسمی بوٹی۔ (۲) ایك قسم کا خود رو لہسن ؛ جنگلی لہسن۔

Molybdate : (n) مولیبڈینم کے ترشے کا نمك۔

Molybdenite : (n) مولیبڈینم کا ڈائی سلفائیڈ۔

Molybdenum : (n) (کیمیا) مولیبڈینم (عنصر ، دھات)۔

Molybdic : (a) (۱) مولیبڈینم سے ماخوذ ؛ جس میں مولیبڈینم ہو۔ (۲) (ایسے مرکبات) جس میں مولیبڈینم کی گرفت اونچی ہوتی ہے۔

Molybdite : (n) مولیبڈینم کا ٹری آکسائڈ (Trioxide)۔

Molybdous : (a) (ایسے مرکبات) جس میں مولیبڈینم کم گرفته ہوتا ہے۔

Mom : Momma کا مخفف۔

Momble : (v) (۱) برا سلوك کرنا ؛ گالیاں دینا ؛ ابتری ڈالنا۔ (۲) حیران کرنا ؛ ابتر کرنا۔ (۳) بے ترتیبی کی

حالت میں لپیٹ کر چھپا دینا ۔

Momble : (n) ابتری ۔

Moment : (n) (۱) دقیقه ؛ لمحه ؛ لحظه ؛ منٹ ؛ آن ؛ پل ؛ دم ۔ (۲) اہمیت ؛ قدر و منزلت ؛ وقعت ۔ (۳) (مجازاً) موڑ ۔ (٤) معیار اثر ۔ (٥) کسی پیچیدہ تصوری ہستی کے عناصر میں سے ایک ۔

At the moment : اسی وقت ۔

For the moment : فی الحال ؛ ابھی ۔

One moment : ایک منٹ ۔

On the spur of the moment : فوراً ؛ فی البدیہہ ؛ بے سوچے سمجھے ۔

The moment : مناسب موقع ۔

The moment : جس وقت ۔

The moment of a force/- velocity : قوت کا معیار اثر ۔

This moment : (۱) فوراً ۔ (۲) مشکل سے ایک لمحہ پہلے ۔

To the moment : وقت پر ۔

To the moment : پورے طور پر ۔

Moment-axis : (n) وہ خط جو اپنی لمبائی اور سمت سے بالترتیب جفت کا معیار اثر ظاہر کرتا ہے ۔

Moment of a couple : (n) دو مخالف قوتوں کی عمودی دوری اور ان میں سےکسی ایک کا حاصل ضرب ۔

Moment of a force : (n) قوت کا معیار اثر ۔

Moment of inertia : (n) جمودی معیار اثر ۔

Moment of momentum : (n) (گردش کرتے ہوئے کسی جسم کا) معیار حرکت اور محور سے اس کی دوری کا حاصل ضرب ۔

Momental : (a) (۱) (متروک) ناپائیدار ۔ (۲) (ریاضی) معیار حرکت سے متعلق ۔

Momentarily : (adv.) ہر ساعت ؛ دم بھر کے لئے ؛ عارضی طور پر ۔

Momentariness : (n) دم بھر کا ہونا ؛ آنی ہونا ؛ عارضی ہونا ؛ نا پائیداری ۔

Momentary : (a) (۱) عارضی ؛ وقتی ۔ (۲) دم بھر کا ؛ لمحے کا ؛ آنی ۔

Momently : (adv.) (۱) دم بدم ؛ لحظہ بہ لحظہ ۔ (۲) ہر ساعت ؛ ہرلحظہ ؛ ہردم ؛ ہرآن ۔ (۳) ایک منٹ کے لئے ؛ ایک لمحے کے واسطے ۔

Momentous : (a) مہتمم بالشان ؛ نہایت اہم ؛ عظیم ؛ خطیر ۔

Momentously : (adv.) اہمیت کے ساتھ ؛ مہتمم بالشان طریقے سے ۔

Momentousness : (n) اہمیت ؛ عظمت و شان ۔

Momentum : (n) (۱) (میکانیات) حرکت کا معیار اثر ؛ معیار حرکت (جسامت اور رفتار کا حاصل ضرب) ۔ (۲) زور حرکت ؛ زور جو حرکت سے پیدا ہو ۔

Momma : (n) دیکھو Mamma

Momme : (n) جاپانی ناپ تول کا پیمانہ جو 3.75 گرام کے برابر ہوتا ہے ۔

Mommer : (n) (عام) ناٹک والا ؛ ناٹک کا ایکٹر ؛ بہرو پیا ۔

Momus : (n) (۱) مومس ؛ یونانی دیومالا میں تضحیک کا دیوتا ۔ (۲) عیب جو ؛ حرف گیر ؛ نکتہ چیں ؛ خردہ گیر ۔

A daughter, disciple of momus : مسخرہ ؛ دل لگی باز ۔

Mona : (n) افریقہ کا دراز دم والا چھوٹا بندر ۔

Monanchal / Monacal : (a) راہبانہ ؛ خانقاہی ۔

Monachism : (n) رہبانیت ؛ رہبان ؛ قلندری ؛ راہبانہ زندگی ۔

Monachist : (n) رہبانیت کا حامی ۔

Monacid : (a) (کیمیا) یك تیزابی ؛ یك گرفتہ ؛ یك اساسی تیزاب کے سالمے کو سیر کرنے کی قوت رکھنے والا ۔

Monad : (n) (۱) اکائی ؛ ایك ۔ (۲) وجود کی اکائی یا واحدہ ؛ جوہر واحد ۔ (۳) (حیاتیات) ابتدائی جسمیہ جس کے ارتقا سے تمام اجسام بنتے ھیں ؛ جسمیہ اولیٰ ؛ سادہ نامیہ ؛ یك خلوی نامیہ ۔ (٤) (حیاتیات) عنصر جس کے جوہر فرد کی قوت ترکیبی ایك ہو یعنی جو ہائیڈ روجن کے ایك جوہر فرد سے مرکب ہوسکے ۔ (٥) (حیوانیات) ایك حوین اولیٰ ۔

Monad : (a) یك گرفتہ ؛ اِکہری قوت ترکیبی رکھنے والا ۔

Monad-deme : (n) (حیوانیات) خلیوں کا ایك غیر ممیز مجموع ۔

Monadelph : (n) ایك گچھے کا حامل زر رکھنے والا پودا ۔

Monadelphia : (n) وہ پودے جس کا حامل زر ایك گچھے کا ہوتا ھے ۔

Monadelphiam/-phous : (a) (۱) (نباتیات) ایك گچھے کا (حامل زر) ۔ (۲) ایك گچھے کا حامل زر رکھنے والا (پودا) ۔

Monadic : (a) (۱) اکائی کا ؛ واحدی ؛ جوہر واحد کا ؛ اکہری قوت ترکیبی رکھنے والا (جوہر فرد) ۔ (۲) جوہر واحد کے نظریے سے متعلق ۔

Monadical : (a) اکائی کا ؛ واحدی ۔

Monadiform : (a) ابتدائی جسمیہ کی شکل کا ؛ یك خلوی نامیہ کی طرح ۔

Monadism : (n) جوہر واحد کا نظریہ ؛ نظام واحدات ؛ واحدیت ۔

Monadology : (n) نظریہٴ واحدت ۔

Monal : (n) کلغیا چکور ؛ منال ۔

Monamide : (n) (کیمیا) امونیا کے تین ہائیڈرو جنی جوھروں میں سے ایك کے ہٹنے سے بننے والا امائیڈ (amide) ۔

Monamine : (n) (کیمیا) وہ امین (Amine) جو امونیا کے تین ہائیڈرو جن کے جوھروں میں سے ایك کے تبادلے سے بنتا ھے ۔

Monandria : (n) (نباتیات) یك نری پودے ۔

Monandrous : (a) یك نرہ ؛ یك زر ریشی ؛ یك حامل زر ۔

Monandry : (n) یك شوہری دستور ؛ یہ دستور کہ ایك عورت کا صرف ایك شوہر ہو ۔

Monarch : (n) (۱) سلطان ؛ خود مختار فرمانروا ؛ شاہ یا شہنشاہ ؛مطلق العنان فرمانروا ۔ (۲) حاکم اعلیٰ ؛ سردار ۔ (۳) (مجازاً) مالك و مختار ۔ (٤) ایك قسم کی بڑی سیاہ اور سرخ تتلی ۔

Monarch : (v) سلطانی کرنا ؛ شہنشاہی کرنا ۔

Monarch : (a) (نباتیات) یك خشبیہ ؛ ایك ہی چوب ریشہ رکھنے والا ۔

Monarchal / Monarchial : (a) شاہانہ ؛ فرمانروایانہ ۔

Monarchian : (n) دوسری اور تیسری صدی عیسوی کا وہ بدعتی جو نظریہٴ تثلیث کا منکر تھا ۔

Monarchian : (a) نظرینہ تثلیث کے منکر سے متعلق ؛ نظریہٴ تثلیث سے متعلق ۔

Monarchianism : (n) نظریہٴ تثلیث سے انکار ۔

Monarchic : (a) شاہی ؛ سلطانی ؛ شخصی حکومت کا ؛ مطلق العنان (حکومت کا) ۔

Monarchical : (a) (۱) مطلق العنان حکومت کی طرح کا ؛ بادشاہی ۔ (۲) شاہی ؛ سلطانی ۔ (۳) شہنشاہ سے متعلق ۔ (٤) مطلق العنان ۔

Monarchically : (adv.) مطلق العنان حکومت کے طریقے سے ۔

Monarchism : (n) بادشاہ پرستی ؛ شاہ پسندی ؛ شخصی حکومت ؛ شاہی نظام حکومت ۔

Monarchist : (n) شاہ پسند ؛ شخصی حکومت کا حامی ۔

Monarchist : (a) بادشاہ پرستی سے متعلق ؛ شخصی حکومت کی حمایت کرنے والا ۔

Monarchize : (v) بادشاہت کرنا ؛ سلطنت کرنا ۔

Monarchy : (n) شاہی حکومت ؛ سلطنت ؛ حکومت مطلق العنان ؛ شخصی حکومت ؛ بادشاہی ۔

Absolute or despotic monarchy : مطلق العنان ؛ بادشاہت جس میں بادشاہ کی مرضی سب سے مقدم ہوتی ہے ۔

Constitutional monarchy : آئینی بادشاہت ؛ بادشاہت جس میں بادشاہ دستور کے مطابق حکومت کرتا ہے ۔

Elective monarchy : منتخب بادشاہی ؛ وہ بادشاہت جس میں بادشاہ منتخب کیا جاتا ہے ۔

Hereditary monarchy : موروثی بادشاہی ۔

Limited monarchy : بادشاہی جس میں بادشاہ کے اختیارات آئین کے ذریعے محدود رہتے ہیں ۔

Monas : (n) دیکھو Monad

Monasterial : (a) خانقاہی ؛ صومعہ نما ۔

Monasterially : (adv.) راہب کی طرح ۔

Monastery : (n) دیر ؛ صومعہ ؛ خانقاہ ۔

Monastic/-al : (a) (۱) راہبانہ ؛ خانقاہی ۔ (۲) (جلد سازی میں وہ آرائش) جس میں سونے کے بغیر کتاب پر نقش و نگار کئے جاتے ہیں ؛ صوفیانہ (حاشیے کا کام) ۔

Monastic : (n) راہب ؛ تارک الدنیا ؛ درویش ؛ بیراگی ۔

Monastically : (adv.) راہبانہ یا خانقاہی انداز میں ۔

Monasticism : (n) رہبان ؛ رہبانیت ؛ خانقاہی زندگی ۔

Monatomic : (a) (کیمیا) یك جوہرہ ؛ یك گرفتہ ۔

Monatomism : (n) یك جوہریّت ؛ یك گرفتہ ہونا ۔

Monaul / Monal / Minaul : (n) دیکھو Monal

Monaxial : (a) یك ساقہ ؛ یك شاخہ ۔

Monazite : (n) (معدنیات) سیریم (Cerium) دھات کا فاسفیٹ ۔

Mondaine : (n) فیشن پرست عورت ۔

Mondaine : (a) دنیا پرست ؛ فیشن پرست ۔

Monday : (n) سوموار ؛ دو شنبہ ؛ پیر ۔

Black monday : (۱) ایسٹر کے بعد پہلا سوموار ۔ (۲) (اسکول کی اصطلاح) لمبی چھٹیوں کے بعد پہلا سوموار ۔

Saint monday : سوموار کو کام کرنے والے عموماً سست رہا کرتے ہیں (اتوار کی شراب نوشی کے نتیجے میں) ۔

Mondayish : (a) (پادری وغیرہ) اتوار کا تھکا ماندہ ۔

Monde : (n) (۱) امراء کی سوسائٹی یا زندگی ؛ اعلیٰ سوسائٹی ۔ (۲) صحبت ؛ دائرہ٭ معاشرت ؛ طبقہ ۔

Mondial : (a) عالمگیر -

Monetary : (a) (۱) زر کے متعلق ؛ سکے کے متعلق - (۲) مالی ؛ روپے پیسے کا -

Monetary unit : (n) (کسی ملك کے) زر کی اکائی ؛ مالی اکائی -

Monetization : (n) استعمال بصورت زر -

Monetize : (v) زر کے طور پر جاری کرنا ؛ سکے کے طور پر چلانا (دھات وغیرہ کو) -

Money : (n) (۱) زر؛ سکہ؛ رائج الوقت - (۲) نوٹ؛ پرامیسری نوٹ ؛ زر کاغذ - (۳) (جمع) کوئی ایك سکہ - (٤) (جمع) (قدیم قانونی اصطلاح) رقوم - (٥) املاك جو زر میں تبدیل ہوسکے ؛ جائداد بمنزلہ زر نقد - (٦) (جمع) دولت ؛ مال و زر -

For love or money : ہر طرح ؛ بہ زر -

For money : نقد -

For one 's money : اپنی پسند یا خیالات کے مطابق -

In the money : خوشحالی میں ؛ خوشحال -

It is not everybody ' s or every man's money : وہ چیز جو ہر شخص کے لئے اتنی قدر نہ رکھتی ہو جتنی اس کی قیمت ہے -

Money for jam : روپیہ جو بغیر محنت کے مل جائے -

Money makes the mare go : سب سے بڑا روپیہ -

Money is the sinews of war : جنگ روپے کے زور پر لڑی جاتی ہے -

There is money in (something) : اس سے روپیہ کمایا جاسکتا ہے -

Time is money : وقت قیمتی ہے -

Money-bag : (n) روپے کا بٹوا ؛ کیسہ؛ زر ؛ خریطہ؛ زر -

Money-bags : (n) (۱) دولت - (۲) دولت مند یا لالچی آدمی -

Money-bill : (n) حکومت کے مصارف کی رقم کی منظوری کا مسوّدہ؛ قانون (پارلیمنٹ میں) -

Money-bound : (a) روپے کی کمی سے رکا ہوا -

Money-box : (n) صندوق زر ؛ گولك ؛ غلك ؛ خصوصاً منہ بند کیس جس میں شگاف سے سکے ڈال دیئے جاتے ہیں -

Money-broker : (n) صرّاف -

Money-change : (n) صرّاف -

Money-chest : (n) روپے ، زیور وغیرہ رکھنے کا صندوق -

Money-clause : (n) (پارلیمانی مسودہ؛ قانون میں) حکومت کے مصارف کی منظوری کا دفعہ -

Money-column : (n) (۱) خانہ؛ زر ؛ خانہ؛ رقم ؛ صفحے کا وہ حصہ جس میں رقم لکھی جاتی ہے - (۲) اخبار کا وہ کالم جس میں صرافہ کی خبریں ہوتی ہیں -

Money-dealer : (n) صرّاف ؛ مہاجن -

Money-dealing : (n) صرّافی ؛ مہاجنی (کاروبار) -

Money-economy : (n) معیشت زر -

Money-grub/-ber : (n) ذلیل طریقے سے پیسے کمانے والا ؛ زر پرست -

Money-grubbing : (n) (۱) ذلیل طریقے سے پیسے کمانا - (۲) زر پرستی -

Money-grubbing : (a) زر پرست -

Money-jobber : (n) صراف ۔

Money-lender : (n) سود پر روپیہ دینے والا ؛ مہاجن ؛ ساھوکار ؛ سود خور ۔

Money-lending : (n) سود پر روپیہ لگانا (قرض دینا) ۔

Money-maker : (n) روپیہ کمانے والا ۔

Money-making : (n) روپیہ کمانا ؛ روپیہ حاصل کرنا ؛ روپیہ بنانا ۔

Money-making : (a) (۱) روپیہ حاصل کرنے والا یا والی ۔ (۲) منافع بخش ۔

Money-market : (n) صرافہ ؛ بازار زر ۔

Money-matter : (n) روپے پیسے کا معاملہ ۔

Money-matters : (n) مالیاتی حصہ ۔

Money-monger : (n) صراف ؛ مہاجن ۔

Money-mongering : (n) صرافی ؛ مہاجنی ۔

Money-order : (n) منی آڈر ۔

Money-spider : (n) سعد مکڑی ؛ ایک قسم کی مکڑی جس کا دیکھنا نیک شگون سمجھا جاتا ھے ۔

Money-spinner : (n) دیکھو Money spider

Money 's worth : (n) مساوئی زر ؛ بدل زر ۔

Moneywort : (n) زر ورق ؛ ایک پودا جس کے پتے چمکدار ھوتے ھیں ۔

Moneyage : (n) (۱) سکہ سازی کا محصول ۔ (۲) وہ ادائی جو رعایا سکے کی کم قدری یا تبدیلی کے باعث ھونے والے نقصان سے بچنے کے لئے کرتی تھی ۔

Moneyed : (a) (۱) دولتمند ؛ متمول ؛ صاحب دولت ؛ مالدار ؛ امیر ؛ اہل زر ؛ زردار ۔ (۲) مالی ؛ مال و زر کا ۔ (۳) امریکا صرافہ کا کام کرنے کی اہل (کمپنی وغیرہ) ۔ (٤) دولت مند لوگ ؛ دولت مند طبقہ ؛ ارباب زر ۔

Moneyed interest : (n) ارباب زر ؛ اہل زر ؛ زر دار طبقہ ۔

Moneyer : (n) سکے ڈھالنے والا ؛ سکے بنانے والا ۔

Moneyless : (n) بے زر ؛ مفلس ؛ قلاش ؛ غریب ؛ نادار ۔

Mong : (n) مویشیوں کی مخلوط غذا ۔

Monger : (n) تاجر ؛ سوداگر ؛ بیچنے والا (عام طور پر حالت ترکیبی میں آتا ھے جیسے اردو میں " فروش ") ۔

Monger : (v) پھیری کر کے سودا بیچنا ؛ پھیلانا (افواہ وغیرہ) ۔

Mongering : (n) تجارت ؛ سوداگری ؛ بیو پار کرنا ؛ خرید و فروخت کرنا ۔

Mongering : (a) پھیری کر کے بیچنے والا/والی ؛ پھیلانے والا ۔

Mongery : (n) تجارت ؛ بیو پار ۔

Mongol : (n) منگولی ؛ منگولیا کا باشندہ ۔

Mongol : (a) منگولیا کا ؛ منگولی ۔

Mongol : (n) منگولی ابلہی میں مبتلا شخص ۔

Mongolian : (a) (۱) منگولیا کا ؛ منگولی ۔ (۲) (منگولیوں کی طرح) فاترالعقل ۔ (۳) منگولی نسل کا ۔

Mongolian : (n) (۱) منگولیا کا باشندہ ؛ منگولی زبان ۔ (۲) وہ انسانی نسل جس کا رنگ زرد اور بال کھڑے ھوتے ھیں ۔

Mongolic : (a&n) (۱) منگولی ۔ (۲) فاترالعقل ۔

Mongolism : (n) ایک قسم کی پیدائشی ابلہی (منگولیوں سے جسمانی مشابہت کے ساتھ) ۔

Mongoloid : (a) (۱) منگولی - (۲) فاترالعقل -

Mongoloid : (n) منگولی ؛ منگولی نسل کا آدمی -

Mongoose / Mungoose : (n) (۱) نیولا - (۲) ایک قسم کا لنگور -

Mongrel : (n) (۱) مجہول النسل کتا - (۲) (نباتیات و حیوانیات) دو نسلا جانور ؛ پیوندی پودا - (۳) دوغلا آدمی -

Mongrel : (a) (۱) دو نسلا ؛ مخلوط النسل ؛ پیوندی - (۲) دوغلا ؛ جس کی نسل خالص نہ ہو - (۳) آدھا تیتر آدھا بٹیر ؛ مخلوط -

Mongrelism : (n) دوغلے پن کی حرکت -

Mongrelize : (v) مخلوط النسل بننا یا بنانا ؛ نسل میں میل کرنا یا ہونا ؛ دوغلا بننا یا بنانا -

Mongrelly : (adv.) مخلوط النسل کی حیثیت سے -

Mongst : (prep.) دیکھو Among

Monial : (n) (تعمیرات) (روشندان کی) عمودی سلاخ ؛ میان پٹی -

Monied : (a) دیکھو Moneyed

Monilated : (a) تسبیح نما ؛ تسبیحی ؛ تسبیح مانند -

Moniliform : (a) دیکھو Monilated

Monism : (n) (۱) وحدت وجود ؛ وحدت اصل ؛ واحدیت ؛ یہ عقیدہ کہ صرف ایک ذات موجود ہے - (۲) وحدت جوہر ؛ یہ عقیدہ کہ مادے اور روح کی تفریق غلط ہے ، یہ دونوں ایک ہیں -

Monist : (n) وحدت پرست ؛ وحدت وجود کا قائل ؛ وحدت جوہر کا قائل ؛ موحد فلسفی -

Monistic : (a) وحدت پرستانہ ؛ وحدت وجود کا ؛ وحدت جوہر کا -

Monistically : (adv.) وحدت پرستانہ ؛ وحدت وجود کے عقیدے کے مطابق -

Monition : (n) (۱) تنبیہ ؛ آگاہی ؛ انتباہ ؛ پند - (۲) أسقف یا عدالت کلیسائی کی جانب سے ملزم کے نام باقاعدہ اطلاع کہ ارتکاب جرم سے باز آئے ؛ تنبیہ نامہ - (۳) (دیوانی عدالتوں میں) اطلاع نامہ ؛ سمن ؛ طلب نامہ -

Monition : (v) (کلیسائی قانون) تنبیہ نامہ جاری کرنا -

Monitor : (n) (۱) تنبیہ کرنے والا ؛ خطرے کی خبر دینے والا ؛ نذیر -(۲) مانیٹر ؛ مدرسے کا خلیفہ ؛ ناصح - (۳) آہن پوش جہاز (جو ساحل کی محافظت کرتا ہے) - (٤) ایک قسم کی چھپکلی جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ مگر مچھ کے آنے کی خبر دیتی ہے - (٥) چھت میں بنا ہوا روشندان - (٦) جوڑی ہوئی ٹونٹی جو ما قوائی کان کنی میں کام آتی ہے - (۷) اوزار رکھنے کا بکس - (۸) وہ شخص جو غیر ملکی نشریات سننے اور ان کی رپورٹ لکھنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے - (۹) ٹیلی ویژن سیٹ جو اسٹیشن سے نشریات کے دوران تصویروں کو جانچنے کے لئے رکھا جاتا ہے -

Monitor : (v) (۱) جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ ٹھیک کرنا - (۲) (خاص مقصد کے لئے) مشاہدہ کرنا ؛ دیکھنا - (۳) نظر رکھنا ؛ باضابطہ کر دینا ؛ ضبط رکھنا - (٤) تنبیہ کرنا - (٥) (سگنل کی) قوت کو درست کرنا (نشر کرنے یا ریکارڈ کرانے کے دوران) - (٦) غیر ملکی نشریات کو سن کر ان کی رپورٹ لکھنا - (۷) زیر مشاہدہ رکھنا (درست کرنے یا ضبط میں رکھنے کے لئے) -

Monitorial : (n) مانیٹر کا -

Monitorially : (adv.) مانیٹر کی طرح -

Monitorship : (n) مانیٹری -

Monitory : (a) تنبیہی -

Monitory : (n) پوپ یا اُسقف کا تنبیہی خط یا فرمان -

Monitress : (n) تنبیہ کرنے والی ؛ ناصحہ ؛ لڑکیوں کے مدرسے کی مانیٹر ۔

Monk : (n) (۱) راہب ؛ تارک الدنیا ؛ درویش ؛ بیراگی ۔ (۲) بعض جانوروں کے ساتھ آتا ہے ۔ (۳) (فنون و دستکاری میں) بعض چیزوں کا نام ۔

Black monk : سیاہ پوش راہب ۔

White monk : سطروتی راہب ۔

Monk-bat : (n) جمیکا کی چمگادڑ ۔

Monk-fish : (n) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Monk-latin : (n) غلط یا بگڑی ہوئی لاطینی زبان جو راہب بولتے ہیں ۔

Monk-seal : (n) بحیرہ روم کی سگ ماہی جس کا پیٹ سفید ہوتا ہے ۔

Monk's rhubarb : (n) ریواس کی ایک قسم ۔

Monkdom : (n) رہبانیت ؛ جماعت راہبان ۔

Monkery : (n) (۱) رہبانیت ؛ راہبانہ زندگی ۔ (۲) خانقاہ ۔ (۳) جماعت راہبان ۔ (٤) راہبانہ طرز عمل ؛ راہبانہ طور طریق ۔

Monkey : (n) (۱) بندر ؛ بوزنہ ؛ میمون ۔ (۲) (چھیڑ یا مذاق میں) اشخاص کو بھی کہہ دیتے ہیں ۔ (۳) میخ ٹھوکنے کا ہتھوڑا یا اوزار ۔ (٤)چھوٹی صراحی ۔ (٥) (عام) پانچ سو پونڈ کی رقم ۔ (٦) خرگوش کا بچہ ۔ (۷) بھیڑ ۔ (۸) غصہ ۔ (۹) مکان کو رہن رکھنا ۔ (۱۰) شیشہ کی قلیل مقدار کو پگھلا نے کا برتن ۔ (۱۱) چھوٹے کوئلے کی کان میں ہوا جانے کا راستہ ۔

My monkey is up : میں غصے میں ہوں ۔

To get one's monkey up/To put a person's monkey up : غصہ آجانا ؛ کسی کو غصہ دلانا۔

To suck (or sup)the monkey : (۱) بلانوش ہونا؛ بہت تیز شراب کا عادی ہونا ۔ (۲) ناریل کا پانی نکال کر اس میں اسپرٹ بھر کر پینا ۔ (۳) پیپے میں پیال نلکی ڈال کر شراب پینا ۔

Monkey : (v) (۱) نقل اتارنا ۔ (۲) مذاق اڑانا ؛ چھیڑنا ۔ (۳) شرارت کرنا ۔

Monkey-block : (n) چول چھلا سے بندھا لکڑی کا ٹکڑا ۔

Monkey-board : (n) کنڈکٹر و غیرہ کے کھڑے ہونے کا پائدان جو گاڑی کے پیچھے ہوتا ہے ۔

Monkey-boat : (n) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو ٹیمس (دریا) میں چلتی ہے ۔

Monkey-bread : (n) Baobab کے درخت کا پھل ۔

Monkey-cup : (n) کوزہ برگ پودا ؛ ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں جھجھری سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Monkey-engine : (n) لوہے کے ستون گاڑنے کی کل ۔

Monkey-face : (n) بندر جیسی شکل (انسان کی) ۔

Monkey-faced : (a) بوزنہ رو ؛ بندر جیسی شکل والا ۔

Monkey-gaff : (n) بڑے جہاز کا چھوٹا موٹا لٹھا جس کا ایک سرا اگلے اور دوسرا پچھلے بادبان پر رکھا رہتا ہے ۔

Monkey-jacket : (n) تنگ جیکٹ (چست جیکٹ) جو ملاح پہنتے ہیں ۔

Monkey-nut : (n) مونگ پھلی ۔

Monkey pot/Monkey 's pot : (n) (۱) ایک برازیلی درخت کے پھل کا سخت چھلکا ۔ (۲) پانی ٹھنڈا کرنے کا ظرف جو گرم ملکوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Monkey-puzzle : (n) ایک قسسم کا خار دار درخت ۔

Monkey-rail : (n) جہاز میں لگا ہوا لکڑی کا آرائشی ٹکڑا ۔

Monkey-shines : (n) (عام) شرارت ؛ نقل (بندروں جیسی) ۔

Monkey tricks : (n) شرارت ۔

Monkey-wrench : (n) ایک قسم کا پیچ کش جس کا منہ چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے ؛ ہمہ گیر رنچ ۔

Monkey 's tail : (n) لوہے کا چھوٹا چھڑ جو جہاز کی توپوں سے مشق یا تربیت کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Monkeyfy : (v) بندر کی طرح بنا دینا ؛ تمسخر آمیز بنا دینا ۔

Monkeyish : (a) بندر جیسا ؛ میمون صفت ؛ میمون خصلت ۔

Monkeyishness : (n) بندر جیسا ہونا ؛ میمون خصالی ۔

Monkeyism : (n) بندر کی سی حرکت ۔

Monkhood : (n) (۱) رہبانیت ؛ راہبانہ زندگی ۔ (۲) راہبوں کی جماعت ۔

Monkish : (a) (۱) راہبوں کا ؛ راہبانہ ۔ (۲) راہبوں جیسا ؛ خانقاہ نشینوں کا سا (حقارت کے طور پر) ۔

Monkishness : (n) رہبانیت ۔

Monkship : (n) راہب ہونا ؛ راہب کا درجہ یا منصب ۔

Monkshood / Monk 's-hood : (n) گلِ تاج الملک ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Monmouth : (n) ایک قسم کی گول اور چپٹی ٹوپی جو پہلے فوجی استعمال کرتے تھے ۔

Monmouth-cap : (n) دیکھو Monmouth

Monmouth-cock : (n) فوجی ٹوپی کا طُرّہ ۔

Mono : (a) یک جوہری ؛ یک اساسی ۔

Mono : (n) ایک قسم کا سیاہ بندر ۔

Mono : (n) ٹائپ بٹھانے کی مشین ۔

Mono Mon : (prefix) سابقہ بمعنی (۱) " ایک ؛ واحد " ۔ (۲) ان کیمیاوی الفاظ سے پہلے آتا ہے جو کسی عنصر کے ایکجوہر فرد یا چیز کی موجودگی پر دلالت کرتے ہیں ۔ (۳) (طباعت) ایک ایک ؛ حرفی ۔

Mono acid: (n) (۱) یک تیزابی ؛ یک تُرشوی ۔ (۲) یک گرفتہ ۔

Mono basic: (a) یک اساسہ ؛ یک اساسی ۔

Monoblastic : (a) یک نہوضی ۔

Monocardian : (a) یک قلبہ ؛ پیوستہ قلبہ ؛ جس کو ایک اذین اور ایک بطن ہو ۔

Monocarp : (n) یک فصلہ درخت ۔

Monocarpellary : (a) (نباتیات) یک ثمر برگہ ؛ یک بُقچوی ۔

Monocarpic : (a) یک فصلہ ؛ ایسے درخت جن میں صرف ایک بار پھل آتا ہے ۔

Monocarpous : (a) (۱) دیکھو Monocarpellary

Monocephalous : (a) (۱) یک سرہ ۔ (۲) (نباتیات) یک کھنٹیا ۔

Monochlamydeous : (a) (نباتیات) یک قبانیہ ؛ یک خولیہ ۔

Monochloro / Monochlor : (a) جز و ترکیبی جو کسی مرکب میں کلورین کا ایک مساوی گرفتہ ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے ۔

Monochord : (n) یکتارہ ؛ وہ آلہ جس سے موسیقی کے ابعاد معین کئے جاتے ہیں ۔

Monochromatic : (a) یک رنگ ؛ یک لونی ؛ یک رنگی ۔

Monochromatic lamp : (a) وہ لیمپ جس سے یک رنگی روشنی نکلتی ہے ۔

Monochromatically : (adv.) یک لونی طور پر ۔

Monochrome : (n) (۱) وہ تصویر جس میں ایک ہی رنگ کے کئی روپ بھرے گئے ہوں ۔ (۲) ایک رنگ کا نقشہ ۔

Monochrome / Monochromic /-al: (a) یک رنگی ؛ ایک ہی رنگ کا ۔

Monochromist : (n) یک رنگی تصویر بنانے والا مصور ۔

Monochromous : (a) دیکھو Monochrome

Monochromy : (n) یک رنگی مصوری ۔

Monociliate (d) : (a) (حیوانیات) یک پلکہ ۔

Monocle : (n) یک چشمہ ؛ یک چشمی عینک ۔

Monoclinal : (a) (ارضیات) یک رُخا ؛ یک قبلہ ؛ (پرتیں یا طبقے) جن میں ایک ہی پر نشیب ہو ۔

Monocline : (n) یک میل ۔

Monoclinic : (a) مائلہ ؛ یک میلان ۔

Monoclinous : (a) (۱) (نباتیات) نرمادہ گلہ ؛ دو جنسہ ۔ (۲) (ارضیات) دیکھو Monoclinal ۔

Monocondylar : (a) (حیوانیات) ایک پشت سر کی قفلی رکھنے والا ؛ ایک موٹری قندال رکھنے والا ۔

Monocondylian/Monocondylic : (a) دیکھو Monocondylar

Monocotyledon : (n) (نباتیات) یک دالی ؛ یک دانہ ؛ یک فلقہ ۔

Monocotyledonous : (a) یک فلقوی ؛ یک بیج پتیا ؛ یک دالہ ۔

Monocracy : (n) شخصی حکومت ؛ ایک سری حکومت ۔

Monocrat : (n) یک شخصی حکومت کا حامی ۔

Monocratic : (a) شخصی حکومت سے متعلق ۔

Monocrotic : (a) یک ضربی نبض ۔

Monocrotous : (a) دیکھو Monocrotic

Monocular : (a) (۱) یک چشم ۔ (۲) یک چشمی ؛ ایک آنکھ کا یا آنکھ سے متعلق ۔

Monocularity : (n) یک چشم یا یک چشمی ہونا ۔

Monocularly : (adv.) صرف ایک آنکھ سے ۔

Monoculous : (a) یک چشمی ؛ یک چشم ۔

Monoculus : (n) (۱) یک چشمی شخص یا مخلوق ۔ (۲) ایک قسم کا بہت چھوٹا قشریہ ۔

Monocycle : (n) ایک پہیئے کی سائیکل ۔

Monocyclic : (a) (نباتیات) یک دورہ ۔

Monocyst : (n) (مرضیات) یک حصالہ سلعہ ؛ وہ گومڑ جس میں صرف ایک ہی حصالہ ہو ۔

Monodactyl (e) : (a) یک انگشت ؛ یک پنجہ ۔

Monodactylous : (a) دیکھو Monodactyle

Monodelph : (n) (حیوانیات) پستان داران کی ایک جنس ؛ مشیمی حیوانات ۔

Monodelphian : (a) مشیمی حیوانات سے متعلق ۔

Monodelphic : (a) مشیمی حیوانات سے متعلق ۔

Monodelphous : (a) دیکھو Monodelphic

Monodic : (a) (۱) نوحے کا ؛ ماتمی ۔ (۲) جس کا ایک حصہ صرف آہنگ پیدا کرتا ہے ۔

Monodist : (n) نوحہ خواں ؛ المیہ لکھنے والا ؛ المیہ نویس ۔

Monodize : (v) ماتمی بنانا ۔

Monodrama : (n) یك شخصی ڈراما ، ناٹك جس میں ایك ایکٹر ہو۔

Monodramatic : (a) یك شخصی ڈرامے کا یا اس سے متعلق۔

Monody : (n) (۱) یونانی المیه کا ایك راگ جسے ایك ہی شخص گاتا تھا ؛ ایك ہی شخص کا المیه راگ۔ (۲) نوحه ؛ نغمۂ ماتم ؛ مرثیه۔ (۳) اکتا دینے والی آواز۔

Monoecia : (n) (نباتیات) نرماده پودوں کی ایك جنس۔

Monoecious : (a) زریقچوی ؛ نرماده ؛ دو جنسی۔

Monoecism : (n) نرماده ہونا۔

Monogam : (n) وہ پودا جس میں صرف ایك پھول ہوتا ہے اور اس کے حامل زر آپس میں ملے ہوتے ہیں۔

Monogamia : (n) (نباتیات) پودوں کی ایك جنس جس میں صرف ایك پھول ہوتا ہے اور جس میں حامل زر متحد رہتے ہیں۔

Monogamian : (a) یك زوجی۔

Monogamic : (a) یك زوجی۔

Monogamist : (n) (۱) ایك وقت میں ایك بیوی رکھنے کے اصول کا پیرو ؛ حامل یك زوجگی ؛ دوسری شادی کی ممانعت کرنےوالا۔ (۲) وہ شخص جسے پہلی بیوی کے مرنے کے بعد دوسری شادی کرنے کی ممانعت ہو۔

Monogamous : (a) یك زوجی ؛ یك زنه۔

Monogamy : (n) (۱) یك زوجگی ؛ ایك وقت میں ایك بیوی رکھنے کا اصول ؛ یك ازدواجی۔ (۲) (حیوانیات) یك ماده گیری۔

Monogastric : (a) یك معده دار ؛ یك شکمه۔

Monogenesis : (n) (۱) (حیاتیات) نظریۂ وحدت اصل (یه نظریه که تمام جاندار ایك ہی خلیے سے نشو ونما پاکر موجودہ حالت کو پہنچتے ہیں)۔ (۲) بے جنسی توالد۔

Monogenetic : (a) (۱) یك اصلی۔ (۲) (حیوانیات) اجاتی زا ؛ یك حیوانی۔

Monogenic : (a) (۱) (ریاضیات) تفاعل جس میں صرف ایك تفرقی سر ہوتا ہے۔ (۲) دیکھو Monogenetic۔

Monogenism : (n) (۱) یك اصلیت (نظریه)۔ (۲) وحدت اصل ؛ وحدت نسل۔

Monogenist : (n) وحدت نسل کا نظریه رکھنے والا۔

Monogenous : (a) دیکھو Monogenic

Monogeny : (n) (۱) (نظریه) وحدت نسل (یه نظریه که بنی نوع انسان ایك شخص کی اولاد ہیں)۔ (۲) وحدت اصل کا نظریه۔

Monogeny : (n) غیر تناسلی توالد ؛ لاجانی پیدائش۔

Monoglot : (a) (۱) یك لسانی ؛ یك زبان ؛ وہ شخص جو صرف ایك زبان جانتا ہو۔ (۲) ایك ہی زبان میں لکھتا ہو۔

Monoglot : (n) ایك ہی زبان جاننے والا شخص۔

Monogram : (n) طغرا ؛ مخلوط یا مرکب حروف یا تحریر۔

Monogrammatic / -al : (a) طغرائی۔

Monograph : (n) (۱) یك موضوعه مقاله ؛ رساله جو صرف ایك موضوع پر ہو ؛ مخصوص موضوع کا رساله۔ (۲) دیکھو Monogram۔

Monograph : (v) (کسی مخصوص موضوع پر) رساله لکھنا۔

Monographer : (n) (کسی موضوع پر) رساله لکھنے والا ؛ مقاله نگار۔

Monography : (n) دیکھو Monograph

Monogyn : (n) یك بقچی پودا۔

Monogynia : (n) (نباتیات) یك بقچی ؛ یك بقچویت۔

Monogynian : (a) یك بقچی پودوں سے متعلق ؛ یك بقچی۔

Monogynic : (a) یك بقچی ۔

Monogynous : (a) (نباتیات) یك بقچوی ؛ یك بقچی ۔

Monogyny : (n) (۱) یك زنی ؛ یك زوجگی ؛ ایك ہی بیوی کے ساتھ مباشرت کرنا ۔ (۲) یك مادہ گیری ؛ یك مادگی ؛ ایك ہی مادہ کے ساتھ رہنا ۔ (۳) ایك بیوی رکھنا ۔

Monoicous : (a) متعدد جنسہ پودوں کی ایك نو سے متعلق ؛ زربقچوی پودوں سے متعلق ۔

Monoideism : (n) یك خیالی ؛ ایك ہی بات کا خبط ۔

Monolatry : (n) واحد پرستی ؛ توحید ناقص ؛ ایك خدا کو پوجنا مگر اوروں کو اس کا شریك جاننا ۔

Monolayer : (n) یك سالمی تہ ۔

Monoline : (n) ایك مطبع جو ایك وقت میں صرف ایك لکیر ڈال سکتا ہے ۔

Monolith : (n) (۱) ایك پتھر سے تراشی ہوئی یادگار (ستون وغیرہ) ؛ یك سنگی ستون ؛ یك سنگی یاد گار ۔ (۲) استبدادی حکومت ، تنظیم وغیرہ ۔

Monolith : (a) یك سنگی ستون جیسا ۔

Monolithic : (a) (۱) یك سنگی ؛ ایك پتھر کا ۔ (۲) (مجازاً) عظیم الجثہ ؛ کٹر ؛ استبدادی ۔

Monologic / -al : (a) یك شخصی سین یا یك شخصی ڈرامے کی طرز کا ۔

Monologist : (n) (۱) آپ ہی آپ باتیں کرنے والا ۔ (۲) تنہا گو (جو کسی صحبت میں کسی دوسرے کو بات کرنے کا موقع نہ دے) ۔

Monologize : (v) آپ ہی آپ باتیں کرنا ۔

Monologue : (n) (۱) ڈرامے کا ایك شخصی سین ؛ ایك شخصی ڈراما ۔ (۲) وہ گفتگو جو انسان اپنے آپ سے کرے ؛ آپ ہی آپ گفتگو ؛ خود کلامی ؛ تنہا کلامی ؛ یك شخصی کلام ۔ (۳) کسی صحبت میں ایك شخص کی طول طویل تقریر ۔

Monologue : (v) آپ ہی آپ باتیں کرنا ؛ کسی صحبت میں طول طویل تقریر کرنا ۔

Monologuist / Monologueist : (n) دیکھو Monologist

Monologuize : (v) دیکھو Monologize

Monology : (n) تنہا کلامی ؛ خود کلامی ۔

Monomachist : (n) یکیکی میں لڑنے والا ؛ کشتی لڑنے والا ۔

Monomachy : (n) مبارزت ؛ کشتی ؛ پکڑ ؛ اکیلے اکیلے کا مقابلہ ؛ جنگ یکیکی ۔

Monomania : (n) ایك ہی بات کا خبط یا جنوں ؛ یك رخاجنون ؛ خبط ؛ خبط یك موضوع ؛ یك مانیا ۔

Monomaniac : (n) ایك ہی بات کا خبطی یا مجنوں ؛ یك رخامجنوں ؛ یك مانی ۔

Monomaniacal : (a) یك رخامجنوں کا سا ؛ یك رخاجنون کا سا ؛ یك مانی ۔

Monomark : (n) شناختی نشان جو کمپنی رجسٹری کراکر اپنے مال وغیرہ کے لئے استعمال کرتی ہے ۔

Monomeniscous : (a) یك عدسہ (آنکھ) ۔

Monomerous : (a) (حشریات) یك پارہ ؛ یك رکنہ ۔

Monometallic : (a) یك دھاتی ؛ ایك دھات کا ؛ یك فلزی ۔

Monometallism : (n) یك فلزیت ؛ یك فلزی زر کا اصول یا نظریہ ۔

Monometallist : (n) یك فلزی زر کے نظرئیے کا حامی ۔

Monometer : (n) (عروض) یك رکنی مصرع ۔

Monometric : (a) (قلمیات) کعبی ۔

Monomial : (a) (ریاضیات) یك رقمه ؛ یك رقمی جمله ۔

Monomorphic : (a) یك شکلی ؛ یك شکله (جس کی شکل نشو و نما کے دوران یکساں رہے) ۔

Monomorphous : (a) دیکھو Monomorhic

Monomyarian : (a) یك مقربئی ؛ دو صمامی صدفیه کی اس جنس سے متعلق جس میں صرف ایك عضله' مقربه ہوتا ہے ۔

Monomyarian : (n) یك مقربئی دو صمامی صدفیه ۔

Monomyary : (a) یك مقربئی دو صمامی صدفیه سے متعلق ۔

Monomyary : (n) یك مقربئی دو صمامی صدفیه ۔

Mononomial : (a&n) دیکھو Monomial

Monopetalous : (a) یك گلبرگه ؛ پیوسته گلبرگه ؛ یك چہرہ (جس میں چہرہ' گل ایك ہی پنکھڑی کا ہو) ۔

Monophase : (a) (برقیات) یك ہیئت ۔

Monophonic : (a) (۱) (موسیقی) دیکھو Monophonic ۔(۲) ہم صدا؛ یك صدا ۔

Monophthong : (n) ایك حرف علت کی آواز ۔

Monophthongial : (a) ایك حرف علت والا ۔

Monophthongize : (v) ایك حرف علت کی آواز میں بدل دینا ۔

Monophyletic : (a) یك خاندانی ؛ یك جدی ۔

Monophyllous : (a) (نباتیات) یك برگه ۔

Monophyodont : (a) یك دندانی ۔

Monophysite : (n) (مسیح کی) وحدت فطرت کا قائل (جس کے نزدیك مسیح کی ذات بشریت اور الوہیت کی جامع ہے) یك طبیعت مسیح ۔

Monophysitic / -al : (a) وحدت فطرت مسیح سے متعلق ۔

Monophytism : (n) اعتقاد یك طبیعت مسیح ۔

Monoplane : (n) یك سطحی طیارہ ۔

Monoplast : (n) یك مایه ۔

Monoplastic : (a) یك مایه سے متعلق ۔

Monoplastid : (n) دیکھو Monoplast

Monoplegia : (n) (مرضیات) ایك عضو کا فالج ۔

Monoplegic : (a) ایك عضو سے مفلوج ۔

Monopode : (n) (۱) یك پا ؛ (خصوصاً) ایك افسانوی نسل انسانی جس کے متعلق کہا جاتا ہے که اسے ایك ہی پاؤں تھا ۔ (۲) (نباتیات) یك ساق ۔

Monopodial : (a) یك پایه ؛ یك ساقه ۔

Monopodium : (n) (نباتیات) یك ساق ؛ یك تنا ۔

Monopody : (n) (عروض) یك رکنی ۔

Monopolism : (n) بلاشرکت غیرے تجارت کا نظام ۔

Monopolist : (n) (۱) بلا شرکت غیرے قبضه کرنے والا یا تجارت کرنے والا ؛ اجارہ دار ۔ (۲) اصول تجارت بلا شرکت غیرے کا حامی ؛ اجارہ داری کا حامی ۔

Monopolistic : (a) بلا شرکت غیرے تجارت یا تجارت کرنے والے سے متعلق ۔

Monopolization : (n) اجارہ داری ؛ بلا شرکت غیرے تجارت یا قبضه ۔

Monopolize : (v) (۱) (تجارت وغیرہ) بلا شرکت غیرے قابض ہو

جانا ؛ اجارہ لینا ۔ (۲) (مجازاً) ضرورت سے زیادہ قبضہ کرلینا ۔

Monopolizer : (n) اجارہ دار ؛ بلا شرکت غیرے تجارت کرنے والا ۔

Monopoly : (n) (۱) حق تجارت بلا شرکت غیرے ؛ اجارہ ۔ (۲) بلا شرکت غیرے قبضہ ۔ (۳) وہ چیز جس پر حق تجارت بلا شرکت غیرے ہو ۔ (٤) بلا شرکت غیرے حق تجارت رکھنے والی کمپنی ۔

Monopolylogue : (n) وہ تماشا جس میں ایک ہی شخص کئی پارٹ کرتا ہے ۔

Monopsychism : (n) نظریہ وحدت روح (سب رو حیں ایک ہیں) ؛ یك روحیت (عقیدہ) ۔

Monopteral : (a) (۱) یك پرہ ؛ یك بالہ ۔ (۲) (تعمیرات) یك حلقہ ستونہ سے متعلق ۔

Monopteros : (n) یك حلقہ ستونہ ۔

Monoptote : (n) (قواعد) اسم کی غیر فاعلی حالت ۔

Monopyrenous : (a) (نباتیات) یك گٹھلیا ۔

Monorail : (n) یك پٹری ریلوے لائن ۔

Monorhine / Monorrhine : (n) (حیوانیات) یك نتھنا دار ۔

Monorhinal : (a) ایك نتھنے والا ۔

Monorhinous : (a) دیکھو Monorhine

Monorhyme / Monorhime : (n) یك قافیہ نظم ؛ ایسی نظم جس کے سب مصرعوں کا ایک ہی قافیہ ہو ۔

Monorhyme : (a) یك قافیہ ۔

Monosepalous : (n) پیوستہ پھول پتیا ؛ پیوستہ سبلہ ۔

Monosiphonous : (a) ایک ہی سیفنی عضو رکھنے والی (کائی) ۔

Monospermous : (a) یك تخمہ ؛ یك تخمی ۔

Monostich : (n) یك رکنی مصرعوں والی نظم ۔

Monostichous : (a) (حیوانیات) یك صفہ ؛ یك قطارہ ؛ یك منزلہ ۔

Monostrophic : (a) ترجیع بند ۔

Monostrophics : (n) ترجیع بند ۔

Monostylar / Monostyle : (n) (تعمیرات) یك ستون ؛ یك ستونہ ۔

Monosyllabic : (a) (۱) یك ہجائی ۔ (۲) یك ہجائی الفاظ بولنے والا ۔

Monosyllabically : (adv.) یك ہجائی الفاظ میں ۔

Monosyllabism : (n) یك جزئی ؛ یك ہجائی لفظ استعمال کرنے کی عادت ۔

Monosyllable : (n) ایك بول کا لفظ ؛ یك ہجائی لفظ ۔

To speak in monosyllables :: بہت مختصر جواب دینا ؛ ہاں یا نہیں کے سوا نہیں کہنا ۔

Monosymmetrical : (a) (نباتیات) (پھول ، پھل وغیرہ) جو یکساں نصف حصوں میں تقسیم ہوجائے ۔

Monotessaron : (n) دیکھو Diatessaron

Monothalmic : (a) (نباتیات) یك گلہ ؛ ایك بقچہ گل سے بنا ہوا (پھل) ۔

Monothalmous : (a) (نباتیات و حیوانیات) یك گلہ (ثمر) ؛ یك خانوی ۔

Monothecal : (a) (نباتیات) ایك درج یا خلیہ رکھنے والا (حامل زر) ۔

Monotheism : (n) وحدانیت ؛ توحید ۔

Monotheist : (n) توحید پرست ؛ وحدانیت پرست ؛ موحد ۔

Monotheistic / -al : (a) توحید پرستانہ ؛ موحدانہ ؛ توحیدی ۔

Monotheistically : (adv.) توحید پرستانہ طور پر ؛ موحدانہ ؛ از روئے توحید ۔

Monothelete : (a) ساتویں صدی کے اس بدعتی فرقے کی پیروی کرنے والا جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت مسیح کی ایک ہی رضا تھی ؛ یک مشیت مسیح کا پیرو ۔

Monothelite : (n) دیکھو Monothelete

Monothelite : (a) یک مشیّت مسیح کے عقیدے کی پیروی کرنے والوں سے متعلق ۔

Monothelitian : (a) دیکھو Monothelete

Monothelitic : (a) دیکھو Monothelete

Monothelitism : (n) عقیدۂ یک مشیّت مسیح ؛ یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح کی صرف ایک ہی رضا تھی ۔

Monotint : (n) یک رنگی (تصویر یا نقش) ؛ یک رنگ تصویر ۔

Monotomous : (a) (معدنیات) ایسا شگاف رکھنے والا جو صرف ایک طرف سے معلوم ہو ۔

Monotone : (a) ایک سرا ؛ یک لہجہ ۔

Monotone : (n) (۱) ایک سری آواز ؛ یک لہجہ گیت ۔ (۲) طرز تحریر کی یک رنگی ؛ یکسانی ۔ (۳) (مجازاً) مسلسل تکرار ؛ یکسانیت ۔

Monotone : (v) اول سے آخیر تک ایک ہی آواز میں گانا یا پڑھنا ۔

Monotonic/-al : (a) (۱) ایک سرا؛ یک لہجہ؛ یک نغمہ ۔ (۲) (ریاضیات) مسلسل بڑھنے والا یا مسلسل گھٹنے والا ۔

Monotonically : (adv.) یکساں آواز میں ؛ اول سے آخیر تک ایک انداز سے ۔

Monotonicity : (n) (ریاضیات) مسلسل بڑھنے یا مسلسل گھٹنے کی صفت ۔

Monotonist : (n) ایک ہی لہجے میں بولنے والا ؛ کسی مضمون کو بہت طول دے کر بیان کرنے والا ؛ یکسانی پسند ۔

Monotonous : (a) (۱) ایک سری ؛ ایک لہجہ (آواز) ۔ (۲) بے تنوع ؛ یک رنگ ؛ یکساں ؛ اول سے آخیر تک ایک انداز کا ؛ اُکتا دینے والا ۔

Monotonously : (adv.) ایک سرے پن سے؛ یک لہجہ آواز سے ؛ یکساں طور پر ؛ اول سے آخر تک ایک انداز سے ۔

Monotonousness : (n) ایک سُرا پن ؛ یک لہجہ پن ؛ یکسانی ؛ عدم تنوع ؛ اول سے آخر تک ایک انداز ؛ یک رنگی ؛ یک سری ؛ یکسانیت ۔

Monotony : (n) دیکھو Monotonousness

Monotremata : (n) بیضہ زاپستان داراں ؛ وہ پستان داراں جن کو تناسل ، شاب اور عضو ہاضمہ کے لئے صرف ایک ہی سوراخ ہوتا ہے ۔

Monotrematous : (a) بیضہ زاپستان داراں سے متعلق ۔

Monotreme : (n) بیضہ زاپستانیہ ۔

Monotriglyph : (a) (تعمیرات) صرف ایک جھری دار مربع والا (دو ستونوں کے درمیان) ۔

Monotrophic : (a) یک غذا خور ؛ ایک ہی قسم کی غذا کھانے والا ۔

Monotype : (n) (۱) فلزی پلیٹ پر نقش بنا کر چھاپنا ۔ (۲) وہ مشین جو کمپوز بھی کرتی ہے اور ساتھ ہی ٹائپ ڈھالتی بھی ہے ؛ حرفی مشین ۔ (۳) یک نوع ۔

Monotypic : (a) حرفی ٹائپ کا ؛ یک نوعی ۔

Monotypous : (a) دیکھو Monotypic

Monovalent : (a) یک گرفتہ ۔

Monoxide : (n) آکسائیڈ جس کے سالمے میں آکسیجن کا ایک جوہر ہو ۔

Monoxy - / monox - : (prefix) سابقہ بمعنی " جس میں آکسیجن کا صرف ایک گرفتہ ہو" ۔

Monoxylon / Monoxyle : (n) وہ کشتی یا ڈونگی جو لکڑی کے ایک ہی ٹکڑے سے بنی ہو۔

Monoxylous / Monoxylic : (a) لکڑی کے ایک ہی ٹکڑے سے بنا ہوا ۔

Monozoic : (a) (حیوانیات) ایک بذری حوین پیدا کرنے والا (بذرہ) ۔

Monroeism : (n) (۱) اصول منرو (Monroe doctrine) ۔ (۲) امریکا کے صدر کا نام ۔

Monroeist : (n) اصول منرو کا حامی ۔

Mons veneris : (n) عورتوں کے ارتفاق عانہ کے اوپر کا گول شحمی ابھار ۔

Monseigneur : (n) حضور (اُمرائے فرانس کا لقب ، خصوصاً شہزادوں ، کارڈینالوں اور اسقفوں کے لئے) ۔

Monsieur : (n) (۱) مسٹر ؛ صاحب ۔ (۲) آپ ؛ جناب ۔ (۳) بادشاہ فرانس کے ولی عہد سے چھوٹے لڑکے کا خطاب ؛ بادشاہ کے چھوٹے بھائی کا خطاب ۔ (٤) فرانسیسی (شخص) ؛ فرانس کا باشندہ ۔

Monsignor / -ore : (n) پادریوں کا لقب ؛ پوپ کے دربار کے افسروں کا لقب ؛ حضرت ۔

Monsoon : (n) (۱) موسمی ہوا (یہ ہوا ایشیا کے جنوب خاص کر بحر ہند میں گرمی میں جنوب مغرب اور جاڑوں میں شمال مشرق سے چلتی ہے) ۔ (۲) برسات ؛ بارش کا موسم ؛ موسم باراں ۔ (۳) دوسری ہوائیں جن کا رخ معینہ اوقات پر بدلتا رہتا ہے ۔

Monster : (n) (۱) ناقص پودا یا جانور ؛ بد قطع پیدائش ؛ اسقاط ؛ عجوبہ ۔ (۲) عجیب الخلقت فرضی جانور ۔ (۳) ننگ بشر ؛ بے حد بد نفس اور شریر انسان ۔ (٤) انسانیت سوز (ظلم ، شخص) ؛ عنصریت صفت انسان ۔ (٥) دیو پیکر جانور یا شے ؛ بدقطع شخص یا شے ۔

Monster : (a) بہت بڑا ؛ زبر دست ؛ عظیم الشان ؛ مہیب ؛ دیو پیکر ۔

Monstrance : (n) (۱) ظرف عشائے ربانی (نقرئی یا طلائی) ۔ (۲) آثار کی نمائش کا ظرف ۔

Monstrosity : (n) (۱) غیر معمولی نشو و نما (کسی عضو یا حصے کا) ۔ (۲) عجوبہ ؛ عجیب الخلقت جانور ۔ (۳) عجیب الخلقت ہونا ؛ انسانیت سوز ہونا ؛ انسانیت سوز یا شرمناک بات یا حرکت ۔ (٤) دیو پیکر ہونا ۔

Monstrous : (a) (۱) عجیب الخلقت ؛ عجوبہ صفت ؛ غیر طبعی ۔ (۲) بہت بڑا ؛ عظیم الشان ؛ دیو پیکر ؛ ہیبت ناک ۔ (۳) فاحش ؛ سراسر مہمل ؛ سراسر غلط ۔ (٤) انسانیت سوز ؛ وحشیانہ ؛ شرمناک ۔

Monstrously : (adv.) عجیب الخلقت طور پر ؛ غیر طبعی طریقے سے ۔

Monstrousness : (n) مہمل یا لغو ہونا ؛ شرمناک یا وحشیانہ ہونا ؛ عجوبہ یا غیر طبعی ہونا ؛ غیر معمولی جسامت ؛ دیو پیکری ۔

Montage : (n) (۱) مختلف تصویروں کو ملاکر ایسی مخلوط تصویر بنانا جو دیکھنے میں ملائی ہوئی نظر نہ آئے ۔ (۲) نہ مخلوط تصویر ۔ (۳) مختلف الاوصاف عناصر کو ملا کر بنایا ہوا فنی شاہکار ۔ (٤) Montage سے مشابہ کوئی چیز ۔

Montagnard : (n) انقلاب فرانس میں انتہا پسند جماعت جس کی نشست پارلیامنٹ میں بہت اونچی تھی ۔

Montana : (n) (ہسپانوی امریکا میں) جنگل (خصوصاً پیرو Peru کے ایک خطے کا نام ۔

Montane : (a) کوہی ؛ کوہستانی ؛ پہاڑی ؛ پہاڑی ملک کا (باشندہ) ۔

Montanism : (n) دوسری صدی عیسوی کے ایک بدعتی عیسائی فرقے کا عقیدہ جسے فریجیا (Phrygia) میں Montanus نے قائم کیا تھا ۔

Montanist : (n) Montanus کے قائم کردہ بد عتی عیسائی فرقے کے عقیدے کا پیرو۔

Montanistic : (a) Montanus کے بد عتی عیسائی فرقے سے متعلق ۔

Montanize : (v) Montanus کے بد عتی عیسائی عقیدے کی پیروی کرنا ۔

Montbretia : (n) سوسنی پودوں کی ایک جنس ۔

Monte / Monty : (n) تاش کا ایک کھیل جس میں پینتالیس پتے ہوتے ہیں (ہسپانیہ میں کھیلا جاتا ہے) ۔

Three - card monte : ایک کھیل جو صرف تین کارڈ سے کھیلا جاتا ہے ۔

Monteith : (n) آرائشی کور والے پنچ (Punch) کا پیالہ ۔

Montero / Montera : (n) ہسپانوی شکاریوں کی ایک قسم کی ٹوپی جس کی چندیا گول ہوتی ہے ۔

Montessori : (n) (۱) مانٹیسری طریقہ تعلیم ؛ بہت چھوٹے بچوں کی تعلیم کا ایک طریقہ جس میں سخت دیکھ ریکھ کے بجائے فطری سرگرمیوں کو زیادہ دخل ہوتا ہے ۔ (۲) اٹلی کے ماہر علم کا نام ۔

Montgolfier : (n) آتشی غبارہ ؛ وہ غبارہ جو گیس کی بجائے گرم ہوا بھر کر اڑایا جاتا ہے ۔

Month : (n) مہینہ ؛ ماہ شہر ؛ ماس ۔

Anomalistic month : ماہ دشمنی اوجی ۔

Calendar month : تقویمی مہینہ ۔

From month to month : ایک مہینے سے دوسرے مہینے تک مسلسل ۔

Lunar month : قمری مہینہ ؛ چاند کا مہینہ ۔

Nodical month : ماہ عقدی ۔

Sidereal month : ماہ نجمی ۔

Synodical month : ماہ قمری ؛ ماہ اقترانی ۔

This day month : آج سے ایک ماہ بعد ۔

Tropical month : ماہ اعتدالی ۔

Month after month : (adv.) مہینوں ۔

Month by month : (adv.) ہرمہینے ۔

Month of sundays : (n) غیر معینہ عرصہ ؛ غیر معینہ میعاد ۔

Monthlies : (n) ایام حیض ۔

Monthly : (a) ماہانہ ؛ ماہواری ؛ ماہوار ۔

Monthly : (n) ماہوار رسالہ ؛ ماہانہ مجلہ یا میگزین ۔

Monthly : (adv.) ماہ بہ ماہ ؛ ہر مہینے ؛ مہینے کے مہینے ۔

Monthly nurse : (n) مہینے کی دائی ؛ وہ دائی جو وضع حمل کے ایک ماہ بعد تک خدمت کرتی ہے ۔

Monthly return : (n) ماہانہ گوشوارہ ۔

Monthly rose : (n) چینی گلاب ؛ ماہانہ گلاب (جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہر مہینے پھولتا ہے ۔

Month 's mind : (n) (۱) تیسواں ؛ کسی شخص کی وفات کے ایک ماہ بعد کا فاتحہ ۔ (۲) رجحان ؛ خواہش ؛ پسند ۔

Monticle : (n) ٹیلا ؛ پہاڑی ۔

Monticule : (n) (۱) چھوٹی پہاڑی ؛ ٹیلا ۔ (۲) چھوٹا ٹیلا جو کوہ آتش فشاں کے مادے سے بن جاتا ہے ۔ (۳) (جانوروں وغیرہ کے جسم پر) خفیف سا ابھرا ہوا حصہ ؛ بر آمدگی ؛ ابھار ۔

Monticulous : (a) ٹیلے دار ۔

Monton : (n) (کان کنی) خام دھات کا انبار ۔

Monture : (n) نصب کرنا ؛ چڑھانا ؛ نصب کرنے کا طرز ؛ جڑنا ۔

Monument : (n) (۱) یادگار ؛ کوئی چیز جس سے اشخاص یا واقعات کی یاد محفوظ رہے مثلاً عمارت ؛ لاٹ وغیرہ ۔ (۲) نشان ؛ سرحدی نشان ۔ (۳) قدیم عمارت ۔ (٤) تحریری یاد داشت ؛ دستاویز ۔ (٥) شہادت ؛ مثال ۔

The monument : مینار لندن (وہ مینار جو لندن میں سنہ ١٦٦٦ء کی آتش زدگی کی یاد گار کے طور پر بناتھا) ۔

Monument : (v) (۱) یادگار قائم کرنا ۔(۲) نشان لگانا (پیمائش میں) ۔

Monumental : (a) (۱) یاد گار ؛ یاد گار کا ۔ (۲) مستقل ؛ معرکے کی اور زبردست (تصنیف) ؛ عظیم الشان اور پائدار ۔ (۳) یاد گار کی طرح ۔

Monumentally : (adv.) یاد گار کے طور پر ۔

Monumentalize : (v) ہمیشہ کے لئے محفوظ رکھنا ؛ یاد گار قائم کرنا؛ بقائے دوام بخشنا ۔

- mony : (suffix) لاحقہ جو اسماء بنانے کے لئے آتا ھے ۔

Moo : (v) (۱) (گائے کا) ڈکرانا ؛ رمبھانا ۔ (۲) (آدمی کا) موموکرنا ؛ گائے یا بیل کی طرح بولنا ۔

Moo : (n) ڈکرانے کی آواز ؛ رمبھا نے کی آواز ۔

Mooch/Mouch : (v) (۱) مٹر گشت لگانا ؛ ادھر اُدھر پھرنا ۔ (۲) سر جھکاکر چلنا ۔ (۳) چرالینا ؛ اڑالینا ۔

Mooch / Mouch : (n) (۱) مٹر گشت ؛ ایک قسم کا جاز (Jazz) رقص ۔ (۲) لین دین کرنے والا ۔

Moocher / Moucher : (n) (۱) مٹر گشت کرنے والا ۔ (۲) فقیر ۔ (۳) دھاتی چادر سے سالمن مچھلی پکڑنے والا ۔

Mood : (n) کیفیت خراج ؛ حالت ؛ رنگ ۔

In a mood for something/In the mood (to do some thing) :
کسی کام کی طرف طبیعت موزوں ہونا ۔

Mood : (n) (۱) (معدنیات) ضرب ۔ (۲) (قواعد) طرز فعل ۔

Moodily : (adv.) اداسی سے ؛ دلگیری سے ؛ آزردگی کے انداز سے ۔

Moodiness : (n) خفگی ؛ آزردگی ؛ دلگیری ؛ اداسی ۔

Moody : (a) اداس ؛ ملول ؛ دلگیر ؛ آزردہ ؛ روٹھا ھوا ۔

Moola : (n) روپے پیسے ؛ زر ۔

Moon : (n) (۱) چاند ؛ قمر ؛ ماہتاب ؛ ماہ ۔ (۲) کسی خاص مہینے کا چاند ۔ (۳) مہینہ ۔ (٤) چاند سے مشابہ ؛ پیکر و ہمی ۔ (٥) (شاعری) چاندنی ؛ نور قمر ۔ (٦) چاندنی کی تصویر ؛ ہلالی نشان یا علامت ۔

Calendar moon/Ecclesiartical moon : فرضی چاند جو ایسٹر کی تاریخ نکالنے کے لئے استعمال کرتے ھیں ۔

Minion of the moon : رات میں لوٹنے والا ۔

The old moon in the new moon 's arms (or lap) :
پہلے ہفتے کا چاند جس کے تاریک حصے کو زمین کی روشنی خفیف سا روشن کرتی رہتی ھے ۔

There is a (no) moon : چاند نظر آرہا ھے/نہیں آرہا ھے ۔

To believe that moon is made of green cheese :
نامعقولیت پر یقین رکھنا ۔

To shoot the moon : راتوں رات مکان سے سامان منتقل کرنا تاکہ کرایہ نہ دینا پڑے ۔

Moon : (v) (۱) چاندنی میں رکھنا ۔ (۲) چاند کی طرح چمکنا ۔ (۳) کھویا کھویا سا رہنا ؛ گم صم رہنا ؛ اونگھتے ہوئے چلنا ۔ (٤) گم صُم ؛ بیٹھے بیٹھے وقت ضائع کرنا ۔ (٥) چاندنی میں شکار کرنا ۔

Moon-beam : (n) شعاع قمر ؛ چاند کی روشنی ۔

Moon-blind : (a) (۱) (گھوڑا) جسے وقفے وقفے سے اندھاپن کا اثر ہو۔ (۲) (چاند کی روشنی میں سونے کی وجہ سے) اندھا ؛ چندھا ؛ نیم کور۔

Moon-blindness : (n) (۱) گھوڑے کی انکھوں میں وقفے وقفے سے ہونے والا اندھاپن۔ (۲) شب کوری۔

Moon-blink : (n) عارضی اندھاپن (جو چاندنی میں سونے سے ہوجاتی ہے)۔

Moon-bow : (n) قمری قوس قزح۔

Moon-calf : (n) (۱) پیدائشی بے وقوف ؛ مادر زاد احمق۔ (۲)شیخ چلی ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا۔

Moon-craft : (n) چاند پر جانے والا یا اسکے گرد گھومنے والا جہاز۔

Moon-culminating : (a) (وہ سیارے) جو چاند کے ساتھ سمت الراس پر پہنچتے ہیں۔

Moon-daisy : (n) ڈیزی کی ایک قسم ؛ سفید گل داؤدی۔

Moon-dial : (n) چاند گھڑی۔

Moon-dog : (n) چاند کو دیکھ کر بھونکنے والا کتا۔

Moon-eye : (n) (۱) گھوڑوں کا اندھاپن جو چاند کے اثر سے پیدا ہوجاتا ہے۔ (۲) ہیرنگ کی قسم کی ایک مچھلی۔

Moon-eyed : (a) (۱) گھوڑا جو چاند کے اثر سے اندھا ہوگیا ہو۔ (۲) پھٹی پھٹی آنکھوں والا (متوحش شخص)۔

Moon-fern : (n) ایک قسم کی فرن گھاس۔

Moon-fish : (n) بعض مچھلیوں کا نام جو چاند سے مشابہ ہوتی ہیں یا ان کے بعض حصے چاند سے مشابہ ہوتے ہیں۔

Moon-flower : (n) (۱) سفید گل داؤدی۔ (۲) ایک پودا جس میں رات کو پھول آتے ہیں۔

Moon-glade : (n) راہ سیمی۔

Moon-light : (n) چاندنی ؛ نور قمر۔

Moon-light : (a) چاندنی ؛ چاندنی کا۔

Moon-light flit flitting / Moonlight flit : (n) راتوں رات مکان سے سامان منتقل کرنا تاکہ کرایہ نہ دینا پڑے۔

Moon-lighting : (n) (۱) (کسی مہم یا برے کاموں کی) رات بھر کی کار کردگی۔ (۲) وہ شخص جو آئرستان میں Land league کی طرف سے رات کے وقت کسانوں کو ستاتا تھا۔ (۳) اپنے فرض منصبی کے علاوہ دوسرا کام کرنا (خصوصاً رات میں)۔

Moon-lit : (a) چاندنی ؛ چاندنی سے روشن۔

Moon-litten : (a) دیکھو Moon-lit

Moon-madness : (n) سودا ؛ جنون ؛ دیوانگی۔

Moon-month : (n) ماہ قمری۔

Moon-probe : (n) دیکھو Moon craft

Moon-rainbow : (n) قمری قوس قزح۔

Moon-raking : (n) (مجازاً) محویت ؛ محویت کے عالم میں ہونا۔

Moon-shine : (n) (۱) چاندنی ؛ چاند کی روشنی۔ (۲) خیالی پلاؤ ؛ شیخ چلی کے منصوبے۔ (۳) چنگی والوں سے چراکرلائی ہوئی شراب۔

Moon-shot : (n) خلائی جہاز کو چاند پر بھیجنا۔

Moon-trefoil : (n) ایک قسم کا تپتیا پودا۔

Moon wort : (n) علف ماہ ؛ رشاد کوہی۔

Mooned : (a) (۱) ہلالی ؛ ہلالی نما۔ (۲) چاند کا ؛ چاند سے مربوط۔ (۳) چاندنی۔

Mooner : (n) اونگھتے ہوئے چلنے والا۔

Moonless : (a) بے چاندنی ؛ تاریك ۔

Moonlight : (v) (۱) (کسانوں کا) رات میں ستایا جانا ۔ (۲) کسانوں کو رات میں ستانا ۔

Moonlighter : (n) (۱) وہ شخص جو آئرستان میں Land league کی طرف سے کسانوں کو ستاتا تھا ۔

Moonquake : (n) چاند کا زلزلہ ۔

Moonraker : (n) (۱) وات شائر کا باشندہ ۔ (۲) (بحری) ہلکے بادباں سے اوپر کا بادبان ۔

Moonrise : (n) (۱) طلوع قمر ۔ (۲) مشرق ۔

Moonseed : (n) ایك پودا جس کا بیج ہلال نما ہوتا ہے ۔

Moonset : (n) غروب قمر ۔

Moonshine : (v) غیر معمولی طور پر بھٹی چلانا ؛ ناجائز طور پر شراب کشید کرنا ۔

Moonshiner : (n) ناجائز شراب کشید کرنے والا ۔

Moonshiny : (a) (۱) جو چاندنی سے روشن ہو ۔ (۲) خیالی ؛ شیخ چلی ۔ (۳) چاند کی طرح سفید ۔

Moonstone : (n) حجر القمر ؛ ایك طرح کی قلمی دھات جو موتی کی طرح چمکتی ہے ۔

Moonstricken : (a) (۱) سڑی ؛ سودائی ؛ مجنوں ؛ خبطی ؛ ماہ زدہ ؛ دیوانہ ۔ (۲) (چاند کی شعاعوں میں سونے کی وجہ سے) اندھا ۔

Moonstruck : (a) دیکھو Moonstricken

Moony : (a) (۱) قمری ؛ چاند کا ؛ چاند جیسا ۔ (۲) گم صم ؛ کھویا کھویا؛ اونگھتا ہوا ؛ مہتابی ۔(۳) ہلالی شکل ؛ مدور ۔ (٤) چاندنی سے روشن ؛ چاندنی جیسا ۔

Moop : (v) شامل ہونا ؛ ساتھی ہونا ؛ شریك ہونا ۔

Moor : (n) (۱) بیہڑ ؛ بنجر زمین جس میں چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں ہوں ۔ (۲) وہ مٹی جس پر بیہڑ بنتا ہے ؛ دلدلی کوئلہ ۔ (۳) (Cornwall میں) بنجر زمین جہاں ٹین پایا جاتا ہے ۔

Moor : (n) (۱) مور ؛ مخلوط بربری اور عربی نسل کے مسلمان جو افریقہ کے شمال مغرب میں رہتے ہیں ۔ (۲) ہندوستانی مسلمان ۔

Moor : (n) کشتی کو لنگر گاہ سے باندھنا ۔

Moor : (v) (۱) کشتی کو لنگر گاہ سے باندھنا (اس زنجیردار لنگر سے جو گھاٹ پر مستقل طور سے رہتا ہے) ۔ (۲) لنگر ڈالنا ۔ (۳) (جہاز کا) لنگر گاہ سے باندھا جانا ۔ (٤) مضبوطی سے باندھنا

Moor-ball : (n) دریائی کائیوں سے بنا ہوا اسفنجی گولا ۔

Moor-band : (n) بیہڑ میں پایا جانے والا مٹی کا زیریں طبقہ ۔

Moor-bandpon : (n) دیکھو Moor band

Moor-berry : (n) ایك قسم کی بیری ۔

Moor-bird : (n) بھٹ تیتر ۔

Moor-buzzard : (n) ایك قسم کا باز ۔

Moor-coal : (n) بھورا کوئلہ ۔

Moor-cock : (n) جنگلی مرغا ۔

Moor-coot : (n) مرغابی ۔

Moor-evil : (n) بھیڑ اور مویشیوں کی پیچش کی ایك قسم ۔

Moor-fowl : (n) سرخ گراؤ س ۔

Moor-geme : (n) سرخ گراؤس ؛ ایك قسم کا جنگلی مرغ ۔

Moor-hag : (n) وہ زمین جہاں سے دلدلی کوئلہ نکال لیا گیا ہو ۔

Moor-harrier / -hawk : (n) ایک قسم کا باز ۔

Moor-hen . (n) جنگلی مرغی ؛ مرغابی ۔

Moor-myrtle : (n) دلدلی حنا ۔

Moor-pan : (n) دیکھو Moor-band

Moor-pout : (n) گراؤس کا بچہ ۔

Moor-sickness : (n) دیکھو Moor-evil

Moor-tetter /-tit /-titling : (n) (۱) (حیوانیات) چکچکی ۔ (۲) جنس چنڈول ۔

Moor-wort : (n) دلدلی گھاس ۔

Moorage : (n) گھاٹ محصول ؛ کشتی کو لنگر سے باندھنے کا محصول ۔

Mooress : (n) مور عورت ۔

Mooring : (n) (۱) مستقل زنجیر دار لنگر ؛ مستقل لنگر جو ساحل کے قریب رہتا ہے اور اس کے ساتھ زنجیریں ہوتی ہیں جن میں جہاز یا کشتیاں اٹکادی جاتی ہیں ؛ وہ چیز جس سے کوئی تیرنے والی چیز لٹکادی جائے؛ مہار لنگر ؛ لنگر اندازی ۔ (۲) وہ جگہ جہاں جہاز کو لنگر انداز کر دیا جاتا ہے ۔

Moorish : (a) بیہڑ سے متعلق ؛ بیہڑ میں پیدا ہونے والا ؛ بیہڑوں سے بھرا ہوا ؛ بیہڑ جیسا ۔

Moorish : (a) موری ۔

Moorland : (n) بیہڑ ؛ خلنج ۔

Moorlander : (n) بیہڑ میں رہنے والا (خصوصاً) اسٹفورڈ شائر کے دلدلی علاقے میں رہنے والا ۔

Moorman : (n) (۱) بیہڑ میں رہنے والا ۔ (۲) بیہڑ کا نگراں افسر ۔

Moorman : (n) مور ؛ مسلمان ؛ عربوں و ہندوستانیوں کی ملی جلی نسل کے مسلمان ۔

Moorstone : (n) ایک قسم کی چٹان ۔

Mooruk : (n) پیل مرغ کی ایک قسم ۔

Moory : (n) ایک قسم کا ہندوستانی کپڑا ۔

Moory : (a) (۱) دلدلی ؛ دلدل یا اس کی قسم سے متعلق ۔ (۲) جہاں بیہڑ ہو ۔

Moose : (n) ایک قسم کا ہرن جو شمالی امریکا میں پایا جاتا ہے ؛ امریکی بارہ سنگھا ؛ موس ۔

Moose-bird : (n) ایک قسم کا نیل کنٹھ ۔

Moose-call : (n) ایک قسم کا ڈھول جسے بجاکر شکاری بارہ سنگھے کو بلاتے ہیں ۔

Moose-wood : (n) (۱) امزا (درخت) ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔

Moose-yard : (n) وہ علاقہ جہاں کی برف امریکی بارہ سنگھوں کے پیروں سے کچل جاتی ہے جہاں یہ جاڑے میں رہتے ہیں ۔

Moot : (n) (۱) مجلس ؛ جماعت ؛ انجمن ۔ (۲) (قانون) فرضی مقدموں کی بحث جو قانون کے طلبہ مشق کے لئے کرتے ہیں ۔

Moot : (a) قابل بحث ؛ بحث طلب ؛ نزاعی ؛ متنازع فیہ ۔

Moot : (v) (سوال) اٹھانا ؛ (مسئلہ) پیش کرنا ؛ بحث کے لئے پیش کرنا (مقدمہ) ۔

Moot case : (n) قابل بحث مقدمہ ۔

Moot-court : (n) وہ عدالت جس میں قانون کے طلباء فرضی مقدموں پر بحث کرتے ہیں ۔

Moot-hall : (n) وہ کمرا جس میں فرضی مقدمےکی کاروائی ہوتی ہے ۔

Moot-hill : (n) وہ پہاڑی جس پر مجلسیں ہوا کرتی تھیں ۔

Moot-stow : (n) (تاریخ) وہ جگہ جہاں مجلس ہوا کرتی تھی ۔

Mootable : (a) قابل بحث ۔

Mooted : (a) (۱) بحث کےلئے پیش کیا ہوا یا لایا ہوا ۔ (۲) قابل بحث ۔

Mooter : (n) سوال اٹھانے والا ۔

Mop : (n) (۱) گچھےدار سرے کی جھاڑو ؛ کوچی ۔ (۲) گچھےدار سرے کی جھاڑو سے مشابہ آلات ۔ (۳) گچھا ۔

Mop : (v) منہ بنانا ۔

Mop : (n) (۱) (انگلستان) ایک مقامی اجتماع جس میں نوکروں کو مقرر کر کے لاتے ہیں ۔ (۲) Mop-fair کا مخفف ۔

To mop and mow : منہ بنانا ؛ منہ چڑانا ؛ چہرے کی لینا ۔

Mop : (v) (۱) صاف کرنا ؛ جھاڑو دینا ۔ (۲) پیشانی سے پسینہ پونچھنا ۔

To mop the floor with : (عام) (حریف کو) چاروں شانے چت کر دینا ؛ بالکل مغلوب کر دینا ۔

Mop-brush : (n) (نقاشی کا) گول برش جس کا سر چھوٹا ہوتا ہے ۔

Mop-head : (n) سر کے گچھے دار یا جھبرا بال ؛ گچھے دار یا جھبرے بالوں والا شخص ؛ جھبرا ؛ جھبورا ۔

Mop up : (v) (۱) پونچھنا ؛ صاف کرنا ۔ (۲) کھپ جانا (نفع) ۔ (۳) خاتمہ کر دینا ؛ قصہ تمام کر دینا ؛ ٹھکانے لگادینا ۔

Mope : (v) کھویا کھویا رہنا ؛ دلگیر ہونا ؛ اداس ہونا ۔ (۲) تنہائی سے اچاٹ ہونا ؛ جی گھبرانا ۔ (۳) دلگیر بنا دینا ؛ اداس بنا دینا ؛ افسردہ کر دینا ۔

Mope : (n) (۱) دلگیر ؛ تنہائی کا مارا ؛ افسردہ دل ۔ (۲) (جمع) افسردگی ؛ دلگیری ؛ اداسی ؛ پژمردگی ۔

Mope-eyed : (a) چُندھا ؛ نیم کور ؛ ضعیف البصر ۔

Moped : (n) موٹر انجن لگی ہوئی سائیکل ۔

Mopish : (a) دلگیر ؛ افسردہ ؛ پژمردہ ؛ اداس ۔

Mopishly : (adv.) دلگیری سے ؛ افسردگی سے ؛ اداسی سے ۔

Mopishness : (n) دلگیری ؛ افسردگی ؛ پژمردگی ؛ اداسی ۔

Mopoke / Morepork : (n) (۱) (نیوزی لینڈ میں) اُلو ؛ (تسمانیہ میں) ایک قسم کی ابابیل ؛ (آسٹریلیا میں) مختلف اقسام کے پرندے ۔ (۲) ان پرندوں کی آواز ۔

Moppet : (n) (۱) لڑکیوں کا پیار کا نام ۔ (۲) (تحقیراً) زرق برق لباس میں ملبوس عورت ۔

Moppy : (a) جھبرے بالوں والا ؛ گچھے دار بالوں والا ۔

Mops and mows : (n) چہرے کی مضحک حرکتیں ؛ نقلیں ۔

Mopstick : (n) گچھے دار سرے کی جھاڑو کا دستہ ۔

Mopus : (n) (جمع) روپے پیسے (خاص طور سے نقد) ۔

Mopy : (a) افسردہ ؛ افسردہ کن ؛ دلگیر ۔

Moquette : (n) قماش قالین ؛ اون ، سن اور کتان جن کے غالیچے بنتے ہیں ۔

Mora : (n) (۱) غفلت کی وجہ سے تاخیر ۔ (۲) (جمع) وقفہ ۔

Mora /Morra : (n) انگلیاں بوجھنے کا اطالوی کھیل (ایک شخص چند انگلیاں تیزی سے اٹھاتا ہے اور دوسرا پوچھتا ہے کہ کتنی انگلیاں ہیں) ۔

Mora : (n) اسپارٹا کی فوج کے چھ ڈویژنوں میں سے ایک ۔

Mora : (n) ایک قسم کا اونچا درخت جو ترینی داد (Trinidad) وغیرہ میں پایا جاتا ہے ۔

Morainal : (a) یخ تودہ کے ملبے سے متعلق۔

Moraine : (n) ملبہ ؛ چٹانوں کے ٹکڑے (جنہیں برف کا چشمہ بہاکر لاتا ہے)۔

Lateral moraine : یخ تودے کے پہلو کا ملبہ۔

Medial moraine : دو یخ تودوں کے درمیان کا ملبہ۔

Terminal moraine یخ تودہ کے آخری سرے کا ملبہ۔

Morainic : (a) دیکھو Morainal

Moral : (a) (۱) اخلاقی ؛ منسوب بہ اخلاق ؛ متعلق اخلاق (کتاب وغیرہ)۔ (۲) اخلاقی قانون پر مبنی (حقوق)۔ (۳) مکلف از روئے اخلاق۔ (٤) نیک ؛ اخلاقاً جائز یا درست ؛ مطابق اخلاق۔ (٥) نیک سیرت ؛ اچھا ؛ نیک چلن ؛ نیک کردار۔ (٦) حسن اخلاقی کا۔

Moral : (n) (۱) (قصے ، واقعے کا) اخلاقی نتیجہ ؛ سبق۔ (۲) اخلاقی اصول یا اخلاقی مقولہ ؛ پند۔ (۳)(جمع) چال چلن ؛ اطوار (خصوصاً جنسی معاملات میں)۔ (٤) اخلاقی حالت خصوصاً انضباط اور اعتماد نفس۔ (٥) (عام) گمان غالب ؛ (کسی بات کا اتنا) قوی احتمال جو یقین کے مساوی ہو۔

The very moral of (a thing) : ہو بہو تصویر (کسی چیز کی)۔

To point a moral : اخلاقی اصول کو عملاً برتنا ؛ کر کے دکھانا۔

Moral certainty : (n) (کسی بات کا اتنا) قوی احتمال جو یقین کے مساوی ہو ؛ گمان غالب۔

Moral courage : (n) اخلاقی جرأت۔

Moral interpretation : (n) حاسہ' اخلاقی ؛ حس اخلاقی۔

Moral philosophy : (n) علم الاخلاق ؛ اخلاقیات ؛ اخلاقی فلسفہ۔

Moral play : (n) اخلاقی یا مذہبی ڈراما جو سولہویں صدی میں رائج تھا۔

Moral sense : (n) حاسہ' اخلاقی ؛ حس اخلاقی۔

Moral science : (n) دیکھو Moral philosophy

Moral support : (n) اخلاقی تعاون۔

Moral theology : (n) عملی اخلاقیات۔

Moral victory : (n) اخلاقی فتح ؛ لڑائی وغیرہ کا غیر فیصلہ کن نتیجہ یا شکست ؛ جس سے اخلاقی غلبہ حاصل ہو۔

Moral virtue : (n) اخلاقی نیکیاں۔

Morale : (n) اخلاقی حالت ؛ اخلاقی خصوصاً انضباط اور اعتماد نفس (فوج وغیرہ کا) ؛ حوصلہ یا ہمت۔

Moralism : (n) (۱) فطری اخلاق ؛ اخلاق کا فطری نظام ؛ اخلاقیت۔ (۲) اخلاقی تفسیر کرنا۔ (۳) مذہب کا تصور محض اخلاق کی حیثیت سے۔ (٤) کسی موضوع پر اخلاقی پہلو سے غور کرنا۔

Moralist : (n) (۱) معلم اخلاق ؛ عامل اخلاق ؛ ناصح۔ (۲) جو محض اخلاق کا قائل اور اس کا عامل ہو (مذہب کو نہیں مانتا ہو) ؛ اخلاق پرست۔(۳) نیک سیرت آدمی۔

Moralistic : (a) ناصحانہ ؛ اخلاق آموز ؛ اخلاق پرستانہ۔

Morality : (n) (۱) اخلاقیات ؛ علم اخلاق۔ (۲) (جمع) اخلاقی اصول ؛ اخلاقی نکتے۔ (۳) کسی خاص طبقے کا یا نظام اخلاق۔ (٤) اخلاقی عمل ؛ حسن عمل ؛ نیکی ؛ اخلاقی شعار۔ (٥) اخلاقی تلقین ؛ پند و موعظت۔ (٦) اخلاقی یا مذہبی ڈراما جو سولہویں صدی میں رائج تھا۔ (۷) پاکدامنی کے مدعی کو بطور استہزا کہتے ہیں۔

Moralization : (n) اخلاقی تلقین ؛ پند و موعظت ؛ اخلاقی تعبیر یا تفسیر ؛ تہذیب اخلاق ؛ اصلاح اخلاق۔

Moralize : (v) (۱) کسی موضوع پر اخلاقی پہلو سے غور کرنا ؛ اخلاقی تلقین کرنا ؛ وعظ کہنا ؛ ناصحانہ گفتگو کرنا ۔ (۲) اخلاقی تفسیر بیان کرنا ؛ اخلاقی نتیجہ نکالنا ؛ سبق یا عبرت حاصل کرنا ۔ (۳) اخلاق کی اصلاح کرنا ؛ اخلاق کو سنوارنا ۔ (٤) خوش اخلاق بنانا ؛ اخلاقی صفت کا اثر انداز ہونا ۔

Moralizer : (n) اخلاقی تلقین کرنے والا ؛ اخلاقی تفسیر کرنے والا ؛ اخلاق کی اصلاح کرنے والا ۔

Moralizingly : (adv.) اخلاقی تلقین کرتے ہوئے؛ وعظ بیان کرتے ہوئے؛ اخلاق سنوارتے ہوئے ۔

Morally : (adv.) (۱) اخلاقاً ؛ از روئے اخلاق ۔ (۲) نیکی کے ساتھ ؛ پاکدامنی کے ساتھ ۔

Morass : (n) دلدل ۔

Morass ore : (n) دلدلی خام لوہا ۔

Morass weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Morassy : (a) دلدلی ۔

Morat : (n) شہتوت اور شہد کا مرکب ۔

Moratorium : (n) (قانون) باضابطہ التوائے قرض ؛ مہلت قانونی ۔

Moratory : (a) مہلت قانونی دینے والا ۔

Moravian : (a) موراوی ؛ موراویا سے متعلق ۔

Moravian : (n) موراوی ؛ موراویا کا باشندہ ۔

Moravian : (a & n) (۱) موراویا کا باشندہ ۔ (۲) عیسائیوں کے اس فرقے سے متعلق جو Huss کا مقلد ہے ۔

Moravianism : (n) Huss کے مقلد عیسائی فرقے کا اصول ۔

Moray : (n) بعض بام مچھلیوں کی قسمیں ۔

Morbid : (a) (۱) مریضانہ ؛ حالت مرض کا ؛ علامت مرض ظاہر کرنے والا ۔ (۲) (خیالات ، طبیعت) روگی ؛ سقیم ؛ مریضانہ ؛ افسردہ کن ؛ فاسد ۔ (۳) مریضانہ جذبات رکھنے والا ؛ مرض پسند ؛ افسردہ طبع یا افسردہ خیال ۔

Morbid anatomy : (n) مرضیاتی تشریح ۔

Morbidezza : (n) (۱) حیات نما نقاشی ؛ لطیف نقاشی جس سے تصویر جیتی جاگتی معلوم ہو ۔ (۲) (مصوری) گوشت کا رنگ (زردی مائل گلابی رنگ) ۔

Morbidity : (n) (۱) سقم ؛ حالت مرض ؛ مرض پسندی ؛ مریضانہ جذبات ۔ (۲) (کسی مقام پر) بیماری کا زور ۔ (۳) افسردگی ۔ (٤) (جمع) مریضانہ خصوصیت ۔

Morbidly : (adv.) مریضانہ ؛ افسردہ کن نظرسے ۔

Morbidness : (n) حالت مرض ؛ مرض پسندی ؛ افسردگی ؛ روگی پن ۔

Morbific : (a) مرض خیز ؛ بیماری پیدا کرنے والا ؛ مرض آور ۔

Morbifically : (adv.) مرض آور طور پر ۔

Morbillous : (a) خسرہ سے متعلق ۔

Morbleu : (n) مضحک قسم ۔

Morbose : (a) بیمار ؛ مریضانہ ؛ روگی ۔

Morbus : (n) بیماری ؛ مرض ۔

Morceau : (n) گانے کی چیز ؛ چھوٹا سا گیت ؛ مختصر مضمون یا عبارت کا ٹکڑا ۔

Morcellement : (n) چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم (خصوصاً زمین وغیرہ) ۔

Mordacity : (n) تلخی ؛ دلدوزی ؛ پُر طنز ۔

Mordancy : (n) تلخی ؛ تیزی ۔

Mordant : (n) (۱) رنگ کو جمانے والی چیز؛ لاگی ۔(۲) (ملمع سازی) طلائی ورق کو جمانے والی چیز ۔ (۳) اکّال ؛ محرق ۔

Mordant : (a) (۱) چبھتا ہوا ؛ سخت ؛ نشتر کا سا ؛ دلدوز ۔ (۲) جلانے والا ؛ تیز ؛ جس سے جلن پڑ جائے ؛ شدید ۔ (۳) (تیزاب) محرق ؛ سوزندہ ؛ تیز ۔ (٤) (رنگ وغیرہ کو) جمانے والا ۔

Mordant : (v) (رنگ وغیرہ) جمانے والی چیز لگانا ۔

Mordent / Mordente : (n) (موسیقی) وہ لطف جو کسی ایک نغمہ کو اس کے بعد والے کے ساتھ باری باری بجانے سے پیدا ہو ۔

More : (a) (۱) بیشتر ۔ (۲) زیادہ ؛ اور زیادہ ۔

The more fool you : (تم) خوب بے وقوف بنے ۔

The more part : بیشتر حصہ ۔

More : (n) (۱) زیادہ ؛ بیشتر مقدار ؛ رقم یا درجہ ۔ (۲) زیادہ اہم چیز ۔ (۳) زیادہ تر چیز یا شخص ۔ (٤) زیادہ مقدار یا تعداد ۔

And more : علی الآخر ۔

To be more : زیادہ ہونا ۔

More : (adv.) (۱) زیادہ مقدار میں ۔ (۲) پھر ۔ (۳) اور ؛ ازدیاداً ۔ (٤) پہلے سے زیادہ ۔

More and more : (adv.) روز بروز زیادہ ؛ دن دونا رات چوگنا ۔

More by roken : (قدیم یا مزاحیہ) اپنے قول کے ثبوت میں ۔

The more : جتنا ؛ جتنا زیادہ ۔

What is more : بلکہ ۔

-more : (suffix) لاحقہ جو متعلق فعل بنانے میں استعمال ہوتا ہے جیسے Further more وغیرہ ۔

Moreen : (n) مورین ؛ ایک مخلوط اونی اور سوتی کپڑا ؛ پردوں کا موٹا کپڑا ۔

Moreish : (a) خوش ذائقہ ؛ اور کے لئے خواہش پیدا کرنے والا ۔

Morel : (n) مکو ؛ عنب الثعلب (خصوصاً عنب الثعلب سیاہ) ؛ پودوں کی قسمیں جن میں چھوٹے چھوٹے انگور اور رس دار پھل آتے ہیں ۔

Morel : (n) کڑوی چیری یا شاہ دانہ ۔

Morel : (n) غذائی کھمبی ؛ قابل خورش سماروغ یا فطر ۔

Morello : (n) سیاہ مکو ؛ کڑوی چیری ۔

Morena : (n) بھورے بالوں والی عورت ۔

Moreover : (adv.) مزید برآں ؛ علاوہ برایں ؛ اس کے علاوہ ۔

Mores : (n) (۱) رسوم ؛ معاشرتی روایت ۔ (۲) اخلاقی طرز ۔ (۳) عادات ؛ اطوار ۔

Moresco : (a) مُوری ؛ مور سے متعلق ۔

Moresco : (n) (۱) مور ؛ مخلوط بربری اور عربی نسل کے مسلمان ۔ (۲) سانگ کا مضحك رقص/ ناچ ۔

Moresque : (a) موری ؛ موری طرز کا ؛ بربری طرز کا ۔

Moresque : (n) (۱) طغرائی شکل کی گلکاری ۔ (۲) موری عورت ۔

Morganatic : (a) غیر متناسب ؛ بے جوڑ ۔

Morganatic marriage : (n) غیر متناسب شادی ؛ بے جوڑ شادی ؛ ان میل شادی ؛ بڑے درجے کے مرد کی شادی چھوٹے درجے کی عورت سے (جس میں بیوی شوہر کا مرتبہ نہیں پاسکتی ہے اور بچے ترکے سے محروم رہتے ہیں) ؛بعض اوقات اس کے برخلاف بڑے درجے کی عورت کی شادی چھوٹے درجے کے مرد سے ہونےکو بھی کہتے ہیں ۔

Morganatic wife : (n) نکاحی بیوی ؛ نکاحتا بیوی ؛ گھر ڈالی ہوئی عورت ۔

Morganatically : (adv.) گھر ڈال کر ؛ گھر پڑ کر ؛ بے جوڑ شادی کے ذریعے ۔

Morgay / Morghi : (n) سگ ماہی ۔

Morgen : (n) (ولندیز ، پروشیا ، ناروے ، ڈنمارک وغیرہ) زمین کی پیمائش کی ایک اکائی ۔

Morgenstern : (n) ڈنڈا جس کے سر پر کانٹے لگے رہتے ہیں ۔

Morgue : (n) غرور ؛ تمکنت ؛ تکبر ؛ گھمنڈ ۔

Morgue : (n) مردہ گھر ؛ وہ مکان جس میں نامعلوم مردوں کی لاشیں شناخت کے لئے رکھی جاتی ہیں (خصوصاً) اس قسم کا مکان جو ایک زمانے میں پیرس میں تھا ۔

Moribund : (a) (۱) قریب المرگ ؛ جاں بلب ؛ دم توڑ نے والا ۔ (۲) (مجازاً) جس کا خاتمہ قریب ہو ؛ دم توڑ نےوالا ۔

Moribund : (n) جاں بلب شخص ۔

Moribundity : (n) قریب المرگ ہونا ؛ جاں بلب ہونا ۔

Morigerous : (a) فرمانبردار ؛ مطیع ؛ اطاعت شعار ۔

Morillon : (n) انگور کی بیل کی ایک قسم ؛ انگور ۔

Morillon : (n) سنہری آنکھوں والی بط کی مادہ یا اس کا بچہ ۔

Morin : (n) ایک قسم کا زرد رنگ جو Fustic لکڑی سے نکالا جاتا ہے ۔

Morindin : (n) ایک قسم کا بلوری زرد رنگ ۔

Morinel : (n) (۱) ایک پوند (جو سادہ لوح قرار دیا گیا ہے اس لئے وہ بہت آسانی سے پکڑ لیا جاتا ہے) ۔ (۲) بےوقوف شخص ؛ احمق ۔

Moringa : (n) جنس سہنجنا ۔

Morion : (n) بے جہلم یا مغفر کا خود (سولہویں اور سترھویں صدی کا) ؛ کھلا خود (بغیر چھجے کا) ۔

Morion : (n) (معدنیات) سیاہ کارا پتھر ۔

Morisco : (a) موری ؛ شمالی افریقہ کے عربوں کا ۔

Morisco : (n) (۱) ہسپانوی مور ۔ (۲) طغرائی آرائش ۔ (۳) سوانگ کا مضحک ناچ ۔

Morkin : (n) وہ جانور جو مرض سے یا حادثے میں مرے ۔

Morling / Mortling : (n) مردہ بھیڑ کی کھال سے نکالی ہوئی اون ۔

Mormaor / Maomor : (n) (قدیم اسکاچستان میں) صوبے کا ایک اعلیٰ منتظم ۔

Mormon : (n) (۱) مارمن ؛ عیسائیوں کے اس فرقے کا پیرو جو امریکا میں پایا جاتا ہے (بانی Joseph Smith) ۔ (۲) تعداد ازدواج کے عامل (یہ مارمن فرقے کی نمایاں خصوصیت ہے) ۔

Mormondom : (n) مارمنوں کی جماعت ؛ ان کا علاقہ یا دستور ۔

Mormonism : (n) مارمونیت ؛ مارمن مذہب ؛ تعداد از دواج ۔

Mormonite : (n) مارمن ۔

Mormonite : (a) مارمنوں سے متعلق ۔

Morn : (n) (۱) صبح ؛ سحر ؛ فجر ۔ (۲) اگلی صبح ؛ دوسرا دن ۔

Northern morn : انوار شمالی ۔

Morne : (n) (قدیم) نیزے کا کند پھل ۔

Morne : (a) اداس ؛ افسردہ ؛ دلگیر ۔

Morne : (a) (قانون) پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا شیر ۔

Morning : (n) (۱) صبح ؛ فجر ؛ سحر ۔ (۲) طلوع سحر کا وقت ؛ پو پھٹنے کا وقت ؛ صبح کا جھٹپٹا ۔ (۳) ناشتے سے پہلے کی مے نوشی ؛ صبوحی ۔ (٤) (مجازاً) ابتدا ؛ ابتدائی حصہ ۔ (٥) ناشتے سے پہلے کا ہلکا ناشتہ ۔

All (the) morning : پوری صبح ۔

Good morning : صبح بخیر (صبح کا سلام) ۔

In the morning : نیم شب سے دوپہر کے درمیان۔

Morning, noon and night : دن بھر ؛ لگاتار ۔

Northern morning : انوار شمالی ۔

(of or on) mornings/In or of a morning : (معمولاً) صبح میں یا صبح کا ۔

This morning : آج صبح ۔

Morning : (a) صبح کا ؛ سحری ۔

Morning-after : (n) خمار ۔

Morning call : (n) سہ پہر کی ملاقات ۔

Morning coat : (n) مارننگ کوٹ ؛ پیچھے سے کٹا ہوا کوٹ جس کے گریبان کی تراش ترچھی ہوتی ہے ۔

Morning gift : (n) وہ تحفہ جو شوہر خلوت صحیحہ کے بعد صبح میں بیوی کو دیتا ہے ۔

Morning-glory : (n) (نباتیات) نیلوفر ۔

Morning-gun : (n) وہ توپ جو امیر البحر کے جہاز یا چھاؤنی وغیرہ سے صبح کے وقت داغی جاتی ہے (اس اعلان کے لئے کہ صبح ہوگئی) ۔

Morning-land : (n) مشرق ؛ پورب ۔

Morning office : (n) صبح کی نماز (کلیسائے انگلستان میں) ۔

Morning prayer : (n) (۱) صبح کی عبادت ۔ (۲) کلیسائے انگلستان کی صبح کی نماز ۔

Morning room : (n) صبح کے بیٹھنے کا کمرہ ۔

Morning sickness : (n) متلی ؛ مالش (جو دوران حمل صبح کے وقت ہوتی ہے) ۔

Morning star : (n) (۱) ستارۂ سحر ؛ زہرہ ۔ (۲) (مجازاً) حضرت مسیح ۔ (۳) دیکھو Morgenstern ۔ (٤) (مجازاً) نئی روشنی یا نئے عہد کا نقیب ۔

Morning - tide : (n) صبح ۔

Morning-watch : (n) (۲) (بحری) صبح کا پہرا (چار بجے صبح سے آٹھ بجے تک) ۔ (۲) رات کا آخری پہر (رومیوں اور یہودیوں کے مطابق) ۔

Moro : (n) جنوبی فلپائن کے مسلمان ملاوی ۔

Moroccan : (a) مراقشی ۔

Morocco : (a) مراقشی ۔

Morocco / Marocco : (n) مراقشی چمڑا ؛ مراقش کا چمڑا ؛ بکری کا چمڑا جو سماق کی پتیوں کے ذریعے کمایا جاتا تھا (پہلے مراقش میں بنتا تھا اب یورپ میں بنتا ہے) ؛ اس طرح کا کمایا ہوا بھیڑ کا چمڑا ۔

French morocco : ادنیٰ قسم کا چھوٹے دانے والا چمڑا ۔

Levant morocco : اعلیٰ قسم کا بڑے دانے والا چمڑا ۔

Moron : (n) طفل دماغ ؛ طفلہ ۔

Morose : (a) اکل کھرا ؛ روکھا اورتیکھا ۔

Morosely : (adv.) اکل کھرے پن سے ؛ روکھا اور تیکھےپن سے ۔

Moroseness : (n) اکل کھراپن ؛ روکھا اور تیکھاپن۔

Morosoph : (n) وہ شخص جو اپنی علمیت اور قابلیت کا بےجا اظہار کرتا ہو ؛ مدعیء فضیلت ۔

Moroxite : (n) ایک قسم کا چونے کا فاسفیٹ جو بلوری ہوتا ہے ۔

Morphean : (a) خواب آلود ؛ نیم خوابیدہ ۔

Morpheme : (n) (۱) لسانی نظام کا صورياتی عنصر (اپنے تقاطعی نسبت کے لحاظ سے) ۔ (۲) کسی زبان کی سب سے چھوٹی پر معنی صورياتی اکائی ۔

Morphetic : (a) نیند سے متعلق ۔

Morpheus : (n) نیند کا دیوتا ؛ خوابوں کا دیوتا ۔

Morphia : (n) جوہر افیون ؛ افیون کاست ؛ اصل الاقیم ۔

Morphic : (a) شکلیاتی ؛ صورياتی ۔

Morphine / Morphin : (n) دیکھو Morphia

Morphine : (v) افیون کاست ملانا ۔

Morphinism : (n) جوہر افیون کھانے کی عادت یا بیماری جو اس سے ہوجائے ۔

Morphinist : (n) حد سے زیادہ جوہر افیون کھانے والا ۔

Morphinomania : (n) افیون یا جوہر افیون کھانے کا خبط ۔

Morphinomaniac : (n) حد سے زیادہ افیون یا جوہر افیون کھانے کا عادی ۔

Morphiomania : (n) دیکھو Morphinomania

Morphiomaniac : (a) دیکھو Morphinomaniac

Morphogenesis : (n) (حیاتیات) بروز شکل ؛ صورياتی خاصیت کی ابتدا ۔

Morphogenetic : (a) بروز شکل سے متعلق ۔

Morphogeny : (n) دیکھو Morphogenesis

Morphographer : (n) اشکال نگار ۔

Morphographic/-al : (a) اشکال نگاری سے متعلق ۔

Morphography : (n) اشکال نگاری ؛ بیان اشکال الاعضاء ۔

Morphologic /-al : (a) صورياتی ؛ شکلیاتی ۔

Morphogically : (adv.) به لحاظ صورت ؛ از روئے صوریات ۔

Morphologist : (n) ماہر صوریات ۔

Morphology : (n) (۱) علم اشکال الاعضاء ؛ ماہر صوریات ۔ (۲) (قواعد) وہ شعبہ جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ہے ۔

Morphon / Morphosis : (n) (حیاتیات) شکلیاتی فرد ؛ عنصر یا لازمی عنصر ۔

Morphosis : (n) عضو سازی ؛ بُروز عضو ۔

Morphotic : (a) جو کسی چیز کو بنانے یا تشکیل دینے کی قابلیت رکھتا ہو ۔

Morra : (n) انگلیاں بوجھنے کا اطالوی کھیل ۔

Morricer : (n) سانگ کا مضحک ناچ ناچنے والی ۔

Morris : (n) سانگ مضحک ناچ ناچنے والوں کی ٹولی ۔

Morris : (n) (۱) بام مچھلی سے مشابہ ایک قسم کی لمبی اور چپٹی مچھلی ۔ (۲) بڑی بام مچھلی کا بچہ ۔

Morris / Morrice : (v) ناچنا ؛ رقص کرنا ۔

Morris-bell : (n) چھوٹی گھنٹی جو سانگ کے مضحک ناچ میں شریک اپنے کپڑوں میں لگاتے ہیں ۔

Morris-dance : (n) (۱) سانگ کا مضحک ناچ (خصوصاً روبن ہڈ

کے سانگ کا) - (۲) ایسے ناچ کی تصویر -

Morris-dancer : (n) سانگ کا مضحک ناچ ناچنے والا -

Morris-tubes : (n) چھوٹے منہ کی نالی جو رائفل میں قریب کی چاند ماری کے لئے لگا لی جاتی ھے -

Morrow : (n) (۱) کل ؛ فردا ؛ دوسرا دن ؛ اگلا دن - (۲) (مجازاً) (کسی واقعہ کے) فوراً بعد -

The morrow : (آنے والے) دوسرے دن -

Morrow : (v) پوپھٹنا ؛ تڑکا ہونا -

Morse : (n) والرس ؛ دریائی گھوڑے کی قسم کا جانور -

Morse : (n) پادریوں کے جبے کا بکلس جو اکثر جڑاؤ ہوتا ھے -

Morse : (a) مورس کی تار برقی کا -

Morsel : (n) (۱) لقمہ ؛ نوالہ - (۲) ٹکڑا - (۳) ہلکا کھانا یا ناشتہ - (٤) چھوٹی یا کم مقدار - (٥) بونا ؛ پست قد ؛ چھوٹا اور ناقابل لحاظ شخص -

Morsel : (v) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ؛ لقموں میں تقسیم کرنا ؛ تھوڑا تھوڑا تقسیم کر دینا -

Mort : (n) (۱) (شکار) نرسنگھے کی آواز جس سے ہرن کے مرنے کا اعلان ہوتا ھے - (۲) شکار - (۳) فطری طور پر مرے ہوئے بھیڑ کی کھال - وہ سالمن جو

Mort : (n) تیسرے سال میں ہو -

Mort / Mot : (n) (۱) لڑکی ؛ عورت - (۲) قحبہ ؛ فحاشہ -

Mort-cloth : (n) تابوت کی چادر ؛ تابوت کی چادر استعمال کرنے کا معاوضہ -

Mort-d 'ancestor : (n) (قدیم قانون) مقدمہ جو جائز وارث اس شخص پر کرتا ھے جو اس کی وراثت پر ناجائز قبضہ کرلیتا ھے -

Mort-safe : (n) لوہے کا چوکھٹا جو تابوت پر قبر کے دروازے پر لاش چور سے حفاظت کے لئے لگادیا جاتا ھے -

Mortal : (n) فانی مخلوق ؛ انسان ؛ بشر - (۲) فانی چیز - (۳) (مزاحاً) شخص -

Mortal : (a) (۱) فانی ؛ فنا پذیر - (۲) جان ستاں ؛ جان لیوا ؛ مہلک ؛ قاتل (مرض) ؛ کاری (زخم) - (۳) شدید ؛ سخت ؛ گھمسان کی (لڑائی) - (٤) جانی (دشمن) ؛ سخت ؛ کڑا - (٥) شدید (درد ، خوف) - (٦) (گناہ) کبیرہ ؛ مہلک روح - (۷) موت کا ؛ نزع کا - (۸) (عام) بہت ؛ بے حد - (۹) (عام) طویل اور اکتا دینے والا ؛ کڑا - (۱۰) انسان سے متعلق (بطور فانی مخلوق کے) ؛ انسانیت سے متعلق - (۱۱) دنیاوی ؛ ارضی - (۱۲) (اسکاچستان) مخمور ؛ نشے میں چور -

Mortal sin : (n) گناہ کبیرہ -

Mortalism : (n) یہ عقیدہ کہ روح فنا پذیر ھے -

Mortality : (n) (۱) فانی ہونا ؛ فنا پذیری - (۲) مرگ عام ؛ اتلاف جان ؛ مری - (۳) تعداد اموات - (٤) شرح اموات - (٥) بنی آدم ؛ آدمی - (٦) لاش - (۷) (گناہ) کبیرہ ہونا -

Bill of mortality : اموات کے ہفتہ وار گوشوارے -

Mortality table : نقشہ ٔ اموات -

Mortalize : (v) فانی بنانا ؛ فنا پذیر بنانا -

Mortally : (adv.) (۱) مہلک طور پر ؛ بہ شدت ؛ شدید - (۲) گناہ کبیرہ کے طور پر - (۳) بہت ؛ نہایت -

Mortancestry : (n) دیکھو Mort d' ancestor

Mortar : (n) (۱) کھرل ؛ ہاون کونڈی ؛ اوکھلی - (۲) چھوٹی توپ (جس سے گولا بہت اونچا جاتا ھے) - (۳) آتش بازی کے گولے پھینکنے کا آلہ ؛ بچاؤ رسی پھینکنے کا آلہ -

Mortar : (n) گارا ؛ گچ ؛ مسالہ ؛ چونے کا مسالا -

Bricks and mortar : (۱) تعمیرات میں استعمال ہونے والی ضروری چیزیں ؛ تعمیری لوازمات ۔ (۲) مکانات ؛ عمارات ۔

Mortar : (v) گارا کی تہ جمانا ؛ پلاسٹر کرنا ؛ گارے یا مسالے سے جوڑنا ۔

Mortar-bed : (n) اینٹوں کے درمیان گارے کی تہ ۔

Mortar-board : (n) (۱) گارا چونا لے جانے کا تختہ ۔ (۲) کالج طالبعلموں کی مربع ٹوپی ؛ کلاہ کالج ۔

Mortar liqid : (n) استرکاری کا مسالا ؛ پتلا کچ ۔

Mortarless : (a) بے گارے کا ۔

Mortary : (a) گارے کی طرح کا ؛ گارا دار ؛ گارے سے بنا ہوا ۔

Mortgage : (n) (۱) مکفول کرنا ؛ رہن ؛ گرو ۔ (۲) رہن نامہ ۔

To lend on mortgage : جائداد (خصوصاً زمین یا گھر) مکفول لے کر قرض دینا ۔

Mortgage : (v) (۱) رہن کرنا ؛ گرو کرنا ؛ گروی رکھنا ؛ مکفول کرنا ۔ (۲) (مجازاً) زبان دینا ۔

Mortgage bond : (n) رہن نامہ ؛ تمسک ۔

Mortgageable : (a) قابل رہن ؛ قابل مکفول ؛ قابل گروی ۔

Mortgagee : (n) مرتہن ؛ رہن دار ؛ گروی دار ۔

Mortgager / Mortgagor : (n) راہن ؛ رہن کرنے والا ۔

Mortice / Mortise : (n) (۱) چول ؛ گھر ؛ خانہ (جس میں کوئی دوسری چیز بیٹھتی ہو) ؛ سال ۔ (۲) (یك وقتی لفظ) پیوستگی ؛ جوڑا ہوا ہونا ۔

Mortice / Mortise : (v) چول بٹھانا ؛ سالنا ؛ جوڑنا ؛ پیوست کرنا ۔ (۲) (یك وقتی لفظ) چول بنانا ؛ سال بنانا ۔

Mortier : (n) ایك قسم کی ٹوپی جو فرانس کے اعلیٰ عہدہ داران استعمال کرتے تھے ۔

Mortification : (n) (۱) نفس کشی ؛ ریاضت ۔ (۲) (مرضیات) سڑنا (گوشت یا جسم کا) ؛ فساد عضو ؛ فساد نسیج ۔ (۳) مذہبی ؛ خیراتی مقصد کے لئے یا رفاہ عام کے لئے جائداد فروخت کرنا ۔ (٤) شرم و ذلت ؛ خفت ؛ کوفت ؛ اذیت ۔

Mortification of sin : گناہ کشی ۔

Mortification of the body : جسمانی اذیت جھیلنا ۔

Mortified : (a) (۱) ریاضت کش ۔ (۲) سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ۔ (۳) ذلیل کیا ہوا ۔

Mortifiedly : (adv.) ریاضت کشی سے ؛ سڑ کر ۔

Mortifiedness : (n) ریاضت کشی ؛ سڑنا ؛ گلنا ۔

Mortifier : (n) نفس کشی کرنے والا ؛ نیچا دکھانے والا ۔

Mortify : (v) (۱) (جسم کو ، جذبات کو) نفس کشی یا ریاضت سے قابو میں لانا ؛ مارنا ۔ (۲) نیچا دکھانا ؛ ذلیل کرنا ؛ (غرور وغیرہ کو) خاك میں ملانا ؛ (جذبات کو) مجروح کرنا یا ٹھیس لگانا ۔ (۳) (جسم یا گوشت کا) سڑ جانا ؛ سمٹ کر رہ جانا ۔ (٤) مذہبی؛ خیراتی مقصد یا رفاہ عام کے لئے (جائداد) فروخت کرنا ۔

Mortifyingly : (adv.) موجب شرم و ذلت ہوکر ؛ سوہان روح بن کر ؛ تکلیف دہ طور پر ۔

Mortis causa : (a) قریب الوقوع موت کی وجہ سے ۔

Mortise : (n) دیکھو Mortice

Mortise and tenon : (n) سال وچول ۔

Mortise clamp : (n) سروں پر لگا ہوا شکنجہ ۔

Mortise gauge : (n) چول کے لئے متوازی لکیریں کھینچنے کا اوزار ۔

Mortise-hole : (n) (۱) چول ؛ گھر ؛ خانہ ۔ (۲) (مجازاً) خفیہ جگہ ۔

Mortise-joint : (n) سال و چول جوڑ ۔

Mortise-lock : (n) دروازے کا تالا ۔

Mortise-wheel : (n) لوہے کا پہیا جس میں لکڑی کے دندانے سوراخ میں بٹھائے ہوئے رہتے ہیں ۔

Mortmain : (n) (۱) (مذہبی اور کسی قسم کی جماعت کا) دائمی قبضہ اراضی ؛ غیر منتزع حق تصرف ؛ دائمی ملك ۔ (۲) دائمی قبضہ اراضی کا اجازت نامہ ۔

Licence of mortmain: دائمی قبضہ اراضی کا اجازت نامہ ۔

Mortuary : (n) (۱) دستور کے مطابق تحفہ جو کسی کلیسائی حلقے کے رہنے والے کی موت کے بعد کلیسائی حلقے کا پادری وصول کرتا ہے (۲) لاش گھر ؛ وہ عمارت جس میں لاشیں کچھ عرصے تك رکھی جاتی ہیں ۔

Mortuary : (a) (۱) موت کا ؛ متعلق مرگ ؛ موت کو یاد دلانے والا ۔ (۲) تدفین سے متعلق ۔

Morula : (n) بیضے کی نشو و نما کی وہ حالت جب وہ مکمل طور پر قطعات میں منقسم ہوجاتا ہے ۔

Mosaic : (n) (۱) پچی کاری ؛ جڑت کاری ؛ خانم کاری ۔ (۲) (مجازاً) پچرنگی مجموعہ ؛ گونا گوں موقع ۔

Mosaic : (a) (۱) پچی کاری کا ۔ (۲) والدین کے اوصاف سے متعلق ؛ والدین کے اوصاف ظاہر کرنے والا ۔

Mosaic / -al : (a) موسوی ؛ حضرت موسیٰ کا ؛ موسوی سے مشابہ ۔

Mosaic gold : (n) (۱) رانگ کا ڈائی سلفائیڈ ۔ (۲) جست اور تانبے کا مرکب جس کے سستے زیور بنتے ہیں ۔

Mosaic law : (n) قانون موسوی ؛ شرع موسوی ۔

Mosaic vision : (n) (حیوانیات) رنگارنگی بصارت ۔

Mosaic wool work : (n) رنگ برنگ کا اونی کشیدہ ۔

Mosaicist : (n) پچی کار ؛ پچی کاری کرنے والا ؛ پچی کاری کا کام کرنے والا ۔

Mosaicked / Mosaiced : (n) پچی کاری کیا ہوا ۔

Mosaism : (n) حضرت موسیٰ کا مذہبی نظام ؛ قوانین اور رسوم اور ان کی پیروی ۔

Mosasaur : (n) میوزی چھپکلی ۔

Mosasaurian : (n) میوزی چھپکلی سے متعلق ۔

Mosasaurian : (n) میوزی چھپکلی ۔

Mosasauroid : (a) میوزی چھپکلی کی طرح کا ۔

Mosasaurus / Mososaurus / Mosaesaurus : (n) میوزی چھپکلی؛ ایك قسم کا مگر مچھ جو اب معدوم ہے ؛ یہ جانور دریائے میوز میں بکثرت پایا جاتا تھا ۔

Moschatel : (n) مشك بو پودا؛ ایك پودا جس کے پھول دھانی رنگ کے ہوتے ہیں اور جن میں مشك جیسی خوشبو ہوتی ہے ۔

Moselle (wine): (n) موزیل سفید رنگ کی فرانسیسی شراب جو موزیل کے علاقے میں تیار کی جاتی ہے ۔

Moses : (n) (۱) موسیٰ سے مشابہت رکھنے والا (خصوصاً وکیل ، رہنما وغیرہ) ۔ (۲) بطور رقم استعمال ہوتا ہے ۔

Mose s rod : (n) دیکھو Divining rod

Mosey : (a) (۱) روئیں دار ۔ (۲) سڑا ہوا (پھل) ۔

Mosey : (v) (۱) چمپت ہوجانا ؛ رفو چکر ہوجانا ۔ (۲) آوارہ پھرنا ؛ مٹر گشتی کرنا ۔ (۳) آہستہ آہستہ چلنا (مشاہدہ یا معائنہ کرتے وقت) ۔

Moskeneer : (v) چیز کی قیمت سے زیادہ پیسے لے کر رہن رکھنا ۔

Moslim / Muslim : (n) مسلمان ؛ مسلم ۔

Moslemize : (n) مسلمان بنانا ۔

Mosque / Mosk : (n) مسجد ۔

The mosque : مسجد میں عبادت کرنے والے ؛ مسلمانان ۔

Mosquito : (n) مچھر ؛ پشّہ ۔

Mosquito-bar : (n) ایک قسم کی مچھردانی ۔

Mosquito blight : (n) جزائر شرق الہند کا پودوں میں لگنے والا ایک کیڑا ۔

Mosquito built : (n) آسانی سے حرکت دیا جانے والا (ہلکا جہاز) ۔

Mosquito canopy : (n) مچھر دانی ؛ مسہری ۔

Mosquito craft : (n) ایک قسم کا ہلکا جہاز ۔

Mosquito curtain : (n) دیکھو Mosquito canopy

Mosquito fleet : (n) ہلکے جہازوں کا بیڑا ۔

Mosquito-fly : (n) مچھر ۔

Mosquito-gnat : (n) مچھر ۔

Mosquito-hawk : (n) ایک قسم کی مکھی جو مچھروں کو کھاتی ہے ۔

Mosquito-net / -netting : (n) دیکھو Mosquito canopy

Moss : (n) (۱) کائی ؛ اُشنہ ؛ سوار ؛ نم گیاہ ۔ (۲) دلدل ۔

American moss : فلوریڈا کی کائی کی سوکھی ٹہنی جو صوفوں اور کرسیوں کے گدے بنانے میں کام آتی ہے ۔

Black moss/Florida moss : ایک قسم کی کائی جو فلوریڈا میں پائی جاتی ہے ۔

Canary moss : ایک قسم کی کائی جو رنگنے میں کام آتی ہے ۔

Snake moss : (نباتیات) گرگ پا ؛ کائی کی ایک قسم ۔

White moss : بعض قسموں کی کائیوں کے نام ۔

Moss : (v) (۱) کائی اگنا ؛ کائی سے ڈھک لینا ۔ (۲) کائی جمع کرنا ۔

Moss agate : (n) عقیق مخا ۔

Moss animal / Moss animalcule : (n) حوینات اُشنیہ ۔

Moss-back : (n) (۱) (عام) (امریکی خانہ جنگی میں) وہ شخص جو جبری فوجی بھرتی سے بچنے کے لئے چھپا پھرتا تھا ۔ (۲) دقیانوس ؛ قدامت پسند ۔

Moss-berry : (n) دیکھو Craneberry

Moss-bunker / Mossbanker : (n) کھاد مچھلی ۔

Moss-campion : (n) ایک قسم کا چھوٹا گچھے دار کائی نما پودا ۔

Moss-carder/-bee : (n) بڑی مہال کی مکھی ۔

Moss coral : (n) دیکھو Moss Animal

Moss earth : (n) دلدلی مٹی ۔

Moss-flow : (n) دلدل کے نیم سیال حصے ۔

Moss-grown : (a) (۱) کائیوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) قدیم ؛ کہنہ ۔

Moss-hag : (n) وہ گڑھا جہاں سے دلدلی کوئلہ نکال لیا گیا ہو ۔

Moss-oak : (n) دلدل میں محفوظ کی ہوئی شاہ بلوط کی لکڑی ۔

Moss-pink : (n) گل شعلہ کی ایک قسم۔

Moss rose : (n) گوبھیا گلاب۔

Moss-starch : (n) دیکھو Lichenin

Moss-trooper : (n) (سترھویں صدی کا) سرحدی قزاق ؛ سرحدی ڈاکو ؛ قزاق۔

Mossiness : (n) کائی دار ہونا۔

Mossy : (a) (۱) دلدلی۔ (۲) کائی دار۔ (۳) روئیں دار۔ (٤) کائی سے مشابہ۔

Most : (a & adv.) سب سے زیادہ؛ سب سے بڑھ کر؛ زیادہ سے زیادہ۔

Most : (n) سب سے بڑے اشخاص۔ (۲) سب سے بڑی مقدار۔

At the most/At most : سب سے زیادہ۔

To make the most of : (۱) (کسی چیز سے) زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا ؛ غنیمت سمجھ کر کام چلانا۔ (۲) بہت بڑھاکر دکھانا ؛ بہت گھٹا کر دکھانا۔

- most : (suffix) (۱) یہ لاحقہ حروف جار اور اسمائے اشارہ پر لاحق ہوتاھے اور ان کو صفات بنادیتا ھے مثلاً Aftermost, foremost وغیرہ۔ (۲) لاحقہ ظرف زمان و مکان وغیرہ پر لاحق ہوتا ھے اور صفت کے معنی دیتا ھے مثلاً Centremost, backmost وغیرہ۔

Mostly : (adv.) زیادہ تر ؛ اکثر ؛ عموماً۔

Mot : (n) لطیفہ ؛ بذلہ ؛ پھڑکتا ہوا فقرہ۔

Mot : (n) (۱) لڑکی ؛ عورت۔ (۲) قحبہ ؛ فحاشہ۔

Mot juste : (n) موزوں فقرہ یا لفظ ؛ چست فقرہ یا لفظ (جو مفہوم کو اداکرنے کے لئے سب سے موزوں ہو)۔

Mote : (n) ذرہ ؛ خاک کا ذرہ۔

Mote : (v) (۱) دیکھو May۔ (۲) چاہیئے ؛ لازم ھے ؛ ضروری ھے ؛ فرض ھے۔

Mote-hill : (n) وہ ٹیلا یا پہاڑی جس پر قلعہ وغیرہ بنے ہوں۔

Moted : (a) ذروں سے بھرا ہوا۔

Motel : (n) موٹر سے سفر کرنے والے سیاحوں کے لئے شاہراہ کے نزدیک بنا ہوٹل۔

Motet : (n) مذہبی گیت ؛ بھجن۔

Moth : (n) (۱) کپڑے کا کیڑا۔ (۲) پروانہ ؛ پتنگا ؛ پتنگ۔ (۳) کوئی چیز جو خاموشی سے اور آہستہ آہستہ کھاجاتی ھے اور برباد کردیتی ھے۔ (٤) ہلکا طیارہ ؛ موتھ۔

Moth : (v) پتنگے پکڑنا۔

Moth-ball : (n) نفتی گولی۔

To put in moth-balls : (۱) رکھ دینا ؛ استعمال میں نہ لانا۔

Moth-ball : (v) (جہاز وغیرہ کو) غیر مرطوب بناکر محفوظ کرنا ؛ رکھ دینا۔

Moth-blight : (n) بعض قسم کے کیڑے جو پودوں کو نقصان پہنچاتے ھیں۔

Moth-eaten : (n) کِرم خوردہ ؛ کیڑوں کا کھایا ہوا۔

Moth-gnat : (n) ایک قسم کا دوپرا کیڑا۔

Moth-hunter : (n) (۱) پتنگے پکڑنے والا۔ (۲) پشہ خوار۔

Moth mullein : (n) ایک پودا۔

Moth-proof : (a) کیڑے لگنے سے محفوظ۔

Moth worm : (n) پتنگے کا پہل روپ۔

Mother : (n) (۱) ما ؛ ماں ؛ اماں ؛ والدہ ۔ (۲) جڑ ؛ منبع ؛ سرچشمہ ۔ (۳) بڑی بی (بوڑھی عورتوں سے خطاب کے موقع پر کہتے ہیں) ۔ (٤) قلم زا مائع ۔ (٥) مصنوعی حرارت سے پرندوں کے بچے نکالنے کے بعد پالنے کی مشین ۔ (٦) ہسٹیریا ؛ اختناق الرحم ۔ (۷) وہ عورت جو ماں کا کردار ادا کرے(گھر میں) ۔ (۸) ابتدائی نمونہ ۔

Mother : (n) تلچھٹ ؛ درد ؛ (خصوصاً سر کے کی) پھپھوندی ۔

Mother : (v) (۱) جننا ؛ پیدا کرنا (عموماً مجازاً آتا ہے) ۔ (۲) ماں کی طرح پالنا ؛ مادرانہ سلوک کرنا ؛ مادرانہ شفقت کے ساتھ پیش آنا ۔ (۳) ماں بننا ۔ (٤) (مجازاً) حمایت میں لینا ۔ (٥) (بچھیڑے یا میمنے کے لئے) گائے یا بھیڑ تلاش کرنا -(٦) بطور ماں یا مصنف قبول کرنا ۔

Mother : (v) پھپھوندی لگ جانا ؛ تلچھٹ جمع ہوجانا ۔

Mother : (a) مادری ؛ ماں سے متعلق ؛ ماں کا ۔

Mother carey 's chicken : (n) ایک قسم کا بحری پرند؛ چھوٹا بطریل ۔

Mother carey 's goose : (n) بحری کلنگ ؛ بڑا بطریل ۔

Mother cell : (n) اُم الخلایا ؛ مادری خلط ۔

Mother church : (n) مادر کلیسا ؛ مرکزی کلیسا ۔

Mother-city : (n) دیکھو Metropolis

Mother-country : (n) وطن ؛ مادری مُلک ؛ کوئی ملک اپنی نو آبادیوں کے مقابلے میں ؛ جنم بھومی ۔

Mother-craft : (n) بچوں کو پالنے کا فن ؛ بچہ پروری ۔

Mother-earth : (n) (۱) مادرگیتی ؛ مادر ارض ۔ (۲) (مزاحاً) زمین ۔

Mother hubbard : (n) ایک قسم کا لبادہ ۔ (۲) فرضی نام جو لوریوں میں آتا ہے ۔

Mother idea : (n) بنیادی تصور ۔

Mother-in-law : (n) ساس ۔

Mother liquid / -liquor : (n) قلم زا مائع ۔

Mother-lye : (n) کسی القلی کا قلم زا مائع ۔

Mother maid / -maiden : (n) حضرت مریم عذرا ۔

Mother naked : (a) مادر زاد ننگا ۔

Mother of coal : (n) معدنی کوئلہ ۔

Mother of pearl : (n) صدف ؛ سیپی ۔

Mother of pearl : (a) قزحی (رنگ وغیرہ کی چمک) ۔

Mother of thousands / -million : (n) ایک پودا ۔

Mother of thyme : (n) (نباتیات) جنگلی صعتر ۔

Mother queen : (n) (۱) حکمراں بادشاہ کی ماں (جوبیوہ بھی ہو) ۔ (۲) ملکہ جو ماں ہے (بادشاہ کی) ؛ شہد کی مکھیوں کی ملکہ کو بھی کہتے ہیں (نیز مجازاً) ۔

Mother right : (n) (۱) حکومت مادری ۔ (۲) وہ رواج جس کی رو سے سلسلہ' نسب ماں کی طرف سے لیا جاتا ہے ۔

Mother 's boy : (n) وہ لڑکا جو بہت زیادہ ماں کے ساتھ رہتا ہے اور نتیجتاً مردانہ اوصاف یا مردانہ ذمہ داریوں کو اپنانے سے کتراتا ہے ۔

Mother ship : (n) وہ جہاز جس کے ماتحت ایک یا دو تار پیڈو کشتیاں ہوتی ہیں ۔

Mother 's son : (n) آدمی ؛ انسان ؛ آدم ۔

Mother stone : (n) (۱) جوف معدن ؛ چٹان وغیرہ کا ٹکڑا جس میں جواہرات پائے جاتے ہیں ۔ (۲) وہ پتھر جس سے دوسری معدنیات نکلتی ہیں ۔

Mother tongue : (n) (۱) مادری زبان ۔ (۲) ام الاسنہ ؛ وہ زبان جس سے اور زبانیں نکلتی ہیں ۔

Mother wit : (n) مادر زاد عقل ؛ فطری عقل ؛ عقل عام ؛ پیدائشی سمجھ۔

Motherhood : (n) (۱) امویت ؛ مادریت ۔ (۲) ممتا ؛ ماں کی محبت ۔ (۳) مائیں ۔

Mothering : (n) (۱) مادرانہ نگرانی اور دیکھ بھال ۔ (۲) لینٹ کے وسطی اتوار کو والدین کے پاس جانے اور تحفے لینے دینے کی رسم ۔

Motherland : (n) (۱) جنم بھوم ؛ وطن ۔ (۲) ملك پیدائش ۔

Motherless : (a) بے ماں کا ؛ یسیر ۔

Motherlike : (a) مادرانہ ؛ ماں جیسی ؛ ماں کی طرح ۔

Motherliness : (n) ماں جیسی شفقت ؛ مادریت ۔

Motherly : (a) ماں جیسی شفیق ؛ ماں جیسی ؛ مادرانہ ۔

Motherly : (adv.) ماں کی طرح ؛ مادرانہ ۔

Motherwort : (n) نعناع ملغ ؛ بابونہ گاوی ۔

Mothery : (a) پھپھوندی لگا ۔

Mothy : (a) جس میں کیڑا لگا ہو ۔

Motif : (n) (۱) (مصوری یا کسی دوسری صناعی) امتیازی خصوصیت یا خیال ؛ بنیادی خصوصیت یا خیال ؛ موسیقی یا کسی اور صفت میں وہ بات جسے صناع ظاہر کرنا چاہتا ہو ؛ مدعائے اصلی ۔ (۲) لباس پر کلابتوں ، لیس وغیرہ کی زر دوزی ۔ (۳) (کسی کام کا) اثر محرك ۔

Motific : (a) حرکت پیدا کرنے والا ؛ محرك ۔

Motile : (a) (حیاتیات) حرکت پذیر ؛ متحرك ؛ حرکیہ ۔

Motility : (n) حرکت پذیری ؛ حرکیت ؛ قدرت حرکت ۔

Motion : (n) (۱) جنبش ؛ حرکت ؛ نقل و حرکت ؛ نقل مکان ۔ (۲) چلنے میں جسم کو جنبش دینے کا طرز ؛ انداز خرام ؛ گردش ۔ (۳) نشست میں تبدیلی ؛ جسم کے انداز میں تبدیلی ؛ حرکت ۔ (٤) ادا ؛ حرکت ؛ اشارہ ۔ (٥) اجابت ۔ (٦) (جلسے وغیرہ میں) تحریك ؛ تجویز ۔ (۷) (قانون) درخواست ؛ استدعا جو مدعی یا مدعا علیہ عدالت میں پیش کریں ۔ (۸) متحرك چیز ؛ متحرك مشین ۔ (۹) (فوج) قواعد کی حرکت ۔ (۱۰) (موسیقی) آواز کا ہم آہنگ چڑھاؤ ۔ (۱۱) محرك پرزہ یا کل ۔

In motion : متحرك ؛ رواں ؛ حرکت میں ۔

Laws of motion : کلیات حرکت ۔

Of one 's own motion : اپنی مرضی سے ۔

To make a motion or motion : اشارے کرنا ؛ اشارہ کرکے بلانا ۔

To make a motion : کسی خاص سمت یا مقصد کے لئے حرکت کرنا ۔

To put in motion/To set in motion : حرکت دینا ؛ متحرك کرنا ؛ حرکت میں لانا ۔

Motion : (v) (کسی کام کا) اشارہ کرنا ؛ اشارے سے بتانا ؛ اشارے سے کہنا ؛ اشارے سے حکم دینا ۔

Motion-bar : (n) اسٹیم انجن کا رہنما سلاخ ۔

Motion-block : (n) وہ ضابطہ پرزہ جو دستہ فشارہ اور واصل ٹنڈی کو ملاتا ہے ۔

Motion picture : (n) متحرك تصویر ؛ فلم ؛ بائیسکوپ ؛ سنیما ۔

Motion-picture projector : (n) متحرك تصاویر انداز ۔

Motion-work : (n) وہ پرزہ کاری جس سے گھڑی کی سوئیاں چلتی ہیں ۔

Motional : (a) حرکت کا ؛ حرکی۔

Motioner : (n) تجویز پیش کرنے والا ؛ اکسانے والا ؛ ابھارنے والا۔

Motionless : (a) غیرمتحرک ؛ بےحرکت ؛ ساکن ؛ بے حس و حرکت۔

Motionlessness : (n) بے حرکت ہونا ؛ غیر متحرک ہونا۔

Motivate : (v) (۱) سبب مہیا کرنا ؛ سبب یا باعث ہونا۔
(۲) (مصدری) بنیادی خصوصیت یا خیال۔

Motivation : سبب مہیا کرنا ؛ باعث ہونا ؛ تحریک۔

Motivational : (a) تحریکی۔

Motive : (a) (۱) محرک ؛ وجہِ تحریک ؛ باعث حرکت۔ (۲) تحریک ؛ حرکی۔

Motive : (n) (عمل کا) محرّک ؛ نیّت ؛ منشاء ؛ مقصد ؛ غرض۔

Motive : (v) دیکھو Motivate

Leading motive : (n) کسی گانے میں اصل خیال۔

Motive energy : (n) حرکی توانائی۔

Motive power : (n) حرکی قوت ؛ قوت محرکہ۔

Motiveless : (a) بے مقصد ؛ بے غرض۔

Motivity : (n) تحریک ؛ قوت محرکہ ؛ حرکی قوت۔

Motivo : (n) (موسیقی) مدعائے اصلی ، موسیقی یا کسی اور صفت میں وہ بات جسے صنّاع ظاہر کرنا چاہتا ہو۔

Mot juste : (n) (موسیقی) مدعائے اصلی ؛ موسیقی یا کسی اور صفت میں وہ بات جسے صناع ظاہر کرنا چاہتا ہو۔

Motley : (a) (۱) گونا گوں ؛ بو قلموں ؛ رنگ برنگ ؛ پچرنگ ؛ رنگا رنگ۔ (۲) بیچ میل ؛ مخلوط ؛ مختلف العناصر۔

Motley : (n) (۱) گونا گوں رنگ۔ (۲) معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ چوں چوں کا مُربّا۔ (۳) مسخرے کا رنگ برنگ کا لباس۔ (٤) بے وقوف ؛ مسخرا۔

To wear motley : مسخراپن کرنا ؛ مسخرے کی سی حرکت کرنا ؛ مسخرا بننا۔

Motley : (v) گونا گوں بنانا ؛ بو قلموں بنانا ؛ معجون مرکب بنانا۔

Motleyness : (n) رنگا رنگ ہونا ؛ بو قلمونی ؛ معجون مرکب ہونا۔

Motmot : (n) آرہ منقار ؛ موٹ موٹ۔

Moto - : (prefix) سابقہ بمعنی " حرکت " وغیرہ۔

Moto - sensitive : (n) محرک اور حساس اعصابی ریشوں سے بنا ہوا۔

Motograph : (n) حرکت نگار ؛ برقی ٹیلیگراف یا ٹیلیفون کا گیرندہ۔

Motor : (n) (۱) موٹر (مشین کا)۔ (۲) موٹر کار۔ (۳) حرکی عضلہ یا پٹھا۔ (٤) (ریاضیات) وہ علامت یا جسم جو کسی استوار جسم کے بٹاؤ کو ظاہر کرتے ہیں۔

Motor : (a) (۱) محرک ؛ متحرک ؛ حرکت آفریں ؛ حرکی۔
(۲) حرکی (عضلہ یا اعصاب) حرکی اعصاب سے متعلق۔

Motor : (v) موٹر میں سفر کرنا ؛ موٹر میں جانا یا لے جانا۔

Motor aphasia : (n) عدم طاقت ؛ گویائی سے محرومی۔

Motor area : (n) حرکی رقبہ حرکی نظام۔

Motor-bandit : (n) ڈاکو جو لوٹ میں موٹر گاڑی استعمال کرتا ہے۔

Motor-boat : (n) چھوٹا جہاز یا کشتی جو موٹر سے چلتی ہے۔

Motor cell : (n) حرکی خلیہ۔

Motor cortex : (n) حرکی قشرہ۔

Motor generator : (n) موٹر جنریٹر ۔

Motor launch : (n) موٹر کشتی ۔

Motor-liner : (n) موٹر سے چلنے والا جہاز ۔

Motor-man : (n) (۱) موٹر چلانے والا ؛ خصوصاً کرائے پر چلنے والی گاڑیوں کا ڈرائیور ۔

Motor way : (n) شاہراہ جس پر تیز رفتار گاڑیاں چلتی ہیں ۔

Motorable : (n) قابل گزر ؛ قابل عبور ؛ جس پر موٹر چلائی جاسکے ۔

Motorcade : (n) موٹر گاڑیوں کا جلوس ۔

Motorcar : (n) (۱) موٹر کار ؛ موٹر سے چلنے یا چلائی جانے والی گاڑی ۔ (۲) بجلی سے چلنے والی ریل کی پٹری پر موٹر سے چلنے والا انجن ۔

Motorial : (a) حرکی ؛ حرکت آفریں ۔

Motorist : (n) موٹر چلانے والا ۔

Motorium : (n) حرکی نظام ؛ اعصاب محرکہ ۔

Motorize : (v) موٹر گاڑی مہیا کرنا ۔ (۲) موٹر سے چلنے والا ؛ موٹر لگانا ۔

Motory : (a) حرکی ؛ محرک ۔

Motte / Mot (t) : (n) کسی گیاہستان میں درختوں کا جھنڈ ۔

Mottetto : (n) دیکھو Motet

Mottle : (n) (۱) رنگ برنگ کی بندکیوں اور دھبوں کا مجموعہ ۔ (۲) چتی ؛ دھبا ؛ داغ ؛ بندکی ۔ (۳) پچرنگی اونی دھاگا جس سے کپڑا بنتے ہیں ؛ پچرنگی اون ۔

Mottle : (v) پچرنگی بندکیاں ڈالنا ۔

Mottled : (a) چتی دار ؛ بندکی دار ؛ پچرنگ ۔

Mottler : (n) (۱) پچرنگی بندکیاں ڈالنے والا ۔ (۲) (مصور کا) بندکی ڈالنے والا برش ۔

Motto : (n) (۱) حسب حال کتبہ یا مقولہ ۔ (۲) اصول عمل ؛ وہ کہاوت یا قول جسے کوئی دستورالعمل بنالے ۔ (۳) (موسیقی) وہ فقرہ جو بار بار آئے ۔ (٤) شعر جو مٹھائی کے کاغذی پٹاخے کے اندر سے (لکھا ہوا) نکلے ۔ (٥) مقولہ جو کتاب یا باب کے عنوان کے طور پر لکھا جائے ۔ (٦) شعار ؛ موٹو ۔

Motto-kiss : (n) ایک مٹھائی جو عمدہ کاغذ میں لپٹی رہتی ہے اور اس کے اندر کوئی مقولہ یا شعر لکھا رہتا ہے ۔

Mottoed : (a) حسب کتبہ یا مقولہ لکھا ہوا ۔

Motty : (a) ذروں سے بھرا ہوا ؛ گرد آلود ۔

Motu proprio : (n) پوپ کا فتوی جس کے قانونی دفعات کا فیصلہ خود پوپ کرتا ہے ۔

Mouch : (n) دیکھو Mooch

Moucharaby : (n) (جنوبی افریقہ میں) بیرونی بالا خانہ جو جالی سے گھرا ہوتا ہے ۔

Mouchoir : (n) رومال ۔

Moue : (n) پاؤٹ مچھلی ۔

Moufflon : (n) جنوبی یورپ کی پہاڑی بھیڑ ؛ جنگلی بھیڑ ۔

Mouille : (a) حنکی ؛ حنکی بنایا ہوا (حرف صحیح) ۔

Moujik / Muzhik : (n) (۱) روسی دہقان ؛ روسی کاشتکار ۔ (۲) کلاہِ سمور ؛ عورتوں کی ڈھیلی سموری ٹوپی ۔

Moulage : (n) (۱) کسی چیز کا نقش اتارنا (جرم کی تحقیقات کے لئے) ۔ (۲) اعضاء کی ساخت کا سانچہ (علاج یا جراحی سے درست کرنے میں رہنمائی کے لئے) ۔

Mould /Mold : (n) (۱) مٹی ؛ خاک ۔ (۲) آراضی مزروع کی بالائی مٹی ؛ چکنی ؛ مٹی ۔

Man of mould : انسان فانی ؛ خاک کا پتلا ؛ انسان خاکی ؛ مشت خاک ۔

Mould : (n) (۱) کھوپڑی ۔ (۲) شیر خوار بچے کے سر میں جھلی دار خلا جو سامنے کی ہڈی کے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ہے ؛ یا فوخ ؛ نافوخ ۔

Mould / Mold : (n) (۱) (معماروں کا) ڈھانچ ۔ (۲) سانچہ ؛ قالب ۔ (۳) پڈنگ کا سانچہ ۔ (٤) شکل ؛ ڈھانچہ ؛ کاٹھی (آدمی یا جانور کی) ۔ (٥) (تعمیرات) دیوار کی کارنس یا لکڑی کی چیزوں میں آرائشی حاشیہ ۔ (٦) (عکاسی طباعت) جلاٹین جس پر منفی فوٹو سے نقش بنتا ہے اور جو تانبے کی پلیٹ پر اتارا جاتا ہے ؛ دھات کی پلیٹ ۔ (۷) زر کوب کا بنڈل ۔ (۸) وہ نقش جو متحجر چیزوں کے ذریعے مٹی یا پتھر پر بن جاتا ہے ۔ (۹) امتیازی خصوصیت ۔ (۱۰) سانچے میں ڈھلی ہوئی موم بتی ۔

To be cast in a (certain) mould : خاص شکل یا خصوصیت رکھنا ۔

To break the mould : (مجازاً) کسی خاص قسم کی تخلیق کے اعادے کو ناممکن بنا دینا ۔

Mould / Mold : (n) (۱) پھپھوندی ۔ (۲) فطر ۔

Mould / Mold : (v) پودوں کی جڑ پر مٹی دینا یا بھرنا ۔

Mould / Mold : (v) (۱) کسی خاص شکل میں گھڑنا ؛ ڈھالنا ۔ (۲) (کسی چیز سے) گھڑنا ؛ تیار کرنا ۔ (۳) کسی نمونے پر ڈھالنا ۔ (٤) بدل کسی شکل میں لے آنا ۔ (٥) نان پاؤ کی لوئی بنانا ؛ آٹا گوندھنا ۔ (٦) کوئی خاص شکل اختیار کرنا ۔ (۷) (جہاز سازی) جہاز کو خاص شکل دینا ۔

Mould : (v) (۱) پھپھوندی لگ جانا ۔ (۲) (مجازاً) سڑا دینا ۔ (۳) پھپھوندی لگنے کا سبب ہونا ۔

Mould-board : (n) ہل کی پھال ۔

Mould candle : (n) سانچے میں ڈھلی ہوئی موم بتی ۔

Mould-loft : (n) وہ کمرہ جس کے فرش پر جہاز کا خاکہ بڑے پیمانے پر کھینچا ہو ۔

Mouldable : (a) کسی نمونے پر ڈھالے جانے کے لائق ۔

Moulder : (n) (۱) آٹا گوندھنے والا یا لوئی بنانے والا ۔ (۲) قالب بنانے والا ؛ قالب کار ۔ (۳) اینٹ بنانے والا ۔ (٤) (مجازاً) اثر انداز ہونے والا ۔

Moulder : (v) (۱) خاک ہوجانا ؛ گل کر مٹی ہوجانا ۔ (۲) سڑجانا ؛ گل جانا ۔ (۳) (مجازاً) فنا ہوجانا ؛ برباد ہوجانا ۔

Mouldery : (a) بھر بھرا ؛ چور ہوجانے والا ۔

Mouldiness : (n) فرسودگی ؛ پھپھوندی لگا ہونا ؛ دقیانوسی ہونا ۔

Moulding : (n) (پودوں کی جڑوں میں) مٹی ڈالنا ؛ مٹی بھرنا ۔

Moulding : (n) (۱) سانچے میں ڈھالنا ۔ (۲) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز ۔ (۳) آرائشی حاشیہ جو دیوار کی کارنس یا لکڑی کی چیزوں میں ہوتا ہے ۔

Moulding-board : (n) آٹا گوندھنے کا تختہ ۔

Mouldwarp : (n) چھچھوندر ۔

Mouldy/Moldy : (a) (۱) جس میں پھپھوندی لگی ہو ؛ پھپھوندی لگا ۔ (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ دقیانوسی ۔ (۳) (عام) اکتادینے والا ؛ بار خاطر ۔

Moulin : (n) برف کے پہاڑ میں کھڑی دراڑ ۔

Mouliner : (n) (۱) پہیئے یا دھرے کی چکر کُھنی ۔ (۲) (شمشیر زنی) تلوار کی دائرہ نما کو ندیا تڑپ ۔

Moult / Molt : (n) (پرندوں کا) پر جھاڑ نا ؛ کریز کرنا ؛ (حیوانات قشریہ) انسال ؛ کینچلی ۔

Moult : (v) پر جھاڑنا ؛ کریز کرنا ؛ کینچلی چھوڑنا ۔

Mound : (n) سونے کی گیند جو تاج میں یا نقابتی مار کے میں ہوتی ہے (کرہ ارض کو ظاہر کرتی ہے) ۔

Mound : (n) (۱) (کھیت یا باغ کا احاطہ ؛ باڑ ۔ (۲) ٹیلا ؛ خاک کا تودہ خصوصاً قبر کا ۔ (۳) پہاڑی ۔ (٤) خشک پتوں یا مٹی کا ٹیلا جو کلاں پا (ایک قسم کا پرند) انڈے دینے کے لئے بناتا ہے ۔ (٥) ایک قسم کا پشتہ جو شمالی امریکی بناتے تھے ۔ (٦) ایندھن کا انبار (خام دھات کو پگھلانے کےلئے) ۔ (۷) وہ ٹیلا جو ترک شدہ شہر کے زیر زمین ہوجانے سے بنتا ہے ۔ (۸) (فوج) پشتہ ۔

Mound : (v) ٹیلوں سے گھیرنا ؛ ڈھیر لگانا ۔

Mound-bird : (n) (۱) امریکا کے قبل از تاریخ زمانے کے باشندے جو تودے بناتے تھے ۔ (۲) تودہ گر پرند (جو تودے بناکر انڈے دیتا ہے) ۔

Mound-builder : (n) دیکھو Mound bird

Mound-dweller : (n) قدیم غیر مہذب آدمی جو تودے بناکر رہتا تھا ۔

Mound-dwelling : (n) تودے بنا کر رہنا ۔

Mounseer : (n) دیکھو Monsieur

Mount : (n) (۱) پہاڑ ؛ پہاڑی ؛ کوہ ۔ (۲) (علم فراست الید) ہتھیلی میں ابھار ۔

Mount : (n) (۱) تصویر کا حاشیہ ؛ دفتی جس پر تصویر چپکاتے ہیں ؛ منقش موٹھ ؛ دستہ وغیرہ (دھات کا) ۔ (۲) سواری کا گھوڑا ۔ (۳) سواری خصوصاً گھڑ دوڑ میں ۔ (٤) ریشم ؛ کاغذ وغیرہ جس سے پنکھا بنایا جاتا ہے ۔

Mount : (v) (۱) چڑھنا ۔ (۲) سوار ہونا (گھوڑے وغیرہ پر) ۔ (۳) (خون) چہرے پر جھلکنا ۔ (٤) بڑھنا ؛ شدت بڑھنا ۔ (٥) بلند ہونا ؛ بڑھنا (رتبہ وغیرہ) ؛ ترقی کرنا ۔ (٦) مقدار میں بڑھنا ؛ چڑھنا ۔ (۷) چڑھانا ؛ سوار کرنا ۔ (۸) توپ کو کل پر چڑھانا ؛ (جہاز یا قلعہ وغیرہ میں) توپ لگانا ؛ توپ کی نال اٹھانا ۔ (۹) گھوڑا دینا ؛ گھوڑا بہم پہنچانا ۔ (۱۰) (چرخے وغیرہ کو) چالو کرنا ؛ درست کرنا ۔ (۱۱) تصویر کو دفتی پر چپکانا ۔ (۱۲) کسی چیز کو خرد بین کے شیشے پر رکھنا ۔ (۱۳) (ناٹک) دکھانا ؛ اسٹیج پر لانا ۔ (١٤) (پوشاک کی) نمائش کرنا ۔ (١٥) (شراب کا) نشہ چڑھنا ۔ (١٦) قدیم تر ہونا ۔ (۱۷) قسم کھالینا یا جھوٹی شہادت دینا (اداٸی کے لئے) ۔ (۱۸) (جانوروں کا) جفتی کے لئے (مادہ پر) چڑھنا ۔ (۱۹) حفاظت یا مشاہدہ کے لئے تعینات کرنا ۔

To mount a breach : فوج کے دستے کو رخنے (جو توپ کے گولے سے بن جائے) پر تعینات کرنا ۔ (دفاع کرنے یا حملہ کرنے کے لئے) ۔

Mountable : (a) چڑھے جانے کے لائق ۔

Mountain : (n) (۱) پہاڑ ؛ کوہی: کوہسار؛ جبل ۔ (۲) پہاڑ کا پہاڑ؛ بڑا زبردست انبار ؛ ڈھیر کا ڈھیر ۔ (۳) پہاڑی شراب ؛ پہاڑی انگور کی شراب ۔ (٤) بڑی مقدار ۔ (٥) غیر مہذب خطہ (زمین) ۔ (٦) بڑی رکاوٹ ۔

The mountain : انقلاب فرانس میں انتہا پسند جماعت جس کی نشست پارلیمنٹ میں بہت اونچی تھی ۔

To run mountain high : پہاڑ کی طرح اٹھنا ؛ بہت اونچا اٹھنا ۔

Mountain : (n) (۱) کوہستانی ؛ پہاڑی ؛ کوہی ۔ (۲) پہاڑ جیسا ؛ پہاڑ سے مشابہ ؛ بہت بڑا ؛ عظیم ۔

Mountain artillery / -battery: (n) پہاڑی علاقوں میں استعمال ہونے والی توپ ۔

Mountain ash : (n) دیودار کوہی ؛ سماک کوہی ۔

Mountain cat : (n) تیندوا (شیر) ۔

Mountain chain : (n) سلسلہ کوہ ۔

Mountain cork / -flesh / -leather / -paper / -wood : (n) اسبطوس کی مختلف قسموں کے نام ۔

Mountain cowslip : (n) ایک قسم کا گیاہی پودا جو سوئزر لینڈ کے الپس پہاڑ پر اگتا ھے ۔

Mountain crystal : (n) سنگی بلور ۔

Mountain cure: (n) پہاڑی یا اونچی جگہ پر رکھ کر بیماری (خصوصاً تپ دق) کا علاج ۔

Mountain dew : (n) اسکاچ وھسکی (شراب) ۔

Mountain eagle : (n) ایک قسم کا باز ۔

Mountain ebony : (n) ایک قسم کا آبنوس یا اس کی لکڑی ۔

Mountain fever : (n) تپ کوہی ۔

Mountain flax : (n) پنبۂ کوہی ؛ ریشمی اسبطوس ۔

Mountain flour : (n) (۱) نیا دریائی رسوب ۔ (۲) سفید کلسی بلور ۔

Mountain green : (n) ایک قسم کا سبز رنگ ۔

Mountain gun : (n) پہاڑی علاقوں میں استعمال ہونے والی ہلکی توپ ۔

Mountain hare : (n) پہاڑی خرگوش ۔

Mountain howitzer : (n) پہاڑی علاقوں میں استعمال ہونے والی ہلکی دور انداز توپ ۔

Mountain limestone : (n) کاربن خیز چونے کا پتھر ۔

Mountain lion : (n) شیر کوہ ؛ امریکی تیندوا ۔

Mountain meal : (n) دیکھو Mountain flour

Mountain milk : (n) ملائم اور لیسدار چونے کا کاربونیٹ ۔

Mountain panther : (n) (۱) پہاڑی چیتا ۔ (۲) امریکی تیندوا ۔

Mountain railway : (n) پہاڑیوں پر چلنے والی ریل گاڑی ۔

Mountain range : (n) سلسلۂ کوہ ۔

Mountain rose : (n) جنس خر زہرہ ۔

Mountain sickness: (n) ایک بیماری جو پہاڑکی ہوا سے ہوجاتی ھے ۔

Mountain wine : (n) Molaga کی پہاڑی شراب ؛ پہاڑی انگور کی شراب ۔

Mountaineer : (n) (۱) پہاڑی ؛ پہاڑوں پر رہنے والا ۔ (۲) پہاڑ پر چڑھنا ؛ پہاڑ پر چڑھنے کا ماہر ۔ (۳) انقلاب فرانس میں انتہا پسند جماعت کا رکن ۔

Mountaineer : (v) پہاڑوں پر چڑھنا ۔

Mountaineering : (n) پہاڑوں پر چڑھنا ؛ پہاڑ پر چڑھنے کی مہارت ؛ پہاڑ پر چڑھنے کا فن ۔

Mountainet / -ette : (n) پہاڑی ؛ چھوٹا پہاڑ ۔

Mountainous : (a) (۱) پہاڑی یا کوہستانی ؛ جہاں پہاڑوں کی کثرت ہو ۔ (۲) عظیم الشان ؛ بڑا بھاری ۔

Mountainously : (adv.) پہاڑی کی طرح ؛ عظیم الشان طور سے ۔

Mountainousness : (n) کوہستانی ہونا ؛ عظیم الشان ہونا ۔

Mountainy : (a) پہاڑی ؛ پہاڑ سے متعلق ۔

Mountant : (n) تصویر کو دفتی پر چپکانے کا گوند ۔

Mountebank : (n) (۱) سفری دوا فروش ؛ بازاری دوا فروش ۔ (۲) عطائی ؛ نیم حکیم ۔ (۳) (مجازاً) فریبی ؛ دھوکا باز ۔

Mountebank : (a) سفری دوا فروش جیسا ۔

Mountebank : (v) (۱) نیم حکیمی کرنا ۔ (۲) گستاخی کرنا ؛ شوخ چشمی کرنا ۔

Mountebankery : (n) نیم حکیمی ؛ سفری دوا فروشی ؛ عطائی پن ۔

Mountebankish : (a) عطائی سا ؛ سفری دوا فروش جیسا ۔

Mounted : (n) (۱) اوپر اٹھایا ہوا ؛ چڑھا ہوا ؛ بلند (رتبہ)۔ (۲) سوار (گھوڑے وغیرہ پر) ۔ (۳) کل پر چڑھی ہوئی (توپ)۔ (٤) توپ لگا ہوا (جہاز)۔

Mounter : (n) (۱) چڑھنے والا ۔ (۲) ترتیب دینے والا ؛ درست کرنے والا۔

Mounting : (n) (۱) چڑھنا ؛ سوار ہونا ؛ بلند ہونا ۔ (۲) فریم ؛ سہارا ۔

Mounting block : (n) پتھر کا چبوترہ جس سے گھوڑے پر سوار ہوا جاتا ھے ۔

Mourn : (v) (۱) رنج کرنا ؛ افسوس کرنا ؛ آہ و نالہ کرنا ؛ آہ و بکا کرنا ؛ نوحہ کرنا ؛ ماتم کرنا ۔ (۲) سوگ منانا ۔ (۳) (کسی کو) رونا ؛ ماتم کرنا ۔ (٤) (فاختہ کا) غم انگیز آواز نکالنا ۔ (٥) کراہ کر کہنا ۔

Mourner : (n) (۱) سوگوار ؛ نوحہ گر ؛ ماتم کرنے والا ؛ ماتمی۔ (۲) شریک جنازہ۔ (۳) وہ شخص جو کرائے پر جنازے میں شرکت کرے ؛ کرائے کا ماتمی۔

Chief mourner : متوفی کا سب سے قریبی رشتہ دار جو جنازے میں شریک ہو۔

Mournful : (a) غمگین ؛ غمزدہ ؛ حزیں ؛ محزوں ؛ مغموم ؛ غم آگیں ؛ ماتمی ؛ اندوہ گیں ؛ ملول۔(۲) غمناک ؛ پر ملال۔

Mournfully : (adv.) مغمومانہ ؛ غمگین انداز سے ؛ حزن و ملال سے ؛ غمگین طور پر ۔

Mournfulness : (n) غم گینی ؛ غم زدگی ؛ پر ملال ہونا ۔

Mourning : (n) (۱) رنج و غم ؛ ماتم ؛ سوگ ؛ آہ و بکا ؛ آہ ونالہ ؛ گریہ وزاری ؛ آہ و زاری ۔ (۲) ماتم کرنا ۔ (۳) ماتمی لباس ۔ (٤) ماتمی لباس پہننا ۔

Deep mourning : پورا ماتمی لباس۔

In mourning : (۱) سیاہ پوش ؛ ماتمی لباس پہنے ہوئے ؛ (۲) سوگ میں ؛ ماتم۔

To be out of mourning : سوگ ختم کرنا ۔

To go or put into mourning : سوگ منانا ۔

Mourning : (a) ماتمی ؛ مغموم ؛ غمگین ۔

Mourning band : (n) کپڑے کی سیاہ دھجی جو کوٹ کی آستین پر یا ٹوپ کے گرد ماتمی نشان کے طور پر باندھ لی جائے ۔

Mourning border : (n) خط کے کاغذ یا لفاف پر ماتمی سیاہ حاشیہ ۔

Mourning bride : (n) ایک قسم کا کھجلی مار پودا ۔

Mourning coach : (n) گاڑی جو جنازے کے ساتھ ہو ؛ ماتمی سیاہ گاڑی۔

Mourning dove : (n) امریکی قُمری ۔

Mourning-paper : (n) لفافہ یا کاغذ جس کا حاشیہ سیاہ ہوتا ھے ؛ ماتمی کاغذ ۔

Mourning ring : (n) انگوٹھی جو مرنے والے کی یاد گار کے طور پر پہنی جائے ؛ ماتمی انگوٹھی۔

Mourning warbler : (n) امریکا کا ایک گانے والا پرندہ ۔

Mourning widow : (n) یورپی جیرینیم۔

Mourningly : (adv.) ماتم کرتے ہوئے ؛ سوگ مناتے ہوئے ۔

Mournival : (n) (تاش) وہ ہاتھ جس میں چاروں یکے ، بادشاہ ، بیگم یا غلام ہو۔

Mouse : (n) (۱) چوہا ؛ چوہیا ؛ موش ۔ (۲) کوئی حقیر یا بے قدر چیز ۔ (۳) (عام) لڑائی میں زخمی یا چوٹ کھائی ہوئی آنکھ ۔ (٤) بارودی سرنگ یا

توپ داغنے کے لئے ایک قسم کی دیا سلائی یا فتیلا۔ (٥) چوہے سے مشابہ چیز۔ (٦) (عام) ڈرپوک شخص ؛ شرمیلا آدمی۔ (٧) (عام) عورت ؛ معشوقہ۔ (٨) مستول کو سہارا دینے والی رسی میں لگاہوا موٹھہ۔

Drunk as a mouse/Mum, mute, still, quiet-mouse : بالکل خاموش ؛ چپ چاپ۔

Mouse : (v) (١) (بلی یا شکرے کا) چوہے کا شکار کرنا ؛ چوہے پکڑنا۔ (٢) (کسی چیز کی تلاش میں) کونا کونا چھان ڈالنا یا مارنا ؛ بڑی محنت سے تلاش کرنا ؛ (کسی چیز کی تلاش میں) چکر لگانا ؛ منہ لگانا۔ (٣) (بحری) مستول کو سہارا دینے والی رسی میں موٹھہ لگانا۔

To mouse over (a book) : شوق سے مطالعہ کرنا۔

Mouse and man : (n) کل جاندار چیز۔

Mouse- bird : (n) افریقی پرندوں کی ایک نوع۔

Mouse-colour : (n) گہرا بھورا رنگ جس میں خفیف سی زردی ہو۔

Mouse-colour / -ed : (a) گہرے بھورے رنگ کا۔

Mouse-deer / Moose-deer : (n) آہوئے ختا ؛ آہوئے چین۔

Mouse-dun : (a & n) دیکھو Mouse colour/-ed

Mouse-ear : (n) ایک پودا ؛ گل وفا ؛ مرز فگوش۔

Mouse-eared : (a) گل و فا کی پتیوں جیسے پتے والا (پودا)۔

Mouse-hawk : (n) چوہے کھانے والا باز ؛ موش خور باز۔

Mouse-hole : (n) چوہے کابل۔

Mouse-lemur : (n) مڈغا سکر کا چھوٹا بندر۔

Mouse-mark : (n) پیدائشی نشان جو چوہے سے مشابہ ہو۔

Mouser : (n) چوہے کا شکار کرنے والا (خصوصاً بلی ، اُلو وغیرہ)۔

Mousetail : (n) ایک پودا جس کے بیج دان کی شکل چوہے سے مشابہ ہوتی ہے۔

Mousetrap : (n) چوہے دان۔

Mousetrap-cheese : (n) پنیر کا ٹکڑا جو چوہا پھنسانے کے لئے چوہے دان میں رکھا جاتا ہے۔

Mousetrap-switch : (n) ایک قسم کا خود کار بجلی کا کھٹکا۔

Mousing : (n) (١) چوہے کا شکار کرنا ؛ بڑی محنت سے تلاش کرنا۔ (٢) (بحری) کسی ہُک کے گرد رسے لپیٹنا ؛ اس طرح لپٹے ہوئے رسے۔ (٣) رسے کے سر پر موٹھہ لگانا یا بنانا۔

Mousing : (a) (١) چوہے پکڑنے والا۔ (٢) (مجازاً) ٹوہ لگانے والا ؛ راز جو ؛ جستجو کرنے والا ؛ حریص۔

Mousle / Mouzle : (n) بری طرح پیش آنا۔

Mousquetaire : (n) (١) دستی بندوق سے لیس پیدل سپاہی۔ (٢) بعض زنانہ لباس کی وضع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (٣) (سترھویں صدی اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں) شاہ فرانس کے گھریلو فوج کا گھڑ سوار۔

Mousse : (n) ایک قسم کی مٹھائی جو کریم سے بنتی ہے۔

Mousseline : (n) فرانسیسی ململ۔

Mousseline de laine : (n) اونی ، سوتی ململ۔

Mousseline de soie : (n) ریشمی ململ ؛ ایک ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ ململ کی طرح ہوتی ہے۔

Moustache : (n) (١) مونچھ ؛ بروت۔ (٢) جانوروں کی مونچھ۔

Old moustache : پرانا سپاہی۔

Moustache-cup : (a) مونچھ روک پیالہ ؛ لب دار پیالہ جو مونچھوں کو بھیگنے سے روکتا ہے۔

Moustache monkey : (n) مغربی افریقہ کا بندر ۔

Moustached : (a) مونچھ والا ۔

Mousterian : (a) عہد حجری کا ؛ اس زمانے کا جب پتھر کے ظروف کا استعمال ہونے لگا تھا ۔

Mousy / Mousie : (n) Mouse کا ظریفانہ مخفف ۔

Mousy : (a) (۱) چوہے کا سا (رنگ وغیرہ) ۔ (۲) چوہوں بھرا (گھر) ۔ (۳) بالکل خاموش ۔

Mouth : (n) (۱) منہ ؛ دہن ؛ دہان ۔ (۲) (عام) زبان درازی ؛ گستاخی ؛ ڈھٹائی ۔ (۳) منہ بنانے کی ادا ۔ (٤)(تھیلے ، غار ، بھٹی وغیرہ کا) منہ ۔ (٥) دریا کا دہانہ ؛ موہانہ ۔ (٦) آواز ۔ (٧) کھانے کا دہانہ ؛ کھانے والا ۔ (٨) (گھوڑے کی) لگام کے اشارے پر چلنے کی آمادگی ؛ لگام کے اشارے پر چلنے والا گھوڑا ۔ (١٠) کھلی ہوئی قینچی وغیرہ کے درمیان کا دوشاخہ ۔

By word of mouth : زبانی ۔

Down in the mouth : جس کی کلغی گری ہوئی ہو ؛ اداس ؛ پست ۔

It makes (one 's) mouth water : منہ میں پانی لے آنا ۔

The mouth water (after, at) : (کھانا وغیرہ دیکھ کر) منہ میں پانی بھر آتا ہے ۔

To close, shut one 's mouth : چپ رہنا ۔

(To condemn a person) out of his own mouth : (کسی کو) اسی کی باتوں سے قائل کرنا ؛ مورد الزام ٹھہرانا ۔

To give mouth : (کتے کا) بھونکنا ۔

To laugh (on) the wrong side of one 's mouth : ہائے وائے کرنا ؛ آہ و زاری کرنا ۔

To make a poor mouth : اپنی غربت جتانا ۔

To make a (wry, ugly, hard) mouth or mouths : منہ بنانا ۔

To open one 's mouth : بولنا ؛ منہ کھولنا ۔

To open one 's mouth wide : زیادہ قیمت طلب کرنا یا مانگنا ۔

To put speech into a person 's mouth : (کسی سے) کہنا کہ فلاں نے یہ باتیں کہی ہیں ؛ الفاظ یا قول کسی کی طرف منسوب کرنا ؛ کسی کی زبان سے کہلانا ۔

To put words into another mouth : کسی کی زبان سے کہلانا ۔

To stop a person 's mouth : بولنے نہ دینا ۔

To take the words out of another 's mouth : منہ کی بات چھین لینا ۔

Useless mouth : بیٹھے بیٹھے کھانے والا ؛ مفت خورا ۔

Mouth : (v) (۱) ایک ایک لفظ الگ الگ کہنا ؛ صاف صاف ادا کرنا ؛ بھرے منہ سے کہنا ؛ ٹھسے سے کہنا ؛ چبا چبا کر باتیں کرنا ۔ (۲) منہ میں لینا ؛ منہ ڈالنا ؛ منہ لگانا ۔ (۳) گھوڑے کو لگام کا عادی کرنا ۔ (٤) منہ بنانا ۔ (٥) (دریا کا) (سمندر وغیرہ میں) گرنا ۔ (٦) بولنا ؛ منہ سے ادا کرنا ۔ (٧) خطیبانہ تقریر کرنا ۔ (٨) کہنا ؛ ظاہر کرنا ؛ افشا کرنا ۔

Mouth-filling : (a) موٹا سا (لفظ) ؛ لفاظی کی (تقریر) ۔

Mouth-footed : (a) (حیوانیات) دہن پا ۔

Mouth-glue : (n) (کسی چیز میں) لگا گوند جو زبان سے ترکرکے چپکایا جائے ۔

Mouth-organ : (n) (۱) منہ سے بجانے کا باجا ؛ ساز دہنی ۔ (۲) (حیوانیات) منہ ؛ زائد جو منہ کا کام دیتا ہے ۔

Mouth-piece : (n) (۱) دہانہ ۔ (۲) باجے کا وہ حصہ جو منہ میں لیا جاتا ہے ؛ لگام کا دہانہ ۔ (۳) دوسروں کی طرف سے بولنے والا ؛ نمائندہ ۔ (٤) مہنال (پائپ کا) ۔ (٥) (عام) فوجداری مقدموں کا ماہر وکیل ؛ مجرموں کا وکیل ۔ (٦) (مکہ بازی میں) منہ کی حفاظت کرانے والی چیز ۔

Mouth-pipe : (n) ارغنوں باجے کا پائپ جس کا منہ لبوترا ہوتا ہے ۔

Mouth-wash : (n) دافع (مرض) شویہ (لوشن) ۔

Mouthed : (a) منہ والا ۔

Mouther : (n) خطیبانہ تقریر کرنے والا ' جوشیلی تقریر کرنے والا ۔

Mouthful : (n) (۱) منہ بھر ؛ بھرمنہ ۔ (۲) لمبا نام ۔ (۳) (عام) پر معنی تبصرہ یا رائے ۔

Mouthless : (a) بے منہ کا ؛ بے دہانے کا ۔

Mouthy : (a) (۱) بد زبان ؛ یا وہ گو ؛ تقریریا ۔ (۲) لفاظ ۔

Mouton : (a) (۱) (چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی کا) فرانسیسی طلائی سکہ ۔ (۲) جاسوس جو کسی ملزم کے ساتھ اس کے خلاف شہادت حاصل کرنے کے لئے لگا رہتا ہے ۔ (۳) بھیڑ کا چمڑا جسے کما کر اور رنگ کرسگ آبی یا سگ ماہی کی کھال جیسا بنادیا جاتا ہے ۔

Moutonnee : (a) (ارضیات) بھیڑ کی پشت جیسی گول (چٹان) ۔

Movability : (n) انتقال پذیری ؛ حرکت پذیری ؛ منقولہ ہونا ۔

Movable / Moveable : (a) (۱) متحرک ؛ حرکت پذیر ۔ (۲) (جائداد) منقولہ (۳) تغیر پذیر ۔ (٤) (قواعد) ملفوظ ؛ تلفظ کیا گیا ۔

Movable / Moveable : (n) (۱) منقولہ یا انتقال پذیر فرنیچر ۔ (۲) (جمع) جائداد منقولہ ؛ مال منقولہ ۔

Movable feast : (n) (۱) وہ تہوار جس کی تاریخ آگے پیچھے رہے ؛ غیر معین تاریخ کا تہوار ۔ (۲) (مزاحاً) کھانا جس کا کوئی مقررہ وقت نہ ہو ۔

Movableness : (n) دیکھو Movability

Movably : (adv.) متحرک طور پر ؛ حرکت پذیر طور پر ۔

Move : (n) (۱) (شطرنج وغیرہ کی) چال (جو چلی جائے) ؛ چلنے کی باری ؛ چال ۔ (۲) عملی قدم ؛ اقدام ۔ (۳) حرکت ؛ مستقل مقام سے منتقل ہونے کا عمل ۔ (٤) گھر بدلنا ۔

A (good or bod) move : اچھا یا برا اقدام ۔

On the move : متحرک ؛ رواں ۔

The move : (کھیل میں) چال چلنے کا حق ۔

To be up to every move on the board : چلتا پرزہ ہونا ؛ کائیاں ہونا ؛ شاطر ہونا ۔

To get a move on : جلدی کرنا ؛ پھرتی سے کام لینا ۔

Move : (v) (۱) متحرک کرنا ؛ حرکت دینا ؛ ہٹنا ۔ (۲) (شطرنج وغیرہ میں) مہرہ چلنا ۔ (۳) چلانا ؛ ہلانا ؛ جنبش دینا ۔ (٤) (پہلو) بدلنا ؛ (ہاتھ وغیرہ کو) جنبش دینا ۔ (٥) اجابت لانا ؛ قبض دور کرنا ۔ (٦) ترغیب دینا (کسی فعل کی مثلاً ہنسانا وغیرہ) ۔ (۷) دل پر اثر کرنا ؛ ہمدردی وغیرہ کا جذبہ پیدا کرنا ۔ (۸) آمادہ کرنا ؛ متوجہ کرنا (کسی بات یا کام کی طرف) ۔ (۹) (جلسے وغیرہ میں) تجویز پیش کرنا ۔ (۱۰) (عدالت سے) درخواست کرنا یا ضابطہ پیش کرنا ۔ (۱۱) سرکنا؛ چلنا ؛ ہٹنا ؛ حرکت کرنا ؛ ہلنا ۔ (۱۲) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ۔ (۱۳) (شطرنج میں) چال چلنا ۔ (١٤) نقل مکان کرنا؛ ایک مکان سے اٹھ کر دوسرے میں جانا ؛ مکان بدلنا ۔ (۱٥) (انسان کا) پہلو بدلنا ؛ ہلنا جلنا ؛ (ہاتھ پیر کا) جنبش کرنا ۔ (۱٦) اجابت ہونا ۔ (۱۷) کاروائی کرنا (کسی معاملے میں) ۔ (۱۸) میل جول ہونا یا رہنا سہنا (کسی خاص طبقے میں) ۔ (۱۹) برانگیختہ کرنا ؛ ابھارنا (جذبات کو) ۔ (۲۰) (چیزوں کا) بیچا جانا ؛ فروخت ہونا ۔ (۲۱) سر سے ٹوپی اٹھاکر کورنش (آداب) بجالانا ۔

Move about : (v) مکان باربار بدلنا ۔

Move in : (v) کسی نئے مکان میں آکر رہنا ۔

Move on : (v) (١) چلو ! آگے بڑھ (پولیس والے کا حکم) ۔ (٢) (پولیس والے کا) لوگوں کو ہٹادینا ؛ ایک جگہ کھڑا نہ رہنے دینا ۔

Moveless : (a) بے حرکت ؛ غیر متحرک ؛ غیر منقولہ ؛ بے حس وحرکت ؛ بے جنبش ؛ ساکن ۔

Movelessly : (n) غیر متحرک طور پر ۔

Movelessness : (n) غیر متحرک ہونا ؛ ساکن ہونا ۔

Movement : (n) (١) حرکت؛ نقل و حرکت؛ جنبش ۔(٢) فوجی نقل و حرکت ؛ فوج کی ترتیب میں تغیرو تبدل ۔ (٣) مشین کے متحرک پرزے ؛ مشین کا کوئی پرزہ یا پرزوں کامجموعہ (کسی خاص غرض کے لئے) ۔ (٤) ذہنی تحریک یا حرکت ۔ (٥) نظم یا قصےکی تدریجی تکمیل یا ارتقا ۔ (٦) (موسیقی) گیت یا نغمےکی حرکت بہ لحاظ وقت اور سُریلے پن کے؛ گیت ۔ (٧) تحریر نغمہ (Musical Composition) کا ایک حصہ جو اپنی جدا ساخت اور سریلا پن رکھتا ہے ۔ (٨) تحریک (جیسے قومی تحریک) ؛ جوبز ۔ (٩) (بازار میں مال کی) تگرم بازاری ۔ (١٠) (فوج) کوچ ؛ روانگی ۔(١١) (فنون لطیفہ) (نقاشی میں) یہ دکھانا کہ تصویریں متحرک ہیں ۔ (١٢) (تعمیرات) آرائشی خطوں وغیرہ میں ہم آہنگ تنوع ۔ (١٣) مخصوص رجحان ؛ خاص جذبہ ۔ (١٤) اجابت ؛ پاخانہ ؛ پاخانہ کرنا ۔

In the movement : بہاؤ کے رخ ۔

Movement cure : (n) علاج بالحرکت ۔

Mover : (n) (١) حرکت دینے والا خصوصاً خدا ۔ (٢) حرکت دینے والی مشین ؛ محرک پرزہ ۔ (٣) تجویز پیش کرنے والا ؛ مجوز ؛ محرک ۔ (٤) حرکت کرنے والا ؛ متحرک ۔ (٥) (شطرنج) ایسے نقشہ، معمہ سے متعلق جس سے یہ ظاہر ہوکہ بادشاہ کتنی چالوں میں مات ہوجائے گا ۔

First mover : (فلک) فلک الا فلاک ؛ فلک اعظم ۔

First mover/Prime mover : (١) مبداء حرکت ؛ محرک اصلی ۔ (٢) کسی مفید کام کا بانی یا موجد ۔

Movie : (n) سنیما ؛ بائسکوپ ۔

Moving : (a) (١) محرک ؛ حرکت دینے والا ۔ (٢) موجد ؛ بانی ؛ پیدا کرنے والا ۔ (٣) مؤثر ؛ پُراثر ؛ رقت انگیز ؛ دلگداز ۔

Moving picture : (n) سنیما ؛ بائسکوپ ۔

Moving plant : (n) ایک قسم کا ہندوستانی درخت جس کی پتیاں ہر وقت گھومتی رہتی ہیں ۔

Moving staircase : (n) متحرک زینہ ۔

Moving stairway : (n) دیکھو Moving staircase

Movingly : (adv.) مؤثر طریقے سے ؛ پر اثر طور پر ۔

Movingness : (n) محرک ہونا ؛ موجد ہونا ؛ مؤثر بنانا ۔

Mow : (n) (١) خرمن ؛ گھاس ، غلے وغیرہ کا ڈھیر (مدور یا مستطیل) ۔ (٢) خرمن کا وہ حصہ جہاں غلے وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔

Mow : (n) منہ بنانا ؛ مضحک شکل بنانا ۔

Mow : (v) (١) (درانتی یا مشین سے) گھاس کاٹنا ؛ کھیت کاٹنا ؛ کٹائی کرنا ۔ (٢) فصل کاٹنا ۔ (٣) قلع قمع کرنا ؛ مولی ، گاجر کی طرح کاٹنا ۔

Mow : (v) (اناج وغیرہ) خرمن رکھنا ۔

Mow : (v) منہ بنانا ۔

Mowburn : (v) (اناج گھاس وغیرہ کا) تپش کی شدت سے جل جانا ؛ گل سڑجانا ۔

Mowburnt : (a) گلا سڑا (اناج) کھلیان کا جلاھوا (غلہ وغیرہ جو کھلیان میں تپش کی شدت سے جل جائے) ۔

Mower : (n) (۱) گھاس کاٹنے والا - (۲) حاصب ؛ گھاس کٹ ؛ گیاہ تراش -

Mowing : (n) (۱) گھاس وغیرہ کاٹنا - (۲) گھاس جو ایك دفعہ میں کاٹی جائے - (۳) (امریکا) وہ قطعہ اراضی جس میں چارے کے لئے گھاس بوئی جائے -

Mowing grass : (n) گھاس جو کاٹی جانے کےلئے محفوظ رکھی جائے -

Mown : (a) (درانتی یا مشین سے) کاٹی ہوئی (چیز) -

Mows : (n) خندہ انگیز چیز ؛ مضحك چیز -

Moxa : (n) (۱) موکسا ؛ ایك درخت کی سوکھی پتیوں کا رواں جس سے جلد میں سوزش پیدا ہوجاتی ہے (گٹھیا کے لئے مفید ہے) - (۲) موکسا کی قسم کی کوئی چیز جو جلد میں سوزش پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جائے -

Moya : (n) وہ کیچڑ جو کوہِ آتش فشاں سے نکلتی ہے ؛ آتش فشاں کی کیچڑ -

Moyen : (n) (اسکاچستان) وسیلہ ؛ ذریعہ -

Mozarab / Mozarabe / Muzarab : (n) مستعرب ؛ ہسپانیہ کے شاہان مور کی عیسائی رعایا جن کو مذہبی آزادی حاصل تھی -

Mozarabic : (a) مستعرب سے متعلق ؛ مستعربی -

Moze : (v) دیکھو Gig

Mozo : (n) نوکر ؛ گھر کا کام کرنے والا نوکر ؛ گھریلو نوکر -

Mozzetta / Mozetta : (n) ایك قسم کی بے آستین کی قبا جو رومن کیتھولك پوپ پہنتے ہیں -

Mr. : (۱) دیکھو Mister - (۲) Master کا مخفف -

Mrs. : بیگم ؛ ان شریف خواتین کا لقب جن کے شوہر خطاب یافتہ نہ ہوں (شوہر کے خاندانی نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ Mister کا مخفف -

Mrs grundy : (n) پابندیٔ وضع ؛ پابندیٔ رسوم -

Ms. : (n) دیکھو Manuscript

Mss. : (n) دیکھو Manuscripts

Mu-meson : (n) میون (Meson) جس کی خصوصیت برقیہ کی سی ہوتی ہے مگر اس کی کمیت 207 گنا زیادہ ہوتی ہے -

Mucate : (n) (کیمیا) مختلف قسم کے گوند پر شورے کے تیزاب کے عمل سے پیدا ہونے والے ترشے کا نمك -

Mucedin : (n) (کیمیا) ایك قسم کا نائٹروجنی مادہ جوگلوٹین (Gluten) میں پایا جاتا ہے -

Mucedinous : (a) پھپھوندی نما ؛ پھونی زدہ -

Much : (a) بہت ؛ بہت سا ؛ بہت زیادہ ؛ بسیار ؛ کثیر -

Much good may it do you : اس سے آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا ؛ بیکار ہے -

Too much : ناقابل برداشت -

Much : (n) بڑی مقدار یا تعداد -

By much : بڑی مقدار میں یا تعداد سے -

(Not)to be much : اہم نہ ہونا -

Not to be much to look at : بد شکل ہونا -

To make much of : دیکھو Make

To think much of : قدر کرنا -

Much : (adv.) (۱) بہت ؛ شدت سے - (۲) تقریباً ؛ قریب قریب -

Much of an age : ہم عمر؛ قریب قریب ایك ہی عمر کے -

Much of a piece : یکساں ؛ ایك طرح کا -

Much of a size : قریب قریب برابر ؛ تقریباً ایک ہی قد و قامت کے ۔

Much : (v) (۱) محبت کرنا ؛ دلار کرنا ؛ پیار کرنا ۔ (۲) ناز برداری کرنا (خصوصاً بیماروں کی) ۔

Much as : (conj.) تاہم ۔

Muchacha : (n) (۱) جوان عورت ؛ لڑکی ۔ (۲) دائی ؛ نوکرانی ؛ ملازمہ ۔

Muchacho : (n) (۱) جوان مرد ؛ لڑکا ۔ (۲) نوکر ؛ ملازم ۔

Muchly : (adv.) (مزاحاً) کثرت سے ؛ بہت زیادہ ۔

Muchness : (n) (۱) کثرت ؛ زیادتی ؛ افراط ؛ فراوانی ؛ بہتات ۔ (۲) بڑائی ۔

Much of a muchness : قریب قریب یکساں ۔

Muci parous : (a) مخاط پیدا کرنے والا ۔

Mucic acid : (n) وہ ترشہ جو مختلف قسم کی گوندوں پر رقیق شورے کے تیزاب کے عمل سے پیدا ہوتا ہے ۔

Muciferous : (a) مخاط زا ؛ لعاب خارج کرنے والا ۔

Mucific : (a) مخاط زا ؛ لعاب پیدا کرنے والا ۔

Muciform : (a) مخاط سے مشابہ ؛ مانند لعاب ۔

Mucigen : (n) آسانی سے مخاطین میں تبدیل ہوجانے والے مادے ۔

Mucigenous : (a) (۱) مخاط زا ۔ (۲) بہ آسانی مخاطین میں تبدیل ہوجانے والے مادوں جیسے ۔

Mucilage : (n) (۱) (درختوں کا) لعاب ؛ چیپ ؛ لس ۔ (۲) گوند ؛ صمغ ۔ (۳) لعاب جسم ؛ لیز ؛ آنو ؛ چپچپا مادہ جو انسان کے جسم سے نکلتا ہے ۔

Mucilage : (v) گوند لگاکر چپکا دینا ۔

Mucilaginous : (a) (۱) صمغی ؛ لعاب دار ؛ چیپ دار ؛ لس دار ؛ چپچپا ؛ لزج ۔ (۲) آنوزا ۔

Mucilaginous glands : (n) آنوزا غدود ؛ غشاء زلالی کی تہیں ۔

Mucilaginously : (adv.) لعاب دار طور پر ۔

Mucin / Mucine : (n) مخاطین ؛ موسین ۔

Mucinogen : (a) دیکھو Mucigen

Mucinous : (a) مخاطین سے متعلق ؛ مخاط نما ۔

Muck : (n) (۱) کھات ؛ کھاد ۔ (۲) کیچڑ ؛ نجاست ۔ (۳) مکروہ یا ناپاک چیز ۔ (٤) میلاپن ؛ گندگی ۔ (٥) کھدائی یا کان کنی کے عمل میں نکلی ہوئی چیزیں ۔(٦) خام دھاتوں یا چٹانوں کا انبار ۔

Muck : (n) دیکھو Amuck

Muck : (v) (۱) (کھاد وغیرہ سے) صاف کرنا ۔ (۲) گندہ کرنا ؛ غلیظ کرنا ؛ میلا کرنا ۔ (۳) (عام) (کام کو) بگاڑنا ؛ پٹ کر دینا ۔ (٤) (عام) منہ اٹھائے پھرنا ؛ ادھر اُدھر مارا مارا پھرنا ۔ (٥) کھاد ڈالنا ۔ (٦) الجھا دینا ؛ پھنسا دینا ۔ (٧) ڈھکیلنا ؛ ہٹانا ۔ (٨) محنت سے کام کرنا ۔

To muck about : ادھر ادھر مارا مارا پھرنا ۔

Muck-a-muck : (n) کھانا ؛ غذا ۔

Muck-a-muck : (v) کھانا ؛ تناول فرمانا ۔

Muck-bar : (n) لوہے کا چھڑ ۔ خام لوچ دار یا نرم لوہا ۔

Muck-rake : (n) (۱) کیچڑ جمع کرنے کا پیپا ۔(۲) (مجازاً) گندی جگہ ۔

Muck-rake : (v) (۱) کیچڑ جمع کرنا ۔ (۲) (کسی تہمت یا جرم کی) تفتیش کرنا ۔

Muck-wet : (a) (کیچڑ کی طرح) بھیگا ہوا ۔

Muckamuck : (n) بڑا آدمی۔

Mucker : (n) (۱) پٹخنی ۔ (۲) (مجازاً) افتاد ؛ مصیبت ۔

To come a mucker : افتاد پڑنا ؛ پٹخنی کھانا ۔

To go mucker : فضول خرچی کرنا ؛ روپیہ برباد کرنا ۔

Mucker : (n) (۱) مکار ؛ فریبی ۔ (۲) موٹا بھدا آدمی ۔

Mucker : (v) (۱) افتاد پڑنا ؛ پٹخنی کھانا ۔ (۲) موقع ضائع کرنا ۔

Muckiness : (n) میلا کُچیلا ہونا ؛ غلاظت ۔

Muckraker : (n) جرم کو عیاں کرنے والا ؛ تہمت کی تفتیش کرنے والا ۔

Muckry : (a) گندہ ؛ غلیظ ؛ میلا کچیلا ۔

Muckworm : (m) (۱) گبریلا ؛ گوبر کا کیڑا ۔ (۲) (مجازاً) کنجوس ؛ مکھی چوس ۔ (۳) آوارہ ؛ لاوارث چھوکرا ۔

Mucky : (a) (۱) میلا کچیلا ؛ غلیظ ؛ گندا ۔ (۲) کیچڑ میں لت پت ؛ کیچڑ کی طرح کا ۔

Muco - : (prefix) سابقہ بمعنی " مخاطی " ۔

Muco-purulent : (a) مخاطی ؛ ریمی ۔

Mucocele : (n) (مرضیات) مخاطی قیلیہ ؛ فق مخاطی ۔

Mucoid : (a) مخاط نما ۔

Mucoid degeneration : (n) خلیوں کی مخاطین میں تبدیلی ۔

Mucopus : (n) پیپ ملا ہوا مخاط ؛ ریمی مخاط ۔

Mucor : (n) جنس کپک ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Mucorrhea : (n) ریزش مخاط ۔

Mucosa : (n) (۱) غشائے مخاطی ۔ (۲) آنو کی جھلی ۔

Mucosanguineous : (a) مخاطی دموی ؛ جس میں آنو اور خون دونوں ہوں ۔

Mucose : (a) لسدار ۔

Mucosity : (n) مخاطیت ؛ لعابدار ہونا ؛ لزوجیت ؛ چپچپاپن ۔

Mucoso - : (prefix) سابقہ بمعنی " مخاطی " ۔

Mucoso-calcareous : (n) مخاطی کلسی ؛ جس میں چونا اور مخاط دونوں ہوں ۔

Mucous : (a) (۱) لعابدار ؛ لسدار ؛ لزج ؛ چیپ دار ؛ آنو بھرا ؛ چپچپا ۔ (۲) مخاطی لعابی ؛ لزج ۔ (۳) (نباتیات) صمغی ؛ لسدار ۔

Mucous membrane : (n) دیکھو Mucosa

Mucous tissue : (n) مخاطی نسیج ۔

Mucro : (n) (نباتیات و حیوانیات) نکیلا حصہ ؛ نکیلا عضو ؛ نوک ۔

Mucronate /Mucronated : (a) نوکدار ؛ نکیلا ۔

Mucronately : (adv.) نوکدار ہوکر ؛ نکیلا بن کر ۔

Mucronulate : (a) سوئی نما ؛ باریک نوک ۔

Mucronulated : (a) دیکھو Mucronulate

Mucronulatous : (a) باریک نوک والا ۔

Muculent : (a) مخاط نما ؛ لعابی ۔

Mucus : (n) (۱) (حیوانیات) لزوجیت ؛ لعاب ؛ چیپ ؛ آنو ؛ بلغم ؛ چپچپا مادہ جو انسان کے جسم سے نکلتا ہے ۔(۲) ایک چیپ دار مادہ جو سبھی درختوں میں پایا جاتا ہے ۔

Mud : (n) (۱) گیلی مٹی ؛ کیچڑ ؛ کیچ ۔ (۲) نکمی چیز ؛ گندی بات ؛ گندگی ؛ کیچڑ ۔

As clear mud : ناصاف ؛ جو سمجھ میں نہ آئے ۔

To fling or throw mud : کیچڑ اچھالنا ؛ بدنام کرنا ۔

To stick in the mud : پھنس کے رہ جانا؛ کام رک جانا ۔

Mud : (n) ایک ولندیزی پیمانہ ۔

Mud-bass : (n) ایک چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Mud-bath : (n) معدنی چشموں کی کیچڑ میں غسل (وجع مفاصل کا علاج) ۔

Mud-boat : (n) (۱) دریا سے نکالی ہوئی کیچڑ کو ڈھونے والی کشتی ۔ (۲) سمندری پرندوں کے شکار میں کام آنے والی کشتی ۔

Mud-cat / Mud-catfish : (n) بعض قسم کی مچھلیوں کا نام ۔

Mud crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا ۔

Mud-dab : (n) ایک قسم کی چھوٹی چپٹی مچھلی ۔

Mud-dauber : (n) بھڑ کی ایک قسم جو کیچڑ سے گھر بناتا ہے ۔

Mud-devil : (n) (امریکی) سمندر آبی ۔

Mud-eel : (n) ماہی غوک ؛ سیرین ۔

Mud-fish : (n) کیچڑ میں رہنے والی مچھلی ؛ گلِ ماہی ۔

Mud-flat : (n) وہ دلدلی خطہ جو کامل جزر کے وقت نظر آتا ہے ۔

Mud-hen : (n) دلدل وغیرہ میں رہنے والی مرغی ۔

Mud-iguana : (n) دیکھو Mud-eel

Mud-lava : (n) گلی لاوا ؛ کوہ آتش فشاں کی کیچڑ ۔

Mud-minnow : (n) مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Mud-pie : (n) گیلی مٹی کا سموسہ جو لڑکے کھیل میں بناتے ہیں ۔

Mud-puppy : (n) سمندر کی بعض جنس ۔

Mud-quake : (n) (مزاحاً) ولندیز کا زلزلہ ۔

Mud-scow : (n) چپٹی کشتی جس سے کیچڑ ڈھوتے ہیں ۔

Mud-sill : (n) (۱) سب سے نیچی دہلیز ۔ (۲) سب سے نچلے طبقے کا آدمی ۔

Mud-ston : (n) گل سنگ ؛ گلی چٹان ۔

Mud-terrapin /- tortoise /-turtle : (n) کیچڑ میں رہنے والا کچھوا ۔

Mud-volcano : (n) وہ آتش فشاں جس میں کیچڑ نکلتی ہو ؛ گلی برکان ۔

Mud-worm : (n) (۱) کیچڑ میں رہنے والا کیڑا ۔ (۲) (تحقیراً) حقیر آدمی ۔

Mudar/Madar : (n) مدار کا درخت ؛ ایک جھاڑی جو جزائر شرق الہند میں ہوتی ہے ۔

Mudarine : (n) ایک تلخ مادہ جو مدار کے درخت کی جڑ کی چھال سے نکلتا ہے ۔

Muddily : (adv.) گدلے پن سے ؛ بھاری آواز سے ؛ دھندلے پن سے ؛ مبہم یا غیر واضح طور پر ۔

Muddiness : (n) گدلاپن ؛ دھندلاپن ؛ بھاری پن (آوازکا) ؛ غیر واضح ہونا ۔

Muddle : (n) (۱) گڑ بڑ ؛ گلمڈ ؛ ابتری ؛ خرابی ؛ بدنظمی ؛ بدترتیبی ۔(۲) مجموعہ* پریشانی ۔ (۳) دم پخت مچھلی ؛ دم پخت مچھلی کی دعوت ۔

To make a muddle of : (کام کو) خراب کرنا ؛ ابتر کرنا ؛ چوپٹ کردینا ۔

Muddle : (v) (۱) مدھوش کرنا ؛ بدمست کرنا ۔ (۲) گلمڈ کرنا ؛ خلط ملط کرنا ۔ (۳) کام بگاڑ دینا ؛ چوپٹ کردینا ؛ ابتر کردینا ۔ (٤) بے تکے پن سے کام کرنا ۔ (٥) برباد کردینا ؛ ضائع کرنا ؛ فضول خرچی کرنا ۔ (٦) ملانا

(چینی وغیرہ) - (۷) منہ ہی منہ بولنا ؛ بڑ بڑانا -

To muddle about : آوارہ گردی کرنا ؛ بیکار ادھر ادھر پھرنا -

To muddle on : لشتم پشتم کام چلانا -

o muddle through : تیر تکے سے کام چلانا ؛ باوجود غلطی کرنے کے کام نکال لے جانا -

Muddle-brained : (a) بے وقوف ؛ کوڑھ مغز -

Muddle-head : (n) بے وقوف ؛ کوڑھ مغز شخص -

Muddle-headed : (a) دیکھو Muddle brained

Muddle-headedness : (n) بے وقوفی ؛ احمق پن -

Muddled : (a) (۱) مدھوش ؛ مخمور - (۲) مبہم ؛ غیر واضح - (۳) بے ترتیب ؛ گڈ مڈ ؛ خلط ملط -

Muddledness : (n) بے ترتیبی ؛ مبہم -

Muddler : (n) گڈ مڈ کرنے والا ؛ کام بگاڑ نے والا -

Muddy : (a) (۱) گدلا ؛ کیچ بھرا ؛ کیچڑ سے بھرا ہوا - (۲) (روشنی) دھندلی ؛ میلی میلی - (۳) (آواز) بھاری - (٤) جس کے خیالات الجھے ہوئے ہوں ؛ پریشان خیال - (٥) مبہم ؛ غیر واضح - (٦) گلی ؛ کیچ میں پیدا ہونے والا -

Muddy : (v) گدلا کرنا ؛ کیچڑ بھرنا ؛ دھندلا کرنا ؛ (خیالات کو) الجھانا ؛ مبہم بنانا -

Muddy-headed : (a) دیکھو Muddle-headed

Muddy-metted : (a) اداس ؛ پژ مردہ -

Muddy-minded : (a) دیکھو Muddle-headed

Mudguard : (n) کیچ روک ؛ گِل گیر ؛ مڈ گارڈ -

Mudir : (n) مدیر ؛ (ترکی) گاؤں کا مقدم ؛ معزز شخص ؛ (مصر) صوبہ دار -

Mudirate : (n) مدیر کا علاقہ ؛ مدیر کا صدر مقام -

Mudirieh : (n) دیکھو Mudirate

Mudlark : (n) (۱) کیچڑ میں رہنے والا ؛ کیچڑ میں لوٹنے والا ؛ لاوارث چھوکرا - (۲) چنٹول جیسا ایک پرند -

Mudlark : (v) کیچڑ میں کھیلنا ؛ کیچڑ میں تلاش کرنا -

Muezzin : (n) مؤذن ؛ اذان دینے والا -

Muff : (n) (۱) سمور یا اون کا استوانہ نما خول جسے عورتیں ہاتھوں کو گرم رکھنے کے لئے استعمال کرتی ہیں ؛ سموری یا اونی دست پوش ؛ مف - (۲) بعض قسم کے گھریلو مرغوں کے سر کی کلغی - (۳) (شیشہ سازی) پھونکے ہوئے شیشے کا استوانہ جس سے شیشے کی چادریں بنتی ہیں - (٤) کسی چیز کے گرد لگا ہوا چھوٹا اور کھوکھلا استوانہ ؛ دوچیزوں کو جوڑ نے والا چھوٹا کھوکھلا استوانہ -

Muff : (n) (۱) بے وقوف ؛ بھدا (جو ورزشی کھیلوں میں سست ہو) - (۲) چوک (خصوصاً گیند کو پکڑ نے میں) -

Muff : (n) ایک قسم کا خوش الحان پرند -

Muff : (v) (شیشے کو) شکن ڈال کر نیم شفاف بنانا -

Muffetee : (n) اونی دھاگے کے کف جو کلائی میں پہنتے ہیں -

Muffin : (n) (۱) کلچہ - (۲) ایک قسم کی چپٹی چینی کی رکابی -

Muffin bell : (n) گھنٹی جو کلچہ فروش بجاتے ہیں -

Muffin-face : (n) (عام) بے حس چہرہ -

Muffin-man : (n) کلچہ فروش -

Muffineer : (n) وہ شیشی جس سے نمک یا خشک چینی کلچے پر چھڑکتے ہیں -

Muffish : (a) بھدا ؛ بے وقوف ؛ بھدے پن کا ؛ بے وقوفی کا ۔

Muffle : (n) (۱) آواز کو دبانے والی کوئی چیز ۔ (۲) دبی آواز ۔ (۳) وہ ظرف جس میں کوئی چیز رکھ کر بھٹی میں گرم کی جائے ۔ (٤) مکے بازی کا دستانہ ۔ (٥) دیکھو Mitten ۔

Muffle : (n) جگالی کرنے والے یا کترنے والے جانوروں کے بالائی لب اور ناک کا موٹا حصہ ؛ پوز ؛ پوزہ ۔

Muffle : (v) (۱) (کپڑے سے) ڈھانپنا ؛ ڈھکنا ۔ (۲) (کسی کے سر پر) کپڑا لپیٹ دینا یا منڈھ دینا تاکہ آواز دب جائے ؛ کپڑا منڈھ کر آواز کو دبا دینا ۔ (٤) (شیشے کو) شکن ڈال کر نیم شفاف بنانا ۔

Muffler : (n) (۱) گلوپوش ؛ گلو بند ۔ (۲) مکا بازی کا دستانہ ؛ دبیز دستانہ ۔ (۳) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے خصوصاً وہ گدی جو پیانو کے پردے اور تار کے بیچ میں رکھتے ہیں ۔ (٤) چرمی دستانہ (جو دیوانوں کے ہاتھوں پر چڑھا دیتے ہیں تاکہ کپڑے نہ پھاڑ سکے) ۔ (٥) بغیر انگلیوں کا دستانہ ۔

Mufti : (n) مفتی ؛ فتویٰ دینے والا ۔

Mufti : (n) (۱) معمولی کپڑے ؛ سادہ کپڑے (وردی کے مقابلے میں) ۔ (۲) غیر فوجی ؛ سادہ کپڑے پہننے والا ۔

Mug : (n) (۱) مگ ؛ گلاس ؛ آبخورہ ۔ (۲) پانی وغیرہ جو گلاس میں ہو ۔ (۳) ایک مفرح شربت ۔

Mug : (n) (۱) چہرہ ؛ منہ ۔ (۲) آدمی کے چہرے کی تصویر (خصوصاً جو پولیس والے لیتے ہیں) ۔ (۳) مضحک شکل ۔

Mug : (v) (۱) مضحک شکل بنانا ؛ منہ بنانا ۔ (۲) غازہ ملنا ؛ پوڈر ملنا ؛ روپ بھرنا ۔ (۳) تصویر لینا ۔

Mug : (n) (۱) (عام) احمق ؛ بے وقوف ؛ (تاش کے کھیل میں) دھوکا کھانے والا ۔ (۲) ٹھگ ؛ فریبی ۔

A mug 's game : مہمل اور غیر نفع بخش کام ۔

Mug : (v) لوٹنے کی خاطر گلا گھونٹنا ؛ مارنا ۔

Mug : (n) (۱) (عام) امتحان ۔ (۲) بہت پڑھنے والا ؛ رٹو ؛ رٹنے والا ؛ گھوٹنے والا ۔

Mug : (v) (۱) بڑی محنت سے پڑھنا ؛ رٹنا ؛ گھوٹنا ۔ (۲) (کسی مضمون کا) مطالعہ کرنا ؛ تیار کرنا ۔

Mug : (n) پھوار ؛ ترشح ؛ بوندا باندی ۔

Mug : (v) پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا ۔

Mug-house : (n) بوزہ خانہ ؛ وہ جگہ جہاں بوزہ یا ایل (شراب) بکتی ہو ۔

Mug shot : (n) دیکھو Mug

Mugger : (n) (پھیری کرکے) چینی کے ظروف بیچنے والا ۔

Mugger / Muggur / Muggar : (n) مگر ؛ مگر مچھ ۔

Mugger : (n) (لوٹنے کی غرض سے) پیچھے سے حملہ کرنے والا ۔

Mugger : (n) مضحک شکل بنانے والا ۔

Muggily : (adv.) گھٹن کے ساتھ ۔

Mugginess : (n) مرطوب گرمی ؛ گھٹن ؛ حبس ۔

Mugging : (n) (۱) مضحک شکل بنانا ۔ (۲) (لوٹنے کی غرض سے) مارنا پیٹنا ۔

Muggins : (n) (۱) سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ نادان ۔ (۲) بچوں کا تاش کا کھیل ۔ (۳) Dominoes کا ایک کھیل ۔

Muggles : (n) ایک قسم کا سگریٹ جو حشیش کی پتیوں اور پھولوں کو بھر کر بنتا ہے ۔

Muggletonian : (n) مگلٹونی ؛ مگلٹون کا مقلد (Muggleton) (ایک درزی تھا جو مذہبی جنون کے باعث اپنے آپ کو بڑا اور آخری پیغمبر سمجھتا تھا) ۔

Muggletonian : (a) مگلٹونی ؛ مگلٹونی فرقے سے متعلق ۔

Muggy : (a) (۱) مرطوب اور گرم (موسم) ؛ مرطوب اور گرمی کا (دن) ۔ (۲) بند ، حبس جس میں دم گھٹتا ہو ۔

Mugweed : (n) (۱) قرنفل بیابانی ۔ (۲) ایک قسم کا پودا (Cross wort) ۔

Mugwort : (n) قرنفل بیابانی ۔

Mugwump : (n) (۱) بڑا آدمی ۔ (۲) وہ شخص جو سیاسی پارٹیوں سے الگ رہتا ہو ۔ (۳) غیر جانب دار ۔

Mugwump : (v) غیر جانبدار رہنا ۔

Mugwumpery : (n) غیر جانبداری کا نظریہ ۔

Mugwumpish : (a) غیر جانبدار ۔

Mugwumpism : (n) دیکھو Mugwumpery

Muir : دیکھو Moor

Mulatress : (n) مخلوط یورپی اور حبشی نسل کی عورت ۔

Mulatto : (n) مخلوط یورپی اور حبشی کی اولاد ؛ ملاٹو ؛ دوغلا ۔

Mulatto : (a) مخلوط یورپی حبشی نسل کا ؛ گندمی رنگ کا ۔

Mulberry : (n) (۱) توت ؛ شہتوت ۔ (۲) شہتوت کا درخت ۔ (۳) گہرا ارغوانی رنگ ۔

Mulberry : (a) گہرے ارغوانی رنگ کا ۔

Mulberry-bush : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Mulberry germ/-mass : (n) دیکھو Morula

Mulberry rash : (n) ٹائفس بخار میں نکلنے والے ارغوانی رنگ کے سرخ باوے ۔

Mulch : (n) گیلی پیال اور پتوں کا مرکب جو نئے پودوں کی جڑوں کی حفاظت کے لئے پھیلا دیا جاتا ہے ؛ نیم سڑی گھاس ۔

Mulch : (v) نیم سڑی گھاس سے پودوں کی حفاظت کرنا ۔

Mulct : (n) جرمانہ ۔

Mulct : (v) (۱) جرمانہ کرنا ؛ جرمانے کی سزا دینا ۔ (۲) (کسی شخص سے کوئی چیز) چھین لینا ۔

Mule : (n) (۱) خچر ۔ (۲) بے وقوف اور ضدی آدمی ؛ اڑیل ٹٹو ۔ (۳) دوغلا جانور یا پودا ۔ (٤) ایک قسم کی کاتنے کی مشین ۔ (٥) چرخہ ۔ (٦) آدھا تیتر آدھا بٹیر ۔ (۷) ایسا سکہ جس کے دونوں رخ (آگے اور پیچھے) مختلف ہوں ۔ (۸) نہروں میں جہاز کو کھینچنے کا برقی موٹر ۔

Mule : (n) ایک قسم کی زیر پائی (سلیپر) یا جوتا جس میں ایڑی نہیں ہوتی ۔

Mule : (a) دوغلا ۔

Mule : (v) دومختلف قسم کے ٹھپوں سے سکے کا قالب بنانا ۔

Mule armadello : (n) جنوبی امریکا کا زمین کے اندر رہنے والا ایک جانور ۔

Mule-bird/-canary : (n) ایک دوغلا پرند ۔

Mule deer : (n) ایک قسم کا ہرن جس کے کان خچر کے کان سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Mule jenny : (n) ایک قسم کا چرخہ ۔

Mule-teer : (n) خچربان ؛ خچر والا ۔

Mule-twist : (n) چرخے پر بٹا ہوا دھاگا ۔

Mule yarn : (n) دیکھو Mule twist

Muley / Mulley : (n) بے سینگ کی گائے ؛ گائے ۔

Muley / Mulley : (a) بے سینگ والا جانور ۔

Muley axle: (n) موٹر کا دھرا جس کے سر محور پر حلقہ نہیں ہوتا ہے ۔

Muley saw : (n) بغیر چوکھٹے کا ایک قسم کا لمبا آرہ ۔

Mulish : (a) خچر جیسا ؛ بے وقوف اور ضدی ؛ اڑیل ۔

Mulishly : (adv.) احمقانہ ضد سے ؛ اڑیل پن سے ۔

Mulishness : (n) خچر صفتی ؛ بے وقوفی کی ضد ؛ اڑیل پن ۔

Mull : (n) راس ؛ خشکی کا وہ حصہ جو تری میں چلا جائے ۔

Mull : (n) مجیٹھ ؛ ولندیزی میدر ۔

Mull : (n) ناس کی ڈبیا ۔

Mull : (n) باریک سادہ ململ ۔

Mull : (n) (عام) خرابی ؛ ابتری ؛ گڑبڑ ۔

Mull : (v) شراب یا بیئر میں شکر ، گرم مسالا ، انڈے کی زردی ملا کر ایک گرم مشروب بنانا ۔

Mull : (v) (١) اناڑی پن سے چھوڑ دینا (گیند وغیرہ) ؛ کام خراب کردینا ۔ (٢) غور کرنا ؛ سوچنا ؛ فکر کرنا ۔ (٣) پیسنا ؛ ملانا ۔ (٤) چوپٹ کر دینا ؛ ستیا ناس کردینا ؛ مختل کر دینا ۔

Mullah : (n) ملا ؛ عالم ؛ عالم دین فقیہہ ۔

Mullein : (n) ایک بوٹی جس کی پتیاں نرم ، روئیں دار اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں ؛ بوصیر ؛ سفید بھنگ ۔

Mullein foxglove : (n) ایک امریکی بوٹی جس کی پتیاں کھردری اور پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Mullein moth : (n) ایک قسم کا پروانہ جس کا پھل روپ بوصیر کی پتیاں کھاتا ہے ۔

Mullein shark : (n) دیکھو Mullein moth

Mullein tea : (n) بوصیر کی چائے ؛ سفید بھنگ کا خیساندہ ۔

Muller : (n) بٹا ؛ سل کا بٹا ۔

Muller : (v) بٹے سے پیسنا ۔

Muller-stone : (n) بٹا ؛ سل بٹا ۔

Mullerian : (a) ملیری بیض نالی ۔

Mullet : (n) (١) ملیٹ ؛ شاہ ماہی ؛ سمندر کی مچھلی کی ایک جنس ۔ (٢) بعض دوسرے اقسام کی مچھلیاں ۔

Mullet : (n) (نقابت) پانچ نوکوں والا ستارہ ۔

Mulley : دیکھو Muley

Mulligatawny : (n) (١) ہند کا ایک چٹپٹا مسالے دار شوربا (سوپ) ۔ (٢) وہ مسالا جو اس شوربے میں ڈالا جاتا ہے ۔

Mulligatawny paste : (n) وہ مسالا جو اس شوربے میں ڈالا جاتا ہے ۔

Mulligrubs : (n) (١) افسردگی ؛ دل کا بیٹھا جانا ۔ (٢) (مزاحاً) درد شکم ؛ درد معدہ ۔

Mullion / Mull : (n) (تعمیرات) کھڑکی کی عمودی سلاخ ؛ گز ؛ میان پٹی ؛ چار چوب ۔

Mullion window/Mullioned- : (n) سلاخ دار کھڑکی ۔

Mullioned : (a) سلاخ دار ۔

Mullock : (n) (١) فضلہ ؛ کوڑا کرکٹ ۔ (٢) معدن بے زر ؛ کان جس میں سونا نہ ہو ۔ (٣) فضلہ معدن ؛ فضلہ جو سونا نکالنے کے بعد بچ جائے ۔

Mulmull : (n) ململ۔

Multangular / Multiangular : (n) کثیر الزوایہ ؛ جس کے بہت سے زاویئے ہوں۔

Multiangularly : (adv.) کثیر الزوایہ کی شکل میں۔

Multiangularness : (n) کثیر الزاویہ ہونا ۔

Multeity : (n) کثرت اقسام ؛ گونا گونی ؛ بو قلمونی ؛ تنوع ؛ کثیریت ؛ انیت۔

Multi-/Mult - : (prefix) سابقہ بمعنی " بہت سے " " کثیر " " بسیار " ۔

Multi-charge : (a) (بندوق) جس میں بہت سےکارتوس بھرے جاسکیں ۔

Multi-coil : (a) ایک سے زیادہ مرغولوں والا ۔

Multi-colour : (n) (۱) بو قلمونی ؛ رنگا رنگ ہونا ۔ (۲) (جمع) بہت سے رنگ ؛ مختلف رنگ ۔

Multi colour/-coloured : (a) پچرنگی ؛ رنگا رنگ ؛ بو قلموں۔

Multi cylinder : (a) ایک سے زیادہ بیلن رکھنے والا ۔

Multi-farious : (a) (۱) کثیر النوع ؛ مختلف ؛ گونا گوں ؛ بو قلموں ؛ رنگ برنگ ؛ بھانت بھانت کا؛ طرح طرح کا ؛ انواع و اقسام کا ؛ متنوع ۔ (۲) (قانون) بے جا اشتمال۔

Multi-florous : (a) کثیر گل ؛ کثیر گلہ ؛ (وہ ٹہنی) جس میں تین سے زیادہ پھول ہوں۔

Multi-foil : (n) (۱) (کھڑکی کا) کمانچہ جس میں پانچ سے زیادہ خانے ہوں ۔ (۲) کثیر ورق ؛ زیور جس میں پانچ سے زیادہ پتر ہوں (چاندی سونے کے) ۔

Multi-fold : (a) دیکھو Manwifold

Multi-form : (a) کثیر الانواع ؛ متنوع ؛ کثیر الاشکال۔

Multi-form : (n) کثیر الانواع چیز۔

Multi-formity : (n) کثیر الانواعی ؛ تنوع۔

Multi-lateral : (a) بسیار پہلو ؛ کثیر الاضلاع ؛ کثیر الاطراف۔

Multi-lingual : (a) کثیر اللسان ؛ بہت سی زبانوں میں لکھا ہوا ؛ بہت سی زبانیں استعمال کرنے والا ۔

Multi-location : (n) کثیر المقام۔

Multicellular : (a) کثیر الخلایا ۔

Multicyle : (n) (۱) وہ سائیکل جس میں تین سے زیادہ چکے ہو ۔ (۲) دو یا زیادہ سواروں والی سائیکل۔

Multifarious : (n) (کانٹ کے فلسفے میں) بے ترتیب احساسات۔

Multifariously : (adv.) طرح طرح سے ؛ مختلف انداز سے ۔

Multifariousness : (n) (۱) گونا گونی ؛ بو قلمونی ؛ رنگارنگی ؛ تنوع۔ (۲) (قانون) اشتمال بے جا ۔

Multifid : (a) کثیر شگاف ؛ کثیر الحصص ؛ کئی حصوں میں شگافتہ۔

Multifidous : (a) کثیر شگافہ۔

Multifluvian : (a) جس میں بہت سی ندیاں ملتی ہوں۔

Multiformous : (a) دیکھو Multiform

Multiloquence : (n) کثیر الکلامی۔

Multiloquent / Multiloquious / Multiloquos : (a) کثیر الکلام (شخص) ؛ بہت بولنے والا۔

Multiloquy : (n) کثیر الکلامی۔

Multimillionaire : (n) کڑوڑ پتی ؛ ارب پتی۔

Multinomial : (a) (جبرو مقابلہ) کثیر المقادیر؛ کثیر رقمہ ؛ کثیرالارقام۔

Multinomial : (n) کثیر المقادیر رقم ۔

Multinominal : (a) کثیر الاسماء ۔

Multipara : (n) دو یا زیادہ بچہ جننے والی عورت ۔

Multiparient : (a) جھول میں بچے جننے والے جانور ۔

Multiparity : (n) کثیر زائی ؛ جھول میں بچے دینا ۔

Multiparous : (a) (۱) کثیر زا ؛ جھول میں بچے دینے والے جانور ۔ (۲) دو یا زیادہ بچے جننے والی (عورت) ۔ (۳) (نباتیات) کثیر شاخہ ۔

Multipartite : (n) کثیر جزء ؛ کثیر الحصص ؛ جس کے بہت سے حصے ہوں ۔

Multiple : (a) (۱) مرکب ؛ کثیر العناصر ۔ (۲) انواع و اقسام کے ؛ گونا گوں ؛ مختلف ؛ متعدد ۔

Multiple : (n) (۱) (ریاضیات) حاصل ضرب ؛ ضعف ؛ مضرب ۔ (۲) (کانٹ کے فلسفے میں) بے ترتیب احساسات ۔

Least common multiple (l. c. m.) : ذو اضعاف اقل ۔

Multiple arc : (n) مرکب برقی دور ۔

Multiple personality : (n) مضاعف شخصیت ؛ مرکب شخصیت ۔

Multiple proportion : (n) مضاعف تناسب ۔

Multiple ratio : (n) دیکھو Multiple proportion

Multiple shop : (n) ایک ہی طرح کی کئی دکانوں میں سے ایک جو ایک ہی انتظامیہ کے تحت ہوں ۔

Multiple star : (n) ستاروں کا ہجوم یا جھمکا جو ظاہراً ایک ہی سلسلہ معلوم ہوتے ہیں ؛ نجوم متعددہ ۔

Multiple store : (n) دیکھو Multi shop

Multiple-telegraphy : (n) تلغرافی کا ایک نظام جس میں ایک ہی تار کے ذریعے بہ یک وقت کئی پیغامات بھیجے جاسکتے ہیں ۔

Multiplepoinding : (n) (قانون) مقدمہ یا کاروائی جو اس منصرم کی طرف سے کی جائے جس کے ذمہ کوئی رقم یا جائداد ہو جس کے متعدد مدعی ہوں اور جن سے یہ کہا جائے کہ سب ایک ساتھ مل کر اپنے دعووں کا معاملہ عدالت میں طے کرائیں ۔

Multiplex : (a) (۱) مرکب ؛ مختلف العناصر ؛ کثیر العناصر ۔ (۲) (سلسلہ پیام رسانی) ایک ہی تار یا چینل سے متعدد سگنل یا پروگرام کی ترسیل سے متعلق ۔

Multiplex : (n) بے ترتیب احساسات ۔

Multiplex : (v) (سلسلہ پیام رسانی) ایک تار یا چینل سے متعدد سگنل یا پروگرام ترسیل کرنا ۔

Multipliable: (n) ضرب پذیر ؛ افزونی ؛ قابل افزائش ؛ قابل ضرب ۔

Multiplicability : (n) ضرب پذیری ۔

Multiplicable : (a) دیکھو Multipliable

Multiplicand : (n) مضروب ؛ جس کو ضرب دی جائے ۔

Multiplication : (n) (۱) (تعداد) بڑھنا؛ بڑھانا ؛ اضعاف ۔ (۲) ضرب ۔ (۳) (نباتیات) ازدیاد ۔

Multiplication table : (n) پہاڑا ؛ جداول ۔

Multiplicative : (a) اضعافی ؛ ضربی ۔

Multiplicative : (n) اضعافی عدد ۔

Multiplicator : (n) (برق و مقناطیس) افزائندہ ۔

Multiplicity : (n) (۱) کثرت ؛ تنوع ؛ گونا گونی ۔ (۲) بے ترتیب احساسات ۔

The, a, multiplicity of : (کسی چیز کی) بڑی تعداد ؛ تعداد کثیر ۔

The multiplicity : بڑی تعداد ؛ کثرت ۔

Multiplier : (n) (۱) تعداد بڑھانے والا ۔ (۲) مضروب فیہہ ؛ وہ عدد جس سے ضرب دی جائے ۔ (۳) (برق و مقناطیس) ایک آلہ (جس سے قوت یا برقی رو کی شدت بڑھائی جاتی ہے) ؛ افزائندہ ؛ آلہ' شدت افزا ۔ (٤) (ماہی گیری) ایک قسم کی ریل (چرخی) ۔ (٥) ایک قسم کی حسابی مشین ۔

Multiply : (v) (۱) (ریاضیات) ضرب دینا ۔ (۲) کثرت دینا ؛ پیش کرنا (مثالیں وغیرہ) ۔ (۳) (جانوروں کی) افزائش نسل کرنا ۔ (٤) (پودوں کی) پود بڑھانا ۔ (٥) (جانوروں کی) نسل بڑھنا ؛ افزائش نسل ہونا ۔ (٦) بڑھنا ؛ پھیلنا ۔

To multiply evil upon evil : بدی کرتے جانا ۔

To multiply into : ضرب دینا ۔

To multiply the earth : دنیا کی آبادی بڑھانا ۔

To multiply together : ضرب کرنا ۔

To multiply words : طول گو ہونا ؛ باتونی ہونا ۔

Multiply : (adv.) مختلف طریقے سے ۔

Multiplying-glass : (n) ایک قسم کا کھلونا جس میں کسی چیز کی بہت سی تصویریں آتی ہیں ۔

Multipolar : (a) کثیر قطبہ ؛ چند قطبہ ۔

Multipresence : (n) کثیر جائی ہونا ۔

Multipresent : (a) کثیر جائی ۔

Multipurpose : (a) کثیر المقاصد ۔

Multisect : (a) (حشریات) کثیر المصص ۔

Multisect : (v) متعدد حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Multiserial : (a) کثیر سلسلہ ؛ کثیر قطارہ ۔

Multiseriate : (a) دیکھو Multiserial

Multispeed : (a) مختلف رفتاروں والی (موٹر) ۔

Multistory : (a) کثیر منزلہ ۔

Multitude : (n) (۱) کثرت تعداد ۔ (۲) تعداد کثیر ۔ (۳) مجمع ؛ بھیڑ ؛ ازدحام ؛ جم غفیر ؛ جمگھٹ ؛ ہجوم ؛ انبوہ ۔

The multitude : عوام الناس ؛ عوام ۔

Multitudinism : (n) مفاد جمہور کا نظریہ ؛ افادہ' جمہور کا اصول ؛ یہ اصول کہ جمہور کے مفاد افراد کے مفاد پر مرجح ہیں ۔

Multitudinous : (a) (۱) کثیر ؛ بےشمار ۔ (۲) عوام الناس کا ؛ عوامی ۔

Multitudinously : (adv.) بہتات سے ؛ کثرت سے ۔

Multitudinousness : (n) کثرت تعداد ؛ بے شمار ہونا ۔

Multivalence / Multivalency : (n) (کیمیا) کثیر گرفتگی ۔

Multivalent : (a) کثیر گرفتہ ۔

Multivalve : (a) کثیر صمامہ ۔

Multivalve : (n) کثیر صمامہ صدف ۔

Multivalved / Multivalvular : (a) کثیر صمامہ سے متعلق ۔

Multiversity : (n) بڑی یونیورسٹی جس میں بہت شعبے ہوں ۔

Multivious: (a) کثیر راہا ؛ کثیر السمت ۔

Multivocal : (a) کثیر المعنی ؛ جس سے کئی معنی نکلتے ہوں ۔

Multivoltine : (a) (حیوانیات) بہت جھولی والی ؛ سال میں کئی جھول (بچے یا انڈے) دینے والی۔

Multocular : (a) بسیار چشم ؛ کثیر العیون ؛ بہت سی آنکھوں والا۔

Multum : (n) رب السوس اور (Quassia) کا عرق جو شراب بنانے والے لونی کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

Multum inparvo : (n) (۱) کوزے میں دریا۔ (۲) ماقل و دل ؛ مختصر اور جامع۔

Multungulate : (a) کثیر الموافر ؛ بسیار سُمہ ؛ جس کے کئی سُم ہوں (اور سب سے کام لیتا ہو)۔

Multure : (n) پسائی (جو جنس کی صورت میں دی جائے) اناج یا وہ آٹا جو پسائی میں دیا جائے ؛ پسنہاری یا پسنہارے کے حق کا غلہ یا آٹا۔

Multurer : (n) (۱) پسائی دینے والا ؛ (غلہ وغیرہ) پسانے والا۔ (۲) غلہ پیسنے والا ؛ پسائی لینے والا۔

Mum : (n) خاموشی ؛ چپ ؛ سکوت۔

Mum : (int.) چپ ! خاموش ! چپ رہو۔

Mum : (a) چپ ؛ خاموش ؛ ساکت ؛ قفل بدہن۔

Mum : (n) ایک قسم کا بوزہ (بیئر شراب) جو پہلے Brunswick میں بنتا تھا۔

Mum : (v) چپ سوانگ یا سانگ کھیلنا ؛ خاموش نقل میں ایکٹ کرنا۔

Mum : (n) دیکھو Ma ' Am

Mum : (n) دیکھو Chrysanthemum

Mumble : (v) (۱) منہ ہی منہ میں بولنا ؛ بڑ بڑانا۔ (۲) منہ ہی منہ میں کہنا (کوئی بات)۔ (۳) پوپلے منہ سے چبانا یا کھانا ؛ منہ بند کرکے کھانا۔

Mumble : (n) بڑ بڑ ؛ پوپلے منہ کی بات جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آئے۔

Mumbler : (n) منہ ہی منہ میں بات کرنے والا۔

Mumblingly : (adv.) بڑ بڑاتے ہوئے۔

Mumbo jumbo : (n) (۱) ممبو جمبو ؛ افریقیوں کا ایک مضحک شکل کا دیوتا۔ (۲) کوئی چیز جس کی کورانہ پرستش کی جائے ؛ دیوتا۔ (۳) بے معنی گفتگو یا تحریر۔ (٤) پیچیدہ اور بے مقصد حرکات۔

Mumchance : (n) چپ سوانگ یا سانگ کھیلنے والا۔

Mumchance : (a) چپ ؛ خاموش ؛ قفل بدہن۔

Mumchance : (v) (۱) سوانگ یا سانگ بھرنا۔ (۲) (احتیاط یا بے وقوفی کی وجہ سے) خاموش رہنا۔

Mumchance : (adv.) خاموشی سے ؛ چپ چاپ۔

Mummer : (n) (عام) ناٹک والا ؛ ناٹک کا ایکٹر ؛ بہروپیا۔

Mummery : (a) (۱) سوانگ یا سانگ ؛ بہروپئے کا تماشا۔ (۲) مضحکہ خیز رسم ؛ مہمل رسم ؛ مضحکہ خیز مذہبی رسوم۔

Mummification : (n) مومیا ؛ ممی بنانا یا بنایاجانا ؛ تحنیط ؛ حنوط کاری ؛ مومیاؤ۔

Mummiform : (a) ممی کی طرح ؛ ممی سے مشابہ۔

Mummify : (v) (۱) مومیانا ؛ ممی بنانا ؛ مومیا بنانا ؛ لاش کو مسالا لگاکر محفوظ کرنا۔ (۲) (مرضیات) (نسیج وغیرہ کو) سکھانا۔ (۳) جسم کو چادر میں لپیٹنا تاکہ حرکت نہ ہوسکے۔

Mumming : (n) سوانگ میں حصہ لینا۔

Mummy : (n) (۱) ممی ؛ مومیا ؛ لاش جو مسالا لگاکر محفوظ رکھی جائے۔ (۲) سکھائی ہوئی لاش۔ (۳) کچومر۔

(٤) گہرا بادامی رنگ ۔ (٥) (مجازاً) ایك قسم كی قیری دوا ۔ (٦) (صرافه كا عامیانه) مصری تمسكات ۔ (٧) ناتواں شخص ۔ (٨) خشك اور سكڑا ہوا میوه جس میں سماروغ لگ گیا ہو ۔ (٩) دقیانوسی چیز ؛ ازكار رفته ۔

To beat (thing) to a mummy : پیٹ كر كچومر بنادینا؛ نكال دینا ۔

Mummy : (v) ممی بنانا ؛ مومیا بنانا ۔

Mummy : (n) اماں ؛ ماں ؛ امی ۔

Mummy-case : (n) مومیا دان ؛ تابوت جس میں ممی ركھی جاتی ہے ۔

Mummy-cloth : (n) (١) وه كپڑا جس میں ممی لپیٹی جاتی تھی ۔ (٢) بعض قسم كے كپڑے كا تجارتی نام ۔

Mummy-pits : (n) وه ته خانه جس میں مصری مومیا ركھی جاتی تھی ۔

Mummy-wheat : (n) مومیا گندم ؛ ایك قسم كا گندم جس كی كاشت مصر میں ہوتی ہے اور كہا جاتا ہے كه یه اس گندم كی پیداوار ہے جو مصری مومیا میں پائی گئی تھی ۔

Mump : (n) (١) گلسوئے ؛ گلپھڑ ے ۔ (٢) روٹھنا ؛ آزردگی ؛ ترش روئی ؛ تنك مزاجی ۔

Mump : (v) (١) آزرده اور خاموش ہونا ؛ چپ چاپ اور خفا خفا ہونا ۔ (٢) مقطع بن بیٹھنا ۔

Mump : (v) بھیك مانگنا ؛ بھیك مانگتے پھرنا ؛ دریوزه گری كرنا ۔

Mumper : (n) بھكاری ۔

Mumpish: (a) آزرده مزاج ؛ تنك مزاج ؛ ذراسی بات پر روٹھنے والا ۔

Mumps : (n) دیكھو Mump

Mumpsimus : (n) روایتی رسم وغیره ۔

Mumpsimus : (a) سخت قدامت پرست ۔

Mun : (v) دیكھو Mote

Mun : (n) منه ؛ دہن ۔

Mun : (n) دیكھو Man fellow

Munch : (v) چبانا ؛ چباكر كھانا ۔ (٢) جبڑوں كو اوپر نیچے حركت دینا ۔

Munch : (n) چبانا ۔

Munchausen : (n) (١) بیرن منش باؤزن ایك جرمن R. E. Rraspe كی كتاب كا ہیرو جس كے متعلق بے حد مبالغه آمیز قصے بیان كئے گئے ہیں ۔ (٢) نہایت مبالغه آمیز قصے ۔

Munchausenism : (n) مبالغه آمیز قصے ۔

Mundane : (a) (١) دنیوی ؛ دنیاوی ؛ اس دنیا كے متعلق ۔ (٢) كائنات كا ۔ (٣) (فلكیات) افقی ۔ (٤) (تاریخ طبعی) دنیا كے ہر خطے میں پایا جانے والا ۔

Mundanely : (adv.) دنیوی حیثیت سے ؛ دنیوی طور پر ۔

Mundaneness : (n) دنیاوی ہونا ۔

Mundic : (n) آہنی چقماق ۔

Mundil : (n) دیكھو Mandil

Mundungus : (n) بدبو تمباكو۔

Munga : (n) ایك قسم كا بندر ۔

Mungo : (n) ایك پودا جس كے متعلق فرض كیا جاتا ہے كه یه سانپ كے زہر كے لئے تریاق كا كام دیتا ہے ۔

Mungo /Mongoe : (n) منگو ؛ ایك قسم كا جھر جھرا كپڑا ۔

Mungoos (e) : (n) دیکھو Mongoose

Municipal : (a) (۱) بلدی ؛ حکومت بلدی کا ؛ بلدیہ کے متعلق ۔ (۲) صرف ایک جگہ کا ؛ تنگ ؛ محدود ۔ (۳) (تاریخ روما) Municipium سے متعلق ۔ (٤) (تحقیراً) صوبائی ۔

Municipal : (n) (۱) رومی بلدیہ کے شہری ۔ (۲) اس فوجی تنظیم کارکن جو پیرس کی میونسپلٹی کے تحت تھی ۔

Municipal jurisdiction : (n) حلقۂ بلدیہ ۔

Municipal rights : (n) بلدی حقوق ۔

Municipalism : (n) بلدی حکومت کا اصول ۔

Municipalist : (n) بلدی حکومت کا قائل ۔

Municipality : (n) (۱) بلدی ؛ میونسپل کمیٹی ؛ انتظام شہر کی کمیٹی ۔ (۲) رومی بلدیہ ۔ (۳) بلدیاتی حکومت ۔

Municipalization : (n) بلدیہ بنانا ۔

Municipalize : (n) بلدیہ بنانا ؛ بلدی حکومت کے قانون کے تحت میں لانا ۔

Municipally : (adv.) بلدیے کے ذریعے سے ؛ بلدیے کے طریقے سے ۔

Municipium : (n) (قدیم روما) رومی بلدیہ ۔

Munificence : (n) حاتمی ؛ سخاوت ؛ شاہانہ فیاضی ۔

Munificent : (a) حاتم وقت ؛ نہایت فیض ؛ لکھ لٹ ؛ فیاضانہ ؛ حاتمانہ ۔

Munificently : (adv.) حاتمی شان سے ؛ کمال سخاوت سے ؛ شاہانہ فیاضی سے ۔

Muniment : (n) (عموماً جمع میں) سناد حقوق و مراعات ؛ التمغا ؛ سند دعویٰ ۔

Munition : (n) دیکھو Ammunition

Munition : (v) سامان جنگ بہم پہنچانا ؛ سامان جنگ سے آراستہ کرنا ؛ گولہ بارود ؛ اسلحہ مہیا کرنا ۔

Munitioner/Munitioneer : (n) سامان جنگ کا نگراں ؛ اسلحہ سازی کے کار خانے کا مزدور ۔

Munjeet : (n) مجیٹھ ۔

Munjistin : (n) ایک قسم کا نارنجی رنگ جو مجیٹھ سے بنتا ھے ۔

Munnion : (n) دیکھو Mullion

Muntin / Munting : (n) دو دلّوں کے بیچ کا عمودی تختہ ۔

Muntjak : (n) ایک قسم کا چھوٹا سا ایشیائی ہرن ؛ چکارا ۔

Muntz metal : (n) منٹز بھرت ؛ تانبے اور جست کا بھرت جس سے جہاز کا پیندا بنایا جاتا ھے ۔

Muon : (n) میون (Meoon) جس کی خصوصیت برقیہ کی سی ھوتی ھے مگر اس کی کمیّت ۲۰۷ گنا زیادہ ھوتی ھے ۔

Muraena / Murena : (n) بام مچھلی کی طرح کی ایک مچھلی ۔

Muraenoid : (a) بام مچھلی جیسی ایک مچھلی سے متعلق ۔

Muraenoid : (n) دیکھو Muraena

Murage : (n) فصیلانہ ؛ وہ محصول جو شہر کی فصیلوں کی مرمت کے لئے وصول کیا جاتا تھا ۔

Mural : (n) (۱) دیوار ۔ (۲) جداری نقاشی ۔

Mural : (a) (۱) دیوار کا ؛ جداری ۔ (۲) دیوار میں لگاھوا ۔

Mural arch : (علم النجوم) نصف النہاری ارتفاع کا مشاہدہ کرنے کے آلے سے منسلک کمان ۔

Mural crown : (n) (قدیم روما) وہ مکٹ یا تاج جو محصول شہر کی فصیل پر سب سے پہلے چڑھنے والے سپاہی کو اعزاز کے طور پر دیا جاتا تھا ۔

Mural paintings : (n) دیواری نقاشی ؛ نقش و نگار دیوار ؛ جداری تصویریں ۔

Muratorian : (a) موریٹوری کا (موریٹوری ایک اطالوی عالم تھا) ۔

Muratory : (n) ایک اطالوی عالم ۔

Murder / Murther : (n) (۱) قتل ؛ قتل عمد ۔ (۲) خوفزدگی کی پکار ۔ (۳) غیر معمولی طور پر مشکل یا خطر ناک چیز ۔ (٤) جنگ میں مارنا ۔ (٥) ایک کھیل جس میں روشنی گل کرکے ایک شخص کا فرضی قتل کیا جاتا ہے اور پھر روشنی کرکے ایک کھلاڑی جاسوس بن کر دوسروں سے قاتل کا پتا لگانے کے لئے سوال کرتا ہے ۔

Judicial murder : (n) دیکھو Judicial

Murder in the first degree : قتل بالقصد ۔

Murder will out : خون سر چڑھ کر بولتا ہے ؛ خون چھپا نہیں رہ سکتا ۔

The murder is out : معمہ حل ہوگیا ؛ راز کھل گیا ۔

To cry blue murder : خواہ مخواہ شور مچانا ۔

Murder / Murther : (v) (۱) قتل کرنا ؛ مار ڈالنا ؛ خون کرنا ؛ بے رحمی سے قتل کرنا ۔ (۲) (کسی کام کو) ستیاناس کرنا ؛ برباد کرنا ؛ (لفظ عبارت کو) مسخ کر دینا ؛ (زبان کی) ٹانگ توڑنا ۔ (۳) وقت ضائع کرنا ۔

Murderee: (n) مقتول ۔

Murderer : (n) قاتل ؛ خونی ؛ سفاک ۔

Murderess : (n) قاتلہ ؛ خون کرنے والی ۔

Murderous : (a) (۱) قاتلانہ ؛ سفاکانہ ۔ (۲) آمادہ قتل ؛ خون خوار ۔ (۳) خونی ؛ خون ریز ؛ سفاک (تلوار وغیرہ) ۔ (٤) نہایت مشکل یا خطرناک ۔

Murderously : (adv.) قاتلانہ ؛ سفاکانہ ؛ خونخوارانہ ۔

Murderousness : (n) قاتلانہ ہونا ؛ سفاکی ۔

Mure : (v) (۱) محبوس کرنا ؛ قید کرنا ؛ بند کرنا ۔ (۲) ڈھکیلنا ۔

Mure : (a) منکسر مزاج ؛ خاکسار ؛ ناچیز ۔

Murex : (n) صدف ماہی جس سے ارغوانی رنگ نکلتا ہے ۔

Murexan : (n) (کیمیا) ایک قسم کا ترشہ ۔

Murexide : (n) (کیمیا) امونیا کا نمک ۔

Muriate : (n) دیکھو Chloride

Muriated : (a) کلورائڈ ملا ہوا ۔

Muriatic acid : (n) نمک کا تیزاب ۔

Muricate / -d : (n) (نباتیات و حیوانیات) نوک نوک ؛ کھردرا ۔

Muricoid : (a) صدف ارغواں سے مشابہ ۔

Muriform : (a) (نباتیات) دیوار شکل ۔

Murine : (a) موشی ؛ موش نما ؛ چوہے جیسا ۔

Murine : (n) موشی جانور ۔

Murk / Mirk : (n) (۱) اندھیرا ۔ (۲) ثقیل ہوا یا بخار ۔

Murk : (n) دیکھو Marc

Murk : (n) تاریک ؛ اندھیرا ۔

Murk / Mirk : (v) اندھیرا کرنا ؛ تاریک کرنا ۔

Murk monday : (n) بڑے سورج گرہن کا دن (۲۹/ مارچ) ۔

Murkily : (adv.) دھندلے پن سے ؛ تاریکی کے ساتھ ۔

Murkiness : (n) تاریکی ؛ دھندلاپن ۔

Murkness / Mirkness : (n) تاریکی ؛ دھندلاپن ۔

Murky : (a) (۱) تاریک ؛ اندھیرا ۔ (۲) گھٹا ٹوپ اندھیرا ۔

Murmur : (n) (۱) پانی کے بہنے کی آواز ؛ سرسراہٹ ؛ شرشر ۔ (۲) بڑبڑاہٹ ؛ کڑکڑاہٹ ۔ (۳) وہ لفظ یا بات جو آہستہ سے کہی جائے ؛ جنبش لب ۔ (٤) مسموع آواز ۔

Murmur : (v) (۱) (پانی کا) سرسر بہنا ؛ سرسرانا ؛ سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنا ۔ (۲) کڑکڑانا ؛ بڑبڑانا ۔

Murmuration : (n) (۱) بڑبڑانا ۔ (۲) ایک قسم کے پرند (Starling) کا جھنڈ ۔

Murmurer : (n) بڑبڑانے والا ۔

Murmuringly : (adv.) بڑبڑاتے ہوئے ۔

Murmurous : (n) سرسراہٹ کی ؛ بڑبڑکی (آواز) ؛ ہونٹوں میں کہی ہوئی (بات) ۔

Murmurously : (adv.) سرسراہٹ کے ساتھ ؛ بڑبڑاہٹ کے ساتھ ۔

Murmurousness : (n) سرسراہٹ ؛ بڑبڑاہٹ ۔

Murphy : (n) (عام) آلو ۔

Murphy-bed : (n) ایک قسم کا پلنگ جسے تہ کرکے الماری میں بند کیا جاسکتا ھے ۔

Murphy (s) button : (n) (جراحی) ایک ترکیب جسے J. B. Murphy نے ایجاد کیا تھا جس سے آنت کو مکمل طور پر قطع کرنے کے بعد جوڑ دیا جاتا ھے ۔

Murra / Murrha / Myrrha : (n) عقیق ؛ مرّا ؛ (قدیم روم) ایک پتھر جس سے قیمتی گلدان اور دوسرے ظروف بنائے جاتے تھے ۔

Murrain : (n) (۱) جانوروں کی ایک متعدی بیماری ؛ مری ۔ (۲) بیمار یا مرے ہوئے جانور کا چمڑا ۔

What a murrain/With a murrain : غصے کا کلمہ ۔

Murrain : (adv.) گڈ مڈ کرکے ۔

Murre : (n) (حیوانیات) گلموت ؛ تنگ منقار آک ۔

Murrelet : (n) (حیوانیات) آکچہ ۔

Murrey : (n) شہتوت کا رنگ ؛ ارغوانی رنگ ؛ شہتوتی رنگ ۔

Murrey : (a) شہتوتی ؛ شہتوت کے رنگ کا ؛ ارغوانی ۔

Murrhine : (a) مُرا (Murra) سے متعلق یا بنا ہوا ۔

Murrnine/-glass : (n) ایک قسم کا معدنی شیشہ؛ مرّا کا بنا ہوا گلدان ۔

Musa : (n) (نباتیات) جنس کیلا ۔

Musaceous : (a) موزیہ سے متعلق ۔

Musang : (n) (حیوانیات ، نباتیات) ایک قسم کا کھجور بلاؤ یا زباد ہندی ۔

Muscadel : (n) (۱) مشک بو انگور ۔ (۲) مشک بو انگور کی شراب ۔ (۳) مشک بو کشمکش ۔

Muscadin : (n) (۱) چھیلا ؛ البیلا ؛ بانکا ۔ (۲) (تحقیراً) فرانسیسی انقلاب کے اعتدال پسند ارکان ۔

Muscadin : (n) مشک بو انگور ؛ ایک قسم کا انگور جس میں مشک کی خوشبو ہوتی ھے ۔

Muscae : (n) چھوٹے دھبے جو آنکھ کے سامنے تیرتے ہوئے نظر آتے ہیں ۔

Muscardine : (n) وباء پیلہ ؛ ریشم کے کیڑوں کی ایک بیماری ۔

Muscardined : (a) بیمار ریشم کا (کیڑا) ۔

Muscari : (n) (۱) سنبل کی قسم کے پودوں کی ایک جنس ۔ (۲) اس جنس کا پودا ۔

Muscat : (n) (۱) مشک انگور ۔ (۲) ایک قسم کا سماروغ ۔ (۳) مشک بو انگور کی شراب ۔

Muscat grape : (n) مشک بو انگور ۔

Muscat wine : (n) مشک بو انگور کی شراب ۔

Muscatel : (n) دیکھو Muscadel

Muschelkalk : (n) (ارضیات) چونے کے پتھر کی پرت ۔

Muscid : (a) مگسی ۔

Muscid : (n) مگس ۔

Muscle : (n) (۱) (تشریح وعضویات) عضلہ ؛ پٹھا ؛ مچھلی ۔ (۲) عضلات ۔ (۳) عضلہ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (٤) جسمانی طاقت ۔ (٥) طاقت ؛ قوت ۔ (٦) ضرورت ؛ احتیاج ۔ (۷) عضلاتی نسیج ۔ (۸) بغیر چربی کا گوشت ۔

Not to move a muscle : بالکل بے حس و حرکت رہنا ؛ مطلق جنبش نہ کرنا ۔

Muscle : (v) (۱) قوت سے ہٹانا ؛ قوت کا استعمال کرنا ۔ (۲) قوت پہنچانا ۔ (۳) زور لگاکر راستہ بنانا ۔ (٤) قوت کے ذریعے مخالفین پر غالب آنا ۔ (٥) زبردستی گھس جانا ؛ عیاری سے پہنچ جانا ۔

Muscle-bond : (a) (۱) سخت اور بڑھے ہوئے عضلات والا (زیادہ ورزش کی وجہ سے) ۔ (۲) بے لوچ ؛ سخت ؛ کڑا ۔

Muscle man : (n) بھاڑے کا غنڈا ۔

Muscle sensation : (n) احساس عضلی ۔

Muscled : (a) عضلہ دار ۔

Muscoid : (a) کائی نما ۔

Muscologist : (n) فطریات داں ؛ اشنیات داں ۔

Muscology : (n) علم فطریات ؛ علم اشنیات ؛ علم کائی وغیرہ ۔

Muscose : (a) کائی نما ۔

Muscovado : (n) کچی شکر ؛ کھانڈ ۔

Muscovite : (n) روسی ۔

Muscovite : (a) روسی ؛ روس سے متعلق ۔

Muscovite : (n) (معدنیات) ابرق ؛ ابرک ۔

Muscovy : (n) (۱) روس ۔ (۲) چھچھوندر ؛ چھچھوندر کی کھال ۔

Muscovy duck : (n) مشک بط ؛ امریکا اور آسٹریلیا کی ایک قسم کی بط ۔

Muscovy hide /- leather : (n) روسی چمڑا ۔

Muscular : (a) (۱) عضلاتی ؛ عضلی ؛ پٹھوں کا ۔ (۲) مضبوط ؛ گٹھا ہوا ؛ کٹھیلا ۔

Muscular christianity : (n) عیسوی مذہب کا وہ نصب العین جو Kingsley کی کتابوں میں پیش کیا گیا ہے ۔

Muscular dystrophy : (n) ایک خاندانی عارضہ جس میں عضلات بیکار یا کمزور ہوجاتے ہیں ۔

Muscular feeling : (n) حاسہ٘ عضلی ۔

Muscular sensation : (n) دیکھو Muscle sensation

Muscular sense : (n) حس حرکت ۔

Muscularity : (n) (جسم کی) مضبوطی ؛ کٹھیلا پن ۔

Muscularize : (v) مضبوط بنانا ؛ گٹھیلا بنانا ۔

Muscularly : (adv.) عضلاتی طور پر ؛ مضبوطی سے ۔

Musculation : (n) (۱) عضلاتی حرکت ؛ عضلی عمل ۔ (۲) نظام عضلات ۔

Musculature : (n) نظام عضلات (جسم یا عضو کا) ۔

Musculo - : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی " عضلاتی " ۔

Muse : (n) (۱) (اساطیر) شاعری اور موسیقی کی نودیویوں میں سے ایک (جو نو بہنیں تھیں) ۔ (۲) روح شاعر ؛ شاعر کی طبع خداداد ۔ (۳) فنون لطیفہ ؛ ادب لطیف ۔ (٤) شاعر ۔

The muse : شاعری کی دیوی ۔

The muse : فنون لطیفہ ؛ ادب لطیف ۔

Muse : (n) محویت ؛ استغراق ۔

Muse : (v) (۱) غور کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ غور و خوض کرنا ۔ (۲) محویت کے عالم میں دیکھنا ۔

Museful : (a) محو ؛ مستغرق ۔

Musefully : (adv.) محو ہوکر ؛ مستغرق ہوکر ۔

Museless : (a) غیر مہذب ؛ ناشائستہ ؛ غیر تعلیم یافتہ ۔

Musellim : (n) ترکی کا افسر جو پاشا کا لفٹنٹ ہوتا تھا ۔

Muser : (n) غور کرنے والا ؛ محویت کے عالم میں دیکھنے والا ۔

Musette : (n) (۱) ایک قسم کی بین ۔ (۲) ایک طرح کی دھیمی لے ۔ (۳) وہ ناچ جو اس لے کے ساتھ ہوتا ہے ۔ (٤) آرگن باجے کا پردہ ۔ (٥) ایک قسم کی چھوٹی نے (بانسری) ۔

Museum : (n) (۱) جامعہ کی عمارت جو Ptolamysoter نے اسکندریہ میں بنائی تھی ۔ (۲) عجائب خانہ ؛ عجائب گھر ۔

Museum-piece : (n) عجائب خانے میں رکھے جانے کے قابل چیز ؛ بہت عمدہ مثال ؛ نادر نمونہ ؛ (تحقیراً) فرسودہ چیز ؛ پرانی چیز ؛ متروک شے عجیب الخلقت ؛ عجوبہ روزگار ۔

Mush : (n) (۱) (شمالی امریکا میں) ایک قسم کا دلیا ؛ لپسی ۔ (۲) ملائم گودا ؛ نرم مغز ۔ (۳) (عام) منہ ؛ چہرہ ۔

Mush : (n) (۱) (عام) چھاتا ؛ چھتری ۔ (۲) (کرائے کی) گاڑی والا ؛ گاڑی کا مالک ۔

Mush : (v) (۱) بھرتا بنانا ؛ چورنا ؛ چور ہونا ۔ (۲) (ہوائی جہاز کا) اونچا نہ اٹھنا ۔ (۳) (عام) پر جوش ہونا ؛ سر راہ عشق کرنا ۔ (٤) (عام) عشقیہ جذبات سے مغلوب ہونا ۔

Mush : (v) برف پر کتا گاڑی میں چلنا ۔

Musha : (n) (آئرستان) ایک استعجابی کلمہ ۔

Mushiness : (n) نرم گودے کی طرح پلپلا ہونا ؛ لپسی کی طرح ہونا ۔

Mushroom : (n) (۱) سماروغ ؛ فطر ؛ ککرمتا ؛ کلاہ باراں ؛ سانپ کی چھتری ؛ (خصوصاً وہ اقسام جو کھائی جاتی ہیں) ۔ (۲) نو دولت ؛ نو دولتیا ؛ نیا نواب ؛ کل کا رئیس ۔ (۳) عورتوں کی چٹائی کی ٹوپی جس کا کنارا نیچے کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (٤) چھتری؛ چھاتا ۔ (٥) ہلکا گلابی رنگ ۔ (٦) (بندوق کی) گولی جس کی نوک نرم اور کھوکھلی ہوتی ہے ۔ (۷) پھیلتا ہوا بادل (گرد و غبار وغیرہ کا) ۔ (۸) فطر کی شکل کا لنگر ۔

Mushroom : (v) (۱) (بولٹ کا) پھیل کر چپٹا ہوجانا یا کر دینا ۔ (۲) (آگ کا) باہر کی طرف پھیل جانا ۔ (۳) فطر جمع کرنا ۔ (٤) سماروغ کی طرح بڑھنا یا پھیلنا ۔

Mushroom anchor : (n) ایک قسم کا لنگر جو فطر کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Mushroom cloud : (n) جوہری دھماکے کی جگہ پر سماروغ کی شکل میں اٹھنے والا دھواں ۔

Mushroom colour : (n) ہلکا گلابی رنگ ۔

Mushroom-ring : (n) — دیکھو Fairy-ring

Mushroom spawn : (n) — ایک قسم کا نمونئی فطرومہ -

Mushroom-stone : (n) — دیکھو Fungite

Mushrooming : (n) — فطر کے پود جمع کرنا -

Mushroomy : (a) — فطر سے مشابہ -

Mushy : (a) — (۱) لپسی جیسا ؛ نرم گوبے کی طرح پلپلا - (۲) پرجوش ؛ جذباتی -

Music : (n) — (۱) موسیقی ؛ علم موسیقی - (۲) موسیقی راگ ؛ نغمہ؛ سرود - (۳) کوئی خوش گوار آواز - (٤) تحریر نغمہ ؛ نقش نغمہ - (٥) آس دینے والے؛ سنگت ؛ سازندے؛ فوج کے ساتھ منسلک موسیقاروں کی جماعت - (٦) زندہ دلی ؛ خوش طبعی ؛ دل بہلاوا ؛ تفریح -

Rough music : شور و غوغا ؛ ہنگامہ (خصوصاً جو تنگ کرنے کے لئے برتن وغیرہ بجا کر کرتے ہیں) -

To face the music : حریفوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنا ؛ مخالفت یا نکتہ چینی سے نہ گھبرانا -

To set to music : (نظم وغیرہ کو) نغمے میں ڈھالنا ؛ تحریر نغمہ ترتیب دینا -

Music : (v) — سریلا بنانا -

Music-book : (n) — تحریر نغمہ کی کتاب -

Music-box : (n) — (۱) دستی آرگن باجا - (۲) (مزاحاً) پیانو -

Music demy : (n) — سفید ، موٹا اور ملائم کاغذ جس پر تحریر نغمہ چھاپتے ہیں -

Music director: (n) — موسیقار ؛ ہدایت کار موسیقی -

Music gallery : (n) — کسی گرجے یا کمرے کا چھجا جس پر سازندے بیٹھتے ہیں -

Music hall : (n) — سرود خانہ (جہاں ناچ گانا وغیرہ ہوتا ہے) -

Music loft : (n) — (گرجے یا سرود خانے میں) موسیقی دانوں کی گیلری -

Music paper : (n) — وہ مسطر کاغذ جس پر موسیقی راگ تحریر کیا جاتا ہے -

Music pen : (n) — پانچ نوکوں والا قلم جو تحریر موسیقی میں استعمال ہوتا ہے -

Music-stool : (n) — پیانو کی تپائی (جو پیانو کے ساتھ لگائی جاتی ہے اور اس پر بیٹھ کر بجاتے ہیں) -

Musical : (a) — (۱) موسیقی کا ؛ راگ کا ؛ سرود کا ؛ گانے بجانے کا - (۲) شیریں ؛ سریلی ؛ خوش الحان - (۳) شائق موسیقی ؛ ماہر موسیقی - (٤) جس کے ساتھ نغمہ و ساز ہو ؛ بانغمہ و ساز ؛ سرود آگیں - (٥) (ذوق ، تمیز ، بصیرت) جس سے موسیقی کو سمجھ کر لطف اٹھایا جائے -

Musical : (n) — محفل موسیقی -

Musical box : (n) — دستی آرگن باجا -

Musical chairs : (n) — کرسی بدلنے کا کھیل (جتنے لوگ کھیلتے ہیں ان کی تعداد سے ایک کرسی کم رکھی جاتی ہے - باجے کے بند ہوتے ہی ہر شخص ایک کرسی پر بیٹھتا ہے جو رہ جاتا ہے وہ کھیل سے خارج کردیا جاتا ہے اور ایک کرسی بھی کم کردی جاتی ہے - آخر میں ایک شخص سب سے جیت جاتا ہے) -

Musical chime : (n) — ہم آہنگ گھنٹیوں کا ساز ؛ جھنکارا -

Musical clock : (n) — وہ گھڑی جو معین وقفوں پر سریلے انداز میں بجتی ہے -

Musical comedy : (n) — غنائی تمثیل ؛ سنگیت ناٹک ؛ موسیقی ، مکالمہ اور رقص کا چلتا ڈراما جس میں چھوٹا سا پلاٹ ربط پیدا کرتا ہے -

Musical flame : (n) سریلا شعلہ (شعلہ جس کے اوپر نلکی رکھ کر ہوا کے ارتعاش کے ذریعہ سریلی آواز نکالی جاتی ہے) ۔

Musical glasses : (n) ایک باجا جس میں شیشے کی نلکیوں سے سر پیدا ہوتے ہیں ؛ سرود شیشہ ؛ جلترنگ ۔

Musical ride : (n) ایک قسم کا رقص ۔

Musical snuff-box : (n) ایک قسم کی ناس کی ڈبیا جس میں چھوٹا سا آلہ موسیقی لگا رہتا ہے ۔

Musicale : (n) محفل موسیقی ۔

Musicality : (n) موسیقیت ؛ خوش الحانی ؛ سریلا پن ؛ خوش گوئی ۔

Musicalize : (v) نغمے میں ڈھالنا ۔

Musically : (adv.) از روئے موسیقی ؛ سریلی آواز میں ؛ خوش الحانی سے ۔

Musicalness : (n) خوش الحانی ؛ سریلا پن ؛ موسیقی کا شوق یا مادّہ ۔

Musician / -er : (n) (۱) موسیقی داں ؛ ماہر موسیقی ؛ راگ و دوان ؛ گان ودوان ؛ گانے بجانے کا واقف ۔ (۲) گویّا ؛ مطرب ؛ مغنی؛ گائن ؛ کلاونت ؛ سازندہ ؛ ساز نواز ؛ سارنگیا ۔

Musicianly : (a) ماہر موسیقی کی طرح کا ؛ ماہر موسیقی کے لائق ۔

Musicless : (a) بے سُرا ؛ بے آہنگ ۔

Musico : (n) دیکھو Musician

Musico : (prefix) سابقہ بمعنی " موسیقی " "علم موسیقی کا " ۔

Musicography : (n) علم تحریر نغمہ ۔

Musicological : (a) موسیقیات سے متعلق ۔

Musicologist : (n) موسیقیات داں ۔

Musicology : (n) موسیقیات ؛ علم موسیقی ۔

Musicotherapy : (n) موسیقی کے ذریعہ ؛ علاج (خصوصاً ذہنی مرض کا) ۔

Musine : (a) دیکھو Murine/Mousy

Musing : (n) دیکھو Meditation

Musing : (a) دیکھو Meditative

Musk : (n) (۱) مُشك ؛ مسك ؛ کستوری ۔ (۲) مشك بو پودا : ایك پودا جس میں سے مشك کی سی خوشبو آتی ہے ۔ (۳) وہ جانور جن سے مشك نکلتا ہے ۔ (٤) مشك کی خوشبو ؛ مشك سے مشابہ خوشبو ۔

Musk-bag : (n) مشك نافہ ۔

Musk-beetle : (n) مشك بھونرا ۔

Musk-buffalo : (n) شمالی امریکا کا ایك جگالی کرنے والا جانور ۔

Musk-carnation : (n) لونگ پھول ۔

Musk-deer : (n) مشك آہو ؛ آہوئے خُتن (وہ ہرن جس کے نافے میں مشك پیدا ہوتا ہے) ۔

Musk duck : (n) دیکھو Muscovy duck

Musk-flower : (n) مشك گل ۔

Musk-kangaroo : (n) ایك قسم کا چھوٹی ذات کا کنگارو ۔

Musk mallow : (n) (نباتیات) مشك ۔

Musk-melon : (n) خربوزہ ؛ سردا ؛ شمّام ۔

Musk-mole : (n) منگولی چھچھوندر ۔

Musk ox : (n) مشك گاؤ ؛ شمالی امریکا کا جگالی کرنے والا ایك جانور ۔

Musk plant : (n) (نباتیات) مشك ۔

Musk-rat : (n) (۱) چھچھوندر ۔ (۲) چھچھوندر کی کھال ۔

Musk-root : (n) سنبل الطیب ؛ بالچھڑ ۔

Musk-rose : (n) مشك گلاب ؛ جھاڑی دار گلاب جس میں بڑے بڑے سفید پھول آتے ھیں ۔

Musk-seed : (n) مشك دانه ۔

Musk-shrew : (n) مشك چھچھوندر ۔

Musk-thistle : (n) ایك قسم کا گوکھرو ۔

Musk tortoise/-turtle : (n) امریکا کا ایك چھوٹا دریائی کچھوا ۔

Musk-tree : (n) آسٹریلیا کے بعض درخت یا جھاڑی جس میں مشك کی سی خوشبو ھوتی ھے ۔

Musk-wood : (n) آسٹریلیا کے بعض درخت جس میں مشك کی سی بو ھوتی ھے ۔

Muskadel (i) : (n) دیکھو Muscatel

Muskeg : (n) کناڈا کا دلدلی علاقه ۔

Musket : (n) بندوق ؛ پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق ۔

Musket arrow : (n) ایك قسم کا چھوٹا تیر جو بندوق سے چھوڑا جاتا ھے ۔

Musket-rest : (n) بھاری بندوق کو رکھنے کا دوشاخه ۔

Musket-shot : (n) (۱) دستی بندوق کا فائر ۔ (۲) دستی بندوق کی زد ۔

Musketeer : (n) بندوقچی ؛ تفنگ چی ۔

Musketry : (n) (۱) دستی بندوقیں ؛ دستی بندوقوں کا مجموعه ۔ (۲) بندوق چلانے کا فن ؛ بندوق بازی ۔ (۳) بندوقچیوں کا دسته ؛ بندوقچی ۔ (٤) بندوق بازی یا نشانه بازی کی تعلیم یا مشق ۔

Muskiness : (n) مُشکیں ھونا ؛ مشك بو ھونا ۔

Musky : (a) مشك سر ؛ مشك بو ؛ مشك کا سا ۔

Muslim : (n) دیکھو Moslem

Muslin : (n) (۱) ململ ؛ تن زیب ۔ (۲) امریکا کے بعض موٹے کپڑے ۔ (۳) (عام) صنف لطیف ۔ (٤) (بحری (عام) بادبان ۔ (٥) نمونه جو ململ سے بنتا ھے ۔

A bit of muslin : (n) (روز مرہ) عورت ؛ لڑکی ۔

Muslinet / Muslinette : (n) ایك قسم کا موٹا ململ (جس سے بچوں کا لباس بناتے ھیں) ۔

Musmon : (n) دیکھو Moufflon

Musquash : (n) چھچھوندر یا اس کی سمور ۔

Musquash-root : (n) ایك قسم کا سنبل ۔

Musquaw : (n) امریکی بھال ۔

Musque (e) to : (n) دیکھو Mosquito

Musquet : (n) دیکھو Musket

Muss : (n) (۱) شور و غل ؛ ہنگامه ؛ غل غپاڑہ ۔ (۲) بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ گڈ مڈ ۔

Muss : (v) بے ترتیب کر دینا ؛ پیچیدہ بنا دینا ؛ گڈ مڈ کر دینا ۔

Mussel : (n) (۱) ایك قسم کا دو صمامه صدف ؛ ام الخلول ۔ (۲) متحجر دو صمامه صدف ۔

Sea mussel : بحری صدفیه ۔

Mussel-band : (n) مٹی کی وہ پرت جس میں متحجر دو صمامه صدف ھوتا ھے ۔

Mussel bank / -bed : (n) سمندر کی ته میں پائے جانے والے بحری دو صمامه صدف ۔

Mussel digger : (n) کیلیفورنیا کی بھوری وھیل مچھلی ۔

Mussel- scale : (n) صدف کی قسم کا ایک کیڑا ۔

Mussel-shell : (n) (۱) دو صمامی صدفوں کا خول ۔ (۲) صدفوں کی طرح منہ کھولنے والا ۔

Mussiness : (n) بے ترتیبی ؛ الجھا ہوا ہونا ؛ الجھاوا ۔

Mussuck : (n) مشک ۔

Mussulman : (n) مسلمان ؛ مسلم ۔

Mussulwoman : (n) (مزاحاً) مسلمان عورت ۔

Mussy : (a) بے ترتیب ؛ الجھا ہوا ۔

Must : (n) (۱) تازہ شراب ؛ کچی شراب ۔ (۲) سیب یا ناشپاتی کا فضلہ (عرق نکالنے کے بعد) ۔

Must : (n) پھپھوندی ۔

Must : (n) فعل Must کا استعمال بطور اسم کے ؛ ضرورت ؛ ضروری چیز ۔

Must / Musth : (a) مست (ہاتھی یا اونٹ) ۔

To go must : مست ہوجانا ۔

Must : (n) مستی ۔

Must : (v) دیکھو Mote

Mustache : (n) دیکھو Moustache

Mustachio : (n) مونچھ ؛ بروت ۔

Mustachioed : (a) مونچھوں والا ؛ جسے مونچھ ہو ۔

Mustang : (n) (۱) مستانگ ؛ میکسیکو اور کیلیفورنیا کا جنگلی گھوڑا ۔ (۲) ٹیکساس کا چھوٹا سرخ انگور ۔

Mustang grape : (n) ٹیکساس کا چھوٹا سرخ انگور ۔

Mustard : (n) (۱) رائی ؛ سرسوں ۔ (۲) ایک قسم کا زرد رنگ ۔

Wild mustard : جنگلی رائی ؛ سرسوں ؛ خردل ۔

Mustard beetle : (n) ایک قسم کا چھوٹا سیاہ بھونرا جو رائی کے پودوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Mustard gas : (n) رائی گیس ؛ ایک زہریلی گیس ۔

Mustard oil : (n) روغن تلخ ؛ کڑوا تیل ؛ رائی یا سرسوں کا تیل ۔

Mustard plaster : (n) ضماد خردل ؛ رائی کا ضماد یا لیپ ۔

Mustard-pot : (n) رائی دان (جو کھانے کی میز پر رکھتے ہیں) ۔

Mustard seed : (n) (۱) تخم خردل ؛ رائی ۔ (۲) بہت ہی چھوٹا چھرہ (گولی) جس سے چڑیوں کا شکار کیا جاتا ہے تاکہ ان کے پروں کو نقصان نہ پہنچے ۔

Mustard shrub : (n) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی ۔

Mustard tree : (n) سرسوں کا پودا ۔

Mustee / Mestee : (n) سفید فام اور دوغلے (سفید فام اور سیاہ فام) والدین کی اولاد ۔

Musteline : (a) نیولا سے متعلق ؛ سموری ؛ سمور نما ۔

Musteline : (n) نیولا ۔

Muster : (n) (۱) نمونہ ؛ مثال ۔ (۲) (فوج وغیرہ کی) حاضری ؛ موجودات ؛ جائزہ ۔ (۳) اجتماع ؛ مجمع ۔ (٤) فرد ملازمان فوج ؛ فرد ملازمین جہاز ؛ فرد حاضری ۔ (٥) نوکری سے برخاستگی ۔

False muster : کسی کے عوض میں حاضر ہوجانا (فرد حاضری میں) ۔

To pass muster : پاس ہونا ؛ پسند ہونا ؛ منتخب ہونا ۔

Muster : (v) (۱) موجودات لینا ؛ چہرہ لینا ۔ (۲) جمع ہونا ؛ جمع کرنا ۔ (۳) ہمت ، قوت وغیرہ بہم پہنچانا ۔ (٤) منتخب ہونا ۔ (٥) اندازہ لگانا ۔ (٦) (فوج) جمع ہونا (ورزش ، معائنہ وغیرہ کے لئے) ۔

To muster in : ڈیوٹی کے وقت (پہرے داروں کا) موجودات لینا یا معائنہ کرنا ۔

To muster in (into)(the) service : فوج میں بھرتی کرنا ۔

To muster out (of service) : نوکری سے بر خاست کرنا ۔

Muster-book : (n) وہ رجسٹر جس میں سپاہیوں کے نام درج ہوں ۔

Muster-master : (n) فرد حاضری رکھنے والا افسر ۔

Muster out : (n) نوکری سے بر خاست کرنا ۔

Muster-roll : (n) وہ کتاب جس میں جہاز یا فوج کے افسروں اور سپاہیوں کے نام ہوں ؛ فرد ملازمین فوج ؛ فرد ملازمین جہاز ؛ فرد حاضری ۔

Muster up : (n) (۱) جنگ کے لئے سپاہیوں کو جمع کرنا ۔ (۲) (مجازاً) جمع کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا ۔

Mustily : (adv.) بوسیدہ طور پر ؛ فرسودہ طور پر ۔

Mustiness : (n) پھپھوندی لگا ہوا ہونا ؛ باسی پن ؛ بوسیدگی ؛ فرسودگی ۔

Musty : (n) (۱) جس میں پھپھوندی لگ گئی ہو ؛ پھپھوندی لگا ہونا ۔ (۲) باسی ؛ اُبسا ہوا ۔ (۳) بوسیدہ ؛ فرسودہ ؛ دقیانوسی ۔

Mutability : (n) تبدیل پذیری ؛ تغیر پذیری ؛ بے استقلالی ؛ تلون ؛ ناپائیداری ۔

Mutable : (a) (۱) تبدیل پذیر ؛ تغیر پذیر ؛ قابل تغیر ؛ متغیر ؛ بدلنے والا ؛ متلون ؛ غیر مستقل مزاج ؛ بے استقلال ۔

(۲) (فوج) جس کا ابتدائی حرف صحیح بدلا جاسکے ۔

Mutably : (adv.) متغیر طور پر ؛ تبدیل پذیری سے ۔

Mutage : (n) (شراب کی) پھپھوندی کی تخمیر روکنا ۔

Mutagen : (n) تقلب آور ۔

Mutagenic : (a) تقلب آور سے متعلق ۔

Mutagenicity : (n) تقلب آور ہونا ۔

Mutagenisis : (n) تقلب آوری ۔

Mutant : (n) تبدیل نوع سے پیدا ہونے والی شکل ؛ متقلب بردار عضو ۔

Mutate : (v) (۱) بدلنا ؛ متغیر ہونا ۔ (۲) ابتدائی حرف صحیح کا بدل جانا ۔ (۳) ابتدائی حرف صحیح کو بدل دینا ۔

Mutation : (n) (۱) تغیر ؛ تبدیل ؛ تبدیلی ؛ ترمیم ۔ (۲) (حیاتیات) تبدیل نوع ؛ انقلاب نوعی؛ جستی تغیر؛ تقلُب ؛ جستی ارتقا ۔ (۳) (موسیقی) آب سرگم سے دوسرے سر گم میں تبدیلی ۔ (٤) (قواعد) ابتدائی حرف صحیح کی تبدیلی اگلے لفظ کی خاصیت کے مطابق ؛ (جرمن زبان میں) علامت تبدیل ۔

Mutation stop : (n) آرگن باجے کا ایک پردا ۔

Mutatis / Mutandis : (adv.) (دوچیزوں کے تقابل میں) جزوی اختلافات کو ملحوظ رکھتے ہوئے ؛ مناسب تغیر تبدیل کے ساتھ ؛ بہ تبدیل الفاظ ؛ بہ تغیرات مناسب ۔

Mutative : (a) جستی تغیر سے متعلق ؛ تغیر سے متعلق ؛ تغیر پذیر ۔

Mutch : (n) (اسکاچستان) عورتوں اور بچوں کی ٹوپی ۔

Mutchkin : (n) سیال چیزوں کو ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Mute : (a) (۱) خاموش ؛ چپ ؛ ساکت ۔ (۲) گونگا ؛ گنگ ؛ لال ۔ (۳) غیر ناطق ؛ صامت ؛ بے زبان ۔ (٤) (حرف)

بے آواز ؛ بے صوت ؛ مختفی ۔ (۵) (شکاری کتا) خاموش ؛ جو چونکتا نہ ہو ۔ (٦) جو زبان حال سے کہا جائے ؛ زبان بے زبانی کا ۔ (۷) ساکت و صامت ؛ صم بکم ۔ (۸) (دھات) بےآواز جو پیٹنےسے نہ بجے ۔ (۹) (سکہ) گھسا ہوا ؛ جس کا نقش واضح نہ ہو ۔

To run mute : (شکاری کتوں کا) بغیر بھونکے ہوئے تعاقب کرنا ۔

To stand mute (of malice) : (قانون) صفائی پیش کرنے سے بالقصد انکار کرنا ۔

Mute : (n) (۱) حرف بےصوت ۔ (۲) گونگا آدمی ۔ (۳) خاموش سوانگ کا ایکٹر ۔ (٤) گونگا نوکر ۔ (۵) کرائے کا ماتم دار (جو جنازے کے ساتھ ہوتا ہے) ۔ (٦) آواز روک گدی وغیرہ جو باجوں میں لگادیتے ہیں ۔

Mute : (n) ایک قسم کا خچر ۔

Mute : (v) (۱) آواز کو دبانا ؛ کسی باجے کی آواز کو دھیما کرنا ۔ (۲) دھیما یا ہلکا کرنا (رنگ وغیرہ کا) ۔

Mute : (v) چڑیوں کا بیٹ کرنا ۔

Mute : (v) (شراب کی) پھپھوندی کی تخمیر روکنا ۔

Mute closure : (n) (صوتیات) بے صوت حروف صحیح کے تلفظ میں منہ کا بند ہوجانا ۔

Mute consonants : (n) (b, p, ph, d, t, th, k, g) بے صوت حروف صحیح -

Mute swan : (n) راج ہنس ۔

Mutely : (adv.) خاموشی سے ؛ چپ چاپ ؛ زبان حال سے ؛ زبان بے زبانی سے ۔

Muteness : (n) بے آواز ہونا ؛ بے صوت ہونا ؛ صامت ہونا ؛ خاموشی ؛ گونگاپن ۔

Mutic : (a) (۱) (نباتیات) بے نوک ۔ (۲) (حشریات) بے ریڑھ کا ۔

Muticous : (a) دیکھو Mutic

Mutilate : (a) (تاریخ طبعی) کم عضو یا ناقص عضو والا ۔

Mutilate : (v) (۱) کوئی عضو کاٹ ڈالنا ؛ ہاتھ پیر کاٹ ڈالنا یا بیکار کر دینا ۔ (۲) کوئی حصہ کاٹ کر (کسی چیز کو مثلاً کتاب ، ریکارڈ وغیرہ کو) ناقص کر دینا ؛ (عبارت میں) کاٹ چھانٹ کر مسخ کر دینا ۔

Mutilated : (a) مسخ شدہ ۔

Mutilation : (n) قطع و برید ؛ کاٹ چھانٹ ؛ قطع اعضا ؛ عبارت کو مسخ کرنا ؛ مسخ ۔

Mutilator : (n) کاٹ چھانٹ کرنے والا ؛ قطع و برید کرنے والا ؛ قاطع اعضا ۔

Mutine : (a) (لڑکی یا عورت کی) غیر فرمانبردارانہ نظر ۔

Mutineer : (n) بغاوت کرنے والا ؛ باغی (سپاہی وغیرہ) ۔

Mutineer : (v) بغاوت کرنا ؛ باغی ہونا ؛ غدر برپا کرنا ۔

Mutinize : (v) بغاوت کروانا ؛ غدر برپا کرنا ۔

Mutinous : (a) بغاوت انگیز ؛ باغی ؛ باغیانہ ؛ غیر فرمانبردارانہ ۔

Mutinously : (adv.) باغیانہ ؛ سرکشانہ ۔

Mutinousness : (n) باغی ہونا ۔

Mutiny : (n) غدر ؛ بغاوت (فوج وغیرہ کی) ۔

Mutiny act : قانون غدر ؛ قانون بغاوت ۔

The Indian mutiny : غدر ہندی (غدر سنہ ۱۸۵۷ء) ۔

Mutiny : (n) بغاوت کرنا ؛ غدر برپا کرنا ؛ باغی ہونا ۔

Mutism : (n) (۱) خاموشی ؛ سکوت ۔ (۲) گونگا پن ۔ (۳) بے صوت ہونا ؛ بے آواز ہونا ۔ (٤) بے نطق ہونا ؛ بے زبانی ۔

Muto - : (prefix) سابقہ بمعنی " تغیر " ۔

Mutograph : (n) متحرک چیزوں کی تصویر لینے کا آلہ ؛ حرکت نگار ۔

Mutograph : (v) حرکت نگار سے تصویر لینا ۔

Mutoscope : (n) وہ آلہ جس سے متحرک تصویریں دکھاتے ہیں ؛ حرکت نما ۔

Mutoscopic : (a) حرکت نما کا ۔

Mutt : (n) (۱) (عام) بے مغز ؛ کٹھل ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ اناڑی ؛ کاٹھ کا الو ۔ (۲) (تحقیراً) کتے کا پلا ۔

Mutter : (v) (۱) بڑ بڑانا ؛ منہ ہی منہ میں بولنا ۔ (۲) کڑ کڑانا ؛ بڑ بڑانا ؛ چپکے چپکے شکایت کرنا ۔ (۳) منہ ہی منہ میں کہنا ؛ (کوئی بات) آہستہ سے کہنا ۔ (٤) (مجازاً) چپکے سے کہنا ؛ کان میں کہنا ؛ کان میں پھونکنا ۔

Mutter : (n) (۱) بڑ بڑاہٹ ۔ (۲) وہ الفاظ جو بڑ بڑاکر کہے جائیں ؛ بڑ بڑ ۔

Mutterer : (n) بڑ بڑانے والا ؛ منہ ہی منہ میں بولنے والا ۔

Mutteringly : (adv.) بڑ بڑاتے ہوئے کڑ کڑاتے ہوئے ۔

Mutton : (n) (۱) بھیڑ کا گوشت ؛ بکرے کا گوشت ۔ (۲) (مزاحاً) بھیڑ ۔ (۳) (عام) قحبہ ؛ رنڈی ۔ (٤) فرانس کا طلائی سکہ جو تیرھویں سے سولھویں صدی عیسوی میں رائج تھا ۔ (٥) زیر غور معاملہ یا مسئلہ ؛ بنیادی مسئلہ ۔

As dead as mutton : بالکل مردہ ۔

To return to one 's muttons : زیر غور مسئلے پر واپس آنا ؛ باز آمدن برسر مطلب ۔

To take (or eat) a bit of (or one 's) mutton with : کسی کے ساتھ کھانا کھانا ۔

Mutton bird : (n) بطریل کی ایک جنس ۔

Mutton broth : (n) بھیڑ یا بکری کے گوشت کا شوربا ۔

Mutton-candle : (n) بھیڑ یا بکری کی چربی سے بنی شمع ۔

Mutton-chop : (n) (۱) مٹن چاپ ؛ گوشت کے تلے ہوئے پارچے ۔ (۲) گل مچھے ۔

Mutton-fish : (n) امریکا اور جزائر غرب الہند کی بام مچھلی کی طرح کی بعض سمندری مچھلیاں ۔

Mutton-fist : (n) بڑا سرخ اور ناملائم ہاتھ ؛ ایسے ہاتھ والا آدمی ۔

Mutton-ham : (n) (۱) بھیڑ یا بکرے کی ران جو سکھاکر محفوظ کرلی گئی ہو ۔ (۲) ماہی گیر جہاز کا بڑا بادبان ۔

Mutton-head : (n) ٹھس ؛ بے وقوف شخص ؛ بدھو ۔

Mutton-headed : (a) غبی ؛ ٹھس ؛ بے وقوف ۔

Mutton wood : (n) نیوزی لینڈ کا مرکب پھولوں والا ایک درخت ۔

Muttony : (a) بھیڑ کے گوشت کا سا ۔

Mutual : (a) (۱) طرفین کا ؛ جانبین کا ؛ باہمی ؛ آپس کا ؛ ایک دوسرے کا ؛ متقابل ۔ (۲) مشترک ۔

Mutual admiration society : (n) وہ حلقہ جس میں لوگ ایک دوسرے کو آسمان پر چڑھاتے ہیں ؛ وہ حلقہ جس میں من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو کا معاملہ ہوتا ہے ۔

Mutual principles : (n) اصول باہمی ۔

Mutual terms : (n) شرائط متقابلہ ؛ مبادلہ٭ خدمت یا مبادلہ٭ محنت کا طریقہ (جس کے مطابق فریقین بجائے نقد معاوضے کے ایک دوسرے کا کام کریں) ۔

Mutualism : (n) (۱) نظریہ٭ احتیاج باہمی ؛ یہ نظریہ کہ انسان کی فلاح کے لئے ایک دوسرے کا محتاج ہونا ضروری ہے ؛ نظریہ٭ تعاون ۔

Mutualist : (n) (۱) نظریہ٭ احتیاج باہمی کا حامی ۔ (۲) (حیاتیات)

تقریر کی ممانعت کرنا ۔ (۳) (بادبان) لپیٹنا ۔ (٤) تھوتھنی سے زمین کریدنا ؛ تھوتھنی نکالنا ؛ تھوتھنی سے تلاش کرنا ۔

Muzzle : (v) (۱) شراب پلاکر دھت کر دینا ۔ (۲) حد سے زیادہ شراب پینا ۔

Muzzle-loader : (n) منہ بھرنی بندوق ؛ وہ بندوق جو منہ کی طرف سے بھری جاتی ہے ۔

Muzzle-loading : (n) منہ بھرنی ؛ (بندوق) جو منہ کی طرف سے بھری جاتی ہے ۔

Muzzle-sight : (n) بندوق کی مکھی جو (نال کے) دہانے پر لگی رہتی ہے ۔

Muzzle-velocity : (n) ابتدائی رفتار ؛ گولی کی رفتار جو بندوق کے دہانے سے نکلتے وقت ہوتی ہے ۔

Muzzy : (a) (۱) نشے میں دھت ۔ (۲) نڈھال ؛ سست ؛ افسردہ ۔ (۳) (مجازاً) دھندلا ۔

My : میرا ؛ میرے ؛ میری ۔

Myal : (a) جزائر غرب الہند کے جادو سے متعلق ۔

Myalgia : (n) (مرضیات) پٹھوں کی گٹھیا ؛ درد عضلہ ؛ عضلاتی گٹھیا ۔

Myalgic : (a) عضلاتی گٹھیا سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Myalism : (n) ایک قسم کا جادو جو جزائر غرب الہند میں رائج ہے ۔

Myalist : (n) جزائر غرب الہند کا جادو گر ۔

Myall : (n) آسٹریلیا کے ببول کی خوشبو دار لکڑی جس سے پائپ بنتے ہیں ۔

Myall : (n) آسٹریلیا کے وحشی آدی باسی ۔

Myall : (a) وحشی ؛ غیر مہذب ۔

ہمیشہ ساتھ اگنے یا ساتھ رہنے والے اجسام حیاتی میں سے ایک ۔

Mutuality : (n) (۱) طرفین سے ہونا ؛ جانبین سے ہونا ؛ تقابل ۔ (۲) یارانہ ؛ گہرا تعلق ۔ (۳) (حیاتیات) اجسام حیاتی کا باہمی اگنا یا ساتھ رہنا ۔

Mutually : (adv.) آپس میں ؛ باہمی طور پر ؛ فی مابین ؛ طرفین سے ؛ جانبین سے ؛ دونوں طرف سے ؛ ایک دوسرے سے ۔

Mutualness : (n) دیکھو Mutuality

Mutuary : (n) ختم ہوجانے والی اشیاء کو بطور قرض لینے والا اس شرط پر کہ ویسی ہی اور اُتنی ہی چیزیں واپس کرنی ہیں ۔

Mutule : (n) (تعمیرات) وہ بریکٹ جو ڈوری (Doric) کارنس سے مطابقت رکھتا ہے ۔

Muzhik : (n) دیکھو Moujik

Muzz / Muz : (n) بہت محنت سے پڑھنے والا ؛ رٹو ؛ رٹنے والا ؛ گھونٹنے والا ۔

Muzz : (v) (۱) بڑی محنت سے پڑھنا ؛ رٹنا ؛ گھونٹنا ۔ (۲) (عام) شراب پلاکر دھت کردینا ۔ (۳) نڈھال کردینا ؛ سست کر دینا ؛ افسردہ کر دینا ؛ مست کر دینا ۔

Muzzily : (adv.) پژمردگی کے ساتھ ؛ سستی سے ۔

Muzziness : (n) (۱) نشہ میں بہك جانا ۔ (۲) افسردگی ؛ پژمردگی ۔

Muzzle : (n) (۱) منہ ؛ تھوتھنی ؛ پوز ؛ پوزہ ۔ (۲) بندوق کی نال کا منہ ؛ دہانہ ۔ (۳) (جانوروں کا) منہ بند ؛ منہ چھینکا ؛ پوز بند ۔ (٤) گھوڑے کے منہ کا آرائشی زرہ ۔ (٥) ہل کا نعلی کنڈا ۔

Muzzle : (v) (۱) (جانور کا) منہ بند کرنا ؛ منہ بند چڑھانا ؛ چھینکا چڑھانا ۔ (۲) زبان بندی کرنا ؛ تحریر اور

Myasthenia : (n) ضعف عضلات ؛ عضلاتی کمزوری ۔

Myasthenic : (a) ضعف عضلات سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Mycelium : (n) فطرومہ ؛ چھوٹا سفید ریشہ جس سے سانپ کی چھتری کی قسم کے پودے اگتے ہیں ۔

Mycelian / Mycelial : (a) فطرومی ۔

Mycelioid : (a) فطرومہ سے مشابہ ؛ فطرومہ نما ۔

Mycenaean : (a) قدیم اخیانی تہذیب کا (جو یونانیوں سے پہلے تھی جس کے آثار یونان میں Mycenae میں ملتے ہیں) ۔

Mycenaean : (n) Mycenae کا باشندہ ۔

Mycetes : (n) خرد بینی جرثومے ۔

Mycetic : (a) خرد بینی جرثومہ سے متعلق ۔

Myceto - / Mycet - : (prefix) سابقہ بمعنی "سماروغ" "فُطر" ۔

Mycetology : (n) (نباتیات) فُطریات ۔

Mycetoma : (n) ایک طرح کا داد جو ہاتھ یا پیر میں ہوجاتا ہے ؛ فطر پائی ۔

Mycetomatous : (a) فطر پائی سے متعلق ۔

Mycetozoa : (n) فطر حوینات ۔

Mycetozoan / Mycetozoon : (n) فطر حُوین ۔

Myco - (prefix) سابقہ بمعنی " سماروغ " فُطر " ۔

Myco-dextrine / Myco inulin / Myco protein : (n) بعض سماروغ سے نکلنے والے مادے ۔

Mycoderma / Mycoderm : (n) وہ جالا جو الکوحلی تخمیر کے دوران شراب کی سطح پر جم جاتا ہے ۔

Mycodermatoid : (a) شراب کی سطح پر جمنے والی تخمیری جالے کی طرح کا ۔

Mycodermatous : (a) جس میں تخمیری جالا ہو ۔

Mycodermic : (a) اس جالے سے متعلق جو شراب کی سطح پر الکوحلی تخمیر کے دوران جم جاتا ہے ۔

Mycologic/- al : (a) فطریاتی ؛ علم فطرات سے متعلق ۔

Mycologically : (adv.) فطریات کی رو سے ۔

Mycologist : (n) فطریات دان ؛ ماہر فطریات ۔

Mycophagist : (n) فطر خور ۔

Mycophagy : (n) فطر خوری ؛ کھمبی کھانا ۔

Mycorrhiza : (n) ایک قسم کا ہم زیستانہ اور مرض اور فطر ۔

Mycorrhizal : (a) ہم زیستانہ اور مرض اور فطر سے متعلق ۔

Mycosis : (n) فطریت ؛ مرض فطری ؛ ایک طرح کا داد ۔

Mycotic : (a) فطری داد سے متعلق ۔

Mycotrophic : (a) فطر پسندی ۔

Mycotrophy : (n) فطر پسندی ۔

Mydaleine : (n) (کیمیا) ایک قسم کا عفونتی زہر جو متعفن گوشت سے نکالا جاتا ہے ۔

Mydriasis : (n) اتساع حدقہ ؛ پتلی کا کشادہ ہونا ۔

Mydriatic : (a) اتساع حدقہ سے متعلق ۔

Mydriatic : (n) دوا جس سے آنکھ کی پتلی پھیل جاتی ہے ۔

Myelencephalic : (a) دماغی نخاعی محور یا نظام سے متعلق ؛ موخر دماغ سے متعلق ۔

Myelencephalon : (n) (۱) دماغی نخاعی محور یا نظام۔ (۲) موخر دماغ۔

Myelin / -ine : (n) (۱) شحم اعصاب۔ (۲) عصبی ریشوں کا مغزی غلاف۔

Myelitic : (a) ورم نخاع سے متعلق۔

Myelitis : (n) ورم نخاع ؛ ورم حرام مغز۔

Myelo-/Myel - : (prefix) سابقہ بہ معنی " مغز " ؛ "گودا "۔

Myelocoele : (n) حرام مغز کا جوف ؛ قعر نخاعی۔

Myelogenic : (a) مغز زاد ؛ نخاعی اصل ؛ مغز سے پیدا ہونے والا۔

Myeloid : (a) مغزی ؛ نخاع نما۔

Myiasis : (n) (مرضیات) ذبابیت ؛ مرض مگسی۔

Mylodon : (n) میلوڈون ؛ ایک دیو پیکر دودھ پلانے والا جانور (جو اب معدوم ہے)۔

Mylodont : (n) میلو ڈون۔

Mylodont : (a) میلو ڈون سے متعلق۔

Mylohyoid : (a) فکی لامی۔

Mylohyoid : (n) فکی لامی عضلہ۔

Myna : (n) دیکھو Mina

Mynheer : (a) (۱) (ہالستان میں) دیکھو Mr. /Sir. ۔(۲) ہالستان کا باشندہ ؛ ہالستانی۔

Myo - : (prefix) سابقہ بہ معنی "عضلہ "۔

Myocardial : (a) عضلات قلب سے متعلق۔

Myocarditic : (a) ورم عضلات قلب سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Myorcarditis : (n) ورم عضلات قلب۔

Myocardium : (n) ورم عضلاتی مادہ جس سے دل بنا ہے ؛ عضلات قلب۔

Myocomma : (n) بعض ریڑھ دار جانورکے عضلاتی نظام کی نوع۔

Myodynamics : (n) عضویات کا وہ شعبہ جو عضلاتی انقباض سے بحث کرتا ہے۔

Myofibrona : (n) ایسا گومڑ جس میں عضلاتی اور ریشہ دار نسیجیں ہوتی ہیں۔

Myogenic : (a) عضلہ زاد۔

Myogram : (n) عضلہ نگارش۔

Myograph : (n) عضلی انقباض نگار ؛ عضلہ نگار۔

Myographic / -al : (a) عضلہ نگاری سے متعلق۔

Myologic / -al : (a) علم العضلات سے متعلق۔

Myologist : (n) عضلیات داں۔

Myology : (n) علم العضلات ؛ عضلیات۔

Myoma : (n) سلعہ* عضلہ ؛ رسولی۔

Myomatous : (a) سلعہ* عضلہ سے متعلق۔

Myomorph : (n) ایک قسم کا کترنے والا جانور۔

Myomorphic : (a) کترنے والے جانور سے متعلق۔

Myomorphine : (a) کترنے والے جانور کی طرح۔

Myopathy : (n) مرض عضلہ۔

Myope : (n) (۱) قریب بیں ؛ وہ شخص جس کی نظر کمزور ہو ؛ کم نظر شخص۔ (۲) کوتاہ اندیش۔

Myophysics : (n) عضلی طبیعیات ۔

Myopia : (n) (۱) چندھیاپن ؛ ضعف البصر ؛ قریب بینی ؛ قریب نظری ۔ (۲) کوتاہ نظری ۔

Myopic : (a) (۱) قریب نظری میں مبتلا ۔ (۲) کوتاہ نظر ۔

Myopism : (n) دیکھو Myopia

Myopolar : (a) عضلاتی قطبیت سے متعلق ۔

Myopy : (n) دیکھو Myopia

Myosarcoma : (n) عضلی لحمی سلعہ ۔

Myoscope : (n) (حرکات) عضلہ بیں ۔

Myosin / Myosine : (n) جمے ہوئے عضلی نخزمایہ کا تھکا ۔

Myosis : (n) انقباض حدقہ ؛ پتلی کا سکڑ جانا ۔

Myosote : (n) دیکھو Forget-me-not

Myotic : (a) انقباض حدقہ سے متعلق ؛ مردم چشم (پتلی) کے سکڑنے سے متعلق یا جو اس کا باعث ہو ۔

Myotic : (n) مردم چشم کو سکیڑنے والا ۔

Myotome : (n) (۱) جسمہ عضلہ ۔ (۲) عضلہ تراشی کا آلہ ۔

Myotomic : (a) عضلہ تراشی یا آلہ٭ عضلہ تراشی سے متعلق ۔

Myotomy : (n) عضلہ تراشی ۔

Myria-/Myrio-/Myri - : (prefix) سابقہ بہ معنی " دس ہزار " بےشمار " " لاتعداد " ۔

Myriacanthous : (a) جس میں بے شمار کانٹے ہوں ؛ بےحد خار دار ۔

Myriad : (n) (۱) دس ہزار ۔ (۲) کثیر تعداد ؛ بے شمار تعداد ۔

Myriad : (a) (۱) بے شمار ؛ لاتعداد ؛ ہزاروں ؛ لاکھوں ؛ کروڑوں ۔ (۲) کثیر المناصر ؛ لاتعداد پہلوؤں والا

Myriad-minded : (a) ہمہ گیر اور باصلاحیت دماغ والا ۔

Myriadfold : (a) بے شمار تعداد یا پہلوؤں والا ۔

Myriadfold : (adv.) ان گنت بار ؛ لاکھوں بار ۔

Myriadly : (adv.) ان گنت بار ۔

Myriadth : (a) اصغر (جزو) ۔

Myriagram (me) : (n) دس ہزار گرام ۔

Myrialitre : (n) دس ہزار لیٹر ۔

Myriametre : (n) دس ہزار میٹر ۔

Myriapod / Myriopod : (a) ہزار پا ؛ کثیرپا ۔

Myriapod : (n) کثیرپا ؛ کنکھجورا ۔

Myriapodan / Myriapodous : (a) دیکھو Myriapod

Myriare : (n) دس ہزار ار (Are) (اکائی) دس میٹر مربع ۔

Myrica : (n) (۱) تمرس ؛ ایک جھاڑی جس میں سفید یا گلابی پھول آتے ہیں ۔ (۲) دلدلی حنا کی قسم کے پودوں کی ایک جنس ۔

Myrica tallow / -wax : (n) ایک قسم کا موم ۔

Myricin / Myricine : (n) موم کا وہ جزو جو ابلتے ہوئے الکحل میں حل ہوجاتا ہے ۔

Myrio - : دیکھو Myria

Myriological : (a) فی البدیہہ نوحے سے متعلق ۔

Myriologist : (n) فی البدیہہ نوحہ گانے یا لکھنے والا ؛ فی البدیہہ مرثیہ گو یا نوحہ خواں ۔

Myriologue : (n) فی البدیہہ نوحہ جو عورتیں لکھتی اور گاتی ہیں ۔

Myriorama : (n) جہاں نما؛ کثیر مناظری تصویر ؛ ایک قسم کا کھیل یا تماشا جس میں بہتیرے مناظر یا تصویریں ہوتی ہیں۔

Myristate : (a) جائفل کے تیزاب کا نمک۔

Myritic acid : (n) جائفل کا تیزاب۔

Myristin : (n) جائفل کے تیزاب کا گلانسرائڈ ۔

Myristone : (n) ایک قسم کا بلوری مادہ۔

Myrmeco - : (prefix) سابقہ بہ معنی " چیونٹی " " نمل " ۔

Myrmecolhagous : (a) نمل خور ؛ چیونٹی کھانے والا ۔

Myrmecological : (a) نملیات سے متعلق ؛ نملیاتی ؛ چیونٹیوں کے علم سے متعلق۔

Myrmecologist : (n) نملیات داں۔

Myrmecology : (n) نملیات ؛ چیونٹیوں کا علم۔

Myrmecoplilous : (a) (۱) ہم باش نمل۔ (۲) نمل پسند ۔

Myrmicine : (a) ڈنک مارنے والی چیونٹیوں کے خاندان سے متعلق۔

Myrmidon : (n) (۱) مرمیڈون ؛ تھسلی کی اس جنگجو قوم کا فرد جو Achilles کے ساتھ تھی۔ (۲) بدمعاش ؛ شہدا ؛ کرائے کا غنڈہ ؛ گرگا ۔ (۳) وفادار نوکر یا معتقد (مزاحاً)۔ (٤) (Achilles) ایکیلیس۔

Myrmidon of the law of justice : پولس والا ؛ دیوانی کا چپراسی ؛ عدالت کا گرگا ۔

Myrmidonian : (a) مرمیڈون سے متعلق۔

Myrobalan : (n) (۱) ہڑ ؛ ہلیلہ ؛ زنگی ہڑ ۔ (۲) ایک قسم کے بیر ۔

Myronate : (n) سیاہ رائی کے تیزاب کا نمک۔

Myronic acid : (n) سیاہ رائی کا ترشہ۔

Myrosin / Myrosine / Myrosyne : (n) (کیمیا)ایک قسم کا نائٹروجنی خمیر جو سیاہ رائی میں پایا جاتاہے ۔

Myrrh : (n) (۱) (نباتیات) مر ؛ لوبان کی قسم کا خوشبو دار گوند ؛ (ہندی) بول ؛ ببول کی چیز ۔ (۲) مر کا صمغہ (جوہر)۔

Myrrh : (n) ایک خوشبودار پودا ۔

Myrrh-resin : (n) ایک قسم کا گوند جو مر سے حاصل کیا جاتاہے ۔

Myrrh -tree: (n) وہ درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Myrrhine : دیکھو Murrhine

Myrrhy : (a) مر کی طرح مہکنے والا ۔

Myrtaceous : (a) حنا کی جنس کا ۔

Myrtiform : (a) حب الآس کی شکل کا ۔

Myrtle : (n) (۱) حنا ؛ مہندی ؛ آس۔ (۲) Myrtle green کا مخفف ۔

Myrtle berry : (n) حب الآس۔

Myrtle green : (n) مہندی کے پتوں جیسا سبز رنگ۔

Myrtle-wax : (n) دیکھو Myrica tallow

Myself : (pron.) میں خود ؛ میں نے خود ؛ میں نے اپنے آپ کو۔

Myself : (n) میری ذات ؛ میری شخصیت۔

To be myself : اپنے آپ میں ہونا ۔

To feel like myself : اپنے آپ میں محسوس کرنا ۔

Mysophilia : (n) غلاظت پسندی۔

Mysophobia / Misophobia : (n) لوث ترسی ؛ غلاظت ترسی۔

Mysost : (n) بکری کے دودھ کا پنیر ۔

Mystacal /-ial : (n) مونچھ سے مشابہ ۔

Mystagogic /-al : (n) مرشدانہ ۔

Mystagogue : (n) (۱) مرشد ؛ پیر طریقت ؛ علوم باطن کا استاد ۔ (۲) (قدیم یونان) وہ گرو جو اپنے چیلوں کو Eleusian اسرار کی تعلیم دیتا تھا ۔

Mystagogy : (n) طریقت ۔

Mysteriarch : (n) مذہبی رسوم کا صدر ۔

Misterious : (a) (۱) پراسرار ۔ (۲) وہ شخص جسے ہربات کو ایک راز بنالینے میں لطف آئے ۔ (۳) راز دارانہ ؛ رمزی ۔

Mysteriously : (adv.) پراسرار طریقے سے؛ راز پسندی کے اندازسے ۔

Mysteriousness : (n) پراسرار ہونا ؛ ہربات کو ایک راز بنالینا ؛ راز پسندی ۔

Mystery : (n) (۱) راز ؛ بھید ؛ سِر ؛ معما ؛ چیستان ؛ رمز ؛ اسرار ۔ (۲) پردہء خفا ؛ پردہء راز ۔ (۳) معمولی سی بات کو راز بنالینا ؛ راز پسندی ۔ (٤) سر حقیقت ؛ سر معرفت ؛ رموز دینی ۔ (٥) مذہبی رسوم ۔ (٦) (جمع) عشائے ربانی ۔ (۷) (جمع) یونانیوں ، رومیوں وغیرہ کے مذہبی رسوم ؛ شعائر مذہبی ۔ (۸) مذہبی سوانگ (سانگ) یا ناٹک ۔ (۹) فری میسنوں کے رموز و اسرار ۔ (۱۰) سالمن مچھلی پکڑنے کی مکھی ۔ (۱۱) کیک یا پڈنگ کی ایک قسم ۔

To be wrapt in mystery : پردہء راز میں ہونا ۔

To make a mystery of : (کسی چیز کو) راز بنالینا ۔

Mystery : (n) (۱) صنعت ؛ دستکاری ؛ حرفہ ؛ فن ؛ ہنر ۔ (۲) تجارت ۔

Art and mystery : کسی پیشے کی کار آموزی کے اقرار نامے کا ایک فارمولا ۔

Mystery-man : (n) شعبدہ باز ۔

Mystery play : (n) مذہبی سوانگ یا ناٹک ۔

Mystery ship : (n) جنگی جہاز جو بظاہر مال کا جہاز معلوم ہوتا ہو اور جس سے آبدوزوں کو پھانسنے کا کام لیا جائے ۔

Mystic : (a) (۱) متصرفانہ ؛ عارفانہ ؛ باطنی ۔ (۲) مخفی؛ نہانی ۔ (۳) پراسرار ؛ سرّی ؛ مرموز ۔(٤) پراسرار اور ہیبتناک ۔

Mystic : (n) (۱) صوفی ؛ باطنی ؛ اہل باطن ۔ (۲) مجذوب ۔

Mystical : (a) (۱) پراسرار ؛ مخفی ؛ نہانی ؛ باطنی ؛ متصوفانہ ۔ (۲) رمزی ۔ (۳) مخفی رسوم یا رواج سے متعلق ۔

Mystically : (adv.) پر اسرار طور پر ؛ باطنی انداز میں ؛ صوفیانہ انداز میں ۔

Mysticalness : (n) پراسرار ہونا ؛ باطنی ہونا ۔

Mysticete : (n) وھیل (مچھلی) ۔

Mysticism : (n) (۱) باطنیت ؛ علم باطن ؛ تصوف ؛ عرفان ۔ (۲) کوئی مذہبی عقیدہ جو غیر منظم خیالات اور توہم پرستی سے منسلک ہو مخفی یا پر اسرار ۔ (۳) وہ فلسفیانہ یا سائنسی اصول جن کی کوئی عقلی توجیہ نہیں کی جاسکتی ہے ۔

Mysticize : (v) پر اسرار بنانا ؛ باطنی رنگ دینا ؛ باطنی رنگ میں پیش کرنا ۔

Mystico - : (prefix) سابقہ بہ معنی " پر اسرار " ؛ "مخفی " ۔

Mystification : (n) (۱) متحیر سازی ؛ کرامات کے دعوے سے بے وقوف بنانا ۔ (۲) حواس باختگی ۔

Mystify : (n) (۱) کرامات کے دعوے سے بے وقوف بنانا ؛ ابلہ فریبی کرنا ؛ ضعیف الاعتقادوں کو دھوکا دینا ۔ (۲) چکر میں ڈال دینا ؛ حواس گم کر دینا ؛ عقل گم کر دینا ۔ (۳) پر اسرار بنا دینا ؛ راز بنا دینا ؛ پردہء راز میں چھپانا تصوف کے رنگ میں تشریح کرنا ۔

Mystique : (n) اسرار اور احترام کی فضا ؛ کوئی پیشہ ورانہ ہنر یا فن جو عام لوگوں کو متحیر کردے یا چکر میں ڈال دے ۔

Myth : (n) (۱) اسطور (اساطیر کی جمع) ؛ دیوتاؤں کی کہانی ؛ دیو مالا ؛ خرافات ؛ خیالی قصہ یا فسانہ ۔(۲) فرضی چیز یا شخص ۔

Myth-maker : (n) اساطیر ساز ؛ افسانہ بنانے والا ۔

Mythic /-al : (a) خرافاتی اسطوری ؛ فرضی ؛ خیالی ، افسانوی ۔

Mythically : (adv.) خرافات کی طرح ؛ فرضی طور پر ؛ اساطیر کی طرح ؛ فرضی یا خیالی طور پر ؛ بطور افسانہ ۔

Mythicism : (n) اسطوریت ؛ اساطیر پرستی ؛ خرافات پرستی ۔

Mythicist : (n) افسانہ پرست ؛ خرافات پرست ؛ اساطیر پرست ۔

Mythicize : (v) اسطور یا خرافات کا رنگ دینا ؛ افسانہ بنانا ؛ اساطیر کے رنگ میں پیش کرنا ۔

Mythico - : (prefix) سابقہ بہ معنی " اساطیری " ۔

Mythism : (n) دیکھو Mythicism

Mythist : (n) دیکھو Mythicist

Mythize : (v) دیکھو Mythicize

Mytho - : (prefix) سابقہ بہ معنی "اسطور" ؛ خرافات ؛ "دیو مالا" ۔

Mythogenesis : (n) اساطیر سازی ۔

Mythogony : (n) اساطیر شناسی ۔

Mythographer : (n) اساطیر نگار ۔

Mythography : (n) اساطیر نگاری ۔

Mythologer : (n) اساطیر نگار ؛ خرافات نگار ۔

Mythologic/-al : (a) اساطیری ؛ علم الاصنام سے متعلق ؛ خرافات کے متعلق ؛ دیو مالا کا ۔

Mythologically : (adv.) ازروئے خرافات ؛ اساطیر کی رو سے ؛ علم الاصنام یا دیو مالا کے مطابق ۔

Mythologist : (n) ماہر اساطیر ؛ ماہر علم الاصنام ؛ خرافات داں مورخ اساطیر ۔

Mythologize : (v) دیوتاؤں کی کہانی بنا لینا ؛ اساطیر کے رنگ میں رنگنا ؛ خرافات کے انداز میں پیش کرنا ۔

Mythology : (n) (۱) علم اساطیر ؛ علم الاصنام ؛ دیو مالا ؛ خرافات ۔ (۲) اسطوریات ۔ (۳) اساطیر نامہ ۔

Mythomania : (n) مبالغہ آمیزی اور دروغ گوئی کا رجحان ؛ افسانہ مانیا ۔

Mythopoeia : (n) اساطیر سازی ۔

Mythopoeic/Mythopoetic : (a) اساطیر نگارانہ ؛ اساطیر آفریں ۔

Mythopoem : (n) اساطیری نظم ۔

Mythopoet : (n) اساطیر نگار شاعر ۔

Mythopoetry : (n) اساطیری شاعری ۔

Mythus/Mythos : (n) خیالی قصہ یا فسانہ ؛ دیوتاؤں کی کہانی ؛ خرافات ؛ اسطور ۔

Mythy : (a) اسطور نما ؛ اساطیر سے متعلق ۔

Mytiliform : (a) دو صمامی صدفیہ کی شکل کا ۔

Mytiloid : (a) دو صمامی صدفیۂ سے مشابہ ؛ دو صمامی صدفیہ کی جنس کا ۔

Mytiloid : (n) دو صمامی صدفیہ ۔

Mytilus : (n) جنس صدفیہ ۔

Myxinoid : (a) مدور دہانہ مچھلیوں کی جنس سے متعلق۔

Myxo-/Myx : (prefix) سابقہ بہ معنی "مخاطی" ؛ "لعابی" ۔

Myxoedema : (n) مخاطی چنبل ؛ مخاطی خمرہ ؛ ایک بیماری جس میں نسیجوں میں جلاتینی مادہ سرایت کر جانے سے ورم آجاتا ہے ۔

Myxoedematous : (a) مخاطی چنبل سے متعلق۔

Myxoedemic : (a) مخاطی چنبل سے متعلق۔

Myxoma : (n) (مرضیات) سلعہ مخاطی۔

Myxomatosis : (n) (۱) مخاطی مرض؛ مخاط آلودگی۔(۲) خرگوش کی ایک بیماری۔

Myxomatous : (a) سلعہ مخاطی سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Myxomycetes : (n) فطرات لعابی۔

Myxomycetous : (a) فطر لعابی سے متعلق۔

Myxopoda : (n) کاذب پایاں۔

Myzont : (a & n) دیکھو Marsipobranch/-iate

Myzostoma/Myzostome : (n) (حیوانیات) طفیلی کیڑوں کی ایک جنس جن کے جسم قرص کی طرح ہوتے ہیں اور چوسنے والی نلی رہتی ہے ۔

Myzostomatous/Myzostomous : (a) طفیلی کیڑوں کی ایک جنس سے متعلق۔

N

N : انگریزی حروف تہجی کا چودھواں حرف اور قدیم رومن حروف تہجی کا تیرھواں حرف (طباعت) n یا en ٹائپ کی پیمائش کی اکائی (ریاضیات) غیر متعین عدد ۔

N-rays/N'rays : اشعہ کی مختلف شکلوں کے نام ۔

To the nth (power) : (۱) کسی مطلوبہ قوت کی اکائی ۔ (۲) (استعارہ) انتہا تك ۔

N. B. : Nota Bene کا مخفف ۔

N. C. O. : Non-commissioned officer کا مخفف ۔

Na : (adv.) (Me) "نہیں" کسی سوال کے جواب میں بہ طور نارضامندی ۔

Na : (adv.) "نہیں" خاص کرامدادی افعال کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے Cannot=Canna/Don't=Dinna/ Has not=Hasna ۔

Naam : (n) (۱) دوسرے کا مال یا سامان قرق یا ضبط کر کے لے لینے کا عمل ۔ (۲) مال جو اس طرح لیا جائے ۔

Nab : (n) (۱) کسی پہاڑی یا چٹان کا نکلا ہوا حصہ ؛ پہاڑ کی چوٹی کا نکلا ہوا حصہ ۔ (۲) تالے کی چٹخنی پر کا نکلا ہوا کانٹا ؛ جغرافیہ کوہی راس ؛ ٹیکری ۔ (۳) (قدیم روز مرہ) ہیٹ ۔

Nab : (n) (۱) (جنگی) ہوائی جہاز کا رہنما منار ؛ روشن منار ۔ (۲) بحریہ کا ہوائی اڈہ ۔

Nab : (v) (۱) (عامیانہ) پکڑنا ؛ پکڑ لینا ؛ گرفتار کر لینا ۔ (۲) اچانك دھر لینا ؛ موقع واردات پر گرفتار کر لینا ۔ (۳) چھین لینا یا ضبط کرنا (کوئی چیز) ۔ (٤) چرانا ؛ چوری کرنا ۔

Nabal : (a) اجڈ ؛ گنوار ؛ بدتمیز ؛ گاؤدی ؛ خسیس ولئیم ۔

Nabi : (n) ۱۸۹۰ء میں فرانسیسی فنکاروں کی انجمن کا رکن ۔

Nabob : (n) (۱) نواب ؛ (تاریخ) کسی صوبے کا حاکم اعلیٰ (لفظ نواب کی بگڑی ہوئی شکل) ۔ (۲) دولت مند عیش پرست شخص ؛ رئیسانہ ٹھاٹ کا آدمی ۔ (۳) وہ شخص جو ہندوستان سے مال دار ہو کر انگلستان لوٹ کر آئے ۔

Nabobess : (n) بیگم (نواب کی) ؛ نواب کے خاندان کی عورت ۔

Nabobship : (n) (۱) عہدہ یا نواب کا درجہ ۔ (۲) ایك ضلع (زیر حکومت نواب) ۔

Naboth's vineyard : (n) تاکستانی نبیاتھ ؛ وہ چیز جس کے حاصل کرنے کے لئے آدمی سب کچھ کر گزرے (بائبل کتاب ملوك) ۔

Nabs : (n) (روز مرہ) شخص 'My' کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے My nabs shall we go ۔

Nacarat : (n) شوخ نارنجی رنگ ۔

Nacelle : (n) (۱) ہوائی جہاز کا ڈھانچا ۔ (۲) اس طیارے کے بیچ کا حصہ جس کا پنکھا پیچھے کی طرف ہوتا ہے ۔ (۳) ہوائی جہاز کا جھولا جس میں مسافر بیٹھتے ہیں ۔

Nacre : (n) (۱) پر کی شکل کا ایك بحری کیڑا ۔ (۲) گھونگا ؛ صدف ؛ (حیوانیات) صدفی مچھلی ۔ (۳) قزح رنگ کا مادہ جو بہتیرے گھونگوں کی اندرونی پرت میں ہوتا ہے ۔

Nacre : (a) (۱) چمکیلا ؛ چکنا - (۲) موتی کی طرح -

Nacred : (a) بحری کیڑے کے رنگ کا ؛ پر کی شکل کا -

Nacreous/Nacrous : (a) صدف کی قسم کا صدفی ؛ پُر صدف جہاں گھونگوں کی کثرت ہو ؛ صدف کے مشابہ ؛ موتی کا سا -

Nacreous cloud : (n) ۸۵۰۰۰ (پچاسی ہزار) فٹ کی بلندی پر واقع ہونے والے روشن بادل -

Nacreous sulphur : (n) (کیمیا) سیپ نما گندھک ؛ صدفی گندھک -

Nacrite : (n) ایک معدنی شے جو المونیم کے آبی سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے -

Nada : (n) عدم وجود کی حالت ؛ ہیچ کیفیت ؛ نیستی -

Nadir : (n) (۱) (ہیئت) فلک کا وہ نقطہ جو مشاہدہ کرنے والوں کے پاؤں کی سیدھ میں ہو ؛ سمت الراس کی ضد ؛ سمت القدم ؛ سمت النظیر - (۲) (مجازاً) سب سے پست درجہ ؛ پستی کی انتہا ؛ انتہائی زوال کا زمانہ ؛ حفیض -

Naevoid : (a) مَسّے کی قسم کا -

Naevus : (n) (۱) جسم پر داغ یا ابھرا ہوا سرخ یا ارغوانی رنگ کا نشان - (۲) تِل یا مَسّا ؛ پیدائشی خال -

Nag : (n) (۱) (بول چال) گھوڑا ؛ ٹٹو - (۲) یابو ؛ چھوٹے قد کا گھوڑا - (۳) (روز مرہ) ریس کا گھوڑا -

Nag : (n) ملامت ؛ نکتہ چینی ؛ اعتراض ؛ خردہ گیری -

Nag : (v) (۱) پیچھے پڑ جانا ؛ ہمیشہ اعتراض یا نکتہ چینی کرتے رہنا ؛ مسلسل ملامت کرتے رہنا - (۲) اعتراض یا ملامت سے ناک میں دم کر دینا ؛ تنگ کرنا ؛ دق کرنا -

Naga : (n) (۱) ناگا کی پہاڑیوں اور آسام و برما کے علاقوں میں رہنے والی تبتی برمی قومیں - (۲) ان کا کوئی فرد - (۳) ناگا قوموں کی تبتی برمی زبان -

Naga : (n) (۱) سانپ ؛ خصوصاً کالا ناگ - (۲) جن کی ذات کا کوئی فرد (جس کا پتا ہندو مت اور بودھ مت سے چلتا ہے) -

Nagari : (n) دیوناگری رسم الخط -

Nagging : (n) ہر وقت کی نکتہ چینی یا ملامت -

Naggy : (a) چھڑکنے والا ؛ ملامت کرنے والا ؛ نکتہ چیں ؛ خردہ گیر ؛ عیب جو -

Naggy : (n) یابو ؛ ٹٹو (چھوٹا گھوڑا) -

Nagor : (n) سینیگال کا ہرن -

Nagual : (n) (۱) ایک جادو گر جس کے بارے میں امریکی ہندوستانیوں کا خیال تھا کہ وہ (انسان کو) جانور میں بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے - (۲) دیوتا -

Nagualism : (n) اوہام پرستی (ایک مخفی جماعت کی ، جو کسی زمانہ میں مرکزی امریکا میں تھی) -

Naiad : (n) سمندر کی پری ؛ جل پری ؛ ساگر دیوی -

Naib : (n) ڈپٹی گورنر ؛ ڈپٹی ؛ نائب -

Naidomorpha : (n) آبی کیڑوں کی ایک جماعت -

Naik : (n) (۱) ہندوستان کا کوئی لیڈر ؛ چیف یا گورنر - (۲) برطانیہ کی ہندوستانی فوج کا کوئی چھوٹا افسر -

Nail : (n) (۱) ناخن - (۲) پنجہ (جانوروں کا) - (۳) کیل - (٤) کوئی چیز ناخن کی شکل کی - (٥) دھات کا ایک چھوٹا ٹکڑا - (٦) زبان دراز ؛ دریدہ دہن ؛ منہ پھٹ عورت -

A nail in one's coffin or drim/A nail into one's coffin : موت بلانا یا موت کو دعوت دینا ؛ خود اپنی موت یا تباہی کا باعث ہونا -

A nail or nail's breadth :

From the tender nails : بہت کم سنی سے ۔

Hard as nail : (۱) درست حالت میں ۔ (۲) مضبوط ؛ کسرتی جسم والا ۔

One nail drives out another : کانٹی کو کانٹی ہی نکال سکتی ھے ۔

On the nail : (adv. & a) مقام پر ؛ فوراً ؛ جلد ؛ اسی وقت ؛ ہاتھ کے ہاتھ رقم کی ادائیگی کے لئے آتا ھے ۔

Right as nail : بالکل ٹھیک ؛ بالکل درست ؛ بالکل صحیح ۔

To bite/pare one's nails : دانت سے کاٹنا ۔

To drive the nails home : کسی معاملہ کو نتیجے تک پہنچانا ۔

To hit the (right) nail on the head : بات کی تہ تک پہنچنا ۔

Tooth and nail : جان توڑ کوشش کرنا ۔

To pare nail : تراش کر برابر کرنا یا درست کرنا ؛ تراشنا ؛ چھیلنا ۔

To the nail : (adv. & a) تکمیل کے ساتھ ؛ انتہائی درجے تک ۔

Wrought nail : کل میخ ۔

Nail : (v) (۱) باندھ دینا یا جڑ دینا کانٹی سے (آدمی یا چیز کو کسی چیز سے) ؛ مضبوطی کے ساتھ کیلوں سے جڑنا ۔ (۲) پکڑنا ؛ توجہ کرنا ؛ متوجہ کرنا ؛ پکڑ لینا ؛ جانے نہ دینا ؛ نہ چھوڑنا ۔ (۳) کانٹی ٹھونک دینا ؛ کانٹی جڑ دینا (قدیم) ۔ (٤) کسی کو کسی عہدے پر فائز کرنا یا کسی جگہ پر بٹھانا ۔ (٥) کسی جانب توجہ شے پر نظر غائر مرکوز کرنا ۔ (٦) کسی چیز کو کسی چیز میں جڑ دینا ۔ (۷) (عامیانہ) (کسی آدمی یا چیز کو) حاصل کرنے یا پکڑنے میں کامیاب ہونا ؛ چرانا (عامیانہ) ۔ (۸) کسی کو کسی مشکل میں ڈالنا یا الجھا دینا ؛ مارنا ۔

To nail one's colours to the mast : (۱) اپنی بات پر قائم یا جمے رہنا ؛ ناقابل تغیر رویہ اختیار کرنا اور ظاہر کرنا (جیسے شکست نہ تسلیم کرنے کا ارادہ) ۔ (۲) نارضامندی کا طرز یا رخ اختیار کرنا ۔

To nail to the counter : جھوٹ ظاہر کر دینا ؛ جھوٹ کا پول کھول دینا ؛ قلعی کھول دینا ۔

To nail to the counter barn door : نمائش کرنا ؛ نیولے ، چوہے کی طرح خود کو ظاہر کرنا ۔

Nail-brush : (n) انگلیوں کے ناخن صاف کرنے کا برش ۔

Nail-cutter : (n) ناخن تراش ۔

Nail down : (v) مضبوطی سے کانٹی جڑ دینا ؛ بکس کے ڈھکن کو کانٹی جڑ کر بند کر دینا ؛ واضح طور پر ثابت کرنا ۔

Nail-head : (n) ایک طرح کی گل کاری جو عمارتوں میں ہوتی ھے ؛ کانٹی کا سرا ؛ اہرام ؛ کانٹی کے سرے کی شکل کا ایک زیور ۔

Nail-headed : (a) میخ نما سر والا ؛ کانٹی کے سرے والا ۔

Nail-less : (a) بے ناخن ؛ جس میں میخ کی حاجت نہ ہو ۔

Nail plate : (n) لوہے کی چادر جس سے میخیں بنتی ھیں ۔

Nail polish : (n) ناخن پالش ؛ خشک یا رقیق شے جس سے ناخنوں کو زینت دی جاتی ھے ۔

Nail puller (n) میخ کش ؛ (وہ اوزار جس سے کانٹی یا میخ نکالی جائے) ۔

Nail-scissors : (n) ناخن تراش ؛ ناخن گیر (قینچی نما) ۔

Nail-sea glass : (n) ۱۸ ویں اور ۱۹ ویں صدی میں انگلینڈ میں تیار ہونے والے شیشے کے ظروف جو اپنے مخصوص نقش و نگار کے لئے شہرت رکھتے تھے ۔

Nail-up : (v) (۱) کانٹی ٹھونك کر مضبوطی سے بند کرنا ۔ (۲) کچھ اونچائی پر دیوار میں کانٹی کے ذریعہ جڑنا یا ٹھونکنا ۔ (۳) دیوار یا کسی اونچی جگہ کانٹی ٹھونکنا ۔

Nailability : (n) کانٹی ٹھوکے جانے کے لئے موزوں ہونا ۔

Nailer : (n) میخ ساز : کانٹی بنانے والا ۔ کانٹی میں سوراخ کرنے والا (روز مرہ) اعلیٰ شے ؛ کسی چیز (فن) میں ماہر ؛ بہترین نمونہ ۔

Nailery : (n) کانٹی بنانے کا کارخانہ ۔

Nailing : (a) (۱) کانٹی کی طرح (کوئی چیز) جڑنا ۔ (۲) (عامیانہ) بہترین ؛ شاندار ۔

Naily : (a) میخوں سے بھرا ہوا ۔

Nain : (a) (اسکاٹستان) اپنا ؛ خود ۔

Nainsel/Nainsell : (اسکاٹستانی محاورہ) اپنے تئیں ؛ کسی کے تئیں ۔

Her nainsel : اس (عورت) کے تئیں ۔

Nainsook : (n) نین سکھ ؛ ایك قسم کا عمدہ سوتی کپڑا ؛ ایك قسم کی ململ ، تن زیب وغیرہ ۔

Nairobi : (a) کینیا کی راجدھانی نیروبی کا یا اس کے متعلق ؛ نیروبی کے طرز یا قسم کا ۔

Nais : (n) (حیوانیات) دریائی کیڑا (چیرے) کی قسم کا ؛ زمینی کیچوا ؛ چیرا ۔

Naissance : (n) (اساطیر) جل پری ؛ ابتدائی ظہور یا پیش رفت ۔

Naissant : (n) (نقابت) (جانوروں کا) سر نکلا ہوا ؛ ابتدائی ۔

Naive : (a) (۱) بھولا ؛ سیدھا ؛ بھولے پن کا ؛ بے تصنع ؛ سادہ ؛ بے تکلف ۔ (۲) صاف باطن کا ؛ معصومانہ ؛ طفلانہ ۔

Naive : (n) سادہ لوح شخص ۔

Naive realism : (n) عام زاویہ ٔ نظر کہ ہمارا خارجی دنیا کا تصور اس کی براہ راست نقل ہے ۔

Naively : (adv.) بھونڈے پن سے ؛ بطور اناڑی ؛ بلاتصنع ؛ سادگی سے ۔

Naivete/Naivety : (n) اناڑی اور بے ہنر ہونے کی حالت یا صفت ؛ اناڑی پن ؛ بھولا پن ؛ سادگی ؛ سادہ لوحی ؛ بے تصنعی ۔

Naja : (n) بہت زہریلے سانپوں کی جنس ہندوستانی یا افریقی کوبرا (کوبمن سانپ) ؛ کالا ناگ ۔

Najdi : (n) نجدی ؛ عرب کے کویت علاقے میں ایك عربی قوم ۔

Nake : (v) (قدیم) عریاں کرنا ؛ ننگا کردینا ۔

Naked : (a) (۱) عریاں ؛ برہنہ ؛ ننگا ۔ (۲) غیر مسلّح ؛ نہتا ۔ (۳) بے نیام ؛ ننگی (تلوار وغیرہ) ۔ (٤) صاف صاف ؛ کھری کھری ؛ پوست کندہ ؛ بے باك ۔ (٥) عادی ؛ خالی ۔ (کسی چیز سے) ۔ (٦) بے شجر ؛ بے برگ ؛ بنجر ۔ (۷) کھلی ہوئی ؛ بےآڑ ؛ (چٹان) ۔ (۸) بےساز و سامان ؛ بے سجا (کمرہ) ۔ (۹) سادہ ؛ بے آرائش ۔ (۱۰) بے فانوس (شمع) ؛ کُھلی ۔ (۱۱) بے بیضہ دان (پھل) ؛ بے برگ ۔ (۱۲) بے بال کا ؛ بے روئیں کا ۔ (۱۳) بے کھپرے کا ۔ (۱۲) بے بال کا ؛ بے روئیں کا ۔ جوں کا توں (قول وغیرہ) ؛ بلا دلیل ؛ بلا ثبوت (دعویٰ) بلا تشریح ۔ (۱٦) خالی (بغیر کسی آلے کی مدد کے) ۔ (۱۷) بے زین کا گھوڑا یا گدھا ؛ غیر محفوظ ۔ (۱۸) (نباتیات) کھلا ہوا ۔ (۱۹) (منطق) بلا ثبوت ۔

Naked : (n) (قدیم) عریاں شخص ۔

Naked bed : (n) ایسا بستر جس پر کوئی بالکل برہنہ سوئے ۔

Naked eye : (n) ننگی آنکھ (سے کسی چیز یا شخص کو دیکھنا) ۔

Naked fallow : (n) بالکل پڑتی (زمین) ؛ غیر مزروعہ ۔

Naked fire : (n) کھلی آگ (غیر محصور) ۔

Naked flooring : (n) لکڑیاں جو فرش زمین کے تختوں کو سہارا دیتی ہیں ۔

Naked flower : (n) پھول جس میں پنکھڑیاں نہ ہوں ۔

Naked lady : (n) (نباتیات) سورنجان ۔

Naked light : (n) (۱) شمع بغیر شمع دان کے ۔ (۲) کھلا شعلہ ۔

Naked power : (n) مجموعی قوت ۔

Naked sight : (n) کھلی نظر ۔

Naked truth : (n) بالکل سچ ؛ بالکل عریاں حقیقت ۔

Nakedize : (v) عریاں ہونا ۔

Nakedly : (adv.) صاف صاف ؛ پوست کندہ ؛ بے حجابانہ ؛ کھلم کھلا ؛ بے باکانہ ؛ نا مکمل طور پر ؛ خراب طور پر ۔

Nakedness : (n) (۱) عریانی ؛ برہنگی ۔ (۲) ننہا ہونا ؛ بنجرپن ؛ سادگی پوست کندہ ہونا ؛ بے نیام ہونا ۔

The nakedness of the land : (بائبل ، کتاب تخلیق) کسی شخص ، ادارے یا ریاست کی بے سروسامانی یا کمزوری ۔

Naker : (n) (۱) نقارہ ؛ نوبت ؛ ڈنکا ؛ دُہل ۔ (۲) شاندار عصرانہ (چائے پارٹی) ۔

Namaycush : (n) شمالی امریکا کی جھیل میں پائی جانے والی ایک قسم کی بڑی مچھلی جو بہت لذیذ ہوتی ہے ۔

Namaz : (n) نماز (اسلامی طریقہ' عبادت) ۔

Namby-pambiness : (n) کمزور یا بے مزہ ہونے کی حالت یا صفت ۔

Namby-pamby : (a) (۱) مرصع مگر بے لطف (عبادت وغیرہ) ۔ (۲) رقت آمیز ۔ (۳) رقت آمیز (گفتگو) ؛ پر تکلف مگر بے مزہ (گفتگو) ۔ (٤) کمزور طبیعت کا ؛ کودك صفت ؛ مرزا پھویا ۔ (٥) انگلینڈ کے شاعر اے ۔ فلپ کو دیا ہوا عرفی نام ۔

Namby-pambyism : (n) (۱) مرصع مگر بے لطف (عبارت وغیرہ) ؛ بے مزگی ۔ (۲) پر تصنع گفتگو ۔

Name : (n) (۱) نام ؛ اسم ؛ لقب ؛ عرف ؛ تخلص ۔ (۲) مشہور شخص (نیك یا بد) ۔ (۳) خاندان ؛ قبیلہ ؛ قوم ۔ (٤) نام (نیك نامی یا بد نامی) ؛ ناموری ؛ شہرت ۔ (٥) وہ چیز جس کا وجود نہ ہو صرف مشہور ہو ؛ محض نام ہی نام ۔ (٦) کسی شخص کا صوفیانہ کردار یا روحانی خاصیت ۔

By name : (adv.) نام سے ؛ شخصی شناخت کے ذریعہ ؛ اسماً ۔

Give it a name : بتاؤ کیا چاہتے ہو (کون سی شراب ، کون سا تحفہ وغیرہ) ۔

In a person's name : (دے کر دلا کر) کسی کے نام سے ؛ کسی کی طرف سے ؛ کسی کے واسطے ۔

In name : برائے نام ۔

In one's own name : آزادانہ ؛ بلا اختیار ؛ بغیر اختیار یا اجازت کے ؛ اپنی طرف سے ۔

In the name of God : خدا کے واسطے ؛ برائے خدا ؛ خدا گواہ ہے ۔

Of great name : نامور ۔

Of no name : غیر معروف ۔

To call some one names : گالیاں دینا ؛ برا بھلا کہنا ؛ نام رکھنا ؛ نام دھرنا (روز مرہ) ۔

To get or make (oneself) a name : شہرت حاصل کرنا ؛ مشہور ہونا ۔

To keep one's name on the books : رکن رہنا (کسی ادارے یا بزم کا) ۔

To keep one's name off the books : رکن نہ رہنا ؛ رکنیت سے خود کو علاحدہ رکھنا ۔

To know by name : (۱) ایك ایك كو جاننا؛ فرداً فرداً جاننا ؛ فرداً فرداً واقف ہونا ـ (۲) محض نام سے واقف ہونا ـ

To one's name : کسی شخص کی ملك میں ـ

To put one's name down for : امیدواروں میں نام درج کرانا ؛ امیدوار ہونا ؛ درخواست دینا ـ

To take one's name off the books : رکنیت سے علاحدہ ہو جانا ـ

Name : (v) (۱) (کسی کا) نام رکھنا ؛ موسوم کرنا یا کہنا ـ (۲) ٹھیك نام لینا ؛ صحیح نام بتانا ـ (۳) نامزد کرنا ؛ مقرر کرنا (کسی عہدے یا کسی کام پر) ـ (٤) ذکر کرنا ؛ بیان کرنا وضاحت کرنا ؛ صراحت کرنا ـ (٥) صدر پارلیمنٹ کا کسی ممبر کو نافرمانی کا ملزم ٹھہرانا ـ (٦) مثال کے طور پر پیش کرنا ؛ مثال دینا ؛ حوالہ دینا ـ (۷) متعین کرنا ؛ ٹھہرانا ـ (۸) کسی خاص لقب کے ساتھ نام لینا ؛ مخاطب کرنا یا ذکر کرنا ـ

Not to be named on or in same day or in the same breath : کہاں یہ کہاں وہ (اس کا اور اس کا کوئی مقابلہ نہیں ؛ ایك کا دوسرے سے مقابلہ کرنا (صرف منفی اور سوالیہ جملوں میں) ـ

To name on (or in) the same day or in the same breath : کسی کو مقابلے میں لانا ؛ کسی سے مقابلہ کرنا ـ

Name board : (n) (اسٹیشن ، دکان یا جہاز کے لئے) کوئی شناختی سائن بورڈ ـ

Name-child : (n) وہ بچہ جس کا نام کسی کے نام پر رکھا گیا ہو ـ

Name day : (n) (۱) اس ولی سے منسوب دن جس کے نام پر کسی کا نام رکھا گیا ہو (خصوصاً یورپ کے بادشاہوں کا) ـ (۲) لندن کے اسٹاك اکسچینج کے قاعدوں کے تحت کوئی دن جبکہ خریدار کے نام کا ٹکٹ بیچنے والے کو دیا جاتا ہے ـ

Name-drop : (v) بزرگوں اور دوسرے اشخاص کا گفتگو میں نام لینا تاکہ بہتر روایتوں سے تعلق پیدا کیا جائے ـ

Name-dropper : (n) وہ جو گفتگو میں بزرگوں اور مشاہیر کا نام لے کر اپنی نمود و شہرت کا خواہش مند ہو ـ

Name-dropping : (n) مشاہیر کا نام لے کر دوسروں پر دھونس جمانے کا طریقہ ـ

Name part : (n) ڈرامے کے اس شخص کا پارٹ جس کے نام سے ڈراما موسوم ہو ـ

Name-plate : (n) (۱) شناختی تختی ؛ لوحۂ اسم ؛ نام تختی ـ (۲) اخبار یا جریدے کا نام جو سر آغاز ہوا کرتا ہے ـ

Nameability/Namability : (n) نام یا اسم ہونے کی حالت یا صفت ـ

Nameable/Namable : (a) قابل ذکر ؛ نام لئے جانے کے قابل ؛ قابل متعین ؛ قابل تقرر ؛ نمایاں ؛ مشہور ـ

Named : (a) قابل ذکر ؛ مشہور ؛ کسی خاص نام سے مشہور ـ

Named insured : (n) بیمہ پالیسی جس میں کسی شخص کا خاص طور پر نام دیا گیا ہو ـ

Nameless : (a) (۱) کم نام ؛ بے نام ؛ غیر معروف ؛ بے ننگ و نام ـ (۲) جس کا نام نہ لیا جائے (نام ارادتاً چھپانا) ـ (۳) نامعلوم ؛ مجہول الاسم ـ (٤) (کوئی چیز) جس کا نام نہ ہو ؛ جس پر نام نہ لکھا ہو ؛ بے نام کا ـ (٥) ناقابل ذکر ؛ ناقابل گفتنی ؛ قابل نفرت ؛ لائق حقارت ؛ نا قابل اظہار ؛ ناقابل تعریف ؛ وحشت انگیز ؛ بھیانك ؛ ڈراؤنا ؛ مذموم ؛ قبیح ـ (٦) (تعمیرات) عمارت سے قبل (جس پر کوئی کتبہ نہ ہو) ـ

Namelessly : (adv.) گمنامی سے ؛ غیر معروف رہ کر ـ

Namelessness : (n) گمنامی؛ بے اسمیت ؛ گمنام ہونا ؛ غیر معروفیت ـ

Namely : (adv.) یعنی ؛ مثال کے طور پر ؛ مثلاً ـ

Namely : (a) مشہور ـ

Namer : (n) نام رکھنے والا ؛ نام دہندہ ؛ لقب دہندہ ۔

Namesake : (n) ہم نام ۔

Nan or nano - : جزو ترکیبی بمعنی بونا ۔

Nana : (a) بونا (خصوصاً معاشی پودوں کی مختلف نسلی قسموں کے لئے مستعمل ہے) ؛ بونی عورت ۔

Nana : (n) انّا ؛ دایا ؛ کھلائی ۔

Nance : (n) (روز مرہ) زنخہ ؛ نسوانی خاصیت والا مرد ؛ یك جنس ۔

Nancy : (a) فرانس کے شہر نینسی کا ؛ اس شہر کے مروجہ طرز کا ۔

Nancy-story : (n) افریقہ کے گولڈ کوسٹ کے حبشیوں کی کہاوت ۔

Nandu : (n) ایك قسم کا شتر مرغ (خاص طور پر جنوبی امریکا کا) ۔

Nanism : (n) (طب) بونا پن ؛ کوتاہ قدمی ؛ بونا ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ غیر معمولی طور پر پست قد ہونے کی حالت ۔

Nanization : (n) بونا سازی ؛ بونا بنانا ؛ چھوٹا کرنا (جیسے درختوں کو باغبانوں کے ذریعہ) ۔

Nankeen/-kin : (n) (۱) نانکین ؛ نین کینی (ایك قسم کا سوتی کپڑا) جو ابتدا میں قدرتی (زرد) روئی کا ہوتا تھا ۔ (۲) (جمع) نانکین کا پاجامہ ؛ اس کپڑے کی ایك قسم ۔ (۳) میلا سا زرد رنگ ؛ بھورا رنگ ۔ (٤) ایك قسم کی چینی چکنی مٹی ۔

Nankeen bird : (n) ایك آسٹریلوی چڑیا ۔

Nankeen cotton : (n) ایك قسم کی روئی جس سے ابتدا میں نین کینی کپڑا بنتا تھا ۔

Nankeen crane/-hawk : (n) آسٹریلوی چڑیا ۔

Nanny : (n) بکری ۔

Nanny-goat : (n) (روز مرہ) بکری ۔

Nanos : (n) بونا ؛ پست قد ۔

Nanus : (n) (طب) بونا ؛ (نباتیات) کوتاہ قد ۔

Naos : (n) مندر ؛ مندر کا مقدس مقام یا گوشہ ۔

Nap : (n) ہلکی سی نیند ؛ مختصر نیند ؛ جھپکی (خاص طور پر دن کے وقت) ؛ قیلولہ ۔

Nap : (n) (۱) برش یا کسی کھردری سطح سے کپڑوں یا دھاگوں کے ریشوں کا ابھرنا ۔ (۲) روئیں دار کپڑا ؛ ایك قسم کا کپڑا ؛ روئیں دار کپڑے جیسا ۔ (۳) سنجاب ؛ نمدا اور ریشمی کپڑے کی چکنی اور چمکیلی سطح ۔

Nap : (n) (۱) نپولین کا مخفف ۔ (۲) تاش کا کھیل جس میں ہر کھلاڑی کو پانچ کارڈ ملتے ہیں ؛ پنج پتی تاش کا کھیل ۔ (۳) (شرط) سارا روپیہ ایك شرط پر لگا دینا ؛ وہ شرط جس پر سارا روپیہ لگا دیا جائے ۔

To go nap : سارا (روپیہ) ایك شرط پر لگا دینا ؛ زیادہ کے لئے قیاس کر لینا ؛ پانچوں ہاتھ بنانے کا دعویٰ کرنا ؛ (استعارتاً) بہت بڑے فائدے کی امید میں جوکھوں میں پڑنا ؛ پوبارہ کا داؤں لگانا ۔

To make his nap : جب کھلاڑی سب جیت لیتا ہے ۔

Nap : (v) ہلکی نیند سونا (خصوصاً دن میں) ؛ جھپکی لینا ؛ قیلولہ کرنا ۔

To take or catch (one) napping : (کسی کو) غافل پانا ؛ سوتا ہوا پانا ؛ اچانك جا لینا ۔

Nap hand : (n) (استعارتاً) وہ حالت جس میں کامیابی تقریباً یقینی ہو اگر ذرا جرأت سے کام لیا جائے ؛ پوبارہ ہونے کا موقع ۔

Napa leather : (n) کیلی فورنیا کا تیار کردہ دستانے کا چمڑا ۔

Napalm : (n) (۱) نیپلم ؛ نیپام ۔ (۲) گیسیلن اور نیپلم کی آمیزش سے بننے والا آتش گیر مادہ ۔

Napalm : (v) نیپام بم سے حملہ کرنا ۔

Nape : (n) منکا ؛ پشت گردن ؛ گدی ۔

Napecrest : (n) افریقہ کا ایک پرندہ ۔

Napellus : (n) (نباتیات) عام جدوار (اکونائٹ) ؛ راہب کی کلاہ ؛ بھیڑئیے کا زہر ۔

Naperer : (n) وہ شخص (شاہی محل کا ملازم) جس کے ذمہ شاہی میز پوش کا انتظام ہوتا ہے ۔

Napery : (n) دسترخوان ؛ میز پوش ؛ چادر وغیرہ (گھریلو کام کے لئے)۔

Naphazoline : (n) ایک اساس جو نیپتھلین اور ایمیڈا زولن سے دستیاب ہوتی ہے اور جس کا استعمال ناک کے بھر جانے میں ہوتا ہے ۔

Naphtha : (n) (۱) ایک آتش گیر رقیق مادہ جو زمین سے نکلتا ہے نفت ؛ پٹرولیم خصوصاً جب وہ پرّاں حالتوں میں ہو۔ (۲) (قدیم) کوئی آتش گیر اور تیز بو دینے والا رقیق مادہ جیسے ایتھر وغیرہ ۔ (۳) مختلف پرّاں آتش گیر رقیق ہائڈروجن کاربن مکسچر جس کا خاص استعمال محلل کے طور پر ہوتا ہے ۔

Naphthalene/-in : (n) (کیمیا) نفطلین ؛ نفتی گولی ؛ ایک ہائیڈروکاربن جسکی بو خاص قسم کی ہوتی ہے اور جو کولتار کا خاص جزو ہوتا ہے ۔

Naphthalenic : (a) نفطلین کا ؛ اس سے متعلق ؛ یا اس سے نکلا ہوا ۔

Naphthalenoid : (a) نیپتھلین کی ترکیب کی مانند ۔

Naphthalic : (a) دیکھو Naphthalenic

Naphthalize : (v) (۱) آتش گیر مادے کے ساتھ ملانا ؛ جذب کرنا یا بھرنا ۔ (۲) نفطی گولیاں رکھ کر یا نفطی تیل چھڑک کر کسی جگہ کو جراثیم سے پاک کرنا ۔

Naphthene : (n) سیر شدہ دائروی ہائیڈروکاربن کے سلسلوں میں سے کوئی ایک ؛ سائکلوپارافن ۔

Naphthenic : (a) نفطین کا یا اس سے متعلق ۔

Naphthol : (n) (کیمیا) دو نفطی گولیوں میں سے ایک ؛ دافع امراض جلدی ۔

Naphthous : (n) آتش گیر مادے کا ۔

Naphthyl : (n) (۱) نفطین سے حاصل ہونے والا ؛ ہائیڈرو کاربن کا جزو مستقل (Radical)۔ (۲) ہائیڈروجن کے جوہر کے اخراج سے حاصل ہونے والا جزو مستقل ۔

Naphthylamine/Naphthylamin : (n) (کیمیا) نفطین سے حاصل ہونے والی ایک قلمی اساس جس کا خاص استعمال رنگ سازی میں ہوتا ہے ۔

Napierian/Naperian : (a) اسکاچستانی ریاضی داں نیپیر (Napier) کی دریافت سے متعلق ۔

Napier's bones : (n) کم چوڑی ہڈی ، ہاتھی دانت یا لکڑی کے ٹکڑے جن پر مختلف اعداد کے نشانات بنے ہوں جن سےضرب اور تقسیم کے سوالات کو آسانی سے حل کیا جا سکے اسکا موجد Napier تھا ۔

Napier's logarithm : (n) نیپرل لوکارتھم ۔

Napier's rods : (n) نیپیری ڈنڈیاں ؛ دیکھو Napier's bones۔

Napier's rule : (n) کروی علم مثلث کے دو اصولوں میں سے کوئی ؛ کسی حصے کا جیب زاویہ متصلہ حصوں کے زاویہ ہائے مس کے حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے اور کسی حصے کا جیب زاویہ اس کے مقابل کے حصوں کے جیب مستوی زاویوں کے حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے ۔

Napiform : (a) شلجم یا شلغم کی شکل کا ؛ شلجمی ؛ (نباتیات) شلجم کی جڑ کی شکل کا ۔

Napkin : (n) (۱) دست پاک (جو کھانا کھاتے وقت کپڑوں پر ڈال لیتے ھیں ؛ پیش انداز ؛ پیش گیر ۔ (۲) چھوٹا تولیا ؛ رومال ؛ دست مال ؛ میز مال ؛ جھاڑن ؛ پھلیا (بچوں کی) ۔

Lay up in a napkin : (لوقس کی انجیل) تہ کر کے رکھ لینا ؛ کوئی کام نہ لینا ؛ استعمال نہ کرنا ۔

Napkin-ring : (n) نشان کیا ہوا چھلا جس میں دست پاک رکھتے ھیں کہ بدل نہ جائے ۔

Naples : (a) (۱) اٹلی کے شہر نیپلس کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) اس شہر کے اسلوب یا طرز کا ۔

Naples : (n) جنوبی اطالیہ کے ایک شہر کا نام ۔

Naples yellow : (n) رنگنے کا زرد رنگ عمدہ برادے یا پوڈر کی شکل میں جو نیپلس شہر میں سیسے سے تیار کیا جاتا ھے ؛ سرمئی رنگ ۔

Napless : (a) بغیر روئیں کے ؛ پرانا ؛ تار تار ۔

Napoleon : (n) (۱) فرانس کے بعض بادشاھوں کا عیسائی نام خاص کر نپولین اول ۔ (۲) نپولین ، فرانس کا طلائی سکّہ جس کی قیمت ۲۰ فرانک ھے اور جسے نپولین نے جاری کیا تھا ۔ (۳) ایک قسم کا لمبا اور اونچا بوٹ (جوتا) ۔ (٤) پچ پتّی (تاش کا ایک کھیل) ۔ (٥) کوئی نپولین اول جیسا (مثلاً خواہش ، حوصلہ ، حسن تنظیم ، مہارت یا اقتدار میں) ۔

Napoleon blue : (n) گہرا نیلا رنگ ۔

Napoleonic : (a) نپولین اول کا یا اس سے متعلق ؛ مثل نپولین ؛ نپولین صفت ۔

Napoleonically : (adv.) نپولین کی طرح ۔

Napoleonism : (n) نپولین اول کے اصول کی حمایت ؛ نپولین اول کی پیروی ؛ نپولین اول کے خاندان کی حمایت یا اس کی طرف داری ۔

Napoleonist : (n) نپولین اول کا پیرو ؛ نپولین اول کا حامی یا اس شاہی خاندان کا فرد ۔

Napoleonize : (v) نپولین کی طرح حکومت کرنا ؛ نپولین کے طرز پر حکومت چلانا ۔

Napoleon's willow : (n) درخت بید ۔

Napoo / Napooh : (int.) (فوجی روز مرہ) غائب ؛ ختم ؛ گیا ہاتھ سے اب کچھ نہیں ہو سکتا ؛ کچھ کرنے کو نہیں ھے یا نہیں تھا ۔

Nappe : (n) (۱) پانی جو دریا کے بند پر گرتا ھے ۔ (۲) (ارضیات) سطح مسطح ۔

Nappe structure : (n) چٹانوں کا ڈھیر ۔

Nappiness : (n) روئیں دار ھونا ۔

Nappiness : (n) (گھوڑے کے لئے) اَڑ جانے یا رک جانے کی کیفیت ۔

Nappy : (a) (۱) (قدیم) کف دار ؛ تیز (شراب وغیرہ) جس میں خوب جھاگ ھوں ۔ (۲) نرم ؛ گد گدا ؛ ملائم ۔ (۳) خواب آور ؛ نیند لانے والا یا والی ۔ (٤) کسی قدر مست (شراب) پی کر ۔

Nappy : (n) شراب ؛ ایل شراب ؛ بوزہ ۔

Nappy : (n) کٹورا ؛ بڑا پیالہ ؛ قاب ؛ تھالی ؛ اتھلا اور بڑا برتن (جس سے کھانا لگایا جاتا ھے ؛ کبھی یہ دستہ دار بھی ھوتا ھے) ۔

Napu : (n) (ملایا کی زبان) غزال مشکیں ؛ جاوا اور سماترا کا مشکیں ہرن ۔

Narc-/Narco - : (۱) بے حسی ؛ سن ھوجانا ۔ (۲) گہری نیند ۔ (۳) برقی شعاع ۔

Narceine/-in : (n) (کیمیا) نرسین ؛ ایک القلی جو افیون سے نکلتا ھے اور کبھی کبھی افیون کے ست کی بجائے استعمال ھوتا ھے ؛ افیونی القلی ۔

Narcism : (n) نرگسیت۔

Narciss : (n) نرگس۔

Narcissan : (a) (۱) نارسیس کی دیو مالا سے متعلق۔(۲) نارسیسی۔

Narcissism : (n) (نفسیات) (تحلیل نفسی) عشق ذات ؛ خود پرستی ؛ وہ نفسی کیفیت جس میں انسان اپنی ذات کو کامل سمجھتا ہے اور اسی میں محو رہتا ہے ؛ خود پسندی ؛ خود پرستی ؛ نرگسیت۔

Narcissist : (n) نرگسیت میں مبتلا ؛ خود پرست ؛ خود پسند ؛ نفس پرست۔

Narcissist/Narcissistic : (a) نرگسیت کا یا اس سے متعلق ؛ خود پسندانہ ؛ خود پرستانہ۔

Narcissus : (n) (نباتیات) نرگس ؛ ایک قسم کا پودا ؛ اس پودے کی کوئی نوع ؛(اساطیر) ایک خوب صورت جوان جو اپنی ہی صورت پر فریفتہ ہوا اور غم میں جان دے دی اور اسی کی خاک سے نرگس کا پھول اُگا۔

Narcist : (n) خود پرست ؛ نفس پرست ؛ خود پسند۔

Narcistic : (a) خود پرستانہ ؛ خود پسندانہ۔

Narco-analysis : (n) ایک نفسیاتی علاج جس سے مریض کی شخصیت میں توازن آجاتا ہے۔

Narco-anesthesia : (n) خواب آور دوا (جیسے مارفین) سے پیدا ہونے والی بے ہوشی۔

Narco-diagnosis : (n) تشخیص مرض کےلئے خواب آور دواؤں کا استعمال (جیسے طب دماغی میں)۔

Narco-stimulant : (n) ایک مادہ جس میں مد ہوش اور محرک کرنے کی خاصیت ہو۔

Narco-suggestion : (n) نفسیاتی مریض کی (جسے خواب آور دوا دی گئی ہو) اشاروں کے ذریعہ تحلیل نفسی۔

Narcohypnia : (n) جاگنے پر بے حسی کا احساس۔

Narcohypnosis : (n) دواؤں کے ذریعے بے ہوشی کی کیفیت پیدا کرنا جس سے دماغی علاج میں کام لیا جاتا ہے۔

Narcolepsy : (n) ایک مرض جس میں مریض پر رہ رہ کر نیم خوابی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور جس کا سبب عموماً معلوم نہیں ہوتا۔

Narcoleptic : (a) نیم خوابی کے مرض میں مبتلا یا اس کا شکار۔

Narcoleptic : (n) نیم خوابی کے مرض میں مبتلا شخص۔

Narcoma : (n) خواب آور دواؤں کے نتیجے میں مدھوشی کی حالت ؛ مخبوط الحواسی۔

Narcomania : (n) منشیات کی ناقابل ضبط خواہش۔

Narcose : (a) مد ہوش ؛ غافل ؛ مخبوط الحواس۔

Narcosis : (n) (مرضیات) تخدیر ؛ سن ہوجانا ؛ بے حسی ؛ بے ہوشی کاربن ڈائی آکسائڈ ، الکحل یا میگنیشیم نمک کے زیر اثر ایک قابل حالت۔

Narcotic : (a) (۱) مخدر ؛ سن کرنے والا۔ (۲) خواب آور ؛ مسکر ؛ منوِّم۔ (۳) تخدیر کے متعلق۔

Narcotic/-al : (a) (۱) مخدّر یا سُن کرنے کی خاصیت رکھنے والا۔ (۲) مخدرات سے متعلق۔

Narcotic : (n) (۱) (طب) خواب آور اور مخدر مادہ ؛ بے حس بنانے والا مادہ۔ (۲) بے حسی کی سی حالت۔

Narcotically : (adv.) مخدرانہ ؛ منوِّمانہ۔

Narcoticism : (n) ایسی دواؤں کا عادی ہو جانا جن سے عادتیں بنتی ہوں۔

Narcoticness : (n) مدھوش یا مخبوط الحواس ہونے کی حالت یا کیفیت۔

Narcotico-acrid : (a) (طب) Narcotic اور acrid اجزا کا۔

Narcotico-acrid : (n) ایک زہر جس میں نارکوٹک اور اکریڈ اجزا کے اثرات ہوں۔

Narcotine : (n) (کیمیا) ایک تلخ بلوری القلی جو افیون سے نکالا جاتا ہے اور کبھی کبھی دوا میں استعمال ہوتا ہے ؛ جوہر افیون۔

Narcotism : (n) مخدر دوا کا اثر ؛ تخدیر کی کیفیت ؛ مریضانہ خوابی میلان ؛ دواؤں کے ذریعہ نیند لانے کا طریقہ۔

Narcotist : (n) مخدرات کا عادی ؛ خواب آور دواؤں کا استعمال کرنے والا۔

Narcotization : (n) تنویم ؛ تخدیر ؛ خواب آوری ؛ خواب آور دواؤں کے ذریعہ نیند ؛ نشہ ؛ کیف۔

Narcotize : (v) سُن کرنا ؛ بے حس کرنا (خواب آو دواؤں کے ذریعہ)۔

Nard : (n) بال چھڑ ؛ خوشبو دار پودا ؛ سنبل ہندی ؛ سنبل طب۔

Nard : (v) سنبل طب لگانا۔

Nardine : (a) بال چھڑ کی خاصیت رکھنے والا۔

Nardoo/-du : (n) (۱) ایک قسم کا پودا جس سے آٹا تیار کیا جاتا ہے اور جسے آسٹریلیا کے باشندے بطور غذا استعمال کرتے ہیں۔ (۲) ایک ہندوستانی پودا۔

Nare : (n) (تشریح) ناک کا سوراخ۔

Nares : (n) نتھنے ؛ سوراخ بینی۔

Nargil : (n) ہندوستانی ناریل۔

Narghile/Nargileh/Nargilly : (n) قلیان ؛ حقہ ؛ نرگیل ؛ (ناریل ، نریل)۔

Narial : (a) نتھنوں کا ؛ ناک کے سوراخ کے متعلق۔

Naris : (n) نتھنا ؛ ناک کا سوراخ۔

Nark : (n) مُخبر ؛ جاسوس۔

Nark : (v) مخبری کرنا ؛ جاسوسی کرنا۔

Narky : (a) بدخو ؛ زود حس ؛ غصہ ور۔

Narrate : (v) بیان کرنا ؛ روایت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ کہانی یا قصہ بیان کرنا یا لکھنا۔

Narration : (n) بیان ؛ روایت ؛ نقل ؛ قصہ ؛ حکایت ؛ داستان ؛ (خطابت) خطابت کا وہ حصہ جس میں حقیقت واقعہ بیان کی جائے۔

Narrative : (n) (۱) قصہ ؛ داستان ؛ حکایت ؛ کہانی ؛ داستان سرائی۔ (۲) بیان ؛ نقل ؛ روایت ؛ (قانون) کسی دستاویز یا وثیقہ کا وہ حصہ جس سے ضروری باتیں معلوم ہوں۔ (۳) بیان کرنے کا عمل یا اس کی مشق ؛ بیان کرنے کی کچھ باتیں۔ (٤) کسی واقعہ یا داستان کی تصویری ترجمانی یا مرقع کشی۔

Narrative : (a) (۱) بیانی ؛ حکایتی ؛ طرز بیان کا یا اس کے متعلق۔ (۲) بیانیہ۔ (۳) بیانیہ کی خاصیت رکھنے والا۔

Narratively : (adv.) بیان یا روایت کرتے ہوئے ؛ حکایتی طرز میں ، قصہ کے انداز میں۔

Narrator : (n) راوی ؛ داستان گو ؛ ناقل ؛ قصہ خواں ؛ داستان نویس ؛ بیان کرنے والا۔

Narratory : (a) حکایتی ؛ حکایتی طرز بیان ؛ حکایت یا قصے کا۔

Narratress/Narratrix : (n) (عورت) راوی ؛ ناقل ؛ داستان گو ؛ داستان نویس ؛ بیان کرنے والی وغیرہ۔

Narrow : (a) (۱) تنگ ؛ کم چوڑا ؛ سکڑا ؛ بھنچا ہوا۔ (۲) چھوٹا ؛ محدود ؛ تنگ ؛ غیر ہمدرد۔ (۳) قلیل ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ محدود مقدار یا سائز کا۔ (٤) تنگ نظر ؛ متعصب ؛ خود پسند۔ (٥) گہرا ؛ غائر۔

The narrow way : صراط مستقیم ؛ نیکی کا راستہ۔

To fall narrow : کم ہو جانا۔

To go narrow : (گھوڑے کا) اپنے پاؤں کو بہت قریب رکھ کر چلنا ۔

Narrow : (n) تنگ نائے یا آب نائے ؛ دریا ؛ درے اور سڑک وغیرہ کا تنگ حصہ ؛ تنگ جگہ ۔

Narrow : (v) تنگ ہو جانا ؛ کم ہوجانا ؛ سکڑ جانا ؛ تنگ بنانا ؛ سکیڑ دینا ؛ کم کر دینا ؛ محدود کر دینا ؛ تنگ جگہ میں لے جانا ؛ اچھی طرح دبانا ۔

Narrow circumstances : (n) تنگ دستی ؛ افلاس ۔

Narrow cloth : (n) اکہرے عرض کا کپڑا (٥٢ انچ سے کم) ۔

Narrow escape : (n) بال بال بچنا ۔

Narrow examination : (a) چھان بین ۔

Narrow-eyed : (a) کوتاہ نظر ؛ تنگ نظر ۔

Narrow front : (n) (فوج) چھوٹا محاذ جنگ ۔

Narrow gage/-gaged : (a) معیاری ناپ سے چھوٹی لائن والی؛ چھوٹی پٹری والی (٤ فٹ ۲/١ ٨ انچ سے کم کی) ۔

Narrow gallery : (n) (کان کنی) تنگ سرنگ ۔

Narrow gauge : (a) (١) چھوٹی پٹری؛ چھوٹی لائن (جو ٤ فٹ ۲/١ ٨ انچ سے کم کی ہو) ۔ محدود ؛ صوبائی ؛ علاقائی ؛ کسی خاص حلقے یا خطے کا ؛ ادنیٰ ۔

Narrow goods : (n) چھوٹی موٹی چیزیں ؛ فیتے ؛ بیلیں وغیرہ ۔

Narrow hearted : (a) تنگ دل ؛ خسیس ؛ ممسک ؛ لئیم ۔

Narrow heartedness : (n) خساست ؛ بخیلی ؛ تنگ دلی ۔

Narrow house : (n) قبر ۔

Narrow-minded : (a) تنگ نظر ؛ سطحی؛ کوتاہ نظر ؛متعصب ؛ ادنیٰ ؛ صوبائی ۔

Narrow-mindedly : (adv.) تنگ نظری سے ؛ متعصبانہ طور پر ؛ کوتاہ نظری سے ۔

Narrow mindedness : (n) تنگ نظری ؛ تعصب ؛ کوتاہ نظری ۔

Narrow seas : (n) تنگ سمندری حصے جو برطانیہ کو براعظم اور آئرلینڈ سے جدا کرتے ہیں ؛ بحیرۂ انگلستان اور بحیرۂ آئرستان ۔

Narrow sighted : (a) تنگ نظر ۔

Narrow spirited : (n) کم حوصلہ ؛ پست ہمت ۔

Narrow work : (n) کھدائی کا چھوٹا کام تین گز کی چوڑائی میں ۔

Narrower : (n) تنگ کرنے والا ؛ کم کرنے والا ؛ محدود کرنے والا ۔

Narrowing : (n) تنگ جگہ ؛ تنگ کرنا ؛ کم کرنا ؛ محدود کرنا ۔

Narrowingness : (n) تنگ ہونے کی خاصیت ۔

Narrowish : (a) قدرے تنگ ؛ کسی قدر تنگ ۔

Narrowly : (adv.) غائر توجہ سے ؛ محدود طور پر؛ سختی کے ساتھ ؛ صحیح معنی میں ۔

Narrowness : (n) تنگی ؛ کوتاہی ؛ تنگ یا کوتاہ ہونے کی حالت ۔

Narthex : (n) (آثار قدیمہ) قدیم کلیساؤں میں کٹہرے سے الگ کیا ہوا مغربی حصہ ؛ ڈیوڑھی ؛ مستورات (توبہ کرنے والوں اور نو مریدوں کے لئے) ۔ (نباتیات) جنس ہینگ ۔

Narwhal : (n) نروَل ؛ ایک قسم کی وھیل مچھلی جو بحر شمالی میں پائی جاتی ہے اس کے سر پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں ۔

Nary : (a) نہ تو ؛ نہیں؛ (روز مرہ) یہ نہ وہ ؛ ایک بھی نہیں؛ کوئی نہیں ۔

Nas-/Naso-/Nasi - : جزو ترکیبی بہ معنی ناک ؛ ناک کا ۔

Nasal : (n) (۱) ناک سے ادا ہونے والا حرف ؛ حرف غُنّہ ؛ آواز غُنّہ - (۲) خود (لوہے کی فوجی ٹوپی) میں ناک کو محفوظ رکھنے والا حصہ - (۳) (تشریح) ناک کی ہڈی -

Nasal : (a) (۱) ناک کا ؛ ناک کے متعلق ؛ کم و بیش ناک سے پیدا شدہ (آواز یا حرف) ؛ ناک سے نکلنے والی (آواز) ؛ غنّہ ؛ جس کا مخرج ناک ہو - (۲) جس میں ناک سے نکلنے والی آوازیں شامل ہوں -

Nasal nerves : (n) انفی اعصاب -

Nasal organ : (n) (مزاحاً) ناک -

Nasalism : (n) آواز کا ناک کی آواز سے ملنا -

Nasality : (n) (۱) ناک سے نکلنے والی آواز کی صفت ؛ غُنّہ ؛ حرف غُنّہ - (۲) ناک سے نکلنے والی آواز کی مثال -

Nasalization : (n) ناک سے ادا کرنا؛ ناک سے آواز نکالنا؛ ناک کی آواز جیسی آواز نکالنا -

Nasalize: (v) ناک کے ذریعہ بولنا ؛ غُنّہ کرنا؛ ناک کی آواز کی طرح بولنا -

Nasally : (adv.) ناک سے ؛ ناک میں سے -

Nascence : (n) آغاز ؛ ابتدا ؛ شروع ؛ پیدائش -

Nascency : (n) (۱) عنفوان ؛ بننے یا پیدا ہونے کی حالت - (۲) پیدائش -

Nascent : (n) (۱) بنتا ہوا ؛ اٹھتا ہوا ؛ پیدا ہوتا ہوا ؛ نکلتا ہوا ؛ عنفوانی (جو عالم عنفوان میں ہو) ؛ نوزائیدہ ؛ نو خیز ؛ نو ظہور ؛ نو خاستہ - (۲) نرہ یا شے سے متعلق جبکہ اس کی ترکیبی حالت ہو -

Nascent state : (n) (۱) وجود میں آنے کی حالت ؛ ناشی حالت - (۲) (کیمیا) کسی عنصر کا مرکب سے جدا ہونے کا لمحہ -

Naseberry : (n) (نس بیری) جزائر غرب الہند میں ایک قسم کا بیر کا درخت ؛ (نباتیات) امریکی آلوچہ -

Nash-gab/-gob : (n) (۱) غیر متعلق بات - (۲) (قدیم) گستاخانہ گفتگو؛ شوخ ؛ دریدہ دہن آدمی -

Naso - : (a) (سابقہ لاطینی) انفی ؛ ناک سے متعلق ؛ جبینی ؛ ناک اور پیشانی سے متعلق -

Naso-scope : (n) (طبیعیات) ناک بین ؛ ناک کے سوراخ جانچنے کا آلہ -

Nasofrontal : (a) (تشریح) انفی جبینی -

Nasolabial : (a) (تشریح) انفی لبی -

Nasolachrymal : (a) (تشریح) انفی دمعی -

Nasology : (n) (تشریح) انفیات ؛ ناک کا علم؛ناک کا سائنسی مطالعہ -

Nast : (n) گندگی ؛ کثافت -

Nastaliq : (n) نستعلیق ؛ ۱۵ ویں صدی عیسوی میں ترقی یافتہ رسم خط ، جس میں دائیں سے بائیں خم دینے کی خصوصیت پائی جاتی ہے اور جس کا استعمال فارسی، اردو اور ملایا کی تحریروں میں ہوتا ہے -

Nastic : (a) کج حرکتی -

Nastic movement : (n) کج حرکت -

Nastily : (adv.) گندے پن سے ؛ بد طینتی سے ؛ سختی سے ؛ ناپسندیدگی سے ؛ بد خوئی سے -

Nastiness : (n) بد طینتی ؛ سختی ؛ گندگی ؛ غلاظت ؛ گھناؤنا پن؛ نا پسندیدگی ؛ بد خوئی -

Nastis : (n) (طبیعیات) ناک کا ورم -

Nasturtium : (n) (نباتیات) صلیبی شکل کے تلخ پودوں کی ایک جنس جس میں نارنجی رنگ کے پھول لگتے ہیں -

Nasty : (a) (۱) گندہ ؛ غلیظ ؛ ناپاک ؛ میلا کچیلا - (۲) فحش ؛ فاحش - (۳) ناگوار ؛ بدبو دار ؛ بد مزہ ؛ (مجازاً) بُرا ؛ خراب - (٤) (موسم وغیرہ) خراب ؛ طوفانی -

(٥) سخت ؛ سنگین ؛ دشوار ؛ مشکل ؛ کٹھن ؛ خطرناک۔ (٦) بد خو ؛ بد طینت ؛ کمینہ۔ (٧) خطرناک ؛ نا پسندیدہ (دوسرے کے لئے)۔

Nasty : (v) (خصوصاً روز مرہ) کثیف کرنا ؛ گندہ کرنا۔

Nasty : (a) کج حرکتی ؛ پودے کے کسی حصہ کی ، کسی خاص سمت میں کسی تحریک کے نتیجہ میں کج حرکتی۔

Nasute/Nasutus : (a) (حیوانیات) ناک کی شکل کا ؛ بڑی ناک والا ؛ منقاری۔

Natal : (a) (١) پیدائش کے متعلق ؛ پیدائش کا ؛ پیدائشی ؛ کسی کی پیدائش کی ساعت یا یوم پیدائش سے متعلق۔ (٢) مولد ؛ موطن۔ (٣) پیدائش کے وقت کا۔

Natal : (a) سرین سے متعلق۔

Natal hour/-day : (n) کسی کی پیدائش کا دن یا ساعت ؛ یوم ولادت ؛ وقت ولادت۔

Natalian : (n) (١) نیٹال کا باشندہ ؛ نیٹالی۔ (٢) جنوبی افریقہ کا صوبہ۔

Natality : (n) شرح پیدائش۔

Natant: (a) بہتا ہوا ؛ تیرتا ہوا۔

Natation : (n) شنا وری ؛ تیراکی۔

Natational : (a) شناوری سے متعلق ؛ تیراکی سے متعلق۔

Nationist : (n) تیراک ؛ شناور ؛ تیرنے والا۔

Natator : (n) تیراک۔

Natatores : (n) (طیوریات) تیرنے والے پرندوں کی ایک جنس جیسے بط ، بنس وغیرہ ؛ پیراک طیور۔

Natatorial/Natatory : (a) (١) تیرتا ہوا ؛ تیرنے والا۔ (٢) تیرنے کا ؛ شناوری سے متعلق ؛ شنائی۔

Natatorium : (n) شناگاہ ؛ تیر تالاب۔

Nates : (n) (١) (طبیعیات) چوتڑ ؛ سرین۔ (٢) (تشریح) فصوص عینی ؛ لفتہ* چشم؛ دماغ میں فصوص عینی کا سب سے پہلا جوڑ۔

Natheless/Nathless : (adv.) (قدیم) تاہم ؛ باوجودیکہ ؛ اس پر بھی ؛ پھر بھی۔

Nathless : (prep.) باوجودیکہ ؛ ہوتے ہوئے۔

Natica : (n) (حیوانیات) گوشت خوار سمندری گھونگے ؛ اس جنس کا گھونگا۔

Natiform : (a) سرین کے مشابہ۔

Nation : (n) (١) قوم ؛ ملت ؛ ایک ہی ملک کے باشندے۔ (٢) (تاریخ) ازمنہ وسطیٰ کی اور بعض اسکاچستانی جامعات میں ایک ملک یا ضلع کے طلبا۔ (٣) شمالی امریکی انڈین کا قبیلہ۔ (٤) مخصوص قوم یا قبیلہ جو ایک ہی خاندان ، زبان یا تاریخ سے وابستہ ہو ؛ مختلف قبیلوں کا گروہ ؛ ایسے قبیلے یا امریکی انڈین کی جماعت کا علاقہ۔

Law of nations : قومی قانون۔

League of nations : انجمن اقوام۔

Most favoured nation : وہ قوم جس کے تجارتی مال پر سب سے کم محصول در آمد لگایا گیا ہو۔

The nation : کسی ملک کے تمام باشندے؛ قوم۔

The nations : (١) (بائبل) کفار یا ملحد قوم۔ (٢) (شعر میں) دنیا کے تمام لوگ اجتماعی طور پر۔

Nation : (a) (روز مرہ) بہت۔

Nation-state : (n) ایک قسم کی عالمی سیاسی تنظیم جس کی بنیاد ١٦ ویں صدی عیسوی میں پڑی تھی ؛ ایک ایسی ریاست جو کئی قومیت کے بدلے ایک قومیت کی حامل ہو۔

National : (n) (١) (جمع) ہم قوم افراد ؛ ہم قوم لوگ ؛ (ملک کا)

National forest : (n) قومی یا سرکاری جنگل جس کی محافظت حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے ؛ وہ جنگل جو کسی کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ پوری قوم کی ملکیت ہو۔

National guard : (n) نیشنل گارڈ ؛ قومی فوج ؛ ریاستی فوج ؛ ۱۷۸۹ء اور ۱۸۷۱ء کے درمیان فرانس کی ایک مسلح فوج۔

National income: (n) قومی آمدنی ؛ کسی قوم کی معیشت کے تمام ساز و سامان اور خدمات سے حاصل ہونے والی آمدنی کا مجموعہ جو ملازموں کی اجرت ، ٹیکس ، سود اور کرایہ والی آمدنی کے بعد تجارتی منفعت پر مشتمل ہوتی ہے ۔

National insurance : (n) قومی بیمہ ؛ نوکر پیشہ لوگوں کے لئے ، بیماری یا بے روزگاری کے خلاف سرکار کی لازمی بیمہ اسکیم۔

National meridian : (n) کسی ملک کے طول البلد کی پیمائش کے لئے وہ خط نصف النہار جو اس ملک کے لئے نقطہ* صفر ہوتا ہے ۔

National monument : (n) قومی یادگار جو مرکزی حکومت کی طرف سے عوامی ملکیت قرار دی جاتی ہے ۔

National park : (n) قومی پارک ؛ مخصوص منظری ، تاریخی یا سائنسی اہمیت کا حامل علاقہ جس کی نگرانی اور دیکھ بھال مرکزی حکومت کی جانب سے تفریح یا مطالعہ کے لئے ہوتی ہے ۔

National product : (n) قومی پیداوار۔

National republican : (n) (۱) (امریکا) اس سیاسی جماعت کا رکن جو ڈیموکریٹ کی‌مخالفت میں بنائی گئی تھی ؛ امریکا کی Whig پارٹی کا پرانا نام۔

National school : (n) نیشنل سوسائٹی کے ذریعہ قائم کئے گئے اسکولوں میں سے کوئی ایک۔

National socialism : (n) نازیت۔

National socialist : (a) نازیت کی خصوصیات کا حامل یا اس سے

باشندہ ؛ (قوم کا) فرد ۔ (۲) کسی قوم کی خصوصیت یا اس کا امتیازی وصف ۔ (۳) اپنی قوم یا ملک کے افراد کی شدت کے ساتھ حمایت ۔ (٤) (مجموعی طور پر) قومی مفاد میں سر گرم شخص ۔ (٥) کوئی تنظیم یا جماعت جس کی شاخیں ملک گیر پیمانے پر ہوں ۔

National : (a) (۱) قومی ؛ ملی ؛ ساری قوم کا ۔ (۲) قوم سے مخصوص ؛ کسی ملک کی افواج کا ۔ (۳) حکومت فرانس کی پہلی جمہوریہ ۱۷۹۳ء سے متعلق ۔

National anthem/-hymn : (n) قومی ترانہ ؛ حب الوطنی سے سرشار نظم ۔

National assembly : (n) نیشنل اسمبلی ؛ قومی مجلس برائے وضع قانون ؛ مجلس جس میں قوم کے نمائندے شامل ہوں تاکہ ملک کا دستور تیار کیا جائے ؛ ایوان قانون ساز ۔

National bank : (n) (۱) نیشنل بینک ۔ (۲) تجارتی بینک جس کا کام مرکزی حکومت کی نگرانی میں ہو۔

National blue : (n) نسبتاً گہرا نیلا رنگ (معتدل) ۔

National chruch : (n) قومی کلیسا ؛ قانون کے ذریعہ قائم شدہ کلب ۔

National council : (n) قومی کاؤنسل ۔

National debt : (n) قومی قرض ؛ کسی ملک کی مرکزی حکومت کی مجموعی مالیاتی ذمہ داریاں ۔

National economy : (n) قومی معیشت خصوصاً مجموعی طور پر ملک کی معیشت یعنی اقتصادی اکائی جس کا مخصوص وجود اس کی انفرادی اکائیوں کے مجموعہ سے زیادہ ہوتا ہے ۔

National emergency : (n) قومی ایمرجنسی ؛ قومی سطح پر ہنگامی حالت ؛ اندرونی یا بیرونی خطرے کی وجہ سے کسی ملک میں ایمرجنسی کی حالت جس کا اعلان بر سر اقتدار حکومت کے ذریعہ ہوتا ہے ۔

National flag : (n) قومی پرچم ؛ قومی جھنڈا ؛ پرچم جو کسی قوم کے مخصوص نشان کا حامل ہو۔

متعلق ۔

National society : (n) ۱۸۱۱ء میں قائم کی گئی انجمن جس کا مقصد غریبوں کی تعلیم کو بڑھاوا دینا تھا ۔

National state : (n) قومی ریاست یا ملک ۔

Nationalism : (n) (۱) ملت پروری ؛ قوم پرستی ؛ وطن پرستی ۔ (۲) قومی آزادی کی پالیسی (خصوصاً آئرستان میں) ۔ (۳) صنعت و حرفت کے کارخانوں کو قومی ملک بنانے کی پالیسی ۔ (٤) قومی شعور کا حامل رویہ ، احساس یا عقیدہ ۔

Nationalist : (a) (۱) ملّت پروری یا قوم پرستی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) قوم پرستی کی نمائندہ سیاسی جماعت سے متعلق ۔

Nationalist : (n) ملّت پرور ؛ قوم پرست ؛ وطن دوست ؛ ملّت پروری کا حامی ؛ نیشنلسٹ ؛ قومی حقوق کا محافظ ؛ قومی آزادی کی تحریک کا شیدائی ۔

Nationalistic : (a) ملت پروری کا ؛ ملت پرورانہ ؛ قوم پرستانہ یا اس سے متعلق ۔

Nationalistically : (adv.) قوم پرستی کے نقطہ٭ نظر سے ۔

Nationality : (n) قومی ملک ۔

Nationality : (n) (۱) قومی ہونا ؛ قومی رنگ ؛ قومی خصوصیت ؛ قومیت ۔ (۲) قومی احساس ؛ قومی جذبہ ۔ (۳) قوم ۔ (٤) قوم ہونا ؛ وجود بہ حیثیت قوم ؛ قومی آزادی ۔ (٥) نسل ۔ (٦) کسی خاص قوم سے ہونا ۔

Nationalization : (n) قومی بنانا یا بنایا جانا ؛ قومیانا ؛ قومی ملکیت میں لینا ۔

Nationalize/-ise : (v) (۱) قومی بنانا یا قومی رنگ دینا ۔ (۲) ایک قوم بنانا ؛ (اجنبی کو) قومیت کے حقوق دینا ؛ ملکی ہونا یا ہو جانا ۔ (۳) صنعت و حرفت اور زراعت کو قومی ملک قرار دینا ۔

Nationalizer : (n) قومی ملک بنانے کا حامی ؛ قومیانے کی وکالت کرنے والا ۔

Nationally : (adv.) قومی نقطہ٭ نظر سے ؛ قومی حیثیت سے ؛ قومی طور پر ؛ من حیث القوم ۔

Nationalness : (n) ہم قومیت ؛ ہم قوم ہونا ۔

Nationals : (n) ایک قوم کے افراد ؛ ایک ہی ملک کے رہنے والے ؛ ساتھی ؛ ہم قوم ۔

Nationalty : (n) قومی ملکیت ۔

Nationhood : (n) ایک قوم ہونے کی حالت یا صفت ؛ ہم قومیت ۔

Nationless : (a) کسی قوم کا نہیں ۔

Nationwide: (n) جو قومی یا ملکی سطح پر یا قومی اور ملک گیر پیمانے پر ہو ؛ جو پورے ملک یا قوم کو محیط ہو ۔

Native : (n) (۱) باشندہ ؛ رہنے والا ؛ ملکی ؛ دیسی ؛ وطنی ۔ (۲) (آسٹریلیائی) گورا جو آسٹریلیا میں پیدا ہوا ہو ۔ (۳) (دیسی) اصلی باشندہ ؛ غیر یورپی اقوام کا فرد ؛ پیدائشی غلام ؛ غیر مہذب نسل کا فرد ؛ (علم النجوم) کسی خاص سیارے کے دور میں کسی کا پیدا ہونا ۔ (٤) دیسی یا ملکی جانور یا پودا ۔ (٥) Oyster (کستو) جس کی پرورش برطانوی سمندر میں ہوئی ہو (خصوصاً مصنوعی پرورش گاہوں میں) ۔ (٦) کسی کا پیدا ہونا ایسی جگہ پر جہاں اسکے والدین کو بود و باش کا قانونی حق حاصل تھا ۔

Native : (a) (۱) ذاتی ؛ خلقی ؛ طبیعی ؛ فطری ؛ جبلی ۔ (۲) سادہ ؛ بے تکلف بے تصنع ؛ غیر مرصع ۔ (۳) کسی ملک یا مقام کا زائیدہ ؛ کسی مخصوص خاندان ، ضلع وغیرہ سے پیدائشی تعلق رکھنے والا ۔ (٤) پیدائشی حق سے متعلق ۔ (٥) اصلی (باشندہ) ؛ دیسی ؛ دیس کا؛ ملکی ۔ (٦) دیسیوں کا ؛ دیسیوں سے متعلق ۔ (٧) (معدنیات) خالص ؛ خام ؛ سادہ ۔ (٨) خاندان یا قومیت کی بنا پر قریبی رشتہ رکھنے والا ؛ پیدائش یا قومیت کی بنا پر وابستہ ۔ (٩) دہاتوں کا ؛ اپنی اصلی حالت میں چھوڑا ہوا ؛ غیر ضاعانہ ۔ (١٠) (آسٹریلیا) مخصوص انگریزی پودے یا جانور سے سطحی مشابہت رکھنے والا ۔ (١١) غیر داغ دار ۔

Native-born : (a) کسی خاص جگہ یا ملک کا پیدائشی باشندہ بعض دفع تارک وطن کو بھی کہا جاتا ہے جو کسی نوآبادی میں پیدا ہوا ہو۔

Native place : (n) جائے پیدائش ؛ مرزبوم۔

Natively : (adv.) خلقی طور پر طبعاً ؛ فطرتاً۔

Nativeness : (n) ملکی ہونا ؛ قومی ہونا ؛ طبعی ہونا۔

Nativism : (n) (۱) (فلسفہ) خلقیت ؛ نفسیات کا نظریہ کہ بعض تصورات خلقی ہو تے ہیں اور انسان انہیں حاصل نہیں کرتا ؛ ایک اصول کہ دماغ حسیت سے حاصل نہ ہونے والے عقلی عناصر رکھتے ہیں۔ (۲) میلان خاطر ملکی کے حق میں بخلاف غیر ملکی ؛ (سیاسیاست) صوبائی عصبیت۔

Nativist : (n) (فلسفہ) نظریہ" خلقیت کا قائل ؛ خلقیت پسند ؛ معتقد خلقیت۔

Nativist : (a) سیاسی خلقیت کی خصوصیات کا حامل۔

Nativity : (n) (۱) میلاد مسیح ؛ میلاد مریم عذرا ؛ میلاد یوحنا ؛ میلاد بپتسی۔ (۲) میلاد مسیح کی تصویر۔ (۳) عید میلاد مسیح ؛ بڑا دن (۲۵ دسمبر) ؛ عید میلاد عذرا (۸ ستمبر) عید میلاد یوحنا (۲۴ جون)۔ (٤) پیدائش ؛ ولادت۔ (٥) (علم النجوم) جنم پترا ؛ زائچہ۔

Nativity play : (n) ایک ڈراما جس میں حضرت عیسی کی پیدائش کا واقعہ پیش کیا جائے۔

Nativize : (v) مقامی رسم و رواج کے مطابق رد و بدل کرنا۔

Natr-/natro - : جز و ترکیبی بہ معنی "سوڈیم" اور "نٹرون"۔

Natricine : (n) پانی میں رہنے والے سانپوں کی ایک قسم۔

Natrium : (n) سوڈیم۔

Natrix : (n) شمالی امریکا کے پانی میں رہنے والے سانپوں میں سے کوئی قسم۔

Natrolite : (n) (معدنیات) الومونیم اور سوڈیم کا آبی سیلیکٹ (شورہ)۔

Natrometer : (n) (کیمیا) سوڈیم پیما۔

Natron : (n) خام شورہ ؛ نمک قلیائے طبیعی۔

Natter : (v) (۱) (روز مرہ برطانیہ) نکتہ چینی کرتے رہنا ؛ پیچھے پڑ جانا ؛ ملامت سے ناک میں دم کر دینا ؛ تنگ کرنا ؛ دق کرنا۔ (۲) (خصوصاً برطانیہ میں) گفتار کا غازی بننا ؛ بکنا۔

Natter : (n) (خصوصاً برطانیہ میں) گپ شپ ؛ ادنیٰ قسم کی بات چیت۔

Natter jack : (n) برطانوی مینڈک ؛ ایک قسم کا برطانوی مینڈک جس کی پشت پر زرد دھاریاں ہوتی ہیں۔

Nattier : (n) (۱) ایک فرانسیسی مصور (۱۷٦٦-۱٦۸٥) کا نام۔ (۲) ایک قسم کا نیلا رنگ۔

Nattier blue : (n) اوسط نیلا۔

Nattily : (adv.) بہت سلیقے سے ؛ خوب صورتی سے۔

Nattiness : (n) (۱) خوش نما سجاوٹ ؛ نفاست پسندی ؛ آراستگی۔ (۲) صفائی ؛ کاری گری ؛ چابک دستی۔

Nattle : (v) ٹھکٹھانا (ہلکے طور پر)۔

Natty : (a) (۱) چابک دست ؛ کاری گر ؛ ہوشیار۔ (۲) بہت صاف ستھرا ؛ نہایت سلیقے کا ؛ بڑی خوب صورتی سے سجا ہوا۔

Natural : (a) (۱) فطری ؛ جبلی ؛ خلقی۔ (۲) قدرتی ؛ قانون قدرت کے مطابق۔ (۳) طبعی ؛ معمولی۔ (٤) انسانی ؛ جو وحی و تنزیل پر مبنی نہ ہو۔ (٥) طبیعی ؛ غیر روحانی۔ (٦) خودرو ؛ غیر مزروع۔ (۷) اصلیت کے مطابق۔ (۸) کالا صل ؛ اصلی ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف ؛ بے تصنع۔ (۹) توقع کے مطابق۔ (۱۰) طبیعت کے مناسب ؛ آسان۔ (۱۱) ناجائز ؛ بے نکاحی۔ (۱۲) علوم طبیعی کے متعلق۔ (۱۳) پیدائشی ضعیف العقل۔ (۱٤) جنم کا باؤلا۔ (۱٥) فطری رنگ کا۔

To come natural to : فطری طور پر پیش آنا ؛ فطری رنگ میں ہونا ۔

Natural : (n) (۱) قدرتی سر ؛ پیانو کا سفید پردہ ۔ (۲) (تاش کے ایک کھیل میں) تقسیم میں پہلی بار کسی شخص کے پاس ایسے پتے جمع ہوجانا جن میں مجموعی طور پر اکیس پائنٹ (Point) ہوں ۔ (۳) احمق ؛ فہم و ادراک کے بغیر پیدا ہونے والا ۔

Natural allegiance : (n) (۱) مقامی و فاداری ۔ (۲) کسی شہری کی اپنے ملک سے وفاداری ۔

Natural area : (n) جغرافیائی علاقہ (جیسے شہر) جس میں طبیعی اور تہذیبی انفرادیت ہو اور جو فطری طور پر بنا ہو ۔

Natural astrology : (n) علم ہیئت کی ایک شاخ جو غیر ذی روح فطرت میں ہونے والے حادثات کی پیشن گوئی کرتی ہے ۔

Natural bark : (n) سنکونا کی اصلی چھال ۔

Natural born : (a) پیدائشی ؛ پیدائشی خصوصیت یا درجہ رکھنے والا ۔

Natural brother : (n) جائز بھائی ؛ شرعی بھائی (بخلاف ناجائز یا حرامی بھائی) ۔

Natural child : (n) حرامی لڑکا ۔

Natural day : (n) چوبیس گھنٹے ۔

Natural death : (n) طبعی موت ؛ مرگ طبیعی ۔

Natural dye : (n) پودے یا حیوانی وسیلے کا رنگ ۔

Natural father : (n) اصلی باپ ؛ شرعی باپ ؛ جائز باپ ۔

Natural fool : (n) جنم کا بدھو ؛ پیدائشی بیوقوف ۔

Natural-gas : (n) قدرتی گیس ؛ زمین کی پرت سے نکلنے والی گیس ۔

Natural historian : (n) تاریخ طبیعی کی کتاب لکھنے والا ؛ تاریخ طبیعی کا ماہر ؛ مورخ تاریخ طبیعی ۔

Natural history : (n) (۱) تاریخ طبیعی ؛ تاریخ موالید ؛ حیوانیات اور نباتات کی ابتدائی معلومات ؛ حیاتیات ۔ (۲) کسی مقام یا طبقے کی قدرتی خصوصیات کا علم ۔

Natural immunity : (n) فطری استثنا ۔

Natural life : (n) عمر طبیعی ؛ حیات طبیعی ۔

Natural note or key : (n) (موسیقی) قدرتی سر ؛ خالص سر ۔

Natural numbers : (n) عدد صحیح ؛ ۱ ، ۲ ، ۳ ، ٤ وغیرہ میں سے کوئی عدد ؛ کوئی مثبت عدد ۔

Natural order : (n) قدرتی نظام ؛ کائنات کا محکم نظام ؛ (نباتیات) قدرتی صنف ۔

Natural overflow : (n) طبعی لبریزی ۔

Natural parts/- places : (n) اعضائے تناسل ؛ آلات تناسل ۔

Natural period : (n) (طبیعیات) طبعی وقت دوران ۔

Natural phenomenon : (n) قدرتی مظہر ؛ فطری مظہر ؛ مظہر فطرت ۔

Natural philosopher : (n) ماہر طبیعیات ۔

Natural philosophy : (n) طبیعیات ؛ نیچرل سائنس ؛ فطرت کا عمومی مطالعہ ؛ قدرتی فلسفہ ۔

Natural price : (n) وہ قیمت جو پیداوار کی لاگت سے متعین ہوتی ہے ؛ اصل قیمت ۔

Natural regeneration : (n) (حیاتیات) قدرتی باز پیدائش ۔

Natural religion : (n) (دینیات) نیچری مذہب ؛ غیر الہامی مذہب ۔

Natural reproduction : (n) (حیوانیات) قدرتی توالد ؛ قدرتی باز تولید ۔

Natural right : (n) (سیاسیات) فطری حق ۔

Natural scale : (n) (موسیقی) تیسرا بڑا سر ۔

Natural science : (n) علم طبیعی (علوم طبیعی ، مثلاً طبیعیات ، کیمیا ، علم الحیات وغیرہ) ؛ طبیعی سائنس ۔

Natural seasoning : (n) قدرتی رَتیاؤ ۔

Natural selection : (n) فطرت کا ایک طریق کار جس کی رو سے وہی افراد اور جماعتیں زندہ رہتی ہیں جو اپنے ماحول سے بہتر طور پر تطابق رکھتی ہیں ؛ (حیاتیات) انتخاب قدرت ؛ بقائے اصلح ۔

Natural system : (n) (حیاتیات) قدرتی نظام تقسیم ۔

Natural tangent : (n) (ریاضیات) طبعی مماس ۔

Natural theology : (n) عقل یا استدلال انسانی پر مبنی علم دین ؛ غیر الہامی دینیات ؛ غیر الہامی علم دین ؛ علم الٰہیات جو فطرت کے مطالعہ کے ذریعہ خدا کی واقفیت حاصل کرتا ہے ۔

Natural vibration : (n) طبعی ارتعاش ۔

Natural virtue : (n) اصول متکلمین میں تین دینی نیکیوں (ایمان ، رجا ، احسان) سے ممیز یا جداگانہ چار فطری نیکیوں (عدل ، حکمت ، عفت ، شجاعت) میں سے کوئی ایک ؛ فطری نیکی ؛ خلق عظیم (عدل ، حکمت ، عفت یا شجاعت) ۔

Natural wig : (n) انسانی بالوں سے بنایا ہوا وگ ۔

Natural year : (n) سورج کے گرد زمین کی گردش پوری ہونے کی مدت ؛ شمسی سال ۔

Naturale : (adv.) فطری طور پر ؛ طبعی لحاظ سے ۔

Naturalism : (n) (۱) جبلی فعل ۔ (۲) فطرت پرستی کا طبیعی مذہب یا اخلاق ۔ (۳) دہریت ؛ نیچریت ؛ یہ عقیدہ کہ فطرت سے ہی مذہبی صداقت حاصل ہو سکتی ہے ۔ (٤) فطرت پسندی (ادب یا آرٹ میں) ۔ (٥) رسمی پابندیوں سے بے پروائی ؛ آزادہ روی ؛ آزاد مشربی ۔ (٦) اخلاقیات کا ایک نظریہ کہ خوب و ناخوب ، حسن و قبح میں امتیاز فطری مظاہر کی بنا پر ہو سکتا ہے ۔

Naturalist : (n) (۱) دہریہ ؛ نیچری ؛ فطرت پرست ۔ (۲) ماہر حیوانیات و نباتات ؛ عالم علوم طبیعی ؛ ماہر موجودات ؛ تاریخ طبیعی کا ماہر ؛ ماہر تاریخ موالید ۔ (۳) چڑیاں یا پالتو جانور بیچنے والا ۔ (٤) جانوروں کی کھال کی اصلی شکل بنانے والا ۔

Naturalist : (a) فطری؛ نیچری ؛ فطرت میں عقیدہ رکھنے والا ؛ فطرت سند ۔

Naturalistic : (a) ۱) فطرت یا دہریت سے متعلق ؛ فطرت پسندی کا ؛ وافق اصول طبیعی ؛ نیچرانا ؛ دہریانا ۔ (۲) تاریخ بیعی کے متعلق ؛ طبیعی ۔

Naturalistic fallacy : (n) خلاقیات کی اصطلاحوں کی غیر اخلاقی سطلاحوں میں تشریح کا طریقہ (جیسے مسرت ، ت اور افادہ وغیرہ میں) ۔

Naturalistically : (adv.) طرت پسندانہ ؛ فطری انداز میں ؛ فطری لور پر ۔

Naturality : (n) ۱) حالت طبیعی ؛ خاصیت طبیعی ۔ ۲) فطری جذبہ ۔

Naturalization : (n) تابعیت ؛ اہلی سازی؛ آشناسازی ؛ اپناؤ ؛ موافقت ب و ہوا ؛ رس بساؤ ؛ حقوق قومیت اختیار کرنا ؛ اپنانا ؛ وطن گیری ۔

Naturalize : (v) (۱) ملکی بنانا (کسی اجنبی کو) ؛ حقوق قومیت عطا کرنا ؛ حقوق شہریت عطا کرنا ۔ (۲) اپنانا (غیر الفاظ یا رسم و رواج کو) اختیار کر لینا ۔ (۳) ایک ملک کے جانور یا پودے کو دوسرے ملک میں لے جانا ۔ (٤) ملکی ہو جانا ۔ (٥) رسمی پابندیوں سے آزاد کرنا ؛ فطرت کے مطابق بنانا ۔ (٦) مافوق الفطرت رنگ کو دور کرنا ؛ فطری یا طبیعی رنگ دینا ۔ (۷) تاریخ طبیعی یا تاریخ موالید کا مطالعہ کرنا ۔

Naturally : (adv.) (۱) فطرتاً ؛ فطری طور پر ؛ پیدائشی طور پر طبعاً ؛ بدون تصنّع ؛ لازماً ؛ قدرتی بات ہے کہ ۔ (۲) لازمی طور پر ؛ ظاہر ہے ؛ بے شک ۔

Naturalness : (n) حالت طبیعی ؛ قدرتی کیفیت۔

Nature : (n) (۱) کائنات ؛ عالم طبیعی ؛ کارخانۂ قدرت ؛ (علم النجوم) عالم ؛ کائنات ؛ دنیا ۔ (۲) فطرت ؛ طبیعت ؛ سیرت ؛ مزاج ؛ طینت ؛ سرشت ؛ نہاد ؛ ماہیت ؛ نوعیت۔ (۳) فطرت انسانی کا کوئی خاص عنصر ۔ (٤) خاص طبیعت یا مزاج کا شخص ۔ (٥) قسم ؛ نوع ؛ جنس ؛ (حیاتیات) نسلی نوع ۔ (٦) بندوق (گولی کی) ناپ ؛ ساخت ۔ (۷) فطری جنسیں ؛ فطری صفات ۔ (۸) فطری ضروریات ؛ فطری قوتیں یا افعال ۔ (۹) (لکڑی کا) دودھ ؛ رس ؛ رال ۔ (۱۰) قوانین قدرت ؛ نوامیس فطرت ؛ قدرت ؛ مایا ۔ (۱۱) فطرت پسندی ؛ تقلید فطرت (آرٹ میں) ۔ (۱۲) مناظر فطرت ؛ مظاہر فطرت ۔

Against nature : خلاف فطرت ؛ غیر فطری ؛ غیر اخلاقی ؛ بد اخلاق ؛ بد طینت ؛ خراب ؛ برا ؛ معیوب۔

Against nature/Cotrary to nature : (۱) خلاف عادت یا خرقِ عادت ۔ (۲) خرق عادت کے طور پر ۔

Anticipation of nature : فطرت کی پیش بندی ۔

By nature : فطری طور پر ؛ خلقی طور پر ۔

Course of nature : فطرت کا طریق کار؛ معمول فطرت ؛ انداز فطرت ۔

Debt of nature : موت ؛ قضا ۔

Full of nature : جس میں ہنوز رالی موجود ہو ۔

Human nature : (عضویات) فطرت انسانی ؛ ناسوت ۔

In nature : (۱) مطابق فطرت ؛ فطری طور پر ۔ (۲) ہر جگہ ؛ کہیں بھی ۔

In the course of nature : فطری طور پر ؛ قدرتی طور پر ۔

In the nature of things/-the case : اس حالت میں ۔

Law (s) of nature : قانون الٰہی ؛ قانون قدرت ؛ علوم عقلیہ کا ایک نظریاتی اصول کہ کوئی مخصوص مظہر قدرت ہمیشہ اسی حالت میں وقوع پذیر ہو سکتا ہے جب اس کے مخصوص اسباب موجود ہوں ؛ قانون عقل ۔

Light of nature : فطری ذہانت ؛ فیض طبع ؛ روشن دماغی ۔

Of (acertain) nature : کسی مخصوص نوعیت کا ۔

Of or in the nature of : (کسی) جیسا ؛ نوعیت کا ۔

Second nature : فطرت ثانیہ ۔

The or a state of nature : (۱) انسان کی فطری حالت ؛ تہذیب سے پہلے کی حالت ۔ (۲) عہد جہالت (بمقابلہ عہد ایمان ؛ نجات) ۔ (۳) پودوں کی خود رُو حالت ۔ (٤) جانوروں کی غیر اہلی حالت ۔ (٥) عریانیت ؛ ننگا پن ۔

To ease nature : رفع حاجت کرنا ؛ حوائج ضروری سے فارغ ہونا ۔

Touch of nature : فطری رنگ ۔

Nature : (v) ہر شے کو اس کی مخصوص نوعیت عطا کرنا ۔

Nature-being : (n) فطری طاقتوں یا قدرتی مظاہر کی تجسیم (دیوتا کی حیثیت سے) ؛ وہ مظہر قدرت یا فطری قوت جسے دیوتا مان لیا گیا ہو۔

Nature-deity : (n) دیکھو Nature-being

Nature-god : (n) دیکھو Nature-being

Nature-people : (n) وحشی ؛ ابتدائی تمدنی دور کے لوگ ؛ تہذیب انسانی کے ابتدائی دور کے لوگ ۔

Nature philosophy : (n) نیچرل فلسفہ بالخصوص قدیم یونانی فلسفہ جو مظاہرات کو قدرتی اسباب کے ذریعہ سمجھنے کی کوشش کرتا تھا ، (اساطیری کرداروں کے ذریعہ نہیں) ۔

Nature-print : (n) قدرتی طباعت کے ذریعہ چھاپ ۔

Nature-printing : (n) قدرتی طباعت ؛ پتیوں وغیرہ کو بنی ہوئی پلیٹ پر رکھ کر دبانا تاکہ چربہ اتر آئے ۔

Nature-spirit : (n) اسپرٹ ، روح یا دیوی جیسے بعض فطری عناصر یا اشیاء میں موجود تصور کیا جاتا ہے ۔

Nature study : (n) فطرت کے مظاہر (جیسے پرند ، پھول ، معدنیات اور موسم) کا مطالعہ ۔

Natured : (a) مخصوص خصلت کا ؛ خاص طبیعت کا ۔

Good natured : خوش خلق ؛ خوش طبع ۔

Ill natured : بد نہاد ؛ بد طینت ؛ بد خو ۔

Naturism : (n) (۱) ایک مذہبی عقیدہ جس میں فطرت کی طاقتوں کی پوجا ہوتی ہے ۔ (۲) عریاں پرستی ۔ (۳) فطرت نوازی ؛ فطرت پرستی ؛ نیچریت ۔

Naturist : (n) فطرت کا پجاری ؛ حامیِ فطرت پرستی ؛ قدرت پرست ۔

Naturistic : (a) فطری پرستی کا ؛ اس کے مشابہ یا اس سے متعلق ۔

Naturopath : (n) اس طریقہ علاج کا معالج جس میں امراض کے علاج کے لئے فطرت سے مدد لی جاتی ہے اور جس میں جڑی بوٹی نمک اور وٹامن کا استعمال کیا جاتا ہے ۔

Naturopathy : (n) طبیعی وسائل اور طبیعی دواؤں کے ذریعہ امراض کا علاج ۔

Natya : (n) ہندوستان کا تھیٹریکل فن رقص جس کا آغاز مندروں سے ہوا تھا اور اب بھی مذہبی رزمیوں کے لئے مستعمل ہے اور جس میں اعضا کے حرکات اور اشاروں سے بھر پور کام لیا جاتا ہے ۔

Naufrage : (n) (متروک) کشتی کی غرقابی (ٹوٹ کر) ۔

Naught/Nought : (n) کچھ نہیں ؛ (قدیم) ہیچ ؛ لاشے ۔

Naught : (a) (۱) کسی کام کا نہیں ؛ ناکارہ ؛ بد قماش ؛ خراب ؛ گھٹیا ؛ نکما ؛ بے کار ۔ (۲) (ریاضیات) صفر ؛ عدم ۔

To be naught : خود کو معدوم کردینا ؛ مٹا دینا ؛ ہٹا دینا ؛ سکوت اختیار کر لینا ؛ خموش رہنا ۔

To bring to naught : معدوم کر دینا ؛ کالعدم کر دینا؛ محو کر دینا ؛ مٹا دینا ۔

To come to naught : معدوم ہو جانا ؛ مٹ جانا ؛ کالعدم ہونا ؛ محو ہو جانا ۔

To do naught : بیکار کر دینا ؛ خراب کر دینا ۔

To go to naught : محو ہوجانا ؛ مٹ جانا ؛ معدوم ہوجانا ۔

To set at naught : (۱) ہیچ سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا ۔ (۲) مٹا دینا ؛ محو کردینا ؛ کالعدم کر دینا ؛ معدوم کردینا ۔

To set naught by : مٹ جانا ؛ ختم ہوجانا ؛ معدوم ہوجانا ۔

Naught : (adv.) خراب طریقے سے ؛ غلط طور پر ۔

Naught/Nought : (a) (۱) بے کار ؛ بے قیمت ؛ بے قدر ؛ خراب ۔ (۲) غیر اہم ۔

Naughtily : (adv.) شرارت آمیز طریقے سے؛ شوخی سے ۔

Naughtiness : (n) (۱) شریر ہونے کی حالت ؛ شرارت ۔ (۲) شریر عمل یا شر انگیز جذبہ ؛ بیہودگی ۔

Naughty : (a) (۱) (بچوں سے متعلق) شریر ؛ نافرمان ؛ شوخ ؛ بیہودہ ۔ (۲) کام ، جگہ اور چیز سے متعلق (جیسے اخلاقی طور پر) قابل الزام ؛ نازیبا ؛ بُرا ۔ (۳) خراب ؛ بدتر قسم کی ؛ بے کار ؛ فضول ۔

Naughty pack : (n) شریر بچہ ؛ شوخ بچہ ؛ بد کردار آدمی خصوصاً عورت ۔

Naumachia : (n) (۱) مصنوعی بحری جنگ ۔ (۲) (خاص کر) نقلی جنگ کی مقررہ جگہ ۔

Naunt : (n) (بول چال) Aunt کا متبادل۔

Naupathia : (n) سمندری جہاز میں جی متلانا ۔

Nauplius : (n) نچلے طبقے کے بعض قشریوں کی نشو و نما کا پہل روپی زمانہ ؛ قشریوں کا لاروایا پہل روپ ؛ یك چشم لاروا ۔

Nauruz : (n) نوروز ؛ ایرانیوں کے سال کا پہلا دن ، اس روز بہت جشن منایا جاتا ہے ؛ جشن نوروز۔

Nausea : (n) ۱) متلی ؛ مالش ؛ مالش طبیعت ؛ غثیان ۔ (۲) متلی جو بحری سفر میں ہوتی ہے ۔ (۳) کراہیت ؛ گھن ؛ تنفر ۔

Nauseant : (n) (طبیعیات) ایك مادہ جو متلی پیدا کرتا ہے ۔

Nauseant : (a) متلی پیدا کرنے والا یا والی۔

Nauseate : (v) (۱) (کھانے کی چیز یا اور کسی چیز کو) کراہت کے ساتھ واپس کر دینا ۔ (۲) متلی پیدا کرنا ۔ (۳) جی متلانا ؛ متلی ہونا ؛ طبیعت کا مالش کرنا ؛ اُبکائی آنا ؛ (کھانے یا کسی اور چیز سے) کراہت ہونا ۔

Nauseating : (a) قے آور ؛ جس سے متلی ہو۔

Nauseatingly : (adv.) متلاتے ہوئے ؛ قے کرتے ہوئے ؛ کراہت کے ساتھ۔

Nauseation : (n) متلی ؛ کراہت ؛ گھن۔

Nauseous : (a) (۱) قے آور ؛ جس سے متلی ہو۔ (۲) بد مزہ ؛ بدبودار ؛ گندہ ۔ (۳) گھناؤنا ؛ مکروہ ؛ سخت ناگوار ۔

Nauseous odour : (n) سڑاند ۔

Nauseously : (adv.) گھناؤنے پن سے ؛ مکروہ طریقے سے ۔

Nauseousness : (n) گھناؤنا پن ؛ کراہت ؛ گندگی۔

Nautch/Na(t)ch/Notch : (n) ناچ ؛ (ہندوستانی) طوائف کا ناچ ۔

Nautch-girl : (n) ناچنے والی لڑکی ؛ رقاصہ۔

Nautic/Nautical : (a) (۱) ملاحوں سے یا جہاز رانوں سے متعلق ؛ جہاز کا ؛ بحری ؛ جہازی ؛ جہازیوں سے یا فن جہاز رانی سے متعلق۔ (۲) (بطور اسم) جہازی ؛ سمندروں یا جہازیوں کے بارے میں لکھنے والا ادیب۔

Nautical almanac : (n) سالانہ رجسٹر جس میں جہاز رانوں کے لئے اطلاعات ہوتی ہیں ؛(علم النجوم) تقویم بحری ؛ بحری جنتری۔

Nautical astronomy : (n) عملی علم ہیئت جس کے ذریعہ بحری یا ہوائی جہاز کے مقام کا پتا ستاروں کے حساب سے چلتا ہے (علم النجوم) بحری ہیئت۔

Nautical books : (n) کتب جہاز رانی۔

Nautical day : (n) جہازیوں کا وہ دن (جو دوپہر ۱۲ بجے کے بعد شروع ہوتا ہے)۔

Nautical distance : (n) جہازی فاصلہ۔

Nautical mile : (n) بحری میل۔

Nautical sextant : (n) جہاز رانی سُدُس ۔

Nautical terms : (n) اصطلاحات جہاز رانی۔

Nautical twilight : (n) طلوع یا غروب آفتاب کے پہلے جب سورج افق کے زیریں ۱۲ ویں درجہ سے زیادہ نہیں ہوتا ۔

Nauticality : (n) جہاز راں ہونے کی صلاحیت یا حالت ؛ صلاحیت جہاز رانی۔

Nautically : (adv.) فن جہاز رانی کی رو سے ؛ از روئے جہاز رانی۔

Nautilite : (n) متحجر سرپایہ صدفہ ؛ متحجر Nautilus۔

Nautiloid : (a) سرپایہ صدفے کی شکل کا ۔

Nautiloid : (a) سرپایہ صدفے کی شکل کا صدفہ۔

Nautilus : (n) (۱) ایك سرپایہ صدفہ جس کے پاؤں سر سے لگے ہوں یا بحری حیوان جس کی مادہ کو باریك سخت

چھلکا ہوتا ہے اور بازو جھلی سے جڑے ہوئے بادبان کی شکل کے ہوتے ہیں۔ (۲) ایک سرپایہ جس کا سخت چھلکا خانہ دار ہوتا ہے جس کے بیچ میں صدفی پردے حائل ہوتے ہیں۔

Naval : (a) جہاز رانی کا ؛ بحری جہازوں کا ؛ بحری فوج کا ؛ بحری ؛ بحری فوجی۔

Naval architect : (n) بحری صناع ؛ بحری عمارت ساز۔

Naval base : (n) کسی بحری علاقے کا فوجی اڈا جو ساحلی کاروائیوں کی نگرانی کرتا ہے ؛ پانگاہ دریائی۔

Naval cadet : (n) بحری فوج میں داخل ہونے کے لئے تربیت پانے والا جوان۔

Naval crown : (n) (۱) وہ تاج یا ہار جسے رومنوں نے اس شخص کو دیا تھا جس نے بحری جنگ میں کار نمایاں کیا تھا۔ (۲) تاج کی شکل کا بَلاّ جو بحریہ میں استعمال کیا جاتا تھا۔

Naval forces : (n) بحری افواج۔

Naval officer : (n) بحری فوج کا افسر ؛ افسر بحریہ۔

Naval stores : (n) (جمع) سفر جہاز کا سامان ؛ جہاز رانی کا سامان جنگی جہاز کے ساز و سامان۔

Navalist : (n) بحریہ کے مفاد یا اس کی بالا دستی کا حامی۔

Navally : (adv.) بحری جہازوں کے ذریعہ ؛ بحری نقطۂ نگاہ سے ۔

Nave : (n) پہیے کے بیچ کا حصہ ؛ ناہ (پہیے کی) ؛ ناف چرخ۔

Nave : (n) وسط کلیسا ؛ ناف کلیسا ؛ کلیسا کے بیچ کا حصہ۔

Navel : (n) (۱) ناف۔ (۲) مرکز ؛ وسط ؛ بیچ ؛ کسی چیز کا مرکزی نقطہ۔

Navel : (v & a) مرکز میں ہونا ؛ بیچ میں ہونا ۔

Navel gall : (n) گھوڑے کی پیٹھ کے وسط میں ورم ؛ سوجن۔

Navel orange : (n) ایک قسم کی بڑی نارنگی جس کے سرے پر ناف کی سی گھنڈی ہوتی ہے ؛ گھنڈی دار نارنگی۔

Navel point : (n) وہ نقطہ جو ڈھال کے بیچوں بیچ دو افقی خط کے ٹھیک نیچے ہو۔

Navel string : (n) نال ؛ آنول نال ؛ تاڑ۔

Navel wort : (n) (نباتیات) ایک قسم کا یورپی پودا ؛ قدح مریم۔

Navicella : (n) ایک نفیس کشتی نما چیز ؛ کشتی نما آرائشی چیز۔

Navicula : (n) (۱) کشتی نما لوبان دانی۔ (۲) ایک قسم کا پودا ۔

Navicular : (a) (۱) کشتی نما ؛ جہاز نما (قبر ، کوئی عضو یا پودے کا کوئی حصہ) ؛ زَورَقی۔ (۲) کشتی نما ہڈی کا یا اس سے متعلق ؛ (بیطاری) گھوڑے کے پاؤں کی کشتی نما ہڈی سے متعلق۔ (۳) چھوٹی کشتی کی شکل کا ؛ کشتی نما۔ (٤) کشتیوں کا یا ان سے متعلق۔

Navicular : (n) (گھوڑے کے پاؤں کی) کشتی نما ہڈی یا اس سے متعلق بیماری۔

Navicular bone : (n) کشتی نما ہڈی (جو ہاتھ یا پاؤں میں ہوتی ہے) (تشریح) عظم زَورَقی۔

Navicular disease : (n) بیماری جو گھوڑوں کے پاؤں کی کشتی نما ہڈی میں ہوتی ہے ۔

Navicular fossa : (n) (۱) لالہ گوش اور کان کے غضروفی ابھار کے درمیان کا نشیبی حصہ۔ (۲) پیشاب کی نالی کا اگلا حصہ ؛ پیشاب کی نالی کا منہ یا دہانہ۔

Navicular joint : (n) کشتی نما ہڈی والا جوڑ ؛ مفصل زَورَقی۔

Navigability : (n) (۱) جہاز رانی کے قابل ہونے کی حالت یا صفت۔ (۲) بحری سفر کی صلاحیت۔ (۳) پرواز کی اہلیت۔

Navigable : (a) (۱) (دریا ، سمندر وغیرہ) جہاز رانی کے قابل۔

ریلوں ؛ نہروں اور سڑکوں کے لئے زمین کھودتے ھیں۔
(۲) کھودنے والی مشین۔

Navvy : (n) (برطانیہ) نہر کھودنے والے مزدور کی طرح کام کرنا ؛ کھودنا۔

Navy : (n) (۱) (شاعری) بیڑا۔ (۲) جنگی جہازوں کا بیڑا ؛ بحری بیڑا ؛ بحریہ ؛ بحری فوج۔ (۳) بحری فوج کے افسر اور سپاہی (بہ حیثیت مجموعی)۔

Navy-agent : (n) وہ جو بحری فوج کے افسروں کے کاموں کو انجام دیتا ھے۔

Navy bill : (n) بحری ہُنڈی ؛ بحری نوٹ (محکمہ فوج بحری کی طرف سے بجائے نقد رقم کے جاری کیا جاتا ھے)۔

Navy blue : (n) گہرا نیلا رنگ (جو بحری فوج کی وردی کا ھوتا ھے)۔

Navy blue : (a) گہرے نیلے رنگ کا۔

Navy-Board : (n) دفتر امیرالبحر کا سابق نام۔

Navy league : (n) بحری انجمن (ملک میں فوج سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے قائم کی گئی تھی)۔

Navy list : (n) بحری فہرست (اس میں بحری فوج کے تمام افسروں کے نام ، عہدے اور مختصر حالات ھوتے تھے)۔

Navy register : (n) دیکھو Navy list۔

Navy yard : (n) جہاز کی گودی کا صحن ؛ بحری جہاز تیار کرنے کی جگہ۔

Nawab : (n) (۱) نواب۔ (۲) (شاذ) ان انگریزوں کو کہا جاتا تھا جو هندوستان سے دولت جمع کر کے انگلینڈ لے جاتے تھے۔

Nay : (n) (۱) ایک لفظ جو انکار اور نا رضامندی ظاہر کرنے کے لئے استعمال ھوتا ھے کسی بات کے جواب میں یا حکم کے خلاف۔
(۲) نہیں بلکہ ؛ لفظ نہیں ؛ انکار۔

To say nay : انکار کرنا ؛ تردید کرنا۔

(۲) (جہاز وغیرہ) قابل بحر ؛ قابل سفر (بحری)۔
(۳) قابل پرواز (غبارہ) جہاز کا (جسے اپنی مرضی سے چلایا جائے) ؛ جس کی سمت واری کی جا سکے۔

Navigable waters : (n) ایسے سمندروں کا سلسلہ جو عام حالات میں تجارتی کاموں کے لئے ایک راستہ نہ بن جائے۔

Navigableness : (n) جہاز رانی ؛ بحری سفر۔

Navigably : (adv.) جہاز رانی کے طریقے سے ؛ جہاز رانی کے درجے تک۔

Navigate : (v) (۱) جہاز چلانا ؛ بحری سفر کرنا۔ (۲) عبور کرنا (دریا وغیرہ)۔ (۳) جہاز یا ھوائی جہاز وغیرہ کو چلانا یا نظم کرنا(جہاز کا)۔

Navigation : (n) (۱) جہازوں کی آمد و رفت ؛ جہاز رانی۔ (۲) فن جہاز رانی۔ (۳) بحری سفر۔ (٤) ہندسہ اور علم نجوم کے ذریعہ جہاز کا مقام اور راستہ متعین کرنے کا طریقہ۔

Aerial navigation : ھوا نوردی ؛ ھوا بازی ؛ ھوائی جہاز رانی ؛ ھوا بازی کا علم یا فن ؛ طیرانیات۔

Inland navigation : نہروں اور دریاؤں میں جہاز رانی ؛ درون ملکی جہاز رانی۔

Navigation act/- law : (n) جہاز رانی کا قانون۔

Navigation coal : (n) بھاپ بنانے کا کوئلہ۔

Navigation light : (n) جہاز پر روشنی کا نظام جس سے اس کی پوزیشن اور حرکت کی سمت کا پتا چلتا ھے اس میں سرخ اور سبز روشنی ھوتی ھے اور دُم پر سفید۔

Navigational : (a) جہاز رانی کے قابل ؛ جہاز رانی سے متعلق۔

Navigator : (n) (۱) جہاز راں ؛ ماہر جہاز رانی ؛ جہاز کا سمت دار ؛ دریا نورد۔ (۲) مُفتش بحری۔ (۳) (برطانیہ) نہر کھودنے والا مزدور ؛ کھدائی کرنے والا مزدور۔

Navvy : (n) (۱) (برطانیہ) کھدائی کرنے والے مزدور ؛ وہ مزدور جو

Will not take nay : لاکھ انکار کیجئے وہ سنتا ہی نہیں ۔

Yea and nay : ٹال مٹول ۔

Nay : (n) بانسری ۔

Nay : (adv.) نہیں ۔

Nay-say : (n) انکار ۔

Nay-say : (v) انکار کرنا ۔

Nay-word : (n) (۱) علامت ؛ نعرہ ؛ پہرے کا لفظ (شاذ) ۔ (۲) (بول چال) ضرب المثل ۔

Nazarean/Nazarene : (n) (۱) نصرانی (باشندہ ناصریہ) ناصری ۔ (۲) (یہود اور مسلمانوں کے یہاں) عیسائی ؛ مسیحی ؛ نصرانی ۔ (۳) اس قدیم فرقے کا رکن جو نسلاً یہودی اور مذہباً عیسائی تھا ؛ یہودی نصرانی ۔ (٤) روم میں ۱۹ ویں صدی کے جرمن مصوروں کی ایک جماعت جوعیسائی فن میں دور وسطیٰ کی پاکیزگی لانا چاہتی تھی ۔

Nazarene : (a) نصرانی فرقے کا ۔

Nazarite : (n) باشندۂ ناصریہ ؛ نصرانی ۔

Nazarite : (n) نذیری ؛ عبرانی زاہد (ایک یہودی جس نے زہد و اتقا کا عہد کر لیا تھا) ۔

Nazariteship : (n) نذیریت ؛ نذیری ہونے کی حالت ۔

Nazaritic : (a) نذیریوں سے متعلق ؛ اس قدیم عبرانی زاہد سے متعلق جس نے زہد و اتقا کا عہد کیا تھا ۔

Nazaritish : (a) نذیری جیسا ؛ عبرانی زاہد جیسا (جس نے ایک معینہ مدت کے لئے خود کو خدا کے سپرد کر دیا تھا اور شراب نوشی ، بال تراشنے وغیرہ سے پرہیز کرنے کا عہد کر لیا تھا) ۔

Nazaritism : (n) باشندۂ ناصریہ کا عقیدہ ۔

Naze : (n) راس ؛ خشکی کا وہ حصہ جو دور تک پانی میں چلا جائے ۔

Nazi : (n) جرمن نیشنل سوشلسٹ پارٹی کا رکن ؛ نازی ؛ ناتسی ؛ نازی جماعت کی مثل جماعت یا تحریک کا طرف دار شخص ۔

Nazi : (a) (۱) نازی ؛ نازی جماعت یا نظریہ کا حامل ؛ ناتسی ۔ (۲) نازیوں کے زیر نگرانی ۔

Nazidom : (n) نازیزم ؛ نازیت ۔

Nazification : (n) نازی بنانے کا عمل ۔

Nazify : (n) نازی نگرانی میں لینا یا نازی عقیدہ کی تلقین کرنا ۔

Nazim : (n) (مغلیہ دور میں) ہندوستان کا فوجی گورنر ؛ ناظم ۔

Nazir : (n) (۱) ناظر ؛ نظارت کا عہدہ دار ؛ خزانچی ۔ (۲) مسلم مالک کے عہدہ داروں میں سے کوئی ایک ۔

Nazirite/Nazarite : (n) قدیم اسرائیل کا مذہبی آدمی ؛ نذیری ، عبرانی زاہد (جس نے زہدو اتقا کا عہد کر لیا تھا) ۔

Nazism/Naziism : (n) (۱) سیاسی اور معاشی اصولوں کا مجموعہ جس میں حکومت کی مطلق العنانی اور نسلی اعتبار سے برتر جماعت کی برتری کا تصور شامل تھا ۔ (۲) نازی تحریک یا اقتدار ۔

Nazist : (n) نازیت کا طرفدار یا اس کے مشابہ ؛ ناتسی ۔

Ne te mere : (n) (رومن کیتھولک چرچ) فرمان پاپادر بارۂ قیود نکاح (۱۹۰۷ء میں پاپائے اعظم نے یہ فتویٰ دیا تھا کہ کیتھولکوں اور دیگر عیسائی فرقوں کے درمیان شادی صرف اس وقت ہو سکتی ہے جب کیتھولک اسقف یا اس کا قائم مقام نکاح پڑھائے) ۔

Neanderthal/Neandertal : (a & n) (۱) شکل و شباہت سے قدیم انسان کے مشابہ ۔ (۲) قدیم ؛ دقیانوسی ۔ (۳) نینڈرتھل (آدمی) ۔ (٤) مغربی جرمنی کی ایک وادی یا گھاٹی ۔

Neanderthal : (n) (۱) گنوار آدمی ؛ غیر مہذب آدمی ۔ (۲) نینڈرتھل قوم کا فرد ۔

Neanderthal man : (n) وسط حجری عصر کے انسان کی ایک نوع یا قوم جس کے آثار یورپ ، شمالی افریقہ اور مغربی ایشیا میں دریافت ہوئے ۔

Neanderthaloid : (a) (۱) نینڈرتھل آدمی کے مشابہ یا اس قوم سے متعلق ۔ (۲) اس نوع بشر کے جمجمہ سے متعلق ۔

Neanderthaloid : (n) نمونہ یا آثار جو نینڈرتھل قوم یا نوع بشر کے مشابہ ہوں ۔

Neanic : (n) جواں مخصوصاً حشراتی ارتقا کا ابتدائی مرحلہ ۔

Neap : (n) (۱) گاڑی کا بلاّ یا بم ۔ (۲) تین پاؤں والا ٹیك گاڑی کے بم کو سہارا دینے کے لئے ۔

Neap : (n) ختم مد ؛ مہینے کے پہلے اور تیسرے ہفتہ کے شروع کا مد جو سب سے نیچا ہوتا ہے ؛ مداصغر ؛ مدپست ۔

Neap : (a) مداصغر سے متعلق ؛ گھٹنے والا (مد) ۔

Neap : (v) (۱) مد کا گھٹتے گھٹتے ختم ہو جانا ۔ (۲) پانی کا ختم مد کے خط تك پہنچنا ۔ (۳) مداکبر یا مد کامل کی وجہ سے (جہاز کا) خشکی پر چڑھ جانا ۔ (٤) مداصغر کی طرف مائل ہونا ۔

To be neaped : مد کامل کی وجہ سے جہاز کا خشکی پر چڑھ جانا ۔

Neap rise : (n) مداکبر اور مداصغر کے درمیانی وقفہ میں پانی کی سطح کا فرق ۔

Neap season : (n) مہینے کے پہلے اور تیسرے ہفتے کے شروع میں مد کا زمانہ ۔

Neap tide : (n) مہینے کے پہلے اور تیسرے ہفتہ میں واقع ہونے والا مد ۔

Neaped : (a) جو مد کی وجہ سے خشکی پر چلا گیا ہو ۔

Neapolitan : (a) نیپلس (اٹلی) کے باشندے سے متعلق یا اس کی خصوصیت کا حامل ۔

Neapolitan : (n) (۱) نیپلس (اٹلی) کا باشندہ ۔ (۲) نیپلس کی آئس کریم ۔

Neapolitan ice cream : (a) (۱) ناپلی قلفی ؛ ایك قسم کی بالائی کی برف جس کی ہر تہ کا رنگ اور ذائقہ مختلف ہوتا ہے ۔ (۲) ناپلی مٹھائی ؛ اس قسم کی مٹھائی ۔

Neapolitan ointment : (n) سیماب آمیز مرہم ؛ پارے سے تیار کیا ہوا مرہم ۔

Neapolitan violet : (n) خوشبو دار دورنگی بنفشہ ۔

Neapolitan yellow : (n) دیکھو Naples yellow

Near : (prep.) (۱) پاس ؛ قریب ؛ نزدیك ؛ خونی رشتہ کی بنا پر قریب تر ؛ قریب قریب ۔ (۲) قریب تر (اصلیت سے) ۔

Near : (adv.) (۱) قریب ؛ قریب فاصلہ پر ۔ (۲) تقریباً ؛ قریب قریب ۔ (۳) ٹھیك ٹھیك ۔ (٤) جز رسی سے ؛ بے حد کفایت شعاری سے ۔ (٥) رشتہ داری یا دوستی کی بنا پر کسی سے قریب تر ۔

Near : (a) (۱) قریبی ؛ قریب کا (عزیز) ؛ نزدیکی ؛ گہرا ؛ جگری ۔ (۲) بے تکلف (دوست) ۔ (۳) بایاں (جانوروں کے اعضاء ، گاڑی کے پہیوں یا جوڑی کے گھوڑوں کے لئے) ۔ (٤) پاس کا ؛ قریب کا ۔ (٥) (راستہ) سیدھا ؛ قریب ۔ (٦) اصلیت سے قریب تر ؛ قریب کا ۔ (٧) نہایت جز رس یا کفایت شعار ؛ کنجوس ؛ جز رسانہ ؛ کنجوسی کا ۔

A near escape : بال بال بچنا ۔

A near guess : اصلیت سے قریب تر اندازہ ؛ قریب قریب صحیح اندازہ ۔

A near race : سخت مقابلہ ؛ دوڑ جس میں مقابلہ سخت ہو ۔

A near resemblance : بہت زیادہ مشابہت ۔

A near translation : ترجمہ جو مطلب سے قریب تر ہو ؛ قریب الفہم ترجمہ ۔

Far or near : (مجازاً) دوستانہ ۔

It lies near his heart : اس کے دل سے لگی ہے ؛ اسے اس سے قلبی تعلق ہے ۔

No near/-nearer : (جہاز رانی) (پتوار چلانے والے کے لئے) ہوا کے رخ پر نہ آنے کا حکم۔

The near distance : منظر کا وہ حصہ جو پس منظر اور پیش منظر کے بیچ میں واقع ہو۔

To go near to : کامیابی کے قریب ہونا ۔

To lie/ come or go near (one, the heart etc.) (کسی کے یا دل کے) قریب ہونا ؛ گہرے طور پر متاثر کرنا ؛ قلبی تعلق ہونا ۔

Near : (v) پاس آنا ؛ قریب پہنچنا ۔

Near about : (adv.) تقریباً ؛ قریب قریب۔

Near akin : قریبی رشتہ دار ؛ سگا ؛ قرابت دار ؛ جس سے خون کا رشتہ ہو (نیز چیزیں) جو نوعیت اور خواص میں یکساں ہوں ؛ ہم نوع ؛ ہم خواص ۔

Near and dear : (n) قرابت دار ؛ جس سے بالکل قریبی رشتہ ہو ؛ اپنا ؛ سگا ؛ قریبی ؛ جس سے خون کا رشتہ ہو ؛ یک جان دو قالب ۔

Near at hand : (a) قریب ؛ نزدیک۔

Near by : (adv.) (۱) قریب میں ؛ پاس میں ؛ قریب ہی ؛ تھوڑے فاصلے پر ۔ (۲) (اسکاٹستانی) لگ بھگ۔

Near-by/Nearby : (a) قریب ؛ متصل ؛ ہم جوار ؛ ہم سایہ۔

Near distance : (n) کسی سین کے پس منظر اور پیش منظر کے بیچ کا حصہ ۔

Near East : (n) (جغرافیہ) مشرق قریب ؛ جنوب مشرقی یورپ ؛ ایشیائے کوچک سمیت ریاستہائے بلقان ۔

Near Easterly : (adv.) مشرق قریب کے رخ کا ۔

Near Eastern : (a) مشرقی قریب کا ۔

Near hand : (prep.) (۱) قریب ؛ آس پاس ۔ (۲) تقریباً ۔

Near hand : (adv.) نزدیک ؛ پاس ؛ قریب تر ۔

Near infra-red : (a) (بصریات) نزد زیر سرخ ؛ قصیر زیر سرخ ۔

Near-miss : (n) (بم وغیرہ کا) نشانے سے ذرا ہٹ کر گرنا ؛ نشانے کے قریب پہنچ کر رہ جانا ؛ (وسیع معنوں میں) مکمل کامیابی کے قریب پہنچ کر رہ جانا ۔

Near of kin : دیکھو Near akin

Near point : (n) آنکھ سے قریب ترین نقطہ جہاں سے کسی شے کی تصویر عدسہ چشم پر ٹھیک سے بنتی ہے جو بچپن میں "٤ انچ بلوغ میں" ۱۰ انچ اور ضعیفی میں" ۱۳ انچ کے فاصلے پر وقوع پذیر ہوتی ہے ۔ (بصریات) نقطہ" قریب ۔

Near shore : (a) ساحل کی طرف پھیلنے والا ۔

Near sighted : (n) (جسے دور کی چیز دکھائی نہ دیتی ہو) نزدیک بیں ؛ کوتاہ بیں ؛ قریب بیں ۔

Near sightedness : (n) (طب) قریب نظری ؛ قریب بینی ۔

Near ultra-violet : (a) (بصریات) نزد ورائے بنفشئی ؛ طویل بالا بنفشئی ۔

Near upon : (a) نزدیک ؛ قریب ؛ تھوڑے ہی دنوں کے فرق سے ۔

Near wilt : (n) مٹر کے پودوں کا ایک مرض جو سماروغ سے ہوتا ہے ۔

Near work : (n) باریک کام ؛ مہین کام (جو آنکھ کو قریب لے جا کر کرنا پڑے) ۔

Nearctic : (a) (۱) (حیوانیات) شمالی امریکا کے گرم اور قطب شمالی کے خطوں کا یا ان سے متعلق (پرندوں کی انواع کی تقسیم کے سلسلہ میں مستعمل ہے) ؛ (جغرافیہ) نو شمالی ۔ (۲) (بطور اسم) حیوان نو شمالی (امریکا) ۔

Nearctic region : (n) (جغرافیه) نو شمالی خطه ؛ شمالی امریکا کے گرم اور قطب شمالی کے خطے ۔

Nearish : (a) کسی قدر قریب ۔

Nearly : (adv.) (۱) دلچسپی ؛ ذاتی ارتباط اور رشتے میں قریب ۔ (۲) بالخصوص ۔ (۳) تقریباً ؛ قریب قریب ۔ (٤) عنقریب ۔ (٥) غور سے ۔ (٦) قریب کے رشتے سے ۔

Not nearly : بالکل نہیں ۔

Nearmoney : (n) چالو اثاثہ ۔

Nearmost : (a) قریب ترین ۔

Nearness : (n) (۱) قرب ؛ نزدیکی ۔ (۲) جز رسی ؛ بخل ؛ کنجوسی ۔

Neat : (n) (۱) بیل یا اسی جنس کا کوئی اور جانور ۔ (۲) مویشی ؛ ڈھور ۔

Neat : (a) (۱) خالص ؛ صاف ؛ بے میل ؛ چمکیلا ۔ (۲) نتھرا ؛ عمدہ ؛ سڈول ۔ (۳) (زبان ، اسلوب ، مقولہ) برجستہ ؛ شستہ ؛ پاکیزہ ؛ نستعلیق ۔ (٤) نفیس کاری گری کا ؛ استادانہ (کام) ۔ (٥) صاف ستھرا ؛ باقاعدہ ؛ با سلیقہ (آدمی) ؛ چابک دست ؛ ہوشیار (کاریگر) ۔ (٦) ہنر مندانہ ؛ ہشیار ۔ (۷) (عامیانہ) حیرت انگیز ؛ عمدہ ؛ قابل تعریف ۔

Neat (adv.) صاف طور پر ؛ سلیقہ سے ۔

Neat cement : (n) (عمارت) خالص سیمنٹ ۔

Neat handed : (a) سبک دست ؛ تیز دست ؛ مشاق ؛ ماہر ۔

Neat handedly : (adv.) مہارت سے ؛ چابک دستی سے ؛ صفائی کے ساتھ ۔

Neat handedness : (n) سبک دستی ؛ مشاقی ؛ چالاکی ؛ تیز دستی ؛ مہارت ؛ صفائی ۔

Neat-herd : (n) چرواہا ؛ چوپان ؛ گوالا ؛ گورکھیا ۔

Neat-house/Neats : (n) (۱) گوشالہ ؛ باڑہ ؛ مویشی گھر ۔ (۲) Chelsea پل کے پاس ایک مقام جہاں ایک عمدہ بازاری باغ تھا ۔

Neat line : (n) وہ خط جس کے مطابق دیوار تیار کی جائے اور دیگر بے قاعدگیوں کا لحاظ نہ رکھا جائے ۔

Neaten : (v) (۱) ترتیب میں رکھنا ؛ ترتیب دینا ۔ (۲) احتیاط کےساتھ یا بخوبی انجام دینا ؛ صفائی کے ساتھ بنانا (خاص کر کشیدہ کاری) ۔

Neath/Neath : (prep.) (روز مرہ) نیچے ۔

Neatly : (adv.) ستھرے پن سے ؛ نفاست سے ؛ کاریگری سے ؛ عمدگی سے ؛ سلیقے سے ۔

Neatness : (n) ستھرا پن ؛ نفاست ؛ پاکیزگی ؛ شستگی ؛ خوش اُسلوبی ؛ کاریگری ؛ عمدگی ؛ صفائی ۔

Neat's foot : (n) بیل کا پایہ جو غذا کے طور پر استعمال ہوتا ہے گائے بھینس کے پائے ۔

Neat's-foot-oil : (n) بیل ، گائے وغیرہ کے پائے سے کشید کیا ہوا روغن ؛ روغنِ ساق گاؤ ۔

Neat's leather : (n) بیل گائے وغیرہ کا چمڑا؛ بیل کی کھال کا تیار کیا ہوا چمڑا (پکّا) ۔

Neat's tongue : (n) بیل کی زبان (بہ طور غذا) ۔

Neb : (n) (۱) (اسکاچستانی) چونچ ؛ منقار ۔ (۲) ناک ۔ (۳) تھوتھنی ۔ (٤) نوک ؛ ٹھونٹی ؛ سرا ۔ (٥) دہن (آدمی کا) ۔ (٦) قلم یا پنسل کی نوک ۔ (۷) کوئی نوکیلا حصہ ۔ (۸) چوٹی (پہاڑ کی) ۔ (۹) دھار (فوارے وغیرہ کی) ۔

Nebbed : (a) منقار دار ؛ چونچ والا/ والی ۔

Nebbuk/Nabk : (n) نبق ؛ سدرہ ؛ کنار ؛ بیری ؛ بیر (درخت یا پھل) ۔ شوکت المسیح ۔

Nebby : (a) (روز مرہ) دخل در معقولات کرنے والا ؛ پرائے پھٹے میں ٹانگ اڑانے والا۔

Nebris : (n) میمنے کا چمڑا جو کلاسیکی آرٹ میں لباس کے طور پر نظر آتا ہے۔

Nebuchadnezzar : (n) شراب کی بڑی بوتل جس میں تقریباً ١٦ کوارٹ شراب آتی ہے۔

Nebula/Nebulae/Nebules : (١) (آنکھ کی) پتلی پر سفید نقطہ یا قرنیہ کی غیر شفافیت۔ (٢) (ہیئت) سدیم ؛ (انجم) سحابیہ ؛ کہکشاں سے علاحدہ تاروں کا جھرمٹ ؛ (٣) (طب) جالا (آنکھ کا) ؛ غبارِ چشم۔

Nebular : (a) سدیمی ؛ سحابی ؛ ابری۔

Nebular hypothesis : (n) سدیمی مفروضہ ؛ یہ نظریہ کہ نظام شمسی میں سب سے پہلی حالت سحابیہ کی ہے ؛ نظام شمسی اور نظام کو کبی سدیم الاصل ہیں۔

Nebular theory : (n) سدیمی نظریہ ؛ علم نجوم کا ایک مفروضہ کہ نظام شمسی گیس والے سحابیہ سے پیدا ہوا ہے۔

Nebulated : (a) غیر شفاف ؛ ابری ؛ سحابی۔

Nebule : (n) (١) بادل؛ سحاب ؛ ابر ؛ کہر ؛ دھند۔ (٢) (علم النجوم) سحابیہ ؛ سدیم۔

Nebule : (n) (تعمیرات) سانپ کی طرح لہر یا لہر دار شکل کی ڈھلائی یا ساخت ؛ پیچ ؛ خم ؛ لہر دار شکل ؛ بل دار شکل ؛ لہر یا گولا ؛ لہریا ؛ مار پیچ۔

Nebule/Nebulee/Nebuly : (a) (١) (نقابت) (بادلوں کی طرح) مختصر انحناؤں سے بنا ہوا ؛ پر پیچ ؛ مار پیچ ؛ سانپ کی طرح لہر یا شکل کا ؛ بل دار ؛ بادلوں کی شکل کا بنا ہوا۔ (٢) (تعمیرات) (ڈھلائی یا ساخت) پر پیچ ؛ مار پیچ ؛ لہر دار ؛ لہریا۔

Nebulium/Nebulum : (n) ایک عنصر جس کے متعلق صرف اتنا معلوم ہے کہ گیسوں کے طیف میں سبز خط اسی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

Nebulization : (n) (مکسچر دوا وغیرہ کا) بھاپ یا سحاب میں تبدیل ہونا۔

Nebulize : (v) سحاب یا بھاپ کی شکل میں منتقل کرنا (دوا وغیرہ)۔

Nebulizer : (n) (خصوصاً طبی مقاصد کے لئے) کسی سیال کو لطیف پھواروں میں تبدیل کرنے والا آلہ۔

Nebulose : (a) سحابی ؛ کُہری ؛ غیر واضح ؛ ابر آلود ؛ ابر مانند ؛ تیرہ ؛ کہریلا۔

Nebulosity : (a) (١) سحابیت ؛ غبار ؛ سدیمیت۔ (٢) دھندلا پن ؛ ابہام ؛ بے شکلی۔

Nebulous : (a) (١) (ہیئت) سدیمی ؛ سدیم نما۔ (٢) بادل کا سا ؛ سحاب نما۔ (٣) دھندلا مبہم ؛ غیر واضح ؛ بے شکل (٤) ابر آلود ؛ مکدر ؛ میلا ؛ گدلا۔

Nebulous cluster : (n) سحابی حلقے میں ستاروں کا جھنڈ۔

Nebulous star : (n) (١) دھندلے ستاروں کا جھرمٹ۔ (٢) دھندلا ستارہ ؛سدیمی ستارہ ؛ سحابی ستارہ۔

Nebulously : (adv.) دھندلے پن سے ؛ غیر واضح طور پر۔

Nebulousness : (n) میلا پن ؛ گدلا پن ؛ دھندلا پن ؛ کدورت ؛ تیرگی۔

Nebulum : (n) (١) Nebulium کی ابتدائی شکل۔ (٢) دیکھو Nebulium۔

Nebuly : (a) (١) دیکھو Nebule۔ (٢) بلدار شکل کا ؛ (تعمیرات) پر پیچ شکل کا۔

Necator : (n) ہُک ورم کی ایک عام قسم جو آدمی اور دوسرے پستان دار جانوروں کے داخلی طفیلی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

Necessarian : (n & a) (١) جبری ؛ معتقد جبر۔ (٢) جبری یا عقیدہ جبر سے متعلق۔

Necessarianism : (n) جبریت ؛ عقیدہ جبر۔

Necessarily : (adv.) لازمی طور پر ؛ لازماً ؛ ضرور ؛ ناگزیر ؛ لزوماً ؛ ناچار ؛ مجبوراً ۔

Necessariness : (n) ناگزیری ؛ ضرورت ؛ حاجت ؛ لازمی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Necessary : (a) لازمی (نتیجہ وغیرہ) ؛ ضروری ؛ لابدی ؛ ناگزیر ؛ واجب ؛ جبری حتمی ؛ غیر قابل اجتناب ؛ تقدیری ؛ فطری ؛ مطلوب ۔

The necessaries of life : ضروریات زندگی ۔

The necessary : ضروری شے ؛ ضروری (روپیہ وغیرہ) (عامیانہ) روپیہ یا کام جو کسی مقصد کے لئے ضروری ہو ۔

Necessary : (n) ایسی شے جس کے بغیر زندگی ممکن نہ ہو ۔

Necessary house/- place/- stool/- vault : (n) جائے ضرور ؛ بیت الخلا ؛ پاخانہ ۔

Necessary woman : (n) (قدیم) دائی ؛ نوکرانی ۔

Necessitarian : (n) عقیدۂ جبر کا قائل یا وکیل ؛ جبری ۔

Necessitarian : (a) جبری یا عقیدۂ جبر سے متعلق ۔

Necessitarianism : (n) (۱) عقیدۂ جبر ؛ جبریت ۔ (۲) یہ عقیدہ یا اصول کہ اسباب و علل ہی سے نتائج ظہور پذیر ہوتے ہیں ۔

Necessitate : (v) (۱) (شاذ) مجبور کرنا ؛ (کسی پر) جبر کرنا ۔ (۲) (کسی امر کو) ضروری ؛ لازمی یا لابدی کرنا ؛ ضروری شرط یا لازمی نتیجہ ہونا (کسی انسان کو) مجبور بنا دینا ۔ (۳) (قدیم) ضرورت کی حالت میں لانا ۔

Necessitation : (n) ناگزیری ؛ اجبار ۔

Necessitous : (a) محتاج ؛ حاجت مند ؛ ضرورت مند ؛ تہی دست ؛ تنگ دست ؛ مفلس ؛ غریب ؛ مفلوک الحال ۔

Necessitously : (adv.) نیاز مندی سے ؛ تنگ دستی سے ؛ محتاجی سے ۔

Necessitousness : (n) محتاجی ؛ تنگدستی ؛ تہی دستی ؛ نیاز مندی ؛ احتیاج ؛ افلاس ؛ غربت ؛ فلاکت ۔

Necessitude : (n) (قدیم) ضرورت ؛ ناگزیریت ؛ ناگزیر ہونا ؛ ضرورت ناگزیر ۔

Necessity : (n) (۱) جبر ؛ لزوم ۔ (۲) مجبوری ؛ ضرورت ۔ (۳) حاجت ؛ احتیاج ۔ (٤) لابدی ہونا ۔ (٥) ضروریات زندگی میں سے کوئی شے ؛ کوئی چیز ۔ (٦) (عموماً جمع) افلاس ؛ محتاجی ؛ تنگ دستی ؛ شدید ضرورت ؛ ما یحتاج ؛ فقر و فاقہ ۔ (۷) ایک ضروری کام ؛ ناگزیر ۔

Logical necessity : لزوم منطقی ؛ منطق کی رو سے لازم ہونا ۔

Of necessity : (adv.) مجبوراً ؛ طوعاً یا کرہاً ؛ حتماً ؛ لزوماً ؛ لازماً ؛ ضرور ۔

Physical necessity : طبعی احتیاج ؛ لزوم طبعی ؛ اصول طبعی کی رو سے لازم ہونا ۔

To make a virtue of necessity : جو کام مجبوراً کیا ہے اس کی داد چاہنا ؛ چار و نا چار کئے ہوئے کام کی داد خواہی ؛ جو کام ناگزیر ہو اسے اس طرح کرنا جیسے اپنی خوشی سے کیا ہو ۔

Work of necessity : ویسا کام جسے ممکنہ طور پر یا فطری طور پر بغیر کئے نہیں رہا جا سکتا ؛ کام جس کے کئے بغیر چارا نہ ہو ؛ لازمی یا ضروری کام ۔

Necessity hath no law : جو ضرورت سے مجبور ہے اس کے لئے کوئی قانون نہیں ؛ ضرورت قانون کا لحاظ نہیں کرتی ۔

Necessity is the mother of invention : ضرورت پڑتی ہے تو تدبیر سوجھتی ہے ؛ ضرورت ایجاد کی ماں ہے ۔

Necessity knows no law : دیکھو Necessity hath no law

Necessity money : (n) روپیہ (سکہ ، نوٹ وغیرہ) جو ہنگامی حالات (جنگ و محاصرہ یا مالیاتی بحران) میں جاری کیا جائے ۔

Neck : (n) (۱) گردن ۔ (۲) بکری وغیرہ کی گردن کا گوشت ۔ (۳) گریبان ؛ گلا ۔ (٤) کسی طرف کا تنگ حصہ ؛ دریا یا خلیج کا تنگ حصہ ۔ (٥) کسی چیز کا پتلا سا حصہ جو دو بڑے حصوں کو جوڑتا ہو ۔ (٦) (مجازاً) ماتحتی ؛ تابعداری ؛ اطاعت ؛ تسلیم ؛ مزاحمت ؛ مقاومت ؛ رکاوٹ ؛ بوجھ ڈالنا ۔ (۷) پہاڑی درہ ؛ تنگ راستہ ؛ آواز کا دھما حصہ ۔ (۸) (تعمیرات) سر ستون ؛ گردنی ۔

In/on or upon the neck of : (بول چال) اوپر ۔

In the neck of : شدید یا درد ناك حد تك ۔

To break one's neck : گردن توڑنا یا ٹوٹنا ؛ گردن ٹوٹنے سے مر جانا ؛ گردن توڑ کر مار ڈالنا ۔

To break the neck of : بڑی طاقت یا بڑے اثر کو توڑ دینا یا اس کا دفعیہ کر دینا ؛ (کسی کام کا) بڑا حصہ ختم کر دینا ؛ گردن توڑ دینا ؛ زور توڑ دینا ۔

To break the neck of a task : کسی کام کا مشکل ترین حصہ ختم کر لینا ۔

To get it in the neck : (عامیانہ) گردن پر سہ لینا ؛ مہلك زخم یا چوٹ کھانا ؛ سخت چوٹ کھانا ؛ شدید ضرب لگنا ۔ (شکست یا سرزنش کی) ۔

To save one's neck : اپنی جان بچانا ۔

Neck : (n) (جنوب مغربی بول چال) اناج کا وہ مُٹھا جو کٹائی کے دوران سب سے آخر میں کاٹا جاتا ہے ۔

Neck : (v) (۱) گردن پر مارنا ؛ گردن پر ضرب لگانا (خصوصاً بے ہوش کر دینے یا مار ڈالنے کی غرض سے) گردن مارنا ؛ گردن اڑانا ؛ گردن مروڑنا (پرندوں کی) ۔ (۲) (امریکا) بوسہ بازی اور ہم آغوشی میں بے باکانہ مشغول ہونا ؛ زور سے بھینچ کر بوسہ لینا یا سینے سے لگا کر بے تکلفانہ چوما چاٹی کرنا ؛ چوما چاٹی میں مشغول ہونا ؛ بوس و کنار کے مزے لینا ۔ (۳) نالی وغیرہ کا منہ صاف کرنا یا بنانا ۔ (٤) سرے پر ٹوٹ جانا ؛ گردن سے ٹوٹ جانا ۔ (٥) گولائی کو کم کرنا ؛ گردن بنانا ۔ (٦) مویشیوں کو باڑے میں باندھنا ۔

Neck ail : (n) بھیڑوں اور مویشیوں کی ایك بیماری جو کوبالٹ (ایك قسم کی دھات) کی کمی سے ہوتی ہے ۔

Neck and crop : (adv.) مجموعی طور پر ؛ جسماً ؛ جسداً ؛ پورے کا پورا ؛ سب ملا کر ؛ لے دے کر ؛ کل ملا کر ؛ جملہ ؛ بحیثیت مجموعی ؛ پوری طرح ۔

Neck and heels : (adv.) (۱) دیکھو Neck and crop ۔ (۲) مضبوطی سے ۔

Neck and neck : (adv.) پہلو بہ پہلو ؛ دوش بدوش ؛ ہم قدم ہو کر ؛ ساتھ ساتھ ؛ برابر برابر (گھوڑ دوڑ میں دو یا زیادہ گھوڑے) ؛ (نیز مجازاً و توصیفاً) قریب ؛ نزدیك ۔

Neck-band : (n) (۱) گلو بند ؛ گلے میں باندھنے کی چیز ؛ کالر ۔ (۲) لباس کا وہ حصہ جو گردن کے گرد ہوتا ہے ؛ کالر ۔

Neck-bone : (n) گردن کی ہڈی ؛ گردن کا فقرہ یا حلقی فقرہ ۔

Neck-cell : (n) (نباتیات) فرنوں یا کائیوں (سواروں) کے تخمك خانہ یا اولیں بیضہ میں گردن (والے حصے) کی تشکیل کرنے والا خلیہ ۔

Neck-deep : (a & adv.) پورے طور سے ڈوبا ہوا ؛ غرق ۔

Neck-fillet : (n) توپ کی نال کے آخر میں توڑے جانے کے مقام کے قریب لگی ہوئی پتی یا پٹی ۔

Neck-handkerchief : (n) (۱) گلو بند ؛ مفلر ؛ نکٹائی ؛ (ہندوستانی) گمچھا (ان معنوں میں اب شاذ ہے) ۔ (۲) پھانسی کا پھندا ۔

Neck-mould (ing) : (n) (تعمیرات) ستون یا پائے کے سرے سے نیچے کا گول ابھرا ہوا حلقہ ؛ پائے کا گردنا ۔

Neck or nothing/- naught : (adv.) یا اِدھر یا اُدھر ؛ تخت یا تختہ ؛ ہر چہ باداباد ۔

Neck-piece : (n) (۱) کسی لباس کا گردن کے قریب کا حصہ ۔ (۲) ہتھیار یا کپڑے کا حصہ جس سے گردن ڈھک جائے ۔ (۳) گردن کا گوشت ۔

Neck-rein : (v) (عنان) لگام کی حرکت سے (گھوڑے کو) راہ دکھانا ۔

Neck-rot : (v) پیاز کی ایک بیماری ۔

Neck-tie : (n) ٹائی ؛ نک ٹائی ۔

Neck-twister : (n) (امریکی عامیانہ) ایک قسم کی شراب ۔

Neck-verse : (n) لاطینی اشعار (مناجات نمبر ۵۱ کی ابتدا کے) جسکو پڑھ کر ملزم اہل کلیسا کے حق استثنا (Benefit of clergy) سے مستفید ہو سکتا تھا اور اپنی جان بچا سکتا تھا ۔

Neckcloth : (n) دیکھو Neck hadkerchief

Necked : (a) (۱) گردن والا ۔ (۲) گردن دار ۔

Neckercher : (n) (بول چال) Neckerchief کا متبادل ۔

Neckerchief : (n) گلے کا رومال ؛ گچھا ۔

Necking : (n) گردنی ؛ ستون کا وہ حصہ جو وسط ستون اور لنگنی کے درمیان ہوتا ہے ۔

Necklace : (n) (۱) گلو بند (زیور) چمپا کلی ؛ مالا ؛ کنٹھا ؛ نیکلس (جواہرات و موتیوں یا سونے کا گلے کا زیور) ۔ (۲) پھندا ؛ سرک پھندا ؛ پھانسی کا پھندا ؛ رسی جس میں گلے میں ڈالنے کے لئے حلقہ ہو ۔ (۳) (جہاز رانی) مستول کے سرے پر لگی زنجیر یا رسّا ؛ مستول کے (سرے کے) گرد بندھی زنجیر یا چمڑے کا پٹہ ۔

Necklace : (v) (۱)نیکلس بنانا یا بننا ؛ نیکلس کی شکل کا بن جانا ؛ مدور یا نیم مدور بن جانا ۔ (۲) نیکلس پہنانا ؛ نیکلس سے یا نیکلس کی طرح زنجیر وغیرہ سے گھیر دینا ۔

Necklet : (n) (۱) چھوٹا نیکلس (گردن میں سٹا ہوا) ؛ گلو بند ۔ (۲) سمور کا بنا گلو بند ۔

Necklike : (a) گردن کے مشابہ ۔

Neckwear : (n) اسکارف ؛ گلوبند ؛ مفلر ؛ ٹائی ؛ کالر ۔

Neckweed : (n) ایک امریکی بیل دار بوٹی جو پہلے دوا کے کام آتی تھی اور جس سے کنٹھ مالا (خنازیر) کا علاج کیا جاتا تھا (یہی اسکی وجہ تسمیہ بھی ہے) ۔

Necr/- necro : (prefix) یونانی لفظ Nekros سے مشتق سابقے بمعنی "لاش" ؛ "نعش" ۔

Necrobiosis : (n) نسیج میں خلیے یا خلیوں کی موت ؛ (تشریح) انحطاط نسیج غذا کے نا کافی ہونے یا رک جانے کے باعث کسی عضو کا بتدریج سوکھ جانا یا مردہ ہو جانا ؛ (نیز) اس طرح کا مرض ۔

Necrobiotic : (a) نسیج میں خلیے یا خلیوں کی موت سے متعلق ؛ انحطاط نسیج کا یا اس سے متعلق ۔

Necrogenic/Necrogenous : (a) جو اجسام مردہ کے اتصال سے پیدا ہو ۔

Necrographer : (n) اموات نگار ؛ فہرست اموات تیار کرنے والا ؛ موت کی خبر دینے والا ۔

Necrolatry : (n) مردہ پرستی ۔

Necrological : (a) فہرست اموات سے متعلق ؛ خبر موت کا یا اس سے متعلق ۔

Necrologically : (adv.) خبر موت سے ۔

Necrologist : (n) اموات کی فہرست مرتب کرنے والا یا شائع کرنے والا ؛ موت کی اطلاع دینے والا ۔

Necrologue : (n) اطلاع وفات ؛ موت کی خبر ۔

Necrology : (n) (۱) فہرست اموات ؛ کلیسائی رجسٹر اموات ؛ ان مرنے والوں کی فہرست جو کلیسا سے منسلک تھے جسے بطور یادگار کلسیا میں رکھا جاتا ہے ۔ (۲) اطلاع وفات ۔

Necromancer/Nigromancer : (n) روحوں سے آئندہ کے حالات معلوم کرنے والا ؛ ساحر ؛ جادو گر ؛ حاضراتی عمل کرنے والا ۔

Necromancing : (a) سحر کار ؛ جادو گر ۔

Necromancing : (n) اس فن کا عامل ؛ جادو گر ۔

Necromancy/nigromancie : (n) مردوں یا روحوں سے آئندہ کے حالات معلوم کرنے کا فن ؛ سحر ؛ طلسم ؛ جادو ؛ احضار اموات وارواح ؛ حضرات ۔

Necromantic : (a) طلسمی ؛ جادوئی ؛ جادو کا ؛ ساحرانہ ۔

Necromantically : (adv.) جادو سے ؛ طلسماتی طور پر ۔

Necronite : (n) (معدنیات) orthoclase کی ایک قسم ، جس کے ٹوٹنے یا توڑے جانے پر ایک متعفن بو خارج ہوتی ہے ۔

Necrophagia : (n) مردہ خوری کا عمل یا رواج ۔

Necrophagous : (a) مردہ خوار ؛ مردہ خور ؛ لاشہ خور ۔

Necrophagy : (n) مردہ خوری کا عمل یا رواج ۔

Necrophilia : (n) مردہ پسندی ؛ مردہ دوستی ؛ مردوں سے مقاربت ۔

Necrophobia : (n) مردہ ترسی ؛ موت ترسی ۔

Necrophore : (n) Necrophorus جنس کا بڑا بھونرا جسے Burying beetle بھی کہتے ہیں (کیونکہ یہ مردہ چوہے ؛ چھچھوندر وغیرہ کے نیچے کی زمین کو کھود کر انہیں چھپا دیتا ہے تاکہ وہ اس کے پہل روپوں (لاروؤں) کے لئے کھر کا کام دے) ۔

Necrophorous : (n) بڑے بھونروں کی ایک جنس کا نام جن میں Necrophore بھی شامل ہے ۔

Necropolis : (n) (۱) گورستان ؛ قبرستان ؛ شہر خموشاں ۔ (۲) ایسی جگہ جو زندگی سے خالی ہو اور جہاں مردے بستے ہوں ۔

Necropsy : (n) معائنہ لاش ؛ لاش بینی ؛ لاش کا طبی معائنہ ؛ معائنہ بعد از مرگ ؛ پوسٹ مارٹم ۔

Necropsy : (v) لاش کا طبی معائنہ کرنا ۔

Necroscopy : (n) دیکھو Necropsy

Necrose : (v) (مرضیات) مارنا ؛ انحطاط نسیج یا استخواں سے متاثر ہونا ۔

Necrosed : (a) (مرضیات) مرا ہوا ؛ مردہ ؛ انحطاط نسیج یا استخواں سے متاثر ۔

Necrosis : (n) (۱) نُخیرہ ؛ نَخرُ العظام ؛ انحطاطِ استخواں ؛ انحطاطِ نسیج ۔ (۲) (نباتیات) انحطاط نبات ۔

Necrospermia : (n) ایک حالت جب منی میں حُویَن مردہ یا غیر متحرک ہوجاتے ہیں ۔

Necrotic : (a) انحطاط استخواں یا انحطاط نسیج سے متعلق ؛ انحطاط نسیج میں مبتلا ؛ نخیرہ زدہ ۔

Necrotic enteritis : (n) سوّر کا ایک متعدی مرض جو بیکٹیریا سے ہوتا ہے ۔

Necrotize : (v) نسیج کا گل جانا ؛ انحطاط نسیج پیدا کرنا ۔

Necrotomy : (n) (۱) مردہ شگافی ؛ تشریح لاش ۔ (۲) جراحی کے ذریعہ نخیرہ زدہ ہڈی کو علاحدہ کرنا ۔

Necrotype : (n) ایک ناپید عضویہ یا ناپید عضویات ۔

Nectar : (n) (۱) (یونانی اساطیر) دیوتاؤں کی شراب ؛ وہ چیز جو دیوتا پیتے ہیں ۔ (۲) کوئی خوش ذائقہ پینے کی چیز ؛ آب حیات ؛ امرت ۔ (۳) پھولوں کا میٹھا رس یا شہد ؛ عسل ۔ (٤) نیکٹر ؛ ایک قسم کا بوتل کا پانی ؛ شہد نبات ۔

Nectareal : (a) (قدیم) عسل دار ؛ میٹھے رس یا خوش ذائقہ چیز سے بھرا ہوا ۔

Nectarean : (a) عسلی ؛ (نباتیات) شیریں ؛ مدھو کا ۔

Nectared : (a) پر عسل ؛ شہد سے بھرا ہوا ؛ جس شہد کی خوشبو

ہو ؛ عسل دار ، خوشبودار۔

Nectareous : (a) پر عسل ؛ عسل دار ؛ مدھو کا ؛ جو شہد پر مشتمل ہو۔

Nectareously : (adv.) خوش ذائقگی سے ؛ عسل داری سے ۔

Nectareousness : (n) خوش ذائقگی ؛ خوش ذائقہ پن ؛ شیرینی ؛ مٹھاس۔

Nectariferous : (a) شہد آور ؛ عسل دار ؛ جس سے شہد پیدا ہو یا جس میں شہد ہو۔

Nectarine : (n) ایک قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم ، روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے ۔

Nectarine : (a) (قدیم) شیریں ؛ میٹھا ؛ خوش ذائقہ ۔

Nectarium : (n) روکھ جوں کے جسم پر کومڑی جیسی نلکی جس سے شہد رستا ہے ۔

Nectarous : (a) عسل نما ؛ مثل شہد ؛ مانند شہد ؛ شہد جیسا ۔

Nectary : (n) (۱) شہد دان ؛ پھولوں یا پودوں کا وہ حصہ جس میں رس یا شہد ہوتا ہے ۔ (۲) (حشریات) روکھ جوں کے جسم پر کومڑی جیسی نلکی جس سے شہد رستا ہے ۔

Nectocalycine : (a) شبیہ کا سہ شنا ؛ کاسہ شنا سے متعلق۔

Nectocalyx : (n) (حیوانیات) شنا کمامہ ؛ کاسہ شنا ؛ بہترے بحری حیوانات کے وہ گھنٹی نما اعضا جن کے سہارے وہ تیرتے ہیں۔

Necton : (n) Nekton کا متبادل ؛ شنائیہ ؛ نکٹون ؛ سطح آب پر تیرتی ہوئی نامیاتی شے ۔

Nectosac : (n) (حیوانیات) شنا کمامہ کا اندرونی (حصہ) ؛ شنا بتان۔

Nectosome : (n) (حیوانیات) شنا جسم۔

Nectostem : (n) شنا کمامہ کے سلسلے کا محور۔

Neddy : (n) (۱) گدھا ؛ خَر ؛ (روز مرہ) گھوڑا (خاص کر)۔ (۲) (کنٹریری) محافظ زندگی۔

Nederlands : (n) ڈچ زبان۔

Nee : (a) (لغوی معنی پیدائشی) عورتوں کے خاندانی نام کو جو شادی سے قبل تھا ظاہر کرتا ہے ، اردو میں بنت فلاں سے یہ مفہوم ادا ہو سکتا ہے جیسے بیگم اسمتھ ؛ بنت جونز وغیرہ۔

Need : (n) (۱) ضرورت ۔ (۲) احتیاج ؛ حاجت ۔ (۳) آڑا وقت ؛ نازک وقت ۔ (٤) افلاس ؛ مفلسی ناداری ؛ تنگ دستی ۔ (٥) مایحتاج ؛ حوائج ضروریہ ؛ بول و براز۔

A friend in need is a friend indeed : دوست آں باشدکہ گیرد دستِ دوست ؛ در پریشاں حالی و در ماندگی؛ سچا دوست وہی ہے جو ضرورت کے وقت کام آئے ۔

At need : (adv.) بہ وقت ضرورت ۔

Failed him in his need : آڑے وقت پر کام نہ آیا ۔

Had need to : چاہئیے ۔

To do one's needs : رفع حاجت کرنا ؛ حوائج ضروری سے فارغ ہونا ۔

To have need of : ضرورت ہونا ؛ حاجت ہونا ۔

To have need to : کسی کام کے کرنے پر مجبور ہونا ؛ حاجت مند ہونا ۔

When need crept, in, love walked out : غربت اور محبت ایک ساتھ نہیں ہو سکتی۔

Need : (v) (۱) درکار ہونا ؛ مطلوب ہونا ؛ (قدیم) ضروری ہونا(مثلاً It needs not) ۔ (۲) کسی شخص کو کسی چیز کی ضرورت ہونا ؛ نادار ہونا ۔ (۳) محتاج ہونا ؛ حاجت ہونا ۔ (٤) کسی بات کا کسی شخص کے لئے ضروری ہونا ۔

Need-be : (n) (قدیم) ضرورت ۔

Need-not : (n) فاضل ؛ جس کی ضرورت نہ ہو ۔

Needcessity : (n) (روز مرہ) ضرورت ؛ حاجت ۔

Needed : (a) مطلوب ۔

Needer : (n) طالب ؛ ضرورت مند ؛ طلب گار ۔

Needfire : (n) وہ آگ جو سوکھی لکڑیوں کو رگڑ کر جلائی جائے اس عقیدہ کے تحت کہ اس سے بلا ٹل جائے گی ۔

Needful : (a) ضروری ؛ مطلوب ۔

It is need ful to do that : یہ ضروری ہے کہ وہ کام کیا جائے ۔

The need ful : (۱) جو ضروری ہو ؛ جس کی ضرورت ہو ۔ (۲) (عامیانہ) روپیہ (جو کسی کام کے لئے ضروری ہو) ۔

Needful : (n) جو ضروری ہو ؛ وہ کام جسے انجام دینا ضروری ہو ؛ ذاتی ضرورت ۔

Needfully : (adv.) (قدیم) تنگ دستی سے ؛ محتاجی سے ۔

Needfulness : (n) تنگ دستی ؛ مفلسی ؛ محتاجی ؛ حاجت مندی ۔

Neediness : (n) حاجت مند ہونے کی حالت یا صفت ؛ ضرورت مندی ؛ محتاجی ؛ مفلسی ؛ حاجت مندی ۔

Needle : (n) (۱) سوئی ؛ سوا ؛ سوزن ؛ سلائی ۔ (۲) مقناطیسی سوئی ؛ قطب نما وغیرہ کی سوئی ۔ (۳) معیاری سلائی ؛ خالص اور کامل سونے یا چاندی کا ٹکڑا جو کسی چیز کو کسوٹی پر کستے وقت مقابلے کے لئے سامنے رکھا جائے ۔
(٤) کندہ کاری کا نوک دار آلہ ۔ (٥) ایک نوکدار آلہ؛ جراحی جو ہلکے موتیا بند میں استعمال ہوتا ہے ؛ موتیا بند کی سلائی ۔ (٦) زیر جلد پچکاری کا سوا ؛ پچکاری کی سوئی ؛ پچکاری کی سلائی ۔ (۷) گولی چلانے کی سلائی (جو توڑے دار بندوق میں ہوتی ہے) ۔ (۸) مخروطی پتھر ۔ (۹) نوک دار چٹان ؛ چوٹی ۔ (۱۰) وہ تھونی (تھومبی) جو محراب وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے عارضی طور پر لگائی جائے ۔ (۱۱) سوئی کی شکل کا بلورہ (قلم) ۔ (۱۲) fir یا Pine کی پتی ۔

Magnetic needle/Mariner's needle : کمپاس کی مقناطیسی سوئی ؛ کمپاس کا کانٹا ۔

Pin and needles : (n) سنسناہٹ (جسم کے کچھ کچھ حصے میں) ۔

Sharp as a needle : (a) تیز فہم ؛ چوکس ۔

The needle : (عامیانہ) کسی اعصابی بیماری کا دورہ ۔

To look/-seek a needle in a meadow/-haystack/-bottle (truss or bundle) of hay : کسی ایسے کام کے پیچھے سر کھپانا جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو ؛ تلاش بے سود ؛ لاحاصل تلاش ؛ گھاس کے ڈھیر میں سوئی تلاش کرنا ۔

Needle : (v) (۱) سینا ۔ (۲) سوئی چبھونا ؛ عمل جراحی میں سلائی استعمال کرنا ۔ (۳) اندر گھس جانا ؛ گھس پیٹھ کر نکلنا (بہت سی چیزوں میں سے) ۔ (٤) (محراب وغیرہ میں) سہارے کے لئے تھونی (تھمبی) لگانا ۔ (٥) سوئی کی شکل کی قلمیں یا بلورے بنانا (کسی چیز سے) ۔ (٦) دل چسپی ، دل پذیری میں اضافہ کرنا ؛ تیز کر دینا ۔ (۷) سوزنی کرنا یا سوئی سے کشیدہ کاری کرنا ؛ سلائی کا کام کرنا ۔

Needle : (a) (خصوصاً برطانیہ میں) (کھیل یا کسی ایسے مقابلے میں) اہم ؛ فیصلہ کن ۔

Needle-bath : (n) (۱) فوارہ دار غسل خانہ ۔ (۲) فوارہ کا غسل ۔

Needle biopsy : (n) سوئی کے ذریعہ نسیجی تشخیص ۔

Needle-bolt : (n) چٹخنی جس میں سلائی ہوتی ہے ۔

Needle-book : (n) کتاب نما سوئی دان یا تلے دانی ۔

Needle bush : (n) آسٹریلیا کی جھاڑیاں جن کے پتے سوئی کی طرح نکیلے ہوتے ہیں ۔

Needle-case : (n) سوئی دانی ؛ تلے دانی۔

Needle craft : (n) کشیدہ کاری ؛ سینے پرونے کا کام۔

Needle-dial : (n) سوئی ڈائل (کسی برقی اوزار میں)۔

Needle-fish : (n) ایک مچھلی جس کا منہ برچھے کی شکل کا اور کانٹے سبز ہوتے ہیں۔

Needle furze/-gorse : (n) مغربی یورپ کی ایک جھاڑی جس کے پھول زرد اورپتے نیلگوں سبز ہوتے ہیں۔

Needle-gun : (n) سوئی دار بندوق (جس میں کارتوس سوئی سے چلتا ہے)۔

Needle in a hay stack : کوئی شے جو مشکل سے حاصل ہو یا وہ جس کے ملنے کی امید گویا نہیں ہو۔

Needle-lace : (n) سوزنی فیتہ ؛ سوزنی لیس۔

Needle-like : (a) نکیلے پن اور نزاکت میں سوئی کے مشابہ۔

Needle-point : (n) (۱) سوئی کی نوک۔ (۲) کروشیا کی لیس یا جھالر ؛ پوائنٹ لیس۔

Needle point : (a) سوئی کی نوک سے متعلق یا اس کے مشابہ۔

Needle-pointed : (a) نوکیلے پن میں سوئی کی طرح ؛ (مجازاً) چبھنے والا ؛ تکلیف دہ۔

Needle-syringe : (n) سوئی والی پچکاری جس سے جسم میں دوا انجکٹ کی جاتی ہے ؛ سرنج۔

Needle telegraph : (n) مقناطیسی سوئی کے جھکاؤ سے ٹیلی گراف سگنل دینا۔

Needle trade : (n) (۱) سلے ہوئے کپڑے کی تجارت ؛ ریڈی میڈ کپڑوں کی تجارت۔ (۲) سلائی کے مشاغل (جیسے پیراہن دوزی ، خیاطی وغیرہ) ؛ سلائی کی صنعت۔

Needle wood/Needlewood : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کے پھول سفید ہوتے ہیں۔

Needle-worm : (n) چھوٹی جونک جو گھوڑوں کو ہوتی ہے۔

Needled : (a) (۱) سوئی سے بنایا ہوا یا کیا ہوا (کام)۔ (۲) سوئی نما ؛ سوزن نما۔

Needleful : (n) سوئی بھر (روئی ، دھاگا وغیرہ) ؛ اتنا دھاگا جو ایک مرتبہ سوئی میں ڈالا جاتا ہے۔

Needler : (n) (۱) سوئی بنانے والا ؛ سوئی بیچنے والا ؛ سوزن گر ؛ سوزن فروش۔ (۲) (برطانیہ) پلندہ دوز ؛ بورا یا بستہ سینے والا۔ (۳) نکتہ چیں ؛ دوسروں کی عیب جوئی اور نکتہ چینی کرنے والا۔

Needlerun : (a) سلائی سے مزین ؛ مزین سوزن دوزی ؛ تکیے کی جھالر یا جالی پر سوئی سے بنایا ہوا (کام)۔

Needle's eye : (n) سوئی کا ناکا ؛ بے حد تنگ راستہ۔

Needless : (a) غیر ضروری ؛ بے فائدہ ؛ بے کار ؛ بے ضرورت۔

Needless to say : یہ کہنے کی تو ضرورت ہی نہیں یہ تو ظاہر ہی ہے۔

Needlessly : (adv.) بے ضرورت ؛ غیر ضروری طور پر۔

Needlessness : (n) غیر ضروری ہونا ؛ بے کار یا بے فائدہ ہونا۔

Needlestone : (n) (کان کنی) بلوری شکل کی معدنی چیزوں کا سابق نام۔

Needlewoman : (n) سلائی کا کام کرنے والی عورت ؛ درزن یا خیاطہ ؛ اجرت پر کپڑے سینے والی عورت۔

Needlework : (n) سوزن کاری ؛ سلائی کڑھائی ؛ سلائی ؛ کشیدہ کاری۔

Needleworker : (n) سینے والا ؛ سلائی کا کام (سلائی کڑھائی) کرنیوالا۔

Needling : (n) (۱) سوئی استعمال کرنے کا عمل یا طریقہ۔

Neeaing-powder : (n) نامس۔

Nef : (n) ١٦ ویں صدی کی کشتی نما گھڑی ؛ کشتی نما ظرف۔

Nefandous : (a) گندہ ؛ فحش۔

Nefarious : (a) بد معاش ؛ بے ایمان ؛ بد کردار ؛ بد معاشی کا ؛ بے ایمانی کا ؛ مذموم ؛ قابل نفرت۔

Nefariously : (adv.) بد معاشی سے ؛ بے ایمانی سے۔

Nefariousness : (n) بد معاشی ؛ بے ایمانی ؛ بد کرداری۔

Negate : (v) انکار کرنا ؛ برباد کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ ابطال کرنا ؛ نفی کرنا ؛ نفی ہونا ؛ تردید ہونا ؛ ابطال ہونا۔

Negate : (n) متضاد (شے یا امر)۔

Negation : (n) (١) نفی ؛ ابطال ؛ انکار ؛ تردید۔ (٢) سلبی یا منفی قول یا نظریہ۔ (٣) (منطق) سلبی دعویٰ۔ (٤) نقیض ؛ نفی۔ (٥) لاشے ؛ سلبی یا غیر حقیقی شے۔

Negational : (a) منفی ؛ انکاری تردیدی ؛ جس میں نفی ہو ؛ منفیانہ۔

Negationist : (n) منکر ؛ نفی پسند ؛ مسلّمہ عقائد سے انکار کرنے والا۔

Negativate : (v) نفی کرنا ؛ رد کرنا۔

Negative : (n) (١) حرف نفی ؛ منفی عکس ؛ منفی مقدار۔ (٢) منفی قول ؛ منفی قضیہ۔ (٣) انکاری جواب ؛ تردید جواب ؛ انکار ؛ تردید۔ (٤) منفی لفظ ؛ حق تردید ؛ حق تنسیخ۔ (٥) سلبی صفت۔ (٦) (جبر و مقابلہ) مقدار منفی۔ (٧) (فن تصویر کشی) منفی تصویر۔ (٨) (برقیات) منفی برق۔

Negative : (a) (١) انکاری ؛ تردیدی ؛ امتناعی۔ (٢) منفی ؛ سلبی۔ (٣) (الجبرا) منفی صفر سے کم مقدار ظاہر کرنے والا۔ (٤) منفی (برقیات) منفی برق رکھنے والا۔ (٥) (مصوری) منفی تصویر (جس میں اصل شے کی روشنی اور تاریکی کا عکس الٹا آیا ہو)۔ (٦) بے رنگ ؛ مثبت خصوصیات کا

(٢) نکتہ چینی ؛ تعرض۔

Needments : (a) (١) مطلوبہ چیزیں (جمع) (خصوصاً) ضروریات سفر ؛ سامان سفر ؛ رختِ سفر ؛ زاد سفر ؛ زاد راہ ؛ اسباب۔ (٢) ضروریات زندگی۔

Needs : (adv.) ضرور بالضرور؛ لازمی طور پر؛ مجبوراً ؛ چار و ناچار۔

Needy : (a) ضرورت مند ؛ حاجت مند ؛ محتاج ؛ مفلس مفلوك الحال ؛ نادار۔

Needy : (n) وہ شخص جو اپنی معاشی خود کفالت نہ کر سکے یا جو عام امداد پائے۔

Neem : (n) نیم ؛ ایك ہندوستانی درخت۔

Neem oil : (n) نیم کے پھلوں اور بیجوں سے تیار کیا جانے والا تیل جس کا استعمال دوا کے طور پر ہوتا ہے۔

Neep : (n) شلجم ؛ شلغم۔

Neeper : (n) (اسکاٹ لینڈ) Neighbour کا متبادل۔

Neer : (n) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ) گردہ۔

Ne'er : (adv.) (١) (شاعری) کبھی نہیں ؛ ہرگز نہیں حاشا و کلاّ۔ (٢) (اسکاٹستان) شیطان ؛ خبیث روح۔

Ne'er a/Narrow a/Narra : (adj.) (بول چال یا شعر) ایك بھی نہیں۔

Ne'er-do-weei/Ne'er-do-well : (n & a) (١) ناکارہ یا نکما شخص۔ (٢) نکما ؛ بیکار ؛ بے قیمت ؛ ناکارہ۔

Ne'er the less : (adv.) پھر بھی ؛ تا ہم۔

Neesberry : (n) آلوچہ ؛ نس بیری۔

Neeze/Neese : (v) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ) Sneeze کا مبادلہ؛ چھینکنا۔

Neezing : (n) چھینک؛ چھینکنا۔

ناقد ۔ (۷) (ارضیات) جو اکثر ڈوب جائے ؛ جو نارمل سے کم مقناطیسی قوت یا کشش کا حامل ہو۔

He returned a negative : اس نے انکار یا تردید کی۔

In the negative : نفی میں۔

It was decided in the negative : تجویز مسترد کر دی گئی۔

The answer is in the negative : جواب یہ ہے کہ "نہیں"۔

The negative : منفی ؛ متضاد۔

Two negatives make an affirmative : نفی کی نفی اثبات کے برابر ہے ؛ نفی کی نفی اثبات۔

Negative : (v) غلط ثابت کرنا ؛ ابطال کرنا ؛ تردید کرنا ؛ نا منظور کرنا ؛ اثر باطل کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ مسترد کرنا۔

Negative accleration : (n) (۱) سرعت رفتار منفی سمت میں ؛ منفی اسراع ۔ (۲) ابطاء۔

Negative answer : (n) انکار ؛ منفی جواب۔

Negative catalyst : (n) وہ مادہ جو منفی عمل انگیزی پیدا کرے۔

Negative crystal : (n) (۱) وہ بلور جس میں معمولی شعاع کے لئے انعطاف کا اشاریہ غیر معمولی شعاع کی بہ نسبت بڑا ہوتا ہے ۔ (۲) کسی معدنی انبار میں بلور نما جوف یا گڑھا۔

Negative evidence : (n) منفی شہادت۔

Negative eye-piece : (n) (بصریات) منفی چشم۔

Negative instance : (n) منفی مثال۔

Negative proposition : (n) قضیہ سالبہ ؛ قضیہ منفیہ۔

Negative quantity : (n) (ریاضیات) منفی مقدار ۔ (مزاحاً) کچھ نہیں؛ صفر۔

Negative sign : (n) منفی علامت (-)۔

Negative staining : (n) چھوٹی اشیاء (جیسے بیکٹریا) کو رنگ کر یا دھبوں سے دکھانے کا ایک طریقہ ؛ الٰہیات کا وہ نظریہ جو حقیقت مطلق کو ناقابل فہم قرار دیتا ہے ۔

Negative statute : (n) امتناعی قانون۔

Negative theology : (n) الٰہیات کا وہ نظریہ جو حقیقت مطلق کو ناقابل فہم قرار دیتا ہے ۔

Negative virtue : (n) خیر منفی ؛ ترک شر۔

Negative voice : (n) حق تنسیخ ؛ حق تردید۔

Negative vote : (n) انکاری ووٹ۔

Negatively : (adv.) (۱) منفی طور پر ؛ نفی میں ؛ سلبی طور پر ؛ انکار ، تردید یا ممانعت کے طور پر ۔ (۲) منفی برق سے ۔

Negativeness : (n) نفی ؛ منفی صورت ؛ منفیت ؛ سلبیت۔

Negativism : (n) مذہب انکار ؛ مذہب نفی ؛ منکریت ؛ الحاد جو کہا جائے اس سے انکار کا میلان۔

Negativist : (n) منکر ؛ نفی پسند۔

Negativistic : (a) منکریت یا مذہب نفی کا یا اس سے متعلق۔

Negativity : (n) منفیت ؛ سلبیت ؛ منفی ہونے کی حالت یا کیفیت۔

Negator/Negater : (n) منفی ؛ نفی کرنے والا۔

Negatory : (a) تردیدی ؛ انکاری ؛ منفی ؛ سلبی۔

Negatron/Negaton : (n) الیکٹرون۔

Neger : (n) (روز مرہ خصوصاً برطانیہ میں) حبشی ؛ زنگی ؛

ملک حبش کا (انسان)۔

Neglect : (n) (۱) بے توجہی ؛ غفلت ؛ تغافل ؛ تساہل ؛ بے التفاتی ؛ سہل انگاری ؛ بھول چوک ؛ فرو گذاشت ۔

Neglect : (v) (۱) بے توجہی کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ تغافل برتنا ؛ پڑا رہنے دینا ۔ (۲) غافل رہنا ؛ توجہ نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ۔ (۳) غفلت کرنا ؛ سہل انگاری برتنا ؛ قاصر رہنا (ادائے فرض سے) ۔ (٤) بھول جانا (کسی کام کو) ؛ فرو گذاشت ہوجانا ؛ چوک جانا ۔

Neglectable : (a) (شاذ) قابل فر و گذاشت ؛ ناقابل ذکر ؛ یوں ہی سا ۔

Neglected : (a) فر و گذاشت کیا ہوا ۔

Neglectedly : (adv.) بے التفاتی سے ؛ بے توجہی سے ؛ غفلت سے ۔

Neglecter/Neglector : (n) غافل ؛ سہل انگار ؛ بے پروا شخص ۔

Neglectful : (n) تغافل شعار ؛ غفلت شعار ؛ غافل ؛ بے پروا ؛ سہل انگار ۔

Neglectfully : (adv.) غفلت سے ؛ سہل انگاری سے ۔

Neglectfulness : (n) غفلت شعاری ؛ تغافل شعاری ؛ سہل انگاری ؛ بے پروائی ۔

Neglige : (n) ڈھیلا ڈھالا بے تکلف لباس جیسے عورتیں آرائش سے پہلے پہنے ہوتی ہیں (یہ ہلکے کپڑے کا نیم پردہ دار ہوتا ہے) ؛ (نیز) عورتوں کا ڈھیلا گاؤن جیسے وہ بعض غیر رسمی موقعوں پر پہنتی ہیں ۔

Negligence : (n) (۱) غفلت ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ بے التفاتی ؛ تغافل ۔ (۲) (ادب و فن) بے تکلفی ؛ بے ساختہ پن ؛ سادگی ۔

Negligent : (a) (۱) غافل ؛ غفلت شعار ؛ سہل انگار ؛ بے پرواہ ۔ (۲) سادہ ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف ۔

Negligent escape : (n) جیل سے قیدی کا محافظ کی رضا کے بغیر فرار ؛ چوری چھپے فرار ۔

Negligently : (adv.) (۱) غفلت سے ؛ بے پروائی سے ۔ (۲) سادگی سے ؛ بے تکلفی سے ۔

Negligible : (a) بالکل خفیف ؛ برائے نام ؛ ناقابل لحاظ ؛ ناقابل توجہ ؛ نا قابل ذکر ؛ یوں ہی سا ۔

Negligibly : (adv.) غافل شعارانہ ؛ ناقابل ذکر طور پر ۔

Negotiability : (n) گفت و شنید کی قابلیت ؛ سکارنے کی صلاحیت (ہنڈی وغیرہ) ؛ انتقال پذیریت ۔

Negotiable : (a) (۱) قابل گفت و شنید ۔ (۲) سکارے جانے کے قابل ۔ (۳) قابل بیع و شرح ؛ قابل معاملہ ؛ انتقال پذیر ۔ (٤) مرحلہ طے ہونے کے قابل ۔ (٥) قابل حصول ۔ (٦) قابل فہم ۔ (۷) قابل استعمال ۔ (۸) مورد بحث و تمحیص ۔

Negotiant : (n) (۱) گفت و شنید کرنے والا ؛ معاملہ کرنے والا ؛ دلال ۔

Negotiate : (v) (۱) گفت و شنید کرنا ؛ کاروبار یا مصلحت کی گفتگو کرنا ۔ (۲) گفت و شنید سے معاملہ طے کرنا یا مقصد حاصل کرنا ؛ معاملہ کرنا ؛ مرحلہ طے کرنا ۔ (۳) ہنڈی وغیرہ کو سکارنا ؛ بھنانا ؛ لین دین کرنا ۔ (٤) شئی وغیرہ کو پھاند جانا ۔ (٥) رکاوٹ کو دور کرنا ؛ مشکلات پر غالب آنا ؛ پار کرنا ؛ طے کرنا ۔ (٦) تمام کرنا ؛ پورا کرنا ۔

Negotiation/Negociation : (n) (۱) گفت و شنید؛ معاملہ؛ نامہ و پیام ۔ (۲) ہنڈی وغیرہ کا سکارنا ۔

Negotiator : (n) گفت و شنید کرنے والا ؛ درمیانی شخص ؛ دلال ۔

Negotiatory : (a) گفت و شنید سے متعلق ۔

Negotiatress/Negotiatrix : (n) گفت و شنید کرنے والی (عورت) ؛ نامہ و پیام لے جانے والی عورت ؛ درمیانی (عورت) ؛ مشاطہ ۔

Negress : (n) جشن ؛ حبشی عورت جو عموماً نا پسندیدہ سمجھی جاتی ہے ۔

Negrillo : (n) (۱) حبشی بچہ ؛ چھوٹا حبشی ۔ (۲) پست قامت

حبشی - (۳) مرکزی یا جنوبی افریقه کے بونے (چھوٹے قد کے) حبشیوں کی ایك نسل -

Negrito : (n) (ملایا اور انڈونیشیا کے خطه کی پست قامت) حبشی نما نسل کا فرد یا شخص -

Negro : (n) حبشی ؛ زنگی ؛ حبشی خاندان کا فرد -

Negro : (a) حبشی نسل کا ؛ سیاہ فام ؛ کالے رنگ کا (آدمی یا جانور) -

Negro-African : (n) (۱) افریقه کی زبانوں کا خاندان ؛ افریقی خاندان السنه ؛ نیگرو افریقی زبان - (۲) صحارا کے جنوب کی قدیم افریقی زبانیں -

Negro ant : (n) سیاہ چونٹی ؛ لوہ چیونٹی -

Negro cloth : (n) ایك موٹا کپڑا جو پہلے حبشی غلاموں کے لباس کے لئے استعمال ہوتا تھا -

Negro corn : (n) ترکستانی باجرا ؛ جنورا -

Negro cotton : (n) دیکھو Negro cloth

Negro-head : (n) (۱) ایك قسم کا تیز سیاہ تمباکو جس کی ٹکیا بنا کر چبائی جاتی ہے - (۲) ایك ادنیٰ قسم کا ہندوستانی ربر -

Negro minstrels : (n) حبشی گویّے ؛ اصلی یا فرضی حبشی جو حبشیوں کے گیت گاتے اور ان کے ناچ ناچتے ہیں -

Negro monkey : (n) کالا لنگور ؛ لنگور ؛ ملیشیائی جزیروں ، جاوا وغیرہ کا سیاہ بندر -

Negroid : (a) حبشی نما ؛ حبشی قوم کا یا اس سے متعلق -

Negroid : (n) حبشی نما آدمی -

Negroidal : (a) حبشی نما -

Negroism : (n) (۱) حبشی قوم کے مفادات کی ترقی خصوصاً ان کے مساوی حقوق کی طرف داری - (۲) نمایاں صفت یا خصوصیت جو حبشیوں کی ہوتی ہے خصوصاً لفظ یا طرز ادا -

Negroize : (v) (۱) حبشی بنانا ؛ حبشیانا - (۲) حبشی نما کرنا (جیسے صفات میں) -

Negroland : (n) حبشیوں کا علاقه حبش ، سوڈان وغیرہ ؛ افریقه کا علاقه جس میں حبشی آباد ہیں -

Negrophil/-phile : (n) حبشی دوست؛ جو حبشیوں کو پسند کرتا ہے؛ وہ جو حبشیوں کے مفاد اور حقوق کی ترقی اور برتری چاھتا ہے -

Negrophile : (a) حبشی دوست کی خصوصیت رکھنے والا -

Negrophilism : (n) حبشی دوستی ؛ حبشی نوازی ؛ حبشی دوست ہونا -

Negrophilist : (n) حبشی دوست ؛ حبشیوں کے مفادات اور حقوق کا حمایتی -

Negrophobia : (n) حبشی ترسی ؛ حبشیوں کی طرف سے انتہائی نفرت یا نا پسندیدگی -

Negrophobiac : (a) حبشیوں سے انتہائی نفرت سے متعلق -

Negrophobist : (n) حبشیوں سے نفرت کرنے والا -

Negro s head : (n) ایك قسم کا درخت ؛ امریکی تاڑ یا کھجور -

Negus : (n) ابی سینیا کے عظیم فرماں روا کا خطاب ؛ فرماں روائے حبش ؛ شاہ حبش ؛ نجاشی -

Negus : (n) شراب (ایك خاص قسم کی شراب جو لیموں اور دوسری کئی چیزیں ملا کر تیار کی جاتی ہے ، اس کا ذائقه شیریں ہوتا ہے ، اس کو کرنل فرانسس متوفی نے ۱۷۳۲ء میں ایجاد کیا تھا) -

Neif : (n) (تاریخ) جو غلامی کی حالت میں پیدا ہو ؛ غلام زادہ ؛ غلام اس کا اطلاق عورت پر بھی ہوتا ہے -

Neigh : (v) ہنہنانا (گھوڑے کا بولنا یا گھوڑے کی طرح بولنا) ۔

Neigh : (n) ہنہناہٹ (گھوڑے کی) ۔

Neighbour : (n) (۱) پڑوسی ؛ پڑوس کا ؛ ہمسایہ ۔ (۲) ہمسایہ ملک کا باشندہ ۔ (۳) پاس کا ؛ برابر کا ؛ ہم پہلو شخص یا چیز ۔

Neighbour : (v) پڑوسی ہونا ؛ پڑوس میں ہونا ؛ برابر میں ہونا ؛ متصل ہونا ؛ نزدیک ہونا (آدمی یا چیز سے) ؛ ارتباط پیدا کرنا ۔

Neighboured : (a) پڑوسی ؛ ہمسایہ ؛ ہم سایہ رکھنے والا ۔

A beautifully neighboured town : خوش نواح شہر ؛ خوش سواد شہر ۔

Ill neighboured : برا ہم سایہ ؛ ناپسندیدہ پڑوسی ۔

Neighboured by/- with : (a) (۱) جس کے پڑوس میں یا جس کے بہت قریب (کوئی شخص یا چیز) ہو ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کے قریب لایا یا رکھا ہوا ۔

Neighbourhood : (n) (۱) دوستانہ رشتہ (پڑوسیوں یا ہمسایوں کے درمیان) ۔ (۲) جذبۂ ہمسایگی ؛ ہم سایوں جیسی صفت یا حالت کا ہونا ۔ (۳) نزدیکی یا قرب ۔ (٤) اجتماع ۔ (٥) جماعت ؛ ایک ساتھ رہنے والے لوگ ؛ پڑوس کے لوگ ؛ آس پاس کے لوگ ۔ (٦) نواح ؛ آس پاس کا علاقہ ؛ قرب و جوار ۔

Neighbouring : (a) (۱) نزدیک کا ؛ قریب کا ؛ پڑوس کا ۔ (۲) (جوہر یا سالمہ) ایسے جوہروں سے متعلق جو آپس میں متحد ہوں ؛ کاربن کے جوہر سے متعلق ۔

Neighbourless : (a) بے ہمسایہ ؛ بلا پڑوسی ۔

Neighbourliness : (n) حق ہم سایگی کی رعایت کرنا ؛ ہم سایگی ۔

Neighbourly : (a) حق ہم سایگی کی رعایت کرنے والا ؛ ہم سایگی کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Neighbourly : (adv.) ہم سایہ کے طریقہ سے ؛ ہم سایگی کے لحاظ سے ۔

Neighbourship : (n) (۱) ہم سایگی ؛ قربت ؛ رشتہ داری ۔ (۲) (جمع) تعلقات ہم سایگی ۔

Neither : (pron.) دونوں میں سے کوئی ایک بھی نہیں ۔

Neither : (a) کوئی بھی نہیں ۔

Neither : (conj.) نہ..... نہ ؛ اب تک نہیں ۔

Neither : (adv.) (خصوصاً روز مرہ میں) بھی ۔

Neither here nor there : (۱) بے محل ؛ بے جوڑ ؛ بے موقع ؛ مہمل ۔ (۲) غیر اہم ۔

Nejd/Nejdi : (a) نجد ؛ سعودی عرب کی ایک ریاست ؛ نجد کا یا اس سے متعلق ۔

Nejdi : (n) نجدی ؛ نجد کا باشندہ ۔

Nek : (n) (جغرافیہ) گھاٹی ؛ گردم کوہ ؛ کوہستان کا نشیبی حصہ ۔

Nekton/Necton : (n) شنائیہ ؛ نکتون ؛ سطح آب پر تیرتے ہوئے آبی جانور جو خاص طور پر پانی کے بہاؤ اور لہروں سے آزاد ہوں ۔

Nelly : (n) ایک بڑی بحری چڑیا ۔

Nelson : (a) نیوزی لینڈ کے ضلع نیلسن کا یا اس سے متعلق ؛ اس جگہ کے مروجہ طرز یا قسم کا ۔

Nelson : (n) فنِ کُشتی کا اعزازی لقب ۔

Nelumbium/Nelumbo : (n) (نباتیات) کنول کی ایک نوع ؛ کنول ۔

Nem/-Nema/-Nemo -: جزو ترکیبی بہ معنی ریشہ ؛ دھاگا ۔

Nem : (con.) (۱) لاطینی محاورے کا مخفف بہ معنی "مخالفت یا اعتراض کرنے والا کوئی نہیں" ۔ (۲) بغیر کسی احتجاجی آواز کے ۔ (۳) Nemine contradicent کا مخفف ۔

Nem diss : کوئی اختلاف رائے نہیں ۔

Nema : (n) دھاگے جیسا کیڑا ؛ راؤنڈورم ؛ خیطیہ ۔

-nema : (con.) لاحقہ بمعنی "ریشہ نما" ؛ دھاگے جیسا" ۔

Nemacide : (n) خیطی حشرات یا خیطیوں کو مارنے والی دوا (خصوصاً فصلوں کو ان کی تباہ کاریوں سے بچانے کے لئے) ۔

Nemaline : (a) (معدنیات) ریشہ دار ؛ دھاگے کی شکل کا ؛ ریشہ نما ۔

Nemastylis : (n) ایک قسم کی سدا بہار بوٹی ۔

Nemat : (comb.) (سابقہ) یونانی لفظ Nema سے ماخوذ ہے بمعنی "دھاگا" ، "ریشہ" ، "رشتہ" علمی الفاظ کے ساتھ بمعنی "خیطی" ، "خیطیہ" ، "خیطی حشرہ" ۔

Nemathecial : (a) (نباتیات) خیطہ دان کا یا اس سے متعلق ۔

Nemathecium : (n) (نباتیات) خیطہ دان ؛ Florioleac جنس کی بعض سمندری کائیوں میں پیدا شدہ ایک مسًا نما ابھار یا گومڑی جو عموماً چار غیر جنسی خلیات تولید کی حامل ہوتی ہے ۔

Nemathelmia : (n) کیڑے کی ایک نوع جس میں تمام کیڑے دھاگے جیسے ہوتے ہیں اور ان کے جسم مخروطی ہوتے ہیں ۔

Nemathelminth : (n) (۱) (حیوانیات) خیطی حشرہ ؛ دراز اور باریک کیڑا ۔ (۲) دھاگے جیسا کیڑا ؛ Nemathelminthes کی نوع کا کیڑا ۔

Nemathelminthes : (n) دیکھو Nemathelmia

Nematic : (a) ایسی حالت سے متعلق جب رقیق حالت سے ٹھنڈا ہو کر پہلے متوازی خطوں میں متشکل ہوتے ہیں ، تہوں میں نہیں ۔

Nemato : (comb.) دیکھو Nemat

Nematoblast : (n) (حیاتیات و حیوانیات) خیطی نموضہ ۔

Nematoblastic : (a) آتشی چٹانوں کی ریشہ دار ترکیب کے مشابہ ۔

Nematocalycine : (a) خیطی کمامی ۔

Nematocalyx : (n) (حیوانیات) خیطی کمامہ ۔

Nematocera : (n) ایک خاندان جس میں مچھر ، مکھی وغیرہ شامل ہیں ۔

Nematoceratous : (a) (حشریات) دھاگا نما مونچھوں والا ؛ جس کی مونچھیں دھاگے جیسی ہوں ۔

Nematocerous : (n) (حیوانیات) خیطی شاخوں والا ؛ خیطی محاسہ ۔

Nematocide : (n) دیکھو Nemacide

Nematocyst : (a) (حیوانیات) نیش کیسہ ؛ ایک کیسہ جو لعاب ماہی وغیرہ میں پایا جاتا ہے ، اس میں دھاگے کی ایک لچھی ہوتی ہے جس کا سرا ڈنک مارتے وقت باہر نکل آتا ہے ؛ خیطی انبان ۔

Nematode : (a) خیطیہ ؛ رشتہ نما (کیڑا) ۔

Nematode : (n) خیطی حشرہ ؛ ایک قسم کا کیڑا ؛ دھاگے جیسا کیڑا ؛ خیطیہ ؛ راؤنڈ ورم ۔

Nematodiasis : (n) نیما ٹوڈ کیڑوں سے بھر جانا ؛ ایسے کیڑوں سے ہونے والی بیماری ۔

Nematogen : (n) ایسی شکل جو خیطی جنین کو پیدا کرتی ہے ۔

Nematogenic : (a) خیطی جنینی ۔

Nematogenous : (a) خیطی جنینی سے متعلق یا اس کا ۔

Nematognath : (n) (حیوانیات) ایک قسم کی مچھلی ۔

Nematognathous : (a) (حیوانیات) بِل مچھلی ؛ امریکا کی گربہ مانند مچھلی ۔

Nematophora : (n) غیر فقری جماعت کا ایک جاندار ۔

Nematophore : (n) (حیوانیات) خیطہ بردار عضو ؛ بعض آبی حیوانات

میں ایک پیالہ نما ابھار جس کے سرے پر نیش کیسے ہوتے ہیں۔

Nematophorous : (a) (حیوانیات) خیطہ بردار عضو سے متعلق ؛ خیطہ بردار عضو والا۔

Nemean : (a) یونان کے ایک جنگلی ضلع Argos کے نزدیک نیمیا کا یا اس سے متعلق۔

Nemean-games/-festivals : (n) ایک یونانی تیوہار جو جشن بازی گاہ کے ہر دوسرے اور چوتھے سال نیمیا میں منایا جاتا تھا۔

Nemean lion : (n) نیمیا کا وہ شیر جسے Hercules (ہر قلیس) نے شکار کیا تھا۔

Nemertean : (a & n) (۱) چپٹے یا فیتہ نما کیڑے کی جنس کا۔ (۲) چپٹا یا فیتہ نما کیڑا۔

Nemertid : (a) جونک کی شکل کا۔

Nemertine : (a) چپٹے یا فیتہ نما کیڑے کی جنس کا۔

Nemertine : (n) چپٹا یا فیتہ نما کیڑا۔

Nemertoid : (n) ایک نیمر ٹوائڈ کیڑا۔

Nemesia : (n) جنوبی افریقہ کے پھول دار پودوں کی ایک قسم۔

Nemesis : (n) (۱) انتقام کی دیوی ؛ انتقام گیر شخص۔ (۲) انتقام الٰہی ؛ مکافات عمل ؛ پاداش عمل۔ (۳) ناگزیر نتیجہ۔

Nemic : (a) نیما ٹوڈ سے متعلق۔

Nemo : (n) اسٹوڈیو سے باہر (جیسے فٹ بال کھیل یا دعوت وغیرہ) ؛ ریڈیو یا ٹیلی ویژن کا نشریہ۔

Nemophila : (n) (نباتیات) آرائشی پودے کی ایک قسم جو ہر سال اگتا ہے ؛ اس جنس کا ایک پودا۔

Nemoral : (a) جنگل کے جھنڈ کا یا اس سے متعلق۔

Nene : (n) ہوائی جزیرہ کی ایک تقریباً مفقودالوجود مادہ جو غیرآبی میدانوں میں رہتی ہے۔

Nenuphar : (n) نیلو فر ؛ گلِ نیلوفر ؛ کنول ؛ کنول کا پھول (خصوصاً عام سفید یا زرد قسم کا) خصوصاً مصری کنول۔

Neo : (comb.) ایک سابقہ جو یونانی زبان کے neos سے ماخوذ ہے یہ اسماء و صفات کے ساتھ آتا ہے اور ان میں جدید ، نو ، حال کا ، متاخر ، اصلاح شدہ کے معنی پیدا کرتا ہے۔

Neo-assyrian : (n) ۱۰۰۰ ق۔م کے بعد قوم آشور کی ایک زبان۔

Neo-babylonian : (a) آخری بیبلونیا کی حکومت کا یا اس سے متعلق۔

Neo-cambrian : (a) (طبقات الارض) نوکیمبری؛ آخر کیمبری زمانے کا؛ دیکھو Camlerian۔

Neo-Christianity : (n) مسیحیت نو ؛ مسیحیت کی تشریح نو جدید فلسفہ کی اصطلاح میں۔

Neo-confucianism : (n) ۱۱ ویں صدی عیسوی میں کنفیوشسی فلسفہ کی تعقل پسندانہ تجدید جس کے گہرے اثرات چینیوں پر ۸۰۰ برسوں تک پڑے۔

Neo-confucianist : (n) جدید کنفیوشزم کا پیرو یا طرف دار۔

Neo-cosmic : (a) جدید کائنات یا تاریخ کے متذکرہ اقوام سے متعلق۔

Neo-Darwinism : (n) ایک نظریہ جو فطری انتخاب کو نباتات اور حیوانات کے ارتقا میں اہم سمجھتا ہے اور خصوصاً توراث کے امکان سے انکار کرتا ہے۔

Neo-Darwinist : (n) نیوڈارونزم کا پیرو یا طرف دار۔

Neo-Freudian : (n) تجزیہ نفسی کے ماہرین کی جماعت جو فرائڈ کے دقیانوسی پیرووں سے جو فرد کی شخصیت کے ارتقاء میں سماجی و تہذیبی حالات کی اہمیت پر زوردیتے ہیں ، اختلاف کرتی ہے۔

Neo-Hegelianism : (n) (۱) برطانیہ اور امریکا کے عینیت پرستوں کی ایک جماعت جو منطقی طریقہ' کار میں ہیگل کی پیروی

کرتی تھی ۔ (۲) جرمنی اور اطالوی فلسفیوں کا ایک مکتبہ٘ فکر و نظر جو ہیگل کے اصولوں پر مبنی تھا ۔

Neo-Hellenism : (n) جدید یونانیت ؛ جدید زندگی یا آرٹ میں قدیم یونانی تصورات کا احیاء ۔

Neo-Lamarckism : (n) لامارکزم پر مبنی ارتقا کا جدید نظریہ ؛ ایک نظریہ کہ ارتقائی تغیر عضویہ اور ماحول کے باہمی عمل کا نتیجہ ہے ؛ ایک نظریہ کہ ارتقاء اکتسابی خصوصیات پر فطری انتخاب کے عمل کا نتیجہ ہے ۔

Neo-liberalism : (n) ایک تحریک یا عقیدہ جو ۲۰ ویں صدی کے حالات کی روشنی میں کلاسکی لبرل ازم کے اصولوں میں ترمیم کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔

Neo-Malthusian : (n) مالتھوسی اصول ؛ جدید مالتھوسی اصول ؛ مانع حمل طریقوں کا استعمال ؛ عقیدہ٘ ضبط تولید ۔

Neo-Malthusianism : (n) اس نظریہ سے متعلق کہ ضبط تولید سے ہی آبادی محدود کی جا سکتی ہے تاکہ رنج و پریشانی دور ہو اور زندگی کا معیار بلند ہو ۔

Neoarctic : (a) دیکھو Nearctic

Neoblast : (n) کیڑوں کے خلیے جو ضائع شدہ اجزا کی تجدید میں حصہ لیتے ہیں ۔

Neoblastic : (a) نئی نشو و نما سے متعلق ۔

Neocene : (a) (ارضیات) عصر جدید کا ؛ آخری دور ثالث کا ؛ عصر جدید ۔

Neoclassic/Neoclassical : (a) (۱) جدید کلاسک ؛ جدید کلاسکی ؛ کلاسکی طرز پر مبنی ادبی اسلوب کی خصوصیات کا حامل یا اس سے متعلق ؛ کلاسکی مذاق کی تجدید سے متعلق (ادب ، فن تعمیر یا دوسرے فنون لطیفہ میں)۔ (۲) کلاسکی ماہرین معاشیات کے ما بعد خصوصاً الفریڈ مارشل اور اس کے متبعین کی تعلیمات یا نظریات سے متعلق جن کا نمایاں کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے کلاسکی اسکول کی قدر کے مزدی نظریہ کے بدلے حاشیائی افادیت (Marginal utility) کا نظریہ پیش کیا ۔

Neoclassical Arabic : (n) وہ ادبی عربی جو کلاسکی عربی کی قواعد کے اصولوں کو مانتی ہے ، جس میں جدید الفاظ شامل ہوتے ہیں اور جو عربی ممالک کی تحریری زبان ہے ۔

Neoclassicism : (n) کلاسکیت جدید ؛ کلاسکیت نو ؛ جدید کلاسکی ادب ، آرٹ ، فن تعمیر ، موسیقی اور معاشیات کے اصول یا اسلوب ۔

Neoclassicist : (n) جدید کلاسکی اسلوب یا نظریے کا متعقد یا مقلد یا طرف دار ۔

Neocomian : (a) سوئزر لینڈ میں Neuchatel کے مقام پر کھریا قسم کے پتھروں کی خاصیت کا یا اس سے متعلق ۔

Neocomian : (n) کھریا پتھروں کا سلسلہ یا اس کا عہد ؛ زیرین چاکی ۔

Neodamode : (n) (یونان قدیم) قدیم اسپارٹا کے غلام کسانوں میں سے وہ جسے حق رائے دہندگی حاصل تھا ۔

Neodoxy : (n) عقیدہ٘ جدید ؛ نظریہ جدید ۔

Neodymium : (n) (کیمیا) ایک نایاب فلزاتی عنصر ۔

Neofascism : (n) دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ مین پیدا ہونے والی سیاسی تحریک جو فاشزم کے بنیادی اصولوں کو سیاسی تنظیموں میں داخل کرنا چاہتی تھی ۔

Neogaean/Neogean : (a) نئی دنیا کا ؛ مغربی نصف کرہ٘ ارضی کا ۔

Neogenesis : (n) تنظیم نو ؛ تجدید ۔

Neogrammarian : (n) جرمنی میں تقریباً ۱۸۱۵ء میں پیدا ہونے والے ماہرین لسانیات کی ایک جماعت جو صوتیات کے اصولوں کو درست اور صحیح دیکھنا چاہتی تھی اور جس کا خیال تھا کہ صوتیات کے اصولوں میں کوئی استثنا نہیں ۔

Neographic : (a) نیا طریقہ٘ ہجا یا تحریر کا یا اس سے متعلق ۔

Neolith : (n) دور حجر کا پتھر کا اوزار ۔

Neolithic : (a) دور حجر کا سب سے آخری زمانہ ؛ پتھر کے زمانہ کے آخری وقت کا یا اس سے متعلق جب سنگی آلات ، سینگ ، ہڈی وغیرہ ہوتے تھے ۔

Neologian : (a) الٰہیات میں عقلیت پسندی کا قائل ؛ عقلیت پسند بدعتی؛ معقول پرست ۔

Neologian : (n) (۱) لفظ تراش ؛ واضع الفاظ ۔ (۲) بدعت پسند ؛ معقولی مذہب رکھنے والا ؛ بدعتی ۔ (۳) مذہب کو عقلی یا استدلالی بنانے والا ۔

Neologic/-al : (a) الفاظ سازی سے متعلق ؛ مذہبی معاملات میں نئے نظریے کو اپنانے سے متعلق ؛ بدعت پسندانہ ۔

Neologism : (n) (۱) نئے الفاظ کا استعمال ؛ نو الفاظ سازی ؛ الفاظ تراشی ؛ وضع الفاظ ؛ الفاظ گھڑنا ۔ (۲) نیا تراشا ہوا لفظ ؛ گھڑا ہوا لفظ ؛ نئی طرز اظہار ۔ (۳) بدعت پسندی ؛ عقلیت ؛ دینی عقائد میں جدت پیدا کرنا یا عقلیت کو دخل دینا ؛ معقولی مذہب ۔

Neologist : (n) (۱) لفظ تراش ؛ واضع الفاظ ۔ (۲) بدعت پسند ؛ معقولی مذہب رکھنے والا ؛ بدعتی ۔ (۳) مذہب کو عقلی یا استدلالی بنانے والا ۔

Neologize : (v) (۱) الفاظ تراشنا ؛ الفاظ گھڑنا؛ نئے الفاظ و محاورات ایجاد کرنا ۔ (۲) دینی عقائد میں جدت پیدا کرنا یا عقلیت کو دخل دینا ؛ معقولی مذہب اختیار کرنا ؛ نئے مذہبی نظریات پیش کرنا یا انہیں قبول کرنا ۔

Neology : (n) (۱) الفاظ سازی ؛ الفاظ تراشی ؛ وضع الفاظ ؛ نئے الفاظ و محاورات گھڑنا یا ایجاد کرنا ؛ نئی طرز اظہار ؛ مقررہ لفظ کا نئے معنوں میں استعمال ؛ ایسے الفاظ و تراکیب کا استعمال جن کی سند نہ ہو ؛ بدعت ؛ تجدد ۔ (۲) نیا تراشا ہوا یا گھڑا ہوا لفظ ۔ (۳) بدعت ؛ بدعت پسندی ؛ عقلیت ؛ دینی عقائد میں جدت پیدا کرنا یا عقلیت کو دخل دینا ؛ معقولی مذہب ۔

Neomenia : (n) (۱) (قدیم) نئے چاند کا زمانہ ؛ قمری ماہ کا آغاز ۔ (۲) تیوہار جو اس وقت منایا جاتا تھا ۔

Neomorph : (n) اگلے طرز ترکیب سے جداگانہ ترکیب ۔

Neomorphism : (n) کسی نئی شکل میں تبدیل کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

Neomorphosis : (n) تجدید ، جس میں ایک عضو کی جگہ ایک مختلف عضو نکل آتا ہے ۔

Neon : (n) (کیمیا) نیون ؛ ایک بے رنگ بے مزہ جامد گیس جو کرہٴ ارض میں موجود ہے (جسکا انکشاف ۱۸۹۸ء میں ہوا تھا) ؛ علامت Ne۔

Neon : (a) نیونی روشنی کا یا اس سے متعلق ۔

Neon lamp/-light/-tube : (n) ایک لیمپ جس میں نیون گیس کی کافی مقدار کے ساتھ دوسری کئی گیسیں ملتی ہیں اور برقی اخراج واقع ہوتا ہے ۔

Neonatal : (a) بچے کی پیدائش کے پہلے مہینے سے متعلق ؛ نوزائیدہ بچے کو (ایک ماہ کے اندر تک) اثر کرنے والا ۔

Neonomian : (n) اس عقیدے کا حامی کہ انجیل ایک نیا قانون ہے جو پرانے یا موسوی قانون کی جگہ پر ہے ۔

Neonomianism : (n) یہ عقیدہ کہ دین عیسوی ایک نیا قانون ہے ۔

Neontology : (n) نو حیوانیات ؛ جدید حیوانیات ؛ دور حاضر میں زندہ موجودات کا مطالعہ ۔

Neoorthodoxy : (n) داوشسٹنٹ فرقہ کی الٰہیات میں بیسوی صدی کی ایک تحریک جو دقیانوسی اصولوں پر زور دیتی ہے ۔

Neophyte/Neophite : (n) (۱) نیا مذہب قبول کرنے والا ؛ نو مذہب ؛ وہ جس نے نیا مذہب قبول کیا ہو ۔ (۲) جو نیا نیا کسی چیز میں شریک کیا گیا ہو ؛ نو مرید ؛ نو آموز ؛ اناڑی ؛ مبتدی ۔ (۳) وہ شخص جو مذہبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا ہو ؛ امیدوار راہب یا پادری ۔

Neophytic/Neophytish : (a) نو آموز ؛ اناڑی ؛ نیا ۔

Neophytism : (n) نو آموزیت ؛ نو داخلیت ؛ اناڑی پن ۔

Neoplasm/Neoplasma: (n) (مرضیات) جسم کے کسی حصہ میں مہلک یاسلیم نسیج کی نئی تشکیل ؛ ایک رسولی ؛ بتوڑ ؛ نومایہ ؛ سلعہ۔

Neoplastic : (a) رسولی کا ؛ نسیج کی نئی تشکیل سے متعلق۔

Neoplatonic : (a) نو افلاطونی ؛ نو افلاطونیت کا یا اس سے متعلق۔

Neoplatonically : (adv.) نو افلاطونی طریقے سے ؛ اشراقی طریقے سے۔

Neoplatonician : (n) اشراقی۔

Neoplatonism : (n) نو افلاطونیت ؛ اشراقیت ؛ ۲۰۰ عیسوی میں سکندریہ میں پیدا ہونے والا ایک مکتبہ فکر جس نے ارسطو کے خیالات سے ہم آہنگی تلاش کرنے کے لئے افلاطونی تعلیمات میں ترمیم کی تھی اور جس کا خیال تھا کہ کائنات اس توحید یا خالق کل کا مظہر ہے اور روح دوبارہ خالق کل کے نزدیک جمع ہوتی ہے۔

Neoplatonist : (n) نو افلاطونی ؛ اشراقی عقیدے کا آدمی۔

Neoromantic : (a) خصوصاً آرٹ یا ادب میں نئی رومانیت پسندی سے متعلق۔

Neoromanticism : (n) نئی رومانیت پسندیت ؛ نئی رومانیت پسندی کے اصول۔

Neossidine/Neossine : (n) مشرق میں Swift نام کے پرندوں کی ایک نوع کے منہ سے نکلنے والا لعاب جس سے ان کے گھونسلے بنتےہیں اور جنھیں (گھونسلوں کو) بعض علاقوں میں لوگ کھاتے ہیں ؛ وہ شے جس سے یہ گھونسلے بنتے ہیں ؛ نیوسائن۔

Neossology : (n) کم سن پرندوں کا مطالعہ ؛ چوزوں کا مطالعہ۔

Neoteric : (a) تازہ ؛ جدید ؛ نیا ؛ حال کا۔

Neoteric : (n) جدید خاص کر نیا لکھنے والا یا مصنف۔

Neoterism : (n) (۱) نئے الفاظ یا نئے طرز بیان کا استعمال ؛ لغت سازی۔ (۲) نئی اصطلاح یا تشریح ؛ (مذہب) بدعت۔

Neoterist : (n) (۱) نئے الفاظ یا طرز بیان کو استعمال کرنے والا ؛ لغت ساز۔ (۲) بدعتی (مذہب میں)۔

Neoteristic : (a) نئے الفاظ یا طرز بیان کا۔

Neoterize : (v) نئے الفاظ یا نیا طرز یا اسلوب اختیار کرنا ؛ نئی اصطلاح استعمال کرنا ؛ جدیدی۔

Neotropical : (a) امریکا کے گرم خطے اور جنوبی امریکا کا ؛ نو حارّی۔

Neoza : (n) ہمالیائی انناس۔

Neozoic : (a) (طبقات الارض) تاریخ طبقاتی کے زمانہ متاخر کے متعلق ؛ عہد حاضر کا ؛ جدید حیاتی۔

Nepenthe/-s : (n) (۱) یونانی شاعر ہومر کی مشہور رزمیہ نظم Odyssey میں مذکور ایک مصری الاصل دوا جو ذہن کو رنج و غم سے آزاد کر دیتی ہے ؛ داروئے غم فراموش ؛ داروئے اندوہ رُبا ؛ اس خاصیت کی کوئی بھی دوا۔ (۲) (طب) مسکن دوا۔ (۳) وہ پودا جس سے یہ دوا حاصل ہوتی ہے۔ (٤) (خصوصاً مشرقی ہندوستان کے) پودوں کی ایک نوع جس کی پتیاں صراحی نما ہوتی ہیں ؛ سبوبرگہ ؛ سبو برگ پودا۔

Neper : (n) قوت کے دو مقداروں کے درمیانی رشتے کو ظاہر کرنے والی لوگرتھمی اسکیل کی اکائی۔

Nephel-/Nephelo : (comb.) جز و ترکیبی بمعنی۔ (۱) ابر ؛ بادل۔ (۲) ابر آلودگی۔

Nepheline/Nephelin/Nephelite : (n) (۱) (کان کنی) الومینیم اور سوڈیم کا دوہرا سلیکیٹ جو خاص کر اٹلی کے آتش فشاں ذخیرے میں پایا جاتا ہے۔ (۲) سنگ سحابی۔

Nephelodometer : (n) یہ آلہ جس سے بادل کی دوری معلوم کی جاتی ہے ۔

Nephelometer : (n) سحاب پیما آلہ ؛ سحابیت پیما ؛ کسی رقیق شے کے گدلے پن کو جانچنے کا آلہ ؛ کسی رقیق شے کا میلاپن جاننے کے لئے بیریم سلفیٹ یا بیریم کلورائیڈ کا استعمال تاکہ جراثیم کا علم ہو سکے ۔

Nephelоscope : (n) ایک آلہ جس سے تجربہ گاہ میں بادل بننے کا پتہ چلتا ہے ۔

Nephew : (n) بھتیجا ؛ برادر زادہ ؛ بھانجا؛ خواہر زادہ سالے یا سالی کا بیٹا ؛ (مجازاً) (علم بلاغت) پادری کا ناجائز بیٹا ۔

Nephewship : (n) اخلاف (مابعد کے نسبی رشتہ دار) ؛ ایسا رشتہ ۔

Nepho - : جز و ترکیبی بہ معنی سحاب ؛ بادل ؛ ابر ۔

Nephogram : (n) بادل کی تصویر ۔

Nephograph : (n) بادلوں کی تصویر لینے کا آلہ یا کیمرہ ۔

Nephology : (n) موسمیات کا وہ شعبہ جو ابر یا بادلوں کے بارے میں بتاتا ہے ؛ ابرشناسی کا علم ؛ سحابیات ؛ بادلوں کا علم (اس کی پیدائش سے متعلق) ۔

Nephoscope : (n) بادلوں کا ارتفاع ؛ اس کی حرکت اور سمت معلوم کرنے کا ایک آلہ ؛ ابر بین آلہ ۔

Nepher/Nephro : جزو ترکیبی بہ معنی گُردہ ۔

Nephralgia : (n) (مرضیات) درد گُردہ ۔

Nephralgic : (a) گُردوں کے درد سے متعلق ۔

Nephrectomy : (n) گُردہ کو عمل جراحی کے ذریعہ قطع کرنا ۔

Nephric : (a) گُردے کا یا اس سے متعلق ۔

Nephridial : (a) گُردے کا ؛ گردے کی ۔

Nephridium : (n) غیر فقری جانداروں میں بول و براز کا عضو ؛ (حیوانیات) گردک ۔

Nephrite : (n) یشم سبز پہلے جس کے استعمال کو امراض سے شفائے کلی حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا ؛ گردہ پتھر ۔

Nephrite : (n) (۱) ایک قسم کا پتھر جس کے متعلق پہلے یہ وہم تھا کہ درد گردے میں فائدہ پہنچاتا ہے ۔ (۲) ایک معدنی قیمتی پتھر ۔

Nephritic : (a) (۱) گردے سے نکلنے والا ؛ اسے متاثر کرنے والا ۔ (۲) گردے کی بیماری سے متعلق ۔

Nephritis : (n) گردے کی ایک بیماری جس میں ورم آجاتا ہے ؛ورم گردہ ۔

Nephro - : (comb.) جز و ترکیبی بمعنی "گردہ" ۔

Nephrocyte : (n) خلیہ جو فضلاتی مادوں کو جمع رکھتا ہے ۔

Nephrodinic : (a) صدف نما جانور سے متعلق جس کے گردے سے تولیدی مادہ نکلتا ہے ۔

Nephrolith : (n) سنگِ گردہ ۔

Nephrolithiasis : (a) (طبیعیات) ایک مرض جو گردے میں پتھری ہونے سے ہوتا ہے ؛ پتھری کا مرض ۔

Nephrolithic : (a) سنگ گردے کا یا اس سے متعلق ۔

Nephrology : (n) علم گردہ ؛ گُردوں کی ساخت ؛ فعل اور بیماریوں کا علمی مطالعہ ۔

Nephrorrhaphy : (n) گُردہ دوزی ؛ جگہ سے ہٹے ہوئے گردے کو اسکی صحیح جگہ پر ٹانکنا ۔

Nephros - : (n) جزو ترکیبی بہ معنٰی گردہ ۔

Nephrosis : (n) گردے کی بیماری جس میں گردے کی نالیاں خراب ہو جاتی ہیں یہ بیماری Nephritis سے مختلف ہوتی ہے ۔

Nephrostoma/Nephrostome : (n) دہن گردك ؛ ابتدائی گردے میں قیف جیسی شکل کا روئیں دار سوراخ ۔

Nephrotic : (a) Nephrosis سے متعلق ۔

Nephrotomize : (v) گردےکا چیر پھاڑ کرنا؛گردے پر عمل جراحی کرنا؛ عمل جراحی کے ذریعہ گردے سے پتھری نکالنا ۔

Nephrotomy : (n) گردے کو چیر پھاڑ کرنا ؛ گردے کا عمل جراحی ؛ گردہ شگافی ۔

Nephrotoxic : (a) گردے کے لئے زہر ناك ۔

Neplus ultra : (n) (۱) (قدیم) امتناع پیش قدمی ؛ آگے بڑھنے کی ممانعت ۔ (۲) (قدیم) اٹل رکاوٹ ؛ سدراہ ۔ (۳) انتہا ؛ منتہا ؛ آخری حد ۔ (٤) معراج کمال ؛ نقطہ کمال (ہر قل اعظم کے میناروں پر یہ کتبہ کندہ تھا "اس سے آگے نہیں" ۔

Nepotal (a) بھتیجوں ، بھانجوں کا یا ان سے متعلق یا ان کی طرح کا ۔

Nepote : (n) (اسکاٹ لینڈ) بھتیجا ۔

Nepotic : (a) عزیزوں کے ساتھ بے جارعایت کا یا اس سے متعلق ؛ خویش پرورانہ ۔

Nepotism : (n) (۱) عزیزوں کے ساتھ بےجا رعایت ؛ خویش پروری ؛ اقربا پروری ؛ عزیزوں کی پاس داری ؛ دوسرے قابل اور باصلاحیت لوگوں کے مقابلہ میں اپنے بھتیجوں اور رشتہ داروں وغیرہ کے ساتھ ناجائز ترجیح ۔ (۲) پوپ یا دوسرے پادریوں کی بھتیجوں یا دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ خصوصی جانب داری ۔

Nepotist : (n) عزیزوں اور رشتہ داروں کے ساتھ بےجا رعایت یا پاس داری کرنے والا ؛ خویش نواز ؛ اقربا پرور ۔

Nepotistic/Nepotistical : (a) خویش نوازی یا اقربا پروری سے متعلق ۔

Neptune : (n) (۱) خد اوند بحر ؛ سمندری دیوتا ؛ ساگر دیوتا ۔ (۲) سمندر ؛ بحر ۔ (۳) نیپتون ؛ نظام شمسی کا بعید ترین ستارہ ۔ (٤) پیتل یا تانبے کی بڑی کڑاہی جو افریقی باشندوں کی تجارت میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Neptune green : (n) ہلکا یا اوسط سبز ؛ ہلکے سبز سے اوسط سبز تك ۔

Neptune's cup/-goblet : (n) مونگے اور اسفنج کی بعض قسموں کے نام ۔

Neptunian : (n) (۱) (طبقات الارض) ساکن نیپتون ؛ نیپتونی طبقہ ؛ آبی طبقہ ؛ وہ طبقہ جو پانی کے عمل سے پیدا ہوا ہو ؛ بحری ؛ بحری دیوتا کا متعقد ۔ (۲) اس نظریے کا قائل کہ اکثر طبقات ارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں ۔ (۳) دیکھو Neptunist ۔

Neptunian : (a) ساگر دیوتا یا بحری دیوتا سے متعلق ؛ (ارضیات) آب ساختہ ؛ بحری ؛ اس عقیدے کا حامی کہ چند ارضی ساخت پانی کے عمل سے ہوتی ہے؛ ستارہ نیپتون سے متعلق ۔

Neptunist : (n) وہ شخص جو اس منسوخ نظریے کا قائل ہو کہ اکثرطبقات ارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں ۔

Neptunite : (n) ایك معدنی شے ۔

Nereid/Neread : (n) (۱) بحری پری ؛ سمندر کی پری ؛ جل پری ؛ ساگر پری ۔ (۲) (حیاتیات) سمندر کا ایك کیڑا ؛ بحری بزار پا ؛ سمندری کنکھجورا ۔

Nereidae : (n) بحری کیڑوں کا ایك بڑا خاندان ۔

Nereidous : (a) (حیوانیات) بحری کیڑے کی طرح کا ؛ بحری کیڑے کے مشابہ ۔

Nereis : (n) (حیوانیات) سمندری کنکھجورا ؛ بحری بزارپا ۔

Nerine : (n) جنوبی افریقہ کی ایك جھاڑی ۔

Nerita : (n) (حیوانیات) گھونگے کی ایك جنس ۔

Nerka : (n) الاسکا اور کمچٹکا کی سالمن (مچھلی) جس کی پشت کا رنگ نیلا ہوتا ہے ۔

Nerol : (n) ایک قسم کا الکحل جس میں گلاب کی خوشبو ملی ہوئی ہوتی ہے ؛ نیرول ۔

Neroli : (n) نیرولی ؛ روغن نارنگی ؛ نارنگی کا تیل (جو اکثر خوشبوؤں میں پڑتا ہے) عطر نارنج تلخ ؛ تلخ نارنگی کا عطر ۔

Neronian : (a) (۱) نیرویائی ؛ نیرو کا ؛ نیرو صفت ؛ نیرو کے زمانے کا ؛ نیرونی عہد کا ۔ (۲) ظالم ؛ نفس پرست ؛ مطلق العنان ؛ نفس پرستانہ ؛ مطلق العنان کا ۔

Neronic : (a) نیرو کی صفت کا حامل ۔

Neronize : (v) شاہ نیرو کی طرح ظلم و ستم کرنا ۔

Nertamid : (n) وہ روشنی جو کنیسہ* یہود کے سامنے یا اس کی چھت پر لٹکتی رہتی ہے اور جسے نور حقیقت و صداقت کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔

Nerv/Nervi-/Nervo - : (comb.) جز و ترکیبی بہ معنی رگ ؛ عصب ۔

Nerval : (a) نس کا ؛ پٹھے کا ؛ اعصابی ؛ نس یا پٹھے سے متعلق ۔

Nervate : (v) (قدیم) قوت پہنچانا ؛ تقویت دینا ؛ مدد کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ سہارا دینا ۔

Nervation : (n) (نباتیات) نظام عروقی ؛ پتیوں میں یا کیڑوں کے ڈینوں میں ریشوں کی ترتیب ؛ پتیوں میں ریشوں کی تقسیم ۔

Nervature : (n) (تشریح) رگ بندی ۔

Nerve : (n) (۱) عصب ؛ پٹھا ؛ نس ؛ رگ ۔ (۲) (شعر) زور ؛ توانائی ؛ کَس ؛ بَل ۔ (۳) (نباتیات) ریشہ ؛ عرق ۔ (٤) عصب (اعصاب ان خاص نسوں کو کہتے ہیں جو دماغ یا نخاع وغیرہ سے جسم کے دوسرے حصوں تک حس یا حرکت کو منتقل کرتے ہیں) ۔ (٥) (جمع میں) اعصابی ؛ بے چینی ؛ اعصاب کی کمزوری ؛ غیر طبعی زود حسی ۔ (٦) نظام اعصاب ؛ رگ و ریشہ ۔ (۷) (روز مرہ) اوسان ؛ جرأت ؛ ہمت ؛ یقین ۔

A fit of nerves : اعصابی بے چینی کا دورہ ۔

Good laws are the nerves of state : عمدہ قانون حکومت کی جان ہے ۔

He does not know what nerves are : اسے اعصابی بے چینی کے متعلق شکایت نہیں ۔

He has iron nerves/-nerves of steel : اسکے اعصاب نہایت قوی ہیں وہ کبھی گھبراتا یا ڈرتا نہیں ۔

To get on one's nerve : پریشان کر دینا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ کسی کے لئے مصیبت بن جانا ۔

To lose one's nerve : اوسان جاتے رہنا ؛ اوسان خطا ہونا ؛ گھبراجانا ۔

To strain every nerve : انتہائی کوشش کرنا ؛ ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا ۔

Nerve : (v) (۱) قوت پہنچانا ؛ تقویت پہنچانا ؛ جان ڈال دینا ؛ ہمت بڑھانا ۔ (۲) اوسان سنبھالنا ؛ دل کو مضبوط کرنا ؛ جسمانی یا اخلاقی قوت بہم پہنچانا ۔

Nerve block : (n) ایک رگ کے ذریعہ انگیزشوں کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے میں رکاوٹ ۔

Nerve-canal/-cavity : (n) دانت کے کوبے میں خلا ۔

Nerve-cell : (n) سلول عصبی ؛ عصب سلولی ۔

Nerve-centre : (n) مرکز اعصاب ؛ اعصابی مرکز ۔

Nerve-deafness : (n) اعصابی بہراپن (اعصابی خلل کی وجہ سے) ۔

Nerve-fibre : (n) (حیوانیات) عصبی ریشہ ۔

Nerve-knot : (n) (۱) عقدہ* اعصاب ۔ (۲) مرکزی نظام عصبی کا خاکی رنگ کا مواد ۔

Nerve-racking/- wracking : (a) اعصاب شکن ؛ اعصاب کے لئے سخت بھاری ۔

Nerve-ring : (n) اعصابی پٹھوں کا حلقہ جو غیر فقری جانداروں میں ہوتا ہے ۔

Nerve-tonic : (n) قوت بخش دوا ۔

Nerved : (a) (۱) اعصاب والا ؛ عصب دار ۔ (۲) (نباتیات) ریشہ دار (پتیاں) ؛ (بطور لاحقہ) عصبی یا اعصابی (مثلاً دو عصبی ؛ چہار عصبی) ؛ ریشی (مثلاً چہار ریشی) ۔

Nerveless : (a) (۱) مجہول ؛ بے حس ؛ کمزور ؛ ضعیف ؛ بے قوت ؛ بے عصب ۔ (۲) (اسلوب بیان) پھسپھسا جس میں طول یا اطناب کا عیب ہو ۔ (۳) (علم حشرات و نباتات) بے رگ ؛ بے ریشہ ؛ بے عرق ۔ (٤) (تشریح و حیوانیات) بے اعصاب ۔

Nervelessly : (adv.) (۱) بے حسی سے ؛ پھسپھسے انداز میں ؛ بےجا طول دے کر ۔

Nervelessness : (n) (۱) مجہولیت ۔ (۲) پھسپھسا ؛ طول پسندی ؛ ضعف ؛ بے حسی ؛ کمزوری ؛ بے قوت ۔

Nervine : (a) اعصاب پر اثر کرنے کی صفت ؛ (طب) عصبی امراض کا ؛ اعصاب کی شدت کو سکون بخشنے والا ۔

Nervine : (n) (طب) عصبی امراض کی دوا ۔

Nerviness : (n) اعصابی شدت میں مبتلا ہونے کی حالت ۔

Nervo : (comb.) جز و ترکیبی بمعنی 'عصبی ، اعصابی' ۔

Nervomuscular : (a) جو اعصاب و عضلات دونوں سے تعلق رکھتا ہو؛ عصبی و عضلی ؛ اعصابی و عضلاتی ۔

Nervose : (a) (۱) (متروک) عصبی ؛ عصب سے وابستہ ۔ (۲) (پتیوں کے لئے) ریشہ دار ؛ رگ دار ۔

Nervosity : (n) حالت عصبی ۔

Nervous : (a) (۱) عضلات کا ؛ پٹھوں کا ؛ عضلاتی ؛ مضبوط ؛ گٹھا ہوا ۔ (۲) (اسلوب بیان) پر زور ؛ جس میں ایجاز یا اختصار کی صفت ہو ۔ (۳) پُر اعصاب ؛ جس میں اعصاب ہوں ۔ (٤) اعصاب پر اثر کرنے والا ؛ عصبی ۔ (٥) اعصاب کا ؛ اعصابی ۔ (٦) عصبی المزاج ؛ بے حد زود حس (انسان) ؛ بے چین ؛ پریشان ؛ ہیجانی ؛ زود رنج ؛ مضطرب ؛ خوف زدہ ؛ بزدل ۔ (۷) رگوں سے بھرا ہوا ۔

Nervous breakdown/-prostration : خلل اعصاب ؛ ضعف اعصاب ؛ اعصابی خلل ؛ اعصابی شکستگی ۔

Nervous system : (n) نظام اعصاب ؛ فقری جانداروں میں جسمانی نظام جو دماغ ، حرام مغز ، اعصاب وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے ، محرکات کو قبول کرتا ہے اور انہیں سمجھتا ہے ؛ نظام عصبی ؛ نظام اعصابی ۔

Nervously : (adv.) (۱) زود حسی سے ؛ بے چینی سے ؛ پریشانی سے ؛ اضطراب سے ۔ (۲) پُر زور انداز میں ؛ اختصار سے ؛ ایجاز سے ۔

Nervousness : (n) (۱) عصبی المزاج ہونا ؛ بے حد زود حسی ؛ عصبانیت ؛ اضطراب ؛ پریشانی ۔ (۲) پر زور ہونا ؛ اختصار ؛ ایجاز ۔

Nervule : (n) چھوٹا عصب ؛ چھوٹی نس ؛ عصبہ ۔

Nervure : (n) (۱) پرندوں کے بازو کی نلی یا نس ۔ (۲) پتیوں کے بڑے ریشے ؛ شہ رگ ؛ بڑی رگ ۔

Nervy : (a) (۱) (شعر) مضبوط ؛ قوی ۔ (۲) (عامیانہ) نڈر ؛ بے باک ؛ ڈھیٹ ۔ (۳) جو اعصابی کمزوری کی حالت میں ہو ؛ بے چین ؛ گھبرایا ہوا ؛ جلد مشتعل ہو جانے والا ؛ مجنونانہ ؛ چڑچڑا ۔ (٤) جس سے اعصاب پر زور پڑے یا صدمہ پہنچے ؛ بے چین کرنے والا ؛ پریشان کرنے والا ۔ (٥) (ربر کے لئے) نس دار ؛ ریشہ دار ۔

Nescience : (n) (۱) ناواقفیت ؛ لاعلمی ؛ بے خبری ؛ نادانی کی حالت ۔ (۲) یہ اعتقاد یا اصول کہ حقیقت مطلق کا علم دماغ کے عقلی طریقۂ کار سے ممکن نہیں ۔

Nescient : (a) (۱) جاہل ۔ (۲) بے خبر ؛ لا علم ؛ ناواقف ۔

Nescient : (n) جاہل ؛ لاعلم ؛ جہالت ؛ لاعلمی ؛ لاادریہ ۔

Nese : (n) ناک (صرف اسکاٹ لینڈ میں) ۔

Nesh : (a) (۱) بناوٹ میں نرم ؛ ساخت کے اعتبار سے نرم ؛ ملائم ؛ نرم ؛ رسیلا ؛ رس دار (مجازاً) پر لطف ۔ (۲) بزدل ؛ کمزور ؛ کم ہمت ؛ ڈر پوک ؛ بے حوصلہ ۔

(۳) سست ؛ کاہل ؛ مجہول ؛ غفلت کرنیوالا ؛ غفلت شعار ؛ بے پروا ۔

Nesh : (v) (برطانیہ ، روز مرہ) بزدلی سے کام کرنا ؛ بزدلی دکھانا ۔

Neshness : (n) سریلاپن ؛ نرمیت ؛ ملائمت ؛ غفلت ؛ کاہلی ؛ سستی ؛ بے پروائی ؛ بزدلی ؛ کم ہمتی ؛ بے حوصلگی ۔

Neso - : (comb.) جز و ترکیبی بہ معنی جزیرہ ۔

Ness : (n) راس ؛ خشکی کا پتلا سا حصہ جو سمندر میں دور تک چلا جائے ۔

-ness : (suffix) لاحقہ جو صفات کے ساتھ لگایا جاتا ہے اور کیفیت یا حالت کے معنی دیتا ہے ۔

Nesslerize : (v) (کیمیا) Nessler کے اصول عملیات سے امونیا کو پانی میں جانچنے کے لئے کام میں لانا ۔

Nessler's reagent : (n) پوٹاشیم کا ایک القلی محلول ۔

Nest : (n) (۱) گھونسلا ؛ آشیانہ ۔ (۲) گوشہ عافیت ؛ مقام امن ؛ خلوت گاہ ؛ نشیمن ۔ (۳) گھر ؛ بستر ؛ کسی چیز کا خانہ ۔ (٤) ڈاکوؤں وغیرہ کا اڈا ۔ (٥) (عیاشی وغیرہ کا) گھر ؛ جرائم کا اڈا ۔ (٦) جھول (مرغی وغیرہ کے بچوں کا) ؛ جھنڈ (مکھیوں وغیرہ کا) ۔ (۷) مجموعہ (ایک ہی قسم کی چیزوں کا) ؛ ایک ہی قماش کے لوگوں کی مشترکہ قیام گاہ ۔ (۸) چھوٹی الماری یا میز جس میں بہت سی درازیں ہوں ۔ (۹) (کان کنی) معدنیات کا علاحدہ کیا ہوا ذخیرہ ۔ (۱۰) خلیوں کا مجموعہ ۔

It is an ill bird that fouls its own nest : اپنے وطن یا گھر کو برا کہنا بری بات ہے ۔

To feather one's nest : خوب دولت کمانا ۔

Nest : (v) (۱) گھونسلا بنانا ؛ آشیانہ بنانا ؛ نشیمن بنانا ۔ (۲) پرندوں کے گھونسلے اتارنا ؛ گھونسلے جمع کرنا ؛ گھونسلے میں رہنا ؛ آشیانے میں رہنا ؛ رین بسیرا کرنا ؛ انڈے پر آرام کرنا ؛ ایک چیز کو دوسرے میں بھر دینا ۔ (۳) درجہ بندی کرنا (جیسے بوائلر، ٹیوب وغیرہ) ۔ (٤) (تمباکو) کو اس طرح ترتیب دینا کہ گودام میں بہتر بنڈل نظر کے سامنے ہوں ۔

Nest box : (n) ڈربا ؛ (مرغیوں یا خرگوش کے لئے) بکس گھر ۔

Nest-egg : (n) (۱) ڈربے کا انڈا (وہ اصلی یا نقلی انڈا جو ڈربے میں رکھتے ہیں کہ مرغی وہاں جاکر انڈے دے ؛ کوئی چیز جس سے (کسی کام کی) ترغیب ہو ۔ (۲) برکت کی رقم ؛ تھوڑی رقم جو بینک میں پڑی رہنےدی جائے تاکہ اور جمع کرنے کی تحریک پیدا ہو ۔

Nestable : (a) آشیاں بننے کے لائق ۔

Nestage : (n) گھونسلوں کی جگہ ۔

Nestful : (n) گھونسلا بھر مقدار ؛ (انڈوں یا بچوں کی) وہ مقدار جو ایک گھونسلے کے لئے کافی ہو ؛ اتنے انڈے یا بچے جتنے کہ ایک گھونسلے میں رہ سکتے ہوں ۔

Nestle : (v) (۱) (شاذ) گھونسلا بنانا ؛ آشیانہ بنانا ؛ مسکن بنانا ؛ آرام کرنا ۔ (۲) آرام سے بیٹھنا ؛ اچھی طرح لپٹ کر بیٹھنا یا لیٹنا ؛ نیم پوشیدہ لیٹنا ۔ (۳) (کسی شخص سے) چمٹ کر بیٹھنا یا کھڑا ہونا (پیارسے) ۔ (٤) (سر چہرہ ، کندھا وغیرہ) پیار سے یا آرام سے رکھ دینا (کسی چیز پر) ۔ (٥) چمٹائے رہنا ؛ آغوش میں لئے رہنا ۔

Nestle-cock : (n) (روز مرہ) آخری جھول کی (کمزور) چڑیا ؛ (مجازاً) ماں کا دلارا بچہ ؛ ناز و نعم میں پلا ہوا بے راہ یا کمزور بچہ ۔

Nestling : (n) (پرندے کا) بچہ جو گھونسلے سے باہر نہ نکل سکے ؛ بے بال و پر بچہ ۔

Nestor : (n) (۱) ہومر کے ایک ہیرو کا نام جو اپنی عمر اور عقل کی وجہ سے مشہور تھا ۔ (۲) نسطور ؛ پیر دانش مند ؛ کسی حلقے یا جماعت میں سب سے معمر اور تجربہ کا شخص ؛ بزرگ جماعت ؛ بزرگ قوم ؛ رہبر ؛ قائد (مجازاً) بوڑھا آدمی ۔

Nestorian : (n) (دینیات) نسطوری ۔

Nestorian : (n) پیرو نسطور Nestor ٤٢٨ ء میں قسطنطنیہ کا بطریق تھا جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ کی شخصیت میں الوہیت اور انسانیت کا امتزاج تھا مگر حضرت مریم کو خدا کی ماں نہیں سمجھنا چاہیئے ۔

Nestorian alphabet : (n) سریانی حروف تہجی ۔

Nestorianism : (n) (دینیات) نسطوریت ؛ نسطور کے عقیدہ کی پیروی ۔

Net : (n) (۱) جالی ؛ جالی دار چیز ؛ جال کے مشابہ کوئی چیز ۔ (۲) جال ؛ دام (مچھلی اور پرندے وغیرہ کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۳) جال ؛ جالی (جو کوئی چیز رکھنے یا حفاظت یا آڑے وقت میں کام آئے مثلاً ٹینس کا جال ؛ بالوں کی جالی ۔ (٤) پھندا ؛ دھوکا ؛ دام فریب ۔ (٥) مکڑی کا جالا ۔ (٦) کوئی چیز جو شاخ در شاخ اور حلقہ در حلقہ پھیلی ہوئی ہو ۔ (۷) (ریاضیات) مختلف خطوط اور انحنا کے باہمی انقطاع کا ایک طریقہ ۔

Net : (v) (۱) جال میں پھنسانا ۔ (۲) جالی یا جال میں رکھنا ۔ (۳) جالی سے ڈھک دینا ۔ (٤) جال پھیلانا ؛ جال ڈالنا ؛ جال بچھانا (دریا وغیرہ میں) جال سے مچھلی پکڑنا ۔ (٥) جالی بنانا ؛ جال بنانا ۔ (٦) (جال دار) تھیلی ؛ جھولا وغیرہ بنانا ۔ (۷) جال سا پھیلا دینا ۔ (۸) خالص منافع کے طور پر رقم حاصل کرنا ۔

Net/Nett : (a) (۱) خالص (اشیاء) بغیر ملاوٹ کے ۔ (۲) رقم (تفیر کسی منہای کے) ۔ (۳) اصل قیمت پر فروخت شدہ ۔ (٤) بنیادی ؛ اساسی ۔

Net : (v) (۱) خالص رقم پانا یا خالص نفع کمانا ؛ اس خالص نفع کے طور پر لانا ۔

Net area : (n) خالص رقبہ ۔

Net-ball : (n) لڑکیوں کا ایک کھیل ۔

Net earnings/-income : (n) خالص آمدنی ؛ وہ آمدنی جو تمام خرچ کے بعد ہو ۔

Net interest : (n) اصلی سود ۔

Net man : (n) (۱) ماہی گیری کے جال کی دیکھ بھال کرنے والا مزدور ۔ (۲) دو دو کے ٹینس مقابلے میں وہ کھلاڑی جو جال کے پاس کھیلتا ہے ۔

Net price : (n) اصلی قیمت (جس پر دستوری یا آڑھت نہیں ملتی) ۔

Net profit : (n) نفع ؛ بعد از وضع اخراجات ؛ خالص نفع ۔

Netful : (n) جال بھر ؛ جو جال کو بھر دے ۔

Nether : (n) (قدیم یا مزاحیہ) زیریں ؛ نیچے کا ؛ نشیبی ؛ نشیب میں واقع ؛ نچلے حصے میں واقع ؛ نچلے حصے کا ۔ (۲) سطح زمین کے نیچے واقع ۔

Nether garments : (n) پاجامہ ؛ پتلون ۔

Nether millstone : (n) (مجازاً) پتھر کا دل ؛ پتھر دل ؛ سنگ دل ۔

Nether world/-region : (n) عالم اسفل ؛ (عموماً) جہنم ؛ (شاذ) دنیا یا زمین ۔

Netherland : (n) نشیبستان ؛ ہالینڈ اور بیلجیم ۔

Netherlander : (n) نیدر لینڈ کا باشندہ ۔

Netherlandish : (a) نیدر لینڈ کا ؛ نشیبستان یا اس کے متعلق ؛ نشیبستانی ؛ ڈچ ؛ نشیبستانیوں کی زبان ۔

Netherlands : (n) دیکھو Netherland

Netherman/-person : (n) نیچے کا دھڑ ؛ ٹانگیں وغیرہ ۔

Nethermore : (a) اور نیچے ؛ سفلہ تر ؛ کم تر ۔

Nethermost : (n) سب سے نیچے کا ؛ اسفل ؛ موز ۔

Netherstock : (n) موزہ ؛ جراب (خصوصاً جو گھٹنوں سے اوپر تک ہوا کرتی تھی اور جسے سولہویں صدی میں پہنا جاتا تھا) ۔

Netherward : (adv.) نیچے کی طرف ۔

Netsuke : (n) نٹ سوک ؛ ہاتھی دانت یا لکڑی وغیرہ کا ایک چھوٹا منقش ٹکڑا جسے جاپانی کمر بند میں بطور بٹن لگا کر پہنتے ہیں اور اسمیں چیزیں لٹکاتے ہیں ۔

Netted : (a) جالی دار ؛ جسمیں جالی کی سی آرائش کی گئی ہو ۔

Netter : (n) جال بنانے یا استعمال کرنے والا۔

Netter : (n) (۱) (جہاز رانی) چھوٹی چھوٹی رسیوں سے بنا ہوا موٹا جال جو مختلف کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) جال یا اس جیسی کوئی چیز جو مختلف کاموں میں استعمال کی جاتی ہو۔

Netting : (n) (۱) (بحری) جال بچھانے یا جال ڈالنے کا عمل۔ (۲) جال سے مچھلی پکڑنا ؛ جال سے مچھلی پکڑنے کا حق۔ (۳) جالی ؛ سوتی سے بنائی ہوئی جالی (جو کپڑوں پر بنائی جاتی ہے) ؛ جال کا کام یا جال؛ جالی بُننے کا عمل یا طریق عمل ؛ جال سازی۔

Netting : (n) بچھوا ؛ عقربیہ ؛ ایک پودا جس کی پتیاں خار دار ہوتی ہیں۔

Common nettle : معمولی بچھوا۔

Dead nettle : بچھوے سے مشابہ پودا۔

Great nettle : بڑا بچھوا۔

Nettle : (n) (۱) بچھوے مارنا ؛ بچھوے سے مارنا ؛ بچھوے چبھونا ؛ بچھوے کی طرح چبھنا یا چبھونا۔ (۲) بچھوے کے چھو جانے سے سوزش ہونا ؛ چبھنا۔ (۳) چھیڑنا ؛ بھڑکانا ؛ اشتعال دلانا ؛ خفا کر دینا ؛ برا فروختہ کرنا۔ (٤) چبھونا ؛ بھونکنا ؛ کڑھنا ؛ برانگیختہ کرنا۔

Nettle : Knettle یا knittle کا متبادل۔

Nettle-battery : (n) حیوان آبی کے ڈنک مارنے کا نیش۔

Nettle bird : (n) سفید کنٹھی والا قوس العال سنہرا پرند جو بچھوا پودوں میں گھونسلے بناتا ہے۔

Nettle-cell : (n) (حیاتیات) نیش کیسہ۔

Nettle-rash : (n) بچھوا چٹھے (جلد کی ایک بیماری) جس میں جسم پر چٹھے پڑ جاتے ہیں ؛ گزنہ ؛ نبات اللیل ؛ پتّی۔

Nettle-tree : (n) سلسٹس کی جنس کا ایک درخت ؛ امرود کوہی ؛ آسٹریلیا کا ایک درخت۔

Nettlecreeper : (n) دیکھو Nettle bird

Nettler : (n) مشتعل کرنے والا ؛ چبھونے والا ؛ رنج پہنچانے والا۔

Nettlesome : (a) چڑچڑا ؛ مشتعل۔

Nettlewort : (n) خار دار پتیوں والے پودوں کی جنس کا ایک پودا۔

Nettling : (n) چبھن ؛ نیش زنی ؛ چبھانے یا مشتعل کرنے کا عمل۔

Nettling : (a) چبھنے یا چبھانے والا ؛ نیش زن ؛ تکلیف دہ ؛ اشتعال انگیز۔

Network : (n) جال دار کام ؛ جال دار بنا ہوا یا اسکے مشابہ ؛ جالی کا کام ؛ شبکہ۔

Network : (v) جال سا بچھا دینا۔

Neuma/Neume/Neum : (n) (موسیقی) وہ گیت جو Plainsong (موسیقی کے بغیر مناجاتی گیت) کی طرح گایا جائے۔

Neur - : (comb.) Neuro کا متبادل۔

Neurad : (adv.) اعصاب کی طرف۔

Neuradynamia : (n) اعصابی کمزوری ؛ ضعف اعصاب۔

Neural : (a) (۱) (تشریح) عصبی ؛ اعصابی۔ (۲) مرکزی نظام عصبی کے متعلق۔

Neural groove : (n) (تشریح) عصبی میزاب۔

Neural spine : (n) (تشریح) فقرہ نخاع۔

Neuralgia : (n) (مرضیات) درد اعصاب ؛ اعصابی درد ؛ پٹھوں کا درد (سر یا چہرے میں) ؛ مرض عصبی ؛ ریحی درد۔

Neuralgic : (a) عصبی بیماری میں مبتلا ؛ درد اعصاب کے متعلق۔

Neuralgiform : (a) عصبی مرض یا ریحی درد کے مشابہ۔

Neurapophysial : (a) فقرہ٭ نخاع کا ۔

Neurapophysis : (n) (تشریح) فقرہ٭ نخاع ۔

Neurarthropathy : (n) جوڑوں کے وہ امراض جو اعصاب کو بھی متاثر کرتے ہیں ۔

Neurasthenia : (n) عصبی نظام کی حالت ؛ ضعف اعصاب ؛ ضعف اعصاب کا مریض ؛ خلل اعصاب ۔

Neurasthenic : (a) اعصابی کمزوری کا ؛ ضعف اعصاب کا ؛ ضعیف الاعصاب ۔

Neurasthenic : (n) ضعف اعصاب کا مریض ؛ ضعیف الاعصاب (شخص) ۔

Neuration : (n) (تشریح) نظام اعصاب (خصوصاً کیڑوں کا) ۔

Neuraxis/Neuraxon/Neuraxone : (n) ستون نخاعی ؛ محور عصب ۔

Neurectomy : (n) (جراحی) عمل جراحی کے ذریعہ کسی عصب کو کاٹنا ؛ قطع اعصاب ۔

Neurenteric : (a) (تشریح) اعصابی یا آنت کے نظام سے متعلق ۔

Neurenteric canal : (n) اعصابی نلی کی توسیع ۔

Neuridine/-in : (n) (کیمیا) جلاٹینی قسم کا ایک غیرسمی عفونتی مادہ ۔

Neurilema/Neurilemma : (n) (تشریح) نازک عصبی غلاف ۔

Neurility : (n) (تشریح) عصبیت ؛ فعل عصب ؛ اعصاب کے خاص حالات و افعال ۔

Neurine/-in : (n) (تشریح) عصبی مادہ یا نسیج ؛ مادہ جو عصبی قلی میں رہتا ہے ؛ زہریلی القلی ۔

Neuritic : (a) (مرضیات) ورم اعصاب کا یا اس سے متعلق ۔

Neuritis : (n) (مرضیات) ورم عصب یا اعصاب ؛ التہاب عصب ؛ اعصاب کا ورم یا فاسد تغیر جس سے درد ، حسی انتشار اور نسیجی انحطاط واقع ہوتا ہے ۔

Neuro - : (comb.) سابقہ یونانی کے لفظ "neuron" سے مشتق ہے بہ معنی عصبی ، اعصابی ، عضلی ؛ عضلاتی یا عروقی ۔

Neuroanatomic : (a) اعصابی نسیج یا اعصابی نظام کا یا اس سے متعلق ۔

Neuroblast : (n) (حیوانیات) عصبی نہوض ؛ عصبی خلیے کا سلولی نقیب ۔

Neurocentral : (a) ریڑھ کی ہڈی کے مرکزی اور عصبی محراب سے منسلک ۔

Neurocoele : (a) (تشریح) عصبی نخاع ؛ نخاعی قنال ۔

Neurocranium : (n) کاسہ٭ سر کا وہ حصہ جو دماغ کو محفوظ رکھتا ہے ۔

Neurocrine : (a) ایک ہارمونی مادہ کا یا اس سے متعلق جس سے اعصاب کی سرگرمی متاثر ہوتی ہے ۔

Neurocutaneous : (a) جلد اور اعصاب سے متعلق ۔

Neurocyte : (n) کسی نس یا عصب کا سلولی جسم ۔

Neuroendocrine : (n) دیکھو Neurocrine

Neurogen : (n) ایک مخصوص فرضی ابتدائی ناظم جو جنین کی اعصابی ہیئت کی تشکیل میں معاون ہوتا ہے ۔

Neurogenic : (a) (۱) اعصابی نسیج سے پیدا ہونے والا ۔ (۲) اعصابی حالات سے متاثر یا متشکل ، خصوصاً اعصابی تعلقات کے غیر معمولی تغیرات سے غیر منظم ۔ (۳) اعصابی جزو کا حامل ۔ (٤) (قلب سے متعلق) قلب کے نسیج میں پھیلے ہوئے اعصابی خلیوں کے کنٹرول کے تحت ہم آہنگی کے ساتھ واقع ہونے والا (Myogenic کے برعکس) ۔

Neurogenous : (a) دیکھو Neurogenic

Neuroglandular : (a) (۱) غدود اور اس کے اعصاب کا یا ان سے متعلق (۲) غدود اور اعصاب ، دونوں کی خصوصیات کا حامل ۔

Neuroglia : (n) (حیوانیات) لاصقہ ؛ عصبی سریش ؛ (تشریح) نازک نسیج جو مرکز اعصاب اور پردہ چشم میں پایا جاتا ہے ۔

Neurogram : (n) حافظہ کے عمل یا سرگرمی کے زیر اثر تغیر یافتہ فرضی اعصابی ہیئت ۔

Neurographic : (a) اعصاب کی سائنسی تشریح سے متعلق ۔

Neurography : (n) (۱) اعصاب کی سائنسی تشریح ۔ (۲) دماغ میں موجود تغیر یافتہ اعصابی ہیئت کا فرضی نظام ۔

Neurohumoral theory : (n) علم البدن کا نظریہ کہ اعصابی تحریک کا انتقال کیمیاوی عمل سے ہوتا ہے ۔

Neurohypnotism : (n) دیکھو Hyptonism

Neurokeratin : (n) ایک مادہ جو قرونی مادے سے بہت مشابہ ہوتا ہے اور جو بعض اعصابی نسیج میں پایا جاتا ہے

Neurokyme : (n) اعصابی سرگرمی کی حرکی توانائی ۔

Neurolemma : (n) دیکھو Neurilema

Neurological : (a) علم الاعصاب کا یا اس سے متعلق ۔

Neurologist : (n) علم الاعصاب کا ماہر خصوصاً وہ ڈاکٹر جو اعصابی امراض کی تشخیص یا ان کا علاج کرتا ہے ۔

Neurologize : (v) کرداری مظاہر کی اعصابی اصطلاحوں میں تشریح کرنے کی کوشش کرنا ۔

Neurology : (n) علم الاعصاب ؛ عصبیات ؛ اعصابی نظام ؛ اعصابی نظام کا باضابطہ مطالعہ خصوصاً اس کی ہیئت ، فعل اور خلاف ۔

Neurolysis : (n) (۱) اعصابی مادہ کا ٹوٹنا (مثلاً بیماری یا تھکاوٹ سے) ۔ (۲) اعصاب کا آپریشن ۔

Neuroma : (n) (مرضیات) عصبی پھوڑا ؛ عصبی دنبل ؛ عصبی گلٹی ۔

Neuromatous : (a) عصبی پھوڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Neuromere : (n) اعصابی نظام کا ایک حصہ ؛ عصب پارہ ۔

Neuromerous : (a) عصبی نظام کی خصوصیت سے متعلق ۔

Neuromuscular : (a) اعصاب اور پٹھوں دونوں کا یا ان سے متعلق ؛ عصب عضلی ۔

Neuron/Neurone : (n) (۱) (قدیم) دماغ اور ریڑھ کی ہڈی ۔ (۲) عصبانیہ خصوصاً سارے اجزا کے ساتھ ۔

Neuron doctrine/-theory : (n) علم البدن اور علم التشریح : اعصابی نظام اعصابی خلیوں پر مشتمل ہے اور ہر عصبی خلیہ دوسری تمام اکائیوں سے مربوط ہے مگر وہ مسلسل نہیں ہے ۔

Neuroneuronal : (a) اعصابی خلیوں یا اعصابی ریشوں کے درمیان ۔

Neuronic : (a) (۱) عصبانی ۔ (۲) دماغ اور ریڑھ کی ہڈی سے متعلق ۔

Neuronism : (n) علم نفسیات کا یہ نظریہ کہ دماغی اعصاب ہی دماغی افعال کا ذریعہ ہیں ۔

Neuronitis : (n) ورم عصبانی ؛ ریڑھ کی ہڈی میں اعصابی خلیوں اور اعصابی جڑوں کا متورم ہوجانا ۔

Neuropath : (n) عصبی مرض کا مریض ؛ اعصاب کا مریض ؛ وہ شخص جو حد سے زیادہ زود حس ہو ۔

Neuropathic : (a) عصبی امراض کے متعلق ؛اعصابی مرض کا حامل ۔

Neuropathist : (n) ماہر علاج اعصاب ؛ عصبی امراض کا معالج ۔

Neuropathological : (a) عصبی امراض اور ان کے علاج کے علم سے متعلق ۔

Neuropathology : (n) عصبی امراض اور ان کے علاج کا علم یا مطالعہ ۔

Neuropathy : (n) عصبی مرض ؛ عصبی امراض کا علاج ؛ اعصابی

امراض کی کوئی خلاف معمول حالت خصوصاً انحطاطی تغیر پیدا کرنے والی ؛ اعصابی نسیج کے فساد سے پیدا ہونے والی حالت ۔

Neurophysiology : (n) علم افعال الاعصاب ۔

Neuropod : (n) (حیوانیات) بے ریڑھ کا یا چوڑی دار جسم والا جس کے حرکی اعضا (ہاتھ ، پاؤں وغیرہ) جسم کے عصبی پہلو کی طرف ہوتے ہیں ۔

Neuropodial : (a) (حیوانیات) Neuropodium سے متعلق ؛ Parapodium کی نچلی ، شکمی یا عصبی شاخ سے متعلق ؛ زائدہ پاکے نچلے ، شکمی یا عصبی حصے سے متعلق ۔

Neuropodium : (n) (حیوانیات) (بعض غیر فقری یا چوڑی دار جسم والے حیوانات میں) زائدہ پا کا نچلا ، شکمی یا عصبی حصہ ؛ Parapodium کی نچلی ، شکمی یا عصبی شاخ ؛ Parapodium کا شکمی لختہ ۔

Neuropodous : (a) (بعض غیر فقری یا چوڑی دار جسم والے کیڑے) جن کے حرکی اعضا (اتھ ، پاؤں وغیرہ) شکم کی جانب یا Neuropodium کے ساتھ ہوتے ہیں ۔

Neuropore : (n) (تشریح) عصبی مسام ؛ بعض جنینوں کی عصبی نالی کا خارجی مسام یا سوراخ ؛ عصبی نالی کا منفذ ۔

Neuropsychic : (a) عصبی و نفسیاتی افعال سے متعلق ۔

Neuropsychological : (a) عصبی نفسیات کا ؛ عصبی نفسیات سے بحث کرنے والا ۔

Neuropsychologist : (n) عصبی نفسیات کا ماہر ۔

Neuropsychology : (n) علم نفسیات اعصاب ؛ ایک علم جو نفسیاتی اور عصبیاتی حقیقتوں میں رشتہ ڈھونڈھنے یا علم النفس اور علم الاعصاب سے متعلق امور واقعہ کو باہم مربوط کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔

Neuropter : (n) کرم عروقی جیسا کیڑا ؛ Neuroptera سلسلے کا کوئی کیڑا ۔

Neuroptera : (n) کرم عروقی ؛ یہ ایک قسم کا کیڑا ہے جس کے چار ننگے ، جھلی دار اور شفاف بازو ہوتے ہیں جن میں رگوں کا ایک جال سا بچھا ہوتا ہے ؛ ان کیڑوں کا سلسلہ ۔

Neuropterous : (a) چار ننگے جھلی دار بازوؤں والے کیڑے سے متعلق ؛ کرم عروقی سے متعلق ۔

Neurosis : (n) (طب) مرض اعصاب ؛ خلل اعصاب ؛ اختلال اعصابی ؛ نروس ؛ اعصابی بد نظمی ۔

Neuroskeletal : (a) درون کالبدی ؛ اندرونی ڈھانچے کا ۔

Neuroskeleton : (n) (تشریح) درون کالبد ؛ اندرونی ڈھانچہ (ریڑھ دار حیوانات کا) ۔

Neurosome : (n) (۱) عصب کا خلوی جسم ۔ (۲) عصب کے مختلف چھوٹے ذرات میں سے کوئی ایک ۔

Neurosyphilis : (n) مرکزی نظام اعصاب کا آتشک ۔

Neurotic : (n) (طب) (قدیم) ایک دوا جس کا اثر نظام اعصاب پر پڑتا ہے ؛ خلل اعصاب کا مریض ؛ فساد اعصاب کا مریض ؛ نروٹک ۔

Neurotic : (a) (۱) اعصاب کو متاثر کرنے والی یا اس میں ہیجان پیدا کرنے والی ۔ (۲) اعصابی مرض کا ؛ اعصابی مریض سے متعلق ۔

Neuroticism : (n) خلل اعصاب کی خاصیت یا حالت ۔

Neurotogenic : (a) خلل اعصاب پیدا کرنے والا ۔

Neurotoid : (a) خلل اعصاب کے مشابہ ۔

Neurotomist : (n) (جراحی) قطع اعصاب کرنے والا ؛ (مجازاً) احساسات یا جذبات کا تجزیہ کرنے والا ۔

Neurotomy : (n) (۱) (جراحی) قطع اعصاب ۔ (۲) اعصاب کی تقسیم (درد اعصاب کے علاج کے لئے) ۔

Neurotoxic : (a) اعصاب پر سمی اثر ڈالنے والے مادے سے متعلق ۔

Neurotoxir : (n) اعصاب پر سمّی اثر ڈالنے والا مادہ ؛ سانپ کے زہر میں پایا جانے والا زہریلا پروٹینی مادہ جو اعصاب پر خطر ناک اثر ڈالتا ہے ۔

Neurovascular : (a) اعصابی اور عروقی ، دونوں صفات رکھنے والا ۔

Neurypnology : (n) علم کی وہ شاخ جو ہپناٹزم کے مظاہر کو بیان کرے ۔

Neuter : (n) (۱) اسم بے جنس ۔ (۲) فعل لازم ۔ (۳) جنس لا جنسی ۔ (٤) غیر جانب دار شخص ۔ (٥) عاقر کیڑا خصوصاً چیونٹی یا شہد کی مکھی ۔ (٦) خصی جانور ۔

Neuter : (v) خصی کرنا ؛ تبدیل کرنا ۔

Neuter : (a) (۱) (صرف و نحو) بے جنس ؛ لاجنسی (جو نہ مذکر ہو اور نہ مؤنث) ۔ (۲) فعل لازم ۔ (۳) غیر جانب دار ۔ (٤) بے زوج ۔ (٥) (علم حشرات) عاقر (جس میں نر اور مادہ کا فرق نہ ہو) ۔ (٦) جنسی طور پر غیر پختہ (تشریح) ؛ بانجھ ۔

To stand neuter : غیر جانب دار رہنا ۔

Neutral : (a) (۱) غیر جانب دار ؛ جنگ میں کسی فریق کا ساتھ نہ دینے والا ۔ (۲) غیر جانب ریاست یا طاقت سے متعلق ۔ (۳) مخنث ؛ غیر معین ؛ مبہم ؛ بے رنگ ۔ (٤) (کیمیا) جو نہ تُرشہ ہو نہ القلی ۔ (٥) غیر برق دار ۔ (٦) نہ واضح طور پر طبعی ہو اور نہ واضح طور پر ذہنی ۔ (۸) (لب کے لئے) کھلا ہوا مگر اس قدر کہ ہونٹ نہ ملے رہیں اور نہ زیادہ کھلے رہیں (جیسے 'art' یا hut پڑھنے میں) ۔

Neutral : (n) (۱) غیر جانب دار (ریاست) ؛ جو جنگ میں کسی فریق کا ساتھ نہ دے ؛ غیر جانب دار ریاست کا (باشندہ) ۔ (۲) جو بحث یا جھگڑے میں کسی فریق کا ساتھ نہ دے؛ بے تعلق غیر جانب دار ۔ (۳) (کیمیا) نمک جو ترشہ ہو اور نہ القلی ؛ بے رنگ ۔ (٤) (برقیات) جو نہ مثبت ہو نہ منفی ؛ بے رنگ ۔ (٥) (نباتیات و حشریات) عاقر (جس میں نر اور مادہ کا فرق نہ ہو) ۔ (٦) غیر جانب دار ریاست یا ملک ۔ (۷) غیر جانب دار ریاست کا باشندہ ۔

Neutral flame : (n) شعلہ جو گیسوں کے مناسب تناسب میں جلنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Neutral oil : (n) تیل جو نہ ایسڈ ہو نہ القلی ۔

Neutral point : (n) وہ درجۂ حرارت جس پر دو دھاتوں کے حرارتی برقی قوت صفر ہوں ۔

Neutral tint : (n) خاکستری رنگ جس کا استعمال فن کار کرتے ہیں ۔

Neutral tinted : (a) خاکستری رنگ کا (مجازاً) بے رنگ ؛ جس میں کوئی خاص امتیازی شان نہ ہو ۔

Neutralism : (n) (۱) غیر جانب داری قائم رکھنا ؛ غیر جانبداری کی پالیسی یا اس کی طرف داری خصوصاً بین الاقوامی معاملات میں (عالمی طاقتوں کے درمیان تصادم کے وقت) ؛ غیر جانبداری کا رویہ یا عمل نیز غیر جانبدارانہ جذبات کا اظہار ۔ (۲) غیر جانب دار وحدت وجود ۔

Neutralist : (n) (۱) غیر جانب داری قائم رکھنے والا یا اس کا طرف دار ۔ (۲) وہ جو کسی ملک یا خطے کی جانب دارانہ پالیسی کی حمایت کرتا ہو ۔

Neutrality : (n) (۱) غیر جانب داری ؛ بے تعلقی ۔ (۲) غیر معین یا بے رنگ ہونا ؛ عاقر ہونا ۔ (۳) دوسری ریاستوں کے درمیان جنگ میں شرکت سے اجتناب ۔ (٤) غیر جانب دار ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Neutralization : (n) (۱) بے اثر کر دینا ۔ (۲) خطۂ جنگ سے باہر قرار دینا ۔ (۳) غیر جانبدار ہونے کی صفت یا حالت ۔

Neutralize : (v) (۱) بے اثر کر دینا ؛ اثر کو باطل کر دینا (مخالف اثر کے ذریعہ) ۔ (۲) (کسی مقام کو) خطۂ جنگ سے باہر قرار دینا ؛ جنگ سے مستثنیٰ کر دینا ۔ (۳) خُنثہ کرنا ؛ برطرفی کا عہد کرنا ؛ غیر جانب دار ہونا ؛ بانجھ کر دینا ؛ مخالف قوت سے بے اثر بنا دینا ۔ (٤) (کیمیا) بے عمل کر دینا ؛ بے تاثیر کر دینا ۔

Neutralizer : (n) بے اثر کر دینے والا ؛ خطۂ جنگ سے باہر قرار دینے والا ؛ وہ ورکر جو ترشہ سے مخلوط پانی میں دھات کے برتنوں کو صاف کرتا ہے ؛ ایک کیمیاوی محلول جو اثر کو زائل کرتا ہے ۔

Neutrally : (adv.) (۱) غیر جانب داری سے ؛ غیر جانب دارانہ ۔ (۲) غیر معین یا بے رنگ طور پر ۔

Neutro : (comb.) سابقہ بہ معنی بے طرف ، غیر جانب دار ؛ Neutral کی ترکیبی شکل ۔

Neutro-saline : (n) (کیمیا) جو بغیر ترشہ اور القلی والے نمک کی خاصیت رکھتا ہو ؛ Neutral Salt کی خاصیت والا ۔

Neutron : (n) برقی ذرہ جس میں الیکٹرون اور پروٹون دونوں قریبی اتصال رکھتے ہوں ۔

Neutrophil (e) : (a) جو بے رنگ محلول سے داغ دار کیا جائے ۔

Neutrophil (e) : (n) ایک خلیہ جو بے رنگ محلول سے داغ دار کیا جائے ۔

Neuwider green : (n) ہلکا زردی مائل سبز ۔

Neva green : (n) تیز زردی مائل سبز یا شوخ زردی مائل سبز ۔

Neve : (n) جمی ہوئی برف کا کھیت ؛ کچی برف جو دور تک پھیلی ہوئی ہو ؛ گلیشیر کی دانہ دار برف ۔

Nevel/Nevell : (v) (اسکاٹ لینڈ) مکّے سے مارنا ۔

Never : (adv.) (۱) کبھی نہیں ؛ ہرگز نہیں ۔ (۲) (روز مرہ) (حیرت کے موقع پر) اجی نہیں ؛ یہ نہیں ہو سکتا ؛ یہ ممکن نہیں ؛ کسی طرح نہیں ۔ (۳) بالکل نہیں ؛ ذرا بھی نہیں ۔

I never did!,Well,I never! : میں نے یہ کبھی نہیں سنا ۔

It is never too late to mend : اصلاح ہر وقت ممکن ہے ۔

Now or never : بس یہی وقت ہے ؛ اب یا کبھی نہیں ۔

Never a : ایک بھی نہیں ؛ کوئی نہیں ۔

Never any (or one) : کوئی بھی نہیں ؛ کوئی نہیں ۔

Never a one : دیکھو Never a

Never a whit : کوئی بھی نہیں ؛ یکسر نہیں ؛ بالکل نہیں ۔

Never fear : کچھ پروا نہیں ؛ کوئی پروا نہیں ۔

Never is a long word (or day) : یہ نہ کہو کہ کبھی نہیں ۔

Never mind : کچھ پروا ؛ کوئی پروا نہیں ۔

Never never/- country/- land : (n) (۱)(اسٹریلیا) شمالی کوئینستان کوئینس لینڈ ؛ کوئینس لینڈ کا غیر آباد شمالی حصہ ؛ اندرونی ریگ زار علاقہ ۔ (۲) فرضی علاقہ ؛ فرضی وجود ۔

Never-say-die : (a) ڈٹ جانے والا ؛ نہ دبنے والا ؛ غیر متزلزل ۔

Never so : (adv.) اتنا بھی ؛ کتنا بھی ؛ بالخصوص ۔

Never-was : (n) وہ شخص جس نے کوئی شہرت ، مرتبہ یا کامیابی نہ پائی ہو ۔

Never you fear/- mind : تم دخل نہ دو ۔

Nevermore : (adv.) پھر کبھی نہیں؛ اب کبھی نہیں؛ آئندہ کبھی نہیں ۔

Nevertheless : (adv.) باوجود اس کے ؛ تاہم ؛ پھر بھی ۔

New : (a) (۱) نیا ؛ نو ؛ جدید ؛ نئی قسم کا ۔ (۲) جس سے پہلے واقفیت نہ ہو ؛ اجنبی ؛ انوکھا ۔ (۳) تازہ ؛ مزید ؛ اور زیادہ ۔ (٤) جو بدل گیا ہے ؛ نیا جدید ؛ تخریب ؛ تباہی اور ناپید ہونے کے بعد پھر سے بنا ہو ۔ (٥) متاخر ؛ عہد جدید کا ۔ (٦) (وہ چیز) جو نئی نئی نکلی ہو یا باہر سے آئی ہو یا پہلی بار استعمال ہوئی ہو ؛ نئی ؛ نیا ۔ (۷) نو دولت ۔ (۸) جو فی الحال نمایاں ہوا ہو ؛ جو مشہور خاندان کا نہ ہو ۔

The new comedy : جدید طرز کا طربیہ (ڈراما) ۔

The new learning : یونانی علم و ادب وغیرہ جو انگلستان میں نشاۃ ثانیہ کے زمانے میں رائج ہوا ۔

New broom : (n) اقتدار میں آنے والا نیا شخص جو اپنے فرائض کی انجام دہی میں زیادہ سر گرم ہو۔

New brooms sweep clean : نئی جھاڑو سے زیادہ صفائی ہوتی ہے ۔

New-build : (v) از سر نو تعمیر کرنا ۔

New chum : (n) (آسٹریلیا کی اصطلاح) نو وارد ؛ نو مہاجر (خصوصاً جزائر برطانیہ سے) ۔

New-coined : (a) نیا وضع کیا ہوا ؛ نیا بنایا ہوا ؛ نیا ایجاد کیا ہوا ؛ نو ایجاد شدہ ؛ نیا گھڑا ہوا ۔

New-coined words : (n) نو موضوع الفاظ ؛ نئے (وضع کئے ہوئے) الفاظ ۔

New-comer : (n) نو وارد ؛ جو نئی شہرت پا رہا ہو ۔

New-create : (v) نئے سرے سے تخلیق کرنا ۔

New criticism : (n) ایک تحلیلی ادبی تنقید جو ادبی تصانیف کی زبان محاکات اور جذبی یا فکری پہلوؤں پر زور دیتی ہے تاکہ ان کی مجموعی جمالیاتی ترتیب نمایاں ہو سکے ۔

New deal : (n) بنیادی تنظیم نو (حکومت کے فرض یا ذمہ داری کی) جس سے دور رس اثرات مرتب ہوں ۔

New England : (a) نیو انگلینڈ کا ؛ نیو انگلینڈ کی قسم یا طرز کا ۔

New Englander : (n) نیو انگلینڈ کا ؛ انگلستان جدید کا رہنے والا ۔

New Englandish : (a) نیو انگلینڈ کا یا اس کے مشابہ ؛ جو نیوانگلینڈ سا معلوم ہو ۔

New English : (n) جدید انگریزی ۔

New-fallen : (a) نووارد ؛ نوزائیدہ ؛ تازہ گرا ہوا ۔

New-fashioned : (a) نئے فیشن کا ؛ نئی وضع کا ؛ جدید طرز کا ؛ ماڈرن ۔

The new model : تنظیم جدید ؛ برطانیہ کی پارلیمانی فوج کی تنظیم جدید ۔

The new poor : نیا بگڑا ہوا طبقہ ؛ وہ لوگ جو جنگ عظیم کے بعد مفلس ہو گئے ہوں ۔

The new rich : نو دولت طبقہ ؛ وہ لوگ جو جنگ عظیم کے بعد مالدار ہوئے ہوں ۔

The new woman : آزاد خیال عورت ؛ وہ عورت جو حقوق نسواں کے سلسلے میں ترقی یافتہ خیالات رکھتی ہو ۔

The new world : نئی دنیا ؛ امریکا ۔

To put on the new man : اپنی اصلاح کرنا ؛ اپنے اخلاق و عادات کو درست کرنا ۔

To turn over new leaf : اپنے طرز زندگی کی اصلاح کرنا ؛ (زندگی کا) نیا ورق الٹنا ۔

New : (adv.) (۱) (عموماً مرکب لفظوں میں آتا ہے) نو ؛ تازہ ؛ حال کا ۔ (۲) نئے سرے سے ؛ از سرِ نو ۔

New : (n) (۱) نئی شئے ؛ کوئی نئی چیز خصوصاً پہلا مرحلہ ۔ (۲) تازگی ؛ جدت ۔

New and new : بار بار ۔

New birth : (n) تجدید ؛ احیاء ۔

New blood : (n) تازگی یا اعلیٰ صفت پیدا کرنے والا عنصر ۔

New blue : (n) کوئی نیلا رنگ ۔

New-blown : (a) نو شگفتہ ؛ تازہ کھلا ہوا ؛ نو خیز (مجازاً) ۔

New-born : (a) (۱) نو زائیدہ ؛ نو مولود ؛ نوزائیدہ سے متعلق ۔ (۲) جس نے نئی زندگی پائی ہو ۔

New born : (n) نو زائیدہ بچہ ؛ نو مولود بچہ ۔

New fire ceremony/New fire : (n) ایك جشن جو نئی زندگی ، نئے سال یا تجدید نو کی علامت ہوتا ہے جب تمام آگ بجھا دی جاتی ہے اور نئے سرے سے چولھوں میں آگ روشن کی جاتی ہے ۔

New-found : (a) نو دریافت ؛ نو ایجاد ؛ عیاں ؛ بے نقاب ۔

New franc : (n) فرانس کا نیا سکہ جو ۱ جنوری ۱۹۶۰ء سے جاری ہوا ؛ فرینك ۔

New-front : (v) سامنے کا حصہ نئے سرے سے بنانا ۔

New-furnish : (v) نئے ساز و سامان سے آراستہ کرنا یا ہونا ؛ از سر نو آراستہ کرنا ۔

New Greek : (n) دور وسطیٰ کے بعد یونانیوں کی زبان جس میں ان کا ادب ہے اور جو ان کی بول چال کی زبان ہے ۔

New ground : (n) قطعہ اراضی جسے صاف کر کے کاشت میں لایا گیا ہو ۔

New humanism : (n) بیسویں صدی کا اصول جو اعتدال ، انسانی خواہش ، دیرپا اقدار اور ثنویت میں یقین رکھتا ہے ۔

New humanist : (n) ایسے اصول یا عقیدے کا طرف دار ۔

New laid : (n) تازہ دیا ہوا (انڈا) ۔

New learning : (n) ۱۵ ویں اور ۱۶ ویں صدی کا علم جو بائبل کے مطالعہ پر مبنی تھا ۔

New light : (n) وہ شخص جو جدید یا آزاد مذہبی خیال کا حامل ہو ؛ نئی توضیح ۔

New look : (n) نیا رخ ؛ تازگی ؛ جدت ۔

New man : (n) نو ایمان عیسائی ؛ نو عیسائی ؛ وہ جو نیا نیا عیسائی ہوا ہو ۔

New-modle : (v) دوبارہ نئی طرز سے بنانا ۔

New moon : (n) (۱) نیا چاند ؛ ہلال ؛ ماہ نو ۔ (۲) وہ وقت جب نیا چاند نکلتا ہے ؛ رویت ہلال ۔ (۳) (بائبل) یہودیوں کی ایك عید ۔

New-mown : (a) تازہ کٹا ہوا ؛ حال کا کٹا ہوا ؛ ابھی کا کٹا ہوا ۔

New-mown hay : (n) تازہ کٹی ہوئی گھاس (Hay) ۔

New realism : (n) حقیقت پسندی کا وہ طرز جو بیسویں صدی میں عینیت پرستی کے مقابل جلوہ گر ہوا اور جو شے اور ادراك کے باہمی امتیاز پر زور دیتا ہے اور خارجی دنیا کو دماغ سے علاحدہ قرار دیتا ہے ۔

New realist : (n) نئی حقیقت پسندی کا طرف دار ۔

New-rich : (n) نو دولتا ؛ نئی دولت والا ۔

New-rich : (a) (۱) نو دولتا ؛ جس نے نئی دولت پائی ہو یا جو ابھی دولتمند ہوا ہو ۔

New-set : (v) نئے طرز یا فیشن کا بنانا ۔

New-set : (a) نئے طرز کا بنا ہوا ۔

New star : (n) نیا تارہ ۔

New stone age : (n) نو حجری دور ۔

New style : (n) گریگوری تقویم کے مطابق جو ۱۷۵۲ء سے انگلستان میں مستعمل ہے (اس کا مخفف NS ہے) ۔

New testament : (n) عہد نامۂ جدید ؛ انجیل ۔

New thought : (n) تسکین دماغ کی تحریك جو تصفیہ قلب اور تعمیری تخلیقی قوت پر زور دیتی ہے ۔

New world : (n) شمالی و جنوبی امریکا ۔

New-year/New year/Newyear : (n) سالِ نو ؛ سال جدید ؛ نئے سال کی ابتدا کے چند روز ۔

New-year/New-year's : (a) آغاز سال کا یا اس سے متعلق یا اس کے شایان۔

New year's day : (n) پہلی جنوری ؛ نئے عیسوی سال کا پہلا دن۔

New year's eve : (n) ۳۱ دسمبر ؛ عیسوی سال کا آخری دن۔

Newcal/Newca'd : (a) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ میں گائے کے متعلق) جس کا بچھڑا نیا ہو۔

Newcomb/- ball : (n) والی بال کے مشابہ ایک کھیل جس میں گیند کو پکڑ کر جال کے اُس پار پھینکتے ھیں۔

Newcome : (a) نیا آیا ھوا ؛ تازہ ؛ نو آموز ؛ تازہ ورود۔

Newel : (n) (۱) پیچ دار زینے کا مرکزی ستون۔ (۲) وہ کھمبا جو زینے کے جنگلے کے نیچے یا اوپر کے سرے پر ھوتا ھے۔

Open and hollow newel : پیچ دار زینے کا کھوکھلا مرکزی ستون۔

Newel-post : (n) دیکھو Newel

Newelled : (a) پیچ دار زینہ کے مرکزی ستون کا۔

Newelty : (n) (خصوصاً روز مرہ) نیا پن ؛ جدت۔

Newfangle/-d : (a) (۱) از حد جدت پسند ؛ نئے پن یا نئی چیزوں کا رسیا۔ (۲) نیا نیا (اعتراض کے لہجے میں) انوکھا ، نرالا ، نو ساختہ ؛ نو ایجاد ؛ نئے فیشن والا۔

Newfangle : (n) نئی چیز ؛ نئی وضع ؛ نیا فیشن ؛ جدید طرز ؛ نیا پن۔

Newfangle : (v) (قدیم) نیا طرز بنانا ؛ انوکھا طرز بنانا ؛ نئی چیز ایجاد کرنا۔

Newfangledness : (n) جدت پسندی ؛ انوکھا پن ؛ نرالا پن ؛ نو ساختگی ؛ نو ایجادیت۔

Newfanglement : (n) انوکھا پن یا انوکھی چیز۔

Newfoundland : (a) (۱) نیو فاؤنڈ لینڈ کی قسم یا طرز کا ؛ نیو فاؤنڈ لینڈ کا۔ (۲) کناڈا کا ایک صوبہ۔

Newfoundland : (n) ایک بڑے جزیرے کا نام جو سینٹ لارنس ندی کے دہانے پر واقع ھے ؛ (یہ لفظ توصیفی معنوں میں مستعمل ھے)۔

Newfoundland dog : (n) کتے کی ایک بڑی نسل جو تیز فہمی ، نیک مزاجی ، قوت اور شناوری کے لئے مشہور ھے۔

Newfoundlander : (n) New foudland کا باشندہ ؛ وہاں کا کتّا جو تیراکی میں مشہور ھے ؛ وہاں کا جہاز۔

Newfoundland fish : (n) کاڈ مچھلی۔

Newgate : (n) لندن کا مشہور جیل خانہ (جو ۱۹۰۲ ء میں ڈھا دیا گیا) ؛ توصیفاً مستعمل ھے۔

Newgate bird : (n) قیدی ؛ عادی مجرم ؛ پرانا بدمعاش۔

Newgate calender : (n) نیو گیٹ کے قید خانے کی سالانہ رپورٹ جسمیں قیدیوں سے متعلق تفصیلات ھوا کرتی تھیں (مثلاً کون قیدی کس جرم میں اور کب ماخوذ ھوا وغیرہ)۔

Newgate fashion : (n) نیو گیٹ کا فیشن۔

Newgate frill/- fringe : (n) داڑھی کا وہ طرز جس میں ٹھوڑی کے نیچے کے کچھ بال چھوڑ کر باقی مونڈ دیئے جاتے ھیں ؛ ریش زیر ذقن ؛ (عامیانہ) چکی داڑھی۔

Newgate knocker : (n) ایک خاص طرز کی زلف جو عموماً میوہ فروش رکھتے ھیں۔

Newgatory : (a) لندن کے مشہور جیل خانے کا ؛ نیو گیٹ سے متعلق۔

Newing : (n) (خصوصاً برطانیہ میں) خبر — عموماً جمع میں مستعمل۔

Newish : (a) کسی قدر نیا ؛ نیا سا ؛ قریب قریب نیا ؛ نیا جیسا۔

Newly : (adv.) تازہ جدید طرز سے ؛ نئے طور پر ؛ نوبہ نو ؛ تازہ بہ تازہ ؛ حال میں۔

Newlywed : (n) نیا جوڑا ؛ نو بیاہتا جوڑا ؛ وہ جوڑا جس کی شادی نئی نئی ہوئی ہو۔

Newmanism : (n) نظریہ جو جان ہنری نیو مین نے مذہبی اور کلیسائی امور کے لئے پیش کیا تھا جب وہ اینگلیکن کلیسا کے ممبر تھے ؛ نیومین کے تدریسی اصول۔

Newmanite : (n) جان ہنری نیو مین کا پیرو۔

Newmarket : (n) (۱) نیو مارکیٹ ؛ کیمبرج شائر کے علاقے کا ایک قصبہ جو گھوڑ دوڑ کے لئے مشہور ہے۔ (۲) تاش کا ایک کھیل۔

Newmarket coat : (n) ایک قسم کا چست بالائی کوٹ جو ابتدا میں گھوڑ سواری میں پہنا جاتا تھا ؛ جسے اب مرد عورت سب پہنتے ہیں۔

Newmarket greyhound : (n) مضبوط اور تیز نسل کا شکاری کتا۔

Newness : (n) نیا پن ؛ جدیدیت ؛ جدید یا تازہ ہونے کی حالت یا صفت ؛ جدت۔

News : (n) (۱) خبر ؛ اطلاع ؛ خبریں ؛ اخبار۔ (۲) جو اخبار میں شائع ہو ؛ اخبار پڑھنے والوں کے لئے دل چسپ بات۔

Ill news flies apace : بری خبر بڑی جلد پھیلتی ہے ؛ بری خبر تیزی سے پھیلتی ہے۔

In the news : بر سر عام ؛ منظر عام پر ؛ عوام کے سامنے ؛ مشہور۔

Is there any news : ? کوئی خبر ہے ؟

No news(is) good news : کوئی خبر نہ آئے تو خیریت سمجھو۔

That is no news : یہ تو کوئی نئی خبر نہیں ہے (پہلے سے مشہور ہے)۔

What is the news? : کیا خبریں ہیں ؟

-news : (n) اکثر اخبارات کے نام کا آخری جزو ہوتا ہے ؛ مثلاً Evening News۔

News : (v) خبر بیان کرنا یا دوہرانا ؛ گپ شپ کرنا۔

News agency : (n) (۱) وہ تجارتی ادارہ جو خبریں جمع کر کے اخبارات کو بھیجتا ہے ؛ نیوز ایجنسی۔ (۲) نیوز ایجنٹ کا دفتر۔

News agent : (n) اخبار کا ایجنٹ ؛ اخبار فروش ؛ اخبارات و رسائل بیچنے والا (جو مستقل طور پر یہ کام کرتا ہے) ؛ نیوز ایجنٹ۔

News boat : (n) گذرنے والے جہاز کو اطلاع پہنچانے والی کشتی۔

News boy : (n) سڑکوں پر اخبار بیچنے والا یا (گھروں میں) اخبارات پہنچانے والا لڑکا ؛ ہاکر ؛ اخبار فروش ؛ اخبار والا۔

News casting : (n) خبروں کا نشریہ۔

News dealer : (n) اخبارات و رسائل بیچنے والا۔

News Editor : (n) خبروں کو ترتیب دینے والا روزانہ اخبار کا ایڈیٹر؛ کسی روز نامے کا ایڈیٹر ؛ نیوز ایڈیٹر۔

News letter : (n) (۱) (تاریخ) خبروں کی چٹھی جو اوقات معینہ پر قصبات و قریات میں بھیجی جاتی تھی۔ (۲) پمفلٹ یا اخبارچہ جس میں خاص طرح کی خبریں ہوتی ہیں ؛ خبر نامہ۔

News magazine : (n) ہفت روزہ جس میں خبروں کا خلاصہ ہوتا ہے ؛ نیوز میگزین۔

News man : (n) (۱) خبریں پہنچانے والا یا خبریں جمع کرنے والا ؛ رپورٹر ؛ نامہ نگار۔ (۲) اخبار فروش ؛ روز نامہ فروش ؛ اخبارات بیچنے یا گھر پہنچانے والا۔

News service : (n) نیوز ایجنسی۔

News sheet : (n) اخبار ؛ خبر نامہ ؛ اخباری صفحہ ؛ اخباری کاغذ۔

News stand : (n) اخبار فروش کا ٹھیلا یا اسٹال ۔

News vendor : (n) اخبار فروش ۔

News weekly : (n) ہفت وارہ جس میں عام دل چسپی یا خاص جماعت کی دل چسپی کی خبریں شائع ہوتی ہیں ۔

News worthy : (n) انتہائی دل چسپ اور اشاعت پذیر ۔

News writer : (n) خبریں لکھنے والا ؛ خبر نگار ۔

Newsiness : (n) خبروں سے بھرا ہونا ؛ گپی ہونا ؛ خبریں پھیلانے والا ہونا ؛ خبر انگیز و جالب توجہ ہونا ۔

Newsless : (n) خبر سے خالی ؛ جس میں کوئی اطلاع نہ ہو ۔

Newsmonger : (n) گپاڑی ؛ گپّی ؛ گپ اڑانے والا ؛ خبروں کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا ؛ خبر ساز ؛ خبرچیں ۔

No less than £ 50 : اکٹھے پچاس پونڈ -

No less than ten people have told me : ایک دو نہیں دس آدمیوں نے مجھ سے کہا ہے -

No longer : (adv.) اب نہیں ؛ اب سے نہیں ؛ آئندہ نہیں -

No man : (a) کوئی نہیں ؛ کوئی آدمی نہیں -

No man's land : (n) (۱) (فوج) دونوں حریفوں کے مورچوں کے درمیان کی سر زمین - (۲) لاوارث علاقہ ؛ بنجر زمین ؛ زمین جس کی ملکیت کا دعویدار نہ ہو -

No more : (n) کچھ اور نہیں ؛ بس ؛ کافی ؛ اب سے نہیں -

No more : (a) (۱) اور نہیں ؛ زیادہ نہیں - (۲) اور کچھ نہیں - (۳) اب نہیں ؛ اب سے نہیں -

No more : (adv.) (۱) زیادہ دیر نہیں ؛ تا دیر نہیں ؛ پھر کبھی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں ؛ رخصت ہو چکے ؛ متوفی ؛ مردہ ؛ مرحوم ؛ آنجہانی ؛ اب کبھی نہیں ؛ نابود - (۲) زیادہ مقدار میں نہیں انتہائی درجہ تک نہیں -

No one : (pro) کوئی نہیں ؛ کوئی شخص نہیں -

No or noh : (n) جاپان کا ایک کلاسیکی رقصی ڈرامہ جس کا موضوع مہتم بالشان ہوتا ہے -

No-par/- value : (a) جس کی قیمت نہ ہو -

No-place : (adv.) کہیں نہیں -

No sooner than : (adv.) ساتھ ہی -

No thoroughfare : یہ شارع عام نہیں ہے ؛ یہ راستہ عام نہیں ہے -

No-thoroughfare : (n) ایک راستہ ؛ گلی وغیرہ جس کے ایک سرے پر نکاس نہ ہو ؛ بند گلی -

No-trump : (a) بغیر ٹرمپ کے -

No trumper : (n) تاش کے کھیل (برج) میں No trump بولنے والا -

No whit : (adv.) ذرا بھی نہیں -

Noa : (a) عام ؛ دنیوی -

Noachian/Noachic : (a) (۱) حضرت نوح یا ان کے عہد کا یا اس عہد سے متعلق ؛ نوحی - (۲) قدیم -

Noachian deluge : (n) طوفان نوح۔

Noachite : (n) فری میسن۔

Noah : (n) (بائبل) نوح ؛ حضرت نوح۔

Noah's ark/-shell : (n) (۱) کشتیِ نوح ؛ وہ کشتی جس میں بیٹھ کر نوح کے خاندان کے لوگ اور جانور سیلاب سے بچے تھے ۔ (۲) کشتیِ نوح کی نقل ؛ بچوں کا کھلونا ۔ (۳) قدیم وضع کا صندوق ؛ قدیم وضع کی بے ڈھنگی گاڑی ۔ (٤) ایک چھوٹا سا صمامہ گھونگا ۔ (٥) بادل کا لکہ کشتی نما ۔

Noah's nightcap : (n) ایک قسم کی خوش نما جھاڑی۔

Nob : (n) (۱) (تشریح) کلّہ ؛ سر ۔(۲) تاش کے کھیل میں اسی رنگ کے پتوں کا غلام۔

Nob : (v) (۱) سر پر مارنا ۔ (۲) سر پر گھونسہ رسید کرنا ۔

Nob : (n) (خصوصاً برطانیہ میں) مقتدر شخص ؛ کسی قدر دولت یا سماجی اعزاز کا آدمی۔

Nobbily : (adv.) امیرانہ ؛ شاندار طریقہ سے ؛ ٹھاٹ باٹ کے ساتھ ؛ • گروہِ اعیان۔

Nobble : (v) (۱) (عامیانہ) (گھڑ دوڑ کے گھوڑے کو) لنگڑا کر دینا ۔ (۲) ساز باز کر کے طرف دار بنا لنا ؛ گانٹھ لینا ۔ (۳) بد دیانتی سے روپیہ حاصل کرنا ؛ اینٹھنا ؛ چرانا ؛ (روپیہ وغیرہ) مار لانا ۔ (٤) پکڑنا ؛ گرفتار کرنا ۔

Nobbler : (n) گھوڑے کو لنگڑا کرنے والا ؛ نکما کرنے والا ۔

Nobby : (a) (۱) (عامیانہ) رئیسانہ ؛ امیروں کے لائق ۔ (۲) ٹھاٹ باٹ کا ؛ شاندار ؛ ازحد چست و چالاک۔

Nobby : (n) (۱) وہ چھڑی جس کا استعمال مچھلی پکڑنے کے لئے ہوتا ہے ؛ چھیپ ۔ (۲) مچھلی مارنے والی چھوٹی کشتی۔

Nobelist : (n) نوبل انعام یافتہ ۔

Nobelium : (n) ایک ریڈیائی عنصر جو مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے (جیسے کاربن کے آیون پر کیوریم کے متشدد عوامل کے ذریعہ) ۔

Nobiliary : (a) شرافت کا یا اس سے متعلق ؛ امیرانہ ؛ امیروں کا ؛ امیروں کے طبقے کا ؛ شرافت و نجابت سے متعلق ۔

Nobiliary particle : (n) حرف امارت جو امیروں کے نام یا خطاب سے پہلے آتا ہے جیسے جرمن میں Von اور فرانسیسی میں De۔

Nobilitate : (v) پاکیزہ بنانا ؛ اعلیٰ بنانا ۔

Nobility : (n) (۱) شرافت ؛ عالی ظرفی ؛ نجابت ؛ امارت ۔ (۲) رئیس ؛ تعلقہ دار ؛ امرا ۔ (۳) دماغی عظمت ؛ عالی خاندانی ۔

The nobility : طبقۂ امرا ؛ شرفا کی جماعت ۔

Nobill : (v) جرم سے بری کر دینا ۔

Noble : (n) (۱) (آدمی کے لئے) شریف ؛ عالی ظرف ؛ معروف ؛ مقتدر ؛ عالی منش ؛ (شے کے لئے) نمایاں مشہور ۔ (۲) شاندار ؛ عظیم الشان ؛ رفیع الشان ۔ (۳) عمدہ ؛ نفیس ۔ (٤) اونچے خاندان کا ؛ عالی نسب ؛ امیر زادہ ؛ رئیس زادہ ۔ (٥) کیمیاوی عمل سے محفوظ رہنے والا ؛ کیمیاوی طور پر غیر مؤثر خصوصاً آکسیجن سے ؛ نسبتاً مستقل جیسے a noble metal/a noble gas ۔

The noble science (of defence), the nobel art : باکسنگ کا فن ۔

Noble : (n) (۱) رئیس ؛ امیر ؛ امیر زادہ ۔ (۲) برطانیہ کا ایک قدیم طلائی سکہ جس کو پہلے ایڈورڈ سوم نے چلایا تھا ۔ (۳) (عامیانہ) اسٹرائک ختم کرنے والا کپتان یا اسٹرائک ختم کرنے والی مہموں کا انچارج۔

Noble cane : (n) ایک اعلیٰ قسم کا گنّا ۔

Noble-couraged : (a) اعلیٰ ہمتی ۔

Noble gas : (a) جامد گیس ۔

Noble-hearted : (a) اعلیٰ ظرف ۔

Noble-looking : (n) حسین ؛ خوب صورت ۔

Noble metal : (n) ایک دھات (جیسے سونا، چاندی یا پلاٹینیم) یا بھرت جس پر حوادثات کا اثر نسبتاً کم ہوتا ھے ۔

Nobleman : (n) (۱) امیر زادہ ؛ امیر ؛ طبقۂ امرا کا ایک فرد ؛ نواب ۔ (۲) کسی امیر کا لڑکا جو پہلے آکسفورڈ یا کیمبرج کا ایک رکن ہوتا تھا ؛ (جمع) شطرنج کے کھیل میں اعلیٰ مہرے ۔

Noblemanly : (a) امیرانہ ؛ شریفانہ ؛ امتیازانہ ۔

Nobleminded : (a) تشریف النفس ؛ عالی ظرف ؛ کریم النفس ؛ اولوالعزم؛ عالی ہمت ۔

Noblemindedly : (adv.) اعلیٰ ظرفی سے ؛ شرافت کے ساتھ ۔

Noblemindedness : (n) شرافت نفسی ؛ اعلیٰ ظرفی ۔

Nobleness : (n) شرافت ؛ اعلیٰ ظرفی ؛ امیرزادگی ؛ امارت ؛ عظمت و شان ؛ شریف ہونے کی حالت یا صفت ۔

Noblesse : (n) (۱) طبقۂ امراء (خصوصاً بیرون انگلستان کا) ۔ (۲) اعلیٰ رتبہ کے لوگ ۔ (۳) شریف النسل ؛ شرافت ؛ نجابت ۔

Noblesse oblige : (n) شرافت اور اعلیٰ خاندان کے ساتھ بڑی ذمہ داریاں ھیں ۔

Noblewoman : (n) اعلیٰ خاندان یا اعلی مرتبت عورت ۔

Nobly : (adv.) شرافت سے ؛ اعلیٰ ظرفی سے ؛ بہادرانہ ؛ شاندار طور پر ؛ شریفانہ رتبے یا حالت سے ؛ شریفوں کی طرح ۔

Nobody : (pron.) (۱) کوئی آدمی نہیں ؛ کوئی نہیں ۔ (۲) بے رتبہ ؛ بے عزت اور بے وقعت آدمی یا لوگ ۔

Nobody : (n) غیر معروف شخص ۔

Nocake : (n) سکھا کر پسی ہوئی مکئی جو غذا کے طور پر استعمال ہوتی ھے ؛ مکئی کا آٹا ۔

Nocence/Nocency : (n) (متروک) مجرم ؛ قصور وار ۔

Nocent : (a) (۱) نقصان دہ ؛ زیاں رساں ۔ (۲) (قدیم) قصور وار ؛ مجرم ؛ Innocent کے برعکس ۔

Nocent : (n) قصور وار شخص ؛ مجرم شخص ۔

Noci - : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی درد جیسے Nociperception ۔

Nociceptive : (a) تکلیف دہ ؛ نقصان دہ ۔

Nocifensor : (a) اعصاب کے ریشوں سے متعلق جن سے درد کا احساس ہوتا ھے ۔

Nociperception : (n) نقصان دہ مہیجات کا احساس ۔

Nocive : (a) نقصان دہ ۔

Nock : (n) (۱) کمان کے سروں کے دندانے جن میں تانت کو باندھتے ھیں ؛ زہ گیرہ ۔ (۲) دندانہ دار سرا ؛ سوفار ۔ (۳) سینگ کا چھوٹا ٹکڑا تیر کے نچلے حصہ میں جڑا ہوا ؛ دندانہ یا دانتا ۔

Nock : (v) تیر جوڑنا ؛ تیر کو کمان کی ڈوریٰ سے ملانا ۔

Nock : (n) بادبان کا بالائی گوشہ ؛ گوشۂ بادبان ۔

Nocompree : (عامیانہ) سمجھ میں نہیں آیا ۔

Noct-/Nocti-/Nocto -: (لاطینی رابطے) بمعنی رات ؛ شب ؛ درمیان شب ۔

Noctambulant : (n) وہ شخص جو سوتے میں اٹھ کر چلنے لگتا ھے ؛ خواب خرام ؛ رات کو ٹہلنے والا ؛ شب خرام ۔

Noctambulation : (n) سوتے میں اٹھ کر چلنا ؛ خواب خرامی ؛ شب خرامی ؛ (طبیعیات) مشی فی النوم ۔

Noctambulism : (n) خواب خرامی ؛ شب خرامی ۔

Noctambulist : (n) (طب) ماشی فی النوم ؛ خواب خرامی کرنے والا ؛ شب خرامی کرنے والا خصوصاً نیند میں ۔

Noctambulistic : (a) خواب خرامی کا یا اس سے متعلق ؛ رات کو سوتے میں اٹھ کر چلنے والا ؛ نیند کی حالت میں چلنے والا ۔

Noctambulous : (a) رات کو سوتے میں اٹھ کر چلنے والا ؛ نیند کی حالت میں چلنے کا عادی ۔

Nocti : (a) رابطہ بہ معنی "رات" ۔

Noctidial : (a) روز و شب پر مشتمل ؛ رات اور دن پر مشتمل ۔

Noctidiurnal : (a) سلسلہ" شب و روز پر مشتمل ۔

Noctiluca/-e : (n) (حیوانیات) شب تاب (کرم) جگنو ۔ (حیوانیات) شب تاباں ؛ بحری کیڑا مدور شکل کا جو رات میں چمکتا ہے ۔

Noctilucent : (a) شب میں چمکنے والا یا شب میں نظر آنے والا ۔

Noctilucent cloud : (n) تاب ناک لکّہ" ابر جو رات میں تقریباً ۲۷۵۰۰۰ فٹ کی بلندی پر نظر آتا ہے ۔

Noctilucin (e) : فاسفورس والے حیوانی کیڑے کا مادہ جس سے روشنی نکلتی ہے ۔

Noctilucous : (a) شب تاب ؛ فسفری ؛ درخشندہ ۔

Noctivagant : (a) رات کو گھومنے پھرنے والا ؛ شب رَو ؛ شب گرد ۔

Noctivagation : (n) شب خرامی ؛ شب روی ۔

Noctivagous : (a) دیکھو Noctivagant ؛ شب گرد ۔

Noctograph : (n) نابینا شخص کے لکھنے کا فریم ۔

Noctovision : (n) ٹیلی ویژن جس میں انفرادی شعاعوں کے استعمال سے نظر نہ آنے والی کسی شے کی تصویر منتقل کرنا ممکن ہو جاتا ہے ؛ تاریک نمائی ؛ شب دور نمائی ۔

Noctua : (n) (حشریات) نوکٹوا کی جنس کا پتنگا ؛ جنس شب پروانہ ۔

Noctuary : (n) جنس شب پروانہ ؛ (قدیم) رات میں ہونے والے واقعات کا مجلہ ؛ شب نامچہ ۔

Noctuid : (a) (حشریات) نوکٹوایڈی پروانے کے خاندان کا یا اس سے متعلق ۔

Noctuid : (n) نوکٹوایڈ پتنگا ؛ پروانہ ۔

Noctule : (n) (حیوانیات) بڑی چمگادڑ ؛ شپّر ؛ شب پر ۔

Nocturia : (n) رات میں پیشاب کرنا خصوصاً زیادہ ۔

Noctum : (n) (دینیات) عبادت سحری کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ؛ عبادت نیم شب ۔

Noctum : (a) شبی ؛ شبانہ ۔

Nocturnal : (a) (۱) شبینہ ؛ شبانہ ؛ رات کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رات کو واقع ہونے والا ؛ رات کو عمل میں آنے والا ؛ رات کو کیا جانے والا ۔ (۳) (حیوانیات) رات کے وقت فعال ؛ رات کو دیکھے جانے کے قابل ۔

Nocturnal : (n) (۱) ایک فلکیاتی آلہ جس کے ذریعہ رات کی ساعت یا عرض البلد متعین کیا جاتا تھا ؛ ساعت اللّیل ؛ رات کی گھڑی ۔ (۲) رات کو ٹہلنے والا ؛ شب گرد ۔ (۳) ڈرامہ جس کے زیادہ تر حصہ کو اندھیرے اسٹیج پر پیش کیا جاتا ہے ۔

Nocturnal emission : (n) احتلام ؛ نیند میں منی کا اخراج کیف آور خواب کے بعد ۔

Nocturnality/Nocturnalism : (n) شبانہ ہونے کی حالت ۔

Nocturnally : (adv.) شب خرامی سے ؛ شب گردی سے ؛ شبانہ ۔

Nocturne : (n) (۱) (موسیقی) خواب آسانغمہ ؛ نغمہ جو خواب کی سی کیفیت پیدا کر دے ؛ نغمہ" دل نواز ؛ نغمہ" دل آویز ؛ ایسا نغمہ جو شام یا رات کی مناسبت سے جذبات کا اظہار کرے ۔ (۲) (نقاشی) منظر شب ؛ رات کا منظر ۔

Nocuous : (a) مضر ؛ زہریلا ؛ مُخرب اخلاق ؛ مسموم ۔

Nocuously : (adv.) ضرر رساں طور پر ۔

Nod : (n) (۱) سر کا ہلکا اشارہ ؛ سر کی حرکت (سلام کرنے یا رضامندی کی غرض سے) ۔ (۲) اس قسم کا اشارہ حکم ، اقرار یا کامل اختیار کے اظہار کے لئے ۔ (۳) کسی کا سر جھکانا یا جھکنا غیر ارادی طور پر جو سویا ہوا ہے یا اونگھ رہا ہے ؛ اونگھ ؛ غنودگی ۔

Nod : (v) (۱) سر کے اشارے سے سلام کرنا ؛ اقرار کرنا یا حکم دینا ؛ اشارے سے کہنا ؛ اشارے سے بلانا ۔ (۲) اونگھنا ؛ نیند میں جھونکے لینا ؛ جھونکے کھانا ؛ لغزش کرنا ؛ فراموش کرنا ۔ (۳) بہك جانا ؛ نیند میں کچھ کا کچھ کہنا یا کرنا ۔ (٤) جھکنا (عمارت کا) ۔ (٥) (کلغی وغیرہ کے پر کا) جھولنا ۔ (٦) سر جھکانا ؛ خم کرنا ۔ (۷) عمودسے الگ جھولنا تقریباً گرتے ہوئے ؛ آگے یا نیچے جھکنا ۔

t his nod : اس کے اشارے یا ابرو کا مطیع ؛ اس کا تابع فرمان ۔

Homer sometimes nods : بعض وقت ہومر بھی بہك جاتا ہے (یعنی بڑے سے بڑے آدمی سے بھی غلطی ہوتی ہے) ۔

On the nod : (روز) محض رسمی منظوری سے ۔

The Land of nod : نیند کا عالم ؛ اقلیم خواب ؛ خواب کی سر زمین ۔

Nodal : (a) عقدی ؛ عقدوی ؛ گرہی ؛ گِرہ کا یا اس سے متعلق ۔

Nodal point : (n) نقطہ' اعتدالی ؛ نقطہ' آغاز ؛ نقطہ' وقفہ ؛ راس یا ذنب ؛ (ریڈیو) عقدہ ۔

Nodality : (n) عقدوی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Nodated : (a) (نباتیات) گرہ دار ۔

Nodding : (n) سر سے اشارہ کرنا یا اس قسم کا اشارہ ۔

Nodding : (a) (۱) (نباتیات و حشریات) جھکا ہوا ؛ نیچے کی طرف خم ؛ آویزاں ۔ (۲) نیچے یا آگے کی طرف خمیدہ ۔

Nodding acquaintance : (n) کسی چیز کا سرسری علم ؛ صاحب سلامت ؛ معمولی جان پہچان ۔

Noddle : (n) (روز مرہ) سر ؛ کھوپڑی ؛ چندیا ؛ (تشریح) قفا ؛ گدی ؛ منکا ۔

Noddle : (v) ہلکے طور پر تیزی سے سر ہلانا ؛ سر کو جنبش دینا ؛ سرہلانا ۔

Noddy : (n) (۱) احمق ؛ بے وقوف ؛ سادہ لوح ۔ (۲) کالے رنگ کا ایك بحری پرندہ جو گرم سمندروں میں رہتا ہے اور آسانی سے پکڑا جاتا ہے ۔ (حیوانیات) سادہ لوح پرندہ ؛ کاؤدی ۔

Noddy : (n) Cribage کی طرح کا تاش کا ایك کھیل ۔

Noddy : (n) (۱) دو پہیے والی ایك ہلکی کرائے کی گاڑی جو سابقاً آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ میں استعمال ہوتی تھی ۔ (۲) معلق پنڈولم (گھڑی کا) ۔

Node : (n) (۱) اشکال ؛ دشواری ۔ (۲) (نباتیات) گرہ ؛ گانٹھ ؛ گومڑی جڑیا شاخ پر ۔ (۳) گرہ جہاں سے پتیاں پھوٹتی ہیں ؛ گرہ دار بناوٹ ۔ (٤) سخت گلٹی (خصوصاً جو نقرس یا گٹھیا کے مرض میں جوڑوں پر ہو) ۔ (٥) خط صلیبی ؛ نقطہ' تقاطع ۔ (٦) مرکز ؛ مرکزی نقطہ ۔ (۷) نقطہ' سکون ؛ نقطہ' اعتدال ۔ (۸) (فلك) عقدہ یا عقد تین وہ دو نقطے جہاں سیر قمر اور دائرۃ البروج میں تقاطع ہوتا ہے ۔ (۹) اہتزازی جسم کا کسی ایك نقطہ یا خط پر مکمل یا نسبتاً سکون (۱۰) (ہندسہ) وہ نقطہ جہاں ایك خم اپنے کو کاٹتا ہے ؛ دو گنا یا گوناگوں ۔

Nodi : (n) جزو ترکیبی بہ معنی گرہ یا گانٹھ ۔

Nodical : (a) (۱) (علم النجوم) عقدہ' تقاطع کا ؛ عقدوں یا گرہوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) نقطہ' اعتدالین سے وابستہ ۔

Nodical month : (n) چاند کی گردش کا اوسط وقفہ جو صعودی نقطہ سے صعودی نقطہ تك ہوتا ہے اور جو ۲۷ دن ٥ گھنٹہ ٥٠ منٹ اور ۸ ء ۳٥ سیکنڈ پر مشتمل ہوتا ہے اس کو Draconic period کہتے ہیں ۔

Nodiferous : (a) گرہ دار ؛ معقّد ۔

Nodosaria : (n) Foraminiferans کی ایک نوع جس کے صدف خطوط مستقیم اور منحنی سے مرکب ہوتے ہیں۔

Nodosarian : (a) Nodosaria سے متعلق۔

Nodosarian : (n) Nodosaria کے جنس کا ایک فرد۔

Nodosarine : (a & n) دیکھو Nodosarian

Nodose/Nodous : (a) گانٹھ دار ؛ گرہ دار؛ گلٹی دار ؛ گرہ جیسا ورم۔

Nodosity : (n) (۱) گانٹھ دار یا گرہ دار ہونے کی حالت یا خاصیت۔ (۲) گرہ ؛ گانٹھ ؛ ورم۔

Nodular : (a) (۱) (معدنیات اور ارضیات) گلٹی دار ؛ گانٹھ ؛ گلٹی یا گومڑی کی شکل کا۔ (۲) حیوانات نباتی کا ؛ تنے پر گرہ کا ہونا۔ (۳) (مرضیات) گرہ دار رسولیوں والا ؛ گومڑی دار کیڑوں سے اٹا ہوا۔

Nodular iron : (n) ڈھلا ہوا لوہا جس میں گریفائٹ گرہ دار شکل میں موجود ہوتا ہے۔

Nodular worm/Nodule worm : (n) (۱) فائلیریا کا کیڑا جو جلد میں گرہ دار ورم پیدا کرتا ہے۔ (۲) نیما ٹوڈ کیڑوں میں سے کوئی ایک۔

Nodulate : (v) (۱) گرہ دار بنانا ؛ گومڑی پیدا کرنا۔ (۲) گرہ دار ہونا ؛ گلٹی بننا۔

Nodulated : (a) گرہ دار ؛ گلٹی دار۔

Nodulation : (n) گرہ دار یا گلٹی دار ہونا۔

Nodule : (n) (۱) کسی چیز کی گولی ؛ گرہ۔ (۲) گانٹھ ؛ گومڑی۔ (۳) گلٹی ؛ دنبل۔ (٤) (متروک) کسی ادویاتی مادے کی قلیل مقدار ، تھیلی میں بندھی ہوئی۔ (٥) (معدنیات اور ارضیات) معدنی مادے کا ایک چھوٹا سا گول ڈلا۔ (٦) (نباتیات) تنے یا پودے کے کسی دوسرے حصے پر ایک چھوٹی گرہ یا گانٹھ۔ (۷) (تشریح) جسم کے کسی حصہ پر ایک چھوٹی گرہ یا گرہ دار گلٹی۔

Noduled : (a) گرہ دار ؛ گلٹی کی شکل میں ابھرنے والا۔

Nodulize : (v) گرہ یا عقدے کی شکل میں بدلنا۔

Nodulose/Nodulous : (a) چھوٹی گرہوں والا۔

Nodus/Nodi : (n) عقدہ ؛مشکل؛ پےچیدہ ؛ پیچیدگی؛پیچ ؛ پیچ در پیچ۔

Noel : (n) (۱) کرسمس کے موقع پر نعرہ٭ مسرت ؛ "مرحبا تبارک"۔ (۲) قالب یا سانچے کا اندرونی حصہ۔

Noema/Noemata : (n) ارادی تجربے کا معروضی پہلو۔

Noematic : (a) ارادی تجربے کے معروضی پہلو سے متعلق۔

Noes - : ( ) "No" کی جمع ؛ اسمبلی میں مخالف رائے رکھنے والوں کی جماعت ؛ مخالف پارٹی۔

The noes have it : مخالف آرا کا غلبہ ہے ؛ مخالف رائیں زیادہ ہیں۔

Noesis : (n) (۱) انسان کے دماغی فعل کا خلاصہ ؛ ادراک ذہنی ؛ عقلیت۔ (۲) اخلاقی اور مادی دنیا کا عقلی نظریہ۔ (۳) ادراک خصوصاً براہ راست علم کے ذریعہ۔

Noetian : (n) Noetus (سمرنا کا ایک باشندہ اور ایشیائے کوچک کے کلیسا کا ایک پادری) کا پیرو جو صرف ایک ہستی ؛ خدائے واحد کو منجملہ تثلیث کے مانتا ہے۔

Noetian : (a) نوئیٹس یا Noetianism کے عقیدے کا یا اس سے متعلق۔

Noetianism : (n) رفض ؛ بدعت ؛ مسیحی کلیسا کے عقائد کے خلاف عقیدہ۔

Noetic : (a) (۱) عقلی ؛ ادراکی ؛ ذہنی ؛ دماغ یا ذہن سے متعلق۔ (۲) معقول ؛ خالص ذہنی یا مجرد۔ (۳) تفکر پسند ؛ فلسفیانہ غور و فکر کا عادی ؛ معقولی۔

Noetic : (n) علم معقولات ؛ معقولات ؛ عقلیت پسند نظریے کا حامی؛ معقولاتی (Noetic) اسکول کا رکن۔

Nog : (n) (۱) میخ ؛ کھونٹی ؛ لکڑی کا چھوٹا سا کندا۔ (۲) ٹھنٹھ ؛ ٹنڈ (درخت)۔ (۳) گرہ یا گانٹھ درخت یا شاخ پر۔

Nog/Nogg : (n) مشرقی انجلیا میں کشید کی جانے والی ایک تیز شراب۔

Nog : (v) (۱) میخیں جڑنا ؛ کھونٹیوں سے جڑنا ۔ (۲) لکڑی کے چوکھٹے اور اینٹ سے تعمیر کرنا ۔

Nogai/Nogais : (n) (۱) ایک بدوی تاتاری قوم ؛ اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۲) اس قوم کی ترکی زبان۔

Noggin : (n) (۱) پانی پینے کا ایک چھوٹا برتن ؛ مگ ، پیالہ یا گلاس ؛ آب نوشی کا چھوٹا پیالہ ۔ (۲) شراب کی مختصر مقدار عموماً ایک چوتھائی پنٹ ۔ (۳) آدمی کا سر ؛ کاسہء سر۔

Nogging : (n) لکڑی کے چوکھٹے میں اینٹوں کی چنائی۔

Nogging piece : (n) لکڑی کے افقی ٹکڑوں کو چوکھٹے میں جڑنا تاکہ اینٹوں کی چنائی کا کام مضبوط رہے ۔

Nohow : (adv.) (۱) کسی طرح نہیں ؛ بالکل نہیں ؛ قطعی نہیں ؛ کسی خاص طریقے یا حالت میں بھی نہیں ؛ کسی امتیازی خصوصیت کے ساتھ بھی نہیں ۔ (۲) جاہلانہ تقریر ؛ غیر منطقی گفتگو ؛ اوٹ پٹانگ بات — عموماً "all" کے ساتھ مستعمل جیسے : (Was all no how at the thought of going)۔

Noil : (n) (واحد اور جمع) اون کے چھوٹے ٹکڑے اور ان کی گرہیں جو مڑے ہوئے تاروں سے درست کی جائیں۔

Noint : (n) Anoint کی تخفیف شدہ صورت۔

Noise : (v) (۱)مشہور کرنا ؛ شہرت دینا ؛ پھیلانا ؛ مشتہر کرنا ؛ افواہ پھیلانا ۔ (۲) شور کرنا ؛ غُل مچانا ؛ جھگڑنا ؛ بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا ؛ شور کرنا یا چلانا ۔

Noise : (n) (۱) شور ؛ غُل ؛ شور و شغب ؛ شور و غوغا — (۲) سخت یا کرخت آواز ؛ خلل ؛ ہلّڑ ؛ کسی بھی قسم کی سخت اور بلند آواز۔

A (or the) big noise : اہم شخصیت۔

To make a noise : (۱) شور مچانا ؛ غل مچانا ؛ کرخت آواز پیدا کرنا ۔ (۲) شہرت دینا ؛ چرچا کرنا ؛ چرچا ہونا ؛ شہرت ہونا ۔ (۳) فریاد کرنا ؛ واویلا مچانا ۔

To make a noise in the world : نیک نامی یا بدنامی حاصل کرنا ۔

Wothout noise : چپ چاپ ؛ خموشی سے ۔

Noiseful : (a) پُر شور۔

Noisefully : (adv.) پُر شور طور پر ؛ شور کے ساتھ۔

Noiseless : (a) خاموش ؛ چپ چپ ؛ بے آواز ؛ بے آہٹ ؛ شور و غل نہ مچانے والا ؛ ساکت ۔

Noiselessly : (adv.) چپ چاپ سے ؛ بے آواز کے ؛ بے آہٹ کے ؛ خاموشی سے ۔

Noiselessness : (n) خاموشی ؛ سکوت ؛ بے آواز ہونا ؛ بے آہٹ ہونا ۔

Noises off : (n) (۱) آوازیں عام طور پر پُر شور یا ناقابل فہم جو پس اسٹیج سے ابھرتی ہیں مگر کھیل کے دوران تماشائیوں کو سنائی دیتی ہیں ۔ (۲) (سائنٹفک استعمال میں) اتار چڑھاؤ یا اختلال (عموماً غیر مسلسل) جو مطلوبہ اشاریہ کا جزو نہیں ہوتا ہے ۔

Noisette : (n) (۱) ایک قسم کے پسندے (بکری اور ہرن کے گوشت کے ٹکڑے جو ایک خاص انداز سے تیار کئے جاتے ہیں)۔ (۲) لقمہء غذا ؛ نازک گوشت کے ٹکڑے ؛ مکھن میں تلا ہوا آلو۔

Noisette : (a) مکھن سے تیار شدہ (خوردنی)۔

Noisette rose/Noisette : (n) گلاب کی ایک قسم جو چینی گلاب اور مشکی گلاب کے باہمی پیوند سے تیار ہوا ہو۔

Noisily : (adv.) شور مچا کر ؛ شور وغوغا کے ساتھ ؛ ٹیپ ٹاپ سے ؛ دھوم دھڑ کے سے ؛ دھوم دھام سے ۔

Noisiness : (n) پُر شور ہونا ؛ دنگئی پن ؛ ٹیپ ٹاپ ؛ شورش ؛ شور و شغب۔

Noisome : (a) (۱) مضر ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں ؛ نقصان دہ ؛

تکلیف دہ ؛ مخرب اخلاق ۔ (۲) بدبو ؛ ناگوار بو ؛ ناخوشگوار ؛ نا مرغوب ؛ کریہہ ؛ بدبودار ؛ متعفن ۔ (۳) قابل اعتراض ؛ ناگوار ؛ نامعقول ؛ ناشائستہ ۔

Noisomely : (adv.) ناگواری سے ؛ کراہت سے ؛ نا پسندیدگی سے ؛ نقصان دہ طریقہ سے ۔

Noisomeness : (n) ناخوشگواریت ؛ ناپسندیدگی ؛ مضرت رسانی ؛ متعفن ہونا ؛ نامعقولیت ؛ ناشائستگی ۔

Noisy : (a) (۱) شور کرنے والا ؛ غُل مچانے والا ؛ پُر شور ۔ (۲) دنگئی ؛ فسادی ۔ (۳) شوخ (رنگ) بھڑک دار (پوشاک) ؛ حد سے زیادہ رنگین ؛ طمطراق کی (عبارت) ؛ ٹیپ ٹاپ کی ۔

Nold (e) : (v) انکار کرنا ؛ نا رضامند ہونا ۔

Nolens volens : (adv.) چار و ناچار ؛ جبراً قہراً ؛ طوعاً کرہاً ؛ خواہی نہ خواہی ۔

Noli me tangere : (n) (۱) ایک قسم کا ناسور ۔ (۲) حضرت مسیح کی وہ تصویر جو مریم ماڈلین کی قبر میں نظر آئی تھی ۔ (۳) دور ؛ خبر دار ؛ دور باش ۔ (٤) (نباتیات) ایک قسم کا بلسان جس کا بیج پکنے کے بعد باہر آجاتا ہے ۔ (٥) وہ شخص یا چیز جس پر یا جس میں دست اندازی جائز نہیں ۔

A noli me tangere manner : ایسا انداز کہ کسی کو قریب جانے کی ہمت نہ ہو ۔

Carries a noli me tangere in his face : اس کے چہرے پر لکھا ہوا ہے "دور باش" ۔

Nolina : (n) امریکا کا ایک پودا ۔

Nolition : (n) نارضامندی Volition کا متضاد ۔

Noll : (n) (مقامی) چندیا ؛ سر ؛ کھوپڑی ۔

Nolle prosequi : (n) (۱) (قانون) دست برداری مدعی یا مستغیث کی ۔ (۲) دست برداری مقدمہ کے کلی یا جزوی دعویٰ سے ۔ (۳) التوائے کاروائی ؛ التوائے مقدمہ ۔ (٤) اندراج دست برداری یا التوائے مقدمہ ۔

Nolt : (n) مویشی ؛ بَیل ؛ (مجازاً) بے وقوف ۔

Nom : (n) غیر حقیقی یا فرضی نام ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Nom de guerre : (n) جنگی نام ؛ قلمی نام (وہ فرضی نام جو کوئی شخص لڑائی میں ، کھیل میں یا اپنی تصانیف میں اختیار کرتا ہے) ۔

Nom de plume : (n) قلمی نام ؛ تصنیفی نام ؛ تخلص ؛ (فرضی نام جو تصانیف میں اختیار کیا جائے) ۔

Noma : (n) (مرضیات) گال اور ہونٹ میں ہونے والا ناسور دار قرحہ (خاص کر بچوں کے گال پر ہوتا ہے) ؛ سرطان دہن ؛ گوشت خورہ ۔

Nomad : (n) (۱) خانہ بہ دوش ؛ بدوی (وہ قوم جو چراگاہ کی تلاش میں صحرا بہ صحرا پھرتی ہے) ۔ (۲) آوارہ گرد جیسی زندگی بسر کرنے والا شخص ۔

Nomad : (a) (۱) آوارہ گرد ؛ سیاحت پسند ۔ (۲) آوارہ گرد قوم کا ۔

Nomade : (n) دیکھو Nomad

Nomadic/-al : (n) خانہ بہ دوش قوم کا ؛ بدوی قوم کا ؛ خانہ بہ دوش یا صحرا نورد جیسی زندگی گذارنے والا ۔

Nomadically : (adv.) خانہ بدوشانہ ؛ بدویانہ ۔

Nomadism : (n) خانہ بہ دوشی ؛ بدویت ؛ صحرا نوردی ؛ بادیہ پیمائی ۔

Nomadize : (v) خانہ بہ دوش ہونا ؛ صحرا نوردی کرنا ؛ بادیہ پیمائی کرنا ؛ خانہ بہ دوشوں کی طرح رہنا یا گھومنا ۔

Nomarch : (n) (۱) قدیم مصر کے ٣٦ علاقوں میں سے ایک کا حاکم یا گورنر ۔ (۲) جدید یونانی شہنشاہیت کا گورنر ۔

Nomarchy : (n) جدید یونان کے منقسم صوبوں میں سے کوئی ایک صوبہ ۔

Nombril/- point : (n) (نقابت) سپر کا وہ نقطہ جو اصلی مرکز اور زیریں نقطہ کے درمیان واقع ہوتا ہے ؛ سپر کا مرکزی نقطہ۔

Nome : (n) قدیم مصر کے ۳٦ علاقوں میں سے ایک۔

Nome : (n) قدیم یونان کا ایک نغمہ یا گیت۔

Nomen/Nomina : (n) نام ؛ اسم۔

Nomenclative : (a) تسمیہ کے متعلق ؛ اصطلاحات علمیہ کا۔

Nomenclator : (n) (١) (قدیم روما) وہ غلام یا متوسل جس کا کام یہ تھا کہ وہ مالک کو آنے والوں کے نام بتائے یا دعوت میں لوگوں کو اپنی اپنی جگہ پر بٹھائے ؛ حاجب۔ (٢) چیزوں کے لئے نام رکھنے والا خصوصاً قدرتی چیزوں کی درجہ بندی میں۔ (٣) وہ جو کسی دوسرے شخص کو مہمانوں کے نام بتاتا ہے۔ (٤) نام وضع کرنے والا ؛ اشیاء کو خاص خاص ناموں کے تحت رکھنے والا۔ (٥) (تاریخ) اسم خواں۔ (٦) (حیاتیات) نام دہندہ۔

Nomenclatural : (a) نام گزاری سے متعلق ؛ نام زدہ ؛ نام رکھا ہوا۔

Nomenclaturally : (adv.) نام گزاری کے طور پر۔

Nomenclature : (n) (١) (شاذ) نام ؛ لقب ؛ خطاب۔ (٢) ناموں کی فہرست یا تفصیل ؛ نظام تسمیہ ؛ نام رکھنے کا اصول ؛ اصطلاحات علمیہ ؛ نام مالا۔ (٣) باقاعدہ یا با اصول تسمیہ۔ (٤) مقامات ، ضلع یا علاقے کے رکھے ہوئے یا رکھے جانے والے اجتماعی نام۔ (٥) فہرست ؛ رجسٹر۔

Suggestive nomenclature : ایمائی تسمیہ۔

Nomenclature : (v) نام رکھنا یا لقب دینا۔

Nomeristic : (حیوانیات) متعدد حلقوی۔

Nomia : (n) شہد کی مکھیوں کی ایک قسم یا جنس۔

Nomial : (a) (ریاضیات) واحدی ؛ یك رقمہ۔ (معاشیات) صوّری ؛ عرفی۔

Nomic : (a) یونانی موسیقی کی خصوصیت رکھنے والا یا اس سے متعلق۔

Nomic : (a) (١) مروجہ ؛ عام ؛ روایتی۔ (٢)قانونی ؛ جائز۔

Nominal : (a) (١) اسمی؛ اسم کے متعلق۔ (٢) نام کے متعلق ؛ فرضی ؛ غیر حقیقی ؛ غیر واقعی۔ (٣) برائے نام ؛ نام کا۔ (٤) اسم وار ؛ نام بہ نام۔ (٥) نام کے ساتھ کسی شخص کو دیا ہوا۔ (٦) صوری ؛ عرفی۔

Nominal : (n) (١) (موسیقی) ایک آہنگ جو زیر و بم کی مناسبت سے نام زد کیا جائے۔ (٢) وہ شخص جو حقیقت میں نہ ہو مگر نام کے طور پر موجود ہو۔

Nominal capital : (n) (معاشیات) منظور شدہ سرمایہ۔

Nominal definition : (n) تعریف اسمی ؛ تعریف لفظی ؛ وہ تعریف جس میں چیز کے نام کی کل خصوصیات آجائیں۔

Nominal list : (n) اسم وار فہرست۔

Nominal value : (n) (معاشیات) نامزدہ قیمت ؛ عرفی قیمت ؛ مساوی قدر۔

Nominal wages : (n) (معاشیات) ظاہری اجرت ؛ معمولی اجرت۔

Nominalism : (n) (١) (فلسفہ) اسمیت (فلسفہ کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے وہ حقیقی وجود نہیں رکھتے) ؛ فلسفہ صوری ؛ انکار مجردات ؛ اسمائیت ؛ صوّریت۔ (٢) عمرانیات کا نظریہ جس کی رو سے سماج محض موقع شناس افراد کا مجموعہ ہے اور اس کی کوئی معاشرتی حقیقت نہیں ہے۔

Nominalist : (n) اسمیت پسند ؛ حامی اسمیت ؛ طرف دارِ فلسفہٴ صوّری ؛ منکر مجردات ؛ اسمی ؛ جو اسمیت کے اصول کو مانتا ہے۔

Nominalistic : (a) اسمیت کے متعلق ؛ اسمیانہ ؛ قابل اسمائیت۔

Nominalistically : (adv.) اسمائیت کے لحاظ سے اسمیانہ۔

Nominalize : (v) اسم میں منتقل کرنا یا اسم کی طرح استعمال کرنا ۔

Nominally : (adv.) برائے نام ؛ محض نام کے لئے ۔

Nominate : (a) (۱) خاص نام والا ؛ مخصوص نام بتانے والا ۔ (۲) نامزد کیا ہوا ؛ مقرر کیا ہوا ۔

Nominate : (v) (۱) موسوم کرنا ؛ نام زد کرنا ؛ نام لے کر ذکر کرنا ؛ نام اور لقب کے ساتھ پکارنا ؛ (تاریخ اور مقام) مقرر کرنا ؛ تعین کرنا ؛ نام لینا ؛ یا نام کے ساتھ تصریح کرنا ۔ (۲) نام زد کرنا ؛ نام تجویز کرنا (عہدے وغیرہ کے لئے) ۔ (۳) نام لے کر کسی شخص کو کسی عہدہ یا کام پر متعین یا مقرر کرنا ۔ (٤) کسی کا نام مناسب امیدوار یا آدمی کے طور پر انتخاب کے لئے درج کرنا ۔ (٥) ریس میں (گھوڑے کو) داخل کرنا ۔ (٦) جفتی کے لئے کوئی خاص سانڈ یا گھوڑا منتخب کرنا ۔

Nominately : (adv.) نام سے ۔

Nominatim : (adv.) نام سے ؛ واضح طور پر ۔

Nomination : (n) (۱) نامزدگی؛ نام گزاری؛ تسمیہ ۔ (۲) حق نامزدگی؛ اختیار نامزدگی کسی عہدے یا کام کے لئے ۔ (۳) (سیاسیات) نام زد گی ۔ (٤) انتخاب میں ایک امیدوار کی حیثیت سے کسی کا نام تجویز کرنے کا عمل یا حق ۔ (٥) منتخب ہونے کی حقیقت ۔ (٦) نام دیا جانا ؛ کسی نام سے ملقب ہونا ۔

To put in monination : نام زد کرنا ؛ متعین کرنا ؛ لقب یا خطاب سے پکارنا ۔

Nomination roll : (n) (سیاسیات) فرد نامزدگی ۔

Nominatival : (a) نام زدگی کا ؛ نام زد شدہ ؛ نام زدگی کے ذریعہ مقرر کیا ہوا ۔

Nominative : (a) (۱) (قاعدہ) فاعلی ؛ حالت فاعلی ؛ یقین شدہ ؛ منصوب ۔ (۲) حالت فاعلی کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) نامزد کیا ہوا ؛ نام زدگی سے مقرر کیا ہوا ؛ کسی آدمی کے نام پر نام زد ۔

Nominative : (n) حالت فاعلی کی ایک شکل ؛ کسی فعل کا فاعل ؛ حالت فاعلی ؛ حالت فاعلیت ۔

Nominative absolute/-independent : (n) مطلق فاعلی حالت ۔

Nominative of address : (n) حالت ندائیہ ۔

Nominatively : (adv.) حالت فاعلی کے طور پر ۔

Nominator : (n) (۱) کسی عہدہ یا انتخاب کے لئے کسی کو نام زد کرنے والا ؛ نام زد کنندہ ؛ یقین کنندہ ۔ (۲) وہ شخص جس کے نام پر کوئی گھوڑا ریس میں شامل ہو ۔

Nominatum : (n) علامت ؛ لفظ یا کسی اصطلاح کے ذریعہ کوئی شے موسوم ہو ۔

Nominee : (n) نام زد ؛ نام زد شخص ؛ نمائندہ ؛ تعین شدہ ؛ وہ آدمی جسے وظیفہ وغیرہ کے لئے نام زد کیا جاتا ہے ؛ جو کسی عہدہ اور منصب کے لئے نام زد ہو ۔

Nominy : (n) (۱) (روز مرہ برطانیہ) بے چیدہ تقریر ۔ (۲) بکواس ؛ بے سروپا گفتگو یا داستان ۔

Nomism : (n) شرع ؛ شریعت ؛ قانونیت ؛ کردار کی مذہبی یا اخلاقی بنیاد ۔

Nomistic : (a) شرعی ؛ اخلاقی قانون پر مبنی یا اس کے موافق ۔

Nomo - : جزو ترکیبی بمعنی "عرف" "قانون" ۔

Nomocracy : (n) (۱) شرعی حکومت ؛ قانون شاہی ؛ وہ حکومت جو قانون کی بنا پر ہو ۔ (۲) کسی طبقہ میں قانون کی حکومت ۔

Nomogenesis : (n) نظریہ ارتقا جو ارتقائی تغیرکو نامیاتی فطرت کے بنیادی منظم ترتیب کا نتیجہ قرار دیتا ہے اور ماحولی اثرات کو نظر انداز کرتا ہے ۔

Nomogeny : (n) (حیوانیات) طبیعی تخلیق ۔

Nomographer : (n) قانون گزار ؛ قانون نگار ؛ مؤلف ؛ مصنف ؛ قانون ساز ؛ ماہر قوانین ؛ تدوین قانون کرنے والا ؛ تدوین قانون کا ماہر ؛ قانون سازی کا ماہر ۔

Nomographic : (a) قانون کی کتاب سے متعلق ۔

Nomography : (n) (۱) قانون گزاری ؛ قانون ؛ تدوین قانون ؛ قانون نویسی ؛ قانون نگاری ۔ (۲) رسالہ' قوانین ۔ (۳) منطق قوت ارادی ۔ (٤) قانون کا بیان تحریری شکل میں ۔

Nomological : (a) علم قانون سے متعلق ؛ قانونی ؛ قانون جیسا ۔

Nomology : (n) (۱) قواعد ذہنی کا علم ؛ علم نباتیات کا وہ حصہ جو عضویاتی تبدیلیوں کے قوانین کے متعلق ہے ۔ (۲) استقرائی علم قانون یا قانونیات ۔ (۳) منطق استقرائی ۔

Nomothetic/-al : (a) (قانون) قانون ساز ؛ واضع قانون ؛ کلیاتی ۔

-nomy : لاحقہ بہ معنی "اصول و قواعد" مثلاً Autonomy ۔ Economy ۔

Non : مختلف لاطینی محاوروں کا پہلا لفظ ۔

Non- : ایک سابقہ جو not کا مرادف ہے ، جن الفاظ کے پہلے آتا ہے ان میں نفی کے معنی پیدا کر دیتا ہے ، یہ سابقہ اسمائے افعال سے پہلے حسب ذیل معنی دیتا ہے : (۱) ترک فعل ؛ احتراز فعل ۔ (۲) اسمائے تشخیص سے پہلے "غیر" کے معنی میں ۔ (۳) اسمائے توصیفی سے پہلے "لا" کے معنی میں یعنی تعلق نہ رکھنے والا ۔ (٤) صفات سے پہلے "غیر" یا "لا" کے معنی میں ۔ (٥) بعض صفات سے پہلے نفی کے معنی میں نہیں بلکہ بے تعلقی کے معنی میں اردو میں لا سے یہ معنی بھی پیدا ہوتے ہیں مثلاً Non-effective ۔ (٦) Adverb سے پلے "بے" "بلا" "بغیر" کے معنی میں جیسے Non-Contentiously وغیرہ ۔

Non-/-nona : جزو ترکیبی بہ معنی نواں ؛ نو ۔

Non-ability : (n) (۱) نا قابلیت ؛ نالائقی ؛ معذوری ؛ مجبوری ۔ (۲) قانونی ناقابلیت ؛ خاص کر مقدمہ ؛ قانونی حیثیت سے شروع کرنے میں مجبوری ؛ معذوری ۔

Non-absorbent : (a) (کیمیا) غیر جاذب ۔

Non-access : (n) عدم امکان مباشرت شوہر کی غیر موجودگی کی وجہ سے ؛ (قانون) نارسائی ۔

Non-agreement : (n) عدم مصالحت ۔

Non-agricultural : (a) غیر زرعی ؛ زراعت سے الگ ۔

Non-alignment : (n) غیر جانبداریت ؛ ناوابستگی ۔

Non-appearance : (n) (قانون) عدم حاضری (خاص کر کسی عدالت میں) بہ حیثیت ایک فریق (مقدمہ) یا گواہ ؛ ایسی حاضری میں غفلت ؛ عدم پیروی ؛ غیر حاضری ۔

Non-aquatic : (a) غیر آبی ۔

Non-arcking/-arcing : (a) (بجلی) (دھات) والئیک ارک نہیں بنانے والا ۔

Non-assumpsit : (n) (قانون) ایک قسم کی عذر داری جواب دہی یا ضمانت کے سلسلہ میں جس کے ذریعہ مدعا علیہ کی قسم کے وعدہ یا ذمہ داری سے انکار کرتا ہے ۔

Non-attention : (n) (نفسیات) عدم توجہی ۔

Non- availability : (n) عدم دستیابی ۔

Non avenu : (a & n) غیر واقع شدہ ؛ جس کی نسبت فرض کر لیا جائے کہ واقع نہیں ہوا ؛ کالعدم ۔

Non-bailable : (a) ناقابل ضمانت ۔

Non-bank : (a) بینک کے علاوہ کسی دوسرے ذریعہ سے ہونے والا ۔

Non-being : (n) خلا ؛ عدم وجود ؛ معدوم ۔

Non-belligerent : (a & n) غیر مصافی (ملک) ۔

Non-cereal : (a) غیر حبوبی ۔

Non-centric : (a) غیر مرکزی ۔

Non-claim : (n) (قانون) قانونی طور پر مقررہ مدت کے اندردعویٰ پیش کرنے میں ناکامی یا اس میں غفلت ؛ عدم ادعا ؛ لادعویٰ ۔

Non-coll : (a) (روز مرہ) Non collegiate کا مخفف ۔

Non-collegiate : (a) (۱) کسی کالج کا نہیں ؛ کالج سے غیر وابستہ طلبہ کی جماعت کا ؛ (یونیورسٹیوں میں) کسی کالج یا ہال سے غیر وابستہ ؛ عارضی طور پر یونیورسٹی کا ؛ جامعاتی نظام سے غیر وابستہ ؛ وہ طالب علم جو کسی کالج سے وابستہ نہ ہو۔ (۲) وہ جامعہ جس میں کالج نہ ہوں۔

Non-collegiate : (n) جس نے کسی کالج میں تعلیم و تربیت نہیں پائی ہو ؛ وہ جامعہ جس میں کالج نہ ہو ؛ غیر تدریسی جماعت کا رکن۔

Non-com : (بول چال) Non-commissioned officer کا مخفف۔

Non-combatant : (n) غیر محارب ؛ غیر فوجی لوگ ؛ وہ جس کا کام جنگ میں لڑنا نہ ہو۔

Non-commissioned : (a) (۱) غیر کمیشن والا بے کمیشن (افسر)۔ (۲) غیر درجہ دار (افسر)۔

Non-commissioned officer : (n) غیر کمیشن عہدہ دار ؛ بے کمیشن افسر۔

Non-committal : (n) کسی خاص نظریے کے اعتراف سے یا راہ عمل سے انکار ؛ اپنے آپ کو پابند نہ کرنا ؛ قطعی رائے نہ دینا۔

Non-committal : (a) غیر معترف ؛ مبہم ؛ محتاط ؛ غیر فیصلہ کن ؛ کسی بات کا خود کو پابند نہ کرنے والا ؛ کسی طرف سے قطعی رائے نہ دینے والا۔

Non-committal answer : (n) غیر فیصلہ کن جواب ؛ ایسا جواب جس میں کسی پہلو کی قطعی حمایت نہ ہو۔

Non-committally : (adv.) غیر معترف یا غیر پابند ہو کر؛ کسی طرف قطعی رائے نہ دے کر ؛ ابہام کے ساتھ۔

Non-communicant : (n) غیر جماعتی ؛ وہ شخص جو جماعت کے ساتھ عبادت نہ کرتا ہو ؛ جماعت سے نماز نہ پڑھنے والا ؛ وہ شخص جس نے انگلیسی کلیسا کی رسومات کے مطابق عبادت نہیں کی ؛ عشائے ربّانی میں شرکت نہ کرنے والا شخص ؛ عشائے ربانی کا تارک۔

Non-communicating : (n) عشائے ربّانی میں عدم شرکت۔

Non-compliance : (n) عدم تعمیل۔

Non-compos : (n) Non composmentis کا مخفف۔

Non-composmentis : (a) دیوانہ ؛ قوت ادراک سے محروم ؛ غیر صحیح الدماغ ؛ پاگل ؛ باؤلا۔

Non-compounder : (n) وہ جو کسی چیز میں شریک یا شامل نہ ہو ؛ (تاریخ) جیکوبائیٹ کا طبقہ جو انگلینڈ کے جیمس دوم کو بغیر کسی شرط کے دوبارہ تخت نشین کرنا چاہتا تھا۔

Non-con : Nonconcormist کا مخفف۔

Non-concur : (v) نارضامندی کرنا ؛ اتفاق کرنے سے انکار کرنا۔

Non-condensing : (a) غیر تکثیفی انجن سے متعلق۔

Non-condensing engine : (n) غیر تکثیفی ؛ وہ اسٹیم انجن جس میں بخار کو سیال بنانے کا آلہ نہ ہو بلکہ وہ صرف شدہ اسٹیم کو فضا میں خارج کر دیتا ہو۔

Non-conductibility : (n) غیر موصل ہونے کی صفت یا حالت ؛ غیر موصلیت۔

Non-conducting : (a) جو حرارت یا برق کو منتقل نہ کر سکتا ہو ؛ غیر موصل ؛ غیر بادی۔

Non-conduction : (n) غیر موصل ہونا ؛ غیر بادی ہونا۔

Non-conductivity : (n) غیر موصلیت۔

Non-conductor : (n) (طبیعیات) غیر موصل ؛ غیر بادی۔

Non-confidence : (n) عدم اعتماد۔

Non-conform : (v) موافقت نہ کرنا۔

Non-conformance : (n) عدم مطابقت ؛ عدم موافقت۔

Non-conforming : (a) غیر مقلد ؛ کلیسا کے اصول و ضوابط سے منحرف ؛ سماج کے مروجہ اصول و رسوم کا مخالف یا منحرف۔

Non-conformism : (n) عدم موافقت کا اصول ؛ کلیسا کے اصول و ضوابط سے انحراف۔

Non-conformist : (a) دیکھو Non conforming

Non-conformist : (n) (۱) غیر مقلّد ؛ وہ پروٹسٹنٹ عیسائی جو کلیسائے انگلستان کا رکن نہ ہو ؛ غیر مقلد پروٹسٹنٹ۔ (۲) ایک مذہبی جماعت ـــ جو کلیسائے انگلستان سے علیحدہ ہو ؛ اس جماعت کا رکن۔ (عام) جو کسی کلیسا کے اصول و ضوابط کو نہیں مانتا ؛ سماج کے اصول و رسوم سے منحرف۔

Non-conformity : (n) (۱) کلیسا کے مقررہ اصول و ضوابط کی اتباع سے انکار۔ (۲) پروٹسٹنٹ غیر مقلدوں کا عقیدہ، عمل یا ان کی جماعت ؛ کسی اصول ، قاعدہ اور ضابطہ کو تسلیم کرنے سے انکار یا اس کا فقدان۔ (۳) عدم تقلید۔ (٤) عدم تعمیل۔ (٥) عدم مطابقت ؛ عدم موافقت ؛ عدم ہم آہنگی۔

Non-conjunction : (n) غیر جفتی۔

Non-conscious : (a) (نفسیات) غیر شعوری ؛ غیر ہوش مند ۔

Non-contagion : (n) (طب) عدم سرایت ؛ عدم واگیری ؛ غیر معتدی ہونے کی حالت۔

Non-contagious : (a) (۱) غیر متعدی ۔ (۲) غیر مُسری ۔

Non-content : (n) وہ شخص جو دارالامراء میں کسی تجویز کے خلاف رائے دے ؛ منفی رائے دینے والا ؛ وہ جو راضی نہ ہو۔

Non-contradiction : (n) (منطق) عدم تردید ؛ عدم تناقض عدم تضاد؛ غیر تضاد ۔

Non-cooperate : (v) تعاون نہ کرنا ؛ عدم تعاون کرنا ۔

Non-cooperation : (n) عدم تعاون ؛ تحریک عدم تعاون۔

Non-cooperative : (a) عدم تعاون کا یا والا ۔

Non-disjunction : (n) ناعلاحدگی۔

Non-dollar : (a) (۱) ایسا علاقہ جہاں ریاستہائے متحدہ امریکا کا ڈالر لین دین کے لئے استعمال نہیں ہوتا اور جہاں کے سکے عموماً ڈالر میں بدلے نہیں جاتے ۔ (۲) غیر ڈالری ۔

Non-dormant : (a) اُگنے والا ؛ غیر خوابیدہ ؛ غیر ساکت ؛ غیر نائم۔

Non-smoker : (n) وہ جو دھواں نہیں چھوڑتا ہے ؛ وہ جو سگریٹ وغیرہ نہیں پیتا ہے ؛ (نیز) وہ ریل گاڑی جس میں سگریٹ وغیرہ پینا ممنوع ہو۔

Non-dualism : (n) (۱) قدیم برہمنیت کا اصول کہ تمام اشیاء کی وحدت حقیقی ہے جبکہ ثنویت اور کثرت فریب مظاہر ہیں اور مادہ صرف مادی توانائی ہے جو تمام اشیاء کی داخلی کیفیت کے غیر جسمانی و روحانی اصل کا عارضی اظہار ہے ۔ (۲) کائنات کے مختلف ثنوی نظریات میں سے کوئی ایک ؛ نظریہ ثنویت ۔

Non-durables/-durable goods : (n) (۱) صارفین کے سامان (جیسے غذا ، تیل ، کیمیاوی مصنوعات وغیرہ) جو نسبتاً تھوڑے وقت کے لئے خدمات انجام دیں اور جو ایک بار استعمال سے ختم ہو جاتے ہیں۔ (۲) ناپائیدا یا نا پائیدار سامان۔

Non-economic : (a) غیر اقتصادی ؛ اقتصادی اہمیت سے بے گانہ ۔

Non-effective : (a) (۱) غیر مؤثر؛ ناکارہ ۔ (۲) فوجی یا بحری خدمات کے لئے نااہل ؛ جس نے ہنوز محاذ جنگ پر کام کرنے کی سند نہ پائی ہو ؛ غیر سند یافتہ ؛ نااہل۔ (۳) غیر مؤثر ہونے سے متعلق۔

Non-effective : (n) سپاہی یا کشتی راں جو نااہلیت کی بنا پر دستیاب نہ ہو۔

Non-ego : (n) (فلسفہ) (ما بعدالطبیعیات) غیرانا ؛ ماسوائے انا ؛ معروضی انا کے سوائے تمام مخلوق۔

Non-egoistical : (a) غیر انا کا ؛ ماسوائے انا کا ۔

Non-elastic : (a) غیر لچک دار ؛ غیر لوچ دار ۔

Non-electric : (n) غیر برقی۔

Non-electrolyte : (n) ایک ایسی شے جیسے چینی یا بنزین) جس پر برقانے کا کوئی خاص اثر نہیں ہوتا اور اس لئے یہ بجلی کا بہت ہی معمولی موصل ہوتی ہے ؛ ایک غیر قطبی شے -

Non-ent/-ens : (n) ایسی شے جو موجود نہ ہو؛ غیر موجود شے -

Non-entanglement : (n) ناوابستگی ؛ متعلق ہونے سے علاحدگی -

Non-entitative/-entitive : (a) غیر موجود -

Non-entity : (n) (۱) عدم ؛ نیستی - (۲) معدوم ؛ لاشے فرضی یا خیالی چیز - (۳) بے حقیقت شے ؛ لاشے محض ؛ غیر اہم شے یا شخص ؛ صفر -

Non-entry : (n) عدم ورود ؛ عدم دخول -

Non-essential : (a) غیر ضروری ؛ غیر اہم -

Non-essential : (n) وہ چیز جو ضروری نہیں یا بہت اہمیت کی حامل نہیں ؛ غیر ضروری شخص یا شے -

Non est : دیکھو Next

Non est inventus : (n) "وہ نہیں ملا" : (قانون) شیرف کا مقدمہ کے سلسلہ میں جواب جبکہ مدعا علیہ اس کے علاقہ میں موجود نہیں ہو -

Non-Euclidean/-ian : (n) (۱) (ہندسہ) غیر اقلیدسی ؛ وہ شخص جو ہندسہ کے کسی مسئلہ میں اقلیدس کی تقلید نہ کرے -

None-existence : (n) نیستی ؛ عدم ؛ نابودی ؛ لاوجود ؛ معدوم شے -

Non-existent : (a) لاوجود ؛ غیر موجود -

Non-existent : (n) معدوم ؛ نیست ؛ شے جس کا کوئی وجود نہ ہو -

Non-extant : (a) گم یا برباد ہو جانے سے غیر دستیاب -

Non-feasance : (n) ترک فعل ؛ جو کام (قانوناً) فرض ہے اس کو ترک کرنا ؛ غفلت -

Non-ferrous : (a) غیر آہنی ؛ ایسی دھاتوں سے متعلق جو آہنی نہیں -

Non-fibrous : (a) غیر ریشہ دار -

Non-fiction : (n) ادبی تصنیفات جو ناول اور افسانوں کے علاوہ ہوں -

Non-figurative : (a) تجریدی ؛ غیر معروضی -

Non-flammable : (a) غیر مشتعل ؛ جو آگ میں آسانی سے نہ جلے ؛ شعلہ ناپذیر ؛ نسوز ؛ ناقابل احتراق -

Non-flowering : (a) پھول نہ لگنے والا ؛ بے پھول والا -

Non-grata : (a) ناپسندیدہ ؛ ناخواندہ ؛ بُرا -

Non-gremial : (n) غیر مقیم رکن (کیمبرج یونیورسٹی کا) -

Non-human : (a) غیر انسانی ؛ جسے نوع انسانی سے تعلق نہ ہو -

Non-importation : (n) (۱) در آمد میں غفلت یا انکار - (۲) دوسرے ملک سے در آمد کو روک دینا یا ممانعت کر دینا -

Non-importation agreement/- act : (n) ایسے قوانین یا معاہدے سے متعلق جن کی رو سے امریکی نو آبادیاتی حکومتوں نے ۱۷۶۸ء-۱۷۷۴ء تک برطانیہ عظمی اور اس کے نو آبادیات سے در آمدات پر پابندی عائد کر دی تھی -

Non-intercourse : (n) عدم مباشرت ؛ عدم معاملہ ؛ عدم تعلق ؛ (امریکن تاریخ) ۱۸۰۹ کا قانون جس کے تحت فرانس اور برطانیہ کے جہازوں کو امریکی بندرگاہ میں داخل ہونے کی ممانعت تھی -

Non-interference : (n) عدم مداخلت ؛ مداخلت سے انکار خاص کر سیاست میں -

Non-intervention : (n) عدم مداخلت ؛ بین الاقوامی سیاست میں منظم عدم مداخلت ؛ ایک ملک کا دوسرے ملک کے معاملات میں دخل نہ دینا -

Non-intrusion : (n) عدم دخول خاص کر اسکاچستان کے کلیسا میں -

Non-involvement : (n) مداخلت کرنے سے انکار یا اس کی حالت ؛ مداخلت ؛ عدم شمولیت ۔

Non-ionic : (a) قطبی ۔

Non-irrigated : (a) غیر سیراب ۔

Non-joinder : (n) (قانون) عدم شرکت (مقدمہ میں) عدم شمولیت بہ حیثیت فریق ۔

Non-jurancy : (n) (۱) Non-Juror ہونے کی حالت ۔ (۲) Non-jurors کا اصول ۔

Non-jurant : (a) Non-juror کی خصوصیات کا یا اس سے متعلق ۔

Non-jurant : (n) (تاریخ) وہ پادری جس نے ۱٦٨٩ء میں ولیم اور میری کی وفاداری کا حلف لینے سے انکار کر دیا تھا ؛ حلف سے انکار کرنے والا (خصوصاً وفاداری کے) ۔

Non-juring : (a) (تاریخ) حلف وفاداری لینے سے انکار کرنے والا ؛ Non-juror کی جماعت کا ۔

Non-juror/Nonjuror : (n) دیکھو Non-jurant

Non-jury : (n) ایسا مقدمہ جس میں جیوری کی ضرورت نہ ہو ؛ بلا جیوری (مقدمہ) ۔

Non-laying : (n) انڈے نہ دینے والی ۔

Non-legal : (a) غیر قانونی ۔

Non-legato : (adv. or adj.) موسیقی کی لہروں میں وقفہ کے ساتھ ۔

Non-legislative : (a) غیر قانون ساز ۔

Non-lethal : (a) غیر مہلک ۔

Non-life : (n) عدم حیات ۔

Non-linguist : (n) جو زبان کا ماہر نہ ہو ۔

Non-linguistic : (a) غیر لسانی ؛ خارجی زبان سیکھنے یا استعمال کرنے کی اہلیت نہ رکھنے والا ۔

Non-liquet : (n) غیر یقینی ہونے کی حالت بالخصوص قانون میں؛ روم کے جج کسی مشتبہ مقدمہ کے فیصلہ میں اس لفظ کو استعمال کرتے تھے ؛ کسی مشتبہ مقدمہ میں جیوری کا فیصلہ کہ مقدمہ کی کاروائی دوسرے دن تجویز کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

Non-liquid : (a) غیر مائع ۔

Non-literary : (a) غیر ادبی ۔

Non-literate : (a) (۱) ناخواندہ ؛ بے علم؛ ان پڑھ ۔ (۲) تحریری زبان کا فقدان ؛ معمولی صنعت و حرفت اور معمولی سماجی تنظیم کا حامل ۔

Non-literate : (n) ایسا شخص جس کی کوئی بھی تحریری زبان نہ ہو ؛ تحریری زبان سے ناواقف ۔

Non-living : (a) بے جان ؛ غیر جان دار ۔

Non-logical : (a) غیر منطقی جو عقلیت یا منطق پر مبنی نہ ہو ؛ جو بصیرت ، وجدان یا لا شعور پر مبنی ہو ؛ لا منطقی ۔

Non-luminous : (a) غیر تاباں ؛ غیر چمک دار ؛ جو روشن نہ ہو ۔

Non-magnetic : (a) غیر مقناطیسی ۔

Non-man : (n) غیر انسان ۔

Non-material : (a) غیرمادی ؛ روحانی ؛ تہذیبی ؛ ادرا کی ؛ جمالیاتی؛ تمدن کے ایسے پہلو سے متعلق جو زندگی کی بقا میں معاون نہ ہو ۔

Non-member : (n) غیر رکن ؛ جو رکن یا ممبر نہ ہو ۔

Non-member bank : (n) وہ بینک جو فیڈرل ریزرو سسٹم کا رکن نہ ہو ۔

Non-membership : (n) غیر رکنیت ؛ عدم رکنیت ۔

Non-metal : (n) غیر دھاتی عنصر ؛ وہ عنصر جو دھات میں نہیں ہے ؛ غیر فلزی عنصر ؛ وہ کیمیاوی عنصر (جیسے کاربن ؛ فاسفورس ؛ نائٹروجن ، آکسیجن ، سلفر ، کلورین ، آرگن) جو دھات میں شمار نہیں ہوتا کیونکہ اس میں دھات کی خصوصیات ظاہر نہیں ہوتیں۔

Non-metallic : (a) غیر فلزی ؛ غیر دھات کا ۔

Non-metallic : (n) کوئی معدنی شے یا کوئی دوسری قدرتی چیز جو دھات نکالنے کے لئے استعمال نہیں ہوتی۔

Non-migratory : (a) (حیوانیات) غیر مہاجر ؛ قیامی۔

Non-military : (a) غیر فوجی۔

Non-moral : (n) غیر اخلاقی ؛ جو اخلاق کی حد میں نہ آتا ہو ؛ جسے اخلاق سے تعلق نہ ہو ؛ لا اخلاقی ؛ اخلاقی شعور اور جبلت سے محروم۔

Non-morality : (n) غیر اخلاقیت۔

Non-natural : (a) (۱) غیر قدرتی ؛ غیر فطری ۔ (۲) غیر طبیعی ۔ (۳) جو فطری مفہوم کے مطابق نہ ہو ۔ (٤) وجدانی۔

Non-natural : (n) (جمع) (قدیم طب) چھ چیزیں جو صحت کے لئے ضروری ہیں مگر غلط استعمال سے یا ناگہانی طور پر مرض کا سبب بن جاتی ہیں جیسے ہوا ، گوشت اور مشروب ، سونا اور ٹہلنا ، حرکت اور آرام ، اخراج اور حبس و قبض ، ذہنی میلان یا چاہت ؛ ستّہ ضروریہ۔

Non-naturalism : (n) (۱) آرٹ کا ایک طرز جو فطری دنیا کی اشیاء و مظاہر کی ترجمانی سے گزیز کرتا ہے ؛ تجریدی طرز۔ (۲) ایک اخلاقی نظریہ جو فطرت پرستی کے برعکس ہے خصوصاً وجدانیت۔

Non-nuturalist : (n) غیر فطرت پرستی کا طرفدار ؛ غیر قدرتی کا حامی۔

Non-necessity : (n) غیر ضروری ہونے کی حالت ؛ ضروری نہ ہونا ؛ عدم احتیاج۔

Non-nobis : (n) زبور میں ابتدائی کلمات حمد ؛ خدا کی مرحمتوں پر تشکر ("ہماری کوششوں کا نتیجہ نہیں" فتح و نصرت کو خدا کی طرف منسوب کرنا ہو تو یہ فقرہ استعمال کرتے ہیں)۔

Non-normative : (a) جو معیار پر مبنی نہ ہو ؛ خارجی۔

Non-obedience : (n) عدم اطاعت ؛ اطاعت و حکم کی بجا آوری میں غفلت۔

Non-observance : (n) (قانون) عدم پابندی۔

Non-observation : (n) عدم مشاہدہ۔

Non-obstante : (n) (۱) (قانون) کسی دفعہ کے اول دو کلمات جو سابقاً قوانین اور اسناد شاہی میں استعمال ہوتے تھے جس کی رو سے کسی کو کسی ایسے کام کی اجازت ملتی تھی جو عام قوانین کے لحاظ سے ممنوع ہوتا تھا۔ (۲) استثنائے قانونی۔

Non-occupancy right : (n) حق غیر دخیل کاری۔

Non-occupancy tenant : (n) (قانون) غیر دخیل کار اسامی۔

Non-parallel : (a) غیر متوازی۔

Non-parasitic : (a) غیر طفیلی خصوصاً جو طفیلی جراثیم سے واقع نہ ہو۔

Non-partisan : (a) غیر جانبدارانہ ؛ خارجی ؛ معروضی ؛ واقعی۔

Non-partisan : (n) جانب دار شخص۔

Non-partisanship : (n) غیر جانب داریت۔

Non-party : (a) کسی سیاسی جماعت سے غیر ملحق ؛ جو سیاسی جماعتوں پر مبنی نہ ہو ؛ لافریقی جو سیاسی جماعت کے منشا سے علاحدہ ہو۔

Non-pathogenic : (a) جو مرض پیدا نہ کرے۔

Non-payment : (n) عدم ادائیگی ؛ ادائیگی میں غفلت ؛ ادا نہ ہونے کی حالت ؛ ادا نہ کئے جانے کی حالت۔

Non-performance : (n) (۱) عدم تعمیل ؛ عدم انجام ؛ انجام دہی میں غفلت۔ (۲) وعدے کو پورا کرنے میں غفلت یا ناکامی ؛ عدم ایفا (وعدہ)۔ (۳) انجام نہ دیئے جانے کی حالت۔

Non-periodic : (a) غیر مدتی۔

Non-perishable : (a) جو ڈبے میں بند ہو زیادہ دنوں تك ٹھیك رہنے کے لئے۔

Non-permanent : (a) غیر مستقل ؛ غیر دوامی؛ خصوصاً اقوام متحدہ کے چھ ریاستی ارکان میں سے کوئی ایك جو جنرل اسمبلی سے دو برس تك کی مدت کے لئے سلامتی کاؤنسل کے لئے منتخب ہوتے ہیں اور جو اپنی مدت صدارت کے معاً بعد انتخاب ثانی کے اہل نہیں ہوتے۔

Non-placet/Non placet : (n) لاطینی بہ معنی "میں اسے پسند نہیں کرتا" یونیورسٹی اور کلیسائی اسمبلیوں میں منفی ووٹ دینے کا دستور۔

Non-placet : (a) ایسی اسمبلیوں میں منفی ووٹ ؛ منفی رائے ؛ مخالف رائے۔

Non-placet : (v) (۱) کسی تجویز کے لئے منفی ووٹ دینا۔ (۲) کسی تجویز کو منفی ووٹ سے مسترد کر دینا۔

Non plus ultra : (n) دیکھو Neplus ultra

Non-poisonous : (a) غیر سمّی۔

Non-polar : (a) غیر قطبی ؛ شریك گرفتہ۔

Non-political : (a) غیر سیاسی ؛ جو سیاسی جماعتوں کے مسئلے سے غیر متعلق یا غیر متاثر ہو۔

Non-possumus : (n) ایك بیان یا جواب جس سے کسی معاملے میں عدم مداخلت سے معذوری کا اظہار ہو۔

Non-pregnant : (a) غیر حاملہ۔

Non-prescription drug/- medicine : (n) ایسی دوا یا ٹکیہ جو ڈاکٹر کے نسخہ کے بغیر خریدی جائے۔

Non-principled : (a) غیر اخلاقی۔

Non-productive : (a) (۱) غیر پیداواری۔ (۲) غیر تخلیقی۔

Non-professional : (n) غیر پیشہ وارانہ ؛ جو پیشہ ور نہ ہو۔

Non-progressive : (a) رجعت پسند ؛ غیر ترقی پسند۔

Non-proprietary : (a) غیر مالکانہ۔

Non pros : (n) (قانون) Non-prosequitor کا مخفف۔

Non-prosequitur : (n) مدعی کی عدم حاضری کی بنا پر اس کے خلاف مقدمہ کا فیصلہ۔

Non-prossed : (a) (قانون) غیر حاضری کی بنا پر مدعی کے خلاف مقدمے کے فیصلے یا مدعی کے متعلق۔

Non-protein : (n) غیر لحمیہ ؛ جو پروٹین نہ ہو۔

Non-proven : (a) جو دلیل سے ثابت نہ ہوا ہو۔

Non-provided : (a) غیر امدادی اسکول وغیرہ۔

Non-pungent : (a) کند۔

Non-regent : (n) پانچ سال یا پانچ سال سے کم کا ایم اے (آکسفورڈ اور کیمبرج)۔

Non-regent : (a) معزول شدہ ریجنٹ۔

Non-regulation : (n) (۱) (قانون) ہندوستان کے ان صوبوں کے متعلق جہاں معمولی قانون نافذ نہیں۔ (۲) ضوابط کے نا موافق۔

Non-religious : (a) (۱) غیر مذہبی ؛ سیکولر۔ (۲) بے مذہب۔

Non-representational : (a) تجریدی ؛ جو مظاہر فطرت یا خارجی

حقیقت کی نقالی نہ کرے ۔

Non-representative : (a) جو نمائندہ نہ ہو ؛ تجریدی ۔

Non-residence/-residency : (n) (۱) پادری کا حلقہ میں مقیم نہ ہونا؛ اپنے حلقہ یا عہدہ سے پادری کی غیر حاضری ۔ (۲) غیر اقامت پذیری ؛ غیر سکونت پذیری ۔

Non-resident : (a) (۱) غیر مقیم پادری ؛ وہ پادری جو اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے اپنے ٹھکانے پر نہ رہتا ہو ۔ (۲) مجرمانہ طور پر اپنی جاگیر سے غیر حاضر رہنے والا ۔ (۳) اپنے حلقہ میں نہ رہنے والا ؛ کسی خاص جگہ پر رہنے والا ؛ غیر مقیم ۔

Non-resident : (n) غیر مقیم شخص ؛ جو اپنے حلقہ میں نہ رہتا ہو ۔

Non-residential : (a) غیر اقامتی (خصوصاً کالج یونیورسٹی وغیرہ) ۔

Non-resistance : (n) عدم مقاومت ؛ (تاریخ) سترھویں صدی کا یہ اصول کہ حاکم کے حکم کی مخالفت نہ کی جائے خواہ وہ حکم ناجائز ہی کیوں نہ ہو ؛ عدم مقاومت کا اصول یا طریقہ کار ۔

Non-resistant : (n) عدم مقاومت کے اصول یا پروگرام پر عمل کرنے والا ؛ حاکم کے حکم کی مخالفت نہ کرنے والا ؛ اس خیال کا حامل کہ تشدد کا مقابلہ طاقت سے کبھی نہیں کرنا چاہئے ۔

Non-resistant : (a) عدم مقاومت کرنے والا ؛ ناقابل مقاومت ۔

Non-resisting : (a) حاکم کے حکم کی مخالفت نہ کرنے والا ؛ غیر مقاوم ۔

Non-revenue : (a) (۱) غیر مالیاتی ۔ (۲) حالیہ لگان سے الگ ۔

Non-rhythmic : (a) غیر ہم آہنگ ۔

Non-rigid : (a) گیس کے دباؤ سے شکل اختیار کرنے والا ۔

Non-sapiens : (a) ان ناپید انسانوں سے متعلق جو موجودہ انسان سے عموماً مختلف تصور کئے جاتے ہیں ۔

Non-school : (a) (۱) غیر اسکولی ۔ (۲) اسکول سے غیر وابستہ ۔

Non-scientific : (a) غیر سائنٹفک ؛ جو تحقیقات پر مبنی نہ ہو ؛ جو سائنس کے اصول یا طریقہ کار کے مطابق نہ ہو ۔

Non-scientist : (n) غیر سائنس داں ؛ جو سائنس سے بے بہرہ ہو ۔

Non-seasonal : (a) غیر موسمی ۔

Non-sectarian : (a) غیر فرقہ وارانہ ؛ جو کسی خاص فرقہ یا کسی مذہبی جماعت کے لئے مخصوص نہ ہو ۔

Non-segregated : (a) غیر علاحدہ شدہ ؛ جو الگ کیا ہوا نہ ہو ۔

Non-segregation : (n) بڑی جماعت یا حلقہ سے خصوصاً افراد یا گروہ کی غیر علاحدگی ۔

Non-selective : (a) غیر انتخابی ۔

Non-self-governing : (a) غیر خود مختار ؛ محکوم ۔

Non-sensitive : (a) غیر اثر پذیر ؛ غیر سریع التاثیر ۔

Non-sequitur : (n) غیر منطقی نتیجہ ؛ نتیجہ جو قضیوں سے اخذ نہیں ہوتا ۔

Non-settler : (n) گھریلو جانور (جیسے گائے) جو لگاتار گابھن نہ ہو ۔

Non-significant : (a) غیر اہم ۔

Non-sked : (n) ہوائی جہاز کی سروس جو باقاعدہ وقت کے علاوہ ہو اور کم کرایہ پر ہو ۔

Non-skid : (a) نہ پھسلنے والا (ٹائر وغیرہ) ۔

Non-smoker : (n) وہ شخص جو سگریٹ نہ پیتا ہو ۔

Non-social : (a) غیر سماجی ؛ غیر نوعی ؛ جو دوسروں سے تعلق نہ رکھے ۔

Non-society/-union/-unionist : جو کسی انجمن کا رکن نہ ہو ؛ غیر

جماعتی ؛ (وہ شخص) جو مزدوروں کی کسی انجمن کا رکن نہ ہو۔

Non-specialist : (n) جو کسی علم میں متخصص نہ ہو۔

Non-specific : (a) غیر مخصوص ؛ عام ؛ خصوصاً وہ کسی خاص وجہ سے پیدا نہ ہو۔

Non-staining : (a) بد رنگ نہ ہونے والا ؛ دھبا نہ پڑنے والا۔

Non-standard : (a) (۱) غیر مُعیاری۔ (۲) (زبان کے لئے) غیر فصیح ؛ قواعد ؛ تلفظ ؛ انتخاب لفظ میں تعلیم یافتہ جماعت سے الگ۔

Non-stock : (a) جو منافع کے لئے نہ ہو۔

Non-stop : (a) مسلسل ؛ کسی وقفہ کے بغیر ؛ بغیر مداخلت۔

Non stop : (adv.) بغیر کسی وقفہ کے۔

Non-subjective : (a) غیر داخلی ؛ معروضی۔

Non-subscriber : (n) (۱) ذمہ داری قبول کرنے سے انکار کرنے والا ؛ کسی عقیدہ سے انکار کرنے والا ؛ مرتد۔ (۲) چندہ ادا نہ کرنے والا ؛ نادہندہ (چندے کا)۔

Non-subscription : (n) حمایت یا تائید سے انکار ، مذہبی عقیدہ قبول کرنے سے انکار۔

Non-substantial : (a) (فلسفہ) غیر اصلی ؛ غیر حقیقی ؛ غیر واقعی۔

Non-substantialism : (n) دیکھو Nihilism ؛ یہ نظریہ کہ موجودات و مظاہر غیر حقیقی ہیں۔

Non-substantialist : (n) دیکھو Nihilist

Non-such : None such کا متبادل۔

Non-sugar : (n) ایک شے جو چینی نہیں ہے خصوصاً اگلیکون ؛ غیر شکری۔

Non-support : (n) مدد کا فقدان ؛ عدم حمایت۔

Non-surgical : (a) غیر جراحی۔

Non-syllabic : (a) غیر ہجائی ؛ کسی ہجا میں ایک مصوت کا دوسرے مصوت کے مقابلہ میں کم نمایاں ہونا۔

Non-technical : (a) غیر تکنیکی ؛ جو ٹیکنک یا ٹیکنیکل علوم سے متعلق نہ ہو ؛ کسی خاص پیشہ یا سائنس کی اصطلاح استعمال نہ کرنے والا ؛ عامی کے لئے قابل فہم زبان میں تحریر۔

Non-temporal : (n) غیر دینوی ؛ غیر زمانی ؛ غیر زمینی۔

Non-tenure : (n) (قانون) (قدیم) عدالت کی صحیح کاروائی کے جو اب میں مدعا علیہ کی یہ عذرداری کہ وہ کوئی زمین نہیں رکھتا۔

Non-toxic : (a) غیر سَمّی ؛ غیر زہر آلود۔

Non-traditional : (a) غیر روایتی ؛ جو روایت کے مطابق نہ ہو۔

Non-uniform : (n) جو یکساں نہ ہو ؛ غیر یکساں۔

Non-uniformist : (n) وہ شخص جس کا عقیدہ ہے کہ زمین کے اندر ایسے شدید انقلابات ہوئے ہیں جو اب ظہور پذیر نہیں ہوتے۔

Non-uniformity : (n) عدم موافقت ؛ عدم یکسانیت۔

Non union : (a) (۱) مزدوروں یا کاریگروں کی انجمن سے غیر وابستہ۔ (۲) مزدوروں کی انجمن سے غیر وابستہ لوگوں کا تیار کیا ہوا۔

Non-union : (n) انجمن کی کمی ؛ متحد نہ ہونا خصوصاً شکستہ ہڈی کے اجزاء کا متحد نہ ہونا۔

Non-unionism : (n) مزدوروں کی انجمن سے عدم وابستگی کا اصول؛ ایسے نظریات یا اصول یا طریقہ کار جو مزدوروں کی انجمن کی حمایت نہیں کرتا۔

Non-unionist : (n) جو مزدوروں یا کاریگروں کی انجمن سے غیر وابستہ ہو۔

Non-user : (n) (قانون) جو اپنے حق سے استفادہ نہ کرے ؛ جو حق سے استفادہ میں غفلت برتے ؛ جس کی وجہ سے حق باطل ہوجائے ۔

Non-user : (n) غیر صارف۔

Non-valent : (a) غیر گرفتہ ؛ صفر گرفتہ ۔

Non-vascular : (a) (تشریح) غیر عروقی ؛ رگوں سے محروم ؛ غیر رگ دار۔

Non-venomous : (a) غیر سمّی ؛ غیر زہر آلود ۔

Non-verbal : (a) غیر لفظی ؛ غیر زبانی ؛ جس میں زبان سے استفادہ کی ضرورت نہ ہو۔

Non-verbal test : (n) غیر لفظی امتحان ؛ زبانی امتحان۔

Non-viable : (a) (حیوانیات) ناقابل حیات ۔ (نباتیات) غیر ثابت ۔

Non-vintage : (a) بے تاریخ ؛ غیر مورّخ جو عموماً معیار کے مطابق ہو (خصوصاً شراب وغیرہ)۔

Non-violence : (n) عدم تشدد ؛ عدم تشدد کا نصب العین۔

Non-violent : (a) پرامن غیر متشدد ؛ جو تشدد سے نہ ہو۔

Non-volatile : (a) بے پروالی (چڑیا) ؛ ناپرآں ؛ نہ اڑنے والی ؛ جو اڑ نہ سکے ۔

Non-voluntary : (a) (نفسیات) غیر ارادی ؛ غیر رضاکارانہ ۔

Non-voluntary attention : (n) (نفسیات) غیر ارادی توجہ ۔

Non-voting : (a) ووٹ کا حق استعمال نہ کرنے والا ؛ جو ووٹ کا حقدار نہ ہو۔

Non-war : (n) غیر جنگی جو فوجی کاموں کے لئے نہ ہو۔

Non-worker : (n) (۱) کام نہ کرنے والا ۔ (۲)جو ملازمت نہ کرے ۔

Non-zero : (a) غیر صفر ؛ جس میں صفر واقع نہ ہو۔

Nonacademic : (a) (۱) غیر علمی ؛ غیر ادبی ۔ (۲) ٹیکنیکل ؛ پیشہ وارانہ ؛ عملی ۔ (۳) عملی زندگی ؛ فضا یا سرگرمی سے غیر متعلق ۔

Nonacceptance : (n) عدم قبولیت ؛ عدم منظوری ؛ عدم تسلیم ۔

Nonage : (n) مقررہ عمر سے کم عمر ہونے کی حالت ؛ کم عمری کی قانونی مدت ؛ ناپختگی ؛ ابتدائی منزل ؛ زمانہ نا بالغی ؛ مدت نابالغی (مجازاً بھی مستعمل)۔

Nonage : (n) متوفی کے منقولہ جائداد یا سامان کا نواں حصہ جو کبھی پادری کو دیا جاتا ہے ۔

Nonagenarian : (n) پیر نو عسالہ ؛ نوے سال کی عمر کا یا نوے اور سو کے درمیان کا بوڑھا ۔

Nonagenarian : (a) نوے یا تقریباً سو برس کا ۔

Nonagesimal : (a) (علم النجوم) تِسعینی ڈگری ؛ نوے ڈگری۔

Nonaggression : (n) عدم جارحیت۔

Nonagon : (n) (ہندسہ) نو زاویے والی ایک شکل ؛ نو ضلعی شکل۔

Nonane : (n) (کیمیا) ہائیڈرو کاربن (C9 H2o)۔

Nonaqueous : (a) پانی کے علاوہ کسی دوسرے مائع کی خصوصیت رکھنے والا ؛ پانی کے علاوہ کسی دوسرے مائع سے تیار شدہ یا اس کے ذریعہ تیار شدہ۔

Nonary : (a) (۱) (ریاضیات) (طریق شمار) تِسعی ؛ جس کا شمار دَہائی کی بجائے نو کے حساب سے کیا جائے ۔

Nonary : (n) نو کا مجموعہ ۔

Nonary scale : (n) پیمانۂ تِسعی۔

Nonassessment : (n) (اسناد) عدم التشخیص۔

Nonce : (n) موقع، وقت یا موقع ؛ مورد خاص۔

At the very nonce : اسی موقع پر، اسی وقت۔

For the nonce : (روز مرہ) صرف ابھی کے لئے ؛ فی الحال۔

Nonce use : (n) خاص وقتی استعمال۔

Nonce word : (n) وہ لفظ جو محض ایک موقع کے لئے استعمال کیا جائے۔

Nonchalance : (n) لاپروائی ؛ بے جوش ؛ بے پروائی ؛ سرد مہری ؛ بے تعلقی ؛ بے توجہی۔

Nonchalant : (a) لاپروا ؛ بے جوش ؛ بے پروا ؛ بے تعلق ؛ بے توجہ۔

Nonchalantly : (adv.) لاپروائی سے ؛ بے پروائی سے ؛ سرد مہری سے۔

Nonchalantness : (n) سرد مہری ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ عدم توجہی ؛ سہل انگاری ؛ سستی۔

Nonclinical : (a) (طب) غیر سریری۔

Noncognisable : (a) (قانون) ناقابل دست اندازی۔

Nonda/- plum : (n) (۱) آسٹریلیا کے ایک درخت کا پھل جو کھایا جاتا ہے اور آلو بخارا سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔ (۲) اس درخت کا نام۔

Nondescript : (a) (۱) نہ اِلاّ الّذی نہ الّا الّنوع ؛ بے شکل ؛ بے ڈھنگا ؛ بے نام۔ بشر۔ (۲) جو بنوز بیان نہ کیا گیا ہو۔ (۳) عجیب جو آسانی بیان نہیں کیا گیا۔ (٤) آدمی یا چیز جو کسی مخصوص طبقے اور زمرہ میں نہ ہو۔

Nondo : (n) شمالی امریکہ کا لمبا قد آور پودا ؛ چھتر دار پودا۔

None : (pron.) کوئی نہیں ؛ ایک بھی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں ؛ کوئی آدمی نہیں ؛ کوئی دوسرا آدمی نہیں۔

None : (n) کوئی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں۔

None : (adv.) کسی طرح بھی نہیں ؛ کسی حد تک نہیں ؛ کسی ذریعہ سے نہیں ؛ بالکل نہیں۔

None : (n) (۱) مذہبی ساعت جو قدیم رومن مشرقی حساب سے نواں گھنٹہ ہے۔ (۲) مذہبی عبادت جو پہلے ۳ بجے دن ہوتی تھی اور اب رومن کیتھولک گرجاگھروں میں کسی قدر پہلے ادا کی جاتی ہے۔

Nones : (n) (۱) (قدیم روما) مارچ ، مئی ، جولائی اور اکتوبر کی ساتویں تاریخ اور باقی مہینوں کی پانچویں تاریخ۔ (۲) عیسائیوں کی عبادت جو ابتداً سہ پہر میں ہوتی تھی لیکن بعد میں اس سے کچھ پہلے ہونے لگی۔

Nonesuch : (a) بے جوڑ ؛ بے مقابل چیز ؛ بے نظیر ؛ بے مثال ؛ بے ہمتا ؛ بے مثل ؛ لاثانی ؛ اسوہ کامل ؛ نمونہ۔

Nonesuch : (n) بے نظیر آدمی ؛ آدمی جس کا کوئی مد مقابل نہ ہو ؛ تیز سرخ رنگ کا پھول دار پودا ؛ ایک قسم کی نارنگی۔

Nonet : (n) (موسیقی) نو آواز یا نو آواز کی ترکیب ؛ نو نفری آواز ؛ نو سازوں کا مجموعہ ؛ نو آدمیوں کے بجانے کا نغمہ۔

Noni : (n) ہندوستانی شہتوت۔

Nonillion : (n) دس لاکھ کی نویں قوت ؛ وہ رقم جس میں ایک کے ہندسہ پر ٥٤ صفر ہو ؛ (امریکی استعمال میں) ایک ہندسہ پر ۱۰۰۰ صفر۔

Nonius : (n) ریاضی کے آلات میں درجہ بندی کرنے کا اسکیل ؛ کسر پیما (اس کی جگہ اب Vernier استعمال ہوتا ہے)۔

Nonoic : (a) (کیمیا) شحمی ترشے کا نواں سلسلہ۔

Nonpareil : (a) بے مثال ؛ بے نظیر ؛ لاثانی ؛ یکتا ؛ بے ہمتا۔

Nonpareil : (n) (۱) بے مثال شخص ؛ کوئی انوکھی چیز۔ (۲) چاکلیٹ

کا مکعب نما ٹکڑا ؛ شکر کا مکعب ۔ (۳) ٹائپ کا ایک سائز حروف چابی ؛ بین حروف چابی ۔ (٤) سیب کی ایک قسم (٥) چند قسم کے پروانوں کا نام ۔ (٦) نیلوپنی امریکا کا ایک پرندہ ۔ (۷) ایک قسم کا گیہوں ۔

Nonplus : (n) (۱) حیرت ؛ سکتے کی سی حالت ؛ دم بہ خود ۔ (۲) ایک ایسی حالت جس میں نہ کچھ کیا جا سکتا ہے نہ کہا جا سکتا ہے ؛ کسی کام کے کرنے کی نا اہلیت ؛ نا قابلیت ؛ معذوری ؛ عالم تحیر ؛ شش و پنج ۔

Nonplus : (v) حیرت میں ڈال دینا ؛ دم بہ خود کردینا ؛ ہوش گم کر دینا ؛ مبہوت بنا دینا ؛ بے بس بنا دینا ۔

At a nonplus : حیرت زدہ ؛ مبہوت ؛ دم بہ خود ؛ سکتے میں ۔

To be at a nonplus : مبہوت ہونا ؛ دم بہ خود ہونا ۔

To put, bring, drive, reduce to a nonplus :

Noplus : (v) دیکھو

Nonplussed : (a) مبہوت ؛ متحیر ؛ دم بہ خود ۔

Nonsense : (a) (۱) (قدیم) بے ہودہ ؛ فضول ۔ (۲) ایسی نظم جس میں الفاظ محض وزن کے لئے ہوں معنی کے لئے نہیں ۔ (۳) گفتگو کا نقلی یا مصنوعی انداز ۔

Nonsense : (n) (۱) لغو ؛ لغویات ؛ واہیات ؛ مہمل ؛ بے ہودہ بات ؛ ناقص بات ؛ مسخرفات ۔ (۲) (فجائیہ) کیا مہمل بات ہے ! ناکارہ چیزیں ؛ بے کار چیزیں ۔ (۳) لغویت ؛ لچرپن ؛ نامعقولیت ؛ بے تکا پن ۔ (٤) منطق جس سے کوئی مطلب ظاہر نہ ہو ؛ مہمل منطق ۔

Nonsense-book : (n) مسخرے پن کی کتاب ؛ مہمل کتاب ۔

Nonsense verses : (n) الٹی سیدھی نظمیں ؛ ایسی نظمیں جن میں مطلب سے عاری الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Nonsensical : (a) لغو ؛ احمقانہ ؛ مہمل ؛ لغویت سے بھرا ہوا ۔

Nonsensical : (n) مہمل چیز ؛ ادنیٰ چیز ۔

Nonsensically : (adv.) مہمل طریقے سے ؛ احمقانہ طور پر ؛ لغو طور پر ۔

Nonsensicalness : (n) نامعقولیت ؛ لغویت ۔

Nonsuit : (n) (قانون) اخراج دعویٰ ؛ مدعی کی طرف سے مقدمہ اٹھا لینے کی درخواست پر اخراج دعویٰ (جدید) جج کا مقدمہ کی کاروائی روک دینا جب اس کے خیال میں مدعی کوئی بجائے ظہور دعویٰ قانونی طور پر پیش کرنے میں نا کام رہے یا کافی شہادت یا ثبوت نہ لاسکے ۔

Nonsuit : (v) (۱) (قانون) دعویٰ خارج کرنا یا ہونا ۔ (۲) عدم شہادت کی بنا پر دعویٰ خارج کردینا ۔ (۳) (متروک) دعویٰ سے انکار کرنا ۔

Nontronite : (n) ہلکا زرد یا مائل بہ سبز معدن جو لوہے کے چھلے دار سلیکیٹ اور کلورین کا مرکب ہوتا ہے ۔

Nontroppo : (adv.) زیادتی کے بغیر ـــــ موسیقی میں ہدایت کے طور پر مستعمل ۔

Noonyl : (n) (کیمیا) عام فارمولا (C_nH_{2n+1}) کے الکلی ضابطے کے سلسلے کا نواں ۔

Nonylene : (n) ایک کاربن جو Lime Soap کے گلنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Noo : (روز مرہ) Now کی متبادل شکل ۔

Noo : جزو ترکیبی بہ معنی "دماغ" (جیسے ـــ Nooscopic)

Noodle : (n) سادہ لوح ؛ احمق ؛ بیوقوف ؛ بدھو ۔

Noodle : (n) گندھے ہوئے آٹے اور انڈے سے بنا ہوا ٹکڑا یا اس کی لوئی جو شوربے یا یخنی کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔

Noodle : (v) کھانا ٹھونس ٹھونس کر زبردستی کھلانا ۔

Noodle : (v) ہاتھ سے مچھلی پکڑنا یا بنسی وغیرہ سے مچھلی پکڑنا ۔

Noodledom : (n) سادہ لوحی ؛ احمق پن ؛ بے وقوفی ؛ حماقت ۔ مثال ؛ جہانِ حمقا ؛ مجمع حمقا ۔

Nook : (n) (۱) مربع یا زاویه دار چیز کا گوشه ؛ کونا ؛ الگ تهلگ جگه ؛ کُنجِ عزلت - (۲) زمین کا گوشه ؛ مثلث نما کهیت ؛ میدان یا جگه - (۳) دو دیواروں یا دیواروں جیسی اشیاء کے اتصال سے بنا ہوا اندرونی زاویه ؛ کمره یا کسی گهرے ہوئے مقام کا گوشه - (٤) چهوٹا یا بیرونی گوشه - (٥) فطری مناظر کے درمیان الگ تهلگ اور محفوظ جگه - (٦) چهوٹی اور محفوظ گهاٹی - (۷) کسی ملک یا دنیا کا بیرونی اور دور دست حصه -

Nook-shotten : (a) زاویه دار ؛ کثیرالزاویه -

Nook window : (n) آتش دان کے بغل والے کمرے کے گوشے کی کهڑکی -

Nooked : (a) (خصوصاً روز مره) گوشه دار ؛ زاویه دار -

Nookery : (n) کمره ؛ گرم اور آرام ده کمره -

Nooklet : (n) گوشه -

Nookrib : (n) (تعمیرات) محراب کے گوشه کی کمانی -

Nookshaft : (n) (تعمیرات) محراب کے اندرونی زاویه سے لگایا ہوا چهڑ -

Nooky : (a) گوشے سے بهرا ہوا ؛ گوشه نما -

Nooky : (n) (۱) مباشرت - (۲) عورتوں کی اندام نہانی ؛ فرج -

Noological : (a) ذہن شناسی سے متعلق ؛ عقلیات سے متعلق -

Noologist : (n) علم دماغی یا ذہنی کا ماہر ؛ عقلیات کا ماہر ؛ جو خیالات کا منبع دماغ کو قرار دیتا ہے تجربے کو نہیں -

Noology : (n) عقلیات ؛ ذہن شناسی -

Noon : (n) (۱) دوپہر ؛ نیم روز ؛ نصف النہار ؛ دن کے باره بجے ؛ مجازاً دن کا بہت اہم وقت - (۲) حد اعلیٰ ؛ انتہائی مقام ؛ منتہا - (۳) نیم شب -

Noon : (v) (۱) دوپہر کو آرام کرنا یا قیلوله کرنا - (۲) دوپہر کے کهانے کے لئے رک جانا یا اس میں شریک ہونا - (۳) منتہا کو پہنچنا ؛ کمال حاصل کرنا -

Noon flower : (n) دیکهو Goat's beard ؛ ایك قسم کا پهول -

Noon of night : (n) نیم شب ؛ آدهی رات -

Noon light : (n) دوپہر کے وقت کی روشنی ؛ دن کی سب سے زیاده چمك دار روشنی -

Noon-stead : (n) (خصوصاً روز مره) دوپہر کے وقت سورج کا مقام -

Noon-tide : (n) (۱) دوپہر کا وقت ؛ نیم روز - (۲) (مجازاً) نیم شب ؛ آدهی رات ؛ آدهی رات کو چاند کا مقام - (۳) (مجازاً) کسی چیز کا نقطهٔ عروج -

Noon-time : (n) دوپہر کا وقت ؛ نیم روز -

Noonday : (n) دوپہر کا وقت -

Nooning : (n) (۱) دوپہر کا وقت - (۲) دوپہر کا کهانا - (۳) دوپہر کا قیلوله - (٤) دوپہر کے وقت کا وقفه خاص کر آرام یا کهانے کے لئے -

Noose : (n) پهندا ؛ سرك پهندا ؛ پهانسی ؛ سرك پهانسی ؛ کمند ؛ جال ؛ بند ؛ (مجازاً) عقد ؛ شرعی عقد ؛ نکاح ؛ بندهن -

Running noose : (n) سرك پهندا ؛ پهرکوانسی -

Noose : (v) پهانسی دینا ؛ پهانسی دے کر مار ڈالنا ؛ پهندے میں پهنسا کر پکڑنا ؛ پهندا لگانا ؛ پهنسانا ؛ پهانسنا ؛ جال میں پهنسانا ؛ دام میں پهانسنا ؛ اسیر کرنا ؛ قید کرنا ؛ صید کرنا ؛ پهندا ڈالنا؛ لپیٹنا ؛ رسّی کو گردن کے گرد لپیٹنا - (۲) پهندا بنانا ؛ پهندا لگانا ؛ پهندے کی طرح ترتیب دینا -

Nopal : (n) (امریکی) ناگ پهنی ؛ اس پودے کی کهیتی جس میں Cochineal کیڑے پرورش پاتے ہیں - (۲) اس جنس کا ایك پودا ؛ کانٹے دار ناشپاتی -

Nopalry/-erty : (n) امریکی ناگ پهنی کی کهیتی جس میں Cochineal کیڑے پرورش پاتے ہیں -

Nope : (n) ایک خوب صورت چونچ والی خوش آواز چڑیا ؛ دیکھو Bull finch ۔

Nope : (adv.) No کا امریکی تلفظ بہ معنی "نہیں" ۔

Nor : (conj.) نہ .... نہ ۔

Nor : (conj.) بہ نسبت ۔

Nor : North کا مخفف ۔

Nor cards/No flowers : جنازے میں شرکت کے لئے اطلاعی خطوط نہیں بھیجے گئے ہیں ؛ قبر پر چڑھانے کے لئے پھول نہیں پہنچے ۔

Nor-west : (a & n) North-west کا مخفف ۔

Nor-wester : (n) (۱) North-wester کا مخفف ۔(۲) شمالی مغربی ہوا یا آندھی ۔ (۳) تیز شراب کا ایک ساغر ۔ (٤) موم جامے کا ہیٹ یا ٹوپ ۔

Noradrenaline : (n) ایک أمید (HO)2 C2 H3 CHOH - (Amide) CH2 NH2 متعلق بہ بر گردوی مادہ (Ardrenaline) جس میں میتھائل گروپ کی بجائے ہائیڈروجن ائیم ہوتا ہے ؛ خصوصاً چَپ گرداں شکل ۔

Norbertine : (n) پری مانٹیزی سلسلے کا رکن (پری مانٹیز فرانس میں ۱۹۱۹ء میں قائم شدہ راہبوں کا ایک سلسلہ) ۔

Norbertine : (a) پری مانٹیزی سلسلہ کا یا اس سے متعلق ۔

Nordenfelt : (n) سویڈن کے ایک انجینئر کا نام جس نے ایک قسم کی مشین گن ایجاد کی تھی ۔

Nordhausen : (n) وسط جرمنی کا ایک شہر جہاں گندھک کا ترشہ پہلی بار تیار ہوا تھا ۔

Nordhausen acid : (n) ایک بھاری روغنی مائع جس میں گندھک کا ترشہ ہوتا ہے اور پانی سے شدت کے ساتھ رد عمل پیدا کرتا ہے اور اس رد عمل کے ساتھ ہی حرارت خارج ہوتی ہے اس کا استعمال پٹرول صاف کرنے میں ہوتا ہے ۔

Nordic : (a) شمالی جرمنی کے لوگوں کی طرح کا یا اس سے متعلق جو اسکینڈنیویا اور شمالی برطانیہ کے باشندوں کی وضع کے ہوتے ہیں ۔

Nordic : (n) (۱) شمالی جرمنی کے لوگ ۔ (۲) ناروے ، سویڈن ، ہالینڈ ، آئس لینڈ یا فن لینڈ کی اقوام کا کوئی فرد ۔

Nordicism : (n) (۱) فرضی نارڈی گروہ اور اس کی تہذیبی صلاحیتوں کی برتری کا اصول یا عقیدہ ۔ (۲) اس فرضی گروہ کے مخصوص اوصاف ۔

Nordicist : (n) نارڈی گروہ کی برتری کا طرف دار ۔

Norfolk : (n) انگلستان کے ایک ضلع کا نام جو وہاں کی غیر معمولی اور مخصوص چیزوں سے منسوب ہے ۔

Norfolk : (a) برطانیہ کے ضلع نورفوک کا یا اس سے متعلق ؛ نورفوکی طرز یا اسٹائل کا ۔

Norfolk capon : (n) لال رنگ کی ہیرنگ مچھلی ۔

Norfolk dumpling / -turkey : (n) نورفوک کا باشندہ ۔

Norfolk howard : (n) (عامیانہ) کھٹمل ۔

Norfolk island : (n) جنوبی بحرالکاہل کے ایک جزیرے کا نام ۔

Norfolk (island) pine : (n) صنوبر کی ایک قسم جو جزیرہ فوک لینڈ میں پائی جاتی ہے ۔

Norfolk jacket : (n) ایک ڈھیلا ڈھالا جیکٹ کمر بند یا پٹکے ساتھ ۔

Norfolk plover : (n) ایک قسم کا طیر باراں ؛ زقزاق ؛ لمبی ٹانگوں والی آبی چڑیا جو جھنڈ میں رہتی ہے ۔

Noria : (n) اسپین اور مشرقی ممالک میں پانی نکالنے کی ایک خاص ترکیب جس میں متعدد بالٹیوں کو ایک گردش کرنے والی زنجیر سے باندھ کر پانی نکالتے ہیں ؛ رہٹ ؛ آب کش چرخی ؛ ناعورہ ۔

Norimon : (n) ایک قسم کی جاپانی ڈولی یا پالکی ۔

Normo - : دیکھئے Norm۔

Normoblast : (n) معمولی سائز کے سرخ خون کے غیر بالیدہ ذرات جو مغز عظم میں موجود ہوتے ہیں لیکن خون کی کمی کی حالت میں خون میں نظر آتے ہیں۔

Normochromia : (n) سرخ خون کے ذرات کی ایسی حالت جبکہ دوسری خامیوں کے باوجود ان میں ہیمو گلوبین کی نارمل مقدار موجود ہوتی ہے۔

Normochromic : (a) (۱) (خون کے لئے) نارمل رنگ رکھنے والا۔ (۲) (کم خون کے لئے) سرخ خول کے ذرات میں ہیمو گلوبین کی مقدار کم نہ ہو سرخ جسیمہ میں نارمل رنگ ہو۔

Normocyte : (n) سرخ خون کے ذرات جو سائز ہیمو گلوبین کے لحاظ سے نارمل ہوں۔

Normocytic : (a) (۱) (خون کے لئے) ایسے سرخ جسیمے کا حامل جو سائز اور ہیمو گلوبین کے لحاظ سے نارمل ہوں۔ (۲) (فقرالدّم کے لئے) گردش کرنےوالے خون میں سرخ جسیمے کی تعداد میں کمی واقع ہونے والا۔

Normosplanchnic : (a) معیاری بدن؛ جس کے جسم کی ساخت اوسط یا درمیانہ ہو۔

Normotension : (n) جس کے خون کا دباؤ معمول پر ہو۔

Normotensive : (n) نارمل فشار خون والا آدمی۔

Normotensive : (a) خون کا ایسا دباؤ رکھنے والا جو خاص عمر اور اس جماعت میں پایا جائے جس سے وہ تعلق رکھتا ہے۔

Norn : (n) (اساطیر) (اسکینڈی نیویا) تقدیر کی دیوی ؛ نازن۔

Norna : (n) Norn کی لاطینی شکل۔

Norroy : (n) کالج آف آرمس کے پانچ نقیبوں میں سے تیسرے نقیب کا لقب جس کا دائرہ اختیار دریائے ٹرنٹ (Trent) کا شمالی علاقہ تھا۔

Norse : (n) (۱) ناروی ؛ ناروے کا باشندہ ؛ نارویژی۔ (۲) ناروے کی زبان یا بولی۔ (۳) جرمنی زبان کی اسکانڈیوی جماعت۔

Norse : (a) ناروے یا اس کی زبان سے متعلق۔

Old norse : (n) ناروے اور اس کی کالونی کی زبان (۱٤ ویں صدی کی)۔

Norseland : (n) ناروے ؛ ناروستان۔

Norseman : (n) ناروے کا باشندہ۔

Norsk : (a) دیکھو Norse

Norski/Norskie/Norsky : (n) نارویژی یا نارویژی امریکی۔

Norte : (n) باد شمال خصوصاً میکسیکو یا وسط امریکا میں۔

North : (adv.) شمال میں یا شمال کی جانب۔

North : (a) شمالی ؛ شمال کا ؛ شمال کی طرف کا ؛ جو شمال کی طرف واقع ہو ؛ شمال رُخ ؛ شمالی طرز کا ؛ باد شمالی کا۔

North : (n) (۱) شمالی ؛ اُتّر۔ (۲) کسی علاقے یا ملک کا شمالی حصہ۔ (۳) ملک شمالی (یورپ کا)۔ (٤) (امریکا) شمالی ریاستیں۔ (٥) بادِ شمال (شعر میں) (جمع میں) باد شمال۔

North : (v) شمال کی طرف حرکت کرنا۔

North about : (adv.) (بحری) شمالی راستہ سے خاص کر اسکاٹ لینڈ کے شمال کے چاروں طرف سے ؛ شمال کی طرف۔

North African : (a) (۱) شمالی افریقہ کا یا اس سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل عموماً مراکو ، الجیریا ، تیونس ، لیبیا اور مصر کے لئے مستعمل۔ (۲) شمالی افریقی باشندوں کا یا ان سے متعلق۔

North American : (n) ریاستہائےمتحدہ امریکا کا باشندہ جو میکسیکو ، وسط امریکا ، ویسٹ انڈیز اور جنوبی امریکا کے باشندوں سے مختلف ہوتا ہے۔

North Arabic : (n) سامی النسل زبانوں کی جماعت جو شمال اور وسط عرب میں چوتھی صدی عیسوی سے بولی جارہی ہے اور جو کلاسیکی اور جدید عربی زبان کی اساس قرار دی جاتی ہے ۔

North-bound : (a) شمال رو ؛ شمال رخ ؛ شمال کی طرف جانے والا ۔

North Briton : (n) اسکاٹ لینڈ کا ایک باشندہ ۔

North country : (n) کسی ملک کا شمالی حصہ خصوصاً برطانیہ کا ؛ جانب شمال ۔

North-country man : (n) شمالی برطانیہ کا باشندہ ۔

North-east : (adv.) شمال مشرق کی جانب ۔

North-east : (n) (۱) سمت اور افق کا وہ نقطہ جو شمال اور مشرق کے درمیان واقع ہو ۔ (۲) شمال مشرق کی ہوا (خاص کر شعر میں) ۔

North-east : (a) شمال مشرقی ہوا کا ؛ شمال مشرق میں یا اس کی طرف واقع ۔

North-east passage : (n) یورپ اور ایشیا کے مشرقی سواحل کی طرف سے جہازوں کا راستہ جسے پہلے مشرق کی سیاحی کا امکانی راستہ سمجھا جاتا تھا ۔

North-easter : (n) شمال مشرق سے بہنے والی ہوا ؛ شمال مشرقی ہوا ۔

North-easter : (a) شمال مشرق ؛ شمال مشرق کا یا اس سے متعلق ۔

North-easterly : (a) شمال مشرق کی طرف سے بہتے ہوئے یا اس طرف کی ۔

North-easterly : (adv.) شمال مشرق سے یا اس طرف سے ۔

North-eastern : (a) (۱) کسی خطہ کا یا اس سے پیدا ہونے والا یا اس کی خصوصیات کا حامل جیسے ریاستہائے متحدہ امریکا کا موسم بہ شمال مشرقی ۔ (۲) شمال مشرق کی طرف واقع یا وہاں سے آنے والا ۔

North-eastern most : (a) بعید ترین شمال مشرق ۔

North-easterner : (n) شمال مشرقی علاقے کا باشندہ ۔

North-eastward : (adv.) شمال مشرق کی جانب ۔

North-eastward : (a) شمال مشرق کی جانب واقع ۔

North-eastward : (n) شمال مشرقی علاقہ ؛ شمال مشرق ۔

North-eastwardly : (a) شمال مشرق کی طرف سے بہتے ہوئے یا اس طرف واقع یا جاتے ہوئے ۔

North-eastwardly : (adv.) شمال مشرق کی جانب ۔

North-end : (n) شمالی حد ؛ شمالی نقطہ اختتام ۔

North-land : (n) ملک کا شمالی حصہ ؛ (جمع میں) زمین کے وہ علاقے جو شمال میں واقع ہوں ۔

North-light : (n) (۱) کمرہ میں آنے والی روشنی (جیسے اسٹوڈیو میں) شمال نصف کرہ میں آرٹسٹ شمال سے آنے والی روشنی کو فوقیت دیتے ہیں کیونکہ دوسری سمتوں کے مقابلہ میں شمال سے آنے والی روشنی میں انحراف کم ہوتا ہے اور اس کے رنگ میں زیادہ تعدیل ہوتی ہے ۔ (۲) شمال سے آنے والی روشنی ۔ (۳) انوار شمالی ۔

North-man : (n) ناروے یا اسکینڈی نیویا کا باشندہ ۔

North-north-east : (adv.) شمال اور شمال مشرق کی طرف ؛ شمالی وسط میں ۔

North-north-east : (n) شمال اور شمال مشرق ۔

North-north-east : (a) شمال اور شمالی مشرق کا ۔

North-north-west : (adv.) شمال اور شمال مغرب کے درمیان ؛ شمال اور شمال مغرب میں ۔

North-north-west : (n) شمال اور شمال مغرب ۔

North-north-west : (a) شمال اور شمال مغرب کا ۔

North pole : (n) (۱) آسمان کا سمت الراس ؛ قطب شمالی ۔ (۲) (مقناطیس کے) شمال کی طرف اشارہ کرنے والا قطب جبکہ مقناطیس آزادانہ طور پر معلق ہو ۔

North sea : (n) شمالی یورپ کے چند سمندروں کے اسمائے معرفہ (اب صرف) بحر جرمن (برطانیہ ، اسکانڈی نیویا اور ہالینڈ کے مابین واقع ۔

North star : (n) قطب تارا ۔

North temperate : (a) زمین کے اس شمالی منطقے سے متعلق جو خط سرطان اور دائرہ قطب شمالی کے درمیان واقع ہے ۔

North-west : (adv.) (بحری) شمال اور مغرب کی درمیانی سمت میں ۔

North-west : (n) شمال اور مغرب کا درمیانی حصہ یا سمت ۔

North-west : (a) (۱) شمال مغربی ہوا کا ۔ (۲) شمال مغرب سے متعلق ۔ (۳) شمال مغربی حصہ میں واقع ۔

North-west passage : (n) امریکا کے شمالی ساحل کی جہاز رانی کا متوازی راستہ ، جس کے متعلق پہلے یہ خیال تھا کہ بحر اٹلانٹک اور بحر الکاہل کے درمیان جہاز رانی کا ایک امکانی بحری راستہ ہے ۔

North-wester : (n) (۱) شمالی مغربی ہوا یا آندھی ۔ (۲) دیکھو Norwester

North-westerly : (a) (۱) شمال مغربی ہوا کا ۔ (۲) شمال مغرب کی طرف مائل ۔

North-western : (a) شمال مغرب میں واقع یا اس کی طرف بڑھا ہوا ۔

North-westward : (adv.) شمال مغرب کی جانب یا اس کی سمت ۔

North-westward : (n) شمال مغرب ۔

North-westwardly : (a) شمال مغربی ۔

North-westwardly : (adv.) شمالی مغرب کی جانب سے ۔

Norther : (n) شمالی ہوا ؛ بادِ شمال خاص کر ایک تند و تیز اور سرد شمالی ہوا جو موسم خزاں اور سرما میں ٹیکساس، فلوریڈا اور خلیج میکسیکو کے علاقہ میں چلتی ہے ۔

Norther : (v) شمال مشرق کی جانب ہوا کا رخ بدلنا ۔

Northerliness : (n) شمالیت ؛ شمال ہونے کی حالت ۔

Northerly : (a) شمالی ؛ شمال کی جانب واقع ؛ شمال کی طرف سے بہنے والی ۔

Northerly : (adv.) (۱) شمال کی طرف سے ۔ (۲) شمال کی سمت ؛ شمال کی جانب ۔

Northern : (a) (۱) شمال کا ؛ خصوصاً شمالی انگلستان کا ؛ شمالی یورپ کا ؛ شمالی ۔ (۲) (امریکا) امریکا کی شمالی ریاستوں کا ؛ کسی ملک کے شمال کا ۔ (۳) شمالی علاقہ کی خصوصیات رکھنے والا ۔ (٤) شمال کی طرف سے بہتی ہوئی (ہوا) ۔ (٥) شمالی رخ کا ۔ (٦) شمال کے جانوروں اور پودوں کی مخصوص اقسام کا ۔ (۷) نسبتاً شمال کے کسی مقام کا ۔ (۹) شمال میں واقع یا رائج ۔

Northern : (n) (۱) شمال کا باشندہ ۔ (۲) شمال کی بولی ۔

Northern : (v) زیادہ شمالی ہونا ۔

Northern diver : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Northern hemisphere : (n) شمالی نصف کرہ ۔

Northern lights : (n) شمالی قطب روشنی : انوار شمالی ۔

Northern spy : (n) ایک قسم کا امریکی سیب ۔

Northern star : (n) دیکھو North star

Northerner : (n) کسی ملک کے شمالی حصہ کا باشندہ خصوصاً امریکا کی شمالی ریاستوں کا ۔

Northernmost : (a) انتہائی شمال کا ۔

Northing : (n) (۱) (بحری) جہاز رانی یا سفر میں شمال کی جانب بڑھنا یا ہٹنا ؛ سفر جانب شمال ؛ انحراف جانب شمال۔ (۲) شمال کی جانب جانے میں عرض البلد میں فرق۔ (۳) شمال کی جانب نمایاں حرکت (سیاروں کی)۔

Northumbrian : (a) نارتھمبریا یا نار تھمبر لینڈ کا یا اس سے متعلق۔

Northumbrian : (n) (۱) قدیم نارتھمبریا یا جدید نارتھمبر لینڈ کا باشندہ۔(۲) قدیم نارتھمبریا یا جدید نارتھمبر لینڈ کی شمالی زبان یا بولی۔

Northward : (adv.) شمال کی طرف ؛ شمالی سمت میں

Northward : (n) وہ سمت یا حصہ جو شمال کی طرف واقع ہے۔

Northward : (a) شمال کی طرف جانے والا ؛ بڑھنے والا ؛ حرکت کرنے والا۔

Northwardly : (adv.) شمال کی سمت میں۔

Northwardly : (a) شمالی سمت یا طرف کا ؛ شمالی ہوا کا۔

Northwards : (adv. & n) دیکھو Northward : (adv. & n)

Norward : (adv.) دیکھو Northward

Norward : (n) شمالی حصہ یا علاقہ۔

Norway : (n) اسکینڈی نیویا کے ممالک میں سے ایک ملک کا نام۔

Norwegian : (n) (۱) ناروے کا باشندہ؛ ناروے کا رہنے والا۔ (۲) ناروے کی زبان ؛ ناروی زبان۔ (۳) (امریکا) ایک قسم کی مچھلی کا شکار کرنے کی کشتی۔

Norwegian : (a) ناروے کا یا اس سے متعلق ؛ ناروے میں پایا جانے والا۔

Norweyan : (a) دیکھو Norwegian

Nose : (n) (۱) ناک ؛ بینی۔ (۲) قوت شامہ ؛ سونگھنے کی قوت ؛ بو سونگھ کر سراغ لگانے کی قوت۔ (۳) (روز مرہ) خوشبو یا بو کسی چیز کی۔ (٤) نلکی پائپ وغیرہ کا کھلا ہوا سرا، منہ یا دہانہ۔ (٥) تھوتھنی۔ (٦) جہاز کا اگلا حصہ جو اس کے نوک دار سرے سے ملا ہوا ہوتا ہے۔ (۷) (کسی چیز کا) آگے نکلا ہوا حصہ یا نمایاں حصہ۔ (۸) پست یا اسفل قسم کے حیوانات کی ناک جیسا عضو۔ (۹) سونگھنے کا عضو۔ (۱۰) عضو جس سے بولی جیسی آواز پیدا کی جائے۔ (۱۱) بندوق کی نال کا دہانہ۔ (۱۲) قرنبیق کی نلکی ؛ جہاز ، تار پیڈو وغیرہ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ ؛ کسی چیز کی انتہا یا حد ؛ گھونگے کا نکلا ہوا حصہ۔ (۱۳) (عامیانہ) جاسوس ؛ مخبر۔ (١٤) (تعمیرات) قالب یا سلاخ کا نکیلا حصہ۔

A nose of wax : موم کی ناک ؛ جو دوسرے کا اثر جلد قبول کرے۔

As plain as the nose in your face : بالکل صاف کھلا ہوا۔

On the nose : (adv.) ٹھیک ؛ صحیح طور پر۔

Parson's nose : پکے ہوئے مرغ کا پٹھا۔

Through the nose : (adv.) غنغنا کر ؛ ناک سے۔

To bite or snap one's nose off : کسی شخص کو جھنجھلا کر جواب دینا۔

To count or tell noses : تجویز کی تائید کرنے والوں کو شمار کرنا ؛ کسی معاملے کا کثرت رائے سے فیصلہ کرنا۔

To cut off one's nose : اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔

To follow one's nose : ناک کی سیدھ میں جانا ؛ اپنی خواہش کے مطابق کرنا۔

To hold one's nose : بدبو سے بچنے کے لئے نتھنے کو انگلیوں کے درمیان دابنا۔

To keep one's clean : صحیح برتاؤ کرنا ؛ مصیبت سے اپنے کام سے مطلب رکھنا۔

To keep one's nose to the grindstone : کسی سے سخت محنت کرانا ۔

To lead by the nose : اُلّو بناکر مطلب حاصل کرنا ؛ جو چاہنا کرالینا ۔

To make a long nose : ناک سے انگوٹھا لگا کر اور انگلیاں پھیلا کر کسی کو چڑانا ۔

To pay through the nose : ٹھگا جانا ؛ حد سے زیادہ قیمت دینا ۔

To poke, put or thrust one's nose into : خواہ مخواہ دخل دینا ؛ دخل در معقولات کرنا ۔

Toput one's nose out of joint : کسی کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لینا ؛ ہوش ٹھکانے لگا دینا ۔

To speak through the nose : ناک سے بولنا ؛ غنغنا کر بولنا ۔

To turn up one's nose : ناک چڑھانا ؛ حقارت کا اظہار کرنا ۔

Under One's (very) nose : منھ پر ؛ رو در رو ؛ رو بہ رو۔

Nose ape : (n) سونڈ والا بندر ؛ لمبی ناک والا بندر ۔

Nose around : (v) سوں سوں کرنا (ناک سے) ؛ تلاش کرنا ۔

Nose-bag : (n) گھوڑے کا توبڑا ۔

Nose-band : (n) نوزی پٹہ ؛ لگام کا پٹہ ۔

Nose-bleed : (n) سدا بہار پھول یا ہزار برگ پودے کا قدیم نام ؛ ناک سے خون بہنا ؛ نکسیر ۔

Nose cap : (n) بندوق کے کندے پر دھات کا غلاف ۔

Nose clip : (n) تیراک کی ناک کو پانی سے محفوظ رکھنے والی پٹی ۔

Nose-cone : (n) مخروطی شکل کی ناک (راکٹ وغیرہ) کی ۔

Nose dive : (n) طیارہ کا تیزی سے آگے یا نیچے کی طرف رخ کرنا ؛ (قیمت کا) اچانک طور پر اترنا ۔

Nose dive : (v) سر کے بل چھلانگ مارنا ۔

Nose down : (v) ہوائی جہاز اتارنا ۔

Nose drops : (n) ناک میں ڈالنے والی دوا ۔

Nose flute : (n) ناک مرلی ؛ نک بانسری ؛ ایک قسم کی بانسری جو ناک سے بجائی جاتی ہے ۔

Nose hole : (n) (روز مرہ خصوصاً برطانیہ میں) نتھنا ۔

Nose into : (v) دخل در معقولات کرنا ؛ نام ٹہونا ۔

Nose leaf : (n) بعض چمگادڑوں کے نتھنوں میں پتے جیسا دنبالہ ۔

Nose monkey : (n) دیکھو Nose-ape

Nose of wax : (n) ترغیب پذیر شخص ؛ لچک دار شے ۔

Nose piece : (n) (۱) اَنفیہ ؛ ٹونٹی؛ منھ نال؛ نوزی پٹہ ۔ (۲) خورد بین کا وہ حصہ جس میں اس کا دہانہ لگا ہوتا ہے ۔ (۳) خود یا دستار ؛ پگڑی کا ایک حصہ ناک کی حفاظت کے لئے ۔ (٤) ناک کی ایک زرہ ؛ ناک کی کیل۔

Nose pin : (n) ناک کی کیل ؛ ناک کی لونگ۔

Nose pipe : (n) نلی وغیرہ کا وہ حصہ جو کسی چیز کے دہانے میں لگایا جائے ؛ دو نلکیوں کو ملانے والی نوکیلی چیز۔ (۲) بھٹی کی چمنی کا منہ۔

Nose putty : (n) ناک کی وضع بدلنے میں استعمال کیا جانے والا مادہ۔

Nose rag : (n) (عامیانہ) جیبی رومال ؛ ناک صاف کرنے کا رومال۔

Nose ring : (n) (۱)چھلاّ جو بیل کی ناک میں پہنا دیتے ہیں۔ (۲) زیور جو وحشی قومیں پہنتی ہیں؛ ناک چھلاّ ؛ نتھونی؛ نتھنی ؛ نتھ۔

Nose thirl : (n) (خصوصاً روز مرہ) نتھنا ؛ سوراخ بینی۔

Nose-thumping : (n) ناك پر انگوٹھا رکھ کر تحقیر کا اظہار کرنا ۔

Nose tube : (n) مریض کو ناك کے ذریعہ غذا دینے کی نلکی ۔

Nose warmer : (n) (عامیانہ) چھوٹا پائپ (تمباکو پینے کا) ۔

Nose worm : (n) بھڑ مکھی کا پہل روپ (لاروا) ۔

Nosed : (a) نمایاں یا مخصوص قسم کی ناك والا ؛ تیز حساس ناك والا ۔

Nosegay : (n) (۱) گل دستہ (پھولوں کا) ۔ (۲) (قدیم) عطر ؛ سینٹ ؛ خوشبو ؛ مہك ۔

Noseless : (a) بے ناك کا ؛ نکٹا ۔

Noselite : (n) بھورے رنگ کی ایك معدنی شے ۔

Nosema : (n) نُخُز حوینی ؛ ایك کیڑا ۔

Nosema disease : (n) شہد کی مکھیوں کی ایك بیماری ۔

Noser : (n) تیز مخالف ہوا ؛ تیز و تند سامنے کی ہوا ۔

A dead noser : سخت مخالف ہوا ۔

Nosey/Nosy : (a) (۱) (قدیم) بڑی ناك والا ۔ (۲) بدبو سڑاند ۔ (۳) (عامیانہ) متجسس ؛ ٹوہ لگانے والا (کسی کے معاملہ کی) ۔

Nosey : (n) جس کی ناك بڑی ہو ؛ بڑی ناك والا (بہ طور لقب) ۔

Nosey parker : (n) ٹوہ لگانے والا شخص ؛ تجسس کرنے والا شخص ۔

Nosh : (n) ہلکا ناشتہ ؛ ناشتہ ؛ طعام یا مشروب ۔

Nosh : (v) کھانا یا پینا ؛ بالخصوص دو کھانوں کے درمیان ہلکا ناشتہ ۔

Nosh-up : (n) کھانا ؛ عمدہ کھانا ۔

Nosing : (n) (۱) زینے یا کارنس وغیرہ کی گول کگر دھات کا خول جو اس پر چڑھا ہو ۔ (۲) زینے یا بنچ کا گول کگر ۔ (۳) قالب یا چھجے کا نمایاں کنارہ ۔

Nosism : (n) (۱) (قدیم) ایك جماعت کی خود بینی یا غرور ۔ (۲) اپنی رائے دینے میں "ہم لوگ" استعمال کرنے کا طریقہ ۔

Noso - : (prefix) سابقہ بہ معنی بیماری ، مرض ، وغیرہ ۔

Nosocomial : (a) اسپتال میں واقع ہونے والا ۔

Nosographic/-al : (a) امراض نگاری سے متعلق ۔

Nosography : (n) امراض کی باقاعدہ تشریح یا تفصیل ؛ امراض نگاری ۔

Nosological : (a) امراض شناسی سے متعلق یا امراض شناسی کا ۔

Nosologist : (n) امراض شناسی کا ماہر یا اس سے وابستہ ۔

Nosology : (n) (۱) علم تقسیم امراض ؛ مرض شناسی ؛ امراض کی فہرست ؛ امراض کی باقاعدہ ترتیب یا جانچ ؛ علم طب کا وہ شعبہ جو اس کام کو کرتا ہے ؛ شعبہ علم امراض شناسی ۔ (۲) کسی خاص مرض کی خصوصی حالت یا نظریہ جو اس کے متعلق ہو ۔

Nosopoetia : (a) بیماری پیدا کرنے والا ۔

Nostalgia : (n) (۱) (قدیم) ایك قسم کا مالیخولیا جو عرصہ تك وطن یا ملك سے دور رہنے کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ (۲) بے انتہا گھریلو محبت ؛ یاد وطن کا ملال ؛ عہد ماضی کے کسی حقیقی یا رومانی دور کی بازیافت کی شدید آرزو ؛ یاد وطن کا عارضہ ۔ (۳) عمر رفتہ کے حالات و کیفیات کی تکلیف دہ اور افسوس ناك یاد ؛ عہد گذشتہ کی تکلیف دہ یاد ۔

Nostalgic : (a) یاد وطن میں افسردہ و غم زدہ ؛ وطن سے دوری کے ملال جیسا ۔

Nostalgy : (n) وطن کی محبت یا اس کے باعث ؛ یاد وطن یا وطن سے دوری کا ملال ۔

Nostoc : (n) (نباتیات) منکا کائی ؛ ایك قسم کی کائی ؛ صوف البحر ۔

Nostocaceae : (n) ایک قسم کی کائی (اکا) کا خاندان -

Nostradamus : (n) پیشہ ور پیشین گو ؛ پیشین گو ؛ غیب دانی کا مدعی (نسطر ادین فرانس میں سولھویں صدی میں غیب دانی کا مدعی تھا) نسطرادین کی مانند پیشین گوئی کا مدعی -

Nostril : (n) نتھنا ؛ سوراخ بینی -

(مجازاً) کراہت ھونا ؛ گھن آنا :- Stink in one's nostrils

Nostrilled : (a) نتھنے والا -

Nostrum : (n) (۱) دوا یا دواؤں کا استعمال جسے خود بنانے والا تیار کرے خصوصاً اتائی (عطائی) دوا ؛ ایک پیٹنٹ دوا ؛ ہر مرض کی دوا ؛ عطائی نسخہ - (۲) ایک مخصوص ترکیب جو کسی چیز کو مکمل ترقی یافتہ بنادے خاص کر ایک سیاسی یا سماجی اصلاح کی ایک دل پسند ترکیب - (۳) خاص ترکیب -

Nosy : (a) (۱) بڑی ناک والا ؛ لم نکا ؛ بڑنکا (خصوصاً ڈیوک ولنگٹن) - (۲) بدبودار (خصوصاً) گرم کیا ھوا غلہ اور سیلی ھوئی گھاس - (۳) خوشبودار (چائے) - (٤) وہ شخص جو کو بدبو کا بہت احساس ھو ؛ تیز قوت شامہ والا - (٥) (عامیانہ) جسے تجسس کی عادت ھو ؛ راز جو - (٦) Nosey کا متبادل -

Not : (adv.) نہیں ؛ نہ ؛ مت ؛ حرف نفی ؛ کبھی نہیں ؛ شاذ و نادر ؛ اس محاورے کے ابتدائی جز و کے طور پر Not only .... but -

Not : (n) بے سینگ کی بھیڑ -

Not : (a) بے سینگ والی (مویشی یا بھیڑ) -

Not : (prep.) کے سوا ؛ کے علاوہ -

Not : (n) لفظ نہیں ؛ نفی -

Not-/Noto - : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی پشت ؛ پشت کا حصہ -

Not : (adv.) جزو ترکیبی بہ معنی "نہیں" -

Not a : ایک بھی نہیں -

Not a little : کافی ؛ بہت سا ؛ بڑی حد تک -

Not at home : اپنے مکان پر نہیں ھیں -

Not-being : (n) عدم ؛ نابود ؛ نیستی ؛ موجود نہ ھونا -

Not few : بہت سے ؛ بہت سارے ؛ تھوڑے نہیں -

Not half : (عامیانہ) بہت زیادہ ؛ ذرا بھی نہیں -

Not once or twice/Not once nor twice : بارہا -

Not-out : (a) (کرکٹ) یہ فقرہ اس کھلاڑی سے متعلق ھے جس کی باری کرکٹ میں ابھی ختم نہیں ھوتی ھے -

Not-out : (n) کرکٹ کا وہ کھلاڑی جس کی باری ابھی ختم نہیں ھوئی ھو -

Not reluctant : (a) دل سے راضی -

Not seldom : (adv.) اکثر -

Not self : (n) دیکھو Non-ego : غیر انا ؛ غیر نفس ؛ سنداليہ -

Not sufficient : بینک والے جس چیک کو بغیر سکارے واپس کر دیتے ھیں اس پر یہ (N.S.) الفاظ لکھے جاتے ھیں -

Nota bene : کسی اہم نکتہ کی طرف خاص توجہ دلانے کے لئے مستعمل ؛ (لفظی معنی) غور سے دیکھو ؛ تنبیہ ؛ نوٹ -

Notability : (n) ممتاز ؛ نامور شخص ؛ نامور ھونے کی صفت خصوصاً خانہ داری میں -

Notable : (a) (۱) قابل لحاظ ؛ قابل ذکر ؛ قابل توجہ ؛ قابل غور - (۲) ممتاز ؛ نمایاں ؛ اہم - (۳) محسوس ؛ قابل احساس - (٤) (قدیم) سلیقہ شعار ؛ خانہ داری میں ماہر ؛ مستعد ؛ کام کاجی ؛ خانہ داری سے متعلق - (٥) مشہور (بدنامی) -

Notable : (n) مشہور و معروف شخص ؛ نامور شخص ؛ بزرگ ؛ فرانس کی مختلف ریاستوں کے وہ ممتاز اشخاص جن کو ہنگامی

حالات کے دوران مشورے کے لئے طلب کیا گیا تھا ۔

Notableness : (n) شہرت ؛ ناموری ؛ سلیقہ شعاری ؛ سگھڑپن ۔

Notably : (adv.) نمایاں طور پر ؛ خصوصاً ؛ بالخصوص ؛ (قدیم) سلیقہ شعاری سے ؛ ناموری سے ؛ شہرت کے ساتھ ؛ سگھڑپن سے ۔

Notalian : (a) جنوبی متعدل بحری منطقے کا یا اس سے متعلق ۔

Notam : (n) طیارہ باز کی ہدایت کے لئے ضروری اطلاع نامہ ۔

Notan : (n) روشنی اور تاریکی کا سنگم خصوصاً جاپانی آرٹ میں ؛ آرٹ کا پیٹرن ۔

Notandum : (n) یادداشت ؛ یاد آوری ؛ نوٹ کرنے کے قابل ۔

Notarial : (a) ناظر رجسٹری کا یا اس کے متعلق ؛ ناظروں کی خصوصیات ؛ ناظروں کے بنائے ہوئے ؛ تیار کئے ہوئے یا جاری کئے ہوئے (تمسکات ، احکام) ۔

Notarial charges : (n) (سیاسیات) تصدیقی مصارف ۔

Notarially : (adv.) ناظر رجسٹری کی حیثیت سے ۔

Notary : (n) وہ عہدہ دار جس کو سرکاری طور پر تمسکات کی رجسٹری کرنے کا اختیار ہو ؛ ناظر رجسٹری جسے ہنڈیوں پر اعتراض یا عذر کرنے کا اختیار ہو ؛ وثیقہ نویس ؛ مصدق الاسناد ؛ نوتری ؛ (متروک) سکریٹری ؛ کلرک ۔

Notate : (a) داغ دار ؛ مخطط ۔

Notate : (v) داغ دار بنانا ؛ مخطط کرنا ؛ داغ لگانا ؛ خط کھینچنا ۔

Notation : (n) (١) مقدار یا اعداد کو علامات سے ظاہر کرنا ۔ (٢) علامات یا رموز جو مقدار اور اعداد کو ظاہر کریں (مثلاً منطق و علم حساب یا علم موسیقی وغیرہ میں) ۔ (٣) ترجمانی ؛ تحریر ؛ ضبط تحریر کرنے کا عمل ۔ (٤) (ہندسہ) ترقیم ؛ ترسیم اعداد ۔

Notational : (a) علامت یا ضبط تحریر سے متعلق ۔

Notative : (a) خصوصیات یا اشیاء کا اشاریہ ۔

Notator : (n) موسیقی یا رقص کی علامات کا ماہر ۔

Notch : (n) (١) حرف V کی شکل کا دندانہ ؛ دانتا ؛ کٹخنہ ؛ کٹاؤ ۔ (٢) وہ نشان جو لکڑی پر شمار رکھنے کے لئے کندہ کیا جائے ۔ (٣) دانتے کاٹنا (چاقو وغیرہ سے) ۔ (٤) تنگ گھاٹی ؛ گہرا تنگ راستہ ؛ شگاف ؛ سوراخ ؛ درہ ۔

Notch : (v) (١) دانتے کاٹنا ؛ نشان لگانا ؛ دندانے ڈالنا ۔ (٢) دندانے ڈال کر آرہ وغیرہ بنانا ؛ (شمار کےلئے) نشان لگانا ؛ (کرکٹ میں) رن بنانا ؛ دندانوں کے ذریعہ کسی چیز کی شکل بنانا ۔ (٣) (سیڑھیوں کے زینے میں) دندانوں کے ذریعہ جڑنا ۔ (٤) کاٹ ڈالنا ؛ تیر کو کمان کی ڈوری میں لگانا ؛ تیر جوڑنا ۔

Notch-board : (v) کھانچ بنایا ہوا تختہ جس میں زینے کے سرے لگائے جاتے ہیں ۔

Notch-planting : (n) (نجاری) دانتی تنصیب ۔

Notch sensitivity : (n) کٹاؤ کی حساسیت ۔

Notch wing : (n) ایک یورپی پروانہ ۔

Notched : (a) (١) (نباتیات) بھدا دندانہ دار ۔ (٢) (حیوانیات) دندانہ دار یا شگاف دار ؛ دانتے دار ۔

Notcher : (n) مشین چلانے والا ؛ دندانے بنانے والی مشین ۔

Notching : (n) (١) دندانے بنانے کا عمل ؛ دانتی جوڑ ۔ (٢) دندانہ یا دندانے جیسا درز یا شگاف ۔

Note : (n) (١) نشان نغمہ ۔ (٢) پردا (پیانو وغیرہ کا) ۔ (٣) سر؛ سرتی ۔ (٤) پرند کی آواز ؛ چہکا ر؛ نغمہ ۔ (٥) لہجہ ؛ انداز رنگ ۔ (٦) نشان ؛ علامت ؛ خصوصیت ؛ علامت امتیازی ؛ ٹھپا ۔ (٧) داغ ؛ دھبّا ؛ کلنک کا ٹیکا ۔ (٨) علامت استعجاب ، تعریف ، استفہام ۔ (٩) اشارات ؛ مختصر

یاد داشت ؛ نوٹ ۔ (۱۰) حاشیہ ؛ تشریح (کتاب وغیرہ میں) ۔ (۱۱) مختصر خط ؛ چٹھی ؛ رقعہ ۔ (۱۲) باضابطہ سیاسی تحریر؛ یادداشت ۔ (۱۳) ہُنڈی ؛ زر کاغذی ؛ نوٹ ۔ (۱٤) شہرت ؛ امتیاز ؛ ناموری ؛ واقفیت ؛ علم ۔ (۱۵) توجہ ؛ غور ؛ لحاظ ۔ (۱٦) (دینیات) بعض خصوصیات میں سے ایک جس سے اصل کلیسا کو معلوم کیا جاسکے ۔ (۱۷) اصل ابتداء اختیار اور عمل کی علامت یا ثبوت ۔ (۱۸) مقررہ وقت پر رقم کی ادائیگی کا تحریری وعدہ ۔ (۱۹) خارجی علامت یا نشان ؛ نمایاں علامت ۔ (۲۰) نشان اور طرز جو تحریر و طباعت میں اختیار کیا جاتا ہے ؛ استفہامی علامت ۔ (۲۱) (قانون) ضروری تفصیلات کا خلاصہ انتقال اراضی کے متعلق ۔

Bank note : نوٹ ؛ بینک کا کاغذی سکہ ۔

Circular note : وہ خط جو مہاجن یا ساہو کار اپنے مسافر گاہک کو دے جس سے اس کو دوسرے مقامات پر بھی روپیہ مل سکے ؛ گشتی ہنڈی ۔

Of note : نوٹ کرنے کے قابل ؛ قابل امتیاز ؛ اختلاف کا ۔

To change one's note : رنگ بدلنا ؛ دفعتاً سختی یا نرمی کا انداز اختیار کرنا ۔

To compare notes : تبادلہ خیالات کرنا ؛ نتائج ملانا ۔

To make/-take a note/-notes : نوٹ کر لینا ؛ قلم بند کر لینا ؛ لکھ لینا ۔

To take note of : خیال کرنا ؛ توجہ کرنا ۔

Note : (v) (۱) مشاہدہ کرنا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ توجہ کرنا ؛ دیکھنا (غور سے) ۔ (۲) لکھ لینا ؛ قلم بند کر لینا ؛ درج کر لینا ؛ یاد داشت لکھ لینا ۔ (۳) شرح لکھنا ؛ شرح کرنا ؛ حاشیہ لکھنا ۔ (٤) (متروک) اتہام لگانا ؛ الزام دھرنا ۔

Note-book : (n) بیاض ؛ نوٹ بک ۔

Note-issue : (n) (معاشیات) اجرائے نوٹ ۔

Note of exclamation : (n) علامت تعجب ۔

Note of interrogation : (n) علامت استفہام ۔

Note paper : (n) خط کا کاغذ مختلف سائز کا ۔

Note-worthily : (adv.) قابل ذکر لحاظ سے ۔

Noted : (a) (۱) مشہور ؛ معروف ؛ نامی ؛ نامور ۔ (۲) شیریں سر والا ۔

Notedly : (adv.) امتیاز کے ساتھ ؛ خصوصاً ۔

Noteless : (a) غیر نمایاں ؛ غیر نغماتی ؛ غیر ہم آہنگ ؛ بے آواز ۔

Notelet : (n) چھوٹا سا رقعہ ؛ چھوٹا سر ؛ سرتی ۔

Noter : (n) جو غور سے دیکھتا ہے یا یادداشت لکھتا ہے ۔

Noteworthiness : (n) ناموری ؛ امتیاز ؛ شہرت ۔

Noteworthy : (a) قابل غور ؛ قابل توجہ ؛ قابل فکر ؛ قابل ملاحظہ ؛ قابل ذکر ؛ عجیب ؛ نادر ؛ ممتاز ؛ غیر معمولی ؛ نمایاں ۔

Noth-/Notho- : (a) مخلوط ؛ دوغلا ؛ پیوندی ۔

Nother : (pron.) (خصوصاً روز مرہ) دوسرا ۔

Nothing : (n) (۱) کوئی چیز نہیں ۔ (۲) نا چیز ؛ لاشے ؛ ہیچ ؛ کچھ نہیں ۔ (۳) (حساب) صفر ؛ ہیچ ۔ (٤) عدم ؛ نیستی ۔ (۵) ادنیٰ ؛ حقیر چیز ؛ واقعہ ؛ بات ؛ شخص ۔ (٦) ادنیٰ رائے زنی ۔ (۷) لامذہب ۔ (۸) غیر اہم ؛ معمولی ؛ (بطور صفت مستعمل ہے) ۔

A new nothing : مہمل نئی بات ؛ بیکار جدّت ۔

All to nothing : بہت اغلب ؛ تقریباً یقینی ۔

For nothing : (۱) بیکار ؛ فضول ۔ (۲) ناحق ؛ بے سبب ۔ (۳) خواہ مخواہ ۔

He has nothing in him : اس کی کوئی شخصیت نہیں ؛ کوئی اہمیت نہیں ۔

I can make nothing of it : (۱) یہ میری سمجھ میں نہیں آتا ؛ مجھ سے حل نہیں ہوتا ۔ (۲) یہ میرے کام کا نہیں ؛ یہ میرے کسی کام کا نہیں ۔

I have endured it for nothing : میں نے یہ فضول برداشت کیا ۔

In nothing flat : جلد سے جلد ۔

It is nothing less than monstrous : یہ سراسر غضب ہے ۔

Neck or nothing : یا ادھر یا ادھر ؛ تخت یا تختہ ۔

No nothing : کچھ بھی نہیں ۔

That is nothing to you : تمھیں اس سے کچھ سروکار نہیں ۔

There is nothig for it but to : اس کے سوا کوئی چارہ٭ کار نہیں کہ ۔

There is nothing in it : اس میں کچھ نہیں ہے ؛ اس بات کی کوئی اہمیت نہیں ہے ۔

To come to nothing : لاحاصل ہونا ؛ نتیجہ کچھ نہ نکلنا ؛ نا کامیاب ہونا ؛ ٹائیں ٹائیں فش ہونا ۔

To dance on nothing : پھانسی پر لٹکانا؛ پھانسی پانا ۔

To fade away to nothing : آہستہ آہستہ فنا ہو جانا ؛ گھٹتے گھٹتے مٹ جانا ۔

To get thing for nothig : کوئی چیز مفت حاصل کرنا ۔

To have nothing to do with : کچھ سروکار نہ رکھنا ؛ کچھ واسطہ نہ رکھنا ؛ دور رہنا ؛ کسی کے ساتھ معاملہ نہ رکھنا ۔

To make nothing of : (۱) معمولی سمجھنا ؛ ہلکا سمجھنا ؛ کچھ نہیں سمجھنا ؛ حقیر سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا ۔ (۲)کوئی کام کرنے کے لائق نہ ہونا ؛ کچھ نہ کرنا ۔

To make nothing of doing : بے تامل کر ڈالنا ؛ بائیں ہاتھ کا کھیل سمجھ کر کرنا ۔

Nothing : (adv.) بالکل نہیں ؛ ذرا بھی نہیں ؛ کسی طرح بھی نہیں ؛ بلاوجہ ؛ مفت ؛ بلا معاوضہ ۔

Nothing but : صرف ۔

Nothing doing : (adv.) مطلقاً نہیں ۔

Nothing doing : (۱) کامیابی نہیں ؛ تم جو چاہتے ہو نہیں ہو سکتا ۔ (۲) مطلقاً نہیں ۔

Nothing else than/-but/Nothing but : (۱) صرف؛ محض ۔ (۲) خالص ؛ سراسر ۔

Nothing for it : کوئی دوسرا چارہ٭ کار نہیں ۔

Nothing if not : اہم ترین ؛ سب سے زیادہ ۔

Nothing if not critical : (n) تنقید ہی تو جان ہے ؛ تنقید ہی تو (اس کی) خصوصیت ہے ۔

Nothing less than : پورا ؛ سراسر ۔

Nothing like : (دوسری چیز سے) کمتر ۔

Nothing like leather : اپنی چیز سب سے اچھی ؛ اپنا فائدہ سب سے مقدم ۔

Nothing venture nothing have : بے جوکھوں نفع نہیں ؛ بے نیش نوش نہیں ؛ بے رنج گنج نہیں ملتا ؛ تکلیف کے بغیر آرام نہیں ۔

Nothingarian : (n) دہریا ؛ لامذہب ۔

Nothingarianism : (n) لامذہبیت ؛ دہریاپن ۔

Nothingism : (n) دیکھو Nihilism ؛ ادنیٰ یا خفیف شے؛ ادنیٰ سی بات ۔

Nothingly : (a) بے اثر ؛ بے قیمت ۔

Nothingly : (n) صفر ۔

Nothingness : (n) (۱) لا شیئیت ؛ عدم ؛ فنا ؛ نیستی ۔ (۲) لاموجود ؛ معدوم ۔ (۳) غیر اہم ہونا ؛ حقیر ہونا ؛ کم قدری یا کسی چیز کے کم قدر ہونے کی حالت ۔ (٤) ادنیٰ چیزیں ؛ حقیر چیزیں ؛ انتہائی حقیر یا بے قدر ہونا ؛ بے اہمیت ہونا ۔ (٥) معدوم ہونے کی حالت ۔ (٦) ہوش یا شعور یا زندگی کا ختم ہوجانا (موت) ۔

Nothofagus : (n) (نباتیات) زان کاذب ؛ درختوں کی ایک قسم جو جنوبی نصف کرہ میں پائے جاتے ہیں ۔

Notice : (n) (۱) خبر ؛ اعلان ؛ تنبیہ ؛ آگاہی ۔ (۲) اشتہار ؛ اعلان ؛ علامت ۔ (۳) نوٹس ؛ باضابطہ اطلاع یا تنبیہ ۔ (٤) نوٹس ؛ معاہدے کے ختم ہونے کی اطلاع ۔ (٥) دھیان ؛ خیال ؛ توجہ ؛ غور ؛ لحاظ ؛ التفات ۔ (٦) تنقید ؛ تبصرہ ؛ (کسی تمثیل کا) تنقیدی بیان ۔

At short notice : تھوڑی دیر پہلے اطلاع دے کر ؛ فوری یا مختصر مدت کی اطلاع پر ۔

At ten minutes notice : دس منٹ پہلے اطلاع دے کر ؛ دس منٹ کی نوٹس پر ۔

Baby takes notice : بچہ ادراک کی علامتیں ظاہر کرتا ہے ۔

He takes no notice of it : وہ اس پر کچھ دھیان نہیں دیتا ۔

He was noticed to quit : اس کو بے دخلی کا نوٹس دیا گیا ۔

It was brought to his notice : اس کی طرف اس کی توجہ مبذول کرائی گئی تھی ۔

Take notice that : خبردار ہوجاؤ کہ ۔

Till further notice : تا اطلاع ثانی ۔

To come into notice : مشاہدہ میں آنا ؛ معلوم ہونا ۔

To give (and to have) notice : اطلاع دینا ؛ خبر کرنا ۔

To take notice of : توجہ کرنا ؛ دھیان دینا ۔

Notice : (v) (۱) (کسی بات کے متعلق) کچھ کہنا ؛ رائے ظاہر کرنا ؛ اظہار خیال کرنا ۔ (۲) دیکھنا ؛ توجہ کرنا ؛ بتانا ۔ (۳) ملتفت ہونا ؛ التفات کرنا ؛ پوچھنا ۔ (٤) نوٹس دینا ؛ اطلاع دینا ؛ باضابطہ اطلاع بھیجنا ؛ اطلاع نامہ بھیجنا ۔

Notice board : (n) نوٹس بورڈ ؛ تختۂ اطلاع ۔

Noticeable : (a) جاذب توجہ ؛ نمایاں ؛ قابل توجہ ۔

Noticeably : (adv.) نمایاں طور پر ۔

Notifiable : (a) (وہ بیماری) جس کی اطلاع محکمۂ حفظان صحت کو دینا ضروری ہو ؛ قابل اطلاع ؛ قابل اشتہار ۔

Notification : (n) (۱) اطلاع نامہ ۔ (۲)اعلان ؛ تشہیر ؛ اشتہار ؛ اطلاع ۔

Notified : (a) (قدیم) مشہور ؛ بدنام ؛ انگشت نما ۔

Notifier : (n) مُنادی ؛ اعلان کرنے والا ؛ اطلاع دینے والا ۔

Notify : (v) (۱) اعلان کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ شائع کرنا ۔ (۲) نوٹس دینا ؛ خبر دینا ؛ اطلاع دینا ۔

Notion : (n) (۱)تصور ۔ (۲) خیال؛ اندازہ ۔ (۳) رائے ؛ نظریہ ؛ یقین ؛ اعتماد ۔ (٤) صلاحیت ؛ قابلیت ۔ (٥) قصد ؛ ارادہ ۔ (٦) (امریکا) متفرق اشیائے تجارت میں سے کوئی چیز (خصوصاً بہت ہی ارزاں اور کام کی چیز) ۔ (۷) (جمع) ونچسٹر کالج کی روایتی اصطلاحیں ۔ (۸) اختراع شدہ پیداوار ۔ (۹) رجحان ؛ میلان ؛ کوئی خاص کام کرنے کی خواہش ۔

Notional : (a) (۱) (علم) تصوری ؛ نظری ؛ خیالی ۔ (۲) (اشیاء ؛ علائق) ذہنی ؛ ظنی ؛ فرضی ؛ قیاسی ۔ (۳) (شخص) خیال پرست ؛ تخیل پرست ؛ وہم پرست ۔ (٤) تصور یا خیال کا یا اس سے متعلق ۔ (٥) (قواعد) (افعال کا) اصلی معاون کی مخالفت کے طور پر ۔

Notionalist : (n) (قدیم) خیال پرست ؛ تخیل پرست ۔

Notionally : (adv.) نظری طور پر ؛ تخیلانہ طور سے ۔

Notionate : (a) (خصوصاً روز مرہ) وہم پرست ؛ جذباتی؛ تخیل پرست؛ ضدی ۔

Notionless : (a) خیال و تصور سے عاری ۔

Notions : (n) کسی اسٹور میں فروخت ہونے والی چھوٹی اشیاء (جیسے فیتا ، بٹن اور اس قسم کی دوسری چیزیں) ۔

Notiony : (a) (خصوصاً روز مرہ) وہمی ، وسواسی ۔

Notitia : (n) شمار یا فہرست ؛ بالخصوص ضلع کا ایک کلیسائی رجسٹر ۔

Noto : (prefix) سابقہ یونانی زبان کے لفظ Noton سے متعلق ہے جس کے معنی "پشت" کے ہیں ۔

Notobranchiate : (a) پشت پر گلپھڑے رکھنے والا (جانور) ۔

Notochord : (n) غضروفی ساخت جو بعض جانوروں میں ریڑھ کی ہڈی کی جگہ ہوتی ہے ۔

Notochordal : (a) غضروفی ساخت کا ۔

Notogaea : (n) ارض جنوبی ؛ وہ وسیع جاندار علاقہ جو آسٹریلیا ، نیوزی لینڈ اور امریکا کے استوائی اور جنوبی حصوں پر مشتمل ہے ۔

Notogaeal/Notogaean/Notogaeic : (a) (حیوانیات) وسیع حیوانی علاقہ کا ۔

Notogaea : (n) وسیع حیوانی علاقہ (آسٹریلیا ، نیوزی لینڈ وغیرہ کا) ۔

Notonecta : (n) (تشریح) پانی کا ایک کیڑا جو چت تیرتا ہے ؛ دریائی کیڑا ۔

Notopodial : (a) پشت پا کا ؛ ظہر پا کا ۔

Notopodium/Notopod : (n) (حیاتیات و حیوانیات) ظہرپا ؛ پشت پا ۔

Notoriety : (n) (۱) مشہور یا بدنام ہونےکی حالت ؛ عام طور پر بدنام یا مشہور ہونے کی حقیقت ؛ اصلیت ۔ (۲) بہت مشہور یا شہرت یافتہ شخص خصوصاً سنسنی خیز یا شرم ناک امر کے لئے بد نام ۔ (۳) شہرت ؛ تشہیر ۔

Notorious : (a) (۱) مشہور ۔ (۲) انگشت نما ؛ برے کام میں زد ؛ برائی میں مشہور ۔ (۳) بدنام ؛ شرم ناک ؛ رسوا ۔

It is notorious that (etc.) یہ (بات) اتنی رسوائے زمانہ ہے کہ ۔

Notoriously : (adv.) اعلانیہ ؛ مشہور طور پر ؛ رسوائی کے ساتھ ۔

Notoriousness : (n) شہرت ؛ بدنامی ؛ انگشت نمائی ؛ برے کام میں نام زدگی ؛ رسوائی ۔

Notornis : (n) نیوزی لینڈ کی ایک چڑیا جو کم یاب اور معدوم ہے ؛ بحری پرندہ ؛ مرغابی کے جنس کی چڑیا ۔

Notothere : (n) تیسرے عہد کے بعد کے طبقات میں پایا جانے والا ایک معدوم بڑا تھیلی دار جانور ۔

Nototrema : (n) مینڈکوں کی ایک قسم ۔

Notour : (a) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ میں) بدنام ؛ رسوا ۔

Notour bankrupt : (n) (۱) (اسکاٹ لینڈ) وہ مقروض جو دیوالیہ قرار دے دیا گیا ہو ۔ (۲) وہ مقروض جو قرض ادا کئے بغیر بھاگ گیا ہو تاکہ قرض سے بچ جائے ۔

Notum : (n) کیڑوں کے سینوں کا ظہری حصہ ۔

-notus : (n) جزو ترکیبی بہ معنی پشت ؛ نوعی آسامی کے لئے

مستعمل۔

Notus : (n) (شعر) جنوبی ہوا ۔

Notwithstanding : (prep.) باوجود ۔

Notwithstanding : (conj.) حالانکہ ؛ اگرچہ ۔

Notwithstanding : (adv.) تاہم ؛ ابھی تک ؛ پھر بھی ۔

Notwithstanding that : (conj.) حالانکہ ؛ اگرچہ ۔

Nougat : (n) اخروٹ یا پھلوں کے تراشوں اور شیرے سے تیار ہونے والی مٹھائی ۔

Nought : (a) بے قدر ؛ کم قیمت ؛ کسی کام کا نہیں ؛ کچھ بھی نہیں ۔

Nought : (n) (شعر ، قدیم) لاشے ؛ کچھ نہیں ۔ (ریاضی) صفر ۔

Brought to nought : (۱) تباہ کرنا ؛ برباد کرنا ؛ (۲) شکست دینا ۔

Come to nought : (۱) تباہ ہونا ؛ برباد ہونا ۔ (۲) نا کام ہونا ۔

For nought : فضول ؛ مفت ؛ بلامعاوضہ ۔

To set at nought : پرواہ نہ کرنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ چٹکیوں میں اڑانا ۔

Nought : (adv.) کسی حد تک بھی نہیں ؛ کسی طور بھی نہیں ؛ بالکل نہیں ۔

Noughts and crosses : (n) بچوں کا ایک کھیل ۔

Noumenal : (a) ذات شے یا حقیقت شے کے متعلق؛ (phenomenal کے متضاد) ۔

Noumenally : (adv.) حقیقت شے کے اعتبار سے ۔

Noumenon : (n) ذات شے ؛ حقیقت شے یا اس کا تصور (ضد مظہر) ۔

Noun : (n) (۱) (قواعد) ایک لفظ جو کسی چیز یا آدمی ؛ ے استعمال کیا گیا ہو یا کسی چیز یا شخص کا نام ؛ اسم ۔ (۲) اسم ذات (پہلے اسم ذات اور اسم صفت دونوں کو Noun کہا جاتا تھا) ۔

Noun adjective : (n) اسم صفت ۔

Noun of multitude : (n) اسم جمع ۔

Noun substantive : (n) اسم ذات ۔

Nounal : (a) اسم سے متعلق یا اس کے عمل ، نوعیت اور حالت کے بارے میں ۔

Nourish : (v) (۱) کھلانا ؛ غذا پہنچانا ؛ تغذیہ کرنا ؛ دودھ پلانا ؛ پرورش کرنا ؛ قوت پہنچانا ۔ (۲) (جذبہ، امید وغیرہ کو) مدتوں دل میں رکھنا ؛ نشو و نما اور ساخت کے اعتبار سے مناسب اور ضروری (چیز) مہیا کرنا ؛ (احساس عادت وغیرہ کو) لوگوں کے درمیان ترقی دینا ؛ اپنے دل و دماغ میں کسی خیال کی پرورش کرنا؛ قائم رکھنا ؛ باہمت بنانا ؛ مضبوط کرنا (دل و دماغ کو) کسی چیز میں یا کسی چیز کے ساتھ ۔

Nourishable : (a) (متروک) غذا یا قوت پہنچانے کے قابل؛ غذا پذیر ؛ قوت پذیر ۔

Nourisher : (n) غذا پہنچانے والا ؛ تغذیہ کرنے والا ؛ پرورش کرنے والا ۔

Nourishing : (a) مقوی ؛ قوت بخش ؛ غذائیت بخش ؛ غذائیت سے بھر پور ۔

Nourishment : (n) (۱) غذا ؛ قوت ؛ خوراک ۔ (۲) تغذیہ ؛ غذا پہنچانا ؛ پرورش ؛ عمل اور پروش کرنے یا تغذیہ کی حقیقت ۔

Nous : (n) (۱) (فلسفہ یونان) عقل ؛ ذہن ۔ (۲) (روز مرہ یا عامیانہ) سمجھ ؛ سوجھ بوجھ ؛ بصیرت ؛ حس مشترک ؛ ذکاوت ؛ معاملہ فہمی ۔

Nousel/Nousle Nuzzle کا متبادل ۔

Nouther/Nowther : (a & adv.) دیکھو Neither

Nouveau riche : (n) وہ جس نے حال ہی میں دولت حاصل کی ہو اور عام طور پر نمود و نمائش کا خواہش مند ہو ؛ نو دولت ؛ وہ جو اوچھی حرکتیں کرتا ہے ۔

Nouvelle vague : (n) نئی تحریک یا نیا رجحان ؛ خصوصاً وہ تحریک یا رجحان جو فرانس میں سنہ ۱۹۶۰ء میں پیدا ہوا ۔

Nov- / Novo - : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی "نو" جیسے Novauglian -

Nov : (n) November (نومبر) کا مخفف ۔

Nova : (n) (۱) (علم النجوم) ستارہ جس کی روشنی اچانک دس ہزار گُنا یا اس سے بھی زیادہ ہوجاتی ہے اور پھر چند مہینوں یا برسوں میں پہلی حالت میں آجاتا ہے ۔(۲) نیا ستارہ یا بنولا ۔

Novachord : (n) پیانو کے مشابہ ایک ساز ۔

Novaculite : (n) مٹی کا بنا ہوا سخت سلیٹ ؛ سلی پتھر ۔

Novalia : (n) (اسکاٹ لینڈ) زمین جو ابھی ابھی زیر کاشت لائی گئی ہے ۔

Novanglian : (a) (۱) نیو انگلینڈ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) نیو انگلینڈ کے باشندوں کی خصوصیات کا حامل ۔

Novanglian : (n) نیو انگلینڈ کا باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ۔

Novascotia : (a) نواسکوشیا کا یا یہاں کے مروجہ طرز کا ۔

Novascotian : (n) نواسکوشیا کا باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ۔

Novate : (v) پرانے دین کی جگہ نیا دین لانا ۔

Novatian : (n) رومن پادری نوواشیانس کے تیسری صدی میں قائم کردہ فرقہ کا رکن ۔

Novatian : (a) Novatianus کا یا اس کے متعلق یا Novatianus کے فرقے کا ۔

Novatianism : (n) Novatianus کے قائم کردہ فرقہ کا رکن ۔

Novatianist : (n) Novatianus کے فرقہ کا حامی ۔

Nought : (adv.) (۱) کسی نئی چیز کا رواج یا اس کی ابتدا ؛ اختراع؛ ایجاد ۔ (۲) (قانون) سابق مدیون کی جگہ نئے مدیون کی قائم مقامی ۔

Novator : (n) موجد ؛ مخترع ۔

Novel : (n) (۱) (جمع میں) مختصر افسانہ ؛ قصہ ؛ حکایت ۔ (۲) ناول ۔ (۳) (رومی قانون) جدید فرمان جو ضابطہ قانون میں ضمیمہ کے طور پر شامل کیا گیا ہو خصوصاً وہ جو شہنشاہ جسٹینین نے بنایا تھا ۔

Novel : (a) نیا ؛ حال کا ؛ نئے قسم کا ؛ حیرت ناک ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ وہ جس کا اب تک علم نہ تھا ؛ اوریجنل ۔

Novel paper : (n) اخباری کاغذ جیسا کاغذ ۔

Novelese : (n) خراب ناولوں کا مخصوص طرز خصوصاً وہ طرز جس کا انداز سوقیانہ ہو ۔

Novelesque : (a) ناول کے مشابہ یا اس کے لئے موزوں ۔

Novelet/Novelet : (n) (۱) ناولٹ ؛ ایک مختصر ناول یا طویل افسانہ ۔ (۲) (برطانیہ) ایک غیر سنجیدہ عموماً جذباتی رومانی ناول ۔ (۳) پیانو پر بجانے کا نغمہ جو متفرق آہنگ کا مجموعہ ہو ۔

Noveletish : (a) (۱) ناولٹ کا یا اس سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ۔ (۲) جذباتی ؛ بازاری ۔

Noveletist : (n) ناولٹ نگار ۔

Novelism : (n) (۱) (متروک) اختراع ؛ جدت ۔ (۲) ناول نگاری ۔

Novelist : (n) (۱) ناول نویس ۔ (۲) (قدیم) قاصد ۔ (۳) (متروک) مخترع ۔

Novelistic : (a) ناول نویسی کا ۔

Novelistically : (adv.) ناول نگاری کے طرز میں ۔

Novelization : (n) ناول کی طرز میں پیش کرنے کا عمل۔

Novelize: (v) (۱) ناول کی طرز یا شکل میں تبدیل کرنا۔ (۲) (واقعات کو) ناول کے رنگ میں پیش کرنا۔

Novella : (n) (۱) ایک ایسا قصہ جس کا مربوط اور نکھرا ہوا پلاٹ ہو۔ (۲) مختصر ناول۔

Novelly : (adv.) عجیب و غریب طرز سے۔

Novelty : (n) (۱) انوکھی بات ؛ انوکھی چیز ؛ نئی بات ؛ نئی چیز ؛ کسی چیز کی غیر معمولی خصوصیت۔ (۲) ندرت ؛ انوکھا پن ؛ جدت ؛ نادر ہونے کی صفت یا حالت۔

The novelty : سب سے انوکھی چیز۔

November : (n) نومبر ـــ عیسوی سال کا گیارھواں مہینہ۔

Novena : (n) ریاضت جو خاص طرح کی عبادت پر مشتمل ہے جو مسلسل نو دنوں تک کی جاتی ہے ؛ مسلسل نو روزہ عبادت۔

Novenary : (n) (۱) نو کی مجموعی تعداد یا نو کا مجموعہ۔ (۲) نو دنوں کی لگاتار عبادت۔

Novennial : (a) ہرنو سال پر ہونے والا۔

Novercal : (a) سوتیلی ماں جیسی خصوصیات کا۔

Novice : (n) (۱) وہ شخص جسے کسی صومعہ میں آزمائشی طور پر داخل کیا گیا ہو ؛ امیدوار راہب یا پادری ؛ وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلہ میں امتحاناً داخل کیا گیا ہو ؛ جو کسی مذہب میں نیا نیاداخل ہوا ہو ؛ نو مذہب۔ (۲) مبتدی ؛ نو آموز۔

Novice hand : (n) خام دست۔

Noviceship : (n) (۱) دیکھو Novitiate۔ (۲) تازہ کاری ؛ خام دستی۔

Novitiate/Noviciate : (n) (۱) کسی مبتدی یا نو آموز کی امیدواری کی مدت۔(۲) (مجازاً) مبتدی ہونے کی حالت یا مدت۔ (۳) کار آموزی کی مدت۔ (٤) کسی مذہبی سلسلے میں مبتدی۔ (٥) مبتدی یا نو آموز کے رہنے کے مکانات ؛ وہ جگہ جہاں نو آموزوں یا مبتدیوں کی تربیت ہوتی ہے۔ نئے داخل شدہ مبتدیوں کی (Novitiate Chapel) عبادت گاہ ؛ نو آموز امیدوار۔

Novocain : (تجارتی مارکہ) ایسی تیار کی ہوئی چیز جس میں پروکین ہائیڈرو کلورائڈ ہو۔

Novocain : (n) پروکین یا اس کا ہائیڈروکلورائڈ۔

Novodamus : (n) (قانون) ایسا فرمان جس کی کوئی دفعہ دوسرے فرمان کی تائید میں ہو ؛ تائیدیہ۔

Now : (adv.) ابھی ؛ اب ؛ موجودہ حالت میں ؛ اس حقیقت کے پیش نظر ؛ ابھی ؛ فوراً ہی ؛ اسی وقت ؛ اب کہ ؛ اس کے بعد ؛ وقتاً فوقتاً۔

Now : (conj.) چونکہ ؛ (اس امر) کے پیش نظر۔

Now : (a) موجودہ ؛ موجودہ وقت کا ؛ حالیہ۔

Now : (n) (۱) موجودہ وقت یا لمحہ ؛ حال۔ (۲) "اب"۔

Ere now : قبل ازیں ؛ اس سے پہلے۔

Even now/But now : ذرا ہی دیر ہوئی۔

Every now and then or again : بار بار ؛ مکرر۔

From now : اب سے۔

Just now : ابھی ؛ اسی وقت ؛ اسی دم۔

Till now : اس وقت ؛ اب تک ؛ تاحال۔

Now-a-day/Now-a-days : (adv.) آج کل ؛ فی زمانہ ؛ فی الحال ؛ اس زمانہ میں۔

Now-a-day/Now-a-days : (a) آج کل کا ؛ اس زمانہ کا ؛ حالیہ۔

Now-a-day/Now-a-days : (n) موجودہ زمانہ ؛ حال۔

Now and again : (adv.) پے در پے ؛ مکرر۔

Now and then : (n) اکثر اوقات ؛ گاہے گاہے ۔

Now one thing now another : کبھی یہ کبھی وہ۔

Now or never : اب یا کبھی نہیں ؛ بس اسی وقت ۔

Noway : (adv.) کسی حال میں بھی نہیں ؛ مطلق نہیں ؛ کسی طرح بھی نہیں ؛ اصلاً نہیں ؛ ہرگز نہیں ؛ (روز مرہ) کسی طرح ۔

Noways : (adv.) دیکھو Noway

Nowed : (a) (نقابت) گرہ دار ؛ گرہ میں بندھا ہوا ۔

Nowel : (n) دیکھو Noel

Nowhere : (adv.) (۱) کہیں نہیں ؛ کسی جگہ نہیں ؛ کہیں بھی نہیں ۔ (۲) کسی کتاب یا تصنیف میں نہیں ۔ (۳)بہت پیچھے ۔

Nowhere : (n) (۱) غیر موجود مقام ؛ معدوم مقام ۔ (۲) ویرانہ ؛ غیر ترقی یافتہ یا گم نام جگہ ۔ (۳) لامکانیت ؛ لاوجودیت ۔ (٤) گم نامی ۔ (٥) آباد جگہ ۔

To be nowhere : مقابلہ کی دوڑ میں بری طرح ہارنا ؛ شدت کے ساتھ نقصان اٹھانا ؛ دیوالیہ ہو جانا ؛ ناواقف ہونا ۔

Nowhere near : (adv.) آس پاس بھی نہیں ؛ لگ بھگ بھی نہیں ۔

Nowheres : (adv.) (خصوصاً روز مرہ) کہیں نہیں ۔

Nowhither : (n) کہیں نہیں ؛ کسی جگہ نہیں ۔

Nowise : (adv.) کسی طرح نہیں ؛ کسی حالت میں نہیں ؛ مطلق نہیں ۔

Nowness : (n) زمانہ حال میں ہونے یا اس سے متعلق ہونے کی صفت یا حالت ۔

Nowt : (n) (۱)(اسکاٹ لینڈ میں) (جمع) مویشی ؛ بیلوں کا گلہ ۔ (۲) (واحد) بیل (مجازاً) بے وقوف ؛ احمق ؛ گندا آدمی ؛ گھٹیا آدمی ۔

Nowy : (a) (صلیب) درمیان میں یا اس کے آس پاس ٹیڑھا ہو یا نکلا ہوا ہو ؛ کج یا خمیدہ ۔

Nox : (n) رات ؛ شب (خاص کر شاعری) ۔

Noxa : (a) وہ چیز جو جسم کے لئے مضر ہو ۔

Noxal : (a) (قانون) کسی شخص سے یا کسی شخص کے جانور سے نقصان یا زخم پہنچنے کے متعلق یا اس کی کاروائی سے متعلق ۔

Noxious : (n) مضر ؛ نقصان دہ ؛ مضر صحت؛ ناگوار ؛ ضرور رساں؛ فاسد ۔

Noxiously : (adv.) مضر طور پر ؛ فاسدانہ ؛ ضرر رسانی سے ۔

Noxiousness : (n) ضرررسانی ؛ مضرت ۔

Noyade : (n) غرقابی کے ذریعہ موت کی سزا ؛ فرانس کے مجرموں کے لئے زمانہٴ قدیم میں اس قسم کی سزا ۔

Noyade : (v) سزا کے طور پر غرقاب کرنا ۔

Noyading : (n) غرقابی ۔

Noyau : (n) برانڈی سے بنا ہوا ایک مشروب جس میں خشک میووں کی چاشنی ہوتی ہے ۔

Nozzle : (n) (۱) ٹونٹی ؛ دہانہ ؛ منہ (نل وغیرہ کا) منہنال ۔ (۲) (عامیانہ) ناک ۔ (۳) چھوٹی ناک یا منقار یا چونچ ؛ نکلا ہوا حصہ یا آخری حد ۔

Nozzle : (v) (۱) ٹونٹی دار بنانا ۔ (۲)ناک ڈالنا ۔ (۳) ٹونٹی سے نکلنا ۔

Nozzleman : (v) دہانے یا ٹونٹی سے نکلنے والے بالو یا پانی کا کام کرنے والا ۔

Nu : یونانی الفبا کا تیرھواں حرف ۔

Nuance : (n) (۱) باریک فرق ؛ نازک فرق ۔ (۲) (لفظ میں معنی کا) شائبہ ؛ پہلو ۔ (۳) موسیقی میں نازک تغیر ۔ (٤) (معنی ، احساس یا قدر) کے نازک پہلوؤں کے اظہار کی صلاحیت ۔

Nuance : (v) باریک فرق کا اظہار کرنا؛ نازک پہلوؤں کی طرف اشارہ کرنا ؛ (رنگ یا سر) کے نازک پہلوؤں کو پیش کرنا ۔

Nub : (n) (۱) ڈھیلا ؛ چھوٹا سا ڈھیلا ؛ ٹکڑا (خصوصاً کوئلے کا)۔ (۲) مغز ؛ اصل ؛ نکتہ ؛ خلاصہ ؛ مدعا ۔ (۳) دھاگے کا گولا ۔

To a nub/To the nub : تھکاوٹ میں ؛ تھکاماندہ ۔

Nub : (v) دھاگے کا گولا مہیا کرنا ۔

Nubbin : (n) (۱) غیر بالیدہ (جیسے پھل) ؛ نا مکمل ۔ (۲) ایسی چیز جس کا بیشتر حصہ ختم ہو گیا ہو ۔

Nubble : (n) (۱) چھوٹا ڈھیلا ؛ ڈلا ؛ ٹکڑا ۔ (۲) چھوٹی پہاڑی ۔ (۳) ایک چھوٹا جزیرہ ۔

Nubbly/Knubbly : (a) جس میں ٹکڑے یا ڈھیلے ہوں ۔

Nubby/Knubby : (a) جہاں ٹکڑے یا ڈھیلے ہوں ۔

Nubecula : (n) (۱) (مرضیات) گدلا یا گندہ ہونا (جیسے پیشاب کا) یا دھند کا ہونا (جیسے آنکھ میں) ۔ (۲) (فلکیات) سحاب کبیر یا صغیر ۔

Nubia : (n) عورتوں کا اسکارف ، سر اور کندھے کے لئے ۔

Nubian : (a) (۱) نیوبیا کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) نیوبیا قوم کی خصوصیت کا حامل ۔ (۳) نیوبیا زبان کا یا اس کی خصوصیت کا حامل ۔

Nubian : (n) (۱) نیوبیا کی قوم ؛ایک حبشی قوم جس نے عیسائی مذہب قبول کر لیا تھا مگر بعد میں مشرف بہ اسلام ہوئی ۔ (۲) نیوبیا کی متعدد زبانوں میں سے کوئی ایک ۔

Nubian goat : (n) نیوبی بکری ۔

Nubian horse : (n) نیوبی کا عربی گھوڑا ۔

Nubiferous : (a) ابر لانے والا ۔

Nubilate : (v) (۱) ابر آلود کرنا ؛ ابر سے بھر جانا ؛ غبار آلود ہونا ۔ (۲) دھندلا کرنا ؛ مبہم کرنا ؛ مخفی کر دینا ۔

Nubile : (a) (خاص کر عورتوں کے لئے) قابلِ شادی ؛ بالغ ؛ جسمانی لحاظ سے جنسی تعلقات کے لائق ۔

Nubility : (n) قابل شادی ہونا ۔

Nubilous : (a) (۱) ابر آلود ؛ کہر آلود ؛ غبار آلود ۔ (۲) مبہم ؛ تاریک ۔

Nubils : (n) خیال ؛ وہم ۔

In nubils : وہم و خیال کے عالم میں ؛ وہم و خیال میں ۔

Nubilum : (n) برج سرطان کے ستاروں کا حلقہ ۔

Nucal : (a) ناریل یا بادام سے متعلق ۔

Nucellar : (a) مرکزہ کا یا اس سے متعلق ۔

Nucellus : (n) (نباتیات) ایسے خلیوں کا اجتماع جو تخمچہ کے جسم میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور جس میں جنین کی تھیلی ہوتی ہے ؛ مرکزہ ۔

Nucha : (n) پشت گردن ؛ قفا ۔

Nuchal : (a) پشت گردن سے متعلق ؛ قفائی ۔

Nuchalgia : (n) (طب) پشت گردن کا درد ؛ درد قفا ۔

Nuci : (prefix) سابقہ کے طور مستعمل بہ معنی اساس ؛ مرکزہ ؛ لُبّ ؛ مغز ۔

Nuciferous : (a) (نباتیات) جوزوار ۔

Nuciform : (a) جوز شکل ؛ سخته نما ۔

Nucivorous : (a) جوز خور ۔

Nucle-/Nucleo-/Nuclei -: (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی مرکزہ ؛ تخمچہ ۔

Nucleal : (a) نیو کلک ایسڈ ؛ نووی ؛ توانائی ۔

Nuclear : (a) (۱) نووی ؛ مرکزائی ؛ مرکزہ یا اس سے متعلق ؛ مرکزے

کا حامل یا اس کی مانند ۔ (۲) ایک ذرہ یا ذروں کی جماعت سے متعلق ؛ مرکزہ سے براہ راست مربوط یا سالمہ کے حلقہ سے وابستہ ۔ (۳) ایٹمی مرکزے کا یا اس سے متعلق ؛ ایٹمی توانائی کا یا اس سے متعلق ؛ ایٹمی طاقت سے چلنے والا یا اس سے متعلق ۔

Nuclear bomb : (n) نیوکلیر بم ؛ جوہری بم ۔

Nuclear charge : (n) نووی بار ۔

Nuclear chemistry : (n) ریڈیو کیمسٹری ؛ نووی کیمیا ۔

Nuclear complex : (n) اوّلی خلط ؛ ابتدائی خلط ۔

Nuclear cycle : (n) الگا اور فنگی (fungi) کے دور حیات میں ہونے والے گردشی نیوکلیر تغیرات ۔

Nuclear division : (n) نووی تقسیم ۔

Nuclear emulsion : (n) ایک فوٹو گرافی روغناب تاکہ ایک مرکزہ کی راہ معلوم ہو سکے ۔

Nuclear energy : (n) ایٹمی توانائی ؛ نووی توانائی ؛ جوہری توانائی ۔

Nuclear family : (a) (۱) خاندان جو باپ ، ماں اور بچوں پر مشتمل ہو ۔ (۲) ایٹمی مرکزہ یا ایٹمی مرکزہ کا یا اس سے متعلق یا ایٹمی نوات کا رد عمل ۔

Nuclear fission : (n) تقریباً مساوی حصوں میں ایٹمی مرکزے کا انتشار جس سے توانائی کی زبر دست مقدار رہا ہوتی ہے جب بعض بھاری عناصر (جیسے یورینیم اور پلاٹونیم) منتشر ہوتے ہیں ؛ انشقاق نووی ۔

Nuclear fragmentation : (n) (طبیعیات) کسیر نووی ۔

Nuclear fuel : (n) ایسا مادہ جس سے ایٹمی توانائی رہا ہو ۔

Nuclear fusion : (n) ایٹمی مرکزے کا ارتباط ؛ اتحاد نووی ۔

Nuclear isomers : (n) نووی ہم ترکیب ۔

Nuclear membrane : (n) مرکزہ کا حلقہ ۔

Nuclear physics : (n) نووی طبیعیات ۔

Nuclear plate : (n) خط استوائی پلیٹ ۔

Nuclear-powered : (a) ایٹمی توانائی استعمال کرنے والا ؛ ایٹمی توانائی والا ۔

Nuclear reaction : (n) جوہری مرکزے میں تغیر پیدا کرنے کا عمل ؛ جوہری رد عمل ۔

Nuclear reactor : (n) جوہری مُتعاملہ ؛ نیوکلیری ری ایکٹر ؛ ایک آلہ جس میں انتشار پذیر مادہ میں رد عمل کا سلسلہ پیدا ہوتا ہے ۔

Nuclear sap : (n) نووی رس ؛ نووی لِمف ۔

Nuclear spindle : (n) نوکلیر اسپنڈل ؛ nitosis میں اسپنڈل نما شکل کا ابھرنا ۔

Nuclear substitution : (n) (کیمیا) نووی بدل ۔

Nuclear theory : (n) نظریہ نوویہ ۔

Nucleary : (a) ں کی فطرت کا ۔

Nuclease : (n) پودوں اور جانوروں میں پایا جانے والا انزائم جو نیو کلیڈ ایسڈ کی آبی تحلیل کرتا ہے ۔

Nucleate : (v) (۱) مرکزہ بننا ؛ مجتمع ہونا ۔ (۲) مرکزہ کی طرح عمل کرنا ؛ جمع ہونا ؛ مُتَراکِم ہونا ۔

Nucleate : (a) نوات دار ؛ مرکزہ دار ؛ حامل مرکزہ ۔

Nucleate : (n) نیوکلیک ایسڈ کا نمک ۔

Nucleation : (n) (۱) مجتمع ہونے کا عمل ؛ اِرتکاز؛ تَراکُم ۔ (۲) مرکزہ کا بننا ۔ (۳) پانی کے لئے بادلوں میں تخم کاری ۔

Nuclei/Nucleus : (n) (حیاتیات) نواتات ؛ مرکزے ۔

Nucleic : (n) نیوکلئیک ایسڈ کی دو قسموں (RNA اور DNA) میں سے کوئی ایک جو کسی نہ کسی شکل میں تمام خلیوں میں پایا جاتا ہے۔

Nucleic acid : (n) نیوکلئیک ایسڈ : تمام زندہ خلیوں میں پایا جانے والا پیچیدہ ایسڈ جو حیات کے لئے لازم ہے۔

Nucleiform : (a) نیوکلس کی شکل کا ؛ دق زدہ۔

Nuclein : (n) نیوکلین : نکلین

Nucleo - : (prefix) دیکھو Nucle

Nucleobranch : (n) ایک قسم کا صدف

Nucleocentrosome : (n) مرکزوں کی باہمی تقسیم کا مرکز۔

Nucleocytoplasmic : (a) مرکزہ اور سیٹوپلازم کا یا ان سے متعلق۔

Nucleogony : (n) مرکزوں کی تقسیم جبکہ سیٹوپلازم کی بھی نشو و نما ہو۔

Nucleoid : (n) مرکزہ کی مانند ؛ مرکزہ نما۔

Nucleoid : (n) جسم جو اپنی ترکیب اور خاصیت میں مرکزہ سے مشابہ ہو۔

Nucleol-/Nucleolo - : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی مرکزہ ؛ نوات صغیر ؛ (حیاتیات) نواتک۔

Nucleolar : (a) مرکزہ یا تخمچہ کا یا اس سے متعلق ؛ در مرکزائی ؛ درنواتی۔

Nucleolated : (a) (۱) درنوات دار۔ (۲) (نباتیات) قطرۂ روغن دار۔

Nucleoloid : (a) مرکزہ کی مانند ؛ جوزک کی طرح۔

Nucleolus : (n) (۱) درنواتہ ؛ نواتہ ؛ درنوات۔ (۲) نُوَیّہ ؛ نوات صغیر۔ (۳) خاص طور پر پروٹینی ترکیب کا عضویاتی جسم جو مرکزہ کا خاصہ ہے۔ (٤) کروموزوم سے الگ کوئی دوسرا مرکزائی جسم۔

Nucleon : (n) (۱) پروٹون یا نیوٹرون خصوصاً جوہری مرکزہ میں۔ (۲) نُوَیّہ (قلبیہ یا جسیمہ) نکلیون۔

Nucleonic : (a) نُوَیّہ کا یا اس سے متعلق۔

Nucleonics : (n) طبعی سائنس کا ایک شعبہ جو جوہری مرکزے کے تمام پہلوؤں خصوصاً ان کے عملی استعمال سے بحث کرتا ہے ؛ (جمع) نُوَیّہ اور مرکزہ سے متعلق سائنس اور متعلقہ ٹیکنالوجی کا شعبہ خصوصاً جہاں مرکزہ کے وجود کو عملاً برتا جاتا ہو۔

Nucleoplasm : (n) کسی مرکزہ کا پروٹوپلازم جو سائٹو پلازم سے مختلف ہوتا ہے۔

Nucleoside : (n) مرکبہ جس میں چینی مختلف حلقوی بنیاد سے وابستہ ہوتی ہے۔

Nucleotide : (n) مرکب جس میں فاسفیٹ گروپ نکلیو سائڈ چینی سے سے ملا ہوا ہوتا ہے۔

Nucleus : (n) (۱) مرکزہ ؛ مرکز عصبی ؛ ثانوی نشو و نما کے لئے مرکز ؛ پودے اور حیوانی خلیوں کا مرکزی مقام ؛ جوہر کا مثبت بار مرکزی حصہ۔ (۲) (جمع میں) نوات ؛ نوات خلیہ مایہ۔ (۳) (طبیعیات) نوات ؛ مرکزہ ؛ کوئی ذرہ جس کے گرد قلم بنتا ہے اور پھیلتا ہے۔ (٤) (ہیئت) راس کومت ؛ نواۃ ؛ دمدار ستارے کا مرکزی حصہ۔ (۵) (نباتیات) قطرہ ؛ تولیا ؛ گودا ؛ گری ؛ مغز ؛ مرکزینہ۔ (٦) وہ پتھر جس سے اوزار بنائے جاتے تھے۔ (۷) مرکز عصبی (خصوصاً) ٹھوس مرکزی حصہ جو ایک جھلی سے جڑا ہوا ہوتا ہے اور تناسلی مایہ کا حامل ہوتا ہے۔

(طبیعیات و کیمیا) جوہری نوات۔ **Atomic nucleus**

Nuclide : (n) (۱) ایسے جوہر کی قسم جس میں مرکزہ ہوتا ہے اور پروٹون اور نیوٹرون ہوتے ہیں ؛ ایسا جوہر جس میں مخصوص جوہری تعداد اور کمیتی تعداد ہوتی ہے۔ (۲) (نیو فزکس) مخصوص قسم کا ایٹم۔

Nuclidic : (a) ایسے جوہر کا یا اس سے متعلق۔

Nuculanium : (n) (۱) منہ بند گٹھلی دار پھل۔ (۲) ایک قسم کا سخت اخروٹ۔

Nuddle : (v) نتھنے سے زمین کھودنا ؛ سؤر کی طرح تھوتھنی سے کھودنا۔

Nude : (a) عریاں ؛ برہنہ ؛ ننگا ۔

The nude : (۱) (فن) عُریاں مجسمہ ۔ (۲) عریاں تصویر ۔

Nude : (n) عریاں شخص : عریاں تصویر یا مجسمہ ۔

Nudely : (adv.) عریاں طور پر ؛ برہنہ طریقہ سے ۔

Nudeness : (n) عریانیت ؛ برہنگی ؛ ننگا پن ۔

Nudge : (v) (۱) کہنی مار کر اشارہ کرنا ؛ کہنی مارنا ؛ ترغیب دینا ؛ نزدیک ہونا ؛ ٹہوکا دینا ۔ (۲) (مجازاً) کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ۔

Nudi- : (prefix) ترکیبی جز بہ معنی عریاں ؛ برہنہ ۔

Nudibranch : (n) عریاں خیشومہ ؛ ایک قسم کا صدف ۔

Nudibranchial : (a) عریاں خیشومہ سے متعلق ۔

Nudibranchiate/Nudibranchian : (n) عریاں خیشومہ ۔

Nudibranchiate : (a) (حیوانیات) عریاں خیشومہ سے متعلق ۔

Nudiflorous : (a) جس میں عریاں پھول ہوں خصوصاً غدود سے عاری ۔

Nudiped : (a) بال یا غدود سے عاری پاؤں ۔

Nudiped : (n) ایسا جانور جس کے پاؤں میں بال یا غدود نہ ہوں ۔

Nudish : (a) تقریباً عریاں ؛ عریانیت سے قریب ۔

Nudism : (n) (نظریہ) عریانیت ؛ دین عریانیت ؛ عریاں پسندوں کے اصول یا ان کا عمل ۔

Nudist : (n) عریانی کا حامی ؛ عریانیت پسند ؛ دین عریانیت کا پیرو ۔

Nudist : (a) عریانی یا حامی عریانیت کا یا اس سے متعلق ۔

Nudist club : (n) دین عریانی کا مرکز ؛ عریانیت پرستوں کا کلب ۔

Nudity : (n) عریانی ؛ عریاں تصویر خصوصاً فن لطیف میں پیش کردہ ۔

Nudus : (a) (نباتیات وغیرہ) عریاں ؛ برہنہ ۔

Nuff : Enough کا مخفف ۔

Nuff said : (روز مرہ) میں متفق ہوں ؛ یہ درست ہے ؛ یہ کافی ہے ۔

Nugacious : (a) معمولی؛ غیر اہم؛ بے کار ؛ غیر مؤثر ؛ جو نافذالعمل نہ ہو ۔

Nugaciousness : (n) غیر اہم ہونا ؛ معمولی ہونا ۔

Nugacity : (n) معمولی پن ؛ غیر اہم ہونا ؛ نافذ العمل نہ ہونا ۔

Nugatoriness : (n) پوچ ؛ بے اہمیتی ؛ جزئی ۔

Nugatory : (a) غیر نافذالعمل ؛ بے کار ؛ بے اثر ؛ پوچ ؛ غیر اہم ۔

Nugget : (n) (۱) ڈلا یا ڈھیلا کسی قیمتی دھات کا (بالخصوص سونے کا) ؛ ٹکڑا ؛ کچے سونے کا ڈلا ؛ کچے سونے کے ڈلے کے مشابہ کوئی شے ۔ (۲) کانسی کا رنگ ۔ (۳) (آسٹریلیا) گٹھا ہوا جانور ۔

A nugget of gold : سونے کا ڈلا ۔

Nuggety : (a) ڈلا یا ڈھیلا سا ؛ ٹکڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Nugi : (prefix) جزو ترکیبی ۔

Nugify : (v) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ ڈلے میں کرنا ۔ (۲) حماقت کرنا ۔

Nugifying : (a) کم قیمت چیزیں پیدا کرنے والا ۔

Nuisance : (n) (۱) مخل ؛ امر باعث زحمت ؛ تکلیف دہ شخص ، کام یا چیز ؛ اذیت ؛ درد سر ؛ آفت ؛ بلا ؛ رنج ۔ (۲) تکلیف دہ حالت یا عادت وغیرہ ۔ (۳) وہ چیز جو جماعت یا فرد کے لئے باعث تکلیف ہو اور جس کی قانونی چارہ جوئی ہو سکے ؛ وبال جان ۔

Commit no nuisance : (راہگیروں کے لئے نوٹس) یہاں غلاظت نہ پھیلاؤ ۔

He is a nuisance to all of us : وہ سبھوں کے لئے باعث زحمت ہے ۔

What a nuisance : کیا درد سر ہے ؟

Nuisance value : (n) تکلیف دہی کی قیمت ؛ (کسی کی) تکلیف دہی کو ختم کرنے کا معاوضہ ۔

Nuisancer : (n) موجب زحمت و درد سر ؛ مزاحم ۔

Null : (v) کالعدم قرار دینا ؛ بے اثر کر دینا ؛ پوچ قرار دینا ؛ بے اثر کر دینا ؛ باطل قرار دینا ۔

Null : (a) (قانون) نہ ؛ کچھ نہیں ۔

Null : (a) (قانون) بے کار ؛ باطل ؛ بے معنی ؛ بے قیمت ؛ بے اثر ؛ غیر اہم ۔ (۲) صفر ؛ ہیچ ؛ صفر سے متعلق ۔

Null : (n) (۱) منبت کاری ؛ تزئین ۔ (۲) ایک بے معنی حرف ۔

Null and void : (a) باطل ؛ بے اثر ؛ بے قیمت ۔

Null hypothesis : (n) ایک مفروضہ کہ آبادی کے دو شماریاتی نمونوں کا فرق اتفاقی ہے ، کسی باقاعدہ سبب سے نہیں ۔

Null method : (n) پیمائش کا ایک طریقہ جس میں معلوم مقدار (جیسے برقی رو) کا موازنہ غیر معلوم مقدار سے ہوتا ہے ۔

Nulla/Nullah : (n) نالا ؛ آب گذر ؛ پانی کا راستہ جو اکثر خشک ہو جاتا ہے ۔

Nullabora : (n) شیرف کی رپورٹ کہ مقروض شخص کے پاس کوئی سامان یا جائداد قابل ترقی نہیں ہے ؛ بے اثاثہ ؛ بے جاگیر ۔

Nulli : (prefix) جزو ترکیبی بہ معنی نہ ؛ کوئی نہیں؛ ہیچ ؛ باطل؛ فاقد ۔

Nullibicity/Nullibiety : (n) کہیں نہ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ عدم وجود ۔

Nullification : (n) لغو ؛ ابطال ۔

Nullibist : (n) روح کے وجود کا منکر ۔

Nullifidian : (n) بے دین آدمی ؛ بے عقیدہ ؛ لامذہب ۔

Nullifier : (n) کالعدم قرار دینے والا ؛ بے عقیدہ ؛ لامذہب ۔

Nullify : (n) لغو کردینا ؛ بے اثر کر دینا ؛ باطل قرار دینا ؛ عقیم کرنا؛ خنثیٰ کرنا ۔

Nullipara : (n) بانجھ ؛ عقیم ۔

Nulliparity : (n) (عورت کا) عقیم ہونا ؛ بانجھ ہونا ۔

Nulliparous : (a) عقیم ؛ بانجھ ؛ لاولد (عورت) ۔

Nullipore : (n) الگا کی قسموں میں سے کوئی ایک جس سے چونا خارج ہوتا ہے اور جسے پہلے جانور تصور کیا جاتا تھا ۔

Nulliporous : (a) الگا کی قسموں میں سے کوئی ایک قسم سے متعلق جس سے چونا نکلتا ہے ۔

Nullity : (n) کالعدم یا غیر نافذالعمل ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ ہیچ ہونا ؛ کالعدم ہونا ؛ لاشے ؛ معدوم ؛ بے حقیقت چیز ۔

Numb : (a) (۱) سُن ؛ شل ؛ بے حس خصوصاً ٹھنڈک سے ۔ (۲) سرد ؛ بے نیاز ۔ (۳) سُن یا شل کی خاصیت کا حامل ۔ (٤) شل انگیز ۔

Numb : (v) (۱) سُن یا شل کرنا ؛ مردہ کر دینا ۔ (۲) سُن یا شل ہونا ؛ مردہ یا بے حس ہوجانا ۔ (۳) (مجازاً) مبہوت کر دینا ؛ ہوش گم کردینا ؛ سکتے کی حالت پیدا کردینا ۔

Numb : (n) سردی جو مچھلیوں کو سن کر دیتی ہے ۔

Numb-fish : (n) برقی ماہی ؛ تار پیڈو مچھلی (جس میں سے بجلی

نکلتی ھے اور اپنے شکار کو سن کر دیتی ھے)۔

Numb-skull/Numskull : (n) احمق ؛ بودا آدمی۔ (۲) غبی شخص۔

Numb-skulled : (a) بودا ؛ احمق۔

Numbat : (n) ایک چھوٹا کیسوی غضلہ۔

Numbed : (a) سُن یا شل کردہ۔

Numbly/Numbedly : (adv.) بے حسی کے ساتھ۔

Numbness : (n) سُن ھونا ؛ شل ھونا ؛ بے حسی۔

Number : (n) (۱) عدد ؛ ہندسہ ؛ تعداد ؛ مقدار۔ (۲) منتخب جماعت ؛ ایک مخصوص جماعت ؛ پرولتاری ؛ مجمع ؛ ازدہام ؛ عدد کی سیریز میں کو تجریدی اکائی ؛ حساب۔ (۳) عدد (فرد یا جمع)۔ (٤) (عموماً جمع میں مستعمل) جماعت ؛ مجمع ؛ ہجوم۔ (٥) جمع میں متعدد ؛ آبادی کی اکائیاں۔ (٦) شمارہ (کسی مجلہ کا) ؛ موسیقی یا ادب کا انتخاب۔ (۷) کسی شخص کی صلاحیت یا شخصیت کے متعلق خبر یا عرفان۔ (۸) ریاستہائے متحدہ امریکا کی لاٹری کا کھیل۔ (۹) وزن ؛ موزونیت ؛ گیت یا موسیقی کا آئٹم۔ (۱۰) تحریر نو کے نشانات۔ (۱۱) عروض کے ارکان۔ (۱۲) (جمع) اشعار۔ (۱۳) (روز مرہ) شخص یا چیز خصوصاً کپڑے کی کوئی چیز ؛ کوئی ملبوساتی چیز۔ (۱٤) پر کشش عورت۔ (۱٥) کام ؛ مشغلہ۔

Any number : چند ؛ مختصر۔

Back number : رسالے کا پرانا نمبر ؛ جو پرانی ھو گئی ھو ؛ (مجازاً) دقیانوسی چیز یا شخص۔

By the numbers : (adv.) باقاعدہ یا میکانکی طور پر۔

Golden number : Golden : (a) دیکھو

His number has gone up : وہ مر گیا ھے۔

In numbers : مسلسل (کئی اشاعتوں میں)۔

One's number is up : (بول چال) تباہ ھونا ؛ مرنے کے قریب ھونا۔

Science of numbers : علم حساب۔

Story issued in numbers : کہانی جو قسطوں میں شائع ھو ؛ قسط وار کہانی ؛ سلسلہ وار کہانی۔

To look after/Take care of/Number one : ہمیشہ اپنا خیال رکھنا۔

To lose the number of one's mess : مرنا؛ وفات پانا؛ فنا ھونا ؛ ضائع ھونا۔

Without number : بے شمار ؛ لاتعداد ؛ بے حساب ؛ ان گنت۔

Number : (v) (۱) گننا ؛ شمار کرنا ؛ تعداد معلوم کرنا۔ (۲) (مجہول میں) تعداد محدود ھونا۔ (۳) محسوب کرنا ؛ زمرے میں شامل کرنا۔ (٤) نمبر ڈالنا ؛ نمبر لگانا۔ (٥) (اتنے سال کی) عمر ھونا۔ (٦) (اتنی) تعداد ھونا۔ (۷) شمار کا (فلاں عدد تک) پہنچنا۔ (۸) برابر ھونا ؛ پہنچنا۔

Number : (a) Numb کی Comparative degree۔

Number agreement (n) : قواعدی توافق۔

Number 9 (pill): گولی نمبر ۹ ؛ فرضی دوا جسے فوجی ڈاکٹر ھر مرض میں دیتا ھے۔

Number 10 downing street : (n) ممبر۱۰ ڈاؤننگ اسٹریٹ (برطانیہ کے وزیر اعظم کی سرکاری قیام گاہ)۔

Number one : (n) ذات ؛ نفس ؛ ذاتی مفاد۔

Number one : (a) اول ؛ اعلیٰ ؛ نفیس ترین۔

Number plate : (n) لائسنس پلیٹ ؛ شناختی نمبر ؛ نمبر دار پلیٹ خصوصاً وہ پلیٹ جو رجسٹرڈ موٹر گاڑیوں میں لگا رہتا ھے۔

Number sign : (n) ایک علامت # جو کسی عدد کے پہلے عدد کو ظاھر کرنے کے لئے دی جاتی ھے جیسے (# 2 pencil)۔

Number theory : (n) حساب کا وہ شعبہ جو عدد کی خصوصیات سے بحث کرتا ہے۔

Numberable : (a) قابل شمار ؛ جو گنا جاسکے۔

Numberer : (n) شمار کرنے والا ؛ گننے والا۔

Numberless : (a) بے شمار ؛ انبوہ ؛ ان گنت۔

Numbers : (n) (۱) توریت ؛ عہد عتیق۔ (۲) مردم شماری کی کتاب۔

Numbing : (a) بے حس کرنے والا ؛ سن کرنے والا ؛ افیونی کرنے والا۔

Numbingly : (adv.) بے حس کرتے ہوئے۔

Numbles : (n) ہرن وغیرہ کے اندرونی حصے جو کھانے جاتے ہیں۔

Numbness : (n) بے حسی ؛ سن ہونا ؛ شل ہونا۔

Numdah : (n) نمدہ ؛ ایک قسم کا اونی کپڑا۔

Numen : (n) الوہیت ؛ ربوبیت ؛ معبود۔

Numenius : (n) پرندوں کی ایک نوع۔

Numerable : (a) قابل شمار ؛ گنے جانے کے لائق۔

Numeracy : (a) شمار ہونے کی حالت یا کیفیت۔

Numeral : (a) (۱) عدد ؛ ہندسہ کا یا اس سے متعلق ؛ عددی ؛ اکثریت ؛ عددی تفوق۔ (۲) عدد یا ہندسہ پر مشتمل۔

Numeral : (n) عدد ؛ ہندسہ۔

Numerary : (a) عددی ؛ ہندسے کا۔

Numerate : (v) مفصل فہرست بہم پہنچانا۔

Numerate : (a) علم حساب اور سائنس کیا بنیادی اصولوں سے واقف۔

Numeration : (n) عدد شماری ؛ شمار کرنے کا عمل۔

Numerative : (a) عدد یا عدد کی تفصیلی فہرست کا یا اس سے متعلق۔

Numerative : (n) درجہ بندی کرنے والا۔

Numerator : (n) (۱) شمار کرنے والا ؛ کسر کا وہ حصہ جو خط کے اوپر ہو اور نسب نما کے حصوں کو بتاتا ہو ؛ شمار کنندہ۔ (۲) نمبر دینے والا۔

Numeric : (n) نمبر ؛ عدد۔

Numerical : (a) (۱) عددی ؛ اکثریتی ؛ عددی تفوق ؛ عدد ظاہر کرنے والا ؛ عددی صلاحیت سے متعلق۔ (۲) (قیمت) ناقابل امتیاز ؛ یکساں۔

Numerical aperture : (n) ایک عدد جو مائیکروسکوپ کے موضوع کو حل کرنے والی صلاحیت کا پتہ بتاتا ہو۔

Numerical rating system : (n) بیمہ پریمیم قائم کرنے کا ایک طریقہ۔

Numerical value : (n) الفبا کے کسی حرف کے لیے متعین عدد ؛ کسی لفظ یا فقرے کے حروف کی اعداد کا حاصل جمع۔

Numerically : (adv.) تعداد کے لحاظ سے ؛ عدد کے اعتبار سے ؛ بالکل یکساں طور پر۔

Numerist : (n) عدد شناس۔

Numerological : (a) عدد شناسی کا یا اس سے متعلق۔

Numerological : (adv.) اعداد کے ذریعہ غیب گوئی کے طریقے سے۔

Numerologist : (n) عدد شناس ؛ عدد شناسی کا ماہر ؛ اعداد کے ذریعہ پیشن گوئی کرنے والا ؛ اعداد کے مخفی مفہوم کا عالم۔

Numerology : (n) عدد کی پراسرار اہمیت کا علم ؛ عدد شناسی ؛ اعداد کے ذریعہ پیشن گوئی ؛ اعداد کے مخفی مفہوم کا علم یا مطالعہ۔

Numerosity : (n) متعدد ہونے کی حالت ۔

Numerous : (a) متعدد ؛ بہت ؛ کثیر ۔

Numerously : (adv.) کثیر طور پر ؛ کثرت سے ۔

Numerousness : (n) کثیر یا متعدد ہونے کی حالت یا صفت ۔

Numida : (n) پرندوں کی ایک نوع ۔

Numidian : (n) قدیم نیو میڈیا کا باشندہ ؛ اس قوم کی بربری زبان ۔

Numidian alphabet : (n) لیبیا کا حروف تہجی ؛ لیبیائی الف بے ۔

Numididae : (n) افریقہ اور مڈغاسکر کے پرندوں کا ایک خاندان جو طاؤس جیسے پرندوں کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Numinous : (a) (۱) فوق فطرت ؛ غیر فطری ؛ کسی دیوتا یا دیوی سے متعلق ؛ متبرک ؛ طلسمی ؛ جادو سے متعلق ۔ (۲) تبرک ؛ پاک ؛ احترام کے قابل ؛ قابل احترام پذیر ۔ (۳) جو بلند شعور یا جمالیاتی احساس کو پسند آئے ؛ روحانی ؛ پراسرار ؛ ناقابل فہم ۔ (٤) خدائی ؛ یزدانی ۔ (٥) دیوتا کے وجود کا خیال ؛ دہشت یا عقیدت ۔

Numinous : (n) ایک مرئی مگر ذی شان وجود جس میں خوف اور محبت دونوں پیدا ہو اور جو مذہب کی خصوصیت کے غیر عقلی جز پر مشتمل ہو ؛ الوہیت کا نفسیاتی اظہار جس سے مذہبی خوف و رغبت پیدا ہو ۔

Numismatic/-al : (a) سکوں کا ؛ مسکوکاتی ۔

Numismatically : (adv.) سکہ شناسی کی روسے ؛ سکہ شناس کے نقطہ نظر سے ؛ مسکوکات کی روسے ۔

Numismatics : (n) (۱) سکہ شناسی ۔ (۲) مسکوکاتی اشیاء جمع کرنے والا ۔

Numismatist/Numismatician : (n) (۱) سکہ شناس ؛ مسکوکات کا ماہر ۔ (۲) مسکوکاتی اشیاء جمع کرنے والا ؛ سکے جمع کرنے والا ۔

Numismatologist : (n) سکہ شناس ۔

Numismatology : (n) سکہ شناسی ۔

Nummary : (n) (۱) روپیوں یا سکوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) سکوں سے بحث کرنے والا ۔

Nummular / Nummulated : (a) (مرضیات) گول ۔

Nummulite : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا متحجر حیوان ۔

Nummulitic : (a) متحجر حیوان سے متعلق ۔

Numnah : (n) نمد ؛ گھوڑے کی پیٹھ پر کا گدا ۔

Nun : (n) راہبہ ۔

Nun : (v) راہبات دیر میں زندگی بسر کرنا ۔

Nun : (n) عبرانی حروف تہجی کا چودہواں حرف ؛ عربی فارسی اور اردو کا ایک حرف (نون) ۔

Nun-bird : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Nun-buoy : (n) (جہاز رانی) درمیان میں سرکلر شکل کا پیراک پیپا ۔

Nun-hood : (n) راہبہ کا درجہ ۔

Nun-like : (a) راہبہ کی مانند ۔

Nunatak : (n) گلیشیر سے گھرا ہوا پہاڑ یا پہاڑی ؛ نوناٹک ؛ چٹان کی چوٹی جو کلاہ برف کی سطح سے نکلتی ہو ۔

Nunc dimittis : (n) (۱) ان الفاظ سے شروع ہونے والی مناجات ۔ (۲) رخصت ہونے کی اجازت ؛ رخصت ؛ روانگی ۔

Nuncheon : (n) نوشابہ مفرح ۔

Nunciate : (n) قاصد ؛ ایلچی ؛ پیام آور ؛ پیام بر ۔

Nunciative : (a) پیام یا قاصد کا یا اس سے متعلق ۔

Nunciature : (n) پوپ کے سفیر کی مدت یا ایلچی کا عہدہ ۔

Nuncio : (n) (۱) پوپ کا سفیر یا ایلچی ۔ (۲) پیغام رساں ؛ پیام بر ۔ (۳) پولینڈ کی مجلس کا رکن ۔

Nuncius : (n) سفیر ؛ ایلچی ۔

Nuncle : (n) چچا ؛ عم (اب بول چال) ۔

Nuncupate : (v) اعلان کرنا ؛ وصیت کرنا ؛ زبانی کہنا ؛ زبانی ہبہ یا وصیت کرنا ۔

Nuncupation : (n) زبانی وصیت ؛ زبانی ہبہ ۔

Nuncupative : (a) زبانی ؛ شفاہی ؛ زبانی ہبہ سے متعلق ۔

Nundinal : (a) بازاری (روم قدیم) ؛ Nundine کا یا اس سے متعلق ۔

Nundinal letter : (n) وہ حرف جو بازار کے دنوں کے لئے استعمال کئے جائیں (قدیم روم میں ہفتہ کے سات دنوں کے بازار کے لئے حروف کا استعمال کرتے تھے) ۔

Nundination : (n) لین دین ؛ خرید و فروخت ؛ تجارت ۔

Nundine : (n) بازار کا دن جو قدیم روم میں ہرنویں دن ہوا کرتا تھا ۔

Nunky : (n) Nuncle کی مخصوص شکل ۔

Nunnation : (n) تنوین ؛ اسم کے آخر میں حرف " ن " کا اضافہ جیسے اسماً ۔

Nunnery : (n) (۱) دیر راہبات ؛ راہبوں کی خانقاہ ۔ (۲) راہبہ کا ایک درجہ ۔

Nunnish : (a) راہبہ کا یا اس سے متعلق ۔

Nuntius : (n) دیکھو Nuncio

Nupe : (n) (۱) نائیجیریا کی ایک حبشی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) اس قوم کی زبان ۔

Nuphar : (n) نیلوفر ؛ کنول کی ایک قسم ۔

Nuptial : (a) (۱) شادی بیاہ سے متعلق ۔ (۲) جماع سے متعلق ۔

Nuptial : (n) شادی ؛ بیاہ ؛ جماع ۔

Nuptial flight : (n) جنسی اعتبار سے بالغ سماجی کیڑوں وغیرہ (جیسے شہد کی مکھی) کی پرواز جس میں مخالطت و مجامعت ہوتی ہے ۔

Nuptiality : (n) (۱) شادی کی شرح ۔ (۲) (جمع) شادی ؛ بیاہ ۔ (۳) ازدواجیت ۔

Nuragh : (n) ایک قدیم سنگی مینار ۔

Nurse : (n) (۱) نرس ؛ دایا ؛ کھلائی ؛ انا ۔ (۲) تیمار دار ؛ بیمار دار ۔ (۳) ضعیف ؛ زخمی اور مریض کی دیکھ بھال کرنے والا ؛ معالج کی نگرانی میں اس کے بتائے ہوئے فرائض انجام دینے والا ۔ (٤) (کسی صفت کو) نشو و نما دینے والا ملک وغیرہ ؛ پرورش گاہ ؛ گہوارہ ۔(٥) نگرانی ؛ پرورش ۔ (٦) (جنگل) وہ درخت جو اس زمین سے لگایا جائے کہ اسکے سائے میں دوسرے درخت پرورش پائیں ؛ محافظ درخت ۔ (۷) (حشریات) جنسی قوت کے لحاظ سے ناقص چیونٹی ؛ شہد کی مکھی ۔ (۸) (حیوانیات) وہ منفرد جانور جس کا تناسل کبھی جنسی اور کبھی لاجنسی ہو ۔

To nurse or at nurse : نرس کی نگرانی میں ۔

To put to nurse : نرس کے حوالہ کرنا ؛ نرس کی دیکھ بھال میں دینا ۔

Nurse : (v) (۱) دائی گیری کرنا ؛ بچے کو دودھ پلانا ۔ (۲) بچہ کھلانا ؛ کھلائی کا کام کرنا ؛ بچے کی پرورش کرنا ؛ پالنا ۔ (۳) پرورش پانا ؛ پلنا ۔ (٤) خدمت کرنا ؛ فروغ دینا ۔ (٥) (نفرت وغیرہ) دل میں رکھنا ؛ سہنا ۔ (٦) پرداخت کرنا ؛ تن دہی سے نگرانی کرنا ۔ (۷) (شکایت وغیرہ) دل میں رکھنا ۔

(۸) تیمار داری کرنا ؛ نرس کا کام کرنا ؛ بیمار کی خدمت کرنا ۔ (۹) (بچے کو) پیار سے گود میں لینا ؛ گلے لگانا ۔ (۱۰) اپنے گھٹنے یا پیر وغیرہ کو پکڑنا یا سہلانا (چوٹ یا درد کی وجہ سے) ۔ (۱۱) (آگ کے پاس) مل کر بیٹھنا ؛ جھك کر بیٹھنا ۔ (۱۲) (حلقهٔ انتخاب وغیرہ کی) خاطر کرتے رہنا ؛ خوش رکھنا ۔ (۱۳) (بلیرڈ یا انٹا) گیندوں کو پاس رکھنا تاکہ متعدد Cannons بن سکیں ۔ (۱٤) کرائے کی گاڑیوں یا گھڑ دوڑ کے گھوڑوں میں سے ایك کا دوسرے پر سوار رہنا ؛ پیچھا نہ چھوڑنا ؛ ساتھ لگا رہنا ۔ (۱٥) (پودوں کو) حرارت اور نمی پہنچانا ۔ (۱٦) (دکان وغیرہ کی) معاونت کرنا (تاکہ دیوالیہ نہ ہوجائے) ۔

Nurse : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Nurse cell : (n) ایك قسم کا خلیہ جو نمو پذیر بیضوی خلیے کو غذا پہنچاتا ہے ۔

Nurse child : (n) وہ بچہ جو کسی نرس کی نگرانی یا حفاظت میں ہو ۔

Nurse crop : (n) وہ فصل جو پودوں کو غیر ضروری گھاس وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لئے لگائی جائے ۔

Nurse father : (n) دیکھ بھال کرنے والا باپ ؛ پرورش کرنے والا باپ ۔

Nurse shark : (n) (۱) گرین لینڈ کا شارك ۔ (۲) شارك کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایك ۔ (۳) آسٹریلیا کا ایك زرد رنگ کا بڑا شارك ۔

Nurse tender : (n) (خاص کر آئرلینڈ میں) وہ نرس جو بیماروں کی دیکھ بھال کرے ۔

Nurse tree : (n) وہ درخت جو دوسرے چھوٹے پودوں کی حفاظت کرے یا ان کی نشو ونما میں معاون ہو ۔

Nurser : (n) (۱) دایا ؛ کھلائی ۔ (۲) نرسنگ بوتل ؛ بچہ کو دودھ پلانے کی شیشی یا بوتل ۔

Nursery : (n) (۱) نرسری ؛ بچوں کی پرورش گاہ ؛ تربیت گاہ ؛ نرسری اسکول ۔ (۲) (نباتیات) نرسری ؛ پود گھر ؛ پود کیاری ؛ پود گاہ ۔ (۳) تالاب یا بکس جس میں مچھلیوں کے زیرے رکھے جاتے ہیں ؛ ماہی خانہ ۔ (٤) جانوروں کی نشو و نما کی جگہ ۔ (٥) (چیونٹی وغیرہ میں) وہ خلیے جس میں پھل روپ بڑھتے ہیں ۔ (٦) دوسالہ گھوڑوں کی دوڑ ۔ (۷) (بلیرڈ) گیندوں کو ساتھ رکھ کر بنایا ہوا سلسلہ ۔

Nursery rhyme : (n) ننھوں کا گیت ؛ بچوں کے لئے کوئی منظوم قصہ ۔

Nursery school : (n) پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کا اسکول ۔

Nursery slopes : (n) (اسکیٹنگ میں) وہ ڈھلانیں جو نو مشقوں کے لئے بہت ہی موافق سمجھی جاتی ہیں ۔

Nursery word : (n) بچوں کا لفظ ۔

Nurseryman : (n) پود گھر والا ؛ وہ جو پودوں اور درختوں کو سائنٹفك طور پر لگاتا اور ان کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔

Nursing : (a) دیکھ بھال کرنے والا ؛ نگہبانی کرنے والا ۔

Nursing : (n) (۱) نرس کا پیشہ ۔ (۲) مختلف سرگرمیاں جو نرس کے فرائض میں شامل ہوتی ہیں ۔

Nursing anemia / -sickness : (n) ایك خلاف معمول کیفیت جس میں بے حد کمزوری اور ضعف اشتہا ہوتی ہے جس کے نتیجہ میں موت واقع ہوسکتی ہے ۔

Nursing bottle : (n) بوتل جس کے منہ پر ربر کی نپل (چُسنی) لگی رہتی ہے اور بچوں کو دودھ پلانے یا سیال غذا دینے میں کام آتی ہے ۔

Nursing home : (n) (۱)(خصوصاً برطانیہ میں) ایك پرائیویٹ اسپتال ۔ (۲) وہ پرائیویٹ مکان جہاں تین یا اس سے زیادہ افراد کی دیکھ بھال یا نرسنگ کی جاتی ہو ۔ (۳) نرسنگ ہوم ؛ تیمار خانہ ۔

Nursle : (v) پالنا ؛ پرورش کرنا ۔

Nursling/Nurseling : (n) (۱) جس کی تربیت یا پرورش اہتمام سے ہو ۔ (۲) دودھ پیتا بچہ یا دوسرے پستان دار

جانوروں کا بچہ ؛ خصوصاً انّا کے ذریعہ پلنے والا بچہ ۔ (۳) بچہ (جو کھلائی کے سپرد ہو) ۔

Nurtural : (a) تربیت یا پرورش سے پیدا ہونے والا یا اس سے متعلق ۔

Nurture : (n) (۱) تربیت ؛ پرورش ؛ تغذیہ ؛ پرورش و تربیت ۔ (۲) غذا ؛ جو قوت بہم پہنچائے ؛ مقوی ۔ (۳) پرورش کا عمل ؛ کھلانا پلانا ۔ (٤) وہ اثرات جو کسی عضویہ کے جینی امکانات کے اظہار کو بدل دیں ۔

Nurture : (v) (۱) غذا ، قوت اور حفاظت بہم پہنچانا ۔ (۲) تربیت کرنا ؛ تعلیم دینا ۔ (۳) (متروک) اخلاقی تربیت دینا ۔ (٤) نشو و نما میں معاون ہونا ؛ ترقی بخشنا ۔ (٥) کھلانا پلانا ؛ پالنا ؛ پرورش کرنا ۔

Nurtureless : (a) تربیت یا تغذیہ کی کمی ہونا ۔

Nurturer : (n) تربیت یا پرورش دینے والا ۔

Nusairi : (n) شمالی سیریا (شام) کا ایک مذہبی گروہ جو نسبتاً علاحدگی پسند ہوتا ہے اور جو اسلام ، عیسائیت اور دوسرے مقامی سر چشموں سے مذہبی عقیدے اخذ کرتاھے ، اسے انصاری بھی کہتے ہیں ۔

Nut : (n) (۱) سپاری ۔ (۲) ڈھبری ۔ (۳) (عام) کلّہ ؛ سر ۔ (٤) (نباتیات) جوز ؛ سختہ ۔ (٥) کسی جوز کا سخت چھلکا ۔ (٦) کوئی شے جو سختی میں جوزسے مشابہ ہو ؛ نمہ داری ؛ بے ڈھب آدمی ؛ ایسا شخص جس پر مشکل سے اثر ہو ۔(۷) کھونٹی (سارنگی وغیرہ کی) ۔ (۸) (جمع میں) کوئلہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۔ (۹) (عامیانہ) نوجوان شخص جس میں نمائش کا مادہ ہو؛ غیر متوازن شخص ۔ (۱۰) گول کیک یا بسکٹ ۔ (۱۱) متعلقہ تمام اخراجات عموماً اسٹیج یا ٹیلی ویژن کے پروگرام کا خرچ ۔ (۱۲) مشکل مسئلہ یا سوال ۔ (۱۳) (عام) بانکا ؛ چھیلا ۔ (١٤) گھڑی کی چرخی کا ابھرا ہوا حصہ ۔ (١٥) (بحری) لنگر کے مربع حصوں کا ابھار ۔ (١٦) (خصوصاً جمع میں) مضحکہ خیز جو اب ۔ (١٧) پاگل ؛ خبطی ؛ سودائی ۔

A nut cracker face : (مجازاً) سروتا نما چہرہ ۔

Can' t shoot for nuts : (عامیانہ) وہ معمولی طور پر بھی کام نہیں کرسکتا ۔

Deaf nut : جوز بے مغز ۔

For nuts : (adv.) (عامیانہ خصوصاً برطانیہ میں) ذرا بھی نہیں ۔

Hard nut to crack : (۱) مشکل مسئلہ ۔ (۲) بے ڈھب آدمی ۔

Off one' s nut : نشہ میں دھت یا پاگل ؛ مجنوں ؛ مخبوط ۔

Peanut : مونگ پھلی ۔

To be nut or dead nuts on : (۱) بے حد شوق ہونا ۔ (۲) (عامیانہ) ماہر ہونا ؛ استاد ہونا ۔

To be nuts on : (عامیانہ) بہت پسند آنا ؛ ریشہ خطمی ہوجانا ؛ باغ باغ کردینا ۔

Nut : (a) (۱) جوز کا یا اس کی خاصیت کا حامل ؛ جوزی ۔ (۲) جوزگاہ ۔

Nut : (v) جوز چننا یا جمع کرنا عموماً Nutting مستعمل ہے ۔

Nut-breaker : (n) سروتا جس سے جوز توڑتے ہیں ۔

Nut-brown : (n) ایک گہرا بادامی یا گندمی رنگ ۔

Nut burger : (n) مونگ پھلی دار زمین ۔

Nut-butter : (n) جوزی مکھن ؛ جوز سے بنا ہوا مصنوعی مکھن ۔

Nut-cake : (n) مونگ پھلی دار روٹی ۔

Nut-crack : (n) (اب عامیانہ) بے دھارکا سروتا جس سے جوز توڑتے ہیں ۔

Nut-cracker : (n) (۱) بے دھارکا سروتا جس سے جوز توڑتے ہیں ۔ (۲) ناک اور ٹھوڑی جو ابھری ہوئی ہو اور پاس ہو ؛ چہرے کا سروتا ۔ (۳) ایک قسم کا پرندہ جو یورپ میں عام طور پر پایا جاتا ہے ۔ (٤) کاگ ؛

(حیوانیات) جوز کترا ۔

Nut-cracker : (a) سروتے کے جبڑوں کے مشابہ ۔

Nut-fall : (n) درخت سے جوز کا طبعی طور پر گرنا ۔

Nut-gall : (n) تلخ رطوبت جو ایک قسم کے بلوط کے درخت سے نکلتی ہے اور رنگنے کے کام میں آتی ہے ۔

Nut-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Nut-grater : (n) جوزکش ۔

Nut hatch : (n) جوز خورہ : ایک چھوٹا سا پرندہ جو رینگ کر چلتا ہے اور جوز کھاتاہے ؛ جوز پھوڑ پرندہ ۔

Nut-hook : (n) بک والی چھڑی جو جوز کے توڑنے میں استعمال کی جاتی ہے ۔

Nut-jobber : (n) دیکھو Nut-hatch

Nut-let : (n) (۱) ایک چھوٹا جوز ؛ جوزک ؛ سختک ۔ (۲) جوزک کی طرح ایک چھوٹا پھل ۔

Nut-like : (a) جوزکے مشابہ ؛ جوزکی خصوصیات کا حامل ؛ جوزنما ۔

Nut meat : (n) کسی جوز کا گودا ۔

Nut of bahera : مشرقی ہندوستان کا ایک پھل جس کا استعمال چمڑا پکانے یا دیہاتی دواؤں میں ہوتا ہے ۔

Nut-oil : (n) مونگ پھلی اور اخروٹ وغیرہ کا تیل ؛ روغن جوز ۔

Nut-palm : (n) آسٹریلیا کا کھجور جس میں جوز لٹکتے ہیں ۔

Nut pecker : (n) دیکھو Nut-hatch

Nut-pick : (n) جوز یا گری دار میوہ سے گودا نکالنے والا ایک چھوٹا اوزار ۔

Nut-tree : (n) جوز کا درخت خصوصاً (Hezel) ۔

Nut-weevil : (n) ایک قسم کاکیڑا جو hezelnut کے اندرانڈے دیتا ہے ۔

Nutant : (a) خمیدہ ؛ سرجھکاتے ہوئے ؛ آویزاں ۔

Nutate : (v) (نباتیات) لٹک آنا ؛ جھک جانا ۔

Nutation : (n) (۱) خم ؛ خمیدگی ؛ جھکنا ؛ کجی ۔ (۲) محور زمین کی حرکت ۔ (۳) نمو پذیر پودوں کے مختلف حصوں کا نمو پذیری سے متغیر ہونا ؛ حرکت ۔

Nutational : (a) حرکت ؛ تغیر یا خمیدگی سے متعلق ۔

Nutmeg : (n) (۱) جائفل ؛ جوزالطیب ؛ جائفل کے مشابہ کوئی درخت ۔

Nutmeg : (n) ریاست کنیکٹی کٹ کا باشندہ ۔

Nutmeg apple : (n) جائفل کے درخت کا پھل ؛ جائفل ۔

Nutmeg bird : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Nutmeg butter : (n) جائفل سے حاصل ہونے والی زرد رنگ کی چربی ۔

Nutmeg flower : (n) ایک یورپی بوٹی ۔

Nutmeg hickory : (n) میکسیکو اور ریاستہائے متحدہ کا ایک پھل جو جائفل کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Nutmeg liver : (n) جگر کی ایک بیماری جو عموماً دل یا پھیپھڑے کی خرابی سے ہوتی ہے ۔

Nutmeg oil : (n) جائفل سے حاصل ہونے والا تیل یا چربی ؛ بے رنگ یا معمولی پیلے رنگ کا تیل جس کی بو جائفل کی طرح ہوتی ہے اور جس کا استعمال دواؤں کو امزہ بنانے کے لئے ہوتا ہے ۔

Nutmeg pigeon : (n) ہسٹ انڈیز اور افریقہ کےکبوتروں کی ایک قسم ۔

Nutmeg shell : (n) ک بحری گھونگا ۔

Nutmeg wood : (n) ، قسم کے درخت کی لکڑی ۔

Nutmegged : (a) جائفل کا مزہ پیدا کیا ہوا ۔ (مرضیات) لاغری سے متاثر ۔

Nutria : (n) (۱) جنوبی امریکا کے ایك آبی جانور کی سمور ۔ (۲) زیتون کی طرح کا بھورا رنگ ۔

Nutricial : (a) نرسنگ ، پرورش یا تربیت کا یا اس سے متعلق ۔

Nutricism : (n) (حیاتیات) ہم باشی ؛ ہم زیستی ۔

Nutrient : (a) غذا کا کام دینے والا ؛ مقوی ؛ جس میں غذائیت ہو ؛ غذا بخش ۔

Nutrient : (n) غذائیت ؛ مقوی غذا خصوصاً ایك کیمیاوی عنصر یا غیر عضویاتی عنصر ۔

Nutrify : (v) (قدیم) غذا بہم پہنچانا ؛ غذائیت بخش ۔

Nutrilite : (n) نارمل نشو و نما کے لئے لازم شئے (وٹامن کے طور پر) ۔

Nutriment : (n) غذائیت ؛ مقوی غذا ؛ قوت بخش غذا (لفظی اور مجازی معنوں میں) ؛ جو نشو و نما کو بڑھائے اور حیوانی یا نباتی زندگی کی قدرتی شکست و ریخت کی تلافی کرے ۔

Nutrimental : (a) قوت بخش ؛ مقوی ۔

Nutrition : (n) (۱) غذا ۔ (۲) تغذیہ ؛ غذا پہنچانا ؛ غذا پانا ۔ (۳) وہ سارے افعال جن سے جاندار پودا غذا لیتا ہے اور اسے ہضم ، تحلیل اور جذب کرتا ہے ۔

Nutritional : (a) غذائیت کا یا اس سے متعلق ۔

Nutritional anemia : (n) خون کی کمی جو ناکافی غذا یا ان غذائی مادوں کے جذب نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جو سرخ جسیمہ کے خلیوں اور ہیمو گلوبن کی تولید کے لئے ضروری ہے ۔

Nutritional deficiency : (n) کھانے میں ضروری غذائیت (جیسے نمك اور وٹامن) کے ناکافی ہونے سے مرض یا ضعف کا ہونا ۔

Nutritionally : (adv.) غذائیت کے اعتبار سے ۔

Nutritionist : (n) غذائیت کے مطالعہ کا ماہر ؛ غذائیت کا ماہر ۔

Nutritious : (a) قوت بخش ؛ مقوی ؛ جو نشو و نما میں معاون اور طبعی ریخت و ریز کی تلافی کرتا ہو ۔

Nutritiously : (adv.) غذائیت کے اعتبار سے ۔

Nutritiousness : (n) قوت بخش یا مقوی ہونے کی صفت یا حالت ؛ غذائیت ۔

Nutritive : (a) (۱) قوت بخش ؛ مقوی ۔ (۲) غذائیت کا یا اس سے متعلق ؛ غذا کا کام دینے والا ؛ تغذیے کا ۔

Nutritive : (n) غذا ؛ کھانے کی چیز ۔

Nutritive ratio: (n) غذا کی قابل ہضم غذائیت بخش اشیاء میں قابل ہضم پروٹین کا تناسب ۔

Nutritively : (adv.) غذائیت کے اعتبار سے ۔

Nutritiveness : (n) غذائیت ؛ قوت ۔

Nutritory : (a) قوت بخش ؛ مقوی ؛ مغذی ۔

Nutriture : (n) غذائیت (والی خوراك) ۔

Nuts : (a) پرجوش ؛ خواہش مند ؛ باا شتیاق ۔

Nutshell : (n) (۱) جوز کا چھلکا ۔ (۲) مختصر ترین لفظوں میں ؛ مختصر مقدار طول یا سائز میں ۔ (۳) بہت چھوٹاسا خانہ ۔ (٤) چھوٹا سا گھر ۔ (٥) خلاصہ ؛ لب لباب ۔

In a nutshell : (adv.) مختصر لفظوں میں ؛ بہت ہی مختصر جملے میں ۔

Nutshell : (v) مختصر لفظوں میں بیان کرنا ؛ کوزے میں بند کرنا ۔

Nutsy : (a) پاگل ؛ مجنوں ۔

Nuttalliasis : (n) پروٹوزوا سے پیدا ہونے والا مرض ۔

Nutter : (n) جوز جمع کرنے والا ۔

Nutting : (n) جوز جمع کرنے کا عمل ۔

Nutty : (a) (۱) کثیر الجوز ؛ جہاں جوز به افراط ہوں ۔ (۲) مجنوں ؛ دیوانہ ؛ ذہنی طور پر غیر متوازن ؛ مخبوط ؛ سودائی ۔ (۳) سرور انگیز ۔ (٤) جوز کے مزہ والا ۔ (٥) (برطانیہ میں) بناٹھنا ۔

Nux vomica : (n) (۱) کچیلا ؛ فلوس ماہی ۔ (۲) درخت جو یہ پھل دے ۔

Nuzzer : (n) کسی خاص موقع پر بزرگوں کو نذرانہ پیش کرنا ؛ نذر ۔

Nuzzle : (v) (۱) ناک رگڑنا ؛ ناک سے کام لینا ۔ (۲) کسی چیز پر رگڑنا یا دبانا ۔ (۳) قریب ہونا ؛ شریک ہونا ۔ (٤) تھوتھنی سے زمین کھودنا ۔ (٥) آرام سے بستر پر لیٹنا ۔ (٦) ناک میں گھسیڑنا ۔ (۷) ناک سے گھسیڑنا ۔ (۸) تھوتھنی سے اکھیڑنا ۔

Nuzzle : (v) (۱) (خصوصاً برطانیہ میں) مزے سے پڑے رہنا ۔

Nyala : (n) (۱) جنوب مشرقی افریقہ میں پائے جانے والے ہرن کی ایک نوع ۔ (۲) افریقہ کے بعض وسط مشرقی پہاڑوں میں ملنے والے بھورے رنگ کا کمیت گھوڑا ۔

Nyam-we-zi : (n) (۱) مغربی ٹنگانیکا کی بانتو زبان بولنے والی ایک قوم ۔ (۲) اس قوم کی بانتو زبان ۔

Nyanzaz : (n) جھیل ۔

Nyasa : (a) (۱) نیاسا لینڈ کا یا اس سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ۔ (۲) نیاسا لینڈ کی قوم سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ۔

Nyasa : (n) نیاسا لینڈ کا باشندہ ۔

Nyasalander : (n) نیاسا لینڈ کا باشندہ ۔

Nyaya : (n) ہندو مذہب کا مسلّمہ فلسفیانہ نظام جو بنیادی طور پر منطق اور معقولات سے بحث کرتا ہے ۔

Nychthemeron : (n) ایک دن اور ایک رات کی پوری مدت ؛ یوم مکمل ؛ رات دن (ہیئت) ۔

Nyct-/Nycti-/Nycto - : جزو ترکیبی به معنی رات ۔

Nyctaginaceae : (n) خاص طور پر امریکا کی جڑی بوٹیوں کی ایک قسم ۔

Nyctalope : (n) شب کور ؛ دھندلکے یا رات میں ضعف بصارت میں مبتلا ہونے والا ۔

Nyctalopia : (n) رتوندھی ؛ شب کوری ؛ بصارت کا ایک نقص جس میں رات میں بصری قوت گھٹ جاتی ہے ۔

Nyctalopy : (n) (۱) شب کوری ۔ (۲) رتوندھاپن ۔

Nyctanthous : (a) (نباتیات) شب کِھلا ۔

Nyctea : (n) چڑیوں کی ایک نوع جس میں ایک قسم کا اُلو بھی شامل ہے ۔

Nyctemera : (n) آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے پروانوں کی ایک قسم ۔

Nyctereutes : (n) پستان دار جانوروں کی ایک قسم ۔

Nycteris : (n) افریقی اور ایشیائی چمگادڑوں کا ایک خاندان ۔

Nycteris : (n) چمگاڈر ؛ ایک نوعی تسمیہ ۔

Nicticorax : (n) رات کا بگلا ۔

Nyctinastic movements : (n) (نباتیات) نومی حرکات ۔

Nyctinasty : (n) (نباتیات) نومی حرکت جس کا تعلق تغیر حرارت یا شدت روشنی سے ہوتا ہے ۔

Nyctitropic : (a) (نباتیات) رات میں ایک خاص سمت میں گھوم جانے والا ۔

Nycto : (prefix) نیک

Nyctophobia : (n) شب ترسی ؛ رات میں ڈرنا ۔

Nye : (n) جھول ؛ گلہ ۔

Nylghau : (n) نیل گائے ۔

Nylon : (n) (۱) نائیلون ؛ مصنوعی دھاگوں سے تیار ہونے والا کپڑا یا پلاسٹک یا رسّی ۔ (۲) نائیلون سے بنا ہوا جلد خشک ہوجانے والا کپڑا ۔ (۳) نائیلون کے دھاگوں سے تیار شدہ کوئی سامان ۔ (٤) (جمع) نائیلون کے موزے ۔ (٥) کپڑے جو نائیلون کے دھاگے سے تیار کئے گئے ہوں ۔

Nylon salt : (n) ایک سفید بلوری نمک جو نائیلون بنانے میں حاصل ہوتا ہے ۔

Nyloned : (a) نائیلون کے موزے پہنے ہوئے ۔

Nymph-/Nnympho - : جزو ترکیبی بہ معنی Nymph ۔

Nymph : (n) (۱) یونانی اور رومی اساطیر ؛ فطرت کی دیویوں میں سے ایک جو پری ، ساگردیوی یا حور جیسی ہوتی ہے اور پہاڑوں ، جنگلوں ، مرغزاروں اور سمندروں میں رہتی ہے ۔ (۲) حسینہ ؛ اخلاقی طور پر کمزور عورت ۔ (۳) (حیوانیات) منجھروپ ؛ پیوپا ۔ (٤) (حیوانیات) پری ؛ تیتری ۔

Nymphae/Nympha : (n) (۱) شفتین صغریٰ ۔ (۲) (حیوانیات) بادامی ۔

Nymphaea/Nymphea : (n) آبی پودوں کی ایک قسم ۔

Nymphaeaceae : (n) آبی پودوں کا خاندان ۔

Nymphaeum : (n) وہ رومی عمارت جہاں چشمے ہوں، پھول اور پودے ہوں اور جسے آرام گاہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو ؛ آرام گاہ ؛ راحت کدہ ۔

Nymphal : (a) جل پری یا ساگردیوی سے متعلق ۔

Nymphal : (n) (۱) تیتری کی ایک جنس ۔ (۲) ایک قسم کا پودا ۔

Nymphalid : (n) ایک قسم کی تتلی ؛ حور تیتری ؛ پری تیتری ۔

Nymphalidae : (n) تتلیوں کا [illegible]ساندان ؛ پری تیتریاں ۔

Nymphalis : (n) تتلیوں کی ایک نوع ۔

Nymphean : (a) جل پریوں سے متعلق یا ان کے موافق ۔

Nymphet : (n) (۱) نوجوان ساگردیوی ؛ نوخیز جل پری ۔ (۲) زود بالغ عورت ؛ بدکار عورت ۔ (۳) حور جیسی یا جنسی طور پر بے حد پر کشش لڑکی ۔

Nymphidae : (n) آسٹریلیا میں پائے جانے والے چیونٹیوں جیسے کیڑوں کا ایک خاندان ۔

Nymphiparous : (a) (حشریات) ایک قسم کے کیڑے سے متعلق ۔

Nymphish : (a) ساگردیوی کا یا اس سے متعلق یا اس کے مشابہ ؛ پری نما ؛ حوروش ۔

Nymphlike : (a) پری پیکر ؛ ساگردیوی کے مشابہ (حسن یا سلیقہ میں) ۔

Nympho - : دیکھو Nymph

Nympho : (n) Nymphomaniac کا مخفف ۔

Nymphoides : (n) آبی پودوں کی ایک نوع جو منطقہ حارہ میں پائی جاتی ہے اور جس کے پھول سفید یا زرد ہوتے ہیں ۔

Nympholepsy : (n) (۱) عشق پری ؛ جنون حور ۔ (۲) مجنونیت ؛ حال آنا ۔ (۳) (کسی چیز کا) والہانہ شوق ؛ سودا ؛ جنون ۔

Nympholept : (a) دیوانہ ؛ مجذوب ۔

Nympholept : (n) (۱) دیوانگی ؛ مجنونیت ۔ (۲) (کسی چیز کا) سودائی یا دیوانہ ۔

Nympholeptie : (a) دیوانہ ؛ مجذوب ؛ والہانہ ۔

Nymphomania : (n) شبق النساء ؛ جنسی سرگرمی کے لئے کسی

عورت کی شدید آرزو جو شخصی هوس پر مبنی هو ؛ اسے Uteromania بھی کہتے هیں ؛ چُل ؛ چُداسی ۔

Nymphomaniac : (n) شہوتی عورت ؛ جماع کی دیوانی ؛ جماع کی شدید آرزو میں مبتلا ؛ چُداسی ۔

Nymphon : (n) (حیوانیات) ایك قسم کی آبی مکڑی ۔

Nymphosis : (n) کیڑے کاتیتری میں تغیر ۔

Nymphotomy : (n) (جراّحی) Nymphae کی قطع وبرید ۔

Nyoro : (n) یوگانڈا کی بانتو زبان بولنے والی قوم ۔

Nystagmatic : (a) ارتجافی ۔

Nystagmic : (a) ارتجاف مقله میں مبتلا ۔

Nystagmoid : (a) ارتجاف مقله کی طرح ؛ (آنکھ کے) ڈھیلے کے پھڑکنے کی طرح ۔

Nystagmus : (n) ارتجاف مقله ؛ ڈھیلے کا پھڑکنا ؛ مردمك چشم کی غیر ارادی گردش جو غنودگی کے ساتھ دماغی صدمه کے بعد هوتی هے ۔

Nytril : (n) ایك مصنوعی دھاگا ۔

Nyx : (n) اله شب ؛ رات کی دیوی ؛ نِکس ۔

-nyxis : (comb. form) جزوِ ترکیبی به معنی نیش زنی ؛ عمل شگاف ۔

ENGLISH – URDU

DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جامع انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME FOURTH

O - Q

ENGLISH – URDU

DICTIONARY

WITH OVER 250,000 WORDS

جامع انگلش اردو ڈکشنری

VOLUME FOURTH

O - Q

CHIEF EDITOR

Prof. Kalimuddin Ahmad

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India
West Block-I, R. K. Puram, New Delhi- 110 066, INDIA

First published 1997 by National Council for Promotion of Urdu Language,
West Block-I, R.K. Puram, New Delhi- 110 066. INDIA

Sl. No. 760
Copies 2000

Price Rs. 600/- IV th Vol.

Supervision
Dr. M. Hamidullah Bhat
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
West Block-1, R.K. Puram,
New Delhi- 110 066.

ISBN No. 81-7587-000-4

Published By
Director
National Council for Promotion of Urdu Language
(M/o Human Resource Development)
(Deptt. of Education, Govt. of India)
West Block-1, R. K. Puram
New Delhi - 110 066

Printed by
S. Narayan & Sons
B-88, Okhla Industrial Area, Phase-II,
New Delhi- 110020. INDIA

Contents

پیش لفظ

پچھلے ۵۰ سال میں اردو زبان نے ایک زندہ زبان کی طرح قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہو رہی تبدیلیوں کو اپنے اندر اس طرح سمویا ہے کہ اجنبیت کا کوئی احساس نہیں ہوتا ۔ اس دوران سائنسی اصطلاحات اور نئے الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ اردو زبان کا جزوِلاینفک بنتا گیا ۔ اس پس منظر میں عبدالحق کی انگلش ۔ اردو ڈکشنری عصر جدید کے تقاضوں کو پورا نہیں کر پارہی تھی اور ایک ایسی جامع لغت کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی جو نہ صرف اردو کے اس ارتقائی سفر کا احاطہ کرے بلکہ اکیسویں صدی کی سائنسی اور تکنیکی ضروریات کو بھی پورا کر سکے ۔ ۲ جلدوں پر مشتمل جامع انگلش ۔ اردو ڈکشنری کا پروجیکٹ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے شروع ہوا تھا ۔ مجھے امید ہے کہ جن مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈکشنری کا یہ پروجیکٹ شروع کیا گیا تھا ان کو یہ ڈکشنری پورا کرے گی ۔

ڈکشنری کی ہر جلد میں کوشش یہ رہی ہے کہ کوئی بھی لفظ بیچ میں منقطع نہ ہونے پائے جس کی وجہ سے کسی جلد کی ضخامت زیادہ ہو گئی ہے تو کسی کی کم ۔ موجودہ جلد (چہارم) تقریباً ۹۰۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس جلد میں اندازاً ۲۰۰۰۰ اندراجات ہیں ۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ عام استعمال کے الفاظ کے اندارجات کا اس لغت میں احاطہ کیا جائے تاکہ ہر میدان کے طلباء و قاری ، مترجمین و محققین کو اس کے سامنے کسی اور ڈکشنری کی ضرورت نہ محسوس ہو ۔ دیگر بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں نہ صرف روزمرہ محاورہ بلکہ سائنس ، نفسیات ، ریاضیات ، فلسفہ ، طبیعیات ، حیاتیات ، ادبیات ، سماجیات ، لسانیات و مُعاشیات وغیرہ غرض یہ کہ تمام مروجہ علوم و فنون کے روزمرہ استعمال کے الفاظ و تراکیب کا بھی قابل قدر ذخیرہ اس میں موجود ہے ۔

علاوہ برایں اس کے اندرجات کو عام قاری و طلباء کے لئے اتنا آسان فہم بنایا گیا ہے کہ اس کے استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کی دشورای نہ پیش آئے کیونکہ اس کی ترتیب اندراجات انگریزی حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ لفظ بہ لفظ بھی کر دی گئی ہے مثال کے طور پر :

Parrot : (n) [Fr. 'parroquet.'] (۱) توتا : (۲) توتے کی طرح نقل کرنے والا : نقال ۔ (۲) پوفین : بو قلموں منقار : ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ہے : یہ بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ہے ۔ (۳) مچھلیوں کی ایک قسم (توتا مچھلی) ۔

Parrot : (v) (۱) توتے کی طرح دہرانا :توتے کی طرح نقل کرنا ۔ (۲) توتے کی طرح بے سوچے سمجھے رٹنا ۔ (۳) توتے کی طرح دہرانے کے لئے سکھانا : توتے کی طرح سخت تربیت حاصل کرنا ۔

Parrot-coal : (n) (اسکاتستانی ، روزمرہ) دیکھو Cannel coal

Parrot disease : (n) (بیطاری)توتا روگ : ایک قسم کی بیماری : حُمی البیغا ۔

Parrot-fish : (n) (۱)توتا مچھلی: سمك البیغا: ایک قسم کی مچھلی جوچمکیلے رنگ اور توتے کی چونچ کی طرح سخت منہ والی ہوتی ہے ۔ (۲) سخت جبڑے والی منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) آسٹریلیا کی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) ملفوف فکہ ماہی کی طرح کی ایک قسم ۔

Parrot green : (n) سبز رنگ : زردی مائل سبز توتے کی طرح کا رنگ ۔

Parrot tongue : (n) توتے کی طرح زبان خصوصاً ٹائفس میں انسانی زبان کی خشک حالت ۔

Parrot weed : (n) زرد پھول والی درخت : منطقۂ حارہ میں ایک امریکی درخت۔

Parrot work : (n) محض تقلیدی اعادہ یا مصنوعی اعادہ۔

Parrot wrasse : (n) منطقۂ حارہ کے سمندروں میں پائی جانے والی سخت جبڑے والی مچھلی۔

Parroter : (n) وہ شخص جو سیکھی ہوئی کو دہراتا ہے : توتے کی طرح دہرانے والا : توتے کی طرح رٹنے والا۔

Parrotry : (n) توتے کی طرح دوسرے اقوال وغیرہ کو بے سوچے سمجھے دہرانا یا ان کا اعادہ۔

اس کے ساتھ ساتھ ذیلی اندراجات کو بھی لفظ بہ لفظ حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے جیسے :

Ape's paternoster : دانت کٹکٹانا یا لرزنا : کانپنا۔

Black paternoster : ایک قسم کا منتر یا جادو ٹونا۔

Devil's paternoster : کوسنا جو زیر لب دیا جائے : زیر لب بد دعا : ورد نفریں آمیز۔

جہاں ضروری سمجھا گیا ہے وہاں اسلوبیاتی اہمیت کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ جیسے متروک ، قدیم ، ادبی و لسانیاتی وغیرہ۔ اس کے علاوہ ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہو سکا انگریزی محاوروں کے معنی واضح کرنے کے لئے اس کے مترادف ہم معنی ضرب الامثال یا محاورے وغیرہ کا بھی استعمال کرنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے۔ مثلاً :

Probed it to the quick : دکھتی رگ پکڑنا۔

Quick change : روپ بدلنا۔

Quick eared : سن گن لینے والا۔

To quit claim : حق سے دست بردار ہونا۔

To pay a person in his own coins : جیسے کو تیسا : ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

علاوہ ازیں یہ تمام دفتری اہلکاروں ، اہل قلم و علم ، صحافیوں ، اساتذہ ، قانون داں ، طلباء ، مترجمین و محققین اور عام قاری کی روزمرہ ضروریات کے لئے بھی یکساں کار آمد و مفید ثابت ہو گی۔ یہ جامع انگریزی اردو لغت اندھیرے میں روشنی کی ایک کرن ہے کیونکہ اس کے مکمل سیٹ میں تقریباً ۲ لاکھ الفاظ و اندراجات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ اکیسویں صدی کے تقریباً تمام علمی و سائنسی تقاضوں کو بھی پورا کرے گی۔ اردو دنیا اور اردو قاری کا تعاون و مشورے حاصل رہے تو انشاء اللہ یہ بہت جلد اور زیادہ خوبصورت انداز میں آپ لوگوں کے سامنے ہو گی۔

میں اس لغت کے چیف ایڈیٹر کلیم الدین احمد صاحب (خدا ان کو غریق رحمت کرے) اور ان کی ٹیم میں شامل سبھی لوگوں کا شکرگذار ہوں جو اس کی ترتیب و تدوین میں کلیم الدین احمد صاحب کے معاون و مددگار رہے۔ ان کے اسمائے گرامی میں سید شاہ عطاء الرحمٰن ، محمد صدیق ، ممتاز احمد ، مصطفیٰ کمال ہاشمی ، سید عبدالحمید ، ناصر رضا خان جلیلی ، رضوان احمد خان اور کاظم حسین شامل ہیں۔

عموماً لغات کی پروف خوانی ایک انتہائی محتاط انداز کا اور باریک بینی کا کام ہوتا ہے اور خاص طور سے ذو لسانی لغات کی تصحیح و پروف خوانی ایک انتہائی نازک اور دقت طلب معاملہ ہے اس لئے اس کی پروف خوانی میں کافی توجہ اور محنت و لگن کی ضرورت ہوتی ہے اس

خدمت کو ہماری ریسرچ اسسٹینٹ مہ جبیں اختر نے دفتر کی اور دوسری ذمہ داریوں کے ساتھ کافی خوش اسلوبی،محنت و لگن سے انجام دیا ہے اس لئے وہ خاص طور سے شکریہ کی مستحق ہیں۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دوسری زبانوں کی لغات و اصطلاحات ، دائرۃ العلوم وغیرہ جیسے تامل - اردو ڈکشنری ، اردو انسائیکلوپیڈیا کے علاوہ بہت سی اصطلاحات و مضامین کی لغات جیسے حیاتیات ، عمرانیات ، لسانیات ، نباتیات ، نفسیات ، تاریخ و سیاسیات انتظامیہ وغیرہ کی تدوین و ترتیب میں مصروف ہے جن کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے۔ ان میں سے کچھ تو مکمل ہو چکی ہیں ، اور آج کل طباعت کے مراحل میں ہیں اور کچھ تیاری کے مرحلے طے کر رہی ہیں۔ ان فرہنگوں کے آنے کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد اردو یونیورسٹی ، جو کہ اب وجود میں آچکی ہے ، کو بھی اپنے علمی پروگرام آگے بڑھانے میں بڑی مدد ملے گی۔

امید ہے کہ آئندہ آنے والے دو تین سالوں میں کونسل کی کافی کچھ کاوش و محنت لغات و اصطلاحات کی شکل میں موجود ہو گی۔ مجھے امید ہے کہ تمام کر مفرما و محبان اردو کونسل کی اس کاوش کو سراہیں گے اور اپنے مفید و اہم مشوروں سے نوازتے رہیں گے تاکہ اس کی پالیسیوں اور مہمات کو جلا مل سکے۔ در اصل کوئی بھی انسانی کام مکمل و بے عیب نہیں ہوتا حالانکہ اس ڈکشنری کی تدوین و ترتیب میں پوری لگن اور انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے اس کے باوجود اگر اس میں کوئی خامی یا کمی نظر آئے تو میری محبان اردو اور اردو دوستوں سے درخواست ہے کہ وہ بلا کسی جھجھک و ہچکچاہٹ کے کونسل کو مطلع کریں تاکہ آئندہ پانچویں اور چھٹی جلد میں ان اغلاط کا اعادہ نہ ہو۔

حمید اللہ

(محمد حمید اللہ بھٹ)

ڈائرکٹر

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

منسٹری آف ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ

(حکومت ہند)

ویسٹ بلاک - ۱ ، آر - کے - پورم

نئی دہلی - ۱۱۰۰۶۶

ABBREVIATIONS USED IN THIS DICTIONARY

a.	...adjective
a (in etymologies)	...adoption of
abbrev.	...abbreviation, abbreviated
abstr.	...abstract
ad.	...adaptation of
adj.	...adjective
adv.	...adverb
AF (r).	...Anglo-French
Amer.	...American
Anglo-Fr.	...Anglo-French
Anglo-Ind.	...Anglo-Indian
Anglo-Ir.	...Anglo-Irish
Anglo-L.	...Anglo-Latin
aphetic	...aphetic, aphetized
app.	...apparently
Arab.	...Arabic
Aram.	...Aramaic
arch.	...archaic
A. V.	...Authorised version of the Bible
bibl.	...biblical
Boh.	...Bohemian
Braz.	...Brazilian
Brit. N. Amer.	...British North America
Bulg.	...Bulgaria
Byz.	...Byzantine
Cat (al)	...Catalan
Celt	...Celtic
Cf. cf.	...Confer, Compare
Cl. L. Gr.	...Classical Latin, Greek
Conj.	...Conjuction
Contr.	...Contracted, Contraction
Da.	...Danish
deriv	...derivative, derivation
dim.	...diminutive
Dor.	...Doric
Du.	...Dutch
etym.	...etymology
f.	...from of, formed on
F.	...French
Flem.	...Flemish
Fr.	...French
G.	...German
Gael.	...Gaelic
Ger.	...German
Goth.	...Gothic
Gr.	...Greek
Heb.	...Hebrew
H. G.	...High German
Hind.	...Hindustani
Icel.	...Icelandic
IE.	...Indo-European
imit.	...Imitative
Indo-Eur.	...Indo-European
Indo-Gmc.	...Indo-Germanic
int., interj.	...interjection
Ir.	...Irish
Irel.	...Ireland
It.	...Italian
Jap.	...Japanese
Jav.	...Javanese
L.	...Latin
Lat.	...Latin
Law L.	...Low Latin
L. Du.	...Low Dutch
Lett.	...Lettish
LG.	...Low German
Linn.	...Linnaeus
Lith.	...Lithuanian
Maundev.	...Maundeville
M. Bret.	...Middle Breton
M. Du.	...Middle Dutch
(M) Du.	...Middle and modern Dutch
ME.	...Middle English
med. L.	...mediaeval Latin
Mex.	...Mexican
MHG.	...Middle high German
M Ir.	...Middle Irish
MLG.	...Middle Low German
(M) LG.	...Middle and Modern Low German
mod. L.	...Modern Latin
MSc.	...Middle Scottish
MSw.	...Middle Swedish
M. Welsh.	...Middle Welsh
n	...Noun
N Afr.	...North-African
N Amer.	...North American
NEFr.	...North-eastern French
N. Eng.	...Northern English
N Fris.	...North Frisian
N. O.	...Natural Order
Northumb.	...Northumbrian
Norw.	...Norwegian
N. S. W.	...New South Wales
N. T.	...New Testament
N. W.. n.w. N. Z.	...north-west,-western
N. Z.	...New Zealand
O Bret.	...Old Breton
O Brit.	...Old British
obsc.	...obscence, -ly
O Celt.	...Old Celtic
O Corn.	...Old Cornish
OE.	...Old English (Anglo-saxon)
OFr.	...Old French
(O) Fr.	...Old and modern French
O Fris.	...Old Frisian
O Gael.	...Old Gaelic
OHG	...Old High German
O Icel.	...Old Icelandic
O Ir.	...Old Irish
O L.	...Old Latin
O L Frank, OLG	...Old Low Frankish, German
O Lith.	...Old Lithuanian
ON	...Old Norse
ONFr.	...Old Northern French
O North.	...Old Northumbrian
O Pers.	...Old Persian
O Pruss.	...Old Prussian
Opp.	...opposed (to)
Ork.	...Orkney
OS.	...Old Saxon
O Scand.	...Old Scandinavian
OSL. -Oslav.	...Old Slavonic
Osp.	...Old Spanish
O Sw.	...Old Swedish
O T.	...Old Testament
OW.	...Old Welsh
pa. t	...past tense
perh.	...perhaps
Pers.	...Persian
Peruv.	...Peruvian
Pg., Port	...Portuguese
Pol.	...Plural
Pol.	...Polish
pop. L.	...popular Latin
post-Aug.	...post Augustan Latin
post-Cl.	...post-Classical Latin
pple	...participle
pr.	...provencal
prep.	...preposition
prob.	...probably
pron	...pronoun
refash	...refashioned
Rom.	...Roman. l
Rum.	...Rumanian
Russ.	...Russian
S. Afr.	...South African
S. Amer.	...South American
Scand.	...Scandinavian
Schol. L.	...Scholastic Latin
Scotl.	...Scotland
Sem.	...Semitic
Serb.	...Serbian
Shetl.	...Shetland
Sinh.	...Sinhalese
Skr.	...Sanskrit
Slav.	...Slavonic
Sp.	...Spanish
Sw. Swed.	...Swedish
Syr.	...Syriac
Teut.	...Teutonic
Tokh.	...Tokharian
Tyrol.	...Tyrolese
Ukr.	...Ukrainian
unkn.	...unknown
U. S.	...United State
V	...Verb
Var.	...Variable
W.	...Welsh, West, western
WFr.	...West French
W Fris.	...West Frisian
W Gmc.	...West Germanic
WIE.	...Western Indo-European
W. Ind., W. Indies	...West Indies
W. S.	...West Saxon
Wycl.	...Wyclif
YMCA	...Young Men's Christia Association
Yr.	...Year
Yrbk	...Year book
YWCA	...Young Women's Christian Association
Zool	...Zoological, Zoology

SUBJECT TERMS IN ENGLISH-URDU DICTIONARY

English	Urdu
Acoustics	سمعیات
Administration	انتظامیه
Aeronautics	طیرانیات
Agriculture	زراعت
Anatomy	تشریح
Anthropology	بشریات
Archaeology	اثریات
Architecture	تعمیرات
Astrology	علم النجوم
Astronomy	فلکیات
Bacteriology	جرثومات
Biology	حیاتیات
Bleaching	سفید کاری
Botany	نباتیات
Chemistry	کیمیا
Colloquial	روز مرّه
Commerce	تجارت
Conchology	صدفیات
Crystyllography	قلمیات
Cytology	علم خلیات
Dentistry	دندان سازی
Dynamics	حرکیات
Ecclesiastical	کلیسائی
Economics	معاشیات
Education	تعلیمیات
Electricity	برقیات
Engineering	انجینیئرنگ
Entomology	حشریات
Ethics	اخلاقیات
Fishery	ماهی گیری
Fortification	قلع بندی
Forestry	جنگلات
Gardening	باغبانی
Geography	جغرافیه
Geology	ارضیات
Geometry	هندسه
Grammar	قواعد
Heraldry	نقابت
History	تاریخ
Horology	ساعت شناسی
Jewellery	جواهرات
Law	قانون
Linguistics	لسانیات
Logic	منطق
Mathematics	ریاضیات
Mechanics	میکانیات
Medicine	طب
Metallurgy	فلزیات
Metaphysics	مابعد الطبیعیات
Meteorology	موسمیات
Military	فوج
Minerology	معدنیات
Mining	کان کنی
Music	موسیقی
Mythology	اساطیر
Natural history	تاریخ طبیعی
Nautical	بحری
Nonce-word	یك وقتی لفظ
Optics	بصریات
Ornithology	طیوریات
Palaeontology	فوسلیات
Pathology	مرضیات
Philosophy	فلسفه
Phonetics	صوتیات
Photography	فوٹو گرافی
Physics	طبیعیات

English	Urdu
Physiology	عضویات
Politics	سیاسیات
Printing	طباعت
Prosody	عروض
Psycho-analysis	تحلیل نفسی
Psychology	نفسیات
Radiology	شعاعیات
Rhetric	علم البدیع
Slang	عامیانہ
Smelting	تصفیہ
Sociology	سماجیات
Statics	مسکونیات
Statistics	شماریات
Surgery	جرّاحی
Surveying	پیمائش
Telegraphics	تلغرافی
Theology	دینیات
Veterenary	بیطاری
Zoology	حیوانیات

O

O : (۱) انگریزی حروف تہجی کا پندرھواں حروف (اور چوتھا حروف علت (vowel))۔ (۲) 'O' کی شکل کا نشان : دائرہ ۔ (۳) طباعت کا ٹائپ؛ اسٹامپ یا دوسری چیز جس سے حروف O چھاپا جاتاہو۔ (۴) سلسلہ وار ترتیب کو ظاہر کرنے والا نشان۔ (۵) (منطق) جز نفی: جزوی نفی۔ (٦) (کیمیا) آکسیجن کی علامت۔

O : (n) (۱) عربی زیرو؛ صفر (لہٰذا) لاشے؛ صفر مقدار معلوم۔ (۲) (جمع oes) کوئی گول یا مدور شے؛ دائرہ؛ گول نشان یا دھبا؛ گولا؛ قرص؛ کرہ؛ حلقہ۔

O/O : (n) [Fr. O, ua.] سابقہ جو آئرستانی جدی القاب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے مثلاً O'Connell؛ (لہٰذا) وہ شخص جس کا عرف یالقب 'O' کے ساتھ شروع ہوتا ہو۔

O/O : (prep.) قدیم محاوروں میں بطور حرف جار استمال ہوتاہے۔

O/Oh : (interj.) حرف ندایا فجائیہ؛ او؛ ارے؛ ہائے؛ اف۔

- O - : مرکب الفاظ بنانے میں دولفظوں کو ملانے والا حرف ربط یاحرف علت (عموماً سائنسی اصطلاحات میں) مثلاً Concaro; Chloro Cumulo, Politico- وغیرہ نیز logy, graphy,Cracy وغیرہ کے ساتھ اکثر آتا ہے۔

- O : (۱) مخفف یا مختصر شدہ الفاظ کا آخری رکن مثلاً hippo, photo وغیرہ میں ۔(۲) کسی لفظ یا اس کے پہلے حصے میں ملا کر اس لفظ کا روز مرہ یا عامیانہ مترادف بناتے ہیں مثلاً Campo, beano, ammo ۔ (۳) ایک بے معنی اختتام مثلاً doggo, blotto میں۔

Oaf : (n) [of Scand origin.] (۱) ماؤف العقل؛ناقص العقل یا ناقص الخلقت بچہ؛لنگڑا لولا بچہ؛ اپاہج بچہ۔ (۲) گنوار؛ دہقانی؛ لومڑ؛ غبی؛ کودن؛کوڑھ مغز؛ احمق؛ گاؤدی؛ للّو۔ (۳) (قدیم) جنی بچہ : بھوت پریت کا بچہ جسے جنات انسان کے بچے سے بدل لیں۔

To feel one's oafs: اپنے کو بڑا سمجھنا؛ بڑاپن بگھارنا۔

Oafish : (a) ناقص العقل؛ ناقص الخلقت : گنوار؛ احمق؛گاؤدی؛ کودن؛ ناتراشیدہ؛ بے سلیقہ؛ ٹھس؛ بیوقوف؛ کند ذہن۔

Oafishly : (adv.) گنوارپن؛ سے : بے سلیقہ؛انداز میں بیوقوفانہ احمقانہ۔

Oafishness : (n) گنوارپن؛ بے سلیقگی؛ ناتراشیدگی؛ ناقص العقلی: ناقص الخلقی؛ حُمق؛ گاؤدی پن؛ کند ذہنی : بیوقوفی۔

Oahuan : (n) [F. 'Oahu', Hawaii.] ہوائی (Hawaii) کے بڑے (جزیرے اوہو Oahu) کا باشندہ۔

Oahuan : (a) جزیرۂ اوہویا وہاں کے باشندوں کا؛ ان سے متعلق یا ان کی خاصیت۔

Oak : (n) [OE. 'ae'.] (۱) شاہ بلوط؛ ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط، پھل گول اور کنارے کٹاؤدار ہوتے ہیں۔ (۲) شاہ بلوط کی لکڑی ۔ (۳) وہ درخت یا پودے جو بعض باتوں میں شاہ بلوط سے مشابہ ہوں۔ (۴) (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی کی بول چال) شاہ بلوط کی لکڑی سے بنے کواڑ؛ کمروں کے بیرونی کواڑ (خاص کر محاورے میں مستعمل ہے) ۔ (۵) شاہ بلوط کی پتیاں ۔ (٦) (شعر) (چوبی) جہاز۔(۷) بائبل کے انگریزی ترجموں میں عبرانی لفظ کے معنوں میں استعمال ہوا ہے جوتارپین کے درخت کے لئے آیا ہے۔

Black or dayer's oak : شمالی امریکا کا سیاہ شاہ بلوط جس کی اندرونی چھال دباغت اور زرد رنگنے کے کام آتی ہے۔

Blue oak/Mountain white oak : شاہ بلوط کی ایک قسم جو شمالی کیلیفورنیا میں پائی جاتی ہے۔

Bur oak /Mossy-cup/Overcup : - شاہ بلوط کی ایک قسم : قسم جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے۔

Chestnut oak : شمالی امریکا کے خلاف مختلف درختوں کی قسمیں جن کی پتیاں شاہ بلوط کی پتیوں سے مشابہ ہوتی ہیں۔

Cork oak : جنوبی یورپ اور شمالی افریقہ کا ایک درخت جس کی چھال سے کاگ بنائی جاتی ہیں۔

بلوط العفص کی شاخوں میں ایک کیڑے(gall-fly) کے سوراخ کرنے اوران سوراخوں میں اپنے انڈے رکھنے سے ان مقامات پر ایک قسم کی گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جن کو مازو یا ماجو پھل کہتے ہیں) ۔ (۲) ایک آسٹریلیائی درخت (she-oak) کا نیا پھل۔

Oak-apple day : (n) ۲۹ / مئی کادن جب چارلس دوم Royal oak سے واپسی ہوئی تھی، اس واقع کی یاد میں اس دن Oak apple یا شاہ بلوط کی پتیاں پہنی جاتی ہیں (اس نے اپنے تعاقب کرنے والوں سے خود کو ٦ / ستمبر سنہ ١٦٥١ ء کو شاہ بلوط کے درخت میں چھپا لیا تھا)۔

Oak-beauty : (n) کرم شاہ بلوط: ایک قسم کا کیڑا جس کا پہل روپ شاہ بلوط کی پتیاں کھاتا ھے۔

Oak-bark : شاہ بلوط کی چھال جو چمڑا کمانے کے کام آتی ھے اور قابض دوا کے طور پر استعمال ہوتی ھے۔

Oak-button : (n) شاہ بلوط کا ماجو: عفص : عفص البلوط؛ بلوط کی شاخوں میں Gall-fly کے سوراخ کردینے سے جو گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جنہیں مازو یا ماجو پھل کہتے ہیں: خاص کر روشنائی بنانے میں کام آنے والا مازو پھل۔

Oak-egger/-hooktip/-lapper/-month : (n) ان کیڑوں کے نام جو شاہ بلوط کی پتیوں پر رہتے ہیں: (حیوانیات) کرم شاہ بلوط۔

Oak-fern : (n) ایک قسم کا سہ شاخہ فرن۔

Oak-fig : (n) دیکھو Oak-button

Oak-gall : (n) دیکھو Oak-button

Oak-grove : (n) (نباتیات) بلوطستان۔

Oak-leather : (n) شاہ بلوط کے پرانے درختوں پر پائی جانے والی کھمبی جو بکری کے بچے کے سفید چمڑے سے قدرے مشابہ ہوتی ھے۔

Oak looper : (n) Geometra کی جنس کے ایک کیڑے کا پہل روپ۔

Oak-lungs : (n) (۱) ایک قسم کی کائی نما نبات جو پتھر یا درخت کے تنے پر اگتی ھے تو اسے Lungs of oak بھی کہتے ہیں۔ (۲) ایک پودا جس کی پتیوں پر سفید چتیاں ہوتی ہیں (اور جو دیکھنے میں کسی مریض کے پھیپھڑے کے مشابہ ہوتی ھے)۔

Oak of bashan : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم۔

Dwarf oak/ Ground -: درختوں کے نام جو شاہ بلوط سے سے مشابہ ہوتی ہیں۔

Evergreen oak: امریکی شاہ بلوط: سدابہار بلوط۔

Heart of oak : جیوٹ: جیوٹ والا: جری: بہادر آدمی۔

Italian oak : جنوبی یورپ میں پائی جانے والی شاہ بلوط کی ایک نوع جس کا پھل کھایا جاتا ھے۔

Kermes - oak : شاہ بلوط کی ایک قسم جس میں قرمز (ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ بنتا ھے) رہتا ھے۔

Live-oak : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم کا نام جو امریکا میں ہوتی ھے۔

Poison oak : (n) سماق کی قسمیں: ایک قسم کا درخت جس کی پتیاں چمڑا رنگنے اور کمانے کے کام آتی ہیں۔

Scarlet oak : (n) شاہ بلوط کی ایک قسم جو شمالی امریکا میں ہوتی ھے اور موسم خزاں میں جن کی پتیوں کا رنگ گلنار یا نارنجی مائل تیز سرخ ہوتا ھے۔

The oak : (n) ایپسم (Epsom)میں سہ سالہ بچھیریوں کی گھڑ دوڑ (جس کی ابتداء سنہ ١٧٧٩ء میں ہوئی تھی۔

The royal oak : (n) شاہ بلوط کا وہ درخت جس میں چارلس دوئم جنگ وروسٹر کے بعد ٦ / ستمبر سنہ ١٦٥١ء کو چھپا تھا اور ۲۹ / مئی سنہ ١٦٦٠ء کو واپس آیا تھا۔

The sport one's oak : (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی) اپنی مشغولیت کی علامت کے طور پر کمرے کے بیرونی کواڑوں کو بند کر دینا۔

Turky oak : (n) جنوبی یورپ اور امریکا میں پائی جان والی شاہ بلوط کی ایک قسم ۔

Weeping oak : (n) شاہ بلوط کی قسم جومغربی امریکا میں امریکا میں پائی جاتی ھے ۔

White oak : (۱) ایک بڑا امریکی درخت جو شاہ بلوط ہی کی نوع سے ھے اور جسے انگلستان میں کبھی کبھی Onebee oak بھی کہتے ہیں ۔ (۲) (نباتیات) بلوط: رنج۔

Oak-acorns : (n) (نباتیات) دانۂ بلوط: سیتا سُپاری۔

Oak -apple : (n) (۱) عفص: عفص البلوط: مازو: ماجو پھل (درخت

Oak of cappadocia : (n) سمندری کناروں پر پائے جانے والے پودوں کی ایک قسم کا نام۔

Oak of jerusalem/-paradise : (n) ایک قسم کے پودے کا نام جس کی پتیاں شاہ بلوط کی پتیوں کی طرح کٹی پھٹی ہوتی ہیں یا جن کی شکل ہنس کے پاؤں کی سی ہوتی ہے۔

Oak -pest : (n) امریکی شاہ بلوط پر کثرت سے پایا جانے والا ایک کیڑا۔

Oak - plum/-potato: دیکھو Oak button

Oak-spangle : (n) ایک قسم کا کھمبی نما چھٹا ابھاریا ما جوپھل جو شاہ بلوط کی پتیوں کے نچلے رخ پر ہوجاتا ہے۔

Oak-spangles : (n) (نباتیات) بلوطی تکلیاں: مازو۔

Oak-tree : (n) درخت شاہ بلوط۔

Oak-wart : (n) شاہ بلوط کامازو یا ماجو پھل: شاہ بلوط کا گومڑ جو درخت کے تنے پر ہوجاتا ہے۔

Oak-wilt : (n) بلوط کے درختوں کو بربادکرنے والی ایک بیماری۔

Oak-wood : (n) (۱) شاہ بلوط کا جنگل: (نباتیات) بلوطستان۔ (۲) عمارتی لکڑی: (نباتیات) چوب بلوط۔ (۳) درمیانہ بھورا رنگ جو شاہ بلوط کے پھل سے قدرے ہلکا اورسرخی مائل ہوتا ہو۔

Oaken : (a) (۱) شاہ بلوط لکڑی کا بنا ہوا بلوطی۔ (۲) شاہ بلوط کی پتیاں یا ٹہنیوں سے بنا ہوا(متروک)۔

Oaklet : (n) (نباتیات) نہال بلوط:بلوطك:شاہ بلوط کا چھوٹا درخت نوخیز شاہ بلوط۔

Oakling : (n) دیکھو Oaklet

Oakmoss: (n) شاہ بلوط کے درختوں پر اُگنے والی مختلف کائیوں میں سے ایک جس سے حاصل ہونے والی رال عطرسازی میں کام آتی ہے۔

Oakum : (n) [OE. acumbe.] (جہاز رانی) پرانی رسیو ں کا سن جو جہاز کی درزوں میں بھرا جاتا ہے۔

To pick oakum : پرانی رسیوں سے سن نکالنا (پہلے جیل خانوں اور محتاج خانوں میں یہ کام کرایا جاتا تھا)۔

Oam : (n) (اسکاٹستانی) گرم اور مرطوب ہوا۔

Oar : (n) (۱) چپو: پارو۔ (۲) (مجازاً) پانی میں چلانے یا ڈھکیلنے کے لئے چپوکی طرح کام آنے والی کوئی بھی چیز: بازو یا پنکھ جس سے تیرنے میں کام لیا جائے۔ (۳) چپودار کشتی: چپوؤں والی ناؤ: کھینے والی کشتی۔(۴) ملاح: کھویا: چپو چلانے والا: پاروزن۔ (۵) کوئی چھڑی ، ڈنڈا یاپیڈل جس سے کسی چیز کو الٹ پلٹ کیا جائے یا چلایا جائے۔

Oar : (v) (۱) (چپو سے کشتی) چلانا:کھینا۔ (۲) کشتی رانی کرنا: کشتی چلانا۔ (۳) چلنا: آگے بڑھنا (چپو کے سہارے)۔ (۴) چپو کے ذریعہ راہ بنانا: چلانا۔ (۵) (ہاتھ پاؤں یاپنکھ وغیرہ کو) چپوؤں کی طرح حرکت دینا: تیرنے کے لئے ہاتھ پاؤں چلانا۔

Chained to the oar : مشقت کے کام میں مصروف: بیل کے کام: بیل کی طرح جتا ہوا۔

Pair-oar/Four-oar etc: دو چپوؤں کی کشتی: چار چپوؤں کی کشتی وغیرہ۔

Pair of oars : دو ملاحوں کے ذریعہ چلنے والی کشتی۔

Pulls a good oar : بڑا اچھا کھویا ہے۔

To have an oar in every man's boat : ہر کام میں دخل دینا: بے جا دخل اندازی کرنا۔

To oar one's arms or hands:: ہاتھ یا پیر سے پانی کوچیرنا تیرنے میں ہاتھ پیر چلانا۔

To put in one's oar: دوسروں کے کام میں بے جا دخل اندازی کرنا: دوسروں کے پھٹے میں پاؤں ڈالنا: بے جا دخل دینا۔

To rest-/To lie one's oar : تھوڑی دیر کام بند رکھنا: تھوڑی دیر سستانا: دم لینا: تھوڑا آرام کرنا۔

Oar-fish : مچھلیوں کی ایک نوع کا نام جن کے جسم چپوؤں کی طرح چپٹے ہوتے ہیں اور جن کی لمبائی سات سے دس میٹر تك ہوتی ہے۔

Oar-footed : (a) تیراك پاؤں والا: ایسے پاؤں والا جن سے تیرا جا سکتا ہو۔

Oarage : (n) (۱) چپوؤں کی حرکت: چپوؤں کی طرح بازؤں یا پاؤں کی حرکت۔ (۲) کھوائی: کشتی کھینے کی مزدوری یا محصول۔ (۳) چپوؤں کے لوازمات یا سازو سامان: کھینے والے سازوسامان۔

Oared : (a) چپو دار: چپوؤں والا: چپوؤں والی (مثلاً four-oared چار چپوؤں والی)۔

Oarless : (n) بے چپو کا۔

Oarlock : (n) چپو ٹیک: وہ پرزہ جس کے سہارے کھینے کے دوران چپو اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے۔

Oarsman : (n) کھویا: مانجھی: ملاح: کشتی چلانے والا: پاروزن: کشتی راں: چپو چلانے والا۔

Oarsmanship : (n) کشتی رانی۔

Oarswoman : (n) کشتی چلانے والی۔

Oary : (n) (۱) چپو نما: چپو جیسا یا چپو کی طرح کام آنے والا۔ (۲) چپودار: چپوؤں والا یا والی۔

Oasis : (n) [LL. 'Oasis.'] (۱) لیبیائی ریگستان کے زرخیز مقامات کا نام: واحہ: واح (جمع واحات): ریگستان میں سر سبز مقام: نخلستان۔ (۲) غیر دلچسپ ماحول میں کوئی دلچسپ چیز۔

Oast : (n) ایک قسم کی بھٹی جس میں ہاپ (hop) کو سکھاتے ہیں۔

Oat : (n) [OE..'ate'.] (۱) (عموماً جمع) جئی: جو کی قسم کا ایک اناج: جو صحرائی: (نباتیات) قرطمان۔ (۲) جئی کا پودا: جئی کی فصل: نیز ایک خودرو لمبی گھاس جو اس پودے کے مشابہ ہوتی ہے۔ (۳) (شعر) اس پودے کی نے جسے چرواہے بجاتے ہیں۔(۴) شبابی شاعری۔

- **False oat : (n)** جئی کے پودے جیسی ایک گھاس۔
- **To sow one's wild oat :** جوانی منانا: سرمستیِ شباب کی داد دینا۔
- **Wild oat : (n)** ایک جنگلی گھاس جو جئی کے پودے سے مشابہ ہوتی ہے۔

Oat-cake : (n) جئی کی روٹی۔

Oat-grass : (n) (۱) (Avena)جنس کی ایک گھاس۔ (۲) اس قسم کی مختلف گھاسوں کے نام۔

Oat-meal : (n) جئی کا آٹا: جئی کا دلیا۔

Oat-reed : (n) جئی کے ڈنٹھل سے بنایا ہوا باجا: نے: نفیری۔

Oat-straw : (n) جئی کی پیالی: جئی کا ڈنٹھل۔

Oaten : (a) (۱) جئی یا جئی کے آٹے سے بنی ہوئی یا بنا ہوا۔ (۲) جئی کے ڈنٹھل سے بنی ہوئی یا بنا ہوا۔ (۳) جئی کے پودے کا یا اس سے متعلق: جئی کا۔

Oath : (n) [OE. 'ap.'] (۱) قسم: حلف: سوگند: قسم کھانے یا حلف لینے کا عمل: پیمان۔ (۲) خدا کا یا اولیاء وغیرہ کا گستاخانہ انداز میں نام لینا: لعنت: بددعا: گالی: بے ادبانہ کلام: گستاخانہ کلمہ۔

Oath : (v) (۱) قسم کھانا: حلف اٹھانا: حلف لینا: سوگند لینا: قسمیہ اقرار یا وعدہ کرنا: حلف اٹھا کر کہنا۔(۲) بے ادبی سے قسم کھانا: ملحدانہ قسم کھانا۔

- **Bible oath :** حلف (بائبل پر)۔
- **Bodily oath :** کسی مقدس شے کو ہاتھ لگاکر قسم کھانا۔
- **Book oath :** دیکھو Bible oath
- **Corporal oath :** دیکھو Oath
- **He is on oath :** وہ قسم کھا چکا ہے: حلف اٹھا چکا ہے۔
- **On or upon oath :** قسمیہ: حلفیہ: حلفی: حلفاً: قسم کھا کر: قسماً۔
- **To make (an) oath/To swear on- /To take (an) -:** قسم کھانا: حلف اٹھانا: حلف لینا: حلفیہ اقرار کرنا: قسمیہ بیان دینا: قسم کھا کر خود کو پابند کر لینا۔

Ob : لاطینی لفظ Obiit کا مخفف بمعنی متوفی (کسی تاریخ وفات سے پہلے لکھا جاتا ہے)۔

Ob- : (prefix) (c- کے پہلے - oc- f- کے پہلے - of- P- کے پہلے op مستعمل ہے) (سابقہ) جن الفاظ کے ساتھ آتا ہے ان میں حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱) کشادگی: وسعت (جیسے Obtrude)۔ (۲) مقابلہ: موافقت (جیسے Observe, Occur)۔ (۳) سمت (جیسے Oblique)۔ (۴) اطاعت (جیسے Obey)۔ (۵) مخالفت (جیسے Oppose)۔ (۶) مزاحمت (جیسے Obdurate)۔ (۷) حجاب (جیسے Obscure)۔ (۸) قطعیت (جیسے Obsolete)۔ (۹) سمت یا نسبت خلاف معمول (جیسے Obconical)۔

Obbligato/Obligato : (n) [It.] (موسیقی) متصل: لازم: لاینفک (ساز یا نغمہ)۔

Obcompressed : (a) (نباتیات) مقابل جھٹا۔

Obconic/-al : (a) (نباتیات) معکوس مخروطہ۔

Obcordate : (a) قلب نما: دل کی شکل کا؛ برعکس یا معکوس طور پر قلب نما؛ (نباتیات) معکوس قلبہ؛ ضد صنو بری۔

Obdiplostemonous : (a) (نباتیات) معکوس مضاعف۔

Obdiplostemony : (n) (نباتیات) عکس مضاعف۔

Obduracy : (n) [f. 'abdurate'] ضد: سرکشی؛ تمود؛ سخت دلی؛ سنگدلی۔

Obdurate : (a) [L. 'Obduratus.'] شقی: شقی القلب: جس پر اچھی باتوں کا بالکل اثر نہ ہو: پر از شقاوت: سخت دل؛ سخت؛ سنگدل؛ متمرد؛ ضدی؛ سرکش؛ بے عاطفہ۔

Obdurate : (v) اخلاقی طور پر بے حس اورسنگدل بنا دینا؛شقی القلب بنا دینا۔

Obdurately : (adv.) ضد سے؛ سرکشی سے؛ متمردانہ؛ شقاوت سے۔

Obdurateness : (n) شقاوت: سرکشی: ضد: تمرد؛ سنگدلی۔

Obduration : (n) سختی: سرکشی؛ ضد؛ تمرد؛ سخت دلی: سنگدلی؛ ہٹ دھرمی۔

Obe : (n) [Gr.] (یونانی تاریخ) قدیم لیکونیا (Laconia) کی ایک بستی یا ضلع۔

Obeah/Obi : (n) [West African] اوبی؛ ایک قسم کا تعویذ:جادو منتر جوحبشیوں میں رائج ہے۔

Obeah/Obi : (n) ایسے تعویذ وغیرہ کے ذریعہ جادو کرنا؛ سحر کرنا۔

Obeah/Obi-man : (n) حبشی جادوگر۔

Obeahism : (n) اوبی کے ذریعہ جادوگری یا ساحری: ایسے جادو یا سحر کا عقیدہ۔

Obeche/Obechi : (n) مغربی افریقہ کا ایک درخت یا اس سے حاصل ہونے والی ہلکے رنگ کی لکڑی۔

Obedience : (n) (۱) اطاعت: تابعداری: فرمانبرداری: فرماں پذیری؛ تعمیل (حکم کی)؛ پابندی (قانون کی)۔ (۲) (کلیسا خصوصاً رومی) حکومت؛ اقتدار؛ حکمرانی۔ (۳) پیروؤں کا حلقہ یا جماعت؛ کلیسا کا دائرۂ اقتدار۔ (۴) آداب؛ کورنش: رسم تعظیم؛ اظہار اطاعت: اظہار وفاداری؛ رسم بندگی: آداب بندگی۔

In obedience to : حسب الحکم؛ حسب الارشاد؛ حسب فرمائش؛ بہ تقاضائے۔

Passive obedience : بے دلی کی اطاعت؛ با دل ناخواستہ اطاعت؛ بے چوں و چرا اطاعت۔

Obedient : (a) [L. Obediens, ent.] (۱)مطیع؛ فرماں پذیر؛ اطاعت شعار؛ فرماں بردار؛ فرض شناس۔ (۲) (مجازاً) کسی دوسری شے یا قوت کے زیر اثر یا اس کی مطیع یا تابع (چیزیں یا عوامل)۔

Your obedient servant : (۱) آپ کا تابعدار؛ رخصت ہوتے وقت پہلے اخلاقاً کہتے تھے اب طنزاً استعمال ہوتا ہے۔ (۲) رسمی خطوط کے آخر میں لکھتے ہیں۔

Obediential : (a) [med. L. obedientialis.] (دینیات) اطاعت و فرماں برداری کا؛ اس کے متعلق یا اس کی صفت کا حامل؛ اطاعتی؛ اطاعت گذار۔

Obedientiary : (n) [med. L. obedientiaris.] (رومن کلیسا) خانقاہ کا ایک فرد جس کے ذمہ کوئی مخصوص کام سپرد ہو؛ خانقاہی۔

Obediently : (adv.) اطاعت شعارانہ؛ فرماں پذیرانہ؛ مطیع ہو کر؛ فرماں برداری سے۔

Obeisance : (n) [(o) Fr. Obeissance.] (۱) آداب کورنش؛ رسم تعظیم۔ (۲) اظہار اطاعت؛ اظہار وفاداری؛ رسم بندگی؛ اظہارِ عقیدت۔

To do obeisance /-make-/-pay- : آداب بجا لانا؛ اظہار بندگی کرنا؛ جھک کر سلام کرنا۔

Obeisant : (a) (۱) مطیع؛ فرماں بردار؛ اطاعت شعار؛ فرض شناس۔ (۲) خوشامدی؛ چاپلوس؛ غلامانہ فرماں برداری ظاہر کرنے والا۔

Obeliac/Obelial : (a) [f. Obelion.] (تشریح) سہمینہ کا؛ نوک سہمی سے متعلق۔

Obelion : (n) سہمینہ؛ نوک سہمی۔

Obeliscal : (a) (۱) مسلی؛ مخروطی چوٹی والے مربع یا مستطیل مینار کا یا اس سے متعلق۔ (۲) جس میں علامت تحریف (–، ÷) یا علامت حاشیہ (+) ہو۔

Obelisk : (n) [L. Obeliscus.] (۱) پتھر کا مربع یا مستطیل مینار جس کی چوٹی مخروطی ہوتی ہے۔ (۲) اس شکل کا درخت : پہاڑ وغیرہ (۳) (Obelus =) علامت تحریف؛ قدیم مسودوں کی علامت جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عبارت میں تحریف ہے (جیسے -، ÷)۔ (۴) (تعمیرات) بسلہ جمع) بسلات (جو طباعت میں حاشیہ یا فٹ نوٹ کے حوالوں کے لئے دیا جاتا ہے۔ (۵) نشان تحریف۔ (۶) نشان حاشیہ۔

Double obelisk : دوہری علامت حاشیہ (‡)۔

Obelize/Obolize : (v) (کسی لفظ یا عبارت میں) نشان تحریف لگانا: نشان حاشیہ لگانا : کھوٹا : جعلی : مصنوعی یا مشکوک قرار دینا۔

Obelus : (n) [L.] (۱) علامت تحریف (-، ÷) : قدیم مسودوں کی علامت جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عبارت میں تحریف ہے : قدیم مخطوطات کے وضعی، جعلی یا مشکوک الفاظ کو ظاہر کرنے والی علامت (-، ÷)۔ (۲) (جدید معنوں میں) علامت حاشیہ؛ نشان حاشیہ (†) (جو طباعت میں حاشیہ یا فٹ نوٹ کے حوالوں کے لئے دیا جاتا ہے)۔

Oberon : (n) (۱) (دینیات) اندر راجہ۔ (۲) (علم النجوم) اوبیران (قمر یورانس)۔

Obese : (a) [L. 'obesus.'] بہت موٹا : تازہ؛ فربہ : لحیم؛ شحیم : جسیم : (طب) سمین : موٹا؛ فربہ۔

Obesely : (adv.) موٹا تازہ ہو کر : فربہی سے۔

Obeseness : (n) موٹاپا : فربہی۔

Obesity : (n) [L.'Obsitas'.] موٹاپا : فربہی۔

Obex : (n) (تشریح) دماغ کے چوتھے جوف میں جھلی کا موٹا ہو جانا۔

Obey : (v) [L. 'obedire'.] (۱) اطاعت کرنا؛ حکم ماننا : فرمانبرداری کرنا : مطیع ہونا۔ (۲) تعمیل کرنا؛ بجا لانا؛ مان لینا؛ جھک جانا (کسی اصول یا حکم کے سامنے)۔ (۲) (کسی قوت وغیرہ کا) تقاضا پورا کرنا۔ (۴) حکم کی تعمیل کرنا۔ (۵) (مجازاً) (کسی تحریک، سبب یا قوت سے) مجبوریا زیر اثر ہو کر کرنا۔ (۶) (علم النجوم) ستاروں یا سیاروں کا کسی برج یا راس میں داخل ہونا۔

Obeyable : (a) قابل اطاعت : حکم بجا لانے کے لائق؛ لائق تعمیل۔

Obeyer : (n) اطاعت کرنے والا؛ ماننے والا؛ حکم بجا لانے والا : فرمانبردار؛ تابع دار : مطیع : اطاعت شعار : اطاعت گذار۔

Obeying signs : (n) علم نجوم میں راس منڈل یا منطقہ البروج کے جنوبی یا آخری چھ بروج کو کہتے ہیں۔

Obeyingly : (adv.) حکم بجا لاتے ہوئے؛ مان کر؛ تعمیلاً؛ فرماں برداری سے : اطاعت شعارانہ؛ ماتحت یا زیر اثر ہو کر۔

Obfuscate : (v) (۱) (دماغ) مختل کر دینا؛ (عقل) گم کر دینا۔ (۲) چھکے چھڑا دینا : حواس باختہ کر دینا۔ (۳) (جسمانی طور پر) اندھیرا کر دینا؛ ماند کر دینا یا دھندلا بنا دینا۔ (۴) بے نور کر دینا : ماند کر دینا : گہنا دینا : تاریک یا دھندلا کر دینا (شاذ)۔

Obfuscation : (n) (۱) مختل کرنا یا ہونا؛ چھکے چھڑانا یا چھوٹنا : بد حواس : حواس باختگی : ابہام۔ (۲) (بصریات) تیرگی : ظلمت۔ (۳) (نفسیات) بدحواسی۔ (۴) حواس باختہ کرنے والی بات یا چیز۔

Obi : (n) [Jap. 'ob'.] اوبی؛ ایک شوخ رنگ چمکدار اور چوڑا کمر بند یا پٹکا جسے جاپانی عورتیں یا بچے استعمال کرتے ہیں؛ اس طرح کا کوئی بھی کمر بند۔

Obi/Obi-man : (n) دیکھو Obeah

Obimbricate : (a) (نباتیات) معکوس متراکب؛ مقلوب ہم پوش۔

Obit/Obiit : (n) [L.'Obitus'.] (۱) (تاریخ) اعلان موت۔ (۲) تاریخ وفات۔ (۳) وفات۔ (۴) فاتحہ خوانی : نماز برائے ایصال ثواب۔ (۵) سالانہ فاتحہ : برسی (خصوصاً کسی مدرسے وغیرہ میں اس کے بانی کی)۔

Obiter : (adv.) سلسلۂ کلام میں : ضمناً۔

Obiter dictum : (n) (۱) (قانون) فیصلے میں جج کی رائے جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہو بلکہ ضمناً ظاہر کی جائے۔ (۲) ضمنی قول : نکتہ : اظہار ضمنی۔

Obituary : (n) (۱) (اخبار وغیرہ میں) خبر موت؛ اموات کا کالم۔ (۲) متوفی کی مختصر سوانح عمری۔ (۳) کتاب اموات : وہ رجسٹر جس میں ایام وفات اور تاریخیں درج ہوں۔ (۴) اعلان اموات : اخبار اموات۔

Obituary : (a) خبر موت کی : اموات کا؛ وفات سے متعلق : اموات کو قلمبند کرنے والا (جس میں عموماً مرنے والے کی مختصر سوانح عمری بھی ہوتی ہے)۔

Obituary notice : (n) خبر موت : اعلان وفات۔

Object : (n) [L. 'Objectum.'] (۱) شے؛ محسوس یا مادی شے : چیز :

موضوع مشاہدہ : (بصریات) چیز : شی : شخص۔ (۲) تماشہ : مضحك چیز : اضحوکہ : افسوسناك یا عبرتناك منظرتصویر عبرت۔ (۳) مقصد : مدعا : غرض : مراد۔ (۴)(فلسفہ) معروض: موجود: (خارجی) شی : مدرك : غیر نفس۔ (۵) (صرف و نحو) مفعول: مفعول بہ: مفعولہ۔

Animate object : (حیاتیات) جاندار شی۔

Direct object : (صرف و نحو) مفعول بہ۔

External object : (فلسفہ) موجود خارجی: معروض۔

Indirect object: مفعول بہ ۔

No object : اشتہارات کی اصطلاح جس سے یہ مراد ہوتی ھے کہ طرف ثانی من مانی شرائط کر سکتا ھے (مثلاً Money no object روپے کے معاملے میں طرف ثانی کو من مانی شرائط پیش کرنے کا اختیار ھے)۔

Object : (v) [L. 'Obicere'.] (۱) (کوئی بات) تردید میں پیش کرنا: مخالفت میں پیش کرنا : الزام کے طور پر پیش کرنا : بے مطلب فضول عذر کے طور پر پیش کرنا۔ (۲) اعتراض کرنا: معترض ہونا: نا پسند کرنا: ناپسندیدگی یا نا منظوری ظاہر کرنا ۔(۳) مخالف دلیل ہونا۔

I object : وہ فقرہ جس کے ذریعہ دارالعلوم میں کوئی رکن یا کسی تجویز کے بہ اتفاق رائے منظور ہونے میں رکاوٹ ڈالتا ھے۔

Object and subject : (فلسفہ) معروض و موضوع۔

Object-ball : (n) (۱) (انڈے کا کھیل) وہ گیند جس پر کھیلنے والا اپنی گیند سے نشانہ لگاتا ھے۔

Object-blindness : (n) (نفسیات) کوریِ معروض۔

Object clause : (n) خبر : کسی جملے کا وہ فقرہ جو نحوی اعتبار سے اس جملے کی خبر ہو : مفعولی فقرہ: کسی جملے کا وہ فقرہ جو اُس جملے کے فعل کا مفعول ہو۔

Object consciousness : (n) (نفسیات) شعور شی : شعور معروضی ۔

Object-finder : (n) (بصریات) مکشف : موقع نگار : وہ آلہ جس سے خوردبین کی لوح پر کسی شی کا موقع اور محل نقش ہو جاتا ھے۔

Object-glass : (n) (بصریات) عدسۂ خارجی: خارجی شیشہ: دہانہ : دوربین وغیرہ کا شیشہ جو موضوع مشاہدہ سے قریب ہو۔

Object language : (n) وہ زبان جس کا حوالہ کسی دوسری زبان میں دیا گیا ہو یا جسے کسی دوسری زبان کی اصطلاحات میں تلاش کیا جائے۔

Object-lens : (n) دیکھو Object glass

Object-lesson : (n) (۱) (جمع) اسباق الاشیاء: تدریس بالاشیاء : سبق الاشیاء۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کی جیتی جاگتی مثال: زندہ مثال۔

Object-matter : (n) موضوع مشاہدہ: موضوع مطالعہ: موضوع بحث: وہ شے یا بات جو کسی فعل کا مفعول یا مطالعے کا موضوع ہو (عموماً اس کی جگہ Subject matter مستعمل ھے)۔

Object plate : (n) خوردبینی پلیٹ وہ شیشہ جس پر موضوع مشاہدہ کو رکھ کر خوردبین سے دیکھتے ہیں۔

Object soul : (n) (فلسفہ) روح جمادات۔

Object space : (n) (طبیعیات) فضائی شے۔

Object staff : (n) سطح نما جھنڈی: وہ جھنڈی جو پیمائش میں زمین کی سطح کو معلوم کرنے کے لئے استعمال ہوتی ھے۔

Object teaching : (n) دیکھو Object-lesson

Objectification : (n) تجسیم: مجسم کرنے یا مادی بنانے کا عمل: مادی بنانا یا بننا : مقرونی بنانا یا بننا۔

Objectify : (v) محسوس یا مادی بنانا: مجسم کرنا : تجسیم کرنا : مقرون بنانا: معروض بنانا یا معروض کی حیثیت سے پیش کرنا : معروضی یا خارجی بنانا : مفعولی حیثیت دینا۔

Objection : (n) [Late. L. 'objectio.'] (۱) کسی شخص یا چیز کی مخالفت کے اظہار کا عمل۔ (۲) اعتراض: ایراد: مخالفت: اختلاف عذر: استدلال مخالف: اظہار ناپسندیدگی: اظہار یا احساس ناخوشی یا نارضامندی۔ (۳) دستاویز جس میں اعتراض قلم بند ہو۔ (۴) امعان نظر: تمثیل نمائی: نقشہ: خاکہ: بیان : ادعا: دعوت: عرض: پیش۔ (۵)(قانون) اعتراض: عذر داری۔

To take objection : معترض ہونا: اعتراض کرنا: مزاحم ہونا: رکاوٹ ڈالنا: (کوئی چیز کسی چیز کی) مخالفت میں پیش کرنا: مخالف دلیل یا رائے پیش کرنا: مخالفت کرنا۔

Objection book : (n) اعتراض نامچہ۔

Objectionability : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت یا صفت۔

Objectionable : (n) قابل اعتراض یا نا پسندیدہ شخص؛ نا معقول آدمی۔

Objectionable : (a) (۱) قابل اعتراض : لائق الزام۔ (۲) ناگوار: نا معقول : نا پسندیدہ؛ ناقابل قبول۔

Objectionableness : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت یا صفت : قابل اعتراض ہونا؛ ناگواریت؛ ناپسندیدگی؛ ناخوشی: نارضامندی۔

Objectionably : (adv.) قابل اعتراض طور پر؛ نا معقول یا نا پسندیدہ طریقے سے : ناگوار انداز میں؛ ناقابل قبول طور پر۔

Objectional : (n) اعتراض : قابل اعتراض۔

Objectival : (a) مفعولی؛ وابستہ بہ مفعول؛ مفعول بنانے والا یا اس سے متعلق۔

Objectivate : دیکھو Objectify

Objectivation : دیکھو Objectification

Objective : (a) [med. L. 'Objectivus'.] (۱) (فلسفہ) خارجی (ضد داخلی) : واقعی؛ معروضی؛ وجودی؛ حقیقی۔ (۲) فکری: ادارکی : ذہنی؛ جو موضوع ادراك یا موضوع فکر ہو۔ (۳) (شخص، تصویر، عبارت وغیرہ) واقعیت پسند: واقعیت پسندانہ؛ خارجی رنگ کی : نفس امر سے متعلق؛ نفس الامری (جس میں مصنف کے احساسات یا رائے کی رنگ آمیزی نہ ہو)۔ (۴) (طبؔ علامات مرض) خارجی علامات (جو معالج کے مشاہدے میں آئے بخلاف ان کے جنہیں (صرف مریض محسوس کرتا ہو)۔ (۵) خارجی (خوردبین وغیرہ کے اس شیشے کو کہا جاتا ہے جو موضوع مشاہدہ کے قریب ہوتا ہے)۔ (٦) (صرف و نحو) مفعولی۔ (۷) تردیدی؛ اعتراضی: مخالفانہ؛ مزاحم۔ (۸) (طب) مرئی؛ واقعی۔

Objective : (n) (۱) دوربین کا خارجی شیشہ؛دہانہ۔ (۲) (صرف و نحو) مفعولی : حالت مفعولی۔ (۳) (فوج) مقام حملہ؛ منزلِ مقصود : ہدف : (مجازاً) مدعا؛ نشانہ؛ مقصد۔

Objective-glass : (n) دیکھو Object glass

Objective method of teaching : (تعمیرات) تعلیم باشیاء خارجی۔

Objective plane : (n) فوج کے مقام حملہ یا ہدف کی سطح مماس۔

Objective point : (n) فوج کی منزلِ مقصود؛ مقام حملہ۔

Objective prism : (n) (علم النجوم) دہانی منشور؛ بے شگاف دوربین۔

Objective psychology : (n) معروضی نفسیات۔

Objective realities : (n) (فلسفہ) معروضی حقائق۔

Objective symptom : (n) (طب) علامت ظاہریہ؛ علامت مرئی۔

Objective test : (n) معروضی آزمائش؛ خارجی آزمائش؛ جس میں حتی الامکان آزمائش کنندہ اور موضوع آزمائش دونوں کی طرف سے داخلی عناصر سے گریز کیا جاتا ہے اور حقائق و واقعات پر مبنی سوالات کے جوابات موضوع آزمائش کو ایك لفظ میں یا کوئی نشان لگا کر دینا پڑتا ہے۔

Objectively : (adv.) معروضی طور پر؛ خارجی طور پر؛ حالت مفعول میں : مفعول کے طور پر۔

Objectiveness : (n) معروضیت؛ مفعولیت؛ واقعیت؛ واقعیت پسندی : مادیت؛ (فلسفہ) خارجیت؛ واقعیت : وجودِ خارجی۔

Objectivism : (n) (۱) واقعیت پسندی۔ (۲) (فلسفہ) معروضیت: یہ نظریہ کہ معروضیت یعنی خارجی اشیاء کا علم مقدم اور حقیقی ہے؛ نظریۂ خارجیت۔

Objectivist : (n) (۱) واقعیت پسندی۔ (۲) (فلسفہ) معروضیت : یہ فلسفہ مادی۔ (فلسفہ) معروضی : حامی معروضیت۔

Objectivistic : (a) معروضیت کا یا اس سے متعلق؛ واقعیت پسندانہ۔

Objectivity : (n) دیکھو Objectiveness

Objectivization : (n) مفعول بننے یا بنانے کا عمل یا طریقہ۔

Objectivize : (v) دیکھو Objectify

Objectization : دیکھو Objectification

Objectize : (v) دیکھو Objectify

Objectless : (a) بے مقصد؛ فضول؛ بے موضوع؛ بے معروض۔

Objectlessly : (adv.) بے مقصد طور پر : بے معروضی طور پر۔

Objectlessness : (n) بے مقصدیت؛ بے معروضیت۔

Objector : (n) اعتراض کرنے والا : معترض: مخالف : مزاحم : رکاوٹ ڈالنے والا : (قانون) عذر دار۔

Conscientious objector : (n) معذور بربنائے عقیدہ: وہ شخص جو اپنے عقیدے کی بنا پر جنگ میں شریک ہونے ، ٹیکہ دلانے یا نس بندی وغیرہ جیسی باتوں سے انکار یا عذر کرے۔

Objects : (n) مقاصد۔

Objet'd art : (n) [Fr.] فن پارہ: فنی طرز یا فنی قدر و قیمت والی کوئی چھوٹی چیز۔

Objet de vertu : (n) دیکھو Objet d' art

Objet trouve : (n) [Fr.] بے سلسلہ طور پر لی ہوئی چیز جیسے کسی فن پارے یا انتخاب کے طور پر پیش کیا جائے۔

Objicient : (n) [L. 'Objiciens' -ent.] اعتراض کرنے والا: معترض : کسی تحریک: تعویز یا رائے کی مخالفت کرنے والا: مخالف: مزاحم : رکاوٹ ڈالنے والا: تردید کرنے والا: ناپسند کرنے والا۔

Objuration : (n) [L. 'Objurare'.] تحلیف : قسم دے کر یا حلف دلا کر پابند کرنے کا عمل: حلفیہ پابندی: وہ پابندی جو قسمیہ ہو یا بطور قسمیہ ہو۔

Objurgate : (v) [L. 'Objurgare'.] ڈانٹنا : ڈپٹنا : لعنت ملامت کرنا: سرزنش کرنا: تنبیہ کرنا: گھڑکی دینا: برا بھلا کہنا۔

Objurgation : (n) ڈانٹ ڈپٹ : لعنت و ملامت : سرزنش : تنبیہ :جھڑکی : گھڑکی۔

Objurgative : (a) ملامت آمیز: تنبیہی: تادیبی: زجرو توبیخ کا یا اس سے متعلق۔

Objurgatively : (adv.) ملامت آمیز طور پر: تنبیہاً: تادیبی طور پر: تادیبانہ: بہ طور انتباہ: ازراہ سرزش :بہ طور تادیب۔

Objurgator : (n) لعنت و ملامت کرنے والا: سرزش کرنے والا : جھڑکی دینے والا: تنبیہ کرنے والا: تادیب کرنے والا۔

Objurgatorily : (adv.) دیکھو Objurgatively

Objurgatory : (a) دیکھو Objurgative

Oblanceolate : (a) [ob-+lanceolate.] (نباتیات) معکوس سنانیہ۔

Oblast : (n) [Russ.] (حکومت روس) صوبہ: ریاست۔

Oblat : (n) وہ شخص جو رہبانیت یا مذہبی زندگی کے لئے وقف کر دیا گیا ہو: خانقاہ نشین: خادم دین۔

Oblata : (n) [L. Pl. of 'obtatus'.] (قانون) رعایا کی جانب سے بادشاہ کو دیئے ہوئے پرانے قرضے یا نذرانے جو عدم ادائی کی صورت میں شیرف کے ذمہ ہوا کرتے تھے۔

Oblate : (n) [Fr.] دیکھو Oblat

Oblate : (a) (۱) کوہ نما: اس کوہ کی شکل کا جو قطبین پر چپٹا ہو۔(۲)(ہندسہ) مقابل چپٹا: شلجمیہ۔(۳)(جغرافیہ) شلجمی: نارنگی نما : مسطح القطبین۔ (۴) (دینیات) نذر دار: خادم دین۔

Oblate spheroid : (n) (ہندسہ) مسطح کرہ: شلجمی کرہ نما: شلجمیہ۔

Oblately : (n) قطبین پر چپٹا ہوکر: کوہ نما ہوکر۔

Oblateness : (n) قطبین پر چپٹا ہونے کی حالت : کوہ نما ہونے کی حالت یا صفت : (علم النجوم) تسطیح۔

Oblation : (n) [L. 'oblatio'.] (۱) (مذہبی معنوں میں) خدا یا دیوتا کو کسی چیز کی باضابطہ پیش کش: قربانی: نذر : نیاز: چڑھاوا۔ (۲) وہ عطیہ جو مذہبی کاموں کے لئے دیا جائے : عطیہ حسنہ۔ (۳) عشائے ربانی کی رسم: عشائے ربانی میں خدا کے لئے روٹی اورشراب نذر کرنے کا عمل۔ (۴) خدا یا دیوتا کو نذر کی جانے والی چیز : پیش کش: نذرانہ: قربانی: قربانی کیا ہوا جانور۔ (۵) کلیسائی خدمات یا دوسرے نیک کاموں کے لئے خدا کو پیش کی ہوئی چیز یا پیش کش۔ (۶) (عام معنوں میں) نذر کرنے یا پیش کرنے کا عمل: پیش کش: نذر : نذرانہ: عطیہ۔

The great oblation : روٹی اور شراب کا نذرانہ جو عشائے ربانی کے موقع پر حضرت عیسیٰ کے گوشت اور خون کے بدلے پیش کیا جاتا ہے۔

Oblational : (a) نذر کا: قربانی کا۔

Oblation ary : (n) (کلیسائی) عشائے ربانی کے موقع پر نذر قبول کرنے والا راہب۔

Oblatory : (a) نذر کا: قربانی کا: نذر سے متعلق۔

Obley : (n) [ME. 'Uble, obly.'] عشائے ربانی کے موقع پر نذر ہوئی روٹی : فطیری روٹی۔

Obligable : (a) واجب: لازمی: اجباری: لائق جبر: ناگزیر: لائق پابندی :

قابل اطمینان؛ لائق منونیت؛ واجب العمل۔

Obligant : (n) [L. 'Obligans, -ant.'] (اسکاتستانی قانون) کسی چیز کی ادائی یا کسی کام کی انجام دہی کے لئے خود کو پابند کر لینے والا یا قانوناً پابند کر دیا جانے والا شخص۔

Obligate : (a) (نباتیات) جو انتہائی ضروری ہو : لازمی؛ اجباری۔

Obligate : (v) (۱) (کسی شخص کو) اخلاقی یا قانونی بندھن میں باندھنا؛ پابند کرنا۔ (۲) (کسی چیز کو) بطور ضمانت دینا؛ گروی کرنا؛ رہن رکھنا؛ مکفول کرنا۔ (۳) (کچھ کر کے یا کچھ دے کر) کسی کو احسان مند کرنا؛ ممنون کرنا (کچھ فائدہ پہنچا کر یا رحم دلی کا برتاؤ کر کے)۔ (۴) (بول چال اور امریکی روز مرہ) پابندِ احسان ہونا : مرھون منت ہونا؛ احسان مند ہونا؛ شکر گذار ہونا (اب عموماً معمولی خدمات کے موقع پر یا کسی تاجر کو اشیائے خرید کا آرڈر دیتے وقت رسماً بولا جاتا ہے)۔ (۵) احسان مندانہ سلوک کرنا : رحم دلی کا برتاؤ کرنا؛ مشکور کرنا۔

Obligate parasite : (n) لازمی طفیلی؛ ضروری طفیلی : لازمی طور پر ہونے والے طفیلی پودے۔

Obligation : (n) [L. 'Obligatio'.] (۱) قسم کھا کر خود کو پابند کر لینے کا عمل : معاہدہ : تعہد؛ نیز وہ شے یا وہ کام جس کے لئے کوئی خود کو پابند کر لیتا ہے؛ میثاق : پیمان؛ قرار داد۔ (۲) قانونی معاہدہ : تحریری معاہدہ؛ (تاریخ) قول و قرار؛ معاہدہ؛ دستاویز معاہدہ؛ نیز اس سے حاصل شدہ حق یا ذمہ داری۔ (۳) قانونی پابندی؛ اخلاقی پابندی؛ شرعی تکلیف۔ (۴) فرض؛ ذمہ داری : امر واجب : بار؛ ناگوار فرض۔ (۵) احسان؛ بار احسان : مرھونیت؛ (کبھی کبھی) مشکوریت؛ احسان مندی۔ (۶) (قانون) ضمانت۔ (۷) (قانون) مہلکہ۔ (۸) (نفسیات) احساسِ احسان : مرھونیت۔ (۹) کسی قانون ، اخلاقی معاہدے، فرض، سمجھوتے وغیرہ کی پابند کن قوت۔ (۱۰) وہ عمل یا کام جس کے لئے کوئی قانونی یا اخلاقی طور پر پابند ہو؛ کوئی مقررہ یا مخصوص فرض یا فرض منصبی۔ (۱۱) کوئی نفع بخش یا محسنانہ کام یا خدمت جو کی گئی ہو یا لی گئی۔

Day of obligation : یوم سبت : یوم جمع؛ وہ دن جو عقیدت مندوں کے لئے تمام کاموں کو چھوڑ کر دینی خدمات میں گذارنے کے لئے مقرر ہو۔

Of obligation : لازمی : واجب : ناگزیر : ذمہ دارانہ : احسانمندی کا : احسانمندانہ۔

To be under an obligation : مکلف ہونا ؛ذمہ داری قبول کرنا : ذمہ دار ہونا : پابند معاہدہ ہونا : زیر بارِ احسان ہونا : مرھون منت ہونا : ممنون ہونا : (کسی بات یا کام کے لئے) قانوناً یا اخلاقاً پابند ہونا۔

To put under an obligation : مکلف کرنا : ذمہ داری سونپنا؛ فرض عائد کرنا؛ پابند کرنا (قانوناً یا اخلاقاً)؛ احسامند کرنا؛ ممنون کرنا۔

Writing (bill, etc.) obligation : تحریری معاہدہ : قانونی معاہدہ؛ نیز اس سے پیداشدہ حق یا ذمہ داری۔

Obligato : Obbligato کا متبادل۔

Obligatorily : (adv.) قانوناً یا اخلاقاً پابند ہو کر؛ لازماً؛ ناگزیر طور پر : واجباً؛ احسان مند ہو کر : احسان مندانہ؛ ذمہ دارانہ۔

Obligatoriness : (n) اخلاقی یا قانونی پابندی : لزوم : و جوب : ناگزیریت : احسان مندی؛ ذمہ داری۔

Obligatory : (a) اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنے والا : پابندی عائد کرنے والا؛ پابند کن؛ کسی فرض ، ذمہ داری یا پابندی جیسا؛ لازمی : واجب فرض؛ ناگزیر؛ لازم؛ احسان مندی کا : ممنون کرنے والا۔ (۲) ذمہ داری یا احساس ذمہ داری پیدا کرنے والا۔ (۳) (نباتیات) ضروری؛لازمی؛ اجباری۔

Obligatory nature : (n) لزوم : و جوب؛ ناگزیریت۔

Oblive : (v) [L. 'Obligare'.] (۱) (قسم : حلف یا معاہدے کے ذریعہ) پابند کرنا۔ (۲) واجب العمل ہونا۔ (۳) ممنون کرنا؛ احسان مند کرنا؛ مرھون منت کرنا؛ خوش کرنا؛ دلجوئی کرنا؛ (کسی چیز یا کام کے ذریعہ سے)۔ (۴) (روزمرہ) محفوظ کرنا۔ (۵) مجبور کرنا : زبردستی کرانا (کوئی کام)۔ (۶) خود کو موجب سزا یا لائق سزا قرار دینا (صرف غیر فوجی قانون میں)۔ (۷) (نفع پہنچا کر یا رحم دلی کا برتاؤ کر کے) ممنون کرنا۔ (۸) کسی احسانات کا ممنون ہونا؛ احسان مند ہونا : شکر گذار ہونا (اب عموماً معمولی خدمات کے موقع پر یا کسی تاجر کو اشیائے خرید کا آرڈر دیتے وقت رسماً بولا جاتا ہے)۔ (۹) (اخلاقی یا قانونی طاقت یا اثر کے ذریعہ) مجبور کرنا : روکنا : جبراً باز رکھنا۔ (۱۰) لازمی کر دینا؛ جبری بنا دینا : ضروری کر دینا۔

Obliged : (a) احسان مند؛ ممنون؛ مرھون منت؛ شکر گزار؛ مشکور۔

To be obliged : ممنون ہونا؛ مرھون منت ہونا : احسان مند ہونا ۔

Obligedly : (adv.) ممنون ہو کر؛ احسان مند ہوکر۔

Obligedness : (n) ممنونیت؛ احسان مندی۔

Obligee : (n) (۱) (تاریخ) متعہدلہٗ؛ وہ شخص جس کے ساتھ معاہدہ کیا جائے ؛ وہ شخص جس کے حق میں کوئی اقرار نامہ لکھا جائے ؛ راہن؛ مضمون لہٗ۔ (۲) ممنون ؛ احسان مند؛ سپاس گذار؛ شکر گذار؛ مشکور ؛ مورد عنایت۔

Obligement : (n) (۱) (غیر فوجی قانون) پابندی؛ معاہدہ؛ تعہّد قرار ؛ اقرار نامہ؛ میثاق؛ وثیقہ؛ اجبار۔ (۲) (اخلاقی یا قانونی) ذمہ داری؛ فرض؛ مرہونیت ؛ ممنونیت ؛ احسان مندی؛ سپاس گذاری؛ بار احسان؛ لطف و عنایت؛ شفقت؛ رحم و کرم ؛رحم دلی ؛ نوازش؛ اعانت؛ عنایت ؛ پاس داری۔

Obliger : (n) ذمہ داری عائد کرنے والا ؛ احسان کرنے والا؛ محسن ؛ ممنون کنندہ؛ مجبور کرنے والا؛ ضامن ؛ قرضدار؛ مدیون۔

Obliging : (a) (۱) آمادۂ خدمت؛ آمادۂ عنایت؛ محسن ؛احسان کرنے والا؛ ممنون کنندہ ؛ آمادہ؛ آمادۂ لطف و کرم؛ ملتفت؛ مہربان؛ بامروت؛ خوش خلق؛ خلیق ؛ سلوک کرنے والا۔ (۲) شائستہ ؛ شستہ ؛ نرم (الفاظ ، افعال وغیرہ)۔

Obligingly : (adv.) ازراہ التفات؛ ملتفت ہو کر ؛ مہربانی سے ؛ محسنانہ؛ مروت سے ؛ شائستہ انداز میں؛ شائستگی سے ؛ نرمی سے۔

Obligingness : (n) خلق و مروت ؛ حسن اخلاق ؛ با مروتی ؛ خوش خلقی؛ لطف ؛ مہربانی؛ شستگی ؛ شائستگی ؛ نرمی ؛ التفات۔

Obligor : (n) (تاریخ) متعہد؛ وہ شخص جو خود کو کسی معاہدہ کا پابند کرے؛ معاہدہ کرنے والا ؛ اقرار نامہ لکھنے والا؛ مُقِر۔

Oblique : (a) آڑا؛ ترچھا؛ ٹیڑھا؛ کج؛ اُریب؛ غیر قائمہ ؛اُریبل؛ مورب؛ مائل۔ (۲) (ہندسہ) (خط سطح) مُحرّب؛ مائل ؛ غیر قائمہ ؛ غیر عمودی ؛ منحرف۔ (۳) (اسطوانی یا مخروطی شکل) غیر مستقیم؛ جس کا محور عمودی نہ ہو۔ (۴) زاویہ حادہ یا منفرجہ۔ (۵) (تشریح) جو جسم یا مرکزی خط پر قائم یا اس کے متوازی نہ ہو ؛ غیر مستقیم۔ (۶) (نباتیات) پتی جس کے دونوں حصے برابر نہ ہوں؛ ترچھے ڈنٹھل کی؛ مائل میان رگہ؛ اڈول ؛ ترچھا۔ (۷) (بلور) مائلہ۔ (۸) (مجازاً) بالواسطہ ؛ کسی نقطے تک براہ راست نہ پہنچنے والا۔ (۹) صراط مستقیم سے منحرف ؛ صحیح چال چلن یا خیالات سے انحراف کرنے والا۔ (۱۰) (صرف و نحو) غیر فاعلی (حالت)؛ بالواسطہ (گفتگو)۔ (۱۱) (موسیقی) جب ایک حصہ بے حرکت ہو اور دوسرا نیچے یا اوپر کی طرف متحرک ہو۔ (۱۲)(جہازرانی) جہاز کی وہ راہ جو خط نصف النہار پر زاویہ غیر قائمہ نہ بناتی ہو۔

Oblique/ Obliquus : (n) (حیوانیات) ترچھا عضلہ ؛ عضلۂ مائلہ ۔

Oblique : (v) (۱) ترچھا ہو کر چلنا؛ (خاص کر فوج کا) ترچھے رخ پر چلنا (اس طرح کہ آدھا رخ دائیں یا بائیں ہو اور سامنے چلا جائے)۔ (۲) (خط وغیرہ کا) کسی زاویے پر ڈھلوان یا ترچھا ہونا۔

Oblique angle : (n) (ہندسہ) زاویہ غیر قائمہ۔

Oblique ascension : (n) (علم النجوم) صعود مائل۔

Oblique axes : (n) (ریاضیات) مُحدّ دات غیر قائمہ؛ مائل خطوط مرتبہ۔

Oblique case : (n) (صرف و نحو) غیر فاعلی حالت (حالت اضافی، مفعولی وغیرہ)۔

Oblique descension : (n) (علم النجوم) نزول مائل۔

Oblique fracture : (n) (طب) کسر مُورّب۔

Oblique hernia : (n) (طب) فتق مورب۔

Oblique horizon : (n) افق مائل؛ وہ افق جو فلکی خط استوا سے ترچھا ہو۔

Oblique hyperbola : (n) (ہندسہ) شکل ہذلولی جس کے متقارب خطوط آپس میں مل کر زاویہ قائمہ نہیں بناتے۔

Oblique leaf : (n) (نباتیات) اڈول پتّا۔

Oblique motion : (n) (موسیقی) اُریب حرکت (جب ایک حصہ غیر متحرک اور دوسرا نیچے یا اوپر کی طرف متحرک رہتا ہے)۔

Oblique muscles : (n) (تشریح) عضلات مائلہ ؛ ترچھے عضلات۔

Oblique narration : (n) کلا بالواسطہ۔

Oblique oration : (n) دیکھو Oblique narration

Oblique perspective : ترچھا تناسب؛ زاویٔی تناسب؛ منحرف یا غیر مستقیم تناسب ؛ تناسب یا تناظر مائل۔

Oblique plane : (n) (ہندسہ) ترچھی سطح؛ مائل سطح؛ ڈھلوان سطح۔

Oblique projection : (n) (ہندسہ) مُحرف تظلیل۔

Oblique sailing : (n) (جہاز رانی) جہاز کی وہ راہ جوخط نصف النہار پر زاویہ غیر قائمہ بناتی ہو ؛ ترچھی جہاز رانی۔

Oblique speech : (n) کلام بالواسطہ۔

Oblique sphere : (n) (ہندسہ) کُرہ مائلہ۔

Oblique system : (n) (بلور) مائلہ نظام۔

Obliquely : (adv.) ترچھا ہو کر؛ اُریب ہو کر؛ غیر قائمہ طور پر؛ غیر مستقیم طور سے؛ کج ہو کر: بالواسطہ طور پر؛ غیرعمودی اور غیر افقی سمت میں۔

Obliqueness (n) ترچھا ہونا؛ اُریب ہونا؛ کج ہونا؛ کجی؛ انحراف؛ غیر قائمہ ہونا؛ غیر مستقیم ہونا؛ میلان: مائل ہونا۔

Obliquitous : (a) ذہنی یا اخلاقی طور پر کج رو؛ گمراہ؛ بے راہ؛ کج رائی۔

Obliquity : (n) (۱) ترچھاپن؛ کجی۔ (۲) عدم استقامت (اخلاقی، دماغی وغیرہ)؛ کجروی؛ گمراہی؛ کج رائی۔(۳) (علم النجوم) انحراف؛ میل۔

Obliquity of the ecliptic : (n) (علم النجوم) میل کُلّی؛ میل منطقتہ البروج۔

Obliquus/Oblique : (n) (حیوانیات) عضلہ مائلہ؛ ترچھا عضلہ۔

Obliterable : (a) مٹا دینے یا محو کر دینے کے لائق؛ لائق نسخ؛ منسوخ ہونے کے قابل۔

Obliterate : (a) [L. 'Oblit(t)eratus.'] (۱) (شاعری) مٹایا ہوا؛ محو کیا ہوا۔ (۲) (حشریات) کیڑوں کے جسم پر بنے ان رنگین نشانات کو کہتے ہیں جن کے کنارے ماند ہو کر زمینی رنگ کے ہو جاتے ہیں؛ امحائی رنگت کا۔

Obliterate : (v) (۱) (کسی تحریر کو) مٹا دینا؛ محو کر دینا؛ نیست و نابود کر دینا؛ نشان تك نہ رہنے دینا؛ رگڑ کر یا چھیل کر مٹا دینا؛ (کسی محسوس شے کو) معدوم کر دینا؛ فنا کر دینا۔ (۲) (یاد داشت وغیرہ کو) محو کر دینا؛ ختم کر دینا؛ دھو ڈالنا؛ (صفات، خصوصیات وغیرہ کو) برباد کردینا؛ غارت کر دینا۔(۳)(عضویات، مرضیات) مٹا دینا: بند کر دینا یا کسی اور طریقے سے معدوم ہو جانا یا کر دینا (خاص کر نالی یا رگ کو جس کا جوف دیواروں کے سکڑنے اور چپك جانے سے ختم ہو جاتا ہے)۔

Obliteration : (n) (۱) مٹانا یا مٹنا؛ محو کرنا یا ہونا؛ نیستی؛ معدومیت؛ فنا؛ امحاء؛ محوشدگی۔ (۲) محو۔ (۳) نسخ۔

Obliterative : (a) مٹنے والا؛ مٹتا ہوا؛ مائل بہ فنا؛ محو ہوتا ہوا؛ مائل بہ نیستی؛ محو کنندہ؛ زائل کنندہ۔

Obliterative coloration : (n) (حیوانیات) امحائی رنگت۔

Obliterator : (n) منسوخ کرنے والا؛ مٹانے والا؛ محو کنندہ؛ (خاص کر) وہ مُہر جس سے ڈاك ٹکٹوں کو باطل کیا جاتا ہے؛ مہربطلان۔

Oblivescence : (n) بھولنے کا عمل؛ عمل فراموشی؛ عمل نسیان؛ دیکھو Obliviscense۔

Oblivial : (a) فراموش کن؛ نسیان آور؛ فراموشی آور۔

Obliviality : (n) نسیان آوری۔

Obliviate : (v) بھول جانا؛ فراموش کر دینا؛ یاد نہ رکھنا (یا نہ رہنا)۔

Oblivion : (n) [L. 'Oblivio, -on-'.] (۱) فراموشی؛ نسیانی؛ (نفسیات) بے خبری؛ بے توجہی؛ بے التفاتی؛ بے اعتنائی؛ تغافل؛ بے پروائی؛ بھولنے یا بھلا دیئے جانے کا عمل۔ (۲) بین الاقوامی چشم پوشی (خاص کر سیاسی خلاف ورزیوں کی)؛ (سیاست) عفو عام؛ معافی۔ (۳) طاق نسیاں؛ بھلا دیئے جانے کی حالت؛ کشتۂ تغافل ہونے کی حالت؛ گمنامی؛ گوشۂ گمنامی۔

Act of oblivion : (سیاست) قانون معافی۔

Bill of oblivion : مسودہ معافی۔

To fall into oblivion : بھلا دیا جانا؛ گوشۂ گمنامی میں پڑنا؛ طاق نسیاں ہونا؛ متروك ہو جانا۔

Oblivionize : (v) بھلا دینا؛ بھول جانا؛ فراموش کر دینا؛ طاق نسیاں کی زینت بنانا؛ گوشۂ گمنامی میں ڈال دینا۔

Oblivious : (a) (۱) بھلانے والا؛ بھول جانے والا؛ فراموش کنندہ؛ گرفتار نسیان و فراموشی؛ بھولکڑ؛ تغافل شعار؛ غافل؛ بے خبر؛ بے پروا؛ بے دماغ؛ (غلط طور پر) لاشعور؛ بے شعور۔ (۲) نسیانی؛ فراموشی کا یا اس سے متعلق؛ فراموش کردہ؛ فراموش شدہ؛ گوشۂ گمنامی کا؛ زینت طاق نسیاں؛ (شعر) تغافل کا؛ نسیان کا؛ سہو آفریں؛ نسیان زا۔

Obliviously : (adv.) بھول کر؛ بھلا کر؛ فراموش کر کے؛ ازراہ فراموشی؛ بے پروائی سے؛ بے خبری سے؛ ازراہ تغافل؛ نسیانی انداز میں؛ فراموشی سے؛ طاق نسیاں ہو کر؛ تغافل شعاری سے؛ غفلت سے۔

Obliviousness : (n) بھول؛ فراموشی؛ نسیان؛ بے خبری؛ غفلت؛ بے پروائی؛ تغافل شعاری؛ بے دماغی؛ بھولکڑپن؛

سہو : سہو کی عادت۔

Obliviscence : (n) [L. 'oblivisci ' .] (نفسیات) فراموشی : نسیان : بھول جانے کی عادت : بھولکڑپن۔

Oblivon : (n) (کیمیا) نسیانہ: اوبلیوُون۔

Oblong : (n) [L. 'Oblongus.'] (۱) مستطیل: کتابی: لمبوترا: لم چھوا: بیضاویہ۔ (۲) (نباتیات) بیضاوی: مقلوب: لمبوترا بیضاوی۔ (۳) اس کرہ کی شکل کا جو قطبین پر لمبا ہو۔ (۴) مستطیل ناقص۔ (۵) (ٹکٹ ، کاغذ ، کتاب ، تختہ وغیرہ) افقی مستطیل جو اونچائی میں کم عرض میں زیادہ ہو۔

Oblong : (n) چیز مستطیل: شکل مستطیل : (خاص کر ہندسہ میں) وہ مستطیل جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو۔

Oblong spheroid : (n) بیضوی کرہ نما شکل: اس کرے جیسی کوئی چیز جو قطبین پر لمبا ہو۔

Oblongatal : (a) [L. 'Oblongatus.'] دماغ کے سب سے پچھلے حصے کا یا اس سے متعلق : بصل النخاعی۔

Oblongated : (a) لمبا : دراز : طویل : کشیدہ : طولانی : مستطیل۔

Oblongated marrow : (n) بصل انخاع: دماغ کا سب سے پچھلا حصہ: پیاز مغز۔

Oblongo-: (comb.) نباتیات کی اصطلاحوں میں استعمال ہونے والا سابقہ بمعنی "بیضوی پھیلاؤ والا" "لمبوترا بیضاوی"۔

Obloquious : (a) تنقیصی: بدگویانہ: بدنام کن: رسواں کناں۔

Obloquy : (n) (۱) (کسی شے یا شخص کے خلاف) بدگوئی: بدکلامی: دشنام : گالی: سب وشتم : منقصت : تنقیص : سخن توہین آمیز : سرزنش : ملامت۔ (۲) بدنامی : رسوائی : ذلت: خواری۔

Obmutescence : (n) [L. 'Obmutescere.'] (بالارادہ) سکوت: (بالعمد) بے زبانی : (بالقصد) خاموشی : (طب) سکوت عمدی: خاموشی: ضد یا تمرد سے خاموش رہنے کا عمل : مگراپن: گھناپن۔

Obmutescent : (a) (بالارادہ) خاموش رہنے والا: ضد سے چپ رہنے والا: مگرا: گھنا۔

Obnebulate : (v) دھندلا کر دینا: بادل سے ڈھک جانا: ماند کر دینا۔

Obnounce : (v) بدشگونی کے بارے میں بتانا: بدشگونی کرنا۔

Obnoxious : (a) [L. 'Obnoxiosus.'] (۱) نامعقول: بیہودہ: قابل نفرت: ناپسندیدہ: ناگوار خاطر: (طب) مکروہ: زیاں بخش: مُضر: ضرر رساں قابل ملامت۔ (۲) (غلط طور پر) خطرناک : پر خطر: شر پذیر: ضرر پذیر۔

Obnoxiously : (adv.) بیہودگی سے : نامعقول طور پر: مکروہ انداز میں گھناؤنے طور پر: مکروہانہ صورت سے: ناگوار انداز میں : شرپذیرانہ۔

Obnoxiousness : (n) شرپذیری : ضرر پذیری: بیہودہ پن: نامعقولیت : نفرت انگیزی۔

Obnubilate : (v) [L. 'Obnubilare.'] بادل سے ڈھک لینا: چھپا لینا: اندھیرا کر دینا: دھندلا کر دینا : گھٹا ٹوپ کر دینا: تاریک کر دینا: مبہم کر دینا: ماند کر دینا۔

Obnubilation : (a) (۱) (بصریات) ظلمت : تیرگی۔ (۲) (عقل پر) پر دہ پڑنا یا ڈالنا (ذہن کو) تاریک کر دینا : (ذہن کی) پر اگندگی : الجھاؤ: حواس باختگی: تاریکی۔

Oboe : (n) [It.] (۱) ایک قسم کی نے : دھیری بانسری: نفیری: شہنائی : (ریڈیو) اوبو۔ (۲) آرگن باجے کا تیز آواز والا پردہ۔

Oboist : (n) نے نواز: بانسری بجانے والا۔

Obol : (n) [Anglicization of Obolus.] یونان کا ایک قدیم نقرئی سکہ جو تقریباً ۱۱/۲ پینس یعنی چھ پیسے کے برابر تھا۔

Obolary : (a) [L. 'Obolus' + ary .'] (مہمل لفظ) ایک اوبول چندہ دینے والا یا جس کے پاس صرف ایک ہی اوبول ہو: مفلس: قلّاش: نادار: بے زر۔

Obole : (n) [L. 'Obolus.'] ایک چھوٹا فرانسیسی سکہ جو دسویں تا پندرھویں صدی وہاں رائج رہا۔

Obolus : (n) [L.] (۱) یونان کا ایک قدیم نقرئی (بعدہ ، کانسی) سکہ جو تقریباً ۱۱/۲ پینس یعنی چھ پیسے کے برابر تھا۔ (۲) اوبول: ایک چھوٹا فرانسیسی سکہ جو دسویں تا پندرھویں صدی میں وہاں رائج تھا: نیز دوسرے چھوٹے سکے جو پہلے یورپ میں رائج تھے۔ (۳) کوئی بھی چھوٹا سکہ : پائی : کوڑی۔

Obovate : (a) (نباتیات) معکوس بیضوی۔

Obovoid : (a) (نباتیات) معکوس بیضہ نما۔

Obreption : (n) [L. 'Obreptio, -on-.'] چالاکی یا دھوکے سے کوئی چیز حاصل کرنا (خاص کر کلیسائی یا اسکا تسقانی قانون میں) غلط بیانی کی ذریعہ حاصل کیا ہوا حصہ ، عطیہ وغیرہ۔

Obreptitious : (a) [LL. 'Obrepticius'.] پر فریب؛ چالبازی کا؛ تزویر آمیز؛ کذب آمیز؛ جس میں کسی چیز کے حصول کے لئے غلط بیانی کی گئی ہو۔

Obscene : (a) [L. 'Obscenus.'] (۱) فحش؛ گندا؛ خلاف تہذیب؛ بیہودہ؛ بے حیائی کا۔ (۲) (قدیم) گندا؛ نجس؛ ناپاک؛ کریہہ ؛ مکروہ؛ قابل نفرت؛ گھناؤنا؛ انتہائی ناگوار ؛ بدبودار۔

Obscenely : (adv.) فحش الفاظ میں؛ گندے طریقے سے؛ بے حیائی سے۔

Obsceneness : (n) گنداپن؛ بیہودگی؛ فحاشی؛ بے حیائی؛ گندی بات یا حرکت۔

Obscenity : (n) فحاشی؛ گندا پن؛ بے حیائی؛ ناشائستگی؛ فحش ہونا (خاص کر زبان کا) : (جمع میں) فحش باتیں یا حرکتیں ؛ فحش الفاظ۔

Obscurant : (n) [L. 'Obscurans.'] دشمن تحقیق ؛ دشمن اصلاح و ترقی ؛ (سیاسیات) مخالفِ اصلاح ؛ مخالفِ ترقی ؛ قدامت پسند ؛ ظلمت پسند ؛ (نفسیات) مخالف معارف ؛ مخالف روشن فکری ؛ مخالف علم و معرفت۔

Obscurant : (a) دھندلا کر دینے والا؛ تاریک کرنیوالا؛ تیرگی آور تیرہ کن ؛ ابہام آور ؛ مخالف اصلاح و ترقی کا یا اس سے متعلق ؛ قدامت پسندانہ۔

Obscurantism : (n) (۱) تحقیق کی مخالفت ؛ اصلاح و ترقی کی مخالفت؛ (سیاسیات) مخالفِ اصلاح ۔ (۲) (نفسیات) مخالفت معارف ؛ ظلمت پسندی (کا مسلک)؛ کہنہ پرستی؛ قدامت پسندی ؛ مغلق نویسی۔

Obscuranist : (n & a) مسلکِ ظلمت کا حامی ؛ ظلمت کا حامی ؛ ظلمت پسند؛ دشمن تحقیق؛ دشمن اصلاح و ترقی؛ مخالف روشن فکری؛ (نفسیات) مخالف اصلاحات علمی۔

Obscuration : (n) (۱) دھندلانے والا؛ تاریک کرنے یا ابر آلود کرنے کا عمل؛ دھندلاپن؛ تاریکی؛ مدھم یا غیر واضح حالت؛ابہام؛ مبہم کرنا یا ہونا ؛ مخفی کرنا یا ہونا؛ پردہ ڈالنا؛ پردہ پڑنا؛ ماند کرنا یا ہونا۔ (۲) (نقاشی) کسر ظلمت۔ (۳) (بصریات) ظلمت؛ تیرگی۔ (۴) (علم النجوم) احتجاب؛ گہن۔ (۵)(سیاسیات) اِخفا (روح شراب)۔ (۶) (مجازاً) ذہن کو تاریک یا دھندلا دینے کا عمل ؛ ذہن کو تاریک کر دینا؛ روشن خیالی ، بصیرت وغیرہ کو ختم کر دینا؛ دھندلا دینا۔

Obscure : (a) [L. 'Obscurus.'] (۱) تاریک؛ اندھیرا؛ بے نور؛ روشنی سے محروم؛ تیرہ ؛ تار۔ (۲) (رنگ) میلا میلا؛ ملگجا؛ بھدا؛ ہلکا۔ (۳) غیر واضح؛ دھندلا؛ مدھم؛ غیر روشن؛ ناپیدا؛ نامفہوم؛ محو؛ نادیدہ۔ (۴) مخفی ؛ (نظروں سے) پوشیدہ؛ پنہاں؛ غیر مکشوف؛ غیر مرئی۔ (۵) کس مپرسی کا ؛ گمنامی کا ؛ غیر معروف ۔ (۶) گمنام ؛ غیر معروف ؛ معمولی حیثیت کا ۔ (۷) مغلق ؛ معنی بند ؛ مشکوک مجہول (عبارت وغیرہ)۔ (۸) مبہم؛ الجھی ہوئی؛ گنجلک؛ غیر واضح (تحریر ، تقریر)۔ (۹) (نباتیات) مسیم۔ (۱۰) غیر مؤکد بہجا؛ غیر مشدد بہجا۔

Obscure : (n) (۱) تاریکی ؛ اندھیرا؛ تیرگی؛ ظلمت ابہام؛ دھندلاپن؛ اغلاق؛ مغموم؛ گمنام یا غیر معروف جگہ؛ ظلمتِ شب۔ (۲) تصویر کا وہ حصہ جو تاریک یا غیر واضح ہو؛ رنگ یا نقوش کا غیر واضح ہونا ۔

Obscure : (v) (۱) تاریک کرنا؛ دھندلا کرنا (۲) مغلق کرنا ؛ مبہم کرنا؛ ناقابل فہم بنا دینا؛ گنجلک کر دینا۔ (۲) ماند کر دینا؛ پھیکا کر دینا؛ آب و تاب میں کمی ہو جانا۔ (۳) مخفی کر دینا؛ پردہ ڈالنا؛ پردۂ خفا میں چھپا دینا؛ تاریکی میں رکھنا یا رہنا۔(۵) نگاہوں سے اوجھل کر دینا ؛ حیطۂ نظر سے باہر کر دینا؛ پوشیدہ رکھنا یا ہونا۔

Obscure glass : (n) تیرہ شیشہ؛ اندھا شیشہ۔

Obscure rays : (n) شمسی عکسِ شعاعی کی تاریک یا غیر مرئی حرارتی شعاعیں ؛ زیر قرمز (تاریک) شعاعیں۔

Obscurely : (adv.) مبہم طریقے سے؛ غیر واضح طور پر؛ گمنامی میں؛ غیر معروف طور پر۔

Obscurity : (n) [L. 'Obscuritas.'] (۱) تیرگی ؛ تاریکی ؛ ظلمت ؛ بے نوری ؛ اندھیرا ۔ (۲) گمنامی ؛ غیر معروفیت ؛ گمنام شخص۔ (۳) مخفی ہونا ؛ پوشیدگی ؛ پنہانی ؛ نا پیدائی ؛ ابہام ؛ اغلاق ؛ غیر واضح ؛ پیچیدگی ۔ (۴) نامفہومی ؛ ناقابل فہم ہونے کی حالت یا صفت ۔ (۵) غیر واضح یا ناقابل فہم نکتہ ؛ ناقابل فہم عبارت یا تقریر ؛ مغلق عبارت یا تقریر۔

Obsecration : (n) [L. 'Obsecratio, -on'.] (۱) التجا ؛ التماس ؛ منت سماجت ۔ (۲) کلیسا کی ایک دعا ۔

Obsequent : (a) [L.] (ارضیات) بالا رخ ؛ خلاف ڈھلان۔

Obsequent river : (n) (ارضیات) بالا رخ دریا ۔

Obsequial : (a) تجہیز و تکفین کا ؛ جنازے کا۔

Obsequies : (n) تجہیز و تکفین ؛ جنازہ۔

Obsequious : (a) [L. 'Obsequium.'] (۱) خوشامدی ؛ چاپلوسی ؛ تملق باز ؛ بے غیرتی سے خوشامد کرنے والا ۔ (۲) خوشامد کا : غلامانہ : (قدیم) مطیع : فرمانبردار : اطاعت شعار ۔

Obsequiously : (adv.) غلامانہ : خوشامد سے : چاپلوسی سے ۔

Obsequiousness : (n) خوشامد : چاپلوسی : غلامانہ اطاعت۔

Obsequy : (n) [med. L. 'Obsequiae.'] (اب عموماً جمع میں مستعمل ہے) تجہیز و تکفین : جنازہ : رسوم تدفین : کریا کرم ۔

Observable : (a) (۱) قابل عمل : قابل اطاعت (قانون ، حکم ، دستور، اصول وغیرہ) جس کی تعمیل یا انجام دہی ضروری ہو یا ممکن ہو : قابل ادب : لائق تعظیم ۔ (۲) قابل ملاحظہ : قابل غور : قابل مشاہدہ : قابل ادراک : لائق توجہ : نظر آنے والا ۔ (۳) قابل توجہ : قابل ذکر ۔

Observably : (adv.) قابل عمل طور پر : قابل غور انداز میں : لائق مشاہدہ ہو کر : قابل ذکر طور پر ۔

Observance : (n) [L. 'Observantia.'] (۱) پابندی؛ تعمیل (رسم و رواج ، قانون وغیرہ)۔(۲) (دینیات) شعار: رسم مذہبی۔ (۳) (قدیم) ادب؛ تعظیم؛ تکریم۔

Observancy : (n) (۱) پابندی؛ تعمیل : فرمانبرداری : اطاعت۔ (۲) ادب : تعظیم ۔ (۳) فرانسیسی سلسلے کے راہبوں کی خانقاہ یا گھر۔

Observandum : (n) شعار: رسم مذہبی۔

Observant : (a) (۱) پابند (رسم و رواج کا) ۔ (۲) غور سے مشاہدہ کرنے والا؛ باریک بین؛ تیز نظر : ژرف بین؛ صاحب نظر؛ زود ادراک ۔ (۳) ہوشیار : متوجہ : چوکس۔

Observant : (n) فرانسیسی راہب جو ضابطے کا سختی سے پابند ہو۔

Observantine : (n) دیکھو Observant

Observantly : (adv.) پابندی سے؛ سختی سے پابند ہو کر؛ باریک بینی سے؛ ہوشیاری سے؛ چوکس ہو کر؛ ژرف بینی سے : توجہ سے؛ غور و تامل سے دیکھتے ہوئے۔

Observation : (n) [L. 'Observatio.'] (۱) مشاہدہ؛ معائنہ؛ ملاحظہ؛ غور سے دیکھنا۔(۲) (فوج) قلعے کی نگہبانی؛ دشمن کی فوج یا نقل و حرکت کا مشاہدہ؛ دیدبانی ۔ (۳) علمی مشاہدہ۔ (۴) آفتاب کی بلندی سے طول البلد اور عرض البلد کا حساب لگانا؛ رصد (جمع) ارصاد؛ مشاہدۂ فلکی ۔ (۵) فقر : قول؛ رائے۔

Army (corps etc.) of observation : دشمن فوج کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھنے والی فوج؛ دیدبان فوج۔

Attitude of observation : دیدبانی کا اندازہ ۔

Post of observation : دیدبانی کا مقام ۔

To work an observation : آفتاب کی بلندی سے حساب لگا کر طول البلد یا عرض البلد کا تعین کرنا۔

Observation car : ریل کا ڈبہ جو کھلا ہوا ہو یا جس میں شیشے لگے ہوں تاکہ مناظر خوب نظر آئیں؛ سیر کا ڈبہ۔

Observation mine : (n) وہ سرنگ جسے دیدبانی کی چوکی سے اُڑایا گیا ہو۔

Observation pipe : (n) مشاہداتی نلی۔

Observation post : (n) توپ خانے کی دیدبانی کی چوکی۔

Observational : (a) مشاہداتی؛ معائنہ یا مشاہدہ سے متعلق یا اس پر مبنی۔

Observationally : (adv.) ازروئے مشاہدہ؛ ارصاد کے طور پر۔

Observative : (a) (۱) مشاہداتی؛ مشاہدہ یا معائنہ کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (شاذ) پابند رسوم؛ باریک بین؛ تیز نظر؛ زود ادراک؛ ہوشیار؛ چوکس۔

Observator : (n) (۱) رائے زن۔ (۲) (فلکیات) ناظر؛ راصد۔

Observatory : (n) وہ عمارت جہاں سے قدرتی مناظر کا مشاہدہ و مطالعہ کیا جاتا ہے؛ رصد؛ رصدگاہ؛ رصد خانہ؛ جنتر منتر۔ (۲) محل تحقیقات و مشاہدات علمی؛ وہ عمارت یا مقام جہاں سے وسیع طور پر اور دور تک مشاہدہ کیا جا سکتا ہو۔ (۳) (بے قاعدہ استعمال) مقام مشاہدہ؛ مقام نظارہ۔

Observatory : (a) علمی مشاہدات و تحقیقات کا یا اس سے متعلق؛ مشاہداتی؛ رصدی؛ رصد گاہ سے متعلق۔

Observe : (v) (۱) پابندی کرنا؛ تعمیل کرنا؛ انجام دینا؛ پورا کرنا : عمل کرنا (قانون ، حکم، دستور، اصول، وغیرہ پر)؛ (کسی طریق ، اصول وغیرہ) کی پیروی یا پابندی کرنا۔ (۲) (کوئی طرز زندگی یا عادت) اختیار کرنا؛ (کوئی صفت، حالت، خوبی وغیرہ) قائم رکھنا؛ برقرار رکھنا۔ (۳) (رسوم مذہبی، روزہ، تیوہار وغیرہ) پابندی سے انجام دینا؛ منانا۔ (۴) عبادت کرنا؛ بندگی کرنا؛ احترام کرنا ؛ تعظیم و تکریم کرنا؛ عزت کرنا؛ دربار داری ، خوشامد یا چاپلوسی کرنا؛ سازگاری کرنا؛ نباہنا؛ نازبرداری کرنا؛ خوش کرنا؛ دلجوئی کرنا۔ (۵) توجہ کرنا؛ خیال رکھنا؛ متوجہ ہونا؛ مراقب ہونا یا مراقبہ کرنا؛ (خاص کر) بغور معائنہ کرنا یا غائر نگاہ رکھنا (پیشگوئی کرنے یا ٹھیك اندازہ لگانے کی غرض سے)۔ (٦) (فوج) دیدبانی کرنا؛ قلعے کی نگہبانی یا دشمن فوج کی نقل و حرکت کا مشاہدہ کرنا۔ (٧) دیکھنا؛ ملاحظہ کرنا؛ مشاہدہ کرنا۔ (٨) (کسی چیز یا حقیقت کا) ادراك کرنا؛ نوٹس لینا (یا اس پر) رائے ظاہر کرنا؛ اظہار خیال کرنا۔ (٩) عملی مشاہدے کے ذریعہ سیکھنا؛ معلوم کرنا یا ادراك کرنا (تجربے کی مدد کے بغیر)۔ (١٠) آفتاب کی بلندی کے تعین کے لئے مشاہدہ کرنا : آفتاب کی بلندی سے حساب کرکے عرض البلد یا طول البلد کے تعین کے لئے مشاہدہ کرنا۔ (١١) کہنا ؛ رائے ظاہر کرنا؛ تحریر یا تقریر میں ذکر کرنا؛ تبصرہ کرنا۔

To observe silence: خاموش رہنا ۔

Observe : (n) (اسکاٹستان) تحریر یا تقریر میں کسی مشاہدہ کی ہوئی چیز سے متعلق اظہار خیال؛ رائے ؛ فقرہ؛ قول؛ نکتہ؛ ذکر ؛ تذکرہ۔

The observed of all observers : جس پر سب کی نظریں لگی ہوں؛ تماش گاہ عالم۔

Observed temperature : (n) (طبیعیات) مُطہرہ تپش۔

Observedly : (adv.) قابل ذکر طور پر؛ قابل غور طور پر؛ قابل لحاظ انداز میں؛ خاص طور پر؛ نمایاں طور پر۔

Observer : (a) (۱) (قانون، رسم، دستور، اصول، وغیرہ کی) پابندی کرنے والا؛ تعمیل کرنے والا؛ انجام دینے والا ۔ (۲) مشاہدہ کرنے والا؛ مشاہد؛ غور سے دیکھنے والا؛ ناظر؛ رصّاد؛ اہل نظر؛ نگرانی یا نگہبانی کرنے والا؛ دیدبان؛ نگہبان؛ نگراں؛ خبر گیری کرنے والا ۔ (۳) وہ شخص جو طیارے میں بیٹھ کر دشمن کی فوج کی نقل و حرکت دیکھتا ھے یا دیگر مشاہدات کرتا ھے ؛ افسردیدبان ؛ جو صورت حال کا مشاہدہ کر کے توپخانے کو فائرنگ کی ہدایت دیتا ھے ۔ (۴) قدرتی مظاہر کا علمی مشاہدہ کرنے والا ؛ محقق ؛ (کبھی کبھی)؛ متصدئی رصد گاہ۔

Automatic observer: (ہوا بازی) خود کار ناظر ۔

Observer of stars : (علم النجوم) راصد نجوم؛ ستارہ بیں۔

Observership : (n) نظارت؛ عہدۂ ناظر؛ دیدبانی؛ مشاہد؛ نگراں یا نگہباں کا عہدہ۔

Observing : (a) (۱) مشاہدہ کرنے والا؛ غور سے دیکھنے والا؛ باریك بین؛ تیز نظر؛ ہوشیار؛ (رسوم وغیرہ کی) پابندی کرنے والا؛ علمی مشاہدات میں مشغول؛ تحقیقات علمی میں مصروف۔

Observingly : (adv.) غور سے ؛ بہ نظر غائر؛ باریك بینی سے؛ ازروئے مشاہدہ؛ مشاہداتی طور پر۔

Obsess : (v) [f. L. 'Obsidere.'] (۱) (آسیب، وہم، خیال کا) مسلط ہو جانا؛ دل میں بس جانا؛ بسیرا کر لینا؛ ستانا؛ بہکانا؛ (اندر سے) اکسانا۔ (۲) آسیب کی طرح مسلط ہو جانا؛ گھر کر لینا اور ستانا (کسی وہم یا خبط کا)۔

Obsession : (n) [L. 'Obsessio.'] (۱) (آسیب ، شیطان وغیرہ کا) بہکا ہوا؛ اکساوا؛ تحریك؛ آسیب زدگی ۔ (۲) (وہم، خیال وغیرہ کا) تسلط ؛ غلبہ ؛ دل میں بس جانا اور مسلسل تنگ کرنا؛ ستانا؛ پیچھے پڑ جانا۔ (۳) (طب) آسیب؛ آزار ؛ (نفسیات) غلّو وہم؛ خبط۔

Morbid obsession : (طب، نفسیات) بیہودہ غلّو؛مریضانہ غلبہ (وہم)۔

Obsessional : (a) (۱) آسیبی۔ (۲) (طب ، نفسیات) غُلّوی۔

Obsessional neurosis : (n) (نفسیات، طب) غُلّوی خللِ اعصاب۔

Obsessional type : (n) (نفسیات) غلوی نوع؛ تشویشی نوع۔

Obsessionist : (n) آسیب زدہ شخص؛ وہمی؛ خبطی؛ سودائی۔

Obsessive : (a) (۱) خبط آور؛ تسلط آور ؛ غلبہ آور؛ دل میں بس جانے والا؛ توہم انگیز؛ آزار رساں۔ (۲) خبطی؛ سودائی آسیب زدہ؛ آسیبی؛ غلوی؛ وسواسی ؛ بعض صفات میں حد سے بڑھا ہوا (پاگل پن کی حد تك)۔

Obsessive : (n) آسیب زدہ یا عصبی امراض میں مبتلا شخص ؛ غلّوی خلل اعصاب کا مریض؛ عصبی مریض۔

Obsidian : (n) بوتل کے شیشے کے جیسا آتش فشانی مادہ؛ (ارضیات) برکانی شیشہ؛ شیشہ معدنی۔

Obsidional : (a) [L. Obsidionalis.'] (۱) آسیبی تسلط کا : غلبہ کا یا اس سے متعلق؛ محاصراتی؛ محاصرے کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (مجازاً) گھیرنے والا : ٹوٹ پڑنے والا؛ تسلط جما لینے والا؛ غلبہ آور؛ بس جانے والا (وہم، خیال وغیرہ)۔

Obsidional coins : (n) کسی زیر محاصرہ شہر میں ڈھالے ہوئے سکے جو مروجہ سکوں کی کمی کو پورا کرنے کی غرض سے ڈھالے گئے ہوں۔

Obsidional crown/-coronet/-garland/-wreath : گھاس پھوس کا بنا ہوا ہار جو اعزازی نشان کے طور پر اس یونانی جرنیل کو عطا ہوا تھا جس نے محاصرہ اٹھایا تھا۔

Obsolescence : (n) (۱) رفتہ رفتہ متروک ہونا یا معدوم ہونا؛ متروک ہونے کا عمل؛ متروکیت۔ (۲) (نباتیات) کسی حصے یا عضو کا بتدریج معدوم ہو جانا یا سوکھ جانا (خاص کر عدم استعمال کے باعث)؛ منسوخیت : عدم استعمال۔

Obsolescent : (a) (۱) رفتہ رفتہ متروک ہو جانے والا؛ کہنہ؛ منسوخ۔ (۲) (حیاتیات) (عضو جو کبھی پورا نشو و نما یافتہ نہ ہو) رفتہ رفتہ زائل ہو جانے والا : نا مکمل یا تھوڑی نشو ونما پایا ہوا : نلکارہ شوندہ (عضو)۔

Obsolete : (a) [L. 'Obsoletue.'] (۱) متروک : متروک الاستعمال؛ منسوخ : غیر مستعمل : غیر مروج۔ (۲) فرسودہ : دقیانوسی؛ گھساپٹا؛ ناکارہ : سوکھا ہوا۔ (۳) (حیاتیات) غیر نمو یافتہ؛ ناقص؛ ذرا سا : غیر واضح؛ غیر ممتاز۔

Obsolete : (n) فرسودہ چیز؛ دقیانوسی آدمی؛ متروک الاستعمال چیز۔

Obsoletely : (n) متروکانہ؛ فرسودگی سے : نلکارہ طور پر : ناقص انداز میں۔

Obsoleteness : (n) متروکیت : فرسودگی : دقیانوسیت؛ منسوخیت؛ کہنگی۔

Obsoletion : (n) متروک ہونے کا عمل یا حالت : متروکیت : منسوخیت : فرسودگی۔

Obsoletism : (n) متروکات کی حمایت؛ دقیانوسیت؛ متروک لفظ یا محاورہ : فرسودا یا دقیانوسی رسم؛ متروکیت؛ فرسودگی؛ منسوخیت۔

Obstacle : (n) [L. 'Obslaculum.'] روک؛ مزاحمت؛ سنگ راہ؛ سدراہ؛ رکاوٹ؛مشکل؛ حائلہ؛ (جمع) حائلات۔

Obstacle race : (n) روک دوڑ؛ وہ دوڑ جس میں رکاوٹیں حائل کر دی جاتی ہیں اور دوڑنے والے کو ان پر غلبہ حاصل کرنا ہوتا ہے۔

Obstetric/-al : (a) دائی کا یا اس سے متعلق؛ متعلق بہ دایہ گری؛دایہ گری کے متعلق : وضع حمل سے متعلق : (طب) قبالی۔

Obstetric forceps : (n) ایک چمٹی نما آلہ جو وضع حمل میں دشواری کے وقت جنین کے سر یا دوسرے اعضا کو پکڑ کر کھینچنے میں استعمال ہوتا ہے۔

Obstetric fracture : (n) (طب) قبالی کسر۔

Obstetrical toad : (n) مینڈک کی ایک قسم جس کا نر انڈے لئے پھرتا ہے یہاں تک کہ بچے نکل آئیں؛ اسے Nurse frog بھی کہتے ہیں۔

Obstetrician : (n) (طب) قابل؛ قبالت داں؛ وضع حمل کا ماہر : قبیل : جنوانے والا؛ دائی : جنائی؛ قابلہ۔

Obstetrics : (n) (طب) قبالت؛ دایہ گری؛ وضع حمل کا فن؛ قابلہ گری۔

Obstinacy : (n) [med. L. 'Obstinacia.'] (۱) ضد : ہٹ : تمرد : خودرائی ۔ (۲) (مرض کا) مزمن ہونا۔

Obstinate : (a) [L. 'Obstinatus.'] (۱) ضدی : ہٹیلا : خود رائے؛ متمرد؛ خودسر۔ (۲) (طب) مزمن؛ کہنہ؛ جو بمشکل اچھا ہو : صعب العلاج۔

Obstinate : (n) ضدی؛ ہٹیلا اور خود رائے شخص : سرکش آدمی۔

Obstinately : (adv.) تمرد سے؛ خود رائی سے : سرکشی کے ساتھ : مُزمن طور پر۔

Obstinateness : (n) ضد : تمرد : خودرائی : خود سری :(مرض کا) مُزمن ہونا۔

Obstipation : (n) روکنے یا مسدود کرنے کا عمل؛ انسداد : (طب) قبضِ شدید۔

Obstreperous : (a) [L. 'Obstreperus.'] (۱) پر شور و شغب : شور مچانے والا؛ غوغائی۔(۲) دنگئی؛ فسادی : جھگڑالو۔

Obstreperously : (adv.) شور و شغب کے ساتھ : جھگڑالو پن سے۔

Obstreperousness : (n) دنگئی پن؛ غوغائی پن : جھگڑالو پن سے۔

Obstruct : (v) [L 'Obstruere.'] (۱) روکنا؛ بند کرنا؛ مسدود کرنا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ سدراہ ہونا؛ سنگ راہ ہونا؛ خلل انداز ہونا۔ (۲) (پارلیمنٹ) کاروائی میں رکاوٹ ڈالنا؛ کام نہ چلنے دینا؛ چلتے کام میں روڑے اٹکانا۔ (۳) سلسلہ منقطع کر دینا یا توڑ دینا : تسلسل میں خلل ڈالنا؛ حائل

هو جانا : سامنے آجانا: آڑکر دینا (که آگے کی چیز یا منظر نظر نه آئے)۔

To obstruct process (in law) : عدالت کی کاروائی میں خلل انداز هونا (جو ایك قابل تعزیر جرم هے)۔

Obstructed hernia : (n) (طب) فتق مسدّد۔

Obstruction : (n) (۱) مسدود کرنے یا هونے کا عمل : انسداد: رکاوٹ: مزاحمت: روك: سد راه۔ (۲) تقریروں میں وقت ختم کر کے پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنا۔ (۳) (مجازاً) کسی عمل کی انجام دهی یا کارگزاری میں خلل انداز هونے یا اسے روك دینے کا عمل۔ (۴) روکنے والی چیز: سنگ راه: خلل انداز هونے والی چیز : مزاحم هونے والی شے : ترقی یا پیش رفت میں حائل هونے والی چیز : سد: (طب) سُدہ: قبض۔

Cold obstruction : نبض حیات کا تھم جانا: حالت مرگ : موت کے بعد جسم کی حالت۔

Obstruction-guard : (n) ریلوے انجن کے سامنے کی جالی جو پٹری پر پڑی رکاوٹوں یا مزاحم چیزوں کو ہٹانے کے لئے هوتی هے۔

Obstruction in the bowels : (طب) سُدّه۔

Obstruction in the nose : (طب) انسداده: سد اوالأنف۔

Obstructionism : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے کا طریقه: (سیاسیات) رکاوٹ اندازی۔

Obstructionist : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے والا یا اس کا حامی: (سیاسیات) رکاوٹ انداز۔

Obstructive : (a) (۱) خلل انداز : مزاحم: راه روکنے والا: مائل به خلل اندازی: روڑے اٹکانے والا: مشکلات پیدا کرنے والا: معترض۔ (۲) انقباضی: انسدادی : قابض: جسم کی رگوں ، آنتوں یا نالیوں میں رکاوٹ ڈالنے یا هونے کا یا اس سے متعلق: قبض کا، اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا۔

Obstructive : (n) (۱) رکاوٹ : مزاحمت: روکنے والی قوت یا چیز: آلۂ مزاحمت: آلۂ انسداد: سد : سد راه : سنگ راه۔ (۲) مزاحم یا خلل انداز هونے والا شخص ، خاص کر پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے والا۔

Obstructive dysmenorrhea : (a) (طب) عُسر الطمث سدی۔

Obstructively : (adv.) مزاحمانه : رکاوٹ ڈالتے هوئے : خلل اندازی سے۔

Obstructiveness : (n) مزاحمت: رکاوٹ: خلل اندازی۔

Obstructivism : (n) پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ ڈالنے کا نظریه یا طریقه۔

Obstructor : (n) مزاحم: روکنے والا: خلل انداز: سدراه: سنگ راه: ترقی کی راه میں حائل هونے والا: مخالف ترقی۔

Obstruent : (a) [L. 'Obstruere.'] (۱) مزاحم: روکنے والا: سد راه : مانع : رکاوٹ ڈالنے والا۔ (۲) (طب) قابض۔

Obstruent : (n) (۱) مزاحم هونے یا روکنے والی چیز یا شخص :مزاحمت: رکاوٹ : سنگ راه۔ (۲) قابض دوا۔

Obstupefy : (v) [L. 'Obstupefacere.'] مدهوش کرنا: مخبوط کر دینا: (خاص کر) دماغ مختل کر دینا۔

Obtain : (v) [Late ME. 'Obteine, -tene.'] (۱) حاصل کرنا: مہیا کرنا : بہم پہنچانا : لینا : پانا : کسب کرنا : اکتساب کرنا۔ (۲) رائج هونا: مروج هونا : جاری هونا : عام هونا : قائم رهنا : باقی رهنا : وجود رکھنا۔

Obtainable : (a) قابل حصول: دستیاب: حاصل کرنے والا: قابل اکتساب۔

Obtainer : (n) حاصل کرنے والا: پانے والا: مکتسب۔

Obtainment : (n) پانے کا عمل: تحصیل: حصول: اکتساب : کسب۔

Obtected : (a) (حشریات) (بچه) جو جھلی کے اندر سے نظر آئے : (حیوانیات) ملفوف : خول دار۔

Obtectus : (a) [L. 'Obstectus.'] (نباتیات) محجوب۔

Obtemper : (v) [L. 'Obtemperare'.] (اسکاتستانی قانون) کسی عدالت کے حکم یا فیصلے کو ماننا: (اس کی) تعمیل کرنا : پابندی کرنا: بجا لانا: تسلیم کرنا: قبول کرنا: مان لینا : اطاعت کرنا۔

Obtemperate : (v) دیکھو Obtemper

Obtenebrate : (v) چھا جانا یا ڈھك لینا : سایه کرنا: تاریك کرنا:دھندلا دینا۔

Obtenebration : (n) چھا جانے یا ڈھك لینے کا عمل : تاریك کرنا یا هونا : ڈھانك لیا جانا۔

Obtention : (n) [L. 'Obtentio.'] حاصل کرنے یا پانے کا عمل :تحصیل: حصول : کسب : اکتساب : اجرا : ترویج : بقا : وجود۔

Obtest : (v) [L. 'Obtestari.'] (۱) (قدیم) دُہائی دینا : (کسی سے) فریاد کرنا : عاجزی سے درخواست کرنا: التجا کرنا: التماس کرنا: منت سماجت سے مانگنا۔ (۲) صدائی احتجاج بلند کرنا: خدا کو گواہ ٹھہرانا۔

Obtestation : (n) (۱) دہائی : فریاد (کسی بزرگ ہستی کے نام کے ساتھ): منت: سماجت: التجا: التماس: عاجزانہ درخواست۔ (۲) احتجاج: خدا کو گواہ بنانے یا اس کی دہائی دینے کا عمل : (قانون) استشہاد۔

Obtrude : (v) (۱) (کسی کی صحبت میں) زبردستی گھسنا: مخل صحبت ہونا : زبردستی مخاطب کرنا : خواہ مخواہ دخل دینا: (کسی بات ، شخص وغیرہ کو) کسی پر تھوپنا : کسی کے سر منڈھنا : ٹھونسنا : ڈھکیلنا : داخل کرنا۔ (۲) نکال دینا : برطرف کرنا : نکال پھینکنا: خارج کرنا: بے دخل کر دینا۔ (۳) بے بلائے جانا: ناخواندہ مہمان ہونا: خلل انداز ہونا: مخل ہونا: خواہ مخواہ گھسنا۔

Obtruder : (n) مخل صحبت ہونے والا: زبردستی گھس جانے والا: بے دخل کرنے والا: نکال دینے والا۔

Obtruncate : (v) سر کاٹنا: سراکاٹ دینا : (مزید بڑھنے کے لئے) پودے کی پھنگ یا پتیاں چھانٹ دینا: سر یا پھنگ تراشنا: سر بریدہ کرنا: چوٹی کاٹنا۔

Obtruncation : (n) سر بریدگی: چھٹائی (پودوں کی)۔

Obtrusion : (n) (۱) (کسی چیز کو) ٹھونسنے، گھسانے یا داخل کرنے کا عمل: زبردستی ٹھونسنا یا داخل کرنا۔ (۲) (کسی شخص یا چیز کو) کسی کے سر تھوپنا: (کسی بات کو) زبردستی (کسی کے دماغ میں) گھسانا: اس طرح گھسائی ہوئی یا تھوپی ہوئی چیز: (کسی کی صحبت میں) زبردستی گھسنا : خواہ مخواہ دخل دینا: زبردستی مخاطب کرنا: مخل صحبت ہونا: دخل ناخواندہ ۔ (۳) (قانون) دخل بے جا۔

Obtrusive : (a) (۱) راہ میں حائل ہونے والا: مداخلت بے جا کرنے والا۔ (۲) پیش پیش رہنے والا : خواہ مخواہ نمایاں ہونے والا: مخل صحبت: زبردستی مخاطب کرنے والا۔

Obtrusively : (adv.) مخل صحبت ہو کر: زبردستی مخاطب ہو کر: خواہ مخواہ دخل دے کر: مداخلت بے جا کر کے۔

Obtrusiveness: (n) مخل صحبت ہونے کی عادت : خواہ مخواہ دخل دینے کی عادت۔

Obtund : (v) (طب) سن کرنا : بے حس کرنا : ماؤف کرنا : کند کرنا۔

Obtudent : (a) بے حس کرنے والا: سن کر دینے والا: ماؤف کرنے والا : کند کر دینے والا: تسکین بخش۔

Obtundent : (n) بے حس کر دینے والی دوا: مسکن دوا: تسکین بخش دوا۔

Obturate : (v) ختم کر دینا: روک لینا: بند کر دینا: مسدود کر دینا : (سوراخ، بندوق کی نالی کے پچھلے حصہ وغیرہ کو) بند کرنا۔

Obturation : (n) [L. 'Obturatio.'] اختتام : روک : انسداد : بندش : (خاص کر بندوق کی نالی کے دہانے یا سوراخ کو) بند کرنا۔

Obturator : (n) [med. L. 'Obturator.'] (۱) (تشریح) ورقی سوراخ کو بند کرنے والی جھلی کا نام: اس کے پردے : ساد: مُسدد : عضلہ ساد: عروق مسددہ۔ (۲) کسی سوراخ یا دہانے کو بند کرنے کا پرزہ۔ (۳) (جراحی) جسم کے کسی غیر معمولی شگاف کو بند کرنے والی پلیٹ۔ (۴) بندوق کی نالی کے پیچھے لگا ہوا وہ پرزہ جو دھوئیں یا گیس کو روکتا ہے۔ (۵) فوٹو گرافی کے کیمرے کا شٹر۔

Obturator artery : (n) (تشریح) شریانِ ساد: شریان مُسددہ۔

Obturator foramen : (n) کولہے کی ہڈیوں کے درمیان کا بڑا سوراخ۔

Obturator hernia : (n) (طب) فتق ساد۔

Obturator ligament/-membrane : (n) (تشریح) ورقی سوراخ کو بند کرنے والی جھلی : عروق ساد: عروق مُسددہ۔

Obturator muscles : (n) (تشریح) عضلات ساد: (ران کے اوپر اور نیچے کے) دو عضلات جن کی مدد سے حرکت کی جاتی ہے۔

Obturator nerve : (n) کمر کی رگوں کی ایک شاخ جس کے عضلے (چھوٹی شاخیں) سرین ، گھٹنوں کے جوڑ اور ران کے مختلف عضلات تک جاتے ہیں۔

Obtuse : (a) [L. 'Obtus.'] (۱) بے نوک: بنڈ: کھنڈا: (نباتیات) گول سر۔ (۲) (نفسیات) غبی: کند: کند ذہن: بیوقوف: ٹھس۔ (۳) (درد وغیرہ) دھیما: ہلکا۔ (۴) (ہندسہ) (زاویہ) منفرجہ: وہ زاویہ جو ۹۰ درجے سے زائد ہو۔

Obtuse angle : (n) (ہندسہ) بیضوی منفرجہ۔

Obtuse angled : (a) زاویہ منفرجہ والا: جس میں ایسا زاویہ یا زاویے ہوں۔

Obtuse-ellipsoid : (n) (ہندسہ) بیضوی منفرجہ۔

Obtusely : (adv.) منڈی یا بے نوک شکل میں : کند ذہنی سے :بھدے پن سے۔

Obtuseness : (n) گول سرا ہونا: بے نوک ہونا: کند ہونا: منڈ ہونا : کند ذہنی: بیوقوفی : بھدا پن: ہلکا ہونا۔

Obtusi : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی Obtuse -

Obtusifolious : (a) (نباتیات) گول پتیوں والا: بے نوک پتیوں والا۔

Obtusilingual : (a) (حیوانیات) بے نوک زبانہ۔

Obtusity : (n) گول سر ہونا: بے نوک ہونا: کند ہونا: کند ذہنی : بھدا پن : ہلکا پن۔

Obus : (n) [Fr.] دور تک مار کرنے والی توپ کا گولا۔

Obvallatus : (a) قلعہ گیر: محصور: قلعہ بند: محیط :احاطہ بند۔

Obvention : (n) (۱) ضمنی طور پر آنے والی چیز۔ (۲) ضمنی آمدنی: (کلیسائی قانون میں) (خاص موقعوں پر) ملنے والے نذرانے یا حالات۔

Obverse : (a) (۱) اوپر سے چوڑا نیچے سے تنگ : مقلوب:معکوس: پہلو رخ۔ (۲) بالمقابل: جوڑکا: جواب کا۔

Obverse : (n) (۱) سکے کا وہ رخ جس پر چہرہ ہوتا ہے: روئے سکہ: چہرے کا رخ۔ (۲) سیدھا رخ : سامنا: آگا : آگے کا رخ۔ (۳) جوڑ: جواب۔ (۴) (منطق) متمّ: قضیۂ متکافی: قضیۂ معکوس۔

Obversely : (adv.) بالعکس: بالمقابل: معکوس طور پر: مقلوب انداز میں: جوڑ پر: جواب میں : دوسرے رخ پر۔

Obversion : (n) (۱) تعدیل: تقلیب: تقلب: قابل رخی۔ (۲) (منطق) استنتاج متکارفیہ : استنتاج معکوس۔

Obvert : (v) [L. 'Obvertere.'] (منطق) ایک قضیئے کی کیفیت بدل کر قضیۂ معکوس بنانا: قضیہ معدولہ بنانا۔

Obviate : (v) دور کرنا: دفع کرنا: راستے سے ہٹانا: توڑ کرنا : تدارک کرنا: روکنا: مانع ہونا۔

Obviation : (n) تدارک : امتناع: ممانعت: توڑ: دفیعہ: حفظ ما تقدم۔

Obvious : (a) بیّن: صریحی: ظاہر: کھلا ہوا: پیش پا افتادہ : واضح: صاف : قابل احساس: قابل لمس : (حیوانیات) صاف: نمایاں۔

Obvious marking/-stripe : (n) (حیوانیات) نمایاں نشان یا لکیر۔

Obviously: (adv.) صریحاً : واضح طور پر: نمایاں انداز میں: صریحی طور پر۔

Obviousness : (n) صریحی ہونا: ظاہر ہونا: کھلا ہوا ہونا : نمایاں ہونا۔

Obvolute : (a) [L. 'Obvolutus.'] (نباتیات) معکوس پیچاں۔

Obvolvent : (a) (۱) (حیوانیات) زیر پیچیدہ ۔ (۲) گول لپٹنے والا : (حشریات) زیر خمیدہ یا اندرون خمیدہ۔

Oca : (n) [Sp.-Peruv.' occa.'] جنوبی امریکا میں ہونے والا ایک قسم کا پودا جس کا بصلہ (زیر زمینی تنا) کھایا جاتا ہے ۔ وہاں اسکی کاشت ہوتی ہے۔

Ocarina : (a) [It.] ایک قسم کا بیضوی باجا جو پکائی ہوئی سرخ مٹی کا بنا ہوتا ہے اور جس میں بانسری کی طرح سوراخ ہوتے ہیں۔

Occamism : (n) فلسفہ اوخام۔

Occamist : (n) ولیم اوخام کا پیرو یا شاگرد : فلسفہ اوخام کا پیرو: (ولیم اوخام یا ولیم آف او کم اوائل چودھویں صدی کا ایک ناقابل تسخیر عالم و حکیم تھا جس نے حامیان اسمیت (Nominalists) کے عقائد کا احیاء کیا تھا)۔

Occamy : (n) دھات کا مرکب جس میں چاندی ملی ہو : نقرئی بھرت۔

Occasion : (n) [L. 'Occasio , -ion.'] (۱) حالات کا حسب خواہ میل یا اجتماع : موقع: محل: مناسب وقت۔ (۲) سبب: وجہ : باعث: علت: اقتضاء: تحریک: ضرورت۔ (۳) ضمنی یا اتفاقی سبب: فوری سبب : وقتی سبب: تقریب۔ (۴) (جمع) معاملات: کاروبار: مشغولیات۔ (۵) تقریب : اہم موقع اہم واقعہ: مخصوص موقع: ساعت وقوع: مخصوص وقت: وقت سانحہ۔ (٦) کسی بات یا کسی چیز کو (اتفاقاً) سامنے لانے والا شخص۔

For (on, upon) one's occasion : کسی کے لئے :کسی کی خاطر۔

On or upon occasion : ضرورت کے وقت : موقع پر :کبھی کبھی: حسب موقع یا ضرورت۔

On or upon occasion of : اتفاقی طور پر :کبھی کبھی :اتفاقاً: ناگہانی طور پر : گاہے گاہے: گاہ بہ گاہ۔

To give occasion to : کسی واقعہ کا سبب ہونا؛ باعث ہونا۔

To rise to the occasion : حسب موقع عمل کرنا؛ مناسب وقت پر ہمت وغیرہ دکھانا۔

To take occasion : موقعے سے فائدہ اٹھانا۔

To take occasion by the forelock : (کسی کام کے) موقع کو ہاتھ سے نہ دینا؛ ضائع نہ کرنا؛ ٹھیک وقت پر کوئی کام کر لینا؛ عین وقت پر کاروائی کرنا۔

Occasion : (v) سبب ہونا؛ باعث ہونا؛ خصوصاً ضمنی سبب ہونا؛ فوری یا وقتی سبب ہونا؛ تقریب ہونا؛ بہانہ ہونا۔

Occasional : (a) (۱) خاص موقعے کا؛ خاص تقریب کا؛ خاص بنایا ہوا؛ خاص موقعوں پر استعمال کے لئے۔ (۲) موقعے موقعے کا؛ حسب موقع؛ ہنگامی؛ موقتی؛ اتفاقی۔ (۳) کبھی کبھی کا؛ گاھے گاھے کا۔ (۴) ضمنی؛ ثانوی۔

Occasional : (n) کبھی کبھی کام کرنے والا مزدور؛ خاص موقعوں پر کام کرنے والا مزدور؛ تقریباتی مزدور؛ ہنگامی مزدور۔

Occasional cause : (n) (۱) ضمنی سبب؛ ظاہری سبب؛ ثانوی سبب۔ (۲) مشیتِ الہٰی (فلسفہ)۔

Occasional conformist : (n) کلیسائے انگلستان کی رسوم کے مطابق خود کو کلیسائی عہدے کا اہل بنانے کے لئے حلف لینے یا مقدس نشان قبول کرنے والا نیز اس عہدے پر فائز رہتے ہوئے غیر مقلد فرقے کے کسی بھی اجتماع یا عبادت میں شریک ہونے والا۔

Occasional conformity : (n) کلیسائے انگلستان کی رسوم کے مطابق خود کو کلیسائی عہدے کا اہل بنانے کے لئے حلف لینے یا مقدس نشان قبول کرنے کا عمل اور بعدۂ اس عہدے پر فائز رہتے ہوئے غیر مقلد فرقے کے کسی بھی اجتماع یا عبادت میں شرکت کرنے کا عمل۔

Occasional licence : (n) شراب فروشی کا موقت لائسنس۔

Occasional speaker : (n) مخصوص موقعوں پر تقریر کرنے والا؛ تقریباتی مقرر؛ موقتی مقرر۔

Occasional species : (n) (نباتیات) ہنگامی نوع۔

Occasional teacher : (n) (تعلیمات) موقتی مدرس۔

Occasional writer : (n) مخصوص موقعوں کے لئے نظمیں یا مضامین لکھنے والا؛ تقریباتی ادیب؛ وقتی یا موقتی ادیب۔

Occasionalism : (n) یہ نظریہ کہ انسان کے ادراک اور ارادے کو خارجی مظاہر سے علت و معلول کا تعلق نہیں بلکہ خدا کی قدرت سے دونوں چیزیں ایک ہی موقع پر ظاہر ہوتی ہیں یعنی مسبب الاسباب خدا کی ذات ہے؛ نظریۂ مشیت الہٰی؛ (نفسیات) موقعیت۔

Occasionality : (n) کبھی کبھی ہونا؛ حسب موقع ہونا؛ موقتیت؛ اتفاقیت۔

Occasionally : (adv.) کبھی کبھی؛ گاھے گاھے؛ وقتاً فوقتاً؛ موقعے موقعے سے؛ خاص خاص موقعوں پر۔

Occident : (n) [L. 'Occidens.'] (۱) (شعر، خطابت) مغرب؛ غرب؛ پچھم؛ نصف کرۂ مغربی؛ باختر۔ (۲) مغربی یورپ۔ (۳) یورپ۔ (۴) یورپ و امریکا۔ (۵) امریکا۔ (۶) مغربی تہذیب۔

The orient and occident : شرق و غرب؛ خاور و باختر۔

Occidental : (a) (۱) مغربی؛ غربی؛ یورپی؛ امریکی؛ مغربی تہذیب کا۔ (۲) گھٹیا قسم کے یا کم چمک دمک والے (نگینے، جواہرات وغیرہ)؛ گھٹیا؛ معمولی؛ پست درجے کا۔

Occidental : (n) مغربی ملک کا باشندہ؛ یورپی؛ امریکی وغیرہ۔

Occidental agate : (n) پست درجہ عقیق؛ گھٹیا عقیق۔

Occidental arts : (n) فنون یورپ؛ ہنر ہائے یورپ؛ یورپی فنون۔

Occidental civilization : (n) (سماجیات) مغربی تہذیب؛ تمدن یورپ۔

Occidental topaz : (n) (معدنیات) زردگار۔

Occidentalism : (n) (۱) مغربی صفات؛ مغربی تہذیب و تمدن؛ مغربی آداب و اخلاق؛ یورپیت؛ امریکیت؛ مغربی اقوام کے رسم و رواج، ادارے وغیرہ؛ مغربیت؛ مغرب پرستی؛ مغربی تہذیب کی پیروی۔ (۲) (سماجیات) تہذیب یورپ۔

Occidentalist : (n) تہذیب یورپ کا پیرو؛ مغرب پرست؛ مغرب پسند؛ مستغرب؛ یورپ پرست؛ مغربی انداز فکر یا رسم و رواج کا حامی؛ مغربی اقوام کی زبانوں اور ان کے رسم و رواج کا مطالعہ کرنے والا۔

Occidentality : (n) دیکھو Occidentalism

Occidentalize : (v) مغربیانہ؛ مغربی بنانا؛ مغربی آداب و رسوم یا طرز زندگی کا خوگر بنانا؛ مغربی خصوصیات کا حامل بنانا۔

Occidentally : (adv.): مغربی طرز پر؛ یورپی یا امریکی طرز پر؛ مغربانہ؛ مغربی انداز میں۔

Occipital : (a) [med. L. 'Occipitalis.'] (۱) سر کے پچھلے حصے میں واقع : پشت سر کا؛ (تشریح) قذالی؛ مُخّری۔ (۲) بڑی پشت سر والا : جس کے سر کا پچھلا حصہ بڑا ہو۔

Occipital : (n) (۱) پشت سر کی ہڈی : قذالی ہڈی۔ (۲) پشت سر کا عضلہ : عضلۂ پشت سر؛ موخری عضلہ۔ (۳) (جمع) بعض سانپوں کے سر کے پچھلے حصے کی دو پلیٹیں۔

Occipital artery : (n) (تشریح) قذالی شریان۔

Occipital bone : (n) (تشریح) پشت سر کی ہڈی؛ قذالی ہڈی۔

Occipital condyle : (n) (حیوانیات) موخّری قذال۔

Occipital cortex : (n) (تشریح) مُخّری قِشر۔

Occipital lobe : (n) (تشریح) فصِ قذالی؛ لختۂ پشت دماغ؛ لختۂ پشت سر : پشت سر کا لختہ۔

Occipital point : (n) (تشریح) قذالی نقطہ۔

Occipitalia : (n) (تشریح) عِظام قذالی : قذالی ہڈیاں۔

Occipitally : (adv.) قذالی طور پر؛ مُخّری طور سے : پشت سر کا ہوتے ہوئے۔

Occipito - : علم تشریح الابدان میں استعمال ہونے والا جزو ترکیبی بہ معنی پشت سر، جو صفات سے مل کر پشت سر اور دوسرے عضو (وغیرہ) کے درمیان تعلق یا نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

Occipito-axial/-axiod : (a) پشت سر اور مرکزی فقرے (ریڑھ کی ہڈی کا جوڑ) سے متعلق۔

Occipito-frontal : (a) پشت سر اور پیشانی سے متعلق : پشت سر اور پیشانی کے درمیان پھیلا ہوا؛ پشت سر سے پیشانی تک پھیلا ہوا عضلہ۔

Occipito-frontal : (n) عضلۂ سر : کھوپڑی کے اوپر کا چھٹا اور بڑا عضلہ : پشت سر سے پیشانی تک پھیلا ہوا عضلہ۔

Occipito-frontalis/-muscles : دیکھئے Occipito-frontal : (n)

Occipito-mastoid : (a) پشت سر اور پستان نما ابھار سے متعلق۔

Occiput : (n) [L.] (۱) (تشریح) پشت سر؛ کھوپڑی کا پچھلا حصہ : قذالی : قفا؛ گُدی۔ (۲) قذالی ہڈی؛ کھوپڑی کے پچھلے حصے کی ہڈی : پشت سر کی ہڈی۔

Occlude : (v) [L. 'Occludere.'] (۱) (سائنس) بند کرنا؛ روکنا؛ مسدود کرنا۔ (۲) (کیمیا) جذب کرنا (گیسوں کو)۔ (۳) (دندان سازی) اوپر اور نیچے کے دانتوں کی نوک یا سروں کو ملانا یا ملا کر بٹھانا : نیز ملنا یا بیٹھنا۔

Occluded front : (n) (موسمیات) گرم و سرد ہواؤں کے ملنے کا نظام جس کے ملنے کا نظام جس سے بگولا اٹھتا ہے۔

Occludent : (a) (۱) روکنے یا بند رکھنے کی خاصیت رکھنے والا۔ (۲) جذب کرنے کی خاصیت کا حامل؛ (کیمیا) جاذب؛ جذب کرنے والا۔

Occludent : (n) (۱) (سائنس) روکنے یا بند کرنے کی خاصیت رکھنے والی شے۔ (۲) (کیمیا) جذب کرنے والی دھات؛ جاذب دھات۔

Occlusal : (a) (دندان سازی) بستگیِ دندان کا یا اس سے متعلق : دونوں جبڑوں کے متقابل دانتوں کی سطح یا سروں کو ملانے سے متعلق۔

Occlusion : (n) (۱) روکنے یا بند کرنے کا عمل؛ روک : بندش؛ انسداد : (سائنسی طور پر) بند کرنے یا روکنے کا عمل۔ (۲) دھات یا دوسرے مادوں کے مسامات میں (گیسوں کو) جذب کر کے روکے رکھنے کا عمل۔ (۳) (دندان سازی) دونوں جبڑوں کے متقابل دانتوں کی سطحوں یا سروں کو ملانے یا ملا کر بٹھانے کا عمل؛ بستگیِ دندان۔ (۴) (حیاتیات) سداد : (کیمیا) انجذاب گیس۔ (۵) (موسمیات) ہوا کے کم دباؤ والی گرم سرحد کا سرد سرحد سے بدل جانا تاکہ ان کے درمیان والی گرم ہوا کے ماپے سرد ہوا کے دو کناروں کے ذریعہ سطح زمین سے اوپر اُٹھ جائیں؛ بگولا؛ زمین کے اوپر گرم ہوا کا صعود۔

Occlusion of duodenum : (طب) سداد اثنا عشری۔

Occlusive : (a) (صوتیات) بے صوت حرف صحیح۔

Occlusor : (n) (۱) بند کرنے والا؛ روکنے والا؛ مسدود کر دینے والا : (خاص کر تشریح میں) کسی شگاف، دہانے یا منہ کو بند کرنے والی ساخت۔ (۲) (حیوانیات) سدادیہ : عضلۂ سدادیہ؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Occlusor muscle : (n) عضلۂ سدادیہ؛ کسی شگاف یا دہانے کو بند کرنے یا کسی راستے کو روکنے والا عضلہ۔

Occult : (a) [L.'Occultus.'] (۱) مخفی ؛ پوشیدہ ؛ پراسرار ؛ سرّی ؛ نہانی؛ باطنی ؛ پنہاں ؛ مستور؛ مکتوم ۔ (۲) علم سینہ سے متعلق ؛ علم مخفیہ سے متعلق ؛ رمزی؛ عارفانہ ۔ (۳) فوق العادت؛ سحرو نیز نجات کا؛ ساحرانہ؛ سحری؛ (نفسیات) خارق العادت۔

Occult : (v) [L. 'Occultare.'] (ہیئت) چھپا لینا (ایک جرم فلکی کا دوسرے کو)؛ نظر سے پنہاں کرنا؛ مخفی کرنا؛ گہنانا؛ محتجب ہونا؛ احتجاب کرنا۔

Occult blood : (n) (عضویات) مخفی خون۔

Occult mineral: (n) وہ معدنی سالمہ جو خوردبین سے نظر نہیں آتا بلکہ صرف کیمیائی تجزیئے کے ذریعہ ہی ظاہر کیا جا سکتا ہے ؛ کیمیائی معدن۔

Occult science : (n) علوم سرّی (جادو، کیمیا گری ، نجوم)۔

Occultation : (n) [L. 'Occultatio.'] (۱) انخفا؛ اختفا؛ پوشیدگی؛ استتار؛ نہفتگی؛ گمنامی ۔ (۲) (علم النجوم) احتجاب؛ ایک جرم فلکی کا دوسرے کو چھپا لینا؛ کسوف؛ خسوف؛ گہن ۔ (۳) (مجازاً) نظر یا خیال سے دور ہونے کی حالت؛ غیاب؛ غیب۔

Occultation of star : (علم النجوم) احتجاب کوکب ۔

Occulted : (a) (علم النجوم) پوشیدہ؛ مخفی؛ پنہاں؛ نگاہ سے اوجھل ؛ گہنایا ہوا۔

Occulter : (n) (بصریات) حاجب؛ حاجب النّور۔

Occulting : (a) چھپانے والا؛ حاجب؛ حاجب نور؛ حائل نور (اس کا اطلاق خصوصاً میناروں کی روشنی کی اس باقاعدہ احتجاب پر ہوتا ہے جو چند ثانیوں کے باقاعدہ وقفوں سے نظر سے چھپ جاتی ہے)۔

Occulting light : (n) بحری جہاز میں رات کے وقت تھوڑے وقفے سے پیدا ہونے والی روشنی۔

Occultism : (n) (۱) (دیومالا) سرّیات؛ علم الاسرار؛ (دینیات) سرّیت ؛ عقیدۂ غیب ؛ عرفان ؛ سحر پرستی ؛ مخفی یا سرّی علوم کا عقیدہ ؛ اصول ؛ یا عمل ؛ کالا علم ؛ ارواح و اشباہ و جن و شیاطین کے وجود کا عقیدہ ؛ نیز یہ عقیدہ کہ انسان انہیں مسخر کر کے ان سے کام لے سکتا ہے ؛باطنیت ؛ علم باطن ؛ تصوف ۔

Occultist : (n) (۱) علم غیب کا معتقد یا ماہر ؛ سحر پرست (دیومالا) عالم اسرار؛ ساحر؛ منجّم؛ رمال۔ (۲) (دینیات) معتقد غیب؛ عارف ؛ صوفی؛ اہل باطن۔

Occultly : (adv.) علم سینہ کے ذریعہ سے؛ پر اسرار طریقے سے؛ مخفی طور پر؛ باطنی انداز میں ؛ مستور ہو کر؛ رمزاً؛ عارفانہ طور پر؛ علم مخفیہ کے ذریعہ؛ ساحرانہ طور پر۔

Occultness : (n) بعید الفہم؛ عقل سے پوشیدہ ؛ مخفی؛ پنہاں ہونا؛ پنہاں شدگی؛ اختفا؛ انخفا۔

Occupancy : (n) [L. 'Occupant.'] (۱) قبضہ؛ تصرف؛ پٹہ داری؛ دخل۔ (۲) سکونت؛ کرایہ داری۔ (۳) ملکیت بر بنائے قبضہ؛ قبضہ دار کا حق ملکیت۔ (۴) مقبوضہ عمارت یا اس کا کوئی حصہ؛ محل سکونت ۔ (۵) مصروفیت؛ مشغولیت؛ شغل؛ کام؛ (جمع) نوکری؛ کاروبار؛ دھندا؛ پیشہ؛ کسب معاش۔

Occupancy right : (n) (قانون) حقِ دخیل کاری۔

Occupancy tenant : (n) (قانون) دخیل کار۔

Occupant : (n) (۱) قابض؛ دخیل؛ متصرف؛ پٹہ دار؛ اسامی۔ (۲)ساکن؛ رہنے والا؛ مکین؛ کرایہ دار۔ (۳) اس چیز پر جو کسی کی ملک نہ ہو قبضہ کر کے حقِ ملکیت قائم کرنے والا مالک بر بنائے قبضہ ۔

Occupation : (n) (۱) قبضہ کرنا یا کیا جانا؛ قبضہ؛ تصرف؛ دخل؛ سکونت۔ (۲) فوجی قبضہ (کسی ملک پر)۔ (۳) پٹہ داری؛ قبضۂ اراضی ؛ قبضہ داری؛ عہدہ داری۔ (۴) کام؛ پیشہ ؛ شغل ؛ کاروبار؛ کام دھندا ؛ روزگار؛ کسب معاش؛ نوکری؛ دھندا؛ مصروفیت؛ مشغولیت؛ حرفہ؛ مشغلہ۔

Army of occupation : قبضۂ مخالفانہ کرنے والی فوج؛ نو مفتوحہ علاقے یا ملک پر تا وقت صلح یا تا وقت قیام حکومت قبضہ رکھنے کے لئے وہاں چھوڑی ہوئی فوج۔

Occupation bridge : (n) پل جو اسامیوں کے لئے مخصوص ہو۔

Occupation franchise : (n) اسامیوں کا حق رائے دہندگی۔

Occupation road : (n) سڑک جو اسامیوں کے استعمال کے لئے مخصوص ہو۔

Occupational : (a) پیشہ ورانہ ؛ کاروباری؛ پیشی؛ کسی (کے) پیشے یا مشغلے سے متعلق۔

Occupational disease : (n) (طب) مرض پیشگی ؛ پیشہ ورانہ مرض؛ کاروباری مرض۔

Occupational hierarchy : (n) (معاشیات) ترتیب پیشہ جات:کاروباری ترتیب۔

Occupational therapist : (n) شغلی معالج: ذہنی یا جسمانی حرکت کے ذریعہ علاج کرنے والا۔

Occupational therapy : (n) (طب) شغلی علاج :کوئی ذہنی یا جسمانی کام یا حرکت جو کسی مرض یا چوٹ کے علاج کے طور پر معالج نے بتایا ہو۔

Occupied : (n) (۱) (مکان وغیرہ) گھرا ہوا۔(۲) مصروف:مشغول۔

Occupier : (n) [L. 'Occupy .'] (قانون) قابض : دخیل :پٹہ دار: کرایہ دار۔

Occupy : (v) (۱) فوجی قبضہ کرنا (ملك غیر پر)۔(۲) فائز ہونا (عہدے یا منصب پر)۔ (۳) پٹہ دار ہونا : اجارہ دار ہونا: کرایہ دار ہونا : قبضہ رکھنا: قابض رہنا۔ (۴) جگہ گھیرنا: وقت لینا: استعمال میں لانا: پر کرنا (جگہ ، وقت)۔(۵) سکونت کرنا: سکونت رکھنا: رہنا: بسنا: قیام کرنا یا مقیم ہونا۔(٦) مشغول رکھنا: مشغلہ ہونا : مصروف رکھنا : کام میں لگانا : خدمت لینا : متوجہ کرنا یا ہونا: جلب کرنا: موڑنا: مبذول کرنا (ذہن یا توجہ کو)۔

Occur : (v) (۱) واقع ہونا : وقوع میں آنا : پیش آنا۔(۲) دل میں آنا : خیال میں آنا : سوجھنا۔(۳) ہونا۔

Occurence : (n) (۱) واقعہ : ماجرا: سانحہ: حادثہ .(۲) وقوع : واقع ہونا۔

Is of frequent occurence : اکثر واقع ہوتا ھے ۔

Occurent : (n) واقع ہونا یا پیش آنے والا: ہونے والا: واقع ہوتا ہوا: رواں: حاضر: موجودہ: (کبھی کبھی خاص طور پر) شدنی : جس کا واقع ہونا ضروری ہو۔

Ocean : (n) [L. 'Oceanus.'] (۱) محیط: بحر: سمندر۔(۲) (جغرافیہ) سمندر کا بڑا حصہ: بحر: بحراعظم: ساگر.(۳) (مجازاً) بہت بڑی مقدار : لا محدود وسعت: غیر معینہ تعداد یا مقدار: (کسی شے کی) وسعت بے پایاں: وسعتِ بے حد: وسعت بے انتہا: بحر ذخار۔

Antarctic ocean : (n) بحر منجمد جنوبی۔

Arctic ocean : (n) بحر منجمد شمالی۔

Atlantic ocean : (n) بحر ظلمات: بحر اوقیانوس۔

Indian ocean : (n) بحر ہند؛ ہند ساگر۔

Pacific ocean : (n) بحر الکاہل۔

The great ocean : (n) بحر محیط۔

Ocean basin : (n) حوض بحر؛ بحری حوض؛ کرۂ سنگ یا چٹانی سلسلے کی سطح کا وہ بڑا اور وسیع نشیب جو سمندر کی دوست برد میں ہو۔

Ocean bug : (n) خشکی سے دور، سمندر کی سطح پر پایا جانے والا ایك کیڑا۔

Ocean currents : (n) بحری لہریں؛ امواج بحر۔

Ocean deep : (n) حوض بحر کا وہ حصہ جو معمول سے بہت زیادہ گہرا ہو۔

Ocean green : (n) ہلکا زردی مائل سبز رنگ۔

Ocean greyhound : (n) تیز رو جہاز : مسافر جہاز۔

Ocean-lane : (n) (سمندر میں) جہازوں کا راستہ؛ بحری راستہ۔

Ocean marine insurance : سمندر سے مال برداری کے جوکھم کا بیمہ۔

Ocean river/ -stream : (n) وہ دریائے اعظم جس کے بارے میں پہلے یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ زمین کو گھیرے ہوئے ھے۔

Ocean tramp : (n) مال کا جہاز (جو ہر قسم کا مال لے جاتا ھے)۔

Oceania : (n) [f. L. 'Oceanus.'] اوقیانوسیہ؛ جزائر اوشینیا جو بحرالکاہل اور اس کے آس پاس والے دوسرے سمندروں میں واقع ہیں۔

Oceanian : (a) بحر الکاہل کا یا اس سے متعلق؛ بحر الکاہل؛ بحر الکاہلی جزیروں کا یا ان سے متعلق؛ جزائر اوشیا سے متعلق؛ اوقیانوسیہ سے متعلق۔

Oceanian : (n) جزائر اوشینیا کا باشندہ : اوشینیائی :پولی نیشیائی؛ اوشینی۔

Oceanic : (a) (۱) آبی : بحری؛ سمندری؛ سمندر کا یا اس سے متعلق؛ سمندر میں یا اس کے کنارے واقع : سمندر کے کنارے یا سمندر میں رہنے والا؛ سمندر میں بہنے والا؛ سمندر میں بہتا ہوا؛ (حیاتیات) بحر بلش۔(۲) مثل بحر؛ مانند بحر؛ سمندر جیسا : بے حد وسیع۔(۳) بحر الکاہلی؛ جزائر اوشینیائی کا یا ان سے متعلق : جزائر اوقیانوسیہ سے متعلق۔

Oceanic climate : (n) (موسمیات) بحری آب ہوا۔

Oceanica : (n) دیکھو Oceania

Oceanid : (n) (۱) (یونانی دیو مالا) حور بحر؛ بنت البحر؛ ساگر دیوی؛ سمندر کی پری؛ جل پری۔ (۲) (جمع) ایک قسم کا بحری گھونگا جو میٹھے پانی والے یا دریائی گھونگوں سے مختلف ہوتا ہے۔

Oceanographer : (n) بحریات داں؛ ماہ بحر غرافیہ۔

Oceanograpic/-al : (a) بحریاتی ؛ بحر غرافی۔

Oceanography : (n) بحریات؛ بحر غرافیہ؛ بحر غرافیہ۔

Oceanology : (n) بحریات؛ سمندروں کا علم۔

Oceanophilous : (a) (حیاتیات) بحر پسند؛ بحر باش۔

Oceanophyte : (n) (نباتیات) نبات بحری؛ بحری پودا۔

Oceanus : (n) [L.] (۱) (دیو مالا) ساگر دیوتا۔ (۲) (دیو مالا) اوقیانوس ؛ بحر محیط۔

Oceanward (s) : (adv.) سمندر کی طرف ؛ جانب بحر۔

Ocellar : (a) [f. L. 'Ocelus.'] (۱) کیڑے مکوڑوں کی ننھی اور اکہری آنکھوں کا یا ان سے متعلق؛ چشم حشرہ سے متعلق۔ (۲) (صحریات) چٹانوں کی اس ساخت پر اطلاق ہوتا ہے جس میں کسی معدنی شے کے باریک مفرد اجزائے ترکیبی کی ایک کے گرد شعاع ریز حالت میں ترتیب یا جما دی ہوئی ہوتی ہیں۔

Ocellate/Ocellated : (a) [L. Ocellatus.'] (۱) کیڑوں کی ننھی آنکھوں جیسے نشانات والا؛ چشم آسا؛ چشم مانند؛ چشم دار؛ (حیوانیات) چشمیّہ دار ؛ چشمک دار۔ (۲) ننھی آنکھ جیسا بنا ہوا؛ جس پر ننھے گول دھبے پڑے ہوں اور انہیں کسی دوسرے رنگ کے ہالے سے گھیر دیا گیا ہو (جیسے مور کے پر میں ہوتا ہے) ؛ (حیوانیات) چشم نما؛ حلقہ رنگی دار۔

Ocelli- : (Comb.) [L. 'Ocellus'.] جزو ترکیبی بمعنی ننھی آنکھ۔

Ocelliferous : (a) ننھی آنکھوں جیسی نشانات والا ننھی آنکھ جیسا ؛ چشم مانند۔

Ocelliform : (a) ننھی آنکھ جیسا ننھی آنکھ کی شکل کا بنا ہوا۔

Ocellus : (n) [L. dim of Oculus.'] (۱) کیڑوں کی اکہری آنکھ؛ ننھی یا چھوٹی سی آنکھ ؛ چشمک ؛ چشم حشرہ؛ چشم صفیر؛ بعض گھونگے یا دریائی سانپ وغیرہ کی آنکھ۔ (۲) مرکب آنکھ کا ایک دیدہ ؛ چشمیّہ۔ (۳) رنگ کا نشان جس کے اطراف دوسرے رنگ کا ہالہ ہو جیسے مور کے پر کے چاند؛ حلقہ رنگی۔

Ocelot : (n) آسلوٹ؛ بگھ بلاؤ ؛ باگھ بلاؤ ؛ گربہ پلنگ؛ بلّی کی قسم کا (شیر نما) جانور جو وسطی اور جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے۔

Och : (int.) [Ir. Gael. Och.'] (آئرستان و اسکاٹستان) تعجب ؛ غم او افسوس کے اظہار کے لئے فجائیہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ اف ؛ اچھا ؛ ارے۔

Ochlesis : (n) (طب) عارضۂ انبوہی۔

Ochlocracy : (n) [Fr. 'ochlocratic.] حکومت انبوہ ؛انبوہ گردی؛ انبوہ شاہی۔

Ochlocrat : (a) حکومت انبوہ کا قائل۔

Ochlocratic/-al : (a) حکومت انبوہ کا۔

Ochlocratically : (adv.) حکومت انبوہ کے طریقے سے۔

Ochlophobia : (n) (نفسیات) انبوہ ترسی؛ خوفِ انبوہ؛ مردم گریزی۔

Ochraceous : (a) [f. L. 'Ochra.'] (۱) اس مٹی کا یا اس کی نوعیت کا؛ جس میں یہ مٹی ملی ہوئی ہو ؛ گیرو آمیز؛ گیروی۔ (۲) ہلکا بادامی؛ ہلکا بھورا مائل زرد رنگ کا ؛ بادامی زرد۔

Ochre/Ocher: (n) [L. 'Ochra.'] (۱) ایک قسم کی مٹی جس میں لوہا ملا ہوا ہوتا ہے اس سے ہلکا بادامی رنگ بنتا ہے ؛ ملتانی مٹی ؛ گیرو؛ پیوڑی۔ (۲) ہلکا بادامی رنگ؛ زرد۔ (۳) (عامیانہ) زر ؛ نقدی؛ روپیہ پیسہ (طلائی سکے کے رنگ کی مناسبت سے کنایتاً)۔

Red ochre : (n) گیرو۔

Yellow ochre : (n) زرد مٹی ؛ پیوڑی؛ ملتانی۔

Ochre/Ocher : (v) منکورہ بالا مٹی سے رنگنا؛ نشان لگانا؛ لیپنا؛ مانجھنا؛ صیقل کرنا۔

Ochrea/Ocrea : (a) [L.] (نباتیات) پاپوشہ۔

Ochreate / Ocreate : (a) (نباتیات ، حیوانیات) پاپوشی ۔

Ocherish : (a) دیکھو Ochraceous

Ochreous : (a) دیکھو Ochraceous

Ochro- : (a) لفظ Ochre کی ترکیبی صورت۔

Ochroleucous : (a) زردی مائل سفید؛ (نباتیات) کافوری۔

Ochronosis : (n) (طب) صفوریت۔

Ochrophore : (a) (حیوانیات) زردی بردار۔

Ochrosporous : (a) (نباتیات) زرد تخمہ۔

Ochymy : Occamy کا متبادل۔

Ocimum : (n) [NL.] (نباتیات) جنسِ ریحان؛ جنس تُلسی۔

Ocimum basilicum : (n) (نباتیات) تلسی؛ نازبو۔

Ocimum pilosum : (n) (نباتیات) ریحان۔

Ocimum sanctum : (n) (نباتیات) پاک تُلسی۔

-ock : (suffix.) لاحقہ جو پہلے تصغیر کے معنی دیتا تھا جیسے hillock , bullock وغیرہ۔

O'clock : (adv.) (۱) of the clock کامخفف ھے بمعنی ساعت؛ ازروئے ساعت : مطابق ساعت : گھڑی کے مطابق ۔(۲) (سمت یا مقام ظاہر کرنے کے لئے) گیارہ کے مقام پرہر تین کی سمت میں وغیرہ (اس صورت میں کہ گھڑی کا ڈائل اگر افقی حالت میں ہو تو دیکھنے والا اس کے سامنے ہو ۱۲ واں عدد سامنے سب سے اوپر ہو)۔

-ocracy : (suffix.) کسی طبقے یا جماعت کی حکومت: کسی طبقے کی بالادستی؛ مزید دیکھو Cracy-

Ocrea : (n) (۱) (نباتیات) پاپوشہ؛ ڈنٹھل کے گرد کا (نلکی نما) غلاف (یا نلی)؛ کائیو کے ننھے پتوں پرپڑا ہوا باریک غلاف یا جھلی۔ (۲) (حیوانیات) اس طرح گھیرنے یا ڈھانکنے والا کوئی بھی حصہ، عضو یا ساخت: جھلی؛ پردہ؛ خول؛ غلاف؛ پاپوش؛ بعض پرندوں کے پاؤں کی جھلی مثلاً چمگادڑ وغیرہ میں۔

Ocreate/Ochreate : (a) (نباتیات، حیوانیات) پاپوشی دار؛پوش دار؛ جھلی دار؛ خول دار؛ غلاف دار؛ غلاف پوش۔

Oct - : Octavo اور October کا مخفف۔

Oct - : Octa یا Octo کی ایک شکل۔

Octa - : (prefix.) سابقہ بہ معنی آٹھ : ہشت۔

Octacarbon : (n) کاربن کا وہ مرکب جس میں کاربن کے آٹھ سالمے موجود ہوں۔

Octachord : (a) (۱) آٹھ تارا؛ آٹھ تاروں والا؛ ہشت تارا۔ (۲) آٹھ سروں کے پیمانے سے متعلق : آٹھ سروں کا۔

Octachord : (n) [L. Octachordos.'] (۱) آٹھ تار کا باجا؛ آٹھ تارہ؛ ہشت تار۔ (۲) آٹھ سروں کا سلسلہ جیسے سرگم۔

Octachordal/Octocordal : (a) (۱) ہشت تار کا یا اس سے متعلق؛ آٹھ تار والے باجے سے متعلق؛ آٹھ تاروں کا۔ (۲) آٹھ سروں کے سلسلے سے متعلق؛ آٹھ سروں کا۔

Octad : (a) [LL. 'Octas, Octad-.'] (۱) آٹھ چیزوں کا جوڑ یا سلسلہ؛ آٹھ اعداد کا سلسلہ۔ (۲) (کیمیا) ہشت گرفتی عنصر؛ ہشت گرفتہ۔

Octadic : (a) (۱) ہشت وجہی؛ ہشت عددی۔ (۲) ہشت عنصری؛ ہشت گرفتی عنصر والا۔

Octagon : (n) (ہندسہ) مثمن؛ ہشت اضلاع شکل : ہشت ضلعی شکل؛ ہشت زاویہ یا ہشت پہلو شکل؛ ہشت وجہی شکل؛ ہشت پہل چیز یا عمارت۔

Octagon/Octagonal : (a) [mod. L. 'Octagonalis.'] مثمن؛ ہشت اضلاع؛ ہشت پہل؛ ہشت پہلو؛ ہشت زاویہ : ہشت کونیہ : ہشت وجہی؛ ہشت رخ؛ (ہندسہ) ہشت ضلعی؛ مثمن الاضلاع؛ مثمن الزّوایا۔

Octagonally : (adv.) ہشت پہل صورت میں : ہشت اضلاع طور پر؛ مثمن کی طرح۔

Octagynia : (n) (نباتیات) ہشت بُقچیت۔

Octagynous : (a) (نباتیات) ہشت بقچوی؛ ہشت مادنیہ۔

Octahedral/Octahedric : (a) (ہندسہ) ہشت سطحی؛ ہشت سطحہ : ہشت سطحی بلور کا یا اس سے متعلق۔

Octahedrite/Octohedrite : (معدنیات) ہشت سطحی بلور میں پایا جانے والا ٹیٹینیم کا ڈائی اکسائڈ جسے Aanatase بھی کہتے ہیں۔

Octahedron/Octohedron : [Gr. 'Oktaedron.'] مثمن جسم : ہشت

سطحی شکل؛ مثن السطوح؛ ہشت سطحی مجسم : کوئی بھی ہشت سطحی یا ہشت پہل جسم : ہشت پہل بطور۔

Octamerous/Octomerous : (a) [Gr.] (۱) (نباتیات) ہشت رکنی؛ ہشت پارہ ؛ہشت رکنہ؛ہشت گانہ؛ ہشت جانبہ؛ ہشت ہشت(اکثر 8-merous لکھا جاتا ہے)۔(۲) (حیوانیات) ہشت عضوی؛ ہشت پر؛ (بعض شعاعی حیوان نباتی) جن کے شعاع ریز حصے یا اعضاء تعداد میں آٹھ ہوں۔

Octameter/Octometer : (n) (عروض) مثمن مصرعہ ، ہشت رکنی مصرعہ یا نظم : آٹھ رکنی شعر۔

Octameter/ Octometer : (a) (عروض) مثمن : ہشت رکنی : جس میں آٹھ ارکان ہو۔

Octan : (a) (طب) ہشت بہ ہشت : ہشت روزہ (بخار)۔

Octan-fever : (n) (طب) ہشت روزہ بخار۔

Octandria : (n) (نباتیات) ہشت نری پودے۔

Octandrous : (a) (نباتیات) ہشت نرہ : ہشت زرریشہ۔

Octane : (n) (کیمیا) اکتان: ہشت کار بنی سلسلے کی پیرافین ($C_8 H_{18}$)۔

Octane number : (n) موٹر یا ہوائی جہاز کے ایندھن کی ضرب روک خاصیت کو ظاہر کرنے والا عدد۔

Octangular : (a) دیکھو Octagon

Octans : (n) [L.] (علم النجوم) مثمنہ: ثُمن مجیب۔

Octant : (n) [L. 'Octans.'] (۱) دائرے کا آٹھواں حصہ؛ قوس دائرہ جو محیط کا ۱/۸ ہو: (ہندسہ) ثمن محیط۔(۲) قطعہ جو دائرے کا ۱/۸ ہو؛ ثمن؛ (ہندسہ) ثمن دائرہ۔ (۳) (علم النجوم) ثمن؛ ثمن مجیب؛ (ہیئت) کسی سیارے کا وہ مقام جو دوسرے سیارے سے ۴۵ درجے کے فاصلے پر ہو (سورج سے یا کسی مخصوص مقام سے)۔ (۴) تین سطحات کے تقاطع سے جو آٹھ قطعے بنتے ہیں ان میں سے ایک۔(۵) دائرے کا ۱/۸ جو ہئیت اور جہاز رانی میں پیمانے کا کام دیتا ہے۔

Octapla : (n) [Gr.] ہشت متنی کتاب : ایسی کتاب جس کے ہر صفحے پر آٹھ ستونوں میں اس کے آٹھ مختلف تراجم یا ستون درج ہوں۔

Octaples : (n) دیکھو Octapla

Octaploid : (a) (خلویات، حیاتیات) ہشت لونیہ۔

Octarchy : (n) [Gr.] آٹھ حکمرانوں پر مشتمل حکومت؛ آٹھ چھوٹی چھوٹی حکومتوں کا مجموعہ؛ حکومت ہشت نفری : (سیاسیات) ہشت ہی (بعض مورخوں نے اس کا اطلاق برطانیہ میں اینجلز اور سیکسانس کے ذریعہ قائم کی ہوئی حکومتوں پر کیا ہے)۔

Octaroon : (n) وہ شخص جس کے جسم میں آٹھواں حصہ حبشی خون ہو؛ Quadroon اور گورے کی اولاد؛ اس قسم کی دوسری مخلوط نسل۔

Octastich : (n) [Gr.] آٹھ مصرعوں کا بند؛ آٹھ سطروں کی نظم : بند مثمن؛ مثمن۔

Octastichous/Octostichous : (a) (نباتیات) ہشت منزلہ؛ گول قطار میں آٹھ پتیوں والا اور نظام الاوراق میں ایسی آٹھ عمودی قطاروں والا؛ ہشت گانہ۔

Octastyle/Octostyle : (a) [L. 'Octastylus.'] (تعمیرات) کونے پر یا سامنے آٹھ ستونوں والی (عمارت) ہشت ستونی: ہشت عمودی۔

Octastyle/Octostyle : (n) (تعمیرات) ہشت ستونی عمارت یا سائبان۔

Octateuch/Octoteuch : (n) [LL. 'Octateuchus.'] توریت کی پہلی آٹھ کتابیں۔

Octavalent : (a) (کیمیا) ہشت گرفتہ؛ ہشت بُنیانی۔

Octavary : (a) [NL. 'Octavarium.'] رومن کیتھولک کلیسا کی کتاب نماز و عبادت جس میں بائبل کی آیات درج ہوتی ہیں اور جسے جشن Octave کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Octave : (n) [L. 'Octava.'] (۱) کسی مذہبی تہوار کا آٹھواں دن : کوئی مذہبی تہوار اور اس کے بعد کا ہفتہ۔ (۲) آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا ؛ مثمن۔(۳) (موسیقی) وہ سر جس کا ارتعاش کسی خاص سر کا دوگنا یا آدھا ہو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ درجے اونچا یا نیچا ہو؛ سرگم؛ اوکٹیو۔ (۴) کسی سر اور اس کے Octave کے درمیان کا فصل یا وقفہ۔(۵) ایسے وقفوں والے سروں کا سلسلہ یا کسی ساز کی ان کھونٹیوں کا سلسلہ جن کا تعلق ایسے وقفوں والے سروں سے ہو۔(۶) کسی سر اور اس کے Octave کا ہم آہنگ نغمہ۔(۷) آٹھ چیزوں کا جوڑ یا مجموعہ : (کیمیا) ہشت عناصریہ۔(۸) (بنوٹ بازی) حملہ کرنے یا حملہ روکنے کی وہ حالت جس میں ہتھیلی اوپر کی طرف ہو؛ (شمشیر بازی) حریف

کی جانگھ کو شمشیر کی نوک کا ہدف بنانا۔
(۹) شراب کا چھوٹا پیپا جس میں ایک پائپ کا آٹھواں حصہ شراب رکھی جاتی ہے۔

Consecutive octaves/Hidden octaves: (موسیقی) ابعاد متواترہ۔

In the octaves: کسی مذہبی تہوار کے آٹھویں دن۔

Law of octaves : (کیمیا) کلّیہ ہشت عناصریّہ ۔

Octave coupler : (n) آرگن کے ان سروں کو ملانے والی چیز جس میں ایک Octave کا فصل ہو۔

Octave flute : (n) (۱) ایک قسم کی چھوٹی بانسری جس کی آواز معمولی بانسری سے بلند ہوتی ہے۔ (۲) آرگن باجے کا ایک پردہ۔

Octave parade : (n) (بنوٹ بازی) حملہ کرنے یا حملہ روکنے کی وہ حالت جس میں ہتھیلی اوپر کی طرف ہو : (شمشیربازی) حریف کی جانگھ کو شمشیر کی نوک کا ہدف بنانا۔

Octave stanza : (n) مثمن: آٹھ مصرعوں کا بند یا ٹکڑا

Octavo : (n) [L. 'Octavus' .] (۱) کاغذ کے تختے کی ۱/۸ تقطیع: ثمن : آٹھواں حصہ ۔ (۲) اس تقطیع کی کتاب : ثمنی : ہشت ۔

Octavus : (a) آٹھواں : ہشتم۔

Octene : (n) [f. 'Oct (A +ene).'] اکٹین: ہشت کاربنی سلسلے کی اولینن۔

Octennial : (a) [LL. 'Octennium.'] ہشت سالہ : آٹھ سال کا: آٹھ سال کی مدت کا یا اس سے متعلق : آٹھ سال تک واقع ہونے یا قائم رہنے والا: ہر آٹھ سال پر واقع ہونے یا عود کرنے والا : آٹھ برسی۔

Octennially : (adv.) آٹھ سالوں میں ایک بار: ہر آٹھ سال پر: ہشت سالہ۔

Octet/Octette : (n) [It. 'Otetto.'] (۱) (موسیقی) ہشت نفری راگ: ثمنیّہ : ایسا نغمہ جسے آٹھ گانے والے مل کر گائیں یا جسے آٹھ آوازوں میں گایا جائے : ہشت گانہ ۔ (۲) ایک ساتھ گانے والے آٹھ مغنّیوں کی جماعت : آٹھ گویّوں یا سازندوں کا جوڑ۔ (۳) نظم کے آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا یا بند خصوصاً کسی سانیٹ کے ابتدائی آٹھ مصرعے : ہشت مصرعہ۔ (۴) آٹھ کی ٹکڑی: آٹھ کی جماعت: آٹھ کا مجموعہ: اٹّھا۔

Octile : (a) [mod. L. 'Octilis.'] آپس میں ایک دوسرے سے ۴۵ درجے (محیط کے ۱/۸) کی دری پر واقع دو سیاروں کے باہم مقابل پہلوؤں یا رخوں کے لئے کہا جاتا ہے۔

Octile : (n) آپس میں ایک دوسرے سے ۴۵ درجے کی دوری پر واقع دو سیاروں کے باہم مقابل پہلو: کسی سیارے کاوہ مقام جو دوسرے سیارے سے ۴۵ درجے کے فاصلے پر ہو (سورج یا کسی مخصوص مقام سے)۔

Octillion : (n) [fr. 'Octillion.'] ایک کروڑ کی ساتویں قوت : وہ عدد جس میں ایک کے ہندسہ کے بعد اڑتالیس صفر ہوں: ہزار سنکھ: سنکھ سنکھ : اکٹیلیون۔

Octillionth : (a) ایک کروڑ کی ساتویں قوت کا یا اس درجہ کا : ہزار سنکھ واں۔

Octine : (n) (کیمیا) اکٹائن: ہشت کاربنی سلسلے کا ہائیڈرو کاربن $-C_8 H_{14}$

Octo-/Oct-: [L.] سابقہ بمعنی آٹھ : ہشت۔

Octoher : (n) [late OE.] (۱) عیسوی سال کا دسواں مہینہ: اکتوبر: ماہ اکتوبر۔ (۲) وہ بوزہ (مالٹ سے بنائی جانے والی ایک قسم کی شراب) جسے اکتوبر میں کشید کیا گیا ہو۔

Octobranchiate : (a) (حیوانیات) ہشت خیشومہ۔

Octobrist : (n) زار کے عہد کی روسی پارلیمنٹ (۱۹۰۶-۱۹۱۷) کی اعتدال پسند سیاسی جماعت کا کوئی رکن (۲۵/ اکتوبر سنہ ۱۹۰۵ کے ایک شاہی منشور میں اس پارلیمنٹ کی دستوری شاہی حکومت کا اعلان ہوا تھا)۔

Octocentenary/Octocentennial : (n) ہشت صد سالہ برسی: ہشت صد سالہ سالگرہ۔

Octocerous : (a) [f. Octo - + cerous.] (حیوانیات) ہشت پرّہ ای۔

Octodactyl/-lous : (a) [Gr.] (حیوانیات) ہشت انگشت: ہشت انگشتہ: آٹھ انگلیوں والا: آٹھ انگلیا۔

Octodecillion : (n) ایک کروڑ کی ایک سو ساتویں قوت: وہ عدد جس میں ایک ہندسے کے بعد ایک سو آٹھ صفر ہوں :آکٹو ڈیسیلین۔

Octodecimal : (a) (بلور) اٹھارہ سطحی۔

Octodecimo : (n) [L. 'Octodecimus.'] کاغذ کے تختے کی ۱۸/۱ تقطیع: اس تقطیع کی کتاب۔

Oct dentate : (a) (حیوانیات) ہشت دندانہ : آٹھ دنتا۔

Octodon : (n) [mod. L.] (۱) جنوبی امریکا میں کترنے والے جانوروں کی ایک جنس جو چوہوں کے مشابہ ہوتی ہے : چوہے جیسا ایک امریکی جانور۔ (۲) بھونرے جیسے کیڑوں کی ایک جنس۔

Octodont : (a) (۱) آٹھ دانتوں والا: ہشت دندانہ: آٹھ دنتا۔ (۲) جنوبی امریکا کے کترنے والے جانوروں کی اس جنس کا یا اس سے متعلق جو چوہوں کے مقابل ہوتی ہے۔

Octodont : (n) اس جنس کا جانور۔

Octofid : (a) [l. -'fidus.'] (نباتیات) ہشت شگافہ۔

Octofoil : (n) ہشت برگی یا ہشت گوشی آرائشی نقش: آرائشی نقش جو ہشت گوشہ ہو : شکل ہشت برگی۔

Octofoil/-ed : (a) ہشت برگہ: ہشت برگی: ہشت گوشہ : ہشت ورقی : آٹھ ورقی : آٹھ پتیا۔

Octogamy : (n) ہشت زوجیت : آٹھ شادیاں کرنا: بہ یک وقت آٹھ بیویاں یا آٹھ شوہر رکھنا۔

Octogenarian : (a) [L. 'Octogenarius.'] اسّی سالہ : ہشتاد سالہ : اسّی سال کی عمر کا: اسّی سال کی عمر والے شخص سے متعلق : اسّی برس کے بوڑھے کا: پیر ہشتاد سالہ۔

Octogenarian : (n) اسّی سال کی عمر والا آدمی: وہ شخص جس کی عمر اسّی سال کی ہو: پیر ہشتاد سالہ: پیر فرتوت۔

Octogenarianism : (n) ہشتاد سالگی : پیرانہ سالی: اسی اور نوے سال کے درمیان کی عمر کا زمانہ۔

Octoglot : (a) [Gr.] آٹھ زبانوں میں لکھا ہوا۔

Octogynia/Octagynia : (n) [mod. L.] (نباتیات) ہشت بُقچیت۔

Octogynious/Octogynous : (n) (نباتیات) بقچہ: ہشت بقچوی : ہشت مادنیہ۔

Octohedron : (n) (ہندسہ) ہشت سطحی مجسم : مثن السطوح۔

Octoic : (a) ہشت کاربنی سلسلے کے ایک روغنی ترشوں سے متعلق۔

Octoic acid : (n) ہشت کاربنی سلسلے کا ایک روغنی ترشہ ($C_8 H_{16} O_2$)۔

Octolateral : (a) ہشت سطحی : ہشت ضلعی: ہشت پہلو: آٹھ خطوط مستقیم سے مل کر بنا ہوا۔

Octonal : (a) ثمانی: آٹھ آٹھ کا (اعداد کا سلسلہ وغیرہ)۔

Octonarian : (a) (عروض) ہشت وتدی: ہشت رکنی: آٹھ رکنی (مصرعہ)۔

Octonarius : (n) ہشت رکنی شعر: جس میں دوہرے Iambic یا Trochaic رکن ہوتے ہیں۔

Octonary : (a) [L. 'Octonarius.'] عدد آٹھ سے متعلق: آٹھ (چیزوں) پر مشتمل: آٹھواں : آٹھ در آٹھ واقع ہونے والا : آٹھ سے شروع ہونے والا : آٹھ آٹھ کا : ثمانی (اعداد کا سلسلہ وغیرہ)۔

Octonary : (n) آٹھ کا جوڑ یا مجموعہ : اٹھا : آٹھ مصرعوں کی نظم آٹھ مصرعوں کا بند یا مجموعہ : مثمن۔

Octonocular : (a) [L. 'Octoni' + E'ocular.'] (حیوانیات) ہشت چشم۔

Octopartite : (a) [L. 'Octo - + 'partite.'] آٹھ حصوں میں منقسم: آٹھ حصوں پر مشتمل۔

Octoped / Octopede : (a) [L. 'Octo +pes, ped'.] (حیوانیات) ہشت پایہ : آٹھ پیروں والا (جانور یا کوئی چیز)۔

Octopetalous : (a) (نباتیات) ہشت گلبرگہ : آٹھ پنکھڑیا : آٹھ پنکھڑیوں والا۔

Octophthalmous : دیکھو Octonocular

Octoploid : (a) (خلویات) ہشت لونیہ۔

Octopod : (n) [Gr.] (حیوانیات) اخبوط: ہشت نیشی صدفہ : ہشت پایہ حیوان۔

Octopod : (a) (حیوانیات) ہشت پایہ : آٹھ پیروں والا۔

Octopoda : (n) (حیوانیات) اخبوطان: ہشت پایاں۔

Octopodan : (a & n) دیکھو Octopod

Octopodous : (a) دیکھو Octopod

Octopus : (n) [mod. L.] (۱) ہشت نیش صرفہ: سیپ کی قسم کا کیڑا جس کے منہ پر آٹھ ڈنک ہوتے ہیں: اخطبوط: اخبوط۔ (۲) ظالمانہ منظم قوت جس کا اثر ہر طرف پھیلا ہوا ہو: عالمگیر بلا۔

Octoradial/Octoradiate/-ed : (a) [L. 'Radius.'] ہشت شعاعی؛ آٹھ شعاعوں والا۔

Octoroon : (n) [L. 'after Quadroon.] دیکھو Octaroon

Octose : (n) [Octa + Ose.] ایک کیمیائی مرکب جس کے ہر سالمے میں کاربن کے آٹھ ذرات ہوتے ہیں؛ ہشت کاربنی سلسلے کا ایک مرکب$C_8 H_{16} O_8$ ۔

Octosepalous : (a) (نباتیات) ہشت سبلہ؛ ہشت پھول پتیا۔

Octospermous : (a) (نباتیات) ہشت تخمہ۔

Octospore : (n) (نباتیات) تخمک؛ بذر جس سے نباتیات میں افزائش یا باز تولید کا عمل جاری رہتا ہے)؛ بعض ہشت تخمہ یا ہشت بذروی سمندری کائیوں کی پیدا کردہ آٹھ تخمکوں میں سے ایک؛ بذر (جمع بذور)۔

Octosporos : (a) (نباتیات) ہشت بذروی؛ ہشت تخمہ۔

Octostichous : (a) (نباتیات) ہشت منزلہ : ہشت قطارہ۔

Octosyllabic : (a) آٹھ بولی؛ ہشت ہجائی : جس میں آٹھ ہجائیں ہوں؛ ہشت ہجائی مصرعوں پر مشتمل۔

Octosyllabic : (n) ہشت ہجائی مصرعہ : ہشت ہجائی مصرعوں والی نظم؛ ہشت ہجائی نظم۔

Octosyllable : (n) ہشت ہجائی مصرعہ؛ ہشت ہجائی نظم؛ ہشت ہجائی لفظ؛ آٹھ بولی کا لفظ۔

Octosyllable : (a) ہشت ہجائی : آٹھ بولی : ہشت ہجائی مصرعوں پر مشتمل۔

Octovalent : (a) [L. 'Valentem. '] ہائڈروجن کے آٹھ ذرات کی (ترکیبی) طاقت رکھنے والا : ہشت گرفتہ۔

Octroi : (n) [fr. f. 'Octotroyer.'] (۱) چنگی : محصول چنگی : کروڑ گیری۔ (۲) چنگی کی چوکی۔ (۳) چنگی کے افسر؛ چنگی کے ملازم۔

Octroi duty : (n) (معاشیات) چنگی؛ محصول چنگی۔

Octroy : (v) [Fr. 'Octroyer.'] (حکومت کا کسی کے حقوق و مراعات وغیرہ کو) منظور کرنا؛ ماننا؛ تسلیم کرنا؛ قبول کرنا۔

Octuor : (n) [Fr.] (موسیقی) ہشت نفری راگ : ثِمنیہ؛ ایسا نغمہ جسے آٹھ گانے والے ملکر گائیں یا جسے آٹھ آوازوں میں گایا جائے : ہشت گانہ : ہشت بیت : آٹھ گویّوں یا سازندوں کی جوڑی۔

Octuple : (a) [L. 'Octuplus.'] آٹھ تہ : آٹھ گنا : ہشت چند : ثمانیہ اصناف : ہشت برابر : ہشت چنداں؛ آٹھ کا : آٹھ (چیزوں) سے مل کر بنا ہوا؛ آٹھ (چیزوں) پر مشتمل۔

Octuple : (n) وہ چیز جو کسی چیز کی آٹھ گنا ہو؛ کسی عدد کا ہشت چند عدد؛ آٹھ گنی بہ مقدار یا رقم؛ وہ چیز جو آٹھ حصوں پر مشتمل ہو : ہشت عنصری مرکب۔

Octuple : (v) آٹھ گنا کرنا؛ آٹھ سے ضرب دینا؛ ہشت چند کرنا۔

Octuple press : (n) اخبار چھاپنے کی مشین جو ہر ایک گردش میں ۶۴ صفحات چھاپتی ہے۔

Octuplet : (n) (۱) ایک ہی قسم کی آٹھ چیزوں کا جوڑ یا مجموعہ۔ (۲) موسیقی کے آٹھ سروں کا مجموعہ۔

Octuplicate : (a) ایک ہی طرح کی آٹھ کاپیوں میں بنا ہوا؛ ہشت گونہ : آٹھ تہ کیا ہوا۔

Octuplicate : (n) (۱) (ایک ہی قسم کی سات چیزوں جیسی) آٹھویں چیز۔ (۲) ایک ہی طرح کی آٹھ کاپیاں یا نقلیں۔

Octuplicate : (v) آٹھ سے ضرب دینا؛ آٹھ گنا کرنا؛ سات مرتبہ نقل کرنا؛ ایک ہی بار میں ایک اور یجنل اور سات کاربن کاپی تیار کرنا۔

Octyl : (n) (کیمیا) آکٹل؛ ہشت کاربنی سلسلے کا ہائیڈرو کاربن جس میں آٹھ ذرات کاربن کے اور سترہ ذرات ہائڈروجن کے ہوتے ہیں $(C_8 H_{17})$: بعض اوقات اسے Capryl بھی کہتے ہیں؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Octyl alcohol : (n) ہشت کاربنی الکحل؛ آکٹل الکحل۔

Octylene : (n) دیکھو Octene

Octylia : (n) Octyl alcohol کا پہلا نام۔

Octylic : (a) آکٹِلی؛ ہشت کاربنی سلسلے کے ہائیڈروکاربن کا یا اس سے متعلق۔

Octylic acid : (n) آکٹِلی ترشہ؛ ہشت کاربنی تیزاب۔

Octylic alcohol : (n) آکٹِلی الکحل؛ ہشت کاربنی الکحل۔

Ocular : (a) [f. L. 'Oculus.'] (۱) چشم دید؛ عینی (مشاہدہ) :

Oculistic : (a) طبیب چشم کا یا اس سے متعلق۔

Oculo- : (prefix) (سابقہ) آنکھ کا۔

Oculomotor : (a) (حیوانیات) محرکِ چشم (عصب)۔

Oculomotor : (n) (حیوانیات) عصب محرک چشم : محرک چشم عصب۔

Oculomotor nerve : (n) عصب محرک چشم۔

Oculonasal : (n) آنکھ اور ناک کا: چشم و بینی کا یا ان سے متعلق۔

Oculus : (n) [L.] (۱) آنکھ : چشم : خصوصاً کیڑوں کی مرکب آنکھ (بخلاف اکہری آنکھ)۔ (۲) آنکھ کی شکل کا نقطہ یا دھبا: رنگین نشان جس کے گرد دوسرے رنگ کا ہالہ ہو جیسے مور کے پر کے چاند۔ (۳) (نباتیات) برگ کلی: جس سے پتیاں پھوٹتی ہیں (بخلاف وہ جس سے پھول کھلتے ہیں)۔ (۴) (تعمیرات) کلیسا کے مغربی سرے پر ایک دائرہ نما دریچہ : گول دریچہ۔(۵) گول سوراخ کیا ہوا پتھر۔

Ocydrome : (n) [mod. L. 'Ocydromus.'] (طیوریات) نیوزی لینڈ کا ایک مقامی پرندہ جو اڑ نہیں سکتا۔

Ocypodan/Ocypode : (n) [mod. L. 'Ocypoda.'] کیکڑوں کی Ocypoda جنس یا Ocypodidae خاندان کا۔

Ocypodan/Ocypode : (n) اسی جنس یا خاندان کا کیکڑا: سرطان: خرچنگ : لمبے پیروں والا تیز رو کیکڑا جو ریتوں میں اور ساحل دریا پر بسر کرتا ہے۔

Od : (n) [Arbitrary term.] (۱) وہ مفروضہ قوت جو عالم طبعی میں جار و ساری سمجھی جاتی ہے اور مقناطیسی اور کیمیاوی عمل کی بنا پر قرار دی جاتی ہے (۲) نفسیات سرّ: آڈ۔

Oda : (n) [Turk. 'Otah , Odah.'] حرم سرا کا کوئی کمرہ : زنان خانے کا بڑا کمرہ: اس کمرے میں رہنے والیاں: حرم: بیگمات: پردہ نشیں خواتین۔

Odal : (n) [Norw. 'Odal. '] زمین لاخراج: اراضی بے لگان: وہ زمین جس کے لئے کوئی خدمت نہیں لی جاتی ہو اور جس پر مکمل حق ملکیت ہو (جیسا قدیم ٹیوٹان عوام میں ہوا کرتا تھا)۔

Odalisque : (n) [Turk . 'Odaliqi. '] کنیز : باندی: داشتہ: لونڈی : حرم: زن بردہ یا متعہ۔

Odaller : (n) [f. Odal + er .] لاخراج زمین رکھنے والا: بے لگان

آنکھوں دیکھا۔ (۲) آنکھوں کا : عینی: چشمی: بصری: نظری۔ (۳) حشریات کی مرکب آنکھ جیسا: آنکھوں کی شکل یا نوعیت کا۔ (۵) آنکھوں سے ظاہر کیا ہوا۔ (۶) آنکھ کے افعال سے متعلق : بصارت سے متعلق : بصری۔ (۷) مبنی پر مشہودات۔

The ocular dialect needs no dictionary : زبان چشم محتاج لغت نہیں ۔

Ocular : (n) (۱) دوربین یا خوردبین کا شیشہ: عدسہ: چشمہ (دوربین)۔ (۲) (مزاحاً) آنکھ۔

Ocular demonstration : (n) عینی مظاہرہ: چشم دید مظاہرہ۔

Ocular dominance : (n) (تشریح) فرقِ چشمان۔

Ocular inspection : (n) عینی مشاہدہ: معائنہ۔

Ocular measurement : (n) (عضویات) بصری پیمائش۔

Ocular testimony : (n) شہادت عینی : عینی شہادت: عینی ثبوت۔

Ocular witness : (n) (تاریخ) چشم دید گواہ۔

Ocularist : (n) (بصریات) چشم ساز: چشم مصنوعی ساز: مصنوعی آنکھ بنانے والا۔

Ocularium : (n) دیدگاہ: شگاف یا درز جو دیکھنے کے لئے بنائی گئی ہو۔

Ocularly : (adv.) آنکھ کے ذریعہ سے۔

Oculate : (a) [L. 'Oculatus.'] چشم نما دھبوں والا: جس میں آنکھ جیسے نشانات بنے ہوں یا جس میں آنکھ کی شکل کے گڈھے یا سوراخ ہوں : (حیوانیات، تشریح) چشم دار : رنگین داغوں والا۔

Oculated : (a) دیکھو Oculate

Oculauditory : (a) سمعی بصری : چشم گوشی: باصرہ و سامعہ سے متعلق۔

Oculiform : (a) چشم آسا: چشم مانند: مثل چشم : آنکھ کی شکل کا: آنکھ جیسا : (حیوانیات) چشم بردار۔

Oculist : (n) معالج چشم : آنکھوں کا ڈاکٹر : ماہر امراض چشم : ماہر امراض بصر : طبیبِ چشم: ستھیا: کحّال۔

اراضیات کا مالک۔

Odd : (n) [ME. ' Odde. '] (۱) طاق؛ فرد (جفت کا نقیض)۔ (۲) بھٹکل ؛ بھٹیل؛ اکیلا؛ بے جوڑ۔ (۳) طاق عدد کا؛ طاق نمبر کا۔ (۴) کچھ زائد؛ کچھ اوپر (جیسے forty odd چالیس سے کچھ زیادہ ، کچھ اوپر چالیس)۔ (۵) بقیہ؛ فاضل؛ زائد رقم۔ (۶) فالتو؛ شمار سے باہر ؛ سلسلے سے باہر؛ غیر معین؛ اتفاقی؛ کبھی کبھی کا۔ (۷) نرالا؛ انوکھا؛ غیر معمولی؛ عجیب غیر متجانس ؛ عجیب و غریب؛ اجنبی۔ (۸) کسی نا مکمل جوڑ یا مجموعے کو پورا کرنے والا؛ زوج؛ منفرد یا اضافی؛ باقی ماندہ؛ متفرقہ؛ پراگندہ۔

An odd number : (ریا ضیات) عدد طاق۔

An odd one : (بول چال) صرف ایک؛ اکیلا؛ تنہا؛ ایک ہی ؛ محض ایک ؛ فقط واحد۔

Any odd : کچھ بھی بچا کھچا؛ فاضل؛ چھوٹا ہوا؛ بھٹکا ہوا؛ بھولا بھٹکا؛ اکا دکا؛ اتفاق سے آ نکلنے والا ؛ اتفاقی ؛ کوئی موقع؛ کوئی اتفاق۔

Some odd : بعض یا دوسرا؛ چند ایک یا دوسرا۔

The odd : طاق عدد۔

Odd : (n) (۱) کوئی بھی طاق یا فاضل شے؛ فالتو یا باقی ماندہ شے؛ پھوٹ یا بے جوڑ چیز؛ غیر متجانس؛ غیر معمولی یا عجیب و غریب چیز یا آدمی؛ زوج یا زوجہ۔ (۲) (گولف) وہ ہاتھ (Stroke) جسے کوئی کھلاڑی اپنے حریف سے زیادہ کھیل چکا ہو؛ زائد یا فاضل ہاتھ ؛ بھٹکل ہاتھ؛ گولف کے رعایتی نمبر جو کھلاڑی کو ملتے ہیں۔

The odd : (n) (۱) طاق عدد۔ (۲) (گولف) کسی کھلاڑی کا وہ ہاتھ (Stroke) جو اس کے حریف کے مقابلے میں زائد ہو ؛ فاضل ہاتھ۔

Odd and (or) even : ایک قسم کا کھیل جس میں ہار جیت قسمت سے ہوتی ہے۔

Odd-come-short: (۱) بقایا؛ فاضل؛ تھوڑا بچا ہوا کھڑا؛ پارچۂ زائد۔ (۲) بچا کھچا؛ ٹکڑا پارچہ؛ خوردہ یا متفرق چیزیں۔

Odd-come-shortly : (خصوصاً One of these odd-come-shortly) عنقریب ؛ کسی قریب کی تاریخ میں؛ بہت جلد۔

Odd ends : باقی ساقی؛ بچا کھچا؛ ٹکڑا یا پارچہ؛ متفرق چیزیں؛ مختلف قسم کی ملی جلی چیزیں ؛ بھٹکل اور بے جوڑ چیزیں ؛ متفرقات ؛ باقی ماندہ چیزیں ؛ زوائد۔

Odd-even : (a) (نیو کلیائی طبیعیات) وہ (نیو کلیئس) جس میں پروٹون کی تعداد طاق ہو اور نیوٹران کی تعداد جفت ہو؛ طاق جفت۔

Odd hand : (n) عارضی نوکر؛ وقتی مزدور؛ بھٹکل کام کرنے والا؛ خوردہ کار ؛ چھوٹا موٹا کام کرنے والا ؛ عارضی مزدور۔

Odd job : (n) اتفاقی کام ؛ اتفاق روزگار ؛ عارضی نوکری ؛ وقتی کام ؛ بھٹکل کام ؛ خوردہ کاری ؛ چھوٹا موٹا کام ؛ جو کاموں کے کسی باقاعدہ سلسلے کا حصہ نہ ہو ؛ معمولی کام ۔

Odd jobber/Odd job man/Odd lad, man : (n) دیکھو Odd hand

Odd man : (n) دیکھو Odd hand

Odd man : (n) ثالثوں کی جماعت یا کسی کمیٹی وغیرہ کا تیسرا (پانچواں وغیرہ) شخص کی رائے (بہر دو جانب مساوی رایں ہونے کی حالت میں) فیصلہ کن ہو؛ ثالث؛ پنچ۔

Odd-man-out : (قرعہ اندازی) قرعے کے ذریعہ تین شخصوں میں سے ایک کو منتخب کرنے کا طریقہ (تینوں آدمی سکے اُچھالتے ہیں، دو کے سکے یکساں ہوں تو تیسرے کو علیحدہ کر لیتے ہیں۔

Odd numbers/-volumes : (n) رسالوں کے مختلف شمارے جن میں سلسلہ نہ ہو۔

Odd-odd : (a) (نیو کلیائی طبیعیات) وہ (نیو کلیئس) جس سے پروٹون اور نیوٹران دونوں کی تعداد طاق ہو؛طاق طاق۔

Odd-pinnate : (a) (نباتیات) زائد پرّہ دار۔

Odd things : (n) دیکھو Odd ends

Odd trick : (n) Whist کے کھیل میں تیرھواں ہاتھ (جب دونوں فریقوں کے چھ چھ ہاتھ بن چکے ہوں)۔

Odd fellow : (n) سماجی یا خیراتی کاموں کے لئے اس نام سے قائم کی ہوئی کسی خفیہ جماعت ، برادری، سلسلے یا تنظیم کا کوئی رکن۔

Oddish : (a) نرالا سا؛ انوکھا سا؛ عجیب سا۔

Oddity : (n) (۱) انوکھاپن نرالا پن؛ بوالعجبی۔ (۲) انوکھی صفت؛ نرالی بات؛ عجیب و صف۔ (۳) عجیب آدمی؛ انوکھا

آدمی۔ (۳) انوکھا واقعہ؛ انوکھی چیز؛ عجیب و غریب چیز یا واقعہ۔

Oddly : (adv.) نرالی طرز پر؛ انوکھے ڈھنگ سے : عجیب انداز سے؛ عجب طرح سے۔

Oddments : (n) ٹکڑرا پارچہ؛ بچی کھچی چیزیں؛ مختلف چیزیں؛ متفرق چیزیں؛ فاضل یا پھٹکل چیزیں؛ خصوصاً کباڑ؛ کباڑ خانے کی چیزیں جو فروخت کے لئے ہوتی ہیں۔

Oddness : (n) (۱) بوالعجبی؛ نرالاپن؛ انوکھا پن؛ ندرت۔ (۲) طاق ہونا؛ یکتائی۔ (۳) پھٹکل ہونا۔ (۴) فالتو ہونا۔

Odds : (n) (۱) عدم مساوات؛ نا برابری؛ پھٹکل یا غیر مساوی چیزیں۔ (۲) فرق؛ تفاوت۔ (۳) نزاع؛ مخالفت ؛لڑائی۔ (۴) غلبہ : جھکا ہوا پلہ : تفوّق۔ (۵) رعایت (جو کسی کھیل کے مقابلے میں کمزور فریق کے ساتھ کی جائے)۔ (۶) (شرط بازی) دونوں طرف سے جو بازیاں لگائی جائیں ان کی باہمی نسبت۔ (۷) قوی امکان؛ گمان غالب۔ (۸) بچا کھچا؛ متفرق چیزیں؛ متفرقات؛ ٹکڑے پارچے؛ خوردہ اشیاء۔

At odds : (۱) مقابل ہونا؛ متنازع ہونا؛ جھگڑا کرنا۔ (۲) کسی کے حق (یا مخالفت) میں فائق یا غالب فریق کے ساتھ ہونا؛ کسی کی موافقت میں یا کسی کے خلاف جھکے ہوئے پلے پر ہونا۔

By all odds : حتی الامکان؛ تمام امکانات کے ساتھ۔

It is odds (that, but) : قوی امکان یہ ہے کہ : گمان غالب ہے کہ۔

It is or makes no odds : (n) (روز مرہ) اس میں کوئی حرج نہیں؛ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

The odds are : گمان غالب ہے کہ؛ قوی امکان یہ ہے کہ۔

To be at odds with fate : تقدیر سے ان بن ہونا۔

To give (laty, etc.) odds : فریق کے حق میں شرط بدنا؛ شرط لگانا۔

To lay or give odds of three to one : ایک اور تین کی شرط کرنا؛ یہ شرط کرنا کہ جیتے تو ایک لیں گے اور ہارے تو تین دیں گے۔

To make odds even : عدم مساوات کو روکنا؛ ہموار کرنا۔

To take odds : ایسی شرط قبول کرنا جو اپنے حق میں ہو (یعنی شرط لگانے والا جیتنے پر کم لینے اور ہارنے پر زیادہ دینے کو تیار ہو)؛ ایسی شرط لگانا کہ جیتے تو زیادہ لیں گے اور ہارے تو کم دیں گے۔

Whats the odds : اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ اس میں کیا حرج ہے؟

Odds and ends : دیکھو Odd ends

Odds or evens : بول چال میں Odd and (or) even کی بجائے مستعمل ہوتا ہے۔

Oddvalent : (a) (کیمیا) طاق گرفتہ۔

Ode : (n) [LL. 'Oda , Ode.' یونانی] (۱) غنائی نظم؛ غزلیہ نظم؛ گیت؛ یونانی ڈرامے کا کورس نغمہ (جسے سب مل کر گاتے تھے)۔ (۲) تشبیب (پچاس سے دو سو مصرعوں تک پرجوش غنائی نظم جس میں کسی سے خطاب کیا جائے)۔ (۳) (یونانی کلیسا) نغمات سلیمان (توریت)؛ مناجاتی نغمے؛ نغمات حمد؛ نیز کسی سلسلے کا ہر نغمہ یا مناجات جسے Canon of the odes بھی کہتے ہیں۔

Choric odes : (n) یونانی ڈرامے کا کورس نغمہ جسے سب مل کر گاتے تھے۔

Ode : (suffix) [Gr.] لاحقہ بمعنی ـــ کی قسم یا خاصیت کا۔

Odelet : (n) کوئی مختصر یا چھوٹی غنائی نظم یا تشبیب۔

Odeum : (n) [Gr.] (قدیم یونان و روما کا) سرود خانہ؛ تھیٹر جیسی چھت دار عمارت جہاں گانے بجانے کی محفل جمتی تھی (نیز جدید معنوں میں)؛ کوئی ہال جو گانے بجانے کے لئے مخصوص ہو۔

Odic : (a) [f. 'Od +ic.'] غنائی نظم کا یا اس سے متعلق۔

Odic : (a) [f. 'Ode +ic.'] (نفسیات) عالم طبعی میں جاری و ساری مفروضہ قوت کا یا اس سے متعلق۔

Odin : (n) [f. on . 'Othim.'] اودین؛ ناروی دینیات کا بڑا دیوتا جسے آبائے کل (All father) کہا جاتا ہے اور جو قدیم اسکینڈینیویائی عوام کے دینی عقائد اور قبل مسیح قدیم انگلستان کے دیوتا Woden کا ہم رتبہ تھا۔

Odinan/Odinic/Odinitic : (a) اودینی؛ اودین پرست؛ اودین کا یا اس سے متعلق؛ اودین پرستی سے متعلق۔

Odinism : (n) اودینیت؛ اودین پرستی اودینی مسلک۔

Odinist : (n) اودین کا پرستار؛ اودینیت کا زبردست حامی؛ اودینی مسلك کا مطالعه کرنے والا؛ اودینیت کا طالب علم (نیز توصیفی معنوں میں یا بطور صفت)۔

Odinometer : (a) رائحه سنج؛ عطر سنج؛ بوپیما۔

Odious : (a) [L. f. 'Odium.'] قابل نفرت؛ نفرت انگیز؛ ناگوار؛ کریہه؛ بدبودار؛ مکروه : گھناؤنا۔

Odiously : (adv.) نفرت انگیز طریقے سے؛ گھناؤنے طور پر؛ ناگوار انداز میں۔

Odiousness : (n) قابل نفرت ہونا؛ مکروه ہونا؛ کراہیت : نفرت انگیزی : نا گواریت : گھناؤناپن۔

To oil the wheels : (۱) پہیوں کو چکنا کرنا۔ (۲) معاملات کو روبرو طے کرنا۔

Oil and vinegar : آگ پانی کا ساتھ؛ اجتماع ضدّین۔

Oil-bag : (n) (۱) جسم حیوانی میں روغن دار تھیلی یا غدہ (جس میں روغن رہتا یا جس سے خارج ہوتا رہتا ہے)۔ (۲) دبا کر یا نچوڑ کر تیل نکالنے کا تھیلا۔ (۳) تیل رکھنے کا تھیلا۔

Oil-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو چھیڑنے یا جگائے جانے پر ایک قسم کا روغنی سیّال خارج کرتا ہے : تیلیا بھونرا۔

Oil-bird : (n) مختلف پرندوں کا نام جن سے تیل نکلتا ہے؛ خاص کر جنوبی امریکا اور Trinidad کا ایک شبگیر پرند جس کا تیل قیمتی ہوتا ہے۔

Oil-bush : (n) دھرے میں لگا ہوا ساکٹ (جس میں دھرا گھومتا ہے اور) جس میں تیل بھرا رہتا ہے۔

Oil-cake : (n) کھلی؛ کھلی کی ٹکیا۔

Oil-can/ -cellar : (n) (۱) تیل کا کپا یا کپی : تیل رکھنے کا برتن؛ تیل جمع رکھنے کی ٹنکی۔ (۲) کسی مشین میں تیل کی ٹنکی؛ تیل کپی۔

Oil-cloth : (n) روغنی کپڑا؛ اب روک بنانے کے لئے تیل کے ذریعہ تیار

جاتی ھے۔

Oil-mill : (n) کولہو : تیل پیلنے کی مشین: تیل کا کارخانہ جہاں مشینوں کے ذریعہ تیل نکلتا ھے۔

Oil-nut : (n) مختلف بیج (گری یا مغز دار پھلوں) یا بڑے بیجوں کا نام جن سے تیل نکلتا ھے: تلہن: وہ بیج جن سے تیل نکلتا ھے: نیز وہ پودے جن سے یہ بیج پیدا ھوتے ہیں مثلاً ارنڈی وغیرہ۔

Oil of vitriol : (n) (کیمیا) گاڑھا گندھک کا تیزاب۔

Oil-paint : (n) دیکھو Oil-colour

Oil-painting : (n) (۱) روغنی رنگوں کی مصوری: روغن تصویر کشی: روغنی مصوری کا فن۔ (۲) روغنی تصویر: روغنی مصوری کا نمونہ۔

Oil-palm : (n) نخل کی وہ قسم جس سے تیل حاصل ھوتا ھے۔

Oil-paper : (n) روغنی کاغذ: تیل لگا کر آب روک یا شفاف (ایسا کہ آر پار نظر آئے) بنایا ھوا کاغذ۔

Oil-press : (n) میوے، بیج وغیرہ سے تیل نکالنے کا آلہ یا مشین: کولہو۔

Oil-presser : (n) دیکھو Oil-press

Oil-pump : (n) (میکانیات) تیل پمپ۔

Oil-sand : (n) تیل پیدا کرنے والی ریتیلی چٹان کی پرت: ریتیلی چٹان کی وہ پرت جس سے تیل نکلتا ھے۔

Oil-seed : (n) تخم روغنی: تیل کے بیج: تلہن (وہ بیج جن سے تیل نکلتا ھے مثلاً سرسوں، السی وغیرہ)۔

Oil-shark : (n) شارک مچھلی کی کوئی بھی قسم جن سے تیل حاصل ھوتا ھے: خصوصاً کیلیفورنیا کی Galeorhinus - ZyOpterus

Oil-sheet : (n) روغنی کاغذ یا کپڑے کا بڑا ٹکڑا: موم جامہ۔

Oil-spring : (n) معدنی تیل کا چشمہ۔

Oil-stock : (n) (کلیسائی) روغن پاک رکھنے کا برتن۔

Oil-stone : (n) (ارضیات) تیل سلی: روغنی پتھر: چکنا پتھر (جو سان کا کام دیتا ھے)۔

Oil-test : (n) آزمائش یا تدبیر جس کے ذریعہ تیلوں کے نقطۂ تجلی، نقطۂ سوزش، چکناہٹ وغیرہ کو معلوم کیا جاتا ھے۔

Oil-tester : (n) تیلوں کی سوزش، چکناہٹ وغیرہ کو معلوم کرنے کا آلہ۔

Oil-tree : (n) وہ درخت جن سے تیل حاصل ھوتا ھے (مثلاً ارنڈی، ایلوپی، مہوا وغیرہ)۔

Oiled : (a) (۱) تیل سے چکنا کیا ھوا: تیل لگا یا ھوا۔ (۲) تیل میں ڈبویا ھوا، بھیسا ھوا یا محفوظ کیا ھوا۔ (۳) روغن دار کیا ھوا: موم جامہ کیا ھوا: روغنی بنایا ھوا (مثلاً کپڑا)۔ (۴) پگھلا کر تیل بنایا ھوا۔ (۵) شراب پئے ھوئے: مخمور: نشے میں (عامیانہ)۔

Oiler : (n) (۱) تیل مالش کرنے والا: تیل لگا کر پہیوں کو چکنا کرنے والا: تیل دینے والا: تیل کی کپی: تیل دینے کا آلہ۔ (۲) (مکھن وغیرہ) کو پگھلا کر تیل (گھی) بنانے والا۔ (۳) (مجازاً) خوشامدی: چاپلوس: روغن قاز ملنے والا۔ (۴) تیل لینے والا یا تیل سے چلنے والا (جہاز)۔

Oilery : (n) تیل فروشی: تیل فروش کی دکان یا اس کا ذخیرہ: تیلی کا پیشہ۔

Oilily : (adv) چکناہٹ کے ساتھ: خوشامد سے: چاپلوسی سے۔

Oiliness : (n) چکناہٹ: خوشامدی پن سے۔

Oiling ring : (n) (انجینیئرنگ) تیل پلا حلقہ: تیل پلانے والا حلقہ۔

Oilless : (a) بے روغن: جس میں تیل نہ ھو یا جس سے تیل نہ نکلتا ھو: جو تیل لگا کر چکنا کیا ھوا نہ ھو: جسے تیل سے چکنا کرنے کی ضرورت نہ ھو۔

Oillet : (n) [OFr. 'Oillet.'] دیکھو Oeillet

Oilman : (n) (۱) روغن فروش: تیلی: تیل پلیلنے یا بیچنے والا۔ (۲) مشینوں میں تیل دینے والا: آئل مین۔

Oilskin : (n) (۱) موم جامہ: تیل کے ذریعہ واٹر پروف بنایا ھوا کپڑا۔ (۲) ایسے کپڑے کی بنی ھوئی پوشاک۔

Oilstone : (n) سان پر تیز کرنا: تیل سلی پر رگڑ کر تیز کرنا۔

Oily : (a) (۱) روغنی: تیل سے چکنا کیا ھوا: چرب: تیل جیسا: تیل میں بھیگا ھوا: تیل میں ڈوبا ھوا: روغن دار: تیل لگایا ھوا: تیل سے چکنا کیا ھوا۔ (۲) (مجازاً) خوشامدی: چاپلوس: چکنی چپڑی باتیں کرنے والا: عیار: چلتا

Olacaceae : (n) گرم ملکوں کے درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم جس کے پتے غیر مرکب، یك خلیوی، بیضه دان والے ننھے پھول اور ایك بیج والے پھل ہوتے ہیں ۔

Olacaceous : (a) گرم ملکوں کے درختوں اور جھاڑیوں Olacaciae کے سلسلے سے متعلق ۔

Olam : (n) [Heb .] مدت مدید: یك عمر: ایك طویل مدت: وسیع مدت ۔

Olax : (n) [L. L.] سدابہار درختوں اور جھاڑیوں کی ایك نوع جو ایشیاء افریقہ اور آسٹریلیا کے گرم خطوں میں پائی جاتی ہے (اس کی پتیاں دوہری اور پھول ننھے خوشبودار ہوتے ہیں جن میں تین حامل زر ہوتے ہیں ۔

Old : (a) [OE. 'ald.'] (۱) بوڑھا :سال خوردہ :عمر رسیدہ:سن رسیدہ : معمر: پیر: دیرینہ سال ۔ (۲) ضعیف: پرانا: تجربہ کار: گرگ باراں دیدہ: خرّانٹ: سرد و گرم چشیدہ : پختہ مغز: ماہر ۔ (۳) پرانا: فرسودہ: بوسیدہ: ازکار رفتہ : خوب استعمال کیا ہوا: گھسا پٹا. (۴) قدیم: پرانا: عہد قدیم کا: ابتدائی: بدوی فطرت کا: ماضی بعید کا. (۵) مشاق: پکّا ۔ (٦) سالہ : برس کا: سال کا: دن کا: ماہ کا: (مثلاً Four years old = چار سالہ، چار برس کا) ۔ (۷) دقیانوسی: باوا آدم کے وقت کا: فرسودہ : متروك ۔ (۸) (بول چال) بڑا: کثیر: بہت: بے انتہا: بہ افراط: قابل احترام: عظیم الشان (good, grand, right وغیرہ کے بعد استعمال ہوتا ہے) ۔ (۹) میکانیکی طور پر اس کا اطلاق بہت زیادہ پاور کے چشموں یا شیشوں پر ہوتا ہے ۔ (۱۰) بہت پہلے کا بنایا یا تشکیل دیا ہوا: (شاعری) عنصری: ابتدائی: اصلی: ازلی ۔ (۱۱) بہت زمانے سے جانا پہچانا ہوا ۔ (۱۲) ابتدائی زمانے کا: زندگی کے ابتدائی سالوں کا ۔ (۱۳) پہلے کا: پہلا: اول: اولین (وقت یا وقوع کے لحاظ سے) ۔ (۱۴) بہت زمانے سے مشہور : پرانے زمانے سے آبادیا بسا ہوا (ملك، شہر وغیرہ) ۔ (۱۰) برا: شیطان صفت (مزاحاً بڑے لوگوں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے) ۔

My old bones : مجھ سا ضعیف آدمی ۔

My old man : (روز مرہ) خاوند: شوہر ۔

My old woman : (روز مرہ) بیوی ۔

My old standing : قدیم : دیرینہ ۔

The good old times : قدیم زمانہ: قدیم رسم و رواج ۔

The old country/Old home : (۱) نو آبادیوں کے لوگ اپنے اصلی وطن کو کہتے ہیں ۔ (۲) برطانیۂ

ہوا: ناقابل اعتبار: پھسل جانے والا ۔

Oily grain : (n) تل : کُنجد ۔

Oino - : دیکھو -Oeno

Oinology : (n) (کیمیا) خمریات: علم مے ۔

Ointment : (n) [OFr 'Oignement.'] جلد پر لگانے کی چکنی دوا یا لیپ : ضماد: مرہم : روغن: مالش کی دوا ۔

Oireachtas : (n) [Ir.] آئرستان کی فری اسٹیٹ کی مجلس وضع قوانین ۔

O. K. : (ابتداً امریکا) البانیہ کے قریب ایك مقام- Old kinder hook- کے نام کے ابتدائی حروف جو ڈیمو کریٹك پارٹی کے امیدوار مارٹن وان برن کی جائے پیدائش تھی اور جسے پہلے بطور نعرہ استعمال کیا جاتا تھا اور اب اسے منظوری ، رضامندی وغیرہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور Oll Korrect (All Correct) سب ٹھیك ہے کا قائم مقام تصور کیا جاتا ہے ۔

Oka/Oke : (n) [Turk . 'Okka.'] ترکی اور مصری پیمانۂ وزن: اوکّا: اوقیہ (جو پونے تین انگریزی پونڈ کے برابر ہوتا ہے) : نیز پیمائش کا ایك ظرف (جو ایك چوتھائی یا ربع گیلن کا دو تہائی ہوتا ہے) ۔

Okapi : (n) [Mbuba (congs)-] سنہ ۱۹۰۰ء میں سرہری جانسٹن کا دریافت کیا ہوا مرکزی افریقہ کا ایك جگالی کرنے والا جانور جس کے جسم کے کچھ حصوں پر چمکیلی دھاریاں ہوتی ہیں اور بعض باتوں میں زراف، ہرن اور زیبرا سے مماثلت رکھتا ہے: (حیوانیات) افریقی زراف: اوکافہ ۔

Okay : دیکھو O. K. :

Okenite : (n) [f. lorenz 'Oken.'] (معدنیات) چونے کا آبدار سلیکیٹ جو سفیدی مائل نیم شفاف ہوتا ہے: اس سلیکیٹ سے بنی ایك ریشہ دار معدنی چیز ۔

Okimono : (n) [Japanese.] جاپانیوں کا ایك منقّش زیور ۔

Okro/Okra : (n) (نباتیات) بامیہ: بھنڈی ۔

-ol : (suffix) (۱) (کیمیا) الکحل کے مرکبات کے ناموں میں آتا ہے ۔ (۲) روغن کے معنی دیتا ہے ۔

Ola : (n) Olla متبادل بمعنی برگِ نخل: تاڑ کا پتا (جو لکھنے کے لئے ہو): اس پر لکھی ہوئی دستاویز ۔

عظمیٰ : گریٹ بریٹین ۔

The old Dominion : (۱) امریکا کے لوگ ورجینیا (Verginia) کو کہتے ہیں ۔ (۲) انگلستان یا برطانیۂ عظمیٰ سے باہر کے ممالك جو انگریزی تاج کے زیرنگیں تھے ۔

The old Hundredth : ایك مناجات ۔

The old man : (عیسوی دینیات) انسان کی اصلی فطرت (جو معصیت پر مبنی ھے) ۔

The old one/The old gentle man : (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

To have a fine, good, high and old times : (عامیانہ) لطف اٹھانا: حظ اٹھانا: عیش منانا ۔

Young and old : چھوٹے بڑے سب: ہر پیر و جواں : ہر شخص ۔

Old : (n) (۱) (جمع) بوڑھے لوگ: ضعیف العمر افراد ۔ (۲) (جمع) دو سال سے زیادہ اور چار سال سے کم پرانی ہاپ (ایك قسم کی بیل جس کے مخروطی پھل شرابوں میں تلخی لانے کے کام آتے ہیں) ۔ (۳) دور قدیم: زمانۂ قدیم: عہد عتیق ۔

The old : (۱) بوڑھے : ضعیف العمر لوگ ۔ (۲) قدیم شے یا اشیاء ۔

Old age : (n) ضعیفی: کبر سنی: معمری : بڑھاپا ۔

Old age pension : وہ وظیفہ جو ٦٥ سے ٧٠ سال تك کے بوڑھوں کو ملتا ھے ۔

Old and young : (n) بوڑھے جوان سب : ہر پیر و جواں: ہر شخص ۔

Old bachelor : (n) دیرینہ مجرد: پکّا مجرد: جنم کنوارا ۔

Old bird : (n) تجربہ کار : گرگ باراں دیدہ: (خاص کر) تجربہ کار یا ماہر چور ۔

Old boy : (n) کسی مدرسے کا سابق طالب علم (جمع) ابنائے قدیم ۔

Old boy/-chap/-fellow : (خطاب کے موقع پر) یار: دوست ۔

Old Christmas day : (n) پرانے انگریزی کیلنڈر کے مطابق منایا جانے والا کرسمس جب نئے سال کا آغاز ٢٥/ مارچ سے ہوتا ھے ۔

Old-clothes : (n) پھٹے پرانے کپڑے ۔

Old-clothe sman : (n) پھٹے پرانے یا استعمال کئے ہوئے کپڑے بیچنے والا ۔

Old-clothes shop : (n) وہ دکان جہاں پرانے یا استعمال کئے ہوئے کپڑے بکتے ہیں: پرانے کپڑوں کی دکان ۔

Old-comedy : (n) قدیم کامیڈی: یونانی کامیڈی کی تاریخی تقسیم جس کے مطابق قدیم کامیڈی میں زیادہ تر سیاسی سوانگ بھرے جاتے ہیں ۔

Old-countries : (n) قدیم ممالك: مذہب اور متمدن ممالك: ترقی یافتہ ممالك ۔

Old dragon : (n) خزانے کا محافظ سانپ: اژدہا: (مجازاً) خزانے یا عصمت کا محافظ: لڑکیوں کی نگراں عورت ۔

Old enemy/-adversary : (n) پرانا دشمن: پرانا حریف : شیطان: ابلیس ۔

Old England/-France/-Spain : (تاریخ) امریکی نو آبادی بننے سے پہلے کا انگلستان، فرانس، اسپین ۔

Old ewe disease : (n) حاملہ بھیڑوں کی ایك بیماری جوکاربوہائیڈریٹ کی کمی کے باعث ہوتی ھے اور جس میں سستی، چکراور موت ہوا کرتی ھے: یہ عموماً اُن بھیڑوں کو ہوا کرتی ھے جن کے پیٹ میں دو تین بچے ہوتے ہیں ۔

Old-fangled : (a) [after ' new-fangled.'] (۱) قدیم: سال خوردہ: قدیم وضع کا (بہ لحاظ صورت یا سیرت) ۔ (۲) پرانے طریقوں سے چپکا ہوا: قدامت پسند: دقیانوس ۔ (۳) (بول چال) سیانا: قبل از وقت اپنے بڑوں کا سا طور طریق رکھنے والا: چتر : چوکس ۔

Old-fangledness : (n) دقیانوسیت: قدامت پسندی: پرانی وضع کا ہونا ۔

Old fashion : (n) پرانی روشنی : قدیم وضع ۔

Old-fashioned : (a) دیکھو Old fangled

Old-fashionedness : (n) قدامت: قدامت پرستی ۔

Old-gentleman : (n) (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

Old girl : (n) کسی مدرسے کی سابق طالبہ: اولڈ گرل ۔

Old glory : (n) ستارے اور آڑی پٹیاں (امریکا کا قومی نشان) ۔

Old gold : (n) پھیکا سنہرا رنگ ۔

Old hand : (n) (۱) مشاق: تجربہ کار: کار آزمودہ: کاروان: کارکردہ ۔ (۲) مجرم : سزا یافتہ: جو سزا کاٹ چکا ہو ۔

Old Harry/ -Nick/ -Scratch : (عامیانہ) شیطان: ابلیس ۔

Old hat : (n) پرانی: فرسودہ: متروک: غیر مروجہ شے ۔

Old head on young shoulders : جوانی میں بوڑھوں کی سی دانشمندی ۔

Old lady of threadneedle street : (n) بنک آف انگلینڈ ۔

Old London/ -Paris : قدیم لندن، پیرس یا اس کے آثار باقیہ ۔

Old maid : (n) (۱) بوڑھی کنواری ۔ (۲) با اصول اور بے چین طبیعت کا شخص ۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا ۔ (۳) تاش کا ایک کھیل ۔

Old-maidish/-maidenish/-miadeny : (a) بوڑھی کنواریوں کا سا ۔

Old-maidery/-maidism : (n) بوڑھی کنواریوں کے عادات و خصائل ۔

Old man : (n) (۱) بوڑھا آدمی: بڑے میاں: شوہر: باپ ۔(۲) (دینیات) غیر ہدایت یافتہ فطرت انسانی: گمراہ فطرت انسانی ۔ (۳) جمائکا کا ایک پرند: ککّو : (جو کوئل جیسا اور خوش آواز ہوتا ہے) ۔ (۳) (آسٹریلیا) بوڑھا کنگارو (نر) ۔ (۵) جنوبی یورپ میں ہونے والی ایک قسم کی خوشبودار جھاڑی کا نام جو پہلے دواؤں میں کام آتی تھی(اس کی پتیاں بالوں کی طرح سفید ہوتی ہیں) ۔ (٦) (معدنیات) پرانی کان: کان کا وہ حصہ جو بہت دنوں سے چھوڑا ہوا ہو: نیز وہ ڈھیر یا تو دہ جس میں خام دھات موجود نہ ہو ۔ (۷) (بحری عامیانہ) جہاز کا کپتان ۔ (۸) تسمہ پا: وہ شخص جو بلا بن کر پیچھے پڑ جائے ۔

Old man of the sea : (n) تسمہ پا: وہ شخص جو بلا بن کر پیچھے پڑ جائے ۔

Old man's beard : (n) ایک قسم کا طفیلی پودا : ایک قسم کی کائی ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی دار جنگلی بیل جو راہ میں لٹکتی جھولتی رہتی ہے ۔ (۳) ایک قسم کا پودا ۔ (۳) Compositae نوع کی جنوبی یورپ کی ایک خوشبودار جھاڑی جس کی پتیاں بالوں کی طرح سفید ہوتی ہیں ۔

Old Masters : (n) (۱) مصوری کے قدیم اساتذہ ۔ (۲) ان اساتذہ کی تصویر ۔ (۳) رائل اکاڈمی کی نمائش جو سردی کے موسم میں ہوتی ہے ۔

Old May-day/-Michaelmas- : (n) پرانے انگریزی کیلنڈر کے مطابق منائے جانے والے عیسائی تیوہار جب نئے سال کا آغاز ۲۵ / مارچ سے ہوتا تھا ۔

Old school tie : (n) مخصوص وضع کی نکٹائی جو پہلے کسی خاص (سرکاری) اسکول کے اراکین پہنتے تھے اور جو خیال و عمل کے ایک روایتی انداز سے انتہائی وفاداری ظاہر کرنے کے لئے علامت کے طور پر استعمال کی جاتی تھی ۔

Old serpent : (n) دیکھو Old dragon

Old squaw : (n) ایک قسم کی لمبی دم والی بط یا مرغابی ۔

Old style : (a) طرز قدیم کا: قدیم وضع کا: پرانے فیشن کا: قدیم: سال خوردہ: دقیانوسی: قدامت پسند: دقیانوس ۔

Old style : (n) طرز قدیم: تاریخیں لکھنے کا ایک طریقہ : خصوصاً قدیم انگریزی تقویم (کیلنڈر) جس کے مطابق سال کا آغاز ۲۵ / مارچ سے ہوتا تھا (اسے یونان کے پوپ گریگوری سیزدہم نے ۱۵۸۲ء میں طرز نو بخشا جس کے مطابق یکم جنوری سے سال کا آغاز مانا گیا مگر انگلستان طرز قدیم ہی پر قائم رہا: انگلستان اور اسکاتستان نے اس طرز کو ۱۷۵۱ء میں ایک قانون پاس کر کے ۱۷۵۲ء سے اختیار کیا جو اب تک رائج ہے ۔

Old testament : (n) (دینیات) عہد نامۂ عتیق: توریت ۔

Old time/-times : (a) (۱) اگلے وقتوں کا: پرانے زمانے کا: قدیم: کہنہ: دقیانوسی : پرانا ۔ (۲) تجربہ کار : کار آزمودہ: ماہر: مشاق ۔

Old-timer : (n) (۱) (خاص کر امریکا) مشاق : تجربہ کار: ماہر: کار آزمودہ : بوڑھا: معمر: سن رسیدہ شخص ۔ (۲) پرانی وضع کی چیز : قدیم شے : پرانے زمانے کی چیز ۔

Old tom : (n) ایک قسم کی تیز جن (شراب جو اناج سے کشید ہوتی ہے) ۔

Old wife/Old-wife : (n) (۱) (تحقیراً) بڑھیا: بوڑھی عورت ۔ (۲) ایک قسم کی لمبی دم والی بط یا مرغابی ۔ (۳) مختلف قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Old wine : (n) پرانی شراب: شراب کہنہ : بادۂ کہن ۔

Old wives fable/-story/-tale : (n) معمولی قصے کہانیاں جو بوڑھی عورتیں سنایا کرتی ہیں۔

Old woman : (n) (۱) بوڑھی عورت؛ ضعیفہ۔ (۲) وہمی شخص : ذرا سی بات میں گھبرا جانے والا؛ ڈرپوک آدمی؛ زنان منتری۔ (۳) بیبی : ماں (بازاری)۔ (۴) دودکش کا ڈھکنا یا قبہ نما ٹوپ۔

Old-womanish/-Womanishly : (a) وہمی پن کا؛ بزدلانہ : بوڑھیوں کا سا؛ وہمی؛ ڈرپوک : بز دل۔

Old-womanishness/-Womanliness : (n) بزدلی؛ بوڑھیوں کا سا وہمی پن۔

Old-womanly : (a) وہمی ڈرپوک؛ بزدل؛ بوڑھیوں کا سا۔

Old woman's fable/-tale/-story : دیکھو Old wives fable

Old -world : (a) (۱) عہد عتیق کا؛ پرانے زمانے کا؛ قدیم؛ پرانے زمانے کی خصوصیت کا حامل؛ پرانی وضع کا؛ دلکش؛ دلفریب۔ (۲) غیر امریکی؛ پرانی دنیا کا ٠ برّ قدیم کا؛ زمین کے نیم مشرقی کرّے کا؛ یورپی : ایشیائی؛ یوریشیائی۔

Old world : (n) زمین کا مشرقی نیم کُرّہ؛ پرانی دنیا؛ برّ قدیم؛ نصف کرّہ مشرقی؛ خاص کر یورپ، ایشیا، وغیرہ جو امریکا کی دریافت سے قبل مشہور تھے۔

Olden : (a) پرانا؛ قدیم؛ کہنہ؛ دیرینہ؛ عہد رفتہ کا؛ قدیم زمانے کا۔

Olden : (v) (۱) بوڑھا کرنا؛ ضعیف کرنا۔ (۲) بوڑھا ہونا : ضعیف ہونا۔

Older : (a) نسبتاً زیادہ بوڑھا؛ زیادہ چھپانا؛ زیادہ کہن سال۔

Oldest : (a) معمر ترین؛ سب سے زیادہ بوڑھا؛ سب سے زیادہ کہن سال؛ سب سے پہلے کا؛ سب سے زیادہ پرانا۔

Oldest profession : (n) عصمت فروشی؛ عزت فروشی؛ رنڈی پن؛ بیسوا پن : قحبہ پن؛ اپنی قابلیت وغیرہ کا غلط استعمال کرنا۔

Oldish : (a) پرانا سا؛ کسی قدر پرانا۔

Oldness : (n) بڑھاپا : کہن سالی؛ ضعیف العمری : قدامت : کہنگی؛ پرانا پن۔

Oldster : (a) بڑا : پختہ عمر شخص؛ (خاص کر) جہاز کا وہ افسر جو اس میں چار سال رہ چکا ہو۔

Ole : (interj.) [Sp. 'f. Arab. wallah.'] واہ! بہت خوب! واللہ! شاباش! (اچھی کارکردگی کے موقع پر شاباشی دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

Ole -/Oleo -/Olei- : (Comb.) [L. 'Olei , f .'Oleum.'] جزو ترکیبی بمعنی روغن، تیل۔

Olea : (n) [mod. L.] درختوں کی ایک جنس جن کے پھلوں سے تیل حاصل ہوتا ہے : زیتون : (نباتیات) جنس زیتون۔

Olea : Oleum کی جمع۔

Olea cuspidate : (n) (نباتیات) زیتون ہندی۔

Olea Europa : (n) (نباتیات) زیتون۔

Oleacea : (n) گوم خطوں کے درختوں اور جھاڑیوں کی اس جنس کا نام جس میں زیتون بھی شامل ہے؛ (نباتیات) زیتون۔

Oleaceous : (a) Oleacea کی جنس کا؛ (نباتیات) زیتونی۔

Oleaginous : (a) (۱) جس میں تیل یا تیل کی خاصیت موجود ہو : روغنی : روغن دار؛ تیل جیسا؛ چکنا؛ چربی دار۔ (۲) جس سے تیل نکلتا ہو۔

Oleaginousness : (n) روغنیت؛ چکنائی؛ چکناہٹ؛ روغن داری۔

Oleander : (n) [med. L.] ایک سدا بہار زہریلی بوٹی جو بحر روم کے ساحل پر پائی جاتی ہے؛ اولینڈر؛ کنیر؛ خر زہرہ؛ کنیر کا درخت۔

Oleanderine : (n) (کیمیا) اولینڈر سے تیار کیا ہوا ایک زرد ، زہریلا اور تلخ القلائڈ۔

Oleaster : (n) (۱) عتمہ؛ جنگلی زیتون؛ خودرو زیتون۔ (۲) ایک زرد رنگ کے خوشبودار پھولوں کا پودا جو زیتون سے مشابہ ہوتا ہے (اس کے پھل سرخی مائل ہوتے ہیں جن کو کھایا نہیں جاتا)۔

Oleate : (n) (کیمیا و دوا سازی) Oleic acid کا ایک نمک؛ نیز اس کا اطلاق دوا سازی میں اس مرکب پر ہوتا ہے جو اس نمک میں القلائڈ یا میٹلک اکسائڈ یا نمکیات کو حل کر کے تیار کیا جاتا ہے۔

Olecranal/ -nial/ -nian : (a) زجی؛ کہنی کی ہڈی کے ابھار سے متعلق۔

Olecranon : (n) [Gr.] : (تشریح ، حیوانیات) زج؛ کہنی کا ابھار یا نوک

کلائی کی بچلی ہڈی کے اوپرکی سرے کا ابھار جو کہنی پر نمایاں ہوتا ھے۔

Fossa olecranon : (تشریح) خضرۂ زُ جی۔

Olecranon process : (n) (حیوانیات) زج؛ زائدۂ زجی۔

Olefiant : (a) [Fr. 'Olefiant.'] (کیمیا) روغن ساز: Ethylene کا ابتدائی نام جسے کلورین میں ملا کر ایک روغنی سیال تیار کیا جاتا ھے جسے Dutch oil یا Dutch liquid بھی کہتے ہیں۔

Olefiant gas : (n) روغن ساز گیس۔

Olefine/Olefin : (n) روغن ساز گیس یا ایتھیلین کے ہم رشتہ ہائڈرو کاربنس کا سلسلہ جس کا عام فارمولا Cn H2n ھے اور جو کلورین اور برومین کے ساتھ مل کر Dutch liquid (دیکھئے ماقبل) کے مماثل روغنی ڈائی کلورائڈس اور ڈائی برومائڈس تیار کرتے ہیں؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Olefine series : (n) دیکھو Ole fine

Oleic : (a) [f. L. 'Oleum .'] (کیمیا) روغنی؛ تیل کا؛ تیل سے متعلق؛ تیل سے نکالا ہوا؛ خاص کر Oleic acid-

Oleic acid : (n) : ترشۂ روغن : (۱) (کیمیا) تیل کا تیزاب؛ روغنی ترشہ؛ چربی کے تیزابوں میں سے ایک جو بیشتر چربیوں میں پایا جاتا ھے اور بیشتر صابنوں کے جزو ترکیبی یں شامل کیا جاتا ھے اسے Elaic acid بھی کہتے ہیں۔ (۲) (جمع) تیزابوں کا وہ سلسلہ جن میں سے ایک یہ بھی ھے۔

Oleic ether : (n) ہائڈرو کاربن اجزائے مستقل کے روغنی ترشے کے نمکوں کا نام؛ خاص کر ایتھائل کا نمک$(C_{18}H_{33}(C_2H_5) O_2)$ -

Oleiculture : (n) زیتون کی کاشت اور اس کی فروخت؛ کشت زیتون۔

Oleiferous/ -erron/Oliferous : تیل دینے والا (اناج) : جس سے تیل نکلتا ہو؛ تلہن۔

Olein : (n) [Fr. 'Oleine.] (۱) (کیمیا) 6 ڈگری سینٹی گریڈ پر ٹھوس ہو جانے والے اور بے رنگ روغنی سیال کی صورت میں پائے جانے والے ایک قدرتی روغن گلیسرائیل کا سہ نمکی مرکب$(C_3H_5(C_{18}H_{33}O_2)_3)$ ؛ اولین ، اسے Elein بھی کہتے ہیں؛ (جمع میں) عام طور پر اس کا اطلاق روغنی ترشے کے گلیسر ائڈس یا گلیسرائل کے نمکوں پر ھوتا ھے۔ (۲) کوئی بھی سیال روغن جو نیم جامد تیلوں کو نچوڑ کر حاصل کیا گیا ہو۔

Oleo : (n) (۱) (خاص کر امریکا) مصنوعی مکھن (جو گائے کی چربی اور مکھن کو ملا کر بنایا جاتا ھے)۔ (۲) Oleograph کا مخفف۔ (۳) ضرب روک پرزہ یا تدبیر۔ (۴) ٹیلی ویژن کے کسی سین کا پس منظر۔

Oleo - : (Comb) سابقہ بمعنی تیل کا؛ روغنی۔

Oleo-margarine : (n) روغنی مکھن؛ مصنوعی مکھن (جو گائے کی چربی اور مکھن کو ملا کر بنایا جاتا ھے)؛ ایک شحمی مادہ جو گائے کی چربی سے نکلتا ھے اور Margarine کا جزو ھے۔

Oleo-meter : (n) تیل پیما؛ روغنی سنج؛ روغن پیما (جس سے تیل کی کثافت وغیرہ ناپی جاتی ھے)۔

Oleo-oil : (n) روغن شحم؛ چربی کا تیل۔

Oleo refractometer : (n) : تحلیل کر کے تیلوں کی کثافت ناپنے کا آلہ؛ کثافت پیما۔

Oleocalcareous : (a) چونے اور تیل کے مخلوط کا حامل یا اس پر مشتمل : جس میں چونے اور تیل کا مخلوط ہو۔

Oleocyst : (n) (حیوانیات) روغن انبان۔

Oleoduct : (n) [after ' aqueduct.'] (تیل کے چشمے یا کنویں سے) تیل لے جانے والی نالی؛ تیل کی نالی یا تیل کا پائپ۔

Oleograph : (n) روغنی تصویر۔

Oleogrphic : (a) روغنی تصویر کا یا اس سے متعلق۔

Oleography : (n) روغنی مصوری؛ روغنی رنگوں کی مصوری۔

Oleoptene : (n) دیکھو Elaeoptene

Oleoresin : (n) روغنی رال یا گوند : روغن بلسان : روغن بروزہ ؛ تیل اور مصنوعی رال کا مخلوط ۔

Oleoresinous : (a) روغنی رال یا گوند سے متعلق؛ جس میں روغنی رال ہو۔

Oleosome : (n) (نباتیات) روغنی جسم۔

Oleoyl : (n) روغنی ترشے کا جز و مستقل$(C_{17}H_{33}CO)$ -

Oleraceous : (a) (نباتیات) ساگی ؛ سبزی کا؛ ساگ یا سبزی کی خاصیت والا؛ ساگ یا سبزی سے حاصل کیا ہوا۔

Olericulture : (n) (نباتیات) سبزی کاشت؛ ترکاری کاشت؛ سبزیوں کی کاشت اور فروخت۔

Olericulturist : (n) سبزیوں کی کاشت کرنے والا یا اس کا ماہر۔

Oleum : (n) [L.] (۱) روغن؛ تیل۔ (۲) اولیم؛ تیز گندھک کا تیزاب۔

Olfaction : (n) [f. L 'Olfactus. '] (عضویات) شامّہ؛ قوت شامّہ؛ سونگھنے کی قوت؛ سونگھنا ؛ حس شامّہ۔

Olfactive : (a) حس شامّہ کے متعلق؛ سونگھنے کا؛ (عضویات) شمیہ۔

Olafactive imagery : (n) (نفسیات) مُخیلّۂ شمیہ۔

Olfactology : (n) شامّیات؛ شامّہ یا حس شامّہ کا سائنسی مطالعہ۔

Olfactometer : (n) حس شامّہ کی تیزی ناپنے کا آلہ : شامّہ پیما ؛ بو پیما۔

Olfactometric : (n) بو پیمائی سے متعلق۔

Olfactometry : (n) (کیمیا) بو پیمائی۔

Olfactorily : (adv.) شامّہ یاحس شامّہ سے متعلق ہو کر۔

Olfactory : (a) حس شامّہ سے متعلق ؛ قوت شامّہ کا؛ سونگھنے کا ؛ سونگھنے سے متعلق ؛ (عضویات) شمّی۔

Olfactory : (n) سونگھنے والا عضو؛ ناك؛ بینی؛ عضو شامّہ۔

Olfactory amnestia : (n) (طب) شمّی نسیان؛ فقدان شامّہ۔

Olfactory bulb : (n) (تشریح) بصلۂ شمّی ؛ جوفۂ شمّی۔

Olfactory capsule : (n) (تشریح) کیسكِ شمّی۔

Olfactory cell : (n) خلیۂ شامّہ؛ شمی خلیہ۔

Olfactory lobe : (n) (دماغ کا) لختۂ شامّہ؛ شمّی لختہ۔

Olfactory nerve : (n) (تشریح) عصب شمّی؛ عصب شامّہ؛ شمّی عصب۔

Olfactory organ : (n) (تشریح) عضو شامّہ؛ ناك؛ بینی؛ سونگھنے والا عضو۔

Olfacty : (n) شمّہ (اکائی)؛ بوپیمائی میں استعمال ہونے والی اکائی جس کے ذریعہ بو کی قوت ظاہر کی جاتی ہے۔

Olibanum : (n) [med. L.] (نباتیات) لوبان؛ کُندُر۔

Olibanum tree : (n) (نباتیات) لوبان؛ پاربتی۔

Olibene : (n) [f. 'Olibanum. '] (کیمیا) روغن لوبان؛ روغن کُندُر ؛ لوبان کا تیل (جو بخار بن کر اڑ جانے کی خاصیت رکھتا ہے $C_{10}H_{16}$)۔

Olid : (a) [L. 'Olidus. '] بہت تیز ناگوار بو والا؛ متعفن؛ بدبودار۔

Oligaemia : (n) (طب) کمیٔ خون۔

Oligandrous/Oligondrous:(a) (نباتیات) چند نرہ؛ جس میں دس سے کم نر یا حامل زر ہوں۔

Oliganthous : (n) (نباتیات) چند گُلہ۔

Oligarch : (n) [Gr.] عدیدیہ یا چند سری حکومت کا رکن۔

Oligarch : (a) [Gr.] (نباتیات) چند نقاط حیات سے ابھرنے والا؛ ابتدائی (جڑ وغیرہ)۔

Oligarchal/Oligarchic/-al : (n) چند سری حکومت سے متعلق ؛ چند سری حکومت کے ما تحت؛ چند سری حکومت کا حامی؛ امرائے شاہی کا حامی؛ عدیدی ؛ چند سری حکومت کا ؛ چند سری حکومت جیسا ؛ عدیدی جیسا۔

Oligarchically : (adv.) ارزوئے عدیدیہ؛ چند سری حکومت سے؛ عدیدی طور پر۔

Oligarchize : (v) عدیدیہ یا چند سری حکومت میں بدلنا؛ امرائے شاہی میں منتقل کرنا یا بدلنا؛ امرائے شاہی کے ما تحت ہونا؛ عدیدیہ کے ما تحت ہونا۔

Oligarchy : (n) [med. L. 'Oligarchia. '] حکومت کی ایک طرز جس میں اقتدار صرف چند افراد یا چند خاندانوں تك محدود رہتا ہے؛ ایسے مقتدر افراد کی جماعت؛ عدیدیہ ؛ چند سری حکومت؛ چند شخصی حکومت؛ امرائے شاہی۔

Oligist : (n) [named (oligiste , by Haily.] (معدنیات) قلمی کچا لوہا؛ ہیماٹائٹ۔

Oligist iron : (n) دیکھو Oligist

Oligiste : (n) دیکھو Oligist

Oligistic/-al : (a) قلمی یا کچے لوھے یا ہیماٹائٹ سے متعلق۔

Oligo - : (comb.) [Gr.] یونانی لفظ Oligos سے نکلا ھے جس کے معنی قلیل یا تھوڑے کے ہیں۔

Oligoccarpous : (a) (نباتیات) قلیل الثمر؛ کم میوہ؛ کم پھل دینے والا۔

Oligocene : (a) [Gr.] (ارضیات) درمیانی طبقے اور نچلے طبقے کے بیچ کا؛ قریب جدید؛ دور سو مین؛ آلیگوسینی؛ (تیسرے ارضیاتی دور کے) دور اوسط اور دور آخر کے بیچ کا (طبق)۔

Oligochaete/Oligochete : (a) [f. mod. L. 'Oligochaeta.'] (حیوانیات) چند ابریّہ کی جنس کا؛ کیچوے کی جنس کا۔

Oligochaete/-chete : (n) (حیوانیات) چند ابریّہ؛ کیچوا۔

Oligochromaemia : (n) خون کے سرخ خلیوں میں فولاد کی کمی یا ہیموگلوبین (رنگینی مادے) کی کمی۔

Oligoclase : (n) چونے اور سوڈے کا فلسپار؛ ایك قلمی دھات جو البائٹ سے مشابہ ہوتی ھے۔

Oligocythaemia : (n) سرخ خلیوں کی کمی؛ کم رنگئ خون؛ قلتِ خلیات سرخ۔

Oligocythaemic : (a) سرخ خلیات خون کی کمی سے متعلق؛ جس کے خون میں سرخ خلیوں کی کمی ہو۔

Oligomerous : (a) [Gr.] (نباتیات) چند رکنہ؛ چند پارہ؛ کم قسمت؛ کم حصہ؛ کم رکنہ؛ معمولی سے کم حصوں والا۔

Oligomery : (n) (نباتیات) معمولی سا کم حصہ ہونا؛ چند رکنیت؛ کم پارگی۔

Oligopod : (a) (حیوانیات) چند پایہ۔

Oligopolist : (n) اولیگوپولسٹ؛ کسی بازار پر قابض رہنے والے چند پیدا کنندوں اور فروخت کاروں میں سے ایک۔

Oligopolistic : (n) اولیگوپولسٹ سے متعلق؛ اولیگوپولسٹ جیسا۔

Oligopoly : (n) [Gr. 'after Monopoly.'] اولیگوپولی؛ محدود مقابلے کی حالت؛ وہ حالت جب بازار پر محض چند گنے چنے افراد یا چند پیدا کنندوں اور فروخت کاروں کا قبضہ ہو۔

Oligopyrene : (a) (خلیۂ منی) جس میں رنگین مادے (Chromatin) کی مقدار معمول سے کم ہو۔

Oligosideric : (a) [Gr.] جس میں لوھے کا تناسب بہت کم ہو۔

Oligosiderite : (n) حجر شہابی یا شہابی چٹان جس میں لوھے کا تناسب تھوڑا ہو۔

Oligospermatic : (a) قلت منی کا مریض۔

Oligospermia : (n) (طب) قلت منی؛ زندہ حیوان منویہ کی کمی۔

Oligospermous : (a) (نباتیات) چند تخمہ۔

Oligosporous : (a) (نباتیات) چند بذروی۔

Oligosyllabic : (a) [Gr.] دوہجائی یا سہ ہجائی : جس میں چار سے کم ہجائیں ہوں۔

Oligosyllable : (n) چار سے کم ہجاؤں والا لفظ : دو ہجائی یا سہ ہجائی لفظ۔

Oligozoospermia : (a) دیکھو Oligospermia

Oligouria : (n) پیشاب کا کم آنا؛ قلت ادرار؛ کم بولی۔

Olinia : (n) ایك قسم کی افریقی جھاڑی جس کے پھول ننھے اور پھل گٹھلی دار ہوتے ہیں۔

Olio : (n) [alt. of Sp. 'Olla.'] (۱) شب دیگ؛ باؤلی ہانڈی؛ دیوانی ہانڈی : ایسا پکوان جو کئی طرح کے گوشت اورسبزیوں کو ساتھ ملا کر اور خوب چٹپٹے مسالے دے کر تیار کیا گیا ہو؛ بہت سی چیزوں کو ساتھ ملا کر تیار کیا ہوا پکوان۔ (۲) (مجازاً) پچمیل چیز؛ معجون مرکب؛ ادبی متفرقات کا مجموعہ : کشکول۔

Oliphagous : (a) (حیوانیات) کم اشیاء خور۔

Oliphant : (n) [OFr. 'Olifant.'] (۱) (متروک) فیل؛ ہاتھی۔ (۲) ہاتھی دانت : ہاتھی دانت کا بنا ہوا قرنا یا نفیری؛ نرسنگھا۔

Oliva : (n) [L.] معدہ پا گھونگوں کی ایك قسم؛ اس قسم کا گھونگا؛ ناعِمہ : معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دُم بیضاوی ہوتی ھے اور جسم چمکیلا ہوتا ھے)۔

Olivaceo - : (Comb.) Olivaceous کا جزو ترکیبی۔

Olivaceous : (a) [f. Olive + - Aceous.] (نباتیات) زیتونی رنگ کا؛ زیتون کے رنگ کا؛ زردی مائل سبز؛ کاہی رنگ کا؛ زیتونی سبز۔

Olivary : (a) [L. 'Olivarius.'] (خاص کر تشریح میں) زیتونی؛ زیتونی شکل کا؛ زیتون نما؛ بیضوی؛ زیتونی شکل کا۔

Olivary body : (n) عصبی مادے سے بنا ہوا بیضاوی ابھار جو نخاع مستطیل یا مغز کے سب سے پچھلے حصے کی دونوں جانب ہوتا ہے؛ زیتونی زائدہ؛ جسم لونیوی۔

Olivary nucleus : (n) (حیوانیات) زیتونی نوات۔

Olive : (n) [L. 'Oliva.'] (۱) زیتون کا درخت؛ اس کا پھل؛ زیتون۔ (۲) زیتون کی پتی؛ شاخ یا ہار جو صلح کی قدیم علامت ہے۔ (۳) زیتون کی لکڑی۔ (۴) زیتونی شکل کے صدفیے؛ ناعمہ؛ معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دم بیضاوی ہوتی ہے اور جسم چمکیلا ہوتا ہے)؛ معدہ پا گھونگوں کی قسم یا اس قسم کا گھونگا۔ (۵) (جمع) گائے یا بچھڑے کے گوشت کے پارچے سبزی میں لپیٹ کر دم پخت کئے ہوئے۔ (۶) زیتون کی شکل کی گھنڈی، بٹن وغیرہ (لباس میں)۔ (۷) زیتونی رنگ؛ زیتونی سبز رنگ۔ (۸) Olea جنس کے مختلف درخت اور جھاڑیاں جو زیتون کے مثل ہوتی ہیں۔ (۹) (عموماً جمع) بچے (مزاحاً)۔ (۱۰) (تشریح) زیتونی زائدہ؛ جسم لونیوی؛ عصبی مادے سے بنا ہوا بیضاوی ابھار جو نخاع مستطیل یا مغز کے سب سے پچھلے حصے کی دونوں جانب ہوتا ہے۔

Wild olive : عتمہ؛ جنگلی زیتون۔

Olive : (a) (۱) کچے زیتون کے رنگ کا؛ ہلکے اور قدرے زردی مائل سبز۔ (۲) زردی مائل بھورا یا بھورا مائل زرد (چہرا)۔ (۳) زیتون کی پتیوں کے رنگ کا؛ ہلکا خاکستری سبز جس میں نقرئی چمک ہو۔

Olive : (n) [Of unkn . origin.] ایک قسم کے صدف گیر پرند کا مقامی نام۔

Olive acanthus : (n) (فن آرائش میں) زیتون کی پتیوں سے مشابہ پتیوں کا آرائشی نقش جو یونانی وضع کی عمارتوں میں خوبصورتی کے لئے بنایا جاتا ہے۔

Olive berry : (n) زیتون کا پھل؛ زیتون۔

Olive-branch : (n) (۱) زیتون کی شاخ بطور علامت صلح؛ (مجازاً) امن اور خیر سگالی کی علامت کے طور پر پیش کی ہوئی کوئی بھی چیز۔ (۲) (عموماً جمع) بچے؛ نونہال (مزاحاً)۔

To hold out the olive-branch : صلح پر آمادگی ظاہر کرنا؛ صلح کا سلسلۂ جنبانی کرنا۔

Olive-cautery : (n) داغ دینے یا گل دینے کا آلہ (وسّام) جس کا سرا بیضاوی ہو؛ بیضاوی سرے والا گل یا داغ۔

Olive-crown : (n) تاج زیتون؛ زیتون کے پھولوں کا ہار یا مکٹ جو فتح کی علامت ہے۔

Olive oil : (n) روغن زیتون؛ زیتون کا تیل۔

Olive pie : (n) بچھڑے کے گوشت کی پائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا جس کے اوپر آٹے کی پپڑی جمع ہوتی ہے اور اندر گوشت وغیرہ دے کر پکایا ہوا ہوتا ہے)۔

Olive-shell : (n) ناعمہ؛ معدہ پا (جس کی شکل گاؤ دم بیضاوی ہوتی ہے اور جسم چمکیلا ہوتا ہے)؛ معدہ پا گھونگوں کی ایک قسم یا اس قسم کا گھونگا۔

Olive tree : (n) زیتونہ؛ شجر زیتون؛ زیتون کا درخت۔

Olive-wood : (n) (۱) زیتون کی لکڑی۔ (۲) Elaeodendron جنس کا کوئی بھی درخت جس کی لکڑی آرائش کے کام آتی ہو۔

Olivenite : (n) [G 'Oliven' -in 'Olivenerz' + ite.] (معدنیات) تانبے کا ارسنائٹ جو عموماً زیتونی سبز رنگ کا ہوتا ہے۔

Oliver : (n) ایک چھوٹا خمدار ہتھوڑا جس سے کیلیں گھڑی جاتی ہیں؛ مشین میخ سازی؛ اولیور۔

Oliverian : (n) [f. 'Oliver.' proper name + ian.] اولیور کراموئیل کا طرفدار یا حامی شخص؛ کراموئیلی؛ ۱۶۵۲ء کے کراموئیلی سمجھوتے پر آئر لینڈ میں بسنے والوں میں سے ایک یا ان کے ورثا میں سے ایک؛ پیوریٹن؛ حق پرست؛ حق پسند؛ صداقت پرست؛ اخلاق و مذہب میں سخت محتاط شخص۔

Oliverian : (a) کراموئیلی؛ پیورٹین فرقے سے متعلق؛ پیورٹین جیسا؛ محتاط؛ حق پرست۔

Olivet : (n) [L. 'Olivetum. '] کوہ زیتون؛ ماؤنٹ آف اولیو۔

Olivet : (n) نقلی موتی جو افریقہ کے غیر مہذب لوگوں کے یہاں رائج تھا اور تجارت کے مقصد سے بنایا جاتا تھا۔

Olivetan : (n) اطالیہ کے ایک شہر سینا کے رہنے والے جان تولومی (John tolomei) کے ذریعہ ۱۳۱۳ء میں قائم کیا ہوا راہبوں کا ایک سلسلہ۔

Olivil : (n) [Fr. 'Olivile.'] (کیمیا) زیتون کے درخت کی گوند سے حاصل ہونے والا ایک شفاف مادہ؛ اولیول۔

Olivin/Olivine : (n) [f. L. 'Oliva.'] (معدنیات) زبر جد؛ لہسنیا جس کا رنگ زیتونی سبز ہوتا ھے اور جو آتش فشانی اور شہابی چٹانوں میں ملتا ھے : نیز توصیفی معنوں میں۔

Olivinic : (a) زبر جدی۔

Olla : (n) [Sp. 'Olla.'] (۱) (اسپین وغیرہ میں) مٹی کی ہانڈی؛ کھانا پکانے کا مٹی کا برتن؛ نیز اس میں پکایا ہوا ایک پکوان جس میں گوشت اور سبزیوں کو ملا کر پکاتے ہیں؛ باولی ہانڈی؛ معجون مرکب۔ (۲) (امریکا کے بعض حصوں میں جو پہلے اسپین کے زیر اقتدار تھے) گھڑا؛ پینے کے پانی کو ٹھنڈا رکھنے کا برتن۔

Olla : (n) [Pg. 'Olla' - Malayalam 'Ola.'] کھجور یا تاڑ کے پتے کی دھجی جو لکھنے کے لئے ہو یا اس پر لکھی ہوئی دستاویز۔

Olla podrida : (n) [Sp.] دیکھو Olio

Ollamh /Ollav /Ollam /Ollave : (n) (قدیم آئرستانی) عالم : فاضل؛ علم داں؛ علاّمہ؛ یونیورسٹی کے پروفیسر یا ڈاکٹر کے مساوی ایک رتبہ۔

-ologic/ -al : (a) دیکھو۔ Logic/Logical

Ologies : (n) علوم : نظری علوم؛ علوم و فنون؛ محض نظری علوم۔

-ologist : (n) دیکھو Logist

-ology : (suffix) لاحقہ بمعنی علم (دیکھئے logy اور -O-)

Ology : (n) (نیم اسمی معنوں میں) کوئی بھی علم یا شعبۂ علم؛ شاخ علم؛ شاخ سائنس۔

Olp : (n) بول چال میں Alp2 کا متبادل (ایک خوبصورت؛ سخت چونچ کی گانے والی چڑیا)۔

Olympaid : (n) [L. 'Olympias' -ad.] اولمپک کھیلوں میں چار سال کا درمیانی وقفہ یا مدت؛ چار سال کی مدت جو اولمپک کھیلوں کے درمیان ہوتی ھے اور جس سے قدیم اہل یونان وقت کا حساب لگاتے تھے؛ ۷۷۶ قبل مسیح پہلے اولمپیاڈ کا سال اول شمار ہوتا ھے۔

Olympian : (a) [f. L. 'Olympus.'] (۱) (جغرافیہ) کو ہی؛ اولمپی؛ متعلق بہ اولمپس؛ اولمپیا کا رہنے والا۔ (۲) بلند مرتبہ؛ رفیع؛ آسمانی؛ فلکی؛ سماوی؛ بہشتی؛ پاک؛ متبرک؛ ملکوتی؛ عرشی۔ (۳) پر تمکنت (عادات و اطوار)۔ (۴) پر وقار (شخص) ؛ فوق العادت سکون و بے تعلقی رکھنے والا۔ (۵) (دیو مالا) اناطول؛ ساکن کوہ۔

Olympian : (n) (۱) اولمپی؛ اولمپیا کا باشندہ یا وہاں کا رہنے والا؛ اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والا کھلاڑی۔ (۲) اولمپسی؛ اولمپس کا باشندہ ، قدیم یونانی دیو مالا کے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک خصوصاً زیئس یا جوپیٹر (سب سے بڑا دیوتا)۔

The olympian : قدیم یونانی دیو مالا کے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک خصوصاً زیئس یا جو پیٹر (دیوتاؤں کا سردار)۔

Olympic : (a) [L. 'Olympicus.'] اولمپیا کا رہنے والا؛ اولمپی؛ اولمپیا کا (جہاں دیوتاؤں کے سردار زیئس کے اعزاز میں اولمپک کھیل ہوتے تھے)۔

Olympic : (n) (عموماً جمع) اولمپک کھیل۔

Olympic games : (n) (۱) ہر چار سال پر اولمپیا میں ہونے والے کھیل جو یونانی دیوتاؤں کے سردار زیئس (Zeus) کے اعزاز میں کھیلے جاتے تھے؛ ادبی اور ورزشی مقابلے جو یونان قدیم میں ہر چوتھے سال ہوتے تھے۔ (۲) بین الاقوامی کھیل کود کے مقابلے جو ہر چار سال پر اب مختلف مقامات پر ہوا کرتے ہیں ان میں اولین ۱۸۹۶ء میں ایتھینز میں ہوا تھا۔

Olympus : (n) [L.] (۱) Thessaly یا مقدونیہ کے شمال میں واقع ایک پہاڑ کا نام جو بڑے یونانی دیوتاؤں کا مسکن تھا؛ (جغرافیہ) جبل اناطولی۔ (۲) (مجازاً) عرش الٰہی؛ بہشت؛ (دینیات) عرش۔

- oma : (suffix) لاحقہ جو زائدے، بد گوشت (ٹیومر) یا دوسری غیر طبعی رسولیوں کے ناموں میں استعمال ہوتا ھے۔ (اب اس کی جگہ omc - مستعمل ھے)۔

Omander : (n) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس سے آبنوس کی لکڑی حاصل ہوتی ھے؛ مشرقی ہندوستانی آبنوس۔

Omasum : (n) [L.] (حیوانیات) اُم التلافیف؛ ہزارلا؛ معدۂ سوم؛ جگالی کرنے والے جانوروں کا تیسرا معدہ۔

Ombre : (n) [Sp. 'Hombre. '] (۱) تاش کا ایک کھیل جو چالیس پتّوں سے کھیلا جاتا ھے اور تین آدمی مل کر کھیلتے ہیں (سترھویں اٹھارویں صدی میں یہ بہت زیادہ مقبول تھا)۔ (۲) اس کھیل میں وہ کھلاڑی جو پول

(وہ خانہ جس میں شرط اور جرمانے کی رقم رکھی جاتی ھے) کو جیتنے کی بازی لگاتا ھے۔

Ombro - : (comb.) [Gr.] یونانی لفظ Ombros سے نکلا ھوا سابقہ جو مینہ، بارش یا ترشح کے معنی میں آتا ھے۔

Ombrograph : (n) (موسمیات) باراں نگار۔

Ombrography : (n) (موسمیات) باراں نگاری۔

Ombrology : (n) علم باراں: موسمیات کی وہ شاخ جو بارش سے بحث کرتی ھے: مطریّات۔

Ombrometer : (n) مقیاس المطر : باراں پیما۔

Ombrophile : (a) (نباتیات) باراں پسند۔

Ombrophobe : (a) (نباتیات) باراں گریز۔

Ombrophyte : (a) (نباتیات) بارانی پودا۔

Ombudsman : (n) [Sw.] حکام کی بد عنوانیوں کے خلاف عوام کی شکایات کی تفتیش کے لئے مقرر کیا ھوا افسر: (خاص کر انگلستان میں) پارلیمنٹری کمشنر فار ایڈمنسٹریشن۔

- ome : (suffix) oma - کے معنوں میں نباتیاتی ناموں میں آتا ھے۔

Omega : (n) [Gr.] (۱) یونانی حروف تہجی کا آخری حرف جو انگریزی حروف O کی آواز دیتا ھے۔ (۲) آخر: آخر چیز: حرف آخر: سلسلے کی آخری کڑی۔ (۳) آخری صورت: انجام: انجام کار۔ (۴) توصیفی معنوں میں۔

Alpha and omega : اول و آخر (جو خدائے پاک کی صفت ھے)۔

Omelet/Omelette : (n) آملیٹ: انڈوں کا چلا جس میں اکثر سبزی کی پتیاں وغیرہ پڑتی ہیں۔

you can't make an omelet without breaking eggs : مقصد کے لئے ذرائع مجبوراً اختیار کرنے پڑتے ہیں۔

Savoury omelet : آملیٹ جس میں دھنیا کی پتی وغیرہ پڑتی ھے: چٹ پٹا آملیٹ۔

Sweet omelet : میٹھا آملیٹ جس میں شکر یا جام ڈالتے ہیں۔

Omen : (n) [L. 'Omen , Omin.'] شگون: فال: آئندہ واقعات کی علامت: علامت واقعہ: علامت غیبی: اشارۂ غیبی: پیش خبری۔

Omen : (v) فال ھونا: شگون ھونا: علامت غیبی ھونا (کسی بات کی)۔

Omened : (a) فال نیک (یا بد) کا حامل: جس میں آنے والی بات یا واقعہ کی کوئی علامت ھو: شگون والا۔

Omental : (n) (تشریح) ثُربی۔

Omental artery : (n) (تشریح) ثُربی شریان۔

Omentum : (n) (تشریح) ثُرب: غشائے مصلی یا دوہری مصلی جھلی کی دوسری تہ جو معدے کو جگر، تلی اور قولون (بڑی آنت) سے جوڑتی ھے: پیڑو کے پردے کی تہ۔

Gastro-colic / Greater omentum : معدے کو بڑی آنت سے جوڑنے والی جھلی۔

Gastro-hepatic/ Hepto-gastro/ Lesser omentum : وہ جھلی جو معدے کے چھوٹے خم سے جگر تک پھیلی ھوتی ھے۔

Gastro-splenic omentum : دل کے پاس والے معدے کے سرے کو تلی سے ملانے والی جھلی۔

Omer : (n) (۱) سمائی ناپنے کا ایک عبرانی پیمانہ جو ۵۱/۱۰ پائنٹ (Points) (شاہی پیمانہ) کے برابر ھوتا ھے۔ (۲) گٹھاؤ: پولی (فصل کی) یا مذکورہ پیمانے سے ایک پیمانے کی مقدار بھر غلہ جو فصل تیار ھو جانے کے بعد کٹنی شروع ھوتے ہی مندر کے پروہت کو عید فصح کے دوسرے دن قربانی کے طور پر پیش کیا جاتا ھے۔

- ometer : (comb.) جزوترکیبی بمعنی پیمانہ: آلۂ پیمائش۔

Omicron/Omikron : (n) [Gr. 'Omikron.'] یونانی زبان کا حرف جو انگریزی 'O' حرف کی خفیف آواز دیتا ھے۔

Ominous : (n) [L. f. 'Omen , Omin.'] (۱) (شاذ) جس سے شگون نکلتا ھو: فال آور: فال آسا: آنے والے واقعات کی پیش گوئی کرنے والا۔ (۲) منحوس: بدفال: بدشگون: نامبارک: نحس: ڈراؤنا: تکلیف دہ: مصیبت خیز: آفت انگیز۔

Ominously : (adv.) نحوست سے : بد شگونی سے: ڈراؤنے انداز میں: نامبارک طور پر: آفت انگیز طور پر۔

Ominousness : (n) نحوست؛ بد شگونی؛ منحوسیت؛ بد فالی؛ آفت انگیزی؛ ڈراؤنا پن۔

Omissible : (a) [f. 'Omiss' -Pa.ppl stem of L. 'Omittere.'] قابل ترك؛ قابل گذاشت؛ گذاشتی؛ چھوڑ دینے یا شامل نہ کرنے کے لائق؛ شمار نہ کرنے کے لائق : قابل حذف۔

Omission : (n) [late L. 'Omissio' of as prec.] (۱) چھوڑ دینے، شمار نہ کرنے یا شامل نہ کرنے کا عمل؛ چھوڑ دیا جانا؛ شمار نہ کیا جانا؛ عدم شماریت؛ عدم شمولیت؛ حذف؛ اخراج۔ (۲) قضا؛ چوك؛ غفلت؛ فرو گذاشت؛ ترك فعل؛ (دینیات) کسی فرض یا عمل سے غفلت یا اسے انجام نہ دینا؛ عدم انجام دہی۔

Sins of omission and commission : ارتکاب فعل اور ترك فعل کے گناہ یا جرائم۔

Omissive : (a) ترك فعل کا؛ فروگذاشت کا۔

Omit : (v) [L. 'Omittere ' f. Ob- + -mittere. '] (۱) چھوڑ جانا؛ شمار نہ کرنا؛ شامل نہ کرنا؛ نظر انداز یا قلم انداز کرنا؛ حذف کرنا۔ (۲) بھول جانا؛ غفلت سے ترك کرنا؛ گول کرجانا؛ غفلت برتنا۔

Omitter : (n) نظر انداز یا قلم انداز کرنے والا؛ حذف کر جانے والا؛ گول کر جانے والا؛ بھول جانے یا غفلت سے ترك کر دینے والا۔

Omlah : (n) [Arab. 'Umala '] (شمالی ہند میں) دیوانی عدالت میں عہدہ داروں کی ایك جماعت؛ عمال کی جماعت؛ عمالہ؛ عملاء۔

Ommateum : (n) [NL.] (حیوانیات) چشم مرکب۔

Ommatidial : (a) مفرد آنکھ کا؛ سادہ چشم؛ مفرد آنکھ والا؛ غیر مرکب آنکھ والا یا اس سے متعلق۔

Ommatidium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) یك چشم حشرہ؛ جزء چشم مرکب؛ حشرات کی مرکب آنکھ کا ایك جزو؛ سادہ آنکھ : مفرد آنکھ۔

Ommattophore : (n) (حیوانیات) چشم بردار حشرہ۔

Ommatophorous : (a) (حیوانیات) چشم بردار۔

Omneity : (n) [f. L 'Omni - s, omne .'] کلّیت۔

Omni - : (comb.) (سابقہ) لا طینی لفظ Omnis سے مشتق ھے جس کے معنی کل کے ہیں۔

Omniana : (n) [f. L 'Omnia.'] ہر قسم کی معلومات کے ٹکڑے؛ ہر قسم کی خبروں کے تراشے یا اقتباسات۔

Omnibenevolence : (n) فیض عام؛ کرم عام؛ فیض مطلق۔

Omnibenevolent : (a) کریم مطلق؛ فیّاض مطلق؛ رحمان؛ جس کا کرم سب کے لئے یا سب پر ہو؛ جس سے سبھوں کو فائدہ پہنچے یا جو سب کے لئے فیض رساں ہو۔

Omnibus : (n) [Fr.] (۱) موٹر بس؛ کرائے کی چوپہیا عموماً دو منزلہ گاڑی یا موٹر؛ بس؛ موٹر۔ (۲) ہوٹل کے مسافروں کو اسٹیشن سے لانے لے جانے والی بس (Hotel Omnibus)۔ (۳) وہ بس جو ریلوے کمپنی کی طرف سے مسافر اور سامان لے جاتی ھے (Private or family omnibus)۔ (۴) اوپیرا ہاؤس یا تھیٹر کی شہ نشین جس پر بہت سے لوگ بیٹھتے ہیں۔ (۵) ہوٹل کے ویٹر کا معاون لڑکا یا شخص۔

Omnibus : (a) ہمہ گیر؛ جامع؛ متعدد مقاصد رکھنے والا؛ متعدد دفعات رکھنے والا۔

Omnibus bar : (n) (برقیات) جس سے ھوکر پوری برقی قوت یا رو گزرتی ھو۔

Omnibus bill : (n) ہمہ مقصدی بل؛ مجلس قانون ساز کا بل جس میں متعدد قرار دادیں یا مختصات ھوں۔

Omnibus book : (n) کلیات؛ جمع کتاب؛ مجموعہ؛ انتخاب (عموماً ایك ہی مصنف یا شاعر کا) جو کم قیمت پر چھاپا گیا ھو تاکہ ہر کوئی حاصل کر سکے۔

Omnibus box : (n) عام شہ نشین؛ تھیٹر یا اوپیرا ہاؤس کی شہ نشین جس پر بہت سے لوگ بیٹھتے ہیں۔

Omnibus clause : (n) (کسی معاہدے، ٹھیکے یا قانون کی) ہمہ مقصدی دفعہ جس کے تحت وہ تمام مختلف مدات آتی ھوں جو کسی خاص دفعہ کی ذیل میں نہ آسکی ھوں؛ خصوصاً موٹر گاڑیوں یا خود کار سواریوں کی بیمہ پالیسی کی وہ دفع جس کے تحفظات کا حیطہ بیمہ میں نامزد تحفظات کے علاوہ اور وسیع ھوتا ھے۔

Omnibus test : (n) (نفسیات) ہمہ گیر آزمائش۔

Omnibus train : (n) [after Fr. 'Train 'Omnibus.'] وہ ریل گاڑی جو ہر اسٹیشن پر ٹہرتی ھے۔

Omnibus volume : (n) دیکھو Omnibus book

Omnibus wire : (n) وہ تار جس میں سے پوری برقی رو گزرتی ہے۔

Omnicompetence : (n) ہمہ اختیار داری: مختار کل ہونے کی حالت یا صفت: ہمہ مختاریت: مختاریت مطلق: مجاز مطلق ہونے کی حالت یا صفت۔

Omnicompetent : (a) (قانون) ہمہ اختیار دار: مجاز مطلق : کل مقدمات کی سماعت کا اختیار رکھنے والا۔

Omnifarious : (a) [f. LL. 'Omnifarius.'] ہر قسم کا: ہمہ نوعی: ہمہ قسمہ: جو ربجور۔

Omnific : (a) خالق کل : خلاّق۔

Omniform : (a) [LL. 'Omniformis.'] ہر صورت کا: ہر شکل کا: ہر شکل اختیار کرنے والا: ہر سانچے یا ہر صورت میں ڈھل جانے والا: ہمہ صورت: ہمہ شکلہ۔

Omniformity : (n) ہمہ صورتیت: ہمہ شکلیت: ہر شکل میں ڈھل جانے کی صفت۔

Omnify : (v) [after ' Magnify .'] ہمہ گیر بنا دینا: ہمہ مقصدی بنانا : ہمہ گیر یا ہمہ مقصدی ہونا: کلّیت بخشنا: کلّی ہونا : کلّیہ بنانا: کل بنا دینا۔

Omnigenous : (a) [f. L. 'Omnigenus. '] ہر قسم کا: ہمہ نوعی: ہمہ قسمی۔

Omnimeter : (n) (پیمائش) ہمہ پیما۔

Omniparent/omniparient : (a) تمام چیزیں پیدا کرنے والا یا جننے والا: منبع کل: خالق کل: سبب اول۔

Omniparity : (a) (سیاسیات) مساوات عام۔

Omniparous : (a) دیکھو Omniparent

Omnipatient : (a) لا محدود قوتِ برداشت رکھنے والا: انتہائی متحمل مزاج: صبر ایوبی رکھنے والا: انتہائی صبر و تحمل والا۔

Omnipercipience : (n) (نفسیات) ادراک کلّی: ادراک کل : فہم کل۔

Omnipercipient : (a) مدرکِ کل: ادراک کلی رکھنے والا: فہیم و دانا۔

Omnipotence : (n) [LL. 'Omnipotentia. '] قدرت مطلقہ: قدرت کاملہ : قدرت تامّہ۔

Omnipotence of thought : (نفسیات) ہمہ گیر قدرتِ خیال۔

Omnipotent : (a) قادر مطلق: حامل قدرت تام: ساری قدرت رکھنے والا: جو ہر بات پر قادر ہو: (خدا کے لئے) قدیر۔

Gods will and omnipotent power : مشیتِ ایزدی اور اس کی قدرت کاملہ۔

Omnipotently : (adv.) قدرت کاملہ سے: قادر متعلق کی حیثیت سے۔

Omnipresence : (n) [L. 'Omnipresentia.'] ہمہ جائی: ہرجائیت : ہر جگہ حاضر ہونے کی صفت یا حالت۔

Omnipresent : (a) ہر جگہ حاضر رہنے والا: ہر جگہ حا ضر: ہر جگہ موجود: حاضر: ہرجائی: جو ایک ہی وقت میں ہر جگہ حاضر ہو۔

Omnipresently : (adv.) ہر جگہ موجود رہ کر: بیک وقت ہر جگہ حاضر رہ کر۔

Omniprevalent : (a) عام: جو ہر جگہ ہو: ہر جگہ رائج یا پھیلی ہوئی ہو۔

Omniscience : (n) [med. L. 'Omniscientia.'] (۱) علم لدنی: ہمہ دانی : علم کل: معرفت کل: علم لامتناہی: علم بے پایاں۔ (۲) عالم کل : عارف کل: خدا: دیوتا۔

Omniscient : (n) عالم کل: ناظر: ہمہ بیں: ہمہ داں: علاّمہ: عالم مطلق : علیم (خدا): سب جاننے والا: جسے ہر بات کا علم ہو۔

Omniscient : (n) (خصوصاً The کے ساتھ) عالم مطلق ہستی، خداوند علیم و دانا: خدا۔

Omnisciently : (adv.) عالم کل کی حیثیت سے: ہمہ بینی سے: ازراہ ہمہ دانی۔

Omniscope : (n) (بصریات) حول بین: اطراف بین: دور بین اطراف پیرسکوپ: ایک قسم کی خاص دوربین جس سے سطح آب کی چیزوں کو دیکھتے ہیں۔

Omnist : (n) [Omn + -ist.] ہر مذہب کو ماننے والا: مذہب پر عقیدہ رکھنے والا۔

Omnitude : (n) کلّیت : مجموعیّت: کل تعداد یا مقدار: کلی حیثیت: ہمہ گیری۔

Omnium : (n) [L.] (۱) (معاشیات) مجموعی مالیت۔ (۲) کل اثاثہ: ساری چیزیں۔

Omnimium gatherum : (n) مخلوط مجمع: پچرنگی مجمع: ایسا مجمع جس میں ہر قسم کے لوگ موجو د ہوں: (اشیاء یا اشخاص کا) ملا جلا مجموعہ: عام دعوت یا جلسہ: مجموعۂ متفرقات: مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ: مجموعہ مرکب: متفرق مضامین کے رسالوں کا مجموعہ۔

Omnivora : (n) [f. L. 'Omnivorous.'] (حیوانیات) ہمہ خوران: سب کچھ کھانے والا جانور۔

Omnivore/Omnivor : (n) ہمہ خور جانور: سب کچھ کھانے والا جانور۔

Omnivorously : (adv.) ہمہ خوری سے۔

Omniorousness : (n) ہمہ خوری۔

Omo-hyoid : (a) (تشریح) لوحی لامی: شانے اور hyoid bone کو ملانے والا یا اس سے متعلق۔

Omo-hyoid : (n) (تشریح) لوحی لامی عضلہ۔

Omodynia : (n) [Gr. 'Omo +dynia. '] شانے کا درد۔

Omodeum : (n) [L .] (حیوانیات) عظم جناحی: پرندوں کے بازو کی ہڈی۔

Omophagia : (n) [Gr.] (حیوانیات) خام گوشت خوری: کچی غذا خصوصاً کچا گوشت۔

Omophagic : (a) خام گوشت خور: کچا گوشت کھانے والا ۔

Omophagist : (n) خام گوشت خورجانور : کچا گوشت کھانے والا شخص یا جانور۔

Omophagous : (a) دیکھو Omophagic

Omoplate : (n) [Gr.] شانہ: کھوا: مونڈھے کی ہڈی: (تشریح) لوح: کتف: عظم اللوح: شانے کی ہڈی۔

Omoplatoscopy : (n) (۱) لوحی تفاعل۔ (۲) (طب) لوح بینی۔

Omostegite : (n) [Gr.] (تشریح) بعض قشریوں میں سینے کو ڈھکنے والی کھپرے (یا خول) کا پچھلا حصہ۔

Omosternum : (n) ['Omo + Sternum. '] (حیوانیات) لوحی قص: سینے کی کرکری ہڈی: کُرّی۔

Omphactile : (n) [mod. G. 'Omphazit'] (معدنیات) ایک قسم کی سبز جو پائروکسین جیسی ہوتی ہے۔

Omphalectomy : (n) [f. Gr. 'Omphalos.'] (جراحی) ناف براری۔

Omphalic : (a) ناف کا: ناف سے متعلق۔

Omphalion : (n) [NL.] مرکز ناف۔

Omphallitis : (n) [Gr. 'Omphalos' +itis. '] (طب) ورم ناف۔

Omphalo-/Omphal -: (comb.) [Gr. 'Omphalos. '] یونانی لفظ Omphalos سے بنایا ہوا سابقہ بمعنی "ناف"۔

Omphalo-mesenteric : (a) (تشریح) ماساریقا (معدے کو آنت سے ملانے والی جھلی) اور ناف کو ملانے والی یا اس سے متعلق۔

Omphalocele : (n) ناف کا ہر نیا: فتقِ ناف۔

Omphalode/omphalodium : (n) [mod. L.] (نباتیات) بیج کے اکھوے کا مرکز: بیج کی ناف کا مرکز: مرکز تخم (جس سے ہوکر اسے غذا پہنچانے والی نالیاں گزرتی ہیں): (حیوانیات) نافہ: نافك۔

Omphaloid : (a) (حیوانیات) ناف نما: ناف جیسا: مثل ناف۔

Omphalomancy : (n) قیاسی یا پیش گوئی جو پیدائش کے وقت بچے کی نال میں گرہیں دیکھ کر کی جاتی ہے کہ اس کی ماں کو اور کتنے بچے ہوں گے: ناف سے لی گئی فال: نافی تفاءُل۔

Omphalopsychic/Omphalopsychite : (n) متوکلوں کا وہ فرقہ جو ہپناٹك (نوم توجہ کی) محویت پیدا کرنے کے لئے ناف پر ٹکٹکی باندھتے تھے ناف پر ٹکٹکی لگا کر مراقب ہونے والے (عیسائی) متوکلوں کا فرقہ۔

Omphalos : (n) [Gr.] (۱) (قدیم یونان) سپر کے اوپر ابھرا ہوا کام۔ (۲) (تشریح) ناف: سُرہ۔ (۳) گول مخروطی شکل کا ایك پتھر جو ڈلفی میں، اپولو کے مندر میں تھا اور جسے زمین کا مرکز کہا جاتا تھا: مرکز عالم: (دیو مالا) ناف پتھر۔ (۴) (مجازاً) مرکز: مرکزی نقطہ: مرکزی حصہ: مدار: محور: دارالسلطنت: ناف چرخ۔

Omphalotomy : (n) (جراحی) ناف تراشی۔

Omrah : (n) [Pl. of Arab. 'Amir.'] اعلیٰ مسلم عدالت کا امیر :دارلامراء کا رکن خاص کر جو مغلوں کے عہد حکومت میں ہوا کرتا تھا۔

On : (prep.) [OE.] (۱) اوپر: پر۔ (۲) بل (مثلاً سر کے بل) : بنیاد پر:

اعتبار پر: ضمانت پر۔ (۲) قریب: متصل: طرف: ملا هوا: کسی سطح سے ملتا هوا۔ (۳) دوران میں: ساتھ ہی: فوراً بعد۔ (۵) طور پر۔ (٦) حالت میں۔ (۷) متعلق : بابت۔ (۸) وقت کو ظاہر کرتا هے مثلاً (شام) کے وقت؛ (صبح) میں: روز وقوع کو ظاہر کرتا هے مثلاً (جمعه) کو: (جمعه) کے روز: بروز (جمعه)۔ (۹) موقع کو ظاہر کرتا هے (مثلاً On your arrival) آپ کے آنے پر۔

Gone on : (عامیانه) لٹو: فریفته۔

Have you a match on you : کیا تمہارے پاس دیا سلائی هے۔

To put one on inquiring on inquiry : کسی شخص کو تحقیق یا تفتیش پر آماده کرنا۔

On : (adv.) [OE.] (۱) افعال کے ساتھ مل کر، پر، اوپر، کو، میں، سے، کے معنی دیتا هے۔ (۲) آگے، اور آگے: برابر: لگاتار: مسلسل: متواتر۔ (۳) ڈھکے هوئے: لگائے هوئے: پہنے هوئے۔ (۴) کی جانب: کی طرف: کی سمت ۔ (۵) قریب قریب: (مثلاً تقریباً دو بج رہے ہیں یا دو بجنے والے ہیں)۔ (٦) (کرکٹ) کھیلنے والے کی داہنی جانب۔ (۷) آگے بڑھا هوا: آگے پہنچا هوا: پیشگی: (به لحاظ وقت و مقام)۔ (۸) (کرکٹ وغیره) مخالف سمت سے آگے۔ (۹) (عامیانه) نشے کی حالت میں: بد مست: نشے میں دھت۔ (۱۰) (اشخاص) کسی کام میں مشغول (مثلاً On the stage, the field اسٹیج پر، میدان میں، کھیت میں)۔ (۱۱) (بول چال) مجوزه کام کو کرنے پر آماده یا کرنے کا خواہشمند۔ (۱۲) چلتا هوا: جاری: عمل کی حالت میں: متحرک: رواں۔

Broadside on, face on, stem on etc. : (ڈنٹھل سامنا، چوڑا حصه وغیره) نقطۂ اتصال کی طرف مائل۔

Gas is on : گیس آ رہی هے: گیس کھلی هے۔

Is rather on : (عامیانه) مزے میں هے: کسی قدر نشے میں هے۔

Macbeth is on : میکبیتھ (ناٹک) دکھایا جا رہا هے۔

Send on : آگے بھیج دینا۔

To be on : (بول چال) حامی هونا: طرفدار هونا۔

To be on to : (ابتداءً امریکا) (کسی کے ارادے یا نیت سے) آگاه هونا: باخبر هونا: واقف هونا: (کسی کی) منشا یا عندیه کو جاننا۔

To speak on : مسلسل بولنا: مسلسل بولتے جانا۔

Water is on : پانی آ رہا هے: نل کھلا هے: پانی چل رہا هے۔

On : (a) (۱) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کی طرف کا: کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کے میدان کی طرف کا۔ (۲) (شراب کی جائز فروخت کے لئے) حدود کے اندر: احاطے کے اندر (On the premises کا مخفف)۔

On : (n) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کی طرف کا میدان: نیز توصیفی معنوں میں مثلاً On drive داہنی جانب کا ہٹ۔

- on : (suffix) ion کے آخری دو حروف پر مشتمل لا حقه جو (۱) (طبیعیات میں) در جوہری ذرات (سب اٹامك پا رٹکلس) کے معنوں میں استعمال هوتا هے مثلاً neutron meson کے ناموں کے ساتھ۔ (۲) (نباتیات) سالماتی (مالیکیولی) حیاتیات میں، بعض اکائیوں کے نام میں استعمال هوتا هے مثلاً cistron, codon ۔

On -: (prefix) (سابقه) جن افعال کے بعد محاورے میں on آتا هے، ان کے پہلے یه لفظ لگا کر اسماء بناتے ہیں۔

On-again/Off- : (a) اچانك اور بے قاعده طور پر ظاہر یا واقع هوئے اور تیزی سے غائب هو جانے والا: لمحاتی: ناپائدار: دوروں جیسا : غیر مسلسل۔

On and off : (a) ره ره کر: رك رك کر: کبھی کبھی: پے در پے۔

On and off : (n) اتفاقی حرکت: چڑھاؤ اتار: وقفه دار حرکت یا عمل۔

On-and-off : (v) (۱) (جہاز رانی) کبھی کنارے کی طرف اور کبھی مخالف (یعنی سمندر کی) سمت میں چلنا۔ (۲) چڑھنا اترنا: باری باری سے یا ره ره کر آنا اور جانا (خصوصاً بخار کا)۔

On-bringing : (a) لانے والا: باعث یا سبب هونے والا: شروع کرنے والا۔

On-comming : (n) آمد: پیش قدمی: قریب آنا: حمله: چڑھائی: پہل: سبقت: پیش رفت: اضافه: زیادتی: تقرب: نزدیکی۔

The on-comming of old age : آمدپیرانه سالی:بڑھاپا آنا۔

On-coming : (a) قریب آنے والا: پیش رفت کرنے والا: کامیاب: آئنده آنے والا۔

The on-coming generation : آئندہ نسل۔

On demand : (adv.) (معاشیات) عندالطلب۔

On deputation : (adv.) (سیاسیات) مستعار الخدمت۔

On dit : (n) گپ کا موضوع: سنی سنائی بات۔

On-draw : (v) (۱) کھینچنا: نزدیك لانا: ترغیب دینا: پھسلا کر لانا: باعث ہونا: لانا: آگے آنا: پیش قدمی کرنا: سبقت کرنا: پہنچنا: جا لینا: پا لینا۔(۲) (شکار) (کتے کا) بو کے سہارے شکار کو پانا: بو پر کھینچا ہوا چلا آنا: شکار کو دیکھ لینے کے بعد دھیرے دھیرے اس کی جانب بڑھنا۔

On-go : (n) پیش رفت: ترقی: پیش قدمی: ارتقا: نشو و نما۔

On-goer : (n) پیش رو : آگے بڑھنے والا: ترقی کرنے والا۔

On-going : (n) آگے بڑھنے یا جاری رہنے کا عمل: پیش رفت: ترقی۔

On-goings : (n) طرز عمل: افعال: کاروائیاں: کارگزاریاں۔

On-high : (n) دیکھو High

On licence : (n) شراب کی دکان کے اندر شراب پلانے کا لائیسنس۔

On-line : (a) (کمپیوٹر) براہ راست منسلك: جو براہ راست طور پر کمپیوٹر کے کنٹرول میں ہو۔

On-line : (adv.) براہ راست منسلك ہو کر: براہ راست طور پر کمپیوٹر کے کنٹرول میں رہ کر۔

On live : (phr.) Alive کی قدیم شکل۔

On merits : (adv.) بر بنائے حق: صلاحیت کی بنیاد پر۔

On probation : (adv.) (سیاسیات) زیر آزمائش۔

On-roll : دیکھو On-go

On side : (phr.) (فٹ بال، ہاکی وغیرہ) اپنی طرف: گنید کے اور اپنے گول کے درمیان۔

On tap : (a) (۱) ڈاٹ لگا ہوا (پیپا)۔(۲) (شراب کے متعلق) ڈاٹ دار پیپے میں کہ جب چاہیں نکال لیں۔

On the bench/ -boards/ -cards : دیکھو Bench-board /-card

On the cheap : دیکھو Cheap

On the instant : (adv.) فوراً: آناً فاناً: اسی وقت: اسی دم۔

On the sly/ -square : چپ چاپ: خفیہ طور پر: چھپ کر۔

On the minute/On time : ٹھیك وقت پر۔

On to/Onto : (prep.) پر: اوپر۔

Onager : (n) (۱) گورخر: جنگلی گدھا (خصوصاً وسط ایشیا کا)۔ (۲) (عہد قدیم وسطیٰ کا) جنگ میں پتھر پھینکنے کا آلہ: منجنیق: (انجینیئرنگ) سنگ انداز انجن۔

Onagra : (n) علف خر: (نباتیات) سنگھاڑا۔

Onagraceae : (n) (نباتیات) سنگھاڑیہ۔

Onagraceous : (a) [f. mod. .L.'Onagraceae.'] سنگھاڑیائی: Onagraceae کے سلسلے کا : Oenothera جس کی ایك مخصوص نوع ہے۔

Onagrad : (n) سنگھاڑیائی پودا: Onagraceae کے سلسلے کا ایك پودا۔

Onanism : (n) [mod. L. 'Onanismus. '] (۱) (طب) جلق: مشت زنی۔ (۲) (عضویات) اونانیّت : انزال خارجی: عزل۔

Onanist : (n) جلق لگانے والا: مشت زن: مٹھو لیا۔

Once : (adv.) [ME. 'anes. 'ones.'] (۱) ایك بار: ایك دفعہ: ایك مرتبہ: ایك گنا۔ (۲) ایك موقع پر : ایك روز: ایك بار: پہلے کبھی: ایك زمانے میں۔

At once : فوراً: آناً فاناً: یکبارگی: ایك ساتھ۔

At once stern and tender : ایك ہی سانس میں نرم اور درشت۔

Don't all speak at once : آپ سب ایك ساتھ نہ بولیں (یہ طنزاً ایسے موقعے پر کہا جاتا ھے جب کسی ایسے شخص سے کچھ کہنے یا سنانے کی فرمائش کی جاتی ھے جو کہنے یا سنانے پر رضامند نہیں)۔

For once : ایك مرتبہ: ایك موقع پر: ایك بار۔

For once and all : قطعی طور پر: ہمیشہ کے لئے: ایك ہی بار فیصلہ کن طور پر۔

For once and away/- in a way : بہت کم؛ شاذ و نادر؛ کبھی اتفاق سے؛ کبھی کبھی؛ محض ایک بار بطور استثنا۔

For that once : بس اسی مرتبہ؛ صرف اسی بار۔

For this once : بس ایک بار؛ صرف اسی مرتبہ۔

If once, When once : اگر کبھی تو پھر کبھی۔

Not once : کبھی نہیں : ایک بار بھی نہیں۔

That once : صرف اُس مرتبہ : بس اُسی بار۔

This once : صرف اِس مرتبہ؛ بس اِسی بار۔

Once : (Conjuctive adv.) (۱) کبھی ذرا؛ ایک بار بھی : جب کبھی۔ (۲) جیسے ہی؛ اگر کبھی؛ اگر کبھی۔

Once : (Quasi-a.) ایک بار کیا ہوا؛ ایک بار انجام دیا ہوا۔

Once : (Quasi-n.) ایک موقع؛ ایک بار۔

Once again : ایک مرتبہ اور : مکرر؛ دوبارہ؛ ایک بار پھر۔

Once and again : دو مرتبہ؛ دو بار؛ بار بار (قدرے جلد، اکثر)۔

Once and away : (۱) بس ایک ہی بار؛ قطعی طور پر۔ (۲) بہت کم؛ شاذ ونادر۔

Once for all (for always etc.) : ہمیشہ کے لئے ایک بار : بس ایک مرتبہ : قطعی طور پر : بالکل واضح طور پر : ایک بار اور بس : ایک بار اور کبھی نہیں۔

Once in a way : بطور استثنا : بہت کم : شاذ : شاذ و نادر : گویا نہیں : کبھی اتفاق سے۔

Once in a while : بہت کم : کبھی کبھی : کسی موقع پر، بہت طویل وقفے سے : بہت دنوں پر : کبھی کبھار : کبھی کسی موقع پر۔

Once more : ایک بار اور : دوبارہ : مکرر : ایک بار پھر۔

Once or twice : ایک یا دو بار : چندے : چند مرتبہ : بعض اوقات : ایک دو دفعہ : ایک دو بار : چند بار۔

Operculiform : (a) سرپوش نما ؛ ڈھکن جیسا؛ سرپوش کی شکل کا۔

Operculigenous : (a) ڈھکن پیدا کرنے والا (حیوان)۔

Operculum : (n) دیکھو Opercle

Operetta : (n) [It. 'dim.of 'Opera.'] ایک مختصر اور ہلکی پھلکی غنائی تمثیل: مختصر اوپیرا ؛ اوپیریٹا: ایک ایکٹ کی مزاحیہ تمثیل۔

Operose : (a) [L. 'Operosus.'] (۱) محنتی: جفاکش۔ (۲) سخت محنت سے بنایا ہوا یا حاصل کیا ہوا۔

Operosely : (adv.) محنت سے: جفاکشی سے۔

Operosity : (n) جفاکشی: محنتی ہونا۔

Ophelia : (n) [prop. of.Gr. 'Ophis +helos.'] (نباتیات) جنس چرائتا۔

Ophelia chirata : (n) (نباتیات) چرائتا۔

Ophelimity : (n) [It. 'Ophelimita.'] معاشی تسکین ؛ اقتصادی تسکین۔

Ophicalcite : (n)[Gr. 'Ophis' + Calcite'.] (معدنیات) مارسنگی مرمر۔

Ophicephalidae/Ophicephalous : (n) [NL.] (حیوانیات) مار راسہ ؛ مار سیرا: گوشت خور مچھلی کی ایک قسم جس کی شکل مخروطی اور سانپ کے سر کے مشابہ ہوتی ھے، یہ مشرقی ایشیا اور افریقہ میں پائی جاتی ھے۔

Ophicleide/Ophicleid : (n) [Fr.] (۱) بگل کی طرح کا ایک باجا جس میں پردے ہوتے ہیں، نیز یہ باجا بجانے والا۔ (۲) آرگن باجے کی کھونٹی یا پردہ (بانس یا نرسل کا)۔

Ophidia : (n) [mod. L.] (حیوانیات) سانپوں پر مشتمل رینگنے والے حیوانات کی قسم: طبقۂ مار؛ افعیان؛ ماران: خانوادۂ مار۔

Ophidian : (a) (۱) (حیوانیات) ماری: طبقۂ مار سے متعلق: سانپ کی نوع کا: سانپوں کی قسم سے متعلق۔ (۲) سانپ سے متعلق: منسوب یا مشابہ سانپ جیسا: مار نما: مثل افعی۔

Ophidian : (n) (حیوانات) سانپ؛ مار ؛ ناگ۔

Ophidiarium : (n) (حیوانات) خانۂ مار۔

Ophidiasis : (n) (طب) سمیت مار۔

Ophidioid : (a & n) Ophidioidea گروپ کی (مچھلی)۔

Ophidioid : (n) Ophidioidea گروپ کی مچھلی۔

Ophidism : (n) دیکھو Ophidiasis

Ophidium : (n) [Latinized form of 'Ophidion.'] لمبوتری جسم والی مچھلیوں کی ایک قسم ؛ اس قسم کی مچھلی؛ گونجی مچھلی ؛ مار ماہی۔

Ophio - : (comb.) یونانی لفظ Ophis سے نکلا ہوا سابقہ بمعنی "سانپ" "مار"۔

Ophioglossum : (n) (نباتیات) فرنوں (پودوں) کی ایک قسم؛ مار زباں۔

Ophiolater : (n) مار پرست؛ افعی پرست؛ سانپ یا ناگ کی پوجا کرنے والا۔

Ophiolatrous : (a) مار پرستانہ۔

Ophiolatery : (n) مار پرستی؛ ناگ پرستی؛ افعی پرستی؛ سانپ یا ناگ پوجا۔

Ophiologic/-al : (a) افعیاتی؛ حنشیّاتی؛ سانپوں کے علم سے متعلق۔

Ophiologist : (n) ماہر افعیات؛ سانپوں کے علم کا ماہر؛ماہر حنشیّات۔

Ophiology : (n) علم حنشیّات؛ علم افعیّات؛ علم ماراں۔

Ophiomorph : (n) (حیوانیات) مار شکل؛ کورتَر بحریہ۔

Ophiomorphic/Ophiomorphous : (n) سانپ کی شکل کا؛ افعی مانند؛ ناگ جیسا (خاص کر)Ophiomorpha سے متعلق۔

Ophiomorphite : (n) ایک متحجر سانپ جیسے حشرہ کا قدیم نام؛ سانپ جیسا پتھر۔

Ophiophagous : (a) (حیوانیات) مار خور۔

Ophiophagus : (n) [L. 'Ophiophagoi.'] (۱) مار خور جانور؛ (حیوانیات) مار خور۔ (۲) (حیوانیات) مار خور سانپ؛ ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا ایک قسم کا

انتہائی زہریلا کیڑا جو کوبرا (گہمن) جیسا ہوتا ھے اور دوسرے سانپوں کو کھا جاتا ھے۔

Ophiophagus elaps : (n) مار خور سانپ کی ایک قسم۔

Ophophilist : (n) (نفسیات) مار پسند۔

Ophir : (n) [Heb.'Opir.'] عہد نامۂ عتیق میں مذکور کسی مقام یا خطے کا نام جہاں سے اچھی قسم کا سونا حاصل کیا جاتا تھا (اس کا مقام غیر معین ھے)۔

Ophite : (n) [L. 'Ophites.'] (معدنیات) حجر الحیه؛ چتکبرا پتھر؛ ایک قسم کا سبز پتھر جس پر سانپ کی طرح کے دھبے یا چتیاں ہوتی ہیں؛ سنگ سماق؛ مرمر سبز مرمر مصری (نیز توصیفی معنوں میں)۔

Ophite : (n) [LL. 'Ophitae.'] دوسری صدی عیسوی میں موجود اس عیسائی فرقے کا رکن جو سانپ کو عقل کا دیوتا سمجھ کر اس کی پوجا کرتا تھا؛ مار پرست؛ مار پرست فرقے کا رکن۔

Ophite : (a) سانپ جیسا؛ شبیہ مار۔

Ophitic : (a) سنگ سماق کا یا اس سے متعلق؛ مر مر سبز کا۔

Ophitic : (a) مار پرست فرقے کے کسی رکن کا یا اس سے متعلق۔

Ophiuchus : (n) [L.] ستاروں کا جھرمٹ جو دیکھنے میں ایسا لگتا ھے جیسے کوئی آدمی سانپ کو پکڑے ہوئے ہو؛ (علم النجوم) حوا؛ حامل الحیّه۔

Ophiucis : (n) (علم النجوم) راس الحوّا (ستارہ)۔

Ophiura : (n) [L.] (حیوانیات) جنس ماردم : قصیف ماہی؛ ریگ ماہی۔

Ophiuran : (a) [L. 'Ophiura.'] حیوانات کے اس طبقے کا یا اس سے متعلق جس میں خار پشت شامل ھے۔

Ophiuran : (n) اس نوع کی ستارہ ماہی؛ خار پشت ستارہ ماہی؛ ریگ ماہی؛ قصیف ماہی؛ مار دُمه۔

Ophiure : (n) دیکھو Ophiuran

Ophiurid/Ophiuroid : (a & n) دیکھو Ophiuran (a & n)

Ophiuroidea : (n) (حیوانیات) ماردمان؛ ریگ ماہیان؛ خار پشت ستارہ ماہیان۔

Ophyron : (n) [mod. L.] (تشریح) حاجبینه؛ ابروؤں کے بیچ کی جگه۔

Opthalmia : (n) [LL.] (مرضیات) آشوب چشم؛ ورم چشم؛ رور؛ پُچّٹ؛ سوزش چشم : آماس چشم۔

External opthalmia : (n) (مرضیات) زورِ ظاہر۔

Internal opthalmia : (n) (مرضیات) زور غائر۔

Ophthalmic : (a) (۱) مرض رور کا (مریض) آشوب چشم کا (مریض)؛ امراضِ چشم میں مبتلا۔ (۲) (طب) روری۔ (۳)(تشریح) عینی، چشمی؛ آنکھ کا؛ آنکھ سے متعلق؛ آنکھ سے جڑا ہوا (عصب) آنکھ کو متاثر کرنے والا (مرض)۔(۴) مفید چشم؛ آنکھ کے امراض کو اچھا کرنے والی (دوا)۔ (۵) جراح چشم؛ جراحیِ چشم میں کام آنے والا (آله وغیرہ)۔

Ophthalmic : (n) علاج امراض چشم؛ داروئے چشم؛ دوائے چشم۔ (۲) عصب چشم؛ عصب باصرہ۔

Ophthalmic artery : (n) شریان چشم (جو عصب چشم سے ملی ہوتی ھے)۔

Ophthalmic nerve : (n) عصب چشم؛ عصب باصرہ۔

Ophthalmic optician : (n) ماہر بصارت پیمائی۔

Ophthalmic records : (n) (طب) روری اندرجات۔

Ophthalmic surgeon : (n) (جراحی) سرجن امراض چشم؛ کحال؛ جراح چشم۔

Ophthalmic vein : (n) ورید چشم؛ رگ چشم۔

Ophthalmist : (n) طبیب چشم؛ کحال؛ حکیم چشم۔

Ophthalmite : (n) (حیوانیات) غضنۂ چشم؛ غضنه نما جوڑ جس پر بعض قشریوں کی آنکھ ہوتی ھے۔

Ophthalmitis : (n) آشوب چشم؛ ورم اور سوزش چشم؛آنکھ کا ورم۔

Ophthalmo - : (comb.) یونانی لفظ Opthalmos سے مشتق سابقه یا جزو ترکیبی بمعنی "آنکھ" "چشم" "عین"۔

Ophthalmo-reaction : (n) داروئے چشم کے اثر کی آزمائش۔

Ophthalmological : (a) عینیاتی؛ علم چشم یا علم امراض چشم سے متعلق۔

Ophthalmologically : (adv.) از روئے عینیات : علم امراض چشم کی رو سے ۔

Ophthalmologist : (n) ماہر امراض چشم : ماہر علم العین: طبیب چشم ۔

Ophthalmology : (n) (۱) (تشریح) آنکھ کی ساخت اور اس کے کاموں کا سائنسی مطالعہ : عینیات: علم العین: علم چشم آنکھ کا علم: چشم شناسی ۔ (۲) (طب) علم امراض چشم ۔

Ophthalmometer : (n) چشم پیما: Helmholtz کا ایجاد کردہ آنکھ کی گولائی ناپنے کا ایک آلہ ۔

Ophthalmometric : (a) پیمائش چشم سے متعلق ۔

Ophthalmometry : (n) پیمائش چشم: چشم پیمائی ۔

Opthalmoplegia : (n) فالج چشم : فالج عضلات چشم ۔

Ophthalmoplegic : (a) فالج چشم کا مریض: فالج چشم میں مبتلا ۔

Ophthalmopod : (n) غضنۂ چشم (جس کے بالائی سرے پردہ پایہ قشریوں کی آنکھ ہوتی ہے ۔

Ophthalmosaurus : (n) سو سمار ماہی کی ایک قسم جس کے دانت نہیں ہوتے یا بہت چھوٹے اور کم ہوتے ہیں ۔

Ophthalmoscope : (n) دروں چشم بیں : شبکیّہ بیں : شبك بیں : پردۂ شبکی کے معائنے کا آلہ: دروں چشم (خصوصاً ریتینا کے) معائنے کا آلہ ۔

Ophthalmoscopic/-al : (a) شبك بیں یا دروں چشم بیں سے متعلق ۔

Ophthalmoscopically : (n) از روئے شبك بینی: شبك بینی کے طور پر: از روئے شبك بیں ۔

Ophthalmoscopy : (n) شبك بینی: شبکیّہ بینی:معائنہ چشم: آنکھ کے اندرونی حصے کا معائنہ: شبك بینی کا استعمال ۔

Ophthalmotomy : (n) (جرّاحی) چشم تراشی: آنکھ کی جرّاحی ۔

Ophthalmotrope : (n) (طب) حرکات چشم نما: مصنوعی آنکھ سے عضلات چشم کی حرکات کو ظاہر کیا جاتا ہے ۔

Ophthalmotropometer : (n) (طب) حرکات چشم پیما: حرکات چشم کی پیمائش کا آلہ ۔

Opiane : (n) [f. 'Opium' +ane. '] نارکوٹین (Narcotine) کا متروك مترادف جو اب صرف کیمیائی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے: افیم سے نکالا ہوا تلخ اور شفاف مادہ ۔

Opianic : (a) نارکوٹین سے بنا ہوا ۔

Opinianic acid : (n) نارکوٹینی ترشہ: ترشۂ افیون: افیونی ترشے ۔

Opianic ether : (n) افیونی ایتھر : (سونگھنے والی) خواب آور دوا: مخدّرِ دوا ۔

Opianyl : (n) افیونیہ: افیونی ترشے کا جزو مستقل ۔

Opiate : (a) (۱) افیون سے بنا ہوا: افیون آمیز: جس میں افیون شامل ہو: خواب آور: منوم : مسکّر: سن کرنے والا: مخدّر ۔ (۲) (مجازاً) غنودگی آور: سستی لانے والا ۔

Opiate : (n) افیون ملی ہوئی دوا: افیون آمیز دوا: منوم دوا: خواب آور دوا: نیند لانے والی دوا ۔

Opiate : (v) (۱) افیون کے ذریعہ سلا دینا : خواب آور دوا کے ذریعہ سلا دینا ۔ (۲) (مجازاً) سن کر دینا: حس یا حساسیت کو کم کر دینا: بے حس کر دینا ۔(۳) افیم ملانا ۔

Opiated : (a) بے حس کیا ہوا: سن کیا ہوا: خواب آور دوا کے ذریعہ سلایا ہوا: افیون آمیز: افیون ملا ہوا ۔

Opinant : (n) اپنی رائے رکھنے والا: رائے قائم کرنے والا: رائے دینے والا: اظہار خیال کرنے والا: اپنی رائے ظاہر کرنے والا: صاحب نظر: صاحب رائے ۔

Opine : (v) [L. 'Opinari.'] (۱) رائے رکھنا: اپنی رائے قائم کرنا: رائے قائم کرنا: خیال ظاہر کرنا: فرض کرنا ۔ (۲) اظہار رائے کرنا: اظہار خیال کرنا : رائے دینا ۔ (۳) رائے ہونا: خیال ہونا ۔

Opiner : (n) دیکھو Opinant

Opiniated : (a) (۱) اپنی ہی رائے کو فائق سمجھنے والا:اپنے خیال کو حد سے زیادہ ارفع و اعلیٰ سمجھنے والا: ہٹ دھرم: متعصب: سخن پرور: خود پسند: خود بیں ۔ (۲) خود رائے : ضدی: ہٹیلا ۔

Opining : (n) اظہار رائے: رائے قائم کرنا یا ظاہر کرنا:رائے: خیال ۔

Opinion : (n) [L. 'Opinio. '] (۱) رائے: خیال: گمان : قیاس ۔ (۲) عقیدہ : خیال راسخ ۔(۳) ماہر فن کی رائے یا مشورہ: (غور و خوض کے بعد دی گئی) رائے یا مشورہ ۔ (۴) (کسی شخص یا چیز کی نسبت) رائے: اندازہ: وقعت (منفی صورت میں استعمال ہوتا

ہے مثلاً (I have no opinion of Frenchmen) -
(۵) (کسی چیز یا بات کے سلسلے میں) عام خیال؛ عام رائے۔

A matter of opinion : وہ معاملہ جس میں اختلاف ممکن ہو؛ اختلافی مسئلہ؛ مسئلہ متنازعہ۔

In my opinion : میرے خیال میں ؛ جہاں تک میں سمجھتا ہوں۔

Is of opinion : (یہ) رائے رکھتا ہے۔

Pious opinion : نیک رائے؛ صائب رائے؛ کوئی عقیدہ جسے عام طور پر مانا یا قبول کیا جاتا ہو لیکن اسے جزو دین کی حیثیت سے عائد نہ کیا گیا ہو۔

To be of opinion : کوئی عقیدہ یا نظریہ رکھنا؛ رائے رکھنا؛ رائے ظاہر کرنا؛ اظہار خیال کرنا۔

Opinion formation : (n) رائے قائم کرنا؛ اظہار خیال۔

Opinion poll : (n) عوام یا کسی طبقے کی رائے کا اندازہ یا رائے معلوم کرنا؛ رائے شماری؛ استصواب رائے۔

Opinionated : (a) دیکھو Opiniated

Opinionatedness : (n) ضد؛ ہٹ؛ خود رائے؛ ہٹ دھرمی۔

Opinionative : (a) دیکھو Opinionated

Opinionatively : (adv.) خود پسندانہ؛ ہٹ دھرمی سے؛ ضد کے ساتھ؛ خود رائی؛ متعصبانہ۔

Opinionativeness : (n) ضد؛ خود پسندی؛ خود رائی؛ ہٹ دھرمی؛ تعصب؛ سخن پروری۔

Opinionist : (n) (۱) صاحب رائے؛ قطعی رائے رکھنے والا؛ واضح رائے رکھنے والا۔ (۲) اپنا الگ عقیدہ رکھنے والا؛ فرقہ پرست۔

Opio - : (comb.) [Gr. 'Opion .'] جزو ترکیبی بمعنی "افیون"۔

Opiomania : (n) خبط افیون خوری؛ افیم کھانے کا خبط یا جنون۔

Opiophile : (n) افیمچی؛ افیم کھانے والا۔

Opisometer : (n) [Gr. 'Opiso +meter. '] کسی نقشے کے خطوط منحنی کو ناپنے کا آلہ : نقشہ پیما؛ انحنا پیما؛ منحنی پیما؛ منحنی سنج۔

Opisth-/Opistho- : (comb.) یونانی لفظ opisthen سے مشتق سابقہ بمعنی پیچھے۔

Opisthenar : (n) پشت دست؛ ہاتھ کی پشت۔

Opisthenogenes : (n) (نباتیات) تکوین تہقری۔

Opisthion : (n) [L.] (تشریح) آخرینہ۔

Opisthobranch : (a & n) پس خیشومی؛ پس خیشومہ۔

Opisthobranchia : (n) (حیوانیات) پس خیشو میان؛شکم پایان دریائی جانور جن کے گلپھڑے دلوں کے بعد یا پیچھے ہوتے ہیں۔

Opisthobranchiate : (a) [mod. L. 'Opisthobranchiata. '] پس خیشومی : پس خیشومہ؛ Opisthobranchia یا Opisthobranchiate کی نوع کا۔

Opisthobranchiatc : (n) (حیوانیات) پس خیشومی صدفہ : پس خیشومہ : دریائی معدہ پا یا شکم پا گھونگا جس کے گلپھڑے دل کے بعد یا پیچھے ہوتے ہیں۔

Opisthocoelian : (a) [Gr. 'Opistho' + 'koilos. '] (ریڑھ دار جانور) جن کے جسم پیچھے سے مقعر یا مجوف ہوتے ہیں؛ پس مقعر؛ پس مقعرہ۔

Opisthocoelous : (a) دیکھو Opisthocoelian

Opisthodetic : (a) چونچ کی پشت پر واقع : پشت منقاری۔

Opisthodome : (n) (یونان قدیم) قدیم یونانی عبادت گاہ کی پشت پر بنا ہوا کمرہ جو پیش دالان کے مقابل ہوتا تھا؛ عبادت گاہ عقبی کمرہ یا اطاق عقبی۔

Opisthodomos : (n)[Gr. 'Opistho' +'domos.'] دیکھو Opisthodome

Opisthogastric : (a) معدے کے پیچھے واقع؛ پس معدہ؛ پس شکم۔

Opisthoglossa : (n) [L.] (حیوانیات) پس زبانان؛ حیوانات(کا ایک طبقہ) جن کی زبانیں آگے کی طرف جڑی اور پیچھے کھلی ہوئی ہوتی ہیں۔

Opisthoglossal : (a) پس زبان؛ پس زبانہ؛ آگے کو جڑی اور پیچھے کھلی ہوئی زبانوں والے (حیوانات)۔

Opisthoglossate : (a) دیکھو Opisthoglossal

Opisthoglyph : (a) سانپوں کی Opisthoglyphia نوع کا۔

Opisthoglyph : (n) Opisthoglyphia نوع کا سانپ جس کے پچھلے دانت میں نالی ہوتی ہے؛ زہریلے سانپ کی ایک قسم۔

Opisthoglypha/Opisthoglyphia : (n) زہریلے سانپوں کی ایک قسم جن کے پچھلے دانت میں نالی ہوتی ہے جس سے ہوکر زہر باہر آتا ہے۔

Opisthoglyphic/Opisthoglyphous : (a) دیکھو Opisthoglyph

Opisthognathous : (a) (۱) (حیوانیات) پس فکہ؛ پیچھے دھنسے ہوئے جبڑوں والا۔ (۲) (مچھلی) جس کا منہ کھوپڑی کے پیچھے اور شکم کی جانب (نیچے) ہوتا ہے؛ ایسے منہ والی مچھلی۔

Opisthograph : (n) (یونان و رومائے قدیم) تحریر جو کاغذ کے دونوں جانب لکھی ہو؛ دو طرفی تحریر؛ پشت نگارش؛ پتھر کی سل جس کے دونوں طرف عبارت کندہ ہو؛ دو طرف عبارت کندہ سل۔

Opisthograph/Opisthographic/-al : (a) آگے پیچھے دونوں طرف لکھا ہوا یا کندہ کیا ہوا؛ دو طرفہ تحریر یا نقش والا۔

Opisthography: (n) پشت نگاری؛ دو طرفہ لکھاوٹ یا کندہ کاری؛ دونوں طرف لکھنا۔

Opisthomere : (n) (حیوانیات) موخر حلقہ؛ موخر فقرہ۔

Opisthomi : (n) [mod. L. pl. pf 'Opisthomus. '] افریقہ اور جنوبی ایشیا کے صاف پانی میں پائی جانے والی چھوٹی نوع کی گوشت خور مچھلیاں جو بامی مچھلی سے مشابہ ہوتی ہیں اور جن کے نتھنے نلی کی شکل کے اور خاصے بڑے ہوتے ہیں۔

Opisthomous : (a) Opisthomi نوع کی مچھلی جس کے مونڈھے کی چپنی (قوس شانہ) کھوپڑی سے جدا ہوتی ہے۔

Opisthopulmonate : (a) [L. 'Pulmo , Pulmon. '] (حیوانیات) (پھیپھڑے دار معدہ یا صدفی) جن کے پھیپھڑے کی تھیلی قلب کے پیچھے ہوتی ہے : پس ششی۔

Opisthotic : (a) (تشریح) کان کی پشت پر واقع کان کی ہڈیوں میں سے ایک کی صفت؛ دودھ پلانے والے جانوروں میں، کان کی دوسری ہڈیوں سے ملی ہوئی اور کنپٹی کی ہڈی کے اس حصے کی تشکیل کرنے والی (ہڈی) جس میں سماعی جوفہ ہوتا ہے۔

Opisthotic : (n) کان کی پشت پر واقع کان کی ہڈیوں میں سے ایک۔

Opisthotonic : (a) Opisthotonos کا؛ اس سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Opisthotonos/Opisthotonus : (n) (مرضیات) گردن پشت یا پیروں کے عضلات کا تشنج جس سے انسان کا جسم پیچھے کی طرف جھک جاتا ہے؛ کزاز (ٹٹنس) کی ایک قسم۔

Opium : (n) [L.] افیم؛ افیون؛ پوست کے کچے پھول کو گود کر کے حاصل کیا ہوا گاڑھا سرخی مائل بھورے رنگ کا تیز بو اور تلخ ذائقے والا عرق جو خواب آور اور مسکن اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے (خصوصاً مشرق میں) یہ نشہ آور بھی ہوتا ہے۔

Opium : (v) افیم یا افیون دینا؛ افیم ملانا؛ افیون آمیز بنانا : افیم کھلانا۔

Opium den : (n) چانڈو خانہ؛ افیمچیوں کا اڈہ۔

Opium habit : (n) افیم خوری یا افیم نوشی کی عادت یا سرور پیدا کرنے کی غرض سے؛ افیم کی لت۔

Opium plant/ -poppy : (n) افیم کا پودا؛ پوستہ؛ نہال پوستہ؛ نہال خشخاش۔

Opium smoking : (n) افیون نوشی؛ افیون کشی۔

Opiumisın : (n) افیم کی لت یا عادت : افیم کا نشہ؛ افیمیت۔

Opiumize : (v) افیون ملانا؛ افیون آمیز کرنا۔

Opobalsam/Opobalsamum : (n) [L.] بلسانِ مکّی۔

Opodeldoc : (n) (طب) طلا کاری؛ طلا صابونی (الکحل میں حل کیا ہوا صابن جس میں فلسی اور ایک خوشبودار جھاڑی سے نکالا ہوا روغن اور کافور بھی ملا ہوا رہتا ہے)۔

- opolis : (comb.) یونانی لفظ polis سے بنا ہوا لاحقہ بمعنی شہر، بلدہ۔

Opopanax : (n) [L.] (۱) ایک قسم کی تیز بو دار رال جو کسی زمانے میں دوا کے طور پر مستعمل تھی؛ نوشد ارو۔ (۲) ایک قسم کی خوشبو دار رال جو عطر وغیرہ میں پڑتی ہے؛ کافوری خوشبو؛ گاؤشیر؛ جاشیر؛ جاؤشیر۔ (۳) درخت عطر عقاقی Opopanax-tree کا مخفف۔

Opopanax soap: (n) صابون جسے کافوری خوشبو سے معطر کیا گیا ہو؛ خوشبو دار صابون۔

Opopanax-tree : (n) درخت عطر عقاقی؛ درخت عطر کاسی؛ جنوبی

امریکہ، ویسٹ انڈیز وغیرہ کا درخت اسفنج ۔

Oporto : (n) [Pg. 'O port.'] ایک گہرے سرخ رنگ کی پرتگالی شراب ۔

Opossum : (n) [Virginion Indian 'Apassum. '] (۱) صاریغ: موش کیسہ دار: اپوسم: ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ھے: اس کے پچھلے پیروں میں انگوٹھا ہوتا ھے۔ (۲) اوسط قد والے مختلف تھیلی دار جانور خصوصاً آسٹریلیا اور تسمانیہ کا Phalanger ۔

Opossum-mouse : (n) آسٹریلیا کا پست قد تھیلی دار جانور جو اڑتا ھے ۔

Opossum shrimp : (n) کیسہ دار قشریہ (جس کی مادہ اپنے انڈوں کو تھیلی میں لئے پھرتی ھے) ۔

Opotherapy : (n) (طب) عصیری علاج ۔

Oppidan : (a) [L. 'Oppidanus.'] شہری: قصباتی: شہر کا یا اس سے متعلق (بخلاف دیہاتی): شہر کی جانب: شہر نشیں ۔

Oppidan : (n) (۱) شہر کا باشندہ: شہر کا رہنے والا ۔ (۲) (ایٹن کالج) دارالاقامہ میں نہ رہنے والا طالب علم: شہر میں رہنے والا طالب علم: بیرونی طالب علم: غیر مقیم طالب علم ۔

Oppilate : (v) [f. L. 'Oppilare. '] روکنا: مسدود کرنا: روک لگانا: حائل ہونا: مانع ہونا : مزاحم ہونا: سدراہ ہونا: بند ہونا ۔

Oppilation : (n) (۱) روک مزاحمت : انسداد : حائل ہونا: مانع ہونا ۔ (۲) (طب) انسداد مجری: سدہ۔ (۳) (طب) انعام نخز العضو ۔

Oppilative : (a) روکنے والا: مسدود کرنے والا: مزاحم: مانع: حائل ہو نے والا: قبض یا سدہ پیدا کرنے والا : قابض ۔

Opponency : (n) مخالفت: خلاف ہونا: مخالف یا مقابل ہونا : متخالف یا متقابل ہونا: مقابلہ: عداوت: دشمنی ۔

Opponens : (n) (تشریح و حیوانیات) عضلۂ متقابلہ ۔

Opponent : (a) [L. 'Opponens. '] (۱) مخالف: معاند: مد مقابل:مدعی: دشمن: حریف: فریق مخالف ۔ (۲) معارض: مخالف : متضاد (اب اس معنی میں شاذ ھے) ۔ (۳) (تشریح) (ہاتھ کا عضلہ) متقابلہ: متقابل (عضلہ) ۔

Opponent : (n) (۱) (تاریخ) مدعی شخص: فریق مخالف ۔ (۲) مخالفت کر نے والا: مخالف شخص: دشمن: مقابل شخص ۔

Opponent muscle : (n) عضلۂ متقابلہ: مقابل اصبع خامسی ۔

Opportune : (a) [L. 'Opportunus. '] (۱) ٹھیک: درست: موزوں: مناسب: مساعد (وقت وغیرہ) ۔ (۲) برمحل: بروقت: با موقع ۔

Opportunely : (adv.) مناسب وقت پر: برمحل: ٹھیک وقت پر ۔

Opportuneness : (n) بروقت ہونا: بر محل ہونا ۔

Opportunism : (n) (۱) (سیاسیات) موقع پرستی: مصلحت پرستی: وقتی ضرورتوں پر حد سے زیادہ زور دینا ۔ (۲) موقع کے لحاظ سے کام کرنا: درمیانی راہ اختیار کرنا: مصلحت بینی: حکمت عملی ۔ (۳) ابن الوقتی؛ زمانہ سازی ۔

Opportunist : (n) ۔ مصلحت پرست: مصلحت بین: ابن الوقت: زمانہ ساز ۔

Opportunity : (n) [L. 'Opportunitas.'] (۱) مناسبت وقت: برمحل ہونا ۔ (۲) موقع: عمدہ موقع: مناسب وقت: مساعد وقت ۔

Opposability : (n) تقابل پذیری ۔

Opposable : (a) تقابل پذیر ۔

Oppose : (v) [L.'Opponere. '] (۱) (تاریخ) اعتراض کرنا یا سخت سوالات کرنا ۔ (۲) مقابلے پر رکھنا: مقابلے میں لانا یا پیش کرنا: متضاد یا مخالف حیثیت سے پیش کرنا ۔ (۳) مقابلہ کرنا: مقابلے پر آنا: مخالفت کرنا: رکاوٹ ڈالنے کے لئے (کسی چیز کو) سامنے رکھنا یا لانا: مزاحمت کرنا: رکاوٹ ڈالنا : سد راہ ہونا ۔ (۴) ہمیشہ مخالفت کا پہلو اختیار کرنا ۔ (۵) مقابلے پر ہونا: رخ پر ہونا: مقابل ہونا ۔

Opposed : (a) مخالف ؛ مقابل ۔

Opposeless : (a) (شعر) ناقابل مزاحمت: ناقابل مقاومت: ناقابل اعتراض: ناقابل تعرّض ۔

Opposer : (n) (۱) (تاریخ) علمی مباحث میں کسی دعوے یا نظریے کی مخالفت کر نے والا: معترض ۔ (۲) مخالف؛ مقابل: مد مقابل: حریف: دشمن: فریق مخالف: مزاحم ۔

Opposing : (a) مخالفت کرنے والا: مقابلے پر آنے والا: مخالف: مقابل: مزاحم: مانع ۔

Opposite : (a) [L. 'Oppositus. '] (۱) روبرو: سامنے کا: مقابل: محاذی ۔ (۲) برعکس : مخالف: الٹا: متضاد ۔ (۳) نقیض: ضد ۔ (۴) (نباتیات وغیرہ) متقابل ۔ (۵) (The کے ساتھ)

مخالف: (مختلف خاصیت کی دو چیزوں میں) دوسری۔

Opposite : (n) (۱) برعکس چیز یا لفظ: متضاد صفت: بالمقابل چیز۔ (۲) (جمع) اپنی قسم کی انتہائی مختلف چیزیں۔

Opposite : (adv.) سامنے: مقابل: محاذ میں: مقابل پر: مخالف سمت میں۔

Opposite : (prep.) برعکس: دوسرے رخ پر: آمنے سامنے۔

To play opposite : مقابل (اداکار یا اداکارہ) کے طور پر کام کرنا: (کسی مخصوص ایکٹر یا ایکٹریس کے ساتھ) ہیرو یا ہیروئن کا پارٹ کرنا۔

Opposite forces : (n) (میکانیات) قوائے متقابل۔

Opposite leaves : (n) (نباتیات) بالمقابل پتیاں (جو تنے کے دوسرے پہلو پر ہوں)، ٹہنی کے دونوں طرف بالمقابل پتیاں۔

Opposite number : (n) (ایک ہی سطح پر) دو متقابل اشیاء یا افراد میں سے ایک : مد مقابل: تقابل کا شخص یا شے۔

Opposite polarity : (n) (مقناطیسی) متضاد قطبیت۔

Opposite test : (n) (نفسیات) آزمائش اضداد۔

Oppositely : (adv.) (۱) بالمقابل: آمنے سامنے۔ (۲) اس کے برعکس اس کے بر خلاف۔

Oppositeness : (n) مقابلہ: تضاد: مخالفت: روبرو ہونا: (پتیوں کا) بالمقابل ہونا۔

Oppositi - : (comb.) [L. 'Oppositus. '] لاطینی لفظ oppositus سے مشتق سابقہ یا جزو ترکیبی جو مقابل کے معنی پیدا کرتا ہے اور خاص کر نباتیاتی صفات میں استعمال ہوتا ہے۔

Oppositifolious : (a) (نباتیات) بالمقابل برگہ، متقابل الاوراق: بالمقابل پتیوں والا: کسی پتی کے مقابل واقع۔

Opposition : (n) [L. 'Oppositio. '] (۱) سامنے یا مقابل میں رکھنے کا عمل: مقابلہ: تقابل: استقبال (مجلس میں)۔ (۲) متقابل جگہ یا محل۔ (۳) (ہیئت) مقابلہ (ضد قرآن)۔ (۴) (منطق) تقابل، تناقض، معارضت۔ (۵) مخالفت: مزاحمت: مقاومت: تضاد: مخالفانہ یا معاندانہ فعل: عداوت: دشمنی۔ (۶) مخالف جماعت: مخالف پارٹی: حزب مخالف۔ (۷) توصیفی معنوں میں مخالف پنج وغیرہ۔

Contradictory opposition : (منطق) تردیدی تناقض : تردیدی تقابل: تردیدی معارضت۔

Contrary opposition : (منطق) متضاد تناقض: متضاد تقابل: متضاد معارضت۔

Fallacy of opposition : (منطق) مغالطۂ معارضت۔

In opposition : حزب مخالف میں: حکمراں جماعت کے خلاف: خلاف پارٹی میں: اقلیت میں۔

Subaltern opposition : (منطق) محکوم معارضت (جو کسی کلیے کے ما تحت ہو)۔

Subcontrary opposition : (منطق) نیم متضاد معارضت (جو کیفیت میں مختلف ہو، کمیت میں نہیں) : نیم متضاد تناقض یا تقابل۔

The opposition/His Majestys opposition : پارلیمنٹ میں حکمراں کی مخالف پارٹی یا جماعت :حزب مخالف۔

To be in opposition : (۱) حکمراں جماعت کے خلاف ہونا: حزب مخالف ہونا: اقلیت میں ہونا۔ (۲) (ہیئت) سورج سے ۱۸۰ درجے کے زاویے پر ہونا: سورج کے مقابل ہونا۔

Opposition method : (n) (فلسفہ) طریقۂ تخالف۔

Opposition party : (n) (۱) (سیاسیات) حزب مخالف: حزب اختلاف: مخالف پارٹی۔ (۲) (قانون) فریق مقابل: حریف۔

Oppositional : (a) تقابلی : مخالفانہ: حزب مخالف کا۔

Oppositionist : (n) مزاحم: مخالف: مخالف حکومت: پارلیمنٹ میں حزب مخالف کا رکن: (توصیفی معنوں میں یا بطور صفت بھی مستعمل ہے)۔

Oppositipetalous : (a) (نباتیات) مقابل گلبرگہ۔

Oppositisepalous : (a) (نباتیات) مقابل سبلہ: مقابل مسند (حاصل زر)۔

Oppositive : (a) [med. L. 'Oppositivus. '] (۱) متضاد : متقابل : متناقض : نقیض۔ (۲) جسے مخالف کا شوق ہو : مخالف پسند : مخالف۔

Oppositively : (adv.) (۱) متضاد: مقابل: متناقض طور پر:مخالفانہ۔

Oppositiveness : (n) تناقض: تخالف: تضاد: تقابل: مخالفت۔

خفت۔ (۲) نفرین : نفرۂ نفریں۔ (۳) ذلیل کن : رسوائی آور: بدنام کن: خفت آور۔

Oppugn : (v) [L. 'Oppugnare. '] (۱) (کسی بات پر) اعتراض کرنا: ایراد کرنا: شبہ ظاہر کرنا۔ (۲) (شاذ) اختلاف رکھنا: مخالفت کرنا۔

Oppugnance/Oppugnancy : (n) (فلسفہ) مخالفت: مقابلہ:مجادلہ: تصادم: آویزش: جھگڑا: تکرار: عداوت: دشمنی: مزاحمت۔

Oppugnant : (a) اختلاف کرنے یا رکھنے والا: مخالف: معاند:حریف : مزاحمت: عداوت: دشمنی۔

Oppugner : (n) معترض: مخالف: حریف۔

Opsimath : (n) وہ شخص جو کبر سنی میں تحصیل علم کرے : پیر متعلم: بوڑھا توتا۔

Opsimathy : (n) [Gr.] کبر سنی کی تحصیل علم: (تعلیمات) تعلیم پیر (بوڑھا)۔

Opsiometer : (n) (بصریات) بصارت پیما۔

Opsomania : (n) (طب) جنون یك غذا۔

Opsonic : (a) [f. ' Opsonin. '] (حیوانیات) اُپسونینی: جراثیم میں یہ خاصیت پیدا کردینے والا کہ خون کے جاذب جراثیم جسیمے انہیں آسانی سے جذب کر لیں۔

Opsonic index : (n) (حیوانیات) نمائندہ اُپسونین: وہ عدد جس سے مریض کے Serum کی جذب جراثیم کی قوت ظاہر ہوتی ھے۔

Opsonin : (n) [L. 'Opsonium .'] (حیوانیات) اُپسونین (وہ مادہ جو مریض کے خون میں اس کے مرض جراثیم کا سیرم داخل کرنے سے پیدا ہوتا ھے)۔

Opsonization : (n) اُپسونین کے ذریعہ متاثر کرنے کا عمل۔

Opsonize : (v) اُپسونین کے ذریعہ متاثر کرنا۔

Opt : (v) [L. 'Optare. '] (دو میں کسی ایک کا) انتخاب کرنا: اُوپٹ کرنا: اختیار کرنا: (دو میں سے ایک کے لئے) فیصلہ کرنا یا طے کرنا۔

To opt out of : (کسی بات میں) حصہ نہ لینے یا (کسی کام کو) نہ کرنے کا فیصلہ کرنا۔

Oppress : (v) [med. L. 'Oppressare. '] (۱) ظلم کرنا: جور و تعدی کرنا: جابرانہ حکومت کرنا۔ (۲) مغلوب کرنا: زیر کرنا: دبانا: ناجائز دباؤ ڈالنا۔ (۳) پست کرنا: مضمحل کرنا۔ (۴) (شعر) (نیند وغیرہ پر) قابو پانا: غالب آنا۔ (۵) (نفس یا احساسات کو) دبلنا: قابو میں کرنا: پست کرنا۔ (٦) (متروک) پیروں سے کچلنا: پامال کرنا (خصوصاً Pa.pple میں)۔

Oppression : (n) (۱) دبانے کا عمل یا دبائے جانے کی حالت: جبر: مجبوری: غلبہ: مغلوبیت: ظلم: مظلومیت۔ (۲) جسمانی طور پر دبائے جانے کا احساس۔ (۲) ناجائز دباؤ: ظلم: جور، ستم : بیداد : تعدی: بے رحمانہ سلوک۔

Oppressive : (a) (۱) ظالمانہ: جابرانہ: موذی: بے رحمانہ: غیر منصفانہ : ناجائز ۔ (۲) بھاری: دشوار: شدید: سخت : گراں : شاق ۔ (۳) مجبور کن: مغلوب کن: (ذہن ، نفس یا احساسات کو) دبانے والا: افسردہ کن۔ (۴) ظالم: جفا کار: ستمگر : بیداد گر: ستم پیشہ۔

Oppressive climate : تکلیف دہ آب و ہوا: نامناسب آب و ہوا۔

Oppressive day : (n) (موسمیات) روز حبس: امس کا دن۔

Oppressive ruler : (n) ظالم حکمراں۔

Oppressive tax : (n) غیر منصفانہ یا جابرانہ ٹیکس۔

Oppresively : (adv.) ظالمانہ: جابرانہ: ستمگرانہ: شدت سے: سختی سے۔

Oppresiveness : (n) جابریت: سخت گیری: موذی پن: سختی: ظلم : جفا۔

Oppressor : (n) (۱) ظالم: جابر: ستمگر: مردم آزار: موذی : سخت گیر: بے رحم: جفا کار۔ (۲) تکلیف دہ چیز یا شخص۔

Opprobrious : (a) [LL. 'Opprobriosus. '] ملامت آمیز: دشنام آمیز: حقارت آمیز: سخت ست اہانت آمیز: گستاخ: بیہودہ : شوخ چشم : بد زبان : بد لگام۔

Opprobrtiously : (adv.) ملامت آمیز الفاظ میں : بد زبانی سے: اہانت آمیز طور پر: بیہودگی سے۔

Opprobriousness : (n) بیہودگی: بد زبانی: بد لگامی : اہانت آمیزی : ملامت۔

Opprobrium : (n) [L.] (۱) ذلت: بدنامی: رسوائی: فضیحت : ننگ:

Optation : (n) (۱) چاہت؛ خواہش۔ (۲) (صرف و نحو) فجائیہ کی شکل میں خواہش کا اظہار: (فجائیہ صیغے میں) اظہار تمنا۔

Optative : (a) (۱) (صرف و نحو) تمنائی؛ جس سے خواہش کا اظہار ہو۔ (۲) خواہش یا پسند ظاہر کرنے والا۔

Optative : (n) (فعل کا) صیغۂ تمنائی۔

Optative mood : (n) (فعل کا) صیغۂ تمنائی؛ صورت تمنائی۔

Optatively : (adv.) (نحو) تمنائی حالت میں؛ تمنائی معنوں میں؛ صیغۂ تمنائی میں ؛ کسی خواہش کے اظہار میں۔

Optic : (a) آنکھ کا؛ متعلق چشم؛ عینی؛ بصری؛ چشمی؛ متعلق بصر ؛ متعلق بصارت؛ نظری؛ بینائی سے متعلق؛ (بصریات) مناظری۔

Optic : (n) [med. L. 'Opticus. '] (مزاحاً) عضو بینائی؛ آلۂ بصر؛ آنکھ (خاص کر جمع میں)؛ چشم؛ عین؛ (تشریح) عصب باصرہ یا بصری عصب۔

Optic angle : (n) (بصریات) زاویۂ بصر۔

Optic atrophy : (n) (طب) بصری دُبُول۔

Optic axis : (n) محور دید : محور باصرہ؛ محور بصر؛ صدر محور؛ محور مناظر؛ مناظری محور۔

Optic chiasma : (n) (تشریح) بصری صلیبیہ؛ تقاطع اعصاب بصری۔

Optic commissure : (n) (تشریح) بصری اِلتقا۔

Optic disc : (n) (تشریح) قوص بصری۔

Optic lobe : (n) (تشریح) فص بصری۔

Optic nerve : (n) عصبۂ چشم؛ عصبۂ مجوفہ؛ عصب بصری؛ عصب باصرہ۔

Optic neuritis : (n) آنکھ عصبی سوزش : ورم عصبِ چشم۔

Optic papilla : (n) بصری ستا : وہ خفیف سا ابھار جو عصبۂ چشم کے ریشوں پر مشتمل موٹے گچھوں کے دیدے میں داخل ہونے سے بنتے ہیں۔

Optic thalamus : (n) (تشریح، حیوانیات) سریر بصری؛ مبداء عصب بصر۔

Optical : (a) (۱) عینی، چشمی؛ متعلق چشم؛ بصری؛ متعلق بصر؛ متعلق بصارت؛ نظری۔ (۲) (بصریات) مناظری؛ علم مناظر و مرایا کا؛ بصریات کا؛ بصریاتی؛ نوری۔ (۳) ماہر بصریات۔ (۴) معاون بصارت؛ بصارت یا روشنی کے ذریعہ عمل کرنے والا؛ بصریات کے اصول کے مطابق بنایا ہوا یا ایجاد کیا ہوا۔

Optical activity : (n) (کیمیا) مناظری عاملیّت؛ مناظری گردش۔

Optical art : (n) فریب نظر پیدا کرنے کے لئے متخالف رنگوں (خصوصاً سفید و سیاہ) سے بنائی ہوئی مجرد تصویر یا مجرد آرٹ؛ مخفف Opart -

Optical axis : (n) محور دید؛ محور باصرہ؛ محور بصر؛ صدر محور؛ محور مناظر؛ مناظری محور۔

Optical bench : (n) (بصریات) تختِ مناظر۔

Optical chiasma : (n) (تشریح) بصری صلیبیہ؛ تقاطع اعصاب بصری۔

Optical density : (n) (بصریات) مناظری کثافت۔

Optical double : (n) (علم النجوم) مناظری مثنیٰ (ستارے)۔

Optical illusion : (n) (نفسیات) فریب نظر؛ آنکھ کا دھوکا۔

Optical instruments : (n) (بصریات) آلات مناظر؛ مناظری آلات۔

Optical isomerism : (n) (کیمیا) مناظری ہم ترکیبی۔

Optical lantern : (n) (بصریات) قندیل مناظر؛ مناظری لالٹین۔

Optical lever : (n) (میکانیات) مناظری بیرم۔

Optical nerve : (n) (تشریح) عصب باصرہ؛ عصبۂ چشم؛ عصب بصری؛ عصبۂ مجوفہ۔

Optical path : (n) (بصریات) طریق مناظری۔

Optical pendulum : (n) (بصریات) مناظری رقّاص۔

Optical rotation : (n) (کیمیا) مناظری گردش۔

Optical square : (n) (مساحت) مناظری گنیا۔

Optical system : (n) (بصریات) مناظری نظام۔

Optical thalamus : (n) (تشریح، حیوانیات) سریر بصری؛ مُبداء عصب

بصر۔

Optical tract : (n) (عضویات، حیوانیات) خطۂ بصری۔

Optically : (adv.) (۱) دیکھنے میں: بصریات کی رو سے۔ (۲) (بصریات) مناظری: نوری۔

Optically active : (a) (کیمیا، طبیعیات) مناظری عامل۔

Optically denser : (a) (بصریات) مناظری کثیف تر۔

Optically rarer : (a) (بصریات) مناظری لطیف تر۔

Optician : (n) (۱) عینک ساز: عینک فروش: آلات بصر کا بنانے والا یا بیچنے والا۔

Optico - : (comb.) [Gr. 'Optikos. '] جزو ترکیبی بمعنی عینی: بصری، بصریاتی۔

Optico-chemical : (a) بصری کیمیائی: علم کیمیا اور بصریات (دونوں) سے متعلق۔

Optico-papillary : (a) بصری مستّے سے متعلق۔

Opticon : (n) [Gr. 'Optikon. '] (حیوانیات) دو بصریّہ۔

Optics : (n) [med. L. 'Optica. '] طبیعیات کی وہ شاخ جو نور کے مظاہر اور خواص سے بحث کرتی ھے: بصریات: مناظریات: علم المناظر و مرایا: علم المناظر: علم نور۔

Geometrical optics : (n) (بصریات) مناظریات ہندسی۔

Physical optics : (n) (بصریات) مناظر طبیعی۔

Optimal : (a) (۱) (حیاتیات) (گرمی، روشنی، غذا، رطوبت وغیرہ کی وہ مقدار یا وہ درجہ) جو توالد و تناسل، نشو و نما اور دیگر حیات افروز عمل کے لئے انتہائی ضروری، مناسب اور اہم ہو۔ (۲) توصیفی معنوں میں: صحیح: مستحسن: متوازن، مناسب۔

Optimal time : (n) زمانۂ عروج اعلیٰ۔

Optimate/Optimates : (n) (تاریخ) اشرافان: قدیم روم کا خاندانی امیر: اونچے طبقے کا یا طبقۂ امراء کا فرد: اشراف: رکن خواصیہ: امیر: امیر زادہ۔

Optime : (n) [L. adv.] کیمبرج میں ریاضی میں ٹرائی پوس (Tripos) کرنے والے اس طالب علم کو کہتے ہیں جس نے دوسرا یا تیسرا درجہ حاصل کیا ہو: ایک کو سینیئر اور دوسرے کو جونیر اُوپٹائم کہا جاتا ھے۔

Optimism : (n) [f. L. 'Optimum. '] (۱) جرمن فلسفی لائبنز (Leibniz) کا نظریۂ استحسان کہ اچھی سے اچھی دنیا جو پیدا کی جا سکتی تھی وہ ہماری دنیا ھے۔ (۲) رجائیت (یہ عقیدہ کہ دنیا میں نیکی بدی پر غالب آئے گی)۔ (۲) رجائیت : امید پروری: امید پرستی: خوش امیدی (طبیعت کا یہ رحجان کہ ہر معاملے یا کسی چیز کے روشن پہلو کو مد نظر رکھنے کا رحجان۔ (۳) (فلسفہ) رجائیت: خوش امیدی۔

Optimist : (n) (۱) رجائیت کے، بعد الطبیعیات اصولوں کا پیرو یا معتقد: (فلسفہ) معتقد رجائیت : رجائیت پسند: رجائی: استحان پسند: امیر پرست : خوش امید۔

Optimist : (a) استحسان پسندانہ : رجائیت پسندانہ: (فلسفہ) رجائی: امیدانہ۔

Optimistic/-al : (n) دیکھو Optimist

Optimistically : (adv.) استحسان پسندی سے: رجائیت پسندی سے : خوش امیدی سے۔

Optimize : (v) اچھے انجام کی امید ظاہر کرنا: استحسان پسندی یا رجائیت کے خیالات ظاہر کرنا: خوش امید ہونا: پُر امید ہونا۔

Optimum : (n) [L. 'Optimus. '] دیکھو Optimal

Optimum population : (n) (شماریت) متوازن آبادی۔

Option : (n) (۱) اختیار (کرنا): انتخاب (کرنا): وہ چیز جو اختیار کی جائے: وہ چیز جو اختیار کی جا سکے۔ موضوع اخیار۔ (۲) حق انتخاب: اختیار یا انتخاب کا حق: آزادئ انتخاب۔ (۳) (صرافہ) تمسکات کو مقررہ شرح پر میعاد کے اندر لینے دینے کا حق۔

Call option : (n) (معاشیات) اختیار خرید۔

Double option : (n) (معاشیات) اختیار خرید و فروخت۔

Optional : (a) (۱) اختیاری (ضد لازمی): جس سے کار انحصار اپنی خواہش یا پسند پر ہو: غیر لازمی: غیر واجب: غیر ناگزیر۔ (۲) کسی چیز یا بات کو خواہش یا پسند پر چھوڑ دینے والا۔

Optional clause : (n) (سیاسیات) اختیاری دفعہ۔

Optional subject : (n) (تعلیمات) اختیاری مضمون۔

Opto - : (comb.) [Gr. 'Optos. '] جزو ترکیبی بمعنی نظر، بصارتِ چشم یا نظری، بصری ۔

Optogram : (n) (حیوانیات) شبکی شبیہ: روشنی کے عمل سے رتینا یا شبکیہ پر بنی ہوئی وہ شبیہ یا تمثال جو کیمیائی ذرائع سے دیرپا یا دائمی بنائی جا سکتی ہے۔

Optological : (a) بصارت کی جانچ کے علم سے متعلق؛ مناظریاتی۔

Optologist : (n) بصارت کی جانچ کا ماہر یا بصریات کی جانچ کرنے والا ماہر؛ ماہر مناظریات۔

Optology : (n) (۱) بصارت کی جانچ کا علم؛ بصریات کی وہ شاخ جو بصریات کی جانچ سے بحث کرتی ہے، مناظریات؛ علم المناظر۔ (۲) آلات مناظر سازی۔

Optometer : (n) بصارت پیما۔

Optometrist : (n) ماہر بصارت پیمائی۔

Optometry : (n) بصارت پیمائی۔

Optophone : (n) آلۂ صدا نما؛ مسماع نور (جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے اس کی مدد سے اندھے کان کے ذریعہ پڑھ سکتے ہیں)۔

Opulence : (n) [L. 'Opulentia. '] دولت مندی؛ تمول؛ معموری؛ فراوانی؛ افراط؛ کثرت؛ بہتات؛ دولت؛ ثروت۔

Opulent : (a) (۱) دولت مند؛ مالدار؛ زردار؛ متمول؛ تونگر۔(۲) معمور؛ فراواں؛ بھرا پرا؛ سرشار۔ (۳) (پھول وغیرہ) شگفتگی؛ رنگ یا خوشبو سے بھر پور، معمور۔ (۴) دولت خیز؛زر خیز۔

Opulently : (adv.) دولت مندی سے؛ فراوانی سے؛ بہ کثرت؛ بھر پور طور پر۔

Opulus : (n) (نباتیات) گل دُنبہ۔

Opuntia : (n) [L.] خاردار پودوں کی ایک بڑی قسم؛ اس قسم کے پودوں کا پھل؛ انجیر ہندی؛ انجیرِ تیغی؛ انجیر بری۔

Opus : (n) [L.] (۱) (موسیقی) نغمۂ موسیقی؛ (ماہر موسیقی کی) علاحدہ نغمہ نگاری۔ (۲) ادبیہ تصنیف۔ (۳) مخفف Op -

Magnum opus : (n) شاہکار (ادبی وغیرہ)۔

Opus magnum : (n) دیکھو Magnum opus

Opuscule : (n) مختصر تحریر نغمہ؛ مختصر ادبی تحریر۔

Opusculum : (n) [L. dim. of 'Opus. '] دیکھو Opuscule

Or : (n) [L. 'Aurum .'] (۱) (نقابت) مارکوں میں سنہرا یا زرد رنگ؛ سونے کا کام۔ (۲) پیتل؛ کانسے یا دوسری دھاتوں کی ملمع کاری کے لئے تیار کیا ہوا سونے کا پتھر یا پیسا ہوا سفوف۔

Or : (prep. & conj.) قبل (ازیں)؛ پیشتر؛ پہلے۔

Or : (conj.) (۱) یا۔ (۲) یا تو۔ (۳) یعنی۔ (۴) ورنہ۔

Or - : (prefix) قدیم انگریزی سابقہ بمعنی "out"-

- or : (suffix) لاحقہ جو مختلف لاطینی الاصل الفاظ کے ساتھ آتا ہے۔

- or : (suffix) (لاحقہ) انگلستان میں اکثر الفاظ کے آخر میں out - کی صورت میں آتا ہے امریکا میں or - کر لیا گیا ہے مثلاً ardour, liquor وغیرہ۔

- or (- our) : (suffix) کبھی کبھی فرانسیسی لاحقہ oir - کے بدلے میں آتا ہے۔

- or : (suffix) (۱) (لاحقہ) لاطینی or - یا orem- کے بدلے آتا ہے۔ (۲) اسم فاعل کے آخر میں (قابض، متصرف Possessor) - (۳) ان الفاظ کے آخر میں جو آلہ اور اوزار کے معنی رکھتے ہیں مثلاً (Exlansor) - (۴) متفرق اسماء کے آخر میں آتا ہے۔

- or : (suffix) oir - کا متبادل جو درجہ ظاہر کرنے والی صفتوں کے ساتھ آتا ہے مثلاً major minor وغیرہ۔

Ora : (n) [OE.] (۱) (تاریخ) ڈنمارک کا ایک سکہ جسے Domesday Book میں بیس پینس کے برابر لکھا گیا ہے۔ (۲) Domesday Book میں استعمال شدہ ایک پیمانۂ وزن جو اونس کے عوض ہے۔

Ora : (n) [L.] (حشریات) سینے کے نیچے کا بغلی حاشیہ؛ (تشریح) منافذ۔

Ora serrata : (n) کنار شبکیہ؛ ریتینا کا دندانہ دار کنارہ۔

Orach/Oracha : (n) [OFr. 'Arache , arrace. '] پہاڑی پالک؛ پالک کوہی۔

Oracle : (n) [L.' Oraculum', f. 'Orare.'] (۱) (قدیم یونان کا) دارالاستخارہ (جہاں دیوتاؤں سے مشورہ یا پیشین گوئی طلب کی جاتی تھی)۔ (۲) دیوتاؤں کا جواب جو اکثر مبہم ہوتا تھا: جواب استخارہ۔ (۳) یہودیوں کے مندروں میں مقدس ترین مقام: دارالرحم۔ (۴) الہام ربانی (کا وسیلہ یا واسطہ) : (وحی یا الہام کا) مَہبَط: مقام الہام۔ (۵) حکمی میعار یا علامت حکمی فال: وحیٔ آسمانی (مجازی معنی میں) : الہام۔ (۶) غیر خاطی رہنما: معصوم رہنما: خصر ثانی: غیر خاطی و پُر اسرار رہنما یا ہادی۔ (۷) عاقل مشیر: پُر اسرار مشیر: مشیر غیبی: وہ چیز جو الہامی جوابات یا مشورے دیتی ہو۔ (۸) دانش مندانہ مشورہ: پُر اسرار مشورہ۔ (۹) لقمان ثانی: ارسطوئے ثانی: بوجھ بجھکڑ: لال بجھکڑ۔ (۱۰) دانشمندانہ فیصلہ۔ (۱۱) سروش غیبی: ہاتف غیبی: حکمی خبر دینے والا: کاہن: کاہنہ۔ (۱۲) (انجیل) قدس الاقدس۔ (۱۳) حکمی خبر یا پیشن گوئی: کہانت: غیبی آواز: (جمع) متبرک کتبات یا صحائف۔ (۱۴) مشیّت ربانی کی تعبیر یا تفسیر بتانے والا: وہ چیز جس سے مشیّت ربانی ظاہر ہو۔ (۱۵) پُر مغز اظہار: پُر مغز تقریر: دانشمندانہ بول: قول محکم: ناقابل انکار سچائی۔ (۱۶) پیش گوئی: حکمی خبر۔

To work the oracle : (۱) پجاریوں سے ساز باز کر کے حسب منشاء جواب حاصل کرنا: جس کے توسط سی مشیّت غیبی معلوم کی جاتی ہواسے متاثرکرنا۔ (۲) پوشیدہ ذرائع سے اپنے موافق اثر ڈالنا۔ (۳) (عامیانہ) چندہ جمع کرنا۔

Oracle : (v) [L.] (۱) پیش گوئی کرنا: پیش خبری کرنا: پُر اسرار رہنمائی کرنا: دانشمندانہ مشورہ دینا۔ (۲) ملہم غیبی کی حیثیت سے بولنا: الہام ربانی کا وسیلہ بننا۔

Oracular : (a) (۱) منعلق بہ دارالاستخارہ: جو مرکز الہام یا وسیلۂ الہام ہو۔ (۲) الہامی: غیب جیسا: مبہم: پُر اسرار: چیستان کا سا: غیبی: قدیم احکامات ربانی یا الہامات جیسا (مبہم)۔ (۳) فال آور: جس سے شگون نکلتا ہو۔ (۴) الہامی یا غیبی جوابات دینے والا: غیب گوئی یا پیشین گوئی کرنے والا: مدعی الہام۔ (۵) وحی کے ذریعے بتایا ہوا: کہا ہوا یا فیصلہ کیا ہوا :وحی کے ذریعہ فرمان صادر کیا ہوا۔

Oracularity : (n) ابہام: عدم وضوح : سریّت: پر اسراریت :الہامیت: غیب گوئی۔

Oracularly : (adv.) الہامی طور پر: از روئے الہام: از روئے غیب گوئی: مبہم طور پر: چیستان کی طرح : غیبی طور پر۔

Oracularness : (n) ابہام: چیستانیت: پُر اسراریت: عدم وضوح:سریت: غیاب: الہامیت۔

Oraculum : (n) الہام۔

Orad : (adv.) [L. 'Or- , Os +E. -ad.'] دہانی : منہ کی طرف : بجانب دہن۔

Oral : (a) [LL. 'Oralis.'] (۱) زبانی: شفاہی: تقریری: الفاظ میں بیان کیا ہوا: بولا ہوا: کہا ہوا: (لسانیات) (ناك بند کر کے) منہ سے بولا ہوا۔ (۲) (تشریح) منہ کا: متعلق دہن: فمی: دہنی: بر زبان: زبانی۔ (۳) منہ کے ذریعے کیا ہوا یا انجام دیا ہوا: منہ سے کھایا ہوا یا پیا ہوا۔(۴) (گونگوں اور بہروں کی تعلیم) جو صرف بول کر یا تقریری طور پر ہو۔

Oral : (n) Oral examination, sound etc. کا مخفف۔

Oral cavity : (n) (۱) (تشریح) جوف دہن: درون دہن۔ (۲) بعض کیڑوں میں، سر کے نیچے کا جوف یا سوراخ جس سے وہ اپنا منہ یا سونڈ باہر نکالتے ہیں۔

Oral consonant : (n) حرف صامت شفوی۔

Oral disc : (n) بعض حیوانات کے منہ کے گرد کا حلقہ: محوطۂ دہن: ناحیۂ اطراف دہن۔

Oral erotism : (n) (نفسیات) دہنی شہوت۔

Oral examination : (n) زبانی امتحان: تقریری امتحان (بہ خلاف تحریری)۔

Oral groove : (n) چاك دہن: شگاف دہن۔

Oral method : (n) شفوی طریقہ: ہونٹوں کی حرکت کے ذریعے گونگوں بہروں کو تعلیم دینے کا طریقہ۔

Oral neurosis : (n) (نفسیات) دہنی اعصاب کا خلل۔

Oral sadism : (n) (نفسیات) دہنی سادیّت: دہنی آزار رسانی۔

Oral sapsis : (n) (طب) منہ کی بدبو۔

Oral sound : (n) زبانی آواز: لسانی صوت (جو کہیں طویل کہیں مختصر ہوتی ھے (مثلاً Feel, Fill, Fool, Full وغیرہ)۔

Oral testimony : (n) زبانی شہادت۔

Oral teacher : (n) ہونٹوں کی زبان سے یعنی ہونٹوں کی حرکت کے ذریعہ گونگے بہرے افراد کو تعلیم دینے والا؛ شفوی زبان میں گونگوں بہروں کی تعلیم دینے والا۔

Oral traditions : (n) زبانی روایات؛ احادیث شفاہی۔

Oralism : (n) ہونٹوں کی حرکت کے ذریعے گونگے بہرے افراد کی تعلیم؛ شفوی زبان میں گونگوں بہروں کی تعلیم۔

Oralist : (n) دیکھو Oral teacher

Orally : (adv.) منہ سے؛ منہ کے ذریعہ؛ زبانی طور پر؛ تقریراً۔

Orang-outang/Orang-utan : (n) [alt. of Malay 'Orang utan'.] (حیوانیات) نسناس؛ انسان انعاب بورینو اور سماترا میں پایا جانے والا انسان نما بندر جو درختوں پر رہتا ہے، اس کی لمبائی چار فٹ سے زیادہ ہوتی ہے اور بازو کافی لمبے ہوتے ہیں۔

Orange : (n) [ME. 'Orenge. '] (۱) نارنگی؛ سنترہ؛ نارنجی؛ کیولا؛ کیولا لیموں۔ (۲) نارنگی کا درخت۔ (۳) مختلف پودے یا پھل جن کے پھول یا پھل نارنگی کے پھل پھول جیسے ہوتے ہیں۔ (۴) سمندری نارنگی؛ نارنجی رنگ کا ایک اور بڑا سمندری کیڑا۔ (۵) نارنجی رنگ؛ نارنگی کا سرخی مائل زرد رنگ؛ کیولئی رنگ۔ (۶) (نقابت) نارنجی رنگ کا گول تمغا۔

Bitter orange : (n) ترنج؛ گلگل۔

Blenheim orange : (n) ایک قسم کا سیب۔

Blood (red) orange : (n) ایک قسم کی سرخ پلپلی نارنگی۔

China orange : (n) پہلے معمولی نارنگی کو کہتے تھے۔

Clove orange : (n) دیکھو Mandarin

Horned orange : (n) دیکھو Bitter orange

Jaffa or Joppa orange : (n) لیموں کی شکل کی بہت ہی شیریں نارنگی۔

Malta orange/ Maltese- : (n) دیکھو Blood (red) orange

Mandarine orange : (n) دیکھو Mandarin

Mock orange : (n) (نباتیات) نقلی نارنگی؛ ایک قسم کی جھاڑی۔

Native orange : (n) (۱) (آسٹریلیا) پوست نما چھلکے والی نارنگی جس کا قطر تقریباً ڈیڑھ انچ ہوتا ہے۔ (۲) ایک چھوٹا آسٹریلوی انار۔

Navel orange : (n) برازیل وغیرہ میں ہونے والی نارنگی جس میں بیج تقریباً نہیں ہوتے ہیں؛ برازیلی نارنگی۔

Noble orange : (n) دیکھو Mandarin

Quito orange : (n) نقلی نارنگی؛مکو کی قسم کی ایک جو رنگ، خوشبو اور ذائقے میں نارنگی جیسی ہوتی ہے۔

Seville orange : (n) دیکھو Bitter orange

Sour orange : (n) (نباتیات) نارنج۔

Squeezed orange : (n) نچوڑی ہوئی نارنگی؛ وہ چیز جس سے اب کچھ فائدہ اٹھانے یا حاصل کرنے کی گنجائش باقی نہ رہی ہو۔

Tangerine orange : (n) چکئی سنترہ؛ طنجہ کا سنترہ؛ طنجوی نارنگی۔

To squeeze or suck an orange : (n) کل رس نکال لینا؛ ست نچوڑ لینا (مجازاً) کسی شے کے نفع بخش اجزاء کو پورے طور پر نکال دینا یا کھینچ لینا۔

Orange : (n) نارنجی رنگ کا؛ نارنجی؛ کیولئی رنگ کا؛ سرخی مائل زرد رنگ کا۔

Orange : (n) (۱) فرانس کے ایک شہر کا نام جو دریائے رُون (Rhone) کے کنارے واقع ہے اور جو پہلے اسی نام کی ایک چھوٹی سی ریاست کا دارالحکومت تھا جس سے (Orange - Nassau) کے شہزادگان نے جو انگلستان کے ولیم سوم کے اسلاف تھے اپنا لقب اختیار کیا۔ (۲) (توصیفاً) ہالینڈ میں (Orange) خاندان کا کوئی فرد۔ (۳) (انگریزی تاریخ) آئرستان کی انتہا پسند پروٹسٹنٹ جماعت جس میں Orangeman نام کی خفیہ انجمن بھی تھی۔

Orange-aphis : (n) ایک سیاہ کیڑا جو نارنگی کے درخت پر کثرت سے ہوتا ہے اور اسے نقصان پہنچاتا ہے۔

Orange-bat : (n) خفاش نارنجی؛ شمالی آسٹریلیا میں پایا جانے والا چمگادڑ جس کے نرکے جسم پر نارنجی رنگ کے روئیں ہوتے ہیں۔

Orange-blossom : (n) نارنگی کے درخت کے سفید خوشبودار پھول

Orange wine : (n) نارنجی شراب (جو سنترے کے عرق یا چھلکے کی تخمیر کے ذریعے بنتی ھے)۔

Orangeade : (n) اورنجیڈ: نارنگی اور لیموں کے عرق کو پانی کے ساتھ ملا کر بنایا ھوا میٹھا مشروب؛ شربت نارنجی؛ نارنگی یا سنترے کا افشردہ: (جدید) نارنگی کا ھوا آمیز پانی۔

Orang (e) ism : (n) اورینج (Orange) ایسوسی ایشن کے اصول اور اس کا نظام؛ آئرستان میں پروٹسٹنٹ سیاسی بالا دستی کے اصول؛ ان اصولوں کی حمایت یا پیروی۔

Orangeman : (n) آئرسان کی اس سیاسی انجمن کا رکن جو پروٹسٹنٹ مذھب کی حمایت میں اور اس کو آئرلینڈ میں فروغ دینے کے لئے ۱۸۹۰ء میں قائم ھوئی تھی۔

Orangery : (n) (نباتیات) نارنجستان؛ نارنگی کا باغ؛ وہ جگہ جہاں نارنگی کی کاشت ھوتی ھے۔

Oranges and lemons : (n) بچوں کا کھیل جس میں ان الفاظ کے ساتھ ایک مختصر گیت گایا جاتا ھے۔

Orangite : (n) (معدنیات) تھورائٹ کی نارنجی قسم؛ نارنجی رنگ کا تھورائٹ۔

Orangy : (n) (۱) نارنگی جیسا؛ مثل نارنگی۔ (۲) (رنگ) جس میں نارنجی (رنگ) کا جزو غالب ھو۔

Orarion : (n) یونانی کلیسا میں ڈیکن کے لباس کا وہ حصہ جو بائیں کندھے سے نیچے گھٹنے تک لٹکتا رہتا ھے۔

Orarium : (n) [L.] پادری اہلکار کا اسکارف یا شانہ پوش۔

Orate : (v) [L. 'Orara. '] (مزاحاً) تقریر کرنا؛ تقریر جھاڑنا؛ داد خطابت دینا۔

Oration : (n) [L.'Oratio' + -ion.] (۱) تقریر؛ خطبہ؛ لیکچر: کسی خاص موقعے پر دیا ھوا خطبہ یا کی ھوئی تقریر۔ (۲) (تاریخ) دعا: پرارتھنا؛ خدا سے درخواست۔ (۳) (صرف و نحو) نقل قول؛ (دوسرے کے قول کو بیان کرنا)؛ کلام۔

Oration : (v) (روز مرہ) تقریر کرنا؛ خطبہ دینا؛ خطاب کرنا؛لیکچردینا۔

Orator : (n) (۱) مقرر؛ تقریر کرنے والا۔ (۲) (قانون) مدعی کسی عرضی دعویٰ میں لارڈ چانسلر کی عدالت میں (اب امریکا)۔ (۳) خوش بیان مقرر؛ مقرر فصیح؛ فصیح البیان مقرر؛ خطیب۔

جس کے ہار اور جھالر وغیرہ دلہنیں استعمال کرتی ہیں یا جنہیں شادی کے موقع پر گلدستوں کی شکل میں پیش کیا جاتا ھے۔

Orange-cowry : (n) گہرے زرد رنگ کی خوبصورت اور بڑی کوڑی؛ نارنجی کوڑی۔

Orange-fin : (n) ایک قسم کی ٹراؤٹ (Trout) مچھلی۔

Orange-flower : (n) دیکھو Orange-blossom

Orange-flower water : (n) نارنگی کے پھول کا آبی محلول: نارنگی کا تیل کشیدہ کرنے میں مقطر شدہ خوشبودار پانی؛ روغن نارنگی کا پر آب محلول جو دوا سازی کے کام آتا ھے۔

Orange-grass : (n) ننھے ننھے شوخ زرد پھولوں والی شمالی امریکی گھاس۔

Orange-jelly : (n) (۱) جیلی جس میں نارنگی کے عرق اور چھلکے کی بو ھو۔ (۲) سویڈی شلجم کی ایک قسم۔

Orange lily : (n) یورپی سوسن (اس کی دو قسمیں ہیں ایک کے پھول شوخ نارنجی اور دوسرے کے سرخ نارنجی (جیسے) ھوتے ہیں۔

Orange-marmalade : (n) (ترش) سنترے کا مربا؛ (چینی کے قوام میں پکایا ھوا سنترہ)۔

Orange-oil : (n) نارنگی کے چھلکے سے نکالا ھوا تیل؛ روغن نارنگی؛ روغن نارنجی۔

Orange-scale : (n) کوئی کھپرے دار کیڑا جو نارنگی کے درخت کو نقصان پہنچاتا ھے خصوصاً Aspidiotus aurtii۔

Orange-stick : (n) پتلی چھڑی یا قمچی (خصوصاً نارنگی کے درخت کی) جس کے سرے اس طرح کے بنے ھوں جس سے انگلی کے ناخنوں کو صاف کرنے کا کام لیا جاتا ھے۔

Orange-tawny : (a) ہلکے زردی مائل رنگ کا؛ ہلکے نارنجی رنگ کی جھلک کے ساتھ کتھئی رنگ کا۔

Orange-tawny : (n) ہلکا زردی مائل بھورا رنگ یا اس رنگ کا کپڑا۔

Orange thorn : (n) دیکھو Native orange

Orange tip : (n) ایک قسم کی تیتری یا تتلی جس کے پروں کے سروں پر نارنجی رنگ کے دھبے ھوتے ہیں۔

Publi orator : (n) آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹیوں کا ایک عہدے دار جس کا کام ہے یونیورسٹی کی طرف سے وہاں کی تقریبات میں تقریر کرنا یا بذات خود یونیورسٹی کے معاملات میں حاضر ہوکر وکالت کرنا، مناسب اور موزوں خطبات لکھنا، تہذیب نامے یا تعزیت نامے لکھنا اور اعزازی ڈگری کے لئے امیدواروں کو متعارف کرانا ایسے ہی دوسرے فرائض انجام دینا۔

Oratorian : (a) رومن کیتھولك چرچ یا کلیسا کی مخصوص مذہبی انجمنوں کا یا ان سے متعلق۔

Oratorian : (n) رومن کیتھولك کلیسا کی مخصوص مذہبی انجمن کا پادری، خصوصاً سینٹ فلپ نیری کی یا دوسری ایسی ہی انجمن کا رکن۔

Oratoric/ -al : (n) (۱) مقررانہ؛ خطیبانہ۔ (۲) ادیبانہ ؛ فصیحانہ؛ فصیح و بلیغ؛ فصاحت و بلاغت کے اصولوں کے مطابق فن خطابت سے متعلق؛ پیشہ ور مقرر کی خصوصیت کا۔ (۳) رنگین بیانی کا عادی؛ فصیح البیانی دکھانے کا عادی۔

Oratorically : (adv.) رنگین بیانی کے انداز؛ خطیبانہ انداز میں ؛ فصاحت و بلاغت کے ساتھ؛ فصیح و بلیغ انداز میں؛ فصاحت و بلاغت کے اصول کی رو سے۔

Oratorio : (n) [It. 'Oratorio. '] بھجن؛ مذہبی رہس؛ سادہ مذہبی ناٹك جس کے ساتھ موسیقی ہوتی ہے اور سینری یا نقل و حرکت نہیں ہوتی۔

Oratorize : (v) (مزاحاً) لیکچر جھاڑنا ؛ تقریر کرنا ؛ فصیح البیانی دکھانا۔

Oratorship : (n) سخن رانی؛ فصیح البیانی؛ نطّاقی؛ فصاحت؛ خطّابی۔

Oratory : (n) [L. Oratorium .'] (۱) معبد ؛ عبادت گاہ ؛ چھوٹی عبادت گاہ؛ شخصی عبادت خانہ، حجرہ۔ (۲) بعض رومن کیتھولك؛ چرچ یا کلیسا میں مخصوص انجمنوں کا نام (خصوصاً سینٹ فلپ نیری کی مذہبی انجن یا بے ضابطہ پادریوں کی انجمن؛ کاہنوں کی انجمن جو سنہ ۱۵۶۴ میں روم میں قائم ہوئی تھی جس میں مذہبی ارکان کی سادگی پر زور دیا جاتا تھا۔ (۳) اس انجمن کی کوئی شاخ جو انگلستان میں ہو۔

Oratory : (n) [L. 'Oratoria. '] (۱) فن خطابت؛ فن تقریر؛ شیوۂ سخن رانی؛ فن بلاغت۔ (۲) خطبے؛ تقریریں۔ (۳) سخن آرائی؛ رنگین بیانی؛ لفاظی؛ لسانی؛ خطابت؛ خوش بیانی۔

Oratress : (n) تقریر کرنے والی؛ خوش بیان خاتون؛ خطیبہ۔

Orb : (n) [L. 'Orbis.] (۱) گولا؛ کُرہ؛ جسم کروی؛ (علم النجوم) جرم۔ (۲) جرم سماوی؛ جرمِ فلکی (چاند، سورج، سیارہ وغیرہ)۔ (۳) (شاذ) دائرہ؛ حلقہ ؛ قرص۔ (۴) (تشریح، شعریات) آنکھ ؛ دیدہ ؛ چشم؛ عین۔ (۵) صلیب دار گولا جو لوازم جشن تاج پوشی کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ (۶) نظام؛ منظم جماعت یا سلسلہ؛ منظم سماج؛منظم طبقہ؛ منظم اور مجموعی کل؛ مدور کل؛ مدور سلسلہ۔ (۷) کروی شکل کی کوئی چیز؛ گول چیز؛ مدور چیز۔ (۸) (علم النجوم) مدار سیارہ۔ (۹) (میکانیات) چاك؛ پہیا۔

The celestial orb : کُرۂ فلکی۔

The moons orb : جرم قمر۔

The suns orb : جرم شمس ۔

Orb : (n) [Al. 'Orba. '] (تعمیرات) دریچہ نما طاق؛ کھڑکی نما طاق ؛ ہموار پتھر کی سِل۔

Orb : (v) (۱) حلقے میں لے لینا؛ گھیر لینا ؛ دائرے میں لے لینا۔ (۲) حلقہ بنا لینا؛ گول ہو جانا؛ کرے کی شکل اختیار کر لینا؛ مدار میں گردش کرنا؛ مدور ہو جانا؛ قرص نما یا پہیا نما ہو جانا؛ منظم اورمربوط ہوجانا۔

Orbed : (a) مدور؛ گول؛ کُرہ نما؛ محرابی؛ محراب دار؛ منظم؛ مربوط ۔

Orbicular : (a) (۱) حلقہ نما؛ کُروی؛ مدور؛ گول؛ دائرنما ؛ قرص نما؛ مستدیر۔ (۲) مکمل بالذات؛ کامل؛ پورا گول۔ (۳) (تشریح و حیوانیات) دائرہ نما یا قرص نما ساخت پر بھی اطلاق ہوتا ہے خصوصاً عضلات حاصرہ جو جسم کے کسی منفذ کے گرد ہوتے ہیں اور اسے بند کرنے یا ڈھك دینے کا کام دیتے ہیں مثلاً منہ اور پلکوں کا حاصرہ وغیرہ۔ (۴) (نباتیات) مدور؛ حلقی؛ دائرہ نما۔ (۵) (کبھی کبھی) گول یا محدب سطح والا (بہ خلاف چپٹا یا سطح)۔ (۶) (تاریخ طبیعی) دیگر صفات یا شکل سے مرکب (خاص کر نباتیات میں پتیاں)۔ (۸) وسط گوش کی ایک چھوٹی ہڈی۔

Orbicular : (n) (تشریح) عضلۂ حاصرہ ؛ حاصرعضلہ؛ جسم کے فطری رخنوں یا شگافوں کو گھیرنے یا بند کرنے والے عضلات مثلاً حاصرہ ، پلکیں وغیرہ۔

Orbicular-fish : (n) مشرقی ہندوستان میں پائی جانے والی ایک مچھلی۔

Orbicular muscle : (n) عضلۂ مدور؛ عضلۂ حاصرہ۔

Orbicularis : (n) [L.] (تشریح) عضلۂ حاصرہ۔

Orbicularis oris : (n) حاصرۂ دہن منہ کو بند کرنے والے ان عضلات میں سے کوئی ایک جو ہونٹوں کی حرکات کو کنٹرول کرتے ہیں (قابو میں رکھتے ہیں)۔

Orbicularity : (n) کرویت؛ دائرہ نما ہونا؛ تدویر؛ مدور ہونا : اکملیت؛ گول یا مدور شکل۔

Orbicularly : (adv.) کُروی طور پر؛ کُرے کی شکل میں؛ مدور ہوکر؛ دائرے کی شکل؛ مکمل طور پر۔

Orbiculate/Orbiculated : (a) [L. 'Orbiculatus. '] مدور؛ دائرہ نما؛ گول؛ کُروی۔

Orbiculato - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی، کروی طور پر؛ بہ شکل کرہ؛ مدور ہوکر۔

Orbit : (n) [L.'Orbita.'] (۱) خانۂ چشم؛ آنکھ کا گھر؛ (تشریح) محجر؛ کاسۂ چشم۔ (۲) (پرندے وغیرہ کا) آنکھ کا حلقہ؛ (حیوانیات) حلقۂ چشم؛ حاشیہ یا حلقہ جو پرند یا کیڑے کی آنکھ کو گھیرے ہو ۔ (۳) (اجرام فلکی) مدار مسیر۔ (۴) مدار میں ہونے یا مدا ر میں گردش کرنے کی حالت۔

In orbit/Into orbit : مدار میں؛ مدار کے اندر۔

Orbit : (v) [f. the Sb.] (۱) مدور گھومنا؛ دائرہ نما گھومنا؛ مدار میں گھومنا؛ چکر دینا؛ چکر کھلانا۔ (۲) (کسی سیارے یا کسی خطے کے اوپر) مدار میں گھومنا؛ دائرے میں گردش کرنا؛ گول گھومنا؛ چکر کاٹنا یا چکر لگانا۔ (۳) دائرے میں اڑنا؛ ہوا میں چکرانا یا گول چکر کاٹنا۔ (۴) مدار میں بھیجنا؛ مدار پر رکھنا؛ مدار میں داخل کرنا۔

Orbit of earth : (n) مدار ارضی؛ زمین کا مدار۔

Orbital : (a) (۱) محجری؛ حلقۂ چشم یا خانۂ چشم سے متعلق؛ کاسۂ چشم کے اندر۔ (۲) مدار سے متعلق؛ مدار کے اندر یا مدار میں موجود؛ مداری۔

Orbital abscess : (n) (طب) خراج محجری؛ محجری پھوڑا۔

Orbitar : (a) [Fr. 'Orbitaire. '] مَحجری؛ کاسۂ چشم میں یا اس سے متعلق۔

Orbitar : (n) رخسار کی ہڈیوں کی درز جو ان کے جوڑ پر ہوتی ہے؛ ان ہڈیوں کا جوڑ۔

Orbitary : (a) Orbitar : (a) دیکھو

Orbitele : (n) مکڑی جو گول جال بُنتی ہے۔

Orbitelous : (a) [f. mod. L. 'Orbitelus. '] گول جال بُننے والی (مکڑی)۔

Orbiter : (n) مدار میں گھومنے والا (خصوصاً) مصنوعی سیارہ؛ مصنوعی چاند؛ قمر مصنوعی۔ (۲) مدار میں موجود یا مدار میں داخل ہونے والا طیارہ یا مدار میں جانے والا ہی ہو۔

Orbiting : (a) (۱) گول گھومتا ہوا؛ مدار میں گھومتا ہوا۔ (۲) مدار میں موجود یا مدار میں داخل ہونے والا۔

Orbito -: (comb.) جزو ترکیبی بمعنی دوسرے حصوں کے علاوہ محجر یا خانۂ چشم سے متعلق؛ محجری؛ خانۂ چشم کا (مثلاً Orbito-tempeal , Orbitonasal وغیرہ)۔

Orbitolite : (n) Orbitolites جنس کے مسام دار خارہ پشت، تسمہ پا حیوان کا متحجر خول یا کھپرا۔

Orbitonasal : (a) (تشریح) مَحجری انفی؛ خانۂ چشم اور ناک کی ہڈی سے متعلق۔

Orbitosphenoid : (a) [f. Orbito + spheroid. '] کاسۂ چشم اور استخوان جمجمہ سے متعلق؛ اس چھوٹی ہڈی یا استخوانی ابھار سے متعلق جو کاسۂ چشم کا ایک حصہ ہوتی ہے؛ مَحجری جمجمی۔

Orbitosphenoid/-al : (n) وہ چھوٹی ہڈی یا استخوانی اُبھار جو کاسۂ چشم کے ایک حصے کی تشکیل کرتا ہے؛ محجری جمجمی استخوان یا محجری جمجمی اُبھار۔

Orbitostate : (n) کھوپڑی کی گولائی ناپنے کا آلہ؛ جمجمہ سنج : جمجمہ پیما۔

Orbitotemporal : (a) (تشریح)محجری صدغی؛ کاسۂ چشم اور کنپٹی کی ہڈی سے متعلق۔

Orbity : (n) [MF.'orbite' , f. L. 'orbus'] (متروک) بے اولاد ہونا : بے اولادی۔

Orbless : (a) بے مدار : بے اجرام (آسمان)؛ بے دیدے کی (آنکھ)۔

Orby : (a) (شعر) کرہ نما : گول : مدور : دائرے میں گھومنے والا؛ جرم سماوی جیسا یا اس سے متعلق۔

Orc/Ork : (n) [L. 'orca.'] (۱)بڑی سمندری مچھلیاں جن میں وھیل بھی شامل ھے:گاؤ ماہی؛ بحری دیو؛ دیو پیکر بحری حیوان۔ (۲) عجیب الخلقت جانور (بری یا بحری)؛ عجائب المخلوق؛ ھوا : آدم خور جن : دیو۔

Orca : (n) گاؤ ماہی؛ دیو پیکر بحری جانور۔

Orcadian : (a) [L. 'orcades.'] جزائر آرکنی (Orkeny) کا یا اس سے متعلق : آرکنی۔

Orcadian : (n) جزائر آرکنی کا با شندہ : آرکنی شخص۔

Orcanet : (a) [med. L. 'alkanna.'] دیکھو Alkanet

Orcein : (n) [Altered f. orcin.'] (کیمیا) ایک قسم کا لال رنگ جو Orcine پر امونیاآکسیجن کے عمل سے حاصل ھوتا ھے $(C_3H_7NO_3)$۔

Orchard : (n) [OE. 'ortgeard.'] پھل دار درختوں کا باغ۔ (۲) احاطہ میوہ دار درختوں کی کاشت کے لئے۔

Orchard fruit : (n) باغ میوہ؛ پھلواڑی: درخت میوہ؛ درخت کا پھل۔

Orchard grass : (n) میوہ باغ میں اُگنے والی کوئی گھاس۔

Orchard house : (n) (۱) نازک پھلوں کو محفوظ رکھنے کے لئے یا جلد پک جانے کے لئے شیشے کا گھر۔(۲) شیشے کا گھر جس میں نرم و نازک درختوں کے پودے اُگائے اور محفوظ کئے جاتے ہیں۔

Orchard oriole : (n) شما لی امریکا اور پول (پرند) جو اپنا گھونسلا پھلدار درختوں کی ٹہنیوں میں لٹکا تا ھے۔

Orcharding : (n) (۱) باغوں میں میوہ دار درختوں کی کاشت(کرنا)۔ (۲)(خصوصاً امریکا) میوہ دار درختوں کے لئے چھوڑی ھوئی زمین جس میں میوہ دار درخت لگے ھوں۔

Orchardist/Orchardman : (n) پھلوں کا باغ لگانے والا : میوہ دار درختوں کی کاشت کرنے والا۔

Orchectomy : (n) [Gr. 'orchis' + E- 'echtomy'.] (جرّاحی) خصیہ برادری۔

Orhella : (n) Orchilla کی متبادل شکل۔

Orchella weed : (n) Roccella tinctoria نام کی کائی یا اس کی دوسری قسمیں جن سے سرخ یا بنفشئی رنگ بنایا جاتا ھے۔

Orchestic : (a) رقص کا؛ رقص سے متعلق : رقصی۔

Orchestic/Orchestics : (n) (عموماً جمع) ناچنے کا فن؛ فن رقص۔

Orchestra : (n) [L.] (۱)(قدیم یونانی تھیٹر) نیم مدور رقص گاہ (اسٹیج کے سامنے ھوتی تھی جہاں سنگت میں ناچا گایا جاتا تھا (۲) (زمانۂ حال کا تھیٹر) سرودگاہ وہ جگہ جو مغنیوں اور سازندوں کے لئے ھوتی ھے۔ (۳)(تھیٹر ، سرود خانہ)۔ سازندوں کا طائفہ؛ ساز؛ نغمہ ساز؛ ساز سنگیت : آرکسٹرا سازوں کا سیٹ جن کو سازندوں کی جماعت ایک ساتھ بجاتی ھے۔

Orchestra chairs : (امریکا) تھیٹر کی سرود گاہ جسے انگلینڈ میں Stall کہتے ہیں۔

Orchestra stalls : (a) دیکھو Orchestra chairs

Orchestral : (a) آرکسٹرائی: آرکسٹرا کا: سازندوں کے طائفے کا۔

Orchestrate : (v) آرکسٹرا کے لئے نغمۂ ساز ترتیب دینا یا لکھنا۔

Orchestration : (v) ترتیب نغمہ؛ تدوین نغمہ؛ طرز جس میں نغمۂ ساز ترتیب دیا گیا ھو؛ آرکسٹرا کے لئے آہنگ سازی۔

Orris-rrot : (n) آئرس یا ایرسا کی تین قسموں I. florentina I. germanica, I. pallida) کی جڑیں جن کی خوشبو بنفشہ سی ہوتی ہے اور جو بطور عطر اور دواؤں میں استعمال ہوتی ہیں؛ (نباتیات) بیخ بنفشہ۔

Orsellate : (n) آرسیلک ایسڈ کا نمک۔

Orsellic : (a) ایک شفاف ٹھوس مادہ ($C_{16}H_{14}O_7+2H_2O$) جو جنوبی افریقہ اور جنوبی امریکا کی کائی نما نباتات سے حاصل ہوتا ہے؛ آرسیلک ایسڈ۔

Orsellic acid : (n) دیکھو Orsellic

Orsellinic acid : (n) ایک شفاف مادہ جو ایریتھرین پر بریٹا واٹر سے حاصل ہوتا ہے آرسیلینک ایسڈ۔

Ort : (n) [MLG. 'Ort- e.'] (عموماً) کھانے کے بچے ہوئے ٹکڑے : دسترخوان پر گرے ہوئے دانے؛ بے کار چارہ؛ بچی کھچی غذا؛ تراشے؛ تلچھٹ؛ فضلہ؛ کھرچن؛ (مجازاً) بے قیمت اور بے کار چیز۔

To make orts of : کمتر سمجھنا؛ بے قیمت سمجھنا۔

Orthian : (a) [f. Gr. 'Orthios. '] بہت بلند آہنگ؛ بہت ہی بلند لَے (سر یا گانے کا انداز)۔

Orthid : (n) Orthidee خاندان یا Orthis نوع کے دوہرے کُھل مُندن والے متحجر صدفے۔

Orthite : (n) [G. orthit.] (معدنیات) Allanite کی ایک قسم جو لمبے پتلے بلور یا عمودی تودوں میں پائی جاتی ہے : آرتھائٹ۔

Orthitic : (a) آرتھائٹ کا یا اس سے متعلق۔

Ortho - : (comb.) (۱) یونانی لفظ Orthos سے مشتق سابقہ جوسیدھا، راست، قائم، عمودی، درست، ٹھیک، مناسب کے معنوں میں آتا ہے۔ (۲) (کیمیا) آرتھو۔

Orthoaxis : (n) (بلور) محور عمودی۔

Orthocentre : (n) (ہندسہ) مرکز عمودی؛ نقطۂ عمود۔

Orthocephalic/- lous :(a) (تشریح) متناسب سرا؛ راست سرا : متناسب سرے کا : اس کا اطلاق ایسے سروں پر ہوتا ہے جن کی

چوڑائی، لمبائی کا ۴/۲ سے ۵/۳ تک ہوتی ھے۔

Orthocephaly : (n) متناسب سری؛ راست سری؛ راست سرا ہونے کی حالت۔

Orthoceran : (a) سرمایه صدفوں کی اس معدوم نوع سے متعلق جس کے خول لمبے اور سیدھے ہوتے تھے؛ اس نوع کے متحجر صدفے سے متعلق؛ راست صدفه سے متعلق۔

Orthoceras : (n) (معدوم) سرمایه صدفوں کی ایك نوع جس کے خول لمبے اور سیدھے ہوتے تھے؛ اس نوع کا متحجر صدفه ؛ راست صدفه۔

Orthoceratite : (n) "Orthoceras" نوع کا صدفه؛ Orthoceratidae خاندان یاOrthoceras نوع کا کوئی حیوان۔

Orthochromatic : (a) (تصویر) متناسب الالوان؛ متناسب رنگوں والا؛ جس میں کہیں زیادہ اور کہیں کم رنگ کٹے گئے ہوں۔

Orthochromatic film : متناسب الالوان فلم۔

Orthochromatism:(n) متناسب الالوان ہونے کی حالت؛ متناسب الالوانیت۔

Orthochromatize : (v) متناسب الالوان بنانا یا کرنا۔

Orthoclase : (n) (معدنیات) قائمه شگاف؛ المونیم اور پوٹاشیم کا سلیکیٹ جو مختلف رنگ کے بلور میں پایا جاتا ھے اور جس کی خصوصیت یه ھے که اس میں باہم زاویه قائمه بناتے ہوئے دو شگاف ہوتے ہیں۔

Orthoclastic : (a) باہم عمودی شگافوں والا؛ قائمه شگاف والا۔

Orthodiagonal : (n) (بلور) محور عمودی؛ وتر عمودی؛ محور مستقیم۔

Orthodiagonal : (n) محور عمودی سے متعلق؛ محور عمودی کے خط میں واقع یا اس سے متعلق۔

Orthodome : (n) (بلور) منشور مائله؛ مائله یا یك مائلی نظام میں محور عمودی کے متوازی گنبد؛ بلور کا گنبد جس کے پہلو محور عمودی کے متوازی ہوں۔

Orthodontia : (n) [NL. 'Ortho + odontia.] (۱) علم دندان کی وہ شاخ جو دانتوں اور جبڑوں کی خرابیوں کی اصلاح اور ان کے علاج کے طریقوں سے بحث کرتی ھے ۔ (۲) علم تصحیح دندان۔

Orthodontic : (a) تصحیح دندان سے متعلق ؛تصحیح دندان کے طریقوں سے متعلق ۔

Orthodontics : (n) دیکھو Orthodontia

Orthodontist : (n) تصحیح دندان کا ماہر۔

Orthodox : (a) [eccl. L. 'Orthodoxus. '] (۱) راسخ العقیده؛ تقلید پسند؛ درست اور فی زمانه صحیح خیالات کا حامی؛ صحیح العقیده؛ کٹر؛ مومن۔ (۲) راسخ؛ صحیح؛ درست؛ برحق؛ صادق؛ سچا (ایمان یا عقیده)۔ (۳) (سماجیات) مسلّمه؛ مروجه؛ رسمی؛ رواجی؛ تقلیدی۔ (۴)(مشرقی کلیسا) بطریق پرست؛ سردار کلیسا کی بزرگی کا قائل اور روس ، سربیه اور رومانیه وغیره کے تاریخی کلیساؤں کو ہم مشرب یا ہم جماعت تسلیم کرنے والا۔

The orthodox church : مشرقی یا یونانی کلیسا جس کا سردار بطریق قسطنطنیه ھے۔

Orthodox : (n) (۱) راسخ العقیده شخص؛ پخته عقیده والا شخص؛ کٹر شخص۔ (۲) بطریق پرست مشرقی کلیسا کا کوئی رکن۔

Orthodoxism : (n) (تحقیر آمیز معنوں میں) کٹّرپن؛ کٹّر پن کو مذہب کی اہم ترین خصوصیت بنا کر پیش کرنا۔

Orthodoxly : (adv.) مسلّمه یا رسمی عقیدے کے مطابق؛ تقلیدی طور پر۔

Orthodoxness : (n) راسخ العقیدگی : کٹر پن؛ تقلیدیت؛ بطریق پرستی۔

Orthodoxy : (n) [LL. 'Orthodoxia. '] (۱) ایمان صحیح؛ راسخ الاعتقادی؛ تقلید پسندی؛ مذہبی معاملات میں فی زمانه درست سمجھی جانے والی باتوں پر عقیده۔ (۲) (جمع) تقلیدی معتقدات یا خیالات۔

Feast of orthodoxy : یونانی کلیسا کا تہوار جو لینٹ کے پہلے اتوار کو منایا جاتا ھے۔

Orthodoxy Sunday : (n) لینٹ کا پہلا اتوار؛ ایسٹر سے قبل کے چلّے کا پہلا اتوار۔

Orthoepic/-al : (a) [f. 'Orthoepy. '] تجویدی : صحیح قرأت سے متعلق : صحیح تلفظ سے متعلق : خوش خوانی سے متعلق؛ تجوید سے متعلق۔

Orthoepically : (adv.) صحیح قرأت کے ساتھ؛ خوش خوانی سے، صحیح تلفظ کے ساتھ؛ تجوید کے ساتھ۔

Orthoepsit : (n) خوش خواں؛ قاری؛ صحیح تلفظ یا صحیح قرأت کے ساتھ پڑھنے والا؛ تجوید کے ساتھ پڑھنے والا۔

Orthoepy : (n) [Gr. 'Orthoepeia. '] (۱) قواعد کا وہ حصہ جو تلفظ الفاظ یا صحت تلفظ سے بحث کرتا ہے۔ (۲) صحیح تلفظ : مروجہ تلفظ؛ صحیح قرأت؛ خوش خوانی؛ قرأت۔

Orthogamy : (n) (نباتیات) راست باروری۔

Orthogenesis : (n) (نباتیات) ارتقائے راست : ارتقائے صحیحہ (یہ نظریہ کہ ارتقائے نوعی میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں وہ غیر مسلسل اور اتفاقی نہیں بلکہ ایک خاص اصول کے مطابق ہوتی ہیں)۔

Orthogeotropism : (n) (نباتیات) انتصابی نمو۔

Orthognathic : (a) [f. as Orthognathous.'] (حیوانیات) راست فکّہ؛ سیدھے جبڑوں والا : متناسب جبڑوں والا؛ جس کے جبڑے نکلے ہوئے نہ ہوں : کھڑے جبڑوں والا۔

Orthognathism : (n) راست فکّیت :راست فکّہ ہونے کی حالت۔

Orthognathous : (a) دیکھو Orthognathic

Orthogonal : (a) [med. L. 'Orthogonalis. '] (ہندسہ) زاویہ قائمہ : قائم الزاویہ : مستطیل ؛ قائمہ ؛ قائم ۔

Orthogonal projection : (n) (ہندسہ) تظلیل قائمہ؛ وہ تظلیل جس میں روشنی کی شعاعیں عموداً پڑتی ہیں۔

Orthogonal trajectory : (n) (ریاضیات) قائم خطِ مرمی؛ قائم مسیر۔

Orthogonally : (adv.) (ہندسہ) زاویہ قائمہ؛ قائم الزاویہ ہوکر۔

Orthographer: (n) [f. 'Orthography. '] ماہر علم ہجا : ماہرِ املا آ: صحت املا میں مہارت رکھنے والا۔

Orthographic : (a) (۱) چیزوں کی صحیح تسطیح میں نقشہ کھینچنے کے فن سے متعلق: (ہندسہ) قائمہ۔ (۲) علم ہجا یا صحت ہجا سے متعلق؛ املائی؛ درست املا سے متعلق؛ جو املا کے اعتبار سے درست ہو۔

Orthographic projction/Orthographical - : (n) (ہندسہ) تظلیل قائمہ : تسطیح قائمہ۔

Orthographical : (a) (۱) املائی؛ علم ہجا یا صحت ہجا سے متعلق؛ درست اِملا سے متعلق؛ جو املا کے اعتبار سے درست ہو۔ (۲) چیزوں کی صحیح تسطیح میں نقشہ کھینچنے کے فن سے متعلق۔

Orthographically : (adv.) (۱)املائی طور پر؛ ہجّے یا املا کے اعتبار سے : ازروئے املا علم ہجا کی روسے : صحت ہجا یا صحت املا کے اعتبار سے۔ (۲) تظلیل قائمہ یا تسطیح قائمہ کے اصول کے مطابق۔

Orthographist : (n) [f. Orthography.] ماہر علم ہجا۔

Orthographize : (v) [f. as prec.] (۱) علم ہجا کے مطابق ہونا؛ درست املا کا ہونا۔ (۲) صحیح ہجّے کرنا؛ صحیح املا لکھنا۔

Orthography : (n) [L.'Orthographia. '] (۱) صحیح ہجّے؛ مروجہ قاعدے کے مطابق ہجّے؛ درست املا؛ رائج املا؛ صحیح املا؛ ہجّے کا کوئی بھی انداز یا قاعدہ؛ اِملا۔ (۲) قواعد کا وہ حصہ جو حروف اور ان کی ترکیب کی ماہیت اور اقدار سے متعلق ہے؛ علم ہجا؛ صحت ہجا (کا علم)؛ علم حروف۔(۳) تظلیل قائمہ؛ تسطیح قائمہ؛ چیزوں کی صحیح تسطیح میں نقشہ کھینچنے کا فن؛ قائم ارتفاع؛ (جغرافیہ) ارتفاع ارض نگاری؛ جغرافیہ ارتفاع۔

Orthokinetic : (a) (کیمیا) راست تنقُّلہ؛ یك سمت حرکیہ۔

Orthologer : (n) [f. 'Orthology. '] (شاذ) صحیح بولنے والا؛ الفاظ کا صحیح استعمال کرنے والا؛ فصیح اللّسان؛ فصیح البیان۔

Orthologic /-al : (a) (شاذ) علم فصاحت سے متعلق؛ الفاظ کے صحیح استعمال سے متعلق۔

Orthology : (n) [Gr. 'Orthologia. '] (شاذ) صحیح زبانی؛ صحیح بولنا : فصیح البیانی؛ قواعد کا وہ حصہ جو الفاظ کے صحیح استعمال سے بحث کرتا ہے؛ علم فصاحت۔

Orthopaedia : (n) [Gr.] (طب) تقویم الاعضاء : غیر متناسب اعضاء کی درستگی۔

Orthopaedic/-al/Orthopedic/-al : (a) [f. 'Orthopaedy. '] تقویم الاعضا سے متعلق؛ بچوں کے اعضا کی بد ہئیتی کے علاج یا درستگی سے متعلق۔

Orthopaedics/Orthopedics : (n) [as f. prec.] بچوں (یا بڑوں) کے اعضا کی بد ہیتی کی درستگی یا علاج؛ اس سے متعلق جراحی تقویم الاعضا؛ تقویم اعضائی جراحی۔

Orthopaedist/Orthopedist : (n) بچوں کے اعضا کو درست کرنے والا معالج یا سرجن بچوں کا ڈاکٹر؛ بچوں کا سرجن؛ معالج اطفال۔

Orthopaedy/-pedy : (n) [Fr. 'Orthopedia. '] Orthopaedics دیکھو

Orthopathy : (n) علاج بے دوا؛ راست علاج۔

Orthophony : (n) (صوتیات) صحیح صوتی۔

Orthophoria :(n) [NL.] راست نظری؛ متناسب نظری؛ راست چشم ہونے کی حالت؛ راست چشمی۔

Orthophyre : (n) (ارضیات) قائمہ سماك؛ قائم شگافہ سَماك۔

Orthopinacoid : (n) (بلور) یك مائلی نظام میں محور عمودی پہلوؤں میں سے ایك ۔

Orthopinacoidal : (a) (بلور) یك مائلی نظام میں محور عمودی کے متوازی پہلوؤں میں سے ایك کا یا اس سے متعلق۔

Orthopnea/Orthopnoea : (n) [Gr. 'Orthpnoia. '] (مرضیات) وضعی ضیق النفس : دمہ یا ضیق النفس کی ایك قسم جس میں صرف سیدھے بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر سانس لینا ممکن ہوتا ہے۔

Orthopnoeic/Orthopnoic : (a) وضعی ضیق النفس کا مریض؛ دمہ کا وہ مریض جو صرف سیدھا بیٹھ کر یا کھڑا ہو کرسانس لے سکتا ہو۔

Orthoprism : (n) (بلور) مثلث عمودی۔

Orthoptera : (n) [mod.L.] (حشریات) راست پران؛ راست بالان؛ طائفہ ملخ؛ ٹڈی دل؛ کیڑوں کی وہ قسم جن کے ڈینے کھڑے رہتے ہیں۔

Orthopteral : (a) طائفہ ملخ سے متعلق؛ راست پردار؛ راست جناحہ : سیدھے پنکھ یا ڈینوں والا؛سیدھے پنکھیے؛ راست بال (کیڑے ٹڈی وغیرہ)۔

Orthopterist: (n) راست پراں یا کھڑے ڈینوں والے کیڑوں کا مطالعہ کرنے والا؛ ملخ شناس ؛ ٹڈی شناس۔

Orthopterology : (n) (۱) علم راست؛ کھڑے ڈینے والے کیڑوں کا مطالعہ؛ ملخ شناسی ۔ (۲) اس علم سے متعلق کوئی کتابچہ۔

Orthopteron : (n) [NL. sing. of opthoptera.] سیدھا پر؛راست پر؛ راست بال۔

Orthopterous: (a) دیکھو Orthopteral

Orthoptic : (a) [Orth(o) + Gr. 'Optikos.'] (طب) آنکھ کے صحیح اور حسب معمول استعمال سے متعلق : اصلاح بینائی سے متعلق ؛ (عضویات) صحیح البصارت۔

Orthoptic : (n) (۱) (آتشیں اسلحہ میں) اس غیر شفاف قُرص کا نام جس میں تین چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں جن میں سے کسی ایك کے ذریعہ بندوقچی اپنا نشانہ درست کرتا ہے؛ راست بین۔

Orthoptic locus : (n) دیکھو Orthoptic : (n)

Orthoptics : (n) نقص بینائی کا علاج؛ اصلاح بینائی کا فن؛ علاج حَوَل؛ علاج حَوَل کا فن؛ عضلات چشم کے عدم توازن کو درست کرنے کا فن یا طریقہ۔

Orthoptist : (a) اصلاح بینائی کے فن کا ماہر؛ معالج حول ؛ نظر راست ساز۔

Orthopyramid : (n) (بلور) قائمہ اہرام؛ راست اہرام؛ سیدھا اہرام۔

Orthorhombic : (a) [f.'Ortho + Rhombic.'] (بلور) قائمہ معینی؛ بلوریں اشکال کے اس نظام پر اطلاق ہوتا ہے جس میں تینوں محور جانبین سے عمودی اور غیر مساوی ہوتے ہیں۔

Orthoscopic : (a) [Ortho+ Gr. ' Skopos. '] درست نگاہ والا؛ صحیح بینائی والا؛ درست نظر؛ صحیح بصارت پیدا کرنے والا؛ بصری یا نظری نقائص سے مبرا؛ بصری نقائص کو درست کرنے والا۔

Orthospermous : (a) [Ortho + Gr. 'Spermous. '] (نباتیات) راست تخمہ ؛ راست ثمرہ ؛ راست (تخم)۔

Orthostatic : (a) (طب) راست ایستادہ؛ سیدھی حالت میں ٹھہرا ہوا؛ ایستادہ وضعی۔

Orthostichous : (a) (نباتیات) راست منزلہ؛ انتصابی منزلہ۔

Orthostichy : (n) (نباتیات) انتتصابی قطار؛ کھڑی قطار؛عمودی قطار۔

Orthosymmetric : (n) (بلور) آپس میں زاویہ قائمہ بناتے ہوئے دو یا تین پہلوؤں میں متشاکل ۔۔ خصوصاً Orthorhombic-

Orthotomic : (a) [Gr. 'tomos. '] (ریاضیات) عموداً متقاطع؛ نوے ڈگری پر قطع کرنے والا یا قطع کرتا ہوا۔

Orthotone : (a) [Gr. 'Orthotonos. '] تاکیدی؛ زور دیا ہوا (خصوصاً ایسے لفظ کو کہا جاتا ہے جو عام طور پر غیر تاکیدی ہوتا ہے)۔

Orthotone : (n) تاکیدی لفظ۔

Orthotropal : (a) [f. as 'Orthotropous. '] (۱) (نباتیات) سیدھا؛

راست بیضك : کھڑے بیضك والا؛ کھڑا (بیضك).
(۲) (نباتیات) ناف تخم کی طرف مائل: سینچنے والا (جنین تخم یا تخم جو ابتدائی حالت میں ہو) جس کا بیج ناف تخم کی طرف رخ کئے ہو؛ راست بیخچه (جنین تخم)؛ راست رُخه؛ صحیح رُخه : قائم.

Orthotropic : (a) (نباتیات) عمودی طور پر اوپر یا نیچے کی طرف اگنے والا (تنا یا جڑ) ؛ راست رخ ؛ راست نمو؛ کھڑے نمو والا.

Orthotropism : (n) اوپر یا نیچے کی طرف عموداً اگنے کی حالت :راست رخی ؛ کھڑا نمو.

Orthotropous : (a) دیکھو Orthotropal

Orthotropy : (n) راستی (بیضك)؛ راست بیخچگی (جنین تخم).

Ortolan : (n) [Fr. 'Ortolan. '] (حیوانیات) بلبل الشعیر؛ بگیڑی؛ برگیل؛ ایك چھوٹا پرندہ جس کا گوشت بہت مزیدار ہوتا ھے.

Ortolan bunting : (n) دیکھو Ortolan

Orvietan : (n) (۱) (تاریخ) ایك قسم کا مرکب جسے پہلے زہر کا تریاق سمجھا جاتا تھا؛ معجون تریاقی. (۲) (مجازاً) تریاق.

Orvieto : (n) (۱) آرویٹو شہر کے آس پاس بنائی جانے والی ایك قسم کی سفید شراب. (۲) اٹلی میں ایك جگہ کا نام.

Ory : (a) [f. Ore+ y.] خام دھات جیسا؛ جس میں خام دھات موجود ہو؛ کچے دھات سے مشابہ یا اس کی خاصیت کا؛ فلزاتی؛ دھات کا.

-ory/formerly-orie : (suffix) [ON Fr. & AFr.] (۱) (لاحقه) بعض لفظوں میں صفت کے معنی پیدا کرتا ھے (جیسے Compulsory). (۲) بعض اسما کے آخر میں آتا ھے اور مقام کے معنی دیتا ھے (جیسے Factory).

Orycterope : (n) [mod. L. 'Orycteropous. '] Orycteropus نوع کا ایك دودھ پلانے والا جانور دیکھو Aard-vark.

Oryctics : (n) (ارضیات) فوسلّیات؛ متحجریات.

Orycto - : (comb.) [Gr. 'Oryktos. '] جزو ترکیبی به معنی فوسل؛ متحجر چیز ؛ معدنی چیز.

Oryctography : (n) (ارضیات) فوسل نگاری؛ اُحفور نامه.

Oryctology : (n) (۱) (شاذ) متحجریات؛ اُحفوریات؛ فوسلیات. (۲) معدنیات. (۳) معدومیات.

Oryctozoology : (n) (حیوانیات) فوسلی حیوانیات.

Orynx : (n) [L.] افریقه کا دراز قد بارہ سنگھا جس کے سینگ سیدھے، لمبے اور نوکدار ہوتے ہیں؛ مَہات؛ غزال افریقه.

Oryza : (n) [NL.] (نباتیات) دھان؛ جنس برنج؛ جنس دھان.

Oryza sativa : (n) (نباتیات) برنج؛ دھان.

Os : (n) [L. 'Os' ,pl. 'Ossa .] (تشریح) ہڈی؛ عظم؛ استخواں.

Os : (n) [L. 'Os' , pl. 'Ora.'] (تشریح) مُنه؛ فم؛ دہن؛ منفَذ (جمع منافذ).

Os : انبار سنگریزہ.

Os calcis : (n) (تشریح) عَظم عقب؛ ایڑی کی ہڈی.

Os coccygis : (n) (حیوانیات) دم گزا ؛ عظم دُم ؛ دمچی کی ہڈی ؛ عصعص.

Os coxa/-coxae/-coxal : (n) (تشریح) عظم الیورك؛ کولھے کی ہڈی؛ استخوان سرین.

Os innominatio : (n) تشریح) بے نام ہڈی ؛ استخوانِ بے نام.

Os penis : (n) (حیوانیات) عظم ذکر.

Osage : (n) امریکا کا ایك آرائشی پودا.

Osage orange/-plant : (n) دیکھو Osage

Osar : (n) [Sw. 'asar, pl. of 'as'.] (ارضیات) انبار سنگریزہ.

Oscan : (n) [L.'Oscus.'] (۱) کمپانیا پر قابض قدیم اطالوی قوم کا کوئی فرد. (۲) اس قوم کی زبان (جو لاطینی سے ملتی جلتی ھے)؛ اوسکی زبان.

Oscar : (n) ہالی وُڈ (امریکا) کی اکادمی آف موشن پکچر آرٹس اینڈ سائنسزکی جانب سے بہترین اداکاری، ہدایت کاری وغیرہ کے لئے انعام میں دیئے ہوئے چھوٹے مجسموں میں سے ایك؛ نیز ایسے ہی دوسرے انعامات میں سے کوئی.

Osche - : (comb.) [Gr. 'Oscheon. '] سابقه جو انگریزی حروف علّت کے پہلے آتا ھے، دیکھو Oscheo.

Oscheal : (n) (تشریح) صَفَنی: فوطے کا: فوطے سے متعلق۔

Oscheitis : (n) (طب) ورم صَفَن: ورم فوطہ۔

Oscheo - : (comb.) [Gr. 'Oscheon. '] سابقہ یا جزو ترکیبی بہ معنی فوطہ : صَفَن: خصیہ دانی: بیضہ دانی (طب و جراحی کی اصطلاحات میں مستعمل ھے) ۔

Oscheocele : (n) (طب) فتقِ صَفَن: فوطے کا ہرنیا۔

Oscheon : (n) [Gr.] (تشریح) صَفَن : فوطہ: خصیہ دانی: بیضہ دانی۔

Oscillate : (v) [L. 'Oscillare. '] (۱) جھولنا (لنگن کی طرح): آگے پیچھے ہلنا: اہتزاز ہونا: تھر تھرانا: مرتعش ہونا۔ (۲) جھلانا: آگے پیچھے ہلانا: مرتعش کرنا۔ (۳) (وائرلیس ٹیلیفون میں) برقی اہتزاز یا ارتعاش جاری کرنا: (سننے والے آلہ میں) غنغناہٹ کی آواز پیدا کرنا: (اس آلہ کو) مرتعش کرنا۔ (۴) (مجازاً) دو خیالات ، اصول ، رائے وغیرہ کے درمیان جھولنا: حیص بیص میں ہونا: متذبذب ہونا : دو حدوں کے درمیان جھولنا: ڈھل مل یقین ہونا: جلدی جلدی رائے بدلنا: گھڑی میں تولہ ،گھڑی میں ماشہ ہونا: کبھی کچھ کبھی کچھ کرنا۔

Oscillating : (a) آگے پیچھے جھولتا ہوا: آگے پیچھے متحرک یا مرتعش: آگے پیچھے جھولنا یا حرکت کرنے والا: مرتعش ہونے والا: ارتعاشی: اہتزازی۔

Oscillating current : (n) (برقیات) اہتزازی رو: تیز متبادل رو۔

Oscillating cylinder : (n) بھاپ انجن میں آگے پیچھے حرکت کرنے والا استوانہ یا بیلن: اہتزازی بیلن۔

Oscillating engine : (n) انجن جس میں اہتزازی بیلن ہو۔

Oscillating series : (n) (مرضیات) اہتزازی سلسلے۔

Oscillation : (n) [L.'Oscillatio- . '] (۱) اہتزازی: جھولنا: حرکت: جنبش: رقص: جھول: تھر تھراہٹ۔ (۲) (ریڈیو ، صوتیات) ارتعاش: اہتزاز۔ (۳) (مجازاً) متبادل تغیر : حیص بیص : تذبذب : تبدیل رائے : تغیر مزاج : ڈانواں ڈول: (نفسیات) تغیر و قوف ۔ (۴) (مرضیات) (حدود کے درمیان) انحراف تفاعل: اختلا ف تفاعل۔

Centre of oscillation : (عضویات) مرکز اہتزاز۔

Oscillation system : (n) (عضویات) اہتزازی نظام۔

Oscillative : (a) (ریڈیو) اہتزازی: ارتعاشی: جھولنے کا: جھولنے والا۔

Oscillator : (n) لنگن (گھڑی وغیرہ کا)؛ رقاصہ: ارتعاش پیدا کرنے والی مشین: وائرلیس ٹرانسمیٹر کی ایک شکل :(ریڈیو) اہتزاز ندہ : ارتعاشندہ : امواج زا۔

Oscillatoria : (n) [mod. L.] (نباتیات) کائی کی ایک نوع : اہتزازیّہ (کائی)۔

Oscillatory : (a) دیکھو Oscillative

Oscillatory circuit : (n) (ریڈیو) اہتزازی دور۔

Oscillatory discharge : (n) (ریڈیو) اہتزازی اخراج۔

Oscillatory scanning : (n) (ٹیلی ویژن) اہتزازی تقطیع۔

Oscillatron : (n) (حرارت روانی) اہتزازیہ: امواج نگار۔

Oscillogram : (n) (برقیات) اہتزاز نگارش: ترسیم اہتزاز۔

Oscillograph : (n) برقی اہتزازات یا ارتعاشات کو ریکارڈ کرنے والا یا ظاہر کرنے والا: اہتزاز نگار: اہتزاز نما۔

Oscilloscope : (n) (برقیات) اہتزازبیں: اہتزاز نما:منفی شعاعی اہتزاز نگار۔

Oscines : (a) خوش الحان پرندوں کا یا ان سے متعلق: گانے والی چڑیوں سے متعلق۔

Oscines : (n) [L. 'Oscines' , pl. of 'Oscen. '] (۱) (قدیم روما) پرندے جن کی بولیوں یا آوازوں سے شگون لیا جاتا تھا: جنگلی کوّا: غراب۔ (۲) (طیوریات) Insessares یا گورّیا کی نوع کے خوش آواز پرندے: طیور مغنّی: بلبلاں ۔

Oscinine : (a) دیکھو Oscines

Oscitancy : (n) [f. L.'Oscitant' - + Ancy.] (۱) سستی: کاہلی: غفلت: بے توجہی: بے خبری: غنودگی۔ (۲) جمائی: انگڑائی (غنودگی)۔

Oscitation : (n) [L.'Oscitatio-'.] (۱) سستی یا غنودگی سے جماہی لینے کا عمل: جمائی: انگڑائی۔ (۲) عدم توجہی: بے پروائی: غفلت: بے توجہی: بے خیالی: تغافل: اونگھ: غنودگی۔

Osculant : (a) [f. 'Osculate (v).] (۱) دو چیزوں کے درمیان واقع اور انہیں ملا نے والا: درمیانی: بیچ کا: (خصوصاً فطری

تاریخ) بعض خصوصیات میں مشترك دو جنسوں، خاندانوں یا نوعوں کو ملانے والی بیچ کی جنس؛ خاندان یا نوع جو اپنے اندر دونوں گروہوں کی خصوصیات کو یکجا کر لیتی ھے؛ متوسطہ (نوع)۔ (۲) بعض خصوصیات میں مشابہ؛ (حیاتیات) مماثل۔ (۳) بوسہ لینے والا؛ بوسہ گیر ۔ (۴) ملصق۔

Oscular : (a) (۱) دہنی؛ فمی؛ منہ کا؛ بوسے کا ؛ بوسوی؛ بوسہ لینے سے متعلق؛ منہ سے متعلق ۔ (۲) (حیوانیات) کیچوے یا اسفنج کے منہ کا ؛ کیچوے یا اسفنج کے منہ سے متعلق۔

Oscular : (a) (ریاضیات) جزواًمنطبق؛ انطباقی۔

Oscular muscle : (n) عضلۂ دہن؛ دہنی عضلہ؛ عضلۂ لب؛ ہونٹ کا عضلہ؛ بوسہ لینے والا عضلہ۔

Osculate : (v) (۱) بوسہ لینا؛ چومنا (شاذ)۔ (۲) قریب کرنا؛ بہت کرلینا؛ سٹالینا۔ (۳) قریب ہونا؛ مل جانا؛ متصل ہونا؛ ایك دوسرے سے قریبی تعلق رکھنا (تاریخ موالید یا فطری تاریخ میں) متوسط نوع یا جنس کے ذریعہ ملا ہونا یا قریبی تعلق رکھنا؛ (ایك نوع کا دوسری نوع کی) مماثل ہونا؛ بعض خصوصیات میں مشابہ ہونا؛ بالواسطہ ملنا۔ (۴) (ریاضیات) (خط مخنی یا سطح کا) جزواً منطبق ہونا۔

Osculating : (a) (ریاضیات) لثمی؛ تماسی۔

Osculating curve : (n) (ریاضیات) لثمی مخنی۔

Osculating orbit : (n) (علم النجوم) لثمی مدار۔

osculation : (n) [L. 'Osculatio- ' f. as prec.] (۱) بوسہ؛ بوسہ لینے کا عمل۔ (۲) قریبی تعلق؛ تقبیل؛ (حیاتیات) مماثلت؛ انطباق جزوی۔ (۳) (تشریح) خون کی نالیوں کا باہمی ربط یا اتصال۔ (۴) (ہندسہ) لَثم؛ تماس۔

Point of osculation : نقطۂ لَثم۔

Osculatory : (n) حضرت مریم اور حضرت عیسیٰؑ کی تصویر جسے عشائے ربانی کے دوران پادری اور عوام بوسہ دیتے تھے۔

Osculatory : (a) (۱) بوسہ کا یااس سے متعلق ؛بوسوی ۔(۲)(ریاضیات) لثمی ؛ تماسی ۔ (۳) انطباقی۔

Oscule : (n) [f. L. 'Osculum .'] لثمہ؛ دہنہ؛ چھوٹا سا منہ یا دہن نما سوراخ؛ (خصوصاً) ثُقبہ اسفنج یا ستہ کدودانہ۔

Osculum : (n) [L. 'hypocritic dim. of 'os.'] (۱)بوسہ۔ (۲) (حیوانیات) ثقبۂ اسفنج ؛ دہنۂ اسفنج ۔ (۳) (حیوانیات) ستہ کدودانہ؛ دہنۂ کدودانہ۔

-ose : (suffix) [L '-Osus. '] لاحقہ بہ معنی" پُرآز" "بھر پور" عموماً صفات کے آخر میں آتا ھے جو علمی مصطلحات کے طور پر استعمال ھوتی ہیں، ان سے اسماء بھی بنتے ہیں جو Osity اور Osceness- پر ختم ھوتے ہیں۔

-ose : (suffix) (کیمیا) لاحقہ جو بعض مرکبات کے ناموں میں آتا ھے۔

Osiandrian : (n) Andress Hosemaun کا جرمن پروٹسٹنٹ پیرو (Osiander) انڈیاس ھوس مان کی لاطینی شکل ھے، اس کا زمانہ ۱۵۵۲۔۱۴۹۸ء ھے اس کا عقیدہ تھا کہ عیسیٰؑ کا کفارہ یا فدیہ ان کی فوق البشری قوت کا نتیجہ تھا بشریت کا نہیں)۔

Osiandrist : (n) دیکھو Osiandrian

Osier : (n) (۱) ایك قسم کا بید جس کی ٹوکریاں بنتی ہیں؛ نیز بید کی وہ دوسری قسمیں بھی جن سے ٹوکریاں بنتی ہیں؛ جگن؛ بید سَبَدی؛ اس کی ایك ٹہنی؛ شاخ بید ۔ (۲) توصیفی معنوں میں یا بہ طور صفت۔

Osier : (n) بیدکا ؛ اس سے متعلق یا اس سے بنا ھوا؛ بید سے ڈھکا ھوا یا منڈھا ھوا۔

Osier-ait : (n) ندی یا دریا کا چھوٹا جزیرہ نما حصہ جہاں بید کے درخت ھوں؛ بیددار؛ بیدواڑا۔

Osier-bed : (n) وہ جگہ جہاں ٹوکریاں بنانے کے لئے بید لگائے جاتے ہیں؛ بیدستان؛ بیدواڑا۔

Osier-holt : (n) دیکھو Osier-bed

Osier-isle : (n) دیکھو Osier-ait

Osiered : (a) بید کا مڑھا ھوا ؛ بید سے ڈھکا ھوا ؛ بید سے آراستہ ؛ بید کی طرح بل کھایا ھوا۔

Osiery : (n) بید کا انبار یا ڈھیر؛ بید سے بنی ھوئی چیزیں؛ بیدواڑا؛ بیدستان؛ وہ جگہ جہاں ٹوکریاں بنانے کے لئے بید اگائے جاتے ہیں۔

Osirian : (a) [f. proper name 'Osiris. '] سورج کی روشنی اور نیکی کے قدیم مصری دیوتا Osirian یا اس سے متعلق۔

Osiride/Osiridean : (n) دیکھو Osirian

-osis : (suffix) (لاحقہ) یونانی اور لاطینی اصل کے الفاظ میں عمل یا حالت کے معنی پیدا کرتا ھے۔ (۱) امراض یا حالت مرض کے معنوں میں آتا ھے مثلاً amaurosis - (۲) معانی و بیان کی بعض اصطلاحات میں آتا ھے مثلاً meiosis - (۳) بعض دیگر الفاظ کے آخر میں بھی آتا ھے مثلاً metamorphosis -

-osity : (compound suffix) [Fr. 'Osite. '] اسماء بنانے والا مرکب لاحقہ؛ دیکھو -Ose,-ous, -ity

Osmagnum : (n) (تشریح) عظم کبیر؛ استخوان کبیر۔

Osmanli : (a) (۱) عثمان اول کی ۱۳۰۰ء میں قائم کردہ ترکی سلطنت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) عثمانی ؛ عثمانی ترکوں کا؛ سلطنت عثمانی کا؛ ترکی۔

Osmanli : (n) عثمانی ؛ عثمانی ترك ؛ عثمان اول کی اولاد ؛ عثمانی خاندان یا قبیلے کا فرد ؛ عثمانی رعیت ؛ ترك (عموماً سیاسی معنوں میں)۔

Osmaterium : (n) (۱) گدی دار چوکی ؛ گدی دار نشست ۔ (۲) ایك قسم کا بریشمی یا ریشمی اونی کپڑا۔

Osmazomatic/ -tous : (a) ماء اللحم جیسا؛ ماء اللحم کی خاصیت کا۔

Osmazome : (n) [Fr. 'Osmazome. '] (طب) ماء اللحم ؛ آبِ گوشت؛ گوشت کا وہ آبی نچوڑ جو الکحل میں حل پذیر ھوتا ھے اور گوشت کے ان اجزائے مستقل کا حامی ھوتا ھے جو اس کی بو اور مزہ کو متعین کرتے ہیں۔

Osmeterium : (n) [mod. L.] دیکھو Osmaterium

Osmiamates : (n) Osmiamic acidکے نمکیات۔

Osmiamic : (a) [f. asmium + amic.] اوس میّم کا۔

Osmiamic acid : (n) (کیمیا) دوا ساسی ترشہ ($H_2 Os_2 N_2 O_5$) : اوس میم کا ایسڈ اَمائڈ۔

Osmiates : (n) Osmic acidکے نمکیات۔

Osmic : (a) [f. osmium + ic.] (کیمیا) جس میں اَوس میّم ھو؛ اس کا اطلاق ان مرکبات پر ھوتا ھے جن میں اَوس میّم کے چار حصے شامل ھوتے ہیں؛چوگرفتہ اوس میّم والا (مرکب) (جیسے اوس میم کلورائڈ $OsCl_4$)۔

Osmic acid : (n) اوس میّم ٹٹراکسائڈ کا نام؛ اَوسمك ایسڈ۔

Osmidrosis : (n) (طب) بدبوئی پسینہ۔

Osmio - : (comb.) Osmium کا جزو ترکیبی جو ایسے کیمیاوی مرکبات کے ناموں میں آتا ھے جن میں اوس میّم اور کوئی دوسرا جزو کسی تیسرے جزو کے ساتھ ملتا ھے مثلاً Osmio-cyanide)-

Osmious : (a) [f. 'Osmium + ous.] (کیمیا) جس میں اوس میّم ھو؛ مرکبات جن میں اوس میّم کے دو حصے ھوں؛ دو گرفتہ اوس میّم والا (مرکب) (جیسے اوس میّم کلورائڈ($OsCl_2$)-

Osmiridium : (n) [NL. 'Osm-+-iridium .'] (فلزیات) اوس میریڈیم (بھرت) : اوس میّم سے مل کر بنی ھوئی ایك دھات۔

Osmite : (n) Osmious acid کا نمك۔

Osmium : (n) [f. Gr. 'Osme' + -ium . '] پلاٹینم گروپ کی ایك دھات جو عموماً پلاٹینم کے ساتھ ہی پائی جاتی ھے؛ (کیمیا) اوس میّم (عنصر دھات)۔

Osmo - : (comb.) یونانی لفظ Osmeسے مشتق جزو ترکیبی بہ معنی "بو" "مہك"۔

Osmo - : (comb.) Osmose کے جزو ترکیبی کی حیثیت سے مستعمل ھے بہ معنی" نفوذ"۔

Osmology : (n) بُو کا علم؛ بوؤں کا مطالعہ ؛ بوؤں سے متعلق کوئی رسالہ۔

Osmometer : (n) نفوذی قوتِ عمل کو ظاہر کرنے والا آلہ؛ نفوذ پیما۔

Osmometry : (n) نفوذی قوت کی پیمائش؛ نفوذ پیمائی۔

Osmophore : (n) [isv. 'Osm- + -phore. '] بُو بردار جزو مستقل۔

Osmophoric : (a) بُو بردار جزو مستقل سے متعلق۔

Osmoreceptor : (n) ایك حسّاس عضو جو نفوذی دباؤ میں تغیرآنے سے متہیّج ھو جاتا ھے۔

Osmoregulation : (n) ضبط نفوذ؛ (کسی جاندار جسم میں) نفوذی دباؤ کی باقاعدگی۔

Osmose : (n) (طبیعیات) نفوذ (سیّال کا مسام دار سطح سے گذرجانا)۔

Osmosis : (n) [Latinized form of prec.] دیکھو Osmose

Osmotic : (a) نفوذی ؛ نفوذ کا ؛ اس سے متعلق یا اس کے سبب واقع شدہ۔

Osmotic pressure : (n) نفوذی دباؤ۔

Osmotically : (adv.) نفوذ ی عمل کے ذریعہ؛ نفوذ کے ذریعہ۔

Osmund : (n) [ME. 'osemond.'] اچھی قسم کا لوہا جو پہلے سویڈن سے انگلستان میں درآمد کیا جاتا تھا اور اس سے تیروں کے پیکان، بنسی (مچھلی پکڑنے کا کانٹا) وغیرہ بنائے جاتے تھے؛ (جمع) اس لوہے کی چھڑ۔

Osmund : (n) (نباتیات) کَرفِ گل دار؛ ایک پھول دار فرن؛ آسمند۔

Osmunda : (n) (نباتیات) جنس کرفِ گُل دار۔

Osmundaceous : (a) [f. mod. L. 'Osmundaxeae.'] Osmundaceae قسم کا یا اس سے متعلق (Osmundes بھی اسی کی ایک قسم ہے)۔

Oso-berry : (n) [f. sp. oso- + berry.] مغربی شمالی امریکا کی ایک جھاڑی یا چھوٹے درخت کا نیلا سیاہ پھل (گٹھلی دار)؛ اس درخت کی جھاڑی۔

Osphradial : (a) بعض گھونگوں کے عضو شامّہ سے متعلق۔

Osphradium : (n) [mod. L.] بعض گھونگوں کا عضو شامّہ (ناک) جو ان کے گل پھڑوں پر لمبے حساس خلیوں کے گچھوں کی شکل میں ہوتا ہے۔

-Osphrasia/-osphresia : (comb.) جزو ترکیبی بہ معنی "شامّہ" "حِسّ شامہ" "سونگھنے کی حس"۔

Osphresis : (n) دیکھو Olfaction

Osphretic : (a) دیکھو Olfactory

Osphromenidae : (n) [NL. 'Of 'Ospheromenus.'] جنوب مشرقی ایشیا اور افریقہ میں پائی جانے والی ایک خاص قسم کی مچھلی جو صاف پانی میں رہتی ہے۔

Osprey : (n) [OFr. 'Ospres.'] (۱) (حیوانیات) باز بحری؛ عقاب بحری؛ ہمائی؛ بڑا شکاری پرندہ جو مچھلیاں پکڑتا ہے۔ (۲) ملبوسات فروش یا کلاہ ساز سفید بگلے کے پروں کو کہتے ہیں جو آرائش کے لئے زنانہ ٹوپیوں میں لگائے جاتے ہیں۔

Ossa : (n) (حیوانیات) (تشریح) ہڈیاں۔

Ossature : (n) [f. L.'as', after 'curvature.'] (۱) جسمانی ڈھانچے کی ہڈیوں کی ترتیب (شاذ)۔ (۲) (تعمیرات) ڈھانچہ یا چوکھٹا جو کسی چیز کو سہارے رہتا ہے مثلاً چھت کی شہتیریں، کڑیاں یا شیشے دار دریچہ کی دھات سے بنی ہوئی فریم یا چوکھٹا۔

Osse/Oss : (n) (بول چال) پیشین گوئی کرنا؛ کسی چیز کو اچھا یا خراب بتانا؛ کسی کے بارے میں پیشین گوئی کرنا کہ وہ کیا ہونے یا کرنے والا ہے۔

Ossein : (n) [f. L. 'Osseus' + -in.] (کیمیا) عظمین؛ اوسین : غیر بالیدہ یا جنینی نسیج جو معدنی نمکیات سے مل کر اور نشو و نما پاکر ہڈی بن جاتی ہے؛ نسیج استخوان کا بڑانا میاتی مادہ جو ہڈی سے معدنی اشیا کو الگ کرلینے کے بعد بچ جاتا ہے اور جلا تین بنانے کے کام آتا ہے۔

Osselet : (n) [OFr. 'Osselet.'] (۱) چھوٹی ہڈی؛ عظم صغیر؛ استخوان کو چک؛ استخوانچہ۔ (۲) صدف قیر ماہی؛ بعض سرپایہ مچھلیوں کی ہڈی؛ قلم ماہی کی ہڈی۔

Osseo - : (comb.) [OFr. 'Osseus.'] -Osseous جزو ترکیبی بہ معنی

Osseo-fibrous : (a) ریشے دار ہڈی والا۔

Osseous : (a) (۱) استخوانی؛ ہڈی کا؛ ہڈی دار؛ہڈی جیسا؛ عظمی؛ ہڈی بنا ہوا؛ مبدل بہ استخواں۔ (۲)ہڈی دار ڈھانچے والا؛ ہڈیوں کے ڈھانچے والا؛ استخواں پیکر۔ (۳)جہاں متحجر ہڈیاں کثرت سے ہوں؛ متحجر ہڈیوں سے پٹا ہوا۔ (۴) (مجازاً) ہڈی کی طرح سخت اور مضبوط۔

Osseous labryinth : (n) (تشریح) عظمی تیّہ۔

Osseter : (n) [Russ. 'Osetr.'] (حیوانیات) اسٹرجن مچھلی کی ایک نوع۔

Ossianic : (a) اوسیّن یا اس کی نظموں کا؛ اوسیّن یا اس کی نظموں سے متعلق؛ ان نظموں کی طرز یا خاصیت کا؛ شاندار؛ پرشوکت؛ جس میں عبارت آرائی ہو۔

Ossicle : (n) (۱) (حیوانیات) عظم صغیر؛ چھوٹی ہڈی؛ استخوان کوچک؛ ہڈی یا ہڈی نما چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا؛ کان کی چھوٹی ہڈی۔ (۲) جانوروں کے ڈھانچے میں استخوانی یا صلیبی ٹکڑا؛ ستارہ ماہی یا دوسرے خار پشت حیوان کی کوئی چھوٹی ہڈی۔

Auditory ossicles : کان کے پردے والے جوف کی ہڈیاں؛ کان کی چھوٹی ہڈیاں۔

Ossiculum : (n) [L. dim . of 'os, oss-.'] عظم صغیر؛ چھوٹی ہڈی؛

استخوانچه : کان کی چھوٹی ہڈی۔

Ossiculus : (n) (نباتیات) جوزک؛ سختک۔

Ossiferous : (a) ہڈی دار : عظم دار؛ عظم خیز؛ ہڈیوں کا حامل یا ہڈیاں پیدا کرنے والا۔

Ossific : (a) عظم ساز؛ ہڈی بنانے والا؛ ہڈی بننے یا بنانے کا؛ ہڈی میں بدل دینے یا بدل جانے والا؛ جس میں ہڈی بننے یا بنانے کا میلان ہو۔

Ossific centre : (n) مرکز تعظّم؛ نقطۂ تعظّم؛ دیکھو Centre of Ossification .

Ossification : (n) [Fr. 'Ossificatio.'] (۱) تبدیل به استخواں؛ ہڈی بننا یا بنانا : ہڈی کی تشکیل؛ہڈی میں بدل جانے یا ہڈی بن جانے کا عمل؛ مبدل به استخواں ہونے کی حالت : استخوانی تشکیل؛ ہڈی کی طرح ٹھوس اور سخت ہو جانے کی حالت۔

Centre of ossification : نقطۂ تعظّم؛ وہ نقطه جہاں کرکری ہڈی (غضروف) یا جوڑنے والی نسیجیں سخت ہو کر ہڈی کی شکل اختیار کرنے لگتی ہیں؛ مرکز تعظّم۔

Ossification of cartilage : (طب) تعظّم غضروف؛ کرکری کا ہڈی میں تبدیل ہونا۔

Ossifield : (a) ہڈی بنا ہوا یا بنایا ہوا؛ ہڈی میں تبدیل شدہ؛ ہڈی کی طرح سخت کیا ہوا۔

Ossifrage : (n) [subst. uses of L. 'Ossifragus. '] (۱) ریش دار گِدھ (جو یورپ کا سب سے بڑا شکاری پرند ہ هے)۔ (۲) بحری باز؛ عقاب بحری؛ مچھلیاں پکڑنے والا بڑا شکاری پرندہ۔

Ossify : (v) [Fr. 'Ossifier. '] (۱) ہڈی بن جانا؛ ہڈی میں تبدیل ہو جانا؛ مبدلی به استخواں ہونا؛ نرم نسیجوں میں ہڈی میں بدل جانا؛ جمود اختیار کرلینا یا جامد بن جانا۔ (۲) ہڈی بنا دینا؛ ہڈی میں تبدیل کردینا؛ سخت بنا دینا۔ (۳) (مجازاً) جامد بنا دینا؛ روایتی وضع میں ڈھل جانا یا ڈھال بنا دینا؛ بے حس کردینا یا ہو جانا؛ ٹھس ہو جانا یا ٹھس بنا دینا؛ غیر ترقی پذیر ہو کر رہ جانا؛ غیر ترقی پذیر بنا دینا۔

Ossivorous : (a) [f. as prec.] (حیوانیات) ہڈی خور؛ استخواں خور؛ ہڈی کھانے والا؛ ہرگلا۔ (۲) مرضیات) ہڈی کو سڑادینے والا؛ ہڈی کو خراب کرنے یا گلانے دینے والا۔

Ossuary : (n) [LL. 'Ossuarium. '] (۱)مُردوں کی ہڈیاں رکھنے کی جگه یا ظرف؛ ہڈی گھر؛ ہڈی دان۔ (۲) وہ غار جہاں قدیم ہڈیاں ملتی ہیں؛ ہڑواڑ؛ گورستان۔ (۳) (مجازاً) جس میں بزرگوں کے تبرکات (دانت، بال، ناخن یا ہڈیاں وغیرہ) ہوتے ہیں؛ تبرك دان؛ صندوقچۂ تبرکات۔ (۴) توصیفاً یا به طور صفت۔

Osteal : (n) [f. Gr. 'Osteon' + Al .] استخوانی؛ عظمی؛ ہڈی کا یاا س سے متعلق؛ خصوصاً (وہ) جس میں ہڈی کو ٹکرانے یا ٹھوکنے سے پیدا ہونے والی آواز کی کیفیت ہو؛ عظم صوتی۔

Ostearthritis : (n) جوڑ کی ہڈیوں کا ورم؛ جوڑ کاورم : ورم مفصل و عظم : مزمن ورم مفصل : آماس مفاصل عموماً Ostearthritis مستعمل هے۔

Osteichthys : (n) (حیوانیات) سمك عظمی؛ ہڈی دار ماہی۔

Ostein/Ostine : (n) [f. Gr. 'Osteon' + -ine.] (تشریح) عظمین؛ اوسٹین : مادۂ استخواں : استخوانی نسیج : جوہر استخواں؛ مغز استخواں : وہ نسیج جو نشو ونما پاکر ہڈی بن جاتی هے؛ ہڈی بطور نسیج۔

Osteitis : (n) [f. Gr. 'Osteon' + -itis.] (مرضیات) مادۂ استخواں یا مغز استخواں کی سوزش یا ورم : ورم عظم : ورم استخواں : ہڈی کی سوزش۔

Ostensibility : (n) ظاہریت؛ دکھاوا۔

Ostensible : (a) [med. L. 'Ostensibilis.'] ظاہر کیا ہوا؛ دکھایا ہوا؛ ظاہری؛ دکھاوے کا؛ درست یا حقیقی بنا کر پیش کیا ہو ا (بخلاف حقیقی)؛ صوری؛ نمایاں؛ قابل نمائش؛ مشہور۔

Ostensibly : (adv.) بظاہر : ظاہراً؛ اعترافاً؛ بطور آشکار۔

Ostension : (n) [L. 'Ostentio-' + -ion.] (کلیسائی) عشائے ربانی سے متعلق چیزوں کو عوام کے سامنے لانے یا پیش کرنے کا عمل۔

Ostensive : (a) [LL. 'Ostensivus. '] (۱) اعلانیه یا بلاواسطه طور پر ظاہر ہونے والا؛ نمائشی؛ صوری؛ ظاہری؛ (خصوصاً منطق میں) فقروں کے ساتھ جنہیں ثابت کرنا هے؛ واضح طور پر کوئی عام اصول یا کُلّیه پیش کرنے والا۔ (۲) ظاہری؛ دکھاوے کا؛ حقیقی بنا کر پیش کیا ہوا (بخلاف حقیقی)۔

Ostensive definition : (n) (فلسفه) واضح تعریف؛ صریح تعریف۔

Ostensive reduction : (n) بلاواسطہ تخفیف: تخفیف دست۔

Ostensively : (adv.) اعلانیہ: ظاہراً: بہ ظاہر۔

Ostensoir/ -sorio/ -sorium/ -sory : (n) ظرف عشائے ربانی: سونے یا چاندی کا ظرف جس میں عشائے ربانی کی پاک روٹی حاضرین کلیسا کو دکھائی جاتی ہے: تبرک دان جس میں تبرکات (زیارت کے لئے) رکھے جاتے ہیں۔

Ostentate : (v) [L. 'Ostentare. '] (امریکا) دکھانا: ظاہر کرنا: پیش کرنا: نمائش کرنا: فخر کے ساتھ پیش کرنا: فخریہ نمائش کرنا: نمود کرنا: دکھاوا کرنا۔

Ostentation : (n) طمطراق : بھڑک : ٹھاٹ : دکھاوا : نمائش : نمود : خودنمائی۔

Ostentatious : (a) پرنمود : بھڑک دار : طمطراق کا : ٹھاٹھ والا : نمائشی : خودنما : نمائش کا شائق: متظاہر۔

Ostentatiously : (adv.) ٹھاٹھ سے : طمطراق کے ساتھ : بھڑک دار طور پر : خود نمائی سے : نمود کے طور پر۔

Ostentatiousness : (n) بھڑک داری: طمطراق: ٹھاٹھ: نمود: خود نمائی: دکھاوا۔

Osteo - : (comb.) [Gr. 'Osteon. '] خاص کر علم تشریح کی اصطلاحوں میں آنے والا سابقہ یا جز و ترکیبی بمعنی ہڈی: استخواں: عظم (نیز ان سے مشتق الفاظ)۔

Osteoarthritis : (n) [Gr. 'arthritis. '] دیکھو Ostearthritis

Osteoblast : (n) [Gr. 'blastos. '] عظمی نہوضہ: عظم ساز خلیہ: دانہ دار جسمیہ جو تمام بڑھتی ہوئی ہڈیوں میں استخوانی بالیدگی کا موثر عامل ہوتا ہے۔

Osteoblastic : (a) عظمی نہوضہ یا عظم ساز خلیہ سے متعلق۔

Osteochondroma : (n) عظمی غضرونی سلعہ۔

Osteochondropathy : (n) ایک مرض جو ہڈی اور غضروف دونوں کو متاثر کرتا ہے۔

Osteochondrosis : (n) بچوں کی ایک بیماری جو ہاتھوں یا پاؤں کی ہڈیوں کو بڑھنے سے روک دیتی ہے۔

Osteochondrous : (a) عظمی غضرونی: ہڈی اور غضروف سے متعلق یا ان سے مل کر بنا ہوا۔

Osteoclasis : (n) [Gr. 'Klasis. '] (۱) (جراحی) قطع عظم: عیب یا بدہیئتی کو دور کرنے کے لئے ہڈیوں کو توڑنا یا چٹخا دینا۔ (۲) (طب) استخوانی نسیج کو برباد کردینا: تخریب عظم۔

Osteoclast : (n) [Gr. 'Klastos. '] (۱) مخرب عظم خلیہ۔ (۲) (جراحی) قاطع عظم آلہ: عیب کو دور کرنے کے لئے ہڈیوں کو توڑنا یا چٹخانے والا آلہ۔

Osteocolla : (n) [Gr. 'Kolla. '] (نباتیات) چونے کے کاربونیٹ کا تہ نشین مادہ جو پودوں کی جڑوں اور ٹہنیوں یا پرت پر پپڑی جماتا ہے۔

Osteocope : (n) [Gr. 'Kopos.'] ہڈیوں کا شدید درد (خصوصاً آتشک والوں کو) آتشکی گھٹیا۔

Osteocopic : (a) ہڈیوں کے درد سے متعلق: آتشکی گھٹیا کا: اس سے متعلق یا اس میں مبتلا۔

Osteocopus : (n) دیکھو Osteocope

Osteoderm : (n) (تشریح) عظمی اَدَمہ: (مگرمچھ کی) کھال کے اندر ایک سخت یا استخوانی پلیٹ۔

Osteodermatous : (a) استخوانی جلد والا: سخت کھال والا: خارہ پشت۔

Osteogenesis : (n) ساخت استخواں: ہڈی کی ساخت: تشکیل عظمی: تشکیل استخواں: تخلیق استخواں: ہڈی کی پیدائش یا تشکیل: ہڈی کا بننا: تعظّم: ہڈی سازی۔

Osteogenetic/Osteogenic : (a) (۱) ہڈی سازی: عظم ساز: ہڈی پیدا کرنے والا۔ (۲) ہڈی میں پیدا ہونے والا۔

Osteogenous : (a) ہڈی ساز: عظم ساز۔

Osteography : (n) عظام نگاری: عظم نامہ: حیوانیات کا وہ شعبہ جس میں ہڈیوں کا ذکر ہوتا ہے : بیان العظام۔

Osteoid : (a) عظمی: ہڈی نما: مثل استخواں:استخوانی:استخواں مانند۔

Osteole : (n) (۱) ننھا سا رخنہ، روزن یا سوراخ: خصوصاً (نباتیات) دہانچہ: دہانۂ صغیر۔ (۲) (حیوانیات) دہانچۂ اسفنج۔

Osteolite : (n) ایک قسم کا پتھر: جما ہوا زمینی کیلشیم فاسفیٹ جو لیتھوگراف کے پتھروں سے مشابہ ہوتا ہے۔

Osteologic/-al : (a) [f. 'Osteology. '] (۱) عظمیاتی؛ علم العظام سے متعلق : جو عظمیات سے بحث کرتا ھے۔ (۲) جو عظمیات کے دائرہ بحث میں آسکتا ہو؛ معروضِ عظمیات (ہڈیوں، ان کی ساخت) سے متعلق۔

Osteologist : (n) عظمیات داں : ماہر عظمیات : عالم عظام : استخوان شناس : ہڈیوں کا پہچاننے والا ۔

Osteology : (n) [mod. L. 'Osteologia. '] (۱) علم تشریح کی وہ شاخ جو ہڈیوں کی ساخت، پیدائش اور ترتیب سے بحث کرتی ہے؛ عظمیّات؛ علم العظام؛ علم استخواں شناسی؛ علم استخواں۔ (۲) عظمیات کا رسالہ یا کتا بچہ۔ (۳) اس علم کا معروض؛ کسی جاندار کا استخوانی ڈھانچہ یا استخوانی ساخت۔

Osteoma : (n) (مرضیات) عظمی رسولی : عظمی سلعہ : ٹیومر جو استخوانی نسیجوں سے بنا ہو : استخوانی ٹیومر۔

Osteomalacia/Osteomalakia : (n) (مرضیات) نرمئ استخواں : نرمئ عظم؛ ملائیت عظم؛ ہڈیوں میں زمینی نمکیات کے نشان سے پیدا شدہ ملائمت یا نرمی (اسے malacosteon بھی کہتے ہیں)؛ ہڈیوں کا نرم پڑ جانا : زخاوتِ عظام۔

Osteomancy : (n) عظمی تفاءُل؛ استخوانی تفاءُل؛ ہڈیوں سے فال لینا۔

Osteomatoid : (a) عظمی رسولی یا استخوانی ٹیومر کے مشابہ۔

Osteomatous : (a) عظمی رسولی کا یا اس سے متعلق۔

Osteomatric : (a) پیمائش استخواں سے متعلق۔

Osteometry : (n) پیمائش استخواں؛ ہڈیوں کی پیمائش؛ پیمائش عظام؛ خصوصاً بشر پیمائی کا وہ حصہ جو مختلف ہڈیوں کے تناسب سے تعلق رکھتا ھے۔

Osteomyelitis : (n) [Gr. 'myelos. '] ہڈی کے گودے کا ورم؛ ورم مغز استخواں : ورم نخاع العظم۔

Tubercular osteomyelitis : (n) (مرضیات)سِلّی عظمی؛ ہڈیوں کی ٹی بی؛ بون ٹی بی۔

Osteopath : (n) بے آلات کے کام کرنے والا جرّاح : مالشی جرّاح : عظم بند : جا انداز۔

Osteopathic : (a) مالشی جراحی سے متعلق؛ عظم بندی سے متعلق۔

Osteopathically : (adv.) مالشی جراحی کے ذریعہ؛ مالشی جراحی کے طریقے سے۔

Osteopathist : (n) دستی جراحی یا مالشی علاج میں یقین رکھنے والا؛ دستی جرّاحی کرنے والا؛ دستی جرّاح؛ مالشی جرّاح؛ عظم بند؛ جا انداز۔

Osteopathy : (n) (۱) ہڈیوں کی بیماری؛ مرض استخواں : استخوانی عارضہ ۔(۲) مرض اور اس کے طریقۂ علاج کا ایک نظریہ جس کے مطابق ڈھانچے کی بدہیئتی اور اس کے نتیجے میں اس سے ملحق اعصاب اور خون کی نالیوں میں خلل واقع ہونا بیشتر بیماریوں کا سبب ہوتا ھے؛ اس نظریے پر مبنی طریقۂ علاج : بے آلات کی جرّاحی؛ مالشی علاج : عظم بندی : جا اندازی۔

Osteopetrosis: (n) (۱) ہڈیوں کا غیر معمولی طورپر سخت اور موٹا ہو جانا۔ (۲) ایک نسل یا حوادثی نقص جس میں ہڈیاں سخت اور موٹی ہو جاتی ہیں؛ تحجّر عظام؛ مرمری ہڈیاں۔ (۳) خرگوشوں کی ایک ایسی ہی بیماری جس میں اس کے ڈھانچے کے بعض حصے غیر معمولی طورپر بڑھ جاتے ہیں۔ (۴) مرغیوں کی ایک بیماری جس میں ان کے پاؤں کی ہڈی غیرمعمولی طور پر لمبی ہو جاتی ھے۔

Osteophagia : (n) چرندوں (مویشیوں) کا ہڈی چبانا یا کھانا؛ عظم خوری (جسم میں فاسفورس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے)۔

Osteophyte : (n) [Gr. 'phyton. '] ہڈی کا زیادہ بڑھ جانا؛ عظمی زائدہ؛ ہڈی کا ابھار۔

Osteophytic : (a) عظمی زائدے سے متعلق؛ ہڈی کے غیر معمولی ابھار سے متعلق۔

Osteoplastic : (a) (جرّاحی) عظمی پیوندی : عظمی ترقیعی : عظم پیوندی سے متعلق۔

Osteoplastic trap : (n) دامنِ عظمی ترقیعی۔

Osteoplasty : (n) [Gr. 'plastos. '] کسی خالی جگہ کو پر کرنے کے لئے وہاں (دوسری جگہ سے لے کر) ہڈی کا کوئی ٹکڑا لگانا؛ عظم پیوندی۔

Osteosarcoma : (n) [f. 'Osteo- + sarcoma.] (۱) ہڈی میں گوشتین ابھار؛ عظمی دمبل لحمی؛ سرطان استخواں کی ایک نوع ہڈی کی ایک بیماری جس میں ہڈی کے اندر گوشت، غضروف یا مغز کی غیر معمولی بالیدگی ہو جاتی ھے۔ (۲) عظمی دنبل لحمی جو تغیر طبیعی سے ہڈی میں بدل جاتا ھے۔

Osteosclerosis : (n) [Gr. 'Oklerosis. '] ہڈی کا سخت ہوجانا؛ تصلب العظام۔

Osteotome : (n) (جراحی) ہڈی کاٹنے کی آری؛ ہڈی تراشنے کا آلہ ؛ عظم تراش؛ عظم بر۔

Osteotomy : (n) (۱) (تشریح) تشریح العظام؛ تجزیۂ استخواں؛ ہڈیوں کی چیر پھاڑ۔ (۲) (جراحی) کسی نقص کو دور کرنے کی غرض سے ہڈی کو کاٹنا؛ عظم تراشی؛ قطع عظم : عظم براری۔

Osteria : (n) [It. f. 'Oste. '] (اٹلی میں یا اطالوی زبان بولنے والے کسی ملک میں) سرائے۔

Ostiarius/Ostiary : (n) [L. 'Ostiarius' , f. astium. '] (کلیسائی) گرجا کا دربان؛ کلیسا کے دروازے کا محافظ؛ رومی کلیسا کے ادنیٰ مدارج میں سب سے نچلا درجہ۔

Ostinato : (n) [It.] (موسیقی) ایک نغمہ جو کسی موسیقی یا اس کے کسی حصے میں بار بار دہرایا جاتا ھے؛ جاری نغمہ۔

Ostiolate : (a) (نباتیات) دہانچہ دار۔

Ostiole : (n) [L. 'Ostiolum' , dim. of 'Ostium. '] دیکھو Osteole

Ostiolum : (n) دیکھو Ostiole

Ostitis : (n) دیکھو Osteitis

Ostium : (n) [L.] (۱) (تشریح) جسم حیوانی میں دل ، دماغ کے جوفوں، پھیپھڑوں کی شریانوں، فلاپن ٹیوب، پیشاب کے راستے وغیرہ کا سوراخ یا دہانہ۔ (۲)(حیوانیات) دہانۂ اسفنج۔ (۳) (جغرافیہ) دہانۂ دریا۔

Ostler : (n) [var. sp. of Hostler.] سرائے کے اصطبل کا محافظ؛ سائیس : نفر (نیز توصیفاً مثلاً Ostler-boy)۔

Ostleress : (n) سرائے کے اصطبل کی محافظ عورت؛ سائیسہ۔

Osterie/-rye : (n) Hostelryکی متروک شکل۔

Ostmen : (n) [ON. 'Austmenn' , pl. of 'Austmaor. '] آئرلینڈ اور آئس لینڈ میں ڈنمارک اور ناروے کے حملہ آوروں اور وہاں آکر بس جانے والوں کو کہتے ہیں۔

Ostosis : (n) تعظّم؛ عظم سازی۔

Ostracea : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جنس محّار۔

Ostracean : (a) [f.mod. L. 'Ostracea. '] Ostraceaخاندان کی؛ کستورا مچھلی کے خاندان کی۔

Ostrcean : (n) محّار؛ کستورا مچھلی؛ ایک قسم کا صدفہ جو کھایا جاتا ھے۔

Ostraceous : (a) محاری؛کستورا مچھلی کا یا اس سے متعلق : کستورا مچھلی کی نوعیت کا۔

Ostracion : (n) [Gr. 'Ostrakion. '] مچھلیوں کی ایک نوع جن کے جسم شش پہلو پلیٹوں سے ڈھکے ہوتے ہیں؛ جو ہڈی کی طرح سخت ہوتی ہیں؛ صندوق ماہی۔

Ostracism : (n) [mod. L. 'Ostracismus. '] (۱) ایتھنز وغیرہ میں عارضی جلاوطنی کا ایک قاعدہ جس کے ذریعہ کسی ایسے شخص کو جو عوام میں بہت زیادہ مقبول ہوتا تھا دس (بعد میں پانچ) سال کے لئے جلاوطنی یا شہر بدر کردیا جاتا تھا؛ یہ کام استصواب رائے کے ذریعہ کیا جاتا تھا جس میں اس شخص کا نام ٹھیکروں پر لکھا ہوتا تھا؛ عارضی جلاوطنی؛ شہر بدری؛ اخراج (برادری سے)؛ (سماجیات) جلاوطنی۔ (۲) (مجازاً) معاشرتی مقاطعہ : (سماجیات) سماجی بائیکاٹ ۔ (۳) حقوق سے محرومی؛ محرومی از حقوق۔

Ostracite : (n) [L. 'Ostracites. '] متحجرکستورا؛ متحجر محار؛ کستورا قسم کے کسی صدفے کا متحجر خول۔

Ostracize : (v) [Gr. 'Ostrakizein. '] (۱) (یونانی تاریخ) ٹھیکروں والی ووٹنگ کے ذریعہ جلاوطنی کرنا(دیکھئے Ostracism) : (مجلس عامہ کے حکم سے پانچ یا دس سال کے لئے) جلاوطن کرنا؛شہر بدر کرنا؛ خارج البلد کرنا۔ (۲) (مجازاً) برادری سے خارج کرنا؛ حقہ پانی بند کرنا؛ عام حقوق سے محروم کرنا؛ میل جول ترک کردینا؛ بائیکاٹ کرنا۔

Ostraco - : (comb.) [G.r 'Ostrakon. '] جزو ترکیبی بمعنی سخت خول گھونگا ، صدف، قشر ۔

Ostracoda : (n) قشریوں کی ایک جنس۔

Ostracodal : (a) Ostracoda جنس کے قشریوں کا یا ان سے متعلق۔

Ostracode : (a) [Gr. 'Ostrakwdus. '] Ostracoda جنس کا۔

Ostracode : (n) Ostracodaجنس کا قشریہ؛ کستورا مچھلی سے مشابہ جنس کا ایک قشریہ : کستورا قشریہ۔

Ostracoderm : (a) [Gr. 'Ostrakodermos. '] جس کا خول یا خارجی ڈھانچہ ہڈی جیسا سخت ہو : سخت کھال والا : استخواں پوست : عظم پوست؛ صدف پوست۔

Ostracoderm : (n) استخوان مچھلی؛ صدفہ نما یا صدف پوست مچھلی؛ صدفی مچھلی۔

Ostracodermal/ -mous : (a) صدفی مچھلی کا یا اس سے متعلق۔

Ostracodous : (a) دیکھو Ostracodal

Ostracon/Ostrakon : (n) [Gr. 'Ostrakon . '] چونا پتھر یا مٹی کا منقش ٹکڑا (جیسا کہ بالائی مصر (وادیٔ نیل) میں پایا جاتا ھے)۔

Ostrea : (n) [L.] (حیوانیات) جنس فحار؛ کستورا مچھلی کی ایک جنس جو انڈوں کو ان کی ابتدائی نشو و نما کے دوران اپنے گلپھڑوں میں رکھتی ھے۔

Ostreaceous : (a) [L. 'Ostrea+ -Aceous. '] کستورا مچھلی یا اس کے خول کی نوعیت کا : محاری : کستورا جیسا۔

Ostreger/Ostringer : (n) Goshawk (ایک قسم کا بڑا باز جس کے بازو چھوٹے ھوتے ہیں) کا رکھنے والا یا محافظ۔

Ostrei-/Ostreo - : (comb.) [L. ostrea , ostreum .] جزو ترکیبی بمعنی کستورا مچھلی فحار۔

Ostreicultural : (a) محار پروری کا؛ محار پروری سے متعلق۔

Ostreiculture : (n) محار پروری؛ صدف پروری۔

Ostreiculturist : (n) محار پرور؛ ماہر محار پروری۔

Ostreiform : (a) محار شکل : محار نما : کستورا مچھلی کی شکل کا : صدف نما۔

Ostreoculture : (n) دیکھو Ostreiculture

Ostreophage/Ostreophagist : (n) محار خور : کستورا مچھلی کھانے والا یا اسی پر بسر کرنے والا۔

Ostreophagous : (a) محار خور؛ صدف خور؛ کستورا مچھلی کھانے والا۔

Ostreophagy : (n) محار خوری۔

Ostarich : (n & a) [ME. 'Ostrice, -iche, -ige. '] (۱) عرب وافریقہ کے مسطح ریگستانوں میں رہنے والا سب سے بڑا پرندہ : نعامہ (جمع نعام)؛ شتر مرغ؛ سنگ خوار۔ (۲) ایک ایسا ہی امریکی پرند؛ امریکی شترمرغ۔ (۳) (بطور صفت) شترمرغ کا یا اس سے متعلق؛ شترمرغ جیسا۔

Ostrich-belief : (n) خدع نفس؛ خود فریبی۔

Ostrich-farm : (n) (پروں کے لئے) شترمرغ کی پرورش گاہ : شترمرغ کا فارم۔

Ostrich-farming : (n) پرورش نعام؛ شتر مرغوں کی پرورش اور افزائش نسل۔

Ostrich-feather : (n) شترمرغ کا پر (خصوصاً بازو یا دم کا لمبا پر) جسے آرائش کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

Ostrich-fern : (n) فرن کی ایک قسم۔

Ostrich-plume : (n) (۱) شتر مرغ کا پر یا اس کے دو تین پروں کا گچھا۔ (۲) (توصیفاً) گلِ داؤدی کی ایک قسم پر اطلاق ھوتا ھے۔

Ostrich-tip : (n) شتر مرغ کے پر کا سراپا نوک؛ نوکِ پر۔

Ostriculture : (n) دیکھو Ostreiculture

Ostrigonum : (n) (تشریح) عظم مثلث۔

Ostringer : (n) دیکھو Ostreger

Ostrogoth : (n) [LL. 'pl. 'Ostrogothi. '] ٹیوٹونک نسل کے المانوی جنھوں نے اٹلی کو فتح کیا تھااور ۴۹۳ء میں تھیوڈورک (Theodoric) کے تحت ایک حکومت قائم کی تھی جو ۵۵۵ء تک رہی؛ مشرقی المانوی قوم کا کوئی فرد۔

Ostrogothian/ -thic : (a) مشرقی المانوی؛ مشرقی المانوی سے متعلق۔

-ot : (suffix) لاحقہ جو پہلے تصغیر کے لئے آتا تھا اب کوئی تخصیص نہیں، اسماء میں آتا ھے۔

-ot : (suffix.) لاحقہ جو قدیم یونانی ناموں میں نسبت مقامی کے لئے آتا تھا؛ جیسے Epirus سے Epirot (بمعنیEpirus کا)، دیگر یونانی الاصل اسماء میں بھی آتا ھے مثلاً Zealot, Patriot, idiot وغیرہ۔

Otacoustic/Otacousticon : (n) [Gr. 'Ot + akoustikos.] (۱) آلہ سماعت۔ (۲) (بطور صفت) ممد سماعت۔

Otaheite apple : (n) (۱) سیب ملایا؛ جاوا کا مقامی سیب۔ (۲) آئس لینڈ کی ایک سوسائٹی کا نام۔

Otalgia : (n) [Gr. 'Otalgia. '] کان کا درد؛ وجع الأذن۔

Otalgic : (a) کان کے درد کا یا اس کے متعلق: کان کے درد میں مبتلا۔

Otary : (n) [mod. L. 'Otaria.'] (حیوانیات) گوشدار عجل البحر۔

O. T. C. : (۱) آفیسرز ٹریننگ کور پس کا مخفف۔ (۲) افسرانہ قواعد آموز فوج۔

-Ote : (suffix) OT2 -کی دوسری شکل مثلاً Candiote (بمعنی Candia کا باشندہ)۔

Otheoscope : (n) [Gr. 'Othein' + scope .] کسی خالی برتن میں روشنی یا دیگر تجلیات کے دباؤ کو ظاہر کرنے والا آلہ؛ Radiometer کی دوسری شکل جسے ڈبلیو کروکس نے ایجاد کیا تھا؛ اس کی سیاہ مسطح ساکن ہوتی ھے اور سرد سطح متحرک۔

Other : (a) [OE. 'Oper.'] (۱) دوسرا؛ دیگر؛ اور؛ غیر۔ (۱) (جمع اسما کے ساتھ) بقیہ؛ باقی۔ (۳) مزید؛ اور بھی؛ اس کے علاوہ : اضافی۔ (۳) (قسم یا کیفیت میں) مختلف : جدا؛ الگ؛ متفاوت۔

On the other hand : دوسری طرف؛ دوسری جانب۔

Such other (s) : ایسے ہی دوسرے۔

The other day : ایک دو دن پہلے؛ حال فی الحال؛ تھوڑا پہلے۔

The other night : ایک دو شب پہلے؛ حال فی الحال۔

The other week : ایک دو ہفتہ قبل؛ تھوڑا دن پہلے؛ چند روز قبل۔

Other : (n & pron.) (۱) (The کے ساتھ) دو میں سے ایک؛ دوسرا شخص۔ (۲) (جمع) بقیہ لوگ یا چیزیں؛ دوسرے لوگ؛ دوسری چیزیں (اسی قبیل کی)؛ اور لوگ، بعض دوسری چیزیں؛ کوئی دوسری چیز؛ کوئی بھی شے۔ (۲) (واحد) دوسرا؛ کوئی دوسرا؛ کوئی بھی۔(۳) ہر دوسرا؛ ہر ایک دوسرا۔

Each other : باہم؛ ایک دوسرے کو؛ آپس میں ایک دوسرے کو، کے ، کی۔

Other : (n) (فلسفہ) جزو ثانی؛ جزو مقابل؛ جزو تکمیل؛ نصف ثانی جیسے ego non-ego کا جزو ثانی یا جزوتکمیلی ھے۔

Other : (adv.) جداگانہ طور پر؛ دوسرے طور پر؛ دوسرے طریقے سے؛ بہ انداز جدا گانہ؛ بہ طور دیگر۔

Other some : (a) بعض دیگر؛ بعضے دیگر۔

Other some : (Pron.) بعض دوسرے۔

Other-while/Otherwhile : (adv.) (۱) (بول چال) کبھی کبھی؛ اکثر؛ بعض اوقات؛ گاہ بگاہ موقع بہ موقع؛ اکثر اوقات۔ (۲) کبھی اور؛ پھر کبھی؛ کسی دوسرے وقت یا موقع پر۔

Other world/Other-world : (n) (۱) عالم آخرت؛ عقبیٰ۔ (۲) عالم ارواح؛ عالم برزخ؛ عالم بالا۔ (۳) عالم خیال؛ عالم مثال؛ عالم شعر؛ شعر کی دنیا؛ عالم رومان۔

Other world : (a) آسمانی ؛ اخروی؛ غیر ارضی؛ عالم ارواح کا؛ خیالی۔

Other-worldliness : (n) آخرت پرستی؛ خیال عاقبت؛ عاقبت پرستی؛ (خصوصاً) تیاگ؛ جوگ؛ رہبانیت؛ خود غرض روحانیت ؛ مریض یا مرتاض روحانیت۔

Other-wordly : (a) آخرت کا؛ آخرت پرست؛ آخرت پرساتانہ ؛ عالم خیال کا ؛خیالی؛ خیال پرست۔

Othergates : (adv.) (بول چال) بہ انداز دیگر؛ دوسرے طور پر؛ دوسرے طریقے سے۔

Otherguess : (a) (روز مرہ) دوسری قسم کا؛ مختلف ؛ بالکل مختلف ؛ متبائن : مختلف یا جداگانہ وضع کا۔

Otherness : (n) (۱) دوئی ؛ دوجاپن ؛ فرق ؛ اختلاف ؛ غیر یت۔ (۲) غیرشے ؛ مدرک۔

Otherthings being equal : (۱) اگر یہی صورت رھے یا رھی۔ (۲) اگر اور سب پہلو برابر ہوں۔

Otherways : (adv.) (۱) دوسرے انداز میں؛ مختلف طریقے سے ؛ مختلف طور پر؛ جدا گانہ (Than کے ساتھ)۔ (۲) دوسری حالت میں ؛ بہ شکل دیگر؛ بہ صورت دیگر؛ بہ حالت دیگر ؛ بہ لحاظ دیگر ؛ اور باتوں کے لحاظ سے۔ (۳) کے برعکس؛ کے بالمقابل ؛ ورنہ ؛ نہیں تو۔

Otherwhence : (adv.) کہیں اور سے۔

Otherwhere : (adv.) کہیں اور ؛ کہیں دوسری جگہ؛ کہیں بھی؛ کسی دوسرے مقام پر۔

Some other where : (quasi-n) کوئی دوسری جگہ؛ کہیں اور ؛ کوئی مقام۔

Otherwhiles : (adv.) پھر کبھی ؛ کبھی اور؛ کسی دوسرے موقع پر۔

Otherwise : (adv.) دیکھو Otherways

Otherwise : (phr.) به انداز دیگر: دوسرے طور پر: دوسرے طریقے سے: دوسرے انداز میں: ممتاز ہوکر۔

And otherwise/ Otherwise : اور بالمقابل یا برخلاف: بالمقابل یا برعکس۔

Otherwise : (a) (۱) (بطور صفت) مختلف۔ (۲) (اس) کے سوا اور کیا: بجز اس کے کیا۔

Otherwise minded : (a) اور خیال کا: مختلف الخیال: رائے عامه سے مختلف خیال رکھنے والا۔

Othman : (۱)عثمان اول کی ۱۳۰۰ء میں قائم کردہ ترکی سلطنت سے متعلق۔ (۲) عثمانی: سلطنت عثمانی کا۔

Otic : (a) [Gr. 'Otikos.'] (تشریح، مرضیات) اُذنی: گوشی: کان کا: کان سے متعلق۔

-otic : (compound suffix) لاحقه جو اسماء صفات کے آخر میں آتا ھے اور حسب ذیل معنی دیتا ھے۔(۱) مبتلا (کسی مرض میں)؛ مریض (کسی خاص بیماری کا) جیسے neurotic)- (۲) (کوئی حالت) پیدا کرنے والی (جیسے hypnotic)- (۳) مشابه (جیسے narcotic)-

Otic ganglion : (n) (تشریح) عقدۂ اُذنی۔

Otiose : (a) [L. 'Otiosus', f. 'Otium.'] (۱) بے کار: خالی: بے شغل: کاہل۔ (۲) بے سود: لاحاصل: رائیگاں۔ (۳) بے ضرورت: بے مصرف۔

Otiosely : (adv.) بے کار: بے ضرورت: بغیر کسی مصرف کے۔

Otioseness : (n) بے کار ہونا: بے ضرورت ہونا: بے مصرف ہونا۔

Otiosity : (n) بے شغلی: بے کاری: کاہلی: بے سود یا لاحصل ہونے کی حالت: بے ضرورت یا بے مصرف۔

Otitic : (n) [f. nex.] ورم گوش یا سوزش گوش سے متعلق: ورم گوش میں مبتلا۔

Otitis : (n) [mod. L.] (مرضیات) ورم گوش: ورم اُذن: کان کی سوزش: سوزش گوش: آماس گوش۔

Otitis externa : (n) ورم بر اُذن: ورم درگوش: کان کے اوپر ورم۔

Otitis media : (n) ورم در اُذن: ورم درگوش: کان کے اندر ورم۔

Otium : (n) [L.] بے شغلی: آرام۔

Otium cum dignitate : بے شغلی مگر باوقار: باوقار شغلی۔

Oto - : (comb.) [Gr. 'Oto-.'] طبی اور دیگر سائنسی اصطلاحات میں مستعمل جزو ترکیبی بمعنی، کان، اُذن۔

Otoconia : (n) [Gr. 'konia.'] اندرونی کان کا سفید بھربھرا سفوف جو جمع ہوکر پتھر جیسا بن جاتا ھے: (تشریح) حجرات۔

Otoconite : (n) (تشریح، عضویات) حجرِ گوش: حجره: حساۃ الأذن: ریڑھ دار اور بعض بے ریڑھ والے جانوروں کے اندرونی کان میں پائی جانے والی چنیلی شے۔

Otocranne : (n) [Gr. 'Kranion.'] سمعی غلاف: کنپٹی کی ہڈی کا وہ حصه جو عضوسماعت کو گھیرے ہوئے ہوتا ھے۔

Otocranial/Otocranic : (a) سمعی غلاف کا: سمعی غلاف سے متعلق۔

Otocyst : (n) (تشریح، حیوانیات) سمعی انبان: سمعی کیسه: عضو سماعت (بعض بے ریڑھ حیوانیات میں)۔

Otocystic : (a) سمعی کیسه یا عضوسماعت سے متعلق۔

Otolaryngology : (n) علم طب کی وہ شاخ جو کان اور گلے (حجره) سے متعلق ھے: علم گوش حنجره: گوش حنجریات: اُذن حنجریات۔

Otolite: (n) دیکھو Otoconite

Otolith : (n) دیکھو Otoconite

Otolithic/Otolitic : (a) حجر گوش کا یا اس سے متعلق: حَساۃ الاذُنی۔

Otological : (a) اذنیاتی: علم گوش یا علم امراض گوش سے متعلق: علم گوش کا۔

Otologist : (n) ماہرِ امراض گوش: معالج گوش: ماہر اُذنیات: اذنیات داں: عالمِ اذنیات۔

Otology : (n) (۱) اذنیات: علم گوش۔ (۲)علم امراض گوش۔ (۳)علم گوش یا علم امراض گوش پر مشتمل کتابچه یا رساله۔

Otorhinolaryngology : (n) طب کی وہ شاخ جو کان، ناک اور گلے (حنجره) سے متعلق ھے: ناک، کان اور گلے کا علم: علم امراض کان، ناک و گلا: اُذن حنجریات۔

Otorrhoea : (n) [Gr. 'Oria.'] سیلان الاذُن: کان بہنا۔

Otosclerosis : (n) تصلّب اُذن؛ صلابت کان ۔

Otoscope : (n) (۱) آلۂ سماع الاذن؛ اسٹیتھسکوپ کی ایک مخصوص شکل جس سے کان کے اندر کی آواز سنی جاتی ھے؛ آلۂ گوش۔ (۲) (آلۂ) گوش بین؛ کان کے اندر دیکھنے کا آلہ؛ مِراۃ الاُذن۔

Otoscopic : (a) آلۂ سماع الاذن یا آلۂ گوش کا؛ آلۂ گوش بیں سے متعلق؛ ان آلا ت کی مدد سے گوش بینی یا آوازِگوش سننے سے متعلق۔

Otoscopy : (n) گوش بینی؛ معائنۂ گوش؛ آلۂ گوش یا آلۂ گوش بیں کے ذریعہ کان کے اندر کی آواز سننے یا کان کے اندر دیکھنے کا عمل۔

Otosteal : (a) [Gr. 'Osteon. '] کان کی چھوٹی ہڈی سے متعلق۔

Ottar : (n) Attar, Otto کا متبادل۔

Ottava : (n) [It.] (۱) (موسیقی) (عموماً مخفف Octave(8va (وہ سر جس کا ارتعاش کسی خاص سر کا دگنا یا آدھا ہو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ در جے اونچا یا نیچا ہو)۔ (۲) دیکھو Ottava rima -

Ottava rima : (n) آٹھ، گیارہ، بجائی مصرعوں کا اطالوی بند؛ ہشت مصرعی بند؛ جس کے قوافی اب اب اب دو ھوتے ہیں۔ (انگریزی میں) آٹھ دس ہجائی مصرعوں کا بند۔

Otter : (n) [OE. 'Otr , ot(t)or .'] (۱) اود بلاؤ ؛ ایک سموردار : گوشت خور، دودھ پلا نے والا حیوان جو مچھلیاں کھاتا ھے او ر جس کے پاؤں مچھلی کے پر جیسے ، نیچے جُڑے ھوئے اورلمبی چپٹی دم ھوتی ھے جس سے وہ پانی میں انتہائی تیزی سے تیرتا اور مڑ سکتا ھے؛ اس کی دوسری انواع۔ (۲) اودبلاؤ کی سمور۔ (۳) ماہی گیری کا ایک خاص قسم کا اوزار یا سازو سامان : رسا چرخی؛ جر ثقیل۔ (۴) (فوج) پیراوین؛ چھتر پرہ : اَوٹر۔

American Otter / Sea - : (n) امریکی اود بلاؤ جو شمالی بحر الکاہل کے امریکی ساحلوں پر رہتا ھے۔

Otter : (v) اودبلاؤ کا شکار کرنا؛ رسا چرخی کے ذریعہ مچھلیوں کاشکار کرنا۔

Otter : (n) Otto, Attar کا متبادل۔

Otter-dog/ -hound : (n) اودبلاؤ کے شکار کا کتا ؛ ایک خاص نسل کا کتا جس سے اودبلاؤ کا شکار کیا جاتا ھے۔

Otter-shell : (n) Lutraria جنس کا دو کھل مندن والا صدفہ۔

Otter-spear : (n) اودبلاؤ کے شکار کا برچھا۔

Otto : (n) [Pers. 'Attar. '] عطر؛ عطر گلاب۔

Otto cycle : (n) (برقیات، انجینیئرنگ) آٹو چکر؛ آٹو دور۔

Ottoman : (a) [f. Arab .] دیکھو Osmanli

Ottoman : (n) دیکھو Othman

Ottoman : (n) [Fr. 'Ottomane. '] (۱) گدی دار چھوٹی چوکی : گدی دار نشست ۔ (۲) ایک قسم کا ریشمی یا ریشمی اونی کپڑا ۔

Ottoman porte : (n) ترکی کے سلطان اول کی عدالت یا شاہی قلعہ؛ قصر شاہی؛ترکی سلطنت (اسے porteیا Sublime Porte بھی کہتے ہیں)۔

Ottomanic : (a) عثمانی؛ عثمانی سلطنت کا؛ ترکی۔

Ottomanic : (n) عثمانی خاندان کا کوئی فرد؛ عثمانی ترک؛ عثمانی۔

Ottorelite : (n) [f. 'Ottrez. '] (معدنیات) المونیم، لوھے اور میگنیز کا آبدار سلیکیٹ جو سیاہ بلوریں پرتوں میں پایا جاتا ھے۔

Ouabain/Wabain : (n) Ouabaioپودے سے حاصل ھونے والاگلوکوسائڈ (زہر)($C_{13}H_{48}O_{12}$)-

Ouabaio/Wabaio : (n) Acocanthera Schimpin نامی پودے کا سومالی نام جس کا عرق تیروں کو زہریلا کرنے میں استعمال ھوتا ھے۔

Ouakari : (n) [Tupi.] Wakari کا متبادل؛ جنوبی امریکا کا بندر۔

Oubliette : (n) [Fr.] قید خانہ جس میں داخلہ صرف چور دروازے سے ھو؛ (قانون) چور کوٹھری؛ کال کوٹھری۔

Ouch : (n) [ME. 'Ouche. '] (۱) جڑاؤپن کا کانٹا؛ (اکثر جواہرات کے ساتھ) سنجاق جواہر؛ جڑاؤ نکلس، کنگن ، پہنچی، بازو بند وغیرہ : پن یا کانٹا جو بطور زیور پہنا جائے۔ (۲) نگینے کاگھر؛ خانۂ نگیں (طلائی یا نقرئی)۔

Ouch : (v) جڑاؤپن یا کانٹا لگانا؛ جڑاؤنکلس، کنگن وغیرہ پہننا۔

Ought : (n & adv.) (۱) خواہ کوئی چیز : کوئی شے : کوئی بات ۔ (۲) کسی حد تک؛ بہر طور؛ ہر لحاظ سے؛ بالکل۔

Ought : (n) وہ جس کے لئے فعل ought استعمال کیا گیا ہو؛ فرض؛ ذمہ داری؛ بار؛ امر واجب؛ اخلاقی یا قانونی پابندی۔

Ought : (n) (جاہلانہ) صفر؛ بندی؛ زیرو۔

Ought : (v) [OE. 'ahte. '] چاہئیے؛ لازم ھے؛ ضروری ھے؛ مناسب ھے؛ اغلب ھے؛ ذمہ داری ھے؛ فرض ھے۔

He said you ought : اس نے کہا یہ تمہارا فرض ھے؛ اس نے کہا : یہ تمہاری ذمہ داری ھے۔

You ought to have known : تمہیں یہ جانناچاہئیے؛ یہ جاننا تمہیں لازم ھے؛ یہ جاننا تمہارا فرض ھے : تمہیں ضرور جاننا چاہئیے ۔

Oughtness : (n) تلازمہ : اخلاقی پابندی : وجوب ۔

Ouija : (n) [Fr. 'Oui' + G. 'Ja.'] روحانی مجالس یا مجالس مراقبہ میں الہامات یا پیغامات حاصل کرنے والے خود نویس آلے (Planchette) کے ساتھ استعمال ہونے والی تختی؛ ویجا۔

Ouistiti : (n) Wistitiکا متبادل؛ جنوبی امریکا کا بندر۔

Ounce : (n) [ME. 'Unce. '] (۱) اونس (وزن کا پیمانہ ۱/۲ اور ۲/۳ چھٹانک کے درمیان)۔ (۲) (قیمتی چیزوں کی تول میں) ۱/۱۲ پونڈ۔ (۳) (معمولی چیزوں کی تول میں) ۱/۱۶ پونڈ۔ (۴) تھوڑی مقدار؛ ذرا سی مقدار۔ (۵) (مجازاً) ہلکی چیز؛ سبک چیز؛ بے وزن چیز۔ (٦) Onza اسپین اور سسلی کا ایک سکہ۔ (۷) (بطور صفت) ایک اونس وزن کا؛ (مرکب حالت میں) اتنے اونس وزن کا۔

Avoirdupois ounce : (n) معمولی چیزوں کا ایک اونس وزن ۴۳۷٫۵ گرین کے برابر ہوتا ھے اور ١٦ ڈرام میں تقسیم کیا جاتا ھے۔

Fluid ounce : (n) سیال چیزوں کا پیمانہ یا سمائی کا پیمائی جس میں تقطیر شدہ پانی ٦٢ ڈگری فارن ہائٹ پر ایک Avoird. ounce ہوتا ھے۔

Troy ounce : (n) قیمتی چیزوں کے وزن کا پیمانہ جو ۴۸۰ گرین کا ہوتا ھے اور بیس پینی (= ۲۴ رتی ۲۴ گرین) میں منقسم ہوتا ھے۔

Ounce : (n) [OFr. 'Once. '] (۱) بن بلاؤ؛ سیاہ گوش؛ بلی کی نسل کا جنگلی جانور۔ (۲)(حیوانیات) یُوز؛ تیندوا؛ پہاڑی چیتا۔

Ouph/ Ouphe : (a) [Var. of Auf(e) , oaf.] دیکھو Aufe

Our : (a) [OE. 'Ure. '] ہمارا؛ ہماری؛ ہمارے۔

-our : (suffix) لاحقہ Or کی قدیم شکل۔

Our Father : (n) مقدس باپ؛ خداوند تعالٰی۔

Our lady : (n) مریم عذرا۔

Our Saviour : (n) ہمارے نجات دہندہ؛ حضرت مسیح۔

Ourali : Wourali کا متبادل۔

Ourang/-outang/-utang : Orang-outang کی دوسری شکلیں۔

Ourano - : دیکھو Urano

Ourn : دیکھو Our

Ours : (Pron. & Pred. a) دیکھو Our

Ourself/Ourselves : (Pron.) (۱) ہم خود؛ ہم بذات خاص۔ (۲) اپنے آپ کو؛ خود کو (جب weبادشاہ کے لئے آئے تو واحد کا صیغہ استعمال ہوتا ھے اور جب اخبار کے ایڈیٹر یا مصنف کے لئے آتا ھے تو واحد اور جمع دونوں استعمال ہو سکتے ہیں)۔

-ous : (suffix) [L. - 'Osus. '] (۱) (لاحقہ)لاطینی صفات کو انگریزی شکل میں ڈھالنے کے لئے آتا ھے۔ (۲) ان مرکبات کے ناموں میں آتا ھے جن میںکوئی جزو بہت زیادہ مقدار میں ہو جیسے Chlorous acid (کلورس ایسڈ) یعنی تیزاب جس میں کلورین بہت زیادہ مقدار میں ہوتا ھے۔

Ousel : (n) Ouzel کا متبادل۔

Oust : (v) [AFr. 'Ouster. '] (۱) (قانون) نکال دینا؛ بے دخل کردینا؛ کسی مادی (جائداد وغیرہ) یا غیرمادی (حقوق وغیرہ) میراث سے محروم کردینا؛ چھین لینا۔ (۲) خارج کردینا؛ ہٹا دینا؛ روک لینا؛ مستثنیٰ کردینا : باہر کردینا (کسی مقام، جماعت یا حق سے) نکال دینا؛ کسی کو نکال کر اس کی جگہ لے لینا۔ (۳) (کسی مقام یا عہدے سے) معزول کر دینا : ہٹا دینا : نکال دینا (from , of کے ساتھ)۔ (۴) (کسی چیز کو) استعمال یا فیشن سے ہٹا دینا؛ ترک کردینا۔

Ouster : (n) اخراج؛ بے دخلی؛ کسی مادی یا غیر مادی میراث سے محروم؛نا جائز بے دخلی۔

Ouster-le-main : (n) [AFr. 'Ouster la main. '] (۱) (جاگیر دارانہ قانون) دخل نامہ (حکم نا مہ دخل دہانی (اس زمین پر جو شاہ کے قبضے میں تھی مگر عدالت نے مدعی کی اس دلیل پر کہ بادشاہ کو اس پر قابض رہنے کا کوئی حق نہیں ھے ، اپنا فیصلہ مدعی کی دخل دہانی کے حق میں دیا ہو): فیصلہ یا رٹ جو ایسی دخل دہانی کی منظوری دیتا ہو. (۲) ولی کے ہاتھ سے اس بچے کے حق میں، جواب بالغ ہو چکا ہو اراضیات کی واگذاشت.

Out : (n) (۱) Outside کا مخفف . (۲) (جمع) معزول شدہ پارٹی: برطرف شدہ جماعت (Insکی ضد). (۳) (جمع) (کھیل میں) جماعت جو نہیں کھیل رہی ہو: (کرکٹ) آؤٹ : نیز Rugby فٹ بال میں دونوں جانب کے وہ کھلاڑی جو چھینا جھپٹی میں شریك نہ ہوں. (۴) (روز مرہ) سیاحت: سیر سپاٹا: مٹر گشت: واپسی کی نیت سے سفر. (۵) وہ لوگ جو مستقل طور پرکارخانہ میں آتے اور جاتے رہتے ہیں (outs and ins)- (٦) (طباعت) اخراج: حك: فرو گذاشت: چُوك. (۷) (جمع) ادا شدہ رقم. (۸) (امریکا) عیب: نقص. (۹) (امریکا) اختلا ف: ان بن: نزاع : عدم اتفاق: عدم مطابقت. (۱۰) راہ نجات: بچ نکلنے کا راستہ.

At outs : (امریکا) مختلف: متناقض: متنازع.

Out : (a) [Out, Adv. used attrib.] (۱) خارجی: باہری: بیرونی . (۲) (فٹ بال، کرکٹ وغیرہ) میدان سے باہر: آؤٹ. (۳) معمولی سے زیادہ: عام سائز سے بڑا: خلاف معمول: معمول سے زیادہ بڑا یا لمبا . (۴) برطرف: جو اقتدار میں نہ ہو: جو عہدے سے علاحدہ ہو. (۵) علاحدہ: دور: خارج: باہر. (٦) ظاہر: افشا: شائع: روشن: عیاں: واضح: معرض وجود میں.

All out : (عامیانہ) جی توڑ کر.

All out : ایك طرف کے سب کھلاڑی آؤٹ ہوگئے.

Batsman is out : (کرکٹ) کھیلنے والا (بلّے باز) آؤٹ ہو گیا (یعنی کھیل سے باہر).

Book is out : کتاب شائع ہوگئی .

Candle is out : شمع بجھ گئی .

Chicken is out : انڈے سے بچہ نکل آیا.

Crinolines are out : کرینولین کا فیشن نہیں رہا.

Fire is out : آگ ٹھنڈی ہوگئی: آگ بجھ گئی.

Girl is out : لڑکی اب سوسائٹی میں آنے جانے لگی.

He is out : وہ گھر پر نہیں ھے .

His arm is out : اس کا بازو اکھڑ گیا.

I am out with him : مجھ سے اس کی دوستی نہیں رہی: مجھ سے اس کی ان بن ھے.

It is out of drawing : یہ غلط کھنچا ہوا ھے.

I was out in my :alculations : میرے حساب میں یا اندازے میں غلطی ہوئی.

Labour is out : لیبر پارٹی وزرات سے الگ ہو گئی.

Miners are out : کان کنوں نے ہڑتال کردی ھے.

Secret is out : راز افشا ہوگیا.

Times out of number : خدا جانے کتنی بار.

Out : (v) [OE. 'Usteian. '] (۱) باہر کرنا: نکال دینا: نکال باہر کرنا: خارج کرنا: بے دخل کرنا: مستردکرنا: نامنظور کرنا: برطرف کرنا: معزول کرنا: محروم کرنا: چھین لینا (بول چال) چھٹکارا پانا: نجات پانا. (۲) (بول چال) خارج کرنا: ہٹانا: مٹانا: ختم کرنا: بجھانا: عمل کرنا: ہڈی اتا ر دینا: جو ڑ الگ کردینا: (کرکٹ) آؤٹ کردینا. (۳) (عامیانہ) اکھاڑ پھینکنا: (مقابل کو) بے کار کردینا: بے دم کردینا: دے مارنا: چت کردینا: مار کر بے ہوش کردینا: مارڈالنا: (گھونسے وغیرہ سے). (۴) افشا کرنا: ظاہر کرنا :واضح کرنا: شائع کرنا: نمایاں کرنا: ظاہرکرنا. صاف صاف کہہ دینا (بول چال). (۵) تفریحاً سیاحت کے لئے نکلنا: سیر سپاٹے میں جانا. (٦) (روز مرہ) زبان سے نکالنا: بولنا: کہنا: زبان یا قلم سے ادا کرنا.

To out with : (٦) (روز مرہ) زبان سے نکالنا: بولنا : کہنا: زبان یا قلم سے ادا کرنا.

Out : (adv.) [OE. 'Ut. '] (۱) کسی مقام کے اندر سے (حرکت کرتا ہوا): مرکز سے باہر کی جانب (متحرك). (۲) کسی مخصوص مقام سے دور: دوری پر: فاصلے پر. (۳) حدود سے باہر : عام سطح سے اونچا. (۴) (زمان و مکان میں) وسعت یا طوالت ظاہر کرتا ہوا. (۵) بجھتا ہوا: گل ہوتا ہوا : بجھ کر: گل ہو کر: غائب ہوکر. (٦) وجود یا حرکت سے عدم یا سکوت کی جانب. (۷) انجام کی طرف: اختتام یا خاتمے کی طرف: ختم ہوکر. (۸) مکمل طور پر: بالکل: ایك دم. (۹) کسی مسئلے، نتیجے یا حل

To die out : ختم هوجانا؛ مرجانا؛ ساکت هوجانا؛ نیست هوجانا؛ بے حرکت هوجانا۔

To do out : بجھا دینا ؛ گل کردینا؛ ٹھنڈا کردینا۔

To fight it out : لڑ جھگڑ کرطے کرنا۔

To have it out : ختم کرنا؛ اختتام کو پہنچانا؛ کرنا؛ تمام کرنا؛ مکمل کردینا؛ پورا کرنا؛ حل نکالنا؛ نتیجے تك پہنچنا۔

To have one out : دیکھو To come out

To hold out : (۱) ہاتھ بڑھا نا ؛ پیش کرنا ؛ نذر کرنا ۔ (۲) بدستور قائم رکھنا؛ اچھی حالت میں رکھنا۔(۳) جاری رکھنا؛ ہمت نه ہارنا؛ (رات کو) جاگتے رہنا؛ ثابت قدم رہنا؛ قائم رہنا؛ جمے رہنا۔

To talk it out : باتیں کرکے (طے کرلینا)۔

Out : (prep.) (بول چال) حدود سے باہر؛ حدود کے پرے؛ بالا؛ بڑھ کر۔

Out : (int.) (۱) صیغۂ امر کا فجائیه جس کا فعل محذوف رہتا هے (مثلاً come out, go out وغیرہ)۔ (عامیانه بول چال) (مکا بازی)چت کردیا! بے مارا ۔(۲)ماتم، نفرت و حقارت یا غصے کی حالت میں زجر و توبیخ کا فجائیه (بول چال) جیسے (out upon (on حقارت و سرزنش کے موقع پر بولتے ہیں)۔

Out upon you : تم پر پھٹکار! تف هے تم پر۔

Out - : (comb.) (سابقه) جو افعال یا اسماء کے ساتھ مل کر متعلق فعل یا حرف جار یا صفت کے معنی دیتا هے۔(۱)بعض افعال سے پہلے اس معنی میں آتا هے جس معنی میں ان کے بعد بطور علا حده لفظ کے استعمال هوتا هے جیسے outblaze=Blaze out-(۲) بعض ان افعال میں جن کے بعد بطور علا حده لفظ کے آیا کرتا هے؛ پہلے آکر اسم صفت وغیرہ بناتا هے اور معنی کو محدود اور مخصوص کر دیتا هے (جیسے outcart, out laying)- (۳) بعض ایسے افعال سے پہلے آکر حاصل مصدر بناتا هے جس کے مختلف معنی هوتے ہیں۔(جیسے outcome, outlay, outset) - (۴) اسماء سے پہلے بطور صفت کے حسب ذیل معنی میں آتا هے؛ (الف) خارجی، بیرونی (جیسے outline)- (ب) ملحقه، متعلقه مرکز سے الگ؛ دور (جیسے out building , out house, out skin) (۵) بعض اسماء کے پہلے آکر صفت یا متعلق فعل بناتا هے اور "سے باہر" کے معنی پیدا کرتا هے (جیسے out door, out law) ۔ (٦) کثرت یا شدت کے معنی

کی طرف؛ انجام تك؛ نتیجے تك؛ حل تك۔ (۱۰) حد بھر؛ پوری طرح؛ مکمل طور پر؛ جی بھر کے؛ دل کھول کر۔ (۱۱)حالت ضبط یا سکوت سے حرکت، اُبال یا ظہور کی طرف۔(۱۲) زور سے؛ پکار کر؛ چلاّ کر؛ به آواز بلند؛ کھلم کھلا؛ علی الاعلان؛ ظاہراً ؛صریحاً ؛ اعلانیه؛ صاف صاف؛ واضح طور پر۔ (۱۳)شائع هوکر؛ نشر هوکر؛ ازراہِ اشاعت؛ ازروئے اشاعت؛ منظر عام پر؛ عام هو کر۔ (۱۴) سوسائٹی میں گھل مل کر؛ (سوسائٹی میں) آنے جانے والا ؛ کام پر ؛ نوکری پر ۔ (۱۵) کھسك کر؛ خارج هوکر۔(۱٦) بگڑ کر ؛ جھگڑ کر؛ ان بن کے ساتھ۔ (۱۷) گھر سے باہر؛ گھر سے دور؛ کسی مہم پر؛ (جدید معنوں میں)ہڑتال پر۔ (۱۸) بیرون ملك؛ دور دیس میں؛ زمین یا ساحل سے دور۔(۱۹) (لباس کی کھونچ یا درز سے) نکلتا هوا۔ (۲۰) کھلا هوا؛ لہراتا هوا۔(۲۱) باہر؛ خارج؛ خارجی طور پر۔(۲۲) اپنی جگه سے کھسکا هوا؛ اکھڑا هوا۔ (۲۳) عہدے یا منصب سے الگ؛ معزول؛ برطرف؛ برخاست۔(۲۴) آؤٹ؛ کھیل سے باہر۔(۲۵) قید میں نہیں؛ آزاد؛ قید سے باہر؛ رہائی یافته۔(۲٦) غلطی سے؛ غلط طور پر؛ غفلت سے چھوٹا هوا۔(۲۷) استعمال یا رواج سے باہر؛ سُر سے باہر۔(۲۸) به حالتِ اختلاف؛ مختلف الرائے هوکر؛ غیر دوستانه؛ ان بن کے ساتھ؛ ان بن سے۔ (۲۹) (رقم)جیب سے باہر؛ عدم ادائی میں؛ باقی؛ کھوکر۔ (۳۰) (لڑکی یا جوان عورت)(الف) سوسائٹی سے متعارف هوکر۔ (ب) کام پر؛ امور خانه داری میں ۔ (ج) موجود؛ وجود میں۔ (۳۱) (کھیل وغیرہ) رواج سے باہر؛ غیر رائج ؛ غیر مقبول؛ جو نہیں کھیلا جا رہاهو۔ (۳۲)غیر جاری؛ ختم؛ غیر رائج۔ (۳۳) (پودا) پھول پتی کے ساتھ؛ نمایاں؛ ظاہر۔ (۳۴) افشا کرکے؛ افشاهوکر ۔ (۳۵) (مکا بازی)بے دم؛ عاجز؛ جو مدافعت کی سکت نه رکھتا هو۔

To be out for : اپنی تمام قوت اور توجه کو کسی کام یا مقصد کی جانب مرکوز کردینا۔

To be out to : کچھ کرنے کے لئے یا کسی کام کے لئے اپنی تمام قوتوں کو مجتمع یا مرکوز کرلینا۔

To call one out : (یکیکی) جنگ کے لئے حریف کو بلانا یا للکارنا؛ نبردآزمائی کی دعوت دینا۔

To call out : زور سے کہنا؛ پکارنا؛ چلانا؛ به آواز بلند کہنا؛ علی الاعلان کہنا؛ کھلم کھلا بولنا؛ زور سے بولنا۔

To come out : (۱) (یکیکی) جنگ کے لئے صف سے نکل کر باہرآنا؛ میدان میں آنا۔ (۲) نتیجه نکلنا؛ حل نکلنا؛ مسئله کھڑا هونا۔

To cry out : دیکھو To call out

میں حسب ذیل صورتوں میں استعمال ہوتا ھے۔
(الف) افعال کے پہلے آکر "بڑھ جانے" یا " غالب آنے" کا مفہوم پیدا کرتا ھے (جیسے out balance, out match)-
(ب) فعل یا اسم سے پہلے آکر کسی شخص یا چیز کا کسی خاص بات میں بڑھ کر یا زیادہ بہتر ہونے کا مفہوم پیدا کرتا ھے (جیسے out bid, out dance ، out general) - (ج) فعل سے پہلے آکر مقررہ سے بڑھ جانے کا مفہوم پیدا کرتا ھے (جیسے out grow, out stay)-
(د) اسم سے پہلے آکر فعل بناتا ھے، اس خاص چیزمیں جیسے وہ اسم ظاہر کرتا ھے، بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ھے (جیسےout class, out number)- (ہ) کسی شخص کے نام کے پہلے آکر فعل بناتا ھے جس سے اس شخص کی مخصوص صفت میں بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ھے (جیسے out-herod , Herod) .

Out-act : (v) کسی عمل یا کسی کام کی انجام دہی میں بڑھ جانا؛ آگے ہوجانا؛ غالب آنا؛ سبقت لے جانا؛ بازی لے جانا؛ شرف یا فضیلت رکھنا؛ مات دے دینا؛ توقع سے زیادہ کرنا؛ حد سے زیادہ کام کرنا۔

Out and about : نقل و حرکت کے قابل (بیماری کے بعد)۔

Out and away : بد رجہا؛ بہت؛ سب سے زائد یا بڑھ کر۔

Out and home : (۱)گھر اور باہر؛ کبھی گھر کبھی باہر۔ (۲) (بطور صفت) باری باری کبھی اپنی طرف، کبھی حریف کی طرف کھیلا ہوا۔

Out and in : (۱) اندر باہر؛ کبھی اندر، کبھی باہر۔ (۲) باہر بھی اندر بھی۔

Out and out/Out-and-out : (adv. phr.) مکمل طورپر؛ پوری طرح؛ سراسر؛ بالکل؛ سرتا سر؛قطعی طورپر؛ پورا؛ انتہائی؛ بے حد۔

Out and out/Out-and-out : (a) مکمل؛پورا؛ غیر مشروط؛ قطعی؛ بلاقید وشرط؛بالکل؛ تمام؛ ثابت؛ سالم۔

Out-and-outre : (a) (روز مرہ یا عامیانہ) انتہاپسند؛ پکّا؛ اپنی قسم یا اپنی نوعیت کا پورا؛مکمل؛ کامل (اپنے خیال وغیرہ میں)۔

Out-argue : (v) استدلال میں بڑھ جانا؛ ناطقہ بند کردینا؛ استدلال میں سبقت لے جانا۔

Out-ask (v) (بول چال) (کسی جوڑے کی) شادی کا آخری اعلان کرنا (جو نکاح سے پہلے گرجے میں تین بار کیا جاتا ھے)۔

Out-babble : (v) (۱) شور یا آواز قلقل کے ساتھ (پانی کا) بہنا۔ (۲) بڑبڑانا؛ بکواس کرنا؛ بڑہانکنا؛ بك بك کرنا؛ شور کے ساتھ گفتگو کرنا؛ ضرورت سے زیادہ بکواس کرنا۔

Out-bound : (a) عازم ملك غیر؛ غیر ملك کو جانے والا (مسافر یا جہاز)۔

Out-bound : (a) حد سے زیادہ ڈینگ ہانکنا؛ بہت زیادہ شیخی بگھارنا؛ شیخی بگھارنے یا ڈینگیں ہانکنے میں دوسرے سے بڑھ جانا؛ان پرسبقت لے جانا یا انہیں مات دے دینا۔

Out-build : (v) (۱) تعمیر میں بڑھ جانا : عمارت کی پائداری میں بڑھ جانا : (نیز) عمارتوں کی بھرمار کر دینا یا بہت گنجان عمارتیں بنا دینا۔ (۲) بنانا : تعمیر کرنا : بنیاد رکھنا : قائم کرنا (شاعری و خطابت میں)۔

Out-building : (n) (نوکر وغیرہ کے رہنے کا) ملحقہ مکان : مکان شاگرد پیشہ۔

Out-burn : (v) (۱) جل اٹھنا : جل جانا : جلا ڈالنا : جلا کر ختم کر دینا۔ (۲) نسبتاً زیادہ دیر جلنا۔

Out-by / Out-bye : (adv.) گھر سے باہر : صحن میں : باہر تھوڑے فاصلے پر : کھلی ہوا میں : آسمان کے نیچے : زیر سما : گھر یا فارم کے باہر۔

Out-clearing : (n) (بنکاری) چیکوں ، ہنڈیوں وغیرہ کو چکوتی کے لئے حساب گھر بھیجنا : اس طرح چکوتی کے لئے بھیجے ہوئے چیك یا ہنڈیاں۔

Out-college : (a) جو کالج کے احاطے میں مقیم نہ ہو : بیرونی (طالب علم جو کالج کے اندر نہ رہتا ہو) : غیر مقیم (طالب علم)۔

Out-country : (n) غیر ملك : بیرونی ملك : بیرونی علاقہ۔

Out-country : (a) غیر ملکی : بیرونی : خارجی۔

Out-door / outdoor : (a) (۱) بیرونی : خارجی : باہر کا؛ جو دروازے سے باہر یا کھلی ہوا میں موجود ہو یا کیا جاتا ہو۔ (۲) زیر آسمان : زیر سما : کھلی ہوا کا۔ (۳) (مدد وغیرہ) جو کارخانے وغیرہ کے رہائشی مکانات سے دور یا باہر پہنچائی جائے : بیرونی یا خارجی امداد (جیسے Outdoor pension ، Relief)۔ (۴) کارنش پمپنگ انجن کی خارجی یا نچلی ضرب پر اطلاق ہوتا ھے۔

Out-field / Outfield : (n) (۱) فارم کی دور افتادہ زمین : بیرونی کھیت : افتادہ کھیت : (جو عموماً غیر آباد چراگاہ کے لئے ہوتا ھے) : پاہی زمین : پاہی کی زمین۔ (۲) غیر معروف میدان خیال۔ (۳) (کرکٹ اور بیس بال) فیلڈ

کا وہ حصہ جو وکٹ سے دور ہو : بیرونی فیلڈ : آؤٹ فیلڈ ۔ (۳) (کرکٹ اور بیس بال) وہ کھلاڑی جو بیرونی فیلڈ یا آؤٹ فیلڈ میں کھڑا رہتا ھے ۔

Out-fielder : (n) کھلاڑی جو آؤٹ فیلڈ میں کھڑا رہتا ھے ۔

Out-fielding :(n) آؤٹ فیلڈنگ : آؤٹ فیلڈ کا کام ۔

Out for / Out to do : تلاش میں : مستعد : آمادہ ۔

Out for the count : (مکابازی) ایک سے دس سیکنڈ گننے تک جو حریف کے مکے کا جواب نہ دے سکے ۔

Out- guard : (n) فوج کا بیرونی محافظ دستہ (جو تھوڑے فاصلے پر رہتا ھے) : ہر اول دستہ : (فوج کی) بیرونی چوکی ۔

Out-Herod : (v) ہیکڑی یا شیخی میں ہیرو سے بڑھ جانا : نشہ میں بڑھ جانا : کسی کی برائی کی زیادتی میں حد سے گذر جانا یا دوسرے پر سبقت لے جانا ۔

Out of : (prep. phr.) (۱) (حرکت یا سمت) اندر سے : بیچ سے : (کسی چیز یا جگہ) میں سے : سے ۔ (۲) (مقام) باہر کی طرف : باہر کی سمت : باہر ۔ (۳) خالی : محروم : مفقود : بغیر : بلا ۔ (۴) سے لیا ہوا یا مستخرج : سے نکالا ہوا یا نکلا ہوا (خصوصاً بچھڑا ، بچھڑی وغیرہ ، کہ وہ کس گھوڑی کا بچہ یا کس نسل کا ھے) : سے مشتق ۔ (۵) اسماء کے ساتھ صفت کے معنوں میں آکر صفتی محاورے بناتا ھے ، مثلاً ، Out-of-bounds ، Out-of-joint وغیرہ) ۔ (۶) (کسی مجموعے) میں سے ۔ (۷)(کسی حد سے) پرے : باہر : دور : ماورا ۔ (۸) (کسی شخص یا چیز) سے ۔ (۹) بو جہ : بہ سبب ۔ (۱۰) (شہر وغیرہ سے) ایک مقررہ فاصلے پر ۔ (۱۱) متجاوز : منحرف (کسی ضابطے وغیرہ سے) ۔

Out-of -bounds : (adj. phr.) مقررہ حدود کے باہر : کھیل کے میدان کے باہر : خارج از حدود ۔

Out-of-centre : (n) بے مرکز : خارج از مرکز : مرکز سے باہر ۔

Out-of-date : (adj. phr.) جو اپنے مناسب وقت یا زمانے کے بعد بھی باقی ہو : متروک : غیر مروج : غیر رائج : قدیم : فرسودہ ۔

Out-of-door/ -doors : (adj. phr.) (۱) جو گھر سے باہر ہو :گھر سے باہر : زیر سماء : کھلی فضا میں : کھلی ہوا میں : کھلی ہوا کا (کیا ہوا یا اُگا یا ہوا) گھر کے باہر (استعمال کے لئے) ۔ (۲) (خصوصاً) پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر : پارلیمانی ایوانوں کے باہر ۔ (۳) کارخانے سے باہر (لے جایا ہوا یا دیا ہوا)۔

Out-of-door/ -doors : (sb.phr.) گھر سے باہر کی دنیا: کھلی ہوا : کھلی فضا : فضائے آزاد ۔

Out-of-doubt : (a) بے شبہ : یقیناً ۔

Out-of-fashion : (adj. phr.) غیر مروج : غیر رائج : متروک : فرسودہ : خلاف وضع : جو فیشن میں نہیں رہا یا جس کا چلن اب نہیں رہا : منسوخ : کہنہ ۔

Out-office : (n) (قلعہ ، فارم ہاؤس وغیرہ کی) بیرونی عمارت یا ملحقہ مکان جس میں قلعے یا فارم ہاؤس کا دفتر ہوتا ھے : ملحقہ مکان : شاگرد پیشہ ۔

Out of it : (adj. phr.) (۱) زمرے سے باہر ۔(۲) اکیلا : تنہا :اچاٹ : افسردہ ۔ (۳) حیران : ششدر ۔ (۴) غلط فہمی میں مبتلا: غلطی پر: دھوکے میں ۔

Out-of-phase : (ad. phr.) (برقیات، انجینئرنگ) مختلف ہیئۃ : مختلف فیزہ ۔

Out-of-stock : (adj. phr.) ندارد : اسٹاک میں نہیں ۔

Out-of-the-way : (adj. phr.) (۱) شاہراہ عام سے الگ : دور دست : دور افتادہ : خارج از دسترس : آبادی سے دور : الگ تھلگ : کنارے :کنارہ کش :گوشہ نشین :عزلت گزیں : تنہا ۔ (۲) کبھی کبھی اتفاقیہ ملنے والا : جس سے شاذ و نادر ہی سابقہ ہو : شاذ : دور از کار : غیر معمولی : خلاف معمول : استثنائی : نادر : عجیب : انوکھا ۔

Out-of-wedlock : (adj. phr.) بے نکاح کا : حرامی۔

Out-of-work : (adj. phr.) بے کار : بے روز گار ۔

Out-parish : (n) کلیسائی حلقہ جو فصیل شہر سے باہر ہو (گرچہ وہ شہر میں ہی شامل ہو) : بیرونی کلیسائی حلقہ ۔

Out-patient : (n) بیرونی مریض : باہری مریض : کسی ہسپتال میں علاج کرانے والا وہ مریض جو ہسپتال میں نہ رہتا ہو : نیز توصیفاً (مثلاً . Out-patient -department) ۔

Out-pension : (n) کسی خیراتی ادارے کا وہ وظیفہ جس کے ساتھ اس ادارے میں مقیم رہنے کی شرط نہ ہو : بیرونی وظیفہ ۔

Out-pension : (v) پنشن دینا : وظیفہ دینا : وظیفے کے ساتھ عہدے سے سبکدوش کرنا ۔

Out-pensioner : (n) بیرونی وظیفہ خوار (جو کسی امدادی ادارے سے وظیفہ پاتا ہو مگر اس میں رہتا نہ ہو) : غیر مقیم

وظیفہ خوار (کسی امدادی ادارے کا) ۔

Out-quarter : (n) (فوج ، عموماً جمع) کسی ریجمنٹ کے ہیڈ کوارٹر سے دور واقع کوئی کوارٹر یا قیا م گاہ ۔

Out-relief : (n) خارجی امداد : بیرونی امداد : کارخانے وغیر ہ سے باہر دی ہوئی امداد : وہ امداد جوکسی امدادی یا خیراتی ادارے سے ایسے لوگوں کو دی جائے جن کا قیا م اس میں نہیں ہے ۔

Out-sentry : (n) (فوج کی) بیرونی چوکی کا سنتری ۔

Out-set : (n) (۱) دور افتادہ بیہڑ یا چراگاہ کی زمین سے شروع ہونے والا احاطہ یا احاطہ بندی (اسکاٹستان) ۔ (۲) زیور : آرائش : تز ئین : زیب و زینت : اسباب آرائش : آرائشی کام : نقش و نگار (اسکاٹستان) ۔ (۳) کوئی کام : کاروبار یا سفر وغیرہ شروع کرنے کا عمل یا شروع کرنا : ابتدا : آغاز : شروع ۔ (۴) (معدنیات) کان میں کھدائی کے دوران نکلنے والے ملبے کو رکھنے والے گڈھے کے منہ پر بنا ہوا گول ابھار یا جگت تلکہ ملبہ اس میں جمع رہے ۔

Out-settlement : (n) مر کز سے دور بسی ہوئی بستی : مفصل : تاجروں کی بستی ، کارخانہ ، کوٹھی جو کسی غیرملک میں ہو ۔

Out-settler : (n) (۱) ضلع کے باہر یا ضلع کے بیرونی حصوں میں بسنے والا ۔ (۲) تارک وطن : وطن سے باہر بود و باش اختیار کر لینے والا۔

Out-throw/ Outthrow : (n) خارج کرنے یا باہر نکالنے کا عمل : (پانی وغیرہ کا) اخراج : نکاسی : خارج شدہ چیز یا مقدار ۔

Out-throw / Outthrow : (v) کسی نقطے یا حد سے آگے تک پھینکنا یا دھکیلنا : کسی شخص کی بہ نسبت زیادہ دور تک پھینکنا ۔

Out-thrust : (n) زور سے باہر دھکیلنے یا دھکا دینے کا عمل : (عمارت وغیرہ کے حصے کا) باہر کی طرف دباؤ ۔

Out-top / Outtop : (v) (دوسرے سے) زیادہ طویل سفر کرنا : (دوسرے سے) زیادہ تیز سفر کرنا : زیادہ تیزی سے چلنا یا قطع مسافت کرنا : (دوسرے سے) زیادہ قطع مسافت کرنا : زیادہ دور سفر کرنا ۔

Out-trump : (v) (تاش) (دوسرے سے) بڑھ کر ترپ لگانا : رنگ کی بڑی پتّی چلنا : جل دے جانا : داؤ گھات میں بڑھ جانا ۔

Out upon : (on) (بول چال) تف ہے ! دھتکار ہے ! لعنت ہے ۔

Out-vote : (v) (دوسرے سے) زیادہ ووٹ لانا : کثرت رائے سے شکست دینا : مقابلتاً زیادہ ووٹ ڈالنا ۔

Out-voter : (n) غیر مقامی رائے دہندہ (جیسے پارلیمنٹ کے کسی حلقے میں ووٹ کا حق ہو مگر وہ اس حلقے میں رہتا نہ ہو البتہ وہاں اس کی جائداد ہو) ۔

Out-wall : (n) (۱) کسی عمارت یا احاطے کی باہری دیوار : بیرونی دیوار ۔ (۲) (مجازاً) لباس : ملبوس : جسم (جو روح کا لباس ہے) ۔

Out-work : (n) (۱) قلعے کی بیرونی فصیل : بیرونی دھس بندی : دفاعی دیوار : خندق : روک : روکار ۔ (۲) (out-work) باہر کا کام : دکان یا کارخانے سے باہر جا کر کیا گیا ہو یا کیا جائے : (کرکٹ) آؤٹ فیلڈنگ ۔

Out-work : (v) (۱) انجام تک پہنچانا : مکمل کر دینا : پورا کر دینا (شعر) ۔ (۲) کام میں (دوسرے سے) بڑ ھ جانا یا سبقت لے جانا : کام کرنے میں بڑھ جانا : (دوسرے سے) زیادہ کام کر لینا : تیز تر کام کرنا : زیادہ کار گذاری دکھانا ۔

Out-worker : (n) باہر جا کر کام کرنے والا : باہر کا کام کرنے والا ۔

Out-world /Outworld : (n) باہر کی دنیا : باہری یا بیرونی دنیا : عالم خارجی : خارجی دنیا ۔

Outage : (n) (۱) کسی چیز (تیل، شراب وغیرہ) کی وہ مقدار جو دوران نقل و حمل یا ذخیرہ کرنے میں برباد ہو جاتی ہے: ضائعات۔ (۲) (بجلی کابلب، مشین وغیرہ کی) کارکردگی یا استعمال میں خلل: رك جانا: رکاوٹ۔ (۳) خلل یا رکاوٹ کاوقفہ: وہ مدت یا وقفہ جس میں بجلی کی سپلائی بند رہی ہو: زمان قطع برق۔ (۴) ڈرام، پیپا، کنستر بوتل وغیرہ میں بھری ہوئی چیز اور ڈھکن یا کاگ کے درمیان چھوڑی ہوئی جگہ۔

Outback : (adv.) (آسٹریلیا) دوردراز علاقوں میں: دور افتادہ : پیچھے : درعقب: دراعماق (نیز بطور صفت و بطور اسم)۔

Outbalance : (v) (۱) وزن میں زیادہ ہونا: پلّہ سبك کردینا: وزن میں بڑھ جانا: زیادہ وزنی ہونا۔ (۲) ہمت میں بڑھ جانا: اہمیت یا قدر و قیمت میں زیادہ ہونا: زیادہ موثر یا وقع ہونا۔

Outbear : (v) (۱) ڈھونا: لے جانا: باربرداری کرنا: بوجھ ڈھونا۔ (۲) (جہاز رانی) معمول سے زیادہ وزن لے جانا: معمول سے زیادہ مال لاد کرلے جانا۔

Outbid : (v) (۱) بڑھ کر بول دینا: (دوسروں سے) بڑھ کر بولی بولنا: (دوسرے سے) زیادہ قیمت دینے کی پیش کش کرنا : اوروں سے زیادہ دینے کا وعدہ کرنا۔ (۲) (مجازاً) کسی صفت، بیان وغیرہ میں بڑھ جانا: ورلے جانا: (مبالغے میں دوسرے کے) کان کترنا: بڑھ جانا۔

Outblaze : (v) (۱) جل اٹھنا: بھڑک اٹھنا: جوش سے پھٹ پڑنا: جوش کے ساتھ پھٹنا: شعلہ فشاں ہونا: چمک اٹھنا: کوند جانا: منور ہونا: جلوہ فشاں ہونا: نور پاش ہونا۔ (۲)(مجازاً) چمک دمک میں بڑھ جانا: شعلگی میں زیادہ ہونا: زیادہ بھڑکنا : زیادہ منور ہونا: تجلّی یا تنویر میں بڑھ جانا۔

Outbaush : (v) بہت زیادہ برماجانا: (شرم یا کسی اور جذبے سے) چہرے پر زیادہ سرخی دوڑ جانا : گلابی رنگ سے بڑھ کر رنگین ہوجانا۔

Outbluster : (v) (۱) انتہائی تندی سے چلنا: طوفانی رفتار سے چلنا: بہت تیز گاڑی چلانا۔ (۲) تندی یا تیز رفتاری سے بڑھ جانا (ہوا، پانی وغیرہ کا) زیادہ تندی سے چلنا۔

Outboard : (a) (۱) کشتی یا جہاز کے باہر واقع: اطراف جہاز سے قریب تر۔ (۲) وسط جہاز سے باہر کی طرف۔

Outboard : (adv.) (۱) اطراف جہاز کی سمت: مرکز جہاز کی طرف ہٹ کر۔ (۲) اطراف جہاز : کشتی یا جہاز کے باہر کی جانب: جہاز کے بیرونی کناروں یا اطراف جہاز کے قریب۔

Outbrave : (v) (۱) سرکشی یا گستاخی سے پیش آنا: سرکشی سے مقابلہ کرنا : خاطرمیں نہ لانا۔ (۲) حد سے زیادہ ہمت دکھانا: بے باکی سے مقابلہ کرنا: بے جگری سے مقابلہ کرنا: جرأت یاجسارت میں بڑھ جانا۔ (۳) حسن، طرحداری، شان و شوکت والی آرائش یا خوش و ضعی میں بڑھ جانا۔ (۳) (کسی بھی صفت میں) حریف سے بڑھ جانا: سبقت لے جانا : شرف یا فضیلت رکھنا۔

Outbrazen : (v) (۱) سرکشی یا ڈھٹائی سے مقابلہ کرنا یا پیش آنا: بد تمیزی یا گستاخی سے پیش آنا: دیدہ دلیری دکھانا: بے غیرتی سے مقابلہ کرنا۔ (۲) بے شرمی یا بے غیرتی میں بڑھ جانا: بے حیائی یا دیدہ دلیری میں سبقت لے جانا۔

Outbreak : (n) (۱) وفور : جوش : ابال : اشتعال : (مرض، دشمن وغیرہ کا) پھوٹ پڑنا : (مرضیات) شیوع : ابل پڑنا۔ (۲) (ارضیات) (دھات یا چٹان وغیرہ کی پرت کا) سطح زمین پر ابھر آنا۔ (۳)بلوہ : شورش : بغاوت : سرکشی : بغاوت کی تحریک یا سازش۔

Outbreak : (v) پھوٹ پڑنا : پھٹ پڑنا : ابل آنا : بھڑک اٹھنا (اب صرف شعر میں)۔

Outbreathe : (v) سانس چھوڑنا : سانس نکالنا : سانس کی طرح خارج کرنا : نکالنا (شعر) (نیز . Int)۔

Outbreathe : (n) (عضویات) دم بر آری۔

Outbreathed : (a) چھوڑی ہوئی سانس : نکلی ہوئی سانس : از نفس افتادہ (شعر)۔

Outbred : (a) دوغلا : دونسلا : پیوندی : غیر متجانس جفتی سے پیداشدہ۔

Outbreed : (v) (۱) دوغلا ہونا یا کرنا : دونسلا بنانا۔ (۲) نسبتاً تیزی سے پھلنا یا بڑھنا : تیزی سے نسل بڑھانا : نسبتاً زیادہ جننا۔ (۳) دونسلی یا غیر متجانس افزائش نسل کے ذریعہ کسی غیر ضروری خصوصیت کو خارج کر دینا یا چھوڑ دینا۔

Outbreeding : (n) غیر متجانس چیزوں کا فطری میل : دو مختلف النوع جانداروں کی جفتی : (حیوانیات، نباتیات) بروں زواجیت۔

Outbulk : (v) مقدار یا جسامت میں بڑھ جانا : زیادہ لحیم شحیم ہو جانا۔

Outburst : (v) زور سے بول اٹھنا : چلا اٹھنا : پھوٹ پڑنا : ابل پڑنا : یکایک ظاہر ہونا : پھٹ نکلنا : پھٹ پڑنا۔

Outburst : (n) (۱) (جذبات کا) طوفان : ہیجان : سیلاب : اشتعال : بھڑک اٹھنا۔ (۲) (کوہ آتش فشاں کا) پھٹنا : ابل پڑنا۔ (۳) (دھات کی پرت کا سطح زمین پر) ابھر آنا۔

Outcast : (n) (۱) شخص مردود : نیچی قوم کا آدمی : اچھوت : ادنیٰ ذات یا ادنیٰ طبقے کا شخص : ذات باہر شخص : برادری سے خارج کیا ہوا شخص : بے کس : بے گھر در : آوارہ شخص : خانہ بدوش : بے یار و مددگار : آوارہ وطن : بے خانماں : (سیاسیات) دیس نکالا : ملک بدر : جلا وطن۔ (۲) فضلہ : فاضلات : چھانٹن : ردی یا بیکار چیز : باغ سے اکھاڑ کر پھینکا ہوا پودا۔

Outcast : (a) (۱) ذات باہر : برادری سا خارج : اچھوت : نیچ : گھر سے نکالا ہوا : بے گھر : بے کس : بے یارو مددگار (شخص)۔ (۲) متروک : چھوڑی ہوئی : واگذاشتہ: چھانٹی ہوئی (چیز)۔

Outcaste : (v) (کسی شخص کو) ذات باہر کرنا :برادری سے خارج کرنا : بائیکاٹ کر دینا : ذات سے نکال دینا : اچھوت قرار دینا : حقہ پانی بند کر دینا : بے کس و بے یار بنا دینا۔

Outcaste : (n) ذات باہر یا برادری سے خارج شخص :بے یار و مددگار شخص :بے ذات یا اچھوت شخص۔

Outcaste : (a) بے ذات ؛ اچھوت : (سماجیات) برادری سے خارج : ذات باہر۔

Outcasting : (n) ذات باہر کرنے کا عمل : برادری سے خارج کر دینا : اخراج : بر طرفی : بے ذات کرنے یا اچھوت قرار دینے کا عمل۔

Outclass : (v) (۱) (کھیل کود) (حریف کو)اس طرح مات دینا کہ اسے فی الواقع اس طبقے سے خارج کر دینا : اکھاڑ پھینکنا: بری طرح مات دینا : دوڑ یا مقابلے میں اس کو کہیں کا نہ چھوڑنا : بہت پیچھے چھوڑ دینا ۔ (۲) بہتر قسم کا ہونا : برتر ہونا۔

Outcome : (n) (۱) نتیجہ : ماحصل : حاصل۔(۲) نکاس : نکلنے کا راستہ : مکان سے ملحق میدان یا صحن۔

Outcrop : (n) (۱) (ارضیات و کان کنی) دھات کی پرت کا سطح زمین پر ابھر آنا : اس طرح ابھری ہوئی پرت : سطحی چٹان ۔ (۲) (مجازاً) باہر آنے یا نکلنے کا عمل : ابھرنا: ظاہر ہونا : ظہور۔

Outcrop : (v) (۱) (ارضیات و کان کنی) دھات کی پرت کا سطح زمین پر ابھر آنا یا ظاہر ہو جانا : نظر آ جانا ۔(۲)(مجازاً) تفاقاً ظاہر ہونا : ناگاہ ظہور میں آ نا : ناگہاں نکل پڑنا : اچانك نظر آجانا : سطح پر آنا : ظاہر ہونا ۔

Outcropper : (n) (کان کنی)جو سطح پر ابھری ہوئی پرت کو نکالتا یا کانتا ھے ۔

Outcry : (n) (۱) غل : شور: غوغا : شور و شغب : ہنگامہ : چیخ پکار: پر زور احتجاج ۔ (۲) نیلام : عوامی فروخت (سب سے زیادہ بولی دینے والے کے ہاتھ)۔

Outcry : (v) (دوسرے سے) زیادہ زور سے چلانا : زیادہ بلند آواز میں بولنا: زور سے بول کر دوسرے کی آواز کو پست کردینا : زیادہ زور سے چیخنا یا نعرہ لگانا ۔

Outcurve : (n) انحنا، یا خمیدگی بطرف خارج : باہر کی طرف منحنی یا خمیدہ ہونا۔

Outdare : (v) (۱) زیادہ جرأت و دلیری دکھانا : جرأت میں بڑھ جانا: خاطر میں نہ لانا : حقیر سمجھنا : عاجز کر دینا : بے باکی سے مقابلہ کرنا۔ (۲) (دوسرے سے) زیادہ جرأت یا جسارت کا مظاہرہ کرنا : زیادہ ہمت دکھانا : فائق ہو جانا : ڈٹ جانا۔

Outdazzle : (v) چمك دمك میں بڑھ جانا :(دوسرے کو) ماند کر دینا : زیادہ منور ہونا : زیادہ چمکنا : زیادہ روشن ہونا ۔

Outdistance : (v) (دوڑ یا کسی بھی مقابلے میں) (دوسرے سے) بہت آگے بڑھ جانا : بہت دور نکل جانا : تیزی سے آگے نکل جانا : (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا ۔

Outdo : (v) (۱) سبقت لے جانا : فائق ہونا : بڑھ جانا : بازی لے جانا ؛ شرف یا فضیلت رکھنا۔ (۲) مات دے دینا : غالب آجانا : عاجز کر دینا : تھکا ڈالنا ۔

Outdoor aerial : (n) (ریڈیو) بیرونی ہوا ئیہ ۔

Outdoor patient : (n) (طب) بیرون در مریض : باہری مریض ۔

Outdoor work : (n) (معاشیات) بیرون در کام : باہری کام ۔

Outdoors : (adv.) زیر آسمان : کھلی ہوا میں : زیر سما ۔

Outdoors : (n) گھر سے باہر کی دنیا : گھر کی چہاردیواری سے باہر کی دنیا : کھلی فضا ۔

Outdraught : (n) باہر کی طرف ہوا کی رو یا بہاؤ : لوٹتی ہوئی موج : واپس ہوتی ہوئی موج کی رو یا حرکت ۔

Outdrink : (v) (۱) (کسی چیز کو) پی جانا : سب کا سب پی جانا ۔ (۲) دوسروں سے زیادہ پینا : بلا نوش کرنا ۔

Outdrive : (v) (۱) نسبتاً تیز چلانا : (دوسرے سے) زیادہ تیز (گاڑی) چلانا : تیز تر ہانکنا ۔ (۲) (گولف) (دوسرے سے) زیادہ دور تك لے جانا (گیند کو ، مار کر) ۔

Outer : (a) [OE. 'Outerra, uttra.'] (۱) بیرونی : خارجی : باہر کا : (دوسرے سے) زیادہ دور: نسبتاً زیادہ فاصلے پر : زیادہ فاصلے پر : زیادہ دور کا .(۲)جسمانی :خارجی : معروضی : محسوس ۔

Outer : (n) (چاند ماری) نشانے کے (گرد کے) دائروں سے باہر کا حصہ : نشانے کے دائروں کا بیرونی حصہ : اس حصہ پر لگی گولی یا فائر۔

Outer : (n) [f.'Out(v).] (مکا بازی) فیصلہ کن گھونسا :آخری ضرب (جو حریف کو شکست دیتی ھے) : آخری گھونسا۔

Outer man : (n) جسم : (مزاجاً) ظاہری وضع قطع : لباس ۔

Outer terminous : (n) بیرونی منتہا ۔

Outer woman : (n) دیکھو Outer man

Outer world : (n) عالم خارجی : عالم طبیعی : عالم محسوس : (نیز) اپنے قریبی حلقے سے باہر کے عام لوگ : عوام الناس ۔

Outermost : (n) مرکز سے دور ترین : جو مرکز سے انتہائی دور ہو : جو سب سے زیادہ دور ہو : بالکل باہر کا : جو سب سے زیادہ باہر کی طرف ہو ۔

Outermost : (adv.) سب سے زیادہ دوری پر : دور ترین مقام : مرکز سے دور ترین مقام پر : مرکز سے انتہائی دوری پر ۔

Outface : (v) (۱) گھڑک کر بد حواس کر دینا : اس طرح گھڑکنا کہ دوسرے کے چہرے کا رنگ فق ہو جائے ۔ (۲) بے باکی سے مقابلہ کرنا : ڈٹ کر سامنے آنا ۔

Outfall : (n) نکاس : بدر ریز : (ندی ، نالے ، پرنالے ،وغیرہ کا) نکاس، موکھایا دہانہ (جہاں وہ سمندر ، جھیل وغیرہ میں گرتے ہیں) : (ارضیات) نکاس نالہ ۔

Outfield and infield system : (n) نظام کاشت کاری اس میں گھر کے پاس ہی زمین کو جوتا اور کھاد دیا جاتا ھے : دیہی پاہی نظام (جس میں دیہی زمین کو پابندی سے اور باقاعدہ طور پر آباد کیا جاتا ھے اور پاہی زمین کو چراگاہ کے لئے چھوڑ دیا جاتا ھے یا کبھی کبھار آباد کیا جاتا ھے ۔

Outfight : (v) (دوسرے سے) بہتر لڑنا : نسبتاً بہتر لڑنا : لڑائی میں فائق رہنا : نسبتاً بہتر مقابلہ کرنا : مقابلے میں فائق رہنا : بہتر مبارزت کرنا : بہتر مکابازی کرنا: مار بھگانا (میدان سے) ۔

Outfighting : (n) (۱)(دوسرے سے) زیادہ دیر تک لڑتے رہنا ۔ (۲) وہ مکا بازی جو ہاتھ بھر کے فاصلے سے ہو : دور کی مکابازی ۔

Outfit : (n) (۱) ضروری اشیاء یا لوازمات سے آراستہ کرنے کا عمل : لوازمات سے آراستہ کرنے کے اخراجات ۔ (۲) کسی سفر یا مہم جوئی کے لئے ضروری سازو سامان یا لوازمات: سامان سفر : لوازم سفر : توش : سازوبرگ : تجہیزات : لوازم : اسباب :کسی بھی مقصد کے لئے لوازمات کا کوئی سیٹ : لوازم کار :اسباب کار ۔ (۳) دستۂ مسافرین : مسافروں کا دستہ : کوئی شخص جو سامان سفر کے ساتھ ہو (امریکا) : (نیز بول چال) ٹکڑی : جتھا : گروہ ۔ (۴) (مجازاً) (ذہنی یا مادی) لوازمات : ساز و سامان : اثاثہ ۔

Outfit : (v) ضروری لوازمات سے آراستہ کرنا یا ہونا : ضروری اشیاء مہیا کرنا : ضروری سازو سامان سے لیس کر دینا یا ہو جانا ۔

Outfitter : (n) (کسی چیز کا) سازوسامان بیچنے والا :سامان سفر بیچنے والا : لوازمات سفر یا کھیل کود کی چیزوں کا دکان دار ۔

Outflame : (v) (۱) زیادہ تاباں و درخشاں ہونا :درخشانی و تابانی میں فائق ہونا : آب و تاب یا روشنی میں زیادہ ہونا : زود مشتعل ہونا : زیادہ مشتعل ہونا ۔ (۲) جل اٹھنا : روشن ہو جا نا : مشتعل ہو جانا : بھڑک اٹھنا : شعلہ فشاں ہونا : منور ہونا : نور پاش ہونا (شعر) ۔

Outflank : (v) (۱) (فوج) (میمنے یا میسرے کا میدان میں) حریف کے میمنے یا میسرے سے آگے تک پھیل جانا: فوج مخالف کے میمنے یا میسرے سے آگے تک پھیل جانا ۔ (۲) (مجازاً) پھانسنا : پھندے میں لانا : دام میں لانا : محاصرہ کر لینا : محاصرے میں لے لینا : گھیر لینا ۔ (۳) (فوج کے میمنے یا میسرے سے) آگے تک پھیلا ہونا ۔

Outflow : (n) (۱) مخرج ۔ (۲) جریان : بہاؤ : بہہ نکلنا : اخراج : (مجازاً) باہر کر طرف کوئی بھی حرکت جو دیکھنے میں پانی کے بہاؤ کی سی ہو ۔ (۳) بہہ کر نکلی ہوئی مقدار ۔

Outflow of gold : (معاشیات) خروج طلا ۔

Outfly : (v) (۱) (شعر) اڑجانا : پرواز کر جانا : جھپٹ کر گذر جانا : تیزی سے گذر جانا ۔ (۲) اڑنے میں سبقت لے جانا : اڑ کر آگے نکل جانا ۔

Outfool : (v) (۱) بیوقوفی کی حد سے گذر جانا : بے وقوفی میں دوسرے سے بڑھ جانا : زیادہ بے وقوفی ظاہر کرنا ۔ (۲) بے وقوف بنانے میں سبقت رکھنا : بے وقوف بنا کر غالب آنا : دوسرے کو بیوقوف بنا دینا : بے وقوف بنانے میں دوسرے پر غالب آ جانا ۔

Outfoot : (v) پیدل چل کر دوسرے سے آگے نکل جانا : رفتار میں بڑھ جانا : زیادہ تیز چلنا : رقص : دوڑ یا کشتی رانی میں سبقت لے جانا : دوڑ کرآگے نکل جانا : دوسروں کو پیچھے چھوڑ دینا ۔

Outgate : (n) (۱) باہر نکلنے یا باہر آنے کاعمل : خروج : ظہور : (کسی تنگ جگہ ، تنگ وادی یا گھاٹی سے) نکل کر میدان میں آنے کا عمل ۔ (۲) نکاس : بہاؤ : نکلنے کا راستہ : (مجازاً) راہ نجات : چھٹکارے کی صورت یا راہ ۔

Outgeneral : (v) سپہ داری یا سپہ سالاری میں سبقت لے جانا :دوسرے سے بہتر سپہ سالا ر ثابت ہونا : فوجی مہارت میں

دوسرے پر فائق ہونا : سپہ داری میں دوسرے کو مات دے دینا۔

Outgo : (v) (۱) زیادہ تیز چلنا : رفتار میں بڑھ جانا : آگے نکل جانا : (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا ۔ (۲) سبقت لے جانا : آگے بڑھ جانا (کسی نقطے ، حد ، بندش وغیرہ سے) فائق ہونا : فضیلت رکھنا۔

Outgo : (n) (۱) اخراجات :مصارف ۔ (۲) باہر نکلنے کا عمل یا طریق عمل : اخراج : نکاس : رحیل ۔ (۳) باہر نکلنے کا راستہ : بہاؤ : (مجازاً) راہ نجات ۔

Outgoer : (n) نکلنے والا : باہر جانے والا : (خصوصاً) کسی جگہ : کسی دفتر یا لگان داری سے خارج ہونے والا : (کسی جگہ ، دفتر وغیرہ کو) چھوڑنے والا : جانے والا ۔

Outgoing : (n) نکلنے یا باہر جانے کا عمل : خروج : اخراج : نکاس : نکاسی ۔ (۲) (عموماً جمع) اخراجات : مصارف ۔

Outgoing : (a) (۱) باہر جانے یا نکلنے والا : جاری : لینے والا : بہتا ہوا ۔ (۲) دفتر : عہدے یا قبضے سے باہر جانے والا : متصرف : راحل ۔

Outgrow : (v) (۱) زیادہ تیزی سے بڑھنا ۔(۲) قدس میں بڑھ جانا : زیادہ لمبا ہو جانا ۔ (۳) اتنا بڑھ جانا کہ کپڑے چھوٹے ہو جائیں ۔ (۴) بالیدگی یا نشو و نما کے عمل میں پیچھے چھوڑ دینا : آگے بڑھ جانا ۔ (۵) (بچے کا) بڑا ہو کر چھوڑ دینا (عادت ، شوق) : بڑا ہو جانے کے بعد پیچھا چھو ٹنا (بیماری سے) ۔

Outgrowth : (n) (۱) اگنے یا ابھرنے کا عمل : وہ چیز جو کسی چیز سے اُگے : شاخ : ٹہنی : جسم حیوانی یا نباتی پر کسی غیر طبعی شے کا پیدا ہو جانا : (نباتیات) بر بالیدگی : (مرضیات) زائدہ : بدگوشت: پھوڑا: بر آمدگی ۔ (۲)(مجازاً) فطری پیداوار : نتیجہ : ماحصل : پیداوار ۔

Outhaul : (n) (جہاز رانی) رسّہ جس کے ذریعہ بادبان کھینچ کر جہاز کا رخ بدلتے ہیں۔

Outhauler : (n) بادبان کے رسّے کو کھینچ کر جہاز کا رخ بدلنے والا : کسی چیز کو باہر کی طرف کھینچنے والا رسّہ ۔

Outhector : (n) (دوسرے کو) ہیکڑی یا شیخی میں مات کرنا : قابوچی پن میں بڑھ جانا ۔

Outher : (adv.) (بول چال) Either کا قدیم مترادف ۔

Outhouse : (n) ملحقہ مکان : مکان یا عمارت جو رہائشی مکان سے ملحق ہو : مثلاً اصطبل وغیرہ ۔

Outing : (n) ہوا خوری : سیر سپاٹا : تفریحی سفر : سیر :چھوٹا سا تفریحی سفر ۔

Outjockey : (n) چالاکی یا دغا بازی سے غالب آنا : چرکا دینا : دھوکا دینا۔

Outkeeper : (n) مساحتی کمپاس کے ساتھ استعمال کیا جانے والا آلہ جو نشانات کو قطار میں رکھنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Outland : (n) بیرونی خطہ : غیر ملکی خطہ : غیر ملکی سر زمین : علاقۂ غیر (قدیم شاعری) ۔

Outland : (a) (۱) دوسرے ملک کا : غیر ملکی : بیرونی : غیر ملک سے متعلق (شعر) (۲) (اسکاٹستان) دورہ افتادہ : مرکز سے دور : دور دراز ۔

Outlander : (n) (۱) بدیسی یا غیر ملکی شخص : غیر ملک کا شہری : غیر : بیگانہ : اجنبی (شعر یا ادبی احیاء)۔ (۲) جنوبی افریقی سیاست میں ڈچ کا غیر ملکی شخص(اس کا اطلاق ۱۹۰۲ ۔ ۱۸۹۹ ء کی جنگ سے پہلے ان غیر ملکیوں پر ہوتا تھا جو جنوبی افریقی جمہوریہ میں بس گئے تھے یا عارضی طور پر مقیم تھے)۔

Oulandish : (a) [OE. 'Utlensdis', 'utland.'] (۱) غیر ملکی : غیر : بیگانہ :اجنبی : غیر مقامی ۔ (۲) غیر ملک کا : غیر زبان کا سا: غیر ملکی وضع کا : غیر مانوس : اجنبی : انوکھا: غریب : عجیب الہیئت : بے ہنگم : بے ڈول : بے تکا۔ (۳) دور : بعید : بعد : الگ : شاہراہ سے الگ : راہ سے الگ : دور دست : دور افتادہ : تہذیب سے بہت دور : گنوارو : گنوار : تہذیب سے بیگانہ (اب صرف حقارتاً)۔

Outlandishly : (adv.) غیر ملکی انداز میں : غیر مانوس طور پر : عجیب و غریب انداز میں : بے ہنگم طور پر : انوکھے انداز میں : گنوارو انداز میں ۔

Outlandisness : (n) غیریت : بے گانگی : نا مانوسیت :انوکھاپن : بو العجبی : بے ڈھنگا پن : گنوارپن : اجنبیت : بے تکاپن ۔

Outlast : (v) نسبتاً زیادہ دیر تک باقی رہنا یا قائم رہنا (دوسری چیز کا مقررہ مدت سے) زیادہ چلنا یا کام دینا : زیادہ مدت تک کام دینا : بہت دن تک باقی رہنا یا وجود میں قائم رکھنا ۔

Outlaugh : (v) ہنسنے میں سبقت لے جانا : زیادہ ہنسنا : بے تحاشا ہنسنا : (دوسرے سے) زیادہ ہنسنا: (دوسرے کو) ہنسنے میں مات دینا ۔

Outlaw : (n) [late OE. 'Utlage.'] (۱) قانون کے فوائد یا حمایت سے محروم کیا ہوا شخص یا چیز ؛ قانون کی حفاظت سے محروم کیا ہوا شخص یا چیز ؛ قانونی حفاظت سے خارج کیا ہوا شخص ؛ قانون سے باہر شخص یا چیز۔ (۲) جلا وطن ؛ خارج البلد ؛ راندۂ قانون؛ (سیاسیات) مفرور ؛ اشتہاری مجرم قانون سے بھاگا ہوا شخص۔ (۳) وحشی اور بغیر سدھا یا ہوا جانور (خصوصاً گھوڑا) ؛ غیر ترتیب یافتہ جانور۔

Outlaw : (v) (۱) قانون کی حمایت یا حفاظت سے محروم کرنا ؛ راندہ ' قانون قرار دینا ؛ جلا وطن کرنا۔ (۲) ناجائز بنا دینا ؛ غیر قانونی بنا دینا۔ ناجائز قرار دینا۔ (۳) قانون کی گرفت یا قانونی دائرہ اختیار سے باہر کر دینا۔

Outlaw : (a) ممنوع ؛ ناجائز ؛ غیر قانونی ؛ خلاف قانون ؛ تنظیم یا جماعت کے ضوابط کے خلاف۔

Outlawry : (n) [AFr. 'Ultageric.'] (۱) کسی شخص کو قانون کی حفاظت سے محروم کرنے کا عمل یا وہ قانونی کاروائی جس کے ذریعہ کسی کو قانون کی حمایت و حفاظت سے محروم کیا جاتا ہو یا کیا گیا ہو ؛ راندۂ قانون ہونے کی حالت ؛ قانون کی حمایت سے محرومی ؛ اخراج از حمایت قانون۔ (۲) قانون کی نافرمانی یا عدم احترام ؛ عدول حکمی ؛ سرکشی ؛ لاقانونیت ؛ قانونی بندشوں سے آزادی۔

Outlay : (n) صرف ؛ خرچ (جمع اخراجات) ؛ (معاشیات) مصارف۔

Outlay : (v) (۱) (شعر) باہر رکھنا ؛ نمایاں کرنا ؛ دکھانا ؛ نمائش میں رکھنا۔ (۲) (رقم) خرچ کرنا؛ صرف کرنا۔

Outleap : (n) زیادہ پھلانگ جانے کا عمل ؛ زیادہ جست لگانے کا عمل ؛ فرار ؛ جھپٹ ؛ اڑان ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ طوفان ؛ ابال ؛ اچھال ؛ ہیجان ؛ دھماکہ ؛ پھٹ پڑنا۔

Outlet : (n) (۱) نکاس ؛ موکھا ؛ نکلنے کا راستہ۔ (۲) بازار (مال نکاسی کے لئے)۔ (۳) وہ جگہ جہاں کوئی چیز باہر رکھی جاتی ہو ؛ خصوصاً چراگاہ جس میں مویشیوں کو باہر چھوڑ دیاجاتا ھے۔ (۴) گھر سے ملحقہ میلان ؛ صحن ؛ انگنائی۔ (۵) (ادبی و مجازی) جریان ؛ اخراج ؛ بہہ نکلنا ؛ بہاؤ ؛ بہہ کر نکلنا۔ (٦) توصیفاً (مثلاً Outlet-pipe وغیرہ)۔

Outlet-tube : (n) (انجینئرنگ) نکاس نلی۔

Outlie : (v) (کسی چیز کا ، کسی چیز کے) پیچھے یا پرے ہونا ؛ ورے ہونا ؛ باہر کی طرف ذرا ہٹ کر ہونا ؛ منفصل ہونا۔

Outlier : (n) (۱) کھلی ہوا میں زیر آسمان سونے والا یا رہنے والا ؛ دفتر یا کارگاہ سے باہر رہنے والا۔ (۲) بیرونی ؛ اجنبی ؛ بیگانہ ؛ بیگانہ شخص۔ (۳) کھلی ہوا میں رہنے والا ہرن وغیرہ۔ (۴) صخرہ ؛ گھاس پلی چٹان جو اپنے مقام کے ارضیاتی طبقے سے تعلق رکھتی ہو ؛ (ارضیات) چٹان وغیرہ کا وہ حصہ جو اس سے علاحدہ ہو ؛ منفصل حصہ ؛ وہ حصہ جو کٹاؤ کے باعث بڑے حصے سے دور جا پڑا ہو۔ (۵) کسی چیزکا حصہ جو اس سے الگ ہو گیا ہو یا کسی تنظیم وغیرہ کا رکن جو علاحدہ ہو چکا ہو۔

Outline : (n) (۱) خاکہ ؛ گِردہ ؛ بیرونی خطوط ؛ خط محیط ؛ محیط۔ (۲) مجمل نقشہ ؛ ہلکا خکہ۔ (۳) مجمل مسودہ ؛ مجمل بیان ؛ موٹی موٹی باتیں؛ خلاصہ ؛ غیر مفصل بیان۔ (۴) (جمع) اہم خصوصیات؛ عام اصول ؛ کل اصول۔ (۵) توصیفاً مثلاً Outline stitch۔

In outline : صرف خاکے میں پیش کیا ہوا۔

Outline : (v) (۱) خاکہ بنانا ؛ مجمل طور پر بیان کرنا ؛ خاکہ کھینچنا ؛ مجمل نقشہ بنانا۔ (۲) (آرائش وغیرہ میں) بیرونی حدود قائم کرنا۔ (۳) خلاصہ بیان کرنا ؛ اہم خصوصیات کی نشاندہی کرنا۔

Outlinear : (a) خاکہ نما ؛ خاکے کے جیسا ؛ مجمل ؛ اجمالی ؛ غیر مفصل۔

Outlive : (v) (۱) زیادہ دنوں تک جینا ؛ (کسی سے) زیادہ زندہ رہنا ؛ زیادہ دنوں تک رہنا ؛ زیادہ کام دینا ؛ معمول سے زیادہ مدت تک قائم رہنا۔ (۲) (معمولی عمر یا مقررہ مدت سے) زیادہ جینا۔ (۳) (کسی مخصوص حالت یا حادثے وغیرہ سے) صحیح سلامت نکل آنا۔ (۴) (بعد کی زندگی میں) غالب آجانا ؛ نجات پا جانا (بد نامی وغیرہ سے)۔ (۵) آگے نکل جانا ؛ زیادہ لمبا یا بڑا ہو جانا۔

Outlook : (n) (۱) دیکھ بھال ؛ محتاط اور چوکس نگہبانی ؛ چوکس نگرانی (ادبی و مجازی)۔ (۲) منظر ؛ نظارہ ؛ جائے نظارہ ؛ وہ جگہ جہاں سے باہر دیکھا جائے یا دیدبانی کی جائے۔ (۳) آثار ؛ رنگ ڈھنگ ؛ متوقع حالات۔ (۴) نظریہ ؛ نقطۂ نظر نیز توصیفاً (مثلاً Outlook post)۔

Ones outlook on life : کسی شخص کا تصور زندگی ؛ نظریۂ زندگی۔

Outlook : (v) گھور کر یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے میں (دوسرے کو) مات دے دینا ؛ پلک جھپکائے بغیر زیادہ دیر تک تکنا۔

Outlying : (a) (۱) مقررہ حدود کے باہر واقع ؛ معینہ حدود کے باہر پڑا ہوا ؛ (مجازاً) بیرونی ؛ خارجی ؛ غیر متعلق ؛ خارج

الاصل ۔ (۲) (جانور) جو پارک سے باہر اپنے باڑے یا ماند (لیٹنے یا آرام کرنے کی جگہ) بناتے ہیں۔ (۳) دور دراز : دور افتادہ : مرکز سے دور : الگ تھلگ : علاحدہ : راستے سے الگ : آبادی کے مراکز سے دور رہنے والا : شہر سے دور رہنے والا : آبادی سے الگ رہنے والا ۔

Outmanoeuvre / -ver : (v) داؤ گھات میں سبقت لے جانا : فوجی حرفت یا حکمت عملی میں (دوسرے سے) بڑھ جانا : حکمت عملی سے مات دے دینا : بہترفن حرب یا فوجی حکمت عملی کے ذریعہ غالب آنا۔

Outmarch : (v) تیز تر یا دور تر چلنا یا کوچ کرنا : چلنے میں فائق رہنا : اس طرح چلنا کہ (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا۔

Outmatch : (n) وہ میخ جو اپنی فیلڈ سے باہر ہو۔

Outmatch : (v) بڑھ جانا : سبقت لے جانا : فائق ہو جانا ۔

Outmoded : (a) متروک : خلاف وضع : فیشن سے باہر : غیر رائج : غیر مروج : خلاف فیشن۔

Outmost : (a) [var. of 'Utmest.'] بہت دور : بعید ترین۔

Outmove : (v) غالب آنا : چال میں بڑھ جانا : (شطرنج وغیرہ میں) کوئی ایسی چال چلنا جس سے حریف کو شکست ہو جائے۔

Outness : (n) بیرونیت : خارجیت : ظاہریت : معروفیت : سطحیت۔

Outnumber : (v) تعداد میں بڑھ جانا : شمار میں زیادہ ہونا : گنتی میں زیادہ ہونا : حساب میں زیادہ ہونا ۔

Outpace : (v) رفتار میں بڑھ جانا : زیادہ تیز چلنا۔

Outpage : (n) (دائیں طرف سے) پہلا صفحہ : باہر کا صفحہ : اوپری صفحہ : صفحہ اول : (بائیں طرف سے لکھی جانے والی زبانوں کی کتاب کا) آخری صفحہ : پچھلا صفحہ۔

Outpass : (v) (۱) (حدود کو) پار کر جانا : حد سے گزر جانا : (کسی حد کے) اس پار ہو جانا : حد سے باہر نکل جانا یا ہو جانا۔ (۲) (مجازاً) (کسی صفت میں) بڑھ جانا : فائق ہو جانا : شرف یا فضیلت رکھنا۔

Outpoint : (v) (۱) ہلکی بادبانی کشتیوں کی دوڑ) ہوا کے رخ پر کھینے (دوسری کشتیوں سے) بڑھ جانا۔ (۲) نمبروں یا پوائنٹس کی بنا پر ہرا دینا : پوائنٹس سے ہرا دینا (مکابازی وغیرہ میں)۔

Outport : (n) (۱) باہری بندرگاہ : خارجی بندرگاہ (جو کسی شہر یا قصبے سے باہر واقع ہو)۔ (انگلستان میں لندن کی بندرگاہ کو چھوڑ کر بقیہ تمام بندرگاہوں کے لئے مستعمل ہے)۔ (۲) برآمدی بندرگاہ : بندرگاہ جہاں سے مال برآمد کئے جاتے ہوں۔

Outpost : (n) (فوج کی) بیرونی چوکی: بیرونی حفاظتی چوکی : فوج پڑاؤ سے باہر تھوڑے فاصلے پر مقررہ چوکی جو اچانک بیرونی حملے سے حفاظت کے لئے ہوتی ہے۔ (نیز مجازی و توصیفی معنوں میں)۔

Outpour : (n) انڈیلنے ، بہانے یا بکثرت خارج کرنے کا عمل: دھار باندھ کر بہانا : اس طرح بہانے یا بہنے والا : کثیر اخراج یا بہاؤ : کثرت : فراوانی : طغیانی : بھر پور روانی۔

Outpour : (v) انڈیلنا : کثرت سے بہنا : بکثرت خارج کرنا : دھار باندھ کر نکلنا یا بہنا : موجوں کی طرح خارج کرنا : بھر پور روانی کے ساتھ آنا یا نکلنا (خاص کر شعر میں) : موجوں کی روانی کے ساتھ خارج ہونا یا نکلنا۔

Outpouring : (n) بھر پور طور پر یا طغیانی کے ساتھ خارج ہونے کا عمل : (تقریر یا تحریر میں) (خصوصاً جمع) جذبات کا پر جوش اظہار : درد دل کا اظہار : بھرپور اور پُر زور اظہار جذبات۔

Output : (n) (۱) نکالنے یا خارج کرنے کا عمل : نکلی ہوئی چیز : حاصل : ماحصل : پیداوار : برآمد :پیداوار کی مقدار یا تعداد کے اعتبار سے کسی کارخانے کی پیداوار یا کارکردگی : کام کی مقدار : (معاشیات) نکاسی۔ (۲) (عضویات) فضلات : بیکار اجزاء جنہیں پھیپھڑوں ، مثانوں اور جلد کے ذریعہ جسم سے خارج کر دیا جاتا ہے (بخلاف Income یعنی وہ اجزاء جو جزو بدن ہو جاتے ہیں)۔ (۳) (برقیات) کسی آلے یا سرکٹ سے خارج شدہ قوت : کرنٹ یا وولٹیج۔ (۴) وہ مرکز یا مقام جہاں سے توانائی ، اطلاعات وغیرہ لی جاتی ہیں یا اپنے نظام سے جدا ہوتی ہیں۔

Output valve : (n) (ریڈیو) برآمد والو : پاور والو۔

Outputter : (n) صنعتی مال تیار کرنے والا : صنعتی پیداوارکرنے والا: پیدا کار : پیدا کنندہ : پروڈیوسر۔

Outrage : (n) [Fr. f. OFr. outrer.] (۱) ہتک : تہتک : نا جائز دست اندازی : (قانون) بے حرمتی : (حقوق کی) پامالی ۔ (۲) (قانون) دست درازی :ظلم : تظلم : تشدد : اندھیر : شرم ناک حرکت : بیہودہ حرکت ۔ (۳) کسی کے اصولوں یا احساسات کو مجروح کرنا ۔

Agrarian outrage : دیکھو Agrarian

Outrage : (v) (۱) ظلم کرنا ؛ ہتک کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ؛ دست درازی کرنا ؛ بے عصمت کرنا ؛ ناجائز دست اندازی کرنا۔
(۲) (کھلم کھلا) خلاف ورزی کرنا ؛ توڑنا ؛ پیروں تلے روندنا ؛ اعلانیہ خلاف ورزی یا انحراف کرنا ؛ پامال کرنا (حقوق، قانون، اخلاق یا کسی اصول کو) ۔

Outrage monger : (n) سیاسی غنڈہ ؛ سیاسی مقاصد کے لئے ظلم ، تشدد ، ہتک ، دست درازی یا خلاف ورزیاں کرنے والا ۔

Outrageous : (a) (۱)شدید ؛ سخت ؛ حد سے زیادہ ؛ غیر معمولی ۔
(۲) تند ؛ غضب ناك ؛ قہر آلود ؛ پُر قہر ۔ (۳) وحشیانہ ؛ ظالمانہ ؛ شرمناك ؛ بے شرمی کا ۔ (۴) فحش ؛ گندا ۔

Outrageously : (adv.) (۱) بہ شدت ؛ حد سے زیادہ ۔(۲) تندی ؛ غضب ناك انداز سے ۔ (۳) وحشیانہ ؛ ظالمانہ ؛ شرمناك طور پر ۔

Outrageousness : (n) شدت ؛ تندی ؛ وحشیانہ پن ؛ شرمناکی ۔

Outrange : (v) (۱)(بندوق کی مار یا زد) (دوسری بندوق سے) زیادہ ہونا ؛ نسبتاً زیادہ دور تك مار کرنا (بندوق ، توپ وغیرہ کا) ؛ نسبتاً زیادہ لمبا رینج ہونا۔ (۲) بہ لحاظ زمانہ آگے بڑھ جانا ؛ (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا ؛ زیادہ دنوں تك باقی رہنا۔

Outre : (a) [Fr. pa. ppl. of 'Outrer.'] غیر معمولی ؛ غیر صحیح ؛ نامناسب ؛خارج المرکز؛سنکی ؛ نرالا ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ بے راہ؛ ناشائستہ ؛خلاف تہذیب ؛حد سے گذرا ہوا؛ حدود سے باہر؛ حدود سے متجاوز۔

Outreness : (n) غیر معمولی پن ؛ بے مرکزیت ؛ سنکی پن ؛بو العجبی؛ انوکھاپن ؛ حد سے گذرا ہوا یا حد سے متجاوز ہونے کی حالت۔

Outreach : (v) (۱) رسائی یا پہنچ میں (دوسرے سے) بڑھ جانا ؛ تجاوز کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ آگے نکل جانا ؛ حد سے گذر جانا ؛ فائق ہونا۔ (۲) بڑھنا ؛ پھیلنا ؛ بڑھانا ؛ پھیلانا ؛ پھیلاہوا ہونا ؛ وسیع کرنا یا ہونا ؛ پہنچنا یا پہنچانا (شعر)۔

Outrecuidance : (n) [(o) Fr.] غرور ؛ تکبر ؛ خودبینی ؛ خود پسندی ؛ نخوت ؛ کبر نفس ؛ تحکم ؛ گھمنڈ ؛ زعم ؛ فخر۔

Outride : (v) (۱) (شعر)خطرے سے بچ کر یا صحیح سلامت نکل جانا؛ سلامت گذر جانا۔ (۲) (دوسرے سے) بہتر ، تیز تر اور دور تر سواری کرنا ؛ سواری میں (دوسرے سے) آگے نکل جانا ؛ پیچھے چھوڑ دینا۔ (۳) (جہاز کا) (طوفان سے) صحیح سلامت نکل آنا ؛ بچ کر نکل آنا۔

Outrider : (n) (۱) (بول چال) کسی تاجر کا سفری ایجنٹ ۔ (۲) ہم رکاب ملازم ؛ ہم رکاب خدمت گار (جو سواری پر آگے آگے یا ساتھ ساتھ چل رہا ہو) ۔

Outrigged : (a) (کشتی) جس میں Outriggers لگے ہوں۔

Outrigger : (n) (۱) (جہازرانی) آگے کو نکلا ہوا شہتیر ،بلی یا تھاتھر وغیرہ جو جہاز کے اطراف میں مختلف مقاصد (مثلاً مستولوں کو سہارا دینے) کے لئے لگا دیتے ہیں ؛ اس طرح بلی لگی ہوئی کشتی ۔ (۲) عمارت میں اس قسم کا آگے نکلا ہوا شہتیر ؛ (تعمیرات ، میکانیات) کسی دیوار یا فریم کا آگے کو نکلا ہوا حصہ ۔ (۳) وہ ڈنڈا جو گاڑی کے بم سے آگے نکلا ہوا ہوتا ہے اور جس میں زائد گھوڑا جوتتے ہیں ؛ اس طرح جتا ہوا گھوڑا۔
(۴) لوہے کا باہر کو نکلا ہوا کشتی کا ٹیکا جس پر Rowlock ٹکا رہتا ہے ۔ (۵) بحر ہند اور بحر الکاہل میں چلنے والی ڈونگیوں (چھوٹی کشتیوں) میں خاص ترکیب سے لگی ہوئی بلیاں جو باہر کی طرف نکلی ہوتی ہیں اور کشتی کو الٹنے سے بچاتی ہیں۔

Outright : (adv.) (۱) بالکل ؛ تمام تر ؛ سراسر ؛ یك قلم ؛ سب کا سب ؛ قطعی طور پر ؛ بحیثیت مجموعی ؛ مجموعی طور پر۔
(۲) بے لاگ طور پر ؛ صاف صاف ؛ واضح انداز میں صریحاً ؛کھلم کھلا ؛ بالکل ظاہراً ۔

To kill outright : مار ڈالنا (اس طرح کہ مقتول وہیں پر دم توڑ دے) ۔

To purchase or sell outright : براہ راست اور فوری خرید و فروخت ؛ ایسی خرید و فروخت جس میں شے معینہ فوراً ہی خریدار کی ملك ہو جاتی ہے ۔

Outright : (a) (۱) سیدھی سمت کی طرف منعطف ؛ سیدھی سمت کو جانے والا (شاذ)۔ (۲) راست ؛ بلا واسطہ ؛ سیدھا ؛ صریح ؛ پورا ؛ قطعی ؛ کامل ؛ کھلا ہوا ۔ (۳) مکمل ؛ سب کا سب ؛ تمام تر؛ یکسر ؛ سالم ؛ سموچا ؛ بے کم و کاست ۔

Outrightness : (n) صاف یا صریح ہونا ؛ قطعیت ؛ اکملیت ؛ سالمیت ۔

Outring : (v) (۱) (گھنٹی وغیرہ) بجنا ۔ (۲) زیادہ تیز (گھنٹی) بجانا ؛ زور دار جھنکار کے ساتھ بجانا ؛ زور دار آواز میں (گھنٹی) بجانا (اس طرح کہ دوسری گھنٹی کی آواز ڈوب کر رہ جائے) ۔

Outrival : (v) حریف کی حیثیت سے (دوسرے پر) فائق ہونا ؛ اپنے حریف یا مقابل سے بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ؛ شرف یا فضیلت رکھنا ؛ کسی بھی مقابلے میں فائق ہونا یا مقابل

کو مات دے دینا۔

Outroll : (v) (۱) آگے کی طرف لڑھکنا : باہر کی طرف لڑھکنا : لڑھک کر باہر چلا جانا : گاڑی میں سوار ہو کر باہر جانا : (گاڑی کا) چلا جانا : باہر جانا۔ (۲) ادھڑ جانا : کھل جانا : الٹا چکر دینا یا چکّر کھانا (جس سے لپٹی ہوئی چیز کھل جائے)۔

Outroot : (v) بیخ کنی کرنا : جڑ سے اکھاڑ پھینکنا : استیصال کرنا : نیست و نابود کرنا : مٹا دینا : قلع قمع کرنا۔

Outrun : (v) (۱) آگے کو نکلنا : دوڑ کر نکل جانا : برتن سے بہ جانا : ختم ہو جانا : دوڑ کر شل ہو جانا۔ (۲) دوڑ میں آگے نکل جانا : دور تر اور تیز تر دوڑنا : دوڑ میں سبقت لے جانا : (دوسروں کو) پیچھے چھوڑ دینا : نکل بھاگنا : بچ نکلنا (نیز مجازاً)۔ (۳) (مجازاً) کسی معینہ نقطے یا حد سے آگے بڑھ جانا : حد سے گذر جانا یا آگے نکل جانا : عمل میں آگے بڑھ جانا : عمل میں کسی نقطے یا حد سے گذر جانا۔

To outrun the constable : : لمبے قدم بڑھانا : بہت تیز چلنا : انتہائی تیز چلنا : بہت دور چلے جانا : بہت آگے بڑھ جانا : حیثیت سے زیادہ رقم خرچ کر ڈالنا : مقروض ہو جانا۔

Outrunner : (n) (۱) دوڑ کر آگے نکل جانے والا : نکل بھاگنے والا : خصوصاً گھوڑا جو گاڑی کے بم سے باہر جتا ہوا ہو یا گاڑی کے بم سے آگے نکل جاتا ہو۔ (۲) (مجازاً) پیش رو : نقیب : چاؤش : پیش سوار۔ (۳) (گاڑی کے ساتھ) دوڑنے والا پیادہ۔ (۴) کتا جو برف گاڑی سے آگے رہنمائی کے لئے دوڑے : رہنما کتا۔

Outrush : (n) تیزی سے باہر نکلنا : تندی سے بہنا : تیز بہاؤ : تیز نکاسی۔

Outsail : (v) (کشتی وغیرہ) کھینے میں آگے نکل جانا : فائق ہونا : (دوسرے سے) تیز تر اور دور تر کھینا : (دوسری کشتی کو) پیچھے چھوڑ دینا : (مجازاً) دوڑتے ہوئے یا تیزی سے آگے نکل جانا : دوڑ کر گذر جانا : تیز روی سے گذر جانا : (دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا : شائیں سے گذر جانا۔

Outscore : (v) حریف سے زیادہ پوائنٹ حاصل کرنا۔

Outscour : (n) دوڑ : دوڑنے یا دوڑ کر گذرنے کا عمل : نہر یا نالے کو صاف کرتے وقت پانی کی رفتار : تیز رفتاری : تیز روی : تندی : تیزی۔

Outsee : (v) (۱) بصارت یا بصیرت میں (دوسرے سے) بڑھ جانا یا بڑھ کر ہونا : تیزیٔ بصارت یا تیزیٔ بصیرت میں فائق ہونا۔ (۲) (کسی حد یا نقطے کے) آگے تک دیکھنا : اس پار تک دیکھنا : (معینہ حد یا نقطے سے) زیادہ دور تک دیکھنا۔

Outsell : (v) (۱) نسبتاً زیادہ قیمت پر بیچنا : گراں فروخت کرنا : زیادہ دام لینا : (مجازاً) قیمت میں بڑھ جانا : بیش قیمت یا قیمتی ہو جانا : بیش بہا ہونا۔ (۲) نسبتاً زیادہ بکری کرنا : زیادہ مال بیچ ڈالنا : (دوسرے سے) زیادہ مال فروخت کر لینا۔

Outshine : (v) (۱) زیادہ چمکنا : آب و تاب میں بڑھ جانا : زیادہ روشن ہونا : زیادہ شاندار ہونا : زیادہ ممتاز ہونا : زیادہ با رونق ہونا۔ (۲) چمکنا : روشن ہونا : تاباں یا درخشاں ہونا : دور تک چمکنا : روشنی خارج کرنا۔

Outshoot : (v) (۱) زیادہ بہتر یا دور تر پھینکنا : زیادہ دور تک گولی مارنا۔ (۲) (نئی شاخ کا دوسری شاخوں سے) زیادہ لمبا ہو جانا یا آگے نکل جانا یا بڑھ جانا۔ (۳) (کسی حد یا نشان سے) آگے نکل جانا : آگے بڑھ جانا : زیادہ آگے پھینکنا یا گولی مارنا۔ (۴) تیزی سے آگے بڑھنا : زور سے آگے بڑھنا یا باہر آنا : یکایک آ جانا یا نکل جانا : پھوٹنا (کلی ، شاخ وغیرہ کا)۔

Outshow : (v) دکھانا : نمایاں کرنا : نمائش میں رکھنا : نمائش کرنا : ظاہر کرنا : (شعر)۔

Outshrill : (v) زیادہ تیز آواز نکالنا : دوسرے کی آواز کو دبا دینا (اپنی آواز کی تیزی سے) : (آواز کا) تیزی میں بڑھ جانا : دوسری آواز کو دبا دینا۔

Outside : (n) (۱) بیرونی سطح : باہر کا حصہ : باہر : کسی چیز کا باہری حصہ یا حصے۔ (۲) ظاہر : ظاہری حالت : ظاہری صورت : ہیئت خارجی : ہیئت ظاہری : خارجی پہلو : ظاہری شکل و صورت (جو محض ظاہری یا خارجی ہو ، بخلاف باطن یا اصلیت)۔ (۳) عالم خارجی : عالم طبعی۔ (۴) مرکز سے دور ترین حد : خارجی حد : بیرونی حد : باہری رخ : زیادہ سے زیادہ مقدار : درجہ یا تخمینہ (روزمرہ) (خصوصاً محاورے میں At the outside)۔ (۵) باہری رخ پر یا بیرونی سطح پر واقع چیز : وہ چیز جس سے بیرونی سطح کی تشکیل ہو : (خصوصاً جمع) کاغذ کے گٹھے کا اوپری ورق یا اوراق جو کم و بیش گندے اور شکن آلود ہو جاتے ہیں : وہ چیز جو بیرونی کنارے پر واقع ہو یا اس کی تشکیل کرے۔ (۶) گاڑی وغیرہ میں باہر بیٹھنے والا شخص (Outside passenger کا مخفف)۔

To turn outside in : اس طرح مڑنا یا گھومنا کہ اندرونی رخ باہر آجائے اور بیرونی اندر ہو جائے نیز اس طرح موڑنا یا گھمانا کہ اندر کا حصہ باہر آ جائے؛ الٹا کرنا۔

Overdose : (v) (کسی شخص کو) خوراک سے زیادہ دوا کھلا دینا ؛ ضرورت سے زیادہ دوا پلا دینا ۔

Overdraft : (n) زائد وصول ؛ فاضل وصولی ۔ (بینک) اوور ڈرافٹ : زائد براری ؛ کھاتے میں موجود رقم سے زیادہ نکاسی ؛ وہ رقم جس کی وجہ سے کوئی ڈرافٹ اپنے متعلقہ کھاتے کی بقا یا رقم سے تجاوز کرتا ہو ۔

Overdraught/ -draft : (n) آتش دان ؛ چولہے یا بھٹی کے اوپر سے گذرتی ہوئی یا اس میں (اوپر سے) داخل ہوتی ہوئی ہوا ۔

Overdraw : (v) (١) اوور ڈرافٹ کرنا ؛ (بینک میں موجود اپنی رقم سے) زائد نکال لینا ؛ زائد وصولی یا زائد براری کرنا۔ (٢) نقاشی یا تصویر کشی میں حد سے بڑھ جانا ؛ مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ مبالغہ آرائی کرنا ؛ رنگ آمیزی کرنا۔

Overdrawal : (n) (معاشیات) زائد زر براری۔

Overdress : (n) ایک قسم کا چغہ یا لبادہ جس کے ساتھ اندرونی پوشاک کا کچھ حصہ بھی جڑا ہوا ہوتا ہے۔

Overdress : (v) (١) حد سے زیادہ بناؤ سنگار کرنا ؛ حد سے زیادہ کپڑے پہنانا یا پہن لینا ؛ بہت زیادہ آراستہ ہونا یا کرنا ؛ حد سے زیادہ سنوارنا یا سنورنا۔ (٢) بہت زیادہ مسالے ملا دینا ؛ بہت زیادہ پکا دینا ؛ کھرا کر دینا ؛ جلا دینا ۔

Overdrive : (n) موٹر گاڑی کا وہ میکا نزم جو گاڑی کو دھکیلنے والے دھرے کو اس کے گیئر بکس والے دھرے کی بہ نسبت زیادہ تیز گھماتا ہے ؛ (نیز مجازاً)۔

Overdrive : (v) (١)(گھوڑے کو) دوڑا کر تھکا مارنا ؛ (آدمی کو) کام لیتے لیتے شل کر دینا ؛ (کسی چیز سے) اتنا کام لینا کہ وہ بیکار ہو کر رہ جائے ؛ حد سے زیادہ یا قوت سے زیادہ کام لینا۔ (٢) اتنا تیز (گاڑی) چلانا کہ بے قابو ہو جائے (خصوصاً رات میں) اور جسے حد بصارت کے اندر (کوئی چیز سامنے آنے یا راہ تنگ ہونے کی حالت میں) روکنا ممکن نہ ہو ۔

Overdue : (a) خارج المیعاد ؛ زائد المیعاد ؛عارض المیعاد(چک، ہنڈی وغیرہ جس کی تاریخ گذر گئی ہو)۔

Overfall : (n) (١)(جہاز رانی) سمندر کا پر شور حصہ (جہاں پانی زیر آب چٹان یا متخالف موجوں سے ٹکراتا ہے) ۔ (٢) بند کا دہانہ یا مخرج (نہر کی سطح اونچی یا نیچی کرنے کے لئے)؛ (ماقوائیات) دہانہ بند ؛ مخرج بند ۔ (٣) سمندر کی تہ میں دفعتاً نشیب آنا ؛ (بحر غرافیہ) گرارا ۔ (٣) آبشار ۔

Overfault : (n) (ارضیات) الٹا شگاف ؛ پرت کی ساخت میں نقص یا شگاف جو اوپر کی طرف مائل ہو ۔

Overfish : (v) اس قدر مچھلیاں پکڑنا کہ تالاب (وغیرہ) خالی ہو جائے ۔

Overflourish : (v) اُگے ہوئے پودوں یا پھولوں سے ڈھک دینا ؛شگفتگی و شادابی سے ڈھک دینا یا ڈھک لینا۔

Overflow meeting : (n) زائد جلسہ(ان لوگوں کا جنہیں کانفرنس کے پنڈال وغیرہ میں جگہ نہ ملے ؛ مقام جلسہ کی سمائی سے زائد عوام لگا جلسہ ۔

Overflush : (v) بہت زیادہ پانی نکال دینا یا بہا دینا ؛ (کھیت وغیرہ میں) بہت زیادہ پانی بھر دینا۔

Overflush : (a) بہت زیادہ پانی بھرا ہوا ۔

Overfly : (v) (١) اڑ کر اوپر سے گذرنا یا پار ہونا۔(٢) اڑ کر اُس پار ہو جانا ؛ اڑ کر آگے نکل جانا ؛ (کسی معینہ حد سے) آگے تک اڑ کر چلا جانا ۔ (٣) پرواز میں سبقت لے جانا ؛ بلند تر ؛ تیز تر یا دور تر اڑنا ۔

Overfold : (n) (ریاضیات) پرت کی الٹی تہ جس میں بیچ کا حصہ دوہرا ہو کر نیچے سے اوپر آ جائے ؛ لف بالا ۔

Overfold : (v) (١) اوپر سے لپیٹنا ؛ ڈھانکنا۔(٢) (ریاضیات) (پرت کا) دھکلا کر اوپر اٹھ جانا ۔

Overforward : (a) بے حد مستعد ؛ ضرورت یا معمول سے زیادہ ذہین اور سمجھدار ؛ بیحد شوخ ؛ گستاخ ؛ دلیر ؛ چالاک ؛

چلتا ہوا ۔

Overforwardly : (adv.) ضرورت سے زیادہ مستعدی کے ساتھ :انتہائی چالاکی سے : بے حد شوق کے ساتھ ۔

Overforwardness : (n) بے حد مستعدی: ضرورت یا معمول سے زیادہ ذہانت یا سمجھداری : ضرورت سے زیادہ شوخی یا چالاکی ۔

Overframe : (adv.) چوکھٹے سے باہر (ٹیلی ویژن تحریر میں ہدایت کے طور پر استعمال ہوتا ہے : یہ بتانے کے لئے کہ آواز کا منبع (اسپیکر وغیرہ) پردے پر نظر نہیں آتا ۔

Overfree : (a) حد سے زیادہ آزاد : ضرورت سے زیادہ آزاد۔

Overfreedom : (n) حد سے زیادہ یا ضرورت سے زیادہ آزاد ہونا : غیر معمولی آزادی : حد سے زیادہ ڈھیل : چھوٹ یا بیباکی ۔

Overfreely : (v) حد سے زیادہ آزادی کے ساتھ : ضرورت سے زیادہ آزادانہ یا بے باکانہ ۔

Overfreight : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا : حد سے زیادہ بار کرنا۔

Overfreight : (n) حد سے زیادہ بار یا بوجھ : حد سے زیادہ لدائی۔

Overfront : (n) Inverness coat کا بغلی پلّہ ۔

Overfull : (a) [OE. 'Oferfull.'] بہت ہی یا حد سے زیادہ بھرا ہوا : بالکل لبالب یا لبریز ۔

Overfullness ; (n) حد سے زیادہ بھرا ہوا ہونے کی حالت : لبریزی ۔

Overgang : (v) [OE.'Ofergangan.'] (اسکاٹستانی اور شمالی بول چال) (۱) قابو پانا :قابو میں کرنا: زیر کرنا : مغلوب کرنا : بے بس کرنا: دبا لینا : قابو میں لانا : غالب آنا : چھا جانا : بے قابو کر دینا ۔ (۲) پار کرنا : عبور کر جانا : سیل تند کی مانند گذرنا یا پھیل جانا : تاخت و تاراج کرنا : لوٹنا اور برباد کرنا تیزی سے (کسی چیز کے اوپر سے) گذرنا ۔ (۳) (کسی حد سے) آگے نکل جانا : تجاوز کرنا : آگے بڑھ جانا۔

Overget : (v) (۱) (بول چال) جا پکڑنا : جا لینا : برابر آجانا۔ (۲) (کسی ناگوار کام کو) ختم کرنا : (مشکل پر) غالب آنا : (بیماری وغیرہ سے) نجات پانا : شفایاب یا صحتیاب ہونا ۔

Overgild : (v) [OE.'Ofergyldan.'] ملمع کرنا : ملمع کا خول چڑھانا : (مجازاً) سنہرا رنگ چڑھانا : سنہری جھلک پیدا کرنا ۔

Overgilt : (a) ملمع کاری کیا ہوا : جس میں سنہری چمک پیدا کی گئی ہو ۔

Overgo : (v) [OE. 'Ofergan.'] (۱) (دیوار ، ندی ،احاطے وغیرہ کو) پار کرنا : پھاند جانا : عبور کرنا ۔ (۲) (مجازاً) (حد سے) تجاوز کرنا : آگے بڑھ جانا : سبقت لے جانا : بازی لے جانا ۔ (۳) (بول چال) غالب آنا : قابو میں کرنا : بے بس کرنا : دبا لینا : بے قابو کرنا : مجبور کرنا : زیر کرنا : پست کرنا : حاوی ہونا : چھا جانا ۔ (۴) (بول چال) سیل تند کی مانند اوپر سے گذر جانا یا پھیل جانا : تاخت و تاراج کرنا ۔ (۵) اس سرے سے اس سرے تک سفر کرنا : کسی مقام سے ہو کر گذرنا : غرضاً پار کرنا ۔ (۶) (بہ لحاظ زمانہ) گذر جانا : بیت جانا : (بول چال) ۔

Overgovern : (v) بیکار قواعد و ضوابط نافذ کرنا : فضول ضابطوں کی پابندی کرانا : ناقابل برداشت حد تک قابو میں رکھنا یا مطیع رکھنا ۔

Overgovernment : (n) نا قابل برداشت حکومت : ناقابل برداشت حکمرانی ۔

Overground : (a) بالا ئے زمین واقع : بالائے سطح :زمین کے اوپر کا (زیر زمین کی ضد) ۔

Overgrow : (v) (۱) (بیل کا دیوار وغیرہ پر) پھیل جانا :ڈھک لینا : چھا جانا ۔ (۲) بہت زیادہ بڑھ جانا ۔ (۳) بہت زیادہ لمبا ہو جانا : بہت بڑا ہو جانا : غیر ضروری طور پر بڑھ جانا ۔ (۴) دوسرے سے زیادہ بڑھ جانا :حد سے زیادہ بڑھ جانا : اتنا بڑھ جانا کہ کپڑے تنگ یا چھوٹے ہو جائیں ۔

To overgrow oneself : حد سے زیادہ بڑھ جانا : مناسب قامت سے زیادہ بڑھ جانا : قوت و توانائی میں کم مگر قد میں بہت زیادہ ہونا ۔

Overgrowth : (n) (۱) حد سے زیادہ یا انتہائی تیز روئیدگی یا بالیدگی : کثرت روئیدگی : وہ روئیدگی ، پودے یا بیلیں جنھوں نے دیوار وغیرہ کو ڈھک لیا ہو : (نباتیات) بر بالیدگی :کثیر بالیدگی ۔ (۲)کسی چیز کے اوپر کو بالیدگی یا ابھار : (طب) زائدہ : بر آمدگی ۔ (۳) (کسی عضو کا) اتنا بڑھ جانا کہ صحت کے لئے مضر ہو ۔

Overhair : (n) سموردار چوپایوں میں وہ لمبے اور کھڑے بال جو نرم روئیں یا سمور سے زیادہ بڑے ہو جاتے ہیں۔

Overhand : (adv.) (۱) اس طرح جس میں ہاتھ اس چیز کے اوپر ہو جسے وہ پکڑے ہو : جس میں ہاتھ پہلی کے اوپر ہو : (کرکٹ ، ٹینس وغیرہ میں) جس میں ہاتھ کندھے سے

اونچا اٹھ جائے ۔ (۲) (کان کنی) نیچے سے اوپر کی طرف ۔ (۳) (سوئی کا کام) (دوسروں کو ملا کر) اس طرح (سینا) کہ ٹانکوں کے درمیان کا تاگا کناروں کے اوپر ہو ۔

To sew overhand : دو کناروں کو ملا کر اس طرح سینا کہ ٹانکوں کے درمیان کا تاگا کناروں کے اوپر ہو ؛ ترپنا ۔

Overhand : (a) (۱) (کرکٹ ، ٹینس وغیرہ) کندھے سے اوپر ہاتھ اٹھا کر کی ہوئی (بولنگ)۔ (۲)(کان کنی) نیچے سے اوپر کی طرف کھدائی کی ہوئی (درز) ۔(۳) دیکھو Overhand knot ۔

Overhand knot : (n) معمولی گرہ جور سے ، دھاگے وغیرہ کے سرے پر ڈال دی جاتی ہے تا کہ اس کے تار نہ ادھڑنے پائیں ۔

Overhang : (n) آگے کو نکلا ہوا : آگے نکلا ہوا حصہ؛جھکاؤ؛جھکاؤ کی مقدار ؛ (خصوصاً جہاز رانی) سطح آب کے اوپر جہاز کے آگے اور پیچھے کے اوپری حصوں کا آگے نکلا ہوا ہونا؛ (طیر وغیرہ) پیش آمدگی ؛ بڑھاؤ ۔

Overhang : (v) (۱) (کسی چیز کے) اوپر لٹکانا ؛ آویزاں کرنا ؛ اوپر سے آگے کو نکالنا ؛ آگے کو نکلا ہوا ہونا ؛ آگے کو نکلا ہوا اور کسی چیز پر سایہ کئے ہونا ؛ بنیاد سے آگے کو نکلا ہوا ہونا ؛ اوپر میں آگے کو نکلا ہوا ہونا ۔ (۲) (مجازاً) سر پر کھیلنا ؛ منڈ لانا ؛ سر پر لٹکنا ۔ (۲) اوپر سے سہارا دیئے ہوئے ہونا ؛ اوپر سے سہارا دینا ۔

Overhaul : (v) [G. Uberholen. '] (۱) (جہاز رانی) (رسّے کو) الٹا کھینچ کر ڈھیلا کرنا ؛ اس طریقے سے جر ثقیل کی چرخیوں کو کھولنا یا الگ کرنا ۔ (۲)(مرمت کی غرض سے) تفصیلی جائزہ لینا یا معائنہ کرنا ؛ معائنے کے لئے اجزا علاحدہ کرنا ؛ ایک ایک جز کو علاحدہ کر کے معائنہ کرنا ؛ معائنہ کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا ۔ (۳) (جہاز رانی) جا لینا ؛ جا پکڑنا ؛ برابر پہنچ جانا ۔

Overhaul : (n) تفصیلی جانچ پڑتال ؛ تفصیلی جائزہ یا معائنہ (خصوصاً مرمت کے خیال سے) ۔

Overhauling : (n) دیکھو Overhaul

Overhead : (adv.) (۱) سر کے اوپر ؛ بالائی سر ؛ سر پر ؛آسمان پر یا ہوا میں (خصوصاً سمت الراس میں یا اس کے قریب) ؛ اوپری منزل پر ؛ اوپر کی منزل میں ؛ بالائی فرش پر؛ بالائی منزل پر ۔ (۲) اس طرح کہ بالکل ڈوبا ہوا ہو ؛ (مجازاً) غرق بلا ؛ غرق مصائب ؛ سر سے اونچا ۔

Overhead : (a) (۱)اوپری ؛ بالائی ؛ اوپر کا ؛ سر سے اوپر یا زمین سے کچھ فاصلے پر واقع یا رکھا ہوا ؛ (گاڑی کے اس انجن پر بھی اطلاق ہوتا ہے جو گاڑی کے اوپر ہوتا ہے) ۔ (۲) ایک دوسرے پر قابل اطلاق ؛ عام ؛ اوسط ۔

Overhead charges/ -costs : (n) عام اخراجات ؛ بالا اخراجات ؛ بالائی لاگت ؛ اوپری لاگت ؛ عام لاگت ؛ (مثلاًکرایہ ، روشنی ، گرمی یا دفتر کے عام اخراجات جنہیں کسی مخصوص کام یا کسی مخصوص شے پر نہیں لادا جا سکتا) ۔

Overhead gear : (n) اوپری گیئر ؛ گاڑی کا گیئر جو اوپر ہوتا ہے ۔

Overhead steam-engine : وہ بھاپ انجن جس کا استوانہ چکر کھنی (دھری کا وہ حصہٗ پرزہ جو اسے عمودی اور دوری دونوں قسم کی حرکتیں دے سکتا ہے)کے اوپر ہوتا ہے اور چلانے والی حرکت نیچے کی طرف ہوتی ہے ۔

Overhear : (v) [OE. 'Oferhieran. '] (۱) سن پانا ؛ اتفاقیہ طور پر سن لینا ۔ (۲) چھپ کر سن لینا ۔

Overheat : (v) حد سے زیادہ گرم کرنا ؛ بے حد گرم کر دینا ۔

Overheated : (a) (فلزیات) پر تپیدہ ؛ حد سے زیادہ گرم ۔

Overhouse : (a) (ٹیلی گراف یا ٹیلی فون کے تار) جو مکانوں کے اوپر سے اور ان کی چھتوں کے سہارے گذرتے ہوں ، جو بجائے کھمبوں کے مکان پر لگے ہوئے ہوں ۔

Overhoused : (a) اپنی ضرورت سے بڑے مکان میں رہنے والا ۔

Overhung : (a) (۱) اوپر سے آگے کو نکلا ہوا ۔(۲) جس کے اوپر کوئی چیز لٹکی یا ٹنگی ہو ۔ (۳) لٹکا ہوا ؛ معلق ؛ اوپر سے سہارا لئے ہوئے ۔ (۴) (گوشت وغیرہ) جو بہت دنوں تک لٹکا کر رکھا گیا ہو ؛ جو زیادہ عرصہ تک ٹنگا رہا ہو ۔

Overjoy : (v) (۱) (خوشی سے) بے خود کر دینا ؛ حد سے زیادہ خوش کرنا ۔ (۲) بے انتہا خوش ہونا ؛ باغ باغ ہونا ؛ پھولے نہ سمانا ؛ بے حد مسرور ہونا ؛ جامے میں نہ سمانا ۔

Overjoyed : (a) بے حد مسرور ؛ بے انتہا خوش ؛ انتہائی باغ باغ ۔

Overjump : (v) (۱) کودنا ؛ چھلانگ لگانا ؛ جست لگانا ؛ اچھلنا ؛ (مجازاً) حد سے گذر جانا ؛(انسانی عقل ، تجربے ، بیان ، قیاس وغیرہ سے) ماورا ہونا ؛ مافوق ہونا ؛ پرے ہونا ۔ (۲) بہت لمبی جست لگانا ؛دور دور تک پھاند جانا ۔ (۳) اپنی قوت سے زیادہ لمبی جست لگانا ؛ طاقت سے زیادہ(دور تک) پھاند جانا ؛ کودنے میں رگ

پٹھا چڑھالینا۔

Overkill : (n) دشمن کو پوری طرح تباہ کرنے کی طاقت سے زائد اندازہ : ضرورت سے زیادہ تباہی وغارتگری(کی صلاحیت) نیز توصیفاً۔

Overknee : (a) گھٹنے سے اوپر تک کا۔

Overlade : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا۔

Overladen : (a) حد سے زیادہ لدا ہوا۔

Overland : (n) (مقامی) انگلستان کے مغرب میں کسی مخصوص حق ملکیت کے ذریعہ حاصل شدہ زمین۔

Overland / Over land : (adv.) خشکی کے راستے سے:برّی راستے سے۔

Overland : (a) خشکی کا یا کچھ سمندر اور کچھ خشکی کا (رستہ) (خصوصاً یورپ سے ہندوستان کا بحیرۂ روم سے ہو کر بحرالکاہل سے بحر اوقیانوس تک بر اعظم یورپ سے ہو کر)۔

Overland : (v) (آسٹریلیا) ایک آسٹریلیائی نو آبادی یا دارالحکومت سے دوسری نو آبادی یا دارالحکومت تک خشکی کی راہ سے سفر کرنا (خصوصاً مویشیوں کو ہنکاتے ہوئے)۔

Overland route : (n) (۱) برّی راستہ : خشکی راستہ : راستہ جو کلیتاً برّی ہو یا کچھ برّی ہو (خصوصاً) بحیرۂ روم سے ہو کر (یورپ سے) ہندوستان کا راستہ۔ (۲) امریکا میں بحر اوقیانوس سے مغرب کو بحرالکاہل تک براعظم سے ہو کر گذرنے والا کوئی بھی راستہ۔

Overland traffic : (n) برّی حمل و نقل۔

Overlander : (n) (آسٹریلیا) ایک آسٹریلوی نو آبادی یا دارالحکومت سے دوسری نو آبادی یا دارالحکومت تک خشکی کی راہ سے سفر کرنے والا (خصوصاً مویشیوں کو ایک نو آبادی سے دوسری نو آبادی تک یا کہیں دور دراز مقام کو لے جانے والا۔

Overlap : (n) تراکب : بر پوشی : وہ حصہ یا جگہ جہاں ایک کنارے (یا چیز) دوسرے کنارے (یا چیز) پر رکھا ہوتا ہے (خصوصاً ارضیات میں) نیز توصیفاً۔

Overlap : (v) (۱) ایک چیز کا (دوسری چیز کے) ایک حصے کو ڈھکنا : اوپر ہونا : جزوی طور پر ڈھکنا۔ (۲) پورا ڈھک کے باہر نکلا رہنا۔ (۲) (دو یا زیادہ چیزوں کا) ایک حد تک ایک دوسری کو ڈھکنا : ایک حد تک منطبق ہونا۔ (۴) (ارضیات) نئی پرت یا چٹان کا پھیل کر پرانی چٹان کو پوری طرح ڈھک لینا بلکہ اس کے کناروں سے آگے پھیل جانا۔ (۵) اوپر سے لپیٹ لینا یا گھیر لینا۔

Overlap joint : (n) جوڑ جہاں ایک کنارا دوسرے کنارے پر چڑھا ہوتا ہے : (ارضیات) متراکب طبقات۔

Overlapping : (n) (نفسیات، فلسفہ) بر پوشی : تراکب۔

Overlapping : (a) (۱) متراکب : بر پوش۔ (۲) ملوان۔

Overlapping shift : (n) ملوان نوبت۔

Overlay : (n) (۱) (اسکاتستان) گلو بند : نکٹائی۔ (۲) (طباعت) مطلوبہ شکل اور سائز میں تراشا ہوا کاغذ کا ٹکڑا جسے بعض جگہوں پر چھپائی کو زیادہ شوخ بنانے کے لئے چھاپنے والی تختی پر چپکا دیا جاتا ہے۔ (۳) پوشش : کوئی چیز جو کسی چیز پر بطور غلاف ڈالی ہوئی ہو : (خصوصاً) چھوٹا میز پوش : پوش تہ۔

Overlay : (v) (۱) کسی چیز پر کسی چیز کو پھیلا کر (اس کی) سطح کو ڈھک دینا : اوپر سے ڈھک دینا : سطح کو ڈھک دینا : سطح پر پھیلا نا : بچھانا۔ (۲) (طباعت) چھپائی تختی پر مطلوبہ شکل اور سائز کا کاغذ چپکا نا (تاکہ بعض جگہوں پر طباعت زیادہ شوخ ہو) : تہ جمانا۔ (۳) کسی چیز کے اوپر پڑا ہونا یا رکھا ہونا (اس کے لئے صحیح طور پر Overlie مستمل ہے)۔ (۴) اوپر پڑ کر یا چھا کر دبا دینا : چھپا دینا : (آگ) بجھا دینا : دم گھونٹ کر مار ڈالنا۔ (۵) اوپر رکھے ہوئے وزن جیسا اثر ڈالنا : دبانا۔ (٦) کسی حرکت یا عمل کو روکنے کے لئے اسے اوپر سے دبانا : اوپر سے دبا کر روک دینا : گلا گھونٹنا : دم گھونٹ کر مار ڈالنا : آگ پر راکھ ڈال کر بجھانا یا دبانا۔ (۷) (جہاز رانی) (کسی جہاز سے ہوکر) دوسرے جہاز کا رسہ یا لنگر گذارنا : روکنے، رگڑ پیدا کرنے یا غصہ دلانے کے لئے۔

Overlayer : (n) کسی چیز کے اوپر پڑی ہوئی چیز : غلاف : اوپر سے دبانے والا یا دبا کر روکنے والا : سطح پر پھیلی ہوئی یا جچھی ہوئی چیز۔

Overlaying : (n) اوپر سے ڈھک لینے، چھا جانے یا دبا دینے کا عمل : سطح پر پھیلی ہوئی چیز : غلاف : پوشش۔

Overleaf : (adv.) دوسرے صفحہ پر : (کاغذ کے) ورق کی دوسری جانب یا پشت پر : پس ورق : پشت پر : پشت کے صفحے پر۔

Overleap : (v) [OE. 'Oferhleapan. '] : (۱) (کسی چیز کے) اوپر سے

Overlooker : (n) نگاہ رکھنے والا : نگہبان : نگراں : دیکھ بھال کرنے والا : جاسوس : مخبر : خفیہ نویس ۔

Overlord : (n) سردار : فرماں روا : حاکموں کا حاکم : امیر الامراء ۔

Overlordship : (n) سرداری : فرماں روائی : اقتدار اعلیٰ ۔

Overly : (a) (بول چال) مغرور : متکبر : خود پسند : دوسروں کو حقیر سمجھنے والا ۔

Overlying : (n) بر افتادگی : اوپر پڑا ہونا یا چڑھا ہونا ۔

Overman : (n) (۱) منصف : حکم : ثالث : پنچ : بھولیا : فیصلہ کرنے والا ۔ (۲) فورمین : مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے : مزدوروں کا نگراں (خصوصاً کوئلیری میں) ۔ (۳) (فلسفہ) مافوق الانسان (جو اخلاق معیار سے بالا تر ہو) ۔

Overman : (v) ضرورت سے زیادہ آدمیوں کو بلا لینا یا اکٹھا کر لینا : (کسی کام پر) ضرورت سے زیادہ آدمیوں کو لگا دینا ۔

Overmantle : (n) منقش الماری جو آتش دان کے اوپر بنی ہو ۔

Overmantle : (v) لبادے یا چوغے کی طرح اوپر سے اوڑھا دینا یا ڈھانپ دینا ۔

Overmany : (a) تعداد میں بہت ہی زیادہ ۔

Overmasted : (a) زیادہ مستولوں والا : بھاری مستولوں والا ۔

Overmaster : (v) (۱) پوری طرح غالب آنا : قابو پانا : حاوی ہونا : فائق ہونا ۔ (۲) فتح کرنا : قدرت حاصل کرنا : عبور حاصل کرنا : کامل دسترس یا دستگاہ پیدا کرنا (خاص کر مجازی معنوں میں) ۔

Overmasteringly : (adv.) پوری طرح حاوی ہو کر : کامل دسترس پیدا کر کے : کامل دستگاہ کے ساتھ ۔

Overmatch : (n) (۱) (شخص یا چیز) جو اپنے مقابل سے بڑھ کر ہو : (کسی کے مقابلے میں) زیادہ قوی ، چالاک وغیرہ ۔ (۲) طاقتور (اب شاذ مستعمل ہے) ۔ (۳) زبر ۔

Overmatch : (v) (۱) (کسی کے مقابلے میں) زیادہ قوی، چالاک وغیرہ ہونا : فائق ہونا : زیادہ بڑھا ہوا ہونا : طاقتور ہونا ۔ (۲) غالب آنا : شکست دینا : مات کرنا (زیادہ قوت یا بہتر مہارت کی بنا پر) : سبقت لے جانا : بازی مارنا ۔

اُس پار یا دوسری جانب پھلانگ جانا : کود جانا : پھاندجانا ۔ (۲) نظر انداز کرنا : چھوڑ دینا : چھوڑ کرگذر جانا : قلم انداز کرنا : چھوڑ جانا (شعوری طور پر) ۔ (۳) غالب آنا ۔

Overlearning : (n) (نفسیات) بیش تعلّم ۔

Overleather : (n) جوتے کا اوپری چمڑا : کھنڈا ۔

Overlie : (v) (۱) اوپر پڑا رہنا : چھایا رہنا : ڈھکے ہوئے رہنا (پورے کو یا کسی حصے کو) : (ارضیات) ایک پرت کا دوسری پرت پر چڑھا ہوا ہونا : متراکب ہونا ۔ (۲) اوپر چڑھ کر دبانا : اوپر پڑ کر یا چھا کر دبا دینا یا چھپا دینا : آگ پر راکھ ڈال کر دبانا یا بجھانا : دم گھونٹ کر مار ڈالنا : اوپر لیٹ جانا : بچے کے اوپر اس طرح لیٹنا کہ دم گھٹ کر مر [illegible] ۔

Overlive : (v) (شاذ) (کسی شخص کے یا معینہ مدت کے بعد) زندہ رہنا : باقی رہنا ۔

Overload : (n) (۱) حد سے زیادہ بوجھ : زائد بوجھ ۔ (۲) (برقیات) اوور لوڈ : زائد لوڈ ۔

Overload : (v) حد سے زیادہ بوجھ لادنا : زائد بوجھ لادنا : حد سے زیادہ بار کرنا : (بندوق میں) حد سے زیادہ یا ضرورت سے زیادہ بارود وغیرہ بھر دینا ۔

Overload capacity : (n) (برقیات ، انجینئرنگ) زائد لوڈسہار قوت ۔

Overload relay : (n) (برقیات ، انجینئرنگ) زائد لوڈ ریلے ۔

Overlook : (n) (۱) ایک طائرانہ نگاہ : جائزہ : معائنہ : ملاحظہ : نگرانی : انتظام ۔ (۲) بلندی سے نشیب کا منظر یا نظارہ : وہ جگہ جہاں ایسا منظر ہو ۔ (۳) گرم خطوں کا پھلی دار اور بل دار پودا ۔ (۴) سہو : فرو گذاشت : بھول چوک ۔

Overlook : (v) (۱) (کسی چیز کی) اوپر سے دیکھنا (تاکہ آگے کی چیز نظر آئے) ۔ (۲) (کسی چیز سے) آگے دیکھنا : پرے دیکھنا : (اس طرح) اسے نہ دیکھ سکنا : چشم پوشی کرنا : نظر انداز کرنا : اغماض کرنا : نگاہ نہ پانا ۔ (۳) چھوڑ جانا : نظرانداز کرنا : نظر نہ پڑنا ۔ (۴) بلندی سے نشیب کو دیکھنا : (کسی جگہ پر) ایسا منظر ہونا (جس کا نظارہ بلندی سے کیا جا سکے) : (کسی جگہ کا) منظر سامنے ہونا : ایسا جائے وقوع جس سے نظارہ کیا جا سکے ۔ (۵) (کسی مقام سے) زیادہ اونچا ہونا : بلندی پر واقع ہونا ۔ (۶) نگرانی کرنا : دیکھ بھال کرنا : نگہداشت کرنا : نگاہ رکھنا ۔ (۷) بری نظر سے دیکھنا : نظر لگانا : جادو کرنا : مسحور کرنا ۔

Overmature : (a) بیش پخت : زیادہ پختہ کار۔

Overmodulation : (n) (ریڈیو) زائد زیر و بم ۔

Overmuch : (a) بہت زیادہ : حد سے زیادہ۔

Overmuch : (adv.) حد سے زیادہ : انتہا سے بڑھ کر : بہت زیادہ ۔

Overmuchness : (n) زیادتی : کثرت : بہتات : افراط : فراوانی : حد سے زیادہ ہونا ۔

Overnight/Over night : (adv. phr.) (۱) رات سے پہلے: گذشتہ شام کو:کسی خاص دن سے پہلے کی شب کو:اگلی شب کو۔ (۲) رات کا :شبانہ :راتوں رات (کا)؛ رات کی رات ۔

Overnight/Over night : (n) شب گذشتہ : گذشتہ رات۔

Overnight : (n) شب گذشتہ کا : اگلی رات یا راتوں رات کیا ہوا؛راتوں رات واقع ہونے والا۔

Overpaint : (v) بہت زیادہ رنگ چڑھا دینا: حد سے زیادہ رنگ چڑھانا: (مجازاً) مبالغہ آرائی کرنا؛ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا : حد سے زیادہ زور دے کر کہنا ۔

Overparted : (a) جسے بے حد مشکل پارٹ ادا کرنا ہو : جسے بہت سارے پارٹ ادا کرنے ہوں۔

Overpass : (v) (۱)گزار دینا؛ بسر کر دینا؛ انجام کو پہنچنا۔ (۲) پار نکل جانا : پرے نکل جانا؛عبور کرنا؛آگے بڑھ جانا؛ گزر جانا۔ (۳)سبقت لے جانا؛ بازی لے جانا؛آگے بڑھ جانا۔ (۴) غالب آنا۔ (۵)مقدار ،نرخ،قیمت ، خوبی وغیرہ میں بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا؛تجاوز کر جانا۔

Overpass : (n) سڑک یا شاہراہ جو کسی دوسری شاہراہ کو پل کے ذریعہ پار کرتی ہے: اوور پاس روڈ۔

Overpassed/Overpast : (a) گزشتہ؛گزرا ہوا؛رفتہ ۔

Overpay : (v) (کسی شخص کو) واجبی معاوضے یا تنخواہ سے زیادہ دینا؛ واجب سے زیادہ ادا کرنا؛ استحقاق سے زیادہ ادا کرنا۔

Overpay/Overpayment : (n) (واجبی سے) زیادہ معاوضہ یا تنخواہ؛ زائد تنخواہ : زائد ادائی؛ (معاشیات) بیش ادائی۔

Overpeer : (v) (۱) جھانکنا؛غور سے دیکھنا؛اوپر سے دیکھنا؛ اوپر سے آرپار یا اس پار دیکھنا۔ (۲)اوپر اٹھانا :نمودار ہونا؛ نکلنا؛نظر آنا؛ دکھائی دینا؛(گرد و پیش سے) بہت بلند ہونا؛ بڑھ جانا؛ممتاز و برتر ہونا؛(عقاب وغیرہ کا) فضا میں اونچا ہونا؛ ہوا میں کھڑا ہوا ہونا۔

Overpitch : (v) (۱) (کرکٹ) بالر کی گیند کو اس طرح پھینکنا کہ وکٹ کے بالکل قریب گرے۔ (۲) (مجازاً) مبالغہ کرنا؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا؛ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا۔

Overplus : (n) زائد مقدار؛بچی ہوئی مقدار؛زیادتی؛ افزونی؛افراط۔

Overplus : (a) زائد؛بچا ہوا؛فاضل؛زیادہ۔

Overpoise : (v) بھاری پڑنا؛وزن میں زیادہ ہونا؛ (دوسری چیز سے) وزن میں بڑھ جانا؛ پلّہ سبک کر دینا۔

Overpoise : (n) وہ چیز جو وزن میں (دوسری چیز سے) زیادہ ہو؛ نسبتاً زیادہ وزن ہونا۔

Overpot : (v) (پودے کو) ضرورت سے زیادہ بڑے گملے میں لگانا۔

Overpower : (v) (۱) قابو میں لانا؛ دبا لینا؛مغلوب کرنا؛ بے بس کرنا ۔ (۲) غالب آجانا؛ چھا جانا۔ (۳) (گرمی وغیرہ یا جذبات کا) بہت سخت یا شدید ہونا۔

Overpowering : (a) شدید :بے پناہ؛ناقابل مزاحمت۔

Overpoweringly : (adv.) شدت سے؛ بے پناہ طور پر۔

Overpraise : (v) حد سے زیادہ تعریف کرنا؛ تعریف میں غلو کرنا؛ استحقاق سے زیادہ تعریف کر دینا۔

Overpress : (v) (۱) جبر کرنا؛ ظلم کرنا؛ زیر کرنا؛ دبانا؛ (کسی پر) حد سے زیادہ دباؤ ڈالنا۔ (۲) (کسی بات پر) بے جا زور دینا یا اڑے رہنا۔

Overprize : (v) بے حد بیش قیمت سمجھنا؛ اصلیت سے زیادہ تخمینہ لگانا؛(چیز کی مالیت کا) حد سے زیادہ انداز کرنا؛ اصلیت سے بڑھ کر سمجھنا؛ حد سے زیادہ گراں بہا سمجھنا۔

Overrate : (v) اصلیت سے بڑھ کر سمجھنا؛ استحقاق سے زیادہ قدر کرنا؛ (شرح مقرر کرنے کے لئے) چیز کی مالیت کا حد سے زیادہ اندازہ کرنا۔

Overreach : (n) (۱) کسی چیز یا شخص کے پاس پہنچ ، رسائی ، دسترس۔ (۲) بے حد لمبی دسترس یا رسائی۔ (۳) (گھوڑے کا) چلنے میں پچھلے پاؤں سے اگلے پاؤں میں ٹھوکر لگنا : اس طرح لگی ہوئی ٹھوکر یا اس سے پیدا شدہ زخم۔ (۴)چرکا : دھوکا؛ فریب؛ چل ۔

Overreach : (v) (۱) غالب آنا ؛ چھا جانا؛ آگے بڑھ جانا؛ بلند ہو نا؛ اوپر اٹھنا؛ وقت یا مقام میں بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا۔ (۲) جا لینا؛ جا پہنچنا ؛ آ لگنا؛ برابر آ جانا؛ حاصل کرنا؛ عمر کو پہنچنا۔ (۳)(کسی چیز کے) اوپر پھیل جانا؛ چھا جانا؛ ڈھانك لینا؛نیز ڈھك جانا ۔ (۳) (گھوڑے وغیرہ کا) (چلنے یا دوڑنے میں) پچھلے پاؤں سے (سامنے والے) اگلے پاؤں (کی ایڑی) میں ٹھوکر مارنا اور اسے مجروح کر دینا؛(نیز عموماً) پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کے سامنے یا برابر میں لانا۔ (۵) ور ہونا؛ غالب آنا؛ سبقت رکھنا ؛ بازی لے جانا ؛ مات دے دینا؛ چرکا دینا؛ بے و قوف بنانا؛ جل دینا؛ فریب دینا ۔ (۶) (چالاکی میں) کان کاٹنا؛ مات کرنا۔ (۷) دور تك پہنچنا؛ لمبی رسائی ہونا؛حد سے آگے بڑھنا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Overreacher : (n) چلتا پرزہ ؛چرکا دینے والا ؛بہت چالاك؛جل دینے والا ؛ فریب کار۔

Overrecovery : (n) (معاشیات) زائد وصولی۔

Override : (v) (۱) گھوڑے پر سوار ہو کر گزرنا؛ سوار ہو کر عبور کرنا (ادبی و مجازی)۔ (۲) (ملك کو) تاخت و تاراج کرنا؛ فوج لے کر گزرنا۔ (۳) گھوڑے کی ٹاپوں تلے کچلنا؛ پامال کرنا۔ (۳) (فرمان ، حق وغیرہ کو) پیروں تلے کچلنا؛ پامال کرنا ؛ ٹھکرا دینا؛رد کرنا؛ خاطر میں نہ لانا ؛ پر وا نہ کرنا؛ خود کو (اس سے) برتر سمجھنا۔ (۵) گھوڑے کو دوڑا کر تھکامارنا۔(۶) افسر ہونا؛ افسری کا دعویٰ کرنا۔ (۷)(کسی چیز پر) پھیل جانا یا چڑھ جانا؛ (کسی چیز کے) اوپر سے گذرنا؛ پھسل کر اوپر چڑھ جانا؛(جرّاحی) ٹوٹی ہڈی کا دوسری ہڈی پر چڑھ جانا۔

To override ones commission : حدود اختیار سے باہر قدم نکالنا؛منصبی فرائض کی تعمیل میں من مانی کرنا؛ بالا دستی سے کام لینا ۔

Overruler : (n) مسترد یا نا منظور کرنے والا؛نظم و ضبط یا گرفت رکھنے والا ؛ احکام یا ہدایت جاری کرنے والا۔

Overruling : (n) (قانون) ردّ فیصلہ۔

Overrun : (v) (۱) (ملك کو) تاخت و تاراج کرنا؛ لوٹنا اور برباد کرنا؛ پامال کرنا۔ (۲) (موذی جانور ، ضررساں کیڑے یا گھاس پات کا) ضرر رساں طور پر پھیل جانا ؛ (نیز عشق پیچاں وغیرہ کا) تیزی سے بڑھ کرچھا جانا یا ڈھك لینا؛(خاص کر Pa.pple میں with کے ساتھ) (نیز مجازاً مختلف معنوں میں)۔ (۳)(سیال یا اس کے ظرف کا) چھلك پڑنا ؛بھر کر بہہ نکلنا؛کثیرالمقدار ہونا؛ وافر ہونا۔ (۳)دوڑ کر یا دوڑ میں آگے نکل جانا؛(دوسرے کو) پیچھے چھوڑ دینا یا جا لینا؛ بازی لے جانا۔ (۵)(بول چال) بہت تیز دوڑ کر بچ نکلنا؛ ہاتھ نہ آنا؛ (مجازاً) (فرض وغیرہ سے) بچ نکلنا؛ کترانا؛ دامن بچانا؛ بغیر کئے چھوڑ دینا(کسی کام کو)۔ (۶)(کسی معینہ حد) سے آگے نکل جانا؛آگے بڑھ جانا؛تجاوز کرنا؛ تیز تر دوڑنا۔(۷) پھیلنا یا آگے کو نکلا ہوا (اس طرح کہ دوسرے پر پڑا ہوا یا چڑھا ہوا ہو)۔ (۸)(معمولی لمبائی یا معینہ و مطلوبہ حد سے) آگے تك پھیلنا۔ (۹)(طباعت)ٹائپ کے الفاظ یا سطور کو دوسری سطر یا صفحے پر لانا (تاکہ وہاں دوسرے الفاظ یا سطروں کا اضافہ کیا جا سکے یا ان الفاظ یا سطور کو جو کمپوز ہو چکے ہیں خارج کیا جا سکے)؛ باز بندی کرنا۔

To overrun oneself : بہت دور تك دوڑنا؛دوڑتے دوڑتے خود کو بے دم کر لینا؛ بے حد تھك جانا یا مجروح ہو جانا (نیز مجازاً) خود کو تھکا مارنا۔

To overrun the scent : (شکاری کتوں کا) اس مقام سے آگے تك دوڑتے چلے جانا جہاں سے لومڑی یاخرگوش کسی دوسری جانب مڑ گیا ہے ، اور اس طرح ان کی بو نہ پانا۔

Overrunner : (n) تاخت و تاراج کرنے والا؛ پامال کرنے والا؛ حد سے تجاوز کرنے والا؛ بچ نکلنے یا دامن بچانے والا؛ چھا جانے یا پھیل جانے والا۔

Overrunning : (n) (۱)تاخت وتاراج؛ پامالی؛ بربادی؛ لوٹ؛ غارتگری۔ (۲) پھیلاؤ۔ (۳) چھلکاؤ؛ کثرت ؛ افراط۔ (۴)سبقت؛ تجاوز۔ (۵) بچاؤ؛ دامن کشی۔(۶) (طباعت) باز بندی۔

Oversail : (v) (اینٹ یا پتھر کو) اس طرح چننا کہ ہر اینٹ اپنی نیچے کی اینٹ سے نکلتی ہوئی ہو؛ نیز اس وضع کی چھت یا محراب سے ڈھکنا؛بنیاد سے آگے نکلا ہونا۔

Oversailing : (a) (اینٹ یا پتھر) ایك دوسرے سے آگے نکلا ہوا؛ باہر نکلا ہوا۔

Oversale : (n) آئندہ کی متوقع فروخت جو سپلائی کی جا سکنے والی مقدار سے بہت زیادہ ہو ؛ (جمع) موجود سپلائی سے زائد فروخت۔

Overscore : (v) (۱)نشان لگانا؛ خط کھینچنا (کاٹنے کی غرض سے)۔ بے حد کاٹ چھانٹ کرنا (عبارت میں) کاٹ چھانٹ سے بھر دینا؛ بہت کانٹ چھانٹ کرنا۔ (۲) کھرچ کر مٹا ڈالنا؛ اس طرح کاٹ چھانٹ کرنا کہ بالکل محو ہو جائے۔

Oversea : (adv.) سمندر پار ؛ ماوراء البحر؛ ماورائے بحر؛سمندر کے اس پار؛ باہر ؛پردیس میں۔

Oversea : (a) (۱) سمندر پار کا؛ ورائے بحری؛سمندر پار جانے والا

(شخص) یا بھیجا جانے والا(سامان)۔ (۲) باہری؛ بیرونی؛ غیر ملکی؛ غیر ملک کا۔

Overseas : (adv.) (۱) سمندر پار ؛ ماورائے بحر ؛باہر؛ پردیش میں۔ (۲) (نیم اسمی معنوں میں))(.Prepکے ساتھ) غیر ممالک۔

Oversee : (v) (۱) اوپر سے دیکھنا؛ جائزہ لینا؛نگرانی کرنا؛ نگہبانی کرنا۔ (۲) دیکھ بھال کرنا ؛ معائنہ کرنا؛ جانچنا؛تفصیل سے ایک ایک چیز دیکھنا؛ غور سے پڑھنا یا مطالعہ کرنا (خصوصاً طباعت کے لئے ازراہِ نظرثانی)(متروک)۔ (۳) نگاہ رکھنا؛نگہداشت کرنا؛ نگہداری کرنا؛ دیکھنا بھالنا؛ نگرانی کرنا۔ (۴) نگراں کی حیثیت سے کام کرنا؛ نگراں یا نگہبان ہونا۔ (۵)اس طرح دیکھنا کہ اسے علم نہ ہو؛ چھپ کر دیکھنا۔ (۶)(بول چال) ناشائستہ حرکت کرنا؛غلطی کرنا؛بے احتیاطی یا نا عاقبت اندیشی سے کام کرنا؛ نازیبا طرز عمل اختیار کرنا۔

Overseen : (a) (بول چال)فریب نفس میں مبتلا : ناشائستہ حرکتیں کرنے والا؛ نازیبا حرکتیں کرنے والا؛نا عاقبت اندیش۔

Overseen with drink/-in- : (a) (بول چال) نشے میں چور؛ بد مست۔

Overseer : (n) اوورسیئر؛ ناظر؛ نگراں؛ داروغہ۔

Overseer of the poor : (n) ناظر خیرات؛ فلسفوں کی بہبود سے متعلق مختلف انتظامی فرائض کی انجام دہی کے لئے(سالانہ مقرر کیا جانے والا) افسر یا عہدہ دار۔

Overseerisship : (v) اوور سیئری؛نظارت؛نگراں یا ناظر کا ؛ عہدہ یا رتبہ ۔

Overset :(v) (۱) الٹ پلٹ ہونا؛ ہاضمہ خراب ہونا؛ بے ترتیب ہونا؛ درہم برہم ہونا۔ (۲) ضرورت سے زیادہ (ٹائپ کے حروف) جمانا یا لگانا ۔

Overset : (n) (۱) بے ترتیبی ؛ الٹ پلٹ ؛ بر ہمی ؛ خرابی (ہاضمے کی)۔ (۲) ضرورت سے زیادہ جمائے ہوئے (ٹائپ کے) حروف یا الفاظ ۔

Oversew : (v) دونوں سرے ملا کر اس طرح سینا کہ ٹانکوں کے بیچ کا تاگا کناروں کے اوپر ہو؛ تُرپنا۔

Overshade : (v) (۱) سائے کی طرح کسی کے اوپر پھیل جانا؛ اسے ڈھک لینا؛ اپنی سائے میں لے لینا؛ چھتر چھایا بننا؛ پناہ دینا؛ بچانا؛ حفاظت کرنا ؛ اپنی امان میں لینا؛ امان دینا؛ سایہ فگن ہونا۔ (۲) سایہ ڈالنا؛ سایہ فگن ہونا؛ دھندلا یا تاریک کرنا۔

Overshadow : (v) (۱) سایہ ڈالنا؛ دھوپ سے بچانا؛ سایہ فگن ہونا؛ سایہ کرنا؛ تاریکی میں ڈھک لینا یا چھپا دینا ؛دھندلا کر دینا؛ ماند کر دینا؛ بادلوں سے ڈھانک دینا۔ (۲)اپنے سائے میں لینا؛ چھتر چھایا بننا؛ پناہ دینا؛ بچانا؛ حفاظت کرنا؛ سائے کی طرح کسی کے اوپر پھیل جانا؛ اسے ڈھک لینا؛سایہ فگن ہونا؛ امان دینا؛ اپنی امان میں لینا؛ حملے سے محفوظ رکھنا۔ (۳)سایہ فگن ہونے کے لئے بلند ہونا یا اوپر اٹھنا؛ اوپر آنا؛ سایہ ڈالنا؛ آب و تاب میں بڑھ جانا؛ ماند کر دینا۔

Overshadower : (n) سایہ فگن ہونے والا؛محافظ؛ نگہبان ؛ امان دینے والا۔

Overshadowing : (n) دیکھو Overshadower

Overshadowing : (a) سایہ فگن : سایہ ڈالنے والا ؛ امان دینے والا ؛ حفاظت کرنے والا ۔

Overshine : (v) [OE. 'Oferscinan.'] (۱) اوپر چمکنا؛ اوپر سے روشنی ڈالنا ؛ روشن کرنا ؛ چمکانا ؛ فروغ بخشنا۔ (۲) آب و تاب میں بڑھ جانا؛ زیادہ روشنی یا شاندار ہونا ؛ زیادہ ممتاز ہونا۔

Overshoe : (n) ٹھنڈک ، دھول یا پانی سے بچاؤ کے لئے ربر ؛ نمدے وغیرہ کا جوتا جسے معمولی جوتے کے اوپر سے پہن لیتے ہیں؛ اوپری جوتا؛ بالائی جوتا۔

Overshoot : (v) نشانے سے آگے پھینکنا(تیر وغیرہ)؛ نشانے سے آگے پڑنا(گولی)؛ نشانے کے اوپر سے گذر جانا؛ نشانہ خطا کرنا۔ (۲) (کسی نقطے یا حد سے) آگے پھینکنا ، دوڑانا یا گذر جانا۔ (۳) (مقررہ حد سے) آگے دھکیل دینا؛ آگے ہانک دینا۔ (۴) (گولی ، تیر یا نیزہ) اوپر مارنا یا پھینکنا۔ (۵)(کسی بنجر اور جھاڑی دار خطے میں) اتنی گولیاں چلانا کہ وہ شکاری جانوروں سے خالی ہو جائے۔

To overshoot the oneself : حد سے تجاوز کرنا ؛ حد سے آگے نکل جانا؛ (کسی کام میں) حد سے بڑھ جانا؛ زیادتی کرنا؛ مبالغہ کرنا؛ غلطی کرنا؛چوکنا؛خطا کرنا۔

To overshoot the mark : بہت آگے نکل جانا؛ بہت دور چلے جانا؛ جہاں تک جانا ہو اس سے آگے نکل جانا۔

Overshot : (a) اوپر سے پانی گرنے سے چلنے والا (پہیّا)۔

Overshot : (n) پانی کی دھار جس کے گرنے سے پہیّا گھومتا ہے۔

Overshot : (a) (۱) خطا کیا ہوا (تیر، گولی وغیرہ) جو نشانے سے باہر یا آگے چلا گیا ہو؛(کسی نقطے یا حد سے)

مخصوص وقت کی) بعد تک سوتے رہنا۔

Oversleeve : (v) آستین پوش: کپڑا جو آستین پر چڑھا لیتے ہیں۔

Overslide : (v) (کسی جگہ یا چیز پر) پھسلنا: سرکنا۔

Overslip : (v) چپکے سے گزر جانا: اس طرح گزرنا کہ خبر نہ ہو: چھوٹ جانا: خطا کرنا: چوک جانا: سہو ہونا۔

Oversoul : (n) روح کل: روح کائنات(خدائے تعالیٰ)۔

Oversow : (v) [OE. 'Ofersawan.'] (۱) پہلے سے بوئے ہوئے بیج یا لگی ہوئی فصل کے اوپر (بیج) بونا۔ (۲)(زمین کو) دوبارہ بونا: مزید بونا: بوئے ہوئے بیج کے علاوہ (دوسرا بیج) بونا۔ (۳) دانے چھینٹنا: بیج بونا: بیج لگانا(نیز مجازاً)۔ (۴) ضرورت سے زیادہ بیج بونا: بہت گھنے بیج بونا۔

Overspan : (v) (کسی چیز پر) اِس کنارے تک پھیلا ہونا: پوری طرح چھایا ہونا: پورا ڈھکے ہونا۔

Overspeculation : (n) (معاشیات) بیش سٹّابازی۔

Overspend : (v) (۱) یہاں تک خرچ کرنا کہ بالکل خالی ہو جائے: آخر دم تک استعمال کرنا: حد سے زیادہ استعمال کرنا: یہاں تک استعمال کرنا کہ بالکل بے کار ہو جائے: کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا (عموماً Pa.pple میں مستعمل ہے)۔ (۲)(کسی مخصوص رقم یا مقدار سے) زیادہ خرچ کرنا: ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا: اسراف بے جا کرنا۔ (۳) استطاعت سے زیادہ خرچ کرنا۔

Overspent : (a) تھکا: ماندہ: زدہ: تھک کر چور چور۔

Overspill : (n) (۱) گرا ہوا: چھلکا ہوا پانی وغیرہ: بچی ہوئی یا فاضل چیز۔ (۲) فاضل آبادی: شہر کی فاضل آبادی جس کے لئے شہر کے نئے علاقے میں مکانات بنانے کی ضرورت ہو۔

Overspread : (v) (کسی چیز کا) کسی چیز کے اوپر پھیل جانا: بچھ جانا: چھا جانا: سطح پر پھیل جانا: ڈھک لینا: پوری طرح ڈھانک لینا۔

Overstate : (v) بے حد زور دے کر بیان کرنا: نمک مرچ لگا کر کہنا: مبالغہ آرائی کرنا: بڑھا چڑھا کر بیان کرنا: رنگ آمیزی کرنا۔

Overstatement : (n) مبالغہ آمیز بیان۔

Overstay : (v) (مقررہ وقت سے) زیادہ قیام کرنا: (میزبان کی خوشی

آگے پھینکا ہوا: (جگہ جو شکاری جانوروں سے خالی ہو چکی ہو): جہاں حد سے زیادہ شکار کیا گیا ہو۔ (۲) موج کھایا ہوا (ٹخنہ) جس میں اوپر کی ہڈی، نچلی ہڈی کے اوپر آگئی ہو۔ (۳) جس کا اوپری جبڑا نچلے جبڑے سے نکلتا ہوا ہو۔

Overshot mill : (n) پن چکی کی طاقت سے چلنے والی مل: پن چکی۔

Overshot wheel : (n) (میکانیات) چرخ آبگرد: آبشار پہیّا: پن چکی: آب گرداں پہیّا جو اوپر سے پانی گرنے سے چلتا ہے۔

Overside : (adv.) جہاز سے پرے یا باہر: سمندر میں: بار بردار کشتی میں: بار بردار کشتی کی طرف۔

Overside : (a) جہاز کے باہر کا: باربردار کشتیوں کی طرف کا: جہاز کے پہلو کی طرف سے اتارا جانے والا (مال)۔

Oversight : (n) (۱) نگرانی: نگہبانی: نگہداشت: دیکھ بھال: انتظام: پاسبانی: حفاظت: رکھوالی۔ (۲) غفلت: چوک: بے توجہی: سہو: خطا: بھول: فروگذاشت: نظرانداز ہو جانا: نظر نہ پڑنا۔

Oversize : (n) مناسب یا معمولی سائز سے زائد سائز۔

Oversize : (v) بے حد بڑے سائز کا ہونا یا بنانا۔

Oversized : (a) معمولی سائز سے زائد یا بڑا: غیر معمولی سائز کا: غیر معمولی قامت کا۔

Overskirt : (n) (امریکا) باہری یا اوپری لہنگا: اوپر سے پہنا ہوا لہنگا: کسی لباس کے دامن پر بنی ہوئی جھالر۔

Overslaugh : (n) [Du. f. 'Overslaan.'] (۱) (فوج) ترک ادنیٰ: معمولی یا کم اہم فریضے کو زیادہ اہم فریضے کی خاطر ترک کر دینا۔ (۲)(امریکا) ریت کے ٹیلے جو دریائی کشتی رانی میں مزاحم ہوتے ہیں: خصوصاً دریائے ہڈسن کا ریتا (ریت کی باڑ)۔

Overslaugh : (v) (۱) چھوڑ کر گزر جانا: ایک کام چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا: (فوج) زیادہ ضروری فرض کے مقابلے میں کم ضروری فرض کو چھوڑ دینا۔ (۲) (امریکا) دوسرے کے حق میں دست بردار ہو جانا(کسی عہدے کی نامزدگی میں): (نیز عام معنوں میں) چھوڑ جانا: چھوڑ کر گزر جانا: نظر انداز کرنا: تغافل برتنا۔ (۳) روکنا: مزاحمت کرنا: مزاحم ہونا: روڑا اٹکانا۔

Oversleep : (v) (۱) دیر تک سوتے رہنا: نا وقت تک سونا: جس وقت بیدار ہونا چاہئیے اس کے بعد تک سوتے رہنا۔ (۲) (کسی

سے) زیادہ ٹھہرنا۔

Oversteer : (n) (موٹر گاڑی میں) موڑتے وقت زیادہ مڑ جانے کا میلان ؛ اسٹیئرنگ کی خرابی جس میں موڑتے وقت گاڑی ضرورت سے زیادہ مڑ جائے۔

Oversteer : (v) (موٹر گاڑی میں) موڑتے وقت زیادہ مڑ جانے کا میلان ہونا۔

Overstep : (v) (لغوی اور مجازی) حد کے باہر قدم رکھنا؛ تجاوز کرنا؛ آگے قدم بڑھانا یا نکالنا ؛ عدولی کرنا؛ انحراف کرنا؛ خلاف ورزی کرنا۔

Overstock : (n) ضرورت یا مانگ سے زائد ذخیرہ۔

Overstock : (v) حد سے زیادہ ذخیرہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ مہیّا کرنا؛ بہت زیادہ جمع کر چھوڑنا؛ زائد از طلب رسد پہنچانا۔

Overstrain : (n) حد سے زیادہ بوجھ یا (کام وغیرہ کا)؛ بے حد زور ؛ بے حد تناؤ۔

Overstrain : (v) (۱) حد سے زیادہ بار ڈالنا؛ حد سے زیادہ کام لینا۔ (۲) حد سے زیادہ زور دینا؛ بے حد اہمیت دینا۔

Overstream : (v) اوپر سے ہو کر بہنا؛ کناروں کے اوپر سے بہنا؛ دھارا کی صورت میں اوپر سے ہو کر بہنا۔

Overstretch : (v) (۱) حد سے زیادہ کھینچنا؛ تاننا یا پھیلانا؛ حد سے زیادہ بڑھانا؛ مبالغہ کرنا (ادبی و مجازی)۔ (۲) پورے میں پھیلنا یا پھیل جانا؛ اس پار سے اُس پار تک یا ادھر سے ادھر تک پھیل جانا ؛ پورے میں پھیلا دینا ؛ چھا جانا ؛ ڈھک لینا ؛ ڈھانک دینا۔

Overstretch : (n) حد سے زیادہ پھیلاؤ؛ پورے میں پھیلی ہوئی چیز۔

Overstriew : (v) (۱) (کوئی چیز ، پھول وغیرہ) کسی چیز یا سطح پر ادھر سے ادھر تک بکھیر دینا؛ چھترا دینا؛پھیلا دینا۔ (۲) بہت زیادہ بکھیر دینا؛ ضرورت سے زیادہ چھڑک دینا یا چھترا دینا۔

Overstride : (v) (۱) اوپر سے پھلانگ جانا؛ ادھر سے ادھر پھلانگ جانا یا پھاند جانا؛ لانگنا ؛ لانگھ جانا ۔ (۲) آگے بڑھ جانا ؛ آگے نکل جانا؛ سبقت لے جانا؛ بڑھ جانا ؛ پیچھے چھوڑ دینا؛ فائق ہونا ۔ (۳) معمولی سے زیادہ لمبے ڈگ بھرنا؛ لمبے قدم رکھنا۔

Overstring : (v) (پیانو سازی) (پیانو کے) تاروں کو دو (یا تین) سیٹوں میں ایک دوسرے کے اوپر سے ترچھا گذار کر ترتیب دینا۔

Overstrung : (a) (۱) بہت زیادہ کھینچا ہوا؛ حد سے زیادہ تنا ہوا ؛ بے حد کشیدہ خاطر (شخص)؛ بے حد تنی ہوئی یا کشیدہ (اعصاب)۔ (۲) (پیانو) ترچھے متقاطع تاروں کا؛ جس میں دو (یا تین) سیٹوں میں ترچھے متقاطع تاروں کی ترتیب ہو۔

Overstudy : (v) حد سے زیادہ مطالعہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ کتب بینی کرنا۔

Overstudy : (n) حد سے زیادہ مطالعہ کرنا؛ ضرورت سے زیادہ کتاب بینی۔

Oversubscribe : (v) ضرورت سے زیادہ چندہ دینا؛ (قرض ،حصے وغیرہ کے لئے) مطلوبہ رقم سے زیادہ دینا؛ (قرضے وغیرہ کے) ضرورت سے زیادہ حصے خرید لینا۔

Oversubscription : (n) ضرورت سے زیادہ چندہ ؛ ضرورت سے حصوں کی خرید ؛ مطلوبہ رقم سے زیادہ دینا۔

Oversupply : (n) ضرورت یا مانگ سے زائد فراہمی یا سپلائی؛ رسد زائد از طلب ؛ فالتو رسد ؛ زائد فراہمی۔

Oversupply : (v) ضرورت یا مانگ سے زیادہ فراہم کرنا یا سپلائی کرنا؛ زائد از طلب رسد پہنچانا ؛ فاضل سپلائی کرنا۔

Overswarm : (v) (۱) حدد سے زیادہ امنڈنا ؛ بے حد ہجوم کرنا؛ بے حد کثرت ہونا (۲) (کسی جگہ یا خطے پر) ہجوم کرنا؛ نرغہ کرنا؛ امنڈ پڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا؛ ٹھٹ لگ جانا؛ چھا جانا؛ جھنڈ کا جھنڈ آ پڑنا۔

Overswell : (v) (۱) بے حد متورم ہونا؛ حد سے زیادہ سوج جانا یا پھول جانا ؛ حد سے زیادہ ورم کر جانا (خاص کر Pa.pple میں)۔ (۲) اتنا پھیلانا یا بڑھانا کہ اوپر سے بہہ نکلے ؛ اتنا پھیلانا کہ پوری طرح ڈھک لے۔

Overswellen : (a) بے حد متورم ؛ حد سے زیادہ سوجا ہوا یا پھولا ہوا۔

Overswim : (v) [OE. 'Oferswimman.'] سطح پر بہنا ؛ تیرنا ؛ اوپر تیرنا۔

Overt : (a) [OFr. 'Overt . '] کھلا ہوا ؛ ظاہر ؛ اعلانیہ ؛ صریحی ؛ واضح؛ صریح۔

Letters Overt : دیکھو Letter Patent

Market overt : بکری کی چیزیں ہر شخص کو دکھانا۔

Pound overt : کھلا کانجی ہاؤس : کھلا مویشی خانہ جہاں مویشیوں کا مالك اپنے مویشیوں کو خوراك پہنچا سکتا ہو؛ بغیر چھت کا مویشی گھر۔

Overt act : (n) (قانون) صریح عمل : علانیہ فعل جس کے ارتکاب کا واضع ثبوت مل سکتا ہو اور جس سے مجرمانہ ارادہ ظاہر ہوتا ہو؛ اعلانیہ ارتکاب۔

Overtake : (v) (۱) جا پکڑنا؛ جا لینا : برابر آجانا۔ (۲) (مصیبت وغیرہ کا) یك بیك نازل ہونا؛ ناگہاں آ پڑنا۔ (۳) رکاوٹ کے باوجود (کام) پورا کر لینا؛ وقت کے اندر کام انجام دے دینا۔ (۴) (بول چال) خواہشات یا احساسات پر قابو پانا؛ وفور جذبات سے بے قابو ہونا۔(۵) (بول چال) نشے میں چور ہونا؛ بدمست ہونا(خاص کر بحالت مفعولی)۔

Well overtaken : پکڑا جانا۔

Overtask : (v) حد سے زیادہ کام لینا؛ حد سے زیادہ بوجھ ڈالنا؛ بے حد سخت محنت لینا۔

Overtax : (v) بے حد صبر آزما ہونا : ناقابل برداشت ہونا؛بہت بھاری محصول لگا دینا؛ بہت زیادہ محصول لینا یا طلب کرنا؛ حد سے زیادہ بار ڈالنا یا محنت لینا۔

Overtaxed : (a) بہت زیادہ محصول لگا ہوا۔

Overtaxation : (n) بھاری لگان ؛ بھاری محصول یا ٹیکس۔

Overteem : (v) (۱) حد سے زیادہ (بچے) جننا۔ (۲) حد سے زیادہ بچے جنوا کر کھوکھلا کر دینا؛ خالی کر دینا : کثیر پیداوار کے ذریعہ خالی کر دینا؛ بے جان کر دینا۔

Overthrow : (n) (۱) شکست : ہزیمت : زوال : بربادی ؛ خاتمہ۔ (۲)(کرکٹ) فیلڈر کا اس طرح گیند پھینکنا کہ وکٹ کے پاس نہ رکے اور کھیلنے والے کو مزید رن بنانے کا مو قع ملے؛ (بیس بال میں) اس طرح گیند پھینکنا کہ جس کھلاڑی کی طرف وہ پھینکی گئی ہو اُس سے دوبارہ آگے جا کر گرے۔ (۳)(ارضیات) پرت کا الٹ جانا یا الٹا ہو جانا؛ تقلیب طبقہ۔

Overthrow : (v) (۱) تہ و بالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا۔(۲) طاقت توڑنا : قوت توڑنا ؛ گرنا : کچلنا : ڈھانا : منہدم کرنا۔(۳) خاتمہ کرنا : برباد کرنا؛ شکست دینا؛ زیر کرنا؛ مغلوب کرنا؛ پست کرنا؛ نیچا دکھانا۔ (۴) چت کرنا : پٹخ دینا؛ دے مارنا۔

Overthrowing : (a) انہدام؛ خاتمہ۔

Overthrown : (a) زیر و زبر : تہ و بالا : کچلا ہوا؛ ڈھایا ہوا؛گرایا ہوا؛ منہدم؛ برباد : شکست خوردہ : مغلوب : چت کیا ہوا۔

Overthrown : (n) شکست خوردہ شخص۔

Overthrust : (n) (ارضیات) ایك پرت کا وہ حصہ جودوسری پرت کو ڈھك لے؛ خصوصاً نچلی پرت کا وہ حصہ جو اوپری پرت کے اوپر آ گیا ہو۔

Overthwart : (adv.) (بول چال)عرضاً : چوڑائی میں ادھر اُدھر یا اس کنارے سے اس کنارے تك۔

Overthwart : (prep.) (۱) اس کنارے سے اس کنارے (چوڑائی میں) : آرپار۔ (۲) دوسری طرف : دوسرے کنارے پر : اُس پار؛ پرلی طرف۔

Overthwart : (a) (۱) (بول چال) چوڑائی میں آرپار رکھا ہوا ؛صلیب نما ؛ عرضاً پڑا ہوا۔ (۲) (مجازاً) مائل بہ مخالفت : سرکشی : گمراہ ؛ نا موافق : مخالف : حجتی؛ معترض۔

At an overthwart, to overthwart : عرضاً ؛چوڑائی میں : عرض میں : پہنائی میں۔

Overthwartly : (adv.) عرضاً : صلیب نما انداز میں؛ چلیپائی طور پر؛ چوڑائی میں۔

Overtime : (n.) زائد وقت(جس میں مزدور وقت کے علاوہ کام کرے)؛ اوور ٹائم ؛ نیز توصیفاً۔

Overtime : (adv.) زائد وقت میں؛ مقررہ وقت کے علاوہ۔

Overtime remuneration : (n) (معاشیات)زائدوقتی اجرت یا معاوضہ۔

Overtire : (v) حد سے زیادہ تھکا دینا؛ تھکا کر چورکر دینا؛بے دم کردینا۔

Overtired : (a) بے انتہا تھکا ہوا؛ حد سے زیادہ تھکا ہوا؛تھك کر چور۔

Overtly : (adv.) صریحاً؛ اعلانیہ طور پر ؛کھلم کھلا۔

Overtoil : (v) حد سے زیادہ محنت کرنا؛ مشقت اٹھانا ؛محنت شاقہ کرنا؛ حد سے زیادہ کام لینا؛ تھك کر چور ہو جانا۔

Overtone : (n) (۱) (مو سیقی) جزوی بالائی سُر؛ مضاعف سرتی؛ برسرتی۔ (۲)(مجازاً) (ادب خصوصاً شاعری پر اطلاق ہوتا ہے ؛ خاص کر جمع میں) الفاظ کے لہجے یا معنی سے جو بات براہ راست نہ کہی گئی ہو بلکہ بالواسطہ مستنبط ہوتی ہو۔

Overtone : (v) (تصویر) زیادہ گہرا رنگ دینا: ضرورت سے زیادہ رنگ دینا۔

Overtop : (v) دیکھو Outtop

Overtopped : (a) (نباتیات) پوشیدہ: زیر سایہ: ڈھکا ہوا۔

Overtopple : (v) (۱) (نا پائیدار چیز کو) گرا دینا: ڈھا دینا: ختم کر دینا۔ (۲) گرنا: ڈھے جانا: منہدم ہونا: گر پڑنا۔

Overtower : (v) (گرد و پیش سے) بہت بلند ہونا: پہاڑ کی طرح کھڑا ہونا: اونچا ہونا۔

Overtowering : (a) بہت بلند: بہت اونچا: (اونچائی میں) نکلتا ہوا: بلند ہوتا ہوا۔

Overtrade : (v) (۱) پونجی سے زیادہ کا سودا کرنا: پونجی سے زیادہ کا کاروبار کرنا: بازار کی ضرورت سے زیادہ کا کاروبار کرنا۔ (۲) (اپنے حصے سرمائے وغیرہ سے) بڑھ کر خرید و فروخت کرنا یا تجارت کرنا۔

Overtrader / -ding : (n) اپنے سرمائے یا بازار کی ضرورتوں سے زیادہ کا کاروبار کرنے والا۔

Overtrain : (v) (۱) حد سے زیادہ ورزش یا مشقت کرانا (کشتی وغیرہ کی): اتنی مشق کرانا جو نقصان دہ ہو: کثرت مشق سے مجروح کر دینا۔ (۲) (دیوار پر چڑھنے والے پودے کو) پرورش کے ذریعہ بہت اونچائی تک پہنچا دینا: (دیوار یا درخت پر) بہت اونچائی تک چڑھا دینا۔

Overtrumble : (v) (شعر) گرانا: ڈھانا: ختم کرنا: منہدم کرنا: برباد کرنا: چت کرنا: مات دینا: شکست دینا۔

Overtrump : (v) دوسرے سے بڑا ترپ کا پتّا چلنا: بڑھ کر ترپ لگانا: رنگ کا بڑا پتّا چلنا: بڑھ کر رنگ مارنا: (مجازاً) حریف سے بڑھ کر چال چلنا: غالب آنا: فائق ہونا: مات دینا۔

Overture : (n) [L. 'apertura.'] (۱) گفت و شنید کا آغاز: (گفتگوئے صلح کی) سلسلۂ جنبانی: تجویز: درخواست: (فوج) درخواست صلح: صلح کی پیش کش۔ (۲) افتتاح (گیت وغیرہ کا): آغاز۔ (۳) (نظم کی) تشبیب: ابتدائی حصہ: آغاز: مطلع: تمہید۔

Overture : (a) (۱) تجویز رکھنا: صلح کی درخواست کرنا: صلح کی پیش کش کرنا۔ (۲) افتتاحی نغمہ سنانا: نغمے کا آغاز کرنا: سر ملانا۔

Overturn : (n) (۱) الٹنے یا الٹے جانے کا عمل: زیروزبر ہونا: انقلاب: تقلیب: الٹ پلٹ۔ (۲) (ارضیات) پرت کی الٹی تہ جس میں بیچ کا حصہ دوہرا ہو کر نیچے سے اوپر آ جائے۔ (۳) الٹ پھیر: پھیر بدل (تجارت میں): تجارتی اشیاء کا الٹ پھیر: تجارت کے دوران (چیزوں کا) پھیر بدل۔

Overturn : (v) (۱) الٹ دینا: الٹ کر گرا دینا: گرانا: الٹنا۔ (۲) برباد کرنا: تہ و بالا کرنا: زیر و زبر کرنا۔ (۳) منسوخ کرنا: خاتمہ کرنا: مٹا دینا۔

Overturnable : (a) لائق تقلیب: بدل دینے یا الٹ دینے کے قابل: ختم کر دینے یا مٹا دینے کے لائق: برباد کر دینے کے قابل۔

Overturner : (n) الٹنے والا۔ الٹ کر گرا دینے والا: انقلاب برپا کرنے والا: ختم کر دینے یا مٹا دینے والا: تہ و بالا کر دینے والا: برباد کر دینے والا۔

Overuse : (n) حد سے زیادہ استعمال۔

Overuse : (v) حد سے زیادہ استعمال کرنا۔

Overvaluation : (n) بیش تخمیہ: اصلیت سے زیادہ یا بہت زیادہ قیمت لگانا یا تخمینہ کرنا۔

Overvalue : (n) اصلیت سے زیادہ تخمیہ: اصلیت سے زیادہ قیمت: بیش تخمینہ۔

Overvalue : (v) (۱) (کسی چیز کی) اصلیت سے زیادہ قیمت لگانا: بیش تخمینہ کرنا: اصلیت سے زیادہ اندازہ لگانا: ضرورت سے زیادہ قدر کرنا۔ (۲) حد سے زیادہ قیمت لگانا: بہت زیادہ قیمت لگانا۔

Overvoltage : (n) (برقیات) قوت زیاد: زائد وولٹیج۔

Overwalk : (v) (۱) (کسی چیز پر) چلنا: طے کرنا: گزرنا۔ (۲) حد سے زیادہ چلنا: بہت دیر یا بہت دور تک چلنا: بہت لمبی مسافت طے کرنا۔

Overwash : (n) (ارضیات) برف کے تیز رو چشمے کے ساتھ بہہ کر آئی ہوئی چیزیں جو کنارے کے ملبوں کے پاس جمع ہو جاتی ہیں۔

Overwash : (v) (کسی چیز کے) اوپر سے ہو کر بہنا: دھو ڈالنا: نہلانا: غوطہ دینا۔

Overwatch : (v) (۱) نگرانی کرنا: نگہبانی کرنا: نگاہ رکھنا: پاسبانی کرنا۔ (۲) بہت زیادہ جاگتے رہنے سے تھک جانا یا بیزار ہو جانا: حد سے زیادہ (مدت تک) جگائے رکھ کر بیزار کر دینا: بے خواب رکھ کر ناک میں دم کر دینا: بیخوابی

سے تنگ آجانا۔

Overwear : (v) (۱) خستہ کر دینا؛ سخت محنت سے تھکا دینا؛ خستہ حال کر دینا ؛ تھکا کر چور کرنا ؛ بے دم کر دینا ۔ (۲) (کپڑے وغیرہ کو) کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ؛ اتنا پہننا کہ تار تار ہو جائے۔ (۳) (کسی چیز کو) اتنا پہننا یا استعمال کرنا کہ وہ ختم ہو جائے ؛ مٹا دینا؛ ختم کر ڈالنا؛ باقی نہ رہنے دینا؛ محو کر دینا (پہن کر یا کثرت استعمال سے)۔

Overweary : (v) بے حد تھک جانا ؛ تھک کر چور ہو جانا؛ انتہائی خستہ یا خستہ حال ہونا؛ بے حد خستہ و ماند ہونا ؛ بے انتہا افسردہ یا بیزار ہونا۔

Overween : (v) اپنے بارے میں حد سے زیادہ بلند توقعات رکھنا یا انتہائی بلند رائے رکھنا؛ خود پسند ہونا ؛ متکبر ہونا؛ مغرور ہونا ؛ خود بین ہونا؛ شوخ چشم ہونا؛ گستاخ ہونا۔

Overweening : (a) خود پسند؛ مغرور ؛ متکبر ؛ خود بیں ؛ گستاخ؛ شوخ چشم ؛ شیخی باز ؛ خودرائے ؛ اپنی حد سے متجاوز ؛ تعلّی پسند۔

Overweeningly : (adv.) مغرورانہ ؛ متکبرانہ؛خود پسندانہ؛گستاخانہ ؛ شوخی چشمی سے؛ شیخی سے ؛ اپنی حد سے متجاوز ہو کر ۔

Overweeningness : (n) غرور ؛ گھمنڈ؛ تکبر؛ خودرائی؛ خودپسندی ؛ خود بینی و خودنمائی؛ گستاخی ؛ شوخ چشمی؛ جسارت ؛ شیخی۔

Overweigh : (v) (۱) (اخلاقی یا مادی اعتبار سے) بھاری پڑنا؛ زیادہ با وزن ہونا؛ وزن میں بڑھ جانا؛ اہمیت میں زیادہ ہونا؛ قدر و قیمت میں زیادہ ہونا؛ زیادہ موثر یا وقیع ہونا؛ وزن سے زیادہ ہونا؛ غالب ہونا؛ معتبر ہونا ۔ (۲) دبانا؛ حد سے زیادہ بوجھ دینا یا زیر بار کرنا؛ ظلم کرنا؛ جبر کرنا؛ زیر کرنا۔ (۳) حد سے زیادہ وزنی ہونا ؛ وزن میں زیادہ ہونا۔

Overweight : (n) (۱) صحیح یا مناسب وزن سے زائد وزنی چیز ؛ زائد بوجھ ؛ فاضل وزن۔ (۲) (مادی یا اخلاقی) غلبہ ؛ فوقیت ؛ سبقت۔ (۳) حد سے زیادہ وزن؛ حد سے زیادہ بوجھ (نیز مجازاً)۔

Overweight : (a) معمولی وزن سے اوپر یا زائد ؛ حد سے زیادہ وزنی ؛ بے حد وزنی ؛ مقررہ وزن سے زائد ۔

Overweight : (v) حد سے زیادہ وزن ہونا ؛ بے حد وزنی ہونا ؛حد سے زیادہ بوجھ لادنا؛ حد سے زیادہ زیر بار کرنا؛ بے حد مجبور کرنا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Overweighted : (a) جس کا وزن مقررہ وزن سے زیادہ ہو؛ حد سے زیادہ وزنی۔

Overwhelm : (v) (۱) اوپر سے بوجھ لادنا؛ حاوی ہو جانا؛چھا جانا؛ غالب ہونا۔ (۲) کچل دینا؛ دم بھر میں تباہ کر دینا؛ برباد کر دینا؛ تاخت و تاراج کرنا ۔ (۳) (جذبے سے) بے قابو کر دینا ۔ (۴)(سوالات کی) بوچھار کر دینا؛ (سوال کرتے کرتے) ناک میں دم کر دینا۔

Overwhelming : (a) (تعداد یا مقدار کے لحاظ سے) زبردست ؛ قوی ؛ بے حد ؛ بے پناہ ؛ غالب۔

Overwhelmingly : (adv.) بے انتہا ؛ بے حد ؛ زبر دست طور پر۔

Overwhelmingness : (n) (تعداد یا مقدار میں) بے حد یا بے پناہ ہونا؛ زبردست اکثریت میں ہونا۔

Overwind : (v) (۱) (آلات موسیقی کا سر ملانے کے لئے) تاروں یا ڈوریوں کو حد سے زیادہ کھینچنا یا چڑھانا؛ (گھڑی میں) ضرورت سے زیادہ چابی دینا۔ (۲) (کان کنی میں) (نیچے آنے جانے والے رسے یا زنجیر کو) حد سے زیادہ لپیٹنا یا کھینچنا ؛ ضرورت سے زیادہ چکر دینا۔

Overwisdom : (n) انتہائی چالاکی ؛ حد سے زیادہ عقل مندی یا دوراندیشی؛ انتہائی دانش مندی۔

Overwise : (a) حد سے زیادہ چالاک ؛ بے حد عقل مند؛ بے انتہا دوراندیش ؛ بے حد دانش مند۔

Not overwise : (a) قدرے کم عقل ؛ کسی قدر ضعیف العقل یا ناقص العقل۔

Overwisely : (adv.) بے حد عقل مندی سے ؛ انتہائی دوراندیشانہ؛ بے حد دانش مندانہ۔

Overwiseness : (n) حد سے زیادہ چالاکی؛ عقل مندی یادور اندیشی ؛ انتہائی دانش مندی۔

Overwood : (n) (نباتیات) بالا درختی۔

Overword : (n) لفظ یا فقرہ جس کی بار بار تکرار ہوئی ہو؛ (خصوصاً کسی گیت کا)ٹیپ؛ ترجیع (جوہر بند کے آخر میں آئے)۔

Overwork : (n) (۱) زائد کام ؛ معمول سے زائد کام؛ حد سے زیادہ کام ۔ (۲) طاقت یا صلاحیت سے زیادہ کام؛ استعداد سے زیادہ کام۔

Overwork : (v) [OE. ' Oferwyrcan . '] (۱) باہر سے آراستہ کرنا؛

سطح کو آراستہ کرنا۔ (۲) بہت زیادہ کام لینا؛ محنت شاقہ لینا؛ کام لیتے لیتے تھکا مارنا یا شل کر دینا۔ (۳) نقش و نگار سے بھر دینا؛ حد سے زیادہ منقش یا آراستہ کرنا بھاری کام بنانا۔ (۴) حد سے زیادہ کام کرنا؛ کام کرتے کرتے شل ہو جانا یا بے حد تھک جانا؛ کام سے تھک کر چور ہو جانا۔ (۵) بے حد محنت سے بنا کر مکمل کرنا؛ (کسی ایجاد و اجتہاد کی تفصیلات کو) بے حد محنت سے انجام تک پہنچانا۔ (۶) حد سے زیادہ اشتعال دینا یا بھڑکانا؛ بے حد بر انگیختہ کرنا؛ حد سے زیادہ جوش دلانا یا حرکت میں لانا۔

Overworn : (a) (۱) حد سے زیادہ گھسا ہوا : پھٹا پرانا؛ تار تار؛ جو پہننے کے لائق نہ رہا ہو؛ ناقابل استعمال : خستہ : فرسودہ : بیکار۔ (۲) بے حد بوڑھا : انتہائی ضعیف العمر : پیر زال : پیر فرتوت؛ جس کے اعصاب و قویٰ جواب دے چکے ہوں؛ بے حد تھکا ہوا؛ تھک کر چور : خستہ و ماندہ؛ جو تھک کر شل ہو چکا ہو؛ محنت شاقہ کے بعد جس میں مزید کام کرنے کی صلاحیت باقی نہ رہی ہو۔ (۳) رفتہ : گزشتہ : گزرا ہوا؛ گیا ہوا۔

Overwrite :(v) (۱) لکھی ہوئی چیز پر لکھنا : کسی چیز پر لکھنا : لکھ کر بھر دینا : سارے میں لکھ دینا۔ (۲) پھر سے لکھنا : دوبارہ لکھنا : نقل کرنا؛ نظر ثانی کرنا؛ شك و اصلاح کرنا۔ (۳) حد سے زیادہ لکھنا : بے حد لکھنا : لکھ لکھ کر تھك جانا؛ لکھتے لکھتے خالی الذہن ہو جانا۔ (۴) (کسی موضوع پر) ضرورت سے زیادہ لکھنا۔

Overwrought : (a) (۱) محنت شاقہ سے تھکا ہوا؛ سخت محنت کے بعد خستہ جان؛ تھك کر چور : بے حد خستہ و ماندہ۔ (۲) بے حد ہیجان : بے حد مشتعل؛ ہیجان کا مارا ہوا : ہیجان زدہ ۔ (۳) جس میں بہت زیادہ کام ہو؛ بہت بھاری کام : بہت بھاری نقش و نگار والا؛ ضرورت سے زیادہ منقش و مر صع۔ (۴) بے حد محنت سے پایۂ تکمیل تك پہنچایا ہوا؛ بے حد محنت سے کیا ہوا۔

Overzeal : (n) حد سے زیادہ ذوق و شوق : بے انتہا جوش وانہماك؛ بے انتہا سر گرمی؛ شوق بے نہایت۔

Overzealous : (a) بے حد پرجوش؛ بے حد سرگرم : نہایت ذوق و شوق اور انہماك سے کام کرنے والا۔

Ovi- : (comb.) لاطینی لفظ Ovum سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "انڈا ، بیضہ"۔

Ovi- : (comb.) لاطینی لفظ Ovis سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "بھیڑ" "میش" ۔

Ovibos : (n) (حیوانیات) مشك گاؤ : میشی گاؤ۔

Ovibovine : (n) ایك جانور جو بھیڑ اور بیل کے بین بین ہوتا ہے؛ میش گاؤ۔

Ovicapsular : (a) (تشریح ، حیوانیات) بیض کیسوی؛ انڈے کی تھیلی کا یا اس سے متعلق۔

Ovicapsule : (n) (تشریح ، حیوانیات) بیض کیسہ؛ انڈے کی تھیلی : بیضہ دان۔

Ovicell : (n) (۱) بعض مرکب الجسم جانوروں میں انڈے کے لئے بنا ہوا جوف یا خانہ جسے Oocyst or Ooccium بھی کہتے ہیں۔ (۲) خلیہ جو بارور ہو جانے کے بعد ایك نئی انفرادیت کا حامل ہوجاتا ہے؛ بیض خلیہ : بیضك؛ بیضہ (اپنی ابتدائی شکل میں)۔

Ovicidal : (a) قتل میش کا : میش کشی کا یا اس سے متعلق۔

Ovicide : (n) قتل میش :میش کشی : بھیڑکشی۔

Ovicyst : (n) (حیوانیات) (بعض Ascidians میں) بعض کیسہ ، جوف یا خانہ جس میں انڈے سئے جاتے ہیں۔

Ovicystic : (a) بیض کیسوی : انڈے کی تھیلی کا یا اس سے متعلق (جس میں انہیں سیا جاتا ہے)۔

Ovidian : (a) اوویدی؛ لاطینی شاعر Ovid یا اس کی شاعری سے متعلق یا اس کی خصوصیت کا۔

Oviducal : (n) بیض نالی جیسا : راہ بیضہ جیسا۔

Oviferous : (n) (تشریح ، حیوانیات) بیض کش؛ بیض بردار؛ بیض آور : (وہ جانور) جس کے بچے انڈوں سے نکلتے ہیں؛ (خصوصاً) (بعض قشریوں میں) (وہ تھیلی) جس میں وہ اپنے انڈے لئے پھرتے ہیں۔

Oviform : (a) (۱) بیضوی : انڈے کی شکل کا؛ بیضی : بیضی شکل ۔ (۲) میشی : بھیڑنما۔

Ovigenesis : (n) دیکھو Oogenesis

Ovigenetic : (a) دیکھو Oogenetic

Ovigeron : (n) (غیر بارور) بیضہ : انڈا جو ابھی بارور نہ ہوا ہو۔

Ovigerous : (a) (تشریح ، حیوانیات) بیض بر دار : بیض آور؛انڈے دینے والا یا انہیں ساتھ لئے پھرنے والا۔

Ovine : (a) [LL. 'Ovinus.'] (۱) بھیڑ کا؛ بھیڑ سے متعلق : میشی؛

(حیوانیات) جنس میش: جنس بز: جگالی کرنے والے حیوانیات کی ضمنی جنس Ovinae کا۔ (۲) میش نما: بھیڑ جیسا : مثل میش۔

Oviparity : (n) بیض زائی : انڈا دینے والا ہونے کی حالت یا خصوصیت: بائض ہونے کی حالت یا خصوصیت۔

Oviparous : (a) [L. oviparus.] انڈا دینے والا:(وہ جانور) جن کے بچے انڈوں سے نکلتے ہیں۔ (حیوانیات) بائض (جمع بوائض): بیض زا۔

Oviposit : (v) انڈا یا انڈے دینا۔

Oviposition : (n) انڈے دینے کا عمل : بیض ریزی۔

Ovipositor : (n) (حشریات) کیڑوں کی انڈوں کی نالی:عضو بیض ریز: عضو بیض ریزی۔

Ovisac : (n) (تشریح ، حیوانیات) انڈے کی تھیلی:بیض کیسہ : بیض خلیہ: بیض دان: کیسۂ بیض۔

Ovism : (n) (حیاتیات) (نظریہ) بیضیت: وہ قدیم نظریہ کہ مادہ کا باز تولیدی خلیہ یا انڈے پورے جسمانی نظام کی ایک غیر ترقی یافتہ حالت کا حامل ہوتا ھے اور مردانہ منی کا بارور مادہ اسے محض متحرک کر دیتا ھے۔(بخلاف Spermism یا Animalculism)۔

Ovist : (n) (حیاتیات) نظریۂ بیضیت کا قائل: قائل بیضیت :بیضی ۔

Ovistic : (a) قائل بیضیت کا: قائل بیضیت جیسا:قائل بیضیت سے متعلق۔

Ovivorous : (a) [L. '-vorous. '] بیضہ خور : انڈے کھانے والا۔

Ovo- : (comb.) جزو ترکیبی -Ovi کے متبادل کی حیثیت سے مستعمل ھے۔

Ovo-testis : (n) (حیوانیات) مبیض خصیہ : بعض بے ریڑھ حیوانات میں ایک عضو کو بیضہ اور حیوان منویہ دونوں پیدا کرتا ھے: دو زوجی غدہ یا گلٹی۔

Ovo-viviparous : (a) [f. 'Ova + viviparous. '] (حیوانیات) جس میں انڈا دینے والی اور بچہ جننے والی دونوں خصوصیتیں موجود ہوں: (وہ) انڈا دینے والا (حیوان یا حشرہ) جس کے انڈے اس کے جسم کے اندر ہی سئے جاتے ہیں اور وہیں ان سے بچے نکلتے ہیں: بیض در جسم زا: بیض و حشرہ زا۔

Ovocentre : (n) (حیاتیات) بیض مرکزہ۔

Ovocyte : (n) دیکھو Oocyte

Ovogenesis : (n) تولید بیضہ: تشکیل بیضہ۔

Ovogenetic/ -nous : (a) انڈے کی تشکیل اور نشو و نما میں معاون ہونے والا: معاون تبویض:معاون استبضاء۔

Ovoid : (a) بیضہ نما: بیضہ جسم : بیضوی : بیضہ شکل:بیضاوی۔

Ovoid : (n) (ہندسہ) بیضوی جسم: بیضوی شکل: بیضوی سطح: بیضوی چیز۔

Ovoidal : (a) بیضوی جسم یا بیضہ نما شکل کا۔

Ovolo : (n) [It. 'Ovolo. '] (تعمیرات) بیضیّہ: مبیّض حاشیہ: انڈا نما گولا۔

Ovological : (a) بیضیّاتی: علم بیض کا یا اس سے متعلق۔

Ovologist : (n) بیضیات داں: ماہر بیضیات : علم بیض کا ماہر۔

Ovology : (n) حیاتیات داں یا جنینیات کا وہ حصہ جو حیوانیات کے انڈوں کی ساخت اور تشکیل سے بحث کرتا ھے: بیضیّات : علم بیض۔

Ovonic : (a) (برقیات) بے شکل نیم مو صلوں سے متعلق جو غیر موصل کو موصل میں تبدیل کرنے کا کام کرتے ہیں۔

Ovonics : (n) Ovonic اثرات یا ترکیبوں کا مطالعہ یا ان کا اطلاق ۔

Ovular : (a) (حیاتیات) بیضکی: (نباتیات) تخمکی : (حیوانیات) بُویضی Ovule کا: اس جیسا یا اس سے متعلق۔

Ovulate : (a) [f. mod. L. 'Ovulum. '] (حیاتیات) بیضک دار: تخمک دار: (حیوانیات) بیُضہ دار۔

Ovulate : (v) بیضوں یابیضکوں کی تشکیل اور نشو و نما (خصوصاً) بیضہ دان سے ان کا باہر آنا (جس طرح دودھ پلانے والی ماداؤں میں ہوتا ھے): انڈوں کا بننا اور بڑھنا: انڈوں یا بیضکوں کا تیار ہونا یا پختہ ہونا : انڈے دینا۔

Paddock : (n) [Var. of Parrock.] (۱) چھوٹا سا میدان یا کھیت (خصوصاً) وہ جو گھڑ سال، اصطبل کے اندر ہو)۔ (۲) (خاص کر) شکاری کتوں کے دوڑنے کے لئے پارك میں بنایا ہوا راستہ۔ (۳) (گھڑ دوڑ) گھڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جس میں دوڑنے کے لئے گھوڑے جمع ہوتے ہیں۔ (۴) (کان کنی) خام دھات جمع کرنے کی جگہ: (نباتیات) احاطہ بند چراگاہ۔

Paddock : (v) (۱) کسی احاطے میں بند کرنا۔ (۲) (کان کنی) (خام دھات وغیرہ کو) جمع کرنا۔

Paddock-pipe : (n) دیکھو Horsetail

Paddock stone : (n) ایك قسم کی آتش فشاں چٹان؛ ایك پتھر جس کی بعض اقسام قیمتی ہوتی ہیں۔

Paddock stool : (n) سانپ کی چھتری۔

Paddy : (n) [Malay 'padi.'] (۱) دھان: بن کٹے چاول: (نباتیات) برنج : دھان ۔ (۲) دیکھو Paddy - bird۔ (۳) (مجازاً) ایسے پرند کے پر، نیز توصیفی معنوں میں۔

Paddy : (n) [Ir. pet-form of 'padraig.'] (۱) (بول چال) آئرستان کا رہنے والا : آئرستان کے باشندوں کا لقب؛ (۲) معمار: اینٹ جوڑنے والا مزدور۔ (۳) شدید یا قوی جذبہ : جذبات کا ہیجان : غصہ : طیش : عشق : عشق جنسی : جوش : ولولہ : بدمزاجی نیز Paddy whack (بول چال)۔

Paddy -bird : (n) (۱) جاوا کی گوریا: عصفور: کنجشك جاوا۔ (۲) ایك چھوٹی قسم کے بگلے کی طرح کا پرند جو دھان کے کھیتوں میں پایا جاتا ھے۔ (۳) ایك قسم کا سمندری پرند جس کی چونچ کا نچلا حصہ سینگ جیسے خول میں بند رہتا ھے۔

Paddy melon : (n) ایك قسم کی چھوٹی گچھے دار دم والا کنگارو: نیز توصیفی معنوں میں۔

Paddy whack : (n) (۱) (بول چال) آئرستانی: آئرستان کا رہنے والا۔ (۲) تاؤ: غصہ: غضب: غیظ: طیش: جذبہ: جوش: بے حد شوق: ولولہ: گرم جوشی: خشم۔ (۳) ٹھکائی: مار: کوٹ: چھانٹ۔ (۴) ایك قسم کی سرخ دم والی بط۔

Paddy whack : (v) کوٹنا: پیٹنا: چانٹنا: مارنا: تھپتھپانا۔

Paddy's huricane : (n) سمندر پر پھیلی ہوئی موت جیسی خموشی: مکمل خموشی: پرسکون فضا۔

Padishah / Padshah : (n) [pers. 'pad (i) sah.] بادشاہ (خصوصاً) شاہ ایران: اہل یورپ سلطان ترکی کو بھی کہتے ہیں: شہنشاہ۔

Padle / Paidle : (n) [Sc.] (۱) کھیت یا باغ کی گھاس۔ (۲) کج بیل: بیلچہ۔

Padlock : (n) [Orgin unkn.] (۱) علاحدگی پذیر تالا؛ غل (جمع اغلال) : قفل مغلق ۔ (۲) وہ تالا جس کی کڑی یا کنڈل الگ ہوجاتی ھے اور بند کرنے کے وقت کنڈی لگا کر بند کیا جاتا ھے۔

Padlock : (v) قفل لگانا : قفل بند کرنا : تالا لگانا :مقفل کرنا : تالا لگاکر محفوظ کر دینا۔

Padouk : (n) (۱) دال کی طرح کا ایك برمی پودا ؛ پھلی دار برمی درخت جس کی لکڑی خوشبودارھوتی ھے ۔ (۲) اس قسم کے درخت کی لکڑی ۔

Padre : (n) [L. 'pater, patre.'] پادری ؛ مقدس باپ ؛ فادر ؛ (اٹلی، اسپین ، پرتگال اور ہسپانوی امریکا میں)اہل کلیسا کا خطاب ؛ (ہندوستان میں) ؛ (اٹھارھویں صدی سے) ؛ کلیسا کا کوئی پجاری یا پادری(اس طرح انگریزی سپاہیوں اور ملاحوں کے ذریعہ مستعمل) پادری جو کسی بڑے یا مقتدر شخص کے عبادت خانے میں کام کرے ؛ کسی خاندان کا پادری ؛ راہبہ جو کسی راہب خانے میں نماز پڑھائے ۔

Padrone : (n) [It.] (۱) بحر روم کے تجارتی جہاز کا کپتان ۔ (۲) (عامیانہ) بحری و بری فوج ۔ (۳) وہ اطالوی شخص جو بھیك منگے گوئیوں اور لڑکوں کونوکر رکھ کر اُن سے بھیك منگواتا ھے ؛ گداگری کا کاروبار کرنے والا ۔(۴) اطالوی مالك سرائے ۔ (۵) مالك؛ آقا ؛ سر پرست؛ مربّی ۔

Pronism : (n) گداگری کا کاروبار ۔

Paduasoy : (n) [origin unkn.] ابھری ھوئی دھاریوں کا ریشمی کپڑا جو اٹھارھویں صدی میں بہت پہنا جا تا تھا ؛ نیز توصیفی معنوں میں ؛ (مجازاً) اس قسم کے ملبوسات ۔

Paen : (n) [L. 'pean.'] (۱) وہ مناجات شکر یا نغمۂ شکر(وہ بھجن) جو یونانی دیوتا Apollo یا Artemis کی شان میں گاتے تھے ۔ (۲) مناجات شکر ؛ نغمۂ شکر ؛ نغمہ جشن فتح ؛ نغمۂ مسرت ۔

Paedagogue : (n) (تعلیمات) ملّا ؛ معلّم ۔

Paederast : (n) [mod. L. 'paederastia' .] (طب ، قانون) لوطی ؛ بچہ مار ؛ اغلام باز؛ لونڈے باز ۔

Paederasty/ Ped- : (n) [mod.L. 'paederastia.'] امرد بازی ؛ لواطت ؛ اغلام ۔

Paederastic : (a) اغلام بازی سے متعلق ؛ اغلام بازی کرنے والا ۔

Paedeutics/Paid- : (n) [Gr. 'paediutikos.'] فن تعلیم ؛نظریۂ تعلیم ۔

Paediatric/ Pediatric : (a) (طب) طب اطفال کا یا اس سے متعلق ۔

Paediatrician : (n) (طب) طبیب اطفال ؛ بچوں کا ڈاکٹر ؛بچوں کے امراض و علاج کا ماہر ۔

Paediatrics : (n) (طب) طب اطفال ؛ طب کا وہ شعبہ جو بچپن یا بچوں کی بیماریوں کے مطالعہ سے تعلق رکھتا ھے ۔

Paediatrist : (n) (طب) طبیب اطفال ۔

Paedo- / Pedo- / Paido- / Paed- : (pref.) جزو ترکیبی بہ معنی "بچہ" ؛ "لڑکا" ۔

Paedobaptism/ Pedo- : (n) بچوں کا بپتسمہ ؛ چھوٹے بچوں کا بپتسمہ ۔

Paedobaptist : (n) وہ شخص جو بچوں کا بپتسمہ کرتا ھے ؛بچوں کا بپتسمہ کرنے والا ؛ پادری کے لئے وکالت کرنے والا ۔

Paedogamy : (n) (حیوانیات) بچپن کی شادی ؛ طفلی زواجیّت ۔

Paedogenesis : (n) (نباتیات) زود تزہر ؛ بے موسمی پھول؛(حیوانیات) لاروائی توالد ؛ قبل از وقت توالد ۔

Paedogenetic : (a) لاروائی توالد کا ۔

Paedomorphism : (n) (طب) طفل شکلی ۔

Paedophillia : (n) (نفسیات) طفلی دوستی ؛ عشق طفلاں ۔

Paedotribe : (n) جمناسٹك ماسٹر ؛ مربی ورزش ۔

Paedotrophy : (n) (طب) طفل پروری ۔

Paella : (n) [Ofr. 'paele.'] چاول ؛ چوزے ؛ مچھلی اور سبزیوں پر مشتمل اسپینی کھانا جو بڑے برتن میں پکا یا جاتا ھے اور جسے بڑے برتن میں ہی کھا تے ہیں ۔

Paeon : (n) [L.] (عروض) چار بول کا ایك رکن جس میں ایك بول پر زور ھوتاھے اور تین پر نہیں ھوتا؛ وتد چہار ہجائی ؛ چہار ہجائی رکن جس میں تین ہجا لمبا اورایك چھوٹاھو ؛ پیان ۔

Paeonic : (a) اس قسم کے پیان سے متعلق ؛ وتد چہار ہجائی سے متعلق ۔

Paeonic : (n) چہار ہجائی شعر یا رکن ۔

Paeonin : (n) [L.] (کیمیا) دیکھو Corrallin

Paeony : (n) (۱) Peony کا متبادل ۔ (۲) (نباتیات) عودالطیب ؛ شقائق بربر ۔

Pagan : (n) [L. 'paganus.'] (۱) ایسے شخص کا جو اہل کتاب سے متعلق نہ ہو ؛ غیر اہل کتاب کا ؛ مشرک ؛ کافر ؛ ملحد ۔ (۲) (مجازاً) مشرکانہ ؛ ملحدانہ ؛ کافرانہ ۔

Pagan : (n) غیر اہل کتاب ؛ کافر ؛ مشرک ؛ منکر ؛ جاہل ؛ بت پرست ۔ (۲) (مجازاً) تاریک خیال ؛ غیر شائستہ شخص ؛ مشرک صفت انسان ؛ مشرک مانند ؛ کافرانہ ۔

Pagandom : (n) دنیائے کفر ؛ جہان شرک ؛ شرک کی جگہ ؛ غیر اہل کتابی ؛ غیر اہل کتاب کی جماعت یا دنیا ۔

Paganish : (a) (۱) کافرانہ ؛ ملحدانہ ؛ منکرانہ ؛ مشرکانہ ۔ (۲) کافر جیسا ؛ کافر صفت ؛ تاریک خیال کا ۔

Paganishly : (adv.) کافرانہ طور پر ؛ ملحدانہ انداز میں ؛ مشرکانہ طور پر ۔

Paganism : (n) [L. 'Pagnismus'.] (۱) منکریت ؛ کفر ؛ شرک ؛ بت پرستی ؛ الحاد ؛ بے دینی ؛ جاہلیت ؛ بیگانیت ؛ تاریک خیالی ؛ کفر کرنے کی حالت ؛ غیر اہل کتاب لوگ ؛ جماعت مشرکین ۔ (۲) الحاد صفت ؛ بت پرستی کی صفت ؛ مشرکوں کی اخلاقی حالت ؛ (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) فطرت ؛ پرستی ۔

Paganity : (n) دیکھو Paganism

Paganization : (n) کفر یا شرک کی حالت ؛ کفریت ؛ منکریت ؛دہریت ؛ بے دینی ؛ بت پرستی ۔

Paganize : (v) [Fr. 'paganiser'.] (۱) کافر بننا یا کافر بنانا ؛ شرک کرنا ؛ کفر کرنا ؛ مرتد ہو نا ؛ غیر اہل کتاب کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ۔ (۲) کافر ہو جانا ؛ ملحد ہو جانا ؛ کافر کی طرح کام کرنا ؛ بے دین کی طرح کام کرنا ؛ کافرانہ ؛ ملحدانہ خیال رکھنا ؛ شرک کی باتیں کرنا ؛ گمراہ ہونا ؛ بے دین ہونا ؛ بت پرست ہونا ۔

Pganizer : (n) ملحد ؛ کافر ؛ مشرک ؛ بے دین ؛ بت پرستی کرنے والا ۔

Paganly : (adv.) کافرانہ طور پر ؛ ملحدانہ انداز میں ؛ شرک کے طور پر ۔

Page : (n) [Fr. 'page.'] (۱) چھوکرا ؛ خدمتگار ؛ خادم ؛ کم عمر خدمتگار عموماً وردی پوش جس کے ذمہ چھوٹے موٹے کام ہوتے ہیں ؛ خواص ۔ (۲) (سواروں کا رسالہ ، نائٹوں کی خصوصیات) (تاریخ) وہ لڑکا جو نائٹ (بانکا سردار) بننے کا امید وار ہو اور اس امیدواری میں کسی نائٹ کی خدمت میں ہو ۔ (۳) امراء کا کم عمر خدمتگار ۔ (۴) کسی عہدہ دار کا خاص ملازم ۔ (۵) شاہی خاندان کے مختلف عہدہ داروں کے خطابات ۔ (۶) وردی پوش خادم جو دروازہ پر کھڑا رہنے ، قاصد یا پیامبر کا کام انجام دیتا ہے ۔ (۷) (امریکا میں) مجلس قانون ساز کا خادم ۔ (۸) ایسی خوش نما کھڑی میں ملبوس چھوٹے لڑکے جو دلہن کی پوشاک کو شادی کے موقع پر اٹھائے رکھتے ہیں ۔ (۹) (تشریح)(جنوبی امریکا کے)سبز اور سیاہ رنگ کے ایک اڑنے والے کیڑے کا نام ۔

Page : (v) خادم کی طرح خدمت میں حاضر رہنا ؛ میز کے نوکر یا پیش خدمت کا کام انجام دینا ؛ پیش خدمتی کرنا ؛ (ہوٹل میں آنے والے کے پاس) خبر بھیجنا ؛ نیز ، صرف خادم کے لئے بھی آتا ہے ۔

Page : (n) [L. 'pagina.'] (۱) صفحہ ، کسی کتاب ، مسوّدے یا خط کا ایک صفحہ ۔ (۲) (طباعت) کاغذ کی طباعت کی غرض سے ایک خاص قسم کی کشتی یا تختی پر جمایا ہوا یا کمپوز کیا ہوا ۔ (۳)(طباعت)طباعت کی غرض سے ڈھالا ہوا ۸/۳ انچ ٹائپ کے ٹکڑوں میں سے ایک باہر بھیجے جانے کے لئے ۔ (۴) (مجازاً) کوئی صفحہ یا صفحات کسی تحریر کے ؛ تحریر ۔ (۵) ایسا قصہ یا حکایت جو کہ تحریری طور پر صفحہ کو پُر کر دے ؛ وہ واقعہ جو صفحہ تاریخ پر درج کرنے کے لائق ہو ؛ یادگار واقعہ ۔

Page : (v) (۱) صفحہ لگانا ؛ صفحے ڈالنا ؛ صفحوں کے نمبر ڈالنا ۔ (۲) صفحوں میں بنانا ؛(کمپوز کیا ہوا ٹائپ) کالم بندی یا صفحہ بندی کرنا ۔ (۳) (ٹائپ) باہر بھیجنے کے لئے صفحوں پر نمبر ڈالنا (نئے ٹائپ) ۔

Page ante : (n) صفحہ سابقہ ۔

Page-boy : (n) (۱) (امریکا) مجلس قانون ساز کا پیش خادم ؛ حاضر باش ؛ قاصد ؛ پیامبر ؛ پیغام لے جانے والا ۔ (۲) عورتوں کے بال کی ایک طرز جس میں بال شانے تک لمبے اور سر پر اندر کی طرف مڑے ہوتے ہیں ۔

Page of honour/ -the chamber : (n) شاہی خاندان کے مختلف عہدیداروں کے نام ۔

Page post : (n) صفحہ آئندہ ۔

Page-proof : (n) (طباعت) صفحہ کی شکل میں بنا کر ٹائپ سے لیا ہوا کچا پروف ؛ صفحی پروف ۔

Pageant : (n) [Late ME. 'pagyn.'] (۱) اسٹیج پر کیا ہوا تماشا ؛

خصوصاً قرون وسطیٰ کا مذہبی سوانگ یا ناٹك ۔ (۲) تماشا ؛ نمائش ؛ کھیل ؛ سوانگ (اسٹیج یا چلتی ہوئی گاڑی میں) ۔ (۳) (مجازاً) محض دکھاوا ؛ خالی خولی تماشا ؛ بناوٹ ؛ تصنع ۔ (۴) شاندار جلوس یا تماشا ؛ پر شکوہ منظر (کسی مقصد براری کے لئے)؛ ۱۹۷۷ء سے ایسے مقامی تاریخی واقعات اور اس سے متعلق اشخاص کی یادگار جشن پر بھی اطلا ق ہوتا ھے ۔ (۵) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Dumb pageant : معنی خیز اشارے ؛گنگ تماشا ۔

Pageant : (a) کھیل یا تماشے میں کام کرنے یا اس سے متعلق ؛ دیکھنے میں اچھا یا بظاہر صحیح ؛ ظاہر ؛ نمود ۔

Pageant : (v) تماشا کرنا ؛ ناٹك کرنا ؛ تماشا کی طرح لے جانا ؛ نمائش دکھلانا ؛ جلوس کی شکل میں لے جانا ۔

Pageantry : (n) (۱) پر تکلف نمائش ؛ شاندار اظہار ؛ عالی شان نمائش ؛ دھوم دھام ؛ طمطراق ؛ شان و شوکت ؛ بہترین تماشا ؛ کروفر ؛ تزك ؛احتشام ؛ جاہ و جلال؛ جاہ و حشم (نیز جمع میں) ۔ (۲) محض دکھاوا ؛ خالی خولی تماشا ؛ کھوکھلی نمائش ۔

Paged : (a) صفحوں پر نمبر دیا ہوا ؛ خاص قسم کی صفحہ بندی کا ۔

Pagehood : (n) خواص گری ؛ خواص گری کا عہدہ ۔

Pagina : (n) (نباتیات) پترا ۔

Paginal : (a) [Late L. 'paginalis' .] صفحات کا یا اس پر مشتمل ؛ صفحہ به صفحہ ؛ وابستہ به صفحہ ۔

Paginary : (a) دیکھو Paginal

Paginate : (v) [Fr. 'paginer.'] صفحہ لگانا ؛ کتاب کے صفحات پر نشان لگانا ؛ نمبر ڈالنا ۔

Pagination : (n) کتاب کے صفحات پر نمبر چڑھانے یا نشان لگانے کا عمل یا ایسی کوئی چیز ؛ اعداد کا تسلسل جس سے صفحات گنے جاتے ہیں ؛ (طباعت) صفحہ بندی ۔

Paging : (n) صفحے گننے یا صفحات پر نمبر لگانے کا عمل ۔

Pagne : (v) [Fr.] کپڑا ؛ کپڑے کا ایك ٹکڑا جسے گرم ملك کے باشندے مختلف طرح سے پہنتے ہیں ؛ دھوتی ؛ چھوٹا سایا۔

Pagod : (n) [Pg. 'pagode.'] (۱) (تعمیرات) دیکھو Pagoda ۔ (۲) دیوتا کی شبیہ یا مورت ؛ بت (ہندوستان اور چین میں) ۔ (۳) سونے (یا چاندی) کا سکّہ (جو پراچین دکھنی بھارت میں رائج تھا) (تقریباً ۷ شلنگ کا)۔

Pagoda : (n) [Pg. 'pagode.'] (۱) بتکدہ ؛ مندر ؛ مقدس عمارت ؛ مخروطی شکل کا مندر (چین اور ہندوستان) بڑی مندر ؛ پگوڈا ؛ پیرا منڈ کی شکل کا کوئی مقدس مینار جو گوتم بودھ یا سادھو ؛ بزرگ کے آثار باقیات یا کوئی ایسے ہی مقدس مقام پر تعمیر کئے جاتے ہیں ۔ (۲) مشرقی پگوڈا کی نقل میں تعمیر کی ہوئی ایك چھوٹی عمارت یا تعمیر ۔ (۳) سونے (یا چاندی) کا سکہ جو پراچین دکھنی بھارت میں رائج تھا اور تقریباً ۷ شلنگ کا ھوتا تھا ۔ (۴) مندر کی شکل کا کھلونا ؛ مندر کی شبیہہ ۔

Pagoda-flower : (n) پگوڈا درخت کا پھول ۔

Pagoda-stone : (n) نرم دھات جس میں چینی پگوڈا کی تصویر بناتے ہیں ۔

Pagoda-tree : (n) (۱) پگوڈا کا درخت ۔ (۲) وہ فرضی درخت جس سے پگوڈا کے سکّے جھڑتے ہیں ۔ (۳) مختلف درختوں کا نام ۔ (i) سفوراجیپونیکا (Sophora Japonica) (چین اور جاپان میں لگایا جاتا ھے) ۔ (ii) پلومیریا اکوٹیفولیا (Plumeria acutipolia) (ویسٹ انڈیز کا جو ہندوستان میں لگایا جاتا ھے) ۔ (iii) فیکس انڈیکا (Ficus Indica) (ہندوستان کا بڑ یا برگد کا درخت) ۔

To shake the pagoda-tree : ہندوستان میں روپیہ بٹورنا ؛ بہت جلد روپیہ کمانا ؛ ہندوستان میں دولت پیٹنا ۔

Pagodite : (a) [Fr. 'Pagodite' .] (۱) دیکھو Pagoda -stone ۔ (۲) نرم دھات جس میں چینی پگوڈا کی تصویر بناتے ہیں ۔

Pagurian : (a) ایك قسم کے کیکڑے سے متعلق ؛ گوشہ گیر کیڑے سے متعلق۔

Pagurian : (n) ایك خاص قسم کا کیکڑا جو گھونگوں اور دوسرے کیڑے مکوڑوں کے تیرتے ہوئے خولوں میں رہا کرتا ھے تاکہ اپنی حفاظت کرے ۔

Pah : (Int.) فجائیہ (اظہار نفرت و حقارت کے لئے) آخ تھو ؛ لاحول ولا قوۃ ۔

Pah : PA کا متبادل ۔

Pahari/Pharia : (n) [Hindi.] ایسی قوم جو شمالی مشرقی ہندوستان میں رہتی ھے : پہاڑی : کوہستانی : پہاڑی لوگ ۔

Pahlavi /Pehlevi : (n) [pers. 'pahlawi.'] (۱) زر تشتیوں کا دیا ہوا نام : جس (زبان میں) ان کی مذہبی کتابوں کے تراجم لکھے ہوتے ہیں : اب زبان پہلوی یا فارسی جو ساسانیوں کے دور حکومت میں رائج تھی : قدیم فارسی ۔ (۲) خط پہلوی ۔(۳) خاندان پہلوی ۔

Paid : (a) [pa. pple of Pay(v)] روپیہ ادا کیا ہوا : دیا ہوا : قرض ادا کیا ہوا : اجرت دی ہوئی : تنخواہ یافتہ : ادا شدہ : ادکیا ہوا : چیک دیا ہوا ۔

Paid : دیکھو Paed

Paid up : (a) ادا شدہ : تصفیہ شدہ۔

Paid up additions : (n) (تجارت) چکتا پالیسی :منافع بیمہ اسیم۔

Paid up capital : (n) (معاشیات) ادا شدہ سرمایہ : وصول شدہ سرمایہ۔

Paid up policy : (n) (معاشیات) تصفیہ شدہ بیمہ ۔

Paid up stock : (n) (تجارت) اداشدہ اسٹاک : وصول شدہ اسٹاک ۔

Paidology : (n) (طب) طفلیات۔

Paigle/Pagle : (n) [Origin unkn.] (بول چال) ایک قسم کا ولایتی پودا جس کے پھول خوشبودار اورزرد ہوتے ہیں : (نباتیات) گاؤ زبان : زھرا الّربیع : نیز ایک قسم کا پیالہ نما پھول والا پودا ۔

Paijama : (n) پاجامہ : پائے جامہ ۔

Paik : (n) [Origin unkn.] (اسکاتستانی اور بول چال) شدیدضرب: مستحکم گھونسا : زور دار ضرب : سخت مار : پے در پے ضرب ۔

Paik : (v) پے در پے ضرب لگانا :زور سے مارنا :سخت گھونسا مارنا ۔

Pail : (n) [OE. 'paegel.'] (۱) گگرا : دودھ پانی وغیرہ : لکڑی یا دھات کا برتن ۔ (۲) گگرا : پانی دودھ وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک گگرے میں آسکے : سطل : دوہنی۔

Pailful : (n) گگرا بھر : بقدر ایک سطل بھرا ہوا۔

Paillasse : (n) (۱) پیال بھرا گدا ۔ (۲) دیکھو Palliasse ۔

Paiillette/ Paillet : (n) [Fr. ' pailletette. '] (۱) بعض چمکدار دھات کا ٹکڑا جو میناکاری میں کام آتا ھے .(۲) سلمہ ستارہ چھوٹی چمکدار چیز جو عورتوں کے لباس پر آرائش کے لئے ٹانکی جاتی ھے۔

Paillon : (n) [Fr.] کاغذ نما : سنہرا کاغذ : زرنما کاغذ۔

Pain : (n) [ME. 'peine, paine. '] (۱) تعزیر : سرز نش :گوشمالی: تنبیہ : تاوان : جرمانا :سزا : عقوبت : عذاب (متروک) ۔ (۲) دکھ: درد: تکلیف : الم : ایذا: کرب : مسرت و شادمانی کا مخالف یا ضد : (طب) وجع : الم :کرب : درد۔ (۳) جسمانی تکلیف : جسمانی اذیت : مصیبت : غم و محسن۔ (۴) (جمع) درد زہ : بچہ پیدا ہونے کے وقت کی تکلیف ۔ (۵) دماغی اذیت : تکلیف: دماغی رنج و محسن : غم و الم۔ (٦) (جمع) زحمت : محنت : مشقت : کسی چیز کے انجام دینے میں تکلیف ۔

For (One's) Pain : محنت سے : صدقے میں :زحمت کے کے عوض میں ۔

On pain of /Under- / Upon : سرزش اور سزا میں پڑکر : زیر تنبیہات : زیر خطر۔

On pain of death/Under- : سزائے موت کے خطرہ میں پڑ کر۔

Sharp pain : شدید درد : سخت درد۔

To get (a thrashing) for one's pains : محنت کے صلے میں مار کھانا۔

To put out of (one's) pain : کام تمام کرنا :قتل کرنا: ختم کرنا (زخمی یا مصیبت زدہ شخص یا جانور کا) ۔

To take pains, to be at (the) pains of (doing somethig) : زحمت گوارہ کرنا : مشقت اٹھانا : محنت کرنا۔

Pain : (v) (۱) تکلیف پہنچانا : ایذا دینا : اذیت دینا :دکھ دینا: دل دکھانا : مصیبت میں مبتلا کرنا : مشکل میں ڈالنا ۔ (۲) مصیبت اٹھانا :تکلیف میں رہنا : (کسی بات کی) کوشش کرنا : سعی یا جدوجہد کرنا : (کسی چیز سے) لڑنا : مقابلہ کرنا (متروک) ۔(۳)اپنے کو زحمت میں ڈالنا ۔ (۴) نفرت کا احساس پیدا کرنا یا دلانا: ورغلانا : اشتعال دلانا ۔(۵)(متروک) کسی مقصد کے حصول کی خاطر(اپنے آپ کو)

مشکل میں ڈالنا : کوشش بلیغ کرنا ۔

Pain economy : (n) (معاشیات) تنگ : معیشتی ۔

Pain-killer : (n) دافع درد ۔

Pained : (a) تکلیف میں مبتلا : درد دار : غم رکھنے والا : مصیبت کا مارا : تکلیف زدہ : غم و محسن کااحساس کرنے والا : اذیت زدہ ۔

Painful : (a) (۱) تکلیف رساں : ایذ رساں : تکلیف دہ : پُر درد : محنت زا : نقصان سے بھرا ہوا : مصیبت ناک ۔ (۲) جسمانی تکلیف و اذیت میں مبتلا (عموماً جسم کاکوئی حصہ جو زخم یاکسی اور وجہ سے تکلیف میں ہو) ۔ (۳) تکلیف میں مبتلا : مشکل : کٹھن : تکلیف دہ : گراں : ناگوار : اکتا دینے والا : تھکا دینے والا : مشکل میں گرفتار کرنے والا : صعب : پُرشدت : محنتی : جفاکش ۔ (۴) مشکل سے بھرا ہوا : جفاکش صفتی ۔ (۵) (اشخاص کا) محنتی : جفاکش : محنت شعار : مشتمل مزاج : باعزم : تن دہ : کسی کام میں جٹ جانے والا : مستعد : چست : تیزی سے کام کرنے والا : ہوشیار (متروک)۔ (٦) (طب) موجع : دردناک ۔

Painfully : (adv.) تکلیف دہ طور پر : اذیت کے ساتھ : تکلیف رسانی کے طور پر : پُر درد طور پر : درد ناک مزاجی ۔

Painfulness : (n) تکلیف دہی : ایذا رسانی : مصیبت ناکی : ناگواریت : جفاکشی : محنت : مستقل مزاجی ۔

Painless : (a) درد سے خالی : جس میں درد بالکل نہ ہو : بے تکلیف : زحمت و رنج کے بغیر : بے درد ۔

Painlessly : (adv.) بغیر تکلیف کے : بغیر درد کے : بغیر ایذا رسانی کے : تکلیف نہ دے کر ۔

Painlessness : (n) درد سے خالی : عدم احساس درد : عدم زحمت و رنج ۔

Pains and penalties : (n) (مرضیات) حس درد ۔

Painsense : (n) تکلیف اٹھانا : زحمت برداشت کرنا : کسی کام کو محنت و مشقت یا لگن کے ساتھ کرنا : جفاکشی : زحمت : سعی : رنج بری ۔

Painstaking : (a) تکلیف اٹھانے والا : محنتی : جفاکش :محنت کش : ساعی : (عمل و پیداوار کا) توجہ اور لگن کے ساتھ کام کرنے والا ۔

Painstakingly : (adv.) تکلیف اٹھاتے ہوئے : جفاکشی سے :محنت و مشقت سے ۔

Paint : (n) (۱) رنگ و روغن : نقش و نگاری : مصوری ۔ (۲) رنگ : روغن : صفحہ : نسیج کا قدرتی رنگ ۔ (۳) جس سے کوئی چیز رنگی جائے ۔ (۴) کسی سیال شے میں محصول کیا ہوا رنگنے کا :ٹھوس مادہ : نیز رنگنے کا رنگ ۔ (۵) رنگنے کا رنگ جو چہرے یا جسم پر آرائش کے لئے لگایا گیا ہو : پوڈر : غازہ : دھات کے برتن صاف کرنے کا سفوف: (طب) رنگ یا روغن کی طرح جسم پر برش سے خارجی استعمال کا مرہم یا دوا ۔ (٦) (مجازاً)رنگ: رنگ سازی : آرائش : نمائش : دکھاوا : خوبصورت حیلہ : بہانہ ۔

Luminous paint : دیکھو Luminous

Paint : (v) [Fr. peint(e.)] : (۱) رنگین یا روغنی تصویر کھینچنا : تصویر اتارنا : شبیہ کھینچنا : مصوری کرنا : نقاشی کرنا : رنگ کے ذریعہ نقش اتارنا ۔ (۲) (دیوار ، کھڑکی وغیرہ پر) نقش و نگار بنانا : نقش و نگار سے آراستہ کرنا : (رنگین روشنی کے اثر کے متعلق بھی کہا جاتا ھے) ۔ (۳) نقاشی کرنا : مصوری کرنا۔ (۴)(مجازاً) نقاشی کے ذریعہ صاف طور پرظاہر کرنا ۔ (۵) (کسی واقعہ کی) لفظوں میں تصویر کھینچنا : نقشہ کھینچنا ۔ (٦)رنگنا : رنگ کرنا : روغن کرنا : رنگ پھیرنا : رنگ سازی یا رنگ کی استرکاری کے ذریعہ رنگنا۔(۷) (مجازاً) حسین بنانا : خوبصورت بنانا : نقش و نگار کرنا : رنگ کے ذریعہ آرائش کرنا: مسجع و مرصع کرنا ۔ (۸) غازہ ملنا : پوڈر ملنا (چہرہ پر) ۔ (۹) برش سے مرہم یا دوا لگانا : (جسم کے کسی حصے پر) اس طرح کا عمل کرنا ۔

To paint (an object) black, white , red, etc. : اُسی رنگ میں ظاہر کرنا : تصویر کشی کرنا ۔

To paint black : بُرا یا بدمعاش ظاہر کرنا ۔

To paint out : کسی چیزکو مٹانے کے لئے اس پررنگ پھیرنا ۔

To paint the town red : (رنگ رلیوں سے) شہر میں ہنگامہ برپا کردینا : اودھم مچا دینا (امریکی عامیانہ) ۔

Paint-box : (n) رنگ سازی کا ڈبہ : رنگنے کا ڈبہ ۔

Paint-brush : (n) رنگنے کا برش : رنگ کرنے کا برش ۔

Paint pot : (n) رنگنے کا برتن : نقاشی کے رنگ کا ایک مخصوص

چھوٹا ظرف : (ارضیات) گلی برکان :گلی آتش فشاں ۔

Paint shop : (n) کارگاہ نقاشی : نقاشی کی دکان ۔

Paint work : (n) رنگ کاری : نقاشی : نقش و نگار کا کام ۔

Paintable : (a) رنگنے کے لائق : قابل رنگ سازی ۔

Painted : (a) تصویر اتاری ہوئی :رنگ کے ذریعہ تصویر میں ظاہر کیا ھوا : رنگ سے استرکاری کی ہوئی :نقش و نگار سے بھرا ھوا : مصنوعی صورت میں رنگا ھوا ۔ (۲) (مجازاً) مصنوعی: بناوٹی : جھوٹا : پرفریب ۔ (۳) (مجازاً) انتہائی شوخ رنگ میں رنگا ھوا : تیز رنگ سے بھر پور ۔(۴) (آرٹ) روغن شدہ ۔

He is not so black as he is painted : وہ ایسا برا نہیں ھے جیسا کہ کہا جاتاھے ۔

Painted beauty : (n) امریکا کی ایک چمکدار تتلی ۔

Painted chamber : (n) ویسٹ منسٹر (Westminister) کے قدیم محلوں کا چیمبرجن کی دیواروں پر جنگی مناظر کے نقش و نگار بنائے گئے تھے ۔

Painted cup : (n) امریکی (Castilleia) کیسٹیلیا جنس کی نوع کا ایک پودا جو پھول سے زیادہ چمکیلا اور بھڑکیلا ھوتا ھے ۔

Painted finch : (n) نیلے رنگ کا ایک قسم کا پرند ۔

Painted lady : (n) (۱) نارنجی رنگ کی تتلی جس پر سیاہ چتیاں ھوتی ہیں ۔ (۲) تاریخی رنگ کے مختلف اقسام ۔

Painted tortoise/-turtle : (n) ایک قسم کا امریکی کچھوا جس کا نچلا حصہ لال اور پیلا ھوتا ھے ۔

Painter : (n) [OFr. 'peintour.'] (۱) (آرٹ) نقاش : مصور ۔ (۲) رنگ ساز : رنگ کار ۔ (۳) ہیزمی یا آہنی چیزوں پر رنگ چڑھانے والا کاریگر ۔

Painter : (n) [OFr. 'penteur.'] (۱) وہ رسی جو کشتی کے اگلے حصے میں بندھی ھوتی ھے اور جہاز سے اٹکانے کے کام آتی ھے : بلّی : چوب : کھونٹا ۔ (۲) دیکھو Shank- painter .

To cut (or slip) the painter : (مجازاً) (کسی نو آبادی کا مادر وطن سے) قطع تعلق کرنا : الگ کر دینا ۔

Painter : (n) [Var. of Panther.] امریکی چیتا : تیندوا : پلنگ : امریکی شیر کی نوع کا ایک جانور ۔

Painter-stainer : (a) نقاش : مصور : رنگ ساز : آہنی یا ہیزمی چیزوں پر رنگ چڑھانے والا : وہ نام جس کے ذریعہ شہر لندن لاویری کمپنی آف پینٹرس کے ممبران چارٹر میں نامزد کئے جاتے ہیں ۔

Painter's colic : (n) قولنج کا عارضہ جو اکثر رنگ سازوں کو سیسے سے کام کرنے کی وجہ سے ھو جاتا ھے ۔

Paintiness : (n) رنگ سازی ۔

Painting : (n) [ME.'f. 'Paint (v) + -ing'.] (۱) نقاشی : مصوری : رنگ سازی : مصورانہ تزئین : پیکر نگاری : نقاش گری ۔ (۲) نقش :پیکر: صورت : تصویر :شبیہہ ۔ (۳)پردۂ نقاشی :رنگ آمیزی : رنگ سے سطح پر کسی منظر کی تصویر کشی : چیزوں کی نقاشی یا چیزوں کی تصویر کشی کا فن ۔ (۴) (مجازاً) واضع طور پر نقاشی ۔ (۵) رنگ سے رنگنے یا نقش و نگار سے سجانے کا عمل : رنگ سے چہرے کو رنگنا : رنگ ۔

Paintless : (n) بے رنگ و روغن :سادہ :بے مزہ : بغیر نقاشی کے : بغیر رنگ آمیزی کا ۔

Painteress : (n) (۱) نقاشہ : مصورہ : نقش و نگار بنانے والی عورت ۔ (۲) رنگ ساز عورت ۔

Painty : (a) (۱) رنگ کا یا رنگ سے بھرا ھوا : روغن کا ۔ (۲) (تصویر) رنگ سے بھرا ھوا : وہ تصویر جس پر زیادہ رنگ تھپ گیا ھو : رنگ تھپی (تصویر) ۔

Pair : (n) [L. 'paria.'] (۱) جوڑا : جوڑی : جوڑ ۔ (۲) ان دو چیزوں کے لئے استعمال ھوتا ھے جو ایک جیسی ھوں یا ساتھ کی یا جوڑ کی چیز جیسے جوتے کا جوڑا ، موزے کا جوڑا یا دستانے کا جوڑا وغیرہ (نیز بول چال اور کچھ مزاحاً) جیسے (A pair of eyes, ears, arms, etc.) نیز مڑنے والے دروازے کا جوڑ : پردے کا جوڑ وغیرہ ۔ (۳) ان دو چیزوں کے لئے استعمال ھوتا ھے جو بالکل یکساں ھوں اور آپس میں جڑی ھوئی ھوں جیسے A pair of trousers, A pair of scissors وغیرہ ۔ (۴) نر مادہ کا جوڑا (جانور یا آدمی): وہ عورت مرد جن کی آپس میں نسبت یا شادی ھو گئی ھو : منگیتر جوڑا : میاں بیوی : زن و شو ۔ (۵) رقص کے دو شریک یا ساتھی :ناچ کا جوڑا ۔ (۶) جانوروں کا جفتی کرتا ھوا جوڑا ۔ (۷) (شخص ، جانور یا چیز کا) جوڑا : جوڑ : جوڑی : زوج ۔ (۸) (پارلیمنٹ کی اصطلاح میں) انتخابات میں دونوں امیدواروں کی طرف سے

ایک ایک رائے دہندہ جو باہمی رضامندی سے رائے دہی میں غیر حاضر رہیں : غیر حاضر جوڑا(رائے دہندوں کا) ۔ (۹) گھوڑوں کی جوڑی : دو گھوڑے جو اکٹھے جتے ہوں ۔ (۱۰) Pairs of Oars کا مخفف : دوچپوّوں کی کشتی ۔ (۱۱) ایک ہی طرح کے تاش کے دو پتے ۔ (۱۲) (کبھی کبھی) Two (پہلے اس کا استعمال : غیر صحیح طور پر چند ، دو یا تین کے معنی میں ہوتا تھا لیکن اب جوڑے کے معنی میں مستعمل ھے ۔ (۱۳) ایک جفت یا جوڑ ، جو دو میں محدود نہ ہو ۔ (۱۴) ایک ہی سمت میں جانے والا سیڑھیوں کا سلسلہ (اکثر چھت اور منزل کے معنوں میں استعمال ہوتا ھے) نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۱۵) زینوں کا سلسلہ : نقل پذیرسیڑھی یا زینہ : ہلکی سیڑھی ، اُٹھاؤ سیڑھی ۔ (۱۶) ایک ساتھ کام کرنے والے کان کنوں کی جماعت (امریکا) : خچروں کی جماعت جو رانگ یا رانگالے جاتے ہیں ۔ (۱۷)(طبیعیات) جوڑا : (شماریات) جوڑا ۔

Another or a different pair of shoes or boots : ایک مختلف بات : علاحدہ بات ۔

To take or show a clean pair of heels : تیزی سے بچ نکلنا: تیزی سے بھاگ کھڑے ہونا ۔

Pair : (v) [f. prec.] (۱) جوڑے یا جوڑیاں ملانا : ہم مقابل ہونا یا کرنا (دو شخص یا چیز کا ایک دوسرے سے) جوڑوں یا جوڑیوں میں تقسیم کرنا : جوڑے یا جوڑیاں ملانا : جوڑے یا جوڑیوں میں تقسیم ہونا ۔ (۲) جوڑ ہونا : موزوں ہونا ۔ (۳) (دو شخص یا چیز کو) جوڑے میں ترتیب دینا ۔ (۴) جوڑا ملانا یا ملنا (عاشق و معشوق یا دولھا دلہن کا) شادی کرنا : شادی ہونا : (جانور کا) جفتی کرنا : (جانور کا) اپنا نر یا مادہ ڈھونڈ لینا : جوڑا بنا لینا ۔ (۵) جوڑا بنا لینا : خاص کر (پارلیمنٹ) انتخابات میں دونوں امیدواروں کی طرف سے ایک ایک رائے دہندہ کا باہمی رضامندی سے غیر حاضر ہونا : نیز دو دو الگ کرنا : جوڑوں میں تقسیم کرنا : جوڑے بنا کر جانا ۔ (۶) مخالف جنس سے متحد ہونا : ملاپ کرنا ۔ (۷) نکاح یا مواصلت کرنا (مرد عورت) ہم بستر ہونا : شادی کرنا ۔

Pair : (v) [ME. Aphetic f. 'apeyre, a payre. '] (متروک یا بول چال) بگاڑ دینا : نقصان کر دینا : ضرر پہنچانا : خلل ڈالنا ۔

To pair off : (۱) (شخص یا چیز کی تعداد) دو دو الگ کرنا : جوڑوں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) جوڑے بنا کر جانا : دو دو مل کر چلنا ۔

To pair off with : (بول چال) شادی کرنا : بیاہ کرنا : نکاح کرنا : (مجازاً) ملانا : ایک کرنا : امتزاج کرنا : متحد کرنا ۔

Pair emission : (n) (طبیعیات) جوڑا اخراج ۔

Pair formation : (n) (طبیعیات) جوڑا تشکیل ۔

Pair-horse : (n) گھوڑوں کی جوڑی کا ۔

Pair marriage : (n) (سماجیات) مساواتی شادی ۔

Pair-oar : (n) دو چپوّوں والی کشتی : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pair of cards : (n) (تاش کے) یکساں اہمیت کے دو پتے : ایک ہی طرح کے دو پتے ۔

Pair of colours : (n) ایک ہی ریجمنٹ کے دو جھنڈے جس میں ایک شاہی ہو اور دوسرا ریجمنٹ کا : اس طرح ایک نشان بر دار کی اہمیت یا پوزیشن ۔

Pair of dice : (n) پانسے کا جوڑا ۔

Pair of lawn sleaves : (n) بشپ : بڑا پادری ۔

Pair of oars : (n) دو چپوّوں کی کشتی : دو آدمیوں کے ذریعہ چلائی جانے والی کشتی ۔

Pair production : (n) (طبیعیات) جوڑا پیداوار ۔

Pair of scales : (n) (طبیعیات) ترازو ۔

Pair of stairs : (n) سیڑھیوں کا سلسلہ جو سیدھے اوپر تک گیا ہو ۔

Pair of steps : (n) نقل پذیر سیڑھی یا زینہ : ہلکی سیڑھی : اٹھاؤ سیڑھی ۔

Pair-royal/ Prial- : (n) (۱) ایک ہی قسم کی تین چیزوں کا سیٹ : ایک ہی قسم کی تین چیزیں ۔ (۲) (تاش کا ایک کھیل وغیرہ) ایک ہی طرح کے تین پتے : اسی طرح کے جوڑ کے چار پتّے ۔ (۳) پانسے سے جوا کھیلنے کا ایک طریقہ جس میں سبھوں کے نمبر ایک ہی طرح ظاہر ہوتے ہیں ۔ (۴) تین آدمیوں یا چیزوں کا جوڑ : ایک ہی طرح کی تین چیزیں ۔

Double pair-royal : (تاش کے کھیل جس میں) ایک ہی طرح کے چار پتّے ۔

Pair-toed : (a) (طیوریات) دو چنگلا : دو چنگل کا جس میں دو آگے اور دو پیچھے چنگل ہوں ۔

Pair-wise independent : (a) (شماریات) جوڑے دار غیر تابع ۔

Pair-wise sufficiency : (n) جوڑے دار کا فیت ۔

Paired : (a) شادی کیا ہوا : جوڑا کیا ہوا : جوڑا بنا یا ہوا : (طبیعیات) جڑواں : (شماریات) جوڑا بندی ۔

Pairing : (n) جوڑے ملانے کا عمل : جوڑا ہونے کا عمل : شادی کرنے کا عمل : جفتی کرنے کا عمل (جانور کا) (طبیعیات) جوڑا بندی ۔

Pairing season : (n) پرندوں کی جفتی کا موسم : وہ عمر جب جنسیں جفتی کھانا شروع کرتی ہیں : سن بلوغ ۔

Pairing time : (n) دیکھو Pairing season

Pairment : (n) نقصان : ضرر : خلل (اب صرف بول چال میں) ۔

Paisa/ Paissa : (n) [Hindi paisa.] (۱) پیسہ ۔ (۲) افغانستان میں ۱۹۰۱ سے ۱۹۱۹ تک حبیب اللّٰہ خاں بادشاہ کے زمانے میں رائج ایک تانبے کا سکّہ ۔ (۳) افغانستان کے ایک قدیم تانبے کا سکہ جو ہندوستانی پیسے کے برابر تھا۔

Paisano : (n) [Sp. 'paysan.'] (۱) گنوار : دہقان : دیہاتی : جاہل : کسان : مزدور ۔ (۲) ہم وطن : مقامی باشندہ : خصوصاً کیلیفورنیا صوبے کا ایک مقامی باشندہ جو ہندوستانی اور اسپینی خاندان کی مخلوط نسل سے ہو۔(۳) ایک قسم کا امریکی تیز پرواز پرندہ ۔

Paisley : (n) اسکاٹ لینڈ میں ایک شہر کا نام جو ریشمی کپڑوں کی صنعت کے لئے مشہور ھے : پیسلی (Paisley) کپڑوں سے بنی ہوئی شال ،پوشاک یا جھالر وغیرہ۔

Paisley : (a) ملائم اون کابنا ہوا : کشمیری اون کی طرح : خوش نما و خوش طرز کابنا ہوا : پیسلی طرز کے کپڑوں اور آرائش کا یا اس سے متعلق ۔

Paisely cotton : (n) پیسلی سوتی کپڑے ۔

Paisley pattern : (a) پیسلی شال کا نقش و نگار۔

Paisley velvet : (n) پیسلی مخمل۔

Pajama party : (n) دس سے چودہ سال کے درمیان کی لڑکیوں کا کسی ایک کے گھر پر رات بھر کا اجتماع جس میں وہ شب خوابی کا لباس پہنتی ہیں اور ساری رات خوش گپی میں گذارتی ہیں۔

Pajamaed : (a) پاجامہ پوش : پاجامہ پہننے والا ۔

Pajamahs/-mas : (n) دیکھو Paijama

Pakeha : (n) ماوری (Maori) لفظ جو نیوزی لینڈ میں سفید فام آدمی کے لئے بولا جاتا ھے ۔

Pakistan : (n) پاکستان : مملکت پاکستان۔

Pakistani : (n) پاکستانی : اہل پاکستانی۔

Paktong /Packtong : (n) ایک قسم کی پالش کی ہوئی چینی چاندی : (فلزیات) جرمن چاندی ، تانبہ ، جستہ اور نکل کی ملاوٹ جو چاندی کے مشابہ ہو۔

Pal : (n) [Eng.Cripsy 'pal'.] (عا میانہ) ساتھی : دوست : یار : پارٹنر : بہت گہرا دوست : رفیق : شریک : رفیق جرم : شریک جرم (جو جرم میں بحیثیت ماتحت کے شریک ہو) ۔

Pal : (v) ملنا جلنا :ساتھ اٹھنا بیٹھنا : صحبت میں رہنا : کسی کا ساتھ دینا : کسی کے ساتھ رہنا :رفاقت کرنا : دوست ہونا : رفیق ہونا : ساتھی ہونا ۔

To pal up with : ملنا جلنا : ساتھ اٹھنا بیٹھنا :صحبت میں رہنا:دوست ہونا :یار ہونا۔

Palabra : (n) [Sp.] لفظ : تقریر : گفتگو :بیان :پنچایت :مشورہ : گفت وشنید : بکواس : بك بك ۔

Pocas palabras : چند الفاظ ۔

Palace : (n) [Me. 'plaeis.'] (۱) بادشاہ : اسقف اعظم یا اسقف کی سرکاری قیام گاہ : محل شاہی : ایوان شاہی : ایوان اسقف ۔ (۲) محل کی طرح رہنے والی جگہ ۔ (۳) عالیشان عمارت : محل ایوان : شاندار ہوٹل: تماشا گاہ وغیرہ۔ (۴) بہت ٹیپ ٹاپ کا شراب خانہ : ایوان تفریح ۔

Blenheim palace : (n) ڈیوک کا محل۔

Crystal palace : (n) گریٹ اکزبیشن کی ایک عمارت کا نام۔

Gin palace : (n) بہت اعلیٰ درجہ کا شراب خانہ ۔

In palace of justice : عدالت عظمیٰ میں۔

The king's palace : کاخ شاہی : شاہی محل: بادشاہ کا محل ۔

Palace : (v) محل میں رہنا : شاندار عمارت میں گذر بسر کرنا۔

Palace car : (n) (امریکا) ریل کا پُر تکلف ڈبّہ ۔

Palace court/ Palace-court : (n) (۱) مارشل سی (Marshal sea) میں ہونے والی ایک عدالت کا نام جس کے ماتحت وھائٹ ہال محل کے بارہ میل کے اندر علاقوں میں لوگوں کے اختیارات تھے مگر لندن شہر اس سے مشتثنیٰ تھا ۔ (۲) کسی محل کا صحن ۔

Palace guard : (n) شاہی محل کا محافظ (گارڈ) ۔

Palace hotel : (n) پر شکوہ ہوٹل:زرق برق ہوٹل:عالی شان ہوٹل ۔

Palaced : (a) محل کا یا محلوں کا : محلوں میں رہا ہوا ۔

Palaceward/-wards : (adv.) محل کی طرف : از طرف قصر شاہی : به طرف کاخ ۔

Paladin : (n) [L. 'Palatinus.'] (۱) شارلیمین کے دربار کے بارہ سرداروں میں سے کوئی سردار جس میں کاونٹ پلاٹائن سب سے اہم تھا ۔ (۲) قرون وسطیٰ کا بانکا (نائٹ) جو مہم کی تلاش میں پھرا کرتا تھا : جہاں گشت بانکا : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Palaeantarctic : (n) (جغرافیہ) قدیم جنوبی ۔

Palaeanthropic : (a) (بشریات) قدیم انسانی ۔

Palaeanthropus : (n) (بشریات) قدیم انسان : مفقود انسان ۔

Palaearctic : (a) (جغرافیہ) قدیم شمالی ۔

Palaearctic region : (n) (جغرافیہ) قدیم شمالی خطہ ۔

Palaeethnology : (n) (بشریات) قدیم نسلیات ۔

Palaeo- /Paleo- /Pale- : (prefix) [Gr. 'palaero'.] (امریکا) (سابقہ) بمعنی قدیم ۔

Palaeoarctic : (a) دنیائے قدیم کے شمالی حصے کے متعلق ۔

Palaeobotanist : (n) قدیم نباتیات داں ۔

Palaeobotany : (n) متحجر : نباتیات : قدیم نباتیات ۔

Palaeocene : (n) (ارضیات) اولین آغاز جدید : (عصر) قدیم ایوسیس :(جغرافیہ) پیلوسیسن ۔

Palaeoclimatology : (n) (جغرافیہ) قدیمی موسمیات ۔

Palaeocrinoid : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا قدیم سوسنوی جانور۔

Palaeocrinoid : (a) قدیم سوسنوی جانور کی صفت کا ۔

Palaeocrystic/-crystallic : (a) [Gr. 'krystallos.'] (ارضیات) قدیم یخ بستہ : قدیم برف کا جو قدیم الایام سے منجمد ہے (قطبی سمندر کے حصوں کے لئے استعمال ہوتاہے) ۔

Palaeoencephalon : (n) (حیوانیات) قدیم دماغ ۔

Palaeogaea : (n) (ارضیات) حیاتیہ : (حیاتیات) قدیم ۔

Palaeogene : (n) (ارضیات) قدیم ارضی عصر: پلوبنی جگ ۔

Palaeogeography : (n) (ارضیات) قدیم جغرافیہ ۔

Palaeograph : (n) قدیم کتبہ : قدیم نسخہ : قدیم نویس ۔

Palaeographer /-ist : قدیم نویسی کے فن کا ماہر : کتبوں کے پڑھنے کا ماہر : کتبہ خواں ۔

Palaeographic/ -al : (a) قدیم نویسی کے فن سے متعلق یا اس کا :کتبوں سے متعلق یا اس کا : کتبہ خوانی کا ۔

Palaeographically : (adv.) کتبہ کی رو سے: قدیم نویسی کے فن کے کے طور پر ۔

Palaeography : (n) [mod.L. 'palaeographia.'] (۱) قدیم نویسی یا قدیم نویس کا طرز یا طریقہ ۔ (۲) کتبہ خوانی: قدیم کتبوں اورتحریروں کے پڑھنے کا فن یا علم ۔

Palae(o)ichthyology : (n) قدیم نا معلوم متحجر مچھلیوں کا علم ۔

Palaeolith : (n) (ارضیات) قدیم حجری آلہ : (جغرافیہ)قدیم حجری اوزار ۔

Palaeolithic /Paleo- : (a) (ارضیات) قدیم حجری عہد : جب پتھر کے بن گھڑے اوزار استعمال ہوتے تھے: ماقبل حجری عہد کے متعلق بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس عہد کی چیز کا : neolithic کا مخالف ۔

Palaeolithic period : (n) (ارضیات) قدیم حجری عصر: قدیم پتھرجگ۔

Palaeolithoid : (a) حجری عہد کا اس کے مشابہ یا اس کی خصوصیت کا حامل ۔

Palaeologist : (n) ماہر قدیمیات : عہد پارینہ کا ماہر(شاذ) ۔

Palaeology : (n) (اثریات) قدیمیات : عہد پارنیہ کا علم: قدیم زمانی کا علم (شاذ) ۔

Palaeomagnetism : (n) (مقناطیسیت) قدیم مقناطیسیت :قدیم مقناطیسیت ۔

Palaeontrographical : (a) متحجر نگاری سے متعلق ۔

Palaentographical : (a) (ارضیات) متحجر نامہ : متحجر نگاری ۔

Palaeontologic/-al : (a) قدیم متحجرات کے علم سے متعلق:(ارضیات) قدیم حیاتیات کا ۔

Palaentologically : (adv.) قدیم حیاتیات کی رو سے ۔

Palaeontologist : (n) (ارضیاتیات) قدیم حیاتیات داں : عالم متحجرات کا علم ۔

Palaeopathology : (n) (طب) قدیم امراضیات ۔

Palaeophytology : (n) دیکھو Palaeobotany

Palaeopsychology : (n) (نفسیات) قدیم نفسیات

Palaeornaithological : (a) قدیم حیاتیات طیور کا ؛ قدیم متحجر طیورات سے متعلق ۔

Palaeornithology : (a) قدیم حیاتیات طیور : قدیم متحجر طیورات ۔

Palaeosaur : (n) قدیم متحجر رینگنے والے جانور کی جنس ۔

Palaeoscology/ Paleocology : (n) (جغرافیہ) قدیمی ماحولیات ۔

Palaeotechnic : (a) قدیم آرٹ سے متعلق : نشاۃ ثانیہ سے قبل کے فن کا ۔

Palaeothere/Paleo - : (ارضیات) قدیم درندہ : ایک معدوم جانور جو سور اور گینڈے دونوں سے مشابہ تھا ۔

Palaeotherian : (a) قدیم درندہ صفت کا یا اس سے متعلق ۔

Palaeotherioid/-theroid : (a) قدیم درندہ صفت کے مشابہ یا اس طرح کا ۔

Palaeotype/ Palo- : (n) اے ۔ جے ۔ ایلس (A.J.Ellis) کے ذریعہ ایجاد کی ہوئی ایک طرز تحریر جس میں قدیم شکل (موجودہ رومن حروف وغیرہ) عالمگیر صوتیاتی حروف تہجی بنانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Paleotypography/Paleo- : قدیم فن طباعت : ابتدائی چھپائی یا طباعت ۔

Palaeozoic/Paleo- : (a) (۱) (ارضیات) قدیم حیاتی؛ دور حیات کا : حیات قدیم سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) طبقات ارض کے دور اولین کا :بہت ہی قدیم یا سب سے نچلی سطح کا ۔

Palaeozoic/Paleo- : (n) (بیضوی) قدیم چٹان یا طبقات ارض ۔

Palaeozoological : (a) قدیم حیوانیات سے متعلق : متحجر حیوانیات کا ۔

Palaeozoology : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) قدیم حیوانیات : متحجر حیوانیات ۔

Palaestra / Palestra : (n) [L. 'palaestra.'] (۱) (قدیم یونانی)اکھاڑا : ورزش گاہ : کشتی وغیرہ کی تربیت گاہ ۔ (۲) ورزشی مدرسہ ۔ (۳) ورزش اور کھیل کود کی مشق ۔

Palaestral / Palestral : (a) ورزش گاہ یا اس سے متعلق : کشتی یا کھیل کود کا : کسرتی : متعلق بہ ورزش جسمانی ۔

Palaestric/ -estric : (a) دیکھو Palaestral

Palaetiological : (n) (شاذ) ویول کے اصول کے مطابق ۔

Palaetiologist : (n) (شاذ) نظریہ ویول کا ماہر ۔

Palaetiology : (n) (شاذ) (Whewell کی استعمال کی ہوئی) مروجہ اصول سبب و اثر کے مطابق گذشتہ مظاہر کی تشریح ۔

Palafitte : (n) [Fr.] وہ قبل تاریخ جھونپڑیاں جو سوئستان اور شمالی اطالیہ کی جھیلوں میں کھمبوں پر کھڑی کی گئی تھیں ۔

Palagonite : (n) بسالٹ (گہرا سبز پتھر) جیسی شیشے کی یا شیشہ نما آتش فشانی چٹان ۔

Palais de danse : (n) رقص گاہ : ناچ گھر ۔

Palama : (n) (حیوانیات) غشاء پا ۔

Palampore : (n) (۱)ایک قسم کا پلنگ پوش : ایک قسم کی رنگی اور چھپی ہوئی سوتی چادر یا سوتی کپڑا (جو ہندوستان میں بنتا ھے) ۔ (۲) گجرات (ہندوستان)کے ایک قصبہ کا نام) ۔

Palank/ -ka : (n) [Fr. 'Palangue'.] ایک قسم کی خندق سے محصور مستقل چھاؤنی ترکی کے سرحدی قلعوں سے ملحق ۔

Palanquin/ Palankeen : (n) [Pg. 'pallamquim. .'] (۱) پالکی؛ سیانہ؛ فینس ؛ ڈولی ۔ (۲) (بیجا استعمال) پالکی گاڑی ؛ بند بگھی ۔

Palar : (a) [L. 'palaris'.] بَلّی ؛ کھمبے کا یا اس سے مشابہ ۔

Palas /Pulas : (n) [Skr. 'pataca.'] (نباتیات) ڈھاک ؛ پلاشی؛ ایک قسم کا ہندوستانی درخت ؛ پلاس درخت ۔

Palatability : (n) مزہ ؛ ذائقہ ؛ لذت ۔

Palatable : (a) [f. Palate n. and v. +- Able] (۱) خوش ذائقہ؛ خوش مزہ ؛لذیذ ؛ مزیدار ؛ مزے کا ۔ (۲) (مجازاً) مرغوب ؛ خوشگوار ؛ پسندیدہ ۔

Palatable advice : (a) دل پذیر نصیحت ؛پسندیدہ نصیحت ۔

Palatable food :(n) لذیذ غذا ؛ مزیدار کھانا ۔

Palatably: (n) دیکھو Palatability

Palatableness : (n) خوشگوار طور پر ؛ خوش ذائقی سے ؛ لذیذ طور پر ؛ مزیداری کے ساتھ ؛ لذت کے ساتھ ۔

Palatal : (a) [L. 'palatal'.] (تشریح ، حیوانیات) حنکی ؛تالو کے متعلق ؛ تالو کا ۔ (۲) (صوتیات) حنکی ؛ وہ آواز جو تالو سے نکلے ۔

Platal : (n) (۱) (تشریح) Palatal -bore کا مخفف - (۲)(صوتیات) وہ آواز جو تالو سے نکلے : عام طور پر حرف صحیح کی آواز ؛ نوک زبان سے کیا ہوا تلفظ ۔

Palatal character : (n) حنکی صفت ۔

Palatalism : (n) دیکھو Palatal character

Palatality : (n) دیکھو Palatalism

Palatalization : (n) حنکی آواز کا عمل ؛ تالو اور زبان سے ملا کر (آواز) بدلنے کا عمل ۔

Palatalize : (v) حنکی آواز نکالنا ؛ تالو سے حرف ادا کرنا ؛خاص کر زبان اور تالو کو ملا کر بولنا (آواز) ۔

Palate : (n) [L. 'palatum.] (۱) (تشریح) تالو؛حنک۔ (۲) مزہ ؛ ذائقہ ؛ قوت ذائقہ ۔ (۳) (مجازاً) ذوق ؛ مذاق ؛پسند ؛ رغبت ۔ (۴) (نباتیات) نچلے ہونٹ کا محدب ابھار جو نقاب پوش پھول کے کاسۂ گل کے حلق کو بند کرتا ہے ؛ ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔(۵) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Bony or hard palate : (n) (تشریح)تالو کا اگلا حصہ ؛ حنک عظمیٰ ۔

Cleft palate : (n) حنک مشقوق ۔

Soft palate : (n) (تشریح)تالو کا پچھلا حصہ ؛ حنک؛ لحمی ؛ ایک قسم کا جھلی نما پردہ خصوصاً تالو کا نرم حصہ ۔

Veil of the palate : ایک قسم کا جھلی نما پردہ خصوصاً تالو کا نرم حصہ ۔

Palatial : (a) [L. 'palatium. '] محل جیسا ؛ قصر شاہی کی خصوصیت کا ؛ عالی شان ؛ پرشکوہ ؛ شاندار (عمارت) ۔

Palatially : (adv.) قصر شاہی کی خصوصیت کے ساتھ ؛ پر شکوہ انداز میں ؛ عالیشان طور پر ۔

Palatic : (a) دیکھو Palatal

Palatinate : (n) [f. Palatine(n)+ -atc.] (۱) خود مختار ریاست (وہ علاقہ جو Count palatine کے زیر نگین ہو) ۔ (۲) (انگلینڈ آئرلینڈ) خود مختار ضلع یا سرکار یا خود مختار رئیس کا لقب ۔ (۳) رھائن ؛ سلطنت جرمنی کی ایک قدیم ریاست جو Counta palatine کے زیر نگین تھی ؛ پلاٹین ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

The (Rhina) palatinate : خود مختار ریاست (رھائن، سلطنت جرمنی کی ایک قدیم ریاست) جو Count palatine کے زیر نگین تھی ۔

Palatinate : (a) سلطنت رھائن کا یا اس سے متعلق ۔ (انگلینڈ ، آئرلینڈ کے) خود مختار ضلع یا سرکار کا ۔

Palatinate-purple : (n) ہلکے ارغوانی رنگ کی یونیورسٹی قباوغیرہ جو درہم یونیورسٹی میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایک قسم کا رنگین کوٹ جو امتیازی نشان کے طور پر کھلاڑیوں کو دیا جاتا ہے ؛ نیز اعزاز ۔

Palatine : (a) [L. 'palatinus.'] (۱) قصر شاہی کا یا محل سرا کا ؛ قصری ؛ محلاتی ۔ (۲) رئیسانہ ٹھاٹ کا حامل ؛ شاہی اختیارات کا حامل (جسے اپنی ہی قلمرو کے اندر اختیارات ہوں)۔ (۳) کسی کاؤنٹ یا ارل پلاٹین کے متعلق یا اُس کا ۔ (۴) جرمن پلاٹین یا اس کا ۔

Palatine : (n) (۱) روم میں پلاٹین پہاڑی کا مخفف :کسی قصر کا افسر اعلیٰ : امیر مختار : شاہی محل کا افسر : خودمختار رئیس (انگلینڈ ، آئر لینڈ) : وہ امیر جس کو اپنی قلمرو میں شاہی اختیارات حاصل ہوں : ایسی سلطنت کا وزیر اعلیٰ ۔ (۲) (رومن سلطنت) محل کی فوج ۔ (۳) پلاٹین کا باشندہ یا شہری ۔ (۴) زنانہ سموری گلوبند ۔

Count , Earl (Lord) palatine : پلاٹین کا ایک امیر: وہ امیر جس کو اپنی قلمرو میں شاہی اختیارات حاصل ہوں ۔

County-palatine/Palatine county : پلاٹین کاؤنٹی :پلاٹین کی ایک سرکار : خودمختار ضلع (انگلستان میں اب لنکا شائر اور چے شائر ہیں) ۔

Palatine : (a) [L. 'palatum.'] (تشریح) حنکی : تالو کا یا اس سے متعلق : تالو میں یا تالو کے اوپر لگاھوا ۔

Palatine : (n) (تشریح) حنك لحمی : عظیم حنك : تالو کی ہڈیاں ۔

Palatine-bone : (n) تالو کی ہڈیاں : حنك لحمی ۔

Palatine-earldom : (n) (۱) دیکھو County palatine ۔ (۲) درہم کا دولت مند پلاٹین شہر ۔

Palato- : (prefix) [L. 'palatum .'] جزو ترکیبی بمعنی "تالو" : "حنك" ۔

Palato-dental : (a) (صوتیات) تالو اور دانت سے متعلق : کامی و دندانی : ایسے حروف صحیح پر اطلاق ہوتا ھے جس کی آواز زبان کو دانت کے پیچھے سے سٹا کر نکالی جاتی ھے ۔

Palato-dental : (n) زبان کو دانت کے پیچھے تالو سے سٹا کر نکالی ہوئی حروف کی صحیح آواز ۔

Palato-glossus : (n) تالو اور زبان :کام و زبان ۔

Palato-pterygoid : (a) تالو کی ہڈیوں سے متعلق ۔

Palato-pterygoid : (n) ایسی متحدہ ہڈیوں پر مشتمل کوئی ہڈی ۔

Palatogram : (n) بعض حروف کے تلفظ میں جہاں جہاں زبان اور تالو ملتے ہیں اس کا نقشہ ۔

Palatoplegia : (n) (طب) فالج حنك : تالو کا شل ہو جانا ۔

Palatum : (n) [L.] (تشریح) حنك : تالو ۔

Palau : (n) (جغرافیه) پالاؤ : مجمع الجزائر(آسٹریلیا) کا ایک چھوٹا جزیرہ ۔

Palaver : (n) [L. 'parabola.'] (۱) پنچایت: مشورہ: گفت و شنید (خصوصاً مغربی اہل افریقہ اور پر تگالیوں نیز دوسری متمدن قوموں اور تاجروں کے درمیان)؛ بات چیت : وہ مجلس جس میں متنازعہ پر گفت و شنید کی جائے : مشاورت : کانفرنس: بحث :مباحثہ: مذاکرہ ۔ (۲) بکواس : بك بك : فضول گفتگو : لا یعنی باتیں: طول طویل گفتگو : بیہودہ گوئی ۔ (۳) خوشامد : چاپلوسی : تملق : چرب زبانی : فریب دینے والی گفتگو :گمراہ کرنے والی گفتگو ۔

Palaver : (v) (۱) بکنا : بك بك کرنا : بکواس کرنا: فضول گفتگو کرنا : لا یعنی باتیں کرنا : طول طویل گفتگو کرنا : ہرزہ سرائی کرنا ۔ (۲) چکنی چپڑی باتیں کرنا : روغن قاز ملنا : خوشامد کرنا :چاپلوسی کرنا : بہلانا:پھسلانا :ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا : چرب زبانی کرنا : تملق کرنا ۔

Palaverer : (n) بکواس کرنے والا : بکّو : گفتگو سے دل بہلانے والا : چاپلوسی کرنے والا : یاوہ گو : ہرزہ سرا : روغن قاز ملنے والا ۔

Palazzo : (n) [It.] (اٹلی میں)محل: کاخ : قصر : عالی شان عمارت ۔

Pale : (n) [L. palus.'] (۱) باڑ یا جنگلے کا ڈنڈا :بلّی : چوب ، کھونٹا (جو زمین میں گاڑا جاتا ھے ، حد بندی یا کسی شے کے سہارے کے لئے) ۔ (۲) احاطہ : حدود: گھیرا : دائرہ وغیرہ (متروك) : باڑہ : قلمرو ۔ (۳) بندش : حد : پابندی : روك : حفاظت : دفاع : محافظت : (متروك) ۔ (۴) خاص حدود کے اندر کوئی ایك ضلع جس کے خاص حدود ہوں ۔ (۵) (تاریخ) آئرستان کا وہ علاقہ جو انگلستان کی قلمرو میں تھا : فرانس میں کیلے (Calais) کی حدود ۔ (۶) عمودی پٹی جو ڈھال کے بیچ میں ہوتی ھے ۔

Beyond the pale : بیرون حدود (حدود کے باہر) ۔

In Pale : (نقابت) عمودی مارکوں کی طرح ۔

(Party) per pale : ایسی ڈھال کے متعلق کہاجاتا ھے جسے عمودی طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ھے ۔

The English pale / The pale : (تاریخ)آئرستان کا وہ علاقہ جو انگلستان کی قلمرو، سلطنت میں تھا ۔

Within (or outside) the pale of : اندرون (یا بیرون)

حدود: حدود کے اندر یا باہر ۔

Pale : (n) (نباتیات) کونپل مانند ورقہ : کونپل کی طرح کا چھلکا : فلسک : لخالچہ : (طیوریات) پیلو اور دوسرے پرندوں کا گلے کا لٹکا ہوا گوشت : (حیوانیات) غبغب : کھال جو بیل وغیرہ کے گلے سے لٹکتی رہتی ھے ۔

Pale : (a) [L. 'pallidus.'] (۱) (اشخاص یا ان کے رنگ) ہلکا زرد: پیلا : ماند : بے رونق : پھیکا : جس میں خون نہ ہو ۔ (۲) ہلکے رنگ کا : سفید یا سفیدی مائل ۔ (۳) ماند: بے رونق : پھیکا : بے آب : دھیما : ہلکا : دھندلا : بے نور : (مجازاً) غیر واضح : مدھم : کمزور: ڈرپوک ۔ (۴) رنگ کی حفاظت (اور اسماء) کو ظاہر کرتا ہوا۔ (۵) ہلکا (رنگ) : قدرے ہلکا ۔ (٦) (جغرافیہ) (آئر لینڈ) پیل ۔

Pale : (v) (۱) پیلا ہو جانا : پیلا پڑ جانا : ماند پڑ جانا : دھندلا ہو جانا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی چیز کے سامنے) ماند ہو جانا : بے آب ہو جانا : پھیکا ہو جانا : پھیکا پڑ جانا : بے رونق ہو جانا : پیلا کر دینا : بے رونق یا بے آب کر دینا : زرد بنا نا : ماند کر دینا ۔

Pale-face : (n) پیلے چہرے والا شخص : سفید رنگ کے آدمی کا ایک نام جس سے شمالی امریکی ، ہندوستانی یا امریکی انڈین منسوب ہیں ۔

Pale-faced : (a) پیلے چہرے والا : بے رونق چہرے والا ۔

Pale horse : (n) موت : مرگ : اجل : نشان اجل ۔

Pale touch-me-not : (n) (نباتیات) گل حنا ۔

Palea : (n) [L.] دیکھو Pale : (n)

Paleaceous : (a) (نباتیات) فلسکہ : لخالچہ دار : کاہی ۔

Paled : (a) پیلا بنا یا ہوا : زرد کیا ہوا ۔

Palegreen : (n) پستئی ۔

Palely : (adv.) پیلے پن سے: بے رونقی سے : پھیکے پن سے: دھیمے پن سے : دھندلے طور پر : بطور ضعیف۔

Paleness : (n) پیلاپن : بے رونقی : ماندپن : پھیکاپن : دھیماپن : زرد رنگی : تیرہ رنگی : ضعیفی ۔

Paleola : (n) (نباتیات) لخالچك۔

Paleolate : (a) (نباتیات) لخالچکی ۔

Palestine : (a) فلسطین ۔

Palestinian : (a) فلسطینی : اہل فلسطینی ۔

Palestra : (a) دیکھو Palaestra

Palet : (n) [f. Pale(n) + - Et.] (نباتیات) دیکھو Palea

Paletot : (n) [Fr.] فرغل : چوغہ (زنانہ یا مردانہ) ۔

Palette :(n) [Fr. 'palette.'] (۱) (مصور کی) رنگ کی تختی : وہ تختی جس پر مصور رنگوں کی آمیزش کرتا ھے : تختۂ رنگ آمیزی : پالیٹ ۔(۲) مختلف رنگ جو کوئی مصور عموماً یا کسی خاص موقع پر یا کسی خاص تصویر میں استعمال کرتا ھے۔ (۳) ایك چھوٹی گول تختی جو پہلے زرہ بکتر میں بغل کی حفاظت کے لئے استعمال ہوتی تھی ۔(۴)(صدف) گھونگوں یا صدفوں میں معاون صدف پارہ ۔ (۵)(تشریح)کچھ کیڑوں کے پاؤں کے اوپر کا مسطح پھیلاؤ ۔

Palette-knife : (n) وہ چاقو یا چھری جس سے مصور رنگ ملاتے ہیں : رنگ ملانے کی چھری ۔

Palewise : (adv.) (نقابت) عمودی پٹی کی سمت میں : عموداً : عمودی حالت میں : کھڑی لکیریں اوپر یا نیچے: خط عمودی میں ۔

Palfrey : (n) [med. L. 'palefradus.'] (۱) زین سواری کا گھوڑا (جنگی گھوڑا سے علاحدہ) اسپ راہوار : خاص کر زنانہ سواری کا ایك چھوٹا گھوڑا (اب خاص کر تاریخ میں) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Palgrave : (n) (تاریخ) خودمختار رئیس : امیر مختار ۔

Pali : (n & a) [Short for pali-bhasa.] پالی : پالی زبان : وہ زبان جس میں بودھ مت کی دینی ، مذہبی کتابیں ہیں ۔

Paliform : (a) [L. 'palus.'] (حیوانیات) مونگے کی شکل کا یا اس سے مشابہ ۔

Palikar : (n) [mod. Gr. 'palikari.'] یونانی اور البانی بے قاعدہ فوج کا سپاہی (خصوصاً اس فوج کا جس نے یونان کی جنگ آزادی میں حصہ لیا) : البانیہ کا فوجی سر براہ یا یونانی جتھے کا رکن ۔

Palilalia : (n) [L.] زبان کی لکنت : مرض لکنت زبان ۔

Palil(i)ogy : (n) [Late L. 'palilogia'.] : (علم البديع) تکرار تلکیدی
زور دینے کے لئے الفاظ یا محاوروں کی تکرار ۔

Palimbacchic : (a) دیکھو Antibacchic

Palimbacchius : (n) دیکھو Antibacchius

Palimpsest : (n) [L. 'palimpsestus.'] (۱)وہ کاغذ وغیرہ جس کی
اصل عبارت مٹ گئی ہو یا مدھم ہو گئی ہو اور
اسی کے اوپر دوسری عبارت لکھی گئی ہو۔(۲) ایك
یادگاری پیتل جسے الٹ کر اس کی پشت پر پھر
سے کھدائی کی گئی ہو۔

Palimpsest : (a) (۱) ایسا عمل کیا ہوا (کاغذ وغیرہ) ۔ (۲) ایسی
کھدائی کیا ہوا (پیتل)۔

Palindrome : (n & a) [Gr. 'palindromos.'] : مقلوب مستوی :مقلوب
وہ لفظ یا شعر جو الٹ کر پڑھنے سے بھی جوں کی
توں معلوم ہو ۔ جیسے لفظ Subi dura arudibus ۔

Palindromic / -al : (a) مقلوب مستوی کا یا اس سے متعلق ۔

Palindromically : (adv.) مقلوب مستوی کے طور پر۔

Palindromist : (n) قلوب مستوی کا موجد ۔

Paling: (a) [f. Pale(a)] زرد ہوجانا: زردی مائل :زرد: پیلا :بے رونق ۔

Paling : (n) [Late Me. f. Plae(v)] (۱) باڑ بنانے کا عمل : بنانے
کا عمل : احاطہ بنانا ۔ (۲) (تعمیرات) احاطہ : باڑ :
جنگلا : کٹہرا : حصار سازی ۔ (۳) بلیوں سے بنا ہوا
باڑ (صفت اور جمع کے ساتھ) ۔ (۴) کسی احاطے کی
ایك بلّی (اکثر جمع میں) : بلیوں کا جوڑ: احاطہ وغیرہ۔

Palingenesia : (n) [mod L.] (۱) باز آفریں : باز تولید :احیا : نئی
زندگی : تجدید حیات : دوبارہ پیدا ہونا : دوبارہ
جان ڈالنا ۔ (۲) تجدید : از سر نو اٹھنا: رواج دینا
یا رواج پانا : از سر نو زندگی: تازہ دمی: حیات نو۔

Palingenesis : (n) (۱)(حیاتیات) نسبی تولید : باز تولید ۔ (۲) آبائی
خصوصیات کا :بجنسہٗ عود کرنا (ہیکل Haeckel
کے قول کے مطابق) ۔ (۲) (تشریح) فلك ماہئت :
کایا پلٹ : بالکل بدلی ہوئی شکل ۔ (۴) (فلسفہ)
باز آفرینی : تولید نو : اوتاریت ۔ (۵) (دینیات)
(عقیدہ) تناسخ : (حیوانیات) قلب ماہئیت حشرہ :
کایا بدلی ۔ (۶) (ارضیات) نو تشکیل چٹان ۔

Palingenetic : (a) آبائی خصوصیات کے عو دکرنے کے متعلق :نسبی
تولید کا یا اس سے متعلق ۔

Palingenesy : (n) [med. L.'palingenesia'.] دیکھو Palingenesia ۔

Plinode : (n) [late L. 'palinodia .'] وہ نظم جس میں شاعر اپنی
کسی گذشتہ نظم کے خیالات کی تردید کرے : اپنی
نظم کا رد یا تردید۔(۲) توبہ : دست برداری :رد: انکار ۔

Palinodial : (a) دست برداری کی صفت کا : انکاری:(شعر میں)
اپنی کسی گذشتہ نظم کے خیالات کی تردید
سے متعلق ۔

Palinodic : (a) [Gr. 'palinodikos'] شبیہہ مسمط : ایسی نظم کے لئے
استعمال ہوتا ھے جس کے دو ایك قسم کے بندوں کو
دوسرے ایك قسم کے دو بندوں کے ذریعہ علیٰحدہ
کیا جاتا ھے ۔

Palinody : [L . 'palinodia.'] دیکھو Palinode

Palisade : (n) [Fr. 'palissade.'] (۱) جنگلا : باڑ : کٹہرا ۔
(۲) (فوج) مضبوط چوپ یا لٹھا : کھونٹا :چوبی
مورچہ بندی ۔ (۳) (مجازاً) باڑ : کٹہرا سے ملحق
کوئی چیز ۔(۴) (نباتیات) وتدی ۔ (۵) (جمع)
بلند و ارفع چٹانوں کے نام جو ہڈسن (Hudson)
(نیویارک) کے مغربی کناروں پر واقع ہیں ۔

Palisade : (v) جنگلا لگانا : کٹہرا لگانا : باڑ لگانا ۔

Palisade-cell : (n) (نباتیات) وتدی خلیہ : فصلی خلیہ ۔

Palisade mesophyll : (n) (نباتیات) وتدی میان برگ ۔

Palisade parenchyma : (نباتیات) وتدی بافتہ ۔

Palisade tissue : (n) دیکھو Palisade parenchyma

Palisade worm : (n) رشتہ نما مختلف طفیلی کیڑے کانام ، خاص کر
strongylus armatus جو گھوڑے کے جسم میں بھرا
ہوتا ھے ۔

Palisading : (n) حصار کشی : کٹہرا لگانا : باڑ ڈالنا یا لگانا ۔

Palisado : (n) [Sp. 'palizada' .] (متروك) دیکھو Palisade (n)

Palisado : (v) (متروك) دیکھو Palisade (v)

Palish : (a) [Late Me. f. Pale(a) + -ish] کسی قدر پیلا: زردی
مائل : پیلا سا : کم رنگ: نسبتاً رنگ پریدہ : زرد رنگ۔

Palisee : (a) [Fr. 'pa. pple. of 'palisser. '] (۱) (نقابت) نوکدار ابھار کے ساتھ جب کوئی لکیر متوازی عمودی طور سے بٹ جائے جیسے برچھا وغیرہ ۔(۲) یك یا دیگر رنگ آمیزی کے ساتھ کسی ڈھال کی سطح کو دو عمودی لکیروں میں بانٹے جانے کے متعلق کہا جاتا ھے ۔

Palkee/ Palki : (n) [Hindi 'palki.'] پالکی : کجاوہ ۔

Pall : (n) [L. 'pallium .'] (۱) کپڑا : ایك قسم کا کپڑا : نفیس اور عمدہ کپڑا (متروك) ۔ (۲) کسی چیز پر ڈھکا ہوا نفیس کپڑا : (متروك) قربان گاہ کی روکار کی غلاف (متروك): قربان گاہ کا کپڑا : قربان گاہ پوش : عشائے ربانی کا میزپوش ۔(۳) ایسا ریشمی کپڑا جس سے شراب کا پیالہ ڈھکا جاتا ھے ۔ (۵) جنازے کی چادر : تابوت کی چادر (یہ کپڑا عام طور پر سیاہ ، سفید یا ارغوانی مخمل کا ہوتا ھے) ۔ (٦) پوشاك : ملبوسات : خصوصاً چوغہ : جُبہ : پوشاك : خصوصاً مذہبی لباس : پادری یا گرجا کے سرود خواں بچوں کا چوغہ : قربان گاہ کی چادر ۔ (۷) (خصوصاً کلیسائی) پوپ وغیرہ کا چوغہ: جبہ :اونی پوشاك جو پوپ اور بعض عمائد کلیسا پہنتے ہیں ۔ (۸) رسم تاج پوشی کے موقع پر بادشاہ کے پہننے کی پوشاك جسے اب شاہی لباس بھی کہتے ہیں ۔ (۹) Y کی شکل میں بنا ہوا پادری کے چوغے کے سامنے کے نچلے حصے پر ایك نشان جو صلیب کی نشاندہی کرتا ھے ، جسے Cross pall بھی کہتے ہیں ۔ (۱۰) (مجازاً) کوئی بھی چیز جو ڈھکتی ہو یا چھپاتی ہو : چوغہ : جبہ : عبا : (خاص کر جدید استعمال میں) ایسی کوئی چیز جسے بدلی جو کسی چیز پر پھیل جائے اور اسے ڈھك کر اندھیرے میں ڈال دے ۔ (۱۱)(میکانیات) کتا : گیرہ : (طب) بے مزہ ہونا : متلی : مالش ۔

Pall : Pawl کا متبادل ۔

Pall : (v) جفاری کی چادر سے ڈھکنا ۔

Pall : (v) (۱) (مجازاً) بے مزہ: بے لطف ہو جانا : بدھو جانا : بے کیف ہو جانا :خشك ہو جانا : مزہ کا پھیکا ہو جانا : رجحان کم ہونا ۔ (۲) ذائقہ ختم ہو جانا (غذا کی زیادتی یا زیادہ مٹھاس وغیرہ سے) طبیعت کو بدحظ کر دینا : بد مزہ کر دینا : منہ پھیر دینا : چشخارہ کا کم ہو جانا : جی بھر دینا : سیر کر دینا ۔ (۳) شکم سیر کردینا : پیٹ بھر کر کھلانا : آسودہ کر دینا ۔

To pall up (on) : بد حظ ہو جانا : بے مزہ ہو جانا : بے لطف ہو جانا ۔

Pall-bearer/-holder/-supporter : (n) جنازے کا چادربردار :وہ شخص جو تابوت کی چادر پکڑ کر جنازے کے ساتھ چلے ۔

Pall-like : (a) عبا کی طرح :چوغہ مانند ۔

Pall-mall / Pell-mell : (n) [It. 'pallamalio.'] (۱)گیند چھلا (ایك کھیل کا نام) (ایك لمبی بلی میں ایك چھلا لٹکا کر اس کے اندر گیند کو گذارتے ہیں ۔ (۲)لندن کی مشہور سڑك جس پر بہت سے کلب واقع ہیں ؛ اب لندن کی کلب لائف (کلب کی زندگی) کا مرکز ۔ (۳) دفترامور جنگ(جو پہلے اس سڑك پر واقع تھا) ۔

Palla : (n) [rel. to L. 'pallium .] (۱) (روم قدیم)عورتوں کا پہن کر باہر جانے کا ایك ڈھیلا ڈھالا لباس ۔ (۲) (کلیسا) پوپ وغیرہ کا چوغہ ، جُبہ ، اونی پوشاك جو پوپ اور بعض عمائد کلیسا پہنتے ہیں ۔

Palladian : (a) [L. 'palladius; + -an.] عقل کی دیوی پلادی کا یا اس سے متعلق: اس طرح علم و ذہن ،عقل سے متعلق یا مطالعۂ کتب بینی سے متعلق ، معرفتی ۔

Palladianism : (n) اطالوی انڈری پلادی کا نظریہ معماری ۔

Palladic : (a) [f. Palladium.] (کیمیا) پلاڈیم کے مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ھے جس میں دھات پلاڈیس سے کم ہوتا ھے ۔

Palladic : (n) بر اعظمی فریمینسنری کا ایك فرضی نام ۔

Palladinised : (a) (کیمیا) پلا دینی ۔

Palladism : (n) بر اعظمی فریمیسنری کا نظریہ۔

Palladist : (n) بر اعظمی فریمیسنری کا حامل ۔

Palladious : (a) (کیمیا) پلاڈیم کے ایسے مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ھے جس میں دھات کے اجزا زیادہ ہوں: پلادیم سے متعلق ۔

Palladium : (n) [L.. 'palladium.'] (۱) (یونانی دیومالا) پالا دیم : پالاس کا بت (اس کے متعلق یہ عقیدہ تھا کہ شہر ٹرائے کی بقا وبہبود اس پر منحصر ھے)۔(۲) (مجازاً) حفاظت کی تدبیر : تحفظ کا ذریعہ : کوئی چیز جس پر قوم اور ادارے کا تحفظ منحصرھے۔

Palladium : (n) [mod. L.] پلادیم : پلاٹینم کی ایك سفید اور سخت دھات : (کیمیا) پلادیم :(دھات ، عنصر)جوہری وزن۔

Palladium balck : (n) (کیمیا) پلاڈیم سیاہ ۔

Palladous : دیکھو Palladious

Pallaesthesia : (n) (مرضیات)حس ارتعاش :عظمی حس ارتعاش۔

Pallah : (n) ایك قسم کا ہرن جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ھے ۔

Pallas : (n) (۱) (علم النجوم)پالس (سیارچه)۔ (۲) (اساطیر) عقل کی دیوی : پالاس ۔

Pallas Athena : (n) (اساطیر) عقل کی دیوی : اِلهِ خرد :پالاس ۔

Palled : (a) (۱) (خمیر شدہ شراب وغیرہ) فرسودہ : پرانی : بُسی ھوئی : بے مزہ : باسی : پھیکی ۔ (۲) بے مزہ کیا ھوا : بے لطف کیا ھوا :جی بھرا ھوا : شکم سیر کیا ھوا : متنفر ۔

Pallescence : (n) زردی : پیلاپن : ماندگی ۔

Pallescent : (a) [L. 'Pallescere'.] (نباتیات) زردی مائل : پیلا: زرد ھونے والا۔

Pallet : (n) [Late ME. 'pail(l)et.'] گدّا (جس میں پیال یا خشك گھاس بھری ھو) : گدّا دار بستر : چٹائی :معمولی بستر : حصیر۔

Pallet : (n) [Fr. 'pallete.'] (۱) ایك قسم کا دستہ نما چوڑے پھل والا لکڑی کا اوزار : تھاپی(جس سے کمہار وغیرہ کام لیتے ہیں) ۔ (۲) (اینٹ سازی)کچی اینٹ کو لے جانے والا تختہ ۔ (۳)پانی کھینچنے والی کل کی چکیوں میں سے کوئی ایك ۔ (۴) مشین میں وہ پرزہ جو پہیے کی حرکت بدلنے کے کام آتا ھے : پالٹ : کسی دیوار گھڑی کے پنڈولم کے اوپر کا ابھار جو گھڑی کی حرکت کو باقاعدہ رکھتا ھے ۔ (۵) آرگن باجے کا کھل مندن ۔ (۷) (جلد سازی) کسی کتاب کی پشت پر ٹھپّا لگانے کا ایك اوزار۔ (۷) (صدفیات) گھونگوں میں اضافی صدف پارہ۔ (۸) سفری یا نقل پذیر پشت یا پلیٹ فارم جو ٹرك وغیرہ پر بھاری بوجھ لادنے ، اتارنے کے کام آتا ھے ۔

Pallet : (n) (نقابت)عمودی پٹّی جو ڈھال کے بیچ میں ھوتی ھے ۔

Pallet bed : (n) گدّا دار بستر۔

Pallet board : (n) (نقاشی) تختۂ رنگ آمیزی : تختہ پالیٹ۔

Pallial : (a) (حیوانیات) غشاء ناعمہ کا یا اس سے متعلق :گھونگے وغیرہ کے پیٹ کی جھلی سے متعلق۔

Palliasse : (n) [Fr. 'paillasse.'] پیال بھرا گدّا : گدّا (کرمچ کا جس میں پیال وغیرہ بھری ھو) : اب خاص کر پیال یا اسی قسم کی چیز سے بھرا ھوا گدّا ۔

Pallate : (a) [L. 'palliatus.'] گھونگے وغیرہ کی وہ تہ جو کھال کی طرح ھوتی ھے ۔

Palliate : (v) [L. 'palliare .'] (۱) (مرض میں) تخفیف کرنا :تسکین پہنچانا : بیماری کی علامت کو کم کرنا : ہلکا کرنا : تکلیف کوکم کرنا :آسان کرنا ۔(۲) (توجیہہ وغیرہ سے) جرم کو خفیف ثابت کرنا : در گذر کے قابل کرنا : (جرم ، مصیبت وغیرہ کی اہمیت کو) کم کرنا : ہلکا کرنا : گھٹانا : در گذر کرنا : معاف کرنا ۔

Palliation : (n) [med. L. 'palliatio.'] (۱) مرض میں تخفیف:تسکین: جرم کو خفیف ثابت کرنا ۔ (۲) بہانہ انگیزی : پردہ پوشی: سبك نائی ۔ (۳) تخفیف : کمی : اطمینان : آرام : راحت (مصیبت کے بعد) :نجات (غم یا تکلیف سے) : مخلص ۔

In palliation of : بطور معافی ۔

Palliative : (a) [med. L. 'palliativus.'] (۱) (مرضیات میں)عارضی طور پر تخفیف پیدا کرنے والی یا مسکن : درد یا شدت کو کم کرنے والی (تدبیریا دوا) ۔ (۲) جرم کو خفیف ثابت کرنے والی یا در گذر کرنے والی : (طب) مسکن : تخفیفی ۔

Palliative : (n) وہ چیز جو مرض میں کمی کرتی ھے :درد یا شدت کو کم کرنے والی تدبیر یا دوا : جرم کو کم کرنے والی شے : جرم کو خفیف ثابت کرنے والا (کارندہ) ۔

Palliative treatment : (n) (طب)علاج تخفیفی ۔

Palliatively : (adv.) درد یا شدت کوکم کرنے والی تدبیر کے طور پر : تخفیفی طور پر : مسکن انداز میں۔

Palliator : (n) تسکین پہنچانے والا (مرض میں) تخفیف کرنے والا : در گذر کرنے والا ۔

Palliatory : (a) (۱) تسکینی: تخفیفی : شدت کو کم کرنے والی ۔ (۲) جرم کو خفیف ثابت کرنے والی۔

Palli : (a) [L. 'pallidus.'] گہرے ہلکے شوخ رنگ کی کمی : پیلا : ہلکا زرد : ماند : بے رونق : پھیکا : بے آس : ہلکے

رنگ کا (خاص کر شاعری)۔

Pallidity : (n) پیلاپن : ہلکی زردی : ماندپن : بے رونقی : پھیکاپن ۔

Pallidly : (adv.) پیلے پن سے : بے رونقی سے : پھیکے پن سے : ہلکے پن سے ۔

Pallidness : (n) پیلاپن : ماندپن : پھیکاپن : ہلکاپن ۔

Palliness : (n) دوستی : رفاقت ۔

Palling : (n) پردہ پوشی : خرقہ پوشی ۔

Pallio- : (prefix) اجزائے ترکیبی بمعنی "غشاء" یا "ورقہ" ۔

Pallio-branchiate : (a) کشادہ دست پودے کے غشا سے متعلق :اُس پودے کے ورقہ سے متعلق جس کی شاخیں تنے سے اس طرح نکلیں کہ زاویہ قائمہ بن جائیں ۔

Pallish / Pally : (a) دوست جیسا : دوستی کی طرح : دوستانہ:محبانہ۔

Pallium : (n) [L. pallium,'] (۱) (قدیم) مردوں کا مستطیل بڑا چوغہ یا فرغل (جو یونانی پہنا کرتے تھے خصوصاً فلاسفر یا عیسائی پادری پہنتے تھے) : یونانی چوغہ ۔ (۲) (کلیسا) أسقف اعظم کا جبہ : اسقف اعظم سے بڑے عہدیدار کا چوغہ۔(۳)(حیوانیات) گھونگے وغیرہ کی وہ تہ جو کھال کی طرح ہوتی ہے: غشاء : ناعمہ : شامۂ نرم تن : (طب) قرفہ : (تشریح) قشرۂ پیش دماغ : (نباتیات) قشر ۔ (۴) (موسمیات) طبقی ابر جو پورے آسمان کو ڈھکے ہوئے ہو۔

Palliyan : (n) جنوب ہند کے جنگلوں کے سیاہ فام اشخاص جو دڑاویڈی زبان بولتے ہیں ۔

Pallone : (n) [It. augm. of palla ball'] ایک اطالوی کھیل جو ٹینس کے مشابہ ہوتا ھے : جسے ایک بڑے گیند سے کھیلا جاتا ھے اور لکڑی جس کے دستے سے اسے ہاتھ اور کلائی پر پہن لیا جاتا ھے (اس گیند کو) مارا جاتا ھے ۔

Pallor : (n) [L. 'pallor.'] (۱) پیلاپن : ہلکی زردی ۔ (۲) ماندپن : بے رونقی : پھیکاپن : زردرنگی ۔

Pally : (a) دیکھو Pal

Palm : (a) [OE. 'palm, palma, palme.'] (۱) کھجور : نخل یا اس قسم کا کوئی درخت : نخل خرما : نخیل ۔ (۲) کھجور کے درخت کی شاخیں یا پتی جو قدیم زمانے میں فتح وکامرانی کا نشان سمجھی جاتی تھی اوراب بھی تہواروں کے موقع پراس کی علامت ھے ۔(۳) (مجازاً) فتح مندی : جشن فتح : کامیابی : فخر : اظہار فخر و مسرت : فتح : ظفر : کمال : امتیاز : انعام یا تغمہ جو اس کے صلے میں دیا جائے ۔ (۴) دوسرے درختوں یا جھاڑیوں کی شاخیں یا ڈالیاں جو شمالی ممالک میں کھجورکی شاخوں کی جگہ استعمال ھوتی ہیں ۔خصوصاً پام سنڈے (Palm sunday) کے موقع پر نیز خود اس کے پودے کے لئے بھی استعمال ھوتا ھے (جیسے بید کا درخت) : (نباتیات) کھجور : تاڑ : نخل ۔

Bamboo-palm : (n) تاڑ کی ایک قسم ۔

Coco-palm : (نباتیات) (درخت) ناریل ۔

Date -palm : (نباتیات) (درخت) کھجور :نخلہ ۔

Fan-palm : نخلک : چھوٹی کھجور کا درخت ۔

To bear the palm : غالب آنا : کمال حاصل کرنا : امتیاز حاصل کرنا : انعام و غیرہ پانا۔

To yield the palm : مغلوب ھونا (کسی کے مقابلے میں) : کمتر ٹھہرنا : انعام وغیرہ نہ پانا : ہار ماننا ۔

Palm : (n) [ME. 'paume.'] (۱) ہتھیلی : کف دست: کلائی اور انگلیوں کے درمیان کا حصہ (خصوصاً اندرونی سطح کا) ۔ (۲) دستانے کا وہ حصہ جو ہتھیلی کو ڈھکتا ھے :دستانے کی ہتھیلی (وہ حصہ جو ہتھیلی سے مشابہ ہوتا ھے) ۔(۳) ہرن کے سینگ کا مسطح کنارہ جس سے انگشت نما نوکیں Points نکلی ھوتی ہیں ۔ (۴) بازو کے آخری سرے کا پھیلا ھوا مسطح حصہ خصوصاً چپّو کا کنارہ۔ (۵) لنگر کا مثلث نما کشادہ حصہ : وہ چوڑا اور چپٹا مثلث نما اندرونی سطح کا ٹکڑا جو جہاز کشتی کے لنگر پر ھوتا ھے ۔ (۶) ہتھیلی کے برابر چوڑائی (کوئی چار انچ) اور لمبائی (کوئی آٹھ انچ) بطور پیمانے کے ۔ (۷) ایک آلہ جسے کشتی بنانے والے دستانے کی جگہ پر استعمال کرتے ہیں ۔ (۸) ٹینس کی طرح کے ایک کھیل کا گیند ۔

To grease or oil (one's) palm : مٹھی گرم کرنا : رشوت دینا یا لینا ۔

Palm : (v) [f. Palm(n) 2] (۱) مٹھی سے مس کرنا یا چھونا:چھونا : ہاتھ پھیرنا : ہاتھ سے سہلانا : مصافحہ کرنا ۔ (۲)ہاتھ کی مٹھی یا ہتھیلی میں چھپانا :تاش کے پتوں یا پانسے

نیز توصیفی معنوں میں ۔(۲) زرِ رشوت ۔

Palm play : (n) ٹینس کی گیند کا ایک کھیل جس میں گیند کو ہاتھ کی ہتھیلی سے مارا جاتا ھے ۔

Palm sugar : (n) (کیمیا) خرما : شکر : دیکھو Jaggery ۔

Palm-sunday : (n) عید فصح : ایسٹر سے پہلے کا اتوار : کھجور والا اتوار (اس روز حضرت مسیح یروشلم میں داخل ہوئے تھے اور اب تک وہاں جلوس نکلتے ہیں اور اس میں لوگ کھجور کی شاخیں ہاتھوں میں لئے شریک ہوتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Palm swift : (n) ایک قسم کا جیمیکن کبوتر جس کا گھونسلا کھجور کے درخت پر ہوتا ھے ۔

Palm toddy : (n) کھجور کا تیل جو جلانے یا پینے میں استعمال ہوتا ھے : کھجور کی تاڑی :تاڑی ۔

palm tree : (n) کھجور کا درخت : درخت نخل :(نباتیات) تاڑ :دوسرے درختوں کے لئے بھی اسستعمال ہوتا ھے جیسے بید کا درخت : پٹو کا درخت ۔

Palm veined : (n) (نباتیات) رگ دار کف والا ۔

Palm wax : (n) موم صمغی جسے موم سازی میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Palm weevil : (n) سوفک دار کیڑوں کی ایک نوع جس کے لاروے کھجور کے پتوں میں سوراخ کر دیتے ہیں : کھجور گُھن ۔

Palm willow : (n) بید کی ایک جنس جس کی ٹہنی کھجور کی شاخ کی جگہ استعمال کی جاتی ھے ۔

Palm wine : (n) شراب خرما : کھجور کی شراب : وہ شراب جو کھجور کے درخت کے رس سے بنا لی جاتی ھے ۔

Palm wool : (n) ناریل کے ریشے جن سے رسیاں اور چٹائیں وغیرہ بنتی ہیں ۔

Palm worm : (n) (۱) بعض بڑا امریکی کنکھجور ۔ (۲) کھجور گھن کا لاروا ۔

Palma : (n) درخت نخل : برگ نخل :(حیوانیات) پنجہ : کف ۔

Palm christi : (n) [med. L.] کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ہوتا ھے :(نباتیات) بید انجیر : رینڈی : ارنڈی ۔

Palmaceae : (n) (نباتیات) نخلیہ : کھجوریہ : خانوادۂ نخلیاں ۔

کو ہاتھ میں چھپانا : شعبدہ بازی یا جوا میں تاش کے پتوں کو چھپانا ۔ (۳) چکما دینا : دھوکا دینا (کسی شخص کو دھوکا دے کر) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز دیدینا : ایک چیز کے نام سے دوسری چیز دینا: دھوکے سے گلے منڈھ دینا ۔ (۴) رشوت دینا : مٹھی گرم کرنا ۔

Palm : (n) علم الکف : کف بینی : کف شناسی : فراست الید : ہتھیلی سے غیب کا حال بتانا : ہاتھ دیکھنا : ہتھیلی دیکھ کر آدمی کی قسمت کا حال بتانے کا ہنر ۔ (۲) ہاتھ چالاکی : جیب تراشی : رشوت خوری : ہاتھ کی صفائی : ہاتھ کا کرتب یا شعبدہ ۔

Palm-branch : (n) کھجور ، تاڑ کے درخت کی پتی مع ڈنٹھل جو فتح کے نشان کے طور پر استعمال ہوتا ھے :(سجاوٹ وغیرہ کے لئے) شاخۂ نخل ۔

Palm-butter : (n) کھجور کا تیل (منجمد حالت میں) : روغن نخل ۔

Palm cat/ -civet : (n) (۱) ایک قسم کا جانور جو اکثر کھجور پر رہتا ھے :کھجور بلاؤ : ایک جانور جس کی بڑی لمبی خمدار دم ہوتی ھے ۔ (۲) اسلوث : بلی کی قسم کا جانور جو جنوبی اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ھے : (حیوانیات) زبادہندی : کھجور بلاؤ ۔

Palm cockatoo : (n) دیکھو cockatoo

Palm crab : (n) کھجور کیکڑا : ایسا کیکڑا جو کھجور کے درخت پر پھل کھانے کے لئے چڑھ جاتا ھے ۔

Palm crist : (n) کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ہوتا ھے : ارنڈی : انجیر ۔

Palm dove : (n) نخل نشیں کبوتر : وہ کبوتر جو کھجور کے درخت پر رہتا ھے ۔

Palm-grease : (n) (مزاح) روپیہ جو بخشش ، انعام ، شکرانے یا رشوت کے طور پر دیا گیا ہو ۔

Palm-greasing : (n) قلیل : رشوت : کم مایہ رشوت :ادنیٰ رشوت ۔

Palm kernel : (n) گٹھلی دار پھلوں کا مغز یا گودا جس سے تیل نکلتا ہو ۔

Palm-oil : (n) (۱) (کیمیا) تاڑ کا تیل :کھجور کے مختلف درختوں سے نکلا ہوا تیل ، خاص کر مغربی افریقہ کے کھجور کے پھل سے نکالا ہوا جو کھانے میں استعمال ہوتا ھے اور کہیں اس سے صابن اور موم بتی بنائی جاتی ھے :

Palmaceous : (a) (نباتیات) نخلی : کھجور کا یا اس سے متعلق ۔

Palmar : (a) [L. 'palmaris.'] (تشریح) کفی؛ کف دستی ؛ہتھیلی میں واقع ؛ ہتھیلی سے متعلق ؛ ہاتھ کی ہتھیلی سے متصل؛ کف دست کے اندازہ سے ؛ ہتھیلی کے برابر ؛ ہتھیلی کا؛ جو ہتھیلی میں ہو ۔

Palmar : (n) (۱) (تشریح) ہتھیلی کی رگ ؛ ہتھیلی کے اعصاب ؛ (حیوانیات) بازووں کے جوڑ کے نام جو سوسن نما ہیں ۔

Palmar arch : (n) ہتھیلی اور انگلیوں کی رگوں کے سلسلے ۔

Palmarian : (a) (شاذ) ممتاز؛ سرفراز ؛ سب میں کامل ؛ سب پر فائق؛ برتر؛ اعلیٰ ۔

Palmary : (a) [L. 'palmarius.'] سب پر فائق ؛ جو اپنی ہتھیلی پر اٹھا لیتا ھے ؛ سب میں کامل ؛ ممتاز ؛ اول پوزیشن حاصل کرنے والا ؛ برتر ؛ افضل ؛سرفراز ؛ اعلیٰ ؛ قابل ترین ۔

Palmary : (a) [L. 'palmaris.'] ہتھیلی سے متعلق ؛ کف دستی ؛کفی ؛ جو ہتھیلی میں ہو ؛ ہتھیلی کے برابر ۔

Palmate : (n) (کیمیا) پامک ایسڈ کا نمک ۔

Palmate : (a) [L. 'palmatus.'] (تاریخ) ہتھیلی کی شکل کا ؛ہتھیلی جیسا ؛ کف نما ؛ (نباتیات) پنجہ نما ؛ پنجۂ دست اور کھلی ہوئی انگلیوں کی مانند ۔ (۲) وصل پا؛ پردہ پا ؛ چڑیا کے پاؤں کا ؛ مکڑی کے جالے کی طرح ۔

Palmate leaf : (n) (نباتیات) برگ پنجہ نما ۔

Palamated : (a) دیکھو Palmate

Palmately : (adv.) شبیہہ کف دست کے طور پر ؛ کف نما طور پر ؛ ہتھیلی کی شکل کے طور پر ۔

Palmately veined : (a) (نباتیات) کف رگ ؛ پنجۂ رگ ۔

Palmati- : (Prefix) [L. 'palmatus.'] جزو ترکیبی بمعنی شبیہہ کف دست ؛ کف دستی ؛ پنجہ شکل ۔

Palmatifid : (a) (نباتیات) کف شگافہ ؛ شگافتہ پنجہ ؛ شبیہہ برگ خرما ۔

Palmatilobate/ Palmatilobed : (a) کف نما جو کروی طور پر منقسم ہو ۔

Palmation : (n) تشکیل؛ترتیب ؛ ہتھیلی کی ہیئت کا ہر حصہ ؛ (نباتیات) کف شکلی ۔

Palmatiparted/-partite : (a) (نباتیات) کف درزہ ؛ کف جُزہ ؛ کف پارہ ۔

Palmatisect/ Palmatisected : (a) (نباتیات) کف تراشہ ؛ پنجہ پارہ ۔

Palmchrist : (n) کسٹر آئل کا پودا جو ہتھیلی کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Palmed : (a) ہتھیلی میں چھپایا ہوا ۔

Palmell stage : (n) (حیوانیات) پلمیلی حالت ۔

Palmer : (n) وہ شخص جو ہتھیلی میں چھپاتا ھے (مثلاً تاش ، پتی وغیرہ) ۔

Palmer : (n) [med. L. 'palmarius.'] (۱) وہ زائرجوبیت المقدس کی زیارت سے فارغ ہو کر آتا ھے اورکھجور کی شاخ یا پتی اپنے ساتھ لاتا ھے ۔ (۲) درویش راہب ؛خانہ بدوش پادری (جو ہمیشہ سفر میں رہتا ھے) ؛ اکثر معمولی زائر (زیارت کرنے والے)۔(۳) بال دار تتلی جو پودوں وغیرہ کو نقصان پہنچاتی ھے۔ (۴) بال والا مصنوعی کیڑا جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔ (۵) (دینیات) درویش ؛ راہب ۔

Palmer : (v) خانہ بدوش کی طرح اِدھر اُدھر پھرنا ؛اِدھر اُدھر مارے پھرنا ۔

Palmer-worm : (n) بالدار تتلی جو پودوں وغیرہ کو نقصان پہنچاتی ھے ؛ (شمالی امریکا) ایک کیڑا جو سیب کے پتوں کو نقصان پہنچاتا ھے ؛ (حیوانیات) سرفہ مودار؛ بھونڈیلا ؛ سرفۂ پرواز ۔

Palmerin : (n) پالمیرین رومانس کا کوئی طریقہ ؛از منۂ وسطیٰ کا ہیرو۔

Palmery : (n) نخلستان ۔

Palmette : (n) [Fr. 'palmette.'] (اثریات) ایک کم حلقے والا زیور؛ برگ دار زیور ۔

Palmetto : (n) [Sp. 'palmito. '] ایک قسم کی چھوٹی کھجور خاص کر چھوٹی Fan-palm (جنوبی یورپ ، شمالی امریکا اور جنوب مشرقی امریکا کی) ؛ (نباتیات) نخلک ۔

Royal palmetto : ویسٹ انڈیز کا ایک نخلک ۔

Saw palmetto : ایک قسم کا نخلک ۔

Palmetto flag : (n) مملکت جنوب کیرولائنا (south carolina) کا جھنڈا۔

Palmetto green : (n) بز نخلی : زرد رنگ مائل بہ خاکستری و سبز۔

Palmetto hat : (n) نخلک کی ٹوپ (ٹوپی)۔

Palmetto leaf : (n) نخلک کی پتی : شاخ نخلک۔

Palmetto state : (n) جنوبی کیرولائنا کا ایک نام۔

Palmetto thatch : (n) نخلک کا چھپر۔

Palmful : (n) ہتھیلی بھر : یکمشت : بقدر یکمشت : مٹھی بھر۔

Palmi : (Prefix) سابقہ بمعنی "کف دست کی شکل کا"۔

Palmic : (a) [Fr. 'palmique.'] (کیمیا) رینڈی کے تیل کا یا اس سے متعلق : کسٹر آئل سے متعلق۔

Palmiferous : (a) [L. 'palmifer.'] نخل آور : شاخ نخل آور۔

Palmigrade : (a) کف چال : اخمصیہ : دیکھو Plantigrade ۔

Palmilobed : (a) کف نما : گوشہ دار : تسودار۔

Palmin : (n) [Fr. 'palmine.'] (کیمیا) چربی دار جوہر یا نچوڑ جو رینڈی کے تیل کے ساتھ نائٹرک پیروکسائڈ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ھے۔

Palmino : (n) [Sp. 'palomino.'] (امریکا) سفید گھوڑا جس کا ایال اور دم چھوٹی ہوتی ھے۔

Palmiped/ -pede : (a) [L. 'palmipes.'] (پرندہ) جھلی دار پیرا : جھلی دار جڑے ہوئے پنجوں کا : (حیوانیات) وصل پا : پردہ پا۔

Palmiped/ -pede : (n) جھلی پیرا پرندہ : جھلی دار جڑے ہوئے پنجوں کا پرندہ : پردہ پا پرند۔

Palmist : (n) کف شناس: کف بیں: علم الکف کا ماہر : ہتھیلی دیکھنے والا : ماہر فراست الید۔

Palmistry : (n) [ME. 'Pawmestry'.] دیکھو Palm

Palmitate : (n) چربی دار ترشے کا نمک۔

Palmite : (n) [Sp. and Pg. 'palmito'] جنوبی افریقہ کا ایک دریائی پودا۔

Palmitic : (a) [Fr. 'palmitique'] (کیمیا) رینڈی کے تیل کا یا اس سے حاصل کیا ہوا : (پامک ایسڈ میں) ایک چربی دار ترشہ ($C_{16}H_{32}O_2$) جو رینڈی کے تیل ، سبزی اور جانوروں کی چربی میں عام طورپر پایاجاتا ھے۔

Palmitin : (n) [Fr. 'palmitine.'] اصلی چربی جو رینڈی کے تیل میں تیل میں ہوتی ھے اور سفید ٹھوس شکل میں نکلتی ھے : (جمع میں) گلیسرین کے چربی دارترشے کا نمک کے لئے استعمال ہوتا ھے۔

Palmy : (a) (۱) نخلی : کھجور کا : نخل نما : نخل صفت (خاص کرشاعری): جہاں کھجور کثرت سے ہو: پر نخل۔ (۲) (مجازاً) خوش حالی کا : کامرانی کا :ترقی کا : فتح مند : کامیاب : پرفخر : فخریہ۔

Palmy days : (n) خوش حالی کا زمانہ : کامرانی کازمانہ : عروج کا زمانہ۔

Palmyra : (n) [Pg. 'palmeira.'] پالمیرا : بور یا کھجور:پنکھا کھجور: چوڑے پتے کے کھجور کی ایک جنس جو ہندوستان اور لنکا میں ہوتی ھے اوراس کے پتوں سے چٹائی بنی جاتی ھے : (نباتیات) نخل ہندی : خرما : تاڑ۔

Palolo : (n) [Native name in Samoa and Tonga.'] سمندر کا ایک کیڑا جو اوقیانوس کے صحرائی علاقے میں ہوتا ھے اور اس علاقے کے لوگ اسے کھاتے ہیں۔

Palometa : (n) [Sp. 'paloma.'] پومپانوں کی مچھلیوں کی ایک نوع۔

Palomino : (n) (امریکا) سفید گھوڑا جس کا ایال اور دُم چھوٹی ہوتی ھے۔

Palp : (n) [L. 'Palpus'.] (۱) (حیوانیات) کیڑوں کا وہ عضو جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں : کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ : محیس (جنگلات) : محاس : سونڈ (حشرہ کی) :نیز دو منہ والے صدف نما جانور کے منہ کے دونوں طرف کی لو۔

Palp : (v) [L. 'palpare'] (شاذ) محسوس کرنا: ہاتھ سے ٹٹولنا : چھوکر معلوم کرنا : آہستگی سے ہاتھ لگانا : ہاتھ پھیرنا : تھپتھپانا : (نیز مجازاً) صاف بولنا :صاف گفتگو کرنا : چاپلوسی کرنا : خوشامد کرنا : سراہنا : کسی کی تعریف و توصیف کرنا: جھانسا دینا : میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

Palpability : (n) محسوسیت : لمسیت : قابل حس ہونا : صریحیت :

قابلیت لمس : پیش پاافتادہ ۔

Palpable : (a) [Late L. 'palpabilis.'] (۱) قابل احساس و لمس : قابل حس : قابل لمس: محسوس :جس کو چھوسکیں ۔ (۲) (طب) حس کے ذریعہ ادراک : ادراک لمسی ۔ (۳) قابل ادراک : لائق احساس : قابل فہم : دوسرے کسی احساس کے ذریعہ فوری طور پر ادراک کیا ہوا : جالب توجہ : نمایاں: بین : ظاہر: قابل توجہ: صریحی : صاف ۔ (۴) صریح : بدیہی: آسانی سے محسوس کیا ہوا :آسانی سے سمجھا ہوا : آشکارا : ہویدا : معلوم : روشن : حقیقی جیسا: پیش پا افتادہ ۔

Palpable darkness : (n) بہت تاریک : گھور اندھیرا : تیرہ و تار ۔

Palpableness : (n) دیکھو Palpability

Palpably : (adv.) محسوس طور پر : قابل حس طور پر : قابل لمس انداز میں : ظاہر طور پر : نمایاں انداز میں : بیّن طور پر : صریحاً : ظاہراً۔

Palpal : (a) [L.'plapalis.'] کیڑوں کی سونڈ کا یا اس سے متعلق :کیڑوں کا احساس کرنے والے عضو کے جیسا کام کرنے والا۔

Palpate : (v) [L. 'palpare.'] (۱) چھو کر کسی چیز کو جانچنا ۔ (۲) محسوس کرنا : ہاتھ لگانا : چھونا (خصوصاً طبی معائنے میں کسی شے کو ہاتھ سے چھو کر دیکھنا)۔

Palpate : (a) (حیوانیات) مَجس دار ۔

Palpation : (n) (طب) لمس : لمس معائنہ :احساس: چھونا(طبی معائنہ میں) ہاتھ سے چھو کر دیکھنا۔

Palpatory : (a) احساسی : احساس کا : مخصوص لمسی : احساس سے بھرا ہوا ۔

Palpebra : (n) [L.] (تشریح ، حیوانیات) جلن : پپوٹا : پلک ۔

Palpebra inferior : (n) (تشریح) جفن تحتانی ۔

Palpebral : (a) (تشریح) جفنی : پلکی آنکھ کے پپوٹے کے متعلق: پلک کا یا اس سے متعلق ۔

Palpebral fissure : (n) (تشریح) شقاق جفن ۔

Palpebral superior : (n) (تشریح) جفن فوقانی ۔

Palperbrate : (a) جفن دار : پلک دار ۔

Palpebritis : (n) (طب) ورم جفن : سلاق : یا محضی ۔

Palpi : Palpus کا صیغۂ جمع ۔

Palpicorn : (a) [mod. L. 'palpicornes.'] کیڑوں کی مونچھ کی طرح سینگ والے بھونرے کی ایک قسم جس کی مونچھ لمبی اور پتلی ہوتی ہے ۔

Palpicorn : (n) ایک قسم کا بھونرا۔

Palpifer : (n) [f. L. 'palpus.'] (تشریح) محس بردار : جبڑے کی ہڈی کا بیرونی گوشہ ۔

Palpiferous : (a) محس بردار : فکی محس ۔

Paliform : (a) محس جیسا : (حشرہ کی) سونڈ مانند: شاخک دار۔

Palpiger : (n) (حیوانیات) محس بردار : قشری حیوانیات یا کیڑے کے نچلے ہونٹ کا حصہ جس میں سونڈ ہوتی ہے ۔

Palpigerous : (a) محس بردار : محاس رکھنے والا :سونڈ والا (حشرہ)۔

Palpimacula : (n) (حیوانیات) نقطۂ محس ۔

Palpitancy : (n) لرزش : ارتعاش : تپش : بے چینی : گھبراہٹ ۔

Palpitant : (a) لرزاں : تپشی : مرتعش : مہیج : دھڑکتا ہوا۔

Palpitate : (v) [L. 'palpitare.'] (۱) دھڑکنا : دھک دھک کرنا :(دل کا): زور سے دھڑکنا : غیر معمولی طور سے دھڑکنا : چلنا :جنبش کرنا (نبض کا) :مرتعش ہونا : تھرتھرانا۔ (۲) لرزنا : تھرانا : تھر تھرانا : کانپنا (خوف سے) اچھلنا : پھڑک اٹھنا (خوشی سے) : (مجازاً) جنبات کی لہر دوڑ جانا۔ (۳) ارتعاش کی حالت میں حرکت کرنا۔ (۴) غیر معمولی تیزی سے دھڑکنے کی وجہ ہونا۔

Palpitating : (a) دھڑکتا ہوا : مہیج : لرزاں : مرتعش ۔

Palpitatingly : (adv.) لرزاں طور پر : مہیجانہ: دھڑکن کے طور پر ۔

Palpitation : (n) [L. 'palpitatio.'] (۱) دھڑکنے کا عمل : دھڑکن : دھک دھک :جنبش : لرزش : ارتعاش ۔ (۲) (طب) اختلاج : اختلاج قلب : (دل کی) دھڑکن : تپش قلب: خفقان ۔

Palpitation of heart : (n) (طب) اختلاج قلب : خفقان : دل کی دھڑکن ۔

Palpless : (a) (کیڑوں کی) سونڈ یا مونچھ کے بغیر : بے محاس ۔

Palpocil/ Palpicill : (n) [L. 'palpus.'] ریشمی بال کی طرح کیڑے کی سونڈ یا مونچھ : لمبی بال : بہت باریک بال ۔

Palpon : (n) [L. ' palpus. '] (حیوانیات) استقیہ : پلپون ۔

Palpus : (n) [L.] (۱)(حیوانیات) کیڑوں کا وہ عضو جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں : کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ : محیس (جنگلات) محاس :سونڈ(حشرہ کی) : نیز دو منہ والے صدف نما جانور کی منہ کے دونوں طرف کی لو ۔

Palsa : (n) (ارضیات) (سویڈی) پالسا۔

Palsa bog : (n) (ارضیات) پالسائی دلدل۔

Palsgrave : (n) [Early Du. 'paltsgrave. '] : (تاریخ)خود مختار رئیس : امیر مختار ۔

Palsgravine : (n) زوجۂ امیر مختار : خود مختار رئیس کی بیوی ۔

Palship : (n) رفاقت : دوستی : یاری : صمیمیت : بے انتہا قربت ۔

Palisied : (a) [f. 'palsy. '] فالج زدہ : مفلوج :لقوہ مارا ہوا :متزلزل: لرزاں ۔

Palstave/ -taff / Paalstave /- stab : (n) (اثریات) ایک قسم کا برنجی یا سنگی رندا (جس کے دستے میں شگاف ہوتا ہے اور اس میں پھل لگا ہوتا ہے) ۔

Palster : (n) (متروک) عصائی مسافر : عصائی زائر ۔

Palsy : (n) [L.'paralysis. '] (۱) دیکھو Paralysis ۔ (۲) (مجازاً) بے بسی کی حالت : لاچاری کی حالت : مجبوری : بے حسی: نا طاقتی : رعشہ: لرزہ : کپکپی : تشنج ۔

Bell's palsy : (n) (طب) لقوہ : چہرے کا فالج۔

Creeping palsy : (n) خفیف فالج : آہستہ آہستہ بڑھنے والا فالج : فالج تدریجی ۔

Lead palsy : (طب) فالج سُربی ۔

Scrivener's palsy : ایک قسم کا لقوہ جس میں انگلیاں یا ہاتھ کے ریشے متاثر ہوتے ہیں جو لکھنے کی صلاحیت کو ختم کر دیتا ہے جسے writer's cramp کہتے ہیں ۔

Shaking palsy : (n) ضعیف لوگوں میں رعشہ کی بیماری : ضعیف لوگوں میں لقوہ کی بیماری۔

Palsy : (v) (۱) شل کر دینا : مفلوج کر دینا : بے کار کر دینا (عموماً استقارةً) ۔ (۲) متزلزل ہونا : رعشہ ہونا : کپکپانا ۔

Palsying : (a) لقوہ زدہ : فالج کا مارا ہوا : متزلزل : رعشہ دار ۔

Palter : (v) [Origin unkn.] (۱) گول بات کرنا: گول مول جواب دینا: ٹال جانا :گڈمڈ کرنا : ایک بات پر قائم نہ رہنا :گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا : سخن سازی کرنا : ٹال مٹول کرنا : مذبذب گفتگو کرنا : مگھم بات کرنا: ذو معنی بات کرنا : پہلودار باتیں کرنا : گول بات کہنا: دو چڑا بات کہنا : لفظی ہیر پھیر کرنا: فریب آمیز بات کرنا۔ (۲) حجت کرنا :تکرار کرنا : جھگڑنا (کسی بات پر) : مول تول کرنا : (کسی مسئلے کو) سطحی گفتگو میں ٹال دینا : لا یعنی باتوں میں اڑا دینا۔

Palterer : (n) دو پہلو گفتگو کرنے والا : ذو معنی بات کرنے والا : مذبذب گفتگو کرنے والا : گول مول جواب دینے والا : سخن ساز ۔

Paltry : (n) (اب صرف بول چال) فضلہ : ناکارہ چیز : ردّی چیز : ملبا : کوڑا کرکٹ : کاٹھ کباڑ : بیکار چیز : نکمی چیز : لغویات : مہملات : مہمل گفتگو : بکواس ۔

Paltry : (a) حقیر : ادنیٰ : بے حقیقت : ہیچ پوچ : معمولی سا : خفیف سا : یوں ہی سا : ناکارہ : ردّی : بیکار : مہمل: بکواس۔

Paltriness : (n) بے حقیقی : حقیر یا ادنیٰ ہونا ۔

Paludal : (a) [L. 'palus, palud' + - Al.] (طب و مرضیات)دلدلی: دلدل آوردہ : دلدل کا یا اس سے متعلق :مردابی:ملیریائی: جہاں ملیریا کی کثرت ہو۔

Plaudal fever : (n) (طب) دلدلی بخار : ملیریا : تپ مردابی۔

Plaudal plants : (n) دلدلی گھاس : گیاہ مردابی ۔

Plaudament : (n) [L. 'paludamentum. '] رومی جنرل اورسپہ سالار کے پہننے والا ایک فوجی چوغہ : شاہی چوغہ یا پوشاک: نقیب شاہی کا لباس۔

Plaudi - : (prefix) [L. 'palus, plaud.] سابقہ بمعنی "دلدل"۔

Plaudic : (a) دلدل کا یا اس سے متعلق۔

Plaudicole / Paludicolous : (a) دلدل باش : دلدل کا : دلدل کا رہنے والا۔

Paludina : (n)[mod. L. f. palus, palud-+ -inus, -ina.] (حیوانیات) ایک قسم کا دلدلی گھونگا؛ تالاب میں رہنے والا گھونگا؛ بچہ دینے والے جانور کی قسم کا صدف۔

Paludinal / Paludinous : (a) (۱)(نباتیات) دلدلی : دلدل باش۔ (۲) بچہ زا جانور سے متعلق۔

Plaudine : (a) دلدلی : دلدل باش۔

Plaudism : (n) ستیت دلدل : ملیریا : دلدلی بخار : (نباتیات) دلدل نموئی۔

Plaudose/Paludous : (a) (شاذ) دلدل کا یا دلدل سے متعلق : دلدل کا رہنے والا : دلدلی : دلدل باش : (نباتیات) دلدلی : گِل نمو۔

Plaulus : (n) (حیاتیات) صدفوں میں مہین اور سیدھی پرتوں میں کوئی ایک جو اُس کی سب سے نچلی سطح سے شروع ہو کر کٹوری نما جوف تک پھیلا ہوتا ہے اور جس کا خارجی کنارہ غلاف سے ڈھکا ہوتا ہے۔

Palus : (n) [L. 'palus. '] دیکھو Plaulus

Plaustral : (a) [L . 'palustris. '] (شاذ) دلدلی کا : دلدلی :دلدل سے متعلق۔

Plaustrian : (a) دلدلی : دلدل کا :مردابی۔

Palustrine : (a) دلدلی : دلدل باش۔

Paly : (a) [f. Pale(a) + - Y] (شاعرانہ) زرد؛ پیلا سا :زردی مائل : زرد وش۔

Paly : (a) [Fr. 'pale. '] (نقابت) ایسی ڈھال کے متعلق کہا جاتا ہے جو خطوط عمودی کے ذریعہ دو حصوں میں متساوی منقسم ہو۔

Palybendy : (n) (نقابت) اشکال لوزی کی طرح تقسیم شدہ :مثلث نما منقسم ڈھال۔

Palynological : (a) (نباتیات) زر گلی تجزیہ سے متعلق : زیرہ دانہ کی تحقیقات سے متعلق۔

Palynologist : (n) زرگلی تجزیے کا عالم یا ماہر۔

Palynology : (n) [Gr. 'palynein' + 'login.'] (۱) (نباتیات) تحقیقات زیرہ دانہ : زرگل تجزیہ : زیرہ دانہ کا علم؛ زیرہ گل پودوں اور دوسرے پودوں کی ساخت اور انتشار کا مطالعہ۔ (۲) (ارضیات) پیلی نولوجی۔

Palystes : (n) [L.] ایک قسم کا بڑا شکاری عنکبوت : مکڑا جو چھوٹی مچھلیوں ، مینڈک اور چھپکلیوں کا شکار کرتا ہے۔

Pam : (n) [app. abbrev. of Fr. 'pamphile.'] (۱) حکم کا غلام (خصوصاً پچ پتیا Loo کے کھیل میں۔ (۲) تاش کے پتے کے کھیل کا ایک نام۔

Pamakani : (n) [Hawail, 'Pa-makani'.] ایک قسم کی امریکی جڑی بوٹی۔

Pamaquine : (n) (کیمیا) پاماکوئن($C_{19}H_{29}N_{36}$) : ایک قسم کی دافع ملیریا دوا۔

Pampa : (n) [Sp.] (جغرافیہ) پمپا :(جنوبی امریکا) دریائے ایمزن کے جنوب کا بے شجر بیابان۔

Pampa cat : (n) پمپا کی جنگلی بلی۔

Pampa deer : (n) جنوبی امریکا کا ایک چھوٹا ہرن۔

Pampa rice : (n) باجرہ ، کودوں وغیرہ کی قسم جو گچھے میں ہوتی ہے۔

Pampas fox : (n) جنوبی امریکہ میں پائی جانے والی لومڑی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور۔

Pampas grass : (n) پمپاس گھاس : پمپاس گیاہ : طویل گیاہ : ایک قسم کی بڑی گھاس جو جنوبی امریکا سے یورپ آئی تھی(٦ سے ١٢ فٹ لمبی) : جنوبی امریکا کا باشندہ۔

Pampas hare : (n) جنوبی امریکا کا دراز گوش اور دراز پا خرگوش۔

Pampean/ Pampaean : (a) پمپا کا یا پمپاس کا۔

Pampelmous(s)e : Pompelmoose کا متبادل۔

Pamper : (v) [Late ME.] (۱) خوب کھلانا پلانا :شکم سیر کر دینا : پیٹ بھر کر کھلانا۔ (۲) ناز و نعمت میں پال کر بگاڑ دینا : زیادہ لاڈ سے خراب کر دینا۔

Pampered : (a) ناز و نعمت سے پالا ہوا : خوب کھلا پلا کر تیار کیا ہوا : ناز پر وردہ : پُر خوردہ : نیز مجازاً۔

Pampered menial : (n) (حقارت کے موقع پر) پیٹ بھرا نوکر یا خدمتگار۔

(۱۰) (خاص کر جنوبی افریقہ میں) سوکھا نمك دلدل یا کم گہرا گڑھا۔ (۱۱) کھوپڑی (متروك یا بول چال)۔ (۱۲) سخت مٹی کی تہ یا پٹی نیز ٹھوس تسلا۔ (۱۳) برف کی بہتی ہوئی چھوٹی میل۔ (۱۴) پلڑا (ترازو کا) : (تشریح) کھوپڑی: قحف۔

Brain-pan : کھوپڑی : کاسۂ سر : قحف۔

Flash in the pan : پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زور شور دکھا کر ختم ہو جانا : رنجك چاٹ جانا۔

Flat as a pancake : بالکل چپٹا۔

Salt pan : (۱) نمك کی جھیل (سمندر کے قریب نشیبی زمین جہاں بذریعۂ تبخیر نمك بنایا جاتا ہے)۔ (۲) طاس نمك : برتن جو نمك بنانے میں کام آتا ہے۔

Stew pan : (n) ڈھکنے دار کڑاہی : تلنے کا برتن۔

To turn the cat in the pan : زمانہ سازی کرنا:منافقت کرنا : دو بھیسیا ہونا : دور نگار ہونا۔

Warming-pan : بستر گرم کرنے کی انگیٹھی۔

Pan : (n) [L. 'pan.'] (۱) یونان کے ایك دیہاتی دیوتا کا نام جس کا سر، بازو اور سینہ آدمی کا ہوتا ہے اور نچلا حصہ (کبھی کبھی سینگ اور کان) بکری کا: (اساطیر) بن دیوتا : پان : عالم فطرت یا عالم طبیعی کا یونانی دیوتا۔ (۲) روح فطرت : عالم طبیعی کی روح۔ (۳) وثنیت : قبل مسیحی دنیا : دنیائے جاہلیت۔

Pan/Pane : (n) [Fr. 'pan.'] لکڑی کے چوکٹھے کا حجرہ یا مربع جو اینٹ یا پلاسٹر سے بھرا جائے : (کیمیا) پلڑا۔

Pan : (n) [Hind. 'pan.'] پان : برگ تنبول : پان کا پتّا۔

Pan : (v) (۱) طاس میں رکھ کر (سونا ملی مٹی کو) دھونا : سونے کو الگ کرنا : تسلا میں دھو کر الگ کرنا (Off, Out کے ساتھ)۔ (۲) وجود میں لانا : پھلنا : پیدا کرنا۔ (۳) (اکثرOut کے ساتھ) سونا نکلنا یا نکالنا : قیمتی دھات نکالنا نیز مجازاً کامیاب ہونا : چل جانا۔ (۴) تسلا میں پکانا یا دھونا۔ (۵) (زراعت اور بول چال) (مٹی کا) سطح پر پپڑی جمانا۔ (۶) (روزمرہ) بے رحمی کے ساتھ تنقید کرنا : بدنام کرنا : حقارت سے ذکر کرنا۔

Pan : (v) [Origin unkn.] (۱) (اسکاتستانی) پورا کرنا : مطابق ہونا:

Pamperedness : (n) ناز و نعمت سے پلا ہونا : ناز پروردگی : شکم سیری۔

Pampero : (n) [Sp.] وہ ٹھنڈی ہوا جو کرۂ اینڈی (Andes) سے اوقیانوس کی طرف چلتی ہے : (ارضیات) (ہسپانوی) پیمپیرو۔

Pamphlet : (n) [ME.] (۱) پمفلٹ : رسالہ : پرچہ : مختصر غیر مجلد رسالہ (خصوصاً مسائل حاضرہ کے متعلق) : ایك چھوٹا رسالہ جس میں چند صفحات ہوں اور کتاب سے کم ضخامت ہو : جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے۔ (۲) توصیفی معنوں میں۔

Pamphleteer : (n) پمفلٹ لکھنے والا : پمفلٹ نویس : پمفلٹ باز۔

Pamphleteer : (v) پمفلٹ لکھنا : پمفلٹ بازی کرنا : رسالہ لکھنا : پرچہ لکھنا۔

Pamphleteering : (n) رسالہ بازی : پمفلٹ بازی : پرچہ بازی۔

Pamphleting : (n) رسالہ بازی : پمفلٹ بازی۔

Pampiniform : (a) [L. 'pampinus.'] (تشریح) عُلجیہ :بیل سوت نما : سلکعیہ : انگور کی بیل کی طرح اینٹھا ہوا : خصوصاً ضفیرہ پر اطلاق ہوتا ہے۔

Pampootie : (n) [Origin unkn.] (مقامی آئرستان) گائے کے چمڑے سے بنی ہوئی ایك قسم کی سینڈل جسے اران(Aran) کے جزیروں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Pamprodactylous : (a) [Gr. 'pam' + 'pro' +'dactylos.'] (طیورات) آگے کی طرف نکلے ہوئے پنجوں والا۔

Pan : (n) [OE. 'panne.'] (۱) طاس : پرات : کڑاہی : تسلا : بڑا کرچھا : مٹی یا دھات کا برتن جو گھریلو استعمال میں آتا ہے : چپٹا اور اتھلا برتن۔ (۲) اکثر Bread-pan اور Sauce-pan سے مختلف۔ (۳) کسی آلے کا حصہ۔ (۴) (ٹیکنیکل میں) طاس یا اسی شکل کا کوئی برتن جس میں چیزیں گرم کی جاتی ہوں یا میکینیکل ترکیب مثلاً جوش دینے یا تبخیر کرنے کے لئے ایك کھلا ہوا برتن نیز کیمیا میں تبخیر کے لئے بند ظرف: خلا کڑاہی۔ (۵) کڑاہی بھر : تسلا کے اندر کی چیز۔ (۶) تسلا مانند کسی ظرف کا انخفاض یا جھکاؤ یا کسی ڈھانچے کا حصہ۔ (۷) رنجك دان : بندوق کا پیالہ (قدیم طرز کی بندوقوں میں ہوتا تھا) : بندوق یا پستول) تالے کا وہ حصہ جو رنجك کو لے رہتا ہے۔ (۸) قلابے کا خانہ۔ (۹) زمین میں کھوہ یا انخفاض خاص کر Sath-pan (طاس نمك)۔

ہونا : برابر ہونا : ٹھیک نکلنا : متصل کرنا : ملانا : متفق کرنا یا ہونا : موافقت کرنا ۔ (۲) ایک ساتھ ملانا یا جوڑنا ۔

Pan - : سابقہ جو یونانی Paspantos کے مساوی ہے ۔ بمعنی "سب" : "ہمہ" : "تماماً" : "کاملاً" : کل ۔

Pan-African : (a) ہمہ افریقی : کل اہل افریقہ کا : تمام اہل افریقہ سے متعلق ۔

Pan-Africanism : (n) (سیاسیات) ہمہ افریقیت ۔

Pan-American : (a) شمالی اور جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کا یا اس سے متعلق یا کل اہل امریکا کا یا ان سے متعلق ۔

Pan-Americanism : (n) تمام اہل امریکا کی طرفداری : (سیاسیات) ہمہ امریکیت ۔

Pan-Anglican : (a) ہمہ انگلیکی : انگلستان کے کلیسا کے کل شاخوں کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-Anglican Conference : (n) ہمہ انگلیکی کانفرنس ۔

Pan-Anglo-saxon : (a) تمام اینگلو سیکسونی سے متعلق : تمام انگیرنزی الاصل کا یا اس سے متعلق : کل قدیم انگریزی کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-Britannic : (a) تمام اہل برطانوی کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-cosmic : (a) کیہانی : سرتا سردنیوی : دہریہ ۔

Pan-cosmism : (n) دہریت : مادیت : (فلسفہ) کامل مادیت : اس نظریہ کا حامی یا معتقد کہ تمام دنیا مادی ہے اور زمان و مکان کا کوئی وجود نہیں ۔

Pan-denominational : (a) تمام مذہبی فرقے کا : کل اہل مذہب سے متعلق : تمام مذہب سے متعلق : تمام مذہب کا : تمام مذہب قبول کرنے کا ۔

Pan fan : (n) (ارضیات) ماس پنکھ ۔

Pan-German : (a) تمام جرمن کا یا اس سے متعلق : کل جرمن ملک : اتحاد آلمانی کا : پورا جرمن : جرمن نسل کے لوگوں کے سیاسی اتحاد کے متعلق ۔

Pan-German : (n) ملک جرمن کا ایڈوکیٹ ۔

Pan-Germanic : (a) جرمن کے ایڈوکیٹ سے متعلق ۔

Pan-Germanism : (n) (۱) جرمن نسل کی وحدت : اتحاد جرمن ۔ (۲)(سیاسیات) ہمہ جرمنیت ۔

Pan-human : (a) طرفدار اتحاد نوع بشر : نوع بشر کی وحدت کا حامی ۔

Pan-Ionian : (a) (یونان کے خطے) تمام ایونا کا : ہمہ ایونی : اتحاد مردم ایونی ۔

Pan-Ionic : دیکھو Pan-Ionian

Pan-Islam : (n) عالم اسلام : ہمہ اسلام : کل اسلام : وحدت اسلامی : ملل اسلامی : اتحاد اسلامی ۔

Pan-Islamic : (a) اتحاد اسلامی کا : طرفدار اتحاد ملل اسلامی : ملل اسلامی کا ۔

Pan-Islamism : (n) (سیاسیات) ہمہ اسلامیت : اتحاد اسلامی ۔

Pan leaf : (n) برگ تنبول : پان کا پتّا ۔

Pan-mill : (n) سونے کو مٹی کی ملاوٹ سے الگ کرنے کا کان کن کا ایک اوزار ۔

Pan-mixia : (n) (حیاتیات ، نباتیات) مخلوط نسل کشی : عدم انتخاب قدرت ۔

Pan objectivism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ معروضیت ۔

Pan-pipe/ Pan's- : (n) منہ سے بجانے کا آرگن ۔

Pan-Presbyterian : (a) کل پریسبیٹیرین کا یا اس سے متعلق ۔

Pan-psychism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ نفسیت : ہمہ ذہنیت ۔

Pan-scientist : (n) مختلف علوم کا ماہر : گونا گوں علم کا عالم ۔

Pan-sexual : (a) ہمہ جنسی ۔

Pan sexualism : (n) (عضویات) ہمہ جنسیت : فرائڈ کا یہ نظریہ کہ جبلت جنس ہی تمام انسانی قوت کا مرکز ہے ۔

Pan sexualist : (n) نظریہ ہمہ جنسی کا ماہر ۔

Pan-sexuality : (n) نظریہ ہمہ جنسی ۔

Pan-slav/ -slavic : (a) اتحاد سلافی کا : تمام سلافیوں کا : قوم سلافی

سے متعلق ۔

Pan-slavism : (n) اتحاد سلافی ؛ ہمہ سلافی ۔

Pan-slavist/-slavistic : (a) دیکھو Pan-slav

Pan-slavonian : (a) دیکھو Pan-slav

Pan-smith : (n) دیگ ساز : کڑاہی وغیرہ بنانے والا ۔

Pan-Teutonic : (a) تمام اہل ٹیوٹنی : کل باشندہ ٹیوٹنی کا ۔

Pan-Teutonism : (n) تمام اہل ٹیوٹنی کا اصول : کل علاقۂ ٹیوٹنی کا اصول ۔

Pan-washing : (n) کنکر کی تہ سے سونا کو الگ کرنا (کڑاہی میں رکھ کر پانی میں ہلانا) ۔

Pan wood : (n) نمک کے کام میں استعمال کرنیوالا چھوٹا کوئلہ ۔

Panace : (a) [L. 'panax and 'panaces. '] ایک ناقابل اعتبار جڑی بوٹی جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ تمام بیماری کو اچھا کرتی ہے : تمام بیماری کو شفا پہنچانے والی ایک دوا ۔

Panacea : (a) [L . 'panacea. '] ہر مرض کی دوا؛ اکسیر اعظم ؛عام دوا.

panacean : (a) اکسیر اعظم کی صفت کا : ہر مرض کی دوا کا : اکسیر عومی ۔

Panaceist : (n) وہ شخص جو اکسیر اعظم پر اعتبار یا یقین کرتا ہے : ہر مرض کی دوا کا استعمال کرنے والا ۔

Panache : (n) [Late L. 'pinnaculum.'] (۱) کلغی : پروں کا گچھا جو ٹوپی وغیرہ میں ہو : کلاہ یا خود کا زیور۔ (۲)(استعارۃً) طمطراق : شیخی : اکڑ : اظہار دلاوری و مردانگی : رفتار دلاورانہ ۔ (۳) (فلکیات) پر مانند آفتابی ابھار ۔

Panache : (v) نمائش کرنا : دکھانا : ظاہر کرنا : اکڑ کر چلنا : اینٹھ کر چلنا : اترا کر چلنا (روزمرہ) ۔

Panache : (a) مختلف غذاؤں سے مرکب ۔

Panached : (a) کلغی مانند قلون رنگ کیا ہوا.

Panachure : (n) [Fr.] اختلاط رنگ.

Panactivism : (n) ہمہ فعالیت ۔

Panada : (n) [Sp. 'panado.'] ڈبل روٹی کا میٹھا : شیر مال روٹی ؛ چینی ، جائفل وغیرہ ملا کرتیار کی ہوئی ڈبل روٹی.

Panade : (n) [Fr. 'panadi.'] دیکھو Panada

Panaesthesia : (n) (عضویات) کامل لمس : کامل ادراک ۔

Panama : (n) مرکزی امریکا کی ایک ریاست اور شہر کا نام : (توصیفی معنوں میں) پناما کا یا اس سے متعلق : خاص کر پناماہیٹ ۔

Panama hat : (n) ایک طرح کی ہیٹ جو درخت کی پتوں سے بنتی ہے.

Panarteritis : (n) تمام شریانوں کا ورم.

Panarthritis : (n) (طب) ورم ہمہ مفاصل : تمام مفاصل بدن کا ورم.

Panary : (a) [L. 'panis. '] وابستہ بہ نان: روٹی کا یا اس سے متعلق ۔

Panathenea/ -aia : (n) [Gr. 'panathenaea'.] ایتھنس (Athens) کا قومی تہوار جو کم سے کم سال میں ایک بار اور زیادہ سے زیادہ ہر پانچ سال پر منایا جاتا ہے ۔

Panathenaean/ Panathenaic : (a) اس تہوار کا یا اس سے متعلق ۔

Panatrope : (n) [Pan - + Gr. 'tropos.'] ایک برقی آلہ جس سے گراموفون کی آواز کو بلند کیا جاتا ہے: لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ کے ریکارڈوں کو بجانے کا ایک برقی آلہ ۔

Panax : (n) [L.] (۱)(نباتیات) اکسیر بوٹی ۔ (۲) یک سالہ گھاس کی ایک جنس جو منطقۂ شمال مشرقی امریکا اور ایشیا میں اُگتی ہے اور جس کا ریشہ معطر ہوتا ہے ۔

Pancake : (n) [Late ME.] (۱) ایک طرح کا میٹھا چلا : پان کیک : ایک پتلا مسطح کیک جو کڑاہی میں تلی ہوئی لپٹی سے بنایا جاتا ہے ۔ (۲)پان کیک کی طرح مختلف پتلی اور چپٹی چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Pancake : (v) (ہوا نوردی) اچانک نیچے اتر آنا : طیارے کا ہموار سطح میں رہ کر سیدھا نیچے اترنا(عامیانہ) ۔

Pancake bull : (n) (کلیسا) یوم استغفار کے دن کلیسا کی صدائی ناقوس جو اس بات کی دعوت ہوتی ہے کہ آج اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا ہے ۔

Pancake day / Tuesday : (n) یوم استغفار : توبہ کا منگل.

Pancake-ice : (n) پتلے مسطح ٹکڑوں میں تیرتی ہوئی برف جو

جاڑے کے موسم میں قطبی علاقوں میں ہوتی ہے ۔

Pancake plant : (n) پنیرک کوتاہ ۔

Pancarditis : (n) [L.] (طب) ورم ہمہ قلب ۔

Pancheon : (n) ایک مخصوص تغار (تسلا یا برتن) جس میں دودھ اور دہی بنایا جاتا ہے ۔

Panchromatic : (a) دیکھو Orthochromatic

Panchromatic film : (n) (فوٹوگرافی) ہمہ رنگی فلم : تمام رنگی فلم ۔

Panchromic : (n) (ارضیات) تمام رنگی ۔

Panchway/ Pansway : (n) [Hindi 'pansoi.'] ایک ہلکی کشتی جو بنگال کے دریاؤں میں چلتی ہے : بنگال کے دریا میں چلنے والی کشتی ۔

Panclastite : (n) [Gr. 'pan' + 'klastos.'] مختلف مرکبات سے بنا ہوا بنا ہوا ایک دھماکہ خیز یا بھک سے اڑ جانے والا مادہ ۔

Pancratiast/ Pancratist : (n) کشتی گیر و مکاباز : کشتی اور مکابازی کا ماہر ۔

Pancratiastic : (a) کشتی گیری و مکابازی کا یا اس سے متعلق ۔

Pancratic : (a) (۱) کشتی او مکابازی کا یا اس سے متعلق۔ (۲)(بصریات) ہمہ بین (شیشہ) ۔ (۳)(عینک کا شیشہ) جس کی قوت بہت گھٹائی بڑھائی جا سکتی ہے : مختلف قوتوں کا۔

Pancratic glass : (n) (بصریات) ہمہ بین شیشہ ۔

Pancration : (n) دیکھو Pancratic

Pancratium / -ion : (n) [L.] (۱) (قدیم یونان) کشتی اور مکابازی دونوں کا مقابلہ کرنے والا : زور آزمائی کا مقابلہ جس میں مکابازی اور کشتی ساتھ ساتھ ہوتی تھی : مکا کشتی ۔ (۲) (نباتیات) ایک قسم کا پیازی پودا جس کے پھول سفید اور سخت قسم کے ہوتے ہیں ۔

Pancreas : (n) [mod. L. 'pancreas.'] (حیوانیات، تشریح) لبلبہ : لوز المعدہ : بانقراس : عنق الطحال: پیٹ کے نزدیک ایک گوشک دار عنقودی گلٹی: (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) لبلبہ : (حیوانیات) لبلبہ ۔

Pancreatectomy : (n) (جراحی) لبلبہ براری ۔

Pancreatic : (a) (تشریح) لبلبی : لوزالمعدی : عنق الطحال کا : متعلق لبلبہ ۔

ancreatic juice : (n) (قانون) (کیمیا) رطوبت لبلبہ : عصیر بالقراس۔ (۲) جانوروں کے لئے غذا کے طور پر استعمال ہوتا ہے) میٹھی روٹی ۔

pancreatin : (n) [Gr. 'pankreat-.'] (کیمیا) بانقراسین : شیرۂ لوزالمعدہ : ایک مرکب پروٹین : نیز ہاضمہ کے لئے ایک مرکب مادہ ۔

Pancreatitis : (n) (طب) ورم لبلبہ ۔

Pancreatize : (v) (ہاضمہ کے لئے) شیرۂ لوزالمعدہ کے ساتھ مخلوط کرنا ۔

Pancreatoid : (n) (تشتریح) شبیہ لبلبہ : عنق الطحال مانند ۔

Pancreatolith : (n) (طب) سنگ لبلبہ ۔

Pancreatomy : (n) (جراحی) لبلبہ شگافی: (طب) قطع لوزالمعدہ ۔

Pand : (n) [MDU. 'pand.'] (۱) (اسکاتستانی) ایک قسم کا منقش کپڑا جو گدوں کے غلاف اور پردوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) مسہری کا پردہ ۔

Panda : (n) [Nepali name.] پانڈا : ریچھ کی قسم کا چھوٹا سا گوشت خور جانور جو ہمالہ کی چوٹیوں اور تبت کے میدانوں میں پایا جاتا ہے: سرخ ریچھ بلاؤ : (حیوانیات) گربۂ خرسک ۔

Pandal : (n) [Tamil, 'pendal.'] پنڈال :سائبان :چھپر : أسارا : کرمچ وغیرہ کا عارضی سائبان : منڈوا (خاص کر عارضی استعمال کے لئے) ۔

Pandanaceae : (n) [L.] (نباتیات) کیوڑیہ ۔

Pandanus : (n) (نباتیات) جنس کیوڑہ : کادمی : کدو : انناسیہ : ایک قسم کا درخت جس کے پتے بل کھائے ہوئے انناس کی طرح ہوتے ہیں : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pandean-dion : (a) پان (Pan) دیوتا کا یا اس سے متعلق ۔

Pandean/ -dion : (n) پنڈین بینڈ کا ایک ممبر : بانسری نوازوں کے گروپ کا ممبر ۔

Pandean band : (n) منہ سے بجانے کا ایک قسم کا باجا ۔

Pandean pipe : (n) دیکھو Pan-pipe

Pandean harmonica : (n) Pan-pipe کے مشابہ منہ سے بجانے والا ایك باجا۔

Pandect : (n) [L. 'pandecta, -tes.'] (۱) جمع (شاذ ہی واحد) قوانین رومی کا خلاصہ جو قیصر جسٹی نین کے حکم سے چھٹی صدی عیسوی میں پچاس جلدوں میں مرتب کیا گیا تھا : (قانون) مجموعہ قوانین رومی ۔ (۲) (مجازاً) (نیز واحد) کسی ملك کا مکمل قانون یا قانون کا کوئی طریقہ ۔ (۳) (واحد)رسالہ جو مکمل موضوع پر منطبق ہو : مکمل موضوع کا رسالہ یا کتاب ۔ (۴) مکمل بائبل کے مخلوط کی کاپی: بائبل خطی ۔ (۵) جامع العلم ۔

Pandectist : (n) مجموعۂ قوانین رومی کا عالم یا ماہر۔

Pandemia : (n) (طب) ہمہ گیر بیماری یا وبا۔

Pandemian : (a) [Gr. 'pandimios.'] فحش اور شہوانی عشق کا یا اس سے متعلق ۔

Pandemian venus : (n) نفسانی عشق۔

Pandemic : (a) [Gr. 'pandemos .'] (۱) عالمگیر: ہمہ گیر : عمومی : (خاص کر بیماری کا) عالمگیر وبا : (وہ بیماری) جو سارے ملك میں یا دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہو۔ (۲) فحش اورشہوانی عشق کا یا اس سے متعلق ؛ نفسانی عشق کا۔

Pandemic : (n) ہمہ گیر بیماری : عالمگیر وبا : وہ بیماری جو تمام پھیلی ہوئی ہو۔

Pandemic venus : (n) دیکھو Pandemian venus

Pandemoniac : (a) (۱) شیاطین کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) اُس مقام سے متعلق جہاں شور و غل ہو ۔ (۳) طوفان : بے تمیزی کا یا اس سے متعلق ۔ (۴) جہنم کا: دوزخ کا: شیطانی ؛ جہنمی : طاغوتی ۔

Pandemoniacal : (a) دوزخی : طاغوتی : خاص کر طوفان بے تمیزی کی صفت کا۔

Pandemonian : (a) دیکھو Pandemoniac

Pandemonium : (n) [mod. L.] (۱) مسکن شیاطین : شیطانوں کے رہنے کی جگہ : کاخ شیطان : فرود گاہ شیطان : مرکز دوزخ : دوزخ : جہنم : پایہ تخت دوزخ : عالم اسفل ۔ (۲) برائی کا مرکز : بدی کا اڈّا : مقام نقص : فسق و فجور کا مرکز : بدکاری کی جگہ ۔ (۳) مرکز آشوب و غوغا : شور و شغب کا مقام: ہنگامہ و فساد کی جگہ : وہ مقام جہاں بے حد شور غل ہو : مچھلی بازار ۔ (۳) شور غل : ہنگامہ : جھگڑا : ٹنٹا : نزاع : مار پیٹ : دھینگا مشتی : طوفان بے تمیزی : گڑبڑ : شیطانی انتشار : شیطانی دیوانگی : شیطانی خطبہ ۔ (۵) اندھیرنگری : وہ مقام جہاں ظلم و جور کا دور دورہ ہو : (سیاسیات) اندھیر نگری : طوفان بے تمیزی۔

Pandemy : (n) دیکھو Pandemia

Pander : (n) [L. 'pandarus.'] (۱) اسم معرفہ کے طور پر : پانڈر ۔ (۲) خفیہ عشق بازی کا دلال : قوم ساق : دلال : کٹنا ۔ (۳) بُرے کاموں میں مدد دینے والا : واسطۂ عمل بدکاری : بُرائی کا مددگار : ادنیٰ جذبات کو بھڑکانے والا ۔ (۳) (عام طور پر کم) دلالہ : کٹنی ۔ (۵) (مجازاً) کسی چیز کے لئے کہا جاتا ھے ۔

Pander/-ar : (v) [f. prec.] (۱) بُرے کاموں میں مدد دینا : برائی کے لئے مدد کرنا : بُرے کاموں کا واسطہ ہونا ۔ (۲) (ادنیٰ جذبات کو) بھڑکانا : شہہ دینا : نیز مجازاً ۔ (۳) دلالی کرنا : کٹنا پا کرنا : بھڑوا گیری کرنا : محبت کی دلالی کرنا ۔

Panderer : (n) دیکھو Pander

Panderess : (n) (اب شاذ) دلالہ : مشاطہ : کٹنی : بُرے کاموں میں مدد کرنے والی ۔

Panderism : (n) دلالی : دلالی محبت شاطگی۔

Panderly : (a) دلالی کی صفت : مشاطگی کی صفت ۔

Pandiculation : (n) [L. 'pandicuari.'] (طب) انگڑائی:جمائی: حالت خمیازہ : خمیازہ کشی ۔

Pandion : (n) [L.] (حیوانیات) جنس باز بحری۔

Pandit : (n) [Hindi 'pandit.'] (۱) پنڈت :(ہندوستان میں) عقلمند اور قابل آدمی : اکثر عزت کے طور پر نام کے پہلے استعمال ہوتا ھے ۔ (۲) ہندودھرم اور سنسکرت کا ماہر ۔ (۳) کشمیر میں ہندو کلرك اور آفیسر ۔

Pandora : (n) [Gr.] (افسانہ یونان) پنڈورا : پہلی عورت ۔

Pandora/ Pandore : (a) [Late L. 'pandura.'] ستار کی قسم کا باجا :

(موسیقی) سه تارا.

Pandora's box : (n) پنڈورا کا صندوق جو جیوپٹر(Jupiter) نے پنڈورا کو بطور تحفه دیا تھا اور جس میں تمام مصیبتیں بند تھیں۔ (یا یونانی اساطیر کی رو سے پنڈورا کا صندوق بہشت سے اپنے ساتھ لائی تھی اور اس میں تمام چیزیں جو انسان کو مرغوب ہوتی ہیں بند تھیں) غلطی سے یه صندوق کھول دیا گیا اور تمام مصیبتیں دنیا میں پھیل کر گم ہو گئی اور صرف امیدصندوق کے اندر رہ گئی (اس طرح مجازاً اور کنایه کے طور پر استعمال ہوتا ہے)۔

Pandour / Pandoor : (n) [Fr. 'pandour.'] (۱) غار تگر خونخوار سپاہیوں کی فوج جو ۱۷۴۱ء میں بیرن ٹرینك (Baron Trenck) نے فراہم کی تھی اور جو آگے چل کر آسٹروی سپاہ میں ضم ہو گئی۔ (۲) (کروشیا (Croatia) میں مقامی استعمال) محافظ؛ مسلح خادم : پولس سوار : مقامی گھڑ سوار پولس۔

Pandowdy : (n) [Origin unkn.] (امریکا) شیریں سیب جسے شکر کے شیرہ میں پکایا جاتا ہے۔

Pandura : (n) (موسیقی) عود : سارنگی : رباب۔

Pandurate : (a) [Late. L. 'panure.'] (نباتیات ، تشریح) سارنگی شکل : سارنگی نما۔

Panduriform : (n) دیکھو Pandurate

Pane : (n) [L. 'pannus.'] (۱) کسی چیز کا حصه ، کناره یا ٹکڑا۔ (۲) مسطح کناره : طرف؛ چہره یا کسی ایسی چیز کی سطح جس کے کئی حصے (اطراف) ہوں مثلاً پتھر کا ایك طرف یا حصه یا لکڑی کے کندے کی جانب یا جوڑ کا کناره۔ (۳) کھڑکی کا ایك حصه : کھڑکی کا ایك پلڑا : کھڑکی کے ایك خانے کا شیشه : سینگ کا ایك حصه : کاغذ کا ایك حصه یا اسی قسم کی چیز کا ایك سرا(حصه)۔ (۴) مستطیل نما چیز کی ایك سطح۔ (۵) خانه (کسی رنگ برنگ شطرنجی وضع کی چیز کا)۔ (۶) سان کے پتھر کا ہر ایك بلاك جس سے چکی کا پاٹ بنایا جاتا ہے۔ (۷) مستطیل نما زمین خاص کر زراعت میں زمین کا وہ حصه جو معاون دریا یا باہری نالے سے گھرا ہو۔ (۸)(تعمیرات) تختی ، شیشه : ٹکڑی : (تعمیرات) وِلاّ : کشتی۔

Glass pane : (تعمیرات) شیشه : ٹکڑی۔

Pane : (n) [L. 'pinna.'] ہتھوڑے کا نوکیلا سرا : ہتھوڑے کا آخری سرا : شمالی بول چال پین (Peen)۔

Pane : (v) (۱) رنگ برنگ شطرنجی وضع کا بنانا (کپڑے یا لباس پر) : رنگ برنگ خانے کا بنانا۔ (۲) (کھڑکی میں) شیشه لگانا : (کھڑکی کے) ایك خانے کو ٹھیك کرنا : کھڑکی کا ایك حصه لگانا۔

Paned : (a) (۱) (کپڑوں پر) مختلف رنگوں کی وضع کا بنایا ہوا : رنگ برنگ شطرنجی وضع کا بنایا ہوا : کپڑے میں چوکور بنایا ہوا۔ (۲)(کھڑکی یا دروازه کا) شیشه لگا ہوا۔

Panegoism : (n) (فلسفه) فلسفه خودی : فلسفۂ نفس پرستی۔

Panegoist : (n) نفس پرست

Panegyric : (n) [L. 'panegyricus.'] (۱) مدح : ثنا : مدح کی تقریر مدحیه عبارت : مدحت : مدح سرائی (On, upon کے ساتھ)۔ (۲) مدحیه نظم : مدحیه قصیده : حمد: ثنا : تعریف : بھجن۔

Panegyric / -al : (a) مدحیه : مدح کی : قصیده کی صفت کا: ثنائیه : مدح گو : قصیده خواں : خوشامدی۔

Panegyris : (n) [Gr. 'pan' + 'agyris.'] (قدیم روما) مجمع عام : خاص کر کسی دیوتا کے اعزاز میں جشن کا اجتماع۔

Panegyrist : (n) مدح سرا : قصیده خواں : قصیده لکھنے والا : قصیده گو : مدح گو : مدح خواں : ستائش گر۔

Panegyrize : (v) تعریف کرنا : قصیده خوانی کرنا : مدحیه تقریر کرنا : قصیده لکھنا : مدح لکھنا : مدح سرائی کرنا : ثنا خوانی کرنا : مدحیه نظم لکھنا۔

Panegyrizer : دیکھو Panegyrist

Panegyry : (n) جشن مذہبی : مجمع عام۔

Paneity : (n) عشائے ربانی کی روٹی۔

Panel : (n) [OFr. 'panel.'] (۱) کپڑے کا ٹکڑا : زین کے نیچے رکھا ہوا کپڑے کا ٹکڑا : پلان : خوگیر۔ (۲) ایك قسم کی کاٹھی یا زین۔ (۳) چرمی کاغذ کا ٹکڑا یا چرمی کاغذ وغیره کی پٹی : کاغذ کا وہ لمبا پرزه جس میں شیرف جیوریوں کا نام درج کرتا ہے اور اسے درخواست کے ساتھ منسلك کر دیتا ہے۔(۴) فہرست ارکان جیوری : ارکان جیوری : اہل جیوری : ہیئت

قصاۃ۔ (۵) آدمیوں کی فہرست یا جانوروں کی فہرست۔ (۶) (اسکاتستانی قانون) عدالتی تحقیقات۔ (۷) ملزم (شخص یا اشخاص)۔ (۸) ان ڈاکٹروں کی فہرست جو Insurance-act کے تحت آنے والے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ (۹) کوئی نمایاں حصہ جو چوکٹھے یا فریم کے اندر رہتا ھے۔ (۱۰) چوبی چوکٹھا: جنگلا یا ٹٹی: گھوڑ دوڑ کی ٹٹی۔ (۱۱) زائد تختہ یا پٹی (جو دروازہ یا دیوار کے چوبی حاشیہ پر اوپر سے یا اندر سے جڑی ہو)۔ (۱۲) زنانہ لباس میں دوسری قسم یا رنگ کا کپڑا جو لمبا بھرا یا لگایا جائے۔ (۱۳)(کان کنی) کان میں بغیر کاٹا ہوا کوئلے کا ایک ٹکڑا۔ (۱۵) (کان کنی) کان کا ایک خانہ جو موٹے کوئلے کی تہوں سے ڈھکنے کی وجہ سے دوسرے حصوں سے مختلف ہوتا ھے۔ (۱۶) ایک موٹے کاٹھ کا تختہ جو روغنی نقاشی میں کام دیتا ھے نیز اس قسم کے تختے پر کی نقاشی۔ (۱۷) بڑے سائز کی تصویر (جس کی اونچائی چوڑائی سے بہت زیادہ ہو) خصوصاً توصیفی معنوں میں۔ (۱۸) (توپ خانہ) عرادۂ توپ: کوچ کے دوران چھوٹی توپوں کو کھینچنے والی سواریاں۔ (۱۹) (کان کنی) صاف و سجل کی ہوئی خام دھات کا انبار۔ (۲۰) (تعمیرات) دِلاّ: کشتی۔ (۲۱) (الیکٹرک انجینئرنگ) پنسل: لوح آلات گیر: لوح۔ (۲۱) ماہرین کی فہرست یا جماعت: ایسے لوگوں کی فہرست یا جماعت جنہیں ماہر سمجھا جاتا ھے اور جنہیں مشورہ، فیصلہ، مذاکرہ یا مقابلہ میں شرکت کی دعوت دی جاتی ھے: کسی مخصوص کام کے لئے جمع ہونے والے لوگوں کا گروہ: وہ لوگ جو کسی عوامی کام بالخصوص نشریات وغیرہ میں حصہ لے رہے ہوں۔ (۲۲) پیراشوٹ کی تراش کی صورتوں میں سے کوئی ایک۔ (۲۳) وہ بورڈ یا سطح جس پر کسی مشین کے آلات و اوزار وغیرہ رکھے جاتے ہیں: لوح آلات گیر۔

Panel : (v) [f. 'Panel (n)] (۱) جیوری کی فہرست بنانا۔ (۲)(اسکاتستانی قانون) عدالتی تحقیقات کے لئے لانا: ملزم قرار دینا۔ (۳) (گدھے یا خچر وغیرہ پر) چھوٹی توپیں ڈھونا۔ (۴) پالان یا زین رکھنا (گھوڑے وغیرہ پر)۔ (۵) زائد تختہ یا پٹی لگانا (دیواروں یا دروازوں کے اوپر یا اندر) بڑے سائز کی تصویروں سے کمرہ یا دیوار وغیرہ سجانا۔ (۶) کسی چوکٹھے وغیرہ میں پنسل لگانا۔ (۷)(زنانہ لباس میں) دوسرے رنگ یا دوسری قسم کے کپڑے کا جوڑ دینا (آرائش کے لئے)۔ (۸) (ٹیلیگراف) تاروں کو متوازی طور پر ترتیب دینا۔

On or upon the panel : (اسکاتستانی قانون) عدالتی تحقیقات: وہ ڈاکٹر جس کا نام اس فہرست میں ہو جو Insurance-act کے تحت آنے والے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔

Panel-beater : (n) آہنی تختیوں کو چپٹا کرنے والا۔

Panel-doctor : (n) طبیب بیمہ: اس قسم کے بیمہ کے ذریعہ علاج کرنے والے ڈاکٹر کی فہرست۔

Panel-game : (n) Quiz یا اسی قسم کا کوئی کھیل جس میں تماشائیوں کے ہجوم میں چند افراد حصہ لیتے ہیں۔

Panel-house : (n) چکلا: قحبہ خانہ جس کی دیوار میں کھسکنے والے تختے لگے ہوتے ہیں: سارقین کے پوشیدہ طور پر آجانے کے لئے (امریکا)۔

Panel-patient : (n) قومی صحت بیمہ کے ذریعہ دیکھے جانے والے مریضوں کی فہرست۔

Panel - pin : (n) پتلے تار کی کیل جو تقریباً دکھائی نہ دے۔

Panel-strip : (n) لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس سے دو تختوں کے درمیانی جوڑ کو ڈھک دیا جاتا ھے۔

Panel thief : (n) فاحشہ خانہ کا چور (امریکا)۔

Panel-wall : (n) (۱)(معدنیات) کوئلے کی کان میں دو تختوں کے درمیان کی تقسیم۔ (۲) عمارت کی دیوار جس پر کوئی بوجھ نہیں ہوتا ھے۔

Panel work : (n) (۱) قاب کاری: قاب سازی: لکڑی کا کام (کھدائی کا) جس میں خانے بنے ہوں۔ (۲) خانوں میں تقسیم کر کے کان کا کام۔

Paneless : (a) بے شیشہ: بے خانہ۔

Panel(l)ed : (a) خانوں میں بٹا ہوا: خانہ دار: فہرست بنائی ہوئی۔

Panel(a)ed door : (n) (تعمیرات) دِلاّ دار دروازہ۔

Panel(l)ing : (n) (۱) خانہ میں بانٹنے کا عمل: قاب کاری: قاب سازی: پالان۔ (۲) زائد تختہ یا پیٹی۔ (۳) دوسرے کپڑے کا جوڑ (آرائشی)۔

Panel(l)ist : (n) ریڈیو یا ٹیلی ویژن پینل کارکن۔

Panful : (n) پان بھر: کرچھا بھر: طاس بھر۔

Pang : (n) [Origin doubtful.] (۱) شدید درد : ٹیس :درد کی ٹیس ۔ (۲) ناگہانی سخت اضطراب : فوری اور شدید صدمہ یا دھچکا : دماغی شدید صدمہ ۔

Pangamy : (n) (حیوانیات) مخلوط زوجیت :مخلوط جفتی ۔

Pangen / Pangene : (n) [G.] (حیاتیات) تولیدی ذرّہ : تولیدیہ ۔

Pangenesis : (n) [Gr. 'pan' + 'genesis'] ڈارون کے ذریعہ و راثتی توضیح کہ نظام حیاتی کا ہر علیحدہ اکائی یاخلیہ اپنے آنے والی نسل میں جزوی طور پر داخل ہو کر پھر سے وجود میں آتاہے : نظریہ تناسل اجزاء : یہ نظریہ کہ جسم نامی کا ہر جزو علیحدہ اپنی مثل پیدا کرتا ہے ۔

Pangenetic : (a) ڈارون کے نظریۂ وراثت سے متعلق یا اس کا : ڈارون کے نظریۂ حیاتی کا یا اس سے متعلق ۔

Pangenetically : (adv.) ڈارون کے نظریۂ حیاتی کے طور پر یا کی روسے۔

Pangful : (a) ٹیس سے بھرا ہوا : پردرد : کربناک : غم ناک : فوری اور شدید صدمہ یا دھچکے میں مبتلا ۔

Pangless : (a) بغیر شدید درد کے : بلا ٹیس ۔

Pangolin : (n) [Malay . 'peng-goling.'] ایک قسم کا مورخور جانور جس کے بدن پر مچھلی کے سے کھپرے ہوتے ہیں: (حیوانیات) فلس دار مورخور : پنگولن : فلس دار چیونٹی کھانے والا جانور۔

Pangrammatist : (n) جملہ پرداز : عبارت پرداز : سخن پرداز ۔

Panhandle : (n) (۱) دستۂ ماہی تابہ : کڑاہی کا دستہ ۔ (۲) (امریکا) کسی ریاست یا علاقے کا تنگ حصہ جو دوسرے علاقوں سے ملتا ہو ۔

Panhandle : (v) دست سوال دراز کرنا : گداگری کرنا : بھیک مانگنا.

Panhandler : (a) (امریکا) (عامیانہ) بھکاری : بھیک منگا : فقیر ۔

Panharmonic : (a) ہم آہنگ : ہر چیز کے ساتھ متوازن و ہم آہنگ: ہم ساز ۔

Panharmonicon : (n) (موسیقی) ہمہ سازی :(موسیقی) موسیقی کا ایک آلہ جو جے ، ان ، میلزل(Maelzel) نے ایجاد کیا تھا۔

Panhellenic : (a) یونان کل سے متعلق : ہمہ یونان : تمام اہل یونان سے متعلق ۔

Panhellenism : (n) (سیاسیات) ہمہ یونانیت : تمام یونان کے سیاسی اتحاد کا خیال : اتحاد یونانی کا ۔

Panhellenist : (n) ہمہ یونانیت کا پیرو یا حامی ۔

Panhygrous : (a) سرتاسر مرطوب : ہمہ مرطوب۔

Panhysterectomy : (n) (جراحی) کامل رحم براری ۔

Panic : (n) [L. 'panicum.'] مختلف قسم کی گھاس کا نام جن میں باجرا گھاس شامل ہے: جنس چینا۔

Panic : (a) [mod. L. 'panicus.'] (۱) (اب اکثر اسے توصیفی معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے) : اس طرح دیوتا "پان" کے عمل کی طرف منسوب کیا گیا: خوف زدہ :پر ہول: وحشت ناک : اضطراب : وحشت زا : وحشت آور : ہیجان آور۔ (۲) خوف و ہراس کے نتیجے کا : (خوف وغیرہ) بے بنیاد : بے جا : شدید ۔

Panic : (n) [mod. Fr. 'unepanique.'] جسمانی طور پر خطرے یا خوف کا احساس : وحشت : ہراس : اضطراب و قلق : بیم و ہراس : خوف : دہشت جو دفعتاً پھیل جائے : عام خوف اقتصادی اور معاشی بحران کے سلسلے میں : ہراس : بے بنیاد خوف : ہول ۔

Panic : (v) خوفزدہ کرنا : اضطراب میں ڈالنا : وحشت زدہ کرنا: بیم و ہراس میں مبتلا کرنا۔

Panic fear : (n) وحشت زا ترس : خوفناک گھبراہٹ : ہول : دہشت ۔

Panic-grass : (n) (نباتیات) جنس چینا : باجرا وغیرہ ۔

Panic-monger : (n) خوفناک خبریں اڑانے والا : دہشت پھیلانے والا : ہولا : بوکھل : گھابرا : ہات گھابرا : ہولچی : جو ذرا ذرا سی بات پر خطرے کا شور مچا ئے ۔

Panic-mongering : (n) دہشت پھیلانا : ہولانا : گھابراپن ۔

Panic-stricken/ -struck : (a) خوف کا مارا ہوا : بیم زدہ :خوفزدہ ۔

Panicky : (a) (بول چال) دہشت زدہ : گرفتار وحشت: بیم و ہراس سے دوچار ۔

Panicle : (n) [L . 'paniculum.'] (نباتیات) گچھیا : چھوٹا گچھا : خوشے دار خوشہ : ازہار آزاد۔

Panicled : (a) گچھیاں دار : خوشوی ۔

Paniculate : (a) [mod. L. 'paniculatus.'] گچھیاں دار : خوشوی ۔

Panicum : (n) [L.] (نباتیات) جنس چینا : گاؤرس ۔

Panicum Frumentaceum : (n) (نباتیات) سانواں ۔

Pnicum Italicum : (n) (نباتیات) کنگنی ۔

Panicum Milliaceum : (n) (نباتیات) چینا ۔

Panidiomorphic : (n) (ارضیات) کامل قلمی چٹان ۔

Panification : (n) [Fr. 'panification.'] روٹی میں تبدیل کرنا : روٹی بنانا : نان سازی خصوصاً کیمیائی طریقے سے ۔

Panivorous : (a) روٹی خور : نان خور : روٹی کھانے والا ۔

Panjabi : (n) [Hindi 'panjabi.'] (۱) پنجابی : اہل پنجاب : پنجاب کا باشندہ ۔ (۲) پنجابی زبان : پنجاب کی ایک زبان ۔

Panjandrum : (n) (ایک لغویات جملہ S.Foote نے میکلین (Mackline) کی یادداشت کو آزمانے کے لئے استعمال کیا تھا جس نے دعویٰ کیا تھا کہ ایک دفعہ سننے کے بعد وہ کسی بھی چیز کو دہرا سکتا ھے : (ظنزیہ خطاب) خانخاناں کی دُم : دون کی لینے والا عہدہ دار : جھوٹا مدعیٔ امارت : بہت بڑا جھوٹا دعویدار : خفنگ گوئی ۔

Pank : (v) (۱) زور سے سانس لینا یا غیر مسلسل طور پرسانس لینا : ہانپنا : سانس پھولنا : دم چڑھنا ۔(۲) ہانپتے ہوئے دوڑنا یا جانا ۔ (۳) گرم ہوا کا چھوڑنا : نکلنا : زور سے بھاپ کا نکلنا (انجن وغیرہ سے) ۔ (۴) ہانپنا : دھڑکنا : تڑپنا (ہوا ، پانی وغیرہ کے لئے) : آرزو میں تڑپنا ۔(۵) تمنا رکھنا : آرزو رکھنا : بے حد اشتیاق ہونا : تڑپنا : آرزو میں بیقرار ہونا(For, after ,to کے ساتھ)۔ (۵) زور زور سے اچھلنا یا دھڑکنا : اختلاج قلب کا ہونا : اختلاج ہونا : (نبض کا) چلنا :(دل کا) دھڑکنا (٦)(دھڑکتا ہوا جہاز) تموج کے ابھار کا اندر اور باہر ہونا ۔ (۷) ہانپ ہانپ کے کہنا : ہانپتے ہوئے کہنا ۔

Panlogical : (a) معقولیت کائنات کے نظریہ کا : ہیگل کے نظریہ کا ۔

Panlogistic : (a) دیکھو Panlogical

Panlogism : (n) [mod. L. 'panlogismus.'] (فلسفہ) معقولیت کائنات : ہیگل کا نظریہ کہ صرف معقول اشیاحقیقی وجود رکھتی ہیں : ہمہ عقلیت : ہمہ معقولیت : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ہمہ عقلیت ۔

Pannag : (n) [Heb.] (شاید) مربہ یا حلوا کی ایک قسم ۔

Pannage : (n) [med. L. 'pastionaticum.'] (قانون) سورنی کی چرائی : سورنی کو کھلانا : سورنی کی چراگاہ یا مرغزار (جنگل میں) ۔ (۲) جنگل میں سورنی چرانے کا حق ۔ (۳) سورنی چرانے کی اجرت جو جنگلات کے مالک کو ادا کی جائے : اس طرح سے حاصل کیا ہوا نفع ۔ (۴) سورنی کھاجا ۔

Panne : (n) [Origin unkn.] لمبے روئیں کا ملائم کپڑا : نیز توصیفی معنوں میں ۔

Panne velvet : (n) لمبے روئیں کی مخمل ۔

Panniculitis : (n) (طب) ورم سبل ۔

Panniculusadiposus : (n) (تشریح) سبلك شحمی ۔

Pannier : (n) [L. 'panarium.'] (۱) سبد : ٹوکری ، خصوصاً اشیائے خوردو نوش ،مچھلی وغیرہ لے جانے والی ایک بڑی ٹوکری : مرد یا عورت کے کندھوں پر لے جانے والی بڑی ٹوکری (کا جوڑا) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری ۔ (۲) بند ٹوکری جس میں فوجی ایمبولینس کے آلات جراحی اور دوا وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔ (۳) دامن جو کمر سے لپیٹ لیا جائے : وھیل کی ہڈی تار وغیرہ جو(زنانہ لباس) میں اسکرٹ کو کمر سے لپیٹا جائے ۔

Pannier : (n) (بول چال) (لندن کے Inner temple کا جبہ پوش بیرا : مہمان خانے کا پیش خدمت : ملازم : نوکر ۔

Panniered : (a) سبددار : ٹوکری بھرا : حامل ٹوکری ۔

Pannierman : (n) [f. Pannier. (n)] مرد سبد دار : مرد حامل سبد : Inns of court کا ملازم جو اشیائے خوردو نوش کو بازار سے لاتا ھے (گھوڑوں پر اور ٹوکریوں میں) ۔

Panniform : (a) (نباتیات) نمدہ نما ۔

Pannikin : (n) کٹورا : کٹوری : دھات کا ایک چھوٹاپانی پینے کا برتن : پن پیا : نیز اس کے اندر کی چیز : کٹورا بھر : کٹوری بھر : کٹوری بھر چیز ۔

Panning : (n) سونے کے لئے بالو دھونے کا عمل : (اس طرح سونا

حاصل کیا جاتا ھے) ۔

Pannus : (n) [Perh L. 'pannus. '] (مرضیات)آنکھ کی پتلی کی موٹائی اور کثافت کے ساتھ عرقی حالت ، سبل و عبارہ پردہ ۔

Panoistic : (a) (حیوانیات) ہمہ بیضی ۔

Panolia deer : (n) برما ، ملائشیا ، سیام میں پایا جانے والا ایک ہرن۔

Panomphean : (a) (یونانی دیومالا) زیوس (کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار) کا یا اس سے متعلق ۔

Panophobia : (n) (طب) جنون در : سودائی خوف ۔

Panophthalmitis : (n) (طب) ورم ہمہ چشم : التہاب العین ۔

Panoplied : (a) مکمل زرہ بکتر سے آراستہ ۔

Panoply : (n) [mod. L. 'panoplia. '] (۱) مکمل زرہ بکتر(دورۂ قدیم اور وسطیٰ کی فوج کا) ۔ (۲) (استعارۃً) حفاظت کا پورا سامان ۔

Panoptic : (a) [Gr. 'panoptos'.] (۱) ہر چیز کو دیکھنے والا:ہمہ بین ۔ (۲) ایسی چیز جس میں سب کچھ نظر آئے ۔

Panopticon : (n) (۱)گول قید خانہ(بینتھم کی تجویز تھی کہ قید خانے گول بنائے جائیں جن میں چاروں طرف قیدیوں کی کوٹھریاں ہوں اور بیچ میں پہرے داروں کے رہنے کا گول صحن ہو) ۔(۲) ہمہ بین :دور خرد بین۔ (۳) کمرۂ نمائش ۔

Panorama : (n) [Gr. 'pan' + 'Orama.'] (۱) سیر بین کی تصویر : پھرنے والی تصویر: مسلسل مرقع ۔ (۲) منظر جو مسلسل نظر کے سامنے سے گذر رہا ہو : منظر مسلسل ۔ (۳) گرد و پیش کے مناظر ۔ (۴)(مجازاً) کسی چیز کا بھرپور جائزہ ۔ (۵) (بصریات) جہاں نما : سیر بین : (جغرافیہ) منظر مسلسل : منظر مکمل ۔

Panoramic : (a) مسلسل : سیر بین کا سا : جہاں نما ۔

Panoramic camera : (n) جہاں نما : عکسالہ ۔

Panoramic sight : (n) دوربین شکاری ۔

Panaramic telescope : (n) جہاں نما دوربین ۔

Panoramically : (adv.) مسلسل مرقع کی صورت میں : سیر بین کی حالت میں ۔

Ponoramist : (n) جہاں نما : بھر پور جائزہ لینے والا : نقاش منظرہ ساز ۔

Panorpa : (n) [mod. L.] (تشریح) منقار دار گوشت خوار پرندہ (مکھی) : بچھو کی نسل کی مکھی ۔

Panorpian/ Panorpine : (a) منقار دار گوشت خوار مکھی کا یا اس سے متعلق ۔

Panorpid : (n) بچھو کی نسل کا ایک کیڑا ۔

Panotrope : (n) برقی گراموفون ۔

Panpharmacon : (n) [Gr. 'pan + 'pharmaken] دیکھو Panacea

Panphenomenalism : (n) (فلسفہ) ہمہ اوست کا فلسفہ ۔

Panplanation / Panplaination : (n) (جغرافیہ ، ارضیات)طاس کاری ۔

Panplane : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) طاس میدان۔

Panpneumatism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) نظریۂ وحدت عقل و وجود ۔

Pansied : (a) پنسی سے آراستہ : زہرۃالثالوث سے سجایا ہوا ۔

Pansinusitis : (n) (طب) ورم اجواف انفی : نتھنوں کا ورم۔

Pansophia : (n) (فلسفہ) ہمہ دانی ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ۔

Pansophic : (a) ہمہ دانی کا یا اس سے متعلق ۔

Pansophism : (n) (۱) (فلسفہ)ہمہ دانی : معرفت عام و کلی ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ ۔

Pansophist : (n) (۱) (فلسفہ)ہمہ دان ۔ (۲) ہمہ دانی کا دعویٰ کرنے والا۔

Pansophy : (n) [Gr. 'pan' + 'sophia.'] (۱) ہمہ دانی ۔(۲) ہمہ دانی کا دعویدار ۔

Panspermatism / Panspermism : (n) نظریۂ جر ثومیت : یہ نظریہ کہ کرۂ ہوائی غیر مرئی جراثیم سے معمور ھے جو موافق ماحول میں نشو و نما پاتے ہیں : (نظریہ) عالمگیر تخم اندازی : عالمگیر تخم پاشی ۔

Panspermatist/Panspermist : (n) نظریۂ جرثومیت کا حامل؛ نظریۂ عالمگیر تخم اندازی کا حامل ۔

Panspermia : (n) دیکھو Panspermatism

Panspermic : (a) نظریۂ جر ثومیت کا یا اس سے متعلق : نظریۂ عالمگیر تخم اندازی کا یا اس سے متعلق ۔

Panspermy : (n) [Gr. 'panspermia .] دیکھو Panspermatism

Pansy : (n) [L. 'pensare. '] ایك پودا جس میں رنگ برنگ کے پھول آتے ہیں : پھول دار درخت کی ایك قسم جس میں مختلف رنگ ھوتے ہیں : (نباتیات) زہرۃالثالوث : پنسی : بنفشۂ فرنگی : من سکھ : سہ رنگی بنفشہ۔ (۲) نامرد : زنخا : ہم جنس پرست :لواطت پسند: چھٹی باز ۔

Pant : (n) [f. next .] (۱) دھڑکن : دھك دھکی : سانس کا پھولنا : دم کا چڑھنا : نفسی نفسی ۔(۲) دل کی دھڑکن : اختلاج قلب ۔ (۳) اسٹیم انجن کے دھڑکنے کی لگاتار آواز (جس طرح کھل مندن کھلتا اور بند ھوتا ھے) ۔

Pant : (v) [OFr. 'Pantaisier' .] دیکھو Pank

Pant- /Panta- : (Prefix) [Gr.'pant.'] (سابقہ) Panto کی وہ شکل جو حرف علت سے پہلے آتی ھے ۔

Pantacosm : (n) اسطرلاب ۔

Pantagamy : (n) (سماجیات) مخلوط از دواج : مخلوط شادی :بعض کمیونسٹ سماج میں ایسی شادی کا رواج ھے جس میں ہر شخص ہر عورت کا شوہر تصور کیاجاتا ھے ، اسی طرح اس کے برعکس ۔

Pantagruelian : (a)[Fr. Pantagruil , name of a giant in Rahelais.'] بھونڈا : پھکڑ : رابلے (فرانسیسی مزاحیہ نویس) کی صفت کا ۔

Pantagruelian : (n) بھونڈا مذاق کرنے والا : لطیفہ گو ۔

pantagruelism : (n) [Fr. 'pantagruelisme.'] لطیفہ گوئی : بھونڈا مذاق : پھکڑ مذاق ۔

Pantagruelist : (n) بھونڈا مذاق کرنے والا : پھکڑ : لطیفہ گو :رابلے کا شاگرد ۔

Pantagruelistic/-al : (a) بھونڈا : رابلے کی صفت کا : بھونڈے مذاق کا ۔

Pantalettes/-lets : (n) (۱)(خاص کر امریکا) پاجامے کی طرح زنانہ کھڑا : زیر جامہ : شلوار کی طرح کا ایك لباس جسے انیسویں صدی میں نوجوان لڑکیاں پہنتی تھیں ۔ (۲) سائیکل سواری کا نیکر(جانگھیا جسے عورتیں پہنا کرتی تھیں)۔ (۳) تنگ مہری کا ڈھیلا پاجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ھے ۔

Pantaloon: (n) [Fr. 'pantalo. '] (۱) اطالوی کامیڈی (طربیہ ڈرامہ) میں وینس کا ایك کردار جوچشمہ لگائے پتلون اور پیر میں سلپیر پہنے ایك نحیف اور ضعیف شخص کی نمائندگی کرتا ھے اور اب اس شخص کو کہتے ہیں جو سوانگ میں مسخرے کے ساتھ ھوتا ھے اور اس کا تختۂ مشق بنتا ھے : مسخرے کا تختۂ مشق ۔ (۲) پیرفرتوت : بیوقوف بوڑھا آدمی : سٹھایا ھوا : سترا بہترا ۔ (۳) (تاریخ) (واحد یا جمع) بر جس نما پتلون۔ (۴)(امریکا) پاؤں کے مختلف لباس کے متعلق استعمال ھوتا ھے : خاص کر چست پینٹ یا پتلون : پتلون ۔

Pantalooned : (a) پتلون میں ملبوس : پتلون پہنے ھوئے : پتلون پوش : شلوار پوش ۔

Pantaloonery : (n) کسی ڈرامے میں مزاحیہ کردار؛ مسخرگی : بھونڈا کردار : بھونڈے کردار کی انجام دہی : بھونڈا پارٹ ۔

Pantamorphic : (a) [Gr. 'pant -' +'amorphos.'] عام طور پر بد ہیئت : عام طور پر بد شکل : بدہیئت : بد شکل : بد قوارہ : لنگڑا : لولا : کبڑا وغیرہ ۔

Pantarchic : (a) دیکھو Cosmopolitan

Pantarchy : (n) حکومت ہمہ مرد : ایسی حکومت جس میں اختیارات یا قوانین تمام لوگوں کے ہاتھ میں ھوں ۔

Pantatrophy : (n) (طب) ذبول کامل : زبول تام ۔

Pantechnicon : (n) [Gr. 'pan-' + 'technikon'.] صنعت و حرفت کے بازار کا نام ، اب ایك فرنیچر کا گودام یا ذخیرہ؛ فرنیچر کی دکان : نیز بول چال : فرنیچر ہٹانے یا لے جانے کی گاڑی نیز توصیفی معنوں میں ۔

Pantechnicon van : (n) فرنیچر کی گاڑی ۔

Pantelegraph : (n) تصویر تار برقی ۔

Pantelegraphy : (n) (تلغرافی) تصویری تار برقی ۔

Pantelephone : (n) (ٹیلیفون) خفیف صوت ٹیلیفون ۔

Panter : (n) [f. Pant. v.] (۱)ہانپنے والا : سانس لینے والا :وہ چیز جو دھڑکتی ہو ۔ (۲) (عامیانہ) دل ۔

Panterer : (n) [late ME.] (اب صرف تاریخ) دار وغۂ نعمت خانہ : خوراك خانہ ۔

Pantheism : (n) [Gr.] (۱) وحدت وجود کا عقیدہ : ہمہ اوست کا عقیدہ : وجودیت ۔ (۲) دیوتاؤں کی پرستش : اصنام پرستی : ہمہ دیوتایان پرستی۔ (۳) قدرت پرستی : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) نظریۂ ہمہ از اوست ۔

Pantheist : (n) معتقد وحدت وجود : ہمہ اوستی : وحدت وجود کا قائل : وجودی : عقیدہ ہمہ اوست کا قائل ۔(۲) کل دیوتاؤں کا ماننے والا ۔

Pantheistic/ -al : (a) وحدت وجود کا : وجودیت کا : وجودی ۔

Panthelematism / Panthelism : (n) (فلسفہ) نظریۂ قوت ارادی : شوپنہار کا یہ نظریہ کہ قوت ارادی ہی قطعی اور آخری چیز ہے ۔

Pantheology : (n) (دینیات) علم ہمہ دیوتایان ۔ (۲) علم ہمہ مذاہب : ہمہ دینیات : الٰہیات عام ۔

Pantheon : (n) [L. 'pantheon.'] (۱) پین تھی آن : سب دیوتاؤں کا مندر خصوصاً روما کا گول مندر جس میں دیوتاؤں کی پرستش ہوتی تھی جسے روٹنڈا(Rotunda) کہا جاتا ہے : (دینیات) مندر ہمہ دیوتایان : (مجازاً) تمام دیوتاؤں کے مندر ۔ (۲) مدفن مشاہیر : مشاہیر کا مقبرہ: مشاہیر کی یادگار : مقبرۂ اولیاء و بزرگان دین ۔(۳)تمام دیوتاؤں کی رہائش گاہ ۔ (۵) مختلف دیوتاؤں کے متعلق رسالہ کا نام ۔(٦) لندن کی ایك بڑی عمارت کا نام جو ۱۷۷۲ء میں تماشاگاہ کے لئے قائم ہوئی ۔

Panther : (n) [L. 'panthera.'] (۱) چیتا : تیندوا : پلنگ۔ (حیوانیات) پُوز : بڑا چیتا ۔ (۲) پیوما : امریکی تیندوا ۔

Hunting panther : چیتا ۔

Panther-cat : (n) اسلوٹ : بلی کی قسم کا جانور جو جنوبی اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Panther-cowry : (n) چتکبری کوڑی ۔

Panther-lily : (n) (امریکا) سوسن کیلیفورنیا ۔

Panthress : (n) چیتا کی مادہ : مادۂ پلنگ ۔

Pantherine : (a) چتکبرا : مانند پلنگ : چیتا مانند : برنگ پلنگی ۔

Panties : (n) [f. Pants.] (۱) (امریکا) تنگ مہری کا پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے ۔ (۲) (برطانیہ میں) عورتوں اور بچوں کا تنگ مہری کا پاجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جاتا ہے : زیر جامۂ زنانہ ۔

Pantihose/Pantyhose : (n) تنگ کپڑے : چست کپڑے ۔

Pantile : (n) [f. Pan .(n) +Tile.] (۱) پین ٹائل : ترچھا ٹائل یا کھپرا جس میں محدب شکل کا خم ہوتا ہے ۔(۲)(مجازاً) جہازی بسکٹ : سخت سمندری بسکٹ ۔

Pantisocracy : (n) وہ معاشرہ یا قوم جس میں سب کا درجہ مساوی ہو اور سب حکومت میں شریك ہوں : ہر شخصی حکومت (سیاسیات) ہمہ شاہی : ہمہ شخصی حکومت ۔

Pantisocrat : (n) ہمہ شخصی حکومت کا حامی:طرفدار مساوات بشر۔

Pantisocratic/-al : (a) ہمہ شخصی حکومت کا یا اس سے متعلق ۔

Pantisocratist : (n) دیکھو Pantisocrat

Pantler : (n) دیکھو Panterer

Panto - : (Prefix) (سابقہ) یونانی لفظ (PasPontos) کے مترادف ہے جس کے معنی ہیں 'سب' 'ہمہ' 'تمام' 'کل' (حرف علت سے پہلے o گر جاتا ہے) ۔

Pantochromism : (a) نمکوں کی بعض خاصیت جو مختلف رنگوں میں پائی جاتی ہے : ہمہ رنگی ۔

Pantocrator : (n) فرماں روائے مطلق : حاکم مطلق (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے القاب) ۔

Pantodon : (n) ایك قسم کی افریقہ میں پائی جانے والی مچھلی ۔

Pantofle : (n) [Fr. 'pantoufle.'] ایك قسم کی اونچی ایڑی والی چپل : سلیپر : سینڈل : ہیل والا جوتا نیز جوتوں کے نچلے حصے میں لگانے کا چمڑا : جوتوں پر چڑھانے کا چمڑا یا ربر۔

Pantograph : (n) نقل نگار : ایك آلہ جس سے نقشے وغیرہ کے ہر ساز کی نقل ہو سکتی ہے : (میکانیات) ہمہ نگار : نقل نگار : نقل گیر : وہ جوڑ دار قالب جو الیکٹرک کی انجن کے اوپر ہوتا ہے اور جس کے ذریعہ بالائی تاروں سے برقی رو منتقل ہوتی ہے : (جغرافیہ ، ارضیات) نقل نگاری : پینٹوگراف ۔

Pantographer : (n) نقل نگارندہ : آلہ کے ذریعہ نقشے وغیرہ کے ہر سائز کی نقل کرنے والا : ہمہ نگار۔

Pantographic/-al : (a) نقل نگار کا : اس آلے کا ۔

Pantographically : (adv.) نقل نگاری کے ساتھ: نقل نگاری کی رو سے: نقل نگاری کے طریقہ پر : ہمہ نقل نگاری کے طور پر ۔

Pantography : (n) ہمہ نگاری : مکمل بیان : پوری تفصیل(شاذ) ۔

Pantologic/-al : (a) علم کل کے متعلق :ہمہ داں کا: ہمہ علوم کے ماہر کا۔

Pantologist : (n) (۱) ماہر ہمہ علوم ۔ (۲) ہمہ داں (مجازاً یا طنزیہ) ۔

Pantology : (n) (۱) علم کل : ہمہ علوم ۔ (۲) ہمہ دانی ۔ (۳) مخزن العلوم ۔

Pantometer : (n) (پیمائش) زاویہ و عمود پیما : ہمہ پیما : زاویہ اور لمبائی ناپنے والا ایک آلہ : زاویہ سبخ ۔

Pantometric/-al : (a) ہمہ پیما کا : زاویہ و عمود پیما کا یا اس سے متعلق ۔

Pantomimie : (n) [L. 'pantomimus.'] (۱) (تاریخ) رومی ایکٹر جو چپ سوانگ Dumb show میں کام کرتا تھا : ایسا شخص جو صرف حرکات و سکنات کے ذریعہ اظہار خیال کرے اور الفاظ کا استعمال نہ کرے ؛ چپ سوانگ کا ایکٹ ۔ (۲) ایک قسم کا ڈراما جس میں کردار ادا کرنے والے اپنے خیالات کا اظہار اپنی حرکات سکنات کے ذریعہ موسیقی کے لحاظ کے ساتھ کرتے ہیں ۔ (۳) (انگلستان) وہ ڈراما جس کے ساتھ اب مزاحیہ نقل : سوانگ اور ناچ بھی ہوتا ہے ۔ (۴) چپ نقل : گنگ تماشا : چپ سوانگ یا تماشا : نقل بازی ۔ (۵) توصیفی معنوں میں ۔

Pantomime : (a) چپ سوانگ کا : گنگ تماشا سے متعلق ۔

Pantomime : (v) اشاروں سے سوانگ کھیلنا : اشاروں میں باتیں کرنا : اشاروں میں کوئی مطلب ادا کرنا : حرکات و سکنات کے ذریعہ ڈراما کرنا۔

Pantomimic/-al : (a) [L. 'pantomimicus.'] (۱) چپ سوانگ کی صفت کا : گنگ تماشا کی طرح کا : گنگ سوانگ کے ذریعہ اظہار کیا ہوا ۔ (۲) اشاروں کی گفتگو کا : چپ سوانگ کا یا اس کی طرح کا ۔ (۳) گنگ تماشا کی طرح :خاموش سوانگ کی طرح ۔

Pantomimically : (adv.) چپ سوانگ کے طور پر : گنگ تماشا کے انداز میں ۔

Pantomimist : (n) چپ سوانگ کا ایکٹر : اشاروں میں باتیں کرنے والا ۔

Pantomorph : (n) ہمہ شکل : ہمہ شکل پذیر ۔

Pantomorphic : (a) ہمہ شکلہ : ہر صورت میں آنے والا : جو سب شکلیں اختیار کر سکے : ہر شکلی ۔

Pantophagist : (n) ہمہ خور آدمی یا جانور : ایسا شخص یا جانور جو ساری چیزوں کو نگل جاتا ہو : ہر چیز کھانے والا آدمی یا جانور ۔

Pantophagous : (a) (حیوانیات) ہمہ خور : ایسے شخص یا جانور سے متعلق جو ہر چیز کھاتا ہو ۔

Pantophagy : (n) ہمہ خوری : ہر چیز کھانے والا(شخص یا جانور) ۔

Pantophobia : (n) (نفسیات) ہمہ ترسی ۔

Pantopod : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا سمندری مکڑا : عنکبوت دریائی ۔

Pantopragmatic : (a) (مجازاً) ہر کام میں دخل دینے والا(شخص): ہر دیگی چمچہ آدمی ۔

Pantopragmatic : (n) ہر کام میں دخل دینے والا شخص : ہر دیگی چمچہ آدمی ۔

Pantoscope : (n) (۱) چوڑے گوشے کا ایک قسم کا فوٹوگرافی کا لینس: بسیار بین : وسیع دائر النظر ۔ (۲) (فوٹوگرافی) ہمہ بین کیمرہ : جہاں نما عکسالہ :فوٹوگرافی کا کیمرہ ۔

Pantoscopic : (a) (فوٹوگرافی) ہمہ بین : بسیار بین : وسیع دائرہ نظر کا ۔

Pantoscopic camera : (n) ہمہ بین کیمرہ :جہاں نما عکسالہ ۔

Pantoscopic spectacles : (n) دو ماسکی عینک : ایسا چشمہ جس میں نزدیک اور دور دیکھنے کے لئے الگ الگ دو شیشے لگے ہوں جس کا اوپری شیشہ دور کی نظر کے لئے ہوتا ہو اور نچلا شیشہ نزدیک نظر کے لئے :اسے Bilocal spectacles بھی کہتے ہیں ۔

Pantry : (n) [OFr. 'paneterie.'] (۱) وہ کوٹھری جس میں کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں : کھانے کی چیزوں کی کوٹھری : نعمت خانہ : خوراک خانہ ۔ (۲) برتنوں

(وغیرہ) کی کوٹھری ۔

Butler's pantry/ housemaid's- : برتنوں وغیرہ کا کمرہ یا کوٹھری ۔

Pantry boy : (n) محکمۂ رسد کا معاون یا اسسٹنٹ ۔

Pantry man : (n) باورچی یا اس کا مددگار ؛پینٹری کا نگہبان یا ملازم (یا محکمہ رسد کا نگہبان) ۔

Pantrs : (n) [Short for pantaloons.] (۱) (امریکا) پتلون : ڈھیلا پاجامہ ۔ (۲) (برطانیہ) چست پاجامہ جو پتلون کے اندر پہنتے ہیں ؛ زیر پاجامہ ۔

Panum Phenomemon : (n) (نفسیات) مظہر پنیم ۔

Panzer : (n) [G.] سلح (فوج وغیرہ)۔

Panolo : (n) [L. 'paulus.'] ایک متروک اطالوی چاندی کا سکہ(تقریباً ۵ پنس اسٹرلنگ کا تھا)۔

Pap : (n) [Late L. 'papula.'] (۱) قدیم سر پستان :عورتوں کی بھٹنی : جس سے بچہ ماں کا دودھ پیتا ھے۔ (۲) اسی طرح کا نشان جو مردوں کی چھاتی پر ہوتا ھے ؛ پستان مرد ۔ (۳) گول ورم : رسولی : پھنسی : پھوڑا؛ پھڑیا : دنبل : مہاسہ (۴) (جغرافیہ) پہاڑ کی مخروطی چوٹیاں جو پہلو بہ پہلو ہوں ؛ پہاڑ کی چھاتیاں؛ (ارضیات) مخروطی چوٹی ۔

Pap : (n) [L. 'pappare.'] (۱) نیر غذا؛پتلی کھچڑی وغیرہ جو بچوں یا مریضوں کے لئے پکتی ھے نیز مجازاً ؛ نیم رقیق غذا۔ (۲) آلو کا بھرتا ؛ میٹھی لپسی ؛ فطیر ؛لپٹی ؛ (نباتیات) گودا ۔

Pap : (v) نرم غذا کھلانا ؛ لپٹی وغیرہ کے ساتھ کھلانا ۔

Pap-boat : (n) (۱) بچوں کو دودھ پلانے کا یا رقیق سی غذا کھلانے کے لئے کشتی نما برتن ۔ (۲) ایک قسم کا گھونگا جو مالا بار کے ساحلی علاقے میں مالش کا تیل رکھنے کے کام آتا ھے۔

Papa : (n) [Skt. 'papa.'] (جین مذہب) گناہ ؛ عصیاں ؛ پن کی ضد؛ پاپ ۔

Papa : (n) [Late L.] (۱) ابا ؛ ابا جان ؛ پاپا ؛ (عموماً بچے باپ کو کہتے ہیں)۔ (۲) (امریکی عامیانہ) شوہر؛عاشق ؛ نیوزی لینڈ کی بلو رنگ کی مٹی ۔

Papa : (n) [eccl. L papa.] مشرقی رومن کلیسا کا ادنیٰ درجے کا پادری ۔

Papa : (n) [Sp.] (امریکن اسپینش) سیب زمینی ؛ آلو ۔

Papacy : (n) [med. L. 'papatia.'] (۱) پوپ (روم)کا عہدہ یا منصب۔ (۲) پوپ کے عہدے کی میعاد۔ (۳) نظام پاپائی کلیسانہ (خاص کر تاریخ) ؛ پاپائی حکومت(بطور یورپ کی ایک ریاست کے)۔

Papain : (n) (کیمیا) پاپائن ؛ ایک قسم کے پھل سے تیار کیا ہوا ایک خمیر ۔

Papal : (a) [med . L. 'papalis.] پوپ کا ؛ پاپائی ؛ پاپائے اعظم کا ۔

Papalism : (n) نظام پاپائی کی حمایت ؛ نظام پاپائی ۔

Papalist : (n) نظام پاپائی کا حامی ۔

Papalize : (v) (۱) پاپائی بنانا ؛ پوپ کے زیر اثر یا زیر اقتدار لانا ؛ پوپ کے آداب و رسوم اور روش حامی بنا دینا۔ (۲) نظام پاپائیت کی حمایت میں ہونا ؛ اس کے اصولوں کو ماننا یا اس میں عقیدہ رکھنا ۔

Papally : (adv.) پاپائی طور پر ؛ پوپ کے انداز سے ۔

Papaver : (n) [L.] (نباتیات) جنس خشخاش ؛ پوست کے دانے کی قسم ۔

Papaveraceae : (a) (نباتیات) خشخاشیہ ۔

Papaveraceous : (a) (نباتیات) خشخاشی ۔

Papaverine : (n) (نباتیات) افیون میں پایا جانے والا القلی $(C_{20}H_{21}NO_4)$ ۔

Papaverous : (a) خشخاش نما ؛ خشخاشی ؛ خشخاش کا ؛ (نباتیات) خشخاشی خواص دار۔

Papaw : (n) [Sp. and Pg. 'papaya'.] (۱) پپیتا ؛ ارنڈ خربوزہ ؛ پپیا ؛ جونبی امریکا کا ایک درخت جس کی شاخوں ، پتوں اور پھل سے سفید دودھ نکلتا ھے اور جو گوشت کو گلا دیتا ھے ۔ (۲) (امریکا) شمالی امریکا کا درخت جس کے پتے ارغوانی اور پھل لمبوترا ہوتا ھے اور کھانے کے کام آتا ھے۔ (۳) توصیفی معنوں میں ؛ (طب) نخل پاپا۔

Papayaceous : (a) [mod. L. 'papayaceae.'] (نباتیات) پپیتا آسا؛

ارنڈ خربوزہ کی طرح کا ۔

Paper : (n) {L. 'papyrus.'} (۱)کاغذ : قرطاس ۔ (۲)(تجارت) تمسك : ہنڈی وغیرہ ۔ (۳)زر کاغذی؛ نوٹ ؛کرنسی وغیرہ ۔ (۴) (عامیانہ) تھیٹر وغیرہ کا فری پاس : تھیٹر میں اس طرح داخل کئے گئے لوگ ۔ (۵)کاغذ کا ٹکڑا : شیٹ یا ورق ۔ (٦) اخبار وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ : پیپر کے طور پر استعمال ہونے والا کاغذ : کاغذ سے پُر : کاغذ کا کارڈ یا شیٹ جس میں سوئیاں یا پن وغیرہ لگی ہوں ۔ (۷) گھونگر پٹی (ایك قسم کا کاغذ جس کی مدد سے بالوں میں گھونگر بناتے ہیں) ۔ (۸) لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا یا ورق مثلاً نوٹ ، بل یا دوسری قانونی شقیں وغیرہ ۔ (۹) (جمع) کاغذات متعلق تشخص یادداشت : خطوط : سرکاری دستاویز وغیرہ ۔ (۱۰) (جمع) لکھا ہوا نوٹ : جہاز یا آدمی؛ پروانۂ راہداری وغیرہ؛ کسی شخص کی شناخت کو ظاہر کرنے والی دستاویز؛کسی آفیسر کے مستعفی ہونے کی اجازت کی سند ۔ (۱۱) امتحان کا پرچہ نیز اس کا لکھا ہوا جواب ۔(۱۲) اخبار : روزنامہ ۔ (۱۳) مضمون : مقالہ (جوکسی علمی مجلس میں پڑھا جائے) : لکھا ہوا یا مطبوعہ مضمون یا کسی خاص موضوع پر آرٹیکل ۔

Paper : (a) (۱) کاغذی : کاغذ کا : کاغذ سے بنا ہوا ۔ (۲)(مجازاً) کاغذ مانند : ہلکا : پتلا : نازك : کمزور : ناپائیدار (جیسا کے کاغذ کا بنا ہوا) ۔ (۳) (مجازاً) کاغذ سے متعلق ۔(۴) کاغذ پر تحریر؛ کاغذ پر لکھا ہوا : تحریری شکل میں خصوصاً نظری : خالص علمی (فن) ۔

Paper : (v) (۱) کاغذ پر لکھنا یا قلم بند کرنا ۔ (۲) کاغذ میں رکھنا : کاغذ میں لپیٹنا یا بند کرنا : کاغذ میں لگانا (پن وغیرہ) ۔ (۳) کاغذ سے آراستہ کرنا (دیوار وغیرہ کو) لٹکتے ہوئے کاغذ سے سجانا (کمرہ وغیرہ) ۔ (۵) کاغذ کے ساتھ مہیا کرنا ۔ (٦) (عامیانہ) فری پاس لے کر تھیٹر کی نشستوں کو بھر دینا ۔

Paper-back : (n) کتاب جلد کاغذی ، دفتی کے ساتھ کتاب ۔

Paper-bag cookery : (n) کھانا وغیرہ کے پکانے کا وہ طریقہ جس میں کاغذ کی مکھن چھڑی ہوئی تھیلی میں سالن وغیرہ بھر کر تنور کے اندر دھیمی آگ پر پکاتے ہیں ۔

Paper birch : (n) برچ کاغذ : شمال یورپ کے ایك درخت (جس کی شاخیں پتلی اور چھال چکنی ہوتی ہے) کا کاغذ ۔

Paper board : (n) مقوا : کارڈ بورڈ : دفتی ۔

Paper boards : (n) (جلد سازی) جلد سازی کی ایك صورت جس میں کارڈ بورڈ سے کورکو مضبوط کیا جاتا ھے ۔

Paper boy : (n) وہ لڑکا جو اخبارات بیچنے کے لئے ملازم ہو : اخبار بیچنے والا لڑکا ۔

Paper cabinet : (n) کاغذ دان ۔

Paper-chase : (n) ایك قسم کا کھیل : کاغذی دوڑ (ایك دوڑ ھے جس میں ایك شخص یا کئی شخص سراغ کے طورپر میلوں تك تھوڑے فاصلے سے کاغذ کے پرزے بکھیرتے جاتے ہیں اور دوسرے ان کا تعاقب کرتے ہیں) ۔

Paper clip : (n) کاغذ پکڑنے والا کلپ : کاغذ گیر : پیپر کلپ ۔

Paper currency : (n) زر کاغذ : بینك کے نوٹ : چیك : ڈرافٹ وغیرہ ۔

Paper cutter : (n) (۱) کاغذ کٹر (چاقو) ۔ (۲) ایك قسم کی مشین جس سے کاغذ کے کناروں کو کاٹتے ہیں : کاغذ کاٹنے والی مشین : قرطاس قاطع مشین ۔

Paper-faced : (a) (۱) رنگ پریدہ : کاغذ کی طرح کا چہرہ؛ مرجھایا ہوا : دبلا پتلا چہرہ ۔ (۲) کاغذ سے چھپایا ہوا ۔

Paper folder : (n) کاغذ موڑنے والا ایك آلہ ۔

Paper foot : (n) نازك پا : نرم و نازك پاؤں (کتے کی مانند) ۔

Paper-hanger : (n) وہ شخص جو دیوار پر کاغذ لگاتا ھے : دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے والا ۔

Paper-hangings/-paper : (n) دیوار پر لٹکانے کا کاغذ : دیواری کاغذ : کمرے کی دیوار سجانے والا : تزئین کا وہ کاغذ ۔ (۲) دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے کا پیشہ ۔

Paper hunt : (n) دیکھو Paper Chase

Paper knife : (n) کاغذ کاٹنے والا چاقو : کاغذ کاٹنے والی چھڑی : کاغذ تراش ۔

Paper maker : (n) کاغذ ساز : کاغذ بنانے والا ۔

Paper marl : (n) کھٹیلی مٹی کی ایك قسم؛ کھاد میں کام آنے والی مٹی ۔

Paper-mill : (n) کارخانہ کاغذ سازی : کاغذ بنانے کا کارخانہ ۔

Paper money : (n) زر کاغذ : بینك کے نوٹ : ہنڈی وغیرہ جو روپیہ کے عوض کلم میں لائی جاتی : (معاشیات) زر کاغذی : چیك ، ڈرافٹ وغیرہ نیز توصیفی معنوں میں : زر کاغذی ۔

Convertible paper money : زر قابل بدل ۔

Inconvertible paper money : زر غیر قابل بدل ۔

Paper mulbery : (n) چین اور جاپان میں پایا جانے والا ایک قسم کا درخت جس کی چھال سے کاغذ تیار کیا جاتا ہے ۔

Paper nautilus : (a) ایک سرپایہ(جس کے پاؤں سر سے لگے ہوں)بحری جانور(ایک قسم کا گھونگا) جس کی مادہ کا ایک باریک سخت چھلکا ہوتا ہے اور بازو جھلی سے جڑے ہوئے بادبان کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Paper-palp : (n) کاغذی گودا ۔

Paper plant : (n) (۱) پیپرس : نرسل کی قسم کا پودا جو پانی میں ہوتا ہے ؛(نباتیات) لوغ : بردی : پیپڑا ۔ (۲) پیپرس کے بنے ہوئے اوراق جن پر قدیم مصر ، یونانی اور رومی لکھا کرتے تھے : اوراق پیپرس ۔ (۳) کوئی تحریر یا کتاب جو اوراق پیپرس پر ہو : مخلوط بردی : مخلوطۂ پیپرس ۔

Paper profits : (n) فرضی منافع : مفروضہ منافع ۔

Paper rush : (n) دیکھو Paper plant

Paper sailor : (n) دیکھو Paper nautilus

Paper setter : (n) (امتحان) امتحان کے لئے سوالات مرتب درنے والا ۔

Paper-stainer : (n) (۱) کاغذ رنگنے والا: مزاحاً(معمولی)مصنف ۔ (۲) دیواری کاغذ بنانے والا ۔

Paper tree : (n) مختلف درختوں اور جھاڑیوں کے نام جس سے کاغذ بنایا جاتا ہے ۔

Paper war/ -warfare : (n) کاغذی جنگ ؛ وہ لڑائی جو کتابوں یا اخباروں کے ذریعہ سے ہو ۔

Paper wasp : (n) ایک قسم کی بھڑ (زنبور)جو اپنا گھونسلا لکڑی سے کاغذی قسم کا بناتی ہے ۔

Paper-weight : (n) وزنہ : کاغذ داب : کوئی چیز جو کاغذوں کو اڑنے سے بچانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Paper work : (n) اوراق امتحانی : کلاس یا امتحان میں طالب علم کا تحریری کام ۔

Paper worker : (n) دیکھو Paper maker

Paper worm : (n) دیکھو Book worm

Paperer : (n) کاغذ لنگانے والا : کاغذ سے آراستہ کرنے والا :کاغذ سے سجانے والا : کاغذ کار ۔

Papering : (n) (۱) کاغذ چسپانی : دیوار پر کاغذ چسپاں کرنے کا پیشہ ۔ (۲) دیواری کاغذ خصوصاً جب دیوار یا اندرونی چھت وغیرہ کو آراستہ کیا جائے ۔

Papern : (a) (بول چال) کاغذی : کاغذ کا بنا ہوا ۔

Papery : (a) کاغذی : مانند نازک و باریک ۔

Papess : (n) [med. L. 'papissa.'] خاتون پوپ : پوپ عورت ۔

Papeterie : (n) [Fr.] کاغذ اور سامان تحریر کا بکس:صندوق سامان تحریر ۔

Paphian : (a) [L. 'paphius.'] (۱) شہر قبرص (معبد آفرودیت یا وینس) کے پافوس کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) متعلق به محبت : محبت کا خاص کر غیر قانونی تعلق از دواجی کی محبت سے متعلق : جماعت طوائف سے متعلق : فاحشہ کا ۔

Paphian : (n) (۱) پافوس کا باشندہ ۔ (۲) پافوسی وینس کا گرویدہ شخص : فاحشہ : طوائف ۔

Papier mache : (n) [Fr.] کٹی : سانچے میں ڈھلا کچلا ہوا کاغذ (جس سے کشتیاں ، صندوق ، مرتبان اور عمدہ چیزیں بناتے ہیں) نیز توصیفی معنوں میں : (جمع ، ارضیات) خمیر کاغذ ۔

Papilio : (n) (حیوانیات) تتلی : تیتری ۔

Papilionaceae : (n) (نباتیات) قلائیہ ۔

Papilionaceous : (a) [mod. L. 'papilionaceus.'] (۱) (نباتیات) تیتریا : تیزی کی طرح کا : تیتری کی جنس کا : تتلی کی صفت کا نیز مجازاً ۔ (۲) (نباتیات) باقلیا؛ باقلا مانند؛ پھلی دار : دال کی شکل کا : (نیز) باقلیا پودے سے متعلق ۔

Papilionaceous flower : (n) (نباتیات) تیتریا پھول : گل تیتری شکل ۔

Papilionidae : (n) تیریاں : پروانے ۔

Papilla : (n) [L.] (۱) (تشریح) نوک پستان : بھٹنی : سرپستان (شاذ انگریزی استعمال میں) حکمہ : حُلیمہ ۔

(۲) سرپستان کی شکل کا کوئی دانہ یا آماس؛ بھٹنی کی شکل کا ورم (خاص کر جسم کے نرم اور لحمی حصے میں) . (۳) (مرضیات) ثولول (جمع) ثآلیل؛ مسّا ؛چھالا؛ گومڑا .(۴) (نباتیات) گومڑی؛ کسی پودے کے کسی حصے کے اوپر ایک چھوٹا لحمی ابھار .

Dermal papilla : (تشریح)آدمی ثآلیل ؛ثالیل جلد .

Lingual papilla : (تشریح) ثآلیل زبان .

Tactile papilla : (تشریح) ثآلیل مسّا ؛ مسّے .

Papillar/ Papillary : (a) (طب) پھنسی دار ؛ گومڑے یا پھنسی کا ؛ (نباتیات) گومڑی دار .

Papillate(d) : (a) پھنسی دار یا گومڑے دار ؛ گومڑی سے بھرا ہوا ؛ پھنسی کی شکل کا .

Papilliferous : (a) حلیمہ دار ؛ پھنسی دار ؛ گومڑے کا .

Papilliform : (a) پھنسی کی شکل کا ؛ بھٹنی کی طرح کا .

Papillitis : (n) (طب) ورم حلمی ؛ ورم قرص بصری ؛آنکھ کے اوپر ایک ورم ؛ گومڑ چشم .

Papilloedima : (n) (طب) تہیج حلمی ؛ تہیج قرص بصری .

Papilloma : (n) [L.] (مرضیات) پھنسی پھوڑا .

Papillomatous : (a) پھنسی پھوڑے کا یا اس سے متعلق ؛ پھنسی پھوڑے کی صفت کا .

Papillon : (n) چھوٹی نسل کا کتّا جو محض شوقیہ پالا جاتا ھے اسے Toy-dog بھی کہتے ہیں .

Papillose : (a) پھنسی دار ؛ (نباتیات) گومڑیاں دار .

Papillulate : (a) معمولی پھنسی سے گھرا ہوا .

Papillule : (n) [mod. L. 'papillula.'] چھوٹا گومڑا ؛معمولی پھنسی .

Papish : (a) حامیان پوپ کا ؛ پوپ پرستی کا ؛ کیتھولک مذہب کا .

Papish : (n) (۱) پوپ کے اقتدار کامل کا حامی ؛ پوپ پرست ؛ طرفدار رومن کیتھولک ؛ رومن کیتھولک کا ممبر یا نمائندہ . (۲)(توصیفی یا وصفی معنوں میں) پاپائی .

Papism : (n) [mod. L. 'papismus.'] پاپائی نظام ؛مذہب رومن کیتھولک ؛حمایت رومن کیتھولک ؛پاپائیت ؛ پوپ پرستی .

Papist : (n) [mod. L. 'papista..'] دیکھو Papish

Papistic/-al : (a) [mod. L. 'papisticus.'] حامیان پوپ کا ؛ پوپ پرستی کا ؛ کیتھولک مذہب کا ؛ پاپائی کا .

Papistically : (adv.) حامیان پوپ کے طریقے سے ؛ پوپ پرستی سے .

Papistry : (n) حمایت پوپ ؛ پوپ پرستی .

Papoose : (n) [Algonoquim.] شمالی امریکی ہندوستانی کا کم عمر بچہ ؛ شمالی امریکا کے اصلی باشندوں کا بچہ .

Papoosh/Papouch(e) : (n) [pers, 'papus.'] پاپوش ؛ایک ترکی یا مشرقی سلیپر ؛ زیر پائی .

Pappescent : (a) [L. 'pappus.'] (نباتیات) ریشك پیدا کرنے والا (مخلوط پودے کی طرح) .

Pappiferous : (a) (نباتیات) ریشك دار .

Pappose/ Pappous : (a) [Gr. 'pappos.'] (نباتیات) ریشك دار ؛ روئیں دار .

Pappus : (n) (نباتیات) وہ روئیں یا ریشے جو Thistles (پھل) وغیرہ کے بیج پر ھوتے ہیں ؛ ریشك ؛ چوٹی ؛ (تشریح) سبزہ .

Pappy : (a) نرم ؛ رقیق ؛ پلپلا .

Paprika : (n) [Magyar.] ایک قسم کا پھل سے تیار کیا ہوا مسالا ؛ چٹنی ؛ ہنگری کا لال مرچ .

Paps : (n) (جغرافیہ) پستان کوہ ؛ مخروطی چوٹیاں .

Papula : (n) [L.] (۱)(مرضیات) آبلہ ؛ ورم ؛ پھپھولا ؛ چھالا . (۲) مہاسا ؛ مسّے ؛ گومڑا .

Papular : (a) (حیوانیات) جلد پر ایک چھوٹا ٹھوس کس قدر نکیلا ابھار .

Papular : (a) (طب) ثبوری ؛ گومڑے کا ؛ چھالے کا .

Papulation : (n) [f. 'Papule'.] (طب) سوزنك ؛ مہاسے کا پھولنا ؛ ورم مہاسا .

Papule : (n) [L. 'Papula.'] دیکھو Papula

Papulo - : (prefix) جزو ترکیبی بمعنی "مہاسے دار" "گومڑدار" ۔

Papulo-erythema : (n) مہاسے کے ساتھ جلد پر سرخ دھبے پڑ جانا ۔

Papulose : (a) [mod. L. 'papulosus.'] (طب) گومڑی دار؛ مہاسے دار ؛ ثبور دار ۔

Papulous : (n) دیکھو Papulose

Papyraceous : (a) [L. 'papyrus.'] (تاریخ طبیعی) کاغذی : (کاغذ سا باریک) ؛ (نباتیات) کاغذی ؛نازک ۔

Papyrian/-ean : (a) [Late and med. L. papyrius. '] کاغذی ؛کاغذ بردی کا ؛کاغذ کی طرح کا ؛ دریائی پودے کا بنا ہوا ۔

Papyrin/-ine : (n) [L. 'Papyrus- + -in.] چرمی کاغذ ؛جھلّی (جو لکھنے کے کام آئے) ۔

Papyrine : (a) [L. 'papyrinus. '] کاغذی ؛ کاغذ کا بنا ہوا ؛ پیپرس کا بنا ہوا ۔

Papyro- : (prefix) سابقہ ، یونانی لفظ Papuros سے مشتق ھے جس کے معنی ہیں "کاغذ" ۔

Papyrograph : (n) کاغذ نقل گیر (جس میں Stencil کے ذریعہ کاغذات کی نقل کی جاتی ھے) ۔

Papyrograph : (v) کاغذی نقل کرنا ؛ اسٹینسل کے ذریعہ کاغذات کی نقل کرنا ؛کاغذی نقل گیر کے ذریعہ نقل کرنا ۔

Papyrographic : (a) کاغذی نقل گیر کا ؛کاغذی نقل گیر کے ذریعہ طبع کیا ہوا ۔

Payrography : (n) کاغذی نقل گیری ؛ کاغذی طباعت (جس میں تصویروں کو کاغذ کے ذریعہ جست کی تختی پر منتقل کرتے ہیں) ۔

Papyrological : (a) بردیات کا یا اس سے متعلق ؛ مخلوطہ بردی کا ۔

Papyrologist : (n) ماہر بردیات ۔

Papyrology : (n) بردیات ؛ مخلوط بردی کا علم ۔

Papyrus : (n) دیکھو Paper plant

Par : (n) [L. 'Par' ,] (۱)برابری ؛ مساوات ؛ مساوی درجہ یا مرتبہ ۔ (۲) (تجارت) زر مساوی ، کسی ملک کا سکہ جو دوسرے ملک کے مساوی ہو ؛ مساوات شرح کا ؛مساوی نرخ ؛ مساوات ؛مساوی اسٹاك ۔ (۳) (معاشیات) مساوی رقم ؛ صفت ؛ مقدار ؛ حالت وغیرہ ؛معمولی مقدار ، حالت یا درجہ ۔ (۴) (گولف) گولف کے کھیل میں ضربوں کی تعدادجو گول کے لئے لازمی ھے ۔

Above or below (under) par : اوسطاً ؛ معتدل ؛درمیانی ۔

Above par : مساوات سے اوپر ؛(معاشیات) فوق مساوات ؛ عام قیمت سے زیادہ ؛ قدر عرفی سے اوپر ۔

At par : مساوات میں ؛ عام قیمت میں ؛ قدر عرفی میں ۔

Below par : مساوات سے نیچے ؛ عام قیمت سے کم ؛ قدر عرفی سے کم ۔

On a par (with) : برابر ؛ مساوی ؛عام قیمت میں ؛ قدر عرفی میں ۔

Up on the par : دیکھو On a par

Up to par : برابر کے قریب ؛ مساوی ۔

Par : (n) (بول چال) Paragraph کا مخفف ۔

Par : (prep.) [Fr. 'par.'] جدید فرانسیسی میں محاورے کے طور پر استعمال ہوتا ھے جیسے Par example (مثال کے طور پر) Par forces (جبراً ؛ زبردستی سے) ۔

Par- : (prefix) سابقہ بمعنی "بوسیلہ" ؛ "بواسطہ" ۔

Par : (n) Parr کا متبادل ۔

Par execellence : (adv) [L. 'Paraexecellentian' .] اعلیٰ طور پر ؛ افضل طور پر ؛ سب پر فائق ہوتے ہوئے ؛ قابل امتیاز طور پر ؛ سب سے بڑھ کر ؛ بدرجۂ اتم ۔

Par of exchange : (n) مساوات شرح مبادلہ ؛ مبادلہ مساوات ۔

Para : (n) [Turk 'Parah'.] ایك چھوٹا ترکی سکہ (پینی کا 1/20 حصہ کے برابر) ۔

Para /Parra /Parah : (n) [Hindi] شمالی ہند کا ایك ناپ (حجم کے لئے) ۔

Para : (n) برازیل کی ایك بندرگاہ کانام ؛ نیز توصیفی معنوں میں استعمال ہوتا ھے ۔

Para-: (prefix) سابقہ یونانی لفظ بمعنی "پر" : "آگے" ماورا : نیز جن الفاظ کے ساتھ لگتا ھے ان میں غلط ، بے قاعدہ یا ناجائز وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ھے ۔

Para- : (prefix) سابقہ اطالوی لفظ parare کا امر ھے جس کے معنی ہیں کسی چیز سے بچانا ، پناہ دینا ۔

Para-hemophilia : (n) [NL. fr. para hemophilia .] خون میں انجمادی عنصر کا اثر زائل ہو جانے پر خون کے بہنے کامیلان یاحالت ۔

Para-military : (n) نیم فوجی ۔

Para paper : (n) (کیمیا) چرمی کاغذ ۔

Para rubber : (n) (۱) منجمد دودھ کے رس سے حاصل کیا ہوا یا بنایا ہوا ایک قسم کا ربر ۔ (۲) آمیزن کے ساحلی علاقے میں اُگنے والا ایک درخت ۔

Parabanate : (n) دُبا سا ترشے کا نمک ۔

Parabanic : (a) (کیمیا) دُبا سا ترشے $CO_2(NHCO)$ (یورک ترشے پر ترشے کے عمل سے بنتا ھے)۔

Parabasal : (a) سوسنی قسم کی نباتیات میں زیریں حصے سے جڑا ہوا یا اس سے ملحق ۔

Parabasal : (n) زیریں پیندے والی ایک قسم کی سوسنی نباتیات۔

Parbasal body : (n) (حیوانیات) نیز قاعدی جسم ۔

Parabasis : (n) [Gr. 'parabasis.'] خطابی : یونانی طربیہ ڈرامے کا وہ حصہ جس میں شاعرحاضرین سے خطاب کرتا ھے : قدیم یونانی طربیہ میں وہ گانا جو سامعین کو خطاب کرتے ہوئے کورس کی شکل میں گایا جاتا ھے اور جس کا تعلق ڈرامے کے عمل سے نہیں ہوتا ۔

Parabenzene : (n) (کیمیا) ہائیڈروکاربن کے ساتھ برابر مقدار میں ملایا ہوا بنزین جو ہلکے کوئلے کے تیل میں پایا جاتا ھے ۔

Parabiosis : (n) (حیوانیات) جُڑواں زیست : مصنوعی سیامی توامیت : (طب) تعلل عصب ۔

Parabiotic : (a) جُڑواں زیست کا یا اس سے متعلق : مصنوعی سیامی توام کا ۔

Parabiotic twins : (n) (حیوانیات) مصنوعی سیامی توام۔

Parablast : (n) (جنین شناسی) ناقص انڈے کی مقوی زردی ۔

Parablastic : (a) ناقص انڈے کی مقوی زردی سے متعلق ۔

Parable : (n) [L. 'parabola'.] (۱) تمثیل : اخلاقی حکایت : وہ حکایت جس میں کوئی اخلاقی یا رو حانی حقیقت بیان کی جائے ۔ (۲) وہ قصہ جس میں تمثیل یا استعارے کے پیرائے میں کوئی بات بیان کی جائے : مثالیہ : مجازیہ ۔ (۳)(قدیم) معما : پُر اسرار قول ۔ (۴) (بول چال) مثال یا توضیح ، تشریح ۔

To take up one's parable : تقریر شروع کرنا : داستان شروع کرنا (شاذ) ۔

Parablepsis/ Parablepsy : (n) (۱) نظر اندازی ۔ (۲) (طب) غلط بصارت : کج نظری ۔

Parabola : (n) [mod. L. 'parabola'.] (۱) (ہندسہ)قطع مکافی : شلجمی (شکل) : قطع مخروط منحنی ۔ (۲) اونچی ڈگری کی خط منحنی کی طرف کھینچا ہوا جو ایسے قطع مخروط سے مشابہ ہو جو نامحدود ہو : (طبیعیات) پیرا بولا : مکحف ۔

Cubic or cubical parabola : تیسرے درجے کا قطع مخروط ۔

Double parabola : دوہرے مماس کے لئے نا محدود لکیر یا خط رکھنے والا قطع مخروط ۔

Parabola method : (n) (طبیعیات) پیرابولا طریقہ : مکحف طریقہ ۔

Parabole : (n) [Gr. 'parabole .'] (بلاغت) تشبیہ : تمثیل : کنایہ : مجاز : استعارہ ۔

Parabolic : (a) [Late L. 'parabolicus'.] (۱) تمثیلی :تشبیہی : تمثیل کی صفت کا : کنایتہً : مجازاً ۔ (۲)(ہندسہ) مکافی : شلجمی : قطع مخروط کی شکل کا : (طبیعیات) پیرا بولی: مکحفی ۔

Parabolic : (n) مکافی ہندسہ : شلجمی شکل یا ہیئت ۔

Parabolic arch : (n) (انجینیئرنگ) مکافی محراب ۔

Parabolic catenary : (n) (ریاضیات) مکافی زنجیرہ ۔

Parabolic dune : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) ہلال نما ریت ٹیلہ ۔

Parabolic geometry : (n) مکافی اقلیدس ۔

Parabolic mirror : (n) (بصریات) مکافی آئینہ ۔

Parabolic motion : (n) (طبیعیات) مکافی حرکت ۔

Parabolic path : (n) (طبیعیات) مکافی راستہ ۔

Parabolic point : (n) (طبیعیات) مکافی نقطہ ۔

Parabolic reflector : (n) (بصریات) مکافی عکس انداز ۔

Parabolic spindle : (n) (دوہرے) معین کے چاروں طرف قطع مکافی کی قوسی گردش سے بنی ہوئی کوئی ایک شکل ۔

parabolic spiral : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) : مرغولہ نما قطع مخروطی پیرا بولی مار پیچ ۔

Parabolic traces : (n) (جغرافیہ) مکافی نقوش ۔

Parabolical : (a) (۱) تمثیلی: مثالیہ : تشبیہی : تمثیل کا یا اس سے متعلق : مثالیہ کے رنگ کا ۔ (۲) مکافی کا : شلجمی کا : شلجمی نما ۔

Parabolically : (adv.) (۱) تمثیلی طور پر: تشبیہی انداز میں :مثالیہ کے طور پر : مثالیہ کے ذریعے ۔ (۲) شلجمی طور پر : مکافی طور پر ۔

Paraboliform : (a) شلجمی شکل کا : مکافی شکل مانند ۔

Parabolist : (n) (۱) تمثیل گو : مثال آور : اخلاقی حکایت بیان کرنے والا ۔

Parabolize : (v) [med. L. 'parabolizare. '] (۱)بصورت مثال بیان کرنا : تمثیل بیان کرنا : اخلاقی حکایت کہنا یا بیان کرنا ۔ (۲) شلجمی شکل میں بتانا ۔

Parabolizer : (n) (۱) تمثیل گو : اخلاقی حکایت بیان کرنے والا ۔ (۲) شلجمی شکل بنا لینے والا ۔

Paraboloid : (n) (۱) (ریاضیات) مجسم شلجمی نما : شلجمی مجسم: مکافی مجسم ۔ (۲) مکافی مجسم دورانی : (طبیعیات) مکعف زاد ۔

Paraboloidal mirror : (n) (طبیعیات) مکافی آئینہ ۔

Paraboloid of revolution : (n) (ہندسہ) مکافی مجسم دورانی : وہ شلجمی نما جو شکل اپنے محور پر گھوم کر بناتی ہے ۔

Parabranchia : (n) صدف نما ناعمہ کا معتدل عضو شامہ (ناک) جسے مچھلی اور دوسرے دریائی جانوروں کا گلپھڑا سمجھا جاتا ہے ۔

Parabranchial/ Parabranchiate : (a) صدف نما ناعمہ کا معتدل عضو شامہ کا یا اس سے متعلق ۔

Parabranchi : (n) (حیوانیات) ہوائی نلیاں ۔

Paracelsian : (n) [f. proper name Paracelsus + -ian.] سوئٹزر لینڈ کے فلسفی ، کیمیا گر اور حکیم فیلی پس اور یولس پیراسلیس کا پیرو ۔

Paracelsian : (a) پیراسلسس کی صفت کا یا اس سے متعلق ۔

Paracelsianism : (n) پیراسلس کا طبی اصول ۔

Paracelsist : (n) پیراسلس کے طبی اصول کا ماننے والا ۔

Paracentesis : (n) (جراحی) بزل : جسم کے کچھ خلا کی برمائی خاص کر سیال یا گیس نکالنے کے لئے ۔

Paracentral : (a) (حیاتیات) نز مرکزینہ : (تشریح) نز مرکزی ۔

Paracentral gyrus : (n) (تشریح) نیز مرکزی تزرید ۔

Paracentral vision : (n) (عضویات) نیز مرکزی بصارت ۔

Paracentric : (a) [mod. L .'paracentricus. '] (۱) (ریاضیات) متجاوز المرکز کا ۔ (۲) کنجی یا کنجی کے سوراخ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Paracentric curve : (n) (ریاضیات) قوس متجاوزالمرکز ۔

Paracentric motion : (n) (ریاضیات) حرکت متجاوز المرکز ۔

Paracentrical : (a) متجاوزالمرکز کا ۔

Paracetamol : (n) (دواسازی) ایک سفید بلّوری سفوف جس میں دافع درد Analgesic اور دافع تپ(Antipyratic) معمولی طور پر بنایا جاتا ہے : اس سفوف سے تیار شدہ ٹکیہ : قرص وغیرہ ۔

Paracholia : (n) (طب) صفراویت ۔

Parachordal : (a) (جنین شناسی) (غضروفی ساخت کے نزدیک واقع) کرکری ہڈی کی دو تختیوں پراطلاق ہوتا ہے جو ابتدائی شکل کی کھوپڑی کی بنیاد کی تشکیل کرتی ہے ۔

Parachordal : (n) جنینی شکل میں کاسۂ سر کی نرم اور جھلی دار پینڈی ۔

Parachroma : (n) (طب) بیرنگی جلد ۔

Parachromatism : (n) (طب) رنگ کوری ۔

Parachronism : (n) زمانی غلطی ؛ تاریخی غلطی (کسی واقعے کا زمانہ یا تاریخ غلط بتانا) ؛ (تاریخ) بُعد تاریخی : تاریخی غلطی ۔

Parachrose : (a) (معدنیات) جو موسم کے ساتھ ساتھ اپنا رنگ بدلتا ہو ؛ رنگ بدل ۔

Parachute : (n) [Fr. 'parachute.] (۱) پیرا شوٹ ؛ چھاتا ؛ محافظ چھتری (جس کی مدد سے انسان بلندی سے خصوصاً ہوائی جہاز سے کود کر بحفاظت زمین پر پہنچتا ھے) ۔ (۲) ہوا کے ذریعہ نیچے گرنے سے بچانے کی کوئی بھی مصنوعی یا قدرتی تدبیر ۔ (۳)(کان کنی) کانوں میں سر نگ کے ذریعہ سواری کے کھٹولے کو دھکچے سے گرنے سے بچانے والی کوئی تدبیر یا زمین میں پانی کی غرض سے بورنگ کرنے میں بورنگ چھڑ کو فوری گرنے سے روکنے والی ایک تدبیر ؛ (حیوانیات) بال چھتری ؛ چتر ۔

Parachute : (v) (۱) پیراشوٹ کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ (۲) پیراشوٹ کے طریقے سے یا پیراشوٹ کے ذریعہ نیچے اترنا ۔

Parachute : (a) پیراشوٹ کے ذریعہ گرایا ہوا ۔

Parachuted : (a) (حیوانیات) چتر دار ۔

Parachutism : (n) محافظ چھتری کی مدد سے کودنا ؛ ہوا کے دوش پر بحفاظت نیچے اترنے کے لئے کوئی قدرتی یا مصنوعی تدبیر یا عمل ۔

Parachutist : (n) پیراشوٹ کے ذریعہ زمین پر اترنے والا ؛ بحفاظت نیچے آنے کے لئے ایسی ھی کوئی تدبیر پر عمل کرنے والا ؛ محافظ چھتری کی مدد سے کودنے والا ۔ (ہوابازی) چتر باز ؛ چھاتا باز ۔

Paraclete : (n) [L. 'paracletus.'] (بائبل) فار قلیط (یہ روح القدس کا خطاب ھے) ؛ انجیل یوحنا باب ۱۴ آیات ۱۶ ، ۲۶ وغیرہ) ؛ (دینیات) شفیع ۔

Paracmastic : (a) بحران ، شدت یا تیزی سے گذرا ہوا ؛ غیر شدید ؛ دھیما ۔

Paracme : (n) [Gr. 'parakme'.] شباب یا بہار کے گذر جانے کے بعد کا دور یا وقفہ ؛ بخار کی شدت ختم ہو جانے کے بعد کا وقفہ ؛ (حیوانیات) ورائے اوج ؛ انحطاط ۔

Paracolpitis : (n) (طب) ورم بر محصل ۔

Paracorolla : (n) (نباتیات) تاج (گل) ۔

Paracusis : (n) (طب) تیزیٔ سماعت ؛ بے قاعدہ سماعت ۔

Paracyanogen : (n) (کیمیا) متوازی وزن کا بنا ہوا قلیل مقدار میں ایسا سایانوجن جسے پارے کے سائنائڈ سے نکال کر تیار کیا گیا ہو ؛ پیراسیانوجن؛ ہم ترکیب سیانوجن ۔

Paracyesis : (n) (طب) بدر رحمی حمل ۔

Paracyst : (n) (نباتیات) (بعض پھپھوندی میں) آلات تناسل کے جوڑوں میں سے ایک ۔

Parade : (n) [Fr. 'parade.'] (۱) نمائش ؛ اظہار ؛ نمود ۔(۲) پریڈ ؛ پریٹ ؛ فوجی قواعد ؛ مظاہرہ ۔(۳)قواعد کا میدان؛ پریٹ کامیدان ؛ قواعد گاہ ۔(۴) چوک ؛ خیابان ؛ سڑک ؛ (سڑکوں کے نام کا جزو ہوتا ھے) ۔ (۵) شاندار جلوس (خصوصاً امریکا میں) جو سیاسی مقاصد کے پیش نظر نکالا جاتا ھے ۔ (۶) پیدل چلنے والوں کا ہجوم ؛ مثر گشتیوں کی بھیڑ ؛ تفریح گاہ ؛ گرد شگاہ عمودی ۔ (۷) توڑ ؛ روک ۔

To make a parade of one's virtues : اپنے محاسن کی نمائش کرنا ۔

Parade : (v) (۱) فوج کو جمع کرنا یا گزارنا (معائنہ یا پریڈ وغیرہ کے لئے) ۔(۲) نمائش کرنا ؛ دکھاتے پھرنا ؛ عام مقامات پر ٹہلنا خاص کر دکھلاوے کے لئے ۔ (۳) مظاہرہ کرتے ہوئے گذرنا (سڑکوں سے) ۔ (۵) جلوس نکالنا؛ تزک و احتشام کے ساتھ جلوس میں نکلنا ؛ تزک و احتشام سے مظاہرہ کرنا ۔ (۵) کسی آدمی کو مظاہرے کے طور پر پریڈ کرانا یا پھراس کی توہین کے لئے گھمانا یا مظاہرہ کرنا ۔ (۶) کسی چیز کا مظاہرہ کرانا ؛ دھوم دھام سے پیش کرنا ۔

Parade-ground : (n) پریڈ گراؤنڈ ؛ پریڈ کا میدان ؛ وہ مقام جہاں فوج پریڈ کے لئے جمع ہو ۔

Parader : (n) پریڈ کرنے والا؛ نمائش کرنے والا؛جلوس نکالنے والا۔

Paradiastole : (n) [Gr. 'paradiastoli.'] (علم البدیع) وہ صفت

Grains of paradise : جنت کی دانی ۔

Paradise : (v) جنت بنانا : بہشت بنانا : نہایت خوبصورت بنانا ۔

Paradise apple : (n) (۱) سیب کی ایک قسم ۔ (۲) ممنوعہ پھل ۔

Paradise bird : (n) مرغ بہشت ۔

Paradise fish : (n) (۱) ملیٹ کی نوع کی مچھلی: ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔ (۲) مشرقی ہندوستان کی ایک چمکدار خوش نما رنگین مچھلی جسے کبھی کبھی پنگھر یا مچھلی گھر میں رکھا جاتا ھے ۔

Paradise flycatcher : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Paradise stock : (n) آہستہ بڑھنے والا سخت سیب کا درخت ۔

Paradiseidae : (n) (حیوانیات) طاؤس نیوگنی : طیور فردوس : فردوساں ۔

Paradisiac : (a) [L. 'paradisacus.'] جنتی : بہشتی : بہشت کا یا اس سے متعلق : بہشت جیسا : فردوس نما : نہایت متبرک : اطمینان بخش خوبصورت : ملکوتی : آسمانی ۔

Paradisiacal : (a) دیکھو Paradisiac

Paradisial : (a) دیکھو Paradisiac

Paradisian : (a) دیکھو Paradisial

Paradisic : (a) دیکھو Paradisial

Paradisical : (a) دیکھو Paradisic

Parado : (n) [Fr.] (۱) نمائش : دکھاوا ۔(۲) خود نمائی : لاف زنی : خود فروشی ۔

Parados :(n) [Fr.] قلعے کا پُشتہ : خندق کا پشتہ ۔

Paradox : (n) [Late L. 'paradoxum.'] (۱) الٹی بات : وہ بات جو کسی مسلمہ خیال کے خلاف ہو ۔ (۲) بیان جو بظاہر مہمل معلوم ہو لیکن در حقیقت صحیح ہو ۔ (۳)(بظاہر) مہمل بات : قول متناقص : قول محال ۔ (۴) وہ شخص یا چیز جس کا وجود عام خیال کے مطابق نا ممکن ہو : محال مجسم : (طبیعیات) معجزہ : خرق عادت مظہر : (نفسیات) متناقضہ ۔ (۵) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) قول متضاد ۔

جس میں کسی نا پسندیدہ چیز کو ایسے اسلوب بیان کے ذریعہ پسندیدہ بنا دیا جاتا ھے جس میں صرف جزوی طور پر سچائی ہو ۔

Paradiddle : (n) بنیادی صدا جو چوپ نقارہ کے یکے بعد دیگرے ضرب لگانے سے پیدا ہوتی ھے ۔

Paradigm : (n) [Late L. 'pareadigma.'] (۱) مثال :نمونہ : سانچہ ۔ (۲) نقشہ : مثال خصوصاً اسم و فعل یا دوسرے اجزائے کلام کی گردان کی ۔

Paradigma : (n) (فلسفہ ، نفسیات، تعمیرات) مثالی خاکہ : مکمل مثال ۔

Paradigmatic : (a) گردان یا تصریف کے نقشے کا یا اس سے متعلق ۔

Paradiplomatic : (a) خالص فن سفارتی یا حکومتی تدبیر عملی سے الگ یا کسی مسودہ کی اصل عبارت کی شہادت سے متعلق ۔

Paradisaic/ -al : (a) [f.. 'Paradise.] بہشتی : فردوسی : بہشت کا: بہشت جیسا : جنّتی : اہل بہشت ۔

Paradisaically : (adv.) جنتی کے طور پر: اہل بہشت کے انداز میں ۔

Paradisal : (a) [f. 'Paradise' .] دیکھو Paradisaic

Paradise : (n) [Fr. 'paradis.'] (۱) جنت عدن : باغ عدن : نیز جنت ارضی بھی کہا جاتا ھے (جنت سماوی سے فرق کرنے کے لئے) ۔ (۲) فردوس : جنت : بہشت: باغ ارم : باغ رضوان : متقیوں اور پارساؤں کے رہنے کی جگہ ۔ (۳) روحانی مسرت یا سعادت : وہ جگہ جہاں روحانی مسرت حاصل ہو : جنت کے مشابہ مقام ۔ (۵) ایک مشرقی پارک یا تفریح گاہ خاص کر جنگلی جانوروں کے پیچھا کرنے کا احاطہ ۔ (۶) انگریزی پارک جس میں غیر ملکی جانور رکھے جائیں ۔(۷) (عامیانہ) تھیٹر کی گیلری جہاں کم قیمت کی نشستیں ہوتی ہیں۔(۸) فضائے کلیسا: محو طۂ صومعہ ۔

Apples of paradise : کیلے کا پھل : موز کا پھل ۔

Bird of paradise : طیر فردوس : طاؤس: مور : مرغان بہشتی : نیو گنی کا طاؤس ۔

Earthly paradise : باغ عدن:جنت عدن :جنت ارضی ۔

Fool's paradise : بہشت بیوقوف : جنت الحمقا :بیوقوفوں کی جنت ۔

Hydrostatic paradox : Hydrostatic دیکھو

Paradox cold point : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) تضادی نقطۂ برودت ۔

Paradox of asceticism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) تضاد رُہبانیت ۔

Paradox of hedonism : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)تضاد لذیت ۔

Paradoxal : (a) (۱) متناقضانہ : قول محال کی صفت کا : قول متناقض ظاہر کرتا ہوا ۔ (۲) (طبیعیات) خارق عادت : (نفسیات) متناقضانہ : لغو ۔ (۳) قول متناقض کا شائق یااس کا عادی ۔(۴)(مظہر قدرت یا حالات وغیرہ کا) ظاہری قوانین کے خلاف ۔

Paradoxer/ Paradoxist : (n) محال یا متناقض بات کرنے والا : مہمل بات کرنے والا : قول متناقض کا مجوز : قول محال کا پیش کنندہ ۔

Paradoxical : (a) (۱) دیکھو Paradoxal

Paradoxical bone : (n) (حیوانیات) ڈمبلی ہڈی ۔

Paradoxical cold : (n) (عضویات) خارق عادت سردی ۔

Paradoxical warmth : (n) خارق عادت گرمی ۔

Paradoxicality : (n) تناقض : متناقض ہونا ۔

Paradoxically : (adv.) متناقض طور پر : متناقضانہ انداز میں ۔

Paradoxicalness : (n) متناضیت : قول محال ۔

Paradoxidian :(a) (معدومیات) ایک قسم کے معدوم جانور کا یا اس سے متعلق جو متوسط کیمبری دور میں پایا جاتا تھا ۔

Paradoxology : (n) لغویات : متناقضانہ خیالات کا علم یا اس طرح اظہار خیالات کا طریقہ : مبحث تناقض گوئی ۔

Paradoxure : (n) [mod. L. 'paradoxurinea.'] ایک جانور جس کی بڑی لمبی خمدار دم ہوتی ھے : (حیوانیات)زباد ہندی : کھجور بلاؤ ۔

Paradoxurine : (a & n) [mod . L. 'paradoxurinae.'] کھجو ربلاؤ قسم کے جانور سے متعلق ۔

Paradoxy : (a) متناقضانہ صفت : تناقض : مغائرت : ضد و نقیض گو ۔

Paradromic : (a) شانہ بشانہ دوڑنے والا : ایک ساتھ دوڑنے والا ۔

Paradromic winding : (n) ایک ساتھ مل کر چکر کھانا ۔

Paraenesis/ Paren : (n) [Late L.] مشورہ : نصیحت :وعظ : پند : موعظت : تنبیہ آمیزبات : جوش دلانے والی مضمون نگاری یا تحریر ۔

Paraenetic / -al : (a) واعظانہ : تنبیہ آمیز : جوش دلانے والی: مشورت آمیز : نصیحت آمیز : صلاح سے متعلق ۔

Paraesthesia : (n) (مرضیات) لمس کاذب :غیر طبیعی مس : (نفسیات) لمسی واہیت :(فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)غیر طبعی احساس ۔

Paraffin /-ine : (n) [G. 'paraffin.'] (۱) پیرافن(ایک بے رنگ اور بے بو کی چکنی چیز جو پٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ھے ($C_n H_{2n+2}$)جس کا ریشنیخ (Reohbad) نے ۱۸۲۰ء میں سراغ لگایا تھا اور جس کا استعمال موم بتی یا الیکٹرک انسولیٹر بنانے میں ھوتا ھے: (کیمیا) موم معدنی : پیرافن ۔ (۲) پیرافینی تیل کا مخفف ۔ (۳) (کیمیا) ایک قسم کے کیمیائی اجزاء ($CnH2n+2$) جس میں میتھین ، ایتھین ، پروپین ، کوائین وغیرہ پائے جاتے ہیں جو ہلکی سی حرارت پہنچانے پر گیس میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

Paraffin : (v) پیرافن استعمال کرنا : پیرافین ڈالنا : پیرافن سے لبریز کر دینا یا بھر دینا : پیرافین داخل کرنا ۔

Paraffin candle : (n) پیرافینی موم بتی ۔

Paraffin lamp : (n) پیرافینی بتی (لیمپ) ۔

Paraffin oil : (n) (کیمیا) پیرافینی تیل : مٹی کا تیل : پیرافینی پٹرولیم ۔

Paraffine paper : (n) پیرافینی کاغذ ۔

Paraffin series : (n) (کیمیا) پیرافینی سلسہ(مرکبات)۔

Paraffin wax : (n) (کیمیا) موم معدنی : پیرافینی موم ۔

Paraganglia : (n) بر عقود : زائد عقود ۔

Paragaster : (n) (حیوانیات) مرکزی یا گیس بھرا جوف ۔

Paragastric : (a) (۱)(حیوانیات) نیز معدنی ۔ (۲)مرکزی یا گیس بھری جوف سے متعلق ۔

Paragenesic : (a) مخلوط نسلی کا یا اس کی صفت ۔

Paragenesis : (n) (۱)(حیوانیات)دونسلاپن :مخلوط نسلی : اختلاط۔ (۲) دو نسلا پن جس میں بچہ جزوی طور پر جرثومۂ حیاتی سے محروم ہو جاتا ہے۔(۲) دوبارہ پیدا کرنے کے ایک انوکھے طریقہ کا نام ۔ (۳) (کان) معدنی شے کی ملاوٹ : معدنیات کی ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ایسی ساخت جس کی ایک شفاف پرت دوسرے سے مل جاتی ہے اور سب مل کر ایک بڑی بلور نما چٹان معلوم ہوتی ہے : اس قسم کی بنی ہوئی جیسے گریفائٹ یا سنگ مرمر ۔

Paragenetic : (a) (۱) مخلوط نسلی کا یا اختلاط کے ذریعہ اختراع کیا ہوا ۔ (۲) (کان کنی) ایک دوسرے کے متعلق یا جڑواں سے پیدا ہونا :جڑواں: توام (بلور نما پتھر) ۔

Paragenic : (a) اختلاطی : مخلوط نسلی کا ۔

Parageusia : (n) (طب) سوء ذائقہ : (نفسیات) غیر طبیعی ذائقہ : (نفسیات) ذوقی واہیت ۔

Parageusis : دیکھو Parageusia

Paraglobulin : (n) (کیمیا) خون میں پایا جانے والا مادہ گلوبلولین کی ایک خاص شکل کو پہچاننے کے لئے دیا گیا ایک نام ۔

Paraglossa : (n) (حیوانیات) زائدۂ زبانک ۔

Paraglossal / Paraglossate : (a) زائد زبانکی ۔

Paragnatha : (n) فکّین ورا ۔

Paragnathous : (a) (طیورات) برابر فکّہ : برابر لمبائی کے (چونچ کے اوپر نیچے کا حصہ) جبڑے کا ۔

Paragnosis : (n) (نفیسیات) سوء ادراک : غلط ادراک ۔

Paragoge : (n) [Late L. 'paragoge.'] (قواعد) کسی لفظ میں حرف یا بول کا اضافہ : از دیاد حرفی :حرف یا ہجائی الحاقی ۔

Paragogic/-al : (a) از دیادی : حرف الحاقی : ہجائی اضافی ۔

Paragon : (n) [It. 'paragone (also parangone).'] (۱) تفوق و برتری کا اعلیٰ نمونہ : معیار کمال :کامل نمونہ (کسی شخص یا چیز کا)۔ (۲) مجموعۂ کمالات:تمام خوبیوں کا مجموعہ : خیر مجسم : مجسم اخلاق وغیرہ ۔ (۳) (کان کنی) الماس کامل : مکمل ہیرا : اب سو قیراط مکمل ہیرا کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۴) نظیر : کامل نمونہ ۔ (۵) (طباعت) تقریباً بیس پوائنٹ کے ٹائپ حروف کا ایک پرانا سائز ۔

Paragon : (a) معیار کمال سے بڑھا ہوا : خیر مجسم سے بڑھا ہوا ۔

Paragon : (v) (۱) قریب قریب رکھنا : دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا : مقابلہ کرنا : تشبیہ دینا ۔ (۲) برابر کرنا : مقابلہ کرنا : موازنہ کرنا (شعرمیں) ۔

Paragonite : (n) (کان کنی) ایک قسم کا آبدار جس میں سوڈیم پایا جاتا ہے جو پوٹاش اور ابر قوں سے مختلف ہوتا ہے ۔

Paragonite-schist : (n) ایک قسم کا ورق دار جس میں پیراگونائٹ Muscovite کی شکل اختیارکر لیتا ہے ۔

Paragonitic : (a) اس قسم کی ابرق کا ۔

Paragram : (n) صنعت لفظی: ایک قسم کا لفظی کھیل ۔

Paragrammatist : (n) صنعت لفظی بنانے والا: لفظی کھیل کھیلنے والا ۔

Paragraph : (n) [med. L. 'paragraphus.' -um.] (۱) پیرا :عبارت کا ایک ٹکڑا : قلم بند : فقرہ ۔ (۲) پیرا گراف کا نشان (P) اب عموماً حوالہ دینے میں کام آتا ہے ۔ (۳) (اخبار) علاحدہ خبر وغیرہ جس کا کوئی عنوان نہ ہو : بے عنوان کی خبر یا نوٹ :پیراگراف: خبر کا ایک جزو ۔ (۴) حاشیے کا نوٹ یا فٹ نوٹ۔ (۵) قانون کا ممیز مضمون ۔ (۶) نیز توصیفی معنوں میں۔

Paragraph : (v) (۱) ایل پیرا میں اشارہ کرنا یا بیان کرنا : پیرا لکھنا ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کے متعلق اخبار میں پیرا گراف لکھنا ۔

Paragrapher : (n) پیراگراف لکھنے والا :بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنے والا ۔

Paragraphia : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) اختلال تحریر : (مرضیات) غلط نویسی ۔

Paragraphic/-al : (a) پیراگراف کا : پیرا کا ۔

Paragraphically : (adv.) پیرا یا پیرا گرافوں کے لحاظ سے ۔

Paragraphist : (n) دیکھو Paragrapher

Paragraphy : (n) پیرا گراف لکھنا : بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنا ۔

Paragrass : (n) برازیلی گھوڑے اور چوپائے کی گھاس : ذرۂ حمراء (Panicum barbinode) اب جنوبی امریکا میں کاشت کی جاتی ھے ۔

Paraguay : (n) پیرا گوے کی چائے : چائے کی قسم کی پتی ۔

Paraguay-tea : (n) پیرا گوے کی چائے ۔

Paraguayan : (n) پیرا گوے کا باشندہ ۔

Paraguayan : (a) پیرا گوے سے متعلق ۔

Paragula : (n) (حیوانیات) ورائے گلو ۔

Paraheliotropic : (a) (نباتیات) نور میلانہ ۔

Paraheliotropism : (n) (نباتیات) نور میلان : پودوں کا یہ میلان کہ روشنی کے متوازی اپنے پتے پھیردیتے ہیں : متوازی شمس رخی : شمس گریزی ۔

Parahepatic . (a) (تشریح) نیز جگر: جگر سے متعلق؛ جگر سے ملا ہوا ۔

Parahormone / Para-harmonic : (n) زائد ہارمون :ایك ایسا مادہ جو بطور ہارمون کام کرتا ہو لیکن جس کی اپنی کوئی مخصوص ہیئت نہ ہو (جیسے کاربن ڈائی آکسائڈ کا اثر دماغ میں تنفسی مرکز پر ہوتا ھے) ۔

Parahydrogen : (n) (کیمیا) پیرا ہائیڈروجن ۔

Paraiyan : (n) [Tamil 'paraiyan.'] (۱) پار یا ذات کا کوئی فرد ۔ (۲) دروازی مزدور طبقہ ۔

Parakeet/ Paroquet : (n) [OFr. 'paroquet.'] (۱) توتا کی قسم کا ایك پرندہ : لمبی دم کا توئیاں : دُرہ : ایك قسم کا چھوٹا توتا جس کی لمبی دم ہوتی ھے : لم دما توتا : دم دار توتا ۔(۲) تلمیحاً : کنا تیاً آدمی کے لئے مستعمل (پرندوں کے چہچہانے کے طور پر یا شادمانی کے لئے)۔

Parakelia /-kilya / -keelia : (n) [Native name] آسٹریلیا کی ایك گھاس جو جانوروں کی غذا کے طور پر کام آتی ھے۔

Parakinesis / Parakinesia : (n) [L.] لمسی رفع : لمسی ارتفاع : موٹر میں خرابی کے باعث اس کی عجیب و غریب اور غیر معمولی حرکتیں ۔

Parakinetic : (a) ایسی عجیب و غریب و غیر معمولی حرکت سے متعلق ۔

Parakite : (n) (۱) محافظ پتنگ (ایك قسم کا پتنگ جو محافظ چھتری Parachute کا کام دیتا ھے) ۔ (۲) بے دمچی کا پتنگ جوسائنس کے تجربات میں کام آتا ھے ۔

Paralactic acid : (n) (کیمیا) دودھ کی تیزاب کی ہم ترکیب تبدیلی : دودھ کے تیزاب کے دو عناصر میں سے ایك ۔

Paralalia : (n) [L.] حروف کے رد و بدل یا آواز کی گڑ بڑ کے باعث تقریر میں بے ترتیبی یا ابتری : (طب) فتور نطق : تتلاہٹ ۔

Paraldehyde : (n) (کیمیا) ایك قسم کا الڈی ہائڈ جسے مخدر کے لئے یا بے خوابی کے مرض میں علاج کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔

Paralexia : (n) الفاظ کی تبدیلی ، ترتیب یا الٹ پھیر کی وجہ سے پڑھنے کی صلاحیت میں دشواری جو عموماً دماغی چوٹ کے سبب پیش آتی ھے ۔ (طب) غلط خواندگی : فتور قرأت : (فلسفیات، نفسیات ، تعلیمات) اختلال خواندگی ۔

Paralexic : (a) فتور قرأت سے متعلق : اختلال خواندگی سے متعلق ۔

Paralgesia : (n) دربم و بربم یا غیر معمولی احساس ۔

Paralgesic : (a) ایسی احساس سے متعلق۔

Paralimnetic : (a) کسی ایسے جھیل کے ساحلی علاقہ سے متعلق جو کنارے سے لے کر جھاڑیوں اور درختوں کے گھنے حصہ تك پھیلا ہوا ہوتا ھے ۔

Paralimnion : (n) [L.] کسی جھیل کا ساحلی علاقہ جو کنارے سے لے کر جھاڑیوں اور درختوں کے گھنے حصہ تك پھیلا ہوا ہوتا ھے ۔

Paralinguistics : (n) ان اشارات کا مطالعہ جو زبانی ابلاغ کے ساتھ ہوتے ہیں ۔

Paralipomena / Paralipomenon /-leip-: (n) [L. 'paralipomen] تین میں سے کسی چیز کو چھوڑنا اور ضمیمہ میں شامل کرنا ۔

Paralipsis / -leipsis : (n) [late L. 'paralipsis.'] ترك تلکیدی: تاکید بالترك : کسی چیز کے بیان کو ترك کرنے کا وعدہ کرکے اسے اور نمایاں کر دینا: (علم البدیع) تجاہل عارفانہ: افہام ضمنی ۔

Parallactic : (a) (فلکیات) اختلاف منظری : اختلاف منظر کا یا اس سے متعلق ۔

Parallactic angle : (n) (فلکیات) زاویۂ اختلاف منظر ۔

Parallax : (n) [mod. L. 'parallaxis.'] (طبیعیات ، فلکیات) اختلاف منظر : مقام نظر یا نقطۂ نظر بدلنے سے ۔(۱)کسی چیز کا اپنی جگہ سے ہٹتی ہوئی نظر آنا ۔(۲)اختلاف منظرکا زاویہ ۔ (۳) نیز مجازاً ؛ (طبیعیات) منظری اختلاف ۔

Absolute parallax : (طبیعیات) مطلق منظری اختلاف ۔

Annual parallax : (فلکیات) سالانہ اختلاف منظر ؛ (طبیعیات) سالانہ منظری اختلاف ۔

Diurnal parallax : (فلکیات) یومیہ اختلاف منظر ۔

Dynamical parallax : (فلکیات)حرکی منظری اختلاف۔

Geocentric parallax : (فلکیات) ارضی مرکزی اختلاف منظر ۔

Helicentric parallax : (فلکیات)شمس المرکزی اختلاف منظر ۔

Horizontal parallax : (فلکیات) افقی اختلاف منظر۔

Optical parallax : (فلکیات) بصری اختلاف منظر۔

Solar parallax : (فلکیات) شمسی اختلاف منظر ۔

Stellar parallax : (n) کوکبی اختلاف منظر ۔

Parallel : (a) [L. 'parallelus.'] (۱) متوازی ۔ (۲) مشابہ :مماثل ۔ (۳) خط متوازی ۔ (۴) ایک ہی ذہن : مقصد یا لائحۂ عمل کا : ایک دوسرے سے ملتا ہوا :ہم آہنگ ۔ (۵) ایک ہی وقت کا : ایک ہی زمانے کا ۔ (۶) (موسیقی) متوازی حرکت : مسلسل آواز : ایک ہی طرح کی ۔

Parallel : (n) (۱) خط متوازی : متوازی لکیر ۔ (۲) (ارضیات) نظیر ؛ مثلی : خط عرض البلد ؛ خط طول بلد ؛ مدار یومیہ ؛ مدار روزانہ ۔ (۳) متوازی خندق : ایسی خندق جو کسی مورچے وغیرہ کے متوازی ہو ؛ جس پر حملہ کرنا مقصود ہے ؛(ہندسہ) متوازی خط ۔(۴) (طباعت) حوالہ جاتی نشان جو دو متوازی سمت الراس لائنوں پر مشتمل ہو۔(۵)مثل؛ نظیر : وہ شخص یا چیز جو ہو بہو کسی قدر شخص یا چیز سے مشابہ ہو ۔ (۶) مترادف ؛ مراعات النظیر : مشابہت : مطابقت ؛ مماثلت : متوازیت ۔ (۷) متوازی موقع یا جگہ ۔ (۸) مقابلہ؛ مقائیسہ؛ موازنہ ۔

In parallel : (برقیات) ہم توازی :ایک ہی پوائنٹ کو چھونے والی دو یا دو سے زیادہ سرکٹ کے تاروں کے بارے میں کہا جاتا ہے ۔

To draw a parallel between two things : دو چیزوں کا مقابلہ کرنا ۔

Parallel : (v) (۱) (ایک چیز کو) دوسرے کے مقابلے میں رکھنا (With , To کے ساتھ) یا دو یا زیادہ چیزوں کا) ذہنی طور پر پہلو بہ پہلو ہونا اس طرح کہ دونوں برابر ہوں ۔ (۲) دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا ؛ مقابلہ کرنا ؛ تشبیہ دینا ؛ مماثل کرنا ؛ مقابل کرنا ؛ مطابقت کرنا۔ (۳) موافق ہونا ؛ مثل یا نظیر ڈھونڈھنا یا پیش کرنا ؛ مقابلے میں پیش کرنا۔ (۴) متوازی ہونا ؛ مثل یا نظیر ہونا ؛ مد مقابل ہونا ؛ برابر ہونا۔

Parallel bars : (n) کسرت میں استعمال ہونے والے ۴ سے چھ ۶ فٹ کے درمیان کھمبوں میں لگے ہوئے دو متوازی چھڑ ؛ گھوڑی (جس پر ورزش کرتے ہیں) ۔

Parallel beam : (n) (طبیعیات) متوازی شعاع ۔

Parallel circuit/ - connection : (n) (برقیات) ایک ہی طرح کے دو پوائنٹس کو جوڑنے والے سرکٹ کے لئے استعمال ہونے والی اصطلاح جو کہ دوسرے سرکٹ سے جوڑے جانے والے پوائنٹس کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے ؛ متوازی سرکٹ ۔

Parallel cleavage : (n) (طبیعیات) متوازی تصفیہ ۔

Parallel connection : (n) (طبیعیات) متوازی جوڑ۔

Parallel cousin : (n) ایسے دو بھائیوں میں سے ایک جو دو سگے بھائیوں یا بہنوں کی اولاد ہوں ؛ دو برادر زادہ یا دو خواہر زادہ ؛ چچا زاد یا خالہ زاد بھائی ۔

Parallel curves : (n) (طبیعیات) متوازی خطوط منحنی ۔

Parallel dash : (n) دو متوازی خطوط (=) جو بعض اوقات مطبوعہ چیزوں میں صفحہ یا کالم کی تقسیم یا اس کا فرق ظاہر کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Parallel-epiped : (n) [Gr. 'parallelepipeson.'] (ہندسہ) مجسم متوازی السطوح ؛ حجم متوازی السطوح ۔

Parallel-epipedal : (a) مجسم متوازی السطوح کا ۔

Parallel fault : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی رخنہ ۔

Parallel faulting : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی رخنگی ۔

Parallel fold : (n) (جغرافیہ ، ارضیات) متوازی چین ۔

Parallel-forces : (n) (میکانیات) قواعہ متوازی ؛ متوازی قوتیں ؛ (طبیعیات) متوازی قوت ۔

Parallel light : (n) (طبیعیات) متوازی روشنی ۔

Parallel lines : (n) (ریاضی) متوازی خطوط ۔

Parallel motion : (n) (۱) کسی چیز کی حرکت جو ہمیشہ متوازی اور مماثل ہو (ایک ہی سمت میں)۔ (۲)(میکانیات) راست گیر حرکت ۔

Parallel nerved : (n) (۱) (حیوانیات) متوازی الاعصاب ۔ (۲) (نباتیات) متوازی العروق ؛ متوازی رگہ۔

Parallel of altitude : (n) خط طول بلد ۔

Parallel of forces : (n) خط متوازی قوتوں کا ۔

Parallel of latitude : (n) خط عرض بلد ۔

Parallel perspective : (n) متوازی ظاہری تناسب ۔

Parallel plate : (n) متوازی پلیٹ ۔

Parallel rod : (n) حلقہ سلاخ : وہ روڈ (سلاخ) جو ریل کے انجن کے ایک ہی طرف واقع دھری کو ملانے والا ۔

Parallel rule / -rulers : (n) متوازی سطر ؛ متوازی خط کش ؛ متوازی رول ۔

Parallel sphere : (n) (فلکیات) کرۂ متواز یہ ۔

Parallel tests : (n) (شماریات) متوازی جانچیں ۔

Parallel veined : (a) (فلکیات) متوازی رگہ ۔

Parallelism : (n) (۱) تواز ؛ متوازیت ؛ مماثلت ؛ مشابہت ؛ متوازی ہونا۔ (۲) متوازی ہونے کی صفت ۔ (۳) متوازی حالت ؛ متوازی مقام یا جگہ(خاص کر جمع میں)۔ (۴) (نفسیات) تواز مادہ روح (نباتیات) مماثل ارتقاء ؛ موازات ؛ (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) متوازیت (جغرافیہ) توازیت ۔

Departmental parallelism : (فلسفہ ، نفسیات،تعلیمات) شعبہ جاتی متوازیت ۔

Psychoneural parallelism : (فلسفہ ، نفسیات،تعلیمات) نفسی ، عصبی متوازیت ۔

Psychophysical parellelism : (فلسفہ، نفسیات،تعلیمات) نفسی ، طبعی متوازیت ۔

Parallelist : (n) (نفسیات) قائل تواز مادہ دروح ۔

Parallelization : (v) ترادف ؛ مشابہت ۔

Parallelize : (v) متوازی بنانا ؛ مشابہ کرنا ۔

Parallelogram : (n) [Late L. 'parallelogrammum.'] (۱) متوازی الاضلاع ؛ شکل متوازی الاضلاع (مربع و مستطیل) ۔ (۲) اس شکل کی کوئی چیز مثلاً عمارت کی بلاک ، زمین کی جگہ (اسکوائر)؛ اینٹ؛ کارڈ وغیرہ (ریاضی) متوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of acceleration : (a) (طبیعیات)شرح رفتار کامتوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of force : (n) (طبیعیات) قوتوں کا متوازی الاضلاع ۔

Parallelogram of velocities : (n) (طبیعیات) سمتی رفتاروں کا متوازی الاضلاع ۔

Parallelogramic /-al/-mmatic: (a) متوازی الاضلاع کایا اس کے متعلق؛ متوازی الاضلاع کی شکل کا؛ متوازی الاضلاعی ۔

Parallelopiped : (n) (طبیعیات) متوازی شش پہلو ؛ (ہندسہ) متوازی السطوح (مجسم) ۔

Oblique paralleopiped : (طبیعیات) ترچھا متوازی شش پہلو ۔

Rectangular parallelopiped : (طبیعیات)مستطیلی متوازی شش پہلو۔

Right parallelopiped : (طبیعیات)قائمی متوازی شش پہلو۔

Parallelopiped of acceleration : (n) شرح رفتار کا متوازی شش پہلو۔

Parallelopiped of forces : (n) قوتوں کا متوازی شش پہلو۔

Parallels : (n) (فلکیات ، برقیات) متوازیات۔

Parallels of declination : (n) متوازی عرض سماوی ؛ متوازی انحراف ؛ متوازی جھکاؤ ؛ متوازیات میل ؛مدارات میل ۔

Parallely : (adv.) متوازیاً ؛ متوازی کے طور پر ؛ بطور متوازی ۔

Paralogia : (n) [L.] (نفسیات) عُسربیان ؛(طب) اختلال استدلال ۔

Paralogical : (a) غیر منطقی ؛ غلط قیاس والا ؛ غیر متوقع ۔

Paralogism : (n) [Late L. 'paralogismus.'] (۱)غیرمنطقی استدلال (خصوصاً جس کا احساس استدلال کرنے والے کو نہ ہو) غلط قیاس منطقی ؛ ایسا قیاس جس میں صغریٰ اور کبریٰ کے درمیان صحیح حد اوسط نہ ہو ؛غلط قیاس ؛غلط منطق ؛غلط استدلال ؛ (فلسفہ ، نفسیات، تعلیمات) قیاس فاسد ۔ (۲)مغالطہ ۔

Paralogist : (n) غلط استدلال کرنے والا ؛ غلط قیاس کرنے والا ؛ مغالطہ کار ۔

Paralogistic : (a) مغالطہ دہ ؛ مغالطہ آمیز ؛ غلط قیاس پرمبنی ۔

Paralogize : (v) [med. L.'paralogizare.'] استدلال میں غلطی کرنا ؛ ناقص دلیل پیش کرنا ؛ مغالطہ کھانا ؛ صغریٰ کے خلاف استنتاج کرنا ۔

Paralysation : (n) (۱) شل ہو جانا یا کردینا ؛ فالج یا لقوے کا اثر۔ (۲) بیکار ؛ بے دست و پا ؛بے بس کر دینا یا ہو جانا۔

Paralyse / -ze : (v) [Fr. 'paralyser.'] (۱) شل کر دینا ؛ فالج کا اثر ہونا ؛ فالج زدہ کرنا ؛ مفلوج کرنا ؛ لقوہ مار جانا (جسم کے کسی حصہ کو) ۔ (۲) (استعارةً) بیکار کر دینا ؛ بے دست و پا کر دینا ؛ نکما کر دینا ؛ حرکت عمل کوختم کر دینا ؛ بے بس کر دینا ؛ معذور کر دینا ۔

Paralysed : (a) (طب) مفلوج ؛ مشلول ؛ معذور ؛ بیکار ۔

Paralysing : (n) فالج زدہ ؛ لقوے کا ہونا ؛ بیکار کر دینا یا ہونا۔

Paralysis : (n) [L.] (۱) شل ؛ خفیف فالج ؛ فلج ؛ رعشہ ؛ لقوہ ؛ لرزہ ؛ جسم کے کسی حصّے کا شل ہو جانا ؛ ایک قسم کی بیماری جو اعصاب کی حرکت کی خرابی کی وجہ سے ہوجاتی ہے ۔ (۲) (استعارةً) مردنی سی ؛ بے بسی کی حالت ؛ معذوری کی حالت ؛اپاہج کی سی حالت ؛ ناتوانی؛ عجز ؛ بے حالی ۔

Bell's paralysis : دیکھو Bell's palsy

Facial paralysis : (طب) لقوہ ؛ چہرہ کا فالج ۔

General paralysis (of the insane) : فالج الدماغ ؛ ایک قسم کی بیماری جو دماغی توازن خراب ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

Infantile paralysis : (طب) فالجُ الاطفال ۔

Local paralysis : (طب) اِسترخا ۔

Paralysis agitans : (n) (طب) رعشہ (مع فالج) ۔

Paralytic : (a) [L. 'paralyticus.'] (۱) مشلول ؛معلوج ؛ فالج زدہ ؛ لقوہ زدہ ؛ لنجا ۔ (۲) بے دست و پا ؛ اپاہج ؛ معذور ؛ نکما ؛ بے اثر ۔ (۳) فالج یا شل کی صفت کا یا اس جیسا ۔

Paralytic : (n) فالج زدہ شخص ؛ فالج سے متاثر آدمی ۔

General paralytic : دماغی فالج سے متاثر شخص ۔

Paralytic dementia : (n) (طب) استر خا؛ فالج ناقص ؛(فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) فالجی فتور ذہنی ۔

Paralytically : (adv.) مشلول یا مفلوج کی طرح ؛ اپاہج کی طرح ؛ بے دست و پائی سے یا نکمے پن سے ۔

Param : (n) [Para + am(ide)] (کیمیا) ایک قسم کی کیمیا ؛ دیکھو Dicyanodianide .

Paramagnetic : (a) پُر مقناطیسی ؛ جو مقناطیس قطبین کی طرف کھینچنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ قطبی مقناطیس؛ (کیمیا) پیرامیگنیٹك ؛ جدید استعمال میں صرف ان اجسام اور عناصر کے لئے محدود ہے جن میں مقناطیسیت کم ہوتی ہے ۔

Paramagnetic cooling : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی خنکانا۔

Paramagnetic fluid : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی سیال ۔

Paramagnetic resonance : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسی گمك ۔

Paramagnetically : (adv.) قطبی مقناطیسی کے طور پر ۔

Paramagnetism : (n) (طبیعیات) پیرا مقناطیسیت : قطبی مقناطیسیت۔

Paramastoid : (a) (تشریح) نز عظم حلمیہ کا : نز قذالی کا (دبستان نما اُبھار کے پاس واقع) پشت سر کی ہڈی کے ابھار کے لئے مستعمل ہے۔

Paramastoid : (n) (تشریح) نیز عظم حلمیہ : نز قذالی۔

Paramastoid process : (n) (تشریح) نز قذالی زائدہ۔

Paramatta : (n) [f. Paramatta in New South Wales.] پیرامٹا : ایک قسم کا ہلکا کپڑا جو نفیس ملائم اون میں سوت یا ریشم ملا کر بنایاجاتا ہے :(سب سے پہلے شہر پیرامٹا (نیو ساؤتھ ویلز) میں تیار ہوا تھا۔

Paramecium : (n) (حیوانیات) لمبوترا القاعیہ؛ پاپوشی حوین۔

Paramenia : (n) (طب)طمث بے قاعدہ۔

Paramere : (n) [L.'Para + meros' .] (۱) حیاتیات) نصف جسم : پارہ جسم۔ (۲) متشاکل جانور کے دورخی حصوں میں کا ہر ایک۔

Parameter : (n) [mod. L. 'parameter , -metrum.] (۱) (ریاضی) مقیاس الخروج : وتر خاص (مکافی) : (شماریات) پیرا میٹر۔ (۲) (ریاضیات) وہ مقدار جو کسی خاص صورت میں متعین ہو مگر دوسری صورتوں میں غیر متعین ہو : مقدار معلوم : تبدیلیہ : امتیازی یا معروف خصوصیت جس کی پیمائش کی جا سکتی ہو یا گنا جا سکتا ہو۔ (۳) (قلمیات) پارامتر (نفسیات) مستقل : (ارضیات) دارۂ خصوصی۔

Arbitrary parameter : (طبیعیات) بے قاعدہ تبدیلیہ۔

Constant parameter : (طبیعیات) مستقل تبدیلیہ۔

Differntial parameter : (طبیعیات) تفریقی تبدیلیہ۔

Estimation of parameter : (شماریات) تخمینہ کاری پیرا میٹر۔

Space parmeter : (شماریات) فضائی تبدیلیہ۔

Variation of parameter : (طبیعیات) تبدیلیہ کی تبدیلی۔

Parameter of distribution : (n) (طبیعیات) تقسیم کا تبدیلیہ۔

Parametral /Parametric/-al : (a) وتر خاص کا : مقدار معلوم کا : پیرامیٹری۔

Coordinate parametric : (طبیعیات) پیرامیٹری سمتی قدریں۔

Non parametric : (شماریات) غیر پیرامیٹری۔

Parametric : (a) نصف جسم کا۔

Parametric curves : (n) (طبیعیات)پیرامیٹری خطوط۔

Parametric equation : (n) (طبیعیات) پیرامیٹری مساوات۔

Parametric representation : (n) (طبیعیات) پیرامیٹری نمائندگی۔

Paramnesia : (n) [L.] (نفسیات) حافظۂ کاذب (طبیعیات) اختلال حافظہ : حالت فراموشی۔

Paramo : (n) [L. 'paramus.'] بلنداور بے شجرسطح مرتفع جوجنوبی امریکا کے گرم حصوں میں پائی جاتی ہے : (ارضیات) (ہسپانوی) پیرامو۔

Paramorph : (n) (کان کنی) کیمیائی ترکیب کے تغیر کے بغیر مادی علامتوں کے ذریعہ بنا ہوا ایک قسم کا بلور : دیگر شکل : کاذب شکل۔

Paramorphic : (a) ایسے ہی طور سے متعلق۔

Paramorphism : (n) (کان کنی) ایسے ہی بلور بننے کا عمل: دیگرشکل۔

Paramount : (a) [AFr. (law Fr.) 'paramont', 'peramont'.] (۱) اقتدار : عہدہ اور مرتبے میں اعلیٰ : افضل : برتر : بہتر : ممتاز : سر فراز۔ (۲) اعلیٰ : سب سے بڑا : سب سے برتر : دائرۂ اختیار سے بڑھا ہوا عہدہ : مرتبہ سے بڑھا ہوا : سب پر فائق۔ (۳)اثر رسوخ : زور : قوت : وغیرہ میں سب سے اعلیٰ : بہتر۔ (۴) خاص : غیر معمولی : انتہائی۔

Lady paramount : (۱)اعلیٰ اقتدار والی عورت۔(۲) وہ عورت جس نے تیر اندازی ٹور نامنٹ میں سب سے زیادہ اسکور بنا یا ہو۔

Lord paramount : مقتدر اعلیٰ : فرماں روا :وہ جسے اقتدار اعلیٰ حاصل ہو۔

Paramount : (n) فرماں روا : مقتدر اعلیٰ۔

Paramount power : (n) (۱) (سیاسیات) شہنشاہ : مہاراجہ دھیراج۔

Paranoid : (n) (فلسفه ، نفسیات) مریض پیرانویا : خبط عظمت میں مبتلا شخص ۔

Paranomia : (n) (نفسیات) جنون تسمیه : جنونی کیفیت جس میں چیزوں کا نام غلط بتائے ۔

Paranormal : (a) (نفسیات) غیر طبیعی : نادر ۔

Paranthelion : (n) (موسم) دگر شمس کاذب ۔

Paranuclea / Paranucleate : (n) (حیوانیات) دگر نواتی : نز نواتی : (نباتیات) ایک چھوٹے ذیلی نوات یا حصه سے متعلق جو غیر معمولی ابتدائی خلیه میں هوتا هے ۔

Paranucleue : (n) (حیوانیات) دگر نوات : نیز نوات : (نباتیات) ایک چھوٹا ذیلی نوات یا حصه جو غیر معمولی ابتدائی خلیه میں هوتا هے :(حیاتیات) مرکزه نما زائیده ۔

Paranut : (n) برا زیلی جوز : برازیلی ناریل : أخروٹ ۔

Paranymph : (n) [Late L. 'paranymphus .'] (یونان قدیم) دولہا کا دوست : شه بالا : (سماجیات) عروس بر : وه شخص جو دولہا کے ساتھ دلہن کو لانے کے لئے جاتا هے : نیز وه دائی جو دلہن کی حفاظت اور دیکھ بھال کے لئے گھر جاتی هے : دلہن دائی ۔ (۲) (مجازاً) شخص یا چیز جو شادی کا پیغام دیتی هے ، یا دوسرے کے لئے وکالت کرتا هے : مشاور : وکیل :حرف زن : مقرر : وه شخص جو دوسرے کی طرف سے بولتا هے : نمائنده : نائب ۔

Paraparesis : (n) فالج پا : (طب) فالج ناقص پا ۔

Parapegm : (n) [L. 'parapegma.'] (یونان قدیم) عام اطلاع یا اعلان کے لئے لگائی هوئی تختی : اعلان شاہی : قانون کے طور پر اشتہار یا اعلان یا سالانه کلینڈر یا نجمی نظر : مذہبی فتویٰ : اصول یا فرمان : فرمان الٰہی : معین تاریخ یا تاریخ ، علوم ، حیات (وغیره کا) : دور عصر ۔

Parapet : (n) [Fr.] (۱) (فوج) دمدمه : مورچه : دھس :جان پناه ۔ (۲) نیچی دیوار جو چھت ، برآمدے وغیره کی منڈیر پر هوتی هے : (تعمیرات) کنگوره :منڈیر : پشته وغیره جو لوگوں کو گرنے سے بچاتا هے۔ (۳) کنگوره کی طرح کی کوئی چیز ۔

Parapet : (v) کنگوره سے محفوظ هونا : منڈیر بنانا۔

Parapet line : (n) منڈیر : دمدمه کے نیچے کی لائن یا سطح خاص کر

(۲) دولت مقتدرۂ عالیه ۔

Paramountcy : (n) (۱) افضلیت : اشرفیت : برتری علم : اعلیٰ اقتدار: سیاسی اقتدار میں برتر هونا : (سیاسیات) بالا دستی ۔ (۲) غیر معمولی هونا : اقتدار اعلیٰ هونے کی حالت ۔

Paramountly : (adv.) (۱) اقتدار اعلیٰ یا فرماں روا کی حیثیت سے ۔ (۲) غیر معمولی هونا : اقتدار اعلیٰ هونے کی حالت ۔

Paramour : (n) [OFr. 'par amour(s)'] (۱) یار : آشنا : وه شخص جس کا کسی عورت سے ناجائز تعلق هو : عاشق : معشوق ۔ (۲) آشنا : وه عورت جس کا کسی مرد سے ناجائز تعلق هو : رفیقه ۔

Paranatellon : (n) (علم النجوم) ایک ایسا تارا جو دوسرے تارے یا تاروں کے ساتھ نکلتا هے ۔

Paranema : (n) (نباتیات) بے زر تار ۔

Paranephric : (a) (حیوانیات) نز جگری ۔

Paranephritis : (n) (طب) ورم غدّه کظرنی ۔

Paranephros : (n) (تشریح) نز جگری غدّه : کُظری غُدّه ۔

Parang : (n) [Malay.] ایک قسم کی خولدار چھری جسے ملائی (جزائر شرق الہند کے باشندے) اوزار کے طور پر استعمال کرتے ہیں : ملایا کا بھاری چھرا (جو غلاف میں رکھا جاتا هے) ۔

Paranoia/ Paranoea : (n) [mod.L.] (۱) خلل دماغ :دماغی پراگندگی : دماغی گڑبڑی (طب) جُنّت : خبط عظمت : مالیخولیا خصوصاً اس قسم کا جس میں انسان اپنے آپ کو بڑا آدمی سمجھتا هے : اپنی بڑائی کا مالیخولیا۔ (۲) (فلسفه ، نفسیات ، تعلیمات) وہم منظم ۔

Paranoic : (a) خلل دماغی کا : وسواسی : خلل دماغی ۔

Paranoic : (n) خلل دماغ : مریض جُنّت ۔

Paranoic dementia : (n) (طب) عتاہت وسواسی ۔

Paranoic projection : (n) (نفسیات) اخراج ذات ۔

Paranoid : (a) جُنّت یا ضبط عضمت کے مشابه ۔

چھت کے اوپر۔

Parapet wall : (n) منڈیر کی طرح استعمال ہونے والی نچلی دیوار۔

Parapeted : (a) دمدمہ دار : منڈیر دار : جس کے آگے نیچی دیوار ہو : پشتہ یا دمدمے سے بچایا ہوا۔

Paraph : (n) [med. L. 'paraphus.'] پاراف : دستخط کی کشش : قلم کی کشش جو دستخط کے آخر میں ہوتی ھے۔ (ابتداء میں جعل سازی سے محفوظ رہنے کے لئے اختیار کی گئی تھی) : کتابت میں حروف و الفاظ کے گردم کے دائرے جو اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ خوبصورت معلوم ہوں :امضائی مختصر۔

Paraph : (v) پاراف لگانا : دستخط کرنا خاص کر مختصر کرنا۔

Paraphasia : (n) [L.] (طب) غلط کلامی : عرض پراگندہ گوئی۔

Paraphemia : (n) (طب) غلط صوتی : غلط آوازی۔

Parapherna : (n) [Late L. 'parapherna .'] (رومی قانون) وہ ساز و سامان جو بیوی اپنے جہیز کے علاوہ شوہر کے یہاں لائے اور جو اس کے قبضے میں رھے۔

Paraphernal :(a) شادی شدہ عورت کے اس سازو سامان سے متعلق جو جہیز کے علاوہ ہوتا ھے : شادی شدہ عورت کے ذاتی سامان کے متعلق۔

Paraphernalia : (n) [med . L. 'paraphernalia'.] (۱) (قانون) شادی شدہ عورت کا ذاتی سامان (جو قانوناً اس کی ذاتی ملك تسلیم کیا جاتا تھا)۔ (۲) ذاتی اسباب یاسامان: وہ چیزیں جو کسی کے ذاتی استعمال میں ہوں۔ (۳) (کسی چیز کے) آلات وغیرہ : سازوسامان : لوازم : پوشاك : لباس۔

Paraphimosis : (n) (مرضیات) اختناق حشفہ۔

Paraphonia : (n) [Gr. 'paraphonia. '] (۱) (یونانی موسیقی) چوتھے اور پانچویں سروں کی ہم آہنگی۔ (۲) (طب) فتور نطق : فتور آواز۔

Paraphragm : (n) [Gr. 'paraphragma.'] (حیوانیات) قشریہ کے اندرونی ڈھانچہ کا ایك بیرونی حصہ۔

Paraphragmal : (a) اس قسم کے جانور کے ڈھانچے کے بیرونی حصوں سے متعلق۔

Paraphrase : (n) [L. 'paraphrasis.'] (۱) (عبارت کا) مطلب :تشریح: توضیح : تاویل : تفسیر۔ (۲) ادبی طرز : ادبی استعمال کا طریقہ۔ (۳) بائبل کی منظوم تفسیر کا کوئی باب (یہ تفسیر اسکا چستان کے کلیسا میں رائج تھی)۔

Paraphrase : (v) [f. prec.] (۱) عبارت کا مفہوم یا مطلب بیان کرنا : تفسیر بیان کرنا : دوسرے الفاظ میں معنی بیان کرنا : توضیح کرنا : تشریح کرنا نیز مجازاً۔ (۲) تاویل کرنا۔

Paraphraser : (n) مفسّر : مترجم : تشریح کرنے والا : توضیح بیان کرنے والا : تاویل کرنے والا۔

Paraphrasia : (n) (طب) بے ربط گوئی : پراگندہ گوئی :نقص تکلم: فتور نطق۔

Paraphrasis : (n) [L.] تفسیر : تاویل : تشریح : توضیح : ترجمہ۔

Paraphrast : (n) [med. L. 'paraphrastes.'] دیکھو Paraphraser

Paraphrastic : (a) [med. L. 'paraphrasticus.'] توضیحی :تشریحی: تفسیر کا یا اس سے متعلق : مطلب کا۔

Paraphrastically : (adv.) توضیح کے طور پر : تشریح کے طور پر : تفسیر کے انداز میں۔

Paraphrenia : (n) (طب) عتاہت ذہنی۔

Paraphronesis : (n) [mod. L.] (طب) وقتی اختلال روانی :ہلکی سراسیمگی : ہلکا ہذیان : عارضی خلل دماغی۔

Paraphronsyne : (n) دیکھو Paraphronesis

Paraphyllum : (n) (نباتیات) بر برگہ : نز برگہ۔

Paraphysis / Paraphyses :(n) (نباتات) بے زر تار۔

Parapineal : (a) (تشریح) نز صنوبریہ۔

Paraplasm : (n) (قلمیات) سیّال مایہ : شکل مایہ : (حیاتیات) خلیائی مادے کے سیال حصے کا دیا ہوا کھفر کا نام۔

Paraplasmic/ Paraplastic : (a) شکل مایہ کا یا اس سے متعلق۔

Paraplegia : (n) [mod. L.] پیروں کا اور پورے یا آدھے دھڑ کا فالج : نیچے کے دھڑ کا فالج : فالج پا : ادھر نگ : نصف بدن کا فالج۔

Paraplegic : (a) (مرضیات) ادھرنگ کا : نصف بدن کے فالج سے متعلق ؛ فالج پا کا یا اس سے متعلق؛ اس قسم کے فالج کی خصوصیت کا حامل ؛ جس کے نیچے کے دھڑ پر فالج ہو ۔

Paraplegic : (n) نیچے کے دھڑ کا فالج زدہ شخص ؛ فالج پا شخص ۔

Parapodial : (a) زائدہ پا سے متعلق ؛ زائدہ پا کیڑے کی صفت کا ۔

Parapodium : (n) (حیوانیات) زائد پا ؛ نیز پا ؛ ایک قسم کے کیڑے کا وہ جوڑدار نچلے عضوجس کے ذریعہ وہ چلتے ہیں یا سانس لیتے یا محسوس کرتے ہیں ۔

Parapophysis : (n) (حیوانیات) پیش نامیہ ؛ شکمی نامیہ ۔

Parapraxia/Parapraxis : (n) [L.] (حیوانیات) فتور کامل؛ فتور عمل: لغزش ؛ سہو ؛ خطا ۔

Parapsis : (n) [L.] (طب) فتور لمس ؛ فتور مس ۔

Parapsychic : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) ماروائی نفس ۔

Parapsychical /Parapsychic : (a) ارواحیت کا ؛ ماروائی نفسیات کا یا اس سے متعلق ۔

Parapsychism : (n) (ما بعد النفسیات) پُر روحیت ۔

Parapsychological : (a) دیکھو Parapsychical

Parapsychologist : (n) ماہر ارواحیت ؛ ماروائی نفسیات کا ماہر ۔

Parapsychology : (n) (مابعد النفسیات) ارواحیت ؛ (نفسیات) ماروائی نفسیات ؛ نفسیات کاذب ؛ تحقیقات روح ۔

Parapsychosis : (n) (طب) غلط دماغی ۔

Parapterum : (n) [L.] (حیوانیات) پَز جناح ؛ گلوئی حشرہ کے پہلو میں ایک سخت ٹکڑا (قطعہ) ۔

Paraquat : (n) کوئی نمک ۔

Paraquet : (n) Parakeet کا متبادل ۔

Paraquito : (n) (حیوانیات) ٹوئیاں ؛ چھوٹا توتا ؛ درّہ ۔

Paractalia : (n) [Fr.] (ارضیات) نزد شمالیہ ؛ شمالی معتدلہ (خطۂ آب) ۔

Paractalian : (a) (ارضیات) شمالی معتدلہ (خطۂ آب) سے متعلق ۔

Pararthria : (a) (طب) فتور نطق ؛ لکنت زبان ۔

Parasang : (n) [L. 'parasanga.'] لمبائی کی پیمائش جو ۳ سے ۳٫۵۰ میل کے درمیان ہوتی ہے ؛ فرسنگ ؛ نیز مجازاً ۔

Parascene : (n) (یونان قدیم) قدیم تھیٹر میں اسٹیج کے دونوں طرف کے کمرے جس میں اداکار آرام کرتے تھے ۔

Parasceve : (n) [L.] (یہودی) یوم السبت کی تیاری کا دن ؛یہودی یوم السبت کاموقع خصوصاً "گڈ فرائڈے" ۔

Paraselene : (n) [mod. L.] (سماجیات) قمر کاذب ؛ چاند کے اوپر ایک چمکیلا داغ ؛ ماہ کاذب ؛ وہ روشن داغ جو چاند کے ہالے میں نظر آتا ہے ؛ (ارضیات) مہتاب کاذب ۔

Paraselenic : (a) قمر کاذب کا یا اس سے متعلق ؛ اس روشن داغ کے متعلق جو چاند کے ہالے میں نظر آتا ہے ۔

Parasital : (a) (۱) طفیلی؛ مفت خوری ؛ کاسہ لیسی ؛ خوشامدانہ ؛ چاپلوسی کا ۔ (۲) گیاہ طفیلی کا یا اس کے متعلق ؛ انگلی ؛برنباتاتی؛ جانور طفیلی کا ۔ (۳) (حیاتیات) کچھ ایسی ذیلی چیز کے لئے مستعمل ہے جو دوسرے کے سہارے بڑھتی ہے ۔ (۴)(لسانیات) ایسے حرف سے متعلق جس کا تلفظ دوسرے حرف کے تابع ہو ۔

Parasite : (n) [L. ' parasitus'] (۱) کاسۂ لیس ؛ طفیلی ؛ مفت خور ؛ لیمو نچوڑ ؛ سور چاں ۔ (۲) (قدیم روما) قربانی کے بعد کے کھانے یا کسی آفیسر کے اعزاز میں دی ہوئی دعوت میں کسی کی شرکت ۔ (۳)(نباتیات) (طفیلی پودا ؛ طفیلی کیڑا (جو دوسرے پودے یا کیڑے سے غذا حاصل کرتا ہو) ؛ گیاہ طفیلی ۔ (۴) (بیجا استعمال) بیل وغیرہ ؛ وہ پودا جو کسی اور پودے پر یا دیوار پر چڑھ جاتا ہے ۔(۵) (مجازاً) طفیلی جانور کی صفت کا شخص۔ (۶) (لسانیات) ایسا تلفظ جو کسی دوسرے لفظ سے مل کر نکلے ۔ (۷)(معدنیات) ذیلی معدن ؛ ایسا معدن جو دوسرے معدن سے مل کر ایک علاحدہ معدن بناتا ہو؛ خصوصاً پاراسائٹ کی ایک قسم ۔ (۸)(ارضیات) طفیلیہ ۔

Parasite-dipthong : (n) دوہرا حرف علت جو طفیلی الفاظ سے مشتق ہو ۔

Parasitic : (a) [L. 'Parasiticus' .] دیکھو Parasital

Parasitic adaptation : (n) (حیوانیات) طفیلی تطابق ؛ طفیلانہ توافق ۔

Parasitic specialization : (n) (حیوانیات) طفیلیا تخصیص۔

Parasitic worm : (n) (حیوانیات) طفیلی کیڑا۔

Parasitical : (a) دیکھو Parasital

Parasitical plant : (n) (حیوانیات)(نباتیات) انگل پودا؛نبات طفیلی۔

Parasitically : (adv.) طفیلی طور پر :مفت خوری کے طور پر۔

Parasiticalness : (n) کاسۂ لیسی طفیلیت۔

Parasiticide : (n) (طب) طفیلی کُش (دوا) : وہ چیز جو طفیلی کیڑوں یا پودوں کو ہلاک کرتی ھے ۔

Parasitism : (n) (۱) چاپلوسی :خوشامد : طفیلیت :(حیوانیات)۔ (۲)(کسی جانور یا پودے) کے طفیلی ھونے کی حالت : کاسۂ لیسی :طفیلانہ خصوصیت یا عادت : (حیاتیات) انگلی۔ (۲) (مرضیات) طفیلی امراض کی کثرت ھونا :اس سے پیدا شدہ مرض :طفیلیائی مرض ۔

Parasitize : (v) طفیلیوں سے بھر دینا : طفیلی کی کثرت ھونا۔

Parasitoid : (a) (حیوانیات) طفیلی نما۔

Parasitological : (a) طفیلیات کا یا اس سے متعلق : علم انگلاں کا: طفیلی شناسی کا ۔

Parasitologist : (n) ماہر طفیلیات : طفیلی شناسی کا ماہر۔

Parasitology : (n) طفیلی کیڑوں یا پودوں کا علم : (حیاتیات) طفیلیات : علم انگلاں : طفیلی شناسی۔

Parasitosis : (n) (حیاتیات) طفیلی امتلا ۔

Parasol : (n) [Fr. 'parasol.'] زنانہ چھتری : چھوٹی چھتری : دھوپ سے بچنے کے لئے ایک چھوٹی ہلکی زنانہ چھتری ۔

Parasol : (v) دکان کے آگے کا سائبان (کرمچ وغیرہ کا) دھوپ سے بچنے کے لئے زنانہ چھتری لگانا۔

Parasol ant : (n) پتیوں کو کترنے والی ایک قسم کی چیونٹی۔

Parasol pine : (n) جنوبی اطالیہ کا صنوبر جس کی اوپر کی شاخیں چھتری کی طرح چھائی ہوتی ہیں۔

Parasolette : (n) چھوٹی زنانہ چھتری ۔

Parasphenoid : (a) (حیوانیات ، تشریح) استخوان شب پرہ سے متعلق : نز وتدی کا : عظم نز وتدی سے متعلق ۔

Parasphenoid : (n) (حیوانیات ، تشریح) استخوان شب پرہ :نز وتدی: عظم نز وتدی۔

Parasternal : (a) سینے کی ہڈی کے قریب کا یا اس سے متعلق۔

Parasternal line : (n) ہنسلی کی ہڈی کی ایک تہائی اندر سے شروع ہونے والی ایک لکیر جو سینے کی ہڈی کی سطح سے نیچے تک رہتی ھے۔

Parastichy : (n) (نباتیات) ثانوی لچھا ۔

Parastipes : (n) (حیوانیات) زیر خود : زیر فانوس۔

Parasymbiosis : (n) (نباتیات) نقلی ھم زیستی : کاذب ہم زیستی۔

Parasympathetic : (a) (حیوانیات) نز مشار کی عصبی نظام سے متعلق۔

Parasympathetic / -system /-nervous system : (n) (حیوانیات) نز مشار کی عصبی نظام۔

Parasynapsis : (n) (لسانیات) کسی لفظ کی غلط فہمی جس سے لفظ بدل جاتا ھو یا مسخ ھو جاتا ھو۔

Parasynaptic : (a) ایسے ہی لفظ کی غلط فہمی سے متعلق۔

Parasynthesis : (a) لفظ کا کسی مرکب سے مشتق ھو : (قواعد) (قواعد) اشتقاق مرکب : مرکب مشتقات۔

Parasynthetic : (a) مرکب سے مشتق کیا ھوا ۔

Parasynthetic : (n) مرکب سے مشتق : ترکیب اشتقاق۔

Paratactic : (a) بے حرف ربط کے ملا ھوا : تصریفی طور پر ملا ھو : حذف روابط کا یا اس سے متعلق۔

Paratactically : (adv.) تصریفی طور پر : حذف روابط کے طور پر۔

Parataxis : (n) (۱) کئی تقرروں کا بغیر حرف ربط کے ساتھ آنا (قواعد) حذف روابط ۔ (۲) Hypotaxis کی ضد ۔

Parathermic : (a) غیر مرئی نارنگی یا سرخ رنگ کی شعاؤں سے متعلق جس کا نام Sir. J. Herschal نے دیا تھا جسے تھرمك یا گرم شعائیں کہا جاتا ھے : تھرمك شعائیں ۔

Parathesis : (n) [mod. L.] (۱) دو لفظ کا معمولی مرکب (بغیر تبدیلی کے) ۔ Synrhsis اور Parasynthesis کا مخالف (یونانی کلیسا) ۔ (۲) تعریفی عبارت : دعا کے موعظه آمیز ۔

Parathetic : (a) (۱) دو لفظ کا معمولی مرکب سے متعلق ۔ (۲) تعریفی عبارت کا یا اس سے متعلق ۔

Parathyroid : (n) (تشریح) نز درقیه (غدّه) : عدد میں سے ایك جو ذاتی غدود کے قریب هوتا هے :(فلسفه ، نفسیات) درواِئے ورقی غدود ۔

Paratonic : (a) (نباتیات) بیرونی محرّکی کا ۔

Paratriptic : (a) جسمانی یافت کی زیادتی کو پورے طور پر روکنے سے متعلق ۔

Paratriptic : (n) جسمانی یافت کی زیادتی کا کاملاً امتناع ۔

Paratroop : (n) (فوج) چھتر سپاه : چھاتا فوج : چھاتا بردار فوج ۔

Paratrooper : (n) (۱) چھاتا فوج کا ایك رکن ۔ (۲) ملٹری جو پیرا شوٹ کی ذریعه اترے ۔

Paratrophy : (n) (حیوانیات) غیر طبیعی تغذیه ۔

Paratyphoid : (n) نقلی ٹائیفائیڈ : نقلی تپ میعادی (کوئی بخار جو تپ میعادی سے اس قدر مشابه هوکه بغیر جراثیم خونی کے معائنے کے فرق نه معلوم هو) : (طب) خفیف مُحرقه تپ : شبه مُحرقه ۔

Paravane : (n) سرنگ کانٹے کا آله (ایك آله جو دریا کے اندر دور تك لٹکا کر کھینچا جاتا هے اور سرنگوں کی زنجیر میں کاٹ دیتا هے) :(فوج) چھتر پره : پیراوین ۔

Paraxial : (a) (تشریح ، حیوانیات) جسم کے محور کے قریب کا یا دونوں طرف کا : (فوج) متوازی المحور ۔

Paraxial focus : (n) (بصریات) ماسکه متوازی المحور ۔

Parazoa : (n) (حیوانیات) حُونیات الفنجیه : ایك قسم کا ادنیٰ درجے کا آبی جانور ۔

Parazoan : (a) اس قسم کے ادنیٰ درجے کی آبی جانور سے متعلق ۔

Parazoan : (n) حونیات الفنجیه کی نوع ۔

Parbleu : (n) [Fr.] تکلفی قسم ۔

Parboil : (v) [Late L. 'pareboillire.'] (۱) تھوڑا کھولانا : تھوڑا گرم کرنا : نصف گرم کرنا : نیم جوش کرنا ۔ (۲) مجازاً (خصوصاً حوالے میں) زیاده گرم کرنا :قدرے ابالنا : بهت زیاده جوش دلا دینا : بهت بھڑکا دینا ۔

Parbluckle : (n) [Origin unkn.] (۱) ڈول پھندا ۔ (۲) وه رسی جسے بیچ میں کسی چیز سے باندھ دیتے ہیں اور دونوں سروں کو گول پہیوں اور اسی شکل کی چیزوں میں لپیٹ کر انہیں نیچے لٹکاتے یا اوپر کھینچتے ہیں ۔

Parbuckle : (v) ڈول پھندے سے نیچے لٹکانا یا اوپر کھینچنا ۔

Parcae : (n) [L.] (رومن دیومالا) رومن کی (تین) قسمت کی دیویاں ۔

Parcel : (n) [Fr. 'parcella.'] (۱) قدیم حصه : ٹکڑا : جز : کسی چیز کا حصه یا جز ۔ (۲) قطعهٔ زمین : قطعه آراضی : قطعهٔ جاگیر :خصوصاً علاقے کا حصه ۔ (۳) پارسل : چیزوں کی کپڑے یا کاغذ وغیره میں بندھی هوئی گٹھری : بھنگی : کسی چیز کی تعداد یا چیزوں کا نمبر (خصوصاً مال) جو گٹھری میں لپیٹا هو ۔ (۴) (تجارت) مال کی ایك کھیپ : ایك چالان خصوصاً تھوك بازار کی ایك کھیپ ۔ (۵) جزئیات مخصوص : رقم ۔ (۶) چھوٹی پارٹی یا جماعت : کمپنی مجموعه، اجتماع(آدمی، جانور یا چیز کا) : جماعت : علاحدگی : فوج یا بیڑے کا وه حصه جو علاحده مہم پر بھیجا جائے ۔ (۷) (قانون) (جمع) انتقال جائداد یا تحویل وغیره کا حصّه جو حکم نافذ کا پابند هے اور جس سے جائداد کی صراحت معلوم هوتی هے ۔

Bill of parcel : پارسل کا ادائیگی کا بل ۔

Of a parcel with : خوش آهنگ کے ساتھ : هم آهنگ کے ساتھ ۔

Part and parcel : اهم جزو ۔

Parcel : (v) (۱) حصه بخرے کرنا : حصوں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) (جهازرانی) (اسی پر) کرمچ کی دھجیاں لپیٹنا ۔ (۳) دراز بند کرنا (کرمچ کے ٹکڑوں اور رال سے) : لپیٹنا (رسی) وغیره ۔ (۴) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ۔ (۵) ٹکڑوں یا حصوں میں بانٹنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۶) پارسل کرنا ۔

Parcel : (adv. & a) کسی قدر : جزوی طور پر : حصے میں ۔

Parcel gilt : (a) جس کے ایك حصّے میں چاندی سونے کا ملمع هو (خصوصاً پیاله وغیره) جس میں اندرکی طرف

سونے کا ملمع ہو ۔

Parcel gilt : (n) ملمع کیا ہوا برتن : نیز مجازاً ۔

Parcel delivery : (n) پارسل سپردگی کا عمل یا پارسل سپردگی کی ایجنسی (نیز توصیفی معنوں میں) ۔

Parcel paper : (n) مضبوط کاغذ عموماً بھورے رنگ کا کاغذ جو کسی سائز کا پارسل باندھنے کے کام آتا ھے ۔

Parcel post : (n) پارسل پوسٹ : ڈاکخانے کی وہ شاخ جس سے پارسل بھیجے جاتے ہیں ۔

Parceled / Parcelled : (a) ٹکڑے کیا ہوا : حصّے کیا ہوا : پارسل کیا ہوا ۔

Parcelling / Parceling : (n) (۱) ٹکڑے کرنے کا عمل : حصہ کرنے کا عمل : پارسل کرنے کا عمل ۔ (۲) (جہاز رانی) تار کول لگی کرمچ کی دھجیاں (جو جہاز کی رسیوں پر لپیٹی جاتی ہیں) ۔

Parcenary : (n) [OFr. 'parconcrie.'] (قانون) مشترکہ وراثت : شریک ارث : ہم ارثی : ہم میراث ۔

Parcener : (n) [OFr. 'parcoiner.'] (قانون شریک ارث : شریک وراثت ۔

Parch : (v) [Origin unkn.] (۱) سخت گرمی میں رکھ کر خشک کر دینا ۔ (۲) (دانا ، مٹر وغیرہ کو) تھوڑا سا بھوننا : نیم بریاں کرنا ۔ (۳) (گرمی کا آدمی کو) جھلس دینا : (پیاس کا) حلق میں کانٹے ڈال دینا : خشک کر دینا : گرم کرنا یا سکھانا ۔ (۴) بھوننا : سکھا دینا : مرجھا دینا : ٹھنڈ سے پژ مردہ ہوجانا ۔ (۵) (پیاس سے) حلق میں کانٹے پڑ جانا : خشک ہو جانا ۔ (۶) بہت گرم ہو جانا : گرمی سے مرجھا جانا ۔

Parched : (n) مرجھایا ہوا : جھلسایا ہوا : نیم بریاں : گرمی سے خشک کی ہوا : سیاہ سوختہ : آفتاب سوختہ ۔

Parchedly : (adv.) نیم بریاں طور پر : گرمی سے خشک ہو کر : مرجھائے ہوئے طور پر ۔

Parchedness : (n) نیم بریانی : نیم سوختگی : جھلس ۔

Parching : (n) مرجھانے کا عمل : خشک ہونے کا عمل ۔

Parching : (a) مرجھایا ہوا : جو مرجھا جائے یا زیادہ خشک ہو جانے والا : جھلسا ہوا : جو کہ جھلس جائے یا گرم ہو جائے : بریاں کنندہ : سوختہ : خشک شدہ ۔

Parchment : (n) [Fr. 'parchemin.'] (۱) چرمی کاغذ : جھلّی (جو لکھنے کے کام آئے) بھیڑ بکری کا چمڑہ جو لکھنے کے کام آئے ۔ (۲) چرمی کاغذ یا جھلّی پر لکھا ہوا مسودہ یا مخطوطہ ۔ (۳) جھلّی کی طرح کا چھلکا خصوصاً کافی بن کا چھلکا یا بھوسی ۔ (۴) (کاغذ) جھلّی چرمیہ ۔ (۵) مٹیالا زردی مائل رنگ ۔

Vegetable parchment : چرمی کاغذ ۔

Parchment coffee : (n) کافی کا بیج جو ابھی چھلکے ہی میں ہو : کافی کا خشک بیج ۔

Parchment paper : (n) (طبیعیات) چرمی کاغذ ۔

Parchment skin : (n) جھلّی چرمیہ کا ایک ٹکڑا : چرمی کاغذ کا ٹکڑا ، نیز مجازاً : نیز ایک جلدی بیماری جو چرم کے مانند ہوتی ھے ۔

Parchmenty : (a) چرمی کاغذ کا : مانند چرمی کاغذ ۔

Parcidentate : (a) [L.] کم دانت والا : کم دندان ۔

Parcimony : (n) منطق جز رسی ۔

Parcity : (n) [L. 'parsitas.'] کمی : قلت : امساک : کفایت شعاری ۔

Parclose / Perclose : (n) [OFr. 'parclos.'] اوٹ : آڑیا کٹہرے وغیرہ سے کسی عمارت میں جگہ کی روک : اب صرف کسی کلیسا میں پردہ : اوٹ یا کٹہرے سے قربان گاہ کی رکاوٹ یا مرکزی گرجا کی علاحدگی وغیرہ (عام گرجا سے) ۔

Parclose / Perclose : (v) [OFr. 'parciore'] گھیرنا : بند کرنا : اوٹ وغیرہ سے علاحدہ کرنا ۔

Pard : (n) [L. 'pardus.'] (قدیم) چیتا : تیندوا : یُوز ۔

Pard : (n) (عامیانہ) (خصوصاً امریکا) شریک : ساتھی : ساجھی : رفیق : یار ۔

Pard : (a) Pardie کا متبادل ۔

Pardie/Perdie : (adv.) [L .'perdeum.'] : By God قسم کی ایک شکل (اقرار واثق کے طور پر) یقیناً : واقعی ۔

Pardon : (n) [Ofr. 'pardun.'] بغیر سزا کے لغزش کی معافی ۔ (۱) معافی (خطا یا جرم سے) بخشش : آمرزش ۔ (۲) (کلیسا) عفو گناہ : (دینیات) مغفرت : عفو : کلیسائی رسم کے بعد سزا کی معافی (پادری کے

ہاتھ سے)۔(۳) وہ جشن جس میں گناہ گار کو معافی سزا (Indulgence) عطا کی جاتی : جشن عفو گناہ۔ (۴) (قانون) سزا معاف کرنا یا ہونا : معافی۔ قانونی سزا کی معافی (شرائط کے ساتھ یا بغیر شرائط کے)۔ (۵) فرمان عفو : حکم بخشش : معافی کی تحریر یا دستاویز۔ (۶) غلطی کی معافی : مہذب معافی یا کلیسائی رسم کے بعد قصور کی معافی : معافی : معذرت: خدمت سے معافی چاہنے کی استدعا : وجہ معافی : الزام سے رہائی : عفو تقصیر۔

General pardon : عام معافی (سب چیزوں کی یا سب مجرموں کی)۔

I beg your pardon : (۱) خطا معاف : قصور معاف۔ (۲) معاف فرمائیے میں نے سنا نہیں۔ (۳) میں نے آپ کی بات کو سمجھا نہیں : اکثر صرف Pardon کہا جاتا ہے۔

Pardon : (v) [med. L. 'pardonare.'] (۱) معاف کرنا :درگذر کرنا: بخش دینا : معذور سمجھنا : معذور رکھنا : معذوریت قبول کرنا۔ (۲) غلطی معاف کرنا : قصور معاف کرنا۔

Pardonable : (a) [Fr. 'pardonnable.'] قابل معافی : لائق درگذر : قابل عفو :قابل درگذر : وہ چیز جو درگذر کر دی جائے: قصور معاف کرنے کے لائق : قابل بخشش : آمرزش پذیر۔

Pardonableness : (n) قابل در گذر ہونا : قابل معاف : قابل بخشائش۔

Pardonably : (adv.) قابل عفو طور پر : قابل معافی سمجھ کر۔

Pardonee : (n) معافی پانے والا : درگذر ہونے والا : عفو تقصیر پانے والا: معاف کیا جانے والا۔

Pardoner : (n) (اب صرف تاریخ میں) وہ شخص جسے کلیسا کی طرف سے لوگوں سے روپیہ لے کر ان کے گناہ معاف کر دینے کی اجازت ملی ہو۔

Pardoner : (n) معاف کرنے والا : درگذر کرنے والا :بخشش کرنے والا: غلطی کو نظر انداز کرنے والا۔

Pare : (v) [L.'parare.'] (۱) تراش کر برابر یا درست کرنا : تراشنا : چھیلنا :کسی چیز کے غیر متناسب حصے کو یا کھردرے پن کو برابر کرنا۔ (۲) (پھل وغیرہ کو) چھیلنا : چھلکا اتارنا۔(۳) گھاس یا دوسری چیز میں جو زمین کی سطح کو چھپائے ہوئے ہو اس کو چھیلنا : کاٹ کر صاف کرنا۔ (۴) کم کرنا(چیزکو) : رفتہ رفتہ کم کرنا۔(۵)مونڈ ڈالنا :کاٹ (لینا) : تراشنا: تراش دینا : سائز یا رقم میں کمی کرنا یا گھٹانا۔(۶) (مجازاً) کاٹ دینا : ہٹا دینا : صاف کر دینا : جڑ سے اکھاڑ دینا۔(۷) کاٹ کر بنانا۔

To pare and burn : زمین کی سطح کو مع گھاس وغیرہ کے دو یا تین انچ تک کاٹنا اور اسے جلا دینا تاکہ راکھ کھاد کے طور پر استعمال ہو۔

To pare nail : ناخن تراشنا۔

To pare nail to the quick : زندہ ناخن وغیرہ تراش دینا: جلد کے بالائی حصے کو کاٹنا۔

Pare : (n) خاص کر بول چال میں pair کا متبادل۔

Pared : (a) (شاعری) تراشا ہوا : چھیلا ہوا۔

Paregoric : (a) [Late L .'paregoricus.'] مسکن درد :درد رُبا (دوا)۔

Paregoric : (n) شربت مُسکن (افیون کو الکحل میں حل کر کے اس میں کافور ، سونف اور بنزوئیک ایسڈ ملا کر بناتے ہیں) : (طب) درد رُبا دوا : مُسکن درد : درد کوکم کرنے والی دوا۔

Paregoric elixir : (n) (طب) اکسیر درد رُبا : کافوری افیون۔

Pareira : (n) [Pg. 'parreira.'] (۱) (طب) ایک دوا جو ایک برازیلی بوٹی کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے اور پیشاب کی بیماریوں کے لئے مفید ہے : پریرا : (نباتیات) دیواری بیل : شجرہ العضروف۔

Parelectronomic : (a) عضلات کی برقی رو کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی حالت سے متعلق۔

Parelectronomy : (n) (عضویات) عضلات کی برقی رو کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی حالت۔

Parellate : (n) پیریلک ایسڈ کا نمک۔

Parellic : (a) [med. L. 'paratella.'] قشر نما کائی سے حاصل کیا ہوا پیریلک ایسڈ $(Ca\ H_6\ O_4)$ پریلین (Parellin) بھی کہا جاتا ہے۔

Parembole : (n) (علم البلد) ایک قسم کا جملۂ معترضہ۔

Paremptosis : (n) دیکھو Parembole

Paren : جملۂ معترضہ : وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ہو اور بقیہ عبارت سے نحوی ربط نہ رکھتا ہو۔

Parenchyma / Parenchym/-me : (n) [Gr. 'parenchyma .'] (۱) (تشریح و حیوانیات) غدود اعضائی جسم کا اصلی مادہ جو گوشت اور نسوں کے علاوہ ان کی ساخت کے لئے ضروری ھے ۔ (۲) مغز عضو ؛جرم اصلی ؛ مغز غدہ ۔(۳)(نباتیات) یافت اصلی ؛خلیوں کا اسفنج نما مجموعہ جو پتوں اورگودے وغیرہ میں ھوتا ھے۔ (۴)(قلمیات) درونی مایہ ؛ (حیوانیات) حشرات اسفنجیہ ؛کینچوے ۔

Parenchymal : (a) (۱)غدودی اور اعضائے جسم کے اصلی مادہ سے متعلق ؛ مغزغدہ سے متعلق ۔ (۲) اسفنجوی ؛ اسفنجائی ۔

Parenchymatic : (a) دیکھو Parenchymal

Parenchymatous : (a) (۱)دیکھو Parenchymal ۔ (۲) اسفنجیہ دار ؛ اسفنجیائی ۔

Parent : (n) [L .'parens, -ent' .] (۱) وہ شخص جس نے لڑکا پیدا کیا ھو یا جس کو بچہ پیدا ھوا ھو ؛ (جمع) والدین ؛ والد ؛ والدہ ؛ ماں باپ ۔ (۲) مورث؛ بزرگ ؛ جدّ خصوصاً ہمارے مورث اعلیٰ آدم حوا۔ (۳) گارجین ؛ محافظ ؛ وہ شخص جو باپ کی طرح ھو ؛نگراں ؛ دیکھ بھال کرنے والا ۔ (۴) مورث (وہ درخت جس سے اور درخت یا وہ جانور جس سے اور جانور پیدا ھوئے ھوں) ۔ (۵) (مجازاً) منبع یا سرچشمہ ؛ جڑ(برائی وغیرہ) ۔ (۶)(حیوانیات) پُرکھا ؛ مورث ۔

Our first parents : ہمارے اصلی والدین (آدم وحوا)۔

Spiritual parent : روحانی باپ ؛ پیشوا ۔

Parent acid : (n) (کیمیا) بنیادی تیزاب ۔

Parent cell : (n) (نباتیات) خلیہ جس سے دوسرے خلیہ نکلے ھوں ۔

Parent-in-law : (n) سسر ؛ خسر یا ساس ؛ خوشدامن ؛ بیوی کے باپ ماں یا شوہر کے باپ ماں ۔

Parent kernel : (n) بار آور انڈے کے خلیے کا بیج ۔

Parent lava : (n) (ارضیات) سر چشمی لاوا ۔

Parent magma : (n) (ارضیات) سر چشمی میگما ۔

Parent metal : (n) دیکھو Base Metal

Parent rock : (n) (ارضیات) سر چشمی چٹان ۔

Parent-teacher association : (n) تنظیم ؛ جس کا مقصد اسکولی طلبہ کے والدین اور اساتذہ کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانا ھے ۔

Parentage : (n) [Fr. 'parentage .'] نسب ؛ سلسلۂ نسب ؛ اصل ؛نسل؛ (قانون) ولدیت ؛ نیز مجازاً ۔

Parental : (a) [L. 'parentalis.'] (۱)پدری ؛ مادری ؛ آبائی ؛ خاندانی ؛ باپ یا ماں سے متعلق ؛(سماجیات) والدینی ؛ مثل باپ یا ماں ۔ (۲) (مجازاً) مبنع کا ؛ سر چشمہ سے متعلق ؛ (حیوانیات) مورثی ۔

Parental care : (n) (حیوانیات) مورثی نگہداشت ۔

Parental generation : (n) (حیوانیات) پُر کھانسل ۔

Parentality : (n) ولدیت ؛ ابویت ؛ سر پرستی ؛ مقامِ والدین ؛ پدری ؛ والدینی ۔

Parentally : (adv.) ماں باپ کے طور پر ؛ ماں یا باپ کی حیثیت سے ؛ ماں باپ کی طرف سے خاندانی طور پر ۔

Parenteral : (a) (طب) غیر امعائی ۔

Parenthesis : (n) [Late L. 'parenthesis.'] (۱) جملۂ معترضہ ؛ وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ھو اور بقیہ عبارت پر نحوی ربط نہ رکھتا ھو ۔ (۲) وقفہ ؛ فصل ؛ درمیانی عرصہ ؛ سکون ؛ درمیانی زمانہ ؛ حرف علت پر ختم ھونے والے لفظ اور حرف علت سے شروع ھونے والے لفظ کا درمیانی وقفہ ؛ سکّہ ۔ (۳)قوسین ؛ جملۂ معترضہ کا نشان( ) ؛ ہلالین ۔

Parenthesize : (v) (۱) جملۂ مسترضہ کے طور پر داخل کرنا یا لکھنا۔ (۲)(لفظ یا جملے کو) قوسین کے اندر لکھنا۔

Parenthetic/-al : (a) (۱) جملۂ معترضہ کا۔ (۲) جملۂ معترضہ کی حیثیت کا ۔ (۲) (استعارتاً) جو بیچ میں داخل کر دیا جائے ؛ جو بات کاٹ کر کہا جائے ۔

Parenthetically : (adv.) جملۂ معترضہ کے طو ر پر ۔

Parenthood : (n) پدری ؛ والدینی ؛ مقام والدین ؛ باپ کی حالت یا مقام ۔

Parentless : (a) بغیر ماں باپ کا ؛ یتیم پسر یا دختر سے متعلق ؛ بغیر منبع یا سر چشمہ کے ۔

Parents : (n) Parent کی جمع ۔

Parentship : (n) دیکھو Parent hood

Parepididymis : (n) (تشریح) برخایہ یا بربخ کے قریب پائی جانے والی بے قاعدہ قنات صغیر۔

Parer : (n) (۱) (اوزار) ناخن گیر : نہیر نا۔ (۲) ناخن تراشنے والا : ناخن گیر شخص ۔

Parergal : (a) ضمنی : ذیلی : ثانوی : تکملے کا : ضمیے کا ۔

Parergon : (n) [L.] اضافی کام : معمولی دھندا : معمولی پیشہ ۔

Paresis : (n) [Gr. 'paresis.'] (طب) استرخا : فالج ناقص : فلج : وہ فالج جس میں اعصابی حرکت ماؤف ہو جاتی ہے مگر حس باقی رہتی ہے ۔

Paresthesia / Paresthesis : (n) (مابعد الطبیعیات) لمس کا ذب : غیر طبیعی حس : (طب) لمسی راہیت ۔

Paretic : (a) استرخی کا : جسے استرخا ہو : فالج ناقص سے متاثر ۔

Pargana/ Pergunnah : (n) [Hindi] (ہندوستان) وہ شہر یا علاقہ جو سب ڈویژن کے تحت ہو : (ارضیات) پرگنہ ۔

Pargasite : (n) [G. 'pargasit.'] (معدنیات) سبز یا سبزی مائل ہارن بلنڈ (Horn blende) کی ایک قسم ۔

Parge : (v) پلاسٹر کاری کرنا : چونا گردانی کرنا (دیوار وغیرہ) : دیوار وغیرہ کو آرائشی کام سے سجانا : آرائش کرنا۔

Parget : (n) [Late ME.] (۱) چونا گردانی : زیور یا اندرونی چھت پر پلاسٹر کاری : چونے کی استرکاری : گچ کاری ۔ (۲) خصوصاً پلاسٹر میں آرائشی کام : دیوار کی آرائش ۔

Parget : (v) [OFr. 'pargetter, parjecter.'] دیکھو Parge

Pargeter : (n) پلاسٹر کرنے والا : پلاسٹر کار : سفیدی پھیرنے والا ۔

Pargeting : (n) پلاسٹر کرنے کا عمل : پلاسٹر کاری : چونا گردانی ۔

Parfait : (n) [Fr. 'parfail'] بہت زیادہ برف دی ہوئی ملائی اور انڈے کی پڈنگ : نیز آئس کریم ، میوہ ، شربت ، ملائی وغیرہ جو تہ بہ تہ رکھ کر بڑے گلاس میں پیش کیا جاتا ہے ۔

Parheliacal / Parhelic : (a) آفتاب کا ذب کا یا اس سے متعلق۔

Parhelion / Muck sun : (n) [L. ' parelion.'] (۱) (جغرافیہ ، ارضیات) آفتاب کاذب ۔ (۲) (موسمیات) شمس کاذب : آفتاب کے ہالے (سر چشمۂ شمس) میں سب سے زیادہ روشن مقام۔

Pariah : (n) [Tami 'paraiyar.'] (۱) جنوبی ہند کی ایک نیچ ذات ۔ (۲) ہندوستانی نیچ قوم کا آدمی : اچھوت ۔ (۳) ادنیٰ ذات کا یا ادنیٰ طبقے کا شخص ۔ (۴) (مجازاً) وہ شخص جو ذات باہر ہو گیا ہو : سماج سے نکالا ہوا آدمی : برادری سے خارج شخص ۔ (۵) ہندوستان کا زرد رنگ کا ادنیٰ ذات کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہے : (نیز) توصیفی معنوں میں ۔

Pariah-dog : (n) ادنیٰ درجے کا مارا مارا پھرنے والا کتا : ہندوستان کا زرد رنگ کا ادنیٰ ذات کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہے ۔

Pariah kite : (n) ہندوستان کا اچکا بھنگی ۔

Pariahdom / Pariahship : (n) اچھوت کی حالت : ہندوستانی نیچ قوم کے آدمی کی صفت یا حالت ۔

Parian : (a) [L. 'parius of Paros + -an.] (۱) پاروسی : جزیرہ پاروس کا (اس جزیرے کا سفید سنگ مرمر مشہور ہے)۔ (۲) نفیس سفید چینی مٹی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Parian : (n) نفیس سفید چینی مٹی یا نفیس سفید چینی مٹی کا برتن ۔

Paridigitate : (a) (حیوانیات) جفت اصبعی : ہر پاؤں کا برابر انگوٹھا : (ریاضی) جفت عددی ۔

Paries : (n) [L. 'paries, Pariet.] جانوروں یا پودوں میں جوف دار ساخت یا دوسری فطری بناوٹ : دیوار : جدار : جوف جسم کے اطراف کی نسیج پودے کا غلاف : شہد کے چھتے کا خلیہ ۔

Parietal : (a) [Late L. 'parietalia.'] (۱) (تشریح : حیوانیات) جداری : حائطی : کسی جوف جسم کے اطراف کی نسیج کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) حائطی : مجوف عضو یا ساخت کی دیوار کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) (امریکا میں) کالج کے احاطے سے متعلق یا کالج کے احاطے کے اندر۔

Parietal : (n) (تشریح ، حیوانیات) کھوپڑی کے اوپر اور بازوؤں کی دو ہڈیاں : عظماء الصّحف اجداری : چندیا کی ہڈیاں : استخوان آجیانہ ۔

Parietal bones : (n) دیکھو Parietal

Parietal cavity : (n) (حیوانیات) جداری کیفہ ۔

Parietal cells :(n) (حیوانیات) خلیات جداری۔

Parietal eye : (n) (حیوانیات) چشم صنوبری۔

Parietal foramen : (n) جداری سوراخ۔

Parietal lobe : (n) (حیوانیات) فصّ جداری۔

Parietal organ : (n) (حیوانیات) عضو جداری۔

Parietal region : (n) (تشریح) جمجمہ : کھوپڑی۔

Parietal segment : (n) (حیوانیات) جداری قطعہ۔

Parietal vien : (n) (حیوانیات) جداری ورید۔

Parieto- : (Prefix) سابقہ : جزو ترکیبی بمعنی "الجداری" "چندیا کی ہڈیاں"۔

Parieto-mastoid : (a) (جوف) جسم کی دیوار سے متعلق۔

Parieto-splanchnic : (a) امعاء یا احشا کی دیواروں کا۔

Parillin / Pariglin : (n) [Sp. 'parilla.'] (کیمیا) سفید یا بے رنگ خوشبودار بلوری مادہ ($C_{40} H_{70} D_{18}$) جو ایک قسم کے پودے سے حاصل ہوتا ہے جسے پریلک ایسڈ (Parillic acid) بھی کہا جاتا ہے۔

Parimutuel : (n) [Fr.] (گھڑ دوڑ) شرط مشترک : شرطانہ : ساجھے کی بازی : گھوڑ دوڑ کی وہ بازی جس میں جیتنے والے جیتی ہوئی رقم دوسرے شرط لگانے والوں کے ساتھ بانٹ لیتے ہیں۔

Paring : (n) (۱) سطح یا کنارہ کے تراشنے یا چھانٹنے کا عمل یا کوئی سطحی چیز (ادبی اور مجازی)۔ (۲) ایک باریک حصہ جو کسی چیز کی سطح سے تراش لیا گیا ہو : چھیلن۔

Paring chisel : (n) (اوزار) چھلنی۔

Paring knife : (n) (اوزار) ناخن گیر : نہیرنا : سم تراش۔

Paripassu : (adv.) [L.] (۱) مساوی رفتار سے : مساویانہ۔ (۲) ایک ہی وقت میں اور برابر : ساتھ ساتھ : برابر۔ (۳) (قانون) مساویانہ۔

Paripinnate : (a) [L. 'Pari-' + Pinnate.] (نباتیات) جفت پرہ دار : جفت گوشکہ۔

Paris : (n) شہر پیرس : فرانس کے دارالحکومت کا نام۔

Paris blue : (n) (۱) ایک قسم کا نیلا رنگ : پرشیائی نیلا رنگ۔ (۲) نیلین سے حاصل کیا ہوا : چمکیلا نیلا رنگ کی چیز۔

Paris doll : (n) مصنوعی شکل جو عورتوں کے کپڑے بیچنے والی دکان پر رکھی رہتی ہے۔

Paris green : (n) ایک جراثیم کش زہریلا رنگ۔

Paris white : (n) ایک قسم کا عمدہ سفید جو پالش کے کام آتا ہے۔

Parish : (n) [OFr. 'paroche.'] (۱) (برطانیہ میں) کسی ملک کے سب ڈویژن کا نام۔ (۲) کلیسائی حلقہ (کسی ضلع کا اتنا حصہ جس میں ایک علاحدہ گرجا اور پادری ہو۔ (۳) کسی کلیسائی حلقے یا جاگیر کے علاقے کی آبادی جہاں گرجا اور پادری ہوں اور جسے کلیسائی ٹیکس ادا کیا جاتا ہو۔ (۴) کلیسائی علاقے یا بیرونی ملک کا علاقہ۔ (۵) خیراتی حلقہ (قانونی امداد غربا یا نفاذ کے لئے قائم کئے گئے ہیں ان میں سے ایک) : ایک حلقہ جو شہری حکومت کے لئے قائم کیا گیا ہو۔ (۶) کلیسائی حلقے کے کل باشندے۔ (۷) (امریکا) کلیسائی عبادت میں شریک لوگوں کی جماعت: انجمن : مجلس : اراکین جامعہ کا عام اجتماع (اس طرح) : فرقہ : گروہ : طبقہ : ذات۔ (۸) (امریکا) لوئی زینا (Loui Siana میں) دوسرے ملک کے علاقے کا ایک ڈویژن یا ضلع۔ (۹) بشپ کا تعلقہ یا ضلع جو بشپ کے روحانی ماتحت میں ہو۔

To go on the parish : خیراتی حلقے (Parish) سے امداد حاصل کرنا۔

Parish church : (n) پیرش کا گرجا۔

Parish clerck : (n) کلیسائی حلقے کا محرر : ایک عہدہ دار جو مختلف کلیسائی فرائض انجام دیتا ہے۔

Parish council : (n) برٹش کونسل کا ڈسٹرکٹ بورڈ : کلیسائی حلقے کی کونسل خصوصاً علاقائی مجلس انتظامیہ جو ۳۰۰ ممبران پر مشتمل ہو۔

Parish councellor : (n) کلیسائی حلقے کی کانسل کا ممبر۔

Parish lands : (n) کلیسائی حلقے کی زمینداری جس کا نظم گرجا کے نگراں کے ذریعے ہوتا ہے۔

Parish lantern : (n) چاند۔

Parish priest : (n) کلیسائی حلقے میں روحانی ضرورتوں کی دیکھ بھال کرنے والا پادری : کلیسائی حلقے کا پادری ۔

Parish pump : (n) علاقے کے مفاد اور اہمیت کے مطابق سیاست اور دوسرے معاملات کو ظاہر کرنے کے لئے تلمیحاً یا استعارتاً استعمال ہوتا ہے ۔

Parish-register : (n) پیرش کا رجسٹر (جس میں ولادت ، موت اور شادی وغیرہ کے بارے میں اندراج ہوتا ہے)۔

Parishioner : (n) کسی (کلیسائی) حلقے کا باشندہ یا پیرش کی جماعت کا نمائندہ ۔

Parisian : (n) پیرس کا باشندہ : پیرس کا رہنے والا ۔

Parisian : (n) پیرسی : پیرسی کا یا اس سے متعلق ۔

Parisianism :(n) پریسیت ۔

Parisianize : (v) پیرس بنانا ۔

Parisienne : (n) [Fr. fem. of 'parisien '.] پرسی عورت : پیرس کی عورت ۔

Parisite : (n) [Named 1845 after J.J. Paris , its discoverer.] کیلیفورنیا کی ایک معدنی شے (Ce, La) Ea $(CO_3)_3 F_2$ ۔

Parison : (n) [Gr. 'parison.'] (بلاغت)اجزائے جملہ میں تعادل کامل۔

Parison : (n) [Fr. 'paraison.'] شیشہ سازی کا کام۔

Parisyllabic : (a) [L.] مساوی الاجزاء کا (یونانی اور لاطینی کا وہ اسم جس کے بول حالت فاعلی میں ہوتے ہیں اتنے ہی حالت اضافی ، مفعولی وغیرہ میں رہتے ہیں : مساوی الہجاء کا ۔

Parisyllabic : (n) مساوی الاجزاء کا اسم : مستاوی الہجاء ۔

Parity : (n) [Late L. 'paritas.'] : (۱) مساوی ہونے کی حالت : مساوات : برابری ۔ (۲) عہدہ یا حیثیت میں برابر : مساوی خصوصاً ممبروں ، منسٹروں یا کلیسا کے ارکان یا عہدیداروں کے درمیان مساوات؛ برابری : ہم آہنگی ۔ (۲) مشابہت : مماثلت : مطابقت : مہم ۔ (۳) (معاشیات) مساوات مبادلہ : مساوات زر : (دو ملکوں کے) سکوں کے مبادلے کا معمولی حالت میں مساوات ۔ (۵) قانونی طور پر زر مبادلہ میں مساوات ۔

Parity : (n) (طب) مولدیت : بچہ زنی : تولید فرزند۔

Parity of exchange : (n) (معاشیات) مساوات مبادلہ ۔

Parity of reasoning ; (n) مشابہت استدلال ۔

Park : (n) [med. L. 'parricus.'] (۱) (قانون) شکارگاہ : گھرا ہوا علاقہ یا قطعۂ ارض جو وحشی جانور کے رہنے کے لئے ہو اور بادشاہ کی طرف سے اس کی دیکھ بھال ہو ۔ (۲) رمنہ : سبزہ زار اور جنگل جو دیہات میں امیروں کے مکان کے ساتھ ہوتا ہے ۔ (۳) پارک : کھلا باغ : تفریح گاہ عموعی : باغ ملّی ۔ (۴)کسی شہر یا ٹاؤن کے قریب ایک محصور خطۂ ارض جو تفریح گاہ کے لئے ہو ۔(۵) زمین کا ایک وسیع رقبہ جو قومی جائداد کی حیثیت سے ہو اور عام لوگوں کے فائدے کے لئے مخصوص ہو : نیشنل پارک : (امریکا وغیرہ میں) ۔ (٦) (آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ میں) ایک خطۂ زمین : چراگاہ : مرغزار اور کاشت کے لئے زمین کھیت : چھوٹا سا میدان یا کھیت (خصوصاً جو گھڑ سال کے اندر ہو)۔ (۷) پہاڑوں کے درمیان ایک سطح مرتفع کے مانند وادی ۔ (۸) (فوج) کیمپ کا میدان : پڑاؤ : جو توپ خانے کے طور پر استعمال ہو : موٹروں اور دوسری سواری کے کھڑا کرنے کا چوک یا میدان ۔ (۹) قدرتی پارک : سبزہ زار ۔ (۱۰) ایک مخصوص علاقہ جس میں Oysters پالے جاتے ہیں ۔

Oyster park : Oyster کا کھیت سمندر کے کنارے ایک محصور رقبہ جس میں Oyster پالے جاتے ہیں ۔

The park : (لندن میں) پہلے لندن کے سینٹ جیمس پارک کو کہتے تھے : اب ہائڈ (Hyde) پارک کو کہتے ہیں ۔

Town parks : (آئرلینڈ) گاؤں یا شہر کے چاروں طرف کاشت کاری یا چراگاہ کے لئے چھوڑے ہوئے زمین کے چھوٹے ٹکڑے ۔

Park : (v) (۱) کسی قطعۂ اراضی کو پارک بنانا ۔ (۲) (فوجی) (توپ خانہ وغیرہ کو) قطعۂ اراضی میں ترتیب دینا : قاعدے سے رکھنا : پڑاؤ میں قرینے سے رکھنا ۔ (۳) موٹر کو موٹروں کے چوک یا دوسرے مخصوص جگہوں میں کھڑا کرنا ۔ (۴) جب تک ضرورت نہ ہو مناسب جگہ میں چھوڑ دینا ۔

Park-hack : (n) پارک میں سواری کا گھوڑا ۔

Parka : (n) [Aleutian .] چمڑے کا ایک بیرونی لباس جیکٹ جس میں ٹوپی لگی ہوتی ہے اور شمالی افریقہ کے اسکیمونسل کے لوگ پہنتے ہیں : اس جیسا لباس عموماً وہ کپڑا جس پر ہوا اثر نہیں کرتی ہے اور جسے کوہ پیما

پہنتے ہیں : کلاہ دار جیکٹ : لباس ۔

Parker : (n) [med . L. 'parcarius.'] پارک میں رہنے والا خرگوش ۔

Parkhurst : (n) پارک ہیرسٹ کا جیل خانہ ۔

Parkin : (n) [of Local origin.] جئی کا کیک : ایک قسم کا کیک جو جئی کے آٹے اور شیرہ وغیرہ سے بنتا ہے ۔

Parking : (n) پارک کرنے کا عمل : تفرج گاہ : تفریح گاہ : (امریکا میں) سڑکوں کے بیچ میں چمن اور درختان ۔

Parking-meter : (n) وہ آلہ جو یہ بتاتا ہے کہ سڑک وغیرہ پر کسی گاڑی کو کتنی دیر رکھا جا سکتا ہے ۔

Parking place : (n) پارک گاہ : موٹر پڑاؤ : موٹر ٹھہرانے کی جگہ ۔

Parkinson : (n) پارکنسن : ایک انگریز سرجن اور قدیم حیاتیات کا عالم ۔

Parkinson's disease : (n) (فلسفہ ،نفسیات) مرض رعشہ : مرکزی نظام اعصاب کا ایک پے چیدہ ، بڑھنے والا مرض جس سے اعضاء میں کپکپی ، سختی اور حرکت میں سستی پیدا ہوتی ہے ۔

Parkish : (a) پارک کا سا ۔

Parky : (a) (عامیانہ) سرد : ٹھنڈ (ہوا) ۔

Parlance :(n) [OFr. 'parlance.'] (۱) مکالمہ : مناظرہ : طرز سخن : بات کرنے کا طریقہ ۔ (۲) کسی خاص طبقے کی زبان یا روزمرہ : محاورہ : بولی : گفتگو ۔

Parlatory : (n) [med.L. 'parlatorium.'] عیسائی (خصوصاً عورتوں) کا دیوان خانہ : راہبان کا صومعہ یا خانقاہ ۔

Parle : (n) [Fr. 'parler.'] (۱) (قدیم اور بول چال) گفتگو : بول چال : مکالمہ ۔ (۲) مناظرہ: مباحثہ : مبحث و تمحیص : کانفرنس ۔

Parley : (n) [OFr. 'parlee.'] (۱) تقریر : گفتگو : بات چیت : کانفرنس : مباحثہ : بحث و تمحیص : مذاکرہ ۔ (۲) وہ مجلس جس میں اُمور متنازعہ پر گفت و شنیدکی جائے : گفت و شنید کی صحبت خصوصاً (فوج) (صلح وغیرہ کی) شرائط کی گفت و شنید : شرائط کی گفتگو ۔

To beat or sound a parley : ڈہل یا ترم بجا کر گفت و شنید کی درخواست کرنا ۔

Parley : (v) (۱) بات چیت کرنا :گفتگو کرنا : مناظرہ و مذاکرہ کرنا (اب قدیم) ۔ (۲) بولنا خصوصاً غیرملکی زبان بولنا : یا کسی زبان میں گفت و شنید کرنا : شرائط طے کرنا (خصوصاً دشمن سے) نیز مجازاً ۔ (۳) کسی شخص کو بولنے کی اجازت دینا : کسی کے ساتھ مباحثہ کرنا : بحث کرنا ۔

Parley : (v) (امریکا) (قماربازی) جیتے ہوئے روپے سے دوبارہ شرط لگانا ۔

Parleyvoo : (n) [Fr. 'parlez- vous '.] (مزاح) فرانسیسی زبان : فرانسیسی : فرانسیسی تعلیم ۔ (۲) فرانس کا رہنے والا ۔

Parleyvoo : (v) (عامیانہ یا مزاحاً) فرانسیسی بولنا : فرانسیسی میں گفتگو کرنا : غیر ملکی زبان میں گفتگو کرنا ۔

Parliament : (n) [Fr. 'parlement.'] (۱) ایک باضابطہ کانفرنس یا کاؤنسل جو عام اہمیت کے چند معاملے یا معاملات پر بحث و تمحیص کے لئے ہو : رسمی کانفرنس ۔ (۲) پارلیمنٹ : برطانیہ کی اعلیٰ مجلس مقنّنہ : دوسرے ملکوں کی اعلیٰ مجلس مقنّنہ : مجلس شوریٰ : پارلیمانی ۔ (۳) مختلف مجلس شوریٰ کے لئے استعمال ہوتا ہے (i) ٹن کے کارخانوں کے علاقے میں :ٹن کے کام کرنے والوں کے ذریعہ منعقد کی ہوئی مجلس ۔ Middle or Inner Temple کے ممبروں کا اجتماع نیز مجازاً ۔ (۴) (فرانس میں) (۱۷۸۹ء کے انقلاب کے قبل) سپریم کورٹ کو بعض دیئے ہوئے نام ۔ (۵) ادرک کی پتلی خستہ میٹھی ٹکیا (نیز Parliament) ۔ (جغرافیہ ، ارضیات) پارلیمنٹ ۔

Act of parliament : مجلس وضع قانون کا تحریری قانون جو دونوں پارلیمانی ہاؤس (یعنی ہاؤس آف لارڈ اور ہاؤس آف کامن) سے پاس ہو اور شاہی منظوری کے لئے بھیجا جائے : (پارلیمان کا) ایک ایکٹ ۔

Barebone's parliament : چھوٹی پارلیمنٹ Praise-God Barbone کے نام پر اسے کہا جاتا ہے جو لندن کا ایک ممبر تھا ۔

Clerk of the parliament : ہاؤس آف لارڈس کا اعلیٰ عہدہ دار جو کسی بل کی شاہی منظوری کو پارلیمنٹ میں پڑھ کر سناتا ہے (جب ممبران اس ہاؤس میں مجتمع ہوں) ۔

High court of parliament : ایک نام جو پہلے اجتماعی طور پر پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے لئے (جب ان کا اجلاس ہو) استعمال ہوتا تھا لیکن اب زیادہ تر پارلیمان عدالتی حیثیت کے لحاظ سے کہا جاتا ہے :عدالت عالیہ کا پارلیمان ۔

Little parliament : Crome well ۱۲۰ ممبروں کی مجلس جو اور اس کے کاؤنسل آف آفیسر کے ذریعہ نامزد کئے گئے ممبرو ں پر مشتمل تھی جو ۴/ جولائی ۱۹۵۲ سے ۱۲/ دسمبر ۱۹۵۳ء تک رہی ۔

Long parliament : وہ پارلیمنٹ جو ۳/ نومبر ۱۶۴۰ء سے مارچ ۱۶۶۰ء تک رہی ۔

Rump parliament : لمبی پارلیمنٹ کا باقی ماندہ ۔

Short parliament : پارلیمنٹ جو ۱۳/ اپریل ۱۶۴۰ء سے ۵/ مئی ۱۶۴۰ء تک رہی ۔

The parliament Act : ۱۹۱۱ء کا وہ قانون جس کی رو سے برطانوی دار الامراء کو بعض مسودات کے حق تنسیخ سے محروم کر دیا گیا اور دوسرے مسودات میں بھی یہ حق صرف التواتك محدود رہ گیا ۔

To open parliament : (بادشاہ کا) پارلیمنٹ کے اجلاس کا باضابطہ افتتاح کرنا ۔

Parliament cake / Ginger bread : (n) ادرك کی پتلی خستہ میٹھی ٹکیا ۔

Parliament chamber : (n) پارلیمنٹ چیمبر : وہ کمرہ جس میں پارلیمنٹ بیٹھتی ہے یا پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے : خصوصاً منسٹر کا پرانا محل ۔

Parliament house : (n) وہ عمارت جس میں پارلیمنٹ بیٹھتی ہے یا جہاں پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے :عمارت پارلیمانی : ساختمان مجلس شوریٰ ۔

Parliament man : (n) نمائندہ مجلس (قانون ساز): وکیل مجلس (قانون ساز) : (اب تاریخ یا بول چال) پارلیمنٹ کا ممبر : دارالعوام کا رکن ۔

Parliament ordinances : (n) سندی حکم : مستند فرمان : پارلیمانی احکام ۔

Parliament roll : (n) پارلیمانی نظام : پارلیمانی رجسٹر ۔

Parliamental : (a) (۱) پارلیمنٹ کا : پارلیمانی :مجلسی: پارلیمانی صفت کا ۔ (۲) دیکھو Parliamentary ۔

Parliamentarian : (n) (۱) (تاریخ) حامی پارلیمنٹ :سترھویں صدی کی خانہ جنگی میں پارلیمنٹ کا طرفدار ۔(۲)پارلیمنٹ کے مباحثے میں مہارت رکھنے والا ۔ (۳) طرف دار حکومت پارلیمانی ۔

Parliamentarian : (n) دیکھو Parliamental

Parliamentarianism : (n) پارلیمانی اصول نظام :پارلیمانی حکومت ۔

Parliamentarily : (adv.) پارلیمانی طور پر : پارلیمانی اصول و قواعد کے مطابق ۔

Party per pale : (a) (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ دو مختلف رنگوں میں تقسیم شدہ۔

Party politics : (n) سیاسی پارٹیوں کی سیاست : نظریۂ حزب ۔

Party-spirit : (n) پارٹی کی حمایت : پارٹی کی پچ :(سیاسیات) عصبیت : پچ ۔

Party spirited : (n) پارٹی کی پچ کرنے والا ۔

Party system : (n) (سیاسیات) پارٹی بندی ۔

Party verdict : (n) رائے یا حکم مشترک : رائے مشترک میں ایک شخص کا حصہ ۔

Party vote : (n) پارٹی کی بنیاد پر ووٹ : رائے دہی : پارٹی لائن پر رائے دہی ۔

Party wall : (n) (تعمیرات) مشترک دیوار : دو مکانوں یا زمین کے ٹکڑوں کے درمیان کی دیوار جو مالکوں کی مشترک ملکیت ہو ۔

Partyism : (n) حزب پرستی : حزب سازی : پارٹی کی حمایت ۔

Parumbilical : (a) [L. 'umbrilicus.'] (تشریح) ناف کے قریب واقع (عضو) ۔

Parvanimity : (n) [L.'parvus.'] کوتاہ دماغی : کمینہ پن :کمینگی : رذالت : تنگ ظرفی : تنگ خیالی کم ظرفی : نیز اس قسم کا آدمی : اس صفت کا آدمی : رذیل : تنگ خیال : کمینہ ۔

Parvenu / Parvenue : (n) [L. 'parvenire.'] گمنام شخص جسے دولت یا مرتبہ حاصل ہو جائے : نودلتا : چھچھورا : (سماجیات) نودولت ۔

Parvenu : (a) نو دولت صفت کا : نو دولت مانند : چھچھورا جیسا ۔

Parvi- : (Prefix) [form of L . 'parvus.'] سابقہ بمعنی "کوچک" : "چھوٹا" : "مختصر" : "خرد" ۔

Parvilifoliate : (n) (نباتیات) خرد برگہ ۔

Parvipotent : (a) کم طاقت رکھنے والا : معمولی قوت والا ۔

Parvis : (n) [Late L. 'paradisus.'] (۱) عمارت یا مکان کے سامنے کا احاطہ : چہاردیواری خصوصاً کلیسا کے سامنے کا احاطہ : بعض وقت کلیسا کے سامنے برآمدہ یا پور ٹیکو کے لئے ہی استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) اطاق ، ایوان کلیسا ۔

Parviscient : (a) کم جاننا : مختصر جاننا ۔

Parvoline : (n) [L. 'parvus.'] (کیمیا) ایک قسم کا کیمیاوی مادہ جو سیال اور عفونت پذیر ہوتا ہے اور یہ سڑی ہوئی مچھلی اور گھوڑے کے گوشت سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Parvule : (n) [L. 'parvutus.'] بہت چھوٹی گولی : حب(دوا) قُرص (دوا) ۔

Parysatis : (n) (اساطیر) پری زاد شہزادی ۔

Pas : (n) [Fr.] (۱) حق تقدم : تفوق : برتری (نشست وغیرہ میں): ترجیح : حق ترجیح : امتیاز : پیش روی : آگے یا پہلے ہونا یا آنا : نیز مجازاً ۔ (۲) ناچ کا ایک قدم : ناچ کی طرز : ایک قسم کا رقص : گام رقص ۔ (۳)(قلع بندی) مورچہ سے خندق تک کا زینہ : بیرونی دمدمہ سے خندق تک کا زینہ ۔

To dispute , give , take , yield , the pas : برتری اور ترجیح دینا ۔

Pas de deux : (n) ایک قسم کا رقص جس میں دو مل کر ناچتے ہیں۔

Pas-de-souris : (n) [Fr.] (قلع بندی) بیرونی دمدمہ سے خندق تک زینہ : مورچہ سے خندق تک کا زینہ ۔

Pas de trois : (n) ایک قسم کا رقص جس میں تین مل کر ناچتے ہیں ۔

Pas seul : (n) ایک قسم کا رقص جس میں ایک شخص ناچتا ہے۔

Pasan/ Pasang : (n) [pers. 'pazan.'] جنگلی بکریوں کی ایک قسم : بز وحشی (جنوبی ایشیا میں پایا جاتا ہے)۔

Pascal : (a) [Fr. 'pascal.'] (۱) یہودیوں کی عید فصح (Passover) کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) عیسائیوں کی عید فصح (Easter) کا یا اس سے متعلق ۔

Pasch : (n) (۱) ایسٹر : یہودیوں کی عید فصح ۔ (۲) بھیڑ جس کی قربانی عید فصح پر کی جاتی ہے ۔

Pasch-egg / Paste- : (n) (اسکاتستان اور اب بول چال) ایسٹر انڈا : مختلف رنگوں سے رنگا ہوا اور سخت ابالا ہوا انڈا۔

Pasch action : (n) چپ سوانگ رقص : اشاروں کے ذریعے گفتگو۔

Paschal : (n) (۱)ایک بڑی شمع جو متبرک سبت (سنیچر) کو جلائی جاتی ہے اور متبرک پنجشنبہ تک رہتی ہے۔ (۲) شمع دان۔ (۳) جشن عید فصح(یہودیوں کی Passover) عید فصح کا کھانا یا عید فصح کی شمع۔

Paschal candle : (n) دیکھو Paschal

Paschal lamb : (n) (۱) عید فصح کے دن بھیڑ کے بچے کو ذبح کر کے کھانا (یہودیوں کا) (عیسائیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔(۲) عیسیٰ مسیح کا میمنا : خدا کی گائے یا میمنا۔

Paschal letter : (n) پادری کا چرچ کے ارکان کو لکھا گیا خط جس میں وہ اگلی عید فصح یا ایسٹر کے جشن کی تاریخ کا اعلان کرتا ہے۔

Pascuage : (n) (حیوانیات) چرائی۔

Pascual : (a) (حیوانیات، نباتیات) چراگاہی : چراگاہ باش۔

Pascuum : (n) (نباتیات) چراگاہ۔

Pash : (v) [Late ME.] (۱)(خصوصاً بول چال) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (چیز کو) پاش پاش کرنا : ریزہ ریزہ کرنا : گھونسے مار مار کر پاش پاش کر دینا : کاری ضرب لگانا : بھر پور ہاتھ لگانا۔ (۲) زور سے (کسی چیز کو) پھینکنا تاکہ وہ کسی جز سے ٹکڑا کر ٹوٹ جائے یا وہ کسی چیز کو توڑ دے۔ (۳) شدید بارش کو بھی کہا جاتا ہے (اب بول چال) نیز چٹان پر شدید بارش کی بوچھار ہونا۔

Pash : (n) دھڑاکا : گرج : گڑگڑاہٹ : شور : جھنکار : زور دار : بارش : باران شدید : نیز (ٹوٹ پھوٹ کے بعد) منتشر ٹکڑے : ملبا : گڈمڈ : مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ۔

Pasha / Pacha : (n) [Turkish 'pasa. '] پاشا (ترکی خطاب) اعلیٰ افسران ، عہدے داروں کا جیسے فوجی کمانڈر ، کسی صوبے کا گورنر وغیرہ : پہلے خصوصاً فوجی کمانڈر کو کہتے تھے جیسے Bashaw لکھتے تھے جیسے مصطفیٰ کمال پاشا۔

Pashalic / Pachalic : (n) [Turkish 'pasalik.'] : پاشا کا حلقۂ حکومت : قلمرو پاشا : وہ ضلع جو پاشا کے ماتحت ہو۔

Pashalic / Pachalic : (a) پاشائی، مانند پاشا : پاشا کا یا اس سے متعلق۔

Pashm / Pashim : (n) [pers. 'pasm.'] نرم اون : پشم (جس سے پشمینہ بنتا ہے) : بال : رُواں۔

Pashmina : (n) [Pers.] پشمینہ : اونی کپڑا : بالوں کا پارچہ۔

Pashto : (n) افغانی زبان : پشتو۔

Pasigraph : (v) بین الاقوامی طرز تحریر میں پیش کرنا۔

Pasigraphic /- al : (a) بین الاقوامی طرز تحریر کا یا اس سے متعلق۔

Pasigraphy : (n) [Gr. 'pasi' + -graphy] : بین الاقوامی طرز تحریر عالمگیر علامتی تحریری زبان جن میں کچھ علامات استعمال کی جاتی ہیں۔

Pasimology : (n) علم اشارہ کا مطالعہ : رابطے کے لئے علم اشارہ کا مطالعہ کرنا۔

Pasque-flower : (n) [Fr. 'passe-fleur.'] (نباتیات) ایک پودا جس میں گھنٹی کی شکل کے ارغوانی پھول لگتے ہیں : شقائق النعمان : ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہونے والا پودا جس کے پھول گھنٹی نما سفید اور کاسنی رنگ کے ہوتے ہیں۔

Pasquil :(n) [med. L. 'pasquillus.'] ہجو نامہ۔

Pasquiller : (n) ہجو گو : ہجو نویس : ہجو نگار۔

Pasquin : (n) [L. 'Pasquinus'.] ایک رومی مجسمہ جس میں ہجو قبیح چسپاں کی جاتی ہے۔ ایک گمنام ہجو جو شارع عام پر لگائی گئی ہو : ہجو جس کی سیاسی اہمیت ہو۔

Pasquin : (v) ہجو نگاری کرنا : ہجو قبیح لکھنا۔

Pasquinade : (n) [It. 'pasquinata .'] سیاسی ہجو (خصوصاً وہ جو شارع عام پر آویزاں ہو : اعلانیہ ہجو : ہجویہ نظم یا نثر : مضحکہ خیز نظم یا نثر : غلط اور ہتک آمیز بیان۔

Pasquinade : (v) ہجو قبیح لکھنا : مضحکہ خیز نظم یا نثر لکھنا : غلط اور ہتک آمیز طور پر بیان کرنا۔

Pasquinader : (n) ہجو نگار : ہجو کرنے والا : ہجو یہ نظم یا نثر نگار۔

Pass : (n) [ME. 'pas, paas.'] (۱) درہ : گھاٹی : شعب : دو پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ ۔ (۲) (فوج) وہ درّہ جس سے داخل ہو کر کسی ملک پر کامیابی سے حملہ کیا جا سکے : کنجی (کسی ملک کی) نیز مجازاً ۔ (۳) نقل مقام : سفر : حق گزر : گزر گاہ : روڈ : سڑک : راستہ : راہ : نیز مجازاً ۔ (۴) قابل جہاز رانی رودبار یا آبنائے (خصوصاً جو کسی دریا کے دہانے پر ہو) ۔ (۵) دوسرے مختصر راستے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً روڈیا اسٹریٹ میں ۔ (۶) وہ راستہ جس سے مچھلی گھیرے (Weir) میں داخل ہوتی ہے : مچھلی گھیرے کا دہانہ ۔ (۷) (کان کنی) لکڑی کا فریم جس کے ذریعہ خام دھات پھسل کر خام دھات کو کوٹنے کی مل کی تجوری میں جاتی ہے ۔ (۸) (تاش) مزید کھیلنے سے انکار یا معذرت : (روزمرہ امریکا) اظہار عشق ۔

To gain, hold, keep, the pass : راستہ روک رکھنا ۔

To make a pass at (someone) : کسی سے اظہار عشق کرنا ۔

To sell the pass : (اکثر مجازاً) کسی رفیق یا دوست کو دغا دینا ۔

Pass : (n) [Fr. 'passe.'] (۱) پاس کرنے کا عمل : راستہ : گزر گاہ ۔ (۲) زندگی سے گذر جانا : موت نیز مجازاً ۔ (۳) پاس : کامیابی (خصوصاً امتحان میں) امتیازی کامیابی : نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۴) صرف پاس : معمولی کامیابی (بخلاف امتیازی کامیابی) ۔ (۵) نازک موقع : نازک حالت : صورت حال : موقع : منزل (واقع کی) : ناگوار : خطرناک : بیڈھب : تکلیف دہ صورت حال ۔ (۶) اجازت نامہ : پاس (کہیں جانے آنے کے لئے) راہداری خصوصاً تحریری اجازت نامہ : پاسپورٹ : پاس کرنے کی اجازت خصوصاً آرمی لائن سے گذرنے کی اجازت ۔ (۷) ریل کا پاس : مفت سفر کرنے کا اجازت نامہ (Free pass) ۔ (۸) (فوج) مختصر مدت کی فرصت کے لئے اجازت نامہ ۔ (۹) تھیٹر یا اسی قسم کی نمائش میں جانے کے لئے پاس (F. pass) ۔ (۱۰) (شمشیر زنی) ہاتھ : وار : چوٹ : حملہ : ضرب : شمشیر بازی میں تلوار کی ھُول ۔ (۱۱) مداری کا کرتب : شعبدہ : اشارہ تنویمی : بازیگر کی کارستانی ، ٹِرک ۔ (۱۲) (مسمریزم وغیرہ میں) ہاتھ کی گردش : اشارہ (جو ہاتھ پیر کو کیا جائے) ۔ (۱۳) (محراب ، شہتیر وغیرہ کا) دباؤ ۔ (۱۴) (فٹ بال اور ہاکی) کھیل میں ایک کھلاڑی کا دوسرے کھلاڑی کو گیند بڑھانا یا پاس کرنا ۔ (۱۵) روسی حشیش یا سن کی تیسری قسم ۔

Free pass : مفت پاس : کسی تھیٹر ، سنیما یا ریلوے وغیرہ کے لئے دیا جانے والا پاس جس کے لئے کوئی رقم نہیں ادا کی جاتی ۔

To come to pass : بروئے کار لانا : ہونا : واقع ہونا : سمجھنا : احساس ہونا : محسوس کرنا ۔

To make the pass : ہاتھ کی صفائی : ٹِرک سے کارڈوں کو ادھر اُدھر کرنا ۔

Pass : (v) [med. L. 'passare.'] (۱) آگے بڑھنا : جانا : چلنا : (Along, down, over, on کے ساتھ) ۔ (۲) (بے روح ، بے جان چیز) کسی طاقت کے ذریعہ سے حرکت کرنا : آگے لے جایا جانا : بڑھنا : بہنا : پانی کی طرح یا جھرنے کا بہنا ۔ (۳) (سیدھی) قطار میں ہونا : راستہ چلنا : وسیع کرنا : پھیلانا ۔ (۴) بیان ، خیال ، عمل میں آگے بڑھنا ۔ (۵) رائج ہونا : جاری ہونا : چلنا : سکے (وغیرہ کا) مروج ہونا : رواج دینا : رائج کرنا ۔ (۶) منتقل ہونا : (ایک جگہ سے دوسری جگہ) پہنچنا : لے جایا جانا ۔ (۷) ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا : ایک چیز سے دوسری چیز ہو جانا ۔ (۸) تشکیل پذیر ہونا : کیمیائی شکل میں تبدیل ہو جانا ۔ (۹) (قانون) جائداد کا منتقل ہو کر یا وراثتاً کسی کو ملنا ۔ (۱۰) (دو یا دو سے زیادہ) اشخاص کے درمیان باہمی طور پر بیان کیا جانا : تبادلۂ خیال کرنا : ایک دوسرے سے بدلنا یا گفت و شنید کرنا : آپس میں اظہار خیال کرنا ۔ (۱۱) جانا : گزر جانا : کسی جگہ سے رخصت ہونا : انتقال مکانی کرنا : کسی چیز یا شخص سے علاحدہ ہونا : الگ ہونا : (چیز) لے لینا ۔ (۱۲) (مجازاً) ایک مرکز سے منتشر ہو جانا : کسی طریق یا راستے سے علاحدہ ہو جانا : کسی نظریے سے کنارہ کشی اختیار کرنا : کسی اصول کو ترک کر دینا ۔ (۱۳) مرنا : گزر جانا : انتقال ہو جانا ۔ (۱۴) گزرنا : کسی چیز سے (چیز) حرکت کرانا : گزرنے پر اکسا دینا : تیزی سے گزرنا : نیز مجازاً ۔ (۱۵) خاتمہ ہو جانا : ختم ہو جانا : فنا ہو جانا : آہستہ آہستہ جانا ۔ (۱۶) چیزوں کا وقت پر ہونا ۔ (۱۷) پہنچنا : پہنچانا : منزل مقصود تک : پاس ہو جانا : منظور ہو جانا : حاصل کرنا : راستہ نکال لینا : اپنا راستہ بنا لینا ۔ (۱۸) (چیزوں کا) رسم و رواج کے ذریعہ تسلیم کر لینا ۔ (۱۹) فضلہ خارج کرنا : نکالنا : خالی کرنا ۔ (۲۰) بغیر کسی نکوہش ، الزام ، زجر و توبیخ کے گزرنا : بغیر جانچ پڑتال کے گزر جانا : پاس ہو جانا : حاضری پاس کرنا : منتخب ہونا : بجا لانا : پورا کرنا : گزر بسر کرنا : کام انجام دینا ۔ (۲۱) کسی عدالت ، مجلس قانون یا ادارۂ غور و فکر سے اجازت پانا : منظور ہونا ۔ (۲۲) توثیق ہو جانا : کسی جانچ میں کامیابی کے

ساتھ گزرنا؛ خصوصاً امتحان میں کامیاب ہونا؛ پاس ہونا؛ معیاری مقام مطلوب حاصل کرنا یا وہاں تک پہنچنا۔ (۲۲) واقع ہونا؛ ظہور میں آنا؛ حاصل کرنا؛ (حادثے کا) پیش ہونا۔ (۲۴) (قانون) (جیوری کا) کسی معاملے کی تحقیقات کے لئے بیٹھنا؛ دو فریق کے درمیان (مقدمے کا) فیصلہ کرنا۔ (۲۵) کسی مقدمے میں جیوری کی خدمت انجام دینا؛ کسی عدالت یا جج کا فیصلہ صادر کرنا؛ رائے ظاہر کرنا؛ کسی مقدمے میں فیصلہ دینا؛ سزا سنانا؛ فیصلہ نافذ کرنا؛ عمل در آمد کرنا۔ (۲۶)(شمشیر زنی) ضرب لگانا؛ چوٹ یا وار کرنا؛ حریف کے حملے کو بچانا۔ (۲۷) (قمار بازی، تاش وغیرہ) تاش پاس کرنا؛ کسی موقع کو (مثلاً ترپ لگانے کے موقع کو) چھوڑ دینا؛ اپنی بازی پھینک دینا؛ کھیل سے الگ ہو جانا؛ فٹ بال کے کھیل میں؛ گیند پاس کرنا۔ (۲۸) گزرنا؛ گزر جانا؛ پیچھے چھوڑ دینا؛ آگے نکل جانا؛ ایک طرف سے دوسری طرف جانا۔ (۲۹) بغیر ذکر کئے ہوئے چھوڑ دینا۔ (۳۰) (امریکا) (کسی منافع وغیرہ کی) ادائی چھوڑ دینا۔ (۳۱) تفصیل کے ساتھ بحث کرنا؛ غور کرنا؛ پورا کرنا؛ انجام دینا؛ آر پار ہونا؛ عبور کرنا؛ پار کرنا (سمندر، سرحد اور جنگی دروازہ وغیرہ)؛ نیز (بار بار) گزرنا؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک عرضاً سفر کرنا؛ گزرنا (جنگل؛ راستے وغیرہ سے)۔ (۳۲) (کتاب وغیرہ) نکل جانا؛ فروخت ہو جانا (کتاب کے ایڈیشن وغیرہ کا)۔ (۳۳) (مجازاً) تجربہ کرنا؛ برداشت کرنا؛ جھیلنا؛ مصیبت برداشت کرنا؛ سہنا۔ (۳۴) امتحان سے گزرنا؛ جانچ کرنا؛ معیار کے مطابق ہونا؛ پورا اترنا۔ (۳۵) سبقت لے جانا؛ فوقیت لے جانا؛ بڑھ جانا؛ فائق ہونا؛ بہتر ہونا؛ بالا ہونا (جگہ یا مقام کا) اصل مقصد سے تجاوز کرنا؛ نشانے سے آگے پھینکنا (نشان) حد سے گزر جانا؛ غالب آنا؛ فتح پانا؛ غلبہ پانا (مشکلات پر)۔ (۳۶) عدول کرنا؛ انحراف کرنا؛ خلاف ورزی کرنا (احکام وغیرہ کا)؛ ارتکاب جرم کرنا؛ (مجازاً) صوبہ یا اختیار مفوضہ سے باہر جانا؛ ماورا ہونا؛ مافوق ہونا؛ کمال حاصل کرنا؛ مہارت رکھنا؛ فضیلت رکھنا۔ (۳۸) کسی صفت میں فوقیت حاصل کرنا؛ تعداد میں، پیمائش یا مقدار میں بڑھ جانا۔ (۳۹)زبان سے ظاہر کرنا؛ بیان کرنا۔ (۴۰) (کسی چیز یا آدمی کو) جانے کے لائق بنانا؛ (آگے بڑھنے یا اپنا کہیں راستہ بنانے کے لئے) منتقل کرنا، لے جانا؛ (ایک جگہ سے دوسری جگہ) لے جانا؛ بھیجنا؛ خصوصاً ندی میں اِدھر سے اُدھر لے جانا؛ ناؤ یا کشتی سے پار اُتار لے جانا؛ کشتی میں سوار ہو کر دریا پار یا عبور کرنا؛ (کشتی کا) دریا میں اِدھر سے اُدھر جانا؛ نقل و حمل کا انتظام کرنا۔ (۴۱) کسی مخصوص طریقے پر چلنا یا کسی سمت میں جانے کے لئے (کسی چیز کو) بنانا؛ حرکت دینا؛ کھینچنا یا ٹھیلنا (کسی چیز کو)؛ کرنا۔ (۴۲) گزارنا یا گزرنے دینا (کسی آدمی یا چیز کو) کسی رکاوٹ یا مزاحمت سے۔ (۴۳) گزارنا (وقت)؛ زندگی گزارنا یا بسر کرنا؛ (موسم وغیرہ) گزارنا۔ (۴۴) منوانا؛ (پارلیمنٹ میں کوئی قانون) منظور کرا لینا؛ متفق یا ہم رائے ہونا؛ ہم خیال ہونا؛ ہم آہنگ ہونا؛ سازگار ہونا؛ رضامند ہونا؛ توثیق کرنا؛ مستحکم کرنا؛ منظور کرنا؛ پکا کرنا؛ مضبوط کرنا۔ (۴۵) منظور کرنا؛ قبول کرنا؛ تصدیق کرنا (کسی شخص کو) امتحان میں پاس کرنے کے لائق بنانا؛ ایک جگہ سے دوسرے جگہ پہنچنا؛ سپرد کرنا؛ حوالہ کرنا؛ منتقل کرنا۔ (۴۶)(فٹ بال) اپنے دوسرے کھلاڑی کو گیند گزارنا۔ (۴۷) (سکہ خصوصاً کھوٹا) گردش میں لانا؛ نیز مجازاً۔ (۴۸) (قانون) پاس کرنا؛ منظور کرنا؛ قانونی طور پر منتقل کرنا۔ (۴۹) دینا (قول)؛ کرنا (عہد)؛ کھانا (قسم)؛ وعدہ کرنا۔ (۵۰) (فضلہ، غلاظت) اخراج کے ذریعہ جسم سے نکالنا۔ (۵۱) چیخ مارنا یا منہ سے نکالنا؛ آہ بھرنا؛ زبان سے نکالنا؛ تقریر کرنا؛ تلفظ کرنا؛ ادا کرنا(الفاظ کا، ظاہر کرنا (رائے وغیرہ) تنقید کرنا؛ ملامت کرنا؛ عدالتی طور پر اعلان کرنا؛ باتا باتی کرنا۔ (۵۲)صادر کرنا (فیصلہ)؛ تجویز کرنا (سزا)۔ (۵۳)پھیرنا (ہاتھ وغیرہ)؛ ڈالنا (نظر)۔ (۵۴) گزارنا؛ گزرنے دینا؛ (فوج وغیرہ کو معائنہ وغیرہ کے لئے)۔ (۵۵) (کسی چیز کو) آگے بڑھانا؛ پاس والے شخص کو دے دینا۔ (۵۶) شعبدہ بازی کرنا؛ کارڈ کے ذریعہ ٹرک کھیلنا؛ (مسمریزم میں) ہاتھ کی گردش دکھانا؛ کرتب دکھانا (مداری کا) تاش کی گڈی سے کھیل دکھانا۔

Has passed the chair : صدر کا مرتبہ حاصل کر چکا ھے۔

To pass a pleasant evening : اچھی شام گزارنا؛ عیش و آرام کی زندگی گزارنا۔

To pass a rope or string round anything : رسی باندھ دینا؛ کسی چیز کے چاروں طرف رسی یا تانت لپیٹنا۔

To pass a wet sponge over : (اکثر مجازاً) یادداشت کو محو کر دینا؛ یادداشت ختم ہوجانا۔

To pass by : مشہور ہو جانا (نام وغیرہ کا)؛ فوری طور پر شہرت حاصل کر لینا۔

To pass by the name of : کسی نام سے مشہور ہو جانا۔

To pass current : عروج ہو جانا؛ عام طور پر صحیح مان لیا جانا؛ رائج کرنا۔

To pass for , as : (کسی چیز کا کچھ اور) سمجھا جانا : مان لیا جانا ۔

To pass in review : معائنے کے لئے فوج کو گزرنے دینا۔

To pass master : (کسی فیکلٹی میں) ڈگری لینا : مہارت حاصل کرنا : سند حاصل کرنا : (کامل فن ، استاد فن کی طرح) سند حاصل کرنا ۔

To pass muster : پاس ہونا : پسند ہونا : منتخب ہونا : قبول ہونا۔

To pass one's eye over : اچٹتی ہوئی نظرڈالنا :سرسری نظر ڈالنا ؛ نظر دوڑانا ؛ نظر پھیرنا ۔

To pass one's hand over : ہاتھ پھیرنا۔

To pass one's time in sleep : سونے میں اپنا وقت گزارنا۔

To pass the lips : زبان سے نکل جانا: بیان کرنا۔

To pass the seals : مہر کے ذریعہ شاہی منظوری حاصل کرنا : شاہی توثیق حاصل کرنا۔

To pass the sweeper over a floor : جھاڑو پھیر دینا : فرش بہار دینا : زمین پر جھاڑو دے دینا۔

To pass the time of day : (بول چال) صاحب سلامت کرنا ۔

To pass the winter at a place : کسی جگہ پر جاڑا گزارنا : کہیں جاڑا بسر کرنا ۔

To pass unheaded, unnoticed : توجہ سے محروم کردینا : کوئی توجہ نہ دینا : دھیان نہ دینا۔

To pass water : پیشاب کرنا۔

Pass away : (v) (۱) رفعت ہونا : دور ہونا :بھاگ جانا : روانہ ہونا۔ (۲) مر جانا : گزر جانا (دنیا سے) ۔ (۳) (وقت) ختم ہو جانا۔ (۴) (کسی چیز کا) آخر تک پہنچ جانا : ختم ہو جانا : تحلیل ہو جانا : منسوخ ہو جانا : غائب ہو جانا : فنا ہو جانا : برباد ہونا : ضائع ہونا: نیست و نابود ہونا ۔ (۵)گزارنا (وقت وغیرہ) وقت کاٹنا ۔

Pass beyond : (v) ماسوا ہونا : مافوق ہونا : کمال حاصل کرنا : مہارت رکھنا : فضیلت رکھنا۔

Pass-book : (n) (۱) بینک کی کتاب : پاس بک : وہ کتاب جس میں بینک کا حساب و کتاب (روپئے کا جمع کرنا اور نکالنا) درج ہوتا ہے ۔ (۲) (امریکا) ایک کتاب جس میں تاجر یا بیچنے والا خریدنے والے کی معلومات کے لئے بکی ہوئی چیزوں کا اندارج کرتا ہے ۔

Pass box : (n) میگزین سے بندوق میں کارتوس رکھنے کا بکس ۔

Pass by : (v) نظر انداز کرنا : چھوڑ جانا : چھوڑ کے آگے بڑھ جانا: پاس سے گذر جانا : پورا نہ کرنا : متوجہ نہ کرنا : التفات نہ کرنا : بے توجہی برتنا : اہمیت نہ دینا : چھوڑ دینا ۔

Pass by : (with adv.) (۱) گزر جانا : بغیر رکے ہوئے آگے بڑھ جانا : دبے پاؤں گزرنا ۔ (۲) (شخص یا چیز کا) بغیر رکے ہوئے گزر جانا : بغیر نوٹس لئے ہوئے گزرنا : چشم پوشی کرنا : اغماض کرنا :نظر انداز کرنا : نظر نہ پڑنا : بے توجہی کرنا : چھوڑ دینا : تجاہل برتنا : پہلو تہی کرنا : مسترد کرنا : نامنظور کرنا۔

Pass check : (n) پاس چیک : تفریحی مقامات پر داخلہ ٹکٹ جس کی بنیاد پر پاس رکھنے والے باہر جا سکتے ہیں اور پھر اندر آسکتے ہیں۔

Pass course : (n) پاس کورس : غیر اعزازی نصاب : (بر طانیہ میں) وہ نصاب جو گریجویٹ کے (Undergraduate) نیچے درجوں میں آنرس کے علاوہ پڑھائے جاتے ہیں ۔

Pass degree : (n) غیر اعزازی سند : برطانوی یونی ورسٹی میں آنرس کے بغیر بیچلر ڈگری۔

Pass door : (n) تھیٹر اور سنیما میں اسٹیج اور آڈیٹوریم کے درمیان کا دروازہ ۔

Pass hemp : (n) روسی حشیش یا سن کی تیسری قسم۔

Pass in : (v) حوالہ کر دینا : سونپنا :دینا (چیک بینک کو) ۔

Pass-key : (n) (۱) دروازے یا پھاٹک کی کنجی (عام کنجی کے علاوہ) خصوصاً ماسٹر کنجی : ہر قفل کنجی (نیز مجازاً)۔ (۲)پھاٹک کی مخفی کنجی (خاص کنجی)۔ (۳) کھٹکے کا قفل : قفل ابجد ۔

Pass-man : (n) وہ طالب علم جو غیر اعزازی سند حاصل کرے : محض پاس ڈگری حاصل کرنے والا ۔

Pass off : (v) (۱)(کیفیت یا جذبے کا) جاتا رہنا : فرو ہو جانا : آہستہ آہستہ غائب ہو جانا۔ (۲) خیر و خوبی سے انجام

پا جانا (جلسہ ، تقریب وغیرہ)۔ (۳) ایک چیز کو دوسری چیز کہہ کر کسی کے سر منڈھ دینا۔ (۴) توجہ ہٹا لینا ؛ خیال ہٹا نا۔ (۵) الگ کر دینا ؛ ہٹانا ؛ طے کرنا ؛ فیصل کرنا ؛ نپٹانا ؛ لگانا ؛ عائد کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ (کوئی چیز کسی کے) گلے منڈھنا ؛ سر ڈالنا۔ (۶) بننا ؛ ظاہر کرنا ؛ دکھلانا ؛ جھوٹ موٹ بننا ؛ روپ بھرنا ؛ بہانہ کرنا ؛ جھوٹا ادعا کرنا ؛ دعویٰ دار ہونا ۔

Pass on : (v) (۱) لگاتار گزرنا ؛ مسلسل بڑھنا ؛ برابر گزرنا ؛ پیشروی کرنا۔ (۲) رائے صادر کرنا ؛ فتویٰ صادر کرنا ؛ فتویٰ دینا ۔ (۳) مرنا ؛ گزر جانا (دنیا سے)۔ (۴) واقع ہونا۔ (۵) حملے کو دفع کرنا۔ (۶) اگلے ممبر کے حوالہ کرنا ؛ کسی قطار میں اگلے آدمی کو دینا ۔

Pass out : (v) (۱) علاحدہ ہونا ؛ دُور ہونا ؛ باہر ہونا (خصوصاً کسی راستے سے)۔ (۲) اتفاقاً بیہوش ہو جانا ؛ مر جانا ۔

To pass out off : چھوڑ دینا ۔

To pass out of sight : حد نظر کے ماسوا جانا ؛ بہت دور تک جانا ۔

Pass out : (a) اس ٹکٹ سے متعلق جو کسی تفریح گاہ یا سنیما ہال میں باہر نکلنے کے لئے دیا جائے اور پھر اندر داخل ہونے کی اجازت ہو ؛ اجازت نامہ کا۔

Pass over : (v) (۱) (سمندر ، دریا ، وسیع رقبے سے) گزرنا ؛ عبور کرنا ؛ طے کرنا ؛ نیز مجازاً۔ (۲) ہاتھ پھیرنا۔ (۳) غور و فکر کے بغیر کسی چیز کو پاس کرنا ؛ بغیر سوچے سمجھے کسی چیز کو پاس کرنا ؛ چھوڑ جانا ؛ شامل نہ کرنا ؛ شمار نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ۔

Pass over : (v) (۱) گذر جانا ؛ ادھر سے اُدھر جانا ؛ دوسری طرف جانا۔ (۲) (کیمیا) بخاراتی مادے کے متعلق کہا جاتا ہے جو تقطیر میں قرنبیق سے گزرتا ہے اور ظرف میں مجتمع ہوتا ہے ۔ (۳) (مدت ، وقت) گزرنا ؛ ختم ہو جانا ؛ گزر جانا ؛ اختتام کو پہنچنا۔ (۴) منتقل کرنا ؛ دوسرے کو دینا۔ (۵) بغیر چھوئے ہوئے (کسی چیز کو) پاس کرنا ؛ بغیر سمجھے بوجھے یا بغیر مشاہدہ کئے یا بغیر رائے زنی کے پاس کر دینا (خصوصاً بیان ، روایت یا نقل میں)۔ (۶) چھوڑ دینا ؛ بیچ میں (کسی کام کو) چھوڑ چھوڑ کر کرنا ؛ جستہ جستہ کرنا ؛ چھلانگ مارنا ؛ بے توجہی کرنا ؛ التفات نہ کرنا ؛ ترقی کے لئے (کسی شخص کے) دعویٰ کو نظر انداز کرنا ؛ کچھ نہ کرنا (کسی چیز کے متعلق)۔ (٦) بغیر سزا کے جانے دینا ؛ معاف کر دینا ؛ نظر انداز کرنا (غلطی کو)۔

Pass shooting : (n) اڑتی ہوئی چڑیوں کا شکار ۔

Pass-through : (n) دو کمروں کے درمیان دیوار میں کچھ جگہ (چھوٹی کھڑکی) جس کے ذریعہ طشتریاں ادھر سے اُدھر دی جا سکیں (جیسا کہ باورچی خانے اور ڈرائنگ روم میں ہوتی ہے۔

Pass - through : (v) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف جانا ؛ گزرنا ؛ عبور کرنا ؛ طے کرنا ؛ جانا ؛ مرحلہ طے کرنا ؛ ناپنا (راستہ) ؛ نقل مکان کرنا۔ (۲) تہ کو پہنچنا ؛ تاڑ لینا (کسی بات یا منصوبے وغیرہ کو) ؛ داخل ہونا ؛ گزرنا ؛ آرپار جانا یا ہونا ؛ سرایت کرنا ؛ حقیقت کو پہنچنا ؛ (مجازاً) سمجھنا۔ (۳) غور کرنا ؛ پورا کرنا ؛ انجام دینا ؛ تکمیل کو پہنچانا ؛ جھٹکے کے ساتھ بڑھانا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھیلنا۔ (۴) (مصیبت وغیرہ) دیکھنا ؛ اٹھانا ؛ برداشت کرنا۔

Pass up : (v) انکار کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ رد کرنا (دعوت وغیرہ کا) ؛ پروانہ کرنا ؛ توجہ نہ کرنا ؛ التفات نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ (کسی سے) اعراض کرنا ؛ اہمیت نہ دینا ؛ مسترد کرنا ؛ نامنظور کر دینا ؛ یقین نہ کرنا (روزمرہ ، امریکا) مزید معاملات کرنے سے انکار کر دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

Pass word : (n) (۱) کلمۂ عبور ؛ لفظ شب ؛ اشارہ ؛ (فوج) وہ لفظ شناخت جو افسر یا گارڈ کا معائنہ کرنے والا استعمال کرتا ہے ؛ پیرول (Parole) ۔ (۲) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ہو ؛ اصول ؛ قول ۔ (۳) وہ مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے والے دوست دشمن میں تمیز کرتے ہیں ؛ پرول ؛ پلول ۔ (۴) پوشیدہ داخلہ ؛ پوشیدہ داخل ہونے کی اجازت۔

Passable : (a) [Fr. 'passable.'] (۱) قابل عبور ؛ قابل گزر ؛ جو گزر سکے ؛ جو عبور کر سکے ۔ (۲) (روپیا ، سکہ) چالو ؛ روا ؛ وہ سکہ جو چل رہا ہو ؛ جاری۔ (۳) (کتاب) اشاعت کے قابل نیز مجازاً۔ (۴) خاصا ؛ اچھا ؛ کام چلاؤ ؛ بین بین ؛ قابل برداشت ؛ جو سہا جا سکے ؛ اوسط درجے کا ؛ کافی ؛ وافی ؛ پیش کرنے کے لائق ؛ قابل عطیہ ؛ قابل قبول ؛ میانہ ؛ متوسط ۔

Passableness : (n) قابل گزران ؛ قابل عبوریت ؛ اوسط۔

Passably : (adv.) بطور میانہ ؛ اس طرح کہ کام چل جائے ؛ خاصا ؛ برداشت کے طور پر ؛ اعتدال کے ساتھ ؛ اوسط درجے کے لحاظ سے ؛ بالکل اچھا ؛ قطعی خوب صورت ۔

Passacaglia : (n) [Sp. 'pasacalle.'] (موسیقی) ایک قسم کا قدیم ہسپانوی رقص۔

Passage : (n) [OFr. 'passage.'] (۱) گزرنے کا عمل : ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا : گزرنا: نقل مقالہ : نقل مقام : نقل مکان : سفر : عبور : تغیر۔ (۲) لوگوں کا گزر۔ (۳) چڑیوں کی موسمی اڑان: پرندوں کی موسمی پرواز۔ (۴) (مجازاً) تبدیل: بدلنا : انتقال (ایک حالت سے دوسری حالت میں) : (خصوصاً موت کے ذریعہ ایک زندگی سے دوسری زندگی میں) : وقت گزر : رفتار وقوع : ایک نظریۂ خیال یا مضمون سے دوسری طرف تبدیل ہونا۔ (۵) حق گزر : حق آمد و رفت : گزرنے کا موقع : گزرنے کی طاقت : آزادئ گزر : گزرنے کی فرصت یا حق (ادبی یا مجازی)۔ (۶) بحری سفر : جہاز کا سفر : سفر دریا۔ (۷) بحری سفر کا حق (جو ٹکٹ یا اس سے حاصل کیا جائے) : جہاز کا ٹکٹ : جہاز میں جگہ : مسافر کی حیثیت سے ٹھہرنے کی جگہ۔ (۸) (قانون کی) منظوری : پاس ہونا۔ (۹) (شہسواری، گھوڑے کی سواری) ڈلکی چال : دوڑنے کی ورزش۔ (۱۰) تخلیہ امعا : آنت کا تخلیہ : جنبش : حرکت : اجابت۔ (۱۱) (مکان میں کمروں کے درمیان) گزر گاہ : غلام گردش : راہ رو : دالان : معبر : راہ : راستہ : روڈ : پگ ڈنڈی : رستہ : سبیل (خصوصاً دخول وغیرہ یعنی داخل ہونے اور نکلنے کے لئے)۔ (۱۲) غلام گردش : جو کسی باغ کی طرف نکلتا ہو : گزر گاہ باغباں : روش۔ (۱۳) دو شخصوں کے درمیان گفت و شنید : معاملہ : تبادلۂ خیال : آپس کے راز ونیاز : پورا بھروسا : اعتماد : زعم : داعیہ : اعتماد علی النفس : حیات : دلاوری : راز داری : عاشقانہ تعلقات : عشقیہ مراسم۔ (۱۴) لڑائی : مقابلہ دو شخصوں کے درمیان مکّابازی : دو شخصوں کے درمیان جھگڑا نیز مجازاً۔ (۱۵) کسی رسالہ، بیان، مقالہ یا تحریر کا غیر متعینہ حصہ : عبارت : کتاب وغیرہ کا ٹکڑا۔ (۱۶) (موسیقی) قطعۂ موسیقی : آہنگ موسیقی۔ (۱۷) (ہوا بازی) ہوائی سفر۔ (۱۸) (حیوانیات) منفذ۔ (۱۹) (ارضیات) راستہ : گزرگاہ : گزار : سفر۔

Bird of passage : (حیوانیات) موسمی پرندہ : (سماجیات) خانہ بدوش : ہری چگ : موسمی : مقام تبدیل کرنے والی (چڑیا) : آشیاں بدوش (چڑیا) : مرغ مہا جر۔

Passage : (v) [L. 'passus.'] (۱) گھوڑے کا ایک پہلو کی طرف چلنا (لگام کھینچنے اور دوسرے پہلو کو ران سے دبانے پر)۔ (۲) گھوڑے کو ترکیب بالا سے پہلو کی طرف لے چلنا۔

Passage : (v) (۱) سفر کرنا : مجبور کرنا : کشتی یا جہاز میں سوار کرنا۔ (۲) مقابلہ کرنا : لڑائی کرنا : (مجازاً) حجت تکرار کرنا۔ (۳) گزرنا : اِدھر سے اُدھر جانا۔

Passage-bed : (n) (ارضیات) زمین کی پرت : طبقۂ ارض (ایک ترکیب سے دوسری ترکیب کی تبدیلی ظاہرکرتے ہوئے)۔

Passage bird : (n) (۱) موسمی پرندہ : مرغ مہاجر۔ (۲) موسمی باز یا شاہین : شاہین مہاجر۔

Passage-boat : (n) مسافر کشتی : ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والی مسافر کشتی۔

Passage cell : (n) (نباتیات) نفوذ پذیر خلیہ۔

Passage hawk : (n) نوخیر باز : نوخیر شاہین۔

Passage-money / -overseas : (n) (جہاز رانی) کرایہ جہاز۔

Passage of arms /-at- : (n) (۱) لڑائی : مقابلہ۔ (۲) (استعارتاً) حجت : تکرار : جھوڑ۔

Passage-ticket : (n) (جہاز رانی) ٹکٹ سفر جہاز۔

Passage way : (n) راہ : رستہ : غلام گردش : (مکان میں کمروں کے درمیان) دالان۔

Passant : (n) [Fr. 'passant.'] (نقابت) "رواں اور راست نگراں" : (ڈھال پر جانور کی تصویر جس میں وہ) چلتا ہو اور سیدھے ہاتھ کی طرف دیکھتا ہوا نظر آئے اس طرح کہ تین پاؤں زمین پر ہوں اور اگلا سیدھا پاؤں اٹھا ہوا ہو۔

Passe / Passee : (a) [Fr.] (۱) گذشتہ : ماضی : کہنہ : فرسودہ : پژمردہ : ادھیڑ۔ (۲) ادھیڑ (عورت)۔ (۳) (وہ عورت) جس کے حسن کی دو پہر ڈھل چکی ہو۔ (۴) وقت کے بعد ایک چیز کی دوسری چیز کی جگہ لی ہوئی۔

Passe-partout/ Passepartout : (n) [Fr.] (۱) وہ شخص جسے ہر جگہ جانے کی اجازت ہو۔ (۲) ہر قفلی کنجی : ماسٹر کی (کنجی)۔ (۳) تصویر وغیرہ کا چوکٹھا قاب وغیرہ کا چوکٹھا : قاب عکس : فریم۔

Passed-master :(n) ماہر فن : استاد کی حیثیت سے پاس : سند یافتہ ماہر۔

Passed scale : (n) منظور شدہ پیمانہ۔

Passementerie : (n) [Fr.] سنہرے یا رو پہلے فیتے یا کار چوبی کا کام یا پرت وغیرہ کی جھالر۔

Passenger : (n) [Fr.'passanger.'] (۱) مسافر : رہگیر : گزرنے والا ۔ (۲) سفر کرنے والا (عموماً پیدل) ۔ (۳) مسافر (جہاز ، کشتی ، ریل یا کسی اور کرائے کی سواری کا) ۔ (۴) (عامیانہ) مقابلہ کی کشتی میں غیر موثر اور بیکار ملاح یا فٹ بال ٹیم کا بیکار کھلاڑی نیز توصیفی معنوں میں۔

Foot -passenger : پیادہ پا مسافر : پیدل چلنے والا مسافر۔

Passenger boat : (n) مسافر کشتی ۔

Passenger depot : (n) مسافر ڈپو ۔

Passenger fare : (n) مسافر کرایہ ۔

Passenger ship : (n) مسافر جہاز ۔

Passenger-pigeon : (n) مسافر کبوتر : شمالی امریکا کا جنگلی کبوتر جو بہت بلند پرواز تک اڑنے والا ہوتا ھے ۔

Passenger traffic : (n) مسافروں کی آمد ورفت ۔

Passenger train : (n) مسافر گاڑی ۔

Passer : (n) (۱) رہگذر : راہگیر : مسافر : گزرنے والا ۔ (۲) وہ شخص جو پاس کراتا ھے ۔

Passer-by : (n) رہگیر : گزرنے والا (اتفاقاً یا بلا مقصد) : اتفاقی راہگیر ۔

Passeres : (n) [L. pl. of ' passer. '] (طیورات) عصافیر : کنجشك کی قسم کا ایك پرندہ : گوریّا ۔

Passeriform : (a) (۱) عصفور مانند : گوریّے کی طرح کا : عصفوری۔ (۲) پرند یا کنجشك کا یا اس کے مانند ۔

Passerine : (n) عصفوریہ : ایك قسم کی چڑیا : Passers قسم کا پرندہ ۔

Passibility : (n) (۱) ذی حس ہونے کا عمل : ذی حس کی صفت حسّاسیت : رنج بری : تحمل رنج والم ۔ (۲) حالت سکون : عدم فعالیت : وقفہ ۔

Passible : (a) [Fr. 'passible .'] قابل برداشت : تکلیف اور مصیبت برداشت کرنے کے قابل : ذی حس : صاحب احساس : جو تکلیف وغیرہ کی حس رکھتاھو : حسّاس : درد کش : محنت کش : متحمل رنج و الم : فساد پذیر ۔

Passibleness : (n) دیکھو Passibility

Passiflora : (n) [mod. L.] (نباتیات) گُل ساعت : ایك قسم کا پھول۔

Passiflorine : (n) (کیمیا) گل ساعت سے نکلا ھوا ایك قسم کا مادہ۔

Passim : (adv.) [L.] ہمہ جا : این جا و آن جا : یہاں وہاں (کسی کتاب یا تحریر کے ذریعہ استعمال کیا ہوا) : جا بجا : (جملہ ، تلمیح وغیرہ کسی کتاب میں مثلاً This occurs in Milton passim یہ ملٹن کی تصانیف میں جا بجا آتا ھے یا پایا جاتا ھے) ۔

Passimeter : (n) ریلوے ٹکٹ بکنگ کی خود کار مشین ۔

Passing : (n) (۱) آگے بڑھنے ، جانے ، چلنے ، قطار میں ہونے ، مروج ہونے ، رائج کرنے ، منتقل ہونے ، گزر جانے ، مرنے ، حرکت کرنے ، پاس ہو جانے ، خارج کرنے ، توثیق کرنے ، پیش ہونے (حادثہ)، عدالتی تحقیقات کا عمل ۔ (۲) گزرنے کی جگہ : پاس کرنے کا مقام : دوراہی : بغلی پٹری : ریل کی پٹری : گھاٹ : دریا وغیرہ میں پایاب اترنے کی جگہ ۔

Passing : (a) (۱) گذراں : عارضی : ناپائدار : آنی : جانی : چشم زدن کا : دم بھرنے کا : ذرا سی دیر کا : ایك لحظے کا : بھاگتے ہوئے : تیزی سے گزرتے ہوئے : چند روزہ : سریع الزاول : گزرتے ہوئے ۔ (۲) عاجلانہ : سرسری : ضمنی : رواروی کا ۔

Passing : (adv.) عاجلانہ طور پر : رواروی کے ساتھ : چشم زدن میں : دم بھر میں : پلك جھپکتے : عارضی طور پر : (قدیم) نہایت : بے حد : بہت زیادہ ۔

Passing - bell : (n) (۱) دیکھو Death-bell ۔ (۲) (مجازاً) پیام اجل : موت کی نشانی : خبر مرگ : ماتمی گھنٹی ۔

Passing hollow : (n) ہلال : (نیا یا آخری ہفتے کا) چاند ۔

Passing light : (n) ہوائی جہاز میں خطرے کی بتی (لال روشنی) : ہوا پیما چراغ خطر۔

Passing note/ -tone : (n) (موسیقی) ملانے والا سُر (جو کسی نغمے میں شامل نہ ہو بلکہ دو نغموں کو ملانے کا کام دے) ۔

Passing of order : (n) (سیاسیات) صدر و حکم ۔

Passing place : (n) (۱) گھاٹ : دریا وغیرہ میں پایاب اترنے کی جگہ ۔ (۲) (ریل) بغلی پٹری : دوراہی ۔

Passingly : (adv.) (۱) گزرتے ہوئے : عبوراً ۔ (۲) موقتاً : تصادفاً۔ (۳) سرسری : ضمنی ۔ (۴) بہت زیادہ : بے حد ۔

Passingness : (n) گزر : عبور : نا پائدار ہونے کی صفت یا حالت ۔

Passion : (n) [L. 'passio' or Fr. 'passion.'] (۱) درد کی تکلیف : رنج و محن کی اذیت ۔ (۲) مصائب مسیح : وہ تکلیفیں جو حضرت عیسیٰ علیہ نے صلیب پر اٹھائیں۔ (۳) (بائبل میں) مصائب مسیح کا بیان : نیز مسیح کا نغمہ یا گیت ۔(۴)(ذہنی کیفیت،جذبہ) شدید یا قوی جذبہ : پرزور جذبہ : تند تیز جذبہ : جذبات کا ہیجان یا جوش : ہیجان : جوش ۔ (۵) آرٹ اور نفسیات میں کوئی طرز یا انداز جس میں دماغ متاثر ہوتا ہے : مثلاً حوصلہ : امنگ : بلند ہمتی : لالچ : حرص : طمع : حسرت : خواہش : آرزو : تمنا : شوق : رغبت : امید : رجا : محبت : نفرت : بغض : عناد : خوشی : رنج و ملال : کلفت : افسوس : حزن : الم : غصہ : طیش : انتقام : بدلہ : غرض : جذبۂ انتقام ۔ (۶) (بغیر Article یا جمع) پر شوکت جذبہ : بار عب احساس : پر جوش احساس یا جذبہ ۔ (۷) غصہ : غصے کی حالت : طیش : بد مزاجی : جذبۂ غصہ ۔ (۸) عشق : عاشقانہ مزاج : عشقیہ جذبہ : محبت ۔ (۹) معشوق : محبوب ۔ (۱۰) عشق جنسی : عشق شہوانی : شہوت : ہوائے نفس : جنسی خواہش : من کی موج : لہر : ترنگ ۔ (۱۱) بے حد جوش : بے حد شوق : ولولہ : (کسی کام یا چیز کا) : بہت زیادہ انہماک ۔ (۱۲) جوش و ولولہ کے ساتھ کام یا مقصد ۔ (۱۳) (نفسیات) بہیمیت : انفعال ۔ (۱۴) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) شدید جذبہ : جوش : وافرشوق یا شوقِ فضول ۔

Instruments of the passion : صلیب : خدائی تازیانہ یا سزا : کیل : تاج شہادت : کانٹوں کا ٹکٹ یا تاج : آلات عقوبت۔

Passion : (v) [Fr. 'passioner.'] (۱) شدید جذبے سے متاثر ہونا : جذبات میں جوش یا ہیجان ہونا : غصہ ، عشق ، شوق یا ولولہ پیدا ہونا ۔ (۲) جوش : ہیجان : غصہ ، عشق ، شوق یا ولولہ ظاہر کرنا ۔

Passion-flower : (n) گل ساعت : گل صلیبی (ایک قسم کا پھول جو حضرت مسیح علیہ کے آلات عقوبت سے مشابہ سمجھا جاتا تھا) ۔

Passion fruit : (n) گلِ صلیبی کا کھایا جانے والا پھل ۔

Passion music : (n) مسیح کا نغمہ یا گیت : وہ نغمہ یا گیت جس میں مصائب مسیح شامل ہوں ۔

Passion play : (n) مصائب مسیح کی تمثیل:(دینیات) تعزیہ مسیح : تعزیہ ۔

Passion sunday : (n) [late ME.] Lent کے زمانے کا پانچواں اتوار: ایام پرہیز :Easter کے معاً پہلے کا زمانہ ۔

Passion-tide : (n) ایسٹر کے قبل کا زمانہ : ہفتۂ مسیح جس میں عیسیٰ مسیح کی مصیبت کی یاد گار مناتے ہیں : ایام پرہیز و روزۂ مسیحیان ۔

Passion vine : (n) دیکھو Passion flower

Passion week : (n) (۱) ہفتۂ مصائب : عید فصح سے پہلے کا ہفتہ: ایسٹر سے پہلے کا ہفتہ جس میں حضرت عیسیٰ کے مصائب کی یادگار مناتے ہیں: متبرک ہفتہ ۔ (۲) موجودہ استعمال میں Lent کا پانچواں ہفتہ جو Passion sunday سے شروع ہوتا ہے ۔

Passional : (a) (۱) شدت جذبات کا : جوش : ہیجان ، غصہ ، عشق ، شوق یا ولولے کا : بغض یا عناد کا۔ (۲) مصائب مسیح کا یا اس سے متعلق ۔

Passional : (n) [med. L. 'passionable .'] کتاب مصائب :مصیبت نامہ (جس میں اولیاء اور شہداء کے مصائب درج ہوں) ۔

Passionary : (n) شہادت نامہ : تذکرہ الشہداء ۔

Passionate : (a) [med. L. 'passionatus.'] (۱) غصیلا : غصہ ور : تند مزاج : تند خو : مغلوب الغضب : جھلا :چڑچڑا۔ (۲) (زبان) غصے میں : غضبناک :خفا : ناراض : برہم : بر افروختہ : غضب آلود : قہر آلود ۔ (۳) (شخص) پر جوش : گرم مزاج : تند خو : آتشی مزاج : سودائی : سرگرم : مستعدانہ خواہش مند : سرگرمی سے چاہنے والا ۔ (۴) (تقریر وغیرہ) پر جوش : جوش میں بھری : غصے میں بھری : غصے کی : گرم : پر شوق : شدید اللحن ۔ (۵) شدید جذبے کا : جوشیلا ۔ (۶) اثر پذیر : نقش پذیر : شدید احساس کا آسانی سے تبدیل ہو جانے والا : تغیر حالت کا : متاثر ہونے والا : اثر قبول کرنے والا : زود حس : زود رنج۔ (۷) ترس کھانے والا : رحیم : رؤف : درد مند (اب بول چال) غم زدہ : محزوں ۔

Passionate : (n) وہ شخص جو جذبہ' غصہ ، ہیجان ، شوق ، ولولہ عشق سے متاثر ہو۔

Passionately : (adv.) غصے میں : تند مزاجی سے :جوش میں : پر جوش ہونا : پر شوق ہونا : پر شوق انداز میں ۔

Passionateness : (n) تند مزاجی : تند خوئی : گرم مزاجی :گرمی : پرجوش ہونا :پرشوق ہونا : ہیجان: غضب ناکی : برہمی : جوشیلا پن ۔

Passioned : (a) دیکھو Passionate

Passionful : (a) دیکھو Passionate

Passionist : (n) (۱) اعزادار مسیح (اس سلسلے کا رکن جو مسیح کے مصائب کا ماتم کرتا ھے اور یہ سلسلہ اٹلی میں Paolodella croces کے ذریعہ ۱۷۲۰ء میں قائم ہوا) ۔ (۲) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Passionless : (a) بے احساس : غیر احساس : غیر شہوانی : سرد : ٹھنڈا : بے درد : بے غم : بے جوش : بے اشتعال ۔

Passionlessly : (adv.) بے احساس طور پر : بے اشتعال اندازمیں : غیر شہوانی طور پر : آرام کے ساتھ : سرد انداز میں : ٹھنڈے طور پر ۔

Passionlessness : (n) بے جوشیلا پن : بے غمی : بیداری :غیر احساسی: بے حسی ۔

Passivate : (v) غیر متحرک بنانا : کاہل بنانا : سست بنانا : بے کار بنانا : مجہول بنانا : غیر فعال بنانا ۔

Passive : (a) [L.'passivus.'] (۱) منفعل : انفعالی: متحمل : غیر متحرک ۔ (۲) (حرف و نحو) مجہول (active کی ضد) فعل مجہول ۔ (۳) (اسکاتستانی قانون) قبولیت کے ذریعہ اسلاف کی جائداد میں شامل کیا ہوا ۔ (۴) بغیر مخالفت یا بے مزاحمت کچھ حاصل کرنے یا برداشت کرنے سے متعلق ۔ (۵) بیرونی قوت یا زور کو آسانی سے مان لینے والا یا دوسروں کی خواہش کو تسلیم کر لینے والا : فرماں بردار : فرماں پذیر : منکسر : اطاعت شعار : اطاعت کیش ۔ (۶) غیر متحرک : سست : مجہول : بے حرکت : جامد : ساکن : کاہل : غیر موثر ۔ (۷) (مرضیات) سست : بے اشتعال کا : انجماد کا : اختناق کا : انجماد خون کا : غیر فعّال ۔ (۸) (کیمیا) بے عمل سست : کیمیائی ترکیب میں آسانی سے داخل نہ ہونے والا ۔ (۹) (قانون ، تجارت) بے سودی : (قرضہ) : (بانڈ ، قرض یا حصہ) جس میں کوئی سود نہ دیا جائے ۔ (۱۰) (ٹرسٹ) (جس میں متولی کو کوئی فرض انجام نہ دینا پڑتا ہو) برائے نام : نام کا ۔

Passive : (n) (۱) غیر متحرک چیز : جامد صفت یا خاصیت ۔ (۲) (قواعد) فعل مجہول ۔

Passive courage : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) انفعالی جرأت ۔

Passive debt : (n) بے سود کا قرضہ : (معاشیات) قرض حسنہ ۔

Passive defence : (n) (فوج) غیر عملی دفاع ۔

Passive immunity : (n) (طب) اعضائے خفیف ۔

Passive iron : (n) (کیمیا) بے عمل لوہا ۔

Passive metals : (n) (طب) بے عمل دھاتیں ۔

Passive obedience : (n) سست اطاعت : غیر متحرک فرماں برداری : عدم فرمان پذیری ۔

Passive prayer : (n) غیر متحرک عابد : سست عبادت کرنے والا ۔

Passive resistance : (n) مقاومت بے مزاحمت : مقاومت منفی : مقاومت مجہول : (سیاسیات) عدم تعاون : عدم تشدد : (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) انفعالی مزاحمت ۔

Passive resister : (n) وہ شخص جو عدم تشدد کرتا ہو : وہ شخص جو بغیر مزاحمت کے مقاومت کرتا ہو : منفی مقاومت کنندہ ۔

Passive righteousness : (n) سست راست بازی : غیر متحرک کرداری : عدم پارسائی ۔

Passive trust : (n) وہ وقف (Trust) جس میں متولی کے ذمہ کام نہ ہو برائے نام متولی جسے Drytrust بھی کہتے ہیں ۔

Passive voice : (n) (قواعد) فعل مجہول ۔

Passively : (adv.) (۱) انفعالی حیثیت سے: منفعلانہ ۔ (۲) فعل مجہول کی حیثیت سے : فعل مجہول کے طور پر ۔ (۳) تحمل سے : چپ چاپ : بے مزاحمت کے ۔ (۴) جمود کے ساتھ ۔

Passiveness : (n) انفعالیت : (فعل کا) مجہول ہونا :عدم مزاحمت ہونا ۔

Passivism : (n) حالت مفعولیت : تاثیر پذیری : بے حالی : بے ارادگی ۔

Passivist : (n) مقاومت منفی کا پیرو:طرف دار مقاومت منفی۔

Passivity : (n) (۱) غیر متحرک ہونے کی حالت یا صفت یا صورت یا (a کے ساتھ اور جمع میں) اس کی نظیر ۔ (۲) تاثیر پذیری : عدم فعالیت : رکود : حالت مفعولی:عجز و انکسار: فروتنی : عاجزی : خاکساری : فرماں پذیری ۔ (۳) عدم فاعلیت : عدم مستعدی: عدم عمل و حرکت : بے حرکتی: جمود : فقدان حرکت : کاہلی:سستی ۔ (۴)(مابعد) بے عمل سازی (فلسفہ) انفعالیت ۔

Passless : (a) دیکھو Impassable

Passmaster : (n) استاد کار : ماہر ۔

Passometer : (n) (میکانیات) قدم پیما : قدم شمار : گھڑی نما ایک آلہ جس سے آدمی کے قدم کو شمار کیا جاتا ہے ۔

Passover : (n) (۱) یہودیوں کے عید فصح (اس واقعہ کی یاد تازہ کرنے کے لئے منائی جاتی ہے کہ بلائے آسمانی مصریوں کے گھروں پر نازل ہوئی مگر اسرائیلوں کے گھر محفوظ رہے) ۔ (۲) بھیڑ جس کی قربانی عید فصح کی تقریب میں کی جائے ۔ (۳) (مجازاً) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ (۴) توصیفی معنوں میں ۔ (۵) غیر خمیری روٹی کی دعوت کو بھی کہا جاتا ہے ۔

Passport : (n) [Fr. 'passeport.'] (۱) پروانۂ راہداری : پاسپورٹ : گزر نامہ ۔ (۲) (بحری) غیر جانب دار تجارتی جہاز کو ایک ایسی حکومت کی جانب سے دی ہوئی اجازت کہ چند جگہوں میں جہاں چاہے بغیر مزاحمت جا سکے : بشر طیکہ وہ حکومت اس ملک سے جہاں کا وہ جہاز ہے بر سر جنگ نہ ہو : پروانۂ بحری ۔ (۳)(مجازاً) کسی جگہ آنے یاجانے کا اجازت نامہ ۔ (۴) کسی جماعت ، ملک یا حلقہ عمل میں داخل ہونے کا اجازت نامہ ۔ (۵) کسی چیز کے حاصل کرنے کا یقینی وسیلہ : حکمی ذریعہ ۔ (۶) تصدیق ادائی : رسید : واچر : بیجک : فرد حساب : گواہی نامہ ۔ (۷) ایک ملک میں اس ملک کی اجازت سے کسی غیر ملکی کو آنے ، گزرنے یا سامان لے جانے کا پروانہ یا لائسنس : پروانۂ راہداری ۔

Passport : (v) پاسپورٹ دینا : پروانۂ راہداری دینا ۔

Passportless : (a) بغیر پاسپورٹ کے : پروانۂ راہداری کانہ رکھنا ۔

Passus : (n) [L.] نظم یا کہانی کا باب یا فصل یا اس کا کوئی حصہ ۔

Passy-measures : (n) [It.] ایک قسم کا اطالوی رقص ۔

Past : (a) [f. Pass.] (۱)ماضی : گذشتہ :گزرا ہوا ۔ (۲) جو چیز گذر جائے : گذرا ہوا (وقت) پچھلا : گزرے ہوئے دنوں کا ۔ (۳) ابھی گزرا ہوا : زمانۂ حال کے فوراً بعد ۔ (۴) (صرف و نحو) ماضی کا : گذشتہ عمل یا حالت کا اظہار ۔ (۵) گزرے ہوئے وقت کا یا اس سے متعلق : سابقہ ۔ (۶)(مختلف سو سائٹی میں) کسی عہدہ یا آفس کی پوری میعاد تک خدمت کیا ہوا ۔

Past : (n) (۱) زمانۂ ماضی (خصوصاً The past) گزرا ہوا زمانہ ۔ (۲) گزرے ہوئے واقعات : پچھلے واقعات ۔ (۳) کسی شخص کی پچھلی زندگی : گذشتہ زندگی : وہ دور جس سے کوئی شخص گذرا ہو : خصوصاً گزری ہوئی زندگی جس پر سے پردہ ہٹا دیا گیا ہو ۔ (۴)(قواعد) زمانۂ ماضی : گذشتہ زمانہ ۔

Past : (prep.) (۱) بعد : کسی وقت معینہ سے زیادہ (گزرنے کے نتیجے میں) ۔ (۲) آگے : پرے (کسی مقام کے) : اس سے آگے ۔ (۳) زمانے کے بعد ۔ (۴) (حرکت) گزرتے میں ۔ (۵) ماورا : خارج از : گزرا ہوا : باہر (کسی دائرے یا حد سے) حلقہ سے آگے : حدود سے سوا : وسعت سے پرے : ناقابل : بے بہرہ ۔ (۶) صلاحیت اور طاقت کے سوا : قوت سے سوا (بول چال) ۔ (۷) حدود سے آگے (اب بول چال) ۔

Past : (adv.) آگے بڑھتا ہوا : گزرتا ہوا : درکنار : دور از ۔

To go past : گزرنا : پاس کرنا : آگے بڑھنا :ایک حالت سے دوسری حالت اختیار کرنا۔

To lay past : کترانا : کنارہ کرنا : بچنا : اڑا جانا (دلیل ، سوال وغیرہ): ٹال دینا(کسی شخص کو) ۔

Past absolute : (n) ماضی مطلق ۔

Past belief : (n) گذشتہ یقین ۔

Past comprehension : (n) غیر جامعیت ۔

Past continuous : (n) وہ ماضی جو ایسی حالت کو ظاہر کرے جس سے لگاتار کام کا اظہار ہو ۔

Past cure : (n) (طب) لا علاج ۔

Past definite : (n) (قواعد) ماضی بعید ۔

Past-due : (a) دیکھو Overdue

Past himself : اس کے سوا : اس کے علاوہ (اب بول چال میں) ۔

To paste up : لئی وغیرہ سے (دیوار پر) اشتہار وغیرہ چسپاں کرنا ۔

Paste cutter : (n) پیسٹری بنانے کے لئے فطیر کو کاٹنے کا ایک آلہ ۔

Paste-down / Pastedown : (n) مجلد کتاب میں جلد کے بعد لگا ہوا سادہ کاغذ : گرد پوش (کتاب کا) : جلد کے اندرونی حصہ پر چسپاں کیا ہوا کاغذ : زیر جلد ۔

Paste eel : (n) ایک قسم کا کیڑا جو ترش خمیر میں پایا جاتا ھے ۔

Paste-egg : (n) دیکھو Pasch-egg

Paste grain : (n) بھیڑ کے چمڑے کی ایک تہ جسے فطیر کے ذریعہ کسی چیز کے پیچھے مضبوطی اور سختی کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

Pasteboard : (n) (۱) دفتی : مقوّا : وصلی (جو کاغذکے تین یا زیادہ اوراق (شیٹ) کو ایک ساتھ چسپاں کر کے بنائی جائے) : اس قسم کا بنا ہوا کوئی ٹکڑا :کاغذ مقوائی ۔ (۲) (عامیانہ) کارڈ : ملاقاتی کارڈ : تاش کے پتے : نیز مجموعی طور پر تاش کے پتے : ریلوے ٹکٹ ۔ (۳) (مطبخ) (عام طور پر Hyphen کے ساتھ) بورڈ جس پر لئی یا فطیر کو پیسٹری بنانے کے لئے لپیٹتے ہیں ۔

Pastboard : (a) (۱)(توصیفی معنوں میں) مقوا کا بنایا ہوا : مقوائی : دفتی کا ۔ (۲) (مجازاً) کمزور : نقلی : مصنوعی : غیر حقیقی : بناوٹی ۔

Pastel : (n) [Fr. 'pastel.'] (نباتیات) نیل پودا : زُرقہ : وسمہ : نیل : ایک قسم کا پودا جس سے نیلا رنگ نکلتا ھے ۔

Pastel : (a) (رنگ کا) نرم :لطیف ۔

Pastel : (n) (۱) رنگ اور گوند کی خشک لپٹی جس سے مصوری کی رنگین پنسلیں بنتی ہیں ۔ (۲)(آرٹ) رنگین پنسل : رنگین پسٹل : پسٹل سے تصویر کشی : نیز پسٹل سے تصویر کشی کا فن : پیسٹیلی تصویر کشی ۔ (۳) سامان آرائش کا ملائم ہلکاروپ کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے : اکثر توصیفی معنوں میں ۔

Pastellist / Pastelist : (n) رنگین پنسلوں سے تصویر بنانے والا : وہ مصور جو پیسٹل سے تصویر کشی کرتا ھے ۔

Paster : (n) (۱) خمیر ساز : فطیر ساز : چسپاں کرنے والا : محکم کنندہ ۔ (۲) (امریکا) گوند لگا کر کاغذ کا

Past indefinite : (n) (قواعد) ماضی مطلق ۔

Past master : (n) (۱) وہ شخص جس نے کسی انجمن ، سوسائٹی ، فری میسن ، لاج وغیرہ میں استاد (Master) کے عہدے پر کام کیا ہو : پیشوا یا رہبر انجمن وغیرہ ۔ (۲) کامل : ماہر فن (کسی مضمون میں) (in , of کے ساتھ) ــ شخص ماہر ۔

Past mistress : (n) ماہر فن خاتون : ماہر فن خاتون (کسی مضمون میں) : ماہر عورت : زن ماہرہ ۔

Past participle : (n) (قواعد) ماضی صفت فعلی : اسم مفعول ۔

Past perfect : (قواعد) ماضی نقلی ۔

Past praying for : (بول چال) نا امید : مایوس : مانع امید ۔

Pasta : (n) [It paste] مختلف قسم کے اطالوی پینٹوں اور گاڑھے مرکبوں جیسے Macaronic , Spaghetti کا روایتی نام ۔

Paste : (n) [late L. 'pasta.'] (۱) فطیر : خمیر : گندھا ہوا آٹا : لیئی وغیرہ : لوئی (جواب حرف مکھن ، سوّر کی چربی وغیرہ یا اسی قسم کی چیزوں کے اضافے کے ساتھ) ۔ (۲) وہ چیز جو مچھلی کے شکار کے دانے کی بناوٹ کی دبازت کے لئے استعمال ہوتی ھے ۔ (۳) مچھلی کی قشری یا گوشت : پکی ہوئی ، پسی ہوئی یا قیمہ کی ہوئی چٹنی ۔ (۴) آٹے کی لیئی یا لیپی (چپکانے یا جوڑنے کے کام آتی ھے) ۔ (۵) کسی نرم یا لچک دار چیز کی آمیزش یا مرکب محلول ۔ (۶) کسی چیز کی لیئی (یا لپٹی) ۔ (۷) (مجازاً) فطیری آدمی (صفت کے طور پر) ۔ (۸) سخت شیشے کی آمیزش یا مسالا (پگھلائے ہوئے سلیکا ، پوٹاش ، سیسے کی سفید اوکسائیڈ اور سہا گے وغیرہ کی آمیزش سے بنا ہوا) جو مصنوعی قیمتی پتھر (جواہرات) بنانے میں استعمال ہوتا ھے : زجاجی مسالہ : اس قسم کا بنا ہوا جواہر (زجاجی مسالے سے مصنوعی جواہر بنتے ہیں) : اس کو Strass بھی کہا جاتا ھے : نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۹) (معدنیات) معدنی جوہر جس میں دوسرے معدنیات جما دیئے جاتے ہیں ۔(۱۰) نرم حلوا : میٹھی لپسی ۔

Paste : (v) (۱) لیئی سے جوڑنا : چپکانا ۔ (۲) چسپاں کرنا : لئی وغیرہ سے(اشتہار وغیرہ کو) دیوار پر چپکانا : منڈھنا (کاغذ وغیرہ کسی چیز پر) ۔ (۳) (عامیانہ) مارنا : کچلنا : ضرب لگانا ۔

Pastiche : (n) [Fr.] دیکھو Pasticcio

Pastil / Pastille : (n) [L. 'pastillus.'] (۱) خوشبو کی بتی : بدبو دور کرنے والا : مزیل جراثیم ۔ (۲) منہ میں کھلانے کی ٹکیا : لوز : قرص (دوا ملایا ہوا) ۔ (۳) رنگ اور گوند کی لپٹی جس سے مصوری کی رنگین پنسلیں بنتی ہیں ۔

Pastime : (n) [Fr. 'passe- temps.'] (۱) دل بہلاؤ : تفریح : ذریعۂ تفریح : فرصت کا مشغلہ : کھیل تماشا : مشغولیات : سرگرمی : کار وقت گزراں : دل لگی : لطف ، دل بہلاؤ تفنن ۔ (۲)(a کے ساتھ اور جمع) لطف اندوزی : تفنن : کھیل کود : اسپورٹ ۔

Pastiness : (n) حالت خمیری : چسپاں ہونے کی حالت :چسپیدگی ۔

Pastor : (n) [L. 'pastor.'] (۱) پادری : روحانی پیشوا : مرشد : پیر ۔ (۲) وہ شخص جو بہت سے لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے : رہنما : پیشوا : پیر ۔ (۳) شبان : چوپان : شبان کلیسا : گوالا ۔ (۴) (طیوریات) Starling کی قسم کا ایک پرند : منطقۂ حارہ کی ایک چھوٹی مچھلی (Nomeus gronovi) ۔ (۵)(دینیات) مرشد : گرو : پادری : (حیوانیات) گلابی مینا ۔

Pastor : (v) (روحانی جماعت کی) ذمہ داری لینا : (روحانی انجمن کی) خدمت انجام دینا ۔

Pastoral : (a) [L. 'pastoralis.'] (۱) شبانی : شبان سے متعلق : گلہ بان کا یا اس سے متعلق : چوپانی : مانند چوپان : گڈریا کی صفت کا : راعیانہ : چراگاہی ۔ (۲) (زمین) چراگاہ کی : اسی طرح سینری : مناظر وغیرہ فطری خوبصورتی سے متعلق (ادب ، موسیقی وغیرہ کا) : دیہاتی زندگی سے متعلق : دیہاتی زندگی کی تصویر کشی کا : جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو : دیہاتی زندگی کے متعلق ظاہر کیا ہوا ۔ (۳) روحانی رہنما کا یا اس سے متعلق : شبان کلیسا کا یا اس سے متعلق : کلیسائی جماعت کے خیال سے متعلق : پادری کا : روحانی رہنما کا ۔

Pastoral : (n) (۱) نظم : ڈراما وغیرہ جس میں چوپان ، گڈریے کی زندگی کی تصویر کشی ہو (اکثر رسمی طریقے سے) نیز جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو : شبانی نظم : ایسی نظم جس میں دیہاتی زندگی کا مرقع ہو ۔ (۲) شبانی تصویر ۔ (۳)(موسیقی) دیکھو Pastorale ۔ (۴) شبانی نظم بطور ہی صنف ۔ (۵) روحوں کی اصلاح سے متعلق کتاب ۔ (۶) پادری

ایک چھوٹا ٹکڑا جسے ووٹر اپنے مخالف (امیدوار) کے نام چسپاں کرتا ہے ۔

Pastern : (n) [med. L. 'pastoria.'] (۱) بخولق : گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ : ٹھیونا ۔ (۲) دوسرے جانوروں کے اسی طرح کے حصے : نیز آدمی کا ٹخنہ : کعب ۔ (۳) دیکھو Pastern-bone ۔

Pastern-bone : (n) ران کی ہڈی اور سُم کے درمیان کی دو ہڈیوں میں سے ہر ایک ۔

Pastern-joint : (n) گھوڑے کی ران اور پاؤں کی بالاترین ہڈی کے درمیان کا جوڑ ۔

Pasteur treatment : (n) پاستری علاج : پاستری طریقے سے معالجہ ۔

Pasteurian : (a) پاستری : شبیہ لوئی پاستر ۔

Pasteurism : (n) (۱) (طب) پاستریت : پاستری معالجہ : پاستری طریقہ (ٹیکے کا طریقہ جس میں امراض خصوصاً کتے کے کاٹنے کا حفظ تقدم اور علاج ٹیکوں کے ذریعے ہوتا ہے) : تطہیر پاستری ۔ (۲) لوئی پاستر فرانس کے سائنسداں کانام ۔

Pasteurization : (n) (۱)(طب) تطہیر پاستری : پاستراثی : تطہیر حرارتی : پاستری طریقے سے صاف کرنا (دودھ وغیرہ) ۔ (۲) ٹیکے کا علاج ۔

Pasteurize : (v) (۱) پاستری طریقے سے نباتی جراثیم (بیکٹریا) کو پاک کرنا : پاستری طریقے سے دودھ وغیرہ کے بعض جراثیم کو ہلاک کرنا ۔ (۲) پاستری طریقے سے علاج کرنا : ٹیکے سے علاج کرنا ۔

Pasteurizer : (n) (۱) پاستری طریقے سے دودھ کے جراثیم کو ہلاک کرنے والا آلہ یا مشین ۔ (۲) پاستری طریقے سے علاج کرنے والا : ٹیکے سے علاج کرنے والا ۔

Pasticcio : (n) [It.] (۱) مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ : معجون مرکب : گڈمڈ : خلط ملط :گھال میل: کھچڑی : بیچ میل : بے ترتیب مجمع یا ڈھیر : ابنار : دھکم دھکا ۔ (۲) مخلوط طرز کا نغمہ یا تصویر : معجون مرکب (نغمہ یا تصویر جس میں موسیقی یا مصوری کے مختلف طرز مخلوط ہوں) ۔ (۳) تصویر یا کسی نا مکمل تصویر کا ڈیزائن جو ایک ساتھ ملائی گئی ہو یا دوسرے آرٹسٹ کے اسٹائل (طرز) کی مکمل پیروی نیز اس قسم کی تصویر کا طرز (اسٹائل) ۔ (۴) ادب یا فنون لطیفہ کا وہ نمونہ جو کسی مشہور استاد کے طرز پر ہو : چربا ۔

لحاظ خصوصاً کسی اُسقف کا خط پادری یا عام لوگوں کے نام۔ (۷) (جمع میں) مکتوب حواری؛ روحانی رہنما کا مکتوب۔ (۸) عصائے اُسقف؛ روحانی پیشوا کا ڈنڈا؛ پیر کی لاٹھی؛ عصائے مرشد۔

Pastoral age : (n) (جغرافیہ) شبانی دور۔

Pastoral epistles : (n) چند خطوط ہیں (خطوط حواری) جو پولس رسول (Paul) نے طیموثی (Timothy) اور طیطوس (Titus) کے نام فرائض پادری (Pastor) کے متعلق لکھے تھے۔

Pastoral farming : (n) مویشی پروری؛ گلہ بانی۔

Pastoral staff : (n) دیکھو Crosier

Pastorale : [It.] (۱) دیہاتی زندگی کے متعلق گیت یا نغمہ؛ شبانی نغمہ۔ (۲) اوپیرا؛ غنائی تمثیل؛ وہ ناٹک جس میں نغمہ و ساز کا عنصر غالب ہو؛ نشید؛ راگ، نغمہ وغیرہ جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو۔

Pastoralism : (n) اس شاعری کی خصوصیت جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو؛ راعیانہ صفت۔

Pastoralist : (n) دیہاتی زندگی کی مرقع کشی کرنے والا؛ نیز وہ شخص جو شبانی زندگی بسر کرتا ہے یا وہ شخص جو جانور یا بھیڑ (پال کر) زندگی بسر اوقات کرتا ہے خصوصاً (آسٹریلیا میں)؛ بھیڑ بکری پالنے والا؛ وہ شخص جو حکومت سے آسان شرائط پر چرائی کے حقوق حاصل کرے؛ نیز مویشیوں کا مالک۔

Pastorality : (n) (۱) شبانیت۔ (۲) دیہاتی زندگی کی نوعیت کا ہونا؛ دیہاتی زندگی کی خصوصیات؛ چوپانی۔

Pastoralize : (n) (۱) شبانی یا دیہاتی بنانا۔ (۲) راعیانہ طور پر خوشی منانا۔

Pastorally : (adv.) راعیانہ طور پر؛ دیہاتی زندگی کی مرقع کشی کے طور پر۔

Pastorate : (n) (۱) پادری کی میعاد کار گزاری؛ میعاد خدمت؛ روحانی پیشوا کا عہدہ یا مرتبہ؛ پادری کا منصب۔ (۲) پادریوں کی جماعت؛ روحانی پیشواؤں کی جماعت؛ مجموعی طور پر تمام پیر و مرشد۔

Pastorly : (a) شبانی؛ چوبانی؛ وابستہ بہ شبان کلیسا؛ روحانی پیشوا کا یا اس روحانی رہنما سے متعلق؛ مانند پادری۔

Pastorship : (n) دیکھو Pastorate

Pastory : (n) [OFr. 'pastaierie.'] (۱) پیسٹری؛ آردینہ؛ چھوٹے کیک (جو گندھے آٹے سے بنتے ہیں)؛ گندھے ہوئے آٹے سے بنی ہوئی چیزیں؛ اب صرف ایسی چیزوں کو کہتے ہیں جب تنور میں پکائی جائیں جیسے پائی، میٹھا سموسا؛ کلوچہ پزی۔ (۲) کیک اور پیسٹری بنانے کی جگہ۔

Pastory cook : (n) وہ شخص جو پیسٹری بناتا ہے؛ کیک بنانے والا؛ خصوصاً عام طور پر فروخت کرنے کے لئے۔

Pasturable : (a) قابل چراگاہ؛ مرغزار کے لائق؛ چرائی کے لائق؛ چرائی کے لائق؛ جہاں مویشی چرائے جا سکتے ہوں۔

Pasturage : (n) [OFr. 'pasturage.'] (۱) (نباتیات) چارہ؛ گھاس؛ مرغزار؛ چرائی؛ چرائی کا کام؛ چرانے کا پیشہ؛ چرنا؛ چرانا (چوپایوں کو)۔ (۲) بڑھی ہوئی گھاس؛ چرائی کی گھاس؛ چری۔ (۳) چارہ سے بھری ہوئی گھاس۔

Pastural : (a) چراگاہ یا اس سے متعلق؛ چرائی کا یا اس سے متعلق۔

Pasture : (v) [OFr. 'pasturer.'] (۱) مویشی کو چراگاہ میں چھوڑنا؛ چرائی کے لئے بھیجنا۔ (۲) (بھیڑ یا مویشی کا) چرنا؛ گھاس کھانا؛ گھاس کے تختے وغیرہ کو چر جانا؛ چر کر صاف کر دینا۔ (۳) (آدمی کا) بھیڑ یا مویشی کو (چراگاہ میں) چرنے کے لئے رکھنا۔

Pasture : (n) [late. 'pastura.'] (۱) کھلانے کا عمل (جانوروں کے متعلق کہا جاتا ہے)۔ (۲) چری؛ گھاس؛ چارہ؛ علف؛ مویشی کے کھانے والی بناتات کا اُپجانا۔ (۳) چراگاہ؛ مرغزار؛ چارے سے بھرا ہوا زمین کا ایک حصہ؛ سبزہ زار۔

Common of pasture : (قانون) حق جو آدمی دوسرے کی زمین و پانی پر رکھتا ہے۔

Common pasture : متعدد مالکوں کے جانوروں کے چرنے کی چراگاہ۔

Pasture-land : (n) چراگاہ؛ مرغزار؛ سبزہ زار۔

Pastry : (n) [med. L. 'pastata, pastatum.] قیمہ بھرا سموسا؛ پائی (ایک قسم کا کھانا جس میں اوپر پپڑی جمی رہتی ہے اور اندر گوشت، ترکاریاں پھل وغیرہ بھرے ہوتے ہیں)؛ میوہ دار کلوچہ۔

Pastry : (a) (۱) خمیری لپٹی یا لپسی کا؛ لیٹی کاسا؛ لیس دار۔ (۲) رنگ پریدہ؛ زرد اور مندا یا دھیما۔

Pat : (n) [late ME. 'pat , patte.'] (۱) (عمل) تھپکی :سہلانا (پیار سے) ٹھونکنا (پیٹھ) : دستک : کھٹ کھٹ کی ہلکی آواز : ہاتھ یا انگلیوں سے ہلکی تھپکی خصوصاً پیار یا خوشنودی کے اظہار میں : نیز مجازاً ۔ (۲) پسندیدگی کا تلفظ : لفظ استحسان : پیٹھ پر ہلکی تھپکی ۔ (۳) مکھن وغیرہ کی چپٹی ٹکیا ۔ (۴) مکھن کی چپٹی ٹکیا کے مانند یا اس سائز یا شکل کی کوئی چیز ۔ (۵) (آواز) تھپ تھپ کی ہلکی آواز خصوصاً پاؤں کی چلنے یا دوڑنے میں تھپکی کی آواز ۔

Pat : (n) [abbrev. of patrick.] آئری : آئرستانی :آئرستان کا باشندہ : آئرستان کے لوگوں کا عرف Patrick کا مخفف ۔

Pat : (v) (۱) تھپکنا : تھپکی دینا (ہاتھ سے یا کسی چیز یا بھوترے اوزار سے) ۔ (۲) (کسی سطح پر) تھپ تھپانا یا ہلکے سے مارنا ۔ (۳) (ہاتھ یا تھاپی وغیرہ سے) چپٹا کرنا : پھیلانا : کسی چیز کو ہلکے ہلکے چپٹی سطحی چیز سے پیٹنا اسے چورس یا چکنا کرنے کے لئے ۔ (۴) ہاتھ یا انگلی سے مارنا یا ہلکے سے تھپکنا (اظہار خوشنودی ، پسندیدگی ، ہمدردی اور ہمت افزائی کی غرض سے) : تھپکنا : سہلانا (پیٹھ پیار سے) (مجازاً) (کسی شخص سے) اس قسم کے احساس کا اظہار کرنا خصوصاً پیٹھ تھپ تھپا کر ۔ (۵) تھپ تھپانا : ہلکے سے مارنا اس طرح کے اس سے مخصوص آواز پیدا ہو : آواز نکالنا : Patpat جیسی آواز کی تکرار کرنا : تھپکی کی تکرار کرنا ۔

To pat on the back : تعریف کرنا : شاباشی دینا ۔

Pat : (adv.) (۱) بر محل : موزوں طریقے پر :برجستہ : مناسب وقت پر : کسی موقع کے ساتھ : موزوں : مناسب وقت پر کسی موقع کے لئے تیار: آسانی سے : فوراً : خوشی سے : خوشی خوشی : مستعدی سے :جھٹ پٹ : بلا عذر ۔

Pat : (a) (۱) موزوں : بر جستہ : ٹھیک : لگتی ہوئی : با موقع : بر محل : مناسب : درست : چسپاں : مساعد (خصوصاً کہی ہوئی بات کے لئے استعمال ہوتا ھے)۔ (۲) بنا بنایا : تیار ۔

Stand pat : کھڑا ہونا : قائم رہنا : ایستادہ ہونا : دیکھو Stand (v) ۔

Pat-a-cake : (n) اس گیت کے پہلے الفاظ جو بچوں کے ایک کھیل کے ساتھ گایا جاتا ھے : نیز ایک کھیل ۔

Pat-ball : (n) ایک قسم کا گیند بلے کا کھیل جس میں کھلاڑیوں کو ایک بڑا چکر لگانا پڑے: (حقارتاً) ٹینس (جو عمدگی سے نہ کھیلا جائے) ۔

Patagial : (a) (حیوانیات) غشائی : چھتری : چمگاڈر وغیرہ کی جھلی کا یا اس سے متعلق ۔

Patagiate : (a) دیکھو Patagial

Patagium : (n) [L. 'patagium.'] (حیوانیات) (چمگاڈر وغیرہ کے بازو کی جھلی : غشاء جناحی : (طیوریات) شکن جلد طیر :(حیوانیات) چھتر (سنجاب) : شاقۂ حشرہ ۔

Patagoina : (n) (جغرافیہ) پٹا گونیا ۔

Patagonian : (a) (بشریات) پٹا گونی : پٹا گونیا کے باشندے سے متعلق ۔

Patagonian : (n) طویل القد آدمی : دیو ہیکل : جنوبی امریکی ہندوستانی جو جنوبی پٹا گونیا میں مقیم ہیں ۔

Patas : (n) [Fr. from a dialeet of Senegal.] مغربی افریقہ کا سرخ بندر (Cercopithecuspalas) ۔

Patavinity : (n) [L. 'patavinitas'.] (۱) پیڈوا (اطالیہ)کی مقامی زبان کی خصوصیت جو Livy کے اُسلوب بیان میں نظر آتی ہیں ۔ (۲)کسی صوبے کا مقامی محاورہ یا نعت : اصطلاحات محلی: محاورہ مقامی : رسوم مقامی ۔ (۳) کوئی محاورہ یا نعت جو ملک کے دارالسلطنت کے باہر رائج ہو۔

Patch : (n) [late ME. 'pacche, patche.'] (۱) کپڑے کا ٹکڑا : پیوند : جوڑ : تکلی : تھگلی : چمڑے اور دھات کا ٹکڑا : قطعۂ زمین ۔ (۲) زخم کا پھایا وغیرہ : چپك پھایا کا ٹکڑا یا اس قسم کی چیز زخم کے اوپر رکھنے کے لئے ۔ (۳) وہ گدّی جو زخمی آنکھ پر باندھتے ہیں ۔ (۴) سیاہ ریشم یا پلاسٹر کا ٹکڑا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں چہرے پر لگایا جاتا تھا خواہ اپنے جرم کو چھپانے کی غرض سے یا اس خیال سے کہ چہرے کی رنگت نہ کھلے ۔ (۵)کسی سطح پر بڑا اور بے ڈھنگا دھبا : دھبا۔ (۶) قطعۂ زمین یا اس پر پڑی ہوئی یا اس میں اپجی ہوئی کوئی چیز ۔ (۷) قطع یخ شناور : تیرتے ہوئے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے برف کے ٹکڑوں والی زمین یا ہموار سطح ۔ (۸) (تشریح اور مرضیات) جلد وغیرہ کا بالکل واضح چھوٹا حصہ : رنگ یا شکل میں میز ۔ (۹) کپڑے کا

ایک ٹکڑا ایک دوسرے کے ساتھ سیا ہوا ؛ پارہ دوزی یا لباس کی سجاوٹ کے لئے ۔ (۱۰) ٹکڑا؛ بچا ہوا حصہ ؛ کترن ؛ دھجی ؛ کسی چیز کا باقی ماندہ (حصہ) ؛ بچا کھچا ۔ (۱۱) پیوند جیسی کوئی چیز ؛ پیوند کی طرح کی کوئی چیز ۔

Not a patch on : (بول چال) (فلاں چیز کے مقابلے میں) پاسنگ بھی نہیں ۔

Patch : (n) [perh. anglicized f. It . 'pazzo.'] (۱) خاندانی بے وقوف؛ گنوار ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ جاہل ؛ اکھڑ ؛ اُجڈ ؛ گاؤدی ؛ کندۂ ناتراش ۔ (۲) بے تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بیل ؛ للاّ ؛ احمق ؛ گنٹھل ؛ (اب صرف بول چال میں) بد خلقت آدمی کے لئے استعمال ہوتا ھے : خصوصاً لڑکا وغیرہ ۔

Patch : (v) (۱) پیوند لگانا ؛ جوڑ لگانا ؛ ٹانکا یا ٹانکے لگانا ؛ تکلی لگانا ؛ تھگلی لگانا ؛ پیوند کی طرح استعمال کرنا ۔ (۲) (کپڑے وغیرہ کا) پیوند، جوڑ وغیرہ لگایا جانا (کسی چیز میں) ۔ (۲) مرمت کرنا ؛ رفو کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ سوراخ بھرنا ۔ (۳) (استعارتاً) (معاملے کو) رو براہ کرنا ؛ جھگڑا چکانا ؛ (عموماً Patch up آتا ھے) ؛ رفع دفع کرنا (جھگڑا، کوئی معاملہ) ۔ (۵) جلدی سے جوڑ جاڑ کر تیار کردینا ۔ (٦) رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر جوڑنا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ بھدا اور بے ربط کام کرنا ؛ بھدا پیوند لگانا ؛ بھدے طور پر مرمت کرنا ۔ (۷) بے جوڑ ان مل ٹکڑوں کو جوڑ کر کوئی چیز بنانا ؛ ایک ساتھ جوڑ کر بنانا ؛ ایک ساتھ جوڑنا ۔ (۸) جوڑ کی طرح رکھنا ۔ (۹) پیوند جوڑ کر مختلف النوع چیزیں بنانا ؛ جوڑ کے ذریعہ رنگ برنگ کا بنانا ؛ جوڑ کر آراستہ کرنا (کسی سطح پر) دھبے نظر آنا ؛ داغ نظر آنا (کسی چیز کے) ۔

To patch up : (معاملے کو) رو براہ کرنا ؛ جھگڑا چکانا ؛ رفع دفع کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ۔

Patch-box : (n) چہرے کے لئے گدّی رکھنے کا بکس ۔

Patch head : (n) (شمالی امریکا کی) سمندری بطخ کی ایک قسم (Edemia perspicillata) ۔

Patch-ice : (n) برف کے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے پیوند نما ٹکڑے ۔

Patch-leather : (n) چمڑا جو پیوند کاری یا جوڑ لگانے میں استعمال ہوتا ھے ۔

Patch-pocket : (n) کپڑے کے ایک ٹکڑے کی جیب جو پیوند کی طرح سلی ہوئی ہو ۔

Patch polled : (a) سر کے اوپر مختلف رنگ کے ٹکڑوں کے جوڑ والا (خصوصاً شمالی امریکا کی سمندری بطخ کے سر کے اوپر) ۔

Patched : (a) پیوند لگا ہوا ؛ جوڑ لگا ہوا ؛ معاملہ رفع دفع کیا ہوا ۔

Patcher/ -up : (n) پیوند لگانے والا ؛ جوڑ لگانے والا ؛ جلدی سے جوڑ جاڑ کر تیار کرنے والا ؛ رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر جوڑنے والا ؛ پارہ دوزی کرنے والا ؛ تعمیر کار ؛ وصلہ کار ۔

Patchery : (n) تعمیر کاری ؛ درز گیری ؛ پیوند لگانے کا عمل ؛ پارہ دوزی ؛ داغ دوزی کوئی چیز یا کپڑا جس میں پیوند لگائے گئے ہوں یا جو پیوند سے تیار ہوا ہو ۔

Patchily : (adv.) (۱) پیوند دار لباس میں ؛ پارہ پارہ ۔ (۲) (مجازاً) غیر مربوط طور سے ۔ (۳) رنگ برنگ کے ٹکڑوں کو ملا کر : پارہ دوزی کے ساتھ ۔

Patchiness : (n) پیوند دار ہونا ؛ وصلہ داری ؛ جوڑ بندی ۔

Patching : (n) پیوند یا جوڑ لگانے کا عمل ؛(استعارتاً) (معاملے کو) روبراہ کرنے ، جھگڑا چکانے کا عمل ؛ پیوند کاری کی حالت ۔

Patchouli : (n) [Vernacular name in Madras .] (۱) (نباتیات) سبز پتی ؛ پچولی (پچلی = سبز + اللی = پتی) ۔ ہندوستان کی خوشبودار جھاڑی ؛ ایک خوشبودار پودا جو سلہٹ ؛ پینگ اور مالے جزیرے نما علاقوں میں ہوتا ھے اور اس سے تیل نکلتا ھے جس سے سینٹ (عطر) بنایا جاتا ھے ؛ تیز خوشبودار عطر ۔ (۲) اس جھاڑی سے بنا ہوا عطر ؛ نعناع بندی ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Patchouli oil : (n) ہندوستانی خوشبودار جھاڑی سے نکالا ہوا تیل ۔

Patchwork : (n) (۱) پارہ دوزی کا کام ؛ مختلف قسم اور مختلف رنگ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا ہوا کام ؛ داغ دوزی ۔ (۲) بے میل کا کام بھدا اور بے ربط کام ؛ مختلف قسم کے لوگوں کا مجمع ؛ مختلف قسم کی چیزوں کا مجموعہ ؛ بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ؛ انبار ۔ (۲) مختلف قسم اور رنگ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر پلنگ پوش ،گدّا ، تکیہ ، مسند ، کیتلی پوش ، چائے دان پوش وغیرہ بنانا؛ مرصع کاری ۔ (۴) پلنگ پوش کے مانند کوئی مقسوم سطح ۔

Crazy patchwork : مختلف قسم اور مختلف رنگ کے بے ترتیب اور بھدے ٹکڑوں کے جوڑ کا کام۔

Patchy : (a) (۱) پیوند دار : زیادہ پیوند لگا ہوا : جوڑ بجوڑ: وصلہ دار : رنگ برنگ کا : چتلا۔ (۲) نا ہموار : غیر مسطح۔ (۳) (مجازاً) غیر مربوط۔

Patchy : (a) (انگریزی بول چال میں) چڑچڑا : تنک مزاج: ترش رو : کج خلق : زود رنج : جھلا۔

Pate : (n) [origin unkn.] (۱) سر: کھوپڑی : کاسۂ سر : کلّہ۔ (۲) دماغ : سر (عقل و فہم کی جا) اس لئے شعور ، سلیقہ ، حسن تدبیر ، موقع شناسی ، ہنر مند، چالاکی ، ہوشیاری ، کبھی کبھی ایسے آدمی کے لئے بولتے ہیں جس میں یہ صفات ہوں (قدیم شاعری)۔ (۳) بچھڑے کے سر کا چمڑا۔

Pate : (n) [OFr. 'paste.'] (۱) قیمہ بھرا سموسا : میٹھا سموسا : پہائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا ، جس میں اوپر پپڑی جمی ہوتی ہے) اور اندر گوشت ، ترکاری ، پھل وغیرہ بھرے ہوتے ہیں)۔ (۲) (قلعہ بندی) مورچے کے ساتھ بیضوی شکل کے پلیٹ فارم کی ایک قسم جو عام طور پر دلدلی زمین پر قائم ہوا ہوتا ہے شہر کے پھاٹک کو چھپانے کے لئے۔

Pate : (n) [f. 'pate.'] (انگریزی بول چال) دیکھو Badger.

Pate de foie gras : (n) فربہ بطخ کی کلیجی کے سموسے۔

Pated : (a) مخصوص قسم کا کلہ دار : سر کا : کاسۂ سر والا۔

Patel : (n) [Hindi 'patel' & 'Marathi 'patil'.] گاؤں کا سردار ، چودھری : رئیس دھکدہ ، کد خدا۔

Patella : (n) [L.] (۱) (تشریح) گھٹنے کی چپنی ، آصنفہ : کاسۂ زانو : قاب زانو : چپنی کی ہڈی۔ (۲) (اثریات) (عتیقیات روما) چھوٹا طلس : چھوٹی قاب : اُتھلا برتن۔ (۳) (نباتیات) جنس صدفہ چٹائی۔ (۴) اُتھلی کڑھائی کی شکل میں پودے یا جانوروں کی فطری ساخت۔ (۵) (حیوانیات) گھونگے کی قسم کا ایک کیڑا۔ (۶) بدر کاسۂ۔

Patellar : (a) گھٹنے کی چپنی کے متعلق : کاسۂ زانو۔

Patellar reflex : (n) (نفسیات) زانو جھٹکا۔

Patellate : (a) چپنی دار : مانند کاسۂ زانو : قاب شکل: طشتری نما۔

Patelliform : (a) دیکھو Patellate

Patelloid : (a) دیکھو Patellate

Patellula : (n) [mod. L. dim of 'patella.'] چھوٹا کاسۂ زانو : چپنی کی چھوٹی ہڈی : آبی بھونرے عظام قدم میں پیالہ نما ایک عضو۔

Paten : (n) [L. 'patina.'] (۱) اُتھل قاب (عام طور پر گول اور چاندی کی) جس میں عشائے ربانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں۔ (۲) تھالی : تھال: قاب : طشتری : دھات کی پتلی گول رکابی (پلیٹ): اس طرح کی کوئی چیز۔

Patency : (n) (۱) صریحی ہونے کی حالت یا مشاہدے کے لئے کھلا ہوا ہونا : صریحی ہونا : ظاہر ہونا۔ (۲) کھلے ہوئے ہونے ، پھیلے ہوئے یا بے روک ہونے کی حالت ، جیسے راستہ : صاف دلی : سادہ دلی : کشادگی : آشکارا۔

Patent : (n) [AFr. 'patente.'] (۱) دیکھو Letters patent۔ (۲) کسی چیز کے بنانے ، بیچنے کا اجازت نامہ یا لائسنس مخصوص حق کے ساتھ : اب خاص طور پر حکومت کا کسی شخص یا اشخاص کو ایک خاص مدت کے لئے بعض نئی ایجادات کے بنانے یا استعمال کرنے یا فروخت کرنے کے مخصوص حق کے ساتھ سند یا اجازت نامہ۔ (۳) طریق عمل جو پیٹنٹ کیا گیا ہو۔ (۴) علاقہ ، ضلع ، یا خطۂ آراضی جو سند یا حکم نامہ کے ذریعے عطا کیا گیا ہو (امریکا)۔ (۵) (مجازاً) نشانی یا علامت جس سے کوئی کسی چیز کا حق دار ہو : کسی کام کرنے کا مجاز : کسی چارہ جوئی کا حق۔ (۶) (ایجاد کا) پیٹنٹ ، تحفظ ، تحفظ بذریعہ رجسٹری: رجسٹری : بنانے اور بیچنے کا محفوظ شدہ حق اجارہ۔ (۷) خاص علامت ، طغرائی امتیاز۔ (۸) حق ثبت اختراع : پروانہ یا امتیاز اختراع۔ (۹) پیٹنٹ ایجاد یا طریقہ : رجسٹری شدہ محفوظ شدہ ایجاد یا طریقہ۔ (۱۰) (سیاسیات) حق ایجاد : سند ایجاد : پیٹنٹ : تجارتی مقوی غذاؤں اور دواؤں کے لئے مستعمل۔

Patent : (a) [L. 'patens', 'patent.'] (۱) پیٹنٹ: رجسٹری شدہ: جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ ہو: محفوظ

کاغذ کی فہرست جس میں اسناد شاہی مندرج ہوتے ہیں جو برطانیہ میں کسی ایک سال میں دیئے جاتے ہیں۔

Patentable : (v) قابل ایجاد سند؛ پیٹنٹ ہونے کے لائق سند۔

Patentee : (n) صاحب اختراع: جس کے نام سے ایجادپیٹنٹ ہو : وہ جسے سند شاہی یا کسی صاحب مجاز کی سند Letter patent عطا ہوئی ہو؛ خاص کر وہ جس نے کوئی ایجادپیٹنٹ کرالی ہے۔

Patently : (adv.) پیٹنٹ طریقے سے؛ ظاہری طور پر بہ ظاہر۔

Patentor : (n) (۱) حق ایجاد عطا کرنے والا : امتیاز دہندہ : وہ شخص جو پیٹنٹ عطا کرتا ہو۔(۲)دیکھو Patentee۔

Pater : (n) (۱) دیکھوPaternoster ۔ (۲) (عامیانہ) اسکولی طلبا کا باپ: (سماجیات) پدر: باپ: والد۔

Patera : (n) [L. 'patere'.] (۱)(روم قدیم) چپٹی طشتری یا رکابی جو خاص طور پر دیوتا پر شراب ڈالنے کے لئے استعمال ہوتی تھی۔

Paterfamilias (n) [L.] (۱) (قانون روما) سردار خاندان بزرگ خاندان: رئیس خانوادہ نیز ہر دو جنس (مرد و عورت) اور کسی عمر کا خود مختار شخص۔ (۲)سردار (مرد) خاندان یا رئیس خاندان (اب خصوصاً مزاح میں)۔

Paternal : (a) [late L. 'paternalis.'] (۱) باپ کا یا اس سے متعلق : پدری : باپ کا۔ (۲) پدرانہ : باپ کا۔ (۳) کسی کے باپ سے متعلق۔ (۴)باپ کی طرف سے: باپ کے رشتے سے۔

Paternal aunt : (n) پھوپی : چچی۔

Paternal authority : (n) (سماجیات) پدری اقتدار۔

Paternal family : (n) (سماجیات) پدری خاندان۔

Paternal government : (n) وہ حکومت جو اپنے نزدیک لوگوں کا فائدہ سمجھ کر ان پر بیجا سختی کرے: پدرانہ حکومت۔

Paternal grand father : (n) دادا۔

Paternal grand mother : (n) دادی۔

Paternal legislature : (n) پدرانہ مقننہ: وہ مجلس وضع قانون جو اپنے نزدیک لوگوں کے فائدے کے لئے بیجا طور پر سخت قوانین بنائے۔

بذریعہ سند اجارہ: سرکاری سند کے ذریعہ صرف کیا ہوا؛ کسی دستاویز یا سند کے ذریعہ حق محفوظ کرکے دیا ہوا : کسی فرماں روا یا صاحب مجاز کی سند یا دستاویز کے ذریعہ ایجاد کردہ چیزوں کے بنانے، استعمال کرنے اور فروخت کرنے کے مکمل حق سے متعلق۔ (۲)سند شاہی کے ذریعہ مقرر کیا ہوا (شخص) (ایجاد) سند شاہی کے ذریعہ محفوظ کیا ہوا؛ ایجادات کے ناموں سے جن کا پیٹنٹ ختم ہوگیا ہو جیسے Patent Leather چمڑا نفیس سیاہ وارنش والا۔ (۳) (استعارتاً) جس پر کسی کا مالکانہ حق ہو؛ جو اپنی غرض کے لحاظ سے مخصوص، اعلیٰ، سب سے بہتر اعلیٰ درجے کا۔ (۴)کھلا ہوا جیسے پھاٹک۔ (۵)پھیلا ہوا؛ کشادہ؛ مفتوح : گسترده : (خصوصاً نباتیات میں) وسیع : کشادہ : کھلتا : چوڑا کھلا ہوا : (حیوانیات) وسیع : کشادہ : چوڑے شگاف والا؛ اتھلے خلاوالا۔ (۶)صریحی کھلا ہوا : صاف : نمایاں : کھلا ہوا عوام کی رسائی یا استعمال کے لئے یا عام معلومات کے لئے۔

Letters patent : عام طورپر فرمانروا یا کسی جانب سے دیا ہوا کھلاہوا خط یا اجازت نامہ یا دستاویز جو مختلف مقاصد کے لئے ہو اب سند شاہی جس کی رو سے کسی شخص کو ایک خاص مدت کے لئے کسی ایجاد کردہ چیز کے بنانے، استعمال کرنے اور فروخت کرنے کا حق بلا شرکت غیرے دیا جائے: (سیاسیات) سند ایجاد؛ ایجاد کی اجارہ داری۔

Patent : (v) (۱) پیٹنٹ کرانا؛ رجسٹری کرانا (ایجاد کو)۔ (۲)اجارہ حاصل کرانا۔ (۳) کسی کو پیٹنٹ حق عطا کرنا؛ سند یا تحریری اجازت نامے کے ذریعہ کسی کو حق یا عہدہ دینا؛ اجازت کے ذریعہ زمین پر حق(ملکیت)حاصل کرنا۔

Patent hammer/ -axe : (n) دیکھو Bush hammer

Patent leather : (n) وہ چمڑا جس پر نفیس وارنش ہو۔

Patent medicine : (n) پیٹنٹ دوا؛ بنی ہوئی دوا جس کا خاص مارکہ ہوتا ہے۔

Patent office : (n) پیٹنٹ آفس؛ دفتر رجسٹری ایجادات : وہ سرکاری دفتر جہاں سے سند ایجاد جاری ہو اور جہاں پیٹنٹ کے دعووں کی جانچ پڑتال ہو۔

Patent - right : (n) حق امتیاز : محفوظ شدہ حق؛ حق انحصار : (سیاسیات) اجارہ داری سند شاہی کے ذریعہ عطا کیا ہوا اختیار یا حق۔

Patent- roll : (n) چرمی : برطانیہ کی سالانہ پیٹنٹ ایجادات کی فہرست : چرمی

Paternal love : (n) پدرانہ شفقت: محبت: دوستی پدرانہ۔

Paternal uncle : (n) چچا۔

Paternalism : (n) (۱)پدرانہ سرپرستی: پدرانہ نظام کا اصول و عمل حکومت جیسے پدرانہ۔ (۲)کام کرنے کا ایسا اصول جس طرح باپ اپنے بچوں کے لئے کرے : پدرانہ حکومت۔

Paternalist/ -tic : (a) پدرانہ سرپرستی کا یا اس سے متعلق : پدرانہ حکومت کے اصول کا : اس سے متعلق۔

Paternalistically : (adv.) پدرانہ سرپرستی کے طورپر: پدرانہ حکومت کے اصول کے طورپر۔

Paternality : (n) پدرانہ ہونے کی صفت یا حالت: پدرانہ روش، طور طریقہ یا پدرانہ پالیسی۔

Paternally : (adv.) پدرانہ طور سے : باپ کی سی شفقت سے۔

Paternity : (n) [late . L. 'paternitas.'] (۱) باپ ہونے کی صفات: باپ کا رشتہ : ابویت : و الدیت۔ (۲) حسب نسب (دادھیالی) نیز مجازاً۔ (۳) کلیسائی باپ ہونے کی صفت یا شخصیت : ٹائٹل کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے Your, His father۔ (۴) مصنف کا پیشہ : مصنف کی شخصیت : مصنفی : مصنف ہونا۔ (۵) اختراع : ایجاد : تخلیق : ابتدا : آغاز : شروع (استعارتاً) ماخذ۔

Paternoster : (n) [L. 'pater noster] (۱) عیسائیوں کی مشہور دعا جو "Lord" "اے ہمارے ماں باپ" سے شروع ہوتی ہے :(خصوصاً لاطینی زبان میں) عیسائیوں کی دعائے قنوت ، اسے دعائے ربانی یا دعائے خداوندی بھی کہتے ہیں۔ (۲)دعا کے طورپر اس کا اعادہ یا تکرار بطور عبادت۔ (۳)الفاظ کی کوئی شکل جو دعا کے طورپر دہرائے جائیں: بددعا : افسوں : جادو : ٹونا : ٹوٹکا : سحر : منتر۔ (۴)کوئی طویل مہمل یا تکلیف دہ اوراد (کی خواندگی)۔ (۵) قنوت کا دانہ عیسائیوں کی تسبیح میں وہ خاص دانہ جس پر پہنچ کر دعائے قنوت پڑھی جاتی ہے : تسبیح رومی کلیسا کا ایک وظیفہ۔ (۶) رومی کلیسا کے ایک خاص وظیفہ کے مانند کوئی چیز ۔(۷) (ماہی گیری میں) دیکھو .Paternoster - line

Ape's paternoster : دانت کٹکٹانا یا لرزنا: کانپنا۔

Black paternoster : ایک قسم کا منتر یا جادو ٹونا۔

Devil's paternoster : کوسنا جو زیر لب دیا جائے: زیرلب بددعا: ورد نفریں آمیز۔

White paternoster : دیکھو Black paternoster

Paternoster : (v) تسبیح نما ڈور سے مچھلی شکار کرنا۔

Paternoster lakes : (n) (ارضیات)برف سے چکنی ترائی میں جھیلوں کا سلسلہ ایسا جیسے تسبیح کے دانے سجے ہوں۔

Paternoster-line : (n) مچھلی پکڑنے کی تسبیح نما ڈور (اس میں وزن بندھا ہوتا ہے اور تھوڑی تھوڑی دور پر ہک لگے ہوتے ہیں)۔

Paternoster pump : (n) زنجیری پمپ۔

Paternoster wheel : (n) پانی نکالنے کی ایک ترکیب۔

Paternoster while : (n) وہ وقت جو عیسائیوں کی مشہور دعا کے پڑھنے میں لگتا ہے۔

Path : (n) (pap) [origin unkn.] (۱) آدمی اور جانوروں کے پاؤں سے بن جانے والا راستہ (جو کسی خاکے یا نقشے کے مطابق نہ بنایا گیا ہو) : لیک : پگڈنڈی : راستہ : راہ : طریق : جادہ : مَسیر۔ (۲) فٹ پاتھ : پیدل چلنے کا یا سائیکل دوڑ کا راستہ : نیز چہل قدمی کے لئے بنائی گئی روش : وہ خطوط جس پر کوئی شخص چلتا ہو : راستہ۔ (۳) مشین کے بعض حصے کو چلانے کے لئے بنائی ہوئی لیک یا روش : راستہ یا خط جس کے ساتھ ایک آدمی یا چیز چلتی ہے، کھسکتی ہے۔ (۴) (مجازاً) طرز، ہے طرز عمل یا طریق کار : کاروائی : عمل درآمد، طریق زندگی : روش زندگی : مسلک : طرز خیال : استدلال : عمل استدلال۔ (۵) (علم النجوم) سیر: طریق۔

Cinder- path: پیدل دوڑ یا سائیکل دوڑ کا راستہ۔

Deformation of path : (طبیعیات) راستے کا بگاڑ۔

The moon's path : سیر قمر۔

The sufi path : طریقت تصوف۔

The sun's path : (علوم النجوم) طریق الشمس۔

Touring path : سیر جہاں گرداں۔

Path : یونانی لفظ Pathos سے نکلا ہے ؛ سابقہ بمعنی "مرض" "جذبہ" "احساس" "تکلیف"۔

Path hand : (n) پوکر (Poker) میں) بہت اچھا ہاتھ۔

Path breaking : (a) راہ باز کن : نیا راستہ بنانے والا۔

Path- finder : (n) راہ یاب: وہ جو راہ تلاش کرتا اور کھوج لیتا ھے یا معلوم کرلیتا ھے ۔ (۲) کاشف راہ جدید ، سالك راہ جدید؛ پیش قدم: پیش رو : کسی خطہ ملك وغیرہ کا کھوج نکالنے والا ۔ (۳) وہ ہوائی جہاز جو دشمن کے علاقے میں دوسرے سے پہلے پہنچتا ھے۔ (۴) محافظ چھتری سے کودنے والا۔

Path line : (n) دیکھو Line of flow

Path of light : (n) (بصریات و علم النجوم) طریق النور : نور کا راستہ ۔

Path of shadow : (n) (علم النجوم) طریق ظل ۔

Path racer : (n) وہ سائیکل جو کسی روش یا راستے پر دوڑ کے مقابلے کے لئے بنائی گئی ہو۔

Path racing : (n) راستے پر سائیکل دوڑ : طریق سائیکل پر مقابلہ (سائیکل کا)۔

Path way : (n) پگڈنڈی: راستہ: راہ: گزرگاہ : جادہ (اکثر مجازاً)۔

Pathan : (n) [Hind. 'pathan.'] پٹھان : افغانستان نژاد قبیلہ جو جنگ میں بہادری اور سختی کے لئے مشہور ھے ۔

Pathetic : (a) [late L. 'patheticus .'] (۱) قابل افسوس : قابل رحم : افسوسناك : اندوہناك : حسرتناك : درد ناك : الم ناك : حسرت انگیز : رقت انگیز : رقت خیز : پردرد : پر تاثیر : ہیجان انگیز : پر غم :تاثر آور: موثر : حزن آور : اندوہگیں ۔ (۲) جذبات انسانی کے متعلق : جذبات دماغی کا یا اس سے متعلق : جذباتی (مثلاً مغالطۂ جذباتی) ۔ (۳) (تشریح) عصب شدید: قحفی عصب کے چوتھے جوڑے کا ایک نام نیز چرخی نما بھی کہا جاتا ھے۔ (۴) (جمع) (اسمی معنوں میں) علم جذبات : مطالعۂ جذبات : جذبات پرستی : دردناك اظہار (خیال) درد انگیز احساسات ۔

Pathetic fallacy : (n) (منطق) مغالطۂ جذباتی : عالم طبیعی کی طرف انسانی جذبات منسوب کرنا ۔

Pathetic muscle : (n) (تشریح) عضلۂ جذباتی : دیدے کا اعلیٰ غیر مستقیم عضلہ جو چرخی نما عصب سے ملا ہوتا ھے۔

Pathetic nerve : (n) (تشریح) عصب جذباتی۔

Pathetically : (adv.) حسرتناك طور پر : رقت انگیز انداز میں : افسوسناك طور پر : رقت انگیزی کے ساتھ : پردرد طور پر ۔

Pathetics : (n) (نفسیات) علم ، جذبات : جذباتیات : احساسیات ۔

Patheticus : (n) [L.] (نفسیات) چرخی نما عصب: قرقرۂ عصب۔

Pathetism : (n) (مالیہ النفسیات) تنویم: ہپناٹزم۔

Pathless : (a) جس میں راہ نہ ھو : بے پگڈنڈی کا : بے لیك : بے راہ : بے مسیر : بے جادہ : بغیر روش : بغیر راستے کے ۔

Pathlessness : (n) بے مسیری یا بے جادگی : بے روشی : بے طریقی۔

Pathlet : (n) جادۂ کوچك : راہ فرعی: چھوٹا راستہ۔

Pathmaster : (n) سڑك اور راستے کا نگراں : متصدی طرق و شوارع ۔

Patho : (prefix) دیکھو Path

Pathodontia : (n) [L.] دندان سازی کی ایك شاخ جو دانت کی بیماری سے متعلق ھے ۔

Pathogen/ pathogene : (n) (طب) مرض زا: شناسائی علت مرض: میکرب شناسی : (جرثومہ) مرض زا جرثومہ : بیماری کا خاص سبب ۔

Pathogenesis : (n) (۱) (طب) تولید مرض : امراض کا پیدا ھونا : آفرینش امراض: مرض آفرینی ۔ (۲) (طب، مرضیات) علم تولید مرض: مبحث پیدائش و پیش رفت مرض۔

Pathogenesy / pathogeny : (n) دیکھو Pathogenesis

Pathogenetic / Pathogenic / Pathogenous : (a) مرض آور: مرض خیز : مرض آفریں: بیماری زا: بیماری کی پیدائش سے متعلق۔

Pathogenic bacteria : (n) مرض آور جراثیم۔

Pathogenic organism : (n) (حیوانیات) مرض آفریں عضویہ۔

Pathogenicity : (n) مرض آفرینیت ۔

Pathognomic / -al : (a) (۱) جذباتیات کا یا اس سے متعلق : علم جذبات کا ۔ (۲) (طب) تشخیص مرض کا یا اس سے متعلق : علامت مخصوصہ (مرضیات) ہر قسم کی بیماری کی علامات مخصوصہ کے مطالعہ سے متعلق ۔

Pathognomic symptom : (n) دیکھو Pathognomic

Pathognomonic : (a) (۱) (طب) کسی خاص مرض سے مخصوص؛ تشخیص مرض سے متعلق : شاخص مرض : مشخص کنندۂ بیماری ۔

Pathognomonic : (n) علامات مخصوصہ مرض۔

Pathognomy : (n) (۱) علم جذبات : مطالعۂ جذبات : (نف) جذباتیات ۔ (۲) (طب) تشخیص؛ تشخیص مرض : ہر قسم کی بیماری کی علامات کا مطالعہ۔

Pathography : (n) (طب) امراض نگاری۔

Pathologic : (a) [Fr. 'pathologigue . '] مرضیاتی : علم الامراض کا یا اس سے متعلق : تشخیص امراض کا یا اس سے متعلق ۔

Pathological : (a) (۱) مرضیات کا؛ علم الامراض سے متعلق؛ مرضیاتی؛ تشخیص امراض سے بحث کرنے والا؛ تشخیص امراض سے متعلق۔ (۲) وہ چیز جو علم الامراض کا موضوع ہو سکتی ھے؛ افسردہ طبع؛ مریضانہ حالت : مرض کا؛ علامت مرض ظاہر کرنے والا۔

Pathological Bacteriology : (n) مرضیاتی جرثومیات ۔

Pathological illusion : (n) دیکھو Hallucination

Pathological lying : (v) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات) مرضیاتی دروغ گوئی ۔

Pathological fracture : (n) (طب) مرض زاد کسر۔

Pathologically : (adv.) مرضیات کی رو سے، مرضیاتی طورپر؛تشخیص امراض کے طور پر ۔

Pathologist : (n) ماہر تشخیص امراض؛ مرضیات داں : بیماری جانچ کرنے والا یا طالب علم ۔

Pathology : (n) [mod. L. 'pathologia.'] (۱) علم الامراض :مرضیات؛ تشخیص امراض؛ مرض شناسی؛ علم تشخیص امراض؛ طبی سائنس کا وہ شعبہ یا بدنیات جو بیماریوں کی اسباب اور اقسام سے بحث کرتا ھے؛ غیرمعمولی جسمانی روگ کا علم ۔ (۲) غیر معمولی جسمانی حالت کا علم؛ مطالعہ عوارض و ملائم غیرعادی۔ (۳) حالت مرض کا خلاصہ۔ (۴) غیرمعمولی دماغی یا اخلاقی حالت کا علم۔

Social pathology : (n) (سماجیات) سماجی مرضیات۔

Pathomania : (n) (طب) دیوانگی روحی : جنون۔

Pathometry : (n) (نفسیات) سوز پیمائی ۔

Pathopholia : (n) (نفسیات) مرض ترسی؛ خوف مرض۔

Pathos : (n) [Gr. 'pathos.'] درد سوز و گداز : رقت انگیزی : دل گدازی : دل سوزی (تحریر، تقریر اور موسیقی وغیرہ میں) (نفسیات) رقت؛ سوز و گداز ۔

Pathosis : (n) حالت مرض؛ ناخوشی؛ غیر عادی حالت۔

-pathy : [Gr. 'patheia'] لاحقہ جو یونانی لفظ Patheia سے ماخوذ ھے : اس کی اصلی معنی ہیں "تکلیف" "احساس" مثلاً homiopatheia وغیرہ اس سے علاج کے معنی بھی پیدا کرلئے گئے ہیں مثلاً allopathy وغیرہ ۔

Patience : (n) [L. 'patientia.'] (۱) صبر : تحمل؛ شکیبائی؛ بردباری؛ حلم؛ طاقت : تاب و تواں : برداشت ۔ (۲) کسی قسم کے اشتعال یا غیظ و غضب کے تحت صبر و تحمل خصوصاً دوسروں کی برانگیختگی ، ان کی غلطیوں یا ان کے قصور اور پابندی و بندش میں صبرو تحمل ۔(۳) حادثات زمانہ پر سکون کے ساتھ برداشت ۔ (۴) محنت میں استقامت : استقلال : ثابت قدمی :حوصلہ : ثبات : کوشش : سعی : مشقت ۔ (۵) ایک پودے کا نام Rumex patientia جو پہلے سلاد میں اسفناج کی جگہ پر استعمال ہوتا تھا۔ (۶) (نباتیات) قسم ابواس؛ انجبار؛ ترشک اسفناجی۔ (۷) مجسمہ : (صورت مجاز میں پیش کرنا) ۔ (۸) تاش کا ایک کھیل جو اکیلا آدمی کھیلتا ھے : پیشینس (کھیل)۔

Out of patience : عاجز؛ تنگ؛ زچ؛ زیادہ دیر تک برداشت نہ کرنا؛ صبر سے باہر ہوجانا۔

The patience of job : صبر ایوبی؛ انتہائی صبر۔

To have no patience with : (بول چال) (کسی شخص یا اس کے طرز عمل وغیرہ سے) کوفت ہونا؛ وحشت ہونا : برداشت نہ ہونا : صبر نہ کرنا : بے صبر ہو جانا۔

To have patience with : صبر کرنا؛ شکیبائی رکھنا؛ برداشت کرنا۔

Patience -dock : (n) (۱) ایک قسم کے پودے کا نام : انجبار : ترشک اسفناجی۔ (۲) (شمالی انگلستان) گوشت کے رنگ کی پھولوں والی بیل؛ دو پیچہ۔

Patiency : (n) صبر و تحمل؛ حالت شکیبائی۔

Patient : (n) [L. 'patiens, patient.'] (۱) صابر : متحمل؛ شکیبا؛

میں بولی جانے والی زبان جو ادبی نہ ہو۔ (۳)توصیفی معنوں میں یا صفت کے معنی میں (روزہ مرہ کا یا اس سے متعلق)۔

Patola : (n) [Gujrati 'patotu, f. Skt. 'patola.'] (۱)ایک قسم کا ہندوستانی ریشمی کپڑا۔ (۲)شادی کی ساڑی جو گجرات میں تیار کی جاتی ھے۔

Patonce : (a) (نقابت) صلیبی شکل کا؛ صلیب نما۔

Patria : (n) [L.] (حیاتیات) مسکن طبیعی : محل سکونت طبیعی (جانوران)۔

Patria potestas : (n) [L.] (سیاسیات) پدری اقتدار۔

Patriarch : (n) [L. 'patriarcha.'] (۱) سردار : قبیله : سرقبیله؛ سردار خاندانی۔ (۲) (مجمع میں) عہدنامه جدید میں حضرت یعقوب علیه السلام کے باره بیٹے؛ ابنائے یعقوب؛ نیز بزرگان اسرائیل حضرت ابراہیم علیه السلام؛ حضرت اسحاقؑ؛ حضرت یعقوبؑ اور ان کے اجداد۔ (۳) (قدیم کلیسا اور مشرقی مکتب میں) بطریق؛ اسقف (خصوصاً انطاکیه ، اسکندریه، قسطنطنیه، یروشلم ، روماکا) نیز دوسرے مشرقی کلیساؤں کا سردار۔ (۴) (کلیسائے رومی) بطریق : اسقف اعظم سے اوپر کے درجے کا سردار کلیسا۔ (۵) (کسی فن، سائنس ، یا کسی سلسله اور نظریه کا) بانی : مورث اعلیٰ : ایجاد کرنے والا؛ مجتہد۔ (۶)قابل احترام سن رسیده شخص؛ بزرگ؛ خصوصاً سب سے بوڑھا شخص : سردار جماعت : رئیس پیشه۔ (۷) کسی جماعت یا طبقے کا سب سے بوڑھا شخص : پیر کبیر : کسی جماعت کا سب سے زیاده واجب التعظیم شخص۔ (۸) (دینیات) بطریق : مجتہد : رشی : (سیاسیات) ابّ الآباء : بانئ خاندان۔

Patriarchal : (a) [late L. patriarchalis,] (۱) سردار خاندان یا قبیلے کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (کلیسا) درجه وار بطریق یا اسقف اعظم سے متعلق : اسقف اعظم کے ذریعه حکومت کیا ہوا؛ اسقف اعظم کے عہدے کا یا اس کے مانند۔ (۳)پدر شاہی کا یا اس کی طرح۔ (۴)واجب التعظیم : ارجمند : محترم۔ (۵) سرقبیلی (حکومت) جس قبیلے کا سردار اس کا سیاسی فرماں روا بھی ہوتا تھا۔ (۶) (سیاسیات)سر قبیلی : پدر سری : مشائخی۔

Partiarchal cross : (n) (نقابت) صلیب (جس میں اوپر کا حصه چھوٹا ہو) یونانی گرجے کے سرداروں کی علامت۔

Patriarchal society :(n) (فلسفه، نفسیات، تعلیمات) پدری سماج۔

بردبار : صبور : حلیم ۔ (۲) باحوصله : باتحمل : متحمل : ثابت قدم : مستقل مزاج : اپنی حالت پر جمار رہنے والا؛ مصیبت برداشت کرنے کے لائق۔

Patient : (n) (۱) وه شخص جو زیر علاج ہو : مرض : بیمار۔ (۲) شخص یا چیز جو زیرعمل ہو یا جس کے لئے کچھ کیا جائے یا جو (عمل) کیا جائے۔ (۳)رنج بر: صابر (شخص) گیرنده؛ پانے والا۔

The facts are patient of two interpretations: واقعات متحمل الضدین ہیں؛ واقعات سے دو معنی نکل سکتے ہیں؛ دو معنی کا احتمال ھے۔

Patiently : (adv.) صبر و تحمل سے : صبر و سکون سے : مستقل مزاجی سے : استقلال کے ساتھ : ثابت قدمی کے ساتھ۔

Patina : (n) [L. 'patina , ena.'] (۱) (دینیات) اتھل قاب جس میں عشائے ربانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں۔ (۲)سبز رنگ کی جھلی، ته یا پپڑی جو کانسے کے پرانے برتنوں پر جم جاتی ھے اور باعث زینت سمجھی جاتی ھے : اسی طرح کسی شے کی سطح پر پپڑی۔ (۳) (کیمیا) زنگاره؛ رنگ سبز؛ زنگ۔

Patinated/ Patinous : (a) زنگ آلود؛ زنگاری؛ کسی چیز پر ته جمی ہوئی۔

Patination : (n) زنگ آلودگی؛ زنگاریت۔

Patine : (n) دیکھو Patina

Patio : (n) [sp.] (۱)صحن؛ آنگن؛ انگنائی (ہسپانوی یا امریکی ہسپانوی مکانوں میں) مکان سے ملحق فرش یا چبوتره۔ (۲) (کان کنی) وه احاطه جہاں کچے دھات کو صاف اور حصوں میں تقسیم کیا جاتا ھے۔ (۳)کھلی زمین میں چاندی کی دھات کو مخلوط کرنے کا ہسپانوی طریقه۔

Patisserie : (n) [Fr.] کھانے کی ایک جنس جو پیسٹری سے تیار کی گئی ہو؛ پیسٹری : سوجه فرانسوی؛ حلویات فرانسوی۔

Patlid : (n) Potlid کا متبادل۔

Patly : (adv.) موزوں طریقے سے : مناسب طورپر؛ ٹھیک سے۔

Patness : (n) مناسبت : موزونیت : درستی : میلان : رغبت بروقت ہونا۔

Patois : (n) [Origin unkn.] (۱)کسی خطے کی عوام کی بولی؛ روز مره (بولی) (اعلیٰ زبان کی ضد) مخصوص علاقے

Patriarchalism : (n) سماج کا سر قبیلی نظام : سرقبیلی طرزحکومت ۔

Patriarchally : (adv.) سرقبیلی طورپر: پدر سری کے انداز میں۔

Patriarchate :(n) [med. L. 'patriarchatus.'} (۱) بطریقی : عہدۂ
بطریق : پدر شاہی : ریاست قبیلہ ۔ (۲) بطریق کا مکان ۔
(۳) اسقف اعظم کا علاقہ : وہ علاقہ جو کسی اسقف یا
اسقف اعظم کے سپرد ہو۔ (۴)سردار قبیلہ کا درجہ۔

Patriarchism : (n) سرقبیلی نظام؛ سرقبیلی طرز حکومت؛ روش
حکومت مشائخی؛ طرز حکومت پدر شاہی : کسی تنظیم
یا حکومت کا سر قبیلی نظام : (سیاسیات)
پدر شاہی ۔

Patriarchy : (n) [med. L. 'Patriachia'.] (۱) سردار خاندان کے ذریعہ
چلائی جانے والی گرجا کی حکومت ۔ (۲) وہ معاشرہ
(سوسائٹی) یا حکومت جس میں سردار قبیلہ کی
فرماں روائی ہے : سر قبیلی معاشرہ : سر قبیلی طرز
حکومت : پدر شاہی نظام ۔

Patrician : (n) [med. L. 'patricius .'] (۱) قدیم شہر روما کا آدمی :
رومی عالی خاندان : رومی عالی منش ۔ (۲) قدیم روما
کا خاندانی امیر : طبقۂ امرا کا رکن ۔ (۳) عہد متاخر
کی رومی سلطنت کے طبقۂ امرا کا رکن ۔(۴) نائب قیصر
(قیصر روم کا صوبہ دار اطالیہ اور افریقہ میں) ۔
(۵) اطالوی حکومت کے عہد وسطیٰ کے معزز خاندانی
شہری کے متعلق بھی استعمال ہوتا ہے۔ (٦) (عام معنی)
شریف آدمی : شریف النسل : معزز شخص؛ اشراف : شریف ۔
(۷) (تاریخ) اعیان زادہ شخص؛ طبقۂ امرا کا رکن :
خاندانی امیر (خصوصاً بعض اطالوی ریاستوں کا)۔

Patrician : (a) (۱)قدیم شہر روم کا یا اس سے متعلق۔ (۲)امیرانہ؛
امیروں کا (خصوصاً قدیم روما کا طبقۂ امرا کا) :
شاہانہ : اشرافی : اشرافیہ : شریف : نجیب : اعیان زادہ ۔

Patrician : (n) [L. (pl.) 'patriciani,' f. the name of their founder, patricius.] چوتھی صدی عیسوی کے مرتد فرقے کا ایک
رکن جس کا عقیدہ تھا کہ گوشت کی ماہیت کا تعلق خدا
سے نہیں بلکہ شیطان سے ہے۔

Patricianism : (n) امیرانہ صفت؛ اشرافی طرز؛ اشرافیت : اعیان زدگی
یہ مجموعی طورپر طبقۂ امرا کا رکن ۔

Patricianly : (adv.) امیرانہ طورپر؛ شریف طریقے سے۔

Patricianship : (n) (۱)امارت۔ (۲)نائب قیصر کا عہدہ۔

Patriciate : (n) [L. 'patriciatus.'] (۱) امارت : طبقۂ امرا کا عہدہ؛
درجہ اشرافی ۔ (۲) گروہ بزرگان : طبقۂ اشراف : طبقۂ
امرا : جماعت امرا ۔ (۳)نجیب زدگی ۔

Patricidal : (a) [f. next] پدر کشانہ پدر کشی کا : پدر کشی سے
متعلق ۔

Patricide : (n) [late and med. L. 'patricida.'] (۱) (شاذ) پدر کش؛
اپنے باپ کا قاتل ۔ (۲)پدر کشی؛ اپنے باپ کا قتل ۔

Patrico : (n) (Origin unkn.] (۱) پجاری؛ پادری؛ پروہت : کاہن:
خادمِ دین ۔ (۲)دیکھو Patson ۔ (۳) (خصوصاً)
ادنیٰ درجے کا جاہل پادری ۔

Patrikin : (n) پدری رشتہ دار ۔

Patrilineal : (a) (سماجیات) پدر نسبی، پدری : جدی (رشتہ)۔

Patrilineal descent : (n) (سماجیات) پدر نسبی سلسلہ ۔

Patrilineal family : (n) پدر نسبی خاندان۔

Patriliny : (n) نسب پدری : شجرہ نسب پدری : نسب نامۂ پدری ۔

Patrilocal : (n) [f.L. Pates.] (۱) (سماجیات) پدر مقامی۔ (۲) ابتدائی
انسانوں کی شادی کا ایک طریقہ جس کے مطابق بیوی
اپنے شوہر کے مقامی گروہ کی رکن بن جاتی ہے۔

Patrimonial : (a) آبائی املاک کا؛ میراثی (جائداد) : ارثی : موروثی؛
اجدادی؛ باپ دادا کا ۔

Patrimonially : (adv.) موروثی طور پر : ارثی طور پر : اجدادی طور
پر۔

Patrimony : (n) [L. 'patrimonium , '] (۱) آبائی جائداد یا املاک :
ترکہ : میراث : ارث : ارث پدری : ثروت موروثی؛ ورثہ ۔
(۲)کسی ادارے وغیرہ کا قدیم علاقہ یا وقف؛ گرجا یا
دینی عمارتوں یا اداروں سے متعلق وقف ۔ (۳) مجازاً ۔

Patrimony of St. Peter : (n) اٹلی کے پوپ کا موقوفہ علاقہ یا اس
کی املاک۔

Patriot : (n) [late L. 'patriota.'] (۱) وطن دوست : محبِ وطن :
وطن پرست؛ ملک دوست اپنے ملک سے محبت کرنے والا ۔
(۲)آزادئ وطن کا حامی؛ وہ شخص جو اپنے ملک کی
آزادی اور حقوق کا حامی ہو؛حامئ ملک۔ (۳)ایسے لوگوں
یا پارٹیوں پر مختلف اوقات میں اس کا اطلاق ہوتا
ہے جن کے دعوے کو اور لوگوں نے رد کیا یا ان کا مذاق
اڑایا؛ اس طرح اٹھارھویں صدی میں ایسے لوگوں کے لئے

استعمال ہوا جو ملک کے بدخواہ اور نقصان پہنچانے والے تھے : کبھی کبھی آئرستانی ملک دوست کے معنی میں۔

Patriot : (a) محب وطن کا؛ وطن دوستی کا؛ وطن دوستی کی صفت رکھنے والا وطن دوست؛ محبت وطن۔

Patriotic : (a) [late L. 'patrioticus.'] (۱) وطن دوستی کا؛ حب وطن کا؛ وطن پرستانہ؛ وطن پرستی کی صفت رکھنے والا؛ اپنے ملک سے محبت کیا ہوا۔ (۲) امن دوست؛ محب وطن۔

Patriotically : (adv.) وطن دوستی کے ساتھ؛ حب وطن کے طور پر؛ ملک دوستی کے انداز میں؛ ازراہ وطن دوستی؛ حب وطن کی بنا پر۔

Patriotism : (n) [Fr. 'patriotisme.'] وطن دوستی ؛ وطن پرستی؛ وطنیت؛ حب وطن؛ اپنے ملک سے محبت؛ آزادی وطن کی حمایت۔

Patripassian : (n) [L. 'patripassianus.'] عیسائی مرتد فرقے کا حامی جس کا عقیدہ تھا کہ انسان کی نجات کے لئے حضرت عیسیٰ (God the son) کی مصیبت میں خدا (God the father) بھی شامل تھا۔

Patripassian : (a) اس عقیدے کا یا اس سے متعلق۔

Patripassianism : (n) اس عقیدے کا حامی؛ اس عقیدے کی حمایت۔

Patristic : (a) [G. ' patristisch,] (۱) آبائے کلیسا (Father of the church) کے متعلق یا ان کی تصانیف کے متعلق؛ آبائے کلیسا کی تحریر یا تصنیف کے مطالعہ سے متعلق۔ (۲) کسی قدیم پرستش یا طرز کی قدیم تصانیف سے متعلق۔

Patristic /-al : (n) (۱) آبائے کلیسا کے خیالات یا نظریے کا پیرو یا طالب علم۔ (۲) (جمع میں) آبائے کلیسا کی زندگی؛ تحریر یا نظریے کا مطالعہ۔ (۳) اولیاء اور مقدسین مسیحی کے نوشتوں اور حالات زندگی سے بحث۔

Patristic learning اولیاء مقدسین مسیحی کے نوشتہ جات اور زندگی کا علم۔

Patristic works /- doctrines : (n) آبائے کلیسا کی تصانیف یا ان کے نظریے۔

Patristically : (adv.) آبائے کلیسا کی تحریر یا تصنیف کے طور پر؛ آبائے کلیسا کی تصنیف کی مطالعہ کے طور پر۔

Patristicism : (n) آبائے کلیسا کی تصنیف کا مطالعہ : بزرگاں و قدیم مسیحیت کی نوشتگی کا علم۔

Patrix / Patrice : (n) [L. 'pater , patr-.'] سانچا؛ پاسا؛ ٹھپا؛ چھیدنی یا قالب مخصوص (ٹائپ کے استعمال میں)؛ قالب ریزی؛ ریختہ گری۔

Patrol : (n) [Fr. 'patrouille ,'] (۱) قلع یا شہر کی محافظ فوج کی گشت۔ (۲) شہر یا ضلع کے پولیس کانسٹبل یا پولیس کے دستے کا لوگوں کی جان اور ان کے مال کی حفاظت کے لئے گشت یا معائنہ : نیز مجازاً۔ (۳) محافظت کی وہ فوج جو علاحدہ مہم پر بھیجی جائے۔ (۴) طلایہ؛ گشت؛ گرد آوری؛ گشتی دستہ۔ (۵) قراول دستہ؛ وہ فوجی دستہ جسے آگے معائنہ کے لئے بھیجا جائے۔ (۶) بوائے اسکاٹ کی ایک چھوٹی یونٹ جو چھ اسکاٹ پر مستعمل ہو اور جس کا کمانڈر پٹرول لیڈر (Patrol leader) ہو۔

Patrol : (v) [Fr. 'patrouiller.'] (۱) گشت کرنا؛ روند کرنا؛ شب گردی کرنا؛ چوکسی کرنا؛ نگرانی کرنا؛ حفاظت کرنا؛ پہرا دینا۔ (۲) گشتی دستے کے ساتھ شہر کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانا یا ضلع میں جانا۔ (۳) حفاظت کے لئے شہر؛ چھاؤنی یا قلعے کی چاروں طرف گشت لگانا۔

Patrol judge : (n) گھڑ دوڑ میں گھوڑوں پر سوار ہونے والوں کی نگرانی کرنے والا افسر۔

Patrol- wagon : (n) (امریکا) قیدی وان؛ قیدی گاڑی؛ قیدیوں کے لے جانے اور لے آنے والی گاڑی۔

Patroller : (n) طلایہ کا رکن : گشتی دستے کا رکن : گشت کرنے والا : پہرہ دار۔

Patrolling system : (n) (سیاسیات) نظام گشت۔

Patrolman : (n) طلایہ کا سپاہی : گشتی دستے کا سپاہی : (خاص کر امریکا) گشتی میں شریک آدمی خصوصاً وہ سپاہی جو کسی مخصوص Beal یا ضلع سے ملحق ہو۔

Patrologic/ -al : (a) اولیاء مقدسین مسیحیت اور ان کے حالات زندگی کے علم سے متعلق۔

Patrologist : (n) اولیاء مقدسین مسیحی اور ان کی تصانیف کے علم کا ماہر۔

Patrology : (n) (۱) آبائے کلیسا کی زندگی اور ان کی تصنیف نظریات وغیرہ کا علم۔ (۲) آبائے کلیسا کی تصانیف کا مجموعہ۔

Patrolwoman : (n) طلایہ میں شریك عورت : عورت پولیس (گشتی دستے میں).

Patromorphic : (a) پدر شکل: باپ جیسا.

Patron : (n) [L. 'patronus.'] (۱) مربی: سرپرست، حامی : مددگار : حمایتی : نگہدار : محافظ : ولی : (کسی شخص یا ملك کا) حاکم: مخدوم: سردار: فرمانروا: ولی نعمت: (دینیات) متولی . (۲) (قدیم روما) آزاد شدہ غلام کا سابق مالك . (۳) امرا کے طبقے کا کوئی شخص جو کسی عامی کا سرپرست ہو : نیز کنایتاً . (۴) (عتیقات روما) ایڈوکیٹ : وکیل : بحث کرنے والا : نیز مجازاً . (۵) وہ شخص جو اپنی اثری حمایت کسی شخص، وجہ یا آرٹ میں کرتا ہو خصوصاً سترھویں اور اٹھارھویں صدی کا وہ شخص جس نے تہدیۂ کتاب کو قبول کیا ہو . (۶) وہ شخص جو کسی ادارے، بشن اور رواج کی حمایت کرتا ہو : نیز (تاجر پیشہ کی زبان میں) مستقل خریدار : (معاشیات) ہمیشہ کا گاہك . (۷) متولی: وہ شخص جو گرجے کے متعلق وقف یا معافی (جائداد) کا متولی ہو اور اس گرجے کے پادری کا تقرر اس کی سفارش سے ہوتا ہو. (۸) کسی شخص، مقام یا جہاز کا مخصوص ولی یا سرپرست : وہ ولی یا ولیہ جو کسی شخص یا ملك کی محافظ سمجھی جاتی ہو: محافظ ولی یا ولیہ . (۹) (اسپین میں) کسی سرائے کا میزبان یا مالك: صاحب مہمان خانہ : صاحب ریستوراں . (۱۰) پستول کے کارتوس کا ڈبا .

Patron saint : (n) وہ ولی یا ولیہ جو کسی شخص یا ملك کی محافظ سمجھی جاتی ہو: محافظ ولی یا ولیہ .

Patronage : (n) [Fr. 'patronage'.] (۱) (کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر کا حق: وقف کرنے کا حق: کسی عبادت گاہ کے لئے کوئی جاگیر وقف کرنے کا حق: کسی معبد کی سرپرستی: تولیت امور کلیسا . (۲) مدد کرنے کا عمل: حمایت: معاونت: امداد: سرپرستی: نگہداری: پشتبانی: حفاظت: تشویق . (۳) (تجارت اور عام بول چال میں) گاہکوں کی سرپرستی: گاہکوں کے ذریعہ ہوٹل، اسٹور، دکان وغیرہ کو دی جانے والی امداد . (۴) سرپرستانہ امداد . (۵) اقتدار تقرر : اختیار تفویض مشاغل و مناصب .

Patronage secretary : (n) (برطانیہ میں) خزانے کا سکریٹری جس کے اختیار میں اس محکمے کے تقررات و انتظامات ہوتے ہیں.

Patronal : (a) ولئ حامی یا محافظ کا یا اس کے متعلق : حمایتی : حمایت کی طرح کا.

The patronal festival of a church : عہد ولئ حامی، ولئ حامی کا تیوہار .

Patronate : (n) مقام سرپرستی: حق پرستی : وظیفہ پرستی : حمایت: سرپرست کا عہدہ، حق یا فرائض .

Patroness : (n) [med. L. 'patronissa.'] (۱) مربی یا سرپرست خاتون. (۲) محافظہ: ولیہ. (۳) متولیہ (گرجے کے وقف کی) نیز مجازاً .

Patronization : (n) سرپرستی: حمایت .

Patronize : (v) [med. L. 'patronizare.'] (۱) سرپرستی کرنا: سرپرست کے طورپر عمل کرنا: حمایت کرنا: اعانت کرنا : امداد کرنا : ہمت افزائی کرنا : حفاظت کرنا: ہمت دلانا : پشت پناہی کرنا : جائز رکھنا : حوصلہ افزائی کرنا: ہمت بڑھانا : جرأت دلانا: آمادہ کرنا: تائید کرنا : تشویق کرنا . (۲) مربیانہ عنایت کا برتاؤ کرنا : مخدومانہ التفات سے پیش آنا . (۳) (تجارت اور بول چال) (کسی جگہ) برابر جانا بطور گاہك یا ملاقات کے لئے: کسی کی موجودگی کی حمایت کرنا: رجوع کرنا: مدد لینا: کام لینا: آمدورفت رکھنا: آنا جانا.

Patronizer : (n) سرپرستی کرنے والا: حمایت کرنے والا : مدد گار: سرپرستی لینے والا: حمایت کنندہ : اعانت کنندہ .

Patronizingly : (adv.) مربیانہ انداز سے: مخدومانہ التفات کی شان شان سے: سرپرستی کے طورپر: اعانت کرتے ہوئے .

Patronless : (a) بغیر سرپرستی کا: بغیر حمایت کا: بغیر ولی کے .

Patronne : (n) (۱) محافظ ولیہ : وہ ولیہ جو کسی شخص، ملك کی محافظ سمجھی جاتی ہو. (۲) کسی سرائے کی مالکہ .

Patronship : (n) سرپرستی : مربیّت: مددگاری: معاونت.

Patronymic : (a) [late L. 'patronymicus.'] (۱) وہ نام جو آباء و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو . (خصوصاً آگے پیچھے جوڑکر). (۲) جدی (نام).

Patronymic : (n) (سماجیات) جدی نام: آل : کنیت: وہ نام جو آباء و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو : خاندانی نام .

Patronymical : (a) جدی: آبائی.

Patronymically : (adv.) کنیت کے طورپر : جدی طور پر : آبائی انداز میں.

Patroon : (n) [Du 'patroon.'] (امریکا) جاگیر دار : و زمین دار

جس کو نیویارک اور نیوجرسی کی ڈچ حکومت میں جاگیر دارانہ حقوق حاصل تھے (یہ نظام ۱۸۵۰ء میں منسوخ ہوا)۔

Patroonship : (n) زمیندار کا عہدہ یا علاقہ؛ جاگیر داریت ۔

Patmar : (n) [Pg. 'patamar.'] ہندوستانی اطلاع کشتی (سماچار کشتی) یا مراسلہ کشتی: خصوصاً مثلث نما بادبانوں کا جہاز جو ہندوستان کے مغربی سمندری ساحل پر سواری کے استعمال کے لئے رہتا ھے ۔

Pattee : (a) [Origin unkn.] (نقابت) (صلیب) جس کے بازو مثلث نما ہوں ۔

Patten : (n) [Fr. 'patin.'] (۱) مختلف زمانے میں مختلف قسم کے جوتوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ھے : لکڑی کے جوتے (کھڑاوں) لکڑی کے تلے کے سلیپر؛ کفش چوبی ۔ (۲) خصوصاً اوپری جوتا : جوتے کے اوپر پہننے کا جوتا جس کا تلا لکڑی کا اور اوپر کے حصہ پر لوھے وغیرہ کا حلقہ ہوتا ھے : یہ اصلی جوتے کو کیچڑ وغیرہ میں سے اٹھانے کا کام دیتا ھے۔ (۳) برف پر چلنے کی کھڑاوں یا جوتا : اسکیٹ ۔ (۴) (تعمیرات) بنیاد : بنا : منار یا ستون کی بنیاد؛ کسی دیوار کی بنیاد بیٹھک۔

To run on pattens : شور سے گونج اٹھنا؛ چخ چخ کرنا؛ زور سے بک بک کرنا ۔

Patten : (v) کھڑاوں پر چلنا؛ اوپری جوتے پہن کر چلنا : لکڑی کے جوتے پہن کر گزرنا : نیز (مقامی) اسکیٹ کرنا؛ برف پر چلنا ۔

Patten-maker : (n) لکڑی کا جوتا بنانے والا؛ (اب خصوصاً شہر لندن کی کمپنیوں میں سے ایک کمپنی کا نام)۔

Pattened : (a) لکڑی کا جوتا پہنے ہوئے : باکفش چوب ۔

Patter : (n) [f. Patter (v)] (۱)کسی جماعت، پیشہ یا فرقے کی مخصوص بولی یا زبان : بولی جو عام طور پر نہ سمجھی جاسکے۔ (۲)شعبدہ باز، عیار، مداری وغیرہ کی لفاظی یالسانی کا نام؛ تقریر بازی ۔ (۳) (بول چال) صرف گفتگو؛ محض بات چیت؛ باتیں بنانے والا؛ گپی؛ بکواس؛ بڑ۔ (۴)تیز گفتگو جو گیت کے درمیان آجاتی ھے۔ (۵)گیت یا طربیہ ڈرامے کے الفاظ ۔

Patter : (n) [f. Patter (v)] تھپاتھپ گرنے کی حرکت یا عمل : ٹپ ٹپ گرانا (پانی کو)؛ ٹپ ٹپ کی آواز یا جلد جلد تھپ تھپ کی آواز۔

Patter : (v) [f. Patter.] (۱) (دعاء منتر وغیرہ) جلد جلد پڑھنا: میکانکی طریقے سے جلد جلد پڑھنا؛ ایک سانس میں پڑھ جانا یا پڑھ ڈالنا. (۲)پٹر پٹر جلدی جلدی گفتگو کرنا : جلدی جلدی باتیں کرنا ؛بغیر مطلب کے باتیں کرنا کہ سمجھ میں نہ آئیں : بک بک کرنا : بچوں کی سی گفتگو کرنا؛ سادگی اور بھولے پن سے باتیں کرنا : طفلانہ گفتگو کرنا ۔ (۳) (عامیانہ) گفتگو کرنا : چوروں ، فقیروں ، بھکاریوں کی طرح باتیں بنانا. (۴)(عامیانہ کوئی زبان) استعمال کرنا : گفتگو کرنا (کسی زبان میں.)

To patter flash : عامیانہ گفتگو کرنا ۔

Patter : (v) [Dim. and frequent of Pat (v)] (۱)تپا ٹپ گرنا : ٹپ ٹپ کی آواز پیدا کرنا: (مثلاً بارش کی بوندوں کا کھڑکی کے شیشوں پر گرنا)۔ (۲) ٹپ ٹپ دوڑنا : پٹر پٹر دوڑنا : چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے دوڑنا. (۳)ٹپ ٹپ گرانا (پانی کو)۔ (۴)ہلکی آواز کے جلدی جلدی آنے یا ٹپ ٹپ گرنے کی وجہ ہونا ۔

Patter-song : (n) مزاحیہ گیت یا نظم جس میں بہت سے الفاظ ملے ہوئے ہوتے ہیں اور تیزی سے گائے جاتے ہیں۔

Patterer : (n) جلدی جلدی باتیں کرنے والا : تیزی سے گفتگو کرنے والا ۔

Pattern : (n) [ME. 'Patron.'] (۱)اعلیٰ نمونہ؛ اعلیٰ مثال؛ عمدہ تقلید ۔ (۲) (کسی صنعت کا) مجسمہ : نمونے کا ڈھانچا : مجسم نمونہ : طرز ، شکل ، پلان جس پر کوئی چیز بنائی جائے : نیز مجازاً ۔ (۳) (خصوصاً بنیاد میں) نمونہ؛ سانچہ؛ قالب ۔ (۴)نمونہ؛ بانگی؛ نظیر؛ مثال؛ نیز مجازاً ۔ (۵)مثال؛ مخصوص صورت یا موقع خصوصاً اشارتی نظیر یا امتیازی مثال : مشہور مثال؛ نظیر ۔(۶)نقش ونگاری نمونہ؛ صنعتی نمونہ : نقش و نگار : نمونہ یا ڈیزائن جو بناوٹی چیزوں میں استعمل ہوا ہو؛ اسٹائل، نقشہ یا نقش ونگار کی قسم ۔ (۷)تجویز کردہ سکے کے ماڈل کا نمونہ ۔(۸)(امریکا) کھڑے کی لمبائی (لباس کے لئے)۔ (۹) نقشہ (دیوار، قالین وغیرہ کے آرائشی کام کا)۔ (۱۰) (بندوق سازی) بندوق کی گولیوں کے نشانات کا نقشہ جو چاندماری میں بن جائے۔ (۱۱)(آئرستان) محافظ ولی یا ولیہ کا دن؛ اس دن کی رنگ رلیاں ، عیش و نشاط ۔ (۱۲) (توصیفی اور صفتی معنوں میں) مثالی : اصلی : بنیادی : اولین نمونے کا (جو اپنی خوبی کی وجہ سے نمونے کا کام دے)۔ (۱۳) درزی کے کھڑے وغیرہ کا نمونہ ۔ (۱۴) (سماجیات) وضع۔

Acquired pattern : (n) اکتسابی وضع ، نمونہ ۔

Behaviour pattern : (n) کرداری وضع، نمونہ ۔

Culture pattern : (n) ثقافتی وضع ، نمونہ ۔

Personality pattern : (n) شخصیتی وضع، نمونہ ۔

Pattern : (v) (۱) وضع نکالنا (after, on, upon) کے ساتھ: (کسی چیز کی) نمونے پر بنانا یا ڈھالنا: نمونہ بنانا: وضع کرنا: ڈھالنا۔ (۲) برابر کرنا: ہمسر ہونا: مقابلے میں لانا، یا کھڑا کرنا: دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا: تشبیہ دینا: موازنہ کرنا: نظیر پیش کرنا: مقابلہ کرنا۔ (۳) نمونے کے طورپر لینا: تقلید کرنا: پیروی کرنا (شاذ)۔ (۴) نقش و نگار سے مزین کرنا: دھوپ چھاؤں کا سا رنگ برنگ بنانا یا آراستہ کرنا: بوقلموں کرنا۔ (۵) بندوق کی گولیوں کا نشانہ بنانا۔

Pattern-book : (n) (۱) ڈیزائن یا نمونے کی کتاب۔ (۲) ڈیزائن یا نمونہ رکھنے کے لئے کارڈ بورڈ کی سادہ کتاب۔

Pattern box : (n) (بنائی) مختلف تگنی رکھنے کا بکس: کپڑا بننے والے کی نال رکھنے کا صندوق۔

Pattern card : (n) (۱) نمونہ کارڈ: نمونے کا کارڈ (کپڑے کا)۔ (۲) بنائی : دیکھو Card : (n) -

Pattern chain : (n) کپڑا بننے میں نال کو پیٹرن بکس سے لانے والا خود کار آلہ۔

Pattern designer/ -drawer : (n) ڈیزائن بنانے والا: نمونہ بنانے والا: خصوصاً وہ شخص جو کپڑوں کے نمونے بنانے کا انتظام کرتا ھے ؛ نمونہ ساز ؛ (الیکٹرک بنیاد) قالب ساز۔

Pattern maker : (n) دیکھو Pattern designer

Pattern making : (n) نمونہ سازی ؛ (الیکٹرک بنیاد) قالب سازی۔

Pattern room : (n) سانچوں کی ڈھلائی کے کارخانہ کا کمرہ ؛ نمونوں کا کمرہ۔

Pattern- shop : (n) نمونوں کی دوکان۔

Pattern-word : (n) اصطلاح یا لغت مفتاح یا نمونہ۔

Patterner : (n) نمونہ بنانے والا: نمونہ ساز: ڈیزائن بنانے والا ۔

Patterning : (n) نمونہ سازی: ڈیزائن کی ترتیب: طرح ریزی ؛ طرح سازی: نمونہ بنانا۔

Patternize : (v) کم کرنا: نمونے میں ترتیب دینا: نمونہ سازی کرنا۔

Patting : (n) تھاپ: برابر کرنا۔

Pattinsonization : (n) پٹیشن عمل۔

Pattinsonize : (v) [f. name of H.L. Pattinson, inventor of the process.] Pattinson (پٹینسن) عمل کے ذریعہ چاندی نکالنا۔

Pattle / Pettle : (n) [late ME.] (اسکاٹستان) چھوٹے بیلچے یا پھاوڑے کے مشابہ لمبا دستہ لگاھوا ایک اوزار۔

Patty : (n) (۱) قیمے کا سموسا۔ (۲) میٹھا سموسا۔

Patty -cake : (n) دیکھو Pat-a-cake

Patty -pan : (n) سموسے پکانے کا طاس یا کڑاہی۔

Patulous : (a) [L. 'Patulus.'] (۱) کھلا ہوا : کشادہ : پھیلا یا ہوا : باز : کشودہ۔ (۲) (نباتیات) کشادہ : گسترده : پھیلتا ۔ (۳) پھیلی ہوئی (شاخیں) : آگے بڑھی ہوئی (شاخ)۔

Patulous boughs : (n) (نباتیات) گسترده شاخیں۔

Patulously : (adv.) کشادگی سے : پھیلاؤ سے۔

Patulousness : (n) کشادگی : پھیلا ھوا ھونا ۔

Pauci : (prefix) [comb. form of L. pancus.] سابقہ بمعنی "معدودے چند" : "بہت کم" : "قلیل" : "تھوڑا" ۔

Pauciflorous : (a) (نباتیات) قلیل گلہ ۔

Paucifolious : (n) (نباتیات) قلیل برگہ ۔

Pauciloquent : (n) کم بولنا: چند لفظ کہنا۔

Pauciloquently : (adv.) کم گوئی کے ساتھ: کم سخنی کے ساتھ۔

Pauciloquy : (n) کم گوئی: کم سخنی: کم بولنا: مختصر گوئی۔

Paucispiral : (a) چند حلقوں والا: (چھلکا، خول کی مانند)۔

paucispirated : (a) چند حلقہ دار: چند پیچ و تاب والا۔

Paucity : (n) [L. 'Paucitas'] قلت: کمی: (تعداد یا مقدار کی): چند: معدود: اندک: کم یابی: ندرت۔

Paughty : (a) [Origin unkn.] (اسکاٹستان) مغرور : متکبر : خودبیں: خود پسند: پرتمکین: باتمکنت: بھاری بھرکم: مغرورانہ : گستاخ : بدتمیز : گستاخانہ : توہین آمیز : بدتمیزی کا.

Paul : (n) [L. 'paulus.'] (۱) (بائبل) پولوس رسول : پولوس (حضرت مسیحؑ کے مشہور حواری) . (۲) دیکھو Paolo .

Paul pry : (n) (۱) راز جو شخص (John Poole) کے طربیہ کا ایک کردار. (۲) وہ شخص جسے دوسروں کے راز معلوم کرنے کا شوق ہو.

Paul pry : (v) راز جویانہ طور پر کسی چیز کو دیکھنا: ٹوہ لگانا .

Rob Peter to pry Paul : دیکھو Pater

Paul's betony : (n) Veronica کی ایک جنس .

Pauldron : Pouldron کا متبادل.

Paulian : (n) [L. 'Paulianus (Ambrosiaster)] (کلیسائی تاریخ) ایک فرقہ جو پولوس ساموساتا کے عقائد کا پیرو تھا کہ حضرت عیسیٰ محض ایک بشر تھے : یہ فرقہ تثلیث خداوندی کا منکر تھا : عیسیٰ کی ذات میں "خدا" اور "روح القدس" کے حلول کا قائل نہ تھا (تیسری صدی عیسوی) .

Paulianist / Paulianite : (n) دیکھو Paulian

Paulician : (n) [med. L. 'pauliciani.'] (کلیسائی تاریخ) ساتویں صدی میں آرمینیا کے ایک مذہبی فرقے کا رکن جو معتدل مانوی خیالات کا حامل تھا.

Paulician : (a) مانوی عقائد اور خیالات کا یا اس سے متعلق .

Pauline : (n) [med. L. 'paulinus.'] پولوس کا: پولوسی: پولوس کی تصانیف سے متعلق: پولوسی عقیدے کا : تعلیم پولوس کے مطابق.

Pauline : (n) (۱) مخصوص مذہبی گروہ کا رکن. (۲) لندن کے اسکول "سینٹ پال" کا جدید یا قدیم طالب علم .

The pauline epistles : خطوط پولوس رسول .

Paulinism : (n) دینِ پولوس: پولوس مذہب.

Paulipist : (a) سینٹ پال اور اس کے عقیدے کا پیرو.

Paulinistic : (a) سینٹ پال کے عقیدے کا یا اس سے متعلق.

Paulism : (n) (۱) سینٹ پال کا عقیدہ : پولوس مذہب. (۲) دیکھو Paulinism .

Paulist : (n) (۱) (ہندوستان میں) گوا کے سینٹ پال کلیسا کا یسوعی . (۲) انجمن رومن کیتھولک کا رکن: سینٹ پال کے تبلیغی راہبوں کی ایک جماعت (جو ۱۸۸۵ء میں نیو یارک میں قائم ہوئی).

Paulite : (n) [L. 'paulus + - ITE.] راہبوں کی جماعت کا ایک فرد جس کو سینٹ پال کا رہبان بھی کہا جاتا ہے . یہ جماعت Budapest میں قائم ہوئی.

Paulite : (a) سینٹ پال کی رہبانی جماعت کا .

Paulo -past : (a) فوراً ہی ختم ہونے والی شے سے متعلق .

Paulo-post : (a) [L. 'paulo-post'] محض فوراً ہی بعد کا: معمولی متاخر .

Paulo-post -future : (a & n) [mod. L. 'paulo-post-futurum'] (۱) (یونانی صرف و نحو) مستقبل تمام (وہ صیغہ جو مستقبل میں کسی فعل کا تمام ہونا ظاہر کرے). (۲) (کنایتاً) مستقبل جو حال کے فوراً بعد ہو: عنقریب : مستقبل قریب .

Paulo-spore : (n) سماروغ کی مخصوص بالیدگی .

Paulownia (n) [After Anna Paulowna, daughter of the Tsar Paul.] جاپانی درخت کی ایک قسم .

Paunch : (n) [L. 'pautex, pautic-'.] (۱) پیٹ: شکم: معدہ : امعاء . (۲) معدۂ اول (جگالی کرنے والے جانوروں کا) : (حیوانیات) شکمبہ : معدۂ اول . (۳) اوجھڑی بیل وغیرہ کے معدے کا وہ حصہ جو غذا کے طور پر پکا کر کھاتے ہیں .

Paunch : (n) [OFr. 'pance'.] (۱) (جہاز رانی) موٹی مضبوط چٹائی (انگیٹھی کو بچانے کے لئے). (۲) لکڑی کا خول جو مستول پر رگڑ سے محفوظ رکھنے کے لئے چڑھاتے ہیں .

Rubbing paunch : (n) رگڑ سے محفوظ رکھنے کے لئے لکڑی کا خول .

Paunch (v) (شاذ اور بول چال) پیٹ پھاڑنا : پیٹ چاک کرنا (تاکہ آنتیں نکل پڑیں).

Paunchiness : (n) شکم کا بڑا ہونا: توندیلا پن.

Pauchy : (a) [f. Paunch (n)] بڑے پیٹ والا ؛ توند والا ؛ بڑی آنت والا ؛ توندیل۔

Pauper : (n) [L. 'Pauper.'] (۱) غریب آدمی؛ محتاج؛ فقیر؛ کنگال؛ گداگر؛ مسکین؛ قلاش۔ (۲) غربت کی وجہ سے جسے بغیر فیس ادا کئے عدالت میں استغاثہ کرنے کی اجازت ہو؛ مفلس، نادار مستغیث (جس کو بوجہ مفلسی مقدمہ دائر کرنے کی اجازت ہے)۔ (۳) (خصوصاً) وہ محتاج جسے غربت کے باعث قانونی امداد ملتی ہو۔ (۴)(توصیفی اور صفتی معنوں میں) جو محتاج ہو؛ بے نوا؛ محروم؛ خالی؛ بے نصیب۔ (۵) (صفت کے معنوں میں) مفلس کا یا اس سے متعلق۔

Pauper relief : (n) (قانون) اعانت فقرا و مسکین۔

Pauperdom : (n) (۱) مفلس کی حالت؛ مفلسی؛ مسکینی؛ فقیری؛ قلاشی؛ گداگری؛ ناداری؛ اجتماعی طورپر مفلس۔ (۲) جماعت مفلساں ؛ جماعت نادار؛ بھیک منگوں کی جماعت۔

Pauperism : (n) دیکھو Pauperdom

Pauperization : (n) محتاجگی؛ فقیریت۔

Pauperize : (v) محتاج کردینا ؛ فقیر بنادینا؛ نادار کردینا ؛ گداگربنانا ؛ (خصوصاً) عوامی چندہ یا خیرات پر گزارا کرنے والا بنا دینا۔

Paurometabolic : (a) (حیوانیات) نامکمل تحولی۔

Pauropoda : (n) قصیر پایاں۔

Pausal : (a) [f. Pause (n) +-al.] (۱) سکتے کا یا اس سے متعلق؛ توقفی؛ جملے میں سکتے سے متعلق۔ (۲) (عبرانی قواعد) اس شکل کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں لفظ سکتے یا توقف میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Pause : (n) [L. 'pausa.] (۱) توقف ؛ تامل۔ (۲) سکون؛ وقفہ؛ سکتہ؛ شش و پنج؛ تردد؛ دگدا؛ امید و بیم کی حالت؛ (انتظار کی) تشویش؛ انتظار؛ راہ دیکھنا۔ (۳) (خصوصاً) تقریر تحریر میں بیچ میں رکنا؛ وقفہ۔ (۴) (عروض) وقف شعری؛ تقطیع؛ نیز موسیقی کارکن۔ (۵)(موسیقی) بہت لمبے وقفے کی علامت یا جو نشان نغمہ کے اوپر یا نیچے بنی ہو۔

At pause : شش و پنج میں ؛ تامل میں ؛ توقف میں۔

To give pause to/ To put a pause : رکنے کا سبب ہونا ؛ شش و پنج کی وجہ ہونا ؛ کسی کو پس و پیش میں ڈالنا۔

Pause : (v) [L. 'pausare.'] (۱) رکنا ؛ ٹھہرنا؛ توقف کرنا؛ رک جانا؛ تامل کرنا (عارضی طورپر) رکنا؛ انتظار کرنا؛ تقریر کے لئے رکنا ؛ شش و پنج میں ڈالنا یا پڑنا ؛ خاموش رہنا۔ (۲) (کسی مسئلے یا مضمون پر) مفصل بحث کرنا ؛ دیر تک گفتگو یا عذر کرتے رہنا؛ (کسی لفظ پر) رکنا؛ اٹکنا۔

Pauseful : (a) توقف؛ تامل سے بھرا ہوا؛ سکتے سے بھرا ہوا۔

Pausefully : (adv.) وقفے کے طورپر سکتے کے ساتھ؛ تامل کے طورپر توقف کے انداز میں۔

Pauseless : (a) بغیر توقف؛ بغیر تامل؛ بغیر وقفہ؛ لگاتار؛ مسلسل؛ دوامی؛ برابر؛ بغیر رکاؤ یا رکاوٹ ؛ علی التواتر۔

Pauselessly : (adv.) دوامی طور پر ؛ لگاتار طریقے سے ؛ متواتر ؛ پے درپے؛ دائماً۔

Pausingly (adv.) رکتے ہوئے؛ وقفے کے طورپر؛ ٹھہرتے ہوئے تامل کے ساتھ؛ شش و پنج کے طورپر پس و پیش کرتے ہوئے۔

Paut : (v) [Origin unkn.] (۱) (خصوصاً اسکاتستان) زمین پر پنجہ مارنا؛ چنگال مارنا؛ نقش ابھارنا؛ ٹھپا لگانا؛ زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔ (۲)انگلی سے چھونا؛ نشان لگانا ؛ دھکا دینا ؛ (ہاتھ سے) دبانا کسی چیز کو ٹھیلنا۔ (۳) (خصوصاً اسکاتستان) آہستہ آہستہ حرکت کرنا ؛ آہستہ چلنا۔

Pauxi : (n) [Sp. 'pauxi , now 'pauji.'] خود نما امریکی فیل مرغ (Pauxisgaleata)۔

Pavage : (n) [Fr. 'pavage.'] (۱) محصول فرش بندی؛ سڑکوں پر فرش لگانے کا محصول؛ نیز؛ پر محصول لگانے کا حق۔ (۲) فرش بندی کا عمل؛ فرش لگانا؛ کھڑنجا؛ فرش بندی (ٹینوں یا تختوں وغیرہ سے) ؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Pavais : Pavis کا متبادل۔

Pavan / Pavane / Pavin : (n) [Fr. 'pavane .] (۱) ایک شاندار رقص جو پرتکلف پوشاک پہن کر کیا جاتا تھا ؛ سب سے پہلے سولہویں صدی عیسوی میں انگلینڈ میں رائج ہوا۔ (۲) اس رقص کی موسیقی جو دہری اور بہت ہی آہستہ ہوتی ہے۔

Pave : (v) [Fr. 'paver.'] (۱) (سڑک، گلی، شہر، مکان وغیرہ کا) کھڑنجا بنانا ؛ فرش بندی کرنا؛ اینٹیں یا تختے لگا ؛ نیز دیکھو Pavement ۔ (۲) فرش یا کھڑنجے کے

طور پر اوپر لپٹ جانا۔ (۳) (مجازاً) فرش وغیرہ پر تہ جمانا۔ (۴)(استعارتاً) (اصلاح وغیرہ کا) راستہ صاف کرنا : راہ سے مشکلات دور کرنا۔

To pave the way : (کوئی چیز لانے کے لئے راستہ صاف کرنا: راستہ ہموار کرنا : راہ سے مشکلات کو دور کرنا : کسی نظریہ کو پھیلاکر آگے بڑھانا۔

Pave : (n) [Fr. Subst. use of papple. of paver] (۱)فرش بستہ سڑک، کھڑنجے یا فرش بندی کی سڑک۔ (۲)کھڑنجے کی پٹری۔ (۳)مرصع کاری: جڑاؤ کا کام (جس میں نگینے پاس پاس کھڑنجے کی طرح جڑے ہوں)۔

On the pave : بغیر ٹھہرے ہوئے سڑکوں پر ٹہلنا۔

Paved : (a) (تعمیرات) سنگ بستہ : فرش شدہ : صاف شدہ : سنگ فرش شدہ : (استعارتاً) پٹا ہوا : بھرا ہوا۔

Pavement : (n) [L. 'pavimentum.'] (۱)فرش شدہ کام حصہ: فرش شدہ سطح : (اینٹوں، تختوں وغیرہ کا) فرش، کھڑنجا، سنگ فرش (خصوصاً) سڑک کی پٹری (جو کھڑنجے کی ہو) نیز سیمنٹ کی غیر منقسم سطح۔ (۲) جادہ سنگ فرش: پیادہ رو: (تعمیرات) بلاط : چوکا: اب حصوصاً فرش شدہ راستہ: شارع عام (گلی، سڑک کے کنارے)۔ (۳)(امریکا) دیکھو Roadway. (۴) (کان کنی)معدن کی زمین:(ارضیات)فرش برہنہ۔ (۵)کوئلے کی پرت میں پڑی ہوئی آگ مٹی کی پرت۔ (۶) (تشریح ، حیوانیات) کھڑنجے کی شکل کی دانتوں کی ساخت۔ (۷) (انجینئرنگ) سنگ بستہ پٹری۔

Crazy pavement : (باغ کی روشوں کا) ناہموار کھڑنجا یا فرش۔

Pavement : (v) کھڑنجا لگانا : فرش بنانا (اینٹوں، تختوں وغیرہ کا) کھڑنجا بنانا: فرش بندی کرنا۔

On the pavement: بغیر ٹھہرے ہوئے سڑکوں پر ٹہلنا: آوارہ طور گھومنا پھرنا۔

Pavement artist : (n) فرش مصور (جو سڑک کی پٹری پر رنگین تصویریں بنایا کرتا ھے اور راہ گیروں سے پیسے وصول کرتا ھے)۔

Pavement Epithelium : (n) طبق دار بر حلمَہ۔

Pavement tooth : (n) کھڑنجے کی شکل کا چوڑا چپٹا دانت۔

Paven : (a) (خصوصاً شاعری) دیکھو Paved .

Paver : (n) (۱) فرش بندی کرنے والا : کھڑنجا لگانے والا۔ (۲) صاف کرنے والا۔

Pavia : (n) [mod. L. named after Peter Paaw (Pavius), (Pavius), Professor of Botany at leide.] (نباتیات) ایک قسم کا پودا: شاہ بلوط ہندی۔

Paviin : (n) (کیمیا) شاہ بلوط کی چھال سے نکالا ہوا ایک کیمیائی مادہ۔

Pavilion : (n) [Fr. 'pavillon.'] (۱)خیمہ خصوصاً بڑا چوٹی دار خیمہ۔ (۲) (نقابت) نقیبانہ خیمہ۔ (۳) (مجازاً) خیمے کی طرح کی کوئی چیز۔ (۴) Valois کے فلپ ششم (Philipvi) کا جاری کیا ہوا سونے کا فرانسیسی سکہ (۱۳۲۹ء) نیز بلیک پرنس (Black Prince) کا گینی (Guienne) جاری کیا ہوا سکہ Royal dollar کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ھے۔ (۵)ہلکی آرائشی عمارت یا خوش نما مکان : نیز چھوٹا سا خوش نما بنگلہ جو کرکٹ کے میدان سے بالکل قریب تماشائیوں اور کھلاڑیوں کی سہولت کے لئے بنادیا جاتا ھے: پویلین۔ (۶)عمارت کا رخ: عمارت کے سامنے کا حصہ: شہ نشین (عمارت کا) آگے کو نکلا ہوا حصہ جو عموماً نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ھے : (تعمیرات) سائبان۔ (۷)علاحدہ یا نصف علاحدہ کیا ہوا اسپتال کا حصہ۔ (۸)گھیرے اور حلقے کے درمیان شوخ تاباں ترشے ہوئے ہیرے کا حصہ۔ (۹) (تشریح) بیرونی کان، لالۂ گوش۔ (۱۰)فلوپین ٹیوب کا ریشہ دار کنارہ۔

Pavilion : (n) (۱)خیمے لگانا: خیموں سے گھیرنا: شامیانہ وغیرہ بنانا۔ (۲)پویلین بنانا (میدان وغیرہ میں): شہ نشین بنانا (عمارت میں)۔

Pavilion school : (n) (تعلیمات) سائبانی اسکول۔

Paving : (n) کھڑنجا بنانے کا عمل: فرش بنانے کا عمل: فرش، کھڑنجا، سامان وغیرہ جس سے فرش (زمین) بنایا جاتا ھے : مصالحۂ سنگ فرش۔

Paving brick : (n) کھڑنجے کی اینٹ: فرش میں لگانے کی اینٹ۔

Paving material : (n) مصالحۂ سنگ فرش۔

Paving mixer : (n) کنکریٹ ملانے والی مشین یا مصالحۂ سنگ فرش مخلوط کرنے والا : سنگ فرش کا مرکب تیار کرنے کی مشین۔

Paving roller : (n) فرش برابر یا مسطح کرنے والی مشین؛ فرش رولر۔

Paviour / -ior : (n) [Fr. 'Paveur'.] (۱)فرش بنانے والا ؛ کھڑنجا لگانے والا ؛ نیز مجازاً۔ (۲)سنگ فرش ٹھونکنے والی مڑگری۔

Pavis / Pavise : (n) [med. L. 'pavense.'] (۱)(تاریخ) محدب سپر، ڈھال جو بہت بڑی ہوتی تھی اور پورے جسم کو ڈھانك لیتی تھی، کوئی بڑی سپر، ڈھال تیر اندازی سے بچنے کے لئے۔ (۲) اٹلی کے ایك قصبے کا نام۔

Pavisade / Pavesade : (n) لگاتار خطوں میں ایك ساتھ ملاکر سپروں کا بنا ہوا پردا (بچاؤ کے لئے)۔

Paviser / -or : (n) مسلح یا سپر لئے ہوئے آدمی۔

Pavlovian : (a) روسی ماہر عضویات Ivan Pavlox کا یا اس کے تجربات سے متعلق۔

Pavo : (n) [L.] (حیوانیات) جنس طاؤس ؛ جنس مور ؛ مور کی ایك قسم۔

Pavonazzo / Pavonazzetto : (n) [Fr.] مرمر جس پرطاؤس کے رنگ کے نقش و نگار ہوں؛ طاؤسی سنگ مرمر (ارضیات) لاؤسی مرمر۔

Pavonazzo : (a) (مرمر) طاؤس کے رنگ کا نقش و نگار والا : طاؤسی (سنگ مرمر)۔

Pavonian : (a) [L. 'pavo.'] (۱)طاؤس کا یا اس سے متعلق۔ (۲) دیکھو Pavonine (a)۔

Pavonine : (a) [L. 'pavo.'] (۱)طاؤسی؛ طاؤس کا؛ طاؤس کا سا؛ سا؛ مور کی صفت کا ؛ طاؤس نما۔ (۲) (حیوانیات) جنس طاؤس (Pavo) کا یا اس سے متعلق۔ (۳) رنگ میں مور کی گردن یا دم سے مشابہ : (موسمیات) قوس قزحی۔

Pavonine : (n) (۱)خام دھات یا دھات میں پائی جانے والی قوس قزح کا چمکیلارنگ : مور کی بے آب دم۔ (۲) دیکھو Pavoniae کی جنس کی ایك چڑیا۔

Pavy : (n) [Fr. 'pavie.'] ایك قسم کا سخت شفتالو؛ ایك قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے۔

Paw : (n) [OFr. 'Powe, Poue, Poe'.] (۱) جانور کا پنجہ : (حیوانیات) چنگل؛ چنگال؛ چوپائے کا پنجہ۔ (۲)کسی جانور کا پنجے دار پاؤں ؛ (تشریح) دست؛ ہاتھ (۳)(مزاح) ہاتھ :خصوصاً بھونڈے پن سے استعمال کیا جائے (بول چال)۔ (۴)تحریر؛ خط؛ دستخط۔ (۵)پنجہ۔

Paw : (v) (۱) پنجہ مارنا ؛چنگل مارنا۔ (۲)گھوڑے کا زمین پر ٹاپ مارنا؛ سم سے زمین کریدنا (۳)ہاتھ پھیرنا؛ ہاتھ لگانا؛ چھونا؛ خصوصاً بھدے پن سے، اکھڑپن سے اٹھانا یا برتنا (کوئی چیز) (بول چال)۔ (۴)بھدے پن سے ہاتھ پھیرنا۔

Pawk / pauk : (n) [Origin unkn.] (اسکاٹستانی) (اور بول چال) عیار؛ چالاك ؛ ہوشیار: چال؛ فریب؛ ڈھب؛ داؤں پیچ، تزویر؛ ترکیب؛ تدبیر؛ چالبازی؛ حیلہ؛ ہنر؛ کمال۔

Pawkily : (adv.) عیاری سے؛ چالاکی سے؛ شرارت سے حیلہ کے ساتھ؛ فریبانہ؛ عیارانہ ؛ داؤں پیچ سے؛ چالبازی سے۔

Pawkiness : (n) عیاری ؛ چالاکی؛ حیلہ گری؛ تزویر؛ شرارت۔

Pawky : (a) (اسکاٹستان کی مقامی بولی) عیار ، چلتا ہوا ، چالاك؛ ہوشیار؛ شریر؛ خصوصاً عیارانہ ظرافت کا۔

Pawl : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) چھوٹی سلاخ جو لنگر کے چرخ وغیرہ میں لگادی جاتی ہے کہ وہ الٹا چکر نہ کرنے لگے : چرخ روك۔ (۲)روك دار بیرم (جس میں پہیے کے دندانے میں پھنسنے کے لئے روك لگی ہو) دندانہ دار روك پہیا۔ (۳)گیرہ، کتا، شطانك۔

Pawl : (v) (۱) (خصوصاً جہاز رانی) لنگر کے چرخ وغیرہ میں روك لگانا۔ (۲) مجازاً (عامیانہ بول چال)۔ (۳)بالکل روك دینا ؛ بند کرنا ؛ روکنا؛ یکایك روکنا؛ دفعتاً گفتگو۔ (۴) روك دینا ؛ گرفت میں کرلینا ؛ ختم کردینا خصوصاً بات کرنی روك دینا یا گفتگو بند کردینا۔

Pawl-bitt/ -post : (n) (جہاز رانی) مضبوط عمودی کھمبا جس میں آہنجہ کو لگایا جاتا ہے۔

Pawl head : (n) (جہاز رانی) لنگر کے چرخ کا حصہ جس میں گیرہ لگا ہوتا ہے۔

Pawl rim : (n) (جہاز رانی) گیرہ کو پکڑنے کے لئے ڈھلے ہوئے لوہے کا دندانہ دار حلقہ۔

Pawn : (n) [late ME. 'poun.'] (۱) (شطرنج کا) پیادہ۔ (۲) (استعارتاً) مہرہ (وہ شخص جسے دوسرا اپنے مقصد کے لئے جو چال چاہے چلائے)۔

Pawn : (n) [OFr. 'pan' also 'pand, pant'.] (۱)گروی: شے مرہونہ: وہ چیز جو رہن رکھی گئی ہو؛ رہن ؛ وثیقہ؛ نیز مجازاً۔ (۲)وہ شخص جسے ضمانت کے طور پر چھوڑ دیا جائے اور اس سے غلام کا کام لیا جائے۔ (۳)گروی رکھنے کی حالت: ضمانت کے طور پر رکھنا خصوصاً Phr میں گروی ؛ رہن ۔ (۴)رہن رکھنے کا عمل ؛ضمانت میں رکھنے کا فعل۔

In pawn /At pawn : (Phr.) گروی؛ رہن ۔

Pawn : (v) (۱) روپیہ کی ادائی کے لئے یا کسی کام کی انجام دہی کے لئے (کسی چیز کو) ضمانت کے طور پر دینا یا جمع کرنا: رہن رکھنا ؛ خطرہ مول لینا؛ شرط بدنا؛ شرط لگانا؛ (۲) (استعارتاً) ذاتی ضمانت کرنا؛ قول ہارنا؛ قول دینا ۔

Pawn-broker : (n) گروگیر؛ چیزیں گروی رکھ کر قرض دینے والا؛ گرو یا رہن کا کاروباری؛ مرتہن ۔

Pawn broking : (n) رہن کا کاروبار؛ سود پر قرض دینا ۔

Pawn shop : (n) گروی یا رہن کی دکان ۔

Pawn-ticket : (n) راہن یا گروگیر کی طرف سے شے مرہونہ کی جاری کردہ رسید قرض کی تفصیلات کے ساتھ۔

Pawnable : (a) قابل رہن ۔

Pawnee : (n) مرتہن جس کے پاس کوئی چیز گرو رکھی جائے؛گرودار ۔

Pawner / -or :(n) گرو رکھنے والا؛ گروگزار؛ رہن گزار؛ راہن ۔

Pawpaw : (n) Papaw کا متبادل۔

Pax : (n) [L. 'pax.'] (۱) لوح صلیبی؛ لوح بوسہ (جس پر پادری اور حاضرین Mass کے موقع پر بوسہ دیتے ہیں)۔(۲) بوسۂ سلامتی (High Mass کی ایک رسم)۔ (۳) (اسکول کے لڑکوں میں عامیانہ) خاموش رہو۔ (۴) (اساطیر) پاکس؛ شانتی کی دیوی۔ (۵)(دینیات) امن ۔ (۶) (پبلک اسکول عامیانہ) ایک دوست؛ اچھے دوست ، ساتھی ۔

To be good pax : اچھا دوست ہونا ؛ عمدہ ساتھی ہونا۔

Pax Britannica : (n) امن برطانوی : جنگ کی ممانعت سلطنت برطانیہ عظمیٰ کی ماتحت ریاستوں کو ۔

Pax Dei / -Ecclesiae /-Regis : (n) خدا کی مہربانی؛ خدائی امن؛ خدا کی سلامتی؛ امن خداوندی؛ بادشاہ، گرجا کا امن ؛ بادشاہ یا گرجا کی سلامتی۔

Pax Romana : (n) امن رومی، جنگ کی ممانعت سلطنت رومتہ الکبریٰ کی ماتحت ریاستوں کو۔

Pax vobis : (n) (۱)تم پر سلامتی ہو؛ سلام علیکم۔ (۲) (مدرسہ میں عامیانہ) خاموش۔

Paxilla : (n) [L. 'Paxillus.'] (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت۔

Paxillar : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی جیسی ساخت کا یا اس سے متعلق۔

Paxillate : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت والا ۔

Paxilliform : (a) (حیوانیات) خار پشتوں میں عمودی شکل کی ڈنٹھل جیسی ساخت نما یا اس شکل کے مانند ۔

Paxillose : (a) [L. 'paxillus.'] (۱) (ارضیات) بلا یا عصا کے مانند چھوٹے نوکدار کھمبے یا بلے سے مشابہ۔ (۲)Paxillae کا یا اس کے مانند ۔

Paxwax : (n) [late ME.] (مقامی بول چال) گدی کی رگ (یہ ایک سخت رگ ہے جو ریڑھ کی ہڈیوں سے شروع ہوکر گدی تک پہنچتی ہے ؛ (اوزار) رباط گردن ۔

Pay : (n) [Fr. paie.] (۱)ادا کرنے کا عمل ؛ ادائی ؛ ادائیگی ؛ چکوتا (خصوصاً مزدوری یا کرایہ)۔ (۲)ادا کئے جانے کی حالت یا مزدوری یا کرایہ پانے کی حالت۔ (۳)تنخواہ؛ مشاہرہ ؛ مزدوری ؛ اجرت ؛ کرایہ ؛ بھاڑا ؛ وظیفہ ۔ (۴) (مجازاً) بدلہ، مکافات؛ پاداش ؛ جزا ؛ انتقام ؛ عوض؛ سزا ۔ (۵) (کان کنی) کچے دھات کی کان میں دھات کی پر منفعت نکاسی۔

In the pay of : (فلاں کا) ملازم۔

To be good (etc.) pay : کسی کے قرض کی ادائی کا یقین ہونا (بول چال)؛ (مجازاً) نفع کا مستطیع ہونا ؛ منفعت کی گنجائش رکھنا۔

To put paid to : (بول چال) معاملہ طے کرنا ؛ ختم کرنا ۔

Pay : (v) [med. L. 'pay.'] (۱) قرض ادا کرنا؛ سامان لیا ہوا واپس کرنا؛ معاوضہ دینا؛ عوض دینا؛ اجرت دینا؛ صلہ دینا؛ اجر دینا؛ قیمت دینا؛ معاوضہ دینا ؛ کرایہ دینا۔ (۲) (مجازاً) انعام دینا؛ چکانا؛ مشاہرہ یا تنخواہ ادا کرنا؛ اجرت دینا؛ مزدوری دینا۔ (۳)دینا؛ ادا کرنا ؛ جزا دینا ؛ صلہ دینا؛ پاداش دینا؛ بدلا دینا؛ اجر دینا ۔ (۵)کرنا

(عزت، اظہار عقیدت وغیرہ) ۔ (۶)مبذول کرنا (توجہ، عنایت وغیرہ) پیش کرنا (ہدیہ: احترام، خراج تحسین وغیرہ) ۔ (۷)(کاروبار سے) نفع ہونا : فائدہ ہونا۔ (۸)خود کو کسی کی خدمت کے لئے سپرد کرنا۔ (۹)سزا دینا، مارنا؛ ضرب پہنچانا؛ چابک یا کوڑے سے مارنا؛ (بازاری زبان میں) شکست دینا؛ ہرانا؛ سبقت لے جانا؛ جیت جانا ۔ (۱۰)سپرد کرنا یا حوالہ کرنا (روپیہ وغیرہ) سامان یا خدمت کے عوض؛ احسان کا بدلہ دینا بطور قرض لی ہوئی رقم واپس کرنا۔ (۱۱)(ہندسہ) (تفریق، گھٹاؤ میں) ذہنی طورپر بڑے عدد سے مفروق میں ایک پوائنٹ ملاکر "قرضے" کی تلافی کرنا : خصوصاً واپس کرنا ۔ (۱۲) دینا : بخشنا : عطا کرنا : مبذول کرنا (توجہ، عنایت) ملاقات کے لئے جانا، احترام کرنا۔ (۱۳)روپیہ دینا یا کوئی چیز مساوی قیمت کی؛ نفع بخش ہونا؛ فائدہ مند ہونا : (مجازاً) کسی چیز کا کفارہ دینا یا ادا کرنا۔ (۱۵) برداشت کرنا یا سزا بھگتنا۔ (۱۶) (کاروبار سے) نفع حاصل کرنا : فائدہ ہونا ۔ (۱۷)(بحری) رسی ڈھیلی کرکے چھوڑ دینا۔(۱۸) جہاز کا ہوا کی وجہ سے اپنی راہ سے پہلو کی طرف ہٹنا۔

To pay a person in his own coin : جیسے کو تیسا؛ جواب دینا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

To pay a visit : آنا؛ دیکھنا؛ ملاقات کرنا؛ معائنہ ۔

To pay away : (بحری) رسی چھوڑ دینا : رسی ڈھیلی کر نکلنے دینا ۔

To pay down : روپیہ دینا؛ ادا کرنا؛ فوراً ادا کرنا :بروقت ادا کرنا؛ (نیز مجازاً) ۔

To pay for : قیمت ادا کرنا؛ خرچ برداشت کرنا؛ سزا پانا (اپنے قصور کی) ۔

To pay for one's whistle : اپنی اٹکھیلیوں کی سزا بھگتنا ۔

To pay in : اپنے حساب میں یا کسی اور کے حساب میں کوئی رقم جمع کرانا؛ داخل کرانا۔

To pay off (rarely up) : (۱) جہاز کا ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف رخ موڑنا ۔ (۲)پورے طور پر جہاز کے ملاح کو اس کے کمیشن کی میعاد پوری ہونے پر تنخواہ دے کر ہٹا دینا۔

To pay off : بے باق کرنا؛ چکتا کرنا (تنخواہ ، قرض وغیرہ) ؛ پورے طور ادا کرنا۔

To pay one's debt to nature , or nature's debt : مرنا ؛ مرجانا؛ گزر جانا ۔

To pay one's way : اپنا خرچ نکال لینا؛ قرض دار نہ ہونا؛ بہ قدرت خود ترقی کرنا۔

To pay out : (۱)خرچ کرنا؛ صرف کرنا؛ پورا کرنا؛ فضول خرچ کرنا ۔ (۲) (روپیہ) ادا کرکے اپنی جان چھڑانا ۔

To pay (person) out : سزا دینا ۔

To pay through the piper : خرچ اٹھانا اور قابو پانا (جو کسی چیز کا خرچ برداشت کرے تو اسے قابو میں رکھنے کا حق ہے)۔

To pay through the nose : ٹھگا جانا؛ حد سے زیادہ قیمت دینا ۔

To pay up : پورا کردینا؛ بے باق کردینا؛ چکا دینا ؛ بقایا ادا کرنا ۔

Pay : (v) [L. 'picare.'] (خصوصاً جہازرانی) رال لگانا؛ تارکول لگانا؛ تارکول لیپنا : چربی لگانا اور اسی قسم کی دوسری چیزیں نمی کو بچانے کے لئے ۔

Pay : بطور جزو ترکیبی استعمال ہوتا ہے جیسے Paymaster, Payclerk , Pay day, وغیرہ۔

Pay-all : جو پوری قیمت ادا کرتا ہے، جو پورا ادا کرتا ہے ۔

Pay- as - you- earn : (n) انکم ٹیکس وصول کرنے کا ایک طریقہ۔

Pay-bed : (n) شفاخانہ کا وہ بستر جس کے استعمال کا معاوضہ دینا ہوتا ہے ۔

Pay bill : (n) (معاشیات) برآوردہ تنخواہ : تنخواہ بل۔

Pay book : (n) فوجیوں کی تنخواہ کا انفرادی ریکارڈ ۔

Pay - clerk : (n) تنخواہ کرانی : پے کلرک؛ وہ کرانی یا کلرک جو مزدوروں یا ملازمین کی تنخواہ کا حساب رکھتا ہے یا تنخواہ (بل) بناتا ہے ۔

Pay - day : (n) تنخواہ یا مشاہرہ کا دن؛ ادائی کا دن؛ یوم ادائی : مزدوری ادا کرنے کا دن : روز تصفیۂ حساب : (اسٹاک ایکسچینج میں) تبدیلی اسٹاک کے بدلے ادا کرنے کا دن ۔

Pay envelop : (n) وہ لفافہ جس میں تنخواہ کی یا مشاہرہ کی رقم رکھی ہو۔

Pay in : (v) (اپنی یا کسی اور کے حساب میں کوئی رقم) جمع کرانا، داخل کرانا ؛ جمع کرنا؛ داخل کرنا ۔

Pay load/ Paylode : (n) (۱) بوجھ یا بار جو جو لاریوں سے ڈھویا جاتا ھے۔ (۲) میزائل میں موجود آتش گیر مادے کا وزن ۔

Pay - off : (n) (۱) (عامیانہ) ادا کرنے یا وصول کرنے کا عمل ۔ (۲) نقطہ عروج ؛ کلائمکس؛ انجام ؛ نتیجہ؛ آخری نتیجہ یا فیصلہ؛ انتقام ؛ بدلہ کا عوض۔

Pay packet : (n) دیکھو Pay envelope

Pay station : (n) (ٹیلی فون) بلاوا دفتر ؛ پبلک ٹیلی فون جس میں عموماً مشین میں رقم ڈال کر بات کی جاتی ھے ۔

Payable : (a) [Fr. 'payable.'] (۱) (روپیہ ، بل وغیرہ) واجب الادا؛ واجب الدین (قرض) دادنی ؛ دینے کے لائق (خصوصاً at یا on کے ساتھ جو مخصوص تاریخ اور شخص کو ظاہر کرتا ھے)۔ (۲) قابل ادا؛ جو ادا ھوسکتا ھے : (شخص کا) وہ جو ادا ھوسکتا ھے؛ قابل پرداخت ۔ (۳) (کان کنی وغیرہ) منافع یا نفع کی؛ معاشی طورپر نفع بخش؛ اجرت کا؛ پرمنفعت ۔

Payable to bearer : (n) (معاشیات) دھنی جوگ ؛ حامل (رقعہ، چك وغیرہ) کو واجب الادا ؛ وصول کنندہ کو واجب الادا۔

Payable to order : (n) (معاشیات) حکم جوگ ؛ حکم کے مطابق واجب الادا ۔

Payably : (adv.) واجب الادا کے طور پر ؛ نفع مندانہ یا سودمندانہ طور پر ۔

Payee : (n) (۱) وہ لفاف جس میں تنخواہ کی یا مشاہرہ کی رقم رکھی ھو ۔ (۲) مزدوری ؛ تنخواہ ؛ مشاہرہ ؛ وظیفہ ۔

Payer : (n) (روپیہ وغیرہ) ادا کرنے والا؛ دہندہ؛ اداکنندہ ۔

Paying : (n) جمع کرنا؛ ادا کرنا۔

Paying : (a) نفع بخش؛ پرمنفعت ۔

Paying guest : (n) عوضانہ مہمان ؛ وہ شخص جو کسی نجی مکان میں قیام و طعام کے لئے روپیہ ادا کرتا ھے؛ وہ جو قیام و طعام کا معاوضہ دے کر کسی مکان میں قیام کرتا ھے ۔

Paying - in book : (n) (برطانیہ) دیکھو Bank book

Paying -in slip : (n) جمع کرنے کی پرچی ؛ ڈپوزٹ سلپ ۔

Paymaster : (n) (۱) وہ افسر (خصوصاً بری یا بحری فوج کا افسر) جس کا کام فوجیوں، مزدوروں یا دوسرے لوگوں کو تنخواہ دینا ھے ۔ (۲) گورنمنٹ، کارپوریشن یا کسی ادارے کا افسر یا ایجنٹ جس کا کام ھے کہ وہ ملازمین یا مزدوروں کو تنخواہ دے اور اس کا حساب رکھے؛ رئیس سر رشتہ دار ۔

Paymaster- general : (n) (۱) رئیس سر رشتہ دار؛ میر منشی ۔ (۲) کسی بری و بحری فوج کا سربراہ جس کے ذمہ پلٹری کی تنخواہ تقسیم کرنا ھے، پلٹری کا اعلیٰ کمانڈر شعبہ تنخواہ کا ذمہ دار ۔ (۳) محمکہ خزانہ کا اعلیٰ افسر ؛ میر عمال خزانہ جس کے ذریعہ ادائی ھوتی ھے ۔

Paymaster - generalship : (n) رئیس سر رشتہ داری ۔

Paymasership : (n) سر رشتہ داری ۔

Payment : (n) [Fr. 'paiement.'] (۱) ادا کرنے کا عمل ؛ ادائیگی؛ ادائی؛ چکوتا؛ بھگتان؛ کارسازی؛ پرداخت۔ (۲) رقم (یا دوسری چیز) جو ادا کی جائے؛ تنخواہ، مشاہرہ، مزدوری، قیمت ۔ (۳) (مجازاً) کسی کے احسان کا بدلا دینا ؛ (استعارتاً) معاوضہ، بدلا ؛ جزا ؛ اجر؛ ادائی قرض ۔

Paymistress : (n) وہ عورت جو ملازمین کی تنخواہ کی نگراں ھو ؛ خاتون سر رشتہ دار، نیز مجازاً ۔

Paynim: (a&n) [ME. 'poinimle'.] بے دین (عموماً مسلمان کو کہتے ہیں)۔

Paynize : (v) [f.Payne, in ventor's name.] لکڑی میں ایسے مسالوں کی پچکاری دینا کہ وہ گلنے سے محفوظ رھے ؛ سخت اور مضبوط کرنے کے لئے لکڑی میں کیلشیم سلفائڈ اور کیلشیم سلفیٹ کا محلول بھرنا ۔

Paysanne : (n) [Fr. 'paysan.'] دہقانی عورت ؛ دیہاتی عورت؛ زنِ دیہاتی ۔

Paytamine : (n) [f. 'Payta' + Amine .] (کیمیا) غیرمتشکل القلی جو ایك قسم کے درخت کی چھال سے تیار کی جاتی ھے ۔

Paytine : (n) قلم پذیر القلی جو پٹا ماقین سے حاصل کی جاتی ھے ۔

Pazend / Pazand : (n) پاژند؛ ایران کی ایك قدیم زبان ۔

Pea : (n) [ME. 'pese.'] (۱) مٹر کا دانہ؛ مٹر؛ نخود ؛ چنا ۔ (۲) مٹر کا پودا؛ اوپر چڑھنے والا سخت پھل دار پودا ۔ (۳) بعض پھل دار درختوں کی نام کے ساتھ استعمال ھوتا ھے ۔

(۳) بیج کے مانند کوئی چیز انڈا ؛ مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کا گچھا۔

Angola pea (n) : افریقہ کے مغربی ساحل کا مٹر ؛ کنگو مٹر۔

As like as two peas : بالکل یکساں۔

Beach- pea : انگلینڈ کے سمندری ساحل کی ایک قسم کی مٹر۔

Butterfly-pea : جنوبی امریکا اور ہندوستان کے چنے کی ایک قسم۔

Chick -pea : (نباتیات) نخود ؛ چنا۔

Congo pea : (n) کنگو کی ایک قسم کی مٹر۔

Egyptian pea : دیکھو Chick pea

Everlasting pea : ایک قسم کی مٹر۔

Green pea : (نباتیات) لوبیا۔

Hoary pea : (n) ایک قسم کی مٹر۔

Indian pea : (n) (نباتیات) ماش۔

Milk-pea : (n) (شمالی امریکا کی) ایک قسم کی مٹر۔

Sea-pea / Sea-side pea : انگلینڈ کے سمندری ساحل کی ایک قسم کی مٹر۔

Sweet pea : (n) باغ کا ایک سالہ پودا جس میں خوش بو دار شوخ رنگ کے پھول آتے ہیں۔

Pea / pee : (n) [perh. shortened from 'peak.] نوک بادبان۔

Pea : (n) [prob. f. 'pease.] ڈھونے والا وزن جو Safety- valve وغیرہ میں استعمال ہوتا ھے۔

Pea-bean : (n) دیکھو Bean

Pea beetle /-bug : (n) ایک چھوٹا بھونرا نما کیڑا جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ھے اور مٹر کے دانوں یا پودوں کو نقصان پہنچاتا ھے۔

Pea -chick : (n) (۱) (حیوانیات) مور بچہ؛ مور کا بچہ؛ قرلا ؛ طاؤس کا بچہ۔ (۲) جوان اور خودنما شخص (جسے اپنی خوبصورتی یا لیاقت پر حد سے زیادہ ناز ہو)۔

Pea-coat : (n) بحری کوٹ ؛ موٹے کپڑے کا چھوٹا اوور کوٹ جو بحری سفر میں پہنا جاتا ھے۔

Pea comb : (n) تین کلغی والا بعض گھریلو پرند۔

Pea crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا۔

Pea dove : (n) ویسٹ انڈیز اور فلوریڈا میں پایا جانے والا ایک قسم کا کبوتر۔

Pea flour : (n) مٹر کا آٹا ؛ مٹر کھانے کی (چیز)۔

Pea-flower : (n) مٹر کا پھول ؛ اس کے مشابہ کوئی پھول ؛ گل نخود۔

Pea fowl : (n) مور یا مورنی، نر یا مادہ طاؤس۔

Pea green : (a & n) تازہ لوبیا کے رنگ کا؛ ہلکا سبزی مائل؛ تازہ لوبیا کا رنگ۔

Pea grit : (n) ایک قسم کا کھردرا چونا ؛ پتھر۔

Pea hen : (n) [late ME. 'pehen (ne).'] مورنی ؛ مادہ طاؤس ؛ طاؤسہ۔

Pea -jacket : (n) بحری کوٹ؛ موٹے کپڑے کا چھوٹا اوور کوٹ جو بحری سفر میں پہنا جاتا ھے۔

Pea like : (n) مٹر کے باغ کے مانند۔

Pea maggot : (n) تتلی یا پتنگے کا پہلا روپ جو مٹر کے پودوں کو خراب کردیتا ھے ؛ Pea-moth کا لاروا۔

Pea moth : (n) چھوٹا پتنگا؛ کپڑے کا ایک قسم کا کیڑا۔

Pea rifle : (n) موٹی نال والی رائفل جس کی گولیاں مٹر جیسی ہوتی ہیں۔

Pea shooter : (n) ایک کھلونا بندوق ؛ مٹر بندوق ایک نلی پستول جس میں مٹر کے دانے بھرکر داغا جاتا ھے ؛ (عامیانہ) چھوٹا ایک نلی پستول۔

Pea- soup / Pease- : (n) مٹر کا شوربا؛ خصوصاً خشک مٹر کا شوربہ۔

Pea-souper : (n) (بول چال) گہری؛ مدہم ؛ زرد کہر۔

Pea - soupy : (a) مٹر کے شوربا سے مشابہ ۔

Pea time : (n) (امریکا) کسی چیز کا آخری مرحلہ ۔

The last of pea time : کسی چیز کا آخری دور ، مرحلہ یا وقت ۔

Pea -tree : (n) ایك قسم کا پھل دار پودا ۔

Pea vine : (n) (۱) (امریکا) انگور کی بیل؛ تاك ، مٹر کے پودے کی چڑھنے والی ڈالی خصوصاً "Hog-peanut" ۔ (۲) ایك قسم کا امریکی پھل دار پودا جو خودرو بھی ھے اور اس کی کاشت بھی کی جاتی ھے؛ عموماً چارے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Pea weevil : (n) دیکھو Pea-bug

Peaberry : (n) قہوہ کے پودے کا منفرد گول بیج ۔

Peace : (n) [ME. 'pais' pes.] (۱) امن ؛ امن و امان، صلح ؛ صلح و صفا ؛ سلامتی ؛ آشتی ؛ خیریت ۔ (۲) معاہدۂ صلح (article کے ساتھ) جنگ کے بعد دو طاقتوں کے درمیان امن و آشتی کی توثیق یا معاہدہ؛ امن عامہ ۔ (۳) شہری اور ملکی فساد سے آزادی یا نجات؛ شورش و بغاوت سے نجات ؛ شہری سکون و اطمینان ۔ (۴) فساد سے نجات ؛ سکون ، چین ؛ آرام؛ آسودگی ۔ (۵) انفرادی جھگڑوں سے آزادی؛ میل؛ اتفاق؛ ہم آہنگی ؛ ساز گاری موافقت ؛ مساعدت؛ دوستی؛ محبت؛ ارتباط؛ دوستانہ تعلقات ۔ (٦) سکون قلب ؛ اطمینان قلب ؛ دماغی الجھن سے نجات ، ذہنی سکون ۔ (۷) ہنگامہ ، شور و شغب کی غیر موجودگی؛ حرکت و عمل کی عدم موجودگی ؛ سکون و آرام؛ گہری؛ سناٹا؛ شانتی ، آسودہ خاطری ۔

At peace : بے تشویش؛ صلح کی حالت میں۔

Bill of peace : حق قائم کرنے کے لئے کسی شخص کا پیش کردہ بل جس کا مقصد دائمی مقدمہ بازی سے نجات حاصل کرنا ھے ۔

Commission of the peace : (n) اراکین عدالت کا وہ گروہ یا جماعت جسے جسٹس آف دی پیس کہتے ہیں ؛ عدالت خصوصی ۔

Justice of the peace : مفصلات کا چھوٹے درجے کا مجسٹریٹ ۔

Kiss of peace : بوسۂ محبت، وہ بوسہ جو دوستی کی نشانی کے طور پر دیا جائے خصوصاً محبت عیسوی کے اظہار کے طور پر ۔

The British peace : دیکھو Pax Britanica

The king's peace : بادشاہ کی سلطنت میں کسی شخص کو دیا جانے والا امن و امان؛ بادشاہی امن ؛ بادشاہ کی طرف سے کسی شخص کے لئے حفاظتی اقدام جیسے شاہی راہ سے سفر کرنے میں امن و امان یا تحفظ کا سامان ھونا ۔

The Roman peace : دیکھو Pax Romana

To be sworn of the peace : مجسٹریٹ مقرر ھونا ۔

To hold one's peace : خاموش رہنا ؛ چپ رہنا ۔

To keep the peace : لڑائی جھگڑے سے باز رہنا؛ امن سے رہنا ؛ امن قائم رکھنا؛ جنگ و جدال سے بچے رہنا یا دوسروں کو امن عامہ میں خلل اندازی سے بچانا ۔

To make one's or a person's peace (with another) : دوستی کرنا یا دوسرے سے دوستی کرادینا (جھگڑے کے بعد) دوستانہ تعلقات پیدا کرنا (دوسرے کے ساتھ)۔

To make peace : صلح کرنا (جنگ کے بعد) دو ملکوں کا آپس میں صلح کرنا (بعد جنگ) کسی شخص سے دوستی کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ؛ امن عامہ قائم رکھنا ۔)

Peace-breaker: (n) امن وامان کو نقصان پہنچانے والا ؛ امن و سکون میں خلل ڈالنے والا؛ ہنگامہ کرنے والا؛ فساد کرنے والا ؛ نقض امن کا ذمہ دار؛ فسادی ۔

Peace establishment : (n) امن یا صلح کے زمانے میں کم کی ھوئی فوج۔

Peace monger : (n) صلح و آشتی کی حمایت کرنے والے کے لئے معاندانہ اصطلاح ۔

Peace of conscience : (n) ایقان نفس؛ ایقان ۔

Peace of mind : (n) ذہنی سکون؛ دماغی سکون ۔

Peace of soul : (n) قلبی سکون؛ اطمینان قلب ۔

Peace -offering : (n) (۱) نذر صلح (جو حریف کی تالیف قلوب کے لئے دی جائے)۔ (۲) (شکرانۂ صلح درگاہ الہٰی میں) ۔ (۳) رضا جویانہ قربانی یا صلہ ؛ کفارہ آمیز قربانی یا انعام۔

Peace officer : (n) امن عامہ بحال یا قائم رکھنے کے لئے سول افسر۔

Peace pact : (n) معاہدہ امن (جو ۱۹۲۸ء میں پیرس میں امریکا کی طرف سے پیش ہوا اور پندرہ ملکوں نے اس پر دستخط کئے)۔

Peace-pipe : (n) تمباکو پینے کا پائپ جس کا مل کر پینا شمالی امریکا کے باشندوں میں صلح کی علامت ھے۔

Peace treaty : (n) (سیاسیات) صلح نامہ۔

Peace warrant : (n) جسٹس آف دی پیس کی جانب سے جاری کیا ہوا پروانۂ گرفتاری۔

Peaceable : (a) امن پسند: صلح پسند: صلح جو: امن پسندانہ: صلح جویانہ: صلح و آشتی کا: دیکھو Peaceful۔

Peaceableness : (n) امن پسندی: صلح پسندی: صلح جوئی: پرامن ہونا: پرسکون ہونا۔

Peaceably : (adv.) امن پسندی سے: صلح پسندی کی ساتھ: صلح و آشتی کے طور پر سکون سے: اطمینان سے۔

Peaceful : (a) (۱) باامن: پرامن: پرسکون۔ (۲) امن پسندانہ: صلح جویانہ: صلح و آشتی کا: امن کی حالت کا۔ (۳) بے آشوب: بے اضطراب: راحت۔

Peacefully : (adv.) امن و امان سے، پرسکون طور پر: صلح و آشتی کے ساتھ۔

Peacefulness : (n) امن پسندی: صلح جویائی: باامن ہونا: پرامن ہونا: پرسکون ہونا۔

Peacemaker : (n) [Late ME.] (۱) صلح کرانے والا: میل ملاپ پیدا کرنے والا: صلح و آشتی کنندہ: مخالفین میں صلح کرانے والا۔ (۲) (مزاحاً) طمنچہ: ریوالور: جنگی جہاز وغیرہ۔

Peacemaking : (n & a) صلح کرانے والا: امن و امان پیدا کرنے والا۔

Peach : (n) [med. L.'Persica.'] (۱) آڑو: شفتالو: بلو۔ (۲) آڑو کا درخت: شفتالو کا درخت۔ (۳) شفتالو کے مانند دوسرے کھائے جانے والے پھل کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے۔ (۴) Peach brandy کا مخفف (امریکا)۔ (۵) دیکھو Peach colour۔ (۶) (عامیانہ) (امریکا) کسی چیز کے لئے خاص کر اس چیز کے لئے جو اپنی قسم میں اچھی ہو یہ بولا جاتا ھے۔

Peach : (n) (کان کنی) کلورائٹ سلیٹ کے لئے کارنوالی معدنی اصطلاح۔

Peach : (v) [Aphetic f. 'apeche.'] (۱) (عامیانہ اور بول چال) مخبر بن جانا۔ (۲) کسی کی مخبری کرنا: (راز) فاش کرنا: افشا کرنا۔

Peach-bloom : (n) (۱) پکے شفتالو کی سطح پر صفوف آسا باریک تہ۔ (۲) شفتالو کی درخت کا شگوفہ۔

Peach - blossom : (n) (۱) شفتالو کے درخت کا شگوفہ یا پہلا پھل۔ (۲) توصیفی معنوں میں خصوصاً شفتالو کی درخت کی شگوفے کے رنگ جیسا: ہلکا ارغوانی مائل رنگ۔ (۳) ایک قسم کا پتنگا۔

Peach -blow : (n) (۱) ہلکا گلابی رنگ جس میں ارغوانی کی جھلک ہو۔ (۲) اس رنگ کا روغن: نیز توصیفی معنوں میں، ایشیائی چینی کے برتن پر اس رنگ کی پالش۔ (۳) اس رنگ کے آلو کی ایک قسم۔

Peach borer (n) ایک قسم کے کھٹے کا کیڑا۔

Peach -brandy : (n) شفتالو کی برانڈی۔

Peach -colour : (n) (۱) ہلکا گلابی رنگ: شفتالو کا رنگ۔ (۲) ہلکا سرخ رنگ: شفتالو کے درخت کے شگوفے کا رنگ۔

Peach -coloured : (a) شفتالو کے رنگ کا: ہلکے سرخ رنگ کا۔

Peach -tree : (n) آڑو کا درخت: شفتالو کا درخت۔

Peacher : (n) انکشاف کرنے والا: اطلاع دینے والا۔

Peachiness : (n) شفتالو کی طرح سرخ اور نرم۔

Peachy : (a) گلگوں: سرخ: بلوئی: شفتالو کاسا: شفتالو کے مانند سرخ اور نرم (رخسا وغیرہ)۔

Peacock : (n) [ME. 'pecock.'] (۱) مور، طاؤس نر۔ (۲) چڑیا یا اس کا گوشت (کھانے کے لئے)۔ (۳) جنوبی تارا منڈل (Pavo)۔ (۴) طاؤسی رنگ۔

Peacock : (v) (۱) مور کی طرح بننا: نمود کی ساتھ پھولنا: بے جا مغرور ہونا، خصوصاً اکڑکر چلنا: طاؤس کے مانند بننا: اپنے آپ کو نمایاں کرکے اکڑکر چلنا۔ (۲) بننا، سنورنا: سنگار کرنا: طمطراق سے خود کو نمایاں کرنا۔ (۳) نازوانداز سے چلنا: خرام ناز کا عالم دکھانا: اٹھلا کر چلنا: شیخی بازی کرنا۔

Peacock-blue : (n) چمک دار نیلا رنگ (جیسا مور کی گردن کے پروں کا ہوتا ھے)۔

Peacock butterfly : (n) مور تتلی (یوروپی تتلی جس کے بازو گل دار ہوتے ہیں)؛ (حیوانیات) طاؤسی تیتری؛ مور تتلی۔

Peacock coal : (n) ایک قسم کا رنگ برنگ کوئلہ۔

Peacock eye : (n) بانکپن؛ چھیلا پن؛ خودنمائی طاؤسانہ رویہ؛ خرام ناز؛ اٹھلاتی چال؛ طاؤس صفتی؛ خود آرائی۔

Peacock feather /Peacock's- : (n) مور کا پر؛ "شیخی" کی علامت کے طور پر یا زینت عہدہ کے لئے لگایا جاتا ھے۔

Peacock-fish : (n) مور مچھلی؛ ایک قسم کی رنگین مچھلی جس میں سبز، نیلے، سرخ اور سفید رنگوں کی آمیزش ہوتی ھے۔

Peacock flower : (n) گل طاؤس؛ ایک قسم کا پھول۔

Peacock like : (a) طاؤس وش؛ مور کاسا؛ مور کے مانند۔

Peacock moth : (n) دیکھو Emperor moth

Peacock ore : (n) (کان کنی) مسی چقماق؛ تانبے کا سلفائیڈ۔

Peacock throne : (n) دہلی کا تخت طاؤس؛ جسے شاہ جہاں نے (۱۶۳۵–۱۶۲۸) بنوایا تھا؛ بارہ پایہ تخت اسے نادر شاہ ۱۷۳۹ میں ایران لے گیا تھا۔

Peacockish : (a) طاؤس صفت؛ مانند مور؛ مور کی طرح؛ خود نما؛ بننے سنورنے والا؛ مرغ زریں۔

Peacockishly : (adv.) طاؤس صفتی سے؛ مانند مور؛ مور کی طرح سے خودنما طور پر؛ ٹھاٹھ باٹ سے؛ طمطراق طور پر۔

Peacockishness : (n) طمطراق پن؛ خود نمائی؛ طاؤس صفتی۔

Peacockism : (n) دیکھو Peacockery

Peacock's tail : (n) (۱) مور کی دم؛ مور کا پنکھ (پیچھے کا پورا)۔ (۲) دیکھو Pavonine۔

Peacocky : (a) دیکھو Peacockish

Peai : (n) [Carib 'piai'.] (جنوبی امریکا کے ہندوستانیوں میں) جادوگر؛ ساحر؛ سیانا یا ساحر معالج۔

Peak : (n) [OE. 'peac.'] ڈربی شائر (انگلینڈ) کے شمال مغربی پہاڑی ضلع کا نام؛ اونچی چوٹی اور نیچی چوٹی۔

Peak : (n) [prob. back -formation from peaked] (۱) نقطۂ تظلیل؛ نقطۂ لمس۔ (۲) (جغرافیہ) راس۔ (۳) کھیت کے سرے کا وہ ٹکڑا جو بن جوتے چھوڑ دیا جاتا ھے (اب مقامی)۔ (۴) (بحری) جہاز کے تہ خانے کا تنگ حصہ (خصوصاً اگلا) نیز Forepeak۔ (۵) جہاز کا بالائی نکلا ہوا حصہ؛ نوک بادبان؛ بادبان کا بالائی بیرونی سرا۔ (۶) لنگر کے نیچے کا سرا؛ لنگر کے کانٹے کا سرا۔ (۷) چوٹی؛ پھننگ؛ سرکوہ؛ خصوصاً پہاڑ کی چوٹی؛ قلعۂ کوہ؛ فراز (طبیعیات) سب سے اونچے سرے والا پہاڑ یا پہاڑی؛ مخروطی شکل کا پہاڑ۔ (۸) (مجازاً) سب سے اونچا سرا؛ راس، سر۔ (۹) کسی چیز کا نوکدار سرا۔ (۱۰) (برقیات) لداؤ انحناء کا بلند ترین نقطہ؛ ایک دور میں متبادل مقدار کی بلند ترین قدر برقی لہر کا بلند ارتعاش یا دوسرے تغیرپذیر مقدار کی زیادتی (جیسے آنے جانے والے مال کی مقدار، تجارت، قیمتیں وغیرہ)۔ (۱۱) کلاہ؛ ٹوپی کا چھجا؛ کلاہ تیز نوک۔ (۱۲) نوک (مثلاً داڑھی کی)۔ (۱۳) منتہا یا بڑھنے گھٹنے کا انتہائی نقطہ۔ (۱۴) منتہا درجہ؛ حد اکثر؛ اوج؛ منتہائی خوشی۔ (۱۵) کاکل؛ پیشانی کے اوپر؛ زلف کی نوک جسے Widow's peak کہتے ہیں۔

Peak : (v) [Origin unkn.] صحت کا گرنا؛ مضمحل ہونا؛ پژمردہ ہو جانا؛ بیمار معلوم ہونا؛ مریض نظر آنا؛ گھلنا؛ تحلیل ہونا؛ (رنج و غم سے) خصوصاً Peakan pine میں۔

Peak : (v) [f. Peak . (n)] (۱) سرے کا آگے نکل آنا۔ (۲) سر تک لانا؛ اونچا کرنا؛ (مجازاً) بڑھانا؛ نمایاں کرنا؛ مبالغے کے ساتھ بیان کرنا؛ ممتاز کرنا؛ اوج پر پہنچانا۔

Peak : (v) [Fr. 'apiquer'.] (۱) (بحری) (مستول کے سہارے کو) عموداً جھکانا؛ آگے یا پیچھے جھکانا؛ شہتیر کا عموداً اٹھانا؛ سائبان اٹھانا؛ احاطے میں چوٹی لگانا؛ خصوصاً سرمستولی جہاز میں سائبان لگانا۔

To peak the oars : چپوؤں کو سیدھا کھڑا رکھنا۔

Peak -arch : (n) (تعمیرات) نوکیلی محراب۔

Peak-voltage : (n) (الیکٹرک) کلاہی قوۃ؛ کلاہی وولٹاژ۔

Peak-voltmeter : (n) (الیکٹرک) کلاہی قوۃ پیما۔

Peaked : (a) (۱) نوکدار؛ نکیلا؛ سرا والا؛ چھجے دار؛ چوٹی دار؛ قلہ دار پہاڑ۔ (۲) لاغر؛ نزار؛ مریض؛ پژمردہ؛ مریضانہ؛ خصوصاً بول چال۔ (۳) وہ جس کے چہرے پر ہڈیاں نکلی ہوں؛ جو بھوکا رکھا جاتا ہو۔

Peakedness : (n) لاغری؛ کمزوری؛ دبلا پن۔

Peaking : (a) (۱) (اب بول چال) پوشیدہ؛ خواہ مخواہ کا (جذبۂ شفقت وغیرہ)؛ خاموش؛ دبکا ہوا؛ ادنیٰ درجے کا؛ ناپسندیدہ جذبے کا۔ (۲) بیمار جیسا؛ گھلا ہوا؛ لاغر؛ سوکھا ہوا (جسم)؛ کمزور۔

Peakish : (a) مریل؛ مریض جیسا؛ سوکھا ہوا (جسم) کمزور؛ نحیف؛ لاغر؛ نزار؛ دبلا۔

Peaky : (a) (۱) نوک صفت : چوٹی دار؛ کثیر؛ زیادہ۔ (۲) نوک دار؛ چھجے دار؛ راس والا۔

Peaky / Peeky : (a) (روزمرہ بول چال) سوکھا؛ کم زور؛ نحیف؛ لاغر؛ مریل ؛ نزار۔

Peal : (n) [late ME. 'pele.'] (۱) گجر؛ گھنٹیوں کا زور سے ساتھ ساتھ بجنا؛ گھنٹیوں کی ٹن ٹن ، نیز مجازاً۔ (۲) گھنٹیاں؛ گھنٹیوں کا جوڑ؛ گھنٹیوں کی مدد سے مسلسل، صدائے ناقوس۔ (۳) بندوق یا توپ چھوٹنے کی آواز۔ (۴) صدائے بلند ؛ صدائے ناگہانی ؛ جرنگ؛ زور سے ہنسنے کی آواز ؛ آواز (قہقہہ)۔

Peal / Peel : (n) [Origin unkn.] (۱) سالمن مچھلی کا بچہ۔ (۲) سالمن کی ایک چھوٹی قسم (Salmo cambricus)۔

Peal : (v) [late ME. Aphetic f. 'apele.'] اب بول چال دیکھو (v) : Apeal۔

Peal : (v) [f. PEAL (n)] (۱) (آواز یا جگہ کا) گونجنا ؛ آواز پیدا کرنا؛ ٹن ٹن بجنا۔ (۲) گرجنا؛ کڑکنا۔ (۳) کڑک کر کہنا؛ گرج کر کہنا۔

Peal bells : (n) گھنٹیوں کا گجر بجانا۔

Pean : (n) [Origin unkn.] (نقابت) نقطہ دار سمور؛ پوست سمور کی شکل یا نقش۔

Pean : (n) Peen کا متبادل۔

Peanut : (n) ایک پھلی جو کھانے اور تیل نکالنے کے کام آتی ہے اور اس کے پودے گرم آب و ہوا میں کثرت سے پیدا ہوتے ہیں؛ مونگ پھلی اسے Ground-nut or Ground-pea بھی کہتے ہیں؛ (نباتیات) مونگ پھلی، چینا بادام۔

Peanut-butter : (n) بھنی ہوئی بادام سے تیار کیا ہوا مکھنی حلوہ؛ حلوۂ بادام۔

Peanut politics : (n) (امریکا عامیانہ) درپردہ مصالحات؛ سیہ آرائی؛ پوشیدہ داؤ پیچ ؛ رازدارانہ سیاست۔

Peanut politician : (n) چھچا سیاست داں؛ پوشیدہ سیہ آرائی کرنے والا؛ چھپ کر داؤ پیچ کرنے والا ؛ بے اہمیت و پست سیاست داری۔

Pear : (n) [OE. 'Pere, Peru'.] (۱) ایک قسم کا گودے دار پھل؛ مغزدار پھل؛ ناشپاتی۔ (۲) ناشپاتی کا درخت۔ (۳) ناشپاتی کی شکل کی کسی چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

Alligator pear : دیکھو Alligator

Prickly pear : ناگ پھنی۔

Pear-blight : (n) (۱) ناشپاتی کے درختوں کی ایک بیماری جس سے نباتی جراثیم کی وجہ سے پتیاں بادامی یا خاکی ہو جاتی ہیں۔ (۲) ایک قسم کی بیماری جس سے ناشپاتی کے درختوں کی چھالیں خراب ہوجاتی ہیں۔

Pear drop : (n) (۱) ناشپاتی کی شکل کی ایک مٹھائی۔ (۲) ناشپاتی کی شکل کا ایک زیور جو آویزہ کے طور پر پہنا جاتا ہے۔

Pear gauge : (n) Smeaton کا ایجاد کردہ ایک پیمانہ۔

Pear shaped : (a) (نباتیات) ناشپاتی نما؛ ناشپاتی کی شکل کا۔

Pear slug : (n) ایک قسم کا کیڑا جو چھوٹے پودوں کی ہلاکت کا باعث ہوتا ہے۔

Pear -tree : (n) (۱) ناشپاتی کا درخت۔ (۲) نیز اس درخت کی لکڑی۔

Pearl : (n) [ME. 'perle.'] (۱) موتی؛ لولو؛ دُر؛ مروارید؛ دُر صدف۔ (۲) Mother-of-pearl خصوصاً توصیفی معنوں میں۔ (۳) (نقابت) (قیمتی پتھروں کی وجہ سے آب و تاب میں) ہلکا سیمیں یا سفید رنگ۔ (۴) (مجازاً) کوئی بیش قیمت چیز؛ اپنی نوع کی بہترین چیز؛ نفیس اور شاندار چیز ؛ سرتاج۔ (۵) موتی جیسی گول اور چھوٹی چیز؛ موتی سے مشابہ چیز مثلاً قطرہ شبنم؛ دراشک، دردنداں۔ (۶) (دانت) عاج؛ ہاتھی دانت۔ (۷) ہڈی کی چھوٹی گانٹھ یا گرہ بارہ سنگے ہرن کی سینگ کے جڑ کو حلقے میں لئے ہوئے۔ (۸) تاج یا اکلیل میں ایک چھوٹی سفید یا نقرئی گول چیز؛ اسی طرح کا چھوٹا نقیبانہ بال۔ (۹) (طباعت) چھوٹا ٹائپ؛ موتیا ٹائپ ؛ طباعت کا ایک سائز؛ ٹائپ کی ایک شکل 5_point کے مساوی۔ (۱۰) مختلف قسم کی چیزوں کا چھوٹا سائز یا ٹکڑا؛ بعض چیزوں کا ریزہ، ٹکڑا، مثلاً پگھلی ہوئی دھات؛ صاف کوئلہ کا چھوٹا ٹکڑا؛ چھوٹی گولی یا حب۔ (۱۱) چینی بنانے کا ایک مرحلہ۔ (۱۲) موتی کا رنگ صاف ہلکا نیلگوں سبز۔ (۱۳) (تشریح) دُر دنداں۔

Pearl fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے فلس یا چھلکے سے مصنوعی موتی بنایا جاتا ھے۔

Pearl fisher : (n) صدف شکاری؛ صدف گیر؛ غوطہ لگا کر موتی نکالنے والا ؛ غواص۔

Pearl fishery : (n) صدف گیری ؛ وہ جگہ جہاں صدف شکار کرتے ہیں؛ صدف زار۔

Pearl grain : (n) مروارید و زن کرنے کا وزن، باٹ ؛ قیراط کا چوتھا حصہ۔

Pearl grass : (n) ایک قسم کی گھاس؛ بریزہ۔

Pearl hen : (n) ایک قسم کی مرغی جس کے پروں کا رنگ سرمئی اور ان پر سفید چتیاں ہوتی ہیں؛ گنی فؤل۔

Pearl kite : (n) سفید دم والی چیل؛ سفید پنکھ والی زغن۔

Pearl loop : (n) موتی کا حلقہ۔

Pearl moss : (n) دیکھو Carrageen

Pearl moth : (n) ایک قسم کا کیڑا۔

Pearl mussel : (n) دہرے کھل مندن کا صدفہ جس سے موتی نکلتا ھے۔

Pearl nautilus : (n) سہ شاخہ صدفی سر پایہ۔

Pearl onion : (n) مروارید سے مشابہ ایک قسم کی چھوٹی پیاز۔

Pearl oyster : (n) موتی کستورا (جنگلات) سیپی کا کیڑا جس سے موتی نکلتا ھے؛ صدف مروارید کا کیڑا ؛ صدفہ مروارید، خصوصاً بحر ہند کا۔

Pearl plant : (n) دیکھو Gromwell

Pearl -powder : (n) (۱) ایک قسم کا غازہ؛ حسن افرزو پوڈر جو جلد کی چمک کو بڑھاتا ھے۔ (۲) دیکھو Pearl white

Pearl sago : (n) ایک قسم کا سخت ساگو دانہ۔

Pearl - shell : (n) (۱) صدف، سیپ۔ (۲) صدفی پرت؛ اس قسم کی چھلی جس سے موتی نکلتے ہیں؛ موتی پیدا کرنے والا صدف۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) موتی کے صدف کا یا اس سے مشابہ۔ (۴) دیکھو Pearl oyster

Pearl sheller : (n) صدف جمع کرنے والا یا نکالنے والا۔

(۱۴) (طب) موتیا بند۔

Mother of pearl : دیکھو Mother

Royal Pearl : (n) (جواہرات) در شہوار۔

Seed Pearl: (n) بہت چھوٹا موتی۔

To cast pearls before swine : بھینس کے آگے بین بجانا؛ نا اہلوں کے آگے بیش بہا چیز پیش کرنا۔

Unique pear : (n) در یتیم۔

Pearl : (n) [Var. spelling of Purl. (n)] تکمہ جو تکیے کی جھالر اور موباف میں آرائش کے لئے ٹانکے جاتے ہیں۔

Pearl : (v) (۱) سجانا؛ گل میخیں لگانا؛ موتیوں جیسا بنانا؛ مروارید سے آراستہ کرنا۔ (۲) (کسی چیز کی) موتی جیسے قطرے چھڑکنا؛ رنگ اور چمک میں موتی جیسا بنانا؛ موتی بکھیرنا؛ موتی کی طرح قطرے کی شکل کا گول بنانا۔ (۵) غواصی کے ذریعہ موتی تلاش کرنا، نکالنا؛ موتی یا چینی (کے دانوں) سے ڈھک کر (کسی چیز کو آراستہ کرنا)۔

Pearl : (a) (۱) موتی کا یا موتی جیسا؛ مرواریدی؛ مروارید سے مشابہ؛ موتی دار ؛ دُر صفت؛ لولو مانند۔ (۲) چھوٹی سائز کا؛ چھوٹی دانے کا۔

Pearl ash : (n) پوٹاشیم کاربونیٹ ؛ (کیمیا) شنخار۔

Pearl barly : (n) موتیا جو وغیرہ (جس کے دانوں کو گول کرلیتے ہیں)؛ جو نیم کوب (نباتیات) جو، مقشر ؛ گھاٹ۔

Pearl button : (n) موتی کا بنا ہوا بٹن یا بو تام؛ سیپ کا بٹن۔

Pearl disease : (n) ایک قسم کی تپ دق خصوصاً جانوروں کی ایک بیماری؛ (بیطاری) دق بقری۔

Pearl -diver : (n) وہ شخص جو موتی نکالنے کے لئے غوطہ لگاتا ھے؛ غواص۔

Pearl -edge : (n) موتی کا تکمہ۔

Pearl eye : (n) (۱) (طب) موتیا بند۔ (۲) موتی جیسی آنکھ۔ (۳) چڑیا کی آنکھ یا چڑے کی آنکھ۔

Pearl eyed : (a) موتی جیسی آنکھ والا؛ موتیا بند والا۔

Pearl -spar : (n) (کان کنی) موتی بلور؛ ڈولومائٹ۔

Pearl stone : (n) سنگ مروارید۔

Pearl white : (a) موتی جیسا سفید۔

Pearl white : (n) ایک قسم کی دھات (Bismith) کا سفید اوکسائیڈ۔ (۲)دیکھو Pearl - powder۔

Pearled : (a) (۱)موتی دار؛ موتیوں سے سجا ہوا؛ مرصع کیا ہوا؛ سیپ سے آراستہ کیا ہوا؛ صدف سے مرصع؛ مرواریدی۔ (۲)قطرہ شبنم یا اشك موتی کی شکل کا بنا ہوا؛ چھوٹے گول دانوں کی شکل کا بنا ہوا۔ (۳)موتی جڑا ہوا۔ (۵) (چینی کے لئے) موتیا چینی، دانہ دار چینی۔

Pearler : (n) غواصی کے ذریعہ موتی نکلوانے والا تاجر؛ صدف گیری کا تاجر؛ آب باز؛ نیز ایك چھوٹی کشتی جس سے اس تجارت میں کام لیا جائے۔

Pearlet : (n) چھوٹا موتی؛ مروارید کوچك۔

Pearlies : (n) میوہ فروش کا لباس (جس میں بہت سے تکمے ہوتے ہیں)۔

Pearliness : (n) موتی جیسا ہونا؛ در صفت ہونا۔

Pearling : (n) (۱) (اسکاتستان اور بول چال) دھاگے یا ریشم کی فیتے کی ایك قسم جسے Pearling-lace بھی کہتے ہیں۔ (۲) (جمع میں) اس فیتے کے کنارے؛ لباس یا پوشاك جس میں فیتے لگے ہوتے ہیں؛ لیس دار پوشاك۔

Pearlite : (n) (۱) دیکھو Perlite۔ (۲) (دھات) ڈھلے ہوئے فولاد میں بن و کاربن کے مرکب کرنے کی ایك شکل؛ پرلائٹ؛ سنگ مروارید۔

Pearlwort / Pearlweed : (n) ایك قسم کے قرنفلی پودے کا کتابی نام۔

Pearly : (a) (۱)موتی جیسا؛ مروارید وار (مثلاً قطرۂ شبنم)۔ (۲)دیکھنے میں موتی جیسا؛ مروارید نما؛ صدف نما؛ در صفت۔ (۳)موتیوں کا یا اس کے متعلق۔ (۴)صدفی؛ سیپ کا۔ (۵) موتیوں سے سجا ہوا؛ موتیوں کا بنا ہوا۔(۶)موتی کے رنگ کا؛ رنگ مروارید۔ (۷)(مجازاً) بہت زیادہ قیمتی؛ گراں قیمت؛ بیش بہا؛ درخشاں؛ گرانقدر؛ (روحانی) تجلی؛ عظمت والا۔

Pearly : (adv.) موتی جیسا؛ مرواریدوار؛ دری؛ مرواریدی؛ صدف نما؛ موتی کی طرح؛ موتی کی طرح گول اور چمکیلا؛ موتی کے رنگ کا؛ (مجازاً) بہت زیادہ قیمتی۔

Pearly : (n) (۱)دیکھو Pearl buttons۔ (۲)اس قسم کے بٹن سے مزین کیا ہوا لباس یا پوشاك۔

Pearly body : (n) مرواریدی جسم۔

Pearmain : (n) [late ME. 'parpermayn-'.] ایك قسم کا سیب۔

Peart : (a) [Variant of Pert (a)] (۱)ایك زندہ دل؛ چاق و چوبند تیز، طرار، چست؛ ہوشیار؛ چالاك؛ شوخ؛ گستاخ۔ (۲) ذہین؛ زود فہم۔

Peasant : (n) [AFr. 'paisant.'] دیہاتی؛ دہقان؛ گاؤں والا؛ کسان؛ زارع؛ گنوار؛ رذیل۔

Peasan-proprietor: (a) (۱)توصیفی معنوں میں۔ (۲)کسان کا یا اس سے متعلق۔

Peasant- proprietor : (n) (زراعت) مالك کسان یا زارع؛ وہ کاشت کار جو زمین کا خود مالك بھی ہو۔

Peasantry : (n) (۱)گاؤں والے؛ دہقانوں کا گروہ؛ دیہاتی لوگ؛ تمام کسان، کاشت کار لوگ کسانوں کی جماعت یا گروہ۔ (۲)دیہاتی یا کسان ہونے کی حالت؛ کسان کی قانونی حیثیت یا درجہ۔

Peascod : (n) مٹر؛ مٹر کی دانی۔

Pease : (n) [OE. 'pise.'] مٹر کا پودا؛ مٹر کی دانی۔

Pease-meal : (n) مٹر کو پیس کر بنایا ہوا کھانا؛ ایك قسم کی کھانے کی چیز جو مٹر پیس کر بنائی جائے؛ (مجازاً) گڈمڈ؛ مخلوط چیزوں کا مجموعہ؛ بیچ میل۔

Peastone : (n) ایك قسم کا چونے کا پتھر۔

Peat : (n) [L. 'peta.'] نباتی مادہ جو پانی میں سڑتا ہے اور اس میں ایك حد تك کوئلے کے خواص پیدا ہوجاتے ہیں؛ جو ایندھن کے کام آتا ہے؛ دلدلی کوئلہ؛ (ارضیات) دلدلی کوئلہ؛ نباتی کوئلہ۔

Peat : (n) (قدیم) لڑکی؛ حسینہ۔

Proud peat : (n) بت طناز؛ مغرور حسینہ۔

Peat-bath : (n) (طب) غسل حمائی۔

Peat-bog : (n) کوئلے کی دلدل؛ کوئلے کی پانك۔

Peat coal : (n) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو۔

Peat hag : (n) پھٹی ہوئی زمین جہاں سے کوئلہ نکالا گیا ھے۔

Peat moss : (n) کوئلے کی کان؛ (جمع) کوئلے کی دلدل میں بڑھنے والی کائیاں۔

Peat reek :(n) کوئلے کی آگ کا دھواں، اس پر کشید کی ہوئی وہسکی (شراب) کی خوشبو۔

Peatery : (n) (۱) دلدلی کوئلے کا کارخانہ۔ (۲) دیکھو Peatboy۔

Peaty : (a) دلدلی کوئلے کا سا، اس سے بنا ہوا جس میں اس کی بو آئے۔

Peaty soil : (n) (ارضیات) نباتی زمین؛ کوئلہ دار زمین۔

Peav (e) y : (n) [f. inventor's name.] آنکڑا دار بیرم۔

Peba : (n) [Shortened from Tupi, 'tatu-peba.'] امریکا کا زمین کے اندر رہنے والا ایک جانور۔

Pebble : (n) [Late OE. 'papel , popel.] (۱) چھوٹا پتھر (صخرہ سے چھوٹا ہوتا ہے)؛ کنکر؛ روڑی؛ سنگ ریزہ۔ (۲) عینک شیشہ یا تال؛ سنگ بلوری۔ (۳) عقیق؛ سنگ سلیمانی کی بعض اقسام کا نام؛ نیم شفاف جوہردار قیمتی پتھر کی مختلف قسمیں؛ عقیق کی مختلف قسمیں مثلاً اسکاچی عقیق؛ مصری عقیق۔ (۴) مقناطیس؛ وہ چیز جس میں کشش ہو، مرکز مقناطیس۔ (۵) مٹی کے برتن، سفالی؛ ظروف گل جس کا موجد Wedgwood تھا۔ (۶) Pebble-leather کا مخفف نیز دانہ دانہ کیا ہوا چمڑا۔ (۷) Pebble -powder کا مخفف۔ (۸) (توصیفی معنوں میں) سنگ ریزے کا یا اس سے متعلق؛ عقیقی یا اسکاچستانی عقیق کی طرح کا۔

Pebble : (v) (۱) سنگ ریزے سے مارنا؛ پتھر پھینکنا۔ (۲) (دباغت) ناہموار سطح بنانا؛ کسی رولر وغیرہ سے دباکر چمڑے پر دانہ دانہ بنانا۔

Pebble-dash / -dashing : (n) سنگ ریزہ بھرا ہوا گچ؛ سنگ ریزہ دار گچ۔

Pebble dashed : (a) سنگ ریزوں سے گچ کیا ہوا۔

Pebble leather : (n) ناہموار یا رکھڑا چمڑا۔

Pebble powder : (n) سنگ ریزے کی شکل میں شش پہلو دانوں کی آہستہ جلنے والی بندوق کی بارود۔

Pebble-stone : (n) [OE.] دیکھو Pebble : (n)

Pebble-ware : Wedg wood کے ایجاد کئے ہوئے برتنوں کی ایک قسم جن میں مختلف رنگوں کی مٹی لگائی جاتی ھے۔

Pebbled : (a) (۱) سنگ ریزوں یا عقیق وغیرہ سے ڈھکا ہوا؛ (عقیق) بکھرے ہوئی؛ جس میں سنگ ریزے یا عقیق ہوں؛ ریگی؛ ریگ؛ مانند، ریگ زار؛ سنگ ریزوں سے بھرا ہوا۔ (۲) (چمڑا) چمڑے کا۔

Pebbly : (a) سنگ ریزے یا عقیق کا؛ سنگ ریزے یا عقیق دار۔

Pebrine : (n) [Pr. 'pebrino.'] ایک متعدی بیماری جو ریشم کے کیڑوں میں پھیل جاتی ھے جس سے ان کے جسم پر سیاہ داغ پڑجاتے ہیں؛ (بیطاری) پیلہ روگ۔

Pecan : (n) [Fr. 'pacane.'] (نباتیات) پیکن؛ شمالی امریکا کے اخروٹ کی ایک قسم؛ نیز اس کا درخت یا اس درخت کی لکڑی۔

Peccability : (n) گناہ کا سزاوار ہونا؛ عدم عصمت؛غیر معصوم ہونا۔

Peccable : (a) [med . L. 'peccabilis.'] گناہ کرنے کے قابل : غیر معصوم : جس سے گناہ سرزد ہوسکتا ہو؛ جائز الخطاء۔

Peccadillo : (n) [Sp. 'pecadillo.'] جرم خفیف؛ گناہ صغیرہ؛ لغزش؛ معصیت صغیر؛ گناہ جزئی۔

Peccancy : (n) [late L. 'peccantia .'] (۱) گناہ گاریا گناہ گاری؛ گناہ ہونے کی حالت یا صفت؛ خطاکاری؛ معصیت شعاری۔ (۲) گناہ؛ خطا؛ پاپ؛ عصیاں؛ آزردگی، صدمہ : رنج؛ ملال۔ (۳) (طب) مرض۔

Peccant : (a) [Fr. 'peccant.'] (۱) گناہ گار؛ عاصی، خطاکار؛ خاطی؛ پاپی؛ اشتباہ کار؛ مجرمانہ؛ نیز چیزوں کے لئے بھی کہا جاتا ھے۔ (۲) (طب) مریض کنندہ؛ مرض آور؛ فاسد؛ مریضانہ؛ ناخوش، ناقص، خراب، بیماری پیدا کرنے والا : مرض انگیز۔

Peccantly : (adv.) (۱) خطاکاری سے : عاصیانہ طورپر؛ مجرمانہ انداز میں : گناہ گاری کے ساتھ؛ مریضانہ طورپر؛ فاسدانہ طریقے سے۔ (۲) غیر صحت مندانہ انداز سے۔

Peccantness : (n) (۱) گناہ گاری؛ خطاکاری؛اشتباہ کاری۔ (۲) مرض : بیماری؛ ناخوشی؛ غیر تندرستی۔

Peccary : (n) [Carib (of Guiana an venezuela.) 'pakira.'] سور

کی قسم کا ایک امریکی غول پسند چوپایہ: (حیوانیات) امریکی خنزیر۔

Peccavi : (n) [L.'peccare.'] (۱)میں نے گناہ کیا ھے: میں گناہ گار ھوں۔ (۲) (دینیات) اعتراف گناہ: اعتراف۔

To cry peccavi : اعتراف یا اقرار گناہ کرنا: اپنے گناھوں کا اقرار کرنا۔

Peccavimus : ہم لوگوں نے گناہ کیا ھے۔

Peccavit : اس نے گناہ کیا ھے: اس نے قصور کیا ھے۔

Pechan : (n) (تشریح، حیوانیات) معدہ۔ (۲)نکاس: نکلنے کا راستہ۔

Peche melba : (n) [Fr.] ملائی برف کی مٹھائی: آئس کریم کی ایک مٹھائی۔

Peck : (n) [ME. 'pek.'] (۱)خشک چیزوں کی مقدار کا پیمانہ جو دو گیلن کے برابر ھوتا ھے: بوشل (Bushel)کا چوتھائی حصہ ، غلے کا پیمانہ، پیک۔ (۲)ناپ کے لئے ایک قسم کا ظرف۔ (۳) بڑی مقدار: انبار: ڈھیر: تودہ: بڑی تعداد: خصوصاً مجازاً۔

A peck of dirt : غلاظت کا ڈھیر: کوڑے کا انبار۔

A peck of troubles : مصیبتوں کا طومار: انبوہ مصائب: بے انتہا مصائب۔

Peck : (n) [f. Peck. (v)] (۱)ٹھونگیں مارنے کا عمل: چونچیں مارنے کا عمل: ٹھونگ: چونچ: چونچ یا منقار کی ضرب یا وار۔ (۲) ٹھونگ مارنے کا نشان: نوک زدگی: سوراخ: حفرہ: چھید: ضرب: چوٹ: وار: نقطہ: بندہ۔ (۳) (مزاح) رسمی بوسہ: رواجی بوسہ: بوسۂ منقاری (پرندہ)۔ (۴) (عامیانہ) کھانا: غذا: چارہ: گھاس: علف۔

Peck : (v) [Prob. MLG. 'pekken.'] (۱)ٹھونگیں مارنا: چونچیں مارنا: چونچ سے ضرب لگانا: چونچ سے وار کرنا: چونچ مار کر نشان بنانا۔ (۲)چونچیں مارکر سوراخ بنادینا: چونچ سے مارنا جیسے چڑیا: چڑیا کا چونچ سے کھانا خصوصاً (غذا کو) بہ یک وقت چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں لینا (اکثر with , up وغیرہ کے ساتھ اس کا استعمال)۔ (۳)چونچ چلانا: چونچ مارنے کی کوشش کرنا: (استعارتاً) نکتہ چینی کرنا۔ (۴) (شخص) کھانا: کھلانا۔ (۵) (بول چال) شغل کے طورپر ذرا ذرا سا کھاتے رہنا: ٹونگنا: نفاست سے کھانا: کتر کتر کے کھانا۔ (۶)(کسی نوکدار اوزار سے (زمین یا دیوار) کھودنا۔

Peck : (v) [Var. of Pick. (v)] (عامیانہ) پتھر پھینکنا: کسی پر پتھر پھینکنا: آگے پھینکنا: (خصوصاً گھوڑے کا) اپنے کھر سے زمین پر ٹھوکر مارنا (بول چال)۔

Peck- alley : (n) حلق: گلا: نرخرا: حنجرہ۔

Peck order : (n) سماجی سلسلہ جو سب سے پہلے گھریلو مرغیوں میں پایا گیا پھر دوسرے جانوروں کے گروھوں میں۔

Pecked : (a) چھوٹی چھوٹی نشان لگائی ھوئی قطار (جیسے — — — — — — —): خراشیدہ: نوک دار: منقار دار۔

Pecker : (n) (۱)چونچ مارنے والا پرندہ: وہ جو چونچ مارتا ھے مثلاً Fig pecker ، Flower Pecker وغیرہ۔ (۲) نیز دیکھو Wood pecker ۔ (۳) (حیوانیات) ہد ہد۔ (۴) (اوزار) کدال: گینتی : برما: کھودنے کا اوزار یا آلہ: سوراخ کرنے والا۔ (۵) (ٹیلی گراف) پیکر: نوک زن۔ (۶)(عامیانہ) ہمت: دلیری: جرأت : قصد : عزم : مستقل مزاجی۔

To keep one's pecker up : باہمت رہنا: استقلال سے کام لینا۔

Wood pecker : (n) : (حیوانیات) ہدہد: کٹھ پھوڑا: کٹھ کھودوا: کٹھ بڑھئی۔

Pecking : (n) [M.E.] چونچ مارنے کا عمل۔

Pecking order : (n) [G. 'Hackliste'] دیکھو Peck order

Peckish : (a) (۱)(بول چال) سخت بھوکا: گرسنہ: کھانے یا چونچ مارنے کے لئے آمادہ۔ (۲)نکتہ چیں: ملامتی۔ (۳)چڑچڑا: تنک مزاج: زودرنج: تحریک پذیر: آتشی۔

Peckle : (n) (بول چال، برطانیہ) دھبّا: داغ:نشان: چھوٹا نشان۔

Peckle : (v) (بول چال،برطانیہ) چھوٹے چھوٹے داغ دھبے ڈالنا۔

Peckled : (a) دھبّا دھبّا: نقطہ نقطہ: خال خال۔

Pecksniff : (n) [Name of character in Dickns's Martin chuzzlewit.'] چرب زبان: ریاکار: رنگا سیار: متظاہر: بدنہاد۔

Pecksniffery /Pecksniffism : (n) چرب زبانی: ریاکاری: رنگاسیاری۔

Pecksniffian : (a) ریاکار سے متعلق یا ریاکار کا : ریاکار: ظاہردار۔

Pecky / pekcy (a) (۱)منقار زنی سے نشان لگایا ھوا: مرو جیسا، منقار

زنی سے فرسودہ، بیکار۔ (۲) جس میں سوکھی مرجھائی ہوئی دانی ہوں۔

Pecora : (n) [L.] (حیوانیات) مواشی۔

Pectase : (n) [f.Pect (In or Pect (Ose).] (کیمیا) ایک قسم کی خمیر جس کی خاصیت یہ ہے کہ پکٹن کو پکٹک ایسڈ میں تبدیل کردیتی ہے۔

Pectate : (n) (کیمیا) پکٹک ایسڈ کا نمک۔

Pecten /-tines / -tens : (n) [L. ' pecten , -in.'] (۱) (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں مختلف قسم کی شانہ نما ساختیں۔ (۲) رنگین ابھار جو تسمۂ چشم سے باہر نکلا ہوا ہوتا ہے اور جو چڑیوں، مچھلیوں اور بعض رینگنے والے جانوروں میں پایا جاتا ہے: استخوان شرم گاہ (جانور)۔ (۳) (تشریح) عظم عانہ: (حیوانیات) شانہ: زائدہ شانہ نما۔ (۴) (حیوانیات) غشاء چشم طیر۔ (۵) رینگنے والے جانوروں کے دونوں پچھلے پاؤں کے پیچھے شانہ نما دونوں دنبالے۔ (۶) بعض چڑیوں کے پنجوں پر شانہ نما۔ (۷) دیکھو Ctenophore۔ (۸) جنس صدفۂ شانہ نما: اس قسم کا جانور۔ (۹) ایک قسم کی صدفی مچھلی: صدف ظرف: جو صدف سے مشابہ ہو۔

Pectic : (a) [Gr. 'pektikos.'] (کیمیا) (پکٹک ایسڈ میں) زلاطین گیاہی سے متعلق: سفیدے کا: سفیدی۔

Pectin : (n) [f. Pect (Ic+In)] (کیمیا) سفیدہ (ایک قسم کا سفید معتدل مادہ جو پھلوں میں پک جانے پر Pectose کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے)۔ (۲) زلاطین نباتی: پکٹین: دلمۂ گیاہی۔

Pectinal : (a) (نباتیات) شانوی: استخوان شرمگاہ سے متعلق۔

Pectinate : (a) [L. 'pectinatus.'] (خاص کر تاریخ طبعی) شانہ نما: شانہ دار: (نباتیات) شانوی: قانون شانہ نما۔

Pectinate : (v) [L. 'pectinare.'] ایک دوسرے میں اٹکانا یا پھنسانا: دو شانوں کے دندانے کے مانند ردوبدل میں ایک ساتھ نصب کرنا۔

Pectinated : (a) دیکھو Pectinate

Pectinately : (adv.) شانے کے دندانے کی مانند۔

Pectination : (n) ایک دوسرے میں اٹکانے کا عمل یا دو شانوں کے دندانوں کی طرح ایک دوسرے میں اٹکائے جانے کی حالت: (حیوانیات) شانوی زائدہ۔

Pectineal : (a) [mod. L. 'pectineus.'] (تشریح) مشطی: عظم عانہ یا استخوان شرمگاہ سے متعلق: اس ہڈی کے بعض حصوں اور ملحقہ ساختوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۲) (حیوانیات) شانہ کلغی دار۔

Pectineal hernia : (n) (طب) فتق مشطی۔

pectineus : (n) [mod. L. f. 'pecten, -in'] ایک مسطح عضلہ جو چھوٹے مدور فخذ کے پیچھے ران کی ہڈی کے قریب ہوتا ہے۔

Pectini - bef a vowel pectin - : (prefix) لاطینی لفظ Pecten سے مشابہ ہے یہ جزو ترکیبی ہے بمعنی "شانہ" "شانہ مانند"۔

Pectinibranch / - branchian / -branchiate : (a) شانہ نما گلپھڑے والے کی ایک جنس سے متعلق: شانہ خیشومہ کا یا اس سے متعلق۔

Pectinibranch : (n) اس جنس کا صدف: گونا: (حیوانیات) شانہ خیشومہ۔

Pectinicorn : (a) [L. 'cornu.'] شانہ نما مماس والا۔

Pectinicorn : (n) شانہ نما مماس۔

Pectiniform : (a) (۱) شانہ مانند: بہ شکل شانہ: شانہ کی شکل جیسا۔ (۲) صدف ظرف (صدف سے مشابہ)۔

Pectinite : (n) [L. 'Pecten, -in.'] متحجر پکٹن: صدف ظرف: صدف سے مشابہ: سنگوارۂ صدف۔

Pectize : (v) [Gr. 'pektos.'] جمنا یا جمانا: یخ بستہ کرنا یا ہونا: منجمد کرنا (سیال شی کا): لیس دار صورت میں تبدیل کرنا: جلاٹین بنانا

Pectoral : (n) [G. 'pectolith.'] (کان کنی) سفیدی مائل یا سبزی مائل کیلشیم اور سوڈیم کا پر آب سلیکا کا مرکب۔

Pectoral : (n) [L. 'pectoralis.'] (۱) (آرائش کے لئے) سینے پر پہننے کے لئے کوئی چیز خصوصاً آرائشی سینہ بند جو یہودیوں کے اعلیٰ پیشوا پہنا کرتے تھے: چار آئینہ جو محض آرائش کے لئے لگایا جائے۔ (۲) دیکھو Breast-plate۔ (۳) دوائے سینہ: دافع امراض صدر: وہ دوا جو امراض سینہ کے لئے مفید ہو: وہ دواء، غذا یا مشروب جو دافع امراض صدر ہو۔ (۴) (تشریح) Pectoral muscle اور pectoral fin کا مخفف۔

Pectoral : (a) (۱) صدری: سینے کا: سینے سے متعلق: (خصوصاً تشریح) دلی: قلبی۔ (۲) (طب) دوائے قلبی سے متعلق: واقع امراض صدر سے متعلق، دواء غذا یا مشروب سے

متعلق جو امراض صدر ہونے کے لئے مفید ہو۔ (۲)جو سینے پر لگائی جائے: سینے کی، سینے پر پہننے کی (pectoral Cross)۔ (۳) (مجازاً) سینے یا دل سے نکلنا: قلبی۔

Pectoral arch /-girdle : (n) صدری پٹکا: صدری ہیکل: خم دار صدری۔

Pectoral cross : (n) صلیب سینہ: صلیب صدر۔

Pectoral fins : (n) (حیوانیات) صدری مہیپر۔

Pectoral medicine : (n) (طب) دوائے مرض سینہ: علاج سینہ: صدری علاج: صدری دوا۔

Pectoral muscles : (n) عضلات سینہ: صدری پٹھے۔

Pectoral sandpiper : (n) (حیوانیات) صدری بٹوہ۔

Pectoral theology : (n) (دینیات) صدری دینیات: اللهوت الصدر۔

Pectoralgia (n) (طب) درد سینہ۔

Pectoralis major : (n) (تشریح) صدریہ کبیر۔

Pectoralis minor : (n) (تشریح) صدریہ صغیر۔

Pectoriloquial / -uous : (a) (طب) تکلم صدری کا: صدائے سینہ کی صفت کا۔

Pectoriloquism : (n) (طب) صدائے سینہ: تکلم صدری۔

Pectoriloquy : (n) [Fr. 'pectoriloquie.'] (طب) تکلم صدری: صدائے سینہ: صدائے خس خس سینہ۔

Pectose : (n) [f. Pect (ic + ose.] (کیمیا) سفیدین: پکتوس (ایک حل نہ ہونے والا مادہ جو کیلین سے مشابہ ہے اور اس کی ساتھ کچھ پھلوں میں پایا جاتا ہے)۔

Pectous : (a) [f. as Pectize +ous.] (۱) (کیمیا) منجمد کیا ہوا (سیاہ مادہ)۔ (۲) پکٹن سے متعلق: زلاطین سے وابستہ۔

Pectous acid : (n) ایک قسم کا ایسڈ جو پکٹک ایسڈ سے متعلق ہو۔

Pectus : (n) [L.] (۱)(تشریح و حیوانیات)سینہ: پرند۔(۲)(حشریات) کے سینے کی نچلی سطح۔

Peculate : (v) [Stem of L. 'Peculari.'] تغلب کرنا: خیانت کرنا: غبن کرنا: خورد برد کرنا: چرانا: تصرف کرنا۔

Peculator : (n) غبن کرنے والا: خائن: خیانت کرنے والا (خصوصاً سرکاری رقم یا جائداد)۔

Peculation : (n) [L. 'Peculatus, -tus'.] تغلب: تصرف: غبن: خیانت: خوردبرد: کسی سرکاری افسر کے ذریعہ سرکاری رقم یا جائداد کا تصرف (بیجا): (قانون) غبن: تصرف: اختلاس: دست برد۔

Peculiar : (a) [L. 'peculiaris.'] (۱)نجی (ملك یا جائداد کسی کی)۔ (۲)انفرادی: شخصی: ذاتی۔ (۳)خاص: مخصوص: خصوصی: جداگانہ: مختص۔ (۴) غیرمعمولی: نادر: انوکھا: نرالا: عجیب و غریب: عدیم المثال۔

Peculiar : (n) (۱)ملك یا استحقاق بلا شرکت غیرے: کسی کی مخصوص ملك یا جائداد: مخصوص حق۔ (۲) (کلیسا و تاریخ) وہ کلیسائی حلقہ یا گرجا جو اپنے علاقے کے بشپ کے ماتحت نہ ہو۔ (۳) (مجازاً) جگہ، ضلع، آفس وغیرہ جو معمولی حلقے سے بڑے ہوں: آزاد: خود مختار۔ (۴) آکسفورڈ کا ایك عرفی نام C 1837-8 (انجیلی پارٹی کے رکن کے لئے)۔ (۵) فرقہ، خاصان خدا Peculiar people) کا کوئی فرد: خاص۔ (۶)خطۂ ارضی: احاطہ: جگہ جو چہار دیواری یا کسی اور چیز سے محصور ہو خصوصاً کسی مقدس مقام کی محوطہ جگہ۔ (۷)اختیارِ قطعی: کوئی خاص حق یا اختیار: حق مخصوص: امتیازی حق۔

Court of peculiars : عیسائی عدالت کی ایك شاخ جسے کینٹر بری کے پادری کے مخصوص حقوق پر اختیار حاصل تھا۔

Peculiar jurisdiction/-authority : (n) بشپ کے حلقۂ اقتدار سے آزاد حلقہ۔

Peculiar measure : (n) (عروض) عام رکن (لمبی اور چھوٹی بحا) کے علاوہ کوئی رکن۔

Peculiar motion : (n) (علم النجوم) خصوصی حرکت: ذاتی حرکت۔

Peculiar people : (n) (۱)(یہودیوں کا عقیدہ)قوم خاص: قوم برگزیدہ (بنی اسرائیل)۔ (۲)فرقۂ خاصان خدا: ایك جدید مذہبی فرقہ جس کا نہ کوئی معبد ہے اور نہ کوئی تنظیم، وہ صرف عبادت کو امراض کے علاج کے لئے کافی سمجھتا ہے (۱۸۳۸ میں یہ فرقہ وجود میں آیا)۔

Peculiarism : (n) عقیدۂ فرقہ سیحیان کا حامی، ایسے فرقے کا عقیدہ جس کا نہ کوئی معبد ہے اور نہ کوئی تنظیم اور جو صرف عبادت کو امراض کے علاج کے لئے کافی سمجھتا ہے۔

Peculiarity : (n) (۱) خاصه؛ خاصیت؛ خصوصیت؛ مخصوص هونے کی حالت ۔ (۲) انوکھاپن؛ نرالا پن؛ ندرت؛ اختصاص؛ بوالعجبی؛ انوکھی صفت.

Peculiarize : (v) انوکھا بنانا؛ خاص بنانا؛ اختصاص دینا؛ تخصیص کر دینا یا کرنا.

Peculiarly : (adv.) (۱) ذاتی طورپر۔ (۲) خاص طورپر : بالخصوص؛ علی الخصوص ، خاص کر ۔ (۳) انوکھے طریقے سے؛ نرالے طرز سے؛ عجیب طرح سے ۔

Peculium : (n) [L.] (۱) (رومن قانون) ذاتی جائداد؛ وہ جائداد جو باپ اپنے بیٹے کو یا مالك اپنے غلام کو (اس کی ذاتی جائداد کے طورپر) عطا کرے؛ نجی ، مخصوص قبضه یا جائداد یا لوازمات (جائداد)۔ (۲) ذاتی ملکیت؛ مال اختصاص؛ اثاثه؛ لوازمات؛ لواحقات، متعلقات ۔

Pecuniarily : (adv.) مالی حیثیت سے؛ روپے پیسے کے لحاظ سے : نقداً : بطور نقد ۔

Pecuniary : (a) [L.'pecuniarius.'] (۱) روپے پیسے کا؛ روپے سے متعلق: مالی؛ نقدی؛ (معاشیات) مالی؛ رقمی۔ (۲) (جرم) جریمه دار؛ جس میں جرمانے یا تاوان کی سزا هو؛ تاوانی ۔ (۳) معاملهٔ رقم یا روپیه باعث هو (سزا کا) ۔

Ped : (n) [Origin unkn.] بنی هوئی بید کی ٹہنیوں کی دوہری جڑی هوئی بند ٹوکری؛ ڈھکن کے ساتھ بید کی ٹوکری یا پٹاره ۔

Pedagogic : (a) [Fr. 'pedagogique.'] (۱) فن تعلیم کا یا اس سے متعلق: تعلیمی یا فن تعلیم کی صفت ۔ (۲) معلمانه؛ مدرسانه؛ مُلاّیانه؛ وابسته به معلم ۔ (۳) (تعلیمات) مُلاّئی؛ تدریسی.

Pedagogic /-al: (n) سائنس، آرٹ یا فن تعلیم کا اصول؛ (تعلیمات) (جمع میں) تدریسیات؛ فن تعلیم.

Pedagogical Psychology : (n) (نفسیات) تدریسی نفسیات : نفسیاتِ تعلیم ۔

Pedagogically : (adv.) (۱) معلمانه طورپر؛ ملایانه طورپر؛ تدریسی انداز میں ۔ (۲) فن تعلیم کی رو سے ۔

Pedagogue : (n) [L. 'paedagogus.'] (۱) مدرس؛ معلم؛ اسکول ٹیچر؛ استاد؛ آموزگار؛ اتالیق ۔ (۲) ملا؛ میانجی (کسی قدر حقارت سے) ۔

Padagogue : (v) درس دینا : تعلیم دینا : سکھانا : پڑھانا (مدرس کی طرح) : معلم هونا : آموزگار هونا ۔

Pedagoguism / Pedagogism : (n) مدرسی : معلمی، فن تعلیم؛ تدریس؛ روش آموزگاری؛ ملاگیری؛ طریقه ملا گیری یا تعلیم ۔

Pedagogy / Paedagogy : (n) (۱) تعلیم؛ علم تعلیم؛ تعلیمات؛ پیشهٔ تعلیم؛ درس ؛ (تعلیمات) ملاگیری؛ تدریسیات؛ فن تعلیم؛ معلم کا فرض منصبی ، پیشه یا کام ۔ (۲) (مجازاً) ہدایت؛ تربیت؛ تہذیب؛ ابتدائی تربیت کا نظام ۔ (۳) درس کی جگه؛ تربیت گاه؛ محل تعلیم؛ آموزش گاه؛ مدرسه؛ اسکول؛ کالج. (۴) Pedagoics تعلیمات ۔

Pedal : (n) [L. 'pedalis,'] (۱) بیرم، لیور جو پاؤں سے استعمال کیا جاتا هے (مختلف قسم کے باجوں میں) (میکانیات) رکاب، پیڈل ۔ (۲) آرگن باجے میں وه پردا جو پیر سے بجایا جاتا هے، ایك بیرم جسے پیر سے دباتے ہیں. (۳) (پیانو) پیر کا بیرم جو سُروں کو اٹھانے اور مدهم کرنے کے کام آتا هے ۔ (۴) مختلف مشینوں میں پاؤں سے چلنے والا بیرم : پائدان ۔ (۵) بائیسکل وغیره کا پیڈل. (۶) وه مدهم سر جو کئی نغموں کے ساتھ برابر بجتا رهے ۔ (۷) (جیومیٹری) پائین منحنی، منحنی جس پر مخصوص نقطه سے گرنے والی لکریں ختم هوتی ہیں.

Pedal : (a) [L. 'pedalis,'] (۱) پائی؛ پاؤں کا؛ پیروں کا؛ پاؤں سے متعلق ۔ (۲) (تشریح اور حیوانیات) پیروں کا خصوصاً رخادوں (molluscs) کے متعلق آتا هے ۔ (۳) پائین منحنی سے متعلق؛ عمودی خط کے پا سے متعلق ۔ (۴) (موسیقی) مدهم سر کا یا اس سے متعلق ۔

Pedal : (a) [It. 'pedale.'] اٹلی کے پیال کی ایك قسم کے لئے استعمال هوتا هے، اس پیال سے بنی هوئی (ته یا چنٹ).

Pedal : (v) (۱) آرگن باجے کا بیرم چلانا ۔ (۲) بائیسکل کے پیڈل کو دباکر چلانا؛ بائیسکل کا پیڈل چلانا ۔

Pedal- board : (n) پیر سے بجانے والا پردا (آرگن باجے میں).

Pedeal curve/ -surface : (n) (ریاضیات) پائین منحنی ۔

Pedal origin /pole : (n) دیکھو Pedal curve

Pedal organ : (n) (موسیقی) پیڈلی ارغنوں.

Pedal piano : (n) پیانو کا بیرم جو سروں کو اٹھانے اور مدهم کرنے کے کام آتا هے ۔

Pedal point : (n) وه مدهم سر جو کئی نغموں کے ساتھ بجتا رهے؛ زنده سُر؛ جاری سُر.

Pedal triangle : (n) (جیومیٹری) پائین مثلث ۔

Pedalfer (n) (ارضیات) مرطوب زمینی مٹی۔

Pedaliaceae : (n) (نباتیات) سکانیہ: ایک قسم کی گھاس۔

Pedalier : (n) [Fr. 'pedalier.'] آرگن کے پردے کا بیرم : پیانو کا پیڈل۔

Pedant : (n) [Fr. 'pedant.'] (۱)وہ شخص جو اپنی علمیت یا قابلیت کا بے جا اظہار کرتا ھے: مدعی فضیلت: مدعی کمال۔ (۲)وہ شخص جو کتابی علم یا اصول و ضوابط کی اہمیت پر حد سے زیادہ زور دیتا ھے: کتاب پرست: اصول پرست۔ (۳)وہ شخص جو کسی نظریے کا حد سے زیادہ قائل ہو: نظریہ پرست۔ (۴) (تعلیمات) مدعی علم: ملا: معلم: (فلسفہ) نظریہ پرست۔

Pedant : (a) کتاب پرست کا یا اس سے متعلق: کتاب پرستانہ: نظریہ پرستانہ: عالم نما: فضیلت نما: فضیلت مآبی کا۔

Pedantic : (a) (۱)فضیلت نما : فضیلت مآبی کا۔ (۲)کتاب پرست: نظریہ پرست: کتاب پرستانہ: نظریہ پرستانہ۔ (۳)مغلق (عبارت وغیرہ)۔ (۴)غیر عملی : نظری۔

Pedantically : (adv.) ادعائے فضیلت سے : فضیلت مآبی سے : کتاب پرستی یا نظریہ پرستی کے انداز سے۔

Pedanticism : (n) اظہار فضیلت : خیال فضیلت مآبی : نظریہ پرستی کا نمونہ : ادعائے عل کا نمونہ۔

Pedantize : (v) (۱) جا بیجا اظہار فضیلت یا اظہار کمال کرنا: کتابی علم یا نظریے پر حد سے زیادہ زور دینا۔ (۲)مدعی علم : فضیلت نما : کتاب پرست وغیرہ بنا دینا۔

Pedantocrat / -tic : (a) مدعیان فضیلت کی حکومت سے متعلق۔

Pedantocracy : (n) مدعیان فضیلت کی حکومت: کتاب پرستوں یانظریہ پرستوں کی حکومت: فضیلت مآبی کی طرز حکومت: (سیاسیات) ملا شاہی: نظریہ پرستوں کی مجلس انتظامیہ۔

Pedantry : (n) [Fr. 'pedanterie.'] (۱)مدعی فضیلت کی خصوصیت: مدعی کمال کی صفت، علم کے بے موقع اظہار: ادعائے فضیلت: ادعائے علم: فضیلت مآبی: اظہار معلومات۔ (۲)کتاب پرستی: نظریہ پرستی۔ (۳) (جمع میں) ادعائے فضیلت کا حصہ۔ (۴)ظاہری صورت یا تفصیلات پر بے جا اصرار: قاعدے، نظریے یا مثال کی غلامانہ حمایت یا ان سے وابستگی۔

Pedarian : (a) [L. 'pedarius.'] (قدیم روما) معمولی درجے کے رومی مقنن سے متعلق۔

Pedarian : (n) معمولی درجے کا رومی مقنن۔

Pedate : (a) [L. 'pedatus.'] (۱) (تاریخ طبعی) پاؤں مانند : چڑیوں کے پنجے کی طرح شبیہ پا (نباتیات) پنجہ صورت (پتیاں)۔ (۲) (حیوانیات) پاؤں والا: پادار: بشکل پنجہ۔ (۳) (تشریح) پنجہ مانند : مانند پا۔

Pedately : (adv.) مانند پا کے : پنجوں کی طرح سے۔

Pedati - : (Prefix) [Comb. form of L. 'pedatus.'] جزو ترکیبی بمعنی "پادار" "پنجہ دار" یا "شبہ پا" : صفت میں پتیوں سے متعلق۔

Pedatifid : (n) (نباتیات) پنجہ شگاف: پنجہ کے مانند شگاف۔

Pedatipartite : (a) پیندی تک تقریباً پنجوں کی طرح پھٹا ہوا۔

Pedatisect / Pedatisected : (a) پنجوں کی طرح کٹا ہوا۔

Peddle : (v) [Prob. var. of Piddle.] (۱)پھیری کرنا: پھیری بھرنا: پھیری پھرکر سودا بیچنا۔ (۲) (مجازاً) تھوڑی تھوڑی مقدار میں بیچنا: خردہ فروشی کرنا: پھیری کا پیشہ اختیار کرنا: ادھر ادھر پھرکر بیچنا: (استعارتاً) جزواً جزواً (خیالات، مصائب وغیرہ): بیان کرنا : (افواہ وغیرہ) پھیلانا: شرح و بسط سے بیان کرنا۔ (۳)ادنیٰ کاموں میں مصروف ہونا: بے کار باتوں میں وقت کھونا: ضائع کرنا: فضول حرکتیں کرنا: ہر کام کو تھوڑا تھوڑا کرکے چھوڑ دینا: کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ (۴) ادنیٰ باتوں میں وقت ضائع کرنا۔ (۵)گھوم گھوم کر اپنا درد و غم خاص لوگوں سے بیان کرنا۔

Peddling : (v) پھیری کا پیشہ: پھیری کرکے بیچنا نیز چھوٹی موٹی چیزوں کی تجارت کرنا۔

Peddling : (a) (۱) پھیری کرنے والا: چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔ (۲) (شخص) اپنے کو ادنیٰ باتوں میں مصروف رکھنے والا: ناچیز: ناشخص۔ (۳) (چیز) معمولی، سبک: ذلیل: قابل نفرت : ادنیٰ : حقیر۔

Peddlingly : (adv.) ادنیٰ طور پر : معمولی اندازے : حقارت کے ساتھ: تحقیر آمیز طور پر پھیری کرنے والے کی طرح سے۔

Pede-window : (n) (کلیسا) صلیب کے نیچے رکھی ہوئی کھڑکی: صلیب کے نیچے (رکھا ہوا) پنجرہ۔

Pederast : (n) بچہ باز: لواط گر: (مابعد النفسیات) لوطی: بچہ باز :

اغلام باز.

Pederasty : (n) اغلام : لواطت : بچه بازی.

Pedes : (n) (حیوانیات) چھپے پاؤں.

Pedesis : (n) [Gr. 'pedesis.'] (طبیعیات) براؤنی حرکت.

Pedesis : (n) [It. 'piedestallo.'] (۱)ستون کی کرسی؛ پایه ستون؛ مستطیل مینار کی بنیاد : مجسمه کی بنیاد؛ پایه مجسمه؛ مجسمے یا مورت کی کرسی؛ پاسنگ؛ نیز لکھنے کی میز (جس کی دراز اور پاؤں کے درمیان گھٹنوں کے لئے جگه ہوتی ہے) کے دونوں سہارے یا پشتے؛ آرام میز (Knee-hole table) کا خانه دار پایه. (۲) بنیاد؛ اساس؛ بنیان؛ پایه؛ تکیه گاه؛ سہارا؛ پشت پناه؛ پشته. (۳)گھومنے والی الماری (جس پر پیشاب کا برتن رکھا جاتا ہے). (۵) (تعمیرات) پایه ستون؛ بنیاد. (۶)مختلف مشینوں کے پشتے یا پائے یا صناعی کے نمونے.

Pedestal : (v) (۱)کرسی یا پائے کے سہارے قائم کرنا؛ کرسی پر رکھنا یا کھڑا کرنا. (۲)ستون یا سہارے سے درست کرنا؛ پایه دار بنانا؛ بلند کرنا.

Pedestal -coil / -coiler : (n) اسٹیم پائپ کی عمودی کنڈلی جو آله حرارت کے طور پر استعمال ہوتی ہے.

Pedestal- cover : (n) مشین کے سہارے کا خول.

Pedestalled / -aled : (a) پایه ستون والا؛ پایه دار.

Pedestrial : (a) [L. 'pedester.'] پائی؛ پاؤں سے متعلق؛ پیدل چلنے والا : پیاده رو یا رونده.

Pedestrially : (adv.) پیاده پائی کے طور پر.

Pedestrian : (a) [L. 'pedester, -tr-'] (۱)پیاده؛ پیدل کا؛ پاؤں کا؛ پیاده پا؛ پیاده روی سے متعلق؛ ٹہلنے کا؛ پیدل چلنے کا. (۲) (مجسمه) پاؤں پر کھڑا ہوا. (۳)شعریت سے خالی؛ غیرشاعرانه؛ نثری؛ بے لطف؛ بے کیف؛ غیردلچسپ.

Pedestrian : (n) (۱)پیاده رو؛ پیاده پا مسافر، عابر؛ ٹہلنے والا. (۲)پیدل چلنے میں مقابله کرنے والا؛ (پیدل) چلنے کا مشتاق.

Pedestrianism : (n) (۱) پیاده روی (مشق) : پیدل چلنے کی مشاقی؛ پیاده روی : راه نورد دی : راه پیمائی. (۲) غیر شعریت؛ نثریت : بے لطفی؛ بے کیفی.

Pedestrianize : (v) (پیدل) چلنے میں مقابله کرنا؛ پیاده روی کرنا؛ پیدل چلنا؛ ٹہلنا.

Pedetic : (a) [Gr. 'pedetikos.'] براؤنی حرکت کا یا اس سے متعلق.

Pedi - : جزو ترکیبی بمعنی "پاؤں".

Pediad : (a) [Gr. 'Pedias'.] بلوری کا یا اس سے متعلق؛ پیڈیا سے متعلق.

Pediatric /Paediatric (a) بچوں کی بیماری اور اس کے علاج سے متعلق.

Pediatrics / Paediatrics /Pediatry : (n) (طب) طب اطفال.

Pedicel : (n) [mod. L. 'pedicellus.'] (۱)(نباتیات) غضنک؛ ڈنڈی؛ ڈنٹھل جیسی ساخت؛ جانوروں کے جسم میں غضنه نما جوڑ. (۳) نیز توصیفی معنوں میں.

Pedicellar : (a) غضنک مانند؛ ڈنٹھل کی صفت کا.

Pedicellaria : (n) [mod. L, f. 'pedicellus.'] (حیوانیات) زنبوره.

Pedicellate : (a) [.mod. L 'pedicellus.'] (نباتیات، حیوانیات) غضنک دار؛ ڈنڈی دار؛ ڈنٹھل دار؛ ساق عضو دار؛ساق دار.

Pedicellated : (a) دیکھو Pedicellate

Pedicellation : (n) غضنک داری؛ ڈنڈی داری؛ غضنک دار ہونے کی حالت : ڈنٹھل دار ہونے کی حالت.

Pedicelled / -eled : (a) ڈنٹھل دار؛ ڈنڈی دار؛ساق دار؛ غضنک دار.

Pedicle : (n) [L. 'pediculus.'] (۱) (نباتیات) غضنک : چھوٹی ڈنٹھل : پھل ڈنڈی؛ ساقۂ گل؛ ڈنٹھل جیسی ساخت؛ پتیوں کی ڈنٹھل؛ شاخ گل. (۲) (حیوانیات) ساقچه؛ ساق؛ جانوروں کے جسم میں غضنه نما جوڑ : ساق عضو.

Pedicled : (a) غضنک دار؛ ڈنٹھل والا : ساقه دار.

Pedicular /Pediculous : (a) [L. 'pedicularis,'] جوئیں بھرا؛ جس میں جوئیں ہوں؛ جوں کا یا اس سے متعلق؛(حیوانیات) قملی.

Pedicular disease : (n) (طب) تقمل؛ جوئیں پڑنا.

Pediculate : (a) [L. 'pediculus.'] ڈنٹھل دار؛ ساقچه دار؛ غضنک دار : ڈنڈی دار (مرضیات) بڑھا ہوا : بڑھی ہوئی بیماری.

Pediculate : (n) ایک قسم کی مچھلی.

Pediculated : (a) دیکھو Pediculate

Pediculation (n) [L. 'pediculate.'] (مرضیات) جوئیں پڑنا : جوں روگ ۔

Pedicule : (n) دیکھو Pedicel

Pediculosis : (n) [L. 'pediculus.'] (مرضیات) تقمل، جوئیں پڑنا، جوں روگ ۔

Pediculous : [L. 'pediculosus.'] جوؤں سے بھرا ہوا؛ نیز جوں کا یا اس سے متعلق، جوں صفت؛ جوں مانند۔

Pediculus : (n) (حیوانیات) جنس جوں؛ (حیوانیات)جوں؛ قملہ (جنگلات) قملی (نباتیات) پھل ڈنڈی۔

Pediculus capitis : (n) قملتہ الراس؛ سر کی جوں ۔

Pediculus corporis : (n) (حیوانیات) قملتہ الجسم؛ بدن کی جوں ۔

Pedicure : (n) [Fr. 'pedicure.'] (۱) علاج پا؛ معالجۂ امراض پا۔ (۲) (طب) طبیب پا؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کا علاج (عمل جراحی سے) ۔ (۳) پاؤں کا ہر عمل جراحی کے ذریعہ علاج خصوصاً گھٹاکے نکالنے یا اچھا کرنے میں ۔

Pedicure : (v) پاؤں کا علاج کرنا؛ عمل جراحی کے ذریعہ پاؤں کا علاج کرنا؛ گھٹا نکال کر پاؤں کا علاج کرنا؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کا علاج کرنا۔

Pedicurism : (n) فن علاج پا؛ پاؤں کے علاج کا فن : پاؤں اور ناخن وغیرہ کے علاج کا فن یا علم ۔

Pedicurist : (n) ماہر علاج پا؛ پاؤں کے علاج کا ماہر؛ ہاتھ پاؤں اور ناخن وغیرہ کے علاج کا ماہر؛ ہاتھوں، پیروں، ناخنوں اور گھٹنوں وغیرہ کا علاج کرنے والا ۔

Pediferous : (n) (حیوانیات) پادار ۔

Pediform : (a) پاؤں کی شکل کا خصوصاً کیڑوں کے عضو کی متعلق؛ پائی ۔

Pedigerous : (a) پاؤں رکھنے والا؛ پادار؛ پاؤں والا۔

Pedigree : (n) [late ME.] (۱)شجرہ نسب : نسب نامہ ۔ (۲)نسل؛ خاندان؛ سلسلہ نسب؛ گھرانا؛ حسب نسب؛ پشت؛ پیڑھی؛ نسب ۔ (۳)جانوروں کی نسل؛ اچھی نسل کا جانور؛ جانی بوجھی نسل کا جانور ۔ (۵)قدیم نسل؛ قدیم نسب؛ اصل؛ ظہور؛ ورود ۔ (۶) تسلسل : تواتر : آدمیوں کا سلسلہ : سلسہ نسب کا۔ (۷) توصیفی معنوں میں : مستند سلسلہ نسب ۔

Pedigree : (a) اچھی نسل کا : جانی بوجھی نسل کا (جانور)۔

Pedigree : (v) سلسلۂ نسب متعین کرنا؛ نسل بڑھانا۔

Pedigree catlle : (n) اچھی نسل کا جانور؛ جانی بوجھی نسل کا جانور۔

Pedigree keeper : (n) (سیاسیات) نساب؛ نسب نویس ۔

Pedigree lable : (n) شجرۂ نسب ۔

Pedigreed : (n) عالی نسب؛ عالی خاندان (جانور) : جانی بوجھی نسل (کا جانور)؛ مستند سلسہ نسب کا ۔

Pediluvial : (a) پاؤں دھونے کے جشن سے متعلق (مذہبی فعل کے طور پر)۔

Pediluvial : (n) پاؤں دھونے کا جشن ۔

Pediluvium : (n) [med. or mod. L., f. pes, ped - + luvium.] (طب) حمام پا : پاؤں کا دھونا۔

Pedimane : (n) [Fr 'pedimane .'] (حیوانیا) ہاتھ کے مانند پاؤں والا جانور : چوپایہ ۔

Pedimanous : (a) (حیوانیات) ہاتھ کے مانند پاؤں والا؛ مڈغاسکر کے بندر کی قسم کا ایک دودھ پلانے والا شب رو جانور اوراپوسم (ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والاجانور) کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے ۔

Pediment : (n) [Earlier 'pedament.'] (۱)عمارت کے روکا کا مثلث حصہ (جو یونانی طرز تعمیر کی یادگار ھے ، رومی طرز اور نشاۃ ثانیہ کی طرز میں بھی پایا جاتا ھے)؛(تعمیرات) سنتوری؛ سہ گوشہ؛ آرائش سنتوری۔ (۲)پایہ؛ تکیہ گاہ؛ اساس؛ بنیاد؛ فرش؛ کھڑنجا۔

Pedimental : (a) (۱)عمارت کے روکار کے مثلث حصے کا : اس کی شکل کا یا جس سے یہ بنے سہ گوشہ دار؛ سنتوری مانند۔ (۲)پایۂ ستون کا یا اس سے متعلق؛ کھرنجے کا ۔

Pedimented : (a) مثلث حصے دار : سنتوری نما؛ سہ گوشے کا۔

Pedion : (n) [Gr. 'pedion.'] بلوری شکل کی ایک صورت؛ ایک وجہی بلور ۔

Pedipalp / Pedipalpus : (n) [mod. L. 'Pedipalpi.'] (۱)(حیوانیات)

سوطئ عقرب؛ کژ دم شلاقی ۔ (۲)پا محسه؛ عنکبوت کی قسم کے بجھو کی ایك جنس۔

Pedipalpal /Pedipalpate : (a) سوطئ عقرب سے متعلق ۔

Pedipalpous : (a) کثردم شلاقی کی جنس کا ۔

Pedlar / Ped (d) ler : (n) [Origin unkn.] (۱)دست فروشی؛پھیری والا؛ بساطی؛ خردہ فروش؛ دورہ گرد، وہ شخص جو پھیری کرکے بیچتا ھے : چھوٹی موٹی چیزیں فروخت کرنے والا؛ نیز مجازاً ۔ (۲)پھیری کرنے والا یا وہ شخص جو معمولی طورپر یا نااہل کی طرح یا غیر موثر طریقے سے کام کرتا ھے۔ (۳)توصیفی معنوں میں۔ (۴) (استعارتاً) ایك سے دوسرے کو پہنچانے والا (جیسے خبر)؛ خبرباز؛ شہر خبریا ۔

Pedlar of gossip : (n) شہر خبریا؛ خبرباز۔

Pedlar's French : (n) پودوں کی بولی؛ آوارہ گردو کی بولی؛ ناقابل فہم زبان؛ غلط سلط بولی بے قاعدہ یا خلاف قاعدہ گفتگو۔

Pedlary : (n) (۱)دورہ گردی؛ دست فروشی؛ پھیری والا کام کرنا ؛ پھیری کا کام؛ مجازاً ۔ (۲)پھیری والوں کا برتن : پھیری کا سامان ۔ (۳) ٹیم ٹام : محض نمائشی؛ ساز و سامان : نکمی چیز؛ فضول چیز؛ ردی چیز؛ ملبہ : کوڑا کرکٹ : کاٹھ کباڑ۔

Pedlary : (a) پھیری والے کا : دست فروشی کا؛ (مجازاً) خردہ فروشی کا؛ نکمی؛ مہمل؛ لچر؛ لغو۔

Pedo - : دیکھو Paedo

Pedocal : (n) (ارضیات) بنجر زمینی مٹی۔

Pedodontia : (n) [L.] بچوں کی دندان سازی؛ بچوں کے دانت کی بیماری کی ایك شاخ ۔

Pedodontics : (n) دیکھو Pedodontia

Pedodontist : (n) ماہر دندان سازئ اطفال؛ بچوں کے دانت کی بیماری کا ماہر ۔

Pedogenesis : (n) (حیوانیات) پا زائی ۔

Pedograph : (n) (سروے) قدم نگار ۔

Pedology : (n) [Russ. 'pedologiya.'] (زراعت) طبیعیات؛ اراضیات؛ مٹیوں کا علم ۔

Pedology : (n) [paed + logy .] (طب) طفلیات؛ بچوں کی نشو و نما کا علم ۔

Pedometer : (n) [Fr. 'pedometre.'] (۱) چلنے میں قدم کی تعداد کے اندراج کا ایك آلہ؛ (سروے) قدم شمار؛ قدم پیما۔ (۲)(سروے) مسافت پیما؛ سیر پیما (ایك آلہ جس سے چلنے والے کے قدموں کی تعداد معلوم ہوتی ھے اور اس طرح فاصلے کا اندازہ کیا جاتا ھے)۔

Pedometric / -al : (a) قدم پیما کا یا اس سے متعلق؛ مسافت پیما کی قسم کا ۔

Pedometrically : (adv.) قدم پیما کے طورپر؛ مسافت پیمائی کے طور پر۔

Pedomotive : (n) پاؤں سے چلائی ہوئی (گاڑی)؛ پاؤں سے چلائی جانے والی (گاڑی) ۔

Pedomotor : (n) (میکانیات) پیڈو موٹر ۔

Pedotrophy : (n) (طب) پرورش اطفال؛ طفل پروری ۔

Pedrail : (n) ناہموار زمین پر بھاری سواریوں کی رفتار کو آسان کرنے کے لئے پہیوں میں چوڑے پا نما سہارے ۔

Pedregal / Pedra- : (n) [Sp . ' pedregal . '] (میکسیکو، جنوب و مغربی امریکا میں) ناہموار اور حیاتی علاقہ؛ قدیم لاوا میدان؛ نیز برفیلا میدان؛ برفانی علاقہ ۔

Pedrero : (n) [Sp. 'pedrero.'] (توپ خانے کا علاقہ)پتھر پھینکنے کا مقام؛ سلامی داغنا۔

Peduncle : (n) [mod. L.'pedunculus.'] (۱) (نباتیات) شاخ ازہار؛ غصنہ؛ ٹہنی : ڈنڈی؛ ساقہ پھول یا پھل کی ڈنٹھل؛ ابتدائی ڈنٹھل؛ کونپل : شاخ گل؛ پھول دار پودوں کا تنا؛ وہ ڈال جس میں پھولوں یا پھلوں کے گچھے ہوں۔ (۲)ساق؛ (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں غصنہ نما جوڑ؛ (تشریح) ساق دماغ ۔

Peduncled : (a) (طبیعیات) شاخ ازہار کا یا اس سے متعلق؛ غصنہ نما؛ غصنہ دار؛ غصنے کا؛ شاخ دار؛ ساق دار ۔

Peduncular : (a) دیکھو Peduncled

Pedunculate : (a) [mod. L. 'pedunculatus.'] دیکھو Peduncled

Pedunculated : (a) دیکھو Peduncled

Pedunculus : (n) دیکھو Peduncle

Pee : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) طبقۂ ارض کے دو شگافوں میں کا حصہ (جس میں معدنی شے ہوتی ہے) جو شگافوں کو ایک دوسرے سے منقطع کرتا ہے ۔

Pee : (n) (کان کنی) خام دھات یا فلز کا چھوٹا حصہ۔

Pee : (v) [Fr. 'fairepipi.'] پیشاب کرنا: پیشاب میں تر کرنا۔

Pee : (n) پیشاب : بول۔

Peek : (v) [ME. 'pike.'] جھانکنا: درز یا شگاف سے دیکھنا: روزن سے دیکھنا: جھانک کر دیکھنا: غور سے دیکھنا: دز دیدہ نگاہ کرنا: دز دیدہ نظر سے دیکھنا: جھلک دکھائی دینا: نظر آنا: نمودار ہونا۔

Peek : (n) دز دیدہ نظر: ظہور: طلوع (صبح کا) : نگاہ زیر: چمک : جھلک: سرسری نظر: اچٹتی نظر۔

Peek-bo / Peek -a-boo : (n) دیکھو Bo-peep

Peel : (n) [ME. pel , pele.'] (۱) (تاریخ) سرحدی منار (چھوٹے چھوٹے مربع منار جو سولہویں صدی عیسوی میں انگلستان اور اسکاچستان کے سرحدی علاقوں میں بنائے گئے تھے) ۔ (۲) Isle of man کے ایک خاص نام (فوج) برج ۔

Peel : (n) [L 'pala.'] (۱) بیلچہ : کر چھا : کرچھے کی شکل کا کوئی اوزار : خاك انداز : کفچہ ۔ (۲) (خصوصاً) نان بائی کا کفچہ : (جس سے روٹی تنور میں سینکی جاتی ہے) ۔ (۳) (طباعت) T کی شکل کا ایک اوزار جس پر مرطوب تازہ طبع کیا ہوا شیٹ سکھانے کے لئے لٹکایا جاتا ہے ۔

Peel : (n) [repl . earlier Pill.] چھلکا : قشر : پوست : خصوصاً نارنگی ، لیمو وغیرہ کا چھلکا۔

Candied peel : (عموماً ترنج کے لئے) چھلکے کا مربہ ۔

Peel : (v) [Varies with Pill(v)] (۱) چھیلنا : چھلکا اتارنا : منتشر کرنا : آلو ، نارنگی وغیرہ کا چھلکا اتارنا ۔ (۲) (جانور درخت وغیرہ کا) اتارنا : کھینچنا (کھال ، چھلکا وغیرہ): چمڑا اتارنا : اُدھیڑنا : بخار کے بعد جلد کے بالائی حصے کا اترنا : پپڑی اترنا ۔ (۳) (کھال یا چمڑا) علاحدہ ہو جانا : الگ ہو جانا : پرت پرت اترنا یا اتارنا : ورق اترنا ۔ (۴) چھلنا : چھلکا اترنا : ادھڑنا : مقشر ہونا : کھال اترنا ۔ (۵) کپڑے اتارنا : ننگا ہونا (ورزش وغیرہ کے لئے) ۔ (۶) (قدیم بائبل غالباً غلط ترجمہ ہے) لوٹنا : قتل و غارت کرنا ۔

Peel-house /-tower : (n) سرحدی منار ۔

Peeled :(a) (۱) لوٹا ہوا : تخت و تاراج کیا ہوا : بے قبضہ کیا ہوا (جائداد سے) ۔ (۲) دیکھو Pilled (a) ۔ (۳) ننگا کیا ہوا : برہنہ : تارتار: پھٹا (کپڑا): گھاس یا نباتات سے خالی جیسے زمین ۔ (۴) کنگال کمینہ : گھٹیا : حقیر : رذیل : خسیس ۔ (۵) چمڑا اتارا ہوا : چھلکا اتارا ہوا : چھال اتارا ہوا : پوست کشیدہ : مقشر ۔

Scattered and peeled : (قدیم) بائبل غالباً غلط ترجمہ ہے) لوٹا ہوا : غارت کیا ہوا ۔

To keep (one's) eyes peeled : کھلا ہونا : آنکھ کھلی رکھنا :ہوشیار رکھنا : ہوشیار رہنا : (امریکا ، بول چال) ۔

Peeler : (n) [ME.] (۱) ایک پودا جو مٹی کو کمزور کر دیتا ہے ۔ (۲) چھیلنے والا: وہ جو چھیلتا ہے (شخص) : کوئی چیز جس سے چھیلا جاتا ہے : پوست کنندہ : چھیلنے کا اوزار ۔

Peeler : (n) آئرستان کے پولس دستے کے اراکین کا عرف نام جو (دستہ) Sir Robert peel کی وزارت میں قائم ہوا تھا ۱۸۱۲ء۱۸ ، اس سے انگلستان میں پولس کے سپاہی کے لئے بولا جاتا ہے ۔

Peeling : (n) اترا ہوا : چھلا ہوا چھلکا : چھیلن : پوست : خلال ۔

Peelism : (n) رابرٹ پیل کی پیروی ۔

Peelite : (n) رابرٹ پیل کا پیرو (قدامت پسند پارٹی کا وہ رکن جو اس وقت رابرٹ پیل کا طرفدار تھا اس نے ۱۸۳۶ء میں قانون صلہ کی تنسیخ کا مسودہ پیش کیا تھا ۔

Peen : دیکھو Pane (n)

Peenge / Pinge : (n) [after whinge .] (۱)(اسکاتستان اور اب بول چال) کتے کا رونا : کتے کی طرح رونا ۔ (۲) شکایت کرنا : رورو کر کہنا۔

Peep : (n) [late ME.] (۱)چیں چیں : چوں چوں :چڑے کی آواز : زق زق : جیك جیك : بہت ہلکی تیز آواز ۔ (۲) کچھ چڑیوں کے نام مثلاً Meadow-pipit , Sandpiper وغیرہ کی قسمیں ۔

Peep : (n) [f. Peep (v)] (۱) جھانکنے کا عمل : دزدیدہ نگاہ : دزدیدہ نظر: چشم نیم باز : ایك بار جھانکنا ۔ (۲)(مجازاً) ظہور : طلوع: (صبح وغیرہ کا) جلوہ : نمائش ۔

Peep : (v) [Imit.] (۱) چیں پیں کرنا: چوں‌چوں کرنا (چوہے ،

چڑیا وغیرہ کا) : ٹرٹر کرنا (مینڈك وغیرہ کا) : پرند کا باریك آواز نکالنا : چہچہانا : دھیمی آواز سے بولنا : چیخ کر بولنا: (پرند کا) ہلکی آوازمیں گانا ۔ (۲) چوں چوں کرنا ۔

Peep : (v) (۱) جھانکنا : روزن سے دیکھنا : جھانك کر دیکھنا : سوراخ سے دیکھنا : خفیہ طریقے سے دیکھنا : چوری سے دیکھنا : دزدیدہ نظر سے دیکھنا : نیم بازآنکھوں سے دیکھنا : عیاری سے دیکھنا : راز جویانہ طور پر دیکھنا یا جھانکنا ۔ (۲) (مجازاً) مشاہدہ میں آجانا : اپنی جھلك دکھانا : رنگ جھلکنا : برتر نظر آنا : پھوٹ نکل پڑنا : ظہور میں آنا : بر آمد ہونا : طلوع ہونا (صبح کا) ۔(۳) اگنا : پھوٹنا : کلیانا : تھوڑا کھلنا(پھول کا) ۔ (۴) تھوڑا تھوڑا نظر آنا یا نکلنا (روشنی کا) دور سے جھلکنا ۔ (۵) (اکثر Out کے ساتھ) ہلکے سے ظاہر ہونا لاشعوری طور پر : خواہی نخواہی نمودار ہونا : کم نمودار ہونا ۔

Peep-bo : (n) دیکھو Bo -peep

Peep hawk : (n) ایك چھوٹی قسم کا باز ۔

Peep-hole : (n) جھروکہ : جھانك کر دیکھنے کا سوراخ : ایك چھوٹا سوراخ جس سے دیکھا جائے : (جھانکنے کا) روزن : روزنہ : جھانکی ۔

Peep of dawn : (n) (علم النجوم) طلوع فجر ۔

Peep of day : (n) دن کی روشنی کا ظاہر ہونا : دن کا نمودار ہونا : طلوع فجر ۔

Peep-of-day boys : (n) ارباب سحر : (یہ آئرستان کے پروٹسٹنٹ عیسائیوں کی ایك انجمن تھی جو ۱۷۸۳ ء سے ۱۷۹۵ ء تك قائم رہی : اس کے اراکین اپنے مخالفین ، روسی کیتھولك کے گھروں میں طلوع فجر کے وقت ہتھیار کی تلاش میں جایا کرتے تھے ۔

Peep of the sun : (n) (علم النجوم) طلوع آفتاب ۔

Peep-show : (n) تصویروں کی چھوٹی نمائش : سیر بین وغیرہ کا تماشا : شہر فرنگ ۔

Peep-toe(d) : (a) (ایسا جوتا) جس میں پاؤں کی انگلیاں دکھائی دیں ۔

Peeper : (n) [f.Peep(v)' + er.] (۱) چیں چیں کرنے والا ۔ (۲) خاص طور پر کم عمر چوزہ (مرغی کا بچہ) یا کبوتر : (عامیانہ) آنکھ : دیدہ: (جمع میں)عینك :ایك جوڑا چشمہ ۔(۲)(امریکا) ایك قسم کا جل بھومیا (پانی اور خشکی میں رہنے والے) جانور کی مختلف قسمیں خصوصاً Hyhold وغیرہ ۔

Peeper : (n) [f. peep.(v) .] (۱) جھانکنے والا : دزدیدہ نظر : چھپ کر دیکھنے والا : نگاہ کنندہ غماز چشم : نیچی نظر سے دیکھنے والا ۔(۲) روشنی :آئینہ : غماز ۔(۳) جاسوس : ٹوہ لگانے والا ۔

Peeping : (a) وہ جو جھانکتا ہے : وہ جو آگے کی طرف دیکھتا ۔

Peeping Tom : (n) Godiva کے قصے میں ایك کیریکٹر یا کردار جس میں شہوت پرستانہ تجسس کا مادہ بہت ہے : شہوت پرست راز جو ۔

Peepsight : (n) بندوق کی مکھی ۔

Peepul/ Pipal : (n) [Hindi 'pipal.'] پیپل ۔

Peepul tree : (n) دیکھو Bo-Tree

Peer : (n) [L. 'ar, par-.'] (۱) ہم رتبہ : ہم مرتبہ : ہم عہدہ : ہمسر : ہم چشم : قانون کی نگاہ میں برابر : مساوات ۔ (۲) ہمتا : مانند : جفت : نظیر : مثل : مقابل : ثانی ۔ (۳) دوست : ساتھی : ہم شریك : رفیق : ہمدم : یار ۔ (۴) انگلستان کے طبقۂ امرا کا رکن : امیر : نواب : ڈیوك مارکوئیس : وائی کاؤنٹ : بیرن یا لارڈ) ۔ (۵) (کسی اور ملك کا) امیر : نواب : رئیس : نجیب زادہ : شریف : بزرگ : پیر ۔

Peer : (v) [late L. 'pariare.'] (۱) ہم رتبہ ہونا : ہم مرتبہ ہونا : ہمسر ہونا : ہم چشم ہونا : رتبے میں برابر ہونا : عہدے میں برابر ہونا : برابر کرنا : ہم شان ہونا ۔ (۲) کسی کو طبقۂ امرا میں داخل کرنا : نواب بنانا : امیر بنانا : رئیس بنانا (بول چال) ۔

Peer : (v) [Var. of pire.] (۱) جھانکنا :غور سے دیکھنا : نزدیك سے دیکھنا : دقیق نگاہ سے دیکھنا ۔ (۲)(مجازاً) جھلك دکھائی دینا : نظر آنا : نمودار ہونا : ہلکا دکھائی دینا ۔ (۳) اپنے آپ کو ظاہر کرنا : منظر عام پر ہونا : ظاہر ہونا : نمایاں ہونا ۔

Peerage : (n) [Feer (n) + age .] (۱) ہمسروں کی جماعت : ہم رتبوں کی جماعت : طبقۂ امراء : نوا بین ۔(۲)طبقۂ نجیار : اعلیٰ ترین افراد : طبقۂ امراء جس سے حکومت کا تعلق ہو ۔ (۲) شرافت : نجابت : امارت ۔ (۳) بزرگی کا عہدہ : امیر، نواب ، ڈیوك وغیرہ کا عہدہ : مقام اشرافی ۔ (۵) کتاب الامراء (جس میں برطانیہ اور آئرستان کے امیروں کی فہرست اور حسب نسب درج ہوتا ہے) ۔

Peerdom : (n) (۱) دیکھو Peerage ۔ (۲) مساوات : برابری :

ہم طرفداری : مقام اشرافیت ۔

Peeress : (n) شریف کی بیوی : زوجۂ نواب : بیگم : نواب بیگم ۔

Peering : (a) جو جھانکتا ھے : جھانکنے والا ۔

Peerless : (n) بے نظیر : بے مثال : بے بدل : لاثانی : بے رقیب : عالی : ممتاز : بے ہمتا : عدیم النظیر : عدیم المثال ۔

Peerlessly : (adv.) بے ہمتائی کی شان سے : بے نظیر یا بے مثال طور پر ۔

Peerlessness : (n) بے ہمتائی : عدیم المثالی : بے مثال : لاثانیت ۔

Peers of France : (n) (۱) دیکھو Douzepers ۔ (۲) علاقے کا مالک جسے فرانس کی پارلیمنٹ میں بیٹھنے کا اختیار حاصل ہو ۔ (۳) ۱۹۱۴-۴۸ ء میں اپرلیجسلیٹو چیمبر کے ارکان ۔

Peers of Ireland : (n) وہ اٹھائیس امرائے آئرستان جو تاحیات دیوان خاص (ہاؤس آف لارڈس) کے رکن منتخب ہوتے ہیں ۔

Peers of Scotland : (n) وہ سولہ امرائے اسکاتستان جو پارلیمنٹ میں دیوان خاص کے رکن منتخب ہوتے تھے ۔

Peers of the realm : (n) امرائے سلطنت : امرائے ممالک متحدہ (برطانیہ و آئرستان) (یہ سب کے سب دیوان خاص یا دار الامراء کے ارکان ہوتے ہیں) ۱۷۰۷ تک Peers of England کہے جاتے تھے اور ۱۷۰۷ سے ۱۸۰۱ء تک Peers of Great Britain کہے جانے لگے ۔

Peership : (n) دیکھو Peerdom

Peery : (a) بڑے بننے کا رجحان : نام و نمود کی طرف رغبت : متجسس : تحقیق پسند : شوق جستجو رکھنے والا : راز جو : تفتیش کرنے والا ۔

Peersweep : (n) (اسکاتستانی اور بول چال) انگلستان کا ایک قسم کا سبزی مائل کبوتر کے قد کا پرندہ : مرغ زیبا : سبز قبا : شانہ بسر ۔

Peetweet : (n) (حیوانیات) (امریکا) چتلا یلوہ : یلوۂ خالدار : شمالی امریکا کا ایک قسم کا جانور ۔

Peeved : (a) [Origin U.S.] (عامیانہ) بھنایا ہوا : جھلایا ہوا : برہم : بر افروختہ : خفا : ناراض : آزردہ : بر انگیختہ : رنجیدہ : عصبانی ۔

Peevish : (a) [Origin unkn.] (۱) نازک مزاج : تنک مزاج : زود رنج : تند مزاج : چڑ چڑا ۔ (۲) برہم : جھلایا ہوا : برافروختہ آزردہ : عصابی : کج خلق ۔

Peevishly : (adv.) تنک مزاجی سے : چڑ چڑے پن سے : تند مزاجی سے : برآفروختگی سے : بر ہم ہو کر ۔

Peevishness : (n) (۱) زود رنجی : نازک مزاجی : تنک مزاجی : چڑچڑاپن ۔ (۲) کج خلقی : برافروختگی : خفگی : ناراض : آزردگی : برہمی : جھلاہٹ ۔

Peewit : (n) (۱) انگلستان کا کبوتر نما سبزی مائل پرندہ ۔ (۲) سیاہ مرغابی ۔

Peg : (n) [LG. 'pigge.'] (۱) کھونٹی : میخ : کھونٹا : کیل : چوب (خیمے کی) : گل میخ : نیز Clothes peg کا مخفف ۔ (۲) کرکٹ کے وکٹ کے اوپر رکھنے والی کیل (بول چال) ۔ (۳) موسیقی میں سُر ملانے کے لئے لکڑی یا دھات کی ایک کیل : سارنگی وغیرہ کی کھونٹی ۔ (۴) پیگ :شراب وغیرہ کا جام (خصوصاً برانڈی اور سوڈے کا جام) : جُرعہ ۔ (۵) (جوتا سازی) لکڑی کی کیل جو جوتے یا بوٹ کے بالا حصے (چمڑے کو) تلے سے جکڑنے کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔ (۶) لوھے کی کیل جو لٹو نچانے کے لئے جڑی جاتی ھے ۔ (۷) دو پگ کا درمیانی وقفہ : قدم : ڈگ : درجہ ۔ (۸) مشروب خاص کر برانڈی اور سوڈا واٹر کا ۔ (۹) مشروب کے برتنوں میں کیلوں کا جوڑ تاکہ پینے والوں کو مقدار کا اندازہ ہو سکے : ایک قسم کا پیمانہ' مشروب ۔ (۱۰) ایک قسم کا کیل دار آلہ یا اوزار جو ماہی گیری میں استعمال ہوتا ھے ۔

A peg to hang on : (بحث یا تقریر کی) تقریب : بہانہ : موضوع ۔

A round peg in a square hole (or viceversa) : اپنی جگہ یا عہدے کے لئے ناموزوں ۔

Clothes peg : لکڑی کا کلپ جو الگنی میں لگایا جاتا ھے تاکہ کپڑے اڑنے سے محفوظ رہیں ۔

Off the peg : بنے بنائے کپڑوں کے متعلق استعمال ہوتا ھے ۔

To move, start, stir a peg : ہاتھ پاؤ ہلانا : حرکت کرنا ۔

To take ,bring ,let (a person) down a peg (or two)/ To peg lower / To come down a peg : (مغرور شخص کو) ذلیل کرنا : بل نکالنا : دماغ درست کرنا : دماغ درست ہونا ۔

Peg : (n) [Altered from Meg = Margaret.] (۱) سیب کی ایک خوبصورت شکل ۔ (۲) ملائی نکالے ہوئے دودھ کا پنیر ۔

Peg : (v) [Fr. Peg . (n) کیل] (۱) میخ یا کیل سے جڑنا : کیل لگانا : کیل ٹھونکنا: نیز Down , in , out ,up کے ساتھ .(۲)(مجازاً) روکنا یا روک رکھنا : حد سے باہر نہ ہونے دینا : تجاوز نہ کرنے دینا : حدود میں رکھنا : قید کرنا : مقید کرنا : جکڑ دینا:پابند کردینا : باندھ دینا . (۳)(مجازاً)(صرافہ) (تمسکات وغیرہ کی) قیمت کو باندھ دینا : بازار بھاؤ کو متعین کر دینا ، (یعنی کثرت سے خرید کر قیمت گرنے نہ دینا یا کثرت سے بیچ کر قیمت چڑھنے نہ دینا) . (۴) کیل نصب کرنا : کیل ٹھونسنا : میخ داخل کرنا . (۵) میخ سے مارنا : چھیدنا : نشانہ لگانا : بارپون سے شکار کرنا (مچھلیوں کا) . (٦) (سوقیانہ) پتھر پھینکنا : پتھر مارنا : پھینکنا . (۷) Crible age کے تختے پر کیل سے ہار جیت کے نشان لگانا . (۸) کیل سے نشان لگانا (خصوصاً سر حد کے نشان لگانا) معدنی اراضی وغیرہ کی حد بندی کرنا . (۹) طاقت یا عجلت سے کوئی سبیل پیدا کرنا : کوئی راستہ نکالنا (روزمرہ اور بول چال) . (۱۰) (Away کے ساتھ)کسی کام میں لگے رہنا : پیہم کام کرنا: تار باندھ دینا . (۱۱) (کرکٹ) کرکٹ کے بلے میں کیل ٹھونکنا .

To peg down : پابند کرنا : جکڑنا (ضوابط وغیرہ سے).

To peg out : (۱) (Croquet کھیل میں) کھونٹی پر گیند سے آخری نشان لگانا : کھیل ختم کرنا . (۲) Cribbege کے تختے پر کیل سے نشان لگانا : کھیل جیتنا .(۳) کسی کا خیمہ گاڑنا .(۴)(عامیانہ) مرنا : تباہ ہو جانا : برباد ہو جانا .

Peg : (v) (ادائیگی یا مزدوری) کو ایک خاص سطح پر مقرر کرنا .

Pegamoid : (n) ایک قسم کا نقلی چمڑا جو بگھی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے : پن روک کپڑے کا ایک ٹریڈ نام .

Peganum : (n) (نباتیات) جنس ہرقل .

Peganum harmoid : (n) (نباتیات) ہرقل .

Pegasean / -asian : (a) (۱) پیگاسس سے متعلق : فرس اعظم کے مانند . (۲) تیز : تیز رو :عاجل : بر جستہ : تیز رفتار . (۳) شعری : شاعرانہ : شاعر کا .

Pegasus/ Pegase / Pegasee : (n) [Gr.'pegasos.'] (۱) (یونانی اساطیر)پیگاسس (ایک پردار گھوڑا جس نے کوہ Helicon پر اپنی ٹاپوں سے چشمہ جاری کر دیا تھا ، جہاں سے شاعروں اورادیبوں کو فیضان حاصل ہوتا ہے) ذوالجناح : (فلک) فرس اول : فرس اعظم . (۲) شاعری کا خداداد ملکہ: جو ہرسخنوری : توسن فکر : توسن طبع .(۳)(علم النجوم) ستاروں کا جھمکا . (۴) ایک قسم کی مچھلی .

Peg-board : (n) سوراخ یا کیل لگاھوا تختہ یا بورڈ جو بعض کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے .

Peg ladder : (n) ایک قسم کی سیڑھی .

Peg leg : (n) لکڑی کا پاؤں .

Peg planting : (n) میخی تنصیب .

Peg tankard : (n) ہر شخص کو اپنے پینے کی مقدار بنانے کے لئے ایک پیمانہ .

Peg tooth : (n) کیل نما دانت : کتے کے سامنے کے چار بڑے دانتوں میں سے ایک : ناب : کیچلی : دندان ناب :نیش .

Peg-top / Pegtop : (n) (۱) کیل دار لٹو . (۲) کیل دار لٹو کا ایک کھیل . (۳) (جمع میں) دیکھو Pegtop trousers . (۴) (توصیفی معنوں میں) کیل دار لٹو مانند .

Peg-top trousers : (n) پتلوں کی ایک قسم(کمر کے پاس ڈھیلااور ٹخنے کے پاس تنگ) .

Peg wood : (n) درخت دوک : ایک قسم کی لکڑی .

Pegging : (n) (۱) میخ کوبی : میخ زنی : کیل سے نشانہ گزاری : کیل لگانے کا عمل . (۲) کیل لگانے کا سامان .

Pegging-awl : (n) ستالی ٹوچن : جوتے کی کیلوں کو لگانے کے لئے سوراخ کرنے کا ایک اوزار .

Pegging machine : (n) جوتوں میں کیلیں لگانے کے لئے سوراخ کرنے کی مشین .

Peggy : (n) (۱)مختلف زمزمہ پردازوں کے مقامی نام .(۲)دیکھو Dolly.

Peggy tub : (n) دیکھو Dolly

Peggy-with (her) lantern : دیکھو Jack-O-Lantern

Pegmattite : (n) [Gr. 'pegma-'] (کان کنی) کڑاسنگ خارا .

Pegmatitic /Pegmatoid : (a) کڑے سنگ خارے کا .

Pegomancy : (n) چشمی تفاءل .

Pehlevi/ Pehlvi : دیکھو Pahlavi

Peignoir : (n) [Fr. 'peigner.'] ڈھیلا ڈھالا لباس جو عورتیں غسل

کے بعد یا آرائش کرتے وقت پہنتی ہیں (غلط استعمال) صبح کے وقت عورتوں کے پہننے کا لبادہ ۔

Peine : (n) [Fr.] سزا ؛ عقوبت ؛ تنبیہ ۔

Peine forte et dure : (Phr.) عقوبت شدید ؛ سخت سزا ؛ (سابقاً) گردن دبا کر جان سے مار ڈالنا (ایک قسم کی عدالتی سزا تھی جو سنگین جرائم کے ملزموں کو جواب دہی سے انکار کرنے پر دی جاتی تھی) نیز مجازاً۔

Peirameter : (n) (طبیعیات) فرق پیما ۔

Peirastic / -al : (a) [Gk. 'peirastikos.'] تجربی ؛ آزمائشی ؛ مناسب امتحان ۔

Peirastically : (adv.) آزمائشی طور پر ؛ تجرباتی اندازمیں ۔

Pejorate : (v) [late L. 'pejorare.'] برا بنانا ؛ خراب بنانا؛ بدتر کرنا ؛ پست کرنا ؛ بگاڑنا یا بگڑنا ؛ ابتر یا خراب کرنا یا ہونا ؛ بدتر ہونا ؛ روبہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ۔

Pejoration : (n) کم قدری ؛ بے قدری ؛ تحقیر ؛ سبکی ۔

Pejorative : (a) [Fr. 'pejoratif, -ive.'] تحقیر آمیز ؛ پست کنندہ ؛ استحقاق (جس سے لفظ کے معنی میں سبکی اور حقارت کا رنگ پیدا ہو)۔

Pejorative : (n) کلمۂ تحقیر میز ؛ تحقیر آمیز لفظ ؛ کلمۂ مصغر مثلاً Poetaster شاعرک ۔

The pejorative suffix : لاحقہ استخفافی مثلاً aster ۔

Pejoratively : (adv.) تحقیر آمیز طور پر ؛ استخفافی انداز میں ۔

Pekan : (n) [Fr. 'pekan.'] شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا گوشت خورجانور جو اپنی سمور کے لئے مشہور ہے (Mustelapennanti) (حیوانیات) امریکی نیولا ؛ سمور کناڈا ؛ پیکن ۔

Peke/ Pekie : (n) Pekin(g) ese (dog) کا مخفف ۔

Pekin/ -king : (n) [Fr. 'pekin.'] (۱) پیکن ؛ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ (۲) نپولین اول کے ماتحت سپاہیوں کا دیا ہوا نام جو کسی شہری کو دیا جاتا تھا ؛ کبھی کبھی انگریزی میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Pekin(g)ese : (a) پیکنی ؛ پیکن کا ۔

Pekin(g) ese : (n) پیکن کا باشندہ ۔

Pekin(g) ese dog / -Spaniel : (n) پیکنی کتا ؛ ایک قسم کا کوتاہ قد کتا جس کے بال لمبے اور ریشم کی طرح ملائم ہوتے ہیں ۔

Pekoe : (n) [Chinese 'pek-ho.'] سیاہ چائے کی ایک اعلیٰ قسم ؛ عمدہ قسم کی سیاہ چائے ۔

Pela : (n) [Chinese] چینی موم ۔

Pelage : (n) [Fr. 'pelage.'] (حیوانیات) چوپائے کے بال اون یا سمور پشم ؛ پوستین ۔

Pelagial : (a) بحری ؛ سمندری ؛ دیکھو Pelagic ۔

Pelagial : (a) [L. 'palagianus.'] پلاگیس یا اس کے عقیدے سے متعلق ۔

Pelagian : (n) مقلدپلاگیس (Pelagius چوتھی یا پانچویں صدی عیسوی میں ایک راہب تھا جس نے اس عقیدے سے انکارکیا تھا کہ گناہ آدم کی وجہ سے بدی انسان کی سرشت میں ہے) ؛ نوع انسانی کی فطرتاً گنہگار ہونے کا منکر ؛ منکر بشریت ۔

Pelagian : (a) [L. 'pelagius.'] دیکھو Pelagial

Pelagian : (n) بحر باس ؛ ساکن بحر ؛ سمندر پر رہنے والا ؛ کھلے سمندر کا رہنے والا ۔

Pelagianism : (n) تقلید یا پیروئی پلاگیس ؛ انکار بشریت ۔

Pelagianize : (v) نظریۂ پلاگیس کی پیروی کرنا ؛ نظریۂ پلاگیس کا اظہار کرنا ۔

Pelagic : (a) [L. 'pelagicus.'] بحری ؛ بحر کا؛ سمندری؛ اوقیانوسی؛ اوقیانوس سے متعلق ؛ جو کھلے سمندر میں کیا جائے ؛ (حیوانیات) میان بحری ۔

Pelagic deposits : (n) (نباتیات) میان بحری گاد ؛ دریائی دُرد ۔

Pelagic sealing : (n) بحری سیل گیری ؛ بحری سیل کا شکار ؛ کھلے سمندر میں سیل کا شکار کرنا ۔

Pealegic sealer : (n) بحری سیل گیر ؛ بحری سیل کا شکار کرنے والا ۔

Pelamyd/-mid : (n) [L. 'pelamys.'] (۱) تونی مچھلی ؛ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ؛ بحر روم کی ایک چھوٹی مچھلی ۔ (۲) اس جنس کی ایک مچھلی ۔

Pelargonic : (a) [f. Perlargonium.] (کیمیا) جنس گل عطر کا یا اس سے نکالا ہوا ایک مادہ ۔

Pelargoic acid : (n) پلاگورنیم سے بنایا ہوا ایک ایسڈ ۔

Pelargonium : (n) [Gr. 'pelargos.'] (بناتیات) جنس گل عطر : شمعدانی عطر : برگ عطر : پودوں کی قسم جن کے پھول خوش نما اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں (جنہیں عام طور پر Geranium کہتے ہیں) ۔

Pelasgian : (a) [Fr. 'pelasgien.'] پلاسجی : اس قوم سے متعلق ۔

Pelasgian : (n) پلاسجی کا ایک فرد (یہ ایک قوم تھی جو بحر روم کے مشرقی کناروں اور بحیرہ (Aegean) ایجین کے ساحلوں پر آباد تھی ۔

Pelasgic : (a) پلاسجی : اس قوم سے متعلق ۔

Pelasgic architecture building : (n) پلاسجی طرز عمارت : قدیم ترین قسم کی تعمیر جویونان میں پائی گئی جس میں ان گھڑ پتھربغیر چونے وغیرہ کے تلے اوپر رکھے ہوتے تھے) ۔

Pelacoid : (a) [Gr. 'pelakoides.'] تیریا کلہاڑی کی شکل کا : کلہاڑی نما ۔

Pelecoid : (n) کلہاڑی نما شکل ۔

Pelecypod : (a) [Gr. 'pelekus + podos.'] کلہاڑی نما پاؤں والا : سیمی نما ۔

Pelecypod : (n) کلہاڑی نما پاؤں والا صدفہ ۔

Pelecypoda : (n) (حیوانیات) ورقۂ خشیومان : متشاکل صدفی ۔

Pelecypodous : (a) متشاکل صدفی کا ۔

Pelerine : (n) [Fr. 'pelerine .'] زنانہ گلوبند یا مفلر : عورتوں کا مختلف قسم کا لبادہ ۔

Pelf : (n) [ON Fr. 'pelfe'.] (۱) روپیا پیسا : مال دولت : مال دینا : مال وزر (اس میں ذم کا پہلو مضمر ہے) : مال و متاع : دھن دولت : تمول : دولت مندی ۔ (۲) ناکارہ چیز : ردی چیز (بول چال) : سبزی کا چھیلن چھالن ۔

Pelhaw : (n) [From the surname .] لگام کی ایک قسم : زنجیر زیر دہانہ ۔

Pelham bridle : (n) لگام کا دہانہ ۔

Pelican : (n) ٹریفک روشنیوں کے ذریعہ سڑک پار کرنے کا ایک طریقہ ۔

Pelican : (n) [OE. 'pellican.'] (۱) (حیوانیات) حوصل : بجع : ماہی خور : ایک آبی پرندہ جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اپنے بچوں کو اپنے خون سے پالتا ہے : مرغ ماہی خور ۔ (۲) ایک قسم کا قرنبیق ۔ (۳) منحنی مضبوط تھوتھنی والا ایک قسم کا آلہ ۔ (۴) قدیم توپ کی ایک قسم : نیز اس سے مارنا ۔

Pelican-fish : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Pelican flower : (n) ایک قسم کا زہریلا پودا ۔

Pelican ibis : (n) ایک قسم کی ایشیائی لکڑی ۔

Pelican in her piety : (نقابت) اپنے خون سے بچوں کی پرورش کرنے کے لئے اپنے سینے کو مجروح کرتے ہوئے حوصل کی تصویر ۔

Pelican's foot: (n) ایک قسم کا گھونگا : نوع صدف ۔

Pelicanry : (n) وہ جگہ جہاں حوصل پیدا ہوتا ہے : ماہی خور کے سینے کی جگہ ۔

Peliosis rheumatica : (n) (طب) گٹھیائی خسیرا ۔

Pelisse : (n) [med. L. 'pellicia.'] (۱) زنانہ چادر : سموردار ایک قسم کا زنانہ فرغل : خرقۂ زنانہ ۔ (۲) عورتوں کا ایک قسم کا لباس (ایک قسم کا ریشمی جامہ جو آستین دار یا بے آستین ہوتا ہے اور ٹخنوں تک پہنچتا ہے) ۔ (۳) بچوں کی اوپری پوشاک (ایک قسم کا لباس جو لڑکے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں) ۔ (۴) فوجی سوار افسروں کی جاکٹ جس پر سمور کا حاشیہ لگا ہوتا ہے ۔

Pelite : (n) ایک قسم کا پتھر : سنگ رس : مٹی کیچڑ سے مرکب ایک پتھر ۔

Pelitic : (a) سنگ رس مانند ۔

Pell-mell : (adv.) [Fr. 'pele-mele .'] (۱) بے ترتیبی سے : گڈ مڈ طور پر : ابتری سے : خلط ملط طور پر : مخلوط طور پر ۔ (۲) (سپاہی ، جنگ جو) کھینچاتانی سے : جھڑپ کے ساتھ : بے نظم طور پر : دست بدست طور پر : گھمسان کی لڑائی میں ۔ (۳) بے انتظامی سے : بد نظمی سے : پریشانی سے : بیتابی سے : اضطراب کی حالت میں : بے دھڑک : نا عاقبت اندیشی سے ۔

Pell-mell : (a) (۱) پر جوش : شدید : پر شور : ہنگامہ خیز ۔

(۲) خلط ملط : تتر بتر : گڈمڈ : بے ترتیب : بے قرینہ : بے نظم : پریشان : بے امتیاز: بے تفریق : منتشر : بے ربط : بے اصول : بے ڈھنگا۔

Pell-mell : (n) (۱) بے ترتیبی : بے نظمی : بد نظمی : آشفتگی : پراگندگی۔ (۲) دست بدست لڑائی : گھمسان کی جنگ۔

Pellagra : (n) [It. 'pellagra..'] (مرضیات) درشت جلدی : پیلگرا : لمبا ردی مرض (یہ ایک مرض ھے جو لمباردی (Lombardy) میں کثرت سے ھوتا ھے اس میں جلد پھٹ جاتی ھے اور آخر میں اکثر دیوانگی نمودار ھو جاتی ھے) برص ایتالیا۔

Pellagric / Pellagrous : (a) لمبادری دیوانگی میں مبتلا : لمبادری مریض۔

Pellagrin : (n) وہ شخص جو لمبادری مرض میں مبتلا ھو۔

Pellet : (n) [late ME. 'pelote.'] (۱) کوٹی (چھوٹا) کرہ : گول شے : بم کا گولا : حب : گولی : کاغذ یا روٹی وغیرہ کی گولی۔ (۲) (خصوصاً) پتھر کی گولی: چھوٹا چھرّا : چھرّا : نیز مجازاً۔ (۳) (کاغذ ، مٹی یا لکڑی کا) کھیل کا چھرّا یا گولی۔ (۴) (نقابت) سیاہ رنگ کا گول تمغہ۔ (۵) سکّے پر گول ابھار یا پھول وغیرہ۔

Pellet : (v) کاغذ وغیرہ کی گولی مارنا۔

Pellet moulding : (n) ایک قسم کا ڈھانچا۔

Pelleted : (n) سیاہ رنگ کے گول تمغے سے نشان لگایا ھوا۔

Pelletierine : (n) [f. name of Fr. chemist , Bertrand Pelletier.] (کیمیا) بے رنگ کی ایک القلی (جو انار کے چھلکے سے حاصل کی جاتی ھے)۔

Pellety : (a) (نقابت) سیاہ رنگ کا گول تمغہ بنایا ھوا : گول بنایا ھوا : گلولہ دار : حبّ مانند : گولی نما۔

Pellicle : (n) [L .'pellicula.'] (۱) چھوٹا یا باریک چمڑا : باریک جلد یا پوست : جھلّی : پردہ : غشاء : بالائی پوست : خاص سائنسی امتحان میں استعمال کیا جاتا ھے جو فطری جھلّی کسی جانور میں پیدا ھو جاتی ھے یا چھال جو پودے میں ھو جاتی ھے۔ (۲) (حیوانیات) غشاء جلد : باریک جلد : جالا : پردہ۔

Pellicle of the urine : (n) (حیوانیات) قوام بول۔

Pellicular : (a) غشائی یا غشائی قسم کا : پوست نما باریک جلد کا۔

Pelliculate : (a) دیکھو Pellicular

Pellicule : (n) دیکھو Pellicle

Pellitory : (n) [OFr. 'peletre.'] (۱) (نباتیات) عاقر قرحا : عقرقرحا۔ (۲) گوش موش : اذن الفار۔ (۳) ایک قسم کا چھوٹا جھاڑی دار پودا۔

Pellitory of spain : (n) (نباتیات) عاقرقرحا : ایک قسم کا پودا۔

Pellitory of the well : (n) (نباتیات) اذن الفار۔

Pellock / -ack / -och : (n) [Origin unkn.] سنگ ماہی : ڈولفن نما۔

Pellucid : (a) [L 'pellucidus.'] (۱) صاف : شفاف : روشن : بلورین : زلال۔ (۲) واضح : صاف (تحریر) : رواں : سلیس۔ (۳) سجھے ھوئے خیال یا دماغ والا۔

Pellucidity : (n) (۱) صفائی : شفّافی۔ (۲) (طرز تحریر) صفائی : سلاست۔ (۳) دماغ کا سلجھا ھوا ھونا : سنجیدگی (دماغ)۔

Pellucidly : (adv.) صاف و شفاف طور پر : واضح انداز میں : سلاست کے ساتھ (تحریر) : سلجھے ھوئے انداز میں۔

Pellucidness : (n) وضوح : روشنی : سلاست : شفافی : درخشندگی۔

Pelma : (n) (حیوانیات ، تشریح) کف پا : پاؤں کا تلوا۔

Pelmanism : (n) [f. pelman(1899) proprietery name of an educational institute + ism .] حافظے کی تربیت کا طریقہ جو بیسویں صدی عیسوی میں ایجاد ھوا۔

Pelmatogram : (n) پاؤں کے تلوے کی چھاپ۔

Pelmatozoa : (n) (حیوانیات) کف پایان۔

Pelmatozoan : (a) [mod. L .'pelmatozoa.'] کف پایان سے متعلق۔

Pelmatozoan : (n) حیوانات کا وہ طبقہ جس میں خارپشت شامل ھے۔

Pelmatozoaic : (a) (حیوانیات) کف پایان کا۔

Pelmet : (n) [Fr. 'pelmatle.'] ایک افقی کھڑکی کا پردہ جو پردوں (سے باہر) نکلنے والی چیزوں کو چھپانے کے لئے دیوار یا کھڑکی میں لگا ھوتا ھے۔

Pelo- : (Prefix) سابقہ بمعنی (یونانی لفظ) کیچڑ : مٹی وغیرہ۔

Pelolihic : (a) [Pelo- + Gr. 'lithos.'] (ارضیات) چٹان کی پرت کے لئے استعمال ہوتا ھے جس میں مٹی شامل ہوتی ھے ۔

Peloria /Pelory : (n) [mod. L.] (نباتیات) اُعجوبۂ منتظم ۔

Pelorian / -oriate / -oric : (a) (نباتیات) اُجوبۂ منتظم سے متعلق ۔

Pelota : (n) [Sp . 'pelota.'] اہل بسکے (Basque) کا ایک کھیل جو ٹینس سے ملتا جلتا ھے ۔

Pelotherapy : (n) کیچڑ پانی سے نہانے کا علاج ۔

Paloton : (n) [Fr.] (۱) سپاہیوں کی ایک چھوٹی ٹوپی : سپاہیوں کا ایک چھوٹا دستہ۔ (۲) پلاٹون ۔

Pelt : (n) [OFr. 'pel(l)ete.'] (۱)بھیڑ یا بکری کا چمڑا جس پر چھوٹے چھوٹے اون یا بال ہوں ؛نیز روئیں دار جانور کا بے کمایا ہوا چمڑا ۔ (۲) خصوصاً اون نکالا ہوا بھیڑ یا بکری کا کچا چمڑا : (حیوانیات) روئیں دار کھال ۔ (۳) آدمی کی کھال (مزاج یا بول چال) ۔ (۴) بے کمایا ہوا چمڑا جو طباعت کی روشنائی پیڈ کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔ (۵) شاہین ، شکرے کا مردہ شکار خصوصاً جب ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے ۔

Pelt : (n) (۱) پتھر پھینکنے کا عمل : پتھر یا کچھ اور پھینک کر مارنے کا عمل : منجنیق سے پتھر پھینکنے کا عمل ۔ (۲) بارش یابرف کا زور سے گرنا ۔ (۳) تنقیص ؛ ملامت کرنے کا عمل : پتھر ،کیچڑ ، سوالات اور گالیوں کی بوچھاڑ ۔

(At) full pelt : نہایت تیزی سے ۔

Pelt : (n) [app. var. of dial 1'palt.'] (اب صرف بول چال میں) ردی : بیکار : چتھڑا : فضلہ ۔

Pelt : (v) [Fr. 'peloter.'] (۱) لگاتار مکے مارنا : (کسی کو) پتھر اور کچھ پھینک کر مارنا ؛منجنیق سے پھینکنا ۔(۲)(مجازاً) بوچھاڑ کرنا (شب و ستم ، گالیوں، سوالات وغیرہ کی) ۔ (۳) منجنیق سے تیزی کے ساتھ مارنا ؛ متواتر فائر کرنا ؛ آگ برسانا ؛ نیز مجازاً ۔ (۴) سختی سے مارتے جانا ؛ زور دار طریقے سے ضرب لگاتے جانا ؛ نیز مجازاً مارنے کی نیت سے پھینکے جانا (منجنیق) ۔ (۵) تیزی کے ساتھ قدم بڑھا کر چلنا ۔ (۶)(بارش کا) زور سے برسنا ۔

Pelt ball : (n) بے کمایا ہوا بھیڑ کا چمڑا جو طباعت کی روشنائی پیڈ کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔

Pelt monger : (n) کھال یا چمڑے کا بیوپاری : کھال یا چمڑے کا تاجر ۔

Pelt rot : (n) بھیڑ کی کھال کی ایک بیماری ۔

Pelta : (n) [Gr. 'pelto.'] (قدیم) یونانیوں اور رومیوں کی ہلکی چھوٹی ڈھال(چمڑے کی) ۔ (۲) (نباتیات) ڈھال نما ساخت ؛ سپر نما ۔

Peltast : (n) [L. 'peltasta.'] (تاریخ یونانی) پیدل سپاہیوں کا ایک قسم کا (دستہ) جو ڈھال اور چھوٹی برچھی سے مسلح ہوتا تھا ۔

Peltate : (a) [f. Pelta(pot.)] (نباتیات اور حیوانیات) سپردار : سپر نما : عام طور سے پتی کا : ڈھال دار : (حیوانیات) سپری : (نباتیات) کھپرادار : سپری ۔

Peltately : (adv.) سپر داری سے : ڈھال داری کے ساتھ :سپری طریقے کا ۔

Peltation : (n) سپر داری : ڈھال داری ۔

Pelter : (n) پتھر مارنے والا : گالی دینے والا : زور دار طور پر برسنے والا (پانی) : غصہ ہونے والا ۔

Pelti- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سپر" : "سپر مانند" ۔

Peltier coefficient : (n) (الیکٹرک) پلٹیری قدر ۔

Peltier effect : (n) (الیکٹرک) پلٹیری اثر ۔

Peltiform : (a) سپر مانند : سپر کی طرح کا ۔

Peltinerved : (a) (نباتیات) سپر رگ ۔

Pelting : (a) (۱) پتھر مارنے والا ۔ (۲) ناچیز : بے اہمیت ۔ (۳) (عامیانہ) تند و تیز : تند مزاج : تند خو :غصیلا : غصہ ور : سخت : شدید: پر جوش : پر شوق ۔

Pelton wheel : (n) (انجینئرنگ) چرخاب پلٹن ۔

Peltry : (n) [OFr. 'peleterie.'] (۱) بے کمایا ہوا : بال دار چمڑا : خاص فر چمڑا : مجموعی طور پر (بمعنی) کھال ۔ (۲) (جمع میں) کچے یا بے کمائے ہوئے چمڑے کے اقسام ۔(۳) توصیفی معنوں میں مثلاً کچا یا کمایا ہوا چمڑا بیچنے والا ۔

Peltry-man : (n) کچا یا بے کمایا ہوا چمڑا بیچنے والا ۔

Peludo : (n) [L. 'pilus.'] جنوبی امریکا کا روئیں دار اُرما ڈیلو (ایک

قسم کا جانور)(Dasypus villosus).

Pelvic : (a) [f. Pelvis + ic.] (۱)(تشریح) عانی : پیڑو کے متعلق ۔
(۲) سوسن نما پیڑو سے متعلق ۔

Pelvic arch/ -girdle : (n) پیڑو کی ہڈیوں سے بنا ہوا حلقہ : کولھے کا
حلقہ : (تشریح) ہیکل عانی : پیڑو کا حلقہ ۔

Pelvic limbs : (n) کولہے کے حلقے سے ملا ہوا پاؤں (جیسے)آدمی کی
ٹانگیں : ہیکل عانی سے متصل پاؤں ۔

Pelviform : (a) (نباتیات) پیالہ نما ۔

Pelvimeter : (n) (طب) حوض پیما ۔

Pelvimetry : (n) حوض پیمائی ۔

Pelvis : (n) [L. 'pelvis.'] (۱)(تشریح) حوض ، تسلا : پیڑو نما
حوض یا تسلا : پیڑو ۔ (۲) (تشریح) ہیکل عانی :
پیڑو کا حلقہ ۔ (۳) گردے کا تسلا نما گڈھا یا قعر ۔

False pelvis : (n) اوپر کا پیڑو ۔

True pelvis : نیچے کا پیڑو ۔

Pelvis of kidney : (n) (تشریح) حوض گردہ ۔

Pembroke : (n) پیم بروك : (ولیز Walis کا ایك قصبہ) ۔

Pembroke table / -pembroke : (n) پیم بروکی میز (یہ ایك چار پایوں
کی میز ہوتی ھے جس میں قبضے دار تختے لگے ہوتے ہیں
جو باہر کی طرف پھیل سکتے ہیں اور دوسرے پایوں پر
قائم ہو سکتے ہیں ۔

Pemmican / Pemican : (n) [Gree 'pimecan', pimekan.'] (۱) قیمہ
بھری روٹی : شمالی امریکا کے اصلی باشندوں کی ایك
قسم کی روٹی جس میں خشك اور پسا ہوا گوشت اور
پگھلی ہوئی چربی پڑتی ھے ۔ (۲) گائے کا تلا اور
کشمش ملا گوشت : مسافروں کے توشہ کے لئے۔(۳)(مجازاً)
نہایت مختصر مضمون یا بات ۔

Pemphigoid : (a) آبلہ نما : چھالے نما : پھلکے نما : پھپھولے نما ۔

Pemphigous : (a) آبلہ دار : چھالے دار : پھلکے دار : پھپھولے دار ۔

Pemphigus : (n) [Gr. 'pemphix.'] (طب) نقاط : آبلہ : چھالا :
(تشخیص) آبلہ : پھلکا : پھکنا : پھپھولا ۔

Pen : (n) [ME. 'penne.'] (۱)(حیوانیات) گائے ، بھیڑ ، بکری ،مرغی
اور بطخ کے لئے) احاطہ : باڑہ : کانجی ۔ (۲) ثاپا :
ٹوکرا (مرغیوں کا) : سوروں کا باڑہ : سور خانہ ۔
(۳) باڑے میں جانوروں کی تعداد ۔ (۴) اس قسم کے
مختلف احاطوں کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Pen : (n) [L. 'penna.'] (۱)(حیوانیات) شہ پر : پرکی کھوکھلی ڈنڈی :
دم کا پورا پر : پر : پنکھ : پر وبال : ڈینے یا دم کا بڑا
بال : بازو (حیوانیات) ۔ (۲)ایك قسم کی پر نما مچھلی۔
(۳) لکھنے کا آلہ : قلم : کلك : خاصہ : پرکا قلم : ہولڈر :
فاؤنٹین پین ۔ (۴) تصنیف و تالیف ۔ (۵) طرز تحریر :
طرز بیان : طرز انشاء : شیوۂ خط : شیوۂ نگارش ۔
(۶) سمندر جھاگ ۔

Electric pen / Pneumatic - : برقی رقم : ہوائی قلم ۔

Pen : (n) [Origin unkn.] مادۂ قویٰ : مادۂ راج ہنس ۔

Pen : (n) [Brythonic 'pen'.] (۱) (مقامی) یہ ایك لفظ ھے جو جگھوں
کے نام میں آتا ھے جیسے Penzance وغیرہ ۔ (۲) جنوبی
اسکاٹ لینڈ س پہاڑو ںکے نام میں آتا ھے جیسے Ettrick
pen ، Leepen وغیرہ ۔

Pen : (v) [OE. 'pennian .'] (۱) مضبوطی سے باندھنا : جکڑنا
(اب بول چال) ۔ (۲) گھیرنا : احاطے میں بند کرنا :
محصور کرنا : مقید کرنا : (If اور In کے ساتھ) ۔
(۳) (مویشی وغیرہ کو باڑے میں بند کرنا)۔

Pen : (v) قلم سے لکھنا : لکھنا : تحریر کرنا : تصنیف کرنا :
تالیف کرنا ۔

Pen and ink / Pen-and-ink : (n) (۱) قلم دوات ، لکھنے کا سامان ۔
(۲) تحریر ۔ (۳) Pen-and-ink drawing کا مخفف ۔

Pen-and-ink : (a) قلم کا : قلم دوات سے لکھا یا کھینچا ہوا ۔

Pen-and-ink drawing : (n) قلم اور دوات سے نقاشی ۔

Pen-and-pencil : (n) قلم اور ڈرائنگ پنسل یا برش دونوں کا استعمال۔

Pen-and-wash : (n) قلم اور برش دونوں کا استعمال ۔

Pen case : (n) ڈبہ : خانہ : خانۂ قلم ۔

Pen-feather : (n) (۱)چڑیا کے بازو یا دم کا پورا پر : (حیوانیات)
شاہ پر : شہپر ۔ (۲) دیکھو Pin -feather ۔

Pen-feathered : (n) (۱)دیکھو Pin-feathered ۔ (۲) گھوڑا یا اس کے
سخت بالوں کے لئے بھی بولا جاتا ھے۔

Pen-fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جو چارہ کی بجائے استعمال کی جاتی ھے : مصنوعی طعمہ یا چارہ۔ (۲) کنجشکی مچھلی : ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

Pen-friend : (n) قلمی دوست : ہم قلم : دو نادیدہ اجنبی دوست جن میں خط و کتابت کے ذریعہ دوستی ہوئی ہو : نیز دیکھو Pen pal ۔

Pen-name : (n) تصنیفی نام : تخلص : وہ نام یا لقب جو کوئی شخص اپنی تصانیف میں اختیار کرتا ھے : ادبی نام ۔

Pen-pal : (n) قلمی دوست : بغیر ملاقات کے مراسلت کے ذریعہ دوست۔

Pen picture : (n) (۱)قلمی تصویر: قلم سے کھینچی ہوئی تصویر: (اکثر مجازاً) دلکش بیان : دل آویز ذکر : دل کش کیفیت ۔ (۲) خاکہ ۔

Pen plume : (n) دیکھو Pen-feather

Pen point : (n) نوک قلم : (بول چال) نِب ۔

Pen portrait : (n) دیکھو Pen picture

Pen pot : (n) ماہی گیروں کا برتن جس میں وہ کیکڑے وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Pen pusher : (n) (۱) دستاویز نقل کرنے والا : کلرک ۔ (۲) اہل قلم : مصنف ۔ (۳) دیکھو Penman۔

Pen script : (n) قلمی مسودہ : قلم سے لکھا ہوا مواد ۔

Pen-tray : (n) قلم رکھنے کے لئے کشتی نما خانہ ۔

Pen-wiper : (n) ایک قسم کا آلہ : قلم صاف کرنے والا (کپڑے کا ٹکڑا): قلم پونچھنے والا ۔

Pen-woman : (n) لکھنے والی عورت : ادیبہ : فاضلہ : مصنفہ ۔

Penacute : (a) [L. 'pene' + Acute.'] (عبرانی اور یونانی قواعد) ماقبل آخر میں پر زور تاکید والا ۔

Penacute : (n) (عبرانی اور یونانی قواعد) ماقبل آخر میں پر زور تاکید ۔

Penal : (a) [Fr. 'penal .'] (۱) سزا سے متعلق : سزا کا : تنبیہی ۔ (۲) تعزیری :عقوبتی : قصاصی ۔(۲) قابل سزا :مستلزم (جرم) خصوصاً قانون کے ذریعہ ۔ (۳) سزا متعین کیا ہوا : سزا دیا ہوا ۔ (۴) جو سزا کے طور پر تجویز کیا جائے : تعزیری : وہ جو سزا کے طور پر قابل ادا ہو ۔ (۵) سزا کی جگہ کے طور پر استعمال کیا ہوا یا مقرر کیا ہوا ۔ (٦) جہاں مجرم سزا کے لئے رکھے جائیں ۔ (۷) مانند سزا : تعزیری قانون سے متعلق : قید با مشقت ۔

Penal action/ -suit : (n) (قانون) تعزیری کاروائی ۔

Penal code : (n) (۱) (قانون) ضابطۂ تعزیرات : قانونی جزا : حقوق جزا ۔ (۲) (آئرلینڈ) سترھویں صدی اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں پارلیمنٹ کے خلاف نافذ شدہ تعزیری قوانین کے لئے استعمال ہوا۔

Penal colony : (n) تعزیری بستی (جیسے کالا پانی)۔

Penal laws : (n) تعزیری قوانین ۔

Penal servitude : (n) تعزیری غلامی : قید با مشقت ۔

Penal settlement : (n) (سیاسیات) جرائم پیشہ آبادی ۔

Penal statute : (n) دیکھو Penal laws

Penal sum : (n) (قانون) رقم تاوان ۔

Penalization : (n) تعزیری قرار دینے کا عمل : سزا دینے کا عمل : تعزیری حالت ۔

Penalize : (v) (۱) (کسی فعل کو) تعزیر قرار دینا : قابل سزا ٹھہرانا ۔ (۲) (ورزشی کھیل) (کھلاڑی یا مقابلہ کرنے والے کو) سزا دینا : (جرمانہ بطور سزا) عائد کرنا : پینالٹی عائد کرنا (کھیل میں) : مقابلہ کرنے والے پر خاص شرط یا قید عائد کرنا ۔

Penally : (adv.) تعزیری طور پر : سزا کے طور پر : تعزیری حیثیت سے ۔

Penalty : (n) [Fr. 'penalite.'] (۱) تعزیر : سزا (خصوصاً تاوان یا جرمانہ) ، (قانون) تاوان : قانون : قاعدہ یا معاہدہ کو توڑنے ، نقصان پہنچانے اور امتناع (حکم امتناعی) کے خلاف ورزی کرنے کے لئے سزا ۔ (۲) (مجازاً) تکلیف : اذیت : مصیبت : رنج و غم : دقت : دشواری : نقصان (خصوصاً خطا اور غلطی کے نتیجے میں) ۔ (۳)(ورزشی کھیل) پینالٹی : سزا : وہ سختی اور پابندی جو کھلاڑیوں پر کسی بے قاعدگی وغیرہ کی وجہ سے عائد کی جائے ۔ (۴) توصیفی معنوں میں خصوصاً Penalty goal , Kick وغیرہ میں ۔

On, upon, under penalty : خمیازہ (سزا کے طور پر) (کھیل میں مقررہ قاعدے کے خلاف کرنے پر) : بطور عقوبت۔

The penalty of : خمیازہ (کسی صفت یا مرتبہ وغیرہ ہونے کا)۔

Penalty envelope : (n) (امریکا)لفاف کوغیر واجب طریقے سے استعمال کرنے پر نافذ کی گئی سزا۔

Penance : (n) [L. 'poenitentia.'] (۱) (یونانی اور رومی کلیسا) کفارہ (ایک عمل جس میں توبہ ، اعتراف گناہ عقوبت نفس وغیرہ معافی کی کئی منزلیں ہیں)۔ (۲) عقوبت نفس جو کفارے کے طور پر کی جائے ؛ ریاضت تنبیہ ؛ پر ائشچت۔ (۳) گناہ کے لئے دنیوی سزا۔

To do penance : (۱) پشیماں ھونا ؛ پچھتانا ؛ نادم ہونا ؛ کف افسوس ملنا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛ کفارہ کے طور پر ریاضت کرنا۔ (۲) ندامت و پشیمانی ظاہر کرنا ؛ پرائشچت کرنا۔

Penance : (v) کفارہ عائد کرنا ؛ عقوبت نفس تجویز کرنا ؛ تادیب کرنا؛ تنبیہ کرنا ؛ تادیبی سزا دینا ؛ سزا دینا ؛گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا۔

Penang lawyer : (n) دیکھو Lawyer

Penannular : (a) [L. 'paene +Annular.] قریب قریب حلقہ نما ؛ تقریباً چھلے کا سا ؛ نسبتاً حلقوی۔

Penates : (n) [L.'penates.'] (رومی علم الاصنام) گھریلو دیوتا۔

Pence : (n) پینی : انگلستان کا ایک سکہ جو شلنگ کے بارھویں حصے کے برابر ھے۔

Penchant : (a) [Fr. 'penchant.'] رغبت ؛ رجحان ؛ میلان ؛ میلان غائر ؛ میل وافر ؛ آمادگی۔

Pencil : (n) [Late ME. 'Pensel, -cel.'] (۱)(قدیم) ؛ برش ؛ مو قلم ؛ نقاشی کا برش ؛ (اب یہی جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ھے ؛ مثلاً Sable pencil وغیرہ۔ (۲) (مجازاً) نقاشی ؛ مصوری ؛ طرز نقاشی ؛ سبک برش۔ (۳) پنسل ؛ سرمے کا قلم۔ (۴) بالوں کا چھوٹا گچھا ؛ کڑا بال ؛ روئیں یا اس قسم کی چیز۔ (۵) (بصریات) (مناظر و مرایا) پنسل ؛ اجتماع شعاع یا انعکاس شعاع (ایک نقطے پر) (روشنی) پنسل شعاعی۔ (۶) (ہندسہ) پنسلی خطوط ؛ وہ شکل جو اکثر خطوط مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے بنتی ھے۔ (۷) پنسل نماشے ؛ وہ شے جو پنسل کی شکل کی ھوتی ھے۔

Optic penil : (n) پنسل شعاعی ؛ وہ شعائیں جو بلوری لینس (Lence)کے ذریعہ کسی نقطے سے گذرتی ہیں اور آنکھ کے اوپر دو بار ملائی جاتی ہیں اس طرح دوہرے غروطے بن جاتے ہیں۔

Pencil : (v) (۱) نشان لگانا ؛ پنسل سے خط کھینچنا ؛ نقاشی کرنا ؛ رنگنا نیز مجازاً۔ (۲) پنسل سے تصویر کھینچنا ؛ برش سے تصویر کھینچنا ؛ خاکہ بنانا یا اتارنا ؛ نقشے کھینچنا ؛ نیز مجازاً۔ (۳) پنسل سے لکھنا ؛ جلدی جلدی اختصار سے لکھ لینا۔ (۴) (گھوڑے کا نام) شرط کی کتاب میں لکھنا۔ (۵)(خصوصاً) ہلکا سا نشان لگانا (رنگ وغیرہ کا)۔

Pencil-case : (n) پنسل دان۔

Pencil cedar : (n) صنوبری سدابہار جھاڑی کی ایک قسم ؛ درخت عرعر یا سرو کوہی۔

Pencil diamond : (n) پنسل نما یا پنسل کی شکل کا ہیرا۔

Pencil fish : (n) استوانہ شکل کی ایک چھوٹی مچھلی جو جنوبی امریکا میں پائی جاتی ھے۔

Pencil flower : (n) ایک قسم کا پودا (Stylosanthes) ۔

Pencil-lead : (n) پنسلی سیسا ؛ سیاہ سرب۔

Pencil of light : (n) (روشنی) پنسلی نور۔

Pencil of rays : (n) (روشنی) پنسلی شعائیں۔

Pencil of silver nitrate : (n) (کیمیا) سلور نائٹرک کا قلم۔

Pencil sharpner : (n) (۱) سلیٹی پنسل یا سیاہ سرب کو تیز کرنے والا آلہ ؛ مداد تیز کن۔ (۲) پنسل تراش ؛ مداد تراش۔

Pencilled /-iled : (a) (۱) پنسل کا ؛پنسلی ؛ مداری۔ (۲) منقش ؛مخلط؛ عمدہ برش سے کی ھوئی (نقاشی) خاکہ بنایا ھوا ؛ پنسل سے بنایا ھوا ؛ پنسل سے کی ھوئی (نقاشی)۔ (۳) لیڈ پنسل سے نشان لگایا ھوا۔ (۴) پنسل سے لکھا ھوا۔ (۵) پنسلی شعاعیں رکھنے والا۔ (۶)(حیوانیات اور نباتات) گچھے دار ؛ جھاڑی دار ؛ گھنا ؛ دھاری دار (پنسل)۔

Penciller : (n) (عامیانہ) گھڑدوڑ محرّر یعنی منتظم شرط کا محرر۔

Pencilling : (n) (۱) نشان لگانے کا عمل ؛ پنسل سے لکھنے کا عمل خصوصاً نقاشی کرنا ؛ رنگ آمیزی ؛ ڈرائنگ۔

(۲) پنسل سے خاکہ بنانا ۔ (۳) (مجازاً) ادبی خلکہ؛ تصویر کشی ۔ (۴) دیواروں کے درمیان اینٹ کی دیوار میں اینٹوں کے جوڑوں میں سفید لائننگ (سفید دھاری) ۔

Pend : (v) [late L. 'pendere.'] (۱) آویزاں کرنا : ٹانگنا : لٹکانا : لٹکنا : معلق ہونا ۔ (۲) منحصر ہونا : موقوف ہونا ؛ متعلق ہونا ادبی (مجازی)۔

Pendactyle : (n) (حیوانیات) پنج انگشتہ ۔

Pendant : (n) [(o) Fr. 'pendant.'] (۱) گوشوارہ : آویزہ (کان، گلے وغیرہ کا) لٹکن : نیکلس : کان یا گلے میں پہننے کا ایک زیور ۔ (۲) ایرنگ کے گوشوارہ کا ایک حصہ ۔ (۳) میکانکی ساخت کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے : شیشے کا جھاڑ ۔ (۴) (تعمیرات) (مرصّع اور عمودی طرز میں) آویزۂ لیمپ ۔ (۵) (نجّاری) اس کھمبے کے نیچے کا ایک حلقہ جو زینہ کے جنگلات کے نیچے یا اوپر کے سرے پر ہوتا ھے ۔ (۶) (تعمیرات) (کھلی ہوئی لکڑی کی چھت میں) لکڑی کا کھمبا جسے Pendant -post بھی کہتے ہیں ۔ (۷) محراب کے کسی ایک سرے اور اس چوکھٹے کے درمیان کا فاصلہ جو اس کے گرد ہوتا ھے ۔ (۸) (تعمیرات) ستون۔ (۹) (جہاز رانی) ایک چھوٹی سی رسّی جو مستول کے بالائی سرے سے بندھی ہوتی ھے اور جس کے نچلے سرے میں ناکہ ہوتا ھے جس میں ٹِک لگائے جاتے ہیں ۔ (۱۰) (جہازرانی) مخروطی جھنڈا : گاؤ دم پرچم (جو جنگی جہاز کے مستول پر لہراتا رہتا ھے)۔ دیکھو Pennant ۔ (۱۱) دیکھو Broad pendant ۔ (۱۲) گھڑی کا حلقہ جس سے وہ لٹکائی جاتی ھے: نقطۂ ساعت ۔ (۱۳) (فرانسیسی تلفظ Pandan) قمابل : ہم سر : رفیق : متوازی : جوابی (تصویر جو دوسری تصویر کے جواب میں لگی ہو) : تکملہ؛ ضمیمہ ۔ (۱۴) مکمل کرنے والا بیان : متتم اظہار؛ غور : تامل : سوچ کو مکمل کرنے والا : جوڑ : جواب : نصف ثانی (یعنی تکمیلی جزو)۔

Broad pendant : ایک چھوٹا سا جھنڈا ابابیل کی دُم کی شکل کا جو امتیاز کے لئے کمان آفیسر کے جہاز پر لہراتا ھے ۔

Pendant-bow : (n) حلقۂ ساعت : گھڑی کا حلقہ ۔

Pendant fittings : (n) بجلی روشنی کاآویزاں سازوسامان:آویزۂ لیمپ.

Pendant post : (n) (تعمیرات) لکڑی کا کھمبا : ستون ۔

Pendant tackle : (n) مستول کی چوٹی سے لگا ہوا آلۂ جر ثقیل.

Pendacy : (n) (۱) تعلیق : حالت تعلیق : جھکا ہوا ہونا : معلق ہونے کی حالت : جھکا ہوا ہونے کی حالت ۔ (۲) زیر تجویز ہونا : زیر غور ہونے کی حالت ۔

Pendent/ -ant : (a) [late ME. 'penda(u) nt.'] (۱) آویزاں : لٹکا ہوا : معلق : مستول : آویختہ : خم شدہ : منحصر : وابستہ : متوسل ۔ (۲) (درخت) نیچے جھکی ہوئی شاخوں والا ۔ (۳) باہر کو نکلا ہوا : جھکا ہوا : آگے کو نکلا ہوا : ڈھلوان : ترچھا : نیز مجازاً ۔ (۴) غیر منفصلہ : غیر فیصلہ شدہ : معلّق : زیر تجویز : زیر غور : زیر سماعت : پینڈنگ ۔ (۵) (نحو) ناقص : نامکمل (ساخت کلمہ وغیرہ)۔

Pendente lite : (adv.) [L.] (قانون) دراثنائے مقدمہ : دوران مقدمہ : بہ زمانہ تجویز : زیر سماعت مقدمہ ۔

Pendentive : (n) (۱) (قدیم) قطعۂ قبّہ : قطعہ گنبد. (۲) (تعمیرات) گنبد کا چوتھائی حصہ : گنبد کے چار کروی مثلثوں میں سے ایک کروی مثلث :آویزیہ ۔

Pendentive : (a) قطعۂ قبہ سے متعلق : قطعۂ گنبد کا : قطعۂ گنبد نما : قطعۂ قبّہ کی شکل کا ۔

Pendently/-antly : (adv.) معلق طور پر : زیر غور حالت میں ۔

Pendicle : (n) [med. L. 'pendiculum.'] (خصوصاً اسکاٹستانی) کوئی چیز جو دوسری چیز پر منحصر ہو: سازو سامان : اثاثہ : لوازمات : متعلقات : شے ملحقہ : شے مشمولہ : ضمیمہ : تتمہ : جائداد کا چھوٹا حصہ (خصوصاً جب شکمی کرایہ دار ہو)۔

Pendicler : (n) متعلقات کا مالک : شے مشمولہ کا رکھنے والا : ماتحت کرایہ دار ۔

Pending : (a) [Anglicization of (o) Fr. 'pendant.'] (۱) مرجوعہ: زیر تجویز : زیر غور : زیر سماعت : غیر منفصلہ : معلق (مقدمہ وغیرہ) امر معلق : غیر فیصلہ شدہ ۔

Pending : (Prep.) (۱) دوران میں : بہ زمانہ : اثنا : اثنا میں : مدت میں مثلاً Pending these negotiations اس گفت و شنید کے دوران میں یا اثنا میں ۔ (۲) تک مثلاً Pending his return اس کی واپسی تک)۔

Pendle : (n) [Origin unkn.] (مقامی) مختلف آویزاں چیزیں : مختلف قسم کے پتھروں کے لئے ایک اصطلاح ۔

Pendle-rock /-stone : (n) مختلف قسم کے پتھروں کے لئے ایک اصطلاح ۔

Pendragon : (n) [ME. 'pen + dragon.'] قدیم برطانوی (یا ویلزی) شہزادہ جسے اختیار کلی حاصل تھا : سردار اعلیٰ : بادشاہ۔

Pendragonship : (n) قدیم برطانوی (یا ویلزی) شہزادے کا عہدہ۔

Pendulant / -ent : (a) (۱) معلق : آویزاں : لٹکا ہوا (خصوصاً گھونسلا، پھول وغیرہ) : جھکا ہوا۔ (۲) لہراتا ہوا : جھولتا ہوا : لرزاں : رقصاں : موّاج : حرکت کرتا ہوا : جھولنے والا : اہتزازی : جھولے کا۔ (۳) (مجازاً) متردد : متذبدب۔

Pendular : (a) [f. Pendulum + - AR.] لرزاں : رقصاں : جنباں : لٹکن سے متعلق : پنڈولم کے مانند : معمولی ارتعاش کی طرح۔

Pendulate : (v) (۱) لہرانا : جھولنا : گھڑی کے لٹکن کی طرح ہلنا یا جھولنا : پنڈولم کی طرح جھولنا۔ (۲) (مجازاً) دو متضاد حالتوں کے درمیان ہونا : متذبذب ہونا : ڈانواں ڈول ہونا : شش و پنج میں ہونا۔

Penduline : (a) [mod. L. 'pendulinus.'] (۱) ایسی چڑیا سے متعلق جو معلق گھونسلہ بنا تی ہے : (پرندہ) لٹکا ہوا گھونسلا بنانے والا۔ (۲) معلق : لٹکا ہوا (گھونسلا)۔

Penduline : (n) لٹکا ہوا گھونسلا بنانے والا ایک چھوٹا پرندہ۔

Penduline titmouse : (n) جنوبی اور مشرقی یورپ کا ایک چھوٹا پرندہ۔

Pendulousity : (n) حالت تعلیق : حالت آویختہ : حالت لرزاں۔

Pendulous : (a) [L. 'pendulus.'] دیکھو Pendulant

Pendulously : (adv.) لٹکتے ہوئے : آویزاں طور پر : لرزاں انداز میں۔

Pendulousness : (n) لرزش : لٹکن : جنبش۔

Pendulum : (n) [Med. L. 'pendulum.'] (۱) رقاصۃ (ساعت) لٹکن : لنگر : شاقول : پنسال : پنڈولم (ساعتیات) رقاص : لنگڑ۔ (۲) (لفظاً و مجازاً) جنباں : لرزاں : رقصاں شے یا شخص۔

Compensation pendulum: (طبیعیات) متلافی رقاص : متوازن لنگڑ : آلۂ توازن۔

Compound pendulum : (طبیعیات) مرکب رقاص : مخلوط رقاص۔

Conical pendulum : (طبیعیات) مخروطی رقاص۔

Control pendulum : (ساعتیات) ضابط رقاص۔

Mercurial pendulum : (طبیعیات) سیمابی رقاص : وہ پنڈولم جس کی گولی پارے کی ہو۔

Simple pendulum : (طبیعیات) سادہ رقاص۔

Spherical pendulum : (۱) دیکھو Conical pendulum۔ (۲) دیکھو Ballistic pendulum۔

Swing of the pendulum : انتخاب کنند گان کا سیاسی جماعتوں میں رد و بدل کرنے کا رجحان۔

Pendulum-ball/-bob : (n) رقاص کی گولی۔

Pendulum cannon/ -stroke : (n) بلیرڈ کے کھیل میں ایک ضرب جس سے گیند دونوں گیندوں کو چھوتی ہوئی نکل جاتی ہے جو پاکٹ کے منہ پر پھنسی ہوتی ہیں۔

Pendulum chronoscope : (n) (ساعتیات) رقاص وقت نما۔

Pendulum clock : (n) وہ گھڑی، جو پنڈولم کے سہارے چلتی ہے : رقاص گھڑی۔

Pendulum level : (n) شاقول کی سطح : پنسال کا لیول۔

Pendulum wheel : (n) گھڑی کا وہ پرزہ جو اس کی باقاعدہ حرکت کو قائم رکھتا ہے۔

Pene- : (Prefix) [L. 'pene.'] لاحقہ بہ معنی " تقریباً "۔

Pene-contemporaneous : (a) تقریباً ہم عہدی : تقریباً ہم عصری : تقریباً یک زمانی۔

Penelope : (n) [Gr. 'penelope.'] (۱) یونان قدیم میں یولی سس کی بیوی کا نام : عصمت مآب : عفت شعار : پاک شعار : پاک دامن بیوی : (سماجیات) زن عفیف۔ (۲) (حیوانیات) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا پرندہ۔

Penelopean : (a) مکڑی کے جالے کی طرح بنا ہوا : مکڑی کے جالے کا : عفت مآبی سے متعلق۔

Penelopine : (a) (حیوانیات) جنوبی امریکا کے ایک پرندے سے متعلق۔

Peneplain/-plane : (n) تقریباً مسطح زمین : (ارضیات) ریختی میدان۔

Penetrability : (n) [med. L. 'penetrabilitas.'] اثر پذیری : گھسنے، داخل ہونے یا نفود کی صلاحیت : حلول پذیری :

(طبیعیات) دخول پذیری : نفوذ پذیری : قابلیت رسوخ : مفہومیت ۔

Penetrable : (a) [L. 'penetrabilis.'] گھسنے یا داخل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا : تداخل پذیر : نفوذ پذیر ۔

Penetrableness : (n) دیکھو Penetrability

Penetralia : (n) [L. 'penetralia.'] کسی عمارت کا سب سے اندرونی حصہ : گھر کا خاص کر معبد کا سب سے اندرونی حصہ : اندرون حرم : نہایت پوشیدہ مقام یا چیز ۔

Penetrance : (n) (حیاتیات) دخولیت : جینی تاثر ۔

Penetrant : (a) [L. 'penetrare.'] (۱) گھسنے والا : کسی چیز میں راستہ بنانے والا : چھیدنے والا ۔ (۲) (مجازاً) تیز فہم : زود فہم : تیز : نوک دار : ذکی : تیز : حسّاس : دقیق : باریک ۔

Penetrate : (v) [L. 'penetrane.'] (۱) گھسنا : گھس جانا :داخل ہونا : پیٹھنا : چھیدنا : چبھنا : نفوذ کرنا : رچنا : بسنا ۔ (۲) گذرنا : آر پار جانا یا ہونا : سرایت کرنا : اثر کرنا : رگ و پے میں پیوست ہونا : جذب ہونا یا کرنا : دل و دماغ میں بسانا ۔ (۲) شرابور کر دینا : رنگنا: رنگ چڑھانا : (شخص یا شے کو) کسی رنگ میں رنگ دینا ۔ (۳) راستہ بنا لینا یا کسی ذریعہ سے راہ پیدا کرنا : داخلہ حاصل کر لینا : رسائی حاصل کرنا : سبیل پیدا کرنا ۔ (۵) سرایت کرنا : گھس جانا : (کسی چیز سے) ملا ہوا ہونا : متصل ہونا ۔ (٦) اثر کرنا ۔ (دل کو) لگنا ۔ (٧) تہ کو پہنچنا : کنہہ کو پہنچنا : تاڑ لینا (کسی بات یا منصوبے وغیرہ کو) : پتہ چلا لینا : معلوم کرنا : منکشف کرنا : افشا کرنا : ادراک کرنا : شاخت کرنا : سمجھ جانا ۔

Penetrating : (a) (۱) چبھنے والا : گھسنے والا : چھیدنے والا :خارق : نافذ ۔ (۲) تیز : تیز فہم : زود فہم : ذکی : معاملہ فہم ۔ (۳) (نفسیات) موثر : ذکی ۔

Penetratingly : (adv.) چھیدتے ہوئے : چبھتے ہوئے : تیزی سے : معاملہ فہمی سے ۔

Penetration : (n) [L. 'penetratio.'] (۱) داخل ہونے کی عمل : گھسنے کا عمل : دخول : نفوذ : افتراق : داخل ہونا : گھسنا : نفوذ ہونا ۔ (۲) (طبعی فلسفہ)ایک ہی وقت میں دو شخص کے ذریعہ ایک ہی جگہ پر قبضہ ۔ (۳) دخول کی طاقت : نفوذ کی قوت ۔ (۴) (بندوق) وہ گہرائی جہاں تک بُلیٹ وغیرہ داخل ہو ۔ (۵) (بصریات) آلۂ بصری کی طاقت یا قوت ۔ (٦) (مجازاً) دقت نظر : بصیرت : درك : ذہانت : تیزی :ذکاوت : دور رسی : نکتہ رسی : فہم کی رسائی : تیز فہمی :زیرکی : فراست ۔

Penetration of dimension : (n) (طبعی فلسفہ) اك ہی وقت میں دو شخص کے ذریعہ ایك ہی جگہ پر قبضہ ۔

Penetration of a telescope : (n) قوت دوربین : طاقت دوربین ۔

Penetratrive : (a) [med. L. 'penetrativus.'] نافذ : سوراخ کنندہ : چبھنے والا : گھسنے والا : چھیدنے والا : چبھتی ہوئی : دل خراش ۔ (۲) ذکی : ذہین : زود فہم : ہوشیار: بصیرت رکھنے والا: تیز ۔ (۳)(مجازاً) ذہنی قوت والا: عقلاً ذہین ۔

Penetratival : (adv.) (۱)چھیدتے ہوئے: چبھتے ہوئے : نفوذ کے طور پر: دخول کے طور پر ۔ (۲) تیزی کے ساتھ : زود فہمی کے طور پر: ذکاوت کے ساتھ : تیزی سے ۔

Penetrativeness : (n) دخول : نفوذ : داخل ہونے کی حالت یا صفت : (طبیعیات) طاقت دخول ۔

Penetrativity : (n) داخل ہونے کی صفت یا حالت : دخول : نفوذ : (طبیعیات) طاقت دخول ۔

Penetrator : (n) (۱) گھسنے والا : داخل ہونے والا: نفوذ کرنے والا : وہ شخص جو گھستا ھے ۔ (۲) تہ تك پہنچنے والا : تاڑ جانے والا :تیز فہم ۔

Penetrometer : (n) (طبیعیات) لاشعاعی طاقت پیما ۔

Penfold : (n) (۱) جانوروں کے نہانے کا تالاب ۔ (۲) حد کے اندر رکھنا ۔ (۳) دیکھو (Pin fold (n ۔

Penfold : (v) (۱) حد کے اندر رکھنا : تار میں رکھنا ۔ (۲) دیکھو Pin fold ۔

Penguin : (n) [Origin unkn.] ایك بحری پرندہ جو جنوبی علاقوں میں رہتا ھے ، اس کے بازو پنکھے دار ہوتے ہیں ، جن کی مدد سے وہ پانی کے نیچے تیر سکتا ھے:(حیوانیات) بطریق ۔

Penguin duck : (n) بطخ کی ایك قسم ۔

Penguin grass : (n) فاك لینڈ(Folkland) جزیرے کی ایك لمبی خوش نما گھاس جو دلدلی زمین میں اُگتی ھے ۔

Penguinery / Penguinry : (n) پینگوئن کی جگہ : پینگوئن کو پالنے کا مقام ۔

Pengun : (n) (اسکاٹ) بچوں کا کھلونہ : پین گن : پین نما بندوق (کھلونے کی) ۔

Penholder : (n) (۱) دستۂ قلم : ہولڈر ۔ (۲) قلم رکھنے کی ریک : قلم دان ۔

Penial : (a) (تشریح) ذکری : آلۂ تناسل سے متعلق :(حیوانیات) کیری : ذکری : قضیبی ۔

Penial fistula : (n) (طبیعیات) ناسور قضیب ۔

Penicil : (n) [L. 'penecillus.'] (تاریخ طبعی) مڑے ہوئے بالوں کا چھوٹا گچھا (پینٹ برش کی مانند)(نباتیات، حیوانیات) جعد : (آرٹ) موئے قلم :(جراحی) فتیلہ :(جراحی)رحم بند ۔

Penicillate : (a) [f. L. 'penicillus.'] (تاریخ طبعی) شعری : جعدی : جعد دار : (نباتیات ، حیوانیات) موئے قلمی : جعدی : مخطّط : دھاری دار ۔

Penicilliform : (a) [mod. L. 'penecilliformis.' f. 'penicillus.'] موئے قلم کی طرح کا : مانند مو قلم ۔

Penicillin : (n) [f.mod. L. Penicillium.'] (کیمیا) پنسلین : کیمیائی طور پر : ضد نامیات سے متعلق کوئی گروپ ۔

Penicillum : (n) (نباتیات) جعدی فطر : (حیوانیات) جعدی اُبھار ۔

Peninsula : (n) [L. 'peninsula.'] (ارضیات) جزیرہ نما ۔

The pensula : جزیرہ نمائے اسپین اور پرتگال ۔

Peninsular : (a) (۱) جزیرہ نما کا : جزیرہ نما کے متعلق ۔ (۲)جزیرہ نمائے اسپین اور پر تگال کے متعلق ۔ (۳) جنگ جزیرہ نما کے متعلق : اس جنگ کے متعلق جو جزیرہ نمائے اسپین اور پرتگال میں انگریزوں اور فرانسیسیوں کے درمیان ۱۸۰۸ ء اور ۱۸۱۴ ء کے درمیان ہوئی تھی ۔

Peninsular : (n) (۱) اہل جزیرہ نما ۔ (۲) جنگ جزیرہ نما کا سپاہی۔

Peninsular soldier : (n) وہ سپاہی جو جزیرہ نمائی جنگ میں (مابین ۱۸۰۸ اور ۱۸۱۴ ء) شریک تھا ۔

Peninsulate : (v) جزیرہ نما بنانا :جزیرہ نما میں تقسیم کرنا : خشکی کے کسی قطعہ کو جزیرہ نما کی شکل میں تبدیل کرنا ۔

Penis : (n) [L.] (تشریح)قضیب : ذکر: لنگ :آلۂ تناسل :عضوتناسل: کسی نر حیوان کا داخل کرنے والا مباشرتی عضو ۔

Bulb of penis : (تشریح) بصلۂ قضیبی ۔

Penis : (a) (تشریح) قضیبی : ذکری ۔

Penistone : (n) (۱) یارک شائر میں ایک چھوٹے قصبے کا نام ۔(۲) دیکھو Peniston flag .

Peniston flag : (n) فٹ پاتھ وغیرہ بنانے کے لئے ریتیلے پتھر کی سل ۔

Penistence : (n) [L. 'paenitentia.'] (دینیات)توبہ : استغفار : ندامت : شرمساری : انفعالی پچھتاوا : پشیمانی : تائب ہونے کی حالت ۔

Penitent : (a) [L. 'penitnet.'] (۱) نادم : تائب : پشیمان : متاسف : محزوں : ندامت آمیز : منفعل ۔ (۲) (اشیاء کا) پر معنی ندامت ۔ (۳) ندامت کرنے والا ۔

Penitent : (n) (۱)تائب ہونے والا : وہ شخص جونادم ہوتا ھے :شرمندہ ہونے والا : گناہوں سے توبہ کرنے والا ۔ (۲) کسی پادری کے حسب ہدایت گناہوں کے کفارہ کے لئے عقوبت نفس جھیلنے والا : (جمع) کلیسائے روم میں توبہ کنندگان کے مدارج ۔

Penitent-form : (n) بینچ جس پر بیٹھ کر گنہگار توبہ کرتے ہیں ۔

Penitential : (a) [late L. 'penitentialis.'] (۱) ندامتی : انفعالی :توبہ سے متعلق : توبہ آمیز : ندامت آمیز : توبہ کارانہ ۔ (۲) پشیمانی کی فطرت کا : شرمندگی کی عادت سے متعلق : کسی پادری کے زیر ہدایت گناہوں کے کفارہ سے متعلق ۔

Penitential : (n) (۱) توبہ کرنے والا : تائب ہونے والا ۔ (۲) مسیحیوں کی توبہ کی ایک کتاب ۔ (۳) (جمع) Penitential psalms کا مخفف ۔ (۴) ماتمی لباس : سیاہ لباس : (بول چال) ۔

Peniteintial psalms : (n) مزامیراستغفاری : مناجات توبہ و استغفار : (میزامیر نمبر ۱۴۳ , ۱۳۰ , ۱۰۲ , ۵۱ , ۳۷ , ۳۲ , ۶) ۔

Penitential robe : (n) عوامی استغفار کا عبا۔

Penitentially : (adv.) ازراہ توبہ و استغفار : ندامت و شرمندگی کے طور پر ۔

Penitentiary : (a) [med. L. 'penitentialrius.'] (۱) استغفاری : ندامتی : توبہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) متعلق بہ عقوبت نفس : عقوبت نفس جھیلنے والا ۔(۳) مجرموں کی سزا و اصلاح کے متعلق ۔ (۴) قید کے ذریعہ لائق سزا (امریکا) ۔

Penitentiary : (n) [med. L. 'penitentiarius.'] (۱)دفتر توبہ (پاپائی عدالت میں وہ دفتر جہاں معاملات توبہ کا فیصلہ ہوتا ہے)۔ (۲) توبہ گاہ : (تائب بیسواؤں کے لئے) توبہ خانہ۔ (۳) اصلاحی قید خانہ۔ (۴)مذہبی سلسلہ کا رکن جو اس نام سے پکارا جاتا ہے۔ (۵) وہ شخص جو معاملات توبہ کو نپٹانے کے لئے مقرر کیا جائے۔(۶) (امریکا) قیدخانہ۔

Grand ,High (Chief,Great Penitentiary : افسر تائبین : وہ افسر جو تائبین یا عقوبت نفس سے متعلق انتظام کرتا ہے۔

Penitently : (adv.) ازراہ توبہ : ازروئے استغفار : پشیمانی سے : ندامت کے طور پر : شرمندگی کے ساتھ۔

Penknife : (n) [Late ME.] چھوٹا چاقو : جیبی چاقو : قلم تراش۔

Penman: (n) (۱)دستاویز نقل کرنے والا: کلرک :کرانی۔ (۲) اہل قلم : مصنف : ادیب۔ (۳) انشانویس : خوش نویس : خطاط : منشی۔

Penmanship : (n) لکھنے کا عمل : ہنر نویسندگی : روش خطاطی : روش نویسی : فن نگارش : شیوۂ نگارش۔

Penman of God /-the Holy Ghost : (n) صحیفہ نویس۔

Penna : (n) [L.] (۱)(حیوانیات) شاہ پر۔ (۲)(حیوانیات) بال : پر۔

Pennant : (n) (۱)(جہاز رانی) دیکھو Pendant (n)۔ (۲) مثلث پرچم کی ایک قسم۔ (۳)(امریکا) امتیازی جھنڈا : اعزازی لِوا۔

Pennant : (n) حلقہ دار طناب کوتاہ۔

Pennati - : [L. 'pennatus.'] جزوترکیبی : "پردار : پرنما"۔

Pennatifid : (n) پردار : پر نما۔

Pennatulcean : (a) [mod. L. 'pennatulacea.'] کثیر پا سے متعلق : ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم سے متعلق۔

Pennatulacean : (n) ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم۔

Pennatulaceous : (a) کثیر پا سے متعلق : ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم سے متعلق۔

Pennatulid : (n) مار ماہی کی ایک قسم۔

Penned/Pend : (a) لکھا ہوا(قلم سے) مرقوم : تحریر کردہ۔

Penner : (n) لکھنے والا : نویسندہ : نگار ندہ : خطاط۔

Penni- : [L. 'penna.'] سابقہ بہ معنی "پر"۔

Penniferous : (a) [L. 'pennifer '] پروالا : پردار۔

Penniform : (a) [mod. L. 'penniformis.'] (تاریخ طبعی) پر نما : پر پیکر : پر صورت۔

Pennigerous : (a) [L. 'penniger.'] پردار : پر والا۔

Penniless : (a) [L. Penni + less.] مفلس: قلاش :نادر :محتاج غریب : فقیر : بغیر پیسے کا۔

Pennilessly : (adv.) مفلسی کے ساتھ : قلاشی کے طور پر : ناداری سے۔

Pennilesness : (n) مفلسی : محتاجی : ناداری : غریبی۔

Pennill : (n) [Welsh.] (۱) (عموماً جمع میں) ایک قسم کی فی البدیہہ نظم جو بربط پر گائی جائے۔ (۲) ایسی نظم کا کوئی بند۔

Penninervate : (a) (نباتیات) پر رگہ۔

Penninerved : (a) دیکھو Penninervate

Pennisetum : (n) (نباتیات) جنس باجرا : باجرا۔

Pennisetum Typhoideum : (n) (نباتیات) باجرا۔

Penniveined : (a) (نباتیات) دیکھو Penninerved

Pennon : (n) [Fr. 'pennon.'] (۱)مثلث پرچم کی ایک قسم۔(۲) پرچم : نشان : رایت : لوا : بیرق : جھنڈا : (خصوصاً) رسالوں کا فوجی نشان۔ (۳) (مجازاً) جھنڈے کی شکل کی کسی چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۴) جہاز کا لمبا نوک دار بیرق : جھنڈا (اسے Pendant بھی کہتے ہیں)۔ (۵) (شاعرانہ) بازو : پر : شہ پر۔

Pennoned : (a) رایتی : لِوائی : بیرقی : جھنڈے دار۔

Penny : (n) [OE. 'penig.'] پینی : انگلستان کا ایک سکہ جوشلنگ کے بارھویں حصہ کے برابر ہے : جمع میں دو سے لے کر گیارہ تک کے اعداد اور بیس کے عدد کے ساتھ متصلاً لکھا جاتا ہے اور بقیہ اعداد کے ساتھ الگ لکھا جاتا ہے : (مثلاً Eighteenpence, Sixpence) ہندسی عداد میں 'd'

Penny-a-line : (a) سستے داموں کی (تصنیف) : سطحی اور غیر سنجیدہ (تحریر) : ارزاں : پست ۔

Penny-a-liner : (n) سستا اور سطحی مصنف : ارزاں لکھنے والا : قلم کا مزدور (پریس کے لئے) مزدور اہل قلم ۔

Penny-bank : (n) وہ بہت بینک جس میں معمولی رقم بھی جمع کی جاتی ہو ۔

Penny boat / -bus / -gaff : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Penny-cress : (n) (نباتیات) خردل پارسی : قدومۂ کوہی : ایک قسم کا پودا ۔

Penny dog : (n) ایک قسم کی چھوٹی شارک مچھلی ۔

Penny dreadful : (n) سستی سنسنی خیز کتابیں ۔

Penny farthing : (n) (بول چال) قدیم طرز کی ایک سائیکل جس کا ایک پہیا چھوٹا اور دوسرا بڑا ہو ۔

Penny father : (n) بخیل : کنجوس : ممسک ۔

Penny fee : (n) (اسکاٹستانی) پینی کی ادائیگی : روپے میں مزدوری کی ادائیگی ۔

Penny fish : (n) ایک سمندری مچھلی جو کھائی جاتی ہے ۔

Penny flower : (n) ایک قسم کا یورپی پودا ۔

Penny grass : (n) دیکھو Penny-cress

Penny-in-the-slot : (a) ایسی مشین سے متعلق جس میں پینی ڈال کر چیزیں بر آمد کی جاتی ہیں ۔

Penny newspaper/-bun : (n) سستا سنسنی خیز اخبار ۔

Penny pieces : (n) پینی کے برابر کا سکہ : پینی ۔

Penny post / Penny-post : (n) (۱) پینی ڈاک : ترسیل خطوط بہ معاوضہ ایک پینی ۔ (۲) ایک قسم کی امریکی گھاس ۔

Penny-postage : (n) خطوط کا محصول جس کا معاوضہ ایک پینی ہو ۔

Penny-royal : (n) (نباتیات) قسم پودینا : پودینا : حسبق : پودنہ : پونہ رسمی ۔

Bastard or False penny-royal : شمالی امریکا کے دو پودوں

لکھا جاتا ہے مثلاً '6d.' یہ 'd' دراصل Denarius کا مخفف ہے : رقم جو ایک پینی کے سکوں پر مشتمل ہو تو جمع Pennies آتا ہے ۔

A bad penny-worth : خراب سودا : گھاٹے کا سودا ۔

A good penny-worth : اچھا سودا : نفع یا فائدے کا سودا ۔

A penny for your thoughts : میں کچھ نذر کرنے کو تیار ہوں اگر یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں : (یہ ایسے شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنے خیالات میں مستغرق یا کسی سوچ میں ڈوبا ہوا ہو) ۔

A penny plain and two pence coloured : ارزاں نمود و نمائش پر طعن ۔

A penny saved is a penny gained (got , earned) : جو بچاتا ہے وہ حاصل کرتا ہے ۔

A pretty (fine, etc.) penny : معقول رقم : رقم خطیر (نفع یا خرچ کے اعتبار سے) ۔

Five penny , Ten penny (etc.) nails : کیلوں کا پیمانہ (پہلے کسی زمانہ میں ان کی قیمت پانچ پینی ، دس پینی سیکڑہ تھی) ۔

In for a penny , in for a pound : جو کام ایک بار شروع کیا جائے اسے ختم کر کے چھوڑا جائے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے ۔

No paternoster , no penny : کام نہیں دام نہیں : بغیر کام کے پیسہ نہیں ۔

Not a penny worth : ذرا بھی نہیں : ہیچ : بے قیمت ۔

Peter's penny : (تاریخ) سالانہ پاپائی خراج : یہ سالانہ خراج پاپائی ہے جو پاپائی خزانے میں داخل کیا جاتا ہے (سنہ ۱۸۶۰ء سے) ۔

Take care of the pence : کفایت شعاری سے کام لو ۔

Take care of the pence and the pounds will take care of themselves : قطرہ قطرہ دریا می شود : تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے ۔

To turn an honest penny : ادھر اُدھر سے کچھ کما لینا ۔

Wall penny wort : دیواری پینی ورٹ ۔

کے نام ۔

Penny-royal water : (n) پودینے سے تیار کی ہوئی شراب ۔

Penny trumpet : (n) بگل (کھلونا) جس کی قیمت ایک پینی ہو ۔

Penny wedding : (n) وہ شادی جس کے تفریحی اخراجات میں مہمان تعاون کرتے ہیں ۔

Penny-weight : (n) ایک پینی کا وزن : ۲۴ رتّی : ۲۴ گرین : ایک اونس کا بیسواں حصہ ۔

Penny-wise : (phr.) اس شخص کے متعلق جو چھوٹے چھوٹے اخراجات میں محتاط ہو : صرفہ جو ۔

Penny-wise (and) pound-foolish : (phr) اشرفیوں کی لوٹ اور کوئلوں پر مہر ۔

Penny-wisdom : (a) چھوٹے چھوٹے اخراجات میں محتاط ہونے سے متعلق یا اس کی صفت ۔

Penny wort : (n) (نباتیات) قدح مریم : ایک پودا جس کے پتّے گول اور مجوف ہیں اور جو دیواروں کی درزوں اور چٹانوں کے شگافوں میں اُگتا ہے ۔

Penny worth/Pen-n'orth : (n) (۱) ارزش یک پینی : جس قدر ایک پینی میں خرید سکیں : اتنا جتنا ایک پینی کی قیمت ہو ۔ (۲) (مجازاً) رقم : خصوصاً بہت ہی کم مقدار یا معمولی رقم ۔ (۳) روپے کی قیمت : ایک رقم کی مقدار : چیز جو خریدی جائے : معاملہ : سودا ۔

At a (good , etc.) penny worth : سودا ئے خوب یا ارزاں ، گراں ۔

Penological : (a) تعزیراتی : انسداد جرائم اور سزا کے سائنٹیفک مطالعہ سے متعلق : قید و بند اور اس کے انتظام کے معاملہ سے متعلق ۔

Penogist : (n) تعزیریات دان : ماہر تعزیرات ۔

Penology : (n) [L. 'poena' + Logy.] تعزیرات : انسداد جرائم اور سزا کا سائنٹیفک مطالعہ : علم سزائے قانون : کیفر شناسی ۔

Pensee : (n) [Fr. 'pensee.'] خیال : نظر : تعقل : ادبی موضوع : رائے : معنی ۔

Penseroso : (a) [Fr. 'pensier . '] تفکر پسند : غور و فکر : مراقبہ کا : افسردہ : پژمردہ : اداس : محزوں : غم گین : غم ناک : حسرت ناک ۔

Penseroso : (n) غم گین آدمی : مغموم شخص : حسرت ناک شخصیت ۔

Pensile : (a) [L. 'pensilis.'] (۱) آویزاں : معلق : لٹکتا ہوا : لہراتا ہوا : جھولتا ہوا ۔ (۲) ہوا میں لٹکتا ہوا : محرابی شکل کا ۔ (۳) معلق گھونسلا بنانے والا (پرندہ) ۔

Pensile nest : (n) (حیوانیات) آشیانۂ معلق ۔

Pension : (n) [L. 'pensio.'] (۱) (کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر میں سے ایک مقرر ادائیگی ۔ (۲) پنشن : وظیفہ (ملازمین کی خدمات کا) : امداد : اعانت : مقررہ وظیفہ یا الاؤنس ۔ (۳) وظیفہ : امداد (غیر ملازم اہل علم وغیرہ کی) ۔ (۴) شاہی عہدیدار یا ماتحت کو لگاتار وظیفہ : سائنس، آرٹس وغیرہ کے علوم کے لئے وظیفہ ۔ (۵) حکومت یا کمپنی وغیرہ کی طرف سے سالانہ وظیفہ یا عطیہ : گذشتہ خدمات کی بنا پر سرکار یا کمپنی یا کسی ادارہ کی طرف سے سالیانہ ۔ (۶) دارالاقامہ : اقامت خانہ : بورڈنگ ہاؤس ۔ (۷) Gray's Inn کے ارکان کی مجلس مشاورت ۔

Old age pension : وظیفہ ضعیفی (مزدوروں اور غریبوں کے لئے ایک خاص عمر کے بعد) ۔

To live on pension : دارالاقامہ میں رہنا : بورڈنگ ہاؤس میں رہنا ۔

Pension : (v) (۱) دارالاقامہ میں رہنا : بورڈنگ ہاؤس میں رہنا : اقامت اختیار کرنا ۔ (۲) پنشن یا وظیفہ دینا : وظیفہ مقرر کرنا ۔

To pension off : (v) پنشن دے کر الگ کرنا : پنشن دے کر ملازمت سے سبکدوش کرنا ۔

Pensionable : (a) قابل وظیفہ (ملازمت وغیرہ) : وظیفہ کے لائق ۔

Pensionary : (n) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) پنشن پانے والا : وظیفہ خوار ۔ (۲) (Du. 'pensionaris.') ڈچ شہر کا چیف میونسپل مجسٹریٹ جو قانونی مشیر کار ہوا کرتا تھا ۔

Grand pensionary : (تاریخ) ہالینڈ اور نیوزی لینڈ (ہالستان اور زیستان) کا وزیر اعظم (۱۶۱۹ء سے ۱۷۴۹ء تک) ۔

Pensionary : (n) [med. L. 'pensionaria.'] وظیفہ خواروں کے رہنے کی جگہ : اولاً کیمبرج میں انڈر گریجویٹس کے رہنے کی جگہ ۔

Pensionary : (a) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) وہ چیز جو وظیفہ

میں ملے؛ کرائے کا ؛ بھاڑے کا؛ ضمیر فروش۔ (۲) وظیفہ خواری؛ پنشن کا؛ وظیفہ کی عادت کا۔

Pensioner : (n) [med.L. 'pensionarius.'] (۱) پنشن پانے والا؛ وظیفہ خوار؛ وظیفہ یاب؛ پنشن خوار؛ پنشن یاب۔ (۲) وہ شخص جو گذشتہ خدمات کی بنیاد پر وظیفہ پاتا ہو؛ خصوصاً Chelsea اور گرین وچ کا مکین۔ (۳) (جامعہ کیمبرج) انڈر گریجویٹ جو اپنے کھانے کے دام خود دیتا ھے یعنی وظیفہ خوار نہیں ھے؛ رعایتی فیس دینے والا طالب علم۔

Pensionnaire : (n) [med. L. 'pensionarius.'] (۱) وظیفہ خوار؛ وظیفہ یاب؛ پنشن پانے والا۔ (۲) وہ جو فرانس کے "لا جنگ ہاؤس" میں ٹھہرتا ھے؛ فرانس کے اداروں میں قیام کرنے والا۔ (۳) Comedie Francaise کا جونیر رکن۔

Pensive : (a) [L. 'pensare.'] (۱) متفکر؛ فکر مند۔ (۲) غم گین؛ مغموم؛ دل گیر؛ اداس؛ افسردہ؛ محزوں۔

Pensively : (adv.) غمگینی سے؛ فکر مندی سے؛ اداسی کے ساتھ؛ افسردگی کے ساتھ۔

Pensiveness : (n) تفکر؛ فکر مندی؛ دل گیری؛ اداسی؛ افسردگی؛ غم گینی۔

Penstock : (n) (۱) سلوس؛ (تالاب یا پانی کے خزانے وغیرہ کے) پانی کو روکنے یا منظم کرنے کا آلہ؛ (انجینیئرنگ) آب بند؛ آب گیرہ۔ (۲) دیکھو Pentrough (U.S.)۔ (۳) ایک ٹیوب جس کے ذریعہ پانی چرخاب میں منتقل کیا جاتا ھے۔ (۴) پمپ کے بیرل کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے۔

Pent : (n) [Short for Pent-House.] ڈھلوان چھت؛ چھپّا۔

Pent : (a) (۱) محصور؛ مسدود؛ محبوس؛ مقید (اکثر 'in' اور 'up' کے ساتھ)۔ (۲) جگہ کا؛ کمرے کا؛ گھرا ہوا۔

Pent-road : (n) ایک عام راستہ جسے گیٹ وغیرہ سے بند کر دیا گیا ہو۔

Pent-roof : (n) سائبان؛ چھپّا۔

Penta- : (Prefix) [Gr. 'penti.'] سابقہ بہ معنی پنج؛ پانچ؛ پنج گنا۔

Pentabasic : (a) (کیمیا) پانچ ذروں والا یا قابل تبدیل ہائیڈروجن کا۔

Pentacapsular : (a) پانچ کیپسول والا۔

Pentacarpellary : (a) (نباتیات) پنج بلچھوی۔

Pentachenium : (a) (نباتیات) پنج ثمرکہ۔

Pentachord : (a) (موسیقی) پنج تارا (ایک آلۂ موسیقی جس میں پانچ تار ہوتے ہیں)۔

Pentachromic : (a) (مابعد الطبیعیات) پنج رنگ بین؛ پنج رنگی؛ پانچ رنگ کا۔

Pentacle : (n) [med. L. 'pentaculum.'] جادوگری کا ایک نشان خصوصاً چھ کرنی تارہ؛ پنج کرنی تارہ؛ تعویز پنج نوکہ۔

Pentactinal : (a) (۱) پنج کرنہ۔ (۲) (حیوانیات) پنج پرہ سوزن۔

Pentacrinie : (n) [mod. L. 'pentacarinus.'] متحجر سوسن۔

Pentacrinoid : (a) متحجر سوسن کا؛ متحجر سوسنی۔

Pentacrinoid : (n) متحجر صنف سوسنیہ۔

Pentact : (a) پنج شعاعی۔

Pentacyclic : (a) (نباتیات) پنج حلقوی؛ پنج کوٹ۔

Pentad : (n) [Gr. 'pentas.'] (۱) پانچ کا عدد؛ پانچ کا ہندسہ؛ پانچ کا گروہ۔ (۲) پانچ سال کی مدت۔ (۳) (کیمیا) وہ عنصر جو پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھتا ہو؛ پنج گرفتہ۔

Pentadactyl/ -e : (a) پنج انگشتی؛ پنج انگلیا؛ (حیوانیات) پنج انگشتہ۔

Pentadactyl/ -e : (n) وہ آدمی یا حیوان جس کے ہاتھ پاؤں میں پانچ پانچ انگلیاں یا پانچ پانچ انگوٹھے ہوں۔

Pentadactylate : (a) (حیوانیات) پنجہ دار۔

Pentadactyle limb : (n) (حیوانیات) پنج پنکھ؛ پنج انگشتی عضو۔

Pentadactylic : (a) پنج انگشتی۔

Pentadactylism : (n) پنج انگلیاپن۔

Pentadactylous : (a) پنج انگشتی۔

Pentadeca- / Pentadec- : (Prefix) [Gr. 'pentekaideka.'] سابقہ بمعنی "پندرہ"۔

Pentadecane : (n) [late Gr.'pentadeka.'] (کیمیا) ایک قسم کا پیرافین ($C_{15}H_{32}$)۔

Pentadecine : (n) (کیمیا) ایک قسم کا ہائیڈروکاربن ($C_{15}H_{28}$).

Pentadecyl : (n) (کیمیا) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد باقی رھے : جزومستقل($C_{15}H_{31}$).

Pentadelphous : (a) (نباتیات) پنج بند.

Pentadic : (a) (کیمیا) پنج گرفتہ کی طرح.

Pentadicity : (n) پنج گرفتہ ھونے کی صورت حال.

Pentafid : (a) [L. - 'fidus.'] (نباتیات) پنج شگافی.

Pentaglot : (a) پنج زبانہ : پنج زبانی.

Pentaglot : (n) پانچ زبانیں بولنے والا.

Pentagon : (n) [late L. 'pentagonum.'] (۱) (ہندسہ) ذو خمسة الزوایا : مخمس : پنج گوشہ شکل : پنج گوشہ. (۲)(فوج) امریکی فوجی طاقت. (۳) (قلعہ) پنج گوشہ قلعہ : پنج کونہ.

The pentagon : (n) واشنگٹن کی وہ پنج گوشہ عمارت جو امریکی محکمہ دفاع کا صدر دفتر ھے : کنایتاً امریکی فوجی لیڈروں کے لئے بھی مستعمل.

Pentagonal : (a) [med. L. 'pentagonalis.'] (ہندسہ) پنج کونی : مخمسی : پنج سطحی : پانچ سطحی : پانچ زاویوں والا : پنج اضلاعی.

Pentagonal numbers : (n) ترتیب اعداد کی ایک قسم.

Pentagonally : (adv.) مخمس کے طور پر : پنج گوشہ کے طور پر.

Pentagram : (n) [Gr. 'pentagrammon.'] پنج کرنی ستارہ : پنج نوکی شکل : پنج کرنی تارہ (مخمس کے اضلاع کو اتنا بڑھانا کہ وہ ایک دوسرے کو قطع کریں، اس تقاطع سے جو شکل پیدا ھوتی ھے وہ پنج کرنی تارہ کہلاتی ھے : یہ شکل کسی زمانہ میں پر اسرار نشانی خیال کی جاتی تھی).

Pentagraph : (n) (میکانیات) نقل نگار.

Pentagynia : (n) پنج حقہ : پنج بقچہ (بقچۂ گل) : (نباتیات) پنج بقچیت : پنج مادیت.

Pentagynian : (a) پنج حقی : پنج بقچوی.

Pentagynous : (a) دیکھو Pentagynian

Pentahaloid : (a) (کیمیا) سالمہ میں ہالوجن کے پانچ جوہروں (ایٹم) والا.

Pentahedral / Pentaedral : (a) (نباتیات) پنج رخہ : پنج رخی : پانچ شکلوں والا : (ہندسہ) پنج سطحی.

Pentahedron : (n) پنج رخی شکل : (ہندسہ) خماسی السطوح : پنج سطحی جسم.

Pentalogy : (n) (فلسفہ) خمسیّت : نظریہ خمسیت : پنج گانگی.

Pentalpha : (n) [Gr. 'pentalpha.'] دیکھو Pentacle

Pentameral : (a) پنج پارہ : پنج رکنہ.

Pentameran : (n) پنج رکنہ ہتھوڑا.

Pentamerism : (n) (حیاتیات) پنج رکنیت : پنج پارہ ھونے کی حالت.

Pentamerous / -marous : (a) (۱) (نباتیات) تنا وغیرہ کے گرد پتوں کے پانچ حلقے رکھنے والا(پودا)؛ پنج پارہ. (۲)(حیاتیات) پانچ جوڑ رکھنے والا : پانچ رکنہ.

Pentameter : (n) [L. 'pentameter.'] (۱)(لاطینی اور یونانی عروض کا) ایک خاص رکن. (۲) (حیاتیات) پانچ رکنی شعر. (۳) مرثیہ یا نوحہ کی بحر. (۴) دس رکنی انگریزی زرمیہ نظم. (۵) ایک قسم کی Dactyllic سطر جس میں دو برابر حصے ھوتے ہیں اور ہر حصے میں دو رکن اور ایک لمبی ہجا ھوتی ھے.

Pentameter : (a) پنج رکنی : پانچ رکن کی شکل کا.

Pentandria : (n) [Gr.] (نباتیات) پنج نر پودے.

Pentandrian : (a) (نباتیات) پنج نری : پنج نرہ : پنج زر ریشی.

Pentandrous : (a) دیکھو Pentandrian

Pentane : (n) [Gr. 'pente' + -Ane] (کیمیا) پانتان : پارافین کا ہائیڈروکاربن (ایک بے رنگ رقیق شے جو پٹرول میں پائی جاتی ھے (C_5H_{12}) : اسے Quintane اور Pentyl hydride بھی کہا جاتا ھے.

Pentangle : (n) [med. L. 'pentagulum.'] دیکھو Pentagram

Pentangular : (a) (ہندسہ) خماسی الزاویا : پنج گوشہ : پنج کونی : پانچ زاویوں والا.

Pentapetalous : (a) (نباتیات) پنج پنکھڑیا ؛ پنج گل برگہ ؛ پانچ پتوں والا۔

Pentapetes : (a) (نباتیات) دو پہری ۔

Pentaphyllous : (a) (نباتیات) پنج برگہ ؛ پانچ پتیوں والا ۔

Pentaploid : (a) پنج لونیٹہ ۔

Pentapody : (n) [Gr. 'pentapous.'] پنج رکنی نظم ۔

Pentapolis : (n) اجتماع پنج شہر ؛ پانچ شہروں کا گروپ ۔

Pentapolitan : (a) اجتماع پنج شہر کا ؛ پانچ شہروں کے گروپ کا ۔

Pentapterous : (a) پنج پرہ ؛ پانچ بازو والا ۔

Pentaptote : (n) (قواعد) پانچ حالتوں والا اسم ۔

Pentaptych : (n) منقش پردہ (قربان گاہ کا) ۔

Pentarch : (n) [Late Gr. 'pente + arche.'] (۱) پنج گانہ شہر کا رئیس ؛ پانچ اضلاع کے اجتماع کا رئیس ۔ (۲) پنج نفری حکومت ۔ (۳) پانچ اشخاص کی گورننگ باڈی کا ایک رکن ۔

Pentarch : (a) (نباتیات) پنج خشبہ ریشی ؛ پنج رشتوی ۔

Pentarchy : (n) (۱) پانچ حکمرانوں کی حکومت ؛ پنج شاہی ؛ پانچ اضلاع کا اجتماع یا گروپ ۔ (۲) پانچ اشخاص کی حکومت ؛ پانچ نفر کی گورننگ باڈی (نیز مجازاً) ۔ (۳) (نباتیات) پنج عملی ۔ (۴) (مابعد الطبیعیات) اتحاد حواس خمسہ ۔

Pentarsic : (a) (عروض) پنج تاکیدی ۔

Pentasepalous : (a) (نباتیات) پنج پھول پتیا ؛ پنج سبلہ ؛ پنج کاسہ ۔

Pentaspermous : (a) (نباتیات) پنج تخمہ ۔

Pentastich : (n) [mod. L. 'pentastichus.'] (عروض) مخمس ؛ پنج بیتی نظم ۔

Pentastichous : (a) (نباتیات) پنج قطارہ ؛ پنج منزلہ ؛ پنج بیتی ۔

Pentastom(e) : (n) [mod. L. 'pentastomum.'] (حیوانیات) ایک قسم کا جانور ۔

Pentastomous : (a) پانچ منہ والا ۔

Pentastyle : (a) (تعمیرات) پنج ستونہ ۔

Pentastyle : (n) پنج ستونی محل ۔

Pentasyllabic : (a) [late L. 'pentasyllabus.'] پنج رکنی ؛ پنج رکن تہجی کا ؛ پنج ہجائی ۔

Pentasyllable : (n) پانچ رکن تہجی کا حرف ؛ پنج رکنی حرف ؛ پنج ہجا ۔

Pentateuch : (n) [eccl. L. 'pentateuchus.'] (دینیات) خمسۂ موسیٰ ؛ صحف موسیٰ ؛ عہد عتیق کی کتابیں جو روایتاً حضرت موسیٰ کی طرف منسوب ہیں ؛ Old Testament کی پانچ ابتدائی کتابیں ؛ کتب پنج گانہ توریت ؛ عہد عتیق ۔

Pentateuchal : (a) صحف موسیٰ کا ؛ ان پانچ کتابوں کا یا اس سے متعلق ۔

Pentathionate : (n) پنٹا تھیونک ایسڈ کا نمک ۔

Pentathionic : (a) (کیمیا) ایک قسم کے ایسڈ ($H_2 S_5 O_6$) سے متعلق ۔

Pentathionic acid : (n) (کیمیا) ایک قسم کا ایسڈ ($H_2 S_5 O_6$) ۔

Pentathlete : (n) [Gr. 'pentathletes.'] (۱) قدیم یونان میں ایک مخصوص ورزشی کھیل میں شریک ہونے والا ۔ (۲) نئے اولمپک کھیلوں کی ایک مخصوص قسم میں شریک ہونے والا ۔

Pentathlon : (n) (۱) قدیم یونان میں ایک قسم کا ورزشی کھیل جس میں پانچ کھیل شامل ہوتے ہیں ۔ (۲) نئے اولمپک میں ایک قسم کا کھیل جس میں پانچ کھیل شامل ہوتے ہیں ۔

Pentathlum : (n) (یونان اور قدیم روم) پانچ ورزشی کھیل میں شریک ہونے والا ۔

Pentathomic : (a) (۱) (کیمیا) پنج جوہرہ ؛ پنج گرفتہ ؛ پانچ سالمی (جس میں پانچ سالمے ہوتے ہوں) ۔ (۲) دیکھو Penpentavalent ۔

Pentatonic : (a) (موسیقی) پنج سُرا ؛ پنج آہنگی ۔

Pentatonic scale : (n) (موسیقی) پنج سُراسرگم ۔

Pentavaccine : (n) (طب) پنج مرضی ویکسین ؛ پنج مرضی ٹیکا ۔

Pentavalent : (a) (کیمیا) ہائیڈروجن کے پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھنے والا ؛ پنج گرفتہ ۔

Penteconta- : (Prefix) [Gr. 'pentakonta.'] جزو کلمہ بہ معنی "پچاس" ۔

Penteconter : (n) [Gr. 'pentakonte.'] (یونان قدیم) پچاس نفری فوج کا کمانڈر ۔

Penteconter :(n) (یونان قدیم) پچاس چپوؤں والا بار بردار جہاز ۔

Pentecost : (n) [OE. 'pentecosten.'] (۱) یوم خمیس : یہودیوں کا ایک فصلی تہوار جو عید گزراں یا عید گذاشتہ (Passover) کے یوم دوم کے پچاس دن ہوتا ہے (کتاب الثلاث باب ۲۳ آیات ۱۵۔۱۶) ۔ (۲) عیسائیوں کا ایک تہوار جو ایسٹر کے بعد ساتویں اتوار کو منایا جاتا ہے : سفید اتوار جس میں اصطباغ کی رسم ادا ہوتی تھی اور سفید کپڑے پہنے جاتے تھے ۔ (۳) طور سینا پر دس احکام کے نزول کی سالگرہ ۔ (۴) (تلمیح) مقدس روح کا تحفہ ۔

Pentecostal : (n) (اکثر جمع میں) نذر ، جو انگریزی کلیسا میں پادری کو دی جاتی ہے ۔

Pentecostal : (a) یوم خمیس کا یا اس سے متعلق ۔

Pentecostys/ Pentekosty : (n) [Gr. 'pentekostus.'] (یونان قدیم) اسپارٹا کی فوج کے پچاس آدمیوں کی ایک جماعت ۔

Pentelic : (a) [L. 'pentelicus.'] ایتھنز کے قریب پنتلیکوس پہاڑ کا یا اس سے متعلق ۔

Pentene : (n) پیرافین کی ایک قسم $(C_5 H_{10})$ ۔

Penthemimer : (n) [Late L. 'penthemimeres.'] (عروض) پانچ آدھے ارکان کا مجموعہ خصوصاً پنج رکنی سطر کا کوئی آدھا حصہ یا چھ رکنی سطر کا پہلا حصہ جبکہ وقفہ تیسرے رکن کے بیچ میں ہو ۔

Penthemimeral : (a) (عروض) تیسرے رکن کے درمیانی وقفہ سے متعلق ۔

Penthouse/ Pentice : (n) [ME. 'pentis.'] (۱) (تعمیرات) سائبان : اسارا : بر آمدہ : چھجا ۔ (۲) پال : نم گیرہ : شامیانہ : سائبان کی طرح کی کوئی چیز : چھتر : منڈپ : آفتاب گیر ۔ (۳) (مجازاً) سائبان کی مانند کسی چیز کے متعلق استعمال ہوتا ہے (مثلاً آنکھ کی بھوں) ۔ (۴) ایک علاحدہ فلیٹ یا مکان جو کسی اونچی عمارت کی چھت پر واقع ہو ۔

Penthouse : (v) سائبان بنانا : شامیانہ کی طرح بنانا : سائبان کی طرح بنانا : سائبان کی طرح بنانا ۔

Pentinine/Pentylene : (n) ہائیڈرو کاربن کی ایک قسم $(C_6 H_8)$۔

Pentode : (a) (برقیات) پنج بر قیری والا : پنج برقیریہ ۔

Pentode : (n) پنج برقیری ۔

Pentoic : (a) چربی دار ایسڈ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Pentone / Pentoene : (n) ہائیڈرو کاربن کی ایک قسم ۔

Pentonville : (n) لندن کا قید خانہ جو اس اصول کے تحت بنایا گیا تھا کہ ہر قیدی کو الگ کمرے میں رکھا جائے۔

Pentose : (n) (کیمیا) پنٹوس : پنج کاربنی شکر ۔

Pentoxide : (n) ایک قسم کا دوہرا مرکب ۔

Pentrough : (n) لگن : طشت : نل یا آب ریز جو پن چکیوں کے پہیوں میں پانی منتقل کرنے کے لئے بنایا گیا ہو ۔

Pentstemon / Pen(t)stemon/ : (n) [Mod. L. 'pentstemon'] (نباتیات) خوش رنگ پھول والا ایک باغاتی پودا ۔

Pentyl : (n) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد باقی رہے : جزو مستقل ۔

Pentylic : (a) جزو مستقل کا ۔

Penult : (a) [Origin abbrev. of Penultima , Penultimate.] ماقبل آخر (اب خاص کر سائنٹیفک) ۔

Penult : (n) (قواعد) ماقبل آخر رکن : ماقبل آخر بول ۔

Penultim(e) : (a & n) [L. 'paenultimus. '] (۱) ماقبل آخر: ماقبل آخر رکن والا ۔ (۲) دیکھو Penultimate ۔

Penultima : (n) [L. 'paenultima.'] ماقبل آخر رکن ۔

Penultimate : (a) [L. 'paenultimus.'] ماقبل آخر (خصوصاً سائنٹیفک اور ٹیکنیکل) نیز ماقبل آخر رکن والا ۔

Penultimate : (n) ماقبل آخر تلفظ : ماقبل آخر ہجا : کسی سلسلے کا ماقبل آخر رکن ۔

Penultimate cell : (n) (خلیہ) ماقبل آخر خلیہ ۔

Penumbra : (n) [mod. L.] (۱) شعشہ : جزوی سایہ : ظل مشرب : نیم سایہ : نیم ظلمت : نیم ظلمات : دھندلا سایہ ۔

(۲) کسوف و خسوف کے گرد دھندلا سایہ۔ (۳)داغ شمسی کا بیرونی روشن تر حصہ۔ (۴) (روشنی) ظل ناقص؛ نیم سایہ؛ (علم النجوم) ظل ناقص؛ ظل خفیف؛ (علم النجوم) حول داغ شمسی۔ (۵)(مجازاً) جزوی سایہ۔

Penurious : (a) [med. L.'penuriosus.'] (۱) ضرورت مند؛ مفلس؛ قلاش؛ نادر؛ محتاج؛ (نیز مجازاً)۔ (۲) کنجوس؛ خسیس؛ ممسک؛ بخیل؛ کفایت شعار؛ بے مرضی کا؛ بے دلی کا۔ (۳) کم؛ تھوڑا؛ قلیل؛ غیر بار آور؛ ذلیل؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ فرومایہ۔

Penuriously : (adv.) مفلسانہ؛ خسیسانہ؛ بخل سے۔

Penuriousness : (n) (۱) تنگ دستی؛ افلاس؛ غربت؛ محتاجی؛ قلّت؛ کنجوسی؛ خسّت۔

Penury : (n) [L. 'penuria.'] (۱) احتیاج؛ فقر؛ تنگ دستی؛ مفلسی؛ محتاجی۔ (۲) قلّت؛ کمی؛ بخل؛ امساک۔

Peon : (n) [Pg. 'peao.'] (۱) (ہندوستان میں) پیدل فوج؛ پیادہ۔ (۲) دیسی سپاہی؛ دیہی سپاہی۔ (۳) نوکر؛ خدمتگار؛ چپراسی؛ قاصد؛ منکوری؛ ہرکارہ؛ دستکی۔ (۴)(اسپینی امریکا میں) دن کا مزدور۔ (۵) (جنوبی امریکا میں) گھوڑے کا رہنمائی کرنے والا آدمی یا لڑکا۔ (۶) (میکسیکو میں) غلام مقروض؛ غلام مدیون۔

Peonage/ Peonism : (n) چپراسی گری؛ منکوری گری؛ چپراسی کا کام؛ خدمت ہرکارہ؛ غلام کے استعمال کا طریقہ؛ میکسیکو میں خاص کر مقروض غلام کی حالت۔

Peony/ Paeony : (n) [OE. 'peonie.'] (نباتیات) عودالصلیب؛ شقائق بربر؛ شقائق نعمان (ایک پودا جس کے پھول گول ہوتے ہیں اور رنگ سفید یا سرخ)۔

Peony : (a) گہرا سرخ (خاص کر عارض کی تازگی اور گلابیت)۔

People : (n) [ME. 'pepie, poepie, people.'] (۱) دیکھو Folk۔ (۲) (جمع) قوم؛ نسل۔ (۳) لوگ؛ آدمی؛ افراد؛ افراد قوم؛ ملت؛ ملل؛ طائفہ۔ (۴) کسی جگہ کے افراد؛ خاص مجمع؛ انجمن؛ مجلس؛ سبھا؛ کمپنی؛ جماعت۔ (۵) باشندے؛ اہل ملک؛ اہل قبیلہ۔ (۶) رعایا؛ رعیت؛ (بادشاہ یا فرماں روا کی)خدا کے بندے یا عیسیٰ مسیح کے فرماں بردار؛ پادریوں کا اجتماع (جمع)۔ (۷)مخلوق؛ عامتہ الناس؛ عوام الناس؛ خلقت؛ خلق اللہ؛ عام گروہ؛ خلق خدا (جمع میں)۔ (۸) حشم و خدم؛ خدمت گار؛ نوکر چاکر (جمع میں)۔ (۹) عزیز و اقارب؛ بھائی بند؛ فرقہ؛ قبیلہ؛ خانوادہ؛ برادری؛ گروہ؛ والدین؛ بھائی بہن (جمع میں)۔ (۱۰)(سیاسیات) (مجموعی طور پر) رائے دہندے؛ جماعت رائے دہندگان یا تعلیم یافتہ شہری؛ رائے دینے والے لوگ (خاص کر جمہوری ریاست میں)۔ (۱۱) اعلیٰ افراد۔ (۱۲)خدمت گاروں کی جماعت؛ مسلح پیروکار۔ (۱۳) غیر متعین طور پر مرد یا عورتیں؛ اشخاص (جمع میں)۔ (۱۴) (پرزور طریقے پر) انسان؛ بشر۔ (۱۵) ذی روح مخلوق (شاعری یا بدیع)۔ (۱۶)(بغیر تاکید کے) فرنچ یا جرمن (بول چال)۔ (۱۷) (جمع) آباد؛ معمور۔

Good people :. اجتماع سے خطاب کرنے کا ایک مہذب طریقہ۔

The little people /Good- : پریاں۔

People : (v) [Fr. 'peupler.'] (۱) بسانا؛ آباد کرنا؛ بسنا؛ آبادھونا۔ (۲) معمور کرنا؛ بھرنا؛ فراہم کرنا (مویشی یا سامان)۔ (۳) خیال کرنا؛ تصور کرنا؛ تصویر کھینچنا (آبادی سے بھری ہوئی)۔ (۴) قبضہ کرنا (باشندے کے طور پر)؛ آبادی قائم کرنا؛ آبادی سے بھر دینا (کسی ملک کو)۔ (۵) (مجازاً) جاندار یا غیر جاندار چیزوں سے معمور کرنا یا بسانا۔ (۶) آبادی بڑھانا؛ آبادی کا بڑھنا؛ کثر آبادی کا ہونا۔

Peopled : (v) لوگوں سے بھرا ہوا؛ آدمیوں کے ذریعہ قبضہ کیا ہوا؛ آباد کیا ہوا؛ باشندوں سے بھراہوا؛ بود و باش رکھے ہوئے؛ سکونت پذیر۔

Peopleless : (n) غیر آباد؛ لوگوں سے خالی۔

Peopler : (n) آباد کرنے والا؛ بسانے والا؛ آباد کار؛ مستعمر؛ آبادگر۔

People's palace : (n) مشرقی لندن کاادارہ(اس میں مزدوروں کے واسطے کتب خانہ؛ دارالتفریح اور تعلیمی جماعتیں ہیں)۔

Pep : (n) [Abbrev. of Pepper.'] (امریکا عامیانہ) توانائی؛ تاب و تواں؛ سکت؛ مستعدی؛ سرگرمی؛ زور۔

Pep : (v) (۱) تحریک کرنا؛ سرگرمی دکھانا۔ (۲) طاقت و قوت سے بھر دینا۔

Pep-pill : (n) تحریک پیدا کرنے والی ٹکیا یا قرص؛ حبّ تحریک۔

Pep-talk : (n) گفتگو یا تقریر جس سے سننے والوں میں جرأت و ہمت پیدا ہو۔

Pepful : (a) قوی؛ طاقت ور؛ چاق و چوبند؛ مضبوط؛ ہٹا کٹا۔

Peperino/Pip- : (n) [It. 'pepere.'] (ارضیات) فحمی چٹان؛ ہلکی

ریتیلی (عموماً بھوری) آتشی چٹان : خارہ آتش فشانی : راکھی چٹان ۔

Pepino : (n) [Sp.] (نباتیات) کھیرا : خیّار ۔

Peplos/ Peplus : (n) [Gr. 'Peplos'.] یونان قدیم میں عورتوں کی ایک شال ۔

Peplum : (n) [L.] (۱) دیکھو Peplos ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ لباس ۔

Pepo/ Peponmida : (n) [L. 'pipo.'] (نب) کدوویّہ : کوئی مغزدار پھل (مثلاً تربوزہ ، خربوزہ وغیرہ) ۔

Peponium : (n) (نباتیات) جنس کدّو : کدّو ۔

Pepper : (n) [OE. 'piper.'] (۱) کالی مرچ : سیاہ مرچ : گول مرچ : فلفل ۔ (۲) سیاہ مرچ کا پودا ۔ (۳) (مجازاً) چرچرا : چرچری چیز : تیز ۔ (۴) کنایہ آمیز اظہار ۔

African pepper : ایک قسم کی افریقی سیاہ مرچ ۔

Bell pepper : (n) سرخ مرچ ۔

Black pepper : (n) فلفل سیاہ : کالی مرچ (پودا)۔

Chilli-pepper : (n) (۱) دیکھو Chilli ۔ (۲) دیکھو Pepper-tree ۔

Chinese pepper : (n) دیکھو Japanese pepper

Cyanne pepper : (n) تتیا مرچ ۔

Guinea pepper : (۱) دیکھو Guinea ۔ (۲) دیکھو African pepper ۔

Japanese pepper : جاپان اور چین کی ایک مرچ۔

Long pepper : (n) (نباتیات) پیپلا : دراز فلفل : مگھاں ۔

Melegueta pepper : ایک قسم کی مرچ ۔

White pepper : (n) فلفل سفید : دکھنی مرچ : سفید مرچ (یہ فلفل سیاہ کے پختہ ثمر ہوتے ہیں جن پر کم و بیش چھلکا اترا ہوا ہوتا ہے) ۔

Pepper : (v) (۱) مرچیں چھڑکنا : مرچیں ڈالنا : مرچ کی طرح چھڑکنا (نیز مجازاً) ۔ (۲) (سطح پر) اس طرح چھڑکنا جیسے سیاہ مرچ چھڑکا ہوا ہو : چھڑکاؤ کرنا : چھڑکنا : بکھیڑنا : منتشر کرنا : (نیز مجازاً) ۔ (۳) گولیوں اور پتھروں کی بوچھار کرنا (لغوی و مجازی) ۔ (۳) گولی داغنا : فائر کرنا ۔ (۴) سخت سزا دینا : پیٹنا : زد و کوب کرنا : کندی کرنا ۔ (۵) حدت پیدا کرنا : تیزی دکھلانا : مسالے دار بنانا : چٹ پٹ بنانا (تحریر و تقریر کو) ۔

Pepper Alley : (n) لندن کی ایک گلی کا نام ۔

Pepper-and-salt : (n) ایک قسم کا کپڑا جو سیاہ اور ہلکے رنگ کے اون کو ملا کر بنایا جاتا ہے نیز اس سے بنا یا ہوا لباس ۔

Pepper-and-salt : (a) فلفل نمکی : پارچہ نمکی : رنگ فلفل نمکی ۔

Pepper-box : (n) (۱) مرچ دان (جس کے ڈھکن میں چھڑکنے کے لئے سوراخ ہوتے ہیں) : فلفل دان : فلفل پاش ۔ (۲) (حقارتاً) چھوٹا مینار : ایٹن (Eton) کے Fives court (ایک کھیل کا میدان) کا بے قاعدہ دمامہ : بے قاعدہ پشتہ ۔ (۳) (مجازاً) آتشی مزاج : تند خو ۔

Pepper-cake : (n) ادرک ڈالی ہوئی میٹھی ٹکیا کا مقامی نام ۔

Pepper-castor/ -caster : (n) (۱) مرچ دانی : مرچ پاش ۔ (۲) مرچ چھڑکنے کے لئے ایک قسم کا چھوٹا برتن ۔ (۳) (عامیانہ) ریوالور ۔

Pepper grass : (n) (۱) (نباتیات) تُرہ : تیزک : رشاد ۔ (۲) دیکھو Pillowort ۔

Pepper mill : (n) سیاہ مرچ پیسنے کی چھوٹی دستی مشین ۔

Pepper moth : (n) فلفل زدہ کیڑا ۔

Pepper plant : (n) سیاہ مرچ کا پودا : ایک قسم کا پودا ۔

Pepper pod : (n) ایک قسم کے پودے کی پھلی ۔

Pepper-pot : (n) (۱) دیکھو Pepper-box ۔ (۲) (ویسٹ انڈیز میں) گوشت کا سالن جس میں سرخ مرچ شامل ہو ۔

Pepper root : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Pepper sauce : (n) ترشی فلفل : ایک قسم کا مسالا یا چٹنی ۔

Pepper-tree : (n) (۱) جنوبی امریکا کا ایک سدا بہار درخت ۔ (۲) آسٹریلیا اور تسمانیا کا ایک قسم کا درخت جس کا پھل سیاہ مرچ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Pepper wort : (n) (۱) کاھو کی ایک قسم ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔ (۳) نعنع آبی ۔

Peppercorn : (n) (۱) (نباتیات) فلفل : فلفل دانہ .(۲) دانۂ سیاہ مرچ جو بہ طور کرایہ دیا جاتا تھا (یورپ میں جس زمانہ میں سیاہ مرچ نہایت گراں تھی تو مکان وغیرہ کے کرایہ میں سیاہ مرچ کے دانے ادا کئے جاتے تھے) . (۳) (مجازاً به طور صفت) برائے نام : نہایت کم .

Peppercorn rent : (n) برائے نام کرایہ : نہایت کم کرایہ .

Peppered : (a) سیاہ مرچ چھڑکا ہوا : فلفل سے نمکیں کیا ہوا : فلفل زدہ : فلفل کے دانے کے مانند چھوٹے نقطوں سے مزین کیا ہوا : (بندوق کی) گولی کے ساتھ پھینکا ہوا .

Pepperer : (n) (۱) مرچ چھڑکنے والا : فلفل فروش . (۲) (مجازاً) تند خو آدمی : گرم مزاج شخص .

Pepperidge/ -age : (n) (۱) Pipperidge کا متبادل . (۲) (امریکا) سیاہ گوند : (شمالی امریکا میں) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے .

Pepperily : (adv.) تیز مزاجی : تند خوئی کے ساتھ .

Pepperiness : (n) تند مزاجی : تند خوئی : آتش مزاجی .

Peppermint : (n) (۱) پودینے کی ایک قسم : پودینۂ فلفلی : نعنع فلفلی . (۲) روغن پودینۂ فلفلی . (۳) لوز نعنع : قرص نعنع : پیپر منٹ . (۴) آسٹریلیا کے مختلف درختوں کے نام .

Peppermint-camphor : (n) دیکھو Menthol

Peppermint drop/ -lozenge : (n) قرص نعنع : پیپر منٹ .

Peppermint tree : (n) آسٹریلیا کے مختلف درختوں کے نام جس سے تیل نکالے جاتے ہیں اور جس کی خوشبو پیپر منٹ کی خوشبو جیسی ہوتی ہے .

Peppery : (a) (۱) مرچ کا : فلفلی سا : مرچ بھرا ہوا .(۲)(مجازاً)(تحریر و تقریر) چبھتی ہوئی : دل دوز . (۳) (مجازاً شخص وغیرہ) چڑ چڑا : گرم مزاج : آتش مزاج : تیز مزاج : تند و تیز : تند خو : آتشی : تیز .

Peppy : (a) طاقت سے بھرا ہوا : طاقت ور .

Pepsin / -ine : (n) [G. 'pepsin.'] (کیمیا) جوہر عصیر معدہ : جوہر ہاضم : پپسین : یہ ایک خمیرہ (Fermer) ہے جو معدی ترشے میں پیدا ہوتا ہے اور جس سے غذا کے ہضم ہونے میں آسانی ہوتی ہے .

Pepsinate : (v) پپسین کے ساتھ مخلوط کرنا .

Peptic : (a) [Gr. 'peptikos.'] (۱) دیکھو Eupeptic . (۲) دیکھو Digestive . (۳) (طب) اچھا ہاضمہ دار : (کیمیا) پپسین .

Peptic /-al : (n) (۱) ہاضم دوا : جوہر ہاضم . (۲) (جمع) آلات ہاضمہ : اعضائے ہاضمہ (مزاج) .

Peptic digestion : (n) معدودی ہاضمہ : شکمی ہاضمہ .

Peptic glands : (n) (۱) (تشریح) غدود ہاضمہ : غدود (جو معداوی ترشہ پیدا کرتے ہیں) .

Peptic ulcer : (n) (طب) ناسور معدہ .

Peptician : (n) اچھا ہاضمہ والا : وہ شخص جس کا ہاضمہ بہتر ہو .

Pepticity : (n) اچھا ہاضمہ .

Peptics : (n) (تشریح) اعضائے ہاضمہ .

Peptide : (n) [Gr. 'peptid.'] (حیاتی کیمیا) ببتید : پپتید : پپٹائڈ : مرکب جس میں دو یا دو سے زیادہ Amino-acids (حامض امینی) ایک دوسرے سے وابستہ ہوتے ہیں .

Peptisation : (n) (کیمیا) لسونت سازی .

Peptigen : (n) [Gr. 'peptos' + -gen.'] (کیمیا) جوہر ہاضم زا .

Peptogenic / Peptogenous : (a) پپسین بنانے والا : جوہر ہاضم زائی .

Peptone : (n) [G.] پپتون : ایک قسم کا ایلبومنی مادہ (غذا کے نائٹروجنی اجزا پر پپسین کے عمل سے یہ مادہ تیار ہوتا ہے) .

Peptonization / Peptonisation : (n) (کیمیا) پپتون سازی .

Peptonize : (n) (پروٹینی اجزاء کو) پپتون بنانا .

Peptonizer : (n) پپتون ساز .

Peptonoid : (a) پپتون جیسا : پپتون مانند .

Peptonuria : (n) (طب) پیشاب میں پپتون کا وجود .

Peptotoxin : (a) [Gr. 'peptos' + -toxin.] ہاضمہ کے دوران پپتون سے بنا ہوا زہر آلود القلی نما .

Per : (prep.) [Fr. 'par.'] (۱) فی : وار (مثلاً ماہ وار) آنہ (مثلاً ماہانہ) : ہر . (۲) بذریعہ : بہ واسطہ : بہ وسیلہ (جیسے

(Per bearer, per post) ؛ یا ۔ (۲) حسب ؛ جیسے (Per invoice) ۔

Per- : سابقہ (فعل ، صفت وغیرہ کے ساتھ ملکر معنی پیدا کرتا ہے ؛ بہ معنی : (۱) میں سے ؛ پورا ؛ تمام جیسے (Perambulate, Peruade) وغیرہ ۔ (۲) بہت ؛ بالکل ؛ مکمل طور پر ؛ پوری طرح (فعل کے ساتھ) جیسے (Perfect , Perturb) وغیرہ ۔ (۳) پورے طور پر متواتر ؛ ہلاکت تك جیسے (Perish , Perdition) وغیرہ ۔ (۴) مکمل طور پر ؛ کاملاً (صفت اور متعلق فعل کے ساتھ) جیسے Perfervid وغیرہ ۔ (۵) (کیمیا) ترکیب میں بعض عناصر کے انتہا کو ظاہر کرتا ہے دو عنصری ناموں میں جیسے (Perchloride , Peroxide) وغیرہ ۔ (۶) ان صفات میں جن کے آخر میں "ic" آتا ہے جیسے (Perchloric) وغیرہ ۔

A shilling per man : ایك شیلنگ فی کس ؛ ایك شیلنگ فی شخص (ایك ایك شیلنگ) ۔

As per usual : (مزاحاً) حسب معمول ۔

5 percent : پانچ فی صدی ؛ پانچ فی صد ؛سو میں پانچ ۔

Per- : (Prefix) [Fr. 'par.'] (محاورہ میں) جو مفردالفاظ میں ملا ہوا ہو جیسے Peradventure وغیرہ ۔

Per annum : (adv.) فی سال ؛ سالانہ ؛ ہر سال ۔

Per bearer : (adv.) بہ ذریعہ حامل (رقعہ) ۔

Per carrier : (adv.) قاصد کے ذریعہ ۔

Per capita : (adv.) (معاشیات ، قانون) فی کس ؛ نفری ۔

Per chance : (adv.) (قدیم) شاید ؛ اتفاقاً ؛ قضارا ۔

Per consequence : (adv.) نتیجہ کے طور پر ؛ اس سبب سے ؛ اس وجہ سے ؛ لہٰذا ۔

Per diem : (adv.)) روزانہ ؛ ہر روز ؛ یومیہ ۔

Per diem : (n) ہر دن کا حساب ؛ روزانہ حساب (امریکا)۔

Per my et per tout : (adv.) مشترکہ طور پر ؛ سب کے سب ۔

Per pais /Per pays : (adv.) (قانون) وطن سے ؛ ملك سے ؛ ملکی طور پر ۔

Per pares : (adv.) (اپنے) رتبوں سے ۔

Per post : (adv.) ڈاك کے ذریعہ ۔

Per procurationem / Per procuration : (adv.) وکالتاً ؛ غیر اصالتاً ؛ بذریعۂ مختار (اکثر کسی فرم وغیرہ کی جانب سے دستاویز پر دستخط کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ؛ (قانون) بذریعہ مختار ؛ وکالتاً ۔

Per-salt / Persalt : (n) (کیمیا) آسیدی خاصیت والا ۔

Per saltum : (adv.) فوراً ؛ ایك ہی جھپٹے میں ؛ ایك ہی سانس میں ۔

Per stripes : (adv.) Percapita کی ضد ؛ (قانون) فی جماعت ؛ فی گروہ ؛ اجتماعی ۔

Peraccidens : (adv.) (۱) بہ ذریعہ حادثہ ؛ غیر متوقع حالات کے ذریعہ ۔ (۲) (منطق) قضیۂ کلی سے جزئی بنا دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Peradventure : (n) [ME. per or par anuenture] عدم یقینی ؛ شبہہ ؛ تذبذب ؛ شك ؛ غیر متیقن حالت ؛ اتفاق ؛ اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ ؛ قیاس ؛ ظن ؛ اٹکل ؛ اندازہ ؛ امکان ؛ احتمال ۔

Beyond , without (all) peradventure : بلا شبہ ؛ بے شك ؛ یقیناً ؛ بدون تردید ۔

Peradventure : (adv.) (قدیم) شاید ؛ اتفاقاً۔

If lest peradventure : اگر اتفاقاً۔

Perai/ Piraya : (n) [Tupi 'piraya.'] امریکی جھیلوں کی بسیار خور مچھلی ۔

Perambulate : (v) [L. 'perambulare.'] (۱) چلنا ؛ سیر کرنا ؛ گشت کرنا ؛مٹر گشت کرنا ۔ (۲) حرکت کرنا ؛ٹہلنا ۔(۲) چل پھر کر دیکھنا ؛ معائنہ کرنا (علاقے کا) سیاحت کرنا ۔ (۳) سرکاری طور پر کسی مقام (جنگل ، جاگیر ، کلیسائی قلعہ وغیرہ کے) گرد قیام نگرانی کے لئے یا حد بندی کے لئے ۔

Perambulation : (n) [med. L. 'perambulatio.'] (۱) چلنے یا سیر کرنے کا عمل ؛ سیر ؛ سیاحت ؛ گشت ؛ پیدل سفر ؛ طواف ۔ (۲) کسی مقام یا علاقے کا معائنہ ؛ پیمائش ؛ گشت مساحی ؛ پیمائش کا تحریری خاکہ ؛ سروے کا تحریری شمار ۔ (۳) حدود قائم کرنے کے لئے کسی مقام (جنگل جاگیر، کلیسائی قلعہ وغیرہ) کے گرد سیر یا گشت ؛ حدود بندی کانشان یا ضرب ۔ (۴) سیر و سیاحت کا ریکارڈ ۔(۵) گشت کے ذریعہ سرحد کا سراغ ؛ حدود

رتبہ (ادبی اور مجازی) ۔

Perambulator : (n) [f. 'perambulate.] (۱) بچوں کی ہاتھ گاڑی (جو پیچھے سے ڈھکیلی جاتی ہے) ؛ بچہ گاڑی ۔(۲) فاصلہ پیما : (پیمائش) فاصلہ پیما : مسافت سنج ۔

Perambulatory : (a) (۱) سفری : خانہ بدوش : دورہ کرنے والی ۔ (۲) سیاحتی : گشتی ۔

Perameles : (n) [mod. L.] (حیوانیات) (آسٹریلیا اور نیوگوائینا کا) ایک قسم کا تھیلی دار جانور ۔

Percale : (n) [Fr. 'percale.'] (۱) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا :پرکال. (۲) سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں ویسٹ انڈیز کا ایک کپڑا ۔(۳) تن زیب کی طرح کا ایک کپڑا ۔

Percaline : (n) [Fr. 'percaline.'] (فرانس کا) ایک قسم کا چمک دار سوتی کپڑا ۔

Percarbide : (n) (کیمیا) ایک قسم کا مرکب جس میں دوسرے عنصر کی بہ نسبت کاربن کی زیادتی ہو ۔

Percarburetted : (a) زیادہ کاربن والا ۔

Perceive : (v) [L. 'percipere.'] (۱) معلوم کرنا : محسوس کرنا : درک کرنا : سمجھنا : بوجھنا ۔(۲) (حواس خمسہ سے) محسوس کرنا خصوصاً دیکھنا : مشاہدہ کرنا : ملاحظہ کرنا : ملتفت ہونا : متوجہ ہونا ۔(۳) واقف ہونا : خبر رکھنا : ادراک کرنا ۔

Perceived : (a) (نفسیات) مُدرک : (عضویات) محسوس ۔

Perceivedly : (n) ادراک کے طور پر : محسوس کرتے ہوئے ۔

Perceiver : (n) (نفسیات) مُدرِک : دریافت کنندہ : ادراک کرنے والا ۔

Percent : (n) فی صد : فی سیکڑہ ۔

Percents : (n) (جمع) (خاص کر امریکی اسکول میں) فی صد : فی سیکڑہ ۔

Percentage : (n) (۱)فی صد : فی صدی : فی صد شرح ۔ (۲) (غیر فصیح طور پر) تناسب ۔

Percentile : (a) فی صد کا : فی صد کے مطابق : فی صد سے حساب لگایا ہوا ۔

Percentile : (n) اقدار (قیمتوں) کے سلسلوں کا وہ ہر ایک حصہ جو بہت بڑی مقدار کو سو کے برابر حصوں میں تقسیم کرنے سے حاصل ہو ۔

Percept : (n) [L. 'Perceptum'.] (۱) (فلسفہ) شے مُدرکہ : مدرکہ (بہ خلاف عمل ادراک) : درک شدہ چیز ۔(۲)(عضویات) محسوس ۔

Perceptibility : (n) قابلیت : ادراک یا احساس وغیرہ : (عضویات) محسوسیت (حساسیت) : (نفسیات) درک پذیری ۔

Perceptible : (a) [late L. 'perceptibilis.] (نفسیات) درک پذیر: قابلِ ادراک : دریافتنی : حسی : مشہود : ادراکی : لائق احساس : قابل فہم : فہم پذیر : جو سمجھا جا سکے ۔

Perceptibly : (adv.) محسوس طور پر : قابل ادراک طور پر ۔

Perception : (n) [L. 'perceptio.'] (۱) تحصیل : حصول: وصولی کرایہ (اب صرف قانونی معنوں میں) ۔(۲) ادراک : احساس : مشاہدہ : شعور : تمیز : دریافت : علم :حس : سمجھ : تصور : دیکھنا : خیال : قیاس : گمان :تمیز طبعی ۔(۳)(فلسفہ) ادراک : احساس : وہ عمل جس کے ذریعہ دماغ اپنے احساسات کو اشیائے خارجہ کی طرف من حیث العلت رجوع کرتا ہے : عمل ادراک : عمل احساس ۔ (۴) (نفسیات) قوت ادراک : قوت مدرکہ ۔ (۵) دیکھو Percept ۔

Faculty of perception : (نفسیات) قوت مدرکہ : قوت ادراک ۔

Spatial perception : (نفسیات) ادراک مکان ۔

Time perception: (نفسیات) ادراک زمان ۔

Perception reflex : (n) (نفسیات) اضطرار ادراک ۔

Perception time : (n) (نفسیات) وقت ادراک : وقفۂ ادراک ۔

Perceptional : (a) (نفسیات) ادراکی : وابستہ بہ مشاہدہ یا احساس : شعوری : تمیزی : حسّی : تصوری : خیالی : قیاسی ۔

Perceptive : (a) [med. L. 'perceptivus.'] دیکھو Perceptional

Perceptive : (n) (جمع) ادراکی صلاحیت : حساس اعضا ۔

Perceptive faculty : (n) (نفسیات) قوت مدرکہ ۔

Perceptivity : (n) ادراکیت : ادراک : احساسیت : احساس : شعوریت : شعور : قیاس : (نفسیات) قوت مدرکہ : فراست ۔

Perceptively : (adv.) ادراکاً : احساساً : شعوراً : قیاساً : ادراک کے طور پر :ازروئے ادراک : احساس کے ساتھ : ازراہ احساس ۔

Perceptiveness : (n) دیکھو Perceptivity

Percepts : (n) (نفسیات) ادراکات ۔

Perceptual : (a) (نفسیات) ادراکی ۔

Perch : (n) [L. 'perca.'] ایک قسم کی یورپی مچھلی جو میٹھے پانی میں رہتی ھے : (حیوانیات) خار ماہی ۔

Balck perch : (n) .(Centropristis) ایک قسم کی سیاہ مچھلی

Blue perch : دیکھو Burgall or Cunner.

Red perch : (n) . (Sebastes marinus) ایک قسم کی مچھلی

White perch : ایک قسم کی سفید مچھلی (Morone americana) .

Yellow perch : ایک قسم کی زرد مچھلی ۔

Perch : (n) [L. 'perlica.'] (۱) ایک لمبا ستون یا پول جو سمندر ، دریا وغیرہ میں نصب کیا جاتا ھے اور جو جہاز رانی کے نشان کے طور پر ہوتا ھے ۔ (۲) جو پہیا گاڑی کا ڈنڈا ۔ (۳) افقی ڈنڈا جو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے نصب کیا جاتا ھے : چکس : چوپ : چھتری (پرندوں کے بیٹھنے کے لئے کوئی شے جس پر پرندہ بیٹھے) ۔(۴) (مجازاً) کوئی بلند یا محفوظ مقام ۔ (۵) (بول چال) گاڑی میں ڈرائیور یا چالک کے بیٹھنے کے لئے اونچا مقام : اونچی جگہ ۔ (٦) (پیمائش) جریب : گٹھا : زمین کی پیمائش کا پیمانہ ساڑھے پانچ گز(Squire perch سوا تیس مربع گز) ۔ (۷) پتھر کی پیمائش کا ایک پیمانہ ۔

Bird takes its perch : پرندہ نیچے اترتا ھے : ٹوٹتا ھے : پر جوڑتا ھے ۔

To hop the perch : مرنا : مر جانا ۔

To knock off one's perch : (کسی کو) گزبڑا دینا : شکست دینا : پائمال کر دینا : غالب آنا : فتح پانا ۔

To take one's perch : آرام کرنا : اترنا : گرنا: نیچے اترنا ۔

Perch : (v) [Fr. 'percher.'] (۱) (پرندے کا کسی شاخ وغیرہ پر) اترنا: چکس پر آرام کرنا (پرندہ کا) ۔ (۲) (شخص وغیرہ کا) قائم ہونا : قیام پذیر ہونا : (کسی شے پر) بیٹھنا : کھڑا ہونا : آرام کرنا ۔ (۳) کسی بلند مقام پر رکھنا یا قائم کرنا (Town perched on a hill) وغیرہ۔ (۴) (لوم سے کپڑا) ڈنڈے ، چوب پر (جانچ کے مقصد سے) تاننا یا کھینچنا ۔

Perch : (a) بیٹھا ہوا : کھڑا ہوا : بلند زمین پر قائم کیا ہوا۔

Percha : (n) Gutta-Percha کا مخفف ۔

Perched : (a) (۱) پرندے کی طرح چکس پر بیٹھا ہوا : اونچے مقام پر قائم کیا ہوا ۔ (۲) چوپ سے آراستہ کیا ہوا ۔

Percher : (n) (۱) آدمی یا جانور جو اترتا ھے یا قیام پذیر ہوتا ھے : مرغ چوب نشین ۔ (۲) (خاص کر) پرندوں کو اتارنے والا ۔ (۳) کپڑوں کو تاننے والا : وہ ملازم جو کپڑوں کو تاننے کا کام کرتا ھے ۔

Percheron : (n) (۱) پرشی کا تیز اور توانا گھوڑا : پرشی گھوڑا : پرشی راں ۔ (۲) فرانس کے ایک علاقے کا نام ۔

Perchlor-/Perchloro- : جزو کلمہ به معنی زیادہ کلورین (Chlorine) والا ۔

Perchlorate : (n) (کیمیا) کلوریدی ایسڈ کا ایک نمک ۔

Perchlorated : (a) کلوریدی ایسڈ کے نمک سے متعلق ۔

Perchloric : (a) (کیمیا) کلورین کا آکسیجن ایسڈ ($H\,C_{104}$) جس میں آکسیجن کلورک ایسڈ ($H\,C_{103}$) سے زیادہ ہو : کلوریدی جس میں زیادہ کلورین ہو ۔

Perchloride : (n) کلورین کا ایک مرکب جس میں کلورین زیادہ ہوتا ھے ۔

Perchlorinated : (a) کلورین سے مرکب کیا ہوا ۔

Perchlorination : (n) کلورین مرکب کرنے کا ایک عمل ۔

Percidae : (n) ایک قسم کی خاردار مچھلی ۔

Perciform : (a) [mod. L.'perciformis.'] (مچھلیوں کا علم) ایک قسم کی مچھلی نما : مچھلی کی شکل کا ۔

Percipience : (n) [Stem of L. 'perciper.'] حساحیت : مدرکیت : ادراک : شعور : فراست : ادراک کرنے کا عمل : (نفسیات) درک : قوت مدرکہ ۔

Percipiency : (n) مدرک ہونے کی صفت : ادراک کرنے کی صفت : ادراک : احساس : حسِ تشخیص ۔

Percipient : (a) [Stem of L. 'percipere.'] حساس : احساس کے لائق : جو ادراک کرتا ھے : صاحب شعور : صاحب احساس : ھوش مند : باخبر ۔

Percipient : (n) (۱) (عضویات) مدرک ۔ (۲) حساس شخص : مدرک شخص : خصوصاً (قلبی خبر رسانی میں) ماورائے احساس دیکھنے یا سمجھنے والا ۔ (۳) (مابعد النفسیات) مدرک ماورا ۔

Percoid : (a) [L. 'perca.'] (مچھلیوں کا علم) خاردار مچھلی سے متعلق ۔

Percoid : (n) (حیوانیات) خارماہی : ایک قسم کی مچھلی ۔

Percoidean : (a) ایک قسم کی خاردار مچھلی سے متعلق ۔

Percoidean : (n) ایک قسم کی خاردار مچھلی ۔

Percoideous : (a) دیکھو Percoidean (a)

Percolate : (n) [f. 'Percolate (v).] (کیمیا) مقطر (مائع) ۔

Perpetual apparition : (n) (فلکیات) ابدی الظہور .

Perpetual bond : (n) دوامی تمسك .

Perpetual calender : (n) دوامی کلینڈر : دائمی تقویم .

Perpetual curacy / -cure :(n) دیکھو Curate

Perpetual curate : (n) دیکھو Curate

Perpetual day : (n) (فلکیات) ابدی النہار .

Perpetual disappearance : (n) (فلکیات) ابدی الخفا .

Perpetual grant : (n) (قانون) دوامی معافی .

Perpetual injunction : (n) (قانون) دوامی ہدایت : دائمی حکم امتناعی .

Perpetual motion : (n) دائمی حرکت : استمراری حرکت (یعنی مشین

کی حرکت جو ایک بار شروع ہو جائے تو کبھی نہ تھمے) ۔

Perpetual night : (n) (فلکیات) ابدی اللیل ۔

Perpetual settlement : (n) دوامی تملیک ۔

Perpetualism : (n) (دینیات) ابدیت ۔

Perpetualist : (n) قائل ابدیت ۔

Perpetually : (adv.) دائماً : دواماً : علی الدوام : ہمیشہ : سدا ۔

Perpetualness : (n) (۱) دوام : بقا : جاودانی : ثبات ۔ (۲) دیکھو Perpetuity ۔

Perpetuance : (n) [Gr. 'perpetuance.'] دوام : استمرار : دیرپائی : ثبات: بقائے دوام : جاودانی ۔

Perpetuate : (a) [L 'perpetuatus.'] دائمی : جاوداں : ہمیشگی ۔

Perpetuate : (n) [Stem of L. 'perpetuere.'] دائمی کرنا یا بنانا : دوام بخشنا : ہمیشگی عطا کرنا : غیر متعین طور پر جاری رکھنا : غیر متعین طور پر برقرار رکھنا : زندہ جاوید کرنا : ابدی زندگی بخشنا : جاودانی عطا کرنا ۔

Perpetuation : (n) دیکھو Perpetuance

Perpetuator : (n) جاودانی عطا کرنے والا : ہمیشگی بخشنے والا : دوام بخشنے والا : زندہ جاوید کرنے والا : گمنامی سے بچانے والا : بقائے دوام بخشنے والا : قائم رکھنے والا : برقرار رکھنے والا ۔

Perpetuity : (n) [L. 'perpetuitas.'] (۱) دوام : بقا : جاودانی : ثبات : ہمیشگی : ابدیت : دائمیت ۔ (۲) دائمی قبضہ : ملک استمراری ۔ (۳) (قانون) دوامی قبضہ : قبضۂ مدامی : (علاقہ) دائمی طور پر ناقابل انتقال ہونے کی حالت یا صفت ۔ (۴) دوامی سالانہ عطیہ یا وظیفہ۔ (۵) (فلکیات) دوام : ابد ۔

In , to , for perpetuity : ہمیشہ کے لئے : دائماً : تادوام : غیر معین مدت تک کے لئے ۔

Perplex : (v) [L. 'perplexus.'] (۱) (شخص کو) الجھانا : حیران کرنا : پریشان کرنا : حیرت میں ڈالنا : زچ کرنا : گمراہ کرنا : بھٹکانا : الجھاؤ میں ڈالنا ۔ (۲) پیچیدہ کرنا : پھنسانا : ملانا : مخلوط کرنا (چیزوں کا)؛ درہم برہم کر دینا : بے ترتیب یا گڈمڈ کر دینا ۔ (۳) جال میں پھانسنا : الجھانا : دشواری میں ڈالنا؛ ایک دوسرے کے ساتھ لپٹنا یا لپیٹنا : خلط ملط کرنا : شبہ میں ڈالنا : پریشانی میں ڈالنا : الجھن میں ڈالنا ۔

Perplexed :(a) (۱) حیران : مبہوت : پیچیدہ : مضطرب : پریشان خاطر : مشوش : سرگشتہ : گیج ۔ (۲)(اشیا) پیچیدہ : مشکل : دشوار : ادق : الجھا ہوا : مبہم ۔ (۳) جال میں پھنسایا ہوا : پیچ در پیچ : پر پیچ : گنجلک ۔

Perplexedly : (adv.) پیچیدہ طور پر : پریشان طور پر : متحیرانہ: حیرت سے ۔

Perplexedness : (n) (۱) سر گشتگی : حیرانی : حیرت : پیچیدگی : تحیر : پریشانی : درہمی : الجھن : الجھاؤ : دقت : تشویش : اضطراب : مخمصہ : جنجال ۔ (۲) جو پریشانی کی وجہ ہو : چیز پیچیدہ : مایۂ حیرت ۔ (۳) کسی چیز کی مشکوک حالت : کسی چیز کی پریشان کن حالت : دشواری ۔

Perplexing : (a) پیچیدہ : الجھاؤ میں ڈالنے والا : پریشان کن ۔

Perplexingly : (adv.) متحیرانہ : مشوشانہ طور پر : حیران کن طریقے سے : پیچیدہ طور پر ۔

Perplexity : (n) [Late L. 'perplexitas.'] دیکھو Perplexedness

Perquisite : (n) [med. L. 'perquisitum .'] (۱) (قانون) بالائی آمدنی : ملک اکتسابی (موروثی نہیں) : دستوری : بالائی یافت ۔ (۲) مزدوری یا مشاہرہ کے علاوہ آمدنی یا منافع ۔ (۳) فتوح : فتوحات (یعنی وہ آمدنی جو نوکر یا ملازم اپنی معمولی تنخواہ یا اجرت کے علاوہ کسی دوسرے ذریعہ سے کمائے) ۔ (۴) زمیندار کی وہ آمدنی جو معمولی محاصل کے علاوہ ہو ۔ (۵) انعام (جس کا مستحق ، ملازم بر خاستگی کے وقت ہوتا ہے) : رواجی : دستوری: ٹپ : انعام متعارفی (جو مہمان ، ملازم وغیرہ کو دیتا ہے) ۔ (۶) وہ شے جو استعمال کے بعد نوکروں کو دے دی جاتی ہے جیسے اترن وغیرہ جو نوکر کا حق ہوتا ہے ۔ (۷) کسی آفس کا مشاہرہ : دفتری تنخواہ ۔ (۸)(مجازاً) چیز جس کا اختیار کسی شخص کو ہو :شے جس کا اختیار کلی کسی کو حاصل ہو : حق انحصاری ۔

Perquisition : (n) [late L. 'perquisitio.'] جستجوئے کامل : باز رسی دقیق : خصوصاً گھر کی تلاشی کسی شخص کی یا ملزمانہ دستاویز کی جستجو میں ۔

Perradial : (a) [f. 'perradius + - al .] (حیوانیات) کرن مرجانیہ سے متعلق : ابتداء شعاعی ۔

Perradius : (n) [mod. L.] (حیوانیات) کرن مر جانیہ ۔

Perron : (n) [Fr. 'perron.'] (۱) پتھر کا مضبوط چبوترا جو اس صلیب کی بنیاد ہو جو بازار میں نصب ہوتی ہے : مجسمہ کا پایۂ سنگ ۔ (۲) (تعمیرات) چبوترہ در چبوترہ : چبوترے کی سیڑھیاں : شہ نشین خصوصاً کلیسا کے سامنے کا چبوترہ جس میں سیڑھیاں ہوتی ہیں ۔

Perroquet/ P.auk : دیکھو Parakeet

Perruque : (n) وگ : (بالوں کی ٹوپی) جو کہ سترھویں صدی سے اٹھارھویں صدی تک استعمال کی جاتی تھی ۔

Perry : (n) [ME. 'pereye.'] ناشپاتی کی شراب ۔

Perscrutation : (n) [L. 'perscrutatio.'] احتیاط کے ساتھ جانچ پڑتال : دقیق تنقیح : اچھی طرح سے چھان بین : تجسس عمیق : تحقیق عمیق ۔

Perse : (adv.) [L.] بذاتہ : فی نفسہٗ : فی ذاتہ : اپنے سے ۔

Perse : (n & a) [ME. 'pers.'] نیلا رنگ ۔

Persea : (n) [Gr. 'persea.'] (۱) (قدیم) (اساطیر) مصر اور ایران کا ایک متبرک پھل دار درخت ۔ (۲) (نباتیات) خر زہرہ کی قسم کا ایک درخت ۔

Persecute : (v) [Fr. 'persecuter.'] (۱) دشمنی سے تعاقب کرنا : عداوت کے ساتھ پیچھا کرنا : ضرر رساں حالت میں پیچھا کرنا : خصوصاً رافضیانہ خیالات یا عقیدے کے لئے ظلم و زیادتی کرنا ۔ (۲) ایذا دینا : اذیت پہنچانا : تعدی کرنا : ظلم کرنا : جور کرنا: جبر کرنا : ستانا : عقوبت پہنچانا : (سوال کرکے) تھکا دینا : تکلف دینا : قافیہ تنگ کرنا : پریشان کرنا : تشویش میں ڈالنا : سخت اصرار کرنا: پیچھے پڑجانا ۔

Persecution : (n) [L. 'persecutio.'] (۱) جو رو جفا : زجرو آزار: اذیت : تعقیب : شکنجہ : جبر : ایذارسانی : اذیت رسانی ۔ (۲) عقوبت : تعذیب (خصوصاً جو کسی خاص رائے یا مذہبی عقائد کی بنا پر ہو) ۔ (۳) (سیاسیات ، دینیات) اذیت : تصدیع ۔

Persecution delusion : (n) (نفسیات) اختباط اذیت ۔

Persecutor : (n) [Late L. 'persequi.'] عقوبت رساں : ستم گر: جفا شعار : ظالم : جابر : جابر (خصوصاً وہ شخص جو ذاتی رائے یا عقائد کی بنا پر ظلم کرتا ھے) ۔

Perseid : (n) [mod. L. 'perseis.'] (فلکیات) فرساویہ : شہب فرساوی : شہاب ثاقب کا ایک گروہ ۔

Perseity : (n) [med. L. 'perseitas.'] قائم بالذات : (فلسفہ) ذاتیت : ذاتی وجود ۔

Persepolis : (n) (تاریخ) تخت جمشید : (قدیم جغرافیہ) اسطخر : ہنحامنشی دور کا قدیم پایۂ تخت ۔

Perseverance : (n) [L. 'perseverantia.'] (۱) استقلال : ثابت قدمی : مداومت : اصرار : عزم بالجزم : استقامت ۔ (۲) (دینیات) نجات یقینی : دائمی سعادت (عیسائیوں کے ایک فرقہ کا یہ عقیدہ کے جو لوگ حیات ابدی کے لئے منتخب کئے گئے ہیں وہ دائمی سعادت میں رہیں گے اور ان سے کبھی لغزش نہیں ہو گی) ۔

Final perseverance /Perseverance of the saints: یہ عقیدہ کہ جو لوگ حیات ابدی کے لئے منتخب کئے گئے ہیں وہ دائمی سعادت میں رہیں گے : کالونیت کے پانچ اصولوں میں سے ایک : استقامت مقدسین دین ۔

Preserveration : (n) (نفسیات) تکرار فعل : تکرار تصور ۔

Persevere : (v) [L. 'perseverare.'] لگا رہنا (کسی کام میں) : ثابت قدم رہنا : استقلال رکھنا : مداومت کرنا : استقامت اختیار کرنا : عزم و ارادہ پر قائم رہنا : مستقل رہنا : جما رہنا : اصرار کرنا : جدو جہد جاری رکھنا ۔

Perserveringly : (adv.) بالاستقلال : ثابت قدمی کے ساتھ : مستقل مزاجی کے ساتھ : مستقل مزاجی سے : استقامت کے ساتھ ۔

Persia : (a) (ارضیات) فارس : ایران ۔

Persian : (a) [Late ME. 'persian.'] (۱) ایران سے متعلق : ایرانی : پارسی : فارسی : عجمی : ایران کی ۔ (۲) ایران کی خاص پیداروں اور مصنوعات کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ھے جیسے ایرانی قالین ۔ (۳) (تعمیرات) ایسے ستون کے لئے استعمال ہوتا ھے جو مرد کی شکل میں ہوں ۔

Persian : (n) (۱) ایران کا باشندہ : باشندۂ فارس : ساکن عجم :

Persicaria : (n) [med. L. 'persicaria.'] ایک قسم کا پودا : (نباتیات) جنس شفتالو : جنس خوخ ۔

Persico(t) : (n) [L. 'persicum.'] ایک قسم کی شراب جو شفتالو اور خوبانی کی گٹھلیوں کو الکحل میں پیس کر بنائی جاتی ھے ۔

Persiennes : (n) [Fr.] (جمع میں) جھل ملیاں (کھڑکی کی) ۔

Persiflage : (n) [Fr. 'persifler.'] شوخی : مذاق : مزاح : دل لگی : ظرافت : بذلہ سنجی ۔

Persifleur : (n) شوخ : لطیفہ گو : بذلہ سنج : ظریف ۔

Persimmon : (n) [Early forms 'put chamin.'] (۱) پرسی من: امریکی کھجور : خرمالو : ایک قسم کی کھجور (جس کے پھل پیلے ھوتے ہیں ، جب ان پر پالا پڑتا ھے تو یہ پک کر ملائم اور میٹھے ھو جاتے ہیں) ۔ (۲) خرمالو کا درخت ۔

Persist : (v) [L. 'persistere.'] جما رہنا : اصرار کرنا : مصر ھونا ۔ (۲) ثابت قدم رہنا : قائم رہنا (کسی رائے یا طریق عمل پر مضبوطی سے) ۔

Persistence : (n) [Fr. 'persistance .'] (۱) استمرار : قرار : ثابت قدمی : استقلال : استواری : دوام ۔ (۲) اصرار : ضد : ہٹ : کسی بات پر جماؤ : مواظبت : برداشت : تحمل (کی قوت) ۔

Persistence of impression : (n) خیال کا استقلال : استقامت ارتسام ۔

Persistence of force/ -energy : (n) دوام توانائی کا ایک اصول ۔

Persistence of matter : (n) دوام مادہ کاایک اصول ۔

Persistencte of vision : (n) (بصریات) استمرار رویت ۔

Persistency : (n) [med. L. 'persistentia.'] دیکھو Persistence

Persistent : (a) (۱) ثابت قدم : مستقل مزاج (اپنی رائے یا طریق عمل پر) : مصر : قائم : جما رہنے والا ۔ (۲) (حالت) لگاتار : استوار : دائمی : مزمن ۔ (۳) (حیوانیات، نباتیات) مستقل : مستمر : مصر : مواظب : نبریز : دیر پا : قائم (بال ،پتّے وغیرہ جو اس مدت کے بعد بھی رہیں جبکہ دوسری حالت میں ان کے گر جانے کا زمانہ ھوتا ھے ۔ (۴) متواتر : پے در پے : مداوم ۔ (۵) (ارضیات) (طبقہ ، پرت) پورے علاقہ میں لگاتار قائم رہنے والا۔

اہل ایران ۔ (۲) فارسی زبان : فارسی ۔ (۳) (تعمیرات) ستون جو مرد کی شکل میں ھو اور قدیم ایرانی لباس پہنے ھوئے ھو ۔ (۴) دیکھو Persiennes ۔

Persian berries : (n) سیاہ توسہ :ایک قسم کا ایرانی پھل ۔

Persian blinds : (n) (جمع میں) جھل ملیاں (کھڑکی کی) ۔

Persian carpet : (n) ایرانی قالین ۔

Persian cat : (n) ایرانی بلّی (اس کے بال لمبے اور ملائم ھوتے ہیں اور دم موٹی ھوتی ھے) ۔

Persian characters : (n) فارسی رسم خط ۔

Persian clover : (n) (نباتیات) شفتل ۔

Persian drill : (n) ایک قسم کا دستی برما ۔

Persian earth : (n) دیکھو Indian red

Persian fire : (n) (مرضیات) دیکھو Anthrax

Persian gulf : (n) (جغرافیہ) خلیج فارس ۔

Persian insect-powder : (n) ایک قسم کا کیڑا مار سفوف : ایک قسم کا کرم کش پاؤڈر ۔

Persian lamb : (n) بخارا کی سیاہ بادامی رنگ کی نرم اور مضبوط پوستین (بھیڑ کی) ۔

Persian lawn : (n) بہت عمدہ سادہ بنا ھوا سفید سوتی کپڑا جو لنن سے مشابہ ھوتا ھے ۔

Persian lily : (n) سوسن کے پودے کی شکل کا ایک پودا ۔

Persian morocco : (n) ایک قسم کا مراقشی چمڑا ۔

Persian nightingale : (n) بلبل ۔

Persian silk : (n) ایرانی ریشم ۔

Persian wheel : (n) (میکانیات) ناعور : رہٹ ۔

Persic : (a) [L. 'persicus.'] پرشیا یا فارسی زبان سے متعلق ۔

Persic : (n) فارسی زبان ۔

Persistent disease : (n) مرض مبرم ۔

Persistent fever : (n) (طب) تپ مزمن ۔

Persistent gas : (n) (کیمیا) مصّر گیس : مستقل گیس ۔

Persistently : (adv.) ثابت قدمی کے ساتھ : استقلال سے : استواری کے ساتھ : ثابت قدمانہ : مستقل مزاجانہ ۔

Persisting : (a) مداوم : مصر : ثابت قدم : دیرپا ۔

Persistingly : (adv.) ثابت قدمی سے : مداومت کے ساتھ ۔

Persistive : (a) استوار : ثابت قدم : مصر : قائم : مداوم ۔

Person : (n) [L. 'persona .'] (۱) ڈراما یا کہانی کا کردار : بلزی گر : ڈراما کا کھیلا ہوا حصہ یا زندگی کا ایک حصہ : اس طرح کا فنکشن : آفس : قابلیت : استعداد : وضع قطع : بھیس : مشابہت : شکل و شباہت ۔ (۲) انسان : شخص : آدمی : مرد : عورت یا بچہ ۔ (۳)(اب صرف صلاحیت کے ساتھ) مشہور و معروف مرد یا عورت : معزز شخص : عزت دار آدمی : ممتاز شخص ۔ (۴) فرد : متنفس :نفر : شخص واحد ۔ (۵) جسم : بدن : اندام : جثّہ : ظاہری شکل و شباہت ۔ (۶)انفرادی شخصیت : بہ ذات خود ۔ (۷) (قانون) انسان :جماعت (جو خاص حقوق و فرائض رکھتی ھے اور مثل شخص واحد کے خیال کی جاتی ھے) ۔ (۸) (عیسائی دین) أقنوم : الوہیت جو تین اشخاص یعنی باپ، بیٹا اور روح القدس پر مشتمل ھے) ۔ (۹) حضرت عیسیٰ مسیح کی شخصیت ۔ (۱۰)(قواعد) ضمیر شخصی : صیغہ ۔ (۱۱) (نفسیات) ذات : وجود ۔ (۱۲) (حیوانیات) (جانداروں کی آبادی کا) فرد ۔

First person: (قواعد) صیغۂ متکلم : (صرف) متکلم ۔

In one's (own) person/-proper- : بہ ذات خود : شخصاً : اصالتاً ۔

In the person of (in his or perperson) : (۱) نمائندۂ شخص واحد ۔ (۲) ظاہری صورت میں : ظاہری شکل و شباہت میں : بذات خود نمائندگی ۔

Second person : (قواعد) (صرف) مخاطب ۔

The three person : (عیسائی دین) سہ أقنوم ۔

Third person : (قواعد) (صرف) غائب ۔

To accept , respect persons or the person of : لطف و کرم : عنایت کے ساتھ خیال کرنا : اچھی نظرسے دیکھنا ۔

Young person : نوجوان مرد یا عورت اب خصوصاًنوجوان عورت ۔

Your person : بہ ذات خود آپ : آپ : تم ۔

Persona : (n) [L.] دیکھو Person : (نفسیات) ذات : شخصہ : وجود ۔ (۲)شخصیت کا وہ پہلو جو زمانے کے رجحان سے مطابقت رکھتا ھے ۔

In properia persona : اصالتاً : بہ ذات خود : خود : بنفسهٖ ۔

Persona grata : (n) [L.] مقبول : محبوب : پسندیدہ شخص : (سیاسیات) پسندیدہ شخصیت ۔

Personable : (a) وجیہہ : خوب صورت : خوش اندام : شکیل : خوش ہیکل : با شخصیت ۔

Personableness : (n) ذاتی خوب صورتی : ذاتی وجاہت ۔

Personage : (n) [med. L. 'personagium . '] (۱) معزز شخص : عزت دار آدمی : ممتاز شخص : ذی رتبہ آدمی : شخصیت ۔ (۲) شخص : آدمی : انسان : مرد یا عورت (ایک ہی مرتبہ کا) ۔ (۳) (ڈراما وغیرہ کا) کردار : (افسانے کا) کردار ۔ (۴) کردار کا عمل ۔

To take upon oneself , put on , play , assume the personage of : خاص شخصیت اختیار کرنا : اپنے آپ کو معزز شخص بننا ۔

To represent the personage of : عزت دار آدمی بننا ۔

Personal : (a) [L. 'personalis.'] (۱) ذاتی : شخصی : خصوصی : نجی : نج کا : اپنے سے متعلق ۔ (۲) کیا ہوا : بنایا ہوا : تشکیل دیا ہوا (شخص میں) ۔ (۳) شخص سے مربوط : ایک ذات سے متعلق : ایک شخص سے متعلق : جسمانی : بذاتہ ۔ (۴) اشارہ کیا ہوا : منصوبہ بنایا ہوا : خاص ذات کی طرف : نشان دہی کیا ہوا (خصوصاً کسی خاص طریقہ سے)۔ (۶) ذاتی رائے زنی کرنے والا : شخصی رائے دینے والا : ذاتیات حملہ کرنے والا : طعن ۔ (۶) کسی کی فطرت سے متعلق ۔ (۷) (قانون) منقولہ : ذاتی : شخصی (جائداد یا ملک) ۔ (۸) (قواعد) ضمیر شخصی سے متعلق ۔ (۹) ظاہری : جسمانی ۔

Suit his personal convenience : اس کی ذاتی آسائش کے ساتھ موافقت کرنے کے لئے ۔

This is personal to himself : یہ اس کے ساتھ مخصوص ھے ۔

Personal : (n) (جمع) ذاتی معاملہ یا چیز ۔

Personal account : (n) شخصی اکاؤنٹ : دیکھو Drawing account ۔

Personal appearance : (n) (قانون) اصالتاً حاضری ۔

Personal bond : (n) (قانون) ذاتی مچلکہ ۔

Personal contract : (n) ذاتی مچلکہ یا اقرار جیسے شادی نامہ ۔

Personal effects : (n) (قانون) ذاتی اثاثہ : ذاتی اشیا یعنی وہ چیزیں جو کسی کے ذاتی استعمال میں آتی ہوں جیسے کپڑے وغیرہ ۔

Personal equation : (n) (نفسیات) شخصی مساوات ۔

Personal guard : (n) (سیاسیات) ذاتی پہرہ : ذاتی محافظ ۔

Personal identity :(n) (قانون) شخصی شناخت : شخصی عینیّت ۔

Personal income : (n ذاتی آمدنی : شخصی آمدنی ۔

Personal knowledge : (n) ذاتی واقفیت ۔

Personal law : (n) (قانون) شخصی قانون ۔

Personal ledger : (n) (معاشیات) کھاتا : شخصی کھاتا ۔

Personal pronouns : (n) (نحو) ضمائر شخصی ۔

Personal property (estate) : (n) ذاتی ملکیت :شخصی جائداد (بجز اراضی واشیائے متعلقہ اراضی جو وارثوں کو پہنچتی ہو) ۔

Personal remarks : (n) طعن : ایسی بات جس سے کسی کی ذات کی نسبت اہانت نکلے ۔

Personal standing : (n) (سیاسیات) ذاتی حیثیت : مرتبہ ۔

Personalia : (n) (جمع) خصوصی آدمی کی زندگی کی یادداشتیں خصوصیات شخصی ۔

Personalisation : (n) (دینیات) تجسیم : تجسم ۔

Personalism : (n) خصوصیات شخصی : صفت فردی : فلسفۂ فردی (فلسفہ) شخصی مرکزیت ۔

Personalist : (n) شخصی مرکزیت کا حامل : عقائد فردی کا طرف دار ۔

Personalistic psychology : (n) (نفسیات) شخص مرکزی نفسیات ۔

Personalistics : (n) (نفسیات) شخص مرکزیات : شخص مرکزی نفسیات ۔

Personality : (n) [Late L. 'personalitas.'] (۱) شخصیت : فردیت : وہ صفت جو منفرد بناتی ہو ۔ (۲) شخصی جائداد : ذاتی جائداد ۔ (۳) ذاتی وجود : شخصی شناخت ۔ (۴) شخصی خصوصیت : ممیز ذاتی کردار ۔ (۵) شخص : فرد ۔ (٦) مخصوص شخص : ممیز فرد : صفت شخص : ممیز شخص ۔ (۷) (جمع میں) طعن و طنز (جس میں ذاتی توہین کا پہلو ہو) ۔

Multiple personality : (نفسیات) مضاعف شخصیت ۔

Personality type : (n) شخصیتی نوع ۔

Personalization : (n) تجسم : جسمانی صورت دینا ۔

Personalize : (v) جسمانا : جسمانی صورت دینا : شخصیت کو مجسم کرنا : صورت مجاز میں پیش کرنا : تجسیم و تشکیل دینا : مجسم قرار دینا : شخص قرار دینا : کسی دوسرے کی شخصیت اختیار کرنا : روپ بھرنا : پارٹ ادا کرنا ۔

Personally : (adv.) (۱) شخصاً : اصالتاً : بہ طور شخص : بہ ذات خود ۔ (۲) ذاتی طور پر جیسے (Personally I see no objection وغیرہ ۔ (۳) (مفعولی مفہوم میں) عمل : اساس کے تعلق کا اظہار ۔ (۴) اپنے طور پر ۔ (۵) کسی کی ذاتی صلاحیت سے : کسی کی ذاتی قابلیت میں ۔

Personally conducted : (a) ذاتی طور پر سیادت کیا ھوا ۔

Personalty : (n) [AFr. 'personalte.'] (قانون) ذاتی ملکیت : ملك منقولہ : حقیقت شخصی : حقیقت ذاتی : ذاتی یا شخصی جائداد : ذاتی ملك ۔

Personate : (a) [L. 'personatus.'] (نباتیات) نقاب پوش : دہان بستہ:مقنع نما : (قانون) تلبیس : تلبیس شخصی ۔

Personate : (v) [Stem of late L. 'personare.'] (۱) ڈرامے کے کسی

Persorption : (n) [L.] (کیمیا) جذب تام ؛ پُر جذب ۔

Perspective : (n) [med. L. 'perspectiva.'] (۱) تناظر : (آرٹ) فن تناظر ۔ (۲) ظاہری نسبت ؛ ظاہری تناسب ؛ اشیائے مرئی میں جائے وقوع اور فاصلے کا ظاہری تناسب۔ (۳) (ریاضیات) تناسب کلی (موڈرن ہندسہ) دیکھو Homology ۔ (۴) (مجازاً) تناسب باطنی ؛ تناسب قلبی ۔ (۵) (بصریات) مناظر و مرایا ؛ (جمع میں) شیشۂ دوربین ؛ شیشۂ عینک ۔ (۶) (بصریات) دور نما ؛ جیبی دور بین ۔ (۷) قابل دید سین ؛ منظر ؛ نظارہ ؛ سماں خصوصاً 'Vista' وغیرہ ۔ (۸) دوربینی ؛ مآل اندیشی ۔

In perspective : تناظری ؛ فی التاظر ؛ فی تناظر ؛ حسب تناظر ؛ حسب قواعد تناظر ۔

Linear perspective: (آرٹ) خطّی تناظر؛ تناظر خطی ؛ تناظر مستقیم ۔

Oblique perspective /Angular- : آڑا ترچھا تناظر ۔

To look through the wrong end of the perspective : اہم چیز کو غیر اہم سمجھنا ۔

Perspective : (a) [Late L. 'perspectivus.'] تناظری ؛ تصویری ؛ مناظر و مرایا سے متعلق ۔

Perspective plane : (n) (آرٹ) تناظری سطح ۔

Perspective projection : (n) (آرٹ) تناظری تسطیح ۔

Perspectively : (adv.) تناظراً ؛ ازراہ تناظر ؛ حسب قواعد تناظر ۔

Perspectograph : (n) (آرٹ) تناظر نگار ۔

Perspectography : (n) (آرٹ) تناظر نگاری ؛ تناظر یات ۔

Perspax : (n) (تجارتی) مضبوط شفاف ، حرّ ملائم شے جو شیشہ سے زیادہ ہلکی ہوتی ہے اور ریزہ دار نہیں ہوتی ہے ۔

Perspicacious : (a) [L. 'perspicax.'] زیرک ؛ بافراست ؛ روشن بیں ؛ نکی ؛ ذہین ؛ صاحب بصیرت ؛ صاحب ذکا ؛ تیز فہم ؛ صاحب فراست ۔

Perspicaciously : (adv.) فراستاً ؛ تیز نظری سے ؛ ژرف نگاہی سے ۔

Perspicaciousness : (n) فراست ؛ ذکاوت ؛ بصیرت ۔

شخص کا پارٹ انجام دینا ؛ ڈراما کے طور پر پیش کرنا ؛ ڈراما کرنا ۔ (۲) کسی کا روپ دھارن کرنا ؛ کردار اختیار کرنا ؛ کسی کی شبیہ اختیار کرنا ۔ (۳) تلبیس کرنا (یعنی فریب دہی کے لئے دوسرے کی شخصیت اختیار کرنا یا ظاہر کرنا ۔

Personated : (a) عمل کیا ہوا ؛ تلبیس کیا ہوا ؛ دوسرے کا روپ دھارے ہوئے ۔

Personation : (n) (۱) بہروپ ؛ بھیس ۔ (۲) تلبیس ؛ مجسّم قرار دینا ؛ تبدیل ہیئت وغیرہ ۔

Personator : (n) ڈراما کے کسی شخص کا پارٹ ادا کرنا ؛ بہروپ بدلنے والا ؛ تلبیس کرنے والا ۔

Personification : (n) (۱) تجسیم یا تمثل کا عمل ؛ تجسّم ؛ تمثّل ؛ تجسیم ؛ (آرٹ) تشخص ؛خصوصیات شخصی ۔ (۲) پُتلا ؛ مجسمہ (جیسے p . of modesty ، مجسم حیا ، حیا کا پتلا) ؛ زندہ نمونہ ؛ زندہ مثال ؛ مظہر ۔ (۳) انسانی شکل دینا یااختیار کرنا ۔ (۴) ڈرامے کی نمائندگی : کسی شخص یا چیز کا ادبی بیان ؛ خاکہ ۔

Personifier : (n) ظاہری شکل و صورت اختیار کرنے والا ؛ مجسم قرار دینے والا ؛ مجسّم کرنے والا ۔

Personify : (v) [Fr. 'personnifier.'] (۱) تمثل کرنا ؛ کسی کی ہیئت اختیار کرنا ؛ کسی شخص کا ظاہری صورت اختیار کرنا یا پیش کرنا (خصوصاً تقریر یا تحریر میں) ؛ مجسّم قرار دینا ۔ (۲) کسی غیر مادی وصف کو جسمانی اوصاف دینا ؛ مجسّم کرنا ؛ صورت مجاز میں پیش کرنا ؛ کسی کے اوصاف کو اپنے اندر لے لینا ؛ عجیب انداز سے مثال دینا یا کسی چیز کی مثال بننا ۔

Personifying : (n) (آرٹ) تشخّصی ۔

Personnel : (n) [Fr.] اشخاص ؛ عملہ ؛ کارکنان (کسی ادارے یا دفتر وغیرہ کے) ؛ انسانی سازو سامان (کسی ادارے کا) ۔

Personnel administration : (n) (سیاسیات) انتظام عملہ ۔

Personnel management : (n) دیکھو Personnel administration

Personnel research : (n) (سیاسیات ، نفسیات) تحقیقات عملہ ۔

Personnel section : (n) (سیاسیات) صیغۂ عملہ ۔

Personology : (n) (نفسیات) شخصیات ۔

Perspicacity : (n) [Late L. 'perspicacitas.'] فراست ؛ زیرکی ؛ ذکاوت ؛ ذہانت ؛ تیز فہمی ؛ عقل کی رسائی ؛ ژرف نگاہی ؛ ادراک ؛ دور رسی ؛ نکتہ رسی ؛ روشن فکری ۔

Perspicuity : (n) [L. 'perspicuitas.'] وضاحت ؛ وضوح ؛ صفائی (تحریر ، بیان وغیرہ کی) ؛ تابندگی ؛ وضاحت بیان ؛ (نفسیات) صراحت ۔

Perspicuous : (a) (۱) صاف ؛ واضح ؛ غیر مبہم ؛ روشن ؛ فصیح ؛ سادہ نویس ؛ جو آسانی سے سمجھ میں آسکے ؛صریح (تحریر وغیرہ) ۔ (۲) (شخص) بیان میں صاف ؛ صاف ؛ کھرا ؛ غیر مبہم ۔

Perspicuously : (adv.) صراحتاً ؛ وضاحتاً ؛ صاف طور سے ؛ واضح طور پر۔

Perspicuousness : (n) زیرکی ؛ ذکاوت ؛ تیز فہمی ؛ واضح ؛ صاف ۔

Perspirability : (n) عروقیت ۔

Perspirable : (a) [Fr. 'perspirable.'] (۱) عرق بن کر نکلنے والا؛ عرق آور ؛ پسینہ ہو کر خارج ہونے کے لائق ؛ پسینہ آور ۔ (۲) عرق سے متعلق ؛ پسینہ سے متعلق ۔ (۳) پسینہ ہو کر ہوا میں اڑ جانے والا ؛ ہوادار ۔

Perspirable point : (n) پسینہ کا نشان ؛ نشان عرق ۔

Perspiration : (n) [L. 'perspirare.'] عرق ؛ پیسنہ ؛ عرق بدن ۔

Perspirative : (a) (۱) عرق آور ؛ معرّق ؛ پسینہ آور ؛ پسنہ خیز ؛عرقی ۔ (۲) پسینے کا ؛ پسینہ سے متعلق یا اس نوعیت کا ۔

Perspiratory : (a) دیکھو Perspirative

Perspiratory organs : (n) (تشریح) اعضائے معرق ؛ اعضائے پسینہ ۔

Perspire : (v) [L. 'perspirare.'] (۱) پسینہ آنا ؛ پسینہ لانا ؛ پسینہ نکالنا ۔ (۲) عرق آلود ہونا یا کرنا ۔

Perstringe : (v) [L. 'perstringere.'] (۱) الزام لگانا ؛ ملامت کرنا ؛ مذمت کرنا ۔ (۲) مخالفانہ نکتہ چینی کرنا ؛تنقید کرنا ۔

Persuadability : (n) ترغیبی قوت ؛ ترغیب دلانے کی قوت ؛ ترغیب پذیری ؛ تحریك پذیری ۔

Persuadable : (a) ترغیب پذیر ؛ تشویق پذیر ؛ جس کو راغب کر سکیں یا جو مائل ہو سکے ؛ قابل ترغیب ؛ تحریك پذیر ۔

Persuadableness : (n) ترغیب پذیری ؛ تشویق پذیری ؛ تحریك پذیری ۔

Persuadably : (adv.) ترغیب پذیری سے ؛ تحریك پذیری کے ساتھ ۔

Persuade : (v) [L. 'persuadere.'] (۱) راغب کرنا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ تشویق دینا ؛ تحریك کرنا یا دینا ۔ (۲) آمادہ کرنا ؛ تیار کرنا ۔ (۳) باور کرانا ؛ قائل کرنا ؛ معقول کرنا ؛ دل نشیں کرنا ؛ ذہن نشیں کرنا ؛ خاطر نشیں کرنا ۔

Persuaded : (a) ترغیب دیا ہو ا؛ مائل کیا ہوا ؛ متیقن ؛ یقین دلایا ہوا۔

Persuadedly : (adv.) ترغیب دیتے ہوئے ؛ مائل کئے ہوئے ۔

Persuadedness : (n) ترغیب ؛ تحریك ؛ تشویق ۔

Persuader : (n) (۱) محرك ؛ مشوق ؛ راغب ۔ (۲) (عامیانہ) ہتھیار۔

Persuasibility : (n) دیکھو Persuadability

Persuasible : (a) [L. 'persuasibilis.'] دیکھو Persuadable

Persuasibleness : (n) دیکھو Persuadableness

Persuasibly : (adv.) دیکھو Persuadably

Persuasion : (n) [L. 'persuasio.'] (۱) ترغیب ؛ تحریك ؛ تشویق ؛ تحریص ۔ (۲) دل نشینی ؛ خاطر نشینی ؛ تشویقی صلاحیت ؛ ترغیبی صلاحیت ؛ تاثیر ۔ (۳) توثیق ؛ اذعان ؛ یقین کلی ؛ یقین ؛ کامل اعتبار۔ (۴) (جمع میں) اعتماد ؛ یقین کلّی ؛ یقین ؛ قیاس ؛ گمان غالب ۔ (۵) (خصوصاً) مذہبی عقیدہ ؛ گمان ؛ یقین ؛ مذہبی خیال ؛ عقائد ؛ مذہب ؛ مسلك ؛ عقیدۂ دینی ۔ (۶) خاص ذات ؛ طبقہ ؛ فرقہ ؛ (مذہبی) فرقہ ؛ گروہ ؛ جماعت ۔ (۷) (مزاحاً) شہریت ؛ نسل ؛ قوم ؛ جنس ؛ نوع ۔

Persuasive : (a) [med. L. 'persuasivus.'] ترغیب دینے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ موثر ؛کامیاب ہونے والا ۔

Persuasive : (n) محرك ؛ ترغیب دینے یا مائل کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ دل میں گھر کرنے والا؛ لبھا دینے والا ؛ اثر پیدا کرنے والا ۔

Persuasively : (adv.) ازراہ ترغیب ؛ ازراہ تشویق ۔

Persuasiveness : (n) تشویقی یا ترغیبی صلاحیت : تاثیر : خاطر نشینی : دل نشینی ۔

Persulphate : (n) (کیمیا) ایک سلفیٹ جس میں آکسیجن زیادہ ہوتا ہے (SO_4) ۔

Persulphate of Iron : (n) دیکھو Ferric sulphate

Persulphide : (n) (کیمیا) کسی عنصر کا وہ سلفائیڈ جس میں گندھک زیادہ ہو ۔

Pert : (a) [L. 'apertus.'] (۱) تیز : نکی : ہو شیار : چوکس : شاطر : چالاک : مستعد ۔ (۲) گستاخ : شوخ : ڈھیٹ : بے ادب : دریدہ دہن : منہ پھٹ : بد لگام : زبان دراز : کلہ دراز : شوخ چشم : دیدہ دلیر ۔ (۳) ہو بہ ہو : اصلیت کے مطابق : جیتا جاگتا :زندہ دل : چاق و چوبند : چست و چالاک : تیز : طراز : سر گرم : دل چسپ : فرحت بخش: نشاط افزا : خوش طبع : شگفتہ خاطر ۔ (۴) (بول چال امریکا) بشاش : درخشاں : تاباں : روشن : شادماں : مگن ۔

Pert : (n) (۱) گستاخ آدمی : بے ادب آدمی : زبان دراز شخص ۔ (۲) دل چسپ چیز : نشاط افزا چیز : فرحت بخش شے ۔

Pert : (adv.) شوخی سے : گستاخی سے : شوخ چشمی سے : زبان دارزی کے ساتھ : بے ادبی کے طور پر : زندہ دلی کے ساتھ : خوش طبعی سے ۔

Pertly : (adv.) دیکھو Pert (adv.)

Pertness : (n) شوخی : شوخ چشمی : ڈھٹائی : زبان درازی : خوش طبعی : تابانی : شادمانی ۔

Pertain : (v) [L. 'pertinere.'] (۱)متعلق ہونا : وابستہ ہونا : سروکار رکھنا : تعلق رکھنا : علاقہ رکھنا : موزوں ہونا ۔ (۲) قابض ہو جانا : : قبضہ کا ہونا ۔ (۳) حوالہ درج کرنا : مناسب رکھنا : نسبت رکھنا : رشتہ رکھنا ۔

Pertinacious : (a) [L. 'pertinax .'] (۱) خود سر : خودرائے: ضدی : سرکش : سرتاب : خیرہ سر ۔ (۲) مستقل مزاج : ثابت قدم ۔

Pertinaciously : (adv.) خود سری کے ساتھ : خودرائی سے : ضدی پن سے :ثابت قدمی کی راہ سے : لجاجت آمیزی سے ۔

Partinaciousness : (n) خود سری : خیرہ سری : ضد : ہٹ : ضدی پن : ہٹیلا پن : سرکشی : ثابت قدمی : استقلال ۔

Pertinacity : (n) [med. L.'pertinacitas.'] دیکھو Pertinaciousness

Pertinence : (n) [OFr. 'pertenance .'] ربط : وابستگی : موزونیت: مناسب : بر جستگی : متعلق ہونے کی حالت ۔

Pertinency : (n) مناسبت : تعلق : بر محل ہونا : چسپانی : تک : موزونیت : برجستگی : ربط : وابستگی ۔

Pertinent : (a) [L. 'pertrinens , -ent .'] (۱) موزوں : بر جستہ : ٹھیک : لگتی ہوئی : بر محل : باموقع : متعلق (محل) : مفید مطلب : موقع کا : چسپاں : تک کا : مناسب ۔ (۲) مدلّل : معقول ۔

Pertinent : (n) (خصوصاً اسکاتستانی) معمولی جائداد : متعلقات ملک : (جمع میں) متعلقات : سازو سامان : اثاثہ : لواحقات ۔

Pertinently : (adv.) حسب موقع : بر محل : موزوں : باموقع ۔

Perturb : (v) [L. perturbare. '] (۱) بے ترتیب کرنا یا گڈمڈ کر دینا : درہم برہم کرنا : ابتر کرنا : پراگندہ کرنا : الٹ پلٹ کر دینا : بے ترتیب کر دینا ۔(۲) پریشان کرنا : گھبرانا : بے چین کرنا : بے قرار کرنا : مضطر کرنا : مضطرب کرنا : حواس باختہ کرنا : ہیجان پیدا کرنا : مشتعل کرنا : الجھن میں ڈالنا ۔

Perturbate : (a) [L. 'perturbatus.'] آشفتہ : مشوش : مختل : مضطرب :: پریشان حال ۔

Perturbate : (v) [Stem of L. 'perturbare. '] دیکھو Perturb (v)

Perturbation : (n) [L. 'perturbatio.'] (۱) آشفتگی : تشویش : گڑ بڑ : ابتری : بے ترتیبی : درہمی برہمی :انتشار : افراتفری : پریشانی : بے قراری : اضطراب :خلل اندازی : دست اندازی : قلق ۔ (۲) (فلکیات) انحراف مدار : اضطراب : (طبیعیات) اختلال : (نفسیات) اضطراب : بے قراری : (سیاسیات) افراتفری ۔

Perturbational : (a) آشفتگی کا : اضطراب : تشویش سے متعلق ۔

Perturbative : (a) [Late and med. L. 'perturbativus.'] خلل انداز : دست انداز : پریشان کن : گڑبڑ کرنے والا : اضطراب آور : قلق افزا ۔

Perturbed : (a) آشفتہ : مشوش : مختل : مضطرب : گھبرایا ہوا : خلط مبحث کیا ہوا ۔

Perturbedly : (adv.) اضطراب کے ساتھ : اختلال سے : آشفتگی سے :

خلط مبحث کے طور پر ۔

Perturber : (n) پریشان کرنے والا : بے چین کرنے والا : الٹ پلٹ کرنے والا : تکلیف دینے والا : الجھن میں ڈالنے والا ۔

Perturbing force : (n) (طبیعیات) اختلالی قوت ۔

Pertussal : (a) کالی کھانسی سے متعلق : شہقہ سے متعلق ۔

Pertussis : (n) [mod. L.] (بچوں کی) کالی کھانسی ۔

Peruke : (n) [Fr. 'Perruque'.] دیکھو Perruque

Perula : (n) (نباتیات) قشر : پوست : چھلکا ۔

Perulate : (a) (نباتیات) قشر دار : پوست دار : چھلکے والا ۔

Perule : (n) [mod L. 'perula.'] پُر گل : گل برگ ۔

Perusal : (a) مطالعہ : معائنہ : ملاحظہ ۔

Peruse : (v) [AL. 'perusare.'] (۱) مطالعہ کرنا : غور سے پڑھنا : نظر امعان سے دیکھنا : تفصیل سے ایک ایک چیز دیکھنا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی شخص کے چہرے مہرے کا) نہایت غور و تامل کے ساتھ معائنہ کرنا ۔ (۳) جاری رکھنا : (مزاحاً) سفر کرنا ۔

Peruser : (n) مطالعہ کرنے والا : غور سے پڑھنے والا ۔

Peruvian : (a) [f. mod. L. 'peruvia.'] پیرو کا : پیرو کے متعلق : پیروی ۔

Peruvian : (n) (۱) پیرو (جنوبی امریکا) کا باشندہ ۔ (۲) (جمع میں) پیرو کا ذخیرہ وغیرہ ۔

Peruvian bark : (n) (نباتیات) سنکونا : سنکونا کی چھال ۔

Pervade : (v) [L 'pervadere.'] سرایت کرنا : رچنا : گھسنا : پینٹھنا : رگ وپے میں سرایت کرنا : نفوذ کرنا : جذب ہونا یا کرنا : پیوست ہونا ۔

Pervading : (n) دائر و سائر : سرایت : اثر : نفوذ : سائر ہونے کا عمل ۔

Pervadingly : (adv.) سرایت کے طور پر : دائر و سائر کے طور پر : نفوذ کے ساتھ ۔

Pervadingness : (n) سرایت : اثر : نفوذ : سرایت کرنے کا عمل ۔

Pervaporation : (n) (کیمیا) بر تبخیر ۔

Pervasion : (n) سرایت کرنے کا عمل : سرایت ۔

Pervasive : (a) سرایت کن : نفوذ کرنے والا : نافذ : سرایت کرنے کی صفت یا طاقت رکھنے والا ۔

Pervasively : (adv.) سرایت کے انداز سے : ازراہ نفوذ : اثر پذیری کے طور پر ۔

Pervasiveness : (n) سرایت یا نفوذ کرنے کی قوت : نفوذ پذیری ۔

Perverse : (a) [L. 'perversus.'] (۱) گمراہ : گم کردۂ راہ : بے راہ : بے راہ رو ۔ (۲) غلط : غیر صحیح : نادرست : خلاف واقع ۔ (۳) خود سر : منحرف : خود رائے : ضدی : ہٹّی : متمرد ۔ (۴) بد : بدکیش : بد معاش : شریر : فاسد ۔ (۵) تنک مزاج : نازک مزاج : چڑچڑا ۔ (۶) کج رائے : ہٹ دھرم ۔ (۷) غیر موافق : نامساعد (حالات وغیرہ) ۔ (۸) (قانون میں جیوری وغیرہ کا فیصلہ) خلاف شہادت و ہدایت عدالت ۔

Perversely : (adv.) خود سرانہ : خلاف عقل : کج رائی سے : ضد سے : فاسدانہ طور پر : نازک مزاجی سے : غلط انداز سے : بے راہ روی کے ساتھ ۔

Perverseness : (n) ضد : ہٹ : ہٹ دھرمی : کج رائی : خود سری : غلطی : نازک مزاجی : بے راہ روی : تنک مزاجی : گمراہی ۔

Perversion : (n) [L. 'perversio.'] (۱) بر گشتگی : ارتداد : گمراہی : انحراف : کج روی : تحریف : بے جا استعمال ۔ (۲) فساد : خرابی : سڑن : گلن : توڑ مڑور : غلط بیانی ۔ (۳) بد چلنی : بد اطواری : بد اخلاقی (رشوت ستانی وغیرہ) ۔ (۴) (نفسیات) انحراف جنسی : جنسی کجی : غلط کاری ۔ (۵) (دینیات) ضلالت ۔ (۶) (ریاضیات) پہلوی انقلاب : شبیہ آئینہ ۔

Perversity : (n) دیکھو Perverseness

Perversive : (a) گمراہ کن : ہندہ : مخالف : معاند : ضلالت کی طرف جانے والا : بے جا (استعمال وغیرہ) ۔

Pervert : (v) [L. 'pervertere.'] (۱) الٹنا پلٹنا : درہم برہم کرنا : زیر و زبر کرنا : تہ و بالا کرنا : بے ترتیب کرنا ۔ (۲) صحیح خیال یا عمل سے (کسی شخص، دماغ وغیرہ کو) پھیرنا : بگاڑنا : خراب کرنا : رشوت دینا : (زبان کو) بگاڑنا : (غلطیوں سے) تصحیف کرنا (کتاب میں) ۔ (۳) غلط تعبیر کرنا : غلط معنی لینا (الفاظ وغیرہ کے) : غلط تاویل کرنا : توڑ جوڑ کر کے کچھ کے کچھ معنی

بیان کرنا ۔ (۳) گمراہ کرنا ؛ غلط راستے پر ڈالنا ؛ راہ راست سے بہکا دینا ؛ مرتد ہونا ۔

Pervert : (n) بگڑا ہوا ؛ گمراہ ؛ منحرف شخص ؛ برگشتہ مذہب ؛ ملحد ؛ کج راہ ؛ (دینیات) مرتد ؛ (نفسیات) کج جنسہ ؛ (ریاضیات) پہلوئی منقلب ۔

Perverted affection : (n) (نفسیات) فاسد محبت ۔

Perverter :(n) انحراف کرنے والا ؛ گمراہ ہونے والا ؛ مرتد ہونے والا ۔

Pervertible : (a) قابل انحراف ؛ منحرف ہونے کے لائق ؛ قابل گمراہ ؛ لائق الحاد ۔

Pervious : (a) [f. L. 'pervius.'] (۱) راستہ دینے والا ؛ نفوذ پذیر ؛ (داخلہ کے لئے) کھلا ؛ اثر پذیر ؛ سرایت پذیر ۔ (۲) پولا ؛ مسام دار ۔ (۳) (مجازاً) کھلی ہوئی ؛ بیّن ؛ ظاہر ؛ صاف ؛ شفاف ۔ (۴) (مجازاً) اثر پذیر ؛ معقولیت پسند ۔ (۵) (حیوانیات ، نباتیات) کھلا ہوا ؛ صاف ؛ کشادہ ؛ پھیلی ہوئی (شاخیں) ۔ (۶) (طبیعیات) گذر پذیر ؛ نفوذ پذیر ۔ (۷) (نباتیات) سرایت پذیر ۔ (۸) (نفسیات) ناقابل فہم ؛ اثر پذیر ۔

Perviousness : (n) نفوذ پذیری ؛ اثر پذیری ؛ تاثیر پذیری ؛ سرایت پذیری ؛ معقول پسندی ؛ پولاپن ۔

Pes : (n) [L.] (۱) (تشریح) ریڑھ والے جانور کا پاؤں ؛ پا ؛ پسیں یا پچھلا پا ۔ (۲) (نباتیات) پاؤں کے مانند حصہ ؛ غصنہ ؛ شاخ گل ۔

Pes arcuatus /-cavus : (n) (طب) چنگل پا ۔

Pes planus : (n) (طب) روح القدم ؛ چپٹا پا ۔

Peseta : (n) [L. 'pensa.'] پسیٹا (یہ ایک ہسپانی نقرئی سکہ ہے جو تقریباً دس پینس کے برابر ہوتا ہے ۔

Peshito / Peshitta : (a & n) پشیطہ ؛ عہد نامۂ جدید و عہد نامۂ عتیق کا مستند سامی نسخہ ۔

Peshkar : (n) [Pers.] پیشکار ؛ ناظر ؛ نمائندہ ؛ دفتر دار ۔

Peshwa : (n) [Pers. 'piswa.'] (۱) (تاریخ) پیشوا (مرہٹی ریاستوں کا حکمراں یا راجا) ۔ (۲) (قدیم) مرہٹی ریاستوں کا وزیر اعظم ۔

Pesky : (a) (امریکا عامیانہ) ناگوار خاطر ؛ آزار رساں ؛ دل آزار ؛ مزاحم ؛ تکلیف دہ ؛ قابل نفرت ؛ پریشان کن ؛ لیھڑ ۔

Peso : (n) [L. 'pensum. '] پسو ؛ ایک نقرئی یا طلائی سکہ جو پہلے اسپین کے بعض علاقوں میں چلتا تھا ۔ اب ایک نقرئی سکہ جوجنوبی امریکا کے شہروں میں چلتا ہے ؛ کم و بیش چار شلنگ کے برابر ہوتا ہے ۔

Pessary : (n) [Late L. 'pessarium .'] (۱) (طب) شافہ ؛ صوفہ ؛ رحم بند ۔ (۲) (جراحی) رحمالہ ؛ (حم آلہ) یہ ایک آلہ ہے جو ازاحت رحم کو روکنے کے لئے نالی میں رکھا جاتا ہے ؛ شیاف مہبل ۔

Pessimism : (n) [f. L. 'pessimus.'] (۱) بد بینی ؛ قنوطیت ؛ یاس ؛ (فلسفہ) قنوطیت ؛ قنوط ۔ (۲) یہ نظریہ کہ دنیا بدترین مقام ہے اور ہر شے مائل بہ شر ہے ؛ فلسفہ بد بینی ۔

Pessimist : (n) (۱) (فلسفہ) قنوطی ؛ بد بیں ؛ زندگی سے مایوس ۔ (۲) معتقد قنوطیت ۔

Pessimist : (a) قنوطیت کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Pessimistic /-al : (a) قنوطی صفت ؛ قنوط یا قنوط بینی ؛ قنوطانہ ؛ مایوس ؛ بے چارہ ؛ مایوسانہ ؛ تیرہ گرفتہ ۔

Pessimistically : (adv.) ازراہ قنوطی ؛ مایوسانہ طور پر ۔

Pessulus : (n) [L.] (تشریح) ہڈی یا غضروف جو بعض چڑیوں کے نرخرے کے نچلے حصہ میں ہوتا ہے ۔

Pest : (n) [Fr. 'peste' or L. 'pestis.'] بپتا ؛ بلا ؛ آفت ؛ عذاب جان (شخص ، جاندار یا شے) (نباتیات) وباء نبات ؛ (طب) وبا ؛ مَری ؛ طاعون ۔

Cattel pest : (بیطاری) گاؤ مرگی ؛ آفت گاؤ ۔

Pest-cart : (n) (اب تاریخ) طاعون کے زمانہ میں لاش ڈھونے والی گاڑی ۔

Pest-house : (n) وبائی شفاخانہ خصوصاً طاعون اور جذام کے مریضوں کا شفاخانہ ؛ خیراتی ہسپتال ۔

Pestalozzian : (a) [f. surname pestalozzi + -an.] جین ہنری پستا لوزی کے پیش کردہ طریقۂ تعلیم کا یا اس سے متعلق ۔

Pestalozzian : (n) روسی استاد جین ہنری پستالوزی (۱۸۲۷ـ۱۷۴۶) کا پیش کردہ طریقۂ تعلیم ۔

Pestalozzianism : (n) پستالوزی طریقۂ تعلیم ۔

Pester : (v) [OFr. 'empestrer. '] ستانا ؛ دق کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ آزار پہنچانا ؛ ایذا یا اذیت دینا ۔

Pester : (n) پریشان کرنے والا ؛ آزار پہنچانے والا ؛ اذیت دینے والا ؛ وبال جان ۔

Pesticide : (n) [f. L. 'pestis.'] (۱) (طب) وباکُش ۔ (۲) حشرات کو فنا کرنے والی شے ؛ حشرات کش ۔

Pestiferous : (a) [f. L. 'pestifer.'] (۱) وبائی ؛ وبا خیز ؛ وباآور ؛ مضر ؛ مضرت رساں ؛ مہلک ۔ (۲) (مجازاً) اخلاق سوز ؛ مخرب اخلاق ؛ بد اخلاق یا خرابی پھیلانے والا ۔

Pestiferous : (a) [Fr. 'pestifere.'] طاعون زدہ ؛ طاعون آور ۔

Pestiferously : (adv.) وبا کے طور پر ؛ وبا خیزی کے ساتھ ؛ وبا آوری سے ۔

Pestiferousness : (n) وبا ؛ وبا خیزی ؛ وبا آوری ۔

Pestilence : (n) [L. 'pestilentia.'] وبا ؛ مری ؛ پلیگ ؛ طاعون ؛ لگنے والی عام بیماری ؛ چھوت کی بیماری خصوصاً گلٹی دار طاعون ۔ (طب) متعدی مرض ۔

Pestilence-weed / -wort : (n) بڑی ، نرم پتیوں والا ایک پودا ۔

Pestilent : (a) [L. 'pestilens.'] (۱) مہلک ؛ مضرت رساں ؛ زہر آلود ؛ سمی ۔ (۲) (مجازاً) اخلاق سوز ؛ مخرب اخلاق ؛ مفسد مذہب ۔ (۳) (بول چال) تکلیف دہ ؛ تکلیف رساں ؛ آزار رساں ؛ ناگوار خاطر ؛ لیچڑ ۔

Pestilential : (a) [med. L. 'pestilentialis.'] (۱) وبائی ؛ طاعونی ؛ زندگی کو نقصان پہنچانے والی ؛ مضرت رساں ۔ (۲) گلٹی دار طاعون سے متعلق ۔ (۲) مفسد اخلاق ؛ زیاں کار ۔

Pestilentially : (adv.) وبائی طور پر ؛ مہلکانہ ۔

Pestilently : (adv.) مہلکانہ ؛ مضرت رساں کے طور پر ؛ وبائی طور پر ؛ طاعونی انداز سے ۔

Pestilentness : (n) وبا ؛ ہلاکت ؛ طاعون ۔

Pestimajor : (n) (طب) شدید طاعون ۔

Pestiminor : (n) (طب) خفیف طاعون ۔

Pestle : (n) [OFr. 'pestel.'] (۱) موسلی ؛ موسل ؛ قد کا ۔ (۲) دباؤ ڈالنے والے مختلف آلات کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔ (۳) بعض جانوروں کے پاؤں (بہ طور غذا مستعمل) خصوصاً سوّر کا پاؤں (اب بول چال) (کیمیا) دستۂ ہاون ؛ موسلی ۔

Pestle : (v) [OFr. 'pesteler.'] (۱) کوٹنا ؛ موسل سے کوٹنا ؛ باریک کرنا ؛ سفوف کرنا ۔ (۲) موسل چلانا ؛ موسل کا استعمال کرنا ۔

Pestle and mortar : (n) (کیمیا) ہاون دستہ ؛ کھرل ؛ اوکھلی ؛ موسلا ۔

Pestology : (n) [f. Pest + Logy.] (۱) (زراعت) زراعتی وبائیت ؛ آفت شناسی ۔ (۲) (طب) علم وبا ؛ وبائیات ؛ طاعون شناسی ۔

Pesvalgus : (n) (طب) چپٹا پا ؛ روح القدَم ۔

Pet : (n) [Origin unkn.] (۱) پالتو جانور ؛ عزیز یا پیارا جانور ؛ گھریلو جانور ۔ (۲) ناز و نعمت میں پال کر بگاڑا ہوا لڑکا ۔ (۳) لاڈلا ؛ پیارا ؛ منظور نظر ؛ عزیز ؛ دلارا ؛ چہیتا ؛ معشوق ۔ (۴) منہ لگا ؛ سر چڑھا ؛ مقرب ۔

One's pet aversion : جس سے کسی کو خاص طور پر نفرت ہو ۔

Pet : (v) (۱) لاڈ پیار کرنا ؛ ناز برادری کرنا ؛ پیار کرنا ؛ چھاتی سے لگانا ۔ (۲) پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا ۔ (۳) بوس و کنار کرنا ؛ جنسی خواہش کو بھڑکانا ؛ دوسرے شخص سے عاشقانہ تعلق قائم کرنا ۔

Pet : (n) [Origin unkn.] (۱) برا ماننا (اہانت کا) ؛ رنجیدگی ؛ گرفتگی ۔ (۲) ترش روئی ؛ بد مزاجی ۔

To take (the) pet , be in a pet : برا ماننا (اہانت کا) ترش رو ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

Pet-cock : (n) ایک چھوٹی سی ٹونٹی جس کے ذریعہ بھاپ نکالی جاتی ھے ؛ بھاپ ٹونٹی ۔

Pet name : (n) پیار کا نام ؛ بے تکلفی کا نام ؛ پکارو نام ۔

Petal : (n) [mod L. 'petalum.'] (نباتیات) پھول ؛ پتّی ؛ پنکھڑی ؛ گل برگ ؛ برگ گل ۔

Petaliferous : (a) پنکھڑی دار ؛ پتی والا ۔

Petaliform : (a) پنکھڑی نما ؛ پنکھڑی کی شکل کا ؛ پتی سا ؛ پنکھڑی سا ۔

Petaline : (a) (نباتیات) گل برگی ؛ گل برگ نما ؛ پنکھڑی کا یا اس سے متعلق ؛ پتی سا ؛ پتی نما ؛ پنکھڑی نما ؛ پنکھڑی پر واقع ؛ پنکھڑی دار ۔

Petalism :(n) [Gr. 'petalismos.'] (قدیم تاریخ) تبعید پنج سالہ ؛ عارضی طور پر جلا وطنی کا ایک طریقہ (پانچ سال کے لئے) ۔

Petalite : (n) (کان کنی) الومنیم اور لیتھیم کا ایک مرکب ۔

Petalled / Petaled : (a) پنکھڑی والا ؛ پتی دار ؛ گل برگ دار ؛ پنکھڑی دار ۔

Petalody : (n) [Gr. 'petalodes.'] (نباتیات) گل برگیت ؛ پتیاؤ ؛ پنکھ روپی ۔

Petaloid : (a) [mod. L. 'petaloideus.'] (۱) (نباتیات) دیکھو Petaliform ۔ (۲) (حیوانیات) اس کا اطلاق منقال خار پوست پر بھی ہوتا ہے جس کی شکل پنکھڑی جیسی ہوتی ہے ۔

Petaloidal : (a) خار پوست قسم کے پودے سے متعلق ۔

Petalomania : (n) (نباتیات) کثیر گل برگیت ۔

Petalon : (n) [Gr. 'petalon.'] یہودیوں کے ربی اعظم تاج میں سنہری پترا ۔

Petalostichous : (a) [f. mod. L. 'petalosticha.'] (حیوانیات) منقالی خار پوست کی جنس سے متعلق ؛ پنکھڑی نما منقال والا ۔

Petard : (n) [Fr. 'petard.'] (۱) منجنیق (قدیم زمانہ میں جنگ میں پھاٹک ، فصیل وغیرہ کو توڑنے کے کام آتا تھا)۔ (فوج) صاروخہ ؛ دروازہ ریزم ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛ پٹاخا وغیرہ ۔

Hoist with his own petard : چاہ کن راچاہ درپیش ۔

Petasus : (n) [Gr. 'petasos.'] (۱) بال دار کلاہ ؛ یونانیوں کی قدیم چھجے دار ٹوپی ۔ (۲) ہر مز دیوتاکی پردار ٹوپی۔

Petaurist : (n) [Gr. 'petauristes.'] (حیوانیات) پتوری ؛ کیسہ دار ؛ پھدکی ؛ یہ ایک قسم کا تھیلا دار جانور ہے جس کے بازووں پر جھلی منڈھی ہوئی ہوتی ہے جس کی مدد سے یہ چھلانگ لگاتا ہے ۔

Petechia : (n) [It. 'petecchie.'] (طب) نمش ؛ حصبہ ؛ ددوڑا ۔

Petechial : (a) (طب) نمشی ۔

Peter : (n) [ecct. L. 'petrus.'] (بائبل) پطرس ؛ پیٹر ؛ عیسائی مردوں کا نام ۔

Blue Peter : دیکھو Blue

St. Peter : (n) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ حواریوں میں سے ایک ؛ پطرس رسول ۔

(St.) Peter's bark , boat : رومن کیتھولک گرجا ۔

(St.) Peter's fish : ماہی پطرس (ایک مچھلی جس کی نسبت یہ روایت مشہور ہے کہ اس کی پشت پر پطرس کے انگوٹھے اور انگلیوں کے نشان ہیں)۔

(St.) Peter's wort/-Peter- : مختلف قسم کے ولایتی پودے ۔

To rob peter to pay paul : حامد کی پگڑی محمود کے سر ؛ ایک سے لینا دوسرے کو دینا ۔

Peter : (v) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) روکنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ؛ موقوف کرنا ۔ (۲) (بول چال) ختم ہو جانا ؛ اختتام کو پہنچ جانا ؛ ہو چکنا ؛ مر جانا ؛ (چشمے وغیرہ کا) خشک ہو جانا ۔

Peter-boat :(n) مچھلی شکار کرنے کی ایک چھوٹی کشتی ۔

Peter-penny /-Peter's- /-pence : (n) سالانہ خراج پاپائی ؛ وہ سالانہ خراج پاپائی جو مخصوص قیمت کی زمین رکھنے والے ہر مکان مالک سے ایک پینی کی شرح سے لیا جاتا ہے اور پاپائی خزانہ میں جمع کیا جاتا ہے (۱۸۶۰ء سے) ۔

Peterman : (n) ماہی گیر ؛ مچھلی شکار کرنے والا ۔

Petersham : (n) [F. 'Viscount Petershman , c1812.] (۱) بھاری اوور کوٹ یا برجس ؛ایسے اوور کوٹ کا کپڑا ۔ (۲)دبیز ریشمی فیتہ ۔

Petiolar : (a) ڈنٹھل کا یا اس سے متعلق ؛ ڈنٹھل دار ؛ ڈنٹھلی ۔

Petoilate(d) : (a) ڈنٹھل دار ؛ ڈنٹھلی ؛ ساقہ دار ۔

Petiole : (n) [L. 'petiolus.'] (۱) (نباتیات) ڈنٹھل ؛ ذنیب ؛ ساقہ برگ ۔ (۲) (حیوانیات) نازک ڈنٹھل نما ساخت ۔

Petioled : (a) دیکھو Petiolate

Petiolulate : (a) ڈنٹھل والا ۔

Petiolule : (n) [mod. L. 'petiolulus.'] : (۱)(نباتیات) ڈنٹھلی سویقہ ۔ (۲) (حیوانیات) ساقچہ ۔

Petit : (a) [Fr. 'petit.'] خرد : کوچك؛ چھوٹا : پستہ : بے اررش ۔

Petit Bag/ -officer : (n) (۱) چھوٹا بیگ : معمولی تھیلا ۔(۲) ادنیٰ افسر : معمولی آفیسر ۔

Petit-maitre : (n) [Fr.] (۱)زنخا : نا مرد : زن نما مرد : زنانہ صفت آدمی ۔ (۲) بانکا : رعنا : چھیلا : خو دنما : نمودیا : اکڑ دکھانے والا ۔

Petit-mal : (n) [Fr.] : ہلکی قسم کی مرگی (طب) خفیف مرگی : صرع خفیف ۔

Petit point : (n) کیکری : سلائی میں مثلث یا خیمہ کی شکل کابخیہ۔

Petit souper : (n) [Fr.] چندخاص احباب کا مخصوص کھانا : ہلکی ضیافت ۔

Petit treason : (n) (انگریزی قانون) وہ جرم جس میں نوکر اپنے آقا کو قتل کر دے یا بیوی اپنے شوہر کو قتل کر دے ۔

Petit verre : (n) شراب کا چھوٹا گلاس ۔

Petite : (a) [Fr. tem. of 'petit.'] چھوٹے قد کی نازك اندام(عورت یا لڑکی) ۔

Petite-four : (n) [Fr. Lt.] بہت چھوٹا اور مزیدار کیك ، بسکٹ یا مٹھائی ۔

Petite-morale : (n) معمولی اخلاق ۔

Petite piece : (n) معمولی بجا آوری : چھوٹا کام : (جمع میں) کسی مصنف کی معمولی تحریر ۔

Petitio : (n) [L.] لاطینی لفظ جوعروض گذاری کے معنی میں استعمال ہوتا ھے ۔

Petitio induciarum : (n) (قانون) دیکھو Imparlance

Petition : (n) [L. 'petitio.'] (۱) دادخواہ؛عرض حال؛واجب العرض؛ عرض؛ معروض ۔ (۲) التجا : استدعا :التماس : تضرع : گذارش : خصوصاً عاجزی اور تفریع کے ساتھ الوہیت سے التجا یا حکمراں سے درخواست ۔ (۳) عرضی : عریضہ : عرضداشت : تحریری درخواست: (سیاسیات) عرضداشت : رحم و کرم کی درخواست ۔ (۴) (قانون) درخواست : عرضی دعویٰ :عدالتی تعمیل کے لئے عرضی یا درخواست : پیٹیشن : محضر : محضر نامہ ۔

Petition : (v) داد خواہی : درخواست دینا : عرضی پیش کرنا : التجا کرنا : التماس کرنا : گذارش کرنا : عرض داشت پیش کرنا : عرضی گذارنا ۔

Petition and Advice : (انگریزی تاریخ) ۴/ اپریل ۱۶۵۷ ء کو پارلیمنٹ کا محضر نامہ Cromwell کے نام ۔

Petition of Right : (n) (سیاسیات) عرض داشت حقوق : اعلان حقوق آزادیءعامہ (یہ حقوق ۱۶۲۸ ء میں چارلس اول سے حاصل کئے گئے تھے ۔

Petition of Right : (n) (قانون) ایك قدیم قانون عام جس سے حکومت سے جائداد یا ملك کی واپسی میں مدد ملتی تھی ۔

Petition principii : (n) انحصار مقدمہ برنتیجہ : اقتراح المسئول ۔

Petition writer : (n) (قانون) عرضی نویس ۔

Petitionary : (a) داد خواستگی : عرض حال : تضرع آمیز :استدعائی: معروضی : التماس : مشتمل بہ درخواست ۔

Petitionarily : (adv.) درخواست کے طور پر : استدعا کے ساتھ : التماس کے طور پر ۔

Petitionee : (n) (امریکا قانون) وہ شخص یا پارٹی جس کے خلاف عرضی گذاری گئی ہو : مدعاعلیہ ۔

Petitioner : (n) (۱) عرضی گذار : درخواست دہندہ : درخواست دینے والا : عریضہ نگار : درخواست کنندہ ۔ (۲) (قانون) سائل : مدعی : دادخوا ہ : دعویٰ دار : عرضی گذار قرض خواہ ۔ (۳) (تاریخ) ان میں سے کوئی جنھوں نے ۱۶۸۱ ء میں پارلیمنٹ کا اجلاس بلانے کے لئے چارلس دوم کے ایڈریس پر دستخط کئے تھے ۔

Petitionry : (n) عرض حالی : عرض گذاری : (قانون) کسی چیز کا دعویٰ کرنے کی خصوصیت : دعویٰ ملکیت کی کاروائی۔

Petits-chevaux : (n) قمار بازی کی ایك قسم ۔

Petits soins : (n) ادنیٰ توجہات ۔

Petralogy : (n) چٹانوں کی اصلیت اور ان کی ساخت وغیرہ کا علم: صمزہ دانی : (ارضیات) صخرات : چٹانوں کا علم ۔

Petrarchal : (a) [f. 'petrarch.'] اطالوی شاعر پٹرارک(۱۳۰۴ـ۷۴) کا یا اس سے متعلق یا اس کے طرز میں ۔

Petrarchan/-chian : (n) مانند اطالوی شاعر پٹرارک (۱۳۰۴ـ۷۴ ء) ۔

Petrarchist : (n) پٹرارک کا مقلد : اس اطالوی شاعر کا متبع ۔

Petrary : (n) [med. L. 'petraria.'] (اب تاریخ) منجنیق ۔

Petre : (n) [L. 'petra.'] شورہ ۔

Petrel : (n) [Early vars. 'petteral.'] پطریل : ایک چھوٹا بحری پرندہ جس کے پر سیاہ اور ڈینے لمبے ہوتے ہیں : مرغ باراں : مرغ طوفاں : جل چڑیا ۔

Storm petrel/ Stormy- : مرغ طوفان : طیر طوفان ۔

Petrifaction : (n) [f. 'petrify.'] (۱)(ارضیات) تحجّر : حجریت کا عمل : پتھر ہوجانے کا عمل : پتھر میں تبدیل ہونا : حجریت ۔ (۲) متحجر شے : متحجر مادہ : (طب) پتھر کا بن جانا ۔ (۳) اُحفور : فوسل ۔

Petrifactive : (a) پتھر میں تبدیل شدہ : متحجّر شدہ ۔

Petrified : (a) پتھر میں تبدیل شدہ : بے حس و حرکت کیا ہوا : فالج زدہ : بے جان کیا ہوا ۔

Petrify : (v) [med. L. 'petrificare.'] (۱) پتھر میں بدل جانا : پتھر ہو جانا : حجرانا : متحجر ہو جانا ۔ (۲) (حیوانی یا نباتی مادوں کا) پتھر میں تبدیل ہو جانا : پتھر ہو جانا ۔ (۳) (مجازاً) پتھر کی طرح بدل جانا: بے طاقت کرنا : سن کرنا : بے حس کرنا : بے بس کرنا : مردہ کرنا یا ہونا : بے طاقت کرنا : اکڑ جانا : کڑا کرنا ۔ (۴) حیرت یا خوف کے مارے ششدر رہ جانا : مبہوت کرنا : بت بن جانا : ہاتھ پاؤں پھول جانا : حیران و ششدر کر دینا ۔ (۵) پتھر کی طرح بے جان کر دینا ۔

Petrine : (a) [f. eccl. L. 'petrus + ine.] (بائبل) پطرسی : نوشتۂ پطرس : متعلق بہ تعلیم پطرسی ۔

Petrine calims : (n) سینٹ پیٹر کی جانشینی کا دعویٰ ۔

Petro- : (Prefix) سابقہ بمعنی "پتھر" : "چٹان" ۔

Petrobrusian : (a) [L. 'petrobrusiani.'] (کلیسائی تاریخ) بارھویں صدی عیسوی میں جنوبی فرانس کے پیروان پطرس کے ایک فرقہ کا رکن ۔

Petrochemical : (a) پٹروکیمسٹری یا پٹرو کیمیکلز کا ۔

Petrochemical : (n) صنعتی سطح پر پٹرولیم سے حاصل شدہ یا تیار کردہ کوئی بھی شے ۔

Petrochemistry : (n) (۱) پتھروں کی ساخت و ترکیب کی کیمیا (کیمسٹری) ۔ (۲) پٹرولیم اور اس کی صفائی وغیرہ کی کیمیا ۔

Petroeus : (a) کوہستانی ۔

Petroglyph : (n) [Fr. 'petroghypho.'] چٹان تراشی : (آرٹ) نقش صخر : تراش چٹان : نقش سنگ ۔

Petroglyph : (n) (آرٹ) چٹان تراشی ۔

Petroglyphic : (a) چٹان تراشی سے متعلق : نقش سنگ سے متعلق ۔

Petrograph : (n) چٹانی تحریر یا کتبہ ۔

Petrographer : (n) (ارضیات) ماہر صخور : صخور نگار : سنگ نویس : حجّار : سنگ تراش : ماہر صخریات : اس علم کا جاننے والا ۔

Petrographic/-al : (a) چٹانی کتبہ سے متعلق : سنگ نویسی سے متعلق : سنگ شناسی سے متعلق : صخور نگاری کا یا اس سے متعلق : صخریاتی : متعلق بہ صخریات ۔

Petrography : (n) چٹانوں کی ساخت و ترکیب کا علمی بیان : علم صخریات : (ارضیات) صخور نگاری : صخور نامہ : سنگ شناسی ۔

Petrohyoid / Petromastoid : (a) (تشریح) استخوان خارہ ولامی سے متعلق (جمجمہ میں) ۔

Petrol : (n) [med. L. 'petroleum.'] (۱) پٹرول ۔ (۲) (کیمیا) ہائیڈرو کاربن (C_8H_{10}) ۔

Petrol : (v) پٹرول فراہم کرنا (موٹروں وغیرہ کے لئے) ۔

Petrolatum : (n) [mod. L,f. 'petrol + -atum.] (کیمیا) ویز لین ۔

Petroleum : (n) [med. L. 'petroleum.'] پٹرولیم : معدنی تیل جو چٹانوں کے اندر یا سطح آب میں پایا جاتا ھے اور جو روشنی اور مشینی طاقت کے لئے استعمال کیا جاتا ھے : (کیمیا) مٹی کا تیل : نفت خام ۔

Petroleum-ether : (n) بخار بن کر اڑ جانے والا تیل جو پٹرولیم سے

حاصل کیا جاتا ھے ؛ پٹرولیم ایتھر ۔

Petroleum oil : (n) دیکھو Petroleum

Petroleum-spirit : (n) پٹرولیم اسپرٹ ۔

Petroleur : (n) [Fr. f. petrole + -eur.] پٹرولیم سے آگ لگانے والا۔

Petroleuse : (n) [fem. of prec.] پٹرولیم سے آگ لگانے والی۔

Petrolic : (a) پٹرول کا یا اس سے متعلق ؛ پٹرولی ؛ پٹرولیم۔

Petrolin : (n) (۱) پٹرولین ؛ پٹرولی تیل ؛ وہ تیل جو پٹرولیم سے حاصل ہو ۔ (۲) وہ شے جو رنگون پٹرولیم سے نکلتی ھے ۔

Petrologic/-al : (a) صخرہ دانی سے متعلق ؛ سنگ شناسی سے متعلق ۔

Petrologically : (adv.) صخرہ دانی کے طور پر ؛ ازروئے صخرہ دانی ۔

Petrtologist : (n) صخرہ داں ؛ سنگ شناس ۔

Petrology : (n) دیکھو Petralogy

Petronel : (n) [Fr. 'petrinal.'] (تاریخ) بطرونیل ؛ پترونیل ؛ ایك بڑا تمنچہ جوسولہویں اور سترھویں صدی عیسوی میں خاص کر سوار استعمال کرتے تھے ۔

Petrophyte : (n) (نباتیات) چٹانی پودا ۔

Petrosal : (a) (تشریح) جزو عظم صُدغی ؛ عظم حجری ۔

Petrosilex : (n) [mod. L, f. 'petrus + silex .] (کان کنی) سخت چٹان ۔

Petrosiliceous : (a) بہ شمول سخت چٹان ۔

Petrous : (a) [f. L. 'petrosus.'] (۱) صخرائی ؛ صخراتی ؛ مشابۂ صخرہ ۔ (۲) (تشریح) صدغی ؛ عظم حجریہ؛ کنپٹی کی ہڈی کے متعلق ۔

Petted : (a) جگر کے ٹکڑے سمجھنا ؛ ناز و نعم سے خراب کیا ھوا۔

Pettichaps : (n) گانے والی چڑیاں ؛ مغنی چکور ۔

Petticoat : (n) [Late ME.] (۱) سایہ ؛ لہنگا ؛ پیٹی کوٹ ؛ گھگھرا ؛ زیر دامنی ؛ زیر پاچین ۔ (۲) ایك قسم کا زنانہ لباس جو ساڑی وغیرہ کے اندر پہنا جاتا ھے ؛ اسکرٹ جو گون کے نیچے پہنا جاتا ھے ۔ (۳) (جمع) پورا اسکرٹ نیز اسکرٹ جو نوجوان پہنتے ہیں ۔ (۴) (خصوصاً جمع میں) خاص قسم کا زنانہ لباس ؛ جنس اناث ؛ عورت ذات۔ (۵) (واحد) لڑکی ؛ عورت ؛ جنس لطیف ۔ (۶) (مزاحاً) پادریوں کا لباس ؛ نیز لباس مردانہ و بچکانہ (Kilt) ۔ (۷) سایہ کی مانند کوئی چیز مثلاً ایسا میز پوش جو نیچے تك لٹکتا ہو ۔

Petticoat : (a) زنانی ؛ زنانہ ؛ نسواں سے متعلق ۔

Petticoat government : (n) (سیاسیات) ترياراج ؛ حکومت زنان ؛ زنانہ حکومت ؛ گھر یا سیاست میں عورتوں کی بالادستی ۔

Petticoat insulator : (n) الٹی ھوئی پیالے کی شکل کا اور چینی کا بنا ھواحاجز یا برقی تار کو علاحدہ کرنے والا آلہ ۔

Petticoat-pipe : (n) ریل کے انجن کی چمنی میں ایك قسم کا پائپ ۔

Petticoated : (a) سایہ دار ؛ لہنگا پہنے ھوئے ؛ لہنگے دار ؛ لہنگے والی؛ گھگھرے والی ۔

Petticoatless : (a) بے سایہ ؛ بے لہنگا ؛ بدوں سایہ ؛ گھگھرے کے بغیر ؛ پیٹی کوٹ کے بغیر ۔

Petties : (n) (معاشیات) خفیف مصارف۔

Pettifog : (v) [Back-formation from pettifogger.] (۱) مختاری کرنا ؛ ادنیٰ درجہ کی وکالت کرنا ۔ (۲) ادنیٰ عدالت میں چھوٹے مقدمات کی پیروی کرنا ۔ (۳) قانونی فریب کاری کرنا ؛ قانونی حیلہ بازی کرنا ۔ (۴) اصل بحث سے گریز کرنا ؛ غیر ضروری باتوں پر زور دینا ؛ لفظی بحث کرنا ۔

Pettifogger : (n) [f. 'petty + fogger . '] (۱) معمولی وکیل ؛ ادنیٰ درجہ کا وکیل ؛ مختار ؛ چھوٹا موٹا کیس لینے والا ۔ (۲) فریب یا ناجائز ذرائع سے کام لینے والا ؛ ادنیٰ وکیل ؛ جھوٹا مدعی ؛ جھوٹا دعویدار ۔ (۳) عطائی (ہر پیشے کا) ۔

Pettifoggery : (n) قانونی حیلہ بازی یا فریب کاری ؛ معمولی وکالت ؛ ادنیٰ وکالت ۔

Pettifogging : (n) مختاری کا عمل ؛ قانونی حیلہ ؛ قانونی فریب ۔

Pettifogging : (a) فریب کار ؛ حیلہ باز ؛ مکّار ؛ لفظی بحث کرنے والا ؛ معمولی وکالت کرنے والا ؛ جھگّی ؛ کمینہ ۔

Pettily : (adv.) کم مایگی سے : تنگ ظرفی سے ۔

Pettiness : (n) سبکی : دیانت : کمینہ پن : کم مایگی : کم ظرفی ۔

Petting : (n) پیارا : منظور نظر : دلارا ہونا ۔

Pettish : (a) تنک مزاج : زود رنج : کج خلق : بد اخلاق : نازک مزاج : چڑچڑا : بد دماغ ۔

Pettishly : (adv.) تنک مزاجی سے : نازک مزاجی سے : چڑچڑے پن سے ۔

Pettishness : (n) چڑچڑا پن : نازک مزاجی : تنک مزاجی : کج خلقی : تند مزاجی ۔

Pettitoes : (n) [Fr. 'petiteoie.'] (۱) سور کے پائے (جو کھائے جاتے ہیں) ۔ (۲) انسان کے پاؤں (خصوصاً بچوں کے) ۔

Pettle : (\v) (اسکاتستانی) پیار کرنا : دلار کرنا : چھاتی سے لگانا : ناز و نعم کے ساتھ رکھنا ۔

Petto : (n) [L 'pectus.'] (تشریح) سینہ : چھاتی ۔

In petto : فی الباطن : سینے میں : رازمیں : پوشیدہ ۔

Petty : (a) [Late ME. 'pety.'] (۱) جزئی : حقیر : ناچیز : ذلیل : ناقابل توجہ : بے حقیقت ۔ (۲) معمولی : ادنیٰ : چھوٹا : کم رتبہ : ماتحت ۔ (۳) کم مایہ کم ظرف : فرو مایہ : خفیف : تھوڑا سا : ذرا سا : یونہی : ادنیٰ سا ۔

Petty average : (n) دیکھو Average

Petty cash : (n) معمولی زرنقد (آمد و خرچ کا) ۔ (۲) معمولی اخراجات کا فنڈ ۔

Petty dancers : (n) انوار شمالی ۔

Petty jury : (n) دیکھو Jury

Petty larceny : (n) دیکھو Larceny

Petty officer : (n) (۱) معمولی آفیسر : ادنیٰ آفیسر ۔ (۲) (خصوصاً) ادنیٰ بحری آفیسر (نن کمیشنڈ آفیسر کے مساوی) ۔

Petty repairs : (n) (تعمیرات) چھوٹی موٹی مرمت ۔

Petty session : (n) (۱) نشست : بیٹھک ۔ (۲) دیکھو Session ۔

Petty works : (n) کارہائے ادنیٰ : معمولی قسم کے کام ۔

Petulance : (n) [L. 'petulance.'] بد خوئی : تنک مزاجی : زود رنجی : بد اخلاقی : چڑچڑاپن : ترش مزاجی : بد دماغی ۔

Petulant : (a) [L. 'Petulans. '] بدخو : بد مزاج : زود رنج : تنک مزاج : نک چڑھا : چڑچڑا : ترش مزاج : بد دماغ : جھکّی ۔

Petulant : (n) بد مزاج شخص : چڑچڑا آدمی ۔

Petulantly : (adv.) چڑچڑے پن سے : جھکی پن سے : بے ادبانہ : گستاخانہ : تنک مزاجی سے ۔

Petunia : (n) [mod. L. 'petunia. '] (نباتیات) پتونیہ : (ایک پودا جس میں سفید اور ارغوانی پھول لگتے ہیں : جن کی شکل قیف نما ہوتی ہے) گل اطلسی ۔ (۲) گہرا بنفشی رنگ : ارغوانی رنگ ۔

Petuntse : (n) [Chinese ' pai- tun- tizd. '] وہ سفید مٹی جس سے چینی مٹی تیار ہوتی ہے چینی مٹی : چنگ چینی ۔

Petzite : (n) [f. name of W. Petz.] (کا ن کنی) چاندی کا ٹلور لئید جس میں سونا پایاجاتا ہے ۔

Peucedanin : (n) [f. mod. L. 'peucedanum. '] (کیمیا) ایک تعدیلی مادہ ($C_{12} H_{12} O_3$) ۔

Peucyl : (n) [Gr. 'peuke + -yl.] (کیمیا) ایک قسم کا روغنی ہائیڈرو کاربن ۔

Peulvan/ -ven : (n) [Fr.] دیکھو Menhir

Pew : (n) [Late ME. 'pywe. '] (۱) پیو : گرجا میں نشست کا مقام (اونچا یا محصور اکثر خاص خاص لوگوں کے لئے) ۔ (۲) گڑی ہوئی تکیہ دار بنچ (گرجا میں) ۔ (۳) اونچی نشست (جج ، قانون داں وغیرہ کے لئے) ۔

Family pew : گرجا میں کسی خاندان کے لئے مخصوص مقام نشست ۔

Pew : (v) گرجا میں اونچی نشستوں کو مہیا کرنا : ایسی نشستوں سے محصور کرنا ۔

Pew-rent : (n) گرجا میں مخصوص مقام نشست کا کرایہ ۔

Pewage : (n) گرجا کی نشست کا انتظام : گرجا کی نشست کا کرایہ ۔

Pewless : (n) مخصوص گرجائی نشست کے بغیر : بغیر Pew کے ۔

Pewee : (n) (امریکا اور کناڈا) پیوی : ایک قسم کا پرندہ ۔

Pewit / Peewit : (n) [imit.] (۱) دیکھو Lapwing ۔ (۲) نتّاح ؛ ہدہد ۔ (۳) پیوی ۔ (۴) (حیوانیات) چتلا پلوہ۔ (حیوانیات) سیاہ سرمرغابی ۔ (۵) ان پرندوں کی آواز ۔

Pewit gull : (n) کالی سروالی مرغابی ؛ سیاہ سر مرغابی ۔

Pewter : (n) [OFr. 'peutre.'] (۱) مضرّع ؛ کانسا ؛ جس ؛ جست ۔ (۲) جستی برتن ؛ جست کے برتن ۔ (۳) (عامیانہ) وہ رقم جو اس مال یا جہاز کی فروخت سے حاصل ہو جو زمانہ جنگ میں سمندر پر پکڑا جائے ۔ (۴) پالش کرنے کا ایک طریقہ ۔

Pewter-solder : (n) دھات جوڑنے کا ملائم مسالہ ۔ ۔

Pewterer : (n) جستے کا کام کرنے والا ۔

Pewtery : (a) جستے کی صفت کا ؛ کانسا صفت ۔

Plaint : (n) [of. 'plainte.'] (۱) (قانون) عرضی دعویٰ۔ (۲) (شاعری) ماتم؛ نوحہ؛ شکایت؛ فریاد؛ گلہ؛ شکوہ۔ (۳) عرضد اشت (تحریری یا زبانی)؛ الزام تراشی۔

Plaintiff : (n) [OFr. 'plaintif.'] مدعی؛ دعویٰ دار؛ دعویٰ کرنے والا (مدعا علیہ کا متضاد)۔

Plaintive : (a) [OFr. 'plaintif, -ive.'] (۱) غم آلود؛ غم آگیں ۔ (۲) گلہ بند؛ شکوہ سنج (اب شاذ)۔

Plaintively : (adv.) غم آلودانہ۔

Plaintiveness : (n) غم آلودگی؛ غم آگینی۔

Plaister : (n) (۱) پلاسٹر؛ ضماد؛ لیپ؛ کہگل؛ سفیدی۔ (۲)دیکھو Plaster .

Plait : (n) [OFr. 'pleit'] (۱) تہ؛ شکن؛ چنائی؛ چنٹ؛ چین۔ (۲) لٹ؛ کا کل ۔ (۳) بنا ہوا فیتہ یا بٹی ہوئی گھاس۔

Plait : (v) [f. prec.] تہ کرنا؛ شکن ڈالنا؛ چنٹ ڈالنا؛ مینڈھی گوندھنا؛ چٹیا گوندھنا ؛ گھاس وغیرہ بٹنا۔

Plaited : (a) لپٹا ہوا؛ گوندھا ہوا؛ (گھاس وغیرہ) بٹا ہوا؛ تہ شدہ؛ چین دار۔

Plaiter : (n) گوندھنے والا؛ گھا س وغیرہ بانٹنے والا؛ شکن دینے والا؛ چنٹ ڈالنے والا۔

Plan : (n) [L. 'planus.'] (۱) نقشہ؛ خاکہ۔ (۲) تفصیلی نقشہ (شہر وغیرہ کا)۔ (۳) نقشہ اوقات؛ پیش نامہ؛ اوقات نامہ؛ مقامات نامہ۔ (۴) تجویز؛ منصوبہ۔ (۵) تدبیر؛ ترکیب۔ (٦) طریق کار؛ طریق عمل؛ طرز عمل؛ روش؛ رویہ۔ (۷) فرضی سطوح میں سے کوئی ایک سطر کے خط نظر سے عموداً واقع ہو اورتصویر کی شکلوں میں گزرتی ہوئی نظر آتی ہو۔

Plan : (v) [f. prec. (n).] (۱) نقشہ بنانا؛ منصوبہ بنانا؛ خاکہ بنانا۔ (۲) تدبیر کرنا؛ سوچنا؛ منصوبہ باندھنا؛ تجویز کرنا۔

Planar : (a) [L. 'planaris', f. 'planum.'] (ریاضی) سطح کے متعلق، اس میں واقع یا اس سے کسی طرح وابستہ۔

Planaria : (n) [mod. L. use of fem. of L. 'planarius.'] (حیوانیات) حشرات کی ایک نوع: پُدَبی کیچوا۔

Planarian : (a) پُدَبی کیچوا سے متعلق۔

Planaridan : (a) Planaridaکی ذیلی قسم سے متعلق۔

Planarioid : (a) پُدَبی کیچوا کی شکل کا یا اس کے مشابہ۔

Planch : (n) [f. 'planche.'] دھات کی تختی یا پتھر کی سل؛ (روز مرہ) فرش: خصوصاً پکی ہوئی مٹی کی سل جو مینا سازی میں کام آتی ہے۔

Plancher : (n) [OFr. 'plancher', -ier, f. 'plancho.'] (روز مرہ) فرش۔

Planchet : (n) [dim. of 'planch.'] دھات کی سادہ ٹکیا جس کا سکہ بنتا ہے: دھاتی قرص جس کا سکہ بنایا جاتا ہے۔

Planchette : (n) [Fr., dim. of 'planche.'] روحانی تختی؛ خودروتختی؛ پلنچھٹ، یہ ایک قسم کا خود نویس آلہ ہے جو دو پہیوں اور ایک پنسل پر قائم ہوتا ہے اور جب آدمی اس پر انگلیاں رکھتا ہے تو پنسل خود بخود لکھنے لگتی ہے۔

Plancier : (n) [OFr. collateral from of 'planchier.'] گگرکی کارنس کا نچلا حصہ۔

Plane : (n) [L. 'platanus.'] (نباتیات) چنار کی قسم کا درخت۔

Plane : (n) (۱) رندہ۔ (۲) دھات صاف کرنے کا رندہ۔ (۳) راج مستری کا آلہ جس سے مٹی، بالو کی سطح ہموار کرتے ہیں۔

Jack plane : موٹے کام کا رندہ۔

Moulding plane : سانچے بنانے کا رندہ؛ حاشیہ رندہ۔

Objective plane : ایسی سطح جو موضوع ہی میں واقع ہو۔

Perspective name : ایسی شفاف جو عموماً افق کی عمودی ہو۔

Smoothing plane : نفیس کام کا رندہ؛ نفیس رندہ۔

Trying plane : باریک کام کا رندہ۔

Plane : (v) رندے سے چھیلنا یا ہموار کرنا؛ رندہ پھیرنا؛ صاف کرنا؛ برابر کرنا۔

To plane the way : (قدیم) راستہ صاف یا ہموار کرنا۔

Plane : (n) [L. 'planum.'] (۱) سطح؛ سطح مسطح؛ سطح ہموار۔ (۲) چپٹی باریک شے جیسے میز کی سطح یا ہوائی جہاز کی میز نما چھت۔ (۳)(جمع) ہوائی جہاز۔ (۴) بلوریں قلم کا پہلو: منشور مثلث کا رخ۔ (۵) کان میں بڑی سڑک۔ (۶) (مجازاً) سطح خیال؛ سطح علم؛ سطح اخلاق۔

Inclined plane : سطح مائل۔

Planc . (v) ہوائی جہاز میں سفرکرنا یا سیر کرنا۔

Plane : (a) [L. 'planus.'] (علم ہندسہ) سطح کا؛ بالکل مسطح یا ہموار؛ مستوی (ایسی سطح جس میں اگر دو نقطوں کو کوئی خط ملائے تو وہ اس میں بالکل واضح ہو)۔

Plane angle : (n) زاویہ مستوی۔

Plane chart : (n) نقشہ جس پر خطوط زوال اور متوازی خطوط عروج مساوی المسافت خطوط مستقیم سے دکھائے جاتے ہیں (یہ نقشہ مستوی رانی میں کام آتا ہے)۔

Plane metre : (n) مسطح پیمانہ۔

Plane mirror : (n) مستوی آئنہ۔

Plane of incidence : (n) (بصریات) سطح وقوع۔

Plane of polarisation : (n) (بصریات) سطح تقطیب۔

Plane of projection : (n) ایک سطح جس میں نقطے، خطوط یا شکلیں تحریر ہوں۔

Plane of reflection : (n) (بصریات) سطح انعکاس۔

Plane of refraction : (n) (بصریات) سطح انعطاف۔

Plane of symmetry : (n) سطح تشاکل۔

Plane of the ecliptic : (n) (ہیئت) سطح طریق الشمس۔

Plane polarisation : (n) (بصریات)مستوی تقطیب۔

Plane sailing : (n) (۱) جہاز کے مقام کا تعین کرنا اس نظریے کے مطابق کہ وہ ہموار سطح میں سفرر کر رہا ہے: مستوی رانی۔ (۲) (مجازاً) نہایت سہل طریقۂ کار (اب عموماً

Plain sailing مستعمل ھے)۔

Plane surface : (n) سطحِ مُستوی۔

Plane surveying : (n) مُسطوی سَروے۔

Plane table : (n) ایك آله جس سے زاویه پیمائی کی جاتی ھے؛ نیز مسافت۔

Plane table : (v) اس آلے سے زاویه پیمائی کرنا۔

Plane-tree : (n) درخت چنار کی ایك قسم۔

Planeshear/Planksheer : (n) [Corruption of 'Plancher', (n).'] جہاز کی تخته بندی۔

Plannet : (n) ['OF. 'planete.'] (۱) سیارہ؛ وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا نظر آتا ھے (ضد ستارہ)۔ (۲) (ہیئت) وہ جرم فلکی جو آفتاب کے گرد گھومتا ھے۔ (۳) (علم النجوم) طالع: سیارہ جس کا اثر اشخاص و واقعات پر پڑتا ھے۔

External planet : (علم النجوم) خارجی سیارہ۔

Inferior planet : (علم النجوم) سیّارۂ سِفلی۔

Interior planet : (علم النجوم) داخلی سیّارہ۔

Intra-Mercurian planet : (علم النجوم) سیّارۂ داخلِ مَدار عطارد۔

Major planet : (علم النجوم) سیّارات کلاں؛ سیّارات کبیرہ (عطارد، زہرہ، ارض، مشتری، زحل، مریخ، نیپچون، یورینس)۔

Minor planets : (علم النجوم) سیّارات صغیرہ؛ سیّارچه (ان کے مدار مشتری اور مریخ کے مداروں میں واقع ہیں)۔

Primary planets : (علم النجوم) سیّارات اَوّلیّه؛ سیّارات اولی جو سورج کے گرد گھومتے ہیں۔

Secondary planets : (علم النجوم) سیّارات ثانویه جو سیّارات اوّلیّه کے گرد گھومتے ہیں۔

Superior planets : (علم النجوم) سیّارہ عُلوی۔

Planet : (n) [med. L. 'planeta.'] عیسائیوں کی عید قرباں و فطر کے موقع پر رسوم ادا کرنے والے کے پشت و دوش کا صلۂ عبادت۔

Planet-stricker : (a) سیارہ زدہ؛ بد طالع؛ حیران پریشان؛ ہکّا بکّا؛ خوف زدہ۔

Planet-struck : (a) [f. Planet + strike, (v.)] سیّارہ زدہ؛ بد طالع؛ حیران پریشان؛ ہکّا بکّا؛ خوف زدہ۔

Planetarily : (adv.) سیاروں کے اثر سے؛ سیاروں کے عمل سے؛ سیارہ وار۔

Planetarium : (n) [mod. L. f. 'planetarius.'] نظام سیّارات کا نمونه؛ سیارات نما؛ نظام عالم نما۔

Planetary : (n) سیّارہ۔

Planetary : (a) (۱) سیّاری؛ متعلق به سیّارات۔ (۲) دینوی؛ سماوی۔ (۳) (مجازاً) متحرك؛ گرداں؛ خطا کار۔

Planetary hour : (n) معمولی گھنٹه (دن یا رات کا بارھواں حصّه)۔

Planetary influence : (n) سیّاروں کا اثر یا عمل یا سیّاری اثر۔

Planetary motions : (n) حرکات سیّاری۔

Planetary nebula : (n) سَحَابِ سیاری؛ سیّارہ کے مشابه جس کا قرص گول یا بیضوی ھوتا ھے۔

Planetary system : (n) نظام شمسی؛ نظام سیّاری۔

Planetary year : (n) سورج کے گرد سیّارے کی مدتِ گردش۔

Planetesimal : (a) [Planet + -esimal.] باریك اجرام سماوی کے متعلق۔

Planetesimal : (n) سیّارہ۔

Planetgear/-gearing : (n) قوت کو رفتار میں بدلنے کا ایك میکانکی طریقه۔

Planetoid : (n) [f. Planet+-iod.] سیّارۂ صغیرہ؛ نجمیه؛ سیّارچه۔

Plangency : (n) آواز کا ارتعاش؛ اہتزاز؛ رقت و گریه کی آواز۔

Plangent : (a) [L. 'plangentem.'] (۱) تلاطم امواج؛ موجوں کی سواحل سے ٹکرانے کی آواز؛ ارتعاش پذیر؛ اہتزاز پذیر۔ (۲) شور انگیز؛ شدید آواز پیدا کرنے والا؛ کبھی ہیجان افروز یا حزن انگیز کے لئے مستعمل؛ مسلسل؛ متواتر۔

Plangently : (adv.) ارتعاش پذیری کے ساتھ؛ مرتعش طور پر۔

Plani- : [Comb. form of L. planus.] جزو ترکیبی بمعنی مسطح، چپٹا، ہموار۔

Planifolious : (a) مُسطح برگہ۔

Planiform : (a) چپٹا : مسطح شکل کا (خصوصاً تشریح میں)۔

Planimeter/Planimetre : (n) [f. Plani - +meter.] سطح پیما؛ رقبہ پیما؛ ایک قسم کا آلہ جس سے کسی غیر مسطح شکل کا رقبہ ناپا جاتا ہے۔

Planimetrical : (a) سطح پیما یانہ۔

Planimetry : (n) سطح پیمائی۔

Planing : (n) سطح یا ہموار بنانے کا عمل۔

Planing machine : (n) ینجر؛ رندہ گل؛ مختلف قسموں کی مشینیں جس سے لکڑی یا دھات کو ہموار کیا جاتا ہے۔

Planing-mill : (n) (۱) دیکھو Planing machine ۔ (۲) تیز ورکشاپ جہاں لکڑی یا دھات کو مسطح بنایا جاتا ہے۔

Planipennate : (a) [L.+- 'pennatus.'] (حیوانیات)مسطح پر یا پنکھ والا۔

Planipetalous : (a) مسطح گلبرگہ؛ چپٹا پنکھڑیا۔

Planirostral : (a) (حیوانیات) مسطح منقارہ۔

Planish : (v) [Fr. 'planiss-, planir.'] (۱) چپٹا کرنا۔ (۲) (سکہ بنانے کے لئے دھات کے ٹکڑوں کو) چپٹا کرنا۔ (۳) (تصویر وغیرہ پر) رول پھیر کر پالش کرنا۔

Planisher : (n) چپٹا کرنے والا (شخص)؛ مسطح بنانے والا؛ (تصویر پر) پالش کرنے والا؛ چپٹا کرنے کی مشین۔

Planishing : (a) مسطح کرنے والا؛ چپٹا بنانے والا۔

Planishing hammer : (n) ایک قسم کا ہتھوڑا جس کے ذریعہ دھات کی چادروں کو ہموار کیا جاتا ہے۔

Planishing roller : (n) (تصویر وغیرہ پر) پالش پھیرنے والا رول۔

Planisphere : (n) [med. L. 'planis phaerium.'] کرۂ مسطحہ : مسطح مُدوّر : کسی سطح پر کھینچا ہوا نقشہ یا چارٹ خصوصاً نقشہ فلک جیسے اصطرلاب میں۔

Revolving planis phere : گردشی نقشۂ فلک؛ ایک آلہ جس سے آسمان کا وہ حصہ ظاہر ہوتا ہے جو کسی خاص وقت یا مقام پر نظر آتا ہے۔

Planispheric/-al : (a) کرۂ مسطحہ کا۔

Plank : (n) [ME. 'planke.'] (۱) لوح : تختہ : تختی : پٹرا : پٹری۔ (۲) (مجازاً) تختہ جس کی مدد سے ڈوبنے والے شخص کو بچایا جائے؛ نگہبان؛ مددگار؛ محافظ۔ (۲) لکڑی کی پٹریوں سے بنی ہوئی مختلف چیزوں کے لئے مستعمل جیسے چھوٹا پل، میز یا بورڈ وغیرہ۔ (۳) سیاسی پیش نامے (پروگرام) کا کوئی جز۔

To walk the plank : جہاز کے کنارے کے تختے پر آنکھوں پر پٹی باندھ کر چلنا (بحری ڈاکو اپنے اسیروں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر انہیں اس تختے پر چلنے کے لئے مجبور کرتے جو سمندر میں نکلا ہوتا ہے، یہ ان کا انداز قتل ہے)۔

Plank : (v) [f. prec. (n)] (۱) تختی لگانا؛ تختی جڑنا؛ تختہ بندی کرنا؛ تختی چھانا؛ تختوں سے ڈھکنا؛ تختی بچھانا (۲) (عامیانہ) (down کے ساتھ (روپیہ پیسہ) رکھ دینا؛ روپیہ فوراً ادا کردینا۔ (۳) (مچھلی یا گوشت) تختے پر رکھ کر گرم آنچ میں پکانا۔ (۳) تختوں کا فرش کرنا؛ سخت فرش پر سونا۔

To plank a floor : کمرے کے فرش کی تختہ بندی کرنا۔

To plank down money : (روپیہ پیسہ) میز پر پھینک دینا؛ ادا کردینا۔

Plank : (a) تختی سے بنا ہوا؛ تختے کا۔

Plank road : (n) تختوں کے فرش سے بنا ہوا راستہ۔

Plank-ways/-wise : (adv.) لمبائی سے؛ پٹری کی لمبائی کی طرف سے۔

Planked : (a) [f. prec. + -ed.] تختہ بند؛ تختہ پوش۔

Planking : (n) تختہ پوشی؛ تختہ بندی؛ چوب فرش۔

Planktology : (n) سطح دریا پر تیرنے والے تمام جانداروں کا مطالعہ حیات۔

Plankoton : (n) [Gr. 'planktos.'] سمندری حیوانات و نباتات (یہ ایک عام نام ان تمام دریائی حیوانات و نباتات کا ہے جو سمندر، دریا وغیرہ پر بہتے، تیرتے، پھرتے رہتے ہیں)۔

-plankoton': (suffix) لاحقه بمعنی منطقه خاص میں رہنے والے چھوٹے چھوٹے جاندار جیسےHaliplankoton سمندر کی مختلف گہرائیوں میں تیرنے والے چھوٹے چھوٹے جاندار (مچھلی وغیرہ شامل ہیں).

Planless : (a) بے نقشے؛ بے منصوبے؛ بے ہدف.

Planned : (a) منصوبہ بند.

Planner : (n) منصوبہ تیار کرنے والا؛ منصوبہ بند؛ نقشہ کش؛ پروژہ ساز؛ (اسکاچستان) باغبان گل کار.

Plano - : (comb.) [L. 'Planus'.] سابقہ بمعنی مسطح، چپٹا وغیرہ.

Plano - : (comb.) [comb. form of Gr. 'planos.'] سابقہ بمعنی "تگ و دو کرنے والا" "گھومنے والا" سیّار.

Plano-concave : (a) مستوی مقعر؛ ایسا عدسہ جس کا ایک رخ مستوی مگر مخالف رخ مقعر ہو.

Plano-convex : (a) (۱) مستوی محّدب؛ ایسا عدسہ جس کی ایک سطح مستوی ہو اور دوسری محّدب. (۲) (بلور) کچھ سطوح مستوی ہوں اور دوسری محّدب ہوں. (۳) چپٹا محّدب سطحوں کا.

Planoblast : (n) (حیوانیات) حَرَکی نہوضہ؛ مرجانی جاندار؛ شکل توتیاء البحری؛ شکل ستارۂ دریائی.

Planometer : (n) سطح پیما.

Planorbis : (n) [mod. L. f. 'planus.'] (حیوانیات) تازہ پانی میں رہنے والے گھونگے کی ایک نوع جس کی صدف گول اور چپٹی ہوتی ہے.

Plant : (n) [OE. 'plante', L. 'planta.'] (۱) پودا ؛ بوٹا ؛ نبات . (۲) نباتیاتی عالم کا کوئی رکن. (۳) نشو و نما؛ اگنا؛ بڑھنا. (۴) وضع؛ حالت. (۵)مشین اور اس کے متعلقات (مجازاً) دماغی کام کی مشین. (۶) (عامیانہ) دھوکا؛ فریب؛ جھانسا؛ نقب یا سرقہ. (۷) (عامیانہ) سراغ رساں؛ سراغ رسانوں کا طلایہ.

In plant : نشو ونما میں؛ اگتا ہوا.

To lose plant : مرجانا؛ مرجھا جانا.

To fail in or miss plant : نہ اُگنا؛ نہ پھوٹنا.

Plant : (v) [OE. plantian and OF. planter, L. plantare.] (۱) بیج بونا؛ (پودا) لگانا؛ (پیڑ) لگانا؛ (جڑ) جمانا.(۲) (درخت) نصب کرنا؛ گاڑنا؛ جمانا. (۳) (تالاب وغیرہ میں) مچھلیاں چھوڑنا (افزائش نسل کے لئے).(۴) (کسی جگہ پر) متعین کرنا؛ مقرر کرنا (شخص کو خصوصاً بطور جاسوس کے). (۵) قائم کرنا؛ آباد کرنا؛ بنا ڈالنا؛ بستی بسانا. (۶) بسانا (کسی شخص کو) کسی مقام پر. (۷)جاگزیں کرنا؛ دل نشیں کرنا (کسی خیال کا). (۸) (کسی قطعۂ اراضی پر) (درخت) نصب کرنا؛ شجر زار بنانا. (۹) (گھونسا وغیرہ) رسید کرنا.(۱۰)(عامیانہ) چھپا لینا؛ مخفی کرنا (خصوصاً مال مسروقہ کو). (۱۱)(عامیانہ) دفن کرنا؛ مدفون کرنا. (۱۲)(عامیانہ) کان میں (زرریزے یا کچی دھات) ڈالنا کہ خریدار دھوکا کھائیں. (۱۳) (عامیانہ) سازش کرنا؛ فریب کا منصوبہ باندھنا؛ فریب آمیز سازش کرنا. (۱۴) ترک کرنا؛ چھوڑ دینا؛ قطع تعلق کرنا.

To plant oneself : اپنے تئیں قائم کرنا؛ مضبوطی سے کھڑا ہونا.

To plant out : پود لگانا؛ کسی پودے کو گملے وغیرہ سے نکالنا اور کھلی زمین میں لگانا.

Plant-animal : (n) (۱) (اب شاذ) حیوان نباتی ؛ مانند جانور (zoophyte) . (۲) غبی؛ بے شعور.

Palnt-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو پودوں پر زندگی بسر کرتا ہے.

Plant-bug : (n) ان حشرات میں سے کوئی ایک جو پودوں کا رس چوس کر زندہ رہتا ہے.

Plant-cane : (n) ایک سال کا گنّا.

Plant-cutter : (n) جنوبی امریکا کا ایک پرندہ جو پودوں کی کونپل کترنے کا عادی ہوتا ہے.

Plant house : (n) گلخانہ؛ پودوں کی پرورش گاہ.

Plant life : (n) نباتی زندگی.

Plant louse : (n) (حیوانیات) روکھ جُوں .

Plant observer : (n) (نباتیات) مشاہد نباتات.

Plant pathology : (n) نباتی امراضیات.

Plant physiologist : (n) (نباتیات) ماہر عضویات نباتی.

Plant physiology : (n) نباتی عُضویات؛ نباتی فعلیات.

Plant sline : (n) (نباتیات) طین نباتی۔

Plantable : (a) پود لگانے کے لائق؛ اگانے کے قابل۔

Plantagenet : (n) اس خاندان کا رکن جس کا بانی جیفرے آف آنجو (Geoffrey of Anjou) تھا خصوصاً ہنری دوم سے رچرڈ سوم تک کوئی انگریزی بادشاہ۔

Plantagenet : (a) اس خاندان کا یا اس سے متعلق۔

Plantain : (n) [ME. a. OFr. 'plantain.'] ایک قسم کی جھاڑی (خصوصاً Greater plantain جو زمین سے ملتی ہوئی پھیلتی ہے۔

Plantain : (n) [In 16th C. platan, plantan.] (۱) کیلے کا درخت۔ (۲) کیلا؛ موز۔

Plantain-cutter/-eater : (n) ایک قسم کی چڑیا؛ موز خور پرندہ۔

Plantain-meal/-flour : (n) آردموز؛ خشک کیلے کا سفوف کیا ہوا مادہ۔

Plantal : (a) [f. Plant + -al, after animal.] (اب شاذ) پودے سے متعلق؛ نباتی؛ سبزیوں سے متعلق۔

Planter : (a) [L. 'plantaris.'] تلوے کا؛ تلوے کے متعلق؛ کف پا کی بابت۔

Plantation:(n)[Fr.,orL. 'plantatio-.'] (۱) (تشریح) مزرعہ؛ شجرزا؛ کشت۔ (۲) کارخانۂ کاشت؛ کاشت سال؛ جائداد (جن میں پہلے غلام کاشت کا کام کرتے تھے)۔ (۳) (تاریخ) بستی؛ نوآبادی۔ (۴) (نباتیات) شجر کاری۔

Plantation song : (n) وہ راگ جو حبشی غلا م امریکن مزرعہ میں گاتے تھے۔

Planted : (a) [f. Plant, v + -ed.] (۱) (درخت) لگا ہوا : نصب کیا ہوا : جمایا ہوا۔ (۲) درخت ، پودے وغیرہ سے آراستہ۔

Planter : (a) [Plant + -er.] (۱) مزارع : کاشت کار : شجر کار۔ (۲)(آئرستان) وہ انگریز جو ۱۷ویں صدی عیسوی میں ضبط شدہ جائدادوں پر قابض ہوا؛ نو آباد کار۔ (۳) مالک کارخانۂ کاشت (خصوصاً گرم یا نیم گرم ملکوں میں)۔ (۴) نخلبندی کی مشین؛ بونے کی مشین (آلو، غلہ وغیرہ بونے کی)۔ (۵) (روز مرہ) ایسا گھوڑا جو اڑا رہے؛ اڑیل گھوڑا۔

Plantership : (n) مالک کارخانہ ہونا۔

Plantigrada/Plantigrade : (n) [Fr.] (حیوانیات) وہ جاندار جو راستہ چلتے وقت اپنے تلووں کو زمین پر رکھتا ہے (جیسے ریچھ و انسان) : دو پاؤں والا جاندار : اخمصیہ : کف چال۔

Plantigrade:(n)[L.'planta'+-gradus] تلووں کے بل چلنے والا جانور یا انسان۔

Plantigrade : (a) کف چال؛ تلووں کے بل چلنے والا۔

Planting : (n) [f. Plant + -ing.] تنصیب : پودا لگانا؛ نصب کرنا۔ (۲) (نباتیات) شجر بندی۔

Plantlet/Plantling : (n) [Plant + -let.] نبتہ؛ چھوٹا پودا۔

Plantocracy : (n) [Plant + -oracy, after aristocracy, etc.] کسان شاہی؛ (ویسٹ انڈیز وغیرہ کے) کسانوں کا فارغ البال طبقہ۔

Plantule : (n) [ad. mod. L. 'plantula', dim, of 'planta.'] (نباتیات) نبتہ؛ چھوٹا پودا۔

Planula : (n) [mod. L. dim. of 'planus.'] (حیوانیات) نُقّاعیہ : بعض آبی جانداروں کے آزادی سے تیرنے والے جنین۔

Planuria/Planury : (n) غیر فطری بولی۔

Planxty : (n) [Origin unkn.] (آئرستانی موسیقی) بربط کا ایک مخصوص شیریں آہنگ؛ آہنگ رقص۔

Plap : (v) [Onomatopoeic.] بھد سے گرنا۔

Plap : (n) بھد سے گرنے کی آواز۔

Plap : (adv.) بھد سے : ایسی آواز کے ساتھ۔

Plaque : (n) [Fr., ad. Du. 'plakke', 'plack.'] (۱) دھات یا چینی کی منقش یا سیاہ تختی یا لوح؛ اعلیٰ رتبے کی علامت کے طور پر استعمال ہونے والا لوحہ۔ (۲) (مرضیات) داد؛ ددوڑا۔

Plaquette : (n) چھوٹی تختی۔

Plash : (n) [OE. 'plaesc.'] دلدل؛ جوہڑ۔

Plash : (n) پانی میں گرنے کی آواز؛ غڑپ؛ غوطہ؛ ڈبکی یا اس کی آواز۔

Plash : (n) [f. next.] جھکی ہوئی شاخ یا جھاڑی۔

Plash : (v) [OFr. 'plais-s (i) er.'] (شاخیں) جھکا کر اور ایک دوسرے میں گوندھ کر باڑ بنانا۔ (۲) جھاڑی لگانا؛ باڑ لگانا۔

Plash : (v) [of. Plash.] پانی میں چھپ چھپ کرنا: چھبل چھبل کرنا: جھکولنا: چھینٹیں اڑانا۔

Plashing : (n) [f. Plash, (v) + -ing.] (شاخیں) جھکا کر اور ایک دوسرے میں گوندھ کر باڑ بنانے کا عمل۔

Plashy : (a) [f. Plash, (n) + -y.] چھپ چھپ کرنے والا: چھینٹیں اڑانے والا (فوارہ وغیرہ)۔

Plasm : (n) [ad. Late L., 'plasma'.] (۱) (نباتیات) مایہ: نخز مایہ: مادۂ حیات: حیاتیہ۔ (۲) قالب: خون مایہ۔ (۳) (معدنیات) عقیق سبز۔

Plasma : (n) [Late and eccl. L.] (۱) عقیق سبز: حجرالصلب اخفر: سبز حجرالصلب۔ (۲) نخزمایہ۔ (۳) پلازما: خون مایہ: حیاتیہ: خون کا انجماد پذیر بے رنگ حصّہ: خون کا وہ رقیق حصّہ جس میں جسیمے بہتے پھرتے ہیں۔

Plasmatic : (a) نخز مایہ خصوصاً خون کے نخز مایہ کے متعلق۔

Plasmic : (a) [f. plasm or plasma + -ic.] پلازما پر مشتمل یا اس کے متعلق: نخز مایہ کا: متعلق بہ مادۂ حیات۔

Plasmin : (n) [ad. F. 'plasmine', f. 'plasma+-in.'] (کیمیا) پلازمین: وہ مادہ جو خون کے رقیق حصے سے حاصل ہوتا ہے۔

Plasmo- / Plasm- : (comb.) [The fuller form is plasmato-.] سابقہ بمعنی "اصلی نخز مایہ"۔

Plasmodial/Plasmodic : (a) نُخز مائی مضغی کا یا اس کی خصوصیت کا حامل۔

Plasmodium : (n) [mod. L. f. plasma+-odium.] (۱) (حیاتیات) نُخزمائی مُضغَہ۔ (۲) نُخزِحُوین: طفیلی جراثیم جو ملیریا کے مریضوں میں پائے جاتے ہیں۔

Plasmogen : (n) [f. Plasmo - + -gen.] (حیاتیات) اصلی نخز مایہ: نخز مایے کی واضح ترین شکل: مرحلہ یا حصہ جس سے نسیج یا دوسرے عضویاتی حصے عبارت ہوتے ہیں: اصلی یا شکل پذیر نخز مایہ: مایہ حقیقی۔

Plasmogeny/Plasmogony : (n) [f. Plasmo - +geny.] طریقۂ خود تولید: از خود تولید کا ایک طریقہ: نخز مایائی تولید۔

Plasmology : (n) [Plaso - + - logy.] نُخز مائیات: جسیموں کا مطالعہ۔

Plasmolyse : (v) نباتی خلیے کے نخزمایہ کا سکیڑنا۔

Plasmolysis : (n) [f. Plasmo - + Gr. 'lysis.'] مایہ پاشی: انقباض مایہ: نباتی خلیے کے نخز مایہ کا سکڑنا۔

Plasmolytic : (a) مایہ پاشی یا انقباض مایہ کے متعلق یا اسے ظاہر کرنے والا یا جو اس کا موجب ہو۔

Plasson : (n) [a. G. 'plasson.'] قدیم فرضی عُضویہ (جو مرکزہ سے مختلف نہیں ہیں) کاہم جنس نخز مایہ۔

-plast : (suffix) [f. Gr. 'plastos.'] جزو ترکیبی بمعنی "تشکیل شدہ" "تشکیل" جیسے "bioplast" "زندہ خلیہ"۔

Plaster : (n) [OE. 'plaster', ad. pop. L. 'plastrum.'] (۱) پلاسٹر: ضماد: لیپ۔ (۲) پلاسٹر: کہگل: سفیدی: قلعی۔ (۳) (مجازاً) شفا یا آرام بخشنے والا اقدام۔

Court plaster : (۱) چپک پھایا (جو زخم یا خراش پر لگایا جاتا ھی)۔ (۲) سترھویں اور اٹھارویں صدی میں درباری خواتین سیاہ ریشم کے ٹکڑے افزائش رنگ کے لئے چہرے پر لگاتی تھیں۔

Mustard plaster : رائی کا پلاسٹر۔

Sticking plaster : چپکنے والا پلاسٹر۔

Plaster/Plaister : (v) [f. prec.] (۱) لیپنا: پوتنا: پوچاپھیرنا: سفیدی پھیرنا: رنگ کرنا: پھیرنا یا چڑھانا: استر کاری کرنا: استر چڑھانا: قلعی کرنا: (مجازاً) حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ (۲) پلاسٹر لگانا یا چڑھانا: پھایا لگانا یا چڑھانا: (مجازاً) معاوضہ دینا: تلافی کرنا۔ (۳) چپکانا: لگانا: پلاسٹر کی طرح لگانا۔ (۴) شراب میں(کھریا مٹی) ملانا اس کی تیزی کم کرنے کے لئے۔ (۵) (انگور کی بیل پر) جپسم چھڑکنا سڑنے یا پھپھوندی لگنے سے بچانے کے لئے۔ (۶) (زمین کو) پیرسی پلاسٹر سے درست کرنا۔

Plaster-bronze : (n) کانسی کے پاؤڈر یا گرد سے لپائی تاکہ کانسی کی طرح معلوم ہو۔

Plaster-jacket : (n) پلاسٹر جیکٹ: پیرسی پلاسٹر سے ریڑھ کی ہڈی درست کرنے کاطریقہ۔

Plaster of Paris : (n) (کیمیا) جِبس: پیرسی پلستر۔

Plaster-rock/-stone : (n) خام جپسم۔

Plasterer : (n) پلاسٹر کار: سفیدی پھیرنے والا: پلاستر کرنے والا شخص۔

Plastering/Plaistering:(n) پلاسٹر کاری : سفیدی پھیرنے کاکام؛ پلاسٹر کرنا۔ (۲) پلاسٹر کا کام؛ پلاسٹر کی تہ دینا : لپائی۔

Plastery : (a) پَلَستر کی نوعیت کا یا اس کی مانند؛ لیس دار؛ چپچپا۔

Plastic : (a) [ad. L. 'plasticus', a. Gr. 'plastikos.'] (۱) ڈھالنے کا؛ ڈھالنے کے متعلق؛ ڈھالنے کی خصوصیت رکھنے والا۔ (۲) تکونی اشکال کا نشو و نما دینے والا۔ (۳) ڈھلنے والا؛ سانچے میں ڈھلنے کے لائق؛ صورت پذیر؛ شکل پذیر؛ اثر پذیر۔ (۴) (مجازاً) لچک دار؛ لچکیلا؛ نرم؛ ملائم۔ (۵) (حیاتیات) زندہ نسیج بنانے یا بننے کی صلاحیت رکھنے والا؛ تکونی۔ (۶) (جراحی) ہیئت و ترکیب میں کمی کو درست کرنے سے متعلق۔ (۷) (مجازاً) غیر مادی اشیا؛ حالات یا اشکال؛ ادبی تخلیقات وغیرہ کے متعلق۔

Plastic art : (n) فن شکل تراشی؛ صورت پذیری؛ شکل پذیری کا آرٹ؛ وہ آرٹ جس میں یہ عمل کارفرما ہو جیسے سنگ تراشی یا سفال سازی۔

Plastic artist : (n) خدا؛ عظیم الشان تخلیق کار۔

Plastic clay : (n) (ارضیات) تیسرے طبقے کا وسطی حصہ۔

Plastic sulphur : (n) گندھک کی ایک تغیر شکل۔

Plastic surgery : (n) پیوندی جراحی؛ جسم کی ناقص ساخت درست کرنے کا فن؛ پلاسٹک جراحی۔

Plastically : (adv.) ڈھالنے کی غرض سے؛ صورت گرانہ؛ شکل تراشانہ۔

Plasticine : (n) ایک قسم کی ملائم اور لچکدار چیز کا نام جو مدرسوں میں بچوں کے لئے طرح طرح کی چیزیں بنانے یا ڈھالنے کے کام آتی ہے۔

Plasticity : (n) صورت پذیری؛ شکل پذیری؛ ڈھلنے کی صلاحیت؛ ملائمت۔

Plasticizer : (n) (کیمیا) ملائم گر؛ ایک قسم کا مادہ جو دوسری چیز کو کسی شکل میں لے آئے؛ نرم کرنے والا مادہ۔

Plastics : دیکھو Plastic surgery

Plastid : (n) [Gr. 'plastos' + -id.] (۱) (علم الحیات) مادۂ حیات کی اکائی یا واحد مقدار خلیّہ کی حیثیت سے : خلیّہ مایہ؛ حیّ ریزہ۔ (۲) (نباتیات) نباتی خلیے میں پایا جانے والا چھوٹا دانہ؛ یعنی کلوروفیلو دانہ؛ لیکو پلاسٹڈ۔

Plastidule : (n) [Dim. of 'plastid.'] مادۂ حیات کا ایک فرضی سالمہ یا اس کا ذرہ جس سے حیاتی اکائی عبارت ہو اور جس سے حیّ ریزہ بنتا ہو۔

Plastin : (n) [Gr. 'plastos + -in.] (علم الحیات) کسی خلیے کے مرکزہ میں پایا جانے والا لیس دار مادہ؛ پلاسٹن۔

Plastogamy : (n) [Gr. 'plastos' + 'gamia.] (علم الحیات) خلیہ مائی زواجیت؛ دو یا اس سے زیادہ خلیوں کے مادۂ حیات کا ملاپ : جیسے نغز حوین(Plasmodium) بنتا ہے۔

Plastron : (n) [Fr.] (۱) چرمی سینہ پوش (خیسنگ کرنے والوں یا پٹہ بازوں کا)؛ سوار (سپاہی) کا صدر پوش۔ (۲) زنانہ سینہ پوش۔ (۳) مردانہ قمیص کا سامنا۔ (۴) (کچھوے وغیرہ کی) پوست کا شکمی حصہ اور جانوروں کا شکمی حصہ۔ (۵) (تاریخ) فولادی سینہ پوش؛ فولادی چار آئینہ۔

-plasty : (suffix) جزو ترکیبی بمعنی "ترکیب پذیری" شکل پذیری۔

Plat : (n) [Fr.] (۱) چپٹی چیز؛ حصہ یا سطح۔ (۲) کسی چیز کا چپٹا حصہ یا پہلو۔ (۳) قطعۂ زمین؛ قطعۂ اراضی (جیسے Grass plast گھاس کا قطعہ)۔ (۴) (کان کنی) معدن کے سامنے کا صاف قطعۂ اراضی جہاں بار برداری ہو سکے یا جہاں کچی دھات جمع کی جا سکے۔ (۵) کوئی سطح یا جگہ عام طور پر۔ (۶) جگہ یا قطعہ۔

Plat : (n) (۱) مختصر قطعۂ زمین۔ (۲) دیکھو Plot۔

Plat : (n) (۱) بٹا ہوا فیتہ یا گھاس۔ (۲) (جمع میں) چپٹی رسیاں جو ایک دوسرے کے ساتھ بٹی ہوں۔

Plat : (n) [Fr.] قاب طعام؛ کھانے کی رکابی۔

Plat : (a) صاف؛ پھیلا ہوا؛ مسطح؛ سیدھا؛ درست۔

Plat : (v) [Parallel form of plait, 'v'.] چپٹا گوندھنا؛ گھاس بٹنا؛ لپیٹ کر (ہیٹ) بنانا۔

Plat : (v) نقشہ بنانا؛ کسی چیز کا نقشہ کھینچنا؛ نقشہ کشی کرنا۔

Plat : (v) زمین پر پھیلنا؛ پھیلانا۔

Plat eye : (n) روح خبیث جن کی آنکھیں آتشیں ہوں۔

Platan/Platane : (n) [ad. L. 'platanus.'] مشرقی چنار کا درخت۔

Platanus : (L., a. Gr. platanos.'] (۱) چنار کا درخت (اب شاذ)۔

Selling plate : وہ گھڑ دوڑ جس میں جیتنے والے گھوڑے کو ایک مقررہ قیمت پر گھوڑے کو بیچنا پڑتا ہے۔

Plate : (v) [Late ME. f. prec..] (۱) چادریں چڑھانا: جہاز کے پہلوؤں پر دھات کی چادریں چڑھانا: حفاظت یا خوبصورتی کے لئے کوئی دھات چڑھانا: قلعی کرنا: ملمع کرنا: سونا یا چاندی چڑھانا۔ (۲) طباعت کے لئے پلیٹ بنانا۔ (۳) (ٹکٹ وغیرہ کو) اپنی جگہ رکھنا: اس طرح (ٹکٹ کے صفحات) ترتیب دینا۔

Plate-basket : (n) چھری، کانٹے، چمچے اور رکابیاں رکھنے کی ٹوکری۔

Plate-bolt : (n) (۱) چٹخنی جو چھوٹے پلیٹ پر پھسلتی ہے۔ (۲) چوڑے چھوٹے سر والی چٹخنی۔

Plate-bone : (n) شانے کی ہڈی۔

Plate-circuit : (n) دور مُشتیرہ: پلیٹ کا دور۔

Plate-cultivation/-culture(n) شیشے کے پتروں یا ظروف پرجرثومے کی کاشت۔

Plate-day : (n) طلائی یا نقرئی جام کے لئے مقابلہ بازی کا دن۔

Plate-glass : (n) [f. plate, (n) + glass.] حلبی شیشہ: تختی شیشہ: اعلیٰ قسم کا موٹا شیشہ جن کا استعمال آئینوں اور کھڑکیوں کے لئے ہوتا ہے۔

Plate-horse : (n) وہ گھوڑا جو خاص طور پر انعام والی گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرتا ہے: معمولی قسم کا گھوڑا (گھوڑ دوڑ کے لئے)۔

Plate-layer : (n) (۱) (قدیم) وہ جو پلیٹ کو لگانے، ترتیب سے رکھنے اور بدلنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ (۲) ریلوے لائن کا ملازم جو راستے کو درست رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے: ریل کی پٹری جمانے والا (ملازم)۔

Plate-lock : (n) ایسا تالا جس کا باہری خول چوبی ہو: نیز ایسا تالا جس میں پرزے آہنی پلیٹ پر ہوں۔

Plate-man (n) پلیٹ کا انچارج: ذمہ دار۔

Plate-mark : (n) [f. Plate, n + Mark.] (۱) سرکاری مہر: مہر تصدیق: وہ سرکاری مہر جو طلائی یا نقرئی اشیاء پر بطور تصدیق لگائی جائے۔ (۲) پلیٹ کے دباؤ سے ابھرنے والا نقش جو کنارے پر مرتسم ہو جائے۔

Plate-matter : (n) اخبارات کے لئے چھپائی کی پلیٹ۔

(۲) ایک قسم کا درخت: جنس چنار۔

Platband : (n) [a. F. 'platebande.'] (۱) (تعمیرات) کگر یا اولتی کے نیچے کی لکڑی۔ (۲) (باغبانی) پھولوں کی پتلی کیاری یا دوب تختہ۔

Plate : (n) [OFr. 'plate.'] (۱) پترا: ہموار ٹکڑا (دھات وغیرہ کا)۔ (۲) پترا کندہ کاری کے لئے۔ (۳) اس کا نقش۔ (۴) کتاب کی چٹ۔ (۵) نام کی تختی (کسی چیز پر لگانے کے لئے)۔ (۶) شیشے یا دھات کا پترا (جس پر فلم ہو) (فوٹو گرافی کے لئے)۔ (۷) ٹائپ کی ہوئی تختیاں (طباعت کے لئے)۔ (۸) چھت کے شہتیر: لکڑی، چھت کے شہتیروں کے سہارے کے لئے۔ (۹) سونے، چاندی یا دوسری دھات کے برتن (کھانے کے)۔ (۱۰) طلائی یا نقرئی جام جو گھڑ دوڑ میں انعام کے طور پر دیا جاتا ہے۔ (۱۱) ایسی گھوڑ دوڑ۔ (۱۲) مٹی یا چینی کی رکابی: طباق۔ (۱۳) جو شے طباق میں ہو۔ (۱۴) وہ برتن جس میں کلیسا میں چراغی ڈالی جاتی ہے۔ (۱۵)(کان کنی) سلیٹ کے مشابہ ایک نرم پتھر۔ (۱۶)(فوٹوگرافی) لوح عکاسی: پلیٹ۔ (۱۷) (ریڈیو) شبت بر قیرہ: مثبتیرہ: پلیٹ۔

Book-plate : مالک کتاب کے نام کی چٹ جو کتابوں پر چسپاں ہو۔

Coffin-plate : تابوتی تختی (جو تابوت کے ڈھکنے میں رکھتے ہیں جس پر متوفیٰ کا نام ہوتا ہے)۔

Door-plate : در تختی: دروازے کی تختی: وہ تختی جس پر (گھر میں) رہنے والے کا نام لکھ کر دروازے پر لٹکاتے ہیں۔

Electro plate : برقی ذریعے سے چاندی چڑھانا: چاندی کی قلعی کرنا۔

Half-plate : نیم تختی: آدھی تختی: نیم پلیٹ جس کی لمبائی ساڑھے چھ انچ اور چوڑائی پونے پانچ انچ ہوتی ہے۔

Home plate : (امریکا) بیس بال میں بلاّ باز(بلا مار) کی جگہ۔

Name-plate : نام تختی یا نام کی تختی: نام کا پترا: تختی جس پر نام لکھا ہو۔

Pewter plate : جست کے برتن، رکابیاں وغیرہ۔

Pitcher's plate : بیس بال میں گیند باز (گیند انداز) کی جگہ۔

Quarter plate : چوتھائی تختی: چھوٹی پلیٹ۔

Plate-paper : (n) اعلیٰ قسم کا کاغذ جس پر نقش و نگار چھپے ہوں۔

Plate-powder : (n) کھانے کے کانٹے، چمچے وغیرہ صاف کرنے کا سفوف۔

Plate-rack : (n) قاب گیر: چوبیں فریم جس پر رکابیاں و غیرہ رکھتے ہیں کہ خشک ہو جائیں۔

Plate-rail : (n) ابتدائی زمانے کی ریل کی چھٹی پٹری۔

Plate-roll : (v) کاغذکو براق کرنا(پلیٹ کے داب سے)۔

Plate-tracery : (n) (تعمیرات) پتھر کے کٹاؤ کا ٹھوس آرائشی کام جو دیکھنے میں معلوم ہوتا ھے کہ منقش چپٹی سطح کے داب سے بنا ھے۔

Plate-vein : (n) گھوڑے کے سر کی سیاہ رگ۔

Plate-wheel: (n) پہئیے کامرکز جو دھات کے پلیٹ کے ذریعے گھیرے سے ملا ھو۔

Plateau/Plateanx/-eaus : (n) [OFr. 'platel', etc. dim. of 'plat.'] (۱) (جغرافیه) نجد: میدان مرتفع: بلند ہموار زمین: حدب۔ (۲) نقش دار کشتی: منقش خوان: منقش رکابی۔ (۳) لوح مزین: آراستہ تختی۔ (۴) ایک قسم کی زنانہ ٹوپی۔

Plated : (a) متورق: ورق دار: پلیٹ دار: دھات کے پتروں سے ڈھکا ہوا۔

Plateful : (n) پلیٹ بھر (مقدار): قاب بھر: رکابی بھر: طباق بھر۔

Platen/Platten : (n) [Fr. 'platine.'] قابچہ: چھاپے کی مشین کی پلیٹ: مطبع کی پلیٹ: پلیٹیں (وہ پلیٹ جس سے کاغذ پر ٹائپ کا داب پڑتا ھے)۔

Platen-machine / Platen printing machine : (n) پلیٹن پریس: ایسا پریس جس میں مطبع کی پلیٹ ھو۔

Plater : (n) [f. Plate + -er.] (۱) ملمع ساز: ملمع کار: قلعی گر: سونا چاندی چڑھانے والا: پترا ساز: پترا کار۔ (۲) جہاز کے لئے فولاد وغیرہ کی چادریں بنانے والا۔ (۳) (گھڑ دوڑ) ادنیٰ درجے کا گھوڑا جو انعامی جام کے لئے دوڑتا ھے۔ (۴) (پلیٹ فارم) جس پر کھڑے ھو کر مقرر تقریر کرتا ھے۔

Platerer : (n) جو اجناس کو ورق کی صورت میں پیش کرے۔

Plateresque : (a) [Sp. 'plateresco', f. platero, + -esco.] آب نقرہ کے مانند: چاندی کے ورق کی طرح (نشاۃ ثانیہ کے عہد میں ہسپانوی عمارات کی آرائش و زینت کے متعلق)۔

Platform : (n) [a. Fr. 'plateforme.'] (۱) چبوترہ: کرسی: مچان: ممبر: شہہ نشین۔ (۲) پلیٹ فارم (ریل کا)۔ (۳) کسی فریق کی سیاسی اساس یا بنیاد یا اس کا با ضابطہ نظام العمل: (خصوصاً امریکا میں) انتخاب کے لئے امیدواروں کا اعلان: کسی شے کی بنیاد یا اساس: سطح فکر: سطح، سطح مذاکرہ۔(۴) تختۂ سنگ۔ (۵) صاف اور نسبتاً بلند سطح زمین۔

Plateform : (v) [f. prec.] (۱)چبوترے پر رکھنا: کرسی پر بٹھانا: پلیٹ فارم پررکھنا یا قائم کرنا۔ (۲) تقریر کرنا: لیکچر دینا۔

Plateform-car/-carriage : (n) (U.S.) نیچی چار پہیوں والی گاڑی یا ٹرک جو بھاری سامان ڈھونے کے لئے استعمال ہوتی ھے۔

Plateform-crane : (n) ایک بڑا دمکلا (بوجھ اٹھانے کا آلہ) جو ریلوے ٹرک پر رکھا ھو۔

Platform scale/-balance : (n) فرشی کانٹا: میزان طبلیہ: قبّان۔

Platform ticket : (n) پلیٹ فارم ٹکٹ: پلیٹ فارم میں داخل ھونے کا اجازتی ٹکٹ۔

Plateformally : (adv.) مقرر کی طرح: عام مقرر کی طرز پر: فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے۔

Plateformer : (n) اچھا مقرر: انتخابی اور سیاسی پروگرام بنانے والا۔

Plateformism : (n) پرزور انتخابی تقریر کرنا۔

Plathander : (n) (حیوانیات) افریقی مینڈک۔

Plathelminthes : (n) (۱) (حیوانیات) چپٹے کیڑے: کیچوے۔ (۲) دیکھو Platyhelmithes۔

Platic : (a) [med. L. 'platicus.'] (علم النجوم) (دوستاروں کی قربت سے متعلق) نامعین یا ایک درجے کے اندر لیکن دو دیگر سیاروں کے کروں کے جوڑ کے نصف کے اندر ھو۔

Platin - : سابقہ بمعنی پلاٹین یا طلائی سفید۔

Platina : (n) [Sp.] (۱) پلاٹینم: نقریہ۔ (۲) دیکھو Platinum۔

Platina : (a) پلاٹین کی طرح۔

Platinate : (v) پلاٹین کی شکل میں لانا۔

Platinate : (n) پلاٹین کا نمک۔

Plating : (n) [f. Plate, v + -ing.] (۱) فعل (plate) کے معنوں میں۔ (۲) چاندی یا سونا چڑھا نے کا کام؛ ملمع کاری؛ ملمع سازی؛ قلعی گری۔ (۳) ملمع؛ قلعی؛ گلٹ۔ (۴) انعامی جام کے لئے یا انعامی جام کی دوڑ۔

Platinic: (a) [f. platinum + - ic.] (کیمیا) پلاٹینم کے ان مرکبات کے لئے مستعمل جن میں یہ اعلیٰ گرفت کے ساتھ موجود ہوتا ھے۔

Platiniferous:(a) [f.Platinum+ ferous.] پلاٹین دار؛ پلاٹینم خارج کرنے والا۔

Platinization : (n) ملمع سازی۔

Platinize : (v) [f. Platinum.] پلاٹینم چڑھانا؛ پلاٹینم کا ملمع چڑھانا؛ معلمع سازی کرنا؛ چاندی چڑھانا۔

Platino - : پلاٹینم کا جزو ترکیبی خصوصاً کیمیا میں ایسے مرکبات سمجھے جاتے ہیں جو دو گرفتہ ہوتے ہیں۔

Platinode : (n) [f. Platinum + Gr.. 'odos.'] (برقیات) وولٹائی (voltaic) خانے کا منفی استوانہ؛ وولٹائی خانے کی منفی تختی (یہ تختی اکثر اوقات نقریہ کی ہوتی ھے)۔

Platinoid : (n) [f. Platinum +-oid.] (۱) نقریہ نما؛ ایك مخلوط دھات جو نِکل ، جست اور تانبے سے مرکب ہوتی ھے اور جس میں کچھ پلاٹینم کی خاصیت بھی ہوتی ھے۔(۲) وہ دھاتیں جو نقریے کے ساتھ ملی ہوئی پائی جاتی ہیں۔

Platinoid : (a) پلاٹینم کے مشابہ ۔

Platinoso - : [Comb. form of mod. L. platinosus.] ترکیب جزئی بمعنی "پلاٹینم کا"۔

Platinotype : (n) [f. Platino - +type.] پلاٹینی ٹائپ؛ پلاٹینی چھپائی؛ نقریائی چھپائی؛ عکسی چھپائی کا ایك انداز۔

Platinous : (a) [f. next + -ous.] پلاٹینم کے ان تمام مرکبات کے لئے مستعمل جن میں یہ گرفت کے معمولی درجوں میں موجود ہوتا ھے۔

Platinum : (n) [mod. L., altered from 'Platina', after the names of other metals in -um.] پلاٹینم؛ نقریہ؛ایك قسم کی دھات جو شاذ و نادر پائی جاتی ھے اور جس کا رنگ چاندی کی طرح سفید ہوتا ھے لیکن اس میں چمك کم ہوتی ھے مگر وہ بہت وزن دار ہوتی ھے اور اس پر عام ایسڈ کا اثر نہیں ہوتا، اس کا استعمال خصوصاً کیمیاوی اور دوسرے سائنٹیفك کاموں میں ہوتا ھے قیمتی پتھر بٹھانے میں بھی استعمال ہوتا ھے؛ نیز توصیفی معنوں میں جیسے پلاٹینم کا بنا ہوا؛ پلاٹینم کا یا اس پر مشتمل۔

Platinum-black : (n) پلاٹینم سیاہ؛ نقرۂ سیاہ (پلاٹینم جو ایك سیاہ سفوف کی شکل میں ہوتا ھے)۔

Platinum-lamp : (n) پلاٹینم کے تار والا روشن لیمپ۔

Platinum-metals : (n) پلاٹینی دھاتیں؛ نقرئی دھاتیں؛ جیسے اریڈیم اور أسمیم وغیرہ۔

Platinum-zinc : (n) پلاٹینم اور جست کی پلیٹوں سے بنا ہوا جیسے ولٹامیل۔

Platitude : (n) [a. Fr., f. plat.] (۱) پرانی دہرائی فرسودہ بات یا قول؛ ایك عام یا پرانی بات (خصوصاً جو بڑے ثقہ پن اور سنجیدگی کے ساتھ بیان کی جائے ۔ (۲)(قول، بات کا) معمولی ہونا؛ پھیکاپن، بے لطف اور بے مزہ ہونا؛ پیش پا افتادہ ہونا؛ فرسودہ ہونا۔

Platitudinarian : (n) [Platitude, after latitudinatian.] فرسودہ اور عام بات کہنے والا۔

Platitudinarian:(a) فرسودہ بات یا قول کا عادی؛ ایسی عادت کی خصوصیت کا حامل۔

Platitudinarianism : (n) عام اور فرسودہ قول یا بات کہنے والا۔

Platitudinize : (v) عام پرانی باتیں کہنا۔

Platitudinous : (a) [f. platitude.] فرسودہ؛ پرانی دوہرائی ہوئی عام باتیں یا قول : پیش پا افتادہ؛ عام معمولی باتوں یا مثالوں سے پر۔

Platitudinously : (adv.) عام پرانی، پیش پا افتادہ باتیں کہتے ہوئے۔

Platonic : (a) [ad. L. 'Platonicus.'] (۱) فلاطونی یا افلاطونی؛ افلاطون (مشہور یونانی حکیم متوفی ۳۴۷، ق-م) کے متعلق۔ (۲) فلسفہ افلاطون کا یا اس سے متعلق۔ (۳) (عام استعمال میں) محض؛ لفظی ناقابل عمل؛ بے ضرر؛ بے نقصان۔ (۴) مخالف جنس سے روحانی محبت کے لئے مستعمل۔

Platonic love : (n) عشق فلاطونی؛ افلاطونی محبت، ذکور و اناث کے درمیان خالص روحانی محبت۔

Platonic year : (n) سال افلاطونی (قدیم مفروضہ کے مطابق) وہ زمانہ جس میں اجرام فلکی تمام برجوں کی سیر کرکے اپنے اصلی مقام پر آجاتے تھے۔

Platonically : (adv.) افلاطونی طریقے سے۔

Platonics : (n) فلاطونی عاشق و معشوق کا باہمی تکلم؛ راز و نیاز۔

Platonism : (n) [ad. mod. L. 'platonismus', f. Plato.] (۱) افلاطون یا اس کے مقلدین کا فلسفہ۔ (۲) (جمع میں) افلاطونی فلسفے کا اصول؛ افلاطون کا قول۔ (۳) افلاطونی عشق کا اصول یا عمل۔ (۴) فلاطونیت۔

Platonist : (n) [ad. med. L. platonista.] فلاطونیت کا پیرو؛ فلسفہ فلاطون کا متعلم؛ فلاطونی عاشق۔

Platonize : (v) (۱) افلا طونیت کا جامہ پہننا یا پہنانا یا رنگا جانا۔ (۲) فلسفۂ فلاطون کی پیروی کرنا۔

Platoon : (n) [ad. Fr. 'peloton.'] (۱) پلاطون؛ پلاٹون؛ پیدل فوج کا چھوٹا دستہ خصوصاً ایسے سپاہیوں کا دستہ جو یکبارگی فائر کرے اور جس میں تقریباً ۶۰ سپاہی ہوتے ہیں اور جو لفٹینٹ کی کمان میں ہوتا ہے۔ (۲) یکبارگی فائر؛ باڑ۔ (۳) (موجودہ) آدھی کمپنی ، ڈبل کمپنی کا چھوٹا حصّہ۔

Platter : (n) [ME, 'plater', a. AF.] (خصوصاً قدیم) قاب؛ رکابی (عموماً لکڑی کی)؛ چھوٹا کٹھرا۔

Platter-faced : (a) چوڑے چہرے والا۔

Platting : (n) [f. Plnt, v + -ing.] نقشہ کشی؛مآل اندیشی؛ حصیر برائی کلاہ سازی؛حصیر بافی کا سامان۔

Platy - : (Comb.) جزو ترکیبی بمعنی "چوڑا، چپٹا؛ فراخ، کشاد، عریض۔

Platy : (a) (ارضیات) تہ دار ؛ پرت دار۔

Platycephalic/-cephalous : (a) چوڑے یا چپٹے سر والا؛ فراخ سر۔

Platycephalous : (a) چَپٹ سرا؛ چپٹے سر والا۔

Platycnemic : (a) (تشریح) فراخ و عریض ہڈیوں کا جو نچلے پیروں میں ہوتی ہے۔

Platycnemia/ -mism/ -my : (a) نچلے پیروں کی فراخ و عریض ہڈیاں ہونے کی کیفیت۔

Platyhelmith/Plathelminth : (n) [f. mod. L. pl. 'Platyhelmintha.'] (حیوانیات) چپٹے کیڑے؛ کیچوے؛ کوئی چپٹا کیڑا۔

Platymeter : (n) ایک قسم کا آلہ جس سے مختلف برق گزاروں کی امالی صلاحیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

Platypod : (n) [f.. Gr. 'platapod.'] (حیوانیات) فراخ یا عریض کف پا والا جانور۔

Platypod : (a) (حیوانیات) فراخ یا عریض کف پا والا (جانور)۔

Platypus : (n) [Gr. 'platipous.'] ایک دودھ پلانے والا آبی جانور جو آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے اور جس کے پاؤں پر جھلی منڈھی ہوتی ہے اور چونچ بط کی سی ہوتی ہے؛ بط چونچ؛ بط منقار۔

Platyrhine/Platyrrhine : (a) [mod. L. platyrrhinus.] فراخ بینی چڑنکا (بندر)؛ چوڑے نتھنوں والا (بندر)؛ چَپَٹ نَکّا۔

Platyrhine : (n) چپٹ نکّا آدمی یا کاسۂ سر۔

Plaud : (v) [L. 'plaudere'.] (اب شاذ) تعریف کرنا؛ تحسین کرنا۔

Plaud : (n) تحسین؛ تعریف۔

Plaudit : (n) [Shortened from next.] تعریف؛ تحسین؛ آفریں؛ واہ وا۔

Plaudite : (n) [L.] کھیل کے آخر میں تحسین و تعریف کے لئے اپیل۔

Plauditor : (n) تعریف کرنے والا؛ تحسین کرنے والا۔

Plauditory : (a) تحسین انگیز؛ تشویق آمیز۔

Plausibility : (n)[f.L. 'plausibilis.'] بظاہر معقولیت؛ اِحتمال؛ ظاہرداری۔

Plausible : (a) [L. 'plausibilis.'] (۱) (استدلال ، بیان وغیرہ) بظاہر معقول؛ قرین قیاس؛ بظاہر خوشنما، عمدہ۔ (۲) (اشخاص وغیرہ) بظاہر قابل اعتماد۔ (۳) خلیق لیکن عموماً دھوکاباز؛ ظاہردار۔

Plausibleness : (n) (اب شاذ) ظاہر داری؛ بظاہر معقولیت۔

Plausibly : (adv.) ظاہر داری سے؛ بظاہر معقول طریقے سے۔

Plausive : (a) [f. L. 'plaus'-,+-ive.] (اب شاذ) ستائش آمیز۔ (۲) خوش آمدید۔ (۳) (مجازاً) وسیع۔

Plautine : (a) [L. 'Plautinus.'] رومی طربیہ نگار شاعر پلوتس (۱۸۴ ق م) کے اسلوب کی خصوصیات کا حامل یا اس سے متعلق یا اس کی تقلید میں۔

Play : (v) [OE, 'plaega.'] (۱) کھیلنا کودنا؛ چلنا پھرنا؛ اچھلنا کودنا؛ آہستہ مارنا؛ گرنا پڑنا۔ (۲) حرکت کرنا؛ آزادانہ

حرکت کرنا (کلوں وغیرہ کا)۔ (۳) (ہتھیار، چھری، کانٹے وغیرہ کو ہاتھ میں پکڑ کر) استعمال کرنا۔ (۴) (مچھلی کو ڈور سے) کھینچتے کھینچتے تھك جانے دینا۔ (۵) (کسی پر بندوق) چلانا؛ یا (بندوق کسی پر) چلنا۔ (٦) روشنی ڈالنا: روشنی کا پڑنا۔ (۷) (مذاق، دل لگی، چال، فریب وغیرہ کا کسی کو) ہدف بنانا۔ (۸) دل بہلانا؛ جی خوش کرنا؛ مزے اڑانا؛ اٹھکیلیاں کرنا۔ (۹) (مقامی) (کام سے) غیر حاضر رہنا (خصوصاً ہڑتال والوں کا)۔ (۱۰) کرکٹ، تاش وغیرہ کھیلنا؛ مشق کرنا۔ (۱۱) (مذاق، دل لگی کی خاطر) جھوٹ موٹ ظاہر کرنا؛ بننا۔ (۱۲) جوا کھیلنا۔ (۱۳) کھیل میں مقابلہ کرنا؛ کسی کو کھیل یا ٹیم میں شریك کرنا؛ کھیل میں نمائندگی کرنا؛ (کوئی چیز) حاصل کرنے کے لئے کھیل میں شریك ہونا۔ (۱۴) (مہرہ یا تاش کا پتّا) چلنا۔ (۱۵) (کرکٹ) (گیند کو) بلّے سے مارنا۔ (۱٦) بجانا؛ (کوئی باجا) بجانا۔ (۱۷) ایکٹ کرنا؛ ناٹك کھیلنا؛ (ڈراما) کھیلنا؛ نقل کرنا؛ کسی کا پارٹ ادا کرنا؛ سوانگ بھرنا۔ (۱۸) کسی کی طرح بننا۔

Bees play about flowers : شہد کی مکھیاں پھولوں پر منڈلاتی ہیں۔

Free trade is played out : آزادانہ تجارت کا خاتمہ ہو گیا۔

His fancy played round the idea : وہ اس تجویز پر خیال دوڑا رہا تھا۔

I feel played out : مجھے ایسا معلوم ہوا کہ مجھ میں سکت نہ رہی۔

Our horses were played out : ہمارے گھوڑے تھك گئے تھے۔

Smile played on hid lips : تبسم اس کے لبوں پر کھیل رہا تھا۔

To play a good knife & fork : خوب کھانا؛ پیٹ بھر کے کھانا۔

To play a good stick : پٹہ بازی میں مہارت پیدا کرنا۔

To play about/-around : کھیلنا؛ کودنا؛ اچھلنا؛ پھدکنا۔

To play at : کھیل میں مصروف ہونا؛ (مجازاً) بے دلی سے (لڑائی وغیرہ) لڑنا۔

To play body : مل کر دھوکا دینا۔

To play ducks and drakes : برباد کرنا؛ ضائع کرنا؛ اڑا دینا۔

To play fair : معاف معاملگی سے کام لینا۔

To play fast and loose : ناقابل اعتبار ہونا؛ اپنے قول و قرار یا فرض منصبی کی پروا نہ کرنا۔

To play foul : دھوکا بازی کرنا۔

To play in : حاضرین کی آمد کے وقت باجا بجانا۔

To play into the hands of : کسی کے ہاتھ میں کٹھ پتلی ہونا؛ جیسا دوسرا (مخالف یا شریك) چاہتا ہے اس کی گون کی کرنا۔

To play it on, play it low on, play (low) down on : (مبتذل) کسی سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔

To play off : (۱) اپنے فائدے کے لئے (ایك کو دوسرے سے) بھڑا دینا؛ لڑا دینا۔ (۲) (کسی شخص کو خود اس کی طرف سے) اس طرح پیش کروانا کہ اس کو نقصان پہنچ جائے۔ (۳) بھگل گانٹھنا؛ جو فروش گندم نمائی کرنا۔

To play on : (کرکٹ) اپنی گیند کو اپنی وکٹ سے ٹکرانا اور خود آؤٹ ہو جانا۔

To play one's cards well : موقع سے خوب فائدہ اٹھانا۔

To play one's part well : (مجازاً) اپنا کام بحسن و خوبی انجام دینا۔

To play out : حاضرین کی رخصت کے وقت باجا بجانا۔

To play the deuce/-devil : (مجازاً) شیطنت اختیار کرنا۔

To play the first fiddle : پیش پیش رہنا۔

To play the fool : حماقت کرنا؛ بے وقوفی کرنا۔

To play the game : کھیل کے قواعد کی پابندی کرنا؛ (مجازاً) داد شرافت دینا۔

To play the second fiddle : دوسرے کے ہاتھ نیچے ہونا۔

To play truant : بھاگ جانا (کام سے یا مدرسے سے)۔

To play up : کھیل میں جان لڑا دینا۔

To play up to : (۱) کسی ڈرامہ میں اس طرح پارٹ کرنا کہ دوسرے کو مدد پہنچنے۔(۲) (مجازاً) خوشامد کرنا۔

To play upon : ابلہ فریبی کرنا؛ کسی کی زود اعتقادی سے نفع حاصل کرنا۔

To play upon the square : ایمانداری سے کھیلنا۔

To play upon words : ضلع جگت سے کام لینا۔

To play well : کھیلنے کے لئے عمدہ حال اور تیاری میں رہنا۔

To play with : (۱) کسی سے کھیلنا؛ دل بہلانا؛ طبیعت خوش کرنا۔ (۲) ہیچ؛ ادنیٰ؛ معمولی (بات) سمجھنا؛ غیر اہم بیان کی پروا نہ کرنا؛ چٹکیوں میں اڑانا۔

Trisses play on the neck : زلفیں اس کی گردن پرلہرا رہی تھیں۔

Wind plays on water : ہوا پانی سے اٹکھیلیاں کرتی ھے۔

Play : (n) [OE.'Plega. '] (۱) تیز، سبک یا وقفہ دار حرکت۔ (۲) سرگرمی؛ مشغلہ؛ عمل؛ حرکت۔ (۳) آزادیٔ عمل و حرکت؛ چلنے پھرنے کی آزادی؛ نقل و حرکت کے لئے جگہ؛حرکت کی گنجائش۔(۴) تفریح؛ دل بہلاؤ؛ دل لگی؛ کھیل؛ لہو و لعب۔ (۵) کھیل؛ بازی۔ (۶) کھیلنے کا انداز یا طریقہ؛ کھیلنے کی طرز۔ (۷) کھیل کے میدان کا حد بندی کیا ہوا حصّہ۔ (۸) کام کرنا؛ موقوف کرنا؛ کام نہ کرنا (ہڑتال کے زمانے میں مزدوروں کا)۔ (۹) سوانگ؛ ناٹک؛ تمثیل؛ ڈراما۔ (۱۰) جوا؛ قمار بازی۔

Allow full play to curiosity: راز جوئی کی عادت کو پوری آزادی دینا۔

Ball is in play: (کرکٹ، فٹ بال) گیند کھیل میں ھے(کھلاڑی اس وقت گیند سے کھیل رھے ہیں)۔

Child's play : آسان یا معمولی کام؛ بازیچۂ اطفال؛ بچوں کا کھیل۔

Fair paly : مساوی برتاؤ۔

Foul play : حیلہ بازی؛ دھوکا؛ تلبیس؛ بے ایمانی کا کھیل۔

He said it only in play : اس نے صرف یہ دل لگی کے طور پر کہہ دیا تھا۔

In play : (گیند) میدان کی وہ حد جس کے اندر کھیل کھیلا جاتا ھو۔

Lively play of fancy : تخیل کی دلچسپ پرواز۔

Make play : (۱) مؤثر طریقے سے عمل کرنا۔ (۲) (شکار، دوڑ وغیرہ میں) تعاقب کرنے والوں کو (تعاقب کی) مشق کرانا۔

Out of play : گیند کھیل سے باہر ھے (کھلاڑی گیند سے نہیں کھیل رھے ہیں)۔

The play ground of Europe : سوئستان (جسے یورپ کا میدان لہو و لعب کہتے ہیں)۔

To come into full play : پوری طرح کار فرما ھونا۔

To come into play : حرکت میں آنا؛ عمل میں آنا۔

Play-acting : (n) اداکاری۔

Play-actor : (n) (حقارتاً) ایکٹر؛ ناٹکی؛ ڈراما کرنے والا۔

Play-actress : (n) ڈراما کرنے والی۔

Play-bill : (n) ناٹک کا اشتہار جس میں ایکٹر کا نام دے دیا جاتا ھے۔

Play-book : (n) ڈرامے کی کتاب۔

Play-by-play : (a) مربوط؛ بہم؛ مفصّل۔

Play-club : (n) (گولف) ایک قسم کا بلاّ۔

Play-day : (n) (۱) (قدیم) مدرسے کی تعطیل کا دن۔ (۲) ہفتے کا وہ دن جب کان کے مزدور وغیرہ کام نہیں کرتے۔

Play-debt : (n) جوئے کا قرض؛ وہ قرضہ جو قمار بازی میں لیا جائے۔

Play-fellow : (n) ساتھی کھلاڑی عموماًبچوں یا نوجوان کے لئے مستعمل؛ تفریح کا ساتھی؛ بچپن کا ساتھی۔

Play-field : (n) کھیل کا میدان۔

Play-fully : (adv.) مذاق میں؛ خوش طبعی سے؛ ٹھٹھوں سے؛ مزاحانہ؛ لاعبانہ؛ کھیل کے طور پر؛ مزاح کے انداز سے؛ کھلاڑی پن سے۔

Play-game : (n) (مجازاً) بچوں کا کھیل۔

Play-going : (n) اکثر ناٹک دیکھنے والا۔

Play-going : (a) ناٹك دیكھنے كا عادی۔

Play-off : (n) دو بارہ كھیلنا (مساوات كے فیصل كے لئے)۔

Play off : (v) دو بارہ كھیلنا (قطعی نتیجہ كے لئے)؛ دوبارہ كھیل كر مساوات كا فیصلہ كرنا؛ كھیل كو پورا كرنا (جس كے درمیان رخنہ پڑ گیا ہو)۔

Play on words /-upon- : (v) تجنیس؛ جگت؛ ہم آواز لیكن مختلف معنی ركھنے والے الفاظ كا طنزیانہ استعمال۔

Play bet/ Pay - : (n) ایسی شرط جو ہر حالت میں قائم رہے خواہ گھوڑا دوڑے یا نہ دوڑے۔

Play out : (v) (۱) آخر تك ڈٹے رہنا؛ آخر تك كھیلنا۔ (۲) ختم كرنا؛ تمام كرنا۔ (۳) واضح كرنا؛ آشكار اكرنا۔ (۴) تہ نشیں ہو جانا۔

Play right : (n) ڈراما نگار كا حق ملكیت۔

Play yard كھیل كا میدان ۔

Playa : (n) [Sp.] (۱) گڈھا جہاں برسات كا پانی جمع ہو جاتا ھے۔ (۲) نمك زار (سوكھا ھوا)۔

Playable : (a) كھیلنے كے قابل (گیند، میدان، انٹے كی میز وغیرہ)۔

Player : (n) [OE. 'Plegere.'] (۱) كھلاڑی؛ وہ جو كسی كھیل میں مہارت ركھتا ہو ۔ (۲) قمار باز : جوا كھیلنے والا؛ پیشہ ور كھلاڑی (كسی كھیل كا)۔ (۳) ادا كار؛ ایكٹر؛ ناٹكی؛ ڈراما كرنے والا۔ (۴) سازندہ؛ نوازندہ؛ نے نواز۔ (۵) (بلیرڈ، كركٹ) وہ گیند جو بعد میں كھیلی جائے۔

Player-piano : (n) خود كار پیانو؛ وہ پیانو جو ایسے آلات سے مجہز ہو كہ یہ خود بجتا رہے۔

Playful : (a) شوخ؛ طناز؛ كھلاڑ؛ كھلاڑی؛ چنچل؛ اچپل؛ زندہ دل؛ دل لگی باز؛ پر مذاق : ظریفانہ : مذاقیہ : مسخرے پن سے۔

Playfulness : (n) كھلاڑ پن؛ چنچل پن؛ اچپلاہٹ؛ دل لگی بازی۔

Playgoer : (n) اكثر دار ا لتمثیل جانے والا؛ اكثر ناٹك دیكھنے والا۔

Playground : (n) كھیل كا میدان (جو اسكول یا كالج سے متعلق ہوتاھے)۔

Playhouse : (n) دارالتمثیل؛ سوانگ گھر؛ تھیٹر۔

Playing : (n) كھیل؛ بازی؛ كھیلنا؛ جوا؛ تفریح؛ سیر۔

Playing-cards : (n) تاش۔

Playlet : (n) مختصر ڈراما؛ تمثیلچہ۔

Playmate : (n) ساتھی ادا كار؛ ساتھی ایكٹر؛ شریك ادا كار۔

Playroom : (n) بچوں كے كھیلنے كا كمرہ؛ كمرہ جہاں بچے كھیل سكیں۔

Playsome : (a) (روز مرہ) كھلاڑی ؛كھیل پر مائل؛ بازی كناں۔

Playsomely : (adv.) بازی كناں : كھیلتے ہوئے۔

Playtable : (n) كھیل كی میز۔

Plaything : (n) لعبت؛ كھلونا؛ (مجازاً) آدمی جانور یا كوئی شے جو كھلونا سمجھا جائے۔

Playtime : (n) كھیل یا تفریح كا وقت۔

Playwright : (n) ڈراما نگار؛ تمثیل نگار؛ سوانگ لكھنے والا۔

Playwrighting : (n) فن ڈراما نگاری؛ فن تمثیل نگاری۔

Plaza : (n) [L. 'Platea.'] (اسپین وغیرہ) بازار؛ میدان۔

Plea : (n) [ME., 'Plaid', p'lai.] (۱) عذر؛ اعتذار؛ حجت؛ استدلال؛دلیل؛ جواب۔ (۲) (قانون) تحریری بیان؛ صفائی؛ جواب دہی۔ (۳) (تاریخ) مقدمہ؛ استغاثہ۔

Court of common pleas : عدالت عذرات عامہ : انگلستان كی دیوانی عدالت (منسوخ شدہ ۱۸۵۷ء)۔

Special plea : (عدالت یا فوجداری میں) عذرخاص (جس میں كوئی نیا واقعہ بیان كیا جائے)۔

To hold a plea : (كسی شے كی) استدعا كرنا ۔

To hold pleas : عدالت میں عرضی پیش كرنا۔

Plea : (v) (اسكاچستان) عرضی پیش كرنا؛ عرض حال پیش كرنا؛ دعویٰ پیش كرنا۔

Pleach : (v) [ME. ' pleche.'] بل دینا ؛ مروڑنا ؛ بٹنا ؛ لپیٹنا ؛ ملانا ؛ گونتھنا؛ گوندھنا۔

Pleached : (a) (۱) (شاخوں كے لئے) گوندھا ہوا ؛ جڑا ہوا؛ ملا ہوا۔ (۲) بہ صورت چہار زانو؛ دو بازو باندھے ہوئے۔ (۳) جڑی ہوئی شاخوں سے بنی ہوئی محراب۔

Plead : (v) [ME. 'Plaiden, plaidi.'] : (۱) وکالت کرنا۔ (۲) حجت کرنا؛ استدلال کرنا؛ دلیل کرنا؛ بحث کرنا۔ (۳) عذر کرنا؛ عذر پیش کرنا؛ عذر بیان کرنا؛ عذر میں پیش کرنا؛ برا، ت کے ثبوت میں پیش کرنا۔

Plead against : (v) (کسی شے یا فیصلے کے) خلاف پیروی کرنا۔

Plead for : (v) (کسی شے ، فیصلے یا شخص کے لئے) پیروی کرنا۔

Plead guilty : (v) اقبال جرم کرنا؛ اعتراف جرم کرنا؛ (نیز مجازاً)۔

Plead not guilty : (v) (فوجی یا عدالتی قانون) انکار جرم کرنا۔

Plead with : (v) (کسی شخص کے لئے یا کسی شے کے موافق یا مخالف کسی شخص کے سامنے) پر جوش استدعا کرنا۔

Pleadable : (a) عذر پذیر؛ عذر میں پیش کرنے کے قابل۔

Pleader : (n) [ME. 'Playdur,-our.'] وکیل : وہ جو کسی فریق یا مقدمہ کا مختار یا پیروکار ہو؛ وکالت کرنے والا؛ ایڈوکیٹ۔

Special pleader : اسپیشل پلیڈر : Inns of court کا رکن جس کے سپرد قانونی معاملات میں رائے دینا اور بعض غیر معمولی کاروائیوں کا انجام دینا ہے۔

Pleading : (n) [ME. f. 'Plead.'] (۱) وکالت؛ استدلال۔ (۲) عدالت میں وکالت پیش کرنا؛ عذر پیش کرنے کا آرٹ؛ اس آرٹ کے متعلق اصول و ضوابط۔ (۳) بیان فریقین (بنائے دعویٰ یا جواب دہی و بیان صفائی عموماً تحریری)۔(۴) (عام) وکالت؛ عذر خواہی؛ پرجوش استدعا۔

Special pleading : (۱)(قانون) مخصوص عذر داری(فریق مخالف کے الزامات کی تردید کے علاوہ دوسرے عذرات اور دلائل) ۔ (۲) (عامیانہ) بات بنانا۔

Pleading : (a) عذر دار؛ عذر خواہ۔

Pleadingly : (adv.) به منت و سماجت : پُر جوش استدعا کرتے ہوئے : عذرداری کے ساتھ ۔

Pleadingness : (n) عذر داری ۔

Pleasance : (n) [OFr. 'Plaisance.'] (۱)(قدیم)مسرت؛ انبساط؛ فرحت؛ لذت و سرور۔ (۲) عیش و طرب؛ عیش و نشاط۔ (۳) تفریح گاہ؛ پائیں باغ؛ خانہ باغ (اب صرف خاص اسماء کے ساتھ باقی ہے یعنی کوچہ یا جگہ کے ساتھ)۔

Pleasant : (a) (۱) خوش گوار؛ خوش مزہ؛ خوش پذیر؛ خوش نما؛ فرحت بخش : تازگی بخش؛ زندہ دل؛ خندہ پیشانی۔ (۲)عمدہ؛ نفیس؛ مرغوب؛ خوش آیند؛ پسندیدہ؛ پُر لطف۔ (۳) (قدیم) ظریف؛ خوش مزاج؛ زندہ دل؛ خوش طبع؛ ظریفانہ؛ پُر ظرافت؛ پُر مذاق۔

Has a pleasant manner : (وہ) خوش اطوار ہے۔

Spent a pleasant evening : (ہم نے) پر لطف شام گذاری۔

Pleasant breeze : (n) خوش گوار ہوا۔

Pleasant companion : (n) یار زندہ دل؛ یار شاطر۔

Pleasant discovery : (n) پر لطف انکشاف۔

Pleasant flavour : (n) خوش گوار ذائقہ : خوشگوار مہک ۔

Pleasantly : (adv.) پسندیدہ، پُر لطف طریقے سے۔

Pleasantness : (n) خوش گوار ہونا؛ پسندیدگی؛ خوش آیندگی؛پرلطف وغیرہ ہونا؛ دل پذیری؛ دل پسندی؛ عیش؛ طرب؛ احساس خوشی؛ حس ہیجان۔

Pleasantry : (n) [Fr. 'Plaisanterie', f. 'Plaisant.'] (۱) خوش طبعی؛ پر مذاق ہونا؛ ظرافت؛ لطیفہ گوئی۔ (۲) مطائبہ؛ مذاق یا دل لگی کا فقرہ۔ (۳) (مجازاً) لذت؛ خوشی؛ طرب۔

Please : (v) [ME. 'Plaise, pleise, plese.'] (۱) خوش کرنا؛ سرگرم کرنا؛ شاذ کرنا؛ مسرور کرنا؛ محظوظ کرنا یا راضی کرنا۔ (۲) اچھا، احسن، مناسب خیال کرنا یا سمجھنا؛ پسند آنا۔ (۳) بذلہ گوئی کرنا ؛ شوخ طبعی کرنا ۔ (۴) (صیغۂ امر) براہ کرم؛ مہربانی کرکے (یہاں please دراصل may it please you کا قائم مقام ہے)؛ لیکن اب 'It you please' کا مخفف ہے۔

Pleased : (a) مطمئن؛ خوش؛ تسکین یا مسرت کے جذبے سے متاثر۔

Pleasedly : (adv.) خوشی سے؛ تسکین کے ساتھ؛ مسرور ہوکر۔

Pleasedness : (n) مسرت؛ خوشی؛ انبساط ۔

Pleaser : (n) وہ شخص یا شے جو انبساط و سرور بخشے یا اس کی کوشش کرے ۔

Pleasing : (n) خوش کرنے کا عمل؛ شاد کرنے کا عمل ۔

Pleasing : (a) خوش کن؛ دلپذیر؛ مسرت بخش؛ انبساط آگیں ۔

Pleasurable : (a) قابل لذت : لائق انبساط : دل پذیر : لذت بخش : مسرت بخش ۔

Pleasurableness : (n) مسرت بخش : پر لطف وغیرہ ہونا ۔

Pleasurably : (adv.) لطف سے؛ آرام سے؛ مسرت میں۔

Pleasure : (n) [ME.'Plesir.'] (۱) خوشی و خرمی؛مسرت؛ انبساط؛حظ؛ مزہ۔ (۲) حظ نفس؛ بھوگ بلاس؛ عیش و عشرت؛ عیش پرستی؛ عیاشی۔ (۳) خواہش؛ مرضی؛ رضامندی؛ خوشنودی۔ (۴) خوشی بخشنے والی صفت؛ پر لطف ہونا۔

A life given up to pleasure : عیاشانہ زندگی؛ عیش پرستانہ زندگی۔

At (one's) pleasure/At pleasure : حسب خواہش یا مرضی۔

Can be altered at pleasure : بہ حسب خواہش یا مرضی تبدیل ہو سکتا ہے۔

Can be postponed during our pleasure : یہ ہماری خواہش یا مرضی پر ملتوی ہو سکتا ہے۔

Do me the pleasure of dining with me : شریک طعام ہو کر آپ مجھے مسرت بخشیں۔

He takes pleasure in contradicting/-contradiction : اس کو تردید میں مسرت حاصل ہوتی ہے۔

I shall not consult his pleasure : میں اس کی رضا جوئی نہیں کروں گا۔

It is our pleasure to : ہماری یہ خواہش ہے کہ۔

It is our pleasure to submit balancesheet : (عامیانہ) ہماری یہ خواہش ہے کہ روشن باقی پیش کریں۔

Man of pleasure : اوباش؛ عیش پرست؛ عیاش ۔

To do (one) a pleaure : خوش کرنا؛ تسکین دینا؛ موافق ہونا۔

To take (a) pleasure : کسی کام میں خوش ہونا؛ کسی کام کو انجام دینے میں‌مسرت حاصل کرنا۔

Pleasure : (v) [f. prec. (n).] (۱) (کسی کو) خوش کرنا؛ مسرت بخشنا (اب شاذ)۔ (۲) (کسی چیز یا فعل سے) خوش ہونا؛ حظ اٹھانا؛ مسرور ہونا۔

Pleasureful : (a) پر مسرت؛ نشاط آگیں۔

Pleasureless : (a) مسرت سے خالی؛ بے کیف۔

Pleasurer : (n) [f. pleasure+-er.] جویائے لذت : عیش طلب ۔

Pleasurist: (n) [f.pleasure,(n)+-ist.] لذت یا انبساط کا پجاری؛ عیش طلب۔

Pleat : (n) [By -from of 'Plait'. (n):] تہ : چنٹ : شکن ۔

Pleat : (v) [By -from of 'Plait.'] تہ کرنا؛ شکن ڈالنا؛ چنٹ ڈالنا؛ منڈی گوندنا؛ چٹیا گوندنا۔

Accordian pleated : (مشین کے ذریعہ) نفیس شکن ڈالا ہوا۔

Knife-pleated : چاقو کے پھل سے ہاتھ کے ذریعہ تہ کیا ہوا۔

Pleater : (n) شکن ڈالنے والا؛ (لباس) استری کرنے والا۔

Pleating : (n) دیکھو Pleat

Pleb : (n) [Fr. 'Plebe.'] (عامیانہ) نیچی ذات کا شخص؛ ادنیٰ یا عامی۔

Plebe : (n) [Fr.] ملٹری اکیڈمی یا بحریہ اکیڈمی کی پہلی جماعت کا رکن۔

Plebeian : (n) [L. 'Plebeius.'] (روما) عامی (جو طبقۂ امراء سے نہ ہو)؛ عامی جو امرا کے طبقے سے نہ ہو۔

Plebeian : (a) (۱) نیچی ذات کا؛ عوام کا۔ (۲) رذیل : کمینہ؛ ادنیٰ؛ اجڈ؛ انگھڑ؛ گنوار؛ عامیانہ ۔

Plebeianism/Plebianism : (n) ادنیٰ یا عام کردار یا طرز؛ عامیانہ پن؛ خشونت؛ بے آدابی؛ عوام الناس۔

Plebeianize : (v) ادنیٰ درجے تک پہنچا دینا؛ عامیانہ بنا دینا؛ عوام الناس کی طرح برتاؤ کرنا۔

Plebeianly : (adv.) ادنیٰ طریقے سے : عامیانہ طور سے ۔

Plebeianness : (n) عوام الناس ہونا : ادنیٰ ہونا۔

Plebiscitary/Plebiscitarian : (a) رائے عامہ کے متعلق ۔

Plebiscite/Plebescite : (n) [Fr. 'Plebiscite.'] (۱) (تاریخ روما)قانون موضوعۂ مجلس عوام۔ (۲) رائے عامہ (کسی اہم جمہوری معاملے میں رائے دہندگان کا بلاتوسط نمائندہ رائے دینا) ۔

(۳) رائے عامہ کا با ضابطہ یا بے ضابطہ اظہار۔

Plebiscitum : (a) [L. f. 'Plebis+scitum.'] (۱) (تاریخ روما) عوام الناس کے ذریعہ بنایا ہوا قانون۔ (۲) رائے عامہ۔

Plebs : (n) [L.(earlier'Plebes'.)] جنتا: عامہ: عوام: عوام الناس: قاطبۂ مردم۔

Plectognath : (n) [f. mod. L. 'Plectognathi .'] (نباتیات) ملفوف فکہ ماہی۔

Plectognath : (a) Plectognath کی ذات کی مچھلی کے متعلق۔

Plectospondyl : (n) [f. mod. L. 'Plectospondyli.'] ایک قسم کی مچھلی۔

Plectospondyl/-ous : (a) ایک قسم کی مچھلی کے متعلق۔

Plectrum : (a) [L. a. 'Plector.'] مغراب: زخمہ۔

Pledge : (n) [OFr. 'Plege.'] (۱) شے مکفولہ: شے مرھونہ: جو چیز رہن رکھی جائے: جو شے گروی کی جائے۔ (۲) کفالت: آڑ: ضمانت: رہن۔ (۳) (مجازاً) بچہ: نشان عنایت: وہ شے جو اظہار عنایت کے طور پردی گئی ہو۔ (۴) جام صحت نوش کرنا۔ (۵) وعدہ: عہد: پیمان۔ (۶) حلف: قسم: سوگند (ترکِ مے کی)۔ (۷) (سیاسیات) پیمان رہنما: لیڈر کا عہد (کوئی خاص طرز عمل اختیار کرنے یا نہ کرنے پر)۔

The (temperance, total abstinence) pledge : سوگند (ترک مے کی)۔

To take, sign, keep the pledge : (مے سے) توبہ کرنا: سوگند کھانا: اس کے حلف نامے پر دستخط کرنا:اس توبہ پر قائم رہنا۔

Under the pledge of secrecy : بہ پیمان رازداری:بہ وعدۂ راز داری۔

Pledge : (v) [Late ME. pleg(g)e.] (۱) گرو رکھنا: گروی کرنا: رہن رکھنا: مکفول کرنا۔ (۲) عہد، وعدہ، پیمان کرنا۔ (۳) (مجازاً) قول ہارنا: زبان ہارنا: زبان دینا: بات ہارنا۔ (۴) (کسی کا)جام صحت پینا۔

Pledgeable : (a) (۱) قابل رہن: قابل گروی: لائق کفالت: قابل ضمانت: جو شے ضمانت میں دی جا سکے۔ (۲) لائق عہد و پیمان۔

Pledgee : (n) گرودار: مرتہن۔

Pledger/Pledgor : (n) (۱)راہن: گرو کنندہ۔ (۲)(کسی کا)جام صحت پینے والا۔

Pledget : (n) [Origin unkn.] پھایا: زخم پر رکھے جانے والا پھائے کا کپڑا۔

Pledgetaking : (n) (قانون) پیمان گیری۔

Pleiad/Pleiads : (n) [L. pleias.] (۱) عقد ثریا: خوشۂ پروین: جھمکا: سپّت رشی۔ (۲) (مجازاً) (واحد) سات رتن: اشخاص یا اشیاء کا شاندار اجتماع خصوصاً سات کا جیسے فرانسیسی نشاۃ ثانیہ کے شعرا کی جماعت جو فرانسیسی زبان میں La Pleiade کے نام سے موسوم ھے۔

Plein-air : (n) کھلی فضا۔

Plein-air/Plain-air : (a) [from the French phrase 'Plein air.'] (۱) کھلی فضا سے متعلق، مصوری کے بعض دبستان کے لئے مستعمل جن کا مقصد فضا اور روشنی کے اثرات کی نمائندگی کرنا تھا جو اسٹوڈیو میں ناقابل دید تھے۔

Pleio-/plio-/pleo - : (Prefix) سابقہ بمعنی 'بیش'۔

Pleiocene/Pleiohippus : (۱)(طبقات) پلیوسینی عصر: جدیدتر عصر: پلیوسینی تعلیم یا بناوٹ۔ (۲) دیکھو Pleiocene۔

Pleiostocene : (n) [f. Gr. 'Plaistos', +'kaivos.'] (طبقات الارض) پلیسٹوسین: جدید ترین طبقہ: نوترین طبقہ: وہ طبقہ جو جدید تر طبقے کے بعد پیدا ھوا ھو۔

Pleistocene : (a) جدید ترین: نوترین۔

Pleistocene period : (n) برفانی دور : پلیسٹوسینی دور۔

Plenarily : (adv.) پورے، مکمل، غیر محدود، غیر مشروط طور پر۔

Plenarty : (n) [AFr. 'Plenerte.'] (قانون کلیسا) کلیسائی وقف یا جاگیر کے پُر یا مملو ھونے کی حالت۔

Plenary : (a) [Late L. 'Plenarius', f. 'Plenus.'] (۱) پورا: کامل: مکمل: تمام: جملہ: کل۔ (۲) مطلق: غیر محدود: غیر مفید: غیر مشروط۔(۳)(جلسہ) کامل: (مجلس) مکمل: وہ (جلسہ) جس میں تمام ارکان شریک ھوں۔

Plenary authority : (n) (سیاسیات) اختیارِ کلی۔

Plenary indulgence : (n) عفو عمومی گناہاں۔

Plenary inspiration : (n) الہام کامل الہٰی جس میں تمام امور کی اطلاع شامل ہو۔

Plenilunal/Plenilunar/Plenilunary : (a) ماہ کامل کا یا ماہ کامل کے مانند: ماہ کاملی: بدری۔

Plenilune : (n) [L. 'Plenilunium.'] (خصوصاً شاعرانہ) ماہ کامل: بدر: چودھویں کا چاند: ماہ کامل کا وقت۔

Plenipo : (بول چال) Plenipotentiary کا مخفف۔

Plenipotence : (n) (شاذ) اختیار کامل: پورا اختیار۔

Plenipotency : (n) [f. 'Plenipotens.] (شاذ) اختیار کامل۔

Plenipotent : (a) [late. L. 'Plenipotens.'] (شاذ) مدار المہام: اختیار کلی رکھنے والا۔

Plenipotential : (a) (شاذ) اختیار کلی کا حامل: مدار المہام کا یا اس کے متعلق۔

Plenipotentiary : (n) [L. 'Plenipotentiarius.'] (۱) مختار کل: سفیر بہ اختیارات کامل: وہ سفیر جس کو اختیارات تمیزی حاصل ہوں: وکیل مطلق: مدار المہام۔ (۲) جس کو اختیارات کامل حاصل ہوں۔

Plenipotentiary : (a) (اختیارات) کامل: غیر محدود: غیر مشروط۔

Plenish : (v) [OFr. 'pleniss'- L. 'plenus.'] (خصوصاً اسکاچستانی) بھرنا: پُر کرنا: اثاثہ ڈالنا: مصرف شدہ شے کے بدلے نئی چیز لانا (برطانیہ) : مجہز کرنا : سامان سے پُر کرنا : اثاثہ اور ضروری اشیاء سے مجہز کرنا۔

Plenishing: (n) پُر کرنے کا عمل: سامان سے لیس کرنے کا عمل: جہیز: فرنیچر۔

Plenism : (n) ملائیت۔

Plenist : (n) معتقد ملاء: ملائیتی: وہ جو معتقد ہوکہ فطرت میں خلا کا وجود نہیں۔

Plenitude : (n) [L. 'plenitudo', f. plenus.'] (۱) کاملیت: کمالیت۔ (۲) کثرت: فراوانی: بہتات: اِفراط۔ (۳) (طب) اِمتِلاء دَموی۔

Plenitudinous : (a) کامل: فراواں : پُر: مطلق: سرشار: (مزاحاً) قوی ہیکل: نیرومند۔

Plenteous : (a) [ME. 'Plentiferous.'] کافی: فراواں: وافر: سر شار: پُر ثمر: بخشنے والا: توانگر: دولت مند۔

Plenteously : (adv.) فراوانی سے: کثرت کے ساتھ: افزونی سے۔

Plenteousness : (n) کثرت: افراط: وفور: افزونی۔

Plentiful : (a) کثیر: خطیر: وافر: افزوں: بہت: زیادہ: بکثرت: بہ افراط۔

Plentifully (adv.) بہ کثرت: بہ افراط: بہ افزونی: وافر طور پر: کثرت سے: سرسائی سے۔

Plentifulness : (n) کثرت: افراط: افزونی: سرسائی: بہتات: زیادتی۔

Plenty : (n) [OFr. 'Plentet.'] زیادتی: کثرت: افراط: افزونی: بہتات: سرسائی: کافی ہونا۔

Plenty : (a) زیادہ: کثرت: بہت: فراواں: متعدد (خصوصاً بول چال میں)۔

Plenty : (adv.) (بول چال) کافی: کثرت کے ساتھ: فراوانی کے ساتھ۔

Plenty large : (a) کافی بڑا۔

Plenty of cake : (n) کیکوں کی افراط: بہت سے کیک۔

Plenty of work : (n) بہت زیادہ کام۔

Plenum : (n) [L. 'Plenus.'] (۱) (طبیعیات) مثلاً: فضائی پُر : وہ جگہ جو مادے سے پُر ہو۔ (۲) (سیاسیات) اجتماع کامل: بھری مجلس: بھری محفل: پوری جماعت۔

Plenum method/-system : (n) (کمرے وغیرہ میں) ہوا کے داخل و خارج کرنے یاآمدورفت کا ایک خاص نظام: نظام ملائی۔

Pleochroic : (a) [f. pleo-Pleio+Gr. 'chros' + -ic.'] (بلور کے متعلق) بیش لونی: مختلف رنگوں کی خصوصیات کا حامل۔

Pleochroism : (n) بسیارلونیت:بیش لونیت: بلور کی وہ خاصیت جس سے نور کے مقابل مختلف رنگوں کا پتہ چلے۔

Pleochromatic : دیکھو Pleochroic

Pleochromatism : دیکھو Pleochroism

Pleochrous : (a) دیکھو Pleochroic

Pleomorphic : (a) (۱) (حیاتیات) بیش لونی: بسیار شکل کا حامل: زندگی کے مختلف مراحل میں مختلف شکلوں کا حامل :

جیسے بعض جراثیم اور سماروغ میں بسیار شکلیت موجود ہوتی ہے۔ (۲) (معدنیات) دو یا زیادہ بنیادی طور پر مختلف شکلوں میں قلم پذیر۔

Pleomorphism : (n) (حیاتیات) بسیار شکلیت ظاہر کرنے کی حالت یا حقیقت۔

Pleomorphous : دیکھو Pleomorphic

Pleon : (n) [arbitrarily, Gr. 'Pleo.'] (حیوانیات) شنائیہ: شکمیّہ۔

Pleonasm : (n) [L. 'Pleonasmus.'] (ا) حشو و زوائد کا استعمال: بھرتی کے الفاظ کا استعمال: حشو قبیح: حشویت۔(۲)تکرار: دراز نویسی: دراز گوئی۔ (۳) (نیز مجازاً) فضول نویسی: فضول گوئی: حشویت۔

Pleonaste/Pleonast : (n) [Fr.] (معدنیات) یاقوت جس میں لوہا اور میگنیز مخلوط ہوں۔

Pleonastic : (a) زائد: حشوی: بھرتی کا۔

Pleonastic : (a) سیاہ یاقوت کی مانند۔

Pleonastically : (adv.) ازروئے حشو و زوائد: حشوی طور پر۔

Pleopod : (n) [f. as 'Pleon + Gr. 'Pod, post.'] (حیوانیات) شناپا: شنائیہ کا وہ عضو جس سے وہ تیرتا ہو۔

Pleroma : (n) [Gr. 'Pleroma.'] مِل: پُری: روحانی کائنات جوخدا کا مسکن اور اس کے ساری قوتوں کا مظہر ہے۔

Plerome : (n) [G. 'Plerom.'] (نباتیات) قلب مُقسِمہ: ابتدائی نسیج کی سب سے اندرونی تہ بعد میں بڑھ کرمغز کا جزو ہوجاتی ہے۔

Plerophory : (n) [Gr. 'Plerophoria.'] (اب شاذ و نادر) یقین کامل یا قطعیت: ایمان: یقین محکم۔

Plesio - : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی نزدیک۔

Plesiomorphic : (a) متشکل ہونے کے قریب۔

Plesiomorphism : (n) متشکل ہونے کے قریب کی حالت یا حقیقت۔

Plesiomorphous : (a) (بلور) شکل کے بہت قریب:ایسی شکلوں میں قلم پذیری جو ایک دوسرے کی مشابہ ہوں مگر یکساں نہیں۔

Plesiosaur : (n) ایک قسم کا سانپ جو اب پایا نہیں جاتا۔

Plesiosaurian : (n) Plesiosaurus نوع کا سانپ۔

Plesiosaurian : (a) اس نوع کے متعلق۔

Plesiosaurus : (n) میان حیاتی سوسمار: سمندری سانپ کی ایک نوع جس کی گردن لمبی، سر چھوٹا اور دم کو تاہ ہوتی تھی۔

Plessimeter : (n) [f. 'Plessimetre.'] (۱) (طب) لوح دق: ضرب پیما: صدمہ پیما۔ (۲) دیکھو Pleximeter ۔

Plethora : (n) [med. L.] (۱)امتلا دموی: کثرت الدم: غلبہ خون: یہ ایک مرض کی حالت ہے جس میں خون میں سرخ جسیمے بڑھ جاتے ہیں۔ (۲) (مجازاً) نقصان دہ کثرت: مضر افراط: بے جا فراوانی۔

Plethoric : (a) (۱) کثیرالدم سے متعلق۔ (۲) بے جا طور پر وافر: مضر طور سے پُر، مملو۔

Plethorically : (adv.) بے جا فراوانی سے: بے جا طور پر وافر کی حالت میں۔

Plethory : (n) [irreg. f. 'Plethora.'] دیکھو Plethora

Plethron : (a) [Gr. 'Plethron.'] لمبائی کا ایک قدیم یونانی ناپ جو ۱۰۱ فٹ کے برابر ہوتا ہے۔

Plethysmograph : (n) [f. Gr. 'Plethysmos'+-'graph.'] تغیر اعضاء نگار : ایک آلہ جس سے جذبات سے گردش خون میں پیدا ہونے والے تغیرات کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

Plethysmographic : (a) تغیر اعضاء نگار کے متعلق۔

Plethysmography : (n) تغیر اعضاء نگار کا استعمال۔

Pleura : (n) [med. L.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) غشاالجنب: غشاء الرّیہ والصدر: پھیپھڑے کا پردہ (جمع) پلیورا۔ (۲)بے ریڑھ کے جانوروں کے پہلو کا ایک حصہ۔

Pleural : (a) غشاء الرّیہ کے متعلق۔

Pleural : (a) [f. Pleuron+-al.] پہلو کا: بغلی۔

Pleuralgia : (n) [mod. L.f.Gr. 'Pleura', +-'algia.'] درد پہلو: درد سینہ۔

Pleuralgic : (a) درد پہلو کے متعلق: درد سینہ کے متعلق۔

Pleurapophysial : (a) جنبی زائدہ سے متعلق: کاذب پسلی سے متعلق۔

Pleurapophysis/Pleurapophyses : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pleura' + 'apophy-sis.'] جنبی زائدہ: کاذب پسلی۔

Pleurenhym/Pleurenchyma:(n)[mod.L.f.Gr. 'Pleuron+enchyma.'] (نباتیات) نسیج چوبی: لکڑی کی نسیج جس پر پودوں کے چوبی حصے مشتمل ہوتے ہیں۔

Pleurenchymatous : (a) نسیج چوبی کے متعلق۔

Pleurisy : (n) [OFr. 'Pleurisie.'] ذات الصدر: ذات الجنب: غشاء الرّیہ کا آماس جس سے سینہ میں درد ہوتا ھے۔

Pleurisy-root : (n) حشیشتہ ذات الجنب: ایک قسم کی جڑی جس کا عرق ذات الصدرمیں بطور دوا استعمال ہوتاھے۔

Pleuritic : (a)[F.'Pleuretique] ذات الصدری: ذات الجنب کے متعلق یا اس کا۔

Pleuritis : (a) [L.] دیکھو Pleurisy

Pleuro - : (سابقہ) جزو ترکیبی بمعنی پہلو۔

Pleuro-pericardial : (a) (۱) پہلو کے متعلق: غلاف قلب کے متعلق۔ (۲) اس آواز کے متعلق جوذات الجنب کی حالت میں استماع الصدر میں سنی جا سکتی ھے۔

Pleuro-pericarditis : (n) ورم جو پہلو اور عضلات قلب (Pericardium) میں ہو۔

Pleuro-peritoneal : (a) پلیورا اور پیر ٹیونیم کا یا ان کے متعلق۔

Pleuro-peritoneum/Peritonnaeum : (n) [mod. L. f. Pleuro - +Peritoneum.] (تشریح)پستان دارحیوانات سے الگ دوسرے ریڑھ دار جانوروں کے جسم کے جوف کا غلاف۔

Pleuro-pneumonia : (n) [mod. L. f. 'Pleuro' - +'Pneumonia.'] (۱) وہ نمونیا جس میں ذات الجنب بھی ہو: ذات الجنبی نمونیا ۔ (۲) پھیپھڑازدگی۔

Pleurobranchia/Pleurobranch : (n) (حیوانیات) پہلو شاخہ یا گلپھڑا۔

Pleurobranchial : (a) (حیوانیات) پہلو شاخہ یا گلپھڑا کے متعلق۔

Pleurobranchiate : (a) گلپھڑے دار۔

Pleurocarpous : (a) [Gr. 'carpos.'] (نباتیات) پہلو ثمرہ۔

Pleurocentral : (a) بعض ریڑھ والے جانوروں کے عقبی حصے کے متعلق۔

Pleurocentrum : (n) بعض ریڑھ والے جانوروں اور مچھلیوں کے مرکز بدن کا پہلو والا اور عقبی حصہ۔

Pleurodiran : (a) (حیوانیات) ایسے کچھوؤں کے لئے مستعمل جو اپنے خول میں گردن عقب میں نہیں لے جا سکتے۔

Pleurodont : (n) (حیوانیات) ایک قسم کی چھپکلی جس کے دانت جبڑے کی ہڈی کے پہلو میں مُحکم ہوتے ہیں۔

Pleurodont : (a) ایسی چھپکلی کے متعلق۔

Pleurodynia/Pleurodyny : (n) [f. Pleuro.] درد پہلو: درد سینہ: سینے کے عضلات میں گٹھیا کا درد۔

Pleuron : (n) [Gr. 'Pleuron.'] (نباتیات و حیوانیات) پہلو کا جانبی حصہ: جنبیہ: جنب الصدر۔

Pleuronect / Preuronectid : (n) [med. :. 'Pleuronectes'.] ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Pleurosteal : (a) جانبی قطعہ سے وابستہ۔

Pleurosteon : (n) (حیوانیات) وہ جانبی حصہ جس سے پسلیاں لگی ہوتی ہیں۔

Pleurothotonos/Pleurothotonous : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pleurothe+-tonos.'] تشنج جو بدن کے ایک طرف کج ہونے سے پیدا ہو۔

Pleurotomid : (n) [mod. L. 'Pleurotomidae.'] سیپ وغیرہ: گھونگا۔

Plexiform : (n) [f. 'Plexus'+-Form.] (تشریح) شبکہ کی مانند۔

Pleximeter/Plexometer : (n) [f. Gr. 'Plexai' + -Meter.] (طب) لوح دق: ضرب پیما: صدمہ پیما: یہ ایک عاجی باریک پتر ھے جو جسم کے کسی حصے پر رکھا جاتا ھے اس پر شاکوشی (Plexor) سے آہستہ آہستہ ضرب لگا کر معائنہ کرتے ہیں۔

Plexor : (n) [irreg. f. Gr. 'Plexis' + -or.] (طب) مدّق: مطرّقہ جس کا استعمال ضرب پیما میں ہوتا ھے۔

Plexure : (n) [f. L. plex-, plectere.] باہم گوندھنا: باہم ملا ہونا ۔

Plexus : (n) [L. f. 'Plex.'] (۱) (تشریح) ضفیرہ: حیوانی جسم کی نسیج کا جال: رگ ریشوں کی جالی۔ (۲) (عام معنوں میں) جالی: پیچیدگی۔

Pliable : (a) [Fr. f. 'Plier.'] (۱) لچکیلا: لچکدار: انحنا پذیر: بغیر ٹوٹے مڑ جانے والا: خمیدنی۔ (۲) (مجازاً) موم کی ناک: اثر پذیر: ترغیب پذیر: اِطاعت پذیر۔

Pliability/Pliableness : (n) (۱) لچکیلا پن۔ (۱) (مجازاً)موم کی ناک ہونا: نرمی۔

Pliably : (adv.) لچکیلے پن سے: ترغیب پذیری سے۔

Pliancy : (n) [f. next.] تغیر پذیری: انحنا پذیری: نرمی: لچکیلا پن: اثر پذیری: ترغیب پذیری۔

Pliant : (a) [a. Fr. pr. ppl. of 'Plier.'] (۱) لچکدار: خم دار: نرم: لوچ دار۔ (۲) (مجازاً) اثر پذیری: ترغیب پذیری: راضی ہونے والا۔

Pliantly : (adv.) لچکیلے پن سے: ترغیب پذیری سے۔

Pliantness : (n) نرمی: انحنا پذیری: ترغیب پذیری:راضی ہو نے کی صلاحیت۔

Plica : (n) [med. L., 'Plait', f. 'Plicare.'] (۱) تہ جیسے جلد یا جھلی کی۔ (۲) (نیز P. Polonica) بالوں کی ایک بیماری جس سے بال چٹیلے ہو جاتے ہیں۔

Plicate : (a) [ad. L. 'Plicatus', pa. pple of 'Plicare.'] تہ دار: طبق دار۔

Plicated : (a) تہ دار ؛ چین دار: شکن دار۔

Plicatedly : (adv.) تہ دار ہوکر: لپٹتے ہوئے۔

Plication : (n) [L. 'Plicare.'] (۱) تہ داری: طبق داری۔ (۲) تہ: موڑ: طبق: شکن۔ (۳) (طبقات الارض) زمین کی تہ میں موڑ پڑنا: طبق داری۔

Plicato - : (Comb.) جزو ترکیبی بمعنی "تہ" "شکن"۔

Plicature : (n) دیکھو Plication

Plicidentine : (n) [med. L. 'Plica' + Dentine.] عاج داندان (دنتیں) کی شکل جن میں یہ مختلف عمودی سطحوں میں ظہور پذیر ہوتی ہے۔

Plier : (n) [f. Ply, v+-er.] (۱) (اوزار وغیرہ)برتنے والا۔ (۲) پلاس ؛ سَنسی (جمع میں)۔

Plight : (n) [OE. 'Pliht.'] (۱) قول: وچن: پیمان و عہد (ضبطی کے خطرے میں): وعدۂ محبت: نسبت۔

Plight : (n) [ME. 'Plit, plyt.'] (۱) (قدیم) موڑ: تہ: تہ کرنے کا طریقہ۔ (۲) طریق زیست: گت: دشا: حالت: کیفیت (خصوصاً خراب)۔ (۳)قانونی نقطۂ نظر سے حالت یا کیفیت۔ (۴) طبیعی حالت۔ (۵) (شاذ) لباس: پوشاک۔

A sorry plight : افسوس ناک حالت۔

Evil plight : گت: حال تباہ۔

Hopeless plight : مایوس کن حالت: یاس خیز حالت۔

Plight : (v) (۱)(زبان، قول، وچن وغیرہ) دینا، ہارنا۔ (۲)(متروک) وعدہ کرنا۔

Plighted lovers : (n) عاشق و معشوق جنھوں نے پیمان وفا باندھا ہو۔

Plighter : (n) (شاذ) قول دینے والا۔

Plim : (v) [Etym. unkn.] (مقامی) ابھرنا: ابھرنا : سوجنا: پھولنا: پھلانا: امنڈنا: بڑھنا: بڑھانا: موٹا ہونا یا کرنا۔

Plimsoll : (n) [Name of S. Plimsoll, M. P. for Derby, to whom the Merchant shipping Act of 1876 was largely due.] (جمع)ربر کے تلے کے کرمچی جوتے۔

Plimsoll mark /-line : (n) جہاز کا غرقابی خط یعنی وہ خط جہاں تك لدے ہوئے جہاز کو زیر آب رکھنے کی قانوناً اجازت ہے، اگر پانی اس سے اوپر جائے تو خلاف قانون ہوگا۔

Plinth : (n) [L. plinthus.] (۱) ستون کی کرسی: پلنتھ۔ (۲)پایۂ ستون: پایۂ مجسمہ۔ (۳) دیوار کی کرسی۔(۴) (مجازاً) سطح پلنتھ کی طرح بنیاد۔

Plinth level : (n) سطح کرسی۔

Pliocene/Pleio- : (n) [Pleio + -cene.] (طبقات) پلیوسینی عصر: جدید عصر: پلیوسینی تقسیم یا بناوٹ: نو تر طبقہ: اجتماع ثلاثی کا جدید ترین طبقہ۔

Pliocene : (a) (طبقات) پلیوسینی عصر کا یا اس کے متعلق: جدید تر: تازہ تر: طبقہ نوتر۔

Pliosaurus/Pleio - : (n) [f. Gr. 'Pleio + sanros.'] متحجر سمندری سانپوں کی ایک نوع جو Plesiosaurus کے مشابہ تھی: ان کے آثار دستیاب ہیں۔

Pliotron : (n) (وائرس تلغرافی)تین برقی مورچوں کا والو (Valve) جس کے بلب کی ہوا پورے طور پر خارج رہتی ہے۔

Pliskie/Plisky : (n) [Origin unkn.] (خصوصاً اسکاچستان) مذاق: چال: فریب۔

Ploat : (v) [Du 'Ploten.'] (۱) (خصوصاً اسکا چستان)(چڑیا) سے بال و پر نو چنا۔ (۲) فریب دینا: کسی کا مال اڑا لینا: کنگال کردینا۔

Ploce : (n) [Late L.] (بلاغت) تکرار۔

Plod : (v) [app. echoic.] (۱) مشکل سے یا بدقت چلنا: پاؤں گھسیٹتے چلنا(on, along کے ساتھ)۔ (۲) (at کے ساتھ) محنت مشقت کرنا: جان کھپانا: جٹا رہنا۔ (۳) محنت و کوشش سے آگے بڑھنا۔

Plod : (n) دقت و محنت طلب کام: مشکل و محنت سے چلنا۔

Plodder : (n) محنت و مشقت کرنے والا۔

Plodding : (a) محنت طلب: مشقت کرنے والا۔

Ploddingly : (adv.) آہستہ: بدقت: محنت مشقت سے۔

Ploddingness : (n) محنت طلبی: مشقت طلبی۔

Plop : (n) [Echoic.] غڑپ: غڑاپ (پانی میں یکایک گرنے کی آواز)۔

Plop : (adv.) غڑاپ سے۔

Plop : (v) غڑاپ سے گرنا یا گرانا۔

Plosion : (n) [Extracted from Explosion and Implosion.] (صوتیات) سانس کا تصادمی اخراج یا اِدخال۔

Plosive : (a) سانس کے تصادمی اِخراج یا اِدخال کا حامل۔

Plosive : (n) سانس کا تصادمی اخراج یا اِدخال۔

Plot : (n) [Origin unkn.] (۱) قطعۂ زمین (عموماً چھوٹا): پارہ: ٹکڑا۔ (۲) قصہ ، ڈراما ، نظم وغیرہ کی روئداد یا خاکہ : پلاٹ: طَرح: گتھت : موضوع اصلی۔ (۳) سازش: سازباز: بندش: حیلہ: اختراع: تدبیر (مزاح)۔ (۴) حال: وضع۔ (۵) محل: موقعیت: جامکان۔ (۶) شرکت: مشارکت۔ (۷) پلان: پروجیکٹ: سیدھی سادی اسکیم۔

Plot : (v) (۱) نقشہ بنانا: خاکہ کھینچنا: پلان بنانا (مکان وغیرہ کا): طرح ریزی کرنا۔ (۲) سازش یا سازباز کرنا: اختراع کرنا: تدبیر کرنا۔ (۳) (جہاز) تعمیر(آغاز) کرنا: نقشہ پر بنانا (جہاز وغیرہ)۔ (۴) کسی چیز کا پلان بنانا: اسکیم بنانا۔

Plotinian : (a) [f. L. 'Plotinus.'] فلاطینوس سے متعلق : (فلاسفر) Neo-Platonic اسکول کا معروف و مشہور فلاسفر (A.D. ۲۰۳ - ۲۷۰)۔

Plotinic/-al : (a) فلاطینوس کا۔

Plotinism : (n) فلاطینوس کا عقیدہ۔

Plotinist : (n) فلاطینوس کا حامی، پیرو۔

Plotless : (a) بغیر پلان کے: بغیر پلاٹ کے: بے روئداد یا بے خاکہ (داستان)۔

Plotter : (n) سازشی: طرح ریزی: طراح : نقشہ کش: پلاٹ بنانے والا۔

Plotting : (n) (۱) (ریاضیات) ارتسام: مُرتسم کرنا۔ (۲) (قانون) خسرہ بندی۔

Plotting paper : (n) مربع دار کاغذ: چارخانہ کاغذ۔

Plough/Plow : (n) [Late OE. 'Ploh.'] (۱) ہل: قُلبہ۔ (۲) جتی ہوئی زمین: کاشت کے لائق زمین۔ (۳) ہل نما آلہ: گولچی۔ (۴) (علم النجوم) سات ستاروں کا جھنڈ: دُبِّ اکبر: ہل۔ (۵) کتاب تراشی: حاشیہ تراشی۔ (۶) سال کا ٹنے کارندہ: لیکھ بنانے کا رندہ۔ (۷) کئی شاخوں والا سنگ: ہرن یا بارہ سنگھے کا سینگ۔

At the plough : کھیتی باڑی کے کام میں مشغول۔

Ice-plough : برف کی سلیں کاٹنے کا آلہ: برف تراش۔

Snow-plough : برف تراش: یخ کو دور یا الگ کرنے کا آلہ۔

The plough : دُبِّ اکبر: بنات النعش۔

To be at the plough/To follow or hold the plough: کھیتی باڑی کے کام میں مشغول ہونا۔

To put (lay, set) one's hand to the plough : کوئی کام اختیار کرنا (بحوالہ لوقا (Luke) باب ۹ آیت ۶۲)۔

Under the plough : (زمین) جوت میں: کاشت کاری کی۔

Plough : (n) (عامیانہ) امیدوار کی امتحان میں ناکامی۔

Plough/Plow : (v) (۱) قلبه رانی کرنا؛ تودہ کرنا؛ ہل چلانا؛ جوتنا؛ زمین جوتنا؛ کھیت میں لیکھ بنانا۔ (۲) (out کے ساتھ) ہل سے جڑیں نکالنا؛ بیخ کنی کرنا؛(up کے ساتھ) ہل سے خس و خاشاک دور کرنا۔ (۳) چیرنا پھاڑنا۔ (۴) ابر وہر شکن پڑنا۔(۵) (through کے ساتھ) محنت و مشقت سے آگے بڑھنا۔ (۶) (مجازاً) (جہاز کا) پانی کو چیرکر چلنا۔ (۷) (عامیانہ)(امیدوار کو) امتحان میں ناکام قرار دینا؛ امتحان میں رد کرنا۔ (۸) (مجازاً) دوبارہ مقرر کرنا۔ (۹) (جلد سازی) کتاب تراش سے کاٹنا۔ (۱۰) (نجاری) سال کاٹنے کے رندے سے کاٹنا۔

To plough the air : نقش برآب کشیدن؛ عبث و بے فائدہ کام میں وقت ضائع کرنا؛ بے کار محنت کرنا۔

To plough the sands : نقش برآب کشیدن: عبث و بے فائدہ کام میں وقت ضائع کرنا؛ بے کار محنت کرنا۔

Plough around : (v) جوتی ہوئی زمین میں ٹھنٹھ کو چھوڑ دینا ؛ (مجازاً) راستہ ٹٹولنا؛ سنبھل سنبھل کر چلنا۔

Plough-beam : (n) (زراعت) ہل کا مرکزی شہتیر۔

Plough-boy : (n) وہ لڑکا جو ہل کے گھوڑوں کو لے کر جاتا ھے یا ہانکتا ھے؛ دیہاتی لڑکا۔

Plough-cutter : (n) (جلد سازی) وہ مشین جس سے کتابوں کے کناروں کو کاٹا جاتا ھے؛ کتاب تراش مشین؛ حاشیہ تراش مشین۔

Plough-hand : (n) ہل جوتنے والا مزدور؛ مزدور قلبہ راں۔

Plough-head : (n) ہل کا اگلا حصہ؛ ہل کا کنڈا؛ پھالی۔

Plough iron : (n) ہل کا لوھے کا حصہ؛ خصوصاً جمع میں پھالی۔

Plough-knife : (n) جلد ساز کے حاشیہ تراش کی چُھری۔

Plough-land : (n) (۱) (تاریخ) وہ قطعۂ اراضی جس کو سال بھر میں آٹھ بیل جوت سکیں۔ (۲) قابل کاشت زمین؛ زراعت کے قابل زمین۔

Plough-Monday : (n) ظہور مسیح کے بعد پہلا دو شنبہ۔

Plough-plane : (n) سال یا چول کاٹنے کا رندہ۔

Plough-point : (n) ہل کی پھالی کی نوک۔

Plough-press : (n) دیکھو Plough cutter

Plough-shoe : (n) وہ پُرزہ جو ہل کی پھالی کو سہارنے اور محفوظ رکھنے کے لئے ہوتا ھے۔

Plough-staff : (n) وہ پُرزہ جس سے وہ مٹی چُھڑائی جاتی ھے جو پھالی کو لگ جاتی ھے؛ ہل کی کھرچنی۔

Plough-tail : (n) (۱) ہل کا پچھلا حصہ؛ ہرس۔ (۲) (مجازاً)کھیتی باڑی کا کام۔

At, from the plough-tail : کھیتی باڑی کا کام؛ کھیتی باڑی کے کام میں مشغول۔

Plough-tree : (n) دستہ ہل۔

Plough-wright : (n) ہل بنانے والا۔

Ploughable : (a) قابل جوت؛ جوتنے کے لائق۔

Plougher : (n) (۱) قلبہ راں؛ ہالی؛ ہل جوتنے والا۔ (۲) کھیتیہر مزدور؛ کھیت میں کام کرنے والا مزدور؛ دیہاتی۔

Ploughman : (n) دیکھو Plougher

Ploughman's Spikenard : (n) شرق الہند کا ایک پودا جسے قیاساً ایام قدیم میں "نارد" کہا جاتا تھا ؛ اس کا تعلق خوشبودار پودوں سے ھے، اُس کے خوشبودار مواد کو مرہم بنانے میں استعمال کیا جاتاتھا، خیال کیا جاتا ھے کہ یہ اسی پودے سے حاصل ہوتا تھا؛ کئی اور اقسام کو بھی یہی نام دیا جاتا ھے جس میں شمالی امریکا کا ایک پودا بھی شامل ھے جس کی جڑ مہک والی ہوتی ھے اور اس کو دواؤں میں استعمال کیا جاتاھے۔

Ploughshare : (n) (۱) پھالی؛ ہل کی پھالی؛ ہل۔ (۲)نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ میکفہ۔

Ploughshare-bone : (n) (۱) (تشریح) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ میکفہ۔ (۲) میکفۃ الطیور۔

Plover : (n) [late L. 'Plovarius.'] پلور؛ پلاور؛ زقزاق؛ طیرِ باران؛ مرغ باراں (ایک قسم کا پرندہ جو جھنڈ میل رہتا ھے اور اس کی ٹانگیں لمبی لمبی ہوتی ہیں)۔

Golden plover : سنہری پلور۔

Green plover : (حیوانیات) زقزاق شامی۔

Grey plover : خاکستری پلور۔

Spur-winged plover : (حیوانیات) زقزاق مصری۔

Plover-page/Plover's page : (n) (اسکاتستانی) Tringa کی جنس کا ایک پرندہ۔

Ploy : (n) [Origin unkn.] مشغلہ؛ کام؛ مہم؛ اسپورٹس؛ کھیل کود؛ ذریعہ تفریح۔

Pluck : (n) [ME. fr. plucken, v.] (۱) نوچ؛ (پر) اُکھاڑنا؛ (پھول) توڑنا؛ اُکھاڑنا؛ نکالنا؛ جھٹکا۔ (۲) (امتحان میں) ناکامی؛ ناکامیابی : ناکامیاب کرنا۔ (۳) دل، جگر، کلیجی، پھیپھڑے (جانوروں کے جو بطور غذا استعمال ہوں)۔ (۴) ہمت؛ جرأت؛ دلیری؛ جگر؛ شجاعت؛ تصمیم۔ (۵) (فوٹو گرافی، مبتذل) شوخ آمیزش الوان؛ شوخ رنگوں کی آمیزش۔ (۶) انقباض۔ (۷)(مجازاً) حالت۔ (۸) زور آزمائی۔

Pluck : (v) [late. OE. 'Pluccian.'] (۱) (پھول وغیرہ) توڑنا؛ (بال یا پر) نوچنا؛ (پر) اُکھاڑنا۔ (۲) (قدیم) (away, off کے ساتھ) کھینچنا؛ گھسیٹنا؛ جھپٹ لینا۔ (۳) جھٹکا مار کر کھینچنا؛ (جسم کا حصہ یا کپڑا وغیرہ پکڑ کر) کھینچنا۔ (۴)(at کے ساتھ) کھینچنا؛ چھین لینا۔ (۵) پرندہ کو بے بال و پر کر دینا۔ (۶) (مجازاً) ٹھگ لینا؛ لوٹ لینا؛ فریب دینا؛ دھوکا دینا۔ (۷) اُمیدوار کو امتحان میں ناکام قرار دینا۔ (۸) ستارہ وغیرہ اناڑی پن سے بجانا؛ تن تن کرنا۔

A crow to pluck : دیکھو Crow (n)

To be plucked : فیل ہونا؛ ناکامیاب ہونا۔

To have a crow to pluck : دیکھو Crow

To pluck a pigeon : کسی سادہ لوح کو اسامی بنانا؛ کسی سیدھے سادے شخص کو ٹھگ لینا۔

To pluck the Proctor's gown : ایسے شخص کو جو مطلوبہ امتحانات پاس کئے ہوئے ہوں ڈگری دینے پر اعتراض کرنا۔

To pluck up (one's) heart/-spirits/-courage : جرأت؛ ہمت پکڑنا : کمر ہمت باندھنا۔

Plucked : (a) دلیر؛ باہمت؛ جرّی۔

Plucker : (n) توڑنے والا؛ کھینچنے والا؛ گھسیٹنے والا۔

Pluckily : (adv.) دلیرانہ؛ شجاعانہ؛ بہادرانہ۔

Pluckiness : (n) دلیرپن؛ دلیری؛ جرأت۔

Pluckless : (a) بے ہمت؛ پست ہمت؛ پست حوصلہ؛ بزدل۔

Plucky : (a) (۱)(بول چال) بے جرأت؛ دلیر؛ باہمت؛ ذی ہمت؛ دلیر؛ شجاع؛ بہادر؛ جری۔ (۲)(فوٹوگرافی) (پرنٹ یا نیگیٹو) صاف؛ واضح؛ شخص۔ (۳) (عامیانہ) بد جنس؛ زشت؛ بد؛ بُرا۔ (۴) (سنگتراشی) شگاف بردار؛ زود شکن؛ تُرد۔

Pluff : (n) [Echoic.] (۱) (اسکاتستان) گیس، دھواں؛ ہوا کا پھٹنا؛ انفجار باروت؛ گلولہ۔ (۲) پف؛ صدائے پف؛ پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق کی آواز۔

Plug : (n) [MDU. 'Plugge.'] (۱) ڈاٹ؛ ڈٹا؛ گٹا؛ میخے؛ پچر؛ قاش؛ قاچ۔ (۲) سدہ؛ گانٹھ؛ انجھاد سقیم۔ (۳) برتن، نلکی وغیرہ کا کاگ؛ ڈاٹ؛ نل کا منہ جس میں کرمچ کی نالی لگا دی جاتی ھے۔ (۴) خوردنی تمباکو کی بٹی، تمباکو کی ٹکیا۔ (۵) اس ٹکیا کا ایک حصہ جو کھانے کے لئے الگ کر لیا گیا ہو۔ (۶) (الیکٹرک) کلید اتصال؛ پلگ۔ (۷) (دندان سازی) کھوکھلے دانت کی بھرائی۔ (۸) معمولی یا خراب شخص، جانور یا چیز کے لئے بھی استعمال ہو تا ھے (امریکا)۔

Contact plug : (برقیات) کلید اتصال۔

Spark plug : (برقیات) شمعۂ شرارہ؛ شمعَہ۔

Plug : (v) (۱)ڈاٹ لگانا؛ ڈاٹ لگا کر سوراخ وغیرہ بند کرنا (اکثر up کے ساتھ) پچر لگانا۔ (۲) (عامیانہ) گولی چلانا؛ گولی مارنا۔ (۳) (عامیانہ) مکا مارنا۔ (۴) (بول چال) وقت اور مشقت کے ساتھ کوئی کام کرنا۔ (۵) (الیکٹرک) (in کے ساتھ) کنجی یا پلگ لگا کر سرکٹ درست کرنا۔ (۶) (دندان سازی) سوراخ بھرنا۔

Plug basin : (n) ہاتھ دھونے کا تسلہ جس میں پچر سوراخ ہوتا ھے جس سے پانی باہر نکلتا ھے۔

Plug board : (n) (۱) پلگ بورڈ؛ بجلی کا سوئچ بورڈ (جس میں کلید اتصال کے ذریعہ ترسیل کا کام لیا جاتا ھے)۔ (۲) اعداد جوڑنے والی مشین کا ایک حصہ۔

Plug cock : (n) (الیکٹرک) روک ٹونٹی۔

Plug hat : (n) (امریکا عامیانہ) ریشمی نما پُر تکلف ٹوپ؛ چمنی نلوا ٹوپی۔

Plug hole : (n) سوراخ جو پچر، ڈاٹ سے بند کیا گیا ہو۔

Plug key : (n) (الیکٹرک) کلید اتصال: پلگ کی۔

Plug-rod : (n) اسٹیم انجن بیم سے متصل سیلنڈر کے کھل مندن کو کھولنے یا بند کرنے والا آلہ ۔

Plug switch : (n) لائن جوڑنے والا برقی سوئچ ۔

Plug tap : (n) (انجینیئرنگ) روک ٹونٹی : پلگ ٹیپ ۔

Plug tobacco : (n) خوردنی تمباکو کی بٹی ؛ تمباکو کی ٹکیا ۔

Plug-ugly : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ امریکا) اراذل ؛ اوباش ؛ بدمعاش شخص ۔

Plugger : (n) پچر لگانے والا:ڈاٹ لگانے والا۔

Plugging : (n) پچر لگانے کا عمل: پچر کاری۔

Plum : (n) [OE. 'Plume.'] (۱) آلوچہ : پلم ۔ (۲) درخت آلوچہ ۔ (۳) کشمش : خشک انگور : منقیٰ ۔ (۴) (مجازاً) اپنی قسم کی بہترین چیز : چیدہ شے : کسی چیز کا بہترین حصہ ۔ (۵) (عامیانہ) ایک لاکھ پونڈ ۔

Australian plum/ Black plum of Illawara : ایک قسم کی کشمش : منقیٰ ۔

Blood plum : ایک قسم کا پھل ۔

Cocoa plum : ایک قسم کا امریکی پھل۔

Damascene/Damson plum : دیکھو Damask

French plum : (n) ایک قسم کا خشک آلوچہ۔

Guinea plum/ Grey- : ایک قسم کا آلوچہ۔

Indian plum : (نباتیات) گوندنی۔

Sagar plum : (۱) کھانڈ ، چینی ، گڑ وغیرہ جسے گنے چقندر، جوار، پیپل اور دیگر نباتیاتی چیزوں سے تیار کیا جاتا ہے ۔ دیکھو Sugar ۔

Wild plum : (نباتیات) ایک قسم کا آلوچہ۔

Plum-cake : (n) کشمش دار کیک۔

Plum-clour : (n) ارغوانی رنگ۔

Plum-coloured : (a) ارغوانی۔

Plum concrete : (n) (تعمیرات)بٹی کنکر۔

Plum cot : (n) (نباتیات) خرمالوچہ۔

Plum-duff/-dough : (n) معمولی پڈنگ جس میں کشمش وغیرہ پڑی ہو۔

Plum gouger : (n) (۱) کرم دانہ؛ سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل ، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں۔ (۲) گھن۔

Plum pie : (n) آلوچہ بھری ہوئی پائی۔

Plum pudding/Plum-pudding : (n) (۱) پڈنگ جو ڈبل روٹی کے ٹکڑوں، آٹے ، کشمش ، چربی اور انڈوں سے تیار کی جاتی ہے اور بڑے دن کے موقع پر کھائی جاتی ہے۔ (۲) چربی کی معمولی پڈنگ جس میں کشمش وغیرہ ڈالی جاتی ہے۔

Plum-pudding bread/-dog : (n) گل دار کتا جو گاڑی کے ساتھ دوڑنے کے لئے پالا جاتا ہے۔

Plum pudding stone : (n) چقماق اور دوسرے سنگ ریزوں کا۔

Plum-tree : (n) درخت آلوچہ۔

Pluma : (n) (حیوانیات) شہپر: شاہ پر۔

Plumage : (n) [OFr. f. 'Plume.'] (پرندہ کے) بال و پر۔

Plumaged : (a) بال و پر والا۔

Plumassier : (n) [Fr. 'Plumasse.'] پَر فروش: پَر ساز: آرائشی پَر فروخت کرنے والا: پَر آرا: آرائشی پروں کا تاجر یا اُس کا کام کرنے والا۔

Plumate : (a) بال و پَر دار: پَر دار: پَر مانند۔

Plumb : (n) [L. 'Plumbum.'] (۱) شاقول: ساھول ۔ (۲) پنسال (پانی ناپنے کا آلہ): عمق پیما: ژرف پیما۔

Plumb/Plum : (a) (۱) عمودی: راست: (عموماً) سراسر: بالکل۔ (۲) (کرکٹ کے متعلق) ہموار: ہم سطح۔ (۳) انتصابی: شاقولی۔

Plumb : (adv.) (۱) عموداً: (مجازاً) ٹھیک ٹھیک: بالکل: سرتا سر۔ (۲)(امریکا ، عامیانہ) مکمل طور پر: کاملاً: بالکل: قطعاً۔

Plumb : (v) (۱)پنسال سے سمندر کی گہرائی ناپنا: تھاہ معلوم کرنا

(لفظاًو مجازاً)۔ (۲) عمودی بنانا: عموداً رکھنا (اوپر یا نیچے)؛ عموداً لٹکانا۔ (۳) نل سازی (plumbery) کرنا۔ (۴) سامان کو (سیل) بند کرنا (سیسے کی سیل سے)۔ (۵) (مجازاً) امتحان کرنا: جانچنا۔

Plumb-bob : (n) (طبیعیات) شاقول کی گولی؛ شاقول۔

Plumb crazy : (n) بالکل پاگل: سراسر دیوانہ۔

Plumb-line : (n) (تعمیرات) شاقول: ساھول کی ڈوری۔

Plumb nonsense : (n) سراسر حماقت: بیہودگی۔

Plumb-rub : (n) (تعمیرات) شاقولی مسطر: مسطر معمار: ساھول کی ڈوری جو تختہ سے لگتی رہتی ھے۔

Plumbagin : (n) [Fr. 'Plombagine.'] (کیمیا) سُرب سیاہ کا دھانس دار پنساوی عنصر۔

Plumbaginous : (a) (۱)(کیمیا) گرافیتی: سرب سیاہ والا: مانندسُرب سیاہ۔ (۲) سرمئی: سرمہ دار: سرمہ کا یا اُس سے متعلق۔

Plumbago : (n) [L.] (۱)(کیمیا، معدنیات) اُسرُب: گرافیت: سَرب سیاہ: پنسل کا سرمہ۔ (۲) ایک پودا جس کے پھول سُرمئی رنگ کے ھوتے ہیں۔

Plumbeous : (a) [L. 'Plumbeus.'] (۱)سُرمئی: سُر مہ کا: سرمہ جیسا۔ (۲) جس پر سرمہ کی چمکدار تہ دی گئی ھو: سیسہ فام۔

Plumber : (n) [OFr. 'Plummer.'] (۱) نل کار: نل ساز: وہ کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ھے۔ (۲) سُر ب گر: سیسہ گر: رصاص گر۔

Plumber-block : (n) دھات کا صندوق جو گھومنے والے دھرے کے سہارے رہتا ھے۔

Plumber's iron : (n) نل کاری کی تپائی۔

Plumber's work : (n) نل کاری۔

Plumbery : (n) [OFr. Plommerie.'] (۱) سیسہ گری: نل سازی۔ (۲) اس کا کارخانہ یا دکان۔

Plumbic : (a) [f. L. Plumbum+-ic.] (۱) (کیمیا) سیسہ آمیز: سُربی۔ (۲) (مرضیات) جو سیسے کی موجودگی کے باعث پیدا ھو گیاھو۔

Plumbic acid : (n) (کیمیا) سیسے کا تیزاب۔

Plumbiferous : (a) [f. L. Plumbum+-ferous.] (کیمیا) سُرب دار: سیسہ دار۔

Plumbing : (n) (۱) سُرب کاری: سیسہ کاری: نل سازی۔ (۲) (نل سازی) کا کام۔

Plumbing-line /-rope : (n) دیکھو Lead line

Plumbism : (n) [f. L. plumbum+-ism.] (طب) سیسے کا زہر چڑھنا: مسمو میّت سُربی۔

Plumbisolvent : (n) (کیمیا) مُحَلِل سُرب۔

Plumbless : (a) (۱) جس کی پنسال سے گہرائی نہ ناپی جاسکے۔ (۲) (شاعری) اتھاہ: نہایت عمیق۔

Plumbo - : (comb.) [comb. form of L. 'Plumbum.'] جزو ترکیبی بمعنی سُرب۔

Plumbous : (a) [L. 'Plumbosus.'] (کیمیا) سُری: پُراز سُرب۔

Plumbum : (n) [L.] سُرب: سیسہ (عنصر، دھات)۔

Plume : (n) [L. 'Pluma.'] (۱) پر: شہ پر: (خصوصاً وہ پَر جو بطور آرائش استعمال ھوتا ھے)؛ کلغی۔ (۲) آرائش پر: پروں یا گھوڑے کے بالوں کا گچھا خصوصاً وہ جو ٹوپی، خود یا بالوں میں لگایا جاتا ھے؛ طرّہ۔ (۳) (حیوانیات) پَر نما حصہ یا ساخت۔ (۴) اجر: پاداش: عوض: جائزہ۔

Borrowed plume : دوسروں کے لباس، خصوصیات یا امتیازات جن کے استعمال یا اختیار کرنے کا استحقاق یا صلاحیت نہ ھو: جھوٹا طرّہ۔

Court plume : شتر مرغ کے پَر جن کو خواتین دربار سے متعارف ھوتے وقت ٹوپی میں لگا تی ہیں۔

Plume : (v) (۱) پر لگانا: پر سے آراستہ کرنا۔ (۲) جھوٹا طرّہ لگانا۔ (۳) (plume on) کسی (خصوصاً معمولی) بات پر فخر کرنا: جس چیز پر استحقاق نہ ھو اُس پر فخر کرنا۔ (۴) (پرندہ کا اپنے پروں کو چونچ سے) سنوارنا۔ (۵) غارت کرنا: تباہ کرنا: چرانا۔ (۶) نصب کر نا: ٹھہرانا: لگانا۔ (۷) اُڑنے کے لئے تیاری کرنا: اُڑنے کے لئے تیار ھونا۔

Plume-bird : (n) نمایاں پَر والا پرندہ۔

Plume-grass : (n) Erianthus جنس کی گھاس۔

Plume-like : (a) پر نما: پر جیسا۔

Plume-moth : (n) Pterophoridae کی جنس کی جھاڑی۔

Plumer : (n) وہ شخص جو پَر حاصل کرنے کے لئے پرندوں کا شکار کرتا ھے۔

Plumet : (n) [f. 'Plumet.'] چھوٹا پَر: پَر کوچک: پَر زیریں: رُوا۔

Plumed : (a) پر دار۔

Plumeless : (a) بے پَر: بے بال و پَر: جس کے ابھی پَر نہ نکلے ھوں۔

Plumelet : (n) چھوٹا پَر۔

Plumer : (n) وہ شخص جو پَر حاصل کرنے کے لئے پروں کا شکار کرتا ھے۔

Plumer-block/Plumber- : (n) دھات کا صندوق جو گھومنے والے دھرے کو سہارے رہتا ھے۔

Plumet : (n) [f. 'Plumet'.] چھوٹا پَر ؛ پَر کوچک ؛ پَر زیریں ؛ رُوا۔

Plumet : (n) [OFr. 'Plommet.'] (۱) ساھول؛ شاقول؛ پنسال؛ عمیق پیما۔ (۲) ساھول کی ڈوری۔ (۳) (مجازاً) بارگراں؛ وہ بار جو ترقی میں حائل ھو۔ (۴) وہ وزن جو کم ڈوری سے باندھا جاتا ھے تاکہ اس کو ہلنے ڈولنے نہ دیا جائے۔

Plumicorn : (n) [L. 'Pluma + - cornu.'] (طیورات) سینگ نما یا کان نما پَروں والا؛ اُلّو کی جنس۔

Plumiform : (a) [f. L. 'Pluma.'] پَرنما؛ پَر کی شکل کا۔

Plumiped/Plumipede : (n) پاموز سے متعلق؛ اُس پرندہ سے متعلق جس کے پاؤں پروں سے پوشیدہ ھوتے ہیں۔

Plummy : (a) [f. Plum(n)+-y.] (۱) جس میں کشمش، آلوچے وغیرہ پڑے ھوں۔ (۲) آلوچے کے رنگ، شکل یا مزے کا۔ (۳) (مجازاً) (بول چال) عمدہ؛ مزیدار؛ نفیس؛ مرغوب۔

Plumose : (a) [L. 'Plumosus.'] پَردار؛ پَر جیسا؛ (نباتیات، حیوانیات) روئیں دار؛ پَریلا۔

Plumosite : (n) [G. 'Plumosit.'] (کان کنی) دیکھو Jamesonite

Plump : (n) [Prob. of echoic origin.] (۱) گرنے کا عمل؛ دھڑام سے گرنا۔ (۲) (اسکاتستانی) اچانک زوروں کی بارش۔

Plump : (a) [MDU. 'Plomp.'] (۱) بھر بھرا؛ گداز؛ موٹا تازہ۔ (۲) سکہ پورے سائز اور وزن کا؛ کنارہ نہیں تراشا ھوا؛ غیر تراشیدہ۔ (۳) (مجازاً) موٹا؛ مالدار؛ امیر؛ مکمل؛ پورا۔

Plump : (a) راست؛ سیدھا؛ غیر مشروط؛ صاف؛ قطعی۔

Plump : (v) [Prob. of echoic origin.] (۱) دھڑام سے یکایک گر پڑنا یا گرانا۔ (۲) (مجازاً) فوراً آنا؛ اچانک آنا۔ (۳) (صرف ایک امیدوار کے حق میں) رائے دینا (جبکہ دو کے لئے رائے دینے کا حق ھو؛ نیز (کسی چیز کے لئے) ووٹ دینا۔ (۴) گھس آنا (in کے ساتھ) ؛ (out کے ساتھ) نکل جانا۔ (۵) زور سے گرنے لگنا (بوند وغیرہ)۔ (۶) ناگہانی بیان کرنا؛ پھوٹ پڑنا؛ کہہ بیٹھنا؛ بول اُٹھنا۔ (۷) اچانک ٹکرانا؛ اچانک تصادم ھونا یا کرنا۔

Plump : (v) (۱) اندر سے پھولنا؛ پھلانا ؛ موٹا بنانا؛ گداز بنانا؛ موٹا کرنا۔ (۲) پھول جانا؛ سوج جانا؛ ورم کر جانا؛ آماس ھو جانا؛ متورم ھونا(out, up کے ساتھ)۔

Plump : (adv.) (۱) یکایک دھڑام سے گرتے ھوئے؛ اچانک پانی میں گرتے ھوئے۔ (۱) صاف صاف؛ دو ٹوک؛ کھرے پن سے؛ بالکل؛ سیدھے طور پر۔ (۳) بے درنگ؛ بغیر مشورہ کے۔

Plump : (n) [Origin obsc.] (۱) (شاذ) فوجی دستہ؛ کمپنی؛ ٹولی۔ (۲) جھمکا؛ جھرمٹ؛ جمگھٹ؛ گچھا۔

Plumper : (n) گولی جو پچکے ھوئے گالوں کو پھلا نے کے لئے منہ میں رکھتے ہیں؛لب پُر کن۔

Plumper : (n) (۱) دھڑام سے گرنے والا؛ سقوط؛ شکست؛ سقوط ناگہانی۔ (۲) دو کی بجائے صرف ایک امید وار کو رائے دینے والا؛ ایسے شخص کی رائے یا ووٹ۔ (۳) سفید جھوٹ ؛ دروغ محض۔

Plumula : (n) [L. dim. of 'Pluma.'] (۱) (نباتیات) راس جنین ؛ اکھوا۔ (۲) (حیوانیات) پَر زیر؛ رواں۔

Plumulaceous : (a) اکھوے سے معتلق؛ اکھوے جیسا؛ (نباتیات) کونپل دار؛ (حیوانیات) روئیں دار۔

Plumular : (a) اکھوے سے متعلق؛ اکھوے جیسا۔

Plumularia : (n) [NL, fr. L. 'Plumula.'] پُرنمامرجانی حوین کی ایک جنس۔

Plumularian : (a) پر نما مرجانی حوین کی جنس کا یا اس سے متعلق۔

Plumularian : (n) پر نما مرجانی حوین؛ پر نما مرجان۔

Plumule : (n) [L. 'Plumula.'] (۱) (نباتیات) راس جنین : اکھوا۔ (۲) (نباتیات) کونپل۔ (۳) (نباتیات) پر زیر: رواں: نرم روئیں دار پر: چھوٹا پر۔

Plumuliform : (a) چھوٹے پر جیسا: رواں نما: روئیں جیسا۔

Plumy : (a) روئیں دار: پردار: کلغی دار: پروں سے آراستہ یا ڈھکا ہوا: پر جیسا: پر کے مانند۔

Plunder : (n) (۱) لُٹس: غارت گری: لوٹ مار: لوٹ : غارت: تاراج: تاخت: تاخت و تاراج۔ (۲) مال غنیمت: لوٹ کا مال: یغما۔ (۳) (عامیانہ) منافع: فائدہ۔

Plunder : (v) [G. 'Plundern.'] (۱) غارت گری کرنا: تاخت وتاراج کرنا: جنگ میں لوٹ مار کرنا۔ (۲) باقاعدہ غارت گری کرنا: تاراج کرنا: غارت ہونا: زبردستی چھین لینا: زبردستی لوٹ لینا۔ (۳) چرانا: غبن کرنا: خیانت کرنا: تغلب کرنا: خرد برد کرلینا۔

Plunderable : (a) قابل تاراج: لوٹ لینے کے لائق۔

Plunderage : (n) (۱) لوٹ: لٹائی: لٹس: لوٹ کھسوٹ۔ (۲) (خصوصاً) جہاز کے مال کا غبن: خیانت۔ (۳) اس طرح کی لوٹ یا غبن کا مال۔ (۴) (مجازاً) استحصال بالجبر۔

Plunderer : (n) غارت گر: لٹیرا: غبن کرنے والا: خیانت کرنے والا۔

Plunge : (n) (۱) غوطہ: ڈبکی۔ (۲) (مجازاً) جوکھم کا کام : نازك کاروائی۔ (۳) (بول چال) حوض عمیق: گہرا جوہڑ۔ (۴) اتنے پانی کا غسل جس میں انسان غوطہ لگا سکے۔ (۵) موج شکنی: سقوط سنگین۔ (۶) ناخوشی۔ (۷) زوردار بارش۔ (۸) غل غپاڑا : دھوم دھام۔

To take the plunge : (مجازاً) جوکھم کا کام کرنا: جوکھم اٹھانا: جوکھم میں پڑنا۔

Plunge : (v) [Fr. 'Plonger.'] (۱) کسی سیال یا خلا میں زور سے ڈالنا: گھسیڑنا: داخل کرنا۔ (۲) (مجازاً) (in, into کے ساتھ) کسی شخص وغیرہ کو کسی مقام یا حالت میں ڈالنا یا دھکیلنا۔ (۳) پودے کے گملے کو زمین میں گاڑنا۔ (۴) غوطہ مارنا: غوطہ کھانا: بحث یا مشکل میں پڑنا۔ (۵) کمرے میں گھس آنا: اچانك داخل ہونا۔ (۶) (up, down کے ساتھ) (زینے وغیرہ کے اوپر یا نیچے) تیزی یا جلدی سے جانا یا آنا۔ (۷) گھوڑے کا پچھلی ٹانگیں اٹھا کر اگلا حصہ زور سے آگے کو ڈالنا۔ (۸) جہاز کا ایك پہلو پر پانی میں جھك جانا۔ (۹) (عامیانہ) قمار بازی میں کھو جانا: قرض میں ڈوب جانا۔ (۱۰) غرق کرنا: ڈبونا: غوطہ دینا: کسی سیال میں ڈبونا۔ (۱۱) مغلوب کرنا: کسی پر غالب آنا: گرفتار کرنا: پیچیدہ کرنا۔

Plunger-bath : (n) اتنے پانی کا غسل جس میں آدمی غوطہ لگا سکے۔

Plunger : (n) (۱) غوطہ زن: غوطہ لگانے والا: غوّاص: ڈبکی۔ (۲) (عامیانہ) قمار باز: جواری: لُٹے باز۔ (۳) بحث یا مشکل میں پڑجانے والا۔ (۴) (میکانیات) پیستون: فورس پمپ : دباؤ ڈاٹ: غوطہ زن پرزہ : وہ پرزہ جو غوطے مارتا رہتا ھے۔ (۵) بندوق میں نالی کے بعد کے حصے کی پن۔ (۶) (برتن سازی) وہ برتن جس میں برتن سازی کے لئے مٹی تیار کی جاتی ھے۔ (۷) (فوج، عامیانہ) سواروں کا رسالہ: رسالے کا سوار: اسپ سوار۔

Plunger-bucket/-lift : (n) بغیر والو کے بحث کا فشارہ۔

Plunger piston : (n) سخت استوانی فشارہ۔

Plunger pump : (n) غوّاص پمپ۔

Plunger rod/Plunging - : (n) غوّاص سلاخ۔

Plunging : (n) غوطہ: غوطہ زنی: ڈبکی۔

Plunging : (a) ڈبکی مارنے والا: غوطہ لگانے والا: غوطہ زن۔

Plunging bath : (n) ڈبکی نَہان: وہ غسل جس میں غوطہ لگایا جائے۔

Plunging-battery : (n) (برقیات) وہ مورچہ جس میں پلیٹ کو حسب خواہش اندر یا باہر رکھا جا سکے۔

Plunging fire : (n) وہ گولی باری جو کسی بلند مقام سے کی جائے۔

Plungingly : (adv.) غوطہ زن ہوکر : غوطہ زنی کے طور پر: ڈبکی کے ساتھ۔

Plunk : (n) [Imitative.] (۱) سخت گھونسا یا ضرب۔ (۲) صدائے تند و خش : تیز آواز (موسیقی کے آلے کی)۔

Plunk down : (v) یکایك گرا دینا: اچانك نیچے رکھ دینا۔

Pluperfect : (a) [L. (tempus praeteritum) plus quam perfectum.'] (۱) (قواعد) ماضی بعید: زمانۂ ماضی بعید۔ (۲) عالی: بالاترین: بزرگ ترین۔

Plural : (a)[L. 'Pluralis.'] (قواعد) جمع: ایك سے زیادہ کے لئے استعمال ہونے والا: ایك سے زیادہ۔

Plural : (n) (قواعد) جمع کی صورت : صیغۂ جمع؛ ایک سے زیادہ کو ظاہر کرنے والا لفظ یا عدد۔

Plural executive : (n) ایسے افسران کا گروپ جو کسی بھی معاملے میں فوراً فیصلہ لے۔

Plural marriage : (n) کثرت الازواج شادی۔

Plural noun : (n) اسم جو صیغہ میں جمع ہو: اسم جمع (مثلاً trousers , scissors) وغیرہ۔

Plural number : (n) صیغۂ جمع۔

Plural tax-svstem : (n) (معاشیات) چند محصولی طریق۔

Plural taxation : (n) (سیاسیات) محصول مجموعی۔

Plural vote : (n) (ایک شخص کا) ایک سے زیادہ حلقۂ انتخاب میں حق رائے دہندگی۔

Plural voter : (n) ایک سے زیادہ حلقۂ انتخاب میں رائے دینے والا۔

Plural voting : (n) ایک سے زیادہ حلقۂ انتخاب میں رائے دینا۔

Pluralism : (n) (۱) (کلیسا) ایک شخص کا ایک سے زیادہ عہدوں (خصوصاً کلیسائی عہدوں) پر قابض ہونا: دو یا اس سے زیادہ عہدوں پر ایک ساتھ کا م کرنا(۲) (فلسفہ) کثرت وجود (بخلاف وحدت وجود، وحدت جوہر)؛ کثرت اصل: کثرت جوہر: (سیاسیات) تکثیریّت۔

Pluralist : (n) (۱) (کلیسا) ایک سے زیادہ عہدوں پر فائز یا قابض۔ (۲) فلسفۂ کثرتِ وجود یا کثرتِ جوہر کا مقلد، پیرو یا قایل : (فلسفہ) مشرک فلسفی۔

Pluralistic : (a) (۱) اکثر وجود سے متعلق۔ (۲) دو یا اس سے زیادہ عہدوں پر فائز سے متعلق۔

Pluralistically : (adv.) کثرت وجود کے طور پر۔

Plurality : (n) [late. L. 'Pluralitas.'] (۱) اکثریت؛ کثرت: ازدحام : کثرت (آرا وغیرہ)۔ (۲) ایک سے زیادہ ہونا۔(۳) ایک سے زیادہ عہدوں (خصوصاً کلیسائی) پر قابض ہونا۔ (۴) عہدہ جس میں دوسرے کی شرکت ہو۔ (۵) (سماجیات) تعدد زوجات ۔ (۶) (امریکہ سیاسیات) کثرتِ ووٹ۔

Plurality of causes : (n) (فلسفہ) کثرتِ اسباب۔

Plurality of wives : (n) کثرت ازواج؛ کثرت زوجات۔

Pluralization : (n) جمع بنانے کا عمل۔

Pluralize : (v) [Fr. 'Pluraliser.'] (۱) (جمع) بنانا؛ جمع میں ظاہر کرنا۔ (۲) ایک سے زیادہ عہدوں پر قابض یا فائز ہونا۔ (۳) کثرت وجود کا قایل ہونا۔

Pluralizer : (n) دیکھو Pluralist

Plurally : (adv.) جمع کے طور پر؛ جمع میں۔

Pluri - : (comb.) [comb. form of L. 'Plus.'] جزو ترکیبی بمعنی "چند، زیادہ، مزید"۔

Pluriaxial : (a) (۱)(نباتیات) چند شاخہ۔ (۲)(معدنیات) چند محورہ۔

Pluries capias : (n) [L.] (قانون) احکام صادرہ؛ تیسرا پروانۂ انسلاک۔

Pluriflorous : (a) (نباتیات) چند گُلہ۔

Plurifoliate : (a) (نباتیات) چند برگہ۔

Plurifoliolate : (a) (نباتیات) چند کونپلہ؛ چند پتیاں دار۔

Plurijugate : (a) (نباتیات) چند جفتہ۔

Pluriliteral : (a) (عبرانی قواعد) ثلاثی مزید فیہ؛ وہ لفظ جس کے مادے میں تین سے زیادہ اصل حروف ہوں۔

Plurilocular : (a) (نباتیات) چند خانوی۔

Pluripresence : (n) ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ مقامات پر موجود ہونا؛ (دینیات) چند جائیّت۔

Pluripresent : (a) چند جا حاضر۔

Pluriserial/Pluriseriate : (a): جس میں کئی سلسلے ہوں؛ کثیر السلاسل: چند قطارہ۔

Pluriserially : (a) چند قطار کے طور پر؛ چند قطاروں میں۔

Plurisporous : (a) چند بذروی۔

Plurisy : (n) (طب) جُناب؛ ذات الجنب۔

Plus : (n) [L.] (۱)(ریاضیات)جمع؛ مثبت(مثلاً ۶ +۵ چھ مثبت پانچ)۔ (۲) (ریاضیات) علامت جمع؛ زائد مقدار؛ مثبت مقدار۔ (۳) (برقیات) مثبت برقی۔ (۴) گولف باز کی رکاوٹ؛ شرط یا قید جو گولف باز پر عائد کی جائے۔

Plus : (a) (۱) زائد؛ زیادہ؛ بہتر۔ (۲) (ریاضیات) اضافی؛ مثبت۔ (۳) (برقیات) اثباتی؛ مثبت۔

Plus : (adv.) (۱) (برقیات) مثبت طور پر (برقایا ہوا)؛ اِثباتی طور پر۔ (۲) (ایک لاکھ پونڈ سے زیادہ) غیر معینہ تعداد کے طور پر۔

Plus fours : (n) ایک طرح کا لمبا چوڑا نیکر (knickerbockers) جو پہلے گولف باز پہنتے تھے ؛ شلوار گولف۔

Plus-number : (n) (ریاضیات) عدد مثبت۔

Plush : (n) [Fr. 'Pluche.'] (۱) پلوش؛ مخمل؛ ایک قسم کا ریشمی یا سوتی کپڑا جس کا رواں مخمل کے روئیں سے زیادہ لمبا اور ملائم ہوتا ہے۔ (۲) (جمع) وردی پوش خدمت گاروں کی برجس۔ (۳) مخمل نما کوئی چیز۔

Plush : (a) پلوش کی طرح کا؛ پلوش سے متعلق۔

Plushette : (n) نامرغوب پلوش؛ نقلی مخمل؛ نقلی پلوش۔

Plushy : (a) پلوش نما؛ مخمل نما؛ نرم اور پشم دار۔

Plutarchy : (n) [Gr. 'Plutic' + arch.'] (۱) (سیاسیات) دولت شاہی؛ قارونی حکومت۔(۲) نیز دیکھو Plutocracy-

Pluteal : (a) لاروائے خار پوست سے متعلق۔

Pluteus : (n) [L.] (۱)(حیوانیات) لا روائے خار پوست۔ (۲)(تعمیرات) ستونوں کے درمیان کی نیچی دیوار یا روک۔ (۳) (فوج) فوجیوں کی حفاظت کے لئے ایک قسم کا شیڈ (Shed)- (۴) کتابوں یا چھوٹے(نیم) مجسموں کے رکھنے کی الماری۔ (۵) قدیم رومی ڈیسک یا میز جو مطالعے کے لئے اور مخلوط رکھنے کے لئے ہوا کرتی تھی۔

Pluto : (n) (۱)(اساطیر روما) پلوطان؛ جمراج؛ عالم اسفل کا دیوتا؛ یمراج۔ (۲) (علم النجوم) پلوٹو (سیارہ)؛ آفتاب سے دور ترین سیارے کا نام (۱۹۳۰ء میں اس کا انکشاف ہوا)۔

Plutocracy/Plutocracy : (n) [Gr.] (۱) دولت شاہی؛ حکومت اغنیا؛ حکومت تونگراں؛ (سیاسیات)دھن راج؛ دولت مندوں کی حکومت؛ مال داروں کی سیادت۔(۲) حکومت کرنے والے مال داروں کا طبقہ؛ حکمراں طبقۂ مالداراں۔

Plutocrat : (n) دولت شاہی کا رکن؛ وہ شخص جس کو دولت کے طفیل میں اختیارات یا حکومت حاصل ہو۔

Plutocratic : (a) دولت مندوں کی حکومت کا یا ان کی حکومت سے متعلق۔

Plutolatry : (n) [f. Gr.] ثروت پرستی؛ مال پرستی؛ زرپرستی؛ قارون پرستی۔

Plutology : (n) دولت کا سائنسی مطالعہ؛ ثروت شناسی؛ زر شناسی؛ اقتصادیات علمی؛ اقتصادیات؛ معاشیات۔

Plutonian : (a) [f. L. 'Plutonius.'] (۱) پلوطانی؛ عالم اسفل کے دیوتا سے متعلق؛ جہنمی؛ طاغوتی۔ (۲) (ارضیات) آتشیں؛ آتش فشانی۔

Plutonian : (n) پلوطانوی؛ نظریۂ پلاطان کا پیرو۔

Plutonic : (a) [f. Gr.] (۱) (ارضیات) آتشیں؛ آتش فشانی؛ حرارت کا؛ حرارت کے عمل سے بنا ہوا۔ (۲) پلوطانی؛ طاغوتی۔ (۳) آتشیں چٹانوں سے متعلق۔

Plutonic : (n) (ارضیات) (جمع) آتشیں چٹان۔

Plutonic rock : (a) آتشی چٹان؛ پلوطانی چٹان (جو ابتدا میں زیر زمین تھیں اور جن پر حرارت کا انتہائی اثر پڑا تھا)۔

Plutonic theory : (n) نظریۂ پلوطانی؛ یہ نظریہ کہ اکثر طبقاتی مظاہر زمین کی اندرونی حرارت کے عمل پر مبنی ہیں۔

Plutonism : (n) پلوطانیت؛ نظریۂ پلوطان۔

Plutonist : (n) پلوطانوی : نظریۂ پلوطان کا پیرو۔

Plutonite : (n) (ارضیات) پلوطانی چٹان۔

Plutonium : (n) [L.] (کیمیا) پلوطونیم : پلیوٹونیم (عنصر ، دھات)۔

Plutonomic : (a) اقتصادی : اقتصادیاتی۔

Plutonomist : (n) اقتصادیات داں : ماہر اقتصادیات۔

Plutonomy : (n) [f. Gr.] اقتصادیات : معاشیات : تدبیر مدن : اقتصاد سیاسی۔

Pluvial : (a) [L. 'Pluvialis.'] بارانی : بارشی : بارش کا : (طبقات الارض) جس کا سبب بارش ہو۔

Pluvialine : (n) پلاور یا پلور۔

Pluvialine : (a) پلاور یا پلور (جھنڈ میں رہنے والا لمبی ٹانگوں کا پرندہ) سے متعلق۔

Pluvian : (a) برساتی : پر باران : بارانی : بارشی وغیرہ۔

Pluviograph : (n) (موسمیات) باراں پیما ۔

Pluviometer : (n) (موسمیات) باران پیما : بارش نگار ۔

Pluviometric/ -al : (a) بارش پیما یا بارش پیمائی کا یا اس سے متعلق ؛ بارش پیمایانہ ۔

Pluviometric cofficient : (n) (موسمیات) کسرِ باراں پیمائی۔

Pluviometrically : (adv.) بارش پیمائی کے طور پر۔

Pluviometry : (n) باراں پیمائی؛ بارش پیمائی۔

Pluvious : (a) [OFr. 'Pluvieus.'] دیکھو Pluvial

Ply : (n) [Fr. 'Pli.'] (۱)تہ؛ شکن (کپڑے کی)۔ (۲) پرت؛ طبق؛ لا۔ (۲) رسی کا بل: لڑ: خمیدگی؛ انحناء (۳) (مجازاً) رجحان: میلان؛ وضع؛ حالت۔

In ply/In good ply : اچھی حالت میں۔

Four-ply : (رسی وغیرہ) چہار لڑی؛ چار لڑی والی؛ (لکڑی) چہار پرت۔

Out of ply : خراب حالت میں؛ غیر میلان۔

Three-ply : (رسی) سہ لڑی: (لکڑی) سہ پرت۔

To take a (the, one's) ply : رجوع ہونا: مائل ہونا۔

Two-ply : (رسی) دو لڑی: (لکڑی) دو پرت۔

Ply : (v) [ME. 'Plye.'] (۱) برابر استعمال کرنا: برتنا (اوزار وغیرہ) ۔ (۲) (کام یا پیشہ) کرنا: کام لینا (اثر یا قوت سے)؛ زور مارنا: کوشش کرنا۔ (۳) (کسی شخص کو غذا وغیرہ) مہیا کرتے رہنا۔ (۴) (کسی شخص پر سوالات یا دلائل وغیرہ کی) بوچھار کرنا: جرح و تعدیل کرنا: تسلیم ہونا۔ (۵) (جہاز رانی) ہوا کے مخالف عمل کرنا۔ (٦) (جہاز، ریل وغیرہ کا دو مقامات کے) درمیان آنا جانا: مخصوص مقامات کے درمیان میعادی طور پر سفر کرنا؛ آنا جانا۔ (۷) حاضر باش ہونا۔ (۸) رہنمائی کرنا۔ (۹) سخت اصرار کرنا؛ پیچھے پڑ جانا)۔ (۱۰) کسی کام میں مشغول ہونا؛ سخت کوشش کرنا۔ (۱۱) (جہاز کا) رخ پھیرنا؛ راستہ بدلنا۔ (۱۲) جہاز کو چلانا؛ جہاز کو کھینا (اب صرف شاعری میں)۔ (۱۳) (کشتی ، منی بس اور ٹیکسی وغیرہ کا) مخصوص مقامات پر کرایہ کے لئے کھڑا ہونا؛ لگاتار حاضر خدمت ہونا۔

To play about : اِدھر اُدھر جہاز کا رُخ بدلنا۔

To ply off and on : ہوا کے رخ یا اُس کے مخالف جہاز رانی کرنا۔

To play to and again : ہوا کے خلاف جہاز رانی کی کوشش کرنا۔

To ply up and down : اِس سمت یا اُس سمت جہاز رانی کرنا۔

Plyer : دیکھو Plier

Plymouth/Plymouth Brethren : (n) اخوان پلائی مت(پلائی مت ڈیون شائیر کی ایک بندر گاہ ھے) ؛ برادران پلائی مت؛ ایک مذہبی فرقہ جو ۱۸۳۰ء میں قائم ہوا اور جس کا کوئی مذہبی تحریری قانون یا دستور نہیں ۔

Plymouth brother/-sister : پلائی فرقہ کا رکن۔

Plymouth Rock : (n) پالتو پرندوں کی ایک امریکی نسل۔

Plymouthist/ Plymouthite : (n) اخوان پلائی مت عقائد کا قائل یا پیرو۔

Plymouthism : (n) برادران پلائی مت؛ اخوان پلائی مت کا طریقہ یا عقیدہ۔

Plywood : (n) (امریکا) تختۂ چندلا؛ پلائی وڈ : تہ دار یا پرت دار لکڑی جو تین (پانچ وغیرہ) پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی جائے۔

P.M. بعد از ظہر : بعد نیم روز : Post Meridiem کا مخفف ۔

Pn-: سابقہ جو صرف یونانی الفاظ میں ہوتا ھے اور P عموماً انگریزی میں ساکت ہوتی ھے ۔

Pneo -: یونانی لفظ Pnein سے مشتق سابقہ بمعنی بہنا یاچلنا (ہوا کا) : (منہ سے) سانس لینا :سانس پھولنا : زور سے پھونک مارنا ۔

Pneometer : (n) سانس کے ذریعہ اندر کھینچی ہوئی یا باہرخارج کی ہوئی ہوا کی مقدار کو ناپنے کا آلہ : تنفس پیما؛ دم پیما ۔

Pneometry : (n) تنفس پیمائی : دم پیمائی ۔

Pneume : (n) [Gr. 'Pneuma.'] (موسیقی) علامتوں کا سیٹ جو کسی نغمے کی ساخت کو ظاہر کرتا ھے ۔

Pneuma : (n) [Gr. f. 'pneein, pnein.'] (۱)روح ۔(۲) (دینیات) روح القدس۔(۳) (عضویات) نسمہ ۔ (۴) (موسیقی) وہ گیت جو آزاد مذہبی موسیقی کے طور پر ایک ایک بول کر کے گایا جائے ۔(۵) (موسیقی) علامتوں کا سیٹ جو کسی نغمے کی ساخت کو ظاہر کرتا ھے ۔

Pneumatic : (a) [L. 'Pneumaticus. '] (۱) ہوا کا : ہوائی : ہوا کے ذریعہ عمل کرنے والا۔(۲) (حیوانیات) ہوادار :(خصوصاً پرندوں کی ہڈیوں کے) ہوادار جوفوں سے جڑا ہوا یا جس میں ایسے جوف ہوں : ہوائی جوفوں پر مشتمل ۔ (۳) ہوائی ترسیل سے متعلق : ہوا کے ذریعہ بھیجا ہوا۔ (۴) (طبیعیات ، تشریح اور حیوانیات) سانس یا عمل تنفس سے متعلق : تنفسی (شاذ)۔(۵) روح یا روحانی وجود کا یا اس سے متعلق :روحانی ۔

Pneumatic : (n) (۱) غناسطی (Gnostic) دینیات میں ایک اعلیٰ درجے کی روحانی ہستی کا نام ۔(۲) ہوا دار ٹائر : ایسے ٹائر والی سائیکل ۔

Pneumatic bone :(n) ہوائی ہڈی : ہوادار جوفوں والی ہڈی (خصوصاً پرندوں کی) ۔

Pneumatic caisson : (n) ہوائی کوٹھی ۔

Pneumatic cushion : (n) ہوادار گدی ۔

Pneumatic dispatch : (n) ہوائی ترسیل : ہوائی روانگی : پارسل وغیرہ کو نلکیوں کے راستے ہوا کے دباؤ یا اخراج کے ذریعہ بھیجنے کا طریقہ ۔

Pneumatic engine : (n) پہلے ہوا نکالنے والے پمپ کو کہا جاتا تھا : ہوا پمپ : ہواکش ۔

Pneumatic trough : (n) وہ تغار یا ناند جس کے ذریعہ ظروف میں پانی یا پارے پر کے گیس جمع کئے جاتے ہیں ۔

Pneumatic tyres :(n) ہوادار ٹائر : ہوا سے بھرے ہوئے ٹائر ۔

Pneumatical : (a) (۱) ہوا کا : ہوائی : ہوا کے ذریعہ چلنے یا عمل کرنے والا ۔(۲) ہوائی ترسیل سے متعلق یا اس کے ذریعہ بھیجا ہوا ۔(۳) گیسوں سے متعلق : گیسوں کا ۔(۴) روح یا روحانی وجود سے متعلق : روحانی ۔

Pneumatically : (adv) دبائی ہوئی ہوا کے عمل سے : ہوا کے ذریعہ ۔

Pneumaticity : (n) جوفوں کا ہوا سے بھرا ہوا ہونا : ہوا دار ہونے کی حالت یا صفت ۔

Pneumatico : (n) یونانی لفظ Pneumatikosسے مشتق جزو ترکیبی بمعنی Pneumatic ۔

Pneumatics : (n) (۱) ہوائیات : علم الہوا : ہوا یا دیگر لچیلے سیالات یا گیسوں کے میکانکی خواص کا علم ۔(۲) (تاریخ) علم ارواح: مسئلہ روح القدس : نفسیات۔

Pneumato-/Pneumat-: یونانی لفظ Pneuma سے مشتق سابقہ بمعنی ہوا ، دم، سانس ۔

Pneumatocele : (n) رسولی یافتق جس میں گیس یاہوا بھری ہو: بادخایہ : بادپھوڑا ۔

Pneumatocyst : (n) (۱)بعض آبی حیوان کا ہوا کیسہ جس کے سہارے وہ تیرتے ہیں : ہوا بردار کیسہ یا جوف (ان حیوانوں کا) : ہوا بردار عضو : بادانبان ۔(۲) (پرندوں کا) ہواکیسہ (جو ان کے جسم میں ہوتا ھے) ۔

Pneumatogram : (n) آلۂ تنفس نگار کے ذریعہ تیارشدہ نقشہ یاخاکہ جو عمل تنفس میں سینے کی حرکات کو ظاہر کرتا ھے ۔

Pneumatological : (n) (۱) علم ارواح یا مسئلہ روح القدس کایا اس سے متعلق ۔(۲) نفسیاتی۔ (۳) ہوائیّاتی ۔

Pneumatologist : (n) ماہر روحیات : مسئلہ روح القدس کا جاننے والا : عالم ارواح : ماہر نفسیات : ماہر ہوائیّات ۔

Pneumatology : (n) [mod. L. 'pneumatologia. '] (۱) (نفسیات) روحیّت : علم ارواح :(دینیات) مسئلہ روح القدس : روحیات ۔(۲) نفسیات ۔(۳) ہوائیات : ہوا یا گیسوں کا علم ۔

Pneumatolysis : (n) (ارضیات) ہوا پا شیدگی ۔

Pneumatomachian : (n) [Gr. ' pneumatomachos . '] چوتھی صدی عیسوی کا ایک فرقہ جو روح القدس کی ہستی یا الوہیت کا منکر تھا ۔

Pneumatomachian : (a) اس فرقے کا یا ایسا عقیدہ رکھنے والا ۔

Pneumatomachist : (n) دیکھو Pneumatomachian

Pneumatometer : (n) نفس پیما : تنفس پیما : دم پیما : ہر سانس کے ساتھ اندر داخل ہونے یا خارج ہونے والی ہوا کی مقدار یا اس کی قوت کو ناپنے کا آلہ ۔

Pneumatometry : (n) نفس پیمائی : تنفس پیمائی : دم پیمائی ۔

Pneumatophore : (n) [Gr. -' phoros. '] (۱) بعض آبی جانوروں کا عضو جس میں ہوائی جوف ہوتا ھے جس کے سہارے وہ تیرتے ہیں :ہوائی عضو : ہوا بردار عضو ۔(۲) ہوا جڑ ۔

Pneumatosis : (n) [Gr.] جسم کے ان حصوں میں ہوا یا گیس کا موجود ھونا جہاں نہیں ھونا چاہئیے ۔

Pneumatothorax : (n) (۱) (طب) نفخة الصدر ۔ (۲) دیکھو Pneumathorax ۔

Pneumaturia : (n) [f. Pneumat-t-uria.] پیشاب کے ساتھ گیس خارج ھونا : پیشاب میں گیس آنا : ہوا بولی ۔

Pneumectomy : (n) (جراحی) ریہ براری : شش براری : جراحی کے ذریعہ پھیپھڑے کی نسیج کو کاٹ کر نکال دینا۔

Pneumo -: (comb) [f. Gr. ' pneuma.'] (۱) جزو ترکیبی بمعنی ہوا : بعض علمی اصطلاحوں میں Pneumato کے معنی میں مستعمل ھے : دم : سانس ۔(۲) Pneumono کا مخفف بہ معنی پھیپھڑا : شش یونانی لفظ Pneumon سے مشتق ھے (خاص کر مرضیاتی اصطلاحوں میں آتا ھے)۔

Pneumococcal/ Pneumococcic / Pneumococcous : (a) نمونیائی نبقے سے متعلق : بیضوی شکل کے ان چھوٹے اجسام کے متعلق جو مریض کے بلغم میں موجود ھوتے ہیں اور جنہیں نمونیا کا سبب سمجھا جاتا ھے ۔

Pneumococcus : (n) بیضوی شکل کے دو مختلف چھوٹے اجسام جو نمونیا کے مریض کے بلغم میں پائے جاتے اورجنہیں اس مرض کا سبب سمجھا جاتا ھے : (جرثومیات) نمونیائی نبقہ : ریوی نبقہ ۔

Pneumoconiosis : [Gr. ' Koni . '] پھیپھڑوں پر(سانس کے ساتھ مسلسل داخل ہونے والی)گرد جم جانے کی حالت خصوصاً Chronic fibrosis جو اکثر کوئلا مزدوروں کو ہوا کرتی ھے ۔

Pneumodynamics : (n) ہوا حرکیّات ۔

Pneumodynamograph : (n) (طب) فشار دم نگار ۔

Pneumogastric : (a) (تشریح) معدے اور پھیپھڑے سے متعلق : شش اور معدے سے متعلق : شس معدی : ریوی معدی ۔

Pneumogastric nerve : (n) اعصاب: مخی(دماغی) اعصاب شش معدی کا دسواں جوڑا جس کی شاخیں پھیپھڑوں اور دیگر تنفسی اورنطقی اعضاء معدہ ،نرخرا ، جگر ، طحال ، آنتوں اور قلب وغیرہ تک جاتی ہیں :(تشریح) عصب تائیہ ۔

Pneumonectomy : (n) (جراحی) ریہ براری : شش براری ۔

Pneumonia : (n) [Gr. 'pneumonia . '] نمونیا :ورم شش: ذات الرّیہ : پھیپھڑے (کے جوہر) کا ورم ۔

Acute lober pneumonia : اصلی نمونیا۔

Branchopneumonia : کھانسی کا نمونیا۔

Crupous pneumonia : حقیقی نمونیا ۔

Double pneumonia : دو ریوی نمونیا : ڈبل نمونیا :دونوں ششوں کا ورم : دونوں پھیپھڑوں کا ورم ۔

Single pneumonia : یك ریوی نمونیا : نمونیا :ایك شش کا ورم : ایك پھیپھڑے کا ورم ۔

Pneumonia bacillus/ -coccus/ -miccobe : (n) دیکھو Pneumococcal

Pneumonic : (a) نمونیائی: نمونیا کا :نمونیاجیسایااس سے متعلق : نمونیا سے متاثر یا اس میں مبتلا : (شاذ) ششی: پھیپھڑے کا یا اس سے متعلق : (تشریح) ریوی ۔

Pneumonic plague : (n) نمونیائی طاعون ۔

Pneumonitic : (a) دیکھو Pneumonic

Pneumonitis : (n) نمونیا (کا غیر مروج نام):دیکھو Pneumonia ۔

Pneumon-/-Pneumono-: یونانی لفظ Pneumon سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی پھیپھڑا ۔

Pneumonometer : (n) دیکھو Pneumatometer

Pneumonophorous : (a) پھیپھڑوں والا : پھیپھڑے دار : شش دار ۔

Pneumophonia : (n) (صوتیات) تنفس صوتی : دم صوتی ۔

Pneumotaxis (n) (حیاتیات) گیسی ترتیب ۔

Pneumothorax : (n) (۱) (طب) نفخة الصدر (پھیپھڑے میں زخم یا سوراخ ھو جانے سے) : پھیپھڑے کے پردے میں ہوا یا گیس بھر جانا ۔(۲) (جراحی) انتفاخ الصدر ۔

Pneumotropism : (n) گیس رخی : (متاثر کرنے والے جراثیم وغیرہ کا) پھیپھڑے کی طرف مائل ھونا ،مُڑنا یا رخ ھونا ۔

Pnyx : (n) [Gr. ' Pnix. '] قدیم ایتھنز میں عوامی اجتماع کی جگہ جو ایتھنز کی گڑھی کے مغرب میں ایک چھوٹی پہاڑی کو ایک جانب سے کاٹ کر اور مسطح نیم دائرہ نما بنا کر تیار کی گئی تھی۔

Po : (روز مرہ) پیشاب دان : پیشاب کا برتن۔

Po-faced : (a) [Prob.f.Po.] (روز مرہ) سنجیدہ رو : رعب دار چہرے والا : بارعب : مہیب۔

Poa : (n) [mod. L. f. Gr. ' poa. '] (نباتیات) جنس گیاہ : گیاہ مرغزار : چراگاہ کی گھاس۔

Poaceae : (n) [L.f. Poa + -aceal. '] (نباتیات) علفیہ :گیاہیہ۔

Poaceous : (a) (نباتیات) علفی : گیاہی۔

Poach : (v) [OFr. ' pochier. '] (انڈے کا) پوچ بنانا :انڈے کوتوڑ کر ابلتے ہوئے پانی میں پکانا۔

Poach : (v) [origin doubtful.] (۱) (کسی چیز کو) ہاتھ سے، چھڑی کی نوک سے یا ایسی ہی کسی چیز سے دھکیلنا یا ٹھوکر مارنا : (نیز) دھکا دے دے کر چلانا : (چیزوں کو) ایک ساتھ کوٹنا : دھس کرنا یا ٹھونسنا : (مجازاً)ترغیب دینا : اکسانا : ابھارنا : شہ دینا۔ (۲) کسی سوراخ یا کسی چیز میں(انگلی، چھڑی، پاؤں وغیرہ) گھسیڑنا یا ڈالنا۔ (کھر، سم وغیرہ سے گھاس وغیرہ کو)اکھاڑنا : روندنا : کھرچ دینا : کچلنا :کُھر یا پاؤں سے (نرم زمین میں) سوراخ سا بنا دینا۔(۳) چلتے چلتے (مرطوب مٹی میں) دھنس جانا : بھاری قدموں سے چلنا : زور زور سے قدم رکھتے ہوئے چلنا۔ (۵)بھاری قدموں سے چلنے کے باعث (زمین کا روندا جانا : گڈھا گڈھا ہو جانا :کیچڑدار ہو جانا۔ (٦) پانی ملا کرپتلاکرنایالیپ سا بنانا۔ (۸) (کسی کی آراضی، حقوق وغیرہ میں)مداخلت بیجا کرنا : (خصوصاًکھیل میں) ناجائز طور پر دوسرے کے کورٹ میں گھس جانا۔(۹) شکار کرنے یا مچھلیاں مارنے کے لئے(کسی کی زمین یا پانی پر) ناجائز مداخلت کرنا : ناجائز طور پر شکار کرنا یا مچھلی پکڑنا۔(۱۰) (کھیل عامیانہ) (دوڑ وغیرہ میں) ناجائز فائدہ حاصل کرنا : (ٹینس میں)اپنے شریک کے کورٹ کی گیند کو مارنا۔

Poached : (a) پوچ بنایا ہوا : توڑ کر ابلتے ہوئے پانی میں پکایا ہوا (انڈا)۔

Poacher : (n) وہ برتن جس میں اس طرح انڈا پکایا جاتا ھے :پوچ بنانے کا برتن۔

Poacher : (n) (۱) مداخلت بیجا کرنے والا : چوری سے شکارکرنے یا مچھلیاں پکڑنے والا : (کھیل میں) ناجائز فائدہ حاصل کرنے والا۔(۲) (امریکا) تنگ اور چھوٹی چونچ والی بط۔(۳) Agonidae خاندان کی ایک چھوٹی مچھلی : چور مچھلی۔(۴) (نیز Potcher) (کاغذ سازی) انجنوں کے سلسلوں میں سے کوئی ایک جس کے ذریعہ چیتھڑے وغیرہ کوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کئے جاتے، دھوئے جاتے،صاف کئے جاتے اور آخرش مادے کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

Poachiness : (n) (زمین کا) دلدلی ہونا : مسام دار ہونا :رطوبت کو دیر تک قائم رکھنا : کیچڑدار ہونا۔

Poachy : (a) اسفنجی : مسام دار : رطوبت کو دیر تک قائم رکھنے والی (زمین) : روندا جانے والی : کیچڑدارھو جانے والی : پانك دار : دلدلی : گلابی۔

Pob : (n) [of unkn. origin.] (اسکاٹسکانی) سن یا پٹ سن (جوٹ) کا بیکار حصہ : ردّی : فضلہ۔

Pocan : (n) [app. native Ame. Indian name.] ایك قسم کی گھاس؛ Phytolacca کی امریکی قسموں کا نام۔

Pochade : (n) [Fr. ' pocher. '] ابتدائی : دھندلایا داغدار خاکہ : رف خاکہ۔

Pochaise / Pochay : روزمرہ میں Post-chaise کو کہتے ہیں۔

Pochard : (n) [of unkn. origin] یورپ کا ایك غوطہ زن پرند جس کے سر اور گردن کا رنگ چمکدارسرخی مائل بھورا ہوتا ھے : سرخ سر بطخ۔

Pochette : (n) [Fr. ' pochette. '] (۱)عورتوں کا چپٹا تھیلی نما ہینڈ بیگ یا لفافہ۔ (۲) چھوٹا وائلن جو پہلے رقص سکھانے والوں کے پاس ہوتا تھا۔(۳) آر پار نظر آنے والے باریك کاغذ کا چھوٹالفافہ (ٹکٹ رکھنے کے لئے)۔

Pock : (n) [Late o E. ' poc,pocc. '] (۱) چھالا :آبلہ :دانہ(خصوصاً چیچك کا) : چیچك دانہ : پھوڑا : پھنسی (گرمی کا)۔ (۲) چیچك : آتشك : چھوٹی یا بڑی گوٹی : داغ آبلہ (اب عموماً جمع میں Pox لکھا جاتا ھے)۔

Pock : (v) چھالے ڈالنا : داغنا : بدنما داغوں سے داغدار کرنا یا شکل بگاڑنا۔

Pock-broken : (n) چیچك زدہ : آبلوں یا چھالوں سے داغ داغ یا داغ دار : چیچك رُو۔

Pock-frecken/ -fret/ -fretted/ -fretten : (a) دیکھو Pock-broken

Pock-hole : (n) چیچک کا داغ یا گڈھا : کسی زخم یا چھالے کا داغ یا گڈھا : داغ آبلہ ۔

Pock-lymph : (n) گائے کے چیچک دانوں (گوتھن سیتلا) کا پانی (لمف) (n) : جو چیچک کے ٹیکے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Pock-mark : (n) چیچک کا داغ یا گڈھا : کسی زخم یا چھالے کا داغ یا گڈھا : داغ آبلہ ۔

Pock-marked/ -pitted/ -pitten : (a) Pock-broken دیکھو

Pock-pudding : (n) : (اسکاٹستان) پیٹو : بندۂ شکم : موٹا تازہ آدمی : انگریز ۔

Pocket : (n) [AFr. ' Poket (c, 'din.y'poke.'] (۱) پاکٹ : کیسہ : خریطہ : تھیلی : (پیمائش کے لئے) ناپ کی تھیلی (=۱۶۸ پونڈ) :اون کی تھیلی (=نصف تھیلا) ۔(۲) جیب : بٹوا : پرس ۔ (۳) مقدور :آمدنی : مقدرت : نقد : روپیہ پیسہ ۔(۴) انڈا کھیلنے کی میز کی تھیلی : بلیرڈیا کیرم کی میز کی (کھلے منہ والی) تھیلی ۔(۵) (کان کنی) فلزی جوف : سونے یا کسی اور دھات سے بھرا ہوا زیر زمین جوف : (نیز) سیلاب میں بہہ کر (آئے سونے کے ذرات کا مجموعہ) ۔ (۶) (طبقات الارض) جوف چٹان : خصوصاً چٹان کا وہ جوف جو غیر جنسی مادّے سے بھرا ہوا ہو : زمین دوز گڈھا جس میں پانی بھرا ہو ۔(۷) ہوا تھیلی : ہوا رخنہ : (کسی مقام کی مخصوص فضائی کیفیت جس کا مقابلہ ہوائی جہاز کو یکایک ہو اور وہ یک بارگی یوں گر پڑے جیسے بلیرڈ کی گیند ایک دم سے تھیلی میں آگرتی ہے)۔(۸) (بطور صفت) جیبی : جو جیب میں لے جانے کے قابل اور موزوں ہو : اتنی چھوٹی (چیز) کہ جیب میں رکھی جا سکے : (رقم وغیرہ) اتنی کہ پاکٹ میں آسکے ۔(۹) (حیوانیات،تشریح) جسم حیوانی کا تھیلی نما جوف یا تھیلی (جس طرح تھیلی دار جانوروں (کنگارو وغیرہ)کے پیٹ میں ہوتی ہے) ۔ (۱۰) زمین یا پہاڑوں کے درمیان کا خلا : کھوہ : غار : وادی : درہ : تنگ گھاٹی ۔(۱۱) پاکٹ نما کوئی چیز مثلاً نقشے وغیرہ کو موڑ کر رکھنے کے لئے کتاب کی جلد میں بنی پاکٹ ۔ (۱۲) جہاز کا کیبن یا کوئلہ کوٹھری ۔ (۱۳) (دوڑ) وہ حالت جب کوئی مقابل دوسرے مقابلکے گھیرے میں جاتا ہے اور اس سے نکلنے اور جیتنے کی امید جاتی رہتی ہے ۔(۱۴) دیکھو Pocket battleship ۔ (۱۵) میدان جنگ کا وہ حصہ جس پر فوج نے قبضہ کر رکھا ہو اور اس طرح وہ دوسرے حصے سے کٹ کر الگ ہو گیا ہو ۔

Air pocket : ہوا تھیلی : ہوا رخنہ(کسی مقام کی مخصوص فضائی کیفیت جس کا مقابلہ ہوائی جہاز کو یکایک ہو اور وہ یکبارگی یوں گر پڑے جیسے بلیرڈ کی گیند ایک دم سے تھیلی میں آگرتی ہے ۔

Empty pocket : تہی دست : خالی جیب : وہ شخص جس جس کے پاس روپیہ نہ ہو ۔

He will suffer in his pocket : اسے روپیوں کا نقصان ہوگا ۔

I am 5s in pocket : میرے پاس پانچ شلنگ موجود ہیں ۔

I am 5s. in pocket by the transaction : اس سودے میں مجھے پانچ شلنگ کا فائدہ ہوا ہے ۔

I am 5s. out of pocket by the transaction : اس سودے میں مجھے پانچ شلنگ کا نقصان ہوا ہے ۔

In pocket : (۱) جس کے پاس روپیہ موجود ہو : صاحب مال ۔(۲) جس کے پاس (کچھ رقم) بچ رہی ہو یا منافع سے حاصل ہوئی ہو ۔

In (some one's) pocket : (۱)(کسی کے) بہت ہی قریب ۔ (۲)(کسی کے) دباؤ میں یا زیر اثر : پنجے میں : قابو میں ۔

Out-of -pocket expenses : اصلی یا واقعی اخراجات :واجب: اخراجات ۔

She has him in her pocket : وہ بالکل عورت کے قابومیں ہے : وہ عورت اسے پوری طرح اپنے قابو میں رکھتی ہے ۔

Ticket pocket/ Watch pocket : (لباس میں) گھڑی یا ٹکٹ رکھنے کی جیب یا خانہ ۔

To be out of pocket : (کسی سودے میں) نقصان اٹھانا : گھاٹے یا خسارے میں پڑنا ۔

To be prepared to put one's hand in one's pocket : کچھ خرچ کرنے کے لئے تیار ہونا ۔

To put in one's pocket : ہڑپ لینا : چھپا لینا : دبا لینا :دبا دینا : ہٹا دینا : چھوڑ دینا : ترک کردینا ۔

To put one's pride in one's pocket : ایسا کام کرنے پر مجبور ہونا جس سے اپنے فخر کو ٹھیس لگے : فخر کے جذبے کو دبا دینا یا چھوڑ دینا ۔

Pocket : (v) (۱) جیب وغیرہ میں رکھنا ۔ (۲) بند کرنا(جس طرح جیب ، تھیلی وغیرہ میں بند کرتے ہیں) ۔ (۳) (گھڑدوڑ میں) حریف کے آڑے آنا یااسے روکنا : گھیر لینا (تا کہ

جیت نہ سکے).(۴) ہڑپ کر جانا: ہتھیا لینا : قبضہ کر لینا :مالک بن بیٹھنا .(۵) (بے عزتی ، زیادتی وغیرہ) برداشت کر لینا : نرم گرم اٹھانا یا سہنا (بغیر کسی اظہار نا گواریت کے) : سب کچھ جھیل لینا : بندہ بن جانا : سر تسلیم خم کر دینا . (۶) (بلیرڈ) میز کی تھیلی میں (گیند)ڈالنا ، پہنچانا . (۷) (جذبات ، احساسات وغیرہ کو) دبانا : چھپانا : پتا نہ لگنے دینا : چھپا لینا (غصہ وغیرہ کو) . (۸) (کسی رپورٹ ، مراسل وغیرہ کو)شائع نہ کرنا یا نہ ہونے دینا : چھاپنے سے احتراز کرنا : روک دینا : نہ چھاپنا . (۹) امریکی سیاسیات میں (صدر یا کسی صوبے کے گورنر کا) کسی بل کے مسودے پر دستخط نہ کرنا یا کرنے سے احتراز کرنا تاکہ وہ قانون نہ بن سکے . (۱۰)اپنے ذاتی اختیار میں رکھنا : قابومیں رکھنا : اپنے بس میں رکھنا (خصوصاً کسی حلقے کی نمائندگی کو) . (۱۱) جیب لگانا : پاکٹ لگانا (لباس وغیرہ میں) : جیب دار بنانا . (۱۲) (مرضیات ، جراحی) گڈھا بنا دینا :جوف میں تبدیل کرنا : مجوف کردینا : جیب سا بنا دینا : تھیلی دار یا تھیلی نما کر دینا . (۱۳) جیب نما یا تھیلی نما خلایا خانہ بن جانا : جیبیں بن جانا : کیسہ نما خانے بن جانا .

Pocket battleship : (n) جنگی جہاز کی طرح مگر چھوٹے پیمانے پر ضروری سامان اور اسلحوں سے لیس جہاز : چھوٹا جنگی جہاز .

Pocket-book : (n) (۱) چھوٹی کتاب (جسے جیب میں رکھ کر لے جایا جا سکتا ہو) : جیبی کتاب :پاکٹ بک . (۲) جیبی نوٹ بک : بیاض :(نیز) کتاب کی شکل کا ڈبّا جس میں کاغذات، بینک نوٹ ، ہنڈیاں وغیرہ رکھی جاتی ہیں . (۳) توصیفی معنوں میں .

Pocket borough : (n) وہ قصبہ جس کے پارلیمینٹری نمائندے کاانتخاب سنہ ۱۸۳۲ء کے ریفارم ایکٹ سے قبل صرف ایک ہی شخص یا خاندان کے زیر اختیار تھا.

Pocket chronometer : (n) جیبی وقت پیما.

Pocket expenses : (n) جیب خرچ : چھوٹے موٹے ذاتی اخراجات .

Pocket-handkerchief : (n) جیبی رومال : چھوٹا رومال .

Pocket-knife : (n) جیبی چاقو : مڑنے والا چاقو جسے جیب میں لے جایا جا سکے .

Pocket-money : (n) جیب خرچ کی رقم جو اتفاقی اخراجات کے لئے جیب میں رکھ کر لے جائیں(خصوصاً وہ رقم جو اسکول جانے والے بچے بچیوں کو ملتی ہے)

Pocket-mouse : (n) Saccomyidae خاندان کا ایک کترنے والا جانور: ایک قسم کا چوہا : تھیلی دار چوہا .

Pocket-piece : (n) برکتی سکہ : سکہ جو جیب میں رکھے رہنے کے لئے ہو اور جس کو باعث برکت سمجھ کر خرچ نہ کیا جائے (عموماً کھوٹا یا جعلی سکہ).

Pocket-pistol : (n) (۱) جیبی پستول : چھوٹا طپنچہ : (جو جیب میں رکھا جا سکے) . (۲) (مزاحاً) شراب کی چھوٹی بوتل (جو جیب میں رکھی جا سکے) .

Pocket-rat : (n) دیکھو Pocket mouse

Pocket-sheriff : (n) انگریز شیرف (افسر اعلیٰ) جسے پہلے بادشاہ نامزد کیا کرتا تھا .

Pocket-size/ -sized : (a) چھوٹا : جیبی سائز کا :جو بہ آسانی جیب میں آسکے .

Pocketable : (a) جو جیب میں رکھا یا لے جایا جا سکے :جیب میں رکھنے کے لائق : جیبی .

Pocketful : (n) جیب بھر : جتنا ایک جیب میں آسکتا ہو :بھر جیب .

Pocketless : (a) بے جیب : بغیر جیب کا .

Pockety : (a) (کان یا فلزاتی توبے) جستہ جستہ :بے قاعدہ طور پر پھیلے ہوئے یا منقسم :فلزدار : (وہ جوف زمین) جس میں سونا یا اور کوئی دھات ہو .

Pockiness : (n) چیچک یا آتشک کے دانوں سے بھرا ہونے کی حالت : ایسے دانوں سے داغدار ہونے کی حالت .

Pocky : (a) (۱) (شاذ) چھالوں یا چیچک کے دانوں سے بھرا ہوا: چیچک زدہ :آتشک زدہ :آبلہ دار : داغدار . (۲) چھالے یا چیچک کے دانے جیسا یا اس سے متعلق .

Poco : (adv) [It&sp. f.L ' Paucus. '] قدرے : ذرا سا : تھوڑا : کم: آہستہ .

Poco a poco : (adv.) [It.] تھوڑا تھوڑا : ذرا ذرا سا :بتدریج :کم کم : آہستہ آہستہ(موسیقی کی ہدایت کے طور پر مستعمل ہے) .

Poco-curante : (a) [It.f. Poco+curante. '] بے پروا : دلچسپی نہ رکھنے والا : بے التفات (شخص) :ٹھنڈے دل کا : بے جوش (شخص) : غیر جانب دار.

Poco-curante : (n) غیر جانب دار شخص :بے پروا شخص : بے التفات

شخص ۔

Pococurant(e)ism : (n) غیر جانب داری : بے پروائی : بے التفاتی ۔

Pocosin/ -son/ -sen/ Poquosin : (n) [Algonquin 'poquosin.'] (جنوبی امریکا میں) نشیب کا دلدلی علاقہ یا خطہ (عموماً جنگل سے بھرا ہوا) : دلدل : کیچڑ : گِلابہ : پانك ۔

Poculiform : (a) [F.L 'Poculum '+-FORM.] (تاریخ فطرت) پیالہ نما : (حیاتیات) فنجان ۔

Pod : (n) [of unkn. origin .] Pad کی قدیم شکل :آلات وغیرہ کا گدی دار خانہ : برمے کا خانہ جس میں اس کا پھل رکھا جاتا ھے :برمے کا لٹو ۔

Pod : (n) [Back-formation from dial. Podware, Podder . ' of Unkn . origin.] (۱) پھلی: ڈوڈا ۔ (۲) ریشم کے کیڑے کا کویا ۔ (۳) ٹڈی کے انڈوں کا خول ۔(۴) بام مچھلی کے پکڑنے کا کیسہ نما تنگ منہ کا جال : تنگ منہ کا جال (نیز Pod net)-(۴) (تشریح) شکم : پیٹ ۔ (٦) (سابقہ) پا : پاؤں : پیر ۔

Pod : (n) [of unkn. origin.] (۱) دریائی بچھڑوں اور وھیل مچھلیوں کا گروہ یا جھنڈ ۔(۲) پرندوں کا چھوٹا جھنڈ یا غول ۔

Pod : (v) (۱) ڈوڈے لگنا : پھلیاں آنا : پھلیوں سے بیج نکالنا: چھلکا اتارنا ۔

Pod : (v) دریائی بچھڑوں یا وھیل مچھلیوں کو ہانك کر گھیرنا : انھیں ہانك کر گروہ میں لانا ۔

Pod-:(comb.) سابقہ بمعنی پاؤں : پا : پیر ۔

Pod-bit : (n) سوراخ کرنے کا اوزار جو برمے میں استعمال کیاجاتا ھے : برمے کی آنی ۔

Pod-pepper : (n) لال مرچ ۔

-Poda : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی "پایہ" (ایسے یا اتنے پاؤں والا) ۔

Podagra : (n) [L.f.Gr. ' podagra. '] پاؤں کی گٹھیا : نقرسِ پا : گٹھیا : وجع مفاصل ۔

Podagral : (a) نقرسی : گٹھیائی : نقرس کا یا اس سے متعلق ۔

Podagric : (a) دیکھو Podagral

Podagric : (n) گٹھیا کا مریض : مریض نقرس ۔

Podagrous : (a) نقرسی : گٹھیا والا : نقرس یا گٹھیا میں مبتلا ۔

Podal : (a) (حیوانیات) پائی : پاؤں کا یا اس سے متعلق ۔

Podalgia : (a) [mod.L.] (گٹھیا سے یا گٹھیا کی طرح) پاؤں کا درد : دردِ پا : وجع مفاصل :گٹھیا وغیرہ ۔

Podalic : (a) پائی : پاؤں کا یا اس سے متعلق : پاؤں کے ذریعہ یا پاؤں سے ۔

Podargidac : (n) [L.f. 'podargus.'] مشرقی اور آسٹریلوی پرندوں کا ایك خاندان ۔

Podarthral : (a) [L.f. ' Podarthrum.'] پرند کے چنگل اور ساق کے درمیان کے جوڑ سے متعلق : پرند کے ٹخنے سے متعلق ۔

Podarthritis : (n) ورم مفاصل پا : پاؤں کے جوڑوں کا ورم :گٹھیا: وجع مفاصل(پاؤں کا) ۔

Podarthrum : (n) [L.f.Pod-+Gr.arthron.'] پرند کا ٹخنہ : ساق اور چنگل کے بیچ کا جوڑ ۔

Podded : (a) (۱) پھلی دار: ڈوڈے دار : پھلیوں میں پیدا ھونے والا (بیج):ڈوڈے میں نشوونما پانے والا(۲) (مجازاً) مامون:باآرام و آسائش:اچھی حالت میں:خوش حال ۔

Podder : (n) پھلیوں سے بیج چھڑانے واالا مزدور ۔

Podeon : (n) [g. 'podeon.] (حیوانیات) ساقچہ ۔

Podesta (n) [L. Potestas.] (۱) شہنشاہ فریڈرك اول کا مقرر کردہ گورنر جو Lombardy کے ایك یا کئی شہروں پرمامور ھوتا تھا ۔(۲) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے اطالوی شہروں کا چیف مجسٹریٹ جو ہر سال منتخب کیا جاتا تھا ۔ (۳) جدید اطالوی بلدیات کا نائب جج یا مجسٹریٹ ۔

Podetia : (n) Podetium کی جمع ۔

Podetium : (n) [mod. L] بعض کائیوں کا ڈنٹھل نما حصہ جس میں apothecium یا پھل ھوتا ھے : نیز کوئی بھی ڈنٹھل نما ابھار ۔

Podex : (n) [L.] (۱) (تشریح) دُبُر: سُرین : چوتڑ : پیندی : نشست ۔ (۲) (حیوانیات) کفل : چوتڑ : کیڑوں کا پچھلا حصہ ۔

Podge : (n) [A parallel form of Pudge (n) .] (روز مرہ) کوتاہ و فربہ مرد یا عورت: چھوٹا اور موٹاشخص: کوئی بھی چھوٹی اور موٹی چیز: ناٹا یا موٹا آدمی یا جانور ۔

Podgily : (adv) ناٹے موٹے طور پر۔

Podgy : (a) ناٹا اور موٹا : پست قد اور فربہ : پست قد مضبوط۔

-podia : (comb) [f. Gr. 'pod.'] جزو ترکیبی بمعنی پانو کی ایک (مخصوص) حالت۔

Podia : (n) Podium کی جمع۔

Podiatry : (n) [Pod-+-iatry.] (۱) مرضیات پا۔(۲)علاج امراض پا۔

Podical : (a) مبرزی:مبرز سے متعلق یا اس کے قریب واقع:سرین سے متعلق : کفلی۔

Podical plates : (n) کفلی پلیٹ : دو یا زیادہ چھوٹی پلیٹیں جو بعض کیڑوں کے مبرز یا پچھلے حصے کو گھیرے ہوتی ہیں۔

Podite : (n) [Gr. 'pous-,pod-+ -ite] کسی Arthropod خصوصاً قشرے کا پاؤں یا وہ عضو جس کے سہارے وہ چلتا ھے : پائے قشریہ۔

Poditic : (a) پائے قشریہ سے متعلق۔

Podium : (n) [L.] (۱) عمارت کی کرسی ۔(۲) قدیم Amphitheatre کے گرد کا چبوترا۔ (۳) کمرے کے اطراف نشستوں یا بینچوں کا سلسلہ۔(۱) (تشریح،حیوانیات) ریڑھ دار حیوان کا پاؤں یا کُھر: پنجہ : پا:نالپا:پرندوں کا چنگل یا وہ جگہ جہاں پر انگلیاں ملتی ہیں۔ (۵) (نباتیات) غصنہ : ڈالی۔

Podley : (n) پولک مچھلی:ایک قسم کی بحری مچھلی جو کاڈ سے مشابہ ہوتی ھے۔

Podo-: (comb.) [Gr. 'podo' '.] (سابقہ) بمعنی پا: پیر:پاؤں۔

Podobranch : (a) قشریوں کا آلۂ تنفس (سانس لینے کا عضو) جو پاؤں سے جُڑا ہوتا ھے:پاگلپھڑا:پاخیشوم۔

Podobranchia : (a) (حیوانیات) پا خیشومہ (قشریہ)۔

Podobranchial : (a) پاخیشوم کا یا اس سے متعلق :پاخیشومی۔

Podocarp : (n) [Gr. 'karpos'.] (نباتیات) پتے کا ڈنٹھل یا شاخ برگ جس میں پھل لگا ہو: غُصنۂ گل یا شاخِ گل جس میں پھل ہو : ساقۂ ثمر برگ : پھل پتاڈالی۔

Podocarpous : (a) (نباتیات) غُصنۂ ثمرہ:ڈنٹھل پھلا۔

Podocephalous : (a) (نباتیات)جس کے لمبے ڈنٹھل پر پھولوں کا گچھا ہو۔

Podogona : (n) [f. Gr. 'gonos.'] (حیوانیات)پاتنا سلان: جن کا تناسل پاؤں کے ذریعے ہوتا ہو۔

Podogyniam : (n) [mod. L.f Gr. 'gury .'] (نباتیات) حامل تخمك ڈنٹھل : وہ ڈنٹھل جس میں تخم دان یا کیسۂ تخم ہوتا ھے : غصنك دان:تخم دان بردار: مادہ بردار۔

Podopthalmate : (a) [f. Podo +Gr. 'Ophthal-mos'+ -ate] (حیوانیات) پاچشمہ: جس کی آنکھ پاؤں کے سرے پر ہو : پا چشمہ قشریوں کا یا ان سے متعلق۔

Podophthalmia : (n) قشریوں کا ایك سلسلہ جس میں پاچشم قشرے مثلاً جھینگا مچھلی اور کیکڑے بھی شامل ہیں (جن کی آنکھیں پاؤں یاپاؤں نما اعضا کے سروں پر ھوتی ہیں۔

Podophthalmian : (a) پا چشمہ قشریوں سے متعلق؛ Podophthalmia سے متعلق۔

Podophthalmian : (n) Podophthalmia سلسلے کا کوئی قشریہ۔

Podophthalmic / -mons : (a) (حیوانیات) پاچشمہ : پاچشمہ : جس کی آنکھیں پاؤں یا پاؤں‌نمااعضا کے سروں پر ہوں۔

Podophyllin : (n) [f. Podophyllum.] (کیمیا) امریکی پاپڑے کی رال؛ ایك قسم کی زرد کڑوی دست آور رال جو تخم تفاح سے حاصل ھوتی ھے؛ پاپڑا رال۔

Podophyllous : (a) [Gr. 'Phyllon . '] (۱)(حشریات)برگ نما حرکی اعضا یا پاؤں رکھنے والا (کیڑا)۔ (۲) دیکھو Podophyllous tissues.

Podophyllous tissue : (n) (حیوانیات) گھوڑے کے تلوے میں برگ نما عرقی پرتوں سے بنی ہوئی نسیجی پرت۔

Podophyllum : (n) [mod .L.] (نباتیات ' امریکی پاپڑا :مہرگیاہ : یبرُوج : لَ ہمنی۔

Podoscaph : (n) [Gr. 'Skaphos. '] پانی پر چلنے کے لئے پاؤں میں لگی ہوئی ڈونگی نما چیز:(نیز) پانی پرچلنے والی پاؤں گاڑی یا سائیکل۔

Podosomata : (n) (حیوانیات) پاجسمہ:بحری مکڑا جس کا جسم نہایت مختصر اور پاؤں خاصے بڑے ہوتے ہیں:یہ مکڑوں سے مشابہت رکھتا ھے ، اس کے جسم میں چودہ زوائد ہوتے ہیں جن میں پچھلے آٹھ زواید پاؤں کا کام دیتے ہیں اور

ساتھ ہی آنت کی بیکار شاخوں اور تناسلی اعضا کے حامل ہوتے ہیں ، اس کے اول چار یا چھ زوائد اکثر معدوم ہوتے ہیں ، ایك نلکی جیسی سونڈ کے سرے پر مثلث نما منہ ہوتا ھے ، نرومادہ کے جداگانہ جنسی اعضا نہیں ہوتے اور نہ تنفسی عضوہی ہوتا ھے ، یہ بچہ دیتا ھے جو عموماً ایك مکمل تغیر یا قلب ماہیت کے ذریعہ انجام پاتا ھے ۔

Podosperm : (n) [G. 'sperm '.] (نباتیات) تخم کی ڈنٹی یا ڈنٹھل : بیج کی ڈنٹی ۔

Podostemon : (n) [G. stemon .] (نباتیات) دریائی ترائی :ایك دریائی گھاس ۔

Podostomatous : (n) [G.stoma .] (حیوانیات) جوڑدار پاؤں والے حیوانات Arthopoda کے گروپ Podostomata کا یا اس سے متعلق:جس کا منہ پاؤں جیسا ہوتا ھے :پادہن ۔

Podotheca : (n) (حیوانیات) پرند یا رینگنے والے جانورکے پاؤں کا فلس دار غلاف: (نیز) پیوپا یا منجھ روپ میں کسی کیڑے کے پاؤں کو ڈھکنے والا غلاف ۔

Podothecal : (a) پرند یا رینگنے والے حیوان کے پاؤں کے فلس دار غلاف سے متعلق ۔

Podura : (n) [mod.L.] (حشریات) پادمہ:جست دُمہ : بے پر کیڑوں کی ایك جنس جنھیں دُم کی طرف ایك دوشاخہ عضو ہوتا ھے جس کے سہارے وہ پھدکتے ہیں ، اس عضوکو Spring tails یا پھدك دُم کہتے ہیں ۔

Poduran : (n) Poduraجنس کا یا Poduridae خاندان کا کوئی کیڑا ۔

Poduran : (a) Podura یا پادمہ جنس کے کیڑوں کا یا ان سے متعلق ۔

Podurid : (a&n) دیکھو Poduran (a&n)

Poe-bird : (n) [From the Otaheitanword for ear-rings.] نیوزی لینڈ کا ایك پرند جسے اب Parson-bird کہتے ہیں : مُلاّ پرند، ٹوئی۔

Poecil -: (comb) یونانی لفظ Poikilosسے مشتق جزوترکیبی بمعنی رنگ برنگ کا:مختلف اللون : مختلف کئی رنگوں کا۔

Poecile : (n) [Gr. Poikily.] قدیم ایتھنز کے بازار میں ایك Porlico کا نام جو رنگ برنگ کی نقاشیوں سے آراستہ تھا۔

Poecilo : (comb) [Gr. Poikilos] دیکھو Poecil

Poecilopod : (n) (حیوانیات) Poecilopoda قسم کا قشریہ (اب یہ تقسیم متروك ھے) جس کے اعضا مختلف الشکل اور مختلف الفعل ہوتے ہیں ۔

Poecilopodous : (a) Poecilopoda قسم کے قشرے سے متعلق ۔

Poem : (n) [L. 'poema. '] (۱) نظم : کلام موزوں ۔(۲) بلند پایہ کلام : نظم یا نثر کی بلند پایہ تصنیف ۔ (۳) شعریت سے مملو چیز (مثلاً That dance was a poem in motion اس ناچ میں ایك زندہ شعریت تھی) ۔

Poephagous : (a) [Gr. 'poyphagos. '] (حیوانیات) گھاس یاجڑی بوٹی کھانے والا (خصوصاً) Poephaga قسم کا (تھیلی دار جانور) ۔

Poesy : (n) (۱) (قدیم) فن شعر : شاعری : شعر گوئی : نظم نگاری ۔ (۲) شعر و سخن ۔

Poesy : (v) شعر کہنا یا لکھنا : شاعری کرنا ۔

Poet : (n) [L. 'poeta. '] شاعر : نظم نگار :کوی: ناظم: شاعریا مصنف جو قوت فکر، بصیرت ، احساس اور ملکۂ اظہار میں دوسروں سے ممتاز ہو ۔

Poetaster : (n) [mod. L.] ادنیٰ شاعر : تك بند شاعر: متشاعر : جو پوچ قسم کی شاعری کرتا ہو ۔

Poetastery /Poetastry : (n) تك بندی : ادنیٰ درجے کی شاعری ۔

Poetaz narcissus : (n) گل نرگس کی ایك قسم جو Polyanthus narcissus اور Poet's narcissus کے بیچ کی قسم ھے ۔

Poetess : (n) شاعرہ ۔

Poetic : (a) [L. 'poeticus. '] (۱)شعری :شاعرانہ : شاعر کا ۔(۲)شعری صلاحیت رکھنے والا : شاعر ۔(۳) شاعر یا شاعروں کا ۔ (۴) جس میں اعلیٰ شعری خوبیاں ہوں : شعری لطافتوں سے معمور : اعلیٰ شعری خصوصیات کا حامل ۔(۵) منظوم : شعر میں لکھا ہوا : نظم کیا ہوا ۔ (۶) شاعری سے نسبت یا تعلق رکھنے والا : شاعری سے بحث کرنے والا : شاعری کا حد درجہ شائق : شاعری میں گم : دیوانۂ شعر ۔ (۷) (یونانی لفظ ' Poiytikos کے معنوں میں) : صناعانہ : خلاقانہ : فنی تخلیق سے متعلق (شاذ) ۔ (۸) نظم کا موضوع سخن بنا ہوا :جس میں شاعری کا موضوع بننے کی صلاحیت ہو ۔

Poetic : (n) (۱) (واحد و جمع) ادبی تنقید کا وہ حصہ جوشاعری

Poetry : (n) [mod . L . 'poetria . '] (۱) شاعری : شاعر کا ہنر یا کلام : فن شعر : شعر گوئی ۔ (۲) کلام : اشعار : نظمیں : کلام موزوں : کلام شاعر : نظم (بہ خلاف نثر) : منظوم کلام ۔ (۳) شاعرانہ جذبہ : اشیا کی وہ کیفیت یا حالت جو شاعرانہ جذبے کو بیدار کرے : محرک تخیل شاعرانہ : (شعر کی طرح) متاثر کرنے والی چیز : شاعرانہ احساس ۔ (۴) حسین اور ارفع خیالات : تصورات یا احساسات کا موزوں ، مناسب اور مترنم زبان میں اظہار ۔ (۵) رومن کیتھولک اسکول، کالجوں میں Syntax اور Rhetoric کے بیچ کی کلاس : درجۂ شاعری۔

Prose poetry: نثر لطیف : نثری شاعری : نثر میں کی گئی شاعری : نثر جس میں وزن کے سوا شعر کی تمام خصوصیات موجود ہوں : جو شاعری کی طرح مترنم اور پر از جذبات ہو : نظم منثور ۔

Poet's corner : (n) (۱) کنج شعرا : گوشۂ شعرا : گورستان شعرا (ویسٹ منسٹر ایبے کا وہ حصہ جہاں کئی ممتاز شاعروں کے مزارات ہیں) ۔ (۲) (مزاحاً) اخبار وغیرہ کا وہ حصہ جس میں مختصر معلومات چھپتی ہوں ۔

Poetship : (n) شاعر کا رتبہ یا اس کا مقام : شاعری ۔

Poggy : (n) [of unkn.origin .] قطب شمالی کی چھوٹی وھیل مچھلی جسے وھیل کا بچہ سمجھا جاتا ھے ۔

Pogo : (n) [of unkn. origin .] ایك عمودی ڈنڈا جس کے نچلے حصے دونوں طرف افقی قدمچے ہوتے ہیں اور نچلے سرے میں کمانیاں ہوتی ہیں ، قدمچوں پر دونوں پاؤں رکھ کر کھیل یاورزش کے طور پر اس کو پکڑ کر اچکتے کودتے ہیں ، اچك ڈنڈا ۔

Pogo-stick : (n) دیکھو Pogo

Pogrom : (n) [Russ.] روس میں کسی جماعت کا (خصوصاً یہودیوں کا) منظم قتل عام ۔

Pogy : (n) [Also,Pogic.Contraction of 'pauhaugen '.] (امریکا) دیکھو Menhaden ۔

Poh : (interj) فجائیہ جس سے حقارت آمیز ناپسندیدگی یا نامنظوری کا اظہار کیا جاتا ھے ۔

Pohutukawa : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا ایك سدا بہار درخت جس کے پھول چمکیلے ارغوانی ہوتے ہیں ، مقامی طور پر اسے Christmas tree بھی کہتے ہیں ۔

Poi/Poe : (n) [Hawaiian name.] Hawaii میں تیار کیا جانے والا ،

سے متعلق ھے : نقد شعر : (نیز) شاعری سے متعلق کتابچہ (خصوصاً) ارسطو کی بوطیقا (Poetics) ۔ (۲) (جمع) شعر : نظم : منظوم فن پارہ ۔

Poetical : (a) (۱) شعری: شاعرانہ : شاعر کا ۔ (۲) شاعر یا شاعر کی خصوصیت کا ۔ (۲) شاعر جیسا : شاعر کی خصوصیت کا حامل ۔ (۴) منظوم : شعر میں لکھا ہوا : نظم کیا ہوا ۔ (۵) اعلیٰ شعری خصوصیات کا حامل : جس میں اعلیٰ شعری خوبیاں ہوں : شاعری سے بحث کرنے والا : شاعری کا حد درجہ شائق : دیوانۂ شعر ۔

Poetical justice /Poetic -: (n) شعری عدل : انصاف شاعرانہ : داد منصفانہ (یعنی نظم، ڈرامے وغیرہ) میں بدی کی سرزنش اور نیکی کو سربلند کرنا ۔

Poetical licince/ Poetic -: (n) تصرف شاعرانہ : (بلند پایہ شاعر کا زبان وغیرہ کی معمولی قید و بند سے آزاد ہونا)۔

Poetical works (n) کلیات : دیوان : مجموعۂ منظومات ۔

Poetically : (adv .) شاعرانہ انداز میں : بہ انداز شاعرانہ :شاعرانہ : شاعر کی طرح : منظوم طور پر : شعری طرز میں ۔

Poeticize : (v) [f.Poetic+-ize.] (۱) (کسی موضوع یا مضمون پر) شاعرانہ رنگ چڑھانا : شعری خصوصیات سے مملو کرنا : شاعرانہ برتاؤ کرنا : شاعر کی طرح برتنا : شعر یا شاعری بنا دینا ۔ (۲) شاعرانہ انداز میں لکھنا یا بولنا : شاعر کی طرح یا شاعر کی حیثیت سے لکھنا یا بولنا ۔

Poetico : (comb) [L. 'poeticus. '] لاطینی لفظ Poeticus سے مشتق جز و ترکیبی بمعنی Poetic (شعری صفات کو کسی دوسری صفت کے ساتھ ظاہر کرنے کے لئے ترکیب میں استعمال کیا جاتا ھے مثلاً Poeticoantiquarian ۔

Poetics : (n) شعریات : فن شعر گوئی : مطالعۂ شاعری : مقالہ برفن شعر و سخن (خصوصاً ارسطو کا) بوطیقا ۔

Poeticule : (n) دیکھو Poetaster

Poetize : (v) [Fr. 'poetiser. '] (۱) شاعر کا رنگ اختیار کرنا : شاعر کی بولیاں بولنا : شاعر کی طرح لکھنا ۔ (۲) شعر کہنا : نظم لکھنا ۔ (۳) شاعرانہ انداز میں بیان کرنا ۔ (۴) تہنیت آمیز نظم لکھنا : (کسی واقعہ کو) نظم میں قلم بند کرنا : منظوم کرنا ۔

Poetomachia : (n) [f.L. 'Poeta'+Gr. 'machia. '] شاعروں کا مقابلہ : (خصوصاً) الیزبیتھی ڈرامہ نویسوں کی ادبی نوك جھونك ، مشاعرہ ۔

کہتے ہیں)۔

Poimenics (n) [Gr. 'poimenikos .'] پادریوں کے متعلق علم : پادریات ۔

Poinciana : (n) [mod.L.f. The name of M.de 'Boinic,' 17 th cent . governor of the Antilles .] گرم ملکوں والا ایك درخت جس کے پھول گلنار ھوتے ہیں ۔

Poind : (n) (۱) (اسکاٹستانی) قرقی : ضبطی ۔(۲) قرق کیا ھوا یا کانجی ہاؤس میں بند جانور ۔

Poind : (v) [Sc.repr. of OE. ' pyndan.'] (۱) (کسی شخص یا اس کے اثاثے پر) قبضہ جمانا : (انھیں) اپنے قبضے میں لے لینا ۔ (۲) قرق کرنا : ضبط کرنا ۔(۳) جانوروں کو کانجی ہاؤس میں بند کرنا ۔

Poinder : (n) قرق کرنے والا : (چیزیں) ضبط کرنے والا : مویشی کو قرق کرنے یا کانجی ہاؤس میں بند کرنے والا : قرق کنندہ : قرقی دار ۔

Poinsettia : (n) [mod.L.after.J.R. 'Poinsett, American Minister to Mexico.] ایك قسم کے پودے Euphorbia کی میکسیکن نوع جس کے ننھے ننھے سبزی مائل زرد پھول نارنجی مائل گہرے سرخ رنگ کی پھول نما لمبی پتیوں سے گھرے ھوتے ہیں ۔

Point : (n) [L.'punctum.'] (۱) نقطہ (جو حرف وغیرہ پر لگایا جائے) : بندو : کسی سطح پر کوئی ننھا سا دھبا یا نشان : داغ یا اس جیسی کوئی چیز ۔ (۲) نشان وقف (خصوصاً جملہ ختم ھونے کا) فل اسٹاپ ۔(۳) نشان اعشاریہ : علامت اعشاریہ ۔ (۴) امر: بات : (مسئلے یا معاملے کا) جز: حصہ ۔ (۵) (موسیقی) نغمے کا موضوع : آواز یا سُر کو ظاہر کرنے والا نشان : نغمے کا مختصر تناؤ یا وقفہ ۔ (٦) (نمائش میں) وہ نمبر جو اشیائے نمائش پر دیئے جائیں ۔ (۷) (اسٹاك) تمسکات کی قیمت کی اکائی : پائنٹ ۔(۸) (طباعت) ٹائپ کے ناپنے کی اکائی (خصوصاً Didot -point جو فرانسیسی انچ کا ۱/۷۲ ھوتا ھے) ۔(۹) (ہندسہ) نقطہ : ہندسی نقطہ ۔ (۱۰) محل : مقام : موقع : جائے وقوع : (علم النجوم) مقام ۔(۱۱) (شکار) وہ مقام جہاں تك شکاری سیدھے دوڑیں : سیدھی دوڑ ۔ (۱۲) (نقابت) ڈھال کی سطح کے نو حصوں میں سے کوئی حصہ ۔(۱۳) (حرارت وغیرہ کا) کوئی خاص درجہ یا نقطہ : کسی پیمانے کا نشان : درجہ ۔ (۱۴) (کام کرنے کا) عین وقت : موقع ۔(۱۵) مخصوص صفت : خصوصیت ۔(۱٦) اہم بات : زیر بحث مسئلہ : موضوع بحث ۔(۱۷) (نیز Point lace) کروشیا کی لیس یا بیل : (غلط استعمال) تکیے کی جھالر جو اس بیل کے

ایك پکوان جو Taro یا Kalo نام کے پودے کی جڑ کو پیس کر ،گوندھ کر اور خمیر اٹھا کر تیار کیا جاتا ھے ، (نیز) کیلے اور Pandanus کے پھلوں سے تیار کیا ھوا پکوان : پوئی ۔

Poignancy : (n) [f. Poignant.] (بو یا ذائقہ کی) تیزی : شدت : چبھتا ھوا ھونا ۔

Poignant : (a) [Fr,'Poignant.'] (۱) تیز بو : تیز ذائقہ : تیکھا ۔(۲) تکلیف دہ اور شدید : سخت یا تیز ۔ (۳) چبھتا ھوا : تیز : جسمانی یا ذہنی احساسات کو مجروح کرنے والا یا تکلیف پہنچانے والا ۔(۴) چٹ پٹا : مشتہی : اشتہا خیز ۔ (۵) ہیجان آور : اشتعال انگیز یا برانگیختہ کرنے والا : محرك : للچانے یا لبھانے والا ۔ (٦) (لفظ یا طرز اظہار) تیز : تیکھا : چبھتا ھوا : اشتعال انگیز : ابھارنے والا ۔

Poignant hunger : (n) تیز بھوك ۔

Poignant regret : (n) سخت افسوس : شدید ملال ۔

Poignant sarcasm : (n) چبھتا ھوا طنز ۔

Poignantly : (adv.) شدت سے : تیزی سے : شدید طور پر : چبھتے ھوئے انداز میں : اشتہا انگیز طور پر : تیکھے پن کے ساتھ : چٹ پٹے انداز میں ۔

Poikilitic : (a) [var.of Poecilitic.] (ارضیات) ایك اصطلاح جس کا اطلاق زیر جوراسی Jurassic اور قدیم ترین سلسلۂ طبقات الارض کے بالا ترین حصے کی Permian بوقلموں چٹانوں کے نظام پر ھوا کرتا تھا ۔

Poikilo -: Poecilo کا متبادل ۔

Poikilocyte : (n) فاسد خلیۂ خون ۔

Poikilocytosis : (n) گوناگوں خلیات : خون میں فاسد خلیات کی موجودگی ۔

Poikilotherm : (n) (حیوانیات) مختلف حرارتی سرد خون حیوان (مثلاً مینڈك) جس کے جسم کی حرارت عموماً اس کے ماحول کی حرارت سے قدرے زیادہ ھوتی ھے ۔

Poikilothermal/ -mic/-mous : (a) مختلف حرارتی سرد خون حیوان کا یا اس سے متعلق یا اس جیسا ۔

Poilu : (n) [Fr.] (فرانسیسی عامیانہ) پرائیویٹ سپاہی : فرانسیسی سپاہی : (جیسے انگریزی سپاہی کو Tommy

نمونے کی ہو۔ (۱۸) نوک : آنی (کسی ہتھیار کی)۔
(۱۹) سرا : نوک : کسی چیز کا نمایاں یا نکلا ہوا حصہ :
چوٹی : تیز یا نکیلا ابھار۔ (۲۰) راس : راس زمیں : پہاڑ
کی چوٹی ۔(۲۱) (فوج) چھوٹی سی ہرادل جماعت :
طلیعہ۔ (۲۲)(جمع) گھوڑے کے چاروں پاؤں (نچلے
حصے)۔ (۲۲) کوئی پتلی نوک کی سوئی یا سُوا (مثلاً
کندہ کاری کا سُوا) : سنگ تراش کی نکیلی چھینی۔
(۲۴) ہرن کے سینگ کی نوک۔ (۲۵) ریل کی متحرک
گاؤدم پٹری جس کی مدد سے ریل پٹری بدلتی ھے۔
(۲۶) (تاریخ) ایک قسم کا چھلے دارفیتہ : کم قیمت
چیز : معمولی چیز۔ (۲۷) (جہازرانی) پال بند(چھوٹی
چھوٹی رسیاں جو بادبان کے نچلے حصے میں بندھی
ہوتی ہیں)۔(۲۸)شکار کی نشان دہی جو ایک خاص
قسم کا شکاری کتا کرتا ھے۔ (۲۹) Backgammon کی
بساط کا گاؤدم خانہ :میز کے بارہ گاؤدم خانوں میں سے
کوئی ایک۔ (۳۰) قطب نما یا کمپاس کے بتیس نقطوں
یا مقامات میں سے کوئی ایک (جو ایک دوسرے سے ۱۱،۱۵
درجے کا زاویہ بناتے ہیں) : (جغرافیہ) نقطۂ قطب نما :
جہت قطب نما۔(۳۱) قصے وغیرہ کی خاص بات :خاص
نکتہ : ظرافت کی خاص بات : موثر یا گفتنی بات : سخن
گفتنی : (نیز) خیال کا انوکھا یا اہم موڑ۔ (۲۲) چبھتی
ہوئی بات : نوک کی بات : تقریر یا تحریرکا اہم نکتہ۔
(۲۲) (کرکٹ)آف کے وکٹ کے قریب کا مقام : وہ فیلڈر
جو اس مقام پر کھڑا ہوتا ھے۔ (۳۴) (علم النجوم)
سمت : (جمع سموت)۔ (۳۵) کسی بسیط کل کی واحدیا
علاحدہ دفعہ : شق : مد : جزئیہ (جمع جزئیات)۔
(۳۶) کسی چیز کا بہت چھوٹا حصہ : ذرہ : پیمائش کی
ادنیٰ ترین اکائی۔ (۳۷) کھیل کود میں نمبروں کے شمار
کی اکائی : پوائنٹ ۔(۳۸) کسی مقابل کو دوسروں پر فائق
کرنے والی صفات کی کوئی اکائی (۳۹) وہ مقام جہاں
پولیس کا سپاہی تعینات ہو۔ (۴۰) (معاملات کا) نازک
مقام : لمحۂ فکریہ۔ (۴۱) (وقت)کمترین وقفہ : لمحہ :
پل۔ (۴۲) کسی جانور کی مخصوص جسمانی حالت یا
صفت (خصوصاً وہ) جس سے اس کی نسل کی بہتری
یا خالصیت کا فیصلہ کیا جا سکے : (اسی طرح) کسی
شخص یا چیز کی کوئی ممتاز صفت یا خاصیت۔
(۴۳) نشانہ : مقصد : وہ چیز جس پر نشانہ لگایا جائے
یا جس کی تمنا کی جائے : مقصود : انجام۔(۴۴) نوک
دار یا چبھنے والی چیز یا آلہ۔ (۴۵) (شکار) شاہین کا
ہوا میں عموداً (سیدھا) اوپر جانا۔ (۴۶) (شکاری
کتے کا) رک کر اور آگے کی طرف گھور کر شکار کی
موجودگی یا پوزیشن کا اشارہ دینا۔ (۴۷) اشارہ :
ہدایت : مشورہ : رہنمائی۔(۴۸) نکیلے پن کا درجہ
یا حد۔ (۴۹) (برقیات) دھات کا پوائنٹ جہاں سے
بجلی خارج ہوتی ھے یا جہاں جمع ہوتی ھے : (نیز)
برقی روشنی میں پنسل یا کاربن کا ہر ایک پوائنٹ۔
(۵۰) (روزمرہ) ٹرام : بس وغیرہ کا اسٹیج جہاں سے
کرائے کا حساب ہوتا ھے۔(۵۱) (حیوانیات) نوک زبان

(۵۲) قضیہ : دعویٰ : موضوع جس پر بحث کی جا
سکتی ہو: نزاع : نزاعی مسئلہ۔

At all points : ہر حصے میں : سب کہیں۔

At point : (کچھ ہونے یا کرنے کے) قریب : تیار۔

At the point of : لگ بھگ : قریب۔

At the point of death : قریب المرگ : نزع کی حالت میں۔

Boiling point : (حرارت کا)نقطۂ جوش(جس پر پہنچ کر
کوئی چیز کھولنے لگے۔

Bone point : ہڈی کی نوک : نوکِ استخواں۔

Bread and point : آلو اور روٹی کھانے کے لئے اور گوشت ،
مچھلی وغیرہ محض دیکھنے کے لئے۔

Far point : (بصریات)نقطۂ بعید۔

Freezing point : (حرارت کا) نقطۂ انجماد (جس پر پہنچ
کر کوئی چیز جم جائے)۔

From point to point : ایک نکتے سے دوسرے نکتے تک ایک
جزئیے سے دوسرے جزئیے تک : تمام جزئیات کے ساتھ :
بالتفصیل۔

Full point : وقفۂ کامل : نقطۂ کامل : وقف لازم (تحریر اور
عبارت میں وقف کی علامت): فل اسٹاپ۔

In point : موزوں :برجستہ :ٹھیک :باموقع:برمحل : مناسب۔

In point of : متعلق : بابت : درباب (فلاں شے وغیرہ)۔

In point of fact : در اصل : در حقیقت : جہاں تک سچائی
کا تعلق ھے۔

It is a point of conscience : یہ ضمیر کا معاملہ ھے : یہ
ایمان کا معاملہ ھے۔

Laurel leaf point : (ما قبل تاریخ) لارل پتی کی نوک۔

Near point : (بصریات) نقطہ کے قریب۔

Nine or eleven points : (دس میں نو یا بارہ میں گیارہ
حصے) : کثرت:بڑی تعداد:(کسی چیز کے) بیشتر حصے :
(کسی کل کے) بیشتر اجزاء۔

Not to put too fine a point upon it : کھری کھری سنانا : لگی لپٹی نہ رکھنا ۔

Of the third (or fourth) point : تیسرے (یا چوتھے) درجے کی تیزی کا : کم شدید : کم تیکھا ۔

On or upon the point of : عنقریب : بہت قریب : بس کرنے ہی کو : کچھ کرتے ہی ۔

On the point of doing : کچھ کرنے ہی پر : بس کرنے ہی والا ۔

Plane lance point : بھالے کی سادہ نوک ۔

Possession is nine (or eleven) points of the law : قانون میں قبضہ سب کچھ ھے ۔

Potatoes and point : (مزاحاً) آلو اور روٹی کھانے کے لئے اور گوشت ، مچھلی وغیرہ محض دیکھنے کے لئے ۔

Singing is not his strong point : گانا اس کی امتیازی خصوصیت نہیں ھے ۔

That is just the point : یہی تو بات ھے ۔

The point : موضوع بحث : اہم بات : اہم نکتہ :اہم چیز.

The point /The point of the jaw : (مکا بازی) ٹھوڑی کا سرا جس پر ایسا مکاپڑتا ھے کہ حریف کو عموماً شکست ہو جاتی ھے ۔

The point of honour : اپنی ذلت کی تلافی کے لئے ڈوئیل لڑنے کا وجوب : وہ بات جو کسی کے وقار کو شدت سے متاثر کرتی ہو ۔

To carry one's point : اپنی بات منوالینا :اپنا مقصدحاصل کرلینا ۔

To come to a point : کتے کا کسی مقام پر رك کر اورشکار پر نگاہ جما کر یا اس کی طرف گھور کراس کی موجودگی یا پوزیشن کو ظاہر کرنا ۔

To come to points : (تلوار سے) لڑائی شروع کرنا: (تلوار کی) جنگ کا آغاز کرنا ۔

To come to the point : اصل مقصد بیان کرنا : اصل موضوع پر آنا : تمہید یا دیگر باتوں کو چھوڑ کر گفتگو کے اصل موضوع یا اہم نکتے کی طرف مڑنا.

To gain a point /To get points : رعایت پانا : مراعات حاصل کرنا ۔

To give points to : کھیل میں (حریف سے) رعایت کر کے کھیلنا : (مجازاً) بڑھا چڑھا ہونا: کہیں زیادہ قابل ہونا.

To keep to the point : (گفتگو میں) اصل موضوع سے نہ ہٹنا : اہم نکتے یا اصل موضوع سے گریز نہ کرنا بلکہ اس پر جمے رہنا ۔

To make a point : (۱)(کسی قضیے کی) دلیل پیش کرنا : (کسی دعوے کو) ثابت کر دینا : اپنی بات منوا لینا : مقصد حاصل کرلینا ۔(۲) دیکھو To come to a point .

To make a point of : (کسی امر کو) نہایت اہم اور ضروری : ضروری خیال کرنا ۔

To make (her) point : (شاہین بازی) پرند کا ہوا میں عموداً بلند ہونا یا اس طرح پرواز کرنا ۔

To make his point : (لومڑی کا) سیدھے دوڑ کر کسی مقام پر پہنچنا : سیدھے دوڑ کر اپنے نشانے تك پہنچنا ۔

To point : (۱)انتہائی یا تمام جزئیات کے ساتھ :ٹھیك ٹھیك : بالکل درستگی سے:کامل طور پر ۔(۲)دیکھو To the point .

To put too fine a point upon : لگی لپٹی رکھنا: غیر ضروری تکلف یا نزاکت کا اظہار کرنا : غیر ضرورت نفاست دکھانا ۔

To strain a point /To stretch a point : اپنی حد سے آگے قدم بڑھانا : حد سے بڑھنا : حد سے گزر جانا : اپنی بساط سے باہر ہونا ۔

To the point : موزوں : برجستہ : ٹھیك : برمحل : باموقع مناسب : درست :چسپاں:معقول:متعلق بہ امر زیر بحث : مناسب موقع : موضوع بحث سے متعلق : وقت پر : موقع پر ۔

When it came to the point he declined : موقع آیا تب اس نے انکار کردیا ۔

Point : (v) (۱) نوك نکالنا : تیز کرنا : نوك دار بنانا : نکیلا کرنا ۔ (۲) اوقاف لگانا : نقطے لگانا (شاذ) (۳) (مناجاتوں وغیرہ پر) گانے کے لئے نشان کرنا :موسیقی کی علامت لگانا ۔ (۴) (بات میں) بات یا لطف پیدا کرنا : ظرافت پیدا کرنا : نوك پیدا کرنا : نکتے نکالنا یا پیدا کرنا ۔ (۵) (اینٹوں کی دیوار، فرش وغیرہ کے) جوڑ بھرنا (ریختہ یا گچ سے) ٹیپ کاری بنانا یا کرنا ۔(۶)(پھاوڑے

کی نوک سے) کھاد یا مٹی کو پھوڑنا : الٹ پلٹ کرنا : برابر کرنا۔ (۷) متوجہ کرنا : توجہ مبذول کرنا : اشارہ کرنا۔ (۸) (کتے کا) شکار کی نشان دہی کرنا۔ (۹) (بندوق وغیرہ کا) رخ کسی کی طرف کرنا : (انگلی یا ہتھیار وغیرہ) کسی کی جانب اٹھانا۔ (۱۰) مائل ہونا : رجحان ہونا : نشانہ لگانا : نشانہ ہونا : میلان ہونا۔ (۱۱)اعشاری نشان لگانا (اعداد کے لئے)۔ (۱۲) (جہاز رانی) (کسی مستول یا بلّی کی) نوک میں چھلا پہنانا یا اسے چھلے سے گزارنا : پرونا : سوئی میں دھاگا ڈالنا۔ (۱۳) انگلی سے بتانا : اشارہ کرنا (کسی سمت) : اس طرح کسی چیز کی طرف توجہ مبذول کرانا۔ (۱۴) (مجازاً) ذہن یا خیال کو کسی جانب موڑنا: اشارہ کرنا : کنایہ کرنا۔(۱۵) (کسی چیز کا) مقام یا سمت بتانا : توجہ موڑنا : دکھانا : بتانا (اب Point out بولتے ہیں)۔ (۱۶) (کسی شخص کو ، اس کی توجہ کو یا اس کے راستے کو) کسی سمت موڑدینا : (نگاہ یا ذہن کو) کسی طرف موڑنا ،یا کسی پر مرکوز کرنا۔(۱۷) (کسی خط کا) سرا کسی چیز کی جانب ہونا: کسی مخصوص سمت میں ہونا۔ (۱۸) (پھوڑے وغیرہ کا) نکیلا ہونا : منہ والا ہونا۔ (۱۹) Backgammon وغیرہ کھیلوں میں (کسی شخص کو) میز کے بارہ گاؤدم خانوں میں سے کسی ایک پر رکھنا۔

To point a cable or rope : رسے وغیرہ کے سروں کو بتدریج پتلا کرنا : نوک دار بنانا۔

Point at infinity : (n) (ارضیات) لامتناہی پر نقطہ۔

Point-bar : (n) کرگھے کے ایک پرزے Jacquard apparatus کی سوئیوں میں سے کوئی ایک جس کی حرکت سے Pattern بنتا ہے۔

Point-blank : (a) (۱) (بندوق کا نشانہ) سیدھا : افقی۔ (۲) سیدھا بلا واسطہ : راست۔

Point-blank : (n) (۱) وہ فاصلہ جہاں تک کسی نشانے پر بندوق وغیرہ سے افقی طور پر مار کی جا سکتی ہو۔ (۲) دیکھو Point-blank distance ۔

Point-blank : (adv) (۱)بہ خط مستقیم :بالکل سیدھا : افقی سمت میں : سیدھے نشانے سے : براہ راست۔ (۲) (مجازاً) صاف صاف : صاف لفظوں میں : بے لاگ لپیٹ کے۔ (۳) چھوٹتے ہی : بے تامل : پھٹ سے۔

He refused it point-blank : اس نے بلا تامل انکار کر دیا: پھٹ سے انکار کر دیا۔

I told him point-blank it would not do : میں نے اس سے صاف صاف کہہ دیا کہ اس سے کام نہیں چلے گا۔

Point-blank fire /-firing /-shot /-trajectory : (n) براہ راست داغی ہوئی گولی : سیدھے داغی ہوئی گولی۔

Point-blank distance /-range /-reach : (n) وہ فاصلہ جہاں تک کسی نشانے پربندوق وغیرہ سے افقی طور پر مار کی جاسکتی ہو: وہ فاصلہ جہاں تک افقی طور پر بندوق کی سیدھ میں گولی داغی جا سکتی ہو قبل اس کے کہ وہ اس افقی خط سے نمایاں طور پر نیچے آنے لگے یا آجائے۔

Point-constable : (n) سپاہی جو شارع عام پر گاڑیوں کی آمدورفت کو درست رکھنے کے لئے مقرر کیا جائے : ٹریفک کا سپاہی جو کسی مخصوص مقام پر مقرر ہو۔

Point d'Alencon / -espagne/ -venise : (n) (اپنے حقیقی یا مفروضہ مقامات آغاز کے اعتبار سے) مختلف جھالروں کے نام۔

Point d'appud : (n) [Fr.] نقطۂ انکار : (فوج) انحصار : پایہ۔

Point d'arret : (n) (ہندسہ) وہ نقطہ جس پر کوئی انحنا اچانک رک جاتی ہے۔

Point-device : (a) مکمل طور پر درست : بالکل درست : ٹھیک یاصحیح : جچا تلا: کانٹے کا تلا : انتہائی درست یا صاف ستھرا : ہر طرح مکمل۔

Point-device : (adv.) بالکل ٹھیک ٹھیک : ہر طرح مکمل ہو کر : کانٹے میں تول کر : جچے تلے انداز میں : پوری طرح :کامل طور پر۔

Point-duty : (n) تنظیم آمدورفت : اس سپاہی کا کام جو شارع عام کے کسی مخصوص مقام پر گاڑیوں کی آمد ورفت کو درست رکھنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے : ٹریفک ڈیوٹی۔

Point-handle : (n) لیور یا بیرم جس کے ذریعہ ریل کی پٹری بدلی جاتی ہے۔

Point-lace (a) ایک قسم کی جھالر یا لیس جو سوئی سے بنائی جاتی ہے۔

Point-lever : (n) دیکھو Point handle

Point-net : (n) معمولی یا ہلکی جالی دار جھاہر جو سوئی سے بنائی گئی ہو : معمولی جالی جو سوئی بنائی جاتی ہے۔

Point of action : (n) (میکانیات) نقطۂ عمل۔

Point of contact : (n) (ہندسہ) نقطۂ تماس : نقطۂ اتصال۔

Point of core : (n) نقطۂ قلب۔

Point of honour : (n) عزت کا معاملہ ؛ وہ بات جس سے عزت پر آنچ آتی ہو یا وقار کو ٹھیس لگتی ہو ؛ (لہٰذا) ذلت کی تلافی کے لئے ڈوئیل لڑنے کا وجوب یا جواز ۔

Point of intersection : (n) (ہندسہ) نقطۂ تقاطع ۔

Point of return : (n) وہ منزل یا مقام جہاں سے لوٹ کر آنا ممکن نہ ہو: وہ جگہ جہاں سے اپنا راستہ بدلنا ممکن نہ ہو : (نیز مجازاً)۔

Point of order : (n) ضابطے کا سوال (قانونی معاملات میں یہ سوال کرنا کہ فلاں بات ضابطے کے اندر ھے یا نہیں) ۔

Point of support : (n) (طبیعیات) سہارے کا نقطہ ۔

Point of suspension : (n) (طبیعیات) نقطۂ تعلیق ۔

Point of the compass : (n) قطب نما (کمپاس) کے بتیس نقطوں یا مقامات میں سے کوئی ایک جو ایک دوسرے سے ۱۱،۱۵ درجے کے زاویہ بناتے ہیں ؛ کمپاس کا افقی نقطہ ؛ نقطۂ قطب نما ؛ جہت قطب نما ؛ (جمع) نقاط قطب نما ؛ جہات قطب نما ۔

Point of the sword : (n) تلوار کی نوک ؛ شمشیر یا برچھی وغیرہ کی أنی یا نوک ۔

Point of view : (n) (۱) وہ مقام جہاں سے کوئی چیز دیکھی جا سکے ؛ (بصریات) نظر گاہ ؛ وہ مقام جہاں سے تصویر لی جا سکے ۔ (۲) (مجازاً) نقطۂ نظر ؛ نقطۂ خیال ؛ انداز نظر ۔

Point of war : (n) (قدیم) وہ نغمہ جو باجے سے علامت کے طور پر بجایا جائے کہ جنگ کا موضوع شروع ھوگا ۔

Point-paper : (n) نقلیں تیار کرنے یا خاکوں ، ڈیزائنوں کو دوسرے کاغذ وغیرہ پر منتقل کرنے والا سوراخ دار یا چھلنی نما کاغذ (مثلاً سائیکلواسٹائل کے لئے تیار کیا ہوا یا کشیدہ کاری کے ڈیزائن اتارنے والا کاغذ) ۔

Point-plate : (n) (طباعت) نقطوں کی پلیٹ ۔

Point-policeman : (n) دیکھو Point-constable

Point source of light : (n) (بصریات) نقطۂ مبداء نور۔

Point-to-point : (a) خط مستقیم میں ایک نقطے سے دوسرے نقطے یا ایک مقام سے دوسرے مقام تک بنا ہوا ،کھینچا ہوا، شمار کیا ہوا وغیرہ (خاص کر میدانی دوڑ cross-country race میں) ۔

Point-to-point : (n) میدانی دوڑ ؛گھڑ دوڑ ایسے علاقے میں جہاں کھائیاں اور باڑیں ھوں ؛ کھائی باڑ گھڑ دوڑ ۔

Pointal : (n) (نجاری) راج کھم ۔

Pointed : (a) (۱) نوک دار ؛ نکیلا؛ تیز نوک کا ؛ نوک دار سرے والا ؛ سرے پر گاؤدم ۔(۲) (تعمیرات) نوک دار (محراب) ، (وہ طرز تعمیر) جس میں نوک دار محرابیں ھوتی ہیں ۔(۳) چبھتی ھوئی ؛ نوک کی ؛ پتے کی ؛ طعن آمیز (بات) ۔ (۴) مڑا ھوا؛ رخ کئے ھوئے ؛ نشانہ باندھے ھوئے ؛ (مجازاً) پر زور ؛ کھری کھری ؛ کھلی ھوئی ؛ صریح ۔(۵) ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح ؛ بے کم و کاست ؛ بالکل درست ۔

Pointed arch : (n) نوک دار محراب ؛ وہ طرز تعمیر جس میں نوک دار محرابیں ھوتی ہیں ۔

Pointedly : (adv.) چبھتے ھوئے الفاظ میں ؛ طعن آمیز طریقے سے ؛ کھرے طور پر ؛ صاف صاف ؛ صریحاً ؛ نکیلے طور پر ؛ پر زور انداز میں ۔

Pointedness : (n) نکیلا پن ؛ نوک داری ؛ چبھتا ھوا ھونا ؛ طعن آمیز ھونا ؛ صفائی ؛ صراحت ؛ کھراپن ؛ تیزی ؛ زور ۔

Pointer : (n) (۱) اشارہ کرنے والا ؛ نوک نکالنے والا ؛ تیز کرنے والا ؛ نقطے لگانے والا ؛ بات میں بات پیدا کرنے والا۔(۲)(گھڑی کی) بڑی سوئی ؛ عقربہ ؛ (ترازو کا) کانٹا ؛ ہر آلے کی سوئی جو پیمائش کا کام دے ۔(۳) وہ چھڑی جس کے اشارے سے نقشہ ،تختۂ سیاہ پر لکھی تحریر وغیرہ دکھائی جاتی ھے ؛ شکار نما کتا ؛ ایک خاص نسل کا کتا جسے شکار (خصوصاً پرند) کی نشان دہی کے لئے ساتھ رکھا جاتا ھے ؛ ہادی کتا ؛ پوائنٹر ۔ (۵) (جمع) دلیلیں (یہ دُبّ اکبر کے دو روشن ترین ستارے ہیں اگر ان کے درمیان ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے تو اس کا رخ قطب تارے کی طرف ھوگا ؛ ہادئیین۔ (٦)(جہاز رانی) (جمع) لکڑیاں جو کبھی کبھی جہاز کے تہ خانے کے وار پار شہتیروں کو سہارا دینے کے لئے آڑی ترچھی لگی ھوتی ہیں ۔ (۷) (روز مرہ)اشارہ ؛ کنایہ ۔

Pointer of balance : (n) ترازو کا نمائندہ :ترازو کا کانٹا :شاہین ترازو۔

Pointillism/ Pointillisme : (n) [Fr. f. 'Pointiller.'] نقاطی مصوری ؛ نقطوں کی مصوری ؛ فرانس کے اثر پرست نقاشوں یا مصوروں (Impressionist painters) کا ایجاد کردہ ایک طریقہ جس کے تحت وہ کسی سطح کو مختلف رنگ کے ننھے ننھے بے شمار نقطوں سے بھر دیتے ہیں جنھیں دیکھنے سے آنکھوں میں تمام رنگ گڈمڈ ھو کر ایک روشن تاثر یا منور نقش پیدا کرتے ہیں ۔

Pointillist : (n) نقاطی مصور : رنگین نقطوں پر مشتمل تصویریں بنانے والا : فرانسیسی اثر پرست مصور یا نقاش (نیز توصیفی معنوں میں)۔

Pointing : (n) (۱) اشارہ کرنا : بتانا : توجہ مبذول کرنا : (کسی کی کی طرف ہتھیار وغیرہ کا) رخ کرنا۔(۲) نقطے لگانا : اوقاف لگانا۔ (۳) دیوار وغیرہ کے جوڑ ریختے یا گچ سے بھرنا : ٹیپ کاری : ٹیپ : گچ کی بھرائی۔(۴) مل میں لے جانے سے قبل غلے کے دانوں کی ڈنٹی وغیرہ صاف کرنا۔ (۵) کسی چیز کی نوک یا انگلی سے بتانے یا اشارہ کرنے کا عمل : (مجازاً) لفظی اشارہ،کنایہ : ایما : لقمہ (قاری وغیرہ کو اگلا لفظ بتانا)۔ (۶) (ہلکی بادبانی کشتی ڈونگی وغیرہ کا) اس طرح کھینا کہ اس کا پیش ہوا کے (مخالف) رخ پر ہو۔ (۷) ریلوے لائن کو ایک دوسرے سے ملانے والی گاؤدم پٹریاں لگانا۔

Pointless : (a) (۱) بے نوک کا : کند : منڈا۔(۲) جس میں کسی قسم کی ظرافت یا کوئی خاص بات نہ ہو : بے چمک : بے مزہ : بے لطف : بے معنی : مہمل : لغو : بے اثر۔ (۳) جس نے کھیل میں کوئی پوائنٹ نہ بنایا ہو : (وہ کھیل) جس میں کوئی پوائنٹ نہ بن سکا ہو۔

Pointlessly : (adv.) (۱) کندی سے : کند طور پر۔(۲) بے لطف یا بے اثر طور پر : بے معنی انداز میں : مہمل طور پر۔ (۳) (کھیل میں) بغیر کوئی پوائنٹ بنائے ہوئے۔

Pointlessness : (n) (۱) کندی : بے نوک پن۔ (۲) بے لطفی : بے نمکی : بے معنی ہونا۔(۳) (کھیل میں) کوئی پوائنٹ نہ بنا سکنے کی حالت۔

Pointlet : (n) چھوٹا نشان : چھوٹا نقطہ یا دھبا : چھوٹی نوک : چھوٹا سرا۔

Pointleted : (a) (نباتیات) چھوٹی سی نوک والا : چھوٹے سرے والا : چھوٹی سی نوک میں بدل جانے والا : چھوٹی پھننگ والا : باریک نوک والا۔

Points at issue (n) (قانون) امور تصفیہ طلب۔

Points of similarity : (n) امور مشابہت۔

Pointsman : (n) (۱) ریل کا پوائنٹ مین : ریلوے یا ٹراموے کی پٹریاں بدلنے والا : کانٹے والا۔ (۲) گاڑیوں کی آمدورفت کو درست رکھنے کے لئے شارع عام کے مخصوص مقام میں متعین پولیس کا سپاہی۔

Poise : (n) [OFr. 'pois.'] (۱)بار :بوجھ ۔(۲) توازن :(مجازاً)طبیعت کا سکون یا توازن۔ (۳) سر کے جھکانے (وغیرہ) کا خاص انداز۔ (۴) دگدھا : دبدھا : پس و پیش : تامل : امید و بیم کی حالت : فیصلہ نہ کرنے کی حالت : تذبذب۔ (۵) متوازن حالت :حرکت یا تغیر کی دو مدتوں کے درمیان کا وقفہ۔ (۶) پاسنگ۔ (۷) (عضویات) پوئز (لزوجت کی اکائی)۔

Poise : (v) (۱) وزن برابر رکھنا : توازن قائم رکھنا : متوازن رکھنا۔ (۲) معلق رکھنا : سہارا دے کر سنبھالے رکھنا : معلق ہونا۔ (۳)سر یا جسم کو کسی خاص انداز سے جھکانا۔ (۴) متوازن ہونا : وزن کا برابر ہونا : کسی چیز کے سہارے قائم ہونا۔ (۵) پر تولے ہوئے ہوا میں قائم ہونا۔

Poiser : (n) متوازن رکھنے والا : توازن قائم رکھنے والا : پاسنگ : متوازن رکھنے والی چیز) خصوصاً حشرات میں وہ زائدے یا بازو جو دو بازو والے کیڑوں کے پچھلے بازوؤں کی جگہ لے لیتے ہیں)۔

Poison : (n) [ME.'puison.'] (۱) زہر : سَم : بِس۔ (۲)(مجازاً) مہلک اصول یا نظریہ : زہریلا خیال : مضر یا زہریلا عنصر : خطرناک عقیدہ۔

One's poison : اپنی پسندیدہ شراب۔

Slow poison : (n) میٹھا زہر: دیر اثر زہر جو پے در پے دینے سے اثر کرتا ھے۔

They hate each other like poison : وہ ایک دوسرے سے سخت نفرت کرتے ہیں۔

Poison : (v) [OFr. 'poisonner.] (۱) زہر دینا : زہر دے کر مار ڈالنا۔ (۲) زہر پھیلا دینا : سمیت پیدا کردینا (خون، زخم وغیرہ میں)۔(۳) پانی وغیرہ میں زہر ملانا : مسموم کرنا : زہریلا یا زہرآلود کرنا۔(۴) (ہتھیارکو) زہر میں بجھانا : زہریلا بنانا۔(۵) (کسی کے) خیالات کو خراب کرنا : طبیعت کو بری راہ پر لگانا : بگاڑنا۔ (۶)(عیش، خوشی وغیرہ کو) تلخ کرنا۔(۷) (زمین بھٹی وغیرہ کی) ہوا کو زہرآلود کرنا۔(۸)(کسی عمل،حالت وغیرہ کے لئے) مضر، مہلک یا تخریبی ثابت ہونا:مہلک یا مضر ہونا۔(۹) (کسی چیز کو) گندہ یا بیکار کردینا (مضر یا نقصان دہ اجزا شامل کرکے)۔

To poison a person's mind against : کسی کو کسی کے خلاف بد ظن کردینا۔

Poison-ash : (n) سمی سُمّاق : ایک لانبی شمالی امریکی جھاڑی جس کی پتیاں لبلاب سمی(Poison-ivy) کی طرح سخت ہوتی ہیں جن کے چھوتے ہی زہر اثر کرتا ھے۔

Poison berry : (n) (نباتیات) مَرگ ماہی ۔

Poison-cup : (n) (۱) زہر کا پیالہ : زہر کا جام ۔ (۲) پیالہ وغیرہ جو زہر انڈیلتے ہی ٹوٹ جائے ۔

Poison-dogwood /-elder : (n) دیکھو Poison-ash

Poison-gas : (n) زہریلی گیس (جو دشمن فوج کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Poison-gland : (n) زہریلی گلٹی ۔

Poison-hemlock : (n) (امریکا) شیکران (common hemlock) :ایك زہریلا درخت یا پودا جس کا عرق مسکّن ہوتا ہے ۔

Poison-ivy : (n) (نباتیات) لبلاب ستّی شمالی امریکا میں -Poison Sumac کی ایك نوع جو بیل کی طرح چڑھتی ہے ، اس کی پتیوں کو چھونے سے زہریلا اثر پیدا ہوتا ہے ۔

Poison-nut : (n) Tanghinia venenifera (نباتیات)جو زالُنقی ؛ کچلا : نام کے درخت کا بیج جو انتہائی زہریلا ہوتا ہے اور جسے مڈغاسکر کے لوگ اذیت ناك سزا کے طور پر استعمال کرتے ہیں : (نیز) وہ درخت ۔

Poison-oak : (n) (نباتیات) سمی بلوط : سّمی سُمّاق ۔

Poison-parsnip : (n) (نباتیات) جنگلی گاجر : زہریلی گاجر ۔

Poison-pen : (n) اہانت آمیز،فحش،دشنام آمیز اور معاندانہ خطوط لکھنے والا گمنام شخص:ایسے خطوط لکھنا : (نیز) بہ طور صفت ۔

Poison-ring : (n) حلقہ جس کے ذریعہ ہتھیلی تك زہر پھیلا دیاجاتا تھا (اب زہریلے پودوں کے ناموں میں مستعمل ہے)۔

Poison-sumac : (n) دیکھو Poison ash

Poison-tree : (n) زہریلا درخت یا پودا (مختلف زہریلے درختوں کو کہتے ہیں)۔

Poisonable : (a) زہریلا : خطرناك : مہلك : مضر : سم آلود : مسموم : زہر دیئے جانے کے لائق ۔

Poisoner : (n) زہردینے والا:زہر خورانی کا مجرم:زہر آلود کرنے والا : سمیت پیدا کرنے والی چیز : بگاڑنے والا : بری راہ پر لگانے والا ۔

Poisoning : (n) (۱) زہر خورانی : زہر آلود کرنے یا زہر دے کر مار ڈالنے کا عمل : سمیت : مسمومیت ۔(۲) مرکب الفاظ میں ایسے لفظ کا جزوثانی ہوتا ہے جو بحیثیت (الف) عامل یا واسطے کے آتا ہے مثلاً beer, food-, Phosphorus Poisoning وغیرہ ۔ (ب)(بحیثیت) معروض کے مثلاً -Blood-poisoning

Blood-poisoning : تسَمّم : سمیت خون : ان بیماریوں پر اطلاق ہوتا ہے جو خون کو خراب کر دینے والے نامیاتی مادے کی خوم میں شمولیت سے پیدا ہوتی ہیں : تسمیم الدّم : خون میں زہر پھیل جانا (Toxaemia)۔

Poisonous : (a) (۱)زہریلا : زہر آلود؛ مسموم ؛ زہر جیسا؛ فاسد ؛سمّی ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی طور پر بگاڑنے والا؛ بری راہ پر ڈالنے والا : مخربِ اخلاق : خراب کرنے والا : بدخواہ : بد باطن : خبیث : (of کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ۔

Poisonously : (adv) زہریلے پن سے : زہر آلود ہوکر یا زہر آلودطور پر:بدباطنی سے:خباثت سے:بدخواہی سے: مخرب اخلاق طور پر ۔

Poisonousness : (n) سمیت: زہریلاپن :زہرآلودگی: بدباطنی: خباثت ۔

Poisons act : (n) (قانون) قانون سموم ۔

Poisonwood : (n) (۱) Rhus کی بعض زہریلی انواع کا نام۔ (۲)ویسٹ انڈیز کا زہریلا درخت یا پودا : Sebastiana lucida نام کا درخت یا پودا ۔

Poissarde : (n) [Fr.] (۱)نچلے طبقے کی فرانسیسی عورت:(خصوصاً) پیرس کی ان دکان دار عورتوں میں کے ایك جنھوں نے پہلے انقلاب فرانس میں بلوائیوں کی رہبری کی تھی ۔ (۲) فرانس کی ماہی فروش عورت : فرانسیسی مچھیرن ۔

Poisson bleu : (n) [Fr.] ایك قسم کی نیلی مچھلی جوبلی سے مشابہ ہوتی ہے یہ سو پونڈ وزن تك کی ہوتی ہے اور کھائی جاتی ہے ،اسے Blue cat یا Blue cat fish بھی کہتے ہیں ،یہ وادئ مسی سی پی میں پائی جاتی ہے : نیلی گربہ ماہی ۔

Poisson distribution : (n) [after Simeon D. 'Poison ',French Mathematician and Statistician] شماریاتی تقسیم ۔

Poisson's ratio : (n) نسبت پوئسن : تناسب پوئسن ۔

Poitrel : (n) [OFr. 'Poitral .] (۱) (تاریخ) گھوڑے کے سینے کو محفوظ رکھنے والی زرہ ۔(۲) چار آئینہ : (تاریخ) عورتوں کے لباس کے سامنے کا حصہ جو پندرھویں تا سترھویں صدی میں مستعمل تھا ۔

Poivrade : (n) [Fr. 'poivre .'] ایک قسم کی چٹ پٹی چٹنی یا اچار جیسے سرخ مرچ کو سرکے میں بھگو کر بناتے ہیں مرچ کا اچار (Pepper-sauce) وغیرہ ۔

Poke : (n) [ONFr-'poque, poke.'] (۱) (بول چال) : تھیلا : تھیلی : بورا : بوری ۔ (۲) گردن کا تھیلی نما ورم : گردن میں تھیلی سی لٹک جانے کا مرض۔(۳) بھیڑوں کے جبڑوں کے نیچے تھیلی نما ورم جو بھیڑوں کی ایک بیماری(جگر کی خرابی) کی علامت ھے اور اس سے اس مرض کا پتا چلتا ھے۔ (۴) (روزمرہ یا بول چال) مچھلی کا شکم : معدۂ ماہی : شکم ماہی ۔

To buy a pig in a poke : بغیر دیکھے بھالے یا بے سمجھے بوجھے کوئی چیز خرید لینا : بے دیکھے بھالے سودا کرنا : اٹکر لیس سودا کرنا : "پانی میں بھینس اور اوپر مول" کرنا ۔

Poke : (n) [Prob . f. Poke .v. '] (۱)عورتوں کی ٹوپی یا ہیٹ کا آگے نکلا ہوا کنارا یا چھجا۔(۲) Poke-bonnet کا مخفف ۔

Poke : (n) [f.Poke .v. '] (۱) (چھڑی کی نوک یا ہاتھ سے کسی چیز کو) دھکیلنے ، ٹھوکا دینے ،دبانے یاٹھیلنے کا عمل : دھکا : ٹھوکا : ھول : کھرنچ ۔ (۲) (لکڑی ، کھونٹا وغیرہ) کوئی چیز جومویشیوں ، سوروں وغیرہ کی گردن میں باندھ دی جاتی ھے تا کہ وہ باڑ توڑ کر یا پھاند کر باہر نہ نکل سکیں ۔ (۳) (امریکی روزمرہ) کاہل شخص : بے کار تضیع اوقات کرنے والا : نکما اور آوارہ شخص ۔

Poke : (n) [N.Amer.Indian.] (نباتیات) Phytolacca کی امریکی قسموں کا نام : خصوصاً Phytolacca decandra : خربق امریکی ۔

Indian poke : (۱) شمالی امریکا کاسفید Hellebore درخت اور اس کی جڑ : سفید خربق امریکی ۔(۲) Poke-weed کی جڑ۔

Poke : (v) [(m) LG., (M) Du. 'Poken. '] (۱) (چھڑی کی نوک ، ہاتھ یا بازو سے کسی چیز کو) ٹھیلنا : دھکا دینا : دنانا : اٹھانا : چھونا : گھسانا ۔ (۲) کہنی مارنا : کہنی سے دھکا دینا ۔ (۳) (بول چال) (up کے ساتھ) تنگ و تاریک کمرے میں بند ہو کر بیٹھ رہنا ۔ (۴) انگاروں کو دست پناہ (Poker) سے الٹ پلٹ کرنا ۔ (۵) (in کے ساتھ) گھسا کر یا چبھو کر سوراخ کر دینا۔(۶) (at کے ساتھ) (چھڑی وغیرہ سے) ھُول مارنا : ھول دینا۔(۷) خواہ مخواہ گھسا دینا یا داخل کر دینا۔(۸) (into کے ساتھ) راز جوئی کرنا : ٹوہ لینا : ہر طرف جھانکتے پھرنا : (کونے کھدروں میں) تلاش کرنا : (مجازاً) تفتیش کرنا : پتا لگانا ۔ (۹) بے دلی سے کام کرنا : آوارہ گردی کرنا : بیکار ادھر ادھر پھرنا ۔ (۱۰) سر کو آگے کرنا : جھکنا:سر سے ھول مارنا:پھینٹنا: اچھی طرح چلا دینا : حل کرنا ۔ (۱۱) (چھڑی یا جسم کے کسی حصے سے)ٹھوکا دے کر مخاطب کرنا:خواہ مخواہ دخل انداز ہونا : (کسی کے) پھٹے میں پاؤں ڈالنا ۔

Don't poke your nose into my affairs : میرے معاملات میں خواہ مخواہ دخل نہ دو:میرے معاملات میں خواہ مخواہ ٹانگ نہ اڑاؤ ۔

To poke : ہر طرف جھانکتے پھرنا : کونے کھدروں میں تلاش کرنا: ٹوہ لینا : (مجازاً) تفتیش کرنا : پتا لگانا ۔

To poke about / To poke and pry : راز جوئی کرنا : تجسس کرنا : کرید کرنا ۔

To poke fun (at) : مضحکہ اڑانا : پھبتیوں اور فقروں کی بوچھارکردینا(خصوصاً چالاکی سے : بالواسطہ طور پر)۔

To poke one in the rib : کہنی مارنا : گدگدانا ۔

To poke one 's head : عادتاً سر جھکا کر چلنا ۔

To poke the head : To poke دیکھو

To poke through : (ہتھیار وغیرہ) بھونکنا : گھسا کر یا چبھوکر سوراخ کر دینا : (ہتھیار سے) چھید کر دینا ۔

Poke : (v) [f.Poke (n)] (جانوروں کی گردن وغیرہ میں) لکڑی ، کھونٹا یا کوئی ایسی چیز باندھ دینا کہ وہ باڑ توڑ کر یا پھاند کر باہر نہ نکل سکیں ۔

Poke-berry : (n) Phytolacca decandra کی سیاہ بیری یا اس کا پودا ۔

Poke-bonnet : (n) چھجے دار ٹوپی خصوصاً سالویشن آرمی کی (Salvation Army) عورتوں کی ۔

Poke-pudding /Pock pudding : (n) (۱) (بول چال ، اسکاٹستانی) تھیلی میں پکائی ہوئی پڈنگ۔(۲) (اسکاٹستانی) پیٹو : بندۂ شکم:موٹا تازہ آدمی:انگریز (مزاحاً)۔

Poke-root : (n) (۱) شمالی امریکا کا سفید Hellebore درخت اور اس کی جڑ : سفید خربق امریکی ۔ (۲) Poke-weed کی جڑ ۔

Poke-weed : (n) Phytolaccaکی امریکی قسم : خربق امریکی : خربق سفید ۔

Poker : (n) [f.Poke (v) ' +ER.] (۱)کریدنی: آگ کریدنی:آگ کریدنے کی سلاخ : آتش کاوا : کرچھا : سیخ ۔ (۲) (مزاحاً) Bedel,verger وغیرہ کے ساتھ چلنے والا عملہ۔ (۳) (آکسفورڈ اور کیمبرج میں) نقیب : عصا بردار

چہرے پر جذبے کا اثر جلد نہ ہوتا ہو ؛ جس کا چہرہ دیکھ کر کسی بات کا اندازہ لگانا محال ہو۔

Poker-painting : (n) آتشیں کندہ کاری ؛ سیخ کاری ؛ سیخ نما آلے کو گرم کرکے سفید لکڑی یا چمڑے پر آرائشی نقش و نگار بنانے کا کام۔

Poker-picture : (n) آتشیں کندہ کاری سے بنائی ہوئی تصویر۔

Poker-work : (n) دیکھو Poker-painting

Pokerish : (a) آتشیں سلاخ یا سیخ کی طرح سخت ہو جانے والا؛ سخت اطوار ؛ درشت مزاج۔

Pokerish : (a) (امریکی روزمرہ) بھوت جیسا ؛ پراسرار ؛ بھیانک ڈراؤنا ؛ غیر طبعی ؛ غیر قدرتی ؛ فوق الفطری۔

Poking : (a) (۱) آگے کو نکلا ہوا ؛ آگے کو سر جھکائے ہوئے۔ (۲) کاہل (شخص) ؛ کاہلانہ ؛ بے دلی کا (کام) ؛ آوارہ گرد ؛ بیکار ادھر ادھر مارا مارا پھرنے والا؛ ادنیٰ کاموں میں وقت صرف کرنے والا ؛ پھیری کرنے والا؛ پھیری کرکے سودا بیچنے والا ؛ حقیر ؛ چھوٹا ؛ کم مایہ ؛ ادنیٰ درجے کا؛ گھٹیا ؛ کم حیثیت؛ کم ظرف۔ (۳) تنگ (جگہ) ؛ حبس (مقام)۔

Poking : (n) (۱)(چھڑی یا جسم کے کسی حصے سے) ٹھیلنا ؛دھکا دینا ؛ اکسانا ؛ کریدنا ؛ چبھانا ؛ گھسانا۔ (۲) دیکھو Poking Stick-

Poking iron / -stick : (n) (تاریخ) سولھویں صدی میں رائج چنٹ دار گلوبند کی چنٹ یا شکن کو کڑا کرنے والی چھڑی یا سلاخ جو ابتداً لکڑی یا ہڈی کی ہوا کرتی تھی بعدہٗ لوہے کی استعمال ہونے لگی تا کہ اسے گرم کرکے استعمال کیا جائے۔

Poky : (a) (۱) کاہل (شخص) ؛ کاہلانہ ؛بے دلی کا (کام)؛آوارہ گرد ؛ بیکار ا ادھر ادھر مارا پھرنے والا ؛ ادنیٰ کاموں میں وقت صرف کرنے والا ؛ پھیری کرنے والا ؛ پھیری کرکے سودا بیچنے والا ؛ حقیر ؛ چھوٹا؛ کم مایہ ؛ ادنیٰ درجے کا ؛ گھٹیا ؛ کم حیث ؛ کم ظرف ؛ (شغل یا پیشہ) ادنیٰ۔ (۲) تنگ (جگہ)؛ حبس (مقام) ؛ بند بند ؛ گھٹیا ؛ میلا (کمرہ یا مقام)۔ (۳) بد قطع ؛ بھدا ؛ حقیر ؛ خستہ ؛ فرسودہ ؛ پھٹا ہوا (لباس وغیرہ)۔ (۴) (کرکٹ)بلے بازی کے وقت گیند کو بلے کے سرے سے مارنے کے لئے تیار ؛ جسے بلے کے سرے سے گیند مارنے کی عادت ہو۔

Polacca : (n) [It.] پولیکا ؛ ایک قسم کا پولستانی ناچ ؛ (نیز)وہ گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ہے۔

جو اپنے عملے کے ساتھ نائب امیر جامعہ کے آگے آگے چلتا ہے۔ (۳) وہ آلہ جسے گرم کر کے لکڑی کی چیزوں پر نقش و نگار کھودتے ہیں ؛ (نیز) اس طرح کی کندہ کاری ؛ آتشیں کندہ کاری ؛ سیخ کاری۔ (۵) دیکھو Red-hot-poker۔ (۶) چبھونے والا؛ بھونکنے والا ؛ دھکیلنے والا ؛ ہول مارنے والا ؛ ٹھیلنے والا ؛ گھسانے والا ؛ کریدنے والا؛ آتشیں کندہ کار۔ (۷) (مجازاً) درشت مزاج شخص۔

As stiff as a poker : ماش کے آٹے کی طرح اینٹھا ہوا۔

By the holy poker : تمسخر کے طور پر یہ قسم کھاتے ہیں۔

Red-hot poker : جنوبی افریقہ کے سوسنی پودوں کی ایک قسم کا نام جس میں زرد اور ارغوانی رنگ کے پھول لگتے ہیں جنھیں Flame-flower بھی کہتے ہیں۔

Poker : (n) [origin doubtful.] (مریکی روزمرہ) ھوّا ؛دیو ؛ آسیب ؛ بھوت ؛ پریت ؛ بیجا (بیجھا)۔

Old poker : شیطان ؛ ابلیس۔

Poker : (n) [orig.U.S.of doubtful origin.] پوکر(تاش کاایک کھیل جو امریکا میں رائج ہے یہ دو یا زیادہ اشخاص کے درمیان کھیلا جاتا ہے۔ ان میں ہر ایک اپنے ہاتھ کے پتے دکھا کر ان کی اہمیت کے لحاظ سے بولی بولتا ہے جس کے پتے دوسروں سے بڑے ہوتے ہیں وہی جیتتا ہے)۔

Poker : (n) ایک قسم کی بط ؛ دیکھو Pohard۔

Poker : (v) f.Poker (n) ,'] (۱) کرچھے یا سلاخ سے کریدنا ؛ کریدنی سے آگ کریدنا۔ (۲) سلاخ یا سیخ کی طرح بنانا (غلط استعمال)۔ (۳) آتشیں کندہ کاری کرنا ؛آتشیں کندہ کاری سے آراستہ کرنا۔

Poker-bearer : (n) (آکسفورڈ یا کیمبرج کا) بیڈل (Bedel) ؛ منتظم جلوس ؛ ایک عہدہ دار جس کے ذمہ جلوس کا انتظام ہوتا ہے ؛ عصا بردار ؛ نقیب۔

Poker-drawing : (n) آتشیں کندہ کاری ؛ سیخ کاری ؛ سیخ نما آلہ کو گرم کرکے سفید لکڑی یا چمڑے پر آرائشی نقش و نگار بنانے کا کام۔

Poker-face : (n) ایسا چہرہ اجس کی تہ تک پہنچنا مشکل ہو یا جسے دیکھ کر کوئی بھی اندازہ کرنا ممکن نہ ہو ؛ جس کے چہرے پر جذبے کا اثر جلد ظاہر نہ ہوتا ہو ؛ جذبات سے عاری چہرہ ؛ (روز مرہ) ایسے چہرے والا شخص۔

Poker-faced : (a) سخت رو ؛ جذبات سے عاری چہرے والا ؛ جس کے

Polacca : (n) پولاکر : پولاکا : سہ ستونی تجارتی جہاز جوبحر روم میں چلتا ھے ۔

Polack : (n) [Fr. 'polaque.'] (۱)پولستانی : پولینڈ کا باشندہ ۔ (۲)پولستانی مرغ جس کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ھے ۔

Polack : (a) پولش : پولستانی ۔

Polacre : (n) [Fr. 'Polacre.'] پولاکر : پولاکا : سہ ستونی تجارتی جہاز جو بحر روم میں چلتا ھے ۔

Poland : (n) مشرقی یورپ کا ایک ملک : پولینڈ : پولستان: لہستان: Poland oats اور Ploand fowl کا مخفف۔

Poland fowl : (n) مرغیوں یا گھریلو پرندوں کی ایک نسل جن کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ھے : پولستانی مرغ ۔

Poland wheat : (n) سفید گندم ۔

Polander : (n) دیکھو Poland fowl

Polar : (a) [mod.L. 'polaris.'] (۱) قطبی : قطب جنوبی یا شمالی کا : قطب شمالی یا جنوبی کے قریب کا ۔ (۲) مقناطیسی : قطبی میدان رکھنے والا ۔ (۳) جس میں مثبت یا منفی برق ہو) یعنی جس کے سرے قطبین کی طرف مائل ہوں) : قطب دار ۔ (۴) (سالمات) جو خاص ترتیب سے ہوں اور کسی خاص سمت رخ رکھتے ہوں : قطبی : مقناطیسی قوت سے متاثر سالمات جیسا ۔ (۵) (ہندسہ) کسی قطب سے متعلق : قطبی ۔ (۶) (مجازاً) قطب صفت : قطب تارے یا قطبی سے مشابہ مرکز کا کام دینے والا: شمع ہدایت یا رہنما اصول کا کام دینے والا : مرکزی یا رہنما اصول والا ۔ (۷) بالکل بر عکس (خاصیت ،عمل یا رجحان میں)۔ (۸) (ریاضیات) کسی خط منحنی جیسا ۔ (۹) دو مخالف سمتوں میں عمل کرنے والا : متخالف السمت : متخالف العمل : متضاد (نیز مجازاً) ۔ (۱۰) (حیاتیات) کسی بیضے یا عصبی خلیے وغیرہ کے) قطبین کا یا اس سے متعلق ۔

Polar : (n) (ہندسہ) قطبی منحنی : قطبیہ ۔

Polar axis : (n) (جغرافیہ) قطبی محور ۔

Polar bear : (n) سفد ریچھ : قطبی ریچھ ۔

Polar body : (n) قطبی جسم : قطبی خلیّہ ۔

Polar circle : (n) قطبی دائرہ : قطبی حلقہ : دوائر قطبی میں سے ہر ایک دائرہ جو خط استوا کے متوازی ھے اور قطبین سے ۲۳ درجے، ۲۸ دقیقے کے فاصلے پر ھے نیزجو منطقہ قطب شمالی و منطقہ قطب جنوبی کو احاطہ کرتا ھے ۔

Polar compression : (n) تسطیح قطبی ۔

Polar coordinates : (n) (ریاضیات) قطبی مُرتّب : قطبی منظم یا محدد (خطوط وغیرہ) ۔

Polar curve : (n) (ریاضیات) قطبی انحنا : قطبی منحنی (وہ خط منحنی جو کسی قطب سے ایک مقررہ نسبت رکھتاہو)۔

Polar diagram : (n) (ریڈیو)قطبی شکل ۔

Polar dial : (n) قطبی ڈائل : وہ ڈائل جس کی سوئیوں کا رخ قطبین کی طرف ہو ۔

Polar diameter : (n) قطبی قطر ۔

Polar distance : (n) (ہندسہ) بُعد قطبی : قطبی فاصلہ : کُرے پر کسی نقطے کا قریب قطب سے فاصلہ ۔

Polar equation : (n) (ریاضیات) قطبی مساوات (قطبی مُرتّب یا محدد خطوط وغیرہ کے مابین) ۔

Polar globules : (n) (حیوانیات) قطبی جُسیمات ۔

Polar hare : (n) سفید خرگوش : قطبی خرگوش ۔

Polar lights : (n) انوار قطبی : شفق قطبی : شمالی یا جنوبی قطب کی روشنی ۔

Polar projection : (n) دیکھو Projection : قطبی تظلیل : قطبی اظلال ۔

Polar reciprocal : (a) (ریاضیات) قطبی مکانی ۔

Polar regions : (n) قطبی خطے ۔

Polar star : (n) قطب تارا : قطبی تارا : دُبّ اصغر : رہنما تارا :(مجازاً) رہنما : ہادی : مرجع نظر : مرجع قلوب : مرجع ۔

Polar winds : (n) قطبی ہوائیں ۔

Polari -: (comb.) لاطینی لفظ Polaris بمعنی قطبی ، سے مشتق جو تقطیب کے معنی پیدا کرتا ھے ۔

Polarimetric : (a) تقطیب پیما کا : تقطیب پیمائی کا : تقطیب پیما یا

تقطیب پیمائی سے متعلق۔

Polarimetry : (n) تقطیب پیمائی : تقطیب نور کی پیمائش یا تجزیے کا فن یا عمل۔

Polaris : (n) [Short for mod.L.Stella polaris.'] قطب تارا ؛دھرو تارا۔

Polariscope : (n) تقطیب بیں ؛ تقطیب نور کو ظاہر کرنے والا یا تقطیب شدہ رشنی میں موجود اشیا کو دیکھنے والا آلہ۔

Polariscopic : (a) تقطیب بیں کا ؛ تقطیب بینی کا ؛ تقطیب بیں یا تقطیب بینی سے متعلق۔

Polariscopy : (n) تقطیب بینی ؛ تقطیب بیں کے استعمال کا فن۔

Polarity : (n) (۱) قطبی میلان : قطب نمائی (کی خاصیت) ؛قطبین کی طرف مائل ہونے کی صفت یا خاصیت۔ (۲) کسی جسم کی یہ صفت کہ اس کا محور ہمیشہ ایک خاص رخ پر رہے۔ (۳) کسی چیز کے دونوں (قطبین) سروں کا متضاد صفت رکھنا۔ (۴) (مجازاً) اجتماع ضدین۔ (۵) مثبت یا منفی برقی کیفیت۔ (٦) (مجازاً) مقناطیس کی سی کشش : کسی چیز کی طرف کھینچنا۔ (۷) دو مخالف سمتوں میں بڑھنے کا میلان (بہ زمان و مکان یا بہ لحاظ ترتیب۔ (۸) (بصریات) روشنی کی وہ صفت جس سے وہ تقطیب پذیر ہوتی ہے : تقطیب پذیر ہونے کی حالت : تقطیب پذیری (غلط استعمال)۔ (۹) (مجازاً) (خیالات ، احساسات وغیرہ کا) ایک ہی نقطے کی جانب مرکوز ہونا : ارتکاز : کسی سمت کی جانب میلان یا جھکاؤ (خیالات وغیرہ کا)۔ (۱۰) (مجازاً) دو متخالف یا متضاد پہلوؤں ،اصولوں یا میلانات کا حامل ہونا یا اس کا اظہار۔

Polarizable : (n) قابل تقطیب : تقطیب پذیر : لائق تقطیب۔

Polarization : (n) [Fr. 'polarisation.'] (۱) تقطیب : تقطیب نور : روشنی یا ضوفشاں حرارت کا تغیر و تبدل جس میں روشنی کی شعاع مختلف سمتوں میں مختلف خاصیتیں ظاہر کرتی ہے : مخالف سمتوں کی خاصیتیں یکساں ہوتی ہیں جبکہ زاویۂ قائمہ بناتی ہوئی دو شعاعوں کا اختلاف سب سے زیادہ ہوتا ہے ؛تقطیب کا عمل؛ تقطیب کی حالت پیدا کرنا۔(۲)برقی تقطیب ؛مقناطیسی تقطیب: (چھڑ تار وغیرہ کے) مخالف سروں کو مخالف مقناطیسی خاصیت دینا۔

Angle of polarization : تقطیبی زاویہ ؛شعاع کا وہ زاویہ جس پر اس شعاع کی انتہائی تقطیب واقع ہوتی ہے (مختلف مادوں میں یہ زاویہ مختلف ہوتا ہے)۔

Circular polarization دائری تقطیب۔

Electric polarization : برقی تقطیب۔

Elliptic polarization : بیضوی تقطیب۔

Plane of polarization : استوائی تقطیب : تقطیب کا استوا ؛ سطح تقطیب۔

Plane polarization : مستوی تقطیب۔

Rotary polarization : گردشی تقطیب۔

Polarize : (v) [In sense 1 -Fr. 'polarisar',In other senses f. Polar+ -ize] (۱)تقطیب کرنا (حرارت ،روشنی وغیرہ کی شعاعوں پر ایسا اثر ڈالنا کہ ان کے دونوں سروں میں مختلف خاصیتیں پیدا ہو جائیں یعنی یہ کہ دو شعاعوں کے مخالف سرے یکساں خاصیت رکھتے ہوں)۔(۲)(مقناطیسی برقیات) (لوہے کی سلاخ وغیرہ میں) قطبی میلان یا برقی کیفیت پیدا کرنا۔ (۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ کی) من مانی تعبیر کرنا؛خاص معنی پیدا کرنا۔ (۴) (مجازاً) ایک رخ پر لانا : مختلف چیزوں میں ایک رنگ پیدا کرنا۔ (۵)یك سمتیت بخشنا(کسی چیز کو) : یکسو کرنا۔

Polarized : (a) تقطیب شدہ : مقَطَّب۔

Polarizer : (n) مقطِّب؛ تقطیب گر : تقطیب کرنے والا خصوصاً آلۂ تقطیب میں کی وہ پلیٹ یا منشور (prism) جو شعاع نور کی تقطیب کرتا ہے (analyser کا بر عکس)۔

Polarizing : (n) عمل تقطیب : تقطیب۔

Polarizing : (a) تقطیبی : تقطیب گر۔

Polarizing angle : (n) (بصریات) تقطیبی زاویہ : شعاع کا وہ زاویہ جس پر اس شعاع کی انتہائی تقطیب واقع ہوتی ہے (مختلف مادوں میں یہ زاویہ مختلف ہوتا ہے)۔

Polarizing microscope : (n) مقطب خردبین ؛ تقطیب گر خردبین : ایک قسم کی خرد بین جو کسی جانچ کے لئے تقطیب شدہ روشنی پیدا کرتی ہے۔

Polarizing Nicol : (n) مقطب نکول؛ تقطیب گر نکول۔

Polarly : (adv) قطبی طریقے سے : مقناطیسی طریقے سے : قطبی سمت میں : قطبی انداز میں : قطبین کی طرح ؛ قطبی درجے میں۔

Polaroid : (a) تقطیبہ : تقطیب نما۔

Polarward : (adv) قطبی خطے کی طرف : قطبی خطے کی جانب۔

Polatouche : (n) [Russ. 'poletukha.'] پولاطوش : ایک قسم کی چھوٹی اڑنے والی گلہری (یورپ اور شمالی ایشیا کی)۔

Polder : (n) [MDu. 'polre, '(mod) 'polder.'] آب برآمد خطہ :پولڈر : دریا برآمد نشیبی زمین (ہالستان اور بلجیم میں) (نیز) توصیفاً۔

Pole : (n) [Late OE. 'pal.] (۱) بانس : بلّی : بانسہ (خیمے کی)چوب: (تار کا) کھمبا : ستون۔(۲) گاڑی کا بم۔ (۳) پول : ڈنڈا: بانس وغیرہ بطور پیمانہ ساڑھے پانچ گز : خطی پیمانہ : افقی پیمانہ۔ (۴) (جہاز رانی) جہاز کا مستول : مستول کا بالائی سرا جو رسّے ،چرخیوں وغیرہ سے اوپر نکلا ہوا ہوتا ھے۔(۵)رقبے کا پیمانہ: ایک بانس یا ایک پول لمبا اور چوڑا جو سوا تیس مربع گز کے برابر ہوتا ھے۔

Under (bare) poles : (بحری) بغیر بادبان چڑھائے : بادبان لپیٹے ہوئے یا لپیٹ کر۔

Up the pole : (عامیانہ) شکل میں : مخبوط : سودائی : ڈگمگاتے قدم سے چلتا ہوا : نشے میں : بدمست۔

With (bare) poles : (بحری) بغیر بادبان چڑھائے :بادبان لپیٹے ہوئے یا لپیٹ کر۔

Pole : (n) [L. 'polus.'] (۱) قطب (جنوبی یا شمالی) :محور ارض کا (جنوبی یا شمالی) سرا : کرۂ فلکی کا (شمالی یا جنوبی) نقطہ جس کے گرد ستارے گھومتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں : (نیز) قطب تارا۔ (۲) (ہندسہ) کسی کرّے کے وہ دو نقطے جن پر کوئی دائرہ اس کرّے کو قطع کرتا ھے : (Pole of a circle of the spher.) : قطبین کرہ۔ (۳) کوئی قائم نقطہ جس کی نسبت سے اور نقطوں کے محل کا تعین کیا جائے:نقطۂ قائمہ۔ (۴)(جمع) مقناطیس کے دو متقابل نقطے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ہیں : قطبین مقناطیس۔ (۵) برقی خانے (cell) یا مورچے (battery) کا منفی یا مثبت سرا : قطب۔ (۶) (حیاتیات) کسی کرّوی یا بیضاری عضو کے محور کا سرا۔ (۷) (مجازاً جمع) ایک دوسرے سے متضاد اصول : اضداد۔

Elevated pole : قطب مرتفع۔

Depressed pole : قطب مُنخَفَض۔

Megnatic pole : مقناطیسی قطب۔

North pole : قطب شمالی۔

South pole : قطب جنوبی۔

The Antarctic pole : قطب جنوبی۔

The Arctic pole : قطب شمالی۔

Pole : (n) [G.pole, 'ing .of 'polen.'] (۱) پولینڈ کا باشندہ : پولستانی۔(۲) پولستانی مرغ جس کے پر سیاہ اور کلغی سفید ہوتی ھے۔

Pole : (v) (۱) (کسی چیز میں) بَلّی ، بانس یا چوبیں لگانا۔ (۲) (گاڑی میں) بم لگانا۔ (۳) بانس یا بلی کے ذریعہ ڈھکیلنا ، سرکانا : کریدنا : گھسانا۔ (۴) گاڑی کے بم میں (گھوڑا) جوتنا۔ (۵) گاڑی کے بم سے مارنا یا دھکا دینا۔ (۶) بیڑے یا کشتی کو بانس سے ڈھکیلنا یا آگے بڑھانا : (نیز) اس طرح کشتی کا آگے بڑھنا۔ (۷) (پگھلی ہوئی دھات یا سیسے کو) سبز لکڑی کی بلی سے چلانا یا پھینٹنا تا کہ آکسیجن کا تناسب کم ہو جائے۔

-pole : (comb) یونانی لفظ 'Poulys' بمعنی "فروش" بیچنے والا سے مشتق جزوترکیبی جو تاجر کے لئے اب شاذ ہی استعمال ہوتا ھے مثلاً Bibliopole وغیرہ۔

Pole-axe / Poleaxe :(n) (۱) تبر : تیشہ : تبر نما جنگی جہاز : گنڈاسا۔ (۲) ایک قسم کا تبر جو قدیم زمانے میں بحری لڑائیوں میں رسے وغیرہ کاٹنے اور دشمنوں کو جہاز پر آنے سے روکنے میں کام آتا تھا (یہ قدرے چھوٹے دستے والا ہوا کرتا تھا)۔ (۳) تبر نیزہ : ایک ہتھیار جس میں تبر اور نیزہ ملا ہوا ہوتا تھا اور جسے بادشاہ یا کسی اہم شخصیت کا ذاتی محافظ لے کر چلتا تھا۔ (۴) بغدا : قصائی کا چھرا : ہتھوڑے دار کلہاڑی جس کی پشت پر ہتھوڑا ہوتا ھے اور جو جانوروں کو مار کر گرانے کے کام آتی ھے۔

Pole-bean : (n) چڑھنے والی سیم یا لوبیا۔

Pole-cap : (n) تلغرافی کے کھمبے کی انفصالی یا حاجز ٹوپی۔

Pole-cat : (n) قطبی بلی : ظربان : کھیکھر : چھوٹا سا خاکستری رنگ کا : نیولے جیسا بدبودار گوشت خوار چوپایہ جو یورپ میں پایا جاتا ھے : (مجازاً) ذلیل :کمینہ : پاجی : بدمعاش : رنڈی : کسبی : بیسوا : ڈیرہ دار : فاحشہ عورت نیز توصیفی معنوں میں۔

Pole-cell : (n) (برقیات) battery, cell یا مشین کے (مثبت ،منفی)

Poleman : (n) (۱) بانس ،بلی وغیرہ سے کام لینے والا : بانس ڈھونے والا یا اسے لے کر لڑنے والا شخص ۔ (۲) Montem کے Eton اسکول کی پانچویں کلاس کے بیرونی طلبا کے پیچھے پیچھے سفید لمبی چوبیں لے کر چلنے والے نچلے درجے کے طلبا کا نام۔

Polemarch : (n) [Gr. 'polimarchos'.] : (۱) (تاریخ یونان) سپہ سالار : فوجی کمانڈر ان چیف جس کے ذمہ وقت اور مقام کے لحاظ سے مختلف غیر فوجی فرائض ہواکرتے تھے ۔ (۲) ایتھنز کے نو چیف مجسٹریٹوں میں سے تیسرا چیف مجسٹریٹ جو ابتدا میں فوجی فرائض کا ذمہ دار بھی تھا۔

Polemic : (a) [mod.L. 'polemicus.'] : نزاعی : نزاع یا حجت سے متعلق: مناظرے سے متعلق : مباحثہ طلب : مناظراتی : مباحثہ انگیز : پر مناقشہ : متنازع فیہ : حجتی : بحث یا مباحثے کا شائق ۔

Polemic : (n) (۱) حجت : بحث : مناظرہ : مناقشہ ۔ (۲) مناظرہ کرنے والا : مناظرہ باز : حجتی : بحث یا مباحثہ کا شائق (خصوصاً دینیات میں)۔ (۳) (جمع) مناظرہ:فن مناظرہ ۔

Polemical : (a) مناظرے کا : حجت یا بحث سے متعلق :مناظراتی : نزاعی: مباحثہ طلب : حجتی : جنگی : فوجی : سپاہیانہ : جنگ جویانہ ۔

Polemically : (adv) مناظرے کی رو سے : نزاعی طور پر : سپاہیانہ : جنگ جویانہ ۔

Polemicist : (n) مناظرہ نویس : فن مناظرہ کا ماہر : مناظرے کا شائق یا حامی ۔

Polemist : (n) مناظرہ باز : مناظرہ کرنے والا : حجتی : بحث یا مناظرے کا شائق (خصوصاً دینیات میں) ۔

Polemize : (v) مناظرہ کرنا : حجت یا بحث کرنا : فن مناظرہ کی رو سے دلیل پیش کرنا یا بحث کرنا : کسی بحث یا نزاع کو جاری رکھنا۔

Polemoniaceae : (n) [L.f. 'polemonium.'] فلوکسیہ : سنبلیّہ ۔

Polemonium : (n) [L.] جنس سنبل آسمانی ۔

Polenta : (n) [L.] اطالوی طرز کا دلیہ (جس کو جَو اور دیگر چیزوں کو ملا کر بنایا جاتا ھے) ۔

Poler : (n) (۱) ہاپ کی بیلوں کی پرورش کے لئے بانس گاڑنے والا۔ (۲) (گاڑی کے) بم سے جتا ہوا گھوڑا : بم کا دو آخری سروں میں سے ہر ایک سرا ۔

Pole-changer : (n) برقی رو کی سمت کو بدلنے والی کنجی یا سوئچ ۔

Pole-crop : (n) سیم فصل ۔

Pole-face : (n) (مقناطیسی) قطبی رخ : قطبی پہلو ۔

Pole-hedge : (n) ٹٹی جس پر پھل دار پودوں کی بیلیں چڑھائی جاتی ہیں : (نیز) ٹٹی : ٹھٹھر ۔

Pole-horse : (n) بم کا گھوڑا : بم میں جوتا ہوا گھوڑا ۔

Pole-jumping : (n) بانس کدائی :چوب جست : بانس ہاتھ میں لے کر اس کی مدد سے کودنا یا پھاندنا ۔

Pole-lathe : (n) خراد مشین جس میں خرادی جانے والی چیزکو اس میں لپٹی ہوئی ایک رسی یا طناب کے ذریعہ گھمایا جاتا ھے جس کا ایک سرا کسی لوچ دار کھمبے سے بندھا ہوتا ھے اور دوسرا پائدان یا پاؤں سے چلنے والی بیرم سے۔

Pole-mast : (n) ایک ہی بلی سے بنا ہوا مستول : یک ستونی مستول ۔

Pole-masted : (a) ایک ہی بلی سے بنا ہوا : یک ستونی (مستول) : یک ستونی مستول والی (کشتی) ۔

Pole of a mirror : (n) آئینے کا قطب : آئینے کا مرکز : مرکز آئینہ ۔

Pole-piece : (n) وہ لوہا جس کے سرے پر برقی مقناطیس ہوتا ھے جس کے ذریعہ مقناطیسی قوت کے خطوط کسی نقطے پر مرکوز کئے جاتے یا کسی جانب موڑے جاتے ہیں ۔

Pole-star : (n) (۱)قطب تارا : دھرو تارا : نجم القطب : دُبِّ اصغر: رہنما تارا ۔ (۲) شمع ہدایت : چراغ راہ : رہنمااصول : مرکز کشش : رہنما : ہادی مرجع نظر : مرجع قلوب : مرجع ۔

Pole-strength : (n) (مقناطیس) قطبی طاقت ۔

Pole-torpedo : (n) جہاز کی بلی کے سرے پر بندھا ہوا تارپیڈو ۔

Pole-trap : (n) کھمبے کے اوپر بندھا ہوا دھات کا بنا گول پھندا (پرند وغیرہ کے پھنسانے کے لئے): ستون پھندا۔

Pole-vault : (n) (کھیل کود) بانس کود : بانس کدائی : چوب جست : بانس کے سہارے کودنا یا پھاندنا۔

Poleaxe : (v) ہتھوڑے دار کلہاڑی سے مار کر جانور کو گرانا : بغدے سے جانور کا سر کاٹ دینا۔

گھوڑا۔ (۲) کشتی ،ڈونگی ،بیڑے وغیرہ کو بانس سے ڈھکیلنے والا۔

Poles : (n) (۱) اضداد۔(۲) قطبین۔

Celestial poles : قطبین سماوی۔

Consequent poles : ثانوی قطب۔

Tarrestrial poles : قطبین ارضی۔

Poles of the Ecliptic : (n) قطبین طریق الشمس۔

Poleward : (adv) قطب کے رخ پر : قطب کی سمت میں : قطب (شمالی یا جنوبی) کی طرف قطب رخ ہو کر : مائل بہ قطب ہو کر۔

Poleward : (a) قطب رخ : قطب کی سمت کا : مائل بہ قطب :قطب کی جانب مائل یا مڑا ہوا : جس کا رخ قطب کی جانب ہو۔

Polewards (adv.) دیکھو Poleward (adv.)

Polewig : (n) [See Polliwog.] (۱) فرخ : مینڈك کا بچہ (جب تك اس کی دُم اور گلپھڑے موجود ہوں) بلبلیا۔ (۲) دریائے ٹیمس کی ایك چھوٹی مچھلی : چتلی گوبی (Goby) مچھلی۔

Poley / Polley : (a) (انگریزی بول چال اور آسٹریلیائی) بے سینگ کا: مثلاً : جس کی سینگ نہ ہو یا کاٹ دی گئی ہو۔

Poli-/ Polio-: (comb.) [Gr. 'polios'.] (۱) جزو ترکیبی بمعنی دماغ یا حرام مغز کے مادے کا یا اس سے متعلق۔ (۲) خاکستری : بھورا : سیاہی مائل سفید۔

Polianthes : (n) [L.] (نباتیات) جنس زنبق : جنس گل شبّو۔

Police : (n) [med.L. 'politia.'] (۱) نظم ملکی : امن عامہ : نظم و نسق۔ (۲) محکمۂ پولیس : محکمہ کوتوالی۔ (۳) پولیس (کی جماعت) : کوتوالی۔ (۴) ملازمین پولیس : پولیس والے۔ (۵) کیمپ وغیرہ کو صاف ستھرا یا اُن کی صفائی ، ستھرائی (امریکا)۔ (٦) آدمیوں کی کوئی جماعت جو نظم و نسق قائم رکھنے ، قوانین کو نافذ کرنے یا کسی سیاسی یا یکساں نظام کو قائم رکھنے کے لئے سرکاری طور پر مقرر ہو۔

Marine police : لندن کی بندرگاہ پر دریائے ٹیمس میں تجارتی جہازوں کو محفوظ آمدو رفت کے لئے ۱۷۹۸ء میں مقرر شدہ پولیس کی جماعت۔

Police : (v) (۱) پولیس کے ذریعہ ملك کا انتظام کرنا یا امن قائم رکھنا۔ (۲) پولیس مقرر کرنا : پولیس مہیا کرنا : پولیس کے ذریعہ محافظت یا نگرانی کرنا۔ (۳)(مجازاً) انتظام کرنا : نظم و ضبط قائم رکھنا : ملکی بندوبست کرنا۔

Police action : (n) فوجی کاروائی : ملٹری ایکشن جو امن عامہ کو درہم برہم کرنے والوں کے خلاف عمل میں لایا جاتا ہے۔

Police captain : (n) امریکا کے بڑے شہروں میں پولیس کا ایك ماتحت افسر : پولیس کپتان۔

Police court : (n) مجسٹریٹ کی عدالت : عدالت خفیفہ۔

Police dog : (n) پولیس کے ذریعے مجرموں کی نشاندہی کرنے والا تربیت یافتہ کتا۔

Police magistrate : (n) مجسٹریٹ : عدالت خفیفہ کا حاکم۔

Police office : (n) کسی شہر یا قصبے میں پولیس کا ہیڈ کوارٹر :پولیس آفس : پولیس کا دفتر (جہاں سے ضرورت کے مقامات پر پولیس بھیجی جاتی ہے)۔

Police officer : (n) پولیس کا عہدہ دار : پولیس افسر : عہدہ دار کوتوالی : پولیس کی جماعت کا کوئی رکن : سپاہی۔

Police science : (n) جرم کی تحقیق و تفتیش اور اس کے انکشاف سے متعلق علم۔

Police state : (n) پولیس اسٹیٹ:وہ ریاست جس میں نیشنل پولیس کی حکومت ہوتی ہے جو شہریوں کی نقل وحرکت پر نگاہ اور پورا قابو رکھتی ہے۔

Police station : (n) مقامی پولیس کی جماعت کا دفتر یا ہیڈ کوارٹر : پولیس کی چوکی :تھانہ :کوتوالی :پولیس اسٹیشن۔

Policed : (a) جہاں پولیس مقرر ہو : جہاں پولیس مہیا کی گئی ہو : جو پولیس کی نگرانی میں ہو۔

Policeman : (n) (۱) پولیس کا آدمی : پولیس یا کوتوالی کا سپاہی : پولیس کا ملازم : تنخواہ دار سپاہی : (نیز مجازاً)۔ (۲)ایك قسم کی چیونٹی جو لڑتی ہے: سپاہی چیونٹی۔

Policewoman : (n) زنانہ پولیس کی رکن : زنانہ پولیس :زنانہ سپاہی: پولیس میں ملازم عورت : پولیس کے فرائض انجام دینے والی عورت۔

Policlinic : (n) [Gr. 'polis+klinik.'] (۱) ذاتی مطب جہاں اونچے

درجے کے طلبا کسی پروفیسر کی نگرانی میں مریضوں کا علاج کیا کرتے تھے : سرریات خانگی : پرائیویٹ کلینك : سرریات بیرون دار الشفا. (۲) کسی شفا خانے کا وہ مطب یا صیغه جہاں بیرونی مریضوں کا علاج ہوتا ہے : مطب عمومی : بیرونی سرریات : صیغه خارجه ۔

Policy : (n) [OFr. 'policie. '] (۱) عقل سیاسی : سیاسی مصلحت اندیشی ۔ (۲) اصول جہانبانی : تدبر : مصلحت اندیشی : دور بینی : (سیاسیات) حکمت عملی ۔ (۳) چالاکی : عیاری : جوڑ توڑ : ڈپلومیسی ۔ (۴) (حکومت یا پارٹی کی) پالیسی : طریق عمل : طرز عمل : رویه : مسلك ۔ (۵) (اسکاٹستان) وہ پارك جو دیہات میں امراء کے مکانوں کے گرد ہوتا ہے ۔

Court of policy : برٹس گائنا کی مجلس مقننه یا مجلس قانون ساز ۔

Policy : (Fr. 'Police'.] (۱) بیمے کی پالیسی : دستاویز بیمه : بیمه نامه: معاہدہ بیمه : پالیسی Insurance policy یا Policy of assurance کا مخفف ۔ (۲) مشروط پروفیسری نوٹ یا درشنی ہنڈی جس کا انحصار بدلی ہوئی شرط کے نتیجے پر ہو ۔ (۳) قماربازی یا جوئے کی ایك شکل جس میں نمبروں پر بازی لگتی ہے جس کا قرعه اندازی یا لاٹری سے فیصله ہوتا ہے: لاٹری ۔

Floating policy : جہاز سے مال بھیجنے کی بیمه یا پالیسی جس میں کسی مخصوص جہاز کا جوکھم نہیں لیا جاتا بلکه اس کا مال کا جوکھم لیا جاتا ہے جو کسی بحری سفر میں ایك ہی بار ایك یا کئی جہازوں کے ذریعه بھیجا گیا ہو ۔

Open policy : وہ پالیسی جس میں بیمه شدہ چیز کی قیمت کا یقین یا تخمینه اس چیز کے کھو جانے یا نقصان ہو جانے کے بعد کیا جاتا ہے : کھلی پالیسی ۔

Wager- /wagering policy : ایك بیمه یا پالیسی جس میں بیمه کرنے والے کو بیمه شدہ چیز سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی : اب اسے ناجائز قرار دے دیا گیا ہے کیونکه یه ایك قسم کا جوا تھا ۔

Policy holder : (n) پالیسی دار : بیمه دار ۔

Policy-maker : (n) پالیسی ساز ۔

Policy of assimilation : (n) ادغام کی پالیسی ۔

Policy of containment : (n) سد باب توسیع پالیسی (حد کے اندر رکھنے کی پالیسی) ۔

Policy of non-alignment : (n) ناوابستگی کی پالیسی : عدم وابستگی کی پالیسی ۔

Policy of ringfence : (n) حصار بندی کی پالیسی (گھیرا ڈالنے کی پالیسی) ۔

Policy of splendid isolation : (n) باوقار علاحدگی کی پالیسی ۔

Policy science : (n) سماجیات کی ایك شاخ جو (حکومت یا تجارت کی) پالیسی بنانے یا اس عمل میں لانے سے بحث کرتی ہے ۔

Policy-shop : (n) (امریکا) جوا کھیلنے کی جگه : قمار گاہ جہاں قرعه اندازی یا لاٹری سے نکالے جانے والے نمبروں پر شرط بدی جاتی ہے ۔

Policy slip : (n) وہ ٹکٹ جس پر وہ نمبر ہوتا ہے جس پر قمار باز نے شرط بدی ہے : لاٹری ٹکٹ ۔

Policy wheel : (n) وہ پہیا جسے گھما کر لاٹری کے جیتنے والے نمبر حاصل کئے جاتے ہیں : لاٹری پہیا ۔

Poligar : (n) [Marathi. 'Palegar. '] (۱) پولیگر : جنوبی ہندوستان کا جاگیر دار ۔ (۲) اس جاگیر دار کا ملازم جو لوٹ مار کیا کرتا ہو ۔

Poligar dog : (n) جنوبی ہندوستان کا ایك کتا ۔

Poling : (n) (۱) ہاپ کی بیلوں کی پرورش کے لئے کھمبے گاڑنے کا عمل : گھوڑے کو گاڑی کے بم میں جوتنے کا عمل : بانس وغیرہ سے کسی چیز (کشتی وغیرہ) کو ڈھکیلنے کا عمل ۔ (۲) ہاپ کی بیلوں کے لئے لگائے ہوئے کل بانس یا بلیاں : کسی سرنگ یا کھوہ کی دیواروں کو روکنے کے لئے لگائی ہوئی بلیاں : (به حیثیت مجموعی) : بر گشت : پولنگ ۔

Polio : (n) پولیو : روزمرہ میں Poliomelitis کا مخفف ۔

Polio vaccine : (n) مرض پولیو (ورم مادۂ نخاع) کے تدارك کے لئے دی جانے والی دوا ۔

Poliomyelitis : (n) [mod. L. f. Gr. 'Polio's + myelos' + -itis .] (مرضیات) حرام مغز کے خاکستری مادے کا ورم : پولیو کا مرض : ورم مادۂ نخاع : فالج اطفال ۔

Polioneuromere : (n) حرام مغز کے خاکستری مادے کا ایك حصه یا ٹکڑا ۔

Polioplasm : (n) (حیاتیات) حبوب مایه : دانه دار نخز مایه ۔

Poliorcetic : (a) [f. next.] فن محاصرہ سے متعلق ۔

Poliorcetics : (n) [mod. if. of Gr. 'Polioketika'.] فن محاصرہ : محاصرہ کرنے کا فن ۔

Poliosis : (n) [Gr. 'Poliosis'.] بال پکنا : بالوں کی سیاہی کا زائل ہونا ۔

Polis : (n) [Gr.] یونان کی شہری ریاست خصوصاً وہ جو شمالی طور پر منظم اور انسان کی سماجی ضروریات کی پوری طرح متکفل ہو ۔

Polis : (n) police کا اسکاٹستانی اور آئرستانی متبادل ۔

-polis : (comb.) یونانی لفظ 'polis' بمعنی شہر جوبطور لاحقہ کسی شہر کا عرفی نام بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے مثلاً (Chicago) Porkopolis, (Manchester) Cotton polis وغیرہ ۔

Polish : (n) [f. Polish (v).] (۱) پالش : صیقل : جلا : چمك : رنگ : روغن ۔ (۲) وہ چیز جس سے پالش کی جائے : پالش : روغن : کسی سطح کو چکنا کر ڈالنے والی چیز ۔ (۳) (مجازاً) تہذیب کا رنگ روغن : اخلاق کی جلا : نستعلیق پن : نفاست ۔

Polish : (a) [f. Pole. (n) + -ish.] پولستانی : پولینڈ کا یا اس سے متعلق : پولینڈی : پولینڈ کا : اہل پولستان ۔

Polish : (v) [ME. 'polis (s)'.] (۱) رگڑ کر چکنا کرنا یا چمکانا : پالش کرنا : صیقل کرنا : جلا دینا : روغن کرنا ۔ (۲) چکنا ہونا : چمك جانا : مجلا ہونا : صاف ہو جانا ۔ (۳) تراش خراش پیدا کرنا : چمك دمك پیدا کرنا : نوك پلك درست کرنا : سجا سنوار کر مکمل کر دینا ۔ (۴) (مجازاً) اکھڑپن یا گنوارپن دور کرنا : تہذیب کا رنگ روغن چڑھانا : مہذب بنانا : اخلاق کی جلا بخشنا : نفاست بخشنا یا نفیس بنانا ۔ (۵) مہذب ہونا یا بننا : تہذیب سے آراستہ ہونا ۔ (٦) (عامیانہ) بہت جلد ختم کر دینا : تیزی سے مکمل کر دینا : جلد چھٹکا را پالینا : نوك پلك درست کر کے ختم یا پورا کر دینا ۔

To polish off : جلد ختم کر دینا : فوراً ہرا پڑنا ۔

Polishable : (a) قابل صیقل : جلا پذیر : پالش کئے جانے کے لائق ۔

Polished : (a) صیقل دار : مجلا : صاف ستھرا : چکنا : چمك دار : پالش کیا ہوا : رنگ و روغن والا : مہذب : سلیقہ مند : نستعلیق ۔

Polishedly : (adv) صاف ستھرے انداز میں : مہذبانہ : سلیقہ مندی سے : نستعلیق طور پر ۔

Polishedness : (n) صفائی : صیقل : جلد : چکنا پن : چمك : پالش : رنگ و روغن : تہذیب : سلیقہ مندی : نستعلیق پن ۔

Polisher : (n) (۱) صیقل گر : پالش کرنے والا ۔ (۲) صیقل کرنے والا : پالش کرنے کا برش ۔ (۳) (مجازاً) تہذیب سکھانے والا : مہذب بنانے والا ۔

Polishing : (n) پالش کرنے کا عمل : صیقل گری : پالش : صیقل : جلا ۔

Polishing-mill : (n) دھات کی پھرکی یا دوسری چیزیں جنہیں نگینہ ساز جواہرات کو پالش کرنے یا جلا دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Polishing-slate : (n) (۱) ایك قسم کی بھوری یا زرد سلیٹ جو صیقل کے کام آتی ھے ۔ (۲) سان والے پتھر کی ایك قسم ۔

Polishing snake : (n) حجرالحیہ (Serpentine) کی ایك قسم جو پہلے لیتھو گرافی کے پتھروں کو صاف کرنے کے کام آتا تھا ۔

Politarch : (n) [Gr. 'Politarches'.] پولی ٹارك : رومیوں کے عہد حکومت میں مشرقی اضلاع یا مشرقی صوبوں کے حاکم کا لقب ۔

Politbure/ Politbureau : (n) [Russ. 'politbyuro'.] (۱) کمیونسٹ پارٹی کی مخصوص پالیسی ساز کمیٹی : کمیونسٹ پارٹی کی ایزیکٹیو کمیٹی ۔ (۱) اپنے عہدے کی حفاظت اور کامل اقتدار اپنے ہاتھ میں رکھنے کی غرض سے ترتیب دی ہوئی ایك ایسی ہی منظم جماعت جو کمیونسٹ پولٹ بیورو کے مشابہ ہو ۔

Polite : (a) [L. 'Politus'.] (۱) شائستہ : خلیق : مہذب : خوش اخلاق : نستعلیق : خوش اطوار ۔ (۲) شستہ : خوش مذاق ۔ (۳) تربیت یافتہ : شریف : شریفانہ ۔ (۴) لطیف : بامروت ۔

Polite letters : (n) ادب : ادب لطیف ۔

Politely : (adv) خوش خلقی سے : شائستگی سے : مہذب اندازمیں : شریفانہ طور پر ۔

Politeness : (n) شائستگی : شستگی : خوش خلقی : خوش اطواری : شرافت : مروت ۔

Politesse : (n) [It. 'Politezza'.] (اب عموماً تحقیر آمیز) دیکھو Politeness ۔

Politic : (a) [L. 'Politicus'.] (۱) دانشمند : ذی فہم : دور اندیش : مصلحت بیں : مصلحت اندیش : صاحب الرائے : سیانہ : سمجھ بوجھ والا : تیز۔ (۲) دانشمندی کا : دانشمندانہ : دور اندیشانہ : (فعل یا عمل) : مناسب : قرین مصلحت : سیاست مدارانہ۔ (۳) سازشی : فطرتی : جوڑ توڑ والا : چلتا ہوا : مکار : عیار : موقع شناس : زمانہ ساز : حکمت عملی میں ماہر۔

Politic : (n) (۱) (جمع) سیاسیات : علم سیاسیات : حکومت سازی یا ملک گیری کا عمل : سلطنت یا حکومت قائم کرنے اور چلانے کا علم۔ (۲) فن سیاسیات پر لکھا ہوا ارسطو کا کتابچہ "دی پولٹکس"۔ (۳) سیاسی امور : سیاسی معاملات : سیاسی زندگی۔ (۴) سیاسی اصول : سیاسی عقائد : سیاسی رائیں۔

It is not practical politics : یہ نا قابل عمل ھے : یہ خیالی باتیں ہیں : ان پر بحث کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔

The politics : فن سیاسیات پر ارسطو کا لکھا ہوا کتابچہ۔

Political : (a) (۱) ریاست یا سلطنت کے متعلق : امور مملکت کے متعلق : ریاستی : ملکی۔ (۲) امور عامہ کے متعلق۔ (۳) سیاسیات کے متعلق : امور سیاسی کے متعلق : سیاسی : فن سیاست سے متعلق۔ (۴) ملکی : انتظامی (عہدہ)۔ (۵) منظم ریاست رکھنے والا : منظم۔ (۶) سیاسی معاملات سے تعلق یا دلچسپی رکھنے والا۔ (۷) سیاست میں کسی کی طرفداری کرنے والا : (برے معنوں میں) دھڑابندی یا فرقہ بندی کرنے والا۔

Political : (n) (۱) سیاسی ایجنٹ : پولٹیکل ایجنٹ : ملکی ایجنٹ : سیاسی مشیر : پولٹیکل افسر۔ (۲) سیاسی قیدی : سیاسی جرم میں پکڑا ہوا شخص۔

Secret political : خفیہ سیاسی ایجنٹ۔

Political activity : (n) سیاسی سرگرمی۔

Political adviser : (n) سیاسی مشیر : سیاسی صلاح کار۔

Political agent : (n) سیاسی ایجنٹ۔

Political agitation : (n) سیاسی شورش۔

Political aspect : (n) سیاسی پہلو۔

Political asylum : (n) سیاسی پناہ۔

Political branch : (n) شعبۂ سیاسی : سیاسی شعبہ۔

Political career : (n) سیاسی زندگی۔

Political consciousness : (n) سیاسی شعور۔

Political crime : (n) سیاسی جرم۔

Political crisis : (n) سیاسی بحران۔

Political deadlock : (n) سیاسی ضیق : سیاسی تعطل۔

Political Department : (n) سیاسی شعبہ۔

Political development : (nm) سیاسی ترقی : سیاسی رفتار : سیاسی واقعات : سیاسی حالت۔

Political dissension : (n) سیاسی افتراق : سیاسی پھوٹ۔

Political economy : (n) اقتصادیات : معاشیات : عوامی آمدنی کے ذرائع کے نظم و ضبط کا فن : دولت کی پیداوار اور اس کی تقسیم کے قوانین کا علم۔

Political equality : (n) سیاسی مساوات۔

Political equalibrium : (n) سیاسی توازن۔

Political fugitive : (n) سیاسی مفرور۔

Political geography : (n) ملکی جغرافیہ : جغرافیہ کا وہ حصہ جو سرحدوں ، حصوں اور قبضوں سے متعلق ہوتا ھے : سیاسی جغرافیہ۔

Political history : (n) سیاسی تاریخ۔

Political independence : (n) سیاسی آزادی۔

Political individuality : (n) سیاسی انفرادیت۔

Political issue : (n) سیاسی مسئلہ : سیاسی معاملہ : سیاسی سوال۔

Political movement : (n) سیاسی تحرک۔

Political necessity : (n) سیاسی ضرورت۔

Political negotiator : (n) سیاسی مذاکرت کار : سیاسی معاملہ کار : سیاسی گفت و شنید کرنے والا۔

Political obligation : (n) سیاسی فرض : سیاسی ذمہ داری۔

Political offence : (n) سیاسی جرم : سیاسی تصور ۔

Political office : (n) سیاسی عہدہ ۔

Political officer : (n) سیاسی افسر : سیاسی عہدہ دار : پولیٹیکل افسر۔

Political organisation of mankind : (n) نوع انسان کی سیاسی تنظیم۔

Political party : (n) سیاسی پارٹی : سیاسی جماعت ۔

Political philosphy : (n) فلسفۂ سیاسیات ۔

Political prisoner : (n) سیاسی قیدی : سیاسی جرم میں پکڑا ہوا شخص ۔

Political publicity : (n) سیاسی پبلسٹی : سیاسی اشاعت ۔

Political refugee : (n) سیاسی پناہ گزیں ۔

Political reporter : (n) سیاسی نامہ نگار : سیاسی رپورٹر ۔

Political rights : (n) سیاسی حقوق ۔

Political sanction : (n) (قانون کی خلاف ورزی کی) سیاسی وجہ جواز : سیاسی محرك : سیاسی حدود : سیاسی پابندیاں : سیاسی اذن ۔

Political science : (n) علم سیاسیات : سیاسیات ۔

Political scientist : (n) عالم سیاسیات ۔

Political significance : (n) سیاسی اہمیت ۔

Political society : (n) سیاسی معاشرہ ۔

Political subjection : (n) سیاسی محکومی ۔

Political subordination : (n) سیاسی ماتحتی ۔

Political terrorism : (n) سیاسی دہشت انگیزی ۔

Political unrest : (n) سیاسی بے چینی ۔

Political verse : (n) [Gr. 'Politikos' .] جدید یونانی اور باز نطینی نظم جس میں ارکان کا نہیں بلکہ لہجے کا لحاظ کیا جاتا ھے جس میں آخری کے بجائے پہلے رکن پر زور دیا جاتا ھے ۔

Politically : (adv) سیاسی طور پر : سیاسی اعتبار سے : نظم ملکی کے اعتبار سے : سیاسی انداز میں : دانشمندانہ : چالاکی سے : فنکارانہ : سیاسی مصلحت اندیشی سے : مدبرانہ ۔

Politician : (n) (۱) سیاست داں : ماہر سیاست مدبر : صاحب تدبیر : سیاست باز : سیاست کار ۔ (۲) سیاست سے دلچسپی رکھنے والا شخص ۔ (۳) وہ شخص جس کا پیشہ سیاست ہو : سیاست پیشہ ۔ (۴) (امریکا) سیاست کی روٹی کھانے والا ۔

Politicize : (v) (۱) سیاست داں ہونا یا بننا : مدبر بننا : سیاست چھانٹنا ۔ (۲) سیاست میں حصہ لینا : سیاسیات کے متعلق گفتگو کرنا یا بحث کرنا ۔ (۳) سیاسی رنگ میں رنگنا : عیارانہ : سیاسی مصلحت اندیشی سے : مدبرانہ

Politico- : (comb.) [Gr. 'Politikos' .] (سابقہ بمعنی) سیاسی : سیاست کا : سیاسی اعتبار سے ۔

Politico : (n) [SP. Sb. use of the adj. (Politics)] سیاست داں: سیاست میں دلچسپی لینے والا: سیاست پیشہ: سیاست کی روٹی کھانے والا ۔

Politico-economical : (a) ملکی اقتصادیات سے متعلق : سیاسی اقتصادی ۔

Politico- religious (a) مذہب سے متاثر یا مذہب پر منحصر سیاست یا سیاسیات سے متعلق: سیاسی مذہبی اس طرح کا سیاسی (مسئلہ وغیرہ) جس میں مذہبی رنگ بھی شامل ہو ۔

Politicophobia : (n) سیاست کا خوف : سیاسی دہشت: سیاست کا ہول یا ہیبت ۔

Politics : (n) (۱) سیاست: سیاست مدن: علم سیاست: سیاسیات ۔ (۲) نیز دیکھو Politic : (n) ۔

Politique : (n) [Fr.] Huguenot جنگوں کے درمیان ۱۵۷۳ء میں تشکیل یافتہ فرانس کی مصلحت بیں اور اعتدال پسند جماعت (یا اس کا کوئی رکن) جس نے مذہبی جھگڑوں کے ہتھیار کے ذریعہ فیصلہ کرنے کی بہ نسبت ملکی امن اور سیاسی اصلاح کو زیادہ ضروری سمجھا: (نیز) اس جماعت کا حامی (خواہ کہیں ہو) : (ملامت آمیز طور پر) (مذہبی معاملات میں) بے پروا : آزاد رو : ابن الوقت : ٹال مٹول کرنے والا ۔

Politus : (a) [L.pa. pple. of 'polire.'] مجلا، صیقل کیا ہوا : چکنا اور چمك دار: چمکایا ہوا: پالش کیا ہوا ۔

Polity : (n) [L. 'politia.'] (۱) نظام سیاست: نظام مدنی : نظم و نسق :

Poll : (a) [Late ME. short for 'pold, 'Polled'.] (۱)(قانونی تعمیل یا تکمیل کے بعد) سرے پر کاٹی ہوئی یا تراشی ہوئی (دستاویز وغیرہ) ؛ سر بریدہ۔ (۲) (جانور) بے سینگ کا ؛ منڈا۔

Poll : (n) [f. prec.] بے سینگ کا جانور؛ خصوصاً بے سینگ کے یا منڈے بیلوں کی ایک نسل۔

Poll : (v) [f. Poll (n).] (۱) (قدیم) سر کے بال کاٹنا یا تراشنا۔ (۲) (درخت یا پودے کی) پھننگ کاٹنا یا چھانٹنا؛ شاخوں کو اس طرح چھانٹنا کہ ان کی چوٹی گول نظر آئے : (نیز) چھوٹی ٹہنیاں یا شاخیں کاٹنا یا چھانٹنا۔ (۳) (کسی چوپائے کی) سینگ کاٹنا؛ منڈا کرنا۔ (۴) رائے لینا ؛ (مجہول) ؛ رائے درج ہونا یا شمار ہونا۔ (۵) (امیدوار کا) ووٹ حاصل کرنا؛ رائیں حاصل کرنا۔ (۶) ووٹ دینا؛ رائے دینا۔ (۷)قانونی تعمیل یا تکمیل کے بعد دستاویز کے سرے کو کاٹنا یا تراشنا۔ (۸) رائے دینا یا درج کرنا۔

Poll - book : (n) دیئے ہوئے یا درج شدہ ووٹوں کا رجسٹر (جو Ballot Act کے پہلے ہوا کرتا تھا) ؛ (اب) فہرست رائے دہندگان یا ووٹر لسٹ۔

Poll by poll : (adv.) یکے بعد دیگرے؛ ایک ایک کرکے؛ ایک کے بعد ایک۔

Poll-clerk : (n) دی ہوئی راؤں کو درج کرنے والا کلرک (منشی)۔

Poll degree : (n) (کیمبرج) معمولی ڈگری؛ معمولی سند؛ (بلا امتیاز) پاس ہونے کی سند۔

Poll-evil : (n) گھوڑے کی گردن کی پہلی ہڈی اور رباط کے درمیان متورم یا قرحہ دار پھوڑا۔

Poll - parrot : (n) طوطا؛ میاں مٹھو۔

Poll -parrot : (v) دیکھو Parrot

Poll-pick : کان کنوں کی پاسے دار یا گھٹل سرے والی کدال؛ ہتھوڑے دار کدال؛ کان کنوں کی کدال جس کی دوسری طرف ہتھوڑے جیسا سرا ہو؛ گنیتا جس کا دوسرا سرا کند ہو۔

Poll -tax : (n) سرمحصول؛عام محصول؛محصول جوہرشخص پر عائدہو۔

Pollable : (a) (۱)سر کے بال تراشنے یا سینگ کاٹنے کے قابل۔ (۲) (وہ رائے) جو درج یا شمار ہوسکے۔

Pollack / Pollock / Podley : (n) [Earlier Sc. podlock, 'later Podley of unkn. origin.] پولک مچھلی؛ ایک قسم کی بحری مچھلی

نظام اجتماعی ؛ نظام ریاست۔ (۲)حکومت؛ طرز حکومت : نظم حکومت ؛ سیاسی تنظیم کی کوئی مخصوص صورت۔ (۳) منظم معاشرہ؛ ریاست ؛ مملکت۔

Politzerization : (n) [f.next.] انتفاخ الأذن؛ پالٹزیت ؛ طبل گوش کے جوف کو ہوا بھرکر پھلانے کا عمل۔

Politzerize . (v) [f. Adam 'Politzer, 'a Physician of Vienna, who in troduced the method + - ize.] (مریض کے) کان کے پردے یا طبل گوش کے جوف کو (حلق سے کان کے پردے تك جانے والی نلی) کے ذریعہ گیس یا ہوا بھر کر پھلانا؛ پالٹزرائز کرنا۔

Polka : (n) [Czech. 'pulka.'] (۱)پولکارقص؛ ایک قسم کا دل کش ناچ جو بوہیمیا میں دوہری گت پر ناچا جاتا ھے۔ (۲) وہ گت جس پر یہ ناچ ناچا جاتا ھے؛ پولکا گت یا اس گت کی موسیقی۔

Polka : (v) پولکا ناچ ناچنا ؛ پولکا رقص کرنا۔

Polka-dot : (n) گول دھبا یا نشان جو بُنے ہوئے کپڑے وغیرہ پربطور ڈیزائن سلسلہ وار ہوتا ھے۔

Poll : (n) [OE. 'poll, of doubtful origin.] (۱) (مقامی بولی یامزاحاً) سر؛ سر کا وہ حصہ جس پر بال ہوتے ہیں؛ چند؛ چندیا؛ (نیز) گردن کا پچھلا حصہ؛ گدی۔ (۲)شمار رائے دہندگان ؛ رائے شماری (پارلیمنٹ یا کسی اور مجلس کے انتخاب میں)۔ (۳)رائے دہندگی؛ انتخابات میں رائے دینا۔ (۴) تعداد آراء؛ جتنی رائیں دی گئی ہیں ان کی تعداد؛ جتنے ووٹ پول ہوئے ان کی تعداد۔ (۵) ٹوپ یا ٹوپی کا اوپر والا حصہ ؛ ٹوپی کی چندیا۔ (۶) کان کنوں کی کدالی یا ہتھوڑے کا کُند یا گٹھل سرا؛ پاسا۔ (۷) رائے عامہ کا اندازہ؛ رائے عامہ معلوم کرنا (عوامی نمائندوں کے انتخاب کے ذریعہ)۔

Poll : (n) [alt. f. Moll. var of and vontempt, with Polly.] طوطے کا روایتی نام ؛ میاں مٹھو۔

Poll : (n) [Also, pol. Explained as -Gr. 'oi polloi.'] (کیمبرج یونیورسٹی، عامیانہ) جس کو آنرز کی ڈگری نہ مل سکی ہو؛ جس نے صرف امتحان پاس کرلیا ہو (امتیاز حاصل نہ کرسکا ہو)؛ معمولی سند یافتہ اشخاص (نیز) (The poll) (نیز) (توصیفاً)۔

To go out in the poll : پاس ڈگری حاصل کرنے والوں کی فہرست میں آنا ؛ پاس ڈگری حاصل کرنا؛ (آنرز نہ پانا)؛ معمولی سند حاصل کرنا۔

جو کاڈ سے مشابہ ہوتی ہے۔

Pollam : (n) [Tamil. 'Pataiyam.'] جنوبی ہندوستان کے جاگیردار (پولیگر) کی جاگیر۔

Pollan : (n) [Origin doubtful.] پولن: میٹھے پانی میں رہنے والی مچھلیوں کی ایک قسم جو آئرستان کی جھیلوں میں پائی جاتی ہے ؛ سفید آئرستانی مچھلی۔

Pollard : (n) [f. Poll (v) +ard .] منڈا بارہ سنگھا (جس کے سینگ گرگئے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں) ؛ منڈی نسل کا: بیل، بھیڑ یا بکرا؛ منڈا بیل، بھیڑ یا بکرا؛ سینگ کٹا جانور۔ (۲) درخت جس کی شاخیں اس طرح چھانٹی گئی ہوں کہ اس کی چوٹی گول نظر آتی ہو؛ منڈا درخت؛ سربریدہ درخت: ٹھنٹ درخت۔ (۳) (گیہوں کا) چوکر؛ بھوسی۔ (۴)باریک بھوسی جس میں تھوڑا سا آٹا بھی ملا ہو (مویشی کے چارے کے لئے)۔

Pollard : (a) سربریدہ ؛ ٹھنٹھ ؛ چھانٹا ہوا ؛ منڈا (درخت)۔

Pollard : (v) (درخت کی) شاخوں یا ٹہنیوں کو چھانٹنا یا کاٹنا ؛ درخت کو منڈا کرنا یا ٹھنٹھ کردینا (کہ صرف موٹا تنا باقی رہ جائے)۔

Pollaxe / Pollax : (n) بتر ؛ گنڈا سا؛ دیکھو Pole-axe.

Polled : (a) (۱) بے سینگ کا؛ منڈا ؛ سینگ کٹا۔ (۲)ٹھنٹھ ؛چھانٹا ہوا؛ سربریدہ؛ شاخ بریدہ (درخت)۔

Pollen : (n) [L. 'pollen.'] (نباتیات) زر؛ زردانہ؛ زرگل؛ پھول کا زیرہ؛ زیرۂ گل؛ زیرہ؛ پھول کا باریک سفوف جیسا مادہ جو پھول کا مردانہ عنصر ہوتا ہے اور بیضۂ گل کو بارور کرتا ہے۔

Pollen : (v) (نباتیات) زر دانہ پہنچانا یا داخل کرنا؛ زر گل نکلنا؛ زیرہ چھڑکنا (کسی جگہ یا کسی چیز پر)۔

Pollen analysis : (n) زیرہ دانی تجزیہ ؛ زر دانۂ گل کی ساخت اور اس کے انتشار کا مصالحہ (Palynology)۔

Pollen box : (n) (نباتیات) زیرہ خانہ ؛ زیرہ دان۔

Pollen - cell : (n) (۱) زیرہ خلیہ؛ وہ خلیہ جو بڑھ کر زیرۂ گل یا اس کا کوئی عضو بن جاتا ہے؛ زر خلیہ ؛ خلیۂ زر گل۔ (۲)کیسۂ زر ؛ کیسہ زیرہ۔ (۳) شہد کے چھتے کا وہ خانہ جس میں زیرے یا زرد دانے جمع کئے جاتے ہیں۔

Pollen count : (n) ہوا میں موجود زیرہ ہائے گل کی تعداد کا اشاریہ جو زود اثر پذیر (Allergic) مزاج والوں کے لئے بطور انتباہ شائع کیا گیا ہو۔

Pollen - grain : (n) (نباتیات) زیرہ؛ زرِ گل ؛ زردانہ۔

Pollen - granule : (n) (نباتیات) زر دانے یا زیرے کا ہر اساسی دانہ؛ (نیز) زر دانہ ؛ زیرہ؛ زرِ گل۔

Pollen-sac : (n) (نباتیات) کیسۂ زر ؛ کیسہ زرگل؛ زربر یا حامل زر کی (عموماً) چار درزوں یا جوفوں میں سے ہر ایک جن میں زیرۂ گل ہوتا ہے۔

Pollen- tube : (n) زر تار؛ زیرہ نال۔

Pollenate : (v) (نباتیات) (سر بقچہ وغیرہ پر) بارور کرنے کی غرض سے پھول کا زیرہ چھڑکنا یا بکھیرنا ؛ زیرہ پاشی کرنا۔

Pollenless : (a) (نباتیات) بے زر؛ بے زر دانہ ؛ بے زیرہ۔

Poller : (n) [f. Poll + -er.] (۱)رائے دہندہ؛ ووٹر۔ (۲) رائے دہندوں کو درج رجسٹر کرنے والا۔

Pollex : (n) [L.] (ہاتھ یا پاؤں کا) انگوٹھا؛ ریڑھ دار جانوروں کی پیروں کی سب سے اندورنی انگلی۔

Pollicitation : (n) [Fr. ' Pollicitation.'] (۱)وعدہ؛ تعہد؛ وعدہ کرنے کا عمل ؛ قول و قرار۔ (۲) (قانونی دیوانی) وعدہ قابل استر داد ؛ عہد بلا قبول ؛ وہ وعدہ جو طرف ثانی نے قبول نہ کیا ہو اس لئے واپس لیا جاسکے۔

Pollinate : (v) [f. L. 'pollen , pollin - + -ate.] (نباتیات) (سربقچہ وغیرہ پر) بارور کرنے کی غرض سے پھول کا زیرہ چھڑکنا یا بکھیرنا ؛ زیرہ پاشی کرنا۔

Pollinated : (a) زر پوش؛ زیرہ پوش ؛ جس پر زیرہ چھڑکا گیا ہو۔

Pollination : (n) زیر گو ؛ زیرہ پاشی ؛ زر گل چھڑکنے یا بکھیرنے کا عمل (بار وری کے لئے)۔

Cross pollination : پار زیرگی۔

Self pollination : خود زیرگی۔

Pollinator : (n) حشرہ یا کیڑا جو زیرہ پاشی یا زیرگی میں معاون ہوتا ہے ؛ زیرہ گیر یا زیرہ پاش کیڑا۔

Polling : (n) (۱) درخت کی پھننگ کو کاٹنے کا عمل؛ درخت کی

چھٹائی ۔ (۲) رائے شماری؛ رائے دہی؛ اندراج آراء؛ ووٹوں کا اندراج : پولنگ ۔

Polling booth : (n) مقام رائے دہی؛ ووٹ دینے کی جگہ ۔

Polling station : (n) مرکز رائے دہی؛ پولنگ اسٹیشن ۔

Polling work : (n) کار رائے شماری : رائے شماری کا کام۔

Pollinic : (a) زر گل کا؛ زیرۂ گل کا یا اس سے متعلق؛ زیروی۔

Polliniferous : (a) [Also, erron . Pollen - . f. L. 'pollenin.'] زیرہ دار: زر دار؛ جس میں زر گل کی کثرت ہو؛ زرگل پیدا کرنے والا ۔

Pollinigerous : (a) (حشریات) زر بر (کیڑا) : زیرۂ گل کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا پھیلانے والا (کیڑا) : (حشریات) جسے قدرت نے اس کام کے لئے بنایا ہو۔

Pollinium : (n) [mod. L. f. 'pollen, pollin+ium.'] پھول کے زربر یا حامل زر عضو کے جوف میں موجود زردانوں کا تودا یا ڈھیر جو Orchidaceae اور Asclepiadaceae کی خصوصیت ھے : تودۂ زردانہ ؛ زر تودہ ملے زیرے ۔

Pollinodial : (a) Ascomycetous سماروغ کے Antheridium یا مردانہ تولیدی عضو سے متعلق یا اس جیسا ۔

Pollinodium : (n) [mod. L. f . 'Pollen , - in.'] Ascomycetous سماروغ کا Antheridium یا مردانہ تولیدی عضو ۔

Polliwog / Pollywog : (n) [f. Poll + Wiggie.] فرخ : مینڈك کا بچہ (جب تك اس کی دم اور گلپھڑے موجود ہوں)؛ بلبلیا ۔

Pollman : (n) (کیمبرج) معمولی سند یافتہ شخص : جس کو آنرز کی ڈگری نہ مل سکی ہو بلکہ پاس کورس کی ڈگری دی گئی ہو ۔

Pollster : (n) رائے شماری کرانے والا : الیکشن کرانے والا؛وہ شخص جو عوامی رائے شماری کا انتظام کرتا ھے۔

Pollucite : (n) [orig. named 'Pollux.'] (معدنیات) الومینیم اور سیزیم (Caesium) کا سلیکیٹ جو چمکیلے شفاف اور بے رنگ بلوروں میں پایا جاتا ھے؛ پولو سائٹ ۔

Pollute : (v) [L. 'polluere.'] آلودہ کرنا؛ نجس کرنا : ناپاك کرنا؛ گندہ کرنا ؛ بگاڑنا ؛ داغ دار کرنا ؛ بٹا لگانا ؛ غیرخالص کرنا۔

Polluted : (a) آلودہ : نجس؛ ناپاك : میلا؛ گندہ : خراب؛ بگاڑا یا بگڑا ہوا؛ ملوث : غیر خالص ۔

Pollutedly : (adv.) آلودہ ہوکر؛ ناپاك ہوکر : نجس طورپر؛ گندگی کے ساتھ؛ غیر خالص طور پر : آلودگی سے : آلودہ یا ناپاك طور پر : ملوث ہوکر۔

Pollutedness : (n) آلودگی؛ نجاست : ناپاکی : گندگی؛ خرابی؛ میلا پن۔

Polluter : (n) گندہ کرنے والا : نجس یا ناپاك کرنے والا؛ آلودہ یا ملوث کرنے والا ۔

Pollution : (n) [L. 'pollutio.'] (۱)آلودہ یا ناپاك کرنے والا عمل : آلودگی؛ نجاست؛ ناپاکی : میلا پن؛ گندگی؛ خرابی؛ غیرخالص ہونا (خصوصاً) انسانی ماحول کی چھوت، گندگی یا نجاست ۔ (۲) توہین : بے حرمتی؛ بے ادبی : بے عزتی؛ ناپاك یا نجس کرنا۔ (۳)احتلام : اخراج منی (بغیر جماع کے)؛ جریان؛ بدخوابی؛ (۴) دیکھو Nocturnal pollution .

Pollux : (n) [L. 'pollux.'] (۱) (یونانی اساطیر) Tyndarus اور Leda کے دو جڑواں بیٹوں میں سے ایك کا نام؛ موخر التوآمین؛ پالکس ۔ (۲) (علم النجوم) مجموعۂ نجوم جوزا (میتھن) کا دوسرا ستارہ۔

Polly : (n) Poll بہ معنی طوطا یا میاں مٹھو کا اسم تصغیر جو بطور اسم تانیث یا طوطے کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ھے : (حیوانیات) طوطا۔

Polo : (n) [Balti (Indus valley) 'polo.'] (۱) ہاکی سے مشابہ ایك (مشرقی) کھیل جو گھوڑے پر سوار ہوکر ایك لمبے ڈنڈے اور لکڑی کی بنی گیند کے ذریعہ کھیلا جاتا ھے؛ چوگان کا کھیل؛ پولو ۔ (۲) تیراکوں کا گیند کھیل(Water polo) جس میں گول بھی ہوتا ھے ۔ (۳)توصیفی معنوں میں مثلاً Polo-match وغیرہ ۔

Polo-stick : (n) چوگان؛ پولو کھیلنے کا ڈنڈا۔

Polocyte : (n) ['pole + - o-+cyte.'] قطبی خلیہ؛ ان باریك خلیوں میں سے ایك جو بیضہ خلیہ کی پختگی کے دوران اس سے جدا ہوجاتے ہیں ۔

Polonaise : (n) [Fr. 'polonaise.'] (۱) پولو نیز (ایك قسم کا زنانہ لباس جس کے دامن کمر سے نیچے کھلے ہوتے ہیں یہ ابتداً پولستانی عورتوں کا لباس تھا) ۔ (۲)ایك قسم کا پولستانی ناچ ۔ (۳) وہ گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ھے ۔

Polonaise : (v) پولو نیز ناچ ناچنا؛ دھیرے دھیرے اور پرتکلف یا

پرشوکت انداز میں چلنا یا حرکت کرنا۔

Polonian : (n) [f. med. L. 'polonia.'] (قدیم) پولستانی :پولینڈ کا رہنے والا؛ پولینڈی؛ پولش۔

Polonium : (n) [mod L.f. med. L. 'Polonia + -'ium? Named from the Polish nationality of Madame Curie.] پولونیم(ایک فلزی عنصر جس میں اشعاعی قوت (Radio- activity) بہت ہے) جسے ۱۸۹۸ء میں پروفیسر مادام کیوری نے پورینیم کے آکسائڈ (Pitchblende) میں دریافت کیا۔

Polony : (n) [Origin doubtful.] سور کے نیم پخت گوشت کا ڈلمہ۔

Polt : (n) [Of unkn. origin.] (بول چال) مار؛ ضرب؛ بھرپور یلکاری ضرب۔

Polt -foot : (n) [app. f. Polt + foot] (۱)پھرا ہوا پاؤں : پھرے ہوئے پاؤں والا شخص (طب) گرز پائی؛ کاج پائی۔ (۲) (بطور صفت) پاؤں پھرا؛ پھرے ہوئے پاؤں والا۔

Polt-foot : (a) پاؤں پھرا : جس کے پاؤں پھرے ہوئے ہوں؛ (طب) گرز پا۔

Polt-footed : (a) دیکھو Polt- foot

Poltergeist : (n) [G. f. 'poltern + geist. '] وہ روح جو کھٹ کھٹاکر یا شوروغل سے اپنی آمد یا موجودگی کا اعلان کرتی ہے؛ شور کرنے والی روح : پرشور روح : (نفسیات) شرارت ارواح۔

Poltroon : (n) [Fr. 'poltron.'] نہایت بزدل؛ نرا ڈرپوک؛بزدلا : نامرد؛ پست ہمت : ہیز؛ کم ظرف؛ نلکارہ؛ ذلیل (شخص)؛ (نیز) بہ طور صفت۔

Paltroonery : (n) ڈرپوک ہونا : بزدلی : کم ہمتی : نامردی : کم ظرفی؛ ہیزپن : ہٹیا پن۔

Poltroonish : (a) بزدل جیسا : نامرد صفت : کم ظرف؛ ہٹیا۔

Poly / Poley : (n) [L. 'polium, polion.'] ایک خوش بو دار بوٹی جو کئی شکلوں کی ہوتی ہے۔

Poly : (comb.) [Gr. 'polus. '] یونانی لفظ Polus سے مشتق سابقہ یا جزو ترکیبی بہ معنی متعدد؛ کثیر : چند۔

Poly : (n) Polytechnic کا مخفف۔

Poly- mountain/ Mountain-poly : [L. 'Polliam montanum'.] ایک خوش بو دار بوٹی جو کئی شکلوں کی ہوتی ہے۔

Polyacid : (n) (کیمیا) کثیر ترشہ : کثیر گرفتہ۔

Polyactinal : (a) (حیوانیات) کثیر کرنہ۔

Polyadelphia : (n) [mod. L. f. Gr. 'adelphos.'] مشہور ماہر نباتیات Linnaeus کے دریافت کردہ نباتیاتی جنسی نظام کا اٹھارھواں طبقہ جو ان پودوں پر مشتمل ہے جن کے پھولوں کے زربر یا حاملان زر پتن یا زیادہ کے گچھوں میں متحد رہتے ہیں۔

Polyadelphian /-ous : (a) نباتیاتی جنسی نظام کے اس (اٹھارھویں) طبقے سے متعلق؛ کثیر بندہ؛ کثیر بندوی؛ جس کے حاملان زر تین یا زیادہ کے گچھوں میں ہوں؛ کثیر بندوی حاملان زر والا : (نیز) (حاملان زر) جو تین یا زیادہ کے گچھوں میں متحد رہتے ہوں۔

Polyandria : (n) [mod. L. f. Gr. 'polyandria.'] (۱) (نباتیات)کثیر نری پودے Linnaeus کے نباتیاتی جنسی نظام کا تیرھواں طبقہ جس میں وہ پودے ہیں جن کے بیس یا زیادہ حاملان زر ایک ہی سوراخ یا کرسی میں گھسے ہوئے ہوتے ہیں : (نیز) بعض سلسلوں کا نام مثلاً Monadelphia , Gynandria, Monoecia ؛ ہن کے حاملان زر کی بنا پر ان کے سلسلوں کی تقسیم کی جاتی ہے۔ (۲) (حیوانیات، بشریات) دیکھو Polyandry.

Polyandrian / Polyandric : (a) (۱) (نباتیات) کثیر نرہ؛ کثیر زر ریشی؛ متعدد نرہ؛ چند نرہ (خصوصاً Polyandria طبقے کا)۔ (۲) چند شوہر : چند شوہر دار؛ متعدد شوہر؛ کئی شوہر والی۔

Polyandrist : (n) زن چند شوہر : متعدد شوہری عورت؛ چند شوہردار عورت : وہ عورت جس کے کئی شوہر ہوں۔

Polyandrous : (a) دیکھو Polyandrian

Polyandry : (n) تعدد ازدواج کی وہ صورت جس میں ایک عورت بہ یک وقت دو یا زیادہ شوہر رکھتی ہے؛ چند شوئی؛ چند شوہری۔

Polyantha : (a) (نباتیات) کثیر گلہ؛ چند گلہ۔

Polyantha rose : (n) گلاب کی ایک قسم جس میں چھوٹے چھوٹے پھول گچھوں میں کھلتے ہیں۔

Polyanthus : (n) [mod . L. 'polyanthus.'] (۱) Primula کی ایک قسم جس میں مختلف اللون پھول کھلتے ہیں، خصوصاً سرخی مائل بھورے یا ارغوانی جن کی آنکھیں اور حاشیے زرد ہوتے ہیں۔ یہ ایک ہی شاخ گل پر چھتری نما یا گچھوں میں کھلتے ہیں : (نباتیات) شفتہ الثور؛ زہر الربیع؛ بسنتی گلاب ۔ (۲) توصیفاً یا بطور صفت۔

Polyanthus narcissus : (n) گل نرگس کی ایک قسم (جس کے پھول ایک ہی شاخ گل پر چھتردار گچھوں میں کھلتے ہیں) ۔

Polyarch : (a) [Gr. 'archia.'] (نباتیات) کثیر خشب لائی؛ (کسی شاخ یا جڑ کی نسیج یا بنیادی ریشہ) جو کئی بنیادی نقطوں یا سروں سے ابھرتا یا نشو و نما پاتا ھے : کئی بنیادی نقطوں کے سہارے نشو و نما پانے والا : چند سری۔

Polyarchy : (n) [Gr. 'Archia'.] (۱) چند سری حکومت : کسی شہر یا ریاست کی حکومت جو کئی افراد مل کر چلاتے ہوں؛ کثیر عملی؛ جماعتی حکومت ۔ (۲) (نباتیات) کثیر خشب لائی یا چند سری ہونے کی حالت (کسی شاخ یا جڑ کی نیسج یا بنیادی ریشے کی)۔

Polyarthritis : (n) ورم مفاصل؛ دو یا زیادہ جوڑوں کا ورم ۔

Polyatomic : (a) (کیمیا) کسی مادے کے کئی جوہروں پر مشتمل یا ان کا حامل: (خصوصاً) ہائیڈروجن کے کئی بدل پذیر جوہروں کا حامل: کثیر جوہری؛ چند جوہری: (نیز) کثیر گرفتہ ۔

Polyaxial : (a) (بلور) متعدد محورہ ۔

Polyaxon : (a) (۱)متعدد محورہ (عصبی خلیہ)۔ (۲) (حیوانیات) متعدد محورہ سوزن اسفنج ۔

Polybasic : (a) (کیمیا) چند اساسی؛ چند یاسی: دو یا زیادہ اساس یا اساسی سالمات والا ۔

Polybasic acid : (n) وہ ترشہ جس میں ہائیڈروجن کے تین یا زیادہ بدل پذیر جوہر ہوں۔

Polybasite : (n) [G. 'polybasit'] (معدنیات) دھات جیسی چمک اور لوھے جیسی سیاہ رنگ کا چاندی اور تانبے کا سلفر سنو اینٹی مونائٹ؛ پالی بسائٹ ۔

Polybranchiata : (n) (حیوانیات) کثیر خیشومیہ ۔

Polybranchiate : (n) (حیوانیات) کثیر خیشومیہ ۔

Polycaon : (n) [mod. L . doubtful origin.] بھونروں کی ایک قسم جس کے پھل روپ بعض درختوں کی شاخوں اور ٹہنیوں میں چھید کردیتے ہیں ۔

Polycarbic : (a) چندکار بنی؛جس میں کاربن کے دویا زیادہ جوہر ہوں ۔

Polycarpellary / -pous :(a) کثیر بقچہ : کثیر بقچوی؛ کثیر ثمر برگہ ۔

Polycephalous : (a) کثیر پتیا ۔

Polychaete / Polychete : (a) [mod. L 'polychacta.'] (حیوانیات) حشرات کے ایک طبقے Chaetopoda کی ایک قسم؛ Polychaeta سے متعلق جن کے پاؤں میں کئی خار ہوتے ہیں : چند خاری؛ کثیر ابریہ ۔

Polychaete /Polychete: (n) اس قسم کا کوئی کیڑا؛ چند خاری کیڑا : کثیر ابریہ حشرہ ۔

Polychord : (n) (۱)سارنگی جیسا ایک قسم کا باجا جس میں دس تانت ہوتے ہیں اور جو انگلیوں کے ذریعہ یا کمانچے سے بجایا جاتا ھے ۔ (۲) Oct-oave- coupler کی ایک قسم کا تجارتی نام ۔

Plychroic : (a) دیکھو Pleochroic

Polychroite : (n) [Fr.] (کیمیا)مختلف اللون زعفران کارنگ جومختلف چیزوں کے ساتھ مل کر مختلف رنگ دیتا ھے : زعفران کا رنگین مادہ ۔

Polychromatic : (a) مختلف اللون : کثیر الالوان؛ رنگا رنگ؛ مختلف رنگوں والا : رنگ برنگ کا ۔

Polychromatic acid : (n) (کیمیا) ایک مختلف اللون ترشہ؛ Aloetic acid کا دوسرا نام چونکہ وہ سفوف، محلول، مخلوط ہر حال میں مختلف اللون ہوتا ھے ۔

Polychrome : (a) [Fr.] مختلف اللون : رنگا رنگ؛ (خصوصاً) کئی رنگوں سے رنگا ہوا یا آراستہ کیا ہوا؛ کئی رنگوں میں چھپا ہوا۔

Polychrome : (n) (۱) رنگا رنگ مصوری؛ رنگا رنگ نقاشی؛ کئی رنگوں کا کام : رنگا رنگ نقش و نگار؛ (خصوصاً) رنگین مجسمہ؛ مجسمہ رنگا رنگ۔ (۲)مختلف رنگ سازی یا رنگ ریزی؛ مختلف رنگوں سے بنا ہوا کام : تصویر رنگا رنگ ۔ (۳) (کیمیا) Aesculin کا ایک نام جو اس کے محلول یا عرق کے رنگ کی بنا پر ھے ۔

Polychromic : (a) (۱)رنگ رنگ : رنگ برنگ کا؛ مختلف اللون ۔ (۲) توصیفاً Polychromic acid میں ۔

Polychromic acid : (n) (کیمیا) ایک مختلف اللون ترشہ؛ Aloetic acid کا دوسرا نام چونکہ وہ سفوف، محلول، مخلوط ہر حال میں مختلف اللون ہوتا ہے۔

Polychromous : (a) دیکھو Polychromic

Polychromy : (n) [Fr. 'polychromie.'] رنگ برنگی مصوری یا نقاشی (کا فن) ؛ (خصوصاً) برتنوں یا تعمیرات کی رنگا رنگ نقاشی ؛ (ان پر بنے) رنگ برنگے نقش و نگار۔

Polyclinic : (n) (۱) ہر طرح کی بیماریوں کے علاج کا شفا خانہ : شفا خانہ عام ؛ عام دارالشفا ؛ مطب عمومی۔ (۲) وہ ادارہ جہاں ہر طرح کی بیماریوں کے لئے معالجاتی تعلیم دی جاتی ہو؛ طبی درس گاہ جہاں ہر طرح کی بیماریوں سے متعلق تعلیم دی جاتی ہو۔

Polycoccus : (a) (جرثومیات) کثیر انبقوی۔

Polyconic : (a) (ریاضیات) متعدد مخروطی؛ متعدد مخروطوں والا یا متعدد مخروطوں پر قائم ؛ (map- projection کے ایک طریقے پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Polyconic : (n) متعدد مخروطی خاکہ : متعدد مخروطی تظلیل۔

Polyconic projection : (n) متعدد مخروطی تظلیل۔

Polycotyledon : (n) (نباتیات) متعدد فلقوی پودا؛ وہ پودا یا پیڑ جس کے بیج میں دو سے زیادہ دالیں ہوتی ہیں؛ متعدد دالہ پودا؛ متعدد اکھوؤں یا بج پتیوں والا پودا۔

Polycotyledonous : (a) (نباتیات) متعدد فلقوی؛ متعدد دالہ ؛ متعدد اکھوؤں یا بج پتیوں والا۔

Polycracy : (n) (سیاسیات) کثیر عمل؛ جماعت شاہی۔

Polycrase : (n) (معدنیات) پالیکریز؛ ایک قسم کی سیاہ چمکیلی معدنی شے۔

Polycrotic : (a) (عضویات) متعدد ضربی (نبض) ؛ پیچیدہ ضرب والی (نبض)۔

Polycrotism : (n) (عضویات) متعدد ضربیت۔

Polycyclic : (a) کثیر حلقوی؛ کثیر دوری۔

Polycystic : (a) کثیر دویری۔

Polycystic kidney : (n) کثیر دویری گردہ۔

Polycythemia / Polycythacmia : (n) (۱) (طب) کثیر ذرات خون؛ وہ حالت جب خون میں سرخ ذرات کی کثرت ہوجاتی ہے۔ (۲) اس سے پیدا شدہ مرض۔

Polycythemia vera : (n) خون میں سرخ رات یا جسیموں کی زیادتی سے پیدا شدہ بیماری جس میں امتلاء دموی، نکسیر پھوٹنا اور طحال بڑھ جانے کی شکایت پیدا ہوجاتی ہے؛کثرت الدم؛ غلبۂ خون۔

Polydactyl/ Polydactyle : (a) (حیوانیات) معمول سے زیادہ انگلیوں والا ؛ کثیر انگشتہ ؛ متعدد انگلیوں والا ؛ کثیر الاصابع۔

Polydactyl : (n) کثیر انگشتہ حیوان؛ وہ جانور جسے معمول سے زیادہ انگلیاں یا ناخن ہوں۔

Polydaemonism / Polydemonism : (n) کئی دیوتاؤں پر عقیدہ؛ کئی دیوتاؤں کی پرستش ؛ کئی فوق الفطری قوتوں یا بد روحوں پر عقیدہ۔

Polydipsia : (n) مریضانہ یا غیر معمولی پیاس ؛ شدت عطش ؛ عطاش ؛ پیاس کی شدت۔

Polydynamic : (a) کثیر القوت ؛ بہت سی یا مختلف طاقتیں رکھنے والا؛ مختلف یا بہت سی طاقتوں سے متعلق؛ مختلف القوت۔

Polyedral : (۱)کثیر السطوح؛ کثیر پہلو؛ کثیر الاضلاع؛ کثیر الضلاعی شکل کا۔ (۲) دیکھو Polyhedral ۔

Polyembryonate : (a) (نباتیات) کثیر الجنین؛ ایک سے زیادہ جنینوں والا ۔

Polyembryonic : (a) دیکھو Polyembryonate

Polyembryony : (n) (نباتیات، حیوانیات) کثیر جنینی؛ ایک ہی تخم میں دو یا زیادہ جنینوں کی تشکیل یا وجود۔

Polyester : (n) (۱) پولسٹر ؛ کیمیاوی طور پر انسان کا بنایا ہوا ریشہ یا سوت جس سے کپڑا بنتا ہے؛ پولسٹر کا بنا ہوا کپڑا ؛ (نیز) Polyster fibre-

Polyethylene : (n) پولی تھیلین ؛ Ethylene کا Polymer خصوصاً Polythene ۔

Polygala : (n) [Gr. Polygalon.] (نباتیات) حشیش الحلیب ؛ شیرزا ؛ جڑی بوٹی اور جھاڑیوں کی ایک نوع جو کئی رنگوں کی ہوتی ہے اور پھول گچھوں میں کھلتے ہیں۔

Polygamia : (n) [mod. L. f. Gr. 'polygamos.'] (نباتات) متعدد

جنسی پودا؛ پودوں کی ایک قسم جس کے ایک ہی پودے میں یک جنسی اور دو زوجی دونوں طرح کے پھول کھلتے ہیں؛ نباتات کے Linnaean جنسی نظام کا تیئسواں طبقہ' مخلوط الزوج پودا۔

Polygamian : (a) (طب) متعدد جنسی؛ مختلف الزوج؛ پودوں کی اس قسم سے متعلق جس کے ایک ہی پودے میں یک جنیئی اور دو زوجی دونوں طرح کے پھول کھلتے ہیں۔

Polygamian : (n) متعدد جنسی پودا؛ مخلوط الزوج پودا۔

Polygamic : (a) تعدد ازدواج سے متعلق؛ چند زوجی ؛کثیر زوجی۔

Polygamious : (a) دیکھو Polygamian (a)

Polygamist : (n) (۱)کثیر الازدواج شخص : چند زن مرد یا چند شوہر عورت : تعدد ازدواج کا حامی: (عموماً) کئی بیویاں رکھنے والا۔ (۲) (توصیفاً) کثیرالازدواج؛ متعدد زوجاتی : چند زن دار۔

Polygamistic : (a) کثیر الازدواج شخص جیسا؛ تعدد ازدواج کی حمایت کرنے والوں کا یا ان کی خصوصیت کا۔

Polygamous : (a) (۱) چند زن : کثیر الازواج (وہ مرد) جس کے ایک وقت میں کئی بیویاں ہوں : تعدد ازدواج کا یا اس سے متعلق : متعدد زوجاتی۔ (۲) (شاذ) چندشو؛ (وہ عورت) جس کے کئی شوہر ایک وقت میں ہوں۔ (۳) (حیوانیات) متعدد جفتہ؛ چند نری؛ چند مادی (جانور)؛ ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ یا کئی نر یا مادہ رکھنے والا (جانور)؛ چند نری یا مادی ہونا جس کی نوعی خصوصیت ہو (عموماً) چند مادی۔ (۳) (نباتیات) Linnaean جنسی نظام کے تئیسویں طبقے Polygamia کا : مخلوط الزوج : متعدد جنسی پودا۔

Polygamously : (adv.) تعدد ازدواج کی رو سے : کثیر الازدواج ہوکر: مخلوط الزوج طور پر۔

Polygamy : (n) [Fr. 'polygamie.'] (۱) تعدد ازدواج : کثرت ازدواج: چند زن؛ چند شوئی؛ ایک ہی ساتھ کئی کو نکاح میں رکھنا؛ ایک ہی ساتھ کئی سے نکاح کرنا۔ (۲) (مجازاً) کلیسائی جاگیر یا اوقاف کی کثرت۔ (۳) (حیوانیات) ایک سے زیادہ یا کئی جنس مخالف کے ساتھ جفتی کرنے کی عادت یا خاصیت؛ (عموماً نر کی ماداؤں کے ساتھ جس طرح (زجاجی پرندوں، مرغ، بط وغیرہ میں)۔

Polygastric : (a) چند شکمی؛ چند معدی؛ (وہ حیون) جس کے ایک سے زیادہ معدے ہوتے ہیں۔

Polyastric : (n) چند شکمی (یک خلیہ) اجرام۔

Polygenesis : (n) (نظریۂ) تعدد اصل؛ تعدد نسل؛ کثیر الاصلی؛ ایک نوع کا کئی جدا جدا مورثوں کی نسل سے ہونا یا کئی جدا جدا تخموں سے پیدا ہونا؛ کسی نسل یا نوع کا کئی جداگانہ مورثوں ، جرثوموں یا تخموں سے وجود میں آنا۔

Polygenetic : (a) کثیر الاصل کثیر نسلہ۔

Polygenetically : (adv.) کثیر الاصل طور پر۔

Polygenic : (a) (۱) (کیمیا) کثیر التركيب؛ ہائیڈروجن کے ساتھ جس کے ساتھ ایک سے زیادہ مرکب بن سکیں۔ (۲) (ارضیات) چند صخری؛ کثیر الصخر؛ جو مختلف قسم کی چٹانوں سے مرکب ہو۔ (۳)(حیاتیات) کثیرالنسل۔

Polygenism : (n) (۱) (بشریات) یہ نظریہ کہ نوع انسانی جدا جدا ماں باپ کی اولاد سے ہیں؛ کثیر الموروثی؛ (عقیدہ) متعدد نسلیت؛ یہ عقیدہ کہ نسل انسانی کئی جداگانہ انواع پر مشتمل ھے۔ (۲) (حیاتیات) متعدد اصلیت۔

Polygenist : (n) کثیرالمورونی کا قائل؛ معتقد متعدد نسلیت : (نیز توصیفاً)۔

Polygenistic : (a) کیثر المورونی کا۔

Polygenous : (a) [f. Gr. polygenys.'] (۱) مختلف النوع اجزا سے مرکب : کثیر التركيب؛ کثیر مرکبہ۔ (۲) (ارضیات) مختلف النوع چٹانوں سے بنا ہوا یا مرکب : کثیر الصخر؛ چند صخری۔ (۳) (کیمیا) کثیرالتركيب : جس کے ہائیڈروجن کے ساتھ کئی مرکب بن سکیں۔ (۳) کثیر المورثی کا یا اس سے متعلق؛ (عقیدۂ) متعدد نسلیت سے متعلق؛ تعدد اصلیت کا یا اس سے متعلق۔

Polygeny : (n) [Fr. 'polyglotte.'] مورثوں کے کئی جدا جدا جوڑوں سے نوع انسانی (یا کسی بھی نوع) کی؛ (نظریاتی) پیدائش؛ نوع انسانی کی پیدائش کا یہ نظریہ کہ وہ جدا جدا ماں باپ کی اولاد سے ہیں ؛ کثیر المورونی؛ (نظریہ) تعدد اصلی (بشریات) تعدد نسل۔

Polyglot : (a) [Fr. 'polyglotte.'] (۱) (وہ شخص) جو کئی زبانیں بولتا یا لکھتا ھے۔ (۲)کئی زبانوں کا؛ کئی زبانوں سے متعلق؛ چند زبانی؛ (خصوصاً) بہت سی یا کئی زبانوں میں لکھی ہوئی (کتاب یا کوئی تحریر)۔

Polyglot /Polyglottism : (n) (۱)وہ شخص جو کئی زبانیں بولتا یا

لکھتا ھے؛ ہفت زبانی۔ (۲) وہ کتاب یا تحریر (خصوصاً بائبل) جو کئی زبانوں میں ھو : چند زبانی کتاب۔ (۳) کئی زبانوں کا مرکب (شاذ)۔

Polyglotism /Polyglottism : (n) چند زبانیت : کئی زبانوں کا استعمال یا کئی زبانیں بولنے یا لکھنے کی صلاحیت یا خاصیت؛ ہفت زبانی۔

Polyglottal / Polyglottic/ Polyglottous : (a) دیکھو Polyglot

Polyglottally : (adv.) کئی زبانوں میں؛ ہفت زبان طورپر : ہفت زبانی سے۔

Polygon : (n) [L. 'Polugonum'.] (۱) (ہندسہ) کثیر الزوایا؛ کثیر الاضلاع وہ شکل جس میں (عموماً) چار سے زیادہ زاویے یا پہلو ہوں : شکل کثیر الاضلاع۔ (۲) (ارضیات) کثیرزوایائی اعداد۔ (۳) کثیر الاضلاع شکل کی کوئی چیز۔

Funicular polygon : (n) تنی ہوئی رسے کی وہ شکل جس کے دونوں بندھے ہوئے سروں کے بیچ کئی مقامات پر کچھ وزنی چیزیں لٹکادی گئی ہوں؛ طنابی کثیرالاضلاع شکل۔

Polygon : (a) کثیر الزوایا؛ بہت سے زاویوں والا : بہت سے پہلوؤں والا۔

Polygon of forces : (n) قوائی کثیر الاضلاع؛ قوتوں کا کثیر الاضلاع : ایک نقطے پر عمل کرتی ہوئی متعدد قوتوں سے متعلق کسی کلیے کو ظاہر کرنے والی کثیر الاضلاع شکل۔

Polygon of velocities : (n) حرکتوں کا کثیر الاضلاع : رفتار کا کثیر الاضلاع۔

Polygonaceae : (n) [mod. L. 'polygonum + - acae'] (نباتیات) ریونڈیہ : جڑی بوٹی؛ جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان۔

Polygonacous : (a) (نباتیات) ریوندی : ریوندیہ خاندان کا (پودا یا درخت)۔

Polygonal : (a) (۱) کثیر الاضلاعی : کثیر الاضلاعی شکل کا؛ بہت سے زاویوں یا پہلوؤں والا ۔ (۲) کثیر الزاویائی اعداد۔

Polygonal numbers : (n) کثیر زاویائی اعداد۔

Polygonally : (adv.) کثیر الاضلاع کی حیثیت سے۔

Polygoneutic : (a) (حیوانیات) ایک سال میں کئی جھول بچے جننے والی : متعدد جھولی : چند جھولی۔

Polygonium : (n) (نباتیات) کثیر الساق؛ جنس ہفت بند؛ جنس انجبار (پودوں کی ایک قسم جن کے ڈنٹھلوں کے جوڑ یا گرہیں پھولی ہوئی ہوتی ہیں)؛ موٹی گرہوں والے پودوں کی جنس جس میں Knotgrass, snakeweed وغیرہ شامل ہیں۔

Polygonum : (n) [mod. L.] دیکھو Polygonium

Polygonum Avicular : (n) (نباتیات) ہفت بند۔

Polygonum Bistorta : (n) (نباتیات) انجبار۔

Polygram : (n) کثیر الخطوط شکل یا خاکہ؛ کوئی شکل یا خاکہ جو بہت سے (باہم متقاطع) خطوط پرمشتمل ہو۔

Polygraph : (n) (۱) کثیر نگار آلہ : وہ آلہ جس سے ایک ہی دفعہ اور ایک جیسے دو یا زیادہ خاکے یا تحریریں نکلتی ہوں۔ (۲) نقل نگار : نقل بردار : ایک کاغذ کی کئی نقلیں کرنے کی مشین : خصوصاً نقلیں تیار کرنے کا جلاتینی پیڈ۔ (۳) (عضویات) متعدد عمل نگار یا عضلات نگار آلہ : عضلات کے سکڑ نے اور پھیلنے کو بتانے والا آلہ۔ (۴) ہر فن نویس : بسیار نویس؛ وہ شخص جس نے بہت سی یا مختلف قسم کی کتابیں لکھی ہوں : کثیر التصنیف مصنف۔

Polygraphic : (a) (۱) بسیار نویس : بہت لکھنے والا : بہت سے موضوعات پر لکھنے والا (شاذ)۔ (۲) میکانیکی طور پر تصویروں کی نقلیں اتارنے کے اس طریقے پر اطلاق ہوتا ھے جسے ۱۷۸۸ء میں جوزف بوتھ نے ایجاد کیا تھا)۔ (۳) کثیر نگار آلے کا یا اس سے متعلق؛ نقل نگار مشین کا یا اس سے متعلق : کسی خاکے یا تحریر کی نقلیں تیار کرنے کے لئے استعمال کیاھوا : کثیر نگار آلے یا نقل نگار مشین سے تیار شدہ۔ (۴) ہر فن نویسی کا : بسیار نویسی کا۔

Polygraphical : (a) دیکھو Polygraphic

Polygraphy : (n) [Gr. 'polygraphia.'] (۱) بسیار نویسی : ہر فن نویسی۔ (۲) تصویروں کی نقلیں تیار کرنے کا ایک طریقہ جسے ۱۷۸۸ء میں جوزف بوتھ نے ایجاد کیا تھا۔ (۳) کثیر نگار آلے کا استعمال یا اس سے کام لینے کا عمل۔

Polygynia : (n) [f.mod. L. 'polygymus] (۱) (نباتیات) Linnaean کے جنسی نظام کے بعض طبقوں کا ایک سلسلہ جو ایسے پودوں پر مشتمل ھے جن کے پھول بارہ سے زیادہ Styles یا بقچوں کے حامل ہوتے ہیں : کثیر بقچویت۔ (۲) چند زوجیت (شاذ)۔

Polygynist : (n) چند زوجیت یا تعدد ازواج کا حامی؛ چند زن مرد؛ کثیر الازواج مرد : متعدد زوجات مرد؛ کئی بیویاں رکھنے والا شخص ۔

Polygynous : (a) [f.mod. L. 'polygynus.'] (۱) (نباتیات) Polygynia سلسلے کا؛ کثیر بقچوی : جس میں کئی بقچۂ گل ، سر بقچہ یا گردن بقچہ ہوں ۔ (۲) ایک سے زائد یا کئی بیویاں رکھنے والا ؛ (سماجیات) متعدد زوجات : چند زوج کثیر الازواج؛ چند زن ؛چند زوجیت یا تعدد ازواج پر عمل کرنے والا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (حیوانیات) متعدد جفتہ : کئی مادائیں رکھنے والا : چند جفتگی جس کی نوعی خصوصیت ہو؛ چند جفتگی کی خصوصیت کا حامل (جانور) ۔

Polgyny : (n) (۱) تعدد ازدواج کی وہ صورت جس میں ایک مرد کی کئی بیویاں ہوں ؛ خرّ؛ تعدد زوجات : چند زنی : چند زوجیت : تعدد از دواج ۔ (۲) (حیوانیات) (نر جانوروں کا) ایک سے زیادہ مادائیں رکھنا؛ چند جفتگی ؛ چند مادگی ۔ (۳) (نباتیات) کثیر بقچویت ؛ کثیر مادگی ۔

Polyhaemia : (n) (مرضیات) خون کی زیادتی : کثرت الدم : کثرت خون : امتلاء دموی : غلبۂ خون ۔

Polyhalite : (n) [G. 'polyhalit.'] (معدنیات) کیلشیم ، پوٹا شیم اور میگنیشیم کا آب دار سلفیٹ جو عموماً سرخ یا زردی مائل رنگ کے ریشہ دار تودوں میں ہوتا ھے ۔

Polyhedral / Polyedral : (a) [f. Polyhedron + -al] (۱) کثیر السطوح : کثیر پہلو : کثیر الاضلاع : کثیر الاضلاعی شکل کا ۔ (۲) تین یا زیادہ سطحوں کو ایک نقطے پر ملنے سے بنا ہوا (زاویہ) (عام طور پر اسے Solid angle کہتے ہیں)؛ ٹھوس زاویہ : مجسم (زاویہ)۔

Polyhedral angle : (n) زاویۂ مجسم : ٹھوس زاویہ ۔

Polyhedric / -al : (a) کثیرالاضلاع کی شکل کا : کثیر السطوح : کثیر پہلو : (نیز مجازاً) متنوع : ہمہ گیر : ہفت پہلو : کثیر پہلو : کثیر الوجود ۔

Polyhedron / Polyedron : (n) [Gr. ' Polyedron .'] (۱) (ہندسہ) کوئی ٹھوس شکل جو کئی (عموماً چھ سے زائد) سطحوں یا پہلوؤں پر مشتمل ہو : کثیر الاضلاع مجسم : اس شکل کی کوئی بھی چیز ۔ (۲) کثیر پہلو یا کثیر الاضلاع شیشہ یا عدسہ جس میں ایک ہی چیز کی کئی تمثالیں بہ یک وقت نظر آئیں؛ متعدد عکسی شیشہ : کثیر عکسی شیشہ ؛ عدسۂ کاثر ۔

Polyhedrous : (a) دیکھو Polyhedral

Polyhistor /- ian : (n) [Gr. 'polyhisto'] وہ شخص جو مختلف علوم پر حاوی ہو : جامع العلوم : ہمہ داں : عالم متبحر؛ جید عالم : علامہ ۔

Polyhistoric : (a) عالمانہ : کسی جید عالم کی طرح : جامع العلوم جیسا؛ ہمہ داں : جامع العلوم : عالم متبحر : جید عالم ۔

Polyhistory : (n) ہمہ دانی : جامعیت : متبحر علمی ۔

Polyhybrid : (n) (حیوانیات) کامل دوغلا: دوغلا در دوغلا ۔

Polylingual : (a) کئی زبانوں کا : چند زبانی : جہاں کئی زبانیں بولی جاتی ہوں یا (رسالہ وغیرہ) جس میں کئی زبانیں ہوں یا جو کئی زبانوں میں شائع ہوتا ہو ۔

Polylogia : (n) (طب) مسلسل کلامی ۔

Polylogy : (n) کثیر کلامی : کثرت تکلم : مسلسل کلامی : بسیار گوئی بکواس (شاذ) ۔

Polymastia / Polymasticia / Polymasticism : (حیوانیات) متعدد پستانی؛ معمول سے زیادہ پستان ہونے کی حالت ۔

Polymastic : (a) (حیوانیات) متعدد پستان دار : (وہ جانور) جس کے معمول سے زیادہ پستان ہوں : جس کے پستانوں کی تعداد معمول سے زیادہ ہو ۔

Polymath : (n) بہت اور مختلف النوع علوم کا جاننے والا : مختلف علمی موضوعات پر قدرت رکھنے والا : جامع العلوم : عالم متبحر : جید عالم؛ ہمہ داں؛ علامہ؛ (نیز توصیفاً)۔

Polymathic : (a) عالمانہ : کسی جامع العلوم شخص سے متعلق؛ مختلف موضوعات و علوم پر قدرت رکھنے والا ۔

Polymathy : (n) ہمہ دانی : جامعیت : متبحر علمی ۔

Polymeniscous : (a) متعدد عدسی : کثیر عدسی (چشم حشرہ) : بہت سی عدسی یا پردوں سے مل کر بنی ہوئی(چشم حشرہ)۔

Plymer : (n) [Gr. 'polymer.'] (کیمیا) کثیر سالمی مرکب؛ پالمیر ؛کثیر ترکیبہ : کثیر الاوزان یا کثیر سالمی مرکبات میں سے کوئی ایک : کثیر ترکیب مرکب ۔

Polymeric : (a) (کیمیاوی مرکبات) جن میں ایک ہی قسم کے عناصر ایک ہی تناسب میں ہوں لیکن کسی ایک مرکب کی بہ نسبت دوسرے میں کئی عناصر کے جوہروں کی

تعداد اور ان کا سالماتی وزن اول الذکر سے زیادہ ہو؛ کثیر الاوزان : کثیر سالمی ۔

Polymeride : (n) دیکھو Polymer

Polymerism : (n) (۱) کثیر ترکیبی : پالیمریت : کثیر سالمی ؛ یا کثیر الوزن ہونے کی حالت ۔ (۲) (حیاتیات) کثیر الارکان ہونے کی حالت؛ بہت سے حصوں یا ٹکڑوں سے مل کر بنے ہوئے ہونے کی حالت؛ کثیر پارہ یاکثیر جزہ ہونا ۔

Polymerization : (n) کثیر سالمی یا کثیر الاوزان مرکبات بنانے کا عمل یا طریق عمل : کثیر سالمی مرکبات کی تشکیل؛ کثیر الارکان بنانے کا عمل یا طریق عمل : (کیمیا)کثیر سالماؤ ؛ پولیمیراؤ ۔

Polymerize : (v) (۱)کثیر سالمی یا کثیر الاوزان بنانا ؛ کثیر سالمی یا کثیر الوزن مرکب تیار کرنا ۔ (۲) کثیر سالمی یا کثیر الاوزان ہونا ؛ کثیر سالمی یا کثیر الوزن مرکب میں تبدیل ہونا ۔ (۳) (حیاتیات) کثیر الارکان یا کثیر جزہ بنانا ؛ کثیر پارہ بنانا ۔

Polymerous : (a) (تاریخ موالید) کثیر الارکان : بہت سے حصوں یا ٹکڑوں سے مل کر بنا ہوا ؛ کثیر پارہ ؛ کثیر جزہ ۔

Polymery : (n) کثیر الارکان کی حالت : کثیر پارگی ؛ کثیر جزئی۔

Polymetrical tables : (n) کثیر پیمائشی نقشہ : کثیر پیمائشی جدول ۔

Polymorph : (n) [Gr. 'polymorphos.'] (۱) (تاریخ موالید) کثیر الاشکال جسم نامی یا جسیمہ ؛ کثیر الاشکال نوع کا کوئی فرد: کثیر شکلہ خلیۂ خون ۔ (۲) (کیمیا،معدنیات) کوئی مادہ جو دو یا زیادہ مختلف شکلوں میں بلور بنتا ھے ؛ کثیر شکلہ مادہ ۔

Polymorphic : (a) (۱) کثیر الاشکال : کثیر الاقسام (پودوں یا حیوانات کی کوئی نوع یا کوئی پھوٹ نکلنے والی بیماری)۔ (۲)مختلف شکلیں اختیار کرنے والا (حیوان، امیبا وغیرہ)۔ (۳) کئی (ایک دوسرے سے مختلف) شکلوں میں بدل جانے والا ؛ یکسر شکل بدل دینے والا ۔

Polymorphism : (n) کثیر شکل : کثیر الاشکالی یا کثیر الاقسام ہونے کی حالت؛ کثیر الاشکالی ۔

Polymorpho - : (n) [Gr. 'polymorphos. '] جزو ترکیبی بمعنی کثیر الاشکال؛ کثیر شکلہ ۔

Polymorphonuclear / Polymorphonucleate : (a) مختلف شکلوں کی کئی نیو کلیائی مرکزوں والا؛ کئی مختلف الاشکال نیو کلیائی مرکزوں والا ۔

Polymorphous : (a) (۱) کثیر الاشکال ؛ کثیر الاقسام (پودوں یا حیوانات کی نوع یا کوئی پھوٹ نکلنے والی بیماری)؛ کثیر شکلہ (پودا یا حیوان) ۔ (۲) مختلف شکلیں اختیار کرلینے والا (حیوان، امیبا وغیرہ) ۔ (۳) کئی (ایک دوسری سے مختلف) شکلوں میں بدل جانے والا؛ یکسر شکل بدل دینے والا ۔ (۴) (کیمیاء معدنیات) دو یا زیادہ شکلوں میں بلور بننے والا (خصوصاً ان شکلوں میں جن کا تعلق مختلف نظاموں سے ہو) ؛ دو شکلہ یا سہ شکلہ ؛ دو صورتا یا سہ صورتا ۔

Polymorphous cells : (n) (خلویات) کثیر شکل خلایا ۔

Polymorphous perverse : (n) (نفسیات) کثیر شکل جنس کج ۔

Polymorphy : (n) [Gr. 'polymorphia.'] دیکھو Polymorphism

Polynesia : (n) [mod. L.form of Fr. 'polynesie.'] پولی نیشیا؛مجمع الجزائر (بحر الکاہل میں چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کا مجموعہ جو آسٹریلیا کے مشرق میں واقع ہیں)۔

Polynesian : (a) پولی نیشیائی ؛ پولی نیشیا کا ۔

Polynesian : (n) پولی نیشیا کا باشندہ ؛ پولی نیشیائی ؛ بحرالکاہل جزیروں کا رہنے والا ۔

Polyneuritis : (n) ورم اعصاب ؛ ورم معتدد اعصاب ۔

Polynia : (n) [Russ. 'poltyn 'ya.'] برفستانی جھیل؛ برف کے درمیان پانی کا قطعہ (خصوصاً بحر منجمد شمالی میں) ؛ قطبی تالاب ؛ یخ گرفتہ تالاب ۔

Polynome : (a) بہت سے ناموں والا ؛ کثیر الاسم کثیر اسمی ؛ کثیر الارقام ۔

Polynomial : (a) [Var . of earlier Multinomial.] (۱) (ریاضیات) کثیر الارقام؛ کثیر رقمہ ؛ کثیر المقادیر ۔ (۲) (اصطلاحات علمیہ) جن میں جنس ، نوع، ضمنی نوع، قسم وغیرہ کے نام دو سے زیادہ یا اصطلاحات کے ذریعہ ظاہر کئے جاتے ہیں ؛ چند اصطلاحی (نام) ؛ چند لفظی (اصطلاح یا نام) ۔

Polynomial : (n) (۱) (الجبرا) کثیر الارقام یا کثیر المقادیر علامت یا مجموعۂ علامات ۔ (۲) کئی اصطلاحوں یا لفظوں پر مشتمل علمی نام؛ چند اصطلاحی نام ؛ چند لفظی نام ۔

Polynomial theorem/ Multinomial - : (n) کثیر المقادیر کلیہ ؛ کثیر الارقام کلیہ ۔

Polynuclear : (a) (حیاتیات) متعدد نیو کلیائی۔

Polyonym : (n) طویل نام ؛ متعدد لفظی نام ؛ دو یا زیادہ الفاظ پر مشتمل اصطلاح ؛ چند لفظی اصطلاح۔

Polyonymic : (a) متعدد لفظی نام جیسا ؛ چند لفظی اصطلاح جیسا۔

Polyonymous : (a) [Gr. 'Polyonymos'.] چند اسمی ؛ چندلقبی ؛ کئی اسماء یا القاب والا ؛ کئی مختلف ناموں سے مشہور ؛ کثیر الاسماء ؛ جس کے کئی نام ہوں۔

Polyonymy : (n) [Gr. 'polyonymia.'] (۱)کثیر الاسمی؛ کثیرالاسمائی؛ بسیار نامی : ایک ہی شخص یا چیز کے لئے کئی مختلف ناموں کااستعمال؛ ایک چیز کے کئی نام ہونا۔(۲)متعدد لفظی اصطلاحات علمیہ : چند لفظی اصطلاحات یا ناموں کی فہرست۔

Polyopia : (n) (مرضیات) کثیر نظری (خصوصاً ایک آنکھ سے) : ایک ہی چیز کی کئی تصویریں یا تمثال نظر آنا : کثیر بینی۔

Polyoptron : (n) متعدد عکسی آلہ : ایک آلہ جس کے ذریعہ دیکھنے سے ایک ہی چیز کی کئی یا بہت ساری نظر آتی ھے۔

Polyoxide : (n) ایک دو عنصری مرکب جس میں آکسیجن کے بہت ذرات ہوں ؛ کثیر آکسیجن مرکب۔

Polyp / Polype : (n) [L. 'polypus.'] (۱) (حیوانیات) کثیر پا؛ ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانوروں کی ایک قسم جس کے بہت سے پاؤں یا پاؤں نما اعضا ہوتے ہیں ؛ مرجان جدا ؛ مرجانی جانور ۔ (۲) بہت سے ایسے جانوروں کو بھی کہتے ہیں جن کا نظام جسمانی پیچیدہ ہوتا ھے ؛ اخطبوط ۔(۳)(مرضیات) سلعہ؛ (غشاء) مخاطی (شاذ)۔

Polyp-stem/ -stock : (n) کثیر پا کا چھتا؛ بہت سے کثیر پا جانوروں کا جڑا ہوا جسم جو چھتے کی طرح ہوتا ھے ؛ مرجانی مہال؛ مرجان کا چھتا۔

Polypary : (n) [mod. L. 'polyparium.'] کثیر پا کا چھتا ؛ بہت کثیر پا جانوروں کا جڑا ہوا جسم جو چھتے کی طرح ہوتا ھے ؛ مرجان مہال ؛ مرجان کا چھتا۔

Polypeptide : (n) [G. 'Polypeptid.'] (بایوکیمسٹری) کوئی Peptide جس میں Amino-acids کی تعداد کم نہیں ہوتی لیکن اتنی زیادہ بھی نہیں کہ وہ پروٹین سمجھا جائے۔

Polypetalous : (a) (نباتیات) کثیر گلبرگہ ؛ کثیر پنکھڑیا ؛ علاحدہ پنکھڑیوں والا ؛ کثیر رخسار ؛ جس کی پنکھڑیاں آپس میں ملی ہوئی نہ ہوں بلکہ جدا جدا ہوں۔

Polyphage /Polyphagia : (n) (مرضیات، طبیعیات) جوع بقری : جوع البقر ؛ بسیار خوری ؛ بے حد بھوک؛ شدید بھوک۔

Polyphagous : (a) (۱)پرخور ؛بسیار خور؛ مربھکا؛ پیٹو ؛بھوک کا مارا؛ بے حد بھوکا۔ (۲) (حیوانیات) وہ جانور جو مختلف قسم کی غذائیں کھاتا ھے ؛ کثیر الغذا ؛ کثیراشیاء خور۔

Polypharmacy : (n) (طب) کثیر ادویاتی علاج ؛ کسی مرض کے علاج میں بہت ساری دوائیں استعمال کرانا۔

Polyphase : (a) (برقیات، انجینئرنگ) کثیر الہیٔت؛ کثیر فیزہ۔

Polyphase motor : (n) کثیر فیزہ موٹر۔

Polypheme : (n) [L.Polyphenus .] ہومر کی Odyssey کا کانا دیو ؛ کانا دیو۔

Polyphemus : (n) [L.] ہومر کی رزمیہ کا کانا دیو ؛ (یونانی کہانیوں کا) کانا دیو؛ عفریت یك چشم ؛ (نیز) کانا آدمی۔

Polyphone : (n) [Gr. 'polyphonos.'] (لسانیات) کثیر الاصوات حرف۔

Polyphonic : (a) (۱) کئی طرح کے ملے ہوئے نغموں یا آوازوں پر مشتمل (موسیقی)؛ اس موسیقی سے متعلق؛ جس میں اصل نغمے کے علاوہ مزید نغمے شامل ہوں ؛ کثیر نغمہ ۔ (۲)بہت سی آوازیں نکالنے یا پیدا کرنے والا ؛ (وہ شخص) جس کی کئی آوازیں ہوں ؛ چند اصوات۔ (۳) ایک سے زیادہ آوازوں والا (حرف یا علامت مثلاً c, g, s)کثیر الاصوات۔

Polyphonism : (n) (۱) تکثیر صوت ؛ باز گشت کے ذریعہ آواز کا اضعاف ۔ (۲) (موسیقی) کثیر صوتی کا استعمال؛ کثرت نغمہ؛ کثیر نغمہ طرز یا بندش۔

Polyphonist : (n) (۱) آوازیں بدل کر بولنے والا ؛ کئی آوازوں میں بولنے والا ۔ (۲) (موسیقی) کثیر صوتی یا کثرت نغمہ کا ماہر ؛ گمکیا ؛ گمك دینے میں استاد یا مشاق۔

Polyphony : (n) [Gr. 'polyphonia.'] (۱) تکثیر صوت ؛ باز گشت کے ذریعہ آواز کا اضعاف ؛ (موسیقی) متعدد آوازی ۔ (۲)(موسیقی)کثرت نغمہ ؛کثیر نغمہ ہونا۔(۳)(لسانیات) کثیر الاصواتی ؛ ایک ہی حرف کا کئی مختلف آوازوں کی علامت ہونا۔

Polyphylesis : (n) (حیاتیات) تعدد اصل : تعدد نسل : کثیر نسلیت: مختلف خاندانوں یا قبیلوں سے ہونا ۔

Polyphyletic : (a) (حیاتیات) کیثر الاصل : کثیر نسلہ : مختلف خاندانوں یا قبیلوں کا ۔

Polyphyllous : (a) (نباتیات) کثیر برگہ : بسیار برگہ ۔

Polypide (n) [f. Polyp + ids] (حیوانیات) مرجان جدا ۔

Polypidem : (n) [f. L. 'polypus + - domus .'] Polypary دیکھو

Polypier : (n) [Fr. 'polypier.'] دیکھو Polypary : کبھی کبھی اس کا کوئی ممتاز حصہ جس سے کوئی تنہا مرجان جڑا ہوتا ہے ۔

Polypifer : (n) [Anglicization of mod . L. 'polypifer'] دیکھو Polypary

Polypiferous : (a) مرجان دار (مثلاً تودۂ مرجان : مرجان کا چھتا)؛ حامل مرجان ۔

Polypite : (n) [L. 'polypus.'] (۱) (معدنیات) متحجر مرجان : متحجر کثیر پا ۔ (۲) (حیوانیات) مرجان جدا؛ تنہا کثیر پا ؛ تنہا مرجان ۔

Polyploid : (a) [G.] (حیاتیات) Chromosomes کے دو سے زیادہ سیٹوں والا (خلیہ یا نوات خلیہ : Polyploid خلیوں والا (جسم) چند لونیویہ : چند لونیوی (خلیہ یا نوات خلیہ) : چند لونیوی خلیوں والا (جسم) ۔

Polyploidy : (n) چند لونیویت : Chromosmes کے دو سے زیادہ سیٹوں کا حامل ہونے کی حالت ۔

Polypod : (a) [Fr. 'polypode.'] (حیوانیات) کثیر پا : بہت سے پیروں والا : بسیار پا ۔

Polypod : (n) حیوان کثیر پا : ہزار پا : صد پا : کن کھجورا : بسیار پا ۔

Polypodium : (n) [L.] (نباتیات) مختلف الشکل فرنوں کی ایک بڑی جنس جو دور دور تک پھیلی ہوئی ہے اور نم چٹانوں یا دیواروں پر اگتی ہے ۔

Polypody : (n) [L. 'polypodium.'] Polypodium جنس کی ایک فرن خصوصاً Polypodium Vulgare ؛ (نباتیات) اضراس الکلب : بسفائج ۔

Polypody : (n) [Gr. 'polypodia'] کثیر پائی (کسی کیڑے کے جنین یا لاروا کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔

Polypoid : (a) [f. Polyp+ -oid.] (۱)(حیوانیات) مرجانی؛ مرجان نما؛ کثیر پا کا : کثیر پا کی طرح کا ۔ (۲)(مرضیات) سعدانی : مخاطی سلعی : Polypus کا اس کی طرح کا ۔

Polypoid bronchitis : (n) [Polyp or Polypus + -ous.] (مرضیات) سعدانی ور شعبی ۔

Polypose (a) (۱) (حیوانیات) کثیر پا سے متعلق یا اس کے جیسا (نیز مجازاً) کثیر پا جیسا ۔ (۲) (مرضیات) سعدان زدہ : مخاطی سلعے کا یا اس جیسا : سلعات مخاطی والا : مریض سلعۂ مخاطی ۔ (۳)کثیر تخمہ ۔

Polyposis : (n) [f. Polypus + osis.] (مرضیات) سعدانیت : مرض سلعات مخاطی ۔

Polypous : (a) [f. Plyp or Polypus + -ous.] Polyose دیکھو

Polypragmatic : (a) بہت سے معاملات میں خود کو الجھائے رکھنے والا؛ دخل در معقولات کا عادی : فضول کار ۔

Polypragmatism : (n) بہت سارے معاملات میں خود کو الجھائے رکھنے کی عادت : فضول کاری : دخل درمعقولات کی عادت۔

Polyprotodont : (a) [Gr. 'protos + - odons.'] (حیوانیات) جس کے نچلے جبڑے میں دو سے زیادہ سامنے والے یا کترنے والے دانت ہوں ۔

Polyprotodont : (n) وہ تھیلی دار جانور جس کے نچلے جبڑے میں دو سے زیادہ کترنے والے یا سامنے والے دانت ہوتے ہیں۔

Polypsychic / -al : (a) کثیر النفوس : کئی روحوں والا : کثیر النفس؛ کثیر الادراک : بہت زیادہ جذباتی یا حساس ۔

Polypsychism : (n) کثیر الادراک ہونا : شدید جذباتیت : کثیر النفسی۔

Polypterid : (n) [f. mod . L. 'Polypterus.'] (مچھلیوں کا علم) Polypteridae خاندان کی ایک مچھلی ۔

Polypteroid : (a) Polypteroidei : Polypterus کی شکل سے ملتا جلتا : نوع کی (مچھلی) ۔

Polypteroid : (n) Polypteroidei نوع کی مچھلی ۔

Polypterus : (a) افریقی گرم خطوں کے دریاؤں کی Polypterid مچھلی۔

Polyptoton : (n) [Late . L.] (خطابت) تکرار لفظی کی ایک صورت۔

Polyptych : (n) کوئی چیز جو تین سے زیادہ مرتبہ موڑی گئی ہو؛جس چیز میں تین سے زیادہ تہیں دی گئی ہوں ۔

Polypus : (n) [L. 'polypus'] پالی پس : ورم جو ناک، رحم، مثانے کی باریک جھلیوں میں پیدا ہوتا ھے اور سطح پر ظاہر ہوتا ھے ؛ (طب) سعدان : بواسیر لحمی ؛ سلعۂ مخاطی ۔

Polypus of the nose : (n) (طب) ناک کی بواسیر لحمی ؛ سعدان انف ۔

Polypus of the womb : (n) (طب) بواسیر لحمی رحم؛ بچہ خورہ۔

Polysarcias : (n) (مرضیات) بدن میں گوشت یا چربی کی زیادتی؛ فربہی : موٹا پا؛ مفرط لحمی ۔

Polyscope : (a) (۱)ایک آلہ جس سے ایک ہی چیز کئی نظر آتی ھے ؛چند عکسی عدسہ ہمہ بین ؛ کثیر بین ۔ (۲) جسم کے جوفوں کو دیکھنے یا ان کا معائنہ کرنے کا آلہ ۔

Polysepalous : (a) (نباتیات) کثیر سبلہ ؛ کثیر پھول پتیا؛ کثیر مسند؛ مختلف الاوراق ؛ الگ الگ بہت سی پتیوں والا (جو ملی ہوئی یا متحد نہ ہوں) ۔

Polysperm / -ous : (a) (نباتیات) بہت سے بیجوں والا : جس سے بہت سارے بیج پیدا ہوں ؛کثیر تخمہ ۔

Polyspermy : (n) (طبیعیات) کسی بیضے کا ایک سے زائد حیوان منویہ سے بارور ہونا ؛ کثیر تخمی ۔

Polyspore : (n) (۱) (نباتیات) کثیرخلوی بذرہ (غیر پھول دار پودوں کا باز تولیدی خلیہ یا تخمہ ۔ (۲) مرکب بذرہ (بعض کائیوں کا) ۔

Polyspored /Polysporic / Polysporous : (a) (نباتیات) کثیر بذری ؛ متعدد بذرہ ؛ متعدد بذروں والا ۔

Polystele : (n) (نباتیات) کثیر عروقیہ ؛ جال عروقیہ۔

Polystemonous : (a) (نباتیات) کثیر نرہ ؛ کثیر زر ریشی ۔

Polystichous : (a) (نباتیات) کثیر منزلہ؛ متعدد قطارہ ؛ کئی قطاروں میں ترتیب دیا ہوا۔

Polystomatous : (a) (حیوانیات) متعدد دہنہ ؛ کئی منہ والا (اسفنج)۔

Polystome : (a) متعدد دہن ؛ بسیار دہن ۔

Polystome : (n) متعدد دہن جانور؛ بسیار دہن جانور؛ بہت سے منہ یا سونڈوں والا اسفنج ۔

Polystyle : (a) (تعمیرات) کثیر ستونہ ۔

Polystylous : (a) (نباتیات) کثیر گردنہ ۔

Polystyrene : (n) ایک سخت اور بے رنگ تھر موپلاسٹک جو ڈھالنے والی چیز ، سخت فوم اور تختے کی شکل میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Polysulphide : (n) کسی عنصر کے ساتھ گندھک کا مرکب جس میں گندھک کا جزو غالب ہو ۔

Polysyllabic/-al : (a) [med. L. 'Polysyllabus.'] (۱) کثیر الاجزا ؛کئی بول کا (لفظ) ؛ تین سے زیادہ ہجاؤں والا (لفظ)۔ (۲) (زبان) جس میں کثیر الاجزا الفاظ ہوں۔

Polysyllabically : (adv.) کثیر الاجزا لفظ کی طرح سے ۔

Polysyllable : (n) [mod. L 'Polysyllaba.'] کثیر الاجزا لفظ؛ کئی بول کا لفظ؛ تین سے زیادہ ہجاؤں والا لفظ۔

Polysymmetrical : (a) چند طرز متشاکل ۔

Polysyndeton : (n) (خطابت) کئی حروف عطف قریب قریب استعمال کرنے سے پیداشدہ صورت : (عموماً) ایک ہی حرف عطف کی تکرار سے پیدا شدہ صورت ۔

Polysynthesis : (n) بہت سے عناصر کی ترکیب یا امتزاج : چند عنصری ترکیب ؛ پیچیدہ ترکیب ؛ مضاعف ترکیب ؛ (لسانیات) ایک ہی لفظ میں دو یا زیادہ اجزائے کلام (اسم، فعل، حرف وغیرہ) کا امتزاج ؛ چند جزئی ترکیب ۔

Polysynthetic /-al : (a) (۱) (کیمیا)چند عنصرہ ؛ (بلور) چند قلمہ ۔ (۲) (لسانیات) کثیر الترکیب ، (زبان) جس میں جملے کے کئی لفظوں کو ملاکر مرکب الفاظ بنائے گئے ہوں؛ چند جزئی یا چند لفظی ترکیب والا (جملہ)۔

Polysynthetically : (adv.) چند عنصری طور پر۔

Polysyntheticism / Polysythetism : (n) چند عنصری ہونا ؛ چند عنصریت ؛ چند قلمیت؛ (جملے میں ترکیب کا) چند لفظی ہونا ؛ کثیر ترکیبی ۔

Plytechnic : (a) [Fr. 'Polytechnique.'] مختلف فنون سے متعلق ؛ مختلف فنون کے لئے ؛ جس میں بہت سے فنون کی تعلیم ہوتی ہو ؛کثیر الفنون ؛ جامع الفنون ؛ کثیر فنی ؛ کئی

سالمی بنلکر تیار کیا جاتا ہے اور فلم نیز دیگر اشیاء کو پیک کرنے اور دیگر کئی کاموں میں آتا ہے "پالی تھین"۔

Polytocous : (a) (۱) (حیوانیات) ایک ساتھ کئی بچے جننے والا : کثیر مولودہ۔ (۲) (نباتیات) کئی بار پھل دینے والا : کثیر فصلہ۔

Polytomous : (a) [f. mod. L. 'polytomus.'] (۱) کئی حصوں میں بٹا ہوا یا منقسم۔ (۲) (نباتیات) کثیر شاخہ : (پتا) جو کئی حصوں میں منقسم ہو مگر درمیانی رگ سے اس طرح جڑا ہوا نہ ہو جیسے الگ کوئی پتی یا پتیا کہا جا سکے۔ (۳) (اس طرح شاخیں پھوٹنا) جس میں ایک ہی مقام پر دو سے زیادہ شاخیں ہوجائیں اور نیچے کی بڑی شاخ یا تنا انہی حصوں میں منقسم ہوکر رہ جائے۔ (۴) (منطق) کثیر رکنی : کثیر الارکان۔

Polytomy : (n) [after, 'dichotomy, trichotomy.'] (۱)(نباتیات)ایک ہی نقطے پر دو سے زیادہ یا کئی شاخوں میں منقسم ہونا : کثیر شاخگی۔ (۲) (منطق) کئی (عموماً تین سے زیادہ) ارکان میں منقسم ہونا: کثیر رکنیت۔

Polytopic : (a) دو یا زیادہ مقامات سے پیدا ہونے یا واقع ہونے والا (جسمیہ) : متعدد مقامی (جسمیہ)۔

Polytropic : (a) (۱) جسے کئی جانب یا کئی طرح موڑا جاسکے : کئی حالت میں لایا جاسکنے والا۔ (۲) (ارضیات) ایک ہی نقطے یا قطب کے گرد کئی بار گھومنے والا : (نیز وہ عمل) جس میں ایک ہی متغیرہ کے لئے کئی مختلف قدریں ہوں۔

Polytype : (n) [Fr. 'polytype.'] (۱) مسبوکہ (Stereotype) کی ایک ترکیب۔ (۲) وہ نقش جو اس ترکیب سے بنایا جائے۔

Polytype : (v) اسٹریو ٹائپ ترکیب سے (کسی چیز کا) نقش بنانا یا اتارنا۔

Polytypic : (a) (حیاتیات) کثیر نوع : کثیر صورت۔

Polyurethane : (n) دیکھو NHCOO گروپ سے منسلک : پالیمرس کی اکائیوں سے بنا ہوا یا ان پر مشتمل مختلف مصنوعی رالوں یا پلاسٹکوں میں سے کوئی ایک جو خاص کر فوم یا استرکاری کے طورپر استعمال کی جاتی ہے۔

Polyuria : (n) (۱) (مرضیات) ذیابیطس۔ (۲) (مرضیات) سلسل البول : کثیر بولی : کثرت سے پیشاب ہونا۔

Polyvalent : (a) (۱) (کیمیا) کثیر گرفتہ۔ (۲) دیکھو Multivalen۔

Polyvinyl chloride : (n) کوئی بھی مرکب جس میں Vinyl chloride کے

فنون کا (مدرسہ وغیرہ)۔

Polytechnic : (n) پالی ٹیکنک : کثیر فنی ادارہ: دارالفنون : Polytechnic Institution کا مخفف۔

Polytechnic Institution : (n) دار الفنون : کثیر فنی ادارہ: کثیر الفنون یا کئی فنون کا مدرسہ: لندن کا ایک ادارہ جو ۱۸۳۸ء میں صنعتی فنون سے متعلق چیزوں کی نمائش کے لئے قائم کیا گیا تھا: تکنیکی اور صنعتی اسکول۔

Polytechnic School : (n) کثیر فنی مدرسہ : جہاں مختلف تکنیکی تعلیم دی جائے۔

Polytechnical : (a) دیکھو Polytechnic (a)

Polytechnics : (n) کثیر فنی ادارات یا ادارے۔

Polythalamous : (a) (حیاتیات) چند خانہ دار : (تاریخ موالید) کثیر خانہ : بسیار خانہ۔

Polytheism : (n) [Fr. ' Polytheisme.'] ایک سے زائد یا کئی خداؤں کی پرستش: کئی خداؤں پر عقیدہ : کثرت اللّٰہ کا عقیدہ : کثرت پرستی: اصنام پرستی : بہت سے دیوتاؤں پر عقیدہ : ارباب پرستی : مشرک۔

Polytheist : (n) مشرک: ایک سے زیادہ یا کئی خداؤں پرعقیدہ رکھنے والا یا ان کی پرستش کرنے والا : کثرت اللّٰہ کا قائل : کثرت پرست : اصنام پرست : بت پرست : کثرت پرستی یا اصنام پرستی کا حامی یا پیرو (نیز توصیفاً یا بطور صفت)۔

Polytheistic : (a) کثرت پرستی یا اصنام پرستی کا : اس سے متعلق یا اس پر عامل : کثرت پرستی کا معتقد : کثرت پرست : مشرک۔

Polytheistical : (a) کثرت پرست : اصنام پرست: اصنام پرستی کی طرف میلان رکھنے والا: مائل بت پرستی مشرک یا مائل شرک۔

Polytheistically : (adv.) از روئے کثرت پرستی یا اصنام پرستی : بت پرستانہ : مشرکانہ : اصنام پرستانہ : کثرت پرستانہ۔

Polythelia : (n) [f. Gr. 'thele.'] (طب)متعدد حلمیت : معمول سے زیادہ بھٹنوں والی ہونے کی حالت: وہ حالت جب سرپستان کی تعداد معمول سے زیادہ ہو۔

Polythene : (n) [Contr. 'of Polyethlene.'] ایک چمڑا : ہلکا نیم شفاف اور کبھی شفاف تھرمو پلاسٹک جو Athylene کو کثیر

سالمات کثیر تعداد میں‌ہوں ؛ وینائل کلورائڈ کا پالیمر یا کثیر سالمی مرکب ؛ (نیز) ایسے مرکب سے بنی ہوئی مختلف پلاسٹکوں میں سے کوئی ایک ۔

Polyzoa : (n) [mod . L.] (حیوانیات) مرکب الجسم جانور ؛ ایک قسم کے چھوٹے آبی حیوانات کا گروہ جو تودوں کی شکل میں ہوتا ھے ؛ حونیات مجتمعه ؛ حوَنیات اشنیه ۔

Polyzoan : (a) (حیوانیات) حونیات مجتمعه کا ؛ حونیات مجتمعه جیسا یا اس کی خاصیت کا حامل ۔

Polyzoan : (n) حونیات مجتمعه کے تودوں میں کا کوئی ایک حیوان؛ایک Polyzoon ؛ حوین مجتمعه ۔

Polyzoarium : (n) [mod.L.] کثیر پا کا چھتا ؛ حونیات مجتمعه کا تودہ یا پوری آبادی ۔

Polyzoary : (n) [mod.L. 'polyzoarium.'] دیکھو Polyzorium

Polyzoic : (a) (حیوانیات) مرکب الجسم ؛ کثیر حونیات دار ۔

Polyzonal : (a) عدسوں کی اس شکل پر اطلاق ہوتا ھے جو متعددحلقه نما حصوں سے مرکب ہو (یه خاص کر مناروں میں ہوتا ھے) ؛ (روشنی کا منارہ) جس کے کئی حلقه نما حصے ہوں ؛ کثیر حلقوی (منارہ) ۔

Polyzoon : (n) حوین مجتمعه ؛ Polyzoa کی واحد شکل ۔

Pom : (n) پوم ؛ Pomeraian dog کا مخفف ۔

Pom-Pom : (n) [From the sound of the discharge.] پم پم (ایک قسم کی دور مار مشین گن جو بہت تیزی سے فائر کرتی ھے) ۔

Pomace : (n) [med. L. 'pomacium.'] (۱) کچلا ہوا سیب (رس نچوڑنے سے قبل یا بعد) جس سے شراب بناتے ہیں ۔ (۲) اس کا فضله جو عرق نکالنے کے بعد بچ جاتا ھے ۔ (۳) کسی چیز کا گودا یا کچلی ہوئی کوئی چیز ۔ (۴) وہ فضله جو مچھلی وغیرہ میں سے تیل نکالنے کے بعد بچ رہتا ھے ۔ (۵) (نباتیات) مغز سیب؛ فضلۂ سیب۔

Pomaceous : (a) [L. 'pomum.'] (۱) سیبی ؛ سیب کا ؛ سیب پر مشتمل یا اس سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) سیب جیسا؛ سیب کی نوعیت کا؛ سیب یا سیب نما پھل دینے والے گلاب نما درختوں کی قسم ؛ Pomeae کا یا اس سے متعلق۔

Pomade : (n) [Fr. 'pommade.'] جلد یا سر کے بالوں میں لگانے کا خوشبودار مرہم ؛ پومیڈ ؛ پھلیل؛ پوماد ؛ موم روغن ۔

Pomade : (v) پومیڈ لگانا ؛ خوشبودار موم روغن یا مرہم ملنا؛ پھلیل لگانا ۔

Pomander : (n) [med. L. 'ponum ambrae, pomum de ambra.'] (۱) (تاریخ) خوشبو دار چیزوں کی گولی جسے متعدد بیماریوں سے بچنے کے لئے پاس رکھتے تھے؛ بخور کی گولی ؛ (مجازاً) کوئی خوشبودار چیز ۔ (۲) سونے یا چاندی کی گول ڈبیا جس میں یه گولی رکھی جاتی تھی؛ بخور دانی ۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً (Pomander box) وغیرہ ۔

Pomard / Pommard : (n) (۱) پومارد ؛ برگنڈی (فرانس کی سرخ شراب) ۔ (۲) فرانس میں ایک گاؤں کا نام ۔

Pomarine : (a) [Fr. 'Pomarin.'] (طیوریات) ایک کھپرے سے جزئی طور پر ڈھکے ہوئے نتھنوں والا (مرغابی کی ایک نوع پر اطلاق ہوتا ھے) ۔

Pomato : (n) [blend of 'Potato & 'Tomato.'] (نباتیات) ٹماٹر آلو؛ ٹمالو؛ پومیٹو ۔

Pomatum : (n) [mod. L. 'pomatum .'] دیکھو Pomade (n)

Pomatum : (v) دیکھو Pomade (v)

Pome : (n) [OFr. 'Pome.'] (۱)سیب کے مشابه کوئی پھل؛سیبی میوہ؛ پوم ؛ سیب کاذب؛ سیب وش (پھلوں کی وہ قسم جس میں سیب، ناشپاتی وغیرہ شامل ہیں) ۔ (۲) دھات کی گیند یا گولا ؛ شاہی گیند ؛ گولڈن ایپل (Apple) ۔

Pome granate : (n) [OFr. 'Pomegrenate'.] ؛ (۱) رمّانه (جمع رمّان) ؛ انار ۔ (۲) بطور آرائش انار کا نقش ۔ (۳) بطور صفت ۔

Pomegranate blossoms : (n) (نباتیات) انار کے پھول ؛ گلنار ۔

Pomegranate -tree : (n) انار کا درخت ۔

Pomelo : (n) [of unkn. origin.] (نباتیات) چکوترہ ۔

Pomeranian : (a) [f. 'Pomerania , 'name of the province+-An.] بالٹک سمندر کے جنوبی ساحلی ضلعے Pomerania کا یا اس سے متعلق (یه اب Prussia کا ایک صوبه ھے)؛ پومیرانی ؛ پومی رانیا کا ۔

Pomeranian : (n) (۱) پومی رانی ؛ پومی رانیا کا باشندہ ۔ (۲) Pomeranian dg کا مخفف ۔

Pomeranian dog : (n) پومی رانی کتا ؛ (سفید، سیاہ یا بھورے رنگ کے)

چھوٹے کتے کی ایک نسل ، جس کی گردن کے گرد لمبے ریشمی بالوں کا گچھا ہوتا ھے : دم گھنیری ، تھوتھنی گاؤ دم اور کان نکیلے ہوتے ہیں۔

Pomeridian : (a) [L. 'Pomeridianus.'] (۱) (حشریات) دوپہر بعد یا سہ پہر کو اڑنے والا (حشرہ)؛ سہ پہر یا. (۲) دوپہر بعد کھلنے یابند ہوجانے والا (پھول) ؛سہ پہریا (پھول).

Pomewater : (n) (بول چال) خوب رسیلے سیب کی ایک قسم.

Pomeys / Pomeis : (n) [Perh. old spelling of 'pommes, 'pl. of Pome.] (نقابت) سبز رنگ کا گول تمغہ یا بلا .

Pomfret : (n) [Pg. 'pampo.'] پمفریٹ : ایک قسم کی مچھلی جو بحرہند اور بحر الکاہل میں ہوتی ھے اور کھانے کے کام آتی ھے؛ چھمنا مچھلی : روپ چندا .

Pomfret -cake : (n) [f. 'Pomfret.'] ایک قسم کا کیک جو اصل السوس (ملہٹی) سے بنتا ھے : یارک شائر کے شہر Pontefract میں اس طرح بنایا جانے والا کیک : یارک شائر کے ایک قصبہ (Pontcfract) کا نام .

Pomiculture : (n) [L. 'pomum + Culture.] میوہ دار درختوں کی کاشت : ثمر بانی : میوہ پروری : پھل پروری؛ ثمریات .

Pomiferous : (a) پھل دینے والا (خصوصاً سیب) : (نباتیات) پھل دار؛ سیب یا سیب جیسے پھل دینے والا (پودا) جس کے پھل سیب نما ہوں : سیب وشی (پودا) .

Pomiform : (a) سیب نما؛ سیب وش : سیب جیسا : سیب کی شکل کا.

Pomage : (n) [Fr. 'pommage .'] کچلا ہوا سیب (رس نچوڑنے سے پہلے یا بعد کا) جس سے شراب بناتے ہیں۔

Pomme /-ee : (n) [Fr. Pa. PPLe. of /pommer..] (نقابت) دونوں سروں پر لٹو نما بنے ہوئے (صلیب کے بازو) : گول موٹھ دار سرے والا .

Pommel : (n) [OFr. 'pomel.'] (۱) گول موٹھ خصوصاً وہ جو تلوار یا خنجر وغیرہ کے قبضے میں سرے پر ہوتی ھے : تلوار وغیرہ کے قبضے کی گول موٹھ : گھنڈی. (۲) گھوڑے کی کاٹھی کا اگلا اٹھا ہوا حصہ : ہرنا : زین کا محراب نما حصہ : قوس زین .

Pommel : (n) [Perh ; f, next.] سطح پر ابھری ہوئی محدب لکیروں والا لکڑی کا تختہ جس کے ذریعہ چمڑے کو نرم یا لچک دار بنایا جاتا ھے .

Pommel : (v) [f. Pommel (1) 1.] موٹھ سے مارنا : پیٹنا؛ ڈنڈے لگانا : مکے مارنا : کوٹنا : لکڑی یا دھات میں ضرب سے نشان ڈالنا.

Pommel- foot : دیکھو Club-floot

Pommery : (n) شیمپین شراب کی ایک قسم .

Pommetty : (a) [Fr. 'ppmmette.'] (نقابت) لٹونما سرے والا؛ سروں پر لٹونما بنے ہوئے (صلیب کے بازو) : گول موٹھ دار سرے والا .

Pommy / Pom/ Pommie : (n) [of unkn. origin.] (آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ) متمدن یا ترقی یافتہ ملک سے آیا ہوا نووارد؛ یورپ سے آیا ہوا نو وارد (شخص).

Pomoerium : (n) [L.f. 'post + moerus.'] (یونان قدیم) فصیل شہر کے اندر اور باہر کشادہ جگہ جو کسی مذہبی پیشوا کی وقف کردہ ہوتی تھی اور جس پر عمارتیں بنانے کی ممانعت تھی .

Pomological : (a) [f. Promology.] فن ثمربانی کا یا اس سے متعلق؛ میوہ دار درختوں کی کاشت یا اس کے فن سے متعلق .

Pomologist : (n) [f. next.] فن ثمر بانی کا ماہر : عالم الاثمار : میوہ پرور .

Pomologyu : (n) [f. L. Pomum + - Logy.] پھلوں کی کاشت یا اس کے فن سے متعلق علم؛ علم الاثمار؛ ثمریات؛ فن ثمر بانی : میوہ دار درختوں کی کاشت کا فن : نیز اس فن سے متعلق کتابچہ یا رسالہ .

Pomona : (n) [L.] (۱) (یونانی اساطیر) پھلوں یا پھل دار درختوں کی دیوی؛ پھل دیوی؛ پومونا . (۲) کسی ملک کے درختان میوہ دار یا ان سے متعلق رسالہ .

Pomona green : (n) سبز رنگ جس پر زرد رنگ غالب ہو؛ سبزی مائل زرد رنگ .

Pomp : (n) [L. 'pompa.'] کروفر : شان و شوکت : تزک و احتشام : جاہ و جلال : جاہ و حشم : دھوم دھام .

Pompadour : (n) (لوئی پانزدہم (۱۷۲۱.٦٣ء) کی بیوی مار کوئس ڈی پامپیڈور کا نام جو فیشن یا رنگ وغیرہ کی نشان دہی کے لئے بطور اسم یا توصیفاً استعمال ہوتا ھے) . (۱) لباس، بال سنوارنے کا انداز، فرنیچر وغیرہ کی وضع . (۲) قرمزی یا گلابی رنگ کا ایک روپ : اس رنگ کا کپڑا : نیز توصیفاً . (۳) سفید زین پر جا بجا

ہلکے گلابی، نیلے اور کبھی کبھی سنہرے رنگ کے بیل بوٹے یا ڈیزائن ۔ (۴)جنوبی امریکا کے منطقہ حارہ کا ایک پرند جس کے پر چمکیلے قرمزی بیگنی رنگ کے ہوتے ہیں : نیز توصیفاً ۔ (۵)عورتوں کے بال سنوارنے کا ایک انداز یا اسٹائل جس میں بالوں کو پیشانی سے پیچھے کی طرف اس طرح الٹا جاتا ہے کہ لپٹے ہوئے پلندے یا مرغولے کی شکل بن جاتی ہے : نیز توصیفاً ۔

Pompano /Pompono : (n) [sp. 'Pampano.'] (۱) پمپانو : ایک قسم کی لذیذ مچھلی جو جزائر غرب الہند اور شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔ (۲) دیکھو Pompano-shell ۔

Pompano-shell :(n) Donax جنس کا دو صمامی صدفہ جو فلوریڈا کے ساحل پر پایا جاتا ہے ۔

Pompeian : (a) [L. Pompeianous, f. Pomp-eu.'] اطالوی شہر پامپی (Pompeii) کا یا اس سے متعلق (یہ شہر ۷۹ء میں آتش فشاں پہاڑ (Vesuvius) ویسوویس کے پھٹنے سے زیر زمیں ہوگیا۔

Pompeian red : (n) سرخ رنگ کا وہ روپ جو پامپی کے مکانات کی دیواروں پر پائے جانے والے رنگ سے ملتا ہو: اوسطاً گہرا سرخی مائل بھورا ۔

Pompelmoose /Pampelmousse : (n) [Du. 'pompelmoes.'] (نباتیات) چکوترہ citrus decumana کا بڑا پھل جسے Shaddock بھی کہتے ہیں : خصوصاً بڑے پھل والی قسم : نیز اس کا پودا ۔

Pompey : (v) [Extended f. dial . 'pomp.'] ناز و نعم میں پال کر بگاڑ دینا : زیادہ لاڈ پیار سے خراب کردینا : عادت بگاڑ دینا ۔

Pompholygous : (a) [f.next.] (مرضیات) جس کے ہتھیلی یا تلوے میں آبلے ہو ں: آبلۂ کف کا شکار ۔

Pompholyx : (n) [Gr.] (۱) (مرضیات) آبلہ: آبلۂ کف: (نیز) بغیر سوزش یا بخار کے آبلے کا پھٹنا (خصوصاً کف دست یا کف پا کے آبلے کا)۔ (۲) (کیمیا) (غیر خالص) جستی آکسائڈ جو جستے کو جلاکر یا اس کی کچدھات کو آگ میں بھون کر بنایا جاتا ہے : جستے کا لاوا۔

Pompier : (n) [Fr. f. 'pompe.'] (پمپ کے ذریعہ) آگ بجھانے والا:آگ بجھیا ۔

Pompier ladder : (n) آگ بجھانے کی سیڑھی (جس کے سرے پر ہک لگے ہوتے ہیں تاکہ انہیں عمارت میں پھنسا یا جا سکے)۔

Pompion : (n) [modif. of M. 'Pompon.'] (نباتیات) پیٹھا : کدو :

گھیا : لوکی ۔

Pompoleon : (n) [Fr. 'pompoleon '] دیکھو Pompelmoose

Pompon / Pom-pon : (n) [Fr. 'pompon, 'of unkn.origin.] (۱)کسی لمبی پن میں جڑا ہوا نگینہ یا زیور ۔ (۲) ربن، مخمل یا ریشمی دھاگوں کا گچھا جو پہلے بالوں میں اور ٹوپی یا لباس میں لگایا جاتا تھا۔ اب بچوں اور عورتوں کے ہیٹ اور جوتوں میں لگایا جاتا ہے۔ نیز آرائش کے لئے پردوں کے کناروں پر ٹانک دیتے ہیں: پھندنا: سپاہی یا ملاح کی ٹوپی کا گول پھندنا یا پھول: فوجی ٹوپی کا طرہ ۔ (۳) گل داؤدی اور ڈیلیا (Dahlia) کی ایک قسم جس کے چھوٹے چھوٹے گیندنما پھول ہوتے ہیں : نیز توصیفاً۔

Pomposity : (n) [Late L. 'pompositas.'] شاندار ہونے کی صفت : شان داری : طمطراق: (عبارت کا) پرتکلف ہونا: شان و شوکت : خود پسندی ۔

Pompous : (a) [Late L. 'pomposus.'] (۱) شان دار : عالی شان: طمطراق کا : دھوم دھام کا ۔ (۲) خود پسند : برخود غلط ۔ (۳) (زبان یا عبارت) پرتکلف: طمطراق کی۔

Pompusly : (adv.) (۱) شان دار : عالی شان: طمطراق کا : دھوم دھام سے ۔ (۲) خود پسندی سے۔ (۳) پرتکلف عبارت میں۔

Pompousness : (n) (۱) شان و شوکت : طمطراق ۔ (۲) خود پسندی۔ (۳) عبارت کا پر تکلف ہونا ۔

Pomum : (n) [L.] (نباتیات) سیب ۔

Pomum Adami : (n) (حیوانیات، تشریح) گھنڈی : کنٹھا ۔

Ponce : (n) [orig-doubtful .'] رنڈی کی کمائی کھانے والا : رنڈی کی کمائی پر بسر کرنے والا : رنڈی کا محافظ : بھڑوا: دیوث: قرم ساق : دلال : کٹنا : (نیز بطور گالی) ۔

Ponce : (v) بھڑوا گیری کرنا : قرم ساقی کرنا : بھڑوے کی طرح پیش آنا : دیوث ہونا : دیوثی کرنا : رنڈی کی کمائی کھانا یا اس کی کمائی پر بسر کرنا: سست قدموں سے چلنا : زنانہ چال چلنا : زنخے کی طرح چلنا ۔

Ponceau : (n) [Fr.] شوخ سرخ رنگ: گل لالہ کا رنگ ۔

Poncho : (n) [S.Amer. S.P.Araucanian 'poncho.'] (۱)پونچو: جنوبی امریکا کا چغہ (کپڑے کا مستطیل ٹکڑا جس کے بیچ میں گریبان ہوتا ہے)۔ (۲) اس قسم کا چغہ جو بائیسکل پر بیٹھتے وقت پہنا جاتا ہے ۔

Pond : (n) [ME. 'ponde, poonde, pounde.'] (۱) تالاب : حوض جوہڑ : یا رانی تالاب ۔ (۲) (مزاحاً یا مجازاً) سمندر: خصوصاً بحر اوقیانوس (Atlantic)۔ (۳) (نہرمیں) وہ جگہ جہاں پر گیٹ لگا ہو اور دور تک پانی ساکن ہو: باندھ: باندھا ہوا قطعۂ آب : ڈیم: بند ۔

Herring pond : (مزاحاً) شمالی اٹلانٹک ۔

Pond : (v) (۱) دریا کو روکنا : بند باندھنا: پشتہ باندھنا :ڈیم بنانا ۔ (۲) پانی کا جمع ہوکر تالاب یا گڑھا بنالینا: جوہڑ بنالینا ۔

Pond apple : (n) چھوٹا سدا بہار درخت ۔

Pond -fish : (n) (۱)تالاب کی مچھلی: خصوصاً وہ مچھلی جس کی پرورش یا افزائش نسل تالاب میں ہوتی ہو (مثلاً کارپ، سیم ماہی جوعموماً تالابوں میں ہوتی ہے)۔(۲) Lepomis یا Pomotis نوع کی ایک امریکی مچھلی : سورج مچھلی : گول مچھلی ۔

Pond fracture : (n) کسرغدیری ۔

Pond-life : (n) تالاب کے جانور(خصوصاً غیر فقری حیوان جو تالابوں اور جوہڑوں میں رہتے ہیں) :تالابی جانور۔

Pond- lily : (n) (نباتیات) نیلوفر : کنول ۔

Pond- snail : (n) میٹھے پانی میں رہنے والا کوئی بھی گھونگا جو تالاب میں رہتا ہو : تالابی گھونگا ۔

Pond -spice : (n) ایک شمالی امریکی جھاڑی جو ریتیلی دلدلوں میں اگتی ہے ۔

Pond- tortoise / - turtle : (n) (امریکا) میٹھے پانی میں رہنے والا Emydidae خاندان کا کوئی کچھوا: ٹراپین (Terrapin) : کیچڑ میں رہنے والا کچھوا ۔

Pondage : (n) (۱)کسی بند یا تالاب کی سمائی یا گنجائش : گنجائش آب گیری (تالاب وغیرہ کی) ۔ (۲)پانی جمع کرنے کا محصول ۔ (۳)بندش آب : پانی کو باندھنا باندھ بناکر اس میں پانی جمع کرنا: پانی کا خزانہ : پانی کا ذخیرہ یا ذخیرہ اندوزیٔ آب ۔

Ponded : (a) تالابوں سے ڈھکی ہوئی زمین : تالابوں سے گھری اراضی۔

Ponder : (n) [L. 'ponderare.'] (۱)(معاملے کے نشیب وفرازکو)سوچنا : ہر پہلو سے غور کرنا: (کسی بات یا معاملے کو ذہن میں) تولنا : (اسے) وزن دینا : بے وزن سمجھ کر ٹھکرا نہ دینا : (اس پر) پوری طرح غور کرنا :تامل کرنا: غور و خوض کرنا : فکر کرنا (کسی مسئلے پر) : (کسی بات کو) اہمیت دینا ۔ (۲) خیالات میں غرق ہونا : غور و فکر میں محو ہونا : تامل کرنا : تفکر کرنا : سنجیدگی یا گہرائی سے سوچنا : غوروفکر میں مستغرق ہونا۔

Ponderability : (n) (۱)بھاری پن : وزنی ہونا : (طبیعیات) وزن دار۔ (۲) اہمیت : قابل غور ہونا : باوزن ہونا : موزونیت: عیار ۔ (۳) (طبیعیات) تول پذیر ۔

Ponderable : (a) (۱) وزن کئے جانے کے لائق : قابل وزن: لائق موازنہ: (طبیعیات) وزن دار: بھاری: وزنی : وزن پذیری : تول پذیری ۔ (۳) اہم :قابل غور: باوزن : موزوں : معیاری ۔

Ponderableness : (n) وزن : بھاری پن : وزن داری : موزونیت: باوزن ہونا : اہمیت : قابل غور ہونا : تول پذیری۔

Ponderal : (a) [L. pondus, ponder -+-AL.] وزن کا : وزن سے متعلق: وزن کے ذریعہ متعین کیا ہوا: وزن سے تخمینہ کیا ہوا ۔

Ponderance : (n) وزن : ثقیل: ثقالت : بھاری پن : وزن داری : موزونیت : اہمیت: قدروقیمت : عیار: پایہ: رتبہ۔

Ponderary : (a) دیکھو Ponderal

Ponderate : (v) [L. 'ponderare.'] (۱) وزنی ہونا : بھاری ہونا: ثقیل ہونا: باوزن ہونا : وزن دار ہونا ۔ (۲)اہمیت یا قدر و قیمت کا اندازہ کرنا ۔

Ponderation : (n) (۱)تولنے یا وزن کرنے کا عمل : تول : موازنہ۔ (۲) غوروفکر: تامل : غور و خوض : سوچ بچار ۔ (۳) (نفسیات) تفکر : تامل ۔

Ponderer : (n) (کسی معاملے کے نشیب و فراز پر) غور و فکر کرنے والا : اہمیت دینے والا : (کسی مسئلے پر) سنجیدگی یا گہرائی سے غوروخوض کرنے والا : محویت اور استغراق کے ساتھ غور و فکر کرنے والا : مفکر ۔

Ponderingly : (adv.) غور و فکر کے ساتھ: محویت کے انداز سے : مفکرانہ : استغراق کے ساتھ ۔

Ponderosity : (n) [L 'ponderosus.'] (۱)وزنی ہونے کی صفت:وزن : بھاری پن: وزن داری : گرانی : بار: بوجھ (طبیعیات) ثقل: سنگینی ۔ (۲) (مجازاً) وزن : رتبہ : عیار : پایہ : قدروقیمت : اہمیت: موزونیت۔ (۳)ثقالت: بوجھل پن : بھاری پن : گرانی : سستی ۔

Ponderous : (a) [L. 'ponderosus.'] (۱) بہت وزنی : بھاری : گراں :

بڑا اور بھاری :(طبیعیات) وزنی ۔ (۲) بے ڈھنگا: بھونڈا: بھاری اور بے ڈول ہتھیار یا فرنیچر وغیرہ : بھدا : بے ہنگم : جو مشکل سے حرکت میں آسکے : بوجھ: بے ڈھب ۔ (۳) (کوئی کام وغیرہ) بھاری: مشکل دقت طلب : کٹھن: محنت کا: محنت طلب ۔ (۴) (عبارت یا اسلوب بیان) ثقیل : ادق : پرتکلف : آورد آگیں: پرشکوہ: گنجلک: ناگوار: تکلیف دہ ۔

Ponderous earth / -spar : (n) دیکھو Heavy spar

Ponderously : (adv.) وزن دار طورپر : بھاری اور بے ڈول انداز میں: بوجھل طورپر : بے ڈھنگے پن سے : مشکل سے: دقت طلب انداز میں : ادق طور پر: پرتکلف انداز میں ۔

Ponderousness : (n) وزن : بھاری پن: وزن داری : بوجھل پن :ثقالت : گرانی : گراں باری : کٹھنائی: ثقل: دقت: تکلف : آورد : ناگواری ۔

Pondlet : (n) چھوٹا تالاب ۔

Pondweed : (n) وہ بوٹیاں جو تالابوں اور بند پانی میں اگ آتی ہیں : (نباتیات) آبی نرائی۔

Pone : (n) [AL..] (تاش کے بعض کھیلوں میں) پہلے چال چلنے والا یا اس کا پارٹنر (نیز Pony)۔

Pone : (n) [Algonguian ' pone, apone , appone] (۱) مکئی کی روٹی (ابتداءً جسے شمالی امریکا اور ہندوستان میں پتلی پتلی ٹکیوں کی شکل میں بناتے اور گرم راکھ یا بھوبھل میں پکاتے تھے) : نیز ایک قسم کی پٹھی ٹکیہ جس میں انڈا، دودھ وغیرہ ڈالتے ہیں : نیز توصیفاً ۔ (۲) اس طرح بنائی ہوئی ٹکیہ یا نان ۔

Ponent : (n) [It. 'ponente.'] (ارضیات) نظام کوہ سے متعلق دور اولین کے طبقات الارض کی ایک ذیلی تقسیم کا نام۔

Ponent : (a) (منطق) فرض کرنے والا : فرضیے کے طور پر مان لینے والا : قائم کرنے یا وضع کرنے والا ۔

Pong : (n) [origin uncertain .] (روز مرہ) ناگوار بو :بدبو :تعفن ۔

Pong : (v) بدبور دار ہونا : متعفن ہونا : ناگوار بو والا ہونا ۔

Pongee : (n) [N. chinese , 'pun.chi.] پونجی : ایک قسم کا اور غیر صاف شدہ ریشم : چیفو سلک : (نیز توصیفاً)۔

Pongo : (n) [Congolese, 'mpongo.'] (۱) پانگو : افریقہ کا ایک انسان نما بندر : افریقی بن مانس (جو چمپانزی اور گوریلا سے بہت کچھ مشابہ ہوتا ہے) ۔ (۲) (غلط طور پر) دیکھو Orang-outang۔

Pongol : (n) [Tamil Ponkal.] پونگل : (نمکین یا میٹھے)ابلے ہوئے فصلی چاول جو تہوار پر تقسیم کئے جاتے ہیں : جنوبی ہندوستان میں نئے سال کا تہوار جو میگھ کے مہینے سے شروع ہوتا ہے ۔

Pongyi : (n) بدھ مت کے ماننے والوں کا برمی پادری۔

Poniard : (n) [Fr. 'poignard.'] بھونکنے والا چھوٹا ہتھیار:پیش قبضہ : خنجر : چھرا: دشنہ : کٹار۔

Poniard : (v) خنجر مارنا : خنجر بھونکنا (خصوصاً خنجر بھونک کر مار ڈالنا)۔

Pons : (n) [L.] (۱) دیکھو Pons as in orum :(انجینئرنگ) قنطرہ : پل ۔ (۲) دیکھو Pons varoli : (حیوانیات) رابطہ: پل: جسر ۔

Pons as inorum : (n) (۱) گدھوں کا پل: اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل کو کہتے ہیں: قضیہ حماریہ ۔

Pons cerebri / - cerebelli : (n) جسر : جسر وارولی : پل دماغ : دارولی پل: عصبی ریشوں کی پٹی جو دماغ کے اندر ہوتی ہے ۔

Pons varolii : (n) دیکھو Pons cerebri

Pont- levis : (n) [Fr.] پل تختہ : وہ پل جو ضرورت کے وقت ہٹایا جاسکے: اٹھاؤ پل : متحرک پل ۔

Pontage : (n) [OFr.] (مقامی)پل پر سے گزرنے کا محصول یا چنگی : کئی پل یا پلوں کی مرمت اور نگہداشت کے لئے وصول کیا جانے والا محصول: پل چنگی ۔

Pontic : (n) نقلی دانت پٹی ۔

Pontic : (a) [L.'ponticus.'] بحیرۂ اسودی : بحیرۂ اسود کا ، اس سے متعلق، اس میں پایا جانے والا یا اس سے حاصل شدہ : ایشیائے کوچک کے شمال مشرقی ضلع پونٹس (Pontus) کا : اس سے متعلق: وہاں پایا جانے والا یا وہاں سے لایا ہوا۔

Pontic bean : (n) (نباتیات) باقلۂ مصری ۔

Pontic nut : (n) ایک برطانوی جھاڑی کا پھل جس کا مغز کھایاجاتا ہے ۔

Pontic rhubarb : (n) (نباتیات) ریوند چینی (جس کا مزا قدرے تلخ اور

Pontificate : (n) [L. 'pontificatus.'] (۱) رومائی قدیم کے پادری یا پجاری کا عہدہ ۔ (۲) بشپ یا اسقف کا عہدہ یا اس عہدے کی مدت ؛ پاپائی عہدہ یا اس عہدے کی مدت ؛ پوپ کی میعاد کارگزاری یا میعاد حکومت ؛ پاپائی؛ پاپائیت ۔ (۳) رئیس کلیسا یا بڑے پادری کا عہدہ؛ پروہتائی؛ پادریت : کہانت ۔

Pontificate : (v) [med, L.'pontificare.'] (۱)اسقف یا بشپ کے فرائض (یا کارہائے منصبی) انجام دینا؛ اسقف کا قائم مقام ہونا؛ اسقف کے عوض کام کرنا (خصوصاً رسم عشائے ربانی کے موقع پر) ؛ اسقف کی قائم مقامی کرنا ۔ (۲) پاپا یا اسقف بننا ؛ پاپائی کرنا ؛ پاپائی مشیخت یا شان و شوکت اختیار کرنا ؛ پاپائی روپ بھرنا ؛ پاپائی دکھانا ؛ غیر خاطی یا معصوم بننے کا دعویٰ کرنا ؛ (مجازاً) فرامین جاری کرنا ؛ احکام صادر کرنا ۔

Pontil : (n) [Fr. 'pontil.'] (شیشہ سازی) لوھے کی سلاخ جس سے نرم شیشوں کو حسب ضرورت الٹ پلٹ کیا جاتا ھے (خصوصاً گول شیشے (Crown-glass) بنانے میں) ؛ پانٹل ۔

Pontile : (a) [L. 'pontilis.'] (تشریح) جسری ؛ پل کا ۔

Pontine : (a) [L. 'Pons.'] (تشریح، مرضیات) جسری؛ جسر وارولی؛ Pons varolii : دماغ سے متعلق یا اس میں واقع ہونے والا ؛ سے متعلق یا اس میں واقع ۔

Pontine apoplexy : (n) جسری سکتہ ۔

Pontoneer / -ier : (n) [med L. 'pontonarius.'] (فوج) کشتیوں کا پل بنوانے والا ؛ کشتیوں کے پل کا نگہبان ۔

Pontoon : (n) [L. 'ponto, ponton.'] (۱) چھٹے پیندے کی کشتی۔ (۲) (فوجی انجینیئرنگ) کشتیوں کے پل کی ایک کشتی ؛ پیرك تختہ ؛ پونتون (جسے پانی پر تیراکر عارضی پل بنایا جاتا ھے)۔ (۳) (آبی انجینیئرنگ) پن روك پیپا ؛ پانی میں بنیاد ڈالنے کے لئے آب بند ڈبا؛ کوٹھی ۔ (۴) عرشۂ جہاز کا کشتی نما دروازہ ۔ (۵) (جہاز رانی) چھٹے پیندے کی بڑی کشتی جو کرین، لنگر کا چرخ اور اڑنگا وغیرہ سے لیس ہوتی ھے اور جسے بوجھ اٹھانے یا مرمت کے لئے جہاز کو کسی پہلو کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Pontoon : (v) کشتیوں کا پل لگاکر دریا کو پار کرنا ؛ تختۂ پل کے ذریعہ دریا کو پار کرنا ؛ (نیز مجازاً) ۔

Pontoon : (n) (ابتداً فوجی عامیانہ) تاش کے ایک کھیل Vingt-un کا تبدیل شدہ نام ۔

ناگوار ہوتا ھے)۔

Pontic sea : (n) بحیرۂ اسود ۔

Pontic wormwood : (n) (نباتیات) قدرے تلخ اور ناگوار ذائقے والی جڑی ؛ افسنتین ۔

Pontifex : (n) [L. pontifex.'] (۱)(رومائے قدیم) پجاریوں کی مجلس کا رکن ؛ پروہتوں کی مجلس کا رکن ۔ (۲) بشپ ؛ (خصوصاً) روم کا بشپ ؛ پوپ؛ پاپائے روم ؛ پاپائے اعظم ۔ (۳)نو ، پندرہ یا سولہ پارٹیوں پر مشتمل کاؤنسل کا ایک ممبر ۔ (۴) (مشہور صرفیEtymological معنی کے تسامح سے) پل بنانے یا تعمیر کرنے والا ۔

Pontifex maximus : (n) (عتیقیات روما) پجاریوں یا پروہتوں کی مجلس کا رکن ۔ (۲) پاپا ؛ بشپ (خصوصاً روم کا) ؛ پوپ؛ پاپائے روم ؛ پاپائے اعظم؛ اسقف ۔ (۳) رئیس کلیسا؛ مہا پجاری ؛ سب سے بڑا دینی پیشوا (نیز مجازاً)۔

Pontifical : (a) (۱)پاپائی ؛ اسقفی ؛ پریلیٹ یا صدر راہب سے متعلق۔ (۲) سب سے بڑے پادری یا رئیس کلیسا کا یا اس سے متعلق ؛ بڑے پادری کا سا ۔ (۳) پاپائی شان و شوکت اور اقتدار و ادعا کا حامل ۔ (۴) (یونانِ قدیم) قدیم روما کے پجاریوں، کاہنوں یا پادریوں کا یا ان سے متعلق۔ (۵) پل بنانے یا تعمیر کرنے والا ۔

Pontifical : (n) (۱)(جمع) اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات؛ سامان یا لوازمات اسقفی ۔ (۲) رسوم نامہ؛ کتاب الرسوم (مغربی کلیسا کی بیاض جس میں رسوم عبادت درج ہیں)۔

Pontficalia : (n) [L. p1. of 'pontificalis.'] اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات ؛ سامان اسقفی ؛ (نیز) منصبی لباس ؛ سرکاری لباس ۔

Pontificalibus : (n) انگریزی میں کبھی کبھی بطور اسم Pontificalia کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

In pontificalibus : پاپائی لباس میں ؛ اسقف کے لباس میں؛ منصبی لباس پہنے ہوئے ۔

Pontificality : (n) (۱) پاپائی عہدہ یا اعزاز ؛ پاپائیت ؛ پاپائی ؛ پاپائی منصب و اقتدار ؛ اسقفیت ۔ (۲) رئیس کلیسا یا بڑے پادری کا منصب ، عہدہ یا اعزاز ۔ (۳) پاپائی رسوم ؛ پاپائی جشن یا تقریب ۔

Pontifically : (adv.) اسقف یا پاپا کی شان سے ؛ پاپا کی حیثیت سے ؛ اسقفیانہ ؛ پاپا کی طرح سے ؛ پاپا کی شان و شوکت سے۔

Pontoon- bridge : (n) پیرک تختوں سے بنایا ہوا پل : جسر : کشتیوں کا پل ۔

Pontoon- train : (n) چھٹے پینڈے کی کشتیوں یا پیرک تختوں کو لے جانے والی ٹرین : پونٹون بردار : ویگن ٹرین۔

Pony : (n) [Origin doubtful.] (۱) چھوٹی نسل کا گھوڑا : ٹٹو : یابو : ٹانگھن ۔ (۲) برنکو : مستانگ (میکسیکو اور کیلیفورنیا کا نیم وحشی جنگی گھوڑا) ۔ (۳) ریس کا گھوڑا ۔ (۴) عام معیار سے چھوٹی یا کمتر چیز ۔ (۵) (عامیانہ) چھوٹا جام شراب : اتنی شراب جو اس میں آسکتی ہو۔ (۶) (عامیانہ) ۲۵ پونڈ کی حقیر رقم۔ (۷) (کورس رقص میں) بونا یا پست قد رقاص یا رقاصہ۔ (۸) (امریکی عامیانہ) اسکول یا کالج کے معیار کا کوئی ترجمہ یا خلاصہ جسے ناجائز طور پر طلباء استعمال کرتے ہوں؛ کسی غیر ملکی زبان کو سیکھنے یا ایسی زبان کے متن کو سمجھنے کے لئے کیا ہوا بین السطور ترجمہ ۔ (۹) سیال کا پیمانہ جو آدھا جگر (Jigger) یعنی پون اونس کا ہو ۔

Jerusalem pony : خر : گدھا ۔

Pony : (v) (۱) (up کے ساتھ) (رقم) ادا کرنا (خصوصاً کسی حساب کو بے باق کرنے کے لئے)۔ (۲) بین السطور ترجمہ کی ہوئی کتاب کی مدد سے ترجمہ کرنا ۔ (۳) (up کے ساتھ) ادا ہونا ۔

Pony : (a) (۱) معمول سے کمتر سائز (قامت) کا؛ بونا؛ ٹھگنا : معمول سے چھوٹا ۔ (۲) صرف ڈاک؛ ٹیلی فون یا ٹیلی گراف کے ذریعہ بھیجی ہوئی نہایت اہم خبروں کی مختصر روداد تک محدود ۔

Pony cart : (n) گدھا گاڑی ۔

Pony engine : (n) (ریل گاڑیوں کو شنٹنگ میں لے جانے کے لئے) چھوٹا بھاپ انجن : شنٹی انجن ۔

Pony -motor : (n) (برقیات، انجینئرنگ) معاون موٹر ۔

Pony - truck : (n) بعض کوئلہ انجنوں میں آگے کو لگایا ہوا دو پہیوں والا ٹرک ۔

Pony - truss : (n) اتنا چھوٹا پیل پایہ یا کھم جس کے اوپر کوئی اور سہارا استعمال نہ کیا جاتا ہو ۔

Ponytail : (n) سر کے بالوں کو باندھنے کا ایک انداز جس میں بالوں کو سنوار کر پشت سر کی طرف اس طرح باندھا جاتا ہے کہ گھوڑے کی دم جیسی شکل بن جاتی ہے : گھوڑے کی دم کی طرح پشت سر سے لٹکتے ہوئے (عورت کے سر کے) بال ۔

Pooch : (n) [Origin unknown.] (عامیانہ) کتا ۔

Pood : (n) [Russ. 'pud.'] پوڈ؛ تولنے کا روسی پیمانہ (جو چالیس روسی پونڈ اور ۳۶ انگریزی پونڈ کے برابر ہوتا ہے)۔

Poddle : (n) [G. 'pudel .'] پوڈل؛ پالتو کتوں کی ایک خاص نسل کا کتا جس کے بال لمبے اور گھنگھریالے ہوتے ہیں جنہیں طرح طرح کی انوکھی شکلوں میں تراشا جاتا ہے : (نیز توصیفاً) ۔

Poodle : (v) پوڈل کتے کے بالوں کی طرح (کسی کتے کے) بال تراشنا۔

Poodle - faker : (n) عورتوں میں رہنے والا؛ عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا ۔

Poodle -faking : (n) زن پسندی : عورتوں کی صحبت پسند کرنا : عورتوں کی صحبت میں رہنا ۔

Poof / Pouf : (n) [Fr . 'Pouf.'] سانس یا پھونك کی مختصر آواز سے مشابہ آواز (جیسے موم بتی گل کرنے سے ہوتی ہے) ۔ (لہٰذا) متکبرانہ یا حقارت آمیز ناپسندیدگی کا اظہار؛ حقارت آمیز نامنظوری ۔

Poof / Pooff / Poove / Pouf : (n) زنخا؛ زن نما مرد؛ اغلام باز : ہم جنسیت کا رجحان رکھنے والا مرد ۔

Pooh : (interj) اونہہ ! (کوفت یا حقارت کے اظہار کے لئے)۔

Pooh : (n) (بطور اسم) اظہار ناپسندیدگی : کوفت یا حقارت کا اظہار (اونہہ بول کر) ۔

Pooh : (v) اونہہ کرنا : کوفت یا حقارت کا اظہار کرنا یا ہونا؛ ناپسندیدگی کا اظہار کرنا یا ہونا ۔

Pooh Bah : (n) [Name of a chavaeter in W.S.Gilbert's mikado.'] وہ شخص جو ایک ساتھ کئی عہدوں پر فائز ہو۔

Pooh pooh : (n) پوہو کرنا : اونہہ اونہہ کرنا : اونہہ اونہہ کرنے کا عادی ۔

Pooh -pooh : (a) فجائی؛ حرف ندا یا فجائیہ سے متعلق۔

Pooh -hooh : (v) نفرت یا بیزاری ظاہر کرنا : اظہار ناپسندیدگی کرنا؛ حقیر سمجھنا : ہنسی اڑانا ۔

Pooh- pooh theory : (n) یہ نظریہ کہ زبان حروف ندا یا حروف فجائیہ کی ترقی یافتہ شکل ہے : یہ نظریہ کہ جذبات سے مغلوب ہوکر منہ سے بے ساختہ نکلی ہوئی آوازوں کی ترقی یافتہ شکل ہی زبان ہے ۔

Pooka / Phooka : (n) [Irgael . 'puca.'] بھتنا : ہوّا: ڈراوا : آئرستان کی متداول روایات و عقائد کے مطابق ایک شریر اور بد روح جو گھوڑے کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور گندی جگہوں (پاخانہ، کیچڑ وغیرہ) کے آس پاس منڈلاتی رہتی ہے ۔

Pookoo / Puku : (n) [Zulu. 'mpuku.'] پوکو: سرخ رنگ کا بارہ سنگھا جو وسط افریقہ کے جنوب میں پایا جاتا ہے۔

Pool : (n) [OE. 'pol.'] (۱) گڈھا جس میں پانی بھرا ہو : جوہڑ (قدرتی طور پر بنا ہوا) آب گیر: ڈابر: ڈبرا. (۲) دریا یا چشمے میں گہری جگہ : کنڈ ۔ (۳) کسی سیال سے بھرا ہوا چھوٹا گڑھا ۔ (۴) پانی کا خزانہ : آبر: تالاب: بند: باندھ ۔ (۵) تلچھٹ آمیز مسام دار چٹانوں کا سلسلہ جسے برمانے سے پٹرولیم یا گیس نکلتی ہو ۔ (۶) تیراکی کا تالاب : سوئمنگ پول ۔ (۷) (پارکوں میں بنا ہوا) بچوں کے لئے کم گہرا تالاب یا حوض ۔

The pool : دریائے ٹیمز کا وہ حصہ جو London Bridge اور Cuckold's Point کے درمیان آتا ہے۔

Pool : (n) [Fr. Poule.'] (۱) (تاش کے بعض کھیلوں میں) سب کھیلنے والوں کی بازی کی رقموں اور جرمانوں کی مجموعی مقدار ۔ (۲) وہ خانہ یا برتن جس میں شرط یا جرمانے کی رقم جمع کی جاتی ہے ۔ (۳) ایک کھیل جو بلیرڈ کی میز پر کھیلا جاتا ہے اور جس میں ہر کھلاڑی کی اپنی جداگانہ رنگ کی گیند ہوتی ہے جس سے وہ دوسرے کھلاڑیوں کی گیندوں کو مارکر ایک خاص ترتیب سے پاکٹ میں گرانے کی کوشش کرتا ہے ، نیز ہر کھلاڑی ایک خاص رقم جمع کرتا ہے جو سب کی سب جیتنے والے کی ہوجاتی ہے : نیز امریکا کا ایک ایسا ہی کھیل جس میں گیندوں پر ۱ تا ۱۵ نمبر دیئے ہوتے ہیں ان میں جس نمبر کی گیند پاکٹ میں گرتی ہے اتنے نمبر اس کھلاڑی کے اسکور میں جوڑ دیئے جاتے ہیں ۔ (۴) (رائفل بازی) ایک مقابلہ جس میں ہر شخص اپنے ہر فائر کے لئے ایک مخصوص رقم جمع کرتا ہے جو مقابلہ جیتنے والوں کے درمیان تقسیم ہوجاتی ہے: نیز توصیفاً. (۵) شرط کی مجموعی رقم: وہ کل رقم جو بازی پر رکھی گئی ہو ۔ (۶) مشترکہ فنڈ جس میں یا جس سے شرکاء کے تمام منافع یا نقصانات ادا کئے جاتے ہیں : مشترکہ رقم جو کئی دکانداروں میں تقسیم ہو : مشترک سرمایہ : (کئی لوگوں کا) اشتراک (جو تجارتی، سیاسی یا کسی سازش کے تحت ہو)۔ (۷) (ابتداً امریکا) نفع میں شرکت کا وہ طریقہ جس کے مطابق کئی دکاندار آپس میں مقابلہ کرنے کی بجائے مال کی شرح طے کرلیتے ہیں اور منافع بہ حصہ رسدی تقسیم کرلیتے ہیں ۔ (۸) (شمشیر بازی) دو جماعتوں کا مقابلہ جس میں ایک طرف کا ہر شخص دوسری طرف کے ہر شخص کا مقابلہ کرتا ہے ۔ (۹) خون وغیرہ جو کئی شخصوں کے جسم سے لے کر (آئندہ کی ضرورت کے لئے) محفوظ رکھا گیا ہو ۔ (۱۰) جداگانہ ملکیت کے تحت آنے والی چیزوں کا وہ مجموعہ جو سب کے فائدے کے لئے مشترکہ طور پر استعمال کیا جاتا ہو ۔ (۱۱) (ہنگامی حالات میں فوجی خدمت وغیرہ کے لئے) آدمیوں کی مجموعی تعداد جو کسی علاقے میں دستیاب ہو ۔ (۱۲) (کسی فوری ضرورت پر کام لینے کے لئے) تیار ملازموں کی جماعت ۔ (۱۳) کسی مخصوص کام میں ماہر تربیت یافتہ جماعت جسے استعمال کیا جاسکے ۔ (۱۴) (وقت پر استعمال کے لئے محفوظ کی ہوئی) مقدار یا تعداد (کسی چیز کی) ۔ (۱۵) کوئی تنصیب جو کسی چیز کو رکھنے اور سپلائی کرتے رہنے کے لئے ہو : موٹر پول : کسی ایجنسی کے تحت کنٹرول کی جانے والی موٹر گاڑیاں جو ضرورت پر لوگوں کو مہیا کی جاتی ہوں ۔ (۱۶) فٹ بال کے مقابلوں پر بازی یا شرط بدنے کا قاعدہ : فٹ بال کی بازی : فٹ بال پول ۔ (۱۷) کسی چیز کا مشترکہ ذخیرہ: کسی تنظیم کے پاس موجودہ اشیا یا اشخاص کا گروپ ۔

To make (up) a pool: جماعت کی تشکیل کرنا :پارٹی بنانا.

Pool : (v) (۱) (میخ ٹھوکنے کے لئے) سوراخ کرنا ۔ (۲) (کوئلے کی) کان میں سرنگ کھودنا : سرنگ لگانا (اس طرح کہ کوئلے کا روا گرجائے) ۔ (۳) (دریا وغیرہ کا تیز بہاؤ کے ذریعہ) گڈھا بنا دینا: گڈھا بن جانا. (۴)(جسم کے کسی حصے کی شریانوں میں خون کا) جمع ہوجانا یا ساکن ہوجانا ۔ (۵) (کسی چیز میں) گڈھا سا بنا دینا یا بن جانا ۔

Pool : (v) مشترک سرمائے میں داخل کرنا یا جمع کرنا (معاہدے کے بموجب تقسیم ہونے کی غرض سے) : مشترک مفاد کے لئے سرمایوں یا منافعوں کو ملانا : (نفع وغیرہ کو) جمع کرکے بہ حصہ رسدی تقسیم کرنا؛ کسی مشترکہ مفاد کے لئے دوسروں کے ساتھ اشتراک کرنا : جماعت میں شامل ہونا ۔

Pool selling : (n) (کھیل پول کی بازی کی فروخت یا تقسیم ۔

Pooli : (n) [Mende. 'puli.'] (۱) افریقہ کے گرم خطوں کا شہتیری درخت ۔ (۲) اس درخت کی متناسب نرم لکڑی ۔

Poolside : (n) سوئمنگ پول کے ارد گرد کی جگہ ۔

Poon : (n) [Sinhalese. 'puna.'] پون : ایک ہندستانی درخت یا اس کی لکڑی : نیز توصیفاً۔

Poon oil : (n) پون کا تیل (جو دوا کے کام آتا ھے)۔

Poona pea : (n) [origin unknown.] (۱) منطقہ حارہ کی ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جس کی کاشت کی جاتی ھے۔ (۲) اس بوٹی کا بیج جو غذائیت سے بھرپور ہوتا ھے۔

Poonac : (n) [Tamil 'punnakku.'] ناریل کی کھلی : ناریل کے گودے سے تیل نکال لینے کے بعد کا بچا ہوا فضلہ جو مویشی کے چارے یا کھاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے۔

Poonah : (n) پونا : ہندستان کا مشہور شہر۔

Poonah brush : (n) پونا کا مو قلم۔

Poonah painting : (n) پونا کی مصوری (جو چاول کے کاغذ یا کسی اور باریک کاغذ پر قدیم مشرقی طرز کے مطابق کی جاتی ھے۔

Poonah paper : (n) پونا کا کاغذ (جو مصوری میں استعمال ہوتا ھے)۔

Poonga- oil : (n) [Tamil. 'punga.'] گہرے زرد رنگ کا تیل جو Pongamia glabra کے بیج سے نکالا جاتا ھے اور ہندوستان میں چراغ جلانے یا جلدی امراض میں دوا کے کام آتا ھے۔

Poontang : (n) [Fr. 'putain.'] (عامیانہ) مباشرت : جماع : ہم بستری۔

Poop : (n) بے وقوف یا بے کار آدمی۔

Poop : (n) [Ofr. ' pupe, pope.'] (۱) جہاز کا پچھلا حصہ : دنبالۂ جہاز : دنبالہ : پوپ۔ (۲) سولھویں اور سترھویں صدی میں جہازوں کا سب سے پچھلا اور سب سے اونچا عرشہ۔

Poop : (v) (۱) بندوق سے مارنا۔ (۲) ریاح خارج ہونا۔

Poop : (v) (۱) (موجوں کا) دنبالۂ کشتی پر چڑھ جانا۔ (۲) (جہاز یا کشتی کے پچھلے حصے پر) پانی کا چڑھ جانا۔

Poop : (v) دھوکہ دینے کا عادی ہونا : ٹھگ لینے کا عادی ہونا۔

Poop : (n) سرکاری یا غیر سرکاری اطلاعات۔

Poop : (v) [origin unknown.] (روزمرہ) (ہوا وغیرہ) بالکل نکال دینا : بالکل ختم کردینا : بالکل چوس لینا : تھکا ڈالنا : خستہ کردینا : نیم جان کردینا۔

Poop-royal : (n) وہ عرشۂ جہاز جو دنبالہ پر بنی کوٹھری (کیبن) کی چھت کا کام دیتا ھے۔

Pooped : (a) دنبالہ دار (عموماً مرکب الفاظ میں آتا ھے مثلاً (high-pooped).

Pooped out : (a) بالکل خالی : پوری طرح چوسا ہوا : بے حد خستہ یا تھکا ہوا : نیم جاں۔

Poor : (a) [ME. 'Povere.'] (۱) غریب : نادار : مفلس : محتاج : تنگ دست : کنگال : تہی دست : مسکین : ضرورت مند۔ (۲) جس میں کوئی خاص چیز کم مقدار میں ہو : ناقص : (کسی خاص چیز کے اعتبار سے) کم مایہ۔ (۳) (زمین) غیرمزروعہ : ناقابل کاشت : بنجر : اوسر۔ (۴) کم : ناکافی : توقع سے کم۔ (۵) ادنیٰ : حقیر : خفیف : ذرا سا : تھوڑا سا : ہلکا سا۔ (۶) ذلیل : ہیز : نکما : دو کوڑی کا۔ (۷) ناچیز : حقیر : ہیچ : غیراہم : مہمل : بے معنی۔ (۸) بیچارہ : بیچارہ : غریب : بد نصیب۔ (۹) (روزمرہ) مرحوم : مغفور۔

Poor : (n) (عموماً The کے ساتھ جمع کے معنوں میں) طبقۂ غربا : غربا : مساکین : محتاج لوگ جو خیرات کے مستحق ہیں (The poor)۔

Poor : (n) ایک چھوٹی یوروپین کاڈ مچھلی۔

Poor- box / -chest : (n) خیرات کی صندوقچی (خصوصاً گرجوں کے دروازوں کے پاس) جس میں غریبوں کی امداد کے لئے پیسے ڈالے جاتے ہیں۔

Poor boy : (n) ایک قسم کا فرانسیسی سینڈوچ جو ڈبل روٹی، مکھن اور گوشت کے ٹکڑے بھرکر بنایا جاتا ھے۔

Poor- child : (n) خیراتی مدرسے کا طالبعلم : نادار طالبعلم۔

Poor clares : (n) تیرھویں صدی میں St. clare کی راہباؤں (ننوں) کا سلسلہ۔

Poor convict's oath: (n) وہ حلف یا قسم جو قیدی (مخصوص حالات میں) کو رہا کرنے کی صورت میں جرمانہ نہ دینے پر لینا پڑتی ھے۔

Poor farm : (n) وہ کھیت جس میں ضرورت مند و غریب لوگوں کو روزگار دیا جاتا ھے۔

Poor John / Poor- john : (n) (تاریخ) (کھانے کے لئے) نمك لگاکر سکھائی ہوئی ہیك (hake) مچھلی ۔

Poor-law : (n) قانون مساکین : غرباء و مساکین کی امداد کا قانون۔

Poor-law parish : (n) قانون مساکین کے نفاذ کے لئے بنایا ہوا ضلع۔

Poor man : (n) (۱) غریب: مفلس: نادار: نکما یا بدنصیب شخص: مسکین : محتاج ۔ (۲) دیکھو Poor man of mutton۔

Poor man of mutton : (n) (اسکاتستان روز مرہ) (ذبح کئے ہوئے) بکرے کے کندھے یا پٹھے کا بچا ہوا حصہ: اس کا کباب۔

Poor man's mustard : (n) ایك یورپی بوٹی جس کی بو لہسن جیسی ہوتی ہے ۔

Poor man's shilling : (n) ایمان داری : دیانت داری ۔

Poor man's weather-glass : (n) ایك چھوٹا سا بارہ ماسی پودا جو کھیتوں یا افتادہ زمینوں پر ہوتا ہے جس کے قرمزی (نیز نیلگوں اور سفید) پھول بارش سے پہلے سمٹ جاتے یا بند ہوجاتے ہیں ۔

Poor mouth : (n) غربت یا افلاس کا مظاہرہ ۔

Poor-mouth : (v) (۱) (جہاں کچھ دینے کا موقع ہو وہاں) خود کو غریب ظاہر کرکے جان چھڑانا: مسکین بننا: غربت یا افلاس ظاہر کرنا ۔ (۲) (کسی کے بارے میں) حقارت سے بولنا : حقیر ظاہر کرنا ۔

Poor- rate : (n) وہ محصول جو غربا کی امداد کے لئے عائد کیا جاتا ہے۔

Poor relation : (n) وہ (قریبی) رشتہ دار جو تنگ دست یا محتاج ہو: مسکین رشتہ دار ۔

Poor relief : (n) امداد مفلسین : امداد الغربا : امداد المساکین : فلاح الغربا ۔

Poor-spirited : (a) بزدل : نامرد : ڈرپوك : پست ہمت : دوں حوصلہ ۔

Poor- spiritedness : (n) بزدلی: نامردی : پست ہمتی: دوں حوصلگی ۔

Poor-white : (n) غریب گورا : غریب سفید فام : (امریکی حبشی ان سفید فاموں کو حقارتاً کہتے ہیں جن کے ذرائع محدود ہیں اور جو اپنی بودو باش کا معیار قائم نہیں رکھ پاتے)۔

Poor -will : (n) [An imitation of its note.] ایك شمالی امریکی پرندہ۔

Poorhouse / Poorshouse : (n) (اسکاتستان و امریکا) محتاج خانہ: خیرات خانہ : وہ مکان جس میں سرکاری خیرات پانے والے غریب لوگ رہتے ہیں۔

Poorly : (adv.) (۱) کمی کے ساتھ : ناقص طور پر ۔ (۲) لشتم پشتم: برے بھلے طریقے سے ۔ (۳) ذلیل طریقے سے : گھٹیا طور پر۔

Poorly : (adj.) بیمار : نڈھال : مضمحل : ناساز : علیل۔

Poormaster : (n) غریبوں اور امدادی کاموں کا نگراں : فلاح الغربا سے متعلق کاموں کا نگراں ۔

Poorness : (n) (۱) نقص: خامی : کوتاہی ۔ (۲) (کسی جزو کی) کمی : قلت ۔

Poort : (n) [African] (جنوبی افریقہ) پہاڑوں کے بیچ یا اوپر سے ہوکر جانے کا راستہ : درہ: گھاٹی ۔

Poortith : (n) [OFr. 'povertet.'] (اسکاتستانی اور شمالی بول چال) دیکھو Poverty ۔

Pop : (n) [imit . goes with Pop (v)] (۱) بھك (کی آواز): ناگہانی دھماکے کی ہلکی سی آواز ۔ (۲) کسی آتشیں اسلحے کا فائر ۔ (۳) (عامیانہ) پستول ۔ (۴) کسی بھی جوشیلے مشروب کا نام خصوصاً ادرکی شراب جس کی کاگ کھولنے پر آواز ہوتی ہے (روزہ مرہ) : کوئی پینے کی چیز جس میں چھین (جھاگ) اٹھتا ہو ۔ (۵) نقطہ نشان : چھوٹا سا دھبا یا داغ (جو بھیڑوں وغیرہ پر پہچان کے لئے لگاتے ہیں) ۔ (۶) (عامیانہ) رہن : رہن رکھنا ۔

In pop : مرہون : گروی : رہن ۔

Pop : (a) Popular کا روز مرہ مخفف ۔

Pop : (n) Popular concert کا روز مرہ مخفف۔

Pop : (n) [Origin doubtful.] Eton کالج کا سماجی کلب اور دار المباحثہ جس کا قیام ۱۸۱۱ء میں ہوا تھا۔

Pop : (n) (امریکا) Poppa کی مختصر شکل: پاپا : ابا: ابی : باپ۔

Pop : (v) [imit. goes with POP (n) .'] (۱) ہلکی سی ضرب لگانا: تھپتھپانا : دستك دینا : ہلکے سے ٹھوکا دینا : تھپکی دینا (بول چال) ۔ (۲) دھماکے کی ہلکی آواز نکلنا : ہلکی سی آواز سے پھٹنا یا اڑنا : بھك سے ہونا (مثلاً

بوتل کا کاگ کھولنے میں) ۔ (۳) بھك سے اڑا دینا؛ (بندوق وغیرہ) داغنا : فائر کرنا؛ سر کرنا (نیز مجازاً)۔ (۴) گولی داغنا : بندوق چلانا؛ گولی مار دینا : گولی سے مار ڈالنا یا مار گرانا : (بندوق کا) نشانہ بنانا۔ (۵) (کوئی چیز کسی جگہ پر) فوراً، اچانك یا غیرمتوقع طور پر رکھنا یا (وہاں سے) ہٹا لینا : ڈالنا یا نکالنا۔ (۶) اچانك سوال جڑ دینا : یکایك سوال کر بیٹھنا : (خصوصاً) شادی کی درخواست کرنا (عامیانہ یا روزمرہ)۔ (۷) (عامیانہ) رہن رکھنا : گروی کرنا۔ (۸) دفعتاً یا غیرمتوقع طور پر) آپہنچنا؛ نازل ہوجانا؛ چل دینا؛ غائب ہوجانا؛ جانا؛ لپکنا : جھپٹنا : تیزی سے آگے بڑھنا یا جانا۔ (۹) (عامیانہ) مرجانا : ختم ہوجانا؛ جاں بحق تسلیم ہونا : گزر جانا۔ (۱۰) حملہ کرنا : مارنا : ضرب لگانا۔ (۱۱) (کرکٹ) پھینکنے کے بعد گیند کا تیزی سے اوپر اٹھنا اور ڈانوا ڈول ہوکر ہوا میں گزرنا (اکثر up کے ساتھ آتا ہے)۔ (۱۲) (امریکا) مکئی کو بھوننا : کھیلیں کرنا : لاوا پھوٹنا (اناج کا)۔

To pop corn : مکئی وغیرہ بھوننا یہاں تك كہ لاوے پھوٹ جائیں : کھیلی کرنا۔

To pop off (the hooks) : مرجانا :گزر جانا ،ختم ہوجانا۔

To pop the question : (روزہ مرہ یا عامیانہ)شادی کی درخواست کرنا۔

Pop : (adv.) بھك سے : اچانك : فوراً : دفعتاً : یکایك؛ یکبارگی؛ ناگہاں : غیرمتوقع طور پر۔

I heard it go pop : میں نے اسے بھك سے اڑتے سنا۔

Pop : (n) Poppet کی مختصر شکل۔

Pop : (n) (۱) کوئی چیز جو مقبول عام ہو : عام پسند کی چیز۔ (۲) عوامی اتحاد، میل جول یا ہم آہنگی : عوامی جلسۂ سرود : گانے کا جلسہ۔ (۳) عوامی یا عوام پسند طرز، دھن یا ریکارڈ وغیرہ۔ (۴) عوامی موسیقی : عام پسند موسیقی؛ عامیانہ موسیقی۔ (۵) عوامی تہذیب۔

Pop : جزو ترکیبی Pop فعل کے معنی میں دیکھئے (Pop-eye) وغیرہ۔

Pop -art : (n) عوامی فن؛ وہ فن جو اپنے تصورات، طرز و اسلوب وغیرہ عوامی تہذیب سے اخذ کرتا ہے۔

Pop-corn : (n) (۱) بھنی ہوئی مکئی، چنا وغیرہ ، (اناج کا) بھونا؛ لاوا؛ کھیلیں۔ (۲) مکئی کی ایك قسم جس کا بھونا بہت اچھا ہوتا ہے۔

Pop -eye : (n) بڑی آنکھ : ابھری ہوئی آنکھ۔

Pop- eyed : (a) بڑی یا ابھری ہوئی آنکھوں والا یا والی۔

Pop goes the weasel : (n) ایك دیہاتی ناچ کا نام۔

Pop - gun / - Popgun : (n) (۱) بچوں کی بندوق : ہوائی بندوق؛ (نیز توصیفاً)۔ (۲) (حقارتاً) نکمی بندوق : چھوٹی اور بیکار بندوق۔

Pop off : (v) (۱) اچانك چھوڑ دینا : یکبارگی چل دینا؛ یکایك روانہ ہوجانا۔ (۲) اچانك یا غیرمتوقع طور پر مرجانا : یکایك مرجانا۔ (۳) بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا (اکثر تیز و تند ہوکر)۔

Pop - off : (n) (۱) غصے میں یا بلند آواز سے گفتگو کرنے والا : بے سوچے سمجھے بات کرنے والا۔ (۲) (برتن سازی) (برتنوں کی) وہ ذراسی ناقص پالش جو سکھانے یا پکانے کے دوران گرجاتی ہے : چلفی۔

Pop - shop : (n) (عامیانہ) گروی رکھنے کی دکان : رہن لینے والے کی دکان : چیزیں گروی لے کر قرض دینے والے کی دکان۔

Pop- valvee : (n) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر نہیں ہوتا بلکہ اس کے کھولنے کے لئے اسے پورا اٹھانا پڑتا ہے۔ ٹھس کھلمندن۔

Pop - weed : (n) (نباتیات) کھوکھلی گھاس۔

Popadam : (n) [Tamil . 'pappadam.'] ایك قسم کی ٹکیا جسے (ہندوستان میں) شوربے کے ساتھ کھاتے ہیں۔

Pope : (n) [OE. 'papa.'] (۱)پاپائے روم : پوپ : پاپا؛ پاپائے اعظم۔ (۲) (غیر مسیحی مذہب کا) روحانی پیشوا : (مجازاً) وہ شخص جسے پاپائے روم جیسا رتبہ یا اختیار حاصل ہو۔ (۳) (مجازاً) غیر خاطی شخص : غیر خاطی ہونے کا مدعی۔ (۴) میٹھے پانی میں رہنے والی Perch خاندان کی مچھلی : رف (Ruff) مچھلی۔ (۵) (رنگوں کی بنا پر) مختلف پرندوں کا مقامی نام۔

Pope : (n) [Russ. 'Pop.'] پاپو : روس میں کلیسائے یونانی کا پادری۔

Pope Joan : (n) [After the fabulous female Pope Joan .] (۱) فرضی عورت جس کی نسبت مشہور ہے کہ پوپ منتخب ہوگئی تھی؛ پوپ جون۔ (۲) تاش کا ایك کھیل جسے تین یا زیادہ اشخاص مل کر کھیلتے ہیں، اس میں اینٹ کا اٹھا ہٹادیا جاتا ہے اور مخصوص پتیاں پھینکنے والے ہی جیتتے ہیں۔

Pope's eye : (n) بکرے کی ٹانگ کے بیچ میں، چربی میں لپٹی ہوئی لحفی گلٹی (جسے لقمۂ تر سمجھا جاتا ہے)۔

Pope's head : (n) [from its appearance.] (۱) ناگھ پھنی کی ایک قسم جس کے پھول نرم گدیلوں یا نرم سروں پر کھلتے ہیں۔ (۲) (چھت وغیرہ جھاڑنے کے لئے) لمبے دستے کا گول برش یا جھاڑو۔ (جسے Turk's head کہتے ہیں)۔

Pope's nose : (n) دیکھو Parson's nose

Popedom : (n) (۱) پوپ کا عہدہ: مملکت پاپا: منصب پاپا: پاپائی۔ (۲) یورپ کی میعاد کار گزاری یا معیادِ حکومت۔ (۳) کسی بھی مذہبی نظام کا اقتدار اعلیٰ: پیشوائے اعظم۔ (۴) نظام پاپائی: نظام پاپائی جیسا کوئی بھی کلیسائی نظم۔

Popeless : (a) بے پوپ کا: بے پاپا۔

Popeling : (n) چھوٹا پوپ: ماتحت پوپ: پاپائے خرد۔

Poperyu : (r) (معاندانہ) پاپائیت: پوپ پرستی: پاپا پرستی: پاپائی نظام: رومن کیتھولک مذہب یا اس کا پیرو۔

Popinjay : (n) [ME. ' Pape (n) iai.'] (۱) (قدیم) طوطا: میاں مٹھو۔ (۲) طوطے کی تصویر (خصوصاً نقابتی تمغہ یا مارکا)۔ (۳) (تاریخ) طوطے کی شکل جو کسی بانس یا بلی پر ہوتی ہے اور اس پر نشانہ لگاتے ہیں: طیر نشانہ۔ (۴) خود نما و خود بیں آدمی: چھیلا: دکھاوا: نمود: ریا: ریا کار: نمودیا۔ (۵) (مقامی بولی) سبز ہدہد۔

Popish : (a) پاپائیت کا یا اس سے متعلق: کلیسائے یونان کا یا اس سے متعلق: پاپائی: پاپا سے متعلق: حامیان پوپ کا: پوپ پرستی کا: کیتھولک مذہب کا یا اس سے متعلق (معاندانہ)۔

Popishly : (adv.) پاپائی انداز سے: پاپا کی طرح۔

Popishness : (n) پاپائیت: پوپ پرستی۔

Poplar : (n) [ME. 'popler (e).'] (۱) Populus جنس کا ایک درخت جو لمبائی اور درست قامتی میں مشہور ہے: تبریزی: درخت حَور: (نیز) اس درخت کا شہتیر۔ (۲) اس سے مشابہ کوئی درخت۔ خصوصاً Tulip-tree یا Tulip- poplar (۳) توصیفی معنوں میں۔

Black Poplar / Pyramidal Poplar : (نباتیات) کبودہ۔

Trembling poplar : بید مجنوں: سفیدا: (نیز white (Popler.

Tulip-poplar : شمالی امریکا کا ایک لمبا درخت۔

Poplin : (n) [It. 'Papalina.'] پاپلن: ایک قسم کا رشمی کپڑا جو آئرستان میں بنتا ہے۔

Poplinette : (n) پاپلین جیسا یا اونی یا سنئی کا کپڑا: نقلی پاپلین۔

Popliteal : (a) [mod. L. 'Popliteus'.] (تشریح) عقب رکبی: مابضی: پس زانو: گھٹنے کے پیچھے کے جوف کا: اس سے متعلق یا اس میں واقع۔

Popliteal artery : (n) (تشریح) شریان عقب رکبی: شریان بابضی۔

Popliteal bursa : (n) (تشریح) مابضی دُرجک: عقب رکبی درجک۔

Popliteal tendon : (n) (تشریح) عرقوب و تر مابضی۔

Popliteal tendons : (n) (تشریح) غزوق مابضی: عروی عقب رکبی۔

Poplitous : (n) [L.] (تشریح) عضلۂ مابضی: عقب رکبی عضلہ۔

Popocrat : (n) [Populist + democrat.'] (امریکا) انیسویں صدی کی آخری دہائی کا وہ ڈیموکریٹ جو Populist پالیسیوں کا حامی تھا۔

Poppa : (n) (امریکی روزمرہ) پاپا: ابا: باپ: باپو۔

Popper : (n) (۱) بندوق: پستول یا دیگر آتشیں اسلحے، خصوصاً پستول (عامیانہ)۔ (۲) بھاڑ: وہ برتن جس میں مکئی وغیرہ کو بھون کر اس کے لاوے یا کھیلیں بناتے ہیں (امریکا)۔

Poppet : (n) [ME. 'popet (Te).'] (۱) (اب صرف مقامی بولی میں) چھوٹا سا آدمی: (بچوں کے لئے) پیارا، لاڈلا: دلارا۔ (۲) خراد کا اوپری حصہ۔ (۳) (بحری) چوب: چھوٹی سی لکڑی۔ (۴) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر مبنی ہوتا بلکہ اسے کھولنے کے لئے اس کو پوری طرح اٹھانا پڑتا ہے۔

Poppet-head : (n) (۱) خراد کا اوپر کا حصہ: سر خراد: گیرہ: پوپٹ۔ (۲) (کان کنی) ایک فریم جو کان کے دہانے پر ہوتا ہے اور جس میں جرّ جنباں لگی ہوتی ہیں۔

Poppet - valve : (n) (میکانیات) پوپٹ والو: پاپہ والو۔

Poppied : (a) [f. Popy (n) + -ed] (۱) جس میں کوکنار کی خواب

Poppied : (a) [f. Popy (n) + ed] (۱) جس میں کوکنار کی خواب آور صفت موجود ہو : خواب آور : مسکن : خواب آلود : اونگھتا ہوا : مخدر : منوم : مسکر۔(۲) پوستوں سے بھرا ہوا : خشخاشی نقاشی سے آراستہ (گرجے کی نشت) جس میں منقش چوٹی یا کلس ہو۔

Popping : (n) اچانک بھاگ کھڑا ہونا : یکایک چل دینا : گزر جانا یا آ دھمکنا۔

Popping-crease : (n) (کرکٹ) وہ لائن جو وکٹ کے متوازی چار فٹ کے فاصلے پر ہوتی ہے اور بلے باز کو اس کے اندر رہنا لازمی ہوتا ہے : کریز۔

Popple : (n) [OFr. 'Pople.'] (امریکی بول چال) دیکھو Poplar۔

Popple : (n) [Origin Unknown.] (۱) فصل کے ساتھ کھیتوں میں اگنے والا ایک پودا۔ (۲) رائی : سرسوں : خردل : ان پودوں کے بیج۔

Popple : (n) [Goes with next.] تلاطم : تموج : موج : لہر : ہلکورا۔

Popple : (v) [Prob. - (m) DU. 'popeler.'] (پانی کا) تلاطم یا تموج میں ہونا : اٹھنا گرنا : متموج ہونا : موج زن ہونا: لہریں لینا : ہلکورے لینا۔

Popply : (a) موج خیز : متلاطم : متموج : لہردار : ہلکورے دار۔

Poppy : (n) [OE. 'Popaeg.'] (۱) پوست : خشخاش : کوکنار : پودا جس سے افیون حاصل ہوتی ہے۔ (۲) یہ پودا یا اس کا ست جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ (۳) (مجازاً) کوئی منوم یا مخدر چیز : خواب آور چیز۔ (۴) (تعمیرات)(کلیسا کی نشست کا) آرائشی یا منقش کلس : منقش چوٹی (گرجے کی نشست کی)۔

Californian poppy : ایک قسم کا پودا :کیلیفورنیائی کوکنار۔

Corn Poppy /Field Poppy : کھیتوں میں اگنے والا خودرو پودا جس کے پھول شوخ گلنار ہوتے ہیں۔

Flanders poppies : (۱) فلانڈرس کے کوکنار۔ (۲) ریشمی کوکنار جو ۱۱/نومبر کو بناکر بیچے جاتے ہیں (کشتگان جنگ عظیم کی یادگار کے طور پر)۔

Horned poppy /Horn- : Glancium جنس کا کوئی پودا جس کے ڈوڈے لمبے اور سینگ نما ہوتے ہیں۔

Iceland poppy : کوکنار کی ایک قسم : قطب شمالی کا زرد کوکنار۔

Opium Poppy : پوست کی وہ قسم جس سے افیون نکلتی ہے۔

Prickly poppy : قسم کوکنار جس کے پھول زرد یا سفید ہوتے ہیں اور پتیوں اور ڈوڈوں پر کانٹے ہوتے ہیں : خار دار کوکنار: کٹیلا۔

Poppy-bee : (n) فراش (شہد کی) مکھی کی وہ قسم جو اپنے چھتے کے خانوں میں کوکنار یا پوست کی پنکھڑیوں کا فرش کرتی ہے۔

Poppy- colour : (n) شوخ یا چمکیلا گلنار رنگ : تیز یا شوخ سرخ رنگ جو مائل بہ نارنجی ہو۔

Poppy cultivation : (n): (نباتیات) کاشت پوست : پوست کی کھیتی : افیون کی کھیتی۔

Poppy Day : (n) یوم کوکنار : یوم پوپی (۱۱/ نومبر ۱۹۱۸، التوائے جنگ عظیم کی سالانہ یاد گار کا دن جسے سرخ ریشمی (مصنوعی) کوکنار (یا فلانڈرس کے کوکنار) کو لباس میں سجا کر منایا جاتا ہے۔ یہ پھول معذور سابق فوجی تیار کرتے ہیں)۔

Poppy- head : (n) (۱) پوست کا ڈوڈا : خشخاش کا ڈوڈا : (نیز توصیفاً)۔ (۲) (تعمیرات) گرجے کی نشت کی چوٹی پر بنا ہوا آرائشی یا منقش کلس (نیز توصیفاً)۔

Poppy oil : (n) خشخاش کا تیل روغن خشخاش۔

Poppy-seed : (n) پوست کا دانہ : خشخاش : دانۂ خشخاش : دانہ۔

Poppycock : (n) (امریکی عامیانہ) مہمل : لغو : واہیات: لغویات۔

Poppywort : (n) پوست کی قسم کے تمام پودوں کا نام۔

Popskull : (n) [Pop + skull.] (خصوصاً مڈ لینڈ) گھٹیا یا سستی وہسکی (شراب)۔

Popsy : (n) (لڑکی یا عورت کے لئے) پیاری : لاڈلی: ہمدم :ہم نفس: جان من : راحت جاں : آرام جاں۔

Populace : (n) [Fr. 'Populace.'] (۱) کسی فرقے کے عوام : طبقۂ جمہور : عوم: جمہور : عوام الناس : (جو القاب یافتہ، دولت مند یا تعلیم یافتہ طبقے میں نہ آتے ہوں)(تحقیراً) ادنیٰ طبقے کے لوگ : عام لوگ:گنوار دل : ارزال و انفار۔ (۲) کل آبادی : کل عوام : کل باشندگان۔

Popular : (a) [AFr. 'populer.'] (۱) عمومی : عموم کا : جمہور کا:

جمہوری ؛ عوامی ؛ قومی ۔ (۲) (قانون) عام؛ عامہ ؛
جو ہر کس و ناکس سے متعلق ہو یا اس پر عائد ہوتا
ہو ؛ جو سب کے لئے ہو ؛ جو سب پر اثرانداز ہو ۔
(۴) ہر دل عزیز ؛ مقبول عام ۔ (۵) عوام کا؛ جو عوام
میں مروج ہو ؛ جسے قبول عام حاصل ہو؛ عوامی ؛
عامیانہ ؛ عام طور پر مروج۔

Popular : (n) Popular concert کا مخفف ؛ عام پسند چیز۔

Popular action : (n) استغاثہ کرنے والے کو کسی شخص سے قانونی
جرمانہ دلوانے کی کارروائی ۔

Popular assembly : (n) عوامی مجلس ۔

Popular front : (n) [tr.Sp. 'frente popler.'] حزب مخالف ؛ بائیں
بازو کی جماعت ؛ کوئی سیاسی پارٹی یا منظم گروہ
جو بائیں بازو کے عناصر کی نمائندگی کرتا ہو۔

Popularity : (n) قبول عام ؛ ہردل عزیزی ؛ مقبولیت عام ۔

Popularization : (n) (۱) ہر دل عزیز بنانا ؛ عام پسند بنانا۔
(۲) ہر دل عزیزی ؛ عام پسندی ؛ مقبولیت عام؛
ترویج عام ؛ تشہیر عام ۔

Popularize : (v) (۱) ہر دل عزیز کرنا ؛ مقبول عام کرنا ؛ عام شہرت
یا عام رواج دینا ؛ عام پسند بنانا ۔ (۲) جمہوری بنانا؛
عوامی بنانا ؛ (حق رائے دہی وغیرہ) عام کرنا ۔
(۳) (کسی ٹیکنیکل موضوع کو) عام فہم انداز میں
پیش کرنا؛ عام فہم بنانا ۔

Popularizer : (n) مقبول عام کرنے والا ؛ عام پسند بنانے والا ؛شہرت
عام یا رواج عام بخشنے والا ؛ عام کرنے والا ؛ عام فہم
بنانے والا ۔

Popularly : (adv.) (۱) عمومی حیثیت سے ؛ جمہوری طور پر ۔
(۲) عام فہم یا عام پسند طریقے سے ۔ (۳)ہردلعزیزی
سے ؛ مقبول عام ہوکر ۔ (۴) عام طور پر ۔

Populate : (a) [med. L . 'Populatus.'] (شعریات) آباد ؛ بساہوا؛
باشندوں سے بھرا ہوا ؛ پوری طرح آباد ۔

Populate : (v) [med. L.' populare.] (۱) بسانا ؛ آباد کرنا ۔(۲) (کسی
ملک کو) آبادی میں منتقل کرنا؛ لوگوں کو (کسی ملک
میں) بسنے کے لئے بھیجنا ؛ آبادی فراہم کرنا (کسی
ملک کے لئے) ۔ (۲) بسنا ؛ آباد ہونا ؛ (کسی ملک میں)
بودوباش اختیار کرنا۔

Population : (n) (۱) (کسی جگہ کا) درجۂ آبادی ؛ آبادی کا اوسط؛
آبادی کے گنجان ہونے کا درجہ ۔ (۲) کسی جگہ یا
علاقے میں آباد تمام لوگ ؛ کل آبادی؛ آبادی ؛
(کسی مقام کے) باشندے ؛ (بستی وغیرہ کے) لوگ۔
(۳) (کسی رقبے میں موجود) چیزوں کی کل مقدار
یا تعداد ۔ (۴) آبادی؛ بساؤ ؛ بسنے یا بسانے کا عمل
یا طریق عمل ؛ آباد ہونے یا کرنے کا عمل یا طریقہ ۔
(۵) (مرضیات) اشخاص، اشیاء یا مدات کا وہ مجموعہ
جس سے شماریات کی رو سے اندازہ کرنے کے لئے نمونے
اخذ کئے جائیں ۔

A I Population : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب ادنیٰ
طبقہ ۔

C 3 Population : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب سے
اعلیٰ طبقہ ۔

Population cycle : (n) (حیوانیات) دور آبادی ۔

Population dynamics : (n) ایک شعبۂ علم جس کا تعلق آبادی کی
جسامت اوران کے عوامل سے ہے جو آبادی کے یکساں
رہنے ، گھٹنے یا بڑھنے پر اثرانداز ہوتے ہیں ۔

Population explosion : (n) (حد عمر اور شرح ولادت دونوں میں
اضافے کی وجہ سے) آبادی کا بے حد اضافہ ؛ بہت
زیادہ آبادی بڑھ جانا ؛ کثرت آبادی ۔

Population pressure : (n) کسی آبادی میں رونما ہونے والے وہ سارے
عوامل (مثلاً آبادی میں اضافہ یا دستیاب اشیائے
خوردنی کا حد سے زیادہ صرفہ) جو کسی مقام کو
اپنی آبادی کا کفیل ہونے کے قابل نہیں رہنے دیتے
اور جن کی وجہ سے ہجرت اور توسیع پسندی یا آبادی
کے انحطاط زفنا جیسے نتائج سامنے آتے ہیں ؛ آبادی
کا دباؤ ۔

Populationist : (n) (۱)ضبط تولید کا حامی ، آبادی کو کنٹرول میں
رکھنے کا حامی ۔ (۲) پیدائش و اموات کے اعداد و شمار
جمع کرنے والا ؛ اس طرح آبادی کی حالت کا اندازہ
لگانے والا ۔

Populin : (n) [Fr. 'populine.'] سفیدے کے درخت (aspen) سے نکالا
جانے والا سفید بلوری مادہ ($C_2 H_{22} O_8$) سفیدہ۔

Populism : (n) قبضۂ جمہور یا ملکیت جمہور کا اصول ؛(سیاسیات)
عوامیت ۔

Populist : (n) (۱) قبضۂ جمہور کا حامی ؛ حامی قبضۂ جمہور
(ریاست ہائے متحدہ امریکا کا ایک سیاسی فرقہ جو
فروری ۱۸۹۲ء میں اس مقصد کے تحت قائم ہوا تھا کہ

اور محصول و آمدنی و ٹیکس کی شرح درجہ وار ہو۔
(۳) حامئ عوامیت : ملکیت جمہور کا ایک رکن (روس کی ایک اشتراکی سیاسی جماعت جو اجتماعیت (Collectism) کا حامی تھا)؛ دیکھو Collectivism۔

Populistc : (a) ملکیت جمہور کے اصول سے متعلق یا اس کا۔

Populous : (a) [L. 'populosus.'] (۱) گنجان : گھنی آبادی والا : کثیر آبادی رکھنے والا : کھچا کھچ بھرا ہوا۔ (۲) (وقت یا موسم) پیدا کرنے والا : بچہ خیز : بارآور: زرخیز : ثمر آور : کثیر زا : ثمر خیز: بہتات سے پیداکرنے والا: بھر پور۔

Populously : (adv.) گنجان طور پر : کثیر الآباد ہوکر : بہتات کے ساتھ۔

Populousness : (n) کثرت آبادی : بہتات : فراوانی: افراط: کثرت۔

Populus : (n) [f.L.Poplar] جنس حور: جنس تبریزی۔

Populus Alba : (n) (نباتیات) سفیدہ۔

Populus Ciliata : (a) (نباتیات) پلاچ۔

Populus Nigra : (n) (نباتیات) کبودہ۔

Porbeagle : (n) [Origin unknown.] Lamna نوع کی شارک مچھلی جو کھائی جاتی ہے : (خصوصاً) lamna Cornubica جو کبھی دس فٹ تک لمبی اور جس کی تھوتھنی نوک دار ہوتی ہے : ماکریل شارک : لیّا (مچھلی)۔

Porcelain : (n) [Fr. 'porcelaine.'] (۱) چینی: چینی مٹی۔ (۲) چینی کے برتن: چینی مٹی سے بنی کوئی چیز۔ (۳) (مجازاً بطور صفت) نازک : لطیف : کانچ‌جھو : جو آسانی سے ٹوٹ جائے: چینی مٹی کا بنا ہوا۔ (۴) کوڑی (صرف Porcelain shell میں)۔

Porcelain cement : (n) چینی مٹی کی بنی چیزوں یا مشینوں کو جوڑنے کا مسالا : چینی سیمنٹ۔

Porcelain-clay : (n) چینی مٹی : گل چینی۔

Porcelain-crab : (n) Porcellana جنس کا کیکڑا جس کا کھوپڑا چینی مٹی جیسا چکنا اور چمک دار ہوتا ہے۔

Porcelain crucible : (n) چینی کی کٹھالی۔

Porcelain jasper : (n) (معدنیات) ایک قسم کی سخت اور قدرتی طور پر پکی ہوئی مٹی جو یشب (Jasper) کے مشابہ ہوتی ہے۔

Porcelain paper : (n) دبیز و شفاف کاغذ جس کے شادی کارڈ وغیرہ بنتے ہیں۔

Porcelain shell : (n) کوڑی۔

Porcelain tower : (n) چین کا نام (Nankin) نانکن کا مشہور منارہ جو چینی مٹی کے کھپروں (tiles) سے آراستہ ہے : چینی منارہ : چینی ٹاور۔

Porcelainize : (v) چینی مٹی میں تبدیل کرنا: چینی مٹی بنانا: چینی مٹی جیسا بنانا۔

Porcelainous : (a) چینی نما : چینی مٹی جیسا : چینی کاسا: چینی کا: جس میں چینی مٹی کی خاصیت ہو: جس میں چینی ہو : چینی دار۔

Porcellaneous : (a) چینی نما: چینی مٹی جیسا : چینی کاسا : چینی کا: جس میں چینی مٹی کی خاصیت ہو: جس میں چینی ہو : چینی دار۔

Porcellanic : (a) چینی نما: چینی کاسا: چینی مٹی کے مشابہ۔

Porcellanite : (n) [G. 'porzellanit.'] (معدنیات) ایک قسم کی سخت اور قدرتی طور پر پکی ہوئی مٹی جو یشب(Jasper) کے مشابہ ہوتی ہے۔

Porcellanous : (a) دیکھو Porcellaneous

Porch : (n) [L. 'porcicus.'] پورچ: وہ چھتا جو مکان کے دروازے کے سامنے ہو : برساتی: پیش دہلیز: پیش گاہ: ڈیوڑھی۔

The Porch / Philosophy of the Porch : (۱) ایتھنز کی مشہور عمارت جس میں زینو درس دیا کرتا تھا : رواق۔
(۲) (فلسفہ) رواقی فلسفہ : مذہب رواقئین : فلسفۂ رواقئین۔

Porch box : (n) (۱) برساتی میں رکھا ہوا بکس یا گملا جس میں پھول یا آرائشی پودے اگانے کے لئے مٹی بھری رہتی ہے۔
(۲) دروازے پر لگا خانہ خانہ بنا ہوا بکس جس میں دودھ والا دودھ کی بوتلیں رکھ جاتا ہے۔

Porch climber : (n) اوپری منزل کی کھڑکیوں سے مکان میں داخل ہونے والا (چور یا نقب زن)۔

Porched : (a) برساتی وار۔

Porchless : (a) بے برساتی کا۔

Porcine : (a) [L. 'porcinus.'] (۱) خوکی : خنزیری؛ سور کا۔ (۲) خوک صفت : خنزیر صفت : سور جیسا۔

Porcupine : (n) [OFr. 'porcespine.'] (۱) سیہہ : خار پشت : اس کی تصویر یا اس جیسی کوئی چیز۔ (۲) خار پشت مشین (روئی وغیرہ دھننے کے لئے ہوتی ھے) : دندانہ دار مشین۔ (۳) ان جانوروں کے نام کا جز جن کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں مثلاً Porcupine ant-eater, Porcupine fish وغیرہ۔

Porcupine ant-eater : (n) آسٹریلیا کا ایک خار پشت جانور جو دودھ پلانے والے حیوانات کے سب سے نچلے سلسلے سے تعلق رکھتا ھے اور جس کے بول و براز اور توالد و تناسل کے لئے ایک ہی راستہ ہوتا ھے : مور خور خار پشت۔

Porcupine crab : (n) ایک جاپانی کیکڑا جس کا کھپرا اور اعضا خار دار ہوتے ہیں : خار پشت کیکڑا : خار پشت سرطان۔

Porcupine fish : (n) ایک مچھلی جس کی جلد خار پشت ہوتی ھے : خار پشت مچھلی : بحری سیہی : بحری خارپشت۔

Porcupine grass : (n) (۱) آسٹریلیائی گھاسوں کی نوع جن کی پتیاں سخت اور تیز نوک والی ہوتی ہیں۔ کٹیلی گھاس۔ (۲) مغربی امریکا کی ایک گھاس جس میں لمبی اور سخت سونگیں (مثلاً جو وغیرہ میں) ہوتی ہیں : سونگ دار یا بالو دار گھاس۔

Porcupine-wood : (n) ناریل کے درخت کی لکڑی جسے کاٹنے پر سیہی کے کانٹوں جیسے نشانات نظر آتے ہیں۔

Porcupinish : (a) سیہی کا سا : خار پشت کا سا۔

Porcupiny : (a) دیکھو Porcupinish

Pore : (n) [L.'porus.'] باریک منہ یا سوراخ (عموماً وہ جو ننگی آنکھوں سے نہ دیکھا جاسکتا ہو) جس سے ہوکر سیال چیزیں گزرتی یا گزر سکتی ہوں : مسام؛ متم : منفذ : (جمع منافذ)۔

Pore : (v) [ME. 'pure, poure, power.'] (۱) مطالعے میں غرق ہونا : مطالعے میں ڈوب جانا : نہایت غور سے مطالعہ کرنا (کتاب وغیرہ کا) : پوری توجہ سے کچھ تلاش کرنا۔ (۲) (مجازاً) غور کرنا : غوروخوض کرنا۔ (۳) غور سے دیکھنا : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ (۴) غور و فکر کے بعد کسی نتیجے پر پہچنا۔

Pore- plate : (n) کیڑے مکوڑوں کی ناک : کسی کیڑے کا عضو شامہ۔

Porer : (n) نہایت استغراق سے مطالعہ کرنے والا : پوری توجہ سے یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے والا : غوروخوض کرنے والا۔

Porge : (v) [Judeo- spanish. 'porgar.'] یہودی رسم کے مطابق ذبیحے کو نس، پٹھے وغیرہ نکال کر شرعی طور پر پاک کرنا۔

Porger : (n) ذبیحے کو صاف کرنے والا۔

Porgy / Paugie : (n) [of doubtful origin.] (امریکا) مختلف قسم کی سمندری مچھلیوں Sparidae کو کہتے ہیں (خاص کر Sparidae) یا سمندری بریم کی شمالی امریکی قسمیں : (مقامی) دوسرے خاندانوں کی مچھلیوں کو بھی کہتے ہیں۔

Poricidal : (a) مسامات سے کھلنے والا یا پھٹنے والا۔

Porifera : (n) [mod. L. n. pl. of 'porifer.'] (حیوانیات) مسامداران: اسفنج۔

Poriferan : (a) اسفنجی : مسامداروں کا یا ان سے متعلق۔

Poriferan : (n) مسامدار اسفنج۔

Poriferous : (a) (۱) مسامدار۔ (۲) اسفنجی : مسامداروں کا یا ان سے متعلق۔

Poringly : (adv.) نہایت غور و خوض کے ساتھ : نہایت استغراق سے: پوری توجہ کے ساتھ : مستغرق ہوکر : نہایت غور سے۔

Porism : (n) [Late L.'porisma.'] (۱) (ہندسہ) مسئلہ کثیرالحل: مسئلہ استنباطی؛ بین عملی و اثباتی مسئلہ : سوال کثیر الجواب : ایسا مسئلہ یا سوال جس کے لاتعداد حل یا جواب ہوں۔ (۲) بدیہی نتیجہ : ضمنی نتیجہ؛ فرع۔

Porismatic / Poristic : (a) مسئلہ کثیر الحل سے متعلق یا اس کی نوعیت کا : استنباطی۔

Porite : (n) [mod. L. 'porites.'] (حیوانیات) Poritidae خاندان یا Porites نوع کا کوئی مونگا : مسامدار مرجان۔

Poritiid : (a) Poritidae خاندان سے متعلق یا اس جیسا : مسامدار مونگوں جیسا۔

Poritoid : (n) مسامدار مونگا : مسامدار مرجان۔

Pork : (n) [L.'porcus.'] (۱) (تاریخ) سور : خوک : خنزیر۔ (۲) سور کا گوشت (خصوصاً تازہ)۔ (۳) (امریکی

عامیانہ) رقوم : وظائف یا سرکاری نوکریاں جنہیں سیاست داں حلقہ بطور امداد استعمال کرتا ھے اور فلاح عامہ سے زیادہ اس بات کو وہ سیاسی رعایت سمجھتا ھے ؛ (وفاقی) حکومت سے کسی ضلعے کے لئے حاصل کی ہوئی رقم ، پوزیشن وغیرہ ۔

Pork-barrel : (n) (امریکی عامیانہ) وفاقی یا مرکزی خزانہ جسے مقامی کاموں کے لئے رقوم حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھا جاتا ھے ؛سرکاری پروجیکٹ یا وہ صرفہ جو زیادہ منافع بخش ہو یا جس سے زیادہ نفع کمایا جاسکے۔

Pork burger : (n) سور کے گوشت سے بنایا ہوا سینڈ وچ۔

Pork-butcher : (n) سور قصائی : سور قصاب : سور کا (تازہ) گوشت بیچنے والا ۔

Pork-pie : (n) (۱) سور کا قیمہ بھر کر بنایا ہوا سنبوسہ یا سموسا ۔ (۲) دیکھو Pork-pie hat ۔

Pork- pie hat : (n) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چاند (چندیا) چپٹی ہوتی ھے اور چھجا چاروں طرف اوپر کو مڑا ہوتا ھے۔

Pork tapeworm : (n) سور جونک : ایک قسم کی جونک جس کا لاروا سور کے کچے یا ناقص طور سے پکے ہوئے گوشت کے ساتھ انسان کی آنتوں میں پہنچ جاتا ھے اور بڑا ہونے کے بعد نقصان پہنچاتا ھے ۔

Pork wood : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی یا چھوٹا درخت جو افریقہ کے گرم حصوں میں ہوتا ھے ۔ (۲) ویسٹ انڈیز کی Pigeon- wood, Beef-wood یا Cork-wood وغیرہ۔

Porker : (n) (۱) جوان سور جو ذبح کرنے کے لئے پالا گیا ہو۔ (۲)سور کا بچہ جو ذبح کرنے کے لئے پالا جاتا ھے۔

Porket : (n) سور کا بچہ : چھوٹا سور : (بول چال) : دیکھو Porker ۔

Porkling : (n) جوان سور : سور کا بچہ : چھوٹا سور ۔

Porky : (a) سور کا؛ سور کی طرح : (روزمرہ) موٹا تازہ : چربیلا : چربی دار ۔

Porky : (n) [f. 'Porcupine + -y.] دیکھو Porcupine

Porn : (n) (روز مرہ میں) Pornography کا مخفف۔

Porno : (a) جس میں رنڈیوں، بیواؤں کے حالات لکھے ہوں : فحش نگری کا یا اس سے متعلق : فحش نگارانہ: فحش۔

Porno : (n) (۱) رنڈیوں یا قحبہ عورتوں کی زندگی یا ان کے کردار و اطوار کا بیان : رنڈی بازی کا بیان : (سماجیات) فواحش نامہ : رنڈیوں کا بیان ۔ (۲) ادب یا فن میں فحش موضوعات کا اظہار : فحش نگاری : شہوت انگیز تحریر یا تقریر : جنسی؛ اشتعال انگیزی کے لئے بنائی ہوئی تصویر یا مجسمہ ۔ (۳) رسالہ ،کتاب وغیرہ جس میں رنڈیوں کے حالات زندگی ہوں : فحش کتاب ۔

Porno- : یہ سابقہ یونانی زبان کے لفظ Porne سے نکلا ھے جس کے معنی ہیں "قحبہ" ، "فاحشہ" وغیرہ ۔

Pornocracy : (n) [f.Porno + cracy.] (سیاسیات) طوائف شاہی : حکومت رنڈیاں : قحبہ راج؛ بیسوا راج؛ وہ حکومت جس میں بازاری عورتوں کا اثر غالب ہو : (خصوصاً) دسویں صدی کے صنف اول کی کی رومی حکومت.

Pornocrat : (n) قحبہ حکومت کا ایک ممبر ۔

Pornograph : (n) (۱)فحش نگار ۔ (۲) فحش یا شہوت انگیز تحریر یا تصویر ۔

Pornographic : (a) دیکھو Porno : (a)

Pornography : (n) [Gr. 'pornograpos.'] دیکھو Porno : (n)

Poro- : (comb) [Gr. 'poros.'] جزو ترکیبی بمعنی Pore مسام۔

Porocephaliasis : (n) Porocephalidae خاندان کے زبان دار کیڑے کی کثرت یا اس سے پیدا شدہ بیماری ۔

Porocephalidae : (n) زبان والے کیڑوں کا خاندان ۔

Porocephalus : (n) زبان دار کیڑوں کی ایک نوع ۔

Porocyte : (n) (خلویات) مسام خلیہ ۔

Porogamic : (a) منفذی زواجیت کا یا اس سے متعلق۔

Porogamy : (n) منفذی زواجیت : مسامی زواجیت ۔

Porometer : (n) (نباتیات) مسامیت پیما ۔

Poroplastic : (a) (جراحی) مسام دار اور شکل پذیر : مسام دار ملائم۔

Poroscope : (n) (۱) مسام بیں ۔ (۲) (نباتیات) مسامیت بیں ۔

Poros : (a) [Gr. 'poros.'] (نباتیات) مسام دار : جس میں مسلسل مسامات ہوں ۔

Porosis : (n) (جراحی) عظم پیوندی : ہڈی جڑنا۔

Porosity : (n) [med. L. 'Porosus'.] (۱) مسام داری : مسام دار ہونا: مسامیت۔ (۲) مسام دار حصہ : مسام دار ڈھانچہ یا ساخت : خلو : خالی جگہ۔ (۳) منفذ : مسام۔

Porous : (a) [med. L. 'porosus.'] مسام دار : جس میں مسامات کثرت سے ہوں : پراز مسامات : نہایت باریک سوراخوں والا جن سے پانی، ہواء روشنی وغیرہ گزر سکتی ہو۔

Porous plaster : (n) سوراخ دار یا جالی دار پلاسٹر (جو معالجاتی استعمال میں آتا ہے)۔

Porously : (adv.) مسام دار طور پر۔

Porousness : (n) دیکھو Porosity

Porphyr- / Porphro - : (comb.) یونانی لفظ Porphyros سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "اغوان،، اور "سنگ سماق"۔

Porphyra : (n) ایک قسم کی سرخ کائی : اشنۂ سرخ : (نباتیات) قرمزیہ۔

Porphyrian : (a) [L. 'Porphyrius.'] عیسائیت کے مخالف نو افلاطونی فلسفی Porphyry یا Porphyrius (۲۳۲ تا ۳۰۶ء) اور اس کے عقائد کا یا اس سے متعلق۔

Porphyrian : (n) Porphyry کا شاگرد یا پیرو۔

Porphyrian scale / -tree : (n) شجرۂ نسب کی روشنی میں انسان کی تعریف۔

Porphyrio : (n) [L.] (طیوریات) یورپی مرغابی (جو ارغوانی رنگ کی ہوتی ہے) جنس ارغوانی مرغابی۔

Porphyrite : (n) [L. 'porphyrites.'] (معدنیات) غیر طبقی چٹان: آتش فشانی چٹان۔

Porphyritic /-al : (a) [med. L. 'porphyriticus.'] (قدیم ماہرین معدنیات کی) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان کا یا اس سے متعلق (جدید ماہری معدنیات کی) غیرطبقی یا آتش فشانی چٹان جیسا : (خصوصاً جس میں واضح طور پر قلمیں یا قلمی ذرات موجود ہوں۔

Porphyritically : (adv.) غیر طبقی آتش فشانی چٹان کے سے انداز میں۔

Porphyrogenite : (n) [med. L. 'porphyrogenitus.'] (ابتداءً استنبول میں) وہ بچہ جو شاہی گھرانے میں پیدا ہوا ہو : جو بچہ اپنے باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہوا ہو۔

Porphyrogenitism : (n) شاہی خاندان کا وہ نظریۂ توارث یا جانشینی جس میں اس لڑکے کو جو باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہوا ہے اس لڑکے پر جو تاج پوشی سے پہلے پیدا ہوا تھا، ترجیح دی جاتی ہے۔

Porphyrogeniture : (n) شاہی گھرانے میں پیدا ہونا : باپ کی تاج پوشی کے بعد پیدا ہونا۔

Porphyroid : (n) [f. Porphyry + -oid] (ارضیات وغیرہ) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان سے مشابہ کوئی چٹان: غیر طبقی ساخت کی چٹان : آتش فشانی ساخت کی چٹان۔

Porphyroid : (a) غیر طبقی یا آتش فشانی چٹان سے مشابہ: غیر طبقی ساخت کی۔

Porphyry : (n) [Gr. Porphyrios.'] (۱) سنگ سماق۔ (۲) (ارضیات) غیر طبقی چٹان : آتش فشانی چٹان: سماقی چٹان۔

Porphyry : (a) (تاریخ) فرخور یوس (افلاطونی فلسفی (۲۲۳-۳۰۶ء) جو عیسائیت کا مخالف تھا)۔

Porphyry chamber : (n) بزنطین میں شہنشاہوں کے محل کا ایک کمرہ۔

Porphyry copper : (n) ادنیٰ قسم کے منتشر تانبے کا بڑا تودا (decposit)۔

Porphyry -shell : (n) Murex جنس کا وہ گھونگا جس سے رنگنے کا ارغوانی رنگ حاصل کیا گیا تھا : ارغوانی گھونگا یا صدفہ۔

Porpoise : (n) [ME. 'Porpays, perpoys.'] (۱) سنگ ماہی : خنزیر بحری : پونس مچھلی : سوس : نیل ماہی کے سلسلے کی ایک چھوٹی پستان دار مچھلی جو تقریباً پانچ فٹ لمبی ہوتی ہے اور جس کا اوپری حصہ سیاہی مائل اور نچلا حصہ قدرے زرد ہوتا ہے۔ نیز جو ڈالفن کی طرح گول اور گٹھل تھوتھنی والی ہوتی ہے : (نیز) دوسری چھوٹی چھوٹی فیل ماہیاں۔ (۲) چھوٹی دندان دار غول پسند وھیل مچھلی۔

Porpoise : (v) اڑتے یا اترتے وقت (ہوائی جہاز کا) کئی بار غوطے لگانا یا قلا بازیاں کھانا۔

Porpoise oil : (n) ایک تیز پیلے رنگ کا تیل جو پور پوئز مچھلی کے جسم، سر یا جبڑے وغیرہ سے حاصل کیا جاتا ہے: ڈالفن مچھلی کا تیل۔

Porporate : (a) ارغوانی: اودا: جامنی : سوسنی۔

Porraceous : (a) [L.'porraceus.'] Leek کی رنگ کا : لیك جیسا۔ لیك جیسا سبز؛ گندنے کے رنگ کا سبزی مائل۔

Porrect : (v) [Pa. PPl. Stem of L. 'porriger.e'] (۱) (تاریخ موالید) پھیلانا ؛ کھولنا ؛ کشادہ کرنا ؛ وسیع کرنا ؛ بڑھانا؛ (عموماً کسی عضو جسیم کا)۔ (۲) (کلیسائی قانون) (کسی دستاویز وغیرہ کا) ملاحظہ یا اصلاح کے لئے پیش کرنا ؛ رکھنا۔

Porrect : (a) [L. 'porrectus. '] (حیوانیات) پھیلا ہوا ؛ کشادہ ؛ دراز شدہ ؛ بڑھا ہوا (خصوصاً آگے کو)۔

Porrection : (n) (کلیسا) پیشکش۔

Porret : (n) [L. 'porrum.'] (صرف بول چال میں) لیك (Leek) یا پیاز کا چھوٹا پودا۔

Porridge : (n) [alt. of Pottage.] (۱) گوشت، سبزیوں اور جو سے بنا ہوا سوپ۔ (۲) جو یا جوار کا دلیا۔ (۳) دیوانی ہانڈی ؛ کھچڑی ؛ ملغوبہ ؛ معجون مرکب؛ ہلکی یا پتلی چیز ؛ کمزور چیز۔

Porridge-pan : (n) [Keep your breath to cool your porridge.] اپنی نصیحت تہ کر رکھئیے آپ ہی کام آئے گی ؛ اپنی رائے اپنے پاس رکھئیے۔

Porridge-pan/ - pot : (n) وہ برتن جس میں دلیا بنایا جاتا ہے۔

Porridge-stick : (n) ڈوئی یا ڈپتھی جس سے دلیا چلایا جاتا ہے۔

Porriginous : (a) [f. next.] سعفی مریض ؛ جس میں بھوسی کا مرض ہو ؛ جس کے سر سے پپڑیاں سی چھوٹتی ہوں۔

Porrigo : (n) [L.] سر کی مختلف بیماریوں کا نام جن میں سر کی جلد خشك رہتی ہے اور اس سے بھوسی یا پپڑیاں سی نکلتی ہیں ؛ قراع؛ قراع الراس ؛ سعفہ ؛ کچلی۔

Porringer : (n) [Fr. 'Potager.'] (۱) شوربا دان ؛ ایك قسم کا چوڑے دستے والا پیالہ جس میں (بچے) شوربا، دلیا وغیرہ پیتے ہیں۔ (۲) (مزاحاً) اس پیالے کی شکل کا ہیٹ۔

Port : (n) (۱) بندرگاہ ؛ بندر: (طوفان سے بچنے کے لئے) جہازوں کا مامن۔ (۲) وہ شہر جہاں بندرگاہ ہو (خصوصاً وہ جگہ جہاں کسٹم افسر متعین ہو)۔ (۳) (مجازاً) مامن: ملجا و ماویٰ ؛ جائے پناہ۔ (۴) ہوائی اڈا. (۵) وہ بندرگاہ جہاں سے بیرونی یا برآمدی اشیاء ملك میں داخل ہوتی ہیں یا جہاں سے غیر ملکیوں کو ملك میں داخل ہونے کی اجازت ملتی ہے۔ (۶) منزل۔

Close port : بند، بندرگاہ (جو اندرون ملك میں کسی دریا کے کنارے واقع ہو)۔

Free port : (۱) کھلی بندرگاہ جس میں ہر قوم و ملك کے جہازوں کو مال اتارنے، چڑھانے کی اجازت ہو۔ (۲) درآمد و برآمد کے محصول سے مستثنیٰ۔

Port : (n) [L. 'porta.'] (۱) پھاٹك ؛ دروازہ (خصوصاً) قلعہ بندشہر کی شہر پناہ کا (زیادہ تر اسکاتستان میں بولتے ہیں)؛ شہر پناہ کے دروازے پر وہ بازار جہاں اجرت پر مزدور ملتے ہیں۔ (۲) (بحری) جہاز کے پہلو کا دروازہ (جس سے ہوکر آتے جاتے یا مال لادتے اتارتے ہیں)؛ جنگی جہاز کا روزن یا رخنہ جس سے توپ، بندوق وغیرہ داغی جاتی ہے ؛ (اب) ہوا اور روشنی کے لئے بنایا ہوا روزن ؛ روشن دان یا اس کا پٹ۔ (۳) (میکانیات) بھاپ، گیس وغیرہ نکلنے کا سوراخ؛ روزنہ ؛ باب؛ پورٹ۔ (۴) لگام کا خم دار دہانہ۔ (۵) آتشیں اسلح کا وہ سوراخ جس سے خالی کارتوس باہر آجاتے ہیں؛ مشین گن وغیرہ کا وہ دہانہ جس سے میگزین میں کارتوس بھرے جاتے ہیں۔ (۶) مسلح گاڑیوں یا قلعے کی فصیلوں کا وہ رخنہ جس سے بندوقیں دغتی ہیں۔

Steam port : (n) بھاپ انجن کا وہ سوراخ جس سے استوانے میں بھاپ جاتی ہے یا اس سے نکلتی ہے۔

Port : (n) [L.portare.'] (۱) انداز و اطوار: چال ڈھال ؛ انداز خرام ؛ ظاہری طور طریقہ ؛ رویہ ؛ سبھاؤ؛ ڈھنگ؛ روش ؛ طرز عمل؛ برتاؤ۔ (۲) (کسی بات کا) مطلب ؛ معنی ؛ منشا ؛ مفہوم ؛ نفس مضمون؛ غایت۔ (۳) (فوج) وہ حالت جو فوجی حکم "Port arms" سے مراد ہے؛ دیکھو Port (v)

Port : (n) [Origin doubtful.] (۱) جہاز کا بایاں پہلو ؛ سمت چپ ؛ (نیز) ہوائی جہاز کا بایاں پہلو۔ (۲) (توصیفاً یا بطور صفت) جہاز کے بائیں پہلو کی جانب؛ جہاز کے بائیں پہلو کی طرف واقع ؛(مزاحاً) بایاں ؛ چپ۔

Port : (n) [Shortened . ' O Porto (wine) '] (۱) گہری سرخ پرتگالی شراب جس کا ذائقہ میٹھا اور قدرے تیز ہوتا ہے ؛ پورٹ ؛ شراب پرتگالی ؛ نیز توصیفاً (۲) کسی ملك کی بھی شراب جو پرتگالی شراب جیسی ہو۔ (۳) گہرا سرخ رنگ۔

Port : (n) [Gael . 'port.'] زوردار سر؛ بین کی قسم کے اسکاتستانی باجے (بیگ پائپ) کی آواز۔

Port - hole : (n) (۱) روشن دان جو جہاز کے پہلو میں ہوتا ھے : روزنہ ۔ (۲) دیوار میں بنا ہوا رخنہ جس سے بندوق داغی جاسکے : کسی دوسری چیز میں بنا ایسا ہی رخنہ ، بھٹی کے پٹ میں بنا ہوا رخنہ ۔ (۳) گیس، بھاپ یا پانی نکلنے کے لئے بنا ہوا سوراخ (خصوصاً کسی بھاپ انجن میں) ۔

Port- mouth : (n) دیکھو Port-bit

Port of call : (n) (۱) بیچ کی بندر گاہ جہاں مرمت، سامان رسد یا کوئلہ وغیرہ لینے یا ایک سے دوسرے جہاز پر مال منتقل کرنے کی غرض سے جہازوں کو رواجاً ٹھہرا جاتا ھے ۔ (۲) دوران سفر کی منزل : (خصوصاً) وہ جگہ جہاں عادتاً جایا جاتا ہو ۔

Port of discharge : (n) وہ بندر گاہ جہاں کوئی جہاز ارادتاً اور بلا ضرورت اپنا کچھ یا سارا مال اتار دیتا ھے ۔

Port of entry : (n) (۱) وہ جگہ جہاں سے بیرونی اشیاء کسٹم ہاؤس کے ذریعہ درون ملک آتی ہیں ۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے کسی غیرملکی کو کسی ملک میں داخل ہونے کی اجازت دیٔ جاتی ھے ۔

Port of London authority : (n) بندر لندن کی انتظامی جماعت (یہ بلدیہ ھے جو ۱۹۰۸ء میں بندر اور گودیوں کے انتظام کے لئے مقرر کی گئی تھی) ۔

Port - pay : (n) کسی کے جہاز کو بندرگاہ میں جتنی دیر روک رکھا گیا ہو اتنے وقت کی مزدوری یا اجرت : (جہاز کو) بندرگاہ میں روکے رکھنے کی اجرت ۔

Port- piece : (n) ایک قسم کی جہازی توپ یا بندوق جو اب متروک ھے ۔

Port- rope : (n) جہاز کے روشن دان کے ڈھکن کو اٹھانے یا گرانے والی رسی : روشن دان کا پٹ کھولنے یا بند کرنے والی رسی ۔

Port- Royal : (n) وار سلیز کے قریب واقع ایک عیسائی خانقاہ کا نام جو سترھویں صدی عیسوی میں جینسینی عقیدہ (Jansenism) اور اس کی تعلیمات سے متعلق ایک فرقے کی رہائش گاہ بن گئی ۔

Port - Royalist : (n) اس خانقاہ میں رہنے والا : جینسینی عقیدے کا حامی یا پیرو ۔

Port- stopper : (n) برج گرداں جہاز میں توپیں داغنے کے لئے بنے ہوئے رخنوں کو بند کرنے کا گھومنے والا ڈھکن :رخنہ بند ۔

Port : (n) [by shortening.] (۱) پورٹ مینٹو: سفری تھیلا (کپڑے اور دیگر لوازمات کے لئے) : چمڑے کا بیگ جس میں دو برابر حصے الگ الگ ہوتے ہیں اور کتاب کی طرح بیچ سے کھلتے ہیں ۔ (۲) خاص قسم کی کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگے جاتے ہیں۔ (۳) توصیفاً Portmanteau word-

Port : (v) [L. 'portare.'] (فوج) (نیزے، برچھے، بلم وغیرہ کو) دونوں ہاتھوں سے تھامنا یا پکڑ کر چلنا : سنبھالنا؛ تولنا : (خصوصاً) (رائفل وغیرہ کو) جسم سے قریب رکھتے ہوئے اس طرح آڑا ترچھا پکڑنا کہ اس کی نال بائیں شانے کے وسط کے مقابل ہو؛ (اسی طرح تلوار وغیرہ کو بھی) سینے کے سامنے ترچھا رکھنا (خاص کر Port arms کا حکم ملنے پر) ۔

Port : (v) [f. Port (n)] (۲) (جہاز کا) بندر گاہ کی طرف مڑنا یا جانا ۔ (۱) دیکھو -To port the helm

To port / To port the helm : پتوار کو جہاز کے بائیں طرف رکھنا یا موڑنا ۔

Port admiral : (n) بندرگاہ کی بحری فوج کا سپہ دار : پورٹ ایڈمیرل۔

Port arms : (n) (فوجی حکم) رائفل بدست! (تلوار یا بندوق کو) سینے کے سامنے ترچھا رکھو ۔

Port-bar : (n) (۱) بندر گاہ کے دہانے پر کوئی کم گہرا مقام۔ (۲) مضبوط بلیوں یا شہتیر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی روک یا روکار جو جہازوں کو روکنے کے لئے کسی دریا یا بندر گاہ کے دہانے پر لگی ہو ۔

Port- bit : (n) لگام جس کا منہ والا حصہ محراب نما ہوتا ھے: محراب نما لگام ۔

Port-bound : (a) جسے مخالف ہواؤں نے بندر گاہ میں روک رکھا ہو: مخالف ہوا کی وجہ سے بندر گاہ میں روکا ہوا: بندر گاہ بند ۔

Port captain : (n) جہاز کے بندر گاہ پر قیام کے دوران سرکاری نگراں۔

Port - charge : (n) بندر گاہ کو استعمال میں لانے کا حصول: بندر گاہی محصول ۔

Port- crayon : [Fr. 'Porte-crayon.'] پنسل گیر : چاک گیر ۔

Port-duty : (n) دیکھو Port chrge

Port egmont hen : (n) [f. ' Port Egmont .'] چمڑے کا چپٹا بٹوا : منی پرس : چمڑے کی پاکٹ بک ۔

Port - trust : (n) (معاشیات) محکمہ بندر .

Port -way : (n) روزنہ : باب: پورٹ؛ بھاپ ، گیس ، پانی وغیرہ نکلنے کا سوراخ : (خصوصاً بھاپ انجن میں وہ سوراخ جو استوانے میں بھاپ کے داخل ہونے اور نکلنے کے لئے ہوتا ہے .

Port-wine : (n) میٹھی اور قدرے تیز ذائقے والی گہری سرخ پرتگالی شراب : تیز پرتگالی شراب : شراب پرتگالی : نیز توصیفاً .

Port- wine mark : (n) (مرضیات) جلد میں خون پہنچانے والی رگوں کی ایک خاص مرضیاتی حالت جس سے جلد پر سرخ یا ارغوانی مائل دھبے یا ابھار بن جاتے ہیں : مسہ؛ تل.

Porta : (n) [L.] (تشریحات) باب : باب الکبد؛ ناف جگر.

Portability : (n) نقل پذیری : اٹھاؤپن : حمل پذیری .

Portable : (a) [L. 'Portabilis.'] جابجا لئے پھرنے کے قابل : جسے بہ آسانی لے جایا یا منتقل کیا جاسکے : جسے ہاتھوں میں لے کر چلا یا جاسکے : سفری؛ اٹھانواں : نقل پذیر؛ اٹھاؤ : جس کو اٹھاکر لے جاسکیں : ہلکا : دستی .

Portable radio : (n) سفری ریڈیو : دستی ریڈیو .

Portable typewriter : (n) دستی ٹائپ رائٹر : سفری ٹائپ رائٹر.

Portableness : (n) دیکھو Portability

Portage : (n) [Fr. 'portage.'] (۱) ڈھونا : ڈھلائی : بار برداری؛ نقل و حمل. (۲) کرایہ : ڈھلائی : بار برداری : باربرداری کا خرچ : اخراجات نقل و حمل . (۳) دیکھو Mariner's portage . (۴) (ابتداءً امریکا) دو قابل جہاز رانی دریاؤں یا جھیلوں کے درمیان (خشکی کی راہ سے) کشتیوں یا مال کی نقل و حمل : وہ مقام جہاں ایسے نقل و حمل کی ضرورت ہو : مقام نقل و حمل : (خشکی کی) وہ جگہ یا خطہ جس سے ہوکر کشتی یا اسباب کو دوسرے قابل جہازرانی دریا یا سمندر تک لے جایا جاتا ہو .

Mariner's poraage : جہاز میں وہ جگہ جو ملاح کو دے دی جائے یا کرائے پر اٹھا دے .

Portage : (v) قابل جہاز رانی دریاؤں یا جھیلوں کے درمیان خشکی کی راہ سے کشتیوں یا مال کو لے جانا یا منتقل کرنا .

Portail : (n) [Fr. 'portail .'] (۱) دروازہ : باب: پھاٹک (خصوصاً شان دار)؛(شعر) در؛ آستانہ. (۲) توصیفی معنوں میں .

Portal : (n) [med. L. 'portale .'] دیکھو Portal

Portal : (a) [med. L. Portalis.] (تشریح) ناف جگر سے متعلق؛ باب الکبدی؛ بابی : جگر کے ترچھے شگاف سے متعلق یا اس کا.

Portal circulation : (a) بابی دو ران.

Portal vein : (n) (تشریح) ورید باب : ورید جگری : وہ موٹی رگ یا ورید جو معدے، آنت اور طحال کی رگوں کے یکجا ہونے سے بنتی ہے اور جگر میں خون کو پہنچاتی ہے جہاں سے پھر یہ شاخ در شاخ ہوجاتی ہے .

Renal portal / Peniportal vein : ورید گردہ :(نچلے درجے کے بیشتر حیوانات میں) گردے تک جانے والی ایک ایسی موٹی رگ جو وہاں پہنچ کر کئی شاخوں میں منقسم ہوجاتی ہے .

Portamento (n) [It..] (موسیقی) گانے یا وآئلن وغیرہ بجانے میں آواز کے زیروبم کو مسلسل بدلتے رہنا : امتداد نغمہ کو مسلسل بتدریج بدلنا .

Portance : (n) چال؛ وضع : ڈھنگ : قطع : انداز : روش .

Portas/ - eous /-es : (n) [ME. 'portehors'] (۱) (تاریخ) رومن کیتھولک چرچ کی وہ کتاب جس میں ہر روز کی دعائیں لکھی رہتی ہیں. (۲) (اسکاتستانی قانون) عدالت، حاکم ، مجاز کے پرانے رواج کی مطابق تیار کی ہوئی فہرست مجرمین جسے جج کا پیش کار تیار کرتا تھا (بعد میں Porteous roll مستعمل ہوا).

Portate : (a) [L. 'portatus.'] (نقابت) اس طرح ڈھلواں بنی ہوئی صلیب جیسے وہ کندھے پر رکھی ہو.

Cross Portate : (n) دیکھو Portate

Portative : (a) [med. L. 'portatilis.'] (۱) (تاریخ)(ایک قسم کا چھوٹا ارغنوں) جسے اٹھایا جاسکے : دستی : نقل پذیر. (۲) جس کو اٹھا کر لے جاسکیں : لے جانے یا سہارا دینے والا .

Portative : (n) (تاریخ) (عموماً جمع) دستی آرگن : نقل پذیر ارغنوں .

Portative organ : (n) ایک چھوٹا دستی آرگن جو پہلے جلوسوں میں استعمال ہوتا تھا .

Portcullis : (n) [ME. 'port colice.'] (۱) بھاری سلاخوں کی جالی جو قلعے کے دروازوں کے پہلو میں ایک خانے کے اندر اوپر

منی پرس: چمڑے کی پاکٹ بک۔

Ported : (a) (۱) پھاٹک دار : جس میں پھاٹک لگا ہو۔ (۲) پھاٹک بند : پھاٹک کے اندر بند۔

Ported : (a) رائفل بدست : ہتھیار کو دونوں ہاتھوں میں آڑے ترچھے اس طرح تھامے ہوئے کہ (بندوق وغیرہ کی) نال یا دوسرے اسلحوں کا پھل بائیں شانے کے وسط میں ہو۔

Portend : (v) [L. 'potendere.'] (۱) (ہونے والے واقعے کا)شگون ہونا : علامت ہونا : نشانی ہونا۔ (۲) (ہونے والے واقعہ سے) آگاہ کرنا : خبر دینا : فال بتانا : تقابل کرنا : پیش گوئی کرنا۔ (۳) پہلے ہی بتا دینا: متنبہ کردینا : خبر دار کرنا۔ (۳) بتانا : اشارہ کرنا یا ہونا : مطلب ہونا۔

Portent : (n) [L. 'portentum.'] (۱) فال : شگون : علامت : نشانی۔ (۲) عجوبہ : عجیب و غریب چیز : اچنبھا۔

Portentous : (a) (۱) فال یا شگون جیسا : پرشگون : علامتی : فال آور: تنبیہی : تہدیدی : آگاہ یا خبردار کرنے والا : ہشیار کرنے والا : ڈراؤنا : نحس: نامبارک : بدشگون :منحوس۔ (۲) عجب و غریب : حیران کن : حیرت انگیز : انوکھا : نرالا : اچنبھے کا : عجیب الخلقت : عجوبہ : عجوبہ صفت : غیرمعمولی یا ما فوق العادت۔

Porteous roll : (n) (اسکاتستانی قانون) مجرمین کے ناموں کی فہرست جسے صبح کا پیشکار تیار کیا کرتا تھا: فہرست مجرمین۔

Portentously : (adv.) ازراہ شگون : پرشگون طور پر : فال آور انداز : میں : تہدیداً: ڈراؤنے طور پر: بدفالی یا بدشگونی سے: نحس یا نامبارک انداز میں۔

Porter : (n) [Fr. 'portier.'] پاسبان : دربان : ڈیوڑھی دار: پہرے دار : چوکی دار : نگہبان : نیز مجازاً۔

Porter : (v) دربان ہونا: دربانی کرنا : دربان کی حیثیت سے کام کرنا۔

Porter : (n) [Fr. 'port(e)our.'] (۱) حمّال ، (خصوصاً) ریل کا قلی : قلی : بوجھ ڈھونے والا : بار بردار : جہاز پر مال چڑھانے اتارنے والا مزدور۔ (۲) اٹھاؤ چھڑ : لوہے کی سلاخ جس سے کسی وزنی چیز کو اٹھاتے ہیں (ہتھوڑے سے کوٹنے پیٹنے کے لئے یا بھٹی میں ڈالنے کے لئے)۔

Porter : (v) قلی کا کام کرنا : بوجھ ڈھونا : بار برداری کرنا : ریلوے قلی کی حیثیت سے کام کرنا : حمالی کرنا۔

نیچے پھیلتی ہے : پھسلواں دروازہ : جالی دار دروازہ: مسلفہ (جمع مسالف) : پھسلواں کواڑ۔ (۲) ایسے دروازے کا نقش یا تصویر بطور زیور یا بطور نقابتی تمغہ : نقابت میں اس نقش پر اطلاق ہوتا ہے جو ڈھال کے اوپر باہم متقاطع کئی عمودی اور افقی دھاریوں یا لکیروں سے بنا ہوتا ہے۔ (۳) (کراؤن، نصف کراؤن : شلنگ چھ پینس کے) سکوں کا نام جنھیں ملکہ الزبتھ نے ۱۶۰۰.۲۰ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے لئے جاری کیا تھا اور جن کی پشت پر ایسے ہی جال دار دروازے کا نقش ہوا کرتا تھا۔ (۳)نقیب سے نیچے درجے کے انگریزی فوجی افسر کا خطاب (اس کے بلے یا امتیازی شان کے اعتبار سے)۔

Portcullis : (v) (دروازے میں) جال دار پھسلواں کواڑ لگانا :جال دار پھسلواں کواڑ بند کرنا۔

Portcullised : (a) (۱) جس میں پھسلواں دروازہ لگا ہو : جال دار پھسلواں کواڑ والا (دروازہ)۔ (۲) (نقابت) جالی دار دروازے کے نقش والا۔

Porte : (n) [Fr.] [The subline or otaman porte] Constantinop میں عثمانی عدالت : عدالت عثمانیہ : باب عالی (ترکی حکومت ۱۹۲۳ء تک اسی نام سے موسوم تھی) : ترکی حکومت۔

Porte- : (comb) [Fr. 'porter.'] فرانسیسی تلفظ Porter سے مشتق سابقہ بمعنی "اٹھانا" "لے جانا" ڈھونا۔

Porte- bonheur : (n) [Fr. 'bonheur.'] تعویذ یا کوئی چھوٹا زیور جسے تعویذ کی طرح پہنا جاتا ہو۔

Porte - bouquet : (n) گلدان۔

Porte - cochere : (n) [Fr.] بیرونی ڈیوڑھی : پھاٹک : بڑا دروازہ : بڑا گیٹ : پیش دروازہ (جس سے گزر کر گاڑیاں مکان کے صحن میں آتی ہیں) : پھاٹک اور ڈیوڑھی۔

Porte - crayon : (n) دیکھو Port- crayon

Porte -feu : (n) [Fr. 'feu.'] خاص قسم کا فتیلہ جو پہلے توپ داغنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور اب راکٹ وغیرہ داغنے یا کان میں دھماکہ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے : نیز فلیتہ : پکیتہ : بتی : آتش زنہ۔

Porte - feuille : (n) [Fr. 'feuille .'] (۱) چمڑے کا تھیلا یا جزدان جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے۔ (۳) دیکھو Portolio-

Porte- monnaie : (n) [Fr. 'monnaie.'] چمڑے کا چپٹا بٹوا:

Porter : (n) [Short for 'porter's sale, porter's beer 'or' porter beer.] ایک قسم کی سیاہی مائل بھورے رنگ اور قدرے تلخ ذائقے والی بیر شراب۔

Porter- house : (n) (امریکا) شراب خانہ (جہاں پورٹر شراب یامالٹ سے بنی دوسری شرابوں کی خردہ بکری ہوتی ہے : نیز جہاں گائے کے سینے کا گوشت ، چاپ وغیرہ پیش کئے جاتے ہیں)۔

Porter- house steak : (n) (امریکا) گائے کے سینے (پٹھے اور ان کے بیچ) کا دبیز اور رس دار گوشت (جو نیویارک کے ایک مشہور پورٹر ہاؤس میں دیا جاتا تھا)۔

Porterage : (n) حمالی : ڈھلائی : باربرداری قلی کا کام یا اس کی مزدوری : نیز توصیفاً۔

Porteress : (n) دربان عورت : ڈیوڑھی بان عورت خصوصاً دار الراہبات کی) : نیز مجازاً۔

Porter's knot : (n) قلیوں یا مزدوروں کی گدی جو شانوں پر یا (ہندوستان میں) سر پر رکھتے ہیں۔

Porter's slodge : (n) (قلعے، پارک وغیرہ کے دروازے پر) قلیوں کے رہنے کی کوٹھری یا چھوٹا سا مکان : قلی خانہ (جہاں پہلے نوکروں کو سزا کے طور پر رکھا جاتا تھا)۔

Portfire : (n) [After Fr. 'porte-feu.'] خاص قسم کا فتیلہ جو پہلے توپ داغنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور اب راکٹ وغیرہ داغنے یا کان میں دھماکا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے: نیز فلیتہ : پکیتہ : بتی : آتش زنہ۔

Portfolio : (n) [It . 'portafogli.] (۱) چمڑے کا تھیلا یا جزدان جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے۔ (۲) (مجازاً) قلم دان وزارت : وزیر کا عہدہ : وزارت۔ (۳) (امریکا) کسی کاروباری ادارے یا ہنڈی دلال کے پاس موجود وثیقوں یا ہنڈیوں کی فہرست۔

Minister without portfolio : وزیر بے قلمدان:کابینہ کا وہ وزیر جسے کوئی شعبہ سپرد نہ کیا گیا ہو۔

Portfolio-stand : (n) ایک قسم کا فرنیچر جو پورٹ فولیو رکھنے کے لئے ہوتا ہے۔

Porthors : Portas کی قدیم شکل۔

Portico : (n) [It. 'portico.'] (۱) برساتی :غلام گردش : کسی عمارت کے سامنے کا وہ حصہ جو ستونوں پر کھڑا ہو : پورٹیکو: پیش گاہ : ایوان : بارہ دری۔ (۲)(خصوصاً) اتیتنز کا منقش پورچ جو زینو (فلسفی) اور اس کے شاگردوں کا مرجع ہوا۔

Porticoed : (a) برساتی دار : جس میں پورٹیکو ہو۔

Portiere : (n) [Fr.] دروازے کا پردہ یا چلمن (چلون)۔

Portion : (n) [ME. 'porcion.'] (۱) حصہ : بخرہ : خوراکی۔ (۲) حصہ رسدی۔ (۳) جہیز : وہ مال یا جائداد جو لڑکی کے والدین شادی کے وقت اسے دیں۔ (۴) قسمت : نصیب: مقسوم۔ (۵) جز : کسی چیز کا ٹکڑا۔ (۶) کوئی محدود مقدار یا تعداد : کچھ (سب نہیں): تھوڑا سا۔

A portion (of) کسی چیز کی تھوڑی ہی تعداد۔

Portion : (v) [OFr.'portionner..'] (۱) حصے کرنا : حصے بخرے کرنا : بانٹنا : بٹوارہ کرنا۔ (۲) حصوں میں تقسیم کرنا : حصے لگانا۔ (۳) (Out کے ساتھ) حصے کے طور پر کسی کو دینا : کسی کے حصے میں (کوئی چیز رکھنا : حصہ دینا : حصہ رسدی دینا : حق دینا۔ (۴) جہیز دینا : حقوق و مراعات دینا۔

Portional : (a) حصے یا بخرے سے متعلق : حصہ رسدی جیسا : جہیز سے متعلق : جزئی۔

Portionally : (adv.) حصے یا حصہ رسدی کے طور پر : بطور جہیز: جزئی طور پر : جزاً : حصوں میں : ٹکڑوں میں: بخروں میں۔

Portioner : (n) (۱) (اسکاتستانی قانون) تھوڑی زمین رکھنے والا: چھوٹے سے قطعہ زمین کا مالک۔ (۲) دیکھو Heir-portioner

Heir- portioner/ Heiress- portioner: دفتری حصے کی مالکہ یا مرد جو دفتری حصے کی مالکہ کا نمائندہ ہو۔

Portionist : (n) [med. L . 'portionista.'] (۱) (مرٹن کالج ،آکسفورڈ) غریب طالبعلم۔ (۲) (کلیسا) کلیسائی وقف یاجاگیر سے حصہ پانے والے دو یا زیادہ پادریوں میں سے کوئی ایک۔

Portionless : (a) جسے کوئی حصہ نہ ملا ہو : بے حصہ : بے جہیز۔

Portland : (n) Dorsetshive کا ایک ساحلی جزیرہ یا جزیرہ نما : پورٹ لینڈ: یہ لفظ جزیرہ پورٹ لینڈ کی مصنوعات یا اس سے منسوب اشیاء کے ناموں کے ساتھ توصیفاً مستعمل ہے۔

Portland - cement : (n) ایک قسم کا سیمنٹ Portland-stone کے مشابہ ہوتا ہے : نیز توصیفاً ۔

Portland -oolite : (n) جزیرۂ پورٹ لینڈ کا چونا پتھر ۔

Portland-stone : (n) عمارت سازی کا ایک قیمتی پتھر جو جزیرۂ پورٹ لینڈ میں کانوں سے نکالا جاتا ہے : پورٹ لینڈی پتھر ۔

Portlet : (n) چھوٹی بندر گا ہ ۔

Portliness : (n) (۱) بلندی : شکوہ : اعزاز : سرفرازی : شرف : رعب داری ۔ (۲) جسامت : بھاری بھرکم پن : تنومندی ۔ (۳) شان و شوکت : عمدگی : نفاست ۔

Portly : (a) (۱) بلند : پرشوکت : پرشکوہ: پرتکلف ، (اطوار و انداز ، رکھ رکھاؤ یا ظاہر داری) : معزز: سرفراز: پرقار : بارعب : مشرف ۔ (۲) جسیم: لحیم شحیم : بھاری بھرکم : گداز جسم ، دوہرے بدن کا : تنومند ۔ (۳) شاندار: عظیم الشان : عمدہ : بڑھیا : نفیس : نادر (چیز) ۔

Portman : (n) (۱) (مقامی ، قدیم انگریزی) شہری : شہری حقوق رکھنے والا ۔ (۲)دیکھو Capital or head portman-

Capital or head portman : کسی قصبے یا بلدیہ کے نظم و نسق کے لئے منتخب کئے ہوئے شہریوں میں سے کوئی ایک ۔

Portmanteau : (n) [Fr. 'portemanteau.'] (۱) پورٹ مینٹو : سفری تھیلا (کپڑے اور دیگر لوازمات کے لئے): چمڑے کا بیگ جس میں دو برابر حصے الگ الگ ہوتے ہیں اور کتاب کی طرح بیچ سے کھلتے ہیں۔ (۲) خاص قسم کی کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگے جاتے ہیں ۔ (۳) توصیفاً Portmanteau word-

Portmanteau word : (n) دوہرا لفظ : گھڑا ہوا لفظ جو دو لفظوں کی ترخیم سے بنایا جائے اور دونوں کے معنوں پر حاوی ہو : آواز اور معنی میں مرکب لفظ : دو متمائز الفاظ سے مل کر بنا ہوا مرکب الصوت و معنی لفظ جیسے Slimy اور Slithy = Lithe ۔

Portmote : (n) [f. Port + ME. 'imote.'] (۱)(تاریخ) قصبے یا بلدیہ کی عدالت ۔ (۲) سمندری بندر گاہ والے شہر کی عدالت ۔

Portolano : (n) [It. 'portolano.'] ہدایات جہاز رانی : وہ کتاب جس میں جہاز رانی کی ہدایتیں، بندر گاھوں کے حالات اور باتصویر چارٹس بنے ہوتے ہیں ۔

Portrait : (n) [Fr. 'portrait.'] (۱) تصویر : شبیہ : فوٹو: پیکر (کسی انسان یا جانور کا) ۔ (۲) (مجازاً) (کسی چیز کی) ہوبہو تصویر : کامل نمونہ : تمثال : عکس کامل : ہوبہو نقل : جیتی جاگتی تصویر : چربا ۔ (۳) خاکہ : لفظی تصویر : ایسا بیان جس سے واقعے کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے : محاکات نگاری یا مرقع نگاری (کا نمونہ) : واضح تشریح ۔

Portrait - bust : (n) جسم کے بالائی حصے کی ہو بہو تصویر ۔

Portrait - gallery : (n) تصویر خانہ : نگار خانہ : گیلری یا گلیاری جس میں تصویریں جمع ہوں : تصویروں کا مجموعہ : (نیز مجازاً) ۔

Portrait - lens : (n) فوٹو گرافی کا مرکب عدسہ جو انسانوں کی تصویریں لینے کے لئے ہوتا ہے ۔

Portrait- lens : (n) شبیہہ ساز : صورت گر : مصور : وہ شخص جس کا پیشہ ہی تصویر بنانے کا ہو : پیشہ ور مصور۔

Portrait-painting : (n) شبیہ سازی : صورت گری : مصوری : پیکر نگاری : مصوری کا پیشہ یا فن ۔

Portraitist : (n) صورت گر : شبیہ ساز : مصور : پیکر نگار : خاکہ نگار : محاکات نگار : وہ شخص جو انسانوں یا جانوروں کی تصویر بناتا ہے ۔

Portraiture : (n) [OFr. 'portraiture .'] (۱) تصویر کشی : شبیہ سازی : صورت گری : پیکر نگاری۔ (۲) تصویر: شبیہ: پیکر ۔ (۳) لفظی تصویر : لفظی مرقع : ایسا بیان جس سے واقعے کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے : مرقع نگاری : محاکات نگاری ۔ (۴) تمثال : خیالی شبیہہ : پیکر خیالی : عکس خیالی : خیال ۔

Portray : (v) [Ofr. 'portraire.'] (۱) تصویر کھینچنا یا بنانا : شبیہ اتارنا: فوٹو کھینچنا : پیکر تراشنا عکس اتارنا. (۲) روپ بھرنا : ہوبہو نقل کرنا یا اتارنا: چربا اتارنا ۔ (۳) الفاظ میں تصویر کھینچ دینا : مرقع دکھانا یا اتارنا : واقعہ کو اس طرح بیان کرنا کہ آنکھوں میں تصویر پھر جائے ۔

Portray : (a) تصویر کشی : صورت گری : شبیہ سازی : پیکرنگاری: پیکر تراشی : تصویر : شبیہ : پیکر : فوٹو : چربا: ہو بہو نقل : مرقع ۔

Portrayal : (n) صورت گری : شبیہ سازی : پیکر تراشی : تصویر کشی : مرقع نگاری : (خصوصاً لفظی تصویرکشی یا مرقع نگاری ۔

Portrayer : (n) صورت گر؛ پیکر ساز : پیکر تراش : شبیہ ساز؛ مرقع نگار : مصور : انسانوں اور جانوروں کی تصویریں بنانے والا : لفظوں میں تصویر کشی کرنے والا۔

Portreeve : (n) [OE. 'portgerefa.'] (۱) (تاریخ) کسی پرگنے یا شہر کا افسر اعلیٰ : اعلیٰ افسر۔ (۲) (حال) نائب صدر بلدیہ : نائب میئر۔ (۳) (غلط طور پر) بحری بندر گاہ والے شہر کا افسر اعلیٰ یا مجسٹریٹ۔

Portress/ Porteress : (n) دربان عورت : ڈیوڑھی بان عورت (خصوصاً دار الراہبات کی) : نیز مجازاً۔

Portsman : (n) انگلستان کی پانچ بندر گاہوں (Cinque Ports) میں سے کسی ایک بندر گاہ کا شہری یا باشندہ (عموماً جمع)۔

Portuary : (n) دیکھو Portas

Portugal : (n) [Pg. 'portugal.'] پرتگال : پرتغال۔

Portuguese : (a) [Pg. 'Portuguez.'] پرتگالی : پرتغالی : اہل پرتغال یا اس سے متعلق : پرتگال کا : پرتگیزی : پرتگال کے متعلق۔

Portuguese : (n) (۱) پرتگال کا باشندہ : پرتگالی : اہل پرتغال : باشندۂ پرتگال : پرتگیزی۔ (۲) پرتگالی زبان : پرتگیزی زبان۔

Portuguese man - of -war : (n) Physalia جنس کا ایک بحری حیوان جو بادبان نما کلغی کے سہارے سطح آب پر تیرتا ھے۔

Portulaca : (n) [L.] (نباتیات) جنس خرفہ : ایک قسم کا پودا جس کی جڑ رس دار اور پھول سفید، زرد، سرخ یا ارغوانی ہوتے ہیں اور براہ راست سورج کی روشنی پاکر صرف ایک بار کھلتے ہیں (خصوصاً) اس پودے کی وہ نوع جس کی کاشت کی جاتی ھے۔

Portulaca sativa : (n) (نباتیات) خرفہ۔

Portulaceae : (n) (نباتیات) خرفیّہ۔

Portulaceous : (a) خرفی : جنس خرفہ یا خرفیّہ سے متعلق؛ خرفیّہ کا۔

Portulan : (n) [Fr. 'portulan.'] دیکھو Portolano

Posaune : (n) [G] آرگن باجے کا پردہ جو نرسل کا بنا ہو۔

Pose : (n) [Fr.'pose.'] (۱) کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے خصوصاً مصنوعی انداز : پوز۔ (۲) (مجازاً) ذہن کا انداز : خصوصاً انداز فکر۔ (۳) (Dominoes کے کھیل میں) پہلا مہرہ چلنا یا اس کا حق۔

Pose : (v) [Late L. 'pausare.'] (۱) کرنا : پیش کرنا (دعویٰ وغیرہ)۔ (۲) چھیڑنا : پیش کرنا (مسئلہ)۔ (۳) مصور کا اپنے معمول (ماڈل) کو کسی خاص انداز سے بٹھانا یا کھڑا کرنا۔ (۴) تصویر کھنچوانے کے لئے کوئی خاص انداز اختیار کرنا : پوز دینا۔ (۵) بننا : اپنے آپ کو ظاہر کرنا (مبصر وغیرہ)۔ (۶) (Dominoes میں) پہلا مہرہ رکھنا یا چلنا۔ (۷) (مجازاً) صورت یا حلیہ بنانا : چہرہ بنانا : بناوٹ یا تصنع دکھانا۔

Pose : (v) [Aphetic f. Appose.] کوئی مسئلہ یا سوال پیش کرکے حیرت میں ڈال دینا : حیران کردینا : متحیر کردینا : کوئی سوال پوچھ کر یا مسئلہ پیش کرکے الجھن میں ڈال دینا۔

Poser : (n) مشکل سوال یا مسئلہ : معما۔

Poser : (n) بننے والا : خو دکو ظاہر کرنے والا : پوز دینے والا : صورت بنانے والا : حلیہ بنانے والا : بناوٹ یا تصنع دکھانے والا۔

Poseur : (n) [Fr.] بننے والا : تصنع سے کام لینے والا۔

Poseuse : (n) [Fr.] بننے والی : تصنع سے کام لینے والی عورت۔

Posh : (a) [of doubtful Origin.] (عامیانہ) ٹھاٹ کا : ٹیم ٹام کا : خوش پوش : اعلیٰ درجے کا : اونچا : بڑھیا : بہت ہی پرتکلف : طرح دار : عالی شان : اعلیٰ : سجا سجایا : رئیسانہ : خوش لباس : خوش منظر : تروتازہ۔

Posied : (a) [f. Posy + -ed] (۱) (بول چال) گلدستوں سے آراستہ : پھولدار : گل دار۔ (۲) کتبہ یا گل دستہ بنا ہوا : کتبہ دار : گلدستہ دار (خصوصاً جو کھود کر بنایا گیا ہو) (متروک)۔

Posit : (v) [L. 'posit.'] (۱) فرض کرنا : فرضیے کے طور پرمان لینا۔ (۲) قائم کرنا : رفع کرنا : رکھنا۔

Position : (n) [L. 'positio.'] (۱) مسئلہ : نظریہ قضیہ : دعویٰ۔ (۲) (جسم کی) حالت یا انداز یا وضع۔ (۳) انداز خیال : نقطۂ نظر۔ (۴) جگہ : موقع : محل؛ مقام : (جغرافیہ) محل وقوع۔ (۵) (فوج) مورچہ : مقام : عمدہ مقام : فوجی نقطۂ نظر سے اہم مقام : جنگی اہمیت کا مقام۔ (۶) صورتِ حال : (سیاسیات) حیثیت؛ حالت۔ (۷) رتبہ : مرتبہ۔ (۸) عہدہ :

جگہ ۔ (۹) ذہنی میلان : رجحان ۔ (۱۰) (موسیقی) تار کے سروں کی ترتیب وار یا وقفہ دار ترتیب ۔ (۱۱) (صوتیات) جز لفظ میں حرف علت کا محل : (خصوصاً لاطینی اور یونانی زبانوں کے عروض میں) دو حروف صحیح سے پہلے کسی حرف علت کا ہونا جس سے یہ حرفِ علت طویل ہوجاتا ھے ۔ (۱۲) (ریاضیات) Rule of (false) positin -

Angle of position : (۱) آنکھ کے مقابل دو لفظوں کے بیچ کا زاویہ ۔ (۲) (حجم) کسی سیارے یا ستارے کے جھکاؤ اور عرض کے دائروں کے بیچ کا زاویہ ۔

Circle of position : افق کے شمالی و جنوبی لفظوں سے ہوکر گزرنے والے کرۂ سماوی کے چھ بڑے دائروں میں سے کوئی ایک ۔

Eastward position : پادری کا عشائے ربانی کے وقت مشرق کی طرف رخ کرکے قربان گاہ کے سامنے کھڑا ہونا۔

Gun of position : میدانی توپ : بڑی توپ جسے آسانی سے بتایا بڑھایا نہ جاسکتا ہو یا جسے جلد جلد حرکت دینا ممکن نہ ہو ۔

In position : مناسب جگہ پر : ٹھیک جگہ پر : اپنے صحیح مقام پر : درست جگہ پر ۔

Out of position : بے جگہ : بے محل : غلط جگہ پر: غلط مقام پر ۔

People of position : : بڑے لوگ : ذی مرتبہ لوگ: امیر لوگ طبقۂ امرا ۔

Rule of (false) position : (ارضیات) عدد لامعلوم کی قیمت معلوم کرنے کا ایک طریقہ جس میں ایک یا زیادہ قیمتیں فرض کی جاتی ہیں جن میں غلط کو معلوم کرکے صحیح کی نشان دہی کی جاتی ھے ۔

Position : (v) (۱)مخصوص یا درست جگہ پر رکھنا : ٹھیک جگہ پر رکھنا ۔ (۲) محل یا موقع معین کرنا : (کسی جگہ کی) نشان دہی کرنا : محل وقوع بتانا یا معلوم کرنا:(کسی چیز کا) مقام یا محل وقوع بتانا : ٹھیک جگہ دریافت کرنا ۔

Position angle : (n) (علم النجوم) زاویتہ الوضع : زاویۂ محل ۔

Position - artillery : (n) وزنی توپ : میدانی توپ خانہ : بھاری توپ خانہ : بڑی توپ : محاذی توپ ۔

Position- battery : (n) وزنی توپ خانہ : میدانی یا محاذی توپ خانہ بھاری توپ خانہ ۔

Position circle : (n) (سیاحت) وضعی دائرہ ۔

Position error : (n) گھڑی کی وہ غلطی جو کسی مخصوص حالت میں رکھنے سے ہوتی ہو : کسی مخصوص حالت میں رکھ دینے سے گھڑی میں پیدا شدہ غلطی یا بے قاعدگی ۔

Position -finder : (n) آلۂ محل نما : موقع نما آلہ : وہ آلہ جس کی مدد سے کوئی توپچی یا بندوق باز اس چیز پر نشانہ لگاتا ھے جو اس کی حد نگاہ سے باہر ہوتی ھے ۔

Position wire : (n) وضع تار ۔

Positional (a) (۱) وضع ، مقام یا طرح سے متعلق : وضعی : محل وقوع سے متعین شدہ ۔ (۲) رتبے یا عہدے سے متعلق ۔

Positional Astronomy : (n) (علوم النجوم) وضعی ہیئت :کروی ہیئت۔

Positive : (a) [L. 'positivus.'] (۱) وضعی : موضوع : موضوعہ (قانون وغیرہ)۔ (۲) صریحی : قطعی ۔ (۳) کسی رائے پر پورا وثوق رکھنے والا : کسی بات کا کامل یقین رکھنے والا : تحکمی : ادعائی : پوری طرح باور کئے ہوئے ۔ (۴) (صرف و نحو) مطلق (صفت کی وہ شکل جو مقابلہ ظاہر نہیں کرتی) ۔ (۵) حقیقی : محض : مطلق (اعتباری یا اضافی کی ضد)۔(۶) (روزمرہ) پورا: پکا : سراسر ۔ (۷) ثبوتی : واقعی : مثبت (سلبی یا منفی کی ضد) : عملی : (برضیات و برقیات) مثبت : شیشے کو ریشم پر رگڑنے سے پیدا ہونے والی (بجلی)۔ (۹) (جبر و مقابلہ) مشبت (وہ مقدار جو صفر سے زیادہ ہو (۔ (۱۰) جس سے ترقی یا اضافہ ظاہر ہو : مشبت ۔ (۱۱) ظاہر : بے شبہ ۔ (۱۲) (مقناطیس) قطب نما : شمال نما ۔ (۱۳) (بصریات) (دوہرے انعطاف والا بلور) جو معمولی شعاع سے نسبتاً زیادہ غیر معمولی شعاع کے انعطاف کا اشاریہ رکھتا ہو ۔ (۱۴) (تصویرکشی) فطری رنگ میں روشنی اور پرچھائیں کو پیش کرنے یا دکھانے والا : مثبت ۔ (۱۵) نقل پذیر : ہلکا : جسے آسانی سے ہٹاکر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا اور رکھا جاسکے ۔

Positive : (n) (۱) (صفت کا) درجہ مطلق :صفت مطلق ۔ (۲)وجود برحق : موجود برحق: حق : حقیقت : ہستی (بخلاف نیستی) ۔ (۳) مقدار مثبت ۔ (۴) (تصویرکشی) مثبت فوٹو ۔

Positive after- image : (n) مثبت شبیہ ما بعد ۔

Positive electricity : (n) مثبت برق ۔

Positive eyepiece : (n) (بصریات) مثبت چشمہ ۔

Positive image : (n) مثبت شبیہ ۔

Positive imprint : (n) مثبت نقش ۔

Positive lead : (n) (برقیات) مثبت رہنما تار ۔

Positive organ : (n) ایک طرح کا چھوٹا آرگن باجا ۔

Positive philosophy : (n) ایجابی فلسفہ : ایجابیت ۔

Positive plate : (n) (برقیات) مثبت پترا : مثبت پلیٹ ۔

Positive pole : (n) (مقناطیس)مثبت قطب : (جغرافیہ)قطب جنوبی ۔

Positive quantity : (n) مقدارمثبت : (ارضیات) مثبت رقم ۔

Positive rays : (n) مثبت شعائیں ۔

Positive rights : (n) (سیاسیات) اثباتی حقوق : مثبت حقوق۔

Positive sciences : (n) حقیقی علوم ۔

Positive sign : (n) (ارضیات) علامت مثبت : جمع علامت (+) جس کے ذریعہ مقدار مثبت ظاہر کی جاتی ھے ۔

Positive tropism (n) (حیاتیات) مثبت رخی : محرک رخی ۔

Positively : (adv.) قطعی طور پر : ثبوتی حیثیت سے : مثبت انداز میں۔

Positiveness : (n) قطیعت : ثبوتیت: اثبات : ایجابیت ۔

Positivism : (n) [Fr. 'positivisme.'] (۱) ثبوتیت : کومتیت (اگست کومت (Auguste Comte) کا نظام فلسفہ جس کی رو سے صرف ان چیزوں کا وجود تسلیم کیا جاتا ھے اور قابل مشاہدہ اور ثبوت ہیں)۔ (۲) قطیعت : واقعیت : ناطقیت : تجربیت: حقائقیت: ایجابیت : متیقن : ایقان: تحقق : یقین : اعتبار کامل ۔

Positivist : (n) ثبوتیت پسند : ثبوتی : فلسفۂ ثبوتیت کا قائل : اثباتی : ایجابی : (جمع ایجابتین) : کومتی فلسفی۔

Positivistic : (a) ثبوتیت کا : ثبوتی : ثبوتوں یا ایجابیوں کا یا ان سے متعلق ۔

Positivity : (n) ثبوتیت : اثبات ۔

Positron : (n) [Blend of 'positive &, electron'] (نیو کلیائی طبعییات) مثبتیہ : پازیٹرون ۔

Posological : (a) [f. Posology.] معتادیات سے متعلق : معتادی : معتادیاتی : مقادیری : دواؤں کی مقدار سے متعلق ۔

Posologist : (n) [f. next.] عطار : دواؤں کی خوراك بنانے والا : ماہر معتادیات : علم مقادیر الادویہ کا جاننے والا : دواؤں کی مقدار کا علم رکھنے والا (کہ کون دوا کس مقدار میں استعمال کرائی جاسکتی ھے)۔

Posology : (n) [Fr. f. Gr. 'posos' + - logy .] (۱) معتادیات : علم مقادیر الادویہ : طب کی وہ شاخ جس میں دواؤں کی مقدار سے بحث کی جاتی ھے (یعنی اس بات سے کہ کون دوا کس مقدار میں استعمال کرائی جاسکتی ھے)۔ (۲) (بنیتھم کی کتابوں میں) علم المقادیر: ریاضی : علم مقادیر ۔

Pospolite : (n) [Polish 'pospolite.'] (تاریخ) پوستان شہریوں کی فوج : پوستانی رضا کار فوج ۔

Poss : (v) [of unkn. origin] (۱) تیزی سے آگے بڑھانا: چلانا : جھٹکے کے ساتھ بڑھانا : دھکا دینا : ھولا مارنا: ٹکر مارنا : گھونسا لگانا : مکا مارنا : دستك دینا : ٹہوکا مارنا : ٹھونکنا ۔ (۲) پیٹنا : کوٹنا : تھتھانا : ڈنگانا (خصوصاً کپڑے وغیرہ کو دھوتے وقت) : کچلنا۔

Poss- tub : (n) [f. Poss + -tub.] کپڑے دھونے کا برتن یا ٹب : گملا : کٹھوت : تسلا : لگن ۔

Posse : (n) [med.L.] (۱) فوج : پلٹن : (خصوصاً) پولیس کا دستہ۔ (۲) کسی چیز کا مجموعہ : (حیوانیات یا آدمیوں کا) گروہ : جھنڈ : غول : جماعت ۔ (۳) امکان : ممکن ہونے کی حالت : امکانیت : امکانی قوت ۔

In posse : ممکن : باالقوۃ ۔

Posse comitatus : (n) [med. (Anglo-) L.] (۱)کسی ملك کے باشندوں میں سے پندرہ سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کی جماعت جو بلوے وغیرہ کو فرو کرنے یا دیگر ایسی ہی خدمات کے لئے قانوناً طلب کی جاسکتی ھے : حاکم ضلع کی طلب کردہ ایسی کوئی جماعت ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کا مجموعہ : (حیوانیات یا آدمیوں کا) گروہ : جھنڈ : غول : جماعت ۔

Posser : (n) [f. Poss (v).] (۱) مالك ہونا : (قانون) قابض ہونا :

قبضہ کرنا : قبضہ جمانا ۔ (۲) خاصیت، صفت وغیرہ) رکھنا : (کسی فوجی کا) حامل ہونا ۔ (۳) (کسی بات کا) علم رکھنا : (کسی زبان کا) ماہر ہونا (یا اس پر) قدرت رکھنا : کامل دسترس رکھنا : مہارت رکھنا ۔ (۴) قبضے میں کرنا : لے لینا : قابو میں آنا یا لانا : حامل کرنا یا ہونا ۔ (۵) (ذہن ، نفس وغیرہ کو) قابو میں رکھنا : (کسی پر) قابو رکھنا : کنٹرول رکھنا ۔ (۶) (بھوت، پریت یا بدروح کا) کسی پر آنا : کسی کے اندر حلول کرنا : سایہ ہونا : خلل ہونا : کسی کو قابو میں کرلینا ۔ (۷) (خیال کا) سماجانا: بس جانا: گھر کرنا : شدت سے متاثر کرنا : رچ بس جانا۔ (۸) کسی کے قبضے میں آنا یا ہونا : کسی کی مِلك ہونا : مقبوض ہونا : قبض و دخل میں ہونا۔ (۹) (احساس، خیال وغیرہ) رگ و پے میں سرایت کردینا: دل و دماغ میں بسا دینا : (کسی) رنگ میں رنگ دینا : رچا دینا : پیوست کر دینا ۔

To possess oneself of : قبضہ کرنا ۔

Possessed : (a) مقبوضہ : قبضہ کیا ہوا : جہاں یا جس پر بھوت پریت کا بسیرا ہو : بھوت کے بس میں: بھوت کے قبضہ یا قابو میں: جنیت زدہ : جس پر دیو یا بدروح کا سایہ ہو : پاگل : باؤلا : سودائی: دیوانہ : خبطی: مجنوں : سڑی : مخبوط ۔

To be possessed of or with : مالك ہونا : رکھنا :قابض ، دخیل ہونا ۔

Possessed of / - with : (a) قابض : دخیل : حامل : مالك : متصرف۔

Possession : (n) [L. 'possessio.'] (۱) قبضہ : تصرف : دخل۔ (۲)(قانون) قبضہ یا دخل (جو ملکیت سے وابستہ ہے مگر اس سے علاحدہ بھی ہوسکتا ہے)۔ (۳) مقبوضہ شے : مِلك ۔ (۴) (جمع) املاك : مال و متاع : دھن دولت۔ (۵) مقبوضات (خصوصاً کسی سلطنت کے بیرونی مقبوضات) ۔ (۶) (کسی شخص پر شیطان یا بدروحوں کی) سواری : سایہ : تصرف : عمل دخل ۔ (۷) کسی خیال یا احساس کا (کسی شخص کے دل و دماغ پر) جم کر بیٹھ جانا : سوار ہونا : رچنا : بسنا : وہ خیال یا جذبہ جو کسی کے رگ و پے میں سرایت ہو یا ذہن و دماغ پر سوار ہو ۔ (۸)اپنے (ذہن و دل پر) قابو : ضبط نفس ۔

Chose in possession : (۱) جائداد منقولہ : منقولہ اثاثہ یا املاك : اشیائے منقولہ ۔ (۲) قابض (شخص) : جو (کسی چیز پر حقیقتاً اپنا قبضہ یا دخل رکھتا ہو : دخیل : متصرف : مالك ۔

In possession of : قابض: دخیل : متصرف : قبضہ و دخل رکھنے والا ۔

In the possession of : (فلاں کے) قبضے میں :قبضۂ (فلاں)۔

Man in possession: وہ شخص جس کے قبضے میں یا نگرانی میں قرق شدہ اثاثہ رکھا گیا ہو ۔

Possession is nine points of the law : قانون میں قبضہ سب کچھ ہے ۔

Rejoices in the possession of : (فلاں چیز) اسے عطا ہوئی ہے ۔

Self - possession : ضبط نفس ۔

To take possession of : قبضہ کرنا : اپنے قبضے میں لانا: قابض ہونا : اپنے قبضے و دخل میں لانا : ضبط کرنا : اپنے اختیار یا کنٹرول میں لانا : قابو میں کرنا ۔

Possissional : (a) (۱)قبضے سے متعلق ۔ (۲) صاحب جائداد : صاحب املاك ۔

Possessionary : (a) بر بنائے قبضہ : قبضے پر مشتمل : قبضے پر قائم : قابض : قبضہ دار : قبضے کا : قبضے سے متعلق : قبضہ جاتی : قبضہ داری ۔

Possessioner : (n) [AL. 'possessionarius.'] (۱)(کسی شے یا جائداد پر) قبضہ رکھنے والا : قابض : دخیل : متصرف : قبضہ دار : مالك : مختار ۔ (۲) جائداد: موقوفہ کا متولی یا قبضہ دار : وہ پادری جس کے قبض و دخل میں وقف کی جائداد ہو ۔

Possessive : (a) [L. 'possessivus.'] قبضے کا: قبضے سے متعلق : جس سے قبضہ ظاہر ہوتا ہو : زیر قبضہ ہونے کی صفت کا حامل : مقبوضہ : مقبوضیت کا حامل۔

Possessive : (n) حالت اضافی : و ہ لفظ جو حالت اضافی میں ہو : مضاف الیہ ۔

Possessive adjective : (n) صفت اضافی : وہ صفت جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہو ۔

Possessive case : (n) حالت اضافی : وہ حالت جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہوتی ہو (اس کے لئے 'S, S' کا استعمال کرتے ہیں) : مضاف الیہ ۔

Possessive particle : (n) اضافت۔

Possessive pronoun : (n) ضمیر اضافی : ضمیر شخصی یا دیگر ضمیر سے مشتق لفظ جس سے قبضہ یا اضافت ظاہر ہو ۔

Possessively : (adv.) اضافی طور پر : مضاف الیہ کے طور پر؛ ازروئے اضافت : اضافی معنوں میں: ازروئے قبضہ : بر بنائے قبضہ ۔

Possessiveness : (n) اضافیت : مقبوضیت : قبضہ ۔

Possessor : (n) [Late ME. 'possessour.'] (۱) قبضہ رکھنے والا : قابض : دخیل : قبضہ دار: مالک ۔ (۲) (قانون) جو (مالک ہو یا نہ ہو مگر) قابض ہو : قبضہ دار۔

Possessorship : (n) قبضہ: قبضہ داری : قابض ہونا ۔

Possessory : (a) [L. 'possessorius.'] (۱) قبضہ دار کا : قابضانہ : قبضے سے متعلق : قبضے کا : قبضے سے پیدا یا حاصل شدہ ۔ (۲)قابض : دخیل: قبضہ دار۔ (۳)قبضہ دار جیسا : قبضہ دار سے متعلق ۔

Possessory action : (n) قبضے کی کارروائی : وہ کارروائی جس میں مدعی کے دعوے کی بنیاد (اس کا یا اس کے وارثوں کا) قبضہ ہو، حق نہیں۔

Possessory lien : (n) (قانون) قبضہ بالحق ۔

Possessory right : (n) (قانون) حق مالکانہ : حق قبضہ ۔

Posset : (n) [of unkn. origin.] ایک مشروب جسے گرم دودھ میں شراب اور گرم مسالہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں (پہلے زکام کی دوا کے طور پر کثرت سے استعمال ہوتا تھا: شیر شراب ۔

Posset : (v) (۱)شیر شراب بننا ۔ (۲)ناز و نعمت میں پال کر بگاڑ دینا : نزاکت و نفاست سے بھر دینا : لاڈ پیار میں خراب کردینا : عادت بگاڑ دینا ۔

Possibilist : (n) [Fr. 'possibitiste.'] کسی ایسی سیاسی جماعت (خصوصاً اسپین کی جمہوری پارٹی یا فرانس کی اشتراکی پارٹی) کا ممبر جو صرف فوری قابل عمل اصلاحات پر زور دے : فوری طور پر ممکنہ اصلاحات پر زور دینے والی جماعت : نیز توصیفاً یا بطور صفت ۔

Possibility : (n) [L. 'possibilitus .'] (۱) امکان : احتمال ۔ (۲) ممکن صورت : ممکن حالت : ممکن بات : کوئی چیز جس کے وقوع یا وجود کا امکان ہو۔

After possibility : (قانون) جب اولاد ہونے کی امید جاتی رہے : جب اولاد ہونے کا امکان بھی ناپید ہوجائے،جب وارث (پیدا ہونے) کا امکان باقی نہ رہے۔

After possibility of issue is extinct : (قانون) جب اولاد ہونے کی امید جاتی رہے : جب اولاد ہونے کا امکان بھی ناپید ہوجائے یا جب وارث (پیدا ہونے) کا امکان باقی نہ رہے ۔

By any possibility : حتی الامکان : ہرممکنہ صورت سے: ہر ممکن ذریعے سے: ممکنہ طورپر: ازروئے امکان۔

By no possibility : کسی طرح بھی نہیں : ناممکن طور پر ۔

In possibility : (۱) ممکن : بالقوۃ ۔ (۲) کسی حقیقی نہیں بلکہ امکانی بات کے تعلق سے : امکاناً ۔

Possible : (a) [L. 'possibilis.'] (۱)ممکن : جس کا ہونا یا کرنا ممکن ہو: امکانی ۔ (۲) معقول : سمجھ میں آنے والی : نباہ کے قابل ۔ (۳) جس کے لئے ہونے کا احتمال ہو : احتمالی: جو ہوسکتا ہو : جو شاید ہو یا آئندہ ہو۔ (۴) (ریاضیات) ممکنہ (مقدار) ۔

As much as possible : جہاں تک ممکن ہوسکتا ہو : جہاں تک بس میں ہو : جہاں تک کوئی کرسکتا ہو : حتی الامکان : تاحد امکان : امکان کی حد تک ۔

If possible : اگر ہوسکے : اگر ہوسکا : اگر ہوسکتا ہو : اگر ممکن ہوا : اگر ممکن ہو ۔

Possible : (n) (۱) کوئی ممکن بات : ممکنہ چیز (اکثر جمع میں)۔ (۲)اپنے بس کی بات : جو بات اپنے بس یا امکان میں ہو ۔ (۳) (روزمرہ) رائفل کی نشانہ بازی میں بہترین نشانہ یا سب سے زیادہ نمبر (Highest possible score) کا مخفف : انتہائی ممکنہ نمبر ۔ (۴)ممکنہ یا متوقع امیدوار: متوقع جیتنے والا : وہ شخص جس کے جیتنے کا امکان ہو : متوقع ممبر یا رکن (جس کے رکن ہونے کی توقع یا امکان ہو) ۔

To do one's possible : جو کچھ اپنے امکان میں ہو کرنا : اپنی سی کرنا : جو کچھ اپنے بس میں ہو کر ڈالنا۔

Possibly : (adv.) (۱) از روئے امکان : ممکنہ طور پر : امکانی حد تک : کسی بھی طرح : کسی بھی ذریعے سے ۔ (۲) شاید : ممکن ہے کہ : جہاں تک ہوسکتا ہو ۔

Possum : (n) (روزمرہ) Opossum کی دوسری شکل : موش کیسہ دار : اپوسم ۔

To play possum : (امریکی روزمرہ) مکر کرنا؛ بیمار بن جانا : بیماری کا بہانہ کرنا (اپوسم کی نسبت سے جو حملہ آور کو دیکھ کر یا خوف کی حالت میں عادتاً مردہ سی بن جاتی ھے) ۔

Possum : (v) . (۱) مکر کرنا : بیمار بن جانا : دیکھو To play possum (۲) اپوسم کا شکار کرنا۔

Post : (n) [L. 'postis.'] (۱) کھمبا : چوبی ستون : کھم : تھونی: تھم ۔ (۲) بَلّی : موٹا بانس ۔ (۳) دروازے یا پھاٹک کا بازو یا کھمبا جس میں کواڑ جھولتے ہیں : (گھوڑ دوڑ کا) وہ ستون جہاں سے دوڑ شروع ھوتی ھے یا جہاں پر ختم ھوتی ھے : (بحری) عمودی شہتیر جس پر پتوار ٹنگی ھوتی ھے : دنبالے کا درمیانی کھمبا (جس سے پتوار لگی ھوتی ھے) ۔ (۴) دو جوڑوں کے درمیان پرت دار چٹان کا ستون نما عمودی انبار یا تودہ : ستون نما چٹان ۔ (۵) ریتیلے پتھر یا چونا پتھر کی موٹی اور مضبوط پرت، پپڑی، تہ ۔ (٦) (کوئلے کی کان میں) کوئلے کا ستون (جو سرنگ کی چھت کو سہارا دینے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ھے) ۔ (۷) (مجازاً) (ستون کی طرح کسی چیز کا) مردہ، بے جان، بے حس، غافل، گونگا بہرا یا سخت ھونا : مردنی : بے حسی : غفلت : بہرا پن :سختی ۔

Bed-post : پلنگ کا سایہ ۔

Between you and me and the post (bed-post, gate-post : جسے کوئی نہ سنے یا جانے : دو آدمیوں کے بیچ کی بات جسے کوئی تیسرا نہ جانتا ھو : راز : خفیہ بات۔

Door - post : دروازے کا بازو (جس میں کواڑ جھولتے ہیں) ۔

Draw - post : تاروں سے گھیرنے یا تاروں کی باڑ لگانے میں استعمال کیا جانے والا وہ کھمبا جس میں تاروں کو لپیٹ کر رکھنے کے لئے چرخی لگی ھوتی ھے: تار کسنے والا کھمبا : چرخی دار یا گھرنی دار کھمبا ۔

From post to pillar : ایک مقام یا جماعت سے دوسرے مقام یا جماعت کے پاس بہر التجا کے لئے پھرنا: جگہ جگہ سے راندہ جانا : در بدر ھونا۔

Gate - post : پھاٹک کا بازو ۔

Goal - post : (فٹ بال وغیرہ میں) گول کا کھمبا : گول پوسٹ ۔

Kerb-post : (اینٹوں تختوں وغیرہ سے بنے) فرش یا روش کے کنارے نصب کیا ھوا ستون ۔

King- post : سیدھا کھمبا جو بلینڈی یا دبنی سے میال تک جاتا ھے : بڑا کھمبا : راج تھم ۔

Lamp - post : لالٹین یا قندیل کا کھمبا : روشنی کا کھمبا ۔

On the right or wrong side of the post : رہنما کھمبے کی دائیں یا بائیں جانب : الٹی یا سیدھی جانب ۔

Sign- post : رہنما کھمبا (جو چوراھوں پر ھوتا ھے اور جس پر ان مقامات کے نام لکھے ھوتے ہیں جو ان سڑکوں پر واقع ہیں) ۔

Starting - post : وہ مقام جہاں سے دوڑ شروع ھوتی ھے ۔

To run one's head against a post : کھمبے سے سر پھوڑنا : سر ٹکرانا یا سر مارنا؛ لاحاصل کوشش کرنا ۔

Winning post : وہ مقام جہاں پر دوڑ ختم ھوتی ھے۔

Post : (n) [It 'posta.'] (۱) (تاریخ) ڈاک کا سوار ۔ (۲) پیامبر : ڈاک کا ہرکارہ : قاصد؛ ڈاک کی گاڑی : ڈاک گاڑی ۔ (۳) ڈاک : خطوط کی ڈاک خانے سے روانگی: وہ خطوط جو ڈاک خانے سے ایک بار میں بھیجے جائیں یا وصول ھوں ۔ (۴) ٹپا: ڈاک : وہ خطوط جو کوئی شخص ایک بار میں بھیجے یا وصول کرے ۔ (۵) ڈاک کا نظام : سرکاری ڈاک ۔ (٦) ڈاک خانہ : ڈاک کا صندوق: لیٹر بکس : کسی لیٹر بکس سے ایک بار میں نکالے گئے خطوط : کسی مکان میں ایک مرتبہ پہنچائے گئے خطوط ۔ (۷) خط کے کاغذ کی خاص قسم یا خاص سائز (عموماً ۲۰X۱٦) ۔ (۸) مخصوص پیغامات یا خطوط لے جانے والا : قاصد خاص ۔ (۹) اخباروں کے نام کا جزو جیسے Morning post ۔

Book post : ڈاک خانے کا وہ شعبہ جو کتابیں لے جاتا ھے ۔

By post : (۱) ڈاک سے : ڈاک خانے کے ذریعے۔ (۲) (مجازاً) تیزی سے : بہت جلد؛ پوری رفتار سے؛ نہایت عجلت سے ۔

By return of post : (۱) (تاریخ) حامل رقعہ کے ہاتھ : جو قاصد خود جائے اسی کے ہاتھ ۔ (۲) واپسی ڈاک سے : سب سے پہلی ڈاک سے : بہ واپسی جواب ۔

Parcel post : ڈاک بنانے کا وہ شعبہ جو پارسل لے جاتا ھے ۔

To lay posts : تیزی سے ڈاک پہنچانے کے لئے کسی راستے پر ڈاک کا سلسلہ قائم کرنا ۔

To ride in post / To ride post : تیزی سے جانا : بہت تیز

رفتار میں (ڈاک لے کر) جانا : بہ تعجیل یا جلدی سے جانا : پوری رفتار سے جانا ۔

Post : (n) [It. 'posto.'] (۱) (فوج) چوکی : وہ مقام جہاں سپاہی مقرر ہو یا جہاں سپاہی کھڑا کیا جائے : پہرے کا مقام ۔ (۲) (مجازاً) وہ مقام جہاں کوئی شخص فرض منصبی ادا کرنے کے لئے متعین کیا جائے ۔ (۳) (فوج) مورچہ : وہ جگہ جہاں سپاہیوں کی ایک جماعت مقرر ہو : وہ فوج جو مورچے پر ہو : (خصوصاً) فوجی اہمیت کا مقام جسے کمانڈر نے قبضہ کررکھا ہو ۔ (۴) قلعہ : کوٹ : گڑھی : وہ مقام جہاں دفاعی یا دوسرے نقطۂ نگاہ سے مستقل طور پر مسلح سپاہی رہا کرتے تھے : خیمہ گاہ : مسلح دستے کی مستقل فردگاہ ۔ (۵) تجارتی چوکی خصوصاً وہ چوکی جو کوئی متمدن ملک کسی غیرمتمدن ملک میں قائم کرے : اسٹاك ایکسچنج یا صرافہ میں وہ جگہ جہاں پر کسی خاص قسم کا لین دین یا کاروبار ہوتا ہے ۔ (۶) عہدہ : جگہ : اسامی : منصب : نوکری۔ (۷) (تاریخ، فوج بحری) بیس یا زیادہ توپوں کے جہاز کی کمان یا کمان داری : اس جہاز کے کپتان کا عہدہ : کپتانوں کی فہرست میں سب سے اونچا عہدہ یا خصوصی کپتان کا عہدہ ۔ (۸) بگل جس کے ذریعہ فوج کو سونے کا حکم دیا جاتا ہے (First, last post) ۔ (۹) کمپنی گاہ : اوٹ : گھات ۔ (۱۰) باسکٹ بال میں کسی کھلاڑی کی لی ہوئی وہ پوزیشن جہاں سے بھرپور حملہ کیا جا سکتا ہو ۔

Last post : وہ بگل جو فوجی جنازے کے ساتھ بجایا جائے : ماتمی بگل : ماتمی دھن ۔

To be made post : (فوج) بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کمانڈر یا کپتان مقرر ہونا : بڑا کپتان بننا : خصوصی کپتان بنایا جانا ۔

To give post : بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کے لئے بولا جاتا ہے جس کا کمانڈر کپتان کے عہدے کا ہوتا ہے یعنی ایسے جہاز کی کمانداری عطا کرنا ہے : کپتان مقرر کرنا ۔

To Take post : بیس یازیادہ توپوں والے جہازکی کمانداری قبو ل کرنا یا پانا : ایسے جہاز میں کپتان کا عہدہ حاصل کرنا ۔

To take post : کوئی عہدہ حاصل کرنا یا کسی عہدے پر فائز ہونا : منصب حاصل کرنا : مقام حاصل کرنا : مورچہ ہتھیانا ۔

Post : (n) [G. 'poster.'] (۱) (کاغذ سازی) ہاتھ سے بنی تازہ ڈھلے ہوئے کاغذ کے چار تا آٹھ دستوں کا ڈھیر جس میں ہر تختے کے بعد نمدا لگا ہوتا ہے اور اس طرح وہ Pressing کے لئے تیار ہوتا ہے ۔ (۲) (فلزیات) کچدھات کی گھاٹی جو ایك بار میں پھگلائی جانے والی ہو ۔

Post : (v) [Fr. 'poster.'] (۱) گھوڑوں کی ڈاك بٹھاکر سفر کرنا : (ابتداءً) ہر کارے کی حیثیت سے سفر کرنا۔ (۲) تیز رفتاری سے سفر کنا : جلد جلد مسافت طے کرنا : بہت جلدی کرنا؛ شتابی یا عجلت سے کام لینا ۔ (۳) ڈاك میں ڈالنا : (خط) بذریعہ ڈاك بھیجنا : ڈاك سے بھیجنا : ڈاك خانے کے ذریعے بھیجنا ۔ (۴) (بہی کھاتا) کتھیانا : کھاتے میں چڑھانا: روزنامچے میں سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا : (کسی مد یا اندراج کو) مناسب کھاتے میں لکھنا۔ (۵) روزنامچوں میں درج تمام مدوں کو کھاتے یا دوسری بہیوں میں منتقل کرنا (اور انہیں کھاتا وار ٹھیك ٹھیك نقل کرکے) کھاتا مکمل کرنا: رقم کھتیاکر بہی کھاتے کو مکمل کرنا : تمام کھاتوں میں مناسب اندراج کرنا (عموماً Post up یعنی آج تك یا مکمل کتھیاؤ) ۔ (۶) (مجازاً) (ابتداءً امریکی روزمرہ) کسی شخص کو کسی معاملے کے متعلق پوری پوری معلومات بہم پہنچانا (اکثر Post up عموماً Passive میں)۔

Post : (v) [Al. . 'postare.] (۱) (بول چال) لکڑی گھڑنا : آرے سے چیرنے سے پہلے یا ستون بنانے کی غرض سے (شہیتر کو) چوکور یا مربع نما بنانا ۔ (۲) (کشتی کو) کھمبے یا لنگر سے باندھنا ۔ (۳) (اشتہار وغیرہ کو) دیوارپر، کھمبے پر یا کسی نمایاں جگہ پر چپکانا یا چسپاں کرنا ۔ (۴) پوسٹر یا اشتہار کے ذریعہ مشتہر کرنا ۔ (۵) (کالج کے امتحان میں) ناکام طلبا کی فہرست میں شامل کرنا یا درج کرنا (نام) ۔ (۶) گم شدہ یا مقرر وقت پر نہ پہنچنے والے جہازوں کے نام شائع کرنا ۔ (۷)(اشتہار، دیوار وغیرہ پر) لگانا :چسپاں کرنا : چپکانا ۔

Post : (v) (۱)سپاہیوں کی چوکی بٹھانا : کسی مقام پر سپاہیوں کا کوئی دستہ متعین کرنا ۔ (۲) (بری و بحری فوج) کپتان کا عہدہ عطا کرنا : کسی کو کپتان کا عہدہ دینا : کسی کو بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کپتان مقرر کرنا ۔

Post : (adv.) [Originating in the Phr. 'ride in post.'] ڈاك کے گھوڑوں پر : نہایت عجلت سے : بہت تیزی سے : پوری رفتار سے : بہت جلد : شتابی : بہ تعجیل۔

Post : لاطینی حرف ربط (Preposition) کے معنوں میں انگریزی محاورات میں آتا ہے اور "بعد،، کے معنی دیتا ہے مثلاً Post bellum, دیکھئے : Post meridiem , Post mortem Post hoc , Postpartum اور Post terminum وغیرہ ۔

Post : (n) [By shortening.] Post Mortem (عامیانہ) . (۱) لاش کا طبی معائنہ : مرنے کے بعد کی جانچ: تشریح الجثہ : پوسٹ مارٹم ۔ (۲) کسی کھیل یا مقابلے کے بعد اس پر بحث کرنا : بحث مابعد : بحث بعد از اختتام ۔

Post : (v) (عامیانہ) لاش کا طبی معائنہ کرنا: کسی مردہ جسم کی طبی جانچ کرنا : (یہ معلوم کرنے کے لئے کہ موت کس وجہ سے واقع ہوئی) : پوسٹ مارٹم کرنا۔

Post - : (Prefix) [L. 'post ' adv. & Prep.] لاطینی سابقہ بہ معنی "بعد" – "مابعد" – "پیچھے" ۔

Post - abdomen : (n) (حیوانیات) پس شکمہ : پیٹ کا پچھلا حصہ خصوصاً غیر فقری حیوانات میں شکمی جوف کے بعد والا حصہ ۔

Post - abdominal : (a) پس شکمی : پیٹ کے پچلے حصے سے متعلق: پس معدہ کا ۔

Post -Adamic : (a) بعد از آدمؑ : آدمؑ کے بعد کا ۔

Post- and- lintel : (a) اس طرز تعمیر سے متعلق جو عمودی ستونوں اور افقی سردلوں پر مشتمل یا مبنی ہوتی ہے (یعنی جو محرابوں اور گنبدوں والے تعمیری نظام سے مختلف ہوتی ہے) : ستون سردلی (طرزتعمیر) پایہ سردل والا (تعمیری نظام) ۔

Post and pair : (n) تاش کا ایک کھیل جو سولھویں اور سترھویں صدی عیسویں میں انگلستان میں رائج تھا اور تین پتوں کے ہاتھ سے کھیلا جاتا تھا ۔

Post - Ascension: (a) بعد از رفع مسیح، رفع مسیح کے بعد کا ۔

Post - audit : (n) (معاشیات) پس محاسبہ : کسی معاملے یا لین دین کے حتمی طور پر طے پاجانے کے بعد کیا ہوا محاسبہ یا آڈٹ (بخلاف پیش محاسبہ یا Preaudit)-

Post - axial : (a) محور جسم کے پیچھے واقع : خصوصاً کسی فقری حیوان کے ہاتھ یا پاؤں کے محور کے پیچھے کا: اس کے پچھلے حصے سے متعلق یا اس حصے میں واقع-

Post - bag : (n) ڈاک تھیلا ۔

Post baptismal : (a) بپتسما کے بعد کا: پس بپتسمائی : بعد از بپتسمہ

Post bellum : (a) بعد از جنگ : جنگ کے بعد کا : (خصوصاً) امریکی خانہ جنگی کے بعد کا ۔

Post binder : (n) بکھرے ہوئے اوراق کو یک جارکھنے والی جلدجس میں دھات کی بنی دو کیلیاں ہوتی ہیں جنہیں کاغذ میں بنے سوراخوں میں پھنسا دیا جاتا ھے ۔

Post - boat : (n) (۱) ڈاک کی کشتی : ڈاک کا جہاز (جہاز جو ڈاک لے جائے) ۔ (۲) مسافروں کا جہاز یا کشتی جو دو مخصوص مقامات کے درمیان چلتی ہو ۔

Post - box : (n) پوسٹ بکس :لیٹربکس : خطوط (ڈالنے) کا صندوقچہ ۔

Post - boy : (n) (۱) ڈاک کا ہرکارہ : ڈاکیہ : ڈاک لے جانے والا۔ (۲) دیکھو Postilion ۔

Post captain : (n) بیس یا زیادہ توپوں والے جہاز کا کمانڈر جو کپتان کہلاتا ھے (یہ معمولی کپتان سے ممتاز ہوتا ھے) : خصوصی کپتان : بڑا کپتان ۔

Post - cart : (n) مقامی ڈاک گاڑی : مقامی ڈاک ڈھونے والی گاڑی ۔

Post - cartesian : (a) پس کارتیسی : مشہور فرانسیسی کلیم ڈی کارٹ (۱۶۵۰-۱۵۵۶ء)-

Post - chaise : (n) ڈاک کی گاڑی : کرائے کی گاڑی جو دو منزلوں کے درمیان آتی جاتی ہو : مسافر گاڑی جسے ایک منزل سے دوسری منزل تک کے لئے کرائے پر لیا گیا ہو یا جو اسی طرح منزل بہ منزل کرائے پر لئے ہوئے گھوڑوں سے چلتی ہو : نیز توصیفاً ۔

Post -charist : (n) ڈاک گاڑی : (خصوصاً) چار پہیوں کی ہلکی تیز رفتار گاڑی جس کے آگے میں کوچبان کی نشست گاہ بھی ہوتی ھے : (Post- chaise) میں یہ نشست گاہ نہیں ہوتی ۔

Post- classical : (a) بعد کلاسیکی(وہ زبان ، ادب یا آرٹ جو کلاسیکی زمانے خصوصاً یونان و روما کے کلاسیکی زمانے کے بعد کا ہو) ۔

Post coach : (n) ڈاک گاڑی ۔

Post -code / Postcode : (n) حروف و اعداد کا وہ مجموعہ جو پوسٹل ایڈریس کے بعد خطوط پر لکھ دیا جاتا ھے تاکہ انہیں چھانٹنے میں سہولت ہو: پوسٹ کوڈ : پن کوڈ : ڈاک اشاریہ ۔

Post -common : (n) وہ رسوم جوعشائے ربانی کے بعد ادا کی جاتی ہیں۔

Post -communion : (n) [med. L. 'postcommunio.'] دیکھو Post common

Post - communion : (a) (۱) عشائے ربانی کے بعد ہونے والا : عشائے ربانی کے بعد آنے والا یا استعمال کیا جانے والا۔ (۲) ملاقات یا رفاقت کے بعد کی (بات چیت وغیرہ)۔

Post - costal : (a) پسلی کے پیچھے کا : پس جنبی : عقب جنبی۔

Post Darwinian : (a) ڈارون کے بعد کا۔

Post - date : (n) جس دن کوئی تحریر لکھی جائے اس سے آگے کی تاریخ : تاریخ ما بعد : بعد کی تاریخ : حقیقی تاریخ سے آگے یا بعد کی تاریخ جو کسی دستاویز پر دی جائے یا کسی واقعہ سے منسلک کردی جائے۔

Post- date : (v) (کسی تحریر، کتاب، دستاویز، واقعہ پر) حقیقی یا اصلی تاریخ کے بعد کی تاریخ ڈالنا : آگے کی تاریخ ڈالنا۔

Post -diluvial : (a) (۱) (ارضیات) طوفانی عہد کے بعد کا : طوفانی زمانے کے بعد کا : پس طوفانی : بعد طوفانی۔ (۲) طوفان نوح کے بعد کا: طوفان نوح کے بعد واقع ہونے والا یا موجود رہنے والا۔

Post- diluvian : (a) جو طوفان نوح کے بعد واقع ہوا یا موجود رہا : طوفان نوح کے بعد کا : (حیوانیات) بعد طوفانی۔

post - diluvian : (n) طوفان نوح کے بعد تک زندہ رہنے والا شخص: وہ شخص جس کا زمانہ طوفان نوح کے بعد ہو۔

Post- Easter : (a) ایسٹر کے بعد کا۔

Post- election : (a) الیکشن کے بعد کا: انتخاب یا انتخابات کے بعد کا: پس انتخابی۔

Post- entry : (n) (۱) (گھوڑ دوڑ) داخلۂ ما بعد وقت : وقت گزرنے کے بعد داخلہ۔ (۲) (بہی کھاتا) اندراج ما بعد۔ (۳) بعد کا داخلہ : داخلۂ ما بعد : وقت گزرنے کے بعد داخلہ : (خصوصاً) جہاز پر قابل محصول شے یا اشیائے تجارت کا الحاقی داخلہ۔

Post-exilian : (a) بعد اخراجی : یہودیوں کی جلا وطنی اور بابل میں اسیری کے بعد کے زمانے کا یا اس سے متعلق (۵۲۸ قبل مسیح تا ـــــ ء)۔

Post exist :(v) (شاذ) بعد تک جینا : بعد تک موجود رہنا۔

Post-existence : (n) وجود ما بعد: حیات ما بعد:(دینیات) عاقبت : آخرت : بعد کی زندگی۔

Post- fine : (n) (تاریخ) کسی سے جرمانہ وصول کرنے کا شاہی اجازت نامہ حاصل کرنے کے لئے بادشاہ کو ادا کیا جانے والا محصول۔

Post- free : (a) (۱) محصول معاف : بلا محصول : بلا محصول ڈاک جس پر ڈاک خانے کا محصول نہ ہو۔ (۲) جس پر ڈاک خانے کا محصول پیشگی ادا کردیا گیا ہو۔

Post-frontal : (a) [L. 'frons.'] (۱) پیشانی کے پیچھے واقع: پیشانی کی ہڈی کے پیچھے یا اس کی پشت پر واقع: پس جبینی۔ (۲) دماغ کے سامنے والے لختے (frontal loba) کے پچھلے حصے میں واقع۔

Post-frontal : (n) پیشانی کی ہڈی کا زاویہ نما خارجی ابھار جو خانۂ چشم کے کنارے کے پچھلے حصے میں واقع ہوتا ھے : پیشانی کے پیچھے کا حصہ : خصوصاً مچھلی کی Sphenotic ہڈی۔

Post-glacial : (a) برفانی دور کے بعد کا : بعد یخی۔

Post- graduate : (a) (ابتداً امریکا) بعد طیلسانی : بی۔ اے اور اس کے مماثل ڈگریوں کے بعد کی (تعلیم) یا اس (تعلیم) سے متعلق۔

Post-graduate : (n) پوسٹ گریجویٹ طالبعلم : ام۔ اے یا اس کے مماثل ڈگریوں کے لئے تعلیم حاصل کرنے والا : بعد طیلسانی طالبعلم۔

Post- haste : (n) [From the old directions on letters 'Haste, Post, Haste.'] انتہائی سرعت یا تیزی : نہایت تیز رفتاری یا عجلت۔

Post-haste : (adv.) نہایت تیز رفتاری سے : ہر ممکن تیزی سے : بہ سرعت : بہ عجلت : بہ تعجیل۔

Post hoc : (a) اس کے بعد : بعدہٗ۔

Post hoc/ Ergo propter hoc : اس کے بعد : لہٰذا اسی کے باعث : اس کے بعد :اس لئے : اسی وجہ سے : ایک منطقی مغالطہ جس میں کسی واقعے کے بعد ہونے والے واقعے کو اس کا نتیجہ سمجھ لیا جائے۔

Post - hole digger : (n) کھمبا گاڑنے کے لئے گڈھے بنانے والا اوزار۔

Post horn : (n) اٹھارھویں اور انیسویں صدی عیسوی میں رائج ایک قسم کا ہارن (یا باجا) جسے ڈاکیہ یا ڈاک گاڑی کا محافظ اپنی آمد کے اعلان کے طور پر بجایا کرتا تھا : ڈاک ہارن : پوسٹ ہارن۔

Post-horse : (n) ڈاک کا گھوڑا : وہ گھوڑا جو ڈاک گھر یا سرائے میں

ڈاکئے کے استعمال کے لئے یا مسافروں کو کرائے پر دینے کے لئے ہوا کرتا تھا ؛ ڈاک چوکی یا بدل چوکی کا گھوڑا ۔

Post- house : (n) (بول چال) پوسٹ آفس ؛ ڈاک خانہ ؛ ڈاک گھر ۔

Post- hypnotic : (a) (نفسیات) بعد تنویمی ۔

Post- hypnotic suggestion : (n) (نفسیات) بعد تنویمی اثر آفرینی ۔

Post-impressionism : (n) (فن) ما بعد اثریت ؛ ما بعد تاثریت ؛ فنون لطیفہ خصوصاً مصوری کا وہ رنگ جو اکثریت کے ردعمل کے طور پر پیدا ہوتا ھے ۔

Post-influenzal : (a) انفلوئنزا کے بعد ؛ انفلوئنزا کے بعد کا ۔

Post-maturation : (n) تبدیلیاں جو درخت میں پکے ہوئے کسی پھل کے اندر واقع ہوسکتی ہوں ۔

Post-maturity : (n) پورے وقت کے بعد کی حالت (مثلاً شکم مادر میں کسی بچے کی) مدت حمل گزر جانے کے بعد کی حالت ۔

Post-median / -midial : (a) وسط کے بعد واقع ؛ جو وسط (جسم) کے بعد واقع ہو ۔

Post-menopausal : (a) (عورت) جس کا حیض بند ہوچکا ہو ؛ حیض رك جانے کے بعد ہونے والی (بیماری) ؛ بندش حیض کے بعد کا ۔

Post- menopause : (n) حیض بند ہونے کے بعد کی مدت عمر ؛ (عورتوں کی) عمر کا وہ حصہ جو حیض بند ہونے کے بعد گزرے ۔

Post meridiem : (Phr.) [L.] بعد از دوپہر ؛ بعد ظہر ؛ دوپہر دن سے لے کر آدھی رات تك کے اوقات (مخفف .P.M یا .P.m) ۔

Post-mill : (n) کھمبے پر لگی ہوئی گھرنی یا پون چکی جو ہوا کے رخ پر اور ہوا کے زور سے چلتی ھے ۔

Post mortem : (adv. Phr.) [L.] پس رگ ؛ بعد از مرگ ؛ مرنے کے بعد؛ ما بعد الموت ۔

Post-mortem : (a) مرنے کے بعد کا ؛جو مرنے کے بعد واقع ہو، تشکیل پائے یا کیا جائے ۔

Post- mortem : (n) (۱) لاش کا طبی معائنہ ؛ مرنے کے بعد کا معائنہ؛ تشریح الجثہ ؛ پوسٹ مارٹم ؛ نیز توصیفاً ۔(۲)کسی کھیل یا مقابلے کے خاتمے کے بعد اس پر بحث کرنا ؛ بحث بعد از اختتام ؛ بحث ما بعد ۔

Post-mortem examination : (n) لاش کا (طبی) معائنہ ؛ مرنے کے بعد کا معائنہ ؛ تشریح الجثہ ؛ پوسٹ مارٹم ۔

Post-note : (n) (تاریخ) ایك امریکی بینك کا جاری کردہ نوٹ جو مستقبل میں کسی معینہ تاریخ کے حکم کے بموجب قابل ادا ہوا کرتا تھا ۔

Post-oak : (n) امریکی اوك کا درخت جس کی لکڑیاں باڑ کے کھمبوں کے کام آتی ہیں (چونکہ یہ نمی سے جلد متاثر نہیں ہوتی اس لئے جلد سڑتی بھی نہیں)۔

Post-obit : (a) [Shortened f. L. 'post obitum.'] نافذ بعد موت ؛ جس کا نفاذ کسی کی موت کے بعد ہو ؛ موت کے بعد نافذ ہونے والا (خصوصاً بانڈ) ۔

Post-obit : (n) Post-obit bond کا مخفف ؛ وہ بانڈ جس میں قرض دار نے قرض دہندہ کی رقم کی ادائی کے لئے یہ ضمانت دی ہو کہ اسے وہ رقم فلاں شخص کی (جس سے قرض دار کو توقعات ہوں) وفات کے بعد ادا کی جائے گی ؛ وثیقہ بشروط الموت ؛ تمسك مشروط بہ موت۔

Post office/ Post-office : (n) (۱) ڈاک خانہ ؛ پتہ خانہ ؛ پوسٹ آفس؛ ڈاک گھر ۔ (۲) محکمۂ ڈاک ۔

General Post office : (n) (مخفف .G.P.O) کسی ملك یا ریاست کا مرکزی یا بڑا ڈاک خانہ ؛ (عوام میں) شہر یا قصبے کا بڑا ڈاک خانہ ۔

Post office annuity : (n) ایك طریقہ یا نظام جس میں ڈاک خانے کے ذریعہ سالیا نے خریدے جا سکتے ہیں ؛ ڈاک سالیانہ ۔

Post office car : (n) (امریکا) ریل میں ڈاک کا ڈبا ؛ ڈاک گاڑی ۔

Post office department : (n) محکمۂ ڈاک ؛ سرکاری محکمہ جس کا کام ڈاک کے ذریعہ خطوط وغیرہ بھجوانا ھے ۔

Post office insurance : (n) ایك طریقہ یا نظام جس کے تحت ڈاک خانہ کے ذریعہ زندگی بیمہ کرایا جاتا ھے ؛ ڈاک جیون بیمہ؛ ڈاک زندگی بیمہ ۔

Post office order : (n) (مخفف .P.O.O) کسی متصرحہ رقم کا حکم نامہ جو کسی ڈاک خانے نے جاری کیا ہو نیز جو اس میں نامزد کئے ہوئے ڈاک خانے میں اس شخص کو قابل ادا ہو جس کا نام باضابطہ طور پر ایك خط کے ذریعہ وہاں بھیجا گیا ہو ۔

Post office saving-bank : (n) وہ بینك جس کی شاخیں ڈاک خانوں میں ہوتی ہیں اور وہاں نسبتاً کم شرح سود اور سرکاری

ضمانت پر ایک معینہ حد تک رقمیں قبول کی جاتی ہیں : ڈاک گھر بچت بینک ؛ پوسٹ آفس سیونگ بینک ۔

Post office stamp : (n) ڈاک خانے کی مہر ۔

Post-oral : (n) پس دہنہ : منہ کے پیچھے یا منہ کے بعد واقع (فقری حیوانیات کے جنین میں بعض شکمی محرابوں پر اطلاق ہوتا ہے) عقب فہمی ؛ پس فہمی ۔

Post-paid : (a) جس کا محصول ڈاک پیشگی ادا کر دیا گیا ہو : جسے لے جانے کا محصول قبل میں اد کر دیا گیا ہو ؛ پیڈ ؛ محصول ادا کردہ ۔

Post-paper : (n) خط کے کاغذ کی خاص قسم یا خاص سائز (عموماً ۲۰ x ۱۶) (خصوصاً وہ جس پر ڈاکئے کے ہارن کے آبی نشان ہوا کرتا تھا) ۔

Post partum haemorrhage : (n) (طب) کثرت نفاس ۔

Post pharyngeal : (a) (تشریح) پس بلعومی : حلق کے بعد کا : پس حلقومی ۔

Post-pliocene : (a) (ارضیات) طبقات الارض کے دور ثالث کے بعد یا دوررابع کی تشکیل کے سب سے نچلے حصے پر اطلاق ہوتا ہے جو دور ثالث کے جدید تر حصے کے معاً اوپر ہو؛ نیز دور ثالث کے جدید ترین طبقے کے بعد کی تمام تشکیلات پر اطلاق ہوتا ہے : اس عہد کے حیوانات وغیرہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے : اجتماع ثلاثی کے جدید ترین طبقے کے بعد کا ۔

Post-rider : (n) ڈاکیہ : ڈاک لے جانے والا : گھوڑے پر ڈاک لے جانے والا : سوار ڈاکیہ : ڈاک سوار ۔

Post-road : (n) ڈاک روڈ : وہ سڑک جس پر ڈاک خانوں کا سلسلہ اور ڈاک کے گھوڑے رکھنے کا نظم تھا : وہ سڑک جس سے ڈاک آتی جاتی تھی ۔

Post term : (n) میعاد گزر جانے کے بعد : تمادی ہو کر : بعد از میعاد۔

Post terminum : (adv.) [L. 'Phrose'.] دیکھو Post term

Post terminum : (a) جس کی میعاد گزر چکی ہو : تمادی ۔

Post terminum : (n) میعاد پوری ہو جانے کے بعد درخواست یا رٹ کی واپسی اورفیس جو اسے پھر سے دائر کرنے کے لئے دینی پڑے۔

Post-tertiary : (a) (ارضیات) دور ثالث کے بعد کا (زمانہ یا مجتمعات)؛ ارضیاتی سلسلے کا جدید ترین : دور رابع کا : اس زمانے کے (حیوانات وغیرہ) : (نیز بطور اسم) ۔

Post-town : (n) شہر یا قصبہ جہاں بڑا ڈاک خانہ ہو (کسی ڈاک خانے کی شاخ یا سب آفس نہ ہو) : ڈاک خانے والا قصبہ یا شہر۔

Post-traumatic : (a) کسی زخم یا چوٹ کے بعد کا : زخم یا چوٹ کے نتیجے میں پیدا شدہ : پس جراحتی : مجروحیت کے بعد کا ۔

Post-tympanic : (a) عظم طبلی یا طبلۂ گوش کی ہڈی کے پیچھے کا (استخوانی ابھار یا ہڈی جو بعض گوشت خور حیوانات میں ہوتی ہے) : نیز بطور اسم ۔

Post-tympanic bone/ -process : (n) (بعض گوشت خور جانوروں میں) عظم طبلی یا طبلۂ گوش کی ہڈی کے پیچھے والی ہڈی یا اس کا (استخوانی) ابھار ۔

Post-wagon : (a) [Du. G. 'Postwagen.'] (نیدر لینڈ وغیرہ میں) ڈاک گاڑی یا اسٹیج کوچ ۔

Post-warrant : (n) دو سند یا وارنٹ جو جہاز پر دیر سے یا ضمنی و الحاقی طور پر لائی جانے والی قابل محصول شے یا اشیا کے لئے جاری کیا جاتا ہے : الحاقی سند : الحاقی داخلے کی سند یا پروانہ : داخلۂ مابعد کی سند یا پروانہ : ضمنی یا الحاق پروانہ(یا پروانۂ راہداری): ضمنی وارنٹ : پوسٹ وارنٹ ۔

Post-woman : (n) عورت ڈاکیہ : عورت جو خط لے جاتی ہو ۔

Postage : (n) ڈاک کا محصول : محصول ڈاک : خط بھیجنے کامحصول جسے بھیجنے والا (ڈاک خانے کو) ڈاک ٹکٹ کی صورت میں قبل ہی ادا کردینا ہے ۔

Postage stamp : (n) ڈاک ٹکٹ ۔

Postal : (a) ڈاک کا : ڈاک خانے کا؛ ڈاک پہنچانے سے متعلق ۔

postal : (n) (امریکا) پوسٹ کارڈ یا پوسٹل نوٹ وغیرہ کا مخفف۔

Postal car : (n) (امریکا) ریل کا ڈبا جس میں ڈاک جاتی ہے : ریلوے ڈاک گاڑی ۔

Postal card : (n) (امریکا) پوسٹ کارڈ جسے خود پوسٹ آفس نے جاری کیا ہو ۔

Postal note : (n) (امریکا) پوسٹل نوٹ : ڈاک نوٹ : پانچ ڈالر تک کی

کسی رقم کو کسی بھی ڈاک گھر میں قابل ادا ہونے کا حکم جسے پوسٹ آفس نے جاری کیا ہو ۔

Postal order : (n) پوسٹل آرڈر ۔

Postal tax stamp : (n) سرکاری ٹکٹ جو محصول ڈاک کے علاوہ خطوط وغیرہ پر کسی سرکاری فنڈ میں امداد کی غرض سے لازمی طور پر لگانا پڑتا ھے ۔

Postal union : (n) اتحاد ڈاک خانہ جات : مختلف ملکوں کی حکومتوں کا اتحاد جس کے ذریعہ بین الاقوامی محصول ڈاک ، پارسل و رسائل بذریعہ ڈاک طے پاتے ہیں اور ان میں باضابطگی اور باقاعدگی رکھی جاتی ھے ۔ ڈاک اور تار کے بین الاقوامی نظام کو یکساں اور باقاعدہ رکھنے کا بین الاقوامی معاہدہ ۔

Postament : (n) (۱) ستون کی کرسی ؛ پایۂ ستون ۔ (۲) عمارت کی کرسی یا چبوترہ ۔ (۳) (تبت کاری میں) فریم : چوکھٹا : حاشیہ ۔

Postantennal : (a) (حشرات کی) مونچھوں یا محاسوں کے پیچھے واقع : پس محاسبی : پس قرنی ۔

Postatomic : (a) (۱)ایٹمی توانائی کے اخراج کے بعد کا ۔ (۲) پہلے ایٹمی دھماکے کے بعد کا ۔

Postbreeding : (a) مزید توالد و تناسل کے لئے عضویاتی درستگی سے متعلق ۔

Postcard : (n) پوسٹ کارڈ (خط و کتابت کے لئے) ۔

Pictorial postcard/Picture- : پوسٹ کارڈ جس کی پشت پر تصویر بنی رہتی ھے ۔

Postcard : (v) پوسٹ کارڈ لکھنا ؛ پوسٹ کارڈ پر خط لکھنا ۔

Postcardinal : (a) جو دل کے پیچھے (واقع ہو) ؛ پس قلبی ؛پس قلبہ ۔

Postava : (n) (تشریح) مچھلیوں سے بلند فقری جانداروں کی نچلی ورید جو حیوانات میں عموماً پیچھے کی طرف ہوت ھے : اجوفِ تحتانی ۔

Postcaval : (a) اجوفِ تحتانی یا نچلی ورید کا : اجوف تحتانی سے متعلق ۔

Postcaval vein: (n) (تشریح) اجوف تحتانی : نچلی ورید ۔

Postcecal : (a) (تشریح) پس عورہ ۔

Postcenal / Postcoenal : (a) (خصوصاً دو پہر کے) کھانے کے بعد کا ؛ کھانے کے بعد واقع ہونے والا : (نیز Postprandial)-

Postcentral : (a) پس مرکزہ : کسی مرکز یا مرکزی ساخت کے پیچھے یا پشت پر واقع : (خصوصاً) دماغی جھلی یا قشر دماغ کی مرکزی درز کے پیچھے واقع ۔

Postchay / Postshay : (n) Post- chaise کا روزمرّہ تلفظ ۔

Postcibal : (a) [f. Post + L. 'cibalis.'] کھانے کے بعد واقع ہونے والا ۔

Postclavicle : (n) (تشریح، حیوانیات) بعض مچھلیوں کے مونڈھے کی چپنی کے پیچھے والی ہڈی؛ پس ترقوہ (ہڈی)۔

Postcoital : (a) جفتی یا مجامعت کے بعد واقع ہونے ، موجود رہنے یا زندہ رہنے والا ۔

Postcolonial : (a) امریکی نو آبادیاتی طرز تعمیر کی خصوصیات کا حامل ۔

Postdental : (a) پس دندانی (آواز) : جو زبان کی نوک کو سامنے کے اوپر والے دانتوں کے پیچھے رکھ کر بولنے سے پیدا ہو ۔

Postdental : (n) پس دندانی مصمتہ : پس دندانی حرف صحیح ۔

Postdoctoral / Postdoctorate : (a) ڈاکٹر کی ڈگری (سند) کے بعد کا یا اس سے متعلق : (علمی یا تحقیقی کام ، ڈگری وغیرہ) ۔

Poste restante : (n) [Fr.] خط پر لکھی ہوئی یہ ہدایت کہ جب تک مکتوب الیہ خود طلب نہ کرے اس خط کو ڈاک خانے ہی میں محفوظ رکھا جائے : (مجازاً) ڈاک خانے کا وہ صیغہ جس میں خطوط اس وقت تک محفوظ رہیں جب تک مکتوب الیہ طلب نہ کرے ؛ محفوظ ڈاک ۔

Postea : (n) [L.] (قانون) دیوانی مقدمے کے ریکارڈ کا وہ حصہ جس میں عدالتی تحقیقات کی کاروائیوں اور فیصلے کا بیان ہوتا ھے ۔

Postembryonic/ -embryonal : (a) بعد جنینی: جنینی مرحلے کے بعدکا ۔

Poster : (n) (۱) مہم جویانہ یا نہایت تیزی سے سفر کرنے (شاذ) نیز مجازاً ۔ (۲) ڈاک کا گھوڑا : وہ گھوڑا جو منزل پر یا سرائے میں قاعدوں کے استعمال یا مسافروں کو کرائے پر دینے کے لئے ہوا کرتا تھا ۔ (۳)خط کو سپرد ڈاک کرنے والا : خط پوسٹ کرنے والا ۔ (۴) (بہی کھاتے کی) اندراجات مکمل کرنے والا ؛ بہی کھاتا لکھنے والا ؛

کھاتے میں درج کرنے والا : بہی کھاتا درست کرنے والا : منیم : منشی : تجارتی لین دین کا تفصیلی ریکارڈ رکھنے والا اور انہیں متعلقہ کھاتوں میں درج کرنے والا۔

Poster : (n) (۱) اشتہار لگانے والا : اشتہار چسپاں کرنے والا۔ (۲) اشتہار : شارع عام پر چسپاں کیا ہوا اشتہار: پوسٹر : دیواری اشتہار : (خصوصاً خوش رنگ و خوش نما) نیز توصیفاً۔ (۳) (رگبی، فٹ بال) وہ گیند جو سیدھی گول پوسٹ پر سے گزر جائے۔ (۴) خیراتی مہر یا ٹھپا جو معمول سے بڑے سائز کا ہوتا ہے۔

Posterior : (a) [L. 'posterior.'] (۱) بعد کا : پیچھے کا۔ (۲) بعد میں آنے والا : موخر : پچھلا۔ (۳) پیچھے کا : پچھلے حصے کا : پچھلا : جو (کسی چیز کے) پیچھے واقع ہو۔ (۴) (نباتیات) بالائی: (حیوانیات) ذہنی : دُمی۔

Posterior : (n) (۱) (جمع) بعد میں آنے والے : اخلاف : ورثا : اولاد آئندہ نسل : آنے والی پیڑھی۔ (۲) (جمع) جسم کا پچھلا حصہ۔ (۳) (تشریح) سرین : چوتڑ۔

Posterior : (adv.) بعد میں : پیچھے : آگے چل کر: آئندہ۔

Posterior column : (n) (تشریح) استوانۂ موخر۔

Posterior root : (n) (تشریح) ظہری جڑ۔

Posteriority : (n) [med. L. 'posterioritas.'] بعد کا ہونا : متاخر ہونا: آخریت : موخّریت : تاخر۔

Posteriorly : (adv.) پیچھے نظر ڈالتے ہوئے : نیز دیکھو Posterior۔

Posterity : (n) [L. 'Posteritas'.] (۱) کسی شخص کی آئندہ نسل : اولاد : اخلاف : آل : وہ سب کے سب ایک ہی مورث اعلیٰ کی اولاد ہوں۔ (۲) آئندہ نسلیں (بہ حیثیت مجموعی): آنے والی پیڑھیاں : آنے والی نسلیں (نوع انسان کی)۔

Postern : (n) [Gfr. 'posterne.'] (۱) (مکان کے) پیچھے کا دروازہ: چھوٹا دروازہ (جو بڑے دروازے یا پھاٹک کے علاوہ ہو)۔ (۲) بغلی دروازہ : چور دروازہ : عقبی دروازہ۔ (۳) (قلعہ بندی) خندق وغیرہ میں جانے کی سرنگ۔ (۴) (مجازاً) راہ فرار : راہ پناہ : جائے پناہ : پناہ گاہ۔ (۵) خفیہ راستہ : خفیہ گزرگاہ۔ (۶) (توصیفاً یا بطور صفت) پیچھے کا: پچھلا : بغلی : معمولی : کمتر : ذیلی : خفیہ (دروازہ یا پھاٹک)۔

Poster door /-gate : (n) پچھلا دروازہ : بغلی دروازہ : چور دروازہ: عقبیٰ دروازہ یا گزرگاہ (مجازاً) راہ فرار: جائے پناہ: راہ پناہ۔

Postero- : (comb.) [OFr. 'posterne.'] لاطینی لفظ Posterus سے مشتق جزو ترکیبی بمعنی "پیچھے"، "پچھلا" "پس"، "آخر"، "پچھلے حصے میں (پر)" (صفات کے ساتھ بطور سابقہ مستعمل ھے۔

Postero-external : (a) پس خارجی۔

Postero-lateral : (a) بغلی حصے یا حاشیے کے آخری سرے پر واقع یا رکھا ہوا : بغلی حصے یا حاشیے کے آخری سرے پر کا۔

Postfix : (v) بعد میں یا آخر میں لگانا : نتھی کرنا : چپکانا:چسپاں کرنا : ثبت کرنا : بعد میں اضافہ کرنا : جوڑنا : شامل کرنا : ملحق کرنا : ضمیمہ لگانا : الحاق کرنا: لاحقہ لگانا : بطور لاحقہ شامل کرنا یا جوڑنا : کسی لفظ کے آخر میں کچھ حروف بڑھانا۔

Postfix : (n) لاحقہ : کوئی لفظ، ہجا یا حرف جو کسی لفظ کے آخر میں اضافہ کیا جائے۔

Postfixed : (a) پس بستہ۔

Postfurca : (n) [L. 'furca.'] حشریات کے فقرات صدر میں (تین میں) سب سے پچھلا Apodeme-

Postheating : (n) ویلڈنگ کے بعد کسی دھات کو گرم کرنے کا عمل تاکہ کمرے کے درجۂ حرارت تک ٹھنڈا ہونے کی شرح کو کم کیا جاسکے۔

Posthitis : (n) [Gr. 'posthe.'] (طب) ورم علفہ : حشفے کے اوپر والے حصے کا ورم۔

Posthole : (n) کھمبا نصب کرنے کے لئے زمین پر بنایا ہوا سوراخ یا گول گڑھا : نیز توصیفاً۔

Posthuma : (n) تصنیفات جو مصنف کی وفات کے بعد شائع ہوں۔

Posthumous : (a) [L. 'postumus.'] (۱) (بچہ) جو باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ہو : بعد مرگ یا وفات پدر زائیدہ۔ (۲) بعد مرگ مصنف : (کتاب یا تحریر) جو مصنف کی وفات کے بعد شائع ہو۔ (۳) (واقعہ) جو موت کے بعد گزرے : بعد مرگ: پس مرگ۔

Posthumous child : (n) (سماجیات) سرخور : مولود یتیم۔

Posthumously : (adv.) مرنے کے بعد (خصوصاً باپ کے یا مصنف کے) :

Postliminium : (n) [L.] (۱) (قانون روما) استرداد حقوق : وہ اصول جس کی رو سے جلاوطن شخص سے واپسی یا قید کو رہائی کے بعد حقوق شہریت دوبارہ مل جاتے ہیں : بازیابی حقوق۔

Postliminous : (a) بعد کا : متاخر : مؤخر : الحاقی : لاحقے جیسا : زائدے جیسا : ذیلی : ضمیماتی : تتماتی۔

Postliminy : (n) [Anglicized f. Postliminium.] (۱) (قانون روما) استرداد حقوق : وہ اصول جس کی رو سے جلا وطن شخص کو واپسی پر یا قیدی کو رہائی کے بعد حقوق شہریت دوبارہ مل جاتے ہیں: بازیابی حقوق۔ (۲) (بین الاقوامی قانون) رجوع بہ حالت ما سبق (جنگ کے بعد قیدیوں یا ضبط شدہ اشیا کا اپنے ملك میں پہنچ کر (اپنی سابق حیثیت حاصل کرنا) : ماسبقی رجوع۔

Postlude : (n) [after Prelude.] (۱) مذہبی رہس کے آخر میں بجائے گئے نغمے کا آخری حصہ یا قطعہ : اختتامی موسیقی : قطعۂ آخر۔ (۲) آرگن باجے کا ایك نغمہ جو کلیسا میں دعاؤں کے بعد بجایا جاتا ھے۔ (۳) (کسی تاریخی عہد یا ادبی کارنامے کا) اختتامی حصہ :آخری حصہ : خاتمہ۔

Postludium : (n) [L.] مذہبی رہس کے آخر میں بجائے گئے نغمے کا آخری حصہ یا قطعہ : قطعۂ آخر: قطعۂ پایاں: اختتامی موسیقی : اختتامی نغمہ۔

Postman : (n) ڈاکیہ : ڈاك کر ہرکارہ : چٹھی رساں : خطوط رساں۔

Postman : (n) (تاریخ) پہلے زمانے میں انگلستان کی ایك قانونی عدالت (English court of exchequer) کا بیرسٹر۔

Postmark : (n) ڈاك خانے کی مہر جس میں خطوط کی وصولی یا روانگی کا مقام ، وقت اور تاریخ ہوتی ھے :ڈاك مہر۔

Postmark : (v) ڈاکے خانے کی مہر لگانا : (خصوصاً وہ جس میں ڈاك خانے کا نام اور تاریخ ہوتی ھے)۔

Postmaster (n) [Post + master.] پوسٹ ماسٹر : ڈاك بابو: ڈاك خانے کا نگراں یا ناظم۔

Postmaster : (n) [Of unkn. origin.] مارٹن کالج، آکسفورڈ میں John whyot کی قائم کردہ غریب طلبا کی کلاس جس کا قیام ۱۳۸۰ء میں ہوا تھا : اب عموماً اس کالج میں لفظ اسکالر کے مترادف کے طور پر مستعمل ھے : مارٹن کالج کا وظیفہ یاب طالبعلم (جو امتحان میں کامیاب ہوکر وظیفہ حاصل کرے)۔

بعد از مرگ۔

Posthumus : (n) [L. post (h) umus.'] دیکھو Posthumous child

Posthumus : (n) [as prec.] (جمع) تصنیفات جو مصنف کی وفات کے بعد شائع ہوں۔

Postiche : (a) [Fr.] (۱) نقلی : مصنوعی : بناوٹی۔ (۲) فن تعمیر یا سنگ تراشی کے کسی مکمل نمونے میں مزید اضافہ کی ہوئی کسی (نامناسب) آرائش پر اطلاق ہوتا ھے۔

Postiche : (n) (۱) اصلی چیز کے بدلے دی ہوئی نقلی چیز : مصنوعی چیز۔ (۲) نقل گیری : نقلیں اتارنا : جعل سازی : تصنع : دغا : فریب: بناوٹ بازی۔

Posticous : (a) [L. 'posticus.'] (۱) (نباتیات) پسیں : عقبی : بیرونی : پچھلا (کسی پھول یا نظام گل کے کسی حصے پر اطلاق ہوتا ھے)۔ (۲) (نباتیات ،حیوانیات) بروں رخ۔

Postil : (n) [med. L. 'postilla.'] (۱) (تاریخ) حاشیہ : ذیلی تشریح (کسی بھی عبارت خصوصاً انجیل اور توریت کے متن کی)۔ (۲) شرح : تفسیر : کتاب تفسیر۔ (۳) توصیفی معنوں میں۔

Postilion / Postillion : (n) [Fr. 'postillo.'] (۱) وہ شخص جو جوڑی یا دکڑی میں گاڑی کے قریب کے گھوڑے پر اور چوکڑی میں تیسرے گھوڑے پر ہانکنے کے لئے سوار ہوتا ھے : اسپ سوار کوچبان۔ (۲) ایك قسم کا زنانہ بیٹ۔

Posting : (n) (۱) بدل چوکی کے گھوڑے پر سفر کرنا : پیسے کمانے کے لئے بدل چوکی پر گھوڑے گاڑیاں وغیرہ رکھنا۔ (۲) ڈاك خانے سے یا اس کے ذریعہ خطوط یا دیگر خطوط یا دیگر ڈاك خانہ جاتی اشیا بھیجنا۔ (۳) (کھاتا بہی) روز نامچوں یا دوسری بہیوں سے اندراج کو اصلی کھاتے میں منتقل کرنا : کھتیونی : کھاتے میں کسی مد کا باضابطہ اندراج : کھاتابہی کو تا حال مکمل کرلینا یعنی اس میں آج کے دن تك کے اندراجات پورے کرلینا۔

Postliminary : (a) [f. L. 'post + limen / +ary.] (۱) (قانون روما) استرداد حقوق سے متعلق : جلاوطن کی واپسی یا قیدی کی رہائی کے بعد اسے دوبارہ حقوق شہریت مل جانے سے متعلق۔ (۲) بعد کا : متاخر : مؤخر (Preliminary کی ضد)۔

Postliminious : (a) (۱) استرداد حقوق کا یا اس سے متعلق (شاذ)۔ (۲) دیکھو Postliminous۔

Postmaster general :(n) پوسٹ ماسٹر جنرل : ڈاک خانے کاناظم اعلیٰ : ناظم ٹپہ خانہ جات : کسی ملک یا ریاست کی پوسٹل سروس کا حاکم اعلیٰ جو برطانیہ میں اکثر اور ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہمیشہ کابینہ کا ایک رکن ہوتا ہے ۔

Postmaster-generalship : (n) پوسٹ ماسٹر جنرل کا عہدہ یا رتبہ ۔

Postmastership : (n) پوسٹ ماسٹر کا عہدہ ۔

Postmastership : (n) (مارٹن کالج آکسفورڈ) پوسٹ ماسٹر شپ : اسکالر شپ : وظیفہ : مارٹن کالج کا انعامی وظیفہ ۔

Postmeridian : (a) [L. 'postmeridianus.'] دیکھو Postmerdiem

Postmillennial : (a) بعد الفی : ہزار سال کے بعد کا : خیر القرون (حضرت عیسیٰ کی بادشاہی کے زمانے) کے بعد کا۔

Postmillennialism : (n) عقیدۂ بعد الف : یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا دوسرا ظہور الف سعادت (millennium) کے بعد ہوگا۔

Postmillennialist : (n) بعد الفی : عقیدۂ بعد الف کا قائل ۔

Postmineral : (a) بعد مدنی ۔

Postminimus : (a) (تشریح) پس خنصر ۔

Postmistress : (n) وہ عورت جو پوسٹ ماسٹر کے عہدے پر ہو : پوسٹ مسٹریس ۔

Postmistress-ship : (n) پوسٹ مسٹریس کا عہدہ ۔

Postnaris : (n) [L. 'naris.'] پچھلے نتھنے : ناک کے پچھلے سوراخ جو حلق میں کھلتے ہیں ۔

Postnasal : (a) ناک کے پیچھے کا : پس انفی : ما بعد انفی ۔

Postnasal : (n) پس انفی عضو (مثلاً بعض حیوانات میں ناک کے پیچھے کا فلس) ۔

Postnasal drip : (n) ناک کے پچھلے سوراخ سے حلق میں بلغم کا بہاؤ۔

Postnatal : (a) بعد ولادت : ولادت کے بعد کا : جو ولادت کے بعد واقع ہو (خصوصاً) (ولادت کے فوراً بعد) کسی نو زائیدہ کا یا اس سے متعلق ۔

Postnatus : (n) [mod. L. Postnatus.'] وہ شخص جو کسی خاص واقعے کے بعد پیدا ہوا ہو (خصوصاً)(اسکاتستان میں) وہ شخص جو اتحاد انگلستان و اسکاتستان (۱۶۰۳ء) کے بعد پیدا ہوا ہو ۔

Postnuptial : (a) بعد ازدواج : شادی کے بعد کا : جو شادی کے بعد ہو ۔

Posticular : (a) جو آنکھ کے پیچھے واقع ہو : بعد عینی : بعد بصری : پس چشم ۔

Postorbital : (a) (تشریح : حیوانیات) حلقۂ چشم کے پیچھے یا پچھلے حصے میں واقع : پس متحجر ۔

Postorbital : (n) (۱) پس محجری ہڈی : پس محجری ابھار ۔ (۲)سانپ کی آنکھوں کے پیچھے کا فلس : پس چشمی فلس ۔

Postpartal/ Postpartum : (a) (طب) وضع حمل کے بعد : بچہ پیدا ہونے پر : بعد از وضع حمل : پس از وضع حمل : ولادت کے بعد : بعد الولادتی ۔

Postponable : (a) [f. Post pone] ملتوی کئے جانے کے لائق : لائق التوا۔

Postpone : (v) [L. 'Post ponere' .] (۱) بعد کے لئے رکھ چھوڑنا : ملتوی کرنا : معرض التوا میں ڈالنا یا رکھنا : موقوف رکھنا : ٹال مٹول کرنا ۔ (۲) (مرضیات) تپ لرزہ وغیرہ کا) دیر سے آنا: معمولی یا توقع سے زیادہ وقفے کے بعد آنا : وقت کے بعد آنا ۔ (۲) بعد میں رکھنا : آخر میں رکھنا : (کسی چیز کو کسی چیز سے) موخر قرار دینا : کمتر سمجھنا : سلسلہ وار ترتیب میں(کسی چیز کو) کسی چیز کے بعد رکھنا ۔

Postponement : (n) التوا : ٹال مٹول۔

Postponence : (n) (شاذ) ماتحتی : کمتر یا موخر ہونا ۔

Postponer : (n) التوا میں رکھنے والا : ٹال مٹول کرنے والا ۔

Postpose : (v) [Fr. 'Postposer' .] کسی لفظ کے بعد قواعد کی رو سے کسی جزو کا اضافہ کرنا : جزو لاحق لگانا ۔

Postposition : (n) [Late and med. L. 'Postpositio' .] (۱) جزو لاحق : وہ ٹکڑا یا لفظ جسے کسی اور لفظ کے آخر میں لگا کر مرکب بنائیں ۔ (۲) جز و لاحق لگانے کا عمل ۔

Postpositional : (a) جزو لاحق کا : جزو لاحق یا لاحقے کی خاصیت کا۔

Postpositive : (a) جزو لاحق کے طور پر : جزو لاحق کی خاصیت کا: ضمیر متصل یا لاحقے کی خاصیت کا۔

Postpositive : (n) جزو لاحق : لاحقہ : ضمیر متصل ۔

Postprandial : (a) [L. 'Prandium'.] کھانے کے بعد کا : کھانے کے بعد کیا جانے یا واقع ہونے والا : بعد از طعام (عموماً مزاحاً مستعمل ھے)۔

Postpubertal : (a) پس بلوغی : بعد از بلوغ : بلوغت کے بعد واقع ہونے والا : متعلق بہ فُتُوّت۔

Postpuberty : (n) فُتُوّت : بلوغت کے فوراً بعد کا زمانہ۔

Postscapular : (a) بعد کتفی : زیر کتفی : شانوں کی ہڈی یا شانوں کے پاس والی ریڑھ کے پیچھے یا نیچے واقع۔

Postscapular fossa : (n) زیر کتفی جوف۔

Postscenium : (n) [L. 'f. 'Post + scaena.'] (قدیم کلاسیکی) سین یا منظر کے پیچھے : تھیٹر کا پچھلا حصہ : پس منظر۔

Postscribe : (v) [L. 'Postscribere'.] بعد میں (کچھ) لکھنا : الحاقی طور پر کچھ لکھنا : ضمیمے کے طور پر کچھ لکھنا۔

Postscript : (n) [L. 'Postscriptum.'] (۱) خط کے آخر میں دستخط کے بعد لکھی ہوئی عبارت جس میں مزید باتیں ہوں : عبارت مزید : الحاقی عبارت : دنبالہ : مکرر آنکہ ۰۰۰۰۰۔ (۲) کسی نظم کے آخر میں لکھا ہوا یا چھپا ہوا پیراگراف جس میں کچھ مزید باتیں ہوں۔

Postscriptal : (a) الحاقی عبارت جیسا : دنبالہ تحریر جیسا : عبارت مزید سے متعلق : دستخط کے بعد خط کے آخر میں لکھی مزید عبارت سے متعلق۔

Postscriptum : (n) [L.] دیکھو Postscript

Postscutellum : (n) (حشریات) کیڑے کے سینے کے ہر ایک قطعے یا حصے کا چوتھا صلبہ (Sclerite) جو کھپرے کے پیچھے واقع ہوتا ھے۔

Postsphenoid : (a) (تشریح) کھوپڑی کی خانہ نما ہڈی کے آخر کا : استخوان جمجمہ کے آخر کا یا پچھلا : (نیز بطور اسم)۔

Postsphenoid bone : (n) کھوپڑی کی خانہ نما ہڈی کا آخری حصہ : استخوان جمجمہ کا آخری یا پچھلا حصہ۔

Postspinal : (a) حرام مغز کی بے حسی کے بعد ہونے والا : حرام مغز کی بے حسی کے بعد کا۔

Postsynchronism : (n) (سنیما) آواز بندیٔ بعد : آواز بندیٔ مابعد۔

Posttemporal : (a) (تشریح) پس صدغی : کھوپڑی کے صدغی حلقے کے پیچھے کا یا اس حلقے کے پیچھے واقع۔

Postulancy : (n)[See next.] امیدواری : امید واریت : مدت امیدواریت : زمانۂ امیدواری۔

Postulant : (n) [Fr. or L. 'Postulans'.] درخواست کنندہ : عرضی گزرانندہ : عرضی دار : امیدوار (خصوصاً کسی مذہبی سلسلے یا جماعت میں شامل ہونے کا)۔

Postulate : (n) [L. 'Postulatum.'] (۱) (منطق) وہ بات جو استدلال کی بنیاد کے طور پر مان لی جائے : بنیادی شرط : بنیادی اصول : مفروضہ۔ (۲) (علم ہندسہ) وہ سادہ عمل جس کا امکان بغیر ثبوت کے تسلیم کر لیا جائے (مثلاً دو نقطوں کے مابین خط مستقیم کھینچا جا سکتا ھے) : اصول موضوعہ : مسلّمہ : (جمع) (مسلمات)۔

Postulate : (v) [f. L. 'Postularc'.] (۱) طلب کرنا : دعویٰ کرنا۔ (۲) مان لینا : فرض کر لینا : بنیاد استدلال قرار دینا : بنیاد مباحثہ یا بنیاد عمل قرار دینا۔ (۳) شرط لازم قرار دینا : بنیادی شرط قرار دینا۔ (۴) (قانون کلیسا) بشرط منظوری افسرانِ بالا کسی عہدے پر نامزد کرنا۔

Postulation : (n) عرض : دعویٰ : مفروضہ : بنیادی شرط : (کلیسا) نامزدگی بشرط منظوری۔

Postulator : (n) مدعی : دعویٰ کرنے والا : فرض کرنے والا : فرض کنندہ: (کلیسا) بشرط منظوری نامزد کرنے والا یا کسی امیدوار کی حمایت میں وکالت کرنے والا۔

Postulatory : (a) (شاذ) التماس کرنے والا : التماسی : التجائی : تضرع کا : تضرعاتی۔ (۲) مفروضے جیسا : فرضی : مانا ہوا : فرض کیا ہوا۔

Postural : (a) [f. Posture.] جسمانی یا ذہنی انداز سے متعلق : وضعی۔

Postural reflexes : (n) (نفسیات) وضعی اضطرارات۔

Posture : (n) [Fr. 'Posture'.] (۱) انداز : طرز ادا : طرز نشست : طرز خرام۔ (۲) (عضویات) آسن۔ (۳) (نفسیات) وضع: پوسچر : پوز۔ (۴) طبیعت کا رنگ : انداز۔ (۵) حال: حالت۔

Posture : (v) (۱) اعضائے جسم کو کسی خاص انداز سے رکھنا : پوز دینا۔ (۲) کوئی جسمانی ادا یا انداز اختیار کرنا : اعضائے جسم یا جسم کو بناوٹی انداز میں رکھنا : آسن لینا : آسن مارنا یا لگانا۔ (۳) (مجازاً) بننا : خود کو

ظاہر کرنا : اثر انداز ہونے کے لئے بننا (مبصر وغیرہ).
(۳) کوئی رنگ اختیار کرنا : کوئی (ذہنی) طرز اختیارکرنا.

Posture-maker : (n) : نٹ : ورزشی کرتب دکھانے والا : آسن دکھانے والا : قلا باز : قلا بازیوں کے کرتب دکھانے والا.

Posture-master : (n) : نرت کرتب سکھانے والا : ناچ یا رقص سکھانے والا.

Posturer : (n) کوئی خاص اثر پیدا کرنے کے لئے کوئی خاص انداز اختیار کرنے والا.

Postverbal : (a) : فعل سے مشتق یا فعل کے بعد بنا ہوا : فعل سے بنا ہوا : فعلی.

Postverbal : (n) فعل بنایا ہوا اسم : اسم فعل.

Postvocalic : (a) جو کسی حرف صحیح یا مصّمته کے فوراً بعد آئے.

Postwar : (a) بعد از جنگ : جنگ کے بعد والے زمانے کا یا اس سے متعلق.

Postzygapophysis : (n) کسی فقری حیوان کی عصبی محراب پر موجود ابھاروں میں دو چھوٹے یا پچھلے ابھاروں میں سے ہرایک.

Posy : (n) [Syncopated f. Poesy.] (۱) (بول چال) کوئی مختصر قول یا مصرعہ جو کسی چاقو یا انگوٹھی پر کندہ ہو : نگینہ : کتبۂ نگیں : مختصر مقولہ یا مصرع جو نگینے پر کندہ ہو. (۲) گلدستہ : شعری گلدستہ.

Posy-pea : (n) جنوبی یورپ کا ایک پھول دار آرائشی پودا جس کی بیلیں ننھی ، پتلی اور پر نما پتیوں والی اور پھول نہایت خوشبودار ، لال اور نیلے ، ارغوانی ، سرخ ، گلابی سالمن یا سفید رنگ کے ہوتے ہیں اسے Sweet pea بھی کہتے ہیں.

Posy-ring : (n) : انگوٹھی جس کے اندر کوئی مقولہ یا مصرع کندہ ہو : کتبہ دار انگوٹھی.

Pot : (n) [Late OE. 'Pott'.] (۱) ظرف : برتن : کلھیا : مرتبان. (۲) دیگچی : پتیلی : ہانڈی : گھڑا : دیگ. (۳) پیالہ : بادیہ (دھات کا). (۴) مرتبان بھر یا دیگچی بھر کوئی چیز. (۵) کافی دان : چائے دانی : شراب دان : مینا : جام : صراحی : بوتل : ساغر. (٦) پھولوں کا گملا. (۷) پیشاب کا برتن : پیشاب دان : سیلا بچی : سلفچی. (۸) انعامی کپ (عموماً نقرئی) : انعام. (۹)(عامیانہ) ورزشی کھیل کا انعام. (۱۰) ایک قسم کا کاغذ(15½x12½) جس میں کسی برتن کا آبی نشان ہوا کرتا تھا (اب اسے Pott لکھتے ہیں). (۱۱) زر کثیر : زر خطیر : بڑی رقم : (روزمرہ) موٹی رقم. (۱۲) (گھڑدوڑ کی اصطلاح) زر شرط (مثلاً Put the pot on) شرط بدی ہوئی موٹی رقم. (۱۳) وہ گھوڑا جس کے جیتنے کی امید ہو یا جس پر لوگ شرط لگائیں. (۱۴) صنعت کے کاموں میں اوزار یا دوسری چیزیں رکھنے کے مختلف برتن. (۱۵) مختلف چیزوں کا پیمانہ. (۱٦) (تاریخ) دھات کی بنی ٹوپی یا چھوٹا خود جسے خصوصاً سترھویں صدی میں سواروں کا رسالہ پہنتا تھا. (۱۷) مچھلی کی ٹوکری : جھینگا مچھلی پکڑنے کی جال دار ٹوکری. (۱۸) چمنی پوٹ : دھات یا مٹی کا بنا نلوا جو چمنی کے چھت کے اوپر لگا ہوتا ہے : چمنی تلوا. (۱۹) اہم آدمی : بڑا آدمی. (۲۰) پھولا ہوا پیٹ یا پیڑو : آگے کو نکلا ہوا پیٹ یا پیڑو : ابھرا ہوا نمایاں پیٹ یا پیڑو : پیٹ : شکم : معدہ.

A big pot : بڑا آدمی : اہم آدمی.

A little pot is soon hot : کم ظرف کو جلد غصہ آ جاتا ہے : چھوٹا ظرف جلد ابلتا ہے.

Chamber-pot : پیشاب دان : پیشاب کا برتن.

The pot calls the kettle black : خوددار فضیحت دیگراں را نصیحت : ہانڈی نے کہا دیگچی کو "تو کالی" جس عیب کا خود شکار ہو وہی عیب دوسروں میں بتائے.

The pot goes so long (or often) to the well that it is broken at last : بار بار کنویں میں جانے والا مٹکا آخر میں ٹکرا کر ٹوٹ ہی جاتا ہے.

To boil the pot : اپنی روزی کمانا : اپنا پیٹ بھرنا : اپنی روزی فراہم کرنا : اپنی ہانڈی گرم رکھنا.

To go to pot/ -to the pot : (ہانڈی کے گوشت کی طرح) ٹکڑے ٹکڑے ہونا : برباد ہونا : تباہ ہونا (روزمرہ).

To keep the pot boiling : (۱)اپنا پیٹ بھرنا : اپنی روزی کمانا یا فراہم کرنا : اپنی ہانڈی گرم رکھنا. (۲)کسی کام کو زور شور سے چلانا : تیز رفتاری سے چالو رکھنا.

To make the pot boil : To boil the pot دیکھو

Watched pot never boils : زیادہ فکر سے کام بگڑتا ہے.

Pot : (n) [Origin doubtful.] : (اسکاتستانی بول چال) گہرا سوراخ : گہری کھائی.

Pot : (n) Pot-shot کا مخفف ۔

Pot : (n) [Origin doubtful.] (عامیانہ) بھنگ : حشیش ۔

Pot : (v) (۱) مرتبان یا کسی اور ظرف میں مسالہ نمک وغیرہ لگا کر رکھنا تاکہ خراب نہ ہو (قیمہ ، مچھلی ، مکھن وغیرہ)۔ (۲) کسی پودے کو گملے میں لگانا ۔ (۳) (انٹا) گیند کو تھیلی میں ڈالنا ۔ (۴) شکار کرنا : کسی جانور کو قریبی نشانے سے مارنا : (گوشت کھانے کے لئے) شکار کرنا : (کسی انسان کو) سنبھلنے کا موقع دئے بغیر بہت ھی قریب سے مارنا ۔ (۵) گولی چلانا : فائر کرنا ۔ (۶) پانا : حاصل کرنا : جیتنا ۔ (۷) (عامیانہ) مات دے دینا : سبقت لے جانا : بڑھ جانا : چرکا دینا : دھوکا دینا : عیاری میں بڑھ جانا ۔ (۸) (مٹی کے برتن) بنانا (خصوصاً) نقاشی سے پہلے گڑھنا اور آگ میں پکانا ۔ (۹) (بچے کو) پیشاب دان پر بٹھانا : سیلابچی پر بٹھانا ۔

Pot-ale : (n) (شراب کی کشید میں) عرق جس میں پوری طرح خمیر اٹھ چکا ھو ۔

Pot-bank : (n) (بول چال) مٹی کے برتن بنانے کا کارخانہ : کوزہ گر کی دکان یا کار گاہ ۔

Pot-bellied : (a) توندیل : بڑی توند والا : توندو مل ۔

Pot-belly : (n) (۱) پھولا ھوا یا ابھرا ھوا پیٹ یا پیڑو : نکلا ھوا پیٹ: توند ۔ (۲) توندیل شخص : بڑی توند والا آدمی: توندومل ۔ (۳) گول اور بڑے پیندے والا اسٹوو یا چولہا ۔

Pot-boiler : (n) (۱) کھانا بنانے والا : (خصوصاً انگلستانی سیاست میں) ۱۸۳۲ء سے قبل بعض قصبوں ، یا ضلعوں میں وہ شخص جسے صاحب مکان یا گھر بار والا ھونے کے ناتے پارلیمانی ووٹ کا حق حاصل تھا بشرطیکہ اس کا چولھا ہانڈی علاحدہ ھو (شاذ) ۔ (۲) (روزمرہ) ادب یا آرٹ کا کام جو محض ہانڈی گرم رکھنے (یا کمانے) کی غرض سے کیا جائے ۔ (۳) وہ انشا پرداز یا صناع جسے محض روزی کی فکر ھو : وہ فن کار جو محض روزی کمانے کے لئے اپنے فن کا مظاہرہ کرتا ھو ۔ (۴) (بشریات) گول سنگ ریزے جن پر آگ یا جلنے کے نشانات ہیں اور جن کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ھے کہ انہیں پانی ابالنے کے لئے گرم کیا گیا ھو گا ۔

Pot-bound : (a) (وہ پودا) جس کی جڑیں پھول کے گملے میں بھر چکی ھوں اور انہیں مزید پھیلنے کی جگہ نہ ھو : گملے میں بند: گملا بند (پودا) : (نیز مجازاً) ۔

Pot-boy : (n) ساقی لڑکا : مالک میخانے یا سرائے کا ملازم : وہ لڑکا (یا جوان) جو سرائے میں شراب پلاتا ھے : گاہکوں کو شراب پیش کرنے والا ۔

Pot-clay : (n) برتن سازی کی مٹی : وہ مٹی جس کے برتن بنتے ہیں۔

Pot-cultivation/ -culture : (n) گملوں میں پودوں کی کاشت ۔

Pot-earth : (n) (۱) سفال کوزہ گری : برتن سازی کی مٹی : کمہار کی مٹی : سفال کوزہ گر : مٹی جس سے برتن بنائے جاتے ہیں ۔ (۲) (ارضیات) لندن کے نشیب یا گودی کی سطح والی مٹی کے نیچے مٹی کی ایک تہ ۔

Pot-egg : (n) نقلی انڈا جو مرغیوں کے ڈربے یا پرند کے گھونسلے میں انڈا دینے کے لئے رکھ دیا جاتا ھے ۔

Pot-hat : (n) (روزمرہ) نیچے چندوے کی سخت ٹوپی : ایک قسم کا نیچے چندوے کا ہیٹ : بولر ہیٹ : گول ہیٹ ۔

Pot-herle : (n) (۱) ساگ : سبزی : پالک : وہ سبزیاں جو کھانے کے لئے اُگائی جاتی ہیں ۔ (۲) اجمود : میتھی ۔

Pot-hole : (n) (۱)(ارضیات) کم و بیش استوانی شکل کا گہرا سوراخ جو کسی چٹان میں ھو (خصوصاً وہ جو پانی کے تیز بہاؤ یا کسی گلیشیر کی چٹان میں کسی کنکر یا پتھر کی مسلسل گردش سے کٹ کر بن گیا ھو) : سوراخ کود ۔ (۲) (اثریات) وہ گڈھا جہاں سے ظروف سازی کے لئے مٹی لی جارھی ھو ۔ (۳) گہرا گڈھا (خصوصاً) کثرت استعمال سے سڑک پر بنا ھوا گڈھا : دھچی ۔

Pot-holer : (n) چٹانوں میں موجود استوانی سوراخوں کا کھوج لگانے والا (ایسے نا معلوم خطرات کی چھان بین کرنے والا)۔

Pot-holing : (n) چٹانوں میں موجود گہرے استوانی سوراخوں کا کھوج لگانا : نا معلوم خطرات کا پتا لگانا ۔

Pot-hook : (n) (۱) آتش دان کے پاس ٹنگا ھوا کانٹا یا ٹِک جو برتن یا کیتلی لٹکانے کے لئے ھوتا ھے :آنکس : آنکڑا ۔ (۲) گرم ظروف، اسٹوو کا ڈھکن ، کیتلی وغیرہ اٹھانے کے لئے سرے پر آنکی لگی ھوئی لوھے کی سلاخ : دیگچی اتارنے کا کانٹا ۔ (۳) ٹیڑھا شوشہ (جو لکھنا سیکھتے ہیں مبتدی بناتے ہیں) ۔

Pot-house : (n) (۱) شراب خانہ ۔ (۲) (توصیفاً) شراب خانے کا یا اس جیسا : گھٹیا : فحش ۔

Pot-hunter : (n) وہ شکاری جو ہر اس جاندار کو شکار کر لیتا ھے جو اس کے سامنے آ جائے (وہ شکار کے اصولوں کی پابندی کی بہ نسبت اپنی تھیلی بھر لینا زیادہ اہم سمجھتا ھے): حریص شکاری : پیٹ بھرنے کے لئے شکار کرنے والا ۔

(۲) (عامیانہ) وہ شخص جو کسی مقابلے میں صرف انعام کے لالچ سے شریک ہوتا ھے : انعام کا لالچی ۔

Pot-hunting : (n) (۱) تھیلی بھرنے یا پیٹ بھرنے کے لئے شکار کھیلنا (شکار کے اصولوں کی پابندی سے قطع نظر) ہر جانور جو سامنے آ جائے شکار کر لینا ۔ (۲) انعام کے لالچ میں مقابلے میں شریک ہونا ۔

Pot-hunting : (a) (۱) حریص (شکاری) پیٹ بھرنے کے لئے شکار کھیلنے والا ۔ (۲) انعام کا لالچی (کھلاڑی) : انعام کی خاطر مقابلے میں شریک ہونے والا ۔

Pot-lead : (n) سیاہ سیسہ : گریفائٹ : وہ سیسہ جو دوڑ والی کشتی کے ڈھانچے (یا پیندے) میں بھرا جاتا ھے ۔

Pot-lead : (v) (دوڑ کی کشتی پر) سیاہ سیسے یا گریفائٹ کی استرکاری کرنا : سیاہ سیسے سے پوتنا : سیاہ سیسے کا استر چڑھانا: پنسل کے سرے کی استرکاری کرنا ۔

Pot-lid : (n) (۱) کسی برتن کا ڈھکن : ڈھکنا : چھپنی : چھپاوں ۔ (۲) (ارضیات) مختلف ریتیلے پتھروں اور Shales میں پائے جانے والے انجماد یا ٹھوس پن کا نام : ریتیلے پتھر کا ٹھوس حصہ یا ٹھوس پن ۔

Pot-luck : (n) ماحضر : اتفاق یا کسی کی قسمت سے کھانے کے برتن میں فی الوقت جو موجود ہو (جب بغیر کسی اہتمام کے کسی کو کھانے پر بلا لیں تو یہ کہا جاتا ھے) خصوصاً محاورے میں ۔

To take pot-luck : ماحضر قبول کرنا: دال دلیا جو حاضر ہو اس کو تناول کرنا ۔

Pot-metal : (n) (۱) سیسے اور تانبے کا مرکب جس سے برتن بنائے جاتے ہیں : بھرت : کانسا ۔ (۲) دھندلا شیشہ جو کڑاہی میں رنگا جاتا ھے ۔ (۳) ڈھلے ہوئے لوھے کی ایک قسم جس کے برتن بنائے جاتے ہیں ۔

Pot-oven : (n) ایک قسم کا تنور جس میں لوھے کی پلیٹ لگی ہوتی ھے اور اوپر سے ایک برتن سے ڈھکا ہوا ہوتا ھے ۔

Pot-paper : (n) طباعتی یا تحریری کاغذ کی ایک تقطیع (۱۲.۵ x ۱۵.۵): (ابتداً) وہ کاغذ جس پر کسی برتن کا آبی نشان ہوتا تھا : نیز توصیفاً (اب عموماً Pott لکھا جاتا ھے) ۔

Pot-paper-folio : (n) Pot-Paper کے تختے کا نصف : اس کاغذ کا وہ تختہ جس کی صرف ایک تہ بنائی گئی ہو ۔

Pot-paper-octavo : (n) Pot-Paper کے پورے تختے کا ۱/۸ (تین دفعہ موڑنے سے جس تقطیع کا ورق نکلے) ۔

Pot-paper-quarto : (n) **Pot-Paper** کے پورے تختے کا ۱/۴ (دو دفعہ موڑنے سے جس تقطیع کا ورق بنتا ھے) ۔

Pot-pie : (n) (خاص کر امریکا) گوشت کے سموسے یا "پائی" جسے ہانڈی میں بنایا گیا ہو ۔

Pot-plant : (n) گملے میں بڑھنے والا پودا ۔

Pot-pourri : (n) [Fr.] (۱) خوشبودار پتیوں اور مسالوں کا مرکب جو ایک ظرف میں خوشبو کے لئے رکھا رہتا ھے ۔ (۲) متفرق اور مختلف ادبی مضامین کا مجموعہ : کشکول ۔ (۳) موسیقی کی متفرق چیزوں کا مجموعہ : متفرق نغموں یا سازوں کا مجموعہ ۔

Pot-shot : (n) (۱) وہ شکار جو ہانڈی گرم کرنے کے لئے ہو : کھانے کی غرض سے کیا ہوا شکار ۔ (۲) قریبی نشانہ : وہ نشانہ جو کسی شخص یا جانور پر بہت قریب سے لگایا گیا ہو :(اپنے بچاؤ کا موقع دیئے بغیر) : گھات لگا کر دشمن کو نشانہ بنانا ۔

Pot-sleeper : (n) تھالی کی شکل کا دھات کا بنا ریل کی پٹری کا سلیپر (جس پر پٹری رکھی ہوتی ھے) ۔

Pot-still : (n) وہ بھبکا جس میں براہ راست حرارت پہنچائی جاتی ھے : توصیفاً وہ شراب (وہسکی) جو ایسے بھبکے میں مقطر کی گئی ہو ۔

Pot-valiant : (a) نشے کا بہادر : نشے میں بہادر یا جوانمردی دکھانے والا : ولندیزی ہمت ۔

Pot-valour : (n) نشے کی بہادری : نشے سے پیدا شدہ بہادری یا دلیری ۔

Potability : (n) لائق شرب ہونا : پینے کے لائق ہونا ۔

Potable : (a) [Fr. 'or Late L. 'Potabilis' .] لائق شرب : پینے کے لائق ۔

Potable : (n) (جمع) مشروب : پینے کی چیز : شراب ۔

Potable gold : (n) کشتۂ طلا : سونے کا کشتہ جو مفرح اور مقوی قلب ہوتا ھے اور دواؤں میں دیا جاتا ھے ۔

Potable Mars : (n) لوہا : کشتۂ فولاد : لوہ بھسم ۔

Potableness : (n) پینے کے لائق ہونا : لائق شرب ہونا ۔

Potables : (n) پینے کی چیزیں : مشروبات : شراب ۔

Potage : (n) [Fr. 'Potage' .] سوپ : شوربا : یخنی ۔

Potamian : (n) [Gr. 'Potamos' .] نرم خول والے دریائی کچھوؤں کے خاندان Trionychidea یا Potamites کا یا ان سے متعلق ۔

Potamian : (n) نرم خول والا دریائی کچھوا Potamites یا Trionychidae گروپ کا کچھوا : آخر الذکر گروپ کا کچھوا جو کیچڑ میں رہتا ھے ۔

Potamic : (a) [f. as prec.] دریائی : دریاؤں کا یا ان سے متعلق ۔

Potamological : (a) نہریاتی : علم دریا سے متعلق : علم دریا کا ۔

Potamologist : (n) ماہرنہریات :علم دریا کا مطالعہ کرنے والا : علم دریا کا ماہر : ماہر علم دریا ۔

Potamology : (n) [f. Gr. 'Potamos' + Logy.] علم دریا : نہریات : دریاؤں کا علم : دریاؤں کا سائنسی مطالعہ ۔

Potamous : (a) (حیوانیات) دریا باش ۔

Potash : (n) [Du. 'Potasschen' .] پوٹاش : القلی ۔

Carbonate of potash : پوٹاشیم کاربونیٹ ۔

Caustic potash : پوٹاشیم ہائیڈروکسائیڈ یا پوٹاشیم ہائیڈریٹ : کاوی پوٹاش : کاسٹک پوٹاش ۔

Permangnate of potash : پوٹاش پر میگنیٹ : ایك دوا جو متعدی بیماریوں کے اثر کو دور کرتی ھے : لال دوا۔

Sulphate of potash : پوٹاشیم سلفیٹ ۔

Potash alum : (n) (کیمیا) سفید پھٹکری ۔

Potash felaspar : (n) (معدنیات) پوٹاش فلسپار ۔

Potash lime : (n) (کیمیا) پوٹاش چونا۔

Potash-mica : (n) عام ابرك : دیکھو Muscovite ۔

Potash-water : (n) ایك طرح کا کاربونك ایسڈ گیس ملا ہوا پانی : ہوا آمیز مشروب ۔

Potass : (n) [Fr. 'Potasse' .] (شاذ) دیکھو Potash ۔

Potassa : (n) [mod. L. from Potash.] (کیمیا) پوٹاشیم مونوکسائڈ کا نام ۔

Potassamide : (n) [f. Potass(ium+ amide.)] (کیمیا) پوٹاسیم کا امائڈ جو پوٹاسیم کے ایك یا زیادہ ذرات کو ہائیڈروجن آف امونیا کے ذرات سے بدلنے سے بنتا ھے (NH_3) ۔

Potassic : (a) (کیمیا) پوٹاشی قلوی : پوٹاش یا پوٹاسیم کا یا اس سے متعلق یا اس کا حامل : پوٹاش دار : القلی دار : پوٹاسیم دار ۔

Potassio- : (comb.) پوٹاسیم کی ترکیبی صورت ۔

Potassium : (n) [f. Potass or Potash.] قلویہ : پوٹاسیم : یہ ایك عنصر ھے جو پوٹاش کی اساس ھے (یہ ایك چمك دار سفید دھات ھے جس میں گلابی رنگ جھلکتا ھے) ۔

Potassium carbonate : (n) پوٹاش : پوٹاسیم کاربونیٹ ۔

Potassium hydroxide : (n) (کیمیا) کاسٹك پوٹاش ۔

Potassium nitrate : (n) شورہ ۔

Potassium permanganate : (n): (کیمیا) لال دوا : پوٹاسیم پرمیگنیٹ: ایك دوا جو متعدی بیماریوں کے اثر کو دور کرتی ھے ۔

Potation : (n) [L. 'Potatio' .] (۱) پینا : شراب پینا : بے روك پینا : بے اعتدالی سے پینا ۔ (۲) (عموماً جمع) مے نوشی : شراب خواری ۔ (۲) جرعہ : گھونٹ ۔

Potato : (n) [Sp. 'Potata' .] آلو ۔

Egyptian potato : (نباتیات) قُلقاس : مصری آلو ۔

Irish potato : سفید آلو (جنوبی امریکا کا) ۔

Kidney potato : (نباتیات) سرخ آلو ۔

Quite the potato : (عامیانہ) بالکل ٹھیك بات ھے ۔

Seaside potato : دونوں نصف کروں کے گرم خطّوں کا بیل کی طرح چڑھنے والا ساحلی پودا : ساحلی آلو ۔

Small potatoes : (ابتداءً امریکا) کوئی بڑی چیز نہیں:کوئی بڑی بات نہیں : کوئی بڑے لوگ نہیں : کم اثر یا بے اثر لوگ : کم حیثیت لوگ : غیر اہم افراد : چھوٹے افراد ۔

Spanish potato/ Sweet- : شکر قند ۔

The potato : (عامیانہ) بالکل ٹھیك : بالکل صحیح : ایك دم درست : بس یہی بات ھے ۔

White potato : سفید آلو (جنوبی امریکا کا)۔

Wild potato : پہاڑی آلو ۔

Potato : (v) آلو کی کاشت کرنا : آلو کی فصل لگانا ۔

Potato-beetle/ -bug : (n) آلو کا بھونرا ۔

Potato-blight : (n) ایك طفیلی سما روغ (کھمبی سے پیدا ھونے والی) آلو کی ایك نہایت تباہ کن بیماری جو پتیوں ، ڈنٹھلوں اور بصلوں کو نقصان پہنچاتی ھے : آلو روگ ۔

Potato-box : (n) (عامیانہ) منہ ۔

Potato-bug : (n) دیکھو Potato-beetle

Potato-chips/ -crisp : (n) تیل یا چربی میں تلی ھوئی پتلی پتلی چرمری پرتیں یا قاشیں ، پوٹیٹو چپس ۔

Potato-digger : (n) (کھیت سے) آلو اکھاڑنے کی مشین یا اوزار ۔

Potato-disease : (n) دیکھو Potato-blight

Potato-eye : (n) آلو کا اکھوا : آنکھ جس سے پتیاں پھوٹتی ہیں ۔

Potato-fly : (n) Lytta جنس کی آبلہ آور مکھی یا بھونرا جس سے امریکا اور کناڈا میں آلو کے پودوں کو نقصان پہنچتا ھے : ایك ہسپانوی مکھی جو آلو کو نقصان پہنچاتی ھے ۔

Potato-mottle : (n) ایك پوشیدہ متعدی مرض : ایك زہریلا مرض ۔

Potato-murrain : (n) دیکھو Potato-blight

Potato-onion : (n) پیاز کی ایك قسم ۔

Potato-pit : (n) کم گہرا گڈھا جس میں جاڑے کے موسم میں آلو کو رکھ کر پیال اور مٹی سے ڈھك دیا جاتا ھے ۔

Potato-ring : (n) آئرستان کا بنا ھوا ایك حلقہ (عموماً چاندی کا) جس پر پیالہ رکھتے ہیں ۔

Potato-rot : (n) دیکھو Potato-blight

Potato scab : (n) آلو کی مختلف بیماریوں میں سے کوئی ایك جس میں بصلے داغ داغ ھو جاتے ہیں ۔

Potato-sick : (a) (کھیت) جو آلو کی متواتر کاشت سے بے رس ھو چکا ھو ۔

Potato slump : (n) آلو کی خمیر سے شراب کی کشید کے بعد بچا ھوا فضلہ ۔

Potato-spirit : (n) آلو کی شراب : آلوؤں سے کشید کی ھوئی شراب : آلوؤں سے کشید کی ھوئی الکحل ۔

Potato-stalk borer/ -weevil : (n) Potato-Weevil کا لاروا : آلو کے ڈنٹھلوں کو نقصان پہنچانے والا کیڑا ۔

Potato-trap : (n) (عامیانہ) منہ ۔

Potato-vine : (n) ایك پھول دار بوٹی جس میں سبز ، زردی مائل اور ارغوانی مائل بیریاں لگتی ہیں ۔ یہ جنوبی اور مرکزی امریکا کے سطح مرتفع والے (خصوصاً گرم) علاقوں میں گھریلو سبزی کے طور پر کثرت سے اپجائی جاتی ھے ۔

Potato virusx : (n) دیکھو Potato mottle

Potato weevil : (n) امریکی بھونرا جس کے لاروے آلو کے ڈنٹھلوں پر رہتے ہیں اور اسے نقصان پہنچاتے ہیں ۔

Potato whiskey : (n) آلوؤں سے کشید کی ھوئی وہسکی : آلو کی وہسکی : آلو کی شراب ۔

Potato wilt : (n) آلو کی ایك بیماری (خصوصاً جو سماروغ سے ھوتی ھے) ۔

Potato worm : (n) لمبا ، سبز اور سفید دھاریوں والا کیڑا جو بڑے اور سبز پتنگے (Hawkmoth) کا پہل روپ ھوتا ھے ۔

Potatoes and point : (n) دیکھو Point

Potator : (n) [f. Potation.] (شاذ) پینے والا : مے نوش : بلا نوش ۔

Potatory : (a) شراب خواری کا: مہ نوشی کا : شراب نوشی کا : مے نوشی سے متعلق : مے نوشی میں ڈوبا ھوا : غرق مے : غرق بادہ ۔

Potch/Potcher : (خصوصاً کاغذ سازی میں) کاغذ دھونے اور سفید کرنے والی مشین ۔

Poteen/ Potheen : (n) [Ir. 'Poitin'.] پوتھین : پوتین : آئرستانی

وہسکی جو نا جائز طور پر تھوڑی تھوڑی مقدار میں کشید کی جاتی ھے : اس طرح ناجائز طور پر کشید کی ہوئی شراب : نیز توصیفاً۔

Potence : (n) [L. 'Potentia'.] (۱) قوت : طاقت : صلاحیت : اہلیت : اثر : توانائی : زور۔ (۲) طاقت یا شدت کا درجہ : قوت : شدت : تیزی۔

Potence : (n) [as prec.] (گھڑی سازی) اوپری پلیٹ پر کسی ہوئی گل میخ جو تکلے کی نچلی چول کے سہارے یا بیرنگ کاکام دیتی ھے : بیرنگ کو سہارا دینے والی گل میخ یا کوئی کسی ہوئی چیز۔

Potence : (a) [Fr. 'Potence'.] (نقابت) بیساکھی نما بازوؤں والا : قینچی نما اعضا والا : جس کے اعضا چلیپائی انداز میں اڑواڑ یا سہارے کی شکل اختیار کر لیں : بیساکھیوں سے بنا ہوا : اڑواڑوں سے بنا ہوا۔

Potency : (n) [L. 'Potentia'.] (۱) قوت : طاقت : زور : اثر : تیزی : شدت : اثر تیز۔ (۲) شخص یا جسم جو منبع قوت ہو۔ (۳) (عضویات) قوت مردمی : جنسی طاقت : مردانگی۔ (۴) درجۂ قوت : (پوشیدہ) قوت کا درجہ۔

Potent : (n) کسی چیز کو سہارا دینے کے لئے قینچی نما اڑ واڑ: صلیب نما سہارا یا ٹیکا۔

Potent : (a) دیکھو Potence (a)

Potent : (a) [L. 'Potens, potent'.] (۱) توانا : قوی : زور دار : پر زور : زور آور : طاقتور : زبردست اور عظیم الشان (یہ قوت سیاسی ، سماجی، فوجی، اخلاقی ، ذہنی جو بھی ہو ، بیشتر شاعری میں فصاحت و بلاغت کے لئے استعمال کیا جاتا ھے اور لفظ Powerful سے زیادہ زور دار سمجھا جاتا ھے)۔ (۲) معقول : محکم (دلیل)۔ (۳) قوی یا شدید طبیعیاتی یا کیمیائی خواص والی (دوا ، محلول وغیرہ) تیز اثر : تیز : قوی الاثر : زور اثر (دوا)۔ (۴) حامل مردانگی : جنسی قوت کا حامل : جوانمرد : مردانہ۔

Potentate : (n) [L. 'Potentatus'.] (۱) خود مختار شخص : بادشاہ : حکمراں : شہزادہ : سلطان : راجا : فرماں روا۔ (۲) مضبوط یا طاقت ور شہتیر : طاقت ور ریاست : طاقت ور جسم یا جماعت۔

Potential : (a) [L. 'Potentialis'.] (۱) بالقوۃ : مضمر۔ (۲) (صرف و نحو) (حالت) احتمالی : امکانی (حالت)۔ (۳) حیوانیات (مخفی)۔

Potential : (n) (۱) امکان۔ (۲) (صرف و نحو) حالتِ احتمالی : امکانی حالت۔ (۳) (طبیعیات) تفاعل بالقوت : توانائی یا کام جو اس سے ظاہر ہو (اور جسے برق وغیرہ کی صفت تصور کیا جائے): برقی قوت : برقی دباؤ : قوت : بالقوت: (نیز توصیفاً)۔ (۴) ذرائع : امکانی ذرائع۔

Potential cautery/ -corrosive : (a) محرق کا اثر رکھنے والا : محرق بالقوۃ۔

Potential difference : (n) (برقیات) تفاوت قوت۔

Potential energy : (n) (طبیعیات) توانائی بالقوۃ : مخفی توانائی۔

Potential function : (n) (طبیعیات، ریاضیات) تفاعل بالقوۃ۔

Potential galvanometer : (n) (برقیات) قوتِ رو پیما۔

Potential gradient : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) میل قوت۔

Potential indicator : (n) (برقیات) قوت نما۔

Potential loss : (n) امکانی نقصان۔

Potential mood : (n) (صرف و نحو) حالتِ احتمالی : امکانی حالت۔

Potential series : (n) (برقیات) سلسلۂ قوت : برقی حرکی سلسلہ۔

Potential valency : (n) (کیمیا) امکانی گرفت۔

Potential yield : (n) (معاشیات) امکانی بر آمد : بر آمد مضمرہ۔

Potentiality : (n) [med. L. 'Potentialitas'.] (۱) قوی یا پر زور ہونے کی صفت : قوت : زور داری۔ (۲) امکان : امکانی قوت: قوائیت : مخفی قوت۔

Potentialize : (v) [Potential + ize.] (۱) مضمر بنانا : حالتِ فعل سے حالتِ قوت میں منتقل کرنا : بالفعل کو بالقوۃ بنانا۔ (۲) (توانائی کو) بالقوۃ بنانا۔

Potentially : (adv.) امکاناً : بالقوۃ۔

Potentialness : (n) دیکھو Potentiality

Potentiate : (v) [f. Potence or Potencey +-ate.] (۱) قوت دینا : قوت بخشنا : تیز یا قوی الاثر بنانا۔ (۲) ممکن بنانا : امکان پیدا کرنا۔

Potentialla : (n) [med. L.] (نباتیات) گلر بوٹہ۔

Potentiometer : (n) (برقیات) قوت پیما : برقی قوت کے اختلافات کو ناپنے کا آلہ ۔

Potentiometric analysis : (n) (کیمیا) قوت پیمائی تجربہ ۔

Potentize : (v) [f. Potent + -ize, after G. 'Potentzieren' (Hehnemann).] قوت بخشنا : طاقتور بنانا : (خصوصاً) (دوا کو) کوٹ پیس کر قوی الاثر بنانا : تیز یا شدید الاثر بنانا : زود اثر بنانا ۔

Potently : (adv.) [f. Potent(a)] نہایت زور و شور سے : زبردست طور سے : پر زور انداز میں : بڑی قوت کے ساتھ : محکم طور پر : مردانہ وار : قوی الاثر طور پر ۔

Potestas : (n) [L.] (قانون روما) افراد کنبہ پر اس کنبے کے مربی یا سرپرست اعلیٰ کا اقتدار و اختیار : (خصوصاً) اختیار پدری : قوت پدری : آبائی اختیار ۔

Potestative : (a) [L. 'Potestativas' .] شاہانہ : فرماں روایانہ : حکمراں جیسا : حاکمانہ : تحکمانہ : قوت و اختیار والا : خود مختار ۔

Potestative condition : (n) متعلقہ فریقین میں سے کسی ایک کے زیر اقتدار کی حالت :حالت فرماں روائی : حکومت : فرماں روائی ۔

Potful : (n) ہانڈی بھر : دیگچی بھر : مرتبان بھر ۔

Pothecary : (n) صرف بول چال میں مستعمل ہے دیکھو Apothecary : نیز توصیفاً ۔

Pother : (n) [Origin unkn.] (۱) دھواں جس سے دم گھٹتا ہو : گرد کا بادل : دم گھونٹنے والا گرد و غبار ۔ (۲) شور : ہنگامہ ۔ (۳) غل : ہم چخ : بک بک : جھک جھک ۔ (۴) دکھڑا : قلق : ذہنی پریشانی یا انتشار ۔

To kick up a pother : گرد کے بادل اٹھانا : گرد وغبار اڑانا : گرد اڑانا : بہت گرد اڑانا ۔

Pother : (v) (۱) گھبرا دینا : پریشان کرنا ۔ (۲) گڑبڑ مچانا : ہلڑ مچانا ۔

Potichomania : (n) [Fr. 'Potichomanie' .] جاپانی یا دیگر چینی کے برتنوں کی نقل اتارنے کا خبط (شیشے کے اندر منقش کاغذ لگا کر) ۔

Potion : (n) [L. 'Potio' .] عرق کی صورت میں کسی دوا یا زہر کی ایک خوراک : دوا کی خوراک : (دوا یا زہر کا) گھونٹ ۔

Potion : (v) دوا دینا : دوا پلانا : دوا کی خوراک دینا : زہر کا گھونٹ پلانا یا دینا : زہر دینا : جرعہ پلانا ۔

Potlatch / Potlach : (n) [Chinook Jargon.] قبائلی دعوت (امریکا کے اصلی باشندوں میں سرداری کا امیدوار یہ دعوت دیتا ہے) ۔

Potman : (n) شراب خانے یا سرائے کا ملازم جو شراب کے مٹکوں کی دیکھ بھال کرتا اور لوگوں کو شراب پلاتا ہے ۔

Potomato/ Potmato : (n) آلو اور ٹماٹر کا مرکب : ٹماٹر آلو کا ملغوبہ ۔

Potoo : (n) [imit. from its cry.] جمائیکا میں Night jar کی ایک قسم کا نام : ویسٹ انڈیز کی ایک قسم کی ابابیل ۔

Potoroo : (n) [Native name in New South Wales.] دیکھو Kngaroo- Rat

Potsherd : (n) (ارضیات) مٹی کے شکستہ برتن کا ٹکرا : ٹھیکرا : سفال ۔

Potstone : (n) (معدنیات) ابرک کی ایک قسم : طلق (Talc) کی ایک دانہ دار قسم جو عموماً بھوری یا بھوری مائل سبز رنگ کی صابن کی طرح چکنی یا لجلجی ہوتی ہے : صبونیا پتھر ۔ (۲) (ارضیات) کوزہ پتھر : (بعض نرم چکنی مٹیوں پر بھی اطلاق ہوتا ہے) ۔

Pott : (n) دیکھو Pot-paper

Pottage : (n) [Me. 'Potage' .] شوربا : سوپ : گاڑھا سوپ : دم پخت کیا ہوا شوربا دار سالن (جس میں سبزیاں اور گوشت دونوں ہوتے ہیں) : (مجازاً) دیکھو Mess of Pottage ۔

Mess of pottage: (مجازاً) اپنا حلوہ مانڈا : مادی راحت : دنیاوی اغراض (جن پر اعلیٰ مقاصد قربان کر دیئے جائیں) ۔

Potted : (a) (۱) (گوشت مچھلی وغیرہ) جسے قیمہ کر کے یا کوٹ پیس کر بند برتن یا بویام وغیرہ میں محفوظ کر لیا گیا ہو : کوزہ بند کیا ہوا (گوشت وغیرہ) ۔ (۲) گملے میں اگایا ہوا یا لگایا ہوا (پودا) ۔

Potter : (n) [Late OE. 'Pottere' .] (۱) کمہار : کوزہ گر : سفال گر : مٹی کے برتن بنانے والا ۔ (۲) کوزہ فروش : مٹی کے برتن بیچنے والا (بول چال) ۔

Potter : (v) [OE. 'Potian'.] (۱) (بول چال) بار بار اکسانا : (کوئی چیز) چبھونا : کہنی مارنا ۔ (۲) (بول چال) دق

کرنا : تنگ کرنا ۔ (۳) (بول چال) ٹانگ اڑانا : دخل در معقولات کرنا : بے جا دخل دینا ۔ (۴) (کوئی کام) بے دلی سے سرسری طور پر کرنا ۔ (۵) بد نظمی و بے تمیزی سے کام کرنا ۔ (٦) آوارہ گردی کرنا : بیکار ادھر اُدھر پھرنا : فضول باتیں یا حرکتیں کرنا : خفیف الحرکتی کرنا : مٹر گشتی کرنا ۔

Potter : (n) دون حرکتی : خفیف الحرکتی (اسکاتستان میں) فضول گوئی ۔

Potter's asthma/ -bronchitis : (n) دمے کا عارضہ یا پھیپھڑے کی سوزش جو برتن بنانے والوں کی گرد کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔

Potter's clay : (n) کوئی بھی ملائم اور صورت پذیر مٹی جس میں لوہا نہ ہو : کمہار کی مٹی : برتن سازی کی مٹی ۔

Potter's earth : (n) دیکھو Potter's clay

Potter's field : (n) گور غریباں : غریبوں ،ناداروں اور اجنبی لاشوں کو دفن کرنے کی جگہ ۔

Potter's lathe : (n) کمہار کا سانچہ ۔

Potter's lead / -ore : (n) خام سیسہ جس سے مٹی کے برتنوں پر پالش کی جاتی ہے ۔

Potter's wheel : (n) کمہار کا چاک : چرخ کوزہ گری ۔

Potter wasp : (n) کمہار :(مکھی یا ایک قسم کی بھڑ) جو ریت و مٹی کا گھر بناتی ہے ۔

Potterer : (n) دون حرکتی یا خفیف الحرکتی کرنے والا : فضول گو : خفیف الحرکت ۔

Pottering : (n) خفیف الحرکتی : دون حرکتی : فضول حرکتی : فضول گوئی ۔

Pottering : (a) خفیف الحرکت : دون حرکت : فضول گو : فضول باتیں یا حرکتیں کرنے والا ۔

Pottery : (n) (۱) کمہار کی دکان : مٹی کے برتن بنانے کا کارخانہ ۔ (۲) کمہار کا کام : کوزہ گری : مٹی کے برتن بنانے کا کام : فن کوزہ گری ۔ (۳) ظروف گِلی : مٹی کے برتن۔ (۴) توصیفاً مثلاً Pottery trade وغیرہ ۔

The potteries: انگلستان کے ضلع اسٹیفرڈشائر کا شمالی علاقہ جس میں مٹی کے برتن بنانے کا کام ہوتا ہے ۔

Pottery bark tree : (n) بلوط کی لکڑی : جلانے والی لکڑی : برتن والی مٹی میں بھی ملائی جاتی ہے ۔

Pottery industry : (n) (معاشیات) صنعتِ کوزہ گری ۔

Pottery tissue : (n) عمدہ حریری کاغذ ۔

Pottery tree : (n) ایک برازیلی درخت ۔

Potting : (n) (۱) (ایک شراب وغیرہ) پینا : مے نوشی : بلا نوشی ۔ (۲)کوزہ گری : مٹی کے برتن بنانے کا کام : کمہار کا کام ۔ (۳) (مکھی ، گوشت ، مچھلی وغیرہ کو) مٹی کے برتن یا مرتبان وغیرہ میں بند کر کے محفوظ کرنا : کوزہ بندی ۔ (۴) گملوں میں پودے لگانا یا اگانا ۔

Potting-shed : (n) وہ مکان یا سائبان جہاں ننھے اور نازک پودوں کو گملوں میں رکھا جاتا ہے اور بڑا ہونے پر باہر لگایا جاتا ہے ۔

Pottinger : (n) شوربا یا یخنی وغیرہ رکھنے کا برتن (کسی دھات، مٹی یا لکڑی کا) : کھنکا : بارہ گنا : گملا : شوربادان۔

Pottle : (n) [ME. 'Potel' .] (۱) (قدیم) نصف گیلن : سیالات کو ناپنے کا برتن یا پیمانہ جو نصف گیلن کے برابر ہوتا ہے : نصف گیلن کا برتن : نصف گیلن شراب ۔ (۲) اسٹابیری رکھنے کے کام میں لائی جانے والی مخروطی شکل کی ٹوکری ، چنگیری (بید وغیرہ کی) : کھانچی ۔

Pottle-pot : (n) (۱) دو کوارٹ یا نصف گیلن کا شراب کا برتن : بڑا سا ڈھکن دار (چاندی یا جستے کا) شراب پینے کا پیالہ۔ (۲) (مجازاً) بہت پینے والا : بلا نوش ۔

Potto : (n) [Alleged to be from a Guinea dial.] (۱) مغربی افریقہ کا لیمور(Lemur) جسے عام طور پر سلوتھ(Sloth) کہا جاتا ہے : (حیوانیات) لنگور افریقہ : پوٹو : ایک بندر نما شب رو جانور ۔ (۲) قنکاج : ایک گوشت خور چوپایہ جو مرکزی اور جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے : یہ قد میں بلی کے برابر ہوتا ہے اور رات میں باہر نکلتا ہے یہ Racoon کی جنس کا جانور ہے ۔

Pott's disease : (n) (طب) بوسیدگیٔ فقرات : مرض پوٹ ۔

Pott's fracture : (n) (طب) کسر قصبہ :کسر پوٹ ۔

Potty : (n) بچے کا پیشاب دان یا پاخانہ کا برتن جو کمرے میں رکھا جاتا ہے ۔

Potty : (a) [Of Unkn. origin.] (عامیانہ) غیر اہم : معمولی : ادنیٰ :

ذیلی : ضمنی : ہیچ : حقیر :بہت چھوٹا : ذرا سا : خفیف: (نیز) سیدھا : بیوقوف : نادان : سادہ لوح : ضعیف العقل: مخبوط : سودائی ۔

Potty-chair : (n) بچوں کو پاخانے پر بیٹھنا سکھانے کے لئے بنی ہوئی بے نشست کی کرسی جس کے نیچے ہانڈی رکھ دی جاتی ھے ۔

Potty questions : (n) (امتحان میں) بالکل سہل سوالات ۔

Potwaller : (n) [f. Pot + 'Waller'.] ۱۸۳۲ء کے پہلے انگلستان کے بعض قصبوں میں وہ شخص جو مالك مکان ہونے کے ناتے پارلیمانی ووٹ کا حق دار سمجھا جاتا تھا ۔ شرط یہ تھی کہ اس کا چولھا ہانڈی الگ ہو جس پر اس کا اور اس کے کنبے کا کھانا پکتا ہو ۔

Potwalloper : (n) [alteration of prece.] (۱) دیکھو Potwaller (بطور طعن یا ملامت مستعمل ھے) ۔ (۲) (جہاز رانی) باورچی کا مددگار : برتن دھونے یا مانجھنے والا : شفرچی : نیز باورچی (خصوصاً وھیل کے شکار والے جہاز کا) ۔

Pouch : (n) [ONFr. 'Pouche' .] (۱) تھیلی : کیسہ : جیب (جو الگ ہو سکے) ۔ (۲) (قدیم) روپے کا بٹوا ۔ (۲) گولی ، بارود کی تھیلی (جو سپاہیوں کے پاس ہوتی ھے) ۔ (۳)کیسہ دار جانوروں کی تھیلی(جس میں وہ بچوں کو پیدا ہونے کے بعد رکھتے ہیں) ۔ (۵) (پودوں کا) تخم دان : کیسۂ تخم : ڈوڈا ۔ (٦) تمباکو کی تھیلی ، (چمڑے ، ربر وغیرہ کی چپٹی) : کھینی کی تھیلی ۔ (۷) (بحری) جہاز میں کھلا اناج رکھنے کے لئے بنے ہوئے بہت سارے خانوں میں سے ایک ۔ (۸) (تشریح ، حیوانیات ، مرضیات) کیسہ نما جوف : (خصوصاً) ماہی خور پرند کی چونچ کے نیچے کی تھیلی جسے وہ پھلا سکتا ھے : بعض پستان دار حیوانات کے گال میں بنی تھیلی تھیلی دار جانوروں کی وہ تھیلی جس میں وہ اپنے چھوٹے بچوں کو لئے پھرتے ہیں ۔

Pouch : (v) (۱) تھیلی میں رکھنا یا بند کرنا : کیسے یا بٹوے میں رکھنا ۔ (۲) پیٹ میں بھر لینا یا لے لینا : نگل جانا (مچھلیاں یا بعض پرندوں کا) ۔ (۳) (مجازاً) جیب میں رکھنا : قبضے میں رکھنا : قبضے میں لانا : ہتھیانا ۔ (۴) (عامیانہ) (نوکروں وغیرہ کو) انعام دینا : انعام کے طور پر کوئی رقم دینا ۔ (۵) (لباس سازی) جیب کی طرح (لباس کے کسی حصے کا) نکلنا یا لٹکنا : (لباس کے کسی حصے کو) جیب کی طرح نکالنا یا لٹکانا ۔ (٦) کیسہ یا کیسہ نما جوف بنانا : تھیلی بنانا : بٹوا بنانا : بٹوے جیسا جوف بنانا ۔

Pouch of monkey : (n) (حیوانیات) گلو کا : کلاّ ۔

Pouched : (a) (۱) تھیلی دار : کیسہ دار : جس میں تھیلی لگی ہو : بٹوے دار ۔ (۲) تھیلی ، کیسے یا بٹوے میں رکھا ہوا : کیسہ بند : بٹوہ بند : تھیلی بند ۔

Pouchy : (a) کیسہ نما ۔

Poudrette : (n) [Fr. dim. of 'Poudre'.] کھاد : پاخانے کو خشک کر کے کوئلے یا کھریا مٹی وغیرہ میں ملا کر بنائی ہوئی کھاد : فضلے کی کھاد ۔

Pouffe/ Pouf : (n) [Fr.] (۱) اٹھارھویں صدی میں رائج عورتوں کا ایك ابھرا ہوا سر کا لباس : بلند زنانہ ٹوپی ۔ (۲) بالوں کا جوڑا (عورتوں کا) ۔ (۳) (لباس سازی) کپڑے کا وہ حصہ جسے چنٹ دے کر (غنچہ نما) ابھار پیدا کر دیا جائے : لباس کا چنٹ دار ابھرا ہوا حصہ یا چنٹ دار ابھار ۔ (۳) بہت ھی نرم گدی دار چوکی یا نشست : نیچے بیٹھنے کے لئے لمبا ملائم تکیہ : مسند یا گدا ۔

Poulaine : (n) [OFr.'Poulaine' .] جوتے کا لمبا نکیلا سرا : جوتے کی لمبی نوك یا لمبا نوك دار ٹو ۔

Poulard : (n) [Fr. 'Poularde'.] جوان فربہ مرغی (جسے کھانے کی غرض سے کھلا پلا کر تیار کیا گیا ہو) : وہ مرغی جس کا بیضہ دان نکال دیا گیا ہو ۔

Pouldron/ Pauldron : (n) [OFr. 'Espaunron' .] زرہ بکتر کا وہ حصہ جو شانوں کو ڈھکتا ھے ۔

Poulet : (n) [Fr.] نامۂ عشق : عشقیہ خط : نامۂ شوق : (خوبصورتی سے موڑا ہوا) نوٹ ۔

Poulp(e) : (n) [Fr. 'Poulpe' L. 'Polypus'.] ہشت پایہ یا ہشت نیش صدفہ : دہ شاخہ مچھلی : اخطبوط : گھونگے کی قسم کا حیوان جس کے سر میں پیر لگے ہوں ۔

Poult : (n) [Contr. f. 'Poulet' , 'Poullet'.] (۱) پالتو پرند کا بچہ : بطخ یا مرغی کا بچہ : چوزا : چوزۂ مرغ : امریکی مرغ : بھٹ ، تیتر وغیرہ کا بچہ : نیز توصیفاً ۔ (۲) (روزمرہ یا بول چال) بچہ : نوخیز : نوجوان ۔

Poult-de-soie : (n) [Fr. of unkn. origin.] ابھری ہوئی دھاری کا باریك ریشمی کپڑا (اعلیٰ قسم کا) : (اب رنگ برنگی چیزوں پر اطلاق ہوتا ھے) ۔

Poulter : (n) [OFr. 'Pouletier' .] شہر لندن کی ایك کمپنی کا نام ۔

Poulterer : (n) [Extended f. prec.] مرغ ، بطخ وغیرہ بیچنے والا : پالتو پرند (اور عموماً خرگوش وغیرہ) بیچنے والا : مرغ بیچوا ۔

Poultfoot : (a) (طب) گر زپا : کج پا ۔

Poultice : (n) [L. 'Pultes', Pl. of 'Puls.'] پلٹس : پول ٹیس : لِئی : لپڑی : بھرتا ۔

Poultice : (v) پلٹس باندھنا : لئی باندھنا : لپڑی لگانا ۔

Poultry : (n) [OFr. 'Poultrie'.] (۱) لندن کی ایك سڑك کا نام جہاں پہلے مرغیوں کا بازار لگتا تھا ۔ (۲) پالتو پرند مرغیاں ، بطخ وغیرہ : کھانے کے لئے پالے ہوئے پرند ۔

Poultry farm : (n) مرغی خانہ ۔

Poultry farming : (n) مرغ پروری : طیور پروری ۔

Pounce : (n) [Origin doubtful.] (۱) چنگل : پنجہ : شکاری پرندوں کے چنگل ۔ (۲) (مجازاً) کسی شخص کا چنگل : اختیار: قبضہ ۔

Pounce : (n) [Fr. 'Ponce' .] (۱) باریك سفوف جو کھرے کاغذ پر اس لئے لگایا جاتا ھے کہ سیاہی پھیلنے نہ پائے : سیاہی چوس سفوف : سفوف جاذب ۔ (۲) سفوف خاکہ : خاکہ کشی کا سفوف : خاکہ اتارنے کے لئے پسا ہوا کوئلہ ۔

Pounce : (n) (۱) پنجہ مارنا : چنگل زنی ۔ (۲) جھپٹا : جھپٹ : لپك (کسی چیز کی طرف تیزی سے لپکنا یا جھپٹنا): اچانك جھپٹ لینا : اچانك جھپٹا یا حملہ ۔

On the pounce : اچك لینے کی تاك میں : جھپٹا مارنے کے لئے موقع کی تاك میں : جھپٹ لینے کی تاك میں ۔

Pounce : (v) [Var. of Punch(v).] (۱) (تاریخ) دھات کی چیزوں کو منقش کرنا (اندر کی جانب پیٹ کر سطح کو ابھارنا) ۔ (۲) (تاریخ) (لباس کے) کناروں کو نوکدار یا جھالر دار تراشنا : (لباس کا) اس طرح تراشا جانا ۔ (۳) (کسی شخص کو) پیٹنا : مارنا : ٹھونکنا : مرمت کرنا : ڈنڈے یا گھونسے لگانا : کوڑے لگانا ۔

Pounce : (v) (۱) شکاری پرند کی طرح چنگل میں دبوچ لینا : اچانك جھپٹ لینا یا آ دبوچنا : پنجہ یا چنگل مارنا : جھپٹا مارنا : پجنہ مار کر دبوچ لینا : جھپٹا مار کر پکڑ لینا ۔ (۲) جھپٹنا : اچانك حملہ آور ہونا : اچانك جا دبوچنا ۔ (۳) اچانك یا غیر متوقع طور پر اچھل پڑنا یا جست لگانا : آ لینا : آ دبانا : آ پڑنا : نیچے آنا : اچانك کود پڑنا ۔ (۴) (مجازاً) پکڑنا (غلطی وغیرہ کو) : فوراً گرفت کرنا ۔

To make a pounce : پنجہ مارنا : چنگل مارنا : جھپٹا مارنا : پنجہ مار کر دبوچ لینا : چنگل مار کر دبا لینا : جھپٹا مار کر پکڑ لینا : (مجازاً) (غلطی) پکڑنا : فوراً گرفت کرنا ۔

To pounce on / -upon : اچانك جھپٹ کر دبوچ لینا : اچانك آ دبوچنا : (مجازاً) جھپٹ کر لینا : تیزی سے تھامنا یا پکڑنا : پر اشتیاق طور پر لینا یا پکڑنا : چنگل میں لینا : قبضے میں کرنا ۔

Pounce : (v) [Fr. 'Pouncer. '] (۱) (ہاتھ سے یا جھانوے سے رگڑ کر) صاف کرنا : چکنا کرنا : مسطح کرنا : چکنا بنانا (خصوصاً ہیٹ کی سطح کو جھانوے سے یا سریش پتر سے رگڑ کر)۔ (۲) خاکہ کسی کا سفوف چھڑك کر (کسی سطح پر) کوئی خاکہ اتارنا یا منتقل کرنا : اسی سفوف کے ذریعہ کسی خاکے کی نقل اتارنا ۔

Pounce-paper : (n) خاکہ بنانا یا اتارنے کا شفاف کاغذ : خاکہ اتارنے کا کاغذ : ڈرائنگ یا ٹریسنگ پیپر ۔

Pounce-box : (n) [Perh. orig. misprint for 'Pounced box' .] خوشبوؤں کے لئے مشبك ڈھکن والی ڈبیا یا چھوٹا صندوقچہ : عطر دان : عطر پاش ۔

Pound : (n) [OE. 'Pound'.] (۱) پونڈ (ایك وزن آدھ سیر سے کچھ کم) اسی کا مخفف Lb ھے جو لاطینی لفظ Libera کا قائم مقام ھے : اس کی دو قیمتیں ہیں اول اسباب خانہ داری کے تولنے کا پونڈ جو ۱۶ اونس کا ہوتا ھے دوم اشیائے قیمتی کے تولنے کا پونڈ جو ۱۲ اونس کا ھوتا ھے۔ (۲) پونڈ : گنی ، اشرفی یہ ز ر حسابی ھے جس میں ۲۰ شلنگ ھوتے تھے ۔ (۳) ۱۰۰ پیاسٹرس کے ترکی یا مصری سونے کے ڈبے جن میں ترکی ۱۱۱.۳۶ گرین کا اور مصری ۱۳۱.۱۸ گرین کا ھوتا ھے ۔

In the pound : فی پونڈ اتنا حساب سے (جانچا ھوا): فی پونڈ اتنا کے درسے (حساب کیا ھوا) ۔

Penny wise Pound foolish : اشرفیوں کی لوٹ ، کوئلے پر مہر یا چھاپ : سونا لٹانے اور تانبہ بچانے والا ۔

Pound : (n) [OE. 'Pound' .] (۱) کانجی ہاؤس : دواب خانہ : مویشی خانہ : مویشی گھر ۔ (۲) احاطہ : باڑہ : (مجازاً) محصور یا محبوس مقام : مسدود جگہ : حجرہ ۔ (۳) (شکار) مشکل مقام : دشوار مقام ۔ (۴) (بول چال) تالاب : بند باندھ کر روکا ھوا قطعۂ آب (اونچی سطح والی نہروں میں پانی پہنچانے کی خاطر) ۔ (۵) Pound net کا

دوسرا خانہ جس سے مچھلیاں بھاگ نہیں سکتیں اور پکڑ لی جاتی ہیں : مچھلیوں کا گھیرا یا باڑہ ۔

Pound : (n) [f. Pound. (v) .] (۱) شراب بنانے کے لئے سیب کو کچلنے یا پیسنے کا اوزار یا مشین ۔ (۲) بھاری ضرب : کاری یا بھر پور ضرب (گھونسے ، تھپڑ یا ڈنڈے کی) نیز اس سے پیدا شدہ آواز : بھدا کا : گدا کا ۔

Pound : (v) [Late OE. 'Punian'.] (۱) پیٹنا : کوٹنا : پیسنا : پلپلا بنادینا : سفوف کر دینا : کھرل کرنا : چورا چورا کرنا : برادہ کرنا : کوٹ پیس کر باریک کرنا : میدہ بنانا ۔ (۲) مکوں یا گھونسوں سے مارنا : پیٹنا : ضرب لگانا : بھر پور ضرب لگانا ۔ (۳) دھنکنا : مارنا : کچلنا : پامال کرنا ۔ (۴) ضربوں یا گولہ باری کی بھر مار کر دینا : گولے برسانا : اندھا دھند ضربیں لگانا یا فائر کرنا ۔ (۵) بھاری قدموں سے چلنا : بھاری قدم رکھتے ہوئے چلنا : دھم دھم دوڑنا : گھوڑا چلانا : پاؤں پٹک پٹک کر ناچنا : بھاری قدموں سے رقص کرنا ۔ (٦) (اسٹیمر کا) : زور سے پیڈل چلانا : پوری قوت سے پیڈل گھمانا ۔ (۷) (جہاز یا کشتی کا) زوروں کے ہچکولے لینا : زوروں سے اٹھنا گرنا : مخالف موجوں سے ٹکرانا یا مقابلہ کرنا : نہایت مشکل سے آگے بڑھنا ۔ (۸) سخت محنت کرنا : مشقت کا کام کرنا : مسلسل محنت کرنا : (مسلسل) محنت شاقہ کرنا ۔

To pound away : لگاتار مُکے برسانا یا ضربیں لگانا : ضربیں لگاتے جانا : گھونسے چلانا یا جاری رکھنا ۔

To pound one's ear : سونا : سو جانا ۔

To pound to jelly : کچومر نکال دینا : بھرکس نکال دینا ۔

To pound to pieces : کوٹ کر چورا چورا کر ڈالنا : کوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا : مار کر چور چور کر دینا ۔

Pound : (v) (۱) کانجی ہاؤس میں بند کرنا : (مویشیوں کو) کانجی ہاؤس میں رکھنا یا بند کرنا ۔ (۲) کسی بھی احاطے یا باڑے میں بندکرنا : (مادی یا غیر مادی شے کو) کسی احاطے یا گھیرے میں بند کرنا : قید و بند میں لینا : مقید کرنا : بندش عائد کرنا : Up کے ساتھ بھی آتا ہے) ۔ (۳) (لومڑی کے شکار میں) سوار کا کسی ایسے مسدود مقام میں جا پھنسنا جہاں سے اس کا نکلنا ممکن نہ ہو : کسی ناقابل عبور باڑ یا روک کا سامنے آ جانا : سد راہ ہونا ۔ (۴) (بول چال) پانی کو روکنا : پانی کو (بند کے ذریعہ) باندھنا : بند باندھنا : بند باندھ کر پانی کی سطح کو بلند کرنا ۔

To pound the field : (شکار) باڑ وغیرہ کا ناقابل عبور یا ناقابل گزر ہونا : شکار میں کسی نا قابل عبور روک کا سامنے آ جانا : سد راہ ہونا ۔

To pound the lot : کسی باحوصلہ سوار کا اس باڑ کو ہٹا دینا یا پار کر جانا جس کو دوسرے نہ کر سکیں ۔

Pound : (v) (سکّہ سازی) پونڈ سے وزن کر کے سکّوں کا وزن جانچنا کہ ایک پونڈ میں کتنے سکّے ہوں گے یا یہ معلوم کرنا کہ کوئی سکہ معیاری وزن سے کتنا کم یا زیادہ ہے ۔

Pound-cake : (n) پونڈ کیک : اعلیٰ درجے کا کیک جس میں ہر جزو (مثلاً آٹا ، گھی ، چینی ، میوہ جات وغیرہ) ایک ایک پونڈ بھر یا ہم وزن ہوتا ہے ۔

Pound close/ -covert : (n) وہ کانجی ہاؤس جس میں بند مویشیوں کا مالک نہ جا سکے : بند کانجی ہاؤس (بخلاف کھلا کانجی ہاؤس (Pound open) ۔

Pound day : (n) وہ دن جس میں خیرات ہوتی ہے (خواہ پونڈ وزن کا ہو یا نقدی کا) ۔

Pound fee : (n) کانجی ہاؤس سے مویشی یا قرقی خانہ سے چیزوں کو چھڑانے کا محصول : کانجی ہاؤس کا محصول یا فیس ۔

Pound-foolish : (a) بڑی رقوم کے معاملے میں بیوقوف (بخلاف Penny-Wise یعنی) پیسے پیسے کی گرفت کرنے والا ۔

Pound-keeper : (n) کانجی ہاؤس کا مالک : وہ شخص جس کے ذمہ کانجی ہاؤس ہو : کسی جاگیر یا تعلقے کا افسر جس کے ذمہ آوارہ گرد مویشیوں کو پکڑ کر بند کرنا ہوتا تھا ۔

Pound-lock : (n) ندی یا دریا میں بنا ہوا دروازہ جس کو بند کر کے پانی کو روک دیا جاتا ہے (تاکہ سطح آب بلند ہو جائے اور اونچائی والی نہروں کو بھی پانی مل سکے) ۔

Pound-net : (n) (امریکا) ساحل سے قریب سمندر میں بنائی ہوئی جالدار باڑ جس میں جالی کی ایک لمبی سیدھی دیوار ہوتی ہے جس سے رک کر مچھلیاں پہلے باڑے میں جسے قلب کہتے ہیں داخل ہوتی ہیں بعدہٗ اس کے بعد والے گھیرے میں جسے پاکٹ یا باڑہ کہتے ہیں داخل ہوتی ہیں اور جہاں سے وہ نکل کر بھاگ نہیں سکتیں : جالدار باڑہ ۔

Pound netter : (n) Pound net کے ذریعہ ماہی گیری کرنے والا ۔

Pound note : (n) ایک پونڈ کا بینک نوٹ : (نیز) ایک پونڈ کا انگلش ٹریزری نوٹ ۔

Pound of flesh : (Phr) کوئی (چیز یا) قرض جو واجب الادا ہو مگر جس کی ادائی ادا کنندہ کے لئے نہایت اذیت ناك یا سوہانِ روح ہو : جان لیوا قرض۔

Pound open/ -overt : (n) وہ کانجی ہاؤس جس میں چھت نہ ہو مگر جس میں بند مویشیوں کا مالك انہیں چارہ کھلانے کے لئے داخل ہو سکتا ہو : کھلا کانجی ہاؤس۔

Pound party : (n) چندہ پارٹی۔

Pound rate : (n) (کسی چیز کی) شرح جو پاؤنڈ میں ظاہر کی جائے: پونڈ میں ظاہر کی ہوئی شرح۔

Pound scots : (n) انگلستان سے اتحاد کے قبل اسکاتستانی سکہ جو انگریزی پونڈ کے مشابہ تھا مگر اتحاد کے وقت قیمت میں اس سے بہت کم (ایك شلنگ ۸ پینس) تھا : اسکاتستانی پونڈ۔

Pound sterling : (n) پاؤنڈ اسٹرلنگ : پاؤنڈ : بیس شلنگ۔

Pound-velo : (n) معیار حرکت کی ایك اکائی : ایك فٹ فی سیکنڈ کی رفتار حرکت یا گردش کرتی ہوئی ایك پونڈ وزن کی کسی چیز (یا جسم) کا معیار حرکت یا اس کی حرکت کا معیار اثر۔

Pound-weight : (n) ایك پونڈ وزن : ایك پونڈ وزن کا باٹ۔

Pound-worth : (n) (۱) کوئی چیز جو قیمتاً ایك پونڈ کی ہو سکتی ہے۔ (۲) دیکھو Pound's Worth ۔

Pound's worth : (n) کوئی چیز جو قیمتاً ایك پونڈ کی ہو سکتی ہو یا جسے ایك پونڈ میں خریدا جا سکتا ہو : کسی چیز کی وہ مقدار جو ایك پونڈ قیمت کی ہو یا ایك پونڈ میں خریدی جا سکے۔

Poundage : (n) (۱) دستوری یا کٹوتی فی پونڈ۔ (۲) آمدنی کا فیصدی تناسب جو بطور اجرت ادا کیا جائے۔ (۳) ادائی بہ حساب فی پونڈ وزن : محصول در آمد و بر آمد۔ (۴) پونڈ میں وزن (خصوصاً) ایك گیلن یا ایك مکعب کھارے پانی میں نمك کے پونڈ کی تعداد (یعنی کتنا پونڈ نمك ہے)۔

Poundage : (v) فی پونڈ دستوری یا کٹوتی لینا یا وصولی کرنا : آمدنی کا فیصدی تناسب بطور اجرت دینا : فی پونڈ کے حساب سے ادا کرنا : محصول در آمد و بر آمد دینا یا لینا۔

Poundage : (n) (۱) (مویشی کو) کانجی ہاؤس میں بند کرنا : (نیز) کانجی ہاؤس : (مویشی کا) کانجی ہاؤس میں بند ہونا۔

(۲) کانجی ہاؤس میں بند جانور کو چھوڑنے کا محصول: کانجی ہاؤس کا محصول یا فیس۔

Poundal : (n) پونڈل : وہ قوت جو ایك پونڈ مادے پر ایك سکنڈ کے عمل سے ایك فٹ فی سیکنڈ کی رفتار یا حرکت پیدا کرتی ہے۔

Poundbreach : (n) (قانون) کانجی ہاؤس کو کھولنا (دروازہ یا دیوار توڑ کر) کانجی ہاؤس سے مویشی کو نکال بھگانا : قانوناً ضبط شدہ چیزوں کو (مالك کا) ناجائز طور پر نکال لے جانا۔

Pounder : (n) (۱) کوٹنے یا پیسنے کا آلہ : اوکھلی : موسل : ختکا: سونٹا: ہاون دستہ : موگری : کھرل۔ (۲) کوٹنے والا : پیٹنے والا : کھرل کرنے والا : چورا کرنے والا : ریزہ کرنے والا : کچومر نکالنے والا : مارنے والا : ضرب لگانے والا۔

Pounder : (n) (۱) ایك پونڈ وزنی چیز : ایك پونڈ وزن کی مچھلی : پونڈ بھر کی چیز : ایك یا(-) پونڈوں کے گولے والی توپ : (کبھی کبھی) (-) پونڈ وزن کی توپ وغیرہ۔ (۲) اتنے پونڈ اسٹرلنگ کا مالك شخص : اتنے پونڈ اسٹرلنگ (کی) آمدنی والا ، کمانے والا یا (بطور کرایہ) ادا کرنے والا شخص : اتنے پونڈ جہیز والی عورت : وہ عورت جس کا جہیز یا شادی کے موقع پر جس کو ملی ہوئی چیزیں اتنے پونڈ کی ہوں۔ (۳) اتنے پونڈ قیمت کی کوئی چیز : (نباتیات) ناشپاتی۔

Pounding : (n) (۱) کوٹنے ، پیسنے یا کچلنے کا عمل : کھرل کرنے یا سفوف بنانے کا عمل : ہاون دستے سے کوٹنے کا عمل : کوٹ پیس : کوٹ چھان : اس طرح کوٹی یا کچلی ہوئی چیز : سفوف : ماوا : ایك بار میں یا ایك ساتھ کھرل کی ہوئی یا کوٹی پیسی ہوئی مقدار۔ (۲) مکے سے مارنا : کوٹنا : گوندھنا : دستك دینا : تھتھپانا : کھٹکھٹانا : زور دار مکّا یا گھونسا لگانا : شدید زدو کوب : شدید گولہ باری : شدید فائرنگ۔ (۳) (گھوڑے کی) زبردست سواری : تیز و پر شور سواری۔

Pounding-match : (n) (مہمل لفظ) جنگ ، لڑائی : محاربہ : مجادلہ : جنگ و جدال۔

Pounds, shillings and pence : (Phr.) (۱) رقم : زر : روپیا پیسا۔ (۲) (توصیفاً) متعلق زر : سکے سے متعلق : روپے سے متعلق : مالی (مجازاً) خاص طور پر (چیزوں کی) قیمت سے متعلق : حقیقی : واقعی : امر واقعہ سے متعلق : حقیقت پسندانہ۔

Pour : (n) (۱) موسلا دھار بارش۔ (۲) (صفار خانہ) پگھلی ہوئی دھات کو انڈیلنے کا عمل یا طریق عمل : ایك بار

Pourpraler : (n) [Fr.] (عموماً جمع) قرار داد سے پہلے کی غیر رسمی گفت و شنید : اصلی گفتگو سے پہلے کی غیر رسمی گفتگو : (سیاسیات) مذاکرہ۔

Pourpoint/ Purpoint : (n) [OFr. 'Po(u)urpoint'.] (تاریخ) (کپڑے کی دو تہوں کے درمیان کچھ بھر کر) دہری سلی ہوئی چست مردانہ صدری جسے چودھویں اور پندرھویں صدی میں فوجی اور غیر فوجی دونوں طرح کی پوشاک کے ساتھ پہنا جاتا تھا۔

Poussette : (n) [Fr. dim. of 'Pousse'.] (رقص) اس طرح رقص کرنا کہ ہم رقص کے ہاتھوں میں ہاتھ ہو اور مسلسل گھومتے جائیں : پھگڑی : گھومری۔

Poussette : (v) ہم رقص کے ہاتھوں میں ہاتھ دے کر گردش وار رقص کرنا :(جس طرح دیہاتوں میں دوڑتے ناچتے ہیں) : دو شخص کا ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر حلقہ بناتے ہوئے ناچنا : (دکن) پھگڑی کھیلنا : گھومڑی کھیلنا۔

Pousto : (n) [Gr. 'Pou stw'.] مقام عمل : کھڑے رہنے کی جگہ : بنائے عمل۔

Pout : (n) [OE. 'Puta'.] مچھلی کی کئی قسموں کا نام : پاؤٹ مچھلی۔

Eel-/horn-/whiting-pout : پاؤٹ مچھلی کی قسمیں۔

Pout : (n) [f. Pout(v)] ہونٹ لٹکنا (بطور اظہار نارضامندی):اظہار بر افروختگی یا بے زاری : اظہار رنجیدگی : اظہار ناگواری : جھنجھلاہٹ کا اظہار : اظہار آزردگی۔

In the pouts : بر افروختہ : بیزار : جھنجھلایا ہوا : ترش رو : چڑچڑا : خفا خفا : روٹھا ہوا : اداس و آزردہ۔

Pout : (n) بول چال اور اسکاتستانی میں Poult(n) کی دوسری شکل۔

Pout : (v) [Of unkn. origin.] (ہونٹ)لٹکانا یا نکالنا : ہونٹ لٹکانا یا ہونٹوں کا لٹکنا (جو ناراضگی یا ناگواری وغیرہ کی علامت سمجھی جاتی ہے) : ناک بھوں چڑھانا : ترش روئی دکھانا : (بغیر کسی ناراضگی کے) (ہونٹوں کا) لٹکنا : پھول کر یا بڑھ کر باہر نکل آنا : ترش رو ہو کر بولنا : ترش روئی سے کہنا۔

Pouter : (n) (۱) ہونٹ لٹکانے والا : ہونٹ لٹکا کر اظہار نارضامندی کرنے والا : رنجیدہ یا بیزار ہو کر ہونٹ لٹکانے والا۔ (۲) ایک قسم کا کبوتر جو اپنا پوٹا خوب پھلا سکتا ہے : چتری کبوتر۔ (۳) پاؤٹ مچھلی کی ایک قسم : سفید پاؤٹ۔ (۴) توصیفی معنوں میں۔

میں پگھلی ہوئی دھات کی انڈیلی ہوئی مقدار : پگھلی ہوئی دھات کی ایک گھان۔

Pour : (v) [Of. unkn. origin.] (۱) انڈیلنا : دھارنا : دھار باندھ کے ڈالنا : (کوئی سیال شے) ڈالنا : بہانہ : کثرت سے خارج کرنا یا نکالنا : تیزی سے خارج کرنا۔ (۲) (روشنی) دینا : نکالنا : خارج کرنا۔ (۳) (اکثر Out, Forth کے ساتھ) (پتھر، گولے وغیرہ) برسانا : چلانا : بکثرت پھینکنا : (گالی وغیرہ کی) بوچھار کردینا : (ہجوم وغیرہ) نکالنا : خارج کرنا : ہجوم میں نکلنا : موج در موج نکلنا یا تیزی سے آگے بڑھنا۔ (۴) (Forth, Out کے ساتھ) جلدی جلدی لکھنا : الفاظ کو جلد جلد ادا کرنا : (Music کے ساتھ) نغمہ ریزی کرنا : نغمہ باری کرنا۔ (۵) عموماً Forth, Out, Down کے ساتھ) بہنا : بہ نکلنا۔ (۶) موسلا دھار برسنا۔ (۷) (مجازاً) تانتا بندھ جانا : تار لگ جانا یا بندھ جانا : کثرت سے آنا :(In کے ساتھ) : کثرت سے خارج ہونا (Out کے ساتھ)۔ (۸) (دریا کا) سیلابی ہونا : سیلاب کی صورت میں پانی خارج کرنا : تیزی یا تندی سے بہنا : تند رو ہونا : سمندر میں گرنا۔

It never rains but it pours : (مجازاً)مصیبت کبھی تنہا نہیں آتی۔

Letters pour in from all quarters : ہر طرف سے خطوط کا تانتا بندھا ہے۔

Pour out the tea : چائے انڈیلو : چائے نکالو۔

The river pours itself into the sea : دریا سمندر میں گرتا ہے۔

To pour cold water on /-upon : ٹھنڈا پانی انڈیلنا یا ڈالنا : (مجازاً) گرم جوشی یا امنگ کو ٹھنڈا کر دینا : پست ہمت کر دینا : ہمت توڑ دینا : کسی منصوبے یا تجویز کو روکنا۔

To pour oil on the troubled waters : (مجازاً) طوفان میں سکون پیدا کرنا : تسلی بخش الفاظ سے ہنگامہ وغیرہ کو فرو کرنا۔

Pourboire : (n) [Fr. 'Pour boire'.] (مے نوشی کے درمیان دی ہوئی) بخشش یا انعام : (عام) بخشش : انعام۔

Pourer : (n) انڈیلنے والا: ڈھالنے والا : دھارنے والا : گرانے یا بہانے والا : (سیال شے کو) انڈیلنے کا برتن۔

Pouter-fish : (n) سفید پاؤٹ : پاؤٹ مچھلی کی ایک قسم ۔

Pouter-pigeon : (n) : ایک قسم کا کبوتر جو اپنا پوٹا خوب پھلا سکتا ھے: چتری کبوتر ۔

Poutingly : (adv.) (ناراضگی وغیرہ کی علامت کے طور پر) ھونٹ لٹکاتے ھوئے ۔

Poverty : (n) [L. 'Paupertas' .] : (۱) افلاس : غریبی : ناداری : بے زری : عسرت : تنگ حالی : تنگ دستی : بے مایگی : غربت : محتاجی : کم مایگی : مسکینی ۔ (۲) احتیاج : کمی : حاجت ۔ (۳) کمیابی : قلت ۔ (۴) نقص : کوتاہی : کسر۔ (۵) فرومایگی : پستی : ادنیٰ پن ۔ (۶) مجسم افلاس (کسی مفلس شخص یا اشخاص پر اطلاق ھوتا ھے) ۔ (۷) (غذا کی کمی سے جسم کی) لاغری : دبلا پن ۔ (۸) (زمین کا) اوسر پن : ناپیداواریت ۔

Poverty-grass/-plant (n) (۱) شمالی امریکا کی ایک چھوٹی جھاڑی یا گھاس ۔ (۲) جئی کی قسم کی ایک گھاس Poverty-plant (دونوں ہی پودے اوسر یا بنجر زمینوں میں اگتے ہیں)۔

Poverty of the blood : (n) : (طب) جسم میں خون کا کم ھونا : کم خونی: کمیِ خون ۔

Poverty-stricken : (a) (۱) افلاس زدہ : عسرت زدہ : نہایت مفلس و محتاج : مسکین : مفلوک : مفلوک الحال ۔ (۲) (مجازاً) کم مایہ (مثلاً Poverty-stricken languages) (کم مایہ یا مفلس زبان) ۔

Powan : (n) [Sc. from of Pollan.] پواں : میٹھے پانی میں رہنے والی مچھلی کی ایک قسم جو اس جنس سے تعلق رکھتی ھے جس سے Vendace اور Pollan مچھلیاں ہیں ۔ یہ پہلے ان میں سے ہی ایک سمجھی جاتی تھی اور اکثر اب بھی پہچان کی غلطی ھو جاتی ھے اور اسے میٹھے پانی میں رہنے والی ہیرنگ مچھلی سمجھ لیا جاتا ھے ۔

Powder : (n) [ME.'Poudre' .] (۱) سفوف :برادہ : چورا : میدہ : پوڈر۔ (۲) غازہ : چکسا : بٹنا : پوڈر ۔ (۳) دوا کا سفوف۔ (۴) بارود : باروت ۔

Food for powder : بارود کی غذا :سپاہی : فوجی آدمی ۔

Not worth powder of shot : : (مجازاً)(شدُ'ر وغیرہ)فقیر : اتنا ادنیٰ کہ گولی یا بارود کی قیمت بھی نہ نکل سکے : (دشمن ، حریف وغیرہ) اتنا فقیر کہ مقابلے کی زحمت بھی بے سود سمجھی جائے : ادنیٰ : (کوئی شے) اتنی حقیر یا ادنیٰ کہ اس کے حصول کی کوشش بھی بیکار سمجھی جائے : گھٹیا ۔

The smell of powder : جنگ کا حقیقی تجربہ : تجربۂ جنگ : محاربے کا حقیقی تجربہ ۔

To keep one's powder dry : اپنے کیل کانٹے سے درست رہنا: کسی بھی ہنگامی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہنا۔

Powder : (n)[Of unkn. origin.] (بول چال) قوت : زور: طاقت وغیرہ (جو کھیل وغیرہ میں دکھلائی جائے یا بروئے کار لائی جائے)۔

With a powder : پر زور یا پر جوش انداز میں : تیزی سے: تندی سے : شدت سے : آندھی کی طرح ۔

Powder : (v) [Fr. 'Powdrer' .] (۱) سفوف چھڑکنا : برکنا : غازہ لگانا: ملنا (بالوں وغیرہ پر) غازہ یا پوڈر لگانا : (جسم پر) پوڈر چھڑکنا یا ملنا ۔ (۲) پوڈر یا اس جیسی چیز سے ڈھك دینا۔ (۳) (سطح کو) چھوٹی چھوٹی بندکیوں یا نقش نگار سے آراستہ کرنا : کسی سطح پر سفوف چھڑکنا۔ (۴) سفوف یا پوڈر کی طرح بکھر جانا یا چھڑکا جانا : کسی سطح پر ادھر ادھر بکھر جانا یا بکھیر دیا جانا۔ (۵) پیسنا : سفوف بنانا : برادہ کرنا : میدہ بنانا۔ (۶)پس جانا : سفوف بن جانا : برادہ ھونا : میدہ بن جانا۔

Powder : (v) [fr. Powder(n)] (روزمرہ اور بول چال) (خصوصاً سوار کا) تیزی سے جانا : نہایت تیز رفتاری سے جانا : جھپٹ کر گزرنا : نہایت تیزی سے آگے بڑھنا : جھپٹنا۔

Powder and shot : (Phr.) اخراجات جنگ : جنگ میں کام آئے ھوئے لوازمات : جنگ میں خرچ شدہ گولہ یا بارود یا دیگر ضروریات :کسی انجام کو حاصل کرنے میں یا خرچ شدہ دولت یا محنت :کسی انجام کے لئے خرچ شدہ دولت یا محنت۔

Powder-blue : (n) : نیل : نیلے شیشے کا سفوف جو دھلائی کے کارخانوں میں استعمال ھوتا ھے : نیلے رنگ کا سفوف ۔

Powder-blue : (a) گہرے نیلے رنگ کا : گہرا نیلا : گہرے نیلے شیشے کے رنگ کا۔

Powder-blue : (n) گہرا نیلا رنگ ۔

Powder-down : (n) باریك رواں جو بگلے وغیرہ میں پایاجاتا ھے ۔

Powder-flag : (n) : سرخ جھنڈا جو بارود لے جانے والی کشتی پر لگا ھوتا ھے یا جو بارود بھرتے یا نکالتے وقت جہاز پر لگا دیا جاتا ھے۔

Powder-flask : (n) بارود دان : بارود دانی (جو پہلے سینگ کی بنی ہوتی تھی بعدہٗ چمڑے یا دھات کی) ۔

Powder-horn : (n) بارود دان : (گائے یا بیل کا) سینگ جس میں بارود رکھتے تھے (اور جس کے نچلے سرے پر لکڑی یا دھات کی ٹوپی لگی ہوتی تھی) ۔

Powder-house : (n) بارود رکھنے کی جگه : بارود خانه : وہ عمارت جہاں بارود کا ذخیرہ ہو ۔

Powder-hoy : (n) بارود بردار کشتی یا جہاز (جو بارود خانے سے جہاز تك بارود لے جاتا ھے) ۔

Powder-magazine : (n) بارود خانه؛ مخزن باروت : میگزین : وہ جگه جہاں بارود کا ذخیرہ ہوتا ھے : ذخیرہ بارود : کسی قلعه یا جہاز میں بارود رکھنے کی جگه ۔

Powder-mill : (n) بارود کا کارخانه : بارودمِل : بارود بنانے والی مِل : بارود پیسنے کی چکی یا چھوٹی مشین ۔

Powder-monkey : (n) مزاحاً اس لڑکے کو کہا جاتا ھے جو جہاز پر توپوں تك بارود پہنچانے کے لئے ملازم ہوتا ھے : بارود بردار ۔

Powder-puff : (n) (۱) (جلد پر) پوڈر لگانے کی نرم گدی : غازہ پاش: نرم روئیں دار چھوٹی گدی جس سے غازہ لگاتے ہیں ۔ (۲) چھوتی دھونکنی جیسا ایك آله جو پہلے بالوں کی غازہ پاشی کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Powder-tax (n) غازۂ زلف پر عائد محصول:بالوں کے پوڈر کا محصول یا ٹیکس : بالوں کے غازے پر عائد ٹیکس ۔

Powderable : (a) (شاذ) سفوف ہونے کے لائق : جو یا جس چیز کا سفوف بن سکے ۔

Powdered : (a) (۱)سطح پر پھیلی ہوئی بہت ساری بندکیوں یا چھوٹے چھوٹے نقش و نگار سے آراسته کیا ہوا۔ (۲) (حیوانیات) ایسے نشانات والا جیسے جسم پر سفوف چھڑکاھواھو (خصوصاً کیڑا یا پتنگا) ۔ (۳) سفوف کیاھوا : میدہ بنایا ہوا : برادہ کیا ہوا : چورا بنایا ہوا : کوٹا پیسا ہوا: پیسا ہوا۔ (۴) غازہ لگا ہوا (جسم یا بال) : پوڈر لگا ہوا (جسم یا بال) : غازہ لگائے ہوئے (شخص) ۔

Powdered lime : (n) (کیمیا) بکنی چونا : سفوف چونا ۔

Powderiness : (n) قابل سفوف ہونا : به آسانی سفوف بننے کی حالت یا صلاحیت : سفوف جیسا ہونا : سفوف یا برادے سے ڈھکا ہونا یا بھرا ہونا : پوڈر یا غازے سے آراسته ہونا: گرد و غبار سے اٹا ہوا : گرد آلودگی : غبار آلودگی ۔

Powdering : (n) سفوف یا پوڈر چھڑکنے ، ملنے ، لگانے کا عمل : غازہ لگانے کا عمل : چھوٹی چھوٹی بندکیوں سے آراسته کرنے کا عمل نیز ایسی آرائش : سفوف ہونے یا بنانے کا عمل : سفوف سازی: کوٹنا پیسنا : (یا اس طرح بنا ہوا) سفوف : برادہ: میدہ : غازہ : پوڈر ۔

Powdering-closet / -room : (n) بالوں میں غازہ یاپوڈر لگانے کا کمرہ۔

Powdering-tub : (n) وہ لگن جس میں گوشت پر سفوف یا نمك چھڑکا جاتا ھے اور اسے سرکے میں ڈبویا جاتا ھے ۔

Powdery : (a) (۱) پوڈر جیسا : سفوف جسیا : سفوف کے مانند : سفوف آسا : برادہ نما : سفوفی : سفوف آلود : خاك آلود : گرد آلود : بھر بھرا : به آسانی سفوف بن جانے والا : ریز ناك : جو وزن پڑنے سے پس جائے یا ریزہ ریزہ ہو جائے ۔ (۲) جس پر سفوف ہو : سفوف یا پوڈر سے ڈھکا ہوا : پر از سفوف : پوڈر سے بھرا ہوا : غبار آلود ۔

Power : (n) [ME. 'Poer, pouer'.] (۱) قدرت : طاقت : زور : قوت : امکان : بس : قابو : بل ۔ (۲) (جسم ، دماغ وغیرہ کی کوئی) قوت ۔ (۳) سکت : قوت کار کردگی ۔ (۴) صلاحیت: قابلیت : اہلیت ۔ (۵) حکومت : اختیار : اقتدار : اثر ۔ (٦) غلبه : شخصی غلبه : سیاسی غلبه : شخصی یا سیاسی سیادت : قومی طاقت : قوم کی طاقت ۔ (۷)اختیار مفوضه (کچھ کرنے کا) قانونی اختیار : دستاویز یا اس کی وہ مشق جس کے ذریعه قانونی اختیار دیا گیا ہو ۔ (۸) با اختیار و اقتدار : ذی اثر شخص ،جماعت یا چیز : (قدیم) مختار : حکمراں : حاکم : گورنر ۔(۹)سلطنت: دولت : ریاست ۔ (۱۰) خدا : دیوتا : دیوی ۔ (۱۱)فرشتوں کا چھٹا طبقه ۔ (۱۲)بڑی تعداد یا بڑی مقدار (مثلاً Did a power of work, saw a power of people) ۔ (۱۳) (ریاضیات) قوت)مثلاً The third power of 2 is B)۔ (۱۴) قوت رساں پرزہ ۔ (۱۵) میکانکی طاقت (بمقابله دستی طاقت) : بہتے ہوئے پانی ، ہوا ، بھاپ ، برق وغیرہ کی) میکانکی قوت ۔ (۱٦) میکانکی طاقت پیدا کرنے کی قابلیت یا اہلیت : (کسی بیرم (لیور) یا آلے وغیرہ کی) عامل قوت ۔ (۱۷) عدسه کی قوت تکبیر : شیشے کا پاور : (نیز) پاور کا شیشه ۔(۱۸) (اشیا کی) عملی خاصیت : خاصۂ عمل : صلاحیت اثر انگیزی : صلاحیت اثر خیزی۔ (۱۹) کسی حرف یا علامت کے ذریعه ظاہر کی ہوئی آواز یا صوت : کسی خاص سیاق و سباق میں کسی لفظ یا محاورے سے پیدا شدہ معنی ۔ (۲۰) آزادئ عمل ۔ (۲۱)شخصی یا سماجی تفوق ، بالادستی یا غلبه : شخصی یا سماجی اثر ، رسوخ ۔ (۲۲) بین الاقوامی سطح پر اثر و اقتدار

To the best-/-uttermost-/-extent of one's power : جہاں تك مجھ سے هو سكتا هے : جہاں تك ميں اہل هوں: جہاں تك ہمارے دائرۂ اختيار ميں هے : حتى الوسع : حتى الامكان ۔

Power : (v) (۱) (انجن وغيره كو) قوت پہنچانا : حركى قوت بہم پہنچانا : حركى طاقت سے دهكيلنا ۔ (۲) طاقتور بنانا؛ تقويت دينا ۔

Power arm : (n) (ميكانيات) طاقت كا بازو ۔

Power car : (n) (۱) ريل كا ڈبا جو گرمى اور برقى قوت فراہم كرنے كے لئے مناسب مشينرى سے ليس رہتا هے: پاور كار : پاور والا ڈبا ۔ (۲) ريل كا ڈبا جو خود چل سكتا هو يا ٹرين كى طرح دوسرے ڈبوں كے ساتھ بهى چل سكتا هو : ريل كا خود كار ڈبا ۔

Power-dive : (v) انجن كى قوت سے (طيارے كا) هوا ميں غوطه لگانا : حركى قوت كو روكے يا انجن كو بند كئے بغير (طيارے كا) هوا ميں غوطه لگانا ۔

Power-dive : (n) (طيارے كا) غوطه جو انجن كو بند كئے بغير يا حركى قوت كو روكے بغير لگايا گيا هو : انجن كى قوت سے لگايا هوا غوطه ۔

Power duster : (n) كيڑا مارسفوف چھڑكنے والى زراعتى مشين جو موٹر كى طرح انجن كے ذريعه چلتى هے ۔

Power factor : (n) (برقيات) طاقت جز ۔

Power house : (n) (برقيات) پاور ہاؤس :طاقت گھر : بجلى گھر ۔

Power landing : (n) طيارے كا اس طرح اترنا كه جب تك پہيے زمين كو چھو نه ليں اس وقت تك قوت كا سلسله منقطع نہيں كيا جا تا هے (يعنى انجن كو چالو ركھا جاتا هے) ۔

Power-lathe : (n) ميكانكى قوت (پانى ، بهاپ وغيره سے) چلنے والى خراد مشين ۔

Power line : (n) (برقيات) برقى سلسلۂ طاقت ۔

Power-loom : (n) ميكانكى قوت (پانى ، بهاپ وغيره) سے چلنے والا كر گھا : پاور لوم (بمقابله ہاتھ كرگھا) ۔

Power-mill : (n) ميكانكى قوت (بهاپ وغيره) سے چلنے والى چكى يا مل ۔

Power of a point : (n) نقطے كى طاقت (به لحاظ دائره) ۔

ركھنے والى رياست ، حكومت ، ملك يا قوم ۔ (۲۳) (قديم) فوجى طاقت : فوج : لشكر : دَل ۔ (۲۴) كسى مشين كے استعمال سے حاصل شده ميكانكى فائده ۔

A bill to extend and define their powers : ايك مسودۂ قانون جس كا منشا توسيع و تعين اختيارات هے ۔

Balance of power : طاقت كا توازن : طاقت كا مساوى هونا ۔

Executive power : (سياسيات) عاملانه اختيار ۔

He is a man of varied powers : وه مختلف قابليتوں اور صلاحيتوں كا شخص هے : وه جامع الحيثيات هے ۔

Horse power : اسپى طاقت : گھوڑے كى طاقت ۔

In one's power : اپنے اختيار ميں : اپنے ہاتھ ميں :اپنے قابو ميں ۔

In power : برسراقتدار : صاحب اقتدار يا اختيار؛با اختيار ۔

It has a high heating power : اس ميں گرم كرنے يا هونے كى بہت زياده صلاحيت هے ۔

Mechanical powers : ميكانكى طاقتيں :ميكانكى قوتيں: معمولى مشينيں يا اوزار جن كے ذريعه قوتوں كو مفيد طلب طور پر استعمال كيا جاسكتا هے ۔ (ان كى چھ قسميں ہيں :۔ (۱) بيرم يا ليور ۔ (۲) پہيا اور دھرى ۔ (۳) گھرنى يا چرخى ۔ (۴) پچر (خانه)۔ (۵) ڈھلوان سطح ۔ (٦) پيچ : (اسكرو) ميكانكى اوزار : ميكانكى آلات ۔

Merciful powers : رحم دل ديوى : ديوتا وغيره ۔

More power to your elbow : (ہمت دلانے يا پسند كرتے وقت كہتے ہيں) خدا تمہيں فتح نصيب كرے : خدا تمہارے دست و بازو ميں قوت دے ۔

Peramount power : (سياسيات) مہاراجا دهيراج : شاہنشاه۔

The party now in power : وه سياسى جماعت جو آج كل بر سر اقتدار هے ۔

The powers that be : بر سر اقتدار اشخاص ۔

The press had not become a power in the state : رياست ميں پريس كو قوت حاصل نه تهى ۔

Power of attorney : (n) مختاری یا وکالت کا اختیار : پاور آف اٹارنی ۔

Power of pit and gallows : (Phr.) اسکاٹستانی قانون میں سابق امیروں یا تعلقہ داروں کو عطا کیا ہوا وہ اختیار یا استحقاق جس کے تحت وہ چوروں یا دوسرے سنگین مجرموں (مردوں) کو پھانسی دینے اور (عورتوں کو) کنویں وغیرہ میں ڈبونے کے مجاز تھے ۔

Power of the country . (n) دیکھو Posse comitatus

Power-politics : (n) وہ بین الاقوامی پالیسی جن کی بنیاد طاقت کی دھمکی پر ہو یا جس کے ساتھ یا جس کی پشت پر طاقت کی دھمکی ہو : پاور پالٹکس ۔

Power station : (n) دیکھو Power House

Power supply : (n) بجلی رسانی ۔

Power valve : (n) (ریڈیو) بر آمد والو : پاور والو ۔

Powerable : (a) طاقتور : قوی : زور آور : مقتدر : ذی اثر : غالب ۔

Powerboat : (n) موٹر بوٹ : خود کار کشتی : موٹر کشتی ۔

Powered : (a) قوت والا : قوت رکھنے والا : قوت پیدا کرنے والا : قوت کے ذریعہ دھکیلا جانے والا : قوت سے چلنے والا ۔

Powerful : (a) قوی : طاقتور : زور آور : صاحب اختیار : مقتدر : مختار : مجاز : ذی اثر : بار سوخ : کارگر : موثر : پر اثر : توانا : غالب : زبردست : تیز : شدید : (بازاری یا بول چال) بہت سا : بہت بڑی مقدار یا تعداد میں ۔

Powerful : (adv) بڑھ چڑھ کر : غالب ہو کر : نہایت : بے حد (بول چال یا بازاری) ۔

Powerfully : (adv) بزور قوت : طاقت سے : زور آور طور پر : با اثر انداز میں : با اختیار طور پر : بار سوخ انداز میں : زبردست طور پر : شدت سے ۔

Powerfulness : (n) زور : طاقت : قوت : اثر : رسوخ : اقتدار : اختیار : با لادستی ۔

Powerless : (a) نربل : کمزور : بے بس : غیر موثر : غیر مقتدر : نا اہل : (کسی) صلاحیت سے محروم : بے یار و مددگار : مجبور ۔

Powerlessly : (adv) بے بس ہو کر : غیر موثر طور پر : بہ حالت مجبوری : مجبور ہو کر : مجبوری یا ناطاقتی سے ۔

Powerlessness : (n) **بے بسی** : مجبوری : ناطاقتی : بے اختیاری ۔

Powerman : (n) **برقی طاقت** پیدا کرنے والے آلات کو نصب کرنے ، انہیں چلانے یا ان کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Powwow/ Pow-wow/ Pawaw : (n) [Algonquian, 'Powah, powwaw'.] (۱) (شمالی امریکا کے اصلی باشندوں میں) منتر اور جھاڑ پھونک سے علاج کرنے والا : جادو گر : ساحر : سیانا : ٹوناگر بھوپا : اوجھا ۔ (۲) ساحرانہ رسم : جنتر منتر : جھاڑ پھونک : ٹوٹکا : جتن جو دفع مرض یا کسی بات کے حاصل کرنے کے لئے کیا جائے : ساحرانہ مجلس (شمالی امریکا کے اصلی باشندوں میں) ۔ (۳) (امریکا) سیاسی مجلس : مجلس : محفل یاراں : رنگ رلیاں : گفت و شنید ۔ (کسی قسم کی) بات چیت ۔

Powwow : (v) [f. Prec.] (۱) **جادو کرنا** : سیانے یا طبیب کا پیشہ کرنا ۔ (۲) (شمالی امریکا کے اصلی باشندوں میں) ساحرانہ رسم یا جلسہ منعقد کرنا ۔ (۳) (امریکا) گفت و شنید کرنا : مشورہ کرنا : سیاسی جلسہ کرنا ۔ (۴) علاج کرنا : جادو ٹونے سے علاج کرنا : جنتر منتر یا جھاڑ پھونک کے ذریعہ علاج کرنا ۔

Pox : (n) [Altered spelling of 'Pocks'.] **مختلف بیماریوں کے نام** جن میں جلد پر آبلے یا گرمی دانے نکل آتے ہیں : چیچک : آتشک : سفلس ۔

Chicken-pox : **موتیا ستیلا** : چھوٹی چیچک ۔

Cow-pox : **گوتھن سیتلا** : جدری البقر : تھنوں کے دانے (جن سے ٹیکے کا مادہ حاصل کرتے ہیں) ۔

French-/Great-/Spanish pox : **آتشک** : سلفس ۔

Small-pox : **سیتلا** : چیچک : بڑی ماتا : جدری ۔

Pox : (v) **آتشک پھیلانا** : گرمی دانے پھیلانا : آتشک میں مبتلا کرنا ۔

Pozzolana/Pozzuolana : (n) [It. 'Pozz(u)olana'.] **آتش فشاں راکھ** (جو آبی سیمنٹ بنانے میں بہت استعمال ہوتی ہے اور مقام Pozzuoli کے قریب پائی جاتی ہے) نیز ایسی ہی مصنوعی راکھ : (ارضیات) برکانی راکھ ۔

Praam : (n) (بول چال) بچہ گاڑی : Pram کا متبادل ۔

Prabble : (n) **معمولی جھگڑا** ۔

Prabhu : (n) [Skt.] (۱) (ہندوستان) پربھو : مالک : آقا : حضور : عالی جناب : جہاں پناہ ۔ (۲) (ہندوستان) مغربی ہندوستان

Practicalize : (v) (شاذ) عملی بنانا (نظری ، خیالی یا مثالی کو) : صورت عمل میں لانا ۔

Practically : (adv) عملی طور پر : در اصل : عملاً : تقریباً ۔

Practically nothing : (n) قریب قریب کچھ نہیں : نہ ہونے کے برابر: در اصل کچھ نہیں ۔

Practicalness : (n) دیکھو Practicality

Practicals : (n) عملیات ۔

Practice : (n) [f. Practise after 'advice advise'.] (۱) مشق : مزاولت : معمول : دستور ۔ (۲) عادت : (سماجیات) رواج: دستور ۔ (۳) مہارت : ممارست ۔ (۴) (وکیل ، ڈاکٹر وغیرہ کا) پیشہ : حلقہ مؤکلین : مرجوعہ ۔ (۵) (قدیم) تجویز: سازش : ساز باز : ہتھکنڈے (عموماً جمع میں) ۔ (۶) (حساب تجارت) : حساب تجارت ۔

He has a large practice : اس کا بڑا مرجوعہ ھے : تجربہ کار : آزمودہ ۔

He has sold his practice : اس نے اپنا مرجوعہ بیچ دیا ۔

He makes a practice of cheating : دھوکا بازی اس کی عادت ھے ۔

In practice : (۱) عملی طور پر : عملاً : اصلاً : حقیقتاً ۔ (۲) دوران مشق : مشق کی حالت میں : مشق کرتے ہوئے (مہارت یا اہلیت کو قائم رکھنے کے لئے)۔ (۳) (وکیل ، ڈاکٹر وغیرہ) اپنے پیشے میں مشغول : پیشے میں ۔

It has been the regular paractice with him : یہ اس کا قدیم دستور یا معمول ھے ۔

It is good practice : یہ عمدہ مشق ھے ۔

It would never work in practice : عملاً یہ کارآمد نہ ہوگا ۔

Medical practice : طبابت ۔

Naval practice : بحری مشق ۔

Sharp practice : چالاکی : عیاری : (معاملات میں) ۔

Target practice : چاند ماری : نشانہ بازی : مشق نشانہ بازی ۔

کی ایک ذات ۔

Practicability : (n) [f. next.] قابل عمل : قابل عبور یا خوردنی ہونا : عملیت ۔

Practicable : (a) [Fr. 'Practicable'.] (۱) قابل عمل : سہل العمل : ممکن العمل : عملی ۔ (۲) (راستہ وغیرہ) قابل گزر : قابل عبور : (غذا) قابل استعمال ۔ (۳) تھیٹر وغیرہ میں در یچے ، کواڑ وغیرہ) اصلی : سچ مچ کا ۔

Practicableness : (n) قابل عمل : قابل عبور یا خوردنی ہونا : عملیت۔

Practicably : (adv) قابل عمل طور سے : عملی طور سے : قابل عبور طور پر ۔

Practical : (a) (۱) عملی (نظری کا نقیض) : جو عمل میں دکھایا جائے : عمل کا یا اس کے متعلق ۔ (۲) کار آمد : مفید : کار آمدنی: کام کا ۔ (۳) مشاق : تجربہ کار۔ (۴) جو کوئی خاص پیشہ ، فن وغیرہ کر رہا ہو ۔ (۵) مائل بہ عمل : عملی (خیالی یا مثالی کا نقیض) : عملی رجحان رکھنے والا ۔

It does not appeal to practical minds : عملی رجحان رکھنے والوں کو یہ پسند نہیں ۔

Practical agriculture : (n) عملی کھیتی : عملی کاشت : عملی زراعت ۔

Practical arts : (n) عملی فنون : دست کاریاں ۔

Practical atheist : (n) عملاً دہریہ ۔

Practical Astronomy : (n) عملی ہیئت ۔

Practical Chemistry : (n) عملی کیمیا : کیمیا گری : کیمیا سازی ۔

Practical joke : (n) مذاق کی حرکت : عملی مذاق ۔

Practical philosophy : (n) عملی فلسفہ ۔

Practical politics : (n) عملی سیاسیات ۔

Practical work : (n) عملی کام ۔

Practicalism : (a) عملیت : فعالیت : عملی باتوں کی طرف رجحان ۔

Practicalist : (n) عملیت کا حامی یا پیرو : عملی رجحانات رکھنے والا ۔

Practicality : (n) عملیت : عملی ہونے کی صفت : (نیز جمع) عملی بات : عملی چیز : عملی معاملہ ۔

To make a practice of something : کسی بات کی عادت بنا لینا : عادتاً (کوئی کام) کرنا : مصلحتاً (کچھ) کرنا : عادتاً یا مصلحتاً (کوئی پیشہ) اختیار کر لینا ۔

To put into practice : عمل میں لانا : رواج دینا :رائج کرنا: مشق کرانا : سدھانا : ورزش کرانا ۔

Practice curve : (n) (تعلیم) خط مشق ۔

Practice limit : (n) (نفسیات) حد مشق ۔

Practice makes perfect : (provb) مشق سے مہارت آتی ھے : کرتا استاد نہ کرتا شاگرد : کرتے کی بدیا ۔

Practice theory : (n) (نفسیات) نظریۂ مشق ۔

Practiced : (a) (۱) تجربہ کار : ماہر : آزمودہ کار : مشاق : ماہر فن : چابك دست ۔ (۲) عمل میں لایا ہوا : عمل کیا ہوا : مشق کیا ہوا ۔

Practicer : (n) (۱) کوئی کام یا پیشہ کرنے والا : کسی فن کا عملی مظاہرہ کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Practiser ۔

Practician : (n) [Fr.] کوئی پیشہ یا کام کرنے والا : پیشہ ور : کسی فن کا ظاہرہ کرنے والا : پریکٹیشنر ۔

Practise : (v) [med. L. 'Practizare'.] (۱) عادتاً کرنا : کیا کرنا : مشق کرنا ۔ (۲) عمل میں لانا : عادت ڈالنا ۔ (۳) کوئی پیشہ کرنا ۔ (۴) مشق کرانا : عادت ڈلوانا ۔ (۵) (قدیم) تجویز کرنا : سازش کرنا : فطرت لڑانا : عیاری کرنا ۔

To practise music : موسیقی کی مشق کرنا ۔

To practise religeon : مذہبی یا کلیسائی فرائض انجام دینا : کلیسائی احکامات پر پوری طرح عمل کرنا : نام نہاد مذہبی نہ ہونا بلکہ مذہبی ہونا (خصوصاً رومن کیتھولك چرچ میں) : قول و فعل میں یکسانیت رکھنا ۔

To practise running : دوڑنے کی مشق کرنا ۔

To practise the flute/ -piano : بانسری یا پیانو بجانے کی مشق کرنا ۔

To practise upon : چال بازی کرنا : عیاری کرنا: سازش کرنا : فطرت لڑانا : بہکانا : دغا دینا : آنکھوں میں خاك ڈالنا : (کسی شخص یا اس کے جذبات پر) چھا جانا : اثر انداز ہونا : دھوکا دینا : زور اعتقادی سے فائدہ اٹھانا ۔

Practised : (a) دیکھو Practiced

Practiser : (n) [ME. 'Practisour'.] کوئی کام یا پیشہ کرنے والا : کسی فن کا عملی مظاہرہ کرنے والا : کسی علم ، طرز زندگی یا طرز عمل کو عملی جامہ پہنانے والا : کسی نظریئے کو عمل کی صورت دینے والا : کسی خاص کام کو عادتاً کرنے والا : کسی عقیدے یا اخلاق پر عمل کرنے والا ۔

Practitioner : (n) [Extension with-ER of + 'Practitian'. Practician.] (۱) کسی فن ، پیشے یا کام میں عملاً مشغول شخص : خصوصاً طب ، جراحی یا قانون کی پریکٹس یا پیشہ کرنے والا : پیشہ ور طبیب ، وکیل ، جراح ۔ (۲) عادتاً کام کرنے والا : کسی بات کا عادی شخص : کسی بھی کام کی مشق کرنے والا ۔

General practitioner : طبیب عام (جو کسی خاص مرض کا ماہر خصوصی نہ ہو کہ بلکہ تمام امراض کا علاج کرتا ہو) : جو طبیب اور جراحی دونوں پیشہ کرتا ہو ۔

Medical practitioner : طبیب : ڈاکٹر ۔

Prad : (n) [By metathesis from Du. 'Paard'.] دیکھو Horse

Prae- : سابقہ بمعنی "پیشتر" : "قبل" ۔

Praecipe : (n) [L.] (۱) (قانون) وہ حکمنامہ یا رٹ جس میں کچھ کرنے کا مطالبہ ہو یا نہ کرنے کی صورت میں اس کی وجہ بتانے کی مانگ کی گئی ہو : حکم نامہ ۔ (۲) رٹ یا حکم نامہ جاری کرنے کے لئے دی گئی درخواست : درخواست جس کی بنیاد پر رٹ جاری کیا جاتا ھے ۔

Praecoces : (n) [L.] (۱)(حیوانیات) طیور پیش رس ۔ (۲)غیر پختہ: خام ۔

Praecocial : (a) [f. L. 'Praecoces'.] (وہ پرندے) جن کے بچے انڈے سے نکلتے ہی گھونسلے سے باہر آکر خود بخود دانہ چگنے لگتے ہیں : ایسے پرندوں کا یا ان سے متعلق : (حیوانیات) پیش رس۔

Praecocial birds : (n) (حیوانیات) طیور پیش رس ۔

Praecognitum : (n) [L. 'Papple. n. of 'Praecognoscere'.] پہلے سے جانی ہوئی بات : (خصوصاً) وہ چیز جسے مطالعے، تفتیش یا استدلال کی بنیاد کے طور پر پہلے سے جاننا ضروری ہو : اصول ۔

Praecordia : (n) [L. f. 'Prae-+-cord'.] (تشریح) پیش قلب : پسلی ۔

Praecordial : (a) (تشریح) پیش قلبی : قلب کے سامنے یا اس کے گرد واقع : دل کے سامنے کا : اطراف قلب کا ۔

Praedium : (n) [L.] جائداد غیر منقولہ : جائداد : اراضی : جاگیر ۔

Praedium rusticanum : (n) [L.] (یونانی و اسکاٹستانی قانون) شہر یا دیہات کی وہ زمین جس پر کوئی عمارت نہ ہو ۔

Praedium urbanum : (n) (یونانی و اسکاتسنانی قانون) شہر یا دیہات کی وہ زمین جس پر مکان یا کوئی دوسری عمارت موجود ہو اور جس سے لگی ہوئی زمین ان عمارتوں کی ضروریات کے لئے استعمال کی جاتی ہو : گھر باڑی۔

Praefloration : (n) (نباتیات) قبل شگفتگی ۔

Praefoliation : (n) (نباتیات) برگ آرائی ۔

Praemunientes : (n) [med. L. for L. 'Praemonentes'.] ایڈورڈ اول کے ۱۲۹۵ء کے حکمنامے کی وہ شق جس میں پارلیمنٹ میں مدعو کئے ہوئے اسقفوں اور صدر راہبوں کو یہ حکم دیا جاتا ھے کہ وہ چھوٹے یا کم رتبہ پادریوں کے نمائندوں کو بھی پارلیمنٹ میں اپنے ساتھ آنے کے لئے سمن یا اطلاع نامہ جاری کریں ۔

Praemunientes clause /-writ : (n) دیکھو Praemunietes

Praemunire : (n) [L.] وہ حکم نامہ جس کی رو سے ناظر یا شیرف اس شخص کو عدالت میں پیش کرتا ہو یا اس پر سمن جاری کرتا ہو جو انگلستان کو پاپائی اختیارات کے زیر اثر سمجھتا ھے : (نیز) رچرڈ دوم کا سولہواں قانون (Slatute) جو اس حکم نامے کی بنیاد ھے (Slatute of Praemunire) ۔

Praemunire : (v) کسی کے خلاف "رٹ آف پریمیو نائری" جاری کرنا : (تاریخ) قانون ہذا کی خلاف ورزی کے لئے سزا دینا ۔

Paremunire facias : (n) دیکھو Praemunire (n)

Praenomen/ Prenomen : (n) [L.] (عتیقیات روما) پہلا یا ذاتی نام : اصلی نام (بخلاف عرفی یا خاندانی نام) (مثلاً Marcus Tullius Cicero میں لفظ "Marcurus" : عیسوی نام جو عیسائی بنانے یا بپتسما لیتے وقت رکھا جاتا ھے) ۔

Praepostor / Prepostor : (n) [Syncopated of 'Praepositor', Prepositor.] بعض انگلش پبلک اسکول میں سینیئر طالبعلموں کو کہا جاتا ھے جنہیں کہیں پری فکٹ یا مانیٹر بھی کہتے ہیں : خلیفہ : مانیٹر : پری فکٹ پری پوزیٹر ۔

Praesepe : (n) (علم النجوم) عقد مہال : (حیوانیات) مہال : چھتہ ۔

Praesidium : (n) Presidum کا متبادل لفظ : (سیاسیات) صدریہ ۔

Praetarsus : (n) (حیوانیات) پیش حمارہ ۔

Praetexta / Pretexta : (n) [L. short for 'Toga praetexta'.] (عتیقیات روما) لمبا سفید چغہ جس کے کنارے یا بارڈر ارغوانی رنگ کے ہوتے تھے اور جنہیں ابتداءً بعض پادری اور مجسٹریٹ پہنتے تھے لیکن بعد میں اونچے طبقے کے بچے پہننے لگے (ان میں لڑکے قبائے بلوغت "Tog virites" ملنے سے قبل تک اور لڑکیاں شادی سے پہلے تک پہنتی تھیں) ۔

Praetor / Pretor : (n) [L.] (۱) (تاریخ روما) (ابتداءً) پریٹر : رومی قونصل بحیثیت قائد لشکر ۔ (۲) (بعدہٗ) مجسٹریٹ بہ اختیارات قونصل جس کا سالانہ انتخاب ہو : مجسٹریٹ قونصل ۔

Praetorial / Pretorial : (a) پریٹری : پریٹر کا یا اس سے متعلق ۔

Praetorian / Pretorian : (n) [L. 'praetorianus.'] (۱) پریٹری عہدے کا یا پریٹری حیثیت کا آدمی ۔ (۲) پریٹری گارڈ کا سپاہی : (مجازاً) کسی ایسی جماعت کا رکن جس کا کام ہی کسی نظام یا منظم طاقت کا دفاع کرنا ھے ۔

Praetorian /Pretorian : (a) (۱) پریٹر (رومی مجسٹریٹ) کا : پریٹر کے عہدے یا رتبے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رومی سپہ سالار یا شہنشاہ کے باڈی گارڈ کا یا اس سے متعلق : پیریٹری گارڈ کا : پریٹری سپاہیوں کا یا اس سے متعلق : (مجازاً) ضمیر فروش : ضمیر فروشی میں پریٹری سپاہیوں جیسا : پریٹری فوجی دستے جیسا ۔

Praetorianism : (n) فوجی مطلق العنانی : فوجی استبداد : (خصوصاً جب ضمیر فروشانہ ہو) ۔

Praetorium /Pretorium : (n) [L.] (۱) رومی کیمپ میں سپہ سالار یا کمانڈنگ جنرل کا خیمہ : وہ جگہ جہاں وہ خیمہ نصب تھا ۔ (۲) رومی صوبے کے گورنر کی عدالت یا اس کا محل : (قدرے وسیع معنوں میں) قدیم زمانے کے بادشاہ کی عدالت یا محل (نیز) ٹاؤن ہال وغیرہ ۔ (۳) روم میں پریٹری گارڈ کے (لوگوں کے) کوارٹرس ۔

Praetorship / Pretorship : (n) عہدۂ پریٹر : پریٹری : رومی پریٹر کا عہدہ یا اس کی مدت ۔

Pragmatic : (a) [Late L. 'pragmaticus'.] (۱) کسی فرقے یا ریاست

کے معاملات سے متعلق ۔ (۲) دخل انداز ؛ دخل در معقولات کرنے والا ۔ (۳) تحکمانہ : غیراستدلالی ؛ مستبد : بے اصول ؛ ادعائی : ہٹ دھرمی کا : خود رائے: ضدی ۔ (۴) نفس الامری ؛ امر واقعہ کا ؛ عملی ؛ کاروباری۔ (۵) (فلسفہ) عملیتی ؛ عجلت کا یا اس سے متعلق ؛ نتائجی ۔ (٦) تاریخی واقعات کو ان کے عملی سبق یا افادہ کو پیش نظر رکھ کر بیان کرنے والا ۔ (۷) (سیاسیات) مملکتی ؛ امور مملکت کا یا ان سے متعلق ۔

Pragmatic : (n) (۱) وہ شخص جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو مستعد ہو ؛ فضول خدمت یا فضول کار شخص؛ دخل در معقولات کا عادی ؛ خواہ مخواہ دخل دینے والا : خود بیں ؛ خود پسند یا شیخی باز شخص۔ (۲) دیکھو - Pragmatic sanction

Pragmatic philosophy : (n) عملی فلسفہ ۔

Pragmatic sanction : (n) کسی جماعت یا فرقے کے معاملات سے متعلق کوئی شاہی فرمان : بعض فرامین شاہی کا اصطلاحی نام جن کی حیثیت بنیادی قوانین یا مبادیات قانون کی سی ہے ؛ (خصوصاً) ۱۴۳۸ء میں فرانس کے چارلس ہفتم کا وہ فرمان جو Gallican clurch کی آزادی کی بنیاد بنا ؛ (اور) چارلس ششم کا وہ فرمان جس کی رو سے ۱۷۲۴ء میں حکومت آسٹریا کی جانشینی کا تصفیہ ہوا تھا : شاہی فرمان : منشور سلطانی ۔

Pragmatical : (a) (۱) خود بیں : خود نگر : خود پسند : خود پندار: بخود مغرور: ہٹ دھرم : ضدی : متعصب : ادعائی : غیر استدلالی : تحکمی : اصول پرست : نظریہ پرست : موجی : نرالا : انوکھا۔

Pragmaticality : (n) خود پنداری :خود رائی: ادعائیت :غیراستدلالیت: تحکم : ہٹ دھرمی : ضد : اصول پرستی : خود بینی : خود پسندی ۔

Pragmatically : (adv.) خود پنداری یا خود رائی سے : ادعائی یا غیر استدلالی طور پر : تحکمانہ : ہٹ دھرمی سے: ضد کے ساتھ : اصول پرستانہ ۔

Pragmaticalness : (n) دیکھو Pragmaticality

Pragmatism : (n) [f. Gr. 'pragma, pragmat -+- ism.] : (۱) مداخلت : (سماجیات) دخل در معقولات : دخل بیجا : مداخلت بیجا ۔ (۲) ضرورت سے زیادہ مستعدی: فضول خدمتی ؛ فضول کاری ۔ (۳) ادعائے فضیلت : ادعائے علم : علم فروشی: علم نمائی : ضابطہ پرستی : نظریہ پرستی ۔ (۴) بطور امر واقعہ پیش کرنا ؛ بطور نفس الامر پیش کرنا ۔ (۵) (فلسفہ) نظریۂ عملیت : یہ نظریہ کہ کسی شے کا معیار حقیقت صرف یہ ہے کہ اس کا انسانی اغراض و مفاد سے تعلق ہو : عملیت : نتائجیت ۔

Pragmatist : (n) (۱) (سماجیات) خدائی فوجدار ؛ ہر جگہ اور ہر بات میں دخل اندازی کرنے والا ؛ بخود مغرور یا ادعائی شخص ۔ (۲) (فلسفہ) قابل عملیت : قابل نتائجیت : نظریۂ عملیت کا پیرو یا قائل ۔

Pragmatistic : (a) (۱) خدائی فوج داری کی طرح کا۔ (۲) نظریۂ عملیت کا یا اس سے متعلق ۔

Pragmatize : (v) (خیالی ، مثالی یا موضوعی کو) اصل بناکر یااصلی کے طور پر پیش کرنا ؛ (استعارے، اساطیر وغیرہ کو) بالکل سچ اور حقیقی سمجھ لینا یا قرار دینا۔

Pragmatizer : (n) (خیال کو) اصلی کے طور پر پیش کرنے والا ؛ (اساطیر وغیرہ) سچ یا حقیقی سمجھنے والا یا قرار دینے والا ۔

Prairie : (n)[Fr. 'prairia.'] : گیاہستان:بے درخت وسیع گھاس دار میدان (نباتیات) مرغزار ؛ چمن زار ؛ سبزہ دار (خصوصاً) شمالی امریکا کے وسیع و مسطح گھاس دار میدان۔

Prairie-chicken : (n) شمالی امریکا کا ایك پاموز پرند۔

Prairie-dog : (n) گھونس کی قسم کا بڑا جانور جو زمین میں رہتا ہے اور کتے کی طرح بھونکتا ہے ؛ خرموش گیاہی ۔

Prairie- grouse : (n) دیکھو Prairie-chicken

Prairie -hawk : (n) چھوٹی قسم کا امریکی باز۔

Prairie -hen : (n) دیکھو Prairie-chicken

Prairie-marmot : (n) دیکھو Prairie-dog

Prairie-mole : (n) مغرب کے گیاہی میدانوں میں پائی جانی والی سفید چھچھوندر۔

Prairie oyster : (n) (۱) کچا انڈا جو سالم نگلا جائے ۔(۲) (خاص کر بول چال) (گائے کے) بچھڑے کا خصیہ جسے کھایا جاتا ہے ؛ (نیز) دیکھو Mountain oyster-

Prairie rattler / -rattlesnake : (n) مرغزاروں میں پائے جانے والے مختلف Rattle snakes میں سے کوئی ؛ گھاس کے میدانوں میں پایا جانے والا ٹیٹر یا سانپ۔

Prairie-rent : (n) (سیاسیات و معاشیات) گھاس کے میدان کا لگان: کسی بھی افتادہ یا بنجر زمین کا لگان ۔

Prairie-squirrel : (n) Spermophilus جنس کی شمالی امریکی زمین باش گلہری جو وسیع مرغزاروں میں رہتی ھے۔

Prairie state : (n) Illinois کی ریاست (امریکا) : (جمع میں) Illinois کے علاوہ Wisconsin , Iowa , Minnesota اور ان سے جنوب کی ریاستیں ۔

Prairie-turnip : (n) شمالی مغربی امریکا کا روئیں دار پودا جو جڑی بوٹی کی قسم سے ھے : اس پودے کا نشاستہ دار بصلہ جسے کھاتے ہیں : امریکی شلجم ۔

Prairie value : (n) (سیاسیات، معاشیات) گھاس کے میدانوں کا لگان : کسی بھی افتادہ یا بنجر زمین کا لگان ۔

Prairie- warbler : (n) مشرقی شمالی امریکا کا چھوٹا Warbler (زمزمہ پرواز پرند) : امریکی بلبل ۔

Pairie-wolf : (n) شمالی امریکی بھیڑیا : گرگ نیستاں (نیز Coyote) ۔

Praisable : (a) قابل تعریف : لائق ستائش: مستحسن : لائق تحسین لائق حمد و ستائش: حمیدہ : سراہنے جوگ ۔

Praisableness : (n) لائق ستائش ہونا : مستحسن ہونا : حامل اوصاف حمیدہ ہونا : استحسان ۔

Praisably : (adv.) مستحسن انداز میں : بہ اوصاف حمیدہ : قابل تعریف انداز میں : لائق ستائش یا لائق تحسین طور پر ۔

Praise : (n) [f. next.] (۱) تعریف کرنے کا عمل : تعریف : توصیف: کسی شخص یا چیز کی قدروقیمت یا شرف و فضیلت بتانا : ستائش : تحسین و آفرین ۔ (۲) حمدوثنا : مدح : مدحیہ قصیدہ : نعت: منقبت : تحمید : تسبیح : تمجید : حمد ۔ (۳) بنائے تعریف : وجہ تعریف :اوصاف حمیدہ ۔

Praise : (v) [OFr. 'preisier.'] (۱) تعریف و توصیف کرنا : مدح و ثنا کرنا : تحسین و آفرین کہنا : سراہنا : ستائش کرنا ۔ (۲) خدا کی حمد و ثنا کرنا : تحمید و تمجید کرنا : تسبیح کرنا : مدح کرنا : مدحیہ قصیدہ پڑھنا : نعت پڑھنا : بڑائی بیان کرنا ۔

Praiseful: (n) مادحانہ : مداحانہ : ثنائیہ : تعریف سے بھرا ہوا :تعریفی : ستائشی : پرتعریف: پرستائش : پرازحمد: حمید ۔

Praisefully : (adv.) پرستائش انداز میں : تعریفی انداز میں: مداحانہ: حمدیہ انداز میں ۔

Praisefulness : (n) مداحی : تحمید : پرستائش ہونا : تعریف سے بھرا ہونا : تعریفی ہونا : قابل تعریف ہونا۔

Praiser : (n) تعریف و تحسین کرنے والا : حامد : حمدوثنا کرنے والا : ستائش گر: ثنا خواں : مداح : نعت گو: نعت خواں: قصیدہ خواں ۔

Praiseworthily : (adv.) لائق تعریف طور پر : مستحسن طریقے سے: از روئے استحسان : پسندیدہ طور پر ۔

Praiseworthiness : (n) لائق تعریف ہونا : مستحسن ہونا : پسندیدگی استحسان ۔

Praiseworthy : (a) قابل تعریف: لائق حمد و ثنا: لائق تحسین و آفریں : مستحسن : حمیدہ : سراہنے جوگ : پسندیدہ : لائق حمد ۔

Prakrit : (n) [Skr. 'prakrta.'] پراکرت : مرکزی اور شمالی ہندوستان کی عوامی زبانوں یا بولیوں کا نام جو سنسکرت سے نکلیں یا اس کے ساتھ ساتھ زندہ رہیں ۔

Prakritic : (a) پراکرت زبانوں کا یا ان سے متعلق ۔

Praline /Prawline : (n) [Fr. 'praline.'] پرالین : ایک قسم کی مٹھائی جو میوؤں کی گریوں کو شکر کے قوام میں ڈال کر بناتے ہیں : ابلتے ہوئے قوام میں ڈال کر بھونی ہوئی گری یا بادام ۔

Pram /Praam : (n) [MDU. 'prame, prem.'] (۱) چپٹے پیندے کی ہلکی کشتی جو بحیرۂ بالٹک اور نیدرلینڈ میں اسباب لے جانے کے لئے استعمال ہوتی ھے ۔ (۲) چپٹے پیندے کی کشتی جس پر توپیں رکھی ہوئی ہوں : مسلح پرام ۔ (۳) ڈونگا : زورق : اسکینڈنیویائی جہازی کشتی ۔

Pram : (n) [Abbrev. of Perambulator.] (۱) (بول چال) بچوں کی ٹھیلا گاڑی جسے پیچھے دھکیلا جاتا ھے Peram bulator کا مخفف ۔ (۲) گوالے کی ٹھیلا گاڑی : دودھ بیچنے والے کا ٹھیلا ۔

Pramnian : (a) [L. 'pramnium.'] (عتیقات روم و یونان)سمرناکی نواح میں بننے والی ایک شراب : (Pramnian wine) ۔

Prana : (n) [Skr.] (تھیوسونی) اصل حیات : سرچشمۂ حیات :روح : جان : جی : پران ۔

Pranic : (a) سرچشمۂ حیات کا یا اس سے متعلق : پران سے متعلق روحی -

Prance : (n) [f.next.] گھوڑے کی پچھلے پاؤں سے اچھل کود: کلیل۔

Prance : (v) [Of unkn. origin.] (۱) (گھوڑے کا) جست کرنا : پچھلے پیروں سے اچھلنا کودنا : کلیل کرنا: اسی طرح اچھلتے ہوئے چلنا ۔ (۲) اس طرح سے گھوڑے کو کدانا ۔ (۳) پچھلے پیروں سے اچھلتے ہوئے گھوڑے کی سواری کرنا : (گھوڑے کو) اس طرح چلانا ۔ (۳) ایلے گیلے پھرنا یا چلنا : بغلیں بجانا : خوش خوش پھرنا : اتراکر چلنا : اکڑنا : اینٹھ کر چلنا : شان سے چلنا : شاداں و فرحاں پھرنا : مگن ہوکر چلنا ۔

Prancer : (n) پچھلے پیروں سے اچھلتے ہوئے چلنے والا گھوڑا: مگن ہوکر چلنے والا شخص : شاداں و فرحاں پھرنے والا : اتراکر یا اکڑکر چلنے والا ۔

Prancing proconsuls : (n) اتراکر چلنے والے رومی گورنر ۔

Prandial : (a) [L. 'prandium.'] طعام (ڈنر) کے متعلق یا اس کا۔

Prandially : (adv.) ڈنر کے سلسلے میں : طعام کے سلسلے میں۔

Prank : (n) [Of unkn. origin.] (۱)شوخی: شرارت : دل لگی : کلیل: اٹھکیلی: عملی مذاق : مذاق کی حرکتیں: جانوروں کی وہ حرکتیں جب وہ فوج میں ہوں ۔ (۲)(مشین وغیرہ کی) دو لابی حرکت : بے قاعدہ حرکت ۔

Prank : (v) [Of unkn. origin]:(بول چال) اچھل کود کرنا : کلیل کرنا: کدکڑی مارنا : موج میں یا خوشی میں ناچنا کودنا : رقص کرنا ۔

Prank : (v) [rel. to MLG. 'prank.'] (۱) آراستہ کرنا : سجانا : لباس پہنانا: بھڑک دار طور پر آراستہ یا ملبوس کرنا۔ (۲) لباس پہننا : لباس سے آراستہ ہونا : بننا : سنورنا : سجنا۔ (۳) رنگ برنگے انداز میں آراستہ کرنا : سلمے ستارے ٹانکنا یا جڑنا : ستارے ٹانکنا۔

To prank it : لباس پہننا : بھڑک دار طور پر آراستہ ہونا : بننا : سنورنا: سجنا ۔

Prankful/ Prankish : (a) شوخی بھرا : شوخ : شرارت آمیز : مائل بہ مذاق: شوخیانہ : شرارت بھری : شوخی جیسا: کلیل پر آمادہ ۔

Prankishness : (n) شوخی یا شرارت بھرا ہونا : کلیل بازی : شوخی۔

Pranksome : (a) شوخی کا عادی : شرارت باز : شوخی باز : کھلاڑی : شوخ طبع ۔

Prase : (n) [L. 'prasius.'] عقیق سبز : سبز گار ۔

Praseodymium : (n) [G. 'praseodym.'] (کیمیا) پریزیوڈیمیم Lanthanide سلسلے کا ایک عنصر جو دیکھنے میں لوہے جیسا ہوتا ہے (جوہری نمبر ۵۹ علامت Pr) ۔

Praseolite : (n) [Sw. 'praseolith.'(Lolite)] (معدنیات) آیولائٹ (Iolite) کی ایک شکل ۔

Prasine : (n) [med. L. prasina. '] ایک سبز رنگ کی معدنی چیز: Pseudo- malachita. کا مترادف ۔

Prasine : (a) [L. 'prasinus'] Leek جیسا : لیک کی طرح سبز رنگ کا (شاذ) ۔

Prasinus : (n) [L.] (نباتیات) کاہی سبز : سبز کاہی ۔

Praso - : (comb.) یونانی لفظ Prason سے مشتق: سابقہ بمعنی کاہی سبز : لیک (Leek) -

Prasophagous : (n) کاہی سبز خور : لیک خور: لیک کھانے والا ۔

Prat : (n) کمینہ : گرا ہوا : گھٹیا۔

Prate : (n) [f.next.] بکواس : یاوہ گوئی : ہرزہ سرائی : فضول گوئی: بک بک : چخ چخ : جھک جھک : بسیار گوئی ۔

Prate : (v) [(M) LG., (M) Du, 'praten.'] (۱) بکواس کرنا :بک بک کرنا : چخ چخ کرنا : حد سے زیادہ بولنا : فضول گوئی کرنا ۔ (۲) بکواس کے انداز میں کہنا یا بولنا : بے تکے پن سے بیان کرنا : ایک ہی بات کو بلا ضرورت بار بار بولنا۔

Prater : (n) بکی : بکو : بکواسی : یاوہ گو : ہرزہ سرا : بسیار گو : باتونی ۔

Pratfall/Prattfal : (n) (۱) چوتڑ پر لات ۔ (۲) ہتک آمیز بات: ذلت آمیز واقعہ : اہانت آمیز غلطی : ذلیل و رسوا کرنے والی بات ۔

Pratie : (n) [by alter.] (اینگلو آئرش بول چال) آلو: پوٹاٹو۔

Pratimoksha/ Pratimokkha : (n) [Pali & skr. f. skr 'pratimoksa.'] خانقاہی یا راہبانہ ضبط نفسی کے بودھ قاعدے : بودھوں کے ضبط نفس کے اصول ۔

Pratincole : (n) [mod . L. 'pratincola.'] (طیوریات) ابابیل جیسی صورت و سیرت والا پرندہ : (حیوانیات) زقزاقِ ابابیل ۔

Prating : (n) (۱) بیہودہ بکواس: احمقانہ گفتگو یا فضول گوئی : بیوقوفانہ بك جھك ۔ (۲) متواتر چخ چخ کسی پرند کی فطری آواز جو مسلسل چخ چخ معلوم ہو ۔

Prating : (a) ہرزہ سرائی : یاوہ گو: فضول گو: بکواسی۔

Pratingly : (adv.) چخ چخ کرتے ہوئے: بك بك جھك جھك کے انداز میں ۔

Pratique : (n) [Fr. 'pratique.'] وہ اجازت نامہ جو اس جہاز کو دیا جاتا ہے جو قرنطینہ میں رہ چکتا ہے یا جو صحت نامہ دکھا چکتا ہے جس کی رو سے اہل جہاز کو بندر گاہ سے معاملہ کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔

Pratique boat : (n) قرنطینہ کے افسر کی کشتی ۔

Pratique house : (n) قرنطینہ کے افسر کا مکان ۔

Prattle : (n) [f. next.] طفلانہ گفتگو : بچوں کی سی باتیں : بسیار گوئی : بچوں کی سی بکواس : چھوٹی موٹی باتیں ۔

Prattle : (v) [MLG. 'pratelen, 'f. 'praten.' Prate (v)] (۱) بچوں کی سی گفتگو کرنا ۰ سادگی اور بھولے پن سے باتیں کرنا۔ (۲) بچوں کی طرح یا سادگی اور بھولے پن سے کچھ کہنا : باتونی ہونا: بچکانہ انداز میں باتیں کرنا ۔ (۳) چھوٹی موٹی باتوں کے لئے بك بك کرنا: بسیار گو ہونا ۔ (۴) بچوں کا بولنا (پہلے Prate کے معنوں میں مستعمل تھا) ۔

Prattlement : (n) بچکانہ بك بك : طفلانہ گفتگو : بچوں کی سی باتیں : بسیار گوئی : باتونی پن (شاذ) ۔

Prattler : (n) (۱) بچوں کی سی باتیں کرنے والا: سادگی اور بھولے پن سے گفتگو کرنے والا : فضول گو: بسیارگو: باتونی : (خصوصاً) باتونی بچہ یا ہر وقت بولنے والا بچہ ۔ (۲) بچہ (اس کی گفتگو کے لحاظ سے) طوطا (استعارتاً) ۔

Prattling : (a) بچوں کی سی باتیں کرنے والا : باتونی : بسیارگو۔

Pravity : (n) [L. 'pravitas. 'pravus.'] (۱) (شاذ) انسان کی خِلقی بدی : سفلہ پن : برائی : شیطنت : شیطانی صفات۔ (۲) (اشیائے خوردنی کا) خراب یا بگڑا ہوا ہونا: تعفن : سڑاند : بساند: مادی یا جسمانی خرابی ۔

Prawn : (n) ['prayne , prane, 'of unkn. origin.] جھینگا مچھلی : ایك لمبی دم والا دہ پایہ چھوٹا آبی قشریہ جو شرمپ (Shrimp) سے بڑا ہوتا ہے ، یہ سواحل برطانیہ پر عام طور سے پایا جاتا ہے اور کھایا جاتا ہے : (حیوانیات) جراوۃ البحر : میگوماہی۔

Preaxeological : (a) انسانی اعمال و اطوار کے مطالعے سے متعلق ۔

Praxeology / Praxiology : (n) انسانی اعمال و اطوار کا مطالعہ ۔

Praxinoscope : (n) [Fr. ' praxinoscope.'] (بصریات) حرکت بیں: عمل بیں : Zoetrope سے مشابہ ایك سائنسی کھلونا جس میں مسلسل یا سلسلہ وار تصویروں کا انعکاس حقیقتاً متحرك چیز کی صورت پیدا کرتا ہے (اور دیکھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ چیز ہی متحرك ہے) ۔

Praxis : (n) [med. L. 'praxis.'] (۱) مسلمہ دستور : رواج : رسم و رواج ۔ (۲) (صرف و نحو) مشقی سوالات: تمرین : مثال کے طور پر حل شدہ سوال ۔

Praxitelean : (n) [Pramiteles. ' Greek Sculptor.] چوتھی صدی قبل مسیح کے یونانی سنگ تراش یا نقاش Praxiteles کا : اس سے متعلق یا اس کی خاصیت کا : Praxiteles کی نقاشی یا بت تراشی کا : اس سے متعلق یا اس کی خاصیت کا ۔

Praxiteles : (n) [Gr.] (۱) (علم النجوم) قلم نقاش ۔ (۲) چوتھی صدی قبل مسیح کا یونانی بت تراش ۔

Pray : (v) [OFr. 'preier.'] (۱) (خدا سے) دعا مانگنا: (معبود سے) التجا کرنا ۔ (۲) التماس کرنا : منتیں کرنا : التجاکرنا (خدا سے یا کسی شخص سے کسی چیز یا کسی کام کے لئے) ۔ (۳) عبادت کرنا: نماز پڑھنا: پوجا پاٹ کرنا: (خدا کی) بندگی میں مشغول ہونا ۔ (۴) منت و سماجت سے (کوئی چیز) مانگنا: چاہنا : درخواست کرنا ۔

Praya : (n) (۱) ساحل : کنارہ (دریا یا سمندر کا)۔ (۲) دامنِ کوہ یا وادی ۔

Prayer : (n) [ME OFr. 'preiere.'] (۱) دعا : التجا : استدعا ۔ (۲) مناجات : دعا ۔ (۳) نماز : عبادت : وظیفہ : ورد : پوجا پاٹ ۔ (۴) عبادت گزاری : نماز گزاری۔ (۵) التماس : درخواست : عرض ۔ (۶)وہ چیز جس کی دعا یا التجا کی جائے : چیز جو مانگی جائے۔ (۷) ایك خاص دعا (The Lord's prayer) کا نام : دعائے عیسوی ۔ (۸) کسی عرفی یا عرض داشت کا وہ حصہ جس میں التماس ہو ۔

Book of Common Prayer : کلیسائے انگلستان کی دعاؤں کی کتاب۔

Call to prayer : (دینیات) اذان۔

The Lord's Prayer : ایک خاص دعا کا نام : دعائے عیسوی جو خود حضرت عیسیٰ نے اپنے شاگردوں کو بتائی تھی۔ (متی ٦ : ١٢.٩)۔

Prayer /Pray-er : (n) ملتمس : ملتجی : عرض گزار : التجا کرنے والا : دعا کرنے والا : درخواست یا التماس کرنے والا : مانگنے والا : عابد : زاہد : عبادت گزار : پجاری: دعا خواں۔

Prayer-bead : (n) تسبیح : دانہ ہائے تسبیح۔

Prayer bones : (n) گھٹنے۔

Prayer-book : (n) مختلف مناجاتوں یا دعاؤں کی کتاب خصوصاً کلیسائے انگلستان کی Book of Common Prayer : کتاب دعا : کتاب نماز۔

Prayer-carpet : (n) جا نماز۔

Prayer -mat : (n) نماز کی چٹائی : صف : جا نماز۔

Prayer -meeting : (n) جماعت : جماعت عبادت : جماعت نماز : جلسہ جس میں لوگ جمع ہوکر دعائے خیر میں شریک ہوتے ہیں : مجلس دعا : مجلس نماز۔

Prayer-rug : (n) جا نماز : سجادہ۔

Prayer-tower . (n) (مسجد کی) اذان گاہ : معمار اذان : مینار مسجد جس پر بنے چھجے سے اذان دی جاتی ھے۔

Prayer-wheel : (n) ایک پہیا جو ایک استوانے کے سہارے گھومتا رہتا ھے اس میں دعائیں لکھی رہتی ہیں جو پہیے کے گھومنے سے یکے بعد دیگرے سامنے آتی ہیں : تبت میں بدھ متی اس پہیے کا گھمانا ادائے عبادت و دعا سمجھتے ہیں: چرخ عبادت یا دعا : دولاب عبادت یا دعا۔

Prayerful : (a) (١) عبادت گزار : زاہد : متقی۔ (٢) عبادت گزارانہ : زاہدانہ۔

Prayerfulness : (n) دینداری : عبادت گزاری : زہد و اتقا۔

Prayerless : (a) (١) بے نماز : غیر عبادت گزار۔ (٢) (اوقات، مقامات یا حالات) جن میں نماز یا عبادت نہ کی جاتی ہو : اوقات، مقامات یا حالات مکروہ یا ممنوعہ۔

Prayerlessly : (adv.) بے نماز ہوکر : غیر عبادت گزارانہ : عبادت کئے بغیر۔

Prayerlessness : (n) بے نمازی : غیر عبادت گزاری۔

Praying : (n) عبادت : نماز : دعا: التماس : التجا: عرضی: عرض داشت : درخواست : پوجا پاٹ۔

Praying : (a) عبادت کرنے والا : عبادت گزار : عابد : زاہد: نمازی: پجاری : دعا خواں : ملتمس : ملتجی : عرض گزار: درخواست کنندہ۔

Praying-carpet /-mat /-rug : (n) دیکھو Prayer-mat

Prayin-cylinder/ -dram/ -jenny/ -machine/ -wheel : (n) دیکھو Prayer wheel

Praying - insect / -locust / -mantis : (n) : جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا : اس کیڑے کی ایک قسم جو اگلے پیر اس طرح رکھتا ھے جیسے نماز کے لئے ہاتھ باندھے ہو: نمازی کیڑا۔

Praying scarf / -shawl : (n) ایک قسم کا رومال یا شال جو یہودی عموماً نماز میں اوڑھے رہتے ہیں : تالیث۔

Prayingly : (adv.) عبادت گزارانہ : نمازیانہ : نمازی یا عبادت گزار کے سے انداز میں۔

Prays letters : (n) (طب) مختلف سمتی حروف : دعائیہ کلمات۔

Pre - : (prefix) [L. 'prae.'] : (سابقہ بمعنی) (بلحاظ وقت) پہلے: آگے : قبل : پیش : (بہ لحاظ مقام) آگے : سامنے : (بہ لحاظ سلسلہ) آگے : پیشتر: مقدم : (بہ لحاظ اہمیت) مقدم : (افعال و اسمائے افعال کے ساتھ ان معنوں میں آتا ھے) "پہلے سے کرنا یا جو پہلے سے کرلیا گیا ہو"۔

Pre- abdomen : (n) (Latreille کے مطابق) قشریوں کے معدے کے اول پانچ حصوں یا قاشوں کا نام: بچھو کے پیٹ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ : پیش معدہ۔

Pre-acquaint : (v) پہلے سے اطلاع دینا : قبل از وقت خبر دینا :پہلے سے بتا دینا۔

Pre- adamite/ -Preadamite : (n) [mod. L. 'praeadamita.'] آدمؑ سے قبل کرۂ ارض کا باشی انسان : (بشریات) قبل آدمؑ انسان : وہ شخص جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا: وہ نسل یا قوم جو عہد آدمؑ سے پہلے (زمین پر) آباد

تھی : اس نسل کا فرد جس کی نسبت کہا جاتا ھے کہ آدم سے قبل گزری ھے ۔ (۲) (بشریات) معتقد قبل آدم انسان : قبل از آدم کرۂ ارض پر وجود انسانی کا معتقد: (خصوصاً) Isaac Lapeyrire اس عقیدے کو ماننے والا کہ صرف یہودی حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں اور غیر یہودی اس شخص کی نسل سے ہیں جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا ۔

Pre-adamite : (a) (۱) جو آدمؑ سے پہلے موجود تھا : قبل آدم : قبل از آدم : ما قبل آدم : آدمی سے پہلے کا: نوع انسانی سے قبل کا. (۲) زمانہ ما قبل آدمؑ کا: عہد آدمؑ سے پہلے کا : آدمؑ سے پہلے کی نسل کا : عہد آدمؑ سے قبل موجود شخص یا نسل کا ۔

Pre-adamitic/ -al : (a) ما قبل آدم : آدم سے قبل جو کچھ موجود تھا؛ قبل آدم: قبل از آدم: آدمی سے پہلے کا : نوع انسانی سے قبل کا: عہد آدم سے قبل کا : جو آدم سے پہلے گزرا ھو ۔

Pre-adamitism : (n) (کرۂ ارض پر) قبل از آدم وجود انسان کا عقیدہ۔

Pre-adaptation : (n) (حیوانیات) پیش توافق ۔

Pre- admission : (n) قبل از وقت داخلہ : پیش داخلہ : داخلۂ ماقبل: (خصوصاً) کسی بھاپ انجن کے استوانے میں (قبل از وقت) بھاپ کی ایک مخصوص مقدار کا داخل ھوجانا ۔

Pre- admonish : (v) پہلے سے آگاہ کرنا: متنبہ کرنا ۔

Pre- admonition : (n) پہلے سے آگاہ کرنا : تنبیہ ۔

Pre- adolescence : (n) مراہقت : پیش بلوغ : (انسان کے) بلوغ سے پہلے کا زمانہ (یعنی ۹ تا ۱۲ سالگی) ۔

Pre- advertisement /-advertising : (a) قبل اشتہاری : اشتار سے پہلے کا : اس زمانے کا یا ان دنوں کا جب اشتہار کا رواج نہ تھا : اشتہار بازی سے پہلے کا ۔

Pre-advise : (v) پہلے سے نصیحت کرنا یا اطلاع دینا ۔

Pre-albuminuric : (a) (طب) بول زلالی سے پہلے کا : البومینوریا سے پہلے کا : پیشاب میں البومن آنے سے پہلے کا ۔

Pre-Alfredian : (a) پیش الفریڈی : الفریڈ سے پہلے کا : قبل از الفریڈ۔

Pre-anaesthetic : (a) پیش مخدراتی : مخدرات کے استعمال سے پہلے کا۔

Pre-announce : (v) پہلے سے اعلان کرنا یا اطلاع دینا۔

Pre-announcement : (n) پیش اعلان : پیش اطلاع : پیش خبری ۔

Pre- antiquity : (n) قدامت سے پہلے کا وقت ، زمانہ یا انسان : زمانۂ قدیم سے پہلے کا یا قدما سے پہلے کا دور۔

Pre-aortic : (a) (تشریح، حیوانیات) قلب کے بائیں جوف سے نکلنے والی بڑی شریان کے سامنے کا (حصہ یا عضو) : پیش اورطی : پیش نیطی ۔

Pre-appoint : (v) پہلے سے (وقت وغیرہ کا) تعین یا قرار کرنا۔

Pre-appointment : (n) پہلے سے کیا ھوا تعین یا قرار ۔

Pre-apprehension : (n) (۱) پیش خیالی : پیش خیال: خدشہ ۔ (۲) خطر : پیش اندیشگی (کہ نہ جانے کیا ھوا)۔

Pre-arrange : (v) پہلے سے ترتیب، تنظیم یا تجویز کرنا : پہلے سے طے کرلینا۔

Pre-arrangement : (n) قبل از وقت ترتیب : پہلے سے کیا ھوا انتظام؛ قبل از وقت ترتیب و تنظیم ۔

Pre-artistic : (a) پیش فنی : آرٹ یا فن کے ظہور سے پہلے کا۔

Pre- Aryan : (a) پیش آریائی : قبل آریائی : آریائی (تہذیب، نسل وغیرہ) سے پہلے کا : آریوں سے پہلے کا ۔

Pre-assurance : (n) (۱) پیشگی ضمانت : پہلے سے حاصل شدہ ضمانت : پہلے سے دی ھوئی ضمانت ۔ (۲) پیش یقینی : آنے والی بات کا پہلے سے یقین ھونا؛ متیقن پیش اندیشگی ۔

Pre-assure : (v) پیشگی ضمانت دینا یا لینا : پہلے سے یقینی بنانا۔

Pre-audience : (n) (وکیل وغیرہ کا) حق سماعت ما قبل : (فریق سے) پہلے سنے جانے کا حق ۔

Pre- audit : (n) (معاشیات) پیش محاسبہ۔

Pre-axial : (a) (تشریح) جسم یا کسی عضو کے محور کے سامنے یا اس سے پہلے واقع ھوکر۔

Pre-boding : (n) پیش گوئی: پیش اندیشگی ۔

Pre-bronchial : (a) (حیوانیات، تشریح) نرخرے کے سامنے یا اس سے پہلے کا (حصہ یا عضو خصوصاً پرندوں میں ھوا

کی تھیلی جو دونوں جانب ہوتی ہے)؛ پیش شعبی شعبی یا قصبی نالی سے پہلے یا اس کے سامنے کا۔

Pre-calcuable : (a) پہلے سے حساب کئے جانے کے لائق؛ لائق پیش تخمینہ : قابل پیش اندازہ : پیش تخمینی۔

Pre-calculate : (v) پہلے سے حساب کرلینا؛ پہلے ہی حساب لگا لینا : پہلے سے تخمینہ یا اندازہ کرنا؛ پہلے شمار کرلینا یا اندازہ لگالینا؛ پیش تخمینہ کرنا۔

Pre-calculation : (n) پیش تخمینہ : پیش اندازہ : پہلے سے حساب کر لینے کا عمل۔

Pre-cambrian : (a) پیش کیمبری : کیمبرین سے قبل کا؛ کیمبرین سے پہلے کی تمام ارضیاتی تاریخ کا یا اس سے متعلق؛ باشندۂ ویلس سے پہلے کا۔

Pre-cambrian : (n) پیش کیمبری زمانہ : پیش کیمبری چٹانیں یا چٹانوں کا نظام۔

Pre-cancel : (v) (ڈاک ٹکٹوں کو) استعمال سے پہلے رد کردینا۔

Pre-cancel/Pre-cancellation : (n) (ڈاک ٹکٹوں کو) استعمال سے پہلے رد کردینے کا عمل۔

Pre- cast : (a) (کنکریٹ) جو تعمیر میں استعمال ہونے سے پہلے سانچوں میں ڈھالی جائے۔

Pre-central : (a) پیش مرکزی۔

Pre-ceramic : (a) مٹی کی برتن سازی کے معلوم ہونے سے پہلے کے عہد یا تہذیب کا یا اس سے متعلق : عہد برتن سازی سے قبل کا۔

Pre-cerebellar : (a) پیش دمیغی یا پیش مغز کی (شریان)؛ دمیغ سے پہلے کی (شریان)۔

Pre-chamberlain : (a) قبل حاجبی : حاجب یا چیمبرلین سے پہلے کا؛ پیش چیمبرلینی۔

Pre-Christian : (a) (۱) قبل مسیحی : عہد عیسوی سے پہلے کا؛حضرت عیسیٰؑ کی ولادت سے پہلے کے عہد کا یا اس سے متعلق : قبل عیسوی : قبل مسیح۔ (۲)عیسائیت سے پہلے کا : قبل عیسائیت۔

Pre-civilization : (a) قبل از تہذیب : تہذیب انسانی سے پہلے کا؛ دور وحشت کا۔

Pre-classical : (a) پیش کلاسکی : قبل کلاسیکی : کلاسیکی دور سے پہلے کا : کلاسیکی سے پہلے کا؛ رومی و یونانی عہد ادبیات کے قبل کا : عہد ادبیات عالیہ سے قبل کا۔

Pre-Columbian : (a) کولمبس کے ذریعہ امریکا کی دریافت سے قبل کا یا اُس دریافت سے قبل کے زمانے کا۔

Pre-condemn : (v) پہلے سے قصور وار ٹھہرانا : عیب لگانا : سزا دینا : رد کرنا۔

Pre-condition : (n) شرط ما قبل۔

pre-conqueror : (a) ولیم فاتح سے قبل کا۔

Pre-conquest : (a) قبل از فتح : فتح سے پہلے کا : فتح نارمنی سے پہلے کا : فتح نارمن کے عہد سے پہلے کا؛ فتح نارمن کے عہد سے قبل موجود۔

Pre-conscious : (a) (نفسیات) قبل شعوری؛ شعور سے پہلے کا :کسی خاص نوع کے شعوری عمل سے پہلے کا؛ ما قبل شعور : ما قبل ادراک۔

Pre-consider : (v) پہلے سے غور کرنا ، جانچنا ، تخمینہ کرنا،سوچنا۔

Pre-considration : (n) قبل از وقت غور ، فکر یا تامل : ابتدائی غور و تامل۔

Pre-contract : (n) عہد ماقبل : معاہدۂ ما قبل : پہلے سے موجود معاہدہ : وہ معاہدہ یا سمجھوتا جو قبل ہی کیا جا چکا ہو :(سماجیات) معاہدۂ سابق: منگنی : معاہدۂ شادی قبل از نکاح : معاہدۂ ازدواج ما قبل۔

Pre-contract : (v) (۱) منگنی کرنا : نکاح یا شادی کا عہد کرنا؛ پہلے سے شادی کا عہد کرلینا : معاہدۂ از دواج ما قبل کرنا۔ (۲)معاہدہ ما قبل کرنا : پیشگی معاہدہ کرنا۔ (۳) پہلے سے (عادات و خصائل) اختیار کرنا۔

Pre-coracoid : (a) (حیوانیات) پیش غرابیہ : غرابی ہڈی سے پہلے کا۔

Pre-coracoid : (n) (حیوانیات) پیش غرابیہ ہڈی : غرابی ہڈی سے پہلے والی ہڈی یا باکَری۔

Pre-cordial /Praecordial : (a) (تشریح) پیش قلبی : قلب کے سامنے یا اس کے گرد واقع : شراسیقی : دل کے سامنے کا؛ اطراف قلب کا۔

Pre-costal : (a) پسلیوں کے سامنے کا : پیش جنسی۔

Pre-critical : (a) (۱) قبل تنقیدی : تنقید سے پہلے کا : پیش تنقیدی: قبل از تنقید : امانوئل کانٹ کی Critique of Pare Reason کی اشاعت سے قبل کا۔ (۲) تنقیدی صلاحیت پیدا ہونے سے قبل کا۔

Pre-cuneus/ Praecuneus : (n) [L. 'prae+cuneus.'] (تشریح) دماغ کی وہ چوکور گوشک (چھوٹی لَو) جوفانہ نما عضو (Cuneate) کے فوراً پہلے یا سامنے واقع ہو۔

Pre-cursive : (a) ابتدائی : تمہیدی : پہلے کا : پیش رو کا کام دینے والا۔

Pre-cursor : (n) [L. 'praesursor .'] (۱) مقدم : سابق : پیش رو:نقیب (خصوصاً یوحنا اصطباغی) ۔ (۲)سابق عہدہ دار : پیش رو عہدہ دار ۔

Pre-cursorship : (n) (۱) پیش روئی : پیش رو کا عہدہ یا اس کے کام: نقابت۔ (۲)سبقت : تقدم : وقوع ما قبل : قبل واقع ہونا۔

Pre-cursory : (a) [L. 'praecursorius.'] ابتدائی : تمہیدی: پہلے کا : پیش رو کا کام دینے والا : افتتاحی ۔

Pre-cursory : (n) ابتدائی حالت یا علامت : بنیاد: حقیقت: مقدمہ : شے ما قبل : واقعہ ما قبل : (اشخاص کے) گذشتہ حالات.

Pre-Darwinian : (a) پیش ڈارونی : ڈارون سے پہلے کا : ڈارون کے عہد سے پہلے کا یا اس سے متعلق: ڈارون کے نظریے کی اشاعت یا اعلان سے قبل رائج عقیدوں کا یا ان سے متعلق۔

Pre-Darwinian : (n) ڈارون کے نظریے کی اشاعت سے قبل رائج عقیدوں کو ماننے والا : ڈارون سے پہلے کے عقائد کا ماننے والا : پیش ڈارون نظریات و عقائد کا حامی.

Pre-Darwinianism : (n) ڈارونی نظریے کی اشاعت سے قبل کے عقائد.

Pre-date : (n) تاریخ ماقبل : کسی اخبار کی وہ اشاعت جس پر روز اشاعت کے بعد کی تاریخ ہوتی ہے : قبل از وقت اشاعت ۔

Pre-date : (v) (۱) تاریخ ما قبل ڈالنا : اصل تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا۔ (۲) تاریخ سے پہلے ہونا : پہلے واقع ہونا.

Pre-define : (v) پہلے سے تعین، تحدید، تعریف، وضاحت کرنا، پہلے سے طے کرنا: پہلے سے مقرر کرنا: پہلے سے فیصلہ کرلینا.

Pre-definite : (a) پیشگی مقرر کیا ہوا : پہلے سے متعین : پہلے سے طے کیا ہوا: پہلے سے تعریف یا تحدید کیا ہوا : پیشگی طے شدہ یا فیصل شدہ۔

Pre-definition : (n) پہلے سے کیا ہوا ارادہ، فیصلہ، تعین وغیرہ : پہلے سے کی ہوئی تحدید، تعریف وغیرہ : پیش تعین : پیش تحدید : پیش انفصال۔

Pre-design : (v) پہلے سے نقشہ یا منصوبہ تیار کرنا: پہلے سے خاکہ یا ڈیزائن تیار کرنا۔

Pre-designate : (a) (۱) پہلے سے نامزد یا مخصوص کیا ہوا : پہلے سے متعین کیا ہوا : جس کی پہلے سے صراحت کی ہوئی ہو : پہلے سے ملقب یا موسوم : پہلے سے مقرر۔ (۲) (منطق) (اصطلاح یا قضیہ) جو پہلے سے تعین تعداد کی علامت کا حامل ہو: جس سے پہلے ہی تعین تعداد کی علامت ظاہر ہو (مثلاً None, all وغیرہ)۔

Pre designation : (n) (۱)سابقہ تخصیص، تعین، تقرری، صراحت یا نام زدگی۔ (۲) (منطق) کسی اصطلاح یا قضیے سے پہلے آئی ہوئی علامت تعداد : سابقہ علامت تعداد: وہ علامت تعداد جو کسی قضیئے یا اصطلاح سے قبل آئی ہو.

Pre-destinate : (a) [eccl. L. 'praedestinatus.'] مقدر: تقدیر میں لکھا ہوا : پہلے سے مقرر کیا ہوا : ازل سے تعین شدہ.

Pre-destinate : (n) وہ شخص جس کا مقدر حیات جاودانی ہو: زندہ جاوید شخص۔

Pre-destinate : (v) [f. eccl. L. 'praedestinare.'] (۱) مقدر کرنا : تقدیر میں لکھنا۔ (۲) پہلے سے تہیہ کرلینا : پہلے سے مقرر کرلینا۔ (۳) خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں پہلے سے نجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا۔ (۴) (انسان کا) پہلے سے کسی چیز کا مقدر کرلینا.

Pre-destination : (n) [eccl. L. 'praedestinatio.'] (۱) قضا وقدر۔ (۲)تقدیر : قسمت : سرنوشت : نصیب ۔

Pre-destine : (v) [eccl. L. 'praedestinare.'] (۱) پہلے سے مقرر کرنا : مقدر کرنا : تقدیر میں لکھنا۔ (۲) خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں پہلے سے نجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا.

Pre-destiny : (n) مقدر: تقدیر : پہلے سے مقررشدہ بات : نصیب: قسمت : سرنوشت: قضا و قدر : مقدر ازلی : جو بات روز اول سے مقدر ہوچکی ہو۔

Pre-determinate : (a) [f. Predetermine] مقدر : پہلے سے مقرر شدہ :

پہلے سے طے شدہ : مقدر کیا ہوا : قسمت میں لکھا ہوا۔

Pre-determination : (n) [f.L. 'praedeterminare'.] (۱) ارادہ ، فیصلہ، تعین یا تحدید جو پہلے سے کرلی جائے: فیصلۂ قبلی ۔ (۲) تقدیر : قسمت : مقدر : سرنوشت: نصیبا: قضا و قدر ۔

Pre-determine : (v) [Late & med. L. 'praedetermina'.] (۱) پہلے سے مقرر کرنا ، طے کرنا ، فیصلہ کرلینا ۔ (۲) مقدر کرنا، قسمت میں لکھنا: تقدیر میں لکھنا ۔ (۳) (کسی پر کوئی طرزعمل اختیار کرنے کے لئے) اثر ڈالنا (یا اس کو) راغب کرنا ۔ (۴) (کچھ کرنے کے لئے) پہلے ہی سے طے کرلینا : پہلے ہی سے سوچ سمجھ لینا یا ارادہ کرلینا ۔

Pre-determined : (a) پہلے سے سوچا سمجھا ہوا : پہلے سے مقرر کیا ہوا : پہلے سے طے کیا ہوا : پہلے سے مقدر کیا ہوا : پہلے سے متعین کیا ہوا ۔

Pre-determined behaviour : (n) قبل مقرر کردار : پیش معینہ کردار ۔

Pre-determined cost : (n) پیش معینہ لاگت : کسی چیز کی پیداوار سے قبل ہی تخمینہ کی ہوئی لاگت ۔

Pre-determinedly : (adv.) پہلے سے سوچے سمجھے انداز میں: پہلے سے طے شدہ طور پر : پیش معینہ انداز میں ۔

Pre-diastolic : (a) قبل از انبساط قلب : دل یا شریان کے پھیلنے سے قبل واقع ہونے والا یا سنی جانے والی (آواز وغیرہ)۔

Pre-digest : (v) معدے میں جانے سے پہلے ہی غذا کو زود ہضم بنا دینا ۔

Pre-digestion : (n) معدے میں جانے سے پہلے غذا کو مصنوعی طریقوں سے زود ہضم بنا دینا : انہظام پیشین : انہظام پیشین کا طریقہ ۔

Pre-dravidian : (n) (خاص کر ہندوستان میں) ایک مخصوص نسل کا شخص جس کے بارے میں ماہرین بشریات کا خیال ہے کہ وہ Negrito اور Proto-Australoid یا Veddoid کی دوغلی شکل ہے ۔

Pre- echo : (n) صوت بندی میں مشین کی خرابی کے باعث پہلے ہی ریکارڈ ہوجانے والی آواز جو ریکارڈ بجاتے وقت اصل آواز سے پہلے سنی جاتی ہے ۔

Pre-edipal phase : (n) (نفسیات) قبل مادری خلط حالت۔

Pre-elect : (v) پہلے سے انتخاب کرنا ۔

Pre-election / Prae-election : (n) انتخاب ما قبل : سابقہ انتخاب : سابقہ پسند : قبل از وقت انتخاب: پیشگی انتخاب۔

Pre-election : (a) قبل انتخاب: (پارلیمانی یا دیگر) انتخابات سے پہلے واقع ہونے والا : انتخاب سے پہلے دیا ہوا: انتخاب سے قبل کا ۔

Pre-election promises : (n) انتخاب سے پہلے کے وعدے یا عہدوپیمان۔

Pre-eminence/-eminency : (n) [Late L. 'praeeminentia'.] تفوق : امتیاز : افضلیت: فوقیت : برتری : سرفرازی: فضیلت: قابل ترین ہونا ۔

Pre-eminent : (a) [f. L. 'praeeminere'.] سب پر فائق : افضل :ممتاز : برتر : سرفراز: اعلیٰ: قابل ترین ۔

Pre-eminently : (adv.) اعلیٰ طور پر : افضل طور پر: سب پر فائق ہوتے ہوئے : قابل امتیاز طور پر : سرفراز ہوکر۔

Pre-empt : (v) [Back -formation f. Pre+ temption.] (۱) از روئے حق شفعہ حاصل کرنا ۔ (۲) (امریکا) حق شفعہ کے حصول کے لئے (اراضئ جمہور پر) قبضہ کرنا ۔ (۳) (مجازاً) پہلے سے قابض ہوجانا: اپنے تصرف میں لانا : ہتھیالینا ۔ (۴) (برج) ضرورت سے زیادہ بڑھ کر بولی دینا (تاکہ حریفوں کو مزید بولی دینے کی گنجائش نہ رہے اور حلیف کی (پتے پھینٹنے کی) باری ختم ہوسکے۔

Pre-empted : (a) (قانون) مشفوعہ ۔

Pre-emption : (n) [med. L. 'praeemptio'.] دوسروں کو خریدنے کا موقع دیئے بغیر کسی شخص کا کوئی اراضی خرید کرنا : اس طرح خرید کرنے کا حق : حق شفعہ : شفعہ ۔

Pre-emptive : (a) (۱) حق شفعہ کا : شفعانہ : حق شفعہ جیسا : حق شفعہ سے متعلق ۔ (۲) (برج میں) ضرورت سے زیادہ بڑھ کر بولی دینے سے متعلق ۔

Pre-emptive bid : (n) برج میں ضرورت سے زیادہ بڑھ کر دی ہوئی بولی تاکہ حریفوں کو مزید بولی دینے کی گنجائش نہ رہے اور حلیف کی (پتے پھینٹنے کی) باری ختم ہوسکے۔

Pre-emptor : (n) حق شفعہ کے ذریعہ اراضی پر قبضہ کرنے والا :شافع۔

Pre-engage : (v) (۱) پہلے سے پابند عہد و پیمان کرلینا : عہد و پیمان کے ذریعے پہلے سے پابند کردینا : قانوناً یا اخلاقاً پہلے

Pre-existentism : (n) یہ نظریہ کہ جسم (میں آنے) سے قبل بھی روح کا وجود تھا۔

Pre-glacial : (a) دور برفانی سے قبل کا : برفانی دور سے پہلے کا؛ (ارضیات) قبل یخی۔

Pre-Hellenic : (a) پیش ہیلینی : پیش یونانی : خالص یونانیوں سے پہلے کا۔

Pre-ignition : (a) (برقیات، انجینیئرنگ) قبل اشتعال؛ وقت سے پہلے جل اٹھنا یا مشتعل ہوجانا۔

Pre-indicate : (v) پہلے سے ظاہر کرنا۔

Pre-intimate : (v) پہلے سے اطلاع دینا : خبر دینا۔

Pre-Islamic : (a) قبل اسلامی؛ ما قبل اسلام : قبل از اسلام : دین اسلام سے پہلے کا۔

Pre-limit : پہلے سے محدود کرنا : پہلے سے تحدید کرنا۔

Pre-lingual : (a) پیش لسانی : (کسی) زبان کے وجود میں آنے سے پہلے کا : زبان کے علم، استعمال یا ارتقا سے قبل کا۔

Pre-linguistic : (a) دیکھو Pre-lingual

Pre-literacy : (n) کسی معاشرے یا تہذیب کا وہ زمانہ جب لکھنے پڑھنے یا تحریری دستاویزات رکھنے کا رواج نہ تھا۔

Pre-literate : (a) (۱) تحریر کے رواج سے پہلے کا (کلچر وغیرہ)۔ (۲) تہذیبی ارتقا کی اس منزل سے پیچھے جہاں تحریری زبان کا استعمال ہوتا ھے جو تہذیبی ارتقا کی اس منزل تک نہ پہنچا ہو جہاں تحریری زبان زیر استعمال ہو۔ (۳) جو لکھنا نہ جانتا ہو : ان پڑھ؛ اُمّی۔

Pre-literate : (n) اُمّی شخص : ان پڑھ آدمی : وہ آدمی جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو۔

Pre-marital : (a) (سماجیات) قبل ازدواجی۔

Pre-marital license : (n) (سماجیات) قبل ازدواجی آزاد روی : شادی سے قبل جنسی آزادی۔

Pre-marriage : (a) قبل ازدواج : قبل از مناکحت : قبل از شادی : شادی سے پہلے کا۔

Pre-marxian : (a) کارل مارکس یا اس کے سماجیاتی عقائد سے پہلے کا۔

ہی پابند کرلینا یا معاہدے کا پابند بنالینا : پہلے ہی معاہدہ کرلینا معاہدۂ ما قبل سے پابند کرنا (خصوصاً) منگنی یا نسبت کے معاہدے کے ذریعہ پابند کرلینا : پیمان مناکحت کا پابند کرلینا : پیمان مناکحت کرنا۔ (۲) پہلے سے اپنے حسب خواہ بنالینا : پہلے ہی مائل کرلینا؛ (کسی کی جانب سے) پہلے ہی بدظن کردینا : پہلے ہی دل جیت لینا : پہلے سے اپنے لئے مقرر کرلینا یا ٹھہرا لینا۔

Pre-engagement : (n) معاہدۂ ما قبل : (خصوصاً) شادی سے قبل بات پکی کرلینا : پیچان مناکحت : پیمان شادی؛ معاہدہ ماقبل شادی : پہلے سے عہد و پیمان کا پابند ہونا یا کرنا۔

Pre-establish : (v) پہلے سے قائم کرنا۔

Pre-established harmony : (n) پہلے سے قائم شدہ ہم آہنگی (خصوصاً مواد اور ذہن کے درمیان قبل تخلیق)۔

Pre-estimate : (v) پہلے سے اندازہ لگانا؛ تخمینہ کرنا : پیش اندازہ یا پیش تخمینہ کرنا۔

Pre-estimation : (n) پیش اندازہ : پیش تخمینہ۔

Pre-eternity : (n) پیش ابد : پیش ابدیت؛ وجود ما قبل ابدیت۔

Pre-exile : (a) یہودیوں کے اخراج یا بل سے قبل کا : جلاوطنی یااخراج یہود سے قبل کا : صیہونی تاریخ کے اس دور سے متعلق جو یہودیوں کے اخراج بابل سے قبل تھا۔

Pre-exilian /-exilic : (a) [f. Pre + L. 'exiliam'.] دیکھو Pre-exile

Pre-exist : (v) [Fr. 'preexister'.] (۱) پہلے سے موجود ہونا : موجودہ زندگی سے پہلے موجود ہونا یا وجود رکھنا : مادی تجسیم سے قبل خیالی وجود رکھنا؛ خیالی طور پر موجود ہونا : روحانی وجود رکھنا (جسمانی وجود سے پہلے)۔ (۲) (کسی چیز سے) پہلے موجود ہونا : (کسی چیز سے) مقدم ہونا۔

Pre-existence : (n) موجودگی ما قبل؛ وجود ما قبل (خصوصاً روح کا جسم میں آنے سے پہلے) : (جسم پانے سے پہلے) وجود روحانی : (دینیات) ازلیت : تقدم : تقدیم۔

Pre-existent : (a) جو پہلے سے موجود ہو : جو کسی شخص، چیز، یا واقعے سے پہلے موجود ہو : مقدم : قدیم الوجود؛ متقدم : قدیم : (دینیات) ازلی۔

Pre - mastery : (n) ضرورت سے پہلے کسی ہنر یا مہارت کا حصول۔

Pre- matrimonial : (a) شادی سے قبل واقع ہونے والا : جو شادی سے قبل واقع ہو ۔

Pre-maturation : (n) معمولاً یا غیر معمولی طور پر بہت جلد یا قبل از وقت سن بلوغ کو پہنچ جانا یا مکمل ہو جانا؛ پیش رسی: کچاپن ۔

Pre-mature : (a) [L. 'praematurus.'] قبل ازوقت :پیش رس:زودرس : نوسیده: غیر پخته : عاجلانه :ادھورا : خام ۔

Pre-mature birth /-delivery : (n) (طب)کچا بچه : قبل از وقت ولادت۔

Pre-mature death : (n) قبل ازوقت موت ۔

Pre-mature ejaculation : (n) (طب)سرعت انزال۔

Pre-maturely : (adv.) تناسب : متوقع یا معمولی وقت سے پہلے :قبل از وقت: عاجلانه:جلدی سے۔

Pre-matureness : (n) قبل ازوقت ہونا :خامی: کچاپن :پیش رسی: ادھوراپن ۔

Pre-maturity : (n) (۱)قبل ازوقت پختگی: پیش رسی:قبل ازوقت اکملیت خامی: کچاپن: ادھورا پن۔ (۲)(کسی عمل یا واقعے کی)عجلت :سرعت :جلدی : قبل ازوقت ہونا : غیر ضروری عجلت یا تعجیل: شتابی : جلد بازی : ہڑبڑی :اوتاؤلاپن:نا عاقبت اندیشی۔

Pre-meditated : (a) بالعمد:پہلے سے سوچاہوا :قصدًا ۔

Pre-meditatedly : (adv.) عمداً:پہلے سے سوچ سمجھ کر: ٹھان کر: قصداً : نیت سے یا نیت کرکے۔

Pre-meditation : (n) [L.'praemeditatio'.] پہلے سے سوچنا :ٹھان لینا: تجویزکر رکھنا:بالعمد: سوچ سمجھ کر تجویز یا منصوبه کرنا: فکر قبل:تجویز قبل :قصدو نیت: پیش اندیشی۔

Pre-melting : (n) پگھلاؤ کے نقطے سے قبل جزوی پگھلاؤ۔

Pre-menarche: (n) لڑکیوں کا وہ عہدعمر جو آغاز حیض سے قبل ہوتا ھے عہد ماقبل ازآغاز ماھواری :لڑکیوں کے عنفوان شباب سے قبل کا زمانه۔

Pre-menarcheal : (n) لڑکیوں کی عمر کے اس دور سے متعلق جو آغاز حیض سے قبل گزرتا ھے؛ لڑکیوں کے عنفواں شباب سے قبل کے زمانے سے متعلق۔

Pre-Mendelian : (a) Mendel کے نظریات یا قوانین(توالدوتناسل) کے علم یاانہیں قبول کئے جانے سے پہلے کا۔

Pre-menopausal : (a) اختتام حیض سے فوراًپہلے کے دور کا، اس سے متعلق یا اس میں ہونے والا قبل ازانقطاع طمث۔

Pre-menopause : (n) اختتام حیض(جو عموماً۴۵تا۵۰کی عمر میں ہوتا ھے)سے فوراً پہلے کا دور یا وہ عضویاتی حالت جو اس دور میں ہواکرتی ھے۔

Pre- menstrual : (a) حیض سے فورًا پہلے کی مدت کا یا اس سے متعلق ۔

Pre-menstruum : (n) حیض سے فورًا پہلے کی مدت یاعضویاتی (جسمانی)حالت ۔

Pre-mentioned : (a) پہلے سے بتایا ہوا: جس کی پہلے سے نشان دہی کی جاچکی ہو۔

Pre-meridian : (a) قبل ازدوپہر:دوپہر سے قبل واقع ہونے والا۔

Pre-messianic : (a) کسی مسیحا یا نجات دہنده کے ظہور سے قبل موجودیا واقع ہونے والا۔

Pre-metallic : (a) دھاتوں کے استعمال کے علم سے پیشتر کا :پیشتر فلزاتی دھاتوں کے علم سے پہلے کا۔

Pre- monarchical : (a) ماقبل شہنشا ہی :شخصی حکومت سے پہلے کا : شنشاہیت سے پہلے کا ۔

Pre-monish : (v) پہلے سے وارننگ دینا :پہلے سے متنبه کرنا ۔

Pre-monition : (n) [Late L. 'praemonition '] (۱)پہلے سے خبردار کر دینا : پیش آگاہی :پیش خبری :آنے والے واقعات سے پہلے آگاہ کردینا:آنے والے واقعے کی پہلے ہی بوسونگھ لینا یا پہلے ہی بھانپ جانا ۔ (۲)(نفسیات) انداز :اخطار :پیش اند یشگی:پیش استباہ ۔

Pre-moniter : (n) پہلے سے خبردار کرنے والا :پہلے سے متنبه کرنے والا: نذیر :آنے والے واقعات سے پہلے ہی آگاہ کر دینے والا۔

Pre-monitorily : (adv.) پہلے سے خبردار کرتے ہوئے: پیش آگاہانه: پیش خبرانه : نذیرانه ۔

Pre-monitory : (a) پیش آگاہی کرنے والا : آگاہی بخش: قبل از وقت متنبه کرنے والا : (طب) منذره۔

Pre-monitory signs/-symptoms : (n) (طب)منذرات : علامات منذرہ۔

Pre-muhammadan : (a) دیکھو Pre-Islamic

Pre-mutiny : (a) پیش ازغدر :غدر یا بغاوت سے پہلے کا۔

Pre-Newtonian : (a) نیوٹنی فلسفے یا طبیعیات کے رواج سے قبل کا: قبل نیوٹنی: پیش نیوٹنی ۔

Pre-Norman : (a) پیش نارمن :نارمن قوم سے پہلے کا :(انگلستان) فتح نارمن سے قبل کا۔

Pre-notice : (n) پیش اطلاع :اطلاع یاتنبیه جو پہلے دی گئی یا وصول کی گئی ہو۔

Pre-opercle : (n) (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی ۔ (۲)دیکھو pre-operculum ۔

Pre-opercular :(a) [f.next] (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی کا یااس سے متعلق۔ (۲)(نباتیات) (پودوں کے) سر پوش یا (کائیوں کے) ڈوڈے کا ڈھکن کا یا اس سے متعلق :نیزبطور اسم بمعنی -pre-operculum

Pre-operculum /Prae-operculum : (n) [f.Pre+operculum.] (۱)مچھلیوں کے گلپھڑے کے ڈھکن کی چار ہڈیوں میں سب سے اگلی ہڈی۔(۲)(نباتیات)(پودوں کا)سر پوش یا (کائیوں کے)ڈوڈے کا ڈھکن۔

Pre-opinion : (n) پہلے سے قائم کی ہوئی رائے۔

Pre-optic : (a) کسی بصری عضو یا حلقے کے سامنے واقع۔

Pre-option :(n) پہلی پسند(جودوسروں سے پہلے ظاہرکی گئی ہو) : پہلے پسند کرنا یا انتخاب کرنے کا حق۔

Pre-oral : (a) (حیوانیات)پیش دہنہ : پیش دہنی :منہ سے پہلے کا (حصه یا عضو)۔

Pre-orbital : (a) (تشریح وحیوانیات)خانۂ چشم کے سامنے واقع : چشم کے سامنے واقع :پیش محجر۔

Pre-orbital : (n) (تشریح وحیوانیات)خانۂ چشم کے سامنے والی ہڈی یا ابھار: پیش محجری ہڈی یا ابھار۔

Pre-ordain : (v) [repr. late L. (vulg.) 'praeordinare .'] پہلے سے مقرر کرنا:پہلے سے تقدیر میں لکھ دینا: مقرر کرنا۔

Pre-ordinate : (n) [Late L. (vulg) ' pracodinatua '] پہلے سے مقرر کیا ہوا :پہلے سے تقدیر میں لکھا ہوا: پہلے سے مقدر کیا ہوا۔

Pre-ordination : (n) (شاذ) مقدر۔

Pre-phthisical : (a) سل یا دق سے پہلے کا: پیش ازدق یاسل۔

Pre-placement : (a) نوکری یا کام ملنے سے قبل کا : نوکری یا کام لگنے سے قبل (واقع)ہونے والا۔

Pre-placental : (a) آنول نال کی تشکیل سے قبل کا : آنول نال کی تشکیل سے قبل موجود یا پیدا ہونے والا۔

Pre-plan : (v) پہلے سے سوچنا سمجھنا یا منصوبه تیار کرنا:پہلے سے منصوبه باندھنا یا بنانا:پہلے سے تیار کرنا یا تجویزکرنا:پیش بندی کرنا:پہلے سے ٹھان لینا۔

Pre-plot :(n) پیش ماجرا۔

Pre-preference / -preferential : (a) (حصص ، دعویٰ وغیرہ) قبل ترجیحی۔

pre-prophetic : (n) قبل نبوی: نبوت سے پہلے کا:قبل ازنبوت۔

Pre-pub : (n)[by shorteinng .] کسی کتاب یادیگر مطبوعه چیزوں کی وہ کاپی جو قبل اشاعت جاری کر دی گئی ہو: قبل اشاعت جاری شدہ کاپی۔

Pre-pubertal · (a) (حیوانیات، عضویات) پیش بلوغی :بلوغت سے قبل کا : پیش ازبلوغ :قبل بلوغی۔

Pre-puberty : (n) (خصوصاً آدمی کا)عنفوان شباب:عہد عنفوان : بلوغت سے فوراً پہلے کا زمانہ:(وسیع معنوں میں) بچپن سے لے کرجوان ہونے سے قبل تك کا زمانہ: پیدائش سے عنفوان شباب تك کا زمانہ(انسان یا بڑے فقری حیوانات کا)۔

Pre-publication : (n) کسی کتاب یا دیگر مطبوعه چیزوں کی وہ کاپی جوقبل اشاعت جاری کر دی گئی ہو:قبل اشاعت جاری شدہ کاپی۔

Pre-publish :(v) اشاعت سے پہلے جاری کرنا(کسی کتاب وغیرہ کی کوئی مطبوعه کاپی)۔

Pre-Raffaelite : (n) (۱)قبل رفائیلی فن کار یا صنّاع جو ایسے نمونے پیش کرتا ہوجو رفائیل کے زمانے سے پہلے رائج تھے (خصوصاً Pre-Raphaelite Brotherhood کا کوئی

فن کار ۔(۲)قبل رفائیلی مصور : وہ مصور جو رفائیل سے پہلے گذرا ہو ۔

Pre-Raphael : (a) قبل رفائیلی۔

Pre-Raphaelism/Prae-: (n) (۱)دیکھو Pre-Rephalitism (۲)(رسکن اوردوسرے لوگوں کے مطابق)رفائیلی سے پہلے کے مصوروں(یانقاشوں) کا فن ۔

Pre-Raphaelite/ Prae- : (n) [f. Pre-+ Raffael (It. Raffaele.) +ite-] دیکھو Pre-Raffaelire

Pre-Raphaelite / Preraphaelite / Prae-/Praeraphaelite : (a) (۱)قبل رفائیلی مصوروں یا فن کاروں کا : ان سے متعلق یا ان کی خاصیت کا : قبل رفائیلی : ر فائیلی سے پہلے کا ۔

Pre-Raphaelite Brotherhood : (n) انجمن قبل رفائیلی؛رفائیلی برادری : فن کار ان یاصناعان انگلستان کی ایک جماعت جس میں ہالمین ہنٹ(Halman Hunt) ملائیس (Millais)اور ڈی ،جی، روزیٹی(D.G.Rossetti) شامل ھے۔

Pre-Raphaelitism/Preraphaelitism / Prae-Raphaelitism / Praeraphaelitism : (n) قبل رفائیلیت :قبل رفائیلی انجمن اور اس کے پیروؤں کے اصول، طریقے یا طرز مصوری یا نقاشی : (کبھی کبھی)شاعری اور دیگر فنون میں بھی اس کے مماثل رجحان پر اطلاق ھوتا ھے۔

Pre-reformational : (a) پیش اصلاحی: پیش تجدیدی :قبل اصلاحی: قبل تجدیدی :اصلاحات یورپ سے قبل کا : تجدید مسیحیت سے قبل کا ۔

Pre-selective : (a) (گیئر) سے پہلے ہی منتخب کیا اور لگایا جا سکے۔

Pre-selector : (n) وہ گیئرجسے پہلے ہی منتخب کیا اور لگایا جاسکے۔

Pre-separation : (n) قبل علیحدگی۔

Pre-sternal : (a) [f.next] (تشریح)پیش قصّی: چھاتی کے اگلے حصے کا یا اس سے متعلق ۔

Pre-sternum / Praesternum : (n) (۱)(حشریات)کیڑے کے سینے کی ہڈی کا اگلا حصہ یا ٹکڑا۔ (۲)(تشریح)پیش قصّی: چھاتی کی ہڈی کا اگلا حصہ:انسان کے سینے کی ہڈی کا پہلا ٹکڑا۔

Pre-stressed : (a) تار وغیرہ بچھاکر :مضبوط کی ہوئی(کنکریٹ)۔

Pre-telegraphic : (a) قبل تلغرافی :ٹیلیگرافی سے پہلے کا۔

Preach : (v) [ME. 'preche,] (۱) وعظ کرنا : خطبہ دینا۔ (۲) (وعظ) کہنا : خواہ مخواہ اخلاقی نصیحتیں کرنا : پند و نصیحت فرمانا۔ (۳) (تقریر کے ذریعہ) (انجیل کی) تفسیر کرنا : تعلیمات مسیح کا اعلان کرنا : تشریح کرنا : سمجھانا۔ (۴)ذہن نشیں کرنا؛ سمجھانا : توضیح کرنا (تقریر کے ذریعہ) ۔ (۵) (کسی عقیدۂ اصول وغیرہ کی تعلیم یا دعوت دینا : تبلیغ کرنا : (کسی وصف، کردار، اصول وغیرہ کی) تائید : طرف داری یا حمایت کرنا (یا ان کو اسی طرح) دل نشیں کرنا۔ (٦) وعظ و پند کی صورت میں بتانا: سمجھانا یا دلنشیں کرانا: تحریر یا تقریر سے حمایت و تائید کرنا : پند و نصیحت کرنا ۔ (۷)تقریر یا پند و نصیحت کے ذریعہ اثرانداز ہونا ۔

Preach : (n) (روزمرہ) وعظ: نصیحت: تقریر : لمبی چوڑی تقریر: طویل اور اکتادینے والا وعظ ۔

Preach down : (v) (تقریر کے ذریعہ) گھٹا کر دکھانا : حقیر بنانا : بے قدری کرنا ۔

Preach up : (v) بڑھانا چڑھانا : تعریف میں غلو کرنا ۔

Preachable : (a) (کسی کتاب کا متن، مضمون وغیرہ) قابل وعظ: لائق وعظ : وعظ و تقریر میں بیان کرنے کے لائق۔

Preacher : (n) [L. 'praedicator.'] (۱) واعظ : خطیب: ناصح : داعی: (کسی عقیدے، اصول وغیرہ کی) دعوت دینے والا: اخلاقی پند و نصیحت (خصوصاً خواہ مخواہ) کرنے والا : کشیش: ناصح مشفق ۔ (۲) مذہبی اصول و عقائد کو عوام میں پھیلانے والا : مبلغ، مبلغ دین، داعیٔ حق : وہ شخص جسے تبلیغ و نصیحت کی اجازت حاصل ہو ۔ (۳) تحریر یا تقریر کے ذریعہ (کسی بات کی) تعلیم دینے والا یا اسے دل نشیں کرانے والا ۔ (۴) (of کے ساتھ) (کسی مخصوص بات کی تبلیغ کرنے والا ۔ (۵) (خاص کر) حضرت سلیمانؑ کا لقب جو (توریت کے) صحیفۂ مواعظ کے مصنف سمجھے جاتے ہیں: (نیز) وہ کتاب : صحیفۂ مواعظ (توریت کا)۔

Friars Preachers : ایک مخصوص زاویے کے عیسائی درویش یا راہب ، خصوصاً ان چار زاویوں کے راہب جو فرانسسکن (Grey Friars) اگستائن (Austin Friars) ڈالی نیکن (Black Friars) اور کارمیلانٹس (White Friars) کہلاتے ہیں۔

Preachership : (n) واعظ کا عہدہ یا منصب : خطابت : مسند وعظ : مسند تبلیغ : مسند خطابت: منصب خطابت۔

Preachify : (v) (روز مرہ) اکتا دینے والے انداز میں وعظ کہنا : خطبہ دینا : یا پندونصیحت کرنا : نصیحت پلانا ۔

Preachiness : (n) [f. Preachy.] وعظ و نصیحت سے بھرا ہونا : وعظ گوئی کا شوقین ہونا : واعظیت ۔

Preaching : (n) (۱) وعظ : نصیحت : پند : مفید باتیں : اخلاقی تعلیمات پر مشتمل تقریر : خطبہ ۔ (۲) (جمع) وعظ میں بیان کردہ باتیں : وعظ : موعظت: درس: پند و نصائح : مذہبی پند و نصائح یا وعظ ۔

Preaching : (a) نصیحت آمیز : نصیحت آموز : سبق آموز ۔

Preaching-cross : (n) ایک قسم کی صلیب جو پہلے کسی شاہراہ یا کہیں کھلی جگہ پر نصب ہوتی تھی جہاں عیسائی درویش یا راہب اور دوسرے لوگ وعظ کہتے یا ناصحانہ تقریریں کرتے تھے۔

Preaching friar : (n) واعظ درویش: وعظ کہنے یا پند و نصیحت کرنے والا عیسائی درویش (خصوصاً ڈامی نیکسن کے سلسلے کا) ۔

Preaching-house : (n) بیت الوعظ : وہ مکان جہاں وعظ ہوا کرتا ہو یا جو اسی کے لئے مخصوص ہو : (خصوصاً) پروٹسٹنٹ مذہب کے کسی غیر مقلد فرقے کی عبادت گاہ (بقول Wesley) ۔

Preachment : (n) [med. L. 'predicamentum.'] (۱) (عموماً حقارت سے) طویل اور اکتا دینے والا وعظ : لمبی چوڑی تقریر۔ (۲) تنبیہ و تادیب ۔

Preachy : (a) (روزہ مرہ) وعظ گوئی کا شوقین : شائق خطبہ: خواہ مخواہ پند و نصیحت کرنے پر مائل : وعظ گویانہ : وعظ گوئی کے طرز کا : وعظ و نصیحت سے پُر ۔

Preadmic : (a) دیکھو Pre-adamitic/-al

Preamble : (n) [med. L. 'praeambulum.'] (۱) (تقریر یا تحریر میں) ابتدائی یا تمہیدی بیان : (قانون) تمہیدی بیان : دستاویز وغیرہ کی تمہید : بیان ابتدائی جس میں کسی ایکٹ کی وجہ نفاذ و اجرا بتائی جاتی ھے۔ (۲) مقدمہ : تعارف : دیباچہ : پیش لفظ : پیش گفتار۔ (۳) (موسیقی) سر ملاپ : افتتاحی نغمہ : (شعر) قطعۂ تمہید: پیش گفتار ۔ (۴) (عام معنوں میں) تمہیدی یا تعارفی چیزیں یا باتیں : پیش انتظامات : پیش خیمہ : (خصوصاً) فال : شگون : علامت: آثار۔

Preamble : (v) (۱) تمہیدی بیان دینا : تمہیدی جملے (یا اشعار) کہنا : بطور تمہید بیان کرنا: تمہید لکھنا : پیش لفظ لکھنا : پیش لفظ یا پیش گفتار کا التزام کرنا : دیباچہ یا مقدمہ لکھنا یا اس کا التزام کرنا ۔ (۲) تمہید ہونا : دیباچہ یا پیش لفظ ہونا : (آنے والی بات کی) تمہید یا تعارف ہونا : مقدمہ ہونا : پیش گفتار ہونا : پیش خیمہ ہونا: فال یا شگون ہونا : علامت ہونا : آثار ہونا ۔

Preambulation : (n) پیش گفتار : تمہید یا پیش لفظ لکھنا: تمہید کا التزام (تحریر یا تقریر میں)۔

Preambulatory : (a) تمہیدی: تمہید جیسا : پیش لفظ یا پیش گفتار جیسا : ابتدائی : افتتاحی : دیباچے یا مقدمے کی نوعیت کا ۔

Prebend : (n) [Late L. 'Praebenda.'] (۱)بڑے گرجے یا کالج کے پادری (Canon) کا وظیفہ ۔ (۲)اراضی وغیرہ کا وہ حصہ جس کی آمدنی سے یہ وظیفہ دیا جاتا ھے : کلیسائی وقف یا جاگیر کے طور پر ایسی اراضی کا حق ملکیت یا اصول لگان داری ۔ (۳) یہ وظیفہ پانے والا پادری : بڑے گرجے یا کالج کا پادری جسے یہ وظیفہ ملتا ہو : کلیسائے انگلستان کا اعزازی پادری جو Prebendary کا لقب تو رکھتا ھے مگر وظیفہ نہیں پاتا ۔

Prebendal : (a) [med. L. 'praebendalis.'] Prebend یا Prebendary کا یا اس کے متعلق ۔

Prebendary : (n) وظیفہ یاب پادری : بڑے گرجے کا یا کالج کا پادری جسے Prebend ملتا ہو : کلیسائے انگلستان کا اعزازی پادری جو Prebendary کا لقب تو رکھتا ہو مگر وظیفہ نہیں پاتا۔

Prebendary : (a) (توصیفاً یا بطور صفت) دیکھو Prebendal

Prebendary stall : (n) وظیفہ یاب پادری کی نشست ۔

Prebendaryship : (n) وظیفہ یاب پادری کا عہدہ یا جاگیر : وہ اراضی جس سے بڑے گرجے یا کالج کے پادری کو وظیفہ دیا جاتا ھے ۔

Precarious : (a) [L. 'precarius.'] (۱) دوسرے کی مرضی پر منحصر : غیر اختیاری : غیر یقینی : رعایتی ۔ (۲) محتاج ثبوت: فرضی : قیاسی : مشکوک : مشتبہ : مذبذب ۔ (۳)غیرمعین: غیر مستقل : غیر مقررہ : حالات پر منحصر : غیر مستحکم ۔ (۴) پرخطر : خطرناک : جوکھم کا ۔

Precariously : (adv.) (۱) غیر اختیاری یا غیر یقینی طور پر : مشتبہ انداز میں : غیر معین یا غیر مستقل طور پر : پرخطر

اندازمیں۔ (۲) مستقل طور پر روزی کمائے بغیر۔

Precariousness : (n) (۱)غیر اختیاریت : غیر یقینی : غیر معین ہونا : غیر مستقل ہونا : تذبذب : اشتباہ۔ (۳)پرخطر ہونا۔

Precative : (a) [Late L. 'precatious.'] التماسی : ملتمسانہ : التجائی: (صرف و نحو) تمنائی جس سے التجا یا التماس کا اظہار ہو : جس سے کوئی خواہش ظاہر ہوتی ہے۔

Precatory : (a) [Late L. 'precatorius.'] (۱) (صرف و نحو) (لفظ محاورہ وغیرہ) التجائی : التماسی : تمنائی۔ (۲) (وصیت ناموں میں وہ الفاظ) (بمقابلہ ہدایت صریح) جن سے کسی خواہش یا امید کا اظہار کیا جائے : التجا یا التماس ظاہر کرنے والا : التجا یا التماس سے متعلق۔

Precatory trust : (n) (وصیت نامے میں) کسی بات کے ہونے یا کئے جانے کی التجا یا التماس کا اظہار کرنے والے الفاظ سے قائم ہونے والی امانت یا وقف۔

Precatory words : (n) کسی بات کے ہونے یا کئے جانے کی التجا یا التماس کا اظہار کرنے والے الفاظ جو کسی وصیت نامے میں ہوں : وصیت ناموں کے وہ الفاظ (بہ مقابلہ ہدایت صریح) جن سے کسی خواہش یا امید کا اظہار کیا جائے۔

Precaution : (n) [Fr. 'precaution.'] احتیاط : پیش بندی : پیش بینی : حفظ ما تقدم : انجام بینی : چوکسی: تدارک۔

Precaution : (n) محتاط: پیش بیں : احتیاط برتنے والا: پیش بینی و پیش بندی سے کام لینے والا : پہلے سے چوکسی دکھانے والا : چوکس : حفظ ما تقدم کرنے والا۔

Precautional/Precautionary : (a) پیش بندی کا : احتیاط کا: تدارکی: پیش بندی کا سا : احتیاطی۔

Precava/ Praecava : (n) [f. Pre+ cava for 'Vena Cava'.] (تشریح) مقدم ورید اجوف : دو رگیں جو گردوں سے ہو تی ہوئی دل تک جاتی ہیں۔

Precava / Praecaval : (a) (تشریح) مقدم ورید اجوف کا یا اس سے متعلق۔

Precaval /Praecaval : (n) (تشریح) مقدم ورید اجوف۔

Precaval vein : (n) (تشریح) مقدم ورید اجوف۔

Precede : (v) [L.'praecedere.'] (۱) مقدم ہونا : برتر ہونا : ترجیح رکھنا : فائق ہونا : رتبے میں اعلیٰ تر ہونا : زیادہ اہمیت رکھنا۔ (۲) آگے یا پہلے آنا۔ (۳)آگے جانا یا چلنا۔ (۴)آگے یا پہلے ہونا : پہلے واقع ہونا یا موجود ہونا۔ (۵) (کسی کام سے) پہلے کرنا یا عمل میں لانا۔

Precedence : (n) (۱) (بہ لحاظ وقت یا سلسلہ) تقدم : پیش روی : آگے یا پہلے ہونا یا آنا : فضیلت۔ (۲) تفوق : ترجیح: مقدم ہونا : سبقت : تقدیم : فوقیت۔ (۳) حق تقدم : حق ترجیح : صدر میں یا ممتاز جگہ بیٹھنے کا حق۔

Precedency : (n) دیکھو Precedence

Precedent : (n) [Fr. 'precedent.'] (۱) عمل در آمد : رواج : مثال سند : نمونہ۔ (۲) (قانون) نظیر۔ (۳)نیا: انوکھا : بے مثل : بے نظیر : جس کے پہلے کوئی نظیر نہ ہو۔

Without precedent : (۱)جس کی پہلے کوئی نظیر نہ ہو : نیا : انوکھا۔ (۲) بے مثل: بے نظیر۔

Precedent : (n) آگے یا پہلے آنا : سند ہونا : نظیر ہونا : مثال قائم کرنا : مقدم ہونا : پیش رو ہونا : سابق ہونا : آگے آنا (اب صرف بطور Pa.pple مستعمل ہے)۔

Condition precedent : شرط ما قبل : کسی استحقاق کے حاصل ہونے کے لئے کسی امر کے وقوع کا ضروری ہونا۔

The precedent : جو کسی چیز یا واقعہ کے فوراً پہلے واقع ہو یا آئے: پیش رو : پیش خیمہ۔

Precedent : (a) (شاذ) (بہ لحاظ وقت، سلسلہ، رتبہ) سابق: فائق: مقدم: پیش رو : اعلیٰ تر : بالاتر: اہم تر۔

Precedented : (a) مطابق عمل درآمد : حسب سابق : جس کی پہلے سے نظیر موجود ہو : جو نظیر رکھتا ہو۔

Precedently : (adv.) سابقاً : مقدم طور پر۔

Preceding : (a) (وقت، سلسلہ یا حرکت میں) جو آگے آتا ہو : اول : مقدم : پہلا : آگے آنے والا : (خصوصاً نجم میں) (وہ ستارہ یا سیارہ) جو دوسرے سے آگے یعنی مغرب میں ہو اور اس طرح اس کے آگے آگے چلتا ہو۔

Precent : (v) [Back formation from next.] (گرجے کی مناجات خانوں کی جماعت کا) ہادی ہونا (مناجات خوانی میں) راگ اٹھانا۔

Precentor : (n) [L. 'praecentor .'] مناجات خوانوں کا ہادی: راگ اٹھانے والا : عبادت گزاروں یا بھجن منڈلی کے گانے کا ہادی۔

یا مناجات جسے کشیش اور حاضرین باری باری پڑھتے ہیں۔

Precess : (v) [Back formation f. 'Precession.'] آگے آگے چلنا : پیش رو ہونا : پیش قدمی کرنا : سبقت کرنا۔

Precession : (n) [f. L. 'pracedere.'] (۱) تقدیم : پیش روی : پیش قدمی : سبقت : تقدم۔ (۲) (صوتیات) لفظ یا آواز جس کا مخرج منہ کا اگلا حصہ ہو۔ (۳) (علم النجوم) تقدیم اعتدال : دیکھو Precession of the equinoxes : (میکانیات) انحراف مسیر۔

Lunisolar precession : (علم النجوم) تقدیم اعتدال کا وہ حصہ جو زمین پر چاند اور سورج دونوں کی مشترکہ کشمکش سے پیدا ہوتا ھے۔

Precession of the equinoxes : (n) (علم النجوم) تقدیم اعتدالین : استقبال اعتدالین : استقبال اعتدال : استقبال معدلین : حرکت رجعیۂ اعتدالین : حرکت تقدیمیۂ اعتدالین۔

Precessional : (a) (علم النجوم) سبقتی : تقدیمی: ایسے محور والا جس سے انحراف مسیر پیدا ہو : تقدیم اعتدال یا استقبالی اعتدال کا یا اس سے متعلق۔

Prechordal : (a) (حیوانیات) پیش جعلی۔

Precibal : (a) [PRE-+LL.'cibalis.'] کھانے سے قبل واقع ہونے والا : کھانے سے قبل : پیش از طعام : قبل از طعام : پیش طعامی۔

Precieuse : (n) [Fr. fem . of . precieux.'] پرتصنع زبان و مذاق والی عورت۔

Precieuse : (a) [as. 'Prec.'] سترھویں صدی کے پرتصنع فرانسیسی ادیبوں کے طرز سے متاثر : پرتصنع یا پر متکف زبان و مذاق والا یا والی۔

Precieux : (n) [Fr.] پرتصنع زبان و مذاق والا مرد۔

Precinot : (n) [med. L.'praecinotum.'] (۱) حد (جنگلات) (حدود): احاطہ : جگہ جو چہار دیواری یا کسی اور چیز سے محصور ہو : (خصوصاً) کسی مقدس مقام کی متعلقہ محوطہ جگہ۔ (۲) (جمع) مضافات: نواح : سواد: گردوپیش کے مقامات: قرب و جوار۔ (۳) احاطہ کرنے والی لکیر یا سطح : مسدود یا محدود کرنے والی لکیر : حد : چوحدی : محیط (نیز مجازاً)۔ (۴) حکومت کے نظم و ضبط یا نمائندگی کا حلقہ یاضلع (خصوصاً امریکا میں) انتخابات یا پولیس کے نظم و ضبط کے

Precentorship : (n) مناجات خوانوں کے ہادی کا عہدہ یا منصب۔

Precentrix : (n) مناجات خوانوں کی ہادی عورت: راگ اٹھانے والی : Precentor کی تانیث۔

Precept : (n) [L. 'praeceptum.'] (۱) فرمان : حکم : امر : قول مقولہ امریہ۔ (۲) پند : نصیحت : وعظ : خطابیہ: مقررات۔ (۳) فرمانِ الٰہی : (دینیات) فریضہ : فرض دینی : مسئلہ۔ (۴) تحریری حکم : حکم نامہ : قاعدہ : قانون : نظام نامہ۔ (۵) (انتخاب کے وقت ضروری انتظامات کے لئے) حکم نامہ یا ہدایت نامہ۔ (۶) مقامی محصولات کی وصولی یا ادائی کا حکم نامہ۔

Preceptee : (n) عملی پیشہ ورانہ تجربہ یا تربیت حاصل کرنے کی غرض سے کسی استاد یا آموزگار کے زیر نگرانی مطالعہ یا کام کرنے والا۔

Preception : (n) (یونانی قانون) (بٹوارے سے پہلے کسی میراث کا کوئی حصہ) پیشگی پانے یا وصول کرنے کا حق۔

Preceptive : (a) [L.'praeceptivus.'] واعظانہ : ناصحانہ: ہادیانہ : تحکمانہ : ہدایتی : معلمانہ: سبق آموز : حکمی: امری۔

Preceptor : (n) [L. 'praceptor.'] (۱) معلم :استاد : مدرس :آموز گار : اتالیق : پیر : مرشد : مربی۔ (۲) Knight Templars کی جماعت کا سردار یا سربراہ۔

Preceptorial : (a) معلمانہ : آموز گار رانہ : معلم یا استاد کا یا اس سے سے متعلق : (تعلیم) اتالیقی۔

Preceptorship : (n) معلم یا معلم کا عہدہ : معلمیت۔

Preceptory : (n) [med. L. 'praeceptoria.'] (۱) Knight & Templars کی ایک ذیلی جماعت یا فرقہ۔ (۲) اس جماعت کی جائداد یا عمارت۔

Preceptress : (n) معلمہ : استانی : آتو: (آتون)۔

Precepts of Noah : (n) احکام نوحؑ : قلمود کی روایت کے بموجب حضرت نوحؑ کے ہفت احکام جو انہوں نے اپنے بیٹوں کو دیئے تھے۔ (۱) اپنے بڑوں اور سرداروں کی فرماں برداری کرنا۔ (۲) بت پرستی سے نفرت کرنا۔ (۳) جھوٹی گواہی اور کفر سے پرہیز کرنا۔ (۴) خوں ریزی سے ڈرنا۔ (۵) چوری نہ کرنا۔ (۶) لواطت اور غیرفطری افعال سے پرہیز کرنا۔ (۷) زندہ جانوروں کے اعضا کو نہ کھانا۔

Preces : (n) [L.pl. of 'prex, prec-.'] کلیسائی عبادت کی مختصر دعا

لئے کسی کاؤنٹی (محال، ضلع) یا وارڈ کا کوئی سب ڈویژن: انتخابی حلقہ۔ (۵) کسی شہر کا وہ حلقہ یا ضلع جہاں ٹریفک (سواری گاڑیوں کی آمدورفت) کی ممانعت ہو تاکہ پیدل چلنے والوں کو خرید و فروخت میں دشواری نہ ہو۔

Precinct captain /-leader : (n) کسی انتخابی حلقے کا پارٹی لیڈر۔

Precincts : (n) حدود : قرب وجوار۔

Preciosity : (n) [L. 'pretiositas.'] (زبان، اطوار، صناعی وغیرہ میں) تصنع آمیز نفاست پسندی : نازک مذاقی : شستگی و شائستگی۔

Precious : (a) [L. 'Pretiosus'.] (۱) قیمتی : بیش بہا: گراں قیمت : گراں قدر۔ (۲) عزیز : پیارا۔ (۳) (زبان، اطوار، صناعی وغیرہ میں) پرتصنع : بناوٹی: دکھاوے کا حد سے زیادہ شستہ و شائستہ : تصنع آمیز شستہ و رفتہ : حد سے زیادہ نازک مذاق یا نفاست پسند (ذم کا پہلو)۔ (۴) پورا : مکمل : سراسر۔ (۵) (روز مرہ) پرلے درجے کا : چھٹا ہوا : ایک ہی : انتہائی : بے حد۔

Precious stone : (n) قیمتی پتھر: جواہر: گوہر : سنگہائے گراں بہا۔

Precipice : (n) [L. 'praecipitium.] (۱) ڈانگ : کھڑی چٹان پہاڑ وغیرہ کا آگے کو نکلا ہوا عمودی حصہ۔ (۲) (مجازاً) خطرناک صورت حال۔

Precipiced : (a) ڈانگ دار : کھڑی چٹان والا : کھڑی چٹانوں سے بنا ہوا۔

Precipitability : (n) [f. next.] صلاحیت ترسیب۔

Precipitable : (a) [f. Precipitate (v)+- able.] قابل ترسیب : قابل رسوب : تہ نشیں شدنی : قابل تعلیق : قابل تہ نشینی۔

Precipitance/Precipitancy : (n) [f.next.] (۱) عجلت: تیزی :شتابی: ہڑ بڑی۔ (۲) جلد بازی : تعجیل : ناعاقبت اندیشی؛ اوتاؤلا پن۔

Precipitant : (a) [Fr. pr. PPle. of , precipiter.'] اب اس کی جگہ Precipitate مستعمل ہے۔

Precipitant : (n) (کیمیا) مرسب : رسوب : تہ نشینی مادہ : تہ نشیں کرنے والا مادہ : راسب۔

Precipitantly : (adv.) (۱) سر کے بل۔ (۲) جلد بازانہ : ناعاقبت اندیشانہ :بے سوچے سمجھے : عاجلانہ : شتابی سے : ناگہاں۔

Precipitate : (n) [mod L. 'praecipitatum.'] (۱) (کیمیا) رسوب: مرسوب : تلچھٹ : کسی محلول سے الگ کیا ہوا تہ نشیں مادہ : حرارت وغیرہ کے ذریعہ کسی محلول سے الگ کیا ہوا ٹھوس مادہ جو پہلے سیال میں مل کر حل ہوچکا تھا۔ (۲) (قدیم کیمیا و اصول دوا سازی) ترسیب سے حاصل شدہ پارے کی بعض صورتیں۔ (۳) (طبیعیات) بخار یا بھاپ کو ٹھنڈا کرکے حاصل کی ہوئی نمی یا رطوبت جو قطرے کی شکل میں جمع ہو : تکثیف بخار (مثلاً قطرۂ باراں، شبنم وغیرہ)۔

Fusible white precipitate : مرکیوری امونیم کلورائیڈ: پارے کا امونیم کلورائیڈ ($Hg_6 N_2Cl_2$)۔

Infusible white precipitate : ڈائی مرکیور امونیم کلورائیڈ: پارے کا دو گرفتہ امونیم کلورائیڈ ($Hg_2 H_2N_2Cl_2$)۔

Red precipitate: مرکیورک آکسائیڈ: مرکری (پارے) کا سرخ اکسائیڈ (Hg O) : پارے اور آکسیجن کا مرکب۔

White precipitate : دیکھو **Fusible/-Infusible white** precipitate

Precipitate : (a) [L. 'praecipitatus.'] (۱) جو سر کے بل نیچے آئے: عموداً نیچے آنے والا: سر کے بل : سخت عاجلانہ : نہایت تیز : ناگہانی۔ (۲) اندھا دھند : جلد باز : جلد بازانہ : بے تامل : عاجلانہ : سرنگوں : معجل : بے سوچے سمجھے کا : ناعاقبت اندیش : اوتاؤلا۔ (۳) (موسمیات) بارندہ۔ (۴) (طب) تند: تیز : مہلک۔

Precipitate : (v) [Pa. PPle. Stem of L. 'praecipitare.'] (۱) سر کے بل گرانا : ڈالنا : پھینکنا۔ (۲) گرانا : ڈالنا : پھینکنا (خصوصاً بلند مقام سے)۔ (۳) (کسی شخص کو کسی خاص حالت میں) ڈالنا۔ (۴) تعجیلاً وقوع میں لانا: شتابی سے قبل از وقت وقوع میں لانا : ناگہانی وقوع میں لانا۔ (۵) (کیمیا) (کسی محلول کے اجزا کو) رسوب کی شکل میں لانا: ترسیب کرنا : تلچھٹ نکالنا۔ (۶) بخار کو قطروں کی شکل میں لانا : بخار کو کثیف بنانا : بخار کی تقطیر یا تکثیف کرنا۔ (۷) نہایت عجلت سے یا بہت تیزی سے چلنا گزرنا : عمل کرنا یا آگے بڑھنا۔ (۸) شتابی دکھانا: جلد بازی سے کام لینا۔ (۹) مرسوب ہونا : تلچھٹ بننا۔

Precipitate per se (n) مرکیورک آکسائیڈ یا پارے کا سرخ آکسائیڈ (Hgo) : پارے اور آکسیجن کا مرکب۔

Precipitated : (a) (کیمیا) ترسیب شدہ۔

Precipitately : (adv.) (۱) سر کے بل۔ (۲) اندھا دھند: جلد بازانہ: نا عاقبت اندیشانہ : بے سوچے سمجھے : عاجلانہ : شتابی سے : ناگہاں۔

Precipitateness : (n) دیکھو Precipitance

Precipitating causes : (n) (طب) اسباب معجلہ۔

Precipitation : (n) [Fr. 'precipitation.'] (۱) سر کے بل گرنایا گرانا : ڈالنا : ڈالا جانا: جو چیز ڈالی یا گرائی گئی ہو۔ (۲) بے سوچے سمجھے کا کام : عاجلانہ کام : عجلت : سرعت : شتابی : جلدی : ہڑبڑی: غیرضروری عجلت یا جلد بازی۔ (۳) (کیمیا) ترسیب : تہ نشینی : رسوب : مرسوب : تہ نشیں مادہ۔ (۴) (موسمیات) تکثیف بخار : بارندگی : برسنا (پانی، اولے وغیرہ کا) (نیز) قطرۂ باراں : شبنم یا برف جو تکثیف بخار کے ذریعہ حاصل ہو۔ (۵) مادیت۔ (٦)تعجیل : تیزی : تندی : اسراع۔ (۷) (مجازاً خصوصاً روحانیات میں) تجسیم : مجسم ہوکر ظہور میں آنا: ظہور۔

Precipitator : (n) (۱) گرانے پھینکنے یا ڈالنے والا۔(۲)جلد باز : تیزی دکھانے یا تیز کرنے والا : مسرع۔ (۳) (کیمیا، طبیعیات) مرسب : رسوب ساز: راسب: تہ نشین کرنے والا : تہ نشیں مادہ : مرسوب۔ (۴) آلۂ ترسیب : (خاص کر) گندے یا کھارے پانی کو صاف کرنے والا حوض یا تالاب۔

Precipitin : (n) [irreg. f. Precipit (ate)+ in.] (حیاتیات، کیمیا) مادۂ ترسیب : کسی محلول کے اجزاء کو الگ کرنے والا مادہ : تہ نشیں کرنے والا مادہ : پریسپیٹین۔

Precipitous : (a) [SP., It, Pg. 'precipitoso.'] (۱) کڑاڑے یا کھڑی چٹان کا یا اس کے جیسا : کھڑا۔ (۲) (شاذ) جلد باز یا جلد بازی کا : عاجلانہ : شتابی : ناگہانی : بے تامل : بے سمجھے بوجھے کا۔

Precipitous cliff : (n) (ارضیات) کھڑی چٹان : کڑاڑا: نضنف۔

Precipitous slope : (n) (ارضیات) کھڑی ڈھلان۔

Precipitously : (adv.) (۱)عموداً : کھڑا ہی کھڑا۔ (۲) بالکل نیچے۔ (۳) (شاذ) تیزی سے: شتابی سے : تعجیلاً : بے سوچے سمجھے۔

Precipitousness : (n) عمودیت : کھڑا ہونا۔

Precis : (n) [Fr.] خلاصہ : تلخیص : اختصار : (نیز توصیفاً)۔

Precis : (v) خلاصہ کرنا یا لکھنا : تلخیص کرنا : مختصر اور جامع طور پر بیان کرنا۔

Precise : (a) [Fr. 'precis,-ise.'] (۱)ٹھیک ٹھیک: صحیح: بے کم و کاست۔ پورا : مکمل (بخلاف تقریباً)۔ (۲) (شخص وغیرہ) باضابطہ : باقاعدہ : پابند آداب و آئین: چھوٹی چھوٹی باتوں کی بھی صحت چاہنے والا : صحت پسند: تحقیق پسند۔ (۳) (اخلاق، طرزعمل وغیرہ) رسم و رواج یا آئین و آداب کے عین مطابق : (تقریر، گفتگو) بالکل واضح : صاف۔ (۴) متشرع : سخت پابند شرع: مذہبی پابندی کی سختی سے پابندی کرنے والا: نہایت محتاط : پیورٹن فرقے جیسا۔ (۵) صحت و درستگی میں دوسروں سے ممتاز و ممیز۔

The precise : بالکل وہی: ٹھیک وہی: ایک دم وہی:بس وہی : ہو بہو۔

The precise moment : ٹھیک وہی وقت : عین وہی لمحہ۔

Precise : (v) [Fr.'preciser'.] درست بنانا : ٹھیک ٹھیک بیان کرنا : صحیح و مکمل تعریف کرنا : جامعیت بخشنا: جامع اور کامل بنانا : مختص کرنا: تخصیص کرنا : صراحت کرنا : نام بنام بیان کرنا۔

Precise levelling : (n) (مساحت) ٹھیک تسطیح۔

Precisely : (adv.) (۱) ٹھیک طرح : صحیح اور صاف طور پر: بے کم و کاست : بعینہٗ : بجنسہٗ : ہوبہو۔ (۲)جی ہاں ایسا ہی : بالکل ٹھیک۔

Preciseness : (n) ٹھیک ٹھیک ہونا : بے کم و کاست ہونا : صحت: درستگی : جامعیت : باقاعدگی : باضابطگی : اکملیت۔

Precisian : (n) [f. Precise (a) +-ian.] (قاعدہ، رسم و رواج کا) سخت پابند شخص : ضابطہ پرست : (خصوصاً) سخت پابند شرع Puritau کا مترادف۔

Precisianism : (n) (رسوم، قاعدہ، شرع وغیرہ کی) سخت پابندی: ضابطہ پرستی : (دینیات) پابندیٔ شرع۔

Precisianist : (n) Precisionist کی غلط صورت جو کبھی کبھی استعمال میں آتی ہے۔

Precision : (n) [Fr. 'precision.'] (۱) ٹھیک یا درست ہونا : صحت: درستگی : اجمال : جامعیت: باقاعدگی : اکملیت : وضاحت: واضح، معین یا ممیز ہونا۔ (۲) (طبیعیات وغیرہ)

دقیق پیمائش ۔ (۲) (توصیفاً) درست کام یا عمل کے لئے بنایا ہوا یا اس سے متعلق مثلاً Precision bombing, machine, tool وغیرہ ۔

Arm of precision : بندوق؛ توپ وغیرہ جس میں ایسی مکھی یا دوسرے پرزے وغیرہ موجود ہوں جن سے نشانہ ٹھیک بیٹھتا ہو ۔

Precision instruments : (n) (طبیعیات وغیرہ) دقیق آلات ۔

Precisionist : (n) (زبان، آداب ، اطوار وغیرہ کی موزونی و صحت کا) حد سے زیادہ خیال رکھنے والا : ضابطہ پرست : سخت پابند ضابطہ : خالص زبان استعمال کرنے والا؛ سخت پابند شرع ۔

Precisive : (a) (۱) (شاذ) قاطع : جدا کنندہ : مشخص کنندہ؛ تفکیک کنندہ : (کسی شخص یا چیز کو ایک دوسرے سے) الگ کرنے والا ۔ (۲) دقیق : صحیح ۔

Preclude : (v) [L. 'praecludere,'] (۱) (غیر مادی اشیا کے لئے) خارج کرنا : باہر کرنا : باز رکھنا : پہلے سے روکنا؛ مانع ہونا؛ محروم کرنا : ناممکن کردینا : مسدود کردینا؛ وضع کرنا : دور کرنا ۔ (۲) کسی عمل، حرکت یا کام میں)۔ مزاحم ہونا : مزاحمت کرنا : مانع ہونا ۔ (۳)(کسی ایسے معاملے کو جس میں بحث و مباحثہ کی گنجائش ہو) پہلے ہی طے کرکے ختم کردینا : پہلے ہی طے کردینا ۔

Preclusion : (n) (شاذ) ممانعت؛ مزاحمت : انسداد؛ دفعیہ : پہلے ہی روک دینا ۔

Preclusive : (a) مانع : دافع : روکنے والا : خارج کرنے والا (پودا وغیرہ)-

Preclusively : (adv.) مانع ہوکر : مزاحم ہوکر : انسدادی طور پر۔

Precocious : (a) [f. L. 'praecox.'] (۱) (پودا وغیرہ) قبل از وقت پھولنے پھلنے والا : پیش رس : (نباتیات) زودرس : بے موسم ۔ (۲) (انسان کی کوئی دماغی یا جسمانی قوت) قبل از وقت نشو ونما یافتہ : قبل از وقت : معجل ۔ (۳) (کوئی چیز یا شخص) قبل از وقت نشوو نما یافتہ؛ مبادر : زود بالغ ۔ (۴) (افعال وغیرہ) جو قبل از وقت نشو و نما ظاہر کریں؛ جس سے قبل از وقت پختگی یا زود رسی ظاہر ہو : زود رسی کا یا اس سے متعلق۔

Precociously : (adv.) قبل از وقت : بہت قبل : زود رسی سے : پیش رسی یا زود پختگی سے : قبل از وقت نشوونما پاکر۔

Precociousness : (n) : زود رسی : پیش رسی : زود بلوغ : پیش پختگی :

قبل مدت : قبل از وقت نشو ونما۔

Precocity : (n) [Fr. 'precocite.'] (۱) (پودوں کا) قبل از وقت پھول پھل دینا یا پکنا : (نباتیات) زود رسی : پیش پختگی : پیش رسی ۔ (۲) (حیوانیات، عضویات) زود بلوغ : قبل از وقت نشو ونما ، (طب) قبل از وقت ولادت : قبل از وقت نشوونما یافتہ بچہ : قبل از وقت ذہنی صلاحیت کی نشو ونما : زود فطانت ۔ (۳) مرغیوں کا وقت سے پہلے انڈے دینا۔

Precognition : (n) [Late L. 'praecognitio.'] (۱) علم جو پہلے سے ہو: سابق علم : پیش ادراک: وقوف ما قبل (نفسیات) پیش بینی : علم پیش ۔ (۲) (اسکاتستانی قانون) یہ جانچنے کے لئے گواہ کا ابتدائی اظہار کہ آیا مقدمہ چلنے کے قابل ھے یا نہیں ۔

Precognitive : (a) جس سے کسی بات کا پہلے ہی علم ہوجائے : پیش ادراک بخشنے والا ۔

Precognize : (v) پہلے سے جاننا یا پہچاننا : پہلے سے واقف ہونا: پہلے سے علم رکھنا۔

Precognosce : (v) [f .Pre-+cognosce.] (اسکاتستانی قانون) (گواہوں کا) ابتدائی اظہار لینا (یہ جانچنے کے لئے کہ مقدمہ چلنے کے قابل ھے یا نہیں)۔

Precombustion chamber : (n) (انجینیئرنگ) قبل احتراق خانہ ۔

Precombustion engine : (n) قبل احتراق انجن ۔

Precomissure : (n) دماغ کا اگلا جوڑ : دماغ کی اگلی گھاٹی ۔

Precompose : (v) پہلے سے بنانا یا ترکیب دینا : پہلے سے ترتیب دینا : تصنیف یا تالیف کرنا ۔

Preconceive : (v) پہلے سے سوچنا ، جاننا یا سمجھنا : پہلے ہی ادراک کرلینا : پہلے سے خیال باندھنا : (کسی واقع کا) پہلے سے قیاس کرلینا : پیش بینی کرنا : پیش ادراکی کرنا : پیش اندیشی کرنا : وہم میں لانا۔

Preconceived : (a) پہلے سے سوچا ہوا : پہلے سے ادراک کیا ہوا : پہلے سے جانا بوجھا ہوا : پہلے سے قیاس کیا ہوا : موہوم قیاسی ۔

Preconceived notion : (n) (نفسیات) وہم : (جنگلات) اوہام ۔

Preconcept : (n) بنیادی خیال : ابتدائی خیال ۔

Preconception : (n) : رائے : خیال ، فیصلہ جو پہلے سے قائم کرلیا جائے : تعصب : طرف داری : صحیح عل ہونے سے پہلے قائم کیا ہوا خیال یا رائے : ظن : گمان : توقع : پیش بینی: (نفسیات) قبل تصور : تعصب : وہم ۔

Preconcert : (v) پہلے سے طے کرنا: پہلے سے تدبیر نکالنا؛ پہلے ہی صلاح کرنا یا مصلحت سوچنا : پہلے سے تدبیر کرنا یا آپس کے صلاح و مشورہ سے طے کرنا ۔

Preconcertedly : (adv.) پہلے ہی طے کرکے :پہلے ہی سے تدبیر سوچ کر۔

Preconcertedness : (n) پہلے سے طے شدہ ہونا : پہلے ہی سے تدبیر کیا ہوا ہونا ۔

Preconization : (n) [med. L. 'praeconizatio.'] (۱) اعلان عام۔ (۲) (پاپائے اعظم کا کارڈ ینالوں کے سامنے) تقرر اسقف کا اعلان ۔

Preconize/Praeconize : (v) [med. L. 'praeconizare.'] (۱) عام اعلان کرنا : اعلان کرنا؛ علانیہ مشتہر کرنا۔ (۲) علانیہ تعریف کرنا ۔ (۳) نام لے کر طلب کرنا۔ (۴) (پاپائے اعظم کا) تقرر اسقف کی علانیہ منظوری دینا ۔

Predacious/Predeceous : (a) [L 'praeda+acious] (۱) (جانور) شکار خوار : شکار پر گزران کرنے والا؛ شکاری ۔ (۲) شکار خوار جانوروں کا یا ان سے متعلق۔

Predaciousness : (n) شکارانہ جبلت : شکار خوری : شکار پر گزران کرنے کی خاصیت ۔

Predacity : (n) شکارانہ جبلت : شکاری خوری : شکار پر گزران کرنے کی خاصیت ۔

Predatorily : (adv.) از راہ رہزنی و غارت گری : سفاکانہ۔

Predatoriness : (n) رہزنی : غارت گری : لوٹ مار؛ سفاکی :لٹیرا پن : شکار خوری ۔

Predatory : (a) [L. 'praedatorius.'] (۱) غارت گر: غارت گری و سفاکی کا عادی : لٹیرا : لوٹ مار، رہزنی و غارت گری کا عادی : (سماجیات) ڈاکو۔ (۲) رہزنی : لوٹ مار یا غارت گری کا، اس سے متعلق، اس پر مشتمل یا اس جیسا: تاراجی ۔ (۳) شکاری : شکار خور: گوشت خور؛ شکار پر گزران کرنے والا ۔

Predatory cultivation : (n) (معاشیات) تاراجی کاشت ۔

Predecease : (v) (کسی شخص یا کسی واقع سے) پہلے مرنا ۔

Predecease : (n) اس طرح کی موت : کسی شخص سے پہلے کی موت۔

Predecessor : (n) [Late L. 'praedecessor.'] (۱) سابق یا پیش رو عہدہ دار ؛ پیش رو ۔ (۲) کوئی چیز جس کی بجائے کوئی دوسری چیز اسی استعمال کے لئے لائی گئی ہو ۔ (۳) (بشریات) مورث : جد۔

Predecessors : (n) (بشریات) آبا و اجداد ۔

Predella : (n) [It. 'prdella.'] (۱) قربان گاہ کی کرسی ۔ (۲) اس کرسی کے عمودی رخ پر کے نقش و نگار۔ (۳) قربان گاہ کی پشت کی اٹھی ہوئی الماری۔ (۴) اس الماری پر کی نقاشی یا کندہ کاری ۔ (۵) توصیفاً ۔

Predentate : (a) (بعض فیل ماہیان) جن کے صرف اوپری جبڑے کے اگلے حصے میں دانت ہوں ۔

Predestinarian : (n) جبری : مسئلۂ جبر کا قائل : قائل تقدیر : قدری (شخص) ۔

Predestinarian : (a) تقدیری ، تقدیر کا یا اس سے متعلق : نظریۂ تقدیر یا مسئلہ جبر کا قائل : قابل تقدیر : جبری : قدری۔

Predestinarianism : (n) جبریوں یا قدریوں کا عقیدہ : عقیدۂ قدریہ۔

Predeterminism : (n) یہ نظریہ کہ فرد کا ارتقا توارث کے ذریعہ پیش معین ہوتا ھے ۔

Predial / Praedial : (a) [f. L. 'praedium'.] (۱) اراضی کا یا اس سے متعلق : زراعتی : کاشتکاری کا یا اس سے متعلق : ارضی: زمینی : کشتی۔ (۲) دیہات کا : دیہی۔ (۳) اراضیات یا کھیت سے منسلک؛ کھیت میں کام کرنے والا رعیت کی حیثیت سے کام کرنے والا : زرعی (غلام) ۔

Predial : (n) زرعی غلام ؛ وہ غلام جس سے زراعت کا کام لیاجاتا ھے ۔

Predial slave : (n) دیکھو Predial

Predial tithe : (n) عشر: دہ یکی : کھیت کی پیداوار کا دسواں حصہ (جو کلیسا کے لئے وصول کیا جاتا ھے)۔

Predicability : (n) [f.next.] محمولیت : محکومیت : خبریت؛ مسندیت۔

Predicable : (a) [med. L. 'praedicabilis'.] ممکن الاثبات : قابل استناد : مسندی : خبری : قابل اثبات ۔

Predicable : (n) [med. L. 'praedicabile.'] محکوم : محمول: مسند: خبر : (خصوصاً جمع میں) محکومات: ارسطو کے

محمولات کی وہ قسمیں جو موضوعات کے تابع ہیں (مثلاً نوع، جنس، تعریف، عوارض، خواص وغیرہ)۔

The predicables : (منطق) محمولات ارسطو ۔

Predicament : (n) [Late L. 'praedicamentum'.] (۱) مسند: محمول: محکوم ۔ (۲) (جمع) ارسطو کے مقولات عشرہ : مقولہ ۔ (۳) وہ طبقہ، درجہ یا قسم جس کے بارے میں کوئی بات کہی گئی ہو یا کوئی بیان دیا گیا ہو ۔ (۴) حالت، نوعیت : صورت حال (خصوصاً ناگوار، مشکل، بے ڈھب، خطرناک یا تکلیف دہ صورت حال) : موقع : وضع ۔

The ten Predicaments : (منطق) مقولات عشرہ : دہ مقولات ارسطو ۔

Predicamental : (a) (۱) مسندی : محکومی : محمولی ۔ (۲) ارسطو کے مقولات عشرہ کا ۔ (۳) (ناگوار، خطرناک یا مشکل) صورت حال سے متعلق، موقع کا: حالتی : وضعی : نامساعد صورت حال سے متعلق۔

Predicamentally : (adv.) مسند یا محمولی طور پر : محکوم کے طور پر ارسطو کے مقولات عشرہ کے مطابق : ناگوار، مشکل یا خطرناک صورت حال میں ۔

Predicant : (a) [L. 'praedicans.'] (خصوصاً ڈومینیکی راہب پر اطلاق ہوتا ہے) واعظ : وعظ گو: وعظ گوئی کارسیا: مشائق وعظ گوئی یا شائق تقریر ۔

Predicant : (n) ڈچ پروٹسٹنٹ کلیسا کا پادری (خصوصاً جنوبی افریقہ میں)۔

Predicate : (n) [Late L. 'praedicatum.'] (۱) (منطق) محمول : محکوم بہ : مسند ۔ (۲) (صرف و نحو) مسند : خبر : وصف : صفت ۔

Predicate : (v) [f. L. 'praedicare'.] (۱) (کسی چیز کی صحت یاوجود کا) اثبات کرنا : ادعا کرنا : بہ وثوق کہنا : بیان دینا ۔ (۲) (منطق) کسی قضیئے کے موضوع کے متعلق کسی چیز کا اثبات کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کی) صفت، خاصیت یا وصف کے طورپر کسی بات کا اثبات کرنا ۔ (۴) دی ہوئی بنیادوں پر (کسی بیان وغیرہ کی) توثیق یا اثبات کرنا : کسی بنیاد یا جدول پر کسی بحث یا قضیئے کا حل تلاش کرنا: بیان کردہ امور یا موجودہ حالات پر (کسی چیز کی) بنیاد رکھنا (امریکا)۔ (۵) (غلط طور پر) دیکھو Predict ۔

Predication : (n) [L. 'praedicatio.'] (۱) اثبات ۔ (۲) جس بات یا چیز کا اثبات کیا جائے۔ (۳) (منطق) محمول: محکوم بہ: مسند ۔ (۴)(متروک) وعظ ۔

Predicative : (a) [L. 'praedicativus'.] (۱) اثباتی: اثبات کرنے والا ۔ (۲) (صرف و نحو، اسماء و صفات) جو مسند (یا خبر) ہو یا اس کا کوئی جزو ہو ۔

Predicatively : (adv.) مسند یا اس کے جزو کے طور پر: اثباتی طورپر۔

Predicator : (n) ۱) (شاذ) واعظ: وعظ گو راہب ۔ (۲) دعویٰ کرنے والا : وثوق کے ساتھ کرنے والا : اثبات یا نفی کرنے والا۔

Predicatory : (a) وعظ کا: پندونصیحت سے متعلق : واعظانہ: ناصحانہ: جس کو وعظ کہنے کا شوق ہو: نصیحت فروش ۔

Predict : (v) [L. 'praedicere'.] (۱) پیش گوئی کرنا : پیشین گوئی کرنا : پیش خبری کرنا : (آنے والے واقعات کو) پہلے سے بتادینا ۔ (۲) بہ حیثیت پیغمبر کہنا : الہام بیانی کرنا: وحی کی بنا پر کہنا : آئندہ کا حال بتانا۔

Predictability : (n) پیشین گوئی کئے جانے کی قابلیت : کسی چیز وغیرہ کا ایسا ہونا کہ جس کی بنا پر اس چیز کے متعلق پیش گوئی یا شگون کیا جائے ۔

Predictable : (a) جس کی پیش گوئی کی جاسکے: جس کی پیشین گوئی ممکن ہو : لائق پیشین گوئی ۔

Predicted firing : (n) مشاہدات پر مبنی پیشین گوئیوں یا پیش خبریوں کے مطابق کسی ایسے نقطے پر فائر کرنا کہ متحرک نشانہ (ٹارگٹ) فائر کرنے کے وقت اس نقطے پر پہنچ جائے گا۔

Predicter : (n) (۱) پیش خبری کرنے والا : پیش گو : پیش گوئی کرنے والا - (۲) دیکھو Predictor ۔

Prediction : (n) [L. 'praedictio'.] پیش رائے : پیش گوئی: پیش خبری : پیشین گوئی : آنے والے واقعات کو پہلے سے بتادینا: الہام گوئی : الہام بیانی : پیغمبری : نبوت: پیش بینی : پیش گوئی بر بنائے وحی ۔

Predictive : (a) پیش خبرانہ : پیش گویانہ : جو آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دے : پیش خبری کی صفت کا حامل ۔

Predictively : (adv.) از راہ پیشین گوئی : پیش گوئی کے طورپر : پیش گوئی کرتے ہوئے : پیش گویانہ ۔

Predictiveness : (n) پیشین گوئی: پیش خبری : پیش خبری کی صفت: وہ حالت یا صفت جس سے آنے والے واقعات کی پیش

خبری ہوتی ہو۔

Predictor : (n) (نفسیات) پیش گو : پیشین گوئی کرنے والا؛ آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دینے والا؛ پیش مخبر : پیش گوئی کننده : (دینیات) نبی۔

Predictory : (a) پیشین گوئی کرنے والے کا یا اس سے متعلق؛ پیش گویانہ : پیش گوئی یا پیش خبری کی صفت کا حامل : مبنی بر پیشین گوئی : پیغمبرانہ؛ نبّوتی۔

Predikant / Predicant : (n) [Du.] ڈچ پروٹسٹنٹ کلیسا کا پادری (خصوصاً جنوبی افریقہ میں)۔

Predilection : (n) [Fr. 'predilection'.] رغبت : رجحان : شوق : میلان : میلان طبع؛ (نفسیات) میلان خاطر : رغبت۔

Predisponent : (a) [f.Pre + disponent .] (شاذ) راغب کرنے والا : مائل یا رجوع کرنے والا : رغبت دہندہ۔

Predisponent : (n) راغب کرنے والے اثر یا سبب : میلان آور سبب یا اثر۔

Predisposal : (n) پیش انفصال : پیش بندوبست : پیش تفویض؛ پیش انتظام : پہلے کیا ہوا فیصلہ، بندوبست یا انتظام : سابقہ انفصال یا بندوبست : سابقہ انتظام۔

Predispose : (v) (۱) متحمل یا متاخذ بنانا یا کرنا : (کسی شخص کو) پہلے سے کسی بات کی طرف مائل کرنا : پہلے سے مائل کرنا یا موافق بنانا : راغب کرنا : مائل کرنا؛ رجوع کرنا : شائق بنانا۔ (۲) پہلے سے انتظام کرنا : پہلے ہی نبٹا دینا : پہلے ہی چکانا یا ختم کردینا۔

Predisposed : (a) پہلے سے راغب، مائل یا آمادہ کیا ہوا : پہلے سے تیار کیا ہوا : پہلے سے متحمل یا متاخذ بنایا ہوا : پہلے سے انتظام کیا ہوا : پہلے سے علاحدہ کیا ہوا یا نبٹایا ہوا : پہلے سے بندوبست کیا ہوا۔

Predisposing causes : (n) (طب) اسباب سابقہ۔

Predisposition : (n) (۱) رغبت طبع : میلان خاطر : رجحان : میل : آمادگی : پیش آمادگی : میلان پیشین : رجحان سابق۔ (۲) میلان جسمی : صلاحیت : اہلیت : تحمل۔ (۳) متحمل ہونا : مائل بہ تاخذ ہونا : میلان رکھنا : میلان پیشی : وہ جسمانی حالت جو بعض امراض سے متاثر ہونے یا ان میں مبتلا ہونے کا میلان رکھتی ہے : وہ جسمانی حالات جو کسی مرض کے حملے کے لئے مناسب ہو۔

Predominance /Predominancy : (n) [AL. 'predominantia'.] (۱) تسلط : غلبہ؛ تفوق : استیلا : بالادستی : غالب ہونا : (کسی پر) حکومت رکھنا؛ قوی یا خاص عنصر ہونا : غالب عنصر ہونا۔ (۲) کثرت : زیادتی : شیوع : غلبہ۔ (۳) (علم النجوم) انسانی معاملات پر ستاروں یا سیاروں کے اثرات یا (علم نجوم کی رو سے) ان کی قوت۔

Predominant : (a) [med. L. 'praedominaut'.] (۱) فائق : غالب؛ مؤثر : قوی : مسلط : بالا دست : برتر؛ دوسروں پر غلبہ، تفوق، قوت یا اثر رکھنے والا : دوسروں پر چھایا ہوا : بالاتر۔ (۲) زیادہ کثرت میں : زیادہ افراط میں؛ بہت زیادہ : عام : رائج : شائع (ہر طرف) پھیلا ہوا یا چھایا ہوا۔ (۳) (مجازاً) رتبے میں بڑھ کر : اعلیٰ؛ بلند مرتبہ : بلند رتبہ۔

Predominant : (n) دوسروں پر فوقیت، غلبہ، اثر، قوت، بالادستی رکھنے والا شخص : اثر، قوت یا اقتدار : غالب صفت؛ غلبہ رکھنے والی صفت یا خاصیت۔

Predominant partner : (n) لارڈ روسبری نے انگلستان کو (بمقابلہ آئرستان وغیرہ) (یہ فقرہ) کہا تھا؛ غالب حصہ دار یا شریک کار : قوی حصہ دار۔

Predominantly : (adv.) بہ غلبہ؛ بہ تفوق : بالادستی سے : غالب ہو کر یا غالب ہوتے ہوئے : فوقیت سے : کثرت سے : زیادہ تر : قوی تر یا خاص عنصر ہوتے ہوئے۔

Predominate : (a) Predominant کی غلط صورت۔

Predominate : (v) [Pre-+ dominate.] (۱) (کسی پر) اختیار یا قابو ہونا : (کسی پر) حکومت رکھنا۔ (۲) غالب ہونا : فائق ہونا : غالب رہنا : غالب رکھنا؛ غالب آنا : تسلط رکھنا۔ (۳) قوی تر یا خاص عنصر ہونا : غالب عنصر ہونا؛ اہم یا مقدم جز ہونا۔ (۴) دوسرے سے بڑھ کر ہونا : برتر یا بالاتر ہونا۔

Predominately : (adv.) دیکھو Predominantly

Predominatingly : (adv.) دیکھو Predominantly

Predomination : (n) دیکھو Predominance

Predoom : (v) پہلے سے حکم سزا سنانا؛ پہلے سے (ہلاکت یا برے انجام کے لئے) نامزد کرنا۔

Predorsal : (a) (حیوانیات) پیش ظہری۔

Pree : (v) [Short f. 'preve' f. ME 'proeven'.] (اسکاتستانی) تجربتاً یا بطور آزمائش چکھنا : مزا معلوم کرنا : جانچنا : صحیح تجربہ حاصل کرنا۔

To prec the mouth of : (اسکاتستانی) بوسہ لینا :منہ چومنا : چوما چاٹی کرنا۔

Preen : (n) [OE. 'preon'.] (اسکاتستانی اور بول چال) (۱) پن : جڑاؤپن: بروچ ۔ (۲) بہت معمولی قیمت یا اہمیت کی چیز : غیر اہم شے ۔

Preen : (v) [f. prec.] پن لگانا : پن سے باندھنا : پن جڑنا۔

Preen : (v) [Late ME. preyne. prayne'.] (۱) (پرندوں کا)چونچ سے (پروں کو) درست کرنا : ٹھیک کرنا: سنوارنا : کریز کرنا : کریال کرنا۔ (۲) (شخص کا اپنے آپ کو) سنوارنا: خوش نما بنانا : (نیز) فخر کرنا : اکڑنا ۔

Preen gland : (n) (حیوانیات) غدۂ رفعن ۔

Prefab : (a) (روز مرہ) Prefabricated کا مخفف۔

Prefab : (n) (روز مرہ) Prefabricated house کا مخفف ۔

Prefabricate : (v) (کسی عمارت یا ڈھانچے کے) جداگانہ حصوں کو بنانا تاکہ انہیں جائے مقررہ پر یکجا کرکے عمارت یا ڈھانچا تیار کرلیا جائے۔

Prefabricated : (a) قبل ساختہ: پیش ساختہ : پہلے سے بنا ہوا : پہلے سے تیار کیا ہوا ۔

Prefabrication : (n) قبل ساختگی : پیش ساختگی : (مکان وغیرہ کے) جداگانہ حصوں کی تعمیر ۔

Prefabricator : (n) مکان کے جداگانہ حصوں کی تعمیر کرنے والا:مکان کے حصوں کے الگ الگ ڈھانچے تیار کرنے والا۔

Preface : (n) [med. L. 'praefatia'.] (۱) دیباچہ : تمہید: افتتاحیہ : مقدمہ : پیش لفظ : ابتدائیہ : آغاز: سرآغاز۔ (۲) تمہید تقریر : تقریر کا ابتدائی حصہ ۔ (۳)رسم عشائے ربانی کی درمیانی حصے کی تمہید ۔

Proper Preface : مختلف موقعوں کے مطابق رسم عشائے ربانی کے درمیانی حصے کی قدرے تغیرشدہ تمہید (جو مختلف موقعوں کے لئے ہوتی ہے) : حسب موقع یا مخصوص تمہید ۔

Preface : (v) [f. prec.] (۱) تمہید لکھنا: دیباچہ لکھنا: مقدمہ لکھنا : پیش لفظ لکھنا : ابتدائیہ یا افتتاحیہ لکھنا۔ (۲)(تقریر، کام وغیرہ) کسی چیز سے شروع کرنا : تحریر یا تقریر تعارفی یا تمہیدی کلمات سے شروع کرنا: ابتدائی اظہار رائے یا خیال کرنا: اظہار خیال کے طور پر تمہیدی جملے لکھنا۔ (۲)تعارف کے طور پر پہلے آنا : تمہید ہونا : دیباچہ ہونا: مقدمہ ہونا (کسی واقعے یا چیز کا)۔ (۳) (مجازاً) سامنے رکھنا : مقابل رکھنا: (کسی چیز کے) آمنے سامنے رکھنا یا کرنا۔

Prefacer : (n) دیباچہ نویس: تمہید نگار : مقدمہ نویس: پیش لفظ لکھنے والا ۔

Prefatial/ Prefacial : (a) ابتدائی : تمہیدی ۔

Prefatorial : (a) [f. L.' praefatio' -+-Al.] دیباچہ یا دیباچہ نویس کا یا اس سے متعلق: دیباچے یا مقدمے جیسا: ابتدائی: تمہیدی : افتتاحی ۔

Prefatorially /Prefatorily : (adv.) تمہیدی طور پر : ابتدائی طور پر ۔

Prefatory : (a) [f. L. 'praefatio' +-ory.] دیباچے یا مقدمے جیسا: مقدمے یا تمہید کی نوعیت کا : تمہیدی: ابتدائی: افتتاحی : مقدماتی ۔

Prefect/ Praefect : (n) [L. 'praefectus'] (۱) متعدد فوجی، ملکی رومی عہدہ داروں کا خطاب : پری فکٹ: رئیس: فرمان دہ: حاکم ۔ (۲) فرانسیسی محکمۂ انتظامی کا ناظم خصوصی ۔ (۳) (بعض پبلک اسکولوں میں) خلیفہ : مانیٹر: پری فکٹ : مبصر کلاس ۔

Prefect of police : (n) پیرس کی پولیس کا افسر : کوتوال ۔

Prefectoral /Prefectorial : (a) پری فکٹ کا : مانیٹر یا خلیفہ کا (خصوصاً انگلش پبلک اسکول میں)۔

Prefectship : (n) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت۔

Prefectural : (a) پری فکٹ کے عہدے یا اس کی مدت ملازمت سے متعلق: پری فکٹ کے عہدے کا : پری فکٹ کے زیرحکومت ضلع کا یا اس سے متعلق: پری فکٹ کی سرکاری قیام گاہ سے متعلق۔

Prefecture : (n) [L. 'praefectura'.] (۱) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت ۔ (۲) پری فکٹ کی سرکاری قیام گاہ ۔ (۳) پری فکٹ کے زیر حکومت ضلع : ولایت: حکومت ۔

Prefectureship : (n) پری فکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت۔

Prefer : (v) [L. 'praeferre'.] (۱) بڑھانا : ترقی دینا (کسی شخص کو کسی خدمت پر) ۔ (۲) (بیان، اطلاع، عہدہ دار کے سامنے) پیش کرنا : گزارنا : داخل کرنا۔ (۳) ترجیح دینا : بہتر یا برتر جاننا: زیادہ پسند کرنا: (کسی

ایک کے مقابلے میں دوسرے کو) منتخب کرنا ؛ (قانون) ترجیح دینا (مثلاً قرض خواہ کو) ۔

Preferability : (n) قابل ترجیح ہونے کی حالت یا صفت : لائق ترجیح ہونا : بہتری ؛ برتری ؛ فوقیت؛ تفوق۔

Preferable : (a) قابل ترجیح ؛ مرجع ؛ بہتر ؛ مستحسن ؛ زیادہ پسندیدہ ۔

Preferableness : (n) دیکھو Preferability

Preferably : (adv.) ترجیحاً ؛ ترجیح دیتے ہوئے؛ بہتر سمجھتے ہوئے زیادہ پسند کرتے ہوئے ؛ مقابلتاً یا نسبتاً قابل ترجیح سمجھتے ہوئے ۔

Preference : (n) [med. L. 'preferentia'.] (۱) ترجیح ؛ بہتر یا برتر سمجھنا. (۲) مرّجع یا منتخب شے. (۳) (قانون) ترجیح (مدیون کا اپنے دائنوں میں سے کسی ایک کو ادائے قرض میں ترجیح دینا)۔ (۴) (معاشیات) ترجیح (تجارتی معاملات میں کسی شخص یا ملک کو دوسرے پر ترجیح دینا خصوصاً کسی ملک کی درآمد پر نسبتاً کم محصول عائد کرکے) ۔

Fraudulent preference : تمام دائنوں یا قرض خواہوں کے درمیان اپنے اثاثے کی مساوی تقسیم سے بچاؤ کی خاطر کسی دیوالیہ شخص کا اپنے بعض قرض خواہوں کو پہلے ہی قرض چکا دینا : پرفریب ترجیح ۔

Imperial preference: شاہی ترجیح : سلطنت برطانیہ کے اندر جو ممالک ہیں ان کی برآمد پر ہلکا محصول لگانا ۔

Preference bond : (n) (معاشیات) ترجیحی بونڈ : دیکھو Preference share-

Preference method : (n) (نفسیات) ترجیحی طریقہ ۔

Preference share/-stock : (n) (معاشیات) ترجیحی حصہ : ترجیحی سرمایہ یا اسٹاک ؛ ترجیحی یا مرجع تمسک، رقعہ، حصہ، اسٹاک وغیرہ (یعنی وہ حصص کمپنی وغیرہ جن کی بابت منافع یا سود کی تقسیم بہ ترجیح حصص کے ایک معینہ حد تک عمل میں آتی ہے)۔

Preference system : (n) (معاشیات) ترجیحی نظام : طریق ترجیحی۔

Preferent : (a) [f. Preference , after difference, 'different.']
مرجح: ترجیحی : جسے ادائی یا عوض میں ترجیح کا حق حاصل ہو ؛ مقدار ترجیح : جسے ترجیح یا تفوق حاصل ہو: فائق: مقدم ؛ حق دار تقدم ۔

Preferent claims : (n) دعویٰ مقدم ۔

Preferential : (a) (۱)ترجیحی : امتیازی ؛ مقدم ؛ ترجیح کا؛ ترجیح دینے یا پانے والا ؛ ممتاز ، خصوصی امتیاز کا حامل ۔ (۲) (محصولات وغیرہ) خاص ملکوں کے حق میں رعایتی ؛ (خصوصاً ایسے محصولات وغیرہ) جن سے برطانیہ عظمیٰ اور اس کی نو آبادیات کی تجارت کو فائدہ پہنچے؛ رعایتی یا ترجیحی (محصولات)۔

Preferential mating : (n) (حیوانیات) ترجیحی جفتی ۔

Preferential voting/-system : ترجیحی رائے دہندگی یا دہی ؛ ترجیحی استصواب رائے ؛ استصواب رائے کا ایک طریقہ جس میں رائے دہندہ کسی عہدے کے لئے بیلٹ (Ballot) پر چھپے تمام ناموں پر حسب ترجیح اپنی رائے دیتا ہے ۔ اگر کوئی امیدوار کثرت رائے سے اولیں ترجیح کا حامل نہیں قرار پاتا تو پہلی اور دوسری ترجیحات یا اگر ضرورت ہوئی تو تیسری اور دیگر ترجیحات کو بھی شمار کرلیا جاتا ہے یہاں تک کہ کسی امیدوار کو کثرت رائے حاصل ہوجاتی ہے (اسے alternative voting بھی کہتے ہیں) ۔

Preferentialism : (n) طریق ترجیح (شرح محصول مقرر یا عائد کرنے میں ترجیح دینے، رعایت کرنے یا فائدہ پہنچانے کا اصول، عمل وغیرہ)۔

Preferentialist : (n) طریق ترجیح کا حامی یا موید: ملکوں کے تجارتی محصولات میں ترجیح یا رعایت کا حامی ۔

Preferentially : (adv.) از روئے ترجیح؛ ترجیحاً ترجیحی طور پر ؛ امتیازی طور پر ؛ طریق ترجیح یا نظام ترجیح کی رو سے ۔

Preferment : (n) [f. Prefer+ ment.] (۱) (حالت، معیارزندگی عہدے یا رتبے میں) ترقی ؛ بڑھوتری ؛ ارتقاء ؛ ترفیع؛ ترقیٔ مقام ۔ (۲) وہ عہد جو مالی یا معاشرتی اعتبار سے بلند رتبہ بنا دے ؛ (خصوصاً) کوئی کلیسائی عہدہ. (۳) (حق، دعوے یا رعایت میں) ترجیح؛ برتری ؛ تفوق ؛ امتیاز؛ حق تقدم؛ (خصوصاً ادائی پانے، کوئی چیز خریدنے یا کرائے پر لگانے کا ترجیحی حق (متروک) ۔

Preferred : (a) مرجع : ترجیح دیا ہوا ؛ افضل ؛ فائق؛ ممتاز ؛ امتیاز یافتہ ۔

Preferred share/-stock : (n) دیکھو Preference share/ -stock

Prefiguration : (n) [eccl. L. 'praefiguratio'.] (۱) آنے والی بات کا

پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا۔ (۲) نمونہ یا مثال جو آنے والی بات کی خبر دے۔ (۳)وہ جس میں کوئی چیز پہلے سے منقش ہو یا نمونتاً پیش کی گئی ہو: اصلی: اصلی نمونہ: ابتدائی نمونہ: پیش بینی: مآل اندیشی۔

Prefigurative : (a) [med. L. 'praefiguratívus'.] جو پہلے سے کسی بات کی تصویر پیش کرے: جو آنے والی بات کی پہلے سے مثال پیش کرے: جو نمونہ یا مثال کا ذریعہ آنے والی بات کی خبر دے۔

Prefigure : (v) [eccl. L. 'praefigurare'.] (۱) پہلے سے تصویر بناکر ظاہر کرنا، بیان کرنا: پہلے ہی تصور کرلینا۔ (۲) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا۔ (۳)پہلے سے اپنے دماغ میں تصویر کھینچ لینا۔

Prefigurement : (n) دیکھو Prefiguration

Prefix : (n) [med. L. 'praefixum'.] (۱) سابقہ۔ (۲) خطاب، لقب جو نام سے پہلے آتا ھے (مثلاً .Mr, Sir, Dr وغیرہ)۔

Prefix : (v) [Fr. 'prefixer'.] (۱) (باب، پیراگراف وغیرہ کو) کتاب کے شروع میں دیباچے کے طور پر لگانا۔ (۲) (لفظ وغیرہ کو) بطور سابقہ لگانا۔

Prefixion : (n) [med. L. 'praefixio'.] سابقے کا استعمال۔

Prefixture/Praefixture : (n) [f. Prefix (v) after Fixture] (۱) سابقہ لگانا۔ (۲) بطور سابقہ لگایا ہوا لفظ: سابقہ۔

Preflight : (a) (خاص کر طیارہ) آمادۂ پرواز: قبل پرواز: اڑنے سے پہلے: جو اڑنے کی تیاری کررہا ہو۔

Preflood : (a) سیلاب سے پہلے کا: ما قبل سیلاب۔

Prefloration : (n) [Fr. 'prefloraison'.] (نباتیات) قبل شگفتگی: کھلنے سے پہلے کی اندورنی ترتیب۔

Prefoliation/ Praefoliation : (n) [Fr. 'prefoliation'.] (نباتیات) قبل برگیت: قبل برگی: پودوں یا کلیوں کی بند پتیوں (کونپلوں) کی ترتیب یا تشکیل: کونپلوں یا ناشگفتہ پتیوں کی طرز ترتیب۔

Preform : (v) [f. Pre -+ form] پہلے سے بنانا: گھڑنا یا تیار کرنا۔

Preformation/ Praeformation : (n) (حیاتیات) قبل تشکیل: تشکیل ما قبل: پہلے سے بنانے، گھڑنے یا تشکیل دینے کا عمل یا طریق عمل: ساخت اولیں: ساخت پیشین۔

Theory of preformation : یہ نظریہ کہ کسی پودے کے بیج ہی میں وہ تمام اجزا موجود ہوتے ہیں جو بعد کو پودے میں ظاہر ہوتے ہیں: نظریۂ قبل تشکیل۔

Preformative/ Praeformative : (a) (۱) (سابقہ وغیرہ) جو بطور جزو ترکیبی کسی لفظ میں لگایا جائے۔ (۲) پہلے سے تشکیل دینے یا بنانے کی صفت یا اہلیت رکھنے والا۔

Preformative : (n) (فلسفہ) سابقہ (خصوصاً سامی زبانوں میں)۔

Preformed : (a) پہلے سے بنایا ہوا: پیش متشکل شدہ: پہلے سے گھڑا ہوا یا تیار کیا ہوا۔

Preformism : (n) (نباتیات) نظریۂ قبل تشکیل۔

Prefrontal / Praefrontal : (a) (۱) پیش جبینی: پیشانی کی ہڈی کے سامنے واقع۔ (۲)دماغ کے Frontal lobe کے اگلے حصے میں واقع۔

Prefrontal : (n) (تشریح) پیش جبینی ہڈی: ناک کی جڑ کے پاس کی مسام دار ہڈی کا ایک حصہ جو بعض رینگنے والے اور مینڈک جیسے حیوانات اور مچھلیوں میں ایک نمایاں ہڈی کے طور پر ہوتا ھے۔

Prefrontal bone : (n) دیکھو Prefrontal

Pregenial : (a) [f. Pre -+Gr. 'gencion'.] (تشریح) پیش ذقنی: ٹھڈی کے آگے کی۔

Pregenital : (a) قبل تناسلی: نفسی جنسی ارتقاء کے anal ,urethral oral اور Phallic فیزوں یا مرحلوں کا، ان سے متعلق یا ان کی خاصیت کا۔

Pregeological : (a) قبل ارضیاتی: معتبر ارضیاتی جدول سے پہلے کا۔

Pregerminated : (a) (نباتیات) قبل روئیدہ۔

Pregermination : (n) (نباتیات) قبل روئیدگی: پیشگی اپج۔

Pregestational : (n) استقرار حمل سے پہلے واقع ہونے والا۔

Pregnable : (a) [Fr. 'prenable'.] (۱) (فوج) قابل تسخیر: قابل فتح (قلعہ، گڑھی وغیرہ)۔ (۲) (مجازاً) جو حملے کی زد میں آسکے: غیر محفوظ: کمزور: جس پر بہ آسانی حملہ ہوسکے۔

Pregnancy : (n) (۱)حمل: گابھ: حالت حمل: حاملہ ہونا: گابھن ہونا: حاملگی۔ (۲) (زمین کی) زرخیزی: بار آوری:

پیداواریت ۔ (۲) (مجازاً) (ذہن کی) قوت خیال : قوت تفکر و تصور : تیزی : ذکاوت؛ فراست : اختراعی یا ایجادی صلاحیت ۔ (۳) (تقریر، الفاظ وغیرہ) بامعنی ہونا؛ معنونیت امکانی قوت : نتیجہ خیزی ۔

False pregnancy : (طب) رجا ۔

Pregnancy disease : (n) گابھن بھیڑوں کی ایک بیماری جو کاربو ہائیڈریٹ کی کمی سے خصوصاً ان بھیڑوں کو ہوتی ھے جن کے پیٹ میں دو یا تین بچے ہوتے ہیں (علامت: سستی، لڑکھڑاہٹ، چکراکر گرنا)۔

Pregnancy test : (n) امتحان حمل : حمل کی جانچ (یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا حمل ھے یا نہیں)۔

Pregnant : (a) [Fr. pregnant'.] (۱) حاملہ : گابھن ۔ (۲) (ذہن) رسا : معنی خیز : پرتخیل : اختراعی : ایجادی۔ (۳) نتیجہ خیز۔ (۴) (کام، الفاظ) معنی خیز : نکتہ خیز : پر معنی : مضمون آفریں : نکتہ آفریں۔

Pregnant construction : (n) (صرف و نحو) ذو معنی ترکیب : معنی خیز ترکیب (جملے وغیرہ کی ایسی ساخت جس میں لفظی معنوں کے علاوہ معنوی اور پنہاں معنی بھی ہوں)۔

Pregnantly : (adv.) پر معنی انداز میں: مطلب خیز طور پر : نکتہ آفریں انداز میں ۔

Pregummed paper : (n) ڈاک ٹکٹ کا کاغذ جس کو چھاپنے سے پہلے گوند لگادیا جاتا ھے ۔

Pregustation : (n) ابتدائی جانچ ۔

Prehallux/ Praehallux : (n) [mod. L.] بعض پستان دار، رینگنے والے اور صفدغی حیوانات کے ٹخنوں کی ہڈی کے پاس اندر کی طرف ایک نامکمل ساخت جسے اضافی انگشت سمجھا جاتا ھے : پیش ابہام ۔

Prehensible : (a) [L. 'prehensus.] (حیوانیات) گرفت پذیر : پکڑے جانے کے لائق ۔

Prehensile : (a) [Fr. 'prehensile'.] (وہ عضو یا دُم) جو گرفت کرسکے : گرفت کی صلاحیت رکھنے والا: گیرندہ۔

Prehensility : (n) گیرندگی : قوت گرفت : صلاحیت گرفت: گرفت کرنے کی صلاحیت یا صفت ۔

Prehension : (n) [L. 'prehensio'.] (۱) پکڑنے یا گرفت کرنے کا عمل: قبضہ : گرفت کرنا : گرفت ۔ (۲) فہم : ادراک: تصور: (ذہن کی) رسائی۔

Prehepatic : (a) (تشریح) پیش جگری : جگر کے سامنے کا۔

Prehistoric/-al : (a) [Fr. 'prehistorique'.] ما قبل تاریخی : قبل تاریخی: تاریخ سے قبل کے عہد کا ، اس عہد سے متعلق یا اس عہد میں موجود ۔

Prehistorically : (adv.) قبل تاریخی زمانے میں۔

Prehistory : (n) زمانۂ ما قبل تاریخ : واقعات ما قبل تاریخ۔

Prehnite : (n) [G. 'prehnit'.] المونیم اور کیلشیم کا آبدار سلیکیٹ۔

Prehnitic : (a) Prehnite سے متعلق یا اس جیسا ۔

Prehnitic acid : (n) Prehnite جیسا ایک ترشہ ($C_{10}H_6O_8$) ۔

Prehuman : (a) قبل انسانی : ما قبل انسانی : بنی نوع انسان کے وجود میں آنے سے قبل کا۔

Prejacent : (a) [OFr. 'prejacent'.] (منطق) مقدم :اصلی :اولیٰ : اولین۔

Prejacent : (n) (منطق) قیاس اولیٰ : مقدمہ ۔

Prejudge : (v) [after L. 'praejudicare'.] (۱) مناسب تحقیقات یا سماعت سے پہلے فیصلہ صادر کرنا، رائے ظاہر کرنا، تجویز کرنا ۔ (۲) (کسی فعل، شخص، سبب وغیرہ کے متعلق) قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔

Prejudg (e) ment : (n) (۱)قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔ (۲) رائے، فیصلہ، تجویز وغیرہ جو تحقیقات یا سماعت سے پہلے صادر کی جائے ۔

Prejudication : (n) [f. L. 'praejudicare'.] (۱)دیکھو Prejudg (e) ment ۔ (۲) پہلے کا فیصلہ جو بطور نظیر کام آئے : (قانون) نظیر ۔

Prejudice : (n) [L. 'praejudicium'.] (۱) مضرت : نقصان (جو کسی شخص کو اس فیصلے یا عمل سے پہنچا ھے جس میں اس کے حقوق کو نظر انداز کیا گیا ہو) ۔ (۲) (کسی کے موافق یا مخالف) میلان خاطر: بے جا مخالفت یا طرف داری کا رجحان : تعصب : بے جا بدظنی یا حسن ظن : عصبیت : ہٹ ۔

In prejudice of :: نقصان دہ طور پر: مضرت رساں اندازمیں: مضرت رسانی سے۔

To the prejudice of : نقصان پہنچاتے ہوئے : مضرت رسانی سے ۔

Without prejudice : (قانون) موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچائے بغیر (کوئی معاملہ کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ہیں جس سے مراد یہ ھے کہ اگر معاملہ طے نہ ہو تو جو کچھ کہا یا تحریر کیا جائے وہ کسی فریق کے حق میں مضر نہیں ہوسکتا اور نہ وہ بطور شہادت پیش ہوسکتا ھے)۔

Prejudice : (v) (۱) کسی کے دل میں تعصب پیدا کرنا؛ بے جا اثرات ڈال کر کسی شخص کو موافق یا مخالف بنالینا : کسی کے ذہن یا رائے کو پہلے ہی متاثر کردینا۔ (۲) مضرت یا نقصان پہنچانا؛ بگاڑ دینا : کمزور کرنا (کسی حق، دعوے بیان وغیرہ کو)۔

Prejudiced : (a) جو پہلے ہی سے کسی کی موافقت یا مخالفت میں ہو : جس نے پہلے ہی کسی کو موافقت یا مخالفت میں اپنی رائے قائم کرلی ہو : پہلے سے فیصلہ کئے ہوئے : پہلے سے طے شدہ۔

Prejudicial : (a) [Fr. 'prejudiciel'.] (۱) بدظنی : تعصب یاطرف داری پیدا کرنے والا ۔ (۲) نقصان دہ؛ مضر؛ مضرت رساں ۔

Prejudicial : (a) [Late L. 'praejudicialis'.] (یونانی قانون) عدالتی کارروائی کے پہلے : پیش مقدماتی ۔

Prejudicially : (adv.) از راہ تعصب : بدظنی یا طرف داری سے :بدظنی پیدا کرتے ہوئے : نقصان دہ طور پر : مضرت رساں انداز میں۔

Prejudicialness : (n) مضرت رسانی : نقصان دہ ہونا ۔

Prekindergarten : (a) (۱) بہت چھوٹے بچوں کے لئے یا ان کے لائق : ننھے بچوں کے لئے مناسب : ان بچوں کے لئے جو ابھی Kindergarten میں داخلے کے لائق نہ ہوں ۔ (۲) بہت چھوٹا : ابتدائی : نارسیدہ ۔

Prelacteal : (a) (۱) دودھ کے دانت سے پہلے کا (تھیلی دارجانوروں کے ابتدائی دانتوں کے لئے مستعمل ھے)۔ (۲) (بچے کی غذا) جو دودھ سے پہلے دی گئی ہو؛ دودھ سے پہلے کھائی ہوئی (غذا) دودھ پینے سے قبل ۔

Prelacy : (n) [med . L. 'prelatia'.] (۱) رئیس کلیسا (پریلیٹ) کا عہدہ، منصب، درجہ، علاقہ ۔ (۲) جماعت رؤسائے کلیسا ۔ (۳) پریلیٹوں کی حکومت کلیسا (اسقف حکومت) Episcopacyکا مذمت آمیز نام)۔

Prelate : (n) [med. L. 'praelatus'.] پریلیٹ : رئیس کلیسا (جس سے مراد ھے اسقف اعظم، اسقف ، مطران بطریق اور (تاریخ میں) صدر راہب وغیرہ) ۔

Prelateship : (n) پریلیٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ۔

Prelatess : (n) (۱) صدر راہبہ ۔ (۲) نائب صدر راہبہ (Prioress)۔ (۳) (مزاحاً) پریلیٹ کی بیوی ۔

Prelatic/-al : (a) پریلیٹوں یا ان کے عہدے ، علاقے وغیرہ کا یا اس عہدے وغیرہ سے متعلق (عموماً بطور مذمت)؛ پریلیٹوں کے زیر حکومت یا ان سے وابستہ : رئیس کلیسا کے عہدے یا منصب سے وابستہ : اسقفی : اسقفی حکومت کا پیرو ۔

Prelatism : (n) پریلیٹوں کی حکومتِ کلیسا : اسقفی حکومت یا اس کی پیروی ۔

Prelatist : (n) اسقفی حکومت کا پیرو : اسقفی کلیسا کا رکن : پریلیٹوں کی حکومت کا حامی ۔

Prelatize : (v) [f. Prelate (n) +- ize.] (کلیسا کو) پریلیٹی حکومت کے تحت لانا : پریلیٹ یا اس کی حکومت سے وابستہ کرنا۔

Prelatry : (n) [f. asprec. +-ry.] دیکھو Prelacy

Prelature : (n) [med. L. 'praelatura'.] (۱) پریلیٹ کا عہدہ؛ پریلیٹ کا علاقہ ۔ (۲) پریلیٹوں کی جماعت : پریلیٹ کا درجہ : منصب ۔

Prelect / Praelect : (v) [f. L. 'praclegere'.] تقریر کرنا : لیکچر دینا (کسی موضوع پر خصوصاً جامعہ میں) : درس دینا : خطبہ دینا ۔

Prelection/ Praelection : (n) (۱) عام تقریر یا لیکچر : (خصوصاً کسی کالج یا یونیورسٹی میں طلباء کے سامنے وہاں کے ریڈر یا ٹیچر کا لیکچر : (تعلیم) درس عام : خطبہ. (۲) پیشگی مطالعہ : جو پڑھایا جاتا ھے اسے پہلے سے پڑھ لینا ۔

Prelector/ Praelector : (n) (کسی جامعہ کا) لیکچرر یا ریڈر : خطیب؛ استاد؛ مدرس ۔

Prelectorship : (n) (کسی جامعہ کے) لیکچرر یا ریڈر کا عہدہ ، رتبہ یا کام ۔

Prelibation : (n) [Late . L. 'praelibatio'.] (۱) (عموماً مجازاً) پہلے

سے مزا چکھ لینا۔ (۲) کسی چیز کے پہلے پھل کا چڑھاوا یا پیش کش (شاذ)۔

Prelim : Preliminary کا مخفف۔

Preliminarily : (adv.) [f. next.] (۱) ابتدائی انتظام کے طور پر۔ (۲) بطور تمہید: بطور مقدمہ : بطور افتتاح: ابتدائی: یا آزمائشی طور پر۔

Preliminary : (n) [mod . L.praelininaris'.] (عموماً جمع) ابتدائی اقدامات یا انتظامات : ابتدائی امور: (توصیفاً) (طلبا کا عامیانہ) ابتدائی امتحانات: آزمائشی امتحانات۔

Preliminary : (a) مبادی : مقدماتی : تمہیدی : ابتدائی : افتتاحی : آزمائشی : اصل کام یا موضوع سے پہلے آنے والا یا اصل کام یا موضوع کی طرف رہنمائی کرنے والا۔

Prelithic : (a) پتھر کے اوزار : ہتھیار یا سامان استعمال کرنے سے قبل کے دور کا (انسانی تہذیب یا ارتقا کی ایک مفروضہ منزل پر اطلاق ہوتا ہے)۔

Prelude : (n) [med . L. 'praeludium'.] (۱) فاتحہ : آغاز : ابتداء : تمہید: (کوئی کام ، واقعہ ، عمل، حالت وغیرہ جو کسی دوسرے کام وغیرہ کا) پیش خیمہ (ہو)۔

Prelude : (v) [L. 'praeludere'.] (۱) پیش خیمہ ہونا یا بنانا:روشناس کرنا : پہلے سے آگاہ کرنا، بتانا : (آئندہ واقعات کا) پیش خیمہ ہونا : شگون ہونا۔ (۲) تمہید وغیرہ کے ساتھ پیش کرنا۔ (۳) سر ملانا: افتتاحی نغمہ سنانا : افتتاحی نغمہ سے شروع کرنا۔

Preluder : (n) آغاز کرنے والا: سر ملانے والا : افتتاحی نغمہ سنانے والا: ابتدا کار : آغاز کار۔

Preludial : (a) ابتدائی : تمہیدی : بطور پیش خیمہ کام آنے والا: افتتاحی : مقدماتی۔

Preludious : (a) دیکھو Preludial

Preludium/ Praeludium : (n) [med. L.] ابتدا : آغاز: تمہید۔

Preludize : (v) تمہید لکھنا : افتتاحی نغمہ بجانا۔

Prelusion : (n) [L. 'praelusio'.] ابتدا: آغاز : تمہید : تعارف: پیش خیمہ : مقدمہ : افتتاح: روشناس کرانا : افتتاحی نغمہ سنانا۔

Prelusive : (a) (۱) افتتاحی : تمہیدی : ابتدائی : تعارفی۔ (۲) بطور پیش خیمہ کام دینے والا۔

Prelusively/Prelusorily : (adv.) بطور تمہید : افتتاحی طور پر : ابتدائی انداز میں : تمہیدی انداز میں : تمہید کے طور پر۔

Prelusory : (a) [Late L. 'praelusorius'.] دیکھو Prelusive

Preman : (n) (بشریات) اوّلی انسان : ایک مفروضہ قدیم اشرف المخلوق جو آدمی سے فوراً پہلے یا براہ راست جد آدم سمجھی جاتی ہے۔

Premaxilla/Praemaxilla : (n) [mod.L] (تشریح)اوپری جبڑے کی آگے والی ہڈی : اوپری جبڑے کی سامنے والی ہڈی۔

Premexillary : (a) (تشریح) اوپری جبڑے کے سامنے یا آگے واقع: پیش فلۃ اعلیٰ : پیش فلۃ فوقانی۔

Premaxillary : (n) دیکھو Premaxilla

Premaxillary bone : (n) (تشریح)اوپری جبڑے کی آگے والی ہڈی : اوپری جبڑے کے سامنے کی ہڈی۔

Premeditate : (v)[L.'Praemaditari'.] پیش بندی کرنا :پہلے سے ٹھان لینا :سوچ لینا :پہلے سے سوچ سمجھ لینا تجویز کر رکھنا(کسی کا م کی): پہلے سے قصد کر لینا: نیت کرنا۔

Premiate : (v) [L. 'Praemiar '.] انعام دینا:قسط اداکرنا۔

Premier : (a) [L.'primarius'.] (۱)(وقت، اہمیت ،سلسلہ ،جگہ، مرتبہ، در جہ کے لحاظ سے)مقدم :پہلا :اول:اعلیٰ ارفع: برتر :والا تر۔

Premier : (n)[Short for 'premier minister'.] (۱)کسی ادارے کا افسر اعلیٰ۔ (۲)(برطانیۂ عظمیٰ یا اس کی نوآبادیات کا) وزیراعظم۔(۳)(امریکا)سکریٹری آف اسٹیٹ۔

Premier : (n) [Fr. short for 'premier etage'.] ہوٹل وغیرہ کی دوسری منزل۔

Premiere : (n) [Fr. short for ' premiere representation'.] کسی کھیل یا ڈرامے کی اولین نمائش : نمائش شب اول : شب اول۔

Premiership :(n) وزرات عظمیٰ: وزیراعظم کی مدت ملازمت۔

Premillenarian : (n) (۱)الف سعادت سے قبل حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی پر عقیدہ رکھنے والا۔ (۲)دیکھوPremillennalist-

Premillennial : (a) الف سعادت (عہد ہزار سالہ جس میں شیطان مقید ہوگا اور حضرت مسیح کی حکومت ہوگی) سے قبل کا: حضرت مسیح کے ظہور ثانی سے قبل کا: (نیز) آج کی دنیا یا موجودہ دور سے متعلق (جو الف سعادت سے قبل کا ہے)۔

Premillennialism : (n) یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ کا ظہورثانی الف سعادت سے قبل ہوگا۔

Premillennialist : (n) الف سعادت سے قبل حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی پر عقیدہ رکھنے والا:اس بات کا معتقد کہ حضرت عیسیٰ کا ظہورثانی الف سعادت سے قبل ہوگا۔

Premillennialize: (v) اس عقیدہ کی تبلیغ کرنا کہ حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی الف سعادت سے قبل ہوگا۔

Premillennian : (a) دیکھو Premillennial

Premineral : (a) معدنی تودوں سے قبل کا: جو معدنی تودوں سے قبل وجود میں آچکا تھا۔

Premise/ Premiss : (n) [med. L 'praemissa'.] : (۱) (منطق) مقدمہ قضیہ (قیاس syllogism)تین قضیوں پر مشتمل ھے جن میں اول دو کو مقدمات یا قضیے کہتے ہیں اور آخری کو نتیجہ ۔(۲) (جمع) امر مندرجہ بالا : (خصوصا قانون) مندرجہ بالامکانات واراضیات وغیرہ(جائداد جس کے حالات دستاویز میں درج ہو چوکے ہوں)۔(۳)(جمع)مکان۔ عمارت اور اس سے ملحق اراضی اور دیگر اشیا۔

The major premise : (منطق) مقدمہ کبریٰ۔

The minor premise: مقدمۂ صغری۔

Premise : (v)[f.prec.] (۱)بطور مقدمہ پیش کرنا :مقدمات کی صورت بیان کرنا یا پیش کرنا ۔ (۲) (کوئی بات) افتتاحاً یا بطور تمہید لکھنا یا کہنا : تعارف کے طور پر کچھ کہنا یا لکھنا۔

Premises : (n) (۱)(منطق)مقدمات۔(۲)احاطہ۔(۳)عمارات۔

Premiss : (n) دیکھو Premise(n)

Premium/ Premiums /Premial : [L 'Praemium .'] انعام : صلہ : بخشش:منافع۔(۲)پریمیم:وہ رقم جو بیمہ کرنے والے کو بطور بدل معائدہ بیمہ اوقات معینہ پردی جائے : قسط بیمہ : قسط۔(۳)بڑھوتی:بڑھوتری:بیشی:مزید نفع یا فائدہ (خصوصاً) زائد منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو ملے۔(۴)انعام جو مزدوروں کو اجرت کے علاوہ دیا جائے:انعام۔(۵)کوئی پیشہ سیکھنے کی فیس ۔(۶)بٹاون : بٹہ :بھنوائی بدلوائی: وہ رقم(بحساب فی صد)جو زر کاغذی کو سکوں میں یا کسی کو اس سے اعلیٰ زر میں بدلوانے کے لئے زائددینی پڑتی ھے ۔

At a premium : معمولی قیمت سے زیادہ میں:عام قیمت سے زیادہ میں : مساوات سے اوپر : (مجازاً) گراں قدر : گراں قیمت۔

To put a premium on (fraud) : (دغابازی کا)محرک ہونا: ترغیب دینا۔

To stand at a premium : (حصص کا)بیشی پر ہونا: بڑھوتری پر ہونا: قیمت مساوات یا قیمت اجزا سے زیادہ قیمت پر ہونا۔

premium bond :(n) انعامی بانڈ :سرکاری بانڈ جس پر سود نہیں ہوتامگر وقتاً فوقتاً نقد انعامات حاصل کرنے کے مواقع ہوتے ہیں۔

Premium bonus system /Premium system : (n) بونس سسٹم:ایک قاعدہ جس کے ذریعہ کام کی اجرت کے علاوہ معیاری وقت سے کم مدت میں کام کر لینے کے عوض مزدوروں کو کئے ہوئے کام کی قدر وقیمت کے تناسب سے بونس دیا جاتا ھے۔

premolar : (n) (تشریح)پیش ضرس:ضرس کا ذب: ڈاڑھ سے پہلے والا دانت: چھوٹی ڈاڑھ۔

Premolar teeth : (n) (تشریح)پیش اضراس: اگلی ڈاڑھ ہیں۔

Premonstrant :(n& a) [Ofr. 'Premonstrant '.] پر یمونٹری : پریمونٹری (Premontre) واقع فرانس میں ۱۱۱۹ء میں سینٹ ناربرٹ کے قائم کردہ راھوں کے سلسلے کارکن: ننّ راہبہ جو ایسے سلسلے کی رکن ہو۔

Premonstratensian : (n) [f.med . L. 'Praemonstratensis ' .] دیکھو Premonestrant

Premonstratensian : (a) پریمونٹری : پریمونٹرے (Premontre) واقع فرانس نزدلیوں میںسینٹ ناربرٹ کے قائم کردہ راھوں کے سلسلے کا۔

Premonstratensis / Prae - . (a & n) [med. L.] دیکھو Premonestrant

Premorse :(a)[L. ' Praemorsus '.] (نباتات) حشرہ گزیدہ :جس کا سرا مقطّع ہو: شکستہ :ٹھٹھا : ٹھنٹھ :سر کٹا : سربریدہ ۔

premotion : (n)[med .L. 'Praemotio'.] پیش انگیزش :خصوصاًخدائی فعل جو مرضی مخلوق کا تعین کرتاھے۔

Premove : (v) پیش انگیزی کرنا (جس سے مرضی مخلوق متعین ہو)۔

Premundane: (a) جو تخلیق عالم سے پہلے موجود تھا : تخلیق عالم سے پہلے کا : قبل از تخلیق عالم۔

Premunire : دیکھو Praemunire

Premunitory : (a) دیکھو Premonitory

Prename : (n) دیکھو Praenomen

Prenasal : (a) ناک کی ہڈی :ناک یا نتھنوں کے آگے یا سامنے کا:پیش انفی۔

Prenatal : (a) ولادت سے پہلے موجود یا واقع ہونے والا : قبل ازولادت کا: قبل پیدائش ۔

Prenatal care : (n) (طلب)قبل پیدائش نگہداشت :قبل ازولادت دیکھ بھال۔

Prenatalist :(n) یہ عقیدہ رکھنے والا کہ ولادت سے پہلے بھی حضرت عیسیٰ الوہی صفات کے حامل تھے۔

Prender /Prendre : (n) [Subs. use of Afr . ' Prender'.] (قانون) بغیر پیشکش کسی چیز کو لینے کا حق یااختیار: حق تصرف۔

Prenomen : (n) Praenomen کا متبادل ۔

Prenominal : (a) [f. L. Praenomen.] ذاتی یا اصلی نام سے متعلق: نیزدو لفظی نام کا پہلا لفظ۔

Prenotion : (n) [L. 'praenotio ' .] (۱)(شاذ) کسی چیز کے وجود کا یا کسی کے بات کے واقع ہونے کا ذہنی ادراک : پیش ادراک: تصور: پیش آگہی .(۲) پیش خیال :پیش تخیل :پیش اخطار۔

Prentice : (n) (بول چال) دیکھو Apprentice

Prentice hand : (n) دست مبتدی :اناڑی ہاتھ :تجربہ کارانہ کوشش۔

Prenticeship : (n) دیکھو Apprenticeship

Prenubile : (a) (عضویات)قبل اٹھان :جنسی وعضویاتی اعتبار سے لائق مناکحت و مباشرت ہونے سے قبل کا۔

Prenuptial : (a) قبل ازمناکحت : قبل ازشادی : قبل عروسی؛قبل زفاف ۔

Preoccupancy : (n) [f. Pre-+-occupancy = Preoccupation] دیکھو Preoccupation ۔ (۲)ذہنی مشغولیت یا مصروفیت :محویت : استغراق۔

Preoccupation : (n) [L . 'Praeoccupation ' .] (۱)کسی کے لئے پہلے سے اچھا یا برا خیال رکھنا :کسی کے لئے پہلے سے سوء ظن یا حسن ظن رکھنا: تعجب :طرفداری : عصبیت ۔ (۲)کسی جگہ کا پیشگی قبضہ: قبضۂ پیشین۔ (۳)پیشہ یا شغل جو سب پیشوں یا مشغلوں پر ترجیح پاتا ھے : شغل اول۔(۴) خوض خیال :خیال میں غرق ہونا: دھن : مشغولیت ذہن: دور از نظر چیزوں کے خیالات میں محو ہونا: محویت : استغراق : ذہنی مصروفیت یا مشغولیت۔

Preoccupied : (a) (۱)پہلے سے مشغول یا مصروف : خیالات میں محو: غرق : مستغرق .(۲)(حیوانیات، نباتیات)(نام) جو کسی شے کے لئے پہلے ہی استعمال ہو چکا ہو؛ جس کا پہلے ہی مصرف لیا جا چکا ہو :جو پہلے ہی سے کسی کے زیر قبضہ ہو۔

Preoccupiedly : (adv.) دور از نظر چیزوں کے خیال میں مشغول ہو کر: محویت سے: کسی خیال میں غرق ہو کر : استغراق کے ساتھ : محو ہو کر۔

Preoccupy : (v) [after L. ' Praeoccupare'.] (۱)(کسی اور کا) پہلے قبضہ کر لینا : قابض ہوجانا : اپنے تصرف میں لانا (اراضی وغیرہ)۔ (۲) (دماغ وغیرہ کو) محوخیال کرنا: خیال میں مصروف رکھنا : سوچ میں غرق کرنا۔

Preocular : (a) [f . Pre -+ L. oculs.+ ar .] آنکھ کے سامنے واقع (کسی رینگنے والے حیوان کے سر کی بعض پلیٹوں پر اطلاق ہوتاھے) :(حیوانیات) پیش چشم یا پیش چشمی: پیش عینی :آنکھ کے سامنے کا۔

Prep : (n) (Prepation) Preparation (تیاری) کا مخفف : درس اسباق کی تیاری۔

Prep :(a) (عامیانہ) نچلے درجے کا (اسکول جس میں اونچے درجوں کے لئے بچوں کو تیار کیا جاتا ھے : Preparatory کا مخفف :(امریکا) جس میں نوجوان لڑکوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ھے۔

Preparation : (n) [L . Praeparatio ' .] (۱)تیار کرنا :تیار ہونا:

سازوسامان مہیا کرنا : تیاری؛آمادگی؛کمربندی ؛ مستعدی۔ (۲)بندوبست ؛انتظام۔(۳)سازوسامان۔ (۴)اسباق درسی کی تیاری(مخففPrep)۔ (۵)خاص طور پرتیار کردہ شے(مثلاًدوا ،غذا،مرکب وغیرہ)؛ تیاری دستاویزوغیرہ کی۔(٦)(موسیقی)آغازنغمۂ بے آہنگ ۔ (۷)یہودیوں کے یوم السبت یا دیگر تہواروں کو منانے سے قبل کی مذہبی رسوم؛تیاری یوم السبت ؛ (نیز)سبت کے قبل کادن (جمعه کا دن)۔(۸)شرکت عشائے ربانی کی تیاری ؛عشائے زبانی سے قبل پڑھی جانے والی دعائیں؛ عشائے ربانی کا پہلا حصہ۔

Day of preparation : (۱)یہودیوں کے یوم السبت یا دیگرتہواروں سے قبل کا دن ۔

To make preparations for : تیاری کرنا؛انتظام کرنا، تیاریاں کرنا۔

Preparation day : (n) یہودیوں کے یوم السبت یا دیگر تہواروں سے قبل کا دن (جس روز وہ یوم السبت وغیرہ منانے کی تیاریاں کرتے یا اس سے قبل کی رسوم ادا کرتے ہیں) : سبت سے قبل کا دن (جمعه)۔

Preparative : (a) [med. L. 'praeparativus'.] (۱)تیاریوں سے متعلق : تیاری کا؛ تیاری کرنے والا ، جس کے ذریعہ(کسی کام وغیرہ کی)تیاری ہو : ابتدائی تعارفی مقدماتی تمہیدی۔ (۲)(بطور متعلق فعل)(کسی چیزسے) قبل ؛پیشتر، بطور تیاری، تیاری میں۔

Preparative : (n) (۱)عمل جس سے تیاری کی جائے؛تیاری کا عمل؛ تیاری۔(۲)(فوج)دہل، بگل وغیرہ کے ذریعے یہ حکم کے تیار ہو جاؤ؛تیاری کا حکم۔

Preparatively : (adv.) بطورتیاری؛تیاری کرتے ہوئے۔

Preparator : (n) [Late L. ' Praeparator '.] (شاذ)(دوا وغیرہ)تیار کرنے والا۔

Preparatorily : (adv.) تیاری کے طور پر؛تمہیداً (کسی چیز کے لئے) تیار ہوکر؛تیارکرنے کے لئے ؛ابتدائی یا مقدماتی طور پر ؛قبلاً؛ تیار کرنے کے انداز میں ۔

Preparatory : (a) [Late L.'Praeparatorius ' .] (ا)جو آئندہ کی تیاری کرتا ہو : تیاری کرنے والا ؛ تیاری کا؛جس کے ذریعے (کسی کام وغیرہ کی)تیاری ہو : ابتدائی : تعارفی : تمہیدی : مقدماتی ۔ (۲)(toکے ساتھ بطور متعلق فعل) قبل از ، پہلے : پیشتراز :کے لئے۔ (۳)اس جونیز اسکول پر اطلاق ہوتاھے جس میں بچوں کو اعلیٰ مدارس یا اونچے درجوں کے لئے تیار کیا جاتاھے ؛ (امریکا) جس میں بڑی عمر کے بچوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ھے ؛ (ابتدائی یا امدادی مدرسہ (عموماًپرائیوٹ)۔

He was packing it up preparatory to sending it by post : وہ اس کوڈاک سے بھیجنے کے لئے پیک کررہاتھا۔

Preparatory : (n) Preparatory School کا مخفف۔

Preparatory school : (n) وہ مدرسہ یا جو نیر اسکول جو بچوں کو اعلیٰ مدارس یا اونچے درجو ںکے لئے تیار کرتا ھے؛ (امریکا) وہ اسکول جس میں سیانے بچوں کو کالج کے لئے تیار کیا جاتا ھے؛وہ اسکول جو بچوں کو پبلک اسکول میں بھیجنے کے لئے تیار کرتا ھے؛ابتدائی یا امدادی مدرسہ(عموماً پرائیوٹ)۔

Preparatory tory seminary : (n) Priesthood(جوہائی اسکول یا جو جو نیر کالج کے مساوی ہوتاھے اور جہاں آخری دو سال فلسفے کی تعلیم دی جاتی ھے)میں داخلے کے خواہاں نوجوانوں کو تیار کرنے کے لئے رومن کیتھولك اسکول ۔

Preparatory to : (adv.) قبل از؛پہلے ؛پیشتر از : کے لئے۔

Prepare : (n) [f. next .] (۱)(بول چال) تیاری ۔(۲)رنگ سازی کا مادہ : ایك مادہ جو رنگ سازی میں کام آتا ھے۔

Prepare : (v) [L.' Praeparare'.] (۱)(کسی شخص یا چیز کو کسی کام کے لئے)تیار کرنا؛ مستعد کرنا؛آمادہ کرنا۔(۲)پکانا ، تیار کرنا (کھا ناوغیرہ)۔ (۳)(کسی شخص کو خبر یا کوئی اور بات سننے کے لئے)آمادہ کرنا ؛تیار کرنا۔ (۴)(سبق ، تقریر ، وعظ ، خطبه وغیرہ)پہلے ہی سے مطالعه وغیرہ کرکے تیار کرنا۔(۵)(طالب علم وغیرہ کو)تعلیم دے ك (کالج یا کسی امتحان کے لئے تیار کرنا۔(٦)(کیمیائی مرکب) تیار کرنا۔ (۷)(موسیقی) Discored کا (ایك خاص طور سے) افتتاح کرنا۔ (۸)تیار کرنا ؛بنانا؛(نقشه وغیرہ) مرتب کرنا۔ (۹)کسی قابل یا لائق بنانا؛ آراستہ کرنا؛(کسی مخصوص یا تکنیکی استعمال کے لئے)درست کرنا ؛ تیار کرنا؛ مناسب حالت میں لانا۔(۱۰)تیار ہونا؛ تیار ہوجانا ؛ کمر بستہ ہونا؛ تیاریاں کرنا ؛ تیاری کرنا؛سازوسامان مہیا کرنا۔ (۱۲)(کوئی تحریر یا دستاویز)تیار کرنا۔

To be prepared : (کچھ کرنے یاکسی کام کے لئے) تیار ہونا؛ آمادہ ہونا ؛کمر بستہ ہونا ؛ راضی ہونا۔

To prepare the way : آئندہ کے ہموار کرنا ؛ راستہ بنانا ؛

قصد ضرر رسانی ؛بالقصد ؛جرم یانقصان جوعمداً کیا گیا ہو.

Of malice prepense : ضرررسانی کے قصد سے؛ بد نیتی سے ؛ مخاصمت سے ؛ مخاصمانہ ؛ معاندانہ ۔

Prepensed : (a) [Alt . f . OFr . ' purpense ' .] (۱) خصوصاً قانونی محاورے Prepensed malice یا malice prepensed میں آتا ھے ۔(۲) بالعمد؛ بلاارادہ ؛ارادی؛ بالقصد ؛ پہلے سے سوچا ہوا یا نیت کیا ہوا.

Malice prepensed /Prepensed malice : دیکھو Malice prepense

Prepensely : (adv.) عمداً ؛قصداً؛ پہلے سے سوچ کر؛ ٹھان کر ؛ نیت یا ارادے سے ؛با لا رادہ یا ارادی طور پر ۔

Preperception : (n) (نفسیات)پیش ادراک ؛قبل فہم ؛ادراک ماقبل ؛ ادراک سے قبل کی حالت ۔

Prepollex / Praepollex : (n) [mod. L.] (تشریح)بعض حیوانات کے اگلے پاؤں یا ہاتھوں کے ساعد کی ہڈی کے کنارے پر موجود ایک نا مکمل ساخت یا عضو جسے اضافی انگلی تصور کیا جاتا ھے ؛ انگشت اضافی ۔

Preponderance : (n) [f. next] (۱) زیادہ بھاری ہونا؛ زیادہ وقعت رکھنا ؛زیادہ اہم ہونا ؛ تعداد میں زیادہ ہونا ؛زیادہ اقتدار رکھنا ؛ مقدار میں زیادہ ہونا ؛زیادہ اثر رکھنا. (۲)توپ کے اس حصے کا وزن زیادہ ہونا جو کیلیوں کے پیچھے ہوتا ھے (بہ نسبت اگلے حصے کے) ۔

Preponderant /-rate /-rating : (a) [f.L.'Praeponderare'.] (۱)زیادہ وزنی ؛ زیادہ بھاری؛ زیادہ وزن دار.(۲)زیادہ وقیع؛ زیادہ اہم ؛ زیادہ وقعت رکھنے والا؛ تعداد میں یا مقدار میں زیادہ؛زیادہ اثر واقتدار رکھنے والا.

Preponderantly / Preponderately : (adv) زیادہ وزن کے ساتھ ؛ زیادہ وزنی ہو کر ؛ زیادہ وقیع انداز میں ؛ زیادہ اہم طور پر؛ تعداد ، مقدار ، اثر یا اقتدار میں زیادہ ہو کر یا بڑھ کر.

Preponderate : (v) [f. L . ' Praeponderare ' .] (۱)زیادہ وزنی یا بھاری ہونا؛ وزن میں زیادہ ہونا.(۲) ازروئے عقل یا اخلاق زیادہ وقیع یا زیادہ اہم ہونا؛ زیادہ وقعت رکھنا؛ زیادہ اثر رکھنا ؛ زیادہ اقتدار رکھنا ؛ قوت یا طاقت میں بڑھ کر ہونا .(۳)تعداد یا مقدار میں زیادہ ہونا.(۴)خاص ، اہم یامقدم جز ہونا ؛ قوی تر یا خاص عنصر ہونا.(۵)غالب آنا یا رہنا ؛فائق

لئے آسانیاں فراہم کرنا.

Prepared : (a) آمادہ ؛راضی ؛تیار؛کمر بستہ؛ رضامندی ؛ درست ؛ مہیا ؛ آراستہ ۔

Preparedly : (adv.) آمادہ ؛ تیارھوکر ؛ تیاری سے ؛کمر بستہ ہو کر؛ درست کرکے ؛تیاری کے ساتھ ۔

Preparedess : (n) آمادگی؛تیاری؛کمر بستگی ؛رضا ؛رضامندی؛درستی آراستگی ؛(جنگ کی) مناسب تیاری ۔

Preparental : (a) قبل ابویّت یاماں باپ بننے سے قبل کا.

Preparer : (n) تیار کندہ ؛تیار کرنے والا؛ آمادہ کرنے والا؛درست یا آراستہ کرنے والا؛(دوا کھا نا وغیرہ) بنانے یاتیار کرنے والا.

Preparatition : (a) (سیاسیات)قبل تقسیم ؛ تقسیم سے قبل کا.

Prepatent : (a) غیر مشہود حالت میں موجود ؛خفیہ ؛ پوشیدہ ؛مضمر؛ چھپا ہوا ؛ مشاہدے میں آنے سے قبل کا ۔

Prepatent period : (n) طفیلی جراثیم کے اثر انداز ہونے یا سرایت کرنے اور ان کے ظاہر ہونے یا مشاہدے میں آنے کی درمیانی مدت.

Prepausal : (a) پیش وقفہ ؛وقفے یا ٹھہراؤ سے قبل کا.

Prepay : (n) [f.Pre-+pay.] (۱)(قیمت، خرچ ،دام، محنتانہ وغیرہ) پیشگی دینا؛ پہلے سے ادا کرنا ؛ پہلے ہی ادا کردینا. (۲)(یا رسل ،بھنگی کا)محصول ڈاک پیشگی دینا (مثلاً ٹکٹ لگا کر)؛(خط وغیرہ کا) محصول ڈاک پہلے ادا کرنا.

Prepayable : (a) قبل ادا ئے پیشگی؛ طالب ادائے پیشگی؛ جو پہلے ہی ادا کیا جا سکتا ہو یاپہلے ہی ادا کیا جا سکتا ہو یا جس کا پہلے ادا کرنا ضروری ہو؛واجب الا دائے پیشگی.

Prepayment : (n) ادائے پیشگی؛ پیشگی ادائی.

Prepense : (a) [for. ear lier prepensed] (نفسیات)بالعمد ؛ ارادی؛ عمدی ؛ تعمدی ؛ قصدی ؛ بالقصدی؛ بلاارادہ ،پیشتر سے خیال کیا ہوا ؛ پہلے سے سوچا یا ارادہ کیا ہوا؛ پہلے سے نیت کیا ہوا.

Malice prepense : بدنیتی؛ مخاصمت ؛ عناد ؛ (قانون)

Preposterous : (a) [f. L. ' praeopposterus ' .] (اصلی معنی "معکوس " "منقلب" "اوندھا" خلاف فطرت : خلاف عقل: بعید از قیاس : لغو: نا معقول: بیہودہ: لچر : عبث ۔

Preposterously : (adv.) بیہودگی سے: مہمل طور پر: بے سروپا طریقے سے:عبثالغوانداز میں : نا معقول طور پر۔

Preposterousness: (n) لغویت : اہمال : بیہودگی : مہملیت : بے سروپائی : نا معقولیت: خلاف عقل یا خلاف فطرت ہونا۔

Preposter : (n) Praepostor کامتبادل ۔

Prepotence : (n) زیادہ قوی یا زور آور ہونے کی صفت :قوت: زور آوری : اقتدار : تفوق: بالا دستی: غلبہ : تسلط : استیلا۔

Prepotency : (n) [L. ' Praepotentia ' .] (۱)بہت قوی ،زورآور یا مقتدر ہونے کی صفت: قوت:زورآوری :اقتدار : تفوق :غلبہ: تسلط: بالا دستی :استیلا۔(۲)(حیاتیات) غلبہٴ تولیدی : بر تر قوتِ تولید :اپنی نسل میں اپنی خصو صیات منتقل کرنے میں بمقابلہ یك دیگر زیادہ قوی ہونے کی صفت (نر یا مادہ میں)۔

Prepotent : (a) [f. L. ' praeposse ' .] (۱) بہت قوی :زورآور یا مقتدر ، قوت اثر یا اقتدار میں دوسروں سے بڑھ کر:سب پر فائق : ممتاز:بر تر: افضل: غالب :زورآور : صاحب اقتدار: دوسرے سے زیادہ قوی یا مقتدر:قوی تر۔ (۲)(حیاتیات) مولد غالب :مولد قوی: (نر یا مادہ) جو اپنی نسل میں اپنی صفات وخصوصیات منتقل کرنے میں بمقابلہ یك دیگر زیادہ قوی ہو: بارآوری کی قوی تر صلاحیت رکھنے والا :قوی تر تولیدی صلاحیت کا حامل۔

Preprandial : (a) [f. pre-+ L. 'prandium ' .] کھانے(ڈنر)سے قبل کا: کھانے سے پہلے کیا ہوا:انجام دیا ہوا یا ہونے والا۔

Prepubes / praepubes : (n) (تشریح)پیش عانہ : پیڑو کا وہ حصہ جو کولہے کے جوڑ کے سامنے ہے:پیڑو کا اگلا حصہ : دیکھو Prepubes۔

Prepubescence : (n) دیکھو Pre-pubetry

Prepubescent : (a) دیکھو Pre-pubertal

Prepubic /Prepubian : (a) (تشریح)پیش عانہ: پیڑو کے سامنے واقع: پیش عانہ یا پیڑو کے سامنے کا۔

Prepubis / Praepubis : (n) دیکھو Prepubes

ہونا : (کسی پر)اختیار یا قابو رکھنا : حکومت رکھنا ۔ (٦)(ترازو کے پلے کا) جھکنا۔

Preonderatingly : (adv.) دباتے ہوئے : بوجھ سے جھکاتے ہوئے : زیادہ وزنی ہوکر: وزن میں بڑھ کر :زیادہ اہم یا وقیع ہوکر :قوت یا زور میں بڑھ کر :بڑھ چڑھ کر۔

Preposition : (n) [L. ' Praepositio '] (صرف ونحو)حرف ربط: حرف جار۔

Inseparable preposition حرف ربط جو سابقے کی صورت میں ہو۔

Prepositional : (a) ربطی :ربطیہ۔

Prepositionally : (adv.) حرف ربط کے ذریعہ:بطور حرف ربط :حرف جار کے طور پر : حرف ربط کی طرح سے۔

Prepositive : (a) (حرف و نحو) سابقی :جس کو سابقے کے طور پر برتا جا سکے۔

Prepositive : (n) وہ لفظ یا جزو لفظ جسے سابقے کے طور پر برتا جا سکے : سابق لفظ یا جزو لفظ۔

Prepositor / Preapositor : (n) دیکھو Praeposter

Prepossess : (v) [f. pre -+ possess .] (۱)کسی خیال ،گمان وغیرہ کو(کسی شخص کے)دل میں ڈالنا۔(۲)(خیال وغیرہ کا کسی شخص کے)دل میں بسانا۔(۳)ایسا اثر ڈالنا جس سے کوئی (شخص کسی شخص یا چیز کی) طرف داری کرے یا (اس کی طرف)مائل ہو:(کسی کو شخص یا چیز کا)پاس دار یا طرف دار کر دینا۔ (۳)متعصب یا بدظن کردینا (ان معنوں میں کم استعمال ہوتا ھے)۔

Prepossessing : (a) دل کش :دل آویز :دل پسند : دل چسپ:مرغوب۔

Prepossessingly : (adv.) دل کشی سے:دل آویزی سے:مرغوب طور پر : دل پسند انداز میں۔

Prepossessingness : (n) دل کشی: دل پسندی : دل آویزی:مرغوبیت: دل چسپی۔

Prepossession : (n) (۱) (قانون) قبضۂ سابقہ : سابق قبضہ۔(۲)کسی خیال،گمان وغیرہ کا دل میں بس جانا۔(۳)اچھا خیال : رغبت : میل: حسن ظن۔(۳)بدظنی: سوء ظن: تعصب ۔ (۵) (نفسیات)پاس : تمائل۔(٦)(نفسیات)مجذوبیت ۔

Prepuce : (n) [L. ' Praeputium ' .] (تشریح) حشفہ کے اوپر کا چمڑا: گھونگھٹ : غلفہ : غلافِ حشفہ: کھلڑی: غلفہ (جنگلات) غلف۔

Prepupa : (a) (حیوانیات) قبل منجھروپ۔

Preputial : (a) غلاف حشفہ کا یا اس سے متعلق: گھونگھٹ یا کھلڑی کا: غلفوی۔

Preputial Ocelli : (n) (تشریح) چشمیاتِ غلفہ۔

Prerequisite : (a) [f. pre + requisite .] لازمی: ضروری: جو بطور شرط اول ضروری ہو ۔

Prerequisite : (n) شرط اول: شرط لازم :شرط پیشیں : لازمہ ۔

Prerogative : (n) [L . ' praeogative ' .] (۱) اختیار شاہی :اختیار قطعی : (ازروئے نظریہ) بے روك اور بے قید اختیار شاہی نیز (Royal prerogative) : اختیار خاص ۔ (۲) کوئی خاص حق یا اختیار: حق مخصوص: امتیازی حق : استحقاق : (قانون) حق خصوصی ۔ (۳) فطری یا خدا کا دیا ہوا حق یا اختیار یا قابلیت ۔ (۴) سب سے پہلے رائے دینے کا حق (جو رائے اس نیت سے دی جائے کہ بعد میں رائے دینے والے پہلے رائے دینے والے کی مطابقت کریں) ۔

Royal prerogative اختیار شاہی: اختیار قطعی :(ازروئے نظریہ) بے روك اور بے قید اختیار شاہی ۔

Prerogative : (a) [L .' Praerogativus ' .] (۱) جس کو کوئی حق یا اختیار ملا ہو: حق یافتہ : استحقاق یا فتہ : جس سے کسی حق یا اختیار کی رو سے فائدہ اٹھایا جائے ۔ (۲) (تاریخ روما) جس کو سب سے اول رائے دینے کا حق ہو: (ووٹ) جو پہلے دیا گیا ہو (اور رائے کے بعد کے ووٹو ں کی پیشوائی کر رہا ہو) ۔

Prerogative court : (n) اسقف اعظم کی علامت جس کو پیشتر بمعاملۂ اہتمام ترکہ بعض اختیار ات حاصل تھے۔(اس کا اختیار سماعت ۱۸۵۷ء میں Court of probate کو منتقل ہوگیا)۔

Prerogative lawyer : (n) شاہی وکیل: اختیار شاہی کے تحت کام کرنے والا وکیل: اختیار شاہی وکیل ۔

Prerogative of mercy : (n) شاہی اختیار معافی۔

Prerogative writ : (n) فرمان شاہی : شاہی اختیاری فرمان (جو غیر معمولی موقعوں پر اختیار شاہی کے تحت جاری کیا جاتا ھے)۔

Prerogatived : (a) جسے کوئی حق یا اختیار حاصل ہو حق یافتہ : استحاق یافتہ : جسے کوئی حق یا امتیاز مخصوص حاصل ہو : صاحب استحقاق : ذی اختیار : ذی استحقاق : ممتاز ۔

Prerogatively : (adv.) ازروئے اختیار خصوصی: حق مخصوص کے ذریعہ : صاحب استحقاق یا با اختیار ہو کر : ذی استحقاق طور پر ۔

Presage : (n) [Fr. ' presage '] (۱) فال :شگون: علامت: آثار: نشان۔ (۲) پیش اندیشگی : پیش خبری: وقت سے پہلے کسی آنے والے خطرے کا خیال پیدا ہونا: پیش آگہی :احظار عاقبت بینی: عاقبت اندیشی۔(۳) (طب) (علامت) منذرہ۔

Presage : (v) [Fr. ' presager ' .] (۱) پہلے سے خبر دینا: پیش آگاہی کرنا: فال ہونا :پہلے سے خبردار کرنا: شگون ہونا: (کسی ہونے والی بات کی) علامت یا آثار ہونا :جھلك دکھانا۔ (۲) کسی ہونے والی بات پر دلالت کرنا۔ (۳) (کسی شخص کا کسی امر کے متعلق) پیش گوئی کرنا۔ (۴) (کسی شخص کا کسی ہونے والی بات سے) پیش آگاہ ہونا: اس کو پہلے سے معلوم کر لینا۔ (۵) پیش اندیشگی کرنا: پیش بینی کرنا: عاقبت اندیشی کرنا: انجام بینی کرنا: دور اندیشی سے کام لینا: ماتھا ٹھنکنا: علم پیش ہونا: پہلے سے خیال یا اندیشے کا پیدا ہو جانا۔

Presageful : (a) (۱) پرشگون: پر فال: فال آور: جس سے فال نکلتی ہو: جس کی پیش گوئی قبل ہو چکی ہو۔ (۲) پرُ ازاند یشہ: پیش اندیشگی سے پرُ :پرُ احظار ۔

Presager:(n) رمّال : فال گو: پیش گوئی کرنے والا: پیش آگاہی کرنے والا ۔

Presagingly : (adv.) ازروئے فال گوئی: آنے والی بات کی پیش گوئی یا پیش خبری کرتے ہوئے: پیش اندیشگی سے: پر احظار طور پر۔

Presanctified : (a) [L. 'Praesanctificatorum ' .] (عشائے ربانی کی وہ تقریب) جس میں استعمال ہونے والے اجزا (روٹی، شراب وغیرہ) کو قبل ہی اس (کام) کے لئے مخصوص یا موسوم کر دیا گیا ہو؛ پیشتر مخصوص شدہ ۔

Presbyope : (n)[fr.Gr.'presby+ope'.] (طب) پیر نظر: دور نظر شخص۔

Presbyopia : (n) [mod . L .f.Gr. 'Presby+opia' .] (طب) پیر نظری: دورنظری : دراز نظری : بصر الشیوخ (ایك بیماری جس

طریق حکمرانی کا پریسبیٹیرین مذہب کا

Reformed presbyterm ۱۶۸۹ کے انقلابی سمجھوتے (ریوولیوشن سیٹلمنٹ) کے موقع پر اسکاٹستان میں کلیسا اور ملک کے آئین کے خلاف احتجاج کرنے والا اور ملک کے آئین کے خلاف احتجاج کرنے والے پریسبیٹروں کا یا ان سے متعلق (اسے عموماً Cameronian کہا جاتا ھے)

United Presbyterian یونائیٹڈ چرچ یا اس فرقے کا یا اس سے متعلق جو ۱۸۴۷ء میں United secession and Reliefchurches یونین نے اسکاٹ لینڈ میں تشکیل دیا تھا (مخف U P) ۱۹۰۰ء میں اس جماعت کا اتحاد فری چرچ آف اسکاٹ لینڈ کے ساتھ ہوگیا جس کے بعد اسے یونائیٹڈ فری چرچ آف اسکاٹ لینڈ کہا جانے لگا

United Presbyterian church متحدہ کلیسائی پریسبیٹیرین

Presbyterian (n) کلیسائی حکومت پریسبیٹیرین نظام کو قائم رکھنے یا چلانے والا پریسبیٹیرین چرچ کا ئر پریسبیٹیرین مذہب کا رکن ،عام یا دریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا پیرو

Presbyterian church (n) کلیسائی پریسبیٹیرین (وہ کلیسا جس کا نظام ہم رتبہ پا دریوں (پریسبیٹیرین) پر مبنی ہو (بہ مقابلہ حکومت اسقفی)

Presbyterianism (n) طریق پریسبیٹیرین نظام پریسبیٹرین کلیسائی حکومت کا پریسبیٹیرین نظام جس میں پریسبیٹر یا ایلڈر سے اونچا کوئی درجہ نہیں ہوتا بشپ اور ایلڈر کو ایک جیسا سمجھا جاتا ھے اور تمام ایلڈر (پادری) کلیسائی اعتبار سے مساوی رتبے کے ہوتے ہیں

Presbyterianize (v) پریسبیٹیرین بنانا ۔پریسبیٹیرین طریق سے منظم کرنا ۔ پریسبیٹیرین کی طرح یا اس کی حیثیت سے کام کرنا ۔ پریسبیٹیرین ہونا ۔پریسبیٹیرین ازم کی طرف مائل ہونا

Presbyterium / -rion (n) [eccl L] کلیسا کا وہ حصہ جو کلرجی کشیش ، پادری) کے لئے مخصوص ہو کلیسا کا آخری مشرقی حصہ جہاں قربان گاہ یاعشائے ربانی کی میز ہوتی ھے مقدس مقام (۲) پریسبیٹیرین یا ایلڈرس کی جماعت

Presbytership (n) پریسبیٹیر یا ایلڈر کا عہدہ رتبہ یا منصب۔

میں بڑھاپے کی وجہ سے بصارت میں فتور پیدا ہوجاتا ھے اور دور کی چیزیں صاف اور قریب کی دھندلی دکھائی دیتی ہیں)

Presbyopic (a) پیر نظر در ارنظر بصرالشیوخ میں مبتلا ،دور نظری کا پیر نظری میں مبتلا

Presbyopic (n) پیر نظرشخص در ارنظر شخص وہ شخص جو پیر نظری میں مبتلا ہو

Presbyopy (n) Presbyopia کے معنوں میں کبھی کبھی استعمال ہوتاھے

Presbyter (n) [eccl L 'presbyter'] (۱) (کلیسائے قدیم کا) پریسبیٹیر (منتظم پادری) شیخ کلیسا شماس کلیسا (۲) (اسقفی کلیسا کا) پریسبیٹیر (دوسرے درجے کا پادری) (۳) (پریسبیٹیرین فرقے کا) بزرگ کلیسا، ایلڈر عام پادری (خصوصاً) وہ جو کسی Presbytery کارکن ہو

Presbyteral (a) [L 'Presbyteralis] (۱) پریسبیٹیری پریسبیٹیر پادری کا، اس سے متعلق یا اس پر مشتمل۔ (۲) پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں (presbyteries) حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز کے نظام پر اطلاق ہوتاھے) اس نظام کا یا اُسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianism) پریسبیٹیرین عام پا دریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا۔ پریسبیٹیرین مذہب کا

Presbyterate (n) [eccl L 'presbyteratus] (۱) پریسبیٹر یا ایلڈر عہدہ، رتبہ، منصب (۲) پریسبیٹروں کی جماعت، پریسبیٹیرین کا سلسلہ

Presbyterial (a) [med L presbyterialis] (۱) پریسبیٹیرین ایلڈرس کی جماعت کا یا اس سے متعلق (۲) پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں کی حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز حکومت کے نظام پر اطلاق ہوتا ھے) اس نظام کا یا اسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianism) پریسبیٹیرین ۔ عام دریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا۔ پریسبیٹیرین مذہب کا۔

Presbyterian (a) [eccl L presbyterium] پریسبیٹروں یا ان کی جماعتوں کی حکومت سے متعلق یا اس کی خاصیت کا (کلیسائی حکومت یا طرز حکومت کے ایک نظام پر اطلاق ہوتاھے)۔ اس نظام کا یا اسے قائم رکھنے یا چلانے والا (دیکھو Presbyterianisces) پریسبیٹیرین، عام پادریوں کی حکومت ۔ کلسیا کے

Presbytery : (n) [eccl . L . 'Presbyterium ' .] (۱)کلیسا کا وہ حصہ جو کلرجی (قسیس ، پادری) کے لئے مخصوص ہو : کلیسا کا آخری مشرقی حصہ جہاں قربان گاہ یا عشائے ربانی کی میز ہوتی ہے: مقدس مقام : محراب کلیسا۔ (۲)پریسبیٹرس یا ایلڈرس کی جماعت۔ (۳)(پریسبیٹیرین نظام میں) پریسبیٹرفرقے کے پادریوں کی جماعت جو کسی ضلع میں بطور دینی عدالت کام کرے: ضلع جس کا تعلق اس عدالت سے ہو۔(۴)پریسبیٹیرین طریق حکومت یا نظام حکومت (شاذ)۔ (۵)پریسبیٹر یا پادری کا مکان (اب صرف رومن کیتھولک چرچ میں مستعمل ہے)۔

Presbytic : (a) [mod. L. 'Presbytia ' .] دور بیں۔

Presbytic eye : (n) چشم دوربیں :(جنگلات) چشمان دوربیں :چشمہائے دوربیں۔

Prescapula : (n) (تشریح)کندھے کی یا کتفی ہڈی کا وہ حصہ جو اس کے گھماؤ یا وسطی محور سے اوپر ہوتا ہے :کتف بالا: بالائے کتف۔

Prescapular : (a) (تشریح)مونڈھے کی دھری یا گھماؤ سے پہلے یا اس کے سامنے کا :قبل از کتف :قبل کتفی :بالائے کتفی۔

Prescience : (n) [eccl . L . 'praescientia ' .] وقوع سے پہلے واقعات کا علم : علم پیش: علم آئندہ: پیش بینی : علم غیب: علم کدنی :پیش دانی :ہونے والی چیز کا پہلے سے علم۔

Prescient : (a) [L . ' praescire' .] غیب داں :پیش بیں: پیش داں : اگم گیانی جس کو کسی چیز کا علم (یا واقفیت) پہلے سے ہو : دوربیں: دور اندیش۔

Presciently : (adv.) ازروئے غیب دانی :پیش دانی سے: دور اندیشانہ : اگم گیانی کی طرح :غیب داں کے انداز میں :پیش بینی سے : دور اندیشی سے۔

Prescientific : (a) موجودہ ترقیٔ سائنس سے قبل کا :موجودہ سائنسی طریقوں کے استعمال سے قبل کا :قبل سائنسی۔

Prescind : (v) [L. 'Praescindere ' .] (۱)(کسی جزو کو کل میں سے) کاٹ ڈالنا :قطع کرنا (خصوصاً قبل از وقت یا بے ربط طور پر یا دفعتاً): قبل از وقت یا دفعتاً قلم کرڈالنا۔ (۲)(from کے ساتھ) خارج از خیال کرنا :توجہ اٹھا لینا : دور از خیال کر دینا۔

Prescribe :(v)[L.'praescribere'.] (۱)حتماً تجویز کرنا۔(۲)ہدایت کرنا: کرنا : حکم دینا۔(۳)(مریض کے لئے دوا وغیرہ) تجویز کرنا یا بنانا : نسخہ تجویز کرنا (نیز مجازاً): نسخہ لکھنا۔(۴)(قانون) بر بنائے آمد و شد یا تصرف قدیم دعویٰ کرنا۔

Prescribed : (a) مقررہ : مجوزہ۔

Prescript : (n) [L. 'praescriptum' .] (۱)فرمان : ہدایت: حکم : قانون: آئین۔(۲)تجویز کردہ دوا۔

Prescript : (a) [L. 'praescriptus ' .] پہلے سے بطور حکم یا قانون تجویز کیا ہوا (شاذ)۔

Prescription : (n) [L. 'praescriptio'.] (۱)ہدایت کرنا : ہدایت:حتماً تجویز کرنا :حکم دینا۔(۲)تجویز کردہ شے ۔(۳)نسخہ۔ (۴)(قانون) قدامت، آمدو شد : تصرف قدیم: حق جو آمد و شد یا تصرف کی بنا پر حاصل ہو :حق قدامت : حق بذریعہ قبضۂ تصرف قدیم :حق قبضہ :دعویٰ بر بنائے حق مذکور۔(۵)دستور قدیم :رواج قدیم : رسم قدیم۔ (۶)حق پر بنائے تصرف قدیم ۔(۷)وہ مدت جس کے اندر کوئی دعویٰ یا مقدمہ دائر کیا جا سکے۔

Negative prescription : وہ مدت جس کے اندرکوئی دعویٰ یا مقد مہ دائر کیا جا سکے۔

Positive prescription : آمدو شد یا تصرف کی بنا پر حاصل شدہ حق: حق قبضہ : حق قدامت : حق بذریعہ قبضہ، تصرف قدیم : دعویٰ بر بنائے حق مذکور۔

Prescriptive : (a) [L. 'praescriptivus ' .] (۱)حکم صادر کرنے والا : ہدایت دینے والا ۔(۲)قدامت پر مبنی یا قدامت کی بنا پر حاصل شدہ (مثلاً قبضہ وغیرہ)۔ (۳)رسم قدیم یا رواج کہن سالہ سے پیدا شدہ :دستور قدیم پر مبنی: رسم قدیم کے مطابق یا رواجاً مقرر شدہ۔ (۴) حق قدامت یا حق قبضہ بر بنائے تصرف و قبضۂ قدیم کو ماننے تسلیم کرنے یا دینے والا۔

Prescriptively : (adv.) حکماً :حکم دیتے ہوئے : ہدایت دیتے ہوئے :حتماً تجویز کرتے ہوئے : بر بنائے قدامت :بربنائے دستور : بربنائے تصرف قدیم :بر بنائے رسم قدیم : بر بنائے قبضہ قدیم :مدت مدید سے قابض و دخیل رہ کر۔

Prescriptiveness : (n) حکمیت : قدامت :قدامت پر مبنی ہونا :رسم قدیم ہونا : مدت سے زیر قبضہ وتصرف رہنا۔

prescriptivist : (n) صرف ونحو یا قواعد میں رواج قدیم کا حامی :ان اصول یا دستور کا حامی جو مروجہ زمانہ سے مقرر ہوئے ہوں۔

Prescutum : (n)[mod L.f. Pre-+ 'scutum'.] (حیوانیات)پیش سپر۔

Presence : (n) [L. 'Praesentia '.] (۱)حاضر با شی : حاضری : موجودگی .(۲)جائے موجودگی :جائے حاضری : جناب :حضور .(۳)(The کے ساتھ)کسی امیر یا شاہی خاندان کے شخص کے حضور میں شاہی آداب یا دیگر، رسم بجالانے کے لئے حاضر خدمت رہنا.(۴)وضع : طور طریق :انداز:روش :وضع قطع :صورت .(۵)دیکھو Presence of mind.

From his presence : اس کا ساتھ ہوتے ہوئے:اس کی صحبت سے : جہاں وہ تھا وہیں سے: اس کے پاس سے :اس کے سامنے سے.

In his presence : اس کے ساتھ : اسی کے سامنے:اس کے ساتھ شامل : جہاں وہ تھا وہیں : اس کے پاس : اس کی صحبت میں :اس کی موجودگی میں.

In this (august) presence : اس (جلیل القدر) ہستی کی صحبت میں :اس (عالی منزلت)ہستی کے حضور میں: اس (عظیم شخصیت کے سامنے : اس (عظیم المرتبت) شخص کی خدمت میں حاضر :اس(عظیم)شخصیت کی موجودگی میں : اس (محترم)ہستی کے پاس.

Real presence : حضور حقیقی: یہ مسئلہ کہ عشائے ربانی میں مسیح کا جسد اور خون موجود رہتا ھے.

The presence : کسی امیر یا شاہی خاندان کے شخص کے حضورمیں‌شاہی آداب یا دیگر مراسم بجا لانے کے لئے حاضر خدمت رہنا.

Presence-chamber /-room : (n) حجلۂ باریابی :بارگاہ :بارگاہ خا ص: شاہی ملاقات گاہ :ملاقات کا کمرہ :دیوان خانۂ شاہی : وہ کمرہ جس میں بادشاہ یا بڑی شخصیت اپنے مہمانوں یا ان لوگوں‌سے جنہیں وہاں حاضری کا حق حاصل ہو ملا کرتی ہیں:شاہی محل کادیوان خانہ یا حجرۂ استقبالیہ :دیوان خاص.

Presence-lobby : (n) ملاقات کے کمرے سے ملحق بڑا کمرا یا برآمدہ : دیوان عام: بارگاہ عام.

Presensation : (n) [f. Pre-+Sensation .] (نفسیات)تصور :(نیز) دیکھو Presension.

Presension : (n) [L. ' praesension ' .] کسی بات یا کسی چیز کے وجود وقوع یا ظاہر ہونے سے پہلے اس کا احساس یا ادراک (ہونا):علم پیشیں :پیش اندیشگی.

Present : (n) [Elliptical or absol .use of present (a)] (۱)حال: زمانۂ حال :موجودہ وقت :(نفسیات)وقفۂ حس. (۲)(قواعد) حال : صیغۂ حال.

At present : فی الحال :فی ا لوقت :ابھی: اس وقت: آج کل : ان دنوں:اس دم.

By these presents : (قانون)اس کی تحریرکی روسے :اس دستاویز کی رو سے (ان الفاظ سے خود اس دستاویز کا حوالہ دیا جاتاھے ،جو زیر تحریر ہوتی ھے، معمولی طور پر دستاویزات بزبان انگریزی ان الفاظ سے شروع ہوتی ہیں مثلا Know all men by these present اس کی تحریر کے رو سے سب پر واضح ہو کہ).

For the present : (۱)فی الحال: فی الوقت :آج کل کے چند روز کے لئے .(۲)ابھی کے لئے.

Until the present/ Upto- : : اب تک : ابھی تک : اس وقت تک : آج تک اس دم تک.

Present : (n) [Fr . ' present '.] تحفہ : عطیہ: ہدیہ :بخشش : ارمغان: نذر : سوغات : بھینٹ :پیشکش.

To make a present : تحفہ دینا :عطیہ دینا :نذر گزراننا: بھینٹ چڑھانا.

Present : (n) [f.present (v)] ہتھیار اٹھانے کا سنبھالنے یاتو لنے کا عمل:نشانہ لینے کا عمل: (خصوصاً بندوق وغیرہ) چھتیانا یا جھکانا : چھتیاتے وقت بندوق پکڑنے کا انداز : سلامی کے وقت بندوق پکڑنے کا طرز: نشانہ لیتے وقت (دوسرے ہتھیاورں)کی گرفت کا انداز.

Present : (n) (۱)حاضر : حاضر باش: موجود.(۲) موجودہ : یہ :اس: زیرتجویز : جو آگے یا پیش ہو.(۳) (قدیم)جب چاھو تب مل سکنے والی: مدد کے لئے تیار .(۴) جو اس وقت ہو یا جا ری ہو یا ہورہا ہو :حال کا: ا س وقت کا : حالیہ : اب کا حاضرہ.

A present help in trouble : مشکل میں جب چاھو تب ملنے والی مدد.

The present cabinet : موجودہ کا بینہ : موجودہ کیبینٹ (مجلس وزرا).

The present company : حاضرین : جو ابھی (یہاں) حاضر ہیں: یہ جماعت.

The present value: (۱) دیکھو The present worth - (۲)(کسی رقم کی) موجودہ قیمت.

The present volume : کتاب ہذا :(یہ کتاب جو آپ پڑھ رہے ہیں زیرتبصرہ ہے) ۔

The present worth : (کسی رقم کی) موجودہ قیمت (رقم جو آئندہ کسی مقررہ وقت پر مع سود کے واجب الادا ہو اس کی قیمت حالیہ)۔

The present writer : میں؛ رقم (اس کتاب یا مضمون وغیرہ کا لکھنے والا)۔

Present : (v) [L. ' praesentare ' .] (کسی شخص کو دوسرے سے) ملانا ؛ ملاقات کرانا ؛ تعارف کرانا ۔(۲)(کسی کا) دربار میں بادشاہ سے رسماً تعارف کرانا ۔ (۳)پیش کرنا ؛ حاضر کرنا. (۴)(تھیٹر کے منیجر کا کسی ایکٹر کو کسی کھیل میں پہلی مرتبہ)پیش کرنا ؛ (تماشا) پیش کرنا. (۵)اسقف سے (کلیسائی وقف یا جاگیر پر)تقرر کے لئے (کسی پادری کی) سفارش کرنا ۔ (۶)پیش کرنا؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا ۔ (۷) (فوج) (اسلحۂ آتشیں کو) سلامی دینے کے طور پر پکڑنا ؛ (بندوق وغیرہ) جھکانا ؛ (نشانہ کے لئے)چھتیانا ؛ شست باندھنا ؛ نشانہ لینا ؛(کسی پر) ہتھیار اٹھانا ۔(۸)(کسی خیال وغیرہ کا) آنا؛ پیدا ہونا ۔ (۹)(قانون) حسب ضابطہ اطلاع کر دینا (کسی حاکم عدالت وغیرہ کو کسی جرم کی)؛پیش کرنا (استغاثہ ، نالش وغیرہ)؛(عرضی)گزراننا ؛ (کسی کو) با ضابطہ ملزم گرداننا (چارج فریم کرنا)۔ (۱۰)(کسی کوکوئی چیز) بطور تحفہ ، ہدیہ ، بھینٹ وغیرہ کے دینا ؛ بھینٹ کرنا یا بھینٹ چڑھانا ؛ نذر کرنا ؛بخش دینا ۔(۱۱)(آداب تسلیمات سلام وغیرہ)کہنا؛ بھیجنا ۔(۱۲) (بل ، چیک وغیرہ) پیش کرنا (سکار نے یا ادائی کی غرض سے)۔(۱۳) بخشش کرنا ؛ دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ (کسی چیز سے متعلق کسی شخص کی ضرورت کو) پورا کرنا ۔ (۱۴) (دایہ گیری) وضع حمل کے دوران (جنس کا اپنے کسی حصہ جسم یا عضو کو)رحم کے منہ پر لانا یا اس کی طرف کرنا؛ وہ عضو جو پہلے باہر آئے ۔(کسی چیز کو چیز یا کسی خاص سمت کی جانب)موڑنا ، کرنا ، پھیرنا؛ گھمانا ۔ (۱۵) (کسی چیز کو کسی چیز کے) قریب لانا یا (اس کے)متصل رکھنا ۔ (۱۶)(چیزیں) فراہم کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ دینا ؛ بہم پہنچانا ؛ حاضر کرنا ؛ پیش کرنا ۔

This case presents great difficulties : مشکل پسند معاملات یا پیچیدہ مسائل؛ حل طلب مسائل ؛ اس معاملے میں بڑی مشکلات ہیں۔

To present an appearnce (of) : نظر آنا ؛ دکھائی پڑنا۔

To present (a person) with (a thing)/ To present (a thing to) (a person) : (کسی کو کچھ) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ فراہم کرنا؛ مہیا کرنا ؛بہم پہنچانا ؛حاضر کرنا ؛ بخشش کرنا ؛ گزراننا ۔

To present oneself : (۱)اپنے تئیں پیش کرنا؛(مثلاً امتحان وغیرہ کے لئے)۔ (۲)اپنے تئیں حاضر کرنا؛ جانا شرکت کرنا یا شریک ہونا (مثلاً کسی میٹنگ وغیرہ میں)۔

Present / Present arms : (n) (۱)(فوج) جھکاؤ ؛(ہتھیار کو سلامی کے لئے جھکانے کاحکم) ۔(۲)چھتیاؤ (ہتھیار اٹھانے یا بندوق وغیرہ سے نشانہ لینے کا حکم)۔

Present perfect : (n) (صرف و نحو)ماضی قریب ۔

Present tense : (n) (صرف و نحو) حال ؛ زمانۂ حال ۔

Present to one's mind: (a) جس کی یاد تازہ ہو ؛ دل میں ، ذہن میں موجود ۔

Present worth: (n) (معاشیات) نقد قیمت ؛موجودہ قیمت ۔

Presentability : (n) خوش وضعی؛ مناسبت ؛شائستگی ؛لائق پیشکش یا لائق نذرانہ ہونا ؛خوش منظر ہونا ؛معقولیت ؛ لائق تعارف ہونا ۔

Presentable : (a) [med L.'praesentibilis'.] (۱)لائق پیشکش ؛ لائق ہدیہ؛لائق نذرانہ؛ خوش وضع قطع ؛ اچھی وضع کا ؛ پیش کرنے کے قابل ؛قابل تحفہ.(۲)عائد کئے جانے کے لائق (جرم یا الزام)؛ لائق پیشی ؛ حاضر کئے جانے کے لائق (مجرم یا ملزم)۔ (۳)(کلیسائی وقفہ یاجاگیر) جسے دینے کا حق کسی مالك یا جاگیر دار کو حاصل ہو. (۴)دیکھنے میں مناسب ، موزوں، معقول ، اچھا ؛(سماج یا محفل میں) متعارف کئے جانے کے قابل ؛ لائق تعارف ؛ قابل تعارف ؛ قابل مجلس ؛ شائستہ؛ دیدنی ؛قابل نگاہ ؛ لائق نظارہ ؛ خوش منظر ۔

Presentably: (adv.) خوش وضعی سے؛مناسب انداز میں ؛معقول طورپر ؛ شائستگی سے؛ قابل طور پر؛ خوش منظر انداز میں ۔

Principal parts(of a verb) : (n) (فعل کے) اجزائے خاص : مادہ ۔

Principal plane : (n) صدر سطح ۔

Principal point : (n) صدر نقطہ (جہاں صدر لکیر خاکے کی سطح سے ملتی ہو)۔

Principal rafter : (n) شہ لکڑی : شہتیر : دھنی ۔

Principal ray : (n) (بصریات) صدر شعاع : صدر لکیر : صدر خط مستقیم (جو نقطۂ نگاہ سے سیدھا سطح خاکہ تك جاتا ھے)۔

Principal section : (n) صدر تراش ۔

Principal sentence : (n) جملۂ اصلی : جملۂ مستقل : خاص، اصل یا مستقل جملہ (جو دوسرے جملے کا تابع نہ ہو) ۔

Principality : (n) [OFr. 'principalite'.] (۱)فرمانروائی : حکمرانی: حکومت ۔ (۲) قلمرو : ملك : ریاست : کسی چھوٹی ریاست کے شہزادے یا والی کی حکومت ، ریاست یا سلطنت : پرنس کے زیر حکومت علاقہ یا ریاست ۔ (۳) کوئی بڑی روحانی ہستی (خیر یاشر کی) :(خصوصاً جمع میں) فرشتوں کا ایك طبقہ ۔

The principality : ویلز۔

Principally : (adv.) خصوصاً : خاص کر : بیشتر ۔

Principalship : (n) صدارت (کلیہ) : صدر مدرسی : پرنسپلی : پرنسپل شپ ۔

Principate :(n) [L. 'principatus'.] (۱)(تاریخ روما)شاہی: شہنشاہی (ابتدائی رومی بادشاہوں کی حکومت جس میں ایك حد تك جمہوریہ کے بعض پہلو بھی پائے جاتے تھے): Princeps کی حکومت یا عہد حکومت ۔ (۲) پرنس کے زیر حکومت علاقہ یا ریاست : مملکت : قلمرو ۔

Principia : (n) (۱)اصل: سرچشمہ: اصل اساسی: اصول اولی: اصول اساسی : بنیاد : عنصر اصلی ۔ (۲)(جمع) نیوٹن کے طبیعیاتی اصول کا مخفف : اصل اصول ۔ (۳)(جمع) (عتیقیات روما) (کیمپ میں) جنرل کا کوارٹر ۔

Principium /Principia : (n) [L. f. 'princeps'.] Principium کی لاطینی جمع ۔

Principle : (n) [L.principium'.] (۱) اصل : شر چشمہ : بنیادی عنصر : بنیاد : جڑ ۔ (۲) اصول : بنیادی یا اولین اصول : قانون : ضابطہ ۔ (۳) (طبیعیات) اصول : قانون (عام اصول یا قانون ، بانی، موجد یا انکشاف کنندہ کے نام پر): کلیہ۔ (۴) اصول عمل : اصول ۔(۵) اصول (اخلاقی) : ریت : دھرم : طور طریقہ : ایمان : عقیدہ : اصول مذہب (جو اعمال و کردار کی رہنمائی کرے خصوصاً نیك اعمال کی)۔ (۶) قدرتی قانون : فطری اصول : اصول فطرت : قانون قدرت ۔ (۷) (کیمیا) بنیادی عنصر : اساسی جز : جز اساسی : تت ۔ (۸) اصلی یا فطری میلان : فطری صلاحیت : طبیعت : فطرت: نظام فطرت : آئین فطرت ۔

First principles : اصول اولیہ ۔

On principle : اصولاً: اخلاقی اصول کی بناء پر۔

Principle of continuity : (n) (ریاضیات) اصول تسلسل ۔

Principle of contradiction : (n) (منطق) اصول تناقض ۔

Principle of duality : (n) اصول ثنائیت : اصول دوئیت : اصول دوئی۔

Principle of economy : (n) (معاشیات) اصول اقتصاد ۔

Principle of substitution : (n) (معاشیات) اصول بدل ۔

Principle of work : (n) (میکانیات) کام کا اصول : اصول کار: اصول عمل ۔

Principled :(a) (۱) با اصول : صاحب اصول : خاص اصول رکھنے والا ۔ (۲) اچھے یا درست اصولوں کا حامل ۔ (۳)کسی اصول پر مبنی : اصول کے طور پرذہن میں موجود ۔

Princock/Princox : (n) [of Unkn. orign.] (۱) (بول چال) شوخ ، گستاخ یا بے ادب لڑکا یا نوجوان (مزاحاً یا تحقیراً)۔ (۲) توصیفاً یا بطور صفت (جیسے Princock boy میں) ۔

Prink : (v) [Related to Prank (v)] (۱)بنانا : سنوارنا : طرح دار یا یا خوش لباس بنانا (اچھے کپڑے وغیرہ پہنا کر) : پر تکلف لباس پہننا یا پہنانا : بننا سنورنا : اپنے آپ کو سجانا : ٹیپ ٹاپ کا لباس پہننا : زرق برق لباس پہننا : خود آرائی کرنا ۔ (۲)(پرندے کا اپنے پروں کو) سنوارنا : کریز کرنا: کریا لی کرنا : چونچ سے پروں

Print-holder : (n) تصویر کی فریم؛ چھوٹی فریم جس میں فوٹو گراف یا کنندہ تصویر لگا کر رکھتے ہیں۔

Print letters : (n) دیکھو Print hand

Print-out : (n) کمپیوٹر یا دیگر خودکار آلات کے ذریعہ چھپی ہوئی چیز(کاغذ کے تختی یا دھجی پر) : اس طرح کی چھپائی یا چھپ کر نکلی ہوئی چیز۔

Print-room : (n) عجائب گھر یا دیگر ایسی عمارت کا وہ کمرہ جس میں چھاپ ، مہریں ،تصویر، نشانات وغیرہ رکھے ہوتے ہیں۔

Print-washer : (n) فوٹوگرافک کی تصویروں کو دھونے کا آلہ۔

Print-work : (n) وال پیپر، چھینٹ یا دوسری مصنوعات تیار کرنے کا کارخانہ؛ کارخانہ جہاں سوتی کپڑے چھاپے جاتے ہیں۔

Printable : (a) (۱) طبع پذیر : قابل طبع : قابل چھاپ ۔(۲) لائق طباعت : چھپائی کے لئے موزوں؛ چاپ کردنی۔

Printed : (a) چھاپا ہوا : چاپ شدہ : مطبوعہ ۔

Printed circuit : (n) ایک قسم کی برقی سرکٹ جس میں تاروں کی بجائے ایک چپٹی تختی پر باریک موصل پتریاں ہوتی ہیں۔

Printed matter : (n) میکانکی طریقے سے (مثلاً کانٹے یا لیتھوپر) چھپی ہوئی چیز جو محکمہ ڈاک سے ضابطوں کے مطابق ایک مخصوص شرح محصول پر ڈاک سے بھیجی جاتی ھے (اس میں نقلیں تیار کرنے کے مختلف طریقوں (مثلاً کاربن یا نقلیں تیار کرنے والی مشین) سے تیار شدہ چیزوں کو خصوصی طور پر اس زمرے سے خالی رکھا جاتا ھے)۔

Printer : (n) (۱)پرنٹر؛ چھاپنے والا؛ طابع : کتابیں چھاپنے والا؛ ٹھپا یا مہر لگانے والا ۔ (۲) مالک طبع : مطبع میں کام کرنے والا مزدور : چاپ زن : مطبع چی : چاپ کنندہ ۔ (۳) آلۂ طباعت : وہ چیز جس سے چھپائی کی جائے : ٹھپا : چھاپا : مہر ؛ چھپائی مشین : چھاپنے کا آلہ ۔ (۴) (تجارت) چھپائی کے لئے تیار کیا ہوا سوتی کپڑا ۔ (۵) توصیفی معنوں میں۔

Printed bible : (n) وہ انجیل جس میں Princes کی بجائے Printers درج ہو گیا ھے (بحوالہ مرفور باب ۱۱۹ آیت ۱۶۱)۔

Printer's devil : (n) مطبع کا ہرکارہ : مطبع کا نو آموز کارندہ (جس کا لباس یا جسم روشنائی کے دھبوں سے اکثر سیاہ رہا کرتا ھے)۔

کو درست کرنا۔

Print : (n) [ME. 'prient (e.prient(e.'] (۱) نقش : نشان : چھاپ ۔ (۲)چھینٹ : چھپا ہوا سوتی کپڑا ۔ (۳) کتابی یا تحریری زبان ۔ (۴) چھاپا ہوا : چھاپے کے حروف؛ حروف طبع ۔ (۵) معرض طبع ۔ (۶) (خصوصاً امریکا) مطبوعہ چیز : خصوصاً اخبار : مطبوعات۔ (۷) تصویر ، نقشہ وغیرہ جو بلاک یا پلیٹ سے تیار کیا جائے : فوٹو پرنٹ ۔ (۸) تصویر جو منفی (عکسی) پلیٹ سے تیار کی جائے : فوٹو : پرنٹ ۔ (۹) تمثال ۔ (۱۰) چھاپہ : مہر : سانچہ : ٹھپا ۔ (۱۱) کسی شکل میں ڈھالی ہوئی مکھن کی ٹکیہ ۔ (۱۲) سنجیدہ اور کامل انداز یا اطوار : درستگی؛ صحت : کامل احتیاط ۔ (۱۳) بال یا داڑھی کی آراستگی :خوش وضعی :خوش نمائی: درستگی۔

In print : (۱) مطبوعہ :چھپی ہوئی صورت میں (کتاب یا ایڈیشن) : نیوز دستیاب ھے: اب تک قابل حصول ھے : ابھی تمام کاپیاں نہیں بکی ہیں(چھاپ باہر نہیں ھے)۔ (۲)(بول چال) سنجیدہ اور مکمل انداز یا اطوار میں: درستگی کے ساتھ : ٹھیک ٹھیک: صحت کے ساتھ : بہ احتیاط۔

Out of print : (۱) چھاپ باہر : جس کا کوئی نسخہ بغرض فروخت موجو د نہ ہو : (ایڈیشن یا کتاب) جو سب کی سب بک چکی ہوں۔ (۲) (بول چال) (بال یا داڑھی) نادرست : غیر آراستہ : الجھا ہوا : الجھی ہوئی ۔

To rush into print : بغیر کافی یا معقول سبب کے اخبار نویسی کرنا یا کتاب شائع کرنا۔

Print : (v) [ME. 'prente, printe'.] (۱)نقش ثبت کرنا : نشان لگانا : ٹھپا لگانا : مہر لگانا ۔ (۲) (مجازاً) دل پر نقش کرنا : خاطر نشیں کرنا ۔ (۳) چھاپنا : طبع کرنا ۔ (۴) چھپوانا: طبع کرانا ۔ (۵) طبع کر کے شائع کرنا۔ (۶) چھاپے کے حروف میں لکھنا ۔ (۷) کپڑے چھاپنا ۔ (۸) کاغذ کے نقوش کو مٹی کے برتنوں پر منتقل کر کے رنگنا۔ (۹) (عکاسی) (نیز out'off کے ساتھ) منفی پلیٹ سے روشنی گذار کر تصویر بنانا : تصویر چھاپنا : (مثبت) تصویر بنانا ۔ (۱۰) (حروف کو) مطبوعہ حروف کی شکل دینا ۔ (۱۱) حقیقی نقش ابھارنا : فطری تصویرچھاپنا : (پتی وغیرہ کو) تیار شدہ پلیٹ پر دبا کر منقش کرنا اور تب اس پلیٹ سے چھاپنا۔

Print hand : (n) تحریر جو طباعت کے مثل ہو : نمونہ خوش نویسی یا خوش خطی جو دیکھنے میں مطبوعہ لگے ۔

Printer's ink : (n) (۱) طباعت کی روشنائی (خصوصاً) نیم جامد اور جلد خشک ہو جانے والی سیاہ روشنائی۔ (۲)مطبوعات : مطبوعہ چیزیں۔

Printer's mark : (n) نشان طابع : مارکہ : نشان یا مونوگرام جو طابع بطور تجارت استعمال کرے۔

Printer's pie : (n) ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر۔

Printer's reader : (n) پروف ریڈر : پروف لکھنے والا : کتابت یا طباعت کی غلطیوں کی تصحیح کرنے والا۔

Printer's ream : (n) مطبع کے کاغذ کا ریم جو ۵۱٦ تختوں کا ہوتا ھے۔

Printer's waste : (n) محکمہ ڈاک کی یا دیگر سرکاری ٹکٹیں جو تجربتاً چھاپی جاتی اور ناقص ہوتی ہیں نیز جن کے متعلق یہ سمجھا جاتا ھے کہ انہیں طابع نے برباد کیا ھے۔

Printery : (n) (۱) (خصوصاً امریکا) مطبع : چاپخانہ : چھاپہ خانہ : دفتر طباعت۔ (۲) سوتی کپڑے چھاپنے کا کارخانہ : چھینٹ مل : چھینٹ بنانے کا کارخانہ۔

Printing : (n) چاپ : طبع : چھپائی : طباعت : چھاپ : چھاپہ۔

Printing-cloth : (n) سوتی کپڑا جو خاص طور پر چھاپنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

Printing-frame : (n) (تصویر) وہ فریم جس میں حساس تصویری کاغذ کو منفی پلیٹ کے نیچے رکھ کر روشنی میں رکھتے ہیں۔

Printing-house : (n) مطبع : چھاپہ خانہ۔

Printing in colours : (n) رنگین طباعت۔

Printing-ink : (n) چھاپے کی سیاہی : طباعت کی روشنائی : دیکھو Printer's ink -

Printing-machine : (n) چھاپ مشین : چھپائی مشین : چاپ مشین (خصوصاً وہ جس میں میکانکی قوت کا استعمال ہوتا ہو)۔

Printing-office : (n) مطبع : چھاپہ خانہ : چاپخانہ : چھپائی گھر : دفتر طباعت۔

Printing-out paper : (n) طباعت کا کاغذ : چھپائی کا غذ۔

Printing-paper : (n) (۱) طباعت کا کاغذ : چھپائی کا کاغذ: وہ کاغذ جو طباعت کے کام آتا ھے یا جس پر طباعت ہوتی ھے۔ (۲) (تصویر) حساس کاغذ جس پر منفی پلیٹ سے مثبت تصویریں بنائی جاتی ہیں۔

Printing-plate : (n) پرنٹنگ پلیٹ : طباعت پلیٹ : دھات کا ایک ہموار ٹکڑا جس پر کاغذ سے طباعت کی جاتی ھے۔

Printing-press : (n) (۱) مطبع :چھاپہ خانہ : پریس۔ (۲) چھاپنے کی مشین : چھاپ مشین : چھپائی مشین۔

Printing-surface : (n) دیکھو Printing plate

Printless : (n) بے نقش : غیر نقش پذیر : جو چھاپنے کے قابل نہ ہو: جس سے کوئی نقش نہ ابھر سکے۔

Printmaker : (n) طباعت کے نقش بنانے والا؛ طباعتی عکس اتارنے والا : بے چھاپ : جو اپنی چھاپ نہ چھوڑے۔ (۲) کورا : سادہ : چکنا : بے نقش : جس پر کوئی چھاپ نہ پڑی ہو یا جس پر کوئی نقش باقی نہ ہو۔

Printometer : (n) طباعت پیما۔

Printscript : (n) الگ الگ حروف کی طباعت کی مشابہ خوشنما کتاب۔

Printseller : (n) معکوسات ، مطبوعات یا کنندہ تصویریں یا نقوش بیچنے والا۔

Printshop : (n) Print-seller کی دکان۔

Priot : (n) [OE. 'Prior'.] (۱) پرائر : Abbot سے دوسرے درجے کا کلیسائی عہدہ دار : نائب صدر راہب۔(۲) عہدہ دار خانقاہ۔ (۳) (تاریخ) بعض اطالوی جمہوری ریاستوں کا چیف مجسٹریٹ : حاکم عدالت اعلیٰ۔ (۴) تاجروں یا دستکاروں کی انجمن کے منتخبہ سربراہ کا خطاب۔

Grand Prior : مالٹا یا دارالسلام کے نائٹس آف سینٹ جان کی خانقاہ یا دارالراہبات کا کمانڈر۔

Prior : (a) [L. 'Prior'.] (۱) سابق : پہلا ۔(۲) (کسی زمانے ، سلسلے یا اہمیت میں) مقدم : افضل : تقدیمی۔

A prior : (منطق) استخراجی : قیاسی۔

A prior reasoning : (منطق) برہان قیا سی۔

Prior : (adv.) (to کے ساتھ) سابقاً : پہلے : قبل : پیشتر۔

Prior claim : (n) (قانون) تقدیمی حق۔

Prioral : (a) نائب صدر راہب یا اس سے متعلق۔

Priorate : (n) [Late L. 'prioratus'.] (۱) نائب صدر راہب کا عہدہ ؛ مدت ملازمت یا مدت کار گذاری۔ (۲) نائب صدر راہب کے زیر نگرانی خانقاہ یا دارالراہبات ؛ (نیز) اس میں رہنے والوں کی برادری۔

Prioress : (n) [med. L.'priorissa'.] نائب صدر راہب کے عہدے پر فائز راہبہ۔

Priority : (n) [med. L. 'prioritas'.] تقدم ؛ افضلیت ؛ فوقیت ؛ (کسی زمانی، سلسلے، اہمیت میں) مقدم ہونا۔ (۲) (قانون) تقدم (حق یا دعویٰ) ؛ تقدیم (حق یا دعویٰ) ؛ ترجیح (ادائی) ؛ قابل ترجیح (سود)۔

Priority bond : (n) دیکھو Preference bond

Priority committee : (n) (معاشیات وغیرہ) تقدیمی کمیٹی۔

Priory : (n) [med. L. 'prioria'.] خانقاہ یا دارالراہبات جو پرائر یا پرائرس کے زیر نگرانی ہو ؛ (دینیات) دیر ؛ خانقاہ ؛ مندر ؛ (نیز) کسی پادری یا راہب کا مکان۔

Allien priory : غیر ملکی خانقاہ یا دارالراہبات (جس کا انحصار کسی غیر ملک کی خانقاہ پر ہو)۔

Prisage : (n) [AFr. 'prisage', f. 'prise'.] (تاریخ) ایک قدیم محصول جو در آمدی شراب پر لگا یا جاتا تھا۔

Priscian : (n) [L. 'priscianus'.] مشہور رومی قواعد داں (گرامیرین کا نام) ؛ مشہور عالم صرف و نحو (تقریباً ۵۰۰ تا ۵۳۰)۔

To break priscian's head : قواعد کے اصول کی خلاف ورزی کرنا ؛ صرف و نحو کے اصول کو توڑنا ؛ نحو کی ٹانگ توڑنا۔

Priscillianist : (n) [Late and med L. 'priscillianista] چوتھی صدی عیسوی میں اسپین کے مقام اویلا(Avila) کے بشپ پریسلین (جس کے عقائد کو Gnostic یا Manichaean کہا جاتا ھے) کا شاگرد یا مرید۔

Priscillianist : (a) پریسلین کے شاگردوں یا ان کے عقائد یا ان سے متعلق۔

Prise : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) تاریخ) چونگی ؛ کسی جاگیر دار یا زمیندار کا اپنے رعیتوں کی کوئی چیز اپنے استعمال کے لئے لے لینا یا ضبط کر لینا ؛ کوئی چیز جو اس طرح طلب کی جائے ؛ اس طرح کی ضبطی یا طلبی کا حق۔ (۲) (جمع) تکلیفات سلطانی ؛ بادشاہ کے (عائد کردہ) محصولات (جو رقم یا اجناس کی شکل میں ان چیزوں سے وصول کئے جاتے تھے جو باہر سے درون ملک یا درون ریاست لائی جاتی تھیں)۔

Prism : (n) [late L. 'prisma'.] (۱) مخروطی مستوی ؛ منشور پرزم ؛ شوشہ۔ (۲) منشور مثلثی۔ (۳) طیف منشوری ؛ طیف جو انعطاف منشور سے پیدا ہو۔(۴) (جمع) الوانِ منشوری ؛ رنگہائی شوشہ۔(۵) بلور کی شکل جس کے تین یا زیادہ پہلو اس بلور کے عمودی محور کے متوازی ہوتے ہیں۔

Nicol('s) prism : (بصریات) منشور نکول۔

Prunes and prism : چبا چبا کر بات کرنے کا انداز۔

Prism binocular : (a) (بصریات) منشوری دوچشمہ۔

Prismal : (a) (۱) منشوری ؛ منشور کا یا اس سے متعلق ؛ منشور نما ؛ منشور جیسا۔ (۲) (رنگ) منشوری۔(۳) تیز ؛ شوخ ؛ درخشاں۔

Prismatic : (a) [Fr. 'Prismalique'.] دیکھو Prismal

Prismatic binocular : (a) (بصریات) منشوری دو چشمہ۔

Prismatic colours : (n) (روشنی) الوان منشوری (سات رنگ جن میں روشنی کی شعاع منشور کے ذریعہ منقسم ہو جاتی ھے)۔

Prismatic compass : (n) منشوری قطب نما؛سروے کا یا مساحتی کمپاس جو منشور کے ذریعہ پیش نگاہ چیز کی جائے وقوع (موقع) کے زاویے کو (اس چیز کی نگاہ میں آتے ہی) بتا دیتا ھے۔

Prismatic degree : (n) (بصریات) درجہ منشور ؛ منشوری درجہ۔

Prismatic powder : (n) بارود جس کے ذرے شش پہلو ہوتے ہیں۔

Prismatic reflector : (n) (بصریات) منشوری عاکس۔

Prismatic spectrum : (n) (بصریات) منشوری طیف۔

Prismatic sulphur : (n) (کیمیا) منشوری گندھک۔

Prismatical : (a) دیکھو Prismal

Prismatically : (adv.) بذریعہ منشور ؛ گویا کہ بذریعہ منشور ؛ الوان

منشوری کے ساتھ ۔

Prismatize : (v) منشور بنانا : منشور میں بدلنا: منشور میں تبدیل کرنا۔

Prismatoid : (a) منشور نما۔

Prismatoid : (n) (ہندسہ) منشور نما (ٹھوس) شکل : منشور نما چیز (جس کے متوازی کثیرالاضلا عی سرے مثلث نما پہلوؤں سے ملے ہوتے ہیں)۔

Prismatoidal : (a) مانند منشور :منشور آسا : منشور نما : منشور نما شکل کا : اس سے متعلق یا اس جیسا ۔

Prismoid : (n) منشور نما شکل یا جسم (جس کے یکساں مگر غیر مساوی ، متوازی کثیر الاضلا عی قاعدے ہوں)؛ منشور نما۔

Prismoidal (a) منشور نما شکل : منشور نما کا یا اس سے متعلق ۔

Prison : (n) [Early ME. 'prisun'.] ۱) (ابتداً) قید : حبس: حالت قید و بند : قید و بند میں ہونے کی حالت ۔ (۲) قید خانہ : جیل : محبس : بندی خانہ : جیل خانہ : حوالات (نیز مجازاً)۔

To state prison : (۱) سیاسی مجرموں کا قید خانہ :سیاسی قید خانہ ۔ (۲) (امریکا) وہ قید خانہ جو کسی ریاست کے ارباب اختیار کے نظم وضبط میں ہو : صوبائی یا ریاستی قید خانہ : صوبائی جیل۔

To break prison : قید سے بھاگ نکلنا۔

To cast-/-put-/-set in prison / To keep- / -lay- / -lie in prison : جیل میں ڈالنا : جیل میں رکھنا : قید میں رکھنا یا رہنا۔

Prison : (v) [f. prec.] : (شاعری ،فصاحت) قید کرنا: محبو س کرنا : نظر بند کرنا : جیل دینا : قید میں رکھنا : حوالات میں رکھنا : بندی بنانا : قیدی بنانا ۔

Prison-bars : (n) جیل کی سلاخیں : قید خانے کی سلاخیں ۔

Prison-bird : (n) پرانا بدمعاش : عادی مجرم : جرائم پیشہ: پیشہ ور مجرم یا قیدی ۔

Prison-breaker : (n) جیل سے بھاگنے والا قیدی : مفرور قیدی: فراری ۔

Prison-breaking : (n) جیل سے بھاگ جانا یا فرار ہونا۔

Prison-crop : (n) بہت چھوٹے کٹے ہوئے بال ۔

Prison-editor : (n) مدیر اخبار جو مضامین اخبار کی ذمہ داری لیتا ھے اور خلاف ورزی پر سزائے قید بھگتتا ھے ۔

Prison-fever : (n) (طب) محرقہ دماغی :دیکھو Jail-fever ۔

Prison-house : (n) (عموماً فصاحت و انشاء میں) محبس: قید خانہ ۔

Prison-van : (n) قیدیوں کو لے جانے والی بند گاڑیاں : جیل گاڑی ۔

Prisoner : (n) (۱) قیدی : محبوس : اسیر : زندانی : بندی (نیز مجازاً)۔ (۲) اسیر جنگ : جنگی قیدی (اب عموماً Prisoner of war)۔ (۳) (توصیفاً) قیدی کا یا اس سے متعلق ۔

I am a prisoner to my room : میں (بیماری وغیرہ کی وجہ سے) کمرے میں قید ہوں ۔

State prisoner : سیاسی قیدی : سیاسی بندی۔

To take (a person) prisoner : (خصوصاً جنگ میں) (کسی کو) پکڑ کر قید میں رکھنا : گرفتار کرنا اور قید میں رکھنا : جنگی قیدی بنانا: پکڑ کر حراست میں رکھنا : قید کرنا : گرفتار کرنا : اسیر کرنا ۔

Prisoner at the bar : (n) حوالاتی : زیر حراست اور زیر سماعت قیدی۔

Prisoner of state : (n) سیاسی قیدی : سیاسی بندی ۔

Prisoner of war : (n) اسیر جنگ : جنگی قیدی ۔

Prisoner's bass/-base : (n) کبڈی کی قسم کا بچوں کا کھیل : کبڈی ۔

Prissiness : (n) بناوٹی شرم (عموماً عورت یا لڑکی کی)۔

Prissy : (a) [pern blend of Prim(a) and Sissy .] (۱) بناوٹی شرم والی : جنسی تعلقات میں بے جا طور پر محتاط : بھولی : کمسن : شرمیلی : تکلف شعار : پابند وضع : پابند آداب : نہایت محتاط ۔ (۲) مردانہ قوت یا دم خم سے محروم : زنخا : نامرد : زن صفت : مردانہ قوت و حرارت سے محروم ۔

Pristine : (a) [L. 'pristinus'.] اصلی : قدیم : پرانا : دیرینہ : قدیمی : نخستین : پیشین : بدو ی ۔

Pritchel : (n) [Southern form of prickle.] تیز نوک والا اوزار

(خصوصاً جس سے گھوڑے کی نعلوں میں کیلوں کے لئے سوراخ بناتے ہیں).

Prithee : (phr.) "(I) pray thee" کا متروک روز مرہ :براہ کرم : مہربانی کرکے : از راہ کرم : مہربانی فرما کر.

Prius : (n) [L. n. of 'prior'.] وہ چیز جسے دوسری پر سبقت حاصل ہو : سابق : اول : نخستین : اولین : قدیم : (خصوصاً) وہ جو ضروری شرط اولین ہو : شرط اول : شرط لازم.

Privacy : (n) [f. Private. (a)] (۱) عزلت : خلوت : علیٰحدگی: تنہائی : عزلت گزینی : گوشہ نشینی . (۲) پوشیدگی : پردہ داری : اخفا : راز داری.

Privatdocent/Privatdozent : (n) [G. 'privatdozent.'] (جرمن جامعات میں) خانگی معلم یا لیکچرار جس کو جامعات نے تسلیم کیا ہو لیکن تنخواہ دار عملہ میں شامل نہ کیا ہو (ایسے معلم یا لیکچرار کو براہ راست طلبا کی فیس سے اجرت ملتی ہے).

Privatdocents/ Privatdocenten : (n) Privatdocent کی جمع.

Private : (a) [L. 'privatus'.] (۱) خانگی : غیر سرکاری : جو سرکاری عہدہ دار نہ ہو . (۲) مخفی: خانگی . (۳) انفرادی: ذاتی : شخصی : اپنا. (۴) نج کا : نجی : انفرادی : ذاتی : جو جماعت سے متعلق نہ ہو . (۵) راز کا: بصیغہ راز . (۶) خلوت کی (جگہ) : عزلت یا تنہائی کا (مقام). (۷) (قدیم) (شخص) عزلت پسند : خلوت پسند : الگ تھلگ : کنارہ کش : گوشہ نشیں : عزلت گزیں.

For one's private ears : صرف کسی خاص شخص کے لئے (دوسروں سے مخفی).

In private : (۱) دیکھو Privately . (۲) دوستوں یا خانگی زندگی میں : پوشیدہ طور پر.

Private : (n) (۱) دیکھو Private soldier . (۲) (جمع) Private parts . (۳) (جمع) (ڈیوٹی کے بعد یا پہلے)پہننے کے ذاتی کپڑے.

To privates : (تشریح) خارجی اعضائے تناسل : اعضائے مخصوصہ (فوطے ، عضو تناسل ، شرمگاہ وغیرہ).

Private act/-bill : (n) پارلیمنٹ کا کوئی قانون یا مسودہ قانون جو کسی خاص فرد یا کارپوریشن سے متعلق ہو : انفرادی قانون یا مسودۂ قانون.

Private bed : (n) ہسپتال میں مریض کے پرائیویٹ کمرے کا بیڈ جہاں وہ اپنے مخصوص معالج کے زیر علاج ہوتا ہے.

Private bill : (n) دیکھو Private act

Private boarding/-hotel : (n) خانگی اقامت گاہ یا ہوٹل (جو عام نہ ہو).

Private-duty : (n) ذاتی نگہداشت : انفرادی نگہداشت : کسی مریض کی اس کے گھر پر یا ہسپتال میں انفرادی نگہداشت : انفرادی دیکھ بھال.

Private enterprise : (n) نجی کاروبار : ذاتی مشغولیات : ذاتی شغل (جس پر سرکار کا کنٹرول نہ ہو).

Private eye /-detective : (n) سراغ رساں جو کسی سرکاری پولس دستے کا رکن نہیں ہوتا بلکہ نجی طور پر تفتیش یا سراغرسانی کرتا ہے : غیر سرکاری سراغ رساں.

Private family : (n) اپنے ذاتی مکان میں رہنے والا کنبہ.

Private forest : (n) غیر سرکاری جنگل.

Private house : (n) نجی مکان : ذاتی مکان : ذاتی رہائشی مکان.

Private judgement : (n) (خصوصاً مذہبی معاملات میں) اپنی ذاتی رائے : ذاتی خیال.

Private law : (n) قانون کی ایک شاخ : نجی قانو ن : خصوصی قانون: قانون عامہ کے تحت آنے والے معاملات.

Private life : (n) نجی زندگی : خانگی زندگی.

Private means : (n) خانگی آمدنی (جو نوکری ،پیشے وغیرہ کی آمدنی سے الگ ہو): نجی ذرائع.

Private member : (n) دارالعلوم کا رکن جو کابینہ یا وزارت کا عہدہ دار نہ ہو.

Private parts : (n) (تشریح) خارجی اعضائے تناسل : اعضائے مخصوصہ (فوطے ،عضو تناسل ، شرمگاہ وغیرہ).

Private practice : (n) ڈاکٹر کا ذاتی کلینک : ذاتی پریکٹس : نجی پریکٹس.

Private property : (n) نجی جائداد : انفرادی جائداد : ذاتی ملك.

Private protector : (n) (کرکٹ) لنگوٹ (جو اعضائے مخصوصہ کی

حفاظت کے لئے باندھا جاتا ھے)۔

Private school : (n) خانگی مدرسہ : وہ مدرسہ یا اسکول جو کوئی شخص اپنے ذاتی فائدے اور آمدنی کے لئے کھولتا ھے : پرائیویٹ اسکول : غیر سرکاری درسگاہ۔

Private secretary : (n) ذاتی سکریٹری : معتمد خاص : ذاتی معتمد۔

Private soldier : (n) معمولی سپاہی (جس کو کوئی درجہ یا امتیاز حاصل نہ ہو) سپاہی : لشکری۔

Private study : (n) ذاتی مطالعہ۔

Private treaty : (n) بیع : فروخت (جس کی شرائط خود بیچنے والے اور خریدنے والے نے آپس میں طے کی ھوں) (بخلاف نیلام)۔

Private view : (n) خانگی نمائش (تصویروں کی عام نمائش سے قبل خانگی طور پر ان کو دیکھنا)۔

Private way : (n) راستہ جو عام پبلك کے لئے نہ ہو :ذاتی راستہ۔

Privateer : (n) (۱) خانگی مسلح جہاز : غیر سرکاری مسلح جہاز (وہ مسلح جہاز جو کسی شخص کی ذاتی ملك ہو اور جس کے عہدہ دار بھی غیر سرکاری ھوں لیکن جس کو دشمن کے تجارتی جہازوں کو گرفتار کرنے کی سرکاری اجازت حاصل ہو)۔ (۲) ایسے جہاز کا کمانڈر۔ (۳) (جمع) ایسے جہاز کے خلاصی یا عملے۔ (۴) توصیفاً ۔

Privateering : (n) غیر سرکاری مسلح جہاز کی کمانڈری: غیر سرکاری مسلح جہاز پر کام کرنے کا پیشہ (نیز مجازاً)۔

Privateersman : (n) (امریکا) غیر سرکاری مسلح جہاز کا افسر یا ملاح۔

Privately : (adv.) نجی طور پر :ذاتی طور پر : خصوصی طور پر : شخصی طور پر : انفرادی طورپر : خانگی طور پر : مخفی طور پر : عزلت میں: تنہائی میں : خلوت میں۔

Privatim : (adv.) ذاتی طور پر : نجی طور پر : خصوصی طور پر۔

Privation : (n) (۱) نہ ہونا : سلب :عدم : غیر موجود ہونا : نیستی : فقدان : کسر : محرومی : محرومیت۔ (۲) احتیاج : ضروریات زندگی کا نہ ہونا : تنگ دستی : عسرت : بیچارگی: افلاس : محتاجی۔ (۳) سلب : کسی صفت کا نہ ہونا: منفی صفت : کسی مثبت خاصیت یا صفت کا نہ ہونا ۔

Privative : (a) [L. 'privativus'.] (۱) سلبی: جو کسی صفت یا خاصیت کے نہ ہونے سے ہو۔ (۲)(اصطلاحات) سلبی : منفی : جو کسی صفت کے حذف ، ترك یا عدم کو ظاہر کرے۔ (۳) (صرف و نحو) منفی یا سلبی :(سابقے ،لاحقے ، اجزائے ترکیبی) جو کسی صفت کے نہ ہونے کو ظاہر کریں (مثلاً -less ، -un وغیرہ)۔

Privative : (n) سالبہ : منفی یا سلبی صفت ، خاصیت : لفظ یا حرف : حرف نفی۔

Alpha privative : الفا سالبہ۔

Privatively : (adv) منفی طور پر : نفی کرتے ہوئے : سلبی انداز میں۔

Privet : (n) [Of unkn. origin.] سفید پھول اور سیاہ پھل والی ایك بہار جہاڑی جو باڑ لگانے کے کام آتی ھے : برنگو : قاغیا۔

Egyptian privet : (نباتیات) حنا : مہندی۔

Evergreen privet : Rhamnus جنس کی سدا بہار قسمیں۔

Mock privet : مہندی کی ایك سدا بہار جنس : دیکھو Phillyrea.

Privet hawk/-moth : (n) (حیوانیات) پروانۂ قاغیا : ایك قسم کا پتنگا جو اس جہاڑی (قاغیا) پر انڈے دیتا ھے۔

Privilege : (n) [L. 'privilegium.'] (۱) حق : استحقاق: رعایت : استثناء (جو کسی شخص ، جماعت یا عہدہ کو حاصل ہو): فائدہ : خاص حق : امتیاز : حق امتیاز: حق ویزا : حق مخصوص۔ (۲) خاص فائدہ : نفع : لطف و کرم حاصل کرنا : مورد عنایت ہونا۔ (۳) اجارہ :سند ایجاد (پیٹنٹ) جو کسی شخص یا کارپوریشن کو عطا ہو۔ (۴) (قدیم روما) کسی کے حق میں فرمان خصوصی (مراعات کا)۔ (۵) (رومن کیتھولك چرچ) پوپ کا خصوصی فرمان استثناء۔

Bill of privilege : درخواست استحقاق (کسی امیر یا رئیس کی یہ درخواست کہ اس کے مقدمے کی سماعت کوئی امیر یا رئیس کرے)۔

Breach of privilege : نقض یا سقوط حق : رعایت ، استثناء وغیرہ۔

The privilege : شاہی استحقاق : بادشاہ کا خصوصی یا امتیازی حق : اختیار شاہی : اختیار قلعی۔

Writ of privilege : استحقاق یافتہ شخص کے حق میں

محبس دیوانی سے رہائی کا حکم نامہ۔

Privilege : (v) [med. L. 'privilegiare'.] (۱) حق : رعایت : استثنا ، : سند ایجاد وغیرہ عطا کرنا۔ (۲) کسی کام کو استحقاقاً کرنے کی اجازت دینا : لائسنس دینا۔ (۳) کسی بوجھ یا ذمہ داری سے بری کرنا : مستثنیٰ قرار دینا : مستثنیٰ کرنا : معاف کرنا۔

Privilege leave : (n) رعایتی رخصت۔

Privilege of clergy : (n) (قدیم قانون) پادری کا حق استثنا، (کہ اس کے مقدمات کی سماعت سیکولر عدالت میں نہیں ہو گی)۔

Privilege of Parliament : (n) ہر دو ایوان پارلیمنٹ میں سے کسی کا حق یا اس سے کسی کارکن کا حق۔

Privilege rights : (n) امتیازی حقوق۔

Privilege tax : (n) دیکھو Excise

Privileged : (a) جس کو کوئی حق ، رعایت ،استثنا ، وغیرہ ملا ہو : حق یافتہ : رعایت یافتہ : خاص حقدار: منصبی : استحقاق یافتہ : اجازت یافتہ : بری الذمہ: مستثنیٰ : معاف کیا ہوا۔

Privileged cab : (n) کرائے کی گاڑی جس کو خانگی جگہ خصوصاً ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں ٹھہرنے کی اجازت عطا ہو : اجازت یافتہ کرائے کی گاڑی۔

Privileged communication : (n) (۱) (قانون) وہ بیان جسے ظاہر کرنے کو کسی گواہ پر قانوناً دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا : منصبی بیانات : مراسلت یا بیانات منصبی۔
(۲) (قانون) وہ بیان جو ایسے حالات میں اور ایسے شخص کے مابین واقع ہوا ہو جس پر کاروائی نہیں کی جا سکتی ہو (تا آنکہ اس میں بدنیتی کو دخل نہ ہو : وہ بیانات جو ان شریک معاملہ اشخاص کی رضامندی کے بغیر ظاہر نہیں کئے جا سکتے جن کے درمیان وہ واقع ہوئے ہیں (مثلاً وکیل و موکل یا طبیب و مریض کے مابین کے بیانات)۔

Privileged debt : (n) وہ قرضہ جسے پہلے ادا کرنا واجب ہو۔

Privileged share/-stock : (n) دیکھو Preference stock

Privileges : (n) مراعات۔

Privily : (adv.) [f. Privy .] (متروک یا ادبی) خفیہ طور پر : در پردہ : رازدارانہ : انفرادی طور پر۔

Privities : (n) (تشریح) شرمگاہ : اندام نہانی : اعضائے تناسل۔

Privity : (n) [ME. 'privete' , -ite.'] (۱) (قانون) شرکت: تعلق (جو قانوناً ناجائز ہے مثلاً تعلق نسبی ، شرکت معاہدہ ، تعلق دستاویزی یعنی بر ضامندی باہمی)۔ (۲) راز داری : واقفیت : شرکت راز : محرم راز ہونا۔

Privy : (n) [ME. 'prive,privey , privy'.] (۱) محرم راز : محرم : شریک راز : رازداں : در پر دہ واقف۔ (۲) خفیہ: مخفی : درپردہ : پردۂ راز میں۔ (۳) (اشیاء ،مقام وغیرہ) چھپا : پوشیدہ : خفیہ :مخفی : گپت۔
(۴) ذاتی : شخصی : انفرادی۔

Privy : (n) (۱) شریک کار : شریک : وہ شخص جو کسی چیز یا امر سے تعلق رکھے : وہ شخص جو دوسرے کی حقیقت میں حق رکھے یا جو ایسے معاملے میں حق رکھے جس میں وہ فریق وہ ہو: وہ شخص جو کسی کام یا کسی معاملے میں شریک ہو۔ (۲) جائے ضرور : بیت الخلا ، : پاخانہ۔

Privy chamber : (n) (سیاسیات) دیوان خاص : شاہی محل کا خاص کمرہ۔

Privy council : (n) [ME. 'prive counscil'.] مشیران شاہی : (انگلستان میں) پریوی کونسل : مستشار شاہی (بادشاہ کے منتخب کئے ہوئے مشیروں کی جماعت، جس کا رکن ہونا صرف باعث امتیاز ہے ، اس لئے بادشاہ کو اب عموماً کابینہ مشورہ دیتی ہے ، مستشار شاہی میں شاہزادگان ،اساقفہ اعظم وغیرہ بھی شامل ہیں)۔

Privy counsellor/-councillor : (n) (۱)مشیر خاص : ذاتی مشیر : خانگی مشورہ دینے والا۔ (۲) (خصوصاً)(برطانیہ میں) بادشاہ کے ذاتی مشیروں میں سے کوئی : پریوی کونسل کا رکن : رکن مستشار شاہی (مخفف .P.C)۔

Privy councellorship/-councillorship : (n) مشیر خاص کا عہدہ : پریوی کونسل کی رکنیت۔

Privy parts : (n) دیکھو Private parts

Privy purse : (n) (۱) صرف خاص یا لونس جو بادشاہ کو ذاتی اخراجات کے لئے محاصل ملکی سے دیا جاتا ہے : پریوی پرس۔ (۲) صرف خاص کا خزانچی (Keeper of the privy purse کا مخفف)۔

Keeper of the privy purse : (بادشاہ کے) صرف خاص کا خزانچی : بادشاہ کا ذاتی خزانچی : (جس کے ذریعہ بادشاہ کے ذاتی اخراجات کی ادائی ہوتی ہے)۔

Privy seal : (n) (۱) مہر سرکاری : مہر کوچک : مہر خاص (یہ مہر دستاویزوں پر لگائی جاتی ہے جن پر مہر اعظم یا مہر شاہی (Great seal) لگانا ضروری نہ ہو یا بعد میں لگائی جائے)۔ (۲) دستاویز جس پر مہر کوچک لگی ہو : (خصوصاً) قرض طلب کرنے کا وارنٹ جس پر مہر کوچک لگی ہو : مہر شدہ پروانۂ قرض طلبی : (مجازاً) جبریہ قرض : جبری قرضہ (تاریخ انگلستان)۔ (۳) نیز مہر کوچک : وہ امیر جس کے سپرد مہر کوچک ہو (اب اسے Lord privy seal کہتے ہیں)۔

Keeper of the privy seal/ Lord privy seal : میر مہر کوچک: میر مہر خاص : وہ امیر جس کے سپرد مہر کوچک ہو: مہر بردار سرکاری۔

Privy signet : (n) دیکھو Privy seal

Privy verdict : (n) جیوری کا فیصلہ : جو جج کو نجی طور پر بتایا جائے۔

Prizable/Prizeable : (n) [f.Prize+Able.] (بول چال) قابل قدر : بیش بہا: بیش قیمت : گرانقدر : گراں قیمت۔

Prize : (n) [ME. 'pris,prise'.] (۱) انعام۔ (۲) وہ چیز جس کو حاصل کرنے کے لئے سخت کوشش کی گئی ہو یا جو جاں فشانی سے حاصل کرنے کے قابل ہو: نعمت : بیش بہا چیز۔ (۳) انعام : روپیہ یا اور کوئی چیز جو قرعہ اندازی میں یا لاٹری وغیرہ کے ذریعہ کسی کو ملے۔ (۴) (بطور صفت) جس (شخص یا چیز) کو مقابلے یا نمائش وغیرہ میں انعام دیا گیا ہو : انعام کے لئے مقابلہ کرنے والا: جس کے انعام پانے کا پورا امکان ہو : انعام پانے والا : (بول چال) انعام کا مستحق : انعام پانے کے قابل : جو اپنی جنس کا نمایاں ، ممتاز نمونہ ہو : اول درجے کا۔

Consolation prize : انعام اشك شوئی : انعام تسلی : اشك شوئی کا انعام : اشك شوئی کی بازی یا دوڑ (ہارنے والوں کی دوڑ یا بازی جس میں ایك مرتبہ پھر انعامی مقابلہ کرایا جائے)۔

The prize-ring : مکاباز اور ان کے حمایتی۔

Prize : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) جہاز ، مال وغیرہ جو قوانین جنگ کے مطابق گرفتار کر لئے جائیں: بحری غنیمت : مال غنیمت : یغما : مال دشمن جو جنگ میں حاصل کیا جائے۔ (۲) نعمت غیر مترقبہ : نعمت خداداد : خداداد ذریعۂ دولت۔

To become (lawful) prize : (بطور مال غنیمت) گرفتار ہونا : پکڑا جانا۔

To make prize : ضبط کرنا : قبضے میں کرنا : مال ، غنیمت کی حیثیت سے لینا یا قبضہ کرنا : جنگ میں بطور مال غنیمت لے لینا : (جہاز وغیرہ کو) گرفتار کرنا۔

Prize/Prise : (n) [Fr. 'prise'.] (۱) بیرم : لیور : وہ آلہ جو بیرم کی قوت سے اٹھاتا : حرکت دیتا یا کھولتا ہے : (میکانیات) کاربیرم (بول چال)۔ (۲) بیرم سے کھولنے کا عمل : لیور سے کام لینے کا طریقہ : بیرم کا فعل۔

Prize : (v) بیش قیمت سمجھنا : بڑی قدر کرنا : بہت عزیز جاننا: گراں بہا سمجھنا۔

Prize : (v) مال غنیمت کے طور پر (جہاز یا اس کا مال) ضبط کرنا : قبضے میں لینا : پکڑنا۔

Prize/Prise : (v) بیرم کی قوت سے اٹھانا : حرکت دینا یا کھولنا : (خصوصاً) بیرم کے ذریعہ کھولنا۔

Prize court : (n) عدالت امور یغما (عدالت امیرالبحر کا وہ شعبہ جس کا تعلق امور مال غنیمت سے ہو)۔

Prize crew : (n) جہاز رانوں یا ملاحوں کی وہ جماعت جو گرفتار شدہ بندرگاہ میں لانے کے لئے ہوتی ہے۔

Prize-felow : (n) کالج کا رفیق : (fellow) جس کو انعامی وظیفہ ملتا ہو : انعامی وظیفہ یاب رفیق۔

Prize-fellowship : (n) کالج کے رفیق یا فیلو کا انعامی وظیفہ : کالج کی فیلو شپ جو امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر بطور انعام دی جاتی ہے : انعامی وظیفہ : انعامی فیلوشپ۔

Prize-fight : (n) انعامی مکا بازی : وہ مکا بازی جو انعام کی خاطر کی جائے (اس میں مکاباز دستانے نہیں پہنتے)۔

Prize-fighter : (n) انعامی مکا باز : پیشہ ور مکاباز (جو انعام کی خاطر عوام کے سامنے اپنے فن کا مظاہرہ کرتا ہے)۔

Prize-fighting : (n) انعامی مکابازی: انعامی مکاباز:انعام کے لئے مکابازی کا مقابلہ کرنے والا۔

Prize-fighting : (a) انعامی مکاباز : انعام کی خاطر مکابازی کا مقابلہ کرنے والا۔

Prize-list : (n) (۱) کسی مقابلے میں انعام جیتنے والوں کی فہرست : فہرست انعام یا فتگان۔ (۲) جنگ میں جہاز کو بطور مال غنیمت گرفتار کرنے والوں کی فہرست جو اس جہاز کی فروخت سے حاصل شدہ رقم کے حقدار ہوتے ہیں۔

Prize-medal : (n) انعامی تمغہ : تمغہ انعام : تمغہ۔

Prize-money : (n) گرفتارشدہ جہاز کی فروخت سے حاصل شدہ رقم جو گرفتار کنندگان کے درمیان تقسیم ہوتی ہے : بحری غنیمت کی رقم : مال غنیمت۔

Prize-ring :(n) (۱) انعامی مکابازی کا اکھاڑا۔ (۲) انعامی مکابازی۔

The prize-ring : انعامی مکابازوں کے لئے اکھاڑا : مکاباز اور ان کے حمایتی۔

Prizeless : (n) جس کو انعام نہ ملے : بے انعام۔

Prizeman : (n) انعام جیتنے والا : وہ شخص جس کو انعام ملا ہو: انعام یافتہ : انعام گیر (مثلاً Smith's prizeman وہ جس کو اسمتھ کا انعام ملا ہو ، انعام یافتہ ، اسمتھ)۔

Prizer : (n) (۱)(متروک) انعامی مقابلے میں حصہ لینے والا : انعامی مکاباز۔ (۲) قدر کرنے والا : بیش بہا سمجھنے والا۔

Pro : (prep) [L.] واسطے : لئے : خاطر۔

Pro : (n) (۱) کسی چیز کی حمایت میں کوئی دلیل یا بیان ۔ (۲) کسی تجویز کی حمایت کرنے والا یا اس کی حمایت میں ووٹ دینے والا : حامی : طرفدار۔

Pro : (n) (بول چال) Professional اور Proproctor کا مخفف۔

Pro-: (prefix) [L.] سابقہ بمعنی پہلے : آگے : اوّل : پیشتر : مقدم : قبل : پیش (بلحاظ زمان و مکان) (یہ یونانی الفاظ اور جدید علمی اصطلاحوں میں آتا ہے)۔

Pro- : (prefix) (سابقہ بمعنی) بجائے : قائم مقام : برائے (مثلاً Proproctor معاون یا نائب پراکٹر (یونیورسٹی کا)۔

Pro and con : (adv. phr.) [Earlier 'pro and contra'.] موافق و مخالف : بہ ہر دو جانب : دونوں پہلوؤں پر : دونوں طرف : بہ ہر دو پہلو۔

Pro and con : (Sb. phr.) اب ہمیشہ جمع مستعمل ہے : دیکھو Pros and cons .

Pro and con (v) موافق و مخالف دونوں دلیلیں پیش کرنا: کسی مسئلے کے دونوں پہلوؤں پر بحث کرنا : موافق و مخالف دلیلوں کا موازنہ کرنا۔

Pro aris et focis : (phr.) قربان گاہ اور چولہے کے لئے : مذہبی اور خانگی استعمال کے لئے۔

Pro-catherdral : (a) جو Cathedral کے عوض استعمال ہو۔

Pro-cathedral : (n) وہ چرچ جسے کنیسۂ کبریٰ (کیتھڈرل چرچ) کی بجائے یا اس کے عوض استعمال کیا جاتا ہو۔

Pro-chancellor : (n) پرو چانسلر : برطانوی یونیورسٹی کا ایک افسر جو وائس چانسلر کی غیر موجودگی میں چانسلر کی نمائندگی کرتا ہے : قائم مقام امیر جامعہ۔

Pro-flogger : (n) سزائے تازیانہ کا حامی : سزائے تازیانہ کی حمایت کرنے والا۔

Pro forma : (phr.) فارم کے لئے : فارم کے مقصد سے : تکمیل ضابطہ : ترتیبی : مر سو مہ۔

Pro forma balance sheet : (n) (۱) حساب آمد و خرچ کا نمونہ : وہ بیلنس شیٹ جس پر نمونے کے لئے فرضی اعداد و شمار درج ہوں ۔(۲) وہ بیلنس شیٹ جو نئی فنانسنگ کا رد عمل ظاہر کرے۔

Pro forma invoice : (n) رسمی بیجک : پیشگی بیجک جو تکمیل ضابطہ کے لئے خریدار کو مطلوبہ چیزوں کی فہرست (ان کی قیمتوں کے ساتھ) کی شکل میں پہلے ہی بھیج دی جاتی ہے۔

Pro hac vice : (phr.) [L.] صرف اس موقع کے لئے : صرف اس بار کے لئے : بس اسی مرتبہ کے لئے۔

Pro-liquorite : (n) شراب کی بے روک خرید و فروخت کا حامی : شراب کی کھلی خرید و فروخت کی حمایت کرنے والا : حامیٔ شراب نوشی۔

Pro-ode : (n) یونانی کورس کا ابتدائی گیت : افتتاحی نظم : آغاز : تشبیب۔

Pro-opic : (a) ابھرے ہوئے چہرے والا : کھڑی ناک والا ۔

Pro-ostracum : (n) متحیر سرمایہ کی تھوتھنی کی پیش درازی ۔

Pro-otic : (a) پیش اذنی : پیش گوشی : جو کان کے سامنے ہو (استخوان گوش ،کان کی ان تین ہڈیوں پر اطلاق ہوتا ہے جن کے ملنے سے کان کا خول بنا ہے) ۔

Pro-otic : (n) پیش گوشی ہڈی : کان کے سامنے والی ہڈی : استخوان گوش : پیش گوشی ہڈی ۔

Pro-oxidant : (n) وہ مادہ جو دوسرے مادوں کی تکسید(Oxidation) کو تیز کرتا ہے ۔

Pro-oxygen : (n) دیکھو Pro-oxydant

Pro-proctor : (n) (ابتداً) وہ شخص جس نے یونیورسٹی کے پراکٹر کی جگہ کام کیا ہو: (جدید معنوں میں) (یونیورسٹی کا) ڈپٹی یا نائب پراکٹر : پرو پراکٹر ۔

Pro rata : (adv.) حسب شرح : نسبتاً : من حیثیت التناسب ۔

Prop rata : (a) حسب شرح یا حسب تناسب تقسیم یا تخمیہ کیا ہوا : متناسب ۔

Pro-rata : (v) (خاص کر امریکا) حسب تناسب تقسیم یا تخمینہ کرنا : نسبتاً تقسیم کرنا : متناسب طور پر یا تناسب سے بانٹنا : متناسب تقسیم کی بناء پر انتظام یا معاہدہ کرنا ۔

Pro-rector : (n) [f. Pro + Rector .] (کالج یا یونیورسٹی میں) ریکٹر کا نائب مقام : نائب ریکٹر (خاص کر جرمنی میں مستعمل ہے) ۔

Pro-rectorate : (n) نائب ریکٹر کا عہدہ ۔

Pro renata : (adv.) حسب موقع : حسب ضرورت : ضرورتاً ۔

A meeting held pro renata : ایک جلسہ جس کا انعقاد حسب ضرورت کیا گیا تھا ۔

A pro renata meeting : وقتی ضرورت کا جلسہ ۔

Pro tempore : (phr.) [L.] عارضی : ہنگامی یا وقتی طور پر : فی الوقت : بالفعل : (مخفف Pre. tem) ۔

Pro-vice-chancellor : (n) (یونیورسٹی کا) پرووائس چانسلر : نائب امیر جامعہ : نائب امیر شیخ الجامعہ ۔

Proa/ Prahu : (n) [Malay 'p(a) ra(h)u'.] ایک قسم کی کشتی جو ملایا میں ہوتی ہے ۔

Proamnion : (n) [Pro-amnion.] (حیوانیات) پیش انفس۔

Proatlas : (n) (حیوانیات) پیش مُہرہ اول : پیش فَہقہ ۔

Probablilorism : (n) [f.L. ' probabilior'+ism .] (اجتہاد کلیسائی رومی) اغلبیت : یہ مسئلہ کہ جس طرف شہادت کا پلا جھکا ہوا ہو اس کی صحت اغلب ہے اور وہی قابل اتباع ہے : اغلبیت پسندی ۔

Probabiliorist : (n) اغلبیت پسند : مسئلہ اغلبیت کا قائل ۔

Probabilism : (n) (۱)(دینیات) یہ مسئلہ کہ جس معاملے میں علماء کا اختلاف ہو وہاں ہر شخص کو اختیار ہے کہ کلیسا کے جس عالم کی پیروی چاہے کرے : عقیدہ احتمالیون. (۲) یہ مسئلہ کہ یقین علم موجود نہیں ہے لیکن عملی زندگی کے لئے بنائے یقین کافی ہے : (فلسفہ) احتمالیت ۔

Probabilist : (n) معتقد احتمالیت : احتمالی ۔

Probabilities : (n) موسم کی پیشگوئی : قرائن : امکانات : احتمالات ۔

Probability : (n) [L. 'probabilitas '.] (۱) امکان : قرینہ۔ (۲) (فلسفہ) قیاس غالب : گمان غالب : گمان اغلب ۔ (۳) احتمال : گمان ۔ (۴) (ریاضیات) امکان : احتمال : تخمینہ : اغلبیت ۔ (۵) کسی واقعے کی اغلبیت اس نسبت کے لحاظ سے جو اغلب حالات کو جملہ ممکنہ حالات سے ہو۔

In all probability/In probability : اغلباً : بظن غالب : غالباً۔

Mathematical probability :: (ریاضیات) ریاضیاتی امکان : ریاضیاتی اغلبیت ۔

The probability is that he will come : گمان اغلب ہے یا قیاس غالب ہے کہ وہ آجائے ۔

There is no probability of .... : ....کا کوئی احتمال یا قرینہ نہیں۔

What is the probabilities ? امکانات یا احتمالات کیا ہیں ؟ قرائن کیا کہتے ہیں؟

Probability curve : (n) (ارضیات) خط اغلبیت : امکانی منحنی۔

Probability ratio : (n) (ریاضیات) نسبت اغلبیت : امکانی نسبت۔

Probabilize : (v) حقیقت یا صحت کے قریب لانا :اغلب بنانا۔

Probable : (a) غالبہ : (ریاضیات) اغلب : تخمینی : حقیقت یا صحت سے قریب : قرین صحت :(فلسفہ) احتمالی۔

It is probable that he forgot : غالباً وہ بھول گیا۔

Reckon the probable cost : تخمینی لاگت کا حساب کیجئے۔

Probable error :(n) (۱) (ریاضیات) تخمینی خطا۔ (۲) احتمالی غلطی۔

Probable syllogism : (n) (منطق) قیاس احتمالیہ۔

Probably : (adv.) بظن غالب : غالباً : اغلباً : احتمالاً۔

Probang : (n) ایک آلہ جراحی جو وہیل کی ہڈی کا بنا ہوتا ھے ، اس کے سرے پر اسفنج کا ٹکڑا اور بٹن ہوتا ھے (اس آلہ کے موجد کا نام پروبنگ تھا) : حلق میں ضماد کرنے یا کسی چیز کے نکالنے کے کام آتا ھے : (جراحی) حلق سلائی : ملعو مالہ : پروبنگ ۔

Probate : (n) [L. 'probatum'.] وصیت نامے کی مصدقہ نقل : تصدیق وصیت نامہ : وصیت نامے کی سرکاری تصدیق : سند تصدیق کے ساتھ سرکاری طورپر مصدقہ وصیت نامہ : سند وصیت : مصدقہ و صیت نامہ۔

Probate : (v) [f. L. 'Probare'.] (خاص کر امریکا) سند تصدیق حاصل کرنا : (وصیت نامے کی) تصدیق کرنا : سند وصیت حاصل کرنا۔

Probate act : (n) ۱۸۵۷ء میں منظور شدہ انگریزی قانون جس کے ذریعہ تصدیق وصیت نامہ اور متوفیٰ کی جائداد یا ترکے کے انتظام کا اختیار کلیسائی اور دیگر عدالتوں سے لے کر ایک نئی عدالت Court of probate کو دے دیا گیا تھا : قانون تصدیق وصیت و انتظام جائداد متوفی۔

Probate court : (n) عدالت تصدیق وصیت و انتظام جائداد متوفی: وہ عدالت جس کے حلقہٴ اختیار میں وصیت ناموں کی تصدیق اور شخص متوفی کی جائداد یا ترکے کا انتظام و انصرام ہوتا ھے۔

Probate duty : (n) محصول تصدیق وصیت : رسوم جائداد وصیتی : وصیتی جائداد کا ٹیکس۔

Probate homestead : (n) متوفی کی جائداد سے اس کے شوہر یا بیوی اور نابالغ بچوں کے استعمال کے لئے عدالت کے ذریعہ علاحدہ کی ہوئی سکونتی زمین یا گھر باڑی۔

Probate judge : (n) وہ جج جسے وصیت کی تصدیق اور وصیت سے متعلق دعووں کی سماعت کا اختیار ہو۔

Probation : (n) [L. 'Probatio'.] (۱)امتحان : آزمائش (کردار ، اخلاق وغیرہ کی) : مدت آزمائش : (کسی تنظیم ، مذہب وغیرہ میں شمولیت سے پہلے کردار وغیرہ کی) آزمائش۔ (۲) آزمائشی رہائی : نو عمر مجرموں کا طریق رہائی : خصوصاً ایسے مجرموں کا جو پہلی بار ماخوذ ہوئے ہوں اور جن کی سزا عمدہ چلن کے زمانے میں ملتوی رہی ہو اور کسی افسر کی نگرانی میں ہوں۔ (۳) کار آموزی۔

On probation : بشرط آزمائش : بطور آزمائش: دوران کار آموزی۔

Probational/ -nary : (a) متعلق بہ آزمائش : زیر امتحان۔

Probationary : (a) (۱)متعلق بہ آزمائش۔ (۲) زیر امتحان : زیر آزمائش: امیدوارانہ : کار آموزانہ : کار آموزوں پر مشتمل۔

Probationary officer : (n) آزمائشی افسر۔

Probationary period : (n) آزمائشی مدت (دوران ملازمت)۔

Probationer : (n) (۱) وہ شخص جو ابھی زیر آزمائش ہو : امیدوار : وہ شخص جو کسی مذہبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا ہو : امیدوار راہب یا پادری : (خصوصاً) کسی کالج کی فیلوشپ کا امیدوار جسے امتحاناً داخل کیا گیا ہو : کلیسائی عہدے کا امیدوار جسے وعظ کہنے کی اجازت تو دی گئی ہو مگر فرمان صادر نہ ہوا ہو : نو عمر مجرم جو زیر آزمائش ہو۔ (۲) مبتدی : کارآموز : نو آموز : آزمائشی یا زیر آزمائش شخص۔

Probationership : (n) عہدہ کار آموزی : حالت کار آموزی : کار آموزی : امیدواری۔

Probative : (a) [L. 'probativus.'.] ثابت کن: مثبت : اثباتی : شہادتی : برہانی : متعلق بہ شہادت یا اثبات : استدلال پذیر۔

Probator : (n) مستحن : آزمائش کار : ثابت کرنے والا :توثیق کنندہ۔

Probatum / Probata : (n) [L.] جو چیز حتمی طور پر ثابت کی جا چکی ہو : ثابت : قائم : (طب) مجرب۔

Probatum est : (phr.) [L.] ثابت شدہ۔

Probe : (n) [late L. 'proba'.] (۱) (جراحی) زخم کی گہرائی اور سمت معلوم کرنے کا جراحی آلہ : زخم سلائی : مسبر : جراحی سلائی : پروب (عموماً چاندی کا ہوتا ھے)۔ (۲) کیڑے کی سونڈ : لمبی تھوتھنی : خرطوم۔ (۳) (ماہی گیری) چارہ دینے کی سوئی : بنسی۔ (۴) آلے سے زخم کی گہرائی اور سمت معلوم کرنے کا عمل : گھسانے یا بھوکنے کا عمل۔ (۵) (مجازاً) (امریکا) تفتیش :تحقیقات : پوچھ تاچھ : پوچھ گچھ : امتحان : چھان بین۔ (۶) (ھوابازی) وہ طیارہ جو کسی نئی دریافت کی غرص سے پرواز کر رہا ہو اور جس میں انسان نہ ہو بلکہ وہ ایسے آلات سے لیس ہو جو اس کے گرد و پیش کے حالات کی اطلاع اپنے مرکز کو ارسال کریں۔

Probe : (v) (۱) (آلے سے) زخم کو ٹٹولنا۔ (۲) (مجازاً) ٹٹولنا: کھوج لگانا : تفتیش کرنا : تجسس کرنا : چھان بین کرنا : تحقیقات کرنا : دریافت کرنا۔ (۳) کوئی تیز اور نکیلی چیز بھونکنا : گھسانا : گھسیڑنا (خصوصاً کچھ معلوم کرنے یا کسی بات کا پتہ لگانے کے لئے)۔ (۴) گھسنا : گھسیڑا جانا : گھسایا جانا : بھونکا جانا۔

Probe-needle : (n) وہ سوئی جسے چھپا کر کسی بات کا پتہ لگایا جائے۔

Probe-scissors :(n) جراحی قینچی : زخم کا منہ کھولنے والی قینچی۔

Probity : (n) [L.'probitas'.] (۱) دیانت : دیانت داری : تدین : ایمانداری : کھراپن۔ (۲) صداقت : راست بازی : سچائی : صدق : خلوص : اخلاص نیت۔ (۳) (سماجیات) عِفّت۔

Problem : (n) [L. 'problema'.] (۱) مسئلہ : علمی مسئلہ : قضیۂ علمیہ۔ (۲) مسئلہ دشوار : امر دشوار : معما۔ (۳) (مساحت) مسئلہ علمی : شکل علمی: (ہندسہ) علمی مسئلہ : عملیہ۔ (۴) (منطق) مسئلہ قیاسی : قضیۂ قیاسی۔ (۵) (طبیعیات، مرضیات) قضیہ ، وہ دریافت یا مسئلہ جس کی تحقیق چند شرائط مفروضہ کے تابع ہو: سوال۔ (۶) (شطرنج) نقشہ معما۔ (۷) نیز تو صیفاً۔

His whole conduct is a problem to me : اس کا تمام رویہ میرے لئے معما ھے۔

Kepler's problem : قضیۂ کپلر۔

Problem drama/-novel/- play : (n) ڈراما یا ناول جس کا موضوع معاشرتی یا کوئی دوسرا مسئلہ ہو : موضوع ڈراما یا ناول۔

Problem of three bodies : (n) (علم النجوم) مسئلہ سہ اجرام۔

Problem solving : (n) (۱) (ریاضیات) حل سوالات۔ (۲) (نفسیات) حل مسئلہ۔

Problematic/-al : (a) (۱) مشکل : مبہم : مشکوک : مشتبہ : محتاج تصدیق : غیر محقق۔ (۲) (منطق) ممکن : ممکن الوقوع۔ (۳) (شطرنج) نقشۂ معما کا یا اس سے متعلق۔

Problematically : (adv) مشکوک یا مشتبہ طور سے : قضیے کے طور پر۔

Problematist : (n) قضیوں یا مسائل کا سمجھنے والا یا حل کرنے والا: (خصوصاً) شطرنج کے نقشے (یا معمے) حل کرنے والا یا ترتیب دینے والا : مسئلہ باز۔

Problemist : (n) مسائل یا قضایا کا مطالعہ کرنے والا یا ترتیب دینے والا : مسئلہ باز۔

Probono publico : (phr.) رفاہ عام کے لئے : فلاح عامہ کے لئے : برائے رفاہ عام۔

Proboscidea : (n) [mod. L.] (حیوانیات) خرطوم داران : فیلان : پستاندار حیوانات کا وہ سلسلہ جس میں باقی اور اس کی ناپید قسمیں شامل ہیں : جن کے لمبی لوچدار سونڈ ہوتی ھے : اور اگلے دانت خاصے لمبے ہوتے ہیں۔

Proboscidean/-dial/-ian : (a) (۱) خرطومی : خرطوم دار : سونڈدار : سونڈیل : سونڈ والا۔ (۲) خرطوم داران کا یا ان سے متعلق۔ (۳) متعلق بہ خرطوم : خرطوم آسا :سونڈ کا : اس سے متعلق یا اس جیسا۔

Proboscidean/-ian : (n) خرطوم دار چوپایہ : سونڈ دار چوپایہ۔

Probscides : (n) Proboscis کی جمع۔

Proboscidifer : (n) سونڈ دار شکم پایوں کی ایک قسم : خرطوم دار شکم پایان۔

Proboscidiferous : (a) خرطوم دار: خرطوم پیکر: سونڈ دار : سونڈیل: (خصوصاً) سونڈ دار شکم پایوں کی ایک قسم سے متعلق : Proboscidifera کی قسم کا۔

Proboscidiform /-ed : (a) : سونڈ کی شکل کا یا ہیئت کا : خرطوم آسا : سونڈ نما : سونڈ جیسا : خرطوم جیسا : خرطوم شکل : مثل خرطوم : خرطوم پیکر ۔

Proboscis : (n) (۱) (حیوانیات) خرطوم (جمع خراطیم) : سونڈ : لمبی تھوتھنی یا ناك ۔ (۲) (حشریات) کیڑوں کی چسنی : خرطوم حشرہ : محس ۔ (۳) (مزاحاً) آدمی کی ناك : (تشریح) طویل ناك ۔ (۴) بعض غیر فقری حیوانات کا سونڈ نما عضو : (خصوصاً) مختلف کیڑوں کی چسنی اور بعض صدفوں کی زبان ۔

Proboscis-monkey : (n) دراز ناك بندر : لم نکا بندر ۔

Proboscises : (n) Proboscis کی جمع نیز دیکھو Proboscides ۔

Proboulеutic : (a) [G. 'probouleutikos '.] (تاریخ یونان) جو پہلے ہی سوچ سمجھ لے : (خصوصاً Athenian Senate پر اطلاق ہوتا ھے جو اسمبلی میں پیش کرنے سے قبل ہی معاملات یا اقدامات پر بحث یا غور کر کیا کرتی تھی)۔

Procacious : (a) شوخ : بد تمیز : بے حیا : بے شرم : بے باك بے خوف ۔

Procambium : (n) [f. Pro + cambium .] (نباتیات) قبل فار قه ۔

Procartilage : (n) [f. Pro+ Cartilage .] (حیوانیات) قبل غضروف۔

Procatalepsis : (n) [Gr. 'prokatalepsis'.] بلا غت : جواب مقدر : جواب به سوالی مقدر جملۂ استینافی : تسبیق ۔

Procatarctic : (a) [Gr.] (طب) محرك (مرضیات) ۔

Procedendo : (n) [L.] (قانو ن) عدالت عالیه کا ماتحتی کو یه حکم که وہ اس مقدمه کا فیصله کرے (خواہ فیصلے میں تاخیر کی صورت میں یا غیر تشفی بخش بنیادوں پر مقدمے کو عدالت عالیه کے سپرد کئے جانے کی صورت میں)۔

Procedural : (a) ضابطے کا یا کی : ضابطے یا طریق کار سے متعلق : عمل در آمد سے متعلق : کاروائی سے متعلق ۔

Procedure : (n) [Fr.] کاروائی : عمل در آمد : (قا نون) ضابطه : طریق کار ۔

Proceed : (n) پیداوار : آمد : آمدنی : منافع : حاصل (اب عموماً جمع میں مستعمل ھے) ۔

To proceed will be devoted to charity : یه آمدنی خیراتی کامو ں کے لئے وقف ہو گی ۔

Proceed : (v) [L.'procedere '.] (۱) بڑھنا : آگے بڑھنا : چلنا : قدم بڑھانا (به تعلق مکان) : تھوڑا رك کر کے آگے بڑھنا ۔ (۲) آگے چلنا : بڑھنا (کسی کام یا مضمون وغیرہ میں) ۔(۳) ابتداء کرنا : شروع کرنا : آغاز کرنا : طرز عمل اختیار کرنا : کاروائی کرنا ۔ (۳) قانونی کاروائی کرنا : چارہ جوئی کرنا۔ (۵) جاری ہونا : شروع ہونا : واقع ہونا ۔ (۶) (سلسلۂ کلام) جاری رکھنا : آگے بولنا یا کہنا ۔ (۷) خارج ہونا : نکلنا : صادر ہونا : پیدا ہونا : باہر آنا : آگے آنا ۔ (۸) جامعاتی تعلیم میں گریجویشن سے آگے بڑھنا (یعنی ایم۔اے یا پی ایچ ڈی کرنا) : (عدالت میں) بیرسٹر ہونا ۔

Exertions proceed from hope : امید وسعی، کوشش کا باعث ہوتی ھے ۔

How shall we proceed : اس میں ہم کیا رویه اختیار کریں ؟ کس کس طرح کاروائی کریں ؟

Sobs were heard to proceed from the next room : سبکیاں برابر کے کمرے سے آتی سنائی دیں ۔

The case -/ the play will now proceed : مقدمه ، کھیل ، ڈراما اب شروع ھوگا ، جاری ہوگا۔

To proceed against a person : کسی شخص کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنا۔

To proceed M.A. /-to the degree of M.A. : ایم۔اے کی سند حاصل کرنا : ایم۔اے کرنا ۔

Proceeding : (n) (۱) آگے بڑھنے کا عمل : پیش رفت ۔ (۲) دیکھو Proceedure ۔ (۳) کوئی مخصوص عمل یا سلسلۂ عمل : (جمع) اقدامات : معاملات : مسل : کاروائی : روداد : اجرائے کار : طریق عمل ۔ (۴) قانونی کاروائی : قانونی اقدام : قانونی چارہ جوئی (نیز Legal proceeding) ۔

High -handed proceeding : جابرانه کاروائی ۔

Legal proceedings : قانونی چارہ جوئی : قانونی کاروائی : قانونی اقدام ۔

We shall institute legal proceeding : ہم قانونی چارہ جوئی کریں گے : ہم قانونی کاروائی کریں گے ۔

Proceeding of Royal Society : (n) رائل سوسائٹی کی روداد ۔

Proceeds : (n) (معاشیات) پیداوار : محاصل : یافت : نیز دیکھو Proceed (n) ۔

Sale proceeds : (معاشیات) محاصل فروخت : بکری وصولی ۔

Proceleusmatic : (a) [Late L. 'Proceleusmaticus'.] (۱) جاں بخش : روح بخش : تحریک آور : اشتعال انگیز : ہمت آفریں : جوش انگیز ۔ (۲) (عروض) چار ہجائی : چوبو لی ۔

Proceleusmatic : (n) (عروض) چارہجائی رکن : چوبولی رکن ۔

Procellarian : (n) [mod.L. 'procellaria'.] سمندری طیور کی قسم Procellaria کا یا اس کی جیسا : بطریلی ۔

Procellarian : (n) بطریلی جنس کی چڑیا : بطریل : ایك بحری پرند جس کے پر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہوتے ہیں۔

Procephalic : (a) [f. Pro = Gr. 'kephaly.] (حیوانیات ، تشریح) پیش راسی : سر کے اگلے حصے کا (قشریوں اور دیگر حیوانات میں سر کے اگلے حصے کے لختوں یا ابھاروں پر اطلاق ہوتا ھے)۔

Procerebrum : (n) (حیوانیات ، تشریح) پیش دماغی ۔

Procerite : (n) [f. Pro +Gr. 'keras'.] جھینگا مچھلی کی طرح بعض قشریوں کی موچھوں یا محاسوں کے کئی جوڑوں والے اگلے حصے : قشریوں کے محاس کا کئی جوڑوں والا اگلا حصہ ۔

Procerity : (n) [L. 'Proceritas '.] (شاذ) طویل القامتی : طول قامتی : لمبائی : اونچائی : بلند قامتی ۔

Procerus : (a) [L.] (۱) ناك کی ہڈی کے پاس والا عضلہ۔ (۲) (نباتیات وغیرہ) بلند قامت : بلند قد : بلند بالا ۔

Proces-verbal/-verbaux : (n) (فرانسیسی قانون) تحریری بیان : بیان تحریری : یاداشت : تحریری روداد : کاروائی جلسہ : تحریری ریکارڈ (کسی سوسائٹی ، اسمبلی وغیرہ کا)؛ (سیاسی گفت و شنید کا) تحریری ریکارڈ : کسی فوجداری یا دیگر چارج کی موافقت میں حقائق کا با ضابطہ تحریری بیان ۔

Process : (n) [L.'processus'.] (۱) زیر : معرض یا مرور کے معنوں میں ۔ (۲) عمل : روش : طریق؛ ترکیب ۔ (۳) عمل : طریق عمل (مثلاً طباعت ، فوٹو ، ساخت اشیاء میں)۔ (۴) قدرتی عمل : غیر اختیاری عمل ۔ (۵) بلاك کی طباعت کا طریقہ جو دستی کنندہ کاری سے جدا ھے ۔ (۶) قانونی کاروائی : سمن : إجرائے سمن : اطلاع نامہ : حکم نامۂ عدالت : پروانۂ عدالت : طلب نامہ ۔ (۷) (حیوانیات ، نباتیات، تشریح) ابھار : زائدہ ۔ (۸) (منطق) قضیے سے نتیجے کی طرف بڑھنے کا عمل (صرف Illicit process میں مستعمل ھے)۔

Fianal process : (قانون) آخری روبکاری ۔

Original process : (قانون) اطلاع نامہ : طلبی مدعا علیہ : سمن : نوٹس ۔

Revenue process : (قانون) دستك ۔

Verbal process : (قانون) زبانی کاروائی ۔

Process : (v) (۱) (کسی کے خلاف) عدالتی کاروائی کرنا: عدالتی چارہ جوئی کرنا : مقدمہ چلا نا : (کسی پر) سمن جاری کرنا یا تعمیل کرنا ۔ (۲) عمل کرنا (کسی مادہ پر فوٹو گرافی میں) میکانکی طور پر یا فوٹو گرافی کے طریقے سے کسی نقش کا مثنیٰ تیار کرنا ۔ (۳)(خاص عمل کے ذریعہ سے کھانا یا میوہ وغیرہ) سڑنے سے محفوظ کرنا ۔

Process : (v) [Back-formation from Procession .] جلوس میں جانا ، چلنا یا نکلنا : جلوس میں نکلنا ۔

Process block : (n) (طباعت) تصویری بلاك : چھاپنے والا بلاك جو دستی کندہ کاری سے مختلف طریقۂ کار کے ذریعہ بنایا جاتا ھے ۔

Process fee : (n) (قانون) طلبانہ ۔

Process printing : (n) سہ رنگی چھپائی کا ایك طریقہ ۔

Process service/ -serving : (n) مذکوری : پیادۂ عدالت : سمن کی تعمیل کرنے والا : عدالتی پیادہ ۔

Process work : (n) (طباعت) عکس کاری ۔

Processes : (n) (قانون) مسل : روداد مقدمہ ۔

Processing : (n) عمل : عمل کرنا : خاص عمل کے ذریعہ (کھانے کی چیزوں کو) سڑنے یا خراب ہونے سے محفوظ کرنا ۔

Processing room : (n) (تصویر کشی) عمل گاہ ۔

Processing tax : (n) (امریکا) زراعتی اشیاء پر اس وقت عائد کیا جانے والا محصول جب وہ کاشتکار کے یہاں سے لائی جانے کے بعد پہلی دفعہ کسی عمل سے گذرتی ہیں۔

Procession : (n) [L. 'processio-'.] (۱) جلوس ؛سواری ۔ (۲)(مجازاً) گھڑدور جس میں مقابلہ ٹھیک نہ ہو۔ (۳) خروج روح القدس : ظہور روح القدس۔

To go- /walk in procession : جلوس میں نکلنا : جلوس میں چلنا۔

Procession : (v) (۱) جلوس نکالنا (کسی کے اعزاز میں) : جلوس میں لے کر جانا ۔ (۲) جلوس میں نکلنا۔

Procession caterpillar : (n) (حیوانیات) جلوسی پروانہ : جلوس بنا کر نکلنے والا پروانہ یا پتنگا؛ جلوس فراشہ ؛ دورۂ فراشہ کی ایک قسم جو جلوس بنا کر نکلتی ہے ۔

Procession-day : (n) جلوس کا دن ؛روز جلوس؛ یوم جلوس(خصوصاً جمع) ایام مناجات ؛ ایام جلوس ؛ مناجات اولیاء کے تین دن جو حضرت عیسیٰ کی عید معراج سے قبل کے تین دن ہوتے ہیں اور جن کے دوران ، جلوس میں مناجات اولیاء پڑھی جاتی ہے ۔

Procession moth : (n) دیکھو Procession caterpiller

Procession-week : (n) ہفتہ جلوس؛ وہ ہفتہ جس میں ایام جلوس منائے جاتے ہیں : دیکھو Procession-day ۔

Processional : (n) [med. L. 'processionalle .'] (۱) جلوسی بھجنوں کی کتاب ۔ (۲) جلوسی مناجات : جلوسی بھجن ۔

Processional : (a) [med. L. 'processionalis.'] (۱) متعلق بہ جلوس ؛ جلوسی ؛ جلوس جیسا؛ جلوس والا ۔ (۲) (مناجات ، بھجن وغیرہ) جلوسی : جلوس میں گائی یا پڑھی جانے والی۔ (۳) جلوس میں لے جایا جانے والا ؛ جلوس میں استعمال کیا جانے والا ۔ (۴) جلوس میں نکلنے والا ، چلنے والا؛ جلوس بنا کر چلنے والا ؛ جلوس بنانے والا ۔

Processional caterpillar : (n) دیکھو Procession caterpillar

Processionalist : (n) شریک جلوس ؛ جلوس میں چلنے والا ؛ جلوس میں نکلنے والا ۔

Processionally : (adv.) جلوس کے طور پر ؛ جلوس میں ؛ جلوس کی طرح سے ؛ جلوس میں نکل کر ۔

Processionary : (a) (۱) دیکھو Processional ۔ (۲) (حشریات) جلوسی ؛ جلوس بنا کر نکلنے والا (بعض پروانوں یا پتنگوں پر اطلاق ہوتا ہے جو جلوس بنا کر نکلتے ہیں)۔

Processionary moth : (n) (حیوانیات) جلوسی پروانہ ؛ جلوس بنا کر نکلنے والا پروانہ یا پتنگا ؛ جلوس فراشہ ؛ دورۂ فراشہ کی ایک قسم جو جلوس بنا کر نکلتی ہے ۔

Processioner : (n) جلوس میں جانے والا شخص ؛ جلوس میں نکلنے والا پتنگا ؛ جلوس میں چلنے والا شخص یا پتنگا ؛ شریک جلوس شخص ؛ وہ شخص جو جلوس میں شامل ہو ۔

Processionist : (n) دیکھو Processionalist

Processionize : (v) جلوس میں نکلنا ؛ جلوس میں چلنا ؛ جلوس بنا کر چلنا یا نکلنا ۔

Prochain/Prochein : (a) [Fr.] قریبی ؛ قریب ترین رشتہ دار ۔

Prochain ami/Prochein- /-amy : (n) قریب ترین رشتہ دار یا دوست ؛ (قانون) قریبی رشتہ دار جو کسی مقدمے میں اس شخص کی نمائندگی کرنے کا قانوناً مجاز ہو جو عدالت میں حاضر ہونے کے لائق نہ ہو (مثلاً بچہ یا شادی شدہ عورت)۔

Prochlorite : (n) ایک معدنی شے جو کلورائٹ گروپ کے مینگنیشیم ، لوہے اور الومینیم کے اساسی سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے [(Mg.,Fe)$_9$ AL$_6$ SI$_5$O$_{20}$ (OH)$_{16}$]

Prochoos / Prochooi : (n) [Gr.] لمباپتلا قدیم یونانی ظرف (خصوصاً وہ جس میں ہاتھ دھونے کے لئے پانی رکھا جاتا تھا)۔

Prochordal : (a) (جنین) Notochord کے پہلے یا آگے کا ؛ جو Notochord سے پہلے (واقع) ہو۔

Prochronism : (n) [f. Pro- +Gr. 'Kronos '.] کسی واقعے کو اس کی تاریخ سے قبل کی تاریخ سے منسوب کرنا ؛ پیش زمانی ۔

Procidentia : (n) [L.] (طب) خروج الرحم ؛ رحم کا باہر آنا ۔

Proclaim : (v) [L. 'proclamare '.] (۱) اعلان کرنا ؛ اشتہار دینا ؛ مشتہر کرنا ؛ منادی کرنا ؛ منادی کرانا ؛ اعلان عام

کرنا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ سرکاری اعلان کرنا یا کرانا۔
(۲) کسی کی غداری اور قوم فروشی کا اعلان کرنا۔
(۳) صلح یا جنگ کا اعلان کرنا۔ (۴) تخت نشینی
کا اعلان کرنا۔ (۵) کسی علاقے پر قانونی پابندیاں
عائد کرنا ؛ جلسے کی ممانعت کرنا ؛ جلسے کی ممانعت
کا اعلان کرنا۔ (۶) (چیزوں کو) مشہور یا مشتہر
کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا۔

The whole country is proclaimed : ملک ممنوع ؛ ممنوع سلطنت ۔

To proclaim meeting : جلسے کی ممانعت کرنا: جلسے کی ممانعت کا اعلان کرنا ۔

To proclaim war : (کسی طاقت کے خلاف ،عوام میں) اعلان جنگ کرنا۔

Proclaimed offender : (n) (قانون) اشتہاری مجرم۔

Proclaimer : (n) [L.'proclaimatio '.] معلن : اعلان کنندہ ؛ ڈھنڈورچی ؛ مشتہر کرنے والا۔

Proclamation : (n) [L.'proclaimatio'.] (۱) اعلان: اشتہار ؛ منادی ؛ ڈھنڈورا۔ (۲) اعلان شاہی ؛ فرمان ؛ شاہی اعلان۔ (۳) قانونی پابندی۔ (۴) تخت نشینی کا اعلان ؛ اعلان جلوس شاہی (تخت پر)۔

Proclamation piece : (n) تمغہ یاسکہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی کے موقع پر جاری کیا گیا ہو ؛ جلوس شاہی کے اعلان کے ساتھ ساتھ جاری کیا ہوا سکہ یا تمغہ ۔

Proclamatory : (a) (۱) متعلق بہ اعلان ؛ اعلان آسا ؛ اعلان یا اشتہار کا۔ (۲) اعلانی ؛ اشتہاری ؛ منادیانہ ؛ اعلانی حیثیت رکھنے والا یا اعلان کرنے والا (واقعہ وغیرہ)۔

Proclitic : (a) [mod. L. 'procliticus'.] (یونانی صرف نحو) (یک ہجائی لفظ) جو تلفظ میں اپنے بعد والے لفظ سے اس طرح مربوط ہوکہ غیر ہجائی لگے ؛ دیگر زبانوں کے ایسے ہی ایک ہجائی لفظ پر اطلاق ہوتا ھے ؛ خفیف التلفظ ۔

Proclitic : (n) [as prec.] وہ یک ہجائی لفظ جو تلفظ میں اپنے بعد والے لفظ سے اس طرح مربوط ہوکہ غیر ہجائی لگے ؛ خفیف التلفظ لفظ ۔

Proclivity : (n) [L. 'proclivitas'.] (۱) میلان ؛ میلان خاطر ؛ رجحان طبع ؛ لگاؤ۔ (۲) (نفسیات) میلان ؛ مستعدی ۔

Procoelia : (a) [mod. L.] (۱) پیش قعری حیوان ؛ پیش قعریہ ۔ (۲) (تشریح) قعر پیش دماغ ۔

Procoelian : (n) پیش قعری حیوان ؛ پیش قعریہ نوع کا کوئی حیوان ۔

Procoelous : (n) (حیوانیات) پیش قعری ؛ پیش مقعر۔

Proconsul : (n) [L.] (۱) (تاریخ روما) رومی صوبے کا صوبہ دار یا والی۔ (۲) سابق قونصل۔ (۳) عامل صوبۂ اعیانی (Senatorial) ؛ صوبۂ اعیانی کا گورنر۔ (۴) (علم بیان) جدید نو آبادی کا گورنر۔ (۵) نائب قونصل ؛ نائب گورنر ؛ ڈپٹی گورنر۔

Proconsul : (n) [mod. L.f.L. pro-+ Consul, a chimpanzee in the London zoo.] (۱)آدمی نما بوزنوں (بے دمے بندروں) کی ایک قدیم و ناپید افریقی جنس جس کے نشانات تیسرے ارضیاتی دور کے طبقۂ اوسط میں ملتے ہیں۔ (۲) اس جنس کا بوزنہ ۔

Proconsular : (a) پرو قونصلی ؛ متعلق ؛ پرو قونصل ؛ صوبائی ؛ رومی صوبہ دار کے زیر انتظام ؛ رومی صوبے کا۔

Proconsulate : (n) [L. 'proconsulatus '.] عہدۂ پروقونصل ؛ وہ علاقہ جو پرو قونصل کے زیر حکومت ہوتا تھا۔

Proconsulship : (n) پروقونصلی ؛ پرو قونصل کا منصب ۔

Procrastinate : (v) [L. 'procrastinare '.] (۱) تاخیر کرنا ؛ دیر کرنا؛ دیر لگانا ؛ درنگ کرنا ؛ تعویق کرنا ؛ لیت و لعل کرنا ؛ معرض تعویق میں ڈالنا۔ (۲)(شاذ) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا ۔

Procrastinating : (a) دیر لگانے والا ؛ لیت و لعل کرنے والا ؛ تاخیر کرنے والا ؛ مائل بہ تاخیر ؛ جس میں دیر لگے ؛ دیر کا ؛ تاخیری ؛ تعویقی ۔

Procrastinatingly : (adv.) تاخیراً ؛ تعویقاً ؛ دیر کرکے ؛ دیر لگا کے ؛ آج کل کرکے۔

Procrastination : (n) [L. 'procrastinatio'.] تاخیر ؛ تعویق؛ درنگ ؛ دیر ؛ التوا ؛ لیت و لعل ؛ سامعہ ؛ امروز فردا۔

Procrastinative : (a) تاخیری ؛ تعویقی ؛ التوائی ؛ ملتوی ؛ مائل بہ تاخیر ؛ جس کی نیت تاخیر کرنے کی ہو۔

Procrastinator : (n) تاخیر کرنے والا ؛ تعویق کرنے والا ؛ معرض التوا میں رکھنے والا۔

Procrastinatory : (a) تاخیرانہ : تعویقانہ : جس میں دیر لگے ۔

Procreant : (a) [L. 'procreans,-ant'.] (۱) افزائش نسل کرنے والا: پیدا کرنے والا : جننے والا : بچہ دینے والی : ثمر آور: (نیز مجازاً) نتیجہ خیز : انجام آور ۔ (۲) تولیدی : تابع تولید : معاون تولید و تناسل: خلق کنندہ : خالق : ایجاد کنندہ : موجد ۔

Procreate : (v) [f.L. 'procrere '.] (شاذ) پیدا کرنا : جننا : بچہ دینا : افزائش نسل کرنا : (نیز مجازاً)-

Procreation : (n) [L. 'procretio'.] (۱) تولید : تناسل : پیدائش : ولادت : جننا ۔ (۲) (انجینیئرنگ) ایجاد ۔

Procreative : (a) تولیدی : متعلق بہ تولید : پیداکرنے کی قوت رکھنے والا : بچہ دینے کی قوت رکھنے والی : ثمر آور : بار آور : بچہ جننے والی ۔

Procreativeness : (n) تولید : تناسل : قوت تولید و تناسل : صلاحیت تولید : ثمر خیزی : بار آوری ۔

Procreator : (n) والد : والدہ : جننے والا یا والی : ثمر خیز : ثمر زا : خالق : ایجاد کنندہ : موجد ۔

Procrustean : (a) [f.'procrustes+an .] پرو کرسٹیز کا یا اس سے متعلق : جبر و تشدد کے ذریعہ یکسانی پیدا کرنے والا یا پیدا کرنے کا (طریقہ)۔

Procrusteanism : (n) جبری یکسانی : جبری یکسانی پیدا کرنے کا طریقہ ۔

Procrustes : (n) [Gr. 'Prokroustys'.] پروکرسٹیز : ایک افسانوی ڈاکو جو اپنے اسیروں کو چارپائی پر لٹاتا ، اگر وہ چھوٹے پڑتے تو انہیں شکنجے میں کس کر لمبا کر دیتا تھا اور بڑے ہوتے تو ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالتا تھا ۔

Procrypsis : (n) [f. Pro-+ Gr. 'krypsis '.] (حیوانیات) حفاظتی رنگت ۔

Procryptic : (a) [f. Pro-+Gr. 'kryptickos'.] حفاظتی : محفوظ طور پر چھپنے میں مدد دینے والا : محفوظ طور پر چھپانے والا (رنگ یا شکل)؛ بعض کیڑوں یا دیگر حیوانات کے حفاظتی رنگ روپ پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Procryptically : (adv.) حفاظتی رنگ و روپ : محفوظ طور پر چھپانے والی رنگ روپ کے ذریعہ ۔

Proct-/Procto- /Procti- : (comb.) [Gr. 'proktos '.] جزو ترکیبی بمعنی (۱) مقعد : مبرز ۔ (۲) مستقیم : بڑی آنت کا آخری حصہ ۔ (۳) مقعد و مستقیم ۔

-procta : (comb.) جزو ترکیبی جو خاص قسم کے حیوانات کے ناموں کے ساتھ آتا ہے ۔

Procta : (n) مخصوص مبرزی حیوان : مخصوص دُبری حیوان : خاص قسم کے مبرز اور چوتڑوں والا جانور ۔

Proctal : (a) (تشریح) دبری : مبرزی : جو حیوانات کے فضلے والی آنت کے فوراً آگے یا سامنے واقع ہو۔

Proctalgia : (n) درد مقعد : درد سُرم : درد مستقیم : بڑی آنت کے آخری حصے کا درد ۔

Proctectomy : (n) (جراحی) سُرم براری : مقعد تراشی ۔

Proctiger : (n) مبرز حشرہ : کیڑے کے شکم کا آخری مخروطی حصہ جس میں مبرز ہوتی ہے ۔

Proctitis : (n) سوزش مقعدو مستقیم : ورم مقعد و مستقیم : بڑی آنت کے آخری حصے اور مبرز کا ورم اور سوزش : ورم سُرم : سوزش مستقیم ۔

Proctoclysis/ Proctoclyses : (n) [mod. L.] امعاء مستقیم میں بذریعہ انجکشن کوئی سیال (مثلاً نمک کا محلول) داخل کرنا (جسم میں مائع کی کمی پوری کرنے کی غرض سے)۔

Proctodaea/Proctodaeums / Proctodeuma / Proctodea : (n) Proctodaeum کی جمع ۔

Proctodaeal/Proctodeal : (a) (طب) بروز سرم :(جنین) مقعد کا خارجی حصہ جو (جر ثومے کی) اوپری غلاف کی صورت سے شروع ہوتا ہے ۔

Proctologic/-al : (a) سُرمیاتی : مقعد شناسی کا یا اس سے متعلق ۔

Proctologist : (n) [as prec.] سُرمیات داں : مقعد شناس : مقعد و مستقیم کی ساخت اور ان کے امراض کا علم رکھنے والا : ماہر سرمیات : ماہر مقعد شناسی ۔

Proctology : (n) [f. Procto-+-logy .] سرمیات :علم امعاء و مستقیم : مقعد شناسی : مبرز شناسی : مقعد و مستقیم کی ساخت اور ان سے متعلق امراض کا علم ۔

Proctophyllodidae : (n) [mod. L.f. 'proctophylides'.] مرغ جوؤں کا ایک وسیع خاندان : مرغ جوؤں کی ایک قسم : اس قسم کی مرغ جوئیں ۔

Proctor : (n) [A syncopated form of 'procuratour'.] (۱)(جامعہ) پراکٹر : مودب مقیم : جامعہ کا عہدہ دار جو طلبا کی نگرانی اور دوسرے فرائض ادا کرتا ھے : نگران طلبا۔ (۲) (قانون) عدالت دیوانی کا وکیل (خصوصاً مذہبی عدالت)۔ (۳) ایک کلیسائی عہدہ دار۔

King's (Queen's) proctor : افسر تصدیق کنندۂ وصیت و اطلاق و فك رہن۔

Proctorage : (n) پراکٹر کے ذریعے انتظام و انصرام۔

Proctorial : (a) پراکٹر کا : متعلق بہ پراکٹر (جامعہ و مذہبی عدالت میں)۔

Proctorization : (n) پراکٹر کی حیثیت سے (انڈر گریجویٹ) سزا دینے، طلب کرنے یا اس کی تادیب کرنے کا عمل۔

Proctorize : (v) (کسی انڈر گریجویٹ وغیرہ پر) پراکٹوریل اختیارات کا استعمال کرنا یا آزمانا : بطور پراکٹر سزا دینا، تادیب کرنا یا طلب کرنا۔

Proctor's dog/-bulldogs : (n) (یونیورسٹی عامیانہ) رات کی گشت میں پراکٹروں کے ساتھ رہنے والے سپاہی۔

Proctorship : (n) پراکٹر یا مودب کا عہدہ یا منصب : پراکٹر شپ۔

Proctoscope : (n) سرم بیں : مقعد و مستقیم کو پھیلا کر معائنہ کرنے کا آلہ : مبرز بیں۔

Proctoscope : (v) سرم بیں کا استعمال کرنا : سرم بیں کی مدد سے مقعد و مستقیم کا معائنہ کرنا۔

Proctoscopic : (a) سرم بیں یا سرم بینی کا یا اس سے متعلق : مبرز بینی کا یا اس سے متعلق۔

Proctoscopically : (adv.) ازروئے سرم بینی : ازروئے مبرز بینی۔

Proctoscopy : (n) امعاء مستقیم کو پھیلانے اور اس کا معائنہ کرنے کا عمل : سرم بینی : مبرز بینی۔

Proctosigmoidectomy : (n) امعاء مستقیم اور بڑی آنت کو عمل جراحی کے ذریعہ مکمل طور پر کاٹ کر نکال دینا : سُرم قولون براری : سرم قولون تراشی۔

Proctomy : (n) سرم تراسی : سرم براری۔

-proctous : (comb.) مخصوص قسم کی مبرز کا یا اس سے متعلق : مخصوص قسم کی مبرز والا : مخصوص مبرزی۔

-proctus : (comb.) جزو ترکیبی بمعنی مخصوص مبرزی حیوان۔

Proctuchous : (a) سرم دار : مقعد دار : مبرز دار (حشرہ) : ایک قسم کے کیڑے Turbellarian کی اس قسم پر اطلاق ہوتا ھے جو سرم دار یا مبرز دار ہوتی ھے۔ (یہ حشرہ کھا رے یا میٹھے پانیوں یا مرطوب زمینوں میں رہتا ھے)۔

Procumbent : (a) [L. 'procumbens,-ent'.] (۱) چت : پیٹ کے بل لیٹا ھوا یا پڑا ھوا۔ (۲) (نباتیات) غلطاں : جو زمین پر پھیلے : لیٹا ھوا۔

Procurable : (a) [f. Procure(v) + -able.] لائق حصول : مہیا کئے جانے کے لائق : قابل حصولی : حاصل ہو سکے۔

Procural : (n) (۱) حصول فراہمی : کوئی چیز حاصل کرنے یا جمع کرنے کا عمل : (مثلاً کتب خانے کے لئے نئی کتابوں کا حصول۔ (۲) دیکھو Procurement۔

Procurance : (n) [as prec. +-ance.] حصول : ذریعۂ حصول : ایجنسی۔

Procuration : (n) [L. 'procuratio'.] (۱) حصول : حاصل کرنا : مہیا کرنا۔ (۲) (قانون) مختار نامہ : مختار کا کام : مختاری : نیابت : نیابت نامہ۔ (۳) (کلیسا) اسقف یا دیگر زائرین کی دعوت کا سامان جو کلیسا کے عہدہ داروں کی طرف سے فراہم کیا جاتا تھا۔ (۴) قرضے کی گفت و شنید : قرضہ دلانے کی دستوری یا کمیشن۔ (۵) دلالی : قرم ساقی یا اس کا ارتکاب : بھڑواگیری : کٹنے یا کٹنی کا کام۔

By procuration : مختار کے ذریعہ : بذریعہ مختار۔

Letter of procuration / Power - : (قانون) نیابت نامہ : مختار نامہ۔

Procuration fee/-money : (n) قرضہ دلانے کی دستوری یا کمیشن۔

Procurator : (n) [L.] (۱) (تاریخ روما) افسر خزانہ۔ (۲) گماشتہ : نائب : کارندہ : قائم مقام : مختار : مختار کار : متولی۔ (۳) (بعض اطالوی شہروں میں) مجسٹریٹ یا حاکم عدالت۔

Procurator-fiscal : (n) (اسکاچستان) (ضلع کا) سرکاری وکیل : پبلک پروکیو ریٹر۔

Procurator general :(n) مختار عام : مدار المہام۔

Procurator of St.Mark : (n) جمہوریۂ وینس کا وہ سینٹر جسے اعلیٰ انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

Procuratorial : (a) عاملانہ : نائبانہ : قائم مقامانہ : مختارانہ : مختار یا پراکٹر کا یا اس سے متعلق۔

Procuratorship : (n) نیابت : مختاری : کارندگی : گماشتگی : قائم مقامی۔

Procuratory : (n) [Late L. 'procuratorius '.] (دیوانی و اسکا تستانی قانون) مختاری : نیابت : مختار کاری : کارندگی : گماشتگی : تحریر مختاری: پروانۂ مختاری : مختار نامہ : نیابت نامہ : شق نیابت : شق مختاری (نیابت نامہ کی)۔

Letters of procuratory : تحریر مختاری : مختارنامہ : نیابت نامہ : پروانۂ مختاری : پروانۂ نیابت : (نیابت نامے کی) شق نیابت : شق مختاری۔

Procuratrix : (n) [L.] منتظم نن سال (Nunnery) : دارالراہبات کی منتظمہ۔

Procure : (v) [L. ' procurare '.] (۱) بہم پہنچانا: حاصل کرنا : پا نا : مہیا کرنا : جد و جہد کرنا: (حاصل کرنے کے لئے)۔ (۲) (قدیم) وقوع میں لانا : باعث ہونا : سبب ہونا : (کسی کو کچھ کرنے کی) ترغیب دینا : بہکا نا : آمادہ کرنا۔ (۳) دلالی کرنا : کٹنپا پا کرنا : قرم ساقی کرنا۔ (۴) جنسی تسکین کے لئے (عورت) حاصل کرنا۔

Procurement : (n) حصول : فراہمی : بہم رسانی : تحصیل۔

Procurer : (n) [OFr. ' procureur '.] (۱) حاصل کرنے والا: بہم پہنچانے والا : مہیا کرنے والا : پیدا کرنے والا۔ (۲) دلالہ : مشاطہ : قرم ساق: قلتبان : بھڑوا : کٹنا : کٹنی۔

Procuress : (n) [OFr. 'procureresse'.] دلالہ :کٹنی : قطا مہ : وہ عورت جس کا پیشہ خواہش نفس کی تسکین کے لئے عورتیں فراہم کرنا ہو۔

Precureur : (n) [Fr.] مختار : عامل : کار ندہ : گماشتہ : ایجنٹ : قانونی نمائندہ : نائب۔

Procyon : (n) [Gr. 'Prkyon '.] (۱) (علم النجوم) شعرائے شامی : غمیضا(ستارہ)۔ (۲) (حیوانیات) تلووں کے بل چلنے والے گوشت خور اور پستاندار حیوان کی ایک جنس جس میں خرسک (امریکی ریچھ) بھی شامل ہے : جنس خرسک۔

Procyonidae : (n) [mod. L.f. Procyon +-idae.] (حیوانیات) خرسکان۔

Prod : (n) (۱) کھوکا : چرکا : چبھونا: بھونکنا : آنکس۔ (۲) آر : خار : نوکدار اوزار۔

Prod : (v) [Origin doubtful .] (۱) چبھونا : بھونکنا : کچوکے لگانا : (چھڑی وغیرہ سے) ہولا مارنا : آنکس دینا : پیلنا : گڑونا۔ (۲) (مجازاً) ستانا : دق کرنا : چھیڑنا : جھنجھوڑنا : مہمیز کرنا : متہیج کرنا : جوش دلانا۔

Prodder : (n) چبھونے والا : بھونکنے والا : آنکس دینے والا : چھیڑنے والا : اکسانے والا: مہمیز کرنے والا۔

Prodelision : (n) [L. 'prod'.+ E'elision '.] (عروض) حذف حرف علت : حرف علت کا گرنا(مثلاً I am کے عوض I'm)۔

Prodenia : (n) [mod. L.] کیڑوں کی ایک جنس جن کے لاروے مختلف النوع پودوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

Prodenia lithoralis : (n) (حیوانیات) مصری روئی کا کیڑا۔

Prodigal : (a) [late L. 'prodigalis'.] (۱) بے دریغ خرچ کرنے والا : فضول خرچ : شاہ خرچ : بے حساب خرچ کرنے والا۔ (۲) بہت خرچیلی (اشیاء یا افعال) : مصرفانہ۔ (۳) بے دریغ بخشش : عطا و بخشش میں فرد : دل کھول کر دینے والا : افراط سے دینے والا۔

Prodigal : (n) (۱) پانی کی طرح روپیہ بہانے والا شخص : مصرف : شاہ خرچ : فضول خرچ : برباد کرنے والا : ضائع کرنے والا۔ (۲) مصرف بیٹا (لوقا باب ۱۵ آیت ۱۱ تا ۳۲)۔

To play the prodigal : اصراف بیجا کرنا : شاہ خرچی یا فضول خرچی کرنا : لٹانا : برباد کرنا۔

Prodigal : (adv.) مصرفانہ : فضول خرچی سے : بے دریغ۔

Prodigal son : (n) (۱) مصرف بیٹا (لوقا باب ۱۵ آیت ۱۱ تا ۳۲)۔ (۲) تائب گنہگار۔ (۳) کھائی جانے والی دو سمندری مچھلیوں (Cobia اور Rainbow-runner) میں سے کوئی ایک۔

Prodigality : (n) [late L. 'prodigalitas'.] (۱) اصراف :فضول خرچی : شاہ خرچی : بے دریغ خرچ۔ (۲) افراط : بہتاب :کثرت : ریل پیل۔

Prodigalize : (v) بیدردی سے خرچ کرنا : بے دریغ خرچ کرنا : اصراف بیجا کرنا : فضول خرچ کرنا : اصراف کرنا : شاہ خرچی : بے حساب یا بے انداز خرچ کرنا۔

Prodigally : (adv.) مصر فانہ : فضول خرچی سے : بے دریغ : بے حساب

خرچ کر کے۔

Prodigious : (a) [L. 'prodigiosus '.] (۱) عجیب و غریب : حیرت انگیز۔ (۲) عظیم الشان : بہت بڑا : گراں قدر : بھاری بھرکم : بے اندازہ۔ (۳) غیر معمولی : انوکھا : عجیب الخلقت (بطور فجائیہ)۔

Prodigious : (adv.) حیرت انگیز طور پر : بے اندازہ طور پر : عجیب الخلقت انداز میں۔

Prodigiously : (adv.) حیرت انگیز طورپر : بے اندازہ طور پر : عجیب و غریب انداز میں : عجیب الخلقت انداز میں : انوکھے پن سے : نرالے انداز میں۔

Prodigiousness : (n) عجیب الخلقی : حیرت انگیزی : بھاری بھرکم پن : انوکھا پن : نرالا پن۔

Prodigy : (n) [L. 'prodigium '.] (۱) عجیب و غریب شے : نادر روز گار شے : انوکھی چیز : اچنبھا : عجوبہ : عجوبۂ کمال۔ (۲) عجیب الخلقت چیز یا شخص : (طب ، حیوانیات) عجیب الخلقت۔ (۳) حیرت خیز کمال کا نمونہ۔ (۴) غیر معمولی اوصاف کا شخص : خصوصاً وہ بچہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ہو : حیرت انگیز باکمال شخص : محیر العقول صلاحیت والا۔

A prodigy violinist : ایك محیر العقول رباب نواز۔

Proditorious : (a) [L.'proditor'.] غدار : دھوکے باز : نمك حرام : بے وفا : دغا باز۔

Prodromal : (a) (۱)ابتدائی : اولین : تمہیدی : مقد ماتی۔ (۲) (مرضیات) منذر : انذاری : (امراض کی) پیش آگاہی دینے والی (علامت)۔

Prodrome : (n) [Fr. f. mod. L. Prodromus.] (۱) ابتدائی رسالہ : تعارفی یا تمہیدی رسالہ : کتابچہ یا کتاب : ابتدائی یا تمہیدی مقالہ یا باب : (کسی کتاب کا) مقد مہ۔ (۲) (مرضیات) ابتدائی علامت منذرہ : مرض کی پیش آگا ہی دینے والی علامت۔

Prodromi : (n) Prodromus کی جمع۔

Prodromic : (a) دیکھو Prodromal

Prodromous : (n) [Gr. 'prodromos'.] (۱) پیش رو : مقدم : (علامت کے طور پر) پہلے آنے والا واقعہ : پیش خبری یا پیش آگاہی کرنے والا واقعہ : پیش خیمہ۔ (۲) مقدمہ : تمہیدی یا تعارفی مقالہ ، کتابچہ ، رسالہ (جو کسی بڑی تصنیف کا دیباچہ ہو) : دیبا چہ۔ (۳) (مرضیات) ابتدائی علامت : علامت منذرہ : مرض کی پیش آگاہی دینے والی علامت۔

Produce : (n) [f. Produce (v).] (۱) پیداوار : حاصل : آمد۔ (۲) زرعی پیداوار : قدرتی پیداوار۔ (۳) حاصل : ما حصل : ثمرہ (محنت و مشقت کا)۔ (۴) اسلحہ خانہ اور دیگر فوجی و بحری ذخیروں کی شکست و ریخت کے بعد جو اشیاء ہاتھ لگیں۔

Brought to produce : (اسلحہ خانہ) توڑ پھوڑ کے بعد چیزوں کی قسم بندی یا صنف بندی کر لی گئی : توڑ پھوڑ کے بعد چیزوں کو الگ الگ قسم وار طور پر ترتیب دے دیا گیا۔

Raw produce : خام پیداوار۔

Produce : (v) [L. 'Producere'.] (۱) پیش کرنا : حاضر کرنا۔ (۲) معائنے یا غور کے لئے پیش کرنا : (مثلاً شہادت ، گواہ ، وجوہ ، ٹکٹ وغیرہ)۔ (۳) شائع کرنا : منظر عام پر لانا : پبلك میں لانا : پبلك کے سامنے پیش کرنا (مثلاً ڈراما ،کتاب ، تماشہ وغیرہ)۔ (۴) (مساحت) بڑھانا : (کسی خط کو کسی نقطے تك) وسیع کرنا۔ (۵) خام پیداوار سے (مصنوعات) بنانا۔ (۶) وقوع میں لانا : باعث ہونا : پیدا کرنا (تہلکہ ،سنسنی وغیرہ)۔ (۷) پیداوار دینا : فصل پیدا کرنا۔ (۸) (اولاد) پیدا کرنا : (پھل) دینا (پودوں کا)۔

Produceable : (a) پیدا ہونے کے قابل : جو پیدا ہو سکے : پیداوار کے قابل : معائنے یا پیش کرنے کے قابل۔

Produced : (a) کسی خاص سمت میں بڑھایا ہوا یا وسیع کیا ہوا : (خط) کھینچا ہوا : (ہندسہ) ممدودہ : بڑھایا ہوا : غیر متناسب طور پر لمبا کیا ہوا۔

Producent : (a) [L. 'producens,-ent'.] (قانو ن) کوئی گواہ یا دستاویز پیش کرنے والا۔

Producent : (n) (۱) دیکھو Producer۔ (۲) گواہ یا دستاویز پیش کرنے والا فریق۔

Producer : (n) (۱) پیدا کرنے والا : پیش کرنے والا۔ (۲) (ڈرامہ وغیرہ) پیش کرنے والا : پروڈیوسر: (امریکا) تھیٹر کا مالك یا منیجر۔ (۳) (سیاسیات، معاشیات) اپجانے والا : پیدا کرنے والا : بنانے والا (اشیاء کا) : آجر : صانع (بخلاف صارف): پیدا کار۔ (۴) دیکھو Gas producer .

Gas producer : گیس پرو ڈیوسر : کاربن مونو آکسائڈ گیس پیدا کرنے والی بھٹی ۔

Producer-gas : (n) گیس پروڈیوسر سے پیدا شدہ کاربن مونو آکسائڈ گیس جو ایندھن کے کام آتی ھے ۔

Producibility : (n) زرخیزی ؛ پیداوار کی صلاحیت ؛ پیداوار کی قابلیت ؛ پیدا ھونے یا پیدا کئے جانے کی قابلیت ؛ قابلیت تولید ؛ باروری ؛ نتیجہ خیزی ۔

Producible : (a) پیدا ھونے کے قابل ؛ جو پیدا ھو سکے ؛ پیداوار کے قابل ؛ معائنے یا پیش کرنے کے قابل ۔

Product : (n) [L. 'productum '.] (۱) پیداوار ؛ حاصل ؛ مصنوعات ۔ (۲) نتیجہ ؛ ماحصل ؛ پھل ۔ (۳) (ریاضیات) وہ مرکب جو کسی شے میں نہ ھو مگر دوران تحلیل اس میں پیدا ھو جائے ؛ حاصل تجزیہ ۔

Productibility : (n) پیدا ھونے یا کئے جانے کی حالت یا صفت ؛ قابلیت تولید ؛ باروری ؛ نتیجہ خیزی ۔

Productible : (a) دیکھو Producible

Production : (n) [L. 'productio,-on'.] (۱) پیدا کرنے کا عمل ؛ پیدا کئے جانے کی حالت ؛ پیدا کرنا ؛ پیش کرنا ۔ (۲) پیداوار ؛ وہ چیز جو پیدا ھو ؛ وہ چیز جو کسی عمل یا کوشش کا نتیجہ یا حاصل ھو ؛ ماحصل ؛ (خاص کر جمع) ادبی یا فنی کام ؛ تصنیف ؛ (انجینیئرنگ) ایجاد ۔ (۳) پیش کرنے کا عمل ؛ پیشکش ؛ (قانون) عدالت میں کسی دستاویز کی پیشکش (معائنے کی غرض سے) ۔ (۴) کشیدگی ؛ توسیع ؛ کشائش ؛ تطویل ؛ (کسی خط کو) آگے کسی نقطے تک کھینچنے ، وسیع کرنے یا لمبا کرنے کا عمل ۔ (۵) (حیاتیات) پیدائش ۔

Productive : (a) [late L. 'productivus '.] (۱) زرخیز ؛ سیر حاصل ؛ کثیر پیداواری ؛ بہتات سے پیدا کرنے والا ؛ کثیر زا ۔ (۲) پیدا کرنے والا ۔ (۳) باعث ؛ موجب ۔ (۴) (معاشیات) پیداوار ؛ بار آور ؛ حاصل خیز ؛ سود مند ۔ (۵) ابداعی ۔ (۶) معنی خیز ۔

Productive imagination : (n) (نفسیات) ابداعی تخیّل ۔

Productive labour : (n) (معاشیات) بار آور محنت ؛ ثمر آور محنت ۔

Productive labourer : (n) بارآور مزدور ؛ ثمر آور اجیر ۔

Productive mine : (n) معدن سیر حاصل ؛ سیرِ حاصل معدن ۔

Productive soil : (n) زرخیز یا سیر حاصل زمین ۔

Productive writer : (n) پرنویس یا بسیار نویس مصنف ؛ پرگو شاعر یا مصنف ۔

Productively : (adv.) ازروئے پیدائش ؛ ازروئے منفعت ۔

Productiveness : (n) زرخیزی ؛ بار آوری ؛ کثیر زائی ؛ زرخیز ھونے کی حالت یا صفت ؛ سیر حاصلی ؛ سرشاری ؛ باروری ؛ حاصل خیزی ؛ سود مندی ؛ قابلیت تولید ۔

Productivity : (n) زرخیزی ؛ بار آوری ؛ کثیر زائی ؛ زرخیز ھونے کی حالت یا صفت ؛ سیر حاصلی ؛ سرشاری ؛ بار وری ؛ حاصل خیزی ؛ سود مندی ؛ قابلیت تولید ؛ کثیر پیدا واریت ؛ بار آور محنت کی فی اکائی مادی پیداوار ؛ پیداواریت ؛ پیدا آوری ۔

Productor : (n) پیدا کار ؛ ثمر آور ؛ پیدا کرنے والا ؛ پروڈیو سر ؛ پیش کرنے والا ۔

Productory : (a) پیداواری ؛ تولیدی ۔

Productoress : (n) پیدا کار عورت ؛ عورت پروڈیو سر ؛ پیدا کرنے والی یا پیش کرنے والی ۔

Products : (n) مصنوعات ۔

Productus : (n) [L.] بازو پا یوں کی ایک معدوم جنس ؛ (نباتیات) خارجہ ۔

Proem : (n) [L. 'prooemium '.] (۱) تمہید ؛ دیباچہ ؛ مقدمہ ؛ (کسی کتاب یا تقریر کا) پیش لفظ ۔ (۲) آغاز ؛ ابتداء ؛ شروعات ۔

Proembryo : (n) (نباتیات ، حیوانیات) قبل جنین ؛ وہ جنین مسافت جو اصل جنین کی تشکیل سے پہلے ، انڈے (یا پودوں کے بارور مادہ خلیے) کی شگافتگی کے دوران ظاھر ھوتی ھے ۔

Proembronal /Proembryonic : (a) قبل جنینی ؛ قبل جنین کا یا اس سے متعلق ۔

Proemial : (a) تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ مقدماتی ؛ تعارفی ۔

Proemptosis : (n) [f. Pro+ Gr. 'emptosis.'] وقت معینہ سے پیشتر کسی قدرتی واقعے کا ظہور یا وقوع (خصوصاً) ہلال نو کا (Metonic Cycle کے مطابق) وقت سے قبل ظہور میں آنا ۔

لا مذہبیت : تحقیر دین : کفر گوئی : بے ادبی : بد کلامی : بد زبانی : ملحدانہ طور یا تقریر : (جمع) ملحدانہ الفاظ و افعال ۔

Proferment : (n) دیکھو Proenzyme

Profert : (n) [L.] (تاریخ) (قانون) عدالت میں کوئی دستاویز پیش کرنا یا دکھانا ۔

Profess : (v) [L. 'professus'.] (۱) دعویٰ کرنا : ادعا کرنا : دعویٰ دار ہونا : مدعی ہونا ۔ (۲) ظاہر کرنا ۔ (۳) اقرار کرنا : اعتراف کرنا : اقبال کرنا : کھلے عام کہنا : اعلان کرنا ۔ (۴) عقیدہ رکھنا : پیرو ہونا (کسی مذہب کا) ۔ (۵) کسی پیشے یا کاروبار کا کرنا (مثلاً طب ، قانون وغیرہ کا) ۔ (۶) بطور پروفیسر سکھانا یا تعلیم دینا : پرو فیسری کرنا : پروفیسر کی خدمات انجام دینا ۔

Professed : (a) (۱) مدعی : اقبالی : اعتراف کئے ہوئے ۔ (۲) با ضابطہ سند یافتہ : علم پیشہ : ماہر فن : مہارت پیشہ : ہنر پیشہ ۔ (۳) مذہبی عہد کا پابند ، جس نے کسی مذہبی سلسلے میں داخل ہونے کا اقرار صالح کیا ہو : اقرار صالح کرنے والوں کا یا ان سے متعلق ۔

Professedly : (adv.) بظاہر : صریحاً : اعترافاً ۔

Profession : (n) [L. 'professio,-on-'.] (۱) پیشہ (خصوصاً علمی) (قدیم) پروفیسر کی تعلیم یا رتبہ ۔ (۲) قول : اظہار : ادعا : عہد : دعویٰ ۔ (۳) مذہبی عقیدہ : (نیز) وہ مذہب جس کا کوئی معتقد ہو ۔ (۴) کسی مذہبی فرقے میں داخل ہونے کا عہد یا عمل : کسی مذہبی فرقے میں داخلہ ۔ (۵) جماعت جو کسی پیشے میں مصروف ہو : خاص یا بڑا پیشہ : خاص کاروبار یا ملازمت : حرفہ : پیشہ : روزگار ۔ (۶) (قانون) اقبال جرم ۔

The learned professions : علمی پیشے یعنی مذہبی ، قانونی ، طبی ۔

The profession : (تھیٹر کی بول چال) ایکٹرس (بحیثیت مجموعی) : اداکاروں کا طائفہ : ایکٹرس کی جماعت ۔

Professional : (a) (۱) پیشے کا : پیشے سے متعلق : کسی حرفے یا روزگار یا اس سے متعلق : فنی : پیشہ وارانہ ۔ (۲) اپنے کام یا اپنے پیشے میں لگا ہوا : اہل حرفہ یا روزگار : پیشہ ور ۔ (۳) کسی علمی پیشے میں مشغول : علم پیشہ : مہارت پیشہ : ہنر پیشہ ۔ (۴) جو کسی ایسے کام کو ذریعۂ معاش یا پیشہ

Proenzyme : (n) (نباتیات ، حیوانیات) خمیر زا : خمیر زا مادہ : مادۂ تخمیری : تخمیری مادہ : (جر ثو میات) پیش خمیر ۔

Proestrous/Prooestrous : (a) Proestrus کا یا اس سے متعلق ۔

Proestrus /Proestrum /Prooestrus/Prooestrum / Proestruses/ /Proestrumps : (n) [mod. L.] ہیجانِ مادہ یا "گرمی" سے فوراً پہلے کی (تیاری کی) مدت (جس میں (پستاندار مادہ کے) بیضہ دانوں کی نشوو نما ، بڑھی ہوئی جنسی فعالیت ، فرج اور رحم کی لعابدار جھلیوں کا تغیر واقع ہوتا ہے) : قبل ہیجان : (حیوانیات) آمد ہیجان ۔

Prof : (n) (روز مرہ) Professor کا مخفف ۔

Profanation : (n) [late L. 'profanatio'.] بے ادبی : بے حرمتی : آلودگی : نا پاک کرنا : نجس کرنا ۔

Profane : (a) [L. 'profanus '.] (۱) غیر مذہبی : دنیوی ۔ (۲) غیر مقدس : عامی ۔ (۳) جنس : نا پاک ۔ (۴) بد مذہب : بد دین : ملحد : بے دین : کافر : جو محرمات کا احترام نہ کرتا ہو : بے ادب : بے حرمت : بد زبان ۔

Profane : (n) ملحد : کا فر : بد دین شخص ۔

Profane : (v) [L. 'profanare'.] (۱) بے حرمتی کرنا : تذلیل کرنا : بے ادبی کرنا : بے حرمتی کرنا : بے احترامی کرنا : تو ہین کرنا ۔ (۲) نجس کرنا : ناپاک کرنا : ملوث کرنا : آلودہ کرنا : کفر بکنا : کفران نعمت کرنا : بد کلامی یا بد زبانی کرنا ۔

Profane language : (n) فحش زبان : بے ہودہ گوئی : بد کلامی : بد زبانی : فحاشی ۔

Profanely : (adv.) بے باکانہ : بے ادبانہ : دنیادارانہ : مذہبانہ : ملحدانہ : زندیقانہ : کافرانہ ۔

Profaneness : (n) بے حرمتی : الحاد : بد دینی : لامذہبیت : تحقیر دین : کفر گوئی ۔

Profaner : (n) (محرمات کی) بے حرمتی کرنے والا : بے ادب : بے احترام : بے دین : لا مذہب : ملحد: کفر گو : بد کلام یا بدزبان شخص ۔

Profanities : (n) ملحدانہ الفاظ یا افعال : کافرانہ قول و فعل ۔

Profanity : (n) [late L. 'profanitas '.] بے حرمتی : الحاد : بد دینی :

Professor : (n) [L.'professor'.] (۱) معترف یا ماننے والا (کسی مذہب کا) : معترفِ مذہب۔ (۲) استاد : معلم : پروفیسر (اس کا مخفف .Prof بطور خطاب بزرگی ناموں کے شروعات میں لگایا جاتا ھے)۔ (۳)(کسی فن کی مہارت کا ادعائی لقب) استاد : پروفیسر : ماہر فن۔ (۴) (عام) پیشہ ور (کھلاڑی)۔

Professorate : (n) (۱) پروفیسری : منصب پروفیسری : پروفیسر کا عہدہ یا اس کی مدت : پروفیسر کے فرائض منصبی۔ (۲) دیکھو Professoriate ۔

Professoress : (n) پروفیسر عورت : پروفیسرانی : استانی۔

Professorial : (a) پروفیسرانہ : پروفیسر کا یا اس سے متعلق : پروفیسری سے متعلق : معلمانہ : مدرسانہ : ملایانہ : اصول سے متعلق : اعتقادی : ادعائی : اذغائی : غیر استدلالی۔

Professorially : (adv.) پروفیسرکی حیثیت سے : پروفیسرکی شان سے : معلمانہ طور پر : اذغائی طور پر : ادعائی طور پر۔

Professoriate : (n) (۱) پروفیسروں کی جماعت : جماعت پروفیسران : پروفیسروں کا عملہ۔ (۲) پیسہ معلمی (کالج یا یونیورسٹی میں) : پروفیسری : پروفیسری کا پیشہ۔

Professorship : (n) پروفیسری : منصب پروفیسری : پروفیسر کا عہدہ یا اس کی مدت : پروفیسر کے فرائض منصبی۔

Proffer : (n) [Me. 'Profre'.] (۱) پیشکش : نذر : سعی : تحریک : عرضی : درخواست : عرض داشت : التماس : گذارش : سوال : آرزو : خواہش : کچھ کرنے کی پیشکش یا تجویز۔ (۲) (نفسیات) ارادہ : قصد۔ (۳) (قانون) کسی شیرف یا دیگر ضلع افسر کے ذریعہ کسی مقررہ وقت پر تخمینی بقایہ جات کی شاہی خزانے میں ہنگامی ادائی۔

Proffer : (v) (۱) دینا : پیش کرنا : پیشکش کرنا : نذر کرنا۔ (۲) (قدیم) (کچھ کرنے کی) تجویز رکھنا یا پیش کرنا : قصد کرنا۔

Proffered : (a) پیش کردہ : نذر کردہ۔

Profferer : (n) پیش کرنے والا : نذر گزراننے والا : تجویز رکھنے یا قصد کرنے والا۔

Proficiency : (n) [f. next.] اہلیت : استعداد : لیاقت : مہارت : واقفیت۔

بنا لے جسے عام طور پر لوگ تفریح طبع یا وقت گذاری کے لئے اپناتے ہیں (مثلاً کرکٹ وغیرہ) : جو (کھیل کود یا ڈرامے وغیرہ میں) اپنی روزی کمانے کی غرض سے کام کرتا ہو : پیشہ باز۔ (۵) جو کسی شعبۂ فن یا نظریاتی جزو کا ماہر ہو : جو اپنے فن کو علمی کمال بخشے۔

Professional : (n) (۱) علم پیشہ یا ہنر پیشہ شخص۔ (۲) وہ شخص جو کسی ایسے کام کو جسے عموماً تفریح طبع یا وقت گذاری کے لئے لوگ اپناتے ہیں، اپنا پیشہ یا ذریعۂ معاش بنا لے : پیشہ ور کرکٹ باز : گولف باز وغیرہ : (تحقیراً) پیشہ ور سیاستداں : سیاست پیشہ شخص۔

Professional agitator : (n) پیشہ ور شورشی (جس نے شورش پھیلانا اپنا پیشہ قرار دے لیا ہو)۔

Professional aid : (n) فنی امداد۔

Professional cricketer/-golfer : (n) پیشہ ور کرکٹ باز یا گولف باز (یعنی جو اجرت لے کر کھیلتا ھے)۔

Professional etiquettes: (n) آداب پیشہ۔

Professional men : (n) پیشہ ور لوگ : اہل پیشہ۔

Professional politician : (n) پیشہ ور سیاستداں : سیاست پیشہ : سیاست باز۔

Professional skill : (n) پیشہ ور مہارت : فنی مہارت۔

Professionalism : (n) پیشہ وری : پیشہ ورانہ اوصاف : پیشہ ورانہ خصوصیت : پیشہ وریت : پیشہ ورانہ ڈھنگ یا مہارت : کسی مخصوص پیشے کی مہر یا اس پیشے کا نشان۔ (۲) (کھیل کود وغیرہ میں) پیشہ ورانہ طور پر شامل ہونے والے کی پوزیشن (بمقابلہ اس کے جو تفریح طبع کے لئے یا شوق کی بناء پر شریک ہو) : پیشہ بازی : پیشہ ور کھلاڑیوں کا طبقہ۔

Professionalist : (n) پیشہ ور : وہ شخص جو کسی کام کو بطور پیشہ اپناتا ھے : پیشہ ور طبقے کا نمائندہ۔

Professionalize : (n) پیشہ ور بننا یا بنانا۔

Professionally : (adv) پیشہ ورانہ : پیشہ ورانہ حیثیت سے : پیشہ ورانہ طور پر۔

Professionaless : (a) بے پیشہ : بے روزگار۔

Proficient : (a) [L. 'proficiens,-cnt-'.] اہل : مستعد: صاحب استعداد: ماہر : واقف .

Proficient : (n) وہ شخص جس نے کسی فن یا کسی شعبہ علم میں خاص مہارت حاصل کر لی ہو : ماہر : صاحب استعداد : صاحب لیاقت .

Proficiently : (adv.) ماہرانہ طور پر : مہارت سے : مہارت کے ساتھ : ہوشیاری سے : ماہرانہ .

Profile : (n) [It.] (۱) چپٹا خاکہ : یك رخی تصویر: یك رخی نقشہ : چہرے کی بغلی یا یك رخی تصویر : نیم رخ تصویر : نیم رخ : (صحافت میں) سیرتی خاکہ۔ (۲) قلع کا تر چھا عمودی قطعہ : مٹی کا دھس : دھس کی چوڑائی : قطعہ عمودی۔ (۳) (مساحت) طولی تراش۔ (۴) (تھیٹر) پس منظر کی چپٹی تصویر جس کا خاکہ تراش لیا گیا ہو اور جسے اسٹیج پر رکھ کر منظر کشی کا کام لیا جائے : ڈھانچہ۔ (۵) (برتن سازی) پلیٹ جس پر کسی چیز کے اندرونی یا بیرونی حصے کا خاکہ بنا رہتا ہے : نیم رخ سانچہ .

Drawn in profile : جس کی یك رخی تصویر کھینچی گئی : جسے یك رخی تصویر یا خاکے میں پیش کیا گیا ہو.

In profile : یك رخی : نیم رخ : جیسا کسی ایك رخ سے نظر آئے .

River profile : (جغرافیہ) طولی تراشِ دریا.

Soil profile : (جغرافیہ) طولی تراشِ زمین .

Profile : (v) (۱) یك رخی تصویر کھینچنا: یك رخی نقشہ یا خاکہ بنانا: یك رخی نقشے یا تصویر میں پیش کرنا۔ (۲) (کوئی مخصوص قسم کی) یك رخی تصویر یا نقشہ لگانا۔ (۳) سیرتی خاکہ لکھنا یا پیش کرنا۔

To present a profile/ To turn in profile : (بل فائٹ میں) بائیں کندھے کو سانڈ کی جانب کرنا .

Profile paper : (n) کاغذ جس پر مساوی دوریوں کی عمودی اور افقی لکیریں بنی ہوں (خاکہ سازی کے لئے)۔

Profile test : (n) (نفسیات) نیم رخی امتحان: نیم رخی آزمائش۔

Profilist : (n) یك رخی خاکے یا تصویریں بنانے والا۔

Profilograph : (n) (۱) پہیوں پر رکھا ہوا ایك آلہ جو خودکار طور پر اسی سرزمین کا جدھر سے وہ گزرتا ہے، پروفائل ریکارڈ کرتا جاتا ہے : پروفائل نگار۔ (۲) (ڈھالی ہوئی دھات کی) سطح کی ہمواری یا چکنائی کو ناپنے کا آلہ : ناہموارئ سطح پیما۔

Profilometer : (n) (انجینئرنگ) سڑك پیما .

Profit : (n) [L. 'profectus'.] (۱) فائدہ : نفع : منفعت . (۲) مالی نفع : منافع : منفعت : سود : وہ رقم جو لین دین میں پونجی سے زائد حاصل ہو. (۲)(جمع) (سیاسی معاشیات) (کارخانوں کی) بچت پیداوار (جو خام مال کی قیمت ،مزدوری ،کرایہ اور دیگر اخراجات کی منہائی کے بعد ہو) .

Gross profit : (معاشیات) خاص منافع .

Profit : (v) (۱) فائدہ اٹھانا : منافع ہونا : نفع حاصل کرنا . (۲) مفید ہونا : کار آمد ہونا : کام آنا : نفع بخش ہونا.

Profit and loss : (n) (معاشیات) نفع و نقصان .

Profit and loss account : (n) (بہی کھاتا) حساب کا طریقہ جس میں منافع ایك طرف اور نقصان دوسری طرف دکھایا جاتا ہے : حساب آمد و خرچ : نفع و نقصان کھاتا۔

Profit-rent : (n) وہ کرایہ جس کی رقم کرایہ دار کی خوشحالی پر موقوف ہو.

Profit-sharer : (n) حصہ دار منافع : آجر و اجیر ، مالك و مزدور ، سرمایہ و محنت جن کے مابین منافع کی تقسیم ہوتی ہے یا جو منافع کے حقدار ہوتے ہیں .

Profit-sharing : (n) وہ کاروبار جس کے نفع میں آجر و اجیر دونوں شریك ہوں: تقسیم منافع بہ درمیان سرمایہ و محنت : منافع بٹائی .

Profit-taking : (n) (صرافہ) تمسکات کی فروخت میں قابل حصول منافع لینے یا وصول کرنے کا عمل (قیمتیں بڑھ جانے کی صورت میں)۔

Profitability : (n) فائدہ بخش ہونا : فائدہ مندی : سود مندی : نفع بخشی : منفعت بخشی : نفع رساں .

Profitable : (a) نفع بخش : فائدہ بخش : سود مند : فائدہ مند : مفید : منفعت بخش : نفع رساں .

A Profitable speculation : نفع بخش سودا : نفع بخش سٹا۔

Profitable use : (n) مفید استعمال : نفع بخش استعمال۔

Profitableness : (n) دیکھو Profitablity

Profitably : (adv.) نفع بخش طور پر : سود مندانہ : منفعت بخش انداز میں۔

Profiteer : (n) نفع خور : نفع کمانے والا : (خصوصاً) جنگ یا مشکل اوقات میں ضروری اشیاء پر سے زیادہ نفع کمانے کی کوشش کرنے والا : حد سے زیادہ نفع اٹھانے والا : بے جا نفع حاصل کرنے والا : نا جائز نفع خور : نا جائز نفع لینے والا : منافع باز۔

Profiteer : (v) نفع خوری کرنا : بے جا نفع اٹھانا : نا جائز نفع اٹھانا: ناجائز نفع کمانا : غیر معقول فائدہ حاصل کرنا : حد جائز سے زیادہ نفع لینا (خصوصاً دوران جنگ یا مشکل اوقات میں تاجروں اور ٹھیکہ داروں کا بے جا رویہ)۔

Profiteering : (n) نفع خوری : منافع بازی۔

Profiterole : (n) [Fr. f. 'proft+ -erole.'] ایک قسم کا کیک یا دیگر پکا ہوا کھانا : (خصوصاً) کھوکھلی پیسٹری جس میں مٹھائی یا کوئی چٹپٹی چیز بھر کر کھایا جاتا ہے۔

Profitless : (a) بے فائدہ : بے نفع : بلا منفعت : بے منفعت : غیر مفید : بے سود : غیر نفع بخش : بیکار -

Profitlessly : (adv.) غیر نفع بخش طور پر : بے فائدہ طور پر : غیر مفید طور پر۔

Profitlessness : (n) غیر منفعتی : بے نفعی : غیرنفع بخشی : غیر سود مندی : بے سودی : غیر سودی ہونا۔

Profligacy : (n) اوباشی : عیاشی : اصراف : فضول خرچی۔

Profligate : (a) [L. 'profligatus '.] (۱) اوباش :عیاش : آوارہ : شہوت پرست : بد کار : بد کردار : بد چلن : نا بکار : ہرزہ۔ (۲) مصرف : فضول خرچ : بے حساب یا بے دریغ خرچ کرنے والا۔

Profligate : (n) عیاش و بدکار شخص : بد چلن شخص : مصرف : فضول خرچ کرنے والا۔

Profligately : (adv.) اوباشانہ : عیاشانہ : مصرفانہ طور پر۔

Profluent : (a) [L. f. Pro + 'fluere'.] زیادہ مقدار میں بہنے والا یا بہتا ہوا : تیزی سے اور بھر پور طور پر بہنے یا خارج ہونے والا : زیادہ جاری ہونے والا : کثیر مقدار میں بہنے والا : جو کثرت سے خارج ہو۔

Profluvium/ Profluvia : (n) [L.f. 'profluere '.] جریان کثیر : کثرت سے جاری ہونا یا خارج ہونا : کثیر اخراج جریان : کثرت اخراج : کثیر مقدار میں خارج ہونا یا جاری ہونا (خاص کر مرضیات میں)۔

Profound : (a) [L. 'Profunds'.] (۱) گہرا : غائر : غامص۔ (۲) مبصر : جید : متبحر۔ (۳) گہرا : عمیق : نہایت۔

Profound : (n) گہرائی : نہایت گہرائی :عمق (سمندر، مستقبل، روح وغیرہ کا)۔

Profoundly (adv.) بغایت : بدرجۂ غایت : گہرائی میں : نظر غائر سے : بہ نظر غائر۔

Profoundness : (n) گہرائی : عمق : گمبھیرپن : تبحر : فضیلت۔

Profulgent : (a) [L. 'profulgens'.] (روشنی) درخشاں۔

Profunda / Profundae: (n) [L. fem. of 'profundus '.] گہری شریانوں یا رگوں میں سے کوئی : وہ شریان یا رگ جو گوشت کے اندر ہو: شاہ رگ : یا سیاہ رگ زیر گوشت۔

Profunda penis artery : (n) (تشریح) عمیق قضیبی شریان۔

Profunditude : (n) گہرائی : عمق : گمبھیرپن : تبحر : فضیلت۔

Profundity : (a) گہرائی : عمق : گمبھیرپن : تبحر : فضیلت۔

Profuse : (a) [L. 'profusus'.] (۱)شاہ خرچ: بے دریغ بخش۔ (۲) فضول خرچ : مصرف ۔ (۳) زیادہ : وافر : فراواں : کثیر : بہ افراط : مفرط۔

Profusely : (adv) مصرفانہ طور پر : بہ کثرت : بہ افراط : فراوانی سے۔

Profuseness : (n) شاہ خرچی : اصراف : فضول خرچی : زیادتی : کثرت : فراوانی : بہتات : وفور : افراط۔

Profusion : (n) [L. 'profusio'.] (۱) اصراف : فضول خرچی : اصراف بے جا : شاہ خرچی : بے دریغ خرچ۔ (۲) افراط : بہتات : فراوانی : وفور: کثرت : زیادتی : سر شاری : لبریزی : روانی۔

Profusive : (a) مصرف : فضول خرج : شاہ خرچ : سرشار : بسیار : مفرط : فراواں : کثیر : بہ افراط : مائل بہ اصراف : مائل بہ افراط و فراوانی ۔

Profusively : (adv.) مصرفانہ طور پر : افراط سے : فراوانی سے ۔

Profusiveness : (n) اصراف : فضول خرچی : افراط : فراوانی : کثرت : بہتات ۔

Prog : (n) [of unkn. origin.] چبھونے ، بھونکنے یا چھیدنے کا اوزار یا آلہ : نوکدار سلاخ : نوکدار میخ : کباب کی سیخ : سوجا : نوکدار اوزار جس سے کپڑے ،بادبان وغیرہ میں سوراخ کرتے ہیں : چھوٹا سا خنجر ۔

Prog : (n) [Orign doubtful.] کھانا : خوراک : غذا : سامان خورد و نوش : آذوقہ : رسد : (خصوصاً) توشہ (سفر کے لئے) زادراہ : (مجازاً) ذہنی غذا ۔

Prog / Proggins : (n) [Perversion of Proctor .] (انڈر گریجویٹ کا عامیانہ) پراکٹر (آکسفورڈ یا کیمبرج کا)۔

Prog : (v) دیکھو Proctorize

Prog : (v) [of unkn origin .] کسی چیز کی جستجو میں مارا مارا پھرنا : (خصوصاً) غذا کی تلاش میں مارا مارا پھرنا : تھیلا لے کر گھومنا : بھیك مانگنا : گداگری کرنا ۔

Prog : (v) [f. Prog (n).] نوکدار چیز چبھونا یا بھونکنا : چھید کرنا یا چھید ڈالنا ۔

Progenitive : (a) [f. L. 'Progignere'.] صلاحیت تولید کا حامل : قوت تولید کا حامل : باز تولیدی قوت یا خاصیت رکھنے والا : جس میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہو: بارور ہونے والا : بچہ خیز : ثمر خیز : بچہ زا : ثمر زا : افزائش نسل کا اہل : افزائش نسل کی صلاحیت رکھنے والا : متعلق بہ افزائش نسل ۔

Progenitor : (n) [L. 'progenitor '.] (۱) مورث اعلیٰ : مورث : جد : جدا مجد ۔ (۲) (حیاتیات) (حیوانات یا پودوں کا) مورث یا مورثی نوع ۔ (۳) (مجازاً) (سیاسی ، روحانی یا علمی امور میں) پیش رو : بزرگ : جد : سلف ۔ (۴) اصل : نقل کی اصل : بنائے اول : بناء ۔

Remote progenitor : (حیاتیات) مورث اعلیٰ : جد امجد ۔

Progenitorial : (a) مورثی : جدی : بزرگانہ : اسلافی ۔

Progenitorship : (n) بزرگی : پیش روی : جدیت ۔

Progenitress / Progenitrix : (n) مورثہ : جدہ ۔

Progeniture : (n) [f. L. 'progenit- + -ure.] (۱) افزائش نسل : نسل افزائی : تناسل : توالد ۔ (۲) نسل : زادوولد : اولاد : فرزند : خلف : جانشیں : پھل : ثمر : نتیجہ ۔

Progeny : (n) [L. 'progenes '.] (۱) اولاد : زادو ولد : بچے : اخلاف : فرزند : ورثا : نسل (نیز حیوانات اور پودوں کی)۔ (۲) (مجازاً) روحانی اولاد : چیلے : شاگرد : جانشین : مقلدین ۔ (۳) (مجازاً) جو کسی چیز سے نکلے یا پیدا ہو: پیداوار : حاصل : نتیجہ ۔

Progeria : (n) [f. Pro + Gr. 'geras '.] قبل از بڑھاپا : زودرس بڑھاپا : (خصوصاً) ایك غیر معمولی حالت جس میں طفلگی اور سال خوردگی دونوں کی علامتیں موجود ہوں ۔

Progestational : (a) [f. Pro+ Gestational .] قبل از حمل : حمل سے پہلے کا : قبل از حاملگی : پیش از حمل عورت یا مادہ کے جسمانی اور ہارمونی تغیرات سے متعلق ۔

Progesterone : (n) [Blend of Progest (In and luteosterone'.] (عضویات) ہارمون زا غدود یا جسموں سے پیدا شدہ اسٹیروائڈ(Steroid) جنسی ہارمون جو حمل کو برقرار رکھنے اور حیض کے بعد بے قاعد گیوں کے علاج میں کام آتا ہے : پروجسٹرون ۔

Progestin : (n) [f. Pro+ Gest (ation+-in)] (عضویات) (۱) پرو جسٹرون ، (خصوصاً) اس سے تیارکردہ کوئی مرکب جس کی خالصیت غیر مختص ہو۔ (۲) پروجسٹو جن (خصوصاً مصنوعی)۔

Progestrogen : (n) [f. asprec . + -o-+ -gen.] کوئی جنسی ہارمون یا دوسرا مادہ جو اپنے عضویاتی اثرات میں پرو جسٹرون کے مشابہ ہو۔

Progestogenic : (a) پروجسٹوجینك : پرو جسٹو جن کا :اس سے متعلق یا اس جیسا ۔

Proggins : (n) دیکھو Prog(n)

Proglottis / Proglottides : (n) [Gr. 'proglottis '.] کینچوے (Tapeworm) کے جسم کا وہ حصہ یا جوڑ جو جنسی طور پر بالیدہ ہو: کینچوے کا ایك سالم نشو و نما یافتہ جز جو بریدہ ہونے پر بھی صلاحیت تولید رکھتا ہے ۔ (۲)(حیوانیات) پیش زبانہ :

جز پیش زبان۔

Prognathic : (a) [f. as Prognathous+-ic.] (۱) آگے کو نکلے ہوئے جبڑوں والا۔ (۲) دیکھو Progenathous .

Prognathism : (n) [f. next+ism .] (طب ، حیوانیات) پیش آمدگی فك : نکلے ہوئے جبڑوں والا ہونا : پیش فکیت۔

Prognathous : (a) [f. Pro +Gr. 'gnothos'+-ous.] (۱) آگے کو نکلے ہوئے جبڑوں والا : (طب ، حیوانیات) پیش فکّہ : (نیز) نمایاں ، آگے کو نکلا ہوا (جبڑا) ۔(۲)(حشریات) جس کا منہ کاسہ کے آگے ہو۔

Prognathy : (n) دیکھو Prognathism

Progne: (n) [L. 'progne'.] (۱) گوریّا کا شاعرانہ نام۔ (۲) گو ریا کی ایك امریکی جنس جس میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی ارغواں ابابیل بھی شامل ھے۔

Prognosis / Prognoses : (n) [Gr. 'prognosis'.] (طب) انداز مرض : مرض کی امکانی حالت سے متعلق پیش گوئی : اس طرح کی پیش گوئی کا فن یا عمل۔ (۲) پیش گوئی : پیش بینی۔

Prognostic : (n) [Gr. 'prognostikon '.] (۱) وہ جس سے مستقبل کا علم پہلے ہی معلوم ہوجائے : وہ جس سے مستقبل کی پیش آگاہی ہو: علامت : نشانی : آثار: پیش خیمہ : فال : شگون۔ (۲) کسی ایسی ہی حالت سے استنباط کی ہوئی مستقبل کی پیشگوئی : پیش بینی : پیش دانی : پیش خبری: پیش آگاہی۔ (۳) (طب) علامت مرض : وہ علامت جس کی بناء پر مرض کا اندازہ یا مرض سے متعلق پیش خبری یا پیش گوئی ممکن ہو: آثار مرض۔

Prognostic : (a) [Gr. 'prognostikos'.] جس میں کسی بات کی پیشگوئی یا پیش خبری مضمر ہو: پیشگو : پیش خبری کرنے والا : (طب) انداز مرض کا یا اس سے متعلق : جس سے اندازہ مرض ممکن ہو یا مرض کی پہلے ہی نشاندہی کر دے : پہلے سے نشان دینے والا یا خبر کرنے والا۔

Prognosticable : (a) قابل پیشگوئی : جس کی نسبت پیش گوئی کی جا سکے۔

Prognostically : (adv.) ازروئے شگون:فال کے طور پر :علامتاً بر بنائے علامات مرض : بر بنائے آثار: بطور پیشگوئی۔

Prognosticate : (v) (۱) پیشگوئی کرنا : پیش خبری کرنا : فال گوئی کرنا : پیش آگاہی کرنا۔ (۲) خبر دینا : علامت ظاہر کرنا : دلالت کرنا۔

Prognostication : (n) (۱) پیش گوئی : پیش خبری : پیش دانی : پیش بیانی : پیش آگہی۔ (۲) شگون : فال : علامت : آثار : پیش خیمہ (اب شاذ ھے)۔

Prognosticative : (a) جس میں کسی بات کی پیش گوئی یا پیش خبری مضمر ہو: پیشگوئی کرنے والا : پیشگو : پہلے سے خبر دینے والا : دلالت کرنے والا (اشیاء سے متعلق)۔

Prognosticator : (n) پیشگو : پیشگوئی کرنے والا : غیب گو : غیب کا حال بتانے والا : نجومی : جوتشی : غیب داں : پیش خبری کرنے والا : رمّال : فال گیر۔

Prognosticatory : (a) پیشگوئی جیسا : شگون جیسا : فال آسا : پیشگوئی کرنے والا : پہلے سے خبر دینے والا : دلالت کرنے والا (اشیاء سے متعلق)۔

Program : (n) (۱) پروگرام پیش نامہ۔ (۲) دیکھو Programme .

Programma : (n) [Gr. 'programme'.] (۱)(یونان و روما ئے قدیم میں) اطلاع عام : اعلان : اعلانیہ : اعلان : پبلك نوٹس۔ (۲) لائحہ عمل : لائحہ کار : منصوبہ : کسی مسلسل، با ضابطہ کاروائی سے پہلے ہی جاری کردہ تفصیلی نوٹس : پروگرام۔ (۳) تحریری دیباچہ یا پیش لفظ : تمہید : تعارف : حرف آغاز۔

Programme/Program : (n) [Gr. L. 'programma'.] (۱) پروگرام : پیش نامہ۔ (۲) لائحہ عمل : لائحۂ کار : کسی مسلسل و با ضابطہ کاروائی سے متعلق ہی جاری کردہ نوٹس : کیفیت نما : پراسپکٹس : (خصوصاً) کسی جلسے وغیرہ کی مجوزہ کاروائیوں کی ترتیب وار فہرست : مکمل کاروائی : ترتیب کار : طرح اجرائے کار : دستور جلسہ۔ (۳) (مجازاً) کسی مجوزہ کاروائی کا معینہ منصوبہ : منصوبہ : پلان۔ (۴) تحریری دیباچہ یا پیش لفظ : مقدمہ : تمہید : تعارف : حرف آغاز۔ (۵) (کمپیوٹر) مکمل و مفصل ہدایات جو کسی کمپیوٹر میں دینے کے بعد وہ از خودان ہدایات کے مطابق کام کرتا ھے (اس معنی میں عموماً Program ہی لکھا جاتا ھے ، اسم و فعل دونوں حالت میں)۔

Programme/Program : (v) (۱) پروگرام بنانا : پیش نامہ تیار کرنا۔ (۲) (کمپیوٹر کو) پروگرام دینا : کسی کام سے متعلق و مفصل ہدایات (کمپیوٹر کو) دینا : اس طور پر (کمپیوٹر سے) کوئی کام لینا : (نیز) پروگرام کی طرح یا پروگرام میں بیان کرنا۔

Programme-music : (n) پروگرامی موسیقی : پیش نامی موسیقی : وہ موسیقی جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کیا کیا مناظر و واقعات پیش آنے والے ہیں۔

Programme repeater : (n) (ریڈیو) پروگرام باز فریسندہ : دوبارہ پروگرام دینے والا۔

Programmer : (n) (کمپیوٹر کے) پروگرام لکھنے یا تیار کرنے والا : پروگرام کے مطابق (کمپیوٹر سے) کام لینے والا : (کمپیوٹر میں) پروگرام دینے والا : پروگرامر : پروگرام نویس : پروگرام نگار۔

Programming : (n) کمپیوٹر کو پروگرام دینے اور اس کے مطابق کام لینے کا عمل : (نیز) (کمپیوٹر کے) پروگراموں کی تیاری یا ان کا لکھنا : پروگرام نویسی : پروگرام نگاری۔

Progress : (n) [L. 'progressus.'] (۱)ترقی : ارتقاء : نشو و نما۔ (۲)جاری ہونا یا دوران میں ہونا : آگے بڑھنا یا چلنا : پیش رفت : روانی : رفتار۔ (۳) (قدیم) شاہی سفر : شاہی دورہ : (سیاسیات) جلوس شاہی۔ (۴) (علم النجوم) سیر : حرکت : گردش۔ (۵) تدریجی پیش رفت : مسلسل پیش رفت : مسلسل ارتقاء یا ترقی : مسلسل بڑھوتری۔ (۶) (اسکاتستانی قانون) (جاگیردارانہ ریاست میں) وراثت : اسنادوراثت۔

In progress : جاری : دوران وقوع میں : جاری و سازی : آگے بڑھتا ہوا : پیش رفت میں : جو جاری ہو یا واقع ہورہا ہو : جو مسلسل پیش رفت میں ہو : جو مسلسل آگے بڑھ رہا ہو یا ارتقاء کے مراحل طے کر رہا ہو : جس کی پیش رفت جاری ہو : جو بہتری یا ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہو۔

Progress : (v) (۱) ترقی کرنا : نشو و نما پانا : ترقی پذیر ہونا : نشو و نما پذیر ہونا : بتدریج و مسلسل آگے بڑھنا۔ (۲) جاری ہونا یا دوران میں ہونا۔ (۳) کسی عمل کو آگے بڑھانا : جاری رکھنا۔ (۴) مسلسل ترقی کرنا یا بڑھنا : مسلسل بہتری یا ارتقاء کے مراحل طے کرنا۔ (۵) آگے بڑھانا : ڈھکیلنا : ترقی کرانا (ادبی و مجازی معنوں میں)۔

Progress chart : (n) قبل معینہ شیڈول یا موقع کارکردگی کے مقابلے میں حقیقی یا اصل کارکردگی کو ظاہر کرنے والا چارٹ : پروگریس چارٹ : فرد و پیش رفت : فرد کار کردگی۔

Progress graph : (n) ترسیم ترقی۔

Progress of expenditure : (n) رفتار خرچ۔

Progress report : (n) (تعلیم) رجسٹر ترقی طلبا : پروگریس رپورٹ : روداد ترقی : روداد پیش رفت۔

Progression : (n) [L.'progressio'.] (۱) ترقی : پیش رفت : آگے بڑھنا۔ (۲) مسلسل جاری ہونا : مسلسل رواں ہونا : روش۔ (۳) ترقی : نشو و نما : (حیاتیات) ارتقا۔ (۴) (ریاضیات) سلسلہ۔(۵) (موسیقی) اتار چڑھاؤ : چڑھاؤ : ایک سُر سے دوسرے سُر میں جانا : نغموں یا سروں کا (یکے بعد دیگرے)سلسلہ۔ (۶) (علم النجوم) تقویم۔

Arithmetical progression : (ریاضیات) سلسلہ حسابیہ : اعداد کا ایک سلسلہ جس میں مقرر مقدار سے کمی بیشی ہوتی ہے جیسے ۱،۲،۳،۴ وغیرہ ۹،۷،۵،۳ وغیرہ۔

Geometrical progression : (ریاضیات) سلسلۂ ہندسیہ۔

Harmonic(al) progression : (ریاضیات)سلسلۂ موسیقیہ۔

Progression law : (n) (نفسیات) قانون سلسلہ۔

Progressional : (a) متعلق بہ ترقی : ارتقائی : ترقیاتی : سلسلاتی: سلسلہ وار۔

Progressionism : (n) نظریۂ ارتقاء : معتقد ارتقاء کا نظریہ یا اصول : ترقی پسندی : ترقی پسندانہ اصول یا نظریہ۔

Progressionist : (n) (۱) حامئ ترقی : ترقی پسند۔ (۲) ترقی کا قائل : ارتقاء کا قائل : وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ حیات نے نیچے سے اوپر تدریجی ترقی کی ہے : (حیاتیات) معتقد ارتقاء : (نیز بطور صفت)۔

Progressism : (n) اصول ترقی پسندی : ترقی پسندانہ اصول : ترقی خواہانہ اصول۔

Progressist : (n) [Fr. 'progressite'.] سیاسیات و عمرانیات میں ترقی کا حامی : حامئ ترقی : مصلح : ترقی خواہ : ترقی پسند : (نیز بطور صفت)۔

Progressive : (a) [med. L. 'progressivus'.] (۱) آگے بڑھنے والا : ترقی پذیر۔ (۲) تدریجی : متزائد : قدم بہ قدم بڑھتا ہوا : یکے بعد دیگرے واقع ہونے والا (تاش کے مخصوص کھیل پر اطلاق ہوتا ہے جس میں کھلاڑیوں کے کئی سیٹ ایک ساتھ مختلف میزوں پر کھیلتے ہیں ، جن میں بعض کھلاڑی ہر دور کے بعد دوسری میز پر چلے جاتے ہیں)۔ (۳) ترقی

کن : ترقی یافتہ ۔ (۴) (مرضیات) (شدت اور گہرائی میں) مسلسل بڑھتا ہوا : ترقی پذیر : رواں : بڑھتی ہوئی (بیماری) ۔ (۵) (خصوصاً) سیاسی، بلدیاتی یا سماجی معاملات میں اصلاح یا ترقی کا حامی : اصلاحی : ترقی پسند : ترقی خواہ : اصلاح پسند۔

Progressive : (n) اصلاح یا ترقی چاہنے والا : اصلاح پسند : ترقی پسند : ترقی خواہ : حامئ ترقی۔

Progressive increase : (n) تدریجی اضافہ۔

Progressive motion : (n) (میکانیات) بڑھتی رفتار : بڑھتی چال : بڑھتی حرکت : ترقی پذیر حرکت۔

Progressive party : (n) ترقی پسند جماعت : اصلاح پسند جماعت۔

Progressive tax : (n) (معاشیات) تدریجی محصول۔

Progressive wave : (n) (عضویات) رواں موج : بڑھتی ہوئی موج۔

Progressive whist : (n) تاش کا کھیل جس میں کئی ٹولیاں مختلف میزوں پر خاموش تاش کھیلتی ہے ان میں سے بعض کھلاڑی ہر بازی کے بعد دوسری میز پر چلے جاتے ہیں۔

Progressively : (adv.) (۱) اصلاح پسندی کے طور پر : ازراہ ترقی پسندی : ترقی پسندانہ ۔ (۲) بتدریج: تدریجاً : تدریجی طور پر : رفتہ رفتہ ۔

Progressiveness : (n) اصلاح پسندی : ترقی پسندی : ترقی خواہی : ترقی پذیری : اصلاح پذیری۔

Progressivism : (n) اصلاح پسند یا ترقی پسند کے اصول :اصلاح یا ترقی کی حمایت : حمایت اصول ترقی : ترقی پرستی : ترقی خواہی۔

Prohibit : (v) [f.L. 'prohibere'.] روکنا : منع کرنا : باز رکھنا : ممانعت کرنا: مزاحمت کرنا : منا ہی کرنا۔

Prohibited area : (n) ممنوعہ علاقہ۔

Prohibited bore : (n) (اسلحہ سازی) ممنوع دہانہ۔

Prohibiter/Prohibitor : (n) مانع : مزاحم : باز رکھنے والا : روکنے والا : مناہی کرنے والا ۔

Prohibition : (n) [L. 'prohibitio'.] (۱) ممانعت : مزاحمت : امتناع : رکاوٹ : روک : روک ٹوک : قد غن : ممنوعیت : مناہی۔ (۲) (قانون) حکم امتناعی : شقۂ امتناعی؛ عدالت ماتحت کے نام عدالت عالیہ کا امتناعی حکم۔ (۳) ممانعت فروخت منشیات : ممانعت استعمال مسکرات : شراب بندی۔ (۴) بعض غیر ملکی تجارتی اشیاء کی در آمدات کی قانونی ممانعت۔

Prohibition party : (n) امتناعی پارٹی : ۱۸۶۹ء میں تشکیل یافتہ ایک امریکی سیاسی جماعت جو ویسے ہی افراد کو نامزد کرتی یا اپنا تعاون دیتی ہے جو شراب کی خرید و فروخت پر ممانعت کے حق میں ووٹ دینے کا عہد کرتے ہیں۔

Prohibitionism : (n) (قانون) امتناعیت : ممانعت مسکرات :ممانعت منشیات۔

Prohibitionist : (n) شراب بنانے اور بیچنے کی ممانعت کا حامی : امتناع پسند : شراب بندی کا حامی : منشیات کی فروخت کی ممانعت کا حامی :حامئ امتناع منشیات : حامئ شراب بندی : (سیاسیات) حامئ امتناعیت۔

Prohibitions and restrictions : (n) (قانون) موانع و قیود۔

Prohibitive : (a) [med. L. 'Prohibitivus'.] (۱) امتناعی : مزاحمتی : جس میں روک دینے کی صفت ہو: جوکسی عمل سے روکے یا باز رکھے : مزاحم۔ (۲) مانع یعنی جس کی وجہ سے کسی شے کا استعمال محال ہو جائے : (ٹیکس، قیمت وغیرہ) جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو مانع ہوں : استناعی ۔ (۳) (صرف و نحو) نہی : جو ممانعت ظاہر کرے۔

Published at a prohobitive price : قیمت اس قدر زیادہ ہے کہ کوئی خرید نہیں سکتا۔

Prohibitive tax : (n) امتناعی محصول : وہ محصول جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو روکنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔

Prohibitively : (adv.) امتناع کے طور پر : امتناعاً : بطور ممانعت: ازروئے ممانعت : (صرف نحو) نہی کے طور پر۔

Prohibitiveness : (n) امتناعیت ۔

Prohibitory : (a) [L. 'prhibitorius '.] (۱) امتناعی : مزا حمتی: (خصوصاً) شراب کی خرید و فروخت روکنے سے متعلق یا روکنے والا : شراب بندی سے متعلق (قانون، جماعت و غیرہ) ۔ (۲) (ٹیکس، قیمت وغیرہ) جو کسی چیز کے استعمال یا غلط استعمال کو مانع ہو: مانع : امتناعی۔

Prohibitory clause : (n) (سیاسیات) امتناعی شق ۔

Prohibitory law : (n) شراب بندی قانون : قانون ممانعت منشیات : امتناعی قانون ۔

Prohibitory party : (n) شراب بندی کی حمایت کرنے والی جماعت : امتناعی جماعت : امتناعیت کی حامی جماعت ۔

Project : (n) [L. 'projectum'.] منصوبہ : خاکہ : اسکیم : پلان : تجویز : اختراع : پروجیکٹ : (نفسیات) خیال بندی ۔

Project : (v) [f.L. 'proicere'.] (۱) تجویز کرنا : تدبیر نکالنا : جتن کرنا : منصوبہ باندھنا ۔ (۲) نکالنا : پھینکنا : ڈالنا ۔ (۳) حلول کرنا : سرایت کرنا ۔ (۴) (روحانیت) اپنے آپ کو طیفی طور پر پیش کرنا ۔ (۵) (کیمیا) (کسی ایک شے کو دوسری شے میں) ڈالنا : ملانا ۔ (۶) (سایہ) ڈالنا : (عکس) ڈالنا : تظلیل کرنا ۔ (۷) متشکل کرنا : شکل پذیر کرنا (خیال ، منصوبے وغیرہ کو) ۔ (۸) (ہندسہ) تظلیل کرنا ۔ (۹) (نقشہ کشی) ایک نقطے (مرکز) سے خطوط مستقیم کھینچنا جو ایک (مفروضہ یا دی ہوئی) شکل کے ہر ایک نقطے میں سے گذر کر ایک سطح کو کاٹیں اور اس طرح ایک متناظر شکل (پہلی شکل کا جواب) پیدا کریں ۔ (۱۰) ایسے خط کھینچنا ۔ (۱۱) (ایسی متناظر شکل) پیدا کرنا ۔ (۱۲) (زمین اور آسمان وغیرہ کے کرہ کا) اس طور پر ظل بنانا ۔ (۱۳) آگے نکل آنا : آگے نکلا ہوا ہونا : آگے بڑھایا ہوا یا باہر نکلا ہوا ہونا ۔ (۱۴) بے حد صفائی سے اور امتیازی رنگ میں پیش کرنا ۔ (۱۵) کسی خیال یا تصور کو واضح طور پر (خصوصاً سامعین کے سامنے) پیش کرنا : نہایت وضاحت سے اور ممتاز طور پر بولنا ۔

To project oneself into another's feeling : کسی کے جذبات کا کامل احساس کرنا ۔

Project circle : (n) (سیاسیات) حلقۂ منصوبہ ۔

Projective method : (n) (تعلیمات) منصوبی طریقہ ۔

Project work : (n) (سیاسیات) کارمنصوبہ بندی ۔

Projectile : (a) [mod. L.'projectilis'.] (۱) محرک ۔ (۲) جو قوت سے پھینکی جا سکے (خصوصاً توپ سے) : میزائل کی طرح پھینکی جانے والی (چیز) ۔

Projectile : (n) پھینک کر مارنے کی چیز (خصوصاً بندوق کی گولی یا توپ کا گولا) : میزائل : غُلّہ : گلولہ : (میکانیات) مرمی : (حیوانیات) پیش آمدنی ۔

Projectile anchor : (n) پھینک کر پھنسانے والا لنگر : (جان بچانے والے سامانوں میں) وہ لنگر جو توپ کے گولے کی طرح ایک نلی کے ذریعہ اس مقام کی جانب پھینکا جاتا ھے جہاں اسے الجھانا مقصود ہو ۔

Projectile force : (n) (میکانیات) قوت زمایہ : قوت مرمیہ : قوت پیش اندازی : وہ قوت جس کے ذریعہ گولے یا میزائل وغیرہ پھینکے جاتے ہیں ۔

Projectile theory : (n) (۱) میکانیات (میکانکس) کی وہ شاخ جو میزائلوں یا لوگوں کی رفتار سے (قوت ثقل اور ہوا کی مزاحمت کے پیش نظر) بحث کرتی ھے ۔ (۲) نظریۂ اخراج نور : یہ نظریہ کہ روشنی اجسام نور سے خارج شدہ بے ثقل ذرات پر مشتمل ہوتی ھے ۔

Projecting : (a) (عمارت) طنفی ۔

Projecting courses : (n) (عمارت) طنفی رو سے ۔

Projecting powder : (n) پارس سفوف ۔

Projection : (n) [L. 'projectio'.] (۱) پھینکنا : ڈالنا : دھکیلنا : کھٹالی میں ڈالنا : (دھات کی) قلب ماہیت ۔ (۲) خاکہ : تجویز : منصوبہ : (سیاسیات) منصوبہ بندی ۔ (۳) ابھار : ابھرا ہوا یا آگے نکلا ہوا حصہ : باہر نکل آنا : آگے کو نکالنا ۔ (۴) (ہندسہ) تظلیل : ظل : اظلال : سایہ : تسطیح ۔ (۵) ذہنی تصویر ۔ (۶) تعبیر زمین یا کرۂ سماوی (یا اس کے کسی حصہ کی) سطح مستوی پر (جو حقیقت خارجی کے طور پر نظر آئے) ۔ (۷) (نفسیات) اخراج ذات ۔ (۸) (میکانیات) رمنہ اندازی ۔ (۹) (عمارت) پیش آمدہ : بڑھاؤ ۔ (۱۰) (بلور) کرۂ تسطیح ۔

Astrolabic projection : (ہندسہ) اسطرلابی تسطیح ۔

Cylindrical projection : (ہندسہ) استوائی تسطیح ۔

Gnomonic projection : (ہندسہ) ستونی تسطیح ۔

Murcator's projection : (ہندسہ) مرکیٹری تسطیح ۔

Optical projection : (بصریات) مناظری تظلیل : شبیہ اندازی ۔

Orthogonal projection : (ہندسہ) قائم تسطیح ۔

Orthographic projection : (ہندسہ) ارتفاعی تسطیح ۔

Powder of projection : پارس پتھر کا سفوف ؛ پارس سفوف ؛ قلب ماہیئت کرنے کا سفوف (جو کٹھالی میں پگھلائی ہوئی دھات پر اسے سونا یا چاندی بنانے کے لئے ڈالتے ہیں) ۔

Sphere of projection : (بلور) کرۂ تسطیح ۔

Projectoin lantern : (n) (بصریات) تظلیلی قندیل ؛ قندیل اظلالی ۔

Projection of a point : (n) تظلیل نقطه ؛خط اظلال نقطه ؛ جو خط اصلی شکل کے کسی نقطے کو محصله شکل کے متناظر نقطے سے ملاتا ہو۔

Projection of a sphere : (n) (ہندسه، جغرافیه) تسطیح کره ؛ تظلیل کره۔

Projection system : (n) (سنیما) تظلیلی نظام۔

Projective : (a) (۱) تظلیل شکل یا اظلال خطوط کے ذریعه کسی سطح پر پیش کیا ہوا یا بنایا ہوا ؛(ہندسه) تظلیلی؛ اظلالی ۔ (۲) ذہن میں کھینچاہوا ؛ ذہنی توسیع یا فته ؛ جو قوت پیش اندازی رکھتا ہو۔ (۳) آگے کو بڑھایا ہوا یا نکلا ہوا (شاذ)۔

Projective geometry : (n) (ہندسه) تظلیلی ہندسه؛ علم ہندسه کی وہ شاخ جو تظلیلی خواص سے بحث کرتی ہے ۔

Projective properties : (n) (ریاضیات) تظلیلی خواص ۔

Projective property : (n) تظلیلی خاصیت (یعنی کسی شکل کا اظلال کے بعد غیر متغیر رہنا)۔

Projective transformation : (n) (ریاضیات)تظلیلی تبدیلی ؛ تظلیلی تغیر ؛ تظلیلی قلب ماہیئت ۔

Projectively : (adv.) تظلیلی طور پر ؛ تظلیلاً ؛ اظلالاً۔

Projectivity : (n) تظلیلی صفت ؛ صفت تظلیل (ہندسائی شکل کی یه صورت که وہ کسی دوسری شکل سے بذریعه ظلال حاصل ہوسکے ۔

Puceron : (n) [Fr. deriv. of 'puce' .] درختوں یا پودوں کا ایک کیڑا : روکھ جوں ۔

Puck/ Pook : (n) [late OE. 'puca' .] پَک : پُوک : بھوت : شریر بھتنا : شریر : چنچل پری بچہ : (مجازاً) شریر بچہ ۔

Puck : (n) [Of unkn. origin.] (۱) (نیز Puck Bird) پشہ خوار پرند : ایک پرند جو رات میں مویشیوں خصوصاً بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے (اسے Nightjar) بھی کہتے ہیں ۔ (۲) پَک : پشہ خوار آوردہ روگ : مویشیوں کی ایک بیماری جو پشہ خوار پرند کے ذریعہ لاحق ہوتی ہے ۔

Puck : (n) [Of unkn. origin .] ربری قرص : ہندوستانی ربر سے بنی چھوٹی ٹکیہ جو برف پر ہاکی کھیلتے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Puck-ball : (n) (نباتیات) کھُمبی ۔

Puck bird : (n) پشہ خوار پرند جس کے بارے میں مشہور ہے کہ رات میں مویشیوں خصوصاً بکریوں کا دودھ پی جاتا ہے (اسے Nightjar اور Goat-sucker بھی کہتے ہیں ۔

Pucka : (۱) پکا (ہندی) :ٹھوس :مناسب ۔ (۲) دیکھو Pukka ۔

Pucker : (v) [Origin doubtful] (۱) سکڑنا : شکن پڑنا : جھریاں پڑنا : سلوٹیں ابھرنا ۔ (۲) چیں بہ جبیں ہونا : خفا ہونا ۔ (۳) سکیڑنا : شکن لانا :جھریاں ڈالنا : سلوٹیں لانا :شکن ڈالنا : (سلائی میں) چنٹ ڈالنا : تہ ڈالنا : چننا ۔

Puckery : (a) پرشکن :چین دار :تہ دار : تہ در تہ :چنٹ دار :شکن پیدا کرنا والا :سکیڑ نے والا :منہ بند کرنے والا : منہ بسورنے والا : چیں بہ جبیں ہونے والا: شکن لانے والا :جھریاں ڈالنے والا : قابض : عبوس ۔

Puckfist : (n) [f. puck+ 'fist' .] (۱) دیکھو Puff-ball (نیز مخفف Puck) ۔ (۲) خالی خولی شیخی باز :ڈینگیا ۔

Puckish : (a) شریر : بدذات :شریر بچے کی طرح کا: بھوت جیسا : جن صفت :شیطان :جس میں شیطنت ہو :شریر بھتنے جیسا ۔

Puckishly : (adv.) شرارت سے : شیطنت سے : بدذاتی سے : شریر بھتنے کے انداز میں : شریر بچے کی طرح ۔

Puckishness : (n) شرارت : بدذاتی : شیطنت ۔

Pud : (n) [Of unkn. origin.] (بچوں کی بولی) بچے کا ہاتھ : بعض جانوروں کا اگلا پاؤں ۔

Pudder : (v) [Of unkn. origin.] (۱) (بول چال) ہاتھ یا چھڑی سے ہلانا : حرکت دینا : جنبش دینا : (جانور کا) اگلے پاؤں سے ہولا مارنا : مار بھگانا : پانی ، کیچڑ یا گرد میں اگلے پاؤں مارنا ۔ (۲) آوارہ گردی کرنا : ادھر ادھر مارے پھرنا : بیجا دست اندازی کرنا : ٹانگ اڑانا: دخل در معقولات کرنا : (ہر جگہ) ہاتھ ڈالتے پھرنا ۔

Pudding : (n) [ME. 'poding , pudding' .] (۱) پڈنگ : سور ، بھیڑیا دوسرے جانوروں کی اوجھڑی اور آنت جس میں گوشت مسالے وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں : ایک قسم کا دُلمہ : رودۂ قیمہ دار : امعائی پوٹین ۔ (۲) (جمع ، بول چال) انتڑیاں ۔ (۳) (بحری) بٹی ہوئی رسے کا حلقہ جو جہاز کے مستول اور اس کو سہارا دینے والی بلیوں میں سہارے کے طور پر لگادی جاتی ہے : کشتی کے کناروں کو نقصان سے بچانے کے لئے لگائی ہوئی گدی یا پیڈ : رسوں کو رگڑ سے گھسنے یا خراب ہونے سے بچانے کے لئے حلقوں یا جوڑیوں میں لپٹی ہوئی گدیاں : گدی: رگڑ روک گدی ۔ (۴) ایک قسم کا فیرنی نما پکوان ۔ (۵) پوٹین یا پوٹین نما شے ۔ (٦) (مجازاً) مادی

انعام : مادی فائدہ : حمایت : نفع رسانی ۔ (۷) جگر زہر آلود : زہر آلود کلیجی (جو چور یا نقب زن سگ دربان کے سامنے ڈال دیتے ہیں)۔ (۸) موقع شناسی ۔

Hasty pudding : ایک طرح کی لپسی ۔

More praise than pudding : (prov.) فائدہ کم تعریف زیادہ: ستائش خشک و خالی ۔

The proof of the pudding is in the eating : (prov.)
مٹھائی (کی عمدگی) کی دلیل اس کے کھانے میں ھے : حلوائے تنترانی تانخوردی ندانی ۔

Yorkshire pudding : دودھ اور آٹے کی پڈنگ جو خصوصاً گائے کے گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ھے : یارک شائر پڈنگ ۔

Pudding : (v) (۱) پڈنگ پیش کرنا : پڈنگ سے خاطر کرنا : پڈنگ مہیا کرنا یا بہم پہنچانا : پڈنگ یا پڈنگ جیسی چیز سے تواضع کرنا ۔ (۲) (بحری) رگڑ سے بچاؤ کے لئے ستن لپیٹنا ۔

Pudding-cloth : (n) پوٹینی کپڑا : وہ کپڑا جس میں پوٹین کے اجزاء ابالنے کے لئے باندھ دیئے جاتے ہیں ۔

Pudding - face : (n) بڑا موٹا چہرہ : پھولا ہوا چہرہ : بھاری بھر کم چہرہ ۔

Pudding - feced : (a) بھاری بھر کم چہرے والا : بڑے موٹے چہرے والا : جس کا چہرہ پھولا ہوا ہو ۔

Pudding- grass : (n) امریکی پودینہ ۔

Pudding - head : (n) کور مغز انسان : بیوقوف آدمی : ٹھس آدمی : کند ذہن یا غبی شخص : احمق : سادہ لوح : بودے یا موٹے دماغ والا ۔

Pudding- headed : (a) ٹھس : بیوقوف : احمق : سادہ لوح : غبی : کند ذہن : بودا : کور مغز : موٹے دماغ والا ۔

Pudding- heart : (n) ڈرپوک آدمی : بز دل شخص ۔

Pudding- pie : (n) ایک قسم کی مٹھائی (پیسٹری) : (نیز توصیفاً) ۔

Pudding-pipe tree : (n) درخت خرنوب ہندی : درخت چنار چنبر ۔

Pudding-stone : (n) : گول سنگریزوں کی مخلوط چٹان : پوٹینی چٹان : کومہ ۔

Puddingwife : (n) نیلی یا کاسنی رنگ کی بڑی سمندری مچھلی (Wrasse) جس کے ہونٹ موٹے اور دانت مضبوط ہوتے ہیں ۔

Puddingy : (a) پڈنگ جیسا : مثل پڈنگ : پوٹینی : پوٹین صورت : پوٹین صفت ۔

Puddle : (n) [ME. 'podel , puddel' .] (۱) جوہڑ : ڈابر : ڈبرا : گدلے پانی کا جوہڑ یا چھوٹا تالاب ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی آلودگی : غلط عقیدہ (جو گمراہ کن ہو اور دوسروں کو بھی آلودہ کردے)۔ (۳) (مجازاً) ملی جلی چیزیں: معجون مرکب : ملی جلی چیزوں کا انبار : گڈمڈ: ابتری: گڑبڑ : خرابی : بد نظمی : بے ترتیبی : ردی حالت :گندی حالت ۔ (۴) گندہ اور گدلا پانی ۔ (۵) گارا : ریت اور چکنی مٹی یا صرف چکنی مٹی کو گوندھ کر تیار کیا ہوا گارا جس سے ندیوں اور نہروں کے کناروں کو ڈھک دیا جاتا ھے تاکہ انہیں غیر آبگذار بنایا جا سکے (اسے Puddling بھی کہتے ہیں) ۔

Puddle : (v) چھپ چھپ کر نا : چھینٹیں دینا : چھینٹیں اڑانا : کیچڑ میں لوٹنا : (مجازاً) گندا کرنا : میلا کر دینا : گڈمڈ کر دینا : خلط ملط کر دینا : گڑ بڑ کر دینا : خلط مبحث کر دینا ۔ (۲) کیچڑ میں لت پت کرنا : گندے یا گدلے پانی میں بھگو دینا ۔ (۳) (پانی کو) گندا یا گدلا کر نا : مکدر کرنا : خراب کر دینا ۔ (۴) آلودہ کرنا : نجس کرنا : میلا کرنا : (کسی چیز کی) خالصیت یا صفائی کو آلودگی سے بدل دینا ۔ (۵) گارا گھولنا : گارا کرنا : گارا بھر کر پانی روک بنا دینا ۔ (۶) (لوہا سازی) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوح دار بنانا ۔ (۷) بے تمیزی سے کوئی کام کرنا ۔

Puddle-ball : (n) لوہے کا گول تودا جو پگھلے لوہے کو ہلاکر متورق بنانے کے عمل میں بن جاتا ھے : لوہے کا گولہ ۔

Puddle-bar : (n) لوہے کی چپٹی چھڑ جو لوہے کے گولے کو دو بھاری بھرکم رولروں کے بیچ دبا کر بنائی جاتی ھے ۔

Puddle-roll : (n) دو بڑے اور وزنی رولروں میں سے کوئی ایک (جن کے درمیان پگھلائے ہوئے لوہے کو دبا کر چپٹی چھڑیں تیار کی جاتی ہیں) ۔

Puddle-steel : (n) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوح دار بنا کر تیار کیا ہوا اسٹیل ۔

Puddler : (n) گارا گھولنے والا : پگھلا ہوا لوہا ہلانے والا : پگھلے لوہے کو ہلا کر متورق بنانے والا : لوہا ہلانے کی مشین ۔

Puddling : (n) چھپاکا : پانی یا کیچڑ میں چھپ چھپ کرنے کا عمل :

پانی کو گدلا کرنے کا عمل :گارا گھولنے یا بنانے کا عمل: گارا بھر کر پن روک بنانا : پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق بنانے کا عمل : چکنی مٹی کا گارا جس سے نہر وغیرہ کے کناروں کو پانی روک بنایا جاتا ہے :(نیز توصیفاً)۔

Puddly : (a) جوہر نما : گندہ : گدلا : کیچڑ بھرا : میلا :مکدر : نجس: غلیظ : ابتر : درہم برہم : بے ترتیب : (نیز) جوہڑوں سے بھرا ہوا : جس میں بہت سے جوہڑ یا ڈبرے ہوں۔

Pudency : (n) [late L 'Pudentia'.] شرم : لحاظ : حیا : غیرت : لاج : حجاب : شرمیلاپن : عصمت : عفت : انکساری: خاکساری۔

Pudenda : (n) Pudendum کی جمع۔

Pudendal : (a) ستری : شرمگاہی : زہاری : اعضائے تناسل کایا ان سے متعلق : متعلق بہ ستر۔

Pudendum : (n) [L. 'Pudenda'.] شرمگاہ : ستر : زہار : عضو تناسل: مقام مخصوص : خارجی عضو تناسل (عموماً جمع مستعمل ہے)۔

Pudendum muliebra : (n) (تشریح) شرمگاہ عورت : فرج۔

Pudendum virile : (n) (تشریح) شرمگاہ مرد : ذکر : کیر۔

Pudge : (n) [Parallel form of Podge.] (روزمرہ ، بول چال) پست قد : فربہ آدمی یا جانور : لحیم شحیم : موٹا تازہ آدمی یا جانور یا کوئی شے۔

Pudgy : (a) موٹا تازہ : ناٹا اور موٹا : پست قد اور موٹا یا چوڑا : فربہ : لحیم شحیم۔

Pudic : (a) [L. 'pudicus'.] دیکھو Pudendal

Pudic : (n) (تشریح) شرمگاہی شریان : عضو تناسل کی شریان : حیائی شریان۔

Pudic artery : (n) دیکھو Pudic (n)

Pudicity : (n) (شاذ) (سماجیات) عصمت :حیا : شرم : عفت : لاج : پاکدامنی۔

Pudsy : (a) [Origin doubtful.] گدگدا : گداز :موٹا تازہ : بھر بھرا : بھرے بھرے جسم والا۔

Pudu : (n) [Native Chilean.] ہرن کی ایک بہت چھوٹی قسم جو چیلی میں پائی جاتی ہے (اس کا قد ۱۲۔۱۲ انچ سے زیادہ اونچا نہیں ہوتا)۔

Pueblo : (n) [Sp.] ہسپانوی شہریا گاؤں : خصوصاً امریکا کے اصلی باشندوں کی نو آبادی : اری زونا اور نیومیکسیکو کے باشندے۔

Pueblo Indians : (n) ری زونا اور نیو میکسیکو کے مہذب و متمدن باشندے۔

Puerile : (a) [L. 'Puerilis'.] بچکانہ : طفلانہ : رکیک : سبک : چھچھورا : بچے کا ، اس جیسا یا اس سے متعلق۔

Puerile breathing : (n) ایسا تنفس جس میں ایسی آواز نکلے جو اکثر بچوں کے تنفس میں ہوتی ہے (بالغوں میں یہ مرض کی علامت ہے)۔

Puerilely : (adv.) طفلانہ اندازمیں : بچکانہ طور پر : چھچھورے پن سے: سبکی سے : طفلانہ طور پر : رکیکانہ طور پر۔

Puerileness : (n) بچکانہ پن : طفلگی : طفلانہ پن : چھچھوراپن۔

Puerilism : (n) بچکانہ پن : طفلگی : طفلی حالت : طفلیت۔

Puerility : (n) [L. 'Puerilitas'.] (۱) طفلگی : بچپن : لڑکپن : طفلی : (قانون) سات سے چودہ سال تک کی عمر۔ (۲) بچکانہ پن : طفلانہ پن : چھچھوراپن : رکاکت۔

Puerperal : (a) [L. 'Puerperus'.] زچگی کا : زچگی سے متعلق :جو زچگی کے ساتھ ساتھ ہو یا اس کے بعد واقع ہو:(طب) نفاسی۔

Puerperal fever/ -Sepsis : (n) نفاسی بخار : پرسوت : زچگی کا بخار : زچہ کا بخار (جو رحم میں کسی Infection کے باعث ہوتا ہے اور جس میں کبھی کبھی ورم و سوزش یا خون میں سمّیت بھی پیدا ہو جاتی ہے)۔

Puerperium : (n) [L.] زچگی : ولادت : وضع حمل : (طب) نفاس۔

Puerpery : (n) Puerperium کی بجائے شاذ آتا ہے۔

Puff : (n) [See next.] (۱) جھونکا : ہوا کا جھونکا: سانس : پھونک : دم : کش : نفخہ : نفس ۔ (۲) سانس یا پھونک کی آواز۔ (۳) بھاپ یا دھوئیں کی اتنی مقدار جو ایک بار نکلے۔ (۴) نرم ، گول(پھولی ہوئی) آرائش کی چیز لباس یا بالوں وغیرہ میں جیسے آستینوں یا دامن میں جھالر یا چوٹی اور بالوں میں بہت سے پر یا فیتے وغیرہ۔ (۵) روئیں دار گدی (پاؤڈر وغیرہ لگانے

کی) ۔ (٦) ایک قسم کی ہلکی پھلکی پیسٹری۔ (٧) مبالغہ آمیز تقریظ (کتاب کی) یا مبالغہ آمیز اشتہار (سوداگر کے مال کا) : مبالغہ آمیز تعریف ۔ (٨) ورم یا ابھار جو ہوا ہو : پھپھولا : چھالا : آبلہ : دنبل : رسولی : ابھار : سوجن : ورم : آماس : گلٹی : گومڑ : پھوڑا : زائدہ : بدگوشت ۔ (٩) شیخی باز یا ڈینگیا شخص (متروک) : (عام) قمار خانے کا دلال جو لوگوں کو پھانستا ھے ۔ (١٠) (حیوانیات) پف (آواز) ۔

Powder puff : پاؤڈر لگانے کی گدی : سفوف پاش۔

Puff/ Puffed : (v) [OE. 'puf' or pyf(f.)] (١) پھونک مارنا : پھونکنا : پھونک سے اڑانا ۔ (٢) ھواء دھوئیں وغیرہ کا تھوڑی تھوڑی مقدار میں خارج ہونا : دھواں اڑانا : دھواں یا ہوا نکالنا : پھک پھک کر کے دھواں یا بھاپ خارج کرنا ۔ (٣) ہانپنا : سانس چڑھانا : سانس پھولنا : دم چڑھانا : بے دم کر دینا ۔ (٣) پھلانا : ہوا بھرنا : پھونک مار کر پھلانا ۔ (٥) پھول جانا : متورم ہو جانا ۔ (٦) پھولنا : مغرور ہونا : جامے میں نہ سمانا ۔ (٧) مبالغہ آمیز اشتہار دینا : اشتہار میں جھوٹی تعریفیں کرنا ۔ (٨) مبالغہ آمیز تعریف کرنا : آسمان پر چڑھانا : پھلانا : مغرور یا خود پسند بنانا : (شاذ) غصہ دلانا : غصے سے پھلانا ۔ (٩) قیمت بڑھانا : قیمت بڑھانے کے لئے جھوٹی بولی دینا : (نیلام میں) جھوٹی بولی دینا ۔ (١٠) تمباکو کے دھوئیں اڑانا : پائپ یا حقے کا کش لینا : دم مارنا ۔ (١١) پاؤڈر کی گدی سے پاؤڈر لگانا ۔

He puffed away , at his cigar : اس نے سگار کے کش لگائے ۔

He was rather puffed : وہ کسی قدر بے دم ہو گیا تھا : اس کا دم چڑھ گیا تھا ۔

The engine puffed out of terminus : انجن دھواں اڑاتا اختتامی اسٹیشن سے باہر چلا گیا ۔

Puff-adder : (n) ایک بڑا افریقی افعی جو اشتعال کے عالم میں اپنا بالائی حصہ پھلالیتا ھے : (حیوانیات) نفس افعی : شوک ناگ۔

Puff-ball : (n) ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ھے۔

Puff-bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو اپنے پروں کو پھونک مارتی رہتی ھے ۔

Puff-box : (n) پاؤڈر دانی (جس میں پاؤڈر اور پاؤڈر لگانے والی گدی رہتی ھے) ۔

Puff -breeches : (n) ہوا بھری ہوئی برجس : پھلائی ہوئی برجس : پھولی ہوئی برجس ۔

Puff-leg : (n) ایک پاموز پرندہ : وہ پرند جس کے پاؤں پر پروں کے گچھے ہوتے ہیں اور اڑنے سے غنغناہٹ کی آواز ہوتی ھے۔

Puff out : (n) ہانپتے کانپتے بیان کرنا ۔

Puff out / - up/ -away : (v) پھونک مار کر اڑا دینا : پھونک مار کر بجھا دینا ۔

Puff-paste : (n) ہلکا اور تہ دار پیسٹ : (مجازاً) سبک چیز : کم قیمت یا ادنیٰ شے : سبک اطوار شخص : خفیف یا وسطی آدمی : سبک اطوار شخص : خفیف یا وسطی آدمی : نازک چیز : نازک آدمی ۔

Puff-pastry : (n) ہلکی پیسٹری : پف پیسٹ سے بنائی ہوئی پیسٹری ۔

Puff-puff : (n) (بچوں کی بولی) انجن : ریل انجن : ریک گاڑی : ریل ۔

Puff-stone : (n) نرم اور مسامدار مقامی چونا پتھر کا نام جو انگلستان (Lias) کے وسط میں پایا جاتا ھے ۔

Puffed with pride : (a) غرور سے پھولا ہوا ۔

Puffer : (n) (١) دھواں یا ہوا نکالنے والا ۔ (٢) تعریف کر کے آسمان پر چڑھانے والا ۔ (٣) (خصوصاً) نیلام میں (قیمت بڑھانے کے لئے) جھوٹی بولی بولنے والا ۔ (٣) کوئی چیز جو غرور پیدا کرے : غرور آفرین : مغرور کن ۔ (٥) (بچوں کی زبان میں) ریلوے انجن : ٹرین : ریل گاڑی : (انجینیئرنگ) انجن ۔ (٦) (حیوانیات) فقہہ (ماہی) : ایک قسم کی مچھلی ۔ (٧) چھوٹا دخانی جہاز ۔ (٨) چھوٹا انجن جو کوئلہ کانوں میں استعمال ہوتا ھے ۔

Puffery : (n) (١) نیلام میں (قیمت بڑھانے اور دوسروں کو خرید پر آمادہ کرنے کے لئے) جھوٹی بولی بولنے والے کا پیشہ یا کام : مبالغہ آمیز تعریف کرنے یا اس طرح اشتہار دینے کا کام : مبالغہ آمیز تعریف اشتہار بازی : اشتہار بازی : بھٹئی ۔ (٢) سنجاف : جھالر ۔

Puffin : (n) [ME. 'Poffin , pophyn' .] پوفین : بوقلموں منقار : ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ھے : یہ بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ھے : (آئرستان میں) استرہ منقار پرند ("موسیہ" کو کہتے ہیں)۔

Puffiness : (n) [f. Puffy .] پھلاؤ : فربہی : موٹاپا : موٹا تازہ پن : ضیق النفس : دم پھولنے یا دم چڑھنے کی حالت یا

صفت : تنگ نفسی ۔

Puffy : (n) (۱) جھونکے دار (ہوا)۔ (۲) ہانپنے والا : دم کا کچا : (طب) تنگ نفس ۔ (۳) پھولا ہوا : پھلایا ہوا ۔ (۴) موٹا پھپس : لحیم شحیم : گداز جسم : موٹا تازہ : تھل تھل ۔

Pug : (n) [Of unkn. origin.] چوکر : بھوسی : جو ،گیہوں ، جئی وغیرہ کا چوکر : دوسرے غلوں یا اناجوں کا وہ حصہ جو انہیں چھانٹنے یا صاف کرنے میں نکل جاتا ھے : (مقامی) چونی : کھدی : ضائعات غذا ۔

Pug : (n) [poss. of LDu . origin .] (۱) (نیز Pug-Dog) ایک قسم کا چپٹی ناک والا یا بیٹھی ناک والا کتا ۔ (۲) بندر : بوزنہ : بے دما بندر : شمپانزی : (نیز بول چال) بچہ ۔ (۳) لومڑی کا اسم خاص : چھوٹے قد کی چپٹی ناک والی لومڑی ۔ (۴) Euphithesia جنس کا پروانہ یا پتنگا ۔ (۵) (نیز Pug- Engine) پٹری بدل انجن: شنٹی انجن : ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جانے والا یا شنٹ کرنے والا چھوٹا انجن ۔ (۶) بڑا نوکر: نوکروں کا سردار ۔

Pug : (n) [f. Pug. (v)] پنڈول اور چکنی مٹی کا گوندا : (اینٹیں بنانے کے لئے) خشت سازی کا گارا : گِل (انجینیئرنگ) گل ساز چکی ۔

Pug : (v) [Hindi. 'pag' .] نشان قدم : نقش پا: پگ : پانج (جانوروں کے کھر یا پنجوں کے نشان) ۔

Pug : (v) [Origin doubtful .] (بول چال) کھینچا : زور سے کھینچنا: جھٹکا دے کر کھینچنا ۔

Pug : (v) [Of Unkn. Origin.] (۱) (گارا) ساننا : خشت سازی کی مٹی کو گوندھ کر تیار کرنا : (گارا) گھولنا ۔ (۲) گارا یا برادہ بھرنا (فرش کے نیچے ، آواز دھیمی کرنے کے لئے)۔

Pug : (v) [f. Pug(n).] پانجنا : نقش پا کے ذریعہ پتا چلانا : کھوج لگانا : پتا لگانا ۔

Pug-cylinder : (n) گل ساز چکی کا استوانہ ۔

Pug-dog : (n) ایک قسم کا چپٹی ناک والا یا بیٹھی ناک والا کتا ۔

Pug-engine : (n) شنٹی انجن : پٹری بدل انجن : ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جانے والا یا شنٹ کرنے والا انجن : ٹھیکے دار انجن ۔

Pug-face : (n) چپٹی ناک والا چہرہ : بندر نما چہرہ : بوزنہ نما چہرہ ۔

Pug-faced : (a) چپٹی ناک والا : بندر مونہا : بوزنہ رو : نک چپٹا ۔

Pug-fox : (n) چپٹی ناک والی چھوٹے قد کی لومڑی : نک چپٹی لومڑی ۔

Pug-mill : (n) گل چکی : گل ساز چکی : اینٹوں کا گارا بنانے کی چکی ۔

Pug-moth : (n) Eupithecia جنس کا پروانہ یا پتنگا ۔

Pug-nose/ Pugnose : (n) چھوٹی اور چپٹی ناک : بیٹھی ناک ۔

Pug-nosed : (a) چپٹی ناک والا : بیٹھی ناک والا : چپٹ نکا : افطس : پڈا ۔

Pug-nosed eel /-nose eel : (n) نیوفاؤنڈ لینڈ کے ساحل سے دور گہرے سمندر میں پائی جانے والی بام مچھلی (جو سانپ جیسی ہوتی ھے) جس کی ناک چھوٹی اور چپٹی ہوتی ھے ۔

Pug-peal : (n) سامن مچھلی کا بچہ ۔

Pug-trout : (n) سمندری ٹراؤٹ (مچھلی) ۔

Puggaree : (n) (۱) پگڑی : عمامہ ۔ (۲) دیکھو Puggree ۔

Pugging : (n) (۱) (آواز کم کرنے کی غرض سے) فرش کے نیچے بھرا جانے والا سامان : گارا : لکڑی کا برادہ وغیرہ : گارا ، برادہ یا سیمنٹ بھرنا ۔ (۲) گل سازی : اینٹ سازی کی مٹی گوندھنا یا تیار کرنا (خصوصاً مشین سے) ۔

Puggish : (a) چپٹی ناک والا : نک چپٹا : بوزنہ صفت ۔

Puggree : (n) [Hindi. 'pagri. '] (۱) پگڑی : عمامہ ۔(۲) ململ وغیرہ کا وہ کپڑا جو انگریزی ٹوپی کے گرد لپٹا ہوا ہوتا ھے ۔

Puggreed : (a) پگڑی باندھے : عمامہ باندھے ۔

Pugil : (n) [L. 'Pugillus' .] (متروک) مٹھی بھر کی مقدار یا انگوٹھے اور تین انگلیوں کو ملا کر جتنا اٹھایا جا سکے : بڑی چٹکی ۔

Pugilism : (n) [f. L. 'pugil' + -ism .] مکا بازی : گھونسا بازی : (مجازاً) مجادلہ پسندی : مجادلہ پرستی : مناظرہ پسندی : مباحثہ پسندی ۔

Pugilist : (n) (۱) مکا باز : گھونسا باز ۔ (۲) (مجازاً) سخت تکراری: سخت بحث کرنے والا : مجادلہ کرنے والا : جدال پسند ۔

Pugilistic : (a) مکابازی کا : مکابازی سے متعلق : مباحثہ پسندانہ:

Puke : (n) [f. Puke(v).] (۱) استفراغ : قے : الٹی : متلی ۔ (۲) قے آوردوا ۔

Puke : (v) [prob. of imit. origin.] : قے کرنا : الٹی کرنا : زمین دیکھنا : متلی ہونا : قے ہونا ۔

Puker : (n) قے کرنے والا : (طب) مقئ دوا : قے آورد دوا ۔

Pukka : (a) [Hindi 'pakka' .] (۱) پکا (ہندی) : ٹھوس : مناسب ۔ (۲)اصل : خالص ۔ (۳) مستقل : یقینی ۔

Pulchritude : (n) [L. 'Pulchritudo ' .] : حسن : خوبصورتی : زیبائی : خوش اندامی ۔

Pulchritudinous : (a) خوش اندام : زیبا : حسین : خوبرو : خوبصورت۔

Pule : (v) [Prob. of imit. origin.] (۱) جھینکنا : ٹھنکنا : کراہنا : ریں ریں کرنا : کمزور آواز سے رونا یا کراہنا ۔ (۲) چڑچڑے یا ناشکری کے سے انداز میں چلانا یا کراہنا : غم آلود یا غمگین انداز میں بولنا : (مرغی کی طرح) کڑکڑانا : (نیز) چیل کا بولنا ۔ (۳) رو رو کر یا ریں ریں کر کے بولنا یا بات کرنا ۔

Puler : (n) جھینکنے والا : ریں ریں کرنے والا : رونی آواز میں بولنے والا ۔

Pulex : (n) [mod. L.] جنس پسو : برغوث ۔

Pulicidae : (n) [mod. L. f. 'Pulex. '] براغیث : پسوان ۔

Pulicide : (n) پسو مار دوا ۔

Pulicose : (a) پسو بھرا : پسوؤں سے بھرا ہوا : پسوؤں کا کاٹا ہوا : (مرضیات) پسو کے کاٹے جیسا ۔

Puling : (n) جھینکنے والا : (بچے کی طرح) ریں ریں کرنے والا : ٹھنکنے والا : کراہنے والا ۔

Pulingly : (adv.) جھینکتے ہوئے : ریں ریں کرتے ہوئے : ٹھنکتے ہوئے : کراہتے ہوئے ۔

Pulk : (n) [ME. 'Polk , pulk ' .] (۱) (خصوصاً بول چال) گدلا تالاب : کیچڑ بھرا تالاب ۔ (۲) کیچڑ بھرا گڈھا ۔

Pulka : (n) [Finn. 'pulkka' .] Lapland کی (بغیر پہیوں کی) برف گاڑی جو کشتی کے اگلے حصے کی ہمشکل ہوتی ہے اور جسے شمالی منطقہ بارده کا ہرن کھینچتا ہے ۔

جدال پسندی سے متعلق : مجادلہ ۔

Pugilistically : (adv.) مکابازی کے طور سے : مباحثانہ انداز سے : سخت بحث و تکرار کے ساتھ : مجادلانہ ۔

Pugmark : (n) وحوش کے پاؤں کے نشان : جنگلی جانوروں کے پنجوں کے نشان : پانج ۔

Pugnacious : (a) [f. L. 'Pugnax' .] نزاع پسند : لڑاك : لڑاکو : جھگڑالو : مفسد : مفسد پرداز : جنگجو ۔

Pugnaciously : (adv.) جنگجویانہ طور سے : جھگڑے یا فساد کی راہ سے : مفسدانہ ۔

Pugnaciousness : (n) نزاع پسندی : جھگڑالوپن : مفسد پردازی : جنگجوئی ۔

Pugnacity : (n) [L. 'Pugnacitas' .] نزاع پسندی : جنگجوئی : مفسد پرستی : مفسد پردازی : جھگڑالو پن : (نفسیات) جارجیت : جدالی جبلت ۔

Puisne : (a) [Legal spelling of Puny.] (۱) بعد کا : چھوٹا (عمر میں) عموماً قانونی زبان میں کسی اعلیٰ عدالت کے جونیر یا کم رتبہ جج پر اطلاق ہوتا ہے ۔ (۲) مابعد : تازہ تر : جدید تر : قریب زمانے کا : بعد کی تاریخ کا : پچھلا ۔

Puisne : (n) (کسی عدالت میں) ادنیٰ جج : چھوٹا جج : عدالت اعلیٰ کا جونیر جج : رفیق کم رتبہ : منصب : انصاف کرنے والا ۔

Mortgagees puisne to the plaintiff : وہ مرتہن جو مدعی کے بعد کے ہیں ۔

Puisne judge : (n) (عدالت عالیہ کا) رفیق جج ۔

Puisne mortgagees : (n) مرتہان ما بعد ۔

Puissance : (n) [Fr. f. ' puissant' .] زور : قوت : طاقت : بل : اثر : رسوخ : قدرت : اختیار : اقتدار ۔

Puissant : (a) [Fr.] (۱) (قدیم) قومی : طاقتور : (سیاسیات) زبردست : توانا : بلونت : بلوان ۔ (۲) صاحب اثر : بار سوخ : مقتدر ۔

Puissantly : (adv.) زور سے : قوت سے : اثر سے : قدرت سے : بار سوخ طور پر ۔

Puissantness : (n) قوت : طاقت : زور : بل : اثر : رسوخ : قدرت ۔

Pull : (n) [f. next.] (۱) کھینچ : کھنچاؤ : کش : زور : کش مکش : کھینچا تانی : فشار : کھینچنے کا عمل ۔ (۲) (قوت) کشش یا جذب : (طبیعیات) کشش : کھچاؤ ۔ (۳) جھٹکا : یکبارگی روکنا : بندوق کے کھٹکے کو کھینچنے کا عمل نیز وہ طاقت جو اس کے لئے ضروری ہو ۔ (۴) دستہ ۔ (۵) (مجازاً) ذاتی اثر یا رسوخ ۔ (۶) (طباعت) کچا پروف ۔ (۷) (گھڑ دوڑ) باگ کھینچنا یا روکنا ۔ (۸) کشتی میں چھوٹا سفر : کشتی میں تھوڑی دیر کے لئے تفریح ۔ (۹) (کرکٹ) وہ ضرب جس سے گیند گر کر کھیلنے والے کے بائیں جانب جاتی ہے ۔ (۱۰) (گولف) ضرب جو گیند کو بائیں طرف اڑا لے جاتی ہے ۔ (۱۱) (مے خانے میں) مطالبے سے زیادہ مقدار شراب ۔ (۱۲) شراب کا لمبا گھونٹ ۔ (۱۳) (مجازاً) نفع : فائدہ : فوقیت ۔ (۱۴) امتیاز : برتری : سبقت : منفعت : نفع : بھلائی : ذاتی اثر و رسوخ (امریکی عامیانہ) ۔ (۱۵) جلب توجہ ۔ (۱۶) دفعہ : مرتبہ ۔ (۱۷) نوبت : حیلہ ۔ (۱۸) کھینچنے کی قوت یا طاقت : کھنچائی : کسی چیز کو کسی سطح پر کھینچنا : موہ لینے والی قوت ۔ (۱۹) سڑک کا وہ حصہ جہاں زیادہ سرگرمی ضروری ہو، خصوصاً نامناسب چڑھاؤ ۔

Bear - pull : بیر پمپ کا دستہ ۔

Bell- pull : گھنٹی کھینچ : گھنٹی کی رسی : گھنٹی کا دستہ ۔

Long pull : مطالبے سے زیادہ مقدار شراب کی سپلائی ۔

The pull of the table : (phr.) (جوئے بازی میں) ڈیلر یا بینکر کی طرف سے منفعت یا نفع ۔

To have a , or , the pull of , on , upon , or over : (person) کسی شخص سے مقابلتاً فائدہ میں ہونا یا رہنا ۔

Pull : (v) [OE. 'pullian' .] (۱) جڑ سے کھینچنا : اکھاڑنا (پودا وغیرہ) : اکھاڑ پھینکنا : جڑ بنیاد سے اکھاڑ ڈالنا ۔ (۲) درخت سے توڑنا : جمع کرنا (پھل ، پھول یا پتیاں وغیرہ) (اب خصوصاً اسکاتستان) ۔ (۳) دیکھو Pluck (v) ۔ (۴) لڑنا : جھگڑنا : ہاتھا پائی کرنا : ایک دوسرے کی ٹوپی اچھالنا ۔ (۵) کھینچنا : اپنی طرف کھینچنا : اعصاب کا کھنچاؤ ہونا ۔ (۶) اوپر کرنا یا چڑھانا: حرکت دینا : کھینچ کر آگے بڑھانا ۔ (۷) زور لگا کر کھینچنا : زور لگا کر چڑھانا : چڑھنا یا آگے بڑھنا : زور سے کسی چیز کو حرکت دینا : زور سے کھینچنا ۔ (۸) گھوڑے کا منہ زور ہونا: منہ سے زور لگانا : زور لگانا ۔ (۹) کش لگانا یا کھینچنا (پائپ ، حقہ ، سگریٹ وغیرہ کا) ۔ (۱۰) پرزے پرزے کر ڈالنا : ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا : چیرنا : پھاڑنا ۔ (۱۱) چھاپنا : پروف یا کاپی لگا کر تیار کرنا : طبع کرنا : نقش اتارنا ۔ (۱۲) کھینا : چلانا : (کشتی کا) کھینچا جانا : کشتی میں لے جانا : کشتی میں سفر کرنا ۔ (۱۳) (عام) گرفتار کرنا : حراست میں لینا ۔ (۱۴) (عام) قمار خانے پر (شراب خانے پر) یورش کرنا : ٹوٹ پڑنا ۔ (۱۵) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کو روکنا ۔ (۱۶) (کرکٹ) گیند کو بلے سے اس طرح مارنا کہ وہ آف سے لیگ کی طرف جائے : آف سے لیگ کی طرف مارنا ۔ (۱۷) (گولف) گیند کو بائیں طرف لے جانا ۔ (۱۸) چھین لینا : جھپٹنا : لے بھاگنا : لے بھاگنا (خصوصاً باز کا) : (کھانے کا) چھین لینا : زور سے کسی چیز پر گرنا یا جھپٹنا ۔ (۱۹) طاقت سے لے بھاگنا : کسی کی طرف جھکاؤ ہونا ۔ (۲۰) قوت کشش کا ہونا : توجہ دینا : جلب توجہ کرنا ۔ (۲۱) شراب کا گھونٹ پینا : منہ میں (شراب کی ایک گھونٹ)کھینچنا ۔

To pull a bell/ -the bell-rope : گھنٹی کی رسی کھینچنا ۔

To pull a face / -faces : منہ بنانا : مضحک شکل بنانا ۔

To pull a long face : دیکھو Long(a)

To pull a (sanctimonious) face : مقدس صورت یا وضع بنانا ۔

To pull in (a thing) or to pieces : ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا : پرزے پرزے کر ڈالنا : برباد کر دینا : (مجازاً) مخالفانہ تنقید کرنا : دھجیاں اڑا دینا ۔

To pull by the ear /-nose/ -sleeve : (۱) توجہ حاصل کرنا : توجہ چاہنا ۔ (۲) سزا دینا : رسوا کرنا : کسی کے تحقیراً ناک ، کان کھینچنا :گوشمالی کرنا ۔ (۳)متوجہ کرنے کے لئے آستین کھینچنا ۔

To pull caps/ -wigs : لڑنا : جھگڑنا : ہاتھا پائی کرنا : ایک دوسرے کی ٹوپی اچھالنا ۔

To pull game out of the fire : (۱) ڈوبتی ناؤ کو جا سنبھالنا ۔ (۲) ہارے ہوئے کھیل کو جیت لینا ۔

To pull oneself together : (۱) (بھاگنے کے بعد) آ جمع ہونا ۔ (۲) آپے میں آنا : ہوش میں آنا : اپنے کو سنبھالنا ۔

To pull one's leg : دیکھو Leg (n)

To pull one's weight : اپنے وزن کے تناسب سے کشتی چلانا : نیز اپنے حلقے کا کام کرنا ۔

To pull on one's stocking : اپنے موزے کھینچ کر اوپر کر لینا۔

To pull the long-bow : کمان کھینچنا۔

To pull the strings : پتنگ کی ڈور ہاتھ میں ہونا؛ کٹھ پتلی کا تار ہاتھ میں ہونا۔

To pull the wires : تار سے کسنا : تار پر کٹھ پتلی کو نچانا۔

Pull about : (v) (۱) ادھر ادھر کھینچنا : کھینچا تانی کرنا۔ (۲) (بول چال) بری طرح پیش آنا : بے تکلفی سے پیش آنا : اکھڑ پن سے پیش آنا۔

Pull away : (v) پیچھے ڈھکیلنا : کسی کو پیچھے کر دینا۔

Pull-down : (v) (۱) نیچے کھینچنا :گرانا : گھٹانا : تخفیف کرنا۔ (۲) (عمارت وغیرہ) گرانا : ڈھانا : منہدم کرنا : مسمار کرنا۔ (۳) لاغر و کمزور کرنا : ماندہ کرنا : ضعیف و نقیہہ کرنا: زور کم کرنا : طاقت کم کرنا۔ (۴) قیمت کم کرنا : گھٹانا۔ (۵) (غرور) توڑنا۔ (٦) دریافت کرنا۔ (۷) (حکومت کو) بہ زور ہٹانا : بدل دینا : اکھاڑ پھینکنا۔ (۸) مشاہرہ یا مزدوری اٹھانا : انعام حاصل کرنا۔ (۹) پکڑنا (بال) (خصوصاً بہت دوڑنے کے بعد)۔

Pull- down : (n) (۱) نیچے گرانے کا عمل : نیچے کھینچنے کا عمل۔ (۲) ارغنون میں ایک تار جو کھلمندن کو کھول دیتا ھے۔

Pull-down : (a) نیچے گرا دینے کے لائق : نیچے کھینچ لینے کے قابل۔

Pull in : (v) (۱) کھینچنا : نقشہ کشی کرنا۔ (۲) (گھوڑے کو) باگ سے قابو میں رکھنا۔

Pull in : (v) اندر کھینچنا۔

Pull- in : (n) داخلہ : کونہ : گوشہ : وہ جگہ جہاں گاڑیاں رکھی جائیں : سڑک کے کنارے کھانے کی جگہ: آرام کی جگہ۔

Pull in : (v) (۱) روکنا : حد کے اندر رکھنا : قابو میں رکھنا : باز رکھنا۔ (۲) گرفتار کرنا: حراست میں لینا۔ (۳) کسی جگہ پہنچنا : آخری جگہ تک آنا : مقام تک پہنچنا۔

Pull off : (v) (انعام) جیتنا (اسپورٹس میں) : (مقابلے میں) کامیاب ہونا :مقاومت کرنا : مقابلہ کرنا۔

To pull off one's hat : اپنی ٹوپی اترنا : سلام کرنا۔

Pull-on : (n) لباس (پہننے) کا سامان جسے بغیر کسے ہوئے پہنا جائے : پوشیدنی۔

Pull on : (v) کھلا چھوڑ دینا : تحریک کرنا۔

Pull out : (v) (۱) کھے کر کشتی کو نکال لے جانا۔ (۲) ریل گاڑی کا اسٹیشن سے باہر نکل جانا۔ (۳) اکھیڑنا : نکالنا : کھینچ نکالنا : اکھاڑ دینا : جڑ سے اکھاڑ لینا۔ (۴)اپنی حالت سے الگ کر دینا : اپنی جگہ سے الگ کر دینا۔ (۵) چھوڑ دینا : رہنے دینا۔ (٦) واپس بلا لینا (فوج کو)۔

Pull- out : (n) مڑا ہوا پتا یا پلیٹ یا کاغذ کا ٹکڑا جسے حوالہ جات کے لئے کتاب میں رکھتے ہیں۔

Pull-over : (n) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف لے جانے یا کھینچنے کا عمل۔ (۲) ایک قسم کا سوئٹر : ایک قسم کا لباس (بنا ہوا) : ایک قسم کی گرم بنیان (پسینہ گیر)۔

Pull pin : (n) وہ پن جو مشین کے دو حصوں کو الگ کرتی ھے۔

Pull through : (v) (۱) صحیح سلامت نکل آنا (بیماری ، خطرے وغیرہ سے)۔ (۲) (بیمار کو) بچا لینا : اچھی حالت میں لانا (کس چیز کو)۔ (۳) (کسی خطرے ، مشکل وغیرہ سے) بچا لینا۔ (۴) بری حالت سے نکال لینا: نجات دلانا (مصیبت وغیرہ سے)۔

Pull-through : (n) صفائی کش : وہ رسی جس کے ذریعے بندوق کی نال میں صافی ڈال کر کھینچتے ہیں۔

Pull together : (v) (۱) ایک ساتھ کام کرنا :ایک ساتھ کھینچنا :مدد کرنا: مل کر کام کرنا۔ (۲) آپے میں آنا : ہوش میں آنا : اپنے کو سنبھالنا۔ (۳) اتحاد عمل کرنا : تعاون کرنا۔

Pull up : (v) (۱) باگ کھینچنا : باگ روکنا : باگ تھامنا۔ (۲)روکنا : ٹھہرانا۔ (۳) سرزنش کرنا : تنبیہ کرنا۔ (۴) اپنے آپ کو روکنا : ضبط کرنا۔ (۵) دوڑ وغیرہ میں اپنے کو بڑھانا۔ (٦) حراست میں لینا : قید کرنا : روک رکھنا : (خصوصاً) مجسٹریٹ کے سامنے لے جانا۔

Pull-up : (n) (۱) گھوڑا یا سواری روکنے کا عمل۔ (۲) (مجازاً) اچانک روک۔ (۳) سواری یا ڈرائیور کے رکنے کی جگہ۔ (۴) ملاقات کی جگہ جہاں مسافر قیام کرتے ہیں۔

Pullable : (a) کھینچنے کے قابل : قابل کشش : کھینچ تان کے لائق۔

Pullback : (n) (۱) روک : مزاحمت : خرابی : عیب۔ (۲) وہ شخص جو پیچھے کھنچتا ھے : رجعت پسند۔ (۳) مزاحم (شے) سد راہ : مزاحمت : روک۔ (۴) واپس بلانا : کھینچ لینا

خصوصاً فوج کا مخصوص علاقے سے واپس بلا لینا۔ (۵) لوھے کا پك۔ (٦) ایك ترتیب جو عورت کے ساڑی کے پھیلے ہوئے حصے کو پیچھے سے کھینچے یا تانے رہتا ھے تاکہ سامنے کا حصہ صفائی سے لٹکا رھے؛ پیچھے لے جانے کی ترکیب۔ (۷) پیچھے کھینچنے کا عمل۔

Pullback : (v) روکنا : مزاحمت کرنا : پیچھے کھینچنا۔

Pulldevil / Pullbaker : (n) کسی مقابلے میں جانبین کی ہمت افزائی۔

Pulled : (a) (۱) خستہ : ماندہ : مضمحل : پست۔ (۲) اکھاڑا ہوا : کھینچا ہوا : بال یا اون کھینچا ہوا۔

Pulled bread : (n) روٹی کے خستہ ٹکڑے (تازہ پکی ہوئی ڈبل روٹی کے اندر سے بے قاعدہ ٹکڑے نکال کر پھر تنور میں پکاتے ہیں تاکہ خستہ ہو جائیں)۔

Pulled chicken fowl : (n) پکائے ہوئے چوزہ اور پرند کے گوشت کو کاٹ کر پلیٹ میں رکھنا۔

Pulled figs : (n) خشك انجیروں کو اس طرح تہ بہ تہ رکھنا کہ ان کی آنکھیں بیچ میں ہوں۔

Pulled wool : (n) معمولی اون : ادنیٰ اون۔

Puller : (n) (۱) کھینچنے والا : اکھاڑنے والا۔ (۲) کھینچنے کا آلہ یا مشین۔ (۳) منہ زور گھوڑا : جاندار گھوڑا : اسپ سرکش : (حیوانیات) سرکش گھوڑا۔ (۴) (اوزار) میخ کش۔

Pullet : (n) [Fr. 'Poulet'.] (حیوانیات) چوزۂ مرغ : چوزہ : مرغی کا بچہ۔

Pullet carpet-shell : (n) صدفہ نما جانور۔

Pulley : (n) [OFr. 'Polie'.] چرخی : گھرنی : (میکانیات) پُلی : قرقرہ۔

Fixed pulley : وہ چرخی جس کا بلاك متعین ہوتا ھے۔

Frame pulley : وہ چرخی جس میں پہیا متعین ہوتا ھے۔

Pulley : (v) [f. prec.] (۱) چرخی لگانا : گھرنی چڑھانا۔ (۲) چرخی کے ذریعہ چلانا۔

Pulley-block : (n) (میکانیات) چرخی کا سہارا : بلاك۔

Pulley-drum : (n) بلاك یا خول جس میں چرخی چڑھی ہوتی ھے۔

Pulley frame : (n) گڑھی کے اوپر کی دندانہ دار ٹیك جس پر چرخی رکی رہتی ھے۔

Pulley stile : (n) چرخی گزر : کھڑکی کا ساش چوکٹھا جس میں چرخی لگی رہتی ھے۔

Pulling : (n) کھینچنے والا۔

Pulling boat : (n) کھینچنے والی کشتی : چپو والی کشتی۔

Pullman : (n) [f,. name of the designer, George M. Pullman (1831- 97), of chicago, U.S. A.] ریلوے سیلون (جس میں سونے کا انتظام ہو)۔

Pullman car : (n) دیکھو Pullman

Pullorum disease : (n) (بیطاری) چوزوں کی ایك بیماری۔

Pullround : (v) (۱)(بیمار کو)اچھا کرنا:صحت یاب کرنا۔ (۲)(بیماری وغیرہ سے) اچھا ہونا : صحت یاب ہونا : تندرست ہونا۔

Pullulant : (a) [Fr.] پھولا پھلا : ثمر ور : تنو مند۔

Pullulate : (v) [stem of L. 'Pullulare'.] (۱)کھلنا : پھولنا : پھوٹنا : (کونپل یا بیج کا) نکلنا : پھوٹنا : پھوٹ نکلنا : پھوٹ آنا : غنچہ کا کھلنا : نمو ہونا۔ (۲) (مجازاً) پھولنا پھلنا : بار آور ہونا (مذہب ، عقیدے وغیرہ کا)۔ (۳) سرمشار ہونا : بیشمار ہونا : زیادہ ہونا : افراط ہونا : بہتات ہونا۔ (۴) (جانور وغیرہ کا) بڑھنا : جننا۔

Pullalation : (n) (۱) پھوٹنے کا عمل : کھل اٹھنا : شگفتگی : (نباتیات) نبت : اگاؤ۔ (۲) پھوٹنا : اگنا : جمنا : افزائش نسل : اولاد : پیداوار۔

Pullus : (n) (۱)(نباتیات) کلبھورا۔ (۲) چوزہ یا پرندے کا بچہ : گدھے کا بچہ۔

Pully-haul : (v) (۱) کش مکش کرنا : کھینچاتانی کرنا : کھینچ تان کرنا۔ (۲) کش مکش ہونا : کھینچا تانی ہونا۔

Pully-hauly : (n) (بول چال) کش مکش : کھینچا تانی : کھینچ تان۔

Pully-hauly : (a) کش مکش کا : کھینچ تان کا۔

Pulmo- : [L.] جزو ترکیبی بمعنی "پھیپھڑا" : "شش" : "ریہ" : "سَحر"۔

Pulmobranchia /Pulmobranchiae : (n) پھیپھڑا تھیلی ۔

Pulmobranchial : (a) شش گلپھڑے دار (وہ جانور جن میں پھیپھڑے اور گلپھڑے دونوں مرکب ہوتے ہیں) ؛ ریہ خیشوی ۔

Pulmobranchiate : (a) دیکھو Pulmobranchial

Pulmocutaneous : (a) پھیپھڑے اور چمڑے سے متعلق ۔

Pulmogastric : (a) پھیپھڑے اور پیٹ سے متعلق ۔

Pulmogasteropod/ -gastropod : (a) سانس لینے والے معدہ پا سے متعلق ۔

Pulmogasteropod : (n) سانس لینے والا معدہ پا ۔

Pulmometer : (n) (طب) ریہ پیما : شش پیما : پھیپھڑے کا حجم ناپنے کا آلہ ۔

Pulmometry : (n) (طب) ریہ پیمائی : شش پیمائی ۔

Pulmonal : (a) (۱) ششی : رئوی : ریوی : پھیپھڑے کا : پھیپھڑے سے متعلق ۔(۲) پھیپھڑے یا شش نما عضو رکھنے والا ۔ (۳) (مرضیات) پھیپھڑے یا شش کا ۔

Pulmonaria : (n) [med. L. 'Pulmonaria' .] (نباتیات) حشیشۃ الرّیہ ۔

Pulmonary : (a) [L. 'Pulmonarius' .] دیکھو Pulmonal

Pulmonary : (n) (طب) مریض ریوی ۔ (۲) (حیوانیات) ریہ دار : شش دار ۔ (۳) (نباتیات) حشیشہ الریہ (Lungwort) ۔

Pulmonary artery : (n) ششی شریان : پھیپھڑے کی شریان : شریان ریوی (جو دل سے پھیپھڑے کو خون پہنچاتی ھے) ۔

Pulmonary consumption : (n) (طب) سِلّ ۔

Pulmonary disease : (n) ششی مرض : پھیپھڑے کی بیماری : مرض ریوی ۔

Pulmonate : (a) [mod. L. 'pulmonatus' .] ذوات الریہ : شش دار : پھیپھڑے دار : ریہ دار : شش نما عضو رکھنے والا ۔

Pulmonate : (n) شش نما عضو رکھنے والا ۔

Pulmonated : (a) دیکھو Pulmonate (a)

Pulmones : (n) (حیوانیات) ریات : پھیپھڑے ۔

Pulmoni - : [L. 'Pulmo' .] جزو ترکیبی بمعنی "ریہ" : "پھیپھڑے" ۔

Pulmonibranchiate : (a) دیکھو Pulmobranchiate

Pulmonic : (a) [mod. L. 'Pulmonicus' .] دیکھو Pulmonary (a)

Pulmonic : (n) (۱) پھیپھڑے کا مریض : (طب) مسلول ۔ (۲) (طب) دوا ریہ ۔

Pulmonifer : (n) پھیپھڑے دار معدہ پا : ریہ دار معدہ پا ۔

Pulmoniferous : (n) ریہ دار : ریوی ۔

Pulmonitis : (n) (طب) ذات الرّیہ : نمو نیا ۔

Pulmotor : (n) (طب) تنفسی پمپ : محرک ریہ ۔

Pulmono- : [L. 'Pulmo' .] جزو ترکیبی -Pulmoni- /Pulmo

Pulp : (n) [L. 'Pulpa' .] (۱) گودا : گوشت میوہ : تفالہ ۔ (۲) مغز : مغز گیاہ ۔ (۳) لپٹی ۔ (۴)(کاغذ سازی)) ماوہ : لُب (جس سے کاغذ بنایا جاتا ھے) : خمیر کاغذ : خمیر مواد ۔ (۵) دھات کا گوندا (دھات کا سفوف جو پانی میں گوندھ لیا جاتا ھے)۔ (۶) مغز دندان : گوشت وسط دندان ۔ (۷) گوشت زیر ناخن ۔ (۸) پلپلا شخص : آدم خستہ ۔ (۹) (امریکا) معمولی کاغذ سے تیار کی ہوئی کتاب یا رسالہ جس میں خاص کر ہنگامہ خیز یا جوش انگیز مضامین یا کہانیاں ہوں ۔

Dental pulp : (حیوانیات) مغز دندان ۔

Dry pulp : خشک پسی ہوئی دھات ۔

Pulp : (v) [f. prec.] (۱) پلپلا کرنا : گوندا کرنا ۔ (۲) گودا اتارنا : گودا چھیلنا ۔ (۳) مغز نکالنا ۔ (۴) ملائم ہونا : گودا دار ہونا ۔ (۵) پلپلا ہونا : رس سے پھول جانا ۔

Pulp cassiae : (n) (نباتیات) مغز فُلُوس : املتا س کا گودا ۔

Pulp-canal/ -cavity / -chamber : (n) (حیوانیات) جوفہ مغز دندان ۔

Pulp digester : (n) خمیر کاغذ کے موٹے ٹکڑوں کو چھوٹا کرنے والی ایک مشین ۔

Pulp engine : (n) دیکھو Beater

Pulp-paper : (n) ملوائی کاغذ ۔

Pulpectomy : (n) مغز دندان کو باہر نکالنا ؛ مغز دندان کو نکالنے کا فن۔

Pulper : (n) خمیر ساز ؛ خمیر ٹھیک کرنے والا ۔ (۲) (میکانیات) ماوا ساز مشین ؛ گودا ساز (کل یا مشین) ؛ مشین جو کسی چیز مثلاً پھل وغیرہ کو گودے کی شکل میں تبدیل کرنے ؛ وہ مشین جو کافی کے دانے سے گودے کو الگ کرتی ہے ۔

Pulpify : (v) گودا بنانا ؛ خمیر درست کرنا ؛ پلپلا نا ؛ گودے کی صورت میں تبدیل کرنا ۔

Pulpily : (adv.) گودے کے طور پر ۔

Pulpiness : (n) پلپلاہٹ ؛ گدازپن ؛ حالت خمیری ؛ گودے دار ہونا۔

Pulpit: (n) [L. 'Pulpitum'.] (۱) خطبہ گاہ ؛ منبر ؛ وہ مقام جہاں سے خطبہ دیا جاتا ہے ۔ (۲) (دینیات) وعظ ۔(۳) وعظ کرنے والے ؛ گروہ واعظان ؛ وعّاظ ۔ (۴) واعظ یا خطیب کا پیشہ ؛ وعظ گوئی ۔ (۵) (کتابوں کے ناموں میں) مجموعۂ مواعظ ۔

To occupy the pulpit : وعظ کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ پند و نصیحت بیان کرنا ۔

Pulpit : (v) مبنر پر جگہ لینا ؛ خطبہ دینا ؛ وعظ کہنا ۔

Pulpital : (a) منبری ؛ منبر سے متعلق ؛ وعظ سے متعلق ۔

Pulpitarian : (n) دیکھو Preacher

Pulpitarian : (a) وعظ سے متعلق ۔

Pulpiteer : (n) (۱) منبر سے پند و موعظت کرنے والا ؛ خطبہ دینے والا ۔ (۲) (دینیات) وعظ پیشہ ؛ (تحقیراً) پیشہ ور واعظ ؛ وعظ فروش ۔

Pulpiteer : (v) (۱) وعظ کرنا ؛ پند ونصیحت کرنا ۔ (۲) واعظ کا پیشہ اختیار کرنا ۔

Pulpiteering : (n) وعظ پیشگی ؛ وعظ فروشی ۔

Pulpiter : (n) دیکھو Pulpiteer

Pulpitic/ -al : (a) (۱) وعظ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) وعظ پیشے کا یا اس سے متعلق ۔

Pulpitically : (adv.) (۱) وعظ پیشانہ ؛ وعظ فروشانہ ۔ (۲) وعظ کے طور پر ۔

Pulpitish : (a) دیکھو Pulpitic

Pulpitism : (n) خصوصیات و عادات و اعظین ؛ موعظ ؛ وعظ ۔

Pulpitless : (a) بغیر خطبہ کا ؛ عدم وعظ و پند ۔

Pulpitman : (n) فولاد اور لوہے کی رولنگ مل کر چلانے والا ۔

Pulpitry : (n) موعظ ؛ تعلیم منبری ؛ وعظ کا کام ؛ وعظ گوئی ؛ پند و نصیحت ۔

Pulpless : (a) بے مغز ؛ بے گودا ۔

Pulpous : (a) [L. 'Pulposus'.] مغز مانند ؛ گودے کی طرح کا ؛ مغز نما ؛ گودے دار ؛ مغز دار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ گداز ؛ پلپلا ۔

Pulpy : (a) دیکھو Pulpous

Pulque : (n) [Origin unkn.] پولکی ؛ میکسیکوئی شراب ۔

Pulsate : (v) [Stem of L. 'Pulsare'.] (۱) نبض کا چلنا ؛ دل کا دھڑکنا ۔ (۲) باقاعدہ پھڑکنا (نیز مجازاً)۔ (۳) مرتعش ہونا ؛ تھرتھرانا ؛ کانپنا ؛ تھرکنا ؛ پھڑکنا ۔ (۴) اہتزاز کی کیفیت پیدا ہونا ؛ (وفور جذبات سے) ارتعاش سا پیدا ہو جانا ۔ (۵) (برقی رو کا) بڑھنا گھٹنا ۔ (۶) پچھوڑنا (ہیرے کایعنی پچھوڑنی کے ذریعہ ہیرے کو مٹی سے جس میں وہ پایا جاتا ہے جدا کرنا) ۔

Pulsatile : (a) [med. L. 'Pulsatitis'.] (۱) (تشریح و عضویات) مرتعش ؛ تشنجی ؛ دھڑکنے والا ؛ ارتعاش پذیر ؛ اہتزاز پذیر ؛ لرزاں ۔ (۲) (موسیقی) (آلہ) تھرکنے والا ؛ تصادم پذیر ؛ مضراب یا ہاتھ کی تھپک سے بجنے والا (باجا وغیرہ) ۔

Pulsatilla : (n) [mod. L.] (۱) شقائق نعمانی ؛ گل ہوا ۔ (۲) جوہر شقیق ؛ اس کا جوہر جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Pulsating : (n) (طب) نابض ؛ نبضی ؛ دھڑکنا۔

Pulsating current : (n) (طب) گھٹتی بڑھتی رَو ۔

Pulsation : (n) [L. 'Pulsatio'.] (۱) نبض کی حرکت ؛ (نبض کی) دھڑکن ؛ نبضان ؛ ضربان ۔ (۲) (جمع) دیکھو Pulse ۔ (۳)تڑپ ؛ ارتعاش ؛ اہتزاز ؛ لہرانا ؛ تھرتھراہٹ ؛ لرزش۔ (۴) تھپتھپانے کا عمل ؛ کھٹکھٹانے کا عمل ۔

Pulsator : (n) (۱) ہیرے پچھوڑنے کی مشین ؛ ہیرا پچھوڑنی ۔ (۲) (طب) نبض پیما ؛ ضربان ۔ (۳) دیکھوPulsometer ۔

Pulsatory : (a) (۱) دھڑکتا : ضربانی : تپش دار۔ (۲) ارتعاش پذیر : ارتعاشی : اہتزازی : لہراتا ہوا : تھرتھراتا ہوا : لرزاں۔

Pulse : (n) [L.'Pulsus'.] (۱) نبض : ناڑی۔ (۲) حرکت نبض : نبض کی چال :جنبش نبض : تپش۔ (۳) (مجازاً) جوش : امنگ : احساسات : احساس حیات : تحریک: میلان : رجحان : جھکاؤ : رغبت : شوق : چاہ : التفات۔ (۴) باقاعدہ پے در پے ضرب (مثلاً چھوکی)۔ (۵)تھرتھراہٹ : لرزش : جنبش : ارتعاش : اہتزاز۔ (۶) ضربان موسیقی : ضربان موزوں۔

Dichrotic pulse : (طب) نبض مطرقی : دوضربی نبض۔

Frequent pulse : (طب) نبض سریع۔

Full pulse : (طب)نبض ممتلی۔

Hard pulse : (طب) نبض صُلب۔

Quick pulse : (طب) نبض متوتر۔

To feel one's pulse : کسی کی نبض دیکھنا۔

To feel the pulse of : (۱) کسی کی نبض دیکھنا۔ (۲) (مجازاً) کسی کا عندیہ معلوم کرنا : جذبے کا پتہ چلانا : رجحان کا پتہ چلانا : احساسات کا اندازہ کرنا۔

Pulse : (n) [L.'Puls'.] دال : بقولات (چنا ، لوبیا ، مٹر وغیرہ)۔

Pulse : (v) [L.'Pulsare'.] (۱) (نبض کا) چلنا : (دل کا) دھڑکنا۔ (۲) قاعدے سے حرکت کرنا : تھرتھرانا : جنبش کرنا : دھکیلنا : داخل کرنا : پہنچانا۔ (۳) مرتعش ہونا : تھرتھرانا : کانپنا : تھرکنا۔

Pulseless : (a) غیر متحرک : بغیر جذبے کا : بغیر نبض کے : کمزور : عدم غایت۔

Pulsellum : (n) (حیوانیات) ضربی متوطیہ۔

Pulsific : (a) (طب) محرک نبض۔

Pulsimeter : (n) نبض کی حرکت یا قوت ناپنے کا آلہ : نبض :(طب) نبض پیما : نبض سنج۔

Pulsojet : (n) (نقابت) نبض دھار : غیر مسلسل دھار۔

Pulsometer : (n) (۱) (میکانیات) بھاپ پمپ : بھاپ جماؤ پمپ : ایک قسم کا پمپ جس میں دو خانے ہوتے ہیں اور ایسا انتظام ہوتا ہے کہ بھاپ اندر منجمد ہو جاتی ہے اور پانی ہر خانے میں باری باری سے پہنچتا رہتا ہے۔ (۲) (طب) نبض پیما : نبض سنج۔

Pultaceous : (a) [f. L. Puls + -Acedus'.] ضمادی : پلپلا : نرم : خمیری۔ (۲) پولٹس جیسا : پولٹس نما : نرم : ملائم : ملائم :گداز :گدگدا : گودے دار۔

Pulton/ Pultun : (n) [Hindi 'paltan'.] پلٹن : پیادہ فوج کا دستہ۔

Pulu : (n) [Hawaiian.] ایک عمدہ زردی مائل ریشمی نباتی اون جو ایک پودے سے نکالا جاتا ہے۔

Pulverable : (a) [L.'Pulverare'.] سفوف پذیر : گرد شدنی : سفوف کے لائق۔

Pulveration : (n) [L. 'Pulvaratio'.] سفوف سازی : سفوفیت : سفوف پذیری : سفوفی حالت۔

Pulveresence : (n) سفوف ہونا : سفوف پذیری۔

Pulverescent : (a) سفوف پذیر۔

Pulverine : (n) [It. 'polverina'.] بریلاکی راکھ۔

Pulverizable : (a) (کیمیا) سفوف پذیر : گرد شدنی : سفوف ہونے کے لائق۔

Pulverization : (n) [Fr. 'Pulverisation'.] (۱) گرد سازی : پوڈر سازی : نرم سازی : سفوف سازی : سفوفیت : سفوف پذیری۔ (۲) (مائع کو) (چھڑکنے کے لئے) کم مقدار میں علاحدگی : (سیال کی) تقطیر۔

Pulverize : (v) [late L. 'Pulverizare'.] (۱) سفوف کرنا : چورا کرنا : پاؤڈر بنانا۔ (۲) پیسنا : برادہ کرنا : باریک یا مہین کرنا : چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا : میدہ بنانا۔ (۳) قطرے قطرے کرنا : تقطیر کرنا (سیال کا)۔ (۴) (مجازاً) منہدم کرنا : خاک میں ملا دینا : پامال کردینا :پرزے اڑانا(دلائل ، بیان ، مخالف وغیرہ کے)۔ (۵) چورا ہو جانا : ریزہ ریزہ ہو جانا : الگ الگ ہونا : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ (۶) خاک میں ملنا : پامال ہونا۔

Pulverized : (a) (کیمیا) سفوف شدہ : سفوف۔

Pulverized sugar : (n) سفوف شدہ شکر : شکر ریز۔

Pulverizer/ Pulverizator : (n) (۱) سفوف گر : پوڈر کرنے والا : سفوف

کن : پسینے کی کل یا مشین ۔ (۲) (میکانیات) مائع پاش (مشین) ۔ (۳) دلن ہار ۔

Pulverous : (a) [f. L. 'Pulvis , pulver' - + ous.] (نباتیات) بھبھوتیا : سفوفی : پوڈری ۔

Pulverulence : (n) سفوف ہونا : سفوف ۔

Pulverulent : (a) [L. 'Pulverulentus' .] (۱) (نباتیات) گردی : خاکی : گرد دار : سفوفی : سفوف آلود : خاک آلود : گرد آلود۔ (۲) (ارضیات) بھربھرا ۔ (۳) (چڑیا) گرد میں پڑا ہوا یا اٹا ہوا : گرد میں ڈوبا ہوا ۔

Pulverulent rock : (n) (ارضیات) بھربھری چٹان۔

Pulverulently : (adv.) گرد آلود طور پر : سفوف کے طور پر : پاؤڈر بناتے ہوئے ۔

Pulvil : (n) [It. 'polviglio' .] خوشبودار پاؤڈر (جو مصنوعی بال میں یا جسم پر لگاتے ہیں) ۔

Pulvilio / -villio : (n) [It. 'polviglio' .] (تاریخ) پاؤڈر صورت ۔

Pulvillus/ Pulvilli : (n) [L. 'Pulvinulus' .] (۱) چھوٹا گدا ۔ (۲) (تشریح ، حیوانیات) حدبہ : گدی پائے حشرہ ۔

Pulvinar : (n) [L. 'Pulvinar' .] (۱) (قدیم، روم) کوچ : صوفہ : دیویوں کی گدی دار سیٹ : نیز سرکس کی گدی دار سیٹ ۔ (۲) (تشریح) بر آمدگی عصب بصر ۔

Pulvinar : (a) گدی نما ۔

Pulvinate : (a) [L. 'Pulvinalus' .] (۱) (نباتیات ، حیوانیات) گدی نما محدب ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) بر آمدگی دار: گدی دار : متورم : آماس کیا ہوا : ورم کیا ہوا ۔

Pulvinated : (a) (۱) گدی نما : متورم : محدب ۔ (۲) (آثار قدیمہ) کروی محدب : ابھار (خصوصاً کگر کا) ۔ (۳) (نباتیات) بر آمدگی برگ نما ۔

Pulvinately : (adv.) گدی دار طور پر ۔

Pulvinule : (n) (نباتیت) بر آمدگی برگچہ ۔

Pulvinus : (n) [L.] (نباتیات) بر آمدگی برگ : گدی : تکیہ ۔

Pulwar : (n) [Hindi 'Palwar' .] ہلکی کشتی جو ہندوستان میں استعمال ہوتی ہے ۔

Puma : (n) [Sp . 'puma' .] (۱) امریکی تیندوا : پیوما ۔ (۲) اس جانور کی کھال ۔

Pumice : (n) [OFr. 'Ponis' .] (۱) جھانواں : سنگ پا : سنگ خارا : جھانواں پتھر ۔ (۲) لاوا کی ایک ہلکی قسم ۔ (۳) (جمع میں) اس لاوا کا ٹکڑا ۔

Pumice : (v) جھانواں سے رگڑنا : جھانوے سے گھسنا : صاف کرنایا پالش کرنا ۔

Pumiced : (a) جھانواں سے رگڑا ہوا : جھانوے سے گھسا ہوا : نیز گھوڑے کے کھر کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بیماری کی وجہ سے اسفنج جیسے ہو جاتے ہیں ۔

Pumice hoof (of horse) : (n) (گھوڑے کے) سُم جو بیماری کی وجہ سے اسفنج جیسے ہو جاتے ہیں ۔

Pumice-stone : (n) دیکھو Pumice (n)

Pumice-stone : (v) دیکھو Pumice (v)

Pumiceous : (a) [f. L. 'Pumiceus' .] سنگ پائی : جھانواں نما : جھانوے جیسا : مثل خارا ۔

Pummel : (v) [Alteration of Pommel.] لگاتار مارنا : پے در پے گھونسے مارنا : لگاتار مکّے مارنا : پیٹنا : ضرب لگانا : کوٹنا ۔

Pump : (n) [Fr. 'pompe' .] (۱) پچکاری :پمپ ۔ (۲) (مجازاً) قلب: دل :کیڑوں کی چُسنی ۔ (۳) پمپ چلانا : پمپ چلانے کا عمل ۔ (۴) جرحی سوالات کر کے کسی سے معلومات حاصل کرنے کی کوشش : بھید معلوم کرنے کی کوشش ۔ (۵) وہ شخص جو جرحی سوالات کرنے میں ماہر ہو ، یعنی کرید کرید کر معلومات حاصل کرنے یا بھید لینے میں استاد ۔

Air pump : (طبیعیات) ہوا پمپ : مخراج الہوا ۔

Bicycle pump : سائیکل پمپ : بائیسکل میں ہوا بھرنے کا پمپ ۔

Common pump : عام پمپ : مخراج الماء ۔

Compression pump : (طبیعیات) داب پمپ ۔

Force pump : دیکھو Force

Hand pump : ہاتھ پمپ : دستی پمپ ۔

Oil pump : تیل پمپ ۔

Stomach-pump : معدے کی پچکاری (جس سے معدے میں سیال شے پہنچاتے ہیں یا رطوبت نکالتے ہیں) ۔

Water pump : (طبیعیات) آب پمپ : مخرج الماء ۔

Pump : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا ہلکا جوتا : پمپ جوتا ۔

Pump : (v) [f. Pump (n)] (۱) پمپ چلانا ۔ (۲)(عموماً up کے ساتھ) پمپ سے چڑھانا : پمپ کے ذریعہ (پانی وغیرہ) اوپر چڑھانا ۔ (۳) (عموماً out کے ساتھ) پمپ کے ذریعہ پانی خارج کرنا :پمپ کے ذریعہ پانی نکالنا : کھینچ نکالنا ۔ (۴) (Dry کے ساتھ) (جہاز کے خزانۂ آب کو) خالی کر نا : پانی سے خالی کرنا : خشک کرنا ۔ (۵) (Upon کے ساتھ) نکالنا : خارج کرنا ۔ (۶) دم پھیلا دینا : بے دم کر دینا (محنت و مشقت کی وجہ سے)۔(۷) پے در پے سوالات کر کے یا کرید کرید کر (حال) معلوم کرنا یا (بھید) لینا : (قوائے مخفیہ کو) بروئے کار لانا ۔ (۸) (باد پیما کے پارے کا) فوری اترنا چڑھنا ۔ (۹)گیس یا ہوا سے پھلانا ۔ (۱۰) دبا کر یا چوس کر نکالنا ۔ (۱۱) محنت کرنا : بہت کوشش کرنا : جد وجہد کرنا : سعی کرنا (کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے) اور (بھید جاننے کے لئے)۔ (۱۲) حرکت کے ساتھ کام کرنا ۔

Pump-brake : (n) جہاز کے پمپ کا دستہ ۔

Pump doctor : (n) ماہر پمپ (کوئلے کے کام میں) ۔

Pump gun : (n) چھوٹی پمپ بندوق : ریوالور ۔

Pump-handle : (n) دستۂ پمپ ۔

Pump-handle : (v) (بول چال) (کسی شخص سے) زور سے ہاتھ ہلا ہلا کر مصافحہ کرنا ۔

Pump house : (n) پمپ کاری کی جگہ : پمپ ہاؤس : پمپ گھر ۔

Pump-priming : (n) راس المال کے ذریعہ معاشیات یا اقتصادیات کی تحریک ۔

Pump-priming : (a) راس المال کے ذریعہ معاشیات کی تحریک سے متعلق ۔

Pump-room : (n) پمپ خانہ : وہ کمرہ جس میں پمپ چلتا ھے خصوصاً چشمے میں جہاں طبی پانی مریضوں کو دیا جاتا ھے۔

Pump up : (v) ٹائروں میں ہوا بھرنا : پہیوں میں ہوا بھرنا ۔

Pump upon : (v) بھر مار کرنا : بوچھار کرنا ۔

Pump-well : (n) (۱) جہاز کی تہ جہاں پمپ کام کرتا ھے ۔ (۲) وہ کنواں جس میں پمپ لگا ہو ۔

Pumpability : (n) قابل پمپ کاری ہونا ۔

Pumpable : (a) قابل پمپ کاری ۔

Pumpage : (n) پمپ کاری کا کام : پمپ کرنے کی مقدار ۔

Pumper : (n) (۱) پمپ کرنے والا : پمپ چلانے والا : پمپ چلانے میں استعمال ہونے والی مشین ۔ (۲) ٹھیلا : ریل کا ٹھیلا ۔ (۳)آگ گاڑی جو پمپ سے آراستہ ہو ۔ (۴) تیل کا کنواں جس سے پمپ کے ذریعہ تیل نکالا جائے ۔

Pumper company : (n) محکمۂ آگ کے افسروں اور ساز وسامان کی ایک اکائی۔

Pumper-ladder : (n) آگ گاڑی جس میں پمپ اور سیڑھی دونوں ہو۔

Pumpernickel : (n) [G.] rye کے موٹے آٹے کی روٹی ۔

Pumpet/ -ball : (n) دیکھو Ink ball

Pumphigus : (n) (طب) نفّاطات : آبلے : چھالے ۔

Pumping : (n) پمپ کاری : پمپ کرنے کا عمل ۔

Pumping engine : (n) (۱) پمپ کاری کا انجن : وہ انجن جو پمپ کرنے میں استعمال ہو ۔ (۲) آگ ٹرک جو پمپ سے آراستہ ہو ۔

Pumping tackle : (n) (میکانیات) پمپی رسہ چرخی ۔

Pumpkin / Pumkin : (n) [Altered f. pumpion '.] (۱) کدو : گھیا : پیٹھا : لوکی ۔ (۲) کدو کا پودا جسے Pumpkin vine بھی کہتے ہیں : کدو کی لت ۔ (۳) (مجازاً) کند ذہن : بیوقوف : اپنے آپ کو اہم سمجھنے والا شخص : خود پندار شخص ۔ (۴) (امریکا ، عامیانہ) اہم شخص یا چیز ۔ (۵) سخت نارنگی ۔ (۶) زردی مائل رنگ : زرد کدوئی ۔

Pose pumpkin : حلوا کدو ۔

Some pumpkin : اہم شخص یا چیز ۔

Pumpkin-pie : (n) ایک قسم کا انگریزی کھانا جس میں کدو مخصوص عنصر ہوتا ھے ؛ (امریکا میں) اظہار تشکر کے دن کا کھانا۔

Pumpkin-seed : (n) (۱) تخم کدو ؛ کدو کا بیج ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Pumpkinification : (n) تمسخر آمیز تعریف و تحلیل ۔

Pumpman : (n) پمپ چلانے والا ؛ پمپ کا نگہبان ۔

Pun : (n) [ME. 'pounen'.] (۱) تجنیس ؛ ایہام ؛ ضلع جگت ۔ (۲) ذومعنی لفظ کا مزاحیہ استعمال ؛ ایسے لفظوں کا مزاحیہ استعمال جو تلفظ میں مشابہ ھو لیکن معنوں میں مختلف ۔

Pun : (v) ذو معنی لفظ استعمال کرنا ؛ ذو معنی لفظ سے لطیفہ پیدا کرنا ؛ ضلع جگت بولنا ؛ تجنیس کا استعمال کرنا ۔

Pun : (v) [Early and dial. var. of Pound (v)] (۱) دیکھو Pound (v) ۔ (۲) (خصوصاً) (تکنیکی استعمال میں) جمانا ؛ منجمد یا سخت کرنا ؛ استوار کرنا ۔ (۲) زمین کوب سے استحکام کے ساتھ کام کرنا ؛ کوٹ کوٹ کر مضبوط کرنا (مٹی وغیرہ کو تھاپی وغیرہ سے)۔

Puna : (n) (۱) پیروی انڈیس (Peruvian Andes) کی سرد اور بے رونق سطح مرتفع ؛ سرد ریگستان ؛ پیونا ۔ (۲) (طب) مرض کوہی ؛ دقت تنفس (لطیف ھوا میں) ۔ (۳) پہاڑی سرد ھوا۔

Punch : (n) [Shortening of Puncheon.] (۱) چھیدنی ؛ سوراخ کرنے کا آلہ ؛ چھیدنے کی مشین ؛ مثقب ؛ سوراخ کن ۔ (۲) میخ کش ؛ پیچ کش ؛ پیچ نشان ۔ (۳) ٹھپا کرنے کا آلہ ؛ مہر ؛ اسٹامپ ۔ (۴) (اوزار) پنچ ؛ سنبہ ۔ (۵) (طباعت) چھاپا ۔ (۶) (کوئلے کی کان میں) ماقبل سہارا (چھت کا) ۔ (۷) (معدنیات) ایک قسم کی متھانی یا ہلانی (Sfirrer) رقیق کچی دھات کو ہلانے یا اسی قسم کے کام کے لئے ۔

Bell-punch : گھنٹی دار چھیدنی (ٹکٹ چھیدنے کا آلہ)۔

Cold-punch : ایک پنچ جو سرد دھات میں سوراخ کرنے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Driving-punch : میخ کش ؛ کیل وغیرہ ٹھوکنے کا آلہ ۔

Ratchet-punch : چوڑی دار سوراخ بنانے کی مشین ۔

Starting-punch : چٹخنی کس ؛ سوراخ میں سے کیل وغیرہ نکالنے کا اوزار ۔

Punch : (n) [f. Punch (v)] (۱) پنچ کرنے کا عمل ؛ شدید مکا ؛ ضرب سریع و سخت ؛ مشت ۔ (۲) قوت ؛ طاقت ؛ کس بل ؛ دم خم ۔

Punch : (n) (۱) پنچ ؛ ایک قسم کا آشام جس میں عموماً شراب کے ساتھ گرم پانی یا دودھ، شکر ، لیمو ، گرم مسالے وغیرہ ملے ھوتے ہیں۔ (۲) پنچ کا جام یا پیالہ۔ (۳) بزم مئے جس میں پنچ پی جائے ۔

Punch : (n) [Shortening of Punchinello.] (۱) اسپ کوتاہ وفربہ ؛ چھوٹا اور موٹا گھوڑا ؛ موٹا تازہ لدو ٹٹو ۔ (۲) (مقامی) چھوٹے قد کا فربہ آدمی ؛ ٹھگنا موٹا آدمی ۔

Suffolk punches : موٹا تازہ لدو ٹٹو۔

Punch : (a) موٹا تازہ ؛ چھوٹا اور موٹا۔

Punch : (n) [Shortening of Punchinello.] (۱) کبڑا مسخرا سا آدمی (پتلیوں کے تماشے میں) ۔ (۲) پنچ و جوڈی (لندن کے ایک ہفتہ وار اخبار کا نام) ۔

As pleased as punch : بہت خوش ۔

As proud as punch : نہایت مغرور ۔

Punch : (v) [Var of 'Pounce(v)] (۱) مکا مارنا ؛ گھونسا مارنا ؛ مارنا ۔ (۲) (امریکا) آرمارنا ؛ آرمار کر جو پایوں کو ہنکانا۔ (۳) چھیدنا ؛ بر مانا ؛ سوراخ کرنا ؛ سرایت کرنا ۔ (۴) (in کے ساتھ) (میخ) ٹھوکنا ؛ (Out کے ساتھ) (میخ) نکالنا ۔ (۵) لات سے مارنا ؛ کك کرنا ۔ (۶) مہر لگانا۔

Punch and judy show : (n) پتلیوں کا ایک کھیل ۔

Punch-ball : (n) بیس بال کی طرح کا ایک کھیل جسے ٹینس بال سے کھیلا جاتا ھے ۔

Punch-bowl : (n) (۱) پنچ کا جام یا پیالہ ؛ جام وغیرہ جس میں پنچ تیار کی جائے ؛ قدحِ مشروبات ۔ (۲) پہاڑی کا گہرا گول غار ۔

Punch-drunk : (a) شرابی ؛ متوالا ؛ مدھوش ۔

Punch house : (n) میخانہ ؛ وہ جگہ جہاں پنچ پی جائے ۔

Punch-line : (n) مزاح ، تقریر وغیرہ میں آخری لائن جس میں پرزور

طور پر نکتہ بیان کیا جاتا ہے۔

Punch mark : (n) سکہ یا دھات کی چیزوں پر علامت مہر : اثر مہر۔

Punch-pliers : (n) (اوزار) سنبہ : سنسی۔

Punch-up : (n) چیخ پکار : دست بدست لڑائی : دست و گریباں ہونا۔

Punchable : (a) سوراخ کردنی : پنچ کے لائق : مہر زدنی۔

Punchayet : (n) Panchayat کا متبادل۔

Puncheon : (n) [OFr. 'poinson' .] (۱) سوراخ کرنے کا نوکدار آلہ : سوجا : سوا۔ (۲) اژواژ : تھم (کوئلے کی کان میں چھت کے سہارے کے لئے)۔ (۳) (امریکا) چھت بنانے کے وقت لکڑی وغیرہ کا سہارا۔

Puncher : (n) سوراخ کن : سوراخ کرنے کا آلہ : مثقب : چھینی : برما۔

Punchinello/ polichinello : [Neapolitan dial 'polecenello' .] (۱) (اطالیہ) پتلیوں کے تماشے میں خاص شخص۔ (۲) ٹھگنا موٹا آدمی : آدم خیلہ : بودا : مسخرہ۔

Punchiness : (n) ٹھگناپن : چھوٹے قد کا ہونا۔

Punching : (n) (۱) پنچ کرنے کا عمل : پنچ کرنا : چھیدنا : چھید کرنا۔ (۲) (برقی انجینیئرنگ) قالبی قرص۔

Punching-ball : (n) بیس بال کی طرح کا ایک کھیل جیسے ٹینس بال سے کھیلا جاتا ہے۔

Punching machine : (n) (میکانیات) مثقب : چھیدنے کا آلہ : سوراخ کرنے کی ایک مشین۔

Punchy : (a) (۱) چھوٹے قد کا (آدمی) : ٹھگنا۔ (۲) پرزور۔ (۳) (بول چال ، امریکا) شرابی : متوالا۔

Punctate : (a) [f. L. 'Punctum ' + Ate.] (۱) (تاریخ طبعی) چتی دار : چتیوں بھرا : خال خال : نقطہ نقطہ : نقطہ دار : نقطوں والا۔ (۲) نوکدار : (ریاضیات) نقطۂ مزدوج دار۔

Punctated : (a) دیکھو Puctate

Punctation : (n) [med . L. 'punctatio' .] (۱) چتی دار : چتیوں بھرا ہوا : نقطہ گذاری : چتی : خال۔ (۲) معاہدہ : شرط۔

Puncticulate / Pancticular : (a) (نباتیات) چتیالہ۔

Punctiform : (a) نقطہ دار : چتی دار : (تشریح) نقطہ نقطہ۔

Punctilio : (n) [It. 'punctiglio' .] (۱) (سماجیات) باریکی : (رسوم و تکلفات میں) تکلف : تکلف آداب : خارجی تکلف : رسمی تکلف : ظاہری تکلف : جزئی تکلف۔ (۲) باریک بینی : تکلف مزاجی۔ (۳) (جمع) دقائق : جزیات : نکات۔ (۴) دقت : نکتہ سنجی۔

Punctilious : (a) [Fr. 'Pointilleux' .] تکلف مزاج : دقیق : نکتہ سنج : موشگاف : مبادی آداب : آداب و رسوم معاشرت کا آشنا : رسم پرست : تکلفات رسمی کا پابند : تکلفات ظاہری کا لحاظ رکھنے والا۔

Punctiliously : (adv.) نکتہ سنجی سے : تکلفات رسمی کے طور پر : رسماً: رسم پرستانہ : نہایت احتیاط سے : باریکی سے۔

Puncttiliousness : (n) ظاہر پرستی : باریک بینی : تکلف مزاجی۔

Punctist : (n) [f. L. 'Punctum ' .] وہ شخص جو عبرانی زبان میں نقطہ گذاری اور جملے پر اعراب لگاتا ہے۔

Punctual : (a) [med. L. 'Punctualis' .] (۱) دقیق : دقت شناس۔ (۲) نقطہ دار : نقطہ نقطہ : تیز نوکدار۔ (۳) (ہندسہ) نقطہ کا : نقطہ گذاری کا : متعلق نقطہ۔ (۴) پابند وقت : وقت کی پابندی کرنے والا : بر وقت : زمانی : بلاتاخیر : بغیر تاخیر کے۔ (۵) غیر قابل تجزیہ : لایتجزیٰ۔ (۶) آداب دان : پابند رسوم۔

Punctuality : (n) (۱) پابندی وقت : وقت کی پابندی : وقت شناسی : خوش قولی : عدم تکلف۔ (۲) نوکدار بنانے کی حالت: نقطہ داری : نقطہ گذاری : نکتہ داری : معنی داری۔

Punctually : (adv.) [Stem of med. L. 'Punctuare' .] وقت کی پابندی سے۔

Punctuate : (v) (۱) (تاریخ طبعی) نقطہ گذاری : نشان گذاری کرنا : اوقاف و اعراب لگانا : (جملے کو) اصولی طور پر علاحدہ کرنا۔ (۲) (مجازاً) دوران تقریر میں کلمۂ فجائیہ سے مخل ہونا۔ (۳) رکن پر تاکید لگانا ، زور دینا : نقطہ دینا : تشدید کرنا۔

Punctuated : (a) (۱) نقطہ دار : نقطہ گذاری شدہ۔ (۲) اعراب گذاری کا نشان لگایا ہوا۔

Punctuation : (n) [med. L. 'Punctuatio' .] (۱) نقطہ گذاری : اوقاف و اعراب : علامت اوقاف : اعراب یا اوقاف لگانا : اعراب نگاری : اوقاف نگاری۔ (۲) انقطاع : تاکید : مؤکد سازی۔ (۳) تجزیہ جملات و کلمات۔

Punctuative : (a) اوقافی : رموز اوقاف و اعراب سے متعلق ۔

Punctuator : (a) [med. L. 'punctuator' .] (۱) اوقاف لگانے والا : اوقاف و اعراب لگانے والا : نقطہ گذار : اعراب گذار: وہ شخص جو اعراب گذاری کے اصول کو اچھی طرح جانتا ہو ۔ (۲) (عبرانی قواعد) حروف علت اور دوسرے نقطوں کو تحریر میں لگانے والا : نقطہ گذاری کرنے والا۔

Punctulate /-d : (a) چتی دار : نقطہ دار : خال خالہ : نقطہ نقطہ ۔

Punctulation : (n) چتی ہونے کا عمل : خال خال ہونے کی حالت : نقطہ داری ۔

Punctule : (n) [L. 'punctulum ' .] (نباتیات ، حیوانیات) چھوٹا سا نقطہ یا بندی : نقطۂ کوچک : نقطۂ صغیر : خال ریز : سوراخ ریز ۔

Punctum /-ta : (n) [L. 'Punctus' .] (۱) (تاریخ ، طبیعیات ، مرضیات) نقطہ : خال : چتی : بندی : داغ : دھبا : رنگ کا دھبا ۔ (۲) (حیوانیات) ثقبہ ۔ (۳) نقطۂ نشیب : نقطہ فراز ۔ (۴) (دور وسطی کی موسیقی) ایک ایک کر کے ظاہر کرنے والا سُر ۔

Punctum / Punctum lachrymale / Lachraymal punctum : (n) آنسو کی نلکیوں کے دونڑہ برابر سوراخوں میں سے کوئی ایک ۔

Punctum saliens : (n) جنین میں دل کا پہلا سراغ (ذرہ کے طور پر ظاہر ہونے والا) ۔

Puncturation : (n) دیکھو Punctuation

Puncture : (n) [L. 'Punctura' .] (۱) چھیدنے کا عمل: چھید :سوراخ: پنکچر ۔ (۲) چھیدائی : برمائی ۔ (۳) نشان ، سوراخ یا زخم (سوراخ کرنے کی وجہ سے)۔ (۴)(حیوانیات) جوفہ : نخزہ : حضرہ ۔

Puncture : (v) (۱) چبھونا : سوراخ کرنا : چھیدنا : پنکچر کرنا ۔ (۲) چھید ہونا : پنکچر ہونا (سائیکل وغیرہ میں)؛ پنکچر سے سابقہ پڑنا (سوار کا) ۔ (۳) چھیدنا : بندھیا (خصوصاً جراحی میں) ۔ (۴) گودنا : (جسم کو) گود کر نقش بنانا ۔ (۵) (تاریخ طبعی) پنکچر کی طرح چھید یا نقطہ کا نشان لگانا ۔

Punctured : (a) سوراخ سوراخ : پنکچر شدہ : سوراخ شدہ : سوراخ دار ۔

Punctured wound : (n) (طب) نخزتی زخم ۔

Pundit : (n) [Hindi 'pandit'.] (۱) پنڈت : ہندو عالم :سنسکرت کا ماہر۔ (۲) (مزاحاً) فاضل یا مدرس ۔

Punditic : (a) پنڈت سے متعلق ۔

Punditry : (n) پنڈت کی تعلیم ۔

Pung : (n) [Shortened from 'tompung' .] (امریکا) ایک گھوڑے والی بے پہیوں کی گاڑی نیز برف پر چلنے کی بے پہیوں کی گاڑی :برف گاڑی ۔

Pung : (v) برف گاڑی میں چلنا یا پھسلنا : ایک گھوڑے والی گاڑی پر چلنا ۔

Pungency : (n) [f. Pungent.] (۱) حدت : تندی : تیزی : تند و تیزی : چڑچڑاپن : جھل ۔ (۲) دل آزاری : سوزداری : جگر خراشی : سوزناکی ۔ (۳) مشتعل کرنے والی یا ہیجان میں لانے والی بو : (نیز مجازاً)۔

Pungent : (a) [L. 'Pungens, -ent' .] (۱) چبھتا ہوا : نوکدار : تیز : نافذ : ثاقب : (اب صرف تاریخی طبعی میں) ۔ (۲)(مجازاً) (درد) تیز : سخت : شدید : تکلیف دہ ۔ (۳) (ہجو ، تنبیہ وغیرہ) چبھتی ہوئی : دل خراش : جگر سوز: سوز ناک ۔ (۴) چبھتا ہوا سوز دار (ذہنی طور پر) : شوق انگیز ۔ (۵) چرچرا : چرپرا : چرپری (بو) : چٹ پٹا : تیکھا : چھل دار ۔ (۶) (نباتیات) نوکدار : نکیلا : خاردار : گوشہ دار : نیش دار ۔

Pungently : (adv.) تیزی سے : تندی سے : دل آزاری سے : جگر سوزی سے۔

Pungentness : (n) تیزی : تندی : دل آزاری : جگر خراشی۔

Punic : (a) [L. 'punicus' .] (۱) کارتھیجی : کار تھیج یا اہل کار تھیج کی متعلق ۔ (۲) دغاباز : غدار : بے وفا: ناقابل اعتبار: دھوکا باز ۔

Punic : (n) کارتھیجی زبان (ایک سامی زبان ، فینشیا زبان کی شاخ جو عبرانی سے ملتی جلتی ہے) ۔

Punic apple : (n) انار ۔

Punic faith : (n) دیکھو Faith

Punic wars : (n) رومیوں اور کارتھیجوں کے درمیان کی تین لڑائی (۲۶۴ اور ۱۴۶ قبل مسیح) : کار تھیجی جنگیں ۔

Punica : (n) جنس انار ۔

Punica granatum : (n) (نباتیات) انار ؛ درخت انار ۔

Punicean : (n) (نباتیات) قرمزی ۔

Puniceous : (a) [f. L. 'Puniceus' .] قرمزی ؛ قرمز ارغوانی ؛ چمکیلی سرخ رنگ کا؛ سرخی مائل زرد رنگ کا ۔

Punish: (v) [ME. 'Punisse' .] (۱) سزا دینا ؛ ضرر پہنچانا ؛ مجازات کرنا ۔ (۲) عقوبت پہنچانا ؛ تعزیر کرنا ؛ بے دردی سے پیش آنا ۔ (۳) سیاست کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ تنبیہ کرنا ۔ (۴) جرمانہ کرنا؛ تاوان عائد کرنا ؛ جریمہ کرنا۔ (۵) (بول چال) (مکابازی میں حریف پر) ضرب شدید لگانا ۔ (۶) (دوڑ اور مقابلے میں) حریف کو تھکا دینا ۔ (۷) (کرکٹ میں کمزور گیند افگنی یا بالر کی کمزوری سے یا ٹینس میں کم زور حرب سے)پورا فائدہ اٹھانا ۔ (۸) کھانے پر دھاوا کرنا ؛ خوب کھانا ۔

Punishability : (n) قابلیت مجازات ؛ واجب التعزیر ہونا ؛ قابل سزا ہونا ۔

Punishable : (a) قابل سزا ؛ مجازات کے لائق ؛ سزا وار تنبیہ ؛ واجب التعزیر ؛ لائق عذاب ؛ مستحق سزا ؛ مستلزم تعزیر ؛ تنبیہی ؛ مجازاتی ؛ سزاوار کیفر ؛ مستوجب سزا۔

Punishableness : (n) دیکھو Punishability

Punishably : (adv.) تعزیراً ؛ سزا کے طور پر ؛ ازارہ عقوبت ؛ مجازات کے طور پر ۔

Punisher : (n) (۱) سرزنش کرنے والا؛ سزا دینے والا؛ عذاب دینے والا؛ تعزیر کن ؛ تنبیہ کنندہ ۔ (۲) (مکہ بازی کا عامیانہ) سخت ضرب لگانے والا ؛ وہ چیز جو سخت ضرب لگاتی ھے ؛ مشکل کام ؛ سخت کام ۔

Punishment : (n) [OFr. 'Punissement' .] (۱) (قانون) سزا ؛ عقوبت؛ عذاب ؛ سزا دینے کا عمل ۔ (۲) تعزیر ؛ مجازات ۔ (۳) سرزنش ؛ گوشمالی ؛ تنبیہ ؛ کیفر ۔ (۴) سیاست؛ عقوبت ؛ عتاب ؛ جریمہ نقدی ؛ مجازات نقدی ۔ (۵)پیٹنا ؛ ٹھوکنا ؛ سختی سے پیش آنا؛ بری طرح مارنا ۔ (۶) دکھ درد ؛ نقصان ؛ خسارہ (بغیر کسی مکافات کے)؛ تکلیف ۔

Capital punishment : (قانون) پھانسی ۔

Corporal punishment : (قانون) جسمانی سزا ۔

Punitive : (a) [Fr. 'Punitif' .] تعزیری ؛ عذابی ؛ کیفری ؛ جزائی ؛ تنبیہی ؛ عقوبتی ؛ مکافات کا ؛ سزا یا جزا کا ؛ انتقامی۔

Punitive court : (n) محکمۂ جزا ۔

Punitive expendition : (n) تعزیری مہم ۔

Punitive justice : (n) تعزیری عدل ؛ تعزیری انصاف ۔

Punitively : (adv.) تعزیری طور پر ؛ مکافاتی طور پر ۔

Punitiveness : (n) تعزیری ہونا؛ مکافاتی ہونا ۔

Punitory : (a) [med. L. 'Punitorious' .] تعزیری ؛ قصاصی ؛ کیفری۔

Punk : (n) [Origin Unkn.] (۱) (خاص کر امریکا)سڑی ہوئی لکڑی؛ خراب لکڑی ؛ فرسودہ چوبینہ ۔ (۲) لکڑی پر کی کائی (جو جلانے کے کام آتی ھے) ۔ (۳) دیکھو Touchwood. (۴) شتابہ جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ھے (ایک قسم کا آتش گیر مرکب) ۔ (۵) (سماجیات) قحبہ ۔ (۶) چینی لوبان ؛ عود وغیرہ ؛ چینی بخورات ۔

Punk : (a) بوسیدی ؛ سڑی ہوئی (لکڑی) ۔

Punk : (a) [Orig. U.S.] (۱) (عام) (کوئی چیز) بیکار ؛ ردی ۔ (۲) غیر اہم ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی ؛ ناچیز ؛ حقیر۔

Punk : (n) (۱) مزخرف چیز ؛ لغویات بات ؛ بیکار چیز ۔ (۲) (عام) (امریکا) ناپسند شخص ؛ ناشائستہ آدمی ؛ خصوصاً ہم جنس سے جنسی خواہش پورا کرنے والا شخص ۔

Pukah/ Punka : (n) [Hindi. 'Pankha' . Skr. Pakshaka' .] (۱) پنکھا (عموماً تاڑ کے پتوں کا بنا ہوا) ۔ (۲) بڑا حیوان پنکھا(جو کپڑے کو مستطیل فریم پر تان کر بناتے ہیں) ۔

Punkah-coolie/ -wallah : (n) پنکھا کش ؛ پنکھا کھینچنے والا ؛ پنکھا چلانے والا ۔

Punky : (a) بوسیدہ ؛ سڑی ہوئی (لکڑی) ۔

Punner : (n) [f. Pun. (v) .] (تعمیرات) درمٹ ؛ دھمّس ؛ سُبّل ۔

Punner-bar : (n) دھمس اور سابر ملا ہوا ۔

Punnet : (n) [dial . var. of Pound (n)] جھابا ؛ ٹوکری ؛ ڈلیا (پھل پھول کے لئے)۔

Punster : (n) ابہام گو ؛ تجنیس ساز ؛ ذو معنی گو ؛ضلع باز؛جگت باز ۔

Punt : (n) [L. 'Ponto'.] (۱) چوڑے پیندے کی اتھلی ناؤ جوایک لمبی بلی کو پانی کی تہ میں ٹکا کر چلائی جاتی ہے۔ (۲)دیکھو Pontoon .

Punt : (n) [Goes w. Punt (v)] (رگبی فٹ بال میں) کک مارنے کا عمل : زمین پر گرنے سے قبل کی ٹھوکر۔

Punt : (n) [short for Punty, Ponti.] (شیشہ سازی) دیکھوPontil

Punt : (n) شرط لگانے والا (تاش کے کھیل میں)۔

Punt : (v) [Fr. 'Ponter'.] (۱) (قماربازی میں) جوا کھلانے والے کے خلاف شرط بدنا : شرط لگانا (تاش وغیرہ کے کھیل میں)۔ (۲) (عام اور بول چال) گھوڑے پر شرط لگانا یا بدنا۔

Punt : (v) [f. Punt (n)] (۱) لمبی بلّی کو پانی کی تہ میں لگا کر کشتی کو کھینا : ناؤ کھینا یا چلانا۔ (۲) چوڑے پیندے کی اتھلی ناؤ میں بٹھا کر لے جانا (جسے لمبی بلی کو پانی کی تہ میں ٹکا کر کھینچتے ہیں)۔ (۳) (کنارے سے) کشتی بڑھا دینا : کشتی پر روانہ ہونا۔

Punt : (v) (رگبی فٹ بال میں) زمین پر گرنے سے قبل کک لگانا : زمین پر گرنے سے پہلے گیند کوٹھوکر مارنا۔

Punt about : (v) مشق ، مزاولت کے خیال سے فٹ بال کو ٹھوکریں لگانا۔

Punt-fisher : (n) پنٹ کشتی سے مچھلی کا شکار کرنے والا۔

Punt-fishing : (n) پنٹ کشتی سے مچھلی کا شکار۔

Punt-gun : (n) پنٹ کشتی سے دریائی پرند کا شکار کرنے والی بندوق۔

Punt gunner : (n) دریائی پرندوں کو بندوق سے شکار کرنے والا۔

Punt gunning : (n) دریائی پرند کا بندوق سے شکار۔

Punt pole : (n) وہ بلّی جس کو پانی کی تہ میں ٹکاکر کشتی کو کھیتے ہیں۔

Punter : (n) (۱) جوا کھلانے والے کے خلاف شرط لگانے والا : قمار باز۔ (۲) گھوڑوں پر شرط لگانے والا چھوٹا پیشہ ور نیز اسٹاک اور حصص پر جوا کھیلنے والا۔

Punter : (n) Punt کشتی پر مچھلی کا شکار کرنے والا۔

Punto : (n) [L. 'Punctum'.] (شیشہ سازی) دیکھو Pontil

Punto : (n) [Sp. 'Punto'.] (تاش) رنگ کا یکّہ (جب رنگ اینٹ ہو)۔

Punty /Ponty : (n) [Fr. 'pontil'.] (۱) (شیشہ گری میں) سلاخ شیشہ گری : لوہے کی سلاخ (شیشے کے پیندے کو تھامے رکھنے کے لئے)۔ (۲) شیشہ گر۔ (۳) شیشہ پر آرائش کے لئے چھوٹا دائرہ نما یا بیضاوی اتھلا نشان۔

Punty-iron /-rod : (n) سلاخ شیشہ گری۔

Puny : (a) [Phonetic spelling of Puisne.] (۱) معمولی : چھوٹے قد کا : چھوٹا : کمزور : ادنیٰ : ضعیف : لاغر : ناتواں : نحیف الجثہ۔ (۲) منحنی۔ (۳) کم رتبہ : حقیر : ذلیل۔ (۴)(خصوصاً انسان اور جانور) کوچک : کوتاہ قد : بے اہمیت۔

Puny : (n) (۱) غیر تجربہ کار شخص : مبتدی : نو آموز : تازہ کار۔ (۲) معمولی شخص : کم درجے کا آدمی : کم اہمیت رکھنے والا شخص۔

Pup : (n) [Back-formation from Puppy.] (۱) پلاّ (کتے کا) : پلاّ (شیر ، چیتے ، بھیڑیے وغیرہ کا)۔ (۲) سگ ماہی کے بچہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

In pup : (کتیا) حاملہ : گابھن : گیابھن۔

Conceited pup : خود پسند یا خود بین نوجوان یا لڑکا۔

To sell(anyone) a pup : فریب دینا : دھوکا دینا : ٹھگنا : دھوکے سے بیچنا (خصوصاً آئندہ کے نفع کی امید پر)۔

Pup : (n) (عام) Pupil کا مخفف۔

Pup : (v) [Shortened f. Puppy (v).] بچے دینا : بیانا : جھول نکالنا۔

Pupa/ -ae : [mod. L.] (۱) کیڑے کی پیدائش کی تیسری حالت : پہل روپ اور اتم روپ کی درمیانی حالت : منجھروپ : پیوپا : تیتری ، پتنگے وغیرہ کی پر نکلنے سے پہلے کی حالت : پیلہ۔ (۲) منجھروپ کا خول : پیلے کا خول۔ (۳) (مجازاً) ارتقائی حالت۔

Pupa-case : (n) منجھروپ کا شاخدار خول۔

Pupal : (a) منجھروپی : پیوپی۔

Puparium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) پیوپادان۔

Pupate : (v) منجھروپ ہونا : منجھروپی رونا۔

Pupation : (n) منجھروپ کا بن جانا : منجھروپاپن ۔

Pupiform : (a) پیوپا شکل : منجھروپ نما ۔

Pupigerous : (a) [f. Pupa.] (۱) منجھروپ دار : پیو پا رکھنے والا ۔ پر کسی شاگرد کو تیار کرنا ۔

Pupil : (n) [Fr. 'Pupille.'] (۱) کم سن یتیم (سول اور اسکاچستانی قانون میں) : نابالغ : کم سن (جو کسی اور کی سرپرستی میں تعلیم پاتا ہو) ۔ (۲) تلمیذ : شاگرد: طالب علم : چیلا : دانش آموز : مرید : مقلد : پیرو ۔

Pupil : (n) [Fr. 'Pupille'.] مردمك : مردم چشم : پتلی : حدقته العین : آنکھ کی پتلی ۔ (۲) (مجازاً) دیدہ کا مرکزی سیاہ داغ ۔

Pupil load : (n) بار شاگرد : افراط شاگرد ۔

Pupil teacher : (n) متعلم استاد : شاگرد معلم: شاگرد مدرس (وہ طالب علم جو خود بھی پڑھتا ہو اور دوسروں کو بھی پڑھاتا ہو) : زیر تربیت معلم ۔

Pupil(l)age : (n) (۱) نابالغی : کم سنی : صغیر سنی ۔ (۲) کسی ملك یا کسی زبان کی عدم بلوغ کی حالت : طالب علمی : شاگردی : تلمیذی : تلمذ : دورۂ شاگردی : مرحلۂ شاگردی ۔ (۲) شاگردی یا اسکالر کی حالت ۔

Pupilage : (n) زمانہ شاگردی : شاگردی کا زمانہ : نابالغی کا زمانہ: کم سنی : صغر سنی ۔

Pupilar / Pupillar : (a) خرد سالی : صغر سنی : شاگردی : نابالغ کا یا اس سے متعلق : زیر تلمذ : اسکالر یاشاگرد سے متعلق ۔

Pupilar / Pupillar : (a) آنکھوں کی پتلی سے متعلق : حدقی : مرد کی : بوبوالعینی ۔

Pupilarity / Pupillarity : (n) [Fr. 'pupillarite'.] (اسکاتستانی قانون) بلوغیت سے قبل کا زمانہ : نابالغی ۔

Pupi(l)ary : (a) [Fr. 'Pupillaire'.] خر دسالی :صغر سنی : شاگردی: نابالغ کا یااس سے متعلق : زیر تلمذ : اسکالر یا شاگرد سے متعلق ۔

Pupil(l)ary : (a) [f. L. 'Pupilla'.] آنکھوں کی پتلی سے متعلق : حدقی : مردمکی : بوبوالعینی ۔

Pupil(l)ary reflex : (n) (نفسیات) حدقی اضطرار ۔

Pupil(l)ize : (n) تعلیم دینا : شاگرد بنانا : امتحان کے لئے خانگی طور

Pupillometer : (n) آنکھوں کی پتلی کا قطر ناپنے کا آلہ ۔

Pupilloscope : (n) (بصریات) حدقہ بین : مردمك بین ۔

Pupilship : (n) شاگردی : تلمذ ۔

Pupipara : (n) [mod. L.] (حشریات) دوپرہ حشرات جن کے بچے منجھروپ میں ہوتے ہیں ۔

Pupiparous : (a) (حشرات) منجھروپ آفریں : بہروپ آفریں : پیوپازا ۔

Pupivora : (n) [mod. L.] (حشریات) ایك قسم کا علقی کیڑا ۔

Pupivore : (n) علقی کیڑوں میں سے ایك ۔

Pupivorous : (n) علقی کیڑوں سے متعلق ۔

Pupoid : (a) دیکھو Pupiform

Pupped : (n) دیکھو Pup (v)

Puppet : (n) [Later f. Poppet.] (۱) گڑیا : کٹھ پتلی ۔ (۲) (مجازاً) وہ شخص جو دوسروں کے اشارے پر چلتا ہو ۔ (۳) کٹھ پتلی کے کھیل میں انسانوں کے اشاروں میں سے کوئی ایك ۔(۴) کسی شخص (خصوصاً عورت) کے لئے پر حقارت اصطلاح ۔ (۵) خراد کاسرا ۔ (۶) سیاسی یاسرکاری افسر جو خود بااختیار ہو لیکن دوسرے کے اشارے یا حکم پر کام کرتا ہو ۔

Puppet-clack : (n) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر نہیں ہوتا بلکہ اس کو کھولنے کے لئے اسے پورا اٹھانا پڑتا ہے : ٹھس کھلمندن : پتلی والو ۔

Puppet government : (n) کٹھ پتلی حکومت : حکومت دست نشاندہ: وہ حکومت جو کسی طاقت کے اشارے پر عمل کرتی ہو ۔

Puppet-play : (n) کٹھ پتلی کا ناٹك : پشت پردہ کھیل ۔

Puppet player : (n) کٹھ پتلی کا ناٹك کرنے والا : پسِ پردہ کام کرنے والا ۔

Puppet-show : (n) کٹھ پتلی کا تماشا : کھیل ۔

Puppet-valve/ Poppet- : (n) وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر نہیں ہوتا بلکہ اس کو کھولنے کے لئے اسے پورا اٹھانا پڑتا ہے : ٹھس کھلمندن : پتلی والو ۔

Puppeteer : (n) کٹھ پتلیوں کا تماشا دکھانے والا ۔

Puppeteer : (v) کٹھ پتلیوں کا تماشا دکھانا۔

Puppetry : (n) (۱) نمائش : تظاہر : تماشا : بازی گری : کٹھ پتلیوں کا تماشا ۔ (۲) ریا : تصنع : بناوٹ : دست نشاندگی : سوانگ : بہروپ : مضحکہ خیز رسم ۔ (۳) افسانہ میں غیر حقیقی کردار ۔

Puppy : (n) [OFr. 'popee'.] (۱) پلا (خصوصاً کتے کا) ۔ (۲) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی : سگِ ماہی کا بچہ ۔ (۳) کودن : خود پسند : بے مغز انسان : نادان : نمودیا ۔ (۴) چھیلا : رنگیلا : چھبیلا : وضع دار : بانکا : اکڑ دکھانے والا ۔ (۵) مچھلی کے شکار کے لئے ایک سفید تسلا۔

Puppy : (v) (کتیا کا) بچہ دینا : بیانا ۔

Puppy-fat : (n) بچوں اور نوجوانوں کا عارضی مٹاپا ۔

Puppy good : (n) (۱) پلاپن : سگ بچگی : تولہ سگی ۔ (۲) خود سازی ۔

Puppydom : (n) (۱) پلاپن : سگ بچگی : تولہ سگی ۔ (۲) خود سازی۔

Puppyish : (a) پلا سا : سگ بچہ صفت ۔

Puppyism : (n) خود سازی : خود نمائی : محبت احمقانہ : خود پسندی : کودن پن : چھیلا پن : رنگیلا پن ۔

Pur- : [L. 'Por- '.] سابقہ بمعنی " واسطے" "بوجہ" "بجائے" ۔

Pur sang : (a) [Fr.] خالص : کامل : سر تاسر : تمام و کمال ۔

Purana : (n) [Skr. 'purena'.] (۱) (سنسکرت) پُران : ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جس میں وید کے مسائل کو تمثیلی قصوں اور کہانیوں سے واضع کیا گیا ہو ۔ (۲) قدیم : پرانا ۔

Puranic : (n) پُران سے متعلق ۔

Puranic : (n) پُران میں یقین رکھنے والا ۔

Purbeck : (n) جزیرہ نمائی پوربک جو ڈراسیٹ (Dorset) پر واقع ہو۔

Purbeck : (a) جزیرہ پوربک کا یا اس سے متعلق ۔

Purbeck beds : (n) (ارضیات) سلسلۂ جزیرۂ پوربک کے تین طبقے ۔

Purbeck marble : (n) پوربکی مرمر : ایک قسم کا عمدہ اور نفیس سنگ مرمر ۔

Purbeck stone : (n) پوربکی پتھر : یہ ایک قسم کا سخت کلسی پتھر ہے جو جزیرہ نمائی پوربک سے آتا ہے ۔

Purblind : (a) [Orig. 'pur (e) blind'.] (۱) چندھا : نیم کور : ضعیف البصر : نزدیک بیں : کور چشم : تار چشم : نابینا۔ (۲) (مجازاً) بے وقوف : کودن : کند ذہن : بے حس : بے وقوف : تنگ خیال : تنگ نظر : کم فہم : کور باطن ۔

Purblind : (v) چندھیانا : نیم کور کرنا : نیم چشم کرنا: فریب نظر کرنا: تنگ نظر کرنا : کوتاہ بیں کرنا ۔

Purblindness : (n) (طب) نیم کوری : تار چشمی : چندھاپن : تنگ نظری : کوتاہ بینی : بے حسی : کودن پن ۔

Purchasable : (a) قابل خرید : جو خریدا جا سکے : خریدنے کے لائق ۔

Purchase : (n) [OFr. 'Porchas'.] (۱) خرید : خریداری : خریدنے کا عمل ۔ (۲) (تاریخ) فوج میں کمیشن کی خرید :کمیشن کی ترقی یا بحالی میں رقم کی ادائی ۔ (۳) سودا (مول لی ہوئی چیز) : وہ چیز جو خریدی جائے یا قبضہ میں کی جائے ۔ (۴) زمین کی سالانہ آمدنی : زمین کی سالانہ پیداوار۔ (۵) (قانون) زر خرید : جائداد زر خرید : زر خرید جائداد ۔ (۶)میکانکی فائدہ یا سہولت : (میکانیات) میکانی مفاد : بیرم کا فعل : بیرم سے کام لینے کا طریقہ ۔ (۷) (مجازاً) اثر : قوت : رسوخ ۔ (۸) آلہ یا ترکیب (جس سے قوت میں اضافہ ہو) : (خصوصاً بحری) رسا : چرخی وغیرہ: (میکانیات) مفادی آلہ ۔ (۹) (معاشیات) خرید ۔ (۱۰) (مجازاً) وہ ذرائع جن کے ذریعہ اثر یا اختیارات بڑھ جاتے ہیں ۔ (۱۱)شکار : صید : (مجازاً)غارت : کوشش : مجاہدت ۔ (۱۲) وسیلہ تحصیل مال ۔

At so many years' purchase : زمین کی اتنی سالانہ پیداوار یا آمدنی پر۔

Double-purchase pully : (میکانیات) دو بیرمی چرخی ۔

Life is not worth an hour's purchase : (مجازاً) زندگی ایک گھنٹے کے لئے بھی قابل و ثوق نہیں ہے ۔

Original purchase : (معاشیات) اصلی خرید : اصل قیمت ۔

Single- purchase pully : یک بیرمی چرخی ۔

Treble -purchase pully : سر بیرمی چرخی ۔

Purchase : (v) [AFr. 'purchacer'.] (۱) خریدنا : مول لینا : قیمت پر حاصل کرنا : خریداری کرنا۔ (۲) حاصل کرنا : پانا (آزادی ، فتح، اپنے ایثار یا قربانی سے) : کسب کرنا : اکتساب کرنا۔ (۳) (بحری) کھینچنا : گھسیٹنا (لنگر ، چرخی یا بیرم کے ذریعہ سے)۔ (۴) (قانون) (جائداد ، خصوصاً زمین) حاصل کرنا : قبضہ کرنا۔

To purchase a writ : (عدالت سے) حاصل کرنا : نافذ کرنا : رٹ حاصل کرکے جاری کرنا : عمل کا آغاز ہونا۔

Purchase-money : (n) قیمت خرید : زر ثمن : زر خرید۔

Purchaser : (n) [AFr. 'Purchasour'.] (۱) (قانون) وہ شخص جو کسی طریقے سے زمین یا جائداد پر قبضہ کرتا ھے یا حاصل کرتا ھے۔ (۲) خریدار : خریدنے والا : مول لینے والا : کاسب : بائع۔

Purchasing agent : (n) خرید ایجنٹ : عامل خرید : مسئول خرید۔

Purchasing power : (n) (معاشیات) قوت خرید۔

Theory of purchasing power parity : (معاشیات) نظریۂ مساوات قوت خرید۔

Purdah : (n) [Urdu and Pers 'Pardah'.] (۱) پردہ : چلمن۔ (۲) پردوں کا دھاری دار سامان۔ (۳) (مجازاً) پردہ نشینی۔

Pure : (a) [Fr. 'Pur'.] (۱) خالص : غیر مخلوط : بغیر ملاوٹ کے : بے آمیزش : بے آلائش : بے آلودگی : بے میل : پاک صاف : ناب : طاہر : (کیمیا) خالص : بے داغ۔ (۲) (موسیقی) سُر تال کے ساتھ : موزوں : (آواز) صاف : (سُر میں) مناسب۔ (۳) غیر مخلوط (نسل کا) : خالص : پاک خون والا : ہم جنس : ہم نوع : ہم قسم : یك رنگ : یکساں۔ (۴) نرا : پورا : بالکل : سراسر : عالی : خوب۔ (۵) مخلص : بے خطا : سچا : کامل : بے غل و غش۔ (۶) معصوم : پاکدامن : پاکیزہ : باعصمت : صاحب عفت : عفیف : بے عیب : عاصم : پارسا : پرہیز گار : محتاط۔ (۷) (صرف و نحو) (حرف علت) ماقبل حرف علت : (مادہ) حرف علت پر ختم ہونے والا : (حرف صحیح) بلا دیگر حرف صحیح۔ (۸) نظری : اصولی (علوم میں) : عقلی : فرضی : مبنی برفرضیات۔ (۹) (دینیات) معصوم : (طب) غیر عملی۔ (۱۰) (دینیات) غیر مشروط : بلا قید۔ (۱۱) اس طالب علم کے متعلق کہا جاتا ھے جو ایك ہی مضمون لیتا ھے : خالص موضوع : نظری موضوع۔ (۱۲) (منطق) قیاس منطقی : صغریٰ کبریٰ سے نتیجہ نکالا ہوا۔ (۱۳) صاف : سیدھا : محض : خالص : صرف : فقط۔ (۱۴) صحیح : درست : غیر آلودہ : غیر نجس : اچھوتا : بے چھوت : جو خراب نہ ہوا ہو : بے رشوت۔ (۱۵) بے قصور : بے ریا : بے خطا : سیدھا سادہ : بھولا بھالا غیر عیار۔

A virgin pure : باکرۂ پاکدامن۔

His taste was severe and pure : اس کا مذاق دشوار پسند اور خالص تھا۔

Pure : (adv.) خالص طور پر : مطلقاً : بالکل : تمام تر : سراسر : سرتاسر : معمولی طور پر : سیدھے طور پر : باعصمت طور پر : پاکدامنی سے : معصومیت کے ساتھ۔

Pure : (v) [med. L. 'purare'.] (دباغت) چمڑے کو صاف کرنا : پالش کرنا (چمڑے کو)۔

Pure : (n) (اسکاٹستان) Poor کا متبادل۔

Pure and simple : (a) صاف : صاف و سادہ : سیدھا سادہ : محض : خالص : صرف : فقط : واضح : بالکل : مطلق : نرا : غیر پابند۔

Pure art : (n) خالص ہنر : خالص فن۔

Pure blood / -blooded : (a) غیر مخلوط : پاك نژاد : اصیل۔

Pure blood : (n) پاك نژاد شخص : اصیل جانور۔

Pure bred : (a) دیکھو Pure blood

Pure bred : (n) دیکھو Pure blood

Pure economics : (n) (معاشیات) معاشیات نظری۔

Pure experience : (n) فوری ادراك : خالص تجربہ۔

Pure forest : (n) وہ جنگل جس میں اسی (۸۰) فی صد درخت ایك ہی جنس کے ہوں۔

Pure gold : (n) طلائے ناب : خالص سونا۔

Pure line : (n) (نباتیات) نسل خالص۔

Pure literature : (n) ادبیات خالص۔

Pure madness : (n) (طب) جنون مطلق۔

Pure Mathematics : (n) نظری ریاضی : اصولی ریاضیات۔

Pure premium : (n) خالص پریمیم ۔

Pure reason : (n) (فلسفہ ، تعلیم) عقل محض ۔

Pure sciences : (n) علوم فرضی : علوم عقلی ۔

Puree : (n) [Fr. 'Purer' .] سبزی : گوشت یا مچھلی وغیرہ کا شوربہ: گوشت مچھلی وغیرہ کی یخنی : نیز وہ موٹی فطیر (لپٹی وغیرہ) جو پکے ہوئے پھل سبزی وغیرہ کے چھاننے سے بنے ۔

Purehearted : (a) بے ریا : بے غل و غش : صاف دل ۔

Purely : (adv.) دیکھو Pure (adv.)

Pureness : (n) خلوص : صفائی : پاکی: اخلاص : پاکدامنی : عصمت: طہارت : پاکیزگی ۔

Purfle : (n) [OFr. 'Porfil , f. porfiler' .] حاشیہ : باڈر : سنجاف : گوٹ : مغزی : کناری : بیل : فیتہ : حاشیہ دوزی : زری بافی : زر دوزی ۔

Pufle : (v) [OFr ' Purfiler' .] (۱) فیتہ یا حاشیہ لگانا : حاشیہ دوزی کرنا : زری دوزی کرنا : منبت کاری کرنا ۔ (۲) لباس کو حاشیہ بیل بوٹے سے آراستہ کرنا ۔ (۳) مکان کو کنگروں وغیرہ سے آراستہ کرنا : خوبصورت بنانا ۔ (۴) سجانا : آراستہ کرنا : خوبصورت بنانا ۔

Purfled : (a) آراستہ : مزیّن : زر دوزی کیا ہوا : حاشیہ دار ۔

Purfling : (n) (۱) آراستگی : حاشیہ لگانا : کشیدہ کاری: زردوزی۔ (۲)(خصوصاً) سارنگی ، ستار وغیرہ کی پشت اور شکم کا حاشیہ ۔

Purga : (n) [Russ. f. Karelian 'Purgu' .] طوفانِ برف ۔

Purgation : (n) [L. 'Purgatio' .] (۱) تطہیر : تصفیہ : پاک سازی : پالایش : (دینیات) تطہیر : تزکیہ (روحانی) ۔ (۲) (جسمانی) تنقیہ : جلاب : اسہال : تنقیح ۔ (۳) (خصوصاً کلیسائے رومی میں) اعراف میں روحوں کا تنزکیۂ با طن ۔ (۴) (تاریخ) حلف یا ابتلا کے ذریعہ اپنے کو شبہ یا الزام سے بری کرنا۔ (۵) (قانون) حلفی بَریّت ۔ (۶) برائت : اثبات بے گناہی ۔

Canonical purgation : کلیسا میں قسم کھا کر اتہام سے بری ہونے کا عمل ۔

Vulgar purgation : جنگ کے ذریعہ اتہام سے برائت ۔

Purgative : (a) [late L. 'Purgativus' .] (۱) (طب) جلاب : مسہل : ملین (دوا) : دست آور ۔ (۲) پاک کنندہ : تطہیری ۔ (۳) اتہام سے بری کرنے والا ۔

Purgative : (n) مسہل دوا : ملین دوا : صاف کرنے والا ۔

Purgative pill : (n) حبّ مسہل ۔

Purgative way : (n) تزکیۂ نفس : تطہیر روحانی ۔

Purgatively : (adv.) مسہل طور پر : ملین انداز میں ۔

Purgativeness : (n) مسہل یا ملین ہونے کی خاصیت ۔

Purgatorial : (a) [f. late L. 'Purgatorius' .] اعرافی : مطہری : تطہیری : تزکیۂ نفسی : بر زخی ۔

Purgatory : (n) [AFr. 'Purgatorie' .] (۱) (کلیسائی رومی) وہ مقام جہاں روحیں گناہ صغیرہ سے پاک کی جاتی ہیں ۔ (۲) عارضی تکلیفوں کا مقام : مقام کفارہ : تلافی: کفارہ ۔ (۳) برزخ : اعراف : المطہر ۔ (۴) (امریکا) غار : کھوہ : کہف : گپھا ۔ (۵) پرتگاہ یا درۂ عمیق: کھنائی ۔

Purgatory : (a) [late L. 'Purgatorius. '] تطہیری : پالائشی :(دینیات) مطہر : پاک کرنے والا ۔

Purgo : (n) [Fr. 'Purge' .] (۱) مسہل دوا : جلاّب ۔ (۲) (سیاسیات) اخراج (پارٹی سے) ۔ (۳) پاک سازی : تصفیہ : تنقیہ: تطہیر ۔

Pride's purge : (برطانیہ) لانگ پارلیمنٹ Long Parliament) سے کرنل پرائڈ اور دوسرے اراکین کا اخراج (۶ دسمبر ۱۶۶۸ء میں) ۔

Purge : (v) [L. 'Purgare' .] (۱) پاک کرنا : صاف کرنا ۔ (۲)(جسمانی طور پر) صاف کرنا ۔ (۳) (روحانی طور پر) پاک کرنا : تزکیۂ نفس کرنا : تطہیر کرنا ۔ (۴) جلاب دینا : مسہل دینا : منضج دینا : پیٹ صاف کرنا : خالی کرنا (پیٹ وغیرہ) ۔ (۵) (کسی شخص کو یا اپنے کو) الزام سے پاک کرنا : شک وشبہات سے بری کرنا : بے جرم و بے گناہ ٹھہرانا ۔ (۶) (قانون) بری کرنا : رہا کرنا ۔ (۷) خالی کرنا : بالکل ختم کر دینا ۔ (۸)کفارہ دینا : کفارہ ادا کرنا: بھگتان بھگتنا : تاوان دینا ۔ (۹) مٹا دینا : بر باد کرنا : نیست و نابود کر دینا (بد عنوانی، لغزش ، شك و شبہات) ۔ (۱۰) کسی پارٹی یا جماعت

سے نکالنا : خارج کرنا۔

Purgeable : (a) قابل تطہیر : تزکیہ کے لائق : قابل اسہال۔

Purger : (n) مسہل : تطہیر کنندہ : پاک و صاف کرنے والا۔

Purgery : (n) [Fr. 'Purgerie'.] شکر ، چینی صاف کرنے کا کمرہ۔

Purging : (n) عمل تطہیر : اسہال کا عمل۔

Purging : (a) مسہل : وہ جو صاف کرتا ہو۔

Purging cassia : (n) (نباتیات) فُلوس : املتاس۔

Purging croton : (n) کرچلک ہندی : ایک قسم کی جھاڑی یا درخت جو جزائر شرق الہند میں پائی جاتی ہے۔

Purging flax : (n) ایک قسم کی یوروپی جھاڑی۔

Purging house : (n) دیکھو Purgery

Purgery nut : (n) (نباتیات) باگ بھرنڈا۔

Puri : (n) ['Hindi'.] پوری : تلی ہوئی روٹی (جس میں دال ، آلو وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں)۔

Purificant : (n) [L.] عامل تصفیہ : عامل تخلیص۔

Purification : (n) [L. 'Purificatio'.] (۱) تنقیہ : تزکیہ : تصفیہ : تنقیح۔ (۲) صفائی : پاکی : پاکیزگی : تطہیر : طہارت (خصوصاً شریعت موسوی کے مطابق زچہ کی طہارت) طہر : غسل۔ (۳) براءت : گناہ سے براءت : پاک سازی۔ (۴) خالص سازی۔

The purification of St. Mary (of our lady) / The purification : تطہیر مریم عذرا۔

Purificator: (n) (کلیسا) وہ صافی یا کپڑا جس سے رسم کے ناخن اور ہونٹ اور عشائے ربانی کے برتن وغیرہ صاف کئے جاتے ہیں۔

Purificatory : (n) [med. L. 'Purificatorium'.] تطہیر کا عمل۔

Purificatory : (a) [late L. 'Purificatorius'.] تطہیری : پاک سازی: پالائشی : طہارتی : تنقیحی۔

Purifier : (n) (۱) (کیمیا) آلۂ تطہیر۔ (۲) مصفی : صاف کرنے والا :

پاک ساز۔

Puriform : (a) [f. L. pus, pur + -Form.] (مرضیات) چرک دار : چرک مانند : ریم مانند : مواد سا۔

Purify : (v) [L. 'purificare.'.] (۱) صاف کرنا : پاک کرنا : تطہیر کرنا : طاہر کرنا : تصفیہ کرنا : تزکیۂ نفس کرنا۔ (۲) دھونا : غسل دینا : غسل کرنا : میل دور کرنا : میل اترنا۔ (۳) شرعی طور پر تطہیر کرنا : پاک ہونا : صاف ہونا۔

Purim : (n) [Heb.] یہودیوں کا تہوار جو ہامانی سازش کی شکست کی یادگار میں منایاجاتا ہے۔

Purine : (n) [G. 'Purin', f. L. 'Purum'.] (کیمیا) ایک سفید بلوری اساسی مادہ ($C_5H_4N_4$) : پیورائن۔

Purism : (n) [Fr. 'Purisme'.] (لسانیات) خالص زبانیت : زبان کا صحیح استعمال : زبان کی صفائی کی سختی سے پابندی : زبان کی صفائی میں غلو۔

Purist : (n) [Fr. 'Puriste'.] (۱) پابند صحت و صفائی (خصوصاً زبان کے معاملے میں) : حامیٔ خالص زبان : جو شخص زبان کی صفائی کا سختی سے پابند ہے یا اس میں مبالغہ کرتا ہے : خالص زبان استعمال کرنے والا۔ (۲) موشگاف۔ (۳) وہ شخص جو اس کا حامی ہو کہ نامۂ عتیق خالص یونانی زبان میں لکھا ہوا تھا۔

Puristic- /-al : (a) طرفدار خالص زبانیت : صفائی پرستانہ۔

Puritan : (n) [mod. L. 'Puritari'.] (۱) (تاریخ) پیورٹین : انگلستانی پروٹسٹنٹ فرقے کا رکن جو اصلاح کلیسا کو کافی نہ جانتا تھا بلکہ غیر صحیفی اور تحریف شدہ رسوم کی تنسیخ کا طالب تھا۔ (۲) کسی غیر مذہبی صداقت پرست فرقے کا رکن۔ (۳) اخلاق و مذہب میں سخت محتاط : اخلاق و مذہب میں ذرا ذرا سی بات کا خیال رکھنے والا : سخت محتاط۔ (۴) کٹر عیسائی : (دینیات) پابند شرع۔ (۵) کسی مذہبی فرقے یا جماعت کا رکن جو خالص عقیدہ کا حامی ہو۔

Puritan : (a) (۱) پیورٹین سے متعلق۔ (۲) مذہبی معاملات میں سخت۔

Puritanic : (a) فرقۂ پیورٹین سے متعلق : پیورٹین صفت۔

Puritanical : (a) دیکھو Puritanic

Puritanically : (adv.) پیورٹین لوگوں کے طریقے پر : سخت احتیاط سے۔

Puritanism : (n) کٹر عیسائیت : پابندیٔ شرع : نظام پیوری ٹن: مذہب پیورٹین : انتہا درجہ کی احتیاط (مذہبی و اخلاقی معاملات میں) : اصول پیورٹین ۔

Puritanize : (v) (۱) پیورٹین کی طرح عمل کرنا : مذہب پیوری ٹن اختیار کرنا ۔ (۲) پیوری ٹن بنانا ۔

Puritanizer : (n) پیوری ٹن بنانے والا : پیوری ٹن کی طرح عمل کرنے والا ۔

Purity : (n) [Fr. 'Purete' .] (۱) (جسمانی) صفائی :پاکیزگی : پاکی : خالصیت ۔ (۲) خالص ہونے کی حالت : پاکی : پاکیزگی: نزہت : لطافت : نفاست : طہارت ۔ (۳) عفت : عصمت : پاکدامنی : پاک دامانی : بے گناہی : بے آلائشی : معصومیت۔ (۴) خلوص : صفائی باطن : اصالت : پاکی نژاد ۔

Purkinjean: (a) [f , name of J. B. Purkinje , Bohemian Physiologist.] (تشریح و عضویات) پورکنجہ : پور کنجی سے متعلق ۔

Purkinjian capsules : (n) پور کنجی کیپسول(دانت جوڑنے کے لئے) ۔

Purkinjean vesicle : (n) بیضہ کا مرکزی حصہ ۔

Purkinje's cells : (n) دماغ کے بیرونی تہ کے خلیے ۔

Purl : (n) [Origin Unkn.] (۱) چاندی ، سونے کا تار: کلا بتو : زری ۔ (۲) زری یا کلابتو کے کنارے یا سنجاف کا ہر ایک حصہ : جھالر ۔ (۳) حاشیہ : کنارہ : ٹانکے کی تقلیب۔

Purl : (n) [A kin to Purl .] پانی کی چھل چھل : زمزمۂ آب : صدائے شرشر (چشمے کی طرح) ۔

Purl : (n) [Origin Unkn.] (تاریخ) بیر شراب اور جن کا مرکب : شروب مالٹ : مشروب شعیرہ ، اسے Dog's nose بھی کہتے ہیں ۔

Purl : (n) (عامیانہ اور بول چال) زور سے گرنا: اڑا اڑا دھم : پچھاڑ : پٹخنی : الٹ دینا ۔

Purl : (v) [f. Purl. (n).] فیتہ لگانا : حاشیہ لگانا : سنجاف ، کور یا چین لگانا : بیل وغیرہ کا لگنا : کلابتو دوزی کرنا ۔

Purl : (v) [Prob. imit.] (۱) (پانی ، ندی ، نالوں کا) چھل چھل کر کے بہنا : پانی کا چکر کھانا : بھنور پڑنا : (پانی کا) شرشر کرنا ۔ (۲) دیکھو Herrick ۔

Purl : (v) (۱) (بول چال) الٹ پلٹ کرنا یا ہونا : درہم برہم کرنا یا ہونا : نیچے اوپر کرنا یا ہونا ۔ (۲) گردش کرنا : حلقہ باندھنا : گرداب کی طرح چکر کھانا : گھوڑے کی طرح چکر لگانا ۔

Purl house : (n) میخانہ : مشروب یا شعیرہ بیچنے کی جگہ ۔

Purler : (n) (بول چال) ضرب : دھکا (جس سے آدمی سر کے بل جا پڑے) ۔

Purler : (n) (۱) حاشیہ دوز : کلابتوں دوز : کنارہ دوز : حاشیہ آرائش کرنے والا ۔ (۲) چرخش : حلقہ زنی ۔

Purlieu : (n) [OFr. 'pouralee' .] (۱) شاہی جنگل کا حاشیہ : وہ زمین جو شاہی جنگل کے کنارے پر واقع ہو : وہ زمین جو کبھی شاہی جنگل کا جزو ہو مگر اب بھی "قانون جنگلات" کے تابع ہو ۔ (۲) حدود : مقررہ گشت ۔ (۳) (جمع) اطراف و جوانب : نواح : سواد : سرحد (لفظاً و مجازاً) ۔ (۴) گندی گلی : گندہ اور غلیظ محلہ ۔ (۵) استراحت گاہ : گردش گاہ : تفریح گاہ : شکار گاہ ۔

Purleiu-man/ Purley- : (n) حدود جنگل کا مالک ۔

Purlin : (n) [In . AL. 'Perlio' .] (تعمیرات) کش : پکھاڑی : شہتیر جو چھت کی لمبائی میں خاص کڑیوں پر لگی ہوئی ہو اور جس پر دوسری کڑیوں اور تختوں کا سہارا ہو ۔

Purloin : (v) [AFr. 'Purloigner' .] چوری کرنا : چرانا : سرقہ کرنا : اچک لے جانا : لے بھاگنا ۔

Purloiner : (n) سارق :سرقہ کرنے والا : چور : چرانے والا : دزد ۔

Puro- : [comb. f. L. 'Pur-' .] جزو ترکیبی بمعنی "چرک" ۔

Purparty : (n) [AFr. 'Purparlie' .] (قانون) حصہ : شریک کا حصہ (خصوصاً وراثت میں) : مقدار ۔

Purple : (a) [OE. (late Northumb.) 'purple' .] (۱) ارغوانی : اودا : بینجنی : سوسنی ۔ (۲) بادشاہ یا قونصل یا کارڈینل کے ارغوانی لباس سے متعلق۔ (۳) خون کا رنگ ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ھے : سرخ : خون جیسا ۔ (۴) (بدیع) شاندار : تیز : زرق برق : بھڑکیلا : نمائشی : مسرور : خوش : شاداں ۔ (۵) گناہ عظیم کا : قابل نفرت : ننگ انسانیت : مہاپاپی : قبیح : نفرت انگیز : سنگین : شدید (گناہ کا) ۔

Purple : (n) (۱) ارغوانی رنگ : اودا رنگ : بینجنی : سوسنی

رنگ۔ (۲) جامۂ ارغوانی : شاہانہ لباس ارغوانی لباس (بادشاہ ، قونصل یا کارڈینل کا) : ادائے ملوکانہ۔ (۳) (نباتیات) گل ارغوانی : سوسن۔ (۴) جاہ و جلال : ثروت : مال۔ (۵) (مجازاً) (خصوصاً The کے ساتھ) مقام کارڈینل : شاہانہ مقام : عہدۂ قونصل۔ (۶) (جمع) حَصبَہ : حمیرا : گیہوں روگ : (طب) خونی دھبے۔ (۷) قرمزدانہ۔ (۸) خنزیری بخار : ایک متعدی پھیپھڑے کی بیماری جو سوروں کو ہوا کرتی ھے۔

Born-/cradled in (the) purple : اس لڑکے کے متعلق کہا جاتا ھے جو شاہی خاندان میں پیدا ہوا ہو : اعیان زادہ : ناز و نعمت کا پروردہ۔

He was born in the purple : وہ شاہی گھرانے میں پیدا ہوا۔

He was raised to the purple : اس کو کارڈینل کے منصب پر فائز کیا گیا۔

Purple : (v) (۱) ارغوانی کرنا : ارغونی رنگ سے رنگنا۔ (۲) ارغوانی ہونا۔

Purple and pall : (n) زرق برق لباس۔

Purple-bird/-coot : (n) دیکھو Porphyrio

Purple chamber : (n) دیکھو Porphyrogenite

Purple copper(ore) : (n) لوھے اور تانبے کا سلفائڈ۔

Purple carb : (n) ایک قسم کا کیلی فورنیائی کیکڑا۔

Purple cress : (n) شمالی امریکا کی ایک قسم کی جھاڑی۔

Purple emperor : (n) (حیوانیات) ارغوانی شہ تتری :ایک قسم کی تتلی۔

Purple-faced langur : (n) شمالی ایشیا کا بندر جس کا چہرہ ارغوانی مائل ہوتا ھے۔

Purple fish : (n) (حیوانیات) ارغوانی گھونگا۔

Purple-gland : (n) غدود گھونگا۔

Purple navy : (n) دیکھو Marine Blue : سمندر جیسا نیلا۔

Purple orchis : (n) ثعلب نر : ایک قسم کی گھاس۔

Purple osier : (n) سرخ بید۔

Purple powder of cassius : (n) دیکھو Gold purple

Purple-red : (a) ارغوانی لال رنگ کا۔

Purple-red : (n) ارغوانی لال : ارغوانی سرخ۔

Purple-shell : (n) (۱) ایک قسم کا گھونگا۔ (۲) ایک قسم کی گھاس۔

Purple willow : (n) سرخ بید : بید سرخ۔

Purplescent : (a) ارغوانی مائل: ارغوانی شوندہ۔

Purplish : (a) ارغوانی نما : ارغوانی مائل : ارغوانی صفت۔

Purply : (a) دیکھو Purplish

Purport : (n) [AFr. 'Porport'.] (۱) مطلب : مفہوم : معنی : مفاد : مضمون : نفس مضمون : نحوی منشا (کلام یا تحریرکا)۔ (۲) عذر : بہانہ۔

Purport : (v) [med. L. 'Proportare'.] (۱) معنی : مطلب : منشا رکھنا: مفہوم نکالنا : سمجھانا : مفہوم ہونا : مراد ہونا۔ (۲) پایا جانا : مبادر ہونا : مترشح ہونا۔

Purpose : (n) [OFr. 'Porpos'.] (۱) غرض : غایت : مدعا : مطلب : منشا : مراد : نیت : عزم : ارادہ : فیصلہ : انجام : اصل مقصود : منظور : ہدف۔ (۲) معنی : مفہوم : مطلب۔

For practical purpose : اصل مقاصد کے لئے : اصل انجام دہی کے واسطے۔

Honesty of purpose : خلوص نیت۔

In purpose : (phr.) (۱) سرگرم ہونا : منہمك ہونا : مقصد نکالنا۔ (۲) فکر میں : مد نظر ہونا۔

Of purpose : (۱) ارادتاً : مقصد کے طور پر۔ (۲) دیکھو On purpose۔

Of set purpose : خاص مقصد و ارادہ سے (نہ کہ بخت و اتفاق سے)۔

On purpose : ارادتاً : مقصد کے طور پر : عمداً : قصداً : باعزم : بالقصد : بالارادہ۔

To answer or serve one's purpose : کسی کی خواہش کے مطابق کرنا :دوسرے کے مطلب کے مطابق کرنا۔

To little, some, no purpose : بے فائدہ : لاحاصل : بے کار : اس سے کسی قدر مطلب براری ہوتی ہے۔

To the purpose : مفید مطلب : اصل مقصد کے متعلق۔

Purpose : (v) [OFr. 'Por-, Purposer'.] ارادہ رکھنا : عزم رکھنا : قصد کرنا : ارادہ کرنا : تہیہ کرنا : منصوبہ کرنا یا باندھنا : ڈول ڈالنا : نظر میں رکھنا۔

Purposedly : (adv.) (۱) عمداً : ازروئے قصد۔ (۲) دیکھو Purposely۔

Purposeful : (a) با مقصد : مقصود : با ارادہ : باعزم۔

Purposeful activity : (n) (نفسیات) عمدی فعلیت۔

Puposefully : (adv.) خاص غرض سے : معنی خیزانہ طور پر : اصل مقصود کے ساتھ : معنی خیزی کے ساتھ : معنی خیز طور پر۔

Purposefulness : (n) معنی خیزی : باعزم ہونا : با مقصود ہونا۔

Purposeless : (a) بے مقصد : بلا ارادہ : بے معنی : جس میں کوئی غرض مضمر نہ ہو : بے نتیجہ : لاحاصل : بے فائدہ۔

Purposelessness : (n) بے حاصلی۔

Purposelike : (a) عازم : جازم : ازروئے عزم و ارادہ : موزوں : مناسب : خاص مقصد رکھنے والا۔

Purposely : (adv.) عمداً : ازروئے قصد : عامداً : باعزم و ارادہ : ارادتاً : مقصداً : بالقصد : معنی خیز طور پر : کسی خاص منشا یا تجویز کے ساتھ۔

Purposer : (n) عازم : ارادہ رکھنے والا : قصد دار : وہ شخص جو کچھ ارادہ رکھتا ہو۔

Purposive : (a) (۱) مقصد کے مطابق : مقصودی : غرضی : موافق منشا : متعلق قصد۔ (۲) (نفسیات) قصدی۔ (۳) سود مند : مبنی بر منظور۔

Purposively : (adv.) غرض کے طور پر : سود مندانہ اندازمیں۔

Purposiveness : (n) مقصودیت : عمدیت : معنی خیزیت۔

Purposivism : (n) (نفسیات) مقصودیت۔

Purpresture : (n) [OFr. 'Pur-, porpresture'.] (قانون) غصب شاملات : تصاحب ملک دیگری : غصب جنگل۔

Purpura : (n) [Gr. 'Porpura' : فرفیر.] (حیوانیات) ارغوانی گھونگا : گھونگے کی قسم جس سے ارغوانی رنگ حاصل ہوتا ہے۔ (۲) (طب) حصبہ : حمیرا : خونی دھبے : پرپیورا : یہ ایک بیماری ہے جس میں جلد پر نیلے یا ارغوانی داغ پڑ جاتے ہیں۔

Purpura hemorrhagica : (n) (طب) حصبۂ نزفی : نزفی حمیرا۔

Purpura rheumatica : (n) (طب) گٹھیائی حمیرا۔

Purpurate : (n) (کیمیا) ارغوانی تیزاب کا نمک۔

Purpurate : (a) [L. 'Purpuratus'.] پرپیورا مرض کا یا اس سے متعلق۔

Purpure : (a) (نقابت) ارغوانی رنگ کا۔

Purpureal : (a) [f. L. 'Purpureus'.] ارغوانی : ارغوانی رنگ کا۔

Purpureo- : [comb. f. L. 'Purpureus'.] سابقہ بمعنی "ارغوانی"۔

Purpuric : (a) [f. L. 'Purpura'.] (۱) (کیمیا) تیزاب کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کا نمک ارغوانی یا لال ہوتا ہے۔ (۲) پرپیورا کا : پرپیورائی : حصبہ سے متعلق۔

Purpuric acid : (n) ارغوانی تیزاب : ایک فرضی تیزاب جس سے ارغوانی نمک حاصل ہوتا ہے۔

Purpuric fever : (n) (طب) تپِ حصبی : پرپیوری بخار : ارغوانی بخار۔

Purpurin : (n) [f. L. 'Purpura'.] (کیمیا) لال رنگ کی ایک شے ($C_{14}H_5O_2(OH)_3$) : مجیٹھی : لال رنگ : سرخ رنگ جو پہلے پہل مجیٹھ اور چھل چھبیلے سے نکلتا ہے۔

Purpurine : (a) ارغوانی : ارغوانی رنگ کا۔

Purr : (n) [Goes w. next.] خرخر : خرخراہٹ : فرفر : فرفر کی آواز : بلی کی نرم آواز (جب وہ خوش ہوتی ہے)۔

Purr : (v) [imit.] (۱) بلی کی سی آواز نکالنا : خرخر کرنا : غرغر کرنا۔ (۲) (مجازاً) محبت یا خوشی کا اظہار کرنا۔ (۳) منہ سے خرخر کی آواز نکالنا۔

Purre : (n) [From the voice of the bird.] Dunlin کا مقامی نام۔

Purree : (n) [Hindi 'Peori'.] زرد رنگ (سلوف)۔

Purreic : (a) زرد رنگ کا : اصفری ۔

Purry : (a) مانند خرخر ۔

Purse : (n) [OE. 'Purs'.] (۱) بٹوہ : تھیلی : کیسہ ۔ (۲) (مجازاً) روپیہ : خزانہ : سرمایہ : گنجینہ : فنڈ ۔ (۲) چندا : انعام : نذرانہ : ہدیہ (رقمی) ۔ (۳) (نباتیات ، حیوانیات) کیسہ نماشے : بیضہ دان : بچہ دان خصوصاً خصیہ دانی : خصیوں کی تھیلی ۔ (۵) (تیر اندازی) قنداق تفنگ ۔ (۶) جلتے ہوئے کوئلے سے ٹکڑے کا علاحدہ ہو جانا جسے نیک فال سمجھا جاتا ھے ۔

A common purse : وہ فنڈ جسے عام لوگ جمع کریں : عمومی فنڈ : خزانۂ عمومی ۔

A heavy or long purse : بڑی دولت : زر کثیر ۔

A light purse : افلاس و ناداری ۔

Privy purse : دیکھو Privy(a)

The public purse : قومی خزانہ : خزانۂ عامرہ : بیت المال ۔

The purse of gold : ترکی سلطنت میں دس ہزار فروش کی تھیلی ۔

The purse of Silver : ترکی سلطنت میں پانچ سو فروش کی تھیلی ۔

Will any gentleman give or (put up) a purse : کیا کوئی صاحب چندہ یا انعام عطا فرمائیں گے ۔

Purse : (v) [f. Prec.] (۱) سکیڑنا : شکن ڈالنا : شکن پڑنا : چیں بہ جبیں ہونا : بھویں سکوڑنا ۔ (۲) پر شکن ہونا : شکن پڑنا : سکڑنا : جھریاں پڑنا ۔(۳)(امریکا) تھیلے کی شکل میں حال کیسہ (مچھلی پکڑنے کا) کو کھینچنا : بند کرنا ۔

Purse-bearer : (n) (۱) خزانچی : کیف بر : کیسہ بردار : کسی شخص یا کمپنی کی نقدی کا تحویل دار : خزانہ دار : تحویل دار ۔ (۲)(خصوصاً) وہ افسر جو مہر اعظم (Great Seal) کو تھیلی میں رکھ کر لارڈ چانسلر کے آگے چلتا ھے ۔ (۳) (حیوانیات) تھیلی دار جانور : تھیلی مار ۔

Purse-crab : (n) Birgus جنس کا کیکڑا ۔

Purse cutter : (n) جیب کترا : بٹوا چور ۔

Purse-leech : (n) حریص روپیہ : (روپے کا) بہت بڑا لالچی ۔

Purse line : (n) وہ رسی جس سے جال کیسہ کو کھینچتے ہیں ۔

Purse-net : (n) بٹوا نما جال : جالی کیسہ (خرگوش وغیرہ پکڑنے کے لئے ، جس کا منہ رسی سے بند ہو جاتا ھے)۔

Purse-pride : (n) غرور دولت : روپے کا گھمنڈ ۔

Purse-proud : (a) مغرور دولت : وہ شخص جو روپے پر گھمنڈ کرتا ھے ۔

Purse-seine : (n) مچھلی پکڑنے کا جال : جال کیسہ (مچھلیاں پکڑنے کا) ۔

Purse-string : (n) (عموماً جمع میں) کیسہ بند کرنے کی رسی : بٹوہ کی رسی ۔

Purse-string suture : (n) جراحی میں ایک قسم کا ٹانکا ۔

Purseful : (n) کیسہ بھر : تھیلی بھر : بٹوا بھر ۔

Purselike : (n) کیسہ نما ۔

Purser : (n) [f. Purse. (n)= Er.] (۱) جہاز کا افسر حساب سازو سامان ۔ (۲) (معدنیات) کان کا خزانچی : تحویل دار : صندوق دار ۔

Pursership : (n) جہاز کے افسر کا عہدہ جو سامان کا حساب و کتاب رکھتا ہو ۔

To hold the purse-strings : اخراجات پر قابو رکھنا ۔

To loosen the purse-strings : فراخ دستی برتنا ۔

To tighten the purse-strings : کفایت شعاری برتنا ۔

Pursiness : (n) شکن دار ہونے کی حالت ۔

Pursiness : (n) ضیق النفس : سانس کا بھاری چلنا : پھپس پن : چڑھنا یا پھولنا ۔

Pursive : (a) دمہ والا : ضیق النفس کا (مریض) ۔

Purslane : (n) [OFr. 'Porcelaine'.] (نباتیات) باقلا : خرفہ : با قلیۃ الحمقا ۔

Crimson-flowered purslane/ -Red/ -Yellow / Sea-purslane/ Water- : باقلا کی مختلف قسمیں ۔

Purslane-tree : (n) شمالی امریکا کا باقلا ۔

Pursuable : (a) قابل انجام دہی : قابل تعاقب : قابل اتباع : پیروی کے لائق : استغاثہ یا دعویٰ کے قابل ۔

Pursuance : (n) [f. as Pursuant.] (۱) پیروی : تلاش : کوشش : تعمیل : نتیجہ ۔ (۲) تعقیب : تعاقب ۔ (۳) مزاولت : جاری رکھنا : سلسلہ : تسلسل ۔

In Pursuance of : به تعمیل : به اتباع ۔

Pursuant : (a) [OFr. 'Por- , poursuiant'.] (۱) متعاقب : تعاقب کرنے والا : متلاشی : پیرو ۔ (۲) موافق : مطابق : به موجب: حسب ۔

Pursuantly : (adv.) اتباع کے طور پر : به اتباع : موافق : مطابق : به موجب ۔

Pursue : (v) [ME. 'Pursiwe'.] (۱) تعاقب کرنا : پیچھا کرنا (گرفتار کرنے یا قتل کرنے کی غرض سے)۔ (۲) ڈھونڈنا: تلاش کرنا۔ (۳) در پے ہونا : کٹے جانا : قائم رہنا : لگے رہنا ۔ (۴) پیروی کرنا : چلنا : جاری رکھنا (راستہ ، تحقیق وغیرہ) : اصول یا نظریہ کے مطابق عمل کرنا ۔ (۵) انجام دینا : مد نظر رکھنا : جاری رکھنا(تعلیم وغیرہ) : اختیار کرنا(پیشہ وغیرہ)۔ (۶) کسی کے تعاقب میں جانا (After کے ساتھ)۔ (۷) عدالت میں مقدمہ چلانا : مقدمہ قائم کرنا : (خصوصاً اسکاتستان) تلاش کرنا : استغاثہ کرنا (۸) (قانون) (عمل وغیرہ) چلاتے رہنا : جاری رکھنا : انتظام کرنا (کاروبار کا) ۔ (۹) (قانون) پیش کرنا : تحریری بیان دینا (خصوصاً اسکاتستان) ۔ (۱۰) مسلسل ہونا: لگاتار ہونا ۔

To purse after : کسی کے تعاقب میں جانا ۔

Pursuer : (n) (۱) (قانون) شاکی : خواہاں : مدعی خصوصی : دعویٰ دار : مستغیث ۔(۲) تعاقب کرنے والا : پیچھا کرنے والا ۔ (۳) متلاشی : متجسس ۔

Pursuingly : (adv.) تعاقب کرتے ہوئے : تلاش کرتے ہوئے : استغاثہ کے طور پر ۔

Pursuit : (n) [Fr. 'Poursuite'.] (۱) تعاقب : تلاش : کھوج : سعی : جستجو : تفتیش (شکار شدہ جانور یا دشمن کے لئے)۔ (۲) پیشہ : کار و کسب : کام دھندا : شغل : مشغلہ : کاروبار ۔(۳) (قانون) نالش: (نفسیات) تعقیب : عقبہ ۔ (۴) تلاش کرنے کا عمل : حاصل کرنے کا عمل ۔ (۶) مقصد ۔ (۷) لڑاکا جہاز (Fighter) ۔

In Pursuit (of) : تلاش میں : تعاقب میں ۔

Pursuit plane : (n) لڑاکا جہاز : فائٹر ہوائی جہاز ۔

Pursuitmeter : (n) (نفسیات) تعقیب پیما ۔

Pursuivant : (n) [OFr.' Pursivant'.] (۱) مدرسہ حربیہ (College of Arms) کا ایک افسر جو منصب میں نقیب سے نیچے ہوتا ہے :اسے Pursuivant at (of) arms بھی کہتے ہیں ۔ (۲) (شاعرانہ) پیرو : متبع : ملازم : رکاب دار ۔ (۳) قاصد :ہرکارہ : نامہ رساں ۔

Pursy : (a) [Later form of 'Pursif'.] (۱) دیکھو Pursive ۔ (۲)موٹا: فربہ : پھپس : پھولا: پھولا ہوا : لحیم شحیم : جسیم : جس پر جلدی دم چڑھ جائے : جس کا سانس جلد پھول جائے : تنگ نفس ۔

Pursy : (a) [f. Purse (n) + -y.] (۱) (کپڑا ، چمڑا وغیرہ) شکن دار: چین آلود : تہ دار : جھری دار ۔ (۲) دولت مند : کیسہ بھرا ہوا۔

Purtenance : (n) [AFr. 'Purtinaunce'.] جانور کی انتڑیاں ۔

Purulence : (n) [L. 'Purulentia'.] ریم آلودگی : پیپ بھرا ہوا ہونا : زخم چرکی : (طب) پیپ آلودگی : صدیدگی ۔

Purulency : (n) پیپ دار ہونے کی حالت : صدیدگی ۔

Purulent : (a) [L. 'Purulentus'.] ریم آلود : چرک آلود : جراحت دار : پیپ بھرا : پیپ دار : صدیدی: مواد بھرا : پر مواد : جس میں سے پیپ جاری ہو۔

Purulent conjunctivitis : (n) (طب) رَمد صدیدی ۔

Purulently : (adv.) ریم آلود طور پر :پیپ دار طور پر ۔

Purulentness : (n) ریم آلودگی : پیپ داری ۔

Purvey : (v) [L. 'Providere'.] (۱) مہیا کرنا : فراہم کرنا : بہم پہنچانا (کھانے پینے کی چیزیں)۔ (۲) بندوبست کرنا : رسد بہم پہنچانا : ضروریات بہم پہنچانا (کسی شخص کو): داروغۂ توشہ خانہ کا کام کرنا۔

Purveyance / Pourveyance : (n) [L. 'Providentia'.] (۱) رسد رسانی : خوراک رسانی : آذوقہ رسانی : بہم رسانی ۔ (۲) ذخیرۂ رسد : رسد : سامانِ رسد : سامان خوراک : سامان خورد و نوش۔ (۳) (حق شاہی) قیمت مقررہ پر سامان رسد کی خریداری و بیگار۔

Purveyor : (n) [AF. 'Purvur-' , purvour' .] (۱) اسباب فراہم کرنے والا : بہم پہنچانے والا: سامان رساں : آذوقہ رساں : کھانے کے سامان کا انتظام کرنے والا ۔ (۲) داروغۂ ذخیرہ: خان سامان یا میر ساماں : ناظر : خان ناظر : داروغۂ توشہ خانہ ۔ (۲) (تاریخ) افسر رسد ۔ (۳) فوج ، قلعے کی محافظ فوج وغیرہ کے لئے رسد کا انتظام کرنے والا افسر۔ (۵) بادشاہ یا بڑے لوگوں کے لئے اسباب ، سواری یا اس قسم کی چیزوں کا منتظم کار ۔

Purview : (n) [AF. 'Purview' .] (۱) مواد اساسی : متن قانون : منشائے قانون ۔ (۲) (بصریات) دائرۂ نظر : رسائی: چشم رس: مشاہدات : حد بصیرت :حد نظر : غور و فکر : تصور : دھیان : توجہ : التفات ۔ (۳) وسعت: حدود : میدان : وسعت منشا (کسی قانون ، دستاویز، کتاب ،کاروبار وغیرہ کی) ۔

Purwanah : (n) [Pers. 'Purwana' .] پروانہ : اجازت نامہ : آڈر ۔

Pus : (n) [L. 'pus' .] (مرضیات) صدید : ریم : پیپ : چرک : فساد: پس : مواد : مادہ : راد ۔

Puseyism : (n) [f. name of E.B. Pusey (1800-82), professor of Hebrew and canon of Christ Church at Oxford .] پوزیت : پیروئ پوزی (یہ لفظ مخالفین تحریک آکسفورڈ کے حامیوں کے خلاف استعمال کرتے تھے)۔

Puseyist : (n) مقلد پوزی : پوزی کا حامی ۔

Puseyistic/ -al : (a) مقلد پوزی کا یا اس سے متعلق ۔

Puseytic : (n) دیکھو Puseyist

Puseyitical : (a) مقلد پوزی کا یا اس سے متعلق ۔

Push : (n) [f. Push. (v)] (۱) دھکا: دھکیل : ٹھیل : ریل پیل : ریلا ۔ (۲) (انٹا) دھکیل : ٹھیلنا : (خصوصاً بلیرڈ میں) ضرب : نیز کرکٹ میں بلے کی ضرب ۔ (۳) (مجازاً) (کسی کو) سعی ، سفارش یا کوشش سے بڑھانا : زبردست کوشش ۔ (۲) ہول (ہتھیار کی) : جانور کا سینگ مارنا۔ (۵) (فوج) ہلہ : حملہ : چڑھائی : یورش: پیش رفت : قوت آزمائی کا مقابلہ : پیشروی: مستقل پیش قدمی : شدید حملہ ۔ (٦) دباؤ : زور : بوجھ : اعصابی دھچکا۔(۷) تنگی : سختی : نازک وقت : انتہائی مشکل یا تکلیف : بحران ۔ (۸) عزم : ہمت : استقلال : ثابت قدمی : مستعدی ۔ (۹) (عام) چوروں کی ٹولی : جرائم پیشہ لوگوں کا گروہ: بدمعاشوں کا جتھا: اراذل و اوباش کا دستہ : شہیدوں کی جماعت۔ (۱۰) (تعمیرات) دباؤ (شہتیر وغیرہ کا) : محراب ۔ (۱۱) (مجازاً) واقعات و حالات کا دباؤ : شدت ضرورت: انتہا : انتہائی تدبیر یا تجویز ۔ (۱۲) مہم : کارعظیم :کار اہم ۔

At one push / At the first - : پہلی کوشش میں ۔

To give (get) the push : (عام) خدمت سے سبکدوش کرنا یا ہونا ۔

To make a push(at or for) : مستقل پیش قدمی کرنا ۔

Push : (v) [L. 'Pulsare' .] (۱) دھکیلنا : ٹھیلنا : ریلنا : پیلنا: کھسکانا : سرکانا : دھکا دینا : پیچھے ہٹانا: پسپا کر دینا : شکست دینا ۔ (۲) ہلنا : ڈلنا ۔ (۳) (انٹا) گیند کو ضرب لگانا ۔ (۴) (بائبل) ٹکر مارنا: سینگ مارنا : وار کرنا : ہولا مارنا (ہتھیار سے)۔ (۵) (پودا) نکلنا: باہر نکالنا : پھوٹنا : شاخ پھوٹنا : تنا نکلنا : کلی کھلنا :پھوٹ پڑنا۔ (٦) باہر نکالنا : آگے کو نکلا ہونا یا آگے کو نکالنا۔ (۷) زور مارنا : جد و جہد کرنا : سبقت لے جانے کی کوشش کرنا : اثر یا قوت سے کام لینا۔ (۸) اکسانا : ابھارنا : راغب کرنا : مائل کرنا : بر انگیختہ کرنا ۔ (۹) انجام دینا : تکمیل کو پہنچانا: زور دینا ۔ (۱۰) مشغول ہونا : مصروف ہونا : ترقی دینا : آگے بڑھانے کی کوشش کرنا۔ (۱۱) بڑھانا : آگے بڑھانا : ترقی دینا : آگے بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (۱۲) ترقی کرنا : تجارت میں ترقی کرنا : فروخت میں اضافے کرنا (اشتہار وغیرہ کی بدولت): حصول معیشت میں کوشاں ہونا ۔ (۱۳) دبانا : مجبور کرنا : تنگ کرنا :دق کرنا : ستانا : زچ کرنا۔ (۱۴) یورش کرنا : حملہ کرنا : ہلہ بولنا۔ (۱۵)ثابت قدمی یا طاقت سے کسی کے لئے راہ پیدا کرنا ۔ (۱٦)زور دینا : زور کے ساتھ پیش کرنا : توجہ دلانا : سخت اصرار و تاکید سے کہنا ۔ (۱۷) غیر قانونی طور پر (دوا) بیچنا ۔ (۱۸) کسی عمر کے قریب ہونا ۔

I am pushed for money : مجھے کہیں سے روپیہ نہیں ملتا : میرا ہاتھ بہت تنگ ہے ۔

I am pushed for time : میرے پاس بالکل وقت نہیں ہے یا مطلق فرصت نہیں ہے۔

I do not wish to push him for payment : میں اس کو ادائی کے لئے مجبور کرنا نہیں چاہتا۔

To be pushing : کسی عمر کے قریب ہونا۔

To push back /-down : پیچھے دھکیلنا۔

آگے بڑھاتا ھے (اس مقصد سے کہ دوسرے کھلاڑی پر سبقت لے جائے) : بچوں کا ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی اپنی میخ دوسرے کی میخ سے لڑانے کے لئے آگے کو دھکیلتا ھے۔ (۲) (مجازاً) بچوں کا کھیل۔ (۳) (امریکا) ڈرائنگ پن۔

Pushcart : (n) بچوں کی ہاتھ گاڑی : ارابۂ دستی۔

Pusher : (n) (۱) دھکیلنے والا : زور لگانے والا۔ (۲) دھکیلنے کی مشین : ٹھیلنے کی مشین۔ (۳) مشین کا پرزہ جو دھکیلنے کا کام کرتا ھے۔ (۴) آدم متجاوز۔ (۵) (عام) (امریکا) غیر قانونی دوافروش۔

Pusher aeroplane : (n) وہ ھوائی جہاز جس میں سہم گرداں پائلٹ کے پیچھے ھوتا ھے : ھوائی جہاز جس میں ھوا کا پیچ (air screw) پیچھے لگا ھوتا ھے۔

Pushful : (a) نہایت مستعد اور سرگرم : اولو العزم : پر زور : متجاوز: نیر و مند : گھس پیٹھ کرنے والا۔

Pushfully : (adv.) پر زور طور پر : اولو العزمی سے۔

Pushfulness : (n) اولوالعزمی : نیر مندی۔

Pushing : (a) (۱) (مجازاً) دلیر : حادثہ جو : نیرومند : جسور : من چلا : مہم جو۔ (۲) دھکیلنے والا : ھولا مارنے والا: دھکا دینے والا۔ (۳) جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو تیار ھو : جو ہر کام میں ضرورت سے زیادہ اہتمام کرے فضول خدمت : فضول کار۔ (۴) مستعد : آگے بڑھنے کی کوشش کرنے والا : گھس پیٹھ کرنے والا: گھس پیٹھ کار۔

Pushingly : (adv.) دلیری کے ساتھ : نیر و مندی کے طور پر : مستعدی سے: جد و جہد سے : کدو کاوش سے۔

Pushingness : (n) دلیری : نیر ومندی : مستعدی : جد و جہد : کدو کاوش۔

Pushtu / pushto : (n) [Pers. 'Pustu'.] پشتو : افغانی زبان۔

Pushy : (a) (امریکا، بول چال) خود زعیمانہ (خصوصاً ناراضگی سے)۔

Pusillanimity : (n) [f. Pusillanimite'.] بزدلی : کم ہمتی : بوداپن: کم ظرفی : تر سوئی : کم جرأتی : ڈر پوک پن۔

Pusillanimous : (a) [L. 'Pusillanimis'.] بزدل : ترسو : کم ہمت : ڈرپوک : کم جرأت : بودا : کم ظرف۔

To push off : چپو سے کنارے پر زور لگا کر کشتی کو بیچ دریا میں لے جانا : بیچ دریا میں پہنچ جانا۔

To push on : آگے بڑھانا۔

To push one's fortune : حصول دولت میں ساعی ھونا: حصول معیشت میں کوشاں ھونا۔

To push one's way : راستہ بنانا : رکاوٹ ہٹا کر راستہ نکالنا۔

To push through : انجام کو پہنچانا : تکمیل کرنا : کام لے جانا۔

Push : جزو ترکیبی بمعنی "زور دینے والا"۔

Push-ball : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں بڑا اور بھاری بال کو ہاتھ اور جسم سے دھکیل کر گول کی طرف لے جاتے ہیں۔

Push-barred : (a) (انٹے میں) جس میں دھکے (ضرب) کو روک دیا جاتا ھے۔

Push-bike : (n) (عام) بائیسکل۔

Push boat : (n) پاور کشتی۔

Push-button war : (n) وہ جنگ جس میں منضبط میزائل کا استعمال ھوتا ھے، جس کی اڑان ایک بٹن دابنے پر منحصر ھوتی ھے۔

Push car : (n) (۱) (امریکا) ہاتھ کار۔ (۲) بوگی کار انجن کو ٹرین سے ملانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے اور جو کشتی (Ferry-boat) پر ھوتی ھے۔ (۳) ایک قسم کی ٹرالی۔

Push chair : (n) ایک قسم کی بچوں کی کرسی نما گاڑی (جسے ہاتھ سے دھکیلتے ہیں)۔

Push cycle : (n) (بول چال) سائیکل۔

Push cyclist : (n) سائیکل چلانے والا۔

Push off : (v) روانہ ھونا : چلے جانا : سفر پر روانہ ھونا۔

Push-over : (n) (۱) (امریکی عامیانہ) وہ مکہ باز جو آسانی سے پیچھے دھکیل دیا جائے۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جس پر آسانی سے قابو پایا جا سکے : سہل الوقوع شے۔

Push-pin : (n) (۱) بچوں کا ایک کھیل جس میں کھلاڑی اپنے پن کو

Pusillanimously : (adv.) بزدلی کے طور پر؛ کم ہمتی کے ساتھ ؛ بودے پن سے ؛ کم ظرفی سے ۔

Pusillanimousness : (n) کم ظرفی ؛ بزدلی ؛ کم ہمتی ۔

Puss : (n) [Etym. Unkn.] (۱) بلائی ؛ بلی ؛ گربہ (بلی کا عرف یا بلانے کا نام)نیز شیر ، خرگوش وغیرہ کا عرف ۔ (۲) (حیوانیات) خرگوش ؛ شیر ۔(۳) (بول چال) لڑکی (پیار یا دل لگی سے) ۔ (۴) Puss-moth کا مخفف ۔

Sly puss : گربۂ مسکین : مکار لڑکی ۔

Puss-cat : (n) بلی کا نام (بچوں کا دیا ہوا) ۔

Puss-moth : (n) (حیوانیات) بید پروانہ ؛ پُس پروانہ : ایک قسم کا بڑا یوروپی پروانہ ۔

Pussin the corner : (n) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Pussley/ -ly : (n) [alter. of 'Pursley' .] دیکھو Purslane

Pussy : (a) [f. Pus + y.] (طب) پیپ دار ۔

Pussy : (n) (۱) بلی ؛ بلائی :گربہ ۔ (۲)(بچوں کا دیا ہوا نام) کوئی ملائم اور روئیں دار چیز ۔ (۳) خرگوش ۔ (۴) لڑکی ؛ عورت ۔

Pussy cat : (n) (۱) امریکا میں پایا جانے والا پودا جس کے پھول بلی کی دم سے مشابہ ہوتے ہیں اور اوپر سے اس کے پتے چمکیلے ہرے اور نیچے سے سفیدی مائل ہوتے ہیں ۔ (۲) بلی کانام (بچوں کا دیا ہو)۔

Pussy-foot : (n) (امریکا) آہستہ سے چلنا ؛ خفیہ طور سے آگے بڑھنا؛ خاموشی سے بڑھنا ۔

Pussy-willow : (n) (نباتیات) امریکی بید ؛ بید کم رنگ ۔

Pussyfoot : (n) (۱) W.E. Johnson کا عرفی نام ۔ (۲) ممانعت شراب کا امریکی لیکچرر ۔ (۳) ممانعت شراب کا حامی۔

Pussyfooter : (n) ممانعت شراب کا حامی ۔

Pussyfooting : (a) ممانعت شراب کی حمایت کرنے سے متعلق یا ممانعت شراب کی حمایت کرنے والا ۔

Pustulant : (a) [late L. 'Pustulantem' .] آبلہ دار ؛ پھپھولے دار ۔

Pustular : (a) [mod. L. 'Pustularis' .] (۱) آبلہ کا یا اس سے متعلق۔ (۲) (طب) آبلہ دار ؛ شوری ۔ (۳) (نباتیات ، حیوانیات) ابھار دار ۔

Pustulate : (a) [late L. 'Pustulatus'.] (طب) قانچی ؛ آبلہ دار ؛ شوری ؛ بثرہ دار ؛ دمل دار ؛ پھپھولے دار ؛ (نباتیات) ابھار دار ؛ آبلہ دار ۔

Pustulate : (v) [late L. 'Pustulant- , Pustulare' .] آبلہ بن جانا ؛ پھپھولا کی شکل اختیار کرنا ؛ آبلہ کی شکل میں ہوجانا۔

Pustulation : (n) (طب) شوریت ؛ آبلہ خیزی ؛ چھالے پڑنا۔

Pustulatous : (a) آبلہ دار ؛ چھالا دار ؛ آبلہ خاصیت ۔

Pustule : (n) [L. 'Pustula' .] (۱) آبلہ ؛ چھالا ؛ دنبل ؛ پھوڑا ؛ پھنسی؛ بثرہ ؛ پھپھولا ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) ابھار ؛ گومڑی ؛ مسا ۔ (۳) زمین کا ابھار ؛ وہ زمین جو پھوٹ نکلی ہو (جوالا مکھی وغیرہ کے طور پر) ۔

Malignant pustule : (طب) متعدی چھالا یا آبلہ ؛ زہریلا چھالا یا پھوڑا ؛ خبیث آبلہ ؛ خبیث بثرہ ۔

Pustuliform : (a) آبلہ نما ؛ پھپھولے کی شکل کا۔

Pustulous/ Pustulose : (a) [L. 'Pustulosus' .] دیکھو Pustular

Puszta : (n) [Magya.] ہنگری کا گیاہستان ؛ ہنگری کا ریگستان یا کھلا میدان ؛ ہنگری کا بے شجر خطۂ زمین ۔

Put : (n) [f. Put. (v)] (۱) دھکیلنے کا عمل ؛ دھکیل ؛ ٹھیل ؛ پتھر وغیرہ ورزش میں پھینکنے کا عمل ؛ پھینک ؛ پھنکائی؛ پتھر یا وزن کی پھینک یا پھینکائی ۔ (۲)ہتھیار وغیرہ بھونکنے کا عمل ۔ (۳) سامان وغیرہ مقررہ وقت اور مقررہ قیمت پر پہنچانے کا عمل ؛ قیمت مقررہ اور وقت مقررہ پر تحویل مال کا اختیار۔

Put : (n) (گولف) گولفی ضرب ۔

Put : (v) [late OE. 'Putian' .] (۱) پھینکنا ؛ دھکیلنا (پتھر وغیرہ ورزش میں) ؛ ٹھیلنا ؛ دھکا دینا ؛ وزن پھینکنا ؛ گولہ پھینکنا ۔ (۲) گھونپنا ؛ کھبونا ؛ بھونکنا (ہتھیار وغیرہ)؛ داخل کرنا ؛ چبھونا (اوزار وغیرہ) ۔ (۳) روانہ ہونا ؛ چلنا (جہاز کا بندرگاہ وغیرہ سے دور یا اس کی طرف)۔ (۴)رکھنا ؛ لگانا ۔ (۵) نشان کرنا ؛ لکھنا ۔ (۶) جوتنا ؛ جوڑنا ؛ جانور کو گاڑی وغیرہ میں جوتنا ۔ (۷) ملانا ؛ جوڑا ملانا (نر کا مادہ سے)۔ (۸) پار لے جانا ؛ پار اتارنا (دریا

سے) ۔ (۹) (تجارت) سامان کا مقررہ وقت پر پہنچانا۔
(۱۰) حوالہ کرنا : تحویل کرنا : سپرد کرنا : (کسی
چیز کو) کسی کے اختیار میں دینا : حفاظت میں دینا :
تفویض کرنا : سونپنا ۔ (۱۱) رکھنا : بٹھانا (کسی مقام
وغیرہ پر)۔ (۱۲) ڈالنا : اضافہ کرنا : بڑھانا : جوڑنا
(To,In کے ساتھ)۔ (۱۳) داخل کرنا : درج کرنا : شامل
کرنا ۔ (۱۴) قیمت لگانا : اندازہ لگانا : خیال کرنا :
تخمینہ لگانا : تعین کرنا ۔ (۱۵) تبدیل کرنا : (خصوصاً)
ترجمہ کرنا : دوسری زبان میں منتقل کرنا : تحریر یا
تقریر میں بدلنا : خاص طریقے سے اظہار کرنا ۔
(۱۶) اعتماد کرنا ۔ (۱۷) جوکھم میں ڈالنا : قسمت
پر چھوڑ دینا ۔ (۱۸) روپیہ لگانا (کسی شرط وغیرہ
پر) ۔ (۱۹) منحصر کرنا : مبنی کرنا : منحصر ہونا :
مبنی ہونا ۔ (۲۰) اطلاق کرنا : کام میں لانا ۔ (۲۱) (خیال
یا بیان میں) (ایک کو دوسری جگہ) تصور کرنا :
فرض کرنا ۔ (۲۲) پیش کرنا : بیان کرنا : ترغیب
کرنا: دوسرے کے سامنے جواب کے لئے رکھنا : غور و
فکر کے لئے دوسرے کے سامنے رکھنا : تجویز کرنا۔
(۲۳) بوجھ ڈالنا : مجبور کرنا : (کوئی چیز کسی کے)
گلے منڈھنا : سر ڈالنا ۔ (۲۴) جاری ہونا ۔
(۲۵) (حیوانات کا) جفتی کرنا: جفتی کرانا ۔
(۲۶) متصف کرنا : منتسب کرنا : منسوب کرنا۔
(۲۷) (سر یا سینگ وغیرہ سے) ٹکر مارنا ۔
(۲۸) (کوئلے کی کان) (ٹرام ،کوئلہ کا ڈھیر
وغیرہ) دھکیلنا ۔ (۲۹) (پودا) بڑھنا : کلی کا
کھلنا : پھوٹنا : اگنا : نکلنا (اب صرف بول چال
میں) ۔ (۳۰) حرکت کرنا (شخص یا چیز کا)
(ایک جگہ سے دوسری جگہ پر) : جگہ بدلنا:
حالت کا بدلنا ۔ (۳۱) (On, upon کے ساتھ)
پہننا (کپڑا) : رکھنا (جسم پر) : ڈالنا (جسم پر)۔
(۳۲) (چیز یا شخص) خاص حالت یا شکل میں
رکھنا یا لانا ۔ (۳۳) استعمال کرنا : کام میں لانا :
کام لینا ۔ (۳۴) اپنے سے فیصلہ تفویض کرنا :
فیصلہ سپرد کرنا ۔ (۳۵) (خصوصاً) فیصلہ کے
لئے پوائنٹ رکھنا : اسمبلی کے سامنے ووٹ کے لئے
رکھنا ۔ (۳۶) سوال کرنا : سوال رکھنا ۔ (۳۷) الزام
یا تہمت رکھنا : (کسی چیز کا) اتہام رکھنا : الزام
دینا ۔ (۳۸) کسی جگہ رکھنا : کم کرنا : گھٹانا
(شخص یا چیز) ۔ (۳۹) مطالعہ کے لئے روانہ
ہونا : تعلیم حاصل کرنے کے لئے روانہ ہونا۔
(۴۰) (گھوڑے کو) کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا ۔
(۴۱) گھوڑے کا خاص چال سے چلنا ۔ (۴۲) (مویشی
کو) کھلانے کے لئے آزاد کرنا : غذا کے لئے (شخص
کو) پابند کرنا ۔ (۴۳) کوئی کام کرنے کے لئے
کسی شخص کو مجبور کرنا۔ (۴۴) رکاوٹ ڈالنا :
مانع ہونا :روکنا۔

A few words will put the matter right : چند لفظوں میں
یہ معاملہ ٹھیک ہو جائے گا ۔

Don't be put upon by him :: اس کی جفاؤں کا شکار مت ہو : اس کی جفائیں نہ سہو۔

Don't put the blame on me : مجھے الزام نہ دو ۔

Dues were put on cattle : رقوم واجب الادا مویشی پر ڈالی گئیں ۔

Every insult was put on him : اس کی بری طرح توہین کی گئی ۔

He always manages to put me in the wrong : وہ ہمیشہ کچھ ایسا کرتا ہے کہ میری ہی غلطی ظاہر ہوتی ہے ۔

He has put new life into him : اس نے اس میں نئی زندگی پھونکی ہے ۔

He put an end to himself / - his life : اس نے اپنا یا اپنی زندگی کا خاتمہ کر دیا ۔

He put his money into land : اس نے اپنا روپیہ زمین پر لگایا ۔

He puts no value on my advice : وہ میرے مشورے کی کوئی قدر نہیں کرتا ۔

He puts the circulation at 10,000 : وہ اشاعت کا اندازہ دس ہزار لگاتا ہے ۔

He was hard put to it to keep them off : وہ انہیں مشکل سے روکے رہا یعنی ان کے روکنے میں انتہائی قوت صرف کر دی ۔

He was put to fight : وہ لڑائی پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to flight : وہ بھاگنے پر مجبور کیا گیا۔

He was put to his blush : اسے شرما دیا گیا: اسے شرمانے پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to his shifts : وہ چال بازی پر مجبور کیا گیا ۔

He was put to his trumps : اسے ترپ چال چلنے پر مجبور کیا گیا ۔

I can't put it into words : میں اس کو لفظوں میں ادا نہیں

To put horse or person through his paces : گھوڑے یا آدمی کی قوت، قابلیت وغیرہ کا امتحان کرنا۔

To put in an appearance : (۱) ظاہر ہونا؛آنکلنا۔ (۲) (قانون) اصالتاً حاضر ہونا۔

To put in distress/ -execution : پریشانی میں مبتلا کرنا؛ تکلیف پہنچانا؛ قرقی یا ضبطی کا عمل کرنا۔

To put in one's oar : مداخلت کرنا؛ مزاحمت کرنا۔

To put it across : گوشمالی کرنا ؛تادیب کرنا؛ سزا دینا؛ مارنا؛ پیٹنا؛ تنبیہ کرنا۔

To put into Dutch : ڈچ زبان میں ترجمہ کرنا۔

To put it on the market : (اس کو) بازار میں (فروخت کے لئے) بھیجنا۔

To put it to a good use : (اس کا) جائز استعمال کرنا۔

To put it to sale : (اسے) فروخت کے لئے پیش کرنا۔

To put money on the horse : گھوڑے پر شرط لگانا۔

To put off from shore : کنارے سے روانہ ہونا؛ کنارہ چھوڑنا۔

To put one at his ease : کسی کی الجھن یا پریشانی دور کرنا؛ کسی کو مطمئن کرنا۔

To put one it fear of his life : کسی کو اس کی جان کا خوف دلانا۔

To put one his guard : کسی کو خبر دار کرنا۔

To put one on his mettle : کسی کو اس حالت میں لے آنا جس سے اس کی تیزی اور طراری دکھانے کا موقع ملے۔

To put oneself on or upon : (خود کو فیصلہ کے) سپرد کرنا؛ حوالہ کرنا۔

To put one's foot in it : دیکھو Put

To put one's hair up : دیکھو Hair

To put one's hand to the plough : دیکھو Plough

کر سکتا۔

I put it to you : اس میں میں آپ سے اپیل کرتا ہوں۔

I put it to you that you were after no good : میں چاہتا ہوں کہ تم اس امر کا اعتراف کرو کہ تم بھلائی کے در پے نہ تھے۔

I put my dicision on the ground stated : میں اپنا فیصلہ ان وجوہ پر مبنی کرتا ہوں جو بیان ہو چکی ہیں۔

I put my horse to (at) the fence : میں نے اپنے گھوڑے کو باڑ کدانا چاہا۔

To put a bullet through : گولی مارنا؛ نشانہ لگانا؛ بندوق چلانا۔

To put a check on it /-stopper - : کسی کو روکنا؛ مانع ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا۔

To put a good face on matter : دیکھو Face(n)

To put a knife into : گھونپنا؛ چھرا مارنا۔

To put an end /Stop period to : ختم کر ڈالنا۔

To put a person's back up : کسی شخص کو بر افروختہ کرنا؛ مشتعل کرنا؛ غصہ دلانا۔

To put a (person) up to : (۱) (کسی کو) اطلاع دینا؛ خبر دینا؛ آگاہ کر دینا۔ (۲) سکھانا (کوئی ہنر وغیرہ)۔ (۳) اکسانا؛ ابھارنا؛ آمادہ کرنا؛ راغب کرنا؛ مائل کرنا۔

To put proposal into shape : کسی تجویز کو عملی جامہ پہنانا۔

To put a spoke in one's wheel : کسی کے کام میں روڑا اٹکانا۔

To put a veto on : ممانعت کرنا؛ ویٹو کا استعمال کرنا؛ مانع ہونا؛ روک دینا۔

To put at : تخمینہ لگانا؛ قیمت لگانا۔

To put at : (کسی کے خلاف) کاروائی کرنا؛ حملہ کرنا؛ (خلاف) استغاثہ کرنا۔

To put one's shoulder to wheel : دیکھو Shoulder

To put (the) case : مفروضہ مثال پیش کرنا۔

To put the stone : پتھر پھینکنا۔

To put the weight : وزن پھینکنا : گولہ پھینکنا۔

To put the will for the deed : ارادے کو عمل سے بدل دینا۔

To put the wind up one : (عام) کسی کو ڈرانا : خوفزدہ کرنا۔

To put the word, in someone's mouth : الفاظ یا قول کسی کی طرف منسوب کرنا : کسی کی زبان سے کہلانا (خصوصاً افسانے یا ڈرامے کے اشخاص کی زبان سے)۔

To put through : (۱) (گھوڑے کا) (مخصوص چال) چلنا۔ (۲) (شخص کا) عمل کرنا۔

To put to confusion : تشویش میں ڈال دینا یا منتشر کر دینا۔

To put to death : قتل کرنا (خصوصاً جائز طور سے)۔

To put to expence : خرچ کرانا۔

To put to flight : دیکھو Flight

To put to incovenience : تکلیف میں مبتلا کرنا : تکلیف دینا۔

To put to ransom : کسی کے لئے فدیہ طلب کرنا۔

To put to shame : شرمندہ کرنا۔

To put to the rack : شکنجے میں کسنا۔

To put to the test/-trial : کسوٹی پر پرکھنا : آزمائش کرنا۔

To put to the sword : تہ تیغ کرنا۔

To put to torture : اذیت پہنچانا۔

To stay put : (امریکا) اپنی حالت یا جگہ پر رہنا۔

What a way you have of putting things : آپ کا انداز بیان کس قدر عمدہ ہے۔

What has put him on meddling : اس کو مداخلت پر کس نے آمادہ کیا ؟

What put him on this wild scheme : باد ہوائی منصوبے پر اس کو کس شے نے مائل کیا ؟ ہوائی محل کی طرف مائل ہونا۔

You must have put the clock fast : تم نے گھڑی کو آگے یا تیز کر دیا ہو گا۔

Put : (v) دیکھو Putt (v)

Put about : (v) (۱) (کسی چلتے ہوئے جہاز کو) مخالف رستے پر ڈالنا : سمت بدلنا : دوسرے راستے پر جانا۔ (۲) گھوڑے کو گھمانا یا چکر دینا : گھوڑے کو موڑنا۔ (۳) آدمیوں کی جماعت کو موڑنا : رخ بدلنا۔ (۴) جہاز کا مڑنا : گھومنا۔ (۵) (خصوصاً اسکاٹستان اور بول چال) تکلیف دینا : اذیت پہنچانا۔

Put across : (v) (۱) انجام دینا : تکمیل کرنا : حاصل کرنا : پالینا۔ (۲) موثر طور پر پہنچانا (آواز وغیرہ)۔ (۳) قبول کرنے کے لائق بنانا۔

Put and call : (n) (معاشیات) اختیار خرید و فروخت۔

Put-and-take : (n) جوئے کا کھیل جو چوگوشہ لٹو سے کھیلا جاتا ہے۔

Put as under : (v) علاحدہ کرنا : الگ کرنا۔

Put away : (v) (۱) چھوڑ دینا : رد کر دینا : خصوصاً طلاق دینا۔ (۲) سینت کے رکھنا : رکھ چھوڑنا : چھوڑنا : ترک کرنا : پس انداز کرنا۔ (۳) (عام) کھانا پینا : اڑانا۔ (۴) (عام) قید کرنا : جیل میں ڈالنا۔ (۵) رہن رکھنا : گرو رکھنا : گروی رکھنا۔ (۶) (بول چال) دفن کرنا : سپرد خاک کرنا۔ (۷) مارنا : ختم کرنا : قتل کرنا۔

Put back : (v) (۱) روکنا : ہٹانا : ڈھیل ڈالنا : رفتار سست کرنا : ترقی روکنا : باعث تاخیر ہونا۔ (۲) گھڑی کی سوئیاں پیچھے ہٹانا (نیز مجازاً)۔ (۳) پہلی حالت میں لانا : جیسا پہلے تھا ویسا کر دینا : پہلے مقام پر رکھنا۔ (۴) ملتوی کرنا : موقوف کرنا : دیر کرنا : تاخیر کرنا۔ (۵) (بحری) رخ بدلنا : سمت تبدیل کرنا۔

Put back harbour / -forth- / -into - : بندرگاہ کی طرف جانا۔

Put by : (v) (۱) کترانا : کنارہ کرنا : بچنا : ٹال جانا : اڑا جانا (دلیل ، سوال وغیرہ) : قطع کرنا۔ (۲) ٹال دینا (کسی شخص کو)۔ (۳) محفوظ رکھنا : پس انداز

کرنا : صندوق وغیرہ میں ٹھونس کر رکھنا ۔ (۳) بے توجہی کرنا : بے التفاتی کرنا : توجہ نہ کرنا : مسترد کرنا : نامنظور کرنا : قبول نہ کرنا ۔

Put down : (v) (۱) مغلوب کرنا : دبانا : زیر کرنا : بے اثر کرنا ۔ (۲) نیچا دکھانا : منہ بند کرنا ۔ (۳) گھٹانا : کم کرنا : خرچ بڑھانے والے سامان کی تخفیف کرنا ۔ (۴) محسوب کرنا : شمار کرنا : خیال کرنا ۔ (۵) منسوب کرنا : محمول کرنا : نسبت دینا ۔ (۶) منسوخ کرنا : زبردستی کسی چیز کا خاتمہ کرنا : ممانعت کرنا : ابطال کرنا : رد کرنا : غلط ٹھہرانا ۔ (۷) رہا کرنا ۔ (۸) عہدہ کم کرنا : عہدہ گھٹانا : معزول کرنا : تخت سے اتارنا : برطرف کرنا : تنزل کرنا ۔ (۹) جھڑک دینا : ڈانٹ دینا : دھتکار دینا ۔ (۱۰) لکھنا : ضبط تحریر میں لانا : فہرست بنانا ۔ (۱۱) ڈوبنا : غرق ہونا : دھنسنا ۔ (۱۲) (ہوائی جہاز کا) اترنا : لینڈ کرنا ۔

To put one's foot down : دیکھو Foot

Put forth : (v) (۱) (زور) لگانا : (اثر ، قوت وغیرہ سے) کام لینا : (خوش بیانی کا) زور دکھانا ۔ (۲) شائع کرنا : اشاعت کرنا : پھیلانا ۔ (۳) (پودے کا) نکالنا (کونپل ، کلی وغیرہ) : (کلی کا) پھینکنا ۔ (۴) (مجازاً) دکھلانا : نمائش کرنا ۔ (۵) تجویز کرنا : پیش کرنا : غور کرنا ۔

Put forward : (v) (۱) (اپنے کو) بڑھانا : نمایاں کرنا : نمودار کرنا : گھس پیٹھ کرنا ۔ (۲) پیش کرنا : بیان کرنا (نظریہ وغیرہ) : تجویز کرنا : مشورہ دینا ۔ (۳) الزام دینا : منسوب کرنا : دعویٰ کرنا ۔

Put him on (his) oath : اسے قسم دلاؤ : اس سے حلف اٹھواؤ ۔

Put him to mind the furnace : اس سے کہو کہ بھٹی کا خیال رکھے ۔

Put in : (v) (۱) عہدہ مقرر کرنا : قائم کرنا ۔ (۲) ظاہر ہونا : موجود ہونا : پیش ہونا (عدالت میں) : (قانون) اصالتاً حاضر ہونا ۔ (۳) اضافہ کرنا : پہنچانا ۔ (۴) ترقی یا ضبطی کا عمل کرنا ۔ (۵) مداخلت کرنا : مزاحمت کرنا ۔ (۶) مطالبہ کرنا : دعویٰ کرنا : حق جتانا : مواخذہ کرنا ۔ (۷) درخواست کرنا : مائل ہونا : طالب ہونا : تقاضا کرنا ۔ (۸) بیچ میں پڑنا : سفارش کرنا (کسی شخص کے لئے یا کسی چیز کے لئے) ۔ (۹) (جہاز کو) بندرگاہ کی طرف لے جانا : کنارے پر آنا (کشتی کا) ۔ (۱۰) (شاہین بازی) شکار کو پناہ کی طرف لے جانا ۔ (۱۱) داخل ہونا : اندر جانا : وارد ہونا ۔ (۱۲) جڑ دینا (مکا ، چھرا وغیرہ ، اعتراض ، الفاظ) : موقع تلاش کر کوئی بات کہنا ۔ (۱۳) (کوئی کام) انجام دینا ۔ (۱۴) گذارنا (وقت ، لمحہ) : وقت صرف کرنا ۔

Put off : (v) (۱) ملتوی کرنا : معرض التوا میں ڈالنا ۔ (۲) ٹالنا : بھنا : لیت و لعل کرنا ۔ (۳) روکنا : باز رکھنا : مانع ہونا : مزاحمت کرنا : مزاحم ہونا ۔ (۴) (Off, up کے ساتھ) کسی کے سر منڈھنا یا تھوپنا (چالاکی سے) : چھٹکارا پانا (کسی چیز سے) ۔ (۵) (کپڑے وغیرہ) اتارنا ۔ (۶) ساحل سے روانہ ہونا (کشتی یا اہل کشتی کا) : سفر پر روانہ ہونا : کنارہ چھوڑنا ۔ (۷) (بول چال) بیچنا : فروخت کرنا ۔ (۸) بھاگ جانا : نکل جانا ۔ (۹) رخصت ہونا : ادا نہ ہونا (اب صرف امریکا) : کشتی کا روانہ کرنا : رخصت کرنا ۔

Put-off/ -offs : (n) لیت و لعل : عذر : تعویق : بہانہ : انصراف : التوا : درنگ : تاخیر : حیلہ حوالہ : ٹال مٹول : ٹالا بالا ۔

Put on : (v) (۱) پہننا : زیب تن کرنا ۔ (۲) اختیار کرنا : بننا : روپ دھارنا : روپ بھرنا : بناوٹ یا تصنع کرنا ۔ (۳) ترقی کرنا (وزن یا جسم میں) ۔ (۴) اضافہ کرنا : بڑھانا : زیادہ کرنا (قیمت ، کرکٹ میں رن یا فٹبال میں گول کا) : زیادہ قیمت لینا ۔ (۵) بازی لگانا : شرط لگانا ۔ (۶) (گھڑی کی) سوئیاں آگے کرنا ۔ (۷) عمل میں لانا یا چلانا : (زور) لگانا : (رفتار) بڑھانا : (قوت یا طاقت) بڑھانا ۔ (۸) کسی کام پر مقرر کرنا : کسی کام میں لگانا ۔ (۹) (کرکٹ) کسی کو گیند پھینکنے پر مقرر کرنا : ریل یا جہاز کو باقاعدہ سفر کے لئے مقرر کرنا ۔ (۱۰) کام میں لانا : استعمال کرنا ۔ (۱۱) بننا : ظاہر کرنا : دکھلانا ۔ (۱۲) تیز جانا : بڑھنا : آگے جانا ۔ (۱۳) مکر سے کام لینا : دغابازی کرنا : دغا دینا : مکر کرنا : کسی کے ساتھ مذاق کرنا ۔

Put-on : (n) (بول چال) فریب : جُل : جھانسا : دغابازی : دھوکا : تظاہر : و انمود سازی : تصنع : نمود : نمائش ۔

Put-on : (a) (مجازاً) نمائشی : دکھاوے کا : تصنع آمیز : گھڑا ہوا : بنایا ہوا : ملبس شدہ ۔

Put out : (v) (۱) دھکیل دینا : ہٹا دینا : باہر کر دینا : کسی جگہ سے باہر کر دینا : بے دخل کر دینا : نکال پھینکنا : اخراج کرنا ۔ (۲) آنکھ نکال لینا : اندھا کر دینا ۔ (۳) ہڈی اتار دینا : جوڑ الگ کر دینا ۔ (۴) (کرکٹ) آؤٹ کر دینا ۔ (۵) برباد کرنا : ختم کرنا : نیست و نابود کرنا : (آگ ، روشنی وغیرہ) بجھانا : گل کرنا ۔ (۶) گڑبڑا دینا : پریشان کرنا : دق کرنا : پریشان خاطر کرنا ۔ (۷) برہم کرنا : بر انگیختہ کرنا : مشتعل کرنا ۔ (۸) بے آرام کرنا : آسائش میں خلل ڈالنا : زحمت دینا ۔ (۹) (زور) لگانا : (سعی) کرنا : (جد و جہد) کرنا ۔ (۱۰) (روپیہ)

سود پر چلانا : کسی کام میں روپیہ لگانا : سرمایہ لگانا ۔ (۱۱) باہر والوں کو کام دینا : ایسے آدمی کو کام دینا جو اپنا ملازم نہیں : باہر کام کرنے کے لئے دینا ۔ (۱۲) (جہاز میں) روانہ ہونا: سفر پر روانہ ہونا : سفر کا آغاز کرنا : روانہ ہونا (امریکا)۔ (۱۳) آگے بڑھانا (ہاتھ) : آگے کو یا باہر کو نکالنا : بڑھانا : اضافہ کرنا : پھیلانا : لمبا کرنا : لمبا ہونا ۔ (۱۴) گھر سے دور رکھنا (شخص کو) : (جانور کو چرنے سے) بھگا دینا : بیج کا باہر نکلنا ۔

Put over : (n) (۱) تاخیر کرنا : ملتوی کرنا ۔ (۲) (امریکا) ڈراما پیش کرنے کی منظوری حاصل کرنا : شرف قبولیت ہونا: حاصل کرنا: پا لینا : قبول کرنے کے لائق بنانا ۔

Put through : (v) (۱) انجام دینا : تکمیل کو پہنچانا : انجام کو پہنچانا : نکال لے جانا ۔ (۲) (کسی کا کسی سے) ٹیلیفون ملانا : ٹیلیفونی رابطہ قائم کرنا ۔

Putt to : (v) (۱) زور مارنا: کوشش کرنا ۔ (۲) (اثر یا قوت سے) کام لینا ۔ (۳) (گھوڑے کو) گاڑی میں لگانا : (انجن کو) گاڑی میں جوڑنا ۔ (۴)(بحری)(جہاز کو) کنارے لگانا : پناہ لینا : ساحل سے باندھنا : کنارے پر آرام کرنا ۔

Put together : (v) (۱) جوڑ ملانا : اکٹھا کرنا: رشتہ جوڑنا ۔ (۲) جمع کرنا: علاحدہ عنصر یا اجزاء سے ایک چیز بنانا : مرتب کرنا ۔ (۳) (کرکٹ) رن بنانا ۔ (۴) ذہنی طور پر ملانا : ایک ساتھ جوڑنا :اجتماعی طور پر شامل ہونا ۔

To put this and that together : دو واقعات کو ملا کر نتیجہ نکالنا ۔

To put two and two together : جو کچھ معلوم ہے اس سے نتیجہ نکالنا ۔

Put up : (v) (۱) اٹھانا : اونچا کرنا ۔ (۲) (متروک) تحمل کرنا: بر داشت کرنا ۔ (۳) (کسی کو) انتخاب کے لئے پیش کرنا : انتخاب کے لئے نامزد کرنا ۔ (۴) (کسی کو) جاکی (Jockey) مقرر کرنا ۔ (۵) (کسی ڈرامے کو) اسٹیج پر دکھانا : نمائش کرنا : کھیل دکھانا : کھیل کود کی نمائش کرنا ۔ (۶) (شکار کو) شکار گاہ سے نکالنا : ہانکا کرنا ۔ (۷) (دعا) مانگنا : دعا کرنا : عبادت کرنا ۔ (۸) (درخواست) پیش کرنا : (درخواست) گزارنا : استدعا کرنا ۔(۹) (قیمت) بڑھانا : (دام) بڑھانا : اضافہ کرنا ۔ (۱۰) منظر عام پر لگانا : اطلاع عام کے لئے کسی نمایاں جگہ پر لگانا ۔ (۱۱) (اعلان شادی) شائع کرنا: شادی کا اعلان کرنا (جو نکاح سے پہلے تین بار گرجے میں کیاجاتا ہے)۔ (۱۲) کسی شے کو فروخت کے لئے پیش کرنا: نیلام کے لئے پیش کرنا :مقابلے کے لئے پیش کرنا ۔ (۱۳) گٹھری یا بقچے میں باندھنا : صندوق یا تجوری میں رکھنا :حفاظت یا احتیاط سے رکھنا : بعد کے استفادہ کے لئے ذخیرہ کرنا ۔ (۱۴) (تلوار کو) میان یا نیام میں رکھنا : بند کرنا ۔ (۱۵) قیام کرنا : ٹھہرنا (سرائے وغیرہ میں) : مسکن ہونا ۔ (۱۶) ٹھہرانا : ٹھکانا دینا ۔ (۱۷) بنانا : گھڑنا : تعمیر کرنا : بنا کرنا ۔ (۱۸) سازش کرنا : کسی بڑے کام کا منصوبہ کرنا : گھڑنا (قصہ ، پلان وغیرہ)۔ (۱۹) ترکیب کرنا : آمادہ کرنا ۔ (۲۰) انتخاب کرنا : انتخاب کے لئے تجویز کرنا ۔ (۲۱) شریک ہونا : مشارکت کرنا ۔ (۲۲) رقم میں اضافہ کرنا ۔ (۲۳) کسی شخص کو تقریر کے لئے آگے بڑھانا ۔ (۲۴) مکان بنانا : تعمیر کرنا (مکان وغیرہ)۔

To put up a fight : لڑنا بھڑنا : لڑائی کرنا : جنگ کرنا ۔

To put up a good fight : خوب لڑنا: دل کھول کر لڑنا : جان بازی کرنا ۔

To put up with : پی جانا : تحمل کرنا : برداشت کرنا : جھیلنا : سہنا ۔

Put-up : (a) ساختہ : بنایا ہوا: گھڑا ہوا : جھوٹا : جعلی ۔

Put wise : (v) (امریکی عامیانہ) کسی کو آگاہ کرنا : (کسی امر کے متعلق) کسی کی آنکھیں کھول دینا : خبر دار کر دینا ۔

Putamen : (n) [L. f. 'Putare'.] (۱) (نباتیات) نوبی : گٹھلی ۔ (۲) (حیوانیات) عشاء بیضہ : استر بیضہ ۔ (۳)(تشریح) نواتِ دماغ ۔

Putaminous : (a) (نباتیات) گٹھلی دار ۔

Putative : (a) [f. 'Putatif'.] مشہور : عرفی : مفروض : فرض شدہ : فرضی :نام نہاد : مانا ہوا (ازروئے شہرت)۔

His putative father : اس کا نام نہاد باپ، عرفی باپ ۔

Putative marriage : (n) قانونی طور پر ناجائز شادی لیکن جو جائز سمجھ کر کی گئی ہو ۔

Putatively : (adv.) مشہور طور پر : فرض شدہ انداز سے :ازروئے قیاس : ازروئے شہرت ۔

Putchuck / Putchock : (n) [Origin doubtful.] ایک قسم کے کشمیری

عفونت دار : سڑا ہوا : سڑتا ہوا ۔ (۲) بدبو سے متعلق ۔

Putrescibility : (n) فساد پذیری : عفونت : بدبو : تعفن ۔

Putrescible : (a) تعفن پذیر : عفونت پذیر : سڑنے کے لائق ۔

Putrescine : (n) (عضویات ، کیمیا) پٹومن میں سے کوئی ایک : مادۂ عفونت (جو جانداروں اور نباتات کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے) ان میں سے کوئی ایک $NH_2(CH_2)_4NH_2$ ۔

Putrid : (a) [L 'Putridus' .] (۱) متعفن : بوگرفتہ : بدبو دار : گندہ : سڑا ہوا : گلا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) (اخلاقی لحاظ سے) خراب : انحطاط پذیر : گندہ : ناپاک : مخرب اخلاق : فاسد : کریہہ : ناگوار ۔ (۳) مضر : نقصان دہ : ضرر رساں ۔

Putrid fever : (n) (طب) محرقۂ ہذیانی : ٹیفوس : متعفن بخار : عفونت پذیر بخار : گندہ بخار : فاسد بخار ۔

Putrid sore-throat : (n) (طب) متعفن درد گلو : خنّاق : متعفن التہاب بلعومی ۔

Putridity : (n) (۱) عفونت : تعفن : بوسیدگی : سڑاند : بساند ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی گراوٹ ۔ (۳) سڑی ہوئی چیز : بدبو دار شے ۔

Putridly : (adv.) ازراہ عفونت : بہ طریق تعفن : سڑاند کے طور پر ۔

Putridness : (n) دیکھو Putridity

Putrilage : (n) [L. 'Putrilage' .] سڑی ہوئی چیز : بساند شے : فاسد شے : فساد : بوسیدگی ۔

Putrilaginous : (a) متعفن : سڑا ہوا : فساد زدہ ۔

Putrilaginiously : (adv.) متعفن طور پر ۔

Putsch : (n) [Swiss G.] انقلابی حملہ : انقلاب انگیز جدو جہد ۔

Putt/ Put :(n) [Orig. Sc.] (گولف) گولفی ضرب : ایسی ضرب جس سے گیند گولفی گچھی میں جا پڑے ۔

Putt/ Put : (v) [Orig. Sc.] (گولف) گولف کی گیند کو آہستہ ضرب لگانا : ایسی ضرب لگانا جس سے گیند گچھی میں در آئے : گولف کی گیند کو گچھی کے نزدیک مارنا ۔

Puttee : (n) [Hindi 'Patti' .] پٹی : پاپیچ : پنڈلیوں پر باندھنے کی پٹی ۔

پودے کی جڑ ۔

Pute : (a) [L.'Putus f. pulare' .] خالص : غیر مخلوط : نرا ۔

Puteal : (n) [L. 'Puteal ' .] (قدیم روما) طوقہ : منڈیر (کنویں کی) کنویں کامن : (کنویں کی) پتھر کی منڈیر : من ۔

Puthery : (a) (بول چال) گھمس : جس میں گرمی اور اُمس ہو ۔

Putid : (a) [L. 'Putidus' .] سڑا ہوا : بیکار : بے فائدہ : (طب) گندہ : (سماجیات) کمینہ : بد ۔

Putlog / Putlock : (n) [Origin obsc.] (تعمیرات) موکھا ڈنڈا : وہ بڑا شہتیر جس پر کسی مچان کے تختے ٹکے رہتے ہوں ۔

Putrefacient :(a) [L.] متعفن : عفونت آور : عفونت دار : عفونت پذیر : بدبو پیدا کرنے والا : سڑنے والا : فساد آمیز : فاسد کنندہ ۔

Putrefaction : (n) [L.'Putrefectionem ' .] (۱) بدبو : تعفن : عفونت : بساند : سڑاند : بوسیدگی ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی خرابی : فساد : انحطاط : زوال : تنزل ۔ (۳) گندی چیز ۔

Putrefactive : (a) [L.'Putrefact'.] دیکھو Putrefacient

Putrefactive formentation : (n) تعفن جسے سائنسی طور پر خمیر کی ایک صورت سمجھا جاتا ہے ۔

Putrefactiveness : (n) بدبو : تعفن ۔

Putrefiable : (a) تعفن پذیر : عفونت پذیر : سڑنے کے لائق ۔

Putrefier : (n) موجد فساد و تعفن ۔

Putrefy / Putrify : (v) [L.'Putrefacere' .] (۱) سڑنا : متعفن ہونا : اپسنا : بگڑنا : گلنا : خراب ہونا ۔ (۲) (شاذ) سڑانا : گندہ کرنا : متعفن کرنا : فاسد کرنا ۔ (۳) پیپ ہونا : پیپ پڑنا : مواد سے بھر جانا : پك جانا ۔ (۴) (مجازاً) (اخلاقاً) بگڑنا : خراب ہونا : اخلاقی طور پر انحطاط ہونا ۔

Putrescence : (n) (۱) (طب) تعفن : عفونت : گندگی : سڑاند ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی خرابی : فساد ۔ (۳) متعفن چیز : سڑی ہوئی چیز ۔

Putrescency : (n) دیکھو Putrescence

Putrescent : (a) [L.'Putrescentem' .] (۱) (طب) متعفن : گندہ :

Putter : (n) (۱) رکھنے والا؛ پیش کرنے والا : تجویز کرنے والا ۔ (۲) (کوئلہ کان) ٹرام دھکیلنے والا : کوئلہ نکالنے والا : کوئلے کی کان میں ٹب کا کھینچنے والا ۔

Putter : (n) (۱) وزن اٹھانے والا : پتھر یا گولہ پھینکنے والا ۔ (۲) (گولف) ضرب لگانے کا ڈنڈا ۔ (۳) گولف کا کھلاڑی : ضرب لگانے والا ۔

Puttier : (n) پوٹی سے بند کرنے والا : پوٹی سے شیشہ بند کرنے والا ۔

Putting : (n) رکھنے کا عمل : پھینکنے کا عمل : پھینک : پھینکائی : (خصوصاً) کثرت کرنے کا عمل (وزن پھینکنے میں) : وزن پھینکائی ۔

Putting : (n) (گولف)ڈنڈا سے گیند مارنے کا عمل : گچی تک مارنے کا عمل ۔

Putting cleek : (n) گولف کھیلنے کا شام دار ڈنڈا ۔

Putting green : (n) وہ سبز حصۂ زمین جوگولفی گچی کے گرد ہوتا ھے۔

Putting hole : (n) گولفی گچی ۔

Putting iron : (n) (گولف کا) آہنی ڈنڈا ۔

Putting-stone : (n) وہ بھاری گولا (پتھر) جو ورزشی کھیلوں میں استعمال ہوتا ھے ۔

Putto/ Putti : (n) [It. pl.'Putti'.] (جمع) بچوں کی تصویر یا مجسمہ (خصوصاً پندرھویں سے سترھویں صدی عیسوی تک اٹلی کے آرٹ میں استعمال ہوتا تھا) ۔

Putty : (n) [Fr. 'Potee'.] (۱) پوٹی : پالش : ٹین یا سیسے کا سفوف شیشے یا دھات کے صاف کرنے کے لئے : دھات پالش : سرنج ۔ (۲) چونے کا باریک سیمنٹ (جو بغیر بالو ملائے بنایا جائے) ۔ (۳) (تعمیرات) پوٹین ۔

Glazzers' putty : شیشے جڑنے کی لئی یعنی کھویا مٹی اور السی کے تیل وغیرہ کی لئی : پوٹین ۔

Jewellers' putty : جوہروں کاپالش ۔

Plasterers' putty : چونے کا باریک سیمنٹ ۔

Putty : (v) [f. Prec.] (۱) پوٹی سے جوڑنا : پوٹی سے شیشہ جوڑنا؛ سرنج سے ملانا ۔ (۲) پوٹین سے درز بند کرنا : پوٹی سے بند کرنا ۔

Putty colour : (n) زردی مائل بھورا رنگ کا ہلکا سایہ (Shade) ۔

Putty eye : (n) کبوتر کی طرح کی آنکھ ۔

Putty knife : (n) پوٹین ملانے والی کندہ اور لچکدار چھری ۔

Putty medal : (n) معمولی خدمات کا صلہ : ادنیٰ خدمات کا موزوں ، مناسب انعام ۔

Putty powder : (n) سفوف پوٹی : شیشہ صاف کرنے کا سفوف ۔

Putty root : (n) شمالی امریکا کی ثعلبیہ : امریکی ثعلب مصری ۔

Putwari : (n) [Hindi.] پٹواری ۔

Puy : (n) [L.'Podium'.] (ارضیات) بر کانی ٹیلہ : برکانی مخروطہ: چھوٹی برکانی مخروطہ خصوصاًاوورن(Auvergne) کی۔

Puya : (n) [mod. L. from the chilean native name.] چیلی کا ایک درخت جس کے پتے کانٹے دار اور پھل بھڑکیلے ہوتے ہیں ۔

Puzzle : (n) [Origin Unkn.] (۱) معما :چیستان : پہیلی : مسئلہ : مشکل : عقدہ ۔ (۲) گورکھ دھندا : گلجھی : گیجی ۔ (۳) سر گشتگی : حیرت : حیرانی : پریشانی : بکھیڑا: الجھیڑا ۔ (۴) مشکل سوال یا مسئلہ :امر یا شخص جو سمجھ میں نہ آئے ۔ (۵) دیکھو Puzzle-peg ۔

Chinese puzzle : معمۂ چینی : (مجازاً) کوئی مسئلہ (جیومیٹری کا)۔

Crossword puzzle : معمائی جدول : معمائی الفاظ ۔

Puzzle : (v) [Etym. obsc.] (۱) الجھانا : الجھنا : حیران کرنا یا ہونا : پریشان کرنا یا ہونا ۔ (۲) الجھن میں پھنسانا: گھبرانا : تذبذب میں ڈالنا : مذبذب کرنا : عاجز کرنا : تنگ کرنا : زچ کرنا : ضیق کرنا : دق کرنا : آشفتہ کرنا : سر گشتہ کرنا ۔ (۳) حیرت میں ڈالنا : حیرت زدہ کرنا : متحیر کرنا : غرق حیرت کرنا : محو حیرت کرنا ۔ (۴) لا جواب کرنا ۔ (۵) کوئی سوال پوچھ کر یا کوئی مسئلہ پیش کر کے الجھن میں ڈال دینا ۔

To puzzle out : (معما) حل کرنا : (عقدہ) حل کرنا یا سلجھانا : مسئلہ حل کرنا ۔

Puzzle-box : (n) معما بکس : پنجرہ (جانور وغیرہ کو سکھانے کے لئے) ۔

Puzzle-box experiment : (n) تجربۂ بکس معما ۔

Puzzle-head : (n) آشفتہ خیال شخص ؛ پریشان آدمی ؛ حیران شخص ۔

Puzzle headed : (a) پریشان خیال ؛ آشفتہ خیال؛ ژو لیدہ دماغ ؛الجھایا ہوا ؛ الجھے خیال کا ؛ الجھے دماغ کا ۔

Puzzle headedness : (n) آشفتہ خیالی ؛ ژولیدہ دماغی ؛ پریشان خیالی۔

Puzzle lock : (n) قفل رمزی ۔

Puzzle-monkey : (n) ملک چلی (Chilly) کا ایک درخت ۔

Puzzle-pate : (n) دیکھو Puzzle- head

Puzzle-pated : (n) دیکھو Puzzle-headed

Puzzle-patedness : (n) دیکھو Puzzle-headedness

Puzzledom : (n) حیرانی ؛ الجھن ؛ پریشانی ؛ ضیق ؛ الجھاؤ ؛ بکھیڑا ۔

Puzzlement : (n) حیرت ؛ حیرانی ؛ حیرت زدگی ؛ پریشانی ؛ ضیق ؛ الجھن ؛ الجھاؤ ؛ بکھیڑا ۔

Puzzler : (n) (۱) معما حل کرنے والا ؛ چیستاں حل کرنے والا ۔ (۲) الجھاؤ یا الجھن میں ڈالنے والا ؛ جو خود بخود الجھن میں پھنس جاتا ہے ۔

Puzzlingly : (adv.) متحیرانہ ؛ حیرت کے ساتھ ؛ الجھن کے ساتھ ؛ الجھن میں ڈالنے کے طور پر ۔

Puzzollan / Puzzloana : (n) دیکھو Pozzolana

Pyaemia / Pyemia : (n) [mod. L.] (مرضیات) تقیح الدم ؛پیپ دار خون ؛ایک بیماری جس میں جلد پر پیپ کے نقطے نمودار ہو جاتے ہیں اور خون میں سمّیت پیدا ہو جاتی ہے ۔

Pyaemic : (a) تقیح الدم کا یا اس سے متعلق ۔

Pycnaspideae : (n) (طیورات) عصفوریہ چڑیوں کا جھنڈ ۔

Pycnaspidean : (a) عصفوریہ چڑیوں کے جھنڈ سے متعلق ۔

Pycnidiospore : (n) (نباتیات) کثیف غبیرہ ۔

Pycnidium / -ia : (n) [mod. L.] (نباتیات) کثیف غبیرہ دان ۔

Pycniospore : (n) (نباتیات) کثیف غبیرہ ۔

Pycnite : (n) [Fr.] (معدنیات) پکھراج ؛ پکنائٹ ۔

Pycno- : جزو ترکیبی بمعنی "گھنا" "گہرا" "نزدیک" "گنجان" "کثیف" "دبیز" ۔

Pycnodont : (a) چمکدار مچھلیوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Pycnodont : (n) چمکدار مچھلی۔

Pycnogonid : (n) (حیوانیات) کثیف زانو مکڑی ؛ بحری مکڑی ۔

Pycnometer : (n) (طبیعیات) کثافت پیما ؛ (غلاظت) سنج ؛ گندگی پیما ۔

Pycnosis : (n) (خلویات) کثیفت ۔

Pycnospore : (n) کثیف غبیرہ ۔

Pycnostyle : (n) [L. 'Pycnostylos' .] (تعمیرات) وہ طرز تعمیر جس میں ستون قریب قریب ہوں یعنی ستونوں کا درمیانی فاصلہ ایک ستون کے ڈیڑھ قطر کے برابر ہو؛ گنجان ستونی طرز ؛ پکنو سٹائل ۔

Pycnostyle : (a) گنجان ستونی طرز سے متعلق ؛ پکنو سٹائل کا یا اس سے متعلق ۔

Pycnotic : (a) [Gr. 'Piknotikos'.] انجماد: تکثیف کا یا اس سے متعلق۔

Pye : (n) (طباعت) کھچڑی ؛ پائی ۔

Pyelitic : (a) ورم حوض گردہ سے متعلق ۔

Pyelitis : (n) [mod. L. f. Gr. 'Pyelos' + - 'itis' .] (طب)ورم حوض ؛ ورم حوض گردہ ۔

Pyelocystitis : (n) (طب) ورم حوض و مثانہ ۔

Pyelogram/ Pyelograph : (n) (طب) حوض نگارش ؛ ترسیم حوض ۔

Pyelography : (n) حوض نگاری ۔

Pyelonephritis : (n) (طب) ورم حوض و گردہ ۔

Pyeluria : (n) (طب) سلسل البول ؛ پیشاب کا بار بار آنا ۔

Pyemia : (n) (طب) تقیح الدم ؛ پیپ دار خون ۔

Pygal : (n) [Gr. 'Pyge' + -al.] (حیوانیات) کفل ؛ ذنب ؛ بعض

جانوروں کی پشت ۔

Pygal : (a) (حیوانیات) کفلی : ذنبی ۔

Pygarg : (n) [L. 'Pygargus' .] (۱) ہرن کی ایک قسم ۔ (۲) بحری عقاب ۔

Pygidial : (a) ذنبی : دُم کے حصّے سے متعلق ۔

Pygidium : (n) [mod. L.] (حیوانیات) پسیں ظہر حلقہ : آخری حلقہ : دم کا حصہ۔

Pygmean / Pygmean : (n) [L. 'Pygmaeus' .] کوتاہ قد سے متعلق : بونا سے متعلق : بہت چھوٹا : ٹھگنا : پست قد ۔

Pygmy/ Pigmy : (a) [L. 'Pygmaeus '.] (۱) کوتاہ : قد کوتاہ : پست قد : بالشتیا : بونا : پست قامت : بہت چھوٹا ۔
(۲) (مجازاً) کم عقل : بے مغز : حقیر : ناچیز ۔
(۳) پست قد قوم یا شخص سے متعلق ۔

Pygmy/ Pigmy : (n) (۱) پست قد قوم کا فرد : پست قد آدمی : چھوٹا آدمی ۔ (۲) (مجازاً) کم عقل شخص : بے مغز آدمی ۔
(۳) (مجازاً) حقیر شے : معمولی چیز ۔ (۴) دیو : پری : بھوت : پریت ۔

The pygmies : افریقہ کی پست قد قوم ۔

Pygo - : [Gr. 'Pygo ' .] سابقہ بمعنی "کفل" "اطراف دُم" ۔

Pygobranchiate : (a) معدہ پاکی ایک جنس سے متعلق ۔

Pygopod : (a) (۱) مرغان غواص کی خانوادہ سے متعلق ۔
(۲) آسٹریلیائی چھپکلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Pygopod : (n) (۱) مرغان غواص کی ایک جنس ۔ (۲) ایک قسم کی آسٹریلیائی چھپکلی ۔

Pygopodous : (a) جس کے پیر زیادہ پیچھے کی طرف ہوں ۔

Pygostyle : (n) (حیوانیات) میکھہ : میکعۃ الطیر : دُم ہڈی ۔

Pyin : (n) [Gr. 'Pyon' + - in.] پیپ میں پایا جانے والا ایک البومینی مادہ ۔

Pyjamas/ Pajamas : (n) [Pers. and Urdu, 'Paejamah' .]
(۱) پاجامہ : پائی جامہ ۔ (۲) شلوار گشاد : ڈھیلا ڈھالا سوٹ (کرتا و پاجامہ) جو رات کو سوتے وقت پہنتے ہیں (انگلستان میں اکثر اسی معنی میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Pyknic / Pycnic : (a) [Gr. 'Pyknos' + -ic.] چھوٹے ہاتھ پاؤں اور گول چہرے اور جسم والا ۔

Pyknometer : (n) (طبیعیات) کثافت پیما ۔

Pylagore / Pylagoras : (n) [Gr. 'Pylagoras' .] (یونان قدیم) ہر یونانی قبیلے کی Amphictyonic کونسل کے لئے منتخب دو ڈپٹی میں سے ایک کالقب ۔

Pylangial : (a) شریان کے غیر منقسم حصے سے متعلق ۔

Pylangium : (n) (تشریح) شریان کا غیر منقسم حصہ جو ریڑھ کی ہڈی کے نیچے کے جوف کا حصہ ہوتا ہے ۔

Pylon : (n) [Gr. 'Pylon' .] (۱) (اثریات) اونچا بڑا دروازہ : باب ہیکل : بڑی پھاٹک (خصوصاً مصری معابد کا) : برج: ستون ۔ (۲) اونچی مینار دار عمارت (پشت بانی ، حدبندی یا آرائش کی غرض سے): برج پائلن نما ۔
(۳) (الیکٹرک انجینیئرنگ) فولادی لاٹھ ۔

Pylorectomy : (n) (سر) بواب براری ۔

Pyloric : (a) [f. Pylorus.] (تشریح) بوابی : فم معدہ سے متعلق : دربانی: متعلق بہ دربانیہ ۔

Pyloric artery : (n) (تشریح) بوابی شریان ۔

Pyloric orifice : (n) (تشریح) بوابی دہنّہ ۔

Pyloric stenosis : (n) (طب) بوابی ضیق ۔

Pyloric valve : (n) (تشریح) بوابی صمام ۔

Pyloro - : سابقہ بمعنی "باب المعدہ" ۔

Pyloroplasty : (n) فم معدہ کی پلاسٹک سرجری۔

Pylorus : (n) [Gr. 'Pyloros' .] بواب : فم معدہ : یہ معدہ کے نیچے والے سرے کا نام ہے جو چھوٹی آنت سے ملحق ہے اور گویا دربان کاکام کرتا ہے : اوقات معینہ پر غذا کو معدہ سے آنت میں جانے کا کام دیتا ہے ۔

Pyo - : سابقہ بمعنی "ریم" "پیپ" ۔

Pyococcal : (a) تقیح نبقی (کوکس میں پیپ پڑنے سے متعلق) ۔

Pyococcus : (n) تقیح نبقہ : جر ثومہ میں پیپ پڑنا۔

Pyocyanic : (a) نیلے رنگ کے مادے سے متعلق جو پیپ سے نکلتا ھے۔

Pyocyanin : (n) نیلے رنگ کا مادہ جو پیپ سے نکلتا ھے ($C_{14}H_{14}NO_2$)۔

Pyogenesis : (n) (طب) صدید یت : پیپ پڑنا۔

Pyogenic/ Pyogenetic : (a) ریم زا؛ پیپ زا۔

Pyogenic bacteria : (n) پیپ زا جراثیم۔

Pyogenous : (a) (طب) ریم زائیدہ : پیپ زائیدہ۔

Pyoid : (a) [Gr. 'Pyoides' .] صدیدی : پیپ دار : ریمی : پیپ جیسا۔

Pyometra : (n) (طب) صدیدیت رحم۔

Pyonephrosis : (n) (طب) صدیدیت گردہ۔

Pyopneumothorax : (n) عشاء الریہ کے جوف میں پیپ اور ھوا کی موجودگی۔

Pyorrhoea : (n) [Pyo- + Gr. 'rhoea' .]: (۱) (طب) تقیح : سیلان ریم : پیپ کا خارج ھونا : خصوصاً دانتوں کی بیماری۔ (۲) (طب) ناسورلثہ : پائیوریا۔

Pyorrhoea Alveolaris : (n) (طب) ناسورلثہ : پائیوریا۔

Pyosalpinx : (n) (طب) صدیدیت بیض نالی۔

Pyosis : (n) صدیدیت : تقیح : پیپ پڑنا۔

Pyoxanthin / Pyoxanthose : (n) زرد رنگ کا مادہ جو نیلے پیپ میں Pyocyanin کے ساتھ پایا جاتا ھے۔

Pyracanth/ Pyracantha : (n) [L. 'Pyracantha ' .] (نباتیات) یورپی شوکۃ الیہود : ایک سدا بہار خاردار جھاڑی جس کے پھول سفید اور پھل ارغوانی ھوتے ہیں۔

Pyracanthine : (a) یورپی شوکۃ الیہود سے متعلق۔

Pyralid : (a) Pyralidae جنس کے پتنگا سے متعلق۔

Pyralid : (n) پروانۂ آتش : اگن پتنگا۔

Pyralis / Pyralides : (n) [mod. L.] (حشریات)Pyralidae جنس کا ایک پتنگا۔

Pyramid : (n) [L. 'Pyramis' .] (۱) ہرم : خصوصاً اہرام مصری : منار۔ (۲) مخروط : مخروطی شکل۔ (۳) ہرم نما شکل : منار نما شکل: مخروط نما شکل۔ (۴) ہرم نما میوہ دار درخت (یعنی وہ درخت جو مخروطی شکل میں پایا جائے)۔ (۵) (حیوانیات) ہرمی ساخت۔ (۶) (ہندسہ) مخروط مضلع۔ (۷) (جمع) بلیرڈ یا انڈا کا کھیل جس میں عموماً پندرہ رنگین گیندیں ہوتی ہیں اور ایک بے رنگ۔

Right pyramid : (ہندسہ) قائم مخروط مضلع۔

Oblique pyramid : (ہندسہ) مائل مخروط مضلع۔

Pyramidal : (a) [med. L. 'Pyramidalis' .] (۱) ہرمی : ہرمیہ : مخروطی : مخروط نما۔ (۲) ہرم نما : اہرام نما:مضلع نما : مناری۔ (۳) (ریاضیات) اعداد کے مختلف سلسلوں کے لئے استعمال ھوتا ھے۔

Pyramidal: (n) ہرمی عدد۔

Pyramidal cells : (n) (خلویات) ہرمی خلایا۔

Pyramidally : (adv.) ہرمی طور پر : ہرمی شکل میں : مخروطی شکل میں۔

Pyramidion / -ia/ -ions : (n) [mod. L.] چھوٹا ہرم خصوصاً تعمیر میں نوکدار مخروطی حصہ۔

Pyramidist : (n) اہرام مصری کاماہر: ماہر ہرمیات یعنی اہرام مصری کی ساخت و تاریخ کا عملی انداز سے مطالعہ کرتا ھے : ہرمیات داں : عالم اہرام۔

Pyramids of Egypt : (n) اہرا م مصر۔

Pyramids of Malpighi/ Rental Pramids : (n) (تشریح) مخروطات گلوی۔

Pyranometer : (n) (طبیعیات) اشعاع سما پیما۔

Pyrargyrite : (n) (دھات) فلز سیم احمر : سرمہ چاندی کچدھات۔

Pyre : (n) [L. 'Pyra' .] چتا : لکڑی کا تودہ جس پر مردہ کو رکھ کر جلاتے ہیں۔

Pyrene : (n) [mod. L.'Pyrena' .] (۱) (نباتیات) جوزک : سخنک۔ (۲) ہستہ : تواۃ : گٹھلی۔

Pyrene : (n) [Gr.] (کیمیا) ایک قسم کا ٹھوس ہائیڈرو کاربن $(C_{16}H_{10})$.

Pyrenic : (a) ٹھوس ہائیڈروکاربن سے متعلق ۔

Pyrenean / -aean : (a) [f. L. 'Pyrenaeus'.] جبل الابواب کے باشندہ سے متعلق ۔

Pyrenees : (n) جبل الابواب کا باشندہ ۔

Pyrenoid : (n) (۱) (نباتیات) گٹھلی نما ۔ (۲) مادۂ گٹھلی نما ۔

Pyrethric : (a) گرد مخلصہ کے ترشہ سے متعلق ۔

Pyrethrine : (n) [f. 'Pyretrine' .] (کیمیا) وہ مادہ جو عاقر قرحا کا لعابی عمل ہوتا ہے : گرد مخلصہ ۔

Pyrethrum : (n) [Gr. 'Pyrethron' .] جنس عاقر قرحا؛ ایک نباتی دوا کا نام : بابونۂ گاوی ۔

Pyrethrum powder : (n) سفوف بابونۂ گاوی ۔

Pyretic : (a) [mod. L. 'Pyreticus' .] (۱) حمائی : تپی : حمی :بخاری: بخار آور : بخار کی ۔ (۲) بخار کو ختم کرنے کے لئے استعمال ہونے والا : دافع بخار ۔

Pyretic : (n) دافع تپ : دافع بخار ۔

Pyreto- : سابقہ بمعنی " بخار" "تپ" ۔

Pyretology : (n) علم طب کی وہ شاخ جس میں بخار سے متعلق بحث کی جاتی ہے : بخاروں کا علم؛ حمیات ۔

Pyretotheraphy : (n) (طب) حمائی معالجہ : حرارتی علاج : بخار کا علاج ۔

Pyrexia /-iae : (n) [mod. L.] (۱)(طب) بخار : تپ : حمی : حمائی بیماری۔(۲) حالت حمائی : تپی حالت ۔

Pyrexial : (a) بخاری : حمائی : بخار سے متعلق : تپی ۔

Pyrgeometer : (n) (طبیعیات) اشعاع ارض پیما۔

Pyrheliometer : (n) [f. Gr.] (علم النجوم) اشعاع شمس پیما : حرارت آفتاب پیما۔

Pyridic : (a) پائریڈین سے متعلق ۔

Pyridine : (n) [Gr. 'Pyr' + -id + -ine' .] (کیمیا) رقیق آتش گیر شے جو ہڈی کے تیل سے حاصل ہوتی ہے اور دمے کے علاج میں کام آتی ہے : پائیریڈین ۔

Pyridyl : (n) پائیرڈین کا اصلیہ (C_5H_4N) ۔

Pyriform : (a) [mod. L. 'Pyriformis' .] ناشپاتی شکل : گلابی شکل ۔

Pyrite : (n) [L. 'Pyrites' .] (۱) آہنی چقماق : بطوریطش ۔ (۲) چقماق : پیر یطش : دھاتی سلفائیڈ ۔

Pyrites : (n) [L.] آہن کے دو کبریتیوں میں سے کوئی ایک (FeS_2) : چقماق پیریطش : بور یطش ۔

Capillary pyrites : نیکل (Nickle) کا سلفائیڈ ۔

Copper pyrite /Copper- pyrites : مسی چقماق : تانبے اور لوہے کا دگنا کبریتیہ ۔

Magnetic pyrites : مقناطیسی چقماق ۔

Spear pyrites : گندھکی فولاد (Marcasite) کی ایک قسم ۔

White iron pyrites : Marcasite کی ایک قسم ۔

Pyritic/ -al : (n) آتشی : آتشیائی : ناریائی : منسوب : آتشیہ : منسوب به ناریہ ۔

Pyritiferous : (a) آتشیہ دار : ناریہ دار ۔

Pyritous : (a) آتشیائی : ناریائی ۔

Pyritize : (v) آتشیانہ : آتشیہ بنانا : ناریہ بنانا ۔

Pyrito- : سابقہ Pyrites کی اتحاد پذیر شکل ۔

Pyritohedral : (a) (بلور) مخمسی بارہ سطحی مجسم سے متعلق ۔

Pyritohedron / -hedra : (n) (بلور) مخمسی بارہ سطحی مسجم ۔

Pyritoid : (a) چقماق جیسا : چقماق آسا : سلفائڈ آہن مانند ۔

Pyritology : (n) چقماقیات : علم چقماقات ۔

Pyro : **Pyrogallic acid** کا مخفف ۔

Pyro- : [Gr. 'Pyro' .] (سابقہ) تیز حرارت : آتش : آگ ۔

Pyro-acid : (n) ایک ترشہ جو دوسرے ترشہ سے خشک تقطیر کے ذریعہ بنایا جاتا ھے۔

Pyro-electric : (a) (۱) (برقیات) حرارتی برقی : آتش برقی : وہ جسم (خصوصاً بلور) جس میں حرارت پیدا ہو جاتی ھے۔ (۲) حرارتی برقی زا۔

Pyroballogy : (n) (فوج) علم توپ خانہ۔

Pyroboric acid : (n) (کیمیا) آتشی سہاگے کا تیزا ب۔

Pyrocatechin/ -chol : (n) ایک قسم کا ترشہ ($C_6 H_6 O_2$) جو کتھا، کینو (Kino) وغیرہ کے خشک تقطیر میں پایا جاتا ھے۔

Pyrochemical : (a) (کیمیا) آتشی کیمیائی۔

Pyrochlore : (n) قہوہ کے رنگ کا مادۂ معدنی ($N_9 C_9 Cb_2 O_6 F$)۔

Pyroclastic : (a) (ارضیات) برکانی ریزوی۔

Pyroclastic : (n) (ارضیات) برکانی چٹان۔

Pyrocoll : (n) ایک قسم کا مادہ جو جلاٹین کی تقطیر کرنے سے نکلتا ھے ($C_{10} H_6 N_2 O_2$)۔

Pyroelectric : (n) حرارتی برقی مادہ۔

Pyroelectricity : (n) (برقیات) حرارتی برق : آتش برق : حرارت کے ذریعہ برق پیدا ہو جانے کی حالت۔

Pyrogallate : (n) ایک قسم کا نمک : ایک رقیق شے جو الکحل پر ایسڈ کے عمل سے پیدا ہوتی ھے۔

Pyrogallic acid : (n) (کیمیا) ایک قسم کا تیزاب جو فوٹو گرافی میں عامل تحلیلی کے طور پر کام کرتا ھے : پائیرو : پائیروگیلک ایسڈ۔

Pyrogen : (n) ایک مادہ جس کے خون میں ملنے سے بخار آ جاتا ھے : حرارت زا مادہ : بخار آور مادہ۔

Pyrogenetic : (a) (۱) حرارت زا : خصوصاً جو جسم میں حرارت پیدا کرتی ھے۔ (۲) بخار آور : تپ آور۔

Pyrogenic : (a) (۱) (طب) تپ آور : بخار آور۔ (۲) (طبیعیات) حرارت زا۔

Pyrogenicity : (n) بخار آور ہونے کی حالت۔

Pyrogenous : (a) (۱) (کیمیا) آتش زادہ : آتش زائیدہ : حرارت زادہ (۲) آتشین (چٹان)۔

Pyrognostic : (a) (کان کنی) آتشی مشخّصہ۔

Pyrognostics : (n) معدنیات کا وہ علم جو آتشی شخصہ سے بحث کرتا ھے : آتشی مشخصہ کا علم۔

Pyrograph : (v) آتش نگاری کرنا : آتشیں کندہ کاری کا کام بنانا : شیخ کاری۔

Pyrograph :(n) آتشیں کندہ کاری۔

Pyrographer/ Pyrographist : (n) آتشیں کندہ کاری کرنے والا : وہ شخص جو لکڑی پر گرم آلے سے نقش و نگار نباتا ہو۔

Pyrographic : (a) آتشیں کندہ کاری کے متعلق : آتش نگارانہ۔

Pyrography : (n) آتشیں کندہ کاری : لکڑی پر گرم آلے کی نوک سے نقش و نگار بنانے کا کام۔

Pyrogravure : (n) (آرٹ) آتشیں نقشہ : آتشیں کندہ کاری : آتش نگاری۔

Pyrolater/ Pyrolator : (n) آتش پرست : آگ کی پرستش یا پوجا کرنے والا۔

Pyrolatry : (n) آتش پرستی : اگنی پوجا۔

Pyrolignate : (n) Proglineous acid کا نمک۔

Pyroligneous : (a) [f.'Pyroligneux'.] (کیمیا) چوبی کشیدہ : آتش چوبی : وہ چیز جو لکڑی پر حرارت یا آگ کے عمل سے پیدا ہو۔

Pyrolineous acid : (n) آتش چوبی کا تیزاب؛ وہ تیزاب جو لکڑی پر حرارت یا آگ کے عمل سے پیدا ہو۔

Pyrologist : (n) ماہر علم الحرارت : آتشی تجزیہ کا ماہر۔

Pyrology : (n) (طبیعیات) علم الحرارت : (کیمیا) آتشی تجزیہ : حرارتی تجزیہ۔

Pyrolusite : (n) (معدنیات) مینگنیز کا ڈائی آکسائڈ(MnO_2)۔

Pyrolysis : (n) (کیمیا) آتش پاشیدگی۔

Pyromagnetic : (a) حرارتی مقناطیسی۔

Pyromancy : (n) [OFr. 'Pyromancie' .] آتشی تفاؤل : آتش بینی ۔

Pyromania : (n) (نفسیات ، طب) جنون آتش زنی : آتش مانیا : آتش زدگی کا خبط : آگ لگانے کا جنون ۔

Pyromaniac /-al : (a) آتش مانیائی : آتش زدگی کاخبطی ۔

Pyromeconic acid : (n) ایک قسم کا بلوری تیزاب ($C_5H_4O_3$) ۔

Pyrometer : (n) (طبیعیات) آتش پیما : تیز تپش پیما: حرارت پیما : تیز حرارت ناپنے کا آلہ ۔

Pyrometric /-al : (a) آتش پیمائی کا یا اس سے متعلق : حرارت پیمائی سے متعلق ۔

Pyrometrically : (adv.) آتش پیمائی طور پر ۔

Pyrometry : (n) (طبیعیات) آتش پیمائی : تیز تپش پیمائی : حرارت پیمائی ۔

Pyromorphite : (n) (معدنیات) سبز کچا سیسہ ($Pb_5(PO_4)_3CL$) ۔

Pyromorphous : (a) (حرارت سے) قلم پذیر ۔

Pyromotor : (n) وہ موٹر جو براہ راست حرارت سے چلتی ھے ۔

Pyromucic acid :(n) ایک قسم کا تیزاب ($C_5H_4O_3$) جو Mucic acid سے نکالا جاتا ھے ۔

Pyronomics : (n) (طبیعیات) علم الحرارت ۔

Pyrope : (n) [OFr. 'Pirope' .] (معدنیات) یا قوت احمر : لعل کی ایک قسم ۔

Pyrophanous : (a) (کان کنی) حرارت سے شفاف ہو جانے والا ۔

Pyrophobia : (n) آتش ترسی ۔

Pyrophoric/ Pyrophorous : (a) (کیمیا) آتش گیرندہ : آتش گیرانہ : اشتعال پذیرانہ :آتش گیر سے متعلق ۔

Pyrophorous : (n) [mod. L.] (۱) (کیمیا) آتش گیر مادہ : اشتعال پذیر مادہ : وہ چیز جو ہوا میں آتے ھی مشتعل ہو جاتی ھے ۔ (۲) آتش بردانہ ۔ (۳) (حشریات) امریکی بھونرے کی ایک جنس ۔

Pyrophosphoric acid : (n) فاسفورک ایسڈ پر حرارت کے عمل سے پیدا ہونے ولا ترشہ ($H_4P_2O_7$) ۔

Pyrophotograph : (n) آتشی فوٹو : آتشی عکسی تصویر : وہ عکسی تصویر جو شیشے یا چینی ظروف پر آگ کی حرارت سے چپکا دی جاتی ھے ۔

Pyrophotographic : (a) آتشی عکاسی : آتشیں عکاسی : آتشیں تصویر کشی : آتشیں فوٹوگرافی ۔

Pyrophotometer : (n) (بصریات) ضیائی تیز تپش پیما : تیز تپشی ضیا پیما ۔

Pyrophyllite : (n) (معدنیات) پنسل پتھر ۔

Pyroscope : (n) (طبیعیات) آتش نما : اشعاع پیما ۔

Pyrosis : (n) [mod. L.] (طب) سوزش معدہ : معدہ کی جلن : ایک قسم کی بد ہضمی جس میں پانی کی قے ہوتی ھے ۔

Pyrosoma /Pyrosome : (n) [mod. L. 'Pyrosoma' .] (حیوانیات) آتش جسم ۔

Pyrostat : (n) (طبیعیات) آتش قرار ۔

Pyrotritartaric acid : (n) Tartaric acid پر حرارت کے عمل سے نکالا ہوا ایک ترشہ [$(C_6H_7O)COOH$]

Pyrotechnic : (a) (۱) آتش بازانہ : آتش بازی سے متعلق : منسوب بہ آتش بازی ۔ (۲) (مجازاً) مبالغہ آمیز :ظرافت : خوش بیانی وغیرہ سے متعلق : ہوش ربا ۔

Pyrotechnical : (a) دیکھو Pyrotechnic

Pyrotechnically : (adv.) آتش بازی کے طور پر ۔

Pyrotechnician : (n) ماہر آتش بازی : آتش بازی بنانے والا ۔

Pyrotechnics : (n) (۱) آتش بازی: آتش بازی کا کھیل ۔ (۲) آتش بازی بنانے کا فن : آتش بازی کا تماشا ۔ (۳) (مجازاً) حیرت انگیز سنسنی پیدا کرنے والا کھیل : ہوش ربا تماشا ۔

Pyrotechnist : (n) دیکھو Pyrotechnician

Pyrotechny : (n) [Fr. 'Pyrotechnic' .] آتش بازی : آتش بازی کا تماشا :(موج) آتش بازی کے ذریعہ سگنل دینا ۔

Proxene : (n) [f. Gr. 'Pyro' + 'xenos' .] (معدنیات) آتشی معدن: پائروکسین ۔

Pyroxenic : (a) آتشی معدن سے متعلق ۔

Pyroxenite : (n) ایک قسم کی تغیر پذیر چٹان۔

Pyroxyle : (n) (کیمیا) پائروکسلین : باروت پنبہ : بھک روئی (ایک قسم کی آتش گیر چیز جس میں بارودی روئی بھی شامل ہوتی ہے جو نباتاتی ریشوں کو شورے کے تیزاب میں بجھانے سے بنتی ہے)۔

Pyroxylic : (a) پائروکسیلینی : بھک روئی سے متعلق۔

Pyroxylin : (n) [Fr. 'Pyroxyline'.] دیکھو Pyroxyle

Pyrrhic : (n) [L. 'Pyrrhicha'.] قدیم یونان کا جنگی رقص۔

Pyrrhic : (a) قدیم یونانیوں کے رقص جنگ سے متعلق۔

Pyrrhic : (n) [L.'Pyrrhichius'.] (عروض) عروضی پد : دو ہجائی رکن جس میں کسی ہجا پر تاکید نہیں ہوتی۔

Pyrrhic : (a) عروضی پد سے متعلق : بے تاکیدی دو ہجائی رکن کا یا اس سے متعلق۔

Pyrrhic : (a) [Gr. 'Pyrri-'.] ایپی رس (Epirus) کے بادشاہ پائرس سے منسوب (۳۱۸ تا ۲۷۲ قبل مسیح)۔

Pyrrhic victory : (n) فتح عظیم : فتح گراں بہا یعنی وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو جیسی ایپی رس کے بادشاہ پائرس کو اسقلم (Asculum) کے میدان میں رومیوں پر حاصل ہوئی تھی۔

Pyrrhonian : (a) [Fr. 'Pyrrhonien'.] پرھونی : پرھون سے منسوب۔

Pyrrhonian : (n) (فلسفہ) کامل شکی : پرھونی : مقلد پرھون۔

Pyrrhonic : (a) پرھونی : پرھونی سے منسوب۔

Pyrrhonic : (n) دیکھو Pyrrhonian (n)

Pyrrhonism : (n) کامل شکست : پر ھونیت : فلسفہ پرھونی : کامل تشکیک : شك پرستی : پرھون باشندہ ایلس (۳۰۰ قبل مسیح) کا یہ نظریہ کہ علم کا تیقن نا ممکن الحصول ہے۔

Pyrrhonist : (n) (فلسفہ) کامل شکی : پرھونی : مقلد پرھون۔

Pyrrhonize : (v) پرھون پر عمل کرنا : کامل تشکیک کا ہونا۔

Pyrrotine : (n) [G. 'Pyrrhotin'.] مقناطیسی چقماق : لوہے کا مقناطیسی سلفائڈ۔

Pyrrhotite : (n) مقناطیسی چقماق : لوہے کا مقناطیسی سلفائڈ۔

Pyrrol / Pyrrole (n) [Gr. 'Pirros'.] (کیمیا) ایک قدرے قلیائی بے رنگ مادہ ($C_4 H_5 N$)۔

Pyrroline : (n) دیکھو Pyrrol

Pyruline : (a) [f. mod. L. 'Pyrula'.] (حیوانیات) معدہ پاکی اس جنس سے متعلق جس کا ناشپاتی نما قشر ہوتا ہے۔

Pyrus : (n) [L.'Pirus'.] (نباتیات) سیبی : جنس سیب : گلاب نما درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم جس میں سیب اور ناشپاتی وغیرہ شامل ہیں۔

Pyrus japonica : (n) ارغوانی سیبی۔

Pyrus lanata : (n) (نباتیات) ڈوڈا۔

Pyrus Malus : (n) (نباتیات) درخت سیب۔

Pyrus Pashia : (n) (نباتیات) بٹنگ : بٹنگی۔

Pyrus Sinesis : (n) (نباتیات) درخت ناشپاتی۔

Pyruvic acid : (n) ٹارٹرک ترشہ کی خشک تقطیر سے حاصل ہونے والا ترشہ۔

Pythagoras : (n) (تاریخ) فیثا غورس : حکیم فیثاغورس (باشندہ ساموس چھٹی صدی قبل مسیح ، ایک فلاسفر اور ریاضی داں)۔

Pythagorean : (a) [f. L. 'Pythagoreus'.] فیثا غورسی : فیثا غورس کے طرز کا۔

Pythagorean : (n) فیثاغورس کا مقلد: فیثاغورس کے اصول پر عمل کرنے والا۔

Pythagorean letter : (n) حرف فیثاغورس : فصل خیر و شر۔

Pythagorean proposition : (n) (ہندسہ) شکل فیثاغورس : اقلیدس کے پہلے رسالے کی ۴۷ ویں شکل: مسئلہ فیثاغورس۔

Pythagorean system : (n) نظام فیثا غورسی۔

Pythagorean theorem : (n) دیکھو Pythagorean proposition

Pythagoreanism : (n) (فلسفہ) فیثاغوریت : مذہب فیثاغورس۔

Pythagoric : (n) دیکھو Pythagorean (a)

Pythagorician : (n) دیکھو Pythagorean (n)

Pythagorism : (n) فیثاغورسیت ۔

Pythagorist : (n) دیکھو Pythagorean (n)

Pythagorize : (v) فیثاغورسی طرز کا ہونا ؛ فیثاغورسی بنانا ؛ فیثاغورسی نظریہ قائم کرنا ۔

Pythia : (n) [Gr. 'Pythia' .] (۱) (قدیم یونان) ایک کاہنہ ؛ ایک غیب گو ؛ ڈیلفی کے اپالو کی پجارن ۔ (۲) معدہ پاکی کی ایک جنس ۔

Pythiad : (n) [Gr.] Pythian کھیل کے دو جشنوں کے درمیان کا زمانہ ۔

Pythian : (a) [f.L. 'Pythius' .] (۱) ڈیلفی (Delphi) سے متعلق ۔ (۲) اپالو کے سروش غیبی اور اس کی کاہنہ سے متعلق ۔ (۳) نیز مقام ڈیلفی کے تماشے سے متعلق ۔

Pythian: (n) (۱) ڈیلفی کا باشندہ ۔ (۲) اپالو کی سروش غیبی اور اس کی کاہنہ ۔ (۳) سودائی ؛ جنونی ۔

The pythian : ڈیلفی کا اپالو ؛ اپالو کی کاہنہ (ڈیلفی میں)۔

Pythian games : (n) یونان کے چار قومی تہواروں میں سے ایک جو ڈیلفی میں ہوتا ہے ۔

Pythian meter / -verse : (n) وہ چھ رکنی مصرعہ جس کی ایک ہجا چھوٹی اور دوسری بڑی ہو ۔

Pythic : (a) دیکھو Pythian (a)

Pythogenesis : (n) (طب) گند زاد گی ۔

Pythogenic : (a) [f. Gr.] (طب) گند زادہ ؛ پیپ زادہ ۔

Pythogenic fever : (n) (طب) تپ محرقہ ؛ میعادی بخار ۔

Python : (n) [L. 'Python '.] (۱) تنّیں بری ؛ اژدہا ۔ (۲) (یونانی اساطیر) اژدہا یا بڑا سانپ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ طوفان نوح کے بعد ایک غار میں زندہ تھا اور آخر کار اپالو کے ہاتھ سے مارا گیا ۔

Python : (n) [late L. 'Pytho , pythonem ' .] (۱) آسیب ؛ جن؛ مشہور پریت کا نام ۔ (۲) آسیب زدہ ؛ جس شخص کے سر پر اس کا سایہ ہو یا جو اس کا معمول ہو ۔ (۳) (اساطیر) غیب گو ؛ کاہن ؛ وہ شخص جو ارواح خبیثہ یا اجنہ سے تعلق رکھتا ہے ۔

Pythoness : (n) [med. L. 'Pyitonissa' .] جادوگرنی ؛ کاہنہ؛ ساحر ؛ غیب گو عورت ؛ وہ عورت جس کے سر پائیتھون آئے ۔

Pythonic : (a) اژدہا سے متعلق ؛ عظیم الشان ؛ دیو پیکر ؛ عجیب الخلقت۔

Pythonic : (a) پائی تھون سے متعلق؛ جن و آسیب سے متعلق ؛ پیش گویانہ ؛ ملہمانہ ؛ الہامی ؛ پر اسرار ؛ غیب گو ۔

Pythonism : (n) غیب گوئی ؛ کاہنیت ۔

Pythonissa : (n) [late L. fem. of 'Pytho' .] دیکھو Pythoness

Pythonomorph : (n) [mod. L. 'Pythonomorpha' .] دیکھو Mosasaurus

Pyuria : (n) [f. Pyo- + -uria.] (طب) بول صدیدی ؛ پیپ دار پیشاب ہونا ۔

Pyx : (n) [L. 'Pyxis'.] (۱) بکس ؛ خزانے کا صندوق ؛ تجوری ؛ چینی وغیرہ کا ظرف جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ واز ۔ (۲) (رومن کلیسا) وہ برتن جس میں روٹی رکھی جاتی ہے ۔ (۳) شاہی ٹکسال کی وہ صندوقچی جس میں خالص سونے اور چاندی کے سکے نمونے کے طور پر سالانہ امتحان کے لئے رکھے رہتے ہیں ۔ (۴) (تشریح) خانۂ ورک ؛ تقلی جس میں ران یا کسی اور جوڑ کی ہڈی بیٹھتی ہے ۔

Trial of the pyx : امتحان مسکوکات ؛ سکوں کا سالانہ امتحان (شرکت زرگراں کی ایک جیوری کرتی ہے)۔

Pyx : (n) (۱) کسی سکے کو سکہ دان میں رکھنا ؛ سکہ دان میں ڈالنا ۔ (۲) کسی سکے کو تول کر یا کسوٹی پر کس کر دیکھنا یا پرکھنا ۔ (۳) (سکہ کو) وزن کے ذریعہ جانچنا ۔

Pyx cloth: (n) وہ کپڑا جو سکہ دانی کو ڈھانکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Pyx-jury : (n) سکہ دانی کے سکوں کو پرکھنے والی سنار کی کمیٹی ۔

Pyxidate : (a) [mod. L. 'Pyxidatus' .] (نباتیات) سر پوش دار ؛ ڈھکنے دار ۔

Pyxdium : (n) [mod. L.] (نباتیات) ڈھکنے دار ڈوڈا ؛ وہ ڈوڈا جس کا ڈھکنا اس طرح کھلتا ہے جیسے صندوق کا

اور جوڑ کی ہڈی بیٹھتی ہے ۔ (۲) (مقناطیسیت)
قطب نما : کمپاس ۔ (۳) (نباتیات) ڈھکنے دار ڈوڈا۔
(۵) کائی میں جھاڑی کی پیالہ نما کشادگی۔

ڈھکنا : کیپسول گیانی : مجری ۔

Pyxis / Pyxides : (n) [L.] (۱) صندوقچہ : صندوقچی ڈبیا : درج۔
(۲) (تشریح) خانۂ ورک : قفلی جس میں ران یا کسی

Q

Q. : (۱)انگریزی حروف تہجی کا سترھواں اور رومن حروف تہجی کا سولہواں حرف ۔(۲)سلسلہ وار ترتیب ظاہر کرنے کی لئے استعمال ہوتا ھے جیسے 'Q. Battery' اور 'Section Q' ۔(۳)کسی چیز یا شخص کی خدمت کے طور پر استعمال ۔ (۴)کسی نقشے کا کوئی نقطہ وغیرہ ۔

Q . Boat /-ship : دیکھو Mystery ship

Q .E. D : [L quod erat demonstrandum .] جس کو ظاہر کرنا تھا (ثابت کرنا تھا)؛ فہوالمطلوب ؛ ثابت ہو گیا ۔

Q. T. : چپ چاپ ؛ Quiet کا مختلف ۔

On the q. t. : خفیہ ؛ چپکے سے ۔

Qadarite /Kadarite : (n) [Arab'qadarity'.qadarite.] قدیم اسلامی فلسفیانہ اسکول کا ایک رکن جو بہ خلاف عقیدۂ جبری ، عقیدۂ اختیاری کا مدعی تھا ؛قدری ۔

Qadi/Cadi/Kadih/Kazi: (n) [Arab. 'Qadi'.] قاضی ؛ مسلم منصف یا جج جو اسلامی شریعت کے مطابق فیصلہ کرتا ھے ۔

Qaid : (n) [Arab.] (۱)caid کا متبادل ۔(۲)قلعہ کا حاکم؛ قبر خانے کا محافظ ۔(۳)پیشوا ؛ رہبر ؛ سردار ؛ قائد ؛ رہنما

Qaimaqam/Qaimmaqam : (n) [Arab.'qaimmaqam'.] Kaimakam کا متبادل ؛ دولت عثمانیہ کا ایک نائب یا لفٹینٹ ؛ قائم مقام ۔

Qantar : (n) [Arab. 'quintar'.] Kanter کا متبادل ؛ بحرر وم کے علاقائی ممالک کے وزن کا باٹ ۔

Qasida /Kasida : (n) [Arabic.'qasidah'] قصیدہ ؛ عربی ،فارسی ، اردو میں مدحیہ ، ہجویہ ، طنزیہ اور رثائی نظمیں۔

Qid : (n) [L.quater in die] (مخفف)دن میں چار بار ۔

Qr : Quarter کا مخفف ؛ Quire کا مخفف ۔

Qrly / Qrtly : Quarterly کا مخفف ۔

Qty : Quantity کا مخفف ۔

Qtz : Quartz کا مخفف ۔

Qua : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا یورپی شب گرد بگلا ۔ (۲)دیکھو Quaw ۔

Qua : (adv.) [L.] بہ حیثیت ؛ اس حیثیت سے ؛ بطور یہ کہ ۔

Qua-bird : (n) [f. 'Qua'] (۱)(امریکا)سیاہ کلغی دار شب گرد بگلا ۔ (۲)شمالی امریکا کا شب گرد ماہی خور بگلا ۔

Qua-paw/kwa : (n) (۱) ارکنساس دریا کی وادی میں آباد لوگ ۔ (۲) ان لوگوں میں کا کوئی ایک فرد ۔ (۲) ڈھیگیہا (Dhegiha) کی بول چال ۔

Quack : (n) [abbrev .of quacksalver.] (۱) عطائی ؛ غیر مستند طبیب یا معالج ؛ اناڑی حکیم ؛نیم حکیم ؛ ایسا جاہل شخص (خصوصاً طب میں)جو قابلیت کا مدعی ہو ؛ ایسا شخص جو عجیب عجیب (بے اثر) دوائیں اور علاج کے طریقے بتائے۔ (۲) کسی فن یا موضوع پر عدم واقفیت کے باوجود اظہار ادّعا کرنے والا شخص۔

Quack : (n) بطخ کی قائیں قائیں ؛ اس کی کرخت آواز ؛ قائیں قائیں کی سی آواز ۔

Quack : (a) عطائی کے جھوٹ دعوے سے متعلق ؛ مرض کو اچھا کرنے کا ادعائے باطل کرنے والا ؛ قلابی ۔

Quack : (v) [f. Quack sb.] عطائی علاج کرنا ؛ کسی امر میں جاہلانہ ادّعا کے ساتھ گفتگو کرنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ (احمقانہ طور پر) ؛ دون کی لینا ۔

Quack : (v) [Imit.] (۱) قائیں قائیں کی سی آواز نکالنا ؛ قائیں قائیں کرنا (۲) چیخ کر احمقانہ بات کرنا ؛ زق زق بق بق کرنا ۔(۳)مینڈک کی طرح ٹر ٹرانا ؛ بطخ کی مخصوص آواز نکالنا ۔ (۴) بطخ کی آواز ؛ شور وغل کرنا ۔

Quack doctor : (n) عطائی ؛اناڑی طبیب ؛ نیم حکیم ؛ کٹھ بید ۔

Quack grass : (n) دیکھو Couch grass

Quack medicines : (n) عطائی دوائیں ؛ ایسی دوائیں جو اصول کی

مطابق مستند نہ ہوں : اٹکل پچو دوائیں۔

Quack-quack : (n) [L. imitative.] بطخ کی آواز : پرورش گاہ (پرند گاہ) میں بطخ کا ایک نام۔

Quack remedies : (n) عطائی یا غیر مستند علاج : ایسا علاج جو فن کے اعتبار سے مستند نہ ہو۔

Quack salver : (n) [Du.] (۱)دیکھو quack۔ (۲) عطائی : نیم حکیم۔ (۳)عدم واقفیت فن کے باوجود ماہر ہونے کا دعویدار۔ (۴)اشتہاری حکیم۔

Quack salving : (a) عطائی کی طرح کا : عطائی سے متعلق۔

Quackery : (n) عطائی طریقۂ علاج : اناڑی پن : غیر مستند علاج حیلہ گری۔

Quackish : (a) (۱)عطائی نما : غیر مستند : اناڑی پن کا: عطائی جیسا : مغرور : فریبی : مکّار : باطل کا دعویٰ کرنے والا۔

Quackishly : (adv.) عطائی کے طور پر : اناڑی پن سے۔

Quackishness : (n) اناڑی پن : عطائی پن۔

Quackism : (n) دیکھو Quackery

Quackle : (v) [deriv. of Quack.] (۱)بطخ کی طرح قائیں قائیں کرنا۔ (۲) گلا گھونٹنا : گلا گھونٹ کر مار ڈالنا : گلو گرفتہ کر دینا۔

Quackster : (n) (۱)عطائی : نیم حکیم۔ (۲) دیکھو Quack۔

Quacky : (a) دیکھو Quackish

Quad : (n) (۱) Quadruplet کا مخفف۔(۲) چار مختلف تاروں کو ملا کر ایک بناوٹ جو Cable میں استعمال کرتے ہیں۔ (۳)چار اکائیوں کا اجتماع (خصوصاً الیکٹرک میں)۔ (۴)چار ہتھیاروں کا مجموعہ (مثلاً مشین گن وغیرہ) ایک مورچے پر۔

Quad : (n) Quadrat اور Quadrangle کا مخفف۔

Quad : (n) (طباعت) ٹائپ کی سطروں میں حروف کے درمیان فاصلہ دینے کے لئے دھات کا ٹکڑا۔

Quad : (a) (۱)Quadruple کا مخفف۔(۲)مخصوص سائز کے کاغذ سے چار گونہ سائز کا۔

Quad : (n) (۱) Quaod کا متبادل۔(۲)دیکھو Quadrangle۔

Quad : (v) (۱)(طباعت) ٹائپ کی سطور میں حرفوں کے درمیان فاصلہ کے لئے دھات کا موٹا ٹکڑا داخل کرنا۔ (۲) (طباعت) حروف کے درمیانی فاصلوں کو دھات کے ٹکڑوں سے بھرنا۔

Quadded : (a) (کیل میں)چار تاروں کو ملا کر مرتب کیا ہوا۔

Quaddle : (n) [Imit.] (روز مرہ) بڑبڑانے والا : شکایت کرنے والا۔

Quadi : (n) [L.] ایک قدیم جرمن قوم جو اوڈر اور ڈینوب کے علاقے کے درمیان آباد تھی۔

Quadra : (n) [L.] (۱)پایۂ ستون کی کرسی : عمارت کی کرسی۔ (۲) موباف : فیتہ۔(۳)چوکور فریم یا حاشیہ۔ (۴)(ریاضیات) سطح سیرابی : آبریز : بارشی نالی۔

Quadrable : (a) [f. L. 'quadrare'.] (ریاضیات) تربیع پذیر : جو ایک مساوی مربع کی صورت کا پیش یا ظاہر کیا جا سکے۔ (۲)(الجبرا)قدر پذیر : جو ایک محدود جبری قدر کی شکل میں ظاہر کیا جا سکے : مربع پذیر۔

Quadragenarian : (a) چہل سالہ : چالیس برس کا۔

Quadragenarian : (n) [L. 'quaragenarius'.] چہل سالہ عمر کا شخص۔

Qudragenarious : (a) (۱)چالیس سال کی عمر کا۔(۲)چالیس اور پچاس کی درمیان عمر کا۔

Quadragenary : (a) [L. 'Quaragenarius'.] چالیس عدد پر مبنی۔

Quadragesima : (n) [L. 'quadragesimus'.] (دین عیسوی) Lant کے دوران پہلا اتوار : مسیحی اربعین (چالیس دن کا روزہ) کا پہلا یکشنبہ : یکشنبہ اربعین(اس کو Q. sunday بھی کہتے ہیں) اول اتوار اربعین : اربعین نصاریٰ : مسیحی ایام پرہیز کا پہلا اتوار۔

Quadragesimal : (a) چہل روزہ : عیسائیوں کے اربعین کا: اربعینی : چلّہ (چالیس دن کا): چہل گانہ : چالیسواں۔

Quadrangle : (n) [Late L. 'quadrangulum'.] (۱)چوکھونٹا : چوگوشہ(شکل)خصوصاً مربع یا مستطیل۔(۲)(ہندسہ) ایک شکل جس میں چار ازروئے ہوں چار اضلاع بھی ہونگی)۔(۳) ایک مربع یا مستطیل صحن یا میدان جس کے چاروں طرف بڑی عمارت کے مختلف حصے بنے ہوئے ہوں جیسے کوئی محل یا کالج وغیرہ۔(۴)ایک عمارت جس میں ایسے صحن یا میدان ہوں۔

Quadrangled : (a) Quadrangular (۱)چہار گوشہ دار ۔ (۲)دیکھو ۔

Quadrangular : (a) چوکھونٹا ؛ چوگوشیہ ؛ چہار پہلو ؛ ذواربعہ ۔

Quadrangularly : (adv.) چوکھونٹی یا چوگوشیہ شکل میں ۔

Quadrans : (n) [L.'Quadrant'.] جمہوریۂ روما کا کانسی کا سکہ ۔

Quadrant : (n) [L. Quadrans,-antem.] (۱) ربع دائرہ کا ؛ چوتھا حصہ ؛ ربع دائرہ ۔ (۲)وہ شکل جو قوس اور ان کے دو نصف قطروں سے محصور ہو جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں ۔ (۳)کوئی چیز (خصوصاً دھات کا ڈھلوان ٹکڑا) جس کی شکل ربع دائرہ کی سی ہو۔ (۴)زاویہ ناپنے کا آلہ ؛ مزولہ۔(۵) بلندی یا ارتفاع ناپنے کا آلہ ۔

Quadrant plate : (n) خراد کے گیرندہ کو کسی طرف حسب خواہش موڑنے کے لئے سوراخ دار پلیٹ ۔

Quadrantal : (a) [L.'Quadrantalis'.] ربع دائرہ کی شکل کا ؛ دائرہ نما ؛ چوپہلا ؛ مربع ؛ رُبعی ۔

Quadrat : (n) [var. of quadrate.(n)] (طبیعیات)دھات کا ایک موٹا چھوٹا ٹکڑا جو لوہے کے حروف کے درمیان فاصلہ دینے کے لئے چھاپا خانوں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ (نباتیات) رقبہ مطالعہ ؛ مربع مطالعہ۔

Quadrate : (a) [L. 'quadratum'.] مربع ؛ چوکور ؛ چوگوشہ ؛ مربع یا مستطیل(خصوصاً علم تشریح کی اصطلاحات میں)۔

Quadrate : (n) قائم الزاویہ ؛ مستطیل ٹکڑا یا تختہ ؛ چوکور ہڈی ؛ کوئی چیز جو کم وبیش مربع کے مشابہ ہو ۔

Quarter dollor : (n) پچیس سینٹ کا ایک سکہ۔

Quarter eagle : (n) ڈھائی ڈالر سونے کا سکّہ (امریکا کا جو پہلے پہل ۱۷۹۶ء میں اور پھر ۱۹۲۹ء میں جاری ہوا۔

Quarter evil/Quarter ill : (n) دیکھو Blackleg : چوپایوں کے پاؤں کی بیماری۔

Quarter face : (n) پھرا ہوا یا گھوما ہو چہرہ جس سے تصویر میں ایک چوتھائی حصہ نمایاں ہو۔

Quarter fast : (n) دیکھو Quarter rope : جہاز کے نیم پہلو حصے سے لگا ہوا زنجیر دار لنگر۔

Quarter final : (a) (کھیل کے مقابلے میں) ٹھیک Semi-final یا نصف فیصلہ کن سے قبل کا : کوارٹر فائنل۔

Quarter final match : (n) (کسی کھیل میں) سیمی فائنل سے ٹھیک پہلے کا مقابلہ : کوارٹر فائنل مقابلہ۔

Quarter finalist : (n) کھیل میں مقابلہ کرنے والا جو سیمی فائنل سے ٹھیک پہلے کے مقابلے میں شریک ہونے کا جائز طور پر مستحق ہو : کوارٹر فائنل مقابلے میں شریک ہونے والا کھلاڑی۔

Quarter-gallery : (n) بڑے جہاز کے بالائی حصے میں ایک کھڑکی دار جھروکا۔

Quarter galley : (n) ایک چھوٹا ہلکا گشتی جہاز۔

Quarter grabbing : (n) گھوڑے کے اگلے پاؤں کا پچھلے پاؤں سے ٹکراؤ۔

Quarter grain : (n) چوتھائی حصہ چیری ہوئی لکڑی کا ریشہ۔

Quarter-guard : (v) (۱) (فوج) گھڑسوار کا چھوٹا محافظ دستہ (ہر بٹالین کے کیمپ کے سامنے)۔ (۲) محکمۂ حوالات : کوارٹر گارڈ۔

Quarter-gunner : (v) (بحری) توپچی کا ایک ماتحت افسر۔

Quarter hoop : (n) دیکھو Bulge hoop : حلقے کا ابھار۔

Quarter horse : (n) ایک خاص جنس کا امریکی علاقے کا چست و توانا گھوڑا۔

Quarter hour : (n) (۱) پندرہ منٹ : ایک گھنٹے کے چوتھائی حصوں میں سے ایک۔ (۲) ہر ہفتہ ایک گھنٹہ جو تعلیمی مدت میں کلاس میٹنگ (درجوی اجتماع) کے لئے مخصوص ہو۔

Quarter ill : (n) مویشی کی ایک محرقانہ بیماری جس سے ان کے جسم کا کوئی حصہ سڑ جاتا ہے۔

Quarter iron : (n) جہاز کے سہارے والی بلّی کے گرد آہنی بندھن۔

Quarter-jack : (n) کلاک (دیوار گھڑی) میں ہر پندرہ منٹ پر (گھنٹہ) بجانے والا آلہ۔

Quarter left/-right : (v) (فوجی قواعد) (زاویہ قائمہ کا) چوتھائی موڑ: (داہنی یا بائیں طرف) عطفۂ خفیف۔

Quarter lift : (n) رسا جو مستول سے لے کر سہارے کی بلّی کے چوتھائی حصے تک لگا ہوتا ہے۔

Quarter light : (n) موٹر کار یا بند گاڑی کا بغلی دریچہ یا روشن دان۔

Quarter line : (n) (۱) وہ صورت جب ہر جہاز کا اگلا حصہ اپنے سامنے والے جہاز کے پہلو میں ہو : (قطار) سرو

بغل ؛ سروسینہ۔(۲) دیکھو Quarter rope ۔
(۳) زنجیر دار لنگر جہاز کے نیم پہلو سے لگا ہوا۔

Quarter-mile/-yard : (n) چوتھائی میل یا گز۔

Quarter-miler : (n) چوتھائی میل کی دوڑ میں تیز دوڑ لگانے والا۔

Quarter nelson : (n) کشتی کا ایک پیچ۔

Quarter nettings : (n) جہاز کے بالا ئی حصے کی پٹری سے ملحق جالی دار جھولا۔

Quarter-note : (n) (۱)(موسیقی) دیکھو Quarter tone (ربع سرتی)۔
(۲)(امریکا) چوتھائی سرکی علامت ، ترنگ۔

Quarter of a century : (n) ربع صدی ؛ ۲۵ سال کا عرصہ۔

Quarter of an hour : (n) ۱۵ (پندرہ) منٹ (مسلسل) ؛ پاؤ گھنٹہ ؛ ربع ساعت۔

Quarter-phase : (a) (برقیات) ربع فیز ؛ دو ہیئتی رو۔

Quarter pieces : (n.pl.) جہاز کے بالائی حصے کے شتہیر جہاں وہ سب دنبالۂ جہاز سے ملتے ہیں۔

Quarter-pierced : (a) کٹے ہوئے بازوؤں کے نقطۂ تقاطع پر مرکزی مربع رکھنے والا۔

Quarter-plate : (n) فوٹو لینے کا وہ شیشہ جس کا عرض وطول سوا تین یا سوا چار ہوتا ہے یا وہ تصویر جو اس طول و عرض پر لی گئی ہو۔

Quarter post : (n) چوتھائی میل زمین کی ایک چوتھائی حصے کے کونے یا گوشے کی نشان دہی کا کھمبا۔

Quarter race : (n) دو گھوڑوں کے درمیان چوتھائی میل کی دوڑ (کا مقابلہ)۔

Quarter rack : (n) گھڑی کو ہر پندرہ منٹ پر بجنے کی ترتیب درست کرنے کا آلہ یا شکنجہ۔

Quarter rail : (n) ایک پٹری جو جہاز کی (اندر کے) راستہ سے ہو کر دنبالۂ جہاز تک جاتی ہے۔

Quarter rest : (n) موسیقی کا ربع سرتی وقفہ۔

Quarter rope : (n) جہاز کے نیم پہلو سے لگا ہوا زنجیر دار لنگر۔

Quarter round : (n) انڈا نما گولا جو چوتھائی حلقہ کی ایک رخی تصویر پیش کرتا ہو۔

Quarter run : (n) ضلع میں زمین دوز راستے ، ٹرالی گاڑیوں یا ٹرام گاڑیوں ، ریلوے کی سڑکوں ، ریل کے ڈبوں یا بسوں کے چوتھائی حصے پر اشتہار دکھلانے کا معاہدہ۔

Quarter screw : (n) چار انضباطی پینچوں میں سے کوئی ایک۔

Quarter seal : (n) وہ مہر جو اپنی شکل اور نقش یا چھاپ میں سرکاری مُہر کا چوتھا حصہ ہے۔

Quarter-section : (n) (۱)(امریکا و کناڈا) چوتھائی میل زمین کی ایک چوتھائی ۱۶۰ ایکڑ۔ (۲) ایک حصے کی چوتھائی۔

Quarter-session : (n) (۱) سہ ماہی عدالت (جو سہ ماہی کے بعد اضلاع انگلستان اجلاس میں کرتی ہے اور جس کو فو جداری و دیوان کے محدود اختیارات حاصل ہوتے ہیں)۔
(۲) ایک مقامی اسکا تستانی اجلاس جو ہر تین ماہ پر مقدمات سننے اور اپیل کے لئے ہو۔

Quarter sling : (n) زنجیر جو کشتی کے آخری حصے میں ڈور کو سہارا دیتی ہے۔

Quarter snail : (n) ایک دندانے دار چرخی جو دیوار گھڑی یا اس کی جرسی کے چوتھائی حصے میں استعمال کی جاتی ہے یا لگائی جاتی ہے۔

Quarter strap : (n) چمڑے کے تسموں میں سے کوئی جو گھڑ سوار کے زین سے لے کر حلقے تک ہوتا ہے جس سے گھوڑے کے زیر بند کا تسمہ کس دیا جاتا ہے۔

Quarter timber : (n) جہاز کے دو خاص شہتیروں میں سے کوئی ایک۔

Quarter-tone : (n) (موسیقی)(تال کے درمیان) خفیف وقفہ ؛ (Semi tone کا نصف)۔

Quarter-track : (n) چوتھائی میل کی دوڑ کا میدان۔

Quarter-turn : (n) (۱) رائفل جس میں گولی تار کی لمبائی میں چوتھائی حصے تک گھومتی ہے۔(۲) ایک دائرے کا چوتھائی خم۔

Quarter-turn drive : (n) چرخیوں کے درمیان چلانے والا تسمہ جس کے دھرے زاویہ قائمہ پر ہوں۔

Quarter-watch : (n) جہاز رانوں کے کل پہرہ داروں کی نصف یا چوتھائی تعداد۔

Quarter-wheeling : (n) دائرے کے چوتھائی حصے سے مڑنا۔

Quarter-wind : (n) ہوا جو جہاز کے پہلو کے رخ پر چلتی ہے (ایسی ہوا بادبانی جہازوں کے لئے باد موافق ہوتی ہے)۔ بادِ موفق : باد مراد : ہوائے پہلو۔

Quarter-witted : (a) بہت کم عقل۔

Quarterage : (n) [Late Me.] (۱)ہفتہ واری چندہ ،معاوضہ ، وظیفہ ، پنشن یا دوسری طرح کی ادائی ۔(۲)اقامت گاہ : فوج کو کسی جگہ ٹھہرانا : فوج کے کوارٹر کا بندوبست اور اس کا خرچ(ٹھہرانے کا)۔

Quartered : (a) (۱)چار برابر حصوں میں منقسم ۔(۲) چوتھائی حصہ آرا سے چیرا ہوا ۔(۳)قیام کیا ہوا : جائے پناہ مہیا کیا ہوا۔

Quarterer : (n) (۱)کرایہ کے مکان میں قیام کرنے والا ۔(۲)مٹی کا ہدف (چاند ماری کے لئے)۔(۳)جاندار چڑیا جو بندوقچی کے دائیں بائیں اڑتی ہے۔

Quartering : (a) (۱) جہاز کے عرشے سے پیچھے کی جانب کسی جگہ سے آئی ہوئی مثلاً ہوا یا موج وغیرہ۔(۲)(تیر اندازی) ترچھا۔

Quartering : (n) [Fr. 'Quarter+ing'.] (۱) چار مساوی حصوں میں تقسیم: تقسیم عام۔ (۲)(نقابت) سپر یا ڈھال پر خاندانی نشان یا چار گوشے بنانا : توقیع چہار گوشہ جن سے وہ خاندانی تعلقات بھی ظاہر ہوں جو دوسرے خاندانوں کے ورثا(خصوصاً عورتوں) کے ساتھ رہیں : منتہائی نشان یا توقیع : مختلف قسم کے سپر ترتیب دیئے ہوئے نقابتی نشان: ان نشانوں میں سے کوئی ایک نشان۔ (۳)کسی کو اقامت گاہ حوالہ کرنا : اقامت گاہ لینے کا کام : (خاص کر) سپاہیوں کی قیام گاہ کا انتظام کرنا : سپاہیوں کو کسی ایک قیام گاہ میں ٹھہرانا یا مقیم کرنا۔ (۴)سڑک پر ایک چوتھائی حصے پر گاڑی چلانا : دور قمر ایک چوتھائی سے دوسری چوتھائی تک ۔ (۵)(تعمیرات) تعمیرات میں کوارٹرس کا استعمال : کوارٹرس کے ذریعے کسی ساخت کی تعمیر : لکڑی کوارٹرس کی شکل کے سائز کی(کوارٹرس یعنی لکڑی کا ایک ٹکڑا ، چار انچ چوڑا اور دو یا چار انچ دبیز جو فریم بنانے یا مختلف خانوں میں تقسیم کرنے میں کام آتا ہے)۔

Quartering machine : (n) بہ یک وقت متوازی سوراخ بنانے کی مشین۔

Quartering sea : (n) جہاز کے نیم پہلو حصے کو پینتالیس ڈگری کے زاویئے پر ٹکراتی ہوئی موج بحر۔

Quartering wind : (n) ایک مخصوص سمت میں ترچھے طور پر چلنے والی ہوا۔

Quarterly : (adv.) [f.Quarte sb+ ly.] (۱)ربع سال کے بعد : ہر تین ماہ کے بعد : ہر تین ماہ پر ۔ (۲)(نقابت) ڈھال کے چار حصوں میں۔

Quarterly : (a) (۱) سہ ماہی(رسالہ یا جریدہ)۔(۲) ایک چوتھائی سے متعلق(دوسرے معنی میں)۔

Quarterly : (n) سہ ماہی رسالہ : سہ ماہی جریدہ : تبصرہ۔

Quarterly court : (n) انگلستان میں ایک ضلعی عدالت جس کا اجلاس ہر تین ماہ پر ہوتا ہے اور جسے معمولی قسم کے عدالتی اور خفیف جرائم کے مقدمات کی سماعت کا اختیار حاصل ہے۔

Quarterly meeting : (n) (۱)اس بزم احباب کی تنظیمی اکائی جو عام طور پر چند ماہانہ جلسوں پر مشتمل ہو۔ (۲) سہ ماہی جلسے کا اجتماع۔

Quarterly quartered : (a) (۱)(نقابت) چار مساوی حصہ میں دوبارہ تقسیم کیا ہوا۔(۲)بیچ میں چار مساوی حصے میں تقسیم کیا ہو اور ہر بازو بچلے حصے تک متبادل رنگوں کے ساتھ تقسیم کیا ہوا۔

Quarterman : (n) مزدور کا داروغہ یا سردار جو کسی جہاز سازی کے باڑہ میں مزدوروں کی چند ٹولیوں کا جو یکساں کام کرنے پر مامور ہیں ذمہ دار یا نگراں ہوتا ہے۔

Quartermaster : (n) (۱)(بحری) جہاز کا ایک عملہ جو جہاز کے چلنے کی سمت ، اشارات اور جہاز کے اندر کے حصے میں سامان رکھوانے کا ذمہ دار ہوتا ہے(مجازاً) ۔(۲)(فوج) ایک افسر جو جوہر رجمنٹ سے منسلک ہوتا ہے : میر سامان جو فوج کی قیام گاہ رسد لباس اور گولہ بارود مہیا کرنے کا انتظام کرتا ہے ۔(۳)مخفف.Q.M۔

Quartermaster : (v) Quartermaster کے فرائض انجام دینا۔

Quartermaster general : (n) فوج کا وہ افسر اعلیٰ جو قیام گاہ ، رسد، فوج کے سازوں سامان اور اس کے کوچ کا انتظام کرتا ہے(مخفف.Q.M.G) ۔

Quartermaster-sergeant : (n) Noncommissioned کے افسر اسٹاف سرجنٹ کے درجے کا جو کوارٹر ماسٹر کے کاموں میں مدد کرتا ہے۔

Quartermastership : (n) Quarter master کا عہدہ۔

Quartern : (n) [Me.'quarteroun', 'quartron' OFr. 'quarteron'.] (۱)چوتھا حصہ.(۲)پیمانے کی مختلف اکائیوں کی ایک چوتھائی .(۳)کاغذ کے تختے کا چوتھا حصہ .(۴)(برطانیہ) تقریباً چار پاؤنڈ وزن والی روٹی ۔

Quarteron / Quarteroon : (n) Quadroon کا متبادل ۔

Quarterpace : (n) زینے کی پائگاہ جہاں قدمچہ زاویہ قائمہ بناتا ہوا گھومتا ھے ۔

Quartersaw : (v) لکڑی کو چار اور مساوی حصوں میں خاص طریقے سے آرے سے چیرنا ۔

Quarterstaff : (n) ایک مضبوط لوہا لگی ہوئی موٹی لاٹھی ۶ سے ۸ فٹ تک لمبی : عصا ؛ لاٹھی .(۲) ایسی لاٹھی سے لڑنا یا ورزش کرنا ۔

Quarterstretch : (n) دیکھو Homestretch : دوڑ کے میدان کا آخری چوتھائی میل ۔

Quartervine : (n) (۱)دیکھو Cross vine . (۲) جنگلی انگور کی لت ۔

Quartet / Quartette : (n) [Fr.] (۱)وہ نغمہ جس کو چار آدمی مل کر گاتے ہیں .(۲) چار اشخاص جو مل کر گائیں ۔

Quartet table : (n) چار چھوٹی چھوٹی میزیں (ایک ساتھ یا یکجا ملی ہوئی)۔

Quartette : (n) [Fr. 'Quartette'.] (۱)(موسیقی)چار آوازوں میں راگوں کی ترتیب یا آلات موسیقی(خاص کر) چار تار والے آلات موسیقی .(۲)چار گویوں کا طائفہ جو چار آوازوں میں راگ الاپتے ہیں؛ (مجازاً) چار شخص کی ٹولی .(۳)چار چیزوں کا سیٹ مثلاً سانیٹ کی چار قطاریں : کرکٹ کے چار رن ۔

Quartetto : (n) [It. dim. of 'Quarto'.] دیکھو Quartet

Quartic : (a) [f. L. 'Quartus'.] (ہندسہ) چو درجی : چو قدری۔

Quartic : (n) (ہندسہ) چو درجی تفاعل : خمدار شکل یا چوتھے درجے کی سطح ۔

Quartic equation : (n) (۱) دیکھو Biquadratic equation- (۲)(ریاضیات) چہار درجی مساوات ۔

Quartile : (n) [M.L.'Quartilis'.] (۱) دو اجرام فلکی کا منظر جو ایک دوسرے سے ۹۰ ڈگری دور ہو.(۲)تربیع سیارات ؛ نوّے درجے کی دوری ۔

Quartile : (a) نوّے ڈگری سے متعلق : نود درجی ۔

Quartile : (n) [Isv . quart+ ile .] تربیع : درجہ بندی کے چار حصوں میں سے ایک : درجہ بندی کے ذریعہ بنایا ہوا ایک حصہ ۔

Quartile aspect : (n) (علم النجوم) دو اجرام فلکی کی وضع جو ایک دوسرے سے ۹۰(ڈگری) کی دوری پر ہوں ۔

Quartile deviation : (n) (ریاضیات)تربیعی انحراف ۔

Quarto : (n) (۱)کاغذ کی تقطیع ۸/۲ ۶ x ۸/۵ ۷ سے ۱۱ x ۱۰ انچ کے طول و عروض تک مختلف پیمانے : کاغذ کے ایک تختے کو دو دفعہ موڑنے کے بعد جو صفحہ بنتا ھے اس کی تقطیع .(۲)وہ کتاب جس میں اس تقطیع کے اوراق ہوں ۔

Quarto-paper : (n) Quarto تقطیع کا کاغذ جو اس طرح تہ کیا گیا ہو۔

In quarto : کاغذ کے تختے کے چوتھے حصے میں : اس تقطیع میں۔

Quartole / Quartolet : (n) [L.] (۱) دیکھو Quadruplet - (۲) چار سروں کا مجموعہ ۔

Quartz : (n) [(M)HG 'Quarz'.] (۱) (کان کنی) سنگ مروہ : مران : ایک قسم کا پتھر جس میں سے اکثر سونا نکلتا ھے : صوان : گار(پتھر) . (۲) سلیکن ڈی آکسائیڈ کا سفوف بے رنگ اور شفاف .(۲)سونے یا(کبھی) چاندی کی کچی دھات .(۳) تخفیفی صورت QZ ۔

Quartz battery / -mill : (n) دیکھو Stamp mill : کوب مشین ۔

Quartz diorite : (n) ایک قسم کا یشم سبز جس میں کافی مقدار میں سنگ مروہ ہوتا ھے ۔

Quartz flint : (n) (۱) دیکھو Potter's flint- (۲)سفوف رنگ چقماق سلیکا کی طرح کا ۔

Quartz glass : (n) شیشہ نما سخت سفید معدنی شے۔

Quartz lamp : (n) سیمابی آبخورہ دار لیمپ جو گاری شیشے کی نلکی میں ہواور جس سے فوق البنفشی شعاعیں نکلتی ہوں۔

Quartz mining : (n) زیر زمین چٹان کی کان کنی ۔

Quartz sander : (n) سنگ گار سے بنی ہوئی ریت(بالو) ۔

Quartz vein : (n) صوان یا گار سے بھرا ہوا شگاف(معدنی شے کا) ۔

Quartz wedge : (n) سنگ مروہ کا ایک ٹکرا جو پتلے پچر کی طرح کٹا ہوا ہو۔

Quartzic : (a) گاردار۔

Quartziferous : (a) سنگ مروہ دار ؛ گاردار۔

Quartzite : (n) [f. Prec. + ite..] (کان کنی) بالکل تہ بہ تہ(جما ہوا) سنگ مروہ والی دانے دار چٹان ؛ گاری چٹان۔

Quartzitic : (a) سنگ مروہ والی چٹان کا۔

Quartzoid : (n) ایک بلور جس میں دوگنا شش پہلو دار مخروط ہو۔

Quartzose / Quartzous : (a) (۱)خاص طور پر سنگ مروہ کا بنا ہوا۔ (۲)سنگ مروہ کی قسم کا یا اس کے مشابہ۔

Quartzy : (a) سنگ مروہ کی قسم کا یا اس کے مشابہ۔

Quaruba : (n) [Pg.] Vochysia کی جنس کے چند درختوں میں سے کوئی درخت۔

Quas /Quass : kvass کا متبادل۔

Quasar : (n) (علم النجوم) کو اسار ؛ بے شمار فلکی اشیا میں سے کوئی ایک جو فوٹو میں ستارہ نما شکل پیدا کرتی ہے جس کا غیر معمولی طور پر بہت تیز بنفشی شعاع جیسا درخشاں رنگ ہوتا ہے اور جس سے بڑی دوری اور عظیم طاقت کا اظہار ہوتا ہے۔

Quash : (v) [ME,'Quasse, Quasch,' L. also 'Quassre'.] (۱)خارج کرنا ؛ کالعدم کرنا ؛ منسوخ کرنا (قانونی طور پر) بے اثر کرنا یا نا جائز قرار دینا ؛ مسترد کرنا ؛ ناجائز قرار دے کر خارج کرنا ؛ قانونی کاروائی روک دینا۔ (۲)بے کار کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ مکمل طور پر مغلوب کر دینا یا دبانا ؛ دبا دینا؛ ہمیشہ کے لئے ختم کر دینا(کسی جذبے ، خیال ، تصور ، منصوبے کو)۔ (۳)(کسی شخص کو) کچل ڈالنا ؛ مغلوب کرنا یا مکمل طور پر قابو میں کر لینا۔(۴)ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

Quashee / Quashie : (n) [Ashantee or fantee kavsi a name gove to a child born on Sunday .] حبشی کا نام ؛ عام نام جو اب ہر حبشی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Quashy : (a) نرم ؛ دلدلی ؛ مرطوب۔

Quasi : (adv. &Prefix) [L.] (۱)تقریباً ؛ نیم ؛ نیمہ ؛مثل ؛ عملاً۔ (۲)مخفف Qu. (اکثر جملۂ معترضہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے)؛ گویا کہ ؛ یعنی ۔(۳) بہ ظاہر ؛ فی الحقیقت نہیں ؛ تقریباً ۔(۴)کسی قدر مشابہ۔

Quasi : (a) (۱)ظاہری چیزوں سے مشابہت رکھنے والا ۔ (۲)حاصل شدہ قانونی حیثیت رکھنے والا صرف اس کے نفاذ کی صورت میں۔

Engaged in a quasi war : ایک ظاہرا جنگ میں مشغول۔

Has a quasi - episcopal position : (وہ) ایک نیم (تقریباً) کلیسائی حیثیت رکھتا ہے۔

Quasi contract : (n) (۱)معاہدہ مثل قانونی معاہدہ(بہ لحاظ عدالتی کاروائی)۔(۲) کسی شخص کو دوسرے کو نقصان پہنچا کر دولت کمانے سے روکنے کی قانونی ذمہ داری ۔(۳) نقصان کی تلافی کا یک گونہ معاہدہ۔

Quasi corporation : (n) بلدی انجمن یا تنظیم جسے خاص طور پر کار پو ریشن کے تمام اختیارات حاصل نہ ہوں لیکن کاموں کے سلسلے میں اجتماعی کاموں کے لئے اختیارات کا استعمال کرتی ہے۔

Quasi delict : (n) (۱)(رومی قانون)کوئی جرم جو کسی معاہدے کی خلاف ورزی کی بنا پر(جرم نہ ہو) تاہم رومی مجسٹریٹ کے حکم سے قابل چارہ جوئی بنایا گیا ہو۔ (۲)(اسکاٹستانی عدالتی قانون) کوئی جرم کسی معاہدے کی خلاف ورزی کی بنا پر(جرم نہ ہو) تاہم پبلک پالیسی کی بنیاد پر نہ کہ ارادۃً کسی برے اطوار یا ارادے کی وجہ سے قابل چارہ جوئی بنا یا گیا ہو۔

Quasi deposit : (n) امانت یا تحویل شدہ چیز کی واپسی ازروئے قانونی حالات پر منحصر ہے، کسی شخص کے قبضہ میں کسی کی ذاتی ملکیت اتفاقاً یا غلطی سے ہو تو وہ اس کا امانت دار یا محافظ تصور کیا جاتا ہے تاکہ وہ مابین فریقین انصاف کرنے اور نا جائز حصول دولت کورو کے۔

Quasi easement : (n) ظاہر حق آسائش ، حق گذر۔

Quasi-judicial : (a) (۱)نیم عدالتی خصوصیت کا (حامل)۔ (۲)بہ لحاظ خصوصیت لازمی طور پر عدالتی لیکن عدالتی اختیارات سے باہر۔

Quasi-judicially : (adv.) نیم عدالتی طور پر۔

Quasi-legislative : (a) نیم قانون سازانہ۔

Quasi-optical : (a) روشنی نماخاصیت یا ڈھنگ کا۔

Quasi partner : (n) دیکھو Nominal partner ؛ نام نہاد یا فرضی شریک دار یا حصہ دار۔

Quasi-public : (a) نیم سرکاری ؛ لازمی طور پر سرکاری گرچہ نجی ملکیت ہو یا نگرانی میں ہو۔

Quasi-pupillary substitution : (n) (رومن قانون) دوسرے وارث کی قائم مقامی، دیوانگی اور نا اہلیت کی بنا پر۔

Quasi rent : (n) (۱)مثل لگان۔(۲) زمینی لگان کے علاوہ مزید لگان۔

Quasi usufruct : (n) نا مکمل حق استفادہ۔

Quasimodo : (n) [f.L. 'Quasi modo'.] عشائے ربانی کے وقت نغمہ کے کی وہ پہلے بول یا الفاظ جو ایسٹر کے بعد کے پہلے اتوار کو گائے جاتے ہیں۔

Quasimodo Sunday : (n) (۱)دیکھو Low Sunday -(۲)ایسٹر سنڈے (اتوار) کے معاً بعد والا اتوار۔

Quasky : (n) ایک چھوٹی بلکہ نازک ٹراؤٹ مچھلی۔

Quassia : (n) [f. name of a surinam nagro.] (نباتیات) کاسیا جھاڑ ؛ جنوبی امریکا کے ایک درخت Quassiaamara (یا کسی درخت) کی لکڑی ،چھال یا جڑ جس سے بہت تلخ جو شاندہ تیار ہوتا ہے جو بطور دوا کے استعمال کیا جاتا ہے: خشب التر : کواشیا۔

Quassin / Quassite : (n) Quassia کا تلخ اساسی جز۔

Quat : (v) [ME. 'Quatin'.] (۱)(انگلش روزمرہ) مار کر ہٹا دینا ؛ کچل دینا؛ مسل ڈالنا۔ (۲) انگلش روزمرہ) شکم سیر کرنا ؛ شکم پُر کرنا ؛ بہت کھلانا (جی بھر کر)۔

Quat : (n) [Origin unkn.] (۱) خارش کا نکلنا ؛ گرمی دانے۔ (۲)(خاص کر روز مرہ) نودولتا؛ بچہ یا کم سن یا کم حثیت آدمی جو قابلیت کے زعم میں ہر بات میں دخل دے۔

Quat : [L. 'Quattuor'.] (مخفف) چار۔

Quat : (a) خوب دبا یا ہوا۔

Quatenus : (adv.) [L] جہاں تک ؛ بحیثیت ؛ بہ شکل ؛ صورتاً ؛ سیرتاً۔

Quater : (n) [L. 'Quater'.] چار مرتبہ ؛ چوگنا۔

Quater-centenary : (n) [L.] چہار صد سالہ سالگرہ ؛ وہ یادگاری تقریب جو (کسی شخص یا واقعہ کی) چار سو سال بعد منعقد ہو ؛ چار صدی تقریب۔

Quaternary : (a) [L. 'Quaternarius' .] (۱) چار گوشہ ؛ مربع ؛ چار چیزوں کا یا حصے کا۔ (۲) (کیمیا) چار اجزا کا مرکب ؛ چو عنصری۔ (۳) (ارضیات) نزدیک ترین یا آخری زمانے کے متعلق ؛ دور رابع کا۔

Quaternary : (n) چار چیزوں کا ایک میل؛ چار کا عدد ؛ ہر چہار ؛ چوا ؛ چہار کس۔

Quaternary silver : (n) چاندی جس میں تین بھر تیاؤ عناصر ہوں جو سکّہ ڈھالنے میں استعمال ہوتے ہیں۔

Quaternate : (a) [L. 'Quaterni' .] چار میں ترتیب دیا ہوا ؛ چار حصوں میں بنا ہوا ؛ چار چار۔

Quaternion : (n) [L. 'Quaternio' .] (۱) چوا ؛ چار کا ایک جوڑ ؛ چو ورقہ ؛ چولڑا ؛ چو رقمی علامت۔ (۲) (کاغذکی) چار تختوں کا ایک دستہ جس کو دوہرا کر دیا گیا ہو۔ (۳) (ریاضیات) چار سے دس تک کے اعداد ؛ چو رقمی علامت۔

Quaternion : (a) چار شخص یا چیزوں کا یا چار حصے کا؛ چولڑا؛ چوورقہ۔

Quaternity : (n) [L. 'Quaternitas '.] چار اشخاص اشیا یا حصوں کا مجموعہ ؛ چہار افراد کا ہونا(خاص کر الوہیت یا خدائی میں) ؛ (تثلیث کے مقابلے میں) تربیع ؛ چہار گانگی یا چہار گان۔

Quaternization : (n) چار جزی مرکب میں تبدیل کرنے کا عمل۔

Quaternize : (v) چو جزی مرکب میں تبدیل کرنا۔

Quaters : Caters کا متبادل۔

Quatorzain : (n) [Fr. 'Quatorzaine'.] چودہ مصرعوں کی نظم ؛ بے قاعدہ(خلاف قاعدہ عروض کی) نظم ؛ سانیٹ (اب خاص کر) چودہ مصرعوں کی نظم جو سانیٹ سے مشابہ ہو مگر سانیٹ کی ساخت سے مختلف ہو۔

Quatorze : (n) [L. 'Quatuordecim'.] (تاس کے کھیل میں) ایک ہاتھ میں بادشاہ ؛ بیگم ، غلام یا دہلے کا ہونا جس سے چودہ پوائنٹ بنتی ہوں۔

Quatrain : (n) [Fr. 'Quatrain + Quadrain'.] رباعی ؛ چو مصرعہ ؛ چار مصرعوں کا بند۔

Quatre : (n) [Fr.] تعداد چار : پانسے کا چوا ۔

Quatrefoil : (n) [Afr.] چو پتیا بیل ، گُل کاری : ایسی شکل جس کے دائروں کا اتصال چار نوکیں بنائے ، خصوصاً چار پتیوں کے پھول کی شکل جو عمارت کے نقش ونگار میں بنائی جاتی ہے ۔

Quatrefoiled : (a) چو پتیا بیل بنا ہوا : چو پتیا پھول کی شکل کا بنا ہوا ۔

Quattrino : (n) [It . fr. 'Quattro'.] اطالیہ کی چند ریاستوں کا ایک قدیم سکّہ ۔

Quattrocentist : (n) (۱) پندرھویں صدی کا اطالوی (خاص کر اس صدی کا) شاعر یا فن کار ، مصنف وغیرہ ۔ (۲) پندرھویں صدی کے فن یا ادب کا طالب علم ۔

Quattrocento : (n) [It.] طرز قرن پا نزدہم : پندرھویں صدی کے اطالوی مصوری کے مخصوص طرز کا عہد ، زمانہ ۔

Quatuor : (n) [L. 'Quattuor'.] دیکھو Quartet

Quauk : (n) (اسکا تستان) Quake کا متبادل ۔

Quaver : (v) [Late HE.] (۱) تھر تھرانا : کانپنا : لہرانا (خصوصاً آواز یا موسیقی کے تاروں کا) ۔ (۲) گٹکری لینا : ترانہ : زمزمہ یا گٹکری کے ساتھ (کوئی راگ یا گیت) گانا ۔ (۳) کانپتی ہوئی آواز میں کچھ کہنا ۔

Quaver : (n) (۱) (موسیقی) گانے میں گٹکری ، زمزمہ ، مدھم سُر کا اشارہ : سُر جو بلندی میں چوتھا سُر کا نصف ہوتا ہے ۔ (۲) تقریر میں آواز کی کپکپاہٹ : لرزش ، تھر تھراہٹ ۔ (۳) لرزاں آواز یا چیخ ۔ (۴) لرزاں یا تھر تھراتی ہوئی حرکت ۔ (۵) تموج ۔

Quaverer : (a) لرزاں : تھرتھرانے یا کانپنے والا ۔

Quaveringly : (adv.) کانپتی ہوئی آواز میں : کانپتے ہوئے ۔

Quavery : (a) جس (تقریر) میں آواز کی کپکپاہٹ یا لرزش ہو : تھر تھرا ہٹ کی خصوصیت کا (کوئی نغمہ) : لرزاں : غیر مستحکم ۔

Quaw : (v) [Origin unkn.] دلدلی : نرم زمین : لرزاں دلدلی : کیچھار ۔

Quawk : (n) (۱) (خاص طور پر روز مرة) دیکھو Caw ۔ (۲) کوّے کی کائیں کائیں ۔ (۳) شب گرد بگلا ۔

Quay : (n) [Later spel .of kay, key.] (۱) مصنوعی یا عارضی پشتہ : گھاٹ : وہ ٹھوس پشتہ (عموماً لوہے ، پتھر یا لکڑی کا) جو پانی کے اندر بڑھا ہوا بنایا جاتا ہے تاکہ جہازوں کا مال و اسباب اس جگہ اتارا اور اس پر چڑھا یا جاسکے : بار انداز ۔ (۲) دریا کے کنارے ساحلی روک : ساحلی فرودگاہ کی دیوار یا پشتہ ۔

Quay : (v) پشتہ یا گھاٹ قائم کرنا ۔

Quayage : (n) [F. of Caiage] (ا) گھاٹ کے استعمال کا محصول : گھاٹ کا بقایا : محصول گودی ۔ (۲) گھاٹوں کا نظام ۔ (۳) گھاٹ پر یا گھاٹ کے لئے کوئی کمرہ ۔

Quayside : (n) گھاٹ کے کنارے کی یا اس سے متصل زمین ۔

Queak : (v) (۱) چوں چوں کرنا : چوہے یا زنگ آلود چول کی سی آواز نکالنا ۔ (۲) چیخ کر بولنا : (عامیانہ) مخبری یا جاسوسی کرنا ۔

Quean : (n) [OE. 'Cwone'.] (۱) بدتمیز یا گستاخ لڑکی : ہڑدنگی : بیسوا : فاحشہ ۔ (۲) (اسکا تستانی) جوان عورت یا لڑکی : کم سن لڑکی ۔ (۳) لونڈی : خادمہ ۔

Quean cat : (n) (انگلش روزمرہ) بلّی ۔

Queasily : (adv.) بدہضمی سے : معدہ کی خرابی سے : متلی کے طور پر ۔

Queasiness : (n) بدہضمی : سو ہضم : متلی : طبیعت کی بیچینی : گھبراہٹ یا کمزوری ۔

Queasy / Queazy : (a) [Early forms coisy , queysy.] (۱) شک سے پُر : بھرا ہوا ۔ (۲) جلد خراب ہونے والا : مقوی غذا ہضم نہ کرنے والا : متلی ، قے لانے والا ۔ (۲) ضعیف المعدہ : (مجازاً) ضعیف الا عتقاد : نازک ۔ (۳) (درد وغیرہ کی) بیماری ، بیچینی کا : جلد بے چین ہونے والا ۔

Quebec : (a) [Fr. Quebec.] (۱) صوبہ کوئبک میں مروج قسم یا طرز کا ۔ (۲) کو ئبک کا : صوبہ کوئبک کی راجدھانی کا : صوبہ کوئبک کا ۔

Quebec : (n) مواصلاتی خفیہ لفظ : "Q" کے لئے خفیہ لفظ : مواصلات ۔

Quebec deal : (n) غیر معین چوڑائی اور تین انچ یا اس سے زیادہ موٹائی کی لکڑی خاص طور پر یہ برآمدی تجارت میں استعمال ہوتی ہے ۔

Quebec standard deal : (n) چیڑ کا چیرا ہوا تختہ بارہ فٹ لمبا ، گیارہ انچ چوڑا تین انچ موٹا ۔

Quebecer / Quebecker : (n) شہر یا صوبہ کوئبک کا باشندہ ۔

Quebecois : [Fr. 'Quebeccois'.] دیکھو Quebecer

Quebrachamine : (n) بلوری القلی($C_{19} H_{26} N_2$) جو Aspidossperma سے حاصل ہوتا ہے ۔

Quebrachitol : (n) شیریں بلوری مرکب ، (($C_6 H_6 (OH)_5 (OCH_3)$)-

Quebracho : (n) [Sp. 'Quebrar'+hacha'.] (ا) چند امریکی درختوں میں سے ایک جس کی لکڑی انتہائی سخت ہوتی ہے اور چھال دوا میں کام آتی ہے خاص کر سفید Quebrcho جنوبی امریکا کا اور سرخ Quebracho میکسیکو کا درخت. (۲) اس درخت کی چھال ۔

Quebrada : (n) [Sp.] (پہاڑی) نالا (جو عموماً خشک رہتا ہے لیکن بارش کے پانی سے بھر جاتا ہے) ۔

Quechua/ Quichua /Kechua /K(h)etschua /Kitchua : (n) [Sp.] کیچوا : اس نام کا قبیلہ : پیرو کے علاقے کا باشندہ : اس قبیلے کا ایک فرد؛ نیز اس علاقے کی زبان ۔

Quechuan/ Quichuan : (a&n) کیچوا قبیلے کا شخص : کیچواقبیلے کا یا اس سے متعلق.

Queechy : (a) [Origin unkn.] (۱) (روز مرہ)منحنی ۔ (۲) لاغر : ضعیف ؛ ناتواں : کمزور : نحیف الجثہ ۔

Queem : (n) Queme کا متبادل(اسکاتستان) ۔

Queen : (n) [OE. 'Cwen'.] (ا) ملکہ(بادشاہ کی) : خاتون جو کسی بادشاہ کی بیوی ہو : رانی ۔(۲) عورت جو کسی ریاست کی حکمران اعلی ہو جس کا مرتبہ یا درجہ تمام تر بادشاہ جیسا ہو : کسی ہندوستانی قبیلے کے سردار کی بیوی یا اس کی بیوہ ۔(۳) لوگ اور ملك جو ملکہ کے زیر حکومت ہوں ۔ (۱) (مجازاً) ایک عورت جس کا درجہ یا اندازہ کسی ملکہ جیسا شاہانہ ہو ۔(۵)ان چیزوں کے لئے بھی کہا جاتا ہے جو اس طرح نامزد ہوں۔(۶)ملکۂ مکھی(شہد کی) ۔ (۷)(کھیل کے لئے)(شطرنج)فرزیں : (تاش) بیگم ۔ (۸)(مجازاً) معشوقہ : داشتہ : بیوی جس کا انداز شاہانہ ہو ۔(۹) عورتوں میں سب سے بہتر : خوب تر؛ زنانہ خوبی؛ رعنائی اور حسن کی بہترین مثال : حسینہ ۔ (۱۰) سیانی بلّی ۔(۱۱) حرف "Q" کے لئے مواصلاتی علامت(خفیہ)۔

Queen : (n) (عامیانہ) ہم جنس پسند مرد (جنسی تعلقات) ۔

To the queen taste : حد درجہ ذی شعور شخص کی پسند۔

Queen Anne is dead : کسی خبر کے باسی یا پرانی ہونے کا اشارہ ۔

Queen : (v) (۱)ملکہ بنانا (کسی عورت کو) : ملکہ کی مثل بنانا ۔ (۲)(شطرنج) پیدل کو بڑھا کر وزیر کے گھر میں پہنچا دینا اور اس طرح وزیر بنا لینا : اس طرح پیدل کا وزیر یا کسی بڑے مہرے میں منتقل ہونا ۔ (۳) ملکہ ہونا : ملکہ کی طرح کام یا حکومت کرنا ۔ (۴) کسی عورت کو ملکہ بنانا (نیز مجازاً) ۔ (۵) شہد کے چھتے میں ملکہ کو لانا ۔

Queen : Quean کا متبادل ۔

Queen Anne : (n) برطانیہ اور آئر لینڈ کی ملکہ جس نے ۱۷۰۲ سے ۱۷۱۴ تک حکومت کی ۔ تو صیفی معنی میں فرنیچر اور عمارت کے وصف میں جو ملکہ این کے دور حکومت کی خصوصیت تھی ان چیزوں کے متعلق جو اس قسم کی بنی ہوئی تھیں ۔

Queen Anne : (a) (۱)ڈچ حکومت کے زیر اثر انگلینڈ میں مروج فرنیچر کی طرز خصوصیت کا یا اس سے متعلق ، خاص کر اٹھارھویں صدی کے پہلے نصف حصے میں ۔ (۲) اٹھارھویں صدی میں ابتدائی دور کے انگریزی مروجہ عمارتی طرز کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق : انگلینڈ اور امریکا کے لکڑی کے بنگلے کی طرز کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق : انیسویں صدی کے آخر دور کا ۔

Queen anne green : بھورا سازردی مائل سبز ۔

Queen anne 's bounty : (n) غریب پادریوں کی امداد کے لئے فنڈ (انگلستان میں)۔

Queen anne's lace : جنگلی گاجر ۔

Queen-ant : (n) چیونٹیوں کی ملکہ : ملکۂ نمل ۔

Queen-bee : (n) (۱) شہد کی مکھیوں کی ملکہ ۔ (۲) کسی جماعت کی سربرآوردہ عورت ۔

Queen blue/ Queens - : (n) معتدل نیلا یعنی کھلتا ہوا نیلا رنگ ۔

Queen bolt : (n) ایک سلاخ جو چھت کو سہارا دینے میں آڑ واڑ کا کام دیتی ہے ۔

Queen butterfly : (n) بھورے رنگ کی سفید چتی داربڑی تتلی ۔

Queen cage : (n) شہد کی مکھی کی ملکہ کو رکھنے کے لئے ایک چھوٹا

Queen of grace : (n) ملکۂ فضل و کرم (اس لقب سے حضرت مریم کو یاد کیا جاتا ہے)۔

Queen of May/-the May : (n) (۱) دیکھو May Queen ۔ (۲) ایک لڑکی یا کمسن عورت جو یکم مئی کی تقریب میں یا کوئی دوسری ماہ مئی کی پارٹی میں صدارت کے لئے منتخب کی جاتی ہے۔

Queen of the Adriatic : (n) (بحر ایڈریاٹیک کی ملکہ یعنی) شہر وینس ۔

Queen of the meadow : (n) (۱) ایک گلاب کی طرح کا پودا جو مرغزاروں میں اگتا ہے اس کا طرہ دودھیا رنگ کا اور پھول خوشبودار ہوتا ہے ۔ (۲) Spiraea کی جنس کے پودوں میں سے کوئی پودا ۔ (۳) دودھیل دلدلی پودا۔

Queen of the night : (n) امریکی منطقہ حارہ کی تکونی شاخوں والی ناگ پھنی بیل ۔

Queen of the prairie : (n) ایک امریکی سدابہار پودا جس میں زرد گلابی پھولوں کے وافر گچھے ہوتے ہیں ۔

Queen of the seas : (n) (سمندروں کی ملکہ یعنی) برطانیہ عظمی۔

Queen Olive : (n) مختلف زیتون کے درختوں میں سے کوئی جو خاص طور پر ہوتے ہیں جن کے پھل بڑے اور لمبوترے ہوتے ہیں ۔

Queen pigeon : (n) کلغی دار کبوتروں کی قسم : لقا کبوتر ۔

Queen-post : (n) دو لکڑیوں میں سے ایک سیدھی لکڑی (یا کڑی) جو چھت کی کڑی اور تختوں کے درمیان لگائی جاتی ہے : آژواژ : سیدھی قینچی : قائمہ ۔

Queen post truss (n) ایک کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو۔

Queen rod : (n) دیکھو Queen bolt

Queen regent : (n) کسی دوسرے کی طرف سے حکمراں ملکہ یا اپنے ہی حق کی بنا پر حکمراں ملکہ ۔

Queen regnant : (n) مقتدر سلطنت کی حیثیت سے حکمراں ملکہ۔

Queen-root : (n) ایک سدا بہار جھاڑی جو وارنش اور رنگ و روغن کو سکھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Queen snake : (n) Colubridae جنس کا ایک بے ضرر امریکی سانپ۔

ڈبہ : ظرف ۔

Queen -cake : (n) ایک چھوٹا کشمشی کیک ۔

Queen coil : (n) بے ترتیب موٹی دیوار سے گھرے ہوئے خاص خانوں میں سے ایک جو عام طور پر انڈے سینے والوں کی جگہ سے منسلک ہوتا ہے جس میں شہد کی مکھیوں کے پھل روپ پرورش پاتے ہیں۔

Queen closer /-closour : (n) بند یا کسربند یعنی نصف اینٹ سے کم خاص طور پر پوری لمبائی اور موٹائی کی اینٹ لیکن چوڑائی میں نصف ۔

Queen - conch : (n) (۱) بحری گھونگا ۔ (۲) ایک بڑا زردی مائل بحری گھونگا بھورے نشان والا ۔

Queen-consort : (n) بادشاہ بیگم : حکمراں بادشاہ کی ملکہ یا رانی۔

Queen crab : (n) خوردنی کیکڑا ۔

Queen-cup : (n) Rocky Mountain کے علاقے کا سدابہار پودا جو کبھی کبھی سفید پھولوں کے لئے اگایا جاتا ہے۔

Queen dowager : (n) بیوہ ملکہ یا سابق بادشاہ کی بیگم۔

Queen excluder : (n) سوراخ دار دھات کی ایک ساخت جس سے شہد کی مکھیوں کی رانی کو شہد کے بعض حصوں سے الگ بند کردیا جاتا ہے مگر اور مکھیوں کو آنے جانے دیا جاتا ہے ۔

Queen fern : (n) ایک قسم کا سرخس یا فرن جس میں پھول آتے ہیں۔

Queen fish : (n) (۱) چند سمندری مچھلیوں میں سے کوئی : کیلیفورنیا کی عام چھوٹی مچھلی : سائنڈ : راہو (ایک قسم کی مچھلی جو شکار کے لئے اور کھانے کے لئے بہت پسند کی جاتی ہے)۔ (۲) چند بڑی شکار کی جانے والی اور کھائی جانے والی مچھلیوں میں سے کوئی ۔

Queen lily : (n) Phaedranssa کی جنس کا ایک پودا۔

Queen mother : (n) (۱) حکمراں بادشاہ کی ماں (جو بیوہ بھی ہو)۔ (۲) ملکہ جو ماں ہے (بادشاہ کی) : شہد کی مکھیوں کی ملکہ کو بھی کہتے ہیں (نیز مجازاً) ۔

Queen of heaven : (n) جونو : سیارات صغیرہ میں سے ایک : ملکۂ آسمان ۔

Queen triggerfish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو بحر اوقیانوس اور بحر ہند کے گرم علاقوں میں بہ کثرت پائی جاتی ہے۔

Queen truss : (n) ایک کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو۔

Queen turtle : (n) شمالی امریکا کا بطور غذا استعمال ہونے والا نرم پشت والا سبز کچھوا۔

Queen-wasp : (n) بروں کی ملکہ ؛ بڑی بر۔

Queen's arm : (n) پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق جو ہاتھ سے بھری جاتی تھی۔

Queen's berry : (n) کوئنس بیری کے مارکوئس ہشتم کا نام جس کی نگرانی میں ۱۸۶۷ء میں مکہ بازی کے قوانین وضع کئے گئے تھے جس کی رو سے ہر طرح کی مکہ بازی کے مقابلے برطانیہ میں ہوتے ہیں (نیز مجازاً)۔

Queen's colours : (n) فوجی علم کا ایک جوڑا ؛ شاہی جھنڈے۔

Queen's crape myrtle : (n) ایشیا ؛ آسٹریلیا اور جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کی لکڑی اور جگہوں میں آرائشی کاموں میں استعمال ہوتی ہے۔

Queen's cushion : (n) پتی کٹا ہوا ایک قسم کا پودا جو آلپس (پہاڑ پر) یا چٹانوں میں ہوتا ہے اس کے پھول سرخ، سفید یا زرد ہوتے ہیں۔

Queen's delight : (n) ایک امریکن پودا۔

Queen's fettle : (n) رہبانیت ، راہبانہ زندگی۔

Queen's flower : (n) دیکھو Queen's crape myrtle

Queen's metal : (n) بھرت کسی قدر جست سے مشابہ یا رانگا، سرمہ اور تانبے سے مرکب۔

Queen's pigeon - : (n) پیوان علاقے کا ایک بڑا اور خوب صورت کلغی دار کبوتر۔

Queen's pincushion : (n) ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ؛ ایک قسم کا گلاب کا پھول۔

Queen's pipe : (n) ایک آتش دان جو پہلے، چوری سے لائے ہوئے یا خراب ہوجانے والے تمباکو کو ضائع کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا۔

Queen's root : (n) دیکھو Qeeen's delight

Queen's scholar : (n) کسی انگلش اسکول کا متعلم جس کی امداد ایک ایسا ادارہ کرتا ہے جسے کسی ملکہ نے قائم کیا یا جو اس کی سرپرستی میں قائم ہوا۔

Queen's stitch : (n) کار چوب کا پھول یا بوٹا۔

Queen's ware/Queensware : (n) (۱) چمکیلی مٹی کا انگلش برتن۔ (۲) دودھیا رنگ کا شیشہ نما چینی کا برتن۔

Queen's weather : (n) دھوپ، وہ موسم جب دھوپ نکلی ہو؛ روشن موسم۔

Queen's wreath : (n) امریکی گرم علاقے کی جنگلی انگور کی لت۔

Queen's yellow : (n) (۱) چھوئی موئی ؛ لاجونتی؛ گل فتنہ۔ (۲) رسکپور۔

Queendom : (n) (۱) ملکہ کا عہدہ یا مرتبہ۔ (۲) ملکہ کی زیر حکومت ریاست۔

Queenhood : (n) بیگمیت؛ ملکہ ہونا؛ ملکہ کا عہدہ یا مرتبہ۔

Queenie : (a) ہم جنس پسند والا (جنسی تعلقات)۔

Queening : (n) [ME.] ایک قسم کا میٹھا اور خوشبودار سیب۔

Queenite : (n) ملکہ کا حامی۔

Queenless : (n) بغیر ملکہ ؛ جس بادشاہ کی ملکہ نہ ہو۔

Queenlet : (n) کم رتبہ ملکہ۔

Queenlike : (n) ملکہ مانند ؛ مثل ایک ملکہ کے؛ باوقار یا معزز۔

Queenliness : (n) ملکہ ہونے کی صفت یا حالت ؛ ملکہ یا رانی پن ؛ ملکہ کی طرح ہونا۔

Queenly : (a) ملکہ کا؛ ملکہ کے شایان شان ؛ ملکہ سے مشابہ ؛ ملکہ جیسا ؛ باوقار؛ شاہانہ۔

Queenly : (adv.) ملکہ کی طرح سے۔

Queenpin : (n) وہ عورت جو کسی جماعت یاگروہ کی رہنمائی کرتی ہے یا اس جماعت میں سربرآوردہ ہے۔

Queenright : (a) (شہد کی مکھیوں کے چھتے سے متعلق) جس میں رانی ہو۔

Queenship : (n) (۱) ملکہ کا مرتبہ یا عہدہ ۔ (۲) ملکہ ہونے کی صفت یا حالات ۔

Queensland : (a) [fr. Queens land state Australia] کوئینس لینڈ ریاست آسٹریلیا کا یا اس سے متعلق؛ کوئینس لینڈ میں مروج طرز کا ۔

Queensland beech : (n) (۱) آسٹریلیائی لکڑی والا درخت جس میں ارغوانی مائل نلی دار سفید پھول ہوتے ہیں ۔ (۲) آسٹریلیائی درخت کی سخت وزنی لکڑی۔

Queensland cherry : (n) (۱) آسٹریلیا کی جھاڑی یا چھوٹا درخت؛ Euphorbiaceae کا ہم جنس ۔ (۲) آسٹریلیائی جھاڑی کاغذ کے سرخ تیزابی پھل ۔

Queensland fruitfly : (n) ایک قسم کا کیڑا (New South Wales کا) جو پھلوں کو برباد کرتا ہے ۔

Queensland grass-cloth plant : (n) ایک آسٹریلیائی پودا جس کے ریشوں سے کپڑے تیار کئے جاتے ہیں ۔

Queensland hemp : (n) ایک پودا جو گرم علاقوں میں بہ کثرت پیدا ہوتا ہے جس کے ریشے نرم، عمدہ اور مضبوطی میں جوٹ سے بہتر ہوتے ہیں ۔ یہ پودا چارہ میں کام آتا ہے اور دوا میں بطور مسکن استعمال ہوتا ہے ۔

Queensland hickory : (n) ایک آسٹریلیائی سدا بہار زرد مہین ریشہ دار سخت لکڑی والا درخت جو بھاری چیزوں کے بنانے اور مشین کے سہارے بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Queensland kauri : (n) (۱) Agathis کی جنس کے مختلف درختوں میں سے کوئی ایک ۔ (۲) دیکھو Dundathupine ۔

Queensland maple : (n) (۱) ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۲) آسٹریلیائی درخت کی ہلکے سرخ رنگ کی لکڑی جو مہاگنی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Queensland nut : (n) Macadamia کی جنس کا ایک درخت ۔

Queensland silver wattle : (n) جھاڑی دار آسٹریلیائی روئیں دار خاکی یا سفید برگ ساقہ ببول جس کے پھولوں کے سر سنہرے زرد بغلی پھل گچھوں میں ہوتے ہیں ۔

Queensland trumpeter : (n) ہند بحرالکاہل کے گرم علاقے کی سمندری غذائی مچھلی ۔

Queensland walnut : (n) آسٹریلیائی اخروٹ ۔

Queenswood : (n) آسٹریلیائی اخروٹ ۔

Queenslander : (n) [Queensland state] آسٹریلیائی ریاست کوئنس لینڈ کا ملکی باشندہ ۔

Queer : (n) [Origin obsc.] (عامیانہ) ہم جنس پسند شخص (جنسی تعلقات میں) ۔

Queer : (v) (۱) (عامیانہ) ہنسی اڑانا : تضحیک کرنا : چکرادینا؛ پریشان کردینا ۔ (۲) کسی پر منڈھنا؛ (کسی کے) سر ڈالنا : دھوکا دینا : فریب دینا ۔ (۳) خراب کردینا؛ بگاڑ دینا : نکال دینا ۔

Queer : (adv.) عجیب عجیب طور سے : انوکھے طریقے سے : انوکھے پن سے ۔

Queer : (a) [Poss. G. 'queer'.] (۱) عجیب : انوکھا؛ طرفہ : بے ڈھنگا : خبطی سا : مخبوط ۔ (۲) قابل اعتراض چال چلن والا : مشتبہ : مخصوص طرز کا؛ خلاف توقع۔ (۲) ناتندرست : بیمار سا؛ غیر تندرست : دوران سر میں مبتلا ۔ (۴) (بازاری) مخمور : نشے میں دھت جنسی طور پر منحرف : ہم جنس پسند : ناکارہ؛ برا؛ جعلی (سکہ)۔

To feel or look queer : مزاج نادرست ہونا؛ اپنی حالت کو خلاف اعتدال محسوس کرنا؛ طبیعت کی ناسازی محسوس کرنا ۔

Queer cuffin : (n) (۱) دیکھو Churl ۔ (۲) کم ذات : رذیل ۔ (۳) دیہاتی : دہقانی : گاؤدی؛ گنوار ۔ (۴) بدتمیز : غیر مہذب : اجڈ ۔ (۵) کنجوس؛ بخیل : مکھی چوس؛ ممسک ۔

Queer street : (n) (عامیانہ) پریشان کن موقع یا حالت (خاص کر مالی دشواریوں کے باعث) ۔

Queer the pitc/-one's - : (n) کسی سوچے سمجھے طے شدہ منصوبے کو بگاڑ دینا : کسی کام میں رخنہ ڈالنا : کام بگاڑ دینا۔

Queerish : (a) (۱) انوکھا سا؛ عجیب عجیب ۔ (۲) پریشان سا : کھویا ہوا سا : قدرے نکما : برا ۔ (۳) کسل مند : پژمردہ : دوران سر میں مبتلا ۔

Queerishly : (adv.) انوکھے پن سے : عجیب عجیب طریقے سے؛ کسل مندی سے؛ پژمردگی کے ساتھ : کھویا سا ہوکر۔

Queerishness : (n) انوکھا پن؛ کسل مندی؛ پژمردگی : پریشانی۔

Queerity : (n) [f. Queer.] انوکھا پن : عجوبہ پن : بوالعجبی : انوکھی

Quelque-chose : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Rickshaw ۔ (۲) وہ نفیس غذا جس سے اشتہا رفع نہ ہو (مثلاً تمش)۔ (۳) کھلونا بے حقیقت یا حقیر چیز۔

Quemadero : (n) [sp. f. 'quemado'.] جلاکر مار ڈالنے کی جگہ۔

Queme : (a) [OE. 'qeeweme'.] (۱)(روزہ مرہ) خوشگوار؛پسندیدہ : دل پذیر؛ آرام دہ۔ (۲) دل پسند؛ دل کش؛ جاذب نظر۔ (۳) سبک۔

Quena / Cuena : (n) [Sp. 'quena'. fr. 'qechua' kkhina'.] جنوبی امریکی انڈین کی قدیم نرسلی بانسری۔

Quench : (v) [OE. 'Cwencan'.] (۱) بجھانا؛ گل کرنا : زائل کرنا (آگ، شعلہ، روشنی، بصارت) : ٹھنڈا کرنا آگ یاشعلہ (جلانے والی یا روشن کرنے والی چیز کا) : آنکھوں کی روشنی زائل کرنا۔ (۲) ٹھنڈا کرنا (گرم چیز کو) ٹھنڈے پانی سے یا کسی سیال شے سے۔ (۳) خاتمہ کر دینا؛ دبا دینا : مسدود کردینا (رفتار، خواہش، حالت، وصف وغیرہ)۔ (۴) رفع کرنا؛ بجھانا؛ (پیاس کو)؛ گرم لوہے کو ٹھنڈا کردینا؛ برقی رو کو کم کر دینا یا روک دینا : خاموش ہوجانا : دب جانا (بحث یا گفتگو میں)۔ (۵) (عامیانہ) برباد کرنا؛ مار ڈالنا (آدمی کو) : دبا دینا؛ کچل ڈالنا۔

To quench smoking flax : آئندہ واقعات یا پیدا ہونے والی صورت، حالت یا ترقی کو روک دینا؛ بتی سے کاٹ دینا : کسی بنتے ہوئے کام میں روڑا اٹکا دینا۔

Quench : (n) بجھادینے یا ٹھنڈا کرنے کا عمل یا ٹھنڈا کئے جانے، دبا دینے یا زائل کئے جانے کی حالت۔

Quench aging : (n) شدید درجۂ حرارت کو جلد ٹھنڈا کرکے بھرت کو کام میں لانے کے لئے سخت اور پختہ بنانا۔

Quench hardening : (n) شدید درجۂ حرارت کو ٹھنڈا کرکے بھرت کو سخت بنا نا۔

Quenchable : (a) بجھایا جانے کے قابل : ٹھنڈا کیا جانے کے قابل؛ بجھانے کے لائق۔

Quenchableness : (n) بجھائے جانے کے لائق ہونے کی صفت یا حالت۔ گل ہوجانے یا ٹھنڈا کئے جانے کے قابل ہونے کی صفت یا حالت۔

Quenched gap : (n) ایک قسم کا شراری فاصلہ جو ترسیلی آلے میں استعمال ہوتا ہے اور جو اس طرح بنایا گیا ہے کہ وہ برقی شرارہ کے شروع ہونے کے بعد اسے فوراً

بات یا چیز؛ انوکھی صفت۔

Queerly : (adv.) عجیب عجیب طور سے؛ انوکھے طریقے سے؛ انوکھے پن سے۔

Queerness : (n) انوکھاپن؛ عجوبہ پن؛ مزاج کی نادرستی؛ طبیعت کی خرابی؛ دوران مرض؛ انوکھی طبیعت؛ خصوصیت۔

Queest : (n) [ME. 'quyshte, quyste' OR. 'Cuscote'.] (۱) قمری۔ (۲) ایک عام یورپی کبوتر جو سائز میں یورپی فاختہ سے بڑا ہوتا ہے اور جس کے گردن کے دونوں طرف سفیدی مائل دھبے اور بازوں کے کنارے پر سفید رنگ ہوتا ہے۔

Queet : (n) (اسکاتستان) ٹخنے کا جوڑ۔

Quekchi : Kekchi کا متبادل۔

Quelch : (v) [By alter.] (۱) (روزہ مرہ) کچل دینا؛ کام تمام کردینا : خاتمہ کردینا۔ (۲) تمام کردینا؛ گھبرا دینا : خاموش کردینا۔ (۳) پھر پھر کرنا (کیچڑ میں چلنے یا پانی بھرے جوتوں سے چلنے کی آواز)۔

Quelea : (n) [L. Prob. fr. a native name in Africa.] (۱) افریقی بیا (چڑیا) کی ایک قسم۔ (۲)Quelea کی جنس کی کوئی چڑیا خاص کر سرخ چونچ والی پالتو چڑیا۔

Quell : (v) [OE. Cwellan.] (۱) (شاعری و بلاغت) مسخر کرنا؛ شکست دینا : دبا دینا۔ (۲) مٹانا : زائل کرنا (کسی چیز کو، کسی چیز کی حالت کو)۔ (۳)خاتمہ کردینا؛ کچل ڈالنا : قابو پالینا (کسی آدمی یا چیز پر) : مطیع کرلینا؛ مغلوب کرلینا۔

Quell/ Quail : (v) زیر بار ہوجانا؛ خاتمہ ہونا۔

Quell : (n) [ME. fr. quallen.] (۱) دیکھو Killing ۔ (۲)قتل : خونریزی؛ کشت و خون؛ قتل عام : ذبیح۔ (۳) نیز: مغلوب کرنے کی طاقت (کسی بادشاہ کو)۔

Quellable : (a) برباد کئے جانے کے لائق؛ کچل دینے کے قابل؛ دبا دینے کے لائق۔

Queller : (n) [OE. Cwellere'.] برباد کرنے والا : مٹانے والا : خاتمہ کرنے والا : شکست دینے والا : مغلوب کرنے والا : دبا دینے والا : فرو کنندہ۔

Quellung : (n) خرد نامیہ یا جرثومہ کے غشائی غلاف کا ورم، جسم دافع یا ضد جسم کے عمل کے بعد۔

بجھا دیتا ھے۔

Quencher : (n) بجھانے والا ؛ بجھانے والی چیز ؛ (روزہ مرہ) پیاس بجھانے والی کوئی چیز ؛ کوئی پینے کی چیز؛ تسکین بخش مشروب۔

Quenching bath : (n) پانی ، تیل یا کوئی سیال شے جس میں گرم دھات سخت بنانے کے لئے ڈبوئی جائے۔

Quenchless : (a) جو بجھائی نہ جاسکے ؛ نہ دفع کیا جاسکے؛ ٹھنڈا نہ کیا جاسکے ؛ لایطفیٰ ؛ اطفانا پذیر ؛ (مجازاً) تسکین نا آشنا۔

Quenchlessly : (adv.) ٹھنڈا نہ کئے جانے کے طور پر ؛ اطفانا پذیری سے؛ لا لطیفی سے ۔

Quenchlessness : (n) اطفانا پذیری۔

Quenchly : (adv.) بجھاکر؛ ٹھنڈا کرکے ؛ خاتمہ کرکے؛ زائل کرکے۔

Quenchness : (n) خاتمہ : انطفا : اِطفا پذیری ۔

Quenda : (n) (۱) آسٹریلیائی مور خور کیسہ دار جانور جو وسیع علاقے میں پایا جاتا ھے ۔ (۲) آسٹریلیائی شہری ۔

Quenelle : (n) [unkn. origin.] (۱) کوفتہ ریزہ ۔ (۲) بکری یا مچھلی کا سالن یا مسالہ دار گوشت۔

Quenouille training : (n) [quenouille f. f, ll. conwela] درختوں یا جھاڑیوں کی شاخوں کو باندھ کر مخروطی شکل میں ترتیب دینے کا طریقہ ۔

Quenselite : (n) [Sw. 'quenselit'.] ایک قسم کی دھات جس کا اصلی جز سیسہ میگنیز آکسائیڈ ھے ۔

Quenstedlite : (n) [G. 'quenstedtit'.] ایک قسم کی دھات جس میں آبی آہنی سلفیٹ ہو ۔

Querandi/Querendi / Querendy : (n) [Sp.] (۱) نچلی پلاٹا (Palata) اور پرانا(Parana) ندیوں کے دائیں کناروں پر آباد غیر متعین زبان بولنے والی ایک قوم۔ (۲) کورنڈی قوم کا ایک رکن۔

Quercetagetin : (n) ہلکا زرد بلوری رنگ جو افریقی اور فرانسیسی گینڈے کے پھولوں سے حاصل ہوتا ھے ۔

Quercetagitrin : (n) ایک بلوری شکر جو افریقی گینڈے کے پھول سے حاصل ہوتا ھے۔

Quercetin / Quercitin : (n) [L. quercus.] (کیمیا) زردبلوری مادہ جو کافی مقدار میں مختلف نباتات میں پایا جاتا ھے مگر اب Quercitrin کو تحلیل کرنے پر حاصل ہوتا ھے ؛ زردی بلوط ؛ بلوطین ۔

Quercimeritrin : (n) ایک زرد بلوری شکر جو کپاس کے پھولوں اور پتوں میں نیز سورج مکھی میں ہوتی ھے۔

Quercitannic : (a) بلوط کی چھال سے حاصل کردہ تیزاب کا؛ تیزابی یا اس سے متعلق ۔

Quercitannin : (n) [L. 'quercus'.] بلوط کی چھال سے حاصل ہونے والا تیزاب ۔

Quercite : (n) [L. 'quercus'.] (کیمیا) امیٹھا بلوری الکحل جو شاہ بلوط کے پھل سے حاصل ہوتا ھے ۔

Quercitol : (n) ایک شیریں بلوری پنج عنصری حلقوی اکحل $(C_6 H_7 (OH)_5)$ ۔

Quercitrin : (n) امریکی بلوط کے رنگنے کا زرد بلوری مادہ۔

Quercitron/-oak : (n) (۱) شمالی امریکی بلوط ؛ زرد بلوط ۔ (۲) اس کے اندر کی چھال جو بطور زرد رنگ استعمال ہوتی ھے اور چمڑا کمانے میں (بھی) استعمال کی جاتی ھے ۔ (۳) سیاہ بلوط ؛ سیاہ بلوط کی چھال۔

Quercitron lake : (n) زرد مٹی ؛ پیوڑی ؛ ملتان مٹی ؛ گیرو۔

Quercus : (n) [L.] بلوط کی جنس ؛ سخت لکڑی والے سدا بہار درختوں یا جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Querecho : (n) [Sp.] Lipan , Jicarilla پیرس کا شہدا خاص کر یا Mescalero کے لوگ ۔

Querela : (n) [L.] (۱) (قانون) کوئی عدالتی کاروائی یاچارہ جوئی ۔ (۲) استغاثہ ۔

Querencia : (n) [Sp. L. 'quaerere.'] اکھاڑے یا دنگل میں ایک علاقہ جسے سانڈ کی لڑائی میں سانڈ دفاعی جنگ آدمی سے لڑنے کے لئے اپنی قبضہ میں لیتا ھے ۔

Querent : (n) [L. 'quaerere, 'quaerent'.] مستفسر؛ دریافت کنندہ ؛ خاص کر وہ جو نجومی سے مشورہ کرتا ھے ۔

Querent : (n) [L. 'quaerenter, quaere'.] مستغیث ؛ مدعی ۔

Querflote : (n) [G. 'quer'.] جرمنی بانسری۔

Querida : (n) [Sp.'querido'.] (خاص کر جنوب مغربی علاقے میں) معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Querier : (n) سوال کرنے والا؛ مستفسر ؛ سوالی ۔

Querimana / Queriman : (n) [D, Creole, kwerimena)] ایک سمندری مچھلی جس کو بجائے تین (مہرزی ریڑھ کی) جو خاص کر بڑی مچھلی میں ہوتی ہے صرف دو مہرزی ریڑھ ہوتی ہے ۔

Querimonious : (a) [med. L.'querimoniosus' f. L. 'quaerimonia'.] شکایت کا خوگر؛ شاکی ۔

Querimoniously : (adv.) عادتاً شکایت کے طور پر ؛ خو گرانہ شکایت کے طریقے سے ۔

Querimoniousness : (n) عادتاً شکایت ؛ شکایت کا عادی ہونا ۔

Querimony : (n) [L. 'quaerimonia'.] شکایت ۔

Querist : (n) [f. L 'quaerere'.] سوال کرنے والا ؛ مستفسر؛ سوالی۔

Querk : (n) (خاص طور پر روزہ مرہ) Kuirk کا متبادل۔

Querken : (v) [ME.'querkenen'.] (روز مرہ) دم گھٹنے کی سی کیفیت ہوجانا ؛ سانس رکنا ؛ دم رکنا ۔

Querl : (a) (۱) گھونگریلا ؛اینٹھا ہوا ؛ بٹا ہوا (بال)۔ (۲) Curl کا متبادل ۔

Querl : (v) گھونگریلا بنانا؛ بل دار بنانا۔

Quern : (n) [OE. 'Cweorn (e).] قدیم زمانے کی غلہ پیسنے کی چکی ؛ جانتا؛ ہتھ چکی؛ چھوٹی چکی جس میں مرچ وغیرہ پیسی جاتی ہے ۔

Quernstone : (n) چکی کا پاٹ ؛ سنگ آسیا۔

Querulent /Querulant : (a) [L. 'querulent'.] (۱) غیر معمولی طور پر شک و شبہ ظاہر کرنے اور تہمت لگانے کا عادی ۔ (۲) دیکھو Querulous ۔

Querulent : (n) شک و شبہ ظاہر کرنے والا آدمی ؛ تہمت لگانے والا شخص۔

Querulental - lential : (a) [L. 'querulatio'.] (۱)بد مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ۔ (۲) عیب جو ؛ ناشکرا؛ شکوہ کرنے کا عادی ؛ خوگر شکوہ۔

Querulential : (a) (۱) شکوہ کرنے کا عادی ؛ چڑچڑا؛ بدمزاج ۔ (۲)ظاہر کرنے والی یا شکایت کرنے والی (آواز جانور کی) ۔ (۳) عیب جو۔ (۴) شکایت کی طرح کی، شکایت جیسی (بات)۔

Querulist : (n) شکایت کرنے والا؛ مستغیث ۔

Querulity / Querulosity : (n) شکایت کرنے کی عادت ۔

Querulous : (a) [L. 'querulous'.] دیکھو Querulential

Querulously : (adv.) شکایت کے طور پر ؛ چڑ چڑے پن کے انداز سے؛ بد مزاجی سے ۔

Querulousness : (n) بد مزاجی ؛ چڑچڑا پن ؛ شکوے کا خوگر ہونا۔

Query : (n) [Anglicizing of quere Quaere.] (۱) دریافت طلب بات ، سوال ۔ (۲) ذہن میں کوئی سوال (خصوصاً جس کی نوعیت معترضانہ ہو) ؛ شبہ ؛ سوالیہ نشان یا علامت شبہ جس کا مخفف qu ہے۔ جو کسی بیان وغیرہ کی صحت یا درستی پر شبہ ظاہر کرنے کے لئے لگاتے ہیں ۔ (۳) شک و شبہ ۔ (۴) (تخفیفی صورت) Qy کی ۔

Query : (v) (۱) کوئی بات بطور سوال پیش کرنا۔ (۲) کسی چیز کے بارے میں شبہ ظاہر کرنا ۔ (۳)شک و شبہ کے ساتھ متقین اطلاع پانے یا حاصل کرنے کی غرض سے سوال کرنا، دریافت کرنا، پوچھ تاچھ کرنا ۔ (۴) سوالیہ نشان لگانا ۔

Query mark : (n) (۱) علامت سوالیہ؛ استفہامیہ۔ (۲)طریق کنایت۔

Queryingly : (adv.) استفساراتہ طور پر ؛ استفساراً۔

Queryist : (n) مستفسر ۔

Ques : (n) Question کا مخفف ۔

Quesadilla : (n) [Sp. dim. of 'quesada'.] پاٹی ؛ ایک قسم کی خوردنی چیز جس میں پنیر بھرا ہوا ہو ۔

Quesal : Quetzal کا متبادل ۔

Quesited : (a) [med. L. 'quesitum'.] جس کی تلاش ہو یا جس کے بارے میں دریافت کیا جائے ۔

Quesited : (n) (علم النجوم) ایک شخص یا چیز جس کے بارے میں دریافت کیا جائے ۔

Quesitive : (a) استفسارانہ ؛ استفہامیہ ؛ سوال کے متعلق؛ سوالوں کا۔

Quest : (n) [OFr. 'queste'.] (۱) تلاش ؛ جستجو؛ کھوج ؛ تحقیقات ؛ تفتیش؛ نیز تلاش یا جستجو کا مقصد۔ (۲) کچھ حاصل کرنے کے لئے تلاش یا جستجو ۔ (۳) خصوصاً وہ چیز (یا مہم) جس کو حاصل کرنے کے لئے یا سر کرنے کی غرض سے قرون وسطیٰ کے مشہور سورما جایا کرتے تھے؛ سورما جو ایسی مہم یا معرکے میں حصہ لیتے تھے ۔ (۴) (مجازاً) شکار کی تلاش جو شکاری کتے کیا کرتے ہیں؛ شکاری کتوں کو شکار کی تلاش کے لئے چھوڑنا ۔ (۵) کتے کا خاص قسم سے بھونکنا جب شکار نظر آجائے۔ (۶) خیراتی رقوم یا عطیات کی فراہمی مذہبی کاموں کے لئے (رومن کیتھولک کلیسا) ۔ (۷) سرکاری تحقیقات ۔

In quest of : کسی شخص یا چیز کی تلاش میں ۔

Quest : (v) [OFr. 'quester.'] (۱) (شکاری کتے کا) شکار تلاش کرنا یا اس کی جستجو کرنا (about کے ساتھ)۔ (۲) (جانور کا) غذا کی تلاش میں ادھر ادھر پھرنا۔ (۳) (شکاری کتے کا) شکار دیکھ کر عجیب عجیب طور سے بھونکنا ؛ آواز دینا ؛ بھونکنا (کتے کا خوف یا اشتیاق میں) ۔ (۴) (آدمی کا) کسی چیز کی تلاش اور جستجو میں ادھر ادھر مارے پھرنا ؛ سرگرداں ہونا۔ (۵) (مذہبی امور کے لئے) خیرات یا عطیہ مانگنا (رومن کیتھولک کلیسا) ۔ (۶) کسی چیز کی کھوج لگانا ؛ کوئی چیز تلاش کرنا ؛ ڈھونڈ نکالنا؛ تلاش کرلینا ؛ تلاش میں ہونا ۔ (۷) مطالبہ کرنا ؛ مانگنا ؛ طلب کرنا۔

Quester : (n) جویا ؛ جوئندہ ؛ متلاشی ؛ متجسس۔

Questeur : (n) [F. fr. L. 'quaestor'.] فرانسیسی پارلیمنٹ کے دو ایوانوں میں سے ایک کے تین افسران مالیات یا نمائندے جو اراکین سینٹ کی ادائی اور اخراجات حساب کے ذمہ دار تھے ۔

Questhouse : (n) کسی کلیسائی حلقے میں وہ مکان جس میں قانونی تحقیقات کی جائے ۔

Questingly : (adv.) جویانہ طور پر؛ دریافت کرتے ہوئے ؛ تلاش کرتے ہوئے ۔

Questio : (n) [L.'quaesitus'.] رومن قانون کے مطابق کسی مجرم کی سزا یا اس پر مقدمہ ۔

Question : (v) [Afr. 'questium. 'L. quaestio.] (۱) سوال کرنا ؛ پرسش کرنا ؛ استفسار کرنا ۔ (۲) حجت اٹھانا ؛ بحث نکالنا ؛ ایراد یا اعتراض کرنا ؛ شک کرنا ۔ (۳) جرح کرنا ؛ پوچھ گچھ کرنا ؛ (کسی امر کی عدالتی تحقیقات کے سلسلے میں) سوال و جواب کرنا؛ کسی بات پر شبہ ظاہر کرنا یا مباحثہ کرنا۔ (۴) (کسی عجیب حادثہ طبعی یا واقعات کا) تفحص کرنا؛ جانچ کرنا ؛ دریافت کرنا؛ جاننے کی کوشش کرنا؛ ملزم ٹھہرانا ؛ الزام دینا ۔ (۵) اعتراض کرنا (شک کی بنا پر) ۔

I do not question : مجھے کوئی شک نہیں ؛مجھ کو یقین ہے ۔

It cannot be questioned : یہ یقینی ہے ۔

Question : (n) [Fr. 'questionner'.] (۱) دریافت ؛ پوچھ گچھ؛ کسی مسئلہ کے متعلق استفسار؛ تحقیقات؛ کسی مشتبہ یا مشکوک بات پر بحث مباحثہ ؛ اعتراض ۔ (۲) (کسی شخص سے) دریافت ؛ سوال (کسی بات کے لئے) ؛ خاص کر عدالتی تحقیقات کے سلسلے میں اقبال جرم کے لئے کسی شخص کو تکلیف دینا ۔ (۳) سوال؛ استفسار ؛ استفہام ؛ تحقیقات ؛ جملہ سوالیہ؛ موضوع بحث ؛ مسئلہ ۔ (۴) کسی مسئلے پر سوالیہ اظہار بیان جس پر بحث و تمحیص کی جائے یا تفتیش کی جائے ؛ کوئی موضوع جو کم و بیش مشکل یا غیر متیقن ہو خاص کر کسی جلسے میں یا اسمبلی میں (خصوصاً پارلیمنٹ میں) زیر بحث ہو۔ (۶) دو جماعتوں میں وہ مسئلہ ، قضیہ یا موضوع جو زیر بحث ہو ۔ (۷) مقدمہ (جس کے متعلق بحث کرنی مقصود ہو) ۔ (۸) کوئی دریافت طلب بات۔

A difficult question : ایک دشوار سوال، بحث، مسئلہ (جس کا حل کرنا، سمجھنا یا جواب دینا مشکل ہو) ۔

Beyond (all) question : بلا شبہ ؛ یقیناً۔

In question : زیر بحث (مسئلہ) ۔

It is question of : اصل مسئلہ یہ ہے ۔

Leading question : اہم مسئلہ ۔

Out of the question : خارج از بحث۔

Previous question : (پارلیمنٹ) سوال پیش از پیش جو اس غرض سے کیا جائے کہ اصل مسئلے پر ووٹ لئے جانے کی نوبت نہیں آئے ۔

That is not the question : یہ امر غیر متعلق ہے ؛ سوال یہ نہیں ہے ۔

The person in question : شخص زیر بحث۔

The question : مخصوص قابل غور مسئلہ۔

To beg the question : شبہ کی بنا پر سوال اٹھانا۔

To call in question : عدالتی تحقیقات کرنا؛ زیر بحث؛ لانا : کسی امر کے جواز پر شبہ ظاہر کرنا۔

To make no question : مان لینا : قبول کرلینا : اعتراف کرلینا۔

To put a question : کسی سے سوال کرنا؛ دریافت کرنا۔

To put the question : (کسی جسلے میں بحث و مباحثے کے بعد کسی تجویز کو) رائے شماری کے لئے پیش کرنا۔

To raise a question : (کسی معاملے یا بات کی صداقت حجت کے متعلق) : بحث اٹھانا؛ حجت نکالنا؛ ایراد کرنا۔

Question and answer : (n) سوال و جواب (امتحان یا تحقیقات کا طریقہ)۔

Question-begging : (a) اقتراح المسئول کے نقص سے متعلق : کوئی مفروضہ جس کی صحت مشکوک ہو۔

Question-begging (n) غیر صحیح اور مشکوک مفروضہ۔

Question mark/-stop : (n) علامت سوالیہ : استفہامیہ۔

Question master : (n) ریڈیو کے سوال و جواب کے پروگرام کا صدر۔

Question of fact : (n) امر واقعہ تحقیق طلب۔

Question of law : (n) (۱) دیکھو Issue of law ۔ (۲) قانونی مسئلہ۔

Question of privilege : (n) مجلس وضع قوانین کے حقوق کے متعلق یا اس کے کسی رکن کے حقوق سے متعلق مسئلہ۔

Question time : (n) پارلیمنٹ میں وہ اوقات جن میں اراکین کو حق حاصل ہے کہ وزرا سے ان کے متعلقہ شعبوں سے متعلق سوالات پوچھیں : سوال کا وقت۔

Questionability : (n) قابل گرفت حالت، شك یا اعتراض۔

Questionable : (a) سوال یا اعتراض کئے جانے کے قابل؛ مشتبہ : قابل گرفت : غیر متیقن۔

Questionableness : (n) قابل اعتراض ہونے کی حالت۔

Questionably : (adv.) قابل اعتراض طریقے پر؛قابل اشتباہ صورت سے۔

Questionary : (n) سوال کا مجموعہ : سوال نامہ (خاص کر معلومات حاصل کرنے کے لئے)؛ سوال کنندہ : پوچھ گچھ کرنے والا : مستفسر۔

Questionary : (a) استفسارانہ۔

Questionee : (n) جس سے پوچھ تاچھ کی جائے : جس پر شبہ ظاہر کیا جائے : اعتراض کیا جائے۔

Questioner : (n) سوال کرنے والا شخص : سوالی شخص : مستفسر آدمی : دریافت کنندہ : پوچھنے والا شخص : مستفسر : استفسار کرنے والا شخص۔

Questioning : (a) پوچھ گچھ کرنے والا : متجسس : جویا؛ سوال سے متعلق۔

Questioning : (n) سوال کرنا : سوال کے ذریعے جانچ : تحقیقات؛ استفسار؛ استفہام : پوچھ گچھ۔

Quesioningly : (adv.) مستفسرانہ طریقے سے؛ بطور سوال۔

Questionist : (n) (۱) حجتی (خاص کر مذہبی معاملات میں)؛ عادتاً معترض۔ (۲) (کیمبرج اور ہارورڈ) وہ انڈر گریجویٹ جس کی تعلیم آخری ٹرم میں ہو : بی۔ اے کی ڈگری سے قبل۔

Questionless (a) نا قابل سوال : نا قابل بحث : جس میں کسی شبے کو دخل نہ ہو : بلاشبہ : یقینی۔

Questionless : (adv.) بلاشبہ : کسی شك و شبہ : کے بغیر۔

Questionlessly : (adv.) یقنی طور پر : بلا شبہ طور پر۔

Questionnaire : (n) [Fr. 'questionner'.] (۱) عمومی سوال نامہ خاص کر سرکاری تحقیقات میں۔ (۲) (سیاسیات) سوال نامہ : استفسار نامہ۔ (۳) سوال نامے کا کاغذ۔ (۴) سوال نامے کے ذریعے لیا ہوا جائزہ۔

Questionnaire : (v) معلومات فراہم کرنے کی غرض سے سوال نامہ جاری کرنا۔

Questman : (n) (۱) تحقیقاتی کمیٹی کا ایک رکن جو کسی امر کی سرکاری تحقیقات کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔ (۲)کلیسائی نگراں کا معاون؛ وہ شخص جو کلیسائی نگراں کی معاونت کے لئے منتخب کیا جائے۔ (۳) وہ

Quevenn's iron : (n) خالص لوہے سے تیار کی ہوئی مقوی دوا؛ کشتۂ آہن۔

Quey : (n) [ME. 'quy, quee, of scand origin.] (روزہ مرہ برطانیہ) دیکھو Heifer

Queyn : (n) Quean کا متبادل۔

Quezon city : (a) (۱) Quezon city ، فلپائن کی راجدھانی کا یا اس سے متعلق۔ (۲) Quezon city کی طرح کا یا وہاں کے مروج طرز کا۔

Qui-hy : (n) [Urdu 'Koihai'.] اینگلو انڈین۔

Quia quia : (n) [Amer Sp. 'quiaquia'.] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

Quibble : (n) [L. 'quibus'.] (۱) ضلع جگت : (لفظی) تلازمہ : زبان بازی : ایہام گوئی: سخن سازی : مغالطہ دہی (خصوصاً ایسی دلائل جن کا انحصار محض الفاظ کے ایہام پر ہو) کنایہ: لفظی الٹ پھیر : فقرہ بازی : لفظی الٹ پھیر کا استعمال۔

Quibble : (v) (۱) ضلع جگت بولنا : فقرہ بازی کرنا : باتیں بنانا: مغالطہ دینا : لفظی الٹ پھیر کرنا : سخن سازی کرنا: اعتراض کرنا : نکتہ چینی کرنا: بحث و مباحثہ کرنا : تنقید کرنا۔

Quibbler : (n) تلازمہ گو : فقرہ باز : سخن ساز : مغالطہ دینے والا۔

Quibbling : (n) فقرہ بازی : سخن سازی : جگت بازی۔

Quibbling : (a) فقرہ بازی کا: لفظی الٹ پھیر کا۔

Quibblingly : (adv.) فقرہ بازی کے طور پر : سخن سازی سے : جگت بازی سے : لفظوں کے الٹ پھیر سے۔

Quica : (n) [Pg. quia f . Tupi.] (۱) دیکھو Four-eyed opossum۔ (۲) ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا چہار چشمی جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ہے۔

Quiche : (n) [Sp. 'quiche' of American origin.] (۱) جنوب مرکزی گوئٹیمالا (Guatemala) کے امریکی ہندوستانی : ان لوگوں میں کا ایک فرد۔ (۲)کوئچ کے لوگوں کی زبان۔

Quiche : (n) [F. f. G. dial.] سور کے سکھائے ہوئے گوشت کے ٹکڑے چھڑک کر اور دانے کی شکل میں پنیر اور کسٹرڈ بھر کر پکایا ہوا پیسٹری کیک۔

جس کو قانونی طور پر کلیسا کے فنڈ کی فراہمی کا اختیار حاصل ہو۔

Questor : (n) [L. 'quaestor'.] (۱) پوپ یا بشپ کا مقرر کردہ عہدہ دار یا افسر جو گرجے میں عطیہ دینے والوں کو معافی دیتا تھا : معاف کرنے والا۔ (۲) (فرانس میں) قومی اسمبلی کے خزانچیوں میں سے ایک۔(۳) (اطالیہ میں) داروغۂ پولیس۔

Quet : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی تنگ منقار چڑیا۔

Quetch/ Quitch : (v) [OE. 'Cwecean.] (۱) ہلنا : حرکت میں آنا: جسمانی تکلیف کا اظہار ہونا : آواز کے ذریعہ بے چینی کا اظہار ہونا۔ (۲) خاموشی دور کرنا۔

Quete : (n) [Fr.] روپے کی فراہمی (بازاری گوئیوں یا گشتی تماشا کرنے والوں کو دینے کے لئے)۔

Quetsch : (n) [G. dial (alsace) 'quetsch'.] ابالے ہوئے آلوچہ کے عرق سے کشید کی ہوئی پھیکی سفید السا سی برانڈی۔

Quetsch : (n) [MHG. 'quetsche'.] (۱) ایک بڑی ناند یا حوض جس میں بیلن (رولر) لگا ہو جس سے کپڑے یا سوت پر کیمیائی محلول ڈالا جائے۔ (۲) ناند یا حوض کا کوئی ایک بیلن۔

Quetzal/ Quezal/ Quesal : (n) [Amer.Sp. f. Nahuatl.] (حیوانیات) سبزدُم : لانبی چمکیلی دم۔

Quetzal bird : (n) مرکزی امریکا کی ایک لانبی چڑیا (چمکیلی دم والی)۔

Quetzal dance : (n) میکسیکو کے باشندے کا ایک طویل رقص۔

Queue : (n) [Fr. 'queue' L. 'Cattada'.] (۱) ایک چوپائے کی دم۔ (۲) گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی یا لڑی جو پیچھے لٹکتی ہو : گیسوئے بافتہ۔ (۲) قطار (آدمیوں کی ، جو اپنی باری سے آگے بڑھنے کے لئے انتظار کرتے ہیں جیسے ٹکٹ گھر وغیرہ کے سامنے)؛ نیز گاڑیوں کی قطار۔ (۳) بھالے یا نیزے کے کندے (دستے) کا محافظ (جو اس کو خراب ہونے سے بچائے)۔

Queue : (v) (۱) گندھے ہوئے بالوں کو چوٹی یا لڑی کی کی شکل میں لٹکانا : چوٹی گوندھنا۔ (۲) قطار میں کھڑا ہونا : قطار بنانا یا باندھنا۔

Queuer : (n) (۱) چوٹی گوندھنے والا۔ (۲) قطار میں کھڑا ہونے والا : قطار بنانے یا باندھنے والا۔

Quichoid : (n) گوئیٹمالا (Guatemala)کے میان (Mayan) ، السالویڈ اور میکسیکو کی لسانی ذیلی شاخ ۔

Quichua : Quechua کا متبادل ۔

Quichuan : Quechenکا متبادل ۔

Quick : (a) [OE. 'Cwick'.] (۱) ذکی : سریع الحس: تیز : تنک مزاج ۔ (۲) (نباتیات) زود نمو (پودے، خاص کر خار داری جھاڑی وغیرہ) ۔ (۳) (کان کنی) خام دھات کی (زرخیز کان)۔ (۴) نفع بخش (سرمایہ)۔ (۵) تیزی سے چلنے والا (چولھا وغیرہ) ؛ تیز بھڑکنے والی (آگ) ۔ (۶) تیزی سے بلا تاخیر کام کرنے والا (آدمی)۔ (۷)تیز فہم : تیز آنکھ اور کان والا : عقل و ایجاد میں تیز ؛ پھرتیلا ؛ تیز رو : تیز (حرکت) : تیزی اور سرعت سے انجام پانے والا (کام) ۔ (۸)تیز رواں : بہتا ہوا (جھرنا) ۔ (۹) جلد ختم اور مکمل ہوجانے والا (کام)۔ (۱۰)نوک دار زاویے سے مڑنے والا : جھکنے والا ۔ (۱۱)زندہ : جاندار ۔ (۱۲)حاملہ عورت ایسی حالت میں پہنچی ہوئی جب جنین کی حرکت محسوس ہوسکے ۔ (۱۳) انتہائی جلد باز۔

Quick : (n) [ME. 'Quike'.] (۱) دیکھو Couch Grass. (۲)(نباتیات) نجیل : دوب : بید گاہ ۔

Quick : (adv.) [ME. 'Quik'.] تیزی سے : فوری طور پر ۔

Quick : (n) (۱) کھلے ہوئے خام گوشت کی انتہائی ذی حس جگہ یا حصہ ۔ (۲) ناخن یا پاؤں کے انگوٹھے کے اندر کا انتہائی ذی حس گوشت ۔ (۳) گٹا ، گوکھرو یا صلابت جلد کے نیچے کا انتہائی ذی حس گوشت ۔ (۴) زخم کا انتہائی ذی حس حصہ ۔ (۵) کسی فرد کے انتہائی اندرونی احساسات ، تاثرات ۔

He bites his nails to the quick : بگڑ کر : غصہ ہو کر ناخن چباتا ہے ۔

Probed it to the quick : نازک اور حساس حصۂ جسم (یا احساسات) تک گہرا کرید : دکھتی رگ پکڑ لی ۔

The insult stung him to the quick : اس توہین سے گویا اس کے بہت گہرا ڈنک لگا : گوشت کے نازک حصے تک ڈنک چبھا ۔

The quick : (۱) جیتا جاگتا : زندہ سلامت (عموماً جمع میں اور The dead کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔ (۲) سدا بہار پودے خصوصاً سفید پھول والی خاردار جھاڑی ۔ (۳) جسم کے کسی حصے کا نرم اور حساس گوشت (مثلاً ناخن کے نیچے کا) ؛ زخم کا نازک حصہ ۔

To the quick : (۱) (مجازاً) (آدمی سے متعلق) اذیت دیا ہوا ؛ پریشان کیا ہوا ؛ زخم خوردہ ۔ (۲) (استعارةً) چیزوں سے متعلق خاص (غیر مادی) مرکزی : ناگزیر یا بہت اہم حصہ ۔

Quick assets : (n) نقد : قابل وصولی حسابات : (بقایہ جات) اور دوسری املاک باستثنائے اشیائے مندرجہ فہرست ۔

Quick bead : (n) جوڑ کی سطح کے ساتھ ہموار مہرہ ۔

Quick-beam : (n) [OE. 'Cwicbeam'.] (اسکاٹستانی اور شمالی انگلستان) ایک پہاڑی درخت اور اس کا پھل ۔

Quick-beam : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Quick-bread : (n) خمیری روٹی ۔

Quick-break : (a) برقی دور کو جلد اور خود کار طور پر توڑ دینے والی۔

Quick-change : (a) (۱) ڈرامے میں وہ اداکار جو جلد جلد لباس بدلے یا روپ بھرے ۔ (۲) جلد تبدیلیاں لانے والا یا جو تبدیلی کے لئے موزوں ہو یا جلد تبدیل ہو رہا ہو۔

Quick-change : (v) روپ بدلنا : (نیز مجازاً) ۔

Quick-change artist : (n) ماہر بہروپیا : ماہر فن کار : ایک چیز کو دوسری چیز میں تبدیل کرنے والا ایک شاطر شخص خاص کر ایک اداکار جو لباس تبدیل کرنے اور بہروپ میں ماہر ہے ۔

Quick-decline : (n) تاریخ کے قلمی درختوں کی ایک بیماری ۔

Quick drink : (n) ایک گھونٹ میں شراب پی جانا ۔

Quick-eared : (a) باخبر : ہر بات کی خبر رکھنے والا : سن گن لینے والا ۔

Quick-eyed : (a) ہوشیار : تیز فہم : ہر چیز کو جلد دیکھ لینے والا : تیز بیں ۔

Quick-fading : (n) سریع الزوال : سیمیائی : نا پائیدار : جلد اڑنے یا دھندلا ہو جانے والا (رنگ) ۔

Quick-fire : (n) ایک قسم کی توپ جو مسلسل تیزی کے ساتھ گولے پھینکے : تیز کار : شتاب انداز ۔

Quick-firer : (n) زود کار بندوق ۔

Quick-firing : (a) مسلسل تیزی سے گولے پھینکنے یا فائر کے لئے موزوں۔

Quick-freeze : (a) (۱) کھانے کو فوری طریقے سے برف میں رکھ کر اس طرح محفوظ رکھنا کہ اس کی خاصیت، مزا اور سواد قائم رہے : کسی چیز کو برف میں رکھ کر محفوظ کرنا۔ (۲) کسی چیز کا برف میں محفوظ ہونا ۔

Quick freeze/ -Freezer : (n) دیکھو Freezer

Quick frozen : (a) فوری طور سے برف میں رکھ کر محفوظ کیا ہوا (کھانا) ۔

Quick-grass : (n) بیدگاہ : دوب ۔

Quick-hedge : (n) جھاڑیوں کا احاطہ : راستہ روک جھاڑیاں ۔

Quick in the hand : (n) دیکھو Jewel weed

Quick lime : (n) [late ME.] (کیمیا) خام چونا : تازہ چونا ۔

Quick lunch : (n) کھانا جو فوری طور پر مہیا کیا جائے یا جو تیار ہو سکے : ما حضر اور فوری طور پر کھایا جائے ۔

Quick march : (a) (۱) (فوج) تیز رفتار : تیز قدم ۔ (۲) کوئک مارچ : قدم بڑھا کے چلنے کا حکم جو ان الفاظ میں فوج کو دیا جاتا ھے ۔

Quick match : (a) روئی کی بتی جو آتش گیر مادے سے تیار کی گئی ہو ۔

Quick one : (n) الکحلی مشروب جو تیزی سے پی لی جائے (ایک سانس میں) ۔

Quick oven : (n) (۱) دیکھو Hot oven ۔ (۲) گرم چولھا ۔

Quick return : (n) مشینی اوزار کے استعمال کی ایک ترکیب جس سے کاٹنے کی ضرب سے واپسی (رد عمل) ضرب زیادہ تیز کی جا سکتی ھے ۔

Quick-setting : (a) جو اس طرح بنایا گیا ہو کہ جلد جم جائے یا بیٹھ جائے ۔

Quick-sighted : (a) تیز نظر : ہوشیار ۔

Quick-sightedness : (n) تیز نظری : ہوشیاری ۔

Quick step/ Quickstep : (n) (۱) چلتی گت ۔ (۲) ایک قسم کا تیز رقص چھوٹے قدموں کے ساتھ : فوجی قدم کی طرح تیز ہونا (گانے میں) ۔

Quick stick : (adv.) تیزی سے : جلدی سے : عاجلانہ : سرعت سے : بلا تاخیر ۔

Quick study : (n) (۱) وہ شخص جو کسی کام کے لازمی طور طریقوں کو جلد سیکھ لے ۔ (۲) خاص کر وہ اداکار یا مغنّی جو حیرت انگیز تیزی کے ساتھ فن کے سیکھنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔

Quick-tempered : (a) تند مزاج : جھلا : چڑ چڑا ۔

Quick time : (n) (فوج) معیاری وقت یا رفتار : فوجی رفتار کی شرح برطانیہ کی فوج کی) ۔ اب ۱۲۸ قدم (۳۳ انچ فی قدم) جو ۱۱۸ گز کے برابر ھے)۔ ایک منٹ میں یعنی ہاؤ گھنٹے میں ایک میل کی رفتار یا چار میل ایک گھنٹے میں طے کئے جائیں ۔

Quick to take offence : (n) جلد خفا ہو جانے والا : بگڑ جانے والا ۔

Quick trick : (n) (۱) (تاش کا کھیل) تاش کا وہ پتا جو کھیل کے پہلے یا دوسرے دور میں ہاتھ بنا لے ۔ (۲) تاش کا یکہ یا بادشاہ ۔ (۳) تاش کے کھیل میں جو ہاتھ بنایا جائے۔

Quick water : (n) (۱) پارہ کے نائٹریٹ کا محلول جو طلاکاری میں استعمال ہوتا ھے ۔ (۲) جھرنے کا وہ حصہ جس میں دھارا یا بہاؤ بہت تیز ہو : مصنوعی بہاؤ یا دھارا یا ابلتا ہوا پانی : اچھلتی ہوئی کشتی کے ٹھیک عقب میں ۔

Quick-witted : (a) تیز فہم : بہت جلد باتوں کو سمجھنے والا : حاضر جواب : ذہین : طبّاع : چالاک ۔

Quick-wittedly : (adv.) تیز فہمی سے : حاضر جوابی سے : طباعی کے ساتھ : چالاکی سے : ذہانت سے ۔

Quick-wittedness : (n) تیز فہمی : ذہانت : ہوشیاری : تیز فہم ہونے کی حالت یا صفت ۔

Quicken/ -tree : (n) [ME. 'Quicken'.] (۱) پہاڑی درخت اور اس کا پھل ۔ (۲) Service tree ایک درخت جس کا پھل گول اور سیب نما ہوتا ھے اور خوب پک جانے پر غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔ (۳) دیکھو Rowan tree ۔

Quicken : (v) (۱) اندازہ کرنا : چلانا : جان ڈالنا ۔ (۲) تر و تازہ کرنا : جوش یا ہمت دلانا : اُکسانا : (کسی آدمی یا چیز کو) طاقت بخشنا ۔ (۳) دوڑانا : عجلت کرنا : تیز تر کر دینا

یا کرانا۔ (۴) حرکت جنین کے زمانے (یا حالت) تک پہنچانا (حاملہ کا)۔ (۵) (آگ) روشن کرنا؛ جلوانا یا جلنے میں مدد دینا۔ (۶) زندگی پانا؛ زندہ ہونا۔ (۷) (مجازاً) جاندار جیسی حالت میں ہونا؛ چمکیلا یا چمک دار ہونا۔ (۸) تیز فہم ہونا۔ (۹) بنانا (خم دار یا تیز تر)۔

Quickening : (n) [ME.] رحم میں جنین کی پہلی حرکت جسے ماں محسوس کرتی ہے عام طور پر حمل کی درمیانی مدت سے کسی قدر قبل۔

Quickenig : (a) [ME.] جوش اور ہمت دلانے والا؛ جان ڈالنے والا۔

Quickening liquid : (n) پارہ کے نمک کا محلول۔

Quickhatch : (n) الورین؛ امریکا کا ایک گوشت خور دودھ پلانے والا جانور (نیولے کی طرح کا مگر اس سے بڑا ہوتا ہے)۔

Quickie/ Quicky : (n) (۱) جلدی میں کیا ہوا کام۔ (۲) جلد اور ارزاں تیار کیا ہوا فلم یا ڈراما۔ (۳) جلدی لکھی جانے والی اور شائع ہونے والی کتاب یا دوسری تصنیف و تالیف؛ جلدی میں سوچا اور عمل میں لایا ہوا پروگرام؛ جلد بازی کی گشت یا دوسری سرگرمی۔ (۴) مزدوروں کی اکثر اچانک مختصر مدت کی ناجائز ہڑتال۔ (۵) الکحلی مشروب؛ دیکھو Quick one۔

Quickly : (adv.) تیزی سے؛ جلدی سے؛ عاجلانہ؛ سرعت سے؛ بلا تاخیر۔

Quickner : (n) زندہ کرنے یا جان ڈالنے والا۔

Quickness : (n) (۱) ذکاوت؛ تیز فہمی؛ حاضر دماغی؛ طبّاعی؛ ذہانت۔ (۲) پھرتی؛ چالاکی؛ چستی۔ (۳) تیزی؛ تیز رفتاری؛ سرعت؛ زود روی؛ زیرکی۔ (۴) زود رنجی۔ (۵) تیز ہونے کی حالت یا صفت۔

Quicksand:(n) (۱) دھسانی ریت؛ چور ریت؛ ریگ رواں۔ (۲) (مجازاً) (عموماً چیزوں کے متعلق) جلد جذب کر لینے والا؛ جاذب؛ ناقابل اعتبار خاصیت والی چیز؛ دلدل۔

Quicksandy : (a) دھسانی ریت والا؛ ریگ رواں۔

Quickset : (n) (۱) (جمع میں) پودوں کی ٹہنیاں جو کاٹ کر زمین میں لگ جانے کے لئے گاڑ دی جاتی ہیں، خاص کر سفید خاردار پودوں کی یا دوسری جھاڑیوں کی ٹہنیاں جن سے احاطے بنائے جاتے ہیں۔ (۲) ایک ایسا ٹکڑا یا کٹی ہوئی ٹہنی۔ (۳) قلمی جھاڑیوں کے لگانے کا سامان۔

Quickset : (a) جھاڑی کا؛ زندہ پودوں کا بنا ہوا (احاطہ)۔

Quickset hedge : (n) (خاص کر برطانیہ) جھاڑی یا گنجان جھاڑیاں جو بہ خیال آرائش لگائی جاتی ہیں یا حد بندی کے نشان کے طور پر یا مخصوص طور پر جو انگلش خاردار جھاڑی سے بنایا گیا ہو۔

Quicksilver : (n) [OE. Cwic-seolfor.] (۱) زیبق؛ پارہ؛ سیماب (عنصر دھات)۔ (۲) سیماب سے مشابہ کوئی چیز۔

Quicksilver : (a) (۱) سیماب سے مشابہ؛ سیماب نما۔ (۲) دیکھو Mercurial۔ (۳) سیمابی۔

Quicksilver : (v) سیماب ملا کر رنگ چڑھانا (خاص کر آئینہ کی پشت پر)۔

Quicksilver rock : (n) چتکبرا جیسا پتھر۔

Quicksilver vermilion : (n) شنگرف؛ سیندور۔

Quicksilver water : (n) پارہ کے نائٹریٹ کا محلول جو طلاکاری میں استعمال ہوتا ہے۔

Quicksilver weed : (n) (۱) دیکھو Earlymeadow rue۔ (۲) ایک قسم کا قدیم اسپند۔

Quicksilvering : (n) وہ ملغم جو بعض آئینوں کی سطح کو عکاس بناتا ہے۔

Quicksilvery : (a) (۱) سیمابی؛ سیماب سے مشابہ۔ (۲) دیکھو Mercurial۔

Quickthorn : (n) عام یوروپین خاردار جھاڑی جس کے پھول سفید گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ ہوتے ہیں۔

Quicky : (n) Quickie کا متبادل۔

Quicumque vult : (n) [L.] اتھانیسیس (اسکندریہ کا اُسقُف اعظم بہ زمانۂ قسطنطین) کا مذہبی عقیدہ جس کے ابتدائی کلمات یہ تھے۔

Quid / Kwid : (n) [L.] (عامیانہ) ایک اشرفی؛ ایک پونڈ؛ اسٹرلنگ۔

At two quid a week : دو پونڈ فی ہفتہ کے حساب سے۔

Quid : (n) (۱) (امریکا) ایک نام جو ریپبلیکن پارٹی کے حصے کو ۱۸۰۵ء میں دیا گیا تھا۔

Quid : (n) کسی چیز کا ایک ٹکڑا (عام طور پر تمباکو کا) جو منہ میں لیا جا سکے ، کھایا اور چبایا جا سکے : نسوار۔

Quid : (v) (۱) تمباکو کھانا : تمباکو چبانا۔ (۲) (گھوڑے کا) نصف چبائے ہوئے غذا کو منہ سے گرا دینا : جگالی کرنا : پاگڑ کرنا۔

Quid : (n) [ME. 'Quide'.] (۱) کسی چیز کا ٹکڑا ، کسی نرم چیز کی ڈاٹ چبانے کے لئے نہ کہ نگل جانے کے لئے : خاص کر چبانے والے تمباکو کا ٹکڑا کانٹا یا انٹا۔ (۲) تمباکو کانٹا : نسوار۔ (۳) جگالی۔

Quid : (n) [L.] کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے لئے دی گئی یا لی گئی ہو۔

Quid /Quidded / Quidding/ Quids : (v) (گھوڑے کا) منہ سے چبائی ہوئی غذا نکال کر گرا دینا۔

Quid pro/ quo : (n) [L.] (۱) ادل بدل۔ (۲) معاوضہ : بدل : تلافی میں دی ہوئی چیز : کوئی چیز دی گئی یا لی گئی ہو (کسی چیز کے عوض)۔ (۳) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کا غلط استعمال۔

Must get a quid pro/ quo : معاوضہ ملنا چاہئے (جو چیز دی، اس کا) : کوئی دی ہوئی یا لی ہوئی چیز کسی چیز کے لئے۔

Quiddative / Quidditive : (a) کسی چیز کی لازمی صفت کا یا اس سے متعلق۔

Quidder / Quiddor : (n) گھوڑا جو منہ سے چبائی ہوئی غذا اُگل دیتا ھے : جگالی کرنے والا گھوڑا۔

Quiddit : (n) [L. 'Quidditas'.] چست فقرہ بازی۔

Quidditas : (n) (۱) کسی چیز کی ماہیت : خاصہ : جوہر : اصلیت : وجہِ امتیاز : جس سے کوئی چیز تیار ہوتی ہو : کسی چیز کی قطعی شکل : عجیب ادنیٰ قسم کی وضع قطع : (ظرافت میں) لطافت۔ (۲) باریک بینی : مو شگافی : لفظوں کا الٹ پھیر۔ (۳) فقرہ بازی : مغالطہ دہی : سخن سازی : لفاظی : ادنیٰ بات : بولی ٹھولی : تلازمہ : جگت بازی کا رجحان : بحث میں اچھی نکتہ چینی : نکتہ آفرینی۔

Quidditative : (a) دیکھو Quiddative

Quiddity : (n) [med. L. 'Quidditus'.] دیکھو Quidditas

Quiddle : (v) (۱) معمولی طور پر گفتگو : بحث یا تقریر کرنا۔ (۲) (کسی کے ساتھ) وقت ضائع کرنا (فضول باتوں میں)۔

Quiddle : (n) نازک مزاج شخص : نک چڑھا شخص۔

Quiddler : (n) تنک مزاج شخص : نازک مزاج شخص۔

Quidnun : (n) [L.'Quid'.] لپاڑیا : گپّی : باتونی : باتیں بنانے والا : شہر خبرا : عادتاً ہر طرف کی جھوٹی سچی خبریں لانے اور بیان کرنے والا۔

Quie brancha / -branacha : (n) [Amer. Sp.] دیکھو Quibracho

Quiesce : (v) [L. 'Quiescere.'] خاموش ہو جانا : چپ ہو جانا۔

Quiescence : (n) [L. 'Quiescer'.] (۱) ساکن یا غیر متحرک ہونے کی حالت : خاموشی۔ (۲) اس طرح کی مثال : وقفہ : قرار۔

Quiescency : (n) (۱) اطمینان : راحت۔ (۲) سکون : خاموشی : تعطیل۔

Quiescent : (a) [L. 'Quiescer'.] (۱) ساکن : غیر متحرک : خاموش : حروف غیر ملفوظ۔ (۲) معطل : خوابیدہ : جامد۔

Quiescent : (n) خاموش حرف : غیر ملفوظ حرف (جو لکھا جائے مگر پڑھا نہ جائے)۔

Quiescently : (adv.) خاموشی سے : وقفے کے ساتھ : غیر متحرک طور پر : خاموش طور پر۔

Quiet : (a) [OFr. 'Quiete'. L. 'Quietus'.] (۱) بغیر آواز یا حرکت کے : خاموش : پر سکوت : پر سکون : غیر متحرک : صامت۔ (۲) کم آواز یا حرکت کا : چپ چاپ : عادتاً یا فطرتاً پر امن : شور و غل کا مخالف : آہستہ : (جانور) نیک۔ (۲) نرم : مسکین : سست (طبیعت)۔ (۳) (لباس ، رنگ وغیرہ) سادہ : صوفیانہ : جو بھڑکیلا نہ ہو۔ (۵) خفیہ : چھپا ڈھکا : پوشیدہ : صورت بدلے ہوئے : غیر مزاحم : غیر نمایاں : بے غل و غش : ہنگامے یا مداخلت سے دور یا الگ۔ (۶) مطمئن : آسودہ خاطر۔ (۷) (کوہ آتش فشاں سے) بے آواز کے نکلنے والا (لاوا)۔

On the quiet : : پوشیدہ طور پر : رازدارانہ : پردہ داری سے : خفیہ : چپکے سے۔

Quiet : (adv.) خاموشی سے : خفیہ طور پر : بغیر شور وغل۔

Quiet : (n) [AFr. 'Quiete', L. 'Quietus'.] (۱) سکون : طمانیت : چین۔ (۲) سکوت : خاموشی : چپ چاپ : بیرونی ہنگامہ خیزی سے آزاد۔ (۳) آسائش : آرام : سکون

قلب: کسی ہنگامہ خیزی ، شور و غل کا مخالف ۔ (۴) اطمینان ؛ شانتی ؛ آسودہ خاطری؛ اعتدال (خاص کر رنگ ، لباس ، طرز وغیرہ میں)۔ (۵) خاموش رہنے کی حالت ۔

Quiet : (v) [L. 'Quietare', 'Quitetus'.] (۱) خاموش کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ خاموش کرا دینا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ تالیف قلوب کرنا ؛ تسکین دینا ؛ سکون یا خاموشی میں تبدیل کرنا ؛ خاموش ہو جانا ۔(۲) (قانون) مدعی کے قبضے کو جو عرصہ دراز سے ہو تسلیم کر لینا ۔

Quiet day : (n) اینگلیکن کلیسا کا ایک مخصوص دن جو خاص عبادت، دھیان ، مراقبہ اور تعلیم و ہدایت کے لئے مقرر ہے ۔

Quiet down : (v) خاموش ہو جانا ؛ تھم جانا ؛ شور و غل کا بند ہو جانا۔

Quiet resentment : (n) خاموش خفگی ؛ خاموش احتجاج ۔

Quiet-spoken : (a) آہستہ گو ؛ دھیمی آواز کا ۔

Quieten : (v) [f. Quiet.] خاموش کرنا ؛ خاموش ہونا ۔

Quietening / Quietens : (n) (خاص کر برطانیہ) دیکھو Quiet

Quieter : (n) خاموش کرنے والا ؛ مطمئن کرنے والا ۔

Quietism : (n) (۱) توکل ؛ رضا بالقضا ؛ بھگتی ؛ مذہب تسلیم و رضا نیز اسی طرح کا مذہبی عقیدہ ۔ (۲) عالم سکون ؛ دماغ کا پر سکون ہونا یا جسم کا بے حرکت ہونا ۔ (۳) راحت ؛ طمانیت ؛خاموشی ۔

Quietist : (n) (۱) متوکل؛ راضی بالقضا ؛ بھگت ؛ جو یہ عقیدہ رکھتا ہو یا اسی طرح کا کوئی عقیدہ ؛ عقیدۂ راضی بالقضا کا حامی ۔ (۲) جس کا سیاسی یا سماجی رجحان مذہبی توکل سے مشابہ ہو۔

Quietist / -tic : (a) متوکل ؛ متوکلوں کی صفت کا یا اس سے متعلق ؛ رضا بالقضا سے متعلق یا عقیدہ راضی بالقضا کا حامی۔

Quietive : (n) کوئی مسکن چیز ؛ سکون بخش چیز ۔

Quietly : (adv.) [ME.] (۱)خاموشی سے ؛ اطمینان سے ؛ خفیہ طریقے پر ؛ بلا مداخلت ؛ بغیر شور و غل کے ۔

Quietness : (n) خاموشی ؛ سکون ؛ سادگی ؛ اطمینان ۔

Quietsome : (a) خاموش ؛ ساکن ۔

Quietude : (n) [L. 'Quietus'.] خاموشی ؛ اطمینان ؛ سکون ؛طمانیت۔

Quietus : (n) [ME. 'Quietus'.] (۱) بقایا کی ادائی کی رسید ؛ بے باقی ؛ واصل باقی ۔ (۲) قطعی طور پر رہائی ؛ نجات (قرض یا پابندی سے) ؛ معدومی ؛ فنا ؛ وفات ؛ خاتمہ کلیہ ۔ (۳) (قدیم) عہدے یا فرض سے سبکدوشی؛ رہائی خاص کر اس اجرائے کار سے جو تصدیق وصیت نامے کی عدالت میں کی گئی ہو ۔ (۴) عمل اقدام یا فاعلیت کا خاتمہ کر دینے والی کوئی چیز ؛ موت واقع کرنے والی کوئی چیز ؛ خاموش کر دینے والی کوئی چیز۔ (۵) بے عملی کی حالت ۔

Gave him his quietus : ختم کردیا ؛ اس کا حساب چکا دیا؛ مار ڈالا ۔

Got his quietus : اس نے چھٹکارا حاصل کیا ؛ مر گیا ؛ ختم ہو گیا۔

Quiff : (n) [alter of whiff.] (۱) تمباکو کا دھواں ۔ (۲) ہوا کا جھونکا ۔

Quiff : (n) [Origin unkn.] پیشانی پر کا نمایاں بال ۔

Quiff : (n) (عامیانہ) لڑکی ؛ عورت ۔

Quiina : (n) [NL.] امریکی گرم علاقوں کی جھاڑیوں اور درختوں کی ایک جنس ۔

Quiinacea : (n) [L. 'Quiina'.] امریکا کے گرم علاقے کی جھاڑیوں اور درختوں کی ایک جنس ۔

Quila : (n) [Amer Sp. f. 'Araucan Cula'.] جنوبی امریکا کے جنوبی علاقے کی ایک قسم کی بانس سے مشابہ گھاس جو بطور چارہ استعمال ہوتی ہے اور جس کے ریشے سے کاغذ تیار ہوتا ہے ۔

Quile : (n) (روزمرہ) Coil کا متبادل ۔

Quileute / Quillayute : (n) (۱) ریاست واشنگٹن کے مغربی حصے کی Chemakuan قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) Quileute کے لوگوں کی زبان ۔

Quill : (n) [G. 'Quiele' of unkn. origin.] (۱) پرکی کھوکھلی ڈنڈی؛ بازو یا دم کا پورا پر ؛ نلی ؛ ڈنڈی ؛ صفار ؛ چڑیا کا پر۔ (۲) پر مضراب ؛پر کا قلم ؛ وہ لٹکن جو مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹے کی ڈور میں لگی ہوتی ہے ؛ پیرا کو؛ترنا۔ (۳) (دانت کریدنے کا) خلال ۔ (۴) سیہہ کا کانٹا ؛ خار پشت ؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ (۵) ماسورہ ؛ جولاھے کی

نلکی جس میں ڈال کر وہ کپڑا بنتا ہے۔ (۶) نے : بانسری یا بنسی :بگل۔ (۷) دار چینی یا کونین کی چھال کا ٹکڑا۔ (۸) ہنس وغیرہ کا پر جس کا قلم بنا ہو۔ (۹) مچھلی پکڑنے کی مصنوعی مکھی۔ (۱۰) اپنی اصلی، خالص اور بہترین حالت میں کوئی چیز : اصلی چیز۔ (۱۱) (مشین کا) کھوکھلا دھرا۔

Quill : (v) (۱) ایسی چنٹیں ڈالنا جیسی پروں میں ہوتی ہیں : چننا : مروڑی دینا : اُتو کرنا۔ (۲) ماسورہ پر ڈورا یا دھاگا لپیٹنا : نلی بھرنا۔ (۳) گرم سلاخوں سے لہریں ڈالنا یا نالیاں بنانا : پلیٹیں ڈالنا۔ (۴) بازو کے پروں کو کاٹنا۔ (۵) کسی چیز سے ڈھکنا۔ (۶) نلکی میں ڈورے ڈالنا (کپڑا بننے کے لئے)؛ چرخی یا ریل پر ڈورا یا دھاگا لپیٹنا۔

Quill : (v) خلال چبھونا : ماسورہ (نلکی) میں دھاگا لپیٹنا۔

Quill-bark : (n) دار چینی یا کونین کی چھال۔

Quill-bit : (n) زمین میں سوراخ کرنے کا اوزار۔

Quill-coverts : (n) دم یا بازو کے پروں کی جڑ پر کے روئیں۔

Quill drive : (n) برقی انجن کو حرکت میں لانے کا عمل۔

Quill-driver : (n) اخبار نویسی یا مصنف : محرر : قلم کار۔

Quill embroidery : (n) چمڑوں ، چھلکے یا کپڑوں کے آرائشی کام۔

Quill-feather : (n) دم یا بازو کا پورا پر : شاہپر۔

Quill fern : (n) دلدلی پودا۔

Quill fish : (n) شمالی بحرالکاہل کی مختلف چھوٹی نازک مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی۔

Quill fly : (n) ایک مصنوعی مچھلی پکڑنے کی خار پشت جسم والی مکھی۔

Quill gear : (n) (میکانیات) کھوکھلا دھرا گیرا (پہیئے سے وابستہ)۔

Quill mite : (n) مرغیوں کے پروں میں ایک قسم کی جوں۔

Quill pig : (n) (۱) سیہہ : خار پشت۔ (۲) خارپشت مشین۔ (۲) ان جانوروں کے نام کا جز جن کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں

Quillacinga : (n) [Amer, Indian origin .] (۱) جنوبی کولمبیا اور شمالی اکواڈور کے لوگ : ایسے لوگوں کا کوئی فرد۔ (۲) کوئیلا سنگا کے لوگوں کی زبان۔

Quillai / Quillaia / Quillia : (n) [Amer Sp. 'quillai, Quilly.] ایک نباتی عنصر جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

Quillaia : (n) [L. 'Chiaen , quillai' .] (۱) جنوبی امریکا کے گلاب کی قسم کا درخت جس کی چھال میں صابن جیسی خاصیت پائی جاتی ہے۔ (۲) چیلی کا صابن چھال والا درخت۔

Quillaic acid : (n) ایک زہریلا بلوری مادہ۔

Quillaja : (n) [Amers. 'Quillat , quillay' .] برازیل ، پیرو اور چیلی کے درختوں کی ایک جنس اور یہ اپنی صابونی یا صابونی صفت چھال کے لئے ممیز ہے۔

Quillback/ -carpsucker : (n) (۱) چھوٹی مرشافی مچھلی۔ (۲) ان چند مچھلیوں میں سے کوئی جوکوئل بیک کی جنس کی ہو خاص کر عام Carp sucker ۔

Quilled : (a) (۱) مضراب پر یا قلم پر کی شکل کا۔ (۲) دم یا بازو کی پروں سے جڑا ہوا خاص کر دو ہڈیوں کا (جوڑ) ۔ (۳) (جراحی) زخم کے دونوں طرف لٹکا ہوا (سیون کے بعد)۔

Quiller : (n) (۱) ایک مشین جو سوت کو ریلوں اور چرخیوں سے نلکی میں منتقل کرنے میں استعمال کی جاتی ہے۔

Quillet : (n) (۱) جگت : ضلع جگت : تلازمہ : لفظوں کا الٹ پھیر۔ (۲) باریکی : موشگافی : فقرہ بازی : پھبتی : چوٹ۔ (۳) چال : فریب : دھوکا۔

Quillet : (n) [Origin unkn.] (روزمرہ) زمین کا چھوٹا قطعہ۔

Quillet : (n) (قدیم) چھوٹی نلکی یا نلی (جیسے کاغذ کی)۔

Quilling : (n) چنٹیں ڈالنا : اُتو (کرنا)۔

Quillon : (n) [Fr.] تلوار کے آڑے ترچھے حفاظتی قبضے کا ایک بازو۔

Quilltail / -coot : (n) چوڑی چونچ اور گاؤ دم امریکی بط۔

Quillwork : (n) چمڑوں ، چھلکے یا کپڑوں کے آرائشی کام۔

Quillwort : (n) (۱) Isoetes کی جنس کا ایک پودا۔ (۲) دلدلی دودھیا پودا۔

Quilt : (n) [ME. 'Cowete, quilte.'] (۱) تہ شک : گدا : بالاپوش۔

(۲) رضائی : لحاف (کوئی اوڑھنے کی چیز جس کی تہوں کے درمیان کوئی نرم چیز بھر کر نگندے یا بخیے ڈال دیئے جاتے ہیں) ؛ (استعارۃً) دبیز اوڑھنا (جسم کو بچھانے کے لئے)۔ (۳) کرکٹ گیند کا وسطی حصہ۔

Quilt : (v) (۱) رضائی ڈھانکنا یا اوڑھنا ؛ لحاف یا توشک بنانا؛ کپڑوں پر بخیے کا کام کرانا ۔ (۲) نگندے ڈالنا ؛ سوزنی یا رضائی کی طرح سینا یا جوڑنا ۔ (۲)(سکے یا خطوط وغیرہ کو) کپڑوں کی دو تہوں کے بیچ سی دینا ؛ خلطہ بھرنا یا سینا ۔ (۴) (مجازاً) دوسروں کے خیالات یا کتابوں سے خلاصے لے کر تالیف کرنا ؛ جوڑ لینا ؛ جوڑ لگا لینا ۔

Quilt : (v) (عامیانہ) زدو کوب کرنا ؛ پیٹ دینا ؛ کوڑا مارنا ؛ نگل جانا ؛ ہڑپ جانا ۔

Quilted : (a) (ساخت میں) لحاف سے مشابہ ؛ تہ دار لحاف کے مانند؛ لحاف مہیّا کیا ہوا ؛ لحاف جیسا گدیلا یا گدے دار ۔

Quilted maple : (n) شمالی امریکا کے بحرالکاہل کا بڑے پتوں والا ایک قسم کا درخت ۔

Quilter : (n) (۱) توشک ؛ رضائی سینے والا ؛جوڑ لگانے والا ۔ (۲) رضائی ؛ توشک سینے یا بخیہ کرنے کی سلائی مشین ۔

Quilting : (n) (۱) زدو کوب کرنا ؛ چابک سے مارنا۔ (۲) لحاف بنانے کا طریقہ ؛ وہ اشیا جس سے لحاف ، توشک تیار کی جائے ۔

Quilting : (n) (۱) رضائی یا لحاف کی سلائی بھرائی ۔ (۲) سلا ہوا سامان ؛ جوڑا ہوا کام ۔ (۳) ایک قسم کا کپڑا وتری شکل کا ، رضائی جیسا ۔ (۴) توشک یا رضائی بنانے کا سامان ۔ (۵) (امریکا) لحاف تیار کرنے والی ٹولی ۔

Quitling-bee/ -feast/ -frolic/ -party : (n) (۱) (امریکا) عورتوں کا تفریحی اجتماع جو لحاف ، توشک تیار کرنے کی غرض سے جمع ہوتی ہیں اور ایک ساتھ مل کر کام کرتی ہیں یا دوسرا بخیوں کا کام کرتی ہیں اور اسی طرح دل بہلانے کا موقع مل جاتا ہے ۔

Quimbaya : (n) (۱) مغربی کولمبیا کی ناپید قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) کوئمبایا کی قوم غالباً کریبن ۔

Quimper : (n) خاکستری نیلا رنگ ۔

Quimper ware : (n) [fr. Quimper , France.] پالش کیا ہوا مٹی کا آرائشی برتن خاص کر وہ جس پر دہقانیوں کی

تصویریں ہوں اور جو رواجی پھولدار نمونے کا ہو ۔

Quin : (n) [Unkn. origin.] (حیوانیات) جانوروں کے جسم کی شانہ نما ساختوں کی ایک قسم ۔

Quin : (n) (۱) پانچ چیزوں کا مجموعہ۔ (۲) دیکھو Quintuplet ۔

Quin- / Quino- : (n) [Sp. 'quina' .] (۱) شجر سنکونا ؛ سنکونا کی چھال ۔ (۲) کونین کا تیزاب ۔ (۳) تیسرے درجے کا ایک روغنی سیال ۔(۴) ایک بلوری مرکب ۔

Quina : (n) [Sp.] (۱) سنکونا ۔ (۲) چند قسم کے سنکونا کی چھال جس سے کونین نکلتی ہے ؛ شجر سنکونا ۔ (۳) (کیمیا) دیکھو Quinine ۔

Quinacrine/ Chinacrin / Chinacrine : (n) دوا دافع ملیریا ۔

Quinaldic acid / Quinaldinic- : (n) ایک بلوری تیزاب جو خاص کر ایک روغنی رقیق مادہ (Quinaldine) (C_9H_6NCOOH) کو تکسید کر کے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Quinaldine : (n) ایک روغنی رقیق مادہ جس کی اساس $CH_3C_9H_6N$ اور جن کی بو ہلکی تیز ہو ۔

Quinalizarin : (n) ایک سرخ بلوری مرکب سبز فلزاتی چمک والا ۔ ($C_{14}H_4O_2(OH)_4$)

Quinamine : (n) ایک بلوری القلی (مختلف سنکونا کی چھال میں) ۔ ($C_{19}H_{24}N_2O_2$)

Quinaphthol : (n) تلخ زرد پاؤڈر جو پہلے آنتوں کی بیماری میں دافع عفونت کے لئے استعمال ہوتا تھا۔

Quinarius : (n) [L. 'Quinarius'.] (۱) چاندی کا رومی سکہ جو وقتاً فوقتاً تیسری صدی قبل مسیح سے جاری تھا اور نصف رومی دینار کے برابر تھا۔ (۲) رومی شہنشاہ کا قدیم طلائی سکہ نصف لیرا کے وزن کا۔

Quinary : (a) [L. 'Quinarius' .] مخمس ؛ پنجہ ؛ پنجزی ؛ خمسہ ؛ ایسی چیز جو پانچ چیزوں (یا اجزا) پر مشتمل ہو ؛ پنج رکنہ ؛ پنج جُزا ؛ پانچویں درجے یا منصب کا۔

Quinary : (n) پنج رکنی چیز ؛ پنج جزا مرکب ۔

Quinate : (n) [L. 'Quint' .] (کیمیا) کوناٹ ایسڈ کا ترشہ یا نمک

Quinate : (a) (نباتیات) پنج پنکھڑیا ؛ پنج پتیا ؛ پنج برگہ ۔

Quinault/ Quinaieit : (n) (۱) کوئنالٹ ندی کی ترائی اور بحرالکاہل کے ساحل سے متصل علاقے کی سیلیشیائی قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) کوئینالٹی قوم کی زبان ۔

Quinazoline : (n) ایک زرد بلوری مرکب($C_8 H_6 N_2$) جس میں نفطلین جیسی بو ہوتی ہے ۔

Quince : (n) [L. 'Cotoneum .'] (۱) بہی ؛ سفر جل (پھل یا اس کا درخت) ۔ (۲) دوسرے درخت یا پھل کو بھی کہتے ہیں جو اس سے مشابہ ہوتے ہیں ۔ (۳) وسیع علاقے میں لگائے ہوئے مرکزی ایشیائی درخت کا پھل ، کسی قدر زرد سیب سے مشابہ ۔ (۴) درخت جس میں اس طرح کا پھل ہوتا ہے ۔

Native quince : آسٹریلیا کا تلخ چھال والا کونین کا درخت ۔

Wild quince : آسٹریلیا کا سیاہ درخت ۔

Quince curculio : (n) چھوٹا بھورا اور زرد کرم دانہ ۔

Quince yellow : (n) معتدل زرد ۔

Quincentenary : (a) پانچ سو سال سے متعلق ؛ پنج صد سالہ ۔

Quincentenary : (n) پنج صد سالہ تقریب ؛ سالگرہ ۔

Quincentennial : (a) پنج صد سالہ ۔

Quincke tube : (n) شیشے کی نلکی جس سے پھونکنے پر بوتل کی سی آواز پیدا ہو ۔

Quincuncial/ Quincunxial : (a) [L. 'Quincuncialis' .] (۱) پن چیتا کی شکل میں ترتیب دیا ہوا یا پانچ نشان والا ؛ اس طرح کی ترتیبی خصوصیت والا ۔ (۲) (نباتیات) پنچ پتیا ۔

Quincuncially : (adv.) پنچ پتیا کی طرح ؛ چو کور پنچ بوند یا پانچ پتیا کی شکل میں ۔

Quincunx : (n) [L. 'Quincunx ' .] (۱) (نباتیات) پنچ پتی کی شکل ۔ (۲) پنچ پتی ترتیب ؛ پانچ نشانات کی ایسی ترتیب کہ ایک ایک چاروں کونوں پر ہو اور ایک وسط میں ہو (جیسے تاش کے پتے یا پانسے پر پانچ نقطے ہوتے ہیں) ؛ اس طرح ترتیب دیا ہوا پانچ چیزوں کا جوڑ یا اجتماع خاص کر درختوں کے نصب کرنے کا ایک بنیادی طریقہ ؛ اس طرح نصب کیا ہوا پانچ درختوں کا جھنڈ ۔ (۳) پانچ یا بارھواں ؛ پنچ دروازہ ۔

Quindecagon : (n) [L. 'Quindecim' .] (ہندسہ) پندرہ ضلعی اور پندرہ زاویائی شکل ۔

Quindecasyllabic : (a) پندرہ ہجاؤں والا ۔

Quindecemvir : (n) (قدیم روم) پندرہ رکنی انجمن کا ایک رکن خاص کر پادریوں میں سے ایک پادری جو کاہنہ کی کتابوں Sibylline کا محافظ ہوتا تھا ۔

Quindecemvirate : (n) (۱) پندرہ رکنی پادریوں کی انجمن کا دفتر یا ان کی حکومت ۔ (۲) پادریوں کی پندرہ رکنی انجمن ۔

Quindecim : (n) [Alteration of AFr. 'Quinzisime' .] (قدیم کلیسائی) ایک کلیسائی تہوار کے بعد پندرھواں دن (دور جدید کے شمار میں چودھواں دن) ۔

Quindecima : (n) [fem. of 'Quindecimus' .] نے دار ارغنون کا پردا جس کی آواز دوسر گموں سے بلند ہوتی ہے ۔

Quindene : (n) [med. L. 'Quindena' , f. L.'Quindene' .] دیکھو Quindecim

Quine : (اسکاٹستان) Quean کا متبادل ۔

Quine : (n) تیز روغنی نائٹروجینی ۔

Quinetum : (n) [L.] القلی کا ایک مرکب ۔

Quingentenary : (a) [f. L. 'Quingenti' .] (۱) پنج صد سالہ ؛ پانسو ویں برس کا ۔ (۲) پنج قرنہ ؛ پنج صدہ ۔

Quingentenary : (n) پنج صد سالگرہ ؛ پانچ سوویں سالگرہ ۔

Quinhydrone : (n) (۱) (کیمیا) ایک سبز بلوری مادہ جو کوئینول اور کوئینون کی آمیزش سے تیار ہوتا ہے ۔ (۲) کسی درجے کا شوخ رنگین مرکب کوئن ہائیڈرون سے مشابہ ۔

Quinhydrone electrode : (n) پلا طینم تار پر مشتمل ایک برقیرہ ۔

Quinic/ Kinic : (a) (کیمیا) کونینی ؛ کونین سے نکالا ہوا ۔

Quinic acid : (n) ایک بلوری تیزاب یا ترشہ جو سنکونا وغیرہ کی چھالوں سے حاصل کیا جاتا ہے $(C_6 H_7 (OH)_4COOH)$ ۔

Quinicine : (n) ایک القلی نما تلخ زہریلا سرخی مائل بے شکلا (مادہ) اور کونین سے ہم ترکیب جو گلیسرین کے ساتھ گرم کرنے سے حاصل ہوتا ہے $(C_{20} H_{24} N_2 O_2)$ ۔

Quinidine/ Chinidine : (n) (کیمیا) القلی نما ایک مادی جو بعض سنکونا کی چھالوں میں کونین کے ساتھ پایا جاتا ھے۔

Quiniela / Quinella : (n) [Amer Sp. 'Quiniela'.] جوئے کے کھیل میں مجموعی رقم داؤ پر لگا دینا۔

Quinine : (n) (۱) القلی نما مادہ ؛ کونین ($C_{20}H_{24}N_2O_2$)۔ (۲) سنکونا کی چھال کا ایک جوہر جو بخار دفع کرنے یا قوت بخشنے یا دورہ روکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے۔ (۳) (گندھک سے پھونکا ہوا) کشۂ کونین (عام طور پر اسی شکل میں استعمال کیا جاتا ھے) ؛ سفوف کونین۔

Quinine bush : (n) مغربی امریکا کی Garrya جنس کی جھاڑی۔

Quinine cherry : (n) دیکھو Bitter cherry ؛ خودرو شاہ دانہ۔

Quinine flower : (n) ستارہ نما سفید پھولوں والی تلخ بوٹی جو کونین کے عوض استعمال کی جاتی ھے۔

Quinine tree : (n) (۱) ریشۂ خردل۔ (۲) شمالی امریکا کی جھاڑی۔ (۳) دیکھو Native Quince ۔ (۴) ایک چھوٹا آسٹریلیائی جھاڑی دار درخت۔

Quinine water : (n) کونین ، لیمون اور چونا قلیل مقدار میں ملاکر تیار کیا ہوا ذائقہ دار بنایا ہوا مشروب یا شراب۔

Quininic acid : (n) زردی مائل بلوری تیزاب ($CH_3OC_9H_5NCOOH$) جو کونین کی تکسید سے حاصل ہوتا ھے۔

Quinism : (n) (طب) تسمّم کنین : وہ غیرمعمولی حالت جو کنین کے زیادہ کھا لینے سے پیدا ہو جاتی ھے ، (مثلاً) سر گھومنا ، خشکی ، بہراپن ، آنکھوں کا خراب ہو جانا وغیرہ) کنین زدگی۔

Quinitole : (n) ایک قسم کا بلوری الکحل ($CH_6H_{10}(OH)_2$)۔

Quinizarin : (n) [f. Quin'.] مجیٹھ کے ساتھ مساوی التناسب سرخ بلوری مرکب ($CH_{14}H_6O_2(OH)_2$)۔

Quink/ Quinkgoose : (n) دیکھو Brant ؛ ایک چھوٹی قسم کا ہنس جو جاڑوں میں بر طانیہ میں آجاتا ھے۔

Quinnat : (n) [N. Amer. Indian.] بڑی قسم کی سالمن مچھلی ؛ کیلیفورنیا ، کولمبیا یا چینوک کی سالمن مچھلی۔

Quinnat salmon : (n) دیکھو King salmon ؛ عام طور پر سرخ گوشت والی بڑی سالمن مچھلی۔

Quinnipiac : (n) (۱) مرکزی Connecticut کی ناپید Algonquin قوم : ایسے قوم کا کوئی فرد۔ (۲) Quinnipiac لوگوں کی Algonquian زبان۔

Quino- : دیکھو Quin

Quinoa/ Quinua : (n) [Sp.] (۱) جنوبی امریکا کا ایک پودا جسے سور کھاتے ہیں۔ (۲) ایک سالانہ اگنے والا پودا جو بحرالکاہل کے پاس کوہ انڈس کے ڈھلوان پر پایا جاتا ھے اور چلی اور پیرو میں اس کے نشاستہ دار غذائی بیجوں کے لئے بویا جاتا ھے۔ جسے پیس کر بطور اناج غذا میں استعمال کرتے ہیں۔

Quinocyanine : (n) ایک غیر مرکب سیانین رنگ۔

Quinoid : Quinoid کا متبادل ۔

Quinoid : (n) Quinonoid کا مرکب ۔

Quinoidal : (a) Quinonoid کے مرکب کا۔

Quinoidine/ Quinoidin : (n) کسی قدر بھورا رال صفت ایک تلخ مرکب محلول۔

Quinol : (n) دیکھو Hydroquinone ؛ آبی کونین۔

Quinoline/ Chinoline : (n) (۱) ایک تیز شورینی اساس۔ (۲) Quinoline سے کشید کیا ہوا روغن۔

Quinoline blue : (n) ایک تیز کبودی رنگ ($C_{29}H_{35}IN_2$)۔

Quinoline dye : (n) رنگ کی چھوٹی نوع میں سے کوئی ایک جو کوئینو لائین سے تیار کی جاتی ھے۔

Quinoline yellow : (n) چند کوئنولائین رنگوں میں سے کوئی ایک رنگ۔

Quinologist : (n) [See Quinology.] کوئنولوجی میں ماہر ؛ کونین کے سائنسی مطالعہ کا ماہر۔

Quinology : (n) (۱) کونین کا سائنسی مطالعہ۔ (۲) وہ علم جو سنکونائی کاشت ، اس کی کیمیاوی خاصیت اور بطور دوا استعمال کئے جانے سے متعلق بحث کرتا ھے۔

Quinone / Chinone : (n) (۱) دو ہم ترکیب دوری بلوری مرکبات

Quinquagenarian : (n) [L. 'Quinquagenavius'.] وہ شخص جس کی عمر ۵۰ سال کی ہو یا ۵۰ اور ۶۰ کے درمیان ہو؛ پچاس سالہ شخص۔

Quinquagenarian : (a) پچاس سال کی عمر کا؛ پچاس سالہ؛ پچاس سال کی خصوصیات کا۔

Quinquagenary : (n) پچاسویں سالگرہ۔

Quinquagenary : (a) دیکھو Quinquagenarian

Quinquagesimal : (a) پچاس کے مجموعے کا؛ پچاس دن کی مدت میں واقع ہونے والا؛ پچاس دن والا۔

Quinquangle : (n) [L. 'Quinquangulus'.]:Pentagon (قدیم) دیکھو پنج گوشہ شکل یا کوئی چیز؛ خمسہ۔

Quinquangualr : (a) پنج گوشہ؛ پنج زاویہ؛ مخمس الزاویہ؛ مخمس۔

Quinquarticular : (a) [mod. L. 'Quinquarticularis'.] آرمینی مذہبی عقیدے کے پانچ دفعات سے متعلق (جن کو کالونسٹوں نے Dort کی مجلسِ کلیسا میں رد کر دیا تھا)۔

Quinque - /Quinqu- : (n) [comb. from of L. 'Quinque'.] (۱) پنج مرکبات میں لفظ Quinque (پانچ) کی وہ صورت جو صرف مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے۔ (۲) پانچ حصوں میں۔

Quinuecostate : (a) (۱) پانچ پسلیوں والا؛ پنج پسلیا۔ (۲) (نباتیات) پنج رگہ۔

Quinquefoliolate : (a) پچ پتیا؛ پانچ پتیوں والا۔

Quinqueliteral / Quinquiliteral : (a) پانچ حروف یا پانچ مصوتے کا؛ خالص طور پر عبرانی (زبان کی) مادے کا۔

Quinqueliteral / Quinquiliteral : (n) پانچ حرفی خصوصیت۔

Quinquenary : (a) دیکھو Quinary

Quinquennalia : (n) [L. 'Quinquennalis'.] قدیم روم کے عوامی کھیل جو ہر پانچ برس پر کھیلے جاتے تھے۔

Quinquenniad : (n) پانچ سال کی مدت۔

Quinquennial : (n) [L. 'Quinquennium'.] پانچ سال کی مدت۔

میں سے ایک $(C_6 H_4 O_2)$ (بہت) تیز زرد بے قاعدہ ہم ترکیب (مرکب) کونین کی تیزاب سے تکسید کر کے حاصل کیا ہوا؛ سرخ یا بے رنگ درست ہم ترکیب (مرکب) بلوری کاربولک ایسڈ سے تکسید کیا ہوا۔ (۲) مختلف مرکبات میں سے کوئی جس میں دو ہم ترکیب بلوری مرکب ہوں۔

Quinone dimine : (n) (۱) کوئینون سے نکالا ہوا ایک بے رنگ بلوری مرکب $(HN = C_6 H_4 = NH)$۔ (۲) دونوں آکسیجن ایٹم کی تبدیلی سے کوئینون سے نکالا ہوا ایک مرکب۔

Quinone imine / Quinon iminine : (n) (۱) ایک آکسیجن ایٹم کی تبدیلی سے کوئینون سے نکالا ہوا ایک بے رنگ بلوری مرکب $(O = C_6 H_4 = NH)$۔ (۲) ایک یا دونوں آکسیجن ایٹم کی تبدیلی سے کوئینون سے نکالا ہوا ایک مرکب۔

Quinone oxime : (n) کوئینون کا اکسیم خاص کر واحد اکسیم $(O = C_6 H_4 = NOH)$۔

Quinonization : (n) کوئینون کا تیار کرنا۔

Quinonize : (v) کوئینون تیار کرانا۔

Quinonyle : (n) ایک ہائیڈروجن ایٹم کو علاحدہ کر کے کوئینون سے نکالا ہوا واحد گرفتہ جز ومستقل $(C_6 H_3 O_2)$۔

Quinophan : (n) ایک تلخ سفید بلوری مرکب جو $(C_9 H_5 N(C_6 H_5)(COOH))$ کیمیاوی طریقے سے تیار ہوتا ہے۔

Quinotannic acid : (n) ایک ہلکا زرہ کستا (قنین) جو سنکونا کی چھال میں پایا جاتا ہے۔

Quinotoxine : (n) دیکھو Quinocine

Quinovatannic acid : (n) سنکونا کی چھال سے حاصل کیا ہوا کستا (قنین)۔

Quinovic / Kinovic : (a) [f. 'Quinova'.] (کیمیا) ایک بلوری تہری تارپین۔

Quinovic-acid / Kinovic- : (n) (کیمیا) تیزاب جو خام سنکونا کی چھال میں پایا جاتا ہے۔

Quinovin / Chinovin : (n) ایک بے شکلا تلخ بلوری مرکب جو خام سنکونا اور دوسری چھال میں پایا جاتا ہے۔

Quinquennial : (a) [f.L. 'Quinquionis' .] (۱) پانچ سال تک کسی عہدے وغیرہ پر برقرار رہنے والا ۔ (۲) ہر پانچ سال پر ایک بار واقع ہونے والا ؛پنج برسی ؛ ہر پانچ سال کے اخیر میں واقع ہونے والا ؛ پانچ سال تک قائم رہنے والا ۔

Quinquennial : (n) (۱) پانچ سال کا عرصہ ؛ سنین خمسہ ؛ پانچ سال کا عہدہ ۔ (۲) پانچ سال تک عہدے پر قائم رہنے والا مجسٹریٹ ۔

Quinquennially : (adv.) ہر پانچ سال بعد؛ پنچسالیانہ ۔

Quinquennium : (n) [L.] پانچ سال کی مدت ۔

Quinquepartite : (a) [L. 'Partitus' .] پانچ حصوں پر منقسم یا پانچ اجزا پر مشتمل ؛ خمسہ ؛ مخمس الاجزا ۔

Quinquereme/ Queinque-reme : (n) [L. 'Quinquermis' .] قدیم یونانی یا رومی کشتی جس پر چپو چلانے والوں کے لئے پانچ بینچ ہوتے ہیں ۔

Quinquesect : (v) پانچ(مساوی) حصوں میں کاٹنا یا تراشنا ۔

Quinquevalent : (a) دیکھو Pentavalent

Quinquevir : (n) [L. f. 'Quinque' .] پانچ اشخاص پر مشتمل کمیشن ، کانسل یا حکمراں جماعت میں سے کوئی ایک ۔

Quinquevirate : (n) [L. 'Quinqueviratus' .] پانچ آدمیوں کی انجمن یا دفتر یا ان کی حکومت ۔

Quinquevoces : (n) [L.]' روایتی منطق کے پانچ محمولات ۔

Quinquifid : (a) (نباتیات) پنج شگافہ ؛ پانچ ٹکڑوں میں پھٹا ہوا ؛ پنج پارہ ۔

Quinquina : (n) دیکھو Cinchona

Quinsied : (a) نسیج موصل کے زخم میں مبتلا ۔

Quinsy : (n) [ME. 'Quinsie' .] نسیج موصل کا زخم ؛ صدیدی ورم لوزمان ؛ کنٹھ مالا ؛ گلے کی پیپ ۔

Quinsyberry : (n) (۱) برّ قدیم کی سیاہ کشمش ؛ منقا جس کا گاڑھا قوام خاص کر اگلے زمانے میں صدیدی ورم ، کنٹھ مالا میں بطور دوا استعمال ہوتا تھا ۔ (۲)شمالی امریکا کے شمالی حصے میں کھڑی جھاڑی ؛ اس کا سیاہ غذائی پھل ۔

Quint : (n) (۱) پانچ چیزوں کا مجموعہ ؛ توام خمسہ ۔ (۲) دیکھو Quintupiet ۔

Quint : (n) مردانہ باسکٹ بال ٹیم (کھیل کی) ۔

Quint : (n) [L.'Quintus' .] (۱) پانچ پر مشتمل ؛ پانچ گنا بڑا ۔ (۲) پنج گنا ؛ پنج گروہی؛ پانچ تال والا ۔

Quint-/Quinti- : [fr. L. 'Quintus' .] (۱) پانچواں ۔ (۲) دیکھو Quinque ۔ (۳) (مخصوص قسم کا) آلۂ موسیقی ۔

Quint/ Quinte : (n) [L. 'Quinque' .] (۱) (قدیم) پانچویں حصے کا محصول ۔ (۲) ایک ہی رنگ کے تاش کے پانچ پتوں کا مجموعہ ۔ (۳) (موسیقی میں) تین سُروں اور نیم سُر کا درمیانی وقفہ ۔

Quinta : (n) [Sp. and Pg. 'Quinta' .] دیہات یا دیہات کا مکان جہاں پھلواری ، باغ ، کھیت ، انگور کا باغ وغیرہ ہو ، یا زمینداری اور کھیتی باڑی کا علاقہ ہو ۔

Quintadena/Quintadene : (n) [L. 'Quintadena' .] نے دار ارغنون کا ایک قسم کا پرنا ۔

Quintain : (n) [ME. 'Quintaine' .] (۱) (فوج) مشقی پتلا ؛کونٹین ؛ ستون یا کوئی چیز جس پر نیزے یا برچھی کا وار کیاجائے ۔ (۲) پتلے پر نیزے کے وار کا مشقی کھیل ، نیزہ بازی ۔

Quintal : (n) [ME.] (۱) سو کلو کا وزن ؛ کوئنٹل ؛ وزن کی مختلف اکائیوں میں سے کوئی جو خاص طور پر لاطینی امریکا اور ساحل بحر سے دور ممالک میں استعمال ہوتی ھے اور وزن میں ۱۰۰ سے ۱۳۰ پونڈ کے برابر ہوتی ھے ۔ (۲) Hundred weight (ہنڈریڈ ویٹ) ایک سو بیس پونڈ کا وزن ۔ (۳) مقداری اکائی ایک سو کِلو گرام وزن کے برابر ۔

Quintan : (a) [L. 'Quintanus' .] (۱) چار کے بعد بطور پانچواں واقع ہونے والا نیز پانچ دن پر واقع ہونے والا ۔

Quintan : (n) (طب) پنجیانی بخار ؛ حمّی خمسی ؛ پنج روز یکبار ؛ پنج روزہ بخار ۔

Quintant : (n) ہلکا ؛ منتقل پذیر اوزار ؛ مثل زاویہ پیما (آلہ) ۔

Quintato : (n) دیکھو Quintadena

Quintaton / Quintaten : (n) [L.] دیکھو Quintadena

Quinte : (n) [Fr.] توڑ : (حملے کا) روک ۔

Quinternion : (n) کاغذ کے پانچ تختے ایک ساتھ وابستہ یا دستے میں ۔

Quintessence : (n) [Fr.] (۱)(فلسفہ) عنصر پنجم : اثیر : (قدیم فلسفہ) عنصر خاسیہ : جس سے خیال کیا جاتا تھا کہ تمام اجسام فلکی بنے ہیں اور جو ہر چیز میں موجود ہے ۔ (۲) (کیمیا) لب لباب : ملحض ۔ (۳) خلاصہ : ست : جوہر : روح(جو قدرتی یا مصنوعی ذرائع سے کسی مادی شے سے حاصل یا فراہم کی جائے)۔(۴) غیر مادی چیز یا کسی وصف یا کسی گروہ کے اوصاف کا) نمونۂ کامل : مظہر اتم : انتخاب ۔

Quintensence : (v) (۱) عرق کھینچنا : ست یا جوہر کشید کرنا ۔ (۲) کسی چیز کا جوہر یا ست نکال لینا ۔

Quintessential : (a) (۱) اثیری : آکاسی ۔ (۲) (کیمیا) خلدصوی ۔ (۳) خالص ۔ (۴) مخصوص قسم کا ۔

Quintessential : (n) مخصوص عنصر ۔

Quintessentionality : (n) خصوصیت : اصلیت :(کسی چیز کی) مخصوص کیفیت ۔

Quintessentialize : (v) دیکھو Quintessence

Quintessentially : (adv.) مخصوص طور سے ۔

Quintet / Quintette : (n) [F.r] (۱) پنج سنگت : گیت یا نغمے کی حرکت (بہ لحاظ سریلے پن کے) پانچ موسیقار یا سازندوں کے لئے ساتھ یا بغیر ساز کے ۔ (۲)پانچ آدمیوں کی ٹولی جو گانے کاپانچواں حصہ گاتے یا بجاتے ہیں: کوئی پانچ آدمیوں کی ٹولی : مردانہ باسکٹ بال ٹیم ۔ (۳) ایک کھیل ٹن پنس(Ten pins) سے مشابہ ۔

Quintetto : (n) دیکھو Quintet

Quintic : (a) [L. 'Quintus' .] پانچ درجے کا : پنج درجی : پنج قدری ۔

Quintic : (n) پنج درجی سطح ۔

Quintile : (a) [L. 'Quintilis' .] تخمیس (سیارات) ۔

Quintile : (n) سیاری کیفیت یا حالت جس میں سیّارات حلقے کا پانچواں حصہ میں یا ایک دوسرے سے ۷۲ ڈگری دور۔

Quintillian : (n) دوسری صدی عیسوی کے مانٹینس فرقے کا ایک پیرو۔

Quintillion : (n) [L. 'Quintus' .] (۱) سنکھ در سنکھ : اکائی کی تیسویں قوت : وہ عدد جو ایک پرتیس صفر لگا کر ظاہر کیا جائے ۔ (۲) (امریکا اور فرانس میں) وہ عدد جو ایک پر اٹھارہ صفر لگا کر ظاہر کیا جائے ۔

Quintillionth : (a) Quintillion کے مساوی حصوں میں تقسیم شدہ شے کے ایک حصے سے متعلق ۔

Quintillionth : (n) کسی شے کے Quintillion مساوی حصوں میں سے کوئی ایک حصہ ۔

Quintole : (n) [G. 'Quintole' , f.L. 'Quintus' .] (موسیقی) پانچ سروں کا مجموعہ جو چار سروں کی رفتار سے بجایا جاتا ہے ۔

Quinton : (n) [Fr. f. 'Quint' .] پچ تارا وائیلن ۔

Quintroom : (n) [Sp. 'Quinteron' , L. 'Quintus' .] ایسے شخص کی اولاد جس کے جسم میں آٹھواں حصہ جشی کا اور ایک حصہ سفید فارم کا خون ہو ۔

Quintuple : (a) [L. 'Quintus' .] پنج گنا : پانچ چیزوں یا حصوں پر مشتمل : خماسی : پنج تہا ۔

Quintuple : (n) پنج گنی رقم ۔

Quintuple point : (n) کسی طبیعی نظام کا پنج ہیئتی نقطہ ۔

Quintuple : (v) پانچ سے ضرب دینا : پنج گنا کرنا : پانچ گونا بنانا : پانچ گونا ہونا ۔

Quintuplet : (n) [f. Quintupie + et.] (۱) پانچ چیزوں کامجموعہ۔ (۲) دیکھو Quintole ۔ (۳) (جمع میں) ایک دفعہ کی ولادت میں پانچ بچوں کی پیدائش : توام پنجگانی: توام خمسہ ۔

Quintuplicate : (a) [L. 'Quintuplicatus' .] پانچ کاپیوں میں بنایا ہوا۔

Quintuplicate : (n) (۱) پانچویں چیز چار ایک قسم کی چیزوں جیسی۔ (۲) پانچ کاپیاں ایک طرح کی ۔

Quintuplicate : (v) پانچ سے ضرب دینا : چار مرتبہ نقل کرنا خاص کر ایک وقت میں : ایک اصل اور چار کاربن کی نقلیں تیار کرنا ۔

Quintuply : (adv.) پانچ گنا طریقے پر : پانچ گنا کر کے ۔

Quintus : (n) [ML.] پانچواں سُر یا قرون وسطیٰ کے گانے کا ایک ٹکڑا۔

Quinua : Quinoa کا متبادل ۔

Quinuclidine : (n) دو دوری اساس ($C_7 H_{13} N$) جس سے کونین اور متعلقہ القلی (اشیا) حاصل کئے جاتے ہیں ۔

Quinyie : (n) (۱) اسکاتستانی سکّہ ۔ (۲) اسکاتستانی خطہ یا سر زمین ۔

Quinzaine : (n) [f.'Quinze' .] پندرہ دن کا عرصہ یامدت خاص کر عیسائی تہوار کا زمانہ ۔

Quinze : (n) [Fr. 'Quinze' .] تاش کا ایک قسمت آزما کھیل جس میں جیتنے والا وہ ھوتا ھے جو پندرہ یا اس نمبر کے قریب بغیر اس سے زیادہ لائے ھوئے پوائنٹ حاصل کرتا ھے ۔

Quinzieme : (n) [ME. 'Quinsime' .] (قدیم) ذاتی جائداد پر ۱/۱۵ محصول یا ٹیکس ۔

Quip : (v) طنز کرنا : تمسخر کرنا : تضحیك کرنا : مذاق اُڑانا : طنز کی بوچھار کرنا ۔

Quip : (n) [L. 'Quippe' .] (۱) ایك تیکھا یا طنزیہ فقرہ (جو کسی پر چست کیا جائے) : چست : طنز : (کسی پر) زبانی چوٹ : لطیف فقرہ : زبانی زعم باطل ۔ (۲) گول بات: ابہام : ضلع جگت۔ (۲) زبانی یا لفظی ہیر پھیر : الٹ پھیر ۔ (۳) عجیب یا نرالا کام یا رنگ روپ ۔ (۵)ہلکا نازك فرنیچر یا پوشاك : کھلونا ۔

Quipper : (n) مذاق اڑانے والا: تمسخر کرنے والا شخص : ہنسوڑشخص۔

Quippish : (n) ظریف الطبع شخص یا طعنہ زنی کرنے والا شخص خاص کر جو اب میں ۔

Quipster : (n) وہ جو طعنہ زنی میں ماہر ہو ۔

Quipu : (n) [Quichu' .] خطہ گرہ : خط کوئپو : ملك پیرو کا قدیم طریقہ جو بجائے تحریر کے کام میں لا ٰ جاتا تھا یعنی مختلف انگوں کے ڈوروں میں گرہ دے کر اظہار مطلب کے لئے اشارات استعمال کرنا ۔ اس طرح واقعات کے دستاویز محفوظ رکھنے کے لئے ، پیغامات بھیجنے کے لئے ، حسابات رکھنے کے لئے استعمال ھوتا تھا ۔

Quira : (n) [Amer.Sp.] (۱)امریکی گرم خطے کے چند قسم کے درختوں میں سے کوئی درخت ۔ (۲) کوئیرا کی سرخی مائل وزنی لکڑی۔

Quire : (n) [OFr. 'Quaer' .] (۱) دستہ (کاغذ) :جزو : ۲۴ تختوں کا مجموعہ یا گڈی ۔ (۲) چوورقہ (جس میں آٹھ صفحے ھوں) ۔ (۳) اوراق : کاغذ(کسی تعداد کا مجموعہ جو قلمی کتاب میں ایك کے اندر ایك لگے ھوں)۔

In quires : اوراق : دستہ : اجزا(جو بغیر مجلد یا بے سلے ھوں)۔

Quire : (n) (۱) دیکھو Choir ۔ (۲) گرجوں میں عبادت کے وقت گانے بجانے والوں کی جماعت : بھجن منڈل : سرود خوانوں کی ٹکڑی ۔

Quire : (v) مل کر گانا ۔

Quire : (v) جماعت بندی کرنا : سرود خوانوں کی ٹکڑی یا ٹولی بنانا ۔

Quire wise : (adv.) اوراق ایك دوسرے سے وابستہ ھو کر ۔

Quirinal : (n) [L. 'Quirinalis' .] اطالیہ کے بادشاہ کے محل کا نام : حکومت یا دربار اطالیہ یااس کی پالیسی (خاص کر ویٹیکین کے خلاف)۔

Quirister : (n) [ME. 'Querister'.] (۱) دیکھو Chorister ۔ (۲) طائفہ قوالی میں سے ایك قوال : خصوصاً کلیسائی سرود خوان جماعت کا کم سن لڑکا ۔

Quiritarian : (n) [ME. 'Queritarius' .] (۱) دیکھو Choritary ۔ (۲) قدیم رومن عدالتی قانون کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) کواریٹیرین قانون کے ذریعے توثیق یا نافذ کیا ھوا۔

Quiritary : (a) [late L. 'Quiritarius' .] رومن عدالتی قانون کے مطابق: نفع بخش قبضہ بغیر قانونی حقیقت کے : (جائداد) جو قانوناً قبضہ میں ھو یا رومن قانون کے تحت (قبضہ میں ھو) ۔

Quiritary : (a) [L. 'Quiritarus' .] دیکھو Quiritarian

Quirk : (n) [Of Unkn. Origin.] (۱) فقرہ بازی : پھبتی : طعن : چوٹ : چست طنز ۔ (۲) (لفظوں کا) ہیر پھیر : سخن سازی : حیلہ حوالہ : لیت و لعل۔ (۳) عجیب وضع یا طرز عمل جس میں کوئی چالاکی مضمر ھو : چال : حکمت : استادی : چکمہ ۔ (۴) (خطاطی یا نقشہ کشی میں) مروڑی : پیچ وخم: نیز (کوئی نمایاں) کشش، مد یا مرکز وغیرہ ۔ (۵) (تعمیرات) وہ کھوکھلی جگہ جو عمارت کے گولے کے ماہی پشت حصے اور سربند یا کمان کے درمیان ھوتی ھے : محراب کا کٹاؤ : کٹوری : چوڑی ۔ (۶) کسی معین وضع میں جوڑا ھوا یا نکالا ھوا یا کسی سطح سے کاٹا ھوا کوئی ٹکڑا۔

Quirk : (v) فقرہ بازی یا طعن کی بوچھار کرنا: طنز کرنا : پھبتی کرنا۔

Quirk bead/Quirked- : (n) مہرہ دار کھانچ ۔

Quirk moulding : (n) مہرہ دار ڈھلائی ۔

Quirkily : (adv.) پر فریب طریقے سے : فقرہ بازی کے طور پر : سخن سازی سے : چالاکی سے ۔

Quirkiness : (n) پر فریب : چالاک : فقرہ باز ہونے کی صفت یا حالت ۔

Quirkish : (a) فقرہ بازی یا پھبتی کی طرح کا۔

Quirky : (a) پرفریب : فریبی : چالاک :سخن ساز : فقرہ باز: چست طنز کرنے والا : توڑ مروڑ میں‌استاد، ماہر۔

Quirl : (n) Curl کا متبادل ۔

Quirquincho : (n) [Amer Sp. f. 'Quechua' .] (۱) پیرو کی ایک جھاڑی جس کی رس دار بوٹیاں پیشاب آور اور قوت بخش (ٹانک) ہوتی ہیں۔ (۲) ارجنٹائن کا زمین کے اندر رہنے والا ایک جانور آرماڈیلو جس کے اوپر ایک ہڈی کا خول ہوتا ھے اور جب اسے پکڑا جاتا ھے تو وہ گول ہو کر گیند کی طرح ہو جاتا ھے ۔

Quirt : (n) [Sp. 'Cuerda' .] چھوٹے دستے والا گھڑسواری کا کوڑا : چمڑے کا چوٹیا گندھا ہوا ایک کوڑا تقریباً دو فٹ لمبا۔

Quirt : (v) مارنا : دبانا : کوڑے سے ہانکنا ، مارنا ۔

Quis : (n) [L.] ایک یورپین چہا(پرند) ۔

Quisle : (v) ملک دشمنی کرنا : غداری کرنا : اپنے ملک کے خلاف سازش کرنا ۔

Quisler : (n) ملک دشمن : غدار شخص : اپنے ملک سے غداری کرنے والا شخص ۔

Quisling/ Quislingite : (n) ملک دشمن : غدار شخص : اپنے ملک سے غداری کرنے والا ۔

Quislingism : (n) بغاوت خاص کر ملکی باشندے کی غداری ۔

Quisqualis : (n) [L. 'Quis' .] ایک چھوٹی قسم کی ایشیائی ، انڈونیشیائی ، انڈو ملیائی اور افریقی گرم خطے کی جنگلی انگور کی بیلیں ۔

Quisqueite : (n) [f. Quisque, a district in Peru .] ایک کڑا سیاہ ، چمکیلا مادہ زیادہ تر سلفر اور کاربن کا مرکب : گندھکی زفت معدنی ۔

Quisutsch : (n) [Native name in Kamchatka and Atasks.] (۱) شمالی بحرالکاہل کے دونوں کناروں کی چھوٹی سالمن مچھلی ۔ (۲) بڑی سرخ گوشت والی مچھلی ۔ (۳) دیکھو Kingsalmon ۔

Quit : (a) [L. 'Quietus' .] (۱) آزاد : پاک :مبرا: بری الذمہ: چھٹکارا پایا ہوا ۔ (۲) چھٹکارا پانے والا : مخلصی یافتہ (آدمی، قانونی پابندی یا سزا سے) : نجات یافتہ : رہا شدہ ۔

Was glad to be quit of the trouble : پریشانی سے چھٹکارا پا کر خوش ہوا۔

Was quit of a ducking : بس چند غوطوں پر گزری: چند غوطوں کے بعد بچ گیا۔

To be quit for : (کسی سے) پیچھا چھڑانا۔

To be quit of : تکلیف اور اخراجات سے نجات پانا۔

Quit : (n) (۱) ترک کرنے یا چھوڑ دینے کا عمل ۔ (۲) ترک کرنے یا ختم کرنے کا رجحان ۔

Quit : (n) مختلف چھوٹی قسم کی عصفوری چڑیوں میں سے کوئی، خاص کر غرب الہند کی عصفوری چڑیوں میں سے کوئی ۔

Quit : (v) [L. 'Quit' Fr. 'Quitter' .] (۱) کسی چیز سے پیچھا چھڑانا ۔ (۲) اچھا طرز عمل اختیار کرنا : اچھی طرح سے عہدہ بر آ ہونا۔ (۳) چھوڑ دینا : دست بردار ہونا : دست کش ہونا : کنارہ کش ہونا :ترک کرنا (عادت) : باز رہنا : کسی چیز یا بات سے ہاتھ اٹھا لینا : الگ ہو جانا : لازمی طور پر کسی کا ساتھ چھوڑ دینا : صحبت سے الگ ہو جانا ۔ (۴) چلا جانا : رخصت ہونا : روانہ ہو جانا(کسی جگہ یا کسی شخص کے پاس سے) ۔ (۵) (کرایہ دار کا) مکان چھوڑ دینا : خالی کر دینا : حوالہ کر دینا ۔ (٦) (شاعری) بدلہ دینا : حق ادا کرنا : نعم البدل دینا : احسان اتار دینا : حساب بیباق کردینا(قرض وغیرہ) ۔ (٧) مکمل طور پر ختم کرنا (کام، سرگرمی، یا ملازمت) ۔ (٨) شکست مان لینا : لڑائی جھگڑا ، جنگ و جدال موقوف یاترک کردینا ۔

Death quits all scores : موت سب حسابات پاک کر دیتی ھے، چکا دیتی ھے ۔

Quitted him in anger : غصے میں اس کے پاس سے چلا آیا۔

Quit you like men : (قدیم) مردوں کا طریقہ اختیار کرو۔

To give notice to quit : مکان خالی کر دینے کی اطلاع یا نوٹس دے دینا ۔

To quit claim : حق سے دست بردار ہونا:مطالبے سے دست کش ہونا : (کوئی چیز) چھوڑ دینا۔

To quit hold of : قبضہ چھوڑنا : گرفت ڈھیلی کرنا ۔

To quit office : عہدہ یا منصب چھوڑ دینا۔

Quitch/ -grass : (n) [OE. 'Cwice' .] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں : دوب ۔

Quitclaim : (n) [AFr. 'Quiteclame' .] دعویٰ سے رسمی برداری : ترک دعویٰ بذریعہ قانونی دستاویز ۔

Quitclaim : (v) [AFr. 'Quiteclamer' .] قانونی دعویٰ اور حق وغیرہ سے دست بردار ہو جانا : دست کش ہو جانا : باز آ جانا خاص کر بذریعہ تحریری دستاویز ۔

Quite : (adv.) (۱) بالکل: کلیتاً : سراسر : پورے معنوں میں : یقیناً: ضرور : واقعی ۔ (۲) خاصی طرح : تقریباً : فی الجملہ : بخوبی : انتہائی : حد درجہ : قطعی طور پر : ثبوتی حیثیت سے ۔ (۲) معقول حد تک : معتدبہ : کافی : ایک حد تک ۔

I quite like him : میں فی الجملہ اس کو پسند کرتا ہوں ۔

It is quite the thing : بالکل مطابق رسم و رواج ہے ۔

It is quite too delightful : اتنا خوشگوار ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا ۔

Not quite proper : تقریباً نا مناسب ۔

Quite a disappointment : تقریباً بالکل مایوسی۔

Quite a good thing : خاصی اچھی بات (چیز) ۔

Quite covers it : اس پر یہ خوبی حاوی ہے ۔

Quite other : بہت مختلف : بالکل دوسرا ۔

Quite so : بالکل درست : ٹھیک ۔

Was quite by myself : میں بالکل تنہا تھا۔

Quite : (n) [L. 'Quitare' .] گھوڑے یا گرے ہوئے بلم سوار کی طرف سے سانڈ کو ہٹانے کے لئے وہ مسلسل اشارے جو سانڈ سے لڑنے والا پہلوان اپنی بے آستین کی قبا سے کرتا ہے۔

Quito : (a) Ecuador کوئیٹو کی راجدھانی سے متعلق یا کوئیٹو کی راجدھانی Ecuador کا : کوئیٹو کے مروجہ طرز یا قسم کا۔

Quits : (a) [L. 'Quittus' .] برابر : ٹھیک ٹھیک ۔

Quits : (n) عوض : مساوی : جزا : سزا :(بدلے میں) پورا : احسان یا ادائی میں برابر ۔

Quittance : (n) [OFr. 'Quitance' .] (۱) (کسی چیز سے) چھٹکارا : رہائی : بیباقی : (قرض سے)سبک دوشی ۔ (۲) قرض یا احسان سے رہائی یا نجات (بدلہ چکا کر) : ایسی ادائی یا مخلصی کے ثبوت میں دستاویز : رسید ادائی : بھرپائی ۔ (۳) معاوضہ: جزا : مکافات : پاداش: عوض : سزا : انتقام ۔ (۴) فارغ خطی ۔

Omittance is no quittance : اگر مطالبہ نہ کیا جائے تو قرضے کی بھرپائی نہیں مانی جائے گی ۔

Quitted trick : (n) تاش کے کھیل میں ایک پر فریب چال ۔

Quitter/ Quittor : (n) [Perh. OFr. 'Quiture' .] (۱) (بیطاری) گھوڑے کے سُم کے جوڑ پر زخم : شقاق ۔ (۲) صدیدی مادہ ، پیپ ۔

Quitter : (n) (۱) چھوڑ دینے والا : چلا جانے والا : روانہ ہو جانے والا : کام چور : بزدل : پست ہمت شخص ۔ (۲) کم عمر سموردار دریائی بچھڑا ۔

Quittor : (n) [ME. 'Quittere'.] گھوڑے یا دوسرے ٹھوس کھر والے (جانور) کے پاؤں کا ریم آلود ورم خاص کر یہ مرمری یا کریلی ہڈی میں ہوتا ہے ۔

Quiver : (a) [ME. 'Quiver, Cwiver' .] (قدیم) تیز رفتار : چست : مستعد : چاق و چوبند : تیز : طرار ۔

Quiver full of children : بڑا خاندان جس میں بہت سے بچے ہوں ۔

To have an arrow, shaft , left in one's quiver : کسی کے ترکش میں ایک تیر کا باقی ہونا : بالکل مایوس

نہ ہونا بلکہ کسی ذریعہ (کاربراری) کا باقی رہنا۔

Quiver : (n) (۱) لرزہ : کپکپی : ارتعاش :(آواز میں تھرتھراہٹ، لرزش) ؛ کانپنے یا تھر تھرانے کا عمل۔ (۲) اچانک چمک: فوری اور عارضی چمک۔

Quiver : (n) [AF. 'Quiver' .] (۱) ترکش : نیز وہ تیر جو ترکش میں ہوں۔ (۲) ایک ظرف جو (کسی چیز کا) سیٹ یا متعدد چیزیں رکھے جانے کے قابل ہو نیز بڑی جماعت یا قطار۔ (۳) ہلنے یا لرزش کا عمل : لرزہ : کپکپی۔

Quiver : (v) [ME. 'Quiverin' .] (۱) ہلنا : ہلانا : کانپنا : تھرتھرانا : لرزنا: جنبش دینا : ہلکی مگر تیزحرکت ہونا (شخص، پتّے ، آواز ، روشنی وغیرہ کی) : ہلانا : رک جانا : اچانک ٹھہر جانا (خصوصاً تیر کا)۔ (۲) (پرند خصوصاً چکور وغیرہ کا پروں کو) تھرتھرا نا یا پھڑپھڑانا۔

To quiver in the wind : تیز ہوا میں ہلنا ، تھرتھرانا۔

To quiver with emotion : (جذبے کی حالت میں) کانپنا : تھرتھرانا (جذبات میں) بے قابو ہو کر کانپنا : تھرتھرانا۔

Quiver leaf : (n) سفیدے کا درخت خصوصاً شمالی امریکا کے مشرقی علاقے کا متحرک پتّوں والا ایک نازک درخت۔

Quiver tree : (n) جنوبی افریقہ کا بہت زیادہ پتوں والا ایلوا : صبر۔

Quivered : (a) لرزاں : مرتعش : ترکش سے آراستہ۔

Quiverer : (n) کانپنے والا : تھرتھرانے والا : لرزاں شخص۔

Quiverful : (n) بقدر ایک ترکش :اتنے کہ ایک ترکش میں بھر جائیں : ترکش بھر : (مزاحاً) خاندان جس میں بہت سے بچے ہوں : ایک بڑی تعداد۔

Quivering : (a) لرزاں : متحرک (پتّے) : مرتعش۔

Quiveringly : (adv.) کانپتے ہوئے : تھرتھراتے ہوئے : ڈرتے ہوئے : مرتعش ہو کر :کانپتی ہوئی آواز میں۔

Quiverness : (n) تھرتھراہٹ : تھرتھراہٹ کی حالت یا صفت۔

Quivery : (a) تھرتھرانے والا : کانپنے والا : لرزنے والا۔

Quivive : (n) [Fr.] چوکس آدمی : ہوشمندی : خبر داری : للکار : موقع کی تاک۔

Quixote : (n) [Name of the hero of Cervantes romance.] (۱) منصوبہ باز : منصوبی : بڑے بڑے مگر ناقابل عمل منصوبے باندھنے والا : بلند پرواز : خیال بند : موہوم پسند : خیالی پلاؤ پکانے والا شخص : شیخ چلی۔ (۲) ایسا شخص جو اپنی عزت و آبرو یا وفاداری اور محبت کے مقابلے میں اپنے مفاد کی پروا نہ کرتا ہو: من چلا۔ (۳) (بات کا) دھنی : دھن کا پکا : بگڑے دل۔

Quixotic : (a) منصوبہ باز : خیالی باتوں کے لئے : بہت جوش کے ساتھ کوشش کرنے والا : (کام میں) خصوصیت کا : موزوں: مخصوص۔

Quixotical : (a) خیالی باتوں کا : منصوبہ بازی کا : ناقابل عمل منصوبے کا۔

Quixotically : (adv.) منصوبہ بازی سے: بلند پروازی سے: خیال بندی سے : موہوم پسندی سے۔

Quixotism : (n) ناقابل عمل منصوبہ بندی : منصوبہ بازی کے اصول: خاصّہ یا عمل : روحانی جنون یا خبط : منصوبۂ شیخ چلّی۔

Quixotize : (v) منصوبہ باز بنانا یا ہونا۔

Quixotry : دیکھو Quixotism

Quiz : (n) [Origin unkn.] (۱)(شاذ) نرالا : عجیب شخص : مضحك صورت۔ (۲) دلگی باز : ٹھٹھولیا : ہزال : مسخرا : طرفہ معجون : عجوبہ یا غیر معمولی چیز۔(۳) دلگی: تضحیک : تمسخر: نقالی جو دوسرے انوکھے پن کا پردہ فاش کرنے یا نقل اتارنے کے لئے کی جائے : (کسی کی) ہنسی اڑانے والا شخص۔

Radial : (a) [Late L. 'Radialis'.] (۱)شعاعی : کرنی : پرتوی : شعاع یا پر تو کی مانند شعاع افگن : شعاع سے متعلق : ریڈیم سے متعلق ۔ (۲)نصف قطری : نصف قطر نما ۔ (۳)شعاعی ترتیب کا ۔(۴) (ہندسہ) نیم قطری (علم النجوم) نیم قطر حاملی؛ (نباتیات) کرنی؛ (میکانیات) سمتی : (تشریح) کعبری : ساعدی ہڈی کا؛ (کیمیا) ریڈیمی ۔ (۵)مرکز خاستہ خطوط کا : گستردہ خطوط کا۔ (۶)اروں والا : جس میں ارے یا مرکز سے محیط تک ڈنڈے لگے ھوں ۔ (۷)دیکھو (Radial(-ply ۔

Radial : (n) (۱)شعاع : پرتو : کرن ۔(۲)(تشریح) شعاعوں سے بھر پور جسم ۔ (۳)ساعدی ہڈی : عصب کعبری ۔ (۴)شعاعی انجن ۔

Radial acceleration : (n) (میکانیات) سمتی اِسراع ۔

Radial arm : (n) ۳۰ ڈگری سے کم کے زاویے میں پائپ لائن کی سمت کو تبدیل کرنے والا عنصر ۔

Radial artery : (n) (تشریح) شریان کعبری ۔

Radial axle : (n) ارے دُھرا ۔

Radial axle box : (n) ارے/دھرے کا بکس ۔

Radial brick : (n) مخروطی اینٹ جو چمنی یا منار وغیرہ بنانے میں کام آتی ھے ۔

Radial disturbing force : (n) (علم النجوم) قوت مُغیرہ : قُطر حامل ۔

Radial engine : (n) شعاعی انجن : وہ انجن جن کے سلنڈرس شعاع کی مانند ھوتے ہیں ۔

Radial gate : (n) وہ ترکیپر جس سے پانی کے بہاؤ کو روکا جاتا ھے ۔

Radial lines : (n) (ہندسہ) خطوط قطری ۔

Radial motion : (n) (علم النجوم) سمتی حرکت ۔

Radial never : (n) (تشریح) عصب کُعبری ۔

Radial-ply : (n) ٹائر جس کے ریشوں کی سطحیں سیدھی رکھی گئی ھوں جو ایک دوسرے کو کاٹتی ھوں اور جس کی وجہ سے ٹائر کا بیرونی زمین گیر حصہ مضبوط ھوتا ھے۔

Radial secter : (n) (۱)بیشتر حشرات کے ڈینوں میں پایا جانا والا ورید ۔ (۲)کیڑوں کی نس ۔

Radial vein : (n) ایک سطحی رگ : رگ کعُبری ۔

Radial velocity : (n) (علم النجوم) نظر سمتی رفتار ۔

Radiale : (n) [L.] (تشریح) کلائی کی ہڈی : رُسغ کفبری : کفبرّیہ وہ ہڈی جو ہاتھ کو بازوں سے ملاتی ھے (جیسے انسانوں میں چوپایوں میں ٹخنہ اور چڑیوں میں ڈینے کی ہڈی)۔

Radialization : (n) شعاعی بنانا ۔

Radialized : (a) شعاعی ساخت کا : شعاعی ساختہ ۔

Radially : (adv.) نصف قطر کی صورت میں : شعاعی ترتیب سے : گسترده خطوط کی صورت میں ۔

Radian : (n) [F.Radius+-an.] (۱)(ریاضیات)زاویۂ قوس نیم قُطری: (زاویہ) نیم قطری (دائرے کے مرکز پر وہ زاویہ جس کے ضلعے دائرے میں سے ایک قوس نیم قطر کے برابر کاٹتے ہوں)۔ (۲) ریڈین ۔

Radiance : (n) [med. L. 'Radiantia'.] (۱) چمك دمك : تابندگی : نور افشانی : درخشانی : (برقیات) اشعاعیّت : شعاع افگنی : ضوفشانی : ضیا باری ۔(۲)شعاعی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۳)تا بندگی چشم یا دیدے کی چمك : آب وتاب نظر۔ (۴)ایك خاص گلابی رنگ ۔ (۵) دیکھو -Radiation

Radiancy : (n) دیکھو Radiance

Radiant : (a) [L.'Radiantem".] (۱) چمکتا دمکتا : منّور : نور افشاں : درخشاں : ضیا بار ۔(۲)فروزاں : شعاع افگن : ضوفشاں: گرم تاب (حرارت وغیرہ)۔ (۳)(نباتیات) اشعاعی : کرنی : کرنوں کی طرح پھوٹنے یا پھیلنے والا۔ (۴) (طبیعیات) اشعاعیہ : شعاع ریز ۔ (۵)(مجازاً) پرُ اُمید : خوش حال، بشاش اُمیدوار ۔ (۶) (نقابت) دیکھو Rayonne - (۷)(مجازاً) خوب صورت ۔ (۸)شعاعی طریقے سے گھومتے ہوئے ۔ (۹) ضوریزی کی صفت کا۔ (۱۰) اس نقطے سے متعلق جہاں سے کرنیں پھوٹتی ہیں ۔

Radiant : (n) (۱)وہ جو چمکتا ھے یا شعاعیں خارج کرتا ھے ۔(۲)مرکز شعاع : مرکز حرارت ۔(۳)(طبیعیات) نقطٗ شعاع افگن : نقطٗ ضیابار ۔ (۴)(ہندسہ) وہ خط مستقیم جو کسی مفروضہ نقطے سے شروع ہوتا ھے ۔ (۵)(علم النجوم) مرکز اشاعی : مرکز شہابی : نقطۂ نورانی ۔ (۶) (ہیئت) شہاب کا بقعۂ نور۔ (۷)گیس یا برقی چولہے کا وہ حصّہ جس سے شعاعیں نکلتی ہیں ۔(۸) آسمان میں وہ نقطہ جہاں مرئی سفید دھاری اور دنبالہ دار ستارے ملتے ہیں ۔

Radiant energy : (n) وہ انرجی جو رفتاری لہر کی طرح متحرك ہوتی ھے : خصوصاً برقی مقناطیسی لہروں کی طاقت : اشعاعی توانائی ۔

Radiant glass : (n) شعاعی حرارت رکھنے والا شیشہ ۔

Radiant heat : (n) وہ حرارت جو شعاع کے ذریعہ منتقل ہوتی ھے : اشعاعی حرارت ۔

Radiant point : (n) نقطۂ نورانی(ہیئت) شہاب کا بقعۂ نور ۔

Radiant region : (n) (علم النجوم) آسمان میں وہ نقطہ جہاں سفید دھاری اور دنبالہ دار ستارے ملتے ہیں ۔

Radiant yellow : (n) (۱)دیکھو Cadmium yellow- (۲) ایك قسم کا زرد رنگ یا روغن ۔

Radiantly : (adv.) آب و تاب سے : تابندگی سے : بحالت تا بندگی ۔

Radiar : (n) (نباتیات) کرنی نظام : شعاعی نظام ۔

Radiary : (n) [Fr. 'Radiaire'.] (حیوانیات) Radiaria جنس کا ایك جانور ۔

Radiata : (n) [L. 'Radiatus'.] (حیوانیات) کرنیے : اشعاعیے۔

Radiate : (a) [L. 'Radiatus'.] (۱) یك مرکزی : ستارہ نما ۔ (۲) مشعشع: یك مرکزی اشعاعیہ ۔(۳)کرنیہ : اشعاعیہ ۔(۴) شعاعی (ترتیب کا) : شعاعی وضع کا ۔(۵) دیکھو Radial (a) -

Radiate : (v) [L. Radiat-,Radiare'.] (۱)چمکنا : چمکانا : کرن ڈالنا : شعاع پھینکنا : نور یا حرارت پھیلانا : ضوا فگنی کرنا (مرکز سے) ۔ (۲)(حرارت یا روشنی کا) شعاعوں میں منتشر ہونا ۔ (۳) مرکز سے منحرف یا منتشر ہونا یا پھیلنا ۔ (۴)منتشر کرنا : پھیلانا ۔(۵)براق ہونا : پرتو ڈالنا : شعاعی ہونا : شعاع بنانا ۔(۶)بجلی گرانا : شعاع کی طرح کام کرنا ۔(۷)روشن کرنا : اُجالا کرنا ۔ (۸)روشنی ڈالنا : واضح کرنا : وضاحت کرنا ۔ (۹)خوشی سے چہرہ چمکنا : دمکنا ۔(۱۰)بیج بونا : بکھیرنا : پھیلانا : اشاعت کرنا : نشر کر نا ۔(۱۱) وائر لیس کے ذریعہ منتقل کرنا : وائر لیس کے ذریعہ بھیجنا یا ارسال کرنا ۔

Radiate crown : (n) شعاعوں سے آراستہ کیا ہوا : کرنوں سے بہم پہنچا یا ہوا : کرنوں سے بنایا ہوا ۔

Radiate flower : (n) ستارہ نما پھول ۔

Radiated : (a) (۱) کرنوں سے آراستہ کیا ہوا ؛ شعاعوں سے بنایا ہوا. (۲)براق ؛ درخشندہ ؛ شعاعی ؛ شعاع نما . (۳)(خصوصاً طیور میں) پرندوں کے بال و پر کا . (۴)مرکز سے منحرف شدہ .

Radiately : (adv.) شعاعی ترتیب سے .

Radiately veined : (a) پنجہ رگ .

Radiatics : (n) عام شعاع شناسی ؛ پر تو شناسی .

Radiatiform : (a) سورج مکھی .

Radiating : (n) شعاعی ؛ اشعاعی .

Radiating circuit : (n) اشعاعی دور .

Radiating cutter : (n) شعاعی برندہ .

Radiation : (n)[L 'Radiationem'.] (۱)درخشانی ؛ تابانی ؛ ضوریزی؛ لمعہ افگنی ؛ شعاع افشانی ؛ تابش ؛ لہری توانائی . (۲)(طبیعیات) اشعاع . (۳)برق ؛ جلا ؛ روشنی . (۴)ترتیب شعاعی؛ شعاع افگنی کا عمل یا انتقال شعاع کی ترکیب.(۵)لہری شعاع ؛ شعاعی نظم؛ نیز شعاعی شے یا جزو .(۶)مرکزی نقط سے انتشار ؛ شعاعی ساخت. (۷) نئے شعاعی عناصر یا اقسام وغیرہ کی کلیت. (۸)شعاعی حرارت کا عنصر . (۹) تاب کا راجزا کی خصوصیت رکھنے والی شعاع یا ایکسرے .

Solar Radiation : (علم النجوم) اِشعاع شمسی .

Radiation fog : (n) نشیبی زمین پر اشعاع حرارت سے پیدا شدہ کہر .

Radiation of heat : (n) (طبیعیات) اِشعاع حرارت ؛ تابش گرما .

Radiation point : (n) (طبیعیات)نقطۂ اِشعاع .

Radiation potential : (n) (الیکٹرونک) اِشعاعی قوت .

Radiation pressure : (n) (طبیعیات) اشعاعی دباؤ .

Radiation pyrometer : (n) (طبیعیات) اشعاعی تپش پیما .

Radiation sickness : (n) بیماری جو سردی ، گرمی یا ہوا لگنے سے ہوتی ہے اور جس کے علاج کے لئے شعاعی طریقے کی ضرورت ہو.

Radiation thermometer : (n) اشعاعی تھرما میٹر.

Radiational : (a) تابانی ؛ تابش ؛ اشعاع ؛ نورافشانی ؛ روشنی سے متعلق یا اس کا .

Radiative : (a) درخشاں ؛ تاباں ؛ شعاع فشاں ؛ ضوریز ؛ شعاع افگنی (طبیعیات) اشعاعی ؛ شعاع انگیز ؛ (روشنی) تاباں .

Radiative equilibrium : (n) (علم النجوم) اشعاعی توازن .

Radiato- : (n) سابقہ بمعنی شعاعی سمت میں ؛ شعاعوں کی حالت میں .

Radiator : (n) (۱) چمکنے والا ؛ چمکانے والا .(۲)آلہ حرارت زا ؛ گرمالہ (گرم+ آلہ) . (۳)گرم تابہ (جس سے کمرے میں حرارت ہوتی ہے).(۴) گرمی کش ؛ حرارت رُبا ؛ ریڈیٹر. (۵)(طبیعیات) حرارت زا ؛ اشعاع انگیز ؛ شعاع ریز . (۶)(ریڈیو) افواج خیز ؛ افواج زا .(۷)منتقل کرنے والا ؛ پہنچانے والا ؛ بجلی اور حرارت وغیرہ کو اپنے اندر سے گزار دے .

Radiatory : (a) ریڈیٹر کا یا اس سے متعلق .

Radical : (a) [Late L. 'Radicalis'.] (۱) جڑیا اصل سے متعلق ؛ جڑ کا ؛ اصل کا ؛ اصلی ؛ مادے کا.(۲) بنیادی ؛ اساسی ؛ اصلی طبعی فطری .(۳)قطعی ؛ کُلیّ ؛ بنیادی ؛ اساسی(اصلاح علاج وغیرہ). (۴)(سیاسیات) انتہا پسند(آزادی یا اصلاح کے بارے میں)؛ انتہا پسندانہ . (۵)(ریاضیات) جذر کے متعلق ؛ جذری .(۶)(لغت) الفاظ کی اصل یا مادے سے متعلق ؛ مادی ؛ اصلی .(۷)(موسیقی) طنابی ؛ سُرتال سے متعلق .(۸) (نباتیات) بیخی ؛ بیج برآمدہ . (۹)(فلسفہ) اصل ؛ اصول سے متعلق ؛ اصلیہ کا.

Radical : (n) (۱) (لغت) اصل ؛ مادہ ؛ جامد ؛ لفظ غیر مشتق . (۲) (فلسفہ) اصل اصول ؛ بنیادی اصول ؛ اصلیہ ؛ مبدا؛ منبع اصلی ؛ سر چشمہ .(۳)(ریاضیات) جذر ؛ علامت جذر .(۴)(کیمیا) کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے بعد جز و مستقل بن جاتا ہے . (۵)(سیاسیات) انتہا پسند(گروہ کا فرد) ؛ (بول چال میں Rod). (۶) (نباتیات) ابتدائی بیج ؛ مُول . (۷)بنیاد ؛ کُل .

Radical axis : (n) اصلی محور .

Radical centre : (n) مرکز اصلی .

Radical change : (n) بنیادی تبدیلی .

Radical cure : (n) (طبیعیات) علاج شافی ؛ کلّی علاج .

Radical evil : (n) فطری خباثت .

Radical expression : (n) (ریاضیات) یك جذری جمله : جذری علامات کے بارے میں : نہاتلا اظہار ۔

Radical heat : (n) (عضویات) حرارت غریزی ۔

Radical leaf : (n) جڑ پتا ۔

Radical loop : (n) ابہامی کنڈل ۔

Radical quality : (n) (ریاضیات) جذراصم ۔

Radical reform : (n) بنیادی اصلاح : انتہا پسندانہ اصلاح ۔

Radical Reformer : (n) بنیادی اصلاح کرنے والا : انتہا پسند مصلح ۔

Radical republican : (n) انتہا پسندانہ اقدامات کی حمایت کرنے والا ملك(خصوصاً دوسری جنگ عظیم کے بعد جنوبی ریاستوں کے خلاف)۔

Radical sign : (n) (ریاضیات) علامت جذر ۔

Radical word : (n) (لسانیات) جامد : لفظ غیر مشتق ۔

Radicalism : (n) (سیاسیات) انتہا پسندی : انتہا پسندی کی حالت یا کیفیت : انتہا پسندانہ اصول : مسلمہ اصول و روایات کے خاتمہ یا اصلاح کی کوشش ۔

Radicality : (n) (۱) بنیادی : بنیادی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۲) دیکھو Radicalism۔

Radicalization : (n) اصلی یا بنیادی بنانے کی کاروائی : اصلی یا بنیادی ہونے کی حالت۔

Radicalize : (v) انتہا پسند بنانا (بالخصوص سیاست میں): انتہا پسندی کے رنگ میں رنگنا۔

Radically : (adv.) اصلاً : قطعاً : بنیادی یا اساسی طور پر ۔

Radicalness : (n) اصلی یا بنیادی ہونے کی حالت ۔

Radicand : (n) [L. 'Radicandum'.] علامت جذر کے تابع اعداد یا مقدار۔

Radicel : (n) [mod .L. 'Radicella'.] (نباتیات) چھوٹا ریشہ : ریشك : بیخچہ ۔

Radici : [L. 'Radir'.] سابقہ بمعنی بیخ : ریشہ : اصل بنیاد : اساس ۔

Radicicolous : (a) (حیوانیات) بیخ باش ۔

Radiciflorous : (a) (نباتیات) بیخ گل ۔

Radiciform : (a) بیخ نما : بیخ شکل : جڑ جیسا۔

Radicle : (n) [L. 'Radicule'.] (۱) (نباتیات) جذیر : پھیڑ : جڑی کونپل ۔ (۲) (نباتیات) بیخچہ : چھوٹی جڑ : بیخك : مُول ۔(۳)(تشریح) فرعی عصب: چھوٹا عصب یا شریان: فرعی رگ۔(۴) (ریاضیات) خطِ جذری : علامت جذر ۔ (۵)(کیمیا) جزو مستقل : کسی مرکب میں وہ جوہر یا عنصر جو تمام کیمیاوی تغیرات کے باوجود باقی رہے ۔

Radicular : (a) (۱) (نباتیات) جذیری : چھوٹی جڑ کا : بیخکی ۔ (۲)(تشریح)چھوٹے عصب یا شریان کا۔ (۳)(مرضیات) (دندانی ، شریان) کو متاثر کرنے والا : مسوڑھے کو متاثر کرنے والا ۔

Radicule : (n) [L. 'Radicula'.] (نباتیات) دیکھو Radicle

Radiculectomy : (n) (۱)بیخیات : جڑ کی ترکیبی صورت کا مطالعہ ۔ (۲)ایك یا چند جڑوں کو کاٹنا ۔

Radiculitis : (n) (طب) ورَم عصب فقری یا ورم بیخ ۔

Radiculose : (a) بہت زیادہ جڑیں پیدا کرنے والا: (نباتیات) کثیر بیخکی ۔

Radio : (n) [Orig. U.S., short for radio-telegraphy.] (۱)ریڈیو : لاسلکی تار اور ٹیلیفون ۔(۲)ایکس ریز : لا شعاعیں اور اسی قسم کی دوسری شعاعیں ۔ (۳)ان شعاعوں کا استعمال۔ (۴) ریڈیائی پیغام : ریڈیو گرام ۔(۵)لاسلکی شعاعیں وصول کرنے والا اور بھیجنے والا۔ (۶)(تشریح) کُعبری ۔ (۷)ریڈیائی نشریات کا ادارہ یا صنعت ۔

Radio : (v) (۱) لاسلکی تار کے ذریعہ نشر کرنا : لا سلکی پیغام بھیجنا : لا سلکی تار یا خبر دینا ۔ (۲)ریڈیائی پیغام بھیجنا ۔ (۳) لا شعاعوں سے تصویر کھینچنا : لا شعاعی تصویرکھینچنا ۔ (۴)ریڈیم سے کام لینا: ریڈیم کا اثر ڈالنا ۔

Radio : (a) (۱)ریڈیائی توانائی یا برقی لہروں کے ذریعہ ہونے یا کرنے سے متعلق ۔(۲)ریڈیو تلگرافی یا ریڈیو ٹیلیفون کا یا اُس سے متعلق ۔ (۳)برقی دھاروں سے متعلق ۔ (۴)ریڈیو کے ذریعہ نشر کیا ہوا ۔ (۵) ریڈیو کے ذریعہ قابو میں رکھا جانے والا ۔

Radio- : سابقہ بمعنی(۱) شعاع یا ضو کا : شعاعی: ضیائی ۔ (۲)نصف قطر : نیم قطر ۔(۳)ریڈیم کا ۔(۴)ضوفشانی: تابانی : شعاع زنی کا۔

Radio acoustics : (n) ریڈیو کے ذریعہ نشر کئے جانے والی آواز کے اثرات کی منتقلی اور پیش کش کا مطالعہ ۔

Radio actinium : (n) (کیمیا) ریڈیو ایکٹینیم : ایک قسم کا تاب کار عنصر جو(Thorium) ریڈیو کی شعاع آفرین دھات ھوتا ھے ۔

Radio activate : (v) گرم تاب بنانا : تاب کار کرنا ۔

Radio-active : (a) گرم تاب : تاب کار : شعاع زن (جس میں گرم تابی سے برق پیما وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ھو) : (طبیعیات) تابکار ۔

Radio-activity : (n) (طبیعیات) تابکاری : گرم تابی : شعاع زنی ۔

Radio astronomer : (n) (۱)(علم النجوم) ریڈیائی ہیئت کا ماہر ۔ (۲) علم افواج فضا کا ماہر ۔(۳)شعاعی لہروں کے ذریعہ اجرام فلکی کا مطالعہ کرنے والا ۔

Radio astronomy : (n) (۱)(علم النجوم) ریڈیائی ہیئت ۔ (۲) (علم النجوم) علم امواج فضا ۔(۳) علم نجوم کا وہ شعبہ جس میں سماوی اشیاء کا مطالعہ شعاعی لہروں کے ذریعہ کیا جاتا ھے ۔

Radio-beacon : (n) (ریڈیو) ریڈیو منارہ ۔

Radio beam : (n) (ریڈیو) ریڈیائی کرن ۔

Radio-broadcast : (n) (ریڈیائی) نشریہ ۔

Radio-broadcasting : (n) ریڈیو نشر ۔

Radio-broadcasting station : (n) ریڈیو نشر گاہ ۔

Radio car : (n) شعاعی مواصلات کے آلات سے مزین کار ۔

Radio carbon : (n) تابکار کاربن ۔

Radio carpal : (n) (تشریح) کُعبرُی رُسغی(جوڑ)۔

Radio chemistry : (n) (کیمیا)تابکاری کیمیا ۔

Radio-communication : (n) (تلغرافی) بے تار پیام رسانی ۔

Radio compass : (n) ریڈیو سمت نما : ریڈیو کمپاس ۔

Radio-detector : (n) مکشاف : ریڈیو شناسندہ ۔

Radio-direction finder : (n) سمت بتلانے والا : ریڈیو سمت نما ۔

Radio-diagnosis : (n) (طب) شعاعی تشخیص ۔

Radio electrician : (n) (امریکی بحریہ کا) وارنٹ افسر جو خصوصاً ریڈیو اور دوسرے الیکٹرونك آلات کی نگرانی کرتا ھے ۔

Radio element : (n) (کیمیا) تابکاری عنصر ۔

Radio engineering : (n) ریڈیو انجینئری ۔

Radio fix : (n) سمت نما کے ذریعہ ریڈیو ٹرانسمیٹر کا محل وقوع ۔

Radio-frequency : (n) ریڈیائی تعدد: لاسلکی تعدد: تقدد جو مخصوص علاقے میں لا سلکی مواصلات کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Radio isotope : (n) تابکاری عنصر۔

Radio-lead : (n) تابکاری سیسہ ، ریڈیم ڈی ۔

Radio-locator : (n) راڈار ۔

Radio-luminescence : (n) اِشعاعی لمعان : اشعاعی نورانیت ۔

Radio man : (n) (۱) ریڈیو آپریٹر : ریڈیو کا تکنیکی ماہر ۔(۲)الیکٹرك کمپنی کا ملازم جو بجلی کی لائنوں یا آلات کی خرابی کی نشان دہی کرتا ھے ۔

Radio metal : (n) ریڈیو دھات ۔

Radio set : (n) ریڈیو : ریڈیو ٹرانسمیٹر ۔

Radio sodium : (n) تابکار سوڈیم ۔

Radio sonde : (n) (ھوا پیما)ریڈیائی ھوا پیما : ریڈیائی مِسبار ۔

Radio source : (n) وہ خلائی علاقہ جہاں سے توانائی لہریں وصول کی جاتی ہیں ۔

Radio star : (n) نظام شمسی سے فزوں ریڈیائی لہروں کا مجرد ذریعہ ۔

Radio-station : (n) نشر گاہ : ریڈیو اسٹیشن ۔

Radio symmetry : (n) (حیوانیات) کِرنی تشاکل ۔

Radio talk : (n) نشری تقریر ۔

Radio technology : (n) (۱)ریڈیو کا تکنیکی علم : ریڈیو ٹکنالوجی ۔ (۲)صنعتی مسائل کے حل کے لئے ایکسریز کا استعمال ۔ (۳)صنعتی مسائل میں شعاع افگنی کی کسی بھی شکل کا استعمال ۔

Radio telegram : (n) (۱)(تلغرافی) لا سلکی تار : لا سلکی پیغام ۔ (۲)بحری جہازوں سے بھیجا جانے والا لاسلکی تار یا پیغام ۔

Radio telegram/ -phy : (n) (تلغرافی) بے تار پیغام رسانی : ریڈیو تار برقی : لاسلکی پیام رسانی ۔

Radio telegraph : (v) ریڈیو تار برقی بھیجنا ۔

Radio telephone : (n) (سمعیات) شعاعی فون : (تلغرافی)لاسلکی فون ۔

Radio telescope : (n) (علم النجوم) آسمان کے مختصر حصے سے ریڈیو لہروں کودریافت کرنے اور رپورٹ کرنے کا ایک آلہ ۔

Radio-transmitter : (n) ریڈیو فرستندہ : ریڈیو ٹرانسمیٹر ۔

Radio wave : (n) (۱) شعاعی لہر : ریڈیو لہر ۔(۲)برقی مقناطیسی لہر جس میں ریڈیائی تعدد ہوتا ھے ۔

Radioautogram : (n) دیکھو Autoradiograph

Radioautograph : (n) (۱)(طب ، فوٹوگرافی) تابکاری خودنو شتہ ۔ (۲)دیکھو Autoradiograph ۔

Radiogenic : (n) (۱)(کیمیا) تابکاری زائیدہ ۔ (۲) ریڈیو سے نشر کئے جانے کے لائق ۔

Radiogenically : (adv.) تابکاری زائیدہ کے ذریعہ ۔

Radiogoniometer : (n) ریڈیو سمت پیما : ریڈیو زاویہ پیما ۔

Radiogram : (n) (۱)(تلغرافی) ریڈیو تار : لا سلکی تار ۔ (۲) (فوٹوگرافی)ریڈیو گرام : لاشعاعی تصویر ۔ (۳)(سمعیات ، ریڈیو) گرامو فون :ریڈیو گرام ۔

Radiogramophone : (n) (سمعیات) ریڈیو گراموفون ۔

Radiograph : (n) (۱)(دھوپ کا) تمازت پیما : ریڈیو گراف ۔ (۲)(فوٹوگرافی) شعاعی تصویر یا نقش شعاعی۔ (۳)(علم النجوم) شمسی اشعاع نگار ۔ (۳)(تلغرافی) لاسلکی تار ۔

Radiograph : (v) شعاعی تصویر کھینچنا ۔

Radiographer : (n) شعاعی تصویر کھینچنے والا خصوصاً ایکسرے کا تکنیکی ماہر ۔

Radiographic/ -cal : (a) شعاعی تصویر سے متعلق : شعاعی مصوری کا : شعاع نگار شتہ ۔

Radiographically : (adv.) شعاعی مصوری سے : بطریق شعاع نگاری ۔

Radiography : (n) (۱)(فوٹوگرافی) شعاعی مصوری : شعاع نگاری : شعاعی عکاسی ۔(۲) (علم النجوم) شمسی گرافی اشعاع نگاری۔ (۳)(تلغرافی) لاسلکی تار برقی۔ (۳)(طبیعیات، کیمیا) علم تابکاری ۔

Radiolaria : (n) [mod. L. 'Radiolus'.] (حیوانیات) بیغ پایاں کی ایک جنس ۔

Radiolarian : (a) بیغ پایاں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Radiolarian ooze : (n) (ارضیات) مردہ بیغ پایاں گِل ۔

Radiolite : (n) [F.Radio+lite] ایک قسم کی متحجر شے ۔

Radiologation : (n) (۱)ریڈیائی تعین مقام۔(۲)راڈار کے ذریعہ جہازوں کا محل وقوع ، حالت اور دوری معلوم کرنے کا طریقہ ۔

Radiological : (a) (۱)شعاعیات کا یا اس سے متعلق ۔(۲)جوہری شعاعیت کا یا اس سے متعلق ۔

Radiologist : (n) (طب)تابکاری طبیب : ایکسرے کا ماہر ۔

Radiology : (n) (۱)(طبیعیات) شعاعیات : (طب) تابکار کا علم : تابکاری معالجہ : ریڈیولوجی : ایکسرے کے ذریعہ سے بیماری جاننے کا علم : (طبیعیات) تابکاریات : علم تابکاری ۔

Radiometer : (n) مقیاس قوت شعاعی : وہ آلہ جو شعاعی قوت کا میکانکی قوت میں تبدیل ہونا دکھاتا ھے : (طبیعیات) اشعاع پیما : ریڈیو میٹر ۔

Radiometric : (a) (۱)(طبیعیات) اشعاع پیما یانہ : ریڈیو میٹر سے متعلق ۔(۲) ریڈیو میٹر کے ذریعہ پیمائش کیا ھوا ۔

Radiometric magnitude : (n) (علم النجوم) اشعاع پیما یا نہ قدر ۔

Radiometry : (n) (طبیعیات) ریڈیو میٹر کا استعمال : شعاع پیما ئی ۔

Radiomicrometer : (n) (طبیعیات) خفیف اِشعاع پیما ۔

Radiophare : (n) (۱)ریڈیو منارہ ۔(۲) ریڈیو تلگرافی اسٹیشن جہاں سے جہازوں کی پوزیشن معلوم کی جاتی ھے ۔

Radiophone : (n) دیکھو Radio telephone

Radiophonic : (a) لا سلکی فون سے متعلق ۔

Radiophony : (n) (۱) (سمعیات) شعاع فونی ۔ (۲)لا سلکی آواز رسانی ۔

Radiophotography : (n) (فوٹوگرافی) لا سلکی عکاسی ۔

Radioscope : (n) شعاع بین : تابکاری نما : تابکاری بین ۔

Radioscopy : (n) (۱)(فوٹوگرافی) شعاعی معائنہ ۔(۲)(طبیعیات) تابکاری بینی : ایکسرے کے ذریعہ چیزوں کی جانچ : تشعشع سنجی ۔

Radiosensitive : (a) شعاعی قوت کے اثرات کو محسوس کرنے والا ۔

Radiotherapy /Radiotherapeutics : (n) (طبیعیات) شعاعی معالجہ : تابکاری معالجہ : تابکاری عناصر یا ایکس ریز کے ذریعہ کسی مرض کا علاج ۔

Radiotherapist : (n) تابکاری کے ذریعہ علاج کرنے والا ۔

Radiovision : (n) (ریڈیو)ریڈیو دور نمائی : لا سلکی تصویر نمائی ۔

Radish : (n) [L. 'Radicem'.] (۱)(نباتیات)(ولایتی) مولی : گاجر : شلجم : فُجل : تُرب ۔(۲) مولی وغیرہ کا پودا ۔

Scarlet radish : سرخ مولی : گاجر ۔

Radish -fly : (n) (امریکا) ایک قسم کا دو بازو والا چھوٹا کیڑا ۔

Radish tree : (n) ایک آسٹر یلیائی درخت ۔

Radium : (n) [f. L. 'Radius'.] ریڈیم (عنصر ، دھات) : شعاعیہ : بہت زیادہ تابکار ، چمکدار سفید دھاری جو قلوی ارضی گروپ سے تعلق رکھتا ھے ۔

Radium : (n) [F.] مخصوص رنگ کا ایک ریشمی کپڑا جو عام طور پر عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Radium dial : (n) گھڑی وغیرہ کی ریڈیم ڈائل ۔

Radium emanation : (n) ریڈیم گیس : ریڈون (عنصر)۔

Radiumtherapy : (n) ریڈیمی معالجہ ۔

Radius : (n) [L.] (۱)(تشریح)کعُبر : کلائی باڑ : ساعدا ستخواں ۔ (۲)(ہندسہ) نصف قطر : نیم قُطر(دائرے وغیرہ کا)۔ (۳)گسترده خط : مرکز خاستہ خط : پہیے کا دھرا یا اس قسم کی اور کوئی چیز ۔ (۴)حلقہ : دائرہ ۔ (۵)(نباتیات) کنارہ گُل : گل ساقہ : گل کنگرا : چھتر ڈنڈی : (خوشہ گل کی)پھول ڈنڈی ۔ (۶)(طیوریات ، حیوانیات) رگِ بازو : اَسیل : کِرن : پرّہ : پر کے ریشے ۔ (۷) لا مرکزیت : مرکز سے خارج : دائرہ سے باہر ۔ (۸)دائرہ : حلقہ : گھرا ہوا حصہ : محدود ۔ (۹)چار میل کا دائرہ جس کی ہر سمت چیرنگ کراس (Charing cross) سے برابر دوری رکھتی ھے ۔ (۱۰) دیکھو Radius vector

The four-mile radius : لندن میں بلدیئے کا وہ حلقہ جس کا مرکز چیرنگ کراس ھے ۔

Radius : (v) (ریاضیات) دائرے کے قوس پر کاٹنا ۔

Radius bar : (n) نصف قطری سلاخ ۔

Radius clause : (n) مالك اور ملازم کے درمیان معاہدہ کی وہ دفعہ جس کی زد سے وہ ملازم ایک معینہ مدت تك کسی دوسری جگہ کام کرنے کا مجاز نہیں ہوتا ۔

Radius of curvature : (n) (ہندسہ) نصف قطر اِنحنا ۔

Radius of gyration : (n) (میکانیات) نصف قُطر گردش ۔

Radius rod : (n) دیکھو Radius bar

Radius vector : (n) (۱)(ہیئت) قطر حامل : خط المرکز (جو سورج یا سیارے سے کسی تابع کے مدار تك کھینچا جائے): خطّ حامل ۔ (۲) (ریاضیات) نصف قطر سمتی ۔

Radix : (n) [L.] (۱) عدد اصلی : عدد بنیادی (ریاضیات) ۔(۲) ماخذ: مصدر : اصل : مبدا : سر چشمہ : منبع اصلی ۔ (۳)(تشریح) اصل : اصل عصبی ۔ (۴)(نباتیات) بیخ : جڑ۔ (۵) مجذیر؛ پھیڑ : خصوصاً رگ کی جڑ ۔

Radome : (n) [f. 'Radio+ dome'.] (۱) (ریڈیو) ہوا ئیہ پوش : ریڈوم ۔ (۲) راڈار سسٹم کی حفاظت کے لئے پلاسٹك کا پردہ ۔

Radon : (n) [Fr. 'Radium'] (کیمیا) ریڈون : ریڈیم گیس(عُنصر) ۔

Radula : (n) [L. 'Radere'.] (حیوانیات) دیکھو Odontophore

Radular : (a) (حیوانیات)سوہانیہ : زبان صدفہ : راڈولر ۔

Raduliform : (a) (حیوانیات) ریتی نما : سوہانی شکل : دندانہ دار : مثل شانہ ۔

Raff : (n) [ME.] (۱)(اسکاٹستانی اور شمالی)کثرت : زیادتی : وفور : افراط : فراوانی : بہتات ۔(۲)بیکار چیز : کوڑا کرکٹ : فضلہ (اب صرف بول چال) ۔ (۳) نچلی ذات : پس ماندہ طبقہ یا افراد ۔ (۴) پس ماندہ بیکار ساتھی : دوست ۔ (۵) دیکھو Riff-Ruff ۔

Raff : (n) [G. 'Raf, Raffle'.] غیر ملکی لکڑی ۔

Raffaelesque : Raphaelesque کا متبادل ۔

Raffia / Rafia : (n) [Var. of 'Raphia.] (۱) مڈغاسکر کے تاڑ کے ریشے جن سے ٹوکری وغیرہ بنائی جاتی ہیں : رفیہ بان یا سُتلی ۔ (۲) رفیہ (کھجور کی ایک قسم جو مڈغاسکر میں ہوتی ھے : نخل مڈغاسکر ۔ (۳)(نباتیات) ریشۂ رفیہ ۔

Raffia palm : (n) مڈغاسکر کا تاڑ یا کھجور جو اپنے ریشوں کی وجہ سے بہت زیادہ معاشی اہمیت کا حامل ھے ۔

Raffinose : (n) [F. 'Raffinar'.] (کیمیا) رافینوز : ایک قسم کی شکر جو بے رنگ ہوتی ھے : ($C_{18}H_{32}O_{16}$) جس کی کمی بیشی سے چقندر میں شکریت پیدا ہوتی ھے : قند مصفّٰی۔

Raffish : (a) (۱)غیر متوازن : او باش : آوارہ : اوباش صورت : بد تمیز: بیہودہ : نالائق :ذلیل بدنام : منہ پھٹ ۔ (۲) شیطان صفت : خبیث ۔

Raffishly : (adv.) اوباشانہ : آوارہ پن سے : خباثت سے : بیہودہ پن کے ساتھ ۔

Raffishness : (n) اوباشی : آوارگی : اوباشی کی قطع ۔

Raffle : (n) [F. 'Rafle'.] (۱) ایک قسم کا کھیل ۔(۲)(معاشیات) بیع بالقرعہ : لاٹری کے ذریعہ فروخت ۔

Raffle : (n) [OF. 'Rafle'] (۱)فضلہ : بیکار : کوڑا کرکٹ : غیر ضروری سامان ۔ (۲)(جہاز رانی) (ٹوٹ پھوٹ کے بعد) منتشر تکڑے : ملبا کاٹ کباڑ : ٹوٹا پھوٹا سامان ۔

Raffle : (v) [F. 'Rafler'.] (Raffle) رافیل ٹھیلنا : قرعہ اندازی کے ذریہ فروخت کرنا : بیع القرعہ میں شریک ہونا ۔

Rafflesia : (n) [mod. L. f. name of Sir T. Stamford Raffler.] ایک قسم کا بے برگ وبار ملائیشیائی درخت جس میں بکثرت پھول لگتے ہیں : رافلزیا ۔

Raft : (n) [ON. 'Raptr'.] (۱)بیڑا : لٹھوں کا ٹھاٹھ جو کشتی کا کام دیتا ھے ۔ (۲) بہتے ہوئے درخت ، برف وغیرہ ۔ (۳)(فوج) تیرتا ہوا پل : تیرتا ہوا پلیٹ فارم(جو عموماً استعمال کرتے ہیں) ۔ (۴) ربر کا وہ آلہ جو جان بچانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا اور بحری جہاز کے خطرے میں پڑ جانے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ھے۔ (۵)لٹھوں : لکڑی کے کُندہ : گیس یا ہوا بھرے ہوئے چمڑوں کی مسطح ساخت ۔ (۶) نواڑ کی بٹی ہوئی رسی جو رگڑ سے بچانے کے کام آتی ھے ۔

Raft : (n) Raff کا متبادل ۔

Raft : (n) Reave کا فعل ماضی اور اسم مفعول۔

Raft : (n) بہت زیادہ : کثیر تعداد : جمعیت : ازدحام :انبار : گروہ ۔

Raft : (v) (۱) بیڑے میں لے جانا : بیڑا بنانا(لٹھوں یا پیپوں سے) بیڑے کو کھینچنا ۔ (۲)بیڑے کے ذریعہ مال وغیرہ لے جانا ۔ (۳) بیڑے کے ذریعہ دریا پار کرنا ۔ (۴)بیڑے پر کام کرنا یا بیڑے کی رہنمائی کرنا ۔

To raft off : (phr.) ساحل سے جہاز تک بیڑے کوکھینچنا۔

Raft bridge : (n) بہتا ہوا پُل : بیڑے سے بنا ہوا پُل ۔

Raft duck : (n) (امریکا) ایک قسم کی سمندری بط ۔

Raft port : (n) ایک بڑا مربع نما سوراخ جو جہاز کے اگلے یا پچھلے حصہ میں ہوتا ھے اور جس کے ذریعہ لکڑیوں ، تختوں کو جہاز پر لادا اور اُتارا جاتا ھے ۔

Rafter : (n) [F. 'Raft'.] لٹھوں وغیرہ سے بیڑا بنانے والا : بیڑے پر ملازمت کرنے والا ۔

Rafter : (n) [OE. 'Raefter'.] کڑی : بڑنگا : شہتیری ۔

Principal rafter : وہ بڑا چوبی لٹھ جو دوسری لکڑیوں کو سہارا دیتا ھے ۔

Rafter : (v) (۱)کڑی لگانا : بڑنگا لگانا ۔ (۲)(زراعت) گنڈے دار ہل پھیرنا (بیچ بیچ کی زمین چھوڑ کر ہل چلانا) ۔ (۳)کڑیوں میں تبدیل کرنا ۔

Rafter : (n) [Raf + ter.] گچھا ؛ لچھا ؛ اون کا لچھا (خصوصاً ترک) ۔

Rafter bird : (n) (حیوانیات) مگس گیر ۔

Rafting : (n) چوب بندی ۔

Rafting stream : (n) بہاؤ ندی ۔

Raftsman / Raftman : (n) (۱) کھویّا (بیڑے وغیرہ کا)؛ بیڑا بان ؛ کشتی ران ؛ بیڑے کو کھینے والا ۔ (۲) بیڑا بنانے والا ؛ بیڑے پر کام کرنے والا ۔

Rafty : (a) [Origin unknown.] (۱) (روز مرہ برطانیہ) خراب (موسم وغیرہ) ؛ مرطوب (موسم) ۔ (۲) پھپھوند لگا ہوا ؛ مرطوب ؛ باسی ؛ خراب۔

Rag : (n) [Me. 'Ragge'.] (۱) (دھجی) ؛ چتھڑا ؛ ٹکڑا ؛ پرزہ ۔ (۲) (جمع) پھٹے کپڑے ؛ چیتھڑے ۔ (۳) (حقارت سے) جھنڈی ؛ رومال وغیرہ (کو کہتے ہیں) لتّا ؛ چیتھڑا ؛ ردی کاغذ ۔ (۴) حقیر آدمی ؛ گدا صفت آدمی ؛ بھیک منگا ۔ (۵) وہ ورزش یا کھیل وغیرہ جو طلبہ رفاہی کاموں کے لئے رقم اکٹھا کرنے کے لئے کھیلتے ہیں ۔

Rag : (n) [Origin unknow.] (تعمیرات) سنگ بلاط ؛ سلیٹ پتھر ؛ سلیٹ کی پتیاں جو چھتیں چھانے کے کام آتی ھے)۔

Rag : (n) (۱) (خصوصاً برطانیہ) (عامیانہ) خوشی سے چلاّنا یا چیخنا (خصوصاً لڑکوں کا) ؛ طلبہ کا ہنگامہ ۔ (۲) برطانوی یونیورسٹیوں میں طلبہ کی روایتی پر مذاق بغاوت جس میں یونیورسٹی ذمہ داروں کا مذاق اڑایا جاتا ھے ۔ (۳) (عامیانہ) شور ہنگامہ ؛ گڑبڑ ۔ (۴) شوخی ؛ شرارت؛ دل لگی ؛ کلیل ؛ عملی مذاق ۔

Rag : (v) چیتھڑا کرنا ؛ دھجی بنانا ؛ پرزے بنانا ۔

Rag : (v) [Origin unknown.] (۱) (بول چال اور عامیانہ) ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ بکنا جھکنا ؛ برا بھلا کہنا ۔ (۲) طعنے دینا ؛ ستانا؛ دق کرنا ۔ (۳) گڑبڑ مچانا ؛ الٹ پلٹ دینا ؛ غل غپاڑا کرنا (ہنسی مذاق کرنا)۔ (۴) (عامیانہ) شور کرنا؛ ہنگامہ کرنا ؛ گڑبڑ کرنا ۔

Rag : (v) ہتھوڑے سے (کچی دھات کو) توڑنا ۔

Rag and bone man : (n) پرانے کپڑوں کا تاجر ؛ کم قیمت چیزوں کا تاجر ۔

Rag-baby : (n) چندی گڑیا (پھٹے کپڑوں کی) ؛ چیتھڑے کی گڑیا ۔

Rag-bag : (n) دھجیوں اور چیتھڑوں کو رکھنے کا تھیلا ؛ چندی تھیلا ۔

Rag-bolt : (n) (تعمیرات) خاردار چٹخنی ؛ کانٹا چٹخنی ۔

Rag- book : (n) بچوں کی کتاب جو کپڑے سے بنائی ہوئے کاغذ کی ہو۔

Rag-doll : (n) دیکھو Rag-baby

Rag-engine : (n) کوڑے کرکٹ سے کاغذ بنانے والی مشین ۔

Rag-fair : (n) (۱) وہ بازار جہاں پھٹے پرانے یا استعمال شدہ کپڑے فروخت کئے جاتے ہیں ؛ (لندن) بازار کہنہ فروشاں (یہ بازار لندن کے Houndsditch میں لگتا ھے)۔

Rag-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Rag-man : (n) [OE.] ردی جمع کرنے والا ؛ ردی بیچنے والا ۔

Rag marchant : (n) ردی، استعمال شدہ چیزیں بیچنے والا ۔

Rag money : (n) کاغذی نوٹ ۔

Rag paper : (n) ردیوں سے بنایا ہوا کاغذ۔

Rag shag : (n) پھٹے حال آدمی ؛ بوسیدہ لباس میں ملبوس آدمی ۔

Rag shop : (n) پرانے اور استعمال شدہ کپڑے کی دکان ۔

Rag sorter : (n) وہ آدمی جو ردیوں اور پرانے کپڑوں کو چھانٹتا ھے اورنئے استعمال کے لائق بناتا ھے ۔

Rag-stone : (n) (تعمیرات) سنگ بلاط ؛ چٹان ۔

Rag-tag : (n) (۱) اوباش ؛ آوارہ ؛ نا ہنجار ؛ خستہ حال آدمی ؛ پست طبقہ ؛ ذلیل آدمی؛ کمینے لوگ؛ انفار ؛ اراذل ۔ (۲) (کبھی کبھی) کل؛ تمام ؛ گوناگوں ؛ رنگا رنگ ؛ گڈمڈ ؛ آلودہ ۔

Rag-time : (n) [Orig. U.S.] (۱) پرشور موسیقی ؛ کان کے پردے پھاڑ دینے والا باجا (۲) تنتر ؛ دھڑ بھڑ ؛ بے ڈھنگا ساز ۔

Rag trade : (n) (روز مرہ بول چال) کپڑا بنانے اور بیچنے کی تجارت ۔

Rag-weed : (n) (۱) دیکھو Ragwort ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا پودا ؛ حشیش المریم ؛ چائے مکزیکی ۔

Rag-wheel : (n) (۱) دندانہ دار پہیّا ؛ زنجیر گیر پہیّا ؛ دنتیلا زنجیر دار پہیّا ۔ (۲) کپڑے کا بنا ہوا پہیّا جس سے صفائی کا کام لیا جاتا ھے ؛ چرخ صفائی و جلا ۔

Rag wool : (n) (۱)رذی اون : بے مصرف اون ۔(۲)چیتھڑوں سے بنایا ہوا اون ۔

Rag work : (n) کہنہ سازی کا کام ۔

Rag worm : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Rag wort : (n) (نباتیات)گھاس پات : نراثی : ایک درخت جس کی پتیاں دنتیلی اور پھول زرد ہوتے ہیں : پیر گیاہ ۔

Raga : (n) [Skr.] (ہندو موسیقی) راگ : ہندو موسیقی کی ایک قدیم روایتی قسم ۔

Ragabash : (n) (اسکاستانی اور بول چال) سست بیکار آدمی : گدا صفت آدمی : آدم کثیف و بے سر و پا : نا معقول آدمی یا لڑکا : ذلیل ۔ (۲) بے ترتیب مجمع : بھیڑ : انبوہ ۔

Ragabash : (a) (۱)کنگال۔ (۲) کمینہ ۔

Ragamuffin : (n) گندہ آدمی :آدم : آدم کثیف و بے سر و پا : نا معقول شخص : ذلیل شخص : کنگال شخص : گدا صفت آدمی : پھٹیچر آدمی : میلا کچیلا آدمی : گندہ آدمی یا لڑکا ۔

Ragamuffin : (a) (۱)نا ہموار : غیر مسطح ۔(۲) کنگال : کمینہ : نکتا : ناکارہ : بے سلیقہ : پراگندہ ۔

Ragamuffinly : (a) چیتھڑے لگائے : پھٹے حال ۔

Rage : (n) [F.'Raige,Rage'.] (۱) غصہ : غیظ : نا قابل برداشت غصہ: غیظ و غضب : تاؤ : طیش : جنون : دیوانگی : شورش : فغاں : شور : قہر ۔ (۲) جوش : جذبہ : شدت : زور : شدت احساس : جذبۂ بے اختیار : جوش جنون : ہیجان شدید ۔ (۳) بیحد شوق : لت : خبط : تمنا : طلب : خواہش : خواہش نفسانی۔(۳)وہ چیز یا وضع جس کا کچھ دنوں بڑا زور و شور ہو۔ (۵)(شاعرانہ) جذبہ : (پیر یا ولی کا)روحانی جذب : (سپاہیانہ) ولولہ ۔ (۶)گرم جوشی: جوش: سرگرمی : (نفسیات) جذبہ۔ (۷)غضب ناکی : تیزی (ہوا ، سمندر، آگ کی): شدت طوفان ، طغیان : سیلاب : حرارت : شعلہ فگن آگ : تیزہوا ۔ (۸)موسیقیائی انگیختگی ۔

Rage : (v) [F. 'Rager'.] (۱)غصہ ہونا : غصہ کرنا : بکنا جھکنا: بگڑنا: چلآنا ۔ (۲)غضب ناک ہونا : طیش میں آنا : تیزی تندی دکھانا : غصے میں بھرا ہونا ۔(۳)شدت ہونا : زور ہونا: چڑھا ہوا ہونا ۔(۳)غصے میں پاگل ہونا : دیوانگی کرنا: ویران کرنا : شوق فراواں رکھنا ۔ (۵)خشمگیں کرنا : تاؤ دلانا : غصہ دلانا : غضب ناک کر دینا ۔ (۶) بڑ ہانکنا : ہذیان بکنا : بہکی باتیں کرنا : (سمندر یاہواکا) فراٹے مارنا : شائیں شائیں کرنا : طوفان اٹھنا ۔ (۷)(اسکاٹ) دھمکانا : جھڑکنا : گھڑکنا : ڈانٹنا: ڈپٹنا : تنقید کرنا : گوشمالی کرنا ۔ (۸)جذبات سے بھرا ہوا ہونا : شدت جذبات میں ہونا ۔(۹)(بیماری ، درد) شدت کا ہونا : جوش میں ہونا ۔

To rage itself out : (طوفان کا) چڑھ کر اترنا : بھڑاس نکل جانا : زور گھٹ جانا ۔

Rageful : (a) خشمگین : غضب ناک : غصہ میں بھرا ہوا ۔

Ragefully : (adv.) غصے کی حالت میں: غضب ناکی کے ساتھ ۔

Rageous : (a) غضب ناک ۔

Ragged : (a) (۱)الجھا ہوا : نا ہموار : ژولیدہ ۔(۲)اونچا نیچا : غیر مسطح : کھردرا ۔ (۲) ناقص : ناتراشیدہ : بے ڈھنگا : غیر سلیس : ناہنجار : ناتمام : نامنظم : غیر شستہ : ناموزوں (نظم وغیرہ) معیوب ۔(۳) شکستہ : پوشیدہ: فرسودہ (لباس) ۔ (۵) پھٹے کپڑے پہنے ہوئے : شکستہ حال : شکستہ لباس ۔ (۶) روئیں دار : پشم دار : لمبے موٹے بالوں والا(جانور)۔ (۷) (آواز) درشت ، کرخت، ناگوار ۔

On the ragged edge : (۱)پریشانی : اِضطراب کے عالم میں۔ (۲)فنا او ر زوال کی حالت میں ۔

Ragged hip : (n) (گھوڑا) کولہا جو ریڑھ کی ہڈی سے الگ واقع ہو ۔

Ragged robert : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Ragged robin : (n) ایک سرخ پھول والا جنگلی پودا ۔

Ragged school : (n) خیراتی اسکول : تعلیم گاہ جہاں بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہے : مفت تعلیم گاہ ۔

Ragged staff : (n) وہ لاٹھی یا لٹھ جس میں موٹھ لگا ہوا ہو : گرہ دار سونٹا یا ڈنڈا ۔

Raggedly : (adv.) غصے کی حالت میں : غضب ناک طورپر : پرجوش طریقے سے : نا ہموارانہ۔

Raggedness : (n) غضب ناک ہونے کی حالت یا کیفیت : ناہمواری : شکستہ حال ۔

Ragger : (n) دیکھو Ragman

Raggle : (n) [Origin unknown.] (۱)سنگ تراشی کا ایک طریقہ ۔ (۲)ٹکڑا : کہنہ : شگاف ۔

Raggle : (v) پتھر کا موٹھ کاٹنا : موتھرا بنانا ۔

Raggle-taggle : (n) دیکھو Rag-tag

Raggy : (a) [Late. OE.] دیکھو Ragged

Raggy : (a) نغمہ و سرور کا یا اُس سے متعلق ۔

Raging : (a) (۱) بکنے جھکنے والا: غصہ ور ۔(۲)دردناک ۔(۳)بے مہار: وحشی ۔ (۴)استثنائی : عظیم الشاں : ممتاز ۔

Raglan : (n) [F. name of lord Ranglan.] ایک قسم کا اوور کوٹ ۔

Ragout : (n) [Fr.] دم پخت سالن(جس میں ترکاری اور بوٹیاں ہوتی ہیں اور مسالہ دار چٹ پٹا پکایا جاتا ہے)۔

Ragout : (v) [F. 'Ragout'.] دم پخت ، چٹ پٹاسالن پکانا : قلیہ پکانا : چٹ پٹا اور مزیدار بنانا ۔

Raguly : (a) [Per. based on Ragged.] (نقابت)(صلیب یا دوسرے مارکوں سے متعلق) چھوٹے ترچھے ابھار والا ۔

Rah : (n) بے انتہا خوشی اور وفور مسرت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Rah : (n) دیکھو Hurrah

Rahan wein : (n) سومالیا کے لوگوں کی ایک جماعت ۔

Rahdar : (n) [Per. 'Rahdar'] راہدار : محصول سڑک لینے والا ۔

Raia / Raja : (n) [L.'Raia'] (حیوانیات) دیکھو Ray (n)

Raid : (n) [OE. 'Rad'.] (۱)دھاوا : تاخت : شورش : چھاپا ۔(۲)پولس کی دوڑ : پولس کا چھاپا ۔(۳)مسلح حملہ : ناگہانی حملہ؛ (مجازاً) زبردستی کی مداخلت فضائی اور بحری جہازوں پر حملہ ۔ (۴) دکانوں پر متعلقہ حکام کا چھاپا۔

Air raid : (فوج) ہوائی حملہ : فضائی حملہ ۔

Raid : (v) چھاپا مارنا : یورش کرنا: دھاوا بولنا : ٹوٹ پڑنا : حملہ کرنا : شورش برپا کرنا : فوجی جہازوں پر حملہ کرنا : دکانوں پر چھاپا مارنا ۔

Raider : (n) دھاوا بولنے والا : چھاپا مارنے والا : حملہ کرنے والا : حملہ آور ۔

Raiding-party : (n) چھاپا مار دستہ ۔

Raies ultimes : (n) امتیازی خطوط طیف ۔

Rail : (n) [OF. 'Reille'] (۱) کٹھرا : باڑ : روک ۔ (۲)لکڑی یا لوہے کی سریا : جنگلا : سلاخ (جو دروازے کے چوکھٹے میں لگی ہو)۔ (۳)ریل کی پٹری : سکتہ الحدید ۔ (۴) دروازے کا چوکھٹا: آڑی پٹی۔ (۵)دیکھو Railway ۔ (۶) (اسٹاک اکسچنج ، جمع میں) ریلوے حصص ۔

Off the rails : درہم برہم : بگڑا ہوا : ابتر ۔

Rail : (n) [F. 'Rale'] آبچلیک(پرندہ) ایک قسم کا پرندہ : بری اور بحری پرندوں کی ایک قسم : ریل ۔

Rail : (v) [Late ME.] (۱)ریل سے سفر کرنا ۔ (۲)ریل کی پٹری بچھانا: پٹری بچھانا۔ (۳)لوہے کی سریا یا جنگلے سے گھیرنا : جگہ کو باڑ سے گھیرنا : کٹھرا لگانا : باڑ لگانا ۔ (۴)ریل سے لے جانا : منتقل کرنا ۔

To rail in : باڑ سے جگہ گھیرنا : باڑ لگانا : باڑ باندھنا ۔

To rail off : جنگلہ سے علاحدہ کرنا: ریلنگ سے علاحدہ کرنا۔

Rail : (v) [F.'Railler'.] (۱)برا بھلا کہنا : جزرو تو بیخ کرنا : سر زنش کرنا : گالی دینا : لعن طعن کرنا : جھاڑنا : خبر لینا ۔ (۲)شکوہ شکایت کرنا : مورد الزام ٹھہرانا :تنقید کرنا : حرف گیری کرنا ۔(۳)سختی سے ملامت کرنا ۔

Rail bed : (n) (۱)وہ سڑک جس پر ریل گاڑی چلتی ہے ۔ (۲) وہ سطح یا زمین جس پر پٹری بچھا ئی جاتی ہے۔

Rail bird : (n) ایک قسم کی چڑیا : آبچلیک : امریکی دھاری دار کوئل جیسا پرندہ۔

Rail bus : (n) مسافر کار جس میں خود کار انجن لگا ہوتا ہے اور ریلوے لائن پر چلتی ہے ۔

Rail car : (n) ریل کار (مسافر بردار یا مال بردار)۔

Rail chair : (n) قبضہ : آنکڑا : پٹری پکڑ(جس میں ریل کی پٹری ٹھہری رہتی ہے) ۔

Rail diesel car : (n) ڈیزل انجن والی ریل کار ۔

Rail guard : (n) ریلوے انجن میں لگی ہوئی دھات کی وہ عمودی شے جس سے لائن کی رکاوٹیں دور ہوتی ہیں ۔

Rail head : (n) (۱)زیر تعمیر ریلوے کا تیار شدہ آخری سرا ۔ (۲)ریلوے لائن کا ابتدائی یا آخری حصہ جہاں سے سواری چلتی یا جہاں آ کر رک جاتی ہے ۔

Railage : (n) ریلوے کے ذریعہ منتقلی ؛ ریلوے کے ذریعہ نقل و حمل کا کرایہ ۔

Railer : (n) بد زبان ؛ طعنہ زن ؛ لعن طعن کرنے والا ؛ برا بھلا کہنے والا ؛ شکوہ شکایت کرنے والا ؛ تضحیک کرنے والا ؛ بد گوئی کرنے والا ۔

Railing : (n) (۱)احاطہ بنانے یا باڑ سے زمین کو گھیرنے کا عمل ؛ احاطہ بندی ۔ (۲) باڑ؛ کٹہرا ؛ جنگلا ؛ رکاوٹ ۔ (۳)باڑ، کٹہرے وغیرہ کا سامان۔ (۴)ریلوے پٹری کا سامان ۔ (۵)لکڑی کا ٹکڑا ؛ پلائی ووڈ ۔

Railing : (n) ریل کے ذریعہ نقل و حمل ؛ مال برداری ۔

Railing : (n) لعن طعن ؛ طعنہ زنی ؛ تضحیک ؛ سخت شکایت ؛ سخت ملامت ؛ بدزبانی ؛ بد کلامی ۔

Railing : (a) (۱)گالی دینے والا ؛ تحقیر آمیز ؛ مضحکہ آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ شکوہ شکایت سے پُر ۔(۲) فحاش؛ بدزبان ؛ دشنام طراز ؛ بدگو ؛ بد کلام ۔

Railingly : (adv.) بدکلامی کے ساتھ ؛ فحاشی سے ؛ بدزبانی کے طور پر ۔

Raillery : (n) [F. 'Raillerie'.] (۱) چہل ؛ مذاق ؛ دل لگی ؛ ٹھٹّھا ؛ فقرہ بازی ؛ شوخی ؛ استہزاء ؛ تنقید ؛ سرزنش ؛ توبیخ و ملامت ۔ (۲) (جمع اور "a" کے ساتھ) دل لگی کرنا ۔

Railless (a) بے پٹری کا ؛ بے باڑ کا ؛ بے رکاوٹ کا ۔

Raillike : (a) ریل جیسا ۔

Railmoter : (a) جزوی طور پر بذریعہ ریل اور جز وی طور پر بذریعہ سڑک نقل وحمل سے متعلق ۔

Railroad : (n) (۱)ریل؛ ریل کی پٹری ؛ ریلوے لائن۔(۲)ریلوے کمپنی ۔

Railroad : (v) (۱)ریلوے لائن بچھانا ؛ ریلوے راستہ بنانا ؛ ریل کی پٹری بچھانا ۔ (۲) ریلوے کے ذریعہ نقل و حمل کرنا ؛ بہ عجلت تمام بھیجنا ۔(۳)(طباعت) کسی تحریر کو تصحیح کے بغیر کمپوزنگ کے لئے بھیجنا ۔ (۴)کسی کو بے قصور یا غلط الزام میں ماخوذ کرنا اور جیل بھیجنا ۔ (۵) ریل کے ذریعہ سفر کرنا ؛ ریلوے لائن پر ملازم ہونا ۔ (۶) ریلوے سڑک بنانا ۔

Railroad bridge : (n) ریلوے پُل۔

Railroader : (n) ریلوے ملازم یا افسر ۔

Railroading : (n) (۱)ریل سے سفر کرنا ۔ (۲)ریلوے لائن میں کام کرنا۔ (۳)ریلوے سڑک کی تعمیر ؛ ریلوے سڑک پر لائن بچھانا ۔ (۴)ریلوے سڑک کے انتظام کا شغل ۔

Rails: (n) (۱)جنگلہ میدان ۔(۲)(معاشیات)ریلوے حصص ؛ ریلوے نقل وحمل میں شرکت ۔

Railway : (n) (اب خصوصاً امریکا) دیکھو Railroad

Railway : (v) ریلوے لائن بچھانا ؛ ریل سے سفر کرنا ؛ ریلوے کے ذریعہ مال بھیجنا ۔

Railway accident : (n) ریلوے حادثہ ۔

Railway engine : (a) ریلوے انجن ۔

Railway novel : (n) تفریحی ناول ؛ ہلکا پھلکا ناول ؛ وہ ناول جو ریلوے سفر میں پڑھا جائے ۔

Railway receipt : (n) بِلٹی ۔

Railway rug : (n) سفری کمبل ؛ ریلوے سفر میں اوڑھنے والا کمبل ۔

Railway spine : (n) ریڑھ کی ہڈی کا صدمہ جو ریل کے حادثہ میں پہنچ جائے ۔

Railway station : (n) ریلوے اسٹیشن ۔

Railway train : (n) ریل گاڑی ۔

Railwayless : (a) ریلوے کا فُقدان ؛ بے ریل کا ؛ جہاں ریل نہ ہو ۔

Raiment : (n) [aphet. F.'Arrayment'.] لباس ؛ پوشاک؛ کپڑا ؛ سامان (اب شاعری میں)۔

Rain : (n) [OE. 'Rezn, Ren'.] (۱)بارش ؛ مینہ ؛ میگھ ؛ ورشا ؛ برکھا؛ باران ۔(۲)(جمع)جھڑی ؛ مینہ کے جھالے ؛ چھینٹا ۔ (۳)(کسی سیال کی یا باریک ذرّات کی)بوچھاڑ ؛ جھڑی ؛ تار ۔ (۴)بارش کے قطرے ؛ بارش کا پانی ؛ موسلا دھار بارش ۔ (۵) (ہند میں)موسم برسات؛ برسات کا زمانہ ۔ (۶) وہ علاقہ جہاں زیادہ بارش ہوتی ہے۔ (۷) فلم کے پردے پر آنے والا خراش یا داغ دھبّا ۔ (۸)(جہاز رانی) بحر اوقیانوس کا وہ حصہ جہاں بارش زیادہ ہوتی ہے ۔

The rains : (گرم ملکوں میں)برسات کا موسم: باران : برشگال ۔

The rains : (بحری اصطلاح)اوقیانوسی باران : بحر اوقیانوس کا بارانی خِطہ (۳ تا ۱۰ درجہ عرض البلد شمالی)۔

Rain : (v) (۱) پانی برسنا : مینہ برسنا : بارش ہونا ۔(۲)قطرے قطرے ٹپکنا : ٹپ ٹپانا ۔(۳)(مجازاً) موسلا دھار برسنا: ٹوٹ کے برسنا : تار بندھ جانا : جھڑی لگ جانا ۔ (۴)گھٹا چھانا : گنگھور گھٹا چھانا ۔(۵)آنسو بہانا: آنسو گرنا(بارش کی طرح)۔ (۶)چھڑکنا : چھڑکاؤ کرنا ۔ (۷) بہانا : تار باندھ دینا : بوچھار کرنا(مجازاً)۔ (۸)بارش کے ذریعہ مخصوص حالت میں لانا ۔

To rains cats and dogs : (بول چال)موسلا دھار بارش ہونا : زوروں کی بارش ہونا ۔

To rain in: بوچھاڑ آنا : بارش کا گھر کے اندر تك پہنچ جانا۔

Rain area : (n) (۱)وہ علاقہ جہاں موسمی نقشے کے مطابق مخصوص اوقات میں زیادہ بارش ہوتی ھے : علاقۂ بارانی : برساتی علاقہ ۔(۲)دریائی طوفان کا ذبردست بارش والا حصہ ۔

Rain band : (n) قوس قزح کی زرد دھاری میں نظر آنے والی کالی پٹی ۔

Rain-bird : (n) وہ بارانی چڑیا جس کی چونچ کالی ہوتی ھے اور امریکا میں پائی جاتی ھے : برساتی پرندہ (خصوصاً) کٹھ پھوڑا : کٹھ کھودوا : ہدہد ۔

Rain boot : (n) برساتی جوتا جو گھٹنوں تك لمبا ہوتا ھے ۔

Rain cap : (n) واٹر پروف ٹوپی : برساتی ٹوپی ۔

Rain check : (n) بیس بال(Baseball) کے اُس میچ کا ٹکٹ جو برسات کی وجہ سے ملتوی ہوگیا ہو لیکن جو پھر کام آسکے : کسی عنایت کی مدت کی توسیع ۔

Rain coat : (n) برساتی کوٹ : وہ کوٹ جس پر پانی اثر نہ کرے : بارانی کوٹ (کوٹ یا فرغل) ۔

Rain cloud : (n) مُز نہ : بارشی بادل : بارانی بادل ۔

Rain-drop/ Raindrop : (n) [OE. 'Rezndropa'.] بارش کا قطرہ ۔

Rain forest : (n) (۱)جنگل جو عیش و تفریح کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو : خصوصاً منطقہ حارہ کے علاقے کا : بارانی جنگل ۔ (۲)وہ جنگل جہاں سال میں کم سے کم ۱۰۰ انچ یا اُس سے زیادہ بارش ہوتی ھے ۔

Rain frog : (n) ایك چھوٹا سبز رنگ کا مینڈك ۔

Rain guage / -gage : (n) مقیاس المقطر : باراں پیما ۔

Rain guage station : (n) مرکز باراں پیمائی ۔

Rain glass : (n) ہوا پیما : مقیاس الہوا : بار پیما ۔

Rain goose : (n) غوطہ خور سرخ گلوپرندہ ۔

Rain insurance : (n) وہ بیمہ جو بارش کے نقصانات سے بچنے کے لئے کرایا جائے ۔

Rain intensity : (n) (موسمیات)شدت باران ۔

Rain maker : (n) باراں گر : بارش برسانے والا(سائنسی یا جادوئی طریقے سے) ۔

Rain map : (n) نقشۂ باران ۔

Rain mark/ -pit : (n) پانی کے قطرے سے زمین پر پڑنے والا نشان ۔

Rain quail : (n) ہندوستانی اور افریقی quail : بیٹر : بلدرچین ۔

Rain shadow : (n) (موسمیات) ظلّ باران : کم بارانی رقبہ ۔

Rain stone : (n) وہ پتھر جو طلسمی بارش میں استعمال ہوتا ھے ۔

Rain storm : (n) بارانی طوفان : طوفان باراں ۔

Rain tree : (n) ایك رنگین اور آراستہ امریکی درخت ۔

Rain wash : (n) بارش میں بہہ جانے والی شے ۔

Rain-water : (n) [OE. 'Rezn, ren waeter'.] برساتی پانی : آب باران : برسا ہوا پانی ۔

Rain worm : (n) کیچوا : خراطین : زمینی کیڑا : کِرم خاکی : حشرات الارض (جمع) : (مجازاً) ذلیل آدمی ۔

Rainbow : (n) [OE. 'Regnboga'.] (۱)قوس قزح : دھنك : کمان شیطان : رنگین کمان ۔ (۲)قوس قزح جیسا : قوس قزح کے رنگوں کا امتزاج ۔ (۳)سُر سرگم ۔ (۴)غلط فہمی : خوش فہمی ۔ (۵)چمك دار رنگوں میں سے کوئی ایك ۔

Lunar rainbow : (n) چاند دھنك(جو کبھی کبھی چاند کی

شعاعوں سے پیدا ہوتی ہے) : قمری قوس قزح .

Marine rainbow / Sea - : (n) ساگر دھنك (جو سمندر کے کت میں نظر آتی ہے) : سمندری قوس قزح .

Primary rainbow : اول قوس قزح .

Secondary rainbow /Supernumerary- : قوس ثانی : شبیه کمان (جو اصلی دھنك کے اندر یا باہر بن جاتی ہے).

Rainbow : (a) رنگ برنگا : پھرنگا : کثیرالالوان : رنگا رنگ : قوس قزحی رنگ والا .

Rainbow : (v) مختلف رنگوں سے چمکانا: قوس قزح کی طرح چمکانا : دھنك جیسا بنانا .

Rainbow bird : (n) ایك آسٹریلوی چڑیا جو شہد کی مکھیاں کھاتی ہے: طیر مگس خور :مگس خور پرندہ .

Rainbow coloured : (a) قوس قزحی رنگ میں رنگا ہوا : کثیر الالوان.

Rainbow drops : (n) ایك قسم کا پودا .

Rainbow fish : (n) ایك چمکدار رنگین مچھلی جو منطقه حاره کے دریاؤں میں پائی جاتی ہے .

Rainbow parrot fish : (n) ایك رنگین بڑی اور وزنی مچھلی جس کا رنگ بدلتا رہتا ہے .

Rainbow pink : (n) چینی گلابی .

Rainbow roof : (n) مدور نما چھت : ایسی چھت جو دیکھنے میں تقریباً گول نظر آتی ہے: قوس قزح کی شکل کی چھت .

Rainbow shower : (n) ایك خوشنما اور آراسته درخت .

Rainbow snake : (n) ایك امریکی سانپ .

Rainbow trout : (n) ٹراؤٹ : کیلیفورنیا کی ایك مچھلی کا نام .

Rainbow wrasse : (n) ایك قسم کی رنگین اور چمکیلی مچھلی .

Rainbowy : (a) قوس قزح جیسا : دھنك مانند .

Rainfall : (n) (۱) (مقدار) بارش . (۲) مخصوص علاقے میں معین اوقات میں بارش کی مقدار .

Rainful : (a) بارش سے بھرا ہوا .

Rainily : (adv.) بارانی طریقے سے : پرُ بارانی .

Raininess : (n) (موسم) برسات : بارانی ہونے کی کیفیت یا حالت : مینه بھرا ہونا : سیر بارانی : پُر بارانی .

Rainless : (a) بارش کی کمی: بے بارش : سوکھا : خشك : محروم باران .

Raintight/ Rainproof : (n) مینه روك : وہ جس پر بارش کا اثر نه ہو .

Rainy : (a) (۱)بارش کا : برسات کا : مینه کا: بارانی : برساتی : پُر باران : سیر باران .(۲)مینه بھرا (بادل وغیرہ). (۳)(وقت) بارانی: (موسم) برساتی . (۴)بارش سے متاثر : بارش جیسا . (۵) (مجازاً) دیکھو Rainy- day . (۶) (مجازاً) (آنکھ) آنسو سے بھری ہوئی .

Rainy day : (n) (۱)(موسیقی)یوم باران .(۲) (معاشیات) آڑا وقت : تنگئ معاش .

Rainy season : (n) (موسیقی) موسم برسات : برکھا رُت .

Rais or Reis : (n) [F. 'Reis'.] (۱)مسلم جہاز کا کپتان : جہاز کا مسلم کپتان .(۲)مسلمان حکمراں یا بادشاہ .

Rais : (n) نیپال کے منگولی نسل کے لوگ جو کرانتی زبان بولتے ہیں .

Raisable/ -eable : (a) اوپر لے جانے کے قابل : اوپر اٹھانے کے لائق : قابل ترفیع.

Raise : (n) [F. Raise(v).] (۱)سڑك کا بلند حصه : بلند مقام : اونچی جگه.(۲)بازی بڑھانے کا عمل : اس قسم کی بازی کی رقم : رقم میں اضافه . (۳) وہ کھڑکی جو کان میں دو مختلف بلندیوں کو ملاتی ہے .

Raise : (n) [ON. 'Hreysi'.] تودۂ سنگ : سنگِ قبر :سنگ مزار .

Raise : (v) [ON. 'Reisa'.] (۱)اٹھانا : ایستادہ کرنا : اٹھا کر کھڑا کرنا : خواب سے بیدار کرنا : جگانا : بلند کرنا .(۲)ابھارنا : جوش دلانا : تحریك دلانا . (۳) بنانا : تعمیر کرنا : پیدا کرنا یا تیار کرنا : (فصل وغیرہ) اُگانا : (کھیت)جوتنا : کاشتکاری کرنا : اپجانا: (نسل کی) تربیت کرنا : پیدا کرنا . (۴) (آواز) نکالنا : (شور)مچانا : چلانا : برپا کرنا: گانا : لائق سماعت آواز پیدا کرنا : نموبخشنا : پھونکنا . (۵)(بحث وغیرہ چھڑنے کا)باعث ہونا : قابل غور بنانا . (۶)ابھارنا: بیدار کرنا .(۷)پیش کرنا : اٹھانا: چھیڑنا (مسئله وغیرہ) اعتراض کرنا : سوال کرنا : دعویٰ کرنا. (۸)بلند رتبه کرنا: سرفراز کرنا : ترقی دینا: بہتر کرنا: معیار بلند کرنا : چڑھانا : اعزاز بخشنا : بلند مقام پر پہنچنا : دماغی یا اخلاقی طور پر

اونچا اٹھانا ۔ (۹) (آواز) بلند کرنا ؛ تیز کرنا ۔ (۱۰)(جہازرانی) سامنے آنا ؛ نظر آنا (جہاز یا زمین کا)؛ (خصوصاً) زمین پر پانی یا دھاتوں کو لانا ۔ (۱۱)بڑھانا ؛ زیادہ کرنا؛ سطح بلند کرنا ۔ (۱۲)جمع یا اکٹھا کرنا ؛ وصول کرنا ؛ اگانا (محصول وغیرہ کا) ۔ (۱۳) (محاصرہ وغیرہ) اٹھا لینا ؛ ہٹا لینا ؛ (حریف کو محاصرہ) اٹھانے پر مجبور کرنا ۔ (۱۴)(چڑیا وغیرہ کو) شکار کے لئے ہنکانا ۔(۱۵) دعوت مبارزت دینا ؛ مقابلہ پر بلانا ؛ جدو جہد پر آمادہ کرنا؛ کش مکش میں گرفتار کرنا ۔ (۱٦) موت کے بعد جلانا؛ روحانی قوت حاصل کرنا ۔ (۱۷)(خصوصاً)(اسکاٹ لینڈ) غصہ دلانا ؛ مشتعل کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ۔ (۱۸) (عمارت) کھڑی کرنا ؛ مکان بنانا ؛ تعمیر کرنا (خصوصاً امریکا) مکان وغیرہ میں لکڑی کا چوکھٹا لگانا ؛ چھجا بنانا (مکان میں) ۔ (۱۹) (بچہ کو)وجود بخشنا ؛ زندگی دینا؛ (والدین کا بچوں کو) محبت کے ساتھ پرورش کرنا ؛ پرورش و پرداخت کرنا ؛ پالنا ۔ (۲۰) (جانوروں کی) پرورش و پرداخت کرنا ؛ پالنا پوسنا ۔ (۲۱) آغاز کرنا؛ ابتدا کرنا ؛ شروع کرنا ۔ (۲۲) قائم کرنا ؛ ایجاد کرنا؛ اختراع کرنا؛ ظاہر کرنا؛ دفع کرنا ؛ توپ داغنا ۔ (۲۳) ایک ساتھ ملانا ؛ متحد کرنا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا؛ وصول کرنا ؛ (قرض وغیرہ)۔(۲۴)قدر وقیمت زیادہ کرنا؛ رقم بڑھانا ؛ سطح بلند کرنا ؛ اہمیت بڑھانا ۔ (۲۵)ہلکا کرنا؛ خفیف کرنا ؛پتلا کرنا ۔ (۲٦)(مقدارکو) دو چند کرنا ؛ طاقت بڑھانا ؛ آخری حد تک بڑھنے دینا۔ (۲۷) گرم کرنا ؛ روشن کرنا ؛ تیز کرنا ۔ (۲۸) روئیں دار کپڑے میں ولایتی گوکھرو لگانا ۔ (۲۹) نتیجے پر پہنچنا ؛ نظریہ قائم کرنا ۔ (۳۰)(پہلے کی بہ نسبت) زیادہ بازی لگانا ؛ شرط بدنا ؛ بازی لگانا ۔ (۳۱)پتھر کو کھسکانا (دوسرے پتھروں کے ساتھ ترتیب وار رکھنے کے لئے)۔(۳۲)(زبان کے کسی حصے کو) اونچا کرنا حرف علت کی ادائیگی کے لئے ۔ (۳۳) ریڈیائی مواصلات کے ذریعہ رابطہ قائم کرنا ۔ (۳۴) بیدار ہونا؛ اٹھنا ؛ جاگ جانا ۔ (۳۵) مستقل کرنا ؛ پائیدار کرنا؛ مضبوط کرنا ۔ (۳٦) چپکانا ؛ سانٹنا ؛ چسپاں کرنا ؛ جمانا ۔ (۳۷) گرے ہوئے کو اٹھانا ؛ اٹھانے میں مدد کرنا (گرے ہوئے کو) ؛ (کسی شخص کو) اپنی جگہ سے اٹھنے پر مجبور کرنا ۔ (۳۸) ہوا چلانا ۔(۳۹)مقدمہ قائم کرنا ؛ سمن جاری کرنا (قانون) ۔ (۴۰)آگے دیکھنا ؛ نگاہ کو آگے کے طرف موڑنا ۔ (۴۱)(خوشی)حاصل کرنا ؛ تعریف و تحسین کا مستحق ہونا ؛ بہتری حاصل کرنا ۔ (۴۲)(دھات کو) گول کرنا ؛ (دھات کو) گول بنانا ۔ (۴۳)(ریاضیات) ضرب کے ذریعہ تعداد میں اضافہ کرنا ۔

To raise a cry : فریاد کرنا ؛ آہ و نالہ کرنا ۔

To raise a dust : گرد اڑانا ؛ خاک اڑانا ؛ فساد برپا کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا ؛ اصل بات کو چھپانا ؛ خاک ڈالنا ۔

To raise a laugh : لوگوں کو ہنسانا ۔

To raise a smile : ہنسی ظاہر کرنا ؛ مسکرانا ۔

To raise bread : روٹی پھلانا (خمیر سے) ۔

To raise cloth : کپڑے کو گھونٹنا ۔

To raise one's eyebrows : ناک بھوں چڑھانا ۔

To raise one's glass to : جام صحت پینا ۔

To raise one's hat : تعظیماً جھکنا ۔

To raise the dead : گہری نیند سے بیدار کرنا ۔

To raise the devil ,cain ,the mischief : قیامت برپا کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا ۔

To raise the heat : حرارت بڑھانا ۔

To raise the market : زیادہ قیمت لینا ؛ قیمت بڑھا دینا ۔

To raise the price : قیمت میں اضافہ کرنا ؛ دام بڑھانا ۔

To raise the voice: آواز بلند کرنا ؛ ہنگامہ کرنا ؛ شور و غل کرنا ۔

To raise the wind : (مجازاً) روپیہ مہیا کرنا (کسی کام کے لئے) مزاج کو قابومیں رکھنا ؛ اپنی طبیعت پر تسلط رکھنا ۔

Raised : (a) (۱) اٹھایا ہوا ؛ ایستادہ ۔ (۲)جوش دلایا ہوا ۔(۳)تعمیر کردہ؛ بنایا ہوا ۔ (۴)ہنگامہ خیز ؛ طوفان انگیز ۔ (۵)برجستہ؛ برآمدہ ؛ بڑھایا ہوا ؛ اضافہ کردہ ۔ (٦)ترقی یافتہ؛ معیار بلند کیا ہوا ۔(۷)قدرو قیمت میں اضافہ کیا ہوا؛ بلند رتبہ ۔(۸) مسئلہ اٹھایا ہوا ؛ خفیف کردہ ؛ ہلکا ۔

Raised beach : (n) سمندر کی سطح سے اوپر کا ساحل ۔

Raised cottage : (n) وہ جھونپڑی جو سیلاب وغیرہ کو روکنے کے لئے بانس پر دریاؤں میں رکھا جاتا ھے ۔

Raised pie : (n) تہ جمائی ہوئی پائی ۔

Raised printing : (n) چھپائی جو کاغذ کی سطح سے ابھری ہوئی ہو یا ابھری ہوئی معلوم ہو ۔

Raised upon : (a) (جہازرانی) زائد چوکھٹا لگا (جو پہلوؤں کو اونچا کر دیتا ھے) .

Raisin : (n) [L. 'Racemum'.] (۱)منقیٰ : ایك قسم کی بڑی کشمِش : کشمِش : آب جوش . (۲)کشمش رنگ : قرمزی رنگ . (۳) سورج کی گرمی سے پکا ھوا انگور .

Raisins of the sun : (n) سورج کی گرمی سے پکا ھوا اور خشك شدہ انگور وغیرہ .

Raising : (n) (۱) بڑھانے ؛ اٹھانے کا عمل .(۲)بلندی ؛ رفعت ؛اونچائی؛ عروج : سرفرازی : اضافہ .(۳) کسی مکان کو اونچا اٹھانے کا عمل جس سے اُس کے تمام رخوں کی بلندی دکھائی دے (خصوصاً امریکا میں) . (۴) وہ لوگ جو کسی مکان کو اونچا اٹھانے کے لئے جمع ھوں . (۵) بچوں کی پرورش و پرداخت (والدین کے ذریعہ) . (۶)(جانور وغیرہ کو) کھلانا پلانا ؛ پالنا پوسنا .(۷) پودوں کی نگہداشت : زراعت : جُتائی . (۸) کان میں دوبلندیوں کو ملانے والی کھڑکی کو ایك جگہ سے دوسری جگہ لے جانا .(۹)کوئی چیز جو بلند کی گئی ھو: اونچی جگہ ؛ بلند مقام .

Raising bee : (n) (امریکا) کسی مکان کو اونچا اٹھانے کے لئے جمع ھونے والے لوگ .

Raising hammer : (n) ہتھوڑا جس سے دھات کے چدرے کو بڑا یا گول کیا جاتا ھے .

Raising of standard : (v) معیار بڑھانا .

Raising-piece : (n) [F. 'Rasen'.] سہارے کا شہتیر جو دیوار کے اندر گرڈر کا بوجھ سنبھالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے .

Raising-plate : (n) دیکھو Raising-piece

Raising room : (n) وہ کمرہ جہاں روئیں‌دار کپڑے میں گوکھرو لگایا جاتا ھے .

Raison : (n) (۱) سبب ؛ وجہ . (۲) دیکھو Reason .

Raisondetre : (n) [F.] (فلسفہ) علت غائی ؛ منشائے وجود ؛ مقصد حیات .

Raisonne : (a) [F.] منطقی ؛ مدلل ؛ عقلی ؛ معقول .

Catalogue raisonne : کیٹالاگ ؛ فہرست کتب (منظم اور ترتیب وار)-

Raith : (n) [Scot.] سال کا چوتھائی حصہ ؛ سہ ماہی .

Raj : (n) [Hindi 'Raj'.] راج سلطنت ؛ حکومت ؛ فرماں روائی .

Raja / Rajah : (n) [Hindi 'Raja'.] راجا .

Rajab : (n) [Arab.] ہجری سال کا ساتواں مہینہ ؛رجب ؛رجب المرجب .

Rajah-rat : (n) ایك قسم کا چوہا جو بیشتر ایشیا اور مشرقی ہندوستان میں پایا جاتا ھے ؛ راجا چوہا.

Rajahship : (n) راجا کا عہدہ ؛ راجا کا علاقہ ؛ راجاگیری ؛ (منصب) راجائی .

Rajpoot / Rajput : (n) [f. Skr. 'Raja + putra'.] راجپوت .

Rake : (n) [OE. 'Raca'.] (۱)جیلی ؛ کریدنی ؛ پانچا ؛ دانتی ؛ زمین ہموار کرنے یا گھاس وغیرہ کاٹنے کا آلہ . (۲) جھپکا ؛ جھانپی: جوئے کی میز یا بساط پر سے روپے سمیٹنے کا آلہ . (۳)(سماجیات) لُچّا ؛ (کان کنی) کریدنی؛ (جہاز رانی) میلان مستول نکاسا .(۴) ایك آلہ جو جلد سازی کے وقت جلد کی پشت کو چکنا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا . (۵)بہت ہی دبلا پتلا آدمی ؛ بداخلاق ؛ بیہودہ(عورت یا مرد) . (۶) چھیلنے والا ؛ کھر چنے والا؛ چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ .

As lean (also thin) as a rake : کریدنی یا جھپکا کی طرح نحیف ونزار .

Hand rake : دستی کریدنی .

Horse rake : وہ کریدنی جو گھوڑے کے ذریعہ استعمال کی جاتی ھے .

Rake : (n) [ON. 'Rak'.] (۱)(اسکا تستانی اور بول چال)راستہ؛ سڑك . (۲) چراگاہ . (۳) خام دھات کا ریشہ جو عمودی ھو. (۴) لیك ؛ لکیر ؛ نالی .

Rake : (n) [Perh. F. 'Rake(v).] (۱)جہاز کے اگلے حصہ میں نکلا ھوا (پھندا)؛ جہاز کی کجی ؛ آگے کی طرف . (۲)کسی بھی شے کا عمود کی طرف سے جھکاؤ ؛ جھکاؤ ؛ کجی ؛ خم ؛ موڑ.

Rake : (n) [Abbrev. of Rake hell] (۱)برے کردار کا آدمی ؛ بد چلن؛ آوارہ ؛ عیاش ؛ بدکردار . (۲) بدکردار عورت .

Rake : (v) [ME.] (۱)(جیلی وغیرہ سے) کریدنا ؛ اکھاڑنا ؛ نکالنا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ کھرچنا ؛ کھنچنا ؛ سمیٹنا ؛ صاف کرنا .

(۲)اچھی طرح تلاش کرنا؛ تلاشی لینا : چھان مارنا۔ (۳)ڈھك دینا : چھپا دینا (خصوصاً آگ کو راکھ یا کوئلے سے تاکہ اس کی تیزی کم ہو جائے)۔ (۴)(صاف کرنے یا مسطح بنانے کے لئے)جیلی یا کریدنی وغیرہ چلانا : (مجازاً) تلاش کرنا (جیلی وغیرہ سے)۔ (۵)گولے مارنا : گولوں کی بوچھاڑ کرنا :(خصوصاً جہازپر) گولہ باری کرنا ۔(٦)نظر دوڑانا : نگاہ ڈالنا : دیکھ ڈالنا : (ادھر سے ادھر تك) دیکھ جانا ۔ (۷) (گیند وغیرہ کو) ہوا میں اچھالنا ۔ (۸)شاہین کی طرح(بہ حالت پر واز) شکار کرنا : جھپٹا مارنا : حالت پرواز میں حملہ کرنا ۔ (۹) کھنکھارنا ۔ (۱۰) اوپر سے نیچے (گہرائی میں) لے جانا : ڈھکیل دینا ۔

To rake fore and aft : جہاز پر گولہ باری کرنا ۔

To rake off : گیند کو ہوا میں اچھالنا ۔

Rake : (v) [OE. 'Racian'.] (۱)راستہ بنانا : چلنا : ٹہلنا : پھرنا (اب بول چال) ۔ (۲) شکار کے بعد اچھلنا کودنا : شکار سے دور اُڑنا ۔ (۳)(شکاری کتے کا) زمین کو سونگھتے ہوئے دوڑنا ۔

To rake out (off, away) : شکار سے دور اُڑنا : شکار سے علاحدہ رہنا ۔

Rake : (v) [Origin unknown.] (۱)جہازکے اگلے یا پچھلے حصے کا پیندے سے نکلا ہوا ہونا ۔(۲)(مستول کا) جھکنا یا جھکا ہوا ہونا (جہاز کے پچھلے حصے کی طرف) ۔(۳)مڑا ہوا ہونا (پچھلے حصے کی طرف) ۔

Rake : (v) رند باش ہونا : عیاشی کی زندگی گزارنا : عیاش ہونا : آوارہ ہونا : فاسق و فاجر ہونا ۔

Rake-hell : (n) آوارہ: عیاش : بے حیا : فاسق : فاجر ۔

Rake off : (n) (روزمرہ) منافع کا حصہ : کمیشن ۔

Rake-vein : (n) خام دھات کا عمودی ریشہ ۔

Rakehelly : (n) آوارگی : عیاشی : بے حیائی : فسق : فجور ۔

Rakehelly : (a) آوارہ : عیاش : بے حیا ۔

Raker : (n) (۱)جیلی چلانے والا : جیلی سے سمیٹنے والا : جمع کرنے والا : پرانی پتیوں کو کاٹنے چھانٹنے والا ۔(۲)وہ آلہ جس سے گھاس وغیرہ برابر کی جاتی ہے : کریدنے والا آلہ : جیلی: کریدنی : چھپکا ۔

Raker : (n) (تعمیرات) مایل تھونی ۔

Raker : (n) (بول چال) تیز قدم : تیز چلنے والا ۔

Rakish : (n) اوباش : عیاش : رندصفت : اوباش مزاج ۔

Rakish : (a) [Origin unknown.] (۱)(جہاز رانی) سبك رو : تیز ۔ (۲) لاپرواہ : کھلنڈرا ۔ (۳) (شاہین کے ڈینے) خوبصورت: جاذب نظر ۔

Rakishly : (adv.) عیاشی کے طور پر : عیاشانہ : رندانہ ۔

Rakishness : (n) عیّاشی : رندی : اوباش مزاجی ۔

Rale : (n) [Origin unknown.] (طب) خرخرہ : کھنکھار(کی آواز) (جو پھیپھڑوں کی خرابی سے ہو) ۔

Rallentando : (n) [It.] (۱)موسیقی کی لَے کو دھیرے دھیرے کم کرنا ۔ (۲)(ہدایت موسیقی)(سُر دھیمے کرنے کا اشارہ) آہستہ آہستہ دھیما (کرو) ۔

Ralli-car/ -cart : (n) دو پہیا : ایك قسم کا تانگا : ٹمٹم(جس میں چار آدمی بیٹھ سکتے ہیں)۔

Rallied prices : (n) (معاشیات) عدد کردہ قیمتیں ۔

Ralline : (a) [mod. L. 'Rallus'.] (طیوریات) آبچلیك (پرندہ) سے متعلق یا اس کا یا اس سے مشابہ ۔

Rallus : (n) [L.] (حیوانیات) جنس آبچلیك ۔

Rally : (n) [f. Rally (v).] (۱)(خصوصاً منتشر فوج کا)مجمع : ہجوم : دوبارہ اجتماع : دوبارہ اجتماع کا اشارہ ۔(۲) تازہ دمی؛ تازگی :سنبھال : افاقہ : خصوصاً بیماری کے بعد صحت یابی۔ (۳) (ٹینس ، چوگان وغیرہ میں) تیز مقابلہ : الٹ پلٹ (گیند کی)۔ (۴) قیمتوں میں کمی کے بعد اضافہ ۔ (۵)(امریکا ، بول چال) سیاسی عوامی جلسہ ۔ (٦)(ڈراما) دل لگی : مسخراپن : مذاق : فقرہ بازی : چہل ۔(۷) (باکسنگ) قوت آزمائی کا علاحدہ مقابلہ ۔

Rally : (n) مذاق : ہنسی : تمسخر ۔

Rally (n) شاہراہ عام پر مقابلے کی دوڑ (خصوصاً موٹرکار وغیرہ کی)۔

Rally : (v) [Fr. 'Rallier'.] (۱)جمع ہوجانا یا کرنا(منتشر فوج کا) : دوبارہ لڑائی شروع کرنے کے لئے جمع ہونا : دوبارہ حملہ کرنا؛ دوبارہ اکٹھا ہونا ۔ (۲) مدد کے لئے بلانا : مدد کے

لئی آنا : مدد کے لئے لوگوں کو اکٹھا کرنا ۔(۲)(طبیعت کو) سنبھالنا : تازہ دم کرنا یا ہونا : پھر سے جان ڈالنا؛ پھر سے جان پڑنا؛(خوف، مرض وغیرہ کا اثر)دور کرنا؛ دور ہونا ۔ (۴)از سرنو کوشش کے لئے جمع ہونا ۔ (۵)قیمت کم ہونے کے بعد زیادہ ہو جانا : قیمت کا چڑھنا : اضافہ ہونا ۔ (۶)کسی خاص سمت میں تیز چلنا(جہاز وغیرہ کا)۔ (۷)اچانک چیخنا چلّانا ۔ (۸)(باکسنگ) دوبارہ حملہ کرنا : از سر نو حملہ کرنا ۔

Rally : (v) [Fr. 'Railler'.] ہنسی مذاق کرنا : تمسخر اڑانا : کسی کو تمسخر کا نشانہ بنانا : (کسی کو) عیاش قرار دینا : فقرہ بازی کرنا : دل لگی کرنا ۔

Rallying : (n) اجتماع : حملہ : حمایت : تازگی : افاقہ ۔

Rallying cry : (n) نعرہ (سیاسی یا جنگی)۔

Rallying point : (n) مقام اجتماع ۔

Rallyingly : (adv.) مذاق کے طور پر : ہنسی میں ۔

Ralstonite : (n) [f. name of J.C. 'Ralston'.] (معدنیات) نو پہلوی معدنی پتھر جس میں الونیم کا آبدار فلورائیڈ ، سوڈیم اور کیلشیم ہوتا ہے ۔

Ram : (n) [OE. 'Ram(m).'] (۱) (حیوانیات) مینڈھا : دنبہ : خصی : گوسفند : بھیڑ ۔ (۲) (علم النجوم) برج حمل : میش ۔ (۳)(انجینیئرنگ) کوبہ : دیوار کوب : دھرمٹ : دھمس: گرز قلعہ شکن ۔ (۴) (جہاز رانی) جہاز کی پھال یا نوک (جس سے دشمن کے جہاز پھوڑنے کا کام لیتے ہیں)؛ شاخدار جہاز : ناؤ پھالی : پھالی دار جنگی جہاز۔ (۵)موگری میخ وغیرہ (ٹھوکنے والی مشین کی) ۔ (۶)قلابہ؛ آب بردار : آلہ جس سے پانی اٹھاتے یا اونچا کرتے ہیں؛ (انجینیئرنگ) آب کش ۔ (۷) (پچّی کاری کی) ڈنڈی : داب ڈنڈی (میکانیات) فشارہ : دباؤ ڈاٹ ۔

Battering-ram : فصیل توڑنے کا آلہ : گرز قلعہ شکن ۔

Ram : (n) (جہاز رانی) لمبائی (پورے جہاز کی)۔

Ram : (v) [ME. 'Rammen'.] (۱) کوٹنا : دھمس یا کوبہ کرنا ۔ (۲) موگری چلانا ۔ (۳) ٹھونسنا : پھنسانا : ٹھوکنا (میخ وغیرہ کا) ۔ (۴) بٹھانا : دبانا : ٹھوک دینا ۔ (۵) (بندوق کو) گز سے ٹھونس کر بھرنا ۔ (۶) کوبہ مارنا : دے مارنا ۔ (۷) (سنگی جہاز کا دوسرے جہاز کو) پھالی سے چیر دینا : پھالی وار ۔ (۸) پوری تیزی اور طاقت سے چلنا یا چلانا ۔ (۹) ٹھونسنا : ڈھکیلنا (شخص ، چیز کا کسی چیز میں) : دبانا ۔ (۱۰) پاش پاش کرنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا : ریزہ ریزہ کرنا :دھکا دینا ۔ (۱۱) ہوا کو زور سے دبانا ۔ (۱۲) روک دینا : راستہ بند کر دینا : گھیرنا ۔ (۱۳)تہ بہ تہ رکھنا : جانٹ جانٹ کر رکھنا ۔ (۱۴) بھرنا؛ بھر دینا ۔ (۱۵) زور سے مارنا : پوری طاقت سے پیٹنا : پوری تیزی سے ہانکنا یا چلانا ۔

Ram : (a) [Scot origin.] (برطانوی بول چال) بدبودار : بسائندہ؛ شرائندہ ۔

Ram-cat : (n) (بول چال) بلاّ : بلی کا نر ۔

Ram-jaw : (adv.) [f. Ram(v) + Jam (v).] (بول چال اور عامیانہ) لبالب بھرا ہوا : ملبّب : خوب اٹا ہوا ۔

Ram-jet : (n) (ہوا بازی) ایک قسم کا جیٹ انجن ۔

Ram line : (n) (جہاز رانی) وہ خط جو مستول یا درخت پر درمیانی خط کو حاصل کرنے کے لئے کھینچا جائے ۔

Ram-rod : (n) (فوج) سُنبہ : گز ۔

Ram's horn : (n) (۱) وہ صندوق جس کی بغلوں میں سوراخ ہوتے ہیں اور جس میں مچھلیاں دھوئی جاتی ہیں ۔ (۲) شاخ قوچ؛ قلاب جر ثقیل ۔ (۳) بھیڑ وغیرہ کا سینگ :سینگ کی مصنوعات ۔

Ramadan/ Ramazan : (n) [Arab. 'Ramadan'.] ہجری سال کا نواں مہینہ : رمضان : ماہ رمضان : رمضان المبارک ۔

Ramal : (a) [f. L. 'Ramus'.] (۱) (نباتیات) شاخ کا یا اس سے متعلق؛ شاخی : فرعی : شعبی : ٹہنی کا ۔ (۲) (تشریح، حیوانیات) فرع جیسا : شاخ مانند ۔

Raman : (n) [Name of Sir. C.V. Raman.] رمن : مشہور ہندوستانی سائنس داں (ماہر طبیعیات) ۔

Raman effect : (n) (طبیعیات) رمن اثر ۔

Raman spectrum : (n) رمن شعاعی عکس : رمن طیف ۔

Ramble : (n) (۱) بے مقصد گھومنا پھرنا : آوارہ گردی : سیر : مٹر گشت ۔ (۲) طولانی تحریر ۔ (۳) انتشار : پریشانی: بے ربطی ۔ (۴) (نباتیات) خود اُگنا ۔

Ramble : (n) (کوئلہ کان) کوئلے کی گرد ۔

Ramble : (v) [Origin unkn.] (۱) بے مقصد گھومنا پھرنا : آوارہ گردی کرنا : مٹر گشتی کرنا : گشت لگانا ۔ (۲) بے جوڑ

باتیں کرنا : طولانی تحریر لکھنا : اناپ شناپ بکنا ۔ (۲) اچانک اُگنا : اچانک کھلنا (پھول وغیرہ کا) : خود رو ہونا ۔

Rambler : (n) (۱) جہاں گرد : سیلانی : بے مقصد مٹر گشتی کرنے والا ۔ (۲) (خصوصاً) گلاب کی بیل : قرمزی رنگ کا گلاب ۔

Rambling : (a) (۱) آوارہ گرد : بادیہ گرد : پھرنے والا : پیادہ رو ۔ (۲) (خیال) مربوط : بے تک : غیر مسلسل : اناپ شناپ۔ (۳) (پودے) بے قاعدہ : پھیلی ہوئی : اوپر نیچے چڑھتی ہوئی (بیلیں وغیرہ) ۔ (۴) (گلی کوچے کے مکانات) بے قاعدہ : بے قرینہ : بے ترتیب (بنے ہوئے) ۔

Rambling club : (n) (سماجیات) بزم سیّار : آوارہ گردوں کا کلب : بے فکروں کا کلب ۔

Ramblingly : (adv.) بے ربطی سے : بے قاعدگی سے : آوارہ گردی کے ساتھ ۔

Ramblingness : (n) آوارہ گردی : سیلانیت : بے ربطی : بے قاعدگی ۔

Rambunctious : (a) [Origin Unkn.] (۱) (امریکا ، عامیانہ) جنگلی : وحشی : غیر مہذب ۔ (۲) وہ جسے قابو میں رکھنا دشوار ہو : جو پالتو نہ ہو ۔

Rambutan/ -bootan : (n) [Malay. 'Rambutan'.] (۱) ایک ملایائی پھل جس کا رنگ چمکدار لال ہوتا ہے : ملایائی لیچی ۔ (۲) اس پھل کا درخت ۔

Ramean : (a) [f. Ramus+ -(e)an.] پیٹر ریمس (Peter Ramlus) کا مقلد یا اس کی وکالت کرنے والا ۔

Ramean : (n) ریمس کے نظریات کا حامی یا اس کا مقلد ۔

Ramekin/Ramequin : (n) [Fr. 'Raequin'.] پنیر پارے : پنیر کے ٹکڑے جو روٹی ، انڈے وغیرہ کے ساتھ تلے جاتے ہیں ۔

Rament : (n) (۱) (نباتیات) حول قشر : روئیں ۔ (۲) تراشہ : بہت ہی چھوٹی چیز یا چھوٹا ٹکڑا ۔

Ramentaceous/Ramental : (a) [Fr. 'Ramentum+ -aceous.] حول قشر سے ڈھکا ہوا : حول قشری یا حول قشری جیسا روئیں دار : روئیں سے ڈھکا ہوا ۔

Ramentum : (n) [L.] دیکھو Rament

Rameous : (a) [L.] شاخ دار : فرعی ۔

Ramessid/-ide : (n) [Gr.] ۱۹ ویں اور ۲۰ ویں صدی میں مصر کا ایک شاہی خاندان یا ایک بادشاہ ۔

Ramet : (n) [L. 'Ramus'.] (نباتیات) قَلمِیَہ : رامٹ : ایک قسم کا پودا ۔

Ramicorn : (n) [L. 'Ramus'.] (حیوانیات) شاخ قرنہ ۔

Ramie/Ramee : (n) [Malay. 'Rami'.] (۱) (نباتیات) چینی مچھوا : رامی : ایک قسم کا پودا ۔ (۲) اس درخت کا ریشہ ۔ (۳) رامی کا ریشہ جس سے ایک قسم کی سلک تیار کی جاتی ہے ۔

Ramification : (n) [f. mod. L. 'Ramificare'.] پیچیدگی : شاخ در شاخ : تشعب : تفریع : شاخہ زنی : شاخہ بندی : کسی درخت کی شاخوں کی ترتیب (خصوصاً) جزو : ریشہ : رگ : نالہ : پرنالہ ۔

Ramiform : (a) شاخ نما : شاخ دار : متشعب ۔

Ramify : (v) [F. 'Ramifier'.] (۱) شاخیں نکلنا : پھیلنا : شاخ در شاخ ہونا : شاخیں پھوٹنا : منقسم ہونا : متشعب ہونا یا کرنا ۔ (۲) شاخوں کا بڑھنا ۔ (۳) (خصوصاً تشریح میں) رگوں کا بڑھنا : ترچان کا بڑھنا ۔ (۴) مختلف شاخوں میں بننا : مختلف حصوں میں پھیلنا : شاخوں یا شعبوں کے ذریعہ پھیلانا یا بڑھنا ۔

Ramism : (n) [f. 'Ramus.'] ریمس کا منطقی نظریہ یا طریقہ جس کی بنیاد ارسطو کے نظریات کی تردید پر تھی ۔

Ramist : (n) [f. The name of Ramus (Pierr de la Ramee).] دیکھو Ramean

Ramist / Ramistic : (a) ریمس یا اُس کے نظریات کا یا اس کے متعلق ۔

Rammer : (n) (۱) دُھرمٹ : دُمرس : زمین کوب : کوبہ : تُخماق ۔ (۲) گز : توپ کا سنبہ ۔ (۳) پتھر وغیرہ کو پوری طاقت سے ہٹانے والا آلہ ۔ (۴) ایک آلہ جو کیمیائی تجربے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Rammish : (a) (اب بول چال) تیز بو والا : بدبودار : متعفن : جس میں سڑی بو ہو : بد مزہ ۔

Rammishly : (adv.) بدبوئی : بد مزگی ۔

Rammy : (a) دیکھو Rammish

Ramoon/ Ramon : (n) [Sp. 'Ramon, f. Ramo'.] ایک قسم کے درخت کا پتّا جو مویشیوں کے چارہ کے طور پر استعمال کیا

جاتا ہے .

Ramoon tree : (n) ایک قسم کا درخت .

Ramose : (a) [L. 'Ramosus'.] (نباتیات) کثیر شاخہ : شاخ در شاخ : کثیر الزوع : شاخدار : پُر شاخ .

Ramosely : (adv.) کثیر شاخی کے طور پر .

Ramp : (n) [OFr. 'Ramper'.] اوپر چڑھنے ، بڑھنے وغیرہ کا عمل .

Ramp : (n) [Fr.' Rampe'.] (۱) مائلہ : ڈھلاؤ : ڈھال : جھکاؤ (دیوار یا فصیل کا . (۲) (محراب کے دونوں سروں کی) سطح کا فرق . (۳) (زینے کی روک کا) خم : موڑ : (اوپر کی طرف) . (۴) (تعلیمات) فیل محراب سکو . (۵) جہاز پر چڑھنے کی سیڑھی کا خم . (٦) ڈھلوان راستہ : ڈھلوان سطح . (۷) پلیٹ فارم جہاں سے لکڑی وغیرہ لادی جاتی ہے . (۸) وہ کڑی (سیدھی یا ٹیڑھی) جو دیواروں کی سطحوں کو ملاتی ہے . (۹) اُہرن : ہوائی اڈے کا وہ غیر مسطح حصہ جہاں سے سامان وغیرہ لادا جاتا ہے .

Ramp : (v) [OF. 'Ramper'.] (۱) (خصوصاً شیر کا) پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا : دو پاؤں پر اٹھنا : ایستادہ کرنا : ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنا : دقت اور دشواری سے چڑھنا؛ پیٹ کے بل چڑھنا (بول چال) . (۲) چڑھ آنا : حملہ کرنے کے انداز سے کھڑا ہونا . (۳) (غصے میں) اچھلنا : کودنا : اچھل کود دکھانا : غصے میں بھرا ہونا . (۴)(عمارت کا) اتار یا چڑھاؤ ہونا : سطح میں فرق ہونا . (۵) (فوجی تعمیر) فصیل میں ڈھلاؤ ڈالنا : ڈھال پیدا کرنا . (٦)(پودوں کا) چڑھنا : اوپر جانا : اوپر چڑھنا : بے حد افراط سے بڑھنا (بول چال) . (۷)(بول چال) دیکھو Romp . (۸) چھلانگ مارنا : کودنا : اچھلنا : سبک رفتاری سے چلنا (وحشیانہ طور پر). (۹) (جہاز رانی) ہوا کے آگے آگے چلا جانا : بھاگتے چلا جانا : تیزی سے تیرنا .

Ramp : (v) [Origin obsc.] (۱) (عامیانہ) فرضی قرضے کی دھونس دینا :فرضی قرض بنانا : روپیہ مانگنا . (۲) لوٹنا : بہت زیادہ قیمت وصول کرنا : لٹس مچانا .

Rampage : (n) [f. next.] تندی : طیش : دیوانہ پن کی حرکتیں : مجنونانہ حرکتیں : غصہ : جنجال : دادو بیداد کرنا : غوغا : طغیان : سرکشی .

On the rampage : غصہ : طیش میں : سرکشی کی حالت میں.

Rampage : (v) [Orig. Sc. of obsc. origin.] (۱) داد و بیداد کرنا : دیوانگی کرنا : بگڑنا : پھرنا : غصہ کرنا . (۲) آپے سے باہر ہو جانا : غصے میں دوڑے دوڑے پھرنا : وحشی طور پر ادھر ادھر مارے مارے پھرنا .

Rampageous/Rampacious : (a) (۱۱) دیوانہ وار : غضب ناک : وحشی: گستاخ : سرکش : از خود رفتہ . (۲) تند : تیز : اُدھم مچانے والا . (۳) شدید : سخت : حد سے زیادہ : غیر معمولی .

Rampageously : (adv.) (۱) مجنونانہ : غضب ناکی کے ساتھ: وحشیانہ طور پر . (۲) تندی کے ساتھ : شدت کے ساتھ .

Rampageousness : (n) تندی : شدت : حالت غضب : دیوانہ واری : غصے کا جنون .

Rampancy : (n) استادگی : شدت : غلبہ : افراط : بہتات : دیوانگی .

Rampant : (a) [F. 'Rampant'.] (۱) (درندہ خصوصاً شیر) ہوا میں اگلا پیر اٹھایا ہوا : کھڑا ہوا . (۲) (نفسیات) (شیر کے لئے) ایستادہ : پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا . (۳) پر شدت: متشدد : کھڑا : سخت : زبردست : پورا : مانا ہوا . (۴)محیط : حاوی : پھیلا ہوا : چھایا ہوا : مفرط . (۵)زائد (از ضرورت) مفرط : فضول : جو افراط یا بہتات سے ہو . (٦) (عمارت) اونچی اونچی محراب کی: چڑھتی ہوئی محراب کی . (۷) (چیز) بے ضبط : بے قابو : بلا ممانعت : ناگوار . (۸) (پودے اور ان کا بڑھنا) جو بے حد افراط یا بہتات سے ہو : ضرورت سے زیادہ : بیکار : خود روئیدہ : گج گجایا ہوا : فراواں . (۹) کج خلق : بد اخلاق .

Rampant arch : (n) (انجینیئرنگ) مائلہ محراب .

Rampantly : (adv.) بپھرتے ہوئے : کھڑے ہوئے : شدت سے : افراط سے.

Rampart : (n) [F. 'Rempart'.] (۱) (قلعہ بندی) دھس : دمدمہ : پشتۂ قلعہ: مورچہ . (۲) پناہ : آڑ : پشت و پناہ : حفاظت کا سامان.

Rampart : (v) مورچہ بندی کرنا : قلعہ بنانا : دھس بنانا : حفاظت یا مدافعت کا سامان کرنا .

Rampion : (n) [Fr. 'Raiponce'.] (۱) (نباتیات) ایک پودا جس کا پھول گھنٹی نما ہوتا ہے : Bell flower کی جنس کا پودا : ولایتی عشق پیچاں جس کی جڑوں کا اچار بناتے ہیں) . (۲) Phyteuma جنس کا ایک پودا .

Rampire/ -pier : (n & v) دیکھو Rampart

Ramsdem eye-piece : (n) (بصریات) چشمۂ رمسڈی : مسبّت چشمہ ۔

Ramshackle : (a) [later Var. of next.] (۱) سوکھے کا (مریض) : کمزور : شکستہ : ٹوٹا پھوٹا : خراب و خستہ : کاجو بھوجو : ہلڑ جلڑ : گہرا : بودا ۔ (۲) (شخص) سیدھا سادہ : غیر مہذب : غیر متمدن : جاہل : بے قاعدہ : بے اصول : بے ضابطہ : بے ڈھنگا (خاص کر بول چال) ۔

Ramshackle : (v) [f.Ransark + -le.] بکے جانا : تڑتڑ گفتگو کرنا : بڑ بڑ لگانا ۔

Ramshackled : (a) غارت گری کیا ہوا : تباہ شدہ : تاخت و تاراج کیا ہوا : برباد کیا ہوا ۔

Ramson : (n) [OE. 'Hramsan'.] (نباتیات) لہسن : لہسن کی گٹھی : (سلادی) لہسن ۔

Ramulose : (a) [L. 'Ramulosus'.] (نباتیات) شاخ دار ۔

Ramulous : (a) دیکھو Ramulose

Ramulus : (n) [L. dim. of 'Ramus'.] (نباتیات اور تشریح) شاخچہ : چھوٹی شاخ : شاخك : ٹہنی ۔

Ramus : (n) [L.] (۱) (تشریح) زائدۂ عظم ۔ (۲) (حیوانیات) شاخہ : شاخۂ عصب ۔ (۳) (نباتیات) شاخ : فرع : ڈنڈی ۔ (۴)(طیوریات) دیکھو Barb (n) ۔

Ramuscule : (n) [Late L. 'Ramusculus'.] (نباتیات) شاخك : شاخچہ : چھوٹی شاخ : ٹہنی ۔

Ran : (n) [origin unkn.] (چند گز) ستلی (کا ایك پیمانہ) : ستلی کا لچھا ۔

Ran : (فعل ماضی) دوڑا ۔

Rana : (n) [Hindi 'Rana'.] رانا : ہندوستانی شہزادہ ۔

Rana : (n) [L.] (حیوانیات) جنس مینڈك : جنس غوك ۔

Rance : (n) [Prob. of F. Origin.] رنگین مرمر : سنگ شہابی ۔

Rance/Ranse : (n) [Perh a. F. 'Ranche'.] سلاخ : سیخ یا ڈنڈا : جس پر ٹیك لگایا جائے : ٹیکن : سہارا ۔

Ranch : (n) [f. Rancho.] (۱) جھونپڑی ۔ (۲) (امریکا) مویشی خانہ : مویشی باڑہ : کار خانہ : افزائش نسل چوپایہ : مویشی خانے کا ملازم ۔ (۳) مزروعہ : کھیت ۔

Ranch : (v) (۱) مویشی خانہ چلانا : مویشی خانے کا انتظام کرنا : مویشی خانے میں زندگی گزارنا یا ملازمت کرنا ۔ (۲)مویشیوں کی دیکھ بھال کرنا : مویشیوں کو کھلانا پلانا ۔

Rancher : (n) مویشی خانے کا مالك : مویشی خانے کا ملازم : مویشی خانے کا منتظم : گلہ بان ۔

Ranchero : (n) [SP. 'Rancho'.] دیکھو Rancher

Ranching : (n) مویشی خانے میں مویشیوں کی پرورش کرنا : مویشیوں کی تعداد بڑھانا ۔

Ranchman : (n) دیکھو Rancher

Rancho : (n) [SP.] دیکھو Ranch

Rancid : (a) [L. 'Rancidus'.] بدبودار : بد مزہ : سڑ اند : بسا ندا : سڑا ہوا ۔

Rancidity : (n) (طب) بدبوئی : بدبو : سڑاند : بساند پن ۔

Rancidly : (adv.) سڑاند کے طور پر : بد مزگی کے ساتھ ۔

Rancidness : (n) دیکھو Rancidity

Rancorous : (a) [OFr.] پُر کینہ : کینہ ور : معاند : بغض رکھنے والا : عداوت رکھنے والا : کینہ توز ۔

Rancorously : (n) معاندانہ انداز میں : کینہ ورانہ : بغض کے ساتھ : عداوت سے ۔

Rancorousness : (n) کینہ وری : عداوت : بغض ۔

Rancour/Rancor : (n) [OF. 'Rancour'.] کینہ : عداوت : بغض : عناد : پرانی دشمنی ۔

Rand : (n) [OE. 'Rand'.] (۱) گوشت کا ٹکڑا (بول چال) ۔ (۲)چمڑے کا ٹکڑا جسے بیچ میں رکھ کر جوتے میں ایڑی لگا تے ہیں: ایڑی تلا ۔ (۳) (جنوبی افریقہ کے محاورے میں) دریا کے دونوں طرف کی اونچی زمینیں : بانگر : کناروادی ۔ (۴) لوہے کا لمبا پتلا ٹکڑا ۔ (۵) ٹوکری بننے کا ایك خاص طریقہ: ٹوکری کی ایك بنائی ۔ (۶)(جنوبی امریکا) ایك قسم کا سکّہ ۔

Randan : (n) [Perh. Var. of 'Rander'.] رنگ رلیاں : صحبت مے نوشی (خاص کر دریا پر) ۔

On the randan : رنگ رلیوں میں مشغول ۔

Randan : (n) [Origin unkn.] (۱) کشتی کھینے کا ایک طریقہ جس میں تین آدمی کام کرتے ہیں ۔ (۲) کشتی جسے اس طرح چلایا جائے) : نکڑ ناؤ ۔

Randan : (adv.) کشتی کے کھینے کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں تین آدمی کی ضرورت پڑتی ہے ۔

Randiness : (n) بڑدنگاپن : چلبلا پن : بے چینی : مستی : بے قراری : شہوت ۔

Randing : (n) ٹوکری بنائی کا ایک طریقہ ۔

Random : (n) [OFr. Randon, f. 'Randir'.] (۱) زور : تیزی : شدت ۔ (۲) بلا مقصد : بے قید : بلا توجہ : بغیر سوچے سمجھے۔ (۳) (کان کنی) رخ (خام دھات کے عمودی ریشے کا) ۔

Random : (a) (۱) اٹکل پچو : بے تک : باد ہوائی : اوٹ پٹانگ : بے سوچی سمجھی ۔ (۲) (چنائی) بے ترتیب : انگھڑ پتھر والی : بے جوڑ : بے بنیاد : بے قاعدہ ۔ (۳) بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے ۔

At random : بغیر مقصد کے : بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے : اٹکل پچّو : بغیر کسی منصوبے یا ارادہ کے : اچانک: بے سوچے سمجھے : بے مقصد ۔

Random : (a) (۱) (شماریات) کسی آبادی کے شمار کے بارے میں اُس طریقے سے متعلق جس میں اُس کے حقیقی اور فرضی ہونے کی گنجائش ہوتی ہے : اندازی رائے شماری سے متعلق ۔ (۲) اندازی رائے شماری پر مبنی یا اُس سے حاصل شدہ نتیجہ ۔

Random error : (n) (شماریات) بلا ارادہ غلطی ۔

Random rubble : (n) (تعمیرات) بے ترتیب روڑے ۔

Randomization : (n) (اشیاء کی) اٹکل پچو ترتیب : (تجربات وغیرہ میں) اندازی انتخاب ۔

Randomize : (v) دیکھو Randomization

Randomized : (a) اٹکل پچو ترتیب دیا ہوا : اندازی انتخاب کیا ہوا ۔

Randomly : (adv.) اٹکل پچو : بغیر کسی سلسلے یا مناسبت کے : بے سوچے سمجھے ۔

Randomness : (n) بے ترتیبی : بے مقصدی ۔

Randy : (a) [Perh. f. 'Rand'.] (۱) (اسکاتستانی) شور مچانے والا : بڑ دنگا : چلبلا ۔ (۲) (مقامی بولی) (جانور وغیرہ کے لئے) بھڑکنے والا : بے چین : بے قابو ۔ (۳) مست : شہوت سے بے قرار : پُر شہوت : مجامعت کے لئے ۔ (۴) غیر منتظم: غیر مرتب : منتشر ۔

Randy : (n) (۱) (اسکاتستانی) بیہودہ بھکاری ۔ (۲) (اسکاٹ) بدکار عورت : فاحشہ عورت : پیشہ ور عورت : حد سے زیادہ مباشرت کی خواہش مند عورت : رنڈی ۔

Ranee : (n) [Hindi. 'Rani'.] رانی : راجا کی بیوی ۔

Rang : (۱) (باز وغیرہ کا) منڈلانا : چکر کاٹتے ہوئے اڑنا ۔ (۲) (لومڑی کا شکاری کتوں کے آگے) چکر میں دوڑنا ۔ (۳) احاطہ کرنا : حلقے میں لانا : دائرہ بنانا: حلقہ بنانا۔ (۴) (شکار یا مویشی کو) چاروں طرف سے گھیر کر ہانکنا : ہانکا کرنا ۔ (۵) انگوٹھی یا چھلاً پہنانا ۔ (۶)ناک میں نتھنی ڈالنا : ناتھنا (بیل وغیرہ کو) : پاؤں میں بیڑی ڈالنا ۔ (۷) دیکھو Ring-bark ۔ (۸) پیاز، سیب وغیرہ کے لچھے تراشنا ۔ (۹) گھیر لینا: احاطہ کر لینا : دائرہ بنا لینا ۔ (۱۰) کسی چیز کو حلقہ جیسا رکھنا : (پرند کے) پاؤں میں پہچان کے لئے حلقہ یا چھلاً ڈالنا ۔

Rangatira : (n) (۱) نیوزی لینڈ کا سربراہ ۔ (۲) نیوزی لینڈ کا نمایاں شہری : مجسٹریٹ ۔

Range : (n) [OFr. 'Range'.] (۱) قطار : صف : سلسلہ : لائن : پاڑی سلسلہ ۔ (۲) سمت : رخ (جس میں کوئی چیز واقع ہو)۔ (۳)(خصوصاً امریکا) شہر کا سلسلہ (چھ میل چوڑائی میں) ۔ (۴) (ریاضیات) خط مستقیم پر نقطوں کا مجموعہ : خط مرکزی : منطقہ ۔ (۵) شکار گاہ : چراگاہ ۔ (۶) چاند ماری یا نشانہ بازی کا میدان ۔ (۷) حلقہ : مقام : دائرہ : رقبہ : حدود : دور: وسعت : حد بندی ۔ (۸) مدارج : مراتب : (مقررہ) مقدار یا سلسلہ : راجہ (مقیاس الہرا کا) ۔ (۹)مار: ٹپّا : فاصلہ (بندوق کا) : زد : مار (گولی کی) ۔ (۱۰) چولہے دان : ولایتی چولہا۔ (۱۱) پیمائش: گردش ۔ (۱۲) (طبیعیات) حیطہ : سلسلہ کوہی (جنگل) ریخ ۔ (۱۳) کام کرنے کا موقع : وہ کام جس میں طاقت صرف ہو : غیر مادی ۔ (۱۴)کمپاس؛ رجسٹر آلات (خصوصاً آلات) ۔ (۱۵) صلاحیت: لیاقت۔ (۱۶) باور خانہ : باورچی خانہ ۔ (۱۷)(جہاز رانی) (جمع میں) رسوں کو باندھنے کے لئے لکڑی کے ٹکڑے ۔ (۱۸) (کسی چیز کی) لمبائی یا چوڑائی (مثلاً شیشے ، تاؤ ، چمڑا) ۔ (۱۹) (جوتا سازی) جوتے کے پچھلے حصے کی سخت دھجّی کے اوپر کی لکیر ۔

Range : (v) [Fr. 'Ranger'.] (۱) ترتیب دینا : صف بندی کرنا :

آراستہ کرنا : مرتب ہونا : آراستہ ہونا : قطار در قطار ہونا : قطار میں کھڑا کرنا : لائن میں رکھنا : (فوج) آراستہ کرنا : درست کرنا ۔ (۲) پھیلا ہوا ہونا : مسلسل چلا جانا : (مختص مقامات میں) واقع ہونا : پایا جانا ۔ (۳) مختلف مدارج میں ہونا : درجہ بہ درجہ یا قسم بہ قسم ہونا : درجہ بندی کرنا : مختلف درجوں میں تقسیم کرنا ۔ (۴) ہم پلّہ ہونا : زمرے میں ہونا : صف میں ہونا ۔ (۵) مارا مارا پھرنا : گشت لگانا : گھومنا ۔ (۶) (بندوق کا) مار کرنا (ایک خاص فاصلے تک): ٹپّا ہونا (گولی وغیرہ کا) ۔ (۷)(کسی جگہ) پورا چکّر لگانا : (ساحل یا سمندر کے قریب) کشتی چلانا : کشتی میں پھرنا ۔ (۸)(شخص یا اشخاص کو)کسی مخصوص حالت، مقام ، محل ، جگہ پر بٹھانا ۔ (۹) (چیز) ترتیب و تنظیم سے رکھنا : قطار میں رکھنا ۔ (۱۰) (جہاز رانی) لنگر کی زنجیر کو ترتیب سے رکھنا ۔ (۱۱) با اصول زندگی گزارنا : با اصول طریق زندگی اختیار کرنا ۔ (۱۲) (تعمیرات) بڑھانا :اضافہ کرنا : ایک سیدھ میں بڑھانا ۔ (۱۳)(خصوصاً طباعت میں) (ٹائپ ، لائن صفحات میں) اضافہ کرنا ۔ (۱۴) (کوئی) عہدہ یا (کوئی) مقام حاصل کرنا : قبضہ کرنا ۔ (۱۵) (پودے کا) مخصوص علاقہ اور مخصوص وقت میں بڑھنا ۔ (۱۶) مویشی خانے میں مویشی کی پرورش و پرداخت کرنا ۔ (۱۷) مورچہ لینا : مورچہ بندی کرنا ۔ (۱۸) کسی خاص علاقے میں رہنا : کسی خاص علاقے کا ہونا ۔ (۱۹) بدلنا یا مختلف ہونا: (محدود طور پر)۔ (۲۰) کسی چیز کے محل وقوع کو کسی آلے کے ذریعہ معلوم کرنا ۔

To range oneself : دنیا میں اپنا ٹھور ٹھکانا کر لینا : شادی وغیرہ کر کے ٹھکانے سے زندگی بسر کرنا ۔

Range-finder : (n) (۱) (فوج) زر نما : (بندوق کی) مکھی ۔ (۲)(فوٹو گرافی)حدّ گیر : حدّ نما : فاصلہ پیما کیمرہ ۔

Range-heads : (n) (جہاز رانی)ستون آہنجہ ۔

Range land : (n) مورچہ کے لئے مناسب مقام ۔

Range light : (n) وہ روشنی جو کشتی وغیرہ کی رہنمائی کے لئے ہوتی ہے ۔

Range work : (n) (۱) ایسا کام جو سنجیدہ چہرہ بنا کر کیا جائے ۔ (۲) اینٹ کو تہ بہ تہ رکھنا (بھٹّا لگانے کے لئے) ۔

Ranger : (n) (۱) ترتیب دینے والا : درست کرنے والا : مارا مارا پھرنے والا : با اصول زندگی گزارنے والا : قطار میں کھڑا ہونے والا ۔ (۲) برطانوی شاہی پارک یا جنگل کا محافظ خصوصاً وہ شاہی افسر جسے پہلے جنگل میں گشت کرنے یا لگانے ، درندوں کا پتہ لگانے ،ہرن کی دیکھ بھال کرنے اور مسافروں کو بچانے کے لئے بحال کیا جاتا تھا : زمین جنگل ۔ (۳) (شاہی باغ کا) مہتمم ۔ (۴) جہاں گرد : مارا مارا پھرنے والا ۔ (۵) (جمع) سوار : سوار فوج (خصوصاً The Connaught Rt.) ایک برطانوی رجمنٹ کا نام ۔ (۶) جانوروں کا شکار کرنے والا (جانور) : شکاری جانور ۔ (۷) (برطانیہ، کناڈا وغیرہ میں) Girl guide(گرل گائیڈ) کا سینئر ممبر ۔

Rangership : (n) جنگل یا پارک کے مہم کا عہدہ : عہدۂ مہتمم باغ ۔

Ranging : (n) (فوج) زد گیری : ہدف گیری : میزان سازی ۔

Ranging fancy : (n) ہر جائی پن : بے وفائی ۔

Ranging rod : (n) (سروے) خط اندازی : ڈنڈا ۔

Rangoon : (n) (۱) برما کی راجدھانی رنگون کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رنگون میں رائج طرز یا طریقہ ۔

Rangy : (a) (۱) (خصوصاً امریکا) ہوا دار : کھلا ہوا : وسیع (کمرہ وغیرہ) ۔ (۲) پہاڑی : کوہی : کوہستانی ۔ (۳) بڑی جسامت کا (جانور) : لحیم شحیم (جانور) ۔ (۴) لمبے پیروں والا (آدمی) ۔

Rani : Ranee کا متبادل ۔

Raniform : (a) [f. L. Rana + Form.] مینڈک نما : غوک شکل ۔

Ranine : (a) [mod. L. 'Raninus'.] (۱)(حیوانیات)ضِفرعی : غوکی ۔ (۲) (تشریح) زیر زبانی : نوک زبان کے زیری حصے سے متعلق ۔

Ranine artery/ -vein : (n) نوک زبان کا زیریں حصہ ضفدع ۔

Rank : (n) [Fr. 'Ranc'.] (۱) صف : قطار (خصوصاً گاڑیوں کا سلسلہ جس میں ایک کے پیچھے کھڑی ہوئی شطرنج کے خانوں کی افقی قطار ۔ (۲) (فوج کا) پرا : صف : (جمع میں The کے ساتھ) بٹالین : فوج : (فوج) غیر کمیشنڈ ۔ (۳)ترتیب: سلسلہ ۔ (۴) طبقہ : مرتبہ : اعلیٰ طبقہ ۔ (۵)درجہ : مقام : (سیاسیات) عہدہ : جگہ (سلسلہ میں) : اعلیٰ مقام: امتیازی حیثیت : اعلیٰ سرکاری عہدہ: اعلیٰ فوجی عہدہ ۔ (۶) (نباتیات) سیر حاصل : کثیر النمہ. (۷) منظم : مرتب : ترتیب ۔ (۸) مقام الفاظ (دوسرے لفظ یا الفاظ کی مناسبت سے) ۔ (۹) ترتیب شمار. (۱۰) کوئلے کی ایک قسم ۔

In rank and file : قطارمیں : لائن میں ۔

Out of rank : قطار سے علاحدہ ۔

The rank/- and file : (مجازاً) عوام : بھیڑ : معمولی یا عام سپاہی : نیچے درجے کے سپاہی ۔

To break rank : قطار سے ہٹ جانا : قطار توڑنا۔

To keep rank : قطار میں رہنا۔

To rise from the rank : معمولی عہدے سے اعلیٰ عہدے پر ترقی کرنا : معمولی سپاہی کا کمیشنڈ عہدے پرترقی کرنا : اپنے بل بوتے پر ترقی کرنا : بڑھنا ۔

Rank : (a) [OE. 'Ranc.'] (۱) مضبوط : طاقت ور :بااختیار : سر پھرا: مغرور ۔ (۲) بیحد طویل : اوسط لمبائی سے بلند : زیادہ بڑھا ہوا ۔ (۳) جو بیحد افراط یا بہتات سے ہو : ضرورت سے زیادہ : بیکار : نکمّا : خود روئیدہ : گچ گجایا ہوا : مِٹا ہوا (گھاس وغیرہ یا بیکار روئیدگی سے) ۔ (۴) بدبو دار : متعفن : سڑاند : سڑا ہوا : گندہ : نجس : غلیظ ۔ (۵) نفرت انگیز: مکروہ : بیہودہ : ناشائستہ : فاسد ۔ (۶)نمایاں : صاف صاف : کھلا ہوا : فاش : فاحش : سخت : شدید : تند: تیز : پر جوش ۔ (۷)بھیڑ : بہت زیادہ ۔ (۸) (ٹیکنیکل) نکلا ہوا : باہر کی جانب نکلا ہوا ۔

Rank : (v) (۱) صف باندھنا : قطار میں کھڑا کرنا (فوج کو) : صف بندی کرنا : ترتیب دینا : درجہ بندی یا تقسیم کرنا : درجہ بندی کرنا ۔ (۲) صف میں جگہ دینا :صف میں جگہ پانا : زمرے میں ہونا : (فوجی اصطلاح میں) کوچ کرنا : گزرنا :قطار میں آگے بڑھنا ۔ (۳) (امریکا) سبقت لے جانا : مقدم ہونا ۔ (۴) مقام حاصل کرنا : جگہ لینا (قطار میں) ۔ (۵) (قانون) تقاضا کرنا : مطالبہ کرنا (قرض وغیرہ) ۔

Rank and file : (n) (۱) مسلح فوج کے درج فہرست افراد ۔ (۲) کسی قوم ،سماج ، تنظیم یا ادارہ میں شامل افراد ۔ (۳)کسی تنظیم کی عمومی رُکنیت ۔

Rank order : (n) عہدے کے اعتبار سے ترتیب ۔

Ranker : (n) (۱) فوج کا وہ افسر جو ابتداء میں معمولی سپاہی رہا ہو۔ (۲) صف میں کھڑا ہونے والا : صف کو ٹھیک کرنے والا ۔ (۳) قطار کا سپاہی : وہ فوج جو صف میں ہو۔

Rankish : (a) نسبتاً زیادہ ۔

Rankle : (v) [OFr. 'Rancler'.] (۱) جان لیوا ہونا : ٹیس مارنا (درد وغیرہ کا) : بہت زیادہ تکلیف دہ ۔ (۲) غصہ ہونا : غصہ دلانا : اشتعال دینا : آپے سے باہر ہونا : تکلیف دہ: تکلیف میں ڈالنا ۔ (۳) (رنج ، حسد وغیرہ کا دل میں) کھٹکنا : خلش ہونا۔

Rankling : (a) جان لیوا : تکلیف دہ : مشتعل : غصے میں بھرا ہوا ۔

Rankly : (adv.) بیحد افراط سے : مکروہ طریقے سے : شدت کے ساتھ ۔

Rankness : (n) عہدے کے اعتبار سے ترتیب ۔

Rann : (n) [Ir. Gael.] پیراگراف خصوصاً کسی گیت کا ۔

Ranny : (n) [Origin unkn.] ایک معمولی نسل کا بچھڑا ۔

Ransack : (v) [On. 'Rannsaka'.] (۱) اچھی طرح ٹٹولنا : تلاش کرنا : ڈھونڈ مارنا : ڈھونڈنا : چھان مارنا ۔ (۲) لوٹ لینا : غارت کرنا : برباد کرنا : تاخت و تاراج کرنا ۔ (۳) ٹھیک سے جانچ کرنا : چھان بین کرنا ۔

Ranksack : (n) (۱) تلاش : جستجو : چھان بین ۔ (۲) لوٹ مار : غارت گری ۔

Ransacker : (n) (۱) تلاش کرنے والا : ڈھونڈنے والا: متلاشی ۔(۲)تاخت و تاراج کرنے والا ۔

Ransom : (n) [OF. 'Rancom, Raencon'.] (۱) فدیہ : تاوان : زررستگاری (قیدی کو آزادی دلانے کے عوض میں) ۔ (۲) رہائی :مخلصی : رستگاری (رقم فدیہ کے عوض میں) ۔ (۳) نذرانہ : ڈنڈ (جو کسی ناجائز رعایت کے عوض وصول کیا جائے): قیمت رہائی ۔ (۴)(سیاسیات) جزیہ : (قانون) خون بہا :(دینیات) کفّارہ ۔

A king's ransom : کثیر رقم : کثیر تاوان یا عوض : بیش بہا : نہایت قیمتی ۔

To hold to ransom : فدیہ لے کر آزاد کرنا : تاوان لے کر چھوڑنے پر تیار ہونا ۔

Ransom : (v) [OFr. 'Ransonner'.] (۱) (فدیہ پر) رہا کرنا : آزاد کرنا : تاوان لے کر چھوڑنا ۔ (۲) روپیہ دے کر معاملہ ہموار کرنا : رقم دے کر سمجھوتہ کر لینا : نجات نعم البدل ہونا: نجات دینا : بچانا ۔ (۳) رقم دے کر زندگی بچانا: آزادی خریدنا فدیہ دے کر :چھڑانا روپیہ دے کر۔ (۴) جرمانہ دینا : فدیہ دینا : تاوان ادا کرنا : ڈنڈ بھرنا ۔ (۵) تلافی کرنا : کفارہ دینا : ہر جانہ دینا : نقصان ادا کرنا ۔ (۶) فدیہ مانگنا : فدیہ چاہنا : فدیہ وصول کرنا: ڈنڈ لینا۔

Ransom bill/-bond : (n) اقرار : تحریر فدیہ : فدیہ نامہ خصوصاً وہ جو گرفتار کئے ہوئے جہاز کی طرف سے لکھا جائے ۔

Ransomer : (n) وہ جو آزاد کراتا ہے : فدیہ دینے والا یا لینے والا : نجات دہندہ : رہائی حاصل کرنے والا ۔

Ransomless : (a) بغیر تاوان کے : بغیر فدیہ : بغیر جزیہ کے ۔

Ranstead : (n) [Origin unkn.] گل کتان : گل وحشی ۔

Rant : (n) [DU. 'Randten, Ranten'.] (۱) لسانی : لفاظی : لمبی چوڑی تقریر : بکواس : لامعنی بات : لمبی پر جوش تقریر (خصوصاً ملامت کی) : ہجو : وعظ (طنزیہ ملامت) : بیہودہ گوئی : یاوہ گوئی ۔ (۲) لفاظی: بکواس کی حالت یا صفت ۔ (۳) بیہودہ زبانی :بیجا بات ۔ (۴)خطیبانہ انداز : جذباتی ، ہیجانی طرز تقریر : جذباتی اظہار خیال ۔ (۵) (بول چال اور اسکاتستانی) مے نوشی کا دور : رنگ رلیاں ۔

Rant : (v) (۱) لفاظی کرنا یا دکھانا : عبارت پردازی کرنا : یا وہ سرائی کرنا : بیہودہ بکنا : لا یعنی گفتگو کرنا : باتیں بنانا : لسّانی کرنا ۔ (۲) (تھرک تھرک کے) تقریر کرنا : لمبی چوڑی تقریر کرنا : تھیٹر کے انداز سے تقریر کرنا : بھاؤ بتا بتا کر گفتگو کرنا : خطیبانہ انداز میں کہنا ۔ (۳)چلاّ چلاّ کر وعظ کہنا : گلا پھاڑ نا ۔ (۴)بد گوئی کرنا : بد کلامی کرنا ۔ (۵) رنگ رلیاں منانا : عیش و نشاط میں مبتلا ہونا ۔

Ranter : (n) (۱) لسّانی کرنے والا : لفّاظ : یاوہ سرا : یا وہ گو ۔ (۲) (خصوصاً) Antinomians فرقے کا رکن :Primative Methodist جماعت کا واعظ ۔

Ranterism : (n) فرقہ میتھوڈسٹ کا عقیدہ ۔

Rantingly : (adv.) لفاظی کے طور پر: یاوہ گوئی کے ساتھ :بیہودہ گوئی کے طور پر ۔

Rantipole : (V) [Origin unkn.] وحشی گری کرنا: ہرزہ گوئی کرنا: بیہودہ گوئی کرنا : ہڑدنگا مچانا : شور و ہنگامہ کرنا۔

Ranty : (a) عیاشی کی : عیش پرستی کی : بد مستی کا : مشتعل : محرک : بر انگیختہ (جذبات) وحشی : انقلابی ۔

Ranula : (n) [L. 'Ranula'.] (طب) تیندوا : ضفدع : ضفدع اللسان ۔

Ranular : (a) ضفدع اللسان سے متعلق ۔

Ranunculaceous : (a) [f. next.] (نباتیات) شقیقی : شقیقہ : جدّواری : لالوی ۔

Ranunculus : (n) [L.] جنس جدوار : جنس لالہ : گل دار پودوں کی ایک قسم ۔

Rap : (n) [Prob. echoic.] (۱) ہلکی ضرب : ہلکا مکّا : ہلکی مار ۔ (۲) کھڑ کا : کھٹکا : دستک (دروازے وغیرہ پر) ۔ (۳)مخالف تنقید : نکتہ چینی : الہام رسمی : شکایت رسمی ۔ (۴) مجرمانہ الزام : مجرمانہ لاگت یا قیمت : سخت سر نش ۔

Rap : (n) [Origin unkn.] (۱) نقلی سکہ (نصف فاردنگ کی قیمت کا اٹھارھویں صدی عیسوی میں نصف چینی کے لئے آئر لینڈ میں پاس کیا ہوا کیونکہ اصلی سکے کا فقدان ہو گیا تھا) ۔ (۲) چھوٹا سکہ ۔ (۳) (مجازاً) ذرہ : ریزہ : پر کا ۔

Not to care a rap : ذرہ برابر پرواہ نہیں ۔

Rap : (n) (عامیانہ) الزام : ملامت : سرزنش : تنبیہ : زجرو توبیخ : جرم کی وجہ سے سزا ۔

To take the rap : اپنے سر الزام لینا : سزا بھگتنا ۔

Rap : (n) گفتگو : مکالمت : بات چیت : کلا م ۔

Rap : (v) (عامیانہ امریکا) گفتگو کرنا : بات چیت کرنا ۔

Rap : (v) (۱) دستک دینا : آہستہ سے مارنا (خصوصاً گھٹنے وغیرہ پر) : کھٹکا کرنا ۔ (۲) کھٹکھٹانا : تھپتھپانا : زور سے پیٹنا (دروازہ) : دروازہ پیٹنا ۔ (۳) سخت زبانی کرنا : سخت کلامی کرنا : درشت گوئی کرنا : بد زبانی کرنا ۔ (۴) جھوٹی قسم کھانا : جھوٹا حلف لینا : جھوٹا عہد کرنا ۔ (۵) سرزنش کرنا : تہمت لگانا : الزام تراشی کرنا۔ (٦) سختی سے محاسبہ کرنا : بے رحمی سے تنقید کرنا : سخت نکتہ چینی کرنا ۔ (۷) (عامیانہ) گرفتار کرنا : پکڑنا : مجرمانہ الزام میں جیل بھیجنا ۔ (۸)تبادلہ کرنا : عوض دینا ۔

To rap (a person's) fingers/-knuckles : پدرانہ سرزنش کرنا : (مجازاً) ملامت کرنا ۔

To rap out : (۱) عمل حاضرات کے ذریعے ارواح کو بلانا : (روحانیات) (روح کا) کھٹکوں سے جواب دینا یا پیام بھیجنا ۔ (۲) فی البدیہہ یا حاضر جوابی سے (طنزیہ فقرے ، ضلع جگت وغیرہ) بولنا تڑسے: بلا تامل (قسم کھانا) ۔

Rapacious : (a) [L. 'Rapacirapax+ -ous'.] بیحد حریص : حد درجہ لالچی : زبردستی لے لینے والا : لٹیرا : ڈاکو : غارت گر۔

Rapaciously : (adv.) حریصانہ : غارت گرانہ : زبردستی کے ساتھ (لے جانا)۔

Rapaciousness : (n) حرص : لالچ : غارت گری۔

Rapacity : (n) [L. 'Rapacitatem'.] بیحد حرص : بہت زیادہ لالچ : لٹیراپن : درندگی۔

Rapania : (n) [L.] ایک قسم کا درخت جس کے پتے لچک دار اور چمکیلے ہوتے ہیں۔

Rape : (n) [AF. 'Rap(e) .] (۱) اغوا (خصوصاً عورتوں کا): زنابالجبر: زبردستی عصمت دری : آبرو ریزی۔ (۲) جنسی حملہ : عورتوں پر جنسی حملہ۔ (۳) صریح خلاف ورزی۔ (۴) (جمع میں اور 'a' کے ساتھ) زنا کا واقعہ: (شعر میں) استحصال بالجبر : غصب۔

Rape : (n) [Origin unkn.] Sussex (برطانیہ) کے چھ اضلاع میں سے کوئی ایک۔

Rape : (n) [L. 'Rapum'.] (۱) تلی : گو آلہ (جو مویشی کے چارے کے لئے بوئی جاتی ہے)۔ (۲) سرسوں یا دوسرے روغنی تخم کے پودے۔

Wild rape : (n) رائی : توڑی۔

Rape : (n) [F. 'Rape'.] (۱) انگور کا فُضلہ (جس سے شراب اور سرکہ وغیرہ بناتے ہیں)۔ (۲) وہ ٹپکا (فلٹر) جس سے شراب کو صاف کرتے ہیں۔ (۳) شراب کشید کرنے کے کارخانے میں استعمال ہونے والی گاڑی۔

Rape : (v) [L. 'Rapere'.] زنا بالجبر کرنا : عصمت دری کرنا : عورت کی مرضی کے بغیر اس کے ساتھ زنا کرنا۔

Rape-cake : (n) کھلی۔

Rape-oil : (n) میٹھا تیل : خوردنی تیل : سرسوں کا تیل۔

Rape-seed : (n) (نباتیات) گوار کا بیج : تلی کا بیج۔

Rapee : (n) جس کے ساتھ زنا بالجبر کیا جائے۔

Raper : (n) زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا۔

Raphaelesque/ Raffaell : (a) [f. name of Rapael.] رافائلی : مصورا فائل کی بنائی ہوئی (تصویر) یا اس کے طرز کی۔

Raphaelism : (n) (مصوری میں) رافائل کے اصولوں، طرز وغیرہ۔

Raphaelite : (n) رافائل کا شاگرد یا اس کی حمایت یا تقلید کرنے والا۔

Raphanus : (n) [L.] (نباتیات) جنس مولی۔

Raphe/Rhaphe : (n) [mod. L.] (تشریح) اتصال : سیون : (نباتیات) سیون : (طیوریات) دانہ دم۔

Raphia : (n) [Malagasy.] (نباتیات) رافیا، افریقہ اور امریکا میں پایا جانے والا تاڑ جیسا درخت۔

Raphide : (n) [Fr. 'Raphide'.] (نباتیات) کیسہ قلم : کیسہ سوزن۔

Raphis/ Rha- : (n) [Gr. 'Raphis'.] (نباتیات) منصع : سوزنی قلم۔

Rapid : (a) [L.'Rapidus'.] (۱) تیز : سریع : تیز رو : تیز رفتار : بہت جلدی۔ (۲) تیزی سے واقع ہونے والا : سریع۔ (۳) (ٹیکنیکل) عکس لینس (فوٹو گرافک Lenses) : پلیٹ وغیرہ کے لئے: صرف مختصر اکسپوزر کے طور پر استعمال ہوتا ہے (۴) جلدی سے (جگہ دینا) : تیزی سے (مکمل ہونا) : سرعت سے۔ (۵) سلامی : پھسلوان۔

Rapid : (n) ڈھلوان : اتارا (دریا کا) (خصوصاً جمع میں، امریکا)۔

Rapid/ Rapidly : (adv.) تیزی سے : سرعت کے ساتھ۔

Rapid filter : (n) سریع مقطار : تیز فلٹر۔

Rapid fire : (n) رائفل فائرنگ جس میں ایک خاص تعداد میں فائرنگ کا وقت مقرر ہوتا ہے۔

Rapidity : (n) تیزی : سرعت : نرمی۔

Rapidity of lens : (n) (فوٹو گرافی) سرعت عدسہ۔

Rapidness : (n) سرعت : تیزی : نرمی۔

Rapido : (n) [It.] اٹلی : اسپین اور لاطینی امریکا کی اکسپریس ریل گاڑیاں۔

Rapider : (n) [F.'Rapidere'.] دو دھاری تلوار (خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی کی) : نیمچہ : عباسی : (ہلکی تلوار) کٹاری۔

Rapier-thrust : (n) (مجازاً) چبھتی ہوئی بات : تیکھا جواب ۔

Rapiered : (a) (۱) تیز دھاری : تیز دھار کا ۔ (۲) نیمچہ پہنے ہوئے ۔

Rapilli : (n) [It. Pl. of 'Rapillo'.] سنگ ریزہ ۔

Rapist : (n) زنا بالجبر کرنے والا : زانی ۔

Raploch : (a) [Origin unkn.] بے ادب : خشک : بد تمیز ۔

Rapparee : (n) [Ir. 'Rapaire'.] (تاریخ) سترھویں صدی کا با قاعدہ آئرستانی سپاہی یا ڈاکو : رپاری ۔

Rappel : (n) [F. f. ' Rapperler'.] طبل فوج : فوج کوھوشیار کرنے والا طبل ۔

Rapper : (n) [f. Rap(v)+ er.] (۱) دروازہ کھٹکھٹانے والا : کھٹ کھٹ کرنے والا ۔ (۲) کھٹ کھٹانے کی کوئی چیز : ضرب لگانے کی شے : وہ چیز جس سے ضرب لگائی جائے ۔ (۳)پرلے درجے کا جھوٹ بولنے والا : (بول چال) : جھوٹا حلف لینے والا (بول چال) ۔

Rapper : (n) سیف رقصی : تلوار جیسی وہ شے جو انگلش رقص میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Rapport : (n) [Fr. 'Rapporter'.] (۱) رشتہ : ناتا : تعلق : خصوصاً وہ تعلق یا رشتہ جو اتحاد یا معاہدہ وغیرہ کے ذریعہ قائم کیا جائے : رابطہ : نسبت : علاقہ : واسطہ : (نفسیات) رابطۂ جذباتی : (روحانیات) رابطۂ روحی۔ (۲) اعتماد : بھروسا۔

En rapport : رابطہ سے : تعلق سے : رشتہ سے۔

Rapprochment : (n) [F. 'Rapprocher' +ment.] (۱) مصالحت : مفاہمت : صفائی : دوبارہ دوستانہ تعلقات کا آغاز: (خصوصاً ملکوں کے درمیان) دوستانہ تعلقات۔

Rapscallion : (n) [f. 'Rascallion'.] بدذات : شریر : پاجی : بد معاش : مارا مارا پھرنے و الا ۔

Rapscallion : (a) بدمعاش ، بد ذات سے متعلق۔

Rapt : (a) [L. 'Raptus'. Pa. of 'Rapere'.] (۱) فلک نشیں ۔ (۲) روحانی طور پر لے جایا گیا ہو : معراج : وجد میں: سرمست : بیخود : مد هوش : محو : مستغرق : منہمك : مجذوب : ارواح سے تعلق رکھنے والا ۔ (۲) بہت گہری (توجہ) ۔ (۳) مراقبے میں : دوسرے عالم میں ۔ (۴) اغوا شدہ (عورت) : زنا بالجبر کی ہوئی (عورت) ۔ (۵)زبردستی منتقل کیا ہوا ۔ (۶) ہلاك کردہ ۔

Rapt : (a) (شاذ) بیخودی : استغراق : وجد : اغوا : بہاؤ۔

Rapt : (a) (۱) بیخود : مستغرق : بے خودی سے متعلق : زنا بالجبر کیا ہوا : روندا ہوا : بھگایا ہوا ۔ (۲) زنا بالجبر کا یا اس سے متعلق ۔

Raptatorial : (a) [L. 'Raptatus'.] خاطف : شکاری ۔

Raptatorial : (n) طیر صید : شکاری پرند ۔

Raptor : (n) [L.] (۱) زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا ۔ (۲) (طیوریات) شکاری پرندہ : شکار کرنے والا پرند ۔

Raptores : (n) (حیوانیات) طیر خالف : شکاری پرند ۔

Raptorial : (a) (۱) شکار پر زندگی گزارنے والا : شکاری : شکار خور ۔ (۲) شکار کا یا شکار سے متعلق۔ (۳) شکاری (پرند یا جانور): طیور جارجہ (Raptores) کی قسم کا : جارچی۔

Raptorious : (a) دیکھو Raptorial

Rapture : (n) [mod. L. 'Raptura'.] (۱) لے جانے کا عمل : کھینچنے کا عمل: بلند ہونے کی طاقت ۔(۲) کسی شخص کی اٹھان: بلندی خصوصاً آسمان کی طرف یا آسمان میں اٹھا لینے کا عمل : اوپر اٹھنے کی حالت ۔ (۳)روحانی شغف : روحانی وجد : وجد : سرمستی : سر خوشی: کمال و بیخودی ۔ (۴) کمال مسرت و محبت وغیرہ سے سرمست ہونا ۔ (۵) اس قسم کے تجربہ کا اظہار۔ (۶) رزمیہ نظم یا اس کا حصہ : موسیقی کی بے قاعدہ جوش بھری لے ۔

To be in/- To go into raptures : جوش مسرت سے بیخود ہونا : جھومنا : جوش مسرت میں جھوم جھوم کر باتیں کرنا۔

Raptured : (a) وجد کناں : سرمست : سرخوش : حالت وجد میں ۔

Raptureless : (a) بے وجہ احساس یا اظہار جس میں شدت نہ ہو : معمولی احساس یا اظہار ۔

Rapturize : (v) سر خوش ہونا : وفور جذبات میں ہونا ۔

Rapturous : (a) فرط مسرت : اس کا احساس یا اظہار : وجد انگیز: سرمستانہ ۔

Rapturously : (adv.) فرط طرب سے : وجد کے عالم میں : سر مستانہ۔

Rapturousness : (n) فرط جذبات : مسرت انگیزی ۔

Raquette : (n) دیکھو Racket

Rara avis : (n) [L.] وہ شخص یا چیز جو بہت کم دیکھنے میں آئے : نادر شے : غریب شے : انوکھا شخص : طرفہ معجون : عنقا صفت ۔

Rare : (a) [L. 'Rarus'.] (۱) لطیف : ہلکی (ہوا وغیرہ) ۔ (۲) بہت ہی کم : نادر : کمیاب : عجیب : طرفہ : تحفہ ۔ (۳) عمدہ: بہترین : منتخب : انوکھا : غیر معمولی : استثنائی ۔ (۴)(کیمیا) نادر: (طبیعیات) لطیف ۔ (۵)عظیم : واقعی: حقیقی ۔

Rare : (a) [later f. Rear.] ہلکے طور پر پکایا ہوا (گوشت) : کسی قدر پکایا ہوا ۔

Rare-bird : (n) دیکھو Rara avis

Rare earth : (n) (کیمیا) نادر خاک : وہ آہنی اوکسائڈ جو معدنیات سے کم دستیاب ہوتے ہیں ۔

Rare earth element : (n) (کیمیا) نادر خاکی عناصر : نادر خاکات ۔

Rare gases : (n) (کیمیا) نادر گیس : غیر مؤثر گیس ۔

Rare-ripe : (a) (بول چال امریکا) قبل از وقت پکا ہوا : دوسروں سے پہلے یا معمول سے پہلے پکاھوا ۔

Rare-ripe : (n) (۱) قبل از وقت پکنے والا پھل : پہلے پکنے والا پھل یا ترکاری ۔

Rare-show : (n) صندوق کا تماشا : تماشا : بکس تماشا : بائیسکوپ ۔

Rarefaction : (n) [L. 'Rarefacere'.] لطیف : پتلا بنانے کا عمل : رقیق سازی : رقت : ترقیق : (طبیعیات) تلطیف : لطافت : ہلکاپن : تصفیہ : تزکیہ ۔

Rarefactional : (a) تلطیف کا : رقیق سازی کایا اس سے متعلق ۔

Rarefactive : (a) [L. 'Rarefacere'.] ترقیق کا : تلطیف کا ۔

Rarefiable : (a) رقیق ہونے کی صلاحیت ۔

Rarefication : دیکھو Rarefaction

Rarefied : (a) (۱) کسی منتخب گروپ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) بہت ہی اعلیٰ : بہت ہی اونچا ۔ (۳) (طبیعیات) تلطیف شدہ۔

Rarefier : (n) رقیق ساز ۔

Rarefy / Rareify : (v) [F. 'Rarfier'.] (۱) نادر بنانا : پتلا بنانا : ہلکا کرنا یا ہونا : کوئی نئی چیز ملائے بغیر بڑا کرنا یا پھیلانا ۔ (۲) روحانی بنانا : لطیف کرنا یا ہونا : تصفیہ: تزکیہ کرنا (آدمی کے نفس کا ، طبیعت وغیرہ کا) ۔ (۳)نازک کرنا : مہذب بنانا یا کرنا ۔(۴) نتھارنا: خالص بنانا : صاف ہونا یا کرنا ۔ (۵) باریکی پیدا کرنا : دقیق بنانا (خیالات کا) ۔

Rarely : (adv.) شاذو نادر : نادر طور پر ۔

Rareness : (n) لطافت : ندرت ۔

Rarity : (n) [L. 'Raritas'.] (۱) ندرت ۔ (۲) نادرہ : عجوبہ ۔ (۳) نادر شے: طلعت ۔ (۴)(نفاست میں) غیر معمولی پن : استثناء۔

Ras : (n) [Ar. 'Ras'.] (۱) (علم النجوم) راس : ٹیلا ۔ (۲) ایک حبشی شہزادہ یا جاگیر دار ، نیز حبشی کے صوبے کا حکمراں ۔ (۳) اٹلی کے فسطائیوں کا لیڈر یا آقا ۔

Ras/Rasa : (n) [Native name in India.] کرشن اور رادھا کی زندگی پر مبنی پورا رقصی ڈراما ۔

Rasalas : (n) (علم النجوم) راس الاسد (ستارہ) ۔

Rasalgethi : (n) (علم النجوم) رائس الجاثی (ستارہ) ۔

Rasalhague : (n) (علم النجوم) رائس الحوّا (ستارہ) ۔

Rasamala : (n) [Malay] جنوبی ایشیا کا ایک درخت جس کی لکڑیاں تعمیر میں کام آتی ہیں ۔

Rascal : (n) [OF. 'Rascaille'.] (۱) بدمعاش : دغا باز : شریر : شیطان : پاجی : کمینہ : ذلیل : رذیل ۔(۲) بد اطوار: بدذات : بے ایمان : بے اصول ۔ (۳) وہ آدمی جو شرانگیز مذاق کرتا ہو ۔

Rascal : (a) (۱) بدمعاش : شریر : پاجی ۔ (۲) کمینہ : دغاباز: بے ایمان ۔

Rascaldom : (n) بدمعاشوں کی دنیا یا جماعت : بد معاشی :شیطنت: گروہ اسرار ۔

Rascality : (n) شیطنت : پاجی پن : بدمعاشی :گروہ بند بدمعاشی۔

Rascallion : (a) پست : فرو مایہ : بے شرف : دنی : ذلیل ۔

Rascally : (a) (۱) پاجی : بدمعاش ۔ (۲) دیکھو Pascal ۔

Rase : (v) [F. 'Raser'.] (۱) شگاف ڈالنا یا کرنا : گودنا : کھودنا (نشان، لائن) : کندہ کرنا ۔ (۲) چھیلنا : صاف کر دینا : اڑا دینا : محو کر دینا : مٹا دینا : بھلا دینا : نسبتاً منسیا کر دینا ۔ (۳) مسمار کرنا : زمین کے برابر کر دینا : ڈھا دینا : منہدم کرنا ۔

Raser : (n) چھیلنے والا : صاف کرنے والا : برابر کرنے والا ۔

Rash : (n) [F. 'Ras'.] (اب تاریخ) سولہویں، سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں ایک برطانوی ملبوساتی کپڑا ریشم یا اون سے بنایا جاتا تھا ۔

Cloth rash : (n) گھٹیا قسم کا اونی کپڑا ۔

Silk rash : (n) ریشمی کپڑا ۔

Rash : (n) [OF. 'Rache, Rasche'.] احتراق یا التہاب خون : سرخ بادہ (جس سے جلد پر چتّے پڑ جاتے ہیں) ۔ چکتّے : (طب) ثبورات جلدی : چکتے ۔

Rash : (n) [Echoice.] کھڑکھڑا ہٹ کی آواز : سر سراہٹ کی آواز ۔

Rash : (a) [(M)DU. 'Rasch'.] (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) گرم مزاج : جلد باز : بے دھڑکی : ناعاقبت اندیش : تند خو : چست و چالاک : تیز ۔ (۲) جلدی بازی کا : پر جوش : آندھی کی طرح کام کرنے والا : متہو رانہ : ناعاقبت اندیشانہ ۔ (۳) (تقریر وغیرہ) بے احتیاط: بلا سوچے سمجھے : اشتعال انگیز باتیں کرنے والا ۔

Rashly : (adv.) جلد بازی سے : ناعاقبت اندیشی سے : متہورانہ ۔

Rashness : (n) جلد بازی : ناعاقبت اندیشی ۔

Rasher : (n) [Origin Unkn.] (نمکائے ہوئے یا دھوئیں میں پکائے ہوئے) لحم خنزیر کا ایک ٹکڑا ۔

Rasher : (n) [Sp. 'Rascacio'.] سنگرنی رنگ کی ایک مچھلی جو جنوبی کیلیفورنیا کے ساحلی علاقے میں پائی جاتی ھے۔

Rasholnik : (n) [Russ.] روسی قدامت پسند : کلیسا کا مخالف اور اس مقصد سے قائم متعدد حلقوں میں سے کسی ایک کا رکن۔

Rasores : (n) [L.] (حیوانیات) دُجا جان : مرغان ۔

Rasorial : (a) [L. 'Rasores + E-ial'.] (حیوانیات) دُجاجی ۔ (چڑیا وغیرہ) جو غذا کی تلاش میں زمین کھودتی ھے۔

Rasp : (n) [OFr. 'Raspe.'] (۱) (اوزار) ریتی : موٹی ریتی : سوہنی ۔ (۲) (حیوانیات) زبان صدفہ یا اس کے دانت ۔ (۳)کھردری سطح (ریتی جیسی) ۔ (۴) کھردری آواز ۔ (۵) ریتنے کا عمل : رگڑ ۔

Rasp : (n) [Origin unkn.] دیکھو Raspberry

Rasp : (n) [OFr .'Rasper'.] (۱) ریتنا : رگڑنا : صاف کرنا : تیزی سے رگڑنا : بری طرح رگڑنا ۔ (۲) ریتی کرنا : سوہن سے رگڑنا : گھسنا : گھس کر صاف کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) ناگوار ہونا : برا معلوم ہونا : برہم کر دینا : جھنجھلانا ۔ (۴) کرخت آواز نکالنا : سمع خراشی کرنا ۔

Rasp : (v) [Origin unkn.] (۱) (بول چال) ڈکار لینا ۔ (۲) نشے میں بڑبڑا نا ۔ (۳) فحش بکنا ۔

Rasp-palm : (n) برازیلی تاڑ : کھجور ۔

Rasp-punch : (n) ریتی کے دانتوں کو اُبھارنے والا آلہ ۔

Raspatory : (n) [med. 'Raspatorium'.] (جراحی) سوہان جرّاحی : عظم تراش ۔

Raspberry : (n) (۱) رس بھری :توت فرنگی : علیق ۔ (۲) رس بھری کا پودا ۔ (۳) رس بھری کا عرق : رس بھری کی شراب۔ (۴) اظہار ناپسندیدگی : اظہار نارضامندی : مکروہ آواز ۔

Raspberry cane : (n) رس بھری کا پودا ۔

Raspberry like : (a) رس بھری جیسا ۔

Raspberry mosaic : (n) وہ بیماری جو رس بھری یا اس قسم کے پودوں میں ہوتی ھے جن سے ان کے پتّے داغ دار اور پیلے ہو جاتے ہیں ۔

Raspberry rose : (n) گلاب سے زیادہ گہرا گلابی رنگ ۔

Raspberry vinegar : (n) ایک قسم کا شربت ۔

Raspberry wine : (n) سرخ شراب ۔

Rasberry yellow : (n) دیکھو Raspberry mosaic

Rasper : (n) چھیلنے کا آلہ یا مشین ۔ (۲) چھیلنے والا : ریتنے والا : ریتی سے چکنا کرنے والا (دھات یا لکڑی وغیرہ کو) ۔ (۲) (شکار) دشوار گذار باڑ ۔ (۳) (عامیانہ) (شخص یا چیز) جھنجھلا دینےوالا : برہم کر نے والا : نیز کوئی غیر معمولی چیز۔

Raspy : (a) (۱)بد مزاج ؛ جلد باز؛ بے رحم ؛ سنگ دل ۔ (۲) سخت ؛ کھردرا ۔ (۳) جھنجھلایا ہوا ؛ چڑچڑا؛ تنک مزاج ؛ ذکی الحس ؛ زود رنج ؛ تند خو ۔

Rasse : (n) [Javanese. 'Rase'.] (حیوانیات) مشک بلاؤ جو ہندوستان ، ملایا ، جاوا ، چائنا وغیرہ میں پایا جاتا ھے اور اس سے خوشبو حاصل کرنے کے لئے اکثر بند کرکے رکھا جاتا ھے ؛ رسے ۔

Raster : (n) [L. 'Rastrum'.] (ٹیلیویژن) پنجہ ؛ رسٹر ؛ ٹیلیویژن سیٹ پر تصویر سازی کے لئے خط کھینچنے کا ایک طریقہ۔

Rat : (n) [OE. 'Raet'.] (۱)چوہا ؛ بڑا چوہا ؛ موش ؛ گھونس:فارکبیر: (حیوانیات)موش جنگل:جنگلی چوہا .(۲)(سیاسیات) توتا چشم ؛ غدار ؛ بے وفا ؛ آڑے وقت میں ساتھ چھوڑ دینے والا ۔ (۳) ہڑتال چور (مزدور جو ہڑتال میں ساتھ نہ دے یا کام چھوڑنے والوں کی جگہ کام پر آجائے) ۔ (۴)چوہے کی جسامت اور شکل و صورت رکھنے والا کوئی بھی جانور ۔ (۵) چمبرا (وہ پیڈ(Pad)) جس کو بال کے اندر رکھ کر عورتیں جوڑا بناتی ہیں ۔ (۶)(عامیانہ) (طنز کے طور پر) ابلہ فریبی ؛ ریا کاری ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ مکر ؛واہیات بات ۔ (۷) ریتونی خاکستری رنگ (جو چوہے کے رنگ سے مشابہ ہو) ۔

Like- /as well as a drowned rat : بھیگے ہوئے (شرابور آدمی کے لئے کہتے ہیں) ۔

Marsupial rat : (n) ایوسم ؛ ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو پانی میں یا درختوں پر رہتا ھے اس کے پچھلے پیروں میں انگوٹھا ہوتا ھے ۔

Pharash's rat : ایک قسم کا نیولا جو گھڑیال کے انڈے توڑ ڈالتا ھے ۔

To smell a rat : سازش وغیرہ کا شبہ کرنا ۔

Rat : (v) (۱) چوہا پکڑنا ؛ چوہے کا شکار کرنا ؛ گھونس یا چوہا مارنا ۔ (۲) آڑے وقت میں پارٹی کا ساتھ چھوڑ دینا ؛ توتا چشمی کرنا ؛ دغا دینا ؛ (سیاسی معاملات میں) ۔ (۳)ہڑتال میں ساتھ نہیں دینا ؛ ہڑتال میں کام کرنا ۔

Rat : (v) [Minced pronounciation of Rot (v) .] (سوقیانہ) دیکھو Rat

Rat-a-tat/ Rat-a-tat-tat : [Echoic.] تیز تھپتھپاہٹ خصوصاً دروازے کی کھٹکھٹاہٹ کی آواز ۔

Rat-bite fever : (n) (طب) چوہے کاٹے کا بخار ؛ طاعونی بخار ۔

Rat-catcher : (n) (۱)چوہا پکڑنے والا(آدمی یا جانور)۔ (۲)(خصوصاً برطانیہ) غیر رسمی شکاری لباس ۔

Rat-firm : (n) وہ کمپنی جو غیر ہڑتالی لوگوں کو بحال کرتی ھے۔

Rat fish : (n) امریکا کی ایک سنہری مچھلی ۔

Rat-flea : (n) (حیوانیات) چوہا پسّو۔

Rat hole : (n) (۱) چوہے کا بل ۔ (۲) کھلی ہوئی نالی یا گلی ۔ (۳) گہرا سوراخ ۔

Rat mole : (n) دیکھو Mole-rat

Rat pit : (n) چوہے کا بل ۔

Rat poison : (n) چوہا مار زہر ؛ چوہا کش دوا ؛ چوہا مارنے والی دوا ۔

Rat poison-plant : (n) وہ پودا جس سے چوہا مار دوا تیار کی جاتی ھے ؛ گیاہ سم الفار ۔

Rat proof : (n) جس کو چوہا برباد نہ کر سکے ۔

Rat racee : (n) ایسی عمارت بنانا جس میں چوہوں کے داخل ہونے کا کوئی راستہ نہ ہو ۔

Rat snake : (n) (۱) چوہا خور سانپ ۔ (۲) چوہا خور (حشرات) ۔

Rat's- tail : (n) (۱) چوہے کی دم سے مشابہ چیز ؛ مویشی دم نما چیز ۔ (۲) دیکھو Rat-tail file ۔

Rat-tail : (n) (۱) (جمع) دیکھو Rat's tail ۔ (۲) چوہے کی دم کے جیسی کوئی چیز جیسے گھوڑے کی دم جس میں بال نہ ہو ؛ (گھوڑے کی) بال جھڑی (دم) ؛ مو ریختہ (دم والا) ۔ (۳) وہ گھوڑا جس کی دم بے بال ہو ؛ دم جھڑا (گھوڑا)۔ (۴) Macrurus جنس کی مچھلی؛ ماہی عضروفی ۔ (۵)(نباتیات) ایک خاص جنس کے پودے ؛ اطریلال (پودا) ۔

Rat-tail : (a) مدوّر ؛ پتلی اور گاؤ دم ؛ چوہے کی دم جیسی ۔

Rat-tailed : (a) چوہے کی دم جیسی لمبی نوکدار (دم) ۔

Rat-tailed shrew : (n) (۱) موش کرم خوار ؛ ایک قسم کا دودھ پلانے والا ہندوستانی جانور جو چوہے کے مشابہ ہوتا ھے ۔ (۲) دیکھو Musk shrew ۔

Rat-tailed file : (n) چھوٹی گول ریتی ۔

Rat-tailed spoon : (n) ایک قسم کا چمچہ : جو عام طور پر سترھویں صدی میں مروج تھا ۔

Rat-tat/ Rat-tat-tat : (n) دیکھو Rat-a-tat

Rat-trap : (n) (۱) چوہا پکڑنے کا پھندا : چوہے دان ۔ (۲) بے دست و پا ہونے کی صورت حال ۔

Rata : (n) [Masri.] نیوزی لینڈ کا ایک بڑا خوشنما درخت جس کے سرخ پھول ہوتے ہیں : راتا : سرخ گل ۔

Ratability : (n) (۱) تشخیص و تعین کے لائق : تخمینے کے لائق : تخمینہ شدہ : متناسب شرح کے مطابق بنایا ہوا : متناسب ۔ (۲) (برطانیہ) محصول کے لائق ۔

Ratable : (a) قابل تخمین ہونا : محصول پذیری ۔

Ratably : (adv.) تناسب سے : محصول پذیرانہ : قابل تخمین ہونے کے طور پر ۔

Ratafia : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کی شراب جس میں بادام ، خوبانی یا شفتالو کے چھلکے کی چاشنی دیتے ہیں: میوے کی چاشنی کی شراب ۔ (۲) میوے کی چاشنی کا بسکٹ یا کیک ۔ (۳) ایک قسم کا شاہ دانہ ۔

Ratal : (n) [Prob. after Rental.] مقدار تشخیص شدہ (جس کے لحاظ سے محصول عائد کیا جائے) ۔

Ratal : (a) نرخی : مالی : محصول ۔

Rataplan : (n) [Fr.] ڈھول یا تاشے کی آواز : ڈھول پیٹنے کی آواز ۔

Ratatouille : (n) [Fr. dial .] پرو تسلی سبزیوں کا اسٹو ۔

Ratbag : (n) مخالف آدمی : متفق نہ ہونے والا آدمی : (عامیانہ) رنجیدہ آدمی : مشکلات پیدا کرنے والا آدمی ۔

Ratch : (n) [Origin unkn.] (خصوصاً بول چال) کسی جانور کے چہرے کی چمک ۔

Ratch : (n) Ratchet کا متبادل ۔

Ratch : (v) (میکانیات) دندان تراشی کرنا : کسی چیز میں دانت بنانا ۔

Ratchel : (n) (ٹیکنیکل اور بول چال) سنگ ریزہ ۔

Ratchet : (n) [Fr. 'Rochet'.] (۱) روک دار دندانے یا دانت (پہلے وغیرہ کے جن میں روک لگانے سے ایک طرف کی حرکت روکی جا سکتی ہے) ۔ (۲) (میکانیات) ضامن : گیرہ : کتا ۔ (۳) دندان تراشی کی مشین ۔ (۴) گیرہ پہیا ۔

Ratchet : (v) (۱) روک دار دانت تراشنا یا نکالنا : روک دار دندانے جڑنا ۔ (۲) گیرہ پہیا کے ذریعہ حرکت کرنا ۔

Ratchet braue : (n) (اوزار) چکر برما : گیرہ برما ۔

Ratchet stop : (n) کسی مشین کی رفتار کو محدود یا کم کرنے والا : دندانہ دار عنصر ۔

Ratchet wheel : (n) (میکانیات) مائل دندانی پہیّا : گیرہ پہیّا : روک دار دانت کا پہیّا ۔

Rate : (n) [OFr. 'Rate'.] (۱) شرح :نرخ : معیار : حساب : میزان ۔ (۲) قیمت : مرتبہ : درجہ : طبقہ : پایہ : رتبہ : طبقہ بندی ۔ (۳) رفتار : سرعت سیر : چال : (معاشیات) مقامی محصول : ٹیکس وغیرہ : مالیات ۔ (۴) (جمع میں) عوارض ۔ (۵) مقدار : تناسب : ادائیگی : محصول یا ادائیگی کی رقم ۔ (٦) (سفر کا) کرایہ : (مال وغیرہ کا) بھاڑا ۔ (۷) (نسبتاً) طریقہ : طرز: انداز : بیوہار ۔ (۸)(جہاز رانی) جنگی جہازوں کی درجہ بندی : خاص قسم کا جنگی جہاز: جہاز رانوں کی درجہ بندی: جہاز کا خاص افسر یا ملازم (امریکی بحریہ) درجۂ فہرست آدمی کا عہدہ ۔ (۹) (ضرورت یا سائز کے اعتبارسے) عمارتوں کی درجہ رفتار میں کمی بیشی ۔ (۱۱)کام کی رفتار (نسبتاً) ۔ (۱۲) تبدیلی کی شرح (گھٹنے یا بڑھنے میں) ۔

Assessed rate : (معاشیات) مشخصہ شرح : متعینہ نرخ ۔

At all rate : ہر حال میں ۔

At an easy rate : معمولی شرح پر : معمولی قیمت پر ۔

At any rate : کسی بھی قیمت پر : ہر حال میں : بہر طور : بہر کیف : کم سے کم ۔

At that rate /this - : اندریں حالات : اس حالت میں : اس حساب سے تو : اگر یہی بات ہے تو ۔

(To go, etc.) at a rate : مسافت اور وقت کے درمیان تناسب کو برقرار رکھتے ہوئے سفر کرنا ۔

Rate : (n) (شکار) کتے کی سرزنش ۔

Rate : (v) (۱) قدر کرنا : اندازہ لگانا (قدر و قیمت کا) ۔ (۲) (زر مبادلہ کی قیمت کا) تعین کرنا : مبادلہ کرنا : قیمت

لگانا؛ شرح معین کرنا ۔(۲) اندازہ کرنا : سمجھنا : شمار کرنا ۔ (۳) (محصول لگانے کے لئے)قیمت مشخص کرنا : مقامی محصول عائد کرنا : محصول عائد کرنا : محصول باندھنا ۔ (۵) (جہاز رانی) کسی زمرے میں شمار ہونا : کسی درجے میں لکھا ہونا (جہاز کے رجسٹر میں) ۔ (۶) سمجھا جانا؛ شمار کیا جانا : زمرہ میں ہونا : صف میں ہونا : مخصوص جماعت یا صف میں رکھنا : عہدہ دینا ۔ (۷) (تعدادکا) تعین کرنا : جانچنا : شمار میں لانا ۔ (۸) کرایا یا بھاڑا مقرر کرنا ۔ (۹) مقررہ وقت میں گھڑیوں کی رفتار کا گھٹنا : بڑھنا۔ (۱۰) اہل ہونا : لائق ہونا : حقدار ہونا : خصوصی عہدہ : مرتبہ یا درجہ رکھنا ۔

To rate up : بیمے کی شرح بڑھا کر مقرر کرنا (شخص وغیرہ کے لئے جو غیر معمولی خطرے کا شکار ہو) ۔

Rate : (v) [Origin unkn.] (۱) سرزنش کرنا : دھمکا نا : جھڑکنا : گھڑکنا : ڈانٹنا : تنبیہ کرنا : برا بھلا کہنا : بکنا جھکنا : غصہ کرنا ۔ (۲)غصے سے ڈانٹنا (شکاری کتے اور آدمی وغیرہ کو) ۔

Rate basis : (n) جائداد کی وہ قدر یا مالیت جس کی بنیاد بہ سر عدالت یا کمیشن کرایا ، محصول وغیرہ پر مقرر کرتا ھے۔

Rate of clock : (n) گھڑی کی چال ۔

Rate of decay : (n) (طبیعیات) شرح انحطاط ۔

Rate of exchange : (n) (معاشیات) شرح مبادلہ ۔

Rate of expension : (n) (طبیعیات) پھیلاؤ کی شرح ۔

Rate of return : (n) ریلوے آمدنی کی شرح۔

Rateability : (n) دیکھو Ratability

Rateable/ Ratable : (n) دیکھو Ratable

Rateably : (adv.) دیکھو Ratably

Ratel : (n) [Du. 'Ratel'.] (حیوانیات) افریقی بجو : افریقی گھونس: راطِل ۔

Ratepayer : (n) محصول دہندہ : ٹیکس ادا کرنے والا ۔

Rater : (n) (۱) مقررہ (ٹن) وزن کی دوڑ کی کشتی ۔ (۲) مخصوص طبقے یا درجے کا آدمی یا چیز (جیسے جہاز) ۔

Rath : (n) [Ir. 'Rath'.] آب و گِل سے بنایا ہوا مکان : خصوصاً آئرستانی قبائلی سرداروں کا مکان جو قلعہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا تھا ۔

Rathe/ Rath : (a) [OE. 'Hraep'.] (۱) تیز عمل :تیز رفتار : مستعد: خواہش مند : پر جوش : جو شیلا : تیز و تند ۔ (۲)وقت سے پہلے کیاہوا : وقت مقررہ سے پہلے حاصل کیا ہوا ۔ (۲) وقت سے پہلے پک جانے والا پھل : وقت سے پہلے تیار ہونے والا پھل ۔ (۳) (شعر) سویرا(بہ طور صفت) سر آغازی : صبح سویرے : دن کا پہلا پہر : صبح سے متعلق ۔ (۵) کسی بھی وقت کے ابتدائی حصہ سے متعلق : آغاز سال : ابتدائی موسم ۔

Rathe : (adv.) [OE. 'Harpe'.] (شعر بول چال) صبح سویرے : دن کے پہلے پہر میں ۔

Rather : (adv.) [ME.] (۱) سویرے : شروع ہی میں : بہ عجلت : جلدی سے : دن کے پہلے پہر میں : موسم یا دن کے پہلے حصہ میں ۔ (۲) مناسب وجہ یا سبب سے ۔ (۳) سابق :اول (اب بول چال) ۔ (۳) پسندیدگی کے ساتھ : پوری تیزی یا خواہش کے ساتھ : مرجع طور پر : زیادہ خوشی سے ۔ (۵) زیادہ صحیح طور پر : بہت ہی درست طریقہ سے ۔ (۶) کسی درجہ میں : کسی حد تک :ایک حد تک : قدرے ۔ (۷) بلکہ ۔ (۸) (روزمرہ) بے شک : یقیناً ۔

(One) had rather/ (One) would- : کوئی غالباً اسی لئے ناپسند کرے گا ۔

The rather : زیادہ خوشی سے : بہت خوشی سے :خوشی خوشی ۔

The rather that : اس لئے بھی کہ : اس لئے اور بھی کہ۔

Rathe-ripe/ Rath- : (a) (اب شعر ، بول چال) قبل از وقت آنے والا یا پکنے والا (پھل ، غلہ وغیرہ) : اگیتی : اگیت : پیش رسیدہ ۔ (۲) دم پذیری : زود رس (پھل) ۔ (۳)(طب) زود بالغ : قبل از وقت بالغ ۔

Rathe-ripe/Rath- : (n) قبل از وقت پکنے والا فلر سیب وغیرہ : اگیتا پھل یا میوہ ۔

Ratherest : (adv.) زیادہ تر : بالخصوص: خاص طور پر (اب بول چال) ۔

Rather of the ratherest : تھوڑا : بہت ہی تھوڑا : مختصر : بے حد مختصر ۔

Rathskeller : (n) [Gr.] تہ خانہ ریستوران : ریستوران زیر زمینی ۔

Ratification : (n) [med. L. 'Ratificare'.] (۱) تائید : استحکام : توثیق : تصدیق : منظوری : تصویب : قبول ۔ (۲) توثیق: تصدیق کرنے کا عمل ۔

Ratifier : (n) توثیق کرنے والا : منظوری دینے والا : تصدیق کرنے والا ۔

Ratify : (v) [Fr. 'Ratifier'.] (۱) توثیق کرنا : تصدیق کرنا : منظوری دینا : جائز قرار دینا : تائید کرنا : نافذ مان لینا : (قانونی یا آئینی طور پر) : قبول کرنا : تسلیم کرنا ۔

Ratihabition : (n) [Late L. 'Ratihabitio'.] (قانون) منظوری : توثیق: تصدیق ۔

Rating : (n) (۱) شرح بندی : تشخیص ۔ (۲) (معاشیات) محصول بندی : درجہ بندی (خصوصاً) بلدی شرح محصول : تشخیص بلدی ۔ (۳) (جہاز) درجہ : قسم : حیثیت (جو جہاز کے رجسٹر میں درج ہو) ۔ (۴) (جہازرانی) ایک درجہ یا حیثیت کے کل اشخاص : طبقہ : درجہ ۔ (۵)(جہاز رانی) قسم کشتی (بہ اعتبار وزن) : تقسیم : درجہ بندی (دوڑ کی کشتیوں کی) ۔ (٦) افراد کی خصوصیات ، رجحانات ، شخصیت اور صلاحیتوں کا ایک خاص سطح پر اندازہ یا تخمینہ ۔ (۷)ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام سننے والوں کا تخمینہ ۔ (۸)مشین کی طاقت کی حد ۔

Rating : (n) جھڑکی : ڈانٹ : ڈپٹ ۔

Rating area : (n) (معاشیات) رقبۂ درجہ بندی ۔

Ratings : (n) (جہاز رانی) بحری سپاہی : ایک خاص درجے کے ۔

Ratio : (n) [L.] (۱) کسی چیز کی فطرت یا حقیقی بنیاد (خصوصاً) دوسری چیزوں کے مقابلے میں : علت غائی : بنائے منطق: سبب عقلی ۔ (۲) (ریاضیات) نسبت : نسبت حسابی یا عددی : تناسب ۔

Common ratio : (ریاضیات) مشترک نسبت ۔

Extreme and mean ratio : (ریاضیات) طرفی و وسطی نسبت۔

Inverse ratio : (ریاضیات) نسبت معکوس۔

Ratio and proportion : (n) (ریاضیات) نسبت و تناسب ۔

Ratio arm : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) نسبتی بازو ۔

Ratio decidendi : (n) عدالتی فیصلے کی بنیاد ۔

Ratiocinate : (v) [L. 'Ratiociant ratiocinari'.] استدلال کرنا : منطقی بحث کرنا : منطقی قیاس سے کام لینا : استنباط کا عمل کرنا ۔

Ratiocination : (n) [L. 'Ratiocinationem'.] استدلال : منطقی بحث : اثبات : ا ستنباط : قوت استدلال : دلیل آوری ۔

Ratiocinative : (a) [L.'Ratiocinativus'.] استدلالی : استنباطی : منطقی : فکری : نظیری۔

Ratiocinator : (n) استدلال کرنے والا : منطقی کرنے والا ۔

Ratiocinatory : (a) دیکھو Ratiocinative

Ratiocognoscendi : (n) [L.] صلاحیت کی بنیاد : وہ شے جس کے ذریعہ کسی چیز کو جانا جائے ۔

Ration : (n) [L. 'Rationem'.] (۱) خوراک (خصوصاً بری یا بحری فوج کے سپاہی کو) ۔ (۲) (جمع) رسد : آذوقہ : کھانے کا سامان : راشن ۔ (۳) (کھانے یا ایندھن کی) مقررہ مقدار جو ایک بار میں ملے : ایک حصہ ۔ (۴) (راتب) (فوجی گھوڑے کا) ۔

Ration : (v) (۱) کھانے پینے کا سامان مہیّا کرنا : راشن کا انتظام کرنا: رسد کا انتظام کرنا : غذا بہم پہنچانا۔ (۲)راشن کی طرح سے تقسیم کرنا : معینہ مقدار میں بانٹنا ۔ (۳)تقسیم کرنا : بانٹنا ۔ (۴) راتب باندھنا یا مقرر کرنا۔ (۵) کمی کے ساتھ استعمال کرنا : کم سے کم میں کام چلانا ۔

Rational : (a) [L. 'Rationalis'.] (۱) ذی عقل : صاحب خرد : عاقل : ناطق : دانش ور : ذی ہوش : ذی فہم ۔ (۲) معقول: معقول پسند : معقول پسندانہ : معتدل :اعتدال پسند(سیاسیات) ۔ (۳) عقلی : استدلالی : معقولی: منطقی : فکری : نظری ۔ (۴) (ریاضیات) (مقدار) ناطق (ضد أصم) ۔ (۵) قابل ادراک : قابل حس : محسوس : معلوم : تاثیر پذیر : مدرک ۔ (٦)یونانی اور لاطینی عروض میں چھوٹے بولوں میں نا پاجا سکے ۔

Rational : (n) (۱) کوئی بھی چیز جو عقلی و منطقی ہو ۔ (۲) (جمع) دیکھو Rational dress ۔ (۳) منطقی استدلال : عقلی بنیاد : جواز : بنیاد : سبب اصلی ۔

Rational : (n) [L. 'Rationale'.] ایک مرصع لباس (سینہ بند ، جو بشپ پہنتا ھے) ۔

Rational being : (n) حیوان ناطق : انسان ۔

Rational dress : (n) معقول لباس (عورتوں کا جو سائیکل چلاتے وقت سائے کی جگہ جانگھیا پہنتی ہیں)۔

Rational faculty/-nature/-power : (n) عقلی صلاحیت : استدلالی لیاقت : فطری صلاحیت۔

Rational function : (n) دیکھو Polynormial (n)

Rational horizon : (n) (علم النجوم) افق حقیقی۔

Rational number : (n) (ریاضیات) عددِ ناطق۔

Rational quantity : (n) (ریاضیات) مقدار ناطق۔

Rational soul : (n) روح جو بدن سے جدا اپنا وجود رکھتی ھے

Rational theology : (n) (دینیات) عقلی دینیات۔

Rational treatment : (n) (طب) حکیمانہ علاج۔

Rationale : (n) [OFr. 'Rationalis'.] (۱) استدلال : توضیح : تبیّن : دلیل اساسی : بریان ۔ (۲) علت غائی : سبب اصلی: بنائے منطقی۔

Rationalism : (n) (۱) (دینیات) مذہبی عقلیت : استدلالیت : مذہب استدلال (یہ نظریہ کہ مذہب کی بنیاد عقل پر ھے)۔ (۲)(فلسفہ) عقلیت (یہ نظریہ کہ علم صحیح کی بنیاد عقل پر ھے)۔ (۳) یہ نظریہ کہ عقل و استدلال بجائے خود علم ھے۔ (۴) دیکھو Functionalism ۔

Rationalist : (n) (۱) (فلسفہ)عقلیت پسند : استدلال پسند : استدلالی: عقلی۔ (۲) (دینیات) معتقد عقلیت : منکر الہام۔

Rationalist : (a) عقلی : استدلال۔

Rationalistic : (a) دیکھو Rationalist

Rationalistical : (a) مذہب استدلال کا : عقلی : استدلالی۔

Rationalistically : (adv.) مذہب استدلال کے مطابق : ازروئے عقل۔

Rationality : (n) [Late L. 'Rationalitas'.] (۱) عقلیت : معقولیت : اعتدال ۔ (۲) نظریۂ عقلیت : استدلالی خیال ۔ (۳)استدلالی رجحان یا رویّہ۔

Rationalization : (n) (۱) عقلی اصول پر منتظم (حرفت کی) : (نفسیات) تاویل : معاش عقلی تنظیم : (دینیات) تصویب۔ (۲) (ریاضیات) غیر اصم مقداروں کی وضاحت۔

Rationalization of industry : (n) (معاشیات) صنعت کی عقلی تنظیم۔

Rationalize : (v) (۱) عقلی یااستدلالی بنانا : عقلیت کا رنگ چڑھانا : عقلیت کے مطابق تاویل کرنا : عقلی طور پر تشریح کرنا : بلا تجزیہ اور بر خلاف حقیقت استدلالی بنانا (کسی کام کو)۔ (۲) عقلیت پسند یا عقلی ہونا: استدلال ہونا : عقلیت پسندی برتنا ۔ (۳) (ریاضیات) ناطق بنانا (مقادیرکو)۔ (۴) (معاشیات) معقول اصول پر چلانا : معقول تنظیم کرنا (کسی صنعت کو اتحاد عمل کے ذریعہ) سائنسی اصولوں کو برتنا. (۵) استدلالی طور پر غور و فکر کرنا : عقلی طور پر سوچنا ۔

Rationalized observation : (n) معقول مشاہدہ۔

Rationally : (adv.) (فلسفہ) معقولانہ : عقلی طور پر : ازروئے استدلال۔

Rationalness : (n) (فلسفہ) معقولیت :عقلیت۔

Rationing : (n) (سیاسیات) حکیمانہ علاج۔

Ratitate : (n) [L. 'Ratitus'.] (۱) (حیوانیات) نعام : شتر مرغ۔ (۲) شتر مرغ جیسی کوئی چیز۔

Ratite : (a) [f. L. 'Ratis'.] (طیوریات) نعامیہ خاندان کا جس میں سیمرغ ، ایمو (Emu) وغیرہ شامل ہیں۔

Ratite : (n) ایک قسم کی چڑیا ، جنس نعامیہ میں سے کوئی ایک۔

Ratlike : (a) (۱) چوھے کا یا اس سے متعلق یا اُس کی خصوصیات کا حامل ۔ (۲) مشکل و صورت یا عادات کے اعتبار سے) چوھے جیسا۔

Ratlin(e)/ Ratling : (n) [Origin unkn.] (عموماً جمع) رسّی زینہ : وہ رسّیاں جو جہاز کی طنابوں کے آس پاس لپٹی رہتی ہیں اور سیڑھی کے ڈنڈوں کا کام دیتی ہیں۔

Ratoon / Rattoon : (n) [Sp. 'Retono'.] (نباتیات) اکھوا : ایکھ : پھیڑ: کن سوا (نیشکر کٹنے کے بعد جو شاخ نس میں پھوٹتی ھے)۔

Ratoon : (v) ایکھ پھوٹنا : کن سوا نکلنا۔

Ratoon crop : (n) (نباتیات) ربّۃ القصب : مُونڈی فصل۔

Rats : (n) (۱) (عامیانہ) لغو : واہیات : خرافات۔ (۲) ناپسندیدگی : ناراضگی : نفرت وغیرہ کے اظہار کے لئے مستعمل۔

Ratsbane : (n) (۱) دیکھو Rat-poison. (۲) مرگ موش : چوھے کی موت : سم الفار . (۲) گیاہ سم الفار : صنوبر الامیر : خضرة الشاء.

Ratsbaned : (a) وہ چوہا جسے زہر دیا گیا ہو .

Rattan/Ratan : (n) [Malay 'Rotan'.] (۱) (نباتیات) بید : نخل ہندی: خیز ران . (۲) شرق الہند کی کھجور سے مشابہ بیل. (۳)چوب بید : عصائے خیز ران .

Rattan cane : (v) (۱) چوب بید سے بنانا . (۲) عصائے بید سے تنبیہ کرنا ، مارنا . (۳) چوب بید سے مضبوط کرنا یا کسنا.

Ratteen : (n) [F. Ratin'. Origin unkn.] (۱) موٹے اور کھردرے اونی کپڑوں میں سے کوئی ایک : ایك قسم کا موٹا اونی کپڑا . (۲) (اب تاریخ) اس قسم کے کپڑے کا ٹکڑا .

Ratten : (v) (کاریگر کے) اوزار توڑنا : کل بگاڑ دینا (لڑائی جھگڑے میں) : اوزار چرا لینا .

Rattener : (n) اوزار بگاڑ دینے والا : توڑ دینے والا : چرا لینے والا .

Rattening : (n) [Origin Obsc.] اوزار : مشین وغیرہ توڑنے یا خراب کرنے کا عمل (کاریگروں پر دباؤ ڈالنے کے لئے) .

Ratter : (n) چوہا پکڑنے والا خصوصاً کتابلّی وغیرہ .

Ratting : (n) (۱) کسی جماعت سے نکل جانا : کسی اصول کو ترك کر دینا . (۲) چوھے پکڑنا یا چوھے کو مار ڈالنا .

Rattish : (n) چوھے جیسا ھونا یا چوھے کی خصوصیات رکھنا .

Rattle : (n) (۱) جھنجھنا : ٹیٹری : تڑ تڑ : تڑتڑ گاڑی (بچوں کے کھیلنے کی گاڑی جس میں سے آواز نکلتی ھے) . (۲)ناگ چکی (سانپ کی دم کے حلقے جن سے آواز نکلتی ھے) . (۳) (نباتیات) شخشخیہ (درخت جن کے بیج تیار ھونے پر خول میں آواز دینے لگتے ہیں): گلِ تاج خروس . (۴)کھڑ کھڑاہٹ : گڑ گڑاہٹ : دھڑ دھڑاہٹ : غل غپاڑا : ہنگامہ : شور و غوغا : ہیّا ھو . (۵) بك بك : بکواس: ٹرواس : ٹرٹر : یاوہ گوئی . (٦) بکّی : ٹرّو : یاوہ گو (جس کی زباں قینچی کی طرح چلتی ھے). (۷)(طب) جنبشہ : خر خر : خس خس سینہ . (۸) (موسیقی) پائل (جس سے رقص کے دوران آواز نکلتی رہتی ھے) .

Death rattle : عالم نزع کی خر خراہٹ ، غرغراہٹ وغیرہ .

Rattle : (v) [ME. 'Ratelen'.] (۱) دھڑ دھڑ کرنا یا ھونا :کھڑ کھڑانا : دھڑ دھڑانا : کھڑ کھڑ کرنا : کھٹکھٹانا : کھٹ کھٹ کرنا . (۲) بکے جانا : تڑ تڑ گفتگو کرنا : بڑ بڑ لگانا : قینچی کی طرح زبان چلانا : یاوہ گوئی کرنا : بکواس کرنا : ٹرّاتے رہنا . (۳) بے تحاشا چلانا : سر پٹ دوڑنا : بے تحاشا دوڑنا :(گھوڑے کا) کھڑ کھڑ کرتے ھوئے چلنا: دھڑام سے گرنا . (۴) جھنکارنا : کھڑکھڑانا : چھن چھن کرنا (تلوار زنجیر وغیرہ کا) . (۵) فرّاٹے بھرنا . (٦)جھنجھوڑنا : چونکانا . (۷) (عامیانہ) چونکا دینا: مضطرب کرنا : بے چین کرنا : گھبرا دینا : ڈرا دینا . (۸)دوڑانا : تیزی سے آگے بڑھانا .(۹) سانپ کی دم سے نکلنے والی آواز جیسی آواز نکالنا . (۱۰) جنبش کرن : تحریك دینا : مرتعش کرنا : ہلانا : مشتعل کرنا . (۱۱) جغجغہ کی آواز نکلنا :خر خرانا . (۱۲) جھڑکنا : ڈپٹنا : دھمکانا : سرزنش کرنا : گوشمالی کرنا : تنبیہ کرنا . (۱۳) جانچنا : پرکھنا . (۱۴) (موسیقی) زور زور سے باجا بجانا (خصوصاً پیانو) . (۱۵) (کھیل کود میں) بری طرح پیچھا کرنا : شکست دے دینا .

Rattle : (v) رسی سے باندھنا (جہاز یا بادبان وغیرہ کو) (عام طور پر Down کے ساتھ مستعمل) .

Rattle-bag : (n) کھڑکھڑ تھیلا .

Rattle-bags/ -Bladder : (n) کھڑکھڑ پھکنا .

Rattle-bones : (n) ہڈیوں کا ڈھانچہ (آدمی یاجانور) لاغر و نحیف (آدمی یا جانور) .

Rattle-box : (n) (۱) کھڑکھڑ صندوق (کھلونا جس میں سے ایك قسم کی آواز نکلتی ھے) : بندوق نما کھلونا . (۲) (طب) جغجغہ . (۳) (نباتیات) شخشخیہ .

Rattle-brain : (n) تہی مغز : کوڑھ مغز : بے عقل : گاؤدی (آدمی) .

Rattle-brained : (a) تہی مغز : کوڑھ مغز : بے عقل .

Rattle-head : (n) دیکھو Rattle-brain

Rattle-pate : (n) دیکھو Rattle-brain

Rattle-trap : (n) (۱) کھڑکھڑیا (پرانی گاڑی وغیرہ) . (۲) (جمع میں) اٹرم سٹرم چیزیں : الّم غلّم چیزیں : کاٹھ کباڑ .

Rattle-trap : (a) ہلنے ڈولنے والی (شے) کھڑ کھڑ کرنے والی (چیز).

Rattler : (n) کھڑ کھڑ کرنے والا : کھٹ کھٹ کرنے والا وغیرہ . (۲)نادر نمونہ : بڑھیا چیز : بڑھیا نمونہ . (۳) (امریکا) دیکھو Rattlesnake . (۴) دیکھو Rattle-brain .

Rattles : (n) (طب) ورم حنجرہ : گھنگرو : خس خس سینہ ۔

Rattlesnake : (n) مار زنگی : ذات الا جراس : ٹیڑیا : امریکا کا ایک زہریلا سانپ جس کی دم سے چکّی کی سی آواز نکلتی ھے : چکی ناگ : ابو جرس ۔

Rattlesnake-fern : (n) ایک قسم کا انگوری پودا : انگوری پودا : عنبی پودا۔

Rattlesnake-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Rattlesnake(s) master : (n) (۱) سانپ کے زہر کا تر یاق : تریاق ۔ (۲)کوئی بھی پودا جس سے سانپ کے زہر کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Rattlesnake-plantain : (n) تین ثعلبی پودوں میں سے کوئی ایک ۔

Rattlesnake-root : (n) ایک خاص قسم کے پودے کی جڑ : اس پودے کی جڑ جس کے بارے میں کہا جاتا ھے کہ اس کے چرنے سے گائے زیادہ دودھ دیتی ھے : خشیشة الحلب کی جڑ : شیرزا (پودے کی) جڑ ۔

Rattlesnake-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Rattlesnake-wort : (n) دیکھو Rattlesnake-root

Rattling : (a) [Late. ME.] (۱) کھڑ کھڑانے والا : کھڑ کھڑاہٹ پیدا کرنے والا ۔ (۲) تیز : تند (رفتار) : آندھی وغیرہ ۔ (۳) نہایت عمدہ (شے) : بے انتہا خوبصورت (آدمی) ۔

Rattlingly : (adv.) کھڑ کھڑاہٹ کے ساتھ : عمدگی سے ۔

Ratton : (n) [ME.] (بول چال) چوہا : جنگلی چوہا ۔

Ratty : (a) (۱) چوھے کی خصوصیت کا۔ (۲) چوھے جیسا : موشی: مانند موش ۔ (۳) (عامیانہ) چڑ چڑا : بد مزاج : ذلیل : کمینہ ۔

Ratwa : (n) [Nepali 'Ratua'.] ایک قسم کا چھوٹا سا ایشیائی ہرن : چکارا ۔

Raucid : (n) [L. 'Raucus+ id'.] دیکھو Roucous

Raucity : (n) [L. 'Raucitas'.] (طب) گلو گرفتگی : بیٹھی ھوئی آواز۔

Raucous : (a) [L. 'Raucus'.] (۱) ناہنجار :نابکار : بیہودہ ۔ (۲) گلوگرفتہ: بیٹھی ھوئی (آواز) ۔

Raucously : (adv.) (۱) بیہودگی کے ساتھ ۔ (۲) گلو گرفتگی کے ساتھ۔

Raucousness : (n) (۱) بیہودگی ۔ (۲) گلو گرفتگی ۔

Raughty : (n) دیکھو Rorty

Rauk : (v) [Alter of Rake.] (۱)(بول چال) کھرچنا، چھیلنا : نوچنا ۔ (۲) خوشہ میں لانا : بھڑکانا : ٹھیلنا : دھکا دینا :(خواہ مخواہ) گھسانا ۔

Rauli/ Rauli-beech : (n) [Amer. Sp.] چیلی کا ایک چوبی درخت ۔

Raun : (n) [ME. 'Rawne.'] (۱) مچھلی وغیرہ کے انڈے ۔ (۲) مادہ مچھلی ۔

Raunchy : (a) [Origin unkn.] معمول کے معیار سے نیچے گرا ھوا : پھوہڑ : بے سلیقہ ۔

Ravage : (n) [f. 'Ravage (v).] (۱) ویران کرنے کا عمل : انہدام: تاخت و تاراج ۔ (۲) تباہی : تباہ و برباد : نقصان عظیم : (جمع) خرابی کے آثار ۔

Ravage : (v) [Fr. 'Ravager'.] (۱) پامال کرنا : تاراج کرنا : ویران کر دینا : اجاڑنا : غارت کرنا (ملک کو) ۔ (۲) تباہی ڈالنا : لوٹ مار کرنا : نقصان عظیم سے دو چار کرنا ۔

Ravager : (n) پامال کرنے والا : غارت کرنے والا : تباہی مچانے والا ۔

Rave : (n) [Origin unkn.] (۱) گاڑی کی باڑ : کھڑا : جنگلا ۔ (۲) (جمع) گاڑی کی گودی : مچان (جس سے گاڑی کی گنجائش زیادہ ھو جائے) ۔

Rave : (n) (۱)(بول چال) پر جوش تبصرہ ۔ (۲)(عامیانہ)پارٹی ۔

Rave : (v) [Late.ME.] (۱) چیخنا : چلانا : ہانک مارنا : چلا کر بولنا ۔ (۲) (سمندر یا طوفان کا) فراٹے مارنا : شائیں شائیں کرنا : بہت ہی زور دار ھونا : بھیانک ھونا : گرجنا ۔ (۳) تعریف کے پل باندھنا : سر دھننا : مبالغہ آرائی کرنا ۔ (۴) مبالغہ آرائی کے ذریعہ ایک خاص حالت میں لانا ۔

Rave review : (n) پر جوش تبصرہ ۔

Ravel : (n) (۱) الجھن : پیچیدگی : عقدہ : الجھیڑا ۔ (۲) الجھاوا : پیچ : گرہ : گانٹھ ۔ (۳) (بل کھلا) تار : دھاگا جس کے سرے کے بٹ کھلے ھوئے ھوں: پیچ دار دھاگا ۔

Ravel : (n) [Origin unkn.] باڑ : کٹھرا : جنگلا ۔

Ravel : (v) [Du.'Ravrafelen'.] (۱) پھنسنا : الجھنا : الجھانا : پیچیدہ بنانا : پر پیچ ہونا ۔ (۲) ادھڑنا : ادھیڑنا : پیچ یا پٹ کھولنا یا کھلنا : گھس کر کھل جانا یا کھولنا ۔ (۳)سلجھانا : تار تار الگ کرنا : پیچ نکالنا : عقدہ کھولنا۔ (۴)گرہ لگانا : پیچ ڈالنا ۔

Ravelin : (n) [It. 'Ravellino'.] (۱) (فوج) بیرونی دمدمہ : مورچہ (خندق قلعہ کے باہر جسے زاویہ نما اور دورخ رکھ کر بناتے ہیں) ۔

Raveller : (n) الجھانے والا : پھنسانے والا : پیچیدہ کرنے والا ۔

Ravelling : (n) مورچہ سازی : بنے ہوئے کپڑے کا دھاگا ۔

Raven : (n) [OE. 'Hraefn' .] (۱) پہاڑی کوّا : پربت کاگ : غراب : سیاہ کاگ ۔ (۲)جھنڈے وغیرہ پر بنی ہوئی غرابی تصویر ۔ (۳) جھنڈا جس پر غرابی تصویر بنی ہوئی ہو۔

Raven : (a) (۱) کوے کے رنگ کا: کوے کے مشابہ ۔ (۲) سیاہ تاب: سیاہ فام : آبنوسی : چمکیلا سیہ : تیلیا سیاہ ۔

Raven : (v) [OF. 'Raviner'.] (۱) لوٹتے پھرنا : ڈاکے مارنا : غارت گری کرنا ۔ (۲) تاک لگانا : داؤں کرنا (شکار یا لوٹ کے لئے) : مال غنیمت یا شکار کی تلاش میں چکر لگانا ۔ (۳)بڑے بڑے لقمے مارنا : نگلنا : ہڑپ کر جانا : (کنگلوں کی طرح) نوالے مارنا ۔ (۴) (کنگلوں کی طرح) بھوکا ہونا : (کسی چیز کا) بھوکا ہونا : خواہش مند ہونا : طلب گار ہونا ۔

Raven-duck/ Raven's duck : (n) [G. 'Rabentuch'.] پلاس : کرمچ کی ایک قسم ۔

Raven standard : (n) جھنڈے پر بنی ہوئی غرابی تصویر ۔

Raven-stone : (n) [G. 'Rabenstin'.] سولی : پھانسی کاتختہ ۔

Ravenala : (n) [L.] ایک قسم کا چوبی پودا (مڈغاسکر) ۔

Ravening : (a) غارت گری کرنے والا: تاک لگانے والا : ہڑپ کر جانے والا ۔

Ravenous : (a) [Late. ME.] (۱) حریص : لٹیرا : غارت گر ۔ (۲) بے حد بھوکا : کال کا مارا : بھوک سے بیتاب : بھکڑ۔ (۳) ندیدوں کی سی : شدید : سخت ۔ (۴) در پے شکار (جانور) ۔

Ravenously : (adv.) ندیدوں کی طرح : حریصانہ طور سے ۔

Ravenousness : (n) شدید گرسنگی:بے انتہا بھوک : ندیدہ پن : کنگال پن وغیرہ ۔

Raver : (n) (۱) چیخنے والا : چلّانے والا ۔ (۲) مبالغہ آرائی کرنے والا ۔

Ravin/ Raven : (n) [Fr. 'Ravine'.] (شعر و خطابت) قزاقی : غارت گری : لوٹ مار ۔ (۲) شکار مار کر کھانا : شکار گری : درندگی ۔ (۳) مال غنیمت ۔

Beast of ravin : شکاری جانور : درندے ۔

Ravine : (n) (پہاڑ کا) نالا : گھاٹی :کہنائے (کوہ +نالے) : تنگ وادی : ثغارہ : تنگ درہ ۔

Raving : (a) بڑ : ہذیاں : خصوصاً جنون ۔

Ravingly : (adv.) بڑ ہانکتے ہوئے : ہذیاں بکتے ہوئے ۔

Ravioli : (n) [It.] لحمی یا میوہ جاتی غذا ۔

Ravish : (v) [Fr. 'Raviss'.] (۱) بھگا لے جانا : چھین کر لے جانا : زبردستی لے لینا ۔ (۲) (نظر سے) دور کرنا: نہاں کرنا : (دنیا سے) لے جانا ۔ (۳) زنا بالجبر کرنا : عصمت دری یا آبرو ریزی کرنا ۔ (۴) (نفسیات) خوشی سے بے خود ہونا : وجد کرنا : وجد میں لانا : مسرت سے معمور کر دینا : خوشی سے باغ باغ کر دینا ۔

Ravisher : (n) زانی : زنا بالجبر کرنے والا : عصمت دری کرنے والا ۔

Ravishing : (a) وجد آور : مسرت بخش : سر ود آگیں ۔

Ravishingly : (adv.) وجد آورانہ ۔

Ravishment : (adv.) زنا بالجبر: عصمت دری : وجد: سرور: بے خودی: کمال مسرت : فرط طرب ۔

Ravison : (n) [Fr.] سرسوں وغیرہ کی معمولی قسم کا بیج ۔

Ravissant : (n) [Fr.] وجد آور : سرود بخش ۔

Raw : (a) [OE. 'Hreaw'.] (۱) ناپختہ : نارسیدہ : خام : ادھ کچری : ادھ پکا ۔ (۲) خام (اجناس وغیرہ) ۔ (۳) ناتراشیدہ: بے خرادا : بے صیقل : ناتمام : ادھورا (صناعی کے اعتبار سے) : غیر دباغت شدہ (چمڑا وغیر) ۔ (۴) ناتجربہ کار: اناڑی : نو آموز ۔ (۵) کھال اترا : چھلا ہوا : دکھتا ہوا ۔ (۶) سرد : سیلا : مرطوب ۔ (۷) (طرز بیان) گنواروں کا سا : سخت نا معقول : بہت بھدا : بے ہنگم ۔ (۸) ہلکا

زخم : خراش : چھلن (خصوصاً گھوڑے کی کھال کی) ۔ (۹) غیر محلول : اسپرٹ : ناصاف (تیل) : نا پختہ اور نا صاف (غلہ) : بے رنگ خام تیل ۔ (۱۰) غیر مہذب وحشی : غیر مزروع (شاذ) ۔ (۱۱) بے ترتیب یافتہ اور اناڑی (خصوصاً فوجی جسے جنگ کے محاذ پر بھیج دیا جائے) ۔ (۱۲) غیر ملبوس : غیر ملفوف : عریاں : کھلا ہوا ۔ (۱۳) غیر منہضم : غیر تصحیح شدہ ۔ (۱۴) فحش: غیر شستہ ۔

On the raw : کھال چھلا ۔

To touch (a person) on the raw : دکھتی رگ پر انگلی رکھنا ۔

The raw : خام (کوئی بھی شے ، حالت، کیفیت) ۔

Raw : (v) [ME. 'Rawen'.] خام ہونا : زخم لگانا : چمڑا چھیلنا یا اتارنا : زخز ہونا : ناپختہ کرنا ۔

Raw-boned : (a) موٹھرا : ہڈیاں نکلا : لاغر : استخوانی : پوست و استخواں والا ۔

Raw-bones : (n) ڈھانچہ : آدمی کا پنجر ۔

Raw-deal : (n) غیر اخلاقی رویہ: نامنصفانہ برتاؤ ۔

Raw-edge : (n) کھر درا کنارا : کور وغیرہ (خصوصاً کپڑے کا) ۔

Raw-head : (n) (۱) حوا : پنجر ۔ (۲) مردے کا سر اور دو متقاطع ہڈیاں جو موت یا خطرے کی علامت کے طور پر بنا دیتے ہیں ۔

Raw-hide : (n) (۱) غیر دباغت شدہ چمڑا : بے کمایا ہوا چمڑا ۔ (۲) اس کی رسی یا چابک ۔

Raw-material : (n) خام شے : خام مواد ۔

Raw-milk : (n) بے صاف کیا ہوا دودھ ۔

Raw-silk : (n) خام ابریشم ۔

Raw-water : (n) ناصاف پانی : ناجوشیدہ پانی ۔

Rawalpindi : (a) راولپنڈی (پاکستان) کا یا اس سے متعلق : راولپنڈی طرز وضع کا ۔

Rawin : (n) [Rander+ wind.] راڈار سے بیلون کے تعاقب کی سن گن ۔

Rawish : (a) نیم خام : نیز پختہ : ادھ کچرا : نسبتاً خام ۔

Rawly : (adv.) بہ حالت خام : خام کرنے یا بنانے یا ہونے کے طور پر ۔

Rawness : (n) [ME. 'Rawnesse'.] خام ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Rax : (v) [ME.] ناصاف پانی : ناجوشیدہ پانی ۔

Ray : (n) [Fr. 'Rai'.] (۱) شعاع : کرن : ضو ۔ (۲) خط شعاعی : شعاع: رَو (حرارت ، روشنی وغیرہ کی) ۔ (۳) (استعارہ) روشنی : چمک : جھلک (امید وغیرہ کی) ۔ (۴) نیم قطر ۔ (۵) ہم مرکز خطوط : مرکز خاصیتہ خطو ط : خط مستقیم ۔ (۶) (نباتیات) کرن : (پھول کی) رگ شعاعی : عروقی کرن : ریشک : گل شعاعی ۔ (۷) (حیوانیات) ستارہ ماہی (Star fish) کا ایک قوسی حصہ یا قاش : رے مچھلی : ماہی چہار گوش ۔ (۸) (حیوانیات) پَرا ۔ (۹) (شاعری) آنکھوں کا دیدہ : روشنی نگاہ : نظر : خط نگاہ ۔

Ray : (n) [E. 'Raie'.] شعاعیہ : شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا ایک خاندان : رائیہ (ماہی) ۔

Ray : (n) [ME. 'Raye'.] دھاری دار اونی کپڑا (جو تیرھویں صدی سے سولہویں صدی تک استعمال کیاجاتا تھا) ۔

Ray : (n) [ME. short of 'Arra, Array.'] صف یا عہدہ (فوجیوں کا) ۔

Ray : (v) [L. 'Radiare'.] کرن پھوٹنا یا نکلنا : جھلکنا : جھلک نظر آنا : روشن ہونا : ضو پڑنا : ضو ڈالنا : شعاع ڈالنا : چمکنا : شعاع دار ہونا : چمکانا ۔

Ray : (v) [ME.] صف بند کرنا یا ہونا : لباس پہنانا یا پہننا ۔

Ray-filter : (n) دیکھو Colour filter

Ray-flower/-floret : (n) (نباتیات) کرن پھول : گلِ افتاب : گل شعاعی ۔

Ray-grass : (n) ایک قسم کی گھاس : ریئی : چمن انگلیسی ۔

Ray-gun : (n) مستقبل کا ایک مفروضہ ہتھیار جس سے مخصوص قسم کی مہلک شعاع خارج ہو گی ۔

Raya/ Rayah : (n) [Turk 'Raiyye'.] (ترکی سلطنت کی) غیر مسلم رعایا : ذمّی ۔

Rayless : (a) (۱) بے نور : بے شعاع : تاریک ۔ (۲) (وہ شے) جس سے کسی قسم کی شعاع نہ نکلے ۔ (۳) شعاعی روشنی کے علاوہ ۔ (۴) غیر شعاعی : مانند غیر شعاعی ۔

Raylessness : (a) بے شعاعی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Raylike : (a) مانند شعاع : مثل نور ۔

Rayon : (n) [Fr.] مصنوعی ریشم : نقلی ریشم : ریشم نما؛ مصنوعی ریشم کا تجارتی نام : ریعاں ۔

Rayonne : (a) [Fr.] (نقابت) (مار کا دار ڈھال کی سطح) جس میں باری باری نکیلے ابھار اور نشیب ہوں۔

Rayonnent : (a) [Fr.] شعاعی؛ شعاع دار : شعاعی خطوط والا؛ تاباں؛ منور : روشن ۔

Rays : (n) شعائیں : اشعہ ۔

Active rays : (طبیعیات) کیمیائی شعاعیں ۔

X- Rays : لا شعاعیں ۔

Raze : (v) [Var. of Rase.] (۱) چھیل ڈالنا : چھیلنا : خاک کر دینا : صاف کر دینا : اڑا دینا : محو کر دینا : مٹا دینا : نسیتاً منسیا کرنا ۔ (۲) مسمار کرنا : زمین کے برابر کر دینا : ڈھا دینا : منہدم کر دینا ۔ (۳) ہٹا دینا : منتقل کر دینا : بھگا دینا ۔ (۴) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا : گرا دینا ۔

Raze to the ground : خاک میں ملا دینا ۔

Razee : (n) [Fr.'Rase(e)'.] (جہاز رانی) جریمہ : عرشہ اترا جہاز : بے عرشہ کا جہاز ۔

Razee : (v) جہاز کا عرشہ اتروا دینا : (جہاز کو) عرشوں کی تعداد کم کرکے نیچا کر دینا ۔

Razor : (n) [OFr.'Rasor'.] تیز دھار کاآلہ خصوصاً بال تراشنے کے لئے : استرا : موتراش : بال تراش : مسوس ۔

On the razor's edge : خطرناک حالت میں : غیر اختیاری حالت میں ۔

Occum's razor : ولیم آف آکم(Occum) کے فلسفۂ اسمیت (فلسفۂ اسمیت کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے) کا بنیادی اصول ۔

Razor : (v) استرے سے چھیلنا یا صاف کرنا : استرا چلانا : استرا پھیرانا : مونڈنا (استرے وغیرہ سے) ۔

Razor-back: (n) (۱) استرا پشت (جس کی پشت استرے کی دھار جیسی ہو) (۲) وہیل مچھلی (جس کے پَر (fin) پشت پر ہوتے ہیں اور دھار دار ہوتے ہیں) ۔ (۳) سور کا بچہ یا سور (جس کی ریڑھ پر تیز رونگٹے ہوتے ہیں)۔

Razor-backed : (a) استرانیت کا یا اس سے متعلق : استرے کی تیز دھار جیسی پشت والا ۔

Razor-bill : (n) امریکا اور یورپ کے ساحلی علاقوں میں پائے جانے والا آک (Auk) جس کی چونچ تیز اور نوکیلی ہوتی ہے : آک ۔

Razor-billed : (a) (حیوانیات) موسیہ : تنگ و تیز منقار آک : مبوسی : استرمنقار ۔

Razor-bridge : (n) پُل صراط ۔

Razor-calm : (n) دو دھاری صدف جس کا خول لمبا اور پتلا ہوتا ہے۔

Razor-dazzle : (n) [Origin U.S.] (۱) (عامیانہ) چہل پہل : گھما گھمی : ریل پیل : رونق : رنگ رلیاں ۔ (۲) چرخ ہنڈولا؛ چکّر جھولا ۔

Razor-edge : (n) (۱) دھار : باڑھ ۔ (۲) سلامی کوہان کی چٹان : استرا پشت چٹان ۔ (۳) نازک موقع : وقت صعب : شدید خطرہ ۔ (۴) واضح حد فاصل : خط فاصل (ارضیات) ۔ (۵) (ارضیات) موسیہ چٹان : تیز پشتہ کوہ ۔

Razor-fish : (n) ایک قسم کا بڑا گھونگا : صدف موسیہ : گھونگا : گھونگ ۔

Razor-grass : (n) ایک قسم کی ہندوستانی گھاس جس کی پتیاں دھار دار ہوتی ہیں : دھار دار سوان ۔

Razor-grinder : (n) (۱) چمروٹی : چمروٹا : مسلّی : سان : پتھری : وہ چیز جس پر استرے کی دھار تیز کی جاتی ہے ۔ (۲)(حیوانیات) بہت ساری چڑیوں کے نام ۔ (۳)آسٹریلیا کی ایک چڑیا : مگس خور چڑیا ۔ (۴) (بول چال) ایک قسم کی ابابیل (جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ رات میں بکریوں کا دودھ پی جاتی ہے اسے انگلش میں (Night jar) بھی کہتے ہیں ۔ (۵) (بول چال) زمزمہ پر دار ٹڈا وغیرہ ۔

Razor-paper : (n) وہ کاغذ جس پر استرے وغیرہ کو تیز کرتے ہیں ۔

Razor-paste : (n) لیئی جیسا یا سفوف شے جسے استرا تیز کرنے والی مشین کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Razor-shell : (n) صدف موسیہ کا خول: گھونگے وغیرہ کا بیرونی خول۔

Razz-ma-taz/ Razmataz : (n) دیکھو Razor-dazzle

Razzorless : (a) بے دھار : کند ۔

Razzia : (n) [F. ad. Algerian Arab 'Ghaziah'.] حملہ : دھاوا : چھاپہ : یلغار (خاص کر افریقی مسلمانوں کا غزوے کی بگڑی ہوئی صورت) ۔

Razzle : (n) دیکھو Razor-dazzle

On the razzle : چہل پہل : گھما گھمی ۔

Re : (n) [ME.] (۱) رے : سرگم : سرگم کا دوسرا سُر : را ۔ (۲) فرنگی سرگم میں پنجم کا سُر ۔

Re : (Prep.) بابت : متعلق : بارے (میں) عن : متعلق به ۔

Re- : [L. Origin.] (سابقہ) عموماً باز : دوبارہ : بار دیگر : مکّرر وغیرہ کے معنی میں آتا ھے : افعال یا مفعول الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ھے : بعض اوقا ت اس کے اور اصل لفظ کے درمیان خط وقف بنا دیتے ہیں ۔ (۱)جواباً یا باہم دگر معنی میں (مثلاً React) ۔ (۲) مخالفت کے معنی میں (مثلاً Revolt) ۔ (۳) پیچھے یا بعد کے معنی میں (مثلاً Relic)۔ (۴) خلوت یا اخفا کے معنی میں (مثلاً Recluse , Reficent) ۔ (۵) کثرت یا شدت کے معنی میں (مثلاً Redouble , Refine) ۔ (٦) الگ ، دور یا نیچے کے معنی میں (مثلاً Release , Religate) ۔ (۷)نفی کے معنی میں (مثلاً Reproach , Resign) ۔ (۸)واپسی اور مراجعت کے معنی میں (مثلاً Reponere, Retituere) ۔ (۹) دوبارہ ، از سر نو کے معنی میں (مثلاً Re-write, Re-type) ۔

Re-analysis : (n) تجزیۂ ثانی : دوبارہ تجزیہ : از سر نو تجزیہ ۔

Re-analyze : (v) دوبارہ تجزیہ کرنا ۔

Re-book : (v) دوبارہ بُک کرنا (ٹکٹ وغیرہ) ۔

Re-lable : (n) (برطانیہ ، بول چال) (دوبارہ) بحالی : (دوبارہ) تقرری ۔

Re-absorb : (v) دوبارہ جذب کرنا : دوبارہ جذب ہونا ۔

Re-absorption : (n) دوبارہ جذب ہونے یا کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

Re-accept : (v) دوبارہ قبول کرنا : دوبارہ تسلیم کرنا ۔

Re-access : (n) واپسی : مراجعت : باز گشت ۔

Re-accomodate : (v) دوبارہ ہم آہنگ کرنا یا بنانا : دوبارہ موافق بنانا ۔

Re-accredit : (v) دوبارہ سفیر بحال کرنا : پھر سے سفیر بھیجنا : از سر نو سفیر متعین کرنا ۔

Re-acknowledge : (v) (۱) دوبارہ تسلیم کرنا : دوبارہ قبول کرنا ۔ (۲) دوبارہ رسید دینا ۔

Re-acquire : (v) دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ حاصل کرنا ۔

Re-activate : (v) (۱) دوبارہ فعّال کرنا : فعّال ہونا : متحرک کرنا : قوت عمل حاصل کرنا : سرگرم کرنا ۔ (۲) (فوج) بہتر طور پر سرگرم ہونا : منتظم ہونا ۔ (۳) دوبارہ سرگرم کار ہونا : از سر نو (صنعت وغیرہ) شروع کرنا ۔

Re-activation : (n) (طبیعیات) باز تابکاریّت : (کیمیا) باز عاملیّت ۔

Re-adapt : (v) دوبارہ موزوں بننا : دوبارہ موزوں ہونا ۔

Re-address : (v) (۱) (خط کا) پتہ بدل کر لکھنا : دوسرے پتہ پر (خط) بھیجنا ۔ (۲) دوبارہ خطاب کرنا : از سر نو خطاب کرنا ۔

Re-adjust : (v) دوبارہ درست کرنا : دوبارہ مرتب کرنا : پھر آراستہ کرنا : متواز ن کرنا : موافق بنانا : ہم آہنگ کرنا ۔

Re-adjustable : (a) ہم آہنگ ہونے کے لائق : قابل اصلاح : قابل تنظیم ۔

Re-adjuster : (n) دوبارہ ہم آہنگ کرنے والا یا ہونے والا ۔

Re-adjustment : (n) (۱)دوبارہ ہم آہنگی: از سرنو توازن۔(۲)(امریکا) ورجینیا کی ایک سیاسی جماعت (۷۸۔۱۸۷۷) کا ممبر۔

Re-admission : (n) داخلۂ ثانی : دوبارہ داخلہ ۔

Re-admit : (v) دوبارہ داخل کرنا یا ہونا ۔

Re-admittance : (n) دیکھو Readmission

Re-advance : (v) دوبارہ آگے بڑھنا ۔

Re-advance : (n) دوبارہ آگے بڑھنے کا عمل ۔

Re-advertency : (n) نظر ثانی : تجدید نظر ۔

Re-affirm : (v) دوبارہ توثیق : تصدیق : اقرار کرنا ۔

Re-afforest : (v) (کسی زمین کو) دوبارہ جنگل بنانا ۔

Re-alliance : (n) اتحاد ثانی : دوبارہ اتحاد ۔

Re-apparition : (n) (دینیات) ظہور ثانی : عَود ۔

Re-appeal : (v) دوبارہ اپیل کرنا : سابق اپیل کی تجدید کرنا ۔

Re-appear : (v) دوبارہ ظاہر ہونا : نمودار ہونا ۔

Re-appearance : (n) دوبارہ ظہور : ظہور نو : (علم النجوم) انخلا : ناز نمود ۔

Re-appointment : (n) دوبارہ تقرری : از سر نو تقرری : دوبارہ بحالی ۔

Re-appraisal : (n) دوبارہ اور از سر نو تخمینہ : دوبارہ تقدیر ۔

Re-apprehension : (n) (قانون) دوبارہ گرفتاری ۔

Re-approach : (v) دوبارہ رسائی حاصل کرنا: دوبارہ گفت و شنید کرنا ۔

Re-approapriate : (v) (سیاسیات)تبدیل مد کرنا : دوبارہ تصرف کرنا ۔

Re-appropriation : (n) (سیاسیات) تبدیل مد : دوبارہ تصرف ۔

Re-argue : (v) دوبارہ بحث کرنا (کسی مقدمہ میں) : دوبارہ پیروی کرنا ۔

Re-argument : (n) دوبارہ بحث : از سر نو پیروی ۔

Re-arm : (v) دوبارہ مسلح ہونا : تجدید اسلحہ کرنا : جدید ترین اسلحہ سے لیس ہونا ۔

Re-armament : (n) دوبارہ مسلح ہونے کاعمل : جدید ترین اسلحہ سے لیس ۔

Re-arouse : (v) دوبارہ جگانا : چونکانا : دوبارہ روشن کرنا ۔

Re-arrange : (v) دوبارہ ترتیب دینا : نو ترتیب دینا : نئے سرے سے مرتب کرنا : دوبارہ جمانا : مرتب کرنا ۔

Re-arrangement : (n) (۱) تجدید ترتیب : نئی ترتیب : دوبارہ ترتیب ۔ (۲) دیکھو Isomerization ۔

Re-array : (v) (۱) دوبارہ جنگ کے لئے آمادہ کرنا : دوبارہ صف آرائی کرنا ۔ (۲) از سر نو سنگار کرنا : دوبارہ سنوارنا ۔

Re-arrest : (n) دوبارہ گرفتاری : تازہ گرفتاری ۔

Re-arrest : (v) دوبارہ گرفتار کرنا : از سر نو گرفتار کرنا ۔

Re-ascend : (v) دوبارہ چڑھنا یا چڑھانا : دوبارہ بلند کرنا یا ہونا ۔

Re-ascension : (n) دوبارہ چڑھائی : دوبارہ بلند ہونے کا طریقہ : وہ دوری جہاں تک کوئی چڑھتا ہو : بلندی ۔

Re-ascent : (n) دیکھو Reascension

Re-ask : (v) دوبارہ دریافت کرنا : دوبارہ پوچھ تاچھ کرنا : دوبارہ درخواست دینا ۔

Re-assemblage : (n) دوبارہ اجتماع : دوبارہ نشست ۔

Re-assemble : (v) دوبارہ جمع ہونا : دوبارہ اکٹھا ہونا : دوبارہ جمع کرنا ۔

Re-assembly : (n) دوبارہ اجتماع ۔

Re-assert : (v) دعویٰ دہرانا : ابرام کرنا : دوبارہ جتانا : پھر یقین دلانا : اصرار کرنا ۔

Re-assessment : (n) (معاشیات) تشخیص مکرّر : دوبارہ جائزہ ۔

Re-assign : (v) دوبارہ نامزد کرنا : دوبارہ تقرر کرنا : پھر سے منسوب کرنا ۔

Re-assignment : (n) دوبارہ تقرری : باز تفویض : دوبارہ نامزدگی ۔

Re-associate : (v) دوبارہ شامل کرنا : دوبارہ مربوط کرنا : دوبارہ ملانا ۔

Re-association : (n) ربط ثانی : دوبارہ تلازم : از سر نو شرکت : پھر سے میل جول ۔

Re-assume : (v) (۱) دوبارہ قیاس کرنا : دوبارہ فرض کرنا : پھر سے مان لینا : پھر سلسلہ چھیڑنا : دوبارہ اختیار کرنا ۔ (۲)دوبارہ لے لینا : واپس لے لینا : دوبارہ ملا دینا : دوبارہ جوڑ دینا ۔ (۳) دوبارہ ذمہ داری قبول کرنا ۔ (۴) دوبارہ جگہ حاصل کرنا : جگہ بنا لینا ۔ (۵) دوبارہ شروع کرنا ۔

Re-assumption : (n) دوبارہ بحالی : دوبارہ تقرری ۔

Re-assurance : (n) (۱) دوبارہ یقین دہانی : از سر نو یقین دہانی ۔ (۲) از سر نو اعتماد کی بحالی ۔ (۳) دوبارہ ضمانت ۔

Re-assure : (v) (۱) دوبارہ یقین دلانا : دوبارہ توثیق کرنا : مطمئن

کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ ہمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ؛ اعتماد بحالی کرنا ؛ تسکین دینا ۔ (۲) کسی خیال پر پھر سے جمنا ۔ (۳) دوبارہ ضمانت دینا ۔

Re-assurer : (n) دوبارہ یقین دلانے والا ؛ دوبارہ ضمانت دینے والا ۔

Re-assuring : (a) (الفاظ یا طریقہ) اطمینان بخش ؛ تسکین آمیز ۔

Re-assuringly : (adv.) اطمینان دلاتے ہوئے ؛ تسکین آمیز طریقے سے ۔

Re-attach : (v) دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ جوڑنا ؛ دوبارہ نتھی کرنا ۔

Re-attachment : (n) (قانون) تازہ منسلکہ (کاغذ وغیرہ) ۔

Re-authenticate : (v) دوبارہ تصدیق یا تحقیق کرنا ؛ دوبارہ احقاق حق کرنا ۔

Re-authentication : (n) دوبارہ تصدیق یا تحقیق ؛ دوبارہ احقاق حق ۔

Re-authorize : (v) دوبارہ مجاز کرنا ؛ دوبارہ اختیار دینا ۔

Re-awake : (v) دوبارہ جگانا ؛ دوبارہ جاگنا ۔

Re-aware : (a) دوبارہ خبردار ؛ از سر نو باخبر ۔

Re-back : (v) (۱) کتاب کی پشت کو دوسری شکل دینا ۔ (۲) پشت کتاب میں ہلکی سی تبدیلی یا اضافہ کرنا ۔ (۳)پشت کتاب میں کوئی نیا سامان لگانا ۔

Re-baptism : (n) دوبارہ اعتراف گناہ ؛ دوبارہ بپتسما ۔

Re-baptize : (v) [Late L. 'Reabaptizare'.] (۱) دوبارہ یا از سر نو اعتراف گناہ کرنا ۔ (۲) نیا نام دینا ؛ نیا نام رکھنا ؛ نام بدل کر رکھنا ۔

Re-baptizer : (n) وہ جو دوبارہ اعتراف گناہ کرتا ہے ؛ دوبارہ اعتراف گناہ کرنے والا ۔

Re-bind : (n) دوبارہ جلد بندھی ہوئی کتاب ۔

Re-bind : (v) دوبارہ یا دوسری جلد باندھنا ۔

Re-birth : (n) بعث ؛ نیا جنم ؛ (اوتار وغیرہ کا) ظہور ثانی ؛ مبرور؛ حیات ثانی (جسمانی یا روحانی) ۔

Re-bite : (v) (۱) پھر کاٹنا ؛ پھر منہ مارنا ؛ بوٹی نوچ لینا ۔ (۲) چھیلنا ؛ صاف کرنا ؛ محو کر دینا (چھاپے کی لوح کے ناقص حصے کو) ۔

Re-boil : (v) دوبارہ اُبالنا ؛ دوبارہ جوش دینا ۔

Re-boiler : (n) ایک آلہ جس سے فاضل حرارت پہنچتی ہے ۔

Re-boise : (v) دوبارہ جنگل لگانا ۔

Re-boisement : (n) [Fr. 'Reboiser'.] دوبارہ جنگل میں تبدیل کرنے کا عمل ۔

Re-born : (a) دوبارہ تولد شدہ (روحانی یا جسمانی طور پر) نیز دوبارہ پیدا شدہ (شے) ۔

Re-bound : (n) [f. next.] (۱) باز گشت ؛ پلٹ ؛ اچٹن ؛ لچک ؛ اُبھرنے کی قوت ؛ واپسی ؛ عود ؛ مراجعت ؛ اعادہ ۔ (۲) (جوش جذبات کے بعد) رد عمل ؛ اُتار اور پستی ؛ ٹھنڈا پڑ جانا ۔

To take on the re-bound /To catch - : مراجعت پر لینا یا پکڑنا ؛ نا مراد عاشق کو رجھانا ۔

Re-bound : (v) [OF. 'Rebounder, -bondir'.] (۱) اچٹنا ؛ اچٹ آنا ۔ (۲)رد عمل ہونا؛ پلٹنا ؛ عود کر آنا ؛ باز گشت ہونا ؛ دوبارہ واپس ہونا (فعل کا)پلٹ کر فاعل پر اثر کرنا ۔

Re-boundant : (a) (۱) گُمگ دار ؛ گونجنے والی ؛ صدا پیدا کرنے والی ؛ مرتعش ۔ (۲) (شیر کی دم) S کی طرح مُڑی ہوئی ؛ طنین انداز ۔ (۳) عکسی ؛ منعکس ہونے والا ؛ رد عمل کرنے والا ۔

Re-bounder : (n) باسکٹ بال کا کھلاڑی جو پلٹ کر مارنے میں ماہر ہو ۔

Re-broadcast : (n) دوبارہ نشر کرنا (ریڈیو یا ٹیلیویژن سے) ؛ دُہرانا کسی سابق نشریے کو ۔

Re-built : (v) دوبارہ یا از سر نو تعمیر کرنا ؛ دوبارہ بنانا ؛ تجدید بنا کرنا ؛ خرابی و ویرانی کے بعد تعمیر کرنا ۔

Re-builder : (n) از سر نو تعمیر کرنے والا ۔

Re-building : (n) از سر نو تعمیر سازی ۔

Re-burial : (n) دوبارہ تدفین ؛ تدفین ثانی ۔

Re-calesce : (v) [L .'Recalescere'.] دوبارہ گرم ہونا ؛ پھر سے تاؤ کھانا ؛ (خاص کر لوہے کا جو ایک دفعہ ٹھنڈا ہو کر گرم ہو جاتا ہے) ۔

Re-calescence : (n) باز پلیدگی ؛ باز افروزی ؛ دوسرا تاؤ ۔

Re-calescent : (a) باز افروز : باز پلیدہ ۔

Re-call : (n) (۱) باز طلبی : باز طلبی کا حکم : حکم واپسی : معذولی : بر خواستگی : واپس بلا لیا جانا ۔ (۲) (جہاز رانی) اشارۂ واپسی : واپس آنے کی جھنڈی : صدائے واپسی : (فوج) ساز واپسی ۔ (۳) واپسی : عود : تنسیخ : فسخ (نفسیات) تذکر: تذکار۔ (۴) واپس بلانے کا امکان یا عمل ۔ (۵)یاد آوری : گزشتہ تجربات کا احضار : یاد کرنے کا عمل : نا قابل تنسیخ ۔

Beyond re-call : یادداشت سے باہر : جس کو یا د کرنا نا ممکن ہو : جو واپس نہ آسکے ۔

Past re-call : گیا گزرا : از دست رفتہ : تیر از کمان جستہ : نا قابل تنبیخ ۔

Total re-call : ماضی کو تفصیلی طور پر یا د کرنے کی صلاحیت ۔

Re-call : (v) (۱) پلٹانا : لوٹانا : واپس بلانا ۔ (۲) (توجہ کو) پھیرنا : منعطف کرنا : عود کرنا ۔ (۳) باز طلبی کرنا : خصوصاً کسی دور کے حاکم کے عہدے سے) ہٹا لینا : معزول کرنا : عزل کرنا : واپس بلوانا ۔ (۴)یاد کرنا : یاد آنا : یاد دلانا : یاد تازہ کرنا : یادداشت میں لانا : گزری ہوئی بات کو ذہن میں تازہ کرنا : دہرانا : شعور میں لانا ۔ (۵) جلانا : جان ڈالنا : احیا کرنا : زندہ کرنا : ہوش میں لانا ۔ (۶) منسوخ کرنا : قلم زد کرنا : مسترد کرنا ۔ (۷) واپس لینا : واپس منگا لینا : واپس لے لینا ۔ (۸) دوبارہ بر قرار کرنا : دوبارہ بحال کرنا : سابقہ حالت میں واپس لانا ۔

Re-call method : (n) (نفسیات) طریقۂ تذکر ۔

Re-callable : (a) عود پذیری : ممکن العزل : یاد پذیر : قابل منسوخی : یاد کرنے کے لائق ۔

Re-caption : (n) (۱) (قانون) دوبارہ قرقی : دوبارہ ضبطی : دوبارہ قرقی سے دو چار ہونے والے کی حمایت میں جاری کیا جانے والا رٹ ۔ (۲) (قانون) غیر قانونی قرقی : غیر قانونی ضبطی (پُر امن طور پر) ۔ (۳)ضبط شدہ جائداد کی واپسی ۔

Writ of re-caption : دوبارہ قرقی سے دو چار ہونے والے کی حمایت میں جاری کیا جانے والا حکم ۔

Re-captor : (n) (۱) دوبارہ پکڑنے والا : دوبارہ ضبط کرنے والا : دوبارہ حاصل کرنے والا : (بحری امور میں) دوبارہ انعام لینے والا ۔ (۲) (قانون) گنوائے ہوئے مال کو پھر سے حاصل کر لینے والا یا پا لینے والا ۔

Re-capture : (n) دوبارہ پکڑنے یا لینے کا عمل : فتح ثانی : تسخیر مکرّر ۔

Re-capture : (v) دوبارہ پکڑنا : دوبارہ مسخّر کرنا : دوبارہ فتح کرنا : پھر سے تسخیر کرنا ۔

Re-carriage : (n) مال واپس لے جانے کا عمل : مال کی واپسی ۔

Re-cast : (n) نئی شکل : ترمیم شدہ شکل : تبدیل شدہ شکل ۔

Re-cast : (v) (۱) پھر ڈھالنا : ترمیم کرنا : اصلاح کرنا : از سر نو تشکیل کرنا : نئے سانچے میں ڈھالنا ۔ (۲) نیا طرز اختیار کرنا : نیا طرز اپنانا (خصوصاً ادب میں) : نئی ہیئت یا کردار پیدا کرنا ۔ (۳) نیا ادا کار فراہم کرنا (ڈراما کے لئے) ۔

Re-change : (n) تبدیل ثانی : تغیر ۔

Re-charge : (v) (۱) تازہ حملہ کرنا : از سر نو حملہ کرنا ۔ (۲) دوبارہ الزام لگانا : پھر سے متہم کرنا ۔

Re-charge : (n) (۱)نیا فیصلہ: نیا الزام : (قانون) باز الزام ۔ (۲)(کسی چیز میں) وہ مقدار جو دوبارہ بھری جائے : دوسری بھرائی : (فوج) پھر بھرائی ۔ (۳) بندوق کا لقمۂ ثانی : دوسرا گرداب : (الیکٹرک) باز بر قاؤ ۔

Re-chauffe : (n) [Fr.] (۱)گرم کیا ہوا کھانا:دوبارہ گرم کیا ہوا کھانا باسی چیز (کھانے کی) ۔ (۲) پرانی چیز جو نئی شکل میں پیش کی جائے (خصوصاً نظم و نثر) ۔

Re-chew : (v) دوبارہ چبانا : دوبارہ چابنا ۔

Re-christen : (v) دیکھو Rebaptize

Re-coal : (v) (جہاز کا) پھر کوئلہ بھرنا : لینا یا لادنا : تازہ کوئلہ لادنا یا بھیجنا ۔

Re-coat : (v) دوبارہ یا نیا ضدلا یا پچارا پھیرنا ۔

Re-coct : (v) [L. 'Recoct-' 'Recoquere'.] دوبارہ ابالنا: دوبارہ پکانا : دوبارہ جوش دینا : نیز مجازاً پھرکار آمد بنانا۔

Re-coction : (n) دوبارہ پکانے کا عمل ۔

Re-collection : (n) med. L. 'Recollectionem'.] دوبارہ اجتماع : باز خوانی: تکرار ۔

Re-collect : (v) [L. 'Recollect recolligere'.] (۱) یاد کرنا : ذہن میں لانا : ذہنی طور پر یاد کرنا : ذہن میں دوبارہ لانا : حافظے میں آ جانا : یاد میں لانا۔ (۲) دوبارہ جمع کرنا: دوبارہ اکٹھا کرنا (چیز ، شخص)۔ (۳) ہمت کرنا : جرأت کرنا : کوشش کرنا : کوشش سے پالینا۔

Re-collect : (v) [f. as perc. but now differentiated by the pron.] (۱) کسی چیز کو ذہن میں واپس لانا : یاد کرنا۔ (۲) مرکوز کرنا (دماغ کو) : خصوصاً مذہبی امور میں)۔ (۳) دوبارہ مطمئن ہونا : اپنے آپ کو دوبارہ اطمینان کی حالت میں واپس لانا : ڈھونڈ لینا : پا لینا۔

Re-collectable : (a) یاد کرنے کے لائق: یادداشت میں واپس لانے کے لائق۔

Re-collected : (a) جمع کیا ہوا : یادداشت میں لایا ہوا۔

Re-collection : (n) (۱) مذہبی یا سنجیدہ ارتکاز : ارتکاز خیالات۔ (۲) اطمینان : سکون ذہنی : سکون دماغی : خود اعتمادی۔ (۳) یاد : یاد آوری : یاد داشت : حافظہ : وہ طریقہ جس سے دماغ میں خیالات یا اشیاء کو پھر سے لایا جائے : نیز اس کی مثال۔ (۴) یاد کرنے کی صلاحیت : یادداشت : یادداشت کی صلاحیت : حافظے کا دائرہ : حافظہ۔ (۵) یادگار : تذکرہ : وہ چیز جس کے ذریعہ حافظہ کو زندہ کیا جائے۔

Re-collective : (a) حافظے کا یا اُس سے متعلق : یاد کا : حافظے کی گرفت : حافظے کی دین : حافظے کی صلاحیت۔

Re-collective faculty : (n) (نفسیات) قوت یاد۔

Re-collectively : (adv.) بطور حافظہ : یادداشت کے طور پر۔

Re-colonisation : (n) (نباتیات) باز روئیدگی : باز بساہت : باز آباد کاری۔

Re-colonize : (v) پھر بسانا یا آباد کرنا : دوبارہ آباد کاروں یا آبادیوں کو بسانا۔

Re-colour : (n) دوبارہ رنگنا : نیا رنگ دینا۔

Re-comb : (v) دوبارہ کنگھی کرنا۔

Re-combination : (n) (۱) باز ترکیب : قوت حیاتی کی نئی تشکیل۔ (۲) خالص ایٹم کی تیاری میں مثبت اور منفی برق پاروں کا اجتماع۔

Re-combine : (v) دوبارہ جوڑنا: دوبارہ ملانا : پھر جمع کرنا : امتزاج رنگ کرنا۔

Re-commence : (v) (۱) دوبارہ شروع کرنا یا ہونا : پھر سے آغاز کرنا: نئے سرے سے شروع کرنا : دوبارہ ابتدا کرنا : پھر چلانا یا جاری ہونا۔

Re-commencement : (n) دوبارہ آغاز : دوبارہ شروع۔

Re-commit : (v) (۱) (کسی بل کو) کمیٹی کو واپس کرنا : دوبارہ کمیٹی کے حوالے کرنا : تفویض مکرر کرنا۔ (۲) دوبارہ مجاز کرنا۔ (۳) دوبارہ حوالے کرنا : دوبارہ حوالات میں بھیجنا : پھر سپرد کرنا : دوبارہ جیل میں بھیجنا۔ (۴) کسی کام کو دوبارہ کرنا : اعادہ کرنا : ارتکاب مکرر کرنا : دوبارہ مرتکب ہونا۔

Re-commitment : (n) ارتکاب مکرر : باز سپردگی : از سر نو ارتکاب : از سر نو سپردگی یا حوالات : تفویض مکرر۔

Re-committal : دیکھو Recommitment

Re-communication : (v) ازسرنو تعلق پیدا کرنا: دوبارہ مراسلت کرنا۔

Re-compare : (v) دوبارہ ملانا: دوبارہ موازنہ کرنا۔

Re-compete : (v) دوبارہ کامیاب ہونا۔

Re-complete : (v) دوبارہ مکمل کرنا : دوبارہ پورا کرنا۔

Re-complicate : (v) دوبارہ الجھانا : دوبارہ دشوار بنانا۔

Re-compose : (v) (۱) دوبارہ جوڑنا : دوبارہ ترتیب دینا : دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ امتزاج کرنا۔ (۲) دوبارہ اکٹھا کرنا : دوبارہ مرتب کرنا : دوبارہ مرکب کرنا۔ (۳) نئے سرے سے ملانا : نئے سرے سے جوڑنا۔ (۳) دوبارہ مربوط کرنا: دوبارہ متحد ہونا یا کرنا : دوبارہ تنظیم دینا۔

Re-composer : (n) دوبارہ ملانے والا : دوبارہ جوڑنے والا : دوبارہ مرتب کرنے والا۔

Re-composition : (n) اتصال ثانی : ترکیب ثانی : (کیمیا) باز ترکیب۔

Re-compound : (v) دوبارہ مرکب کرنا: دوبارہ مخلوط کرنا : پھر ملانا: جوڑنا : ترتیب دینا : تازہ ترکیب دینا۔

Re-conceive : (v) (۱) دوبارہ نطفہ قبول کرنا : دوبارہ حاملہ ہونا (۲) دوبارہ درک کرنا : دوبارہ سمجھانا۔

Re-concentrate : (v) دوبارہ مرکوز کرنا : دوبارہ مرکوز ہونا۔

Re-conception : (n) دوبارہ ادراک ؛ ادراک ثانی ۔

Re-condemn : (v) (۱) دوبارہ برا بھلا کہنا ؛ پھر سے عیب لگانا ؛ دوبارہ ملامت کرنا ؛ دوبارہ مجرم قرار دینا ۔ (۲)دوبارہ خلاف فیصلہ دینا ؛ از سر نو نکما بنا دینا ؛ از سر نو رد کرنا ۔

Re-condense : (v) دوبارہ منجمد کرنا ؛ پھر جمانا ؛ دوبارہ مرتکز کرنا ؛ از سر نو یکجا کرنا ۔

Re-conduct : (v) دوبارہ رہنمائی کرنا ؛ دوبارہ راہ دکھلانا ۔

Re-conduction : (n) (۱) دوبارہ رہنمائی ۔ (۲) تجدید اجارہ ؛ مزارعہ ۔

Re-confirm : (v) دوبارہ توثیق کرنا ؛ خصوصاً محفوظ نشست وغیرہ کی دوبارہ توثیق کرنا ۔

Re-confirmation : (n) دوبارہ توثیق ۔

Re-connect : (v) دوبارہ جوڑنا ؛ دوبارہ ملانا ۔

Re-conquer : (v) دوبارہ فتح حاصل کرنا ؛ خصوصاً فتح کے ذریعہ ۔ حاصل کرنا ؛ پھر فتح کر کے حاصل کرنا ۔

Re-conquest : (n) مفتوحہ چیز کی دوبارہ فتح ؛ فتح کے ذریعہ حصول ۔

Re-consider : (v) (۱)نظرثانی کرنا ؛ دوبارہ غور و فکر کرنا ؛ ازسرنو سوچنا ۔ (۲) منسوخ کرنا ؛ فتح کرنا ؛ کالعدم کرنا ؛ ترمیم کرنا ۔

Re-consideration : (n) نظر ثانی ؛ ترمیم ؛ تجدید نظر ۔

Re-consign : (v) دوبارہ سونپ دینا ؛ دوبارہ تفویض کرنا ؛ دوبارہ حوالے کرنا ۔

Re-consignment : (n) باز حوالگی ؛ باز سپردگی ۔

Re-constitute : (v) تعمیرنو کرنا ؛ پھر قائم یا مرتب کرنا ؛ عناصر حقیقی یا اجزائے اصل کوملا کر دوبارہ بنانا یا تعمیر کر نا ؛ پھر مشتعل ہونا ؛ دوبارہ آئین بند کرنا ۔

Re-constitution : (n) (۱) آئین نو ؛ ترکیب نو ۔ (۲) (فرانسیسی قانون جرائم) موقعۂ واردات پر جا کر جرم کی تفصیلات معلوم کرنے کا عمل ۔

Re-construct : (v) (۱) دوبارہ بنانا ؛ از سر نو تعمیر کرنا ؛ پھر بنانا ؛ مکرر ترکیب دینا ؛ تجدید نو کرنا ۔ (۲) مرتب کرنا ؛ دوبارہ اصلاح کرنا ؛ (اعضاء وغیرہ کو) پھر سے درست کرنا ۔ (۳) دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ مخلوط کرنا۔ (۴)دوبارہ مرتب کرنا ؛ دوبار ترتیب دینا ؛ دوبارہ قائم کرنا ۔ (۵) دوبارہ آباد کرنا ؛ دوبارہ بسانا ۔ (۶)دوبارہ مرکب کرنا ؛ دوبارہ ایک ساتھ ملانا ؛ دوبارہ ایک ساتھ حملہ کرنا ۔ (۷) دوبارہ ذہن میں لانا ؛ دوبارہ ذہنی طور پر مضبوط ہونا ۔ (۸) دوبارہ تخلیق کرنا۔ (۹) (امریکا) وفاقی طرز حکومت پر غالب آنا یا ہونا۔

Re-construction : (n) (۱) از سر نو تعمیر ؛ تنظیم ؛ تجدید ؛ اصلاح ؛ نو سازی ۔ (۲) (تعمیرات) باز تعمیر (حیوانیات) باز عضو سازی ؛ (جراحی) عضو بندی ۔ (۳)تعمیر سازی کا موقع ؛ اصلاح کی مثال ؛ تعمیر شدہ چیز؛ تجدید سامان ۔ (۴) (امریکی خانہ جنگی (۷۷ - ۱۸۶۷ء) کے بعد مفتوحہ ریاستوں کا الحاق ثانی اور تنظیم نو۔

Re-constructional : (a) نوسازی کا یا اس سے متعلق ۔

Re-constructive : (a) از سر نو تعمیر کا یا اس سے متعلق ؛ باز تعمیری ؛ نو سازی ۔

Re-constructive : (n) دوبارہ تعمیر کرنے والا ؛ دوبارہ تقویت دینے والا۔

Re-consult : (v) دوبارہ مشورہ کرنا ؛ پھر سے صلاح لینا یا دینا ۔

Re-contact : (v) دوبارہ رابطہ قائم کرنا ۔

Re-convalesce : (v) دوبارہ تند رستی پانا ؛ دوبارہ صحت یاب ہونا ۔

Re-convene : (v) (۱) دوبارہ منعقد کرنا ؛ دوبارہ جمع کرنا ۔ (۲)کسی نشست میں دوبارہ جمع ہونا ۔

Re-conversation : (n) (۱) تغیر ثانی ؛ دوبارہ تبدیلی ؛ مراجعت ثانی ۔ (۲) (دینیات) رُجوع ؛ سابق عقیدے پر واپسی ۔ (۳)(صنعت وغیرہ کی) حالت جنگ سے حالت امن میں تبدیلی ۔

Re-convert : (v) (۱) پہلی حالت میں واپس آنا ؛ رجوع ثانی کرنا۔ (۲) پھر اصل مذہب پر لانا ۔ (۳) (منطق) کسی قضیہ کے صغریٰ اور کبریٰ کو پھر سے ملانا ۔ (۴)قدر اصلی میں دوبارہ تبدیل ہونا ۔

Re-convertible : (a) قابل رجوع ؛ رجعت کے لائق ۔

Re-convey : (v) (۱)سابق حالت یا جگہ پر دوبارہ لوٹنا ۔ (۲) (قانون) جائداد کے پہلے مالک کی ملکیت میں جانا ۔

Re-conveyance : (n) انتقال ثانی (جائداد) ؛ تحویل ثانی ؛ جائداد کی واپسی (سابق مالک کو) ۔

Re-convicted : (a) (قانون) باز سزا یاب۔

Re-correct : (v) دوبارہ صحیح کرنا ؛ دوبارہ تصحیح کرنا ؛ دوبارہ اصلاح کرنا۔

Re-corrupt : (v) دوبارہ بگاڑنا ؛ دوبارہ خراب کرنا ؛ دوبارہ رشوت دینا ؛ دوبارہ خراب ہونا۔

Re-count : (n) تفصیلی شمار؛ شمار ثانی؛ دوبارہ شمار؛ از سر نوگنتی۔

Re-count : (v) دوبارہ گننا ؛ دوبارہ شمار کرنا ؛ پھر گننا۔

Re-couple : (v) دوبارہ جوڑنا ؛ دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ بیا منہا۔

Re-cover : (n) [OFr. 'Recovere'.] (۱) صحت یابی ؛ افاقہ ؛ شفایابی ؛ بحالی ؛ بازیابی ؛ وصولی۔

Re-cover : (v) [L. 'Recuperare'.] (۱) پھر پا لینا ؛ دوبارہ حاصل کر لینا ؛ پھر ہاتھ آ جانا ؛ باز یافت ہونا ؛ نکال لینا (زمین، سمندر سے)۔ (۲) حق پانا ؛ معاوضہ لینا (عدالت کے حکم سے) ؛ بھرپائی کرانا ؛ واپس لینا ؛ وصول کرنا ؛ (قرضہ ، ہرجانہ وغیرہ)۔ (۳) افاقہ پانا ، صحت پانا ؛ بحال ہو جانا ؛ہوش آ جانا؛ جان آ جانا ؛ ہوش میں لانا ؛ دوبارہ زندگی پانا۔ (۴) پنپنا ؛ (کمی یا نقصان کو) پورا کرلینا؛ تلافی کر لینا۔ (۵) اعتدال پر لانا ؛ اپنے آپ میں آنا یا لانا ؛ نارمل ہونا ؛ پہلی حالت پر واپس لوٹنا۔ (٦) باہر نکلنا ؛ بچنا (خطرے یا بری چیزوں سے) ؛ بچ جانا۔ (٧) قانونی کاروائی کے ذریعہ جیتنا ؛ مقدمہ جیت جانا؛ آخری عدالتی فیصلہ حسب خواہ ہونا۔ (٨) پہنچنا ؛ رسائی حاصل کرنا۔ (٩) (ملک ، علاقہ وغیرہ) دوبارہ حاصل کر لینا ؛ (جنگ میں کھوئی ہوئی زمین) پھر قبضہ کر لینا۔ (١٠) کار آمد بنانا ؛ مفید بنانا ؛ (کسی شخص کی) مدد کرنا ؛ (کسی کو) بری حالت سے اچھی حالت میں لانا۔ (١١) روشنی میں لانا ؛ گمنامی سے نکالنا ؛ دفینہ پانا ؛ دفینے کو ظاہر کرنا۔ (١٢) محافظ کا عہدہ حاصل کرنا ؛ پہرے دار ہونا۔ (١٣) ہتھیار کو مخصوص حالت میں لانا۔ (١٤)گرتے ہوئے گھوڑے کو سنبھال لینا۔ (١٥) تلاش کر کے دوبارہ حاصل کرنا ؛ پستی سے ابھارنا ؛ بری حالت سے نجات دینا۔ (١٦) اصلی حالت میں آجانا۔ (١٧)اطمینان حاصل کر لینا۔ (١٨) تسلیمی خم سے سیدھا ہونا ؛ جھک جھک کر آداب کرنے کے بعد سیدھا ہونا۔

To be re-covered : صحت یاب ہو جانا ؛ شفا یاب ہونا۔

To re-cover arm : بندوق کو اس طرح رکھنا کہ گھوڑا بائیں کندھے کے برابر اور نال سامنے ہو۔

To recover onesledge : (گرنے کے بعد) اُٹھ کھڑا ہونا۔

To recover onbeself : بحالی ہو جانا ؛ حواس بجا ہو جانا ؛ ہوش میں آ جانا ؛ اپنے آپ کو سنبھال لینا۔

To recover sword : تلوار باہر کھینچنا ؛گھونپ کر نکالنا ؛ (جنگی اصطلاح میں) تلوار عَلَم کرنا ؛ شمشیر کشید کرنا ؛ تلوار الف یا سیدھی کھڑی کرنا (اس طرح کہ قبضہ منہ کے) سامنے ہو۔

Re-cover /Recover : (v) دوبارہ چھپانا ؛ از سر نو ڈھانکنا ؛ باز پوشی کرنا ؛دوسرا غلاف چڑھانا۔

Re-cross : (v) دوبارہ عبور کرنا ؛ دوبارہ پار کرنا یا اترنا ؛ ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوئے گزرنا۔

Re-crudency : (n) [L. 'Recrudenscere + -ency.] (۱) دوبارہ پھوٹ پڑنے کا عمل ؛ عود دوبارہ ؛ از سر نو شدت؛ تجدید حیات۔ (۲) (طب) عود مرض ؛ (نباتیات) انتکا س ؛ (دینیات) ظہور مجدد۔

Re-crudesce : (v) [L. 'Recrudescere'.] پھوڑے پھنسی بیماری یا شورش کا) پھر زور ہو جانا ؛ پھر پھٹنا یا پھوٹ پڑنا ؛ پھر شدت ہونا ؛ عود کرنا ؛ دوبارہ پھوٹ پڑنا (ادبی و مجازی)۔

Re-crudescence : (n) [L.'Recrudescentia'.] Recrudency دیکھو

Re-crudescency : (a) دوبارہ پھوٹ پڑنے سے متعلق؛ از سر نو شدت سے متعلق۔

Re-crudescent : (a) عود کرنے والا ؛ دوبارہ پھوٹ پڑنے والا۔

Re-decorate : (v) (۱) پھر سے جلا دینا ؛ دوبارہ زنگ دور کرنا ؛ نئے سرے سے صاف کرنا ؛ پھر چمکانا۔ (۲) (خصوصاً) نقاشی کرنا ؛ کاغذ یا دیوار پر نقش بنانا۔

Re-decoration : (n) دوبارہ صفائی ؛ دوبارہ آراستگی ؛ دوبارہ جلا۔

Re-dedicate : (v) دوبارہ نذر کرنا ؛ دوبارہ وقف کرنا ؛ دوبارہ معنون کرنا ؛ دوبارہ منسوب کرنا۔

Re-dedication : (n) انتساب ثانی ؛ نذر ثانی ؛ ہدیۂ ثانی۔

Re-deem : (v) [L. 'Redimere'.] (۱) دوبارہ خریدنا ؛ (محنت سے یا قرار دادہ قیمت دے کر) چھڑا لینا ؛ واپس خریدنا ؛ فِك کرنا ؛ (جائداد) رہن سے چھڑانا۔ (۲) واپس لینا ؛ پھر سے حاصل کرنا (کھوئی ہوئی عزت ، رتبہ وغیرہ)؛

واپس لے لینا (بذریعه طاقت) ۔ (۲)روپیه دے کر معامله ہموار کر لینا ؛ روپیه دے کر سمجھوته کرلینا ؛ روپیه دے کر احسان کا بدله اُتارنا ؛ نقدی میں بدلنا ۔ (۴)پورا کرنا ؛ ایفا کرنا (وعده) ۔ (۵) آزاد کرانا ؛ مخلصی دلانا یا پانا ؛ غلامی سے چھوڑنا یا چھڑانا (روپیه دے کر) ؛ جان بچانا (زر فدیه دے کر یا زر فدیه ادا کر کے) ؛ رہائی دینا ؛ آزاد کرنا ؛ (قرض یا الزام سے) بری کرنا ؛ صاف کرنا ؛ انصاف کرنا ۔ (٦) بچانا ؛ نجات دلانا ؛ چھڑا لانا ؛ (اخلاق پستی سے) ابھارنا ۔ (۷)(خدا کا گناه یا عذاب سے) بچانا ؛ نجات بخشنا؛ نعم البدل ہونا؛ نجات دینا ۔ (۸) تلافی کرنا ؛ ہرجانا دینا ؛ تاوان دینا ۔ (۹) بد نمائی سے محفوظ رکھنا ؛ بد نما نه معلوم ہونے دینا (مثلاً آنکھوں اور چہروں کو) ۔ (۱۰) پاکیزه کرنا ؛ پاك صاف کرنا یا بنانا؛ بد تر سے بہتر بنانا ؛ اصلاح کرنا ۔ (۱۱) مرمت کرنا؛ درست کرنا ؛ پھر سے کار آمد بنانا ۔ (۱۲)حقیقت میں بدلنا ؛ حقیقی بنانا ۔ (۱۳)وقت بچانا (برباد ہونے سے) ؛ بچانا (شخص یا چیز کو) (خرابی سے) وقت کو بہتر طور پر استعمال کرنا ۔ (۱۴) قدر کرنا (صلاحیت کی) ؛ اعزاز بخشنا ۔ (۱۵)(جائداد وغیره) دوباره حاصل کر لینا ؛ مقدمه جیت لینا (بذریعه خریداری)۔

Re-deemability : (n) دوباره خریداری ؛ دوباره حصول ۔

Re-deemability security : (n) (قانون) میعادی تمسك ۔

Re-deemable : (a) (۱) قابل نجات ؛ انفکاك پذیر ؛ کفاره پذیر ؛ تلافی پذیر ؛ نجات یافتی ؛ قابل خریدنی ۔ (۲) (قانون)میعادی ۔

Re-deemableness : (n) دیکھو Redeemability

Re-deemably : (adv.) میعادی طور پر ؛ دوباره حصول کے ساتھ ۔

Re-deemer : (n) (۱)نجات دہنده ؛ رہائی دینے والا؛ چھٹکارا دینے والا ؛ (خصوصاً حضرت مسیح کی نسبت) نجات دہنده ؛ شفیع ۔ (۲) رہائی ؛ بخشی ؛ آزادی بخشنے والا ؛ آزاد کرنے والا ؛ وعده ایفا کرنے والا ؛ دوباره واپس لے لینے والا ۔

Re-deeming : (a) نقصان کی تلافی کرنے والا ۔

Re-deemless : (a) (۱) غیر انفکاك ؛ غیر حاصل شده ۔ (۲) بے کمك؛ بے چاره ۔

Re-define : (v) دوباره تعریف کرنا ؛ کسی رجحان کی دوباره وضاحت کرنا ؛ خصوصاً دوباره بنانا ۔

Re-definition : (n) تعریف ثانی ؛ وضاحت ثانی ؛ نیا خاکه ۔

Re-deliver : (v) (۱) واپس دینا ؛ واپس کرنا ۔ (۲) آزاد کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھٹکار دینا ۔ (۳) دُہرانا ؛ دوباره کرنا ۔

Re-delivery : (n) واپسی ؛ آزادی ۔

Re-demand : (v) دوباره مطالبه کرنا ؛ دوباره تقاضا کرنا ۔

Re-dip : (v) دوباره ڈبونا ؛ دوباره غوطه دینا ۔

Re-dipper : (n) دوباره غوطه دینے والا خصوصاً وه مزدور جو غوطه سے بچانے والی تختی دینے پر مامور ہوتا ہے ۔

Re-direct : (a) (امریکی قانون) ایك قانونی اصطلاح کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کے مطابق جرح کے بعد گواه کو دوباره پوچھ تاچھ کے لئے طلب کیا جاتا ہے ۔

Re-direct : (v) (۱) دوسری جگه بھیجنا ؛ پتا بدلنا ؛ دوسرے پتے پر بھیجنا ۔ (۲)پھر ہدایت کرنا (خصوصاً خط کو) ۔ (۳)سمت بدل دینا ؛ رخ دینا ؛ موڑ دینا ۔

Re-direct : (n) دوسرے پتے پر بھیجنے یا رُخ بدلنے کا عمل ۔

Re-direct examination : (n) دیکھو Redirect (a)

Re-direction : (n) دوسرے پتے پر بھیجنے یا رُخ بدلنے کا عمل ۔

Re-discount : (v) دوباره چھوٹ دینا ؛ دوباره منہا کرنا ؛ دوباره کم کرنا ؛ دوباره گھٹانا ؛ دوباره شمار نه کرنا ۔

Re-discount : (n) دوباره مجرائی ؛ دوباره منہائی ؛ دوباره کمی ۔

Re-discover : (v) (۱) پھر پانا ؛ دوباره پانا ؛ باز یافت کرنا ۔ (۲)آزادی کے ساتھ (کسی نتیجے پر) پہنچنا ؛ آزادانه تجزیه کرنا۔ (۳) دوباره روشنی میں لانا ؛ دوباره ظاہر کرنا ؛ دوباره واضح کرنا ۔ (۴) نئی دلچسپی لینا ؛ پھر سے سراہنا ۔ (۵) پھرسے استعمال کرنا ؛ پھرسے لائق استعمال بنانا ۔

Re-discovery : (n) باز یافت ؛ باز انکشاف ۔

Re-disseisin : (n) [AF. 'Redisseisine'.] (قانون) دوباره بے دخلی ؛ ناجائز قبضهٔ مخالفانه ۔

Re-dissolution : (n) دوباره معطلی ۔

Re-dissolve : (v) (۱) دوباره معطل کرنا ؛ بار بار معطل کرنا ۔ (۲) دوباره منتشر کرنا ۔

Re-distillation : (n) (کیمیا) باز کشید ۔

Re-distribute : (v) دوبارہ تقسیم کرنا ؛ پھر بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ؛ تسہیم جدید کرنا ۔

Re-distribution : (n) دوبارہ تقسیم ؛ دوبارہ تسہیم ؛(خصوصاً پارلیمنٹ کی سیٹ کی) تقسیم ۔

Re-district : (v) (امریکا) اضلاع میں تقسیم کرنا ؛ ضلع کی تنظیم نو کرنا ۔

Re-divide : (v) پھر تقسیم کرنا ؛ تقسیم جدید کرنا ۔

Re-do : (v) دوبارہ کرنا ؛ از سر نو کرنا ۔

Re-domesticate : (v) (۱)(نو آبادی کو)دوبارہ حق شہریت عطا کرنا۔ (۲) دوبارہ گھریلو بنانا ۔

Re-double : (v) [F. 'Redoubler'.] (۱)دو چند کرنا ؛ چند چند کرنا؛ اور بڑھانا ؛ اور تیز کرنا ؛ قوی تر کرنا ؛ مضبوط ہونا۔ (۲) دہرانہ : خصوصاً دوبارہ مارنا (گھونسا) ؛ نقل کرنا؛ تکرار کرنا ؛ دوبارہ کہنا ۔ (۳) جسامت میں دو چند کرنا ؛ مقدار میں دو چند کرنا ۔ (۴) پھر دوبارہ کرنا؛ پھر دو چند کرنا ؛ زیادہ کرنا ؛ بڑھانا ۔ (۵) دوبارہ آواز کرنا یا آواز دینا ؛ آواز باز گشت کرنا ۔

Re-double : (v) (تاش کے کھیل خصوصاً Bridge میں) دوبارہ بڑھا دینا؛ ری ڈبل کرنا ۔

Re-double : (n) دو چند ؛ اضافہ ؛ دوبارہ کرنے کا عمل؛ ری ڈبل (تاش کے کھیل میں) ۔

Re-doublement : (n) دو چند ؛ اضافہ ۔

Re-draft : (n) باز تسویدی ؛ دوسرا یا تازہ صودہ ؛ (محا) تجدید ہنڈی ؛ نیا ڈرافٹ ۔

Re-draft : (v) دوسرا مسودہ تیار کرنا ؛ نظر ثانی کے بعد مسودہ تیار کرنا ۔

Re-draw : (v) (۱) سابق بل کی جگہ تازہ تازہ یا نیا بل حاصل کرنا یا نکالنا ۔ (۲) دوبارہ کھینچنا ؛ دوبارہ منتخب کرنا ؛ دوبارہ حاصل کرنا ؛ دوبارہ نکالنا ؛ دوبارہ برداشت کرنا ۔ (۳) نظر ثانی کرنا ؛ دوبارہ (تصویر) کھینچنا ؛ دوبارہ شکل دینا ۔ (۴) دوبارہ لپیٹنا ۔

Re-drawer : (n) دوبارہ کھینچنے والا ؛ دوبارہ حاصل کرنے والا؛ نظر ثانی کرنے والا ۔

Re-dress : (v) دوبارہ پہنانا ؛ دوبارہ آراستہ کرنا ۔

Re-duplicate : (v) [Late L. 'Reduplicatus'.] دوبارہ نقل کرنا ؛ پھر سے اصلاح کرنا ؛ از سر نو بنانا ؛ دُہرا کرنا ؛ دُہرانا؛ مثنیٰ بنانا ؛ تکرار کرنا ؛ تصنیف کرنا ؛ (صرف و نحو) تکرار حرفی کرنا ۔

Re-duplicate : (a) دوبارہ کیا ہوا ؛ دو چند کیا ہوا ۔

Re-duplicate : (n) دوبارہ ؛ تکرار ؛ تصنیف ؛ نقل ۔

Re-duplicated : (a) (۱) مضاعف ؛ دوبارہ کیا ہوا ؛ دو چند کیا ہوا ؛ دُہرا کیا ہوا ۔ (۲) دُہرایا ہوا ؛ تصنیف کے ذریعہ بنایا ہوا ۔ (۳) (نباتیات) ملفوف ؛ مُضاعف ۔

Re-duplicated aestivation : (n) (نباتیات) ملفوف قبل شگفتگی ۔

Re-duplication : (n) [Late L. 'Reduplicationem'.] (۱) دو چند ؛ دوبارہ ؛ تکرار ؛ تصنیف ؛ دُہرانا ۔ (۲) ہو بہو تصویر؛ مثنیٰ ۔ (۳) (صرف و نحو) حرف یا بول کی تکرار ؛ (نباتیات) تلفیف ۔ (۴) مکرر حرف یا بول ۔

Re-duplicative : (a) [L. 'Reduplicat'.] تصنیف کا یا اس سے متعلق یا اس سے بنایا ہوا ؛ تکرار شدہ ؛ مکرر ؛ مضاعف ؛ تصنیفی ؛ (نباتیات) ملفوف ؛ تکرار شدہ لفظ یا ہجا ۔

Re-duplicatively : (adv.) تصنیف کے طور پر؛ تکرار کے ساتھ ؛

Re-echo : (v) صدائے باز گشت ہونا ؛ باز گونج ہونا ؛ گونجنا ؛ گونج جانا ؛ صدا دینا ؛ صدا آنا ؛ آواز پلٹنا ؛ آواز کا پلٹ جانا ۔

Re-echo : (n) صدائے باز گشت ؛باز گونج ؛ صدا ؛ آواز ۔

Re-eligible : (a) دوبارہ اہل ہونا ؛ کسی عہدے کے لئے دوبارہ مقرر یا منتخب ہونے کی اہلیت ۔

Re-eligibility : (n) اہلیت ؛ نئی اہلیت ۔

Re-enact : (v) (۱)دوبارہ نافذ کرنا (قانون وغیرہ) ۔ (۲) دوبارہ عمل کرنا ؛ دوبارہ رو بہ عمل لانا ۔ (۳) دوبارہ حکم جاری کرنا ؛ دوبارہ قانون وضع کرنا ؛ کھیل دکھانا ۔

Re-enforce : (v) مزید طاقت دینا ؛ مزید مضبوط بنانا یا کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ تقویت دینا ۔

Re-enforced : (a) محکم ۔

Re-enforcement : (n) مزید مضبوط بنانے کا عمل ؛ مضبوط بنائے جانے

Re-evaluate : (v) دوبارہ آنکنا : دوبارہ قیمت لگانا : دوبارہ تشخیص کرنا : دوبارہ جانچنا : اعداد کے ذریعہ دوبارہ ظاہر کرنا ۔

Re-evaluation : (n) تشخیص ثانی : قیاس ثانی : تخمینۂ دوم ۔

Re-evaporation : (n) تبخیر ثانی : تبخیر مکرر ۔

Re-examinable : (a) امتحان مکرر کے لائق: دوبارہ جانچ پڑتال کے لائق ۔

Re-examination : (n) (۱)امتحان مکرر : دوبارہ امتحان : دوبارہ جانچ پڑتال : امتحان نو ۔ (۲) بالواسطہ امتحان ۔

Re-examine : (v) دوبارہ امتحان لینا : (خصوصاً قانون) (گواہ سے) دوبارہ پوچھ تاچھ کرنا : دوبارہ جانچ پڑتال کرنا : دوبارہ جانچنا ۔

Re-exchange : (n) تبادلۂ ثانی : تبادلۂ نو: (تجارت) تسعیر نو ۔

Re-export : (n) برآمدگیٔ نو : برآمدگیٔ مکرر : دوبارہ برآمد کی ہوئی شے ۔

Re-formation : (n) از سرنو تشکیل : تجدید : تشکیل ثانی : نو سازی ۔

Re-give : (v) دوبارہ دینا : پھر دینا ۔

Re-insert : (v) از سر نو روپیہ لگانا : دوبارہ داخل کرنا : باز داخلی کرنا : دوبارہ لکھ لینا ۔

Re-installation : (n) باز نصبی ۔

Re-instate : (v) (۱)دوبارہ بحال کرنا: دوبارہ مقرر کرنا: پھر عطا کرنا (عہدے ، منصب ، خلعت وغیرہ) ۔ (۲)تندرست کرنا : ٹھیک کرنا : دوبارہ برقرار کرنا ۔ (۳)دوبارہ صحت یاب ہونا : مناسب یا سابق حالت میں آنا ۔ (۴)دوبارہ قائم کرنا ۔

Re-instatement : (n) دوبارہ بحالی : دوبارہ تقرری : تندرستی : صحت یابی : درستی ۔

Re-instation : (n) دیکھو Reinstatement

Re-insurance : (n) تجدید بیمہ: بیمہ کی منتقلی: انتقال بیمہ: نوتامینی ۔

Re-insure : (v) دوبارہ بیمہ کرانا : بیمہ منتقل کرنا : نو تامینی کرنا ۔

Re-insurer : (n) دوبارہ بیمہ کرانے والا : بیمہ منتقل کرنے والا ۔

کی حالت : جو مزید مضبوط بنا تا ھے : نیا اضافہ ۔

Re-engine : (n) دوبارہ انجن لگانا ۔

Re-enlist : (n) دوبارہ درج کرنا : دوبارہ درج فہرست کرنا : دوبارہ شامل ہونا ۔

Re-enlistment : (n) دوبارہ اندراج : دوبارہ شمولیت ۔

Re-enter : (v) (۱) دوبارہ داخل ہونا :دوبارہ وارد ہونا .(۲)دوبارہ نقش کرنا .(۳)(قانون)دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ دخل کرنا ۔ (۴)دوبارہ داخل فہرست ہونا : دوبارہ کتاب میں شامل کرنا ۔ (۵) (طب) دوبارہ رنگ کاری کرنا : دوبارہ رنگین کرنا ۔

Re-entering : (a) (۱) زاویہ معکوس جس کا رخ اندر کی طرف ہو : (خصوصاً قلعہ کی فصیل میں) اُلٹا آٹھ (v) ۔ (۲)زاویہ متوجہ بہ سمت داخل : اندرونی زاویہ .(۳)(فلکیات) متداخل : (برقیات) درگرداں : (فوج)منعکسہ ۔

Re-entrant : (a) (۱) دیکھو Re-entering ۔ (۲)واپسی(کسی مقام پر)۔

Re-entrant angle : (n) (۱)(فوج)زاویۂ منعکسہ۔ (۲)(سروے) اندرونی زاویہ ۔

Re-entry : (n) (۱) (قانون) نیا دخل و قبضہ (زمین یا کرائے کی چیز پر) ۔ (۲)ورودِ نَو : دخول نَو : ملکیت نَو : دخول ثانوی : داخلہ دوم ۔ (۳)تشکیل نَو : اندراج نَو .(۴) وہ پتا جو دوبارہ پھینکا جائے ۔ (۵) تقلیب ثانی : کسی ٹکٹ وغیرہ پر دوبرا نشان : ثبت نو ۔ (٦) فضائی سفر کے بعد زمین کے حدود میں دوبارہ دخول (خصوصاً میزائل وغیرہ کا)۔

Card of reentry : تاش کا وہ پتا جو ہوشیاری اور چال بازی کی وجہ سے کسی کھلاڑی کو اگلی بار پہل کا موقع دیتا ھے ۔

Re-establish : (v) (۱) (کسی فرد یا شے کو)سابق جگہ یا حالت پر بحال کرنا یا لانا : پہلی حالت یا حیثیت میں لانا : دوبارہ برقرار کرنا ۔ (۲) دوبارہ بنیاد رکھنا : نئے سرے سے بنیاد رکھنا ۔ (۳)صحت حاصل کرنا : طاقت حاصل کرنا۔ (۴)مناسب حالت میں آنا .(۵)دوبارہ یقین دلانا ۔

Re-establisher : (n) دوبارہ بنیاد رکھنے والا : دوبارہ بحال کرنے والا : دوبارہ صحت حاصل کرنے والا ۔

Re-establishment : (n) نو تشکیل : نو تاسیس : نو بنیاد ۔

Re-integrate : (v) [(O)Fr. 'Reintegrer.'] دوبارہ متحد کرنا: دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ اتحاد قائم کرنا : از سر نو مکمل کرنا ۔

Re-integration : (n) اتحاد نو : اتحاد ثانی : تکمیل نو ۔

Re-integrative : (a) قابل اتحاد : مائل یکجہتی ۔

Re-inter : (v) دوبارہ داخل کرنا : مکرر داخلہ کرنا ۔

Re-interpret : (v) تشریح نو کرنا : تفسیر نو کرنا : پھر مطلب سمجھنا : تعبیر نو کرنا : دوبارہ ترجمانی کرنا ۔

Re-interpretation : (n) تفسیر نو : تشریح نو : تعبیر نو ۔

Re-introduce : (v) دوبارہ تعارف کرنا : دوبارہ پیش کرنا ۔

Re-invention : (n) ایجاد نو : اختراع ثانی ۔

Re-invest : (v) (۱) دوبارہ سرمایہ لگانا : نئے سرے سے سرمایہ کاری کرنا : سرمایہ منتقل کرنا ۔ (۲) دوبارہ مالک بنانا : دوبارہ با اختیار ہونا : دوبارہ طاقت حاصل کرنا ۔

Re-investiture : (v) دیکھو Reinstatement

Re-investment : (n) (معاشیات) نقل سرمایہ : سرمایہ کاری : ملکیت : منتقلی ۔

Re-invigorate : (v) پھر قوی کرنا : دوبارہ طاقت پہنچانا : مکرر طاقت دینا ۔

Re-invigoration : (n) باز تقویت دہی ۔

Re-issue : (v) (۱) دوبارہ پیدا ہونا : پھر سے نمودار ہونا ۔ (۲) باز اجرا کرنا (بل وغیرہ): مکرر نافذ ، شائع کرنا ۔

Re-issue : (n) (۱) طبع ثانی : اشاعت ثانی : اجرائے ثانی : مکرر جاری شدہ چیز : ڈاک ٹکٹ جو دوبارہ استعمال کے لئے جاری کیا جائے ۔

Re-lease : (v) پٹے یا اجارہ پر دینا یا لینا : نئے اجارہ کی اجازت دینا ۔

Re-live : (n) (۱)پھر بسر کرنا : دوبارہ جینا : دوبارہ زندگی گزارنا : زندگی میں واپس آنا : نئی جان پڑنا ۔ (۲)زندگی بڑھانا یا پھر حاصل کرنا : دوبارہ زندگی حاصل کرنا : پھر زندگی کا مزہ چکھنا (خصوصاً عالم تخیّل میں) ۔

Re-load : (n) دوبارہ بھرائی : پھر لدائی : لادنے یا بھرنے کا عمل ۔

Re-load : (v) پھر بھرنا : بار کرنا (بندوق کو) : (گاڑی کی) دوبارہ بھرتی کرنا : لادنا :دوبارہ بارگیری کرنا ۔

Re-loader : (n) دوبارہ بھرنے والا : دوبارہ بار کرنے والا ۔

Re-locatable : (a) دوبارہ قائم کرنے کے لائق : دوبارہ جمانے کے لائق : دوبارہ دریافت کرنے کے لائق ۔

Re-locate : (v) (۱) دوبارہ جمانا : دوبارہ قائم کرنا ۔ (۲)کسی چیز کا مقام یا محل وقوع دوبارہ بتانا ۔ (۳)دوبارہ ٹھیک جگہ دریافت کرنا : دوبارہ پانا ۔

Re-locaiton : (n) (۱)(رومی قانون) تجدید اجارہ : دوبارہ پٹہ نویسی ۔ (۲)جگہ کی تبدیلی : تبدیلئ مقام ۔

Re-locator : (n) دوبارہ قائم کرنے والا : دوبارہ دریافت کرنے والا ۔

Re salute : (v) ازسرنو سلام کرنا : پھر سے آداب بجالانا : دوبارہ آداب عرض کرنا ۔

Re-sign : (v) (دستاویز وغیرہ پر) دوبارہ دستخط کرنا ۔

Re-strike : (v) پھر سے اسٹرائک کرنا: پھر سے متوجہ کرنا: پھر سے متاثر کرنا : دوبارہ خیال میں آنا : دوبارہ سوجھنا : از سر نو ہڑتال کرنا : پھر کام چھوڑ دینا ۔

Re-structure : (v) دوبارہ ساخت کرنا : از سر نو تعمیر کرنا :دوبارہ تنظیم یا ترتیب کرنا : پھر سے بنانا (بناوٹ : ڈھانچہ): پھر سے ڈھانچہ تیار کرنا :دوبارہ ترتیب دینا : پھر سے ٹھیک کرنا ۔

Re-structuring : (n) تعمیر نو : تنظیم نو : ترتیب نو : دوبارہ تیار کرنا: پھر سے ڈھانچہ بنانا ۔

Re-stuff : (v) دوبارہ بھرنا : پھر بھرنا : ٹھونسنا ۔

Re-try : (v) دوبارہ سننا : پھر سننا ۔

Reach : (n) (۱) پھیلنا : پھیلانا : بڑھانا ۔ (۲) دسترس : رسائی : پہنچ : حد : حد قدرت : دوڑ : دائرہ اثر : احاطہ ۔ (۳)زیر نگاہ حصہ : مسلسل ٹکڑا (خصوصاً دریا کا جو بہ یک وقت نظر آئے)۔ (۴) (جہاز رانی) رسّا : طناب ۔ (۵)(اسلحہ یا ہاتھ میں کسی چیز کے ساتھ) رسائی : پہنچ ۔ (٦) حصول :اقدام حصول : قوت یافت : قوت عمل : قوت ادراک : دائرہ معلومات: قوت مشاہدہ : بصیرت : دائرہ صلاحیت ۔ (۷)وقفہ حرکت : وقفہ سفر : وقفہ جنگ ۔ (۸) دائرہ (بندوق کا یا نشانہ کا) : حدّ (نظر) : دائرہ (آواز کا) ۔ (۹) فاصلہ : دوری : مسافت حد ۔ (۱۰) (دریا ، ندی ، نالہ وغیرہ) کی پیٹی : وہ حصہ

جو دو کناروں کے درمیان ہوتا ہے۔

Within (one's) reach : دسترس میں : رسائی کے اندر : قریب۔

Above of (one's) reach /Out - : رسائی سے باہر : پہنچ سے دور : دسترس سے بلند : دور۔

Reach : (v) [OE. 'Reacah, realhe'.] (۱) پھیلا ہونا (درخت کی شاخوں کا)۔ (۲) پھیلانا۔ (۳) بڑھانا : پہنچانا : آگے بڑھنے کے لئے ہاتھ پیر مارنا : آگے بڑھنے کی کوشش کرنا : کوشش کرنا۔ (۴) پہنچنا : پہنچ جانا : بیدار ہونا : بڑھنا۔ (۵) حاصل کرنا : رسائی پانا : دسترس پانا : پہنچ ہونا : زد ہونا۔ (۶) ہاتھ بڑھا کے دینا یا لینا؛ ہاتھ سے پہنچانا : ہاتھ میں دینا۔ (۷) لمبا کرنا : کھینچنا۔ (۸) چھونا : مس کرنا : پکڑنا (شخص یا جسم کے کسی حصہ کو)۔ (۹) وُسعت رکھنا : وُسعت پانا۔ (۱۰) دریافت کرنا : ادراک کرنا : سمجھنا۔ (۱۱) نشانہ پر مارنا : نشانہ لگانا : درست کرنا : نظر جمانا : نگاہ مرکوزکرنا (کسی خاص نقطہ پر)۔ (۱۲) لانا : لے آنا : لے جانا (کسی شخص یا چیز کو کسی مقام سے)۔ (۱۳) کسی چیز کے پیچھے پڑنا : در پے ہونا : آگے جانا : کوش کرنا۔ (۱۴) سیدھے راستہ پر کشتی رانی کرنا : منزل پر پہنچنے میں کامیاب ہونا۔ (۱۵) ضرب لگانا : مارنا (زمین پر)۔ (۱۶) متاثر کرنا : یقین دلانا؛ باور کرانا۔ (۱۷) کھینچنا (بتھیار ہاتھ سے) : (نیز) ہاتھ پھیلانا۔

Reach : (v) [OE. 'Reacan'.] خارج کرنے کی کوشش کرنا : اگلنے کی کوشش کرنا۔

Reach-me-down : (a) ریڈی میڈ (کپڑے) : تیار (ملبوسات) : (نیز) استعمال شدہ (کپڑے) : تیار یا استعمال شدہ لباس۔

Reachable : (a) پہنچ کے اندر : رسائی کے لائق : قابل رسائی : رسائی پذیر : زد کے اندر۔

Reacher : (n) (۱) رسائی والا : دسترس والا۔ (۲) دست درازی کرنے والا : رسیدہ۔

Reaching : (n) [ME. 'Rechynge'.] کسی مقام تك پہنچنے کا عمل : کسی مفہوم تك رسائی۔

Reachless : (a) جہاں تك رسائی حاصل نہ ہو : جہاں پہنچا نہ جا سکتا ہو : رسائی سے باہر : زد سے باہر۔

Reachy : (a) مخصوص وُسعت کا : مخصوص لمبائی کا۔

React : (v) (۱) رد عمل کرنا : پلٹنا : پلٹ پڑنا : الٹ آنا : الٹ کر اثر کرنا۔ (۲) (کیمیا) ایك مادے کا دوسرے پر عمل ہونا؛ اثر ہونا : عمل کرنا : تعامل کرنا۔ (۳) اثر قبول کرنا : متاثر ہونا : تبدیل ہونا۔ (۴) (فوج) جوابی حملہ کرنا : پلٹ کر حملہ کرنا : سمت مخالف میں چلنا۔ (۵) (کسی چیز سے) کھینچنا : متنفّر ہونا : پیچھے ہٹنا : رجعت کرنا : مراجعت کرنا۔

React : (v) کسی کام کو دوبارہ کرنا : دوسری مرتبہ کرنا۔

Reactance : (n) (برقیات) متعاملیّت : تعاملیّت۔

Reactance-coil : (n) (انجینیئرنگ ، برقیات) متعامل کائل : متعاملہ۔

Reactance-drop : (n) قطرۂ متعامل۔

Reactant : (n) متعامل۔

Reactant : (a) متعاملی : متعامل کا یا اس سے متعلق۔

Reactants : (n) (کیمیا) اشیائے متعاملہ۔

Reacting : (n) (کیمیا) متعامل۔

Reaction : (n) [f. Re-action'.] (۱) جوابی عمل : تعامل : تاثیر و تاثر۔ (۲) (کیمیا) عمل : تاثیر : (ایك مادے سے دوسرے مادے میں) : تاثر : تعامل۔ (۳) رد عمل : تاثر (جسم وغیرہ کا خارجی مہیّج : جواب عمل۔ (۴) رد عمل بہ حالت اصلی: مخالف اثر : الٹا اثر۔ (۵) جوابی حملہ : حملہ کے جواب میں حملہ : دفاعی حملہ۔ (۶) قدامت یا رجعت پسندی (خصوصاً سیاسیات میں)۔ (۷) (طبیعیات) قلب نوات : تبدیل حالت (حرارت ، برودت یا صدمہ سے) عضویاتی رد عمل۔ (۸) (کیمیا) تیز ابیت۔ (۹) (کیمیا) قلویّت۔ (۱۰) (لاسلکی) وہ طریقہ جس کے ذریعہ لاسلکی (وائرلیس) کے کمزور سگنل کو مضبوط بناتے ہیں : تصویب اشاریہ (لاسلکی)۔ (۱۱) اقدام مراجعت : حرکت رجوعی : انحراف (موجودہ رجحان یا حالت سے) : (خصوصاً سیاسیات) انحراف : مراجعت (سابقہ حالت یا امور کی جانب)۔ (۱۲) تغیر جذبات۔ (۱۳) کسی بیان یا واقعہ کا ذہنی اور اخلاقی اثر۔

Reaction-body : (n) تعاملی جسم۔

Reaction-experiment : (n) (طبیعیات) تعاملی تجربہ۔

Reaction-formation : (n) تعاملی میکانیّت۔

Reaction-motor/ -machine/ -engine : (n) وہ انجن یا آلہ جس میں

حرکت بھاپ سے پیدا ہوتی ہے : تعاملی آلہ یا انجن .

Reaction-period/-stage/ -time : (n) (نباتیات، حیوانیات) وقت تاثر: مرحلۂ تاثر : زمان تعامل .

Reaction-wheel : (n) پن چکّی .

Reaction wood : (n) (مختلف وجوہ کی بنا پر) غیر معمولی طور پر بڑھنے والا درخت .

Reactional : (a) جوابی عمل کا یا اس سے متعلق :رد عمل .

Reactionally : (adv.) جوابی عمل کے طور پر : رد عمل کے طریقہ سے .

Reactionary : (a) رجعت پسندانہ : قدامت پسندانہ : لکیر کا فقیر .

Reactionary : (n) رجعت پسندی کا حامی : رجعت پسندی .

Reactionism : (n) رجعت پسند ہونے کی حالت یا خصوصیت .

Reactionist : (n) (سیاسیات) قدامت پسند : رجعت پسند .

Reactive : (a) (۱) رد عمل کرنے والا : رد عمل پذیر : رجعت پذیر :تاثیر پذیر : (برقیات) اثر پذیر . (۲) (کیمیا) زود متعامل : متعامل .

Reactive-impulse : (n) (طبیعیات) متعامل اضطرار .

Reactively : (adv.) رد عمل کے طور پر : متعامل کے طور پر .

Reactiveness : (n) متعاملیت .

Reactivity : (n) رد عمل پذیر : رجعت پذیری : تاثر : (کیمیا) متعاملیت : (نباتیات ، حیوانیات) تاثریت .

Reactology : (n) نفسیاتی رد عمل کا سائنسی مطالعہ .

Reactor : (n) (۱) (کیمیا ، طبیعیات) نووی متعاملہ : جوہری متعاملہ. (۲) (انجینیئرنگ ، برقیات) متعاملہ : چوک . (۳)(نفسیات) اثر پذیر(شے یا شخص) . (۴) جسم نامی جس سے ردعمل کا اظہار ہوتا ہے . (۵) (طب) وہ حیوان یا مریض جو خارجی عنصر کے تئیں مثبت رد عمل ظاہر کرتا ہے . (٦) وہ آلہ جس کے ذریعہ کیمیائی رد عمل کا پتہ لگایا جاتا ہے . (۷) رد عمل کرنے والا : جوابی عمل کرنے والا .

Atomic reactor /Nuclear - : جوہری متعاملہ : ایک آلہ جس کے ذریعہ شق ہونے والے جوہر کو قابو میں رکھا جاتا ہے .

Read : (n) [OE. 'Readan'.] پڑھنے کا عمل : پڑھائی : بچّے : قرأت : مطالعہ .

Read : (n) (۱) پڑھا ہوا : تعبیر کردہ : تفسیر شدہ . (۲) (کسی مضمون کا) عالم : دانشور : دانش مند : ماہر .

Read : (v) [OE. 'Readan '.] (۱) سمجھ لینا : معلوم کرنا : تاڑنا : بوجھنا : حال دریافت کر لینا : تعبیر کرنا : تعبیر نکالنا (خواب کا) : پا لینا : بھید کہنا : (غیب کی باتوں کی) پیشین گوئی کرنا . (۲) پڑھ لینا : نکال لینا : پڑھ کر مفہوم سمجھنا (تحریر یا علامات وغیرہ کا) . (۳)دیکھنا (کتاب) : پڑھنا : تلاوت کرنا : کتاب خوانی کرنا (دل میں یا بہ آواز بلند) . (۴) مطالعہ : درس لینا (مدرسہ وغیرہ میں) : طالب علمی کرنا . (۵) لکھا دینا : کسی جگہ پڑھنا : کسی کتاب میں دیکھنا : غور سے پڑھنا (پروف وغیرہ) . (٦) معنی سمجھنا : تعبیر کرنا . (۷)معنی پہنانا : مطلب پیدا کرنا : تاویل کرنا :پہلو نکالنا . (۸) (کتاب کے مرتب یا مدون کا) کسی نسخہ کو اختیار کرنا : کسی نسخہ یا قرأت کو ترجیح دینا. (۹)پڑھتے پڑھتے کسی خاص حالت کو پہنچنا یا پہنچانا . (۱۰) علامات اور نشانات وغیرہ سے مفہوم نکالنا : مفہوم سمجھنا : پہچاننا . (۱۱)کسی شخص کے چہرے مہرے پر غور کرنا : چہرے سے کردار کا اندازہ کرنا: لبوں کی حرکت سے (آواز سنے بغیر) مطلب سمجھنا : مفہوم نکالنا .(۱۲) مخصوص تحریر کو پڑھنا. (۱۳) (کسی شخص ،شے ، واقعہ وغیرہ کو) خاص رنگ میں دیکھنا . (۱۴) (مطالعہ یا غور و فکر کے ذریعہ) نیا مفہوم نکالنا : نیا مطلب پیدا کرنا . (۱۵) تحریری بیان وغیرہ سے معلوم کرلینا . (۱٦) بہ غور مطالعہ سے سیکھنا : حاصل کرنا . (۱۷) چہرے کو دیکھ کر معلوم کر لینا : ظاہری حالت سے تہ تک پہنچنا . (۱۸) (کسی جماعت ، پارٹی سے اخراج کے حکم کے الفاظ کو پڑھتے ہوئے) خارج کرنا : نکالنا . (۱۹) تشریح کرنا : تقریر کرنا: نام لینا : پکارنا . (۲۰) امتحان کے نقطۂ نظر سے پڑھنا . (۲۱) (پڑھ کر معلومات حاصل کرنا . (۲۲)(مطالعہ کے دوران) حوالے یا خاص باتیں نوٹ کرنا . (۲۳) پڑھنے کے لائق ہونا . (۲۴)پڑھنے والے پر مخصوص اثر چھوڑنا . (۲۵) (مجوزہ کاروائی یا تخمینہ کو) بل کی شکل میں ایوان قانون ساز میں پیش کرنا (بل کے پورے متن یا کسی جزو کو پڑھتے ہوئے) . (۲٦)(تھرما میٹر وغیرہ میں) درجۂ حرارت معلوم کرنا (اعداد اور اعشاریہ کو پڑھ کر). (۲۷) مواصلاتی نظام پر (پیغام وغیرہ) وصول کرنا . (۲۸) قابل فہم ہونا . (۲۹) (کمپیوٹر) تحلیل کرنا اور درج کرنا یا دوبارہ پیش کرنا : اعداد کو منتقل کرنا (مقناطیسی فیتہ یا کارڈ پر) . (۳۰)خیالات پڑھ لینا : ذہن معلوم کر لینا .

(۳۱)رقم کرنا اور دکھانا یا بتانا : ظاہر کرنا (بالخصوص تھرما میٹر وغیرہ کے لئے) ۔ (۳۲) پڑھنے کے لئے وقف ہو جانا : (اپنے آپ کو) پڑھنے کے لئے وقف کر دینا ۔ (۳۳) (کسی خاص مضمون کا) خصوصی مطالعہ کرنا ۔

To read aloud : زور سے پڑھنا ۔

To read a lesson/- lecture : پڑھانا : تربیت دینا (تعلیم کے ذریعہ) ۔

To read between the lines : تہ کی بات یا چھپے ہوئے معنی سمجھنا : اصل مطلب نکالنا یا ڈھونڈھنا ۔

To read in : مقررہ عبارت پڑھ کر عہدے پر مقرر ہونا یا جائزہ لینا ۔

To read off : (معائنے کے نتیجے کو) معین شکل میں بیان کرنا ۔

To read one a lesson : سبق دینا : تنبیہ کرنا ۔

To read oneself in : دیکھو To read in

To read one's fortune : پیش بینی کرنا : دور بینی کرنا : پیشین گوئی کرنا ۔

To read out of : کسی جماعت سے اخراج کے حکم کے الفاظ کو پڑھتے ہوئے نکال دینا ۔

To read up : مطالبہ کے ذریعہ معلومات حاصل کرنا ۔

Well read/ Deeply read : کثیر المطالعہ : عالم متبحر ۔

Read-out : (n) (۱) خواندگی : پڑھنے کا عمل ۔ (۲) اعداد و شمار کی خواندگی : اس کام کی مشین : اعداد نمائی ۔

Readability : (n) پڑھنے کے لائق ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Readable : (a) (۱) پڑھنے کے لائق : وہ جسے پڑھا جا سکے : قابل قرأت ۔ (۲) خوشی کے ساتھ پڑھنے کے لائق : تفریحی مطالعہ کے لائق (خصوصاً ادبی تخلیقات) ۔ (۳)پُر کشش طرز : قابل قبول طرز : حُسن تحریر : حُسن مطالعہ : مطالعہ پذیری ۔

Readableness : (n) دیکھو Readabilty

Readably : (adv.) مطالعہ پذیری کے طور پر:حسن تحریر کے طریقہ سے ۔

Reader : (n) (۱)پڑھنے والا : مطالعہ کرنے والا : مطالعہ کنندہ : عالم: خوانندہ ۔ (۲) (خصوصاً) ناظر ادبی : کتاب خواں : نقاد (جو اہل مطبع کو کتاب کے قابل طبع ہونے نہ ہونے کے متعلق رائے دے) ۔ (۳) مصحّح : تصحیح کنندہ : پروف خواں ۔ (۴) مسل خواں : ناظر : (جو بہ آواز پڑھنے پر مقرر ہو) : بہ آواز بلند پڑھنے والا خصوصاً عبادت گاہ کا امام ۔ (۵) (یونیورسٹی) ریڈر : نائب پروفیسر : مددگار پروفیسر : استاد ۔ (۶) ریڈر : درسیہ (نصاب کی کتاب جو مختلف مضامین چن کر مرتب کی گئی ہو) : درسی کتاب کا ٹائٹل ۔ (۷) مخطوطات پڑھنے والا ۔ (۸) وہ شخص جو مطالعہ کے دوران خاص خاص باتیں نوٹ کرتا ھے ۔ (۹) مطالعاتی شیشہ ۔ (۱۰)رہنمائے مطالعہ کتاب) ۔ (۱۱) تاش(جس کی پشت پر مخصوص نشانات ہوتے ہیں اور جوئے باز اُسے پہچانتے ہیں)۔ (۱۲) کپڑوں پر ڈیزائن بنانے والا ۔

Lay reader : دیکھو Lay (a)

Readership : (n) (۱) ریڈر کا عہدہ : نائب پروفیسر کا عہدہ ۔ (۲) مصحّح : مسل خواں : ناظر ادبی ۔ (۳) مجموعی طور پر پڑھنے والے خصوصاً اخبار ، رسالے وغیرہ کے مستقل پڑھنے والوں کی تعداد : اشاعت ۔

Readily : (adv.) (۱) بہ رضا و رغبت : بہ خوشی : آمادگی کے ساتھ : خوشی خوشی : بے تامل ۔ (۲) تیزی کے ساتھ : آسانی سے : بلا تاخیر : بلا دقت ۔

Readiness : (n) (۱) آمادگی : رضا مندی : تیاری : مستعدی : سرگرمی۔ (۲) سرعت : سہولت : فراست : سوجھ بوجھ : حاضر دماغی : ذکاوت : طبّاعی : بر جستگی : برجستہ کاری : (نفسیات) سرعت تاثر ۔ (۳) کیل کانٹے سے لیس ہونا: کمر بستگی : درستگی : درستی ۔

In readiness : مستعدی ۔

Reading : (n) (۱) پڑھائی : خواندگی : پوچھنا ۔ (۲) مطالعہ : علم : (۳) قرأت : خواندگی (مسودہ قانون کا، ایوان قانون ساز میں) ۔ (۴) خوش خوانی (جلسہ یا دوستانہ صحبت جس میں دل چسپ تحریریں پڑھی جائیں) ۔ (۵)نسخہ: قرأت : قول (اختلاف نسخے کی صورت میں کسی قلمی نسخے کی عبارت کے متعلق) ۔ (۷)(مقیاس الحرارت وغیرہ کی) قرأت : شمار خوانی: اندراج : شمار ۔ (۸) تفسیر : تعبیر : رائے : معنی (جو سمجھے جائیں) ۔ (۹) طریقۂ ادا : طریقۂ تمثیل (ڈراما کے کسی کیرکٹر کے پارٹ کا) ۔ (۱۰) صلاحیت خواندگی : ادبی واقفیت : اسکالر شپ : پڑھنے کی صلاحیت : خواندگی کا فن یا ہنر ۔ (۱۱) خواندگی (بہ آواز بلند) : وہ حصہ جو ایک وقت میں پڑھا جائے ۔(۱۲) عبارت کے کسی خاص ٹکڑے

کی ہیئت یا شکل : عبارت کے کسی خاص ٹکڑے میں استعمال ہونے والے حقیقی الفاظ ۔ (۱۳) پڑھنے کی چیز (معیار یا قسم کے اعتبار سے) ۔ (۱۴) مطالعہ کے لائق : جس کا پڑھنا ضروری ہو : خصوصاً تعلیمی آلات کے اشارے کے لئے : کسی آلہ کے ذریعہ مخصوص اعداد کو بتانا ۔ (۱۵) عوامی تفریح جس میں حاضرین کو پڑھ کر سنایا جاتا ہو ۔

Various readings : کئی بار پڑھنا : متعدد بار پڑھنا ۔

Reading : (a) بہت زیادہ پڑھنے والا : پڑھاکو : مطالعہ میں مصروف رہنے والا : محنت سے پڑھنے والا ۔

Reading book : (n) رہنمائے مطالعہ کی کتاب ۔

Reading boy : (n) وہ لڑکا جو مطبع کے مصحح کے سامنے زور سے پڑھتا ھے ۔

Reading chair : (n) ایك خاص قسم کی کرسی جس پر بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔

Reading clerk : (n) ایوان قانون ساز کا کلرک جس کا خاص کام بلوں اور دوسرے مسودات کو پڑھنا ہوتا ھے ۔

Reading desk : (n) میز مطالعہ : کتاب چوکی : رحل ۔

Reading glass : (n) مطالعاتی شیشہ : خواندگی کاشیشہ : کلاں نما شیشہ (پڑھنے کے لئے) ۔

Reading habit : (n) (نفسیات) عادت خواندگی ۔

Reading man : (n) (۱) بہت زیادہ پڑھنے والا : پڑھاکو ۔(۲)(خصوصاً برطانیہ) بہت زیادہ پڑھنے والا طالب علم ۔

Reading matter : (n) کسی اخبار یا رسالے کا وہ مستقل کالم جس کو خصوصیت کے ساتھ پڑھا جاتا ھے ۔

Reading microscope : (n) (طبیعیات) خواندگی خردبین : مطالعہ خردبین ۔

Reading room : (n) (۱) (تعمیرات) دارالمطالعہ : مطالعہ کا کمرہ ۔ (۲) (طباعت) پروف خوانوں کا کمرہ : پروف خوانی کا کمرہ ۔

Ready : (a) [Early ME. Re(a)di.] (۱) تیار : لیس : کمر بستہ: مستعد : آمادہ : رضا مند : راضی : راغب : مائل : درست: ٹھیك ٹھاك : چوکس : زیرك ۔ (۲) تیز : سبك دست : چست : مشاق : منجھا ھوا : ہنرور : با سلیقہ ۔ (۳) بے تکلف : سہل : آسان : بر وقت ۔ (۴) برجستہ: بر عمل : بر وقت : بلا تاخیر : فوری ۔ (۵) حاضر : مہیّا : میسر : موجود : بنا بنایا : تیار : دسترس میں ۔ (۶) اغلب : قرین قیاس : بہت ممکن ۔ (۷) (دماغ یا دماغی قوت) ادراك : عقل مند : باریك : تیز نظر ۔ (۸) (خصوصاً) مناسب طور پر ملبوس : سج دھج ۔ (۹) (فوج ، جہاز رانی) حکم کا لفظ : کمانڈ کالفظ ۔ (۱۰)(تقریر و تحریر میں) تیز : چست : روانی ۔ (۱۱) تیزی سے اظہار خیال کرنے والا : مستعدی کے ساتھ اظہار خیال کرنے والا ۔ (۱۲) تیز عمل : جلدی سے : فوراً ۔ (۱۳) جلدی استفادے کے لائق : ممکن الحصول : کرنسی کی طرح جلدی استعمال کے قابل : سکّے کی شکل کا ۔ (۱۴) آسانی سے اور جلدی مقام بنانے والا : جگہ لینے والا (آسانی سے) ۔ (۱۵)طریقہ : ذریعہ ۔

To make ready : تیار ھونا یا کرنا ۔

Ready : (adv.) دیکھو Readily

Ready : (n) (۱) (سکہ) زر نقد : زر دام : نقدی : نوٹ وغیرہ: سکّہ : (عامیانہ ، بول چال) ۔ (۲) پراگندے پر ہاتھ: بندو ق بدستی ۔

Ready : (v) (۱) تیار ھونا : تیار کرنا : کسی چیز کو تیار کرنا : اپنے آپ کو تیا رکرنا : ترتیب سے رکھنا ۔ (۲) (گھڑ دوڑ ، عامیانہ) کسی گھوڑے کو جیتنے سے روکنا : چالاکی سے ہروا دینا : خاص کر کے ہروا دینا (گھوڑے کو دوڑ میں تاکہ دوسری دوڑ میں معقول رعایت ملے)۔

Ready box : (n) وہ صندوق جس میں گولی وغیرہ (بندوق کی) رکھتے ہیں ۔

Ready-made : (a) (۱)تیار : بنا بنایا۔ (۲) بنا بنایا سامان : مکمل حالت میں : مکمل : استعمال کے لئے تیا رشدہ : اب خصوصاً بنے ھوئے سامان کے لئے مستعمل ھے ۔ (۳) کوئی بھی تیار ، بنا بنایا سامان کا یا اُ س سے متعلق ۔

Ready-made : (n) بنا بنایا سامان خصوصاً تیار لباس : بنا بنایا لباس۔

Ready means : (n) ذرائع :طریقہ ۔

Ready mix : (n) مرکب عناصر جو فروخت کے لئے تیار ھو ۔

Ready money : (n)(معاشیات) (۱) زر نقد : نقدی : سکّہ : نوٹ وغیرہ : نقدی : روك ۔ (۲) نقد ادائی ۔

Ready print : (n) اخباری سائز کا کاغذ جس کے اندرونی صفحات پر فیچر ، اشتہارات وغیرہ چھپے ھوئے رہتے ہیں ۔

Ready reckoner : (n) حساب نما؛ حاضر حساب (وہ کتاب جس میں عام کاروبار کے حسابات لگے لگائے تحریر ہوتے ہیں) ؛ (ریاضیات) زود شمار ۔

Ready room : (n) وہ کمرہ جس میں ہوا باز پرواز کے حکم کا انتظار کرتے ہیں ۔

Ready solubility : (n) (کیمیا) آسان حل پذیری ؛ آسان تحلیل ؛ بلا دقت حل پذیری ۔

Ready to (one's) hand(s) /-hand : (n) (۱) آسان ؛ ہلکا ۔ (۲) نقد ؛ نقدی ۔

Ready-to-wear : دیکھو Ready-made (n)

Ready-written : (a) (نفسیات) حاضر جواب ؛ طبّاع ؛ ذہین ؛ ہوشیار ۔

Reagency : (n) (کیمیا) قوت ردّ عمل ؛ ردّ عمل ؛ تاثیر پذیر ؛ اثر آفرینی ؛ تعاملیّت ۔

Reagent : (n) (۱) (کیمیا) موثر ؛ عامل ؛ متعامل شے ؛ کاشفہ ؛ کاشفۂ معرّف ۔ (۲) اثر پذیر شے یا قوت ؛ اثر آفرین شے یا قوت ۔ (۳) (نفسیات) معمول ؛ جس پر نفسیاتی تجربہ کیا جائے ۔

Reaggravation : (n) [med. L. 'Reaggravatio'.] (کلیسائی) وہ دوسری چیتاؤنی جو کسی شخص کو کلیسائی حقوق سے محروم کئے جانے سے پہلے دی جاتی ہے ۔

Reaks : (n) [Origin unkn.] شوخی آمیز فریب ؛ دست انداز شوخی ؛ شرارت ؛ دل لگی بازی ؛ کلیل ۔

Real : (n) [Sp.] (۱) ریال ؛ ایک زر حساب سوا چھ پینس کے برابر (صرف حساب میں استعمال ہوتا ہے ، کوئی سکہ نہیں ہے) ۔ (۲) ہسپانوی دوانّی ، تقریباً ڈھائی پینس کی ۔ (۳) عربی ، ایرانی سکّہ ۔

Real : (a) [OFr. 'Real, Reel'.] (۱) حقیقی ؛ واقعی ؛ موجود ؛ زندہ ؛ غیر مصنوعی؛ اصلی ؛ خارجی؛ سچا ؛ کھرا ۔ (۲) طبیعی؛ صحیح ؛ درست ؛ راست ؛ ٹھیک ۔ (۳) (قانون) (جائداد) غیر منقولہ ؛ (مال) غیر منقولہ یا اصلی جائداد ؛ حقیقی جائداد ؛ حقیقی جائداد سے متعلق ۔ (۴)(فلسفہ) موجود (بالذت)؛ واقعی ؛ حقیقی (ممکن اور واجب کی ضد) ۔ (۵) (ریاضیات) حقیقی ؛ اصلی ۔ (۶) حقیقی (حالت) ؛ اصلی (کیفیت) ؛ حقیقی (بنیاد)؛ حقیقی (واقعہ) ۔ (۷)غیر مشکوک ؛ غیر ظنّی ؛ غیر مفروضہ ؛ غیر زبانی ؛ غیر رسمی ۔ (۸) احساسات و جذبات سے آزاد ؛ غیر جذباتی ؛ غیر محسوس ۔ (۹)اشیاء کا یا اس سے متعلق ۔ (۱۰) فلسفہ وجودیت کا یا اس سے متعلق ۔ (۱۱) فطرتی ؛ قدرتی ؛ بنیادی ۔ (۱۲) اُجرت جو حقیقی خرید پر مبنی ہے ۔

Chattels real : دیکھو Chattel

The real : وجود حقیقی ؛ (فلسفہ) عالم خارجی ؛ حقیقت ؛ موجود (فی الخارج) ؛ محسوس (اشیاء) ۔

The real thing : اصلی چیز ؛ حقیقی شے ؛ (نقلی نہیں) (عامیانہ) صحیح چیز ؛ اصلی سامان ۔

Real : (adv.) (۱) در اصل ؛ فی الواقع ؛ اصل میں ؛ صحیح طریقے سے ۔ (۲) دیکھو Really ۔

Real account : (n) حقیقی جائداد ؛ حقیقی ذمہ داری ؛ اصل حساب ۔

Real action : (n) قانونی اقدام خصوصاً جائداد کو قبضہ میں لینے کے لئے ۔

Real cost : (n) حقیقی لاگت ۔

Real definition : (n) حقیقی تعریف ؛ کسی چیز کا خلاصہ ؛حقیقی بیان ۔

Real estate : (n) وہ جائداد جو مرنے والے کے حقیقی وارثوں میں تقسیم ہوتی ہے ؛ جائداد غیر منقولہ ۔

Real image : (n) (بصریات) حقیقی شبیہ ۔

Real number : (n) (ریاضیات) عدد حقیقی ۔

Real property : (n) (قانون) جائداد غیر منقولہ ۔

Real representative : (n) حقیقی وارث ؛ حقیقی جانشیں ۔

Real subject : (n) منطقی موضوع ۔

Realgar : (n) [med. L.] (کیمیا) لال ہڑتال ؛ رہج احمر ؛ رہج الفار ؛ مینڈھل (ایک قسم کا زہر جو آتش بازی میں کام آتا ہے)؛ سلفر ؛ آرسینک ۔

Realia : (n) [L.] (۱) (فلسفہ) اشیائے حقیقی ؛ حقائق ۔ (۲) وہ کاروائیاں جو استاد تدریسی اور حقیقی زندگی میں تال میل پیدا کرنے کے لئے کرتا ہے ۔

Realism : (n) (۱) (فلسفہ) حقیقت ؛ حقیقت کلیّات ؛ وجود کلیات ؛ عقیدۂ وجود ؛ وجودیت (یہ عقیدہ کہ ہر نوع کے کلّی تصورات جنہیں اسمائے کلی ظاہر کرتے ہیں ، خارج میں

موجود ہیں) : وجودیت مادہ . (۲) عقیدۂ حقیقت مادہ؛ عقیدۂ شیئیت (یہ عقیدہ کہ مادّی اشیاء کا وجود حقیقی ہے نہ کہ خیالی) . (۳) حقیقت شناسی : حقیقت بینی : حقیقت پسندی (رسمی قیود اور تعصبات سے آزادی) : عملی روش . (۴) حقیقت نگاری : اصلیت نگاری (ادب ، صنّاعی میں) .

Humanistic realism : (فلسفہ) اِنسانی حقیقت .

Realist : (n) (۱) (فلسفہ) قائل حقیقت : حقیقت مادہ کا قائل : شیئیت پسند . (۲) حقیقت پسند : حقیقت میں : عملی روش رکھنے والا . (۳) حقیقت نگار (مصنف یا آرٹسٹ) .

Realist : (a) وجودی : حقیقت کا قائل یا اُس سے متعلق : حقیقت بیں سے متعلق .

Realistic : (a) (۱)حقیقت نگار جیسا : حقیقت پسندانہ : عملی. (۲) وجودیت کا: شیئیت پسندانہ . (۳) مطابق حقیقت : ہو بہو : صحیح : حقیقت نگارانہ .

Realistic instruction : (n) (تعمیرات) حقیقی تدریب .

Realistically : (adv.) حقیقت نگارانہ : ہو بہو : مطابق اصل .

Reality : (n) [med. L. 'Realitas'.] (۱) حقیقت : اصلیت : واقعیت : سچائی : خارجیت : شیئیت . (۲) حقیقت نمائی : اصل سے مطابقت : اصلیت . (۳) حقیقت : وجود حقیقی : اصلیت : اصالت وجود . (۴) محسوس یا موجود شے : واقعی شے : خرجی شے : موجودات عالم واقعی یا خارجی . (۵) ماہیت : اصلیت : فطرت اصلی . (۶)اصلیت نگارش .

Reality feeling : (n) (نفسیات) احساس حقیقت .

Reality principle : (n) اصول حقیقت : اصول جو عظیم اور درس مقاصد کے رجحان پر مبنی ہو تاکہ طبعی ماحول کی ضرورتیں (جیسے مسرت وغیرہ) پوری ہو سکیں .

Realizability: (n) عمل پذیری : حصول پذیری .

Realizable : (a) (۱) حقیقی ہونے کے لائق : عمل پذیر : پورا ہونے والا. (۲) تصور پذیر : جو عمل میں لایا جاسکے یا پوری طرح ذہن نشین ہو سکے : فروخت پذیر : قابل حصول : قابل وصول .

Realization : (n) (۱) حصول : عمل پذیری : تصور پذیری : قیمت یابی. (۲) (نفسیات) تحقّق : درک (معاشیات) وصولی . (۳)حقیقی ہونے کا عمل : حقیقی بنانا .

Self-realization : (نفسیات) درک ذات : تحقّق ذات .

Realize : (v) (۱) (کسی امید یا منصوبے کا) عمل میں لانا : عملی جامہ پہنانا : کر دیکھنا : حقیقی بنانا : بروئے کار لانا : پورا کرنا : واقعیت کا رنگ پیدا کرنا : حقیقت کو دکھانا : حقیقت میں تبدیل کرنا : ہو بہو نقشہ کھینچ دینا : پوری طرح سمجھنا : پورا اندازہ کرنا : ذہن نشیں ہونا : حقیقت میں بدل دینا : بالقوی کو بالفعل کرنا یا بنانا . (۲) (جائداد ، تمسکات وغیرہ کو) بیچ کر روپیہ کھڑا کرنا . (۳)(دولت) سمیٹنا : (روپیہ) بٹورنا : جمع کرنا: (نفع) حاصل کرنا : فراہم کرنا : کمانا : وصول کرنا . (۴) مول پانا : (کسی خاص) قیمت پر اُٹھانا : بکنا . (۵)(خیال کو) حقیقت بنانا : حقیقی بنا کر پیش کرنا. (۶) گرفت میں لینا یا سوچنا (مثل حقیقت) : واضح طور پر سمجھنا یا اخذ کرنا : باخبر ہونا . (۷) (امریکا) (کسی چیز کا) واقعی تجربہ رکھنا . (۸) جنس کو نقد میں تبدیل کرنا . (۹) (تجارت ، فروخت وغیرہ کے ذریعہ) روپیہ حاصل کرنا یا بنانا .

Realizer : (n) وصول کرنے والا : حاصل کرنے والا : سمجھنے والا : حقیقت پسند .

Realizing : (a) با خبری .

Realizingly : (adv.) آگاہی کے ساتھ : سمجھنے کے طور پر : حاصل کرتے ہوئے .

Really : (adv.) (۱) در اصل : فی الواقع : اصل میں : صحیح طریقے سے . (۲) حقیقتاً : بالیقین : سچ مچ : میں سچ کہتا ہوں : دیکھو میں کہے دیتا ہوں : بلا شبہ : بلا شک : بیشک . (۳) (استفہام میں) کیا واقعی : سچ مچ .

Realm : (n) [OF. 'Realme'.] (۱) مملکت : کشور : ملک : ممالک محروسہ : حکمرو . (۲) دائرہ : حلقہ : میدان : اقلیم : دنیا (ادب و علم وغیرہ کی) . (۳) سلطنت خداوندی : سلطنت ماوری . (۴) صوبہ : ریاست : کالونی : علاقہ . (۵)روئے زمین کی ابتدائی تقسیم (جغرافیہ حیوان کی بنیاد پر) .

Realmess : (a) بے ملک : بے سلطنت : محروم سلطنت .

Realpolitick : (n) [G.] (۱) (سیاسیات) سیاستِ اصلی : عملی سیاست : وہ سیاست جو عمل اور مادی اسباب پر مبنی ہو . (۲) وہ سیاست جو خود مقصود بالذات ہو : سیاست برائے سیاست .

Realtor : (n) [f. Realty+ -or.] (امریکا) دلّال : دلّال جائداد : جائداد کا ایجنٹ .

Realty : (n) (قانون) عقار : جائداد غیر منقولہ ۔

Ream : (n) [Late ME. 'Rem.'] ریم (کاغذ کا) رزمہ : گٹھیا (کاغذ) ۔

Printer's ream : (n) رزمۂ کاتبان ۔

Ream : (v) (۱) (خصوصاً اسکاتستانی) جھاگ لانا : کف نکالنا : پھینکنا: کف جمع کرنا ۔ (۲) مکھن الگ کرنا (دودھ سے): بالائی نکالنا : بالائی اُتارنا : بالائی نکالا ہوا ہونا ۔

Ream/ Reem : (v) [Origin obsc.] (۱) چوڑانا : چوڑا کرنا (سوراخ کو) برمانا ۔ (۲) الٹنا : لوٹانا : مژوری دینا (کارتوس کے صندوق وغیرہ کے کنارے کو) ۔ (۳) (جہاز رانی) (جہاز کی) درز کھولنا (تا کہ رال وغیرہ بھر کر بند کر دیں) ۔ (۴) دھوکا دینا : آنکھوں میں دھول جھونکنا ۔

Reamer : (n) چھدیا : برما : روزن کشا : دھات برما ۔

Reanimate : (v) (۱) تازہ جان ڈالنا : احیاء کرنا : دوبارہ جلانا : پھر سے زندہ ہونا : دوبارہ زندگی پانا ۔ (۲) از سرنو پیدا کرنا : تازہ دم ہونا یا کرنا : نئی روح پھونکنا : دوبارہ مائل کرنا : ہوش میں آنا ۔

Reanimation : (n) احیاء : حیات ثانی : ہمت افزونی : تازہ دمی : تازگی : رونق ۔

Reanchor : (v) دوبارہ لنگر انداز ہونا : پھر سے لنگر ڈالنا ۔

Reannex : (v) دوبارہ ملحق کرنا : از سر نو نتھی کرنا ۔

Reap : (n) [OE. 'Reapa'.] غلّے کا گٹھر : پودے کا گٹھا یا پولی : گٹھا بھر پودا ۔

Reap : (v) [OE.'Ripan'.] (۱) فصل کا کاٹنا : غلّہ کا جمع کرنا : دور کرنا : اٹھانا : فائدہ اٹھانا : نفع حاصل کرنا ۔ (۲) پھول کے پودے کو دیدہ زیبی کے لئے کاٹنا چھانٹنا : قطع و برید کرنا ۔ (۳) (کئے کا) پھل پانا : (نتیجہ) بھگتنا ۔

To reap as one has sown : جیسا کرنا ویسا بھرنا : کئے کا پھل پانا ۔

To reap the fruite of : پھل پانا : (نتیجہ) بھگتنا ۔

To reap where one has not sown : دوسرے کی محنت سے فائدہ اٹھانا ۔

Reaper : (n) (۱) فصل کاٹنے والا : کسان : فصل کاٹنے کی مشین ۔ (۲) مشین دَرُد : حَصّادہ ۔ (۳) (زراعت) حاصد : ہنسیا؛ درانتی ۔

Reaping : (n) کٹائی ۔

Reaping hook : (n) ہنسوا : ہنسیا : درانتی ۔

Reaping machine : (n) فصل کاٹنے کی مشین : حَصّادہ ۔

Rear : (n) [Aphetic f. 'Arrear'.] (۱) (فوج یا بیڑے کا) عقب : دنبالہ (لشکر) : فوج کی وہ ڈویژن جو سب سے آخر میں جاتی ہے ۔ (۲) پشت : پچھواڑا : پچھلا حصہ: پچھایا ۔ (۳)(روز مرہ) پنجانہ : بیت الخلا ۔

Front and rear : آگے پیچھے ۔

In one's rear / On - : کسی کے پیچھے ، پیچھے ۔

In the rear : فوج کے عقب میں : پیچھے : پشت پر ۔

To bring up the rear /-closs - : سب سے پیچھے ہونا : سب سے آخر میں ہونا ۔

To hang one one's rear : نزدیک سے تعاقب کرنا (حملہ یا ڈرانے کی نیت سے) ۔

To take enemy in rear : دشمن پر پشت کی طرف سے حملہ کرنا ۔

Rear : (a) [OE. 'Hrer'.] ادھ کچرا : نیم پختہ : آدھا پکا ہوا (پہلے صرف انڈے کے لئے استعمال ہوتا تھا) ۔

Rear : (v) [OE. 'Raeran'.] (۱) اٹھانا : سیدھا کرنا : قائم کرنا : سیدھا کھڑا کرنا : استادہ کرنا : اونچا اٹھانا : بلند کرنا : اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا : اوپر اٹھانا ۔ (۲) پالنا : پرورش کرنا: پروان چڑھانا : تربیت دینا : تیار کرنا : تعلیم و تربیت دینا : افزائش نسل کرانا ۔ (۳) کاشت کرنا : اُگانا ۔ (۴) (گھوڑے کا) الف ہونا : چراغ پا ہونا : دو پاؤں پر کھڑے ہوجانا ۔ (۵) بستر سے اُٹھنا یا اُٹھانا :نیند سے جگانا ۔ (۶) جانور وغیرہ کی پرورش و پرداخت کرنا : اُٹھانا : کسی آدمی کو پال پوس کر بڑا کرنا ۔ (۷) مینار بنانا ۔ (۸) نظروں میں آنا : ظاہر ہونا : نمودار ہونا : نگاہیں اونچی کرنا : نظر اُٹھانا ۔

Rear- : سابقہ بمعنی عقب : عقبی : بعد از وغیرہ ۔

Rear-admiral : (n) نائب امیرالبحر سے نیچے کا افسر : فیلنگ افسر (بحریہ کا) ۔

Rear-arch/ Rere- : (تعمیرات) پیش محراب : اندرونی محراب ۔

Rear axle : (n) (میکانیات) پچھلا دُھرا ۔

Rear end : (a) پچھلا حصہ : عقب ۔

Rear-guard : (n) [OFr. 'Rereguarde'.] فوج ساقہ: مواخر الجیش : سپاہ عقب : عقب دار فوجی ٹکڑی : چنڈاول : پچھاڑی : فوج کی وہ ٹکڑی جو اصل فوج کے پیچھے پیچھے چلتی ہے تاکہ چھوٹے ہوئے سامان وغیرہ اٹھاتی جائے ۔

Rear-horse : (n) (تشریح) دیکھو Mantis

Rear-lamp/-light : (n) وہ روشنی جو گاڑیوں کے پچھلے حصے میں ہوتی ہے : عقبی روشنی ۔

Rear-vassal /Rere- : (n) (تعیرات) لداؤ : کمانچہ (اندر باہر کی کمانوں کی قبہ دار چھت) ۔

Rear-view mirror : (n) عقب نما آئینہ یاوہ آئینہ جس کے ذریعہ ڈرائیور پیچھے کی چیزوں کو دیکھتا ہے ۔

Rearer : (n) [Late . ME.] الف ہونے والا (گھوڑا)؛ پچھلے دونوں پیروں پر کھڑا ہونے والا ۔

Rearmost : (a) سب سے پچھلا : آخری : آخر ترین : عقبی : عقب میں ۔

Rearmouse/ Reremouse : (n) [OE. 'Hreremus'.] چمگادڑ ۔

Rearparty : (n) (فوج) پُشتاول ۔

Rearward : (n) [AF. 'Rerewarde'.] پچھلا حصہ : عقب ۔

In the rearward /At - : پیچھے : عقب میں ۔

In the rearward of : دیکھو In the rearward

Rearward : (a) عقبی : عقب دار : عقب میں واقع : پچھلا : عقب رویہ ۔

Rearward : (adv.) پیچھے کی طرف :پس ماندہ : جانب عقب ۔

Rearwards : (adv.) دیکھو Rearward

Reason : (n) [ME. 'Res(o)un'.] (۱) وجہ : سبب : دلیل : حجت : علت : باعث : استدلال : برہان ۔ (۲) (منطق) صغری یا کبری (خصوصاً صغریٰ)؛ (فلسفہ) بناء : سبب : علت : وجوہ ۔ (۳) (نفسیات) عقل : نفس ناطقہ : فہم : ادراک : شعور : تعقل : خرد : نطق ۔ (۴) عقل کا : جوہر کل ۔ (۵)(کانٹ کے فلسفے میں) عقل محض۔ (۶) (نفسیات) ہوش : صحت دماغ : عقیدہ؛ ذہانت ۔ (۷) سمجھ بوجھ : ہوش مندی : (فلسفہ) معقولیت ۔ (۸) کاروائی : حالت : واقعہ ۔ (۹) غور و خوض : رجحان : خواہش : فیصلہ ۔ (۱۰) (ریاضیات) دیکھو Ratio ۔

A woman's reason : خود قول کو منزلۂ دلیل سمجھنا ۔

By reason of : وجہ سے : سبب سے ۔

By reason (that) : اس وجہ سے : اس سبب سے : اس دلیل سے ۔

In all reason : دلیلوں کے عین مطابق : بوجوہ کلی ۔

In reason : معقول : مناسب ۔

It is no reason/-not - : یہ دلیل نہیں ہے: یہ وجہ نہیں ہے ۔

It is reason/ Reason is (also with good great) : وجہ یہ ہے : دلیل یہ ہے ۔

It stands to reason : یہ بات قرین عقل ہے : یہ بات سمجھ میں آتی ہے ۔

Out of all reason : تمام دلائل سے بالاتر : عقل و ادراک سے پرے ۔

There is (good etc.) reason : معقول وجہ موجود ہے : جواز موجود ہے ۔

To bring to reason : کسی معاملہ کو معقول دلیلوں سے مدلل بنا دینا : یہ ثابت کر دینا کہ مخالفت بیکار ہے ۔

To do (one) reason : اطمینان بخش ہونا : انصاف کرنا ۔

To give yield reason /-render(a)- : (کسی کام یا رویہ کی) وجہ بتانا : جواز پیش کرنا : دلیل دینا ۔

To have reason for /- to do : (کسی چیز کے لئے) جواز رکھنا ۔

To hear reason /-listen - / -speak -: بات مان لینا : راضی ہو جانا (سمجھانے سے) ۔

To see reason (to do something) : (کچھ کرنے کے لئے) سبب تلاش کرنا : جواز ڈھونڈنا ۔

Without reason/With- : بالوجہ یا بلا وجہ : بادلیل یا بلا دلیل : بجا یا بے جا طور پر۔

Reason : (v) [OF. 'Raisoner'.] (۱) سمجھانا بجھانا : قائل کرنا : بحث کرنا : محبت کرنا۔ (۲) استدلال کرنا : منطقی حیثیت سے نتیجہ نکالنا : غور و فکر کرنا : عقل آرائی کرنا : منطقی انداز میں سوچنا۔ (۳) چون و چرا کرنا : قیل و قال کرنا : توجیہ کرنا : علت غائی یا حقیقت پر غور کرنا۔ (۴) نتیجہ اخذ کرنا : دلیل پیش کرنا : دلیلوں سے واضح کرنا۔ (۵) مدلل کرنا : موجّہ بنانا : منطقی صورت میں ڈھالنا۔ (۶) قائل کرنا : منوانا : دلیلوں سے شکست دینا۔ (۷) انجام سوچنا : مآل سوچنا : نتائج پر غور کرنا۔ (۸) سوال کرنا : رد و قدح کرنا : پخ نکالنا۔

Reason of state : (n) ملکی مصلحت (خصوصاً ناجائز کاروائی کی) : سرکاری سیاسی اقدام۔

Reasonable : (a) [Mod. F.'Reasonable'.] (۱) معقول : معقول پسند : صائب الرائے : سلجھا ہوا : سمجھ دار : اعتدال پسند : انصاف پسند۔ (۲) معقول (مہمل کی ضد) : سننا : واجبی۔ (۳) مناسب : ٹھیک ٹھیک سننا : واجبی : مناسب۔

Reasonable : (adv.) معقولیت : معقولانہ : معقول حد تک : مناسب طور پر : معقولیت سے : بہ طور معقول۔

Reasonable care : (n) مناسب دیکھ بھال۔

Reasonable chance : (n) خاصا امکان۔

Reasonable compensation : (n) (معاشیات) مناسب معاوضہ۔

Reasonable doubt : (n) معقول شک۔

Reasonableness : (n) معقولیت : معقول پسندی : اصابت رائے : اعتدال۔

Reasonably : (adv.) دیکھو Reasonable

Reasoned : (a) مدلل : معقول۔

Reasoner : (n) دلیل لانے والا : استدلال کرنے والا۔

Reasoning : (n) [Late. ME.] دلیل : سبب : استدلال : تعقل : (فلسفہ) بحث : مباحثہ۔

Probable Reasoning : (فلسفہ) استدلال احتمال۔

Reasoning by analogy : (n) (منطق) استدلال تمثیلی۔

Reasoning power : (n) قوتِ استدلال۔

Reasoning test : (n) (نفسیات) استدلال امتحان۔

Reasonless : (a) بے دلیل : غیر معقول : غیر مناسب : بے شعور : غیر منطقی۔

Reasonlessly : (adv.) غیر معقولانہ : غیر مناسب طور پر۔

Reasonlessness : (n) غیر معقولیت۔

Reasty : (a) دیکھو Rancid

Reata : دیکھو Lariat

Reaumer : (n) رومر (مقیاس الحرارت کے مواد کا نام جو اس مقیاس الحرارت کے درجوں کے ساتھ تحریر ہوتا ہے)۔

Reaumer scale : (n) (طبیعیات) پیمانۂ رومر۔

Reave : (v) [OE. 'Reafian'.] (۱) بربادی کرنا : غارت گری کرنا : تباہ کرنا : تاختو تاراج کرنا۔ (۲) اینٹھ لینا : چھین لینا : جبراً لے جانا : اڑا لانا : اچك لینا : زبردستی چھین لینا : غبن کرنا۔ (۳) چھین لینا (زندگی ، چین و سکون اور بینائی وغیرہ)۔ (۴) چھین لینا : چھین کر بھاگ جانا (کسی شخص کو دوسرے شخص سے)۔ (۵) زمین سے آسمان پر لے جانا : آسمان پر لے جانا : اس روئے زمین یا جہاں سے لے جانا۔

Reave : (v) [Pa. t. and pa. ppb. reft] (بول چال) پھاڑنا : چیر پھاڑ ڈالنا : پارہ پارہ کرنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

Reaver/Reiver : (n) تباہ کن : غارت گر : لٹیرا : چھین لینے والا۔

Rebab : (n) [Ar. 'Rebab'.] رُباب : دور متوسط میں عربوں کا ایك آلۂ موسیقی۔

Rebate : (n) کمی : فہمائی : مجرائی : کسر : کٹوتی : بٹّا : چھوٹ : (وہ رقم جو واجب الادا میں سے وضع کر لی جائے) : نیز دوبارہ ادائیگی۔

Rebate : (n) [Respelling of Rabbet.] (۱) دیکھو Rabbet۔ (۲) (انجینیئرنگ) پتام : پانام۔

Rebate : (v) [OFr. 'Rabattre'.] (۱) (قدیم) اثر گھٹانا : طاقت گھٹانا : کمزور کرنا : کم کرنا۔ (۲) کند کرنا : سست کرنا : دھیما کرنا۔ (۳) (نقابت) کسی تمغے کے خاص حصے کو گھٹانا یا کم کردینا : تمغے کے کسی خاص نقطے کو ختم کر دینا۔

Rebate : (v) [Later spelling of Rabbet.] (۱) چول بٹھانا : چوکٹھا جمانا : لمبی چول یا لمبا کٹاؤ بنانا ۔ (۲) چول سے چول ملانا ۔

Rebateplane : (n) دیکھو Rabbet : پتام ساز رندہ ۔

Rebater : (n) گھٹانے والا : کم کرنے والا : سست کرنے والا : دھیما کرنے والا ۔

Rebeck : (n) [Arab. 'Rebab'.] (اب صرف تاریخ اور شاعری) رُباب : ستار (عہد وسطیٰ کا چو تارا) ۔

Rebel : (a) [L. 'Rebellis'.] (۱) باغی : نا فرمان : سرکش : منحرف : حکومت کے خلاف ہتھیار اٹھانے والا : متمرد : بے قابو ۔ (۲) باغیوں کا یا اس سے متعلق : باغیانہ : سر کشانہ ۔ (۳) مسلح مزاحمت کرنے والا ۔

Rebel : (n) (۱) باغی : نافرمان : حکومت کے خلاف بغاوت کرنے والا : مزاحم ۔ (۲) (قانون) (اسکاتستانی) عدالت یا عدالتی کاروائی اور حکم کی خلاف ورزی کرنے والا : کسی بھی حاکم سے مزاحمت کرنے والا : حکم عدولی کرنے والا ۔

Rebel : (v) [F. 'Rebeller'.] (۱) حکومت کی مخالفت کرنا : حکومت کے خلاف مسلح مزاحمت کرنا : ہتھیار اٹھانا ۔ (۲) نافرمانی کرنا : مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : بغاوت : سرکشی یا انحراف کرنا ۔ (۳) مزاحمت کی پیش کش کرنا : مخالفت کو ظاہر کرنا ۔ (۴) گھن کھانا : نفرت یا ابا کرنا (کسی رسم وغیرہ سے) ۔

Rebeldom : (n) (۱) باغیوں کا علاقہ ۔ (۲) باغیانہ اطوار ۔

Rebellion : (n) [F. 'Rebellion'.] (۱) کسی حکمران یا حکومت کے خلاف منظم ، مسلح مزاحمت ۔ (۲) انحراف : بغاوت : طغیان : تمرد : سرکشی : شورش ۔ (۳) (قانون) عدالت یا عدالتی کاروائی یا حکم کی نافرمانی ۔ (۴) کسی بھی حاکم کی کھلم کھلا خلاف ورزی ۔ (۵) علی الاعلان مخالفت یا مزاحمت : کھلم کھلا مقابلہ (کسی مسلحہ قوت سے) ۔

The great Rebellion : (۱) ۱۶۴۲ء سے ۱۶۴۹ء تک کی خانہ جنگی اور دولت مشترکہ کی حکومت ۱۶۴۹ء سے ۱۶۶۰ء تک ۔ (۲) خدا کی توہین اور والدین کی نافرمانی۔

Rebellious : (a) [f. L. 'Rebellis'.] (۱) باغی : سرکش : نافرمانی : آمادۂ بغاوت : بے قابو : متمرد ۔ (۲) کسی باغیوں کی جماعت کا رکن ۔ (۳) باغی یا باغیوں کی خصوصیات (بغاوت کی وجہ) ۔ (۴) مزاحمانہ : معاندانہ : باغیانہ ۔ (۵) (مرض) عسیر العلاج : موذی : مہلک : قابو سے باہر۔

Rebelliously : (adv.) باغیانہ طریقے سے : مزاحمانہ طور پر ۔

Rebelliousness : (n) (۱) بغاوت : مزاحمت : سرکشی : گردن کشی : باغی پن : بغاوت آمادگی : تمرد ۔ (۲) عسیرالعلاجی : موذی پن ۔

Rebellow : (v) [L. 'Reboare'.] صدائے باز گشت دینا : زور سے گونجنا ۔

Rebelly : (a) دیکھو Rebellious

Reboant : (a) [L. 'Reboans'.] (شعر) گونجتا ہوا : زور سے گونجنے والا ۔

Reboantic : (a) دیکھو Reboant

Rebuff : (n) [Fr. 'Rebuffer'.] (۱) جھڑکی : ڈانٹ : بے التفاتی : دتکار ۔ (۲) انکار : تردید : روک : رکاوٹ ۔ (۳) رد احسان : دفع : برگشت : محرومیت : عدول ۔

Rebuff : (v) [F. 'Rebuffer'.] جھڑک دینا : ٹھکرا دینا : دتکار دینا : روک دینا : پس پشت ڈال دینا : رد احسان کرنا : محروم کرنا : محروم ہونا ۔

Rebuke : (n) [f. next.] تنبیہ : سرزنش : توبیخ : ملامت : چشم نمائی : تادیب : زجر و توبیخ ۔

Rebuke : (v) [OFr. 'Rebuchier'.] تنبیہ کرنا : سرزنش کرنا : ملامت کرنا : زجر و توبیخ کرنا : متہم کرنا : الزام عائد کرنا ۔

Rebukeful : (a) پُر از سرزنش : پُر از ملامت ۔

Rebukefully : (adv.) از روئے ملامت ۔

Rebukeness : (n) تنبیہ : ملامت : سرزنش ۔

Rebuker : (n) تنبیہ کرنے والا : ملامت کرنے والا ۔

Rebus : (n) [Fr. 'Rebus'.] حرف معما : تصویر معما : نقش معما : تصویری حرف یا نام : معمائی شکلی ۔

Rebus : (v) تصویر معما بنانا : معمائی شکلی بنانا : تصویروں میں نام وغیرہ لکھنا ۔

Rebut : (v) [AFr. 'Reboater'.] (۱) پیچھے ڈھکیلنا : پھرنا : پلٹنا : پیچھے ہٹانا : الٹنا : رد کرنا : روکنا ۔ (۲) تردید کرنا : ابطال کرنا : غلط ثابت کرنا : جھٹلانا : مخالفت کرنا ۔ (۳) (قانون) جوابی دلائل و شواہد سے رد کر دینا :

Law of recapitulation : (حیوانیات) قانونِ استرجاع ۔

Recapitulation theory : (n) نظریۂ استرجاع : یہ نظریہ کہ جنین کی نشو و نما میں مدارج کا اعادہ ہوتا ھے ۔

Recapitulationist : (n) نظریۂ استرجاع کا ماننے والا ۔

Recapitulative : (a) اعادے کا: اجمالی : تلخیص : سرسری ۔

Recapitulatively : (a) بطور اعادہ : اجمالی طور پر : سرسری اعتبار سے ۔

Recapitulator : (a) دیکھو Recapitulative

Recapitulatory : (a) دیکھو Recapitulative

Recappable : (a) مختصر کر کے بیان کرنے کے لائق : خلاصہ کرکے بیان کرنے کے لائق ۔

Recapper : (n) خلاصہ کر کے بیان کرنے والا : مختصر کر کے بیان کرنے والا ۔

Recaulescence : (n) (نباتیات) ساق وصل ۔

Recce /Recco /Reccy : Reconnaissance اور Reconnoitre کا مخفف (عامیانہ) ۔

Recede : (v) [L. 'Recedere'.] (۱) پیچھے ہٹنا : سمٹنا : سکڑنا (پیچھے کی طرف) : ہٹ جانا : کھسک جانا : پیچھے کھینچنا ۔ (۲) رفتہ رفتہ پیچھے ہٹنا : بہت پیچھے ہو جانا : بہت دور ہو جانا : دور ہوتے جانا ۔ (۳)ہاتھ کھینچ لینا : دست کش ہونا : باز آنا : چھوڑ بیٹھنا : رجوع کر لینا : سبکدوش ہو جانا : رجعت قہقری کرنا : پلٹنا : پیچھے ہٹنا ۔ (۴) (قیمت یا نوعیت میں) گرنا : کم ہونا : پیچھے ہٹنا ۔ (۵) پچھڑ جانا : (زمانے کی دوڑ میں) پیچھے رہ جانا ۔

Recede : (v) دوبارہ دے دینا : واپس لوٹا دینا (کسی چیز کو اُس کے مالک کی طرف) ۔

Receipt : (n) [Late ME.'Receite'.] (۱) نسخہ : ترکیب : گُر : لٹکا: تدبیر : نسخہ (طبیبوں کا) دوا جو نسخے کے مطابق تیار کی جائے : دستور عمل : فارمولا : علاج : وسیلۂ علاج ۔ (۲)(رقم) موصول : وصول شدہ : مداخل : آمدنی : (معاشیات) رسید : وصول ۔ (۳) وصولی : وصول یابی : تحصیل : وصول کرنے کا عمل : عمل وصول : اعلام وصول ۔ (۳) (تحریری) رسید : بھرپائی: قبض الوصول : روپے یا سامان کی تحریری قبولیت ۔

غلط ثابت کر دینا : جھوٹ کا پول کھول دینا ۔

Rebutment : (n) دیکھو Rebuttal

Rebuttable : (a) تردید کے قابل : لائق تردید ۔

Rebuttal : (n) تردید : ابطال : تکذیب : رد : (قانون) ابطال دعویٰ : ردّ دعویٰ ۔

Rebutter : (n) [AF. 'Rebuter'.] (قانون) ابطال دعوی : رد دعویٰ : تردید : ابطال ۔

Recado : (n) [Pg. 'Recado'.] (جنوبی امریکا کا) زین : کاٹھی ۔

Recalcitrance : (n) انحراف : سر تابی : ضدی پن : کٹھ حجتی : تمرد ۔

Recalcitrant : (a) [L. 'Recalcitrare'.] نافرمان : سرکش : تمرد : ضدی : خود سر : ہٹّی : اڑیل : کٹھ حجّا ۔

Recalcitrant : (n) ضدی آدمی : خود سر آدمی : نافرمان آدمی ۔

Recalcitrate : (v) [L. 'Recalcitrare'.] نافرمانی کرنا : عدول حکمی کرنا : ضد کرنا : اڑنا : ہٹ کرنا : دنتی کرنا : دنتی جھاڑنا : انحراف یا سرتابی کرنا : نہ ماننا : پروا نہ کرنا: ٹھکرا دینا ۔

Recalcitration : (n) انحراف : سرتابی : ضدی پن : عدول حکمی ۔

Recant : (v) [L. 'Recantare'.] (۱) توبہ کرنا : باز آنا : دست بردار ہونا (ملحدانہ عقیدے سے) ترک کرنا : چھوڑ دینا ۔ (۲)(عقیدے یا رائے کی) غلطی کا عملی اعتراف کرکے اس سے دست بردار ہونا ۔ (۳) واپس لے لینا (بیان کو)۔

Recantation : (n) (دینیات) توبہ : دست برداری : ترک : دست کشی : انکار : ترک دین ۔

Recanter : (n) توبہ کرنے والا : دست بردار ہونے والا ۔

Recap : Recapitulation کا مخفف ۔

Recapitulate : (v) (۱) عنوانات بیان کردینا : سُرخیاں پڑھ دینا : خلاصہ دہرا دینا : خلاصہ کرنا : مختصر الفاظ میں دہرانا : سرسری دہرانا : دہرانا ۔

Recapitulation : (n) [L. 'Recapitulationem'.] (۱) تلخیص : خلاصۂ بیان : خلاصۂ کلام ۔ (۲) باز خوانی : تکرار : اعادہ ۔ (۳) (حیوانیات) جنین کی نشو و نما میں مدارج ارتقا کا اعادہ : استرجاع : اعادہ ۔

(۵) دریافت : وصول ۔ (۶) چیز وصولی : چیز دریافتی۔ (۷) وہ خاص مقام یا آفس جہاں سلطنت یا حکومت کی جانب سے رقم وصول کی جاتی ھے (سرکاری) ریوینیو آفس : کسٹم وصول کرنے کا مقام (مجازاً)۔

Receipt : (v) [OFr. 'Receiter'.] (مجرم کو) چھپانا : پناہ دینا : مہمان بنانا ۔

Receipt : (v) [F. 'Receipt'.] (۱) رسید لکھنا یا چھاپنا : رسید دینا : تحریری طور پر(روپے پانے کا) ثبوت دینا ۔ (۲)وصولی لکھنا : قبول کرنا : تحصیل کرنا ۔

Receipt book : (n) (۱) رسید نسخہ ۔ (۲) رسید بہی ۔

Receipt of the (King's Exchequer) : (n) (تاریخ) ریوینیو آفس ۔

Receiptor : (n) (امریکا) وصول کرنے والا : وہ شخص جس کی تحویل میں کسی خاص غرض سے سامان رکھا جائے ۔

Receivability : (n) قابل وصولی ہونا ۔

Receivable : (a) [AF. 'Receivable'.] قابل وصول : لائق پذیرائی : لائق سماعت (ریڈیائی نشریہ وغیرہ) ۔

Receivelleness : دیکھو Receivability

Receive : (v) [L. 'Reciprere'.] (۱) لینا : پانا : وصول کرنا : قبول کرنا : ملکیت حاصل کرنا ۔ (۲) سہنا : جھیلنا : برداشت کرنا : مقابلہ کرنا ۔(۳) سمانا : سمائی ہونا : گنجائش ہونا : داخل ہونے دینا : آنے دینا : داخل ہو سکنا : آ سکنا (اندر) ۔ (۴) خیر مقدم کرنا : دعوت کرنا : مہمان بنانا ۔ (۵) بڑھ کر لینا : استقبال کرنا : پیشوائی کرنا : لیتے آنا ۔ (۶)دعوت جلسہ کرنا ۔ (۷) تسلیم کرنا : ماننا: یقین لانا : سچ جاننا : سچ سمجھنا : گواہ کے طور پر قبول کرنا ۔ (۸) ملنا : پانا : حاصل کرنا : میسر آنا ۔ (۹)شریک ہونا : حصہ پانا۔ (۱۰) جان بوجھ کر قبول کرنا (چوری وغیرہ کا سامان) ۔ (۱۱) توجہ دینا : سننا :سمجھنا :سیکھنا۔ (۱۲) پناہ دینا : حفاظت کرنا : تحفظ دینا : (خدا کا) اپنی پناہ میں لینا : شریک کرنا : کسی جماعت کا ممبر بنانا ۔ (۱۳) قبول کرنا : تسلیم کرنا : مان لینا ۔ (۱۴) چھین لینا : زبردستی لے لینا : قبضہ کر لینا ۔ (۱۵) مائل ہونا : راہ میں روکنا : مبتلا ہونا : مجروح ہونا : خراب و خستہ ہونا ۔ (۱۷)مقابلہ کرنا : مقابلے پر آنا : مڈبھیر ہونا : طاقت کا استعمال کرنا (مقابلے میں) ۔ (۱۸)کھانا : کھا جانا : منہ میں ڈال لینا : ہضم کر جانا ۔ (۱۹)پکڑنا (گیند وغیرہ کو) ۔ (۲۰) ریڈیائی لہروں کو بدل دینا (اشاریہ میں) ۔ (۲۱)سہارا ہونا : معین و مددگار ہونا ۔ (۲۲) اجازت دینا (کلام کرنے کی) : قریب آنے کی اجازت دینا : حضوری کی اجازت دینا ۔ (۲۳) عشائے ربانی میں شریک ہونا : عشائے ربانی تناول کرنا : عبادت کرنا : عابد ہونا ۔ (۲۴) تعلق قائم کرنا : رشتہ دار سمجھنا : دوستانہ سلوک کرنا ۔ (۲۵) تجربے سے دوچار ہونا ۔ (۲۶) کسی پر قانون مسلط کرنا یا ہونا ۔

Received pronunciation : (n) معیاری تلفظ : قابل قبول تلفظ ۔

Received standard : (n) معتبر معیار : مستند معیار : قابل قبول معیار ۔

Receiver : (n) [AFr. 'Receivour'.] (۱) وصول کرنے والا : قبول کرنے والا: دوسرے کی طرف سے قبول کرنے والا : مجازاً قبول کرنے والا ۔ (۲) خازن : روپیہ وصول کرنے والا ۔ (۳)جائداد کی قدر و قیمت متعین کرنے والا سرکاری افسر : وصول کرنے والا : امین : متولی ۔ (۴) بنکاری کا ایک افسر ۔ (۵) جان بوجھ کر چوری کا سامان لینے یا خریدنے والا : چوری کا مال چھپا رکھنے والا : معین سرقہ: چوری چھپاؤ : گھتیل ۔ (۶) حامل : جوف : ظرف: سوراخ : خلا : جگہ (جس میں کوئی چیز جا سکے) : خصوصاً ٹیلیفون کا وہ آواز سنائی دیتی ھے : آواز گیر: گوش آلہ : مسمع : رسیور : گیرندہ : وصول کنندہ (میکانیات) قابلہ ۔ (۷) تالاب : ذخیرۂ آب : خزانۂ آب: کوئی چیز رکھنے کی گاڑی ۔ (۸) (معماروں کا) ڈھانچ : سانچہ : قالب ۔ (۹) وصول کرنے والے آلے یا مشین کے مختلف پرزے ۔ (۱۰) برقی لہروں اور روؤں کو وصول کرنے والا آلہ : وہ مشین یا آلہ جس پر ریڈیو اور ٹیلیویژن کے اشاروں اور نشریات کو وصول کیا جاتا ھے: اسکی آلۂ گیرندہ (آواز) ۔

Official receiver : وہ عدالتی افسر جسے جائداد کی قدر و قیمت متعین کرنے یا وصول کرنے کے لئے بحال کیا جاتا ھے ۔

Receiver-general : (n) وہ سرکاری افسر جو عام طور پر لوگوں سے روپیہ وغیرہ وصول کرنے پر متعین ہوتا ھے ۔

Receivership : (n) امین گری : تولیت ، مالیات وغیرہ وصول کرنے والے کا عہدہ یا اُس کا دفتر ۔

Receiving : (n) دریافت : وصول : دریافت کنندہ : وصول کرنے والا : گیرندہ ۔

To be at (on) the receiving end : (۱) مبتلائے مصیبت ہونا : زخمی ہونا : زخم سہنا : تکلیف سے دو چار ہونا۔ (۲) کسی چیز خصوصاً نا خوشگواری کا تاثر قبول کرنا ۔

Receiving aerial : (n) (ریڈیو) تحصیلی ہوائیہ : گیرندہ ہوائیہ ۔

Receiving authority : (n) (سیاسیات) حاکم وصولی ۔

Receiving blanket : (n) بچوں کا تولیہ ۔

Receiving centre : (n) (ریڈیو) تحصیلی مرکز ۔

Receiving clerk : (n) وصول کرنے والا عملہ ۔

Receiving office room : (n) دفتر وصولی : کمرۂ وصولی ۔

Receiving set : (n) ریڈیو اور ٹیلیویژن کی تشریحوں اور اشاروں کو وصول کرنے والا آلہ : ریڈیو ۔

Receiving yard : (n) ریلوے اسٹیشن کا وہ حصہ جہاں مال گاڑی کھڑی ہوتی ہیں اور ان پر سے مال اتارا جاتا ھے ۔

Recency : (n) تازہ ہونے کی حالت یا کیفیت : تازگی : تاخر : قریب العہدی : حدوث : (نفسیات) قرب زمانہ ۔

Recense : (v) [L. 'Recensere'.] نظر ثانی کرنا : دوبارہ نظر ڈالنا : پروف پڑھنا ۔

Recension : (n) [L. 'Recensionem'.] (۱) تصحیح : نظر ثانی : تنقیح: تہذیب : کتاب کی نظرثانی ۔ (۲)نسخہ مصححہ : متن مصحح ۔ (۳) تفریظ : ترمیم : ترمیم شدہ کتاب ۔

Recensionist : (n) نظر ثانی کرنے والا : ترمیم کرنے والا : تصحیح کرنے والا ۔

Recent : (a) [L. 'Recent- ,Recens'.] (۱) حالیہ : تازہ : جدید : قریب زمانے کا (ارضیات) عصر جدید : موخر الوجود ۔ (۲)تازہ ایجاد : نو ایجاد ۔ (۳) (شاعری) نو وارد: دوسری جگہ سے تازہ آیا ہوا ۔ (۴) انسان کے دور پیدائش سے متعلق ۔

Recently : (adv.) حال میں : قریب زمانے میں ۔

Recentness : (n) تازگی : جدید : جدّت ۔

Recept : (n) (۱) (نفسیات) مُتحصّلہ ۔ (۲) ذہنی تصویر : دَرکی تصویر : تصویر ذہنی جو پیہم مفاہیم کے اثر سے بنے : وہ عقیدہ جو کسی خاص اثر کے تاثر سے پیداہو ۔

Receptacle : (n) [L.'Receptaculum'.] (۱) جوف : ظرف : سوراخ : خلا : جگہ : گھر : خانہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) (نباتیات) کرسی : طبق : سریر گل : پھول کی پیندی: ظر ف : تخم دان : کیسہ : طبق گیاہی (۳)جائے پناہ ۔ (۴) (برقیات) برق پذیر جگہ : جائے شمع برقی : کیسہ ۔

Receptacular : (a) سریری : ظرفی : محتولی : مخزن دار ۔

Receptaculida : (n) [NL.] اسفنج فنجابی کی ایک قسم ۔

Receptaculitidae : (n) دیکھو Receptaculida

Receptaculum : (n) [L.] (جمع (۱) (حیوانیات) کیسہ : مخزن ۔ (۲) میں) کیسۂ بیض ۔ (۳) دیکھو Receptacle ۔

Receptaculum chyli : (n) (حیوانیات) کیسۂ کیلُوس ۔

Receptaculum geminis : (n) (حیوانیات) کیسۂ منی ۔

Reception : (n) [L. 'Receptionem'.] (۱) پذیرائی : استقبال : خیر مقدم : پیشوائی : تقریبی اجتماع : استقبالیہ جلسہ : دعوت استقبال ۔ (۲) وصولی : وصول یابی : قبولیت : اخذ : آمد ۔ (۳) پناہ گیری : پناہ یابی ۔ (۴) دخول : داخلہ : ورود : آمد ۔ (۵) منظوری : تسلیمی : قبولیت: اجازت ۔ (۶)(ریڈیو) وصولی تحصیل: (نفسیات) درک: (سماجیات) استقبالیہ ۔ (۸) دماغی کمزوری : غباوت ۔ (۹) دو ستاروں کی حقیقت جو دوسرے ستارے میں معلوم کی جاتی ھے ۔

Reception aerial : (n) (ریڈیو) تحصیلی ہوائیہ ۔

Reception centre : (n) استقبالیہ مرکز ۔

Reception order : (n) پاگل خانے میں داخلے اور رکنے کی اجازت یا حکم ۔

Reception-room : (n) استقبالیہ کمرہ : وہ کمرہ جہاں مہمانوں کا استقبال کیا جائے ۔

Receptionism : (n) یہ نظریہ کہ عشائے ربانی کی نان و شراب میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا لیکن کھانے والے کو حضرت عیسیٰ کا جسم و خون حاصل ہوتا ھے ۔

Receptionist : (n) (۱) Receptionism کے نظریہ کا حامی یا معتقد ۔ (۲) استقبال کرنے والا : تجارتی اداروں کا وہ ملازم جسے لوگوں کا استقبال کرنے کے لئے بحال کیا جاتا ھے ۔ (۳) فوٹو گرافر اور دندان ساز کے یہاں گاہکوں کا استقبال کرنے والا ملازم ۔

Receptive : (a) [med. L. 'Receptivus'.] (۱) اخذ کرنے والا خصوصاً خیالات ، مشورے وغیرہ کو جلد قبول کرنے

والا : تاثر پذیر ۔ (۲) (نباتیات) ادخالی : اخذ : (نفسیات) اخذ : مدرك : پذیرا ۔ (۳) استقبال وغیرہ سے متعلق ۔ (۴) اثر پذیر (حواس خمسہ) ۔ (۵) مرد کو قبول کرنے کے لئے تیار (عورت) : مرد کی خواہش مند (عورت) : نر کی ضرورت مند : عورتوں کی تولیدی خلیے کا مقام جہاں مرد کا صنفی تخم داخل ہوتا ہے : ادخالی نقطہ : (نباتیات) ادخالی حصہ ۔

Receptive imagination : (n) (نفسیات) پذیرا تخیّل ۔

Receptive mind : (n) (نفسیات) پذیرا ذہن : ذہن آخذ ۔

Receptive spot : (n) (حیوانیات) ادخالی نقطہ : (نباتیات) ادخالی حصہ ۔

Receptively : (adv.) تاثر پذیری سے : آخذانہ ۔

Receptiveness : (n) آخذیت : قبولیت : تاثر پذیری : (نفسیات) پذیرائی۔

Receptivity : (n) دیکھو Receptiveness

Receptor : (n) (۱) پذیرائی کرنے والا : استقبال کرنے والا ۔ (۲) (تشریح) آخذہ : حسّاسہ : در آور ۔ (۳) (طب) آخذہ ۔ (۴) اثر قبول کرنے والا : محسوس کرنے والا (اعضا وغیرہ) ۔

Receptor fields : (n) (نفسیات) رقبۂ حسّاسہ ۔

Recepts : (n) (معاشیات) مخصّلات ۔

Recercele : (a) [OF. 'Recercelar'.] (نقابت) برگشتہ نوك والا (مثل شاخ) : برگشتہ ۔

Recess : (n) [L. 'Recessus'.] (۱) وقفہ: مہلت : چھٹی : تعطیل (خصوصاً پارلیمنٹ کی) ۔(۲) علاحدہ ہونے کی جگہ : تنہائی کی جگہ : خلوت : عزلت نشینی : گوشہ نشینی : جدائی کا مقام : کونا : گوشہ : گھر: کنج ۔ (۳) عقب نشینی : زمین ، پانی وغیرہ کی پہلی حد سے باز گشتگی : (جغرافیہ) پس وری : رجعت : پیچھے ہٹا ہوا حصہ : پس گوشہ ۔ (۴)(پہاڑوں کے سلسلے میں) خلا : فصل : گتھا : کنارہ ۔ (۵) طاق : آلہ : کمانچہ : زاویہ : خانہ : چور گھر ۔ (٦) (تشریح) خلا : جوڑ : دانتا :جوف (اعضاء میں) : گودی ۔ (۷) اندرونی : اندرونی حصہ : اندرونی مقام ۔ (۸) ہڈی یا نسیج کا خلا : جسم کا خلا۔ (۹) مصروفیت یا کاروائی کا تعطل ۔ (۱۰) (تاریخ) شاہی فرمان : شاہی اعلان : جرمنی کے بادشاہ کا دربار : ایوان شاہی ۔

The recess : خصوصاً پارلیمنٹ کے دو اجلاس کے درمیان کا وقفہ ۔

Recess : (v) (۱) آڑ میں کرنا : خلوت یا گوشے میں کر دینا : چھپا لینا : چھپا دینا ۔ (۲) طاق بنانا : خانے چھوڑنا : فصل یا جگہ رکھنا : جوف رکھنا ۔ (۳) (امریکا) مہلت لینا : وقفہ دینا : پارلیمنٹ کی دو نشستوں کے درمیان وقفے کا ہونا ۔ (۴) معطّل ہونا (تھوڑی دیر کے لئے) ۔

Recess appointment : (n) امریکی سینٹ کے دواجلاسوں کے درمیانی وقفے میں صدر کی طرف سے کی جانے والی تقرری ۔

Recessed : (a) طاق وغیرہ میں رکھا ہوا ۔

Recessed bed : (n) سفری بستر : وہ چارپائی وغیرہ جو موڑی جا سکتی ہو اور ایك جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکتی ہو ۔

Recesser : (n) وقفہ جاتی آرام کرنے والا : کام کے وقفہ میں مہلت سے مستفید ہونے والا ۔

Recession : (n) [L. 'Recessionem'.] (۱)باز گشت: رجعت: واپسی: پس وری : پس گردی : پلٹنا : اعادہ ۔ (۲) پلٹنا : ہٹنا (کسی بات سے) : ترك : دست برداری : علاحدگی : خلوت نشینی ۔ (۳) (کسی چیز کا) پیچھے ہٹا ہوا حصہ: عقب نشینی ۔ (۴) (ارضیات) حوالگی : کاہیدگی۔ (۵) (پادریوں کی) مراجعت اجتماعی (کلیسا سے عبادت کے بعد) ۔ (٦) تقاطیر تدریجی (پانی کا) ۔ (۷)(روز گار کے نقطۂ نظر سے خراب معاشی حالت کا) وقفہ یا مدت : معاشی حالت یا سرگرمیوں میں عارضی گراوٹ ۔ (۸) پانی کا تحلیل ہونا (بخار کی شکل میں) ۔

Recessional : (a) (۱) مراجعت یا سبکدوشی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مناجات رجعت یا ترانۂ سلطان کا یا اس سے متعلق۔ (۳) تعطیلی (پارلیمنٹ کی تعطیل کا) : چھٹی کا ۔

Recessional : (n) (۱) پادریوں کا مناجاتی نغمہ ۔ (۲) ڈراما وغیرہ کے خاتمہ کے موقع پر پیش کیا جانے والا الوداعی نغمہ ۔

Recessional hymn : (n) مناجات (جو عبادت کے بعد پادری وغیرہ اپنے مجرے میں گاتے ہیں) : پادریوں کا مناجاتی نغمہ ۔

Recessionary : (۱) پس گوشہ : پس گرداں : ارتجاعی : مائل بہ باز گشت ۔ (۲) (حیوانیات) رجعی : رجعیّہ (دو غذا) : (نباتیات) رجعی خاصّہ : گریزاں خاصّہ ۔ (۳)تابع: ماتحت ۔ (۴) سبکدوش : محروم ۔

Recessive : (a) دیکھو Recessionary

Recessive : (n) (۱) باز گشتی ۔ (۲) رجعی خاصّہ : مغلوب خاصہ ۔

Recessive accent : (n) وہ زور جو کسی لفظ کے پہلے بول پر پڑتا ھے ۔

Recessive character : (n) (حیاتیات) رجعی خاصّہ : مغلوب خاصّہ ۔

Rechabite : (n) [Heb. Re, Kabim. f. the personal name Rakab.] (۱) قدیم یہودیوں کے ایك خانہ بدوش قبیلہ کا رکن ۔ (۲) تارك شراب : تارك مے : ریشابی : انگلستان کی سو سائٹی کا ہر وہ شخص جس نے ترك مے کیا تھا ۔ (۳) خانہ بدوش : خیموں میں رہنے والا ۔

Rechabitism : (n) خانہ بدوشی یاترك مے کا تجربہ یا اُس پر عمل ۔

Recherche : (a) [Fr.] (۱) منتخب : نادر : شاذ : چیدہ : فرمائش ۔ (۲) دور از کار : بر آورد : جس میں آورد ہو ۔

Recidivism : (n) (قانون) تکرار جرم : مجرمانہ زندگی کی طرف عود۔

Recidivist : (n) [mod. L. 'Recidiviste'.] تکرار جرم کرنے والا : عادی مجرم : وہ شخص جو دوبارہ مجرمانہ زندگی میں مبتلا ہو جائے ۔

Recidivous : (a) بار بار دہرانے والا : تکرار کرنے والا : مکرر ہونے والا : قابل اعادہ ۔

Recipe : (n) [L. 'Recipe'.] (۱) نسخہ (طبیبوں کا) : معجون سازی کا نسخہ : دوا جو نسخے کے مطابق تیار کی جائے : علاج۔ (۲) ترکیب : نسخہ (کسی چیز کے تیار کرنے کا) ۔ (۳) تدبیر : گر : لٹکا ۔ (۴) کھانا پکانے کا طریقہ : دستور العمل : فارمولا ۔

Recipiency : دیکھو Reception

Recipient : (a) [L. 'Recipientem.'] دیکھو Receptive

Recipient : (n) (۱) وصول کرنے والا : آخاذ : آخذ : گیرندہ یا بند ۔ (۲) اثر پذیری : تاثر پذیری ۔ (۳) ہوائی پمپ کا گیرندہ ۔ (۴) زاویۂ معکوس ۔

Recipocal : (a) [f. L. 'Reciprocus'.] (۱) بالعوض : بالمقابل : جوابی ۔ (۲) باہمی : دو طرفہ : باہم دگر : آپس کا : ایك دوسرے کا : طرفین کا ۔ (۳) ملزوم : متلازم : متماثل : لازم و ملزوم ۔ (۴) (ریاضیات) متکافی : تعریفی ۔ (۵) (منطق) متبادل ۔ (۶) (قواعد) مقلوب : اُلٹھان : تفاعلی (ضمیر) : معکوس : راجع الی الفاعل ۔

Reciprocal : (n) (۱) (ریاضیات) وہ عدد جو دوسرے کے ساتھ ضرب دے کر ایك کے برابر ہو : الٹا ۔ (۲) مساوی : برابر : نصف ثانی : نقل : مثنیٰ ۔ (۳) باہمی زندگی ۔

Reciprocal alphabet : (n) مقلوبی ہجا : متلازم ہجا : متکافی ہجا ۔

Reciprocal cross : (n) (نباتیات) دو طرفہ بار وری : باہمی بار وری ۔

Reciprocal defence : (n) (قلعہ) دفاعی فوج کا میمنہ یا میسرہ ۔

Reciprocal demand : (n) دو افراد یا دو طبقوں کا ایك دوسرے سے پیداواری مطالبہ : متوازی مطالبہ : باہمی مطالبہ ۔

Reciprocal insurance : (n) باہمی انشورنس (جس میں ہر ممبر ایك دوسرے کی ضمانت دیتا اور لیتا ھے) ۔

Reciprocal proportion : (n) (کیمیا) معادل تناسب ۔

Law of reciprocal proportions : (کیمیا) کلیّہ معادل تناسب۔

Reciprocal ratio : (n) باہمی تناسب ۔

Reciprocality : (n) دیکھو Reciprocity

Reciprocate : (v) [L. 'Reciprocat- , Reciprocare'.] (۱) متقابل سمتوں سے حرکت کرنا : دو طرف سے حرکت کرنا : آگے پیچھے چلنا : سمت بدلنا : (میکانیات) ہٹتے بڑھتے چلنا : آگے پیچھے حرکت کرنا : متکافی کرنا : دھك دھك بڑھنا ۔ (۲) حرکت دینا : چلانا : دھك دھکانا ۔ (۳) مبادلہ : معاوضہ کرنا : ادل بدل کرنا : باہم دگر رعایت کرنا (سلطنتوں کا تجارت میں) : باہم دگر تبادلہ کرنا ۔ (۴) بدلے میں کرنا (جیسے محبت کے بدلے محبت کرنا) : اس طرح کے جذبات رکھنا : بدلہ دینا : بدلہ اتارنا : دینا لینا : تلافی کرنا : مشابہ کرنا ۔ (۵) جوں کاتوں واپس کرنا : بعینہٖ لوٹانا : پورا پورا ادا کرنا ۔ (۶) برابر ہونا : مساوی ہونا : متقابل ہونا : متفق ہونا ۔ (۷) ایك دوسرے کو دعا دینا : ایك دوسرے کے لئے نیك خواہشات کا اظہار کرنا ۔ (۸) (ریاضیات) متکافی امداد پانا یا ہونا ۔ (۹) آگے پیچھے ہٹتے ہوئے گزرنا ۔

Reciprocating : (n) (انجینیئرنگ) متکافی : دو طرفہ حرکت کنندہ ۔

Reciprocating engine : (n) (انجینیئرنگ) متکافی انجن : سیدھی دھر کا انجن : جس کی دھر گردش کی بجائے آگے پیچھے حرکت کرتی ھے ۔

Reciprocation : (n) [L. 'Reciprocationem'.] (۱) حرکت پس و پیش : معاوضہ : عوض : بدل : باہم دگر رعایت ۔

(معاشیات) معامله : متقابله : مبادله ۔ (۲)(میکانیات) دو طرفه حرکت : دهك دهك ۔ (۳) حرکت معکوس : آگے پیچھے کی حرکت ۔ (۴) مساوی : متقابل : متفق. (۵)(جذبات و احساس کا) تبادله : عمل متقابل ۔

Reciprocative : (a) عمل متقابل کرنے والا : حرکت معکوس کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Reciprocator : (n) جو عمل معکوس کرتا ھے ۔

Reciprocatory : (a) دیکھو Reciprocating

Reciprocity : (n) [L. 'Reciprocite'.] (۱) تقابل : معامله متقابله : مقابله : باہم دگری : التزام ۔ (۲) تعامل : عمل و ردعمل : فعل و انفعال ۔ (۳) لین دین : ادل بدل : معاوضه : مراعات : رعایت باہم دگر (خصوصاً سلطنتوں کا تجارتی تعلقات کی بنا پر ایك دوسرے کو رعایتیں دینا)؛ (سیاسیات) مراعات باہمی۔ (۴) (الیکٹرك انجینیئرنگ) متکافیت ۔ (۵) (فلسفه) باہمی عمل و رد عمل ۔

Reciprocity theorem : (n) (الیکٹرك انجینیئرنگ) مسئله متکافیت ۔

Recital : (n) (۱) مفصل بیان : رو داد : کیفیت : حالت تفصیلی. (۲)دستاویز کا وه حصه جس میں واقعات ہوں: واقعات. (۳) خواندگی : قرأت : تلاوت : خوشخوانی. (۴) نغمه سرائی : موسیقار نوازی (شخص واحد کی یا ایك هی شخص کی تصنیف سے) ۔ (۵) باز خوانی: باز سرائی : دہرانا : آموخته خوانی ۔ (٦) تعریف: گزارش : از بر خوانی : تنہا خوانی ۔ (۷) شمار : گنتی : مخصوص کہانی۔ (۸) قصه: کہانی : حکایت ۔

Opera recital : (n) اوپیرا موسیقی : غیر روایتی انداز میں موسیقی کی ترتیب اور اوپیرا الفاظ کی ادائیگی : مخصوص لباس اور ادا کاری کے بغیر اوپیرا کی موسیقی اور الفاظ کی ادائیگی ۔

Recitalist : (n) موسیقار ۔

Recitation : (n) [L 'Recitationem'.] (۱) خوش خوانی : تحت اللفظ: انشد ۔ (۲) از بر خوانی : حفظ خوانی : شرح : ذکر: تعریف ۔ (۳) نغمه سرائی : موسیقار ۔ (۳) (دینیات) تلاوت : ترتیل : حفظ پڑھنا : قرأت ۔ (۵) (دینیات) وعظ : زبانی خطبه ۔ (٦) باز خوانی : کسی موضوع پر امتحان (جو پہلے ہی سے بتا دیا گیا ہو یا جس کی تشریح کر دی گئی ہو) ۔

Recitative : (a) [It. 'Recitative'.] (موسیقی) نغمه سرائی سے متعلق: یا اس کی صفت کا: نغمه سرا ۔

Recitative : (n) (۱) اوپیرا (نغمهٔ ناٹك) کے مکالمے وغیرہ کو لحن سے ادا کرنے کا عمل : نغمه سرائی ۔ (۲) وہ مکالمه یا عبادت جو لحن سے پڑھی جائے : لحنیه : لحنیه (مکالمے کا) پارٹ ۔

Recitativo : (n) دیکھو Recitative (n)

Recite : (v) [L. 'Recitare'.] (۱) تلاوت کرنا : خوش خوانی کرنا : لَے سے پڑھنا : سنانا ۔ (۲) (قانون) اقتباس سنا نا : دستاویز پڑھنا ۔ (۳) گننا : شمار کرنا : ترتیب سے بیان کرنا ۔ (۴) تقریر کرنا : نقل کرنا : تعریف کرنا : تکرار کرنا ۔ (۵) نغمه سرائی کرنا (تنہائی میں) ۔ (٦) دہرانا یا زور سے پڑھنا (خصوصاً) کسی مجمع کو خطاب کرنا (یادداشت سے) ۔ (۷) منسوب کرنا : بیان کرنا : کہنا : اعلان کرنا : روداد بیان کرنا : تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ۔ (۸) تفصیل میں جانا : فہرست پیش کرنا : پوری صراحت کرنا ۔ (۹) سبق دہرانا : امتحان دینا : سوال کا جواب دینا ۔

Reciter : (n) (۱) تحت اللفظ خواں : خوش خواں : قاری (لَے سے) پڑھنے والا : بیان کرنے والا : از بر خواں ۔ (۲) وہ کتاب جس میں خوش خوانی کے لئے عبارتیں جمع ہوں : گلدسته ۔

Reciting-note : (n) لحن : متوالی لَے ۔

Reck : (v) [OE. 'Reccan'.] (۱) خوف زدہ ہونا : مرعوب ہونا : پروا کرنا : خاطر میں لانا : ملحوظ رکھنا : سروکار رکھنا، خیال کرنا : دلچسپی لینا ۔ (۲) کسی کی خواہش کا احترام کرنا ۔ (۳) توجه کرنا : دھیان دینا : لحاظ رکھنا یا کرنا ۔ (۴) جاننا : خبر ہونا : سوچنا ۔ (۵) سروکار رکھنا : نسبت رکھنا (کسی شخص سے) : بے چین ہونا: پریشان ہونا (کسی شخص کے لئے) ۔

Reckless : (a) [OE. 'Recceleas'.] (۱) بے پروا : بے باك : نڈر : انجام سے بے پروا : جلد باز : ناعاقبت اندیش ۔ (۲) بے دھڑك : من چلا : بے جگر : جیوٹ ۔ (۳) نظر انداز کرنے والا : توجه نه دینے والا : بے فکرا : غیر ذمه دار : وحشی ۔

Recklessly : (adv.) بے پروائی کے ساتھ : بے باکی سے: ناعاقبت اندیشی سے : بے توجہی سے ۔

Recklessness : (n) بے پروائی : بے باکی : بے توجہی : ناعاقبت اندیشی ۔

Reckling /Wreckling: (n) [Origin unkn.] ریوڑ کا سب سے چھوٹا اور لاغر جانور : خاندان کا سب سے چھوٹا اور ناتا بچه ۔

Recklinghausen : (a) جرمنی کے شہر ریکلنگ ہاؤزن کا یا اُس سے متعلق : وہاں کا مروج طرز یا وضع ۔

Reckon : (v) [OE. (ze) 'Recenian'.] (۱) (تعداد) کا یقین کرنا : جانچنا : بچارنا : شمار میں لانا : گننا : جوڑنا ۔ (۲)(کسی عدد سے) گنتی کرنا : شروع کرنا یا ہونا : (کسی عدد تک) گننا یا گنا جانا ۔ (۳) اندازہ لگانا : (کسی کی سیرت کو) جانچنا : سمجھ لینا : پرکھ لینا ۔ (۴) میزان لگانا : تخمینہ کرنا : جوڑنا۔ (۵) محسوب کرنا : شمار کرنا : (کسی خاص زمرے میں) سمجھنا ۔ (۶) غور و فکر کے بعد رائے قائم کرنا : وثوق سے سمجھنا ۔ (۷) حساب کرنا : حساب لگانا : حساب کتاب کرنا : حساب چکانا ۔ (۸)بھروسا کرنا : اعتماد کرنا : بھروسے پر ہونا ۔ (۹) معلوم کرنا : دریافت کرنا : پتا لگانا (تعداد یا مقدار شمار کر کے) ۔ (۱۰) حساب میں شامل کرنا : حساب میں رکھنا : تقسیم کرنا ۔ (۱۱)دعویٰ کرنا : انصاف کرنا : فرض کرنا : انحصار کرنا : خیال کرنا : فیصلہ کرنا : نتیجہ نکالنا : کسی خاص خیال کا ہونا ۔ (۱۲) شمار کرنا : تخمینے سے نتیجہ پر پہنچنا ۔ (۱۳) توقع رکھنا : امید کرنا : راہ دیکھنا : تلاش کرنا ۔

I reckon : (جملۂ معترضہ کے طور پر مستعمل) میں سمجھتا ہوں۔

To reckon with : قابل غور سمجھنا : آمادہ ہونا ۔

To reckon without one's host : دیکھو Host (n)

Reckonable : (a) قابل شمار : شمار کے لائق : جوڑنے کے لائق ۔

Reckoner : (n) جانچنے والا : شمار کرنے والا : حساب لگانے والا : تخمینہ کرنے والا : اندازہ لگانے والا (ریاضیات) شمارندہ ۔

Ready reckoner : (ریاضیات) زود شمار : حاضر شمار۔

Reckoning : (n) (۱) شمار کرنے کا عمل : شمار : گنتی : حساب : تخمینہ کرنا : اندازہ لگانا : جوڑنا : محاسبہ ۔ (۲) جوڑنے یا گننے کا طریقہ : گنتی کی کاروائی (خصوصاً)۔ (۳) حمل کی متعینہ مدت ۔ (۴)(دینیات) پاداش : (جہاز رانی) تعینش مقام۔ (۵) رقم کی گنتی یا اُس کا حساب ۔ (۶) بل (خصوصاً کسی شراب خانے کا) ۔ (۷)جائداد کے بعد خدا کے روبرو اعمال کا حساب و کتاب یا فیصلہ ۔ (۱۰) حساب فہمی یا دو پارٹیوں کے درمیان اختلافات کا خاتمہ ۔ (۱۱) اتفاقات اورناگہانی ضرورتوں کے اندازہ کا عمل : توقع : اُمید ۔

Day of Reckoning : یوم الحساب : روز قیامت : روز کفارہ :

سزا کا دن ۔

Dead reckoning : دیکھو Dead

Dutch reckoning : وہ بل جس میں ہر بار رقم بڑھا دی جائے۔

To be one reckoning /-come to- : مساوی ہونا: برابر ہونا۔

To be out in one's reckoning : اندازہ یا حساب یا توقع کا غلط نکلنا ۔

To leave out of one's reckoning : میزان کا ٹھیک نہ لگانا۔

To lose one's reckoning : گنتی بھول جانا ۔

Reclaim : (v) [L. 'Reclamare'.] (۱) لوٹانا : واپس بلانا : پلٹنا : باز طلبی کرنا ۔ (۲) حد کے اندر رکھنا : قابو میں رکھنا : روکنا : باز رکھنا : ضبط کرنا : دبانا : حراست میں رکھنا۔ (۳) واپس لینا (بیان) ۔ (۴) چھڑانا : نجات دلانا (ضلالت یا بدولت سے) ۔ (۵) اصلاح کرنا : از سر نو ترتیب یا مشکل کرنا : درست کرنا: غلطی کو ٹھیک کرنا ۔ (۶) زمین توڑنا : زیر کاشت لانا : کار آمد بنانا : سمندر سے زمین کو نکالنا : (بیکار زمین کو) کاشت کے لائق بنانا ۔(۷) رام کرنا : وحشت دور کرنا : مہذب بنانا : اہل بنانا (وحشی کو) : مسخر کر لینا : مطیع کر لینا ۔ (۸)متفق ہونا : چاہنا : واپس لینا (شخص یا چیز) ۔ (۹) (Obj. Clause کے ساتھ) معترض ہونا : مخالفت میں کہنا :مخالفت کرنا ۔ (۱۰) (اسکاتستانی قانون) اپیل کرنا : گزارش کرنا۔

Reclaimable : (a) نجات پذیر : اصلاح پذیر : قابل کاشتکاری : قابل ضبط : روکنے کے لائق : (سیاسیات) قابل بحالی ۔

Reclaimant/ Reclaimer : (n) اصلاح کرنے والا : قابو میں رکھنے والا : مہذب بنانے والا : رام کرنے والا : نجات دلانے والا ۔

Reclaimation : (n) [L. 'Reclamationem.'] (۱) نجات دہانی : اصلاح : بازیابی : اصلاح ممبر میں ۔ (۲) مخالفت : اعتراض ۔ (۳) (سیاسیات) بحالی : (زر عدالت) مزروعہ سازی (بنجر زمین کی) : سمندر پاٹ کر قابل آبادی زمین تیار کرنا ۔ (۴) واپسی : باز یابی ۔

Reclaime : (n) [Fr. f. 'Reclame'.] اعلان : اشتہار : شہرت : فن خود اشتہار : اشتہار بازی : شہرت بازی : شہرت کی خواہش : نمود و نمائش ۔

Reclean : (v) دوبارہ صاف کرنا ۔

Reclinant : (a) [F. 'Reclinant'.] (نقابت) جھکا ہوا : مڑا ہوا ۔

Reclinate : (a) [L. 'Reclinatus'.] خمیدہ : سرنگوں : (نباتیات) سرنگوں (شاخ ، پتیاں وغیرہ) ۔

Reclination : (n) [Late L. 'Reclinationem'.] (جراحی) موتیا بند کا آپریشن ۔

Recline : (v) [L. 'Reclinare'.] : (۱) (تکیہ لگائی) لیٹنا یا بیٹھا ہونا : کسی چیز کے سہارے لیٹنا یا بیٹھا ہوا ہونا : تکیہ لگانا : تکیہ لگا رکھنا : سہارا لے کر لٹانا یا بٹھانا ۔ (۲)(مجازاً) بھروسا کرنا : تکیہ کرنا : بھروسے سے پر رہنا ۔ (۳) خم کرنا : آرام کرنا : استراحت کرنا ۔

Reclined : (a) خیدہ حالت : سہارا لینے کی حالت ۔

Recliner : (n) تکیہ لگانے والا : سہارا لینے والا : آرام کرنے والا ۔

Reclining : (a) سرنگوں ہونے والا : خمیدہ ہونے والا ۔

Recloser : (n) (الیکٹرک) بجلی کے سرکٹ کو درست کرنے والا آلہ ۔

Recluse : (a) گوشہ نشیں : عزلت نشیں : دنیا سے علاحدگی اختیار کرنے والا : معاشرہ سے الگ رہنے والا : الگ تھلگ رہنے والا ۔

Recluse : (n) [L.'Recludere'.] (۱) تارک الدنیا : سنیاسی : تیاگی : مرتاض : وہ شخص جو دنیا و مافیہا سے علاحدہ ہو ۔ (۲) معاشرہ سے الگ تھلگ رہنے والا شخص ۔

Reclusion : (n) [L. 'Reclusionem'.] (۱) گوشہ نشینی : خلوت نشینی : عزلت نشینی : دنیا بیزاری ۔ (۲) قیدی کی طرح تنہا : تنہائی ۔ (۳) (دینیات) اعتکاف : عزلت۔

Reclusive : (a) علاحدگی : سبکدوشی ۔

Reclusory : (a) [med. L. 'Reclusorium'.] گوشۂ عافیت : گوشہ تنہائی : مامن ۔

Recognised : (a) مسلّم : منظور شدہ : تصدیق شدہ ۔

Recognition : (n) [L. 'Recognitionem'.] (۱) (تاریخ) باز پرسی کا طریقہ (ابتدائی نارمن بادشاہوں کے زمانے میں انگلستان کی جیوری کی) ۔ (۲) (نفسیات) پہچان : شناخت : موفت ۔ (۳) اقرار : اعتراف : قدر شناسی : تصدیق : قدر دانی : اظہار قدر دانی : تقدیر : تشخیص ۔ (۴) منظوری ۔ (۵) شناسائی : رسمی شناسائی : تصدیق رسمی : قبول رسمی : بجا آوری ۔ (۶) خصوصی توجہ ۔ (۷) (اسکاٹستانی قانون) رعیت کی جائداد پر تصرف کا جاگیر دارانہ قانون ۔

In recognition of : مہربانی ، خدمت ، احسان وغیرہ کے اعتراف میں ۔

Recognitor : (n) [med. L. 'Recognitor'.] (اب تاریخ) تفتیشی جیوری کا ممبر ۔

Recognitory : (a) شناخت کا یا اس سے متعلق : اعترافی ۔

Recognizability : (n) شناخت پذیری : قابل تسلیم ہونا ۔

Recognizable/ -isable : (a) قابل شناخت : شناخت پذیر : قابل تسلیم : قابل اعتراف ۔

Recognizably : (adv.) بطور شناخت : قابل اعتراف طور پر : اس طرح کہ پہچانا جا سکے ۔

Recognizance/ -isance : (n) [OF. 'Recon(u)issance'.] (۱)(قانون) مچلکہ : اقرار نامہ ۔ (۲) زر مچلکہ ۔ (۳) شناخت : باز شناسی ۔

Recognizant : (a) (۱) مقر : معترف ۔ (۲) آشنا : آگاہ : شعور رکھنے والا ۔

Recognize/-ise : (v) [L. 'Recognoscare'.] (۱)اقرار کرنا : قائل ہونا : اعتراف کرنا : مقرر ہونا : تسلیم کرنا : معترف ہونا : واقف ہونا : وجود کو تسلیم کرنا : تصدیق کرنا : لائق توجہ سمجھنا : قدر دانی کرنا : صحیح سمجھنا : منظوری دینا : بر حق جاننا ۔ (۲) سمجھنا : ملحوظ رکھنا : پیش نظر رکھنا ۔ (۳) پہچاننا : شناخت کرنا۔ (۴) دوبارہ جاننا : پہلے سے معلوم شے کو پھر سے جاننا۔ (۵) شکل و شباہت سے پہچاننا : کردار سے پہچاننا ۔ (۶) پوری طرح معلوم کرنا : اچھی طرح سمجھ لینا : تسلیم کرنا ۔ (۷)(امریکا) مچلکہ دینا۔

Recognizee : (n) (قانون)وہ شخص جس کے حق میں مچلکہ دیا جائے ۔

Recognizer : (n) اعتراف کرنے والا : تسلیم کرنے والا : مقر : قدر دانی کرنے والا۔

Recognizingly : (adv.) اعتراف کے ساتھ : بطور شناخت۔

Recognizor : (n) (قانون) مچلکہ دینے والا ۔

Recoil : (n) [f. next.] (۱) پسپائی ؛ پس زدگی ؛ عقب نشینی ۔ (۲) جھجھك ؛ نفرت ۔ (۳) باز گشت ؛ گدّا ؛ دھکا ؛اچھال ؛ (طبیعیات) باز گشت خصوصاً بندوق کے فائر ہونے کے وقت کا دھکا ۔

Recoil : (v) [OF. 'Reculer'.] (۱) پسپا ہونا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ ہتھیار ڈال دینا (دشمن کے سامنے) ؛ سبکدوش ہونا ۔ (۲)چونك کریا اچھل کر پیچھے ہٹنا ؛الٹی جست کرنا ؛ جھجھك جانا ؛ (طبیعت کا) گریز کرنا ؛ ابا کرنا ؛ نفرت کرنا ۔ (۳) (گدا یا ٹکر کھا کے) الٹنا ؛ باز گشت کرنا ؛ لوٹ پڑنا ۔ (۴) جھٹکا دینا ؛ دھکا دینا (بندوق کا چلانے کے بعد) ۔ (۵) (خوف یا گھبراہٹ سے) پیچھے ہٹنا ۔

Recoiler : (n) پسپا ہونے والا؛ پیچھے ہٹنے والا؛ باز گشت کرنے والا ؛ چونك کر پیچھے ہٹنے والا ۔

Recoil escapement : (n) (گھڑی سازی) باز جست گریزہ ۔

Recoil pallet : (n) (گھڑی سازی) باز جست گریزہ کا ابھار ۔

Recoil wave : (n) دیکھو Dicrotic wave

Recoilingly : (adv.) پسپا ہوتے ہوئے ؛ باز گشت کے طور پر ۔

Recollect : (n) [L. 'Recollectus'.] ۱۵/ ویں صدی میں اسپینی نژاد فرقہ ؛ اس فرقے کا کوئی رکن ۔

Recollet : (n) [F. 'Recollet'.] دیکھو Recollect (n)

Recommend : (n) [med. L. 'Recommendare'.] (۱) سونپنا سپرد کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ حوالے کرنا (خدا کے یا کسی شخص کے) ۔ (۲) سفارش کرنا (زبان یا قلم سے) ۔ (۳)(کسی شخص کو) تجویز کرنا ؛ پیش کرنا (کسی عہدے کے لئے) ۔ (۴) باعث خوشنودی ہونا ؛ قابل قدر بنانا ؛ پسندیدہ بنانا (کسی کی نظر میں) ؛ قابل قبول بنانا ۔ (۵) صلاح دینا ؛ سمجھانا؛ رائے دینا ؛ مشورہ دینا. (٦) خیال کرنا ؛ سرپرستی کرنا ؛ لطف و کرم کرنا ؛ حمایت کرنا ۔

Recommendable : (a) سفارش کے لائق ؛ حمایتی کے قابل ۔

Recommendableness : (n) سفارش کے لائق ہونا ۔

Recommendably : (adv.) سفارش کے طور پر ۔

Recommendation : (n) [med. L. 'Recommendationem'.] (۱) سفارش ؛ تفویض ۔ (۲) سفارشی خط ؛ سفارشی سند ۔ (۳) جس سے پسندیدگی یا قبولیت حاصل ہو۔ (۴) مشورہ ؛ صلاح ؛ نصیحت ؛ پند ؛ وعظ.

Latter of recommendation : سفارشی چٹھی (خصوصاً تعارفی خط) ۔

Recommendation role : (n) (سیاسیات) رائے عامہ ۔

Recommendatory : (a) (۱) سفارشی ؛ اظہار سفارش ۔ (۲) جس کے ذریعہ سفارش ہوتی ہو ؛ مشورہ جاتی ؛ صلاح کا رانہ ۔ (۳) سفارشی تجویز کا ؛ سفارشی بحالی کا ۔

Recommendatory letter : (n) سفارشی خط ۔

Recommender : (n) سفارش کرنے والا ۔

Recompensation : (n) [Late L. 'Recompensationem'.] (اسکاتستانی قانون) معاوضے کے سلسلے میں مدعا علیہ کے تازہ دعویٰ کے جواب میں مدعی کی دلیل ۔

Recompense /-pence : [OF. 'Recompenser'.] (۱) معاوضہ ؛ سزا؛ مکافات ؛ تلافی ؛ ہرجانہ ۔ (۲) معاوضہ بطور تلافی نقصان ؛ کسی چیز کے بدل کے طور پر معاوضہ ۔ (۳)(تکلیف ، خدمات یا صلاحیت کا) معاوضہ ۔

Recompense / -pence : (v) [Late L. 'Recompensare'.] (۱)انعام دینا ؛ اجر دینا ؛ جزا دینا ؛ سزا دینا ؛ بدلہ دینا ؛ مکافات دینا ؛ عوض دینا ۔ (۲) تلافی کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛ بھرپائی کرنا ؛ ہرجانہ دینا ۔ (۳) واپس کرنا (کسی کام یا بات کے بدلے میں) ۔ (۵) دوبارہ ادا کرنا ؛ واپس کرنا؛ ترمیم کرنا ۔

Reconcilability : (n) صلح پذیری ؛ مصالحت پذیری ؛ تطبیق پذیری ۔

Reconcilable/ -cileable : (a) صلح پذیر ؛ مصالحت پذیر ؛ تطبیق پذیر؛ (ریاضیات) قابل تطبیق ؛ اصلاح پذیر ۔

Reconcilableness : (n) دیکھو Reconcilability

Reconcilably : (adv.) صلح پذیری کے ساتھ ؛ مصالحت کے طور پر ۔

Reconcile : (v) [L. 'Reconciliare'.] (۱) صلح کرنا ؛ مصالحت کرنا ؛ تطبیق کرنا ؛ راضی ہونا ؛ مان جانا ؛ مل جانا ؛ ملاپ کر لینا (لڑائی کے بعد) صلح کرا دینا ؛ ملاپ کردینا؛ دوبارہ دوستی پیدا کرنا ؛ دوبارہ ہم آہنگی پیدا کرنا؛ مطابقت میں دوبارہ متحد ہونا ۔ (۲) (مقدس حکام کو خرابی کے بعد) پاك کرنا ؛ پوتر بنانا؛ (خاص نماز یا دعا وغیرہ سے) ؛ (کلیسا) (نجاست بد دینی کو) خاص خدمت سے پاك کرنا. (۳) راضی بہ رضا کرنا ؛ سر تسلیم خم کرنا ؛

ملوا دینا : تسلیم کرنا ۔ (۴) (جھگڑا) مٹانا (معاملہ) رفع دفع کرا دینا : تصفیہ کرا دینا : صلح صفائی کرانا ۔ (۵)ہم آہنگ کرنا (متضاد بیانات وغیرہ کو) : توافق پیدا کرنا : میل دینا : موافق بنانا : مطابقت دینا : تطبیق کرنا ۔ (٦) ساز گار ہونا : ساز گار بنانا : موافق بنانا : موزوں ہونا ۔ (۷) دوست ہونا : مونس ہونا ۔ (۸)(کلیسا) متحد ہو جانا ۔ (۹) (نظریہ ، بیان مصنف کا) ایك دوسرے سے راضی ہونا : باہم رضا مند ہونا ۔

Reconcilement : (n) مصالحت : موافقت : تصفیہ : ملاپ : توافق : تطبیق ۔

Reconciler : (n) مصالحت کرانے والا : توافق پیدا کرنے والا : خصوصاً کلیسا کو پاك صاف کرنے والا ۔

Reconciliate : (v) دیکھو Reconcile

Reconciliation : (n) [L. 'Reconciliationem'.] (۱) مصالحت : موافقت : تصفیہ : ملاپ : توافق : تطبیق : خصوصاً مذہبی استعمال میں خدا اور انسان کے درمیان موافقت. (۲) دوبارہ اتحاد (کسی کلیسا کے افراد کا)؛ (نجاست سے) کلیسا کی پاکی : نفاست ۔ (۳) رضا مندی؛ میل : اتحاد : ہم آہنگی : ساز گاری : ہم آشنائی : مطابقت ۔

Reconciliation statement : (n) گوشوارۂ تطبیق ۔

Reconciliator : (n) دیکھو Reconciler

Reconciliatory : (a) اصلاحی : آشنائی پذیر : آشنائی آمیز : مصالحت پذیر ۔

Recondite : (a) [L.'Reconditus'.] (۱) (مضامین وغیرہ) مغلق : غامض: پیچیدہ : غیر معروف : عسیر الفہم : دور از کار: دقیق : مشکل ۔ (۲) (مصنف) اخلاق پسند : مشکل نویس : مشکل پسند ۔ (۳) پوشیدہ : نہاں : اسرار آمیز : عمیق : گہرا : (سیاسیات) مخفی ۔ (۴) عمیق علم : گہرا مطالعہ ۔

Reconditely : (adv.) غامضانہ : اخلاق کے ساتھ : مشکل پسندی سے : مشکل نویسی سے ۔

Reconditeness : (n) (۱) (از سر نو) درست کر دینا : پھر سے ٹھیك کر دینا : سارا نام بدل کر اصلاح کر دینا : نئے سرے سے تشکیل کرنا ۔ (۲) مناسب : معقول : عملی : لائق استعمال حالت اختیار کرنا ۔

Reconditioned : (a) درست کیا ہوا : پھر سے ٹھیك کیا ہوا ۔

Reconditioning : (n) درستگی : نئے سرے سے تشکیل ۔

Reconnaissance : (n) [F. f. 'Reconniss reconnitre'.] (۱) (فوج) (جنگی) جاسوس : دیکھ بھال : قراولی : (سروے) سرسری معائنہ ۔ (۲) فوج قراول : گروہ جا سوساں. (۳) کسی چیز کی ابتدائی دیکھ بھال : تمہیدی معائنہ : ابتدائی معائنہ : ابتدائی ملاحظہ : ابتدائی جانچ پڑتال ۔ (۴) (انجینیئرنگ) کسی علاقے کا سروے (اُس کی قدرتی عمومی خصوصیات معلوم کرنے کے لئے) (جہاز رانی) ساحل کا سروے ۔ (۵) (ارضیات) ارضیاتی سروے ۔ (٦) کسی ملك کا سروے (جو اُس کی فوجی حیثیت یا طاقت معلوم کرنے یا معدنیات کے ذخائر کا پتا چلانے کے لئے کیا جائے) ۔

Reconnaissance car : (n) تیز رفتار فوجی کار (جس میں ہلکے آلات جنگ ، مشین گن اور ریڈیو وغیرہ ہوتے ہیں) ۔

Reconnaissance in force : (n) (۱) پورے دستۂ فوج کی دیکھ بھال : قراری ۔ (۲) (دشمن کی پوزیشن اور طاقت معلوم کرنے کی غرض سے) ایك بڑی فوج کے ذریعہ حملہ ۔

Reconnaissance level : (n) (سروے) سرسری اُفق نما ۔

Reconnoissance : (n) پہلے یہ لفظ Reconnaissance اور Recognizance کے معنی میں استعمال ہوتا تھا اور اب غیر مستعمل ہے ۔

Reconnoitre / -ter : (n) [f. next.] قراولی : جاسوسی ۔

Reconnoitre : (v) [L. 'Recognoscere'.] (۱) (فوج) تمہیدی جائزہ لینا : ابتدائی جانچ پڑتال کرنا : سرسری معائنہ کرنا ۔ (۲) جاسوسی کرنا (فوجی مقاصد سے) : (غنیم یا موقع کی) دیکھ بھال کرنا : جائزہ لینا : قروالی کرنا.

Reconnoitrer : (n) جاسوسی کرنے والا : معائنہ کرنے والا (غنیم کا).

Reconstituent : (a) (طب) مقوی (دوا) ۔

Reconstructionary : (n) دیکھو Reconstruction

Reconstructionism : (n) بیسویں صدی میں امریکی یہودیت کی ایك تحریك جو قدامت پرست سے متاثر تھی ۔

Reconvention : (n) (قانون) دو مدعاعلیہ کی طرف سے مدعی کے خلاف جوابی اقدام (ایك ہی جج کے اجلاس میں)؛ جوابی یا الٹی نالش ۔

Record : (n) [OFr. 'Recorder'.] (۱) اندراج؛ قلم بندی : ضبط تحریر میں آنا ۔ (۲) تحریر : دستاویز : مسل : فرد : کاغذات : سرکاری روداد ۔ (۳) تاریخی دستاویز : (تحریری)

تاریخی شہادت وغیرہ : یادگار : آثار : نشانی : مآثر : نظیر ۔ (۳) پچھلی زندگی کے تحریری حالات : اعمال نامہ : کارنامہ ۔ (۵) ریکارڈ : کسی چیز میں بہترین کارنامہ : بہترین کارنامہ : بہترین کرتب۔ (٦) اندراج : دفتر : کارگذاری : رو داد ۔ (۷)(تعمیرات) تعلیمی حالت ۔ (۸) آواز وغیرہ کی منطقی (کسی دوسری چیز پر) : صدابندی ۔ (۹) مندرج : ثبت : ثبت کردہ ۔ (۱۰) شہادت: علم : اطلاع : واقفیت ۔ (۱۱) یاد داشت : نگارش : روز نامچہ : یاد آوری : حافظہ : یادگار ۔ (۱۲) توثیق نامہ : تصدیق نامہ (سرکاری) ۔ (۱۳) عوامی ادارہ یا عوامی عہدہ داروں کی کاروائیوں یا حرکات سے متعلق ہم عہد سرکاری دستاویز ۔ (۱۳) کسی اہم دستاویز کی مستند نقل ۔ (۱۵) عدالتی کاروائیوں پر مشتمل ہم عصر سرکاری دستاویز ۔ (۱٦) عدالتی مقدمات میں استعمال کئے جانے والے قانونی کاغذات کی سرکاری نقل ۔ (۱۷)ہر وہ چیز جو معلوم ہو یا جسے معلوم کیا جا سکتا ہو یا جو ریکارڈ میں ہو ۔ (۱۸) کوئی چیزجس سے اشخاص یا واقعات کی یاد محفوظ رہے ۔ (۱۹)ہر وہ چیز جس پر میکانکی یا الیکٹرانک ذرائع سے آواز منتقل کی گئی ہو : گراموفون کا ریکارڈ : صفحۂ گراموفون ۔

Court of record : وہ عدالت جس کی کاروائیاں رسمی طور پر ضبط تحریر میں لائی جاتی تھیں اور جن کی حیثیت قانونی شہادت کی ہوتی ہے ۔

For the record : ریکارڈ کئے ہوئے حقائق کے بارے میں پوچھ تاچھ (سرکاری اور رسمی طور پر) ۔

Gramophone record : گراموفون ریکارڈ ۔

Matter of record /Thing-/Debt- : لائق اندراج شے ۔

Off the record : وہ مواد جسے شائع نہ کیا جاسکتا ہو یا جسے حوالے کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا ہو: سرکاری راز : پوشیدہ طور پر : غیر سرکاری طور پر ۔

On the record / Upon - : قابل اعلان : لائق اشاعت ۔

Public record office : لندن کا محافظ خانہ ۔

To bear record : گواہی دینا : مدد دینا ۔

To beat the record /-break - : پچھلوں سے سبقت لے جانا : رکارڈ توڑ دینا : مثال قائم کر دینا : کار نامہ انجام دینا ۔

To go on record : اپنی رائے یا اپنے خیال کا باضابطہ اظہار کرنا ۔

To keep to the record : نفس مبحث سے نہ ہٹنا ۔

To put(oneself) on record : مندرجہ چیزوں میں جگہ پانا : اپنا خیال ظاہر کرنا ۔

To take to record / -call - : گواہی کے لئے بلانا ۔

To travel out of the record : نفس مبحث سے دورھو جانا ۔

Record : (a) انتہائی یادگار : جو ریکارڈ قائم کرے ۔

Record : (v) [L. 'Recordare'.] (۱) (پرندوں کا) چرکنا : گنگنانا : چوں چوں کرنا : گانا : چہچہانا : چہ چہ کرنا ۔ (۲)قلمبند کرنا : ضبط تحریر میں لانا : رقم کرنا : اندراج کرنا : چڑھانا : (دفتر وغیرہ میں) کھتیا لینا : ثبت کرنا : ضبط تحریر کرنا : نگاہ رکھنا ۔ (۳)محفوظ کر لینا : (کسی شکل میں) یاد گار قائم کر لینا : ریکارڈ قائم کرنا : ریکارڈ میں شامل کرنا : ریکارڈ میں رکھنا ۔ (۴) مشق کرنا (نغمہ و لے وغیرہ کی) ۔ (۵) ریکارڈ کرنا (گراموفون کے لئے نغمہ وغیرہ) : صدابندی کرنا : کسی بھی چیز پر میکانکی طریقوں یا الیکٹرونک ذرائع سے آواز منتقل کرنا : صحیح طور پر ریکارڈ کرنا ۔ (٦)شہادت دینا : کسی عمل کے صحیح ہونے کی گواہی دینا ۔ (۷) فیصلہ دینا : تائید کرنا : حمایت کرنا ۔

Record : (adv.) اعلان عام کے قابل : کسی کا عوامی سطح پر ظاہر کرنے کے لائق ہونے کے طور پر : مشہور : معلوم : شائع شدہ یا دستاویزی ہونے کے طور پر ۔

Record agent : (n) مقامی بیمہ ایجنٹ جسے کمپنی کی نمائندگی اور اپنے طور پر پالیسی جاری کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔

Record breaking : (a) وہ جو سابقہ ریکارڈ توڑ دے : سابقہ کارناموں پر سبقت لے جانے والا ۔

Record changer : (n) فونو گراف کے ساتھ لگا ہوا وہ آلہ جس کے خود بخود ریکارڈ بجتے ہیں : ریکارڈ چینجر ۔

Record cases : (n) (قانون) مدوّنہ مقدمے ۔

Record height : (n) انتہائی بلندی ۔

Record keeper : (n) (سیاسیات) محافظ دفتر : ریکارڈ رکھنے والا ۔

Record of enquiry : (n) (قانون) سِل تحقیقات ۔

Record office : (n) محافظ خانہ : ریکارڈ آفس ۔

Record pace : (n) انتہائی رفتار : تیز ترین رفتار ۔

Record player : (n) وہ آلہ جس سے گراموفون کے ریکارڈ کی آواز نکلتی ھے : گراموفون بجانے کی مشین خصوصاً برقی گراموفون جس میں کئی صوت افزوں گر لگائے جاتے ہیں : ریکارڈ پلیر ۔

Record room : (n) (سیاسیات) محافظ خانہ : ریکارڈ روم ۔

Recordable : (a) لائق تحریر : اندراج پذیر : یادگار ۔

Recordation : (n) [L. 'Recordationem'.] ضبط تحریر میں لانے کا عمل : ریکارڈ میں شامل کرنے کا عمل ۔

Recorder : (n) [AFr. 'Recordour'.] (۱) ثبت کرنے والا : اندراج کرنے والا : درج کرنے والا : قلم بند کرنے والا : لکھنے والا : مدّون : نویسندہ ۔ (۲) ناظم بلدہ : منصف : شہری حاکم عدالت ۔ (۳) آلہ اندراج نگار : شمار نما : درجہ نما : سوئی ۔ (۴) بانسری کی وضع کا ایک باجا جو اب متروک ھے ۔ (۵) شاہد : گواہ ۔ (۶) ریکارڈ کرنے والا : صدا بندی کرنے والا : صوت نگار مشین ۔

Recordship : (n) اندراج کرنے والے دفتر یا دفتری اصطلاح : نظامت بلدہ : منصفی ۔

Recording : (a) (۱) تدوین : صوت بندی : صدا بندی : ریکارڈ نگ : گراموفون ریکارڈ سازی ۔ (۲) ریکارڈ کرنے والا : اندراج کرنے والا : خصوصاً محاورے میں کاتب اعمال ۔ (۳) صدا بندی کا وقت ۔ (۴) جو صدائیں بند کی جائیں ۔

Recording agent : (n) دیکھو Record agent

Recording angel : (n) کاتب اعمال : نیکی یا بدی کا فرشتہ : کراماً کاتبین ۔

Recording head/ Record- : (n) صدابندی کا ایک آلہ جس کے ذریعہ ریکارڈ شدہ آوازوں کو منتقل کیا جاتا ھے : ترسیمی آلہ ۔

Recording instrument : (n) دیکھو Recording head

Recording meter : (n) ساعت نما آلہ جس کے ذریعہ لہروں کی تبدیلی معلوم ہوتی ھے ۔

Recordless : (a) جس کی کوئی مستند تاریخ نہ ہو ۔

Recount : (v) (۱) تفصیلی بیان کرنا : وضاحت کرنا : مفصل سنانا : رام کہانی کہنا : شرح و بسط سے بیان کرنا : قصہ سنانا : کتھا سنانا : نقل کرنا ۔ (۲) ذہن میں لانا : یکے بعد دیگرے بیان کرنا ۔

Recountal : (n) وضاحت : تشریح : بیان ۔

Recoup : (v) [F. 'Recouper'.] (۱) (قانون) کم کرنا : گھٹانا : وضع کر لینا : (واجب الادا رقم میں سے) وضعات کرنا ۔ (۲) (نقصان کی) تلافی کرنا : (نقصان) بھرنا : پورا کرنا : (اخراجات اور خسارے وغیرہ کو) ۔ (۳) ادا کرنا : بیباق کرنا : چکا دینا ۔

To recoup oneself : اپنی نقصان یا خرچ شدہ رقم کو وصول کرنا ۔

Recoupment : (n) (۱) (قانون) وضعات ۔ (۲) تلافی : معاوضہ ۔

Recourse : (n) [L. 'Recursum'.] (۱) امداد : مدد : استعانت : استمداد : پناہ جوئی : محافظت : تحفظ ۔ (۲) ذریعہ : ذریعۂ امداد : چارہ : وسیلہ ۔ (۳) بار بار مدد طلبی : عادتاً امداد طلبی ۔ (۴) زیادتی ۔ (۵) (قانون) (خصوصاً اسکاتستانی) ادائیگی کے مطالبے کا حق خصوصاً درمیانی آدمی سے مطالبے کا حق (محاورے میں استعمال) ۔

To have (a) recourse to : آسرا لینا : مدد یا مشورہ لینا : کام لینا : کام میں لانا : استعمال کرنا : مدد چاہنا : وسیلہ ڈھونڈنا ۔

Without recourse : (v) بلا حق طلبی : استمداد کے حق کے بغیر : غیر مستحق ۔

Recoverable : (a) لائق باز یافت : ممکن الحصول : بہبود پذیر : قابل اعادہ : قابل وصول ۔

Recoverableness : (n) باز یافتگی : بہبود پذیری ۔

Recoverance : (n) [OF. 'Recoverance'.] (۱) صحت یابی : افاقہ : شفایابی : بحالی : باز یابی : وصولی : (قانون) حصول حقیت : (سیاسیات) بازیابی : باز یافت ۔ (۲) کورنش بجا لانے کے بعد حالت اصلی میں واپسی ۔ (۳) رقص میں جھلکنے یا گرنے کے بعد اچانک کھڑے ہونے یا اُٹھنے کی میکانکی حرکت ۔ (۴) (کشتی رانی) چپّو چلاتے وقت جھکنے کے بعد سیدھا ہونے کی کیفیت ۔ (۵) معمول پر آنے کا عمل : نارمل حالت یا کیفیت میں واپسی ۔ (۶) بحالی ہوش : بے ہوشی کی کیفیت سے ہوش میں آنے کی حالت ۔ (۷) بہتر حالت میں آنا : اچھی حیثیت میں آنا ۔ (۸) دھات کو اصلی حالت میں لانے کا عمل ۔ (۹) (بد حالی کے بعد) اقتصادی حالت میں بہتری ۔ (۱۰) خراب اور ردی چیزوں سے قابل استعمال اور

اچھی چیزیں حاصل کرنا ۔

Recovered : (a) صحت یافتہ : شفایاب شدہ : جو مریض نہ ہو ۔

Recoverer : (n) وصول کرنے والا : حاصل کرنے والا : پا لینے والا ۔

Recoveror/ -er : (n) موافق عدالتی فیصلہ کے بعد مطالبہ کرنے والا ۔

Recovery : (n) دیکھو Recoverance

Double recovery : بازیابی کی درخواست جس میں دو ضامنوں کی ضرورت ھوتی ھے ۔

Single recovery : بازیابی کی درخواست جس میں ایک ہی ضامن بلایا جاتا ھے ۔

Triple recovery : بازیابی کی درخواست جس میں تین ضامنوں کی ضرورت پڑتی ھے ۔

Recovery heat : (n) (طب) حرارت بحال ۔

Recreance : (n) [L. 'Recreantia'.] تفنن طبع : تفریح : لطف اندوزی : تازگی : تازہ دمی : فرحت بخشی ۔

Recreancy : (n) (۱) نامردی : بز دلی ۔ (۲) (دینیات) ارتداد : الحاد: مذہب سے انحراف : برگشتگی : (کسی عہد یا اصول کی بنا پر کسی جماعت سے) علاحدگی ۔

Recreant : (a) [OFr. 'Recreant'.] (۱) (اب شاعری و خطابت میں) ڈرپوک : ذلیل : پست ہمت : فرو مایہ : بزدل : نامرد : ہیز۔ (۲) جنگی مقدمے میں رحم کا طالب : فریادی : بزدلانہ فریاد ۔ (۳) منکر : مرتد : بے وفا : بد عہد : غدار ۔

Recreant : (n) (۱) بز دل : کمزور شخص : پست ہمت آدمی ۔ (۲) بد دیانت : خائن : بد عہد : بے ایمان : ناقابل اعتماد : انکار کرنے والا : منکر : مرتد : دیہاتی :گنوار: دیہاتی : بد معاش : پاجی ۔

Recreantly : (adv.) بز دلانہ : پسی ہمتی کے ساتھ : بد دیانتی کے طور پر : بے ایمانی کے ساتھ ۔

Recreantness : (n) (۱) بز دلی : پست ہمتی۔(۲)بد دیانتی : بے ایمانی۔

Recreate : (v) [L. 'Recreat- recreare'.] (۱) باعث تفریح ھونا : باعث تفنن ھونا : طبیعت کو تر و تازہ کرنا (کھیل کود، سیر و تفریح کے ذریعہ) : تفریح کرنا : وسیلۂ تفریح فراہم کرنا ۔ (۲) نئی طاقت دینا : نئی قوت دینا: نئی زندگی دینا : احیائے ثانی کرنا : نئی طاقت حاصل کرنا : مکرر طاقت دینا ۔ (۳) تر و تازہ ھونا ۔

Recreate/ Re-create : (v) (۱) تخلیق ثانی کرنا : نئے سرے سے پیدا کرنا ۔ (۲) نیا تصور قائم کرنا : ذہن میں لانا اور درست کرنا ۔

Recreation : (n) تخلیق ثانی : تازہ تصور : نئی تخلیق : تخلیق نو ۔

Recreation : (n) [L. 'Recreationem'.] (۱) تر وتازگی : تر و تازگی کی حالت : نئے سرے سے قوت کا حصول : نیا حوصلہ (کھیل کود کے بعد) ۔ (۲) تفنن : تفریح : لطف اندوزی۔ (۳) سامانِ تفریح : ذریعۂ تفریح : فرصت کا مشغلہ : تفریح کا موقع ۔ (۴) تفریحی کام : مشق یا مصروفیت ۔ (۵) سامانِ تفریح فراہم کرنے والا (شخص یا چیز) ۔

Recreation ground : (n) کھیل کود کا میدان : تفریحی میدان ۔

Recreation interval : (n) تفریحی وقفہ ۔

Recreation room : (n) (۱) کمرۂ علاج (وہ کمرہ جہاں کھیل کود اور تفریح کے ذریعہ علاج کیا جاتا ھے) ۔ (۲) عوامی ہال (مثلاً ہسپتال میں تفریحی علاج یا سماجی سر گرمیوں کے لئے) ۔

Recreational : (a) تفریحی : تفریح یا تفریح میدان کا یا اس سے متعلق ۔

Recreational therapist : (n) تفریح کے ذریعہ علاج کرنے والا : علاج بالتفریح کا ماہر ۔

Recreational therapy : (n) علاج بالتفریح ۔

Recreationist : (n) تفریح کرنے والا خصوصاً کھلی جگہ میں ۔

Recreative : (a) تفریحی : فرحت بخش : لطف انگیز ۔

Recreative : (a) دوبارہ تخلیق کے لائق : تخلیق نو کے لائق ۔

Recreatively : (adv.) تفریح کے طور پر : لطف انگیزی کے ساتھ ۔

Recreativeness : (n) فرحت : لطف انگیزی ۔

Recreativeness : (n) تخلیق ثانی : خلق ثانی ۔

Recreator : (n) تفریح کرنے والا : تفنن کرنے والا ۔

Recreatory : (a) دیکھو Recreational

Recredential : (n) وہ تعریفی خط جو کسی سفیر کو سربراہ مملکت کی

طرف سے منصب سے علاحدگی کے وقت دیا جاتا ھے ۔

Recriminate : (v) [L. 'Recriminari'.] جوابی الزام عائد کرنا : کسی غلطی یا جرم کو الزام لگانے والے کے سرمنڈھ دینا : مطاعنہ کرنا : ترکی بہ ترکی لڑنا : (الزام کے) جواب میں الزام دینا : ایك دوسرے کو بُرا بھلا کہنا : (ایك دوسرے کو) طعن و تشنیع کرنا ۔

Recrimination : (n) [F. 'Recrimination'.] (۱)الزام : الزامی جواب : (قانون) جوابی الزام : مطاعنہ : طعن و تشنیع (دونوں طرف سے) الزام تراشی (جواباً) ۔ (۲) الزام کے جواب میں الزام : اتہام کے جواب میں اتہام : بد گوئی بہ جواب بد گوئی ۔ (۳) طلاق کے مقدمے میں مدعی پر یہ الزام کے طلاق کے وقوع کا مجرم یہ بھی ھے ۔

Recriminative : (a) الزامی : طعن آمیز ۔

Recriminator : (n) الزامات عائد کرنے والا : جواباً متہم کرنے والا ۔

Recriminatory : (a) دیکھو Recriminative

Recruit : (n) [Fr.'recrue'.] (۱) نو سکھیا : امید وار سپاہی: کار آموز : رنگروٹ ۔ (۲) نو شریك (کسی جماعت یا انجمن میں)۔ (۳) اناڑی : سیکھڑ ۔ (۴) از سر نو مرمت : کسی چیز کی دوبارہ مرمت ۔ (۵) توانائی کی تجدید : سابقہ تشفی بخش حالت پر واپسی : ذریعہ اعادہ : وسیلہ رجعت : ذریعہ باز یابی ۔

Recruit : (v) [Fr. 'Rescruter'.] (۱) (فوج وغیرہ کے لئے) بھرتی کرنا : تقرری کرنا : بحال کرنا : داخل کر لینا : داخلہ کرنا : رنگروٹ فراہم کرنا : رنگروٹ جمع کرنا ۔ (۲)ونگروٹ بنانا : بھرتی کرنا (فوج میں) : داخل کرنا (کسی جماعت وغیرہ میں) ۔ (۳) نیا کرنا :تازہ دم کرنا : تجدید کرنا : کمی کو پورا کرنا : مرمت یا درستی کرنا : ضرورت پوری کرنا : تلافئ مافات کرنا ۔ (۴) صحت حاصل کرنا : صحت یابی کی کوشش کرنا : صحت یاب ھو جانا ۔ (۵) فوج کو مضبوط بنانا (رنگروٹ بھرتی کر کے) : فوج کی تعداد بڑھانا ۔ (٦) (کسی کی) خدمات حاصل کرنا : خدمت پر مامور کرنا : مامور کرنا ۔

Recruital : (n) صحت یابی ۔

Recruiter : (n) (۱) بحالی کرنے والا : رنگروٹ بھرتی کرنے والا ۔ (۲) برطانوی پارلیمنٹ کا فاضل ممبر جو تعداد میں اضافہ (ایمر جنسی کے زمانے میں) کے لئے منتخب کیا جاتا ھے ۔

Recruiting : (a) بحالی کرنے والا ۔

Recruiting : (n) فوج وغیرہ کی تعداد میں اضافہ : بحالی (فوج میں) ۔

Recruitment : (n) (۱) نئی بھرتی : داخلہ : بحالی : فوجی بھرتی : عمومی بھرتی ۔ (۲) کمك رسانی : مضبوطی : تقویت ۔ (۳) قدرتی آبادی میں اضافہ : شدت میں اضافہ ۔ (۴) صوتی شدت میں اضافے کے ساتھ غیر معمولی تیزی کے ساتھ بلند آہنگی میں اضافہ جو اعصابی بہراپن کا نتیجہ ھوتا ھے ۔

Recrusher : (n) چٹان ، پتھر وغیرہ کو توڑنے کا آلہ : پتھر کے ٹکڑوں کو چھوٹے سنگریزوں میں تبدیل کرنے والی مشین : پتھر کو دوبارہ توڑنے والی مشین ۔

Recrystallisation : (n) (کیمیا) باز قلماؤ ۔

Rectal : (a) [f. Rectum + -al .] (تشریح اور طب) مستقیمی : سُرمی: اعمائے مستقیم کی ۔

Rectal gland : (n) (تشریح) سرُمی غُدّہ ۔

Rectangle : (n) [Late L. 'Rectiangulus'.] (جیومیٹری) مستطیل : مربع مستطیل : قائم الزاویہ : شکل مستطیل ۔

Rectangular : (a) (۱) (جیومیٹری) مستطیل نما : مستطیل شکل کا : مستطیل : قائم الزاویہ ۔ (۲) (ریاضیات) علی القوائم: نیز دو چیزوں کی نسبتی حیثیت کو بھی کہا جاتا ھے۔ (۳) قائم الزاویہ والا : مستطیل ۔

Rectangular prism : (n) (بصریات) قائم الزاویہ منشور ۔

Rectangularity : (n) مستطیلیت : مستطیل ھونا ۔

Rectangularly : (adv.) مستطیل بناتے ھوئے : بہ شکل مستطیل ۔

Recti : (n) (تشریح) عَضلات مستقیمہ ۔

Rectifiable : (a) مصلح ھونے کے قابل : اصلا ح پذیر : تصحیح پذیر : تلافی پذیر (خصوصاً ریاضی میں) ۔

Rectification : (n) [Late L. 'Rectificationem'.] (۱) اصلاح : راست گری : تصحیح : درستی : تلافی : بہتری ۔ (۲) تقطیر مکرر ۔ (۳) تصفیہ : ترمیم ۔ (۴) تعین : خط منحنی کی لمبائی کے مساوی خط مستقیم کھینچنا : تخلیط ۔ (۵)منظوری ۔ (٦) (کیمیا) کشیدی تصفیہ : باز کشید۔ (۷) راست لہر کے متبادل یا ترمیم ۔ (۸)خلیج کو نئے طریقے سے پاٹنا : ندی نالے وغیرہ کو نئے سرے سے بھرنا۔ (۹) تصویر کے نقص کو دور کرنے کی کارروائی یا طریقہ ۔ (۱۰) صاف اسپرٹ میں تبدیلی لانے کی

Rectilinear figure : (n) (ہندسہ) مستقیم الاضلاع شکل ۔

Rectilinear lens : (n) (فوٹوگرافی) راست خطّی عدسہ ۔

Rectilinear motion : (n) (میکانیات) مستقیم حرکت ۔

Rectilinear propagation : (n) (بصریات) مستقیم اشاعت ۔

Rectilinearity : (n) خط مستقیم میں ہونا : تخطیط مستقیم : مستقیم شکل ۔

Rectilinearly : (adv.) مستقیمانہ : سیدھا خط بناتے ہوئے ۔

Rectimuscle : (n) (تشریح) راست عضلہ ۔

Rectinerved : (n) (نباتیات) راست رَگہ ۔

Rectipetaly : (n) (نباتیات) راست بالیدگی ۔

Rectirostral : (n) (حیوانیات) راست منقارہ : سیدھی تھوتھنی والا : سیدھی چونچ والا ۔

Rectiserial : (a) (نباتیات) راست منزلہ : راست قطارہ ۔

Rectitis : (n) (طب) ورمِ سُرم : سیدھی آنت کے کنارے کا ورم ۔

Rectitude : (n) [Late L. 'Rectitude'.] (۱) راست روی : راست بازی: صدق : راست کاری ۔ (۲) سیدھی قطار : سیدھی قطار کی سمت ۔ (۳) سیدھاپن : سادگی : اتحاد : ہم آہنگی : اخلاقی وضع داری : اخلاقی سادگی ۔ (۴) صحت عمل: صحت : درستی قضاوت ۔ (۵) (خصوصاً) ذہانت یا فن کارانہ سرگرمیوں کے سلسلے میں درستی قضاوت یا کاروائی ۔ (۶) اصلاح فطرت : اصلاح کاروائی : اصلاح انطباق نیزجمع میں اس موقع کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Rectitudinous : (a) متّقی : صالح : خداترس ۔

Recto : (n) [L. 'Recto'.] (۱) (طباعت) کھلی کتاب کا سیدھی طرف کا صفحہ : صفحہ راست : دایاں صفحہ : سامنے کا صفحہ ۔ (۲) اوپری گرد پوش : کتاب کا بیرونی اُوپری گرد پوش ۔

Recto : (adv.) داہنی طرف : دست راست کی جانب ۔

Recto- : سابقہ بمعنی امعائے مستقیم : بڑی آنت کے نیچے کا سرا یا آخری حصہ ۔

Recto-urethral : (a) (تشریح) مجریٰ بول کے امعائے مستقیم کا یا

کاروائی یا طریقہ (رنگ وغیرہ بدلنے میں) ۔

Rectificator : (n) (۱) اصلاح کرنے والا : درست کرنے والا : راست گر. (۲)(کیمیا)آلۂ کشید: (جہاز رانی) سخت نما.(۳)گیس صاف کرنے والی مشین کا ایک پرزہ ۔ (۴) متبادل لہر کو راست لہر میں تبدیل کرنے والا عنصر ۔

Rectified : (a) (۱) مصفّٰی : تقطیر شدہ : اصلاح شدہ : باز کشید ۔ (۲) غیر معمولی رنگت والا ۔

Rectified spirit : (n) (کیمیا) مصفّٰی اسپرٹ ، مصفّٰی روح شراب ۔

Rectifier : (n) دیکھو Rectificator

Rectifier instrument : (n) آلہ جس متبادل لہروں کی پیمائش کی جاتی ھے ۔

Rectify : (v) [Late L. 'Rectificare'.] (۱) اصلاح کرنا : صحیح کرنا : درست کرنا : ٹھیک کرنا : تصحیح کرنا : ترمیم کرنا : ٹھیک ٹھاک کر لینا : (آلے کو) کام لینے کے لئے تیار کر لینا ۔ (۲) صحت مند ہونا : صحت حاصل کرنا : بہتر حالت میں آنا : پسندیدہ حیثیت حاصل کرنا ۔ (۳) دور کرنا (خرابی ، غلطی ، شکایت) : ازالہ کرنا :تلافی کرنا. (۴) غلطی کی اصلاح کرنا : تائب ہونا ۔ (۵) صاف کرنا : (کیمیا) تصفیہ کرنا : تقطیر مکرر کرنا : صاف تر کرنا ۔ (۶) (ہندسہ) (خط منحنی کے) برابر کا سیدھا خط نکالنا : خط مستوی بنانا : سیدھی لکیر کھینچنا ۔ (۷) اندازے سے درست کرنا : ہم آہنگی کے ساتھ اصلاح کرنا ۔ (۸) (متبادل لہر کو) متعدد جہاتی بنانا ۔

Rectifying detector : (n) (ریڈیو) اصلاحی شناسندہ : راست گر شناسندہ ۔

Rectifying valve : (n) (ریڈیو) اصلاحی والو : راست گر والو (صمام)۔

Rectigrade : (a) حرکت مستقیمی : سیدھی خط میں حرکت کرنا یا سیدھ میں بڑھنا ۔

Rectilineal : (a) (۱) مستقیم : بہ خط مستقیم : خط مستقیم یا خطوط مستقیم کا سیدھی خط یا خطوط کا: سیدھا خط بناتا ہوا یا بنانے والا : خطوط مستقیم میں گھرا ہوا : راست خطی ۔ (۲) عمودی خط : عمودی: قائم : سیدھا ۔

Rectilinear : (n) (۱) عمودی خط : مستقیم : راست خط ۔ (۲) (فوٹو گرافی) راست خطی عدسہ ۔

Rectilinear : (a) [Late L. 'Rectilineus + -ar.] دیکھو Rectilineal

Rectovaginal : (a) (تشریح) مہبلی سُرم کا یا اس سے متعلق ؛ سرمی مہبلی ۔

Rectovaginal fistula : (n) (طب) سرمی مہبلی ناسور ۔

Rectovesical : (a) سرمی مثانی ۔

Rectovesical centre : (n) (تشریح) سرمی مثانی مرکز ۔

Rectress : (n) (۱) کسی ادارے یا اسکول کی خاتون سربراہ : صدر مدرسہ ۔ (۲) ریکٹر کی بیوی ۔

Rectrix : (n) [L.] (طیورات) چڑیے کی دُم کا مضبوط پر جس کی وجہ سے پرواز میں آسانی ہوتی ہے ۔

Rectum : (n) [L. 'Rectum'.] (تشریح و طب) سُرم : امعائے مستقیم : بڑی انتڑی کا نیچے کا سرا یا آخری حصہ ۔

Fissure of Rectum : (طب) شقاق المعقد ۔

Rectus : (n) [L. 'Rectus'.] (تشریح) عضلۂ مستقیمہ ؛ ماہیچۂ راست : مختلف عضلات کے نام مثلاً شکم ، جانگھ ، گردن وغیرہ کے عضلات ۔

Rectus abdominis : (n) (تشریح) (عضلۂ) مستقیمۂ بطینہ : شکمی عضلہ مستقیمہ ۔

Rectus muscle : (n) عضلۂ مستقیمہ ۔

Rectus muscle of eye : (n) (تشریح) عضلۂ مستقیمہ چشم ۔

Rectus in curia : (n) (قانون) الزام سے بری ۔

Recueil : (n) [F. L. 'Recueilir'.] ادبی تالیف : تدوین دیوان : ترتیب مضامین ۔

Recumbency : (n) [L. 'Recumbentia', f. 'Recumbere'.] (۱) لٹائی ؛ تکیہ : ارتکا : خمیدگی : لیٹا ہوا یا تکیہ لگائے ہونا ۔ (۲) (مجازاً) راحت : نیند : آرام :سکون: استراحت ۔

Recumbent : (a) [L. 'Recumbentem'.] لیٹا ہوا : لیٹواں : تکیہ لگائے : متکّی : متمائل : استراحت میں : نیند میں : (نباتیات) متکّی : افتادہ : لیٹواں ۔

Recumbently : (adv.) لیٹے ہوئے : تکیہ لگائے ہوئے ۔

Recuperability : (n) صحت یابی کی طاقت : تلافی کی صلاحیت ۔

اُس سے متعلق ۔

Rectocele : (n) (طب) قیلۂ سُرم : فتق سُرم ۔

Rectococcygeus : (n) (تشریح) نرم عضلے کا بندھن جو عصعص (Coccyx) سے امعائے مستقیم کو جوڑتا ہے : عضلۂ نرم کا عصعص بندھن ۔

Rector : (n) [L. 'Regere'.] (۱) ریکٹر : حلقے کا پادری (جس کو خود کلیسا کی طرف سے مدد معاش ملتی ہے) ۔ (۲) (بر اعظم یورپ میں) جامعہ یا مدرسے کا صدر : ناظم : شیخ : مذہبی ادارے کا صدر : (انگلستان میں) آکسفورڈ کے لنکن اور ایگزیٹر کالج کے صدر کا لقب : بعض انگلش کالجوں میں ایک عہدہ ۔ (۳) (اسکاتستانی یونیورسٹی میں) اعلیٰ عہدہ کا مالک : اعلیٰ عہدہ دار : انتظامیہ کا صدر : ثانوی مدرسے وغیرہ کا صدر مدرس ۔ (۴)(دینیات) ناظم : ریکٹر : متولی کلیسا : لارڈ ریکٹر ۔ (۵) ہدایت دینے والا : رہنمائی کرنے والا: ہادی : رہنما ۔ (۶) فرانس کا تعلیمی نظام جو سترہ شعبوں میں منقسم ہے ان میں سے ایک شعبہ کا سربراہ ۔ (۷) جرمنی کے ابتدائی یا ثانوی اسکول کا سربراہ ۔

Rectoral : (a) (۱) ریکٹر کا یا اس سے متعلق : رئیس سے متعلق : رئیس دانشگاہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) شہنشاہ مطلق کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) پیشوائی ۔

Rectorate : (n) (۱) ریکٹر کا عہدہ یا منصب : رئیس کا عہدہ یا منصب ۔ (۲) وہ مدت جتنے زمانے تک ریکٹر اپنے عہدہ پر مامور ہو ۔ (۳) ریکٹری : پادری گیری : صدارت : نظامت : صدر مدرسی ۔

Rectoress : (n) صدر مدرسہ : ناظمہ (بول چال) : پادری کے سردار کی بیوی ۔

Rectorial : (a) (۱) یونیورسٹی کے ریکٹر کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) کلیسا کے پادری کا یا اس سے متعلق ۔ (۳)پادری کا: صدر جامعہ کا : صدر مدرس کا ۔

Rectorial : (n) (اسکاتستانی) صدر جامعہ کا انتخاب : صدر مدرس کا انتخاب ۔

Rectorship : (n) (۱) فرمانروا یا گورنر کا عہدہ ۔ (۲) ریکٹر کا منصب : ریکٹر کا آفس ۔

Rectory : (n) [med. L. 'Rectoria'.] (۱)کلیسائی وقف یا جاگیر جو ریکٹر کے ماتحت ہو ۔ (۲) ریکٹر یا پادری کا عہدہ یا منصب ۔ (۳) پادری یا ریکٹر کا گھر ۔

Recuperate : (v) [L. 'Recuperat, Recuperare'.] (۱) طاقت یا صحت حاصل کرنا : بحال ہو جانا : صحت مند ہو جانا؛ تندرست ہو جانا : تندرستی پا جانا ۔ (۲)تلافی کر لینا (نقصان یا جسمانی قوت کی) : سنبھل جانا : پنپ جانا : عافیت پانا : مالی نقصان کی تلافی کر لینا۔

Recuperation : (n) [L. 'Recuperationem'.] صحت یابی : شفایابی؛ قوت یابی : تلافی : بحالی (فوج)؛ باز گیری : استرداد : (نباتیات) تجدید رَمق ۔

Recuperative : (a) [Late L. 'Recuperativus'.] (۱) صحت یابی کا اس سے متعلق : شفا یابی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲)(شخص یا چیز کو) صحیح حالت میں لانے کی طاقت یا قوت ۔

Recuperative : (n) عنصر زرخیزی ۔

Recuperativeness : (n) صحت یابی : شفا یابی : بحالی ۔

Recuperator : (n) (۱) (رومن قانون) خاص خاص مقدمات کی سماعت کرنے والی کمیشن کا ایک رکن ۔ (۲) (رومنی قانون) (جمع میں) جج جسے غیر ملکیوں کے مقدمات کی سماعت کے لئے بحال کیا جاتا ھے ۔ (۳) (میکانیات) باز گرداننده (حرارت) : (فوج) باز گیر : باز آور۔ (۴)صحت یاب ہونے والا : شفا پانے والا ۔

Recur : (v) [L. 'Recurrere'.] (۱) دل میں یاد آنا : دوبارہ خیال آنا ۔ (۲) رجوع کرنا : عود کرنا : (اصل مطلب کی طرف خیال یا تقریر میں) پلٹنا ۔ (۳) مکرر آنا : تکرار ہونا : بار بار واقع ہونا : دوبارہ غور کرنا ۔ (۴) دہنی یا خیالی طور پر رجوع کرنا : بار بار ذہن میں آنا (کسی مسئلے کا) ۔ (۵) دوبارہ واقع ہونا : دوبارہ ہونا : ظاہر ہونا ۔ (۶) (ریاضیات) (عدد یا اعداد کا) کسر اعشاریہ میں ہونا :ایک ہی ترتیب میں دوبارہ ہونا : دہرانا ۔

Recurrence : (n) (۱) دوبارہ وقوع : رجوع : اعادہ : تکرار : تواتر؛ وقوع مکرر : بازگشت : توالی ۔ (۲) مراجعت ذہنی؛ رجعت خیالی ۔ (۳) حالت حصول کا اعادہ : اعادہ حصول ۔ (۴) (نباتیات) تکرار نوع : تکرار قسم ۔ (۵)مرض کے علامات کا اعادہ : وقفہ وقفہ سے علامات مرض کا ظہور ۔ (۶) (ختم ہو جانے کے بعد) رسولی کا دوبارہ ظہور ۔

Recurrence of eclipse : (n) (فلکیات) توالی کسوف : توالی خسوف : دور گہن ۔

Recurrence of series : (n) (ریاضیات) توالی ۔

Recurrent : (a) [L. 'Recurrentum , Recurrere'.] (۱) غور کرنے والا : رجوع کرنے والا : راجعہ؛ راجع ۔ (۲) (شرائین، شاخیں وغیرہ) پیچھے کو مڑنے والی : باز گرد :راجعہ۔ (۳) وقفہ جاتی اعادہ : بہ تکرار اعادہ : بہ تکرار وقوع۔ (۴) (فلکیات) متوالی : راجعہ ۔ (۵) (نباتیات ، حیوانیات ، نفسیات) باز گرد : راجعہ ۔ (۶) قوت احساس کا اعادہ ۔

Recurrent : (n) عصب راجع : شریان باز گرد ۔

Recurrent fever : (n) باربار آنے والا بخار : تپ راجعہ : تپ بازگرداں۔

Recurrent image : (n) (۱) (نفسیات) عکس راجعہ ۔ (۲) عکس متواتر؛ حسّ ما بعد ۔

Recurrent nerves : (n) عصب راجع ۔

Recurrent sensibility : (n) اعادۂ حس : قوت احساس کا اعادہ ۔

Recurrent vision : (n) متواتر رویت : مسلسل رویت ۔

Recurrently : (adv.) (۱) پیچھے کو مڑتے ہوئے ۔ (۲) مکرر : متواتر : بار بار : معاود ۔

Recurring : (a) متوالی : راجعہ : معاود : باز گرد ۔

Recurring curve : (n) دائرہ ۔

Recurring decimal : (n) (ریاضیات) اعشاریۂ متوالیہ ۔

Recurring expenditure : (n) مصارف متوالی ۔

Recurring period : (n) (ریاضیات) دور متوالی ۔

Recurringly : (adv.) بہ طور متوالی : باز گردانہ ۔

Recursant : (a) [L. 'Recursantem'.] (نقابت) دیکھنے والوں کی طرف پشت کئے ہوئے (عقاب) ۔

Recurvate : (a) [L. 'Recurvatus'.] (نباتیات) باز خمیدہ : بر گرداں : بر گشتہ : کج ۔

Recurvature : (n) برگردانی : باز خمی : الٹا موڑ ۔

Recurve : (v) [L. 'Recurvare'.] (۱) پیچھے مڑنا یا موڑنا : برگرداں کرنا : باز خم کرنا یا ہونا ۔ (۲) (خصوصاً لہریا ہوا) کا سابق سمت میں باز گردانی یا خمیدگی کے ساتھ واپس ہونا یا لوٹنا ۔

Recurved : (a) باز خمیدہ : پشت خم : پیچھے کی طرف مڑا ہوا یا آگے کی طرف مڑا ہوا ۔

Recurving : (n) خم بہ خم ۔

Recurvirostral : (n) (حیوانیات) برگردانِ منقارہ ۔

Recurvo- : [Comb. form of L. 'Recurvus'.] سابقہ بہ معنی باز گرداں : باز خمیدہ : بر گشتہ : بہ عقب خمیدہ : پیچھے سے مڑا ہوا ۔

Recusance : (n) (۱) انکارنا : نافرمانی : انحراف : عدول حکمی ۔ (۲) دیکھو Recusancy ۔

Recusancy : (n) [L. 'Recursantia'.] (۱) انحراف : عدول حکمی : تمرد : انکار : نافرمانی ۔ (۲) کلیسائے انگلستان کی عبادت میں شرکت سے انکار (جو قابل تعزیر جرم ہے) ۔

Recusant : (n) (۱)(تاریخ) کلیسائے انگلستان کی عبادت میں شرکت سے انکار کرنے والا شخص ۔ (۲) انکار کرنے والا شخص: انحراف کرنے والا شخص ۔

Recusant : (a) (۱) منکر : منحرف : نا فرمان : سرکش : رمیدہ : کج رفتہ : گمراہ ۔ (۲) کلیسائی انگلستان کی عبادت میں شرکت کرنے سے انکار کرنے والا ۔

Recusator : (n) (اسکاٹ قانون) جج کو چیلنج کرنے والا شخص : کسی جج کی دیانت : غیر جانبداری وغیرہ کے خلاف درخواست دینے والا شخص ۔

Recycle : (v) تبدیلیوں کے دور سے گزرنا : گردش کرتے ہوئے اصلی حالت میں لوٹنا خصوصاً برباد شے کو دوبارہ استعمال کے لائق بنانا ۔

Recycling : (n) تبدیلیوں کے دور سے گزرنا ۔

Red : (a) [OE. 'Read'.] (۱) سرخ : لال : احمر : قرمزی ۔ (۲)خونی: خونیں : خوں رنگ : خوں صفت ۔ (۳) انقلابی : انقلاب پسندانہ : اشتراکی : سرخ پوشوں کا : روس کا یا اس سے متعلق ۔ (۴) لال رنگ کا : آتشیں ۔ (۵) لال رنگا ہوا : لال بنایا ہوا : لال بنانے والا ۔ (۶) غصہ سے لال بنا ہوا : خشمگیں : غضب ناک : مشتعل ۔ (۷) شہابی : گلابی : سرخی مائل : چمکدار: گندمی: چمپئی : تیز لال : شوخ رنگ ۔ (۸) خون سے تر : خون میں ڈوبا ہوا : خون میں لت پت : خون میں نہایا ہوا : خون سے داغدار ۔ (۹) نفع دکھانے سے معذور (کاروبار کی وہ کاہئ جس میں خسارے کو سرخ روشنائی سے لکھاجاتا ہے) ۔ (۱۰) سنہرا : طلائی : سونے سے بنایا ہوا : (اب صرف چوروں کی عامیانہ اصطلاح) ۔ (۱۱) سرخ بالوں والا ۔ (۱۲) اعلیٰ اقدار و معیار کے لئے مستعمل ۔ (۱۳)(پرچم) بہ طور علامت جنگ ۔ (۱۴) امریکی ریڈ انڈین : اس نسل سے متعلق جو ہندوستان الاصل ہیں اور جو شمالی امریکا میں آباد ہیں اور جن کی رنگت سرخ یا سرخی مائل ہوتی ہے ۔ (۱۵)خون سے بھرا ہوا (گوشت) : لال (گوشت) : سرخ پوست ۔ (۱۶) فطری طور پر لال رنگ کی(آنکھ): خونین (آنکھ) : بہت سرخ (آنکھ) ۔ (۱۷) بے حد واضح : بے حد آشکار ۔ (۱۸) سرخ داغ : سرخ دھبا : سرخ نشان (خصوصاً مرض) : خونی (مرض) : (۲۰) تین برطانوی اسکواڈرن میں سے کوئی ایک ۔ (۲۱) (روشنی) سرخ : (سیاسیات) اشتراکی : سرخ پوش ۔

All red : برطانوی : زیرنگیں برطانیہ (سرخ رنگ سے استعارہ ہے جو نقشوں میں برطانیہ اور مقبوضات برطانیہ کے لئے مخصوص ہے) ۔

Fiery red : آتشیں سرخ ۔

To paint the town red : ہنگامہ کرنا : رنگ رلیاں مچانا : آوارہ گردی کرنا ۔

Red : (n) (۱) لال رنگ : سرخ رنگ : سرخی ۔ (۲) سرخ رنگ کا ایک روپ یا درجہ ۔ (۳) (جوئے کی پھرکی وغیرہ) سرخ پٹری : سرخ خانہ ۔ (۴) انٹے کی سرخ گیند : سرخہ ۔ (۵) سرخ پوشاک : سرخ کپڑا ۔ (۶) لال کپڑا (قدیم برطانوی فوج کے تین بیڑوں میں سے ایک) ۔ (۷) انتہا پسند : انقلاب پسند : اشتراکیت: انقلابیت ۔ (۸) خون : (خون کی طرح) لال رنگ : شوخ رنگ ۔ (۹) سرخ شراب : سرخ مشروب ۔ (۱۰)چار نفسیاتی رنگوں میں سے کوئی ایک ۔ (۱۱) گیرو کی قسم کی سرخ مٹی ۔ (۱۲)نفسیاتی اعتبار سے چھ ابتدائی رنگوں میں سے کوئی ایک۔ (۱۳) وہ جو لال رنگ کو امتیازی طور پر استعمال کرتا ہے خصوصاً کھیل کود کی ٹیم کا رُکن جو لال جرسی یا پوشاک استعمال کرتا ہے ۔ (۱۴)لال رنگ کی کوئی بھی چیز : سرخ عنصر ۔ (۱۵)(جمع) ریڈ انڈین : لال آدمی : امریکی انڈین : سرخ چمڑی کا آدمی ۔ (۱۶) سرخ خضاب ۔ (۱۷) (تیر اندازی کے نشانے کا) سرخ دائرہ : وہ زد یا ضرب جو اُس دائرہ پر پڑتی ہے ۔ (۱۸) خسارہ ظاہر کرنے کی صورت ۔

The red flag : ایک جدید انقلابی گیت ۔

To be in the red : خسارہ ظاہر کرنا : خسارہ دکھلانا ۔

To come (or be) out of the red : (امریکا)فائدہ دکھانا : خسارہ سے باہر ہونا : منافع ظاہر کرنا ۔

To see red : (بول چال) آپے سے باہر ہو جانا : بے حد مشتعل ہونا .

To see the red light : (مجازاً) خطرے کا قرب محسوس کرنا .

With red hands : جس کے ہاتھ خون آلودہ ہوں .

-red : [OE. 'Raeden'.] لاحقہ بمعنی حالت .

Red admiral : (n) (حیوانیات) سرخ تیتری .

Red alder : (n) (۱) ایک قسم کا ساحلی درخت . (۲) اُس درخت کی سرخ لکڑیاں .

Red alert : (n) دشمن کے فضائی حملے کا یقین ہونے کی صورت میں مقابلے کی آخری تیاری : بالکل تیار : مستعد .

Red algae : (n) (نباتیات) سرخ کائی .

Red ant : (n) (۱) سرخ چیونٹی . (۲) برطانوی چھوٹی چیونٹی. (۳) پہاڑی چیونٹی : چیونٹیا : بڑی چیونٹی : ماٹا . (۴) امریکی گھریلو چیونٹی .

Red antimony (ore) : (n) دیکھو Kermesite

Red ash : (n) (۱) ایک امریکی درخت جس کی پتیاں مخملی ہوتی ہیں . (۲) آسٹریلیا کا ایک درخت : آسٹریلیائی آک . (۳) اس درخت کی لکڑی .

Red ash : (n) امریکی کوئلہ جس کی راکھ سرخ ہوتی ھے .

Red back : (n) جلاّد پرندہ .

Red backed : (a) جلاّد پرندہ سے متعلق : سرخ پشتی والا (پرندہ).

Red ball : (n) دیکھو Hot shot

Red bark : (n) (نباتیات) سرخ چھال : لال چھال : سرخ سنکونا (اعلیٰ قسم کی) .

Red bass : (n) (۱) نر سامن (مچھلی) : سرخ ماہی . (۲) (برطانیہ) سامن مچھلی (مادہ) (انڈا دینے کی حالت میں) .

Red bay : (n) (امریکا) عاد کا درخت : ایک قسم کا درخت .

Red bean : (n) ایک آسٹریلیائی درخت .

Red bear : (n) کوہ ہمالیہ کا گنجان شاخوں والا درخت .

Red buch : (n) (۱) ایک امریکی درخت . (۲) ایک آسٹریلیائی درخت.

Red bellied snake : (n) (۱) امریکا کے رنگین سانپ . (۲) ایک قسم کا آسٹریلیائی سانپ . (۳) جنگلی سانپ .

Red belly : (n) ایک امریکی درخت .

Red berry : (n) (۱) آسٹریلیائی درخت . (۲) کیلیفورنیا کا ایک سدا بہار درخت .

Red bill : (n) (۱) صدفہ گیر : ماہی گیر (نیوزی لینڈ) . (۲) افریقہ کا ایک پرندہ .

Red bigch : (n) امریکا کا ایک درخت جس کی شاخیں پتلی اور چھال چکنی ہوتی ہی .

Red bird : (n) امریکی چڑیا .

Red blind : (a) (طب) سرخ کور : سر خندھا : جسے سرخ رنگ نہ سو جھے .

Red blindness : (n) (طب) سرخ کوری .

Red blood cells/ -corpuscles : (n) سرخ خلیاتِ خون .

Red blooded : (a) پُر جوش : جرأت مند : طاقت ور .

Red board : (n) ریل گاڑی روکنے کے لئے لال سگنل (روشنی) .

Red body : (n) (مچھلی میں) مچھلی کے پھکنے کے اندر بالوں کا گچھا یا پر .

Red bole : (n) (ارضیات) گیرو مٹی .

Red bone : (n) حبشی، ہندوستانی اور سفید پُرکوں کی مخلوط نسل .

Red bone : (n) (امریکا) اوسط قد کا شکاری کتا .

Red book/ Red-book : (n) (۱)برطانوی سرکاری رجسٹر جس کی جلد لال ہوتی ھے . (۲) اشراف نامہ : فہرست امراء : کتاب الامراء . (۳) عدالتی ہدایت نامہ .

Red book of the Exchequer : (n) وہ رجسٹر جس میں مختلف نوعیت کی چیزیں درج ھوں مثلاً منشورات ، قوائد ، سروے وغیرہ .

Red book of Hergest : (n) ویلش زبان کی کہانیاں جو چو دھویں اور پندرھویں صدی عیسوی میں لکھی گئی تھیں ۔

Red box : (n) (۱) آسٹریلیائی یوکلپٹس خصوصاً صمغی (گوند دار) درخت ۔ (۲) ایك آسٹریلیائی چوبی درخت ۔ (۳) قلم دان وزارت : وہ صندوق جس میں ملکتی وزراء ضروری کاغذات وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Red breast : (n) (حیوانیات) سرخ چڑی : سینۂ سرخ : لال چڑی ۔

Red -breasted goose : (n) سائبریائی ہنس ۔

Red brick : (n) (نباتیات) درخت ارغواں : ایك قسم کا امریکی درخت ۔

Red buffalo : (n) (افریقہ) لال رنگ کا چھوٹا سا بھینسا ۔

Red bug : (n) (امریکا) سرخ حشرات : روئی کیڑا ۔

Red campion : (n) (نباتیات) مکھی چوس : ایك پودا جس کے تنے چپك دار ہوتے ہیں : مگس گیر : مکھی پکڑ (درخت)۔

Red carabean : (n) بہت سارے آسٹریلیائی درخت میں سے کوئی ایك خصوصاً لمبا درخت ۔

Red cardinal : (n) سُرخ لوبیلیا پھول ۔

Red carpet : (a) معزز یا معززین : سُرخ قالین والا یا والی : (ایسے لوگ جن کے استقبال یا تواضع کے لئے سُرخ قالین بچھائی جائے)۔

Red cedar : (n) (۱) ایك قسم کا امریکی سدا بہار درخت ۔ (۲) آسٹریلیائی درخت ۔

Red cell : (n) خون کا سُرخ جسیمہ یا خلیہ ۔

Red cent : (n) تانبے کا امریکی سکہ : امریکی پیسہ ۔

Red chalk : (n) (ارضیات) گیرد ۔

Red clay : (n) (۱) سُرخ مٹی : لال مٹی : گل سُرخ ۔ (۲) ایك معدنی شے ۔

Red cock : (n) پاموز پرندہ : گراؤس ۔

Red cod : (n) (۱) آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی ایك مچھلی جو سُرخ رنگ کی ہوتی ہے ۔ (۲) سُرخ چٹانی مچھلی ۔

Red coral : (n) سُرخ مونگا : سُرخ مرجان ۔

Red corpuscle : (n) سُرخ جسیمہ : سُرخ خلیۂ خون ۔

Red crescent : (n) ہلال احمر ۔

Red cross/ Red-cross : (n) (۱)صلیب احمر : انگریزوں کا نیز صلیبی فوجیوں کا قومی نشان ۔ (۲) مجرومین کے علاج و امداد کی انجمن : ریڈکراس ۔ (۳) ایمبولنس یا ہسپتالی خدمات : اس قسم کی خدمات سے منسلك آدمی ۔

Red cross bill : (n) ایك قسم کی چڑیا جس کی چونچ کے اوپر اور نیچے کے حصے نکلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Red cross hospital : (n) ریڈ کراس اسپتال ۔

Red cross society : (n) ریڈ کراس سوسائٹی ۔

Red currant : (n) سرخ کشمش : کشمش : جنگلی کشمش ۔

Red cypress : (n) (۱) ایك قسم کا درخت ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Red deer : (n) (۱) اسکاٹ لینڈ اور برطانیہ میں پایا جانے والا ایك ہرن ۔ (۲) شمالی امریکا کا ہرن ۔ (۳) ایرانی ہرن ۔

Red dog : (n) (۱)امریکا میں قومی بینك کاری نظام سے پہلے جاری کئے گئے غیر مستند نوٹ ۔ (۲)معمولی قسم کا اناٹا ۔ (۳)تاش کا ایك کھیل ۔ (۴)کوئلے کی سرخ راکھ ۔ (۵)دکن کا جنگلی کتا ۔

Red earth : (n) گہرے سرخ رنگ کی مٹی : گِل سرخ ۔

Red eye : (n) بہت ساری سرخ چشم مچھلیوں میں سے کوئی ایك : ایك قسم کی سرخ مچھلی : سرخ چشم ۔

Red eyes : (n) (۱) سرخ : خون کبوتر آنکھیں : چشم خونین (رونے کی وجہ سے) ۔ (۲) پرندوں وغیرہ کی آنکھیں جن کا پردۂ عینیہ سرخ ہو ۔

Red faced : (a) تمتماتا ہوا چہرہ (خصوصاً غصے کی وجہ سے) ۔

Red feather : (a) ملّی فنڈ کا یا اُس سے متعلق یا اُس کی مدد سے : بیت المال سے متعلق ۔

Red feed : (n) لال رنگ اورسخت چمڑے والے چھوٹے کیڑے جو مچھلیوں کی مرغوب غذا ہیں ۔

Red fever : (n) سرخ بادہ : ایك مہلك بیماری جو جانوروں کو ہوتی ہے ۔

Red fin : (n) ایك قسم کی امریکی مچھلی ۔

Red finch : (n) (حیوانیات) برقش سرخ ۔

Red fir : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت : سرو کی ایک قسم ۔

Red fire : (n) ایک مرکب جس میں لیتھیم نمك عنصر غالب ہوتا ہے اور جس سے ہلکے سرخ رنگ کی روشنی نکلتی ہے : ایك آتش گیر مادہ ۔

Red fish /Red-fish : (n) دیکھو Red bass

Red flag : (n) (۱) پرچم جنگ : نشان جنگ: علامت جنگ : علم بغاوت ۔ (۲) نشانِ انقلاب : اشتراکیت کی صلاحیت ۔ (۳) سرخ جھنڈی : روکنے کا اشارہ : خطرے کی صلاحیت ۔

Red flame : (n) شعلۂ احمر : لال لپٹ ۔

Red fog : (n) سمندری کُہر : دریائی دُھند ۔

Red fox : (n) لومڑی کی ایک قسم ۔

Red game : (n) پاموز پرندہ : ایك قسم کا سرخی مائل پرندہ جو برطانیہ میں پایا جاتا ہے ۔

Red ginger : (n) آرائشی ادرك ۔

Red gland : (n) غدّۂ احمر : سرخ غدود ۔

Red-green blindness : (n) (طب) سرخ سبز کوری ۔

Red grouse : (n) دیکھو Grouse

Red gum / Red-gum : (n) (۱) ریَه : لال دانے : سرخ بادہ (بچوں کا مرض دانت نکلنے کے زمانے میں) ۔ (۲) لال گوند : دار چینی کی ایک قسم ۔ (۳) (نباتیات) آسٹریلوی گوند : (نباتیات) روبی ۔ (۴) ربّہ شیریں ۔ (۵) یوکلپٹس کی جنس کا ایك آسٹریلیائی درخت ۔ (٦) اس درخت کی لکڑی ۔

Rank red gum : سرخ بادہ کی ایك تبدیل شدہ شکل ۔

Red hand/ Red-hand : (a) رنگے ہاتھوں پکڑنا ۔

Red hand : (n) (نقابت) کٹا ہوا ہاتھ (کلائی تك) : نشانِ پنجۂ دست ۔

Red handed : (a) عین حالت جرم میں : ارتکاب جرم کی حالت میں : رنگے ہاتھوں ۔ (۲) خون آلود (ہاتھ) : خونی (ہاتھ) : خوں ریز : خوں آشام : خوں خوار : قاتل: لہو کا پیاسا ۔ (۳) لال ہاتھوں والا ۔

Red hat : (n) کلاہ احمر : اسقفی کلاہ : کارڈینل کی ٹوپی نیز دیکھو Hat (n) ۔

Red-head/ Redhead : (n) (۱)لال بال والا ۔ (۲) لال ٹوپی والی جماعت کا رُکن۔ (۳) سرخ آنکھوں والا ایك غوطہ خور پرندہ ۔ (۴) کٹھ پھوڑا پرندہ ۔ (۵) گھریلو برقش۔

Red-headed : (a) (۱) سرخ بال یا سرخ سر والا ۔ (۲) اشتعال پسند : مشتعل ہونے والا : جذباتی : غصہ ور ۔

Red-headed woodpecker : (n) کٹھ پھوڑا پرندہ (جس کی گردن اور سرخ ہوتا ہے)۔

Red-headedness : (n) سرخ بال : سرخ سر : اشتعال : غصہ ۔

Red heat : (n) (۱) (طبیعیات) سرخ گرمی ۔ (۲) اشد حرارت : انتہائی گرمی : آتش حرارت : لال انگاراپن ۔ (۳) انتہائی جوش یا شدت ۔

Red-healyh : (n) (۱) سرخ جھاڑی ۔ (۲) نیوزی لینڈ کا ایك درخت ۔

Red-herring : (n) (۱) سرخ رنجہ : دود پخت ہیرنگ : شاہ ماہی سرخ ۔ (۲) حقیقی مسئلہ کی طرف سے توجہ پھیرنے کی کوشش یا کاروائی ۔ (۳) سرخ نشان والا نوٹس جو فروخت کے سلسلہ میں دیا جائے ۔

Neither fish , (nor) flash , nor, good red-herring : دیکھو fish (n)

To drow a red-herring and cross the track : حقیقی مسئلہ کی طرف سے توجہ پھیرنے کی کوشش کرنا ۔

Red-hibition :(n) [F. 'Redhibition'.] (قانون) خیار عیب : خریدار کاحق فسخ ، خرید کردہ مال عیب یا نقص کی وجہ سے۔

Red-hibitory : (a) خیار عیب یا حق فسخ کا یا اس سے متعلق ۔

Red hot : (a) [Late ME.] (۱) لال انگارا : آتشیں : بے حد مشتعل : جوش میں بھرا ہوا یا غصہ میں بھرا ہوا ۔ (۲) پراز توانائی : طاقت ور : پر حرارت ۔ (۳) ترو تازہ : تازہ: جدید ۔

Red hot : (n) (۱)جلد غصہ ہونے والا: فوراً بھڑك اٹھنے والا۔ (۲)سرخ آب لوچ ۔ (۳) بہت گرم : سرخ گرم (طبیعیات) ۔

Red-hot pocker : (n) ایك پودا جس میں شعلہ رنگ پھولوں کی بالیاں ہوتی ہیں : گلِ آذر : (نباتیات) افریقی سوسن : سہ شگافہ ۔

Red Indian : (n) (۱) امریکی ہندوستانی ؛ ریڈ انڈین ۔ (۲) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Red Indian paint : دیکھو Blood- Root

Red ink : (n) (۱) سرخ روشنائی ؛ لال روشنائی جو خصوصاً مالی خسارہ کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Red integrative : (a) از سر نو تکمیل سے متعلق ۔

Red-iron : (n) (معدنیات) آہن سرخ ؛ قلمی کچا لوہا ؛ ہیماٹائٹ ۔

Red-iron bark : (n) آسٹریلیائی یوکلپٹس کی بہت سی قسموں میں سے کوئی ایک ؛آسٹریلیائی ماھون ۔

Red-iron ore : (n) سرخ آہن دھات ۔

Red-iron wood : (n) ایک چھوٹا سا درخت جو فلوریڈا اور کیوبا وغیرہ میں پایا جاتا ھے ۔

Red kite : (n) (۱) چیل ؛ زغن ۔ (۲) عام پتنگ ۔

Red lac : (n) سماق کی جنس کی ایک جھاڑی ۔

Red lamp : (n) (۱) لال بتی ؛ ڈاکٹر کے گھر کے یا عطار کی دکان کا نشان ۔ (۲) قحبہ خانوں کا نشان ۔

Red lane : (n) (بول چال) (بچوں کی کھلاڑیوں کی زبان میں) گلا ؛ حلق ۔

Red lauan : (n) (۱) فلپائن کا قیمتی چوبی درخت ۔ (۲) اُس درخت کی لکڑی ۔

Red lead : (v) سیندور بھرنا ؛ سیندور سے رنگنا ؛ سیندورنا ۔

Red lead ore : (n) دیکھو Crocoite

Red leader : (n) سیندور سے رنگنے والا (مزدور) ۔

Red leaf : (n) (۱) سرخ فلفل آبی ۔ (۲) پودوں کی متعدد بیماریاں جن میں پتیاں سرخ رنگ کی ہو جاتی ہیں ۔ (۳) برلی (Burley) کا اعلیٰ درجے کا تمباکو ۔

Red-leg/-lege : (n) (۱) (نباتیات) انجبار ۔ (۲) (حیوانیات) طیرسرخ پا ؛ سرخ پایہ ؛ وہ پرندے وغیرہ جن کی ٹانگیں سرخ ہوتی ہیں ۔ (۳) مینڈکوں کی ایک بیماری جو بہت سارے مینڈکوں کے ایک ساتھ رہنے سے ہوتی ھے ۔ (۳)چھاپہ مار حملہ آور خصوصاً خانہ جنگی کے دوران مسوری میں ؛ اسلحہ بردار آدمی ۔

Red legged partridge : (n) کبک چیل ۔

Red letter : (v) سرخ حرفوں سے لکھنا ؛ یادگار عیش بنا دینا ؛ عید قرار دینا ۔

Red letter : (a) (۱) سرخ رنگ سے لکھی ہوئی تحریر خصوصاً کسی چیز کی اہمیت جتانے یا خوشی ، تعطیل ، تہوار وغیرہ سے متعلق ۔ (۲) یادگار ؛ ناقابل فراموش ؛ اہم ۔

Red latter day : (n) روز عیش ؛ جشن کا دن ؛ خوشی کا دن ؛ تہوار ؛ چھٹی کا دن ؛ یوم سعید ۔

Red light : (n) (۱) خطرے کی علامت (خصوصاً سواریوں کا سگنل)؛ لال بتّی ۔ (۲) احتیاطی علامت ؛ امتیازی علامت ۔ (۳)ایک کھیل جس میں کچھ کھلاڑی گول کی طرف دوڑتے ہیں اور اُن کے پیچھے کے کھلاڑی دس تک گنتے ہیں اور "ریڈ لائٹ" کے گرد رُک جاتے ہیں ۔

To see the red light : خطرہ محسوس کرنا ۔

Red light district : (n) وہ علاقہ جس میں قحبہ خانے بکثرت پائے جاتے ہیں ۔

Red line : (v) فہرست سے خارج کرنا ؛ (جہاز کو) زمین پر اُتارنا ؛ کسی جہاز کی زیادہ محفوظ رفتار کو ظاہر کرنا ۔

Red liquor : (n) ایک المونی محلول جو لال رنگ بنانے میں ، لال رنگنے یا رنگین چھپائی میں استعمال کیا جاتا ھے؛ اُم العرق جو مخصوص قسم کی سیاہ راکھ کے محلول کی تبخیر سے نکلتا ھے ۔

Red manganese (ore) : دیکھو Dialogite

Red man's orchard : (n) کاج کا درخت ؛ کاجستان ۔

Red maple : (n) بہت سارے امریکی درختوں میں سے کوئی ایک ؛ شکری درخت ۔

Red mass : (n) سرخ پوشوں کی عبادت ؛ وہ عبادت جو عدالتوں اور پارلیمنٹ کے اجلاس کے افتتاح کے موقع پر کی جاتی ھے ۔ (امریکا) عبادت سرخ جامہ (جس میں پادری سرخ لباس پہنتے ہیں) ۔

Red meat : (n) لال گوشت ؛ سرخ گوشت (گائے ، بکری کا) ۔

Red metal : (n) سرخ دھات (تانبہ وغیرہ) ۔

Red mite : (n) سرخ حشرات ۔

Red monkey : (n) ایک قسم کا بندر جس کے بال ٹوپی کی طرح معلوم ہوتے ہیں ۔

Red mouth : (n) (۱) بہت سارے جانوروں میں سے کوئی ایک جس کے منہ کا اندرونی حصہ سرخ ہوتا ہے ۔ (۲) مشافی مچھلی؛ چوسنے والی مچھلی ؛ چپکنے والی مچھلی ؛ وہیل کا چھوٹا سا بچہ ۔

Red neck : (n) جنوب کے مزدور طبقے کا کوئی فرد ۔

Red oak : (n) (۱) دم دار امریکی بلوط ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Red och/ -ochre : (n) (ارضیات) گیرو مٹی : گیرو کی قسم کی سرخ مٹی ۔

Red ochre : (v) گیرو مٹی سے رنگنا : لال نشان ڈالنا ۔

Red orpiment : (n) دیکھو Realgar

Red pencil : (v) محاسبہ کرنا : صحیح کرنا یا نظر ثانی کرنا (لال پنسل سے) ۔

Red pepper : (n) فلفل احمر: ایک پھل جو تیار ہونے پر سرخ ہو جاتا ہے۔

Red perch : (n) ایک قسم کی مچھلی جو ناروے میں پائی جاتی ہے ۔

Red polled : (a) کلغی دار (خوش نوا پرندہ) ۔

Red pop : (n) ایک چھوٹی سی خوش رنگ و خوش نوا چڑیا ۔

Red precipitate : (n) (کیمیا) رسوب احمری : سرخ رسوب ۔

Red ptarmigan : (n) دیکھو Grouse

Red raspberry : (n) رس بھری جس کا پھل سرخ ہوتا ہے: رس بھری کا پھل ۔

Red rat snake : (n) دیکھو Corn-snake

Red ratle : (n) (۱) جوں : کلا ۔ (۲) (نباتیات) کشمش کولی : حشیشہ القمل ۔

Red ratlesnake : (n) ایک سرخ امریکی سانپ ۔

Red ribbon : (n) (۱) لال فیتہ : آرڈر آف باتھ کا نشان (مجازاً) نشان حمام ۔

Red rock fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو مقوی اور لذیذ ہوتی ہے ۔

Red root : (n) (۱) (امریکا) نیو جرسی کی چائے ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔ (۳) دیکھو Blood-root ۔

Red rot : (n) (نباتیات) سرخ روگ : رتّا روگ ۔

Red rover : (n) ایک کھیل جس میں دو ٹیمیں کچھ دوری پر آمنے سامنے کھڑی ہوتی ہیں اور ایک ٹیم کے تمام کھلاڑی کو ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے دوسری ٹیم کی صف کو توڑ کر آگے نکل جانا ہوتا ہے ۔ اس میں ناکام ہونے پر مخالف ٹیم کو ایک نمبر ملتا ہے۔

Red sandal/ -sander/ -sander wood/ -sanders : (n) (۱) ہندوستان اور جزائر مشرق الہند کا ایک درخت ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی جس سے رنگ نکالتے ہیں ۔ (۳) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس سے آرائش کا کام لیا جاتا ہے یا جو آرائش کے کام آتا ہے ۔

Red scale : (n) ایک کھپرے دار کیڑا (جو لال رنگ کا ہوتا ہے اور گرم خطوں میں پایا جاتا ہے اور درختوں کے لئے آفت ہوتا ہے) ۔

Red sea : (n) (جغرافیہ) بحیرۂ قلزم : بحیرۂ احمر ۔

Red seaweed : (n) سرخ کائی ۔

Red-shank(s)/ Red shank : (n) (۱) سرخ پا (انسان خصوصاً اسکاتستان اور آئر لینڈ کی کلٹی قوم کا) (اب صرف تاریخ)۔ (۲) (حیوانیات) سرخ پا چہا : سرخ پا تِلوہ: سرخ پا چڑیا ۔ (۳) فلفل آبی ۔

Red shift : (n) (فلکیات) خطوط طیف کی روشنی سے منتقلی ۔

Red shift : (v) (فلکیات) خطوط طیف کا منتقل ہونا یا ہٹانا یا جانا ۔

Red shirt : (n) (۱) (سیاسیات) سرخ پوش : اس جماعت کا رُکن جس کا امتیازی نشان سرخ لباس ہوتا ہے خصوصاً Guisepipe Garibaldi کی انقلابی فوج کا رُکن ۔

Red-short : (n) [SW. 'Rodskort'.] (فلزیات) جلتا لوہا جو انگارہ ہو کر کرارا بن جاتا ہے : شکنندہ : گرم پھوٹک ۔

Red shortness : (n) شکنندگی : لزدی : کرکراپن (لوھے کی) ۔

Red silky oak : (n) سرخ گابھا : سرخ پختہ لکڑی۔

Red sindhi : (n) ہندوستانی نسل کا ایک دودھ دینے والا جانور ۔

Red siskin : (n) شمالی اور جنوبی امریکا کی ایک چڑیا جسے عموماً پالتے ہیں ۔

Red snapper : (n) بہت سی سرخ قسم کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔

Red snow : (n) قرمزی برف ؛ سرخ برف ؛ بحر منجمد شمال اور کوہ آلپ کی برف جو ایک قسم کی کائی سے سرخ ہو جاتی ھے۔

Red softening : (n) دماغی بیماری جس میں دماغ کے ریشوں سے خون نکلنے لگتا ھے ۔

Red spider : (n) پت مکڑی ؛ ایک کیڑا جو پتّے کھا جاتا ھے۔

Red spot : (n) (علم النجوم) سرخ داغ (مشتری کا) ۔

Red squadron : (n) قدیم برطانوی بحری فوج کے تین بیڑوں میں سے ایک ۔

Red squirrel : (n) دیکھو Chickaree

Red stars : (n) (علم النجوم) سرخ ستارے ۔

Red start : (n) (۱) (طیوریات) لل دُما (پرندہ) ؛ گانے والا ایک یورپی پرندہ ۔ (۲) کیڑا پکڑنے والا ایک پرندہ ۔

Black red start : ایک قسم کا پرند ۔

Red streak : (n) (۱) سرخ سیب ؛ لال سیب ؛ ولایتی سیب ؛ سیبچہ ۔ (۲) اس سے بنائی جانے والی شراب ۔(۳) لال گال والی لڑکی ؛ عارض احمر (لڑکی) ؛ گل گوں (چہرے والی) لڑکی ۔

Red stuff : (n) سرخاب ؛ زعفران ۔

Red suture : (n) آڑو ؛ شفتالو کی ایک بیماری جس کی وجہ سے پختگی سے پہلے ہی سرخی آجاتی ھے ۔

Red-tab : (n) برطانوی فوج کا ایک اعلی افسر جس کے لباس پر لال دھاری ہوتی ھے ۔

Red-tai : (n) ایک قسم کی مچھلی جو جاپان میں بہ کثرت استعمال کی جاتی ھے اور جسے مچھلی دیوتا کی علامت سمجھا جاتا ھے ۔

Red tail :(n) ایک قسم کا باز ؛ شکرا ؛ شاہین ۔

Red-tailed hawk : (n) دیکھو Red tail

Red-tape : (n) دفتری گھس گھس ؛ لال فیتہ شاہی ؛ ضابطہ پرستی ۔

Red-tapist : (n) رسم پرست ؛ ضوابط پرست ۔

Red-thread : (n) ایک نباتاتی مرض ۔

Red throat : (n) ایک آسٹریلیائی مترنم چڑیا ۔

Red tick : (n) ایک قسم کا افریقی طفیلی کیڑا جو جانوروں کے جسم پر بیٹھتا ھے ۔

Red titi : (n) دیکھو Leather wood

Red-top/ Red topgrass : (n) (۱) لال سر والی چیز ۔ (۲) (امریکا) (۳) شلغم ؛ شلجم کی ایک قسم ۔

Tall red-top : (n) ایک قسم کی لمبی سرخی مائل گھاس ۔

Red tree mouse : (n) قطب شمالی کا کترنے والا ایک بڑا چوہا ۔

Red triangle : (n) خطرے کی علامت کی ایک شکل ؛ انجمن جوانان مسیحی (جس کی علامت سرخ رنگ کی مثلث ہوتی ھے)۔

Red tulip oak : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی درخت ۔

Red twig : (n) دیکھو Red root

Red underwing : (n) کیڑے کی ایک قسم ۔

Red viper : (n) (۱) برطانیہ کی افعی جنس کا سانپ ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا زہریلا سانپ ۔

Red-water : (n) (۱) (بیطاری) بَول سرخ ؛ جانوروں کی متعدد بیماریوں میں سے کوئی ایک ؛ مرض البول دموی ؛ تپ وبائی (جس میں سرخ پیشان ہوتا ھے) ۔ (۲) آب سرخ؛ لال پانی ۔ (۳) سمندری پانی جس کا رنگ خراب ہو گیا ہو ۔

Red weed : (n) امریکی پودا ۔

Red wheat : (n) گیہوں ؛ ایک قسم کا گیہوں ؛ سرخی مائل گیہوں ۔

Red whelk : (n) یورپی صدفہ یا گھونگا جو کھایا جاتا ھے۔

Red wine : (n) سرخ شراب ؛ شراب ۔

Red wing/ Red-wing : (n) (۱)(طیوریات)اُم اُباح؛ قسم طوطی؛ سرخ پر ؛ لل پرا ؛ ایک قسم کی چڑیا جس کے ڈینے کا اندرونی

Redcoat / Red-coat : (n) (۱) وہ جو لال کوٹ پہنتا ھے ۔ (۲) لال کرتی : گورا : انگریزی فوج کا سپاہی (انقلابی جنگ کے دوران امریکا میں) ۔

Redd : (v) [ME. 'Radden'.] بچانا : نجات دلانا : چھٹکارا دلانا : رہا کرانا : رہا کرنا ۔

Redd : (v) [ME. 'Radden'.] (۱) (راستہ وغیرہ کو) صاف کرنا : کھولنا : وا کرنا ۔ (۲) تصفیہ کرنا : نمٹانا : ختم کرنا (نزاع وغیرہ کو) : دور کرنا (اختلاف) چکانا ۔ (۳)(خصوصاً بول چال) درست کرنا : منظم کرنا : مرتب کرنا : ترتیب دینا : آراستہ کرنا ۔ (۴) شانہ کرنا : کنگھی کرنا : سلجھانا :سنوارنا ۔

Redd : (n) [MLG. 'Redden'.] (۱) (اسکاتستانی بول چال) تصفیہ : درستگی : ترتیب ۔ (۲) ردی : آخور : کوڑا کرکٹ ۔

Redd : (n) [Origin unkn.] تخم ماہی : حضر سوراخ برائے تخم ریزی ۔

Redd : (a) (خصوصاً اسکاتستان) نئے قبضہ کے لئے صاف کیا ھوا : نئے کرایہ دار کے لئے خالی کیا ھوا ۔

Redden : (v) (۱) سرخ بنانا یا سرخ ھونا ۔ (۲) سرخ ھو جانا (چہرے کا) : خون کا چہرہ پر دوڑ جانا اور چہرہ کو سرخ کر دینا : چہرہ پر سرخی دوڑنا : شرما جانا ۔ (۳) لالی یا شرخی مائل ھونا :لال رنگ میں تبدیل ھو جانا ۔

Reddendum : (n) [L. neut. sing of 'Reddandus'.] (قانون) دستاویز بالخصوص کرائے کی دستاویز کی ایک دفعہ ۔

Reddi : (n) (۱) حیدر آباد دکن کے جنوبی علاقے میں دریائے گوداوری کے ساحل پر آباد ایک قدیم کاشتکار قوم جس کی زبان منڈا ھے ۔ (۲) ریڈی طبقے کا کوئی فرد ۔

Reddish : (a) سرخ گوں : لال گوں : سرخی مائل : قرمزی : احمر : لالی لئے ۔

Reddish egret : (n) وسطی امریکا اور خلیجی ممالک اور ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا ایک اوسط درجے کا بگلا ۔

Reddishness : (n) سرخی : لالی ۔

Reddle : (n) [Var. of Ruddle.] دیکھو Ruddle

Reddleman : (n) لوہا ملی لال مٹی کا تاجر ۔

Rede : (v) [ME. 'Reden'.] (۱) (روزمرہ برطانیہ) قیاس کرنا : اندازہ کرنا : پیشن گوئی کرنا ۔ (۲) (روزمرہ) مشورہ

حصہ لال ھوتا ھے ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک چڑیا : لال ڈینے والی کالی چڑیا۔

Red-winged : (a) لال ڈینے والی (چڑیا) ۔

Red wood/ Red-wood : (a) (اسکاتستانی) غضب ناک : غصے میں بھرا ھوا : تند وتیز ۔

Red wood/ Red-wood : (n) ہر وہ لکڑی جس سے لال رنگ تیار کیا جاتا ھے : ہر وہ درخت جس کی شاخیں (لکڑیاں) سرخ رنگ کی ھوں : (نباتیات) درخت غول : درخت ماموت : بُقَم : پتنگ : مجیٹھ ۔

Red worm : (n) (حیوانیات) سرخ دودھ : سرخ کیچوا (جسے مچھلی کے چارے میں لگاتے ہیں)۔

Red worm disease : (n) گھوڑے کا ایک مرض ۔

Red zinc (ore) : جست کا سرخ آکسائیڈ ۔

Redact : (v) [back for mation f. Redaetion.] (۱) لکھنا : مسودہ تیار کرنا : تسوید کرنا ۔ (۲) (حرفوں کو) جمانا : بٹھانا : جوڑنا : چوکٹھا میں فٹ کرنا ۔ (۳) تصنیف کرنا: تالیف کرنا : تدوین کرنا :مرتب کرنا : تصحیح کرنا۔

Redaction : (n) (۱) (کتب) تدوین : نو ترمیم نسخہ ۔ (۲) حرفوں کی جماوٹ : طباعت کے لئے تیاری : نظر ثانی ۔ (۳) تلخیص : ترجمہ ۔ (۴) اشاعت : جلد ۔

Redactional : (a) تدوینی : اشاعتی ۔

Redactor : (n) [F.] تدوین کرنے والا : مدون : مرتب خصوصاً مدیر ۔

Redactuer : (n) [F.] دیکھو Redactor

Redan : (n) [F. 'Redan'.] دیوار یا دمدمہ کو ایک خاص زاویے سے مضبوط بنانے کا عمل : مثلثی دمدمہ : سموسا دھس ۔

Redargue : (v) [L. 'Redarguere'.] دلائل سے رد کرنا : تردید کرنا : باطل کرنا : کسی بیان کی تردید کرنا ۔

Redargution : (n) [L.'Redargutionem'.] (فلسفہ) تردید : ابطال ۔

Redcap/ Red-cap : (n) (۱) وہ جو لال ٹوپی پہنتا ھے۔ (۲)(برطانیہ) فوجی پولیس کا جوان ۔ (۳) (برطانوی بول چال) ایک قسم کا خوب صورت گانے والا پرندہ جس کے پنکھ پر سنہرے داغ ھوتے ہیں : (عامیانہ) سونے کا سکہ : اشرفی ۔

دینا : نصیحت کرنا ۔ (۳) (روز مرہ) وضاحت کرنا : تاویل کرنا : تطبیق دینا ۔

Rede : (n) (۱) مشورہ : پند : تدبیر ۔ (۲) قصہ : داستان : کہانی۔ (۳) علاج : چارہ : استدلال : واقعہ : وقوع ۔

Redear/ Redear sunfish : (n) جنوبی اور شمالی امریکا کی ایک عام مچھلی ۔

Redelm : (n) (۱) مختلف قسم کے امریکی درخت جن کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف دندانے دار ہوتی ہے ۔ (۲) اُس درخت کی لکڑیاں ۔

Redemise : (n) (قانون) پٹے دار کو زمین کی واپسی : پٹے دار کو زمین کی واپسی کرنا۔

Redemption : (n) [L. 'Redemtionem '.] (۱) انفکاک : مخلصی : نجات : تلافی : چھٹکارا : (قانون) فلك الرہن ۔ (۲) نجات با لکفارہ : نجات : شفاعت (جو حضرت عیسیٰ کی شہادت کی بدولت ہوگی : (سیاسیات) فدیہ : کفارہ : معاوضہ ۔ (۳) وجہ نجات : باعث مخلصی ۔ (۴) ادائیگی زر نقد : خرید : باز خرید : باز خریدگی ۔ (۵) رہائی بذریعہ قیمت : آزادی (قیمتاً) ۔ (۶) مرمت : درستگی ۔ (۷) اصلاح : بہتری ۔ (۸) بدلۂ احسان (بذریعہ نقد)۔ (۹) جائداد کی واپسی خصوصاً مقدمے میں کامیابی حاصل کر کے ۔ (۱۰) (یہودی قانون) (بڑے لڑکے کی طرف) جائداد کی منتقلی کی تقریب ۔ (۱۱) طریقۂ منتقلی : منتقلی کی ہیئت ۔ (۱۲) سزا سے نجات ۔ (۱۳) امتیازی حیثیت کے حصول کی حقیقت (بذریعہ خرید) ۔

Equity of redemption : دیکھو Equity

Without redemption / Past- : نجات : مخلصی آزادی کے امکان کے بغیر یا باہر ۔

Year of Redemption : (n) نجات کا سال یعنی سنہ مسیحی۔

Redemptional : (a) دوبارہ خریدا ہوا : نجاتی : دوبارہ خرید کا یا اس سے متعلق ۔

Redemptioner : (n) (۱) (امریکا) ۱۸ ویں اور ۱۹ ویں صدیوں میں یورپ سے امریکا منتقل ہونے والے (خصوصاً بذریعہ کشتی وغیرہ) ۔ (۲) اپنے آپ کو قرض سے چھٹکارا دلانے والا : اپنے آپ کو الزام سے بری کرنے والا (بذریعہ ادائیگی نقد) ۔

Redemptionist : (n) دیکھو Ransomer

Redemptionless : (a) ناقابل انفکاک : ناقابل نجات : ناقابل شفاعت ۔

Redemptive : (a) [L.'Redemptivus'.] تلافی کا : نجات کا : نجات بخش : تلافی کرنے والا : رہائی بخش : خلاصی دہندہ : چھٹکارا دینے والا ۔

Redemptorial : (a) نجات یا چھٹکارے کا یا اس سے متعلق ۔

Redemptorist : (n) [F. 'Redemtoriste'.] نیپلس (Neples) کے دارا لاعتراف کا ایک ممبر ۔

Redemptorist : (a) نیپلس کے دارالاعتراف کے ممبر سے متعلق ۔

Redeploy : (v) (۱) ایک جگہ یا محاذ جنگ سے دوسری جگہ یا محاذ جنگ پر فوج یا اسلحہ کو منتقل کرنا ۔ (۲) اس قسم کی منتقلی پر عمل کرنا ۔ (۳) نئی جگہ یا نئے کام کے لئے (فوج ، مزدور وغیرہ کو) بھیجنا ۔

Redeployment : (n) (۱) انسان یا سامان کی منتقلی یا بحالی ۔ (۲) نئی جگہ پر (فوج، مزدور) کی روانگی ۔

Redeposit : (v) دوبارہ جمع کرنا ۔

Redeposition : (n) اجتماع نو : اضافۂ نو ۔

Redia : (n) [mod. L. F.'Redi'.] (حیوانیات) ایک قسم کا تخمی کیڑا : ثانوی لاروا : دوم رُوپ : ریڈیا ۔

Redial :(a) ثانوی لاروا سے متعلق ۔

Redif : (n) ردیف : ترکی کی محفوظ فوج (کا سپاہی) ۔

Redifferentiation : (n) نئی اضافی خصوصیت کے ارتقاء کا عمل ، کاروائی یا نتیجہ ۔

Rediffusion : (n) (۱)(خصوصاً برطانیہ) ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام نشر کرنے کی کاروائی یا عمل ۔ (۲) کسی شخص یا ادارہ کی طرف سے ریڈیو ، ٹیلیویژن پر پروگرام کی اشاعت جو خود پروگرام نہیں دیتا ہے : خصوصاً اس قسم کے پروگرام کی اشاعت جو خود پروگرام نہیں دیتا ہے : خصوصاً اس قسم کے پروگرام کی آزادانہ ترسیل ۔

Redingota : (n) [Fr.] (۱) (فرانس میں) ایک بیرونی لباس : ایک قسم کا مردانہ کوٹ ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ کوٹ : زنانہ ترکی کوٹ : ریڈنگوٹ ۔

Redintegrate : (v) [f. L. 'Redintegrat'.] (۱) دوبارہ متحد یا سالم بنانا : پھر سے جوڑنا ۔ (۲) دوبارہ مکمل کرنا : از سر نو

تکمیل کرنا ۔ (۲) مرمت کرنا : درست کرنا : بہتر بنانا۔ (۳) دوبارہ تشکیل کرنا : دوبارہ قائم کرنا : دوبارہ بحال کرنا ۔

Redintegration : (n) [L. 'Redintegrationem'.] (۱) سابقہ حالت یا حیثیت کا حصول : سابق ذہنی حالت کا احیاء ۔ (۲) از سر نو تکمیل : تجدید : اتحاد نو : نو تکمیل : نو اتمام : تجدید اتحاد : تجدید فکر : تجدید نظر ۔ (۳) تشکیل نو: دوبارہ بحالی یا قیام ۔

Redlead/ Red-lead : (n) (۱) سیندور : شنگرف ۔ (۲) دمکتا ہوا لال ۔ (۳) ٹماٹر یا کسی دوسری سرخ چیز کی چٹنی ۔

Redly : (adv.) انقلابی طریقے سے : لال رنگ کے ساتھ : سرخی لئے : سرخی مائل : چمکتے ہوئے : شعلہ فگنی کے ساتھ ۔

Redmaggot : (n) دیکھو Maggot

Redman/ Red-man : (n) سرخ فام : امریکی ہندوستان : سرخ پوست : سرخ فام امریکی : قدیم امریکی باشندہ ۔

Redness : (n) لالی : سرخی : احمرت : انقلاب پسندی : انتہا پسندی ۔

Redo /Re-do : (v) (۱) دوبارہ کرنا : از سر نو کرنا : انجام دینا ۔ (۲) از سر نو آراستہ کرنا : دوبارہ ٹھیک کرنا (کمرہ) : دوبارہ سجانا ۔(۳) کسی کام کو دوبارہ دُہرانا :دُہرانا۔

Redo : (n) تکرار : آرائش : سجاوٹ ۔

Redolence : (n) [OF. f. 'Redolent'.] تیز خوشبو : خوشبو : نکہت : مہک : عطر ۔

Redolent : (a) [L. 'Redolentem'.] (۱) تیز خوشبو والا : خوشبو ۔ (۲) (مجازاً) کسی شخص یا چیز سے مشابہت رکھنے والا : (کسی کی) یاد دلانے والا ۔ (۳)خوشبو سے بھرا ہوا : مہک سے بھرا ہوا: معطّر ۔ (۴) خوشبو دار : عطر افشاں ۔

Redolently : (adv.) معطر طور پر : خوشبو کی طرح سے ۔

Redoubt : (n) [med. L. 'Reductus'.] گڑگج : (مثمن یا مربع) : خوف زدہ ہونا : دمدمہ : استحکامات ۔

Redoubt : (v) [F. 'Redouter'.] ڈرنا : ڈرانا : خوف کھانا : خوف زدہ ہونا ۔

Redoubtable : (a) [F. 'Redoutable'.] (۱) زبردست : قوی : خوفناک: سخت : ترس ناک ۔(۲) بہادر: دلیر : رعب دار : با ہیبت: مشہور و معروف : نامور : اعلیٰ مرتبت۔

Redoubtably : (adv.) بہادری کے ساتھ : شجاعانہ ۔

Redoubted : (a) دیکھو Redoubtable

Reddound : (v) [L. 'Redundare'.] (۱) سرکشی کرنا : نافرمانی کرنا: اوپر آنا ۔ (۲) حد سے تجاوز کرنا : بہت زیادہ بڑھ جانا: غالب آ جانا ۔ (۳) بڑھانا : سوا کرنا : اضافہ کرنا : (وجہ) افزائش ہونا ۔ (۴) رجوع ہونا : مائل ہونا : رہنما ہونا (واقعات کا کسی خاص نتیجے کی طرف) ۔ (۵) عنایت اور مرحمت کا برتاؤ موقوف کرنا : جاہ و منصب چھین لینا : ذلیل کرنا : رسوا کرنا ۔ (۶) حاصل ہونا : میسر ہونا : حاصل ہونا (بطور نتیجہ تا ثمر) ۔ (۷) پلٹ کر آنا : رد عمل ہونا: پیچھے ہونا: باز گشت کرنا : پلٹنا ۔(۸)منحصر ہونا: انحصار ہونا ۔

Redowa/ Redowak : (n) [Fr. or G.] انیسویں صدی کے دور کے مشہور قصوں میں سے کوئی ایک : ایک سہ ضربی رقص جو والٹز (Waltz) کے مشابہ ہوتا ھے : ۲/۴ ضربی رقص پولکا کے مشابہ ہوتا ھے ۔

Redox : (n) (کیمیا) تحویل تکسید : تقلیل متقابل ۔

Redoxide : (n) سرخ مٹی : سرخ آہنی مٹی ۔

Redpoll/Red-pole : (n) (حیوانیات) خوش نوا پرندوں کی چندقسمیں: رُقَیقیّہ ۔

Yellow redpoll : (n) ترنمی پرندہ : پرندوں کی ایک قسم کا نام جس میں بلبل وغیرہ شامل ہیں ۔

Redpoll/ -polled : (n) (۱) برطانیہ کا ایک تیزی سے بڑھنے والا اور بہت دنوں تک زندہ رہنے والا بے سینگ جانور جو دہرے مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔ (۲) سرخ بال والا جانور : ریڈ پول نسل کا جانور ۔

Redpolls : (n) (حیوانیات) سرخ مویشی : شاخ بریدہ :سرخ مُو مویشی۔

Redrag/ Red-rag : (n) (۱) اشتعال انگیز چیز ۔ (۲) لال گُھن (جو اناج میں لگ جاتا ھے): زنگ گندم ۔ (۳)(عامیانہ)زبان۔

Like a redrag to a bull : اشتعال انگیز : غیظ و غضب کی وجہ۔

Redress : (n) [AFr. 'Redresse'.] (۱) تلافی : تدارک : حق رسانی: داد رسی : کمک ۔ (۲) ترمیم : اصلاح : تعمیر : مرمت : ٹھیک کرنے کا عمل ۔ (۳) وسیلۂ نجات یا اصلاح : وسائل

اصلاح و ترمیم۔

Redress : (v) [Fr. 'Redresser'.] (۱) درست کرنا : تزاوز کرنا : سیدھا بٹھانا : ٹھیک ٹھاک کرنا : تصحیح کرنا : مرمت کرنا؛ دوبارہ ترتیب دینا۔ (۲) تلافی کرنا : تعدیل کرنا : خرابی مٹانا : تدارک کرنا : دور کرنا (پریشانی) : دور کرنا ۔ (۳) چارہ سازی : حق رسی : داد رسی کرنا : اصلاح کرنا ۔ (۴) پورا کرنا : معاوضہ دینا۔ (۵) ترمیم کرنا : اصلاح کرنا ۔ (۶)بدلہ لینا : انتقام لینا : جواب دینا: جوابی اقدام کرنا ۔ (۷) (طیارہ کو) معمول کے مطابق حالت پرواز میں واپس لانا۔

To dress the balance : دوبارہ مساوات قائم کرنا۔

Redressable : (a) قابل درستگی : ٹھیک کرنے کے لائق۔

Redressal : (n) دیکھو Redress (n)

Redresser : (n) اصلاح کرنے والا : (غلطی کی) تصحیح کرنے والا : ٹھیک کرنے والا : درست کرنے والا : خرابی مٹانے والا۔

Redressment : (n) دیکھو Redress (n)

Redressor : (n) درست کرنے والا : تعدیل کرنے والا: سیدھا بٹھانے والا : تلافی کرنے والا : خصوصاً سرجری میں تبدیل کرنے والا؛ (آلہ کو) بدلنے والا : راست ساز۔

Redrice : (n) (۱) چین کی ترکاری کا رنگ ۔ (۲) جنگلی چاول۔

Redrier : (n) سُکھانے والا عنصر خصوصاً پلائی وُوڈ کو۔

Redring : (n) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتیوں اور تنوں پر سرخی مائل دھبے پڑ جاتے ہیں۔

Redrobin : (n) (۱) دیکھو Redbreast ۔ (۲) دیکھو Scarlet Tanager.

Reds : (n) (سیاسیات) سرخ پوشاں۔

Redsage : (n) ایک درخت جس کے پھول کے گچھے پہلے زرد ، گلابی ہوتے ہیں پھر نارنجی ہو جاتے ہیں۔

Redside dace : (n) مرکزی شمالی امریکا کی ایک چھوٹی مچھلی۔

Redskin : (n) سرخ خام : سرخ جلد : لال چمڑی والا(شمالی امریکا)۔

Reduce : (v) [L. 'Reducere'.] (۱) (جراحی) (ہڈی یا جوڑ) بٹھانا : چڑھانا : اصلی حالت پر لانا : ٹھیک کرنا (فریکچر وغیرہ کو) (طب) جوڑ بٹھانا ۔ (۲) عمل میں لانا: حرکت میں لانا (نظریہ وغیرہ کو) ۔ (۳) (ضبط و انضباط کا) پابند بنانا : عادی بنانا : ضبط کرنا ۔ (۴)بدلنا : تحویل کرنا : تحلیل کے دوسری شکل میں لانا؛ استحالہ کرنا : احیاء کرنا : پہلی صورت یا شکل میں لانا۔ (۵) (کیمیا) تحویل کرنا : آکسیجن کو مرکب سے ہٹانا : (ریاضیات) کم کرنا : حل کرنا: (فوٹوگرافی) ہلکا کرنا ۔ (۶) (اقسلم میں) تقسیم کرنا : تبویب کرنا : تبدیل کرنا : تقسیم بندی کرنا۔ (۷) مطابق کرنا : تطبیق کرنا : توفیق کرنا : موزوں بنانا : مناسب بنانا : ترتیب میں لانا ۔ (۸) مغلوب کرنا : دبانا : زیر کرنا : مطیع کرنا : مقید کرنا : فتح کرنا : (خصوصاً شہر ،قلعہ وغیرہ) تسخیر کرنا ۔ (۹) (بہ صورت مجہول) مجبور ہونا : مجبور ہو کر کرنا : (کسی شخص کو) کوئی کام کرنے کے لئے مجبور کرنا ۔ (۱۰) مفلس کرنا : محتاج کرنا : پست کرنا : پہنچانا (بری حالت کو) ۔(۱۱) کمزور کرنا : گرا دینا : گھٹا دینا : پست کر دینا : محدود کر دینا : کم کر دینا : تعداد کم کرنا : جھکا دینا : کم ہونا : گھٹنا : گھٹانا: تخفیف کرنا : مختصر کرنا : کوتاہ کرنا : محدود ہو جانا :ضعیف یا لاغر کرنا ۔ (۱۲) (علم النجوم) (مشاہدۂ فلکی کو) مخصوص جگہ یا مقام میں تصرف کرنا : (مشاہدہ فلکی کو) مناسب بنانا ۔ (۱۳) ریکارڈ بنانا : ریکارڈ میں لانا (تحریر کو) نقشہ میں اُتارنا ۔ (۱۴) خاص انتظام میں لانا : خاص ترتیب میں لانا : خاص شکل میں لانا ۔ (۱۵) مختلف جسمانی حالت یا شکل میں تبدیل کرنا ۔ (۱۶) پیسنا : پیس ڈالنا : ستانا : ظلم کرنا : سفوف بنا ڈالنا ۔ (۱۷) (معدنیات) کچی دھات کو دھات میں بدل دینا : فلز کو دھات بنا دینا : کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : سوندھنا ۔ (۱۸)(مٹی کو) ریزہ ریزہ بنا دینا : زائل کرنا : حذف کرنا : ثبت کرنا ۔ (۱۹) (منطق) صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنا : قیاس منطقی کی ایک شکل کو دوسری شکل میں تبدیل کرنا : غلط حالت سے صحیح شکل میں لانا۔ (۲۰) (قانون) قبضہ یا دخل میں لانا (ملکیت) ۔ (۲۱) جسمانی طور پر کمزور کرنا یا ہونا۔

To reduce anomalies to rule : بے قاعدہ صورتوں کو کسی قاعدے کے ماتحت لانا۔

To reduce rule to practice : اصول کو عمل میں لانا۔

To reduce the establishment : عملے میں تخفیف کرنا۔

To reduce to the rank : (فوج) (نان کمیشنڈ افسر کے) عہدہ کو گھٹا دینا : عہدہ کم کر دینا : عہدے میں تخفیف کرنا۔

Reduced : (a) (۱) گھٹایا ہوا : کم کیا ہوا : کم شدہ : تخفیف شدہ۔ (۲) بقیہ : جو گزری ہوئی چیز کے نشان کے طور پر

باقی ہو ۔ (۳) مفلس : کنگال ۔ (۴) مُکَسَّر ۔ : (نباتیات) سادہ ساخت : (ریاضیات) تحویل شدہ : محلول ۔

Reduced agent : (n) (کیمیا) مکسر عامل ۔

Reduced area : (n) (معدنیات) تحلیل رقبہ : رقبۂ تحلیلیہ ۔

Reduced circumstances : (n) فراغ کے بعد تنگدستی یا مصیبت کی حالت ۔

Reduced eye : (n) (نفسیات) سادہ چشم ۔

Reduced fertilization : (n) سادہ مارووری ۔

Reduced level : (n) (جراحی) تحویل شدہ ارتفاع ۔

Reduced officers : (n) تخفیف شدہ عہدہ دار ۔

Reduced pressure : (n) (طبیعیات) تحویل شدہ دباؤ ۔

Reduced prices : (n) کم شدہ قیمتیں ۔

Reducent : (a) (۱) (نباتیات اور حیوانیات) تقلیل دہندہ : وہ جو کسی خاص حصے سے پیچھے کی طرف کھینچتا ھے (عضلات) : عامل احیاء کنندہ ۔ (۲) (طب) غذا کی کمی سے پستی ۔

Reducibility : (n) (۱) تخفیف کرنے والا : گھٹانے والا : کم کرنے والا : پابند بنانے والا ۔ (۲) (فوٹوگرافی) تلطیفی عامل : (کیمیا) تحویل عامل ۔ (۳) مغلوب کرنے والا : مطیع کرنے والا : فاتح:تحویل کرنے والا : تحلیل کرنے والا ۔

Reducibility : (n) تحویل پذیری : استحالہ پذیری : تقسیم پذیری : تخفیف : کمی پذیری : حل پذیری ۔

Reducible : (a) [L.'Reducibilis'.] تحویل پذیر : قابل تبدیل : استحالہ پذیر : قابل انضباط : تقسیم پذیر : کم کردنی : کاہش پذیر : قابل اختصار : قابل تخفیف : قابل تقلیل: ممکن التسخیر : جو مطیع یا مغلوب کیا جا سکے : (کیمیا) تحویل پذیر : (ریاضیات) حل پذیر : تحویل پذیر ۔

Reducible equation : (n) تحویل پذیر مساوات ۔

Reducible hernia : (n) دینے والا فتق : فتق الغمازی ۔

Reducibleness : (n) دیکھو Reducibility

Reducibly : (adv.) تحویل پذیری کے ساتھ : تخفیف کے ساتھ ۔

Reducing : (n) (۱) تحویل : تغیر : تشکیل : استحالہ ۔ (۲) ترتیب: تسخیر : تخفیف : کمی : منہائی ۔ (۳) (کیمیا ، ریاضیات) تحویل ۔ (۴) پابند بنانا : عادی بنانا ۔

Reducing agent : (n) (کیما) تحویل عامل ۔

Reducing compasses : (n) تحویلی پرکار : تحویلی رقبی ۔

Reducing coupling / -piece : (n) تحویل کُندا : دو پرزوں کو ملانے والا حلقہ : تحویلی حلقہ : مختلف سائز کے پائپ کو ملانے والا کُنڈا ۔

Reducing factor : (n) (ریاضیات) تحویلی جُز : ضربی ۔

Reducing properties : (n) (کیمیا) تحویلی خواص ۔

Reducing valve : (n) اسٹیم انجن میں دباؤ کم کرنے والا کھل مندن : تحویلی کھل مندن ۔

Reducing works : (n) وہ مقام یا جگہ جہاں فلزاتی دھات مُکسّر کی جاتی ہیں ۔

Reductant : (n) دیکھو Reducing Agent

Reductio and absurdum : (n) (۱) (منطق) کسی اصول کے غلط ہونے کا ثبوت اس کے نتائج کو مہمل ثابت کرنے سے ۔ (۲) کسی اصول پر اس حد تک عمل کرنا یا زور دینا کہ وہ مہمل ہو جائے ۔

Reduction : (n) [L. 'Reductionem'.] (۱) تحویل : تغیر : تشکل : استحالہ : تبدیل ۔ (۲) انضباط : تبویب : تقسیم : ترتیب۔ (۳) تخفیف : تقلیل : کمی : گھٹائی : منہائی : اختصار : کاہش ۔ (۴) تسخیر : مغلوب کردگی : مطیع کرنا ۔ (۵)مختصر شبیہ یا نقشہ وغیرہ : مختصر شکل (تصویر یا نقشے کی) ۔ (٦) (ریاضیات) ایک قاعدہ جس سے نسب نما میں تبدیل کی جاتی ھے : حل : تحویل ۔ (۷)(کیمیا) تحویل : استحالہ (منطق) : احالہ : (حیوانیات) جبر : بٹھاؤ : (معاشیات) تقلیل : تخفیف : (سیاسیات) : تنزل : خرد سازی : تصغیر : (فوج) تلطیف : ہلکا کرنا ۔ (۸) احیاء : احالہ : جا اندازی ۔ (۹) نقصان : تعلیق ۔ (۱۰) (جراحی) اصلی حالت میں لانے کا عمل : ٹوٹی ہوئی ہڈی وغیرہ کو ٹھیک کرنے کا عمل ۔ (۱۱)تسخیر : قبضہ : فتح : (خصوصاً کسی شہر کی تسخیر) :قبضہ میں کرنے کا عمل ۔ (۱۲) (منطق) صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنے کا عمل : قیاس منطقی کی ایک شکل کو دوسری شکل میں بدلنے کا عمل : قیاس منطقی کی

صحت کو ثابت کرنے کایہ طریقہ کہ اس کے نتیجے کی ضد دونوں قضیوں کے ناموافق ہے ۔ (۱۲)مخصوص حالت یا شکل میں تبدیلی؛ دوسری شکل میں کمی (خصوصاً کیمیائی عمل کے ذریعہ) ۔ (۱۴) کچی دھات کو پگھلانے کا عمل ۔

Reduction compasses : (n) دیکھو Reducing compasses

Reduction crusher : (n) کوئلہ ، پتھر ، دھات وغیرہ کو ریزہ ریزہ کرنے والی مشین ۔

Reduction division : (n) تحفیفی انقسام ۔

Reduction factor : (n) (الیکٹرک) تحویلی جُز ۔

Reduction graph : (n) (کیمیا) تحویلی ترسیم ۔

Reduction of level : (n) (جراحی) تحویلی ارتفاع ۔

Reduction to the absurd / -to absurdity : دیکھو Reductio ad absurdum

Reduction tube : (n) (کیمیا) تحویلی نلی ۔

Reduction works : (n) فلزاتی دھات کو تخفیف کرنے کاکام ۔

Reductional : (a) تحویل : تغیر: تخفیف : تسخیر کا یا اُس سے متعلق ۔

Reduit : (n) [L. 'Reductus'.] (فوج) بالاحصار : چور مورچہ : پچھلا گڑگچ : پس دمدمہ ۔

Redundance : (n) [L. 'Redundatia'.] زیادتی : کثرت : فالتو دولت ۔

Redundancy : (n) زیادتی : کثرت : فراوانی : حشویت : زائد ہونا : فضول ہونا : سطحیت : فضول چیز : فالتو دولت : بے ضرورت چیز۔

Redundant : (a) [L. 'Redundantem'.] (۱) سطحی : فاضل : حشو و زائد : بھرتی کا؛ زیادتی : زائد ۔ (۲)وافر : بھر پور : کثیر: فراواں : افزوں : خطیر : بہت زیادہ ۔ (۳) غیر اہم : حقیر ۔ (۴) ملازم کے یا اُس کے عہدے کا جسے ضروری نہیں سمجھا جائے۔

Redundant member : (n) ممبر جو حمایت کے لئے ضروری نہ ہو : غیر ضروری ممبر ۔

Redundant verb : (n) فعل جس کی متبادل شکلیں ہوں (جیسے فعل ماضی) ۔

Redundant underwing : (n) کیڑے کی ایک قسم ۔

Redundantly : (adv.) سطحی طریقے سے : سطحیت کے ساتھ : بھرتی کے طور پر : حشو کے طور پر : بہ کثرت : فراوا نی سے ۔

Ree : (n) [Var. of Reeve.] کبوتری ۔

Ree/ Rye : (v) [Origin unkn.] (۱) پھٹکنا : چھاننا ۔ (۲) چھان بین کرنا : جانچ پڑتال کرنا ۔

Ree : (a) (۱)خلاف عقل؛ خلاف منطق؛ غیر منطق ؛لغو: نا معقول : مہمل ۔ (۲) غیر ذی رو ح : بے عقل ۔ (۳) (ریاضیات) اصم : مقدار اصم ۔ (۴) وحشی : دیوانہ: مست ۔

Ree wheat grass : (n) اس گھاس کی ایک درمیانی قسم جس کی جڑیں دور تك پیوست ہوتی ہیں ۔

Reebok : (n) [DU. Roe-buck.] جنوبی افریقہ کا پہاڑی بکرا : بُز کوہی ۔

Reed : (n) [OE. 'Hreod'.] (۱) نرسل : ملك : لے : سرکنڈا ۔ (۲) نَے کی پتی : پتاور :سو پتیا : بینڈ (چھپر کے لئے) ۔ (۳)(شعر) تیر : نَے : بنسری : مُرلی : گوالوں کے گیت : چرواہوں کے گیت : دیہاتی شاعری : چھند ۔ (۴)(باجوں کی) منہال (جسے منہ سے لگا کر بجاتے ہیں) (عموماً جمع میں) ۔ (۵) نلکیاں : نلیاں (لوہے وغیرہ کی) : غابات ۔ (۶) منہ سے بجانے کے باجے : منہ باجے ۔ (۷) چھجہ : کنگھی (بنکروں کی) : چھجی۔ (۸)لاغر و ضعیف (آدمی یا شے) ۔ (۹) نَے یا نرسل کا جھنڈ ۔ (۱۰) نرسل (جس سے چھپر بنایا جائے : نرسل (بہ طور سامان)۔ (۱۱) نرسل وغیرہ سے بنائی ہوئی چٹائی : کچّی (جس سے ٹوکری وغیرہ بناتے ہیں)۔ (۱۲) پتلی لچك دار زبان (جو بعض باجوں میں ہوتی ہے اور بجانے سے حرکت میں آتی ہے)؛ زبانۂ نَے : زبانہ نے دار ۔ (۱۳) گگّی (پیمائش کی) : نَے وغیرہ سے بنایا ہوا آلہ : یہودیوں کا قدیم پیمائشی آلہ جو چھ گز کا طویل ہوتا تھا ۔ (۱۴) دیکھو Reed stop . (۱۵)(حیوانیات) شکمیہ : معدۂ چہارم ۔

Beating reed / Striking - : (بانسری بجاتے وقت) انگشت زنی ۔

Bed of reeds : (نباتیات) نَے زاد ۔

Broken reed : ناقابل اعتبار سہارا : ناقابل اعتبار آدمی۔

Ezeiel's reed : یہودیوں کا قدیم پیمائشی آلہ جو چھ گز کا ہوتا تھا۔

Free reed : بانسری : نَے ۔

To lean on a reed : تکیہ بر آب کرنا : موہوم سہارا لینا : بودا سہارا لینا ۔

Reed : (v) (۱)چھپر چھانا : چھپر بنانا : نرسل چھانا (نرسل سے) بینڈ باندھنا ۔ (۲) نلیاں بنانا : (آرائش کے لئے) غابہ کرنا : نرسل وغیرہ سے آرائش کرنا ، سجانا ۔ (۳)منہائی لگانا : کھونٹیاں لگانا : نرسل بٹھانا (بانسری وغیرہ باجوں میں) : بانسری بنانا۔ (۴)چھچھی سے دھاگا نکالنا ۔ (۵) شکن ڈالنا : سلوٹ ڈالنا ۔

Reed-babbler : (n) (۱) ایک چھوٹا سا یورپی پرندہ ۔ (۲) دیکھو Reed-warbler ۔

Reed back : (n) کج پشت : کج پشتا ۔

Reed bed : (n) نرسل کا فرش : نرسل کا بستر ۔

Reed-bent : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Reed-bird : (n) (۱) صُفّاریہ : امریکی چڑیا : بہت ساری ایشیائی چڑیوں میں سے کوئی ایک ۔ (۲) دیکھو Sedge-warbler۔

Reed-buck : (n) ہرن کی ایک قسم ۔

Reed-bunting : (n) (۱) دَرَستہٴ نَے (پرند) ۔ (۲) ریشی پُھدکی (پرند) ۔

Reed-fish : (n) مغربی افریقہ کی ایک لمبی مچھلی ۔

Reed-grass : (n) (نباتیات) نرسل : نَے ۔

Reed green : (n) ہلکا زرد ۔

Reed-mace :(n) ناگر موتھا : سعد کوفی :ایک قسم کی گھاس جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ھے : پاخری ۔

Reed mark : (n) دھاگا یا چھچھی کی خرابی کی وجہ سے کپڑے پر تانے کا نشان ۔

Reed meadow grass : (n) گھاس؛چارہ : چری (خصوصاً شمالی امریکا میں) ۔

Reed organ : (n) ہارمونیم وغیرہ ۔

Reed pen : (n) کلک ۔

Reed pheasant : (n) پھدکی : ریشی پھدکی : دڑ ھیل پھدکی : ایک قسم کا پرندہ ۔

Reed pipe : (n) بانسری : نَے : مرلی (وغیرہ باجے) : تُرئی : پتی دار نل۔

Reed shed : (n) (پودے وغیرہ کو دھوپ سے بچانے کے لئے) نرسل سے بنایا ہوا چھجّا۔

Reed sparrow : (n) دیکھو Reed bunting

Reed splicing : (n) (نباتیات) کلکل پیوندی ۔

Reed stop : (n) (باجے کی) کھونٹی (نرسل بانس کی) : پردہ ۔

Reed warbler : (n) سمسک ، چکاوک وغیرہ کی جنس کے پرندوں کی قسمیں :ایک چھوٹا سا یورپی پرندہ ۔

Reed-wolf : (n) گیدڑ جو جزیرۂ دنیوب کے نرسل کی جھاڑیوں میں رہتا ھے ۔

Reed-wren : (n) دلدلی پھدکی : ایک امریکی چڑیا ۔

Reeded : (a) نرسل سے چھایا ہوا : نرسل سے ڈھکاھوا : نرسل بھرا: نَے وغیرہ سے سجایا ہوا : نَے دار ۔

Reedify : (v) [Late L.'Reaedificare'.] (۱) دوبارہ تعمیر کرنا : پھرسے بنانا : تجدید کرنا : نئے سرے سے بنیاد رکھنا ۔ (۲) دوبارہ قائم کرنا یا باندھنا (اُمید ، آس) : پھرسے بنانا (جسم کو) ۔

Reeding : (n) (۱) نرسل سے چھانے کا عمل: نرسل سے آرائش ۔ (۲) سکّے کے کنارے کی مہین کاری ۔

Reeding-plane : (n) وہ رندہ جو نے ، بانسری بنانے میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Reedling : (n) (حیوانیات) ولایتی پھدکی : یورپی پھدکی : ریشی پھدکی : ایک پرند جسے داڑھی ھوتی ھے ۔

Reeducate : (v) (۱) جسمانی طور پر معذور شخص کو تربیت دینا (پٹھوں کو مضبوط بنانے کی) ۔ (۲) نیا رجحان یا نئی عادت پیدا کرنا ۔

Reeducative : (a) تربیت دینے کی صلاحیت یا اختیار ۔

Reedy : (a) [ME.] (۱) نرسل بھرا : پُراز نَے : جھنڈ دار : جھنڈیلا ۔ (۲) نرسل کا : نَے کا : نَے جیسا : نلکیوں کا : نرسل سے بنا ہوا : نرسل جیسا لمبا اور نلکی نما ۔ (۳)کمزور: دبلا

پتلا : نحیف و نزار : سر کنڈے جیسی سوئی (گھاس) ۔ (۳) بانسری جیسی تیز : خش ۔

Reef : (n) [MDu.] (۱) باد بانچہ : بال پردہ : بادبان پردہ (یہ تین یا چار ہوتے ہیں اور ان کے کھولنے یا باندھنے سے کشتی کی رفتار کم و بیش ہوتی ہے) ۔ (۲) کشتی رانی کی مسافت میں باد بانچہ کے ذریعہ تخفیف ۔

To take in a reef : (۱)باد بانچہ لپیٹنا ۔ (۲) احتیاط سے چلنا : پھونك پھونك کر قدم رکھنا ۔

Reef : (n) (۱) (جغرافیہ) ساحلی سنگستان : پتھریلا ساحل؛ (کنار آب)ریتی : ترائی : شعب البحر: صخرۂ آب گیر: جزیرہ نما ۔ (۲) (کان کنی) رگ زر : طبقہ حجری : خام لوہے کا ذخیرہ ۔ (۳) دیکھو Reef sponge ۔

Coral reef, Barrier reef : جزیرہ مرجان ۔

Reef : (v) (۱) دوبارہ باد بانچہ لپیٹنا : چھوٹا کرنا (باد بان کو) ۔ (۲) کشتی رانی کی مسافت میں تخفیف (بادبان کو لپیٹنے کے ذریعہ) کرنا ۔ (۳) بادبان کو جھکانا ۔ (۴)(ڈھرّے کے مرکز میں پانی نکالنے والے پہیے کے تختوں کو متحرك کر کے) پاؤں دان بدلنا ۔

Reef : (v) کان میں کام کرنا ۔

Reef : (n) خارش : جلدی مرض ۔

Reef-band : (n) گوشۂ باد بان : باد بان کا کنارا ۔

Reef-builder : (n) مرجانی کیڑا جو مرجانی چٹان بناتا ہے ۔

Reef-crab : (n) ایك چھوٹا آسٹریلیائی کیکڑا جو بادبانی بناٹی کے لئے ایك آفت ہے : یہ بڑی تعداد میں جالوں میں گھس کر اُن کو کاٹ کر برباد کر دیتا ہے ۔

Reef-goose : (n) کنا ڈائی ہنس ۔

Reef heron : (n) سفید اور نیلگوں رنگ کا آسٹریلیائی بگلا ۔

Reef-knot : (n) باد بانی گرہ : چوکونی گرہ : دہری گرہ ۔

Reef-knot : (v) چوکونی گرہ باندھنا : چوکونی گرہ لگانا : دُہری گرہ سے باندھ کر مضبوط کرنا ۔

Reef line : (n) بادبانی کے ساتھ ایك سیدھ میں کسی ہوئی چھوٹی چھوٹی رسیاں جو بادبان کو سیدھا رکھتی ہے جس سے کشتی رانی میں آسانی ہوتی ہے : بادبان کش رسی ۔

Reef-netting : (n) جال کے ذریعہ ماہی گیری ۔

Reef-point : (n) دیکھو Reef line

Reef-sponge : (n) مغربی ہندوستان کا انتہائی ملائم تجارتی اسفنج ۔

Reef's barrier : (n) سدّ مرجان : جزیرہ مرجان ۔

Reefable : (a) جو لپیٹا یا کھولا جا سکتا ہو ۔

Reefer : (n) (۱) بادبانچی : (عامیانہ) نا خدا : مددگار کپتان ۔ (۲) دُہری گرد ۔ (۳) موٹی دُہری صدری : دُہرا سینہ بند : (ریفنگ جیکٹ) موٹے کپڑے کا چست کوٹ ۔

Reefer : (n) سگریٹ (تمباکو کی سوکھی پتیوں اور پھولوں سے بنایا ہوا) ۔

Reefer : (n) (۱) دیکھو Refrigerator. (۲) ریفریجریٹر گاڑی ۔

Reefing : (n) باد بان لپیٹنے کا عمل : باد بان لپیٹنا ۔

Reefing jacket : (n) موٹے کپڑے کا دُہرے سینہ بند والا کوٹ : موٹی دُہری صدری ۔

Reefy : (a) (۱) ریت یا چٹانوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) صخری یا ریتی اشیا والا ۔

Reek : (n) [OE. 'Rec'.] (۱) (ادبی زبان اور اسکاچستان) دھواں : دخان : بخار : بھاپ : ابخارات : بدبو : بھبکا(بوکا) ۔ بساندی : گندھی : دھواں بھری ہوا یا فضا : دور ابر مانند ۔ (۲) تودہ : انبار : ڈھیر : انبوہ ۔

Reek : (v) [OE. 'Recocan'.] (۱) دھواں اٹھنا : (جلنے کے بعد) بھاپ اٹھنا : آبخرہ نکلنا : بھاپ نکلنا ۔ (۲) بھپکا نکلنا : بو آنا: بو دینا (تمباکو ، خون وغیرہ کی اور استعارتاً تصنع اور قتل وغیرہ) : بدبو نکلنا : بدبودار ہونا : متعفن ہونا ۔ (۳) دھوئیں میں ڈال دینا : دھوئیں سے سکھانا : دھونی دینا: بخارات کے ذریعہ وبائی مادہ کو صاف کرنا : ہوا کو دھواں دے کر صاف کرنا ۔ (۴) کالك پھیرنا : کالك لگانا : ہوا کو دھوئیں سے کالا کرنا ۔ (۵)بھرنا : انبار لگانا : ڈھیر کرنا ۔

Reeker : (n) دھواں دار : بدبو دار : بو دار ۔

Reeky : (a) (۱) دھواں بھرا : دھواں سے بھرا : پُر دخان : دخانی : دھندلا : کہریلا ۔ (۲) دھوئیں سے کالا : دھواں دینے والا : جس میں سے دھواں نکلتا ہے ۔ (۳) دھواں جیسا؛ بخار دار : دود زدہ : سیاہ شدہ (دھواں سے)۔ (۴)بدبو۔

Reel : (n) [OE. 'Hreol'.] (۱) چرخی : چکلی : گِرِّی : ریل (دھاگے کی): (سنیما) ریل : (سنیما) ریل کی لمبائی ۔ (۲) گولا : بیلن: چکری (سوت وغیرہ لپیٹنے کی) : پیچ : جروک ۔ (۳) چکر : پھرکی : لٹو : اٹیرن : مہرہ : چرخا : قرقرہ : حلقہ ۔ (۴) ڈاک ٹکٹ کا گول پلندا ۔ (۵) بہت ساری مشینوں میں سے ایک گردشی پرزہ : گھومتے رہنے والا پُرزہ ۔

Off the reel : مسلسل: پے بہ پے : متواتر : پیہم : بلامداخلت: بے تامل : فرفر : فی البدیہہ ۔

Reel : (n) (۱) شورش : ہنگامہ : فساد : بلوا ۔ (۲) شورش : شور و غل: چیخ پکار : غوغا ۔ (۳) بے چینی : شورش قلب : جوش جذبات ۔ (۴) چکر: گردش : دور : ڈگمگاہٹ : لغزش ۔

Reel : (n) (۱) رقص : رقص دوری : کوہستانی رقص : کھروا ۔ (۲) اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی باشندوں کا ایک نشاط انگیز رقص : اسکاچستانی رقص ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی۔ (۴) کنواریوں کا رقص : رقص دو شیزگاں ۔ (۵) (عامیانہ) رقصی گیت : نغمۂ رقص ۔

Virginia reel : (n) (۱) امریکا کا دیہاتی رقص۔ (۲) کنواریوں کا ناچ ۔

Reel : (n) سڑک کوٹنے کا ہتھوڑا : مرصع کاری کی ہتھوڑی ۔

Reel :(v) [Late ME.] (۱) لپیٹنا (چرخی پر) : چڑھانا : اٹیرنا ۔ (۲) چرخی چلانا : ریشم کھولنا : (چرخی سے) اتارنا : چرخی پھرا کر ڈور کھینچنا (مچھلی وغیرہ کی) ۔ (۳) فرفر دُہرانا : فراٹے بھرنا ۔ (۴) (ٹڈے وغیرہ کا) کٹ کٹ کرنا : چٹ چٹ کرنا ۔

Reel : (v) (۱) چکرانا : گھومنا : گھیر میں ہونا : چکا چوند ہو جانا ۔ (۲) لرزنا : لڑکھڑانا : ڈگمگانا : جھومنا : جھکولے کھانا : جھٹکے پانا : بے قابو ہونا : افتان و خیزاں ہونا : گر گر پڑنا : چکر آنا (صدمہ سے) : پس و پیش میں ہونا ۔ (۳) ہلتا ہوا نظر آنا : چکرکھاتا دکھائی دینا : جھونکے کھانا : جھکنا ۔ (۴) مختلف ہونا : بد حواس ہونا : سر چکرانا ۔ (۵) (میدان جنگ میں) کسی کنارے چلے جانا : کنارے میں ہونا : میدان خالی کرنا ۔ (۶) ہلانا : ڈولانا : کھٹکھٹانا : کھڑکھڑانا : حرکت دینا : متاثر کرنا ۔ (۷) حکومت کرنا : صاحب اقتدار ہونا یا اختیار ہونا ۔ (۸) اُفتاں وخیزاں چلنا : گرتے پڑتے چلنا : جسم کو ہلاتے ڈلاتے چلنا ۔ (۹) تیزی سے حرکت کرنا : دوڑنا : اڑنا : پرواز کرنا : ہوا ہو جانا۔

Reel : (v) کوہستانی رقص : دیہاتی ناچ : گاتے ہوئے ناچنا ۔

Reel off : (v) تیزی سے پڑھنا : فرفر پڑھنا : فراٹے کے ساتھ کہنا یا بیان کرنا ۔

Reel oven : (n) چرخی دار چولہا : پہیا دار تنور ۔

Reelable : (a) لپیٹنے کے لائق : چرخی میں لپیٹنے کے قابل : قابل پچیدن ۔

Reelrall : (n) اختلال : شورش : فساد ۔

Reelect : (v) دوبارہ چُننا : دوبارہ منتخب کرنا : دوسری میعار کے لئے منتخب کرنا ۔

Reeled : (a) چرخی پر لپیٹا ہوا : پیچ و خم کے ساتھ لپیٹا ہوا ۔

Reeled silk : (n) اعلیٰ درجہ کا خام ریشم یا سلک(لپیٹا ہوا)۔

Reeler : (n) (۱) لپیٹنے والا : چرخی پر لپیٹنے والا (دھاگا وغیرہ) ۔ (۲) لپیٹنے کی مشین ۔(۳) سنیما(متعدد ریلوں کا)۔

Reeling hammer : (n) ہتھوڑا(سڑک وغیرہ کو ٹنے کا): ہتھوڑی (صناع کی) ۔

Reelingly : (adv.) گرتے پڑتے ہوئے: اُفتاں و خیزاں: چکراتے یا لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Reelrall : (n) اختلال : شورش : فساد ۔

Reem : (n) [Heb. 'Re''em'.] جنگلی بیل : جنگلی گائے وغیرہ ۔

Reembark : (v) دوبارہ جہاز پر سوار کرنا : دوبارہ لنگر اٹھانا ۔

Reembodiment : (n) تجسیم ثانی : تشکیل نو: دوبارہ اظہار ۔

Reembody : (v) دوبارہ مجسم کرنا : دوبارہ ظاہر کرنا ۔

Reemerge : (v) پھر برآمد ہونا : ظہور میں آنا : نجات پانا ۔

Reemploy : (v) دوبارہ تقرری کرنا : دوبارہ بحال کرنا : دوبارہ ملازمت دینا ۔

Reemployment : (n) مکرر ملازمت ۔

Reen : (n) (جنوبی مغربی مقامی بولی) چوڑا کھلا گڑھا : چوڑی کھلی کھائی ۔

Reetch : (v) دھات یا تانبے کے پترے پر دوبارہ کھودنا : دوبارہ نقش کرنا : دوبارہ نقش ونگار بنانا ۔

Reeve : (n) [OE. 'Refa'.] (۱)(تاریخ)عامل : قصبہ یا ضلع کا صدر : فوجدار(مجسٹریٹ) ۔ (۲) (کناڈا) چودھری : گاؤں یا قصبے کا مکھیا : میر بلد ۔

Reeve : (v) (۱)(بحری)رسی ڈالنا : اٹکانا یا پرونا : سیندھنا (جہاز کے سوراخ یا کنڈے میں) ۔(۲)(جہاز کا)چیرتے ہوئے چلنا؛ چیرنا(ریتی وغیرہ کو)۔(۳)سوراخ میں رسی ڈالنا؛ سوراخ وغیرہ سے رسی گزارنا ۔(۴)سوئی میں دھاگا ڈالنا یا پرونا ۔ (۵)سوراخ یا شگاف کے ذریعہ (رسی کے بندھن کو) مضبوط باندھنا : گرہ ڈالنا : مضبوط کرنا ۔ (۶)شگاف یا تنگ جگہ سے گزارنا ۔

Reeve : (n) Ruff کی تانیث ۔

Reeve land : (n) [OE. 'Gerefland'.] سرکاری زمین جو آسامی کی بجائے گاؤں کے مکھیا کے قبضہ وتصرف میں ہو : زمین ضبط شدہ بہ حق سرکار یا بادشاہ ۔

Reeve pheasant : (n) چینی تیتر : دراج ۔

Ref : (۱)Reference کا مخفف ۔(۲)Referee کا مخفف ۔

Ref ace : (v) نئے محاذ پر بھیجنا : (کسی چیز کے) اگلے حصہ کو نیا بنانا : اگلی سطح کو نیا بنانا ۔

Refect : (v) ناشتہ کرنا : استراحت کرنا : آرام کرنا ۔

Refection : (n)[(o)Fr. 'Refection'.] (۱)ناشتہ : ہلکا کھانا : نقل : استراحت ۔ (۲)روحانی یا ذہنی تغذیہ ۔ (۳)کھانا : جز و طعام ۔

Refectioner : (n) (کلیسا ، کنونٹ وغیرہ میں)ناشتہ ، کھانا وغیرہ کا مہتمم : داروغۂ مطبخ ۔

Refectorian : (n) دیکھو Refectioner

Refectory : (n) طعام خانہ : رسوئی : ناشتہ خانہ : آرام گاہ ۔

Refectory table : (n) ناشتہ کی میز : کھانے کی میز ۔

Refer : (n) [(o)Fr. 'Referer'.] (۱)محلول کرنا : منسوب کرنا : مختص کرنا (دن یا مقام سے) : منسوب ہونا ۔ (۲)حوالے کرنا : سپرد کرنا : رائے پر چھوڑنا(معاملے کا فیصلہ) ۔ (۳)فیصلے کے لئے بھیجنا : (مقدمہ) تفویض کرنا ۔ (۴)سند ڈھونڈنا : استناد یا استمداد کرنا : مدد چاہنا : حوالہ دینا : رجوع کرنا (کسی شخص کو مدد کے لئے دوسرے کے پاس) بھیجنا؛ جانے کی ہدایت کرنا؛ مراجعت کرنا؛ ہدایت کرنا؛ ضمانت دینا : یقین دلانا ۔(۵) (کسی کے قول وغیرہ کو) حوالے کے طور پر پیش کرنا ۔ (۶)(بیان وغیرہ کا) (کسی چیزکے) متعلق ہونا : بابت کرنا : متعلق سمجھا جانا ۔ (۷) اشارہ کرنا : حوالہ دینا : ذکر کرنا ۔ (۸)واگذار کرنا : معلوم کرنا : جاننا : رہنمائی کرنا ۔ (۹)تسلیم کرنا : مان لینا : لائق استفادہ سمجھنا یا ٹھہرانا ۔ (۱۰) ثبت کرنا : گذارش کرنا ۔ (۱۱)معرض التوا میں ڈالنا : تاخیر کرنا : تعویق کرنا : ٹال مٹول کرنا۔ (۱۲)منتقل کرنا : ظاہر کرنا : پتہ لگانا : مختص کرنا : مقرر کرنا ۔ (۱۳) ارتکاب کرنا : التماس کرنا : دے دینا؛ بڑھا دینا (کسی چیز کو کسی شخص کی طرف): مخصوص کرنا ۔ (۱۴) ملتبس ہونا : التباس ہونا : ابہام ہونا ۔ (۱۵)حوالہ دینا : متوجہ کرنا (کسی شے کی طرف) : توجہ مبذول کرنا : متوجہ ہونا ۔ (۱۶)منطبق کرنا۔ (۱۷)غور کرنا : سوچنا : سمجھنا : فرق کرنا : تقسیم کرنا؛ درجہ بندی کرنا ۔(۱۸)عضوبدن سمجھنا : بدن یا فضا کے مخصوص حصہ سے متعلق سمجھنا ۔

Referable : (a) قابل انتساب : منسوب ہونے کے لائق : انتساب پذیر : قابل اختصاص : قابل اسناد : قابل مراجعت : لائق حوالہ ۔

Referee : (n) (۱) حکم : پنچ : (خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں)ریفری ۔ (۲)وہ جس کے حوالے کوئی چیز کی جائے : وہ جس کی سنددی جائے : جس کا حوالہ دیا جائے ۔(۳) (کسی معاملہ کی) تفتیش کرنے والا : تفتیش کنندہ ۔ (۴) اٹارنی (قانونی) جسے عدالتی افسر کے اختیارات تفویض کئے جائیں ۔ (۵)(گھریلو یا کم سن بچوں کے معاملات کی تفتیش کے لئے) جج کے ذریعہ بحال کیا جانے والا شخص۔ (۶) مہتمم : منظم : نگراں ۔ (۷)پارلیمنٹ کی تشکیل کردہ کمیٹیوں میں سے کسی کا ممبر (نجی بلوں کے امور سے متعلق) ۔

Referee : (v) (۱)(خصوصاً کھیل کود میں) حکم بننا : ریفری بننا ۔ (۲) جج یا منصف کے فرائض انجام دینا؛ حکم کی حیثیت سے فیصلہ دینا ۔ (۳) صدارت کرنا : رہنمائی کرنا ۔

Reference : (n) (۱) تحویل : حوالگی : تفویض : سپردگی (معاملہ کی حاکم مجاز کو) ۔ (۲)حدود تفویض : حدود تحقیقات ۔ (۳) مناسبت :نسبت : تعلق : متعلق۔(۴)ایما : اشارہ : ذکر مذکور : بیان :تحریر ۔(۵)حوالہ(صفحہ کتاب کا)۔ (۶)علامت حوالہ : نشان حاشیہ : فائدہ ۔(۷)استناد : استشارہ : مشورہ طلبی: (دوسرے شخص سے استناد کرنے کی) ہدایت : حوالہ ۔ (۸) مصدق : ضامن ۔ (۹)(سوقیانہ) صداقت نامہ : سرٹیفیکٹ : سند ۔ (۱۰)مشورہ : مشورہ کرنے کے لائق شخص ۔ (۱۱)سفارش ۔ (۱۲) مطلب : مفہوم : مراد ۔

Book (etc)of reference : حوالہ کی کتاب (وغیرہ)؛ کتاب

حوالہ : سند : کتاب الاستناد ۔

Cross references : تبادلی حوالے : اندرونی حوالے : (ایک ہی کتاب کی) دوسری عبارت کا حوالہ ۔

For reference : مشورہ کے مقصد سے : مشورہ کے لئے : حوالہ کے لئے ۔

In or with reference to : متعلق : بہ لحاظ ۔

Legislation by reference : مسودۂ قانون بالحوالہ جس میں صرف دوسرے قوانین کے حوالے مذکور ہوں اور ان کی عبارتیں نقل نہ کی جائیں ۔

Without reference to : بلا لحاظ : بلا حوالہ : بغیرسندیا استناد ۔

Reference : (v) (۱)(کتاب میں) اسناد لکھنا : حوالے درج کرنا : حوالہ دینا : حوالے سے پکڑنا ۔ (۲)رجوع کرنا : مراجعت کرنا : لوٹانا : مرجوع ہونا ۔

Reference bible : (n) کتاب مقدس مسند ، جس میں حوالے یا متعلقہ آیات حواشی میں تحریر ہوں : کتاب مقدس محشی بالاسناد ۔

Reference book : (n) دیکھو Book (etc) of reference

Reference frame : (n) دیکھو Frame of reference

Reference page : (n) دیکھو Master page

Reference library : (n) وہ لائبریری جہاں حوالے کی کتابیں ہوں مگر کتابوں کو باہر لے جانے کی اجازت نہ ہو : کتاب خانۂ حوالہ جات : مکتبۂ استناد : جہاں کتابیں مستعار نہ لی جائیں ۔

Reference mark : (n) علامت حوالہ : اشارۂ حوالہ : علامت استناد ۔

Referencer : (n) حوالہ دینے والا : سند پیش کرنے والا ۔

Referendal : (a) (۱)مشیر عدالت : مددگار تحقیقات ۔(۲)رپورٹ کرنے والا : تنقیح کنندہ : تفتیش کنندہ ۔ (۳)شاہی عدالت کے متعدد حکام کا خطاب ۔

Referendary : (n) [Late L. 'Referendaire'.] دیکھو Referendal

Regulate : (v) [L. 'Regulare.'] (۱) تنظیم کرنا : ترتیب دینا : منظم کرنا؛ مرتب کرنا ۔ (۲) ضبط میں لانا : منضبط کرنا : کنٹرول کرنا : قیود عائد کرنا : پابندیاں عائد کرنا : با ضابطہ کردینا : حدود کے اندر لانا : حسب ضرورت ترمیم کرنا : تعدیل کرنا ۔ (۳)ہم آہنگ کرنا : ہم آہنگ بنانا : تعیین کرنا ۔ (۴)قاعدہ قانون کے مطابق کرنا : گھنٹے ، گھڑی یا کل کو ٹھیک کر دینا : کل پر زوں کو درست کرنا : ٹھیک لگا دینا :درست کرنا ۔

Regulating : (a) انضباطی : تنظیمی : نظمی ۔

Regulating gauge : (a) انضباطی پنسال ۔

Regulating station : (a) فوج کو کنٹرول کرنے والا ادارہ ۔

Regulation : (n) (۱) تنظیم : ترتیب : تعدیل : باقاعدگی ۔ (۲) ضابطہ : آئین : دستور : قاعدہ : قانون : اصول ۔ (۳)(جمع میں) مقررات : قانون : میزان : (قانون) عدالت کا فیصلہ : سزا کا حکم : مباحثہ کا تصفیہ ۔

Regulation : (a) آئینی : دستوری : قانونی : مطابق ضابطہ ۔

Regulation mourning : (n) مقررہ ایام سوگواری ۔

Regulative : (a) منظم کرنے والا : اصول تنظیمی : قواعد اصلاحی : انضباطی : تنظیمی : ترتیبی ۔

Regulative : (n) تنظیمی قوت ۔

Regulative principle : (n) اصول کاروائی : ضابطہ کاروائی ۔

Regulatively : (adv.) تنظیمی قوت کے طور پر ۔

Regulator : (n) (۱) تنظیم کرنے والا : ترتیب دینے والا : ناظم : منضبط: تعدیل کرنے والا : ضابط (پرزہ) : ریگولیٹر کلاک ۔ (۲)لنگر : معدل (وہ پرزہ جس سے کل کی رفتار یا حسب منشا کم و بیش کی جا سکے) ۔ (۳)(تاریخ) آئین ترمیمی کمیشن کا ممبر (۱۶۸۷ء) ۔ (۴)(امریکا) دیہی کمیٹیوں کا رکن ۔ (۵) بالکل صحیح وقت دینے والی گھڑی جس سے گھڑیاں ملائی جائیں : معیاری وقت بتانے والی گھڑی ۔

Speed regulator : ناظم چال : ضابط چال ۔

Regulatory : (a) دیکھو Regulative

Reguline : (a) کج دھتّی : بھرت کی : کچی دھات کا ۔

Regulize : (v) کج دھتی بنانا : کچی دھات کو صاف کرنا ۔

Regulus : (n) [L.] (۱) (کیمیا) معدنیہ :بے آب کج دھات ۔ (۲)زریں سر پھدکی : کچا بھرت ۔ (۳)(علم النجوم) مَلکی : قلب الاسد : برج اسد کا سب سے چمکتا ہوا تارہ ۔ (۴) ایك سبزی کیس کی چڑیا : سن مکئی : عصفوریہ ۔ (۵) ایك قسم کا سانپ ۔

Regulus of Antimony : خالص سرمہ : خالص انتیمون ۔

Regurge : (v) (۱) (الٹا) بہہ آنا : تیزدھار میں واپس آنا : فوارہ سا چھوڑنا ۔ (۲) الٹ دینا : اُگل دینا : فوارہ سا چھوڑنا : چھڑکنا : چھینٹے مارنا ۔

Regurgitant : (a) برگرداں : پھرنے والا : استفراغی : اوپر لانے والا ۔

Regurgitate : (v) [med. L. 'Regurgitare.'] دیکھو Regurge

Regurgitation : (n) (۱) (طب) باز گشتِ غذا : اُگل آنا ۔ (۲) (طب) رجع الدّم ۔ (۳) فوراً ساتھ چھوٹنا یا چھوڑنا ۔

Regurgitational : (a) باز گشتی: الٹا بہایا ہوا ۔

Rehabilitant : (n) بحالی : آباد کاری۔

Rehabilitate : (v) [med. L. 'Rehabilitare.'] (۱) بحال کردینا : دوبارہ سرفراز کرنا : (عہدے پر) آباد کرنا : دوبارہ بسا دینا ۔ (۲)سابق حالت پر واپس آنا : صحت یاب ہونا ۔ (۳)بدمعاش یا جرائم پیشہ کو معقول تربیت دے کر سدھارنا یا اچھی حالت میں لانا ۔

Rehabilitation : (n) (۱) بحالی: باز آبادکاری : بساؤ ۔ (۲)(سیاسیات) محکمۂ بحالیات ۔

Rehabilitative : (a) بحالی کے لائق : باز آباد کاری سے متعلق ۔

Rehabilitee : (n) دبارہ بسایا جانے والا : دوبارہ بحال کیا جانے والا ۔

Rehallow : (v) دوبارہ تعظیم کرنا : دوبارہ احترام کرنا ۔

Rehammer : (v) دوبارہ ہتھوڑا مارنا یا چلانا ۔

Rehandle : (v) دوبارہ اٹھانا بٹھانا : پھر کام لینا : ترتیب دینا ۔

Rehang : (v) پھر لٹکانا (خصوصاً تصویر) : آویزاں کرنا ۔

Rehash : (n) (۱) ذکر : بیان (الفاظ کے الٹ پھیر کے ساتھ) ۔ (۲)دوبارہ پیش کش (نام یا شکل کی تبدیلی کے ساتھ)۔

Rehash : (v) (۱) پرانی ، فرسودہ چیزوں کو نئی شکل میں پیش کرنا : خصوصاً قدیم ادبی مواد کو الٹ پھیر کرنا اور اس کو نئے نام کے ساتھ پیش کرنا ۔ (۲)دوبارہ قیمہ کرنا (گوشت کا)؛ (مجازاً) کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Rehear : (n) پھر سننا : سماعت مکرر کرنا : نظر ثانی کرنا (مقدمہ کی)۔

Rehearing : (n) سماعت مکرر : پھر سننا : دوبارہ عدالتی کاروائی ۔

Rehearsal : (n) (۱)باز خوانی : باز سرائی : دہرانا : آموختہ خوانی : شمار : فہرست بنانا : تفصیل : تکرار ۔ (۲)(اداکاری وغیرہ کی) مشق : تمرین : تمرین نمائش : تیاری : آزمائشی نمائش : آزمائشی تماشا : ریہرسل ۔ (۳)تذکرہ ۔

Dress rehearsal : پوری تیاری کے بعد آخری ریہرسل : باضابطہ آزمائشی تماشا ۔

In rehearsal : تمرینی : زیر مشق ۔

Rehearse : (v) [OF. 'Rehercercier.'] (۱) (اول سے آخر تک) دہرانا : پڑھ جانا : سنا دینا : گن جانا : فہرست سنا دینا : تفصیل بیان کرنا ۔ (۲)مشق کے طورپر کرنا : پہلے سے کر کے دیکھنا (کوئی کام): آزمائشی نمائش کرنا : آزمائشی تماشا کرنا. (۳)نقل کرنا (بات کی) تکرار کرنا: لفظ بہ لفظ دہرانا : زور سے دہرانا ۔ (۴)ترتیب وار بیان کرنا : یکے بعد دیگرے ذکر کرنا : مشق کے طور پر دہرانا :ریہرسل کرنا : شمار کرنا : (مدات کا) تعین کرنا. (۵)(ریہرسل کے ذریعہ) ترتیب دینا : ہدایت دینا: کار گذار بنانا ۔

Rehearser : (n) (۱)ریہرسل کرنے والا : مشق کرنے والا : دہرانے والا : تماشے کی تیاری کرنے والا ۔ (۲)(خصوصاً) موسیقی (اوپیرا) کے ریہرسل کا ہدایت کار ۔

Reheat : (v) دوبارہ گرم کرنا یا گرم ہونا ۔

Reheat : (n) وہ عنصر (جلنے کے بعد) جو حدت کی واپسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ جیٹ طیّاروں کے انجن کی صلاحیت کو بڑھائے ۔

Reheater : (n) دوبارہ گرم کرنے والا : دوبارہ حرارت پہنچانے والا ۔

Rehoboam : (n) شراب کی بہت بڑی بوتل(چوتھائی گیلن) ۔

Rehoboth : (n) ہوٹنٹوٹ (Hottentot) اور ہیرے رو(Herero) کے مخلوط یورپی اور افریقی باشندوں کا کوئی رکن ۔

Rehouse : (v) دوبارہ گھر دلوانا :مکان فراہم کرنا : (کسی شخص کو) قدیم ، منہدم شدہ مکان کے بجائے نئے مکان میں ٹھہرانا: پہلے کی بہ نسبت نئے اور بہتر مکان میں منتقل ہونا ۔

Rehumanize : (v) پھر سے انسان بنانا : انسانیت سکھانا ۔

Rehydratable : (a) پانی کے ساتھ مرکب کرنے کے لائق ۔

Rehydrate : (v) (کیمیا) پانی کے ساتھ دوبارہ مرکب کرنا ۔

Rehydration : (n) (کیمیا) مرکب سازی (پانی کے ساتھ) ۔

Reich : (n) [G.] سلطنت جرمنی : جرمن یا دولت مشترکہ نیز جرمن شہنشاہیت کی مدت یا دور ۔

The first Reich : روم کی مقدس شہنشاہیت یا سلطنت (۱۸۰۶ ۔ ۹۶۲ء) ۔

The second Reich : جرمن سلطنت (۱۸۷۱ ۔ ۱۹۱۸ء) ۔

The third Reich : نازی دور حکومت (۱۹۴۵ ۔ ۱۹۳۳ء) ۔

Reichert -meissl number / -value : (n) جرمن کیمیادان رائکرٹ کی مقرر کردہ قدر(جو ایسڈ کو خالص بنانے کے کام آتی ہے)۔

Reichs father : (n) (سیاسیات) قائد سلطنت جرمنی ۔

Reichs mark : (n) جرمنی کا سکہ مارک (۳۸ ۔ ۱۹۲۵) ۔

Reichspfennig : (n) (۳۸ ۔ ۱۹۲۵) جرمنی کا ایک معمولی سکّہ جو مارک کا سوواں حصہ ہوتا تھا ۔

Reichsrat : (n) ریشرات : قدیم آسٹریا ہنگری کی پارلیمنٹ ۔

Reichstag : (n) (سیاسیات) مجلس سلطنت : ریشتاغ : پارلیمان جرمنی ۔

Reification : (n) (نفسیات) تجسیم : مجسم سازی : تجسم ۔

Reify : (n) [f.L. 'Res+-ify'.] مادے میں بدلنا : مادی شکل دینا : مجسم بنانا : تجسم کرنا : صورت جسمیہ دینا ۔

Reign : (n) [L. 'Regnum'.] (۱) شاہی اقتدار :اقتدار : حکومت فرماں روائی : بادشاہی : عملداری : تسلط : حکمرانی : اقتدار اعلیٰ: اثر : رسوخ ۔ (۲)اقتدار اعلیٰ جیسا : مختار مطلق کی طرح ۔ (۳)شاہی اقتدار کی مدت : حکمرانی کی مدت : عہد بادشاہی : دور شاہی : زمان حکومت : (سیاسیات) عہد حکومت ۔

Reign : (v) [L. 'Regnare'.] (۱) اقتدار اعلیٰ کا مالك ہونا : خود مختار ہونا : حکمرانی کرنا : حکومت کرنا : کسی ریاست کا حاکم اعلیٰ ہونا : بادشاہی کرنا : فرمانروائی کرنا : (مجازاً) سرتاج ہونا: سب سے برتر ہونا : بادشاہ ، شہنشاہ وغیرہ کی طرح حکومت کرنا : حکمراں ہونا ۔ (۲)سربراہ ریاست ہونا : غالب ہونا : چھایا ہوا ہونا : دور دورہ ہونا : غالب آنا : فتح مند ہونا : شہنشاہ کی طرح اختیارات استعمال کرنا : اثر و رسوخ قائم کرنا ۔ (۳)مسلط ہونا : تسلط قائم کرنا : چھا جانا ۔(۴)کسی قسم کا اختیار استعمال کرنا : حکم دینا ۔

Reign of terror : (n) (۱) عہد ہیبت : دور دہشت : خونی حکومت (اور انقلاب فرانس کا وہ حصہ(مئی ۱۷۹۳ تا جولائی ۱۷۹۴) جو انقلابیوں کے جوش قتل و خون مخالفاں کے لئے مشہور ھے : ہنگامہ و فساد : قتل و خون اور لاقانونیت کی حالت ۔ (۲)مدت دہشت : دور لاقانونیت ۔

Reigning beauty : (n) ملکۂ حُسن : حسینۂ وقت : معشوقۂ روز گار ۔

Reignite : (v) دوبارہ جلانا یا جلنا: پھر شتابہ رکھنا: باز سوزانی کرنا۔

Reihengraber : (n) [G.] جنوبی جرمنی میں پائی جانے والی قبروں کی لمبی قطاریں ۔

Reihengraber : (n) (ماقبل تاریخ) ٹیوٹانی(جرمانی) قوم کے لوگ جن کی لاشیں قطاروں میں دفن کی جاتی تھیں ۔

Reim : (n) [Du. 'Riem'] (شمالی افریقہ) گائے کے چمڑے کا تسمہ ۔

Reim-kennar : (n) [G. 'Rem+ kenner.'] طلسم کا ماہر: جادوگر: نظر بندی کرنے والا : ساحر : عورت جادوگر : جادوگرنی ۔

Reimbursable : (a) قابل باز ادائی ۔

Reimburse : (v) (۱) دوبارہ ادا کرنا : ادا کرنا : بیباق کرنا (علی الحساب خرچ کی ہوئی رقم ، جیب خرچ کی رقم) ۔ (۲)معاوضہ کے طور پر ادا کرنا : بطور کفالت ادا کرنا ۔ (۳)ہرجانہ دینا : تاوان دینا : تلافی کرنا : نقصان سے محفوظ کر دینا ۔

Reimbursement : (n) باز ادائیگی : باز ادائی : دوبارہ ادائیگی: تلافی ۔

Reimburser : (n) باز ادائی کرنے والا : دوبارہ ادا کرنے والا : تاوان دینے والا ۔

Reimplantation : (n) (جراحی) باز تنصیب ۔

Reimpose : (v) دوبارہ نافذ کرنا : دوبارہ عائد کرنا : دوبارہ مسلط ہونا ۔

Reimposition : (n) دوبارہ تسلط : دوبارہ نفاذ ۔

Reimpression : (n) دوبارہ چھپائی : طباعت ثانی : اشاعت ثانی : دوسرا ایڈیشن ۔

Reims / Rheims : (a) فرانس کے شہر رمص کا یا اُس سے متعلق : رمص میں رائج طرز یا وضع کا ۔

Rein : (n) [OF. 'Rene'.] (۱)باگ :لگام : زمام : عنان : (مجازاً) عنانی حکومت ۔ (۲) لگام جیسی کوئی چیز ۔ (۳)رکاوٹ: روك : مخالفت ۔ (۴)طاقتِ انضباط : نگرانی کی قوت یا صلاحیت : حاکمانہ حیثیت : مالکانا اختیار مجازاً کنٹرول یا انتظام کے ذرائع ۔

Bearing rein : زیر کڑی ۔

Bridle rein : دہانے کی لگام ۔

Coupling rein : دندانے دار لگام : لگام کا حلقہ ۔

Gag rein : خاردار لگام ۔

To draw rein : (۱) باگ کھینچنا : گھوڑا روکنا : گھوڑے کو لگام دینا ۔ (۲) کام یا کوشش چھوڑ بیٹھنا : ہاتھ روکنا (خرچ سے) ۔

To give (a horse) the rein (s) : لگام ڈھیلی کرنا : چھوٹ دینا : باگ چھوڑ دینا : گھوڑے کو چلنے دینا ۔

To give reins or rein to imagination : تخیّل کے گھوڑے دوڑانا : تخیّل کو دوڑنے دینا : خیال کو آزاد چھوڑ دینا ۔

To give the rein (s) to : پورا موقع دینا : موقع فراہم کرنا: سہولت بہم پہنچانا ۔

Rein : (n) (۱) ہرن کی ایك قسم : گوزن شمالی میں ۔ (۲) دیکھو Reindeer ۔

Rein : (v) (۱) باگ سے سنبھالنا : (گھوڑے کو) باگ سے قابو میں رکھنا ۔ (۲)(مجازاً) حکومت کرنا : قابو میں رکھنا : نظم

و ضبط کرنا ۔ (۲)باگ کھینچنا : باگ سادھنا : باگ روکنا : (مجازاً) کسی کام سے باز رکھنا : روکنا : کنٹرول کرنا ۔ (۳)لگام لگانا : لگام دینا: لگام کھینچنا : پیچھے ہٹانا : پیچھے ہٹنا ۔ (۵)ہانکنا : ہدایت کرنا : انتظام کرنا: حکم دینا ۔ (۶)(امریکا) محفوظ رکھنا : بچانا : برقرار رکھنا ۔ (۷)(گھوڑا) سواری کرنا : سوار ہونا ۔

Rein orchis : (n) ثعلب مصری کی قسم کا ایک پودا ۔

Reina : (n) [Sp.] کیلیفورنیا کی مچھلی : چٹانی مچھلی ۔

Reincarnate : (v) دوبارہ مجسم کرنا : تجسیم نو کرنا : تجسّد نو کرنا ۔

Reincarnate : (a) جو دوبارہ مجسم یا تجسیم کیا گیا ہو : جس نے نیا جسم حاصل کیا ہو ۔

Reincarnation : (n) (۱)(دینیات) باز تجسّد: اوتار : تجسیم نو: تجسیم کاری ۔ (۲)عقیدۂ تناسخ.

Reincarnationist : (n) عقیدۂ تناسخ کا قائل : معتقد عقیدۂ تناسخ ۔

Reindeer : (n) [ON. 'Hreindyri'.] ہرن کی ایک قسم : شمالی یورپ ، ایشیا اور امریکا میں پایا جانے والا ایک مخصوص ہرن : گوزن شمالی ۔

Reindeer lichen/ -moss : (n) (نباتیات) ایک قسم کی گھاس جو جاڑے میں ہرن کا چارہ ہوتی ہے: ہرن کا سرمائی چارہ(گھاس).

Reindeer priod / -epoch : (n) قدیم حجری عہد کا ایک نام ۔

Reinette : (n) [F.] ایک قسم کا سیب ۔

Reinforce : (n) (۱)(بندوق کی) چاپنی : دہن کے پاس کا بھاری حصہ ۔ (۲)مزمہ : پٹی (کوئی چیز جو مضبوطی کے لئے لگائی جائے) ۔ (۳)تقویت : مقوی : امدادی ۔

Reinforce : (v) [Fr. 'Renforcer.'] (۱)کمک پہنچانا: مددلانا(فوجی): محکم ہونا : تقویت ہونا: محکم کرنا : استوار کرنا ۔ (۲)تائید کرنا (دلائل سے) : قوت پہنچانا (غذا وغیرہ سے): نئی قوت دے کر اضافہ کرنا : اضافہ کرنا: مضبوط کرنا : طاقتور بنانا : دل نشیں بنانا ۔ (۳)تعداد یا رقم بڑھانا یا اضافہ کرنا ۔ (۴)پھر نافذ کرنا : پھر اجرا کرنا ۔

Reinforce band/ -ring : (n) بندوق کا وہ گول دائرہ جہاں چانپیاں ملتی ہیں ۔

Reinforced : (a) (تعمیرات) محکم: مقوی: مضبوط : طاقتور :

Reinforced bow : (n) مضبوط کمان ۔

Reinforced brick work : (n) (تعمیرات) محکم خشت کاری ۔

Reinforced cement : (n) کنکریٹ جس میں لوہے کی سلاخیں ،تار وغیرہ دبائی جائیں : آہن بستہ : محکم کنکریٹ ۔

Reinforced concrete : (n) دیکھو Reinforced cement

Reinforcement : (n) (۱) کمک رسانی :مضبوطی : تقویت ۔ (۲)(جمع میں) کمک : امدادی فوج ۔ (۳)مدد : باعث تقویت : باعث استحکام (تعمیرات) احکام ۔ (۴)تجدید قوت: امدادی طاقت: اضافی قوت یا امداد : اضافی رسد ۔

Reinforcer : (n) تقویت رساں : کمک پہنچانے والا : امدادی ۔

Reinforcing : (n) مدد : معاون : تقویت پہنچانے والا ۔

Reinform : (v) تشکیل نو کرنا : نئی زندگی دینا : دوبارہ روح پھونکنا ۔

Reinless : (a) بے کلید : بے رکاوٹ: بے عنان : بے لگام : خود سر ۔

Reins : (n) (۱) (تشریح) گردے : حلقۂ گردہ : گردہ کی جگہ : کمر : پُٹھا: صُلب: سُرین: احساسات اندرونی : مرکز احساسات و محبت ۔ (۲)محرابی یا قوسی چھت کے حصے۔

Reinsman : (n) ماہر اسپ سوار : مشاق گھوڑ سوار : جوکی ۔

Reis : (n) [Pg.] پرتگالی زر حسابی: راس(پرتگال میں ۱/۵ اور برازیل میں ۱/۲۰ آنہ) ۔

Reis /Rais : (n) [Fr. 'Reis,Rais'. Arab 'Rais.'] (۱)جہاز کا کپتان ۔ (۲)سربراہ یا حکمران ۔

Reis effendi : (n) ترکی سلطنت کے سابق حاکم ریاست کا لقب : وزیر (چاند) امور خارجہ : رئیس آفندی ۔

Reisner : (n) لکڑی اور چوبی تختوں پر نقاشی کا کام کرنے والا جرمن فن کار ۔

Reisner work : (n) چوبی تختوں پر نقاشی کا کام : کار چوبی ۔

Reiter : (n) [G. 'Reiter.'] (تاریخ) جرمنی کا گھوڑسوار فوجی خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی کی جنگوں کا سپاہی ۔

Reiterance : (n) تکرار.

Reiterant : (a) دہراتے ہوئے : تکرار کرتے ہوئے ۔

Reiterate : (a) [L.'Reiteratus.'] دہرایا ہوا : تکرار شدہ یا کردہ : مکرر : تکراری ۔

Reiterate : (v) [L. 'Reiterare'.] دہرانا : بار بار کرنا : بار بار کہنا : احساس کو نئے طریقے سے ظاہر کرنا ۔

Reiteratedly : (adv.) بار بار کرتے ہوئے : بار بار دُہراتے ہوئے : مکرراً ۔

Reiteration : (n) [Fr. 'Reitration.'] (۱) تکرار : تکرار قول وعمل : دہرانے کا عمل ۔ (۲) ایك طرف چھپے ہوئے کاغذ کی دوسری طرف چھپائی : دوہری چھپائی ۔

Reiterative : (a) تکرار شدہ : مکرر : تکراری : دہرایا ہوا ۔

Reiterative : (n) دہرانے کا لفظ : لفظ تکرار ۔

Reiteratively : (a) بہ طور مکرر : تکراری طریقہ سے ۔

Reive (r) : (n) دیکھو Reave (r)

Reja : (n) [Sp.] (اسپین میں) مرقد کا جالی دار جنگلا : مکان کا جنگلا یا کھڑکی : کلیسا وغیرہ میں جالی دار اُوٹ ۔

Reject : (n) رد کی ہوئی چیز : مسترد کردہ شے : نامناسب چیز : نا پسندیدہ چیز ۔

Reject : (v) [L.'Reicere.'] (۱) مسترد کر دینا : نامنظور کر دینا : قبول نہ کرنا : یقین نہ کرنا : انکار کرنا : ٹھکرا دینا ۔ (۲) الٹ دینا: اُگل دینا : قے ہو جانا : خارج ہو جانا (قے یا اجابت کا) باہر کرنا ۔ (۳)ناپسند کرنا: الگ کردینا : ایك طرف ڈال دینا : بات کرنے سے انکار کردینا : سننے سے انکار کر دینا ۔ (۴)ترك کرنا : چھوڑ دینا : پھینك دینا ۔ (۵)(عورت کا کسی مرد کو) عاشق یا شوہر کی حیثیت سے مسترد کر دینا : قبول نہ کرنا ۔ (۶)گوارہ نہ کرنا : اجازت نہ دینا : درخواست قبول نہ کرنا: تجویز سے متفق نہ ہونا ۔ (۷)پیچھے پھینکنا : پیچھے ڈالنا ۔ (۸)غور نہ کرنا : غورکے لائق نہ سمجھنا ۔

Rejectable : (a) قابل رد : لائق استرداد : ردی : نامقبول : ناپسندیدہ ۔

Rejectage : (n) ردی یا بے کار چیز : از کار رفتہ شخص یا چیز : مردود شخص : معزول فرد ۔

Rejectamenta : (n) [mod. L. 'Rejechamentum.'] (۱)بے کار و مصرف اشیا : کوڑا کرکٹ : میل کچیل : فضلات ۔ (۲)کوڑا کرکٹ جو سمندر ساحل پر پھینك دیتا ھے ۔ (۳)فضلہ : ساگر کچرا : فضلات دریا ۔ (۴)(طبیعیات) فضلاتی مادہ ۔ (۵)(حیوانیات) فضلات ۔

Rejectaneous : (a) دیکھو Rejectable

Rejectee : (n) وہ جسے رد کر دیا جائے خصوصاً وہ آدمی جو فوجی ملازمت کے لئے نا مناسب قرار دیا جائے ۔

Rejecter : (n) رد کرنے والا : مسترد کرنے والا : قبول نہ کرنے والا ۔

Rejection : (n) [Fr. 'Rejection.'] رد : نا منظوری : عدم قبول : استفراغ : دفع : بے کار : فضول ۔

Rejection basis : (n) بنائے نا منظوری ۔

Rejection slip : (n) کسی نا قابل اشاعت مضمون کے ساتھ منسلك نا پسندیدگی یا نا منظوری کی مطبوعہ چٹ(جو مدیر، مصنف کو بھیجتا ھے) ۔

Rejectitious : (a) دیکھو Rejectable

Rejective : (a) قابل اعتراض : لائق نا پسندیدگی : لائق تنقید ۔

Rejector : (n) دیکھو Rejecter

Rejector circuit : (n) دافع دَور ۔

Rejig : (v) دوبارہ ترتیب دینا : دوبارہ تنظیم کرنا (فیکٹری وغیرہ کا) : دوبارہ ٹھیك کرنا (فیکٹری) ۔

Rejigger : (v) دوبارہ ترتیب دینا : دوبارہ تنظیم کرنا: نئے طریقے سے انجام دینا ۔

Rejoice : (v) [Me'Reioshe , Reioische, Réioyse'.] (۱) خوش کرنا : مسرت بخشنا : مسرور ہونا : خوش وقت ہونا: خوش حال ہونا: خوشی سے پھول جانا: باغ باغ ہونا : شادماں کرنا: شاد بنانا : وجد کرنا : مسرت محسوس کرنا ۔ (۲)لطف اٹھانا : شوق سے کرنا : شوق ہونا (کسی چیز کا)۔ (۳)خوشیاں منانا : جشن منانا (کسی واقعہ کی یاد میں) : اظہار مسرت کرنا ۔

Rejoiceful : (a) خوش : مسرور : مسرت بخش : شاد : دل شاد ۔

Rejoicement : (n) خوش : مسرت : شاد مانی ۔

Rejoicer : (n) مسرور : شاداں : خوش ہونے والا ۔

Rejoicing : (n) (۱)شادی : خوشی : شادمانی : لذت : لذت بخش : کیف انگیز : مسرت بخش : اظہار مسرت ۔ (۲)جشن مسرت : جشن شادی : جشن ۔

Rejoicing fire : خوشی یا شادمانی کا موقع یا اظہار ۔

Rejoicingly : (adv.) خوش خوش : شاداں : خوشی کے ساتھ ۔

Rejoin : (v) [Fr.'Rejoign.'] (۱) دوبارہ ملنا : دوبارہ ملادینا : متحد کر دینا : جوڑنا : بہم کر دینا : یك جا کر دینا ۔ (۲)پھر جڑ جانا : پھر مل جانا : پھر متحد ہوجانا ۔ (۳)دوبارہ پیوست ہو جانا : دوبارہ ملحق ہونا : دوبارہ متصل ہونا ۔

Rejoin : (v) [Fr.'Rejoindre.'] (۱)(قانون) جواب دعوی داخل کرنا : دفاع کرنا ۔ (۲)جواب میں کہنا : جواباً کہنا : پلٹ کر کہنا : جواب دینا : جواب دہی کرنا ۔ (۳)پھر آ ملنا : دوبارہ شامل ہو جانا (فوج یا ساتھ والوں میں) ۔

Rejoinder : (n) (قانون) جواب دعوی : رد جواب : ترکی به ترکی جواب: جواب الجواب ۔

In rejoinder : جواب میں : جواباً : جواب الجواب ۔

Rejoint : (v) پھر سے جوڑنا : پھر سے متحد کرنا : از سرنو ملانا : جوڑوں کو ملانا : جوڑوں کو بھرنا ۔

Rejudge : (v) دوبارہ انصاف کرنا : دوبارہ فیصلہ صادر کرنا : دوبارہ جانچ پڑتال کرنا : دوبارہ جائزہ لینا ۔

Rejunction : (v) دوبارہ ملنا : دوبارہ متصل ہونا ۔

Rejuvenate : (v) (۱) پھر جوان ہونا : پھر جوان کرنا : اعادۂ شباب ہونا : اعادۂ شباب کرنا : دوبارہ جوانی حاصل کرنا : بہت زیادہ جوان ہونا : نوجوان ہونا ۔ (۲)(طب) کسی کو جنسی اعتبار سے جوان کرنا یا نیا بنانا : تجدید جوانی کرنا : پھر سے بنیاد رکھنا : جنسی لحاظ سے طاقت ور بنانا یا بننا ۔

Rejuvenation : (n) تشبیب : تجدید شباب : تجدید جوانی: جان تازہ : حصول جوانی : حصول طاقت شباب : تجدید قوت ۔

Rejuvenator : (n) دوبارہ جوان ہونے والا : دوبارہ جوان کرنے والا ۔

Rejuvenesce : (v) [Late L.'Rejuvenscere.'] پھر جوان ہونا : تازہ قوت حاصل کرنا : نئی جوانی پانا : (حیاتیات) (جراثیم کو) نئی طاقت بخشنا : نیا ہو جانا : تازہ قوت پانا ۔

Rejuvenescence : (n) (۱)تجدید شباب: تجدید جوانی : اعادۂ شباب : پھر جوان ہونا : نئی جوانی پانا ۔ (۲) تجدید قوت : انگیزش: از سر نو قوت پذیری ۔ (۳) تجدید حیات : تجدید دماغ : تجدید روح :تجدید جسم ۔

Rejuvenescency : (n) دیکھو Rejuvenescence

Rejuvenscent : (a) از سرنو قوت پذیر : باز جوان ۔

Rejuvenize : (v) جوان کرنا : جوانی کی قوت بخشنا :از سرنو جوانی حاصل کرنا ۔

Rekhta : (n) ['Rekhta'.Fr. Persian.] ریختہ : اُردو کی بہت زیادہ فارسی آمیز ایك شکل جو اُردو شاعری میں استعمال ہوتی ہے : فارسی آمیز اُردو : اُردو زبان : اردو ۔

Reki : (n) (۱)بلوچستان ریگستانوں میں رہنے والی ایك خانہ بدوش جماعت ۔ (۲) اس جماعت کا کوئی رکن ۔

Rekindle : (v) دوبارہ جلنا یا جلانا : دوبارہ روشن کرنا یا ہونا : پھر شعلہ فگن کرنا یا ہونا : پھر سلگنا یا سلگانا : دوبارہ اٹھنا یا اٹھانا : دوبارہ مشتعل ہونا ۔

Rekindle : (n) دوبارہ جلنے یا جلانے کی علامت یا نشانی ۔

-rel -erel : ایك لاحقہ جو تصغیر یا تحقیر کے لئے بعض قدیم الفاظ کے ساتھ آتا ہے ۔

Relabel : (v) (۱)پھر چمکانا: نئی چٹ لگانا ۔ (۲)کسی چیز کو نیا نام یا پتہ دینا ۔

Relamp : (v) روشن اکائیوں کو بدل دینا : جلتی ہوئی اکائیوں کو تبدیل کر دینا ۔

Relapse : (n) [med. L. 'Relapsus.'] (۱)غلطی کا اعادہ : تکرار لغزش: ارتداد ۔ (۲)عودمرض : نُکس : انتکاس : نُکسہ : عود : معاودت ۔

Relapse : (n) غلط کار شخص : غلطی دُہرانے والا آدمی : مرتد : بے دین ۔

Relapse : (v) دوبارہ مبتلا ہونا : عود کرنا : مرتد ہو جانا : دوبارہ بیمار پڑ جانا : (اسٹاك) دوبارہ تخفیف قدر ہونا ۔

Relapser : (n) گناہ کرنے والا : غلط کار: مرتد ہونے والا ۔

Relapsing : (a) عود کرنے والا : عودی : نُکسی ۔

Replasing fever : (n) (۱)تپ معاود:بار بار لگنے والا بخار: تپ راجعہ۔ (۲)ہر وہ متعدی بیماری جس میں تیز بخار آتا ہے اور مخصوص مدت تك رہتا ہے ۔

Relatability : (n) قابل بیان ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Relatable : (a) قابل بیان : لائق روایت ۔

Relate : (n) [L.'Relatus.'] (منطق) دو ذہنی کیفیتوں میں سے ایک جن کے درمیان تعلق یا نسبت موجود ہوتی ھے : نسبت : منتسب : وابستہ: مربوط ۔

Relate : (v) [-Stem of L.'Relatus'.] (۱)بیان کرنا : نقل کرنا : روایت کرنا : قصہ کہنا : کہانی کہنا : تعریف بیان کرنا : تشریح کرنا: کہنا ۔ (۲) دو چیزوں میں تعلق پیدا کرنا : رشتہ لگانا: نسبت دینا : رابطہ قائم کرنا: مربوط کرنا : مربوط ہونا : متعلق ہونا : متعلق کرنا ۔ (۳)نسبت ہونا : تعلق ہونا : راجع ہونا : ارتباط ہونا : توجیہ کرنا : منطقی نسبت قائم کرنا (دو چیزوں کے درمیان) ۔ (۴)(کسی شخص کا) بامقصد سماجی تعلق رکھنا : حقیقت پسندی کے ساتھ ایک دوسرے پر اثر ڈالنا ۔

Related : (a) (۱) متعلق : منسوب : منتسب : وابستہ : مربوط ۔ (۲)قرابت دار: رشتہ دار ۔(۳)ہم آہنگ: متوازن : معتدل۔

Relatedly : (adv.) تعلق کے ساتھ : ہم رشتگی کے طور پر ۔

Relatedness : (n) علاقہ داری : تعلق : ہم رشتگی : قرابت ۔

Relater : (n) (۱)نا قل : راوی : مورخ :قصہ گو : داستان گو ۔ (۲)نسبت دینے والا : منسوب کرنے والا ۔

Relation : (n) [Fr.'Relation.'] (۱) بیان :نقل : روایت : قصہ :حکایت : افسانہ : گفتگی : قول ۔ (۲)(قانون) روئداد مقدمہ : کیفیت (جو وکیل عدالت کے سامنے پیش کرے) ۔ (۳)علاقہ: نسبت: تعلق : واسطہ : رشتہ : سلسلہ :جوڑ : میل : رابطہ : ربط ۔ (۴)رشتہ دار : قرابت دار : عزیز: خویش : خونی رشتہ : ازدواجی رشتہ : خونی رشتہ والا فرد ۔ (۵)(فلسفہ) رابطہ : رابطی کیفیت ۔ (۶)(جمع میں) روابط کی میزان یا روابط کے طریقے جن کے ذریعہ ایک شخص دوسرے سے قریب ہوتا ھے : رابطی کیفیت۔ (۷)بہت ساری کیفیتیں جن میںایک ملک یا ریاست دوسرے سے سیاسی یا تجارتی مفادات کے ذریعہ مربوط ہوتا ھے : مفادات مشترك : اشتراك مفادات ۔ (۸)ارجاع عمل یا پہلے کی تاریخ کا حوالہ یادعویٰ ۔ (۹)(جمع میں) امور : اطوار ۔ (۱۰)مجامعت : جنسی تعلقات : جنسی ارتباط ۔

In or with relation to: بارے میں : متعلق : بہ نسبت : موضوع میں : بہ لحاظ اس کے : اس کی بابت ۔

To have or make relation : تعلق رکھنا یا قائم کرنا ۔

To have relation : (قانون) سابق تاریخ کا حوالہ دینا یا درخواست دینا ۔

Relational : (a) (۱)نسبی : نسبتی : علاقہ کی: ربطی ۔ (۲)انسانی رشتوں کا یا اس سے متعلق : عمومی رشتوں کا یا اس سے متعلق ۔ (۳)جنسی نسبت ۔

Relationally : (adv.) از روئے تعلق :ازروئے علاقہ : نسبت کے لحاظ سے ۔

Relationary : (a) دیکھو Relational

Relationism : (n) (۱)رابطیت: اصولی رابطیت ۔ (۲)(فلسفہ) نظریۂ اضافیت علم ۔ (۳)اصل نسبت ۔

Relationist : (n) اصول رابطیت کا حامی : نظریۂ اضافیت علم کا موید ۔

Relationless : (a) بے تعلق : بے نسبت ۔

Relationship : (n) رشتہ : تعلق : نسبت : قرابت : رابطہ : ارتباط : ربط ۔

Relatival : (a) (۱) (قواعد) موصولی ۔(۲)نسبتی : وابستہ بہ قرابت مندی ۔

Relative : (a) (۱)(صرف و نحو) موصول ۔ (۲)مربوط : ہم علاقہ : ہم جنس ۔ (۳)متعلق : مفید مطلب ۔ (۴)نسبتی : اعتباری : اضافی : باہمی ۔ (۵)متناسب : تناسب رکھنے والا ۔ (۶)متلازم : مشروط : منحصر ۔ (۷)(موسیقی) بڑی کلید کی بہ نسبت چھوٹی کلید کا ۔ (۸)مناسب : مدلل: معقول ۔ (۹)وہ عبادت جو بالواسط پیش کی جائے : بت پرستی : صنم پرستی ۔

Relative : (n) (قواعد) موصولی لفظ : نسبتی لفظ : اضافی لفظ خصوصاً ضمیر موصولہ : اسم موصولہ ۔ (۲)(متعلق فعل) بارے میں: نسبت سے۔ (۳)اضافی شے یا اصلاح ۔(۴)رشتہ دار: عزیز : قرابت مند : خونی رشتہ دار ۔(۵)(موسیقی) نسبتاً بڑی یا چھوٹی کلید ۔

The relative : اضافی سے : جو اضافی ہو : اضافی ۔

Relative advantage : (n) اضافی فائدہ : اضافی منفعت ۔

Relative adverb : (n) اضافی متعلق فعل ۔

Relative clause : (n) عبارت موصول ۔

Relative density : (n) (طبیعیات) کثافت اضافی ۔

Relative economics : (n) اضافی معاشیات ۔

Relative error : (n) اضافی غلطی : اضافی چوك ۔

Relative frequency : (n) اضافی ارتعاش ۔

Relative humidity : (n) مرطوبیت اضافی ۔

Relative impediment : (n) مشروط ممانعت : اضافی رکاوٹ ۔

Relative inclinometer : (n) اضافی میل پیما : اضافی نشیب پیما ۔

Relative -in -law : (n) سسرالی رشتہ : سسرالی رشتہ دار ۔

Relative magnitudes : (n) اضافی مقادیر ۔

Relative motion : (n) اضافی حرکت : اضافی رفتار ۔

Relative nullity : (n) اضافی انفساخ : اضافی معدومیت ۔

Relative personal equation : (n) اضافی فرق : اضافی اختلاف ۔

Relative position : (n) اوضاع اضافیہ ۔

Relative pronoun : (n) اسم موصول ۔

Relative rank : (n) اضافی عہدہ ۔

Relative sexuality : (n) اضافی جنسیت ۔

Relative size : (n) اضافی جسامت ۔

Relative term : (n) اضافی میعاد : اضافی اصطلاح ۔

Relative value : (n) اضافی قدر ۔

Relative wind : (n) اضافی ہوا : اضافی رفتار ۔

Relatively : (adv.) نسبتاً : اضافی طور پر : دوسری چیز کے مقابلے میں ۔

Relativeness : (n) اضافیت : اضافی ۔

Relativism : (n) (۱)اضافیت ۔(۲)نظریۂ اضافیت علم ۔(۳) یہ اعتقاد یا عقیدہ کے تمام امور نسبی ہیں : نسبتیت :علاقیت (یہ نظریہ کہ انسان کا علم اشیا کی باہمی نسبتوں یا علاقوں تك محدود ہے) ۔

Relativist : (n) معتقد اضافیت : نظریۂ اضافیت علم کا حامی : نسبتی: علاقی : علاقیت پسند ۔

Relativistic : (a) (۱)تلازمی : اضافیت ۔(۲)نظریۂ اضافیت علم کا یا اس سے متعلق ۔

Relativistic quantum theory : (n) اضافیتی نظریۂ قدر ۔

Relativity : (n) (۱)نسبتی یا اضافیت ہونا : تلازم ۔(۲)(فلسفہ) نظریۂ اضافیت (این آسٹائن کا نظریہ کہ حرکت محض اضافی چیز ہے) : فلسفۂ نسبیہ : نسبیت : اضافیت ۔ (۳)اجسام کی حرکت اضافی کا مطالعہ یا علم ۔ (۴)تہذیبی نظریہ جو سماجی اقدار اور اخلاقی معیارات پر مبنی ہو ۔

Relativity of knowledge : (a) اضافیت علم : یہ نظریہ کہ انسانی علم صرف اضافی طور پر صحیح ہے ۔

Relativity principle : (n) اصول اضافیت ۔

Relativity theory : (n) نظریۂ اضافیت ۔

Relator : (n) [L. 'Relator.'] (۱)مُخبر : خبر دہندہ : خبرچی : معلومات فراہم کرنے والا: روئداد مقدمہ پیش کرنے والا ۔ (۲) ناقل: راوی : قصہ گو : داستان گو ۔

Relatrix : (n) (۱)خاتون مخبر ۔(۲)خاتون راوی: قصہ گو : داستان گو ۔

Relatum : (n) متعلق شے یا اصطلاح : متعلق چیزوں کا گروپ : باہم متعلق : جملۂ منتسبہ : اصطلاح دوم : رابطہ ۔

Relax : (v) [-L.'Relaxare.'] (۱)ڈھیلا کرنا : ڈھیل دینا : ڈھیلا چھوڑنا : ڈھیلا بنانا ۔ (۲) سست کرنا : کمزور کرنا : گھٹانا : تخفیف کرنا : ہلکا کرنا : ہلکا ہونا ۔ (۳) ڈھیلا پڑنا : نرم ہو جانا : رعایت کرنا : ملائمت برتنا : نرم کرنا : تساہل کرنا : سست پڑجانا : ٹھنڈا پڑ جانا : شل کرنا : شل ہو جانا ۔ (۴) سخت نہ ہونا: شدید نہ ہونا : لچك دار ہونا : دوستانہ طریقہ اپنانا ۔ (۵)کسی کو کلیسا کی رعایتوں سے محروم کر دینا (تنبیہاً) ۔ (۶)چھٹکارا دلانا : رہائی دلانا ۔

Relaxant : (a) [L.'Relaxans-ant-'.] (طبیعیات) سست کرنے والا : تخفیف دہندہ : ملیّن : ہلکا کرنے والی (دوا) ۔

Relaxant : (n) ملیّن دوا : سست کرنے والی دوا ۔

Relaxation : (n) (۱)تخفیف : کمی : رعایت ۔ (۲) تفریح : آرام : دل بہلاوا : سستانا : استراحت ۔ (۳)ڈھیل : نرمی : سستی : تساہل:اِرتخا ۔ (۴)سست سازی: سہلہ سازی ۔ (۵)رہائی: چھٹکارا : رہائی : نجات ۔ (۶)(طبیعیات) اعصاب کی نرمی: ریشوں کی نرمی : جوڑوں کی نرمی ۔ (۷)کمزوری : لاغری : نا طاقتی ۔ (۸)رعایت تخفیف ۔

Theory of relaxation : (نفسیات) نظریۂ آرام ۔

Relaxative : (a) قابل تخفیف : لائق آرام ۔

Relaxatory : (a) دیکھو Relaxative

Relaxed : (a) (۱)سست :نرم :سبک ۔ (۲)تفریحی : آرام دہ : آرام کرنے والا ۔

Relaxed throat : (a) (طبیعیات) کوّا لٹکنا : گلا آنا : ورم حلق کی ایک قسم ۔

Relaxedness : (n) سستی : نرمی ۔

Relaxer : (n) نرم کرنے والا : آرام دینے والا ۔

Relaxin : (n) ایک جنسی ہارمون جس سے بچہ کی پیدائش میں آسانی ہوتی ہے ۔

Relaxing climate : (n) سست کُن آب و ہوا : سستی آور ہوا ۔

Relay : (n) [-OFr.'Relai' (mod. 'Ralais.] (۱)ڈاک : ڈاک چوکی (گھوڑوں یا آدمیوں کی) : بدل چوکی : مدد چوکی : چوکی ۔ (۲)(تاریخ) مددآلہ (جو دور کی رو پہنچانے میں مدد دیتا ہے): بجولیا ۔ (۳)ریلے : تازہ دم گھوڑے جو تھکے ماندے گھوڑوں کی جگہ لیں : تازہ دم شکاری کتےّ جو ہرن کے شکار کے لئے خستہ حال کتّوں کی جگہ پر مقرر کئے جائیں ۔ (۴)وہ تازہ دم گھوڑے جو کسی راستہ میں متعدد جگہوں پر تیار رکھے جائیں ۔ (۵)تازہ دم آدمیوں کی جماعت جو دوسروں کی ذمہ داریوں کو سنبھالے اور انہیں چھٹی دے دے۔

Electric relay : برقی ڈاک : برقی ریلے ۔

Relay : (v) [-Fr.'Relayer.'] (۱)ڈاک چوکی بٹھانا : ڈاک بٹھانا: مدد چوکی پانا ۔(۲)شکاری کتوں کو ہرن کے تعاقب میں چھوڑنا یا دوڑانا۔ (۳)تازہ دم کتوں سے شکار کرنا۔ (۴)بجولیا کی مدد سے برقی رو کو دور پہنچانا : پیغام پہنچانا ۔ (۵)تازہ دم کرنا: تازہ دم ہونا ۔

Relay : (v) دوبارہ رکھنا : دوبارہ لٹا دینا : دوبارہ گرا دینا : دوبارہ بچھا دینا (وغیرہ) ۔

Relay-broadcast : (n) (۱)دیکھو Rebroadcast ۔ (۲)بجولیا کی مدد سے ریڈیو کی خبروں کو پکڑنا ۔

Relay governor : (n) ضابطِ رفتار : معدلِ رفتار ۔

Relay nucleus : (n) مرکز دماغ جو مؤثر کو ابتدائی حِس کے ذریعہ پکڑتا ہے ۔

Relay race : (n) امدادی دوڑ : چوکی دوڑ : ریلے ریس : بدل دوڑ (جس میں فریقین کے کئی آدمی باری باری سے دوڑ تے ہیں) ۔

Relay system : (n) نظام ریلے ۔

Relearn : (v) دوبارہ سیکھنا : بھولی ہوئی چیزوں کو دوبارہ سیکھنا ۔

Releasability : (n) قابل واگذشتنی : رہائی کے لائق ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Releasable /Relcasible : (a) قابل واگذشت : لائق آزادی : رہائی پذیر ۔

Releasably : (adv.) قابل واگذشت کے طور پر : رہائی پذیرانہ ۔

Release : (n) [-Ofr. 'Reles. F. 'Relesser.'] (۱)آزادی : رہائی : چھٹکارا: نجات :خلاصی : استخلاص : رستگاری : چھٹی (درد رنج اور غم سے) نجات ۔ (۲)بھرپائی : رسید : فارغ خطی : واگذاشت یا دست برادری کی دستاویز : وا گذاری : چشم پوشی : ترک دعویٰ : سند ترک دعویٰ : ترک دعویٰ کی دستاویز ۔ (۳)انتقال : ہبہ : انتقال نامہ : ہبہ نامہ : ترخیص نامہ ۔ (۴)کھٹکا : دستہ جس کے دبانے سے کل کا کوئی حصہ کھل جائے : کیرہ ۔ (۵)اجراء : اشاعت : نمائش۔

Lease and release : ہبہ : ہبہ نامہ : ترخیص نامہ ۔

Releasc : (v) [ME.'Release,-esser'.] (۱)وا گذاشت کرنا (جائداد): دست بردار ہونا : فارغ خطی لکھنا یا دینا ۔ (۲)(قرض وغیرہ)منتقل کرنا : ہبہ کرنا ۔ (۳) رہا کرنا : آزادی دلانا : (بند) کھولنا : چھڑانا : چھوڑنا ۔ (۴) واپس لے لینا : کالعدم کردینا : معاف کردینا ۔ (۵)(فلم) پہلی دفعہ دکھانا : نمائش کرنا : جاری کرنا : شائع کرنا : نمائش کی اجازت دینا ۔

Release of land : (n) (قانون) واگذاشت ۔

Release print : (n) فلم کی مثبت طباعت(جسے نمائش کے لئے استعمال کیا جاتا ہے)۔

Release therapy : (n) (طب) دماغی معالجہ جس میں مریض اپنی اندرونی پیچیدگیوں اور پرشانیوں کو ظاہر کرتا ہے ۔

Released time : (n) مذہبی عقیدہ کی تعلیم کا مقررہ وقت: اسکول کے مطابق طالب علموں کو ہفتہ میں ایک دن کی چھٹی دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے والدین کے مذہبی عقائد کے مطابق

تعلیم حاصل کر سکیں ۔

Releasee : (n) واگذاشت کرنے والا : دست بردار ہونے والا ۔

Releasement : (n) رہائی : آزادی : چھٹکارا : نجات : واگذاری : ترک : چشم پوشی : ترخیص : افشاء ۔

Releaser : (n) رہا کنندہ : نجات دہندہ : ہبہ کنندہ ۔

Releasible : (a) دیکھو Releasable

Releasor : (n) واگذاشت کرنے والا : دست بردار ہونے والا : ترخیص کرنے والا : ہبہ کرنے والا ۔

Relegable : (a) قابل اخراج : تبعیدی : لائق جلاوطنی : شہر بدری کے قابل ۔

Relegate : (v) [-Relegat, 'Pa -ppl. Stem of L.'Relegare.'] جلاوطن کرنا: ملک بدر کرنا : نکال دینا : خارج البلد کرنا : تبعید کرنا: دور دراز بھیج دینا : کسی خاص جگہ کو (کسی کے لئے) ممنوع قرار دینا ۔ (۲)ڈھیل دینا : گرادینا : پھینک دینا ۔ (۳)منتقل کرنا : حوالہ دینا : مراجعہ کرنا : نسبت دینا ۔ (۴)بھول جانا : بھلا دینا : طاق نسیاں میں ڈال دینا ۔ (۵)حوالے کرنا : تفویض کرنا: سپرد کرنا : دے دینا ۔ (۶)فٹ بال ٹیم کو لوور ڈویژن فٹ بال لیگ میں منتقل کرنا ۔

Relegation : (n) [L.'Relegatio.'] (۱)جلاوطنی : شہر بدری :تبعید : اخراج : انتقال : حوالہ : ارجاع ۔ (۲)فٹ بال ٹیم کی لوور ڈویژن فٹ بال لیگ میں منتقلی ۔

Relent : (v) [-med.L.'Relentare.'] ڈھیل دینا : نرم پڑنا : پسیجنا : رحم کرنا : ترس کھانا : سخت نہ ہونا : نرم کرنا : سست ہونا : متاثر ہونا : پشیمان ہونا۔

Relentingly : (n) رحم کرتے ہوئے : از روئے مہر بانی : ہمدردانہ : ترس کھاکر : پسیج کر ۔

Relentless : (a) بے رحم : بے درد : سخت دل : پتھر دل : سنگ دل : کٹر: سفاک ۔

Relentlessness : (n) بے دردی : سنگ دلی ۔

Relentment : (n) نرم کرنے کا عمل : نرم بنانے کا عمل : رحم : ہمدردی ۔

Relessee : (n) دیکھو Releasee

Relessor : (n) دیکھو Releasor

Reletter : (v) دوبارہ نام کے ٹھپے لگانا : ازسر نو حروف کی تقسیم کرنا ۔

Relevance : (n) موزونیت : مناسبت : برجستگی : ربط : وابستگی ۔

Relevancy : (n) دیکھو Relevance

Relevant : (a) [med. L. 'Relevans.'] بر محل متعلقہ : متعلق(محل): مفید مطلب : موقع کا : چسپاں : ٹھک کا : موزوں : مناسب : بلموقع : مربوط : منطبق : (قانون) قانونی طور پر مناسب : معقول ۔

Relevantly : (adv.) مناسبت سے : اپنے محل پر : موقع کے لحاظ سے ۔

Relevate : (n) آسودہ کرنا : دل جوئی کرنا : تشفی خاطر کرنا ۔

Reliability : (n) (۱)(سماجیات) با اعتمادی : با اعتباری : استواری : اعتبار : وثوق : اعتماد ۔ (۲)(نفسیات) معتبری امتحان : توافق امتحان ۔

Reliability coefficient : (n) (نفسیات) قدرو معتبری : قدر توافق ۔

Reliability test : (n) (نفسیات) معتبری امتحان : توافقی جانچ ۔

Reliability trial : (n) معتبری تشخیص : توافقی امتحان ۔

Reliable : (a) معتبر :قابل اعتماد : بھروسے کا : استوار :پختہ : قابل و ثوق : موثق : معتمد : قابل اطمینان ۔

Reliableness : (n) با اعتباری : استواری : با اعتمادی ۔

Reliably : (adv.) وثوق کے ساتھ : معتبر طریقہ پر ۔

Reliance : (n) (۱) اعتماد : بھروسا : وثوق : یقین ۔ (۲)سہارا : آسرا : جس پر تکیہ ہو : تکیہ ۔ (۳)(دینیات) توکل : اعتقاد: اعتماد ۔ (۴)قابل اعتماد آدمی : اطمینان بخش آدمی ۔

Reliant : (a) بھروسا کرنے والا : خوش اعتماد : اعتماد کرنے والا : معتمد : مطمئن ۔

Reliantly : (adv.) بھروسے کے ساتھ : خوش اعتمادی کے طورپر ۔

Relic : (n) [ME.'Relike'. Fr. 'Relique.'] (۱)تبرک : تبرکات : آثار (مقدس بزرگوں کے بال ، دانت ، لباس وغیرہ) ۔ (۲)تحفہ : نشانی : یادگار : باقیہ ۔ (۳)(جمع میں) لاش: ہڈیاں ۔ (۴)(جمع میں) باقی ساقی: بچا کھچا : بقیۃ السیف ۔ (۵) اثر: نشان (قدیم زمانہ یا رسم کا)۔ (۶)مغتنم شی: تبرک ۔

Relic area : (n) وہ علاقہ جہاں کسی قدیم زبان کے آثار پا ئے جاتے ہوں یا قدیم زبان تبدیلیوں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہو ۔

Relic fauna : (n) (حیوانیات) آثار حیوانیہ ۔

Relic flora : (n) (نباتیات) آثار نباتیہ ۔

Relicary : (n) (۱) صندوقچۂ تبرکات : تبرکات خانہ ۔ (۲) دیکھو Reliquairey ۔

Relics : (n) (۱)لاش : ہڈیاں ۔ (۲)(نباتیات) باقیات ۔

Ancient relics : عتیقات : قدیم آثار ۔

Relict : (n) [L.'Relicus.'] (۱)(سماجیات)بیوہ : بیوہ عورت : رانڈ : ودھوا ۔ (۲)(نباتیات) باقیہ ۔(۳)(جمع میں) باقیات : آثار ۔

Relict mountain : (n) (جغرافیہ) پس ماندہ کوہ : کوہ باقیہ : باقی ماندہ پہاڑ ۔

Reliction : (n) (سمندر ، جھیل وغیرہ میں) پانی کی تدریجی واپسی ۔

Relief : (n) [AFr.'Relef.'] (۱)تسکین : اطمینان : آرام : راحت(مصیبت کے بعد):فراغت : نجات(غم یا تکلیف سے) : مخلصی : سبک دوشی : آزادی ۔ (۲)تنوع : تفریح : دلکشا پہلو : دلچسپی : ذہنی آرام : اطمینان ۔ (۳)امداد :اعانت : دستگیری : خیرات : خصوصاً کسی حادثہ کے موقع پر خصوصی فنڈ سے سے نقدی یا جنسی امداد ۔ (۴)کمک : فوجی امداد (خصوصاً) خلاصی دہانی(محصورین کے محاصرے سے) : خطرہ ، ضرورت اور دشواری کے وقت امداد ۔ (۵) بدلی(پہرہ کے جوانوں کی) : باری (کے جوان) : بدل :عوضی ۔ (۶)(قانون) داد رسی : فریاد رسی : چارہ سازی : دستگیری : نجات دہی ۔ (۷)(تعمیرات) اُبھار : برجستگی : برجستہ :برجستہ کاری: نمائش برجستگی.(۸)(آرٹ)منبت کاری: ریلیف: ناتی ۔ (۹)یادگار : باقی ماندہ ۔ (۱۰)پسندیدہ تبدیلی خصوصاً قوت بینائی میں ۔ (۱۱) بندوق کی نالی کے قطر میں دہانہ کی طرف تدریجی پھیلاؤ. (۱۲)اسکا چستانی فرقہ جس نے وزیر کے انتخاب کے لئے عوامی جلسہ کے انعقاد کو ضروری قرار دیا تھا (۱۷۶۱ء) پھر (۱۸۴۷ء میں) United secession کے ساتھ یونائٹیڈ پریسبی ٹیرین چرچ کی تشکیل کے لئے متحد ہو گیا: ریلیف چرچ۔ (۱۳)ازالۂ شکایت:تسکین: نگرانی کا خاتمہ. (۱۴)تشفی: ترمیم :چارہ : علاج : (مجازاً) روشنی ۔ (۱۵)اعلیٰ اور ادنیٰ کے درمیان سطح کا فرق : نشیب وفراز کا فرق ۔

Relief : (n) (۱) منبت کاری : ابھرواں کام(ابھری ہوئی تصویریں یا نقوش بنانے کا فن یا طریقہ جس میں اصل شے کے خط و خال کے نشیب و فراز بخبسہٖ دکھائی جائیں): برجستہ کاری : ریلیف : ناتی ۔ (۲) منبت کاری کانمونہ : ابھرواں کام کی چیز. (۳)ابھار : ابھرا ہوا ہونا : نمایاں ۔ (۴)چمک دمک : امتیاز یا تضاد یا فن کارانہ پیش کش کی وجہ سے۔ (۵)سطح زمین کے بعض خطے کالحاظ و خال ۔

High(or great) low ,and middle relief : وہ منبت کاری جس میں نقش سطح پر سے اپنے اصلی تناسب سے ابھرے ہوئے ہوں : منبت عالیہ ، ناقصہ : نقشی : کھدا ہوا : برتن کے اوپری حصہ کی نقاشی : ابھرواں کام ۔

Relief church : (n) ریلیف چرچ جو مصیبتوں اور پریشانیوں سے چھٹکارا دلانے کے لئے ۱۷۶۱ء میں قائم کیا گیا تھا پھر یہ ۱۸۴۷ء میں یونائٹیڈ پریسبی ٹیرین چرچ (اسکاٹ لینڈ) کے قیام کے لئے united secession میں ضم ہوگیا ۔

Relief-ful : (a) آرام سے بھرا ہوا :پُر سکون ۔

Relief of the earth : (n) زمین کی اونچان نیچان : زمین کا نشیب وفراز ۔

Relief map : (n) ناتی نقشہ : ابھرواں نقشہ : رنگین نقشہ ۔

Relief road : (n) دیکھو By-pass

Relief pitcher : (n) (بیس بال میں) بال پھینکنے والا جو دوسروں کے لئے گیند لیتا ھے خصوصاً وہ جسے ہر وقت ریلیف کے لئے تیار رکھا جاتا ھے ۔

Relief process : (n) رنگین تصویر سازی کا عمل : ناتی تصویر سازی کا عمل ۔

Relief valve : (v) (زبردست دباؤ کی وجہ سے) بھاپ یا سیال کے گزرنے کی نلی :کُھل مندن ۔

Relief work : (n) امدادی کام ۔

Reliefer : (n) (۱)دیکھو Relief pitcher - (۲)عوامی امداد (ریلیف) وصول کرنے والا ۔

Relier : (n) انحصار کرنے والا (کسی شخص یا چیز پر) ۔

Relievable : (a) (۱)قابل امداد : لائق نجات .(۲)قانونی امداد وصول کرنے کے لائق ۔

Relieve : (v) [L.'Relevare.'] (۱)امداد دینا : نجات دینا : سبک دوش کرنا : چھٹکارا دلانا :تکلیف سے نجات دینا : مالی مدد دینا : ضرورت پوری کرنا .(۲)تسکین دینا: آرام

پہنچانا : اطمینان دینا : راحت دینا ۔ (۳)دستگیری کرنا : اعانت کرنا : خیرات دینا یا کرنا ۔ (۴) کمك بهیجنا؛ فوجی امداد دینا ۔ (۵)داد رسی کرنا : فریاد رسی کرنا : چارہ سازی کرنا ۔ (۶)منبت کاری کرنا؛ ابهار کر دینا : نمایاں کرنا ۔ (۷)قانونی مدد دینا : فریاد رسی کرنا : الزام سے بری کرنا : برأت دلانا ۔ (۸)ڈر ، خوف سے نجات دینا : صدمہ سے بچانا : غم سے چهٹکارا دلانا : جسمانی تکلیف سے نجات دلانا ۔ (۹)وسیع کرنا : کشادہ کرنا ۔ (۱۰)آسان کرنا : ہلکا کرنا : ٹهنڈا کرنا :کم کرنا؛ اعتدال پیدا کرنا ۔ (۱۱)قابل برداشت بنانا : بے لطفی کم کرنا : کم تکلیف دہ کرنا یا بنانا ۔ (۱۲)(کسی شخص کو) کام کی بدلی کے ذریعہ آرام پہنچانا : باری بدل کر سہولت فراہم کرنا : (کسی شخص کو وقتی طور پر) فرض سے سبك دوش کرنا : جگہ سے ہٹانا : عہدے سے سبك دوش کرنا ۔ (۱۳)بوجھ ہلکا کرنا : مشکل آسان کرنا ۔ (۱۴)(کسی سے کوئی چیز) چهین لینا : اُچك لینا : لے لینا ۔ (۱۵)غذا فراہم کرنا : کهانا دینا : آسودہ کرنا ۔ (۱۶)ڈهیلا کرنا : جکڑن سے چهٹکارا دینا یا دلانا : گرفت سے نکالنا ۔ (۱۷)بلند کرنا : اُونچا کرنا : اونچا اٹهانا ۔

To relieve nature : پاخانہ کرنا؛ پیشاب کرنا؛ فضلہ خارج کرنا : قضائے حاجت کرنا : رفع حاجت کرنا۔

To relieve one's feelings : دل کی بهڑاس نکالنا ۔

Relieved : (a) سبك دوش : مطمئن ۔

Relievedly : (adv.) سبکدوشی کے طور پر ۔

Reliever : (a) سبکدوش کرنے والا : جگہ لینے والا : آرام دینے والا : نجات دہندہ ۔

Relievement : (n) [OFr. 'Releve'-,Relevement.'] آرام :اطمینان : امداد ۔

Reliever : (a) سبکدوش کرنے والا : جگہ لینے والا : آرام دینے والا : نجات دہندہ ۔

Relieving : (a) آرام دینے والا : نجات دینے والا : چهٹکارا دلانے والا ۔

Relieving arch : (n) (تعمیرات) سہارے کی ڈاٹ : خشتی ڈاٹ : (طاق جو دیوار کے اندر اور اوپر کا بوجھ سہارنے کی غرض سے بنایا جائے) ۔

Relieving officer : (n) (برطانیہ) رفاہ عام کے شعبہ کا افسر : وہ افسر جو عوام کی امداد پر مامور ہو ۔

Relieving tackle : (n) امدادی جرثقیل : معاون جرثقیل ۔

Relievingly : (adv.) سبك دوش کرتے ہوئے : آرام دینے کے طور پر ۔

Relievo : (n) [It 'Relievo.'] (۱)برجستہ؛ابهروان۔(۲)برجستگی؛ابهار۔

Alto relievo : بلند ابهروان : بلند ابهار ۔

Basso relievo : پست ابهروان ۔

Mezzo relievo : نیم ابهروان : نیم ابهار ۔

Relievo : (n) آنکھ مچولی سے ملتا جلتا ایك کهیل ۔

Religate : (v) [Sten of L. 'Religare.'] متحد کرنا : متصل کرنا : باندهنا : ایك کرنا :جوڑنا۔

Religation : (n) اتحاد : اتصال : ہم بستگی ۔

Religieuse : (n) [Fr.] راہبہ :تارك الدنیا عورت : مذہبی امور کے لئے وقف عورت ۔

Religieux : (n) [Fr. 'Religiosus.'] راہب : تارك الدنیا ۔

Religio : (n) سابقہ بہ معنی "کیش ومذہب" یا "مذہب و ......" جیسے Religio educational یعنی "مذہبی وتعلیمی" ۔

Religio-ethical : (a) مذہبی اور اخلاقی ۔

Religio-political : (a) مذہبی اور سیاسی ۔

Religion : (n) [AFr. 'Religiun.'] (۱) مذہبی : دین : دهرم : کیش : آئین ۔ (۲)خدا شناسی :توحید؛ روحانیت : خدا پرستی۔ (۳)طریقۂ عبادت : عقیدہ : عقیدۂ مذہب ۔ (۴)ایمان؛ ایمانداری : راست بازی : اصول پسندی : وفا داری : وفا۔ (۵)خدا کے وجود پر یقین : ایمان بالغیب : مافوق الفطرت طاقت پر یقین ۔ (۶)رہبانیت : خانقاہ گزینی : گوشہ نشینی :ترك دنیا ۔ (۷) زہد : تقویٰ : پرہیزگاری۔ (۸)مذہبی رسوم کی پابندی یا ادائیگی ۔ (۹)رہبانی فرقہ؛ راہبوں کا سلسلہ۔ (۱۰) ہوشیاری : با خبری؛ بیداری؛ دین داری : وجدان : شعور۔ (۱۱)پرستش؛ پوجا؛ عبادت ۔ (۱۲)مذہبی آدمی : آداب مذہب : مذہبی رسوم ۔ (۱۳)پروٹسٹنٹ مذہب : اصلاح شدہ مذہب ۔

Established religion : مروجہ مذہب ۔

Natural religion : فطری مذہب : نیچری مذہب : مذہب فطری ۔

Psychology of religion : نفسیات مذہب ۔

Revealed religion : الہامی مذہب : مذہب وحی ۔

The religion : پرو ٹسٹنٹ مذہب : اصلاح شدہ مذہب ۔

To get religion : (عامیانہ اور مزاحاً) اللہ والا بن جا ۔

To make (a)religion of or to make (it) religion to: کسی کام کو انتہائی احتیاط یا پوری دیانت داری سے کرنا ۔

Religionary : (a) مذہبی : روحانی ۔

Religioner : (n) مذہب پرست : دین دار :عابد : متدین ۔

Religionism : (n) مذہب پرستی : تدّین : جوش مذہب :مذہبی غیرت ۔

Religionist : (n) دیکھو Religioner

Religionize : (v) مذہبی بنانا : مذہبی رنگ چڑھانا : مذہبی جوش دکھانا : مذہبی ہونا : روحانی ہونا ۔

Religionless : (v) لامذہب : آدھرمی : بے دین ۔

Religiose : (a) [L. 'Religiosus.'] متعصب دیندار : متدین بظاہر : کٹّر : کٹّرمذہبی : کٹر دیندار : روحانی فاسد و بدکار: خشکہ مقدس ۔

Religiosity : (n) دین داری : مذہبیت : کٹر پن : اندھی مذہبیت : خشکہ مقدسی ۔

Religioso : (n) مذہبی طرز و احساس ۔

Religious : (a) [AFr. 'Religius.'] (۱) مذہبی : دینی :شرعی : کیشی : آئینی ۔ (۲)محتاط ۔ (۳)متدیّن : متقی :خدا ترس : خدا پرست : دیندار ۔ (۴)رہبانی : راہبوں کے سلسلے کا ۔ (۵)بے حد محتاط: نہایتُ پُر احتیاط۔(٦)دقیق : صحیح؛ ہوشیار :باشعور : بیدار ۔

Religious: (n) راہب : راہبہ : تارک الدنیا : چیلا (کسی رہبانی سلسلے کا) ۔

Religious education : (n) دینی تعلیم : مذہبی تعلیم ۔

Religious fanaticism : (n) مذہبی جنون : مذہبی دیوانگی ۔

Religious house :(n) دَیر : صومعہ : خانقاہ : مذہبی گھر : کنونٹ ۔

Religious humanism : (n) خدا بیزار اخلاقیت :امریکا کی وہ تحریک جو خدا بیزاروں اور منکروں پر مشتمل ھے اور جس کا مقصد خدا پر یقین کئے بغیر مذہبی اخلاقیات سے استفادہ کرنا ھے ۔

Religious instinct : (n) (نفسیات) مذہبی جبلت ۔

Religious institutions : (n) مذہبی ادارات : مذہبی ادارے ۔

Religious instruction : (n) مذہبی تعلیم : دینی تعلیم ۔

Religious naturalism : (n) مذہبی نیچریت ۔

Religious of the cenacle : (n) رومن کیتھولك سوسائٹی کے راہبوں کی ایك تنظیم Our lady of the canacle کا کوئی رُکن ۔

Religious purposes : (n) مذہبی اغراض۔

Religious pursuation : (n) مذہبی اعتقاد ۔

Religiously : (adv.) دینداری سے :سچائی کے ساتھ : نہایت احتیاط سے ۔

Religiousness : (n) دینداری : تدیّن : مذہبیت : تقویٰ ۔

Reline : (v) نیا خط ڈالنا : نئے خطوط کھینچنا ۔

Reline : (v) مکرر بیل ٹانکنا : سیون دھرنا ۔

Relinquent : (a) [L.'Relinquentem.'] ترك کرنے والا : چشم پوشی کرنے والا : رہا کرنے والا ۔

Relinquent : (n) ترك کرنے والاآدمی : صرف نظر کرنے والا شخص : چشم پوشی کرنے والا آدمی : وہ جو ترك کرتا ھے ۔

Relinquish : (v) [OF.'Relinquiss', 'Relinquir'.] (۱)چھوڑ دینا : دے بیٹھنا : دست کش ہو جانا : ترك کر دینا : تج دینا : ہاتھ اٹھا لینا : واگذاشت کرنا (عادت ، حق یا قبضہ)؛ صرف نظر کرنا ۔ (۲)چھوڑ دینا : گرفت چھوڑ دینا : رہا کرنا : فراموش کرنا : حذف کرنا ۔

Relinquishment : (n) دست برداری :دست کشی : ترك : واگذاشت : چشم پوشی : حذف : صرف نظر ۔

Reliquaire : (n) [Fr.] صندوقچۂ تبرکات : تبرکات خانہ : محفوظۂ عتیقہ : ظرف عتیقات : تبرك دان : تبرکات دان ۔

Reliquary : (n) [Fr.'Reliquaire.'] دیکھو Reliquaire

Reliquary : (a) تبرکاتی : تبرکات یا اس سے متعلق ۔

Relique : (n) نشانی : باقیہ ۔

Reliquiae : (n) [L.] (۱)لاش ۔ (۲)(ارضیات) باقیات : عتیقات ۔ (۳)متحجرات (جانوروں اور پودوں کے) ۔ (۴) برگ گاہ (خشک پتیاں جو ڈنٹھل میں لگی ہوں) ۔

Relish : (n) [OFr. 'Reles.'] (۱)ذائقہ :مزہ : چاشنی : (کھانے کی) : خوشبو (اشتہا انگیز) ۔ (۲) پٹ : خفیف سا رنگ : خفیف سا جُز (کسی دوسری چیز کا) ۔ (۳) لطف چٹخارہ : مزہ ۔ (۴)مسالا : چاٹ :چٹنی : پُٹ ۔ (۵)رغبت: شوق : چاؤ : چسکا : ذوق یا رغبت : خواہش : میل : اشتہا : پسندیدگی : پسند خاطر ۔

Relish : (v) (۱)مسالا دینا : چٹپٹا بنانا : چاشنی دینا : با مزہ کرنا : مزیدار بنانا ۔ (۲) مزہ لینا : پسند کرنا: مرغوب بنانا : لطف اٹھانا ۔ (۳) بو لینا : ذائقہ دینا : مترشح کرنا : پتا دینا ۔ (۴)(ذوق یا ذائقہ پر) اثر کرنا : مزہ دینا ۔ (۵)رغبت کے ساتھ کھانا : لذت کے ساتھ کھانا : اشتہا سے زیادہ کھانا : خوشی کے ساتھ کھانا پینا ۔ (۶)چکھنا : لذت حاصل کرنا ۔ (۷)پسند آنا : پسندیدہ ہونا : استقبال کرنا : لذیذ ہونا ۔

Relishable : (a) با مزہ : مزیدار : لذیذ : من پسند : مرغوب : ذائقہ بخش۔

Relisher : (n) مزیدار کرنے والا : لذیذ بنانے والا ۔

Relucence : (n) چھلک : سفیدی :شفاف ۔

Relucent : (a) چمکتا دمکتا : شفاف : تاباں : روشن : چمکدار : درخشاں: براق : نورافشاں ۔

Reluct : (v) (۱)جدو جہد کرنا: کش مکش کرنا: اعتراض کرنا : معترض ہونا ۔ (۲) بغاوت کرنا : مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : مخالف ہونا ۔(۳) جنگ کرنا : دعویٰ کرنا : مقابلہ کرنا ۔

Reluctance : (n) (۱) تامل : اکراہ : بے زاری : مخالفت : عدم رضا : عدم خوشنودی ۔ (۲) (برقیات ، انجینیئرنگ) مقاومت (مقناطیسی) ۔

With (or without) reluctance : عدم رضامندی کے ساتھ: عدم رضا کے بغیر : اکراہ کے ساتھ : نا خوشی کے ساتھ ۔

Reluctancy : (a) دیکھو Reluctance

Reluctant : (a) [L. 'Reluctantem.'] (۱) مچلتا ہوا : مچلنے والا : (خصوصاً شعر میں) اڑ نے والا : مَٹھا : ٹھیس : بے قابو : مقابلہ کرنے والا : کش مکش کرنے والا: مقاومت کرنے والا۔ (۲) بے دل : متامل : نارضامند : بے زار : بے میل ۔ (۳)ناراضگی : نارضامندی : ناخوشنودی ۔

Reluctantly : (adv.) بہ اکراہ : با دل ناخواستہ : بے دلی : سرد مہری کے ساتھ : نارضا مندانہ ۔

Reluctate : (v) [ad. L.'Reluctat.'] مخالفت کرنا : مزاحمت کرنا : مخالف ہونا : اکراہ کا اظہار کرنا : ناپسندگی ظاہر کرنا: متامل ہونا : اَڑنا : مقابلہ کرنا : کش مکش کرنا : جنگ کرنا : دعویٰ کرنا۔

Reluctation : (n) مخالفت : مزاحمت : نا پسندیدگی : تامل : کش مکش ۔

Reluctivity : (n) (برقیات ،انجینیئرنگ) مقاومیّت : مقاومت مقناطیسی۔

Relume : (v) (۱)پھر جلانا یا سلگا نا : پھر روشن کرنا (آنکھ وغیرہ کو) ۔ (۲) دوبارہ منور کرنا (آسمان وغیرہ کو): مشتعل کرنا : نور افشاں کرنا : دوبارہ شفاف بنانا : پھر چمکانا۔

Rely : (v) [L.'Religare.'] (۱)اعتماد کرنا : بھروسا کرنا : وثوق رکھنا : پوری طرح یقین رکھنا (شے یا شخص پر) : قول پر یقین کرنا ۔ (۲)تکیہ کرنا : اطمینان رکھنا : مطمئن ہونا : توکل کرنا : انحصار کرنا ۔ (۳) امیدوار ہونا : شامل ہونا ۔

Remain : (n) [OFr. 'Remain', f. 'Remainder.'] (۱)(عموماً جمع میں) باقیات : باقی حصہ : بچا کھچا : باقی اجزا : باقی ماندہ ۔ (۲) کھنڈر : باقیات : آثار باقیہ : نشان یادگار(تاریخی تبرکات) ۔ (۳) متروکات (مصنف کی خصوصاً غیر شائع شدہ تصانیف) : مآثر علمیہ : زیر زمین میں محفوظ آثار قدیمہ ۔ (۴)لاش : ہڈیاں : نقش ۔ (۵)غیر ادا کردہ رقم کا باقی ماندہ ۔ (۶)کسی خاندان یا معاشرہ کے باقی ماندہ افراد : کسی گروہ یا ادارہ کے باقی ماندہ افراد ۔ (۷)کسی چیز یا چیزوں کا باقی ماندہ حصہ : شے متروک ۔

Remain : (v) [AF. 'Remeyn.'] (۱)باقی ہونا : باقی رہنا : باقی رہ جانا : بچ رہنا : فاضل بچنا ۔ (۲)ٹھہرنا : ٹھہرے رہنا : باقی یا موجود ہونا : ایک حالت پر رہنا : چھوٹ جانا : رہ جانا : حصہ میں رہنا : ایک جگہ پر رہنا ۔(۳)بدستور ہونا : مثل سابق ہونا ۔ (۴)ترک ہونا : یاد سے ختم ہو جانا : دوام کرنا۔

Remainder : (n) (۱)(قانون) حق جز معاش : گزارہ(کسی جائداد کا قلیل حصہ جو وصیت کے ذریعہ کسی دوسرے کے نام کر دیا جائے) ۔ (۲)وراثت باز گشت : وراثت ثانوی : وراثت عصبی (جس کا اصلی وارث کی وفات سے حق پیدا ہو)۔ (۳)مابقیٰ : بقایا : رہا سہا : بچا کھچا : رہے سہے (اشخاص) : پس ماندہ : باقی ماندہ : تتمہ ۔

(۴)(ریاضیات)باقی: حاصل تفریق۔ (۵)(کتب فروشی) ذخیرۂ فاضله : بے بکی کتابیں (جو کم قیمت پر بیچنی پڑیں)؛ ڈاك خانه کی غیر فروخت شده ٹکٹیں : اڑی پڑی۔ (۶)مدت اقامت : زمانۂ سکونت ۔ (۷)(جمع میں) باقیات.

Cross remainder : وراثت باز گشت جس میں جائداد دو سے زیاده افراد کے مابین تقسیم ہوتی ھے اس شرط کے ساتھ که جس کو اولاد نرینه نه ہوگی اس کا حصه دوسرے کو مل جائے گا۔

Remainder : (v) (۱) کتابوں کی باقی مانده کا پیوں کو کم پر فروخت کرنا؛ کتابوں کو ذخیرۂ فاضله میں داخل کرنا یا اس حیثیت سے فروخت کرنا ۔ (۲)باقی مانده غیر فروخت منسوخ ڈاك ٹکٹوں کو کم قیمت پر فروخت کرنا ۔ (۳)بچی کھچی ہوئی چیزیا چیزوں کو بیچنا۔

Remainder : (a) بچا کھچا ہوا : باقی مانده : متروك ۔

Remainder man : (n) گزاره دار : شریك جزوی : حصه دار : شریك وارث ۔

Remainder over : (n) (کسی جائداد کا) منافع مزید : مزید گزارا ۔

Remainder ship : (n) توریث : باز گشت : حق وراثت ثانوی : توریث ضمنی ۔

Remainder theorem : (n) (ریاضیات) مسئله باقیه ۔

Remake : (n) پہلے کی بنی ہوئی متحرك فلم کی دوباره فلم سازی ۔

Remake : (v) (۱) پھر بنانا : نئے طریقے سے بنانا : نوساخته کرنا۔ (۲) نظر ثانی کرنا ۔

Reman : (v) (۱) پھر آدمی لگانا : نئی نفری دینا : پھر آدمی مہیا کرنا ۔ (۲) پھر مرد بنانا : پھر ہمت دلانا ۔

Remand : (n) (۱) (قانون) حوالات مزید : ریمانڈ : حراست مزید : حبس جدید ۔ (۲) حوالاتی قیدی : حراستی قیدی ۔

Remand : (v) [Late L. 'Remandare.'] (۱)واپس بھیجنا : پھر سپرد کرنا: پھر حوالے کرنا : واپس ہونے یا بھیجنے کا حکم دینا: واپس بلا لینا ۔ (۲)حوالات میں رکھنا : (پولس کی مزید تفتیش تك) حوالات میں مزید رکھنے کا حکم دینا؛ قیدی کو دوباره حوالات میں بھیجنا ۔ (۳)(قانون) (دوسری عدالت سے پہلی عدالت میں) مقدمه کو واپس بھیجنا۔

Remand home : (n) (۱)(برطانیه) حراست : حوالات : عارضی قیدخانه ۔ (۲) مجرم بچوں کی حراست : حراست خانۂ طفلاں ۔

Remanence : (n) [med. L.'Remanentia'.] (۱)(برقیات، انجینیئرنگ) امتساك ۔ (۲)مداومت : مستقل ۔

Remanent : (a) (انجینیئرنگ وبرقیات) پس مانده : بقیه : بقیه مقناطیسیت : پس مانده قوت ۔

Remanent magnetism : (a) (برقیات ، انجینیئرنگ) بقیه مقناطیسیت ۔

Remanet : (n) (۱)ملتوی شده شے: باقی مانده : بقیه حصه : پس مانده ۔ (۲)(قانون) ملتوی شده مقدمه یا مسودۂ قانون : پارلیمانی بل جسے آئنده اجلاس تك کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہو : ملتوی شده پارلیمانی بل ۔

Remanie : (n) [Fr.] باقیات :آثار ۔

Remanufacture : (v) پھر بنانا : دوباره تیار کرنا : دوباره پیدا کرنا ۔

Remargin : (v) پھر حاشیه دینا یا لگانا ۔

Remark : (n) [Fr. 'Remarque'.] (۱) مشاہده : ملاحظه : معائنه : توجه فرمائی : نظر فرمائی : توجه ۔ (۲) رائے زنی : قیل و قال : گفتگو : تذکر۔ (۳) رائے : قول : اظہار : بیان : کیفیت ۔ (۴) اظہار نظر : تشخیص : علامت ۔ (۵) زبانی یا تحریری مشاہده : تبصره : مختصر اظہار خیال یا تنقید ۔

Worthy of remark : قابل توجه : قابل ملاحظه : غیر معمولی ممتاز : نمایاں ۔

Remark : (v) (۱)متوجه ہونا : دیکھنا : معائنه کرنا : غور سے دیکھنا : گھورنا : مشاہده کرنا : نگاه کرنا : نظر ڈالنا : ملاحظه کرنا: توجه کرنا : معلوم کرنا ۔ (۲)رائے دینا : رائے لگانا : رائے زنی کرنا: کہنا: اظہار نظر کرنا : اظہار خیال کرنا: بیان کرنا : تبصره کرنا۔

Remarkability : (n) قابل توجه یا قابل مشاہده ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Remarkable : (a) قابل ذکر : قابل ملاحظه : عجیب : نادر : ممتاز : غیر معمولی : نمایاں : برجسته : مشہور :استثنائی ۔

Remarkableness : (n) ندرت : امتیاز : حیرت انگیزی : قابل گفتنی ۔

Remarkably : (adv.) عجیب طور پر : حیرت انگیزی کے ساتھ : کمال کے ساتھ : بڑی خوبی سے : غیر معمولی طور پر ۔

Remarkedly : (adv.) نشان زدہ : توجہ کے طور پر ۔

Remarker : (n) ملاحظہ کرنے والا : معائنہ کرنے والا : مشاہدہ کرنے والا : تبصرہ کرنے والا: اظہار خیال کرنے والا: مشاہد : مبصر۔

Remarks : (n) تصریحات : کیفیات ۔

Remarque : (n) [Fr. 'Engraving.'] نشان حاشیہ (کندہ کاری کی لوح پر ایک خاص حالت ظاہر کرنے کے لئے لگاتے ہیں): نقش حاشیہ : ترسیم حاشیہ ۔

Remarque proof : (n) پروف کی علامت یا نشان ۔

Remarry : (v) (۱) دوبارہ شادی کرنا : دوبارہ عقد کرنا : دوبارہ عقد پڑھنا ۔ (۲) (پادری وغیرہ کا) شادی کرانا (ایسے اشخاص کی جن میں سے ایک یا دونوں کی شادی پہلے ہو چکی ہو)۔

Remblai : (n) [Fr. f. 'Remblayer.'] (۱) زمین جو ساحل سازی کے لئے استعمال کی جائے ۔ (۲)(معدنیات) وہ سامان جو کوئلہ کے موٹے پرت کے شگاف کو بھرنے یا بند کرنے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Rembrandtesque : (a) ولندیزی نقاش ریم برانٹ (Rembrandt) کے طرز یا وضع کی مانند : گہرے رنگوں کی : پرُاز رنگ (جس میں روشنی اور تاریک حصے خوب نمایاں دکھائے گئے ہوں)۔

Rembrandtish : (a) دیکھو Rembrandtesque

Rembrandtism : (n) ریم برانٹی طرز یا وضع ۔

Remeant : (n) [L. 'Remeantam.'] واپسی : رجوع : رجعت ۔

Remed /Remeid /Remead : (n) [L.'Remedium.'] (۱) علاج : چارہ : درماں : دوا ۔ (۲) دیکھو Remedy ۔

Remediable : (a) (طبیعیات) تدارک پذیر : علاج پذیر : قابل علاج: قابل اصلاح : لائق تلافی : درماں پذیری : چارہ پذیری : شفا پذیر ۔

Remediableness : (n) تدارک پذیری: درماں پذیری : علاج پذیری ۔

Remediably : (adv.) تدارک پذیری کے ساتھ : درماں پذیری کے طور پر ۔

Remedial : (a) [ad. L. 'Remedialis.'] اصلاحی : علاجی : تدارکی : درمانی: انسدادی ۔

Remedial instruction : (n) (نفسیات) علاجی تدریب : علاجی تربیت ۔

Remedial measure : (n) تدبیر تدارک : تدبیر درماں ۔

Remedially : (adv.) بہ طور درماں : بہ طور انسداد ۔

Remediless : (n) لا علاج : نا قابل علاج : نا قابل شفا ۔

Remedilessly : (adv.) لا علاج کے طور پر ۔

Remedilessness : (n) لا علاجیت : لا تدارکی ۔

Remedy : (n) [L.'Remedium.'] (۱) علاج : چارہ : درماں : دوا :دارو ۔ (۲)تدارک : تدبیر: تلافی : معالجہ : چارۂ کار : داد رسی: تداوی۔ (۳) (قانون) مداوا :تلافی۔ (۴)برداشت : ضبط: تحمل : رواداری ۔ (۵)(برطانوی اسکولوں میں) نصف تعطیل : آدھے دن کی چھٹی : تفریح کا وقت ۔ (۶)تھوڑی سی جگہ جس میں ڈھلے ہوئے سکوں کی نفاست اور وزن کو تبدیل کیا جاتا ھے ۔

Remedy : (v) [OFr. 'Remedier'.] (۱)علاج کرنا : تدارک کرنا : دوا دارو کرنا : معالجہ کرنا ۔ (۲)تدبیر کرنا : تلافی کرنا : چارہ کار کرنا : اصلاح حال کرنا : تدارک کرنا : مداوا کرنا ۔ (۳) دور کرنا : درست کرنا : ٹھیک کرنا : اچھا کرنا۔ (۴)شفا دینا: صحت یاب کرنا ۔

Remelt : (v) دوبارہ پگھلانا : دوبارہ نرم کرنا ۔

Remember : (v) [OFr. 'Remembrer.'] (۱)یاد رکھنا : ذہن میں رکھنا : حافظہ میں رکھنا : یاد آنا : حفظ کرنا : حفظ ہونا : خیال میں رکھنا : نہ بھولنا ۔ (۲) تحفہ دینا : عطیہ دینا : انعام دینا : بخشش دینا ۔ (۳) دعا میں یاد رکھنا : دعائیں دینا۔ (۴)آداب پہنچانا : سلام کہنا : دعا سلام کہنا یا پہنچانا ۔ (۵) یاد کرنا :نام لینا : ذکر کرنا : سوچنا : محفوظ کرنا ۔ (۶)یاد دلانا : یادگار قائم کرنا ۔

To be remembered : یاد آنا ۔

To remember oneself : (بدتمیزی اور غفلت کے بعد)سنبھل جانا : ہوش میں آنا ۔

Rememberable : (a) قابل یاد : یادگار : قابل لحاظ : قابل ذکر : یاد رکھنے کے لائق ۔

Rememberaly : (adv.) قابل ذکر طریقہ : یادگار کے طور پر ۔

Rememberer : (n) یاد کرنے والا : یاد آنے والا : ذکر کرنے والا ۔

Remembrance : (n) (۱)(نفسیات) یادداشت ۔ (۲) (نفسیات) تذکر : یاد ۔ (۳)(نفسیات) حافظه ۔ (۴) یاد آوری ۔ (۵) یادگار: نشانی ؛ یاد آور ؛ ارمغاں: یادداشت ۔ (۶)(جمع میں) آداب ؛ تسلیمات ؛ سلام ؛ دعا ؛ درود و سلام ؛ تحفه ۔ (۷)تذکره ؛ یاد ؛ ذہن ؛ حفظ ۔ (۸)قوت یادداشت ؛ قوت حافظه ؛ حافظه ۔ (۹) یاد دہانی ؛ تنبیه ؛ تاکید ۔

To call to remembrance : یاد کرنا ۔

To have in remembrance : یاد رکھنا ؛یادداشت میں رکھنا؛ ذہن میں رکھنا ۔

To put in remembrance : یاد دلانا ؛ یاد دہانی کرنا ۔

Remembrancer : (n) (۱)محصّل ؛ سرکاری قرضے وصول کرنے والا اہل کار۔ (۲)محکمۂ خزانه کے متعدد حکام کا نام ۔ (۳)یادگار؛ یاد دلانے والی چیز ؛ یاد دہانی کرانے والا شخص یا شے ۔ (۴) لندن بلدیه کا ایک افسر جس کا خاص کام پارلیمانی کمیٹیوں ، کاؤنسل اور ٹریزری بورڈ میں بلدیه (کارپوریشن) کی نمائندگی کرنا ھے ۔ (۵) محضر نامه ؛ یاد داشت رجسٹر ۔

The kings(or queen's) remembrancer : شاہی محصّل ۔

Remex : (n) [L. f. 'Remus'.] شه پر ؛ شاہ پر ؛ خاصۂ پر ۔

Remicle : (n) [L. 'Remiculum'.] چھوٹا شه پر ۔

Remiform : (n) شه پرنما ؛ چپّو جیسا ۔

Remigrant : (n) مہاجر کی سابق جگه پر واپسی ۔

Remigrate : (n) (۱) مکرر ہجرت کرنا ؛ دوبارہ ہجرت کرنا ۔ (۲)ہجرت سے واپس لوٹنا (اصل مقام پر) دوبارہ کوچ کرنا ۔

Remigration : (n) (۱)دوبارہ ہجرت ؛ مکرر ہجرت ؛ ہجرت ثانی ؛ ہجرت نو ۔ (۲) ہجرت سے واپسی ؛ ہجرت سے مراجعت ۔

Remijia : (n) [L.] ایک امریکی درخت ؛جھاڑی ۔

Remilitarization : (n) فوج کی دوبارہ تسلیح ؛ فوج کو دوبارہ مسلح کرنے کا عمل ؛ باز تسلیح ۔

Remilitarize : (v) فوج کو دوبارہ مسلح کرنا ۔

Remind : (v) یاد دلانا ؛ جتانا ؛ یاد دہانی کرانا یا کرنا ؛ متنبه کرنا ؛ یاد کرنا ۔

Reminder : (n) (۱)یاد دہانی ؛تاکید ؛ تنبیه ؛چتاؤنی ؛ کوئی بھی چیز جس کے ذریعه یا د دہانی کی جائے ۔ (۲)(طب) (جمع میں) آتشک کی ثانوی علامات ۔

Remindful : (a) (۱)محتاط ؛ احتیاط پسند ؛احتیاط کرنے والا ۔ (۲)بے حد ذہین ؛ ہوشیار ؛ (۳)یاد دہانی کرنے والا ؛ یاد کرنے والا ؛ یاد انگیز ؛ یاد دہاں ۔ (۴)اثر ڈالنے والا ۔

Remindingly : (adv.) یاد دہانی کے طور پر ؛ یاد دہانی کرتے ہوئے ۔

Reminisce : (v) (۱)(عامیانه یا مزاح) یاد کرنا ؛ یاد تازہ کرنا یا ہونا ۔ (۲)یاد میں محو ہونا ؛ یاد میں ڈوب جانا ۔

Reminiscence : (n) [Fr.'Reminiscence'.] (۱) یاد ؛ ذکر ؛ تذکرہ ؛ یاد آوری ۔(۲)(فلسفه) عقیدۂ تذکرہ ؛ تحت شعوری حافظه۔ (۳) نشانه ؛ علامت یاد ؛ جھلك ۔ (۴) یاد داشت ؛قوت یاد آوری؛ حضور ذہن ؛ قوت حافظه ۔ (۵)(جمع میں) یاد داشت (تحریر) سوانح ؛ وقائع ؛ محاضرات ؛ مشاہدات (کتابی صورت میں جمع کردہ) ؛ گزرے ہوئے واقعه کی یاد یا ذکر ۔

Doctrine of reminiscence : (فلسفه) عقیدہ تذکرّ ؛ تحت شعوری حافظه ۔

Platonic doctrine of reminiscence: افلاطون کا نظریهٔ تذکر که انسان کا علم اصل میں اس علم کے تازہ کرنے کا نام ھے جو ارواح کو عالم مثال میں حاصل ہوا تھا ۔

Reminiscent : (a) (۱) گزرے ہوئے واقعات یاد رکھنے والا ؛ حافظه دار ؛ آگاہ ؛ باخبر ۔ (۲)یاد انگیز ؛ یاد آور ؛ یاد دہاں ؛ یاد دلانے والا ؛ (کسی چیز کی) جھلك رکھنے والا ؛ مشابه ۔ (۳)متوجه کرنے والا ؛ معنی خیز ؛ محرك خیال ۔

Reminiscential : (a) دیکھو Reminiscent

Reminiscentially : (adv.) یاد دہانی کے طور پر ؛ یاد انگیزی کے ساتھ ۔

Reminiscently : (adv.) یاد انگیزانه ؛ یاد آورانه ؛ یاد دلاتے ہوئے ۔

Reminiscer : (n) یاد دلانے والا ؛ یاد دہانی کرنے والا ۔

Reminiscingly : (adv.) دیکھو Reminiscently

Remint : (n) نیا سکۂ بنانا ؛ پھر ٹھپا کرنا (سکه کو)؛ قدیم سکوں کو ڈھال کر نئے سکے ضرب کرنا ؛ دوبارہ سکه بنانا ۔

Remiped : (a) [Fr. 'Remipede.'] چپوپا ؛ غوطه خور پیر رکھنے والا ؛ چپو نما پاؤں والا ۔

Remiped : (n) غوطه خور کیڑا : شناور جانور ۔

Remise : (n) [Fr.] (۱)بگھی خانہ : گاڑی خانہ : اڈے کی بگھی(کرائے کی) ۔ (۲) (شمشیر زنی) چوٹ : بچت ہول پہلا وار کرنے کے بعد ، دوسرا ہولا جو اپنے سنبھلنے کے لئے مارا جائے : اس قسم کا حملہ ۔ (۳) کمپا (چڑیوں کو پھنسانے کے لئے) ۔

Remise : (v) (۱)(قانون) حوالے کرنا : ادا کرنا : ہاتھ سے دے دینا : رکھ دینا (مال یا حق) ۔ (۲) واپس کر دینا : لوٹا دینا : پہلی جگہ پر یا پہلی حیثیت میں رکھ دینا : دوبارہ رکھ دینا ۔ (۳)بدل دینا : تبدیل کر دینا : واپس بھیج دینا (پہلی جگہ پر) ۔

Remise (v) (شمشیر زنی) ہولا پن : ضرب لگانا : وار کرنا ۔

Remiss : (a) [L.'Remissur.'] (۱)بے پروا : غافل : فرض ناشناس : نکما : سست : بے حال: بے قید ۔ (۲)ناکارہ : بودا : کمزور: ڈھیلا: نرم ۔ (۳) ضعیف : علیل : شل : بے قابو : بے حِس ۔

Remissibility : (n) قابل عفو ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Remissible : (a) [L.'Remissibilis.'] قابل معافی : قابل در گذر : قابل اغماض : قابل عفو : بخشیدنی : گذشتنی : گذاشتنی ۔

Remissibleness : (n) دیکھو Remissibility

Remissibly : (adv.) قابل معافی کے طور پر ۔

Remission : (a) [L.'Remissionem.'] (۱)عفو : مغفرت : آمرزش ۔ (۲) معافی : درگذر : دست برداری : واگذاری ۔ (۳)(قانون) تخفیف: رعایت: چھوٹ: معافی ۔ (۴)کوتاہی: کمی: تضعیف (اثر قوت وغیرہ کی)۔ (۵)ترسیل: تفویض : ترسیل زر ۔ (۶)(طب) زمانۂ خِفت۔ (۷)(طب) افاقہ : خفت : کمی : تخفیف (خصوصاً عارضی) ۔ (۸)(دینیات) عفو: بخشش ۔ (۹) اغماض : صرف نظر ۔ (۱۰)آزادی :رہائی : چھٹکارا: نجات ۔ (۱۱) مراجعت : واپسی : واپس بھیجنے کا عمل : لوٹا دینے کا عمل ۔

Remission card : (n) (سیاسیات) فرد معافی ۔

Remission of revenue : (n) (سیاسیات) معافی : چھوٹ (ٹیکس کی) ۔

Remission Thursday : (n) دیکھو Maundy Thursday

Remissive : (a) (۱) معاف کرنے والا : واگذاشت کرنے والا : درگزراں : عفو کناں : آمرزگار : آمرزش گر ۔(۲)بخشیدہ : آمرزیدہ ۔

Remissively : (adv.) درگزراں کی طرح : آمرز گار کے طور پر ۔

Remissiveness : (n) دیکھو Remission

Remissly : (adv.) سستی سے : غفلت سے : لاپرواہی سے ۔

Remissness : (n) غفلت : لاپرواہی : سستی : فرض ناشناسی ۔

Remit : (v) [L.'Remittere.'] (۱) معاف کر نا : بخشنا : عفو کرنا ۔ (۲)رعایت کرنا ؛ درگذر کر دینا : صرف نظر کرنا : معاف کرنا (قرض وغیرہ) ۔ (۳) گھٹانا : کم کرنا : کم ہونا : گھٹ جانا : سست پڑجانا : اعتدال پیدا کرنا : کم ہوتے جانا : تخفیف ہونا : دھیان ہو جانا : (غصہ ، درد، کوشش وغیرہ کا)۔ (۴) (فیصلہ کے لئے کسی حاکم کے) سپرد کرنا: حوالے کرنا : بھیجا جانا : تفویض ہونا (مقدمہ کا عدالت کے ماتحت) : عدالت کے ماتحت کو بھیجنا : رجوع کرنا : غور و خوض کے لئے بھیجنا : نظر ثانی کے لئے بھیجنا ۔ (۵)واپس بھیجنا : پلٹا دینا : لوٹا دینا : (پہلی حالت پر) : پیچھے ڈالنا ۔ (۶) زیر غور رکھنا: ملتوی کرنا ۔ (۷) (ڈاک وغیرہ سے) روپیہ بھیجنا: ارسال کرنا : بھیجا جانا ۔ (۸)پہنچانا : بھیجنا ۔ (۹)(کسی شخص کو) کسی کتاب کا حوالہ بتانا : حوالہ دینا ۔ (۱۰) ملتوی کرنا : موخّر کرنا : تعویق میں ڈالنا : پس پشت ڈالنا ۔ (۱۱) (محنت سے) چھٹکارا دینا : چھٹکارا پانا : چھوڑ دینا : نجات پانا ۔

Remit : (n) غور و خوض کے لئے بھیجنا (معاملہ ، مقدمہ وغیرہ کو) : واپس بھیجنا : نظر ثانی کے لئے بھیجنا ۔

Remitment : (n) دیکھو Remit - (۲) (بذریعہ ڈاک) ارسال کردہ رقم ۔

Remittable : (a) قابل تفویض : سپردگی کے لائق ۔

Remittal : (n) دیکھو Remission

Remittance : (n) (۱)زر مرسلہ : رقم مرسلہ : رقم فرستادہ ۔ (۲)ترسیل زر : تحویل زر ۔ (۳) ذریعہ جس سے روپیہ بھیجا جائے۔

Remittance man : (n) مہاجر جس کا وطن کے روپے پر گزارا ہو : غیر ملک میں رہنے والا وہ شخص جس کے اخراجات کی تکمیل کے لئے اس کے گھر سے روپیہ بھیجا جائے ۔

Remittee : (n) مرسل الیہ : جس کو روپیہ بھیجا جائے : (روپیہ) پانے والا : وصول کنندہ ۔

Remittent : (a) [L. 'Remittentem, Remittere.'] (مرض) گھٹتا بڑھتا ہوا ۔

Remittent : (n) (۱)(مرضیات) گھٹتا بڑھتا بخار : غیرِ لازمہ ۔ (۲)وہ جو روپیہ بھیجتا ھے : مرسل : بھیجنے والا ۔

Remittent subtertain fever : (n) (مرضیات) دائمی بخار ۔

Remittently : (adv.) گھٹتے بڑھتے ہوئے ۔

Remitter : (n) مرسل : بھیجنے والا : ارسال کنندہ ۔

Remitter : (n) (۱)(قانون) دست بردار : واگذاشت کرنے والا۔ (۲)نفاذ حق مُرجّع (یہ اصول یا عمل کہ اگر کوئی شخص ناقص حق کی بنا پر جائداد کا وارث ہوا تھا تو کسی دوسرے حق کی بنا پر جو پہلے کی نسبت مُرجّع یا فائق ھے ، اس کی وراثت مسلم ہو جائے گی) ۔ (۳) تحویل : تفویض : سپردگی(دوسری عدالت کو) ۔ (۴) بحالی : حق یابی : حق رسی ۔

Remix : (v) دوبارہ ملانا : آمیزش نو کرنا ۔

Remnant : (n) (۱) باقی ماندہ چیز : پس ماندہ شے : بقیہ : باقی ساقی : بچا کھچا ۔ (۲) قلیل باقی ماندہ چیز ، سامان تعداد وغیرہ ۔ (۳) باقی ماندہ نشان : نشان (سلف) : آثار باقیہ: بقیۃ السلف : باقی سراغ رفتگان ۔ (۴) پارہ : قطع: ٹکڑا (خاص کر تھان کا باقی ماندہ) : قلیل ترین جُز : مختصر ترین حصہ ۔

Remnant/ -al : (a) باقی ماندہ : بچا ہوا : بقیہ : پس ماندہ : بچا کھچا ۔

Remobilization : (n) (فوج) باز طلبی ۔

Remodel : (n) باز تشکیل ۔

Remodel : (v) پھر تشکیل کرنا : پھر بنانا : دوبارہ بنانا : پھر ڈالنا : تشکیل نو کرنا : نو وضع کرنا ۔

Remodeler/Remodeller : (n) تشکیل نو کرنے والا:پھر سے ڈھالنے والا۔

Remolade : (n) [Fr. 'Remolade, 'Remoulade.'] (۱)گھوڑے کو مالش کرنے کی ایک دوا ۔ (۲) ایک قسم کی چٹنی ۔

Remold : (v) دوبارہ ڈھالنا ۔

Remonetization : (n) باز زر قانونی : دوبارہ رواج : احتکار کے بعد بازار میں مال کی واپسی ۔

Remonetize : (v) (دھات وغیرہ)پھر سے زرقانونی بنانا : دوبارہ رائج کرنا : دوبارہ سکۂ رائجہ کی حیثیت دینا : احتکار کے بعد دوبارہ بازار میں لانا ۔

Remonstrance : (n) [med .L.'Remonstrantia.'] (۱)تحریری یازبانی نمائندگی: تحریری یا زبانی احتجاج: مخالفت : اعتراض: ردو قدح : تعرض : (تاریخ) شکایت عامہ کا اظہار : سمجھانا بجھانا (سیاسیات) احتجاج ۔ (۲)کسی معاملے کی مخالفت کے اسباب و وجوہات پر مبنی نمائندگی خصوصاً وہ دستاویز جس میں مخالفت کے اسباب یا مطالبات بیان کئے گئے ہوں ۔ (۳) ثبوت : شاہد : اثبات : ردّ بیان۔ (۴)نمائش: نطق: بیان۔ (۵) ولندیزی آرمینیوں کی طرف سے ہالینڈ کی ریاستوں کو ۱۶۱۰ء میں پیش کیا جانے والا محضر نامہ یا اعتراض نامہ ۔

The grand remonstrance : انگلستان کے دارالعوام کی تاریخی عرضی جس میں بادشاہ کی شکایا ت درج تھیں : احتجاج عظیم ۔

Remonstrant : (a) [med. L.'Remonstrantem.'] (۱)(عیسائی تاریخ) ولندیزی اصلاح شدہ کلیسا میں آرمینیوں کی جماعت سے متعلق ۔ (۲)اعتراض کرنے والا : معترض : ردو قدح کرنے والا ۔

Remonstrant : (n) (۱)(عیسائی تاریخ)آرمینیوں کی جماعت کار کن (ولندیزی اصلاح شدہ کلیسا میں) ۔ (۲)ثبوت پیش کرنے والا : سمجھانے والا : احتجاج کرنے والا ۔

Remonstrantly : (adv.) احتجاج کے طور پر : اعتراض کرتے ہوئے ۔

Remonstrate : (v) [med .L.'Remonstrate,'Remonstratre.'] (۱)مخالفت میں کہنا : مخالفت کرنا : مخالفت میں وکالت کرنا ۔ (۲) دوبارہ ثابت کرنا : مخالفت میں دلائل بیان کرنا یا لانا ۔ (۳)اعتراض کرنا : حجت کرنا : دلیل کے ساتھ اعتراض کرنا: رد و قدح کرنا : سمجھانا بجھانا : تعرض کرنا ۔ (۴)ذکر کرنا : بیان کرنا : کہنا : اظہار کرنا : اعلان کرنا:توجہ مبذول کرنا ۔ (۵)اعتراضاً کہنا : حجت پیش کرنا ۔

Remonstration : (n) اعتراض : احتجاج : رد و قدح ۔

Remonstrative : (a) افہام و تفہیم کا : معترضانہ : رد و قدح کا ۔

Remonstratively : (adv.) اعتراض کے طور پر : احتجاجاً ۔

Remonstrator : (n) اعتراض کرنے والا : احتجاج کرنے والا : معترض: افہام و تفہیم کرنے والا ۔

Remonstratory : (a) دیکھو Remonstrant

Remontant : (a) [Fr. f. 'Remonter'.] (گلاب) دوبارہ کھلنے والا : دوبارہ پھولنے والا ۔

Remontant : (n) وہ گھاس جو سال میں ایک سے زیادہ بار پھول دیتی هو ؛ سدا بہار ؛ بارہ ماسی گلاب ؛ (نباتیات) باز گلہ ؛ باز صُغُودیا ۔

Remontoir : (n) [Fr. f. 'Remonter.'] (گھڑی سازی) وہ عنصر جو گھڑی کے پنڈولم کی حرکت کو ٹھیک اور متوازن رکھتا هے ۔

Remora : (n) [L.] (۱)(سر)ماہی ایک قسم کی مچھلی جس کے بارے میں قدیم زمانے میں خیال کیا جاتا تھا کہ جہاز کو لپٹی رہتی هے اور اسے چلنے سے روک دیتی هے : (حیوانیات) مصّاص ماہی ۔ (۲)تاخیر کرنے والی چیز ۔ (۳)مانع ؛ رکاوٹ ؛ سدراہ ؛ روک ۔

Remorse : (n) [Late L.'Remorsus'] (۱)پشیمانی ؛ افسوس ؛ ندامت ؛ پریشانی ؛ خجالت ؛ پچھتاوا ؛ ملامت نفس ۔ (۲)رحم ؛ دل جوئی ؛ ہمدردی ؛ استعانت ۔

Remorseful : (a) افسوس ناک ؛ پشیمانی آمیز ؛ منفعل ؛ خجل ؛ پشیمان ۔

Remorsefully : (adv.) بطور افسوس؛ پشیمانی کے طور پر؛ خجالت سے۔

Remorseless : (a) بے رحم ؛ شقی القلب ؛ بے درد ؛ سخت دل ؛ سنگ دل ۔

Remorselessly : (adv.) سنگ دلی سے ؛ بے دردی کے ساتھ ۔

Remorselessness : (n) بے دردی ؛ سنگ دلی ؛ بے رحمی ؛ شقی القلبی ۔

Remorseness : (n) پشیمانی ؛ خجالت ؛ شرمندگی ؛ افسوس ۔

Remote : (a) [L. 'Remotus.'] (۱) دور ؛ بعید ؛ جدا ؛ الگ ؛ دور یا پرے کا ؛ بے تعلق ؛ بے واسطہ ؛ بیگانہ ؛ (نباتیات) بعید ؛ جدا ؛ الگ ۔ (۲) شاہراہ سے الگ ؛ درست ؛ الگ تھلگ ؛ دور اُفتادہ(گاؤں وغیرہ) ۔ (۳) خفیف ؛ دھندلا سا ؛ ذرا سا ؛ جزئی ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ مختصر۔ (۴)دور کا (رشتہ دار) قریبی نہیں ؛ خارجی ؛ خارج ۔ (۵)غیر ابتدائی ؛ غیر اوائلی ۔ (۶)متحرك ؛ متحرك اعضا کا۔

Remote cause : (n) (طبیعیات) علّتِ بعیدہ ۔

Remote control : (n) (الیکٹرك انجینیئرنگ)ضبط بعید ۔

Remote indication : (n) علامت بعید ؛ اشارۂ بعید ۔

Remote matter : (n) (منطق)قیاس مع الفارق کا مسئلہ ،قیاس منطقی ؛ صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنے کا معاملہ ۔

Remotely : (adv.) دور کے رشتے سے ؛ دور کے واسطے سے ۔

Remoteness : (n) بُعد ؛ دوری ؛ دور افتادگی ۔

Remount : (n) (۱)(فوج)گھوڑوں کی نئی بھرتی ۔ (۲) نیا گھوڑا (جو منزل پر تیار ملے) ۔

Remount : (v) (۱)پھر سوار ہونا ؛ پھر چڑھنا ۔(۲)پہنچنا ؛ سلسلہ پہنچنا ۔(۳)کسی کو گھوڑے پر چڑھنے میں مدد دینا ؛ بدلنا ؛ جگہ لینا ۔(۳)اوپر جانا یا آنا ؛ چڑھنا ؛ (چیزوں کے متعلق) دوبارہ اٹھایا جانا ؛ پھر بلند کیا جانا ؛ دوبارہ آگے بڑھنا ۔ (۵)گھوڑے پر پھر سے سوار ہونا ۔ (۶)تفتیش میں پیچھے جانا ؛ مطالعہ میں پیچھے ہونا ۔ (۷)وقت پر پیچھے ہٹنا ؛ معین مدت میں پیچھے جانا ۔

Removability : (n) منقولہ یا لائق انتقال ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ عزل پذیری ؛ منصرمیت ۔

Removable : (a) (خصوصاً)قابل برطرفی ؛ قابل تبادلہ ؛ قابل سبکدوشی ؛ قابل موقوفی ؛ لائق منتقلی ؛ عزل پذیری ؛ عارضی ۔

Removable : (n) آئر ستان کے مقامی منصرم ؛ عامل ؛ حاکم عدالت (ہنگامی) ۔

Removableness : (n) عزل پذیری ۔

Removably : (adv.) قابل انتقال کی طرح ؛ منصر مانہ ۔

Removal : (n) (۱) برطرفی ؛ منتقلی ؛ موقوفی ؛ معزولی ؛ اخراج ۔ (۲)ہٹانا؛ تغیر؛ تبدیل ؛ نقل مکان ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا عمل ؛ خصوصاً تبدیلِ فطرت ۔

Removal of causes : (n) (۱) تعویق میں پڑے ہوئے مقدمات کی منتقلی (ریاست سے مرکزی عدالت کو) ۔ (۲)ایک مرکزی عدالت سے دوسری مرکزی عدالت میں مقدمات کی منتقلی ۔ (۳)مقدمات کی منتقلی ایک عدالت سے دوسری عدالت میں (سماعت یا بحث کے لئے)۔

Remove : (n) [f. the v.] (۱)ایک کھانا جو دوسرے کھانے کے بعد میز پر لگایا جائے ۔(۲)(مدرسہ میں) ترقی ؛ چڑھائی(جماعت کی)؛ بلندی ؛ مرحلہ ۔ (۳)بعض مدارس میں ایک خاص درجہ؛ جماعت ۔ (۴)نقل مکان ؛ ترك سکونت ؛ روانگی ؛ ایک شے کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا عمل۔ (۵) فاصلہ ؛ فصل ؛ ٹپّا ۔ (۶) درجہ ؛ مرتبہ ؛ منزل ؛ واسطہ۔ (۷)ارتقا ؛ مرحلہ ؛ فاصلہ ؛ مسافت ۔ (۸)(گھوڑے کی) نعل زنی کا عمل۔

Remove : (v) [OFr. 'Remeuv-; 'Remouvoir'.] (۱) ہٹانا ؛ ہٹا لے جانا ؛ اٹھا دینا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ؛

نکال دینا : برطرف کر دینا : موقوف کر دینا : معزول کرنا : زبردستی ہٹانا : بر طرف کرنا ۔ (۲)(ایك کھانا کے) بعد (دوسرے کھانے کا) ۔ (۳)سکونت بدلنا : مقام بدلنا : جگہ تبدیل کرنا : مکان چھوڑنا : منتقل ھونا : حالات کا بدلنا ۔ (۴) بلند کرنا : اونچا کرنا : دور کرنا : برطرف کرنا ۔ (۵)منتقل کرنا : حرکت دینا : کسی عہدے یا جگہ سے ہٹانا : معزول کرنا ۔(٦)دور ھونا؛ ترغیب دینا : غائب ھونا ۔ (۷)(کسی شخص کو) راستے سے ہٹانا : قتل کرنا : ہلاك کرنا : مار ڈالنا ۔ (۸)دور ہٹانا (راستے سے)؛ کسی جگہ سے جانے پرمجبور کرنا : جگہ چھوڑنے پر مجبور کرنا(۹)کسی جگہ سے رخصت ھونا، جانا : کسی مقام سے حرکت کرنا : نقل مکان کرنا : ایك مکان کو چھوڑ کر دوسری جگہ جانا ۔

To remove furniture : (مکان بدلنے والوں کا) اسباب اٹھوانا (بطور پیشے کے) ۔

To remove mountains : پہاڑ اٹھانا : اعجاز دکھانا ۔

Removed : (a) (۱)دور کا(رشتہ دار) : (ہم خاندانی)دور کا : بعید : متفرق : دور افتادہ ۔(۲) اٹھایا ھوا : لیا ھوا : معزول شدہ: ہٹایا ھوا ۔ (۳)علاحدہ کیا ھوا : دور کیا ھوا : الگ کیا ھوا ۔

Once,twice removed (cousin) : ایك دادا یا پردادا کی اولاد : بنی اعمام : جدی : دور کے رشتے کے بھائی : دو یا تین پشت دور کے ۔

Removedness : (n) دوری : بُعد ۔

Remover : (n) (۱)اسباب کش : وہ شخص جس کا پیشہ اسباب اٹھوانا ھو : لے جانے والا : ہٹانے والا : خصوصاً فرنیچر اٹھوانے والا ۔ (۲)محلل : وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ھو جائے : اثر کو زائل کرنے والا ۔

Remunerate : (v) [L.'Remunerat Remunerari'.] (۱)معاوضہ دینا : عوض دینا : بدلہ دینا : اُجرت دینا : صلہ دینا : مزدوری دینا : اجر دینا : تلافی دینا : تاوان دینا : ادا کرنا ۔ (۲)بدل ھونا : معاوضہ ھونا ۔

Remuneration : (n) صلہ : انعام : اجرت : معاوضہ : بدلہ : بدل: پاداش : عوض : تاوان : تلافی ۔

Remunerative : (a) (۱)اُجرت کا : پر منفعت؛(معاشیات) سودمند : نفع بخش : مفید ۔ (۲)عوض دہندہ : معاوضہ دہندہ ۔

Remunerative debt : (n) (معاشی)منافع آور قرضہ : قرضہ پیدا آور : سودی قرض ۔

Remuneratively : (adv.) بطور معاوضہ : اُجرتاً ۔

Remunerativeness : (n) عوض : معاوضہ : نفع بخش ۔

Remuneratory : (a) دیکھو Remunerative

Remurmur : (v) (۱)(خصوصاً شاعری) ہر وقت غر غر کرنا : سرسراہٹ کی آواز نکالنا : غرغرانا : گڑ گڑانا : دوبارہ سرسرانا : پھر بڑبڑانا : پانی کا سرسر بہنا ۔

Ren : (n) (تشریح ، حیوانیات) گردہ ۔

Renaissance : (n) [Fr. f. 'Renaitre'.] (۱)نشاۃ الثانیہ : احیاء العلوم : تجدید : تجدّد :علوم و فنون کے احیاء کا زمانہ (۱۴ ویں سے ۱٦ ویں صدی تك)جو یورپ کی جدید ترقیوں کا زمانہ تسلیم کیا جاتا ھے ۔ (۲)(کسی چیز کا) احیاء : (تاریخ) دور احیاء العلوم : نو بیداری ۔ (۳)جوانی اور طاقت کی بازیابی : تازگی : طراوت : زندہ دلی ۔ (۴)جدیدیت کی تحریك : جدید ادب : جدید آرٹ : دور احیاء العلوم کا طرز (آرٹ اور تعمیر میں) ۔ (۵) ولادت نو: ولادت ثانی : دوسرا جنم ۔

Renaissance : (a) نشاط الثانیہ چودھویں صدی سے سترھویں کا یا اُس سے متعلق یا اُس جیسا ۔

Renaissance architecture : (n) تعمیر و تزئین کا ایك طرز یا انداز جس کی ابتدا ۱۵ ویں صدی میں اٹلی میں ھوئی اور جو روم کے کلاسیکی طرز اور روایات کے مطالعہ پر مبنی ھے ۔

Renaissance furniture : (n) خصوصاً لکڑی کے سامان کا ایك طرز ۔

Renaissance lace : (n) ایك قسم کا فرانسیسی فیتا یا لیس ۔

Renal : (a) [Late L.'Renalis,.F.Ren.] گردے کا : کُلیوی : گردے کی جگہ میں : گردوی : کلُوی۔

Renal calculus : (n) سنگ گردہ : گردے کی پتھری ۔

Renal clearance : (n) گردے کی صلاحیت منتقلی (یعنی وہ کسی چیز کو خون یا پیشاب میں کس طرح منتقل کر تا ھے) کی مقداری پیمائش ۔

Renal colic : (n) درد گردہ ۔

Renal sand : (n) ریگ گردہ ۔

Renal vein : (n) رگِ گردہ ۔

Rename : (v) نیا نام رکھنا ؛ دوبارہ نام رکھنا ؛ (کسی کو) نیا نام دینا ۔

Renanian : (a) فرانس کے ماہر لسانیات اور مورخ ارنیسٹ رینن (Ernest Renan) کا یا اس سے متعلق یا اس کے طرز یا خیالات کے مشابہ ۔

Renascence : دیکھو Renaissance

Renascency : (n) نیا جنم : بعثت ثانی : تجدید ۔

Renascent : (a) [L.'Renascentem'] باز تروتازگی : نو مولود : نو آفریدہ: دوبارہ زندہ ہونے والا : جو نیا جنم لے رہا ہو : جو پھر سے پیدا ہو رہا ہو : دوبارہ طاقت ور ہونے والا ۔

Renaturation : (n) پہلی حالت پر واپسی : حالت طبعی کی بحالی۔

Renature : (v) (کسی چیز کو)اصلی حالت پر لانا : سابق حالت پر لانا : حقیقی فطرت پر لوٹنا ۔

Rencontre : (n) [Fr. f. 'Rencontrer.'] مقابلہ : مڈبھیڑ : ٹکر : تصادم : جھڑپ : آویزش : معرکہ : لڑائی : جنگ : جدال : قتال : یکیکی (ڈوئل): اتفاقی ملاقات: سامنا: خصومت: مصاف۔

Rencounter : (n) [Fr. 'Rencontre'.] دیکھو Rencontre

Rend : (v) [OE.'Rendan'.] (۱)پھاڑ لینا : پھاڑ دینا : : چھین لینا : توڑ لینا : نوچنا : کھسوٹ لینا ۔ (۲)چیرنا : دور کر دینا : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا : پارہ پارہ کر دینا : چاک کرنا : ٹکڑے ہونا ۔ (۳)مروڑنا : زور سے جھٹکا دینا : جھٹکا دے کر چھین لینا ۔ (۴)(کپڑے کا) گھستے گھستے پھٹ جانا : کثرت استعمال سے پھاڑ دینا ۔(۵)لکڑی کو چیر کر (خراد) بنانا : لمبا پتلا ٹکڑا بنانا (درخت کا)؛ (تخت کی) پٹیاں چیرنا : لکڑی کی چھال چھیلنا : بڑنگے بنانا ۔ (٦)پھٹنا : پھوٹنا : اڑا دینا : پھوڑنا : تڑقنا : چو رچور کردینا : توڑ ڈالنا : پھٹ پڑنا ۔ (۷)تقسیم کرنا : زور سے پکڑنا : کھینچ کر پھاڑنا : بیچ سے پھاڑنا یا دو ٹکڑے کرنا : زبردستی پھاڑنا : غصے سے پھاڑ دینا یا ٹکڑے کردینا ۔ (۸)(گوشت یا نسیج کو) ٹکڑے ٹکڑے کرنا : تکا بوٹی کرنا : کلیجہ چھلنی کرنا ۔ (۹)(قوم کو) تقسیم کرنا : مختلف گروہوں میں تقسیم کر دینا : اختلاف پیدا کرنا؛ غیر متحد کرنا ۔

To rap (or rive)and rend : چھین لینا : چھین کر لے لینا ۔

To rend laths : (تختؔ کی)پٹیاں چیرنا : بڑنگے بنانا ۔

To rend the air : (چیخ چیخ کر) آسمان سر پر اٹھانا ۔

To turn and rend one : (استعارتاً) یکایك گالیاں دینے لگنا : برس پڑنا۔

Render : (n) ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا : چیرنے والا : کھسوٹ لینے والا : چھین لینے والا ۔

Render : (n) (۱)(قانون) لگان : نذرانہ : محصول بالجنس : بیگار : تاوان کی واپسی ۔ (۲)(تعمیرات) پہلی لپائی : پہلا پلاسٹر۔

Render : (n) [OFr. 'Rendre'] (۱) دینا : شکریہ ادا کرنا : ادا کرنا : جمع کرنا : عوض میں دینا : واپس دینا : پھیر دینا : واپس کرنا : (قانون) لگان دینا : محصول بالجنس دینا : تاوان واپس کرنا؛ ٹیکس دینا ۔ (۲)حوالے کرنا : نذر کرنا : حاضر کرنا : دینا؛ کرایہ دینا ۔ (۳)بجا لانا : انجام دینا : کرنا : (تعریف ، اطاعت وغیرہ) ۔ (۴)پیش کرنا : حساب داخل کرنا؛ بتانا : سمجھانا : وجہ بتانا ۔ (۵)چربہ اتارنا؛ نقشہ کھینچنا؛ تصویر کھینچنا؛ نقل کرنا : بیان کرنا :دکھانا : بنانا : ادا کرنا : ترجمہ کرنا : دوسری زبان میں ادا کرنا ۔ (٦) بنا دینا : بدل دینا : کچھ سے کچھ کر دینا۔ (۷)چربی پگھلانا : تا کر نکالنا؛ تا کر صاف کرنا : (چربی وغیرہ)؛ تانا (چربی) ۔ (۸)صندلا کرنا : پچارا پھیرنا : لیپنا : لپائی کرنا ۔ (۹)چھوڑ دینا ترك کر دینا؛ درگذر کرنا : واگذار کرنا : سبکدوش ہونا : استعفیٰ دینا ۔ (۱۰) پارٹ کرنا (ڈرامہ میں)؛ کوئی کھیل کھیلنا؛ گانا (موسیقی) : بجانا ۔ (۱۱)خریدار کو بل بھیجنا : فیصلہ سنانا ۔ (۱۲) انعام دینا : بخشش دینا : صلہ دینا : اجر دینا ۔ (۱۳) دوسروں کی خدمات کی قدر کرنا : اعتراف کرنا : خدمت کرنا : دوسرے کی مدد کرنا ۔ (۳۱) فنکارانہ شکل دینا؛ فنکارانہ انداز میں رکھنا : فنکارانہ طریقے سے پیش کرنا : فنی ذرائع کو استعمال میں لانا : فنی ذریعہ سے پیش کرنا : ظاہر کرنا ۔ (۱۵)معاوضہ دینا : عوض دینا : صلہ دینا : تلافی کرنا ۔ (۱٦) آسانی سے گزر جانا؛ آسانی سے دوڑنا۔ (۱۷)ازبر کرنا : حفظ کرنا : یاد کرنا : تکرار کرنا ۔ (۱۸)خاص فطرت کا بنانا : خاص صفت کا حامل ہونا یا بنانا ۔ (۱۹)منتقل کرنا : خارج کرنا : تبدیل کرنا ۔ (۲۰)(جہاز رانی) راستے سے الگ ہو جانا ۔

Account rendered : پیش کردہ جو ہنوز ادا نہ ہوا ہو ۔

Render and set : (n) (تعمیرات) لپائی اور سفیدی ۔

Renderer : (n) شکریہ ادا کرنے والا : واپس کرنے والا :حوالے کرنے والا؛ پیش کرنے والا ۔

Rendering : (n) (۱)پیش کرنے کا عمل : پیشی : چھوڑنے کا عمل ۔ (۲) نقش کاری : شبیہ نگاری : نقش کشی ۔

(۲)ترجمانی: ادا کردگی : ترجمه : تفسیر : تشریح : توضیح: تعبیر: ترسیل: تعمیل: تکمیل ۔ (۴)صندلا کاری : پچاره کاری : لپائی ۔ (۵)(جهاز رانی) راستے سے علاحدگی : جر ثقیل سے علاحدگی۔(٦)چربی پگھلانا: تا کر صاف کرنا : چربی کی پگھلائی ۔

Rendering of service : (n) بجا آوریٔ خدمات ۔

Rendering plant : (n) پودا جس سے مصنوعی چربی ، گھی ، تیل اور روغنی مصنوعات تیار کی جاتی ہیں ۔

Rendering works : (n) دیکھو Rendering plant

Renderset : دیکھو Render and set

Rendezvous : (n) [Fr.] (۱)نشست گاه : اجتماع گاه : جلسه گاه : خصوصاً لشکرگاه : مقام اجتماع : ملن گاه (فوج) فوج یا بحری جهازوں یا طیاروں کے جمع ہونے کی جگه(حملے کے پہلے یا بعد): اڈا ۔ (۲)زیارت گاه مقدس مقام : وه جگه جہاں لوگ روایتی طور پر جمع ہوتے ہیں : تفریح گاه ۔ (۳)مرجع : بیٹھك : اڈا : ملنے کی جگه ۔(۴)موعد : جائے مقرره : قرار گاه ۔ (۵)(مقرره مقام اور تاریخ پر) میٹنگ : نشست : اجتماع ۔ (٦) سالانه تفریحی اجتماع : سالانه تجارتی اجتماع ۔

Rendezvous : (v) (۱) کسی جگه پر جمع ہونا : باہم جمع ہونا : جائے مقرره پر ملنا : کسی جگه پر ملاقات کرنا ۔ (۲)مقرره جگه پر فوج یا جهاز کو جمع کرنا (اب امریکا)۔

Rendition : (n) [Fr.] (۱)جگه یا شخص کو حوالے کرنا : تفویض ۔ (۲)ترجمه : تفسیر : توضیح : تطبیق (اب امریکا)۔ (۳)(امریکا) واپس کی ہوئی رقم : واپس کرده رقم ۔

Rendrock : (n) ایك قسم کا آتش گیر ماده : چٹان توڑ :خارا شکن ڈائنمائیت ۔

Renegade : (n) (۱) (قانون)مفرور ۔ (۲) (دینیات) مرتد : تارك دین : خصوصاً عیسائی جو مسلمان ہو جائے ۔ (۳) بے وفا : بد عہد : غدار : خائن : برگشته : نمك حرام : اپنے گروه کوچھوڑ کر دوسری طرف جا ملنے والا : جماعت یا اصول سے منحرف ہونے والا ۔

Renegade : (v) برگشته ہونا : مرتد ہونا : ترك دین کرنا : جماعت سے انحراف کرنے والا ۔

Renegade : (a) ملحد : مرتد : تارك دین : خائن جماعت یااصول سے منحرف ہونے والا : برگشته : بد عہد ۔

Renegado : (n) [med. L. 'Renegatus'.] دیکھو Renegade (n)

Renegado : (v) دیکھو Renegade (v)

Renegate : (n) [med. L. 'Renegatus.'] دیکھو Renegade

Renegation : (n) [f. L. 'Renegare.'] ارتداد : الحاد : برگشتگی : خروج (دین سے) ۔

Renege : (v) (۱) دست بردار ہونا : دست کش ہونا : ترك کر دینا : قطع تعلق کر لینا : الگ ہو جانا : چھوڑ بیٹھنا : بد عہدی کرنا ۔ (۲)سکیڑنا : سمیٹنا : اندر کھینچنا : سکڑنا: سمیٹنا ۔ (۳)انکار کرنا : واپس لینا : قبول نه کرنا : رد کرنا: مسترد کرنا : کالعدم قرار دینا ۔ (۴)منسوخ کرنا : فسخ کرنا : تنسیخ کرنا ۔ (۵) فریب دینا : اغوا کرنا : اپنے قول پر عمل نه کرنا: اپنی بات کی تکذیب کرنا : بات نه ماننا ۔

Renege : (n) انکار : عدم قبول : ارتداد : منسوخی : تنسیخ ۔

Reneger : (n) انکار کرنے والا : مرتد : منسوخ کرنے والا ۔

Renegotiable : (a) دوباره بات چیت کے لائق: دوباره قابل گفت وشنید۔

Renegotiate : (v) دوباره بات چیت کرنا : دوباره گفتگو کرنا : پھر گفت وشنید کرنا : پھر مصالحت کی گفتگو کرنا ۔

Renegotiation : (n) دوباره گفتگو : دوباره بات چیت : دوباره گفت و شنید ۔

Renegotiator : (n) دوباره بات چیت شروع کرنے والا : دوباره گفت و شنید کرنے والا : پھر سے معامله کو حل کرنے کی کوشش کرنے والا ۔

Renegue : (v) [med. L. 'Renegare.'] (۱) انکار کرنا : منکر ہونا : ترك کرنا : مرتد ہونا : باغی ہونا ۔ (۲)(مقامی، امریکا) فسخ کرنا : منسوخ کرنا : رد کرنا : مسترد کرنا ۔

Renerve : (v) دوباره قوت پہنچانا : پھر تقویت دینا : مکرر طاقت دینا ۔

Renest : (v) دوباره گھونسلا بنانا :از سر نو آشیاں بنانا : پھر سے آشیانه بنانا ۔

Renew : (v) (۱)نیا کرنا : تجدید کرنا : تازه کرنا : احیاء کرنا : جان ڈالنا : روح پھونکنا : تجدید ہونا : ازسر نو زندگی بخشنا: کایا پلٹ دینا : زنده کرنا یا ہونا : ہوش میں آنا: بیدار کرنا: بیدار ہونا ۔ (۲)مرمت کرنا: درست کردینا : بدل دینا ۔ (۳)پھر کرنے لگنا : دوباره شروع کرنا (وقفه

کے بعد) از سر نو کرنا : پھر سے کرنا : مکرر ہونا : دُہرانا: بار بار کرنا یا ہونا ۔(۳) مطالبے کی تجدید کرنا : پکّا نیا کرنا ۔ (۵)تازہ ہونا : نیا ہوجانا : پھر آجانا (جوانی وغیرہ کا) ۔ (٦)روحانی طور پر نیا کرنا : تزکیۂ قلب کرنا : روحانی زندگی بخشنا یا پانا : ہدایت بخشنا یا پانا ۔ (۷) پھر سے حاصل کرنا (حقیقی طاقت ، جوانی وغیرہ)؛ پھر سے شروع کرنا :پھر سے جاری کرنا۔ (۸)پھر جمع کرنا: دوبارہ قائم کرنا: دوبارہ تشکیل دینا: پھر سے محترك کرنا : تعمیر نو کرنا ۔ (۹)نئے سرے سے دینا : نئی مدت کے لئے دینا (قرض وغیرہ) : پھر سے لینا: توسیع پانا ۔ (۱۰) پھر شروع کرنا : ازسر نو بسم اللہ کرنا : دوبارہ افتتاح کرنا ۔

Renewability : (n) قابل تجدید ہونے کی حالت یا کیفیت : نیا پن :جدت۔

Renewable : (a) (۱) تجدید پذیر: لائق تجدید : تجدید طلب ۔ (۲)مرمت طلب : درستی پذیر : لائق احیاء ۔

Renewably : (adv.) جدت کے طور پر : نیا ہونے کی طرح ۔

Renewal : (n) تجدید : تجدد : احیاء : تازہ سازی : کایا پلٹ : مرمت ۔

Renewedly : (adv.) نئے پن سے : جدت کے طور پر ۔

Renewedness : (n) جدت : نیا پن ۔

Renewer : (n) نیا کرنے والا : تازہ کرنے والا : ٹھیك کرنے والا : مرمت کرنے والا ۔

Rengas : (n) ایك قسم کا درخت جس سے روغن نکلتا ھے ۔

Rengma : (n) (۱) آسام کے پہاڑی لوگ : ریگما قبیلہ ۔ (۲) اس فرقہ کا کوئی فرد ۔

Rengue : (n) [Amer Sp.] فلپائن کا تیار کیا ہوا موٹا کپڑا ۔

Reni-: سابقہ بہ معنی گردہ جو بعض سائنسی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ھے(جیسے Reni capsuler) ۔

Reni fleur : (n) [Fr.] : مہك اور بو سے جنسی تسکین حاصل کرنے والا : سونگھ کر جنسی آسودگی حاصل کرنے والا ۔

Reniform : (n) گردہ شکل :کلوی ۔

Renig : (n) دیکھو Renaga

Renilla : (n) ایك قسم کا آبی پودا ۔

Renin : (n) [L.] پروٹین گُردہ : کلومین : رینن ۔

Renitency : (n) مزاحمت : مقاومت : رکاوٹ : مخالفت ۔

Renitent : (a) [Fr. 'Renitent.'] (۱)سخت : مضبوط : جسمانی طور پر مزاحمت کرنے والا ۔ (۲)رکاوٹ ڈالنے والا : مقاومت کرنے والا ۔

Rennet : (n) (۱) پنیرمایہ : پنیر جامن : بستہ شیر(جمایا ہوا دودھ) ۔ (۲)(حیوانیات) انفخہ : شکمہ : کوئی بھی چیز جس سے دودھ جمایا جائے ۔ (۳) (نباتیات) ایك قسم کا پودا ۔

Rennet : (n) [Fr. 'Reinette.'] ملکہ سیب : رینٹ : بڑے سائز کا فرانسیسی سیب ۔

Rennet bag : (n) (حیوانیات) شکمہ : معدۂ چہارم ۔

Rennet stomach : (n) (۱)دیکھو Rennet bag- (۲) انفخہ ۔

Rennet wort : (n) ایك قسم کا پودا ۔

Rennin : (n) (کیمیا) جوہر پنیر مایہ : پنیر مایین : رینین ۔

Reno : - سابقہ بہ معنی گردہ ۔

Renominate : (v) دوبارہ نامزد کرنا : دوبارہ تجویز کرنا ۔

Renomination : (n) ازسرنو نامزدگی : دوبارہ نامزدگی ۔

Renounce : (n) [Fr. 'Renonce ,f. 'Renoncer.'] (تاش کا کھیل) بے رنگ کھیل : بدرنگ بازی ۔

Renounce : (v) [L. 'Renuntiare.'] (۱) ہاتھ اٹھا لینا : دست بردار ہو جانا (حق یا قبضے وغیرہ سے): ہاتھ کھینچ لینا ۔ (۲)چھوڑدینا : ترك کر دینا : قطع تعلق کر لینا : الگ ہو جانا : چھوڑ بیٹھنا: غرض نہ رکھنا: دوستی ، رشتہ داری وغیرہ سے انکار کردینا : انکار کرنا : تردید کرنا : نامنظو کرنا : تسلیم نہ کرنا ۔ (۳)(قانون)دست بردار ہونا : لادعویٰ ہو جانا : مستفعی ہو جانا : فارغ خطی دینا (خصوصاً وراثت یا تولیت سے)۔ (۴)(تاش کا کھیل) بے رنگ چلنا : بے رنگ پتا کھیلنا (رنگ کا پتا نہ ہونے کا باعث) ۔ (۵) چھوڑ بیٹھنا : حوالے کر دینا : (عادت ، عمل وغیرہ) ترك کر دینا ۔(٦)چشم پوشی کرنا : صرف نظر کرنا ۔ (۷)اعلان کرنا : دعویٰ کرنا : ادّعا کرنا: اعلام کرنا۔

To renounce the world : دنیاوی زندگی یا عیش وآرام سے دست بردار ہونا : عیش پسندی کو ترك کر دینا : دنیا

سے کنارہ کشی اختیار کرنا : ترک علائق کرنا ۔

Renounceable : (a) کنارہ کشی اختیارکرنے کے لائق : قابل دست برداری : قابل قطع تعلقی ۔

Renouncement : (n) دست برداری : فارغ خطی : ترک علائقی : نفس کُشی : ترک : اعراض : انکار : لادعویٰ : چشم پوشی : صرف نظر ۔

Renouncer : (n) قطع تعلق کرنے والا : الگ ہو جانے والا : چھوڑ دینے والا: دست بردار : مستعفی : چشم پوش : صرف نظر کرنے والا ۔

Renovate : (v) [L. 'Renovat-, Renovare.'] نیا کر دینا : تازہ کرنا : تازہ دم کرنا : بحال کرنا : پھر سے بنا دینا : درست کر دینا: ازسرنو شروع کرنا : مجدداً آغاز کر نا : اصلاح کرنا : ٹھیک کرنا : مرمت کرنا : احیاء کرنا: جان ڈالنا یا ہونا ۔

Renovate : (a) ازسر نو شروع کیا ہوا : تازہ شدہ : نیا بنایا ہوا ۔

Renovation : (n) [L. 'Renovationem'.] (۱)تازہ سازی : نو سازی : تجدید : تعمیر : تجدد : تازہ دمی ۔ (۲)واپسی : بحالی : احیاء : تجدید ۔ (۳)(دینیات)درستی : اصلاح : تہذیب اخلاق : تجدید روح ۔

Renovator : (n) مجدد : درست کرنے والا : تازہ دم کرنے والا ۔

Renown : (n) [AFr. 'Renoun, 'Renun.'] (۱)شہرت : شہرہ : نام : نمود : امتیاز :معروفیت : معروفی ۔ (۲)ناموری : تعظیم : مشہور و معروف شخص : شہیر ۔

Of great (high, etc) renown : بہت زیادہ شہرت یافتہ ۔

Renowned : (a) [Fr. 'Renomme.'] مشہور : شہرت یافتہ :نامی : شہرۂ آفاق : نامدار : ممتاز ۔

Renownedly : (adv.) شہرت کے طور پر : نمو د کے طور پر : ناموری کے ساتھ ۔

Renownedness : (n) شہرت : شہیر :نام : ناموری : امتیاز ۔

Rensselaerite : (n) [f. name fo Gov. Stephen Van Rensselaer.'] (کان کنی) ایک قسم کی چکنی شفاف معدنی شے : ایک قسم کی طلق جو نیویارک اور کناڈا میں پائی جاتی ہے ۔

Rent : (n) [OFr. 'Rente.'] (۱) کرایا ، مکان وغیرہ (ماہانہ یا موقت) : اجارہ : استجارہ : منافع ۔ (۲) مالیہ : لگان : مالگذاری: (جمع میں زمین کی) ۔ (۳) کسی قوم کی مالیاتی آمدنی کا جز یا حصہ : پیداواری یونٹ کی آمدنی ۔ (۴) مشین کے استعمال کے لئے (معین مدت تک کے لئے) رقم کی ادائیگی ۔

Commercial rent : کرایا (مکان یا دکان وغیرہ کا) ۔

Economic (Recardian, true) rent : ممکن پیداوار کی سالانہ قیمت ۔

For rent : کرایا کے لئے : برائے اجارہ ۔

Rent : (n) (۱)شقاق : کھونچ : شگاف :چاك (کپڑے وغیرہ میں) ۔ (۲) دراڑ : درز : کٹاؤ (پہاڑ یا زمین میں) ۔ (۳)(کوئلہ ، معدنیات) درز : کٹاؤ ۔

Rent : (v) [OFr. 'Renter.'] (۱)کرایہ ادا کرنا (زمین ، مکان وغیرہ کا) : کرائے پر لینا : پٹے پر لینا : پٹے پر دینا : اٹھانا (زمین وغیرہ کو مقررہ معاوضے پر) : کرایہ لگانا : مقررہ رقم پر دینا ۔ (۲) لگان عائد کرنا : جمع لگانا ۔ (۲) کرائے پر ہونا : کرائے پر لئے ہونا ۔ (۳) کرایہ پر حاصل کرنا : کرایہ کی چیز پر قبضہ حاصل کرنا : کرائے کی چیز پر قبضہ اور اس کے استعمال کی اجازت دینا ۔

Rent : (a) شگاف شدہ : پھٹا ہوا : پارہ پارہ : ٹکڑے ٹکڑے۔

Rent-charge / Rentcharge : (n) زرپٹہ : ضمنی لگان (جو مالك کے علاوہ کسی اور کو دیا جائے) ۔

Rent-charger : (n) ضمنی لگان سے فائدہ حاصل کرنے والا : زرپٹہ وصول کرنے والا ۔

Rent control : (n) قانون کرایہ : قانون اجارہ ۔

Rent-free : (a) کرایہ کی ادائگی سے معافی : معافی کی : لاخراجی ۔

Rent free grant : (n) جاگیر ۔

Rent-roll : (n) فرد لگان : اجارہ نامہ :کرایہ نامہ :فہرست پٹہ داران یا کاشت کاران : جمع بندی : فرد مالگذاری : فرد آمدنی (بذریعہ لگان)۔

Rent-seck : (n) (قانون) ایک قسم کا اجارہ جس میں وثیقہ کے ذریعہ اجارہ مخصوص کردیا گیا ہو : ایک قسم کا اجارہ قرقی کی مشق کے بغیر ۔

Rent-service : (n) خدمت : بیگار (جو لگان کے عوض یا علاوہ پٹہ دار کو کرنی لازم ہو) ۔

Rent-table : (n) کثیر الاضلاعی میز : زیادہ پہلو والا میز ۔

Rentable : (a) کرائے کے لائق : جس کو کرایہ پر دیا جا سکتا ہو : قابل استجارہ : کرایہ پر اٹھنے والا ۔

Rentage : (n) دیکھو Rent

Rental : (n) (۱) اجارہ نامہ : کرایہ نامہ ۔ (۲) کرائے کی آمدنی : آمد جمع بندی : محاصل منافع ۔ (۳) کرایہ : زر لگان : زرمالیہ : مالگذاری ۔ (۴) (امریکا) کرایہ پر کتاب دینے سے حاصل شدہ رقم ۔ (۵) کرائے کا عمل ۔

Rental collection : (n) ذخیرۂ کتب (مفت لائبریری میں) جس سے روزانہ فیس ادا کر کے استفادہ کیا جاسکتا ھے ۔

Rental library : (n) کرایہ کی لائبریری : اجاری کتب خانہ : تجارتی کتب خانہ : تجارتی لائبریری : کتب خانہ جہاں کتابیں کرایہ پر ملتی ہیں ۔

Rente : (n) [Fr.] (فرانسیسی) منافع : آمدنی (خصوصاً تمسکات کے سود یا جائداد کے کرائے کی) : سالانہ آمدنی ۔

Rented : (a) مستاجرہ : پٹے کی : کرایہ کی (زمین ، مکان وغیرہ) ۔

Renten mark : (n) جرمن کی عارضی مالی یونٹ جو ۱۹۲۳ء میں بینک نوٹ کے اجرا کے لئے استعمال کیا گیا تھا ۔

Renter : (n) (۱) اجارہ دار : اجارہ دہندہ : کرایہ پر لگانے والا : کرایہ پر دینے والا : کرایہ وصول کرنے والا : کرایہ کی آمدنی وصول کرنے والا ۔ (۲) کرایہ پر مکان ، زمین وغیرہ لینے والا : کرایہ دار ۔

Renter : (v) [Fr. 'Renter'.] رفو کرنا : دیدہ ریزی کے ساتھ سینا : بہت ہی نفاست کے ساتھ سینا : عمدگی کے ساتھ لباس تیار کرنا ۔

Rentier : (n) [Fr. f. 'Rente'.] (۱) جسے کرایہ یا سود کی آمدنی ہو اور محنت نہ کرنی پڑے : منافع خور : صاحب املاک : صاحب جائداد ۔ (۲) کرایہ دہندہ : اجارہ دہندہ ۔

Renule : (n) [f. L. Ren + -ule.] (تشریح) علاحدہ گوشگ میں سے ایک جس سے بعض جانور میں گردہ بنتا ھے ۔

Renumber : (n) دوبارہ نمبر لگانا : دوبارہ نمبر دینا : پھر سے نمبر دینا: نئے نشان لگانا : نئے نمبر ڈالنا ۔

Renunciant : (n) تارک دینا : دست بردار ہونے والا ۔

Renunciant : (a) دست بردار : لادعویٰ ۔

Renunciation : (n) [L. 'Renunciationem.'] (۱) دست کشی : چشم پوشی : قطع تعلقی : دست برداری : فارغ خطی : لادعویٰ نامہ ۔ (۲) ترک دینا : ترک علائق : نفس کشی ۔ (۳) ترک : واگذاری ۔ (۴) رد : مسترد ۔

Renunciative : (a) [ME.] دست بردار ہونے والا : دست کش ہونے والا : صرف نظر کرنے والا : نفس کشانہ : ترک کا : دست برداری کا ۔

Renunciatory : (a) دیکھو Renunciative

Renverse : (a) [Fr.] (نقابت) معکوس : معکوس شدہ : متضاد ۔

Reoccupy : (v) دوبارہ قبضہ کرنا : دوبارہ دخل کرنا ۔

Reoccur : (v) (۱) پھر سے واقع ہونا : پھر سے وقوع پذیر ہونا : دوبارہ پیش آنا : پھر دل میں آنا : دوبارہ خیال آنا : دوبارہ سوچنا ۔

Reoccurance : (n) وقوع ثانی : دوبارہ واقع ۔

Reodorization : (n) دوبارہ خوشبودار ہونے یا بنانے کا عمل ۔

Reodorize : (v) خوشبو تبدیل کرنا : دوبارہ خوشبو دار ہونا یا بنانا ۔

Reopen : (v) دوبارہ کھولنا : پھروا کرنا : باز کرنا : دوبارہ افتتاح کرنا : پھر شروع کرنا ۔

Reordain : (v) (کلیسا) دوبارہ مقرر کرنا (پادری کو) : دوبارہ مقدر کرنا ۔

Reorder : (n) دوبارہ حکم دینا : نیا حکم دینا : پھر سے حکم دینا : از سرنو منظم کرنا : نئے طور پر مرتب کرنا ۔

Reorganization : (n) تنظیم نو : ترتیب نو : تشکیل نو ۔

Reorganize : (v) پھر سے منظم کرنا : ازسرنو ترتیب دینا : تشکیل نو کرنا : دوبارہ تنظیم کرنا ۔

Reorganizer : (v) دوبارہ منظم کرنے والا : نئی ترتیب دینے والا ۔

Reorient : (v) (۱) دوبارہ مشرق رُخ بنانا (عمارت وغیرہ) : سمت معلوم کرنا : محل وقوع معلوم کرنا ۔ (۲) (مجازاً) صحیح اور واضح سمت متعین کرنا ۔

Reorientate : (v) دیکھو Reorient

Reorientation : (n) دوبارہ ترتیب : باز مطابقت ۔

Rep : (n) (۱) شہرت : نیک نامی : مقبولیت ۔ (۲) دیکھو Reputation ۔

Rep : (بول چال) Representative کا مخفف ۔

Rep : (n) (۱) بدکار مرد: فاسق : فاجر: ہرزہ : بد اخلاق مرد (پہلے بدکار عورت کے لئے بھی مستعمل تھا) ۔ (۲) معمولی چیز: حقیر شے : خسیس ۔

Rep/Repp : (n) [Fr. 'Reps' of unknow origin.] موٹا اور کُھر درا کپڑا ۔

Rep : (۱) ذخیرہ : مخزن: خزانہ: گودام ۔ (۲) (بول چال) دیکھو Repertory ۔

Repack : (v) دوسرے برتن میں رکھنا : پھر سے باندھنا ۔

Repackage : (v) پہلے کی بہ نسبت زیادہ اور خوبصورتی کے ساتھ رکھنا : زیادہ بہتر طور پرباندھنا ۔

Repair : (n) [OFr. 'Repeire'.] مرجع : جماؤ کا مقام : پڑاؤ : اڈا : منڈلی : بیٹھک : مسکن : ٹھکانا : اجتماع گاہ ۔

Repair : (n) اصلاح : مرمت : درستگی : ترمیم : درست حالی : تعمیر : خوش نہاد : خوش وضع ۔

In bad repair : مرمت طلب ۔

In good repair : خوش وضع ۔

In repair : اچھی حالت میں : اصل حالت میں ۔

Out of repair : خراب حالت میں(اصلاح پذیر) ۔

Repair : (v) (کسی مقام پر) آمدورفت ہونا : لوگوں کا کثرت سے آنا جانا : جماؤ ہونا : عام طور پر بار بار جانا : جوق در جوق ہونا : زبردست بھیڑ ہونا ۔

Repair : (v) [OFr. 'Reparer.'] (۱) مرمت کرنا : گانٹھنا : درستی کرنا : پیوند پارہ کرنا : اصلاح کرنا : پیوند کاری کرنا : پیوند لگانا: نیا کرنا. (۲) تداری کرنا : تلافی کرنا : تدبیر کرنا: تعمیر کرنا: نقصان پورا کرنا ۔ (۳) علاج کرنا : ٹھیک کر دینا : پھر دینا یا اچھا کر دینا (زخم) ۔

Repairable : (a) مرمت پذیر : لائق اصلاح : قابل درستی : مرمت طلب ۔

Repairer : (n) مرمت کرنے والا : اصلاح کرنے والا :درست کرنے والا ۔

Repairman : (n) مرمت کرنے والا : (خصوصاً مستری) : مشین کی خرابی دور کرنے والا ۔

Repairship : (n) بحریہ کی معاون گاڑی جس سے بحری جہازوں کی مرمت کی جاتی ھے ۔

Repairshop : (n) مرمت کی دکان : کارخانہ : مرمت خانہ ۔

Repand : (a) [L.'Repandus.'] (نباتیات اور حیوانیات)لہر دار کنارے کا : کٹاؤ کے کنارے کا : لہر دار : لہریا : لہریلا : لہری حاشیہ دار : پُر شکن ۔

Reparability : (n) تلافی پذیر ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Reparable : (a) [L.'Reparabilis.'] (۱) تلافی پذیر : بدل پذیر : قابل تعمیر : اصلاح شدنی .(۲) مرمت طلب ۔

Reparably : (adv.) تلافی پذیری کے ساتھ : اصلاح کے طور پر ۔

Reparation : (n) [L. 'Reparationem.'] (۱) اصلاح : درستی : ترمیم : مرمت .(۲) (جمع میں) مرمت : داغ دوزی ۔ (۳) تاوان : معاوضہ: ڈنڈ: تلافی : ہرجانہ: عوض: کفارہ : بدلہ : بدل۔

Reparative : (a) اصلاحی : تلافی کُن : مصلحی : مصلح : ترمیمی : مرمت کُن : تعمیری ۔

Reparatory : (a) دیکھو Reparative

Repartee : (n) [Fr. 'Repartie.'] (۱) حاضر جوابی : برجستہ جواب : برجستہ جوابی : چست جواب ۔ (۲) بدیہہ گوئی : برجستہ گوئی: ظریفانہ جواب : ظرافت ۔

Repartee : (v) برجستہ جواب دینا ۔

Repartition : (n) نو تقسیم : دوبارہ تقسیم : تقسیم ثانی : نوسہیمی ۔

Repass : (v) [Fr. 'Repasser.'] (۱) پھر گزرنا : واپس ہونا : واپس میں گزرنا : (کسی ذریعہ سے) گزرنا :(کسی چیز پر سے) گزرنا : پھر جانا ۔ (۲) دوبارہ عبور کرنا :پھر پار کرنا ۔ (۳) (تجویز، بل وغیرہ کو) دوبارہ پاس کرنا : پھر منظور کرنا ۔

Repassage : (n) دوبارہ گزرنے کاعمل : واپسی : گزرنے کی آزادی ۔

Repassant : (a) (نقابت) مخالف سمت میں گزرنے والا یا گزارنے والا ۔

Repast : (n) [Late L. 'Repascere.'] (۱) کھانا (صبح وغیرہ کا) : خوراک ۔ (۲) غذا : کھانے کی چیز : بھوک : کھانا: غذا

خوری : اکل: وقت غذا خوری ۔

Repatriate : (v) [Late L. 'Repatriat, Repatriare.'] پھر سے وطن میں بسانا یا بسنا : وطن میں واپس لانا یا آنا : اپنے ملك میں واپس آنا : (کسی شخص کو) اپنے ملك میں واپس بھیجنا ۔

Repatriation : (n) (سیاسیات) وطن واپسی : دیس بلاوا : رجوع به وطن : اپنے ملك میں واپسی ۔

Repay : (v) [OFr. 'Repaier.'] (۱)(روپیه) ادا کرنا : پھر دینا : چکا دینا : واپس دینا: اتار دینا : واپس کرنا ۔ (۲) بدله اتارنا: بدل کرنا : (احسان وغیره کا) بدله دینا : جواب دینا (بدسلوکی کا) ۔ (۳)جزا دینا : صله دینا : اجر دینا : معاوضه دینا : عوض کرنا : تلافی کرنا : پاداش دینا ۔ (۴)ادائی کرنا ۔

Repay : (n) دیکھو Repayment

Repayable : (a) قابل ادائی : بدل پذیر : جزا پذیر ۔

Repaying : (a) منافع بخش : مفید : فائده مند : سود مند : منافع پذیر : نفع پذیر : جزاپذیر ۔

Repayment : (n) (۱)باز ادائی : ادائی : تلافی (روپیه، قرض وغیره کی) واپسی ۔ (۲)جزا : بدله : عوض : صله ۔

Repeal : (n) [AFr. 'Repel'.] (۱)تنسیخ : تفسیخ : نسخ : انفساخ : باطل سازی ۔ (۲)(تاریخ) آئرستانی مطالبے کی بنا پر برطانیه اور آئرلینڈ کے اتحاد (وفاق) کی تنسیخ ۔

Repeal : (v) [Afr. 'Repel(l)er.'] (۱)فسخ کرنا : منسوخ کرنا : تنسیخ کرنا: کالعدم کرنا : باطل کرنا : مسترد کرنا ۔ (۲)ترك کرنا : چھوڑ دینا : رہا کرنا ۔ (۳)طلب کرنا : واپس بلانا ۔

Repealability : (a) قابل تنسیخ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Repealable : (a) قابل تنسیخ : فسخ پذیر ۔

Repealableness : (n) دیکھو Repealability

Repealer : (n) (۱)منسوخ کرنے والا : خصوصاً وہ قانونی کاروائی جس کا مقصد پہلے قانون کو منسوخ کرنا ہو ۔ (۲)منسوخی کا حامی ۔ (۳)اُس سیاسی تحریك کا حامی جس کا مقصد برطانیه اور آئرستان کے وفاق کی قانونی دفعات کو کالعدم قرار دینا تھا ۔

Repealist : (n) تنسیخ کا حامی (خصوصاً قانونی اقدامات) ۔

Repeat : (n) [f. the v.] (۱)تکرار : دہراؤ : اعاده ۔ (۲)مکرر : علامت تکرار : (موسیقی) مکرر (وہ حصه جو بار بار بجایا جائے) ۔ (۳) (تجارت) مال کا دوسرا چالان (بالکل پہلے کی طرح): اس طرح کے چالان بھیجنے کی فرمائش : چالان مکرر : دو چند شے ۔ (۴)باز گوئی : تجدید ۔ (۵)دھاگوں کی تعداد جو بنائی کے لئے ضروری ہوتی ہے ۔ (۶)ریڈیو پروگرام کی تکرار (اس پروگرام کو دہرانا جو ایك دفعه ہو چکا ہے)۔

Repeat : (v) [L. 'Repetere.'] (۱) دہرانا : تکرار کرنا : اعاده کرنا : رٹنا : رٹ لگانا : بار بار کہنا : ادا کرنا : پڑھ کر سنانا : نقل کرنا : نقل اتارنا : حفظ کرنا : زبانی سنانا : یکے بعد دیگرے پڑھنا یا کہنا : دوسروں کو بتانا ۔ (۲)ٹن ٹن کرنا (گھڑی کا) : گھنٹه ختم ہونے پر متواتر بجنا ۔ (۳)متواتر فائر کرنا : کئی فائر کرنا: متواتر چلنا : چند ضربی ہونا۔ (۴)بار بار ہونا : پیہم ہونا : متوالی ہونا : تھوڑے تھوڑے وقفے سے ہونا ۔ (۵)پلٹ کر آنا: دوباره واقع ہونا۔ (۶)مکرر ہونا : دوباره نمودار ہونا : دوباره نمائش کرنا: دوباره موجود ہونا : دوباره پیدا کرنا ۔ (۷)دوباره رائے دینا یا پیش ہونا: دوباره انجام دینا : دوباره بنانا۔ (۸)دوباره تجربه کرنا : دوباره مشق کرنا ۔ (۹)کسی انتخاب میں غیر قانونی طور پر بار بار ووٹ ڈالنا ۔ (۱۰)حلق تك ٹھونسنا ۔ (۱۱) اہم اعلان پر زور دینا (ریڈیو)۔

Repeat key : (n) (۱)مشینی کلید ۔ (۲)برقی ٹائپ رائٹر کی کلید ۔

Repeat order : (n) دیکھو Reorder

Repeatability : (n) لائق اعاده ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Repeatable : (a) لائق اعاده : تکرار پذیر ۔

Repeated : (a) باربار دوہرایا ہوا : دوباره پیش کرده : دوباره کیا ہوا ۔

Repeatedly : (adv.) به تکرار : بالتواتر : بار بار ۔

Repeater : (n) (۱)دوہرانے والا : بار بار کہنے والا یا کرنے والا : اعاده کرنے والا : تکرار کرنے والا : پُرانی باتیں بیان کرنے والا : گزرے ہوئے واقعات دوہرانے والا ۔ (۲)(ساعت) ساعت دقّاقه : جرسی گھڑی ۔ (۳)(تلغرافی) مدد چوکی : باز فرسنده : ریپیٹر ۔ (۴)بار بار فائر کرنے والا (بندوق وغیره): (جہاز رانی)متواتر چلنے والا جہاز ۔ (۵)بار بار چلنے والا ۔ (۶) بار بار ووٹ دینے والا : بوگس ووٹ دینے والا ۔ (۷)(ریاضیات) دوری اعشاریه : اعشاریه مکرر ۔ (۸)بار بار جیل جانے والا ۔ (۹)بار بار ظاہر ہونے والا : بار بار سامنے آنے والا (خصوصاً تھیٹر وغیره کا اداکار) ۔ (۱۰)ایك ہی کلاس میں ایك سال سے

زیادہ رہنے والا طالب علم ۔

Repeating : (a) (۱)(ساعت)متواتر زن : جرسی ۔(۲)متواتر چلنے والا (جہاز) ۔ (۳)تکرار کرنے والا : مکرر ہونے والا : دوری : پے درپے : متواتر: پیہم : بار بار ۔ (۴)زاویہ پیما ۔ (۵)(ریاضیات) دوری ۔

Repeating back : (n) رنگ گیر کیمرہ ۔

Repeating circle :(n) زاویہ پیما ۔

Repeating decimal : (n) (ریاضیات)دوری اعشاریہ : اعشاریہ مکرر ۔

Repeating fire-arm : (n) متواتر زن اسلحہ (جس میں بارود وغیرہ استعمال ہوتی ہے) ۔

Repeating gun : (n) متواتر زن بندوق : تفنگ مسلسل ۔

Repeating instrument : (n) زاویہ پیما : زاویہ کو ناپنے والا ایک آلہ ۔

Repeating watch : (n) جرسی گھڑی : ساعت دقّاقہ ۔

Repeating work : (n) (ساعت) جرسی پُرزے ۔

Repechage : (n) [Fr.] (کھیل کود) پہلے مقابلے کے شکست خوردہ کو سیمی فائنل میں پہنچنے کے لئے دوسرا موقع دینا ۔

Repel : (v) [L. 'Repellere.'] (۱) ڈھکیلنا : ہٹا دینا : پسپا کرنا : پیچھے ہٹانا : دفع کرنا : رد کرنا ۔ (۲)ناپسندیدہ ہونا : نا مطبوع ہونا : ناگوار ہونا : مکروہ ہونا : کراہت پیدا کرنا : تنفر کرنا : بیزار ہونا ۔ (۳) مخالفت کرنا : مقابلہ کرنا : ممانعت کرنا : روکنا : مزاحمت کرنا: دبا دینا : دبانا: انسداد کرنا ۔ (۴)خاموش کرنا : خفی کرنا : پوشیدہ کرنا : محدود کرنا : طبعی طور پر دبا دینا ۔ (۵)پلٹ پڑنا : الٹ پڑنا ۔

Repellance /Repellence : (n) (۱) طبع ۔ (۲) مکروہ ۔

Repellancy /Repellency : (n) (۱)(طبیعیات) دفع ۔ (۲)نفرت : تنفر : کراہت ۔ (۳)پسپائی ۔

Repellant : (a) [f. 'Repel(v)'.] (۱)دافع : مانع ۔ (۲)مکروہ : ناگوار : نا پسندیدہ ۔

Repellant : (n) (۱)(طبیعیات) دافع جراثیم :جراثیم کو دور کرنے والی شے : دافع جراثیم دوا ۔ (۲) جاذب محلول ۔

Repellent : (a) [L. 'Repellentem.'] (۱) دفع کرنے والی : دافع ۔ (۲) بیزاری کے ساتھ کرنے والا : سرد لہری کے ساتھ دفع کرنے والا ۔

Repellent : (n) (۱) دفع کرنے والی شے : دفع کرنے والی طاقت یا اثر ۔ (۲)کیڑوں کو ختم کرنے والی دوا ۔

Repellently : (adv.) مکروہ طریقے سے ۔

Repeller : (n) (۱)(طبیعیات) دافع ۔(۲)(عضویات) مکروہ ۔

Repellingly : (adv.) مکروہ طریقے سے :کراہت کے ساتھ ۔

Repent : (a) [L.'Repent, Repere.'] (نباتیات) زمین گیر : غلطاں : نیچے نیچے پھیلنے والا : (حیوانیات) رینگنے والا : پیٹ کے بل چلنے والا: بلا آواز چلنے والا ۔

Repent : (v) [F. 'Repanter.'] (۱) پشیماں ہونا : پچھتانا : نادم ہونا : کف افسوس ملنا : توبہ کرنا ۔ (۲)پشیمانی ظاہر کرنا : ندامت ظاہرکرنا: پچھلے اعمال کو چھوڑ دینا ۔

Repentance : (n) پشیمانی : انفعال : پچھتاوا : ندامت : توبہ ۔

Stool of repentance /Repentance -tool : اسکاتستانی گرجا میں رکھا ہوا وہ اسٹول جس پر بیٹھ کرتوبہ استغفار کیا جاتا ہے : اعتراف گناہ کا ٹیبل ۔

Repentant : (a) نادم : منفعل : پشیمان : توبہ کرنے والا ۔

Repentantly : (adv.) ندامت کے ساتھ : منفعلانہ ۔

Repenter : (n) پچھتانے والا : نادم ہونے والا : توبہ استغفار کرنے والا ۔

Repentingly : (adv.) ندامت کے ساتھ : پشیمانی کے طور پر۔

Repeople : (v) (۱) پھر سے آباد کرنا: دوبارہ معمور کرنا : نئے سرے سے بسنا ۔ (۲)دوبارہ جمع کرنا : دوبارہ ذخیرہ کرنا ۔

Repercussion : (n) [L. 'Repercussionem.'] (۱) صدائے بازگشت : گونج : گمک : ردعمل : بالواسطہ اثرات : عواقب : صدا ۔ (۲)برگشت : انعکاس : عمل متقابل : رد عمل ۔ (۳)(موسیقی) تکرار آواز : تکرار آہنگ ۔ (۴)باز گردانی : مراجعت : واپسی ۔ (۵) مکرر رائے شماری : رائے شماری (۶)جوابی ضرب : باز زنی : جوابی سیلان : مجازاً جوابی عمل ۔ (۷) (طب) تشخیص حمل : حاملہ عورت کی تشخیص اندام نہانی میں انگلی گھسا کر۔

Repercussive : (a) [F.'Repercussif.'] (۱)گونجتا ہوا : ردعمل پیدا کرنے والا ۔ (۲) منعکس ہونے کے طو ر پر ۔ (۳)پر

گشته : باز گشت ۔

Repercussively : (adv.) ردِ عمل پیدا کرتے ہوئے : باز گشت کے طور پر ۔

Repercussiveness : (n) ردِ عمل : گونج ۔

Reperforator : (n) وہ عنصر جو پیغام وصول کرتا اور ایک فیتے پر اُس کو نقش کرتا ہے جس کے بعد اُس پیغام کو منتقل کیا جا سکتا ہے ۔

Repertoire : (n) [L. 'Repertorium.'] (تھیٹر کی کمپنی یا تماشا والوں کے) تماشوں کا ذخیرہ جو وہ ہر وقت دکھا سکتے ہیں : مخزن نمائش : مجموعۂ تماشا : فہرست ڈرامہ ۔

Repertoire theatre : (n) (۱) ذخیرہ : مخزن : خزانہ : گودام : گنجینہ (خصوصاً معلومات کا) ۔ (۲)(ڈرامہ) مجموعہ : کچکول : مخزن تماشہ ۔ (۳) ڈرامائی پیش کش یا نمائش جس میں ایک ہی کمپنی کی طرف سے مختلف ڈرامے دکھائے جائیں ۔(۴)اس قسم کا ڈراما پیش کرنے والی کمپنی ۔

Repertorium : (n) [L.] (۱) ظرف : برتن : جگہ : خانہ : گھر ۔ (۲) دیکھو Repository ۔

Repertory : (n) [f. prec.] دیکھو Repertoire theatre

Repertory company /- player : تھیٹر کمپنی : ڈرامے کا کردار : ڈرامے کا اداکار ۔

Repertory theatre : تھیٹر جس کے ساتھ مستقل اداکاروں کی جماعت ہوتی ہے جو مخزن نمائش سے اداکاری کے جوہر دکھاتے ہیں ۔

Repetend : (n) [L. 'Repetendun.'] (ریاضی) متوالی : رقم متوالی : کسور اعشاریہ متوالی :جملہ متوالی : بار بار آنے والا جملہ : ترجیع بند کی بیت یا آخری مصرعہ : ترجیع بیت: صدائے تکرار شدہ ۔

Repetiteur : (n) [Fr.] موسیقاری کی تربیت دینے والا ۔

Repetition : (n) [OFr. 'Repetition'.] (۱)تکرار : اعادہ : دوہرائی : رٹائی : رٹ : باز گوئی : تجدید ۔ (۲) پڑھنا : رٹنا : سبق (جو حفظ کیا جائے) : ازبری : حفظ : ذکر ۔ (۳) (ہو بہو) نقل : مثنی : استرداد ۔ (۴) (باجے میں)سرعت نغمہ: سُر کی تیزی : تکرار المثنی ۔ (۵) مشق : تمرین : ریہرسل ۔ (۶)(اسکاٹی قانون) باز ادائی کا مطالبہ : واپسی کامطالبہ : وصولی :بازیابی ۔ (۷) دہرایا ہوا جملہ یا محاورہ کا استعمال : ترجیع بند ۔

Repetition compulsion : (n) (نفسیات) تکراری اضطرار ۔

Repetitional : (a) تکراری : ترضیعی : بار بار آنے والا ۔

Repetitionary : (a) دیکھو Repetitional

Repetitious : (a) [L. 'Repetit'.] دیکھو Repetitional

Repetitiously : (adv.) تکراراً : ترجیع کے طور پر ۔

Repetitiousness : (n) تکرار : ترجیع ۔

Repetitive : (a) دیکھو Repetitional

Repetitively : (adv.) تکراراً : ترجیع کے طور پر ۔

Repetitiveness : (n) تکرار : ترجیع ۔

Rephotograph : (n) دوبارہ فوٹوگرافی ۔

Rephotograph : (v) پھر سے فوٹو لینا : ازسرنو فوٹوگرافی کرنا ۔

Rephrase : (v) دوبارہ الفاظ میں ادا کرنا : پھر بیان کرنا : پھر سے محاورہ استعمال کرنا ۔

Repiece : (v) پھر جوڑنا : پھر سے ملانا : باز پیوندی کرنا ۔

Repine : (v) (۱)غم کھانا : کڑھنا : ملول ہونا : رونا : جھینکنا : جھنجھلانا : پیچ و تاب کھانا : پریشان ہونا : نالہ کرنا : مکدر ہونا : آزردہ ہونا : شکایت کرنا ۔ (۲)غصہ دلانا : تنگ کرنا : رنجیدہ کرنا ۔(۳)بڑبڑانا : کڑکڑانا ۔

Repiner : (n) غم کھانے والا : ملول ہونے والا: پیچ و تاب کھانے والا : پریشان ہونے والا ۔

Repiningly : (adv.) جھینک جھینک کر: روتے جھینکتے ہوئے : پیچ وتاب کھاتے ہوئے ۔

Repique : (n) [Fr. 'Repie.'] (تاش) Piquet کے کھیل میں آغاز ہی میں صرف اپنی پتیوں میں تیس نمبر پانا : تیسا ۔

Repique : (v) (۱) تیسا جیتنا (دوسرے شخص سے) ۔ (۲)تیسا پانا ۔

Replace : (v) (۱)سابق حالت میں واپس لانا : پیچھے ہٹا دینا : مقام کے لحاظ سے پیچھے کر دینا : جابجا کرنا : سابق پوزیشن حاصل کر لینا ۔ (۲)کسی کی جگہ لے لینا : قائم مقام ہونا : جگہ پکڑنا : جانشین ہونا : کسی کی جگہ پر مقرر ہونا : بدل ہونا ۔ (۳)کسی کی جگہ پر مقرر کرنا : قائم مقام کرنا : کسی کی جگہ پُر کرنا ۔ (۴)کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا ۔

Replaceability : (n) قائم مقامی : جانشینی ۔

Replaceable : (a) بدل پذیر ؛ جس کا قائم مقام ہو سکے ؛ جس کی جگہ پُر ہو سکے : قابل جانشینی ۔

Replaceable hydrogen : (n) (کیمیا) بدل پذیری ہائیڈروجن ۔

Replaced : (a) (۱) (بلور کے لئے مخصوص) جس کا ہر زاویہ ایک یا ایک سے زیادہ پہلوؤں سے تبدیل شدہ ہو ؛ (۲) تبدیل شدہ ۔

Replaced part : (n) تبدیل شدہ پُرزے ۔

Replacement : (n) (۱) بدل ؛ قائم مقامی ؛ جانشینی ؛ تبدل ؛ تبدیل ؛ استبدال ۔ (۲) بلّور کے زاویے کی تبدیلی (ایک یا زیادہ سطحوں کے ذریعہ)۔

Replacement cost : (n) صرف تبدیلی : ایک متعین جائدادکی کسی نئی چیز سے تبدیلی پر ہونے والا خرچ ۔

Replacement therapy : (n) علاج بالبدل : علاج جس میں کسی چیز (جیسے خون وغیرہ) کی کمی کو نئی چیز سے پورا کیا جاتا ہے ۔

Replacement vein : (n) (۱) عمارت وغیرہ کا زیریں حصہ ؛ نچلی عمارت ۔ (۲) بنیاد ؛ بنیادی حصہ ۔

Replacer : (n) تبدیل کرنے والا ؛ جگہ پر رکھنے والا خصوصاً وہ مشین جو کار وغیرہ کو اٹھا کر سڑک پر رکھتی ہے ۔

Replant : (v) (۱) دوبارہ پودا (درخت) لگانا ؛ دوبارہ کاشت کرنا ؛ دوبارہ بونا ۔ (۲) (زمین پر) دوسرے پودے وغیرہ لگانا؛ نئی کاشت کرنا ؛ نیا پودا لگانا ۔

Replantable : (a) دوبارہ پودا لگانے کے قابل ؛ نئی کاشت کے قابل ۔

Replantation : (n) (۱) نئی کاشت ؛ دوسری کاشت ۔ (۲) گرے ہوئے دانت کے جبڑے میں تنصیب ۔

Replay : (v) دوبارہ (میچ) کھیلنا۔

Replay : (n) دوبارہ کھیلا ہوا میچ ؛ وہ میچ جسے دوبارہ کھیلا جائے؛ دوبارہ کھیل ۔

Replead : (v) دوبارہ وکالت کرنا؛ خصوصاً نیا قانونی نکتہ نکالنا ؛ نئے انداز میں وکالت کرنا ۔

Repleader : (n) (۱) دوبارہ وکالت کرنے والا ؛ دوسری قانونی وکالت ۔ (۲) دوبارہ وکالت کا اختیار (مقدموں کے خاتمے یا فیصلے کے بعد)۔

Repledge : (v) (اسکاتستانی قانون) دوسری عدالت کے دائرے سے اپنی عدالت کے دائرے میں منتقل کرنا ۔

Replegiate : (v) دیکھو Repledge

Soft rime : نرم پالا ۔

Rime : (v) پالا پڑنا : کہر آلود ہونا : کہر سے بھرا ہوا ہونا ۔

Rime : (v) [OFr. 'Rimer'.] (۱) مقفّی شعر کہنا : شعر کہنا : قافیہ بنانا : نظم کہنا : نظم میں ادا کرنا ۔ (۲) نثر کو نظم میں تبدیل کرنا : منظوم کرنا : قافیے کا استعمال کرنا : قافیے کے طور پر استعمال کرنا : آخر میں قافیے کا ہونا ۔ (۳)(مجازاً) رضا مند ہونا : راضی ہونا ۔

Rime : (n) [L. 'Rima'.] شگاف : درز : دراڑ : سوراخ : چھید ۔

Rime : (خاص کر بول چال میں) Ream کا متبادل ۔

Rimeless : (a) (۱) بے قافیہ : بغیر قافیہ کا ۔ (۲) بغیر کہر کا : بغیر پالا کا : صاف : غیر کہر آلود ۔

Rimeletter : (n) Alliterative verse کی کسی لائن کا وہ حرف جو ہر لفظ کے شروع میں ہوتا ہے : حرف قافیہ ۔

Rimer : (n) (۱) دیکھو Reamer ۔ (۲) (اوزار) پیچ برما : روزن کُشا ۔

Rimless : (a) بے کگر : بے حلقے کا : بے حلقہ ۔

Rimmed : (a) حلقہ دار ۔

Rind : (n) (برطانیه : خصوصاً بول چال) کہر : پالا ۔

Rind-layer : (n) (نباتیات) چھال پرت ۔

Rinded : (a) پوست دار : قشر دار : مقشر ۔

Rinderpest : (n) [G. f. 'rinder'.] (بیطاری) گاؤ مرگی : سیتلا : بیل روگ : ایك مرض جو چوپایوں کو خصوصاً بیلوں کو ہو جاتا ہے : جانوروں کا طاعون : طاعون مویشی ۔

Rindle : (n) [OE. 'Rinnelle'.] چھوٹا برنا : چشمه : موری : نالی ۔

Rindy : (a) پوست دار : چھلکے والا ۔

Ring : (n) [OE. 'Hring'.] (۱)انگوٹھی : چھلا : انگشتری : خاتم ۔ (۲) حلقه : گھیرا : قلابه : کڑا : گردہ : کنڈا : (میکانیات) چوڑی : رنگ ۔ (۳) مہر ۔ (۴) دائرہ : کنڈلی : چکر : (نباتیات) حلقه : چنبر : (علم النجوم)حلقۂ زحل ۔ (۵)(معاشیات) منڈلی (سرمایه داروں کی) : تاجروں یا اہل سیاست کاحلقه یا انجمن ۔ (۶) احاطه : باڑا : منڈل ۔ (۷) چکر دار یاگول راسته ۔ (۸) بالی : (کان کا زیور) بالا : گول یا حلقه دار شے جو انگلی کے علاوہ کہیں اور پہنی جائے ۔ (۹) ایك قسم کا Gas-check جو توپ میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۱۰) جہازوں کا ایك پیمانه یا پہیے کی گول پٹی (4 Shocks=) ۔ (۱۱) رِم : حلقه دار چیزوں کا کنارہ یا بیرونی حصه (خصوصاً سکے یا پیسے کا) ۔ (۱۲) حلقه دار چیز (مثلاً سکّه وغیرہ) ۔ (۱۳) (تشریح) دائرہ نما ساخت : (خصوصاً) جسم کا حلقه نما جوڑ ۔ (۱۴) رنگ یا روشنی کا دائرہ یا گھیرا ۔ (۱۵) لوگوں کا دائرہ یا حلقه : دائرہ میں رکھی ہوئی چیز ۔ (۱۶) کشتی وغیرہ کے لئے بنایاگیا گھیرا یا حلقه : دائرہ نما مقام یا جگه ۔ (۱۷) مکه بازی میں مکه بازوں کا حلقه : مکه بازی کے شائقین کا حلقه ۔

The ring : مکه بازی کے شائقین کا حلقه ۔

To make a ring : کشتی وغیرہ کے لئے حلقه بنانا ۔

To make rings round : (کسی سے) مقابلتاً تیزی سے چلنا یا کام کرنا ۔

To run at the ring / -ride- : ایسی گھوڑ دوڑ میں حصه لینا جس میں گھوڑ سوار اپنے نیزے کی انی سے معدنی حلقے کو ستون سے اٹھا لے جانا چاہتے ہیں ۔

Ring : (n) [f. 'Ring (v)'] (۱) (گرجا کا) گجر : گھنٹا : گھنٹی ۔ (۲) گھنٹی کی آواز : جھنکار : جھنك : کھنك ۔ (۳) (نظم سنانے کی) آواز : گنگنانے کی آواز : گنگناہٹ : سکے کی

Rimmer : (n) (۱) حلقه لگانے والا ۔ (۲) کگر لگانے والا ۔ (۳) دیکھو Reamer ۔

Rimose / Rimous : (a) [L. 'Rimosus' . f. 'Rima'.] شگاف دار : درز والا : چھید دار : (خصوصاً نباتیات) چاك چاك ۔

Rimosely : (adv.) شگاف کے طور پر ۔

Rimosity : (n) شگاف : سوراخ ہونے کی حالت ۔

Rimple : (n) [(M) LG. 'Rimpel'.] (۱) شکن : جھری ۔ (۲) ہلکی لہر : ہلکورا : لہر : لہردار سطح ۔

Rimple : (v) (۱) شکن پڑنا : جھریاں پڑنا ۔ (۲) ہلکورا اٹھنا : لہر اٹھنا ۔

Rimpled : (a) (۱) جھری دار : شکن دار : شکن والا : پر شکن : ته دار ۔ (۲) لہر دار : ہلکورا والا ۔

Rimption : (n) [Origin Unkn.] کثرت : بہتات : افراط : زیادتی : وفور ۔

Rimula / Rimulae : (n) [L. dim of 'Rima'.] چھوٹا شگاف : چھوٹا سوراخ (جیسا دماغ یا حرام مغز میں ہے) ۔

Rimulose : (a) چھوٹے شگاف والا : چھوٹی درز والا ۔

Rimy : (a) ابر آلود : کہر آلود : پالا سے بھرا ہوا ۔

Rin : (خصوصاً اسکاتستانی) Run کا متبادل ۔

Rin : (n) [Jap.] جاپان کا ایك سکه جو Sen کے دسویں حصے (۱/۱۰) کے برابر ہوتا ہے ۔

Rind : (n) [OE. 'Rind'.] (۱) (نباتیات) قشر : پوست : چھال : چھلکا (درخت وغیرہ کا) ۔ (۲) پپڑی (جو پنیر وغیرہ پر جم جاتی ہے) ۔ (۳) (مجازاً) سطح : ظاہری حالت : ظاہر : کسی چیز کا اوپری حصه ۔ (۴) پھل ، سبزی وغیرہ کا چھلکا ۔ (۵) آدمی یا جانور کی کھال : چمڑا : چرم(بول چال) ۔

Rind : (v) چھال چھیلنا : چھلکا اتارنا : قشر نکالنا : پوست اتارنا (درخت وغیرہ سے) ۔

Rind : (n) [ME. 'Rynd'.] اوپری سنگ آسیا کو سہارا دینے والا لوہا ۔

Rind : (v) [ME. 'Renden'.] (برطانوی بول چال) دیکھو Render

گونج : شیشے کی گمک (جس سے اس کی اصلیت جانچی جاتی ہے) ۔ (۳) گھنٹی بجانے کا عمل : وہ آواز جو گھنٹا بجانے سے نکلتی ہے : بجنے کی آواز ۔

Ring : (v) [f. 'Ring (n)'] (۱) (باز وغیرہ کا) منڈلانا : چکر کاٹتے ہوئے اڑنا ۔ (۲) (لومڑی کا شکاری کتوں کے آگے) چکر میں دوڑنا ۔ (۳) احاطہ کرنا : حلقے میں لانا : دائرہ بنانا : حلقہ بنانا ۔ (۴) (شکار یا مویشی کو) چاروں طرف سے گھیر کر ہانکنا : ہانکا کرنا ۔ (۵) انگوٹھی یا چھلاّ پہنانا ۔ (۶) ناک میں نتھنی ڈالنا : ناتھنا (بیل وغیرہ کو) : پاؤں میں بیڑی ڈالنا ۔ (۷) دیکھو Ring-bark ۔ (۸) پیاز، سیب وغیرہ کے لچھے تراشنا ۔ (۹) گھیر لینا : احاطہ کر لینا : دائرہ بنا لینا ۔ (۱۰) کسی چیز کو حلقہ جیسا رکھنا : (پرند کے) پاؤں میں پہچان کے لئے حلقہ یا چھلاّ ڈالنا ۔

Ring : (v) [OE. 'Hringan'.] (۱) بجنا : کھنکنا : زور سے آواز ہونا ۔ (۲) گونجنا (کسی مقام کا) : گونج جانا : صدا دینا : صدا آنا (کسی جگہ سے) : باز گشت ہونا ۔ (۳) سکوں کو پرکھنے کے لئے بجانا ۔ (۵) گھنٹا بجا کر اعلان کرنا ۔ (۶) گھنٹی بجنا یا بجانا : (کھانے وغیرہ کی) گھنٹی بجا کر بلانا ۔ (۷) گھنٹیاں بجا کر آنے یا جانے کا اعلان کرنا : استقبال یا رخصت کی گھنٹیاں بجانا ۔ (۸) (مجازاً) خاص کر (صحیح یا غلط) کردار کے لئے زور دینا ۔ (۹) (خدمت ، عبادت یا کلیسا کے لئے) دعوت دینا : بلانا ۔ (۱۰) جھنجھنانا : جھنجھناہٹ پیدا کرنا : جھنکار پیدا کرنا : (مجازاً) بے چین ہونا : بے تاب ہونا ۔ (۱۱) گھنٹی بجا کر بلانا (عبادت کے لئے) : اس طرح خبر کرنا ۔ (۱۲) (نیز Down, in , up کے ساتھ) گھنٹی بجا کر (کسی کو) بلانا ۔ (۱۳) (تھیٹر کا پردہ) کھینچنے کا اشارہ کرنا : (تھیٹر میں) گھنٹی بجا کر پردہ گرانا یا اٹھانا ۔ (۱۴) ٹیلیفون کے ذریعہ گھنٹی بجا کر اشارہ دینا : ٹیلیفون پر بلانا : ٹیلیفون کرنا ۔ (۱۵) (کسی کے) کان کے پاس شور و غل کرنا : بلند آواز سے گنگنانا یا کہنا : زور سے چلانا ۔

To Ring (all) in : کام شروع کرنے سے پہلے آخری گھنٹی بجانا ۔

To ring at door : دستک دینا : (گھنٹی بجا کر) داخل ہونے کی اجازت چاہنا : گھنٹی بجا کر صاحب خانہ کو اپنی آمد کی اطلاع کرنا ۔

To ring curtain up or down : (تھیٹر میں) پردہ اٹھانا یا گرانا ۔

To ring in one's ears/ -fancy / -heart : برابر یاد آنا ۔

To ring off : ٹیلیفون کی گفتگو ختم کرنا ۔

To ring the changes : دیکھو Change (n)

To ring the knell of : خاتمے کا اعلان کرنا : موت کی گھنٹی بجانا ۔

To ring true / -false : (۱) سکے کا آواز سے کھرا یا کھوٹا معلوم کرنا ۔ (۲) جذبات کا سچا یا جھوٹا معلوم ہونا ۔

To ring up : (گفتگو کے لئے) ٹیلیفون پر بلانا : ٹیلیفون پر باتیں کرنا : ٹیلیفون کرنا ۔

To ring up bell : گرجا کے گھنٹے کو اوپر چڑھا کر بجانا ۔

Ring : (اسکاٹستان) Reign کا متبادل ۔

Ring-a-lievo / Ring-a-alecio : (n) دیکھو Relievo

Ring and cleat : (n) حلقہ اور کھونٹی ۔

Ring armature : (n) (برقیات ، علم النجوم) حلقوی ناظر ۔

Ring armour : (n) حلقوں سے بنی زرہ بکتر : دائرہ نما زرہ بکتر ۔

Ring auger : (n) حلقہ دار برما ۔

Ring-bark : (v) (۱) درخت کی چھال میں حلقہ کاٹنا (تاکہ درخت سوکھ جائے یا اس کی باڑھ رک جائے اور اس میں پھل آئیں) ۔ (۲) اس طرح درخت کو چھیلنا ۔

Ring bird : (n) دیکھو Reed bunting

Ring black bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو یورپی Black bird اور امریکی رابن سے مشابہ ہے : یہ سیاہ ہوتی ہے اور سینے پر سفید کنٹھا ہوتا ہے : کنٹھا دار ترغہ : حلقہ دار ترغہ ۔

Ring bolt : (n) (تعمیرات) کنڈے دار چٹخنی ۔

Ring bone / Ringbone /Ring-bone : (n) (۱) گھوڑے کے ٹخنے اور سم کے بیچ کی ہڈی پرکوئی استخوانی ساخت ۔ (۲) استخوانی زائدہ جو گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے بیچ کی ہڈی پر ہو جاتا ہے جس سے وہ لنگڑانے لگتا ہے : گھوڑے کی بیماری : لنگ ۔

Ring-boned : (a) (گھوڑا) جو اس بیماری میں مبتلا ہو یا جس کے

Ring-finger : (n) (تشریح) بنصر : چھنگلیا کے پاس کی انگلی جس میں انگوٹھی پہنتے ہیں : انگشتِ انگشتری : ہاتھ کی تیسری انگلی خصوصاً بائیں ہاتھ کی ۔

Ring-goal : (n) ایک کھیل ، حلقے کا چوگان (جس میں لوہے کے ایک حلقے کو چوگان سے لڑھکا کر گول کی طرف لے جاتے ہیں) ۔

Ring-hunt : (n) آگ ہانکے کا شکار : شکار جس میں چاروں طرف آگ جلا کر جانوروں کو ایک مرکز کی طرف ہانکتے ہیں : ہانکا ۔

Ring joint : (n) دائرہ نما پائپ جوڑ ۔

Ring lead : (n) سرغنہ کے طور پر کام کرنا : سردستہ کے طور پر کام کرنا : انقلابیوں ، باغیوں ، شورشیوں وغیرہ کا سرغنہ ہونا ۔

Ring leader : (n) (۱) سرغنہ : باغیوں کے گروہ کا سردار : شورشیوں کا سردار ۔ (۲) سردستہ : سرحلقہ : رئیس فتنہ جویاں : انقلابیوں کا سردار یا رئیس ۔

Ring lock : (n) قفل رمزی : چکر کا تالا (جو کئی چکروں کو ملانے سے کھلتا ہے) ۔

Ring mail : (n) دیکھو Mail (n)

Ring-man : (n) (۱) (بول چال) دیکھو Ring-finger ۔ (۲) دیکھو Book maker ۔

Ring master : (n) (۱) سرکس کے تماشے کا منتظم : سرکس کا منیجر ۔ (۲)(سرکس میں) تربیت یافتہ گھوڑوں (یا دیگر جانوروں) تماشہ دکھانے والا : گھوڑوں کے کرتب دکھانے والے کا ہدایت کار ۔

Ring muscle : (n) دیکھو Orbicular muscle

Ring-neck : (a) (۱) جس کی گردن میں رنگ کا حلقہ ہو : طرہ دار : کنٹھے دار ۔ (۲) چڑیوں اور جانوروں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے ۔

Ring-necked : (a) دیکھو Ring-neck

Ring net : (n) (۱) ٹوکرا جال ۔ (۲) جالی کا حلقہ ۔

Ring off : (v) (۱) (خصوصاً برطانیہ) ٹیلیفون پر گفتگو کا سلسلہ ختم کر دینا : ٹیلیفون کا ریسیور رکھ دینا یا لائن کاٹ دینا : ٹیلیفون کا سلسلہ منقطع کر دینا ۔ (۲) گفتگو

سم اور ٹخنے کے بیچ کی ہڈی پر استخوانی زائدہ ہو : لنگڑا (گھوڑا) ۔

Ring boot : (n) حفاظت کے لئے گھوڑے کے ٹخنے پر لگایا ہوا ربر کا حلقہ ۔

Ring bored : (a) (بندوق کی نال) سوراخ کی ہوئی : حلقہ دار بنائی ہوئی ۔

Ring bunting : (n) دیکھو Reed bunting

Ring canal : (n) حلقہ دار نہر : دائرہ نما آب گذار ۔

Ring cartilage : (n) دیکھو Cricoid

Ring circuit : (n) (برقیات) حلقہ نما دور : رنگ سرکٹ : گول سرکٹ ۔

Ring complex : (n) (ارضیات) حلقہ پشتہ ۔

Ring compound : (n) (کیمیا) حلقوی مرکب ۔

Ring course : (n) (تعمیرات) گھیر ردّا : حلقہ ردّا ۔

Ring counting : (n) حلقہ شماری ۔

Ring cowrie : (n) (ایک قسم کی) کوڑی ۔

Ring craft : (n) مکا باز کی تدبیر میں ، چالیں ، حکمت عملی یا مہارت: مکاباز کا فن ۔

Ring dance : (n) حلقہ دار رقص : گول رقص : جھومر یا اس قسم کا لوک ناچ ۔

Ring -dove : (n) (۱) قمری : پنڈوک : فاختہ ۔ (۲) کنٹھے دار جنگلی فاختہ ۔

Ring dropper : (n) دھوکا باز : فریبی : عیار یا دغا باز شخص جو خود ہی انگوٹھی گرا کر یہ ظاہر کرتا ہے کے اس نے پایا اور اس طرح لوگوں کو اسے خریدنے پر آمادہ کرتا ہے ۔

Ring dyke : (n) (ارضیات) حلقہ پشتہ ۔

Ring farm : (n) حلقہ دار کھیت یا فارم ۔

Ring-fence : (n) پورا احاطہ یا باڑا : زمین ، کھیت یا علاقے کا چہار سمتی گھیرا ۔

Ring-fence : (v) احاطہ کرنا : باڑ لگانا : زمین ، کھیت وغیرہ کو گھیرنا ۔

روک دینا : بات ختم کر دینا ۔

Ring of saturn : (n) (علم النجوم) حلقۂ زحل ۔

Ring-ouzel : (n) ایک پرند جو کلچڑی سے مشابہ ہوتا ھے ۔

Ring parrakeet/ -parrot : (n) طوطئ طوقی ۔

Ring relievo : (n) دیکھو Relievo

Ring road : (n) سڑک جو شہر کے باہر سے گذرتی ھے اور جسے بائی پاس بھی کہتے ہیں : شکمی سڑک ۔

Ring-snake : (n) (۱) (حیوانیات) مارپٹہ دار : حلقہ دار سانپ : ایک بے ضرر یورپی سانپ ۔ (۲) ایک چھوٹا امریکی سانپ جس کی گردن کے گرد حلقہ ہوتا ھے ۔

Ring-stand : (n) ایک قسم کا حلقہ دار شکنجہ جو لیباریٹریز میں استعمال ہوتاھے : فلاسک گیر ۔

Ring stopper : (n) دیکھو Cathead-stopper

Ring-straked/ -streaked : (a) گول مخطّط : حلقہ دار : حلقوی : (بائبل) جس کے جسم کے گرد رنگ کے حلقے ہوں : دائرہ نما خطوط والا : مدوّر دھاریوں والا ۔

Ring-tail/ Ringtail : (n) (۱) ایک قسم کی کتیا ۔ (۲) (حیوانیات) مادہ باز کبود : بچۂ باز کبود: مادۂ باز آبی ۔ (۳)(حیوانیات) گول دم موش ۔ (۴) تین سال تک کا سنہری عقاب ۔ (۵)ایک قسم کا چھوٹا جہاز ۔

Ring-tail/ Ringtail : (a) (۱) رنگ برنگی حلقۂ دار دم والا ۔ (۲) مڑی ہوئی دم والا ۔

Ring tail eagle : (n) تین سال تک کا سنہری عقاب ۔

Ring-tailed : (n) دیکھو Ring-tail

Ring-tailed roarer : (n) ایک خیالی حیوان ۔

Ring taw : (n) گولیوں کا کھیل جو حلقہ بنا کر کھیلا جاتا ھے ۔

Ring thrush : (n) دیکھو Ring-ouzel

Ring time : (n) (شادی کی) انگوٹھی دینے یا انگوٹھی کا باہم تبادلہ کرنے کا وقت ۔

Ring-vessel : (n) (حیوانیات) حلقوی رگ ۔

Ring wall : (n) حلقوی دیوار : وہ دیوار جو چاروں طرف کو گھیرے ہوئے ہو : بھٹی کی اندرونی لائننگ ۔

Ring winding : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) حلقوی لپیٹ ۔

Ring work : (n) (۱) گول حصار : مدوّر خندق : گول دھس بندی ۔ (۲) حلقوی کام : دھات کے حلقوں ، چوڑیوں یا انگوٹھیوں سے ہونے والا کام ۔ (۳) گھونسا بازی ۔

Ring worm : (n) (طب) داد : قوبا : ایک قسم کی جلدی بیماری ۔

Ringed : (a) (۱) جو انگوٹھی پہنے ہوئے ہو : جس پر انگوٹھی سے حلقہ بنا ہوا ہو : جس پر یہ علامت ہو ۔ (۲) حلقہ دار : حلقہ وار : انگوٹھی ڈالی ہوئی (انگلی) : انگشتری نما ۔ (۳) عقد شدہ : عقد کردہ : (نیز) انگوٹھی پہنا کر شادی کیا ہوا: منگنی کیا ہوا ۔ (۴) دائرہ نما : حلقہ نما: حلقوی : چھلے دار ۔

Ringed seal : (n) سگ ماہی : دریائی بچھڑا (جس کے جسم پر حلقہ نما سفید دھبّا ہوتا ھے) ۔

Ringed snake : (n) دیکھو Ring snake

Ringent : (a) [L. 'Ringent, Ringere'.] (۱) (نباتیات) کشادہ دہن: دہن باز ۔ (۲) منہ پھیلائے ہوئے : ہنستا ہوا ۔

Ringer : (n) (۱) Quoits کھیل کا وہ حلقہ جو کھیل میں جا کر پڑتا ھے ۔ (۲) (کان کنی) سابر : سبل : رامی ۔ (۳) وہ جانور جو شکار کے وقت دائرے کی شکل میں دوڑے ۔

Ringer : (n) (۱) گھنٹی بجانے کا آلہ : گھنٹی بجانے والا : ناقوس زن ۔ (۲) حلقہ ساز : حلقہ زن : محاصرہ کنندہ ۔

Ringing engine : (n) (میکانیات) میخ ٹھونک مشین ۔

Ringless : (a) بے حلقہ : بے گھیر : بے انگوٹھی ۔

Ringlet : (n) (۱) چھوٹا حلقہ : چھوٹا چکر : حلقہ مانند نشان ۔ (۲)(تشریح) حلقۂ زلف: کاکل : طرہ : گھونگر : گھونگر یا لے بالوں کی لٹ ۔ (۳) رقص کنندگان کا حلقہ یا دائرہ۔ (۴) گھاس کا حلقہ جو ارد گرد کی گھاس سے مختلف رنگ کا ہوتا ھے اور جو خیال کیا جاتا ھے کہ پریوں کے ناچنے سے بن جاتا ھے ۔ (۵) تیتریوں کی مختلف قسمیں ۔

Ringlet : (v) دائرہ بنانا : حلقہ بنانا ۔

Ringlet(t)ed : (a) گھونگر والے : گھونگر دار (بال) ۔

Ringlet(t)ly : (a) گھونگر دار : گھونگر یا لے : حلقہ بناتے ہوئے (بال) ۔

Ringlike : (a) حلقہ نما : دائرہ مانند ۔

Ringmain : (n) (برقیات) حلقہ نما اصل دور ۔

Rings of tree : (n) حلقے یا چکر جو درخت کے تنے میں ہوتے ہیں ۔

Rings of water : (n) لہروں کے دائرے : حلقہ ہائے امواج ۔

Ringster : (n) (امریکا) حلقۂ سیاسی کا رکن : قیمت مقرر کرنے والی تنظیم یا حلقے کا ممبر ۔

Ringworm bush/ - cassia : (n) ایک قسم کی امریکی جھاڑی جس کی پتیوں کے عرق سے داد (کی بیماری) کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Ringy : (a) حلقہ نما : دائرہ نما : انگشتری نما ۔

Rink : (n) [OFr. 'Renc'.] (۱) تختۂ برف : برف کا تختہ جس پر Carling کھیل کھیلا جاتا ھے ۔ (۲) قدرتی یا مصنوعی برف کا تختہ : اسکیٹنگ کا فرش ۔ (۳) برف کے اوپر کھیل : سابقہ : رقابت : حلقہ : دائرہ ۔ (۴) (مجازاً) بہادر آدمی : جنگجو : شجاع ۔

Rink : (v) (۱) برف پر پھسلنا : اسکیٹنگ کرنا ۔ (۲) محاصرہ کرنا : حلقہ کرنا : دور کرنا ۔

Rinker : (n) اسکیٹنگ کرنے والا ۔

Rinking : (n) اسکیٹنگ : برف پر پھسلنا ۔

Rinse/ Rinze/ Rince : (n) [f.'Rinse (v)'.] (۱) کھنگالنا : کھنگالنے کا عمل: (بول چال) دھونا : صاف کرنا صفائی : دھلائی۔ (۲) تطہیر : پاک کرنے کاعمل : غسل ۔ (۳) بال کے لئے ہلکے رنگ کا محلول : اس محلول سے بال کو رنگنا ۔

Rinse/ Rince : (v) [Fr. 'Rincer'. of unkn origin.] (۱) دھونا : صاف کرنا : کھنگالنا : پانی ڈال کر اور ہلا کر صاف کرنا ۔ (۲) کوئی سیال ڈالنا یا اس سے دھونا : گندگی دور کرنا ۔ (۳) کپڑوں کو صاف پانی میں دھونا یا کھنگالنا ۔ (۴) (شراب وغیرہ سے) کمانا : حلق سے اتارنا ۔(۵) (منہ ، ہاتھ) دھونا : صاف کرنا : کھنگال کر گندگی ہٹانا ۔

Rinsing : (n) کھنگالنے کا عمل : عمل تطہیر : صاف کرنے کا عمل : صفائی : دھلائی ۔

Rio : (n) [f. 'Rio', nickname for 'Rio de Janeiro'.] برازیلی قہوہ: برازیلی کافی ۔

Riot : (n) [OFr. 'Riote'.] (۱) آشوب : شورش : فتنہ : بلوا : غوغا : ہنگامہ : دنگا فساد : قتل و غارت گری : مار پیٹ : انقلاب : داد و بیداد ۔ (۲) ہنسی : مذاق : عیش و طرب ۔ (۳) عیاشی : بد چلنی : ہرزگی : بد مستی ۔ (۴) رنگ رلیاں : عیش و طرب کا جلسہ : شراب و کباب کا جلسہ ۔ (۵) زور و شور : ریل پیل : وفور : ہجوم ۔ (۶) (شکار) اٹکل پچو سراغ پر جانا ۔

To hunt riot / -run- : (شکار کے لئے) اٹکل پچو سراغ پر جانا : شکاری کتوں کااٹکل پچو شکار پر دوڑنا : (مجازاً) انسان کا کھل کھیلنا ۔

To run riot : (مجازاً) آزادانہ اور دیوانہ وار حرکت کرنا : بلوہ کرنا : فتنہ و فساد برپا کرنا : بے قید کام کرنا : (مجازاً) (زبان اور تخیل کا) بے روک ٹوک چلنا ۔

Riot : (v) عیاشی کی زندگی بسر کرنا : عیش و نشاط میں وقت گذارنا ۔ (۲) عیاشی میں عمر یا روپیہ برباد کرنا : رنگ رلیاں کرنا : دھما چوکڑی مچانا : گلچھرے اڑانا ۔ (۳)دنگا فساد کرنا : بلوہ کرنا : آشوب کرنا : ہنگامہ کرنا : لوٹ مار کرنا : لوٹ مچانا : شورش کرنا : انقلاب بر پا کرنا ۔ (۴)(شخص یا جائداد یا مال پر) حملہ کرنا: دھاوا بولنا : لوٹنا ۔ (۵) طوفان مچانا : قتل و غارت گری کرنا : شور و شرابا کرنا ۔

Riot act : (n) قانون بلوہ(جس کے اعلان کے بعد اگر مجمع منتشر نہ ہو تو مجرم ہو جاتا ھے) : اگر بارہ یا زیادہ آدمی فساد و بلوہ کرنے کے لئے جمع ہوں اور اس قانون کو سننے کے بعد منتشر نہ ہوں تو سزا کے مستحق ہوں گے ۔

To Read the riot act : (۱) قانون بلوہ پڑھ کر سنانا ۔ (۲) (مجازاً) شور و ہنگامہ کی ممانعت کرنا ۔

Rioter : (n) [AFr. 'Riotour'.] آشوب طلب : بلوہ کرنے والا : بلوائی : فسادی : فتنہ جو : بلوے میں شرکت کرنے والا : شورشی : انقلابی آدمی : بلوے کا مجرم ۔

Rioting : (n) بلوہ : فساد : لوٹ مار : ہنگامہ : غارت گری ۔

Riotous : (a) [OFr. 'Riot(e)'.] (۱) شورش : فتنہ جو : بلوا کرنے والا : بلوائی : فسادی : امن و امان کو خراب کرنے یا نقصان پہنچانے والا ۔ (۲) ہرزہ : عیاش : عیش پرست ۔ (۳) عیاشی کی : عیش پرستی کی : بدمستی کی :

عیاشانہ ۔

Riotously : (adv.) (۱) بلوے کے طور پر : فساد کے طور پر ۔ (۲) عیاشی سے: بد مستی سے : عیش پرستانہ : عیش پرستی کے ساتھ ۔

Riotousness : (n) عیاشی : عیش پرستی : بد مستی : خر مستی ۔

Rip : (n) [ON. 'Hrip'.] (بول چال) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری (خصوصاً مچھلی رکھنے کی): بٹی ہوئی ٹوکری ۔

Rip : (n) [f. Rip. (v).] (۱) چیر پھاڑ : خستہ جگری : دلی آزاری : ایذا رسانی : دریدگی : شگاف ۔ (۲) دیکھو Ripsaw ۔

Rip : (n) (۱) سمندر یادریا کی موج وار سطح : متموج سطح آب : وہ قطعۂ آب جو مخالف لہروں کے ملنے سے متموج یا متلاطم ہو جاتا ہے ۔ (۲) تموج جو کھردرے یا نا ہموار راستے سے گذرنے پر پیدا ہو جاتا ہے ۔

Rip : (n) [Perh. a letter form of Rep.] (۱) سڑیل گھوڑا : نکما گھوڑا : اسپ لاغر ۔ (۲) عیاش : تماش بینی : رند ۔ (۳)بیکار یا نکما شخص ۔ (۴) معمولی چیز یا شخص: بے احتیاط آدمی ۔

Rip : (v) [Origin obsc.] (۱) چاك كرنا : پھاڑنا : چیڑنا : ادھیڑنا ۔ (۲) کھونچا لگانا : پارہ کرنا ۔ (۳) (آرے وغیرہ سے) چیرنا ۔ (۴) (چھت) کھول دینا : کھپڑے ، سلیٹ وغیرہ اتار لینا ۔ (۵) چیر کر شگاف ڈالنا ۔ (۶) (زخم کو) تازہ کرنا : ہرا کرنا : (رنج کو) تازہ کرنا : پھر سے (جھگڑا) چھیڑنا : گڑے مردے اکھاڑنا : شور و ہنگامہ کر کے کہنا ۔ (۷) پھٹ جانا : شق ہو جانا : جدا ہو نا : ٹکڑے ہو جانا ۔ (۸) تیز چلنا : دوڑنا : بے دھڑك تنہا دوڑنا ۔ (۹) حملہ کرنا ۔ (۱۰) (بول چال) سخت الفاظ استعمال کرنا : سخت زبان استعمال کرنا : قسم کھا کر کہنا : حلف اٹھا کر کہنا : حلف لینا ۔ (۱۱) غصے سے پھٹ پڑنا: غضبناك ہونا : غصے سے برس پڑنا ۔

Let her rip : بے دھڑك دوڑنے دو : تیز چلاؤ (گاڑی وغیرہ کو) ۔

To rip off : (۱) (کسی کو) دھوکا دینا : فریب دینا : کام نکالنا ۔ (۲) (کوئی چیز) چرانا : چوری کرنا : دھوکے یا چوری سے کوئی چیز اڑا لینا ۔

Rip-cord : (n) طناب جو پیراشوٹ کو کھولنے کے لئے کھینچی جاتی ہے ۔

Rip current : (n) تیز دھارا ۔

Rip-off : (n) فریب دہی : جعل سازی : دھوکا دہی : فائدہ اٹھانے کا عمل ۔

Rip-rap : (n) [f. 'Rap (n)'.] (انجینیئرنگ ، امریکا) سنگریز : سنگریزی بنیاد۔

Rip-rap : (v) سنگریزی بنیاد ڈالنا : پتھر سے بنیاد کو مضبوط کرنا ۔

Rip-rapping : (n) سنگریزی دیوار یا بنیاد ۔

Rip-roaring : (a) (۱) (عامیانہ) پر زور دنگا فساد : بہت زیادہ شور ہنگامہ ۔ (۲) بہت زیادہ بلوہ کرنے والا : بہت زیادہ فسادی ۔ (۳) بہت زیادہ عیاشی کرنے والا ۔

Rip-roarious : (a) دیکھو Rip-raoring

Rip-saw : (n) چیر آرا ۔

Rip-saw : (v) چیر آرا سے کاٹنا ۔

Riparial : (a) [f. L.'Riparius'.] (۱) ساحلی : ساحل کا : لب آب کا ۔ (۲) (حیوانیات) دریا کنارہ باش : تالاب یا جھرنے کے کنارے رہنے والا ۔

Riparian : (a) [f. as prec.] (۱) لب آب کا : ساحلی : ساحل کا : دریا کناری : دریائی ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) دریا کنارہ باش ۔

Riparian : (n) (۱) ساکن دریا کنار : ساحل دریا پر رہنے والا ۔ (۲) ساحل کا مالك : ساحل کی زمین کا مالك ۔

Riparian forest : (n) (نباتیات) دریائی جنگل : بیلا ۔

Riparian right : (n) دریائی اختیار : اختیار ساحل ۔

Riparious : (a) (نباتیات) دریا کنار (پودا) ۔

Ripe : (a) [OE. 'Ripe'.] (۱) پھل ، اناج وغیرہ) پکا : تیار : پختہ : کھانے کے لئے تیار یا بیج کے لئے تیار : قابل استفادہ ۔ (۲)پختہ پھلوں جیسا ۔ (۳) (پرند و جانور) پوری طرح تیار (ذبح کرنے اور کھانے کے لئے) : تیار (جانور) ۔ (۴) بالغ : پختہ کار : رسیدہ : جس کی جسمانی و ذہنی نشو و نما مکمل ہو چکی ہو : بالیدہ : بزرگ شدہ : کبیر : حاضر ۔ (۵) (مچھلی) تیار (انڈا دینے کے لئے) ۔ (۶)(شراب) پکی: ٹھیك چاشنی کی : رسیدہ ۔ (۷)مست: آپے سے باہر : بے خود ۔ (۸) کامل : قابل : آمادہ : مستعد ۔

Soon ripe soon rotten : جو جلدی پکتا ہے وہ جلدی سڑتا ہے ۔

Ripe : (v) [OE. 'Ripian'.] (۱) (شعر و شاعری) پختہ ہونا؛ بڑھنا : تیار ہونا ۔ (۲) بالغ ہونا : پختہ کار ہونا ۔ (۳) پختہ بنانا : تیار کرنا ۔

Ripe age : (n) پکّی عمر : بڑھاپے کی شروعات کا زمانہ ۔

Ripe beauty : (n) حسن پختہ کار (ادھیڑ عورت کا) ۔

Ripe lips : (n) بھرے بھرے سرخ ہونٹ ۔

Ripely : (adv.) پختہ کاری سے ۔

Ripen : (v) (۱) پختہ ہونا : پکنا : تیار ہونا ۔ (۲) (مجازاً) پختہ کار ہونا : مکمل ہونا ۔ (۳) (طب) پھوڑے وغیرہ کا پکنا : پھوڑے کو پکانا ۔ (۴) تیار کرنا : استعمال کے لائق بنانا : پکانا ۔

Ripener : (n) (۱) پختگی کے لائق بنانے والا : پختہ بنانے والا : پکانے والا ۔ (۲) پکنے والا : تیار ہونے والا ۔

Ripeness : (n) پختگی : پختہ کاری : پکا ہونا ۔

Ripening : (n) (نباتیات) پختگی : پکنا ۔

Ripgut/ Ripgut grass : (n) ایک قسم کی پرخس و خاشاک اور تکلیف دہ یورپی گھاس ۔

Ripicolous : (a) دیکھو Riparian (a)

Ripidolite : (n) [Gr. 'Ripidolith'.] (کان کنی) کلورائٹ سے مشابہ ایک سبز معدن ۔

Ripienist : (n) اضافی ساز بجانے والا یا اس کا ماہر ۔

Ripieno : (a) [It. f. 'Ri- + pieno'.] اضافی : تکمیلی : تتمے کا ۔

Ripieno : (n) (۱) اضافی ساز بجانے والا : اضافی ساز : ایک قسم کی موسیقی ۔ (۲) زائد ، فالتو موسیقی ۔

Riposte/ Ripost/ Repost : (n) [It. 'Reposta'.] (۱) (شمشیر بازی) وہ ہاتھ جو حریف کے وار کے جواب میں فوراً لگایا جائے : جوابی وار : رد حملہ : انتقامی حملہ ۔ (۲) رد جواب : ترکی بہ ترکی جواب : دندان شکن جواب : الزامی جواب ۔

Riposte / Ripost/ Repost : (v) (۱) ترکی بہ ترکی جواب دینا : دندان شکن جواب دینا : بدلہ لینا : بدلہ چکانا ۔ (۲) الٹ کر الزام لگانا : الزامی جواب دینا ۔ (۳) وار کے جواب میں فوراً وار کرنا : حملے کے جواب میں حملہ کرنا : جوابی حملہ کرنا : رد حملہ کرنا : جواب دینا ۔

Ripper : (n) (۱) پھاڑنے والا : چیرنے والا : (میکانیات) پارہ کنندہ ۔ (۲) چھت کو کھولنے کا اوزار ۔ (۳) چیر آرہ : ایک طرح کا آرہ ۔ (۴) (عامیانہ) اعلیٰ درجے کا شخص : اعلیٰ درجے کی چیز ۔ (۵) مچھلی صاف کرنے والی جماعت کا رکن (جو مچھلی کے پیٹ سے آلائشوں کو نکالتی ھے) ۔ (۶) دیکھو Ripsaw ۔ (۷) پاگل آدمی : چھری مار ۔

Rippet / Rippit : (n) [Origin unkn.] شور ہنگامہ : شور غل : بھاگ دوڑ : لے دے : اضطراری حرکتیں ۔

Rippier/ Ripier : (n) (تاریخ) مچھلی بیچنے والا : مچھیرا : ماہی فروش : مچھلی فروش : ماہی گیر ۔

Ripping : (a) (۱) پھاڑنے والا : (مجازاً) کاٹنے والا : کھونچا ۔ (۲) (عامیانہ) خوب : عمدہ : مزے کا : پر لطف : اعلیٰ درجے کا ۔

Rippingly : (adv.) بڑے مزے سے : بڑے لطف سے : بہت عمدہ طریقے سے ۔

Ripping saw : (n) چیر آرا ۔

Ripple : (n) [Du. 'Repel'.] سنئی کے بیج صاف کرنے کا کنگھا : سن شانہ ۔

Ripple : (n) (۱) ہلکورا : ہلکی لہر : موج صغیر ۔ (۲) (امریکا) کم گہرا : ندی میں پایاب پانی کا حصہ ۔ (۳) ترنگ ۔ (۴) (بال ، فیتے وغیرہ) لہر : لہر دار سطح یا ابھری ہوئی جگہ ۔ (۵) ہلکی آواز جس میں اتار چڑھاؤ ہو : لہر دار آواز ۔ (۶) دیکھو Riffle (n) ۔ (۷) (برقیات، انجینیئرنگ) رِپل : لہراؤ ۔

Ripple : (v) [ME. 'Ripelen'.] (۱) کنگھی سے سنئی کے بیج صاف کرنا ۔ (۲) بیج نکالنا : بیج ہٹانا ۔

Ripple : (v) (۱) لہری پیدا کرنا : تموّج پیدا کرنا یا ہونا (سطح آب پر) : پانی پر ہلکی ہلکی موجوں کا اٹھنا ۔ (۲) آہستہ آہستہ کھرچنا : چھیلنا : نوچنا : چھلنا : خراش لگنا ۔ (۳) آہستہ آہستہ (زمین کا) پھٹنا ۔

Ripple : (v) [Origin unkn.] (۱) ہلکورے اٹھنا : ہلکورے پیدا کرنا ۔ (۲) لہر دار آواز آنا ۔ (۳) لہر میں بہنا : ترنگ میں بہنا ۔ (۴) (سطح آب پر) تموّج پیدا کرنا ۔ (۵) معمولی طور پر غصہ ہونا : ہلکے طور پر ہیجان پیدا کرنا ۔ (۶) متحرک ہونا : حرکت میں آنا : لہر پیدا کرنا ۔

Ripple-cloth : (n) ایک قسم کا ملائم ، لہردار اونی کپڑا ۔

Ripple-grass : (n) (اسکاتستانی ، امریکا) ایک قسم کا کیلا ۔

Ripple mark : (n) (خصوصاً ارضیات) لہر دار سطح یا ابھری ہوئی جگہ ۔

Ripple marked : (a) لہردار سطح والا

Rippleless : (a) مسطح : شفاف (پانی کی طرح) : بغیر لہر کے : غیر متموج : ساکن : پر سکوت ۔

Ripplet : (n) لہر چہ : موج خفیف : چھوٹی لہر : ہلکورا ۔

Ripplingly : (adv.) لہردار طور پر : توج کے ساتھ : ہلکورے کھاتے ہوئے : متموج طور پر : ہلکورے لیتے ہوئے ۔

Ripply : (a) لہر دار : ہلکورے دار : تموج آمیز ۔

Ripstone : (n) Ribstone کی غلط شکل ۔

Ripuarian : (a) [med. L. 'Ripuarius'.] (۱) رپوری (قدیم فرانک نسل کی اس شاخ سے متعلق جو دریائے رائن کے کنارے میوز اور موزل کے کنارے رہتی تھی) ۔ (۲) رپوری قوم کے قانون سے متعلق ۔

Ripuarian : (n) رپوری فرانک ۔

Ripuraian law : (n) رپوری قوم کا قانون ۔

Ripuary : (a) رپوری قوم کے قانون کا یا اس سے متعلق ۔

Ripvan winkle : (n) دقیانوسی خیالات کا شخص : وہ شخص جس کی معلومات بہت پرانی ہوں : فرسودہ معلومات کا شخص : وہ شخص جو جدید اور حال کے حالات سے واقف نہ ہو ۔

Risaldar : (n) [Per.' Risaldar'.] اینگلو انڈین فوج کے رسالے کا کمانڈر : رسالہ دار ۔

Rise : (n) [f. the v.] (۱) طلوع : نکلنا (سورج وغیرہ کا) : نکلنے کی صلاحیت : صلاحیت ارتفاع ۔ (۲) ارتفاع : بلندی : چڑھائی : ٹیلہ : پہاڑی ۔ (۳) ترقی : بڑھنا : عروج : فروغ: صعود ۔ (۴) بڑھنا یا چڑھنا : (تنخواہ ، اجرت ، قیمت وغیرہ میں) اضافہ : زیادتی : افزونی : پیش رفت : افزائش : افزود ۔ (۵) مچھلی کا اٹھنا یا سطح آب پر آنا ۔ (۶) سیڑھی ، محراب وغیرہ کی بلندی؛ زینے کی دو سیڑھیوں کے درمیان کھڑا تختہ : اوٹے کی اونچائی ۔ (۷)آغاز : ابتدا ۔ (۸) (موسیقی) بلند سُر ۔ (۹)(سمعیات) اٹھان : (سیاسیات) ترقی : صعود ۔ (۱۰)(ارضیات) طغیانی : ارتفاع : ٹیلہ ۔ (۱۱) سر چشمہ : منبع : منشاء : طغیان ۔ (۱۲) پیش روی : سر زنی: پیدائش : ظہور ۔ (۱۳) (امریکا) اضافہ حقوق ۔ (۱۴) نشر : موت کے بعد زندہ ہونے کی حالت : نیند کی حالت سے اٹھنے کا عمل ۔ (۱۵) آگے قدم بڑھانے والا : قدم کا اٹھنا ۔ (۱٦) رقم میں اضافہ؛ زیادتی : بڑھوتری : (بول چال) مزدوری یا تنخواہ میں اضافہ ۔ (۱۷) خبر پانے یا ہونے کا عمل : اطلاع ۔

Asks for a rise : مزدوری یا اجرت میں اضافہ چاہتا ھے ۔

On the rise : اضافہ ہونا : بڑھنا : مہنگا ہونا : قیمتی ہونا : روبہ اضافہ ۔

To get a rise out of (person) / -have-/ -take- : چھیڑ کر غصہ دلانا یا کسی اور کمزوری کو ظاہر کرنا : مذاق اڑانا۔

To give rise to : ضمنی سبب ہونا : فوری یا وقتی سبب ہونا : تقریب ہونا : بہانہ ہونا ۔

Rise : (v) [OE. 'Risan'.] (۱) اٹھنا : اٹھ کر کھڑا ہو جانا : بیدار ہونا : جاگنا : اٹھ بیٹھنا : قیام کرنا ۔ (۲) برخاست ہونا : اٹھ جانا : اوپر جانا یا آنا : اٹھایا جانا : بلند کیا جانا ۔ (۳)سیدھا ہو جانا : کھڑا ہو جانا : اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا : سیدھی حالت میں کھڑا ہونا ۔ (۴) جی اٹھنا : بشاش ہونا : دوبارہ زندگی ملنا : وجود میں آنا : کھل اٹھنا ۔ (۵) شورش کرنا : بغاوت کرنا؛ طغیانی کرنا؛ سرکشی کرنا : ہتھیار اٹھا لینا ۔ (٦) طلوع ہونا : نکلنا : بلند ہونا : چڑھنا : اونچا ہونا : صعود کرنا ۔ (۷) اڑنا : پرواز کرنا ۔ (۸) بڑھنا : چڑھنا : اضافہ ہونا : زیادہ ہونا ۔ (۹) ابھنا : ابھرنا : نمودار ہونا : باہر آنا ۔ (۱۰)قوت یا زور بڑھانا : ترقی کرنا؛ قسمت ور ہونا : بلند ہونا : بلند اقبال ہونا : ترقی دینا (عہدے میں) : بڑھانا (مشاہرہ) ۔ (۱۱) موقع کے مناسب ہمت دکھانا ۔ (۱۲) شروع ہونا : پیدا ہونا؛ ابھنا : وجود میں آنا : دریا کا نکلنا (منبع سے) : آغاز کرنا : ایجاد کرنا ۔ (۱۳) اٹھ کھڑا ہونا : برپا ہونا (جھگڑا ، فساد وغیرہ کا) ۔ (۱۴) اٹھانا : اٹھتے یا اڑتے ہوئے دیکھنا (مچھلی یا پرند کو) ۔ (۱۵) پورا ہونا : اختتام پذیر ہونا ۔ (۱٦)(جانور وغیرہ کا) احاطے یا باڑے وغیرہ سے باہر آنا : نکلنا ۔ (۱۷) (گھوڑا وغیرہ) پچھلے پاؤں پر سیدھا کھڑا ہونا : الف ہونا ۔ (۱۸) (بال وغیرہ) سیدھا ہونا : کھڑا ہونا : (نیز)جھکی ہوئی چیز کا کھڑا ہونا ۔ (۱۹)(مجازاً) گناہوں کی تلافی کرنا : اخلاقی گراوٹ کا ختم ہو جانا ۔ (۲۰) (فوج) کیمپ توڑ دینا : محاصرہ ختم کر دینا : محاصرہ اٹھالینا ۔ (۲۱) (اسمبلی وغیرہ کو) ملتوی کر دینا (خصوصاً فرصت یا وقفہ کے لئے) ۔ (۲۲)(دھواں ، بھاپ وغیرہ کا) بڑھنا : سیلاب وغیرہ کا بڑھنا : چڑھنا : تیز ہونا (ہوا کا) ۔ (۲۳) نقطۂ عروج

پر پہنچ جانا (تھرمامیٹر یا بیرومیٹر میں) : (سیال کا) جوش مارنا ۔ (۲۵) زیادہ خوش و خرم ہونا : مسرور ہونا ۔ (۲۶)(کھانے یا کسی اور چیز سے) کراہت ہونا : کراہت کے ساتھ واپس کر دینا : گھن آنا : نفرت ہونا: جی متلانا : متلی ہونا ۔ (۲۷) سطح آب یا سطح زمین پر آنا : (مچھلی کا) خشکی پر آنا ۔ (۲۸) بلندی کو پہنچ جانا: جوش و خروش کا اٹھنا ۔ (۲۹) سماج میں اوپر اٹھنا یا بلند مرتبہ ہونا : رتبہ و منزلت یا عہدے میں آگے ہونا ۔ (۳۰) رقم ، تعداد وغیرہ میں اضافہ ہونا : بڑھنا ۔ (۳۱) مہنگا ہونا : قدر و قیمت میں بڑھنا : (قیمت میں) اضافہ ہونا : چڑھنا : بڑھنا : تیز ہونا ۔ (۳۲)(موسیقی) سُر میں اضافہ ہونا : سر کا بڑھنا یا بڑھانا : سر کا تیز ہونا یا کرنا : سر کا بلند ہونا یا کرنا ۔ (۳۳) زیادہ طاقتور ہونا : قوت میں اضافہ کرنا ۔ (۳۴) حاضر ہونا : پیدا ہونا : نمودار ہونا : (کسی شخص یا خاندان سے) پیدا ہونا : وجود میں آنا : نکلنا ۔ (۳۵) (درخت وغیرہ کا) بڑھنا : نکلنا ۔ (۳۶) (چھالا ، آبلہ) جلد پر نمایاں ہونا : ظاہر ہونا ۔ (۳۷) (ہوا کا) چلنا : بہنا : ہوا کا زور سے چلنا : ہوا میں شدت ہونا۔ (۳۸) آواز کا زور سے ہونا : کان کے پاس چلّانا ۔ (۳۹) (افواہ یا خبر کا) پھیلنا ۔ (۴۰) نگاہ یا خیال کے سامنے آنا ۔ (۴۱) اوپر ہونا : (پہاڑ کی) چوٹی پر پہنچنا : فتح کرنا (خصوصاً امریکا) ۔

Blisters rise : پوڑے نکل آتے ہیں ۔

Bread will not rise : روٹی کا خمیر نہیں اٹھے گا

Fish rises : مچھلی اٹھتی ھے (سطح آب پر چارے کے لئے آتی ھے) ۔

Gorge rises : غصه آتا ھے : خون کھولتا ھے ۔

Her colour rose : اس کا رنگ نکھر آیا ۔

Horse rises to a fence : گھوڑا ٹٹّی کودتا ھے ۔

My whole soul rises against it : مجھ سے یہ کسی طرح برداشت نہیں ھوتا ۔

Spirit rises : طبیعت بشاش ھوتی ھے ۔

Stomach rises : گھن آتی ھے : نفرت ھوتی ھے ۔

The rising generation : نئی پود : نئی نسل : نئی پیڑھی ۔

To rise above petty jeslousies : تنگ ظرفی کے رشک و حسد سے بالا تر ھونا ۔

To rise ship : دور سے جہاز کو سطح آب پر آہستہ آہستہ اٹھتے ھوئے دیکھنا ۔

Rise : (n) (خصوصاً بول چال) Rice کا متبادل ۔

Rise of temperature : (n) (طبیعیات) تپش کا اضافہ ۔

Risen : (a) اٹھنے والا : کھڑا ھو جانے والا : قابل ایستادگی ۔

Riser : (n) (۱) اٹھنے والا (خصوصاً بستر سے) : بیدار ھونے والا : جاگنے والا۔ (۲) چارا کے ذریعہ پھنس جانے والی مچھلی۔ (۳) سیڑھی کے ڈنڈے کا اوپری حصہ ۔ (۴) (کان کنی) طبقۂ زمین کے سلسلے کا رخنہ ۔ (۵) (تعمیرات) رافعہ : ایک مشین جس سے سامان وغیرہ اوپر لے جاتے ہیں : بلند کنندہ ۔ (۶) برقی وصل یا پانی کا پائپ جو مکان کی ایک منزل سے دوسری منزل میں گزرتا ھو ۔ (۷)باغی؛ سرکش ۔ (۸) دیکھو Feedhead ۔ (۹) سحر خیز : زود خیز ۔ (۱۰) سوراخ یا ھوا کش ۔

Risibility : (n) (۱) ہنسنے کا مادّہ : ہنسی ۔ (۲) ہنسی مذاق : ہنسی دل لگی : رنگ رلیاں : عیش و نشاط ۔

Risible : (a) [late L. 'Risibilis'.] (۱) ہنسنے والا : ہنسنے کی خاصیت رکھنے والا : ہنسنے کا میلان رکھنے والا ۔ (۲)قابل ہنسی : خندہ آور : مضحک : لائق استہزا ۔ (۳) ہنسی کا یا اس سے متعلق ۔ (۴) مضحکہ خیز : مستحق حقارت : قابل تضحیک ۔

Risible : (n) (جمع) قابل تضحیک : صلاحیتی : مضحکہ خیز پہلو ۔

Rising : (a) (۱)بیدار ھونے والا : اٹھنے والا: نکلنے والا : طلوع ھونے والا ۔ (۲) اوپر کی طرف ڈھلوان : اوپر اٹھایا ھوا ۔ (۳)چڑھنے والا : بلند ھونے والا : رافع ۔ (۴) (سیلاب ، پانی، طوفان) بڑھنے والا : چڑھنے والا : اونچائی میں بڑھنے والا ۔ (۵) طاقت ، زور وغیرہ میں بڑھنے والا ۔ (۶) با اثر : با صلاحیت : تیز : ھوشیار : آگے نکلنے والا : ترقی کرنے والا : قسمت ور : بلند طالع : بڑھنے والا ۔ (۷)طالع : بر خیزندہ ۔ (۸) شور کرنے والا : طوفان اٹھانے والا ۔ (۹) انتہائی کمال والا : منتہائی کمال تک پہنچنے والا ۔

Rising : (n) (۱) اٹھنا : بڑھنا : چڑھنا : اٹھان : ارتقا : بلندی : ارتفاع ۔ (۲)(فلکیات)طلوع : (علم النجوم) طالع ۔ (۳) قیامت : نشر : باز خاست : پھر سے اٹھنا : دوبارہ زندہ ھونا ۔ (۴) بغاوت : سرکشی ۔ (۵) (طب) پھوڑا : پھنسی ۔

Rising : (adv.) (۱) (نقابت) اڑنے کے لئے تیار : ڈینا پھڑ پھڑاتے ھوئے ۔ (۲) (گھوڑے ، آدمی وغیرہ) رسائی کے قریب : تقریباً؛

قریب قریب ۔ (۲) (امریکا) زیادتی سے : اوپر کی طرف ۔ (۳) زیادہ سے زیادہ : پورا کا پورا ۔

Rising again : (n) حشر : نشر : قیامت : باز خاست ۔

Rising and setting : (n) طلوع وغروب ۔

Rising dipthong : (n) دوہرا حرف علت جس میں دوسرے حرف پر زور ہو ۔

Rising from the dead : (n) دوبارہ اٹھنا : مر کر زندہ ہونا : قیامت : حشر : نشر ۔

Rising front : (n) (فوٹوگرافی) کیمرے کا اگلا حصہ جو اونچا ہو سکتا ھے ۔

Rising generation : (n) نئی نسل : نئی پود : نئی پیڑھی ۔

Rising main : (n) پمپ کا عمودی پائپ ۔

Rising rhythm : (n) وہ آہنگ جس میں ہر رکن کی آخری ہجا پر زور دیا جاتا ھے ۔

Rising rod : (n) کورنش اسٹیم انجن کا ایک حصہ ۔

Risk : (n) [Fr.'Risque'.] (۱) خطرہ : جوکھم : خوف بیم: ضرر : زیاں ۔ (۲) مخاطرہ : حادثہ : اتفاقی واقعہ ۔ (۳) احتمال ضرر : احتمال خطرہ : خطراتی عنصر ۔ (۴) معاشی نقصان کا خطرہ (خصوصاً بیمہ شدہ جائداد یا سامان میں) ۔ (۵) اتفاقی کمی پورا کرنے کے لئے خزانچی کو الاؤنس : زر خطرہ : زر تلافی ۔

At owner's risk : مالك کی ذمہ داری پر ۔

At risk : خطرہ میں ۔

To run a risk / -the- : جوکھم میں پڑنا : خطرے میں پڑنا ۔

Risk : (v) [Fr.'Risquer'.] (۱) خطرہ میں ڈالنا : جوکھم میں ڈالنا ۔ (۲) خطرے میں پڑنا : خطرہ مول لینا : جوکھم مول لینا۔ (۳) (جی کڑا کر کے) گزرنا : (کسی بات کا) خطرہ برداشت کرنا : جان پر کھیل جانا ۔

Risk : (v) (اسکاتستانی) کرخت آواز نکالنا : زور دار آواز پیدا کرنا : زور سے بولنا ۔

Risk capital : (n) زر خطرہ : زر جوکھم ۔

Risk charges : (n) مطالبات خطرہ ۔

Risk money : (n) زر خطرہ : زر تلافی (جو خزانچی کو اتفاقی کمی پوری کرنے کے لئے دیا جاتا ھے) ۔

Risk premium : (n) اصل زر بیمہ ۔

Risker : (n) خطرہ لینے والا : (جان) جوکھم میں ڈالنے والا ۔

Riskful : (a) اندیشہ ناک : پر خطر: ضرر دار : پر ضرر : خطرناک : جوکھم کا : پراز بیم ۔

Riskily : (adv.) خطر ناك طور پر :پر خطر طور پر ۔

Riskiness : (n) خطرناکی : پر خطر ہونا : خطر ناك ہونے کی حالت ۔

Riskless : (a) بے خطر : بغیر جوکھم کے : خطرے سے باہر یا خالی : بے خوف و خطر ۔

Risky : (a) (۱) پر خطر : خطرناك : جوکھم سے بھرا ۔ (۲) بد نما: ناموزوں ۔ (۳) کسی قدر خلاف تہذیب : کسی قدر فحش۔

Risorgimento : (n) [It.] (تاریخ) نشاۃ الثانیہ : دور احیاء ۔

Risotto : (n) [It.] ایک قسم کا سالن جو چوزے، چاول اور پیاز سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Risp : (v) [Mc. 'Rispen'.] (۱) کھرچنا : چھیلنا : نوچنا : خراش لگانا : کھرونچا مارنا : ناخن مارنا : پنجہ مارنا ۔ (۲)اوپر ہی اوپر عمل کرنا : تہ تك نہ پہنچنا ۔ (۳)کھجانا (خار پشت وغیرہ سے): سر کھجانا (پریشانی کی حالت میں) ۔ (۴)حروف یا تصویر بنانا (سطح پر) ۔ (۵) کھودنا (چھیل کر) ۔ (۶)کریدنا ۔ (۷)قلم زد کرنا (الفاظ وغیرہ کا) : پنسل سے مٹا دینا ۔ (۸) خارج کر دینا (گھڑ دوڑ کی فہرست سے گھوڑے یا شخص کا نام) ۔ (۹) نکال لینا یا خارج کر لینا (گھوڑے یا امید وار کا نام) ۔ (۱۰) گھسیٹ لکھنا ۔ (۱۱) اکٹھا کرنا: جمع کرنا : جز رسی یا مشکل سے روپیہ پیسہ جمع کرنا ۔ (۱۲) (پرندوں یا جانوروں کا) پنجے سے زمین کھودنا۔ (۱۳) مشکل سے گزارہ کرنا ۔ (۱۴) روپیہ کمانے کے لئے جد و جہدکرنا ۔ (۱۵)(امریکی سیاست) پارٹی ٹکٹ سے امیدوار کا نام خارج کر دینا ۔ (۱۶) مقابلے سے ہٹ جانا ۔ (۱۷) (مزاحاً) قبول کی ہوئی دعوت کو نامنظور کر دینا۔

Risp : (n) [Origin unkn.] (بول چال خصوصاً انگلینڈ) پودے کا ڈنٹھل ۔

Risque : (a) [Fr. 'Risquer'.] کسی قدر فحش یا خلاف تہذیب ۔

Rissaldar : (n) Risaldar کا مترادف ۔

Rissole : (n) [Fr. 'Rissole'.] مچھلی یا گوشت کا تلا ہوا کوفتہ ۔

Rissom : (n) [ME. 'Risom'.] (۱) (خصوصاً بول چال) بھوسی : پوال ۔ (۲) (خصوصاً بول چال) چھوٹا ٹکڑا : خفیف مقدار : ذرہ ۔

Risus sardonicus : (n) [L. f. 'Ridere'.] (طب) تشنجی ہنسی (اعصاب کے کھنچاؤ کی وجہ سے چہرے پر ہنسی کی کیفیت کا ظاہر ہونا) ۔

Rit : (v) [ME. 'Ritten'.] (برطانیہ ، بول چال) کھرچنا یا کاٹ دینا (خصوصاً تیز اوزار سے) ۔

Ritard : (n) آہستہ تر حرکت ۔

Ritard : (adv.) [It.] (موسیقی) آہستہ تر : (موسیقی کی ہدایت) اور آہستہ (بجاؤ) ۔

Ritardando : (n) دیکھو Ritard

Rite : (n) [L. 'Ritus'.] (۱) (سماجیات) رسم : رواج ۔ (۲) (دینیات) شعار : آداب دینی : حکم مذہبی ۔ (۳) رسم : رواج : عادت : قاعدہ : طریقہ : آئین : مراسم ۔

Conjugal rites / Nuptial- : (زن و شو میں) مباشرت : ہم بستری ۔

The Anglican rites : کلیسائے انگلستان کی رسوم ۔

The Latin rites : رومی کلیسا کی رسوم ۔

The Roman rites : رومن رسوم ۔

Rite de passage : [Fr.] مراسم نقل و انتقال ۔

Rite of intensification : (n) مراسم شدت : مراسم سختی ۔

Rite of passage : (n) دیکھو Rite de passage

Riteless : (a) بے رسوم : رسوم سے خالی ۔

Ritelessness : (n) رسوم سے خالی ہونے کی حالت ۔

Ritenete : (adv. & a) [L 'Retiment'.] دیکھو Ritardando

Ritenuto : (n) [It.] (موسیقی) وہ اشارہ جو یہ ظاہر کرے کہ رفتار میں کمی کی جائے ۔

Rithe : (n) [ME. 'Rith'.] نالا : چشمہ : جھرنا : چھوٹی نہر : آبجو ۔

Ritornello / Ritornel : (n) [It. dim. of 'Ritorno'.] (موسیقی) آلاتی ترجیع: آلاتی ٹیپ:آلاتی وقفہ (صوتی گانے وغیرہ میں) ۔

Ritter : (n) [G. var. of 'Reiter'.] دیکھو Knight

Ritual : (a) [L. 'Ritualis'.] (۱) رسم سے متعلق : رسمی : رسوماتی: رواج کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) رسم جیسا : مانند رسم و رواج ۔ (۳) مذہبی رسم کا : رسوم کا : رسوم کے ساتھ ۔

Ritual : (n) (۱) مذہبی رسوم : رسم : شعائر ۔ (۲) مذہبی ارکان : عبادت کے ارکان : آداب رسوم ۔ (۳) وہ کتاب جس میں یہ ارکان درج ہوں ۔ (۴) رسوم عبادت کے ادا کرنے کا عمل ۔

Ritualism : (n) (۱) رسوم پرستی : رسمیت ۔ (۲) رسوم مذہبی پر حد سے زیادہ زور دینا : عبادت ظاہری کو حد سے زیادہ اہمیت دینا ۔ (۳) ظاہر پرستی ۔

Ritualist : (n) (۱) رسوم پرست : ظاہر پرست : آداب پرست ۔ (۲) ماہر شعائر مذہبی : مذہبی شعائر پر عمل کرنے والا : معتقد شعائر (مذہبی) ۔

Ritualistic : (a) رسوم پرست سے متعلق : مذہبی شعائر سے متعلق : رسمیت کا یا اس سے متعلق : رسوم پرستانہ : رسوم پرستی سے متعلق ۔

Ritualistically : (adv.) مذہبی رسوم کے طور پر : رسوم پرستانہ : رسوم پرستی کے ساتھ ۔

Rituality : (n) دیکھو Ritualism

Ritualization : (n) مذہبی شعائر پر پابندی کرنے کا عمل: رسوم پرستی کی حالت ۔

Ritualize : (v) (۱) مذہبی ارکان پر عمل کرنا : شعائر مذہبی پر عمل کرنا ۔ (۲) شعائر مذہبی میں تبدیل کرنا : شعار مذہبی بنانا (کسی بات کو) : رسوم پرستی پر عمل کرنا : مذہبی رسم بنا دینا : مذہبی رسوم کی پابندی کرنا ۔

Ritualless : (a) عدم رسوم پرستی ۔

Ritually : (adv.) مذہبی رسوم کے لحاظ سے : مذہبی رسوم کے ساتھ ۔

Ritz : (v) (عامیانہ)(۱)جھڑک دینا : ڈانٹ دینا : دھتکار دینا : بے التفاقی سے دلیل کرنا ۔ (۲)جہاز کا راستہ روکنا (رسّوں کے ذریعہ) : باندھنا : (بحری) کھلتے ہوئے رسے کو اچانک روک دینا ۔

Ritzily : (adv.) عیش پسندانہ : پر تکلف طور پر ۔

Ritziness : (n) عیش پسندی : امارت پرستی : تمکنت ۔

Ritzy : (a) [Origin U.S. f. the name of Cesar Ritz (1850-1918)] (۱) عیش پسند : بہت آرام : پر تکلف : بہت زیادہ عیش کرنے والا ۔ (۲) امارت پرست : مغرور : متکبر : پر تمکین : خود بین : خود پسند ۔

Rivage : (n) [L. 'Ripa'.] کنارہ : ساحل : لب دریا : (شعر) دریا یا سمندر کا کنارہ ۔

Rival : (n) [L. 'Rivalis'.] (۱) رقیب : حریف : مد مقابل : ثانی ۔ (۲) ہم رتبہ : ہم مرتبہ : ہمسر : ہم چشم ۔

Rival : (a) حریف جیسا : مقابل کی صفت رکھنے والا ۔

Rival : (v) (۱)حریف ہونا : جواب ہونا : برابر ہونا : برابری کرنا۔ (۲) رقیب ہونا : رقابت کرنا ۔ (۳) مد مقابل ہونا : ہم رتبہ ہونا : ہمسر ہونا : ہمسری کی کوشش کرنا ۔

Rivaless : (n) ہم رتبہ عورت : ہم مرتبہ خاتون : مد مقابل عورت ۔

Rivalis : (n) (نباتیات) رودی : ندی کنارہ ۔

Rivality : (n) [L. 'Rivalitas'.] (۱) رقابت : ہم چشمی ۔ (۲) مقابلہ : ریس : مسابقت : برابری ۔

Rivalless : (a) جس کا کوئی حریف نہ ہو : جس کا کوئی رقیب نہ ہو : بے رقیب : بے حریف ۔

Rivalry : (n) دیکھو Rivality

Rivalship : (n) [f. 'Rival'.] دیکھو Rivality

Rive : (v) [OFr. 'Ris, Riva'.] (۱) پھاڑنا : دوٹکڑے کرنا : چیرنا : پھاڑ لینا : نوچ لینا : جدا کرنا : پارہ پارہ کر دینا : پاش پاش کر دینا :(ہاتھ یا پنجے سے)ٹکڑے ٹکڑے کرنا: پرزے پرزے کرنا : دھجیاں اڑانا : ریزہ ریزہ کر ڈالنا ۔ (۲) لکڑی کے تختے چیرنا : چھلنی کر دینا : کاٹنا ۔ (۳) چیرنا : پھلنا : کھل جانا ۔ (۴) (لکڑی کا) چیرنے کے قابل ہونا ۔ (۵)(چھری یا ہتھیار سے) ٹکڑے کرنا : تقسیم کرنا ۔ (۶)(مجازاً) (دل کا) ٹکڑے ٹکڑے ہونا : پاش پاش ہونا : غارت کرنا ۔ (۷) چبھنا: چھیدنا: برمانا ۔ (۸) چٹخا دینا: درز پیدا کردینا۔

Rive : (n) (۱) شکست : دراڑ ۔(۲) جھٹکا : چوٹ : کھنچاؤ : ضرب ۔

Rivelled : (a) [OE. 'Rifelede'.] (۱) جھری دار : پر شکن ۔ (۲) مرجھایا ہوا : سوکھا ہوا : سکڑا ہوا ۔

Riven : (a) پھٹا ہوا : ٹوٹا ہوا : شکستہ : دراڑ پڑا ہوا ۔

River : (n) [OFr. 'Rivere'.] (۱) دریا : ندی : رود : نہر : جھرنا : چشمہ : نالا ۔ (۲) دھارا ۔ (۳) (مجازاً) زندگی اور موت کے درمیان حد فاصل ۔ (۴) مدو جزر کے وقت بڑے دریا کا دہانہ ۔ (۵) دریا نما کوئی شے ۔ (۶) (نیز) تنگ کھاڑی ۔ (۷) (جمع) جذبات کا پر جوش اظہار : درد دل کا اظہار ۔ (۸) اعلیٰ قسم کا سفید خالص ہیرا ۔ (۹) سفید دھاریاں ۔

To sell (a person) down the river : (۱) غلام کی حیثیت سے بیچنا ۔ (۲) فریب دینا : دھوکا دینا : ٹھگنا : ٹھگ لینا ۔

Up the river : قید میں ۔

River : (n) (۱) آرہ کش : لکڑی چیرنے والا ۔ (۲) پھاڑنے والا : شگافندہ ۔

River-bank : (n) دریا کا کنارہ : ساحل : لب آب : ساحلِ دریا : دریا کے قریب کی زمین ۔

River basin : (n) طاسِ دریا : دریا گذار ۔

River bass : (n) سیاہ پن بھیڑیا : ایک قسم کی مچھلی ۔

River-bed : (n) سمندر دریا کی تہ : نالا : نہر ۔

River boat : (n) دریائی کشتی ۔

River bottom : (n) دریا کے قریب نشیبی زمین ۔

River chub : (n) (امریکا) ایک قسم کی دریائی مچھلی : چوب ماہی ۔

River coal : (n) دریائی کوئلہ ۔

River crab : (n) دریائی کیکڑا ۔

River craft : (n) دیکھو River boat

River craw fish : (n) ایک قسم کی سفید چھوٹی مچھلی ۔

River deer : (n) دریائی ہرن ۔

River delta : (n) ڈیلٹا ۔

River dragon : (n) مگر مچھ ۔

River-drift : (n) قدیم سیلابی بر آمد ۔

River duck : (n) Anatinae جنس کی ایک بطخ ۔

River eel : (n) دریائی بام مچھلی ۔

River estuary : (n) (جغرافیہ) مصب : خور : مہانا ۔

River-fish : (n) دریائی مچھلی : ماہی رود خانہ : ماہی آب شیریں ۔

River-front : (n) ساحلی علاقہ : دریا کے قریب کی زمین یا علاقہ ۔

River-god : (n) (اساطیر) درونا : دیوتا دریا ۔

River grape : (n) ایک قسم کا امریکی سیاہ انگور ۔

River head : (n) منبع دریا ۔

River herring : (n) (امریکا) دیکھو Alew (fe)

River hog : (n) (۱) دریائی خنزیر : خوک دریا ۔ (۲) Potanochorus جنس کا شمالی افریقی خنزیر ۔

River horse : (n) (۱) اسپ دریائی : دریائی گھوڑا : اسپ آبی : فرس البحر ۔ (۲) دیکھو Water-kelpie ۔

River jack : (n) مغربی افریقہ کا دریائی افعی ۔

River lamprey : (n) دریائی بامی مچھلی ۔

River rat : (n) (۱) رات دن دریا میں رہنے والا ۔ (۲) وہ شخص جو فرصت کے اوقات دریا کے کنارے گزارتا ھے ۔

River scape : (n) (آرٹ) منظرۂ دریا ۔

River side/ River-side : (n) دریا کی کچھار : کنار رود : کرانۂ رود : ساحلی زمین : دریا کے کنارے کی زمین ۔

River-side inn : (n) ساحلی علاقے کی سرائے ۔

River tract : (n) دریائی قطعہ ۔

River tributary : (n) معاون دریا ۔

River-water/ River water : (n) دریا کا پانی : آب دریا : دریائی پانی ۔

River way : (n) دریائی راستہ ۔

River weed : (n) (نباتیات) دریائی ترائی ۔

River wolf : (n) دریائی اود بلاؤ ۔

Riverain : (a) [Fr.] (۱) دریائی : دریا کناری ۔ (۲) ساحل سے متعلق : کنارِ دریا سے متعلق : ساحل کا ۔

Riverain : (n) (۱) ساحل کا ضلع : دریا کے کنارے کا ضلع ۔ (۲) ساکنِ دریا کنار : ساحل پر رہنے والا شخص ۔

Rivered : (a) دریا والا ۔

Riveret : (n) [OFr. 'Riverete'.] ندی : جوئبار : آبجو ۔

Riverine : (a) دریائی : ساحلی : لب دریا کا : دریا کے کنارے واقع ۔

Riverine : (n) ساحل : دریا کے قریب و جوار کا علاقہ : ساحلی علاقہ ۔

Riverless : (a) بغیر دریا کا : بے دریا : جہاں دریا نہ ہو ۔

Riverlet : (n) چھوٹی ندی : جھرنا : آبجو ۔

Rivery : (a) (۱) مختلف جھرنے والا : آبشار والا ۔ (۲) دریائی : دریا سے متعلق ۔

Rivet : (n) [OFr. 'f. 'River'.] دو نوکی کیل : دو نوک والی کیل : پرچ : میخ پرچ : ریٹ ۔

Rivet : (n) [Origin obsc.] مخروطی گیہوں : ریشہ دار گیہوں ۔

Rivet : (v) (۱) دو نوکی کیل لگانا : دو نوکی کیل جڑنا : ٹھوکنا ۔ (۲) ان کیلوں سے مضبوط کرنا : جڑنا : جوڑنا : محکم کرنا : استوار کرنا : مضبوط کرنا ۔ (۳) پکڑنا (غلطی وغیرہ) ۔ (۴) (نظر) جمانا : مجتمع کرنا : یکسو کرنا (دماغ کو) ۔ (۵) متوجہ کرنا : محو کرنا : منہمک کرنا : منہمک ہونا : (کسی شخص کا وقت یا توجہ) جذب کر لینا ۔

Rivet forge / Rivetting- / Rivet hearth : (n) کیلوں کو گرم کرنے کا آتش دان یا بھٹی ۔

Rivet heater : (n) (۱) دیکھو Rivet forge . (۲) بھٹی میں کیلوں کو گرم کرنے والا مزدور .

Riveter / rivetter : (n) (۱) (انجینیئرنگ) آلۂ رپٹ : کیل ٹھوکنے والا . (۲) رپٹی مشین .

Rivetless : (a) بغیر کیل کا بنا ہوا .

Rivettig machine : (n) (انجینیئرنگ) رپٹی مشین .

Riviera : (n) [It.] فرانس اور اٹلی کا ساحلی علاقہ جو موسم سرما میں سیاحوں کی تفریح گاہ ہوتا ھے .

Riviere : (n) [Fr.] ہیرے کی کنٹھی : ہیرے کی مالا : جواہرات کا گلوبند یا ہار .

Riving knife : (n) دیکھو Froe

Rivose : (a) [late L. 'Rivosus'.] (حشریات) شیار دار .

Rivulet : (n) [It. 'rivoletto'.] (۱) ندی : نالا : چھوٹا جھرنا : جوئبار : آبجو . (۲) ایک قسم کا پتنگا .

Rivulose : (a) (نباتیات) دریا نما : مخطط .

Rix-dollar : (n) [Du .'Rijcksdaler'.] (تاریخ) (۱۶۰۰ سے ۱۸۵۰ء تک کا) چاندی کا ایک یوروپی سکہ جو ۴ شلنگ ۶ پینس کے برابر ہوتا تھا .

Riyal / Rial : (n) [Ar. 'Riyal' f. Sp. 'Real'.] (۱)ریال : سعودی عربیہ کا چاندی کا سکہ جو ابتدا میں ۱/۱۰ پونڈ اسٹرلنگ کے برابر تھا . (۲) عراق کا ایک سکہ جو ۱/۵ دینار کے برابر ھے.

Riziform : (a) چاول نما : چاول کی شکل کا .

Rizzar : (v) [Fr. 'Ressorer'.] (اسکاٹستانی) آفتاب میں خشک کرنا : دھوپ میں سکھانا .

Rizzared : (a) دھوپ میں خشک کیا ہوا .

Roach : (n) [OFr.'Roache'.] روچ مچھلی: ایک قسم کی دریائی مچھلی: Carp کی جنس کی مچھلی .

As sound as a roach : بالکل تندرست .

Blue roach : دیکھو Azurine : (نیز) امریکا میں مختلف قسم کی چھوٹی مچھلیوں کے لئے استعمال ہوتا ھے .

Roach : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) مربع بادبان کے نچلے حصے کا محراب نما خم . (۲) (تعمیرات) محراب .

Roach : (n) Cockroach کا مخفف .

Roach : (v) (۱) گوشۂ بادبان کو بطور منحنی اوپر اٹھانا : بادبان کو کاٹنا . (۲) (امریکا) بال وغیرہ اس طرح سنوارنا کہ وہ کھڑے ہو جائیں .

Road : (n) [OE.'Rad'.] (۱) جہازوں کی لنگر گاہ : لنگرگاہ طبیعی (خصوصاً جمع میں) . (۲) سڑك : راستہ : راہ : شاہراہ : جادہ : خیابان : طریق : شارع . (۳) (امریکا) ریلوے : ریل کا راستہ : خط آہن : راہ آہن . (۴) (مجازاً) وسیلہ : ذریعہ : راہ .

For the road : رخصت ہونے کے موقع پر .

In one's (or the) road: (روزمرہ) کسی کی راہ میں حائل .

On the road /Upon- : سفر میں : سفر کی حالت میں : جاتے ہوئے .

Out of the (or one's) road : راستہ سے الگ : غیر طریقے سے : بے طریق : غیر اصولی طور پر .

Over the road : جیل جاتے ہوئے .

Royal road : آسان طریقہ : سہل طریقہ : سہل نسخہ : وہ طریقہ جس میں کوئی دقت نہ ہو .

The road : شارع عام : بڑی سڑك .

The rule of the road : (گاڑیوں یا جہازوں کو ایک دوسرے کے قریب سے) گذرنے کے قواعد .

To give (a person) the road : کسی کو گزرنے کی اجازت دینا : راہ دینا : گزرنے دینا .

To go upon the road /-take to- : قزاقی کرنا : قزاق بننا: ڈاکو بننا : لٹیرا ہونا یا بن جانا : راہزن ہونا : رہزنی کرنا .

To take the road : سفر کے لئے روانہ ہونا .

To take the road of : پیش روی کرنا : آگے بڑھنا .

Road : (v) [Origin obsc.] (شکاری کتے کا) شکار کی بو پر جانا .

Road-agent : (n) قزاق : لٹیرا : ڈاکو ۔

Road block : (n) سد راہ : راستے کا روڑا : سڑک پر رخنہ اندازی : راہ کی رکاوٹ : فوج یا سپاہی کی جانب سے راستے کی رکاوٹ ۔

Road-Board : (n) سڑک کی تعمیر کی کمیٹی ۔

Road-book : (n) راہ نامہ : سڑکوں کی فہرست ۔

Road builder : (n) سڑک بنانے والا : سڑک کا معمار ۔

Road cart : (n) دو پہیوں کی ہلکی گاڑی ۔

Road certificate : (n) پروانہ راہداری : سند راہ : سند راہداری ۔

Road commissioner : (n) سڑک کی تعمیر کی دیکھ بھال کرنے والا مقامی افسر : روڈ کمشنر ۔

Road engineering : (n) سڑک انجینیئرنگ ۔

Road fund : (n) وہ فنڈ جو روڈ ایکٹ ۱۹۲۰ء کی رو سے سڑک کے اخراجات کے لئے مقرر ہوا ۔

Road gang : (n) سڑک پر یا سڑک کی تعمیر میں کام کرنے والا جتھا یا گروہ : سڑک بنانے والے مزدوروں کا گروہ ۔

Road goose : (n) (برطانیہ) دیکھو Brant

Road head : (n) (۱) سڑک کا آخری کنارہ : اختتام سڑک (جہاں سے آدمی پیدل چلتا ہو اور سامان ، جانور وغیرہ پر لے جائے جاتے ہوں) ۔ (۲) زیر تعمیر سڑک کی آخری حد ۔

Road hog : (n) بے دھڑک موٹر چلانے والا : پر خطر طورپر گاڑی چلانے والا : (خصوصاً موٹر سائیکل) ۔

Road holding : (n) موٹر گاڑی کی مضبوطی : کار کی صلاحیت استقامت ۔

Road horse : (n) سڑک پر گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Road house : (n) (۱) سڑک کے قریب وہ مقام جہاں ڈرائیور ، مسافر وغیرہ ناشتہ ، پانی یا آرام کے لئے ٹھہرتے ہیں : آرام گاہ راہ ۔ (۲) سرائے جہاں طعام و قیام کا نظم ہو ۔

Road intersection : (n) چوراہا ۔

Road-maker : (n) سڑک بنانے والا : سڑک کا معمار ۔

Road making : (n) سڑک کی تعمیر کا کام یا اس کی تکنیک ۔

Road man : (n) (۱) سڑک کی تعمیر میں کام کرنے والا : سڑک کی مرمت کرنے والا : سڑک (بنانے والا) مزدور ۔ (۲) پھیری کرنے والا : راہ جو : سفر کرنے والا : مسافر تاجر ۔ (۳) دیہاتی اضلاع میں اخبارات کی تقسیم یا فروخت کا نظم کرنے والا ۔ (۴) عملۂ راہداری : راہدار : سڑک کا محصول وصول کرنے والا : سڑک کا محافظ ۔

Road map : (n) نقشۂ راہ : سڑک کا نقشہ : وہ نقشہ جس میں سڑکوں کی نشاندہی کی گئی ہو (خصوصاً موٹر وغیرہ سے سفر کے لئے) ۔

Road mender : (n) سڑک مرمت کرنے والا ۔

Road roller : (n) سڑک برابر کرنے کی ایک مشین : روڈ رولر ۔

Road runner : (n) (امریکا) دیکھو Chaparral cock

Road sence : (n) سڑک پر گاڑی وغیرہ کو بحفاظت چلانے کی استعداد ۔

Road side : (n) سڑک کا کنارہ ۔

Road subsistence : (n) زاد راہ : زاد سفر ۔

Roaded : (a) جہاں سڑک ہو : جہاں سڑک کی سہولت مہیا ہو ۔

Roading : (n) تعمیر اور انتظام سڑک ۔

Roadless : (a) بے سڑک : بغیر راستہ : بے راہ : جہاں جانے کے لئے کوئی سڑک نہ ہو : جہاں کوئی سڑک نہ جاتی ہو ۔

Roadmetal : (n) سڑک کی گٹی: سڑک بنانے کے لئے پتھر کے چھوٹے ٹکرے ۔

Roadpen : (n) نقشہ بنانے والے کا (ایک قسم کا) قلم: نقشہ بنانے کا قلم ۔

Roadpost : (n) (۱) رہنما کھمبا ۔ (۲) سڑک کنارے فوج کی چھاؤنی ۔

Roadstead : (n) وہ مقام جہاں ساحل پر لنگر کے سہارے جہاز آسانی سے لگ جائے ۔

Roadster : (n) (۱)(جہاز رانی)(کنارے سے ذرا دور) لنگر انداز جہاز ۔ (۲)سڑکوں پر چلنے کی سواری(بائیسکل، بس وغیرہ)۔ (۳) تجربہ کار مسافر : سفر کے معاملات میں پختہ کار شخص ۔ (۴) (شکار) سڑک پر رہنے والا ۔ (۵) سواری کا گھوڑا : گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Roadway : (n) (۱) راستہ : سڑک : سڑک کا مرکزی حصہ خصوصاً وہ

حصه جو موٹر گاڑی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) سڑک کا درمیانی حصه؛ وسط خیابان (Side- path) کا نقیض) ۔ (۳) پل : ریلوے کا وہ حصه جس پر ٹریفک چلا کرتی ہے۔

Roadworthiness : (n) سفر کے قابل ہونا ۔

Roadworthy : (a) (۱) (سڑک پر) چلنے کے قابل (گاڑی) ۔ (۲) سفر کے قابل؛ سفر میں جانے کے لائق ۔

Roam : (v) [Origin obsc] (۱) ادھر ادھر پھرنا : مارا مارا پھرنا : گشت لگانا : بغیر مقصد کے گھومنا : مٹر گشتی کرنا : سیر کرنا ۔ (۲) خانه بدوشی کی زندگی گذارنا : ایک جگه سے دوسری جگه چکر لگانا (بے مقصد) ۔ (۳) بے سلسله سفر کرنا ۔

Roam : (n) سیر : گشت : مٹر گشتی ۔

Roamer : (n) مٹر گشت : مٹر گشتی کرنے والا : سیر سپاٹا کرنے والا : ادھر ادھر مارا مارا پھرنے والا ۔

Roan : (a) [OFr. 'Roan', 'Rouen'.] (جانور) ابلق : چتکبرا : سرخی مائل بادامی رنگ کا ۔

Roan : (n) چتکبرا گھوڑا ، گائے ، ہرن وغیرہ : چتلا گھوڑا ، گائے وغیرہ ۔

Roan : (n) بھیڑ کا نرم ملائم چمڑا جو جلد سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Roan-tree : (n) Rowan-tree کا متبادل ۔

Roar : (n) [OE. 'Rarian'.] (۱) (شیر کی) دہاڑ : غرّش : ڈکار : گرج ۔ (۲) (موسمیات) (بجلی کی) گرج : کڑکا : (طوفان ، سمندر وغیرہ کا) شور، گونج ، گرج ۔ (۳) زور دار آواز: گرج (خصوصاً تکلیف یا غصے کے اظہار کے وقت): چیخ۔ (۴) زور دار ہنسی : قہقہه ۔

Roar : (v) [OE. 'Rarian'.] (۱) دہاڑنا : ڈکارنا : گرجنا : چیخنا : گونجنا : شور کرنا : چلاّنا ۔ (۲) گھوڑے کا خرخر کرنا (بیماری کی وجه سے) : سانس لینے میں زور کی آواز نکالنا ۔ (۳) شور سے گونج اٹھنا : بجلی کا گرجنا : شور برپا کرنا (طوفان کا) ۔ (۴) چلاّ کر کہنا : چیخ کر پڑھنا؛ چیخ کر پکارنا ۔ (۵) چیختے چیختے آواز کو بھاری (یا سننے والے کو بہرا) کر دینا ۔ (۶) (خوشی کا) نعرہ بلند کرنا : (زور دار) قہقہه لگانا ۔ (۷) (آواز کا) باز گشت کرنا : گونجنا ۔

Roarer : (n) (۱) گرجنے والا : چلانے والا : دہاڑنے والا : ڈکارنے والا ۔ (۲) خرخر کرنے والا گھوڑا (بیمار گھوڑا) ۔ (۳) (امریکه، عامیانه) (کوئی چیز) بے حد اچھی : نہایت عمدہ ۔

Roaring : (n) (۱) ہنگامه خیز آواز : پر شور آواز : گرج : چیخ ۔ (۲) (بیمار گھوڑے کی) خر خراہٹ ۔

Roaring : (a) (۱) گرجنے والا : دہاڑنے والا ۔ (۲) (آواز) پر شور : زور دار :تیز : ہنگامه خیز : طوفانی ۔ (۳) (تجارت) بہت ہی کامیاب : ترقی پذیر ۔ (۴) پھلا پھولا ہوا : عروج پر ۔

The roaring forties : (۱) (جغرافیه) طوفانی چالیس عرض (۴۰ اور ۵۰ عرض البلد کے درمیان) ۔ (۲) (موسمیات) طوفانی چہل ہوائیں ۔

The roaring game/ -play : پتھر کنڈلی کا کھیل : ایک کھیل کا نام ہے جو برف پر گول پتھروں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Roaring blade : (n) (قدیم) عیاش ۔

Roaring drunk : (n) بہت زیادہ پی کر شور و ہنگامه کرنے والا : مخمور : بد مست ۔

Roaring night : (n) پر شور رات : طوفانی رات ۔

Roaringly : (adv.) گرجتے ہوئے : زور و شور سے ۔

Roast : (n) [OFr. 'Roste'.] (۱) کباب : بھنا ہوا گوشت کا ٹکڑا : بھنی ہوئی چیز : جانور کا ایک حصه جو بھوننے کے لئے تیار کیا گیا ہو : بھنی ہوئی ران وغیرہ ۔ (۲) بھنا ہوا گوشت ۔(۳) بریاں کرنے کا عمل : بھوننے کا کام : (دھات، کافی وغیرہ) گرم کرنے کا عمل ۔ (۴) بھنی ہوئی کافی کی قسمیں۔ (۵) تمسخر : تضحیک : سخت نکته چینی ۔ (۶) پارٹی یا سماجی اجتماع جس میں خاص کھانا بھون کر تیار کیا گیا ہو ۔

To rule the roast / -roost : مالک ہونا ۔

Roast : (v) [OFr. 'Roster'.] (۱) کباب کرنا : بریاں کرنا : بھوننا (کباب) : بھون کر (کھانے کے لئے) تیارکرنا : گوشت کو تنور میں پکانا ۔ (۲) (دھات کو بھٹی میں) گرم کرنا : گرم ہونا : تپانا ۔ (۳) (آدمی کو) آگ میں جھلسانا : جھلسنا : اذیت پہنچانا (بذریعه گرمی یا شعلۂ آتش) ۔ (۴) مذاق اڑانا : چٹکیاں لینا : بنانا : دل لگی کرنا : ٹھٹھول کرنا ۔ (۵) جلا کر خاک کر دینا : راکھ کرنا : کشته بنانا ۔ (۶) (کافی کو) گرم کرنا یا بھوننا ۔

Roast : (a) بھنا ہوا : بریاں ۔

Roast beef : (n) [f. 'Rosbif'.] بھنا ہوا گائے کا گوشت : گوشت کبابی ۔

Roast meat / Roast-meat : (n) گوشت بریاں : سرخ کیا ہوا گوشت : بھون کر پکایا ہوا گوشت ۔

Roaster : (n) (۱) بھوننے والا : کباب کرنے والا : کباب پز : بریاں کرنے والا ۔ (۲) (کان کنی) بھٹی : تنور : بھاڑ : بھوننے والا چولہا : گلخن : آتش دان ۔ (۳) کافی کے بیج بھوننے کا برتن ۔ (۴) سور ، آلو وغیرہ جو مسلّم بھوننے کے لائق ہو : چار پونڈ سے زیادہ وزن کا مرغ : کوئی جانور (خرگوش وغیرہ) جو بھوننے کے لائق ہو ۔

Roasting : (n) بھوننے کا عمل : کباب کردنی : سخت نکتہ چینی ۔

Roasting-ear : (a) بھوننے کے لائق مکئی ۔

Roasting-jack : (n) سیخ دان ۔

Rob : (v) [OFr. 'Robber'.] (۱) لوٹنا : رہزنی کرنا : زبردستی سے لینا : چھین لینا : محروم کرنا (طاقت کے ذریعہ) ۔ (۲)قزاقی کرنا : رہزنی کرنا : غارت کرنا : تباہ کرنا ۔ (۳) غارت گری کرنا : تاخت و تاراج کرنا : لوٹ مار کرنا۔ (۴) (تاش میں) رنگ کی پتیوں کو تبدیل کرنا ۔

To rob Peter to pay (clothe) paul : دیکھو Peter (n)

Rob Roy : (n) [Name of the Highland freebooter 1671-1734.] ہلکی چھوٹی کشتی (جس میں ایک آدمی کی جگہ ہو) : چھوٹی ڈونگی ۔

Rob Roy canoe : (n) دیکھو Rob Roy

Roband : (n) [Sc. 'Ra + Band'.] (جہاز رانی) کشتی کے سرے کو باندھنے کے لئے رسی کا ایک ٹکڑا ۔

Robber : (n) [OFr. 'Robbere'.] ڈاکو : قزاق : لٹیرا : رہزن ۔ (۲) غارت گری کرنے والا : لوٹ مار کرنے والا : زبردستی چھین لینے والا : تاراج کنندہ ۔

Robber council / -synod : (n) ۴۴۹ء میں Ephesus کے مقام پر ہونے والی عیسائیوں کی ایک کونسل جس کے فیصلے کچھ دنوں کے بعد منسوخ ہو گئے تھے ۔

Robber crab : (n) ایک بڑا کیکڑا جو گرم ممالک میں پایا جاتا ھے اور جو ناریل کھاتا ھے ۔

Robber fly : (n) Asilidae جنس کی ایک مکھی جو دوسرے کیڑوں کا شکار کرتی ھے ۔

Robbery : (n) [OFr. 'Roberie'.] قزاقی : لٹیراپن : رہزنی : ڈاکا : ڈکیتی : لوٹ کھسوٹ : مار دھاڑ : غارت ۔

Robe : (n) [It. 'Roba'.] (۱) گاؤن کی شکل کا ایک زنانہ لباس ۔ (۲) چغہ : جبّہ : حبا: قبا ۔ (۳) بچے کا اوپری کوٹ ۔ (۴) ڈھیلا جامہ ۔ (۵) (جمع) خلعت : لباس جو کسی منصب سے مخصوص ہو ۔ (۶) (امریکا اور کناڈا) بھینس وغیرہ کو اوڑھانے کا کمبل ۔ (۷) (خصوصاً) ڈریسنگ گون ۔

Gentlemen of the robe : وکلاء ۔

The long robe : وکلاء کا لباس ۔

The robe : وکالت کا پیشہ ۔

The short robe : زرہ بکتر پہننے والے کا لباس ۔

Roby : (v) (۱) پہنانا : ملبوس کرنا ۔ (۲) خلعت پہننا : ڈریسنگ گون پہننا ۔ (۳) عبا پہننا : چغہ زیب تن کرنا ۔

Robe de chambre : (n) [Fr.] (۱) ڈریسنگ گون ۔ (۲) ڈھیلا ڈھالا بے تکلف لباس ۔

Robe de nuit : (n) [Fr.] نائٹ گاؤن : شب خوابی کا لباس ۔

Robella : (n) (طب) خسرۂ کاذب ۔

Robert : (n) [Fr.] (۱)دیکھو Herb ۔ (۲) سپاہی : پولس ۔ (۳)ویٹر: خدمت گار : ملازم جو (ہوٹل وغیرہ میں) کھانا کھلاتا ھے ۔

Robin : (n) [Ofr] (۱) ذاتی نام : رابن ۔ (۲) دیکھو Robin Redbreast. (۳) حِنّ : لال چڑی ۔ (۴) Erithacus جنس کی چڑیا ۔ (۵) مختلف پودوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ھے۔ (۶) (بول چال) معمولی قسم کی کاڈ مچھلی ۔

Robin breast : (n) چہا کی قسم کا ایک پرند ۔

Robin dipper : (n) (امریکا) ایک قسم کی بطخ ۔

Robin goodfellow : (n) ایک شریر بھتنا ۔

Robin hood : (n) [late ME. a personal name.] (۱) قرون وسطیٰ کا مشہور قزاق : قزاقوں کا سردار ۔ (۲) جنگل میں رہنے والا لٹیرا جو فیاض اور بہادر ہو ۔

Robin redbreast : (n) (۱) (حیوانیات) حِنّ : سینہ سرخ : لال چڑی ۔

(۲) (بول چال) سرخ کمپیا : پھول دار پودوں کی قسم ۔

Robin snipe : (n) چہا قسم کا ایک پرندہ ۔

Robinet : (n) [OFr.] (۱) لال چڑی : جنّ ۔ (۲) شراب وغیرہ کے پیپے کا نلکا : ٹونٹی ۔

Robing : (n) (۱) لباس : پوشاک : گون ۔ (۲) گون کے اوپر کی دھاریاں ۔ (۳) گون پہننے کا عمل ۔

Robing-room : (n) خلعت پہننے کا کمرہ : سرکاری لباس پہننے کا کمرہ ۔

Robinia : (n) [mod. L.] (نباتیات) جنس کیکر کاذب : رابنیا : شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Robin's eye (s) flower : (n) ایک بوٹی کانام : سرخ کمپیا ۔

Robin's plantain : (n) مشرقی شمالی امریکا کی ایک سدا بہار بوٹی جس کے پھولوں پر بنفشی ارغوانی رنگ کی شعائیں ہوتی ہیں ۔

Roble : (n) [Amer Sp.] (نباتیات) امریکی بلوط ۔

Roborant : (n) [L.'Roborant'.] (طب) مقوی دوا : طاقت کی دوا ۔

Roborant : (a) (طب) مقوّی : طاقت کی (دوا) ۔

Roboreous : (a) (نباتیات) بلوطی ۔

Robot : (n) [Czech. 'robot'.] (۱) روبوٹ : مشینی آدمی : مشین کا آدمی : کل کا آدمی ۔ (۲) (میکانیات) مشین صفت آدمی ۔ (۳) انسانی شکل کی خود بخود حرکت کرنے والی کل : آدمی کی جگہ پر کام کرنے والی مشین : خود بخود کام کرنے والی مشین : خود کار مشین ۔

Robotesque / Robotian :(a) مشینی : مشین کا ۔

Robotism : (n) مشین مانند انسان کی خصلت ۔

Robotize : (v) (۱)مشین بنانا : میکانکی بنانا ۔ (۲) (انسان کو) مشین میں بدل دینا ۔

Robotry : (n) مشین بنانے کا عمل ۔

Robur : (n) [L.] (نباتیات) شاہ بلوط : سیتا سُپاری ۔

Roburite : (n) [f. L. 'Robur' + ite.] (کیمیا) روبورائٹ : ایک تیز پھٹنے والا یا بھک سے اڑ جانے والا مادہ جس میں شعلہ نہیں اٹھتا ۔

Robust : (a) [L. 'Robustus'.] (۱) (شخص) طاقت ور : بہادر : مضبوط : قوی : موٹا تازہ : قوی ہیکل : تنومند : ہٹا کٹا ۔ (۲) قوت بخش : جس میں قوت کی ضرورت ہو : قوت طلب : قوت کا : طاقت کا : پر زور : مؤثر ۔ (۳) سمجھ دار : سیدھی بات سمجھنے والا ۔ (۴) (مجازاً) طاقت ور : پر زور : صحت مند : مضبوط : ذہین : تیز ۔

Robust confidence : (n) قوی اعتماد ۔

Robustious : (a) (۱) تنومند : قوی ہیکل : مضبوط : پر زور ۔ (۲) بھڑ بھڑیا : نمودیا ۔

Robustly : (a) مضبوطی سے : قوی طور پر : قوت سے ۔

Robustness : (n) مضبوطی : قوت ۔

Robustuous : (a) دیکھو Robustious

Roc : (n) [Arab. 'Rokh, Rukh (kh).] (اساطیر) رخ (وہ عظیم الشان پرند جس کا ذکر الف لیلہ کے قصوں میں آیا ہے) ۔

Rocambole : (n) [Fr.] (۱) لہسن کوہی : پیاز کوہی : اسپینی لہسن ۔ (۲) پیاز کی قسم کا پودا ۔

Roccella : (n) (نباتیات) آرچل کاہی ۔

Rocellate : (n) روسیلک ایسڈ کا نمک ۔

Rocellic : (a) [Fr. 'Rocellique'.] (کیمیا) ایک ترشہ : روسیلک ایسڈ $(C_{17} H_{32} O_4)$ سے متعلق جس کی سفید مستطیل نما قلمیں ہوتی ہیں ۔

Rocellin : (n) (کیمیا) ایک قسم کا کولتار (جو رنگنے کے کام آتا ہے) ۔

Roche : (n) [OF. Var. of 'Rocque, Roke'.] (۱) (بول چال) چٹان : ڈھالواں چٹان ۔ (۲) چٹانی بلندی ۔

Roche : (v) دوبارہ بلور بننا یا بنانا ۔

Roche alum : (n) پھٹکری : چٹانی زاج ۔

Roche lime : (n) چونا پتھر : چونے کی پرت ۔

Rochelle : (n) (کیمیا) روشلی نمک ۔

Rochelle-salt : (n) دیکھو Rochelle

Rochet : (n) [It. 'Roccetto'.] (۱) ایک قسم کا جبہ جو اسقف اور قسیس پہنتے ہیں ۔ (۲) عورتوں کا بے آستین کا چغہ : لبادہ : فرغل (بول چال) ۔ (۲) جبہ پہننے والا : اسقف اعظم ۔

Rochet : (n) [OFr. 'Rouget'.] (مقامی) ایک قسم کی سرخ مچھلی ۔

Roching : (n) دوبارہ بلور بنانے کا عمل ۔

Rock : (n) [OFr. 'Roke'.] (۱) زمین کا پتھریلا طبقہ یا پرت : زیرزمین چٹان ۔ (۲) (طبقات الارض) زمین کا طبقہ : پرت : طبقۂ ارض : (ارضیات) پتھر ۔ (۳) (ارضیات) چٹان : (امریکا و آسٹریلیا) کسی سائز کا پتھر ۔ (۴) دیکھو Boulder ۔ (۵) سخت پتھر : صخرہ : کوہ سنگ ۔ (۶)(زراعت) زیر سطحی زمین کی اساس : خاک زیر کی اساس ۔ (۷) نبات کی شکل کی ایک شیرینی : ایک قسم کی مٹھائی : (بول چال) مٹھائی ۔ (۸) دیکھو Rock-fish. (۹) چٹانی فاختہ یا چٹانی کبوتر ۔ (۱۰) (عامیانہ ، ابتداءً امریکا) زیور : خصوصاً اطاس : ہیرا (اکثر جمع) ۔ (۱۱) (بول چال ، ابتداءً امریکا) شش پہلو برف ۔

Built on the rock /Founded- : (مجازاً) : چٹان پر بنا ہوا : مستحکم ۔

Blue rock : چٹانی کبوتر ۔

Of the old or new rock : قیمتی پتھروں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

On the rocks : (۱) (عامیانہ) قلاّش : تنگ دست ۔ (۲) (خصوصاً جمع) برف آمیز مشروب ۔

The rock : (ارضیات) جبل الطاّرق ۔

To pile up the rocks : (امریکا ، عامیانہ) دولت کمانا : روپیہ بنانا : دولت کا انبار لگانا ۔

Rock : (n) [ON. 'Rokkr'.] (تاریخ) بڑی تکلی یا تکلا (جس پر ہاتھ سے سوت کاتا جاتا ہے) ۔

Rock : (v) [late OE. 'Roccian'.] (۱) جھلانا : جھولنا : (بچے کو) جھولے میں جھلانا : جھولا جھلانا ۔ (۲) سونے کی کان میں Cradle کو حرکت دینا یا اس سے کام لینا ۔ (۳) جھونکے کھانا : جھونکے دینا : ہلانا : ہلنا : چکر دینا: چکر کھانا : جھومنا ۔ (۴) نیند کی حالت میں لانا : خواب کی حالت میں لانا (دھیرے دھیرے حرکت دے کر) ۔ (۵)آہستہ آہستہ حرکت دینا ۔ (۶) (سونے کی صفائی میں) دیکھو (v) Cradle ۔ (۷) آگے پیچھے حرکت کرنا : ادھر ادھر ہلنا : جھومنا : آگے پیچھے ہلنا : اہتزاز ہونا : (نیز بول چال) ڈگمگانا : لڑکھڑانا ۔ (۸) گھومنا : لچکنا : جھومنا : خود بخود جنبش کرنا : (آگے پیچھے) ہلنا (خصوصاً جبکہ جھولنے والی کرسی پر بیٹھا ہو) ۔

Rock : (n) (۱) جنبش : حرکت : جھولنے یا جھومنے کی حرکت : جھونک : جھونکا ۔ (۲) (امریکا) جھولتی موسیقی : (خصوصاً) ایک قسم کی رقصی موسیقی : (نیز) اس موسیقی پر رقص ۔

Rock apostle : (n) سینٹ پیٹر (St. Peter) ۔

Rock away : (n) (امریکا) ایک قسم کی چار پہیوں والی امریکی گاڑی ۔

Rock barnacle : (n) Balanus جنس کا ایک جانور ۔

Rock-basin: (n) چٹان وادی نما یا تصلا نما سوراخ : (خصوصاً ارضیات) چٹانی علاقے میں زیادہ جھکاؤ : انخفاض چٹان ۔

Rock bass : (n) امریکی مچھلیوں کے مختلف نام جیسے Red-eye , Goggle-eye وغیرہ ۔

Rock beauty : (n) ایک قسم کی یورپی جھاڑی ۔

Rock bed/ Rock-bed : (n) چٹان کی تہ : سنگین بنیاد ۔

Rock bird : (n) (۱) ایک قسم کی دریائی چڑیا ۔ (۲) چٹانی مرغا ۔ (۳) دیکھو Purple sandpiper ۔

Rock-bottom : (n) بہت زیادہ نشیب ۔

Rock-bottom : (a) (۱) پست ترین (سطح) ۔ (۲) کم ترین یا کم سے کم (شرح ، قیمتوں کی) ۔

Rock breaker : (n) دیکھو Stone crusher

Rock-butter : (n) (۱)پھٹکری اور لوہے کا نرم ، زردی مائل مخلوط ۔ (۲) ایک قسم کی چٹنی (جس میں مکھن کی مقدار چینی سے دوگنا زائد ہوتی ہے) ۔

Rock cake : (n) ایک طرح کا کیک جس کی تہ سخت ہوتی ہے ۔

Rock cavy : (n) برازیلی جنس کی Cavy (ایک قسم کا جنگلی جانور) ۔

Rock cod : (n) (۱) چٹانی سمندری تہ میں پائی جانے والی کاڈ ۔

(۲) مختلف قسم کی مچھلیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Rock codfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Rock codling : (n) شمالی امریکا کی کاڈ مچھلیاں ۔

Rock cook : (n) Rasse جنس کی ایک مچھلی ۔

Rock cork : (n) ایک قسم کا Asbestos ۔

Rock crab : (n) چٹانی ساحلوں پرپائے جانے والے مختلف کیکڑوں میں سے کوئی ۔

Rock-cress : (n) (نباتیات) جر جیر کوہی ۔

Rock crystal : (n) (۱) سنگی بلور ؛ بلور کوہی ؛ قلمی گار ۔ (۲) بلور کوہی کا ٹکڑا ۔

Rock-dove : (n) جنگلی کبوتر ؛ پہاڑی کبوتر ۔

Rock drill : (n) چٹان برما ؛ چٹان میں چھید کرنے والی مشین یا آلہ ۔

Rock duck : (n) ایک قسم کی بط ۔

Rock-English : (n) جبرالٹر کی مخلوط انگریزی ۔

Rock fence : (n) (خصوصاً اسکاتستانی) پتھر کی دیوار ۔

Rock fever : (n) (طب) مالٹا بخار ؛ گھٹتا بڑھتا بخار ؛ میعادی بخار جس کا جبر الٹر میں زور ہے ۔

Rock-fish : (n) مچھلیوں کی بعض قسموں کا نام ۔

Rock flint : (n) چقماق نما بلور ۔

Rock floor : (n) سنگارد ؛ خاکِ سنگ ۔

Rock foil : (n) پتھر توڑ ؛ ایک قسم کا پودا جو چٹانوں میں نشو و نما پاتا ہے اس کا پھول سرخ ، سفید یا زرد ہوتا ہے ۔

Rock garden : (n) (۱) پتھروں کا ٹیلا جن کی درزوں میں پودے لگائے جاتے ہیں ۔ (۲) باغ جس میں خاص طور پر مصنوعی ٹیلے (Rockeries) ہوتے ہیں ۔

Rock glacier : (n) (ارضیات) چٹان تودہ ۔

Rock goat : (n) بُز کوہی ؛ پہاڑی بکرا ۔

Rock goose : (n) دیکھو Kelp Goose

Rock hammer : (n) چٹان توڑنے والا ہتھوڑا ۔

Rock hawk : (n) ایک قسم کا باز ۔

Rock-hewn : (a) چٹان سے تراشا ہوا ؛ چٹان میں سے ترشا ہوا ۔

Rock hound : (n) (۱) ماہر ارضیات ؛ (خصوصاً) تیل (کے کنویں) تلاش کرنے والا ۔ (۲) وہ شخص جس کا مشغلہ پہاڑوں میں گھوم گھوم کر قیمتی پتھر یا معدنیات جمع کرنا ہو ۔

Rock leather : (n) دیکھو Rock cork

Rock of ages : (n) حضرت مسیح علیہ السلام ۔

Rock-oil : (n) (کیمیا) چٹانی تیل ؛ نفط (پٹرولیم) ۔

Rock-paper : (n) دیکھو Rock cork

Rock parrakeet / Rock parrot : (n) ایک قسم کا توتا جو غاروں میں رہتا ہے ۔

Rock pigeon : (n) دیکھو Rock-dove

Rock-plant : (n) چٹان کے اوپر اگنے والا پودا ۔

Rock plover : (n) (حیوانیات) زقزاق کوہی ؛ پہاڑی پَلور ۔

Rock purslane : (n) Calandrinia جنس کا ایک پودا ۔

Rock rabbit : (n) (۱) دیکھو Hypax ۔ (۲) دیکھو Pika ۔؛

Rock-ribbed : (a) زمین جس پر جا بجا چٹانیں نکلی ہوں ۔

Rock river : (n) لمبا اور تنگ چٹانی جھرنا ۔

Rock rose : (n) Helian themum جنس کا ایک پودا ؛ ایک چند روزہ پودا جس میں زرد اور گلابی پھول آتے ہیں ۔

Rock salt : (n) پہاڑی نمک ؛ کوہستانی نمک ؛ (کیمیا) لاہوری نمک ۔

Rock scorpion : (n) پہاڑی بچھو ۔

Rock-shaft : (n) نیم متحرک دُھرا ۔

Rock snake : (n) اژدہا ؛ تِنیّن ۔

Rock sucker : (n) (حیوانیات) ترینہ : تنبو مچھلی ۔

Rock sunfish : (n) دیکھو Rock bass

Rock-tar : (n) (کیمیا) پٹرول ۔

Rock-waste : (n) (ارضیات) چٹانی چورا : تارا میرا ۔

Rock weed : (n) خسّ دریائی (خصوصاً Fucus کی جنس کا): کتانجك ۔

Rock whistle : (n) کوہ آلپس کا ایك پرند ۔

Rock-wood : (n) (کیمیا) بادامی اسبسطوس : بادامی سینہ کوہی ۔

Rock-work : (n) (۱) (نباتیات) مصنوعی چٹان : باغ سنگلاخ Rockery ۔ (۲) تودہ سنگ : تودۂ صخرہ : قدرتی چٹانوں کا سلسلہ ۔ (۳) چٹان پر چڑھنے کی مہارت ۔ (۴) ناہموار اور ناتراشیدہ پتھر کی دیوار ۔

Rocker : (n) [f. 'Rock(v)'.] (۱) جھولے کا کڑا ۔ (۲) سونا کھودنے والوں کا جھولا ۔ (۳) (امریکا) اسکیٹ جس کا تلا مڑا ہو ۔ (۴) بچوں کا لکڑی کا گھوڑا ۔ (۵) جھولا کرسی (امریکا) ۔ (۶) سائنسی آلہ جو بھاپ بننے میں تاپ کے اثر کو ظاہر کرتا ھے ۔ (۷) دیکھو Rocking-turn ۔ (۸) چمڑے کا جیکٹ پہن کر موٹر سائیکل پر سوار ہونے والا ۔

Of one's rocker : (عامیانہ) مجنون : سودائی : مخبوط : نادرست : علیل ۔

Rockered : (a) چٹان کی طرح مڑا ہوا ۔

Rockery : (n) (۱) مصنوعی ٹیلا جو باغ میں فرن (Ferns) لگانے کے لئے بناتے ہیں ۔ (۲) قدرتی چٹانوں کا سلسلہ ۔

Rocket : (n) [ME. 'Roket'.] (خصوصاً بول چال) دیکھو Rochet

Rocket : (n) [Fr. 'Roquette'.] (۱) صلیب نما پودوں کی مختلف قسمیں ۔ (۲) صلیب نما Hesperis جنس کا پودا ۔ (۳) خَر دَل شب بو ۔

Base rocket : ایك پودا جس کے پھول خوشبو دار ہوتے ہیں ۔

Blue rocket : (نباتیات) جر جیر : پالم ۔

Garden rocket : (نباتیات) ہرائی شب بر ۔

London Rocket : (نباتیات) خوب گلاں : خاکشیر ۔

Wild rocket : (نباتیات) کُك کوج ۔

Wild rocket oil : (کیمیا) روغن منداب ۔

Yellow rocket : (نباتیات) ایہقان ۔

Rocket : (n) [Fr.'Roquet'.] (۱) ھوائی : بانی : چرخی (آتش بازی کی) ۔ (۲) راکٹ : استوانہ شکل معدنی خول جس میں آتش گیر مادہ ہوتا ھے اور بہت دور پھینکا جا سکتا ھے ۔ (۳)(عامیانہ) تنبیہ : سرزنش ۔

Sky rocket : صا روخ ۔

Step rocket : زینہ دار راکٹ ۔

Rocket : (v) (۱) پے در پے ھوائی یا چرخی چھوڑنا ۔ (۲) راکٹ سے بمباری کرنا ۔ (۳) گھوڑے کا بہت تیزی سے جست کرنا : راکٹ کی طرح تیزی سے بڑھنا ۔ (۴) (تیتر وغیرہ کا) تیزی سے سیدھا اور اونچا اڑنا ۔ (۵) (قیمتوں وغیرہ کا) بہت بڑھنا : بلندی پر ہونا : آسمان سے باتیں کرنا ۔

Rocket propulsion : (n) راکٹ رانی ۔

Rocket ship : (n) راکٹ طیارہ ۔

Rocketeer : (n) راکٹ میں کام کرنے والا : اڑنے والا ۔

Rocketry : (n) راکٹ رانی کا علم : راکٹ سائنس ۔

Rockies : (n) Rocky کی جمع ۔

Rockily : (adv.) استحکام سے : مضبوطی سے ۔

Rockiness : (n) ناہمواری : سختی : سنگلاخی : استحکام : مضبوطی : سنگینی ۔

Rocking : (a) جنبذہ : جھولتا ہوا : جھولنے والا ۔

Rocking : (n) (اسکاتستانی) شام کا اجتماع : شام کی بیٹھك (خصوصاً سوت کاتنے کے لئے) ۔

Rocking-chair : (n) جھولا کرسی : صندلی تاب ۔

Rocking frame : (n) (میکانیات) جھولتا چوکھٹا : جھولتی فریم : رقاص فریم ۔

Rocking-horse : (n) بچوں کا لکڑی کا گھوڑا جو ادھر ادھر جھولتا ھے۔

Rocking-shaft : (n) جھولنے والی دھری ؛ رقاص ڈنڈی ۔

Rocking-staff : (n) دھونکنی کا ڈنڈا ۔

Rocking-stone : (n) (ارضیات) جھولتا پتھر ؛ چٹان جو ذرا سے سہارے سے ٹکی ھوئی ھو اور آسانی سے ہلائی جا سکے؛ متوازن پتھر ؛ بھاری پتھر جو توازن کی حالت میں ھو اور چھوتے ہی ہلنے لگے ۔

Rocking turn : (n) اسکیٹنگ کا ایك توڑا یا کرتب ؛ اسکیٹنگ کے دوران چکر کھانے کا ایك انداز ۔

Rockling : (n) Rhinonemus جنس کی مچھلی ۔

Rocky : (a) (۱) چٹانی ؛ پتھریلا ؛ سنگلاخ ؛ سنگستانی؛ جہاں چٹانیں کثرت سے ھوں ۔ (۲) (مجازاً) پہاڑ کی طرح مستحکم ؛ راسخ ؛ مضبوط ؛ سنگین ؛ سخت ؛ پر صلابت ؛ مصمم ۔ (۳) پتھر صفت ؛ ناہموار ۔ (۴) چقماق کا ؛ چقماق کی طرح سخت ۔ (۵) (مجازاً) بے حس ؛ احساس سے خالی ؛ بے احساس ؛ سخت دل ؛ سنگدل ؛ بے درد ۔ (٦) (مجازاً) ثابت قدم ؛ پکا ؛ پختہ ۔ (۷) شمالی امریکا کا مغربی سلسلۂ کوہ ۔

Rocky mountains : (n) دیکھو The rockies ؛ شمالی امریکا کا سب سے بڑا پہاڑی سلسلہ (مغربی سلسلۂ کوہ) ۔

Rococo : (a) [Fr.] (۱) قدیم فیشن کا؛ دقیانوسی ؛ پرانی طرز کا ۔ (۲) (عمارت ، فرنیچر وغیرہ) لوئی چہار دہم یا کوئی پانزدہم کے زمانے کا یا اس زمانے کی طرز کا؛ ضرورت سے زیادہ آرائشی کام والا (رکوکو) ؛ لطافت سے خالی ؛ زیادہ آرائشی ۔

Rococo : (n) قدیم طرز کی عمارت ، طرز تحریر وغیرہ ؛ ایسی چیزوں کا ذوق ۔

Rod : (n) [Oe. 'Rodd'.] (۱) چھڑی ؛ ڈنڈا ؛ عصا ؛ سلاخ ؛ لوھے کی ڈنڈی ۔ (۲) بید ؛ قمچی ؛ شاخ (پودے کی خصوصاً قلم لگانے یا روپنے کے لئے) ؛ ٹہنی ۔ (۳) (سروے) جریب ؛ زمین ناپنے کا پیمانہ (ساڑھے پانچ مربع گز کا) ۔ (۴)(تشریح) عصایا راڈ ؛ سلاخ نما ہڈی وغیرہ ۔ (۵)مچھلی مارنے کی چھڑ ۔ (٦) (مجازاً) قبیلہ ؛ قوم ؛ ایل ؛ شریف خاندان کا نو عمر رکن ۔ (۷) (مجازاً) سزا دینے کا آلہ یا ذریعہ؛ (نیز) سزا ؛ تادیب ؛ عقوبت؛ عذاب۔ (۸) وہ دو شاخہ (چھڑی) جس کی مدد سے زیر زمین پانی یا معدنیات معلوم کی جاتی ہیں ۔ (۹) دیکھو Black Rod ۔ (۱۰) علامتِ قوت ؛ طاقت ، قتل یا جبر کی حرکت۔ (۱۱) بنسی باز ؛ کانٹے سے مچھلی پکڑنے والا ۔ (۱۲)ناپنے کی چھڑی ؛ گز ؛ بانس ۔ (۱۳) لمبائی کی ایك ناپ جو ساڑھے پانچ فٹ کے برابر ھوتی ھے ۔ (۱۴) رقبے کا پیمانہ (Square perch)۔ (۱۵) چھڑ نما کوئی چیز ؛ راڈ نما بولٹ ؛ لوہا ، جسم وغیرہ ۔

Spare the rod in spoil the child : بے مارے بچہ بگڑے ؛ بغیر مارے بچہ بگڑ جاتا ھے ۔

To have rod in pickle for : (عموماً مجازاً) سزا دینے کے لئے موقع کا منتظر رہنا ۔

To kiss the rod : سزا کو عاجزی یا خوشی سے برداشت کرنا ۔

To make a rod for one's own back : آپ ہی مصیبت مول لینا ؛ اپنے لئے اپنے آپ ہی مصیبت پیدا کرنا ؛ خود سے زحمت مول لینا ۔

Rod in pickle : (n) عقوبت ؛ سزا ؛ سرزنش ۔

Rode : (v) [Origin Obsc.] (۱) (جنگلی پرند کا) شام کے وقت زمین کی طرف اڑنا ۔ (۲) (چہے کی قسم کے پرند کا) انڈے دینے یا سینے کے زمانے میں روزانہ شام کو اڑانیں بھرنا ۔

Rodent : (a) [L. 'Rodent'.] (۱) (حیوانیات) کترنے والا ؛ قارض ؛ جوندہ ۔ (۲) Rodentia کی جنس کا ۔ (۳) (طب) السر یا کینسر کا ۔

Rodent : (n) (۱) Rodentia جنس کا حیوان ۔ (۲) کترنے والا جانور۔ (۳) (طب) اکاّل ؛ کینسر ؛ السر ۔ (۴) گوشت کو کھا جانے والا پھوڑا ۔

Rodent ulcer : (n) (طب) زخم اکاّل ؛ گوشت خورہ ۔

Rodential : (a) کترنے والا ؛ کترنے والے جانوروں کا یا ان سے متعلق ۔

Rodeo : (n) [Sp. 'Rodeo'.] (۱) مغربی امریکا کی چراگاھوں میں مویشی کو داغنے کے لئے جمع کرنے کا عمل ؛ مویشی کو جمع کرنا ۔ (۲) مویشی کے جمع کرنے کا باڑا یا مقام ۔ (۳) چرواھوں کے کرتب کی نمائش ؛ موٹر سائیکل کی سواری کے کھیل کی نمائش ۔

Rodless : (a) بے ڈنڈے کا ؛ بے راڈ کا ۔

Rodlet : (n) چھوٹا راڈ ؛ چھوٹا ڈنڈا یا چھڑی ۔

Rodlike : (n) چھڑی نما ؛ راڈ جیسا ؛ ڈنڈے یا چھڑی کا سا ۔

Rodomont : (n) [It.'rodomonte'.] شیخی باز : ڈینگ ہانکنے والا : ڈینگیا ۔

Rodomontade : (n) [Fr.] شیخی : ڈینگ : لاف و گزاف : لاف زنی : لافِ بیہودہ : بیہودہ گوئی ۔

Rodomontade : (a) شیخی باز : ڈینگ سے بھرا ہوا : ڈینگیا : پر لاف و گزاف : شیخی کی : ڈینگ کی (باتیں) ۔

R(h)odomontade : (v) شیخی بگھارنا : لاف زنی کرنا : ڈینگ ہانکنا : دون کی لینا ۔

R(h)odomontader : (n) شیخی بگھارنے والا : ڈینگیا ۔

Roe : (n) [OE. 'Raha'.] چھوٹے ہرن کی ایک قسم : چکارا : ہرنی ۔

Roe : (n) [ME. 'Row(e)'.] آشپل : مچھلی کے انڈے : مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کا گچھا ۔

Hard roe : مادہ مچھلی کے انڈے ۔

Soft roe : نر مچھلی میں انڈے کا مادہ ۔

Roe-buck : (n) نر ہرن : نر چکارا ۔

Roe corn : (n) مچھلی کے بیضہ دان میں سے ایک انڈا ۔

Roe-deer : (n) ہرن : ہرنی : چکارا ۔

Roed : (a) مچھلی کے انڈوں سے بھرا ہوا : مچھلی کے انڈوں والا ۔

Roentgen : (تاریخ) رانجن : (نیز) دیکھو Rontgen ۔

Roentgen ray : (n) ایکسرے ۔

Roentgenogram : (n) ایکسرے کے ذریعہ تصویر کشی : دیکھو Radiograph ۔

Roentgenograph : (n) دیکھو Roentgenogram

Roentgenograph : (v) ایکسرے کے ذریعہ فوٹو لینا ۔

Roentgenography : (n) ایکسرے کے ذریعہ فوٹو گرافی ۔

Roentgentology : (n) ریڈیو لاجی کی ایک برانچ جو ایکسرے کے ذریعہ بیماریوں کا پتہ چلاتی ھے ۔

Roestone : (n) دیکھو Oolite

Rogation : (n) [L. 'Rogatio'.] (۱) (کلیسا ، جمع میں) مناجات اولیاء جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عید معراج سے تین دن پہلے گائی جاتی ھے ۔ (۲) (قدیم روم) وہ قانون جو روما کا Consul یا Tribune مجلس جمہوری کے سامنے پیش کرتا تھا ۔

Rogation days : (n) مناجات اولیاء کا دن (مبارک پنجشنبہ سے پہلے کا سوموار ، منگل اور بدھ) ۔

Rogation flower : (n) حشیش الحلیب : شیر زا ، جس کے ہار بنا کر مناجات اولیاء کے دنوں میں جلوس میں لے جاتے تھے ۔

Rogation Sunday : (n) ایسٹر کے بعد کا پانچواں اتوار : Ascension day سے پہلے کا اتوار ۔

Rogation week : (n) وہ ہفتہ جس میں Ascension day (مبارک پنجشنبہ) پڑتا ھے ۔

Rogational : (a) مناجات اولیاء سے متعلق ۔

Rogatory : (a) اطلاعات حاصل کرنے والا خصوصاً کسی کمیشن وغیرہ میں ۔

Roger : (n) [Rogier of Teut. origin.] عام یا خاص نام کے طور پر استعمال ھوتا ھے : ایک مردانہ نام ۔

The jolly Roger : بحری قزاقوں کا سیاہ علم ۔

Roger : (n) (۱) سگنل کوڈ کے لئے حرف 'R' کی جگہ استعمال ھوتا ھے ۔ (۲) ریڈیو ٹیلیفونی میں اس مقصد کے لئے استعمال ھوتا ھے کہ "آپ کا پیغام معلوم ھوا اور سمجھ لیا گیا" ۔

Roger/ Rodger : (v) ہم بستر ھونا : مباشرت کرنا ۔

Roger de Coverly / Roger of Coverly : (n) ایک قسم کا دیہاتی (انگلش) ناچ اور راگ : نیز 'Sir' کے ساتھ بھی استعمال ھوتا ھے اور اسے 'Sir Roger' بھی کہتے ہیں ۔

Rogue : (n) [prob. fr. L. 'Rogaue'.] (۱) دغا باز : بے ایمان : غیر اصولی آدمی : بد معاش : شریر : بد ذات ۔ (۲) شیطان : شریر (پیار میں کہتے ہیں) شیطان صفت ۔ (۳) (قدیم) آوارہ گرد ۔ (۴) (نباتیات) انمل پودا : نکمّا پودا ۔ (۵) مست ہاتھی : سرکش جانور (جو گلے سے الگ رہتا ھے) ۔ (٦) جھجھکنے والا گھوڑا (شکار کا یا گھوڑ دوڑ کا) ۔

Rogue : (v) (۱) آوارہ گرد کی طرح زندگی گزارنا : خانہ بدوش کی زندگی گزارنے والا ۔ (۲) شرارت کرنا : بد معاشی کرنا ۔

(۳) فریب دینا : دھوکا دینا : ٹھگنا : ٹھگ لینا : فریب سے کر لوٹنا ۔ (۴) نکمّے پودوں کو اکھاڑ کر پھینک دینا۔

Rogue elephant : (n) مست ہاتھی : فیلِ سرکش ۔

Roguer : (n) شرارت کرنے والا : خانہ بدوش کی زندگی گزارنے والا ۔

Roguery : (n) شرارت : بدمعاشی : شیطنت : پاجی پن : پست فطری: رذالت : بد ذاتی : دغابازی ۔

Rogue's gallery : (n) بد معاشوں کی تصویروں کو جمع کرنا ۔

Rogue's Latin (n) چور لاطینی بولی ۔

Rogue's march : (n) کسی کو فوج یا چھاؤنی سے نکالنے کے وقت کی ترم بازی ۔

Rogue's yarn : (n) بحری فوج میں استعمال ہونے والی ایک قسم کی رسّی ۔

Rogueship : (n) شرارت : بدمعاشی کی حالت : شیطنت : رذالت : بدذاتی ۔

Roguish : (a) (۱) شریر : بد معاش : بد ذات : پست فطرت ۔ (۲) شیطنت آمیز : فریب کار : دغل : بے شرافت ۔ (۳) دل لگی باز : مسخرا : شرارت سے بھرا ہوا : چھٹا ہوا : پر لے درجے کا : عیار : چالاک ۔ (۴) (نباتیات) نکتا : معمولی : نچلا (پودا) ۔

Roguishly : (adv.) شرارت سے : بد معاشی سے : فریب کاری سے ۔

Roguishness : (n) شرارت : بدمعاشی : فریب کاری : مسخراپن ۔

Roi : (n) بادشاہ : شاہ (فرانسیسی میں) ۔

Le roi de veult : ملک معظم منظور فرماتے ہیں (پارلیمنٹ کے مسودۂ قانون کی بادشاہ کی طرف سے توثیق الفاظ میں ہوتی ہے) ۔

Le roi's avisera : ملک معظم غور فرمائیں گے (پارلیمنٹ کے مسودۂ قانون کی شاہی توثیق سے انکار ان الفاظ میں ہوتا ہے) ۔

Roi faineant : (n) برائے نام صدر : شاہ شطرنج ۔

Roil : (v) [Origin obsc.] (۱) (اب امریکا اور بول چال) گدلا کرنا (پانی وغیرہ) : میلا کرنا ۔ (۲) تنگ کرنا : دق کرنا : پریشان کرنا : غصہ دلانا : بر افروختہ کرنا : برہم کرنا ۔

Roil : (n) (۱) برہمی : بر افروختگی ۔ (۲) گدلاپن : میلاپن (پانی)۔

Roister : (v) [Fr. 'Rustre'.] رنگ رلیاں منانا : اودھم مچانا ۔

Roisterer : (n) خرمستیاں کرنے والا : اودھمی ۔

Roistering : (n) خر مستی : رنگ رلیاں : اودھم ۔

Roistering : (a) خرمستیاں کرنے والا ۔

Roke : (n) [Prob. of Scand. origin.] (۱) (اب بول چال) دھواں : بھاپ : اسٹیم : کہر : دھند : کہرا : شب دود : بخارات : پھوار ۔ (۲) (طبیعیات) بخارات (کیمیا) دھُواں (موسمیات) بوندا باندی ۔

Roke : (v) دھواں چھوڑنا : بخارات نکلنا : دھواں نکلنا : دھواں اٹھنا : بھاپ یا بخار نکلنا : بھاپ بن کر اڑنا : کہر آلود ہونا : دھندلا ہونا (بول چال) ۔

Roky : (a) کہر آلود : کہریلا : دھندلا سا : دھندلا : (وہ وقت) جب پھوار پڑ رہی ہو ۔

Roland : (n) [OFr. 'Roland'.] (۱) (تاریخ) رولینڈ : بطل ۔ (۲) شارلمین (Charlemagne) کا بھتیجا جس کا نام داستانوں میں مشہور ہے ۔

(To gave) a Roland for an Oliver : جیسے کو تیسا : ترکی بہ ترکی جواب (دینا) ۔

Role : (n) [Fr.] (۱) ایکٹر کا پارٹ ۔ (۲) فرض : کام : مفوضہ کام : کارمنصبی ۔

Roll : (n) [L. 'Rotulus'.] (۱) (اُستوانہ نما) لپٹا ہوا بنڈل یا کاغذ کا پلندہ : چونگا : لپٹا ہوا کاغذ : طومار ۔ (۲) (ایونی (Ionian) کارنس یا سرستون میں) مرغول : کٹلاؤ : چکر دار بیل جو آیونی ، کارنتھی ستون کی خصوصیت ہے ۔ (۳) (اُستوانہ نما) لپٹا ہوا خریطہ ۔ (۴) رجسٹر : فہرست : فرد : کیٹلاگ ۔ (۵) مصدقہ سالیسٹروں کی فہرست (عام طور پر جمع) ۔ (۶) حاضری کا رجسٹر۔ (۷) کسی چیز کا اُستوانہ نما پلندہ یا اس سے ملتی ہوئی چیز : ٹکیا : بٹی ۔ (۸) ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی ۔ (۹) کسی چیز کا مُڑا ہوا کنارہ مثلاً کوٹ کا کالر ۔ (۱۰)(جلد بندی) بیلن جس سے جلد پر نقش و نگار بناتے ہیں ۔ (۱۱) کسی قسم کی بیلن نما چیز : لڑھکن : بیلن : بیلنا ۔ (۱۲) (فوج) دیکھو Muster-roll ۔

Master of the rolls : عدالت مرافعہ کا جج جو بعض سرکاری کاغذات کا محافظ بھی ہوتا ہے ۔

The Rolls : محافظ خانہ ۔

To be struck off the rolls : سالیسٹروں کی فہرست سے نام خارج ہو جانا ۔

Roll : (n) [f.'Roll (v).'] (۱)لڑھکانے کا عمل : لڑھکن ۔ (۲) ہلنے ڈولنے کی حرکت : بیلن دار گیٹ ۔ (۳) گھاس پر بیلن پھیرنے کا عمل ۔ (۴) لڑکھڑاتی چال : لغزش : لہر دار شکل یا حرکت : لہر یا خطوط ۔ (۵) ڈھول کی ڈھم ڈھم ۔ (٦)بجلی یا آواز کی گرج ۔ (۷) آواز کی روانی یا لے ۔

Roll : (v) [OFr.'Roler'.] (۱) لڑھکنا: لڑھکنی کھانا ۔ (۲)گھمانا :چکر دینا : پھرانا :پھیرنا : پھرنا : دائرے میں گھومنا یا گھمانا: پہیے پر گھمانا : چلانا (بائیسکل) ۔ (۳) لپیٹنا : لپٹنا (چونگے یا اُستوانے کی شکل میں) بل دینا : حلقہ بنانا : گول تہ کرنا : بل کھانا ۔ (۴) (آنکھیں) مٹکانا : گھمانا ۔ (۵)لوٹنا : لوٹ لگانا ۔ (٦) جھومنا : جھومتے ہوئے چلنا : جھولنا : ہلنا ڈولنا: ہلنا جلنا ۔ (۷) لہریں اٹھنا : سطح کا ناہموار ہونا : لہریں لیتے ہوئے بہنا ۔ (۸) (حرف کو) کھنکتی ہوئی آواز میں ادا کرنا ۔ (۹) لَے یا قرأت سے ادا کرنا: لحن کے ساتھ پڑھنا۔ (۱۰) (گاڑی کا) چلنا: گھڑ گھڑ چلنا : (گاڑی میں) جانا : (گاڑی کا کسی کو) لے جانا : پہیے پر دوڑنا : چلنا ۔ (۱۱) بیلن پھیرنا : بیلن سے دبانا ۔ (۱۲) محور کے گرد گھومنا : گردش کرنا ۔ (۱۳) گرا دینا : پچھاڑ دینا : (استعارةً) ست پٹا دینا ۔ (۱۴) (مجازاً) دماغ میں (بات کو) اٹا دینا : (کسی مسئلہ وغیرہ پر) غور کرنا : سونچنا۔ (۱۵) گھمانا : گردش دینا : گھوم جانا : چکر لگانا : طواف کرنا ۔ (۱٦)گول سا بن جانا: گولا بنا دینا : گول شکل میں بن جانا۔ (۱۷) ملفوف کرنا : کسی چیز سے لپیٹنا ۔ (۱۸)مسطح کرنا (زمین کو رولر سے) برابر کرنا : ہموار کرنا ۔ (۱۹) رولنگ پن کے ذریعہ (لَئی) پھیلانا : لئی لگانا ۔ (۲۰) (پتھر یا چٹان کو) چھوٹا کرنا (گول شکل میں) ۔ (۲۱) گھومتے ہوئے حرکت کرنا : باری باری چلنا : حرکت کرتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (۲۲) آہستہ آہستہ آگے بڑھنا: لہریں لیتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (۲۳) اِدھر اُدھر جانا: مکان بار بار بدلنا: سفر کرنا ۔ (۲۴)(عامیانہ) جمع ہونا : یکجا ہونا : اکٹھا کرنا : ڈھیر لگانا (چیزوں کا)۔ (۲۵) گاڑی پر سوار ہونا : گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲٦) بہتے پانی پر کھینچنا : پانی میں بہنا ۔ (۲۷)(دریا ، سمندر ، ندی وغیرہ) تیز میں بہنا : لہر مانند تیزی سے چلنا : تیز چلنا ۔ (۲۸) (وقت یا موسم) گزرنا : گزر جانا : ختم ہو جانا ۔ (۲۹) (زمین) لہریں لینا : لہرانا : لہر یا ہونا ۔ (۳۰) (آواز کا) صدا پیدا کرنا : گونجنا : (بادل کا) گرجنا : زور دار آواز ہونا ۔ (۳۱) (زبان ، گفتگو وغیرہ) رواں ہونا : تیز ہونا : چلنا ۔ (۳۲) (مجازاً) جی بھر کے لطف اٹھانا : مزے لینا : عیش و عشرت میں بسر کرنا ۔ (۳۳) (خیال ، فکر) دماغ میں گردش کرنا : غور کرنا : سوچنا ۔ (۳۴) (جہاز) ہلنا جلنا : ادھر سے اُدھر حرکت کرنا۔ (۳۵) اکڑ کر چلنا : اِترا کر چلنا : اینٹھ کر چلنا : دون کی لینا : شیخی بگھارنا ۔ (۳٦) سکڑنا : سمٹنا : ٹھٹھرنا ۔ (۳۷) (ایر کرافٹ) طول میں محور پر گھومنا ۔

Roll acquittance : (n) قبضُ الوُصول ۔

Roll book : (n) وہ رجسٹر جس میں ٹیچر اپنے شاگردوں کی حاضری یا کلاس ورک کا ریکارڈ رکھتا ھے : حاضری رجسٹر ۔

Roll-call : (n) (۱) حاضری ۔ (۲) (فوج) حاضری کے لئے بلانے کا اشارہ ۔ (۳) دیکھو Register ۔

Roll-call : (v) حاضری لینا ۔

Roll-collar : (n) گھمایا ہوا کالر ۔

Roll man : (n) رولنگ مشین پر کام کرنے والا : رولنگ مشین چلانے والا ۔

Roll-on : (n) (۱) عورتوں کا ایک لباس : ربر یا الاسٹک کی پیٹی ۔ (۲) ایسی بوتل میں گوند یا سیال چیز جس کے سر کے اوپر گھومنے والا گولا ہوتا ھے ۔

Roll one over : (n) ڈھکیل دینا : لڑھکنی کھلانا ۔

Roll sulphur : (n) (کیمیا) سلاخی گندھک ۔

Roll-top : (n) گھومنے والے نیم مدوّر ڈھکنے کی میز ۔

Roll-top desk : (n) دیکھو Roll-top

Roll up : (v) (فوج) دشمن کی فوج کو گھیر کر نیم دائرے کی شکل میں لے آنا ۔

Rollable : (a) جو لپیٹا جا سکے ۔

Rolled : (a) لپیٹا ہوا : لپٹا ہوا : مسطح : بِیلا ۔

Rolled glass : (n) (۱) (کیمیا) بیلا شیشہ ۔ (۲) اُستوانہ گلاس یا شیشہ ۔

Rolled gold : (n) بیلا سونا : رولڈ گولڈ : سونے کا پتر : وہ تانبا جس پر سونے کا پانی چڑھایا ہوا ہو ۔

Roller : (N) (۱) دیکھو Rolling-pin (بول چال) ۔ (۲) لڑھکانے والا : لڑھکنے والا ۔ (۳) بیلن : بیلنی (مختلف قسم کی) :

Rollicker : (n) دهینگا مشتی کرنے والا : دهما چوکڑی مچانے والا : ہنسی مذاق کرنے والا ۔

Rollicking : (a) شور غل سے متعلق : غُل غپاڑا کرنے والا ۔

Rolling : (a) (۱) گردندہ : گھومنے والا : کسی سطح پر آگے بڑھنے والا : رولنگ ۔ (۲) پہیے پر گھومنے والا : لہریا ۔ (۳) (وقت ، موسم) گزرنے والا ۔ (۴) مدوّر : گرداں : گھومنے والا : کسی مرکز پر بار بار گھومنے والا : دائرہ کی شکل میں حرکت کرنے والا : دورہ کرنے والا ۔ (۵) (آنکھ) مٹکنے والی : آنکھ کے خانے میں اُوپر نیچے حرکت کرنے والا ۔ (۶) ہلنے ڈولنے والا : جنبش کرنے والا ۔ (۷) مو جزن ہونے والا : موجیں مارنے والا : لہرانے والا ۔ (۸) چڑھنے والا : اوپر اٹھنے والا ۔(۹) گرج دار (آواز) : تیز آواز والا : صدائے باز گشت والا ۔

Rolling chair : (n) پہیے دار کرسی : مدور کرسی ۔

Rolling-mill : (n) دھات کو پیسنے والی طاقت ور مشین ۔

Rolling-pin : (n) لکڑی یا شیشے وغیرہ کا صاف چکنا بیلن جو لئی وغیرہ بنانے میں کام دیتا ھے ۔

Rolling-press : (n) (۱) تانبے کی پلیٹ سے چھاپنے کی بیلن دار مشین ۔ (۲) بیلن دار شکنجہ : بیلن شکنجہ : نمونہ در آور : رولنگ مشین ۔

Rolling stock : (n) ریلوے کی گاڑیوں ، انجنوں ، ویگن وغیرہ کا ذخیرہ ۔

Rolling stone / Rolling-stone : (n) (۱) محاورے میں A rolling stone gathers no moss ۔ (۲) جہانگرد : سیلانی : گھومنے پھرنے والا : بیکار ۔ (۳) بیلن نما پتھر پیسنے کی مشین ۔

A rolling stone gathers no moss : جو آدمی اِدھر سے اُدھر ڈھلکتا رہتا ھے اسے کچھ ہاتھ نہیں آتا ۔

Rollingly : (adv.) گردندہ طور پر : گھومتے ہوئے : مدوّر طور پر ۔

Rolls : (n) طومار : رجسٹر ۔

Roly-poly /Rolypoly : (n) (۱) مختلف کھیلوں کے نام (جس میں گیندکا لڑھکنا خاص خصوصیت کا حامل ہوتا ھے) ۔ (۲)ایک قسم کی پڈنگ جو چونگے کی شکل میں بنائی جاتی ھے ۔

Roly-poly : (a) گول مٹول : موٹا تازہ : کوتاہ و فربہ : چھوٹا اور موٹا

رولر : اُستوانہ ۔ (۳) لپٹی ہوئی پٹی ۔ (۵) (حیوانیات) لوٹن کبوتر : لقا ۔ (۶) (حیوانیات) اخیل : سبز قبا : کوے کی قسم کا خوش رنگ پرند ۔ (۷) زور کی لہر : زور دار موج ۔ (۸) آہنجہ : بوجھ اٹھانے کی چھڑی : گرداں ڈھول : گھومنے والا پہیا ۔ (۹) لکڑی کا بھاری اُسطوانہ ۔ (۱۰) موسیقی کے بکس کا دندانہ دار گردش کرنے والا بیرل ۔ (۱۱) محور پر گھومنے والا چھوٹا پہیا ۔ (۱۲)سائیکل کی رولر چین ۔ (۱۳) (گھوڑے کا) کشادہ تنگ : کشادہ زیر بند ۔ (۱۴) ایک قسم کا گھنگریلا بال ۔

Roller : (n) [G. f. 'Rollen'.] (۱) دیکھو (Coracius garrulus) جنس کی چڑیا ۔ (۲) خوش گلو : زرد رنگ کا گانے والا پرند ۔

Roller-bandage : (n) (طب) عُصابۂ لفیفہ : لپٹی ہوئی پٹّی : لمبی تنگ (کم عرض) پٹی جو جراحی عمل کے وقت سہولت سے استعمال کرنے کے لئے خاص طریقے سے لپٹی ہوتی ھے : رولر بینڈیج ۔

Roller board : (n) آرگن میں رولر کھینچنے والا بورڈ ۔

Roller-bolt : (n) گاڑی میں وہ ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگایا ہوتا ھے ۔

Roller coaster : (n) (امریکا) تفریح گاہ کی کلا پٹری : تفریح گاہ کی ریل ۔

Roller gin : (n) روئی اوٹنے کی مشین : بنولے نکالنے کی مشین ۔

Roller-mill : (n) رولر مِل : رولر کے ذریعہ پیسنے کی مشین ۔

Roller-shop : (n) دھات کو رُولنے کا کارخانہ ۔

Roller-skate : (n) رولر اسکیٹ : برف کے علاوہ کسی بھی سطح پر چلنے والی پہیے دار گاڑی : پہیے دار اسکیٹ ۔

Roller towel : (n) بیلن پر چڑھا تولیہ ۔

Rolley/ Rolly : (n) (۱) (کان کنی) ایک طرح کا بے دیوار اور بے چھت چوپہیا چھکڑا ۔ (۲) بار برداری کی ٹرام گاڑی : لمبی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں : ٹھیلا ۔

Rollick : (n) [Origin unkn.] (۱) رنگ رلیاں منانا : عیش کرنا : دھما چوکڑی مچانا : اچھلنا : کودنا : دھینگا مشتی کرنا: (بچوں کا) ساتھ کھیلنا کودنا : ہڑدنگا کرنا ۔

Rollick : (n) دھینگا مشتی : خر مستی : دھما چوکڑی : رنگ رلیاں : ہنسی : دل لگی : چہل : پُر لطف صحبت ۔

(خصوصاً لڑکوں سے متعلق) ۔

Rom/ Roma : (۱) جپسی مرد : خانہ بدوش مرد ۔ (۲) جپسی لوگ : جپسی (ایک خانہ بدوش قوم) ۔

Romaic : (a) [Gr. 'Romaikos'.] جدید یونانی زبان کا یا اس سے متعلق ۔

Romaic : (n) جدید یونانی زبان یا بول چال ۔

Romaic dance : (n) ایک جدید یونانی رقص ۔

Romaika : (n) [mod. Gr.'Romaike'.] دیکھو Romaic dance

Romaji : (n) رومن حروف تہجی جو جاپانی ترجمہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

Romal /Rumal : (n) [Urdu (pers). 'Rumal'.] رومال : رومال کی شکل کا ریشمی یا سوتی کپڑا ۔

Roman : (n) [L.'Romanus'.] (۱) قدیم روماکا باشندہ : قدیم روما کی زبان : رومی شہری یا رومی سپاہی : رومن سلطنت کا رہنے والا ۔ (۲) روم کے دور وسطیٰ یا جدید روم کا باشندہ ۔ (۲) (جمع) قدیم روم کا وہ شہری جس نے عیسائی مذہب قبول کر لیا ہو ۔ (۳) (دینیات) رومن کیتھولک : رومن کیتھولک کلیسا کا رکن ۔ (۵) (طباعت) رومن ٹائپ ۔

King of the Romans /Emperor- : مقدس رومی سلطنت (وسطیٰ اور مغربی یورپ کی جو ۱۸۰۶ء تک قائم رہی) کا سربراہ ۔

Roman : (a) [OFr. 'Roamain'.] (۱) رومی : رومائی : قدیم روما کا (باشندہ) ۔ (۲) رومی کلیسا کا : رومن کیتھولک مذہب کا ۔ (۳) قرون وسطیٰ کے روما یا حدود روما کا : جدید رومی ۔ (۴) (زبان) دیکھو Latin (a) - (۵) رومن ٹائپ سے متعلق : جدید ٹائپ سے متعلق : (خصوصاً Italic اور Gothic حروف کی ضد) ۔ (٦) رومن مانند (خصوصاً ایمانداری ، محنتی ، ہمت ور ، کفایت شعاری میں) ۔ (۷) (ناک) کھڑی : بانسا ۔ (۸) (تحریر) گول اور نمایاں ۔ (۹) اعدادی حروف I,V, X, L,C, D, M ۔ (۱۰) (تعمیرات) دیکھو Composite (a) ۔ (۱۱) رومی قانون ، تاریخ ، عہد قدامت کے مطالبہ میں مشغول ۔ (۱۲) مقدس رومی سلطنت سے متعلق ۔

(Holy) Roman Empire : مقدس رومی سلطنت (وسطیٰ اور مغربی یورپ کی جو ۱۸۰۶ء تک قائم رہی) ۔

Roman alphabet : (n) رومن حروف تہجی ۔

Roman alum : (n) اٹلی میں پائی جانے والی سرخی مائل پھٹکری ۔

Roman architecture : (n) دیکھو Composite اور Order

Roman balance / -beam : (n) قُبّان : اسٹیل یارڈ کی معمولی شکل ۔

Roman brick : (n) رومن اینٹ : (۱/۲ ۱ انچ x ٦ انچ x ۱۲ انچ کی اینٹ) ۔

Roman candle : (n) (۱) اُسطوانہ نما آتش بازی جس سے لگاتار ستارے نکلتے ہیں ۔ (۲) اسپینی خنجر ۔

Roman Catholic : (n) رومن کیتھولک چرچ کا رکن : کیتھولک مذہب کا پیرو ۔

Roman Catholic : (n) رومن کیتھولک سے متعلق : کیتھولک مذہب کا (پیرو) : رومن کلیسا کا ۔

Roman Catholically / -catholicly : (adv.) رومن کیتھولک کے طور پر : رومن کلیسا کے طریقے سے ۔

Roman Catholicism : (n) رومن کیتھولک چرچ کا عقیدہ، مذہب وغیرہ ۔

Roman cement (n) چونا ، بالو اور پانی میں کلسی مادہ ملا کر بنایا ہوا سمنٹ ۔

Roman collar : (n) رومن کیتھولک کا ایک قسم کا کالر ۔

Roman Empire : (n) (تاریخ) سلطنت روما (مشرقی سلطنت جس کا پایۂ تخت روما تھا اور مغربی سلطنت جس کا پایۂ تخت قسطنطنیہ تھا) ۔

Roman fever : (n) فصل بخار : ملیریا ۔

Roman-fleuve : (n) طویل اور مخصوص قسم کا فرانسیسی ناول جو کئی جلدوں میں ہو اور کسی خاندان کے حالات کو بیان کرے ۔

Roman gold : (n) ارضی سونا ۔

Roman law : (n) (قانون) رومن قانون ۔

Roman letter : (n) (طباعت) معمولی ٹائپ : معمولی حروف چھاپ ۔

Roman mosaic : (n) رومن پچی کاری جو رنگین شیشوں کی چھوٹی اور پتلی چھڑیوں سے بنتی ہے ۔

Roman nose : (n) توتے کی سی ناک : عُقابی ناک ۔

Roman numerals : (n) (ریاضیات) اعداد رومی : رومی ہندسے ۔

Roman school : (n) پینٹنگ کا اسکول جس میں رفائیل سربراہ تھا رفائیلی طرز نقاشی ۔

Roman snail : (n) گھونگھے کی ایک قسم جسے کھاتے ہیں ۔

Roman steelyard : (n) دیکھو Roman Balance

Roman type : (n) (طباعت) عام چھاپا : معمولی ٹائپ ۔

Roman vitriol : (n) (کیمیا) نیلا تھوتھا ۔

Romance : (n) [OFr. 'Romanz, romans'.] (۱) فرانس کی بول چال کی زبان : رومانی زبان (اُن زبانوں میں سے کوئی زبان جو قدیم فرانس ، اسپین وغیرہ میں بولی جاتی تھیں) ۔ (۲) (اسم مجہول) وہ زبانیں جو لاطینی سے نکلی ہیں: لاطینی زبانیں ۔ (۳) قرون وسطیٰ کی رزمیہ داستان : جنگ نامہ : اسپینی تاریخی رزمیہ داستان یا مختصر نظم : (اس قسم کی) داستان منظوم حماسی ۔ (۴)رومان (قصہ یا ادب کی وہ صفت جس میں روزمرہ کی زندگی سے ہٹتے ہوئے واقعات بیان کئے جائیں) (خصوصاً سولہویں اور سترھویں صدی میں صرف تحقیقات اور زندگی کے حالات سے انحراف کئے جانے کا واقعہ) ۔ (۵) رومان کا سا واقعہ : حیرت انگیز اور پُر اثر واقعہ : عیش و محبت کا معاملہ : (نفسیات) رومان : محبت سازی : عاشقانہ داستان ۔ (۶) رومانی رنگ : تخیلی رنگ : تخیل پرستی : وہ ادب جس میں رومان ہو: رومانی افسانہ ۔ (۷) مبالغہ : رنگ آمیزی : خیال آرائی : دلچسپ جھوٹ : افسانۂ دل پذیر و خیالی ۔ (۸)رومانی ناول یا کہانی: داستان ۔ (۹)رومانی کردار: رومانی صفت : رومانی ہونے کی حالت ۔ (۱۰) غیر محتاط کہانی : ایجاد یاافسانہ ۔

Romance : (a) (۱) لاطینی الاصل زبان کا : لاطینی زبانوں کا ۔ (۲) رومانی : رومان کا ۔

Romance : (v) [Fr.'Romancer'.] (۱) مبالغہ کرنا : حاشیہ چڑھانا : رنگ آمیزی کرنا : بڑھا چڑھا کر کہنا ۔ (۲) رومانی خیالات رکھنا : لاطینی زبان استعمال کرنا : رومانی زبان استعمال کرنا ۔ (۳) مہربانی چاہنا : لطف و کرم کا خواہش مند ہونا : امداد طلب کرنا ۔ (۴) محبت کرنا : محبت کے جذبات کا اظہار کرنا : عاشقانہ داستان بیان کرنا ۔

Romanceless : (a) تخیّل سے خالی : کور ذوق : رومان سے خالی ۔

Romancer : (n) (۱) رومان کا مصنف : رومانی افسانہ نویس :رومان نویس : رومان نگار ۔ (۲) قرون وسطیٰ کا رزمیہ نگار ۔ (۳) مبالغہ آمیز مصنف : غیر واقعاتی کہانی لکھنے والا : دلچسپ جھوٹ گڑھنے والا : داستان نویس ۔

Romancist : (n) [Sp .'Romancista'.] (۱) حماسہ نویس : رومانی نظم لکھنے والا ۔ (۲) رومانی ناول نگار ۔ (۳) مبالغہ آمیز داستان لکھنے والا ۔

Romanes : (n) جپسی لوگوں کی زبان : جپسی زبان ۔

Romanesque : (a) (۱) لاطینی الاصل زبان کا ۔ (۲)(تعمیرات) رومانی طرز تعمیر کا : رومانی طرز تعمیر میں بنایا ہوا ۔ (۳)رومانی طرز کا (فن) ۔ (۴) حماسی : رزمی : عاشقانہ : خیالی : مجازی ۔

Romanesque : (n) (تعمیرات) رومانی طرز تعمیر ۔

Romanic : (a) [L. 'Romanicus'.] (۱) (زبان) لاطینی الاصل : قدیم فرانس یا اسپین کی (زبان) ۔ (۲) قدیم رومی نسل کا: رومی تمدن کا حامل : رومی لوگوں سے متعلق ۔

Romanic : (n) لاطینی الاصل زبان بولنے والا ۔

Romanish : (a) رومی : روم سے متعلق ۔

romanism : (n) (۱) رومن کیتھولک مذہب یا عقیدہ ۔ (۲) رومن طرز تعمیرکی خصوصیت: قدیم یا جدید رومی طرز. (۳)رومن ادارے: رومن اثرات: آداب و رسوم قدیم رومی ۔ (۴)لاطینی زبان کا محاورہ ۔ (۵) قدیم یا جدید رومی طرزی چیزیں ۔

Romanist : (n) [mod. L. 'Romanista'.] (۱) رومن کیتھولک : قدیم یا جدید رومی طرز کاحامی ۔ (۲) رفائیل کے طرز کا نقّاش ۔ (۳) رومن قانون کا ماہر : رومن اسکول کا قانون داں ۔ (۴) رومن قدامت پرستی کا طالب علم ۔ (۵) لاطینی زبان یا لسانیات کا خصوصی مطالعہ کرنے والا ۔

Romanistic : (a) (۱) قدیم یا جدید رومی طرز کا ۔ (۲) رفائیل کے طرز کی نقاشی ۔

Romanization : (n) (۱) رومناؤ : رومی رنگ میں رنگنا یارنگا جانا ۔ (۲) کیتھولک بنانا یا بنایا جانا ۔

Romanize : (v) (۱) قدیم یاجدید رومی رنگ میں رنگنا : رومی کرنا : لاطینی کرنا : رومی ہونا ۔ (۲) کیتھولک بنانا : رومن اصول کو اپنانا : رومن قانون تسلیم کرنا : رومن کیتھولک مذہب پر عمل کرنا ۔

Romanizer : (n) رومی بنانے والا ۔

Romanly : (adv.) رومی طرز سے : رومی طور پر ۔

Romano- : سابقہ (بمعنی رومی و ....) جیسے Romano-celtic (رومی و کیلٹك) ۔

Romansh : (n) [The native name 'Rum-, Roman(t) sch'.] لاطینی النسل زبان جو سوئٹزرلینڈ کے شمالی اضلاع میں بولی جا تی ھے ۔

Romansh : (a) لاطینی النسل زبان سے متعلق ۔

Romantic : (a) [mod. L. 'Romanticus'.] (۱) رومانی : رومان پسند: رومان کا سا : تخیّل پرست : خیالی دنیا میں رہنے والا : تصوری : خیالی : خیال انگیز : خیال پرست ۔ (۲)(موسیقی) رومانی : جذبات پرستانہ : تخیّل ۔ (۳)عجیب و غریب : ناقابل عمل : شیخ چلّی کا سا (منصوبہ ، تجویز) : غیر ممکن: دروغ نما ۔ (۴) رومانی: رومانی طرز تحریر کا (جس میں تخیّل اور جذبات کا زور ہوتا ھے اور نفس مضمون کو طرز ادا پر ترجیح دی جاتی ھے) ۔ (۵) فرضی : من گھڑت : ناقابل اعتبار : مبالغہ آمیز۔ (۶) پُر شوق : سر گرم : پُر جوش : جوش انگیز (آدمی یا جذبات) : پُر ولولہ : رومانی : عاشقانہ ۔

Romantic : (n)(جمع)(n) (۱) رومان طرز کا انشا پرداز : حماسہ سرا ۔ (۲) خیالی باتیں : خیال آرائی : رومانی خصوصیت : خیالی آدمی : رومان پرور : عاشقانہ مزاج کا آدمی ۔

Romantical : (a) دیکھو Romantic (a)

Romantically : (adv.) رومان کی طرح : تخیّل پرستی سے : خیالی طور پر ۔

Romanticalness : (n) رومانی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Romanticism : (n) (۱) رومانیت : رومانی طرز انشاء ۔ (۲) رومانی ہونے کی حالت ۔ (۳) اٹھارھویں صدی کی ادبی ، فنی اور فلسفیانہ تحریك جو کلاسیکی آرٹ کے خلاف رد عمل کی صورت میں ظاہر ہوئی اور جس میں تخیّل اور جذبات کو زیادہ اہمیت دی گئی تھی : رومانی تحریك ۔

Romanticist : (n) (۱) رومانی تحریك کا حامی ۔ (۲) رومان نویس : رومانی طرز کا انشا پرداز ۔

Romanticist / Romanticistic : (a) رومانی تحریك کا یا اس سے متعلق ۔

Romanticity : (n) دیکھو Romanticism

Romanticization : (n) رومانی رنگ چڑھانے کا عمل ۔

Romanticize : (v) (۱) رومانی بنانا : تصوراتی ، خیالی یا فکری نظریہ رکھنا ۔ (۲)رومانی رنگ چڑھانا : رومانی طرز میں لکھنا: رومانی انداز میں پیش کرنا ۔

Romanticly : (adv.) دیکھو Romantically

Romantism : (n) دیکھو Romanticism

Romany/ Rommany : (n) [Gipsy 'Roman'.] (۱) جپسی کی زبان : جپسی قوم (جمع میں) : خانہ بدوش : جپسی : قبطی۔

Romany : (a) جپسی : جپسی رواج سے مشابہ ۔

Romaunt : (n) [OFr. 'Roma(u)nt'.] (۱) رومان : رزمیہ داستان : رومانی نظم ۔ (۲) رومانی طرز تحریر ۔

Rombowline / R(h)umbowline : (n) [Origin unkn.] (جہاز رانی) بیکار بادبان یا رسّی جو عارضی استعمال کے لئے ہوتی ھے ۔

Rome : (n) [L. 'Roma'.] (۱) روما : سلطنت روما : رومن امپائر : شہر روما: روما کی قدیم ریاست۔ (۲) رومی کلب ۔ (۳)رومن کیتھولك چرچ ، اس کے اثرات ۔

Do in Rome as the Romans do : جیسا دیس ویسا بھیس۔

Rome-penny : (n) (تاریخ) دیکھو Peter(s) - penny

Rome-scot : (n) دیکھو Rome-penny

Romeine : (n) (۱) کیلشیم کا انٹی سونیٹ جو زردی مائل بلور میں پایا جاتا ھے (Ca, Fe, Mn, Na)$_2$ (Sb, Ti)$_2$ O$_6$ (O, OH , F) ۔

Romeite : (n) دیکھو Romeine

Romeward/ Romewards : (adv.) (۱) روما کی طرف یا جانب ۔ (۲) رومن کیتھولك چرچ کی طرف (مائل) ۔

Romeward : (a) رومن کیتھولك چرچ کی جانب مائل ۔

Romic : (a & n) Dr. Henry Sweet کے ایجاد کردہ تلفظ(Phonetic) کے طریقہ کا نام ۔

Romish : (a) روما کے مذہب کا یا اس سے متعلق : کیتھولك مذہب یا رومی کلیسا کا۔

Romishly : (adv.) رومی کلیسا کے طور پر ۔

Romishness : (n) رومی کلیسا کا طریقہ یا اصول ۔

Romp : (n) [Perh. vsar. of 'Ramp (n)'.] (۱) اودھم مچانے والا : دنگا کرنے والا : ہڑدنگا یا اودھمی لڑکا ۔ (۲) ہڑدنگی عورت یا لڑکی : کھلاڑی لڑکی (یا عورت) : زندہ دل لڑکی (یا عورت) ۔ (۳) دھما چوکڑی : دھینگا مشتی : اودھم : زندہ دلی ۔

Romp : (v) (۱) دھما چوکڑی کرنا یا مچانا : دھینگا مشتی کرنا : اودھم مچانا : شور شرابا کرنا ۔ (۲) (بچوں کا) ساتھ کھیلنا کودنا : ہڑدنگا مچانا ۔ (۳) (گھوڑ دوڑ) آسانی سے اول آنا : ہنستے کھیلتے میدان جیت لینا ۔

Romper : (n) ہڑدنگا کرنے والا ۔ (۲) (خصوصاً جمع) ایک قسم کا بچکانہ لباس : بچوں کی اوپری پوشاک : بچوں کے لباس کی حفاظت کے لئے اوپر سے پہننے والی ایک پوشاک (جو پورے لباس کے اوپر ہوتی ہے) ۔

Romping : (a) (۱) (شخص) دھینگا مشتی کرنے والا : ہڑدنگا کرنے والا ۔ (۲) (حرکت) اودھم مچانے کی صفت رکھنے والا: اودھمی ۔

Rompingly : (adv.) ہڑدنگے کے ساتھ : دھینگا مشتی کے طور پر ۔

Rompish : (a) دیکھو Romping (a)

Rompishness : (n) دھینگا مشتی : اودھم : دھما چوکڑی ۔

Rompy : (a) چنچل : ہڑدنگا : اودھمی ۔

Roncador : (n) [Sp.] (امریکا) ایک قسم کی مچھلی جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Rondache : (n) [Fr.] چھوٹی مدّور شیلڈ یا چھوٹی ڈھال ۔

Ronde : (n) [Fr. 'Ronde'.] ٹائپ کی ایک شکل (ہینڈ رائٹنگ کے مشابہ)۔

Rondeau : (n) [Fr. later formof 'Rondel'.] (۱) دس یا تیرہ مصرعوں کی ایک نظم (جس میں صرف دو قافیے ہوتے ہیں اور جس کا پہلا مصرع ٹیپ کا ہوتا ہے)۔ (۲) ٹیپ : ترجیع ۔ (۳) (موسیقی) دیکھو Rondo ۔

Rondel : (n) [Fr. 'Rondel' (later roundeau).] (۱) دائرہ ۔ (۲) Rondeau یا اس کی ایک خاص قسم ۔

Rondeletia : (n) [mod. L. 'Rondelet'.] (۱) Cinchonaceae جنس کا امریکی درخت ۔ (۲) اس درخت کی طرح کی خوشبو ۔

Rondo : (n) [It. 'Rondo'.] (۱) (موسیقی) ایک نغمہ جس میں ایک خاص موضوع دہرایا جاتا ہے ۔ (۲) دوری گیت ۔

Rondure : (n) [Fr. 'Rondeur'.] (شعر و شاعری) حلقہ : دائرہ: گول چیز ۔

Roneo : (n) (میکانیات) ناقلہ : رونیو ۔

Ronggeng : (n) [Malay.] ملیشیا کی رقاصہ : ایک مشہور رقص (اکثر گانے کے ساتھ) ۔

Ronin : (n) [Jap.] (۱) جلا وطن کرنا : خارج البلد : قانون کی حمایت سے محروم : قدیم جاپانی جاگیر دار جو ادھر اُدھر مارا پھرے ۔ (۲) وہ طالب علم جو یونیورسٹی کے انٹرنس امتحان میں فیل ہو گیا ہو ۔

Rontgen : (n) (۱) (تاریخ) جرمن سائنس داں کا نام : رانجن ۔ (۲) رانجن اکائی ۔

Rontgen rays : (n) (طبیعیات) رائینی شعاعیں : لا شعاعیں : ایکس ریز ۔

Rontgenism : (n) رانجن شعاعوں کے ذریعہ امالہ کی ہوئی مریضانہ حالت ۔

Rontgenize : (v) رانجی شعاعوں کے ذریعہ بجلی نکالنا ۔

Rontgenogram : (n) (فوٹوگرافی) لاشعائی تصویر : رانجی فوٹو : فوٹو جو Rontgen شعاعوں سے لیا جائے ۔

Rontgenography : (a) (فوٹوگرافی) لاشعاعی عکاسی ۔

Rontgenology : (n) لا شعاعیات : علم اشعۂ رانجنی ۔

Rontgenoscopy : (n) (طب) لا شعاعی معائنہ ۔

Rontgenotherapy : (n) (طب) لا شعاعی معالجہ ۔

Rood : (n) [OE. 'Rod'.] (۱) صلیب مسیح ۔ (۲) صلیب (خصوصاً وہ جو Rood screen پر بنی ہوتی ہے) ۔ (۳) چوتھائی ایکڑ زمین : زمین کا چھوٹا سا قطعہ ۔

Rood-arch : (n) گرجے کے وسط اور مشرقی حصے کی درمیانی محراب ۔

Rood-beam : (n) آڑا شہتیر جس پر Rood Screen قائم ہوتا ہے ۔

Rood cloth : (n) غلاف جو Lent کے زمانے میں گرجے کی صلیب پر چڑھا دیا جاتا ھے ۔

Rood day : (n) (تاریخ) رفیع مسیح کا دن (۱۴ / ستمبر) یا صلیب کی بنیاد کا دن (۳ / مئی)۔

Rood goose : (n) دیکھو Brant

Rood loft : (n) گیلری جو Rood screen کے اوپر ھوتی ھے۔

Rood screen : (n) لکڑی یا پتھر کی منقش اوٹ جو گرجے کے وسط اور مشرقی حصے کے درمیان ھوتی ھے ۔

Rood steeple / -spire / -tower : (n) گرجا کے بغلی رستوں اور بیچ کے حصے کے نقطۂ تقاطع کے اوپر بنا ھوا مینار ۔

Roof : (n) [OE. 'Hrof'.] (۱) چھت : سقف : سائبان ۔ (۲) (مجازاً) کسی چیز کا بلند ترین مقام ۔ (۳) گاڑی کی چھت ۔ (۴)(کان کنی) گیلری کا اوپری سرا : کوئلے کی اوپری تہ : کوئلے کی اوپری پرت ۔

The roof of the mouth : تالو ۔

The roof of the world : بلند سلسلۂ کوہ ۔

Under one's roof : اپنے گھر میں ۔

Roof : (v) (۱) چھت ڈالنا : چھت کا کام دینا : چھت سے ڈھانکنا ۔ (۲) پناہ لینا : پناہ دینا : حفاظت کرنا : چھپانا : حفاظت میں آنا : ٹھہرانا ۔

Roof-cat : (n) ہندوستانی بلّی کی ایک قسم ۔

Roof covering : (n) (تعمیرات) چھت کا پٹاؤ ۔

Roof-garden : (n) (۱) چھت کے اوپر پودوں کی کثرت (گملوں میں) : چھت کے اوپر باغ ۔ (۲) کسی عمارت کے اوپر ہوٹل یا ریستوران (جہاں کھانے کے علاوہ رقص و سرود کی محفل بھی جمتی ھے) ۔

Roof-mask : (n) باہری چھت (جو اندرونی چھت کی حفاظت کرتی ھے) ۔

Roof-swell : (n) آرگن باجے کی ایک قسم ۔

Roof tile : (n) (تعمیرات) چھت کھپڑا ۔

Roof-tree : (n) چوب جس پر گاڑی کی چھت قائم ھو : شہتیر چھت ۔

Roof truss : (n) (تعمیرات) چھت کی قینچی ۔

Roofage : (n) (تعمیرات) سامانِ چھت : چھت کا سامان ۔

Roofed : (a) (۱) چھت کا : چھت سے چھپا ھوا : چھت نما : چھت دار : بام دار : مسقف ۔ (۲) چھت کی ایک خاص قسم کو ظاہر کرنے والا ۔

Roofer : (n) (۱) چھت بنانے والا یا مرمت کرنے والا ۔ (۲) (روزمرہ) شکریے کا خط جو مہمان رخصت ھونے کے بعد بھیجتا ھے ۔

Roofing : (n) (۱) چھت سے چھپانے کا عمل : چھت بنائی : چھت بندی: سقف سازی ۔(۲) چھت کے لئے استعمال ھونے والے سامان ۔ (۳) (کان کنی) زمین دوز رستے کے سرے سے بھرے ھوئے ٹوکرے کے سروں کو پچڑ سے جڑ دینا ۔

Roofless : (a) (۱) بے چھت کا : غیر سقف ۔ (۲) دیکھو Homeless ۔

Rooflet : (n) چھوٹی چھت ۔

Roofy : (a) چھت دار : مسقف ۔

Rooinek : (n) [Du . 'Rood-e+neck'.] شمالی افریقہ کی طرف ہجرت کرنے والا برطانوی : Boerwar میں برطانوی سپاہی ۔

Rook : (n) [OE. 'Hroc'.] (۱) رُوک : ایک طرح کا کوا : غداف : غُراب القیظ : کلاغ (سیاہ) ۔ (۲) تاش کے کھیل میں بے ایمانی کرنے والا : تاش چور : ٹھگ : فریبی : جعل ساز ۔ (۳) بد لگام ، منہ پھٹ شخص کے لئے استعمال ھوتا ھے : دھوکا دینے والا (خصوصاً جوئے میں) ۔

Rook : (n) [OFr. 'Roc (k)'.] (شطرنج) رُوک : رُخ ۔

Rook : (v) رُخ سے بادشاہ کو شہ دینا : رخ بندی کرنا ۔

Rook : (v) فریب دینا : جعل سازی کرنا : دھوکا دینا (جوئے وغیرہ میں) (خصوصاً عامیانہ) ۔

Rook-pie : (n) ایک کھانا جو کلاغ کے گوشت سے تیار ھوتا ھے ۔

Rook-rifle : (n) چھوٹی دہانے کی بندوق ۔

Rookery : (n) [fr.'Rook (n) i + -ery .] (۱) درختوں کا جھنڈ جہاں کوے مل کر رہتے ہیں : کووں کی آبادی ، اڈا ۔ (۲) Seal یا Penguin کے جمع ھونے کی جگہ: سمندری چڑیوں کے رہنے کی جگہ ۔ (۳) جھونپڑیوں کا جھنڈ : معمولی لوگوں کے مکانات کی بہتات ۔ (۴) (بول چال) گڑبڑ : شور غل : ہنگامہ : جھگڑا : خلل : اضطراب : شورش ۔

Rookie : (n) (۱)مبتدی : نو آموز : رنگروٹ : فوج میں اولاً بھرتی ہونے والا ۔ (۲) ایتھلیٹک ٹیم کا نیا ممبر خصوصاً Base ball کا نیا کھلاڑی ۔

Rooklet/ Rookling : (n) چھوٹا سا روک : چھوٹا سا کوّا ۔

Rooky : (a) جہاں کووں کی کثرت ہو : کووں سے بھرا ہوا ۔

Room : (n) [OE. 'Runy'.] (۱) مقام : جگہ ۔ (۲) جائے سکونت : مکان : آرام کی جگہ ۔ وافر جگہ ۔ (۳) کمرا : کوٹھری ۔ (۴) (جمع) مکان : بڑے مکان کا ایک کمروں کا جوڑ : لا جنگ ۔ (۵) (مجازاً) کچھ کرنے کا موقع : کسی چیز کے لئے موقع : گنجائش : موقع ۔ (٦) کسی مقام، جگہ کا مخصوص حصہ : مخصوص حصہ یا علاقہ ۔ (۷) کسی عمارت کا اندرونی حصہ : چیمبر ۔ (۸) ایک کمرے میں جمع لوگ : کمپنی ۔ (۹) کوئلہ کان کے ستونوں کے درمیان کی جگہ ۔

In one's room : دوسرے کی جگہ پر : کسی کے مقام پر : بدل میں ۔

In the room of : بجائی : جگہ پر : اس کے بدلے ۔

No room to turn in / No room to swing a cat : تنگ و محدود جگہ ۔

To give room: جگہ دینا : واپس ہونا ۔

To make room : سرکنا : ہٹنا : جگہ کرنا :دوسروں کے لئے جگہ بنانا : جگہ خالی کرنا (دوسرے کو ہٹا کر) ۔

Room : (v) (۱)(امریکا) کمرہ لینا: لاج میں قیام کرنا ۔ (۲)رہنا :مقیم ہونا : مکان یا کمرا لے کر رہنا : دوسرے کے ساتھ کمرہ لینا ۔ (۳) (مہمان کو) ٹھہرانا : قیام کا انتظام کرنا: جگہ دینا۔

Room and board : (n) قیام و طعام ۔

Room and space : (n) (جہاز سازی) کشتی کے فریم کی ایک جانب سے دوسری جانب کی دوری ۔

Room clerk : (n) ہوٹل کا کرانی (جو کرایہ کے روم کا انچارج ہوتا ہے) ۔

Room-mate : (n) (امریکا) ایک ساتھ رہنے والا : ہم قیام: ایک ہی کمرے میں رہنے والا : شریک کمرہ : ہم منزل: ہم اطاق ۔

Roomage : (n) (امریکا) جگہ : مقام : مکان : جائے سکونت : ٹھہرنے کی جگہ : گنجائش : اندرونی وسعت ۔

Roomed : (a) (۱) اطاق دار : جائے سکونت والا : کمرے کا ۔ (۲) پر فضا : بزرگ : وسیع ۔

Roomer : (n) (مکان یا کمرا لے کر) رہنے والا : کرایہ میں رہنے والا : لاجنگ (Lodging) میں رہنے والا ۔

Roomful : (n) کمرہ بھر : پورے کمرے کے برابر : جتنا کمرہ میں سما سکیں : لوگ یا چیز جو کمرہ میں آ سکیں ۔

Roomie / Roomy / Roomies: (n) دیکھو Room-mate

Roomily : (adv.) وسعت کے ساتھ ۔

Roominess : (n) گنجائش : کشادہ ہونے کی حالت :وسعت : فراخی : بڑی گنجائش ۔

Rooming house : (n) لا جنگ : وہ جگہ جہاں کمرے کرایہ پر ملتے ہوں۔

Roomth : (n) (بول چال) جگہ خصوصاً کُھلی ہوئی : فراخ مقام : کشادہ جگہ ۔

Roomthy : (a) (۱) وسیع : کشادہ : فراخ : گنجائش : بڑا ۔ (۲) (مادہ جانور) بڑے جسم والی : مضبوط : طاقت ور ۔

Roomy : (a) دیکھو Roomthy

Roop : (n) [Var. of Roup (n).] گلو گرفتگی : آواز کا پھٹا یا بھرا ہونا : بھاری آواز ۔

Roopy : (a) (بول چال) (آواز) گلو گرفتہ : بھاری : بھرائی : بیٹھی ۔

Roorback / -bach : (n) [A. fictitious personal name.] (امریکا) غلط بیان یا بہتان : تہمت (سیاسی مقصد کے لئے گڑھا گیا) ۔

Roosa / Rusa : (n) [Hindi 'Rusa'.] ایک قسم کی ہندوستانی گھاس : روسا جس سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Roost : (n) [OE. 'Hrost'.] (۱) ڈربا : بسیرا (پرند کا) اڈا : بسیرے کی جگہ ۔ (۲) (مجازاً) سونے کی جگہ : بستر : سونے کا کمرہ : آرام کی جگہ : لا جنگ ۔ (۳) مرغی کا گھر : مرغی کا ڈربا ۔ (۴) پرندوں کی تعداد یا اجتماع جو ٹھہرنے کی جگہ بنا لے ۔

At roost : بستر میں : آرام سے ۔

Curses come home to roost : اپنا کو سا اپنے آگے آتا ھے ۔

To come home to roost : ایجاد کرنے والے کی طرف لوٹنا : چاہ کن را چاہ در پیش ھونا ۔

To go to roost : بستر پر لیٹ جانا : آرام کرنا ۔

To take roost : قیام پذیر ھونا : آرام کرنا : پرندے کا کسی شاخ وغیرہ پر اترنا ۔

Roost : (n) [ON. 'Rost'.] Shetland اور Orkney جوار اور بھاٹا جو جزیروں کے درمیان اٹھتا ھے ۔

Roost : (v) (۱) (پرند کا) بسیرا لینا : سونا : آرام کرنا ۔ (۲) سونے کا انتظام کرنا (کسی شخص کے) ۔ (۳) رات گزارنا : قیام کرنا ۔

Rooster : (n) (امریکا اور بول چال) مرغا : خروس ۔

Root : (n) [late OE.'Rot'.] (۱) میخ : جڑ : ریشہ : بُن ۔ (۲) جڑوں کا سلسلہ ۔ (۳) درخت نشیں (دوسرے درختوں پر چڑھنے والے) پودوں یا بیلوں کی جڑ ۔ (۴) پودوں کی جڑ جو کھانے میں آتی ھے (جیسے گاجر ، مولی ، شلجم وغیرہ) ۔ (۵) (بائبل) اولاد : بنیا د : اصل و نسب ۔ (۶) دانت یا اعضا کی جڑ : کسی چیز کا وہ حصہ جس سے وہ کسی بڑی چیز سے پیوست ھو ۔ (۷) منبع : سر چشمہ: اصل : جڑ : بنیان : پایہ ۔ (۸) بنیاد : اساس : مدار ۔ (۹)(معاملے کی) تہ : اصلیت ۔ (۱۰) (ریاضیات) جذر : قیمت : قدر ۔ (۱۱) (لسانیات) مادّہ (لفظ کا) ۔ (۱۲)(موسیقی) بنیادی سر ۔ (۱۳) کسی چیز کا لازمی حصہ : اصلی جڑ : اصلی بنیاد ۔

Adventitious root : (n) (نباتیات) اتفاقی جڑ ۔

By the root (s) : جڑ سے اکھاڑ دینا : پودے یا درخت کو پورے طور پر کھینچ کر ظاہر کرنے والا ۔

Cube root / Third- : دیکھو Cube (n) : ریاضی (کعب) ۔

Square root : (ریاضیات) جذر ۔

The root of the matter : اس کی اصلیت یہ ھے ۔

To lay axe to root : درخت کی جڑ کاٹ ڈالنا : (مجازاً) کسی ادارے کی بنیاد منہدم کر دینا ۔

To pull up by the roots : جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینا : (مجازاً) استیصال کر دینا ۔

To take root /-strike- : جڑ پکڑنا : (مجازاً) مستحکم ھو جانا : قائم ھو جانا : کسی جگہ پر مستقل سکونت اختیار کر لینا ۔

Root : (v) (۱) جڑ قائم کرنا : جڑ پکڑنا : جمانا :(بنیاد) مستحکم : گہرائی تک گاڑنا ۔ (۲) (پودا) مستحکم ھونا : جڑ پکڑنا ۔ (۳) (مجازاً) قائم ھو جانا : مستقل ھو جانا : مستقل بنیاد پر قائم ھونا ۔ (۴) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا : بیخ کنی: استیصال کرنا (مجازاً) ۔ (۵) جڑ سے اکھاڑنا یا اکھاڑ دینا : (مجازاً) : غارت کرنا : بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا : تباہ و برباد کر دینا ۔ (۶) بالکل ختم کر دینا : صاف کر دینا ۔ (۷) طاقت کے ذریعہ ہٹا دینا : بہ زور ایک جگہ سے گھسیٹنا ۔ (۸) شاخیں کاٹنا : جڑیں اکھاڑنا : جڑیں قطع کرنا ۔

Root : (v) [later form of 'Wroot'.] (۱) منہ یا چونچ سے زمین کریدنا (غذا کی تلاش میں) (نیز کیڑے اور مچھلیوں کی تلاش میں) ۔ (۲) تلاش کر لینا : ڈھونڈ نکالنا : جستجو کرنا : کریدنا : چھان مارنا : ٹوہ لگانا : تفتیش کرنا : راز جوئی کرنا : دریافت کرنا : معلوم کرنا ۔ (۳) (امریکا) (عام) ہمت دلانا : مدد کرنا : اظہار مسرت کرنا : تعریف کرنا ۔ (۴) کھودنا : کریدنا ۔ (۵) (مجازاً) تلاش کرنا : ڈھونڈ لینا ۔

Root absorption : (n) (نباتیات) بیخی جذب ۔

Root and branch : (n) بیخ و بن ۔

Root apex : (n) (تشریح) نوک بن (دندان) ۔

Root band : (n) (نباتیات) جڑ دار حصہ ۔

Root-beer : (n) (امریکا) جڑوں سے تیار کیا ھوا شربت : جڑوں کی شراب ۔

Root-climber : (n) (۱) ایک قسم کا پودا ۔ (۲) کسی چیز کی بنیاد : بنیادی شکل ۔ (۳) جڑوں کو نقصان پہنچانے والا ایک کیڑا ۔

Root fallacy : (n) بنیادی غلطی ۔

Root fly : (n) دیکھو Cabbage- fly

Root-form : (n) (۱) کسی چیز کی بنیادی شکل : اساسی شکل ۔ (۲) جڑ کو تباہ کرنے والا کیڑا ۔

Root hair : (n) (نباتیات) مو : بیخ : جڑبال ۔

Root-house : (n) (۱)(خصوصاً باغ میں)جڑوں سے بنا ہواخوبصورت مکان ۔ (۲) جڑوں کو رکھنے کا گھر ؛ مکان کا وہ حصہ جو اناج وغیرہ رکھنے کے لئے مخصوص ہو ۔

Root-leaf : (n) جڑ کی پتی ۔

Root-mean-square : (n) (ارضیات) جذر اوسط مربع ۔

Root-mean-square velocity : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) جذر اوسط مربع رفتار ۔

Root nodulus : (n) (نباتیات) گریك بیخ ؛ جڑ گومڑی ۔

Root of a mountain : (n) (ارضیات) دامنِ کوہ ۔

Root of equation : (n) (ارضیات) مساوات کی قیمت ۔

Root out : (v) (۱) استیصال کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ قلع قمع کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا ۔ (۲) جڑ سے کھودنا ؛ نکال پھینکنا ۔ (۳) جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ؛ بیخ کنی کرنا ۔

Root position : (n) (موسیقی) تار کا ایسی جگہ ہونا جہاں Re مدھم سُریں ہو ۔

Root pressure : (n) (نباتیات) بیخنی دباؤ ۔

Root rot : (n) (نباتیات) سوکڑا ؛ اکھیڑا ۔

Root-run : (n) جڑ کے بڑھنے کی جگہ ۔

Root shoot : (n) جڑ شاخ ۔

Root-stalk : (n) (نباتیات) جڑ ڈنٹھل ۔

Rootage : (n) (۱) جڑیں ۔ (۲) (کسی چیز کی) ابتداء ؛ بنیاد ۔

Rooted : (a) (۱) جڑوں والا ؛ بیخ دار ؛ ریشہ دار ۔ (۲) زمین میں لگایا ہوا ؛ زمین میں گڑا ہوا ؛ جڑ پکڑے ہوئے ۔ (۳)مضبوط ؛ مستحکم ۔ (۳) راسخ (عادت ، خیالات)۔ (۵) (بیماری ، عارضہ) کہنہ ؛ مزین ؛ شدید ؛ سخت ؛ بہت دن کا ۔ (٦) پھاڑا ہوا ؛ شکستہ ۔

Rootedly : (adv.) استحکام سے ؛ شد و مد سے ۔

Rootedness : (n) مضبوطی ؛ استحکام ؛ گہرائی ۔

Rooter : (n) (۱) جڑ سے اکھاڑنے والا؛ بالکل ختم کر دینے والا ۔ (۲)مخرب ؛ خراب کرنے والا ۔

Rootery : (n) جڑوں کا ڈھیر جس پر باغ کے پودے اگائے جاتے ہیں ۔

Rootiness : (n) جڑ کی خصوصیت ۔

Rooting : (n) (نباتیات) جڑ پکڑنا ۔

Rootless : (a) بے جڑ کا ۔

Rootlet : (a) (۱) بیخچہ ؛ چھوٹی جڑ ۔ (۲) پودے کی جڑ کی شاخ ؛ ذیلی جڑ ؛ ثانوی جڑ ۔ (۳) (اناج کا شعیرہ بنانے میں) بھگوئے ہوئے اناج کی چھوٹی جڑ؛ آنکور ۔ (۳)(تشریح) جڑ تار ؛ رگ کا ریشہ ۔

Rootlike : (n) جڑ نما ؛ جڑ مانند ۔

Rootstock : (n) (۱) (نباتیات) زمین ساق ؛ جذ ر ۔ (۲) جس کی جڑیں زمین میں پیوست ہوں ۔ (۳) اصلی شکل ؛ اساسی شکل ؛ اصل ؛ منبع ؛ سر چشمہ ۔

Rooty : (a) (۱) پر بیخہ ؛ بیخ ۔ (۲) جڑیلا ؛ جڑوں سے بھرا ہوا ؛ پٹا ہوا ۔ (۳) جڑ کا سا ؛ جڑ کی خصوصیت رکھنے والا ۔

Rooty : (n) (فوجی روزمرہ) روٹی ۔

Rope : (n) [OE. 'Rap'.] (۱) رسی ؛ رسن ؛ ریسمان ؛ رسا ؛ تار کی بٹی ہوئی رسی ؛ ڈوری ؛ طناب ؛ تانت ۔ (۲) لیس دار تہ جو بیئر ، شراب وغیرہ پر جم جاتی ھے ۔ (۳) پھانسی کی رسی ، تسمہ ، ڈوری جس میں گلے میں ڈالنے کے لئے حلقہ ہو ؛ پھانسی کا پھندا ۔ (۳) رسی نما ساخت ؛ طنابی شکل کی چیز ؛ فیتہ ۔ (۵) موتیوں وغیرہ کی لڑی۔ (٦) پیاز وغیرہ کا ہار ۔

A rope of sand : وہ چیز جس میں باندھنے کی طاقت نہ ہو ؛ جھوٹا سہارا ۔

On the high ropes : دیکھو High (a)

On the rope : ایك دوسرے سے رسے سے بندھے ہوئے (پہاڑ پر چڑھنے والے) ۔

The rope / Tight - : پھانسی کی رسی ؛ پھانسی کا پھندا ۔

The ropes : وہ رسیاں جن سے اکھاڑے کی باڑ بنائی جائے ؛ باڑ رسیوں کی ۔

To come to the end of one's rope : غلط کاری سے روك دیا جانا ۔

To give person rope (enough or plenty of rope) : ڈھیل دینا ؛ کافی یا بہت ڈھیل ہونا ۔

To give one enough rope to hang himself : اتنی ڈھیل دینا کہ انسان آپ ہی اپنی ہلاکت کا سامان کرے ۔

To give one rope : ڈھیل دینا ۔

To know the rope : کسی کام کے نشیب و فراز کو جاننا یا سمجھنا ۔

To learn, put one up to , the rope : معاملے کا نشیب و فراز سمجھنا یا سمجھانا ۔

Rope : (n) [OE.'Rop'.] (۱) (بول چال) آنتیں : انتڑیاں : اوجھڑی ۔ (۲) آنت : معدے کی نالی (عموماً جمع) ۔

Rope : (v) (۱) رسی سے باندھنا یا جکڑنا ۔ (۲) (پہاڑ پر چڑھنے والوں کو) ایک دوسرے کے ساتھ رسی سے باندھ دینا ۔ (۳) رسی سے کشتی کھینچنا : رسیوں سے مدد کرنا۔ (۴) رسی سے جگہ کو گھیرنا : رسی کی باڑ بنانا ۔ (۵)گھوڑے کو روکے رہنا تاکہ ہار جائے ۔ (۶) (آدمی کا دوڑ میں) خاص کر کے پیچھے رہ جانا ۔ (۷) (سیال شے پر) لیس دار تہ جم جانا ۔ (۸) رسیوں سے پکڑنا : جانوروں کو کمند سے پکڑنا ۔ (۹) پھندے یا جال میں پھانسنا ۔ (۱۰) کھینچنا : رسے کی صورت میں بانٹنا ۔ (۱۱) رسے کے سہارے چڑھ جانا : رسے کے ذریعے اترنا ۔

Rope-band : (n) Roband کی اشتقاقی شکل ۔

Rope-dancer : (n) (میکانیات)رسن باز : بازیگر: تنے ہوئے رسے پرنٹ کے کرتب دکھانے والا ۔

Rope-dancing : (n) بازیگری : رسن بازی : رسی کے اوپر رقص ۔

Rope-drill : (n) رسا قواعد (جس میں دو آدمی رسا تانتے ہیں اور یہ سپاہیوں کی صفت سمجھی جاتی ہے) ۔

Rope in : (v) پھانسنا : طرفدار بنانا ۔

Rope-ladder : (n) کمند : رسا سیڑھی ۔

Rope moulding : (n) بٹی ہوئی رسی کی شکل کا حاشیہ (دیوار وغیرہ کا) ۔

Rope of onions : (n) پیاز کا ہار ۔

Rope of sand : (n) جھوٹا سہارا ۔

Rope pump : (n) ایک رسا جس میں دو چرخیاں ہوتی ہیں ایک پانی میں اور دوسری کنویں کے اوپر اور اس رسے کو زور سے گھمایا جاتا ہے ۔

Rope quoit : (n) رسی کا کنڈل جس سے کھیلتے ہیں ۔

Rope-walk : (n) زمین کا لمبا سا ٹکڑا جس پر کھڑے ہو کر رسی بٹتے ہیں ۔

Rope-walker : (n) رسی پر چلنے والا نٹ ۔

Rope-walking : (n) رسی پر چلنا ۔

Rope-work : (n) (۱) رسی سازی کا مقام : وہ جگہ جہاں رسیاں بنائی جاتی ہیں : طناب کاری ۔ (۲) رسیوں کی ترتیب ۔

Rope-yard : (n) (۱) (خصوصاً جہاز رانی) سن : سوت وغیرہ جس سے رسی بٹی جاتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) بے حقیقت چیز ۔

Ropemanship : (n) رسے پر چلنے کی مہارت ۔

Roper : (n) (۱) رسی بنانے والا : رسی بانٹنے والا ۔ (۲) گانٹھ بنانے والا : رسی سے گٹھا کسنے والا ۔ (۳) (ریس) گھڑدوڑ میں گھوڑے سوار ہو کر اسے روکنے والا (جیتنے سے) ۔ (۴) (امریکا) کچے چمڑے کی کمند استعمال کرنے والا ۔ (۵) قمار بازی کے اڈے کا ٹھگ ۔

Ropery : (n) (۱) وہ جگہ جہاں رسی بنائی جائے: رسی بنانے کی جگہ ۔ (۲) دیکھو Rope-walk ۔

Rope's end : (n) (۱) رسی کے سرے کا کوڑا : رسی کا سرا خصوصاً رسی کے سرے کا ٹکڑا جو سزا کا آلہ ہوتا ہے ۔ (۲)پھانسی کا پھندا : تسمہ ۔

Rope's end : (v) کوڑا مارنا : (گھوڑے وغیرہ کو) چابک مار کر چلانا : کوڑے سے سزا دینا : پھانسی کا پھندا لگانا ۔

Ropily : (adv.) (۱) رسی کے طور پر : طناب کے طور پر ۔ (۲) لس دار ہوتے ہوئے ۔

Ropiness : (n) (۱) سن دار ہونا ۔ (۲) رسی نما ہونے کی حالت ۔

Roping : (n) رسی بٹنا : رسی بنانا ۔

Ropy / Rapey : (a) (۱) جس پر لس دار تہ جم گئی ہو ۔ (۲) طناب مانند : رسی نما ۔ (۳) رسی کی طرح مضبوط ۔ (۴)(بول چال) معمولی قسم کا : ادنیٰ : خراب ۔

Roquefort : (n) [Fr.'] بکری یا بھیڑ کے دودھ سے بنا ہوا فرانسیسی پنیر ۔

Roquelaure : (n) [Fr.] (تاریخ) مردانہ جبہ گھٹنوں تک لمبا : فرغل؛ لبادہ ۔

Roquet : (v) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنا ۔

Roquet : (n) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنے کا عمل ۔

Roqueted : (a) ایک گیند دوسری گیند کو مارا ہوا ۔

Roqueting : (n) ایک گیند سے دوسری گیند کو مارنا ۔

Roric : (a) (موسمیات) شبنمی ۔

Roridus : (a) (موسمیات) شبنم پوش ۔

Roris : (n) شبنم : اوس ۔

Rorqual : (n) [Fr.] : وہیل مچھلی جس کے پر (fin) پیٹھ پر ہوتے ہیں : وہیل مچھلی کا ایک قسم ۔

Rorschach : (n) (ہرمن رورس چاچ (۱۸۸۴-۱۹۲۲ء) کا نام : سوئٹزر لینڈ کا روحانی محقق جس نے نفسیاتی طور پر علاج کا طریقہ اپنایا ۔

Rorty / Raughty : (a) [Origin unkn.] (عام) مزیدار : پر لطف : عمدہ : شاندار : مسرت بخش ۔

Rosa : (n) (نباتیات) جنس گلاب ۔

Rosa grandiflora : (n) (نباتیات) نسترن ۔

Rosa Moschata : (n) (نباتیات) کوجا ۔

Rosace : (n) [Fr. f. 'Rose'.] (۱) گول کھڑکی جس میں پہیے کے دھروں کی طرح سلاخیں لگی ہوں۔ (۲) گلاب کی شکل یا نقش ۔

Rosaceae : (a) [L.] (نباتیات) گلابیہ : وردیہ ۔

Rosacean : (n) (نباتیات) گلاب کی قسم کا پودا : گلابیہ کی جنس کا پودا ۔

Rosaceous : (a) [L. 'Rosaceus'.] گلابی : گلاب نما : گلاب کی قسم کا ۔

Rosaniline : (n) (۱)(کیمیا) ایک اساس جو انیلین (Aniline) سے بنتا ہے ۔ (۲) سرخ رنگ جو اس سے بنایا جاتا ہے ۔

Rosarian : (n) [f.L. 'Rosarium'.] (۱) (نباتیات) گلاب کی کاشت کا شوقین : گلاب پرور : گلباز ۔ (۲) (رومی کلیسا) تسبیح خوانوں کی برادری کا رکن ۔

Rosarium : (n) [L.] گلستان : باغ گلاب : گلاب کا چمن ۔

Rosary : (n) [L. 'Rosarium '.] (۱) (تاریخ) ایک پینی کے برابر کا ایک اساسی سکہ (ایڈورڈ اول کے زمانے کا بنایا ہوا) ۔ (۲) گلاب کا باغ : گلاب کا چمن : گلاب کی کیاری ۔ (۳) رومی کلیسا کا ایک خاص وظیفہ ۔ (۴) اس وظیفے کی کتاب ۔ (۵) ۱۶۵ دانوں کی تسبیح جس پر یہ وظیفہ پڑھا جاتا ہے ۔

The lesser rosary : ۵۵ دانوں کی تسبیح ۔

Roscian : (a) [f. 'Quintus Roscius' a Roman actor.] رومی تماشاگر (ایکٹر) روسیوس (Roscius) کی طرح کا ۔

Roscius : (n) [L.] (پہلی صدی ق - م کے با کمال رومی تماشاگر کا نام) با کمال اور نامور تماشاگر : تماشا گر جو اپنے تئیں ایسا سمجھتا ہو ۔

Rose : (n) [L. 'Rosa'.] (۱) گلاب : ورد ۔ (۲) گلاب کی قسم کا کوئی اور درخت : گلاب کا درخت : گلاب کی جھاڑی ۔ (۳)(نقابت) گلاب کا نشان : گلاب کی شکل کا تمغہ وغیرہ ۔ (۴) گلاب کی شکل کا نقش (آرائش میں) ۔ (۵) پھول جو جوتے یا پادریوں کی ٹوپی پر بنا ہوتا ہے) ۔ (۶) جانور کے سینگ کی جڑ کا ابھار : پرند کی آنکھ کی پھکی ۔ (۷) سوراخ دار بند ٹوپی جو کیاری سینچنے کے ظرف کی ٹوپی پر لگاتے ہیں ۔ (۸) دیکھو Rose window ۔ (۹) دیکھو Rose diamond ۔ (۱۰)گلابی رنگ : چہرے کا سرخ رنگ : (خصوصاً جمع میں) سرخ رنگ کا چہرہ خصوصاً جوان عورت میں : گلگلوں چہرہ ۔ (۱۱) (انجینیئرنگ) بزادہ ۔(۱۲) وہ پھول جو خوبصورتی اور زیادہ سرخ ہونے کی وجہ سے ممتاز حیثیت رکھتا ہو ۔ (۱۳) معیار کمال : کامل نمونہ (کسی چیز کا) مجموعۂ کمالات : خیر مجسم : خصوصاً بہت زیادہ خوبصورت عورت : حسین و جمیل عورت ۔ (۱۴) (انگریزی تاریخ) سفید اور سرخ رنگ کا پھول جو یارک (York) اور لنکاسٹر (Lancaster) کے مکانوں کے علامت اور نشان تھے : ایک پارٹی جس کا نشان اس طرح کا تھا ۔ (۱۵) انگلستان کے علامت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۱۶) گلاب کے رنگ کا سیب، آلوچہ وغیرہ ۔(۱۷) (تعمیرات) دیکھو Rosette ۔ (۱۸) دیکھو Rose-nail ۔

Bed of roses : پھولوں کی سیج ؛ آرام کی زندگی؛ آرام کی نوکری ؛ آرام کی جگہ ۔

Crumpled rose leaf : رنگ میں بھنگ ۔

Damask rose : (نباتیات) گلِ محمدی ۔

Golden rose : گلاب کی شکل کا تحفہ جسے پوپ ، لنٹ (Lent) کے چوتھے اتوار کو دعا دے کر کسی بادشاہ وغیرہ کو بھیجتا ھے ۔

Oil of roses : دیکھو Rose-oil

Path strewn with roses : عیش و عشرت کی زندگی ؛ چین کی زندگی ۔

There is no rose without a thorn : راحت جو محال ہو ؛ بغیر تکلف کے آرام نہیں ۔

The rose : (طب) سرخ بخار ؛ حمرہ ؛ لال بخار ۔

The rose of : فلاں جگہ کی سب سے حسین لڑکی ۔

Togather roses / Life's roses : گلچھرے اڑانا ؛عیش منانا ؛ زندگی کا لطف اٹھانا ۔

Under the rose : نجی طور پر ؛ پوشیدہ طور پر ؛ رازدانہ۔

Wars of the roses : پندرھویں صدی میں انگلستان کے امراء کی خانہ جنگی جو Yorkists اور Lancastrian کے درمیان تھی ۔

White rose : (نباتیات) سیوتی ؛ نسترن ۔

Wild rose : (نباتیات) نسترن ۔

Yellow rose : (نباتیات) گل زرد ۔

Rose : (v) (۱) گلابی بنانا ؛ گلابی کرنا ؛ گلابی رنگ دینا ۔ (۲) گلاب کی طرح خوشبو دینا ؛ گلاب کی مہک ھونا ۔ (۳) (اون وغیرہ میں) کیمیاوی جز ملانا ۔

Rose : (a) گلابی ؛ گلاب کے رنگ کا ۔

Rose : (n) [Fr.] ہلکی گلابی شراب ۔

Rose acacia : (n) ایک امریکی پودا جس کے پھول گلابی رنگ کے ھوتے ہیں ۔

Rose-aniline : (n) دیکھو Rosaniline

Rose-aphis : (n) گلاب کے پودوں کا ایک کیڑا ۔

Rose-apple : (n) (۱)گرم ملکوں کا ایک درخت ؛ اس درخت کا پھل یا پھول ۔ (۲) (نباتیات) جامن ۔

Rose beetle : (n) کرم دانہ ؛ سونڈدار کیڑے جوغلہ ، پھل ، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں ۔

Rose-boy : (n) (۱) Oleander وغیرہ پودوں کو کہتے ہیں ؛ جنس رفل ؛ کنیر ؛ لال کنیر ۔ (۲) دیکھو Willow-herb ۔

Rose briar : (n) ایک قسم کا گلاب کا پودا ۔

Rose bud / Rosebud : (n) (۱) (نباتیات) گلاب کی کلی ۔ (۲) خوبصورت لڑکی ؛ حسین لڑکی ۔ (۳) (امریکا) نوجوان لڑکی ؛ لڑکی جو پہلے پہل صحبتوں میں آنا شروع کرے ۔

Rose bud mouth : (n) گلاب کی کلی کا سا منہ ۔

Rose-bug : (n) گلاب کا کیڑا ۔

Rose-burner : (n) گیس برنر کی ایک شکل جس میں گیس ایک سوراخ کے دائرے سے نکلتی ھے ۔

Rose-bush : (n) (۱) (نباتیات) گلبن ۔ (۲) گلاب پودا ۔

Rose-campion : (n) Lychnis جنس کا ایک خوبصورت پودا جس میں گلاب کی طرح کے پھول ھوتے ہیں ۔

Rose catarrh/ -cold : (n) (امریکا) ایک قسم کا بخار ۔

Rose chafter : (n) گلاب کا کیڑا ۔

Rose-colour : (n) (۱) گلاب کا رنگ ؛ گلگلوں شکل ۔ (۲) (مجازاً) اچھی حالت ؛ قابل اطمینان حالت ؛ امید افزا حالت ۔

Rose-colourd : (a) (۱) گلابی ؛ گلگوں ؛ گلابی رنگ کا ۔ (۲) (مجازاً) پر امید ؛ امید افزا ۔

Rose-comb : (n) کلغی (مرغ کی) ۔

Rose-cut / Rosecut : (a) گلابی تراش والا ۔

Rose-cut : (n) گلدار الماس ۔

Rose-diamond : (n) گلدار الحاس : نیم مدور ہیرا جس کی تکونی قاشیں ہوں ۔

Rose-drop : (n) (۱) جلد کا ایک مرض جس میں چتے پڑ جاتے ہیں ۔ (۲) مٹھائی یا لوز جس میں عطر گلاب کی خوشبو ہو ۔

Rose-ear : (n) کتے کا کان ۔

Rose-elder : (n) (نباتیات) گل دنبہ ۔

Rose-engine : (n) (میکانیات) خاکہ کش : خراد کے سرے پر گلاب کا ٹھپا (نقش بنانے کے لئے) ۔

Rose-fever : (n) (امریکا) Hay-fever کی طرح کا بخار ۔

Rose-fish : (n) دیکھو Red perch

Rose-fly : (n) دیکھو Rose-chafer

Rose-gall : (n) گلاب کے کیڑوں کے فضلہ ۔

Rose gall-fly : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Rose geranium : (n) ایک قسم کا گل شمعدانی جس میں گلاب کی خوشبو ہوتی ہے ۔

Rose-grab / -maggot : (n) ایک قسم کی تتلی جو گلاب کو خراب کر دیتی ہے ۔

Rose hip / Rose haw : (n) ثمر گلاب (خصوصاً جنگلی یا سفید گلاب کا پھل) ۔

Rose laurel : (n) دیکھو Oleander

Rose-leaf : (n) گلاب کی پنکھڑی : برگ گل ۔

Rose-lipped / -lip : (a) گلابی ہونٹوں والا ۔

Rose-mallow : (n) (۱) گل خطمی : گل خیرو۔ (۲) Hibiscus کی جنس کا پودا ۔

Rose manganese : (n) دیکھو Rhodonite

Rose-nail : (n) گل میخ : گل دار کیل ۔

Rose noble : (n) پندرھویں اور سولھویں صدی کا سونے کا سکہ جس پر گلاب کا ٹھپا ہوتا تھا۔

Rose-nozzle : (n) کسی پانی کے برتن کی ٹونٹی ۔

Rose of Jericho : (n) جنوبی مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ کا ایک پودا جس کی سوکھی پنکھڑیاں نمی پا کر کھل جاتی ہیں ۔

Rose of May : (n) سفید نرگس ۔

Rose of Sharon : (n) مشرق کا ایک پھول جو اب تک پہچانا نہیں گیا ۔

Rose oil : (n) گلاب کا تیل ۔

Rose-pink : (n) (۱) ایک قسم کا گلابی رنگ ۔ (۲) گلابی چہرہ : گلابی شبیہ ۔

Rose-pink : (a) (۱) گلابی : گلاب کی طرح کا ۔ (۲) (مجازاً) خوشنما : رنگین ۔

Rose pump : (n) پمپ جس کی بلی یا چھڑکا کنارا پھول نما ہوتا ہے۔

Rose quartz : (n) (معدنیات) گلابی گار: نیم شفاف قسم کا سنگ مروہ۔

Rose rash : (n) دیکھو Roseola

Rose-red : (a) گلاب کی طرح سرخ : گلابی ۔

Rose-red : (n) گلاب کی طرح سرخ کوئی چیز۔

Rose-root : (n) (نباتیات) ایک پودا جس کی جڑ سکھانے کے بعد گلاب کی خوشبو دیتی ہے ۔

Rose spot : (n) (طب) سرخ بادہ (بخار کی علامت) ۔

Rose-sprinkler : (n) پانی کے برتن کی سوراخ دار ٹونٹی جس سے پانی آسانی سے چھڑکا جا سکے ۔

Rose-tree /Rose tree : (n) گلاب کا پودا (خصوصاً درخت کی طرح سیدھے تنے والا) ۔

Rose vine : (n) (امریکا) چڑھنے والا گلاب : لت والا گلاب ۔

Rose-vinegar : (n) گلاب آمیز سرکہ ۔

Rose-water : (n) (۱) عرق گلاب : عطر گلاب ۔ (۲) (مجازاً) ہلکا ہاتھ (مثلاً Rose-water surgery) ۔ (۳) تصنع آمیز جذبہ یا نزاکت : پاکیزہ نفس ۔

Rose-window : (n) (کلیسائی تعمیرات) مور پنکھی گول کھڑکی جس میں پہیے کے دھڑوں کے سے خانے ہوتے ہیں : صدبرگ

کھڑکی : سورج مکھی کھڑکی ۔

Roseate : (a) [L. 'Roseus'.] (۱)گلابی : گلاب کے رنگ کا : گلاب کی شکل کا ۔ (۲) (مجازاً) خوشنما : رنگین : خوش ۔ (۳) رجائیت امیدانہ : امیدانہ ۔

Roseately : (adv.) (۱) گلابی رنگ میں ۔ (۲) خوشنما انداز میں ۔

Rosed : (a) ٹوٹی والا ۔

Rosehill / Rosehiller / Rosehill parakeet : (n) (حیوانیات) سرخ توتک : سرخ ٹوئیاں ۔

Roseless : (a) بے گلاب کا : بے رنگ : پھیکا : بے رونق ۔

Roselite : (n) [f. pref. G.'Rose'. a German mineralogist .] گلابی رنگ کا ایک معدن : روز یلائٹ ۔

Rosella : (n) دیکھو Rosehill

Rosella / Roselle / Rezelle : (n) (نباتیات) خبازی : سونچل ۔

Rosemary : (n) [L. 'Rose marinus'.] (۱) ایک قسم کی صدا بہار جھاڑی جس کے پتوں سے خوشبو بناتے ہیں اور بطور یادگار ایک دوسرے کو دیتے ہیں : نیز دوا کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں : (نباتیات) اکلیل کدمی ۔ (۲) (جمع میں) Rosemary کی ایک قسم ۔ (۳) دوسرے کے لئے سابقہ الفاظ ملا کر استعمال ہوتا ھے جیسے 'Golden', 'Spanish' , 'Wild rosemary' ۔

Roseo- : [L . 'Roseus'.] سابقہ بمعنی "گلی" "برگ سرخ" "گلگوں" ۔

Roseola : (n) [mod. L. f. 'Roseus + ola'.] (۱) (مرضیات) سرخ بادہ ۔ (۲) (طب) خسرۂ کاذب ۔

Roseolar / Roseolous : (a) خسرہ زدہ : مریض خسرہ ۔

Rosery : (n) گلستان : گلاب کا باغ : گلاب باغ : گلاب کا چمن ۔

Roset : (n) (۱) فیتے یا چمڑے کا گلاب (جو آرائشی کے کام آتا ھے) ۔ (۲) دیکھو Rosette ۔

Rosetta-wool : (n) جزائر شرق الہند کی تاریخی رنگ کی لکڑی ۔

Rosette : (n) [Fr.] (۱) فیتے یا چمڑے کا گلاب (جو آرائش کے کام آتا ھے) ۔ (۲) (تعمیرات) نقش گلاب (جو دیوار پر بنا دیتے ہیں) ۔ (۲) دیکھو Rose-window ۔ (۳) (نباتیات) گل اوراق : (حیوانیات) گل اعصا : گل بند : (حیاتیات) اعضا کا گلاب نما گچھا : گلاب کا سا نشان : گل ۔ (۵)دیکھو Rose-daimond ۔ (۶) گلاب کی شکل کی کوئی چیز : Rose-engine کی طرح کی کوئی چیز ۔ (۷)گلاب نما پیٹرن کا دائرہ ۔ (۸) قرص نما سطحیں جو پگھلے ہوئے تانبے پر بار بار پانی چھینٹنے سے بن جا تی ہیں ۔

Rosette copper : (n) قرس نما سطحیں جو پگھلے ہوئے تانبے پر پانی چھینٹنے سے بن جاتی ہیں ۔

Rosetted : (a) گل دار : پھولدار : (وہ چیز) جو نقش گلاب، فیتے وغیرہ کے آرائشی گلابوں سے آراستہ یا مزین ہو ۔

Roseus : (a) (نباتیات) گلابی ۔

Rosewood : (n) (۱) مختلف قسم کی خوشبودار لکڑی ۔ (۲) Convolvutus جنس کی معطر لکڑی ۔ (۲) جزائر غرب الہند کی مومی لکڑی ۔ (۳) آسٹریلیائی درختوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے ۔

African rosewood : (۱) مغربی افریقہ کا درخت ۔ (۲)اس درخت کی لکڑی ۔

Jamaica rosewood : ایک خوشبودار لکڑی ۔

Rosewort : (n) (جمع) Rosaceae کے لئے لنڈلے (Lindley) کا نام ۔

Rosicrucian : (n) [mod. L. 'Rosa crucis'.] (۱) روزی کروشی : سحر و نیز نجات کی اس انجمن کا رکن جو ۱۳۸۵ء میں ایک شخص Christian Rosenkreuz نے قائم کی تھی ۔ (۲)روزی کروشی عقیدہ ۔

Rosicrucian : (a) روزی کروشی کا یا اس سے متعلق :روزی کروشی کی سوسائٹی سے متعلق ۔

Rosin : (n) [Alteration of Resin (n).] (۱) رال : دھونا : صحیح ۔ (۲) (جمع) رال کی ایک قسم ۔

Rosin : (v) (۱) رال لگانا : دھونا ملناً : دھونا لیسنا ۔ (۲)(مجازاً) شراب بنانا (رال سے) ۔ (۳) شراب سے لطف اندوز ہونا: شراب کا عادی ہونا ۔

Rosinante : (n) [Sp. 'Rocinante' . name of the horse of Don Quinote .] معمولی گھوڑا : مریل گھوڑا : سواری کا معمولی گھوڑا : تھکا ہوا گھوڑا ۔

Rosin-oil : (n) رال کا تیل (جو مصوری میں کام آتا ھے) ۔

Rosin weed : (n) (امریکا) دیکھو Compass plant

Rosinous : (a) (کیمیا) رالی ؛ رال کا سا ۔

Rosiny : (a) رال جیسا ۔

Roslic : (a) [f. L. 'Rosa+ -ol + -ic'.] (کیمیا) روزولك ایسڈ ۔

Rosolic acid : (n) (کیمیا) دیکھو Aurin

Rosolio : (n) [It. Var. of 'Rosoli'.] ایك مفرح شربت جو جنوبی یورپ میں بنتا ھے ۔

Ross : (n) شمالی اسکاچستان کے ایك دیہات کا نام ۔

Ross : (n) [Scand- 'ros(rus)'.] چھال ؛ پوست ؛ درخت (خصوصاً امریکا) ۔

Ross : (v) (امریکا) چھال اتارنا ؛ درخت کی پوست ہٹانا ۔

Ross herald : (n) اسکاچستانی چھ نقیب شاہی میں سے کوئی ایك ۔

Rossing machine : (n) (میکانیات) پوست تراش کل ۔

Rostel :(n) [Anglicized f. 'Rostellum'.] (نباتیات) جڑی کونپل ۔

Rostelate / Rostelliform / Rostellar : (a) منقارچه دار ؛ منقارچه نما ۔

Rostellum : (n) [L. dim of 'Rostrum'.] (۱) (نباتیات) منقارچه ؛ منقار کوچك ۔ (۲) (حیوانیات) پوزۂ حشره ؛ منقارچه ۔

Roster : (n) [Du. 'Rooster'.] (۱) (فوج) نظام اوقات ؛ نقشۂ اوقات ۔ (۲) جدول ؛ اسمء جدول ؛ (خصوصاً کام کرنے والوں کی) فہرست ۔

Rostral : (a) [late L. 'Rostralis'.] (۱) (تعمیرات) منقاردار ۔ (۲)(حیوانیات) منقاری؛ چونچ کا ؛ منقار کا ۔ (۳)منقار دار (ستون) جس کا سرا رومی جہازوں کے منقار نما اگلی حصے سے مشابه ہو ۔

Rostral crown : (n) سنہرا تاج جو قدیم روم میں جہاز رانی کرنے میں انعام کے طور پر دیا گیا ۔

Rostrate : (a) [L.'Rostratus'.] (نباتیات و حیوانیات) منقار دار ؛ تھوتھنی والا ۔

Rostrated : (a) (۱) منقار دار (ستون) ۔ (۲)(حیوانیات) منقار دار ۔

Rostrifera : (n) منقار دار ۔

Rostriferous : (a) منقار دار ۔

Rostriform : (a) (حیوانیات) منقار نما ؛ چونچ نما ۔

Rostro - : سابقه بمعنی "منقار" "پوزه" ۔

Rostrulum : (n) [L.] (حیوانیات) پوزه پستو ۔

Rostrum /Rostra : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) جہازوں کا منقار نما اگلا حصه ۔ (۲) چبوتره جس پر سے تقریر کی جائے ؛ منبر ؛ ڈائس ؛ خطبه گاه ۔ (۳) خصوصاً گروه واعظان ؛ وعظ کرنے والے ؛ وعظ گوئی ۔ (۳) (مجازاً) ایسا عہده جس میں تقریر کرنے کا کام ہو ۔ (۵) (قدیم روم) دیکھو Beak ۔ (۶) منقار نما شکل کا گھوا ۔ (۷) (حیوانیات و نباتیات) منقار ؛ تھوتھنی ؛ چونچ ؛ پوزۂ دہن ۔

Rosula : (n) [L.] (نباتیات) گلاب ؛ گلا بچه ؛ برگ گل ۔

Rosulate : (a) [f. Late L. 'Rosula'.] برگ گله؛ برگ گل نما (وه پتیاں جو گلاب کی پتیوں کی طرح گھنی اگی ہوں) ۔

Rosy : (a) (۱) گلابی ؛ گلگلوں ؛ گلفام ؛ گل رنگ ؛ لعل فام ۔ (۲) آدمی کے متعلق کہا جاتا ھے (خصوصیات اور اچھی صحت کے لئے) ؛ شگفته ؛ چہرے پر سرخی دوڑنا ۔ (۳)اچھی؛ امید افزا (حالت) ؛ (وقت) روشن ؛ پر امید ۔ (۳) جس میں گلاب کی خوشبو ہو ؛ گل بو ۔ (۵) پر گل ؛ گلدار ؛ پھولدار ۔ (۶) گلاب کی طرح ؛ خصوصاً گلاب کی خوشبو کی طرح ؛ خوشبودار (گلاب) ۔ (۷)شراب کے لئے ایك عامیانه اصطلاح ۔

Rosy cross : (n) روزی کروشی فرقے کا نشان ۔

Rosy drop : (n) (طب)زیاده شراب پینے کی وجه سے منه پر ورم آجانا ۔

Rosy-fingered : (a) گلگلوں کی انگشت (طلوع سحر کی صفت کے طور پر آتا ھے) ۔

Rot : (n) [Scand. Origin.] (۱) سڑنا ؛ سڑنے کی حالت ؛ گلنے کی حالت ۔ (۲) (طب) سڑاند ؛ تعفن ؛ بدبو ؛ عفونت ؛ بساند ؛ بوسیدگی ۔ (۳) (بیطاری) جگر کی بیماری جو بھیڑوں کو ہو جاتی ھے ؛ فساد جگر ؛ اس بیماری کی ایك خاص شکل ۔ (۳) مہمل بات؛ فضول بات ؛ حماقت کا کام؛ نا معقول حالت ؛ فضول چیز ۔ (۵) (کرکٹ) ایك طرف کے سب کھلاڑیوں کا جلد از جلد آؤٹ ہو جانے کا عمل ؛ جلدی جلدی قتل عام ۔ (۶) (ثمبر) گھُن ۔ (۷)(آدمی میں) متعفن بیماری ۔

White rot : ایک قسم کا پودا ۔

Rot : (v) [Oe. 'Rotian'.] (۱) سڑنا : گلنا : بگڑنا : خراب ہونا ۔ (۲) (مجازاً) گھن لگ جانا : انحطاط ہونا : ناقص ہونا: روبہ تنزل ہونا : اخلاقی پستی کا ہونا ۔ (۳) (قیدی کا قید میں) سڑنا : پڑے پڑے گلنا ۔ (۴) سڑانا ۔ (۵) (عام) کھیل بگاڑنا : معاملہ خراب کرنا : سڑانا : گلانا : خراب کرنا ۔ (٦) چھیڑنا : ستانا : منانا ۔ (۷) طعن آمیز گفتگو کرنا : جلی کٹی باتیں کرنا ۔ (۸) بکواس کرنا : فضول گفتگوکرنا ۔ (۹) (بھیڑ کا) فساد جگر ہونا ۔

Rot-gut / Rotgut : (n) آمیز شراب : (امریکا) معمولی وہسکی : ادنیٰ قسم کی شراب ۔

Rota : (n) [L. 'rota'.] (۱)جے ۔ ہیرنگٹن (J. Harrington) کا ۱۶۵۹ء میں قائم کیا ہوا سیاسی کلب جس میں سرکاری آفسوں میں دوری تغیر ہونا چاہیئے: نیز اس قسم کی سوسائٹی۔ (۲) (آدمیوں کا) دور : گردش : فرائض کا نظام اوقات۔ (۳) دیکھوRoster ۔ (۴) باری کا نقشہ (جس میں سپاہیوں کے فرائض جو وہ باری باری انجام دیتے ہیں درج ہوں) ۔ (۵) عدالت عالیہ (کلیسائی و ملکی) : کلیسائی عدالت عالیہ ۔ (٦) (میکانیات) پہیا ۔

Rotaceous : (a) (حیاتیات) پہیا نما ۔

Rotal : (a) [Late L. 'Rotalis'.] (۱) پہیا کا پہیا دار ۔ (۲) گردشی : دائری : دائری حرکت سے متعلق ۔ (۳) کلیسائی عدالت اعلیٰ سے متعلق ۔

Rotalian : (n) [f. mod. L. 'Rotalia'.] Rotalia جنس کا سوراخ دار پودا ۔

Rotalian : (a) Rotalia جنس سے متعلق ۔

Rotarian : (a) Rotary کلب سے متعلق ۔

Rotarian : (n) Rotary کلب کا رکن ۔

Rotarianism : (n) روٹری کلب کے اصول ۔

Rotary : (a) [late L. 'Rotarius'.] (۱) گردشی : محوری : دوری : گردش : محور کا : دائری ۔ (۲) باری باری گھومتے ہوئے: گرداں ۔ (۳) عالمگیر سوسائٹی کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ھے ۔

Rotary : (n) (۱)(میکانیات)دوار مشین یا آله : گروند ۔(۲) ایک عالمگیر سوسائٹی جو شکاگو میں ۱۹۰۵ء میں قائم ہوئی اور جس کا مقصد بنی نوع انسان کی خدمت ھے اور جس کی کئی بین الاقوامی شاخیں ہیں ۔

Rotary club : (n) روٹری کلب : ایک عالمگیر سوسائٹی جو شکاگو میں ۱۹۰۵ء میں بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے قائم ہوئی ۔

Rotary engine : (n) (انجینیئرنگ) دوار انجن : گروند انجن ۔

Rotary machine : (n) دوار مشین : گروند مشین ۔

Rotary polarisation : (n) (بصریات) گرداں تقطیب ۔

Rotary power : (n) (بصریات) گرداں طاقت ۔

Rotatable : (a) گردش پذیر : قابل گردش : جو باری باری ہو سکے ۔

Rotate : (a) [f. L. 'Rota'.] (نباتیات) پہیا نما : چاک کی شکل کا: چرخ نما : دو لابی چرخی ۔

Rotate : (v) [f. L. 'Rotat' , 'Rotate'.] (۱) محور کے گرد گھومنا : مر کز کے گرد گھومنا : گردش کرنا ۔ (۲) سپاہیوں کی باری مقرر کرنا : باری باری کرنا یا ہونا ۔

Rotating : (a) دوار : گردشی : گھومتا ہوا ۔

Rotating beacon : (n) (ریڈیو) گھومتا منارہ ۔

Rotating field : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) دوار میدان ۔

Rotating mirror : (n) (بصریات) گردشی آئینہ ۔

Rotation : (n) [L. 'Rotationem'.] (۱) مرکز کے گرد گھومنا : محوری گرد ش۔ (۲) گردش : دور : چکر ۔ (۳) باری باری ہونا: دور ۔(۴)تحویل ۔ (۵)(زراعت) دورہ : دور ۔ (٦)رجوع: مادہ: تکرار : تواتر : متواتر سلسلہ یا مدت ۔ (۷) لوگوں کے فرائض کا باضابطہ اور متواتر سلسلہ۔ (۸) (زراعت) فصلوں کا ہیر پھیر ۔

By rotation /In- : ترتیب وار : یکے بعد دیگرے : باری باری سے : دوری طور پر ۔

Optional rotation : (بصریات) مناظری گردش : تقطیبی گردش ۔

Rotational : (a) محوری گردش : باری باری کا : گردشی : دوری : ہیر پھیر کا ۔

Rotational chair : (n) (نفسیات) گردشی کرسی ۔

Rotational inertia : (n) (طبیعیات) گردشی جمود ۔

Rotational of crop : (n) (زراعت) فصلوں کا ہیر پھیر : باری باری کی؛ کھیت میں باری باری سے مختلف چیزیں بونا ۔

Rotation of watering : (n) (زراعت) گردشی آبپاشی ۔

Rotation perception : (n) احساسِ گردش ۔

Rotation table : (n) (نفسیات) گردشی میز ۔

Rotative : (a) [f. L. 'Rotare'.] (۱) گرداں : دوار : گردشی : گھومتا ہوا ۔ (۲) گردشی محور کا : باری باری کا ۔ (۳) بار بار ہونے والا : مکرر : متواتر : باز گر : راجبه ۔

Rotatively : (adv.) باری باری کے طور پر : گردشی انداز میں : گھومتے ہوئے۔

Rotativism : (n) استبدادی نظام سلطنت کی حمایت : ایسے مطلق العنان نظام سلطنت کی حمایت جس میں حکمراں اشخاص یا جماعتیں آپس میں سمجھوتہ کر کے حکومت کرتی ہیں یا حکومت سے علاحدہ ہو جاتی ہیں لیکن عوام کی خواہشات کا اس میں کوئی دخل نہیں ہوتا ۔

Rotativist : (n) استبدادی نظام سلطنت کا حامی : جس میں اشخاص یا جماعتیں آپس میں سمجھوتہ کی بنیاد پر حکومت کرتی ہیں یا حکومت سے علاحدہ ہو جاتی ہیں اور جس میں عوام کی خواہشوں کا خیال نہیں کیا جاتا۔

Rotator : (n) [L. 'Rotare'.] (۱) (تشریح) عضلۂ دوار : گھمانے والا : وہ پٹھا جس کی مدد سے کوئی عضو گھومتا ھے ۔ (۲)گھومنے والا آلہ : گھومنے والا پرزہ : گھومنے والا حصہ (کسی چیز کا) : دوارہ : گردشیہ : روٹیٹر ۔ (۳)دیکھو Rotifer ۔

Rotatorian : (n) دیکھو Rotifer

Rotatory : (a) دیکھو Rotative

Rotatory : (n) دیکھو Rotifier

Rotatory dispersion : (n) (روشنی) گرداں انتشار ۔

Rotatory polarisation : (n) (بصریات) گرداں تقطیب ۔

Rotatory power : (n) (طبیعیات ، کیمیا) گرداں طاقت : گردش نوعی ۔

Rotche / Rotch / Roach / Rotachie : (n) [Later form of Du. 'Rotge'.] (حیوانیات) ایک قسم کا چھوٹا بحری پرند (جوشمالی سمندر میں پایا جاتا ھے) : آک صغیر : اوج ۔

Rote : (n) [OFr. 'Rote'.] (تاریخ) سارنگی کی قسم کا باجا جو دور وسطیٰ میں رائج تھا ۔

Rote : (n) [Origin unkn.] (۱) عادت : محض رٹی ہوئی بات : حافظ جس میں سمجھ کی دخل نہ ہو : محض زبانی رٹا ہوا (بے سمجھے بوجھے) ۔ (۲) باضابطہ کاروائی : خاص معمولی: خاص بندھا ہوا کام ۔

By rote : (بے سمجھے بوجھے) رٹ کر : بنکانکی طور پر رٹنا : عادت کے مطابق ۔

Rote : (n) [Origin obsc.] (اب امریکا) موجوں کے تلاطم یا سمندر کی لہر کی غرش : سمندر کی پر شور آواز ۔

Rote : (v) (بے سمجھے بوجھے) رٹنا : دہرانا ۔

Rote reading : (n) رٹنا ۔

Rothein : (n) (طب) خسرہ کاذب : جرمن خسرہ ۔

Rother : (n) [OE. 'Hnoer'.] (۱) بیل : بیل کی قسم کا جانور ۔ (۲) (حیوانیات) بیل یا گائے ۔

Rothesay : (n) [late ME.] اسکاچستان کے ایک قدیم قلعہ کا نام ۔

Rothesay herald : (n) اسکاچستان کے چھ نقیب شاہی میں سے کوئی ایک ۔

Rotifera : (n) [mod. L. neut. pl. of 'Rotifer(us)'.] چھوٹے کیڑے کی ایک قسم جن کے اعضا پہیے کی طرح گھومتے ہیں اور تیرنے میں مدد دیتے ہیں: دوار حوینات: چرخی حوینات۔

Rotifer : (n) ایک چھوٹا کیڑا : دوار حوین : چرخی حوین ۔

Rotiform : (a) دیکھو Rotate

Rotl / Rotls / Artal / Artel : (n) [Arab 'Ratl'.] رطل (وزن کا پیمانہ) ۔

Rotograph : (n) [f. L. 'Rota+ -graph'.] (فوٹوگرافی) عکاسی طباعت : فوٹوگراف : طباعت بذریعہ فوٹوگرافی (جس میں مسودے وغیرہ کا عکس مسالے دار کاغذ پر ڈالا جاتا ھے) ۔

Rotonda : (n) [L. 'Rotondus'.] (۱) سب دیوتاؤں کا مندر ۔ (۲)گاڑی کا گول حصہ ۔

Rotor : (n) [Irrg. for 'Rotator'.] (۱) مشین کا گردش کرنے والا حصہ ؛ موٹر یا ڈائنمو کا گھومنے والا حصہ ۔ (۲)استوانہ گرداں ۔ (۳) (الیکٹرک انجینیئرنگ) دوارہ ؛ گردانہ؛ روٹر ۔

Rotor plane : (n) (ہوا بازی) دوار سطحہ (طیارہ) ۔

Rotor ship : (n) جہاز جو استوانہ گرداں سے چلے ۔

Rotor station : (n) (ہوا بازی) دوار سطحہ گا ہ ۔

Rotorscope : (n) (میکانیات) گردش بین ؛ تیز حرکت بین ۔

Rotors : (n) دواریات ۔

Rottan : (n) Ratton کا متبادل ۔

Rotten : (a) [ON. 'Rotinn'.] (۱) سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ؛ از کار رفتہ ؛ بوسیدہ ؛ بدبو ؛ عفونت دار ؛ متعفن ۔ (۲) جگر کی بیماری میں مبتلا ۔ (۳) (سیاسی ، معاشرتی یا اخلاقی حیثیت سے) ناقص ؛ خراب ؛ گندہ ؛ گھن لگا ؛ نکما ؛ ردی ۔ (۴) مستقیم ؛ ابتر (حالت) ؛ بیہودہ ؛ نامعقول (تجویز) ۔ (۵) (سبزی وغیرہ) خراب ؛ گندہ ؛ گلا ہوا ؛ متعفن ۔ (٦) (زمین ، مٹی وغیرہ) بہت ہی ملائم ؛ ریزناک؛ (ایسی چیز) جو وزن بڑھنے سے پس جائے ۔ (۷) (چٹان) جزوی تحلیل شدہ ۔ (۸) (مقامی) بھیگا ؛ تر ؛ نم ؛ گیلا ؛ مرغوب ؛ بارانی ۔ (۹) کمزور ؛ ناتواں ؛ لاغر ۔ (۱۰) (عام) بہت ھی خراب حالت میں ؛ بیکار ؛ ردی ۔

Something is rotten in the State of Denmark : بڑی ابتر حالت میں ۔

Rotten-borough : (n) دیکھو Borough

Rotten egg : (v) کسی پر گندے انڈے پھیکنا ۔

Rotten-hearted : (a) گندہ صفت ؛ کاملاً فاسد ؛ فاسد دل والا ؛ رذیل صفت ۔

Rotten row : (n) ہائیڈ پارک (Hyde Park) کی ایک سڑک جس پر اونچے طبقے کے لوگ گھوڑے کی سواری کرتے ہیں ؛ اب عام طور پر The Row کہا جاتا ھے ۔

Rotten-stone/ Rottenstone : (n) (ارضیات) سنگ جلد ؛ ایک قسم کا چونے دار کنکر (دھات صاف کرنے کے کام آتا ھے) ۔

Rotten-stone : (v) سنگ جلد سے صاف کرنا یا پالش کرنا ۔

Rottenly : (adv.) بدبو دار طور پر ؛ متعفن انداز سے ۔

Rottenness / Rotting : (n) تعفن ؛ سڑاند ؛ گندگی ؛ بوسیدگی ؛ نکما پن ؛ ابتری ۔

Rotter : (n) [f. Rot (v).] (عام) نکما ؛ ناکار ؛ نالائق ؛ نامعقول آدمی ۔

Rotula : (v) [L. din of 'Rota'.] (۱) رضفہ ؛ چپنی کی ہڈی ؛ گھٹنے کی چپنی ۔ (۲) کہنی کی نوک ؛ بحری خارپشت کے جبڑوں کی شعاعی ہڈیوں میں سے کوئی ایک ۔

Rotular : (a) چپنی کی ہڈی سے متعلق ۔

Rotulet : (a) [L. 'Rotulus'.] چھوٹا طومار ؛ رجسٹر ۔

Rotund : (a) [L. 'Rotundus'.] (۱)(نباتیات)گول ؛ مدور ۔ (۲)دائرہ نما (منہ کی شکل بولتے وقت) ۔ (۳) ٹھسے دار (طرز گفتگو) ۔ (۴) گول مٹول (آدمی) ۔ (۴) پرآب و تاب ؛ پر صدا ؛ رواں ؛ خوش سخن ۔

Rotunda : (n) [L. 'Rotunda'.] (۱) گول شکل کی عمارت (اندر اور باہرسے) ؛ گول عمارت جس میں گنبد ہو ؛ گنبد دار ۔ (۲) گول کمرا یا ہال ۔ (۳) گول طرز تحریر ۔

Rotundate : (a) [L. 'Rotundatus'.] (۱) (نباتیات ، حیوانیات) گول ؛ مدور ؛ موٹا تازہ ۔

Rotundi- : [L. 'Rotundus'.] سابقہ بمعنی "گول" "مدور" ۔

Rotundifoliate / Rotundifolious : (a) (نباتیات) مدور برگ دار ۔

Rotundity : (n) [L. 'Rotunditas' , f. 'Rotundus'.] (۱) موٹا پا ؛ گولائی ؛ گول ھونا ؛ (طب) فربہی ۔ (۲) (ہندسہ) کرویت؛ گلائی ۔ (۳) مدرو عمارت ؛ گول بلڈنگ ۔ (۴)شوخیٔ زبان ؛ سریلاپن ۔ (۵) تکمیل عادت ۔

Rotundo- : جزو ترکیبی بمعنی "مدور" "گول" ۔

Rotundo-ovate : (a) بیضوی گول شکل کی ؛ بیضہ نما (لیکن گول) ۔

Roture : (n) [L. 'Ruptura'.] (۱) عامی حق ملکیت ۔ (۲) عامی عہدہ ۔

Roturier : (n) [Fr.] (۱) عامی ؛ معمول عہدے کا آدمی ؛ نیچے طبقے کا شخص ؛ طبقۂ عوام کا فرد ۔ (۲) (کنیڈا میں) وہ

شخص جو حقیقی ملکیت رکھتا ھو اور سالانہ کرایہ ادا کرتا ھے ۔

Roturier : (a) عوام سے متعلق ۔

Rouble : (a) [Russ. 'Rubli'.] (۱) روبل : ایک روسی سکہ (جنگ عظیم سے قبل چاندی کا روسی سکہ ، تقریباً ڈیڑھ روپئے کے برابر) ۔ (۲) کاغذی سکہ جو ۱۸۱۱ء کے چاندی کے روبل سے کم قیمت کا ھوتا ھے ۔

Roucou : (n) [Fr.'Ro(u) cou'.] (۱) جزائر غرب الہند اور جنوبی امریکا کا ایک درخت جس سے نارنجی رنگ بنایا جاتا ھے : اور رنگنے کے کام میں آتا ھے ۔ (۲) نارنجی رنگ جو اس درخت سے بنا ھو ۔

Roue : (n) [Fr. 'Rouer'.] بدکار : عیاش : تماش بین : رند ۔

Rouen : (n) [Fr.] شمالی فرانس کے ایک شہر کا نام : روآں ۔

Rouge : (a) [Fr.] سرخ : لال ۔

Rouge : (n) (۱) گلگلونہ : سرخ غازہ ۔ (۲) (کیمیا) رنگ نما سفوف (لوھے کے آکسائڈ سے تیار کیا ھوا ۔ (۳) (سیاسیات) انقلاب پسند ۔ (۴) Rouge et noir کے کھیل میں لال رنگ ۔

Rouge : (n) [Origin obsc.] (۱) کھینچا تانی : کش مکش : چھینا جھپٹی (بہت سے اشخاص کی خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں) : گتھم گتھا ۔ (۲) (رگبی فٹ بال) آگے کھیلنے والے کھلاڑیوں کا جمگھٹا جبکہ گیند پیچھے میدان میں ھو ۔ (۳) (آئین فٹ بال) حریف کو ملنے والے پائنٹ کا شمار ۔ (۴) کناڈی فٹ بال ۔

Rouge : (v) (۱) گلگلونہ ملنا : سرخ غازہ لگانا ۔ (۲) سرخ کرنا (چہرہ کو) ۔ (۳) (کیمیا) رنگ نما سفوف کو استعمال کرنا ۔ (۴) شرما جانا : شرم آنا : چہرے پر سرخی دوڑ جانا (شرم یا کسی دوسرے جذبے سے) ۔

Rouge croix / Rouge Dragon : (n) College of Arms انگلستان کے کے افسروں کا وہ لقب (ان کے بلا (Badge) کی وجہ سے کہا جاتا ھے ۔

Rouge et noir : (n) [Fr.] تاش کا ایک کھیل ۔

Rouge royal : (n) سرخی مائل بلجمی سنگ مرمر ۔

Rough : (n) [f. next] (۱) ناہموار : غیر مسطح زمین : کھردری زمین : سنگلاخ زمین ۔ (۲) نا ہموار زمین کا قطعہ خصوصاً درخت سے ڈھکا ھوا سیدھا ڈھلوان ۔ (۳) (گولف) وہ ناہموار زمین جو کھیل کے سرسبز میدانوں کے درمیان یا ان سے متصل ھوتی ھے ۔ (۴) لوھے کا گوکھرو جو گھوڑے کے نعل میں لگاتے ہیں : گھوڑے کے نعل میں لگانے والا لوھے کی نوکدار سلاخ ۔ (۵) بد نصیبی : سیاہ بختی : گردش : مصیبت : صعوبت : کلفت : اذیت : آزار : سختی : تکلیف : کڑی مصیبت : ناملائمت : تندی : خشونت ۔ (۶)جھگڑالو : دنگا فساد کرنے والا : بدمعاش : اوباش : بد رفتاری ۔ (۷) بیکار چیز (معدنی شے کے کام میں) ۔ (۸) فطری یا نامکمل حالت : خام حالت ۔ (۹) عام حیثیت : مجموعی حیثیت ۔ (۱۰) حالت طبیعی ۔

In the rough : نا مکمل حالت میں : خام حالت میں : ادھورا حالت میں : ناقص : ناتراشیدہ ۔

Rough : (a) [OE.'Ruh'.] (۱)ناہموار غیر مسطح: اونچا نیچا:(زمین) غیر مزروعہ : جو یکساں نہ ھو : جنگلی : پست و بلند ۔ (۲) کھر درا : کھر کھرا ۔ (۳) تند : شدید : سخت : زور کا: تند و تیز : پر جوش : ہیجانی : والہانہ ۔ (۴)طوفانی: موجزن : طوفان خیز : مواج : متلاطم ۔ (۵) سخت : نا ملائم (الفاظ) : شدید : بد نما : بد منظر ۔ (۶) دنگئی : فسادی۔ (۷) سخت (برتاؤ) : تشدد آمیز ۔ (۸) کرخت : ناخوشگوار۔ (۹) نامکمل : ناتمام : موٹا (کام) ۔ (۱۰)ابتدائی : جو ابتدائی حالت میں ھو ۔ (۱۱) (زبان ، شخص وغیرہ) ان گھڑ : ناتراش : سیدھا سادہ : بدوی : غیر مہذب : غیر متمدن ۔ (۱۲) کام چلاؤ : بے مہارت : غیر شریفانہ ۔ (۱۳) تخمینی : اندازے پر مبنی ۔ (۱۴)ننگا : بے کپڑوں کے : بے ساختہ : خام : سادہ : نا مکمل : نا تمام ۔ (۱۵) مسودہ ۔ (۱۶) (کپڑا) ادنیٰ : معمولی : موٹا : کھردرا ۔ (۱۷) بال دار : روئیں دار : جھبرا : لمبے موٹے بالوں والا ۔ (۱۸) (خصوصاً بھیڑ) جس کے بال بہت بڑھے ھوئے اور مدت سے نہ کٹے ھوں ۔ (۱۹) (بول چال) سخت گیر : جابر : بے درد : بے مہر ۔ (۲۰) (آواز) ناموافق : ناساز : کرخت : ناگوار ۔ (۲۱)(قواعد) مخلوط ۔ (۲۲) (جام، شراب) (مزہ میں) تیز : چرپڑا : چر چرا ۔ (۲۳) بے صیقل : بے جلا : بے روغن : بے چمک : جس میں نفاست یا لطافت نہ ھو : بھدا: ناقص : بہت اچھا نہیں ۔ (۲۴) ناقابل : نا اہل : نا لائق: معذور: نا ہنجار : بد خلق : تند خو ۔

Book with rough edges : کتاب جس میں کاغذ کے کنارے برابر نہ کٹے ھوں ۔

Gave him a lick with the rough side of my tongue : سخت سست کہنا : خوب خبر لی ۔

Horse has rough paces : گھوڑا اس طرح چلتا ھے کہ سوار کو جھٹکا لگتا ھے : نا ہموار چال سے چلتا ھے ۔

In the rough leaf : پہلی کھردری پتی نکلنے کی منزل میں۔

It is rough luck/ It is rough on (person) : بیچارے کی بد قسمتی ھے۔

The rough and the smooth : زندگی کے نشیب و فراز ؛ اونچے نیچے۔

The rougher sex : نر ؛ مذکر ؛ نرینہ۔

To cut up rough : دیکھو Cut (v)

To have a rough time : مصیبتیں برداشت کرنا ؛ سختیاں سہنا۔

To ride roughshod : تحکم سے پیش آنا ؛ حکومت جتانا۔

Rough : (adv.) (۱) ناہموار طور پر ؛ سختی سے ؛ درشتی سے ؛ تندی سے ۔ (۲) بد تمیزی سے ؛ بیہودگی سے ۔ (۳) تخمیناً ۔ (۴) بھدے یا بھونڈے طریقے سے ۔

To lie (or sleep) rough : رات میں بستر کے بغیر سونا خصوصاً گھر کے باہر ۔

Rough : (v) [f. the adj.] (۱) گھمانا ؛ پھرانا ؛ الٹنا یا پلٹنا ؛ قلابازی کھانا ؛ اوپر کرنا یا چڑھانا ؛ کھینچنا ؛ چھیلنا ؛ کھرچنا ؛ ہموار کرنا ؛ جلا کرنا ؛ صیقل کرنا ۔ (۲) غیر مسطح کرنا؛ لہریں پیدا کرنا ؛ تموج پیدا کرنا یا ہونا (سطح آب کا) ؛ سکون میں خلل ڈالنا ؛ سکون میں خلل پانا ۔ (۳) گھوڑے کی نعل میں لمبی کیلیں وغیرہ جڑنا تاکہ اس کا پاؤں نہ پھسل جائے ۔ (۴) الٹی طرف ہاتھ پھیر کر کھڑا کرنا (پروں یا بالوں کو) ؛ بال کھڑے کرنا یا ہونا ۔ (۵) گھوڑے کو نکالنا ؛ سدھانا ؛ تربیت کرنا (گھوڑے کو) ۔ (٦) ابتدائی تجویز یا خاکہ تیار کرنا ۔ (۷) پیانو وغیرہ کے سُر ٹھیک کرنا (سرسری طور پر) ۔ (۸)جواہرات کو ابتدائی شکل میں تراشنا ۔ (۹) بد زبانی کرنا ؛ غیر مہذب زبان استعمال کرنا ؛ بد کلامی کرنا ؛ جھگڑالو پن کی باتیں کرنا ۔ (۱۰) بد تمیزی سے پیش آنا ؛ کسی کے ساتھ بے احترامی کرنا ۔ (۱۱) دست مالی کرنا ؛ تند خوئی کرنا ۔ (۱۲) مشکلات سے اٹا ہوا ہونا ؛ لڑائی پر تلنا ؛ تاؤ میں آنا ؛ غصہ کرنا ؛ رونگٹے کھڑے ہونا ۔ (۱۳) نا ہموار طور پر زندگی گذارنا؛ مصیبت کی زندگی گذارنا ۔ (۱۴) (جانور کو) خراب موسم میں باہر کھڑا رکھنا اور کم غذا دینا ۔ (۱۵)چھانٹ دینا ؛ چھیل دینا ؛ تراش دینا ۔ (۱٦) کسی پر اتارنا (غصہ) ناہموار طریقے سے ۔ (۱۷) (نا ہموار طور پر) وضع کرنا ؛تشکیل کرنا ؛ تخمیناً پلان بنانا ؛ اندازے کے طور پر نقشہ کھینچنا ۔ (۱۸) (تخمیناً) کھپانا یا اس کا کھپنا (مثال وغیرہ کو موقع سے)؛ خانہ پری کرنا (تخمیناً) ۔ (۱۹) برے طور پر(Flac) قیمہ کر دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔

To rough it : جوں توں زندگی بسر کرنا ؛ بری بھلی کاٹ دینا ۔

Rough-and-ready : (a) (۱) کام چلاؤ ۔ (۲) اختراع شدہ ؛ مکمل ؛ تکمیل شدہ ۔ (۳) سریع العمل ؛ زود تصمیم گیر ۔ (۴) ناہموار طور پر کام کرنے والا ۔

Rough-and-tumble : (a) (۱) بے ترتیب ؛ گڑ بڑ ؛ بے ضابطہ ؛ بے سلیقہ؛ ابتر ؛ پراگندہ ؛ بے نظم و ترتیب ۔ (۲) گھونسے بازی میں خلاف معمول طریقے کا عمل کرنے والا ۔ (۳)مار دھاڑ کرنے والا ؛ کھینچا تانی کرنے والا ۔

Rough-and-tumble : (n) (۱) ماڑ دھاڑ ؛ گتھم گتھا ؛ کھینچاتانی ؛ کش مکش ؛ اتفاقی لڑائی ؛ بے قاعدہ جنگ ؛ سخت مقابلہ ؛ سخت کوشش ؛ مہم ؛ کار نمایاں ؛ جو کھم ۔ (۲) مباحثہ؛ مناظرہ ؛ لڑائی خصوصاً مکا بازی ۔ (۳) اوٹ پٹانگ؛ بے سوچے سمجھے کام کرنا۔

Rough-and-tumble : (adv.) بے ضابطہ طور پر ؛ بے ضابطگی کے ساتھ؛ بے ترتیبی سے ۔

Rough ashlar : (n) (تعمیرات) ناتراشیدہ پتھر ۔

Rough-cast / Roughcast : (n) (۱) (دیوار) جس پر چونے کی استرکاری ہو ۔ (۲) نامکمل (تدبیر) ؛ ناقص ؛ نا تمام ؛ کھردرا ۔ (۳) طرح اجمالی ۔ (۴) بھدے طور پر بنایا ہوا ۔

Rough-cast : (n) (۱)چونے کی استرکاری ۔ (۲)استرکاری کرنے کاعمل ۔

Rough-cast : (v) (۱)استرکاری کرنا ۔ (۲) خاکہ بنانا ؛ قالب ریزی کرنا۔ (۳) ناہموار طور پر ڈھالنا ؛ بھدی شکل میں تیار کرنا ۔

Rough caster : (n) استرکاری کرنے والا ۔

Rough coat : (n) Lath پر کی پہلی تہ ؛ استرکاری کی پہلی تہ ۔

Rough coating : (n) معمولی خاکہ ؛ بے ڈھنگا قالب ریزی ۔

Rough comparison : (n) سرسری مقابلہ ۔

Rough copy (of pictures) : (n) (۱) سرسری نقل یا کاپی ۔(۲) دیکھو Copy .

Rough diamond : (n) (۱) ناتراشیدہ ہیرا ۔ (۲) (مجازاً) ایسا شخص

جو جوہر قابل رکھتا ہو مگر اس میں شائستہ اطوار نہ ہوں ۔

Rough draft : (n) مسودہ ۔

Rough-dry : (v) بغیر استری کے (کپڑے) سکھانا ۔

Rough-dry : (a) بے استری کے خشک کئے ہوئے (کپڑے) ۔

Rough estimate : (n) (معاشیات) سرسری تخمینہ ۔

Rough file : (n) وہ ریتی جس کی سطح زیادہ نا ہموار ہو : زیادہ نا ہموار سطح والی ریتی ۔

Rough-footed : (a) (۱) (حیوانیات) پاموز (پرند) ۔ (۲) (تاریخ) روئیں دار چمڑے کا جوتا پہنے ہوئے ۔

Rough-grind : (v) پہلی بار سان رکھنا : نا ہموار طور پر تیز کرنا : بے ڈھنگے طور پر سان چڑھانا ۔

Rough hearted : (a) بے حس : سنگدل : بے رحم : بے درد : کٹھور : قسی القلب : شقی القلب ۔

Rough-hew : (v) (۱) جیسا تیسا گھڑ لینا : بے ڈھنگے طور پر (لکڑی کو) چیرنا : پھاڑنا : جیسے تیسے (لکڑی) کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ (۲) جیسے تیسے سانچے میں ڈھالنا : نا ہموار طور پر ترتیب دینا ۔ (۳) سرسری طور پر عمل میں لانا : جیسے تیسے نفاذ کرنا ۔

Rough-hew : (a) (۱) جیسے تیسے گھڑا ہوا : نا ہموار طور پر تشکیل دیا ہوا : ناتراشیدہ ۔ (۲) (شخص) سیدھا سادا : غیر مہذب : غیر متمدن : غیر تربیت یافتہ : وحشی : کند : بے حس ۔

Rough-hound : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Rough house : (n) (امریکا) خلل : اضطراب : شورش : ہنگامہ : گڑ بڑ : شور و غل : نزاع : لڑائی : مار پیٹ ۔

Rough house : (v) شورش پیدا کرنا : خلل ڈالنا : اضطراب پھیلانا : گڑبڑ کرنا : شور و غل کرنا ۔

Rough integrator : (n) (انجینیئرنگ) نا ہمواری پیما ۔

Rough leaf : (n) (۱) پودے کی پہلی پتی جو کونپل کے بعد نکلے : بغیر پنکھڑیوں کا پتا ۔ (۲) بڑھنے کی منزل : جب اصلی پتیاں ظاہر ہونے لگتی ہیں ۔

Rough-legged : (a) روئیں دار پاؤں والا : پردار پاؤں والا (خصوصاً پرندہ) ۔

Rough-legged hawk : (n) پردار پاؤں والا شاہین : پر دار پاؤں والا شکرا ۔

Rough luck / Roughluck on (a person) : (n) بد قسمتی (کسی شخص کی) ۔

Rough mast : (n) مستول بنانے کے لئے مضبوط بلی ۔

Rough music : (n) (بول چال) (برطانیہ) شور وغل کے ساتھ نغمۂ شبینہ ۔

Rough neck : (n) (امریکا) بد تمیز آدمی : گنوار آدمی : بے ہنگم شخص : جھگڑالو شخص ۔

Rough neck / Roughnecked : (a) بدتمیز : گنوار : بے ہنگم : جھگڑالو : وحشی : غیر متمدن : جاہل ۔

Rough out : (v) صرف موٹے چھوٹے چارے پر گھوڑے کو روکنا ۔

Rough rice : (n) (نباتیات) دھان ۔

Rough-rider : (n) (۱) گھوڑے سکھانے والا یا سدھانے والا : بے سدھائے گھوڑے پر چڑھنے والا : چابک سوار : گھوڑے کو پھیرنے والا ۔ (۲) (قوانین) کمیشنڈ افسر جو گھڑ سوار ماسٹر کی مدد کرتا ہے ۔ (۳) (فوج) بے ڈھنگا گھڑ سوار ۔ (۴) نا خوشگوار کام میں مشغول رہنے والا : سرکش گھوڑے پر سوار ہونے والا ۔ (۵) (فوج) بے قاعدہ رسالے کا سوار ۔

Rough scuff / -scruff : (n) دیکھو Rough-neck

Rough-spoken : (n) بد زبان : درشت کلام ۔

Rough-stone : (n) ان گھڑ پتھر ۔

Rough stuff : (n) (۱) جوتے وغیرہ کے تلے کی چیز ۔ (۲) آخری استرکاری سے قبل کا ہلکا پینٹ ۔

Rough timber : (n) ناتراش چوبینہ ۔

Rough tongue : (n) بد تمیزی : بد زبانی ۔

Rough-tree : (n) (۱) (بحری) بادبان کے نیچے کی لکڑی : چوب روک : جو بہتی ہوئی لکڑیوں کے لئے بندرگاہ کے دہانے یا دریا میں بنا دیتے ہیں ۔ (۲) نا مکمل بلی خصوصاً وہ جس میں جہاز کا مستول وغیرہ بنایا جاتا ہے ۔

Rough-waller : (n) ان گھڑ پتھروں سے دیوار تعمیر کرنے والا ۔

Rough work : (n) (۱) تسوید : کچا کام ۔ (۲) تشدد : ایسا کام جس میں تشدد کرنا پڑے ۔

Rough-wrought : (n) نامکمل : نا تمام ۔

Roughage : (n) (۱)(نباتیات) موٹا جھوٹا چارہ : اناج یا دانے کا فضلہ۔ (۲) وہ شے جس سے پودوں کے ٹھوس حصے بنتے ہیں ۔ (۳) چوکر وغیرہ جسے قبض کشا کے طور پر استعمال یا جاتا ہے ۔

Roughen : (v) (۱) ناہموار بنانا : کھردرا بنانا : ناہموار کرنا یا ہونا : کھردرا کرنا یا ہونا : متلاطم ہونا : تند ہونا ۔ (۲) خراب حالت میں لانا ۔ (۳) (گھوڑے کو) نکالنا: نعل ٹھوکنا (گھوڑے میں) ۔ (۴) (مجازاً) غصہ دلانا: بر افروختہ کرنا : بر ہم کرنا : پریشان کرنا ۔ (۵) نا مناسب ہونا : نا ہموار ہونا : خراب ہونا : برا ہونا ۔

Roughing : (n) (۱) ناہموار بنانے کا عمل : کھردرا کرنے کا عمل ۔ (۲) سرسری طور پر تیار کرنے کا عمل : ابتدائی طریقے سے پیش آنا ۔ (۳) سخت حالات زندگی گذارنا : مصیبت و پریشانی ۔

Roughings : (n) [a var. of 'Rowen'.] پچھیتی گھاس : فصل کے بعد کی گھاس ۔

Roughish : (a) تقریباً نا ہموار : کچھ غیر درست : کسی قدر نا مکمل : کھردرا سا : نا ہموار سا : نا قص سا : نا تمام سا ۔

Roughly : (adv.) (۱) نا ہمواری کے ساتھ : کھردرے طور سے : سرسری طور پر ۔ (۲) بد تمیزی سے : نا لائقی سے ۔ (۳) سختی سے : مصیبت کے ساتھ : جابرانہ ۔ (۴) تخمیناً : اندازے کے طور پر ۔ (۵) نا مکمل طور پر : ناقص حالت میں ۔

Roughness : (n) (۱) کھردراپن : نا ہمواری : نا ہنجاری : خشونت ۔ (۲) بد تمیزی : درشتی : سختی : بد رفتاری ۔ (۳) تندی: ہنگامہ خیزی : شدت ۔ (۴) بھونڈاپن : خامی ۔

Roughometer : (n) سڑک کی ناہمواری ناپنے کا ایک آلہ ۔

Roughshod : (a) (۱) (گھوڑا) جس کے نعل کی کیلیں باہر نکلی ہوئی ہوں ۔ (۲) گرنے سے بچنے کے لئے نعل میں ٹھونکنا ۔

To ride roughshod over : حکم چلانا : جبر سے حکومت کرنا : حکومت جتانا : تحکم سے کام لینا ۔

Roulade : (n) [Fr. f. 'Rouler'.] کئی سروں کا سرعت اور تناسب کے ساتھ اس طرح سے ادا ہونا کہ ایک ہی سر معلوم ہو : آواز میں لحن کی کشش ۔

Rouleau/ -eaus/ -eaux : (n) [OFr. 'Robl'.] (۱) طلائی سکوں کا استوانی شکل کا پیکٹ ۔ (۲) گول گچھا : چھوٹا گول پلندا : پیچ دار چکر ۔ (۳) (حیوانیات) انبار جسمیات خون ۔ (۴) دھاری دار شکل کی لیس یا فیتے کی کپڑے پر ٹکائی ۔

Roulette : (n) [Fr. 'dim of 'Roulette'.] (۱) ایک قسم کا جوا جو ایسی میز پر کھیلا جاتا ہے جس کا مرکزی حصہ گھومتا ہے ۔ (۲) (ہندسہ) شکل منحنی جو اس نقطہ سے بنائی جائے : دائرے میں دوسری گھومنے والی منحنی شکل پر واقع ہو ۔ (۳) بال میں گھونگر پیدا کرنے کا آلہ ۔ (۴)دندانے دار پہیا جو نقاشی میں کام آتا ہے : چرخ نقاشی : چرخ سنبہ ۔ (۵) گر دونیہ: بیلنی ۔ () ٹکٹ میں سوراخ کرنے کا آلہ : ایک سوراخوں کا قطار بنانے والا دندانہ دار مدور آلہ (ڈاک ٹکٹوں میں) ۔ (۷) رولیٹ ٹیبل کا مرکزی حصہ ۔ (۸) پلیٹ پر نقطہ دار لکیر بنانے والا ایک قسم کا آلہ ۔

Rouletted : (a) (ڈاک ٹکٹ) رولیٹ کے ذریعہ سوراخوں کی قطار بنایا ہوا ۔

Rouman : (n & a) [L. 'Romanus'.] رومانیہ سے متعلق : رومانوی ۔

Roumanian/ Rumanian : (a) دیکھو Rouman

Roumanian / Rumanian : (n) رومانیہ کا باشندہ : رومانوی زبان ۔

Roumeliote /Rumeliote : (n) [mod. Gr.'Roumeliotes'.] رومیلیا کا باشندہ ۔

Roumeliote : (a) رومیلیا کا یا اس سے متعلق ۔

Rounce : (n) [DU. 'Ronse'.] (۱) (طباعت) دستہ فرم بندی : دستۂ چھاپ مشین : راؤنس ۔ (۲) چھپائی مشین کی سیخ اور پہیا ۔

Rounce : (v) [Origin unkn.] متحرک ہونا : مرتعش ہونا : ہل چل مچانا : گھبرا دینا : پریشان کر دینا ۔

Rouncival : (n) ایک بڑی قسم کا مٹر : بڑا مٹر ۔

Rouncy : (n) [ME. 'Ronsi'.] گھوڑا خصوصاً سواری کا گھوڑا ۔

Round : (n) [Fr. 'Rond'.] (۱) گول چیز : دائرہ : حلقہ : گرہ : گانٹھ : قرص : دائرہ نما چیز : گروہ : حلقہ (لوگوں کا)۔

(۲) (سنگ تراشی) ٹھوس شکل (ابھرواں کام کی ضد)۔
(۳) گردش : گشت : چکر : محوری حرکت : سلسلۂ دور :
دورہ (معائنہ کے لئے)۔ (۴) محیط : حدود : وسعت :
حیطہ : میدان۔ (۵) (جمع) (فوج) طلایہ : فرادل : باڑہ :
فائر۔ (٦) (گولف) میدان کے کل سوراخوں میں ایک بار
گیند پہنچا دینا۔ (۷) ایک گیت جس میں چند ٹکڑے ہر
پھر کر آتے ہیں۔ (۸) دور : نوبت : چکر : گنبد۔
(۹) گردوں کا مسلسل محراب۔ (۱۰) گائے کے گوشت کا
ایک بڑا گول ٹکڑا : اکثر ہرن وغیرہ کی ران اور پٹھ کا
ایک ٹکڑا۔ (۱۱) (شراب کی کشید میں) شراب تیار کرنے
کا ایک برتن۔ (۱۲) سیڑھی کا ڈنڈا۔ (۱۳) چھوٹے سے
چوڑے پہیے کا دانت۔ (۱۴) گول سلاخ۔ (۱۵) (تعمیرات)
محراب نما ڈھلاؤ۔ (۱٦) لکیر اور گڈھا بنانے والا ایک
آلہ۔ (۱۷) لکڑی کی اصل شکل۔ (۱۸) سوت کا ایک گھماؤ
(جب ریل پر لپیٹا جائے)۔ (۱۹) دائرہ نما رقص : وہ
رقص جس میں رقص کرنے والے گول شکل میں گھومتے
ہیں : دائرہ وار رقص۔ (۲۰) (فوج) کسی افسر کے
ماتحت نگرانی (کیمپ، قلعہ وغیرہ کی) : ملٹری پٹرول:
معمولی گشت۔ (۲۱) ملاقات یا معائنہ کا سلسلہ۔
(۲۲) تین یا زیادہ آوازوں کے لئے گیت۔ (۲۳) شراب
کی مقدار جو تمام حاضرین کو بیک وقت دی جائے۔
(۲۴) بندوق کا ایک فائر یا گولے کا ایک فائر۔
(۲۵) (تاش) تمام کھلاڑیوں سے ایک دفعہ گھوم جانا۔
(۲٦) گشتی۔

A round of politicians : سیاست دانوں کا حلقہ یا گروہ۔

In the round : دائرہ میں : حلقہ میں۔

In all the round of Nature : تمام وسعت کائنات میں۔

News goes the round : خبر گشت کر رہی ہے۔

The daily round : کرۂ ارض۔

This earthly round : دور کا چکر لگانا : دور تک سیر کر کے واپس آ جانا۔

To go for a good round : خبروں کا گشت کرنا۔

To go the round / -pace- / -walk - : رات میں کیمپ، قلعہ وغیرہ کا معائنہ کرنا۔

To go the round : خبروں کا گشت کرنا۔

To make the round of : کسی جگہ کے گرد چکر لگانا۔

To walk one's round / take -/ go-: معمولی دورہ کرنا (خصوصاً معائنہ کے لئے)۔

Round : (a) (بحری) گھوم جانے کا عمل۔

Round : (a) [L. 'Rotundus'.] (۱) گول : مدور : کڑی : منحنی : استوانی : دائرہ وار : گردی : بیضاوی : گیند نما : کرہ نما : کرے کی شکل کا۔ (۲) پورا : سارا : مسلم : تمام : صحیح : کامل : تکمیل۔ (۲) مسلسل۔ (۳) ہموار : غیر ابھرواں۔ (۵) سادہ۔ (٦) سچا : راست : درست۔ (۷) کھرا : صاف صاف : صریح : واضح۔ (۸) بے کسر : بے خردہ: بے پردہ۔ (۹) پرزور : سخت۔ (۱۰) تمام عیار : مطلق فاحش۔ (۱۱) (کندھا) پیچھے کی جانب سے آگے کی طرف جھکا ہوا۔ (۱۲) (شخص یا جانور) موٹا تازہ : گداز : تنو مند : قوی : طاقت ور : با ہمت۔ (۱۳) (اعضاء) تندرست : صحیح و سالم۔ (۱۴) (لباس) گول۔ (۱۵) تمام مخارج میں شامل۔ (۱٦) (گھونسا بازی) (گھونسا) بازو کو گھما کر مارا ہوا۔ (۱۷) (روپیہ) معقول، کثیر۔ (۱۸) (آواز) گونجنے والی : بلند آواز کا: پر آواز۔ (۱۹) (حرکت) جلدی : تیز : پرزور : سخت : شدید۔ (۲۰) (شخص) جس میں مصالحت کی گنجائش نہ ہو : ناقابل مصالحت: بے آشتی : صاف بولنے والا۔ (۲۱) دلیر : جری : پر لے درجے کا : پہنا ہوا۔ (۲۲) (دعوٰی) قطعی : حقیقی : غیر مشروط : ناقابل۔

A (good) round pace : زور سے : تیزی سے۔

A round oath : صاف صریح حلف۔

A round style : رواں طرز بیان : کلام یا تحریر جس میں روانی ہو۔

A round sum : اچھی رقم : بڑی رقم۔

A round voice : ملائم آواز : نرم آواز۔

At a round trot : بہت تیزی سے : تیز رفتاری کے ساتھ۔

Be round with one : کسی کو کھری کھری سنانا : صاف صاف کہنا۔

In round numbers : (۱) سیدھے حساب سے : موٹے حساب سے (جس میں صرف دہائی ، سیکڑہ وغیرہ کی گنتی اور کسرات یا چھوٹے عدد چھوڑ دیں)۔ (۲) تقریباً : تخمیناً۔

Round : (adv.) (۱) دائرے کی حالت میں : دائرہ وار۔ (۲) گرد : چاروں طرف : آس پاس۔ (۳) سر سے آخر تک : آغاز سے انتہا

To come round : دیکھو Come (v)

To get round (a person) : پھسلانا : خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا : جُل دینا : جھانسا دینا : میٹھی میٹھی باتیں بنانا۔

To order the coach round : (اصطبل سے دروازے پر) گاڑی لانے کا حکم دینا۔

To send round the hat : دیکھو Hat

To show one round : کسی کو تمام چیزیں دکھلانا : قابل دید مقامات کی سیر کرنا۔

To sleep the clock round : بارہ گھنٹے یا چوبیس گھنٹے سونا : چار پہر ، آٹھ پہر سونا۔

To write book round a subject : کسی مضمون سے قریب کا تعلق رکھنے والی کتاب لکھنا۔

Round : (v) [OFr. 'Rondir'.] (۱) گول شکل کا بنانا یا بن جانا : دائرہ بن جانا : دائرہ نما بنانا : حلقہ بنانا۔ (۲) رندہ پھیر دینا : ہموار کر دینا : درست کر دینا : مکمل کر دینا۔ (۳)گھوڑے پر بیٹھ کر (مویشی کو) ادھر ادھر سے گھیر لانا : لوگوں کو گھیر کر پکڑنا۔ (۴) (راس وغیرہ کے گرد) چکر کاٹ کر گذرنا۔ (۵) (جہاز رانی) گھوم جانا۔ (۶) تکمیل کرنا : پورا کرنا : کامل کرنا : مکمل شکل میں لانا۔ (۷) کوتاہ کرنا : (اعداد میں) مختصر کرنا۔ (۸)ایک ساتھ کھینچنا (گول شکل میں) : پھیلانا (گول شکل میں)۔ (۹) ہونٹوں کو بند کر کے آواز نکالنا : (حروف علت کو) منہ گول کر کے ادا کرنا۔ (۱۰) (کتے کا کان) کاٹنا : کترنا : کتے کے کان چھوٹے کرنا۔ (۱۱)محدب بنانا : کروی بنانا : استوانہ بنانا۔ (۱۲)گول شکل میں بڑھانا : (دائرہ نما) وسیع کرنا۔ (۱۳)خوش اسلوبی سے بنانا (جملے) : صاف طور پر بنا دینا یا بن جانا (جملے)۔ (۱۴) کسی چیز کے ساتھ (جملے) ختم کرنا۔ (۱۵) مکمل دائرہ بنانا : چاروں طرف گھومنا : ہر چہار طرف سیر کرنا : گولائی میں گذرنا۔ (۱۶) چکر لگانا : گردش کرنا۔ (۱۷)گھیر لینا : احاطہ کر لینا : نرغہ میں لینا : شامل کرنا۔ (۱۸) محیط ہونا: گھیرے ہونا : گرد ہونا : چاروں طرف ہونا۔ (۱۹)دائرہ میں گھومنا : گول بنانا : پورے دائرہ میں بڑھنا۔ (۲۰) کوئی کام شروع کرنا۔ (۲۱)مارا مارا پھرنا: چاروں طرف گھومتے پھرنا (معائنہ کے لئے)۔ (۲۲)(بحری) ہوا کے رخ پر لا کر چھوڑ دینا۔ (۲۳)(عام) مخبر بن جانا : کسی کی مخبری کرنا۔ (۲۴)(شخص کا) مقابلے پر آنا (زجر و توبیخ کے ساتھ)۔ (۲۵) منحنی ہونا : کج کر دینا : جھکانا۔

Ruralist : (n) دیہات کا رہنے والا ؛ دیہات کا باشندہ ؛ کسان ؛ وہ شخص جو شہر پر دیہات کو ترجیح دے ۔

Rurality : (n) دیہاتی پن ؛ زرعی ہونا ؛ دیہاتی زندگی ؛ دیہاتیت ۔

Ruralization : (n) (معاشیات) دیہاتی بنانا ؛ دیہاتی ہونے کا عمل ۔

Ruralize : (v) [f. 'Rural'.] (۱)دیہات بنا دینا یا بن جانا. (۲)دیہات میں تبدیل کرنا یا کیا جانا ۔ (۳) دیہات میں جانا ؛ دیہات میں رہنا۔

Rurally : (adv.) دیہات کی حیثیت سے ؛ زرعی حیثیت سے ؛ دیہاتی پن کے ساتھ ۔

Ruridecanal : (a) [f. L. 'Ruri', com. f. 'Rus' + decanal.] دیہات کے کلیسائی حلقے کے پادری یا اس کی اقامت گاہ سے متعلق ۔

Ruritania : (n) وسط یورپ کی ایک خیالی سلطنت ۔

Ruritanian : (a) وسط یورپ کے خیالی سلطنت سے متعلق ۔

Ruritanian : (n) وسط یورپ کی ایک خیالی سلطنت کا باشندہ ۔

Rusa : (n) [mod. L.'] جزائر شرق الہند کا بڑا ہرن ؛ روسا ؛ جنس سانبر ۔

Ruse : (n) [Fr. f. 'Ruser'.] چکمہ ؛ چال ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ ترکیب ؛ دشمن کو دھوکہ دینے کی ترکیب ۔

Ruse : (a) حیلہ ساز ؛ چالاک ؛ چال باز ؛ لٹا ہوا ۔

Rush : (n) [OE. 'Risc (rix) and risce'.] (۱) (نباتیات) اَسَل ؛ ناگر موتھا ؛ سینٹھا (جس سے قلم ، کرسیاں وغیرہ بنتی ہیں) ۔ (۲) ذرہ ؛ حقیر شے ۔ (۳) Juncus کی مختلف جنسوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Not to care a rush / Not worth a rush : معمولی شے ؛ حقیر چیز۔

Sweet rush : (نباتیات) اَو خَر ؛ گور گیاہ ۔

Rush : (n) [Afr. 'Russher'.] (۱) دوڑ ؛ جھپٹ ؛ حملہ ؛ ہلاّ ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ حرکت شدید ؛ شدت ۔ (۲) ہجوم ؛ از دحام ؛ نرغہ (خصوصاً سونے کی کان پر) ۔ (۳) تصادم ؛ سابقہ ؛

Rush-candle : (n) سینٹھے کی مشعل (سینٹھے کو چربی میں ڈبو کر بناتے ہیں) ۔

Rush-grass : (n) (نباتیات) سوار : اریسا : ایک قسم کی گھاس ۔

Rush-grown : (a) سینٹھے سے پُر : پھیلے ہوئے (سینٹھے) ۔

Rush holder : (n) سینٹھے کی مشعل پکڑنے کا آلہ ۔

Rush hour : (n) (کاروبار میں) ہجوم کا وقت : ہلے کا وقت : گرم بازاری کا وقت ۔

Rush into : (v) تیزی سے داخل ہونا : زبردستی گھس جانا ۔

Rush into print : (v) مضمون یا کتاب جهٹ سے لکھ کر چھپوا دینا ۔

Rush light / Rush-light : (n) (۱) دیکھو Rush-candle ۔ (۲) (بغیر Article کے) سینٹھے کی مشعل کی روشنی۔ (۳)(مجازاً) کند ذہنی : محدود معلومات ۔

Rush-like : (n) سینٹھے کی طرح : سینٹھے کا سا ۔

Rush nut : (n) دیکھو Chupa

Rush-ring : (n) سینٹھے کا چھلا جو پہلے جھوٹ موٹ کی شادی میں دلہا دلہن کو پہناتے تھے ۔

Rush toad : (n) دیکھو Natter-jack

Rush wheat : (n) جنگلی گیہوں کی ایک قسم ۔

Rush work : (n) سینٹھے بُننے کا فن : سینٹھے کا ہنر ۔

Rushed : (a) سینٹھے اگا ہوا : بڑھا ہوا ۔

Rushen : (a) [OE. 'Riscen'.] سینٹھے سے بنا ہوا : ناگر موتھا سے بنا ہوا ۔

Rusher : (n) (۱) گھسیٹنے والا : ڈھکیلنے والا ۔ (۲) تیزی سے کام کرنے والا : جلد بازی کرنے والا : جلد باز اور طاقت ور آدمی ۔ (۳) بغیر غور و فکر کے کام کرنے والا : فوراً عمل کرنے والا ۔ (۴) فٹ بال کا وہ کھلاڑی جو گیند لے بھاگتا ھے ۔

Rusher : (n) ناگر موتھا سے کرسیاں بننے والا ۔

Rushing : (a) (۱)پر جوش: تند : تیز ۔ (۲)جلد باز : تیز مزاج : تندخو ۔

Rushingly : (adv.) پر جوش طور پر : تندی سے : تیزی کے ساتھ :

مبارزہ : (امریکا) سال اول اور سال دوم کے طلباء کے درمیان تصادم ۔ (۴) (امریکا) جُو : نہر : جوئبار ۔ (۵)(فٹ بال) کئی کھلاڑیوں کا گیند لے کر جھپٹنا : بلاّ ۔ (۶) کسی چیز کی بہت زیادہ مانگ : گرم بازاری ۔ (۷)(کروکٹ) زور سے راکٹ کی مار ۔ (۸) کسی مخصوص جگہ سے فوری ہجرت (بہت سے لوگوں کی)؛ اس قسم کی ہجرت کا منظر ۔ (۹) (جانوروں کی) شدید پیچش۔ (۱۰) (سنیما) (جمع) شوٹنگ کے وقت کی پہلی تصویریں ۔

With a rush : تیزی کے ساتھ : جلدی سے۔

Rush : (v) (۱) سینٹھا بکھیر دینا : ناگر موتھا پھیلا دینا ۔ (۲)باندھنا : مشروط کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) بے اہمیت چیز کو جمع کرنا ۔

Rush : (v) [Afr. 'Russher'.] (۱) ڈھکیلنا : گھسیٹنا : زبردستی لے جانا : کشاں کشاں لے جانا ۔ (۲) (فوج) ہلاّ کر کے لینا یا قبضہ کر لینا : حملہ کر کے لے لینا : حملہ کرنا ۔ (۳)(کسی جگہ سے) جھپٹ کر گذر جانا : زبردستی گھس جانا : تیزی سے داخل ہو جانا ۔ (۴) جھرمٹ کر کے قبضہ کر لینا : نرغہ کر کے چھین لینا ۔ (۵) بہت زیادہ قیمت وصول کرنا : ٹھگنا : اینٹھ لینا : جبر ، دھمکی یا خوشامد سے حاصل کر لینا ۔ (۶) جھپٹنا : تیزی سے آگے بڑھنا : عجلت کرنا : بے سمجھے بوجھے کر بیٹھنا ۔ (۷) تیزی سے بہنا ، گرنا ، پھسلنا یا لڑھکنا : تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۸) (Croquet) پر زور طور پر راکٹ چلانا ۔ (۹) (فٹ بال) گول کرنے کے لئے (بال) چھینا جھپٹی کرنا ۔ (۱۰) (شخص یا جانور) تیزی سے دوڑنا؛ دھکا دینا : پھینکنا ۔ (۱۱) (مجازاً) (کسی شخص پر) حملہ کرنا : آ پڑنا : ٹوٹ پڑنا : اچانک حملہ کرنا : حملہ ور ہونا ۔ (۱۲) (مجازاً) تعجیلاً وقوع میں لانا : جلدی سے قبل از وقت وقوع میں لانا ۔ (۱۳) تیزی سے گزرنا : عاجلاً سفر کرنا ۔ (۱۴) اچانک نظر آنا : اچانک نظر میں آنا ۔ (۱۵) کام کو جلدی اور اشتیاق سے انجام دینا ۔ (۱۶) خراب کرنا : شکست دینا : پیچھا کرنا ۔

Refuse to be rushed : کوئی کتنا ہی کہے مگر جلدی نہ کرنا : اطمینان اور سہولت سے کام کرنا ۔

Rush at : (v) حملہ کرنا ۔

Rush-bearing : (n) سینٹھوں کا تہوار : شمالی ملکوں کا ایک تہوار جس میں گرجے میں پہنچانے کے لئے سینٹھے وغیرہ اور دیواروں کو سجانے کے لئے ہار لے جاتے ہیں ۔

Rush bill through : (v) مسودۂ قانون کو جلدی جلدی منظور کرا لینا ۔

جلدی بازی سے ۔

Rushy : (a) (۱) سینٹھے کا بنا ہوا ۔ (۲) سینٹھے سے بھرا ہوا ۔ (۳)جہاں سینٹھے کثرت سے ہوں ۔ (۴) سینٹھے جیسا ۔

Rusk : (n) [Pg. 'Rosca'.] (۱) کلچہ : بڑا بسکٹ ۔ (۲) ایک قسم کا میٹھا بسکٹ ۔

Rusk : (v) بسکٹ کو ٹوسٹ کرنا : کلچہ بنانا ۔

Ruskin : (n) جان رسکن (جس نے عمرانی مسائل اور فنون لطیفہ پر کتابیں لکھی ہیں (۱۹۰۰ ۔ ۱۸۱۹ء) ۔

Ruskinese / Ruskinesque : (a) رسکن کے طرز کا ۔

Ruskinese / Ruskinesque : (n) رسکن کی سی عبارت : رسکن کا اسلوب بیان یا انداز ۔

Ruskinian : (a) رسکن کے انداز و اصول پر یا اس کے طرز پر ۔

Ruskinian : (n) رسکن کا پیرو ۔

Ruskinism : (n) فنون و معاشیات میں رسکن کے اصول و خیالات کا التزام یا لحاظ ۔

Ruskinite : (n) رسکن کا پیرو ۔

Ruskinize : (v) رسکن کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ۔

Rusma : (n) [Turk. 'Hirisma'.] دباغت میں بال اڑانے کی ایک دوا ۔

Russ : (n)[Russ.,'Ruse'.,native name of the people and country.] روسی زبان : روس کا باشندہ : روسی شخص ۔

Russ : (a) روسی ۔

Russell : (n) [Origin unkn.] رسل کی ڈوری والا کپڑا : ڈوری دار کپڑا (مخلوط سوت اور اون کا جو طالب علموں کے گون وغیرہ میں استعمال ہوتا تھا) ۔

Russell cord : (n) ڈوری والا کپڑا ۔

Russet : (n) [OFr. 'Rousset'.] (۱) گیروے یا بادامی رنگ کا ہاتھ کا بنا ہوا معمولی اونی کپڑا (پہلے دیہات کے لوگ استعمال کرتے تھے) : گیروے یا بادامی رنگ کی وردی ۔ (۲) سرخی مائل بھورا رنگ : اس رنگ کی تدریجی کیفیت ۔ (۳) سیب حنائی : سرخی مائل بھورے رنگ کے موٹے چھلکے کاسیب ۔

Russet : (a) (۱) گیروے یا سرخی مائل بادامی (رنگ) ۔ (۲) مختلف سیبوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) (لباس وغیرہ) گیروے یا بادامی رنگ کی کھادی کا بنا ہوا ۔ (۴) گھر کا بنا ہوا (کپڑا) ۔ (۵) دیہاتی : گنوار : سیدھا سادہ : گھریلو ۔ (۶) (جوتے وغیرہ) بھورا : کتھئی رنگ کا ۔

Russet : (v) بھورے رنگ کا بنانا ۔

Russet coat : (n) (۱)بادامی رنگ کی کھادی کا کوٹ ۔ (۲)سیب حنائی ۔

Russet-coated : (a) (۱) بادامی رنگ کی کھادی کا کوٹ پہنے ہوئے ۔ (۲) گنوار : دیہاتی : گھریلو ۔

Russeting : (n) حنائی سیب ۔

Russety : (a) گیروا : بادامی ۔

Russia : (a) [med. L., f. 'Russi'.] روسی : روس کا : روس کی طرز کا ۔

Russia : (n) روس: یونین آف شوسلسٹ سوویت ریپبلک (U.S.S.R) ۔

Russia leather : (n) روسی چمڑا : ایک قسم کا روغنی چمڑا جو جلد سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Russia matting : (n) روسی چٹائی : روسی بوریا ۔

Russian : (n) [med. L. 'Russianus'.] (۱) روس کا باشندہ : روس کا رہنے والا : روسی ۔ (۲) روسی زبان : روسی بولی ۔

Russian : (a) (۱) روسی : روس کا یا اس سے متعلق : روسی صفت : روسی باشندہ سے متعلق ۔ (۲) روسی زبان و ادب سے متعلق ۔

Russian roulette : (n) دکھاوے کی بہادری جس میں ریوالور کے ایک خانے میں گولی رکھ کر پیشانی کے نزدیک لے جاتے ہیں اور فائر کرتے ہیں ۔

Russianize : (v) روسی بنانا : روس کے آداب و اخلاق کے مطابق ڈھالنا ۔

Russification : (n) روسی بنانے کا عمل ۔

Russify : (v) (۱)دیکھو Russianize ۔ (۲) روسی زبان کو ترمیم کرنا ۔

Russism : (n) روسیت : روسی زبان کا اظہار ۔

Russki / Russky / Ruski : (n) روسی باشندہ : روسی ۔

Russniak : (n) [The native name 'Rusnyak'.] روس کو چك یا گلشیا کا باشندہ یا وہاں کی زبان : روسنیاك ۔

Russniak : (a) روس کو چك سے متعلق ۔

Russo- : جزو ترکیبی بمعنی "روس" اور روس کا "روسیہ" ۔

Russophile(e) /Russophilism : (n) روسی پالیسی کی حمایت کرنے والا : روس کا حمایتی : روس نواز : روس دوستی : روسی پالیسی کی حمایت ۔

Russophobe : (n) روس کی مخالفت کرنے والا : روسی پالیسی کا مخالف ۔

Russophobia : (n) (سیاسیات) روس ترسی : روس کا خوف : روس کی پالیسی کو نہیں ماننا ۔

Russophobian : (a) روس سے ڈرنے والا : روس کا غیر حمایتی ۔

Russophobism : (n) روس ترسی ۔

Russphobist : (n) روس ترساں : روس سے خوف کھانے والا : روس کی پالیسی کونہیں ماننے والا ۔

Rust : (n) [OE. 'Rust '.] (۱) زنگ : زنگ زدگی : مورچہ زنگار : پھپھوندی : کنگی ۔ (۲) (مجازاً) مخرب اثر : بد اخلاقی: بد اطواری : بد چلنی : فساد : خرابی ۔ (۳) پھپھوندی جو پودوں میں لگ جاتی ھے : پودوں کی ایك بیماری : (نباتیات) زنگ گیاہی : فطر زنگ ۔ (۴) بیکاری : بیحالی : تنبلی ۔ (۵) زنگ نما : زنگ کی طرح کا داغ ۔ (٦) زنگ کا رنگ ۔

Rust : (v) [ME. 'Rusten'.] (۱) (لوہا وغیرہ کا) زنگ آلود ہونا : زنگ لگ جانا ۔ (۲) پڑے پڑے بیکار ہو جانا : رکھے رکھے برباد ہو جانا ۔ (۳) (مورچے یا زنگ کا کسی چیز کو) کھا جانا ۔ (۴) کاہلی اختیار کرنا : بیکار ہو جانا ۔ (۵) زنگ کے رنگ کا ہو جانا ۔ (٦) (گیہوں وغیرہ کا) امس لگ جانا ۔ (۷) بد اخلاق ہونا : اخلاقی یا جسمانی خرابی کا ہونا ۔ (۸) (اناج کا) کیڑے وغیرہ سے متاثر ہونا ۔

To better wear out than rust : (بوڑھوں کو چستی کی تاکید کے طور پر کہتے ہیں) زنگ لگنے سے گھس جانا اچھا ھے ۔

Rust-cement : (n) سیمنٹ کی ایك قسم جو ہوا لگنے سے زنگ آلود یا سرخ ہو جاتی ھے ۔

Rust-fungi : (n) (نباتیات) فطرات زنگیہ ۔

Rust joint : (n) رَسٹ سیمنٹ کی جوڑ ۔

Rust mite : (n) ایك قسم کا کیڑا ۔

Rustic : (a) [L.'Rusticus'.] (۱) دیہات سے متعلق : دیہات کا : گاؤں کا ۔ (۲) دیہاتی : گنوارو : اکھڑ : نا تراشیدہ : اجڈ : بے ڈول : ان گھڑ : مزخرف : دیہات میں رہنے والا : زراعتی: کسان کا ۔ (۳) موٹا : بھدا (کام) ۔ (۴) بے قاعدہ : بے ڈھنگے (کتاب کے حروف) (خصوصاً لاطینی مخطوطات میں استعمال ہوتے تھے) ۔ (۵) (تعمیرات) کھردرا : نا ہموار : بھدا : ان گھڑ ۔ (٦) بے تکلیف : سادہ : محکم : بے آلائش : بے ہنر : بے تاثیر ۔ (۷) بد تمیز : غیر مہذب : دہقانی : اجڈ : نا شائستہ ۔

Rustic : (n) (۱) دیہاتی آدمی : کسان : دیہات کا رہنے والا : دیہات کا باشندہ ۔ (۲) (تعمیرات) نا ہموار کام : موٹا کام : بھدا کام ۔ (۳) نا ہموار کام میں استعمال ہونے والا پتھر (عموماً جمع میں) ۔

Rustic joint : (n) (تعمیرات) نا ہموار جوڑ ۔

Rustic work : (n) (تعمیرات) نا ہموار جوڑائی کا کام ۔

Rustical : (a) [med. L. 'Rusticals'.] (۱) دہقانی شخص کی طرح سے پیش آنے والا ۔ (۲) دیہاتی : دیہات سے متعلق ۔ (۳) غیر مہذب : نا شائستہ : دہقانی ۔ (۴) سیدھا سادہ ۔

Rustically : (adv.) گنوارپن سے : دہقانی طور پر : غیر مہذب طور پر: بھدے طریقے سے ۔

Rusticate : (v) [f. L. 'Rusticat- , Rusticari'.] (۱) دیہات میں رہنا: دیہات میں قیام کرنا : دیہاتی زندگی اختیار کرنا : دیہاتی زندگی گذارنا : دیہات کی بود و باش اختیار کرنا ۔ (۲) محدود مدت کے لئے یونیورسٹی سے نکال دینا (سزا کے طور پر) : عارضی اخراج کرنا ۔ (۳) دیہات میں رہنے کے لئے بھیج دینا : دیہات میں رہنے پر مجبور کرنا ۔ (۴) دیہاتی بن جانا : دیہاتی رنگ میں رنگنا : دیہاتی طور طریقے میں ڈھالنا ۔ (۵) بھدا یا کھردرا بنانا (عمارت وغیرہ کو) ۔

Rusticate : (n) (تعمیرات) سادہ تراشیدہ پتھر ۔

Rusticated : (a) (تعمیرات) نا ہموار ۔

Rusticated ashlar : (n) (تعمیرات) ناہموار عمارتی پتھر ۔

Rustication : (n) [L. 'Rusticatio', f. 'Rustiari'.] (۱) دیہات کی بود و باش : دیہاتی بن جانا ۔ (۲) دیہات میں فطری زندگی گذارنے کی حالت ۔ (۳) یونیورسٹی سے عارضی اخراج : عارضی اخراج کی مدت : وقتی اخراج ۔ (۴)دیہات میں جلا وطن کر دینا ۔ (۵) کھردرا بنانے کا عمل : طرز معماری (کھردرا بناتے ہوئے) : نا ہموار تراش؛ سادہ تراش پتھر ۔ (۶) دیہاتی خصوصیات یا دیہاتی حصہ ۔

Rusticator : (n) عارضی طور پر نکالنے والا (یونیورسٹی سے یا کالج سے) ۔

Rusticity : (n) [Fr. 'Rusticite'.] (۱) گنوارپن : دہقانیت : بھداپن ۔ (۲) سادگی : خشونت کھردرا پن : نا ہمواریت ۔ (۳)نادانی : ابلہی : بے وقوفی ۔ (۴) بد تہذیبی : بد تمیزی : بد خلقی : اکھڑپن ۔ (۵) (زبان وغیرہ) بھونڈاپن؛ بے ڈھنگاپن : بد نمائی : بد اسلوبی : کھرا پن : گنوارپن۔ (۶) دہقانی اظہار : ناہموار اسلوب ۔ (۷)دیہاتی زندگی : دیہاتیت : دیہاتی پن ۔ (۸) دیہاتی چیز : دیہاتی خصوصیت ۔

Rusticize : (v) دہقانی بنانا : دیہاتی بنانا ۔

Rusticly : (adv.) دیکھو Rustically

Rustics : (n) (تعمیرات) کھردری اینٹیں ۔

Rusting : (n) (کیمیا) زنگ زدگی ۔

Rustle : (n) [f. the v.] (۱) سرسراہٹ : کھڑکھڑاہٹ : پڑ پڑاہٹ ۔ (۲) (امریکا) دھکم پیل : تلے اوپر کرنا : جلدی : عجلت : ہڑبڑی : سرگرمی : دوڑ دھوپ ۔

Rustle : (v) [late ME.] (۱) سرسرانا : کھڑکھڑانا : پڑپڑانا ۔ (۲) سرگرمی سے کام کرنا : دوڑ دھوپ کرنا : دھکم پیل کرنا : تلے اوپر کرنا : پر زور طور پر کرنا ۔ (۳) جلدی سے تغیر و تبدیلی کرنا : تیزی سے راستہ نکالنا ۔ (۴)حاصل کرنا : پانا : قابض ہونا (اپنی کوشش سے) ۔ (۵)چارہ جمع کرنا : چارہ مہیا کرنا : تلاش کر کے حاصل کرنا ۔ (۶) مکا بازی یا دھوکے سے کوئی چیز اڑا لینا : چھپ چھپا کے لے لینا (مویشی وغیرہ) ۔

To rustle up : تلاش کرنا : تیار کرنا : تیاری کرنا : اہتمام کرنا : مہیا کرنا : بہم پہنچانا ۔

Rustler : (n) (۱) کھڑکھڑانے والا ۔ (۲) سرگرمی سے کام کرنے والا ۔ (۳) (اپنی کوشش سے) حاصل کرنے والا ۔ (۴) چارہ جمع کرنے والا ۔ (۵) (امریکا) پر زور شخص : سرگرم آدمی ۔ (۶) مویشی چور ۔

Rustless : (a) بے زنگ : جسے کبھی زنگ نہ لگے ۔

Rustling : (n) (۱) سرسراہٹ : کھڑکھڑاہٹ ۔ (۲) مویشی کی چوری دھوکے سے) ۔

Rustling : (a) سرسرانے والی (آواز) : کھڑکھڑانے والی (آواز) ۔

Rustlingly : (adv.) سرسراتے ہوئے : کھڑکھڑاتے ہوئے ۔

Rusty : (a) [OE. 'Rustiz'.] (۱) زنگ زدہ : زنگ آلود : زنگ لگا ہوا : زنگ خوردہ : مورچہ لگا ہوا ۔ (۲) پھٹی ہوئی : چرچراہٹ کی (آواز) ۔ (۳) کند : از کار رفتہ : پرانا : فرسودہ : گھسا ہوا : قدیم ۔ (۴) (شخص) پرانا : بوڑھا۔ (۵) (کالے کپڑے کے لئے آتا ہے) جس کا رنگ اڑ گیا ہو : پھٹا ہوا : قابل مرمت : خستہ ۔ (۶) زنگ کے رنگ کا : گہرا بادامی ۔ (۷)اکھڑ : اکل کھرا؛ بد مزاج : روکھا : تیکھا؛ گنوار : گاؤدی : بد تمیز : اجڈ ۔ (۸) (پودا) پھپھوندی لگا ہوا ۔

Rusty : (a) [var. of 'rusty. (a)'] (بول چال) دیکھو Rancid

Rusty : (a) [f. rust.] (۱) (گھوڑا) بھڑکا ہوا ۔ (۲) (بول چال) گندہ : غلیظ : ناپاک : بد خو : بد طینت : برا : بد مزاج : چڑچڑا ۔

To cut up rusty / To turn rusty : برا ہونا؛ بد مزاج ہونا : چڑچڑا ہونا ۔

To ride or run rusty : (۱) ضدی ہونا : متمرد ہونا : سرکش ہونا ۔ (۲) غصہ ہونا : ناراض ہونا : تنگ آجانا۔ (۳) پیش دستی کرنا : پیش قدمی کرنا ۔

Rut : (n) [OFr. var. of 'Ruit'.] (۱) نر ہرن کی گرمی یا مستی (جو سال میں ہوتی ہے) : نیز دوسرے جانوروں کی مستی : مستئ نر ۔ (۲) وہ زمانہ جب جانور جنسی مستی کرتے ہیں ۔ (۳) گرمی : حرارت : حدت ۔ (۴) (حیوانیات) شبق مادہ : جفتی ۔

Rut : (v) ہرن کا گرمانا یا مستی پر آنا : جفتی کرنا ۔

Rut : (n) [Origin unkn.] (۱)جوف : لیک : باہن : وہ نالی سی جوگاڑی کے پہیے سے بن جاتی ہے : لکیر ۔ (۲) (مجازاً) مقررہ دستور : پرانا رواج : باپ دادا کا طریقہ : (سماجیات) رسم : رواج ۔ (۳) جلد یا جسم کے کسی حصہ پر گہرا نشان یا جوف ۔

Rut : (n) (امریکا) سمندر کا شور ۔

Rut : (v) [f. 'Rut (n)'.] لیک ڈالنا : لیکھ بن جانا ۔

Rut-filling : (n) جوف بھرائی ۔

Ruta : (n) [L.] (نباتیات) جنس تتلی : جنس سداب ۔

Rutaceae : (n) (نباتیات) نارنجیہ ۔

Rutaceous : (a) [f. mod. L. Rutaceae'.] (۱) سدابی ۔ (۲) Rutaceae جنس کا یا اس سے متعلق ۔

Rutella : (n) (حیوانیات) سرخ بھونرا ۔

Ruth : (n) [ME. 'Reupe'.] (۱) ہمدردی : رحمدلی ۔ (۲) غم : رنج : تکلیف : مصیبت ۔

Ruthenate : (n) [f. 'Ruthenium' +ate.] (کیمیا) روتھینك ایسڈ کا نمك ۔

Ruthene : (a) [med. L. 'Rut(h)eni'.] روس کوچك کی قوم کے رکن سے متعلق ۔

Ruthene : (n) (۱) روس کوچك کی قوم کا رکن ۔ (۲) جنوبی روس کا باشندہ ۔ (۳) روتھینس کی زبان ۔

Ruthenian : (a) روتھینس سے متعلق ۔

Ruthenic : (a) روتھینیم سے نکالا ہوا : روتھینیم سے متعلق ۔

Ruthenious : (a) دیکھو Ruthenic

Ruthenium : (n) [f., med. L. 'Ruthenia'.] (کیمیا) روتھینیم (عنصر ، دھات) ۔

Ruthless : (a) بے رحم : سنگدل : بے درد ۔

Ruthlessly : (adv.) بے رحمی سے : بے دردی سے : بے رحمانہ طور پر ۔

Ruthlessness : (n) بے رحمی : بے دردی : سنگدلی ۔

Rutic : (a) [f. L. 'Ruta'.] (کیمیا) روٹك ایسڈ ۔

Rutic acid : (n) (کیمیا) دیکھو Capric acid

Ruticilla : (n) (حیوانیات) سرخ دمہ ۔

Rutile : (n) [L. 'Rutilis'.] (معدنیات) ٹیٹا نیم ڈائی آکسائیڈ کی ایك قسم ۔

Rutilite : (n) دیکھو Rutile

Rutin : (n) [f. L. 'Ruta'.] (کیمیا) دیکھو Capric acid

Ruttle : (v) [MLG. 'Rutelen'.] (۱) کھڑکھڑانا : کھڑکھڑ کرنا یا ہونا ۔ (۲) بڑ بڑ لگانا ؛ قینچی کی طرح زبان چلنا ۔ (۳) گلے سے تیز آواز نکالنا ۔

Ruttle : (n) کھڑکھڑانے کی آواز ۔

Rutty : (a) (۱) پرشیار : پر لیك : لیك دار ۔ (۲) (حیوانیات) مست : گرم : شہوانی (جانور) ۔

Rutyl : (n) [f. as 'Rutic(a) + -yl.] (کیمیا) دیکھو Capryl

Rutylene : (n) (کیمیا) ہائیڈرو کاربن کا ایك مرکب ۔

-ry : لاحقہ : دیکھو Ery

Rye : (n) [OE. 'Ryze'., ON. 'Rugr'.] (۱) رئی : ایك قسم کا غلہ جو شمالی یورپ میں ہوتا ہے : Secale cereal کے پودا سے حاصل ہونے والا ایك اناج: سیاہ گندم ۔ (۲) رئی کا پودا۔

Wild rye : Elymus جنس کی مختلف گھاس ۔

Rye-asthma : (n) تپ کاہی : یہ بخار خاك ، دھول ، کوڑا کرکٹ پیٹ میں پہنچنے سے پیدا ہوتا ہے اور اس میں ضیق النفس کی علامت بھی ہوتی ہیں ۔

Rye-bread : (n) رئی سے بنی ہوئی روٹی : نان گندم سیاہ ۔

Rye-brome grass : (n) ایك قسم کی گھاس جس میں رئی نما دانے ہوتے ہیں ۔

Rye-corn : (n) (نباتیات) رئی ۔

Rye flour : (n) رئی کا آٹا : رئی کا میدہ ۔

Rye-grass : (n) ایك قسم کی گھاس جو چارے کے کام آتی ہے : (نباتیات) تلخہ ۔

Rye straw : (n) (۱) رئی کا خشك ڈنٹھل ۔ (۲) رئی کی پیال ۔ (۳)(مجازاً) کمزور غیر اہم شخص: کمزور معمولی آدمی۔

Ryepeck / Rypeck / Ripeck : (n) [Origin unkn.] بڑی میخ جس میں لوہے کی شام لگی ہوتی ہے اور اس میں کشتیوں کو باندھ دیتی ہیں ۔

Rymer : (n) دریا کے بند کا کھمبا جس میں چپو سے لگے ہوتے ہیں۔

Ryokan : (n) روایتی جاپانی سرائے۔

Ryot : (n) [Urdu , 'Raiyat'.] رعیت : کسان : کاشتکار (ہندوستان کا) ؛ دہقان : کھیتی کرنے والا۔

Ryotwar : (a) [Urud, 'Raiyatwar'.] رعیت وار : رعیت والا : (ہندوستان میں) زمین کی ملکیت سے متعلق۔

Ryotwary : (a) [Urdu, 'Raiyatwari'.] (۱) رعیت وار : (ہندوستان میں) زمین کی حق ملکیت سے متعلق۔ (۲) براہ راست حکومت اور کسان سے زمین کے معاہدے سے متعلق۔

Ryotwary : (n) رعیت واری کا نظام۔

Rype/ Ryper : (n) (حیوانیات) بھٹ تیتر : بھٹ تیتر کی قسم جس کے پر گرمی میں سیاہ و سبز اور سردی میں سفید ہوتے ہیں۔

****

S

Sabadilla : (n) [Sp. 'Cebadilla'.] شعیرک : میکسیکو کا ایک پودا۔

Sabaean / Sabean : (a) [L. 'Sabaeus'.] (۱) یمن کے علاقے سبا کا۔ (۲) سبا کی زبان یا حروف تہجی سے متعلق۔ (۳) ستارہ پرست : صابی۔

Sabaean : (n) (۱) یمن کے علاقے سبا کا باشندہ : یمن قدیم کا باشندہ۔ (۲) سبا کی زبان۔

Sabaism/ Sabeism / Tsabasism / Zabaism : (n) [Fr. 'Sabaisme'.] صابیت : ستارہ پرستی : سبائیت۔

Sabaist : (n) ستارہ پرست : صابی۔

Sabaistic : (a) ستارہ پرستی سے متعلق۔

Sabal : (n) [NL.] نخلک : سابل : امریکی نخن کی ایک قسم۔

Sabana : (n) [Sp.] دیکھو Savanna

Sabaoth : (n) [L. 'Sabaoth'.] (انجیل کی اصلاح) رب العالمین : انسانوں کا مالک۔

Sabbat : (n) [Fr.] سبت الساحرات: ایک سالانہ جشن جو آدھی رات کو بھوت ، پریت اور جادوگر مل کر بناتے ہیں۔

Sabbatarian : (a) [Late L. 'Sabbatarius'.] (۱) یوم السبت کا ماننے والا: آرام اور عبادت کے دن کا ماننے والا: سبتی : سبتیہ: سبت پرست۔ (۲) سبتی : عقیدہ سبت یا سبت پرستی سے متعلق۔

Sabbatarian : (n) (۱) وہ یہودی جو (سنیچر کو) یوم السبت منائے۔ (۲) وہ کلیسائی جو (اتوار کو) یوم السبت منائے۔ (۳)وہ عیسائی : شخص یا فرقہ سنیچر کو سبت منانے کا عقیدہ یا عمل رکھے۔

Sabbatarianism : (n) سبت پرستی : سبت پسندی : پابندی سبت۔

Sabbath : (n) [OE. 'Sabat'.] (۱) سبت : یوم السبت : آرام کا دن : عبادت و آرام کا دن : وہ دن جو عبادت الٰہی اور آرام و

S : (n) (۱) حرف ایس انگریزی الف ب کا انیسواں حرف جو (س) کی یا کنجی (ز) کی آواز دیتا ھے اور معدے چند لفظوں میں کوئی آواز نہیں دیتا۔ (۲) حرف 'S' کا ٹائپ۔ (۳) حرف S کی شکل کی چیز۔ (۴) (درجہ بندی کا) اطمینان بخش ہونے کی علامت کے طور پر لکھا جاتا ھے۔ (۵) گھماؤ : خمیدگی : کجی : پیچیدگی : انحنا۔ (۶) انیسواں مقام یا درجہ : انیسواں مقام یا درجہ پانے والا۔

Collar of S, S's, SS, or Esses : دیکھو Collar of SS

S : (a) حرف S کی شکل کا : لہرے دار : دو خما : دوہرے جسم والا۔

'S : God's کے لئے : Sdeath 'Sblood وغیرہ میں۔

'S : (۱) بطور مخفف استعمال ہوتا ھے : مثلاً (۱) She's , he's it's وغیرہ۔ (۲) بجائے has کے خصوصاً pp سے قبل مثلاً He's done it۔ (۳) بجائے Us کے Let us میں Let's go۔

-s : (n) (suffix) شفقت یا بے تکلفی ظاہر کرنے کے لئے عرف یا لقب کے آگے لگاتے ہیں۔

'S : دیکھو Shall

'S : (conj.) دیکھو As

Sa : دیکھو So

Saanen : (n) [f. 'Saanen' , in Switzerland.] سوئٹزرلینڈ کی سفید یا ہلکے رنگ کی سینگ کی بکری (شیر خانہ کی چھوٹی بالوں والی)۔

Saanen : (n) ایک قسم کا پنیر جو تین سے نو سالوں میں تیار ھوتا ھے۔

Sab-Cat : (n) تخریب کار۔

Saba : (n) [Tagalog.] (۱) فلپائن کا کیلا جسے پکایا جاتاھے۔ (۲) سابا کے ریشوں سے بنایا جانے والا عمدہ کپڑا۔

آسائش کے لئے مخصوص ہو : یوم راحت : عبادت و آرام کا دن جو بنی اسرائیل کے لئے مقرر کیا گیا تھا (یہودیوں میں سنیچر اور عیسائیوں میں اتوار سبت ہے) ۔ (۲) یہودیوں کا سبتی سال ۔ (۳) (مجازاً) یوم راحت : وقت راحت : آرام ۔ (۴) سبت الساحرات : ایک سالانہ جشن جو آدھی رات کو بھوت پریت اور جادوگر مل کر مناتے ہیں (Witcheo' Sabbath) ۔

Sabbath-day : (n) سبت : یوم السبت : آرام کا دن : عبادت و آرام کادن.

Sabbath day's journey : (n) (۱) سفر سبت : وہ سفر جو اسرائیلی سبت کے دن کرنے کے مجاز ہیں یعنی ۱۲۲۵ گز کا سفر ۔ (۲) مختصر سفر : تھوڑا سا سفر : آسان سفر : راحت و آرام کا سفر ۔

Sabbath school : (a) (۱) وہ اسکول جس میں اتوار کے دن تعلیم دی جاتی ہے ۔ (۲) یہودیوں کا اسکول جس میں سنیچر کے دن بچوں کو مذہبی تعلیم دی جاتی تھی ۔ (۳) ایسے اسکولوں کے بچے ، اساتذہ وغیرہ ۔

Sabbathless : (a) بلا سبت : بغیر سبت : لا سبتی ۔

Sabbathly : (adv.) ہر یوم السبت کو ۔

Sabbathly : (a) ہر یوم السبت کو واقع ہونے والا ۔

Sabbatian : (n) [f. 'Sabbatius' + -an.] Sabbatius(ساباتیوس) کے حامیوں میں سے ایک یا اس کے فرقے کا ایک رکن ۔

Sabbatic : (a) [Late L. 'Sabbaticus'.] سبتی : سبت سے متعلق : سبت سے مشابہ : سبت کے لئے موزوں ۔

Sabbatical : (a) (۱) سبتی : سبت سے متعلق ۔ (۲) دیکھو Sabbatical River ۔ (۳) یوم السبت یا ایام راحت کی طرح کا ۔

Sabbatical : (n) (۱) دیکھو Sabbatical year ۔ (۲) تعطیل : فرصت : چھٹی ۔

Sabbatical millenary /-millennium : (n) دنیا کے وجود کا آخری ہزار سال ۔

Sabbatical river : (n) یہودیوں کے قصے کہانیوں میں ایک ندی جو یوم السبت کو نہیں بہتی ۔

Sabbatical year : (n) (۱) سبتی سال : سال آزادی یعنی ساتواں سال جیسا کہ بنی اسرائیل کو حکم تھا کہ اپنے غلاموں اور مقروضوں کو آزاد کر دیں اور زمین جو تنا بونا موقوف کر دیں ۔ (۲) (امریکی یونیورسٹیوں میں) ایک سال کی چھٹی جو اساتذہ کو خاص وقتوں پر پڑھنے اور سفر کرنے کے لئے دی جاتی ہے ۔

Sabbatically : (adv.) سبتی طور پر ۔

Sabbaticalness : (n) سبتی ہونا ۔

Sabbatization : (n) سبتانا : سبت منانا ۔

Sabbatize : (v) [Late L. 'Sabbatizare'.] (۱) سبتانا : سبت منانا ۔ (۲) (مجازاً) آرام کرنا : تعطیل منانا ۔ (۳) سبت کی طرح منانا ۔

Sabbaton / Sabaton : (n) [ME. 'Sabaton'.] آہنی جوتا جو پیر کی زرہ کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔

Sabbeka : (n) [Aram 'Sabbekha'.] (۱) (علم النجوم) سہ برج ۔ (۲)ایک تکونا اوزار جو گھڑی وغیرہ کے ڈائل بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) دیکھو Trigon

Sabe : (n) [Sp.] (۱) (عام) فہم : سمجھ بوجھ : زود فہمی ۔ (۲) دیکھو Savvy ۔

Sabella : (n) [L. 'Sabulum'.] ایک قسم کا نلی باش کیڑا ۔

Sabellian : (n) [L. 'Sabellianus'.] سابیلی : اس عقیدے کا معتقد کہ باپ ، بیٹا اور روح القدس خدائے واحد کی مختلف حیثیتوں کے نام ہیں ۔

Sabellian : (a) سابیلی اور ان کے عقائد سے متعلق ۔

Sabellian : (a) [L. 'Sabellus'.] قدیم اطالیہ میں اقوام کے اس گروہ سے متعلق جس میں سابینی ، سمنتی اور کمپانی وغیرہ قومیں شامل تھیں ۔

Sabellian : (n) قدیم اطالیا میں اقوام کا ایک گروہ جس میں سابینی ، سمنتی اور کمپانی قومیں شامل تھیں : ان قوموں کا کوئی فرد ۔

Sabellianism : (n) سابیلی نظریۂ تثلیث میں عقیدہ ۔

Sabian : (n) [Arab. 'Sabi'.] (۱) صابی : صائبی : ایک قدیم فرقہ جس کا ذکر قرآن میں موحد فرقوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ (۲)نجوم پرست : گروہ ملائکہ کی پرستش کرنے والا۔

Sabian : (a) صابیوں سے متعلق ۔

Sabianism : (n) صابیت : نجم پرستی ۔

Sabicu : (n) [Cuban.Sp.] (۱) جزیرہ کیوبا کا ساگوانی درخت ۔

(۲) اس درخت کی سخت اور پائیدار لکڑی ۔

Sabin : (n) [f. Wallace C.W. Sabine an American Physicist'.] سابن : صوتی جذب کی ایک اکائی ۔

Sabine : (a) [L. 'Sabinus'.] سابینی : سابینی فرقے سے متعلق ۔

Sabine : (n) سابینی : سابینی فرقے کا فرد (یہ قدیم اطالیہ کی ایک قوم تھی جو ایپی نائن کے وسطی اضلاع میں آباد تھی) ۔

Sable : (n) [OFr. 'Sable'.] (۱) سابل : ایک قسم کا گوشت خور چوپایہ جو ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔ (۲) مہین مو قلم جو سمور سے بنایا جاتا ہے۔ (۳) سمور سابل ۔ (۴) عمدہ قسم کا روسی لونا ۔

Sable : (n) (۱) (نقابت) سیاہ رنگ ۔ (۲) سیاہ رنگ : کالا رنگ : سیاہ ماتمی لباس ۔ (۳) (جمع) ماتمی لباس ۔ (۴) بعض قسم کے پروانوں کا نام ۔ (۵) مرگ سیاہ : کالا ہرن ۔

Sable : (a) (۱) سیاہی مائل : تاریک : تیرۂ و تار : اندھیرا ۔ (۲)اداس: غمگین : مغموم : دلگیر : پر خوف و خطر : ڈراؤنا : مہیب ۔ (۳) (مزاحاً) سیاہ فام : حبشی ۔ (۴)شیطانی : ابلیسی ۔

His sable Majesty : شیطان: شیطنت مآب: سلطان ظلمت ۔

Sable : (v) (۱) کالا رنگنا : ماتمی لباس پہننا ۔

Sable antelope : (n) کالا ہرن : مرگ سیاہ ۔

Sable fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Sable-mouse : (n) دیکھو Lemming

Sableness : (n) اداسی : دلگیری : تاریکی ۔

Sably : (adv.) دلگیرانہ : مغمومانہ ۔

Sabot : (n) [Fr.] (۱) لکڑی کی جوتی جو ایک کندے کو کھود کر بنائی جاتی ہے اور جسے فرانس اور بلجیم کے کاشتکار پہنتے ہیں : کھڑاؤں ۔ (۲) (فوج) لکڑی کا قرص جو گولوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ۔ (۳) شام جو ستون وغیرہ پر لگائی جاتی ہے ۔ (۴) (فوج) دھات کا ٹکڑا جو مخروطی گولوں پر لگایا جاتا ہے ۔ (۵) (میکانیات) برما کے سرے پر لگا ہوا کاٹنے والا اوزار ۔

Sabotage : (n) [Fr.] (۱) سرمایہ دار سے بگڑ کر مزدوروں کا کلوں کا توڑ پھوڑ دینا یا کوئی پرزہ نکال کر بے کار کر دینا : تخریب کاری ۔ (۲) کینہ توزی : شرارت سے کام خراب کرنا : شرارت انگیزی ۔

Sabotage : (v) توڑ پھوڑ کرنا یا پرزہ نکال کر (مشین کو) نقصان پہنچانا : برباد کر ڈالنا : تباہ کر دینا : تخریبی کاروائی کرنا ۔

Saboted : (a) (۱) کھڑاؤں دار : کھڑاؤں پہنے ہوئے ۔ (۲) قرص لگا ہوا ۔ (۳) شام دار : شام لگا ہوا ۔

Saboteur : (n) تخریب کار ۔

Sabotier : (n) [Fr.] کھڑاؤں بنانے والا : چوبی جوتیاں بنانے والا ۔

Sabre / Saber : (n) [Fr.] (۱) سیف : شمشیر : تیغا : رسالے کے سوار کی تلوار : تلوار جو خمدار ہوتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) فوجی طاقت : فوج ۔ (۳) رسالے : رسالے کے سوار : رسالے کے گھوڑے : رسالے کے گھوڑے اور سوار ۔

Sabre : (v) تہِ تیغ کرنا : تلوار سے وار کرنا : تلوار چلانا : قتل کرنا ۔

Sabre-bill : (n) سیف منقار : تیغ منقار : ایک پرندہ جس کی چونچ تلوار سی ہوتی ہے ۔

Sabre fish : (n) دیکھو Cutlass-fish

Sabre-rattler : (n) جیوٹ جنگ پرست ۔

Sabre-rattling : (n) فوجی طاقت کا نمائشی حملہ آوارانہ یا دھمکی آمیز مظاہرہ ۔

Sabre-toothed : (a) شمشیر دندان ۔

Sabre-toothed lion / -tiger : (n) ایک قسم کا شیر نما جانور جو اب معدوم ہے: اس کی اوپر کی ڈاڑھ تلوار کی سی ہوتی تھی۔

Sabre-wing : (n) ایک قسم کا پرندہ جس کے بازو سیف نما ہوتے ہیں: سیف پر : تیغ پر : شمشیر پر ۔

Sabretache : (n) [Fr.] توس دان : چرمی کیسہ جسے رسالے کے افسر حمائل کر لیتے ہیں ۔

Sabreur : (n) [Fr.] رسالے کا سوار جو سیف سے مسلح ہو ۔

Sabulous : (a) [L. 'Sabulosus'.] (۱) ریتیلا : ریگی : ریگستانی : رملی : ریگزار ۔ (۲) (طب) ریگی : جس میں ریت ہو (خصوصاً ریگ مثانہ) : ذرات دار : رسوبی ۔

Saburra : (n) [L.] (۱) گھوڑے اور مویشیوں کے پیٹ کی ایک بیماری ۔ (۲) دیکھو Sordes ۔ (۳) (طب) ریگ معدہ : ایک دانہ دار مادہ جو سوء ہضم کی وجہ سے معدے میں پیدا ہو جاتا ہے : اخلاط معدہ ۔

Sac : (n) [OE. 'Saca'.] (قدیم برطانوی قانون) جاگیردار کے ان حاکمانہ حقوق کو چارٹر میں ظاہر کرنے کے لئے یہ لفظ استعمال ہوتاہے جو رواج کے مطابق اس کے ہوتے ہیں ۔

Sac : (n) [Fr. Or L. 'Saccus'.] (۱) تھیلی : صرہ : تھیلی کا سا عشائی ظرف جو حیوانی اور نباتی اجسام میں پایا جاتا ہے ۔ (۲) (طب) آبلہ : چھالا : دُمّل : دنبل : گلٹی ۔

Sacbrood : (n) شہد کی مکھیوں کی ایک بیماری جو ان کے پہل روپ میں لگ جاتی ہے اور انہیں سکھا دیتی ہے ۔

Saccade : (n) [Fr. 'Saquer, Sachier'.] (۱) لگام کھینچ کرگھوڑے کو دفعتاً جھٹکے سے روک دینا ۔ (۲) چشم زدن ۔

Saccadic : (a) جھٹکے سے متعلق : جھٹکا دینے والا : فوری (حرکت چشم)۔

Saccadic movement : (n) آنکھوں کو تیزی سے حرکت دینا : ایک چیز سے دفعتاً نظر ہٹا کر دوسری چیز پر گاڑ دینا : فوری حرکت چشم ۔

Saccate : (a) [f. Sac.] (۱) (نباتیات) تھیلی نما : کیسہ نما : تھیلی سا پھولا ہوا : کیسہ دار ۔ (۲) دیکھو Encysted ۔

Saccated : (a) دیکھو Saccate

Sacchar- : جزو ترکیبی بمعنی "شکر" : "سیکرین" ۔

Saccharase : (n) قند نیشکر : چینی ۔

Saccharate : (n) (کیمیا) شکری نمک : سیکریٹ ۔

Saccharated : (a) [med. L. 'Saccharum'.] چینی سے بنا ہوا : شیریں : چینی ملا ہوا ۔

Saccharic acid : (n) [mod. L. 'Saccharum'.] شکرین (یا شیکرین) تیزاب : شکر ترشہ ۔

Saccharic ether : (n) شکری تیزاب سے حاصل ہونے والا ایتھر ۔

Saccharide : (n) کاربوہائیڈریٹ : شکری مرکب ۔

Sacchariferous : (a) شکریلا : شکر زا : شکر آور : شکر آفریں ۔

Saccharification : (n) شکرانا : شکر میں تبدیلی ۔

Saccharify : (v) شکرانا : شکر میں تبدیل کرنا (نشاستے کو) ۔

Saccharimeter : (n) [Fr. 'Saccharimetre'.] شکر پیما : شکر نما: آلہ جس سے کسی چیز میں شکر کی مقدار دریافت کی جاتی ہے ۔

Saccharimetric : (a) شکر پیمائی سے متعلق ۔

Saccharimetrical : (a) دیکھو Saccharimetric

Sacchrimetry : (n) شکر پیمائی ۔

Saccharin / Saccharine : (n) [G.] (۱) سکرین : جوہر شکری : معدنی شکر : شکر نما مادہ جو کوئلے سے نکالا جاتا ہے اور گھٹیا اور ذیابیطس کے مریض کو بجائے شکر دیا جاتا ہے ۔ (۲)شکری تیزاب کا این ہائیڈرائیڈ (Anhydride) ۔

Saccharinated : (n) شکرین ملا ہوا ۔

Saccharine : (a) (۱) شکر دار : شکریلا ۔ (۲) شکر سے متعلق : پر شکر : شکر کا : شکر جیسا ۔ (۳) (پودے) جس میں زیادہ شکر ہو : (پیشاب) جس میں حد سے زیادہ شکر آتی ہو ۔ (۴)شکر صفت ۔ (۵) (نباتیات و ارضیات) دانہ دار ۔ (۶) حد سے زیادہ میٹھا :ناگوار حد تک میٹھا ۔ (۷)ناخوشگوار طور پر اچھا یا شریف یا دوستانہ ۔

Saccharine : (n) جوہری شکری : شکر ۔

Saccharine diabetes : (n) شکری ذیابیطس ۔

Saccharine fermentation : (n) دیکھو Saccharification

Saccharinic : (a) دیکھو Saccharic

Saccharinity : (n) شیرینی : مٹھاس ۔

Saccharo- : دیکھو Sacchar-

Saccharogenesis : (n) شکر بننا : شکر میں تبدیل ہونا ۔

Saccharogenic : (a) شکر زا : شکر آفریں ۔

Saccharoid : (n) شکر جیسی چیز ۔

Saccharoid/-al : (a) (ارضیات) شکر نما : دانہ دار : شکری : شکر صورت : مانند شکر ۔

Saccharolytic : (a) شکر پاش ۔

Saccharometer : (n) شکر سنج : شکر آب پیما : آلہ جس سے ثقل نوعی کی بنا پر کسی محلول میں شکر کی مقدار دریافت کی جاتی ھے ۔

Saccharometric : (a) شکر سنجی سے متعلق ۔

Saccharometry : (n) شکر سنجی ۔

Saccharomyces : (n) [Gr. 'Saccharon' + mykes'.] سما روغ کی ایک جنس : اس جنس کا کوئی سما روغ ۔

Saccharose : (n) : (کیمیا) غیر انگوری شکر : قند نیشکر : گنے کی شکر : شکر کی ایک کیمیاوی نوع ۔

Saccharum : (n) [mod. L.] (۱) شکر نیشکر : گنے کی شکر ۔ (۲) جنس نیشکر : گنا ۔

Sacchulmic acid : (n) Sacchulmin کو کسی القلوی محلول میں ملانے سے پیدا ھونے والا ترشہ ۔

Sacchulmin : (n) [mod. L. 'Saccharum' + ulmin.] ایک بھورے رنگ کا مادہ جو ہلکے ترشے کے ذریعے شکر کی تحلیل میں پایا جاتا ھے ۔

Sacciform : (a) [L. 'Saccus' + -form.] کیسہ نما : تھیلی نما ۔

Saccular : (a) تھیلی سا : کیسوی : تاچکی ۔

Sacculate / Sacculated : (a) کیسك دار : کیسکوں سے بنا ھوا یا کیسکوں میں منقسم ۔

Sacculation : (n) تھیلی کی شکل کا ھو جانا ۔

Saccule : (n) [f. next.] چھوٹی تھیلی : بٹوا : کیسك ۔

Sacculus : (n) [L.] بٹوا : کیسك ۔

Sacellum : (n) [L. 'Sacrum'.] (۱) کسی گرجا کا یادگاری خانۂ عبادت : دیہات کا چھوٹا خانۂ عبادت ۔ (۲) (قدیم روم) چھوٹا بے چھت کا خانۂ عبادت ۔

Sacerdocy : (n) [L. 'Sacerotium'.] : پادریوں کے فرائض : عمل کہنوتی : فرائض کہنوتی ۔

Sacerdotage : (n) : (۱) (مزاحاً) بر ہمنی راج : حکومت جس پر مذہبی رنگ غالب ھو ۔ (۲) حکومت علماء : سیادت مشائخ ۔

Saccerdotal : (a) [Fr. 'Sacerdotal' or L. 'Sacerdotalis'.] (۱) مرشدانہ : مشائخانہ : پروہتی : پاك : متبرك : مقدس ۔ (۲) پیر پرست : مشائخ پرست ۔

Sacerdotalism : (n) (۱) حکومت علماء : سیادت مشائخ : پیر شاہی : حکومت پیران ۔ (۲) اصول رومانیت ۔ (۳) پیر پرستی ۔

Sacerdotalist : (n) پیر پرست : مشائخ پرست ۔

Sacerotalize : (v) پاك بنانا : مقدس و متبرك بنانا : مذہبی رنگ دینا : پیر پرست بنانا ۔

Sacerdotally : (adv.) (۱) مرشدانہ انداز سے : مشائخانہ طور پر ۔ (۲) پیر پرستانہ : مرشد پرستانہ ۔

Sacerdotical : (a) دیکھو Sacerdotal

Sachem : (n) [Narraganset.] (۱) بعض قدیم امریکی قبائل کا سردار ۔ (۲) (امریکا) نیویارك کی تمانی سوسائٹی کے بارہ اعلیٰ افسروں کی جماعت ۔

Grand sachem : تمانی سوسائٹی کا سردار ۔

Sachem-dom/-ship : (n) بعض قدیم امریکی قبائل کی سرداری ۔

Sachet : (n) [Fr.] خوشبو کی تھیلی : خوشبو کی پڑیا ۔

Sack : (n) [OE. 'Sacc'.] (۱) بورا : بوری : تھیلا : گٹھا ۔ (۲) بورا بھر مقدار ۔ (۳) موقوفی : بر طرفی : بر خاستگی ۔ (۴)روبہ نا منظوری ۔

The sack : (قدیم روم کی) بوری میں بند کرکے پانی ڈبو دینے کی سزا ۔

To get the sack : نکال دیا جانا : الگ کر دیا جانا : برخاست کر دیا جانا ۔

To give (a person) the sack : نکال دینا : الگ کر دینا : موقوف : بر خاست یا بر طرف کرنا یا کر دینا ۔

Sack : (n) [Fr. 'Sac'.] لوٹ مار غارت گری : تاخت و تاراج ۔

To put to sack : تاخت و تاراج کرنا : لوٹ مار کرنا ۔

Sack : (n) (۱) جامہ : لبادہ : ڈھیلا ڈھالا سایہ : چوڑا چکلا لہنگا ۔ (۲) چوڑا چکلا اور ڈھیلا ڈھالا کوٹ (زنانہ یا مردانہ) ۔ (۳) جھولن کھٹولا : جالی دار جھولا : دیوار سے لگا ھوا سونے کا تختہ ۔ (۴) بستر ۔

Sack : (v) (۱) بوریوں میں بھرنا؛ تھیلیوں میں بھرنا ۔ (۲) بوری میں بند کر کے ڈبونا (کسی شخص کو بطور سزا) ۔ (۳) بڑپ کر جانا ؛ ہتھیا لینا ۔ (۴) بر طرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ نکال باہر کرنا (ملازمت سے) ؛ برخاست کرنا ۔ (۵)مقابلے میں ہرانا ؛ شکست دینا ۔ (٦) پھولنا ؛ پھول جانا ۔

Sack : (v) لوٹنا مارنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ غارت گری کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا ۔

Sack : (n) سفید شراب کی قسمیں جن کی در آمد ہسپانیہ سے ہوا کرتی تھی ۔

Sack-coal : (n) چنا ہوا کوئلہ جو بوری میں بند کر کے بیچا جاتا ھے ۔

Sack in : (v) (عام) آرام کرنا ؛ سونا ۔

Sack out : (v) آرام کرنا ؛ سونا ۔

Sack-race : (n) بوری کی دوڑ ؛ تھیلے کی دوڑ (دوڑ) بورے یا بوری میں پاؤں میں ڈال کر دوڑنا پڑتا ھے ۔

Sackbut : (n) [Fr. 'Saquebute'.] ایک قسم کا تنبورہ جو اب رائج نہیں ھے ۔

Sackcloth : (n) (۱) سن کا کپڑا ؛ موٹا چھوٹا لباس ؛ ٹاٹ کا جامہ ۔ (۲) (مجازاً) ماتمی لباس ؛ لباس کفارہ ؛ لباس توبہ ۔

In sackcloth and ashes : (بائبل)توبہ کا لباس پہنے ہوئے ۔

Sackclothed : (a) ماتمی یا لباس توبہ پہنے ہوئے ۔

Sacker : (n) لوٹ مار کرنے والا ؛ غارت گر ۔

Sacker : (n) بوریوں میں بھرنے والا ؛ بوری میں بھرنے کی ایک ترکیب ۔

Sacket : (n) (۱) چھوٹا بورا ۔ (۲) چھوٹا آدمی (خصوصاً بدمعاش طبیعت کا) ۔

Sackful : (n) ایک بورا ؛ ایک بوری ؛ بورا بھر ؛ بوری بھر ۔

Sacking : (n) ٹاٹ ؛ جوٹ وغیرہ کا موٹا کپڑا جس سے بورا بنتا ھے ۔

Sackless : (a) (۱) بے گناہ ؛ معصوم ؛ بے ضرر ؛ سادہ لوح ۔ (۲) مایوس؛ نا امید ؛ کمزور ؛ کند ذہن ۔

Saclike : (a) کیسہ نما ۔

Sacque : (n) (۱)ڈھیلا ڈھالا لبادہ یا کوٹ ۔(۲)چھوٹے بچوں کی جیکٹ ۔

Sacrad : (adv.) مقعد کی ہڈی کی طرف ۔

Sacral : (a) پیڑو کی ہڈی سے متعلق ؛ عجزی ؛ پر ہڈی ۔

Sacral : (n) عجزی مہرے ۔

Sacral : (a) رسوم مقدسہ سے متعلق ؛ مقدس ؛ متبرک ؛

Sacral vertebra : (n) دیکھو Sacral

Sacralize : (a) مقدس بنانا ؛ (مذہبی قاعدہ کے ذریعہ) ۔

Sacrament : (n) [ME. 'Sacrement'.] (۱) عیسائیوں کی مذہبی رسم جو باطنی اور روحانی افضال الہٰی کی ظاہری علامت مانی جاتی ھے اور عشائے ربانی پر اس کا اطلاق ہوتا ھے مگر قدیم فرقوں کے نزدیک متبرک رسم پر ؛ عشائے ربانی ۔ (۲) باطنی معنی رکھنے والی چیز ۔ (۳) قسم ؛ حلف ؛ عہد و پیمان ۔ (۴) مقدس اثر یا نشانی ۔ (۵)(رومی قانون) زر ضمانت یا حلف جو فریقین مقدمے سے پہلے جمع کرتے تھے یا جمع کرنے کے پابند ہوتے تھے ۔

The sacrament of the Altar/ The Blessed Sacrament / the Holy Sacrament : عشائے ربانی ۔

To receive the Sacrament /-take- : عشائے ربانی میں شرکت کرنا ۔

To take the Sacrament to do (something) upon (a matter)/ -receive- : کسی وعدے یا عہد کی مضبوطی کے لئے اصطباغ کی رسم ادا کرنا ۔

Sacrament : (v) قسم کھانا ؛ حلف اٹھانا ؛ حلف لینا ؛ حلف دینا ؛ حلف دے کر پابند کرنا ؛ قسم دے کر عہدو پیمان پر مجبور کرنا ۔

Sacrament chapel : (n) وہ گرجا جہاں عشائے ربانی کی روٹی محفوظ رکھی جاتی ھے ۔

Sacrament house : (n) وہ طاق جس میں عشائے ربانی کی روٹی رکھی جاتی ھے ۔

Sacrament-money : (n) خیرات جو عشائے ربانی کے موقع پر جمع کی جاتی ھے ۔

Sacrament sunday : (n) سال کا وہ اتوار جس دن عشائے ربانی کی تقریب منعقد ہوتی ھے ۔

Sacramental : (a) (۱) عیسائیوں کی مذہبی رسم سے متعلق ۔ (۲) عشائے ربانی سے متعلق ۔ (۳) ظاہری علامت یا نشانی سے متعلق یا اسی طرح کی ۔ (۴) مقدس (حلف وغیرہ) ۔ (۵) باطنی معنی رکھنے والا ۔ (۶) (رومی قانون) ایسے مقدمے سے متعلق جس میں زر ضمانت جمع کرنا پڑتا تھا یا حلف اٹھانا پڑتا تھا ۔ (۷) (مزاحاً و طنزاً) مقدس ۔

Sacramental : (n) مذہبی رسم یا عشائے ربانی سے مشابہ رسم جس کا شمار مذہبی رسوم میں نہیں ہوتا ھے مثلاً مقدس پانی یا روغن کا استعمال ۔

Sacramentalism : (n) انکار حضوری کا عقیدہ ۔

Sacramentality : (n) باطنی معنی رکھنے والا : عشائے ربانی ہونے کی صفت ۔

Sacramentally : (adv.) عقیدۂ انکار حضوری کی رو سے ۔

Sacramentarian : (a) [mod. L. 'Sacramentarius'.] (۱) معتقد شعائر ۔ (۲) منکر حضوری ۔

Sacramentarian : (n) (۱) (لوتھر کی زبان میں) وہ پروٹسٹنٹ عالم دین جن کے مطابق عشائے ربانی میں روٹی اور شراب کا حضرت عیسیٰؑ کا جسم اور خون کہا جانا محض استعاری ھے ۔ (۲) (آکسفورڈ) پروٹسٹنٹ مذہب کے غیر مقلد فرقے کا پیرو ۔ (۳) مذہبی رسوم (عشائے ربانی) کے متعلق انتہا پسند عقیدہ رکھنے والا : انکار حضوری کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Sacramentarianism : (n) دیکھو Sacramentalism

Sacramenter : (n) دیکھو Sacramentarian

Sacramentism : (n) دیکھو Sacramentalism

Sacramentum : (n) [L.] زر ضمانت جو فریقین کو دیوانی مقدمے سے پہلے جمع کرنا پڑتا تھا اور ہارنے والے کی ضمانتی رقم حکومت ضبط کر لیا کرتی تھی ۔

Sacrarium : (n) [L.] (۱) خانہ مندر : خانہ مسجد : گھر کے اندر کا مندر : وہ کمرا جو گھر کے اندر گھریلو دیوتاؤں کی پرستش کے لئے یا عموماً عبادت کے لئے مخصوص ہوتا ھے اور جس میں داخل ہونا ممنوع خیال کیا جاتا ھے ۔ (۲) گرجا کا وہ حصہ جو قربان گاہ کے کٹھرے کے اندر محصور ہوتا ھے ۔ (۳) (رومن کیتھولک چرچ میں) سوراخ دار سنگین ظرف پانی کے نکاس کے لئے ۔

Sacred : (a) [Fr. 'Sacrer'.] (۱) پاك : مقدس : متبرك : مذہبی : دینی : محترم : معظم : شریف : قابل تعظیم : واجب التعظیم : قابل احترام : مستحکم : مضبوط : اٹل ۔ (۲) منسوب : موسوم : معنون ۔

Sacred ape : (n) مقدس بندر ۔

Sacred axe : (n) چینی ظروف پر ایك مارکہ جو سپاہیوں کی علامت ہوتا تھا ۔

Sacred baboon : (n) یمانی بندر ۔

Sacred books : (n) کتب مقدسہ ۔

Sacred bo tree : (n) پیپل ۔

Sacred college : (n) مجلس : انجمن : جمیعت ۔

Sacred concert : (n) مقدس منڈلی (گانے والوں کی) ۔

Sacred cow : (n) وہ شخص یا چیز جو ہرطرح کی تنقید یا اعتراض سے مستثنیٰ ہو ۔

Sacred fig : (n) پیپل ۔

Sacred fire : (n) (مرضیات) سرخ بادہ : حمرہ ۔

Sacred fish : (n) قنّومہ : دریائے نیل کی ایك قسم کی مچھلی ۔

Sacred history : (n) انجیلی تاریخ : مقدس تاریخ ۔

Sacred ibis : (n) لقلق (سارس) کی ایك قسم جو قدیم مصریوں کے یہاں مقدس سمجھی جاتی تھی ۔

Sacred malady : (n) (مرضیات) مِرگی ۔

Sacred monkey : (n) مقدس بندر ۔

Sacred music : (n) مذہبی راگ ۔

Sacred number : (n) ۷ کا ہندسہ : متبرك عدد : مبارك عدد ۔

Sacred order : (n) مقدس سلسلہ ۔

Sacred poetry : (n) مذہبی شاعری ۔

Sacred thread/ -cord : (n) جنیؤ : وہ بٹا ہوا دھاگا جسے ہندو لوگ گلے میں ڈالے رہتے ہیں ۔

Sacred war : (n) (تاریخ یونان) ان دو جنگوں میں سے ایک جو Amphictionic council نے Phocis کے ساتھ کی تھیں ۔

Sacred weed : (n) ساگون : گل شاہ پسند ۔

Sacred writ : (n) (۱) انجیل : بائیبل (خواہ اس میں عہد عتیق کی غیر معتبر کتابیں شامل ہوں یا نہ ہوں) : توریت : زبور : صحیفے : صحف انبیا ۔ (۲) غیر عیسائی قوموں کی دینی کتابیں مثلاً وید ، شاستر ، پران اور قرآن شریف وغیرہ : کتاب اللہ : مذہبی کتاب ۔ (۳) مستند تحریریں : (قدیم) کتبہ : نوشتہ ۔

Sacred writing : (n) تصنیف مقدسہ ۔

Sacredly : (adv.) تمنّاً وتبرکاً : بہ تعظیم و تکریم ۔

Sacredness : (n) تقدس : پاکی : پاکیزگی ۔

Sacrifice : (n) [Fr.] (۱) قربانی : نذر : صدقہ ۔ (۲) بھینٹ : بلی : ذبیحہ ۔ (۳) ایثار : قربانی ۔ (۴) نقصان : گھاٹا : تج دینا ۔ (۵) (دینیات) حضرت عیسیٰ کا صلیب پر چڑھنا : عشائے ربانی ۔

The great sacrifice/ Last-/ A supreme- : آخری قربانی : سب سے بڑی قربانی یعنی جان کی قربانی : جان دے دینا (خصوصاً ملك و ملت کے لئے جنگ میں شہید ہونا) ۔

Sacrifice : (v) تصدیق کرنا : صدقہ کرنا : فدا کرنا : قربان کرنا : نثار کرنا : نچھاور کرنا : چڑھاوا چڑھانا : بھینٹ چڑھانا ۔ (۲) ذبح کرنا ۔ (۳) نقصان سہنا : نقصان اٹھا کر فروخت کرنا ۔ (۴) کھونا : ترک کرنا : تج دینا ۔

Sacrificer : (n) قربانی دینے والا پادری ۔

Sacrificial : (a) ذبیحی : نذر و نیاز سے متعلق : صدقہ و تصدیق سے متعلق : ایثار و قربانی سے متعلق ۔

Sacrificially : (adv.) نذر و نیاز کے طور پر : بھینٹ بنا کر ۔

Sacrificing : (a) دیکھو Sacrificial

Sacrilege : (n) [Fr.] متبرك : مقدس شخص یا چیز کی بے حرمتی : مذہبی بے ادبی : توہین مقدسات : مقدس مقام میں چوری کرنا یا ڈاکہ مارنا ، ڈالنا ۔

Sacrileger : (n) مذہبی امور میں گستاخی کا مرتکب : شخص جس نے مذہب کی توہین کو اپنا شعار بنا لیا ہو : بے وحدت ۔

Sacrilegious : (a) (۱) توہین مقدسات کرنے والا : بے حرمتی کرنے والا ۔ (۲) توہین مقدسات سے متعلق ۔

Sacrilegiously : (adv.) بے ادبی کے ساتھ : گستاخانہ ۔

Sacrilegiousness : (n) بے حرمتی : بے ادبی : بے عزتی ۔

Sacrilegist : (n) دیکھو Sacrileger

Sacring : (n) (۱) تقدیس : عشائے ربانی کے اجزاء و عناصر کی تقدیس ۔ (۲) اسقفوں یا بادشاہوں کے تقرر کی رسم ۔

Sacring bell : (n) (۱) جرس تقدیس : وہ گھنٹا جو عشائے ربانی (کی تقریب) کے موقع پر روٹی کو بلند کرنے کے وقت بجتا ھے ۔ (۲) (بعد تجدید مسیحیت) چھوٹا گھنٹا جس کو بجا کر کسی کلیسائی حلقے کے رہنے والوں کو ماتم کرنے کے لئے بلایا جاتا ھے ۔

Sacrist : (n) [Fr. 'Sacriste'.] (گرجا یا معبد میں) ظروف مقدسہ کا محافظ عہدہ دار ۔

Sacristan : (n) [med. L. 'Sacristanus'.] (۱) (گرجا میں رہنے والا) گورکن ۔ (۲) ملبوسات مقدسہ کا محافظ ۔

Sacristy : (n) گرجا کے ظروف اور کپڑے رکھنے کی جگہ ۔

Sacro- : سابقہ بمعنی "مقدس" "متبرك" ۔

Sacro - : (Prefix) سابقہ بمعنی "عجزی" مقعد کی ہڈی کا اور ....

Sacro-pictorial : (a) مقدس تصویر سے متعلق ۔

Sacro-secular : (a) دینی و دنیوی ۔

Sacrosanct : (a) [L. 'Sacrosanctus'.] مقدس : متبرك : پاك : بڑا : منزّہ : واجب التعظیم ۔

Sacrosanctity : (n) تقدس : تبرك ۔

Sacrum : (n) [L.] مقعد کی ہڈی (تکونی شکل کی) عُجز : عظم عجز : پرڈ ہڈی ۔

Sad : (a) [OE. 'Saed'.] (۱) اداس : غمگین : مغموم : محزون : حزیں : رنجیدہ : دلگیر : ملول : اندوہ گیں ۔ (۲) غم ناك : اندوہناك ۔ (۳) خراب : ناقابل اصلاح : بے انتہا خراب ۔ (۴) (روٹی وغیرہ) موٹی : بھاری : خمیری ۔ (۵)(رنگ) دھندلا : دھیما : ہلکا : صوفیانہ ۔

Sad : (v) سخت بنانا : دبانا : ٹھوس بنانا ۔

Sad-dog : (n) قابل افسوس ہستی مثلاً اوباش ، راہی وغیرہ ۔

Sad-iron : (n) ایك قسم کی استری جو ٹھوس اور چپٹی ہوتی ھے ۔

Sad sack : (n) (۱) ناکارہ اور منکسرالمزاج غیر فوجی (افسر) ۔

(۲) ناکارہ شخص ؛ ناموزوں شخص ۔

Sad ware : (n) جستے کی رکابی یا برتن ۔

Sadden : (v) (۱) غمگین ؛ افسردہ ؛آزردہ یا رنجیدہ کرنا ؛ دلگیر؛ آزردہ ؛ افسردہ یا ملول ہونا ۔ (۲) (رنگنے میں رنگ کو) کم کرنا ؛ مدھم کرنا ؛ ہلکا کرنا ۔

Saddle : (n) [OE. 'Sadol, -ul'.] (۱) کاٹھی ؛ زین ۔ (۲) زین نما شے ۔ (۳) (کان کنی ، ارضیات) نشیب (پہاڑ کا) ؛ پہاڑ کی ماہی پشت ؛ کمر کوہ ۔ (۴) (میکانیات) کرسی ؛ مسند ۔ (۵) (طباخی) بکرے کی دو جڑی ہوئی ٹانگیں (ریڑھ کی ہڈی کے ساتھ) ۔

For the saddle : گھڑ سواری کی غرض سے ۔

In the saddle : (۱) سوار ۔ (۲) (مجازاً) برسرکار ؛ صاحب اختیار و اقتدار ۔ (۳) (مجامعت میں) ہیجان شہوت کی انتہا پر ہونا ۔

To lay the saddle upon the right horse / -put-/ -set- : جس کا قصور ہو اسی کو پکڑنا ۔

Saddle : (v) (۱) زین کسنا ؛ زین لگانا ۔ (۲) بار ڈالنا ؛ ذمہ داری ڈالنا ؛ سپرد کرنا ؛ سر تھوپنا ؛ لادنا ؛ دبانا ۔ (۳) گھوڑے پر سوار ہونا ۔ (۴) بیچ سے دبانا ؛ بیچ سے موڑنا ۔ (۵)(نئے سِدھائے ہوئے گھوڑے کو) گھڑدوڑ میں شریک کرنا ۔

To saddle and bridle : قابو میں کرنا ۔

Saddle : (a) (۱)زین کا یا اس سے ملحق ۔ (۲) گھڑسواری کے لئے موزوں یا گھڑسواری کے لئے بنا ہوا ۔(۳) گھڑ سوار ۔ (۴) زین نما ۔ (۵) گھڑ سواری سے پیدا ہونے والا (جیسے کوئی مرض) ۔

Saddle back : (n) (۱) کوہانی پہاڑ ؛ کوہانی چھت ۔ (۲) بعض قسم کی مچھلیاں اور پرندے ۔ (۳) ایک قسم کا صدف جسے کھایا نہیں جاتا ھے ۔ (۴) (ارضیات) خط کوہانی ۔

Saddle back : (a) (۱) دیکھو Saddlebacked ۔ (۲) (ارضیات) کوہانی ۔

Saddle-backed : (a) (۱) کوہانی چھت والی (عمارت) ۔ (۲) (گھوڑا) جس کی پیٹھ دھنسی ہوئی ہو ۔ (۳) (سر دیوار یا چھجا) جو بیچ میں موٹا ہو ۔ (۴) کوہانی چھت والا (منار) ۔ (۵)(پرندے) جن کی پیٹھ پر زین نما نشان ہو۔

Saddle-bag : (n) (۱) خرجی ۔ (۲) عمدہ قسم کا فرش کا کپڑا ۔

Saddle-bar : (n) (کھڑکیوں میں شیشہ لگانا) دو چھوٹی افقی سلاخوں میں سے ایک جن میں جستے کی پٹیاں لگائی جاتی ہیں ۔

Saddle-bow : (n) زین کا اگلا حصہ ؛ زین کا محراب نما حصہ ۔

Saddle-cloth : (n) عرق گیر ؛ زین کے نیچے کا نمدہ ۔

Saddle-gall : (n) زخم جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کی رگڑ سے پیدا ہو جاتا ھے ۔

Saddle-horse : (n) زین سواری کا گھوڑا ۔

Saddle maker : (n) زین گر ؛ زین ساز ۔

Saddle-oyster : (n) بعض قسم کے صدف جو زین کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Saddle-pin : (n) وہ پرزہ جس کے ذریعے بائیسکل وغیرہ کا زین اس کے خانے کے اندر بٹھایا جاتا ھے ؛ زین کا پیچ ۔

Saddle-roof : (n) زین نما چھت ؛ کوہانی چھت ۔

Saddle-room : (n) زین وغیرہ رکھنے کا کمرہ ۔

Saddle-shapped : (a) (۱) زین نما ؛ زین سے مشابہ ۔ (۲) (ارضیات) کوہانی ۔

Saddle-shell : (n) دیکھو Saddle-oyster

Saddle-sore : (n) زین کی رگڑ سے پیدا شدہ زخم ۔

Saddle-tree : (n) (۱) زین کا ڈھانچا ۔ (۲) شمالی امریکا کا ایک پودا (جس کے پتے زین کی شکل کے ہوتے ہیں) ۔

Saddle-wire : (n) (تلغرافی) وہ تار جو کھمبے کے سرے پر سے جاتا ھے ۔

Saddled : (a) (۱) زین لگا ہوا ۔ (۲) (حشرات وغیرہ) جن پر زین نما نشانات ہوں ۔

Saddleless : (a) بے زین ؛ بے کاٹھی ۔

Saddlelike : (a) زین نما ؛ کاٹھی سے مشابہ ۔

Saddlenose : (n) ناک جس کے بانسا میں زخم یا بیماری کی وجہ سے گڈھا پڑ گیا ہو ۔

Saddler : (n) (۱) زین گر : زین ساز : سراج : زین فروش ۔ (۲) (فوج) محافظ زین (افسر جو رسالے کے زینوں کا محافظ ہوتا ہے) ۔ (۳) زین سواری گھوڑا ۔ (۴) ایک قسم کی سیل مچھلی ۔

Saddlery : (n) (۱) زین سازی : زین گری : سراجی ۔ (۲)زین ساز ۔ (۲) وہ جگہ جہاں زین گری یا زین سازی کا کام ہوتا ہے ۔

Sadducaic : (a) [Gr. 'Saddoukaios'.] صدوقی سے متعلق یا ان کی صفت کا ۔

Sadducean / -caean : (a) صدوقی سے متعلق یا ان سے مشابہ ۔

Sadducee : (n) [OE. 'Sad(d)uceas'.] (۱) صدوقی : حضرت عیسیٰؑ کے زمانے میں یہودیوں کا ایک فرقہ تھا جو قیامت میں روحوں کے وجود اور سنت قدیمہ کی پابندی کا قائل نہ تھا (اسی فرقے کا بانی کا نام صدوق تھا) ۔ (۲)صدوقیت کا معتقد شخص ۔

Sadduceeism : (n) صدوقیت کے اصول : صدوقیت ۔

Sade : (v) [OE. 'Sadian'.] تھکنا یا تھکا دینا ۔

Sadism : (n) [Fr. 'Sadisme'.] سادیت (کونٹ دی سادے سے منسوب): ایک قسم کی جنسی کجروی جس کے مبتلا کو معشوق کو جسمانی ایذا دینے میں لطف آتا ہے : عشق جلادی : لذت جلا دی ۔

Sadist : (n) جنسی کجرو : ساڈی ۔

Sadistic : (a) ساڈیت سے متعلق : جنسی کج روی سے متعلق ۔

Sadly : (adv.) غمگینی سے : رنجیدگی سے : اندوہ گیں ہو کر : سنجیدگی سے ۔

Sadly : (a) بیمار : نڈھال ۔

Sadness : (n) اندوہ گینی : غم گینی : رنجیدگی : افسردگی : آزردگی : ملال : دلگیری : حزن : رنج : غم : اندوہ ۔

Sado-masochism : (n) لذت آزار اور لذت آزار رسانی ۔

Sado-masochist : (n) آزار پسند ۔

Sado-masochistic : (a) لذت آزار اور آزار رسانی سے متعلق ۔

Saeculum : (n) [L.] طویل مدت : عرصہ دراز ۔

Safari : (n) [Arab. 'Safara'.] (۱) سفر شکار ۔ (۲) مہم : جوکھم کا سفر ۔

Safari : (v) (شکار کے) سفر پر جانا : جوکھم کا سفر کرنا ۔

Safe : (n) [f. 'Save'.] (۱) نعمت خانہ : کھانے کی چیزیں رکھنے کی الماری ۔ (۲) تجوری ۔ (۳) وہ کشتی جو پانی وغیرہ کی ٹنکی کے نیچے لگائی جاتی ہے جس سے ٹپکنے یا چھلکنے والی سیال شے گرتی ہے ۔ (۴) مانع حمل یا مجامعت میں جنسی بیماریوں سے بچنے کے لئے عضو تناسل پر لگانے کا خول : رفالہ ۔

Safe : (a) [ME. 'Sauf, Saf'.] (۱) محفوظ : مامون : مصؤن ۔ (۲) بلا خوف و خطر : خطرے سے خالی ۔ (۳) بے ضرر : بے آزار ۔ (۴) صحیح و سالم : صحیح سلامت : بھلا چنگا ۔ (۵)محتاط : معتدل : قابل اعتماد : یقینی ۔

A safe catch : وہ کھلاڑی جس کی نسبت یہ یقین ہو کہ وہ گیند کو روک لے گا ۔

On the safe side : خطرے سے بری ۔

To be safe / -arrive- : محفوظ ہونا یا پہنچ ہونا ۔

Safe and secure/ -sound : (a) بھلا چنگا : صحیح سلامت : تندرست و توانا : ہٹا کٹا ۔

Safe conduct : (n) (۱) پروانۂ راہداری ۔ (۲) پاسپورٹ کی مثل ایک دستاویز ۔ (۳) تحفظ : حفاظت کے ساتھ رہنمائی کرنا ۔

In safe-conduct /With- : پروانۂ راہداری کے ساتھ ۔

Under safe-conduct /Upon- : پروانۂ راہداری کے ساتھ ۔

Safe-deposit : (n) ایسی عمارت جہاں قیمتی چیزیں محفوظ رکھی جائیں ۔

Safe-edge : (n) ریتی کا چکنا کنارہ ۔

Safe-hold : (n) تحفظ کی جگہ : محفوظ مقام : حملے سے بچاؤ کی جگہ ۔

Safe-keeping : (n) حراست: حوالات: حفاظت: تحفظ: نگرانی: تحویل ۔

Safe-load : (n) اتنا بوجھ یا بار جس سے نقصان کا خطرہ نہ ہو: بے خطر بوجھ ۔

Safe period : (n) عورتوں کے جنسی دور میں وہ مدت جس میں حمل قرار پانے کا امکان کم ہوتا ہے اور جو مدت حیض سے

کچھ دن قبل سے شروع ہوتی ہے اور حیض کے بعد کچھ دنوں تک رہتی ہے ۔

Safeguard : (n) [ME. 'Sauf garde'.] (۱) تحفظ : بد رقہ : محافظ ۔ (۲) تحفظات ۔ (۳) (فوج) کسی مقام کو لوٹ مار سے بچانے کے لئے فوجی کمانڈر کا حکم : دستۂ محافظین ۔ (۴) تحفظ : تدارک ۔

In (the) safeguard of / Under- : تحفظ میں : حفاظت میں ۔

Safeguard : (v) حفاظت کرنا : تحفظ کرنا : بچانا : خطرے یا حملے سے محفوظ رکھنا : حقیقت یا حقوق کی حفاظت کرنا ۔

Safeguarding : (n) گھریلو صنعت کو بیرونی صنعتوں کے مقابلے سے بیرونی اشیا پر چنگی لگا کر بچانے کا نظام : حفاظت : بچاؤ ۔

Safely : (adv.) بے خوف و خطر : بخیر و عافیت : بخیر و خوبی : صحیح سلامت : صحت سلامتی سے : صحت سلامتی کے ساتھ ۔

Safen : (v) محفوظ کرنا ۔

Safeness : (n) اعتماد و اعتبار : حالت امن و امان ۔

Safety : (n) (۱) حفاظت : امن و امان : اطمینان : سلامتی : بچاؤ : تحفظ ۔ (۲) حراست : نگہبانی : نگہداشت : نگہداری ۔ (۳) آسرا : سہارا : آڑ : روک : بچاؤ ۔ (۴) (فوج) (میزائل ، بارودی سرنگ وغیرہ کی) حفاظتی تدبیر (جس کی وجہ سے یہ چیزیں خود بخود فائر نہیں کرتیں اور نہ پھٹتی ہیں) ۔ (۵) رفالہ : مانع حمل تدبیر ۔ (۶)حادثے یا امراض سے بچنے کی تدبیر یا مہارت ۔ (۷)(انجینئرنگ) کسی چیز پر ڈالے گئے زور اور اس چیز کی انتہائی قوت کے درمیان تناسب ، تیقن ۔ (۸)بندوق کی لبلبی کو مقفل کرنے کی ایک ترکیب تاکہ ناگہانی طور پر فائر نہ ہو سکے : ایسی ترکیب لگی بندوق ۔ (۹) سائیکل (موجودہ دور کی) : محفوظ سائیکل ۔ (۱۰) (فٹ بال) وہ کھلاڑی جو اپنے گول کے قریب رہتا ہے ۔

In safety : محفوظ : حفاظت میں ۔

To play for safety : (۱) (بلیرڈ) مخالف کی گیند کو ایسی حالت میں چھوڑ دینا کہ اسے دوبارہ دوسری ضرب لگانے میں مشکل در پیش ہو ۔ (۲) اپنے بچاؤ کے لئے کام کرنا : حفاظت اور بچاؤ کے پہلو کو ہاتھ سے نہ جانے دینا ۔

Safety : (v) ناکامی : ٹوٹ پھوٹ اور دوسرے حادثات سے محفوظ کر دینا ۔

Safety-arch : (n) محراب جو صرف تعمیراتی مقصد کے لئے بنائی جائے ۔

Safety-belt : (n) حفاظتی پٹی (جو بلندی پر کام کرنے والے گرنے سے بچنے کے لئے یا ہوائی جہاز پر مسافر حادثہ ہو جانے کی صورت میں بچنے کے لئے باندھتے ہیں ۔

Safety-bicycle : (n) محفوظ بائیسکل : جدید نمونے کی نیچی گدی والی بائیسکل ۔

Safety-bolt : (n) (۱) محفوظ بلی : محفوظ چٹخنی ۔ (۲) محفوظ گھوڑے دار بندوق ۔

Safety-button : (n) جوہری توانائی کے مرکزوں میں کام کرنے والے کی حفاظتی ترکیب جسے پہن کر جوہری شعاع افشانی سے بچتے ہیں ۔

Safety cage : (n) (۱) (کان کا) حفاظتی چراغ کے اوپر کی جالی ۔ (۲) محفوظ کھٹولا جس میں ایسے آلات لگے رہتے ہیں جو رسے کے ٹوٹ جانے کی صورت میں اسے گرنے سے روک لیتے ہیں ۔

Safety-catch : (n) دیکھو Safety-bolt

Safety-curtain : (n) آگ روک پردا جو تھیٹر میں معین کی نشستوں کو اسٹیج سے جدا کرتا ہے ۔

Safety-deposit : (n) دیکھو Safe-deposit

Safety-edge : (n) دیکھو Safe-edge

Safety-explosive : (n) آتش گیر مادہ جس کی خرید و فروخت پر پابندی نہ ہو ۔

Safety factor : (n) (انجینئرنگ) تیقن یا بھروسے کی حد ۔

Safety-film : (n) سنیما کی فلم جو غیر اشتعال پذیر یا مدھم جلنے والی چیز پر تیار کی جاتی ہے ۔

Safety-first : (n) جان ہے تو جہان ہے ، سلامتی مقدم : حفاظت مقدم ۔

Safety-fuse : (n) فتیلۂ محفوظ: وہ فتیلہ جو دور سے مشتعل کیا جاسکے۔

Safety-glass : (n) (۱) سہ تہ شیشہ : تین پرتوں کا موثر کا شیشہ جس کی دو تہوں کے بیچ سیلولائڈ کی تہ مضبوطی کے لئے دیتے ہیں ۔ (۲) تاؤ دے کر مضبوط کیا ہوا شیشہ جو

ٹوٹنے کے بعد چھوٹے چھوٹے بے ضرر دانوں میں بٹ جاتا ھے ۔ (۲) شیشہ جس کے اندر تار دیا رہتا ھے تاکہ ٹوٹنے کے بعد بھی الگ نہ ھو ۔

Safety-hat : (n) حفاظتی ٹوپ ۔

Safety-ink : (n) اَن مٹ روشنائی ۔

Safety-lamp : (n) حفاظتی چراغ : چراغ محفوظ : بند لالٹین ۔

Safety man : (n) (عارضی طور) متروک کان کا محافظ ۔

Safety-match : (n) محفوظ دیا سلائی جو ایک خاص مسالے کے بغیر آگ نہیں پکڑتی ۔

Safety-pin : (n) (۱) آلپن : محفوظ آلپن ۔ (۲) مشین کے بعض پرزوں کو مضبوط کرنے یا باندھنے کی آلپن ۔

Safety-razor : (n) محفوظ استرا : سیفٹی ریزر ۔

Safety-valve : (n) (۱) حفاظتی صمام : خود کشا وَالو (Valve)۔ (۲) (مجازاً) دل کی بھڑاس نکالنے کا بے خطر ذریعہ ۔

To sit on the safety-valve : دبانا : ناک میں دم کرنا : چوں نہ کرنے دینا ۔

Safety-zone : (n) پیدل چلنے والے یا موٹر کے منتظر کھڑے رہنے والے لوگوں کے لئے محفوظ خِطہ ، علاقہ ۔

Saffian : (n) [Turk. 'Sahtiyan'.] نری : بکری یا بھیڑ کی کھال جو کمانے کے بعد سماق کے پتوں میں رنگی جاتی ھے ۔

Safflower : (n) [Du. 'Saffloer' or G. 'Safflor'.] کُسُم (کا پھول یا درخت) ۔

Saffron : (n) [Arab. 'Za' Faran.] (۱) زعفران : کیسر ۔ (۲) زعفرانی رنگ ۔ (۳) ایک قسم کا سفوف (صیقل کے لئے) ۔

Bastard saffron : کُسُم : نقلی زعفران ۔

Saffron-butterfly : (n) زرد پروں والی تتلیاں ۔

Saffron-cake : (n) زعفرانی ٹکیا یا شیر مال ۔

Saffron-moth : (a) زرد پروں والے بعض پروانے ۔

Saffron-plum : (n) جزائر غرب الہند کا کھرنی جیسا پھل ۔

Saffron-wood : (n) جنوبی افریقہ کا ایک درخت یا اس کی لکڑی جو زرد ھوتی ھے ۔

Saffroned : (a) زعفرانی رنگ کا یا زعفرانی رنگ میں رنگا ھوا : زعفران ملا ھوا ۔

Saffrony : (a) زعفرانی : زردی مائل ۔

Safranin : (n) [Fr. 'Safronine'.] (۱) زعفرانین : زعفران سے نکلنے والا زرد رنگ ۔ (۲) زردی مائل سرخ رنگ جو تارکول سے نکلتا ھے ۔

Sag : (n) (۱) (بحری) ھوا سے محفوظ رخ کی طرف جھکاؤ یا جھکنا : جہاز کا اپنے رستے سے ہٹ جانا ۔ (۲) جھکاؤ: خمیدگی: خم: جھوک یا جھونک ۔ (۳)نشیب۔ (۴)(بحری) اتار : کمی ۔

Sag : (v) [(M) LG. 'Sacken'.] (۱) (عمارت وغیرہ) دباؤ پاکر بیٹھ جانا : جھکنا : خمیدہ ھونا ۔ (۲) (قیمتوں کا) کم ھونا : اترنا : گھٹنا ۔ (۳) جھکانا : خمیدہ کرنا : ٹیڑھا کرنا ۔ (۴) تھکی تھکی چال چلنا ۔ (۵) دلچسپی کھو بیٹھنا ۔ (۶) (جہاز کا) اپنے رستے سے ہٹ جانا (خصوصاً ھوا کی مخالف جانب) ۔

Saga : (n) [ON. 'Saga'.] (۱) سویڈن : ناروے اور آئس لینڈ کی تاریخی داستان بالخصوص ایسی داستان جس میں خاندان برفستانی یا شاہان ناروے کے کارنامے بیان ھوں۔ (۲) (مجازاً) رزمیہ داستان : کارنامے ۔ (۳) کام ، زندگی، واقعات وغیرہ جو رزمیہ داستان کے موضوع ھو سکیں ۔ (۴) کہانی جس میں کسی خاندان کی تاریخ ھوتی ھے ۔ (۵) لمبی اور پیچیدہ کہانی ۔

Saga-man : (n) رزمیہ داستان نویس ۔

Sagacious : (a) [L. 'Sagax, Sagac- + -ious'.] (۱) سیانا : ذہین : زیرک : دانا : دانشمند : ھوشمند : ھوشیار : سمجھدار ۔ (۲) دانشمندی کی یا سمجھ داری کی (بات) ۔

Sagaciously : (adv.) دانشمندانہ : ھوشمندانہ : زیرکی سے : تیز فہمی سے : ذکاوت سے : ذہانت سے : ھوشیاری سے : سیانے پن سے : عقل مندی سے ۔

Sagaciousness : (n) ھوشیاری : ھوشمندی : ذکا : ذکاوت : سمجھ : زیر کی : ذہانت : دانائی ۔

Sagacity : (n) [Fr. 'Sagacite' or L. 'Sagacitas'.] دیکھو Sagaciousness

Sagamore : (n) [Penobscot. 'Sagamo'.] دیکھو Sachem

Sagan : (n) [Late (Talmudic) use of Heb. 'Sagan'.] (یہودیوں کا) نائب کاہن اعظم : کسی عبادت خانے کا دوسرا سب سے بڑا عہدہ دار ۔

Sagapenum : (n) [Late L.] ایک قسم کا گوند : سیگینم : کندل ۔

Sagathy : (n) [Fr. 'Sagatis'.] ایک قسم کے بٹے ہوئے دھاگے کا کپڑا ۔

Sage : (n) [ME. 'Sauge'.] ساج : ایک قسم کا خوشبودار پودا جس کی پتیاں بھوری سبز ہوتی ہیں اور عام طور پر پکانے کے کام آتی ہیں : سالبیہ : سمندر سوکھ : مریم گلی ۔

Sage : (a) [Fr. 'Sage'.] (۱) دانا : عاقل : سنجیدہ : فہمیدہ : تجربہ کار : فرزانہ : حکیم : عالم : شیخ : عارف ۔ (۲) عاقلانہ (رائے وغیرہ) ۔

The seven sages of Greece : حکمائے ہفت گانہ : سات یونانی حکما Thales, Solon, Chilon, Cleobulus, Periander, Bias اور Pittacus جن میں سے ہر ایک کا ایک مقولہ مشہور ہے ۔

Sage : (n) دانا شخص : عاقل شخص ۔

Sage-brush / -bush : (n) ساج برش : یہ ایک قسم کا القلی پودا ہے جو امریکا کے بنجر علاقوں میں ہوتا ہے ۔

Sage-cheese : (n) ایک طرح کا پنیر جس میں ساج کی خوشبو ڈالی جاتی ہے : ساجی پنیر ۔

Sage-cock : (n) امریکا کا سب سے بڑا گراؤس (بھٹ تیتر) ۔

Sage-green : (n) ساجی رنگ : ساج کی پتیوں کا رنگ ۔

Sage-grouse : (n) دیکھو Sage-cock

Sage-hare : (n) ایک قسم کا چھوٹی ذات کا خرگوش ۔

Sage-hen : (n) امریکی گراؤس (مادہ) ۔

Sage-rabbit : (n) دیکھو Sage-hare

Sage-sparrow : (n) عصفور کی ایک جنس ۔

Sage-tea : (n) ساج کی خیساندہ ۔

Sage-thrasher : (n) پہاڑی نقال پرندہ ۔

Sage-willow : (n) چھوٹی ذات کا امریکی بید ۔

Sagely : (adv.) حکیمانہ : عالمانہ ۔

Sagene : (n) [Russ.] لمبائی ناپنے کا روسی پیمانہ ۔

Sageness : (n) متانت : حکمت : دانائی : فراست : فرزانگی ۔

Sagenite : (n) [Gr. 'Sagene' + -ite.] ایک قسم کی دھات (ٹائیٹینم ڈائی آکسائیڈ) ۔

Sagenitic : (a) ایسی دھات سے متعلق ۔

Sagey/ Sagy : (n) ساجی ۔

Saggar/ Seggar : (n) (۱) مٹی کے برتن پکانے کا سانچہ : مٹی کا خول جس میں وہ برتن ملفوف کیا جاتا ہے جس کا پکانا منظور ہوتا ہے ۔ (۲) مٹی جس سے سانچہ بنایا جاتا ہے ۔

Sagging : (n) (۱) خم : جھونک یا جھوک ۔ (۲) مسلسل کمی : اتار ۔ (۳) چینی کے برتنوں میں مینلکاری یا نقص ۔

Saggy : (a) خمیدہ : خم دار : جھکا ہوا ۔

Sagitta : (n) [L.] (۱) ایک شمالی برج جس کی شکل تیر کی سی ہوتی ہے : سہم : سہم الرامی ۔ (۲) (ریاضیات) سہم الحبیب ۔ (۳)(تعمیرات) ڈاٹ پتھر ۔ (۴) (تشریح) درز سہمی ۔ (۵) (حیوانیات) سہم : تیر دودہ ۔ (۶) یونانی حرف E کا درمیانی افقی خط ۔

Sagittal : (a) (۱)(تشریح) درز سہمی سے متعلق ۔ (۲) سہمی پیکانی: تیر سے مشابہ ۔

Sagittal suture : (n) درز سہمی ۔

Sagittally : (adv.) سہمی سطح کی طرف ۔

Sagittarius : (n) [L.] (۱) برج قوس : منطقہ البروج کا نواں برج جس میں آفتاب ۲۲ ر نومبر کو داخل ہوتا ہے : رامی : دھن ۔ (۲) اسطوری قنطورس جسے برج قوس میں تبدیل کر دیا گیا ہے ۔ (۳) (نقابت) کمان کھینچے ہوئے قنطورس کا مارکہ ۔

Sagittary : (n) [L. 'Sagittarius'.] (۱) قنطورس جو ٹروجن (Trojan) کی فوج سے یونان کے خلاف لڑا تھا ۔ (۲)قنطورس یا گھڑ سوار تیر انداز کی شبیہ ۔ (۳)(نقابت)گھڑسوار تیر انداز کی شبیہ۔ (۴) تیر انداز۔

Sagittate : (a) سہمی : تیرنوکی : تیر نما : تیر صورت ۔

Sagittated : (a) دیکھو Sagittate

Sago : (n) [Malay 'Sagu'.] (۱) ساگو دانہ : سابو دانہ ۔ (۲) وہ درخت جس سا گودانہ یا سابو دانہ حاصل کیا جاتا ھے۔

Trench sago : اراروٹ ۔

Japanese sago : ساگودانہ کی ایک قسم ۔

Pearl sago : دانہ دار ساگودانہ ۔

Sago-palm : (n) ساگودانہ کا درخت ۔

Sago-spleen : (n) ایک قسم کا مرض طحال ۔

Sagoin : (n) [Fr. 'Sagouin'.] امریکا کا چھوٹی ذات کا بندر ۔

Sagum : (n) [L.] (قدیم روما) فوجی لبادہ ۔

Sahara : (n) [Arab. 'Sahra'.] (۱) لیبیا یا شمالی افریقہ کا سہارا ریگستان : صحرائے اعظم کا ۔ (۲) (مجازاً) صحرا ۔

Saharan / Saharian / Saharic : (a) صحرائی : صحرائے اعظم سے متعلق ۔

Sahib : (n) [Urdu] صاحب : انگریزوں کے لئے ہندوستانی عوام استعمال کرتے ہیں ۔

Sahidic : (a) [Arab. 'Said'.] مصر کے قبطی زبان سے متعلق ۔

Sahlite : (n) [G. 'Sahlit'.] ایک قسم کا آتشی معدن ۔

Sai : (n) [Brazilian 'Sahy'.] جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Saic : (n) [Fr. 'Saique'.] لیوینٹ (Levant) میں مستعمل ایک قسم کا جہاز ۔

Said : (a) مذکورہ : کہا ہوا ۔

Saiga : (n) [Russ.] روس کے گیاہی علاقوں کا ہرن ۔

Saiga : (n) [med. L.] ایک چھوٹا نقرئی سکہ جو فرانس میں رائج تھا ۔

Sail : (n) [OE. 'Seg(e) l '.] (۱) بادبان : پال : شراع ۔ (۲) جہاز : جہازی بیڑا : جہازوں کا بیڑا ۔ (۳) بادگی یا بادگیر (مل یا آلہ جس سے ہوا اندر آئے) ۔ (۴) سیل مچھلی کا بازو ۔ (۵) جہاز ماہی کی مونچھ ۔ (۶) (جمع) (بحری عامیانہ) وہ عہدہ دار جس کے تفویض جہاز کے مستول، رسیاں اور بلیاں وغیرہ ہوتی ہیں ۔ (۷)پرندوں کے بازو : باز کے بازو ۔ (۸) گاڑی کو چھپانے کا بادبان یا کرمچ ۔

At or in full sail (s) / Full sail : تمام بادبان کھول کر : پوری قوت سے : زوروں سے ۔

Under sail : روانہ ہو جانا : جہاز کا چھوٹنا (بندرگاہ سے) ۔

Sail : (n) (۱) بحری سفر یا سیر ، سیاحت ۔ (۲) (یك وقتی لفظ) تعداد (جہازوں کی) ۔ (۳) جہاز کی رفتار ۔

To take sail : جہاز پر سوار ہونا ۔

Sail : (v) (۱) جہاز چلانا : بادبان کے ذریعے جہاز چلانا ۔ (۲) بحری سفر کرنا ۔ (۳) جہاز کا چلنا ۔ (۴) (چڑیوں کا) ہوا میں اڑنا ۔ (۵) (عورت کا) شان سے چلنا ۔ (۶)کسی کام کو زور شور سے شروع کرنا : زبان یا مکے سے حملہ کرنا ۔

To sail near (or close to) the wind : (۱) تقریباً ہوا کے خلاف چلنا ۔ (۲) (مجازاً) قانون شکنی کے قریب ہونا : اخلاقی اصول کے خلاف ورزی کے قریب ہونا ۔

Sail-arm : (n) پون چکی (ہوا چکی) کا پہیا ۔

Sail-axle : (n) پون چکی کا دھرا ۔

Sail-boat : (n) بادبانی کشتی ۔

Sail-cloth : (n) کپڑا جس سے بادبان تیار کئے جاتے ہیں ۔

Sail-fish : (n) سیل مچھلی : بادبانی مچھلی ۔

Sail-fluke : (n) ایک قسم کی چھوٹی چپٹی مچھلی ۔

Sail-hook : (n) بادبان سیتے وقت جوڑوں کو ملا کر رکھنے والا چھوٹا ہُك ۔

Sail-loft : (n) وہ جگہ جہاں بادبان بنتا ھے ۔

Sail-maker : (n) بادبان بنانے یا درست کرنے والا ۔

Sail-needle : (n) بادبان سینے والی سوئی ۔

Sail-room : (n) جہاز کا وہ کمرہ جس میں بادبانوں کو رکھا جاتا ھے ۔

Sail-winged : (a) (۱) (جہاز کے بادبان) جو بازو کی طرح کام کریں ۔ (۲) سمندر ۔ (۳) بادبان نما بازوؤں والا ۔

Sail-yard : (n) سہارے کی بلی ۔

Sailage : (n) بادبان ۔

Sailer : (n) جہاز : کشتی ۔

Sailing : (n) (۱) جہاز چلانا ۔ (۲) جہاز کی رفتار ۔ (۳) (بندرگاہ سے) جہاز کی روانگی ۔

Sailing boat : (n) دیکھو Sail-boat

Sailing line : (n) جہاز کے جسم پر لگا ہوا خط جس سے پانی کی سطح کا پتا چلتا ھے جب مسلح یا لدا ہوا نہ ہو ۔

Sailing-master : (n) افسر جہاز : جہاز راں ۔

Sailing orders : (n) ہدایات سفر (مالک جہاز کی طرف سے جہاز کے کپتان کو منزل اور وقت روانگی وغیرہ کے متعلق) ۔

Sailless : (a) بے بادبان ۔

Sailor : (n) (۱) کشتی بان ۔ ملاح ۔ (۲) Sailor-hat کا مخفف ۔

To be a good sailor : بحری مرض سے پاک ہونا ۔

Sailor-fish : (n) دیکھو Sail-fish

Sailor-hat : (n) ملاحی ٹوپی : ایک قسم کی زنانہ ٹوپی جو تنکوں سے بنائی جاتی ھے ۔

Sailor-man : (n) (مزاحیہ و عامیانہ) ملاح ۔

Sailorless : (a) بے ملاح ۔

Sailorly : (a) ملاحانہ : ملاح جیسی خصوصیت رکھنے والا ۔

Sailor's choice : (n) بعض قسم کی امریکی مچھلیوں کا مقامی نام ۔

Sailor's home : (n) ملاحوں کے لئے چند تعمیر کی ہوئی سستی سرائے : ملاح خانہ ۔

Sailor's-knot : (n) ملاحی گرہ (ٹائی کی ایک خاص قسم کی گرہ) ۔

Sailplane : (n) ایک قسم کا گلائیڈر جس سے ہوا میں بلندی پر پرواز کی جاتی ھے ۔

Sailplane : (v) گلائیڈر سے بلند پروازی کرنا ۔

Sain : (n) [ME. 'Seim'.] چربی ۔

Saimiri : (n) [Brazilian Pg. 'Saimirim'.] جنوبی امریکا کا ایک بندر ۔

Sain : (v) [OE. 'Segnian'.] صلیب کا نشان لگانا : برکت دینا : دعا دینا ۔

Sainfoin : (n) [Fr. 'Saintfoin'.] ایک قسم کی گھاس جو زیادہ اونچی نہیں اُگتی اور چارے کے کام آتی ھے : اسپرس ۔

Saint : (a) [OE. 'Sanct'.] (۱) ولی : بزرگ : رشی : مُنی : خدا رسیدہ : درویش ۔

Saint : (n) (۱) ولی : بزرگ : رشی : مُنی : درویش : سینٹ ۔ (۲) سینٹ کی شبیہ ۔ (۳) خدا رسیدہ بندہ ۔ (۴) متقی : پر ہیزگار (نیز طنزاً) ۔ (۵) کیمبرج کی مذہبی انجمنوں کا رکن ۔ (٦) ان جماعتوں میں سے کوئی ایک جس نے غلامی کے خلاف تحریک چلائی تھی ۔ (٧) متقی : پر ہیز گار ۔ (۸) کسی فن ، تحریک یا طرز زندگی کا بانی یا ان کی مثال ۔ (۹) بر گزیدہ بندہ : یہودی : اسرائیلی ۔

Saint : (v) (۱) ولی بنانا : ولی قرار دینا : بزرگ سمجھنا : زمرۂ اولیاء میں شمار کرنا ۔ (۲) ولی یا بزرگ کہہ کر مخاطب کرنا ۔ (۳) درویشانہ زندگی بسر کرنا ۔

Saint Andrew's day : (n) سینٹ اندروس (سر پرست اسکاچستان) کا عرس ۔

Sain Anthony's fire : (n) دیکھو Fire

Saint Bernard (dog) : (n) کتوں کی ایک نسل جو درۂ برنار ڈکلاں کے راہبوں نے گم کردہ مسافروں کی مدد کے لئے پالی تھی ۔

Saint Germain pear : (n) ناشپاتی کی ایک قسم ۔

Saint leger : (n) تین سال کی عمر کے گھوڑوں کی دوڑ جو لنکا شائر میں ہوتی ھے ۔

Saint Lubbock's day : (n) (مزاحاً) ان عام تعطیلات میں سے کوئی جو سرجاں لُبک کے قانون ١٨٧١ء کی رو سے رائج ہوئیں ۔

Saint Marin's Summer : (n) وہ خوشگوار موسم جو یوم مارٹن (۱۱ ر

نومبر) سے کچھ پہلے اور بعد ہوتا ھے ۔

Saint Michael's : (n) ایک قسم کی نارنگی ۔

Saint Monday : (n) متروک دو شنبہ (اس روز کام کم کیا جاتا ھے) ۔

Saint-Simonian : (a) Comte de Saint-Simon کے اصول اشتراکیت سے متعلق ۔

Saint-Simonian : (n) Comte de Saint-Simon (۱۷٦۰ ۔ ۱۸۲۵ ء) کے اس اصول اشتراکیت کا حامی کہ مال و متاع حکومت کے ہاتھ میں رھے اور صرف آمدنی حق داروں میں تقسیم ہو ۔

Saint-Simonism / Saint-Simonianism : (n) سیہونیت ۔

Saint-Simonist/ Sint Simonianist : (n) سیہونیت پسند : سیہونیا ۔

Saint vitus's dance : (n) بچوں کی ایک بیماری : ام الصبیان : جموگا : پسلی کی بیماری : قُطرب : رُقصہ ۔

Saintdom : (n) (۱)زمرۂ اولیاء : حلقۂ اولیاء : حلقۂ مشائخ : اولیاء یا بزرگ ہونے کی حالت یا صفت ۔ (۲) اولیاء ۔

Sainted : (a) (۱) زمرۂ اولیاء میں شمار کیا ہوا یا داخل کیا ہوا ۔ (۲) ولی صفت : بزرگانہ ۔ (۳) مرحوم ۔ (۴) مقدس: ولی سے متعلق یا اس کے لئے موزوں ۔

Saintess : (n) ولیہ ۔

Saintfoin : (n) دیکھو Sainfoin

Sainthood : (n) (۱) ولایت : خدا رسیدگی ۔ (۲) اولیاء ۔

Saintish : (a) ولی جیسا : ولی نما : بزرگ نما ۔

Saintlike : (a) ولی صفت : ولی نما : ولی جیسا : مقدس ۔

Saintliness : (n) ولی نما ہونا : مقدس ہونا ۔

Saintling : (n) معمولی ، چھوٹا یا کم عمر ولی یا بزرگ ۔

Saintly : (a) ولی صفت : بزرگانہ ۔

Saintologist : (n) دیکھو Hagiologist

Saintology : (n) دیکھو Hagiology

Saintpaulia : (n) [mod. L.] ایک سدا بہار پودا جس کے پھول نیلے ہوتے ہیں ۔

Saint's day : (n) یوم ولی : کسی ولی کی یاد منانے کا دن ۔

Saintship : (n) (۱)ولایت : خدا رسیدگی؛ ولی یا بزرگ ہونے کی صفت ۔ (۲) (طنزاً) ایک طرح کا خطاب ۔

Saithe : (n) [ON. 'Seisar'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sajou : (n) [Fr. 'Sajouassu'.] جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Sake : (n) [OE. 'Sacu'.] خاطر : واسطہ : لحاظ : خیال : واسطے ۔

For God's sake : خدا کے لئے : خدا را : لِلّٰہ ۔

For goodness sake : بھلائیوں کا واسطہ : نیکیوں کے طفیل میں ۔

For old sake's sake : گزری ہوئی صحبتوں کا واسطہ : ایام گذشتہ کو یاد کر کے ۔

For one's name(s) sake : نام کی خاطر : نام و نمود کے لئے : اپنی ناموری کے لئے۔

For (one's or a thing's) sake / For the sake of : (کسی کی یا کسی چیز کی) خاطر ۔

Heaven's sake : خدا کے واسطے ۔

Sake/ Saki : (n) [Japanese.] جاپانی شراب جو چاول سے بنتی ھے ۔

Saker : (n) [Fr. 'Sacre', Arab. 'Sakr'.] (۱) شِکرا (صقر) باز کی وہ قسم جس کی مادہ نر سے بڑی ہوتی ھے : چرغ ۔ (۲) توپ کی ایک پرانی شکل ۔

Sakeret : (n) نر شکرا ۔

Sakes alive/ Sakes : تعجب کے اظہار کے لئے کلمۂ فجائیہ ۔

Saki : (n) [Fr. 'Saki'.] جنوبی امریکا کا ایک بندر جس کی دم لمبی ہوتی ھے لیکن گرفت کی صلاحیت نہیں رکھتی ھے اور گردن میں ایک کنٹھا ہوتا ھے۔

Sal : (n) [L.] نمک ۔

Sal / Saul : (n) [Hindi 'Sal'.] سال : سانکھو (درخت یا لکڑی) ۔

Sal-ammoniac : (n) [L. 'Sal ammoniacus'.] نوشادری کلورائیڈ : امونیم کلورائیڈ ۔

Sal-prunella : (n) [mod. L. 'Sal prunella or prunellae'.] پگھلا کر کسی شکل میں ڈھالا ہوا شورہ ۔

Sal soda : (n) دیکھو Sodium bicarbonate

Sal volatile : (n) لخلخہ (نوشادری کاربونیٹ) ۔

Sala : (n) [It. Sp.] بڑا کمرہ یا دالان : خصوصاً کھانے کاکمرہ ۔

Salacious : (a) [L. 'Salax, Salac'.] (۱) شہوانی : شہوت انگیز ۔ (۲) شہوت پرست : عیاش : شہوت راں ۔

Salaciously : (adv.) شہوت کے ساتھ : شہوت پرستی سے : عیاشانہ ۔

Salaciousness : (n) شہوت انگیزی : شہوت پسندی : شہوت پرستی : عیاشی ۔

Salacity : (n) شہوت : عیاشی : اوباشی : شہوت پرستی : شہوت پسندی ۔

Salacot/ Salakot : (n) [Sp.] کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چوڑے چھجے کی فلیپینی ٹوپی ۔

Salad/ Sallet : (n) [Fr. 'Salade'.] (۱) سلاد : ترکاریاں یا ساگ جو کچا کھایا جائے (مچھلی یا گوشت کے ساتھ) ۔ (۲) ساگ کا کچومر یاکچالو ۔ (۳) (مجازاً) معجون مرکب : کھچڑی : خلط ملط ۔

Salad-burnet : (n) مشکك : رشکك ۔

Salad days : (n) کچی عمر : نا تجربہ کاری کا زمانہ ۔

Salad dressing : (n) سلاد کا مسالا (زیتون ، سرکہ وغیرہ) ۔

Salad-oil : (n) اصلی روغن زیتون ۔

Salading : (n) سبزیاں اور بوٹیاں جو بطور سلاد استعمال ہوتی ہیں ۔

Salal : (n) [Chinook Jargon 'Sallal'.] ایک سدا بہار جھاڑی جس میں میٹھی بیریاں ہوتی ہیں ۔

Salamander : (n) [Fr. 'Salamadre'.] (۱) سمندر (آگ کا کیڑا) ۔ (۲) بڑا بہادر سپاہی (جو گولہ باری کی پروا نہ کرے) ۔ (۳) آگ کا بھوت ۔ (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا دم دار دو عنصری جانور : سالامندر ۔ (۵) تیز گرم لوہا جس سے بارود میں آگ لگائی جاتی ھے ۔ (٦) توا یا کڑھائی ۔ (۷) امریکا کا تھیلی دار چوہا ۔ (۸) دھات کا مجموعہ جو بھٹی میں رہ جاتا ھے (بغیر پگھلے ہوئے) ۔ (۹) جام صحت پینے کا ایک جرمن طریقہ ۔ (۱۰) آگ روك تختہ ۔

Salamander-cloth : (n) غیر آتش گیر کپڑا جو اسبستوس سے بنتا ھے ۔

Salamander's hair : (n) اسبستوس کی ایک قسم ۔

Salamander's wool : (n) اسبستوس ۔

Salamandrian : (a) سَمَندر سے مشابہ : سَمَندر سے متعلق ۔

Salamandrian : (n) سَمَندر سے مشابہ مینڈك ۔

Salamandrine: (a) (۱) سَمَندر سے مشابہ : سَمَندر صفت ۔ (۲) سَمَندر یہ سے متعلق ۔

Salamandrine : (n) آگ کا بھوت ۔

Salamandroid : (a) سَمَندر خو : سَمَندر صفت ۔

Salamandroid : (n) دُم دار جل تھلیا ۔

Salambao : (n) [Phillipine Sp.] مچھلی پکڑنے کا ایک بڑا جال ۔

Salame : (n) [It.] اطالوی ساسج (Sausage) جسے تیز مسالا اور اکثر لہسن ڈال کر بناتے ہیں ۔

Salamstone : (n) [G. 'Salamstein'.] نیلا نیلم جو سری لنکا میں پایا جاتا ھے ۔

Salangane : (n) [Fr.] ایک قسم کی ابابیل : بحری ابابیل ۔

Salangid : (n) [L. 'Salangidae'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Salariat : (n) [Fr.] تنخواہ یاب طبقہ ۔

Salaried : (a) (۱) تنخواہ یاب (شخص) ۔ (۲) (جگہ) جس کے لئے تنخواہ مقرر ہو ۔

Salary : (n) [AFr. 'Salarie'.] تنخواہ : مشاہرہ ۔

Salary : (v) تنخواہ دینا ۔

Salband / Sahlband : (n) [G.] معدنیات کی پتلی تہ ۔

Sale : (n) [Late OE. 'Sala'.] (۱) بکری : فروخت : بیع : نیلام :

براج ۔ (۲) (فروخت کرنے کے لئے) نمائش ۔ (۳) مانگ : بازار ۔ (۴) جملہ آمدنی : مال کے فروخت کو ترقی دینا ۔

At sale : (کتب فروشوں کو) چھپی ہوئی قیمت پر تیس فی صد کی رعایت پر (کتابیں دینا) ۔

For sale : بیچنے یا فروخت کے لئے : بکاؤ ۔

On sale : دیکھو For sale

To put up to sale : نیلام پر چڑھانا : نیلام کرنا ۔

To sale : دیکھو For sale

Sale and (or) return : (n) جاکڑ : جانکڑ : سیرنی پھیرنی ۔

Sale of work : (n) کسی خیراتی یا مذہبی مقصد کے لئے کسی جماعت کے ممبروں کا چیزوں کو فروخت کرنا ۔

Saleability : (n) بکری کی صلاحیت یا قابلیت ۔

Saleable : (a) بکاؤ : بِکری کے لائق ۔

Saleableness : (n) دیکھو Saleability

Saleably : (adv.) بکری کے لائق ہو کر ۔

Salempore : (n) ایک قسم کا نیلا سوتی کپڑا جو جزائر غرب الہند کو بر آمد کیا جاتا تھا ۔

Salep : (n) [Fr.] ثعلب مصری : سحلب ۔

Saleratus : (n) [mod. L. 'Sal aeratus'.] پوٹاش کا غیر خالص بائی کاربونیٹ : سوڈیم بائی کاربونیٹ : نمک قلی ۔

Sales : (a) فروخت سے متعلق : فروخت ۔

Sales-book : (n) فروخت کھاتا : بکری کھاتا ۔

Sales-check : (n) کاغذ کی پرچی جس پر خردہ فروش خرید و فروخت کا حساب لکھتے ہیں ۔

Sales clerk : (n) بیچنے والا یا بیچنے والی جو کسی دکان میں ملازم ہو ۔

Sales depot : (n) بکری گھر ۔

Sales engineer : (n) دست فروش جسے اپنے مال کی تکنیکی معلومات بھی ہو ۔

Sales girl : (n) بیچنے والی ۔

Sales lady : (n) دیکھو Sales girl

Sales man : (n) (۱) بیچنے والا : دست فروش ۔ (۲) وہ شخص جو اپنے خیال یا کام کو دوسروں کے لئے قابل قبول بنا دیتا ہے : ہم نوا یا ہم خیال بنانے والا ۔

Sales people : (n) کسی تجارتی مرکز کے دست فروشوں کی جماعت ۔

Sales person : (n) دیکھو Sales clerk

Sales promotion : (n) مال بیچنے کا طریقہ یا سرگرمی : ترقیِ فروخت ۔

Sales representative : (n) کسی تجارتی تنظیم کا نمائندہ ۔

Sales resistance : (n) مقاومت بائع : بیچنے والا کا متوقع خریداروں کی طرف سے سرد مہری یا مخالف برتنا تاکہ طالب بڑھیں اور زیادہ مطالبہ ہو ۔

Sales ring : (n) نیلام میں بولی بولنے والوں کا حلقہ ۔

Sales room : (n) (دکانوں میں ، خصوصاً نیلام گھر میں مال سے) سجا کمرہ ۔

Sales slip : (n) دیکھو Sales check

Sales talk : (n) (۱) کسی چیز کو فروخت کرنے میں دلیل پیش کرنا (مظاہرے کے ساتھ) ۔ (۲) (مجازاً) کسی تجویز کی منظوری : کسی خیال کی مقبولیت ۔

Sales tax : (n) محصول فروخت : سیلز ٹیکس ۔

Sales woman : (n) دیکھو Sales girl

Sales yard : (n) باڑ جہاں مویشی فروخت ہوتے ہیں ۔

Salesian : (a & n) [Fr. 'Salesien'.] S. Francois de sales یا Dom Bosco کے قائم کردہ انجمنوں کا (رکن) ۔

Salesmanship : (n) (۱) دست فروشی : مہارت فروخت : فروشندگی ۔ (۲) ہم نوا یا ہم خیال بنانے کی صلاحیت ۔ (۳) فروخت : بکری ۔

Salian : (n) مریخی : پرستار مریخ : مریخ پرست ۔

Salian : (a) [L. 'Salii'.] مریخی : پرستاران مریخ کے متعلق : مریخ پرستوں کا ۔

Salian : (a) [Late L. 'Salii'.] سالکی (قبیلۂ سال کا رکن) ۔

Salian : (n) فرانکیوں کا ایک قبیلہ جو زیوڈرزی کے کنارے آباد تھا اور جس سے میر و دنگی سلاطین ہوئے : اس قبیلے کا فرد ۔

Salic/Salique : (a) [Fr. 'Salique' or med. L. 'Salicus'.] (۱) سالیکی قانون کی کتاب (وہ قانون جو میرودنگی اور کارولنگی حکومت میں رائج تھا) ۔ (۲) سالیکی قانون جس کی رو سے عورت تخت کی وارث نہیں ہو سکتی خصوصاً فرانسیسی شاہی دور میں ۔

Salicaceous : (a) [med. L. 'Salicaceous'.] صفصافی ۔

Salicet : (n) ارغنون پرنے جس سے نئے کی طرح مہین آواز نکلتی ہے ۔

Salicin : (n) [Fr. 'Salicine'.] جوہر صفصاف : صفصافین : صفصافیہ : تلخ بلورین مادہ جو صفصاف کی چھال سے نکالا جاتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Salicional : (n) [G.] دیکھو Salicet

Salicyl : (n) [Fr. 'Salicyle'.] صفصافی تیزاب کی اصل ۔

Salicylate : (n) صفصافی تیزاب کا نمک ۔

Salicylic : (a) صفصافی ۔

Salicylic acid : (n) صفصافی تیزاب ۔

Salicylide : (n) صفصافی تیزاب کا نابید (Anhydride) ۔

Salicylism : (n) صفصاف خوری : صفصافی تیزاب کھانا : سمیت صفصاف ۔

Salicylite : (n) وہ نمک جو Salicylol کے دوسرے دھاتوں کے آکسائیڈ اور ہائیڈریٹ پر عمل سے بنتا ہے ۔

Salicylize : (v) صفصانا : صفصافی تیزاب ملانا ۔

Salicylol : (n) ایک قسم کا تیل جو Salicylic تیزاب اور Salicylic aldehyde کے بین بین ہوتا ہے ۔

Salicylous : (a) صفصافی دار : صفصافی آمیز ۔

Salience : (n) (۱) نمایاں خصوصیت ۔ (۲) ابھار ۔

Salient : (a) [L. 'Saliencs'.] (۱) اچھلتا ہوا : ناچتا ہوا (مزاحاً) ۔ (۲) نکلا ہوا : ابھرا ہوا : پیش آمدہ : بیرون رو (زاویہ) ۔ (۳) نمایاں ۔ (۴) (نقابت) جستی ۔

Salient : (n) (۱) بیرون رو زاویہ : زاویہ خارجہ (فوجی خندق وغیرہ کا) ۔ (۲) ابھرا ہوا یا باہر کو نکلا ہوا حصہ : بیرونی حصہ ۔ (۳) حملہ آورانہ ابھار (تودہ) دشمن کے مقبوضہ علاقے میں ۔

Salient angle : (n) بیرون رو زاویہ : زاویہ خارجہ : قلعہ بندی یا جنگی خط پر ۔

Salient features : (n) نمایاں خط و خال : نمایاں کیفیت ۔

Salient points : (n) نمایاں امور ۔

Salientia : (n) [L.] نوع غوک ۔

Saliently : (adv.) نمایاں طور پر : بیرونی طور پر ۔

Saliferous : (a) [L. 'Sal' + ferous.] (ارضیات) نمک دار ۔

Salifiable : (a) جو ترشے کے ساتھ مل کر نمک بنا سکے ۔

Salification : (n) نمک میں تبدیلی : نمک بننا : نمک سازی ۔

Saligenin : (n) [Fr. 'Saligenine'.] جوہر صفصاف کو ہلکے ترشے کے ساتھ تحلیل کرانے سے حاصل ہونے والا مادہ ۔

Saligot : (n) [OFr.] آبی شاہ بلوط ۔

Salimeter : (n) [L. 'Sal' + -meter.] نمک پیما : نمک کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ ۔

Salina : (n) [Sp.] (۱) کھاری جھیل : چشمۂ شور : کھاری دلدل ۔ (۲) کا خانۂ نمک : نمک بنانے کا برتن ۔

Salination : (n) نمک ملانا ۔

Saline : (a) (۱) کھاری : نمکین : شور ۔ (۲) کھاری دلدل یا زمین میں پیدا ہونے والا (پودا) ۔

Saline : (n) (۱) آب شور : کھاری جھیل : چشمۂ شور : کھاری دلدل : نمک بنانے کا برتن : نمک کا کارخانہ ۔ (۳) کھاری جُلاب : نمک کا سہل : مسہل نمک ۔

Salinity : (n) نمکینیت : کھاری پن : شوریت ۔

Salino- : (Prefix) جزو ترکیبی : لاطینی لفظ Sal سے مشتق ہے جن الفاظ کے ساتھ ہے ان کے معنی نمک کے پیدا کر دیتا ہے ۔

Salinogenic : (a) نمک زا ۔

Salinometer : (n) نمک کا پیمانہ : نمک کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ : نمک پیما : نمک آب پیما ۔

Saliretin : (n) [Fr. 'Saliretine'.] Saligenin پر ہلکے ترشے کے عمل سے پیدا ہونے والا مادہ ۔

Saliva : (n) [L.] تھوک : لعاب دہن : رال : ریق ۔

Salivant : (a& n) تھوک لانے والا : لعاب آور ۔

Salivary : (a) [L. 'Salivarius'.] لعاب دار : لعابی : ریقی ۔

Salivate : (v) لعاب پیدا کرنا یا ہونا : منہ سے رال بہنا ، ٹپکنا ۔

Salivation : (n) تھوک نکلنا : لعاب خیزی : سیلان ریق : کثرت لعاب : رال بہنا ۔

Salk vaccine : (n) [Named after Jonas E. Salk , the inventor.] فالج اطفال (Poliomyelitis) کا پہلا ٹیکہ جو Jones E. Salk نے ایجاد کیا تھا ۔

Salle : (n) [Fr.] کاغذ کے کارخانے میں چھانٹ کر الگ کرنے کا شعبہ ۔

Salle-a-menger : (n) کھانے کا کمرا : قہوہ پینے کا کمرہ : تناول خانہ ۔

Salle d'attente : (n) انتظار خانہ : مسافر خانہ ۔

Sallee-man : (n) [f. 'Salle' , Sea port in Morocco'.] ایک قسم کا سمندری مرجانیہ ۔

Sallenders : (n) [Origin unkn.] خارش یا کھجلی کی بیماری (جو گھوڑوں کی پچھلی ٹانگوں کے جوڑوں کے اندار کی جانب ہو جاتی ہے) ۔

Sallet : (n) دیکھو Salad

Sallet/ Salade : (n) [Fr.'Salade'.] ایک قسم کا خود جس کا نچلا سرا پیچھے کی طرف نکلا ہوا ہوتا تھا ۔

Sallow / Sally : (n) [OE. 'Salh'.] (۱) بید مجنوں : بید کا درخت : لکڑی یا شاخ ۔ (۲) بعض قسم کے پروانوں کا نام ۔

Sallow : (a) [OE. 'Salo'.] زرد : پیلا : سانولا : پھیکا ۔

Sallow : (n) (۱) زرد کرنا : پیلا کرنا ۔ (۲) زرد ہونا : پیلا ہونا ۔

Sallow thorn : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Sallowish : (a) زرد سا : زردی مائل : پیلاہٹ لئے ۔

Sallowness : (n) زردی : پیلاپن : پیلاہٹ ۔

Sallowy : (a) بید والا : بید سے بھرا ہوا : (مقام) جہاں بید کثرت سے ہو ۔

Sally : (n) [Fr. 'Saillie'.] (۱) ہجوم : تاخت : زقند : جھپٹ : اُڑان ۔ (۲) خروج : نکاس : ظہور ۔ (۳) سیر : تفریح ۔ (۴) بلند خیالی : بلند پروازی ۔ (۵) ہنسی : مذاق : مزاح : دل لگی : ٹھٹھا : ٹھٹھول : فقرہ بازی ۔ (۶) (تعمیرات) پیش آمدہ : بڑھاؤ ۔ (۷) اچانک سرگرمی ۔

Sally : (n) (۱) گھنٹی کی پہلی جنبش ۔ (۲) رسی کا وہ حصہ جس میں گھنٹی لٹکتی ہے ۔

Sally : (v) (۱) نکلنا : باہر نکلنا ۔ (۲) اندر سے نکل کر حملہ کرنا : محصورین کا محاصرین پر حملہ کرنا : چڑھ دوڑنا ۔ (۳) سفر یا مہم پر نکلنا ۔

Sally-gate : (n) (قلعہ وغیرہ کی دیوار میں) چھوٹا دروازہ ۔

Sally-hole : (n) سوراخ جس میں سے گھنٹی کی رسی گزرتی ہے ۔

Sally-Lunn : (n) [after Sally Lunn, a 18th Century baker.] ہلکا اور میٹھا کیک ۔

Sally-port : (n) (۱) (قلعہ) دریچہ : وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ہے ۔ (۲) جہاز کے پہلو کا بڑا دروازہ جس سے بارودی سرنگ وغیرہ میں آگ لگا کر حملے کے لوگ بچنے کے لئے بھاگتے ہیں ۔ (۳) دیکھو Portsmouth : وہ جگہ جہاں جنگی کشتیاں لگائی جاتی ہیں ۔

Sally-saw : (n) ایک قسم کا مدور آرا ۔

Salmagundi : (n) [Fr. 'Salmigondis'.] (۱) ایک قسم کا سالن جس میں مچھلی ، گوشت ، انڈا اور پیاز وغیرہ ڈالتے ہیں : دیوانی ہانڈی ۔ (۲) مختلف قسم کے مضامین کا مجموعہ : کشکول ۔ (۳) مجموعۂ لطائف و ظرائف ۔ (۴) مرکب : گھال میل ۔

Salmanazer : (n) ۱۲ کوارٹ (Quarts) شراب کی بوتل ۔

Salmi : (n) [Fr. 'Salmigondis'.] شکار کی ہوئی چڑیوں کا مسالے دار گوشت ۔

Salmiac : (n) [G. 'Salmiak'.] نوشادر ۔

Salmo : (n) [L.] مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Salmon : (n) [AFr. 'Sa(u) moun'.] (۱)سامن : سلیمانی مچھلی : حوت سلیمانی : ایک قسم کی نہایت لذیذ مچھلی (جس کا گوشت نارنجی رنگ کا ھوتا ھے) ۔ (۲) Salmon colour کا مخفف ۔

Salmon : (a) سامنی (رنگ کا) : نارنجی ۔

Salmon berry : (n) بعض قسم کی رس بھری کا نام ۔

Salmon-brick : (n) نیم پختہ اینٹ ۔

Salmon-colour : (n) نارنجی رنگ ۔

Salmon-fishing : (n) (۱) سامن کا شکار ۔ (۲) سامن ماہی گاہ ۔

Salmon-ladder : (n) بند وغیرہ جو پانی میں سامن مچھلی پکڑنے کے لئے بناتے ہیں ۔

Salmon-leap : (n) دیکھو Salmon ladder

Salmon-pass : (n) دیکھو Salmon ladder

Salmon-trout : (n) سامن نما مچھلی : شمالی یورپ کے سمندر کی ایک مچھلی جو سامن کی سی ھوتی ھے ۔

Salmon-wire : (n) باڑ جو سامن مچھلی پکڑنے کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

Salmonella : (n) [mod. L. 'Salmon'.] ایک قسم کا مرض آفریں جرثومہ : سامنی جرثومہ ۔

Salmonellosis : (n) [mod. L. 'Salmon'.] مرض جو سامنی جرثومہ سے پیدا ھوتا ھے ۔

Salmonot : (n) سامن کا بچہ : سامنچہ ۔

Salmonoid : (a & n) سامن کے رنگ کی (مچھلی) ۔

Salnatron : (n) [Sal + natron] خام سوڈیم کاربونیٹ ۔

Salol : (n) [f. 'Sal(cyl) + -ol.] ایک سفید بلوری خوشبودار سفوف جو دافع تپ اور مانع عفونت کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔

Salon : (n) [Fr.] (۱) سالون : یورپی ملکوں (خاص کر فرانس) میں ملاقات یا تقریب کا کمرہ یا دیوان خانہ ۔ (۲) اعلیٰ طبقے کی خاتون کا ملاقات کا کمرہ : اعلیٰ طبقے کی خاتون کے گھر پر معزز لوگوں کا اجتماع ۔ (۳) آرائشی دکان : خانۂ آرائش : مشاطہ خانہ ۔

The salon : ان مصوروں کی تصویروں ، مجسموں وغیرہ کی سالانہ نمائش (پیرس میں) جو زندہ ہیں ۔

Saloon : (n) [Fr. 'Salon'.] (۱) دیوان خانہ : ھوٹلوں ، قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ (بڑے مجمعوں یا نمائش کے قابل)۔(۲)(جہاز میں) بڑا مشترک کمرہ یا اول درجے کے مسافروں کا کمرہ : عرشہ : ھوائی جہاز میں مسافروں کا کمرہ ۔ (۳)(امریکا میں) شراب خانہ : انگلستان میں اعلیٰ درجے کا شراب خانہ ۔ (۴) دیکھو Saloon car , Carriage۔ (۵)آراستہ بڑا کمرہ ۔

Saloon bar : (n) انگلستان کی سرائے میں اعلیٰ درجے کا شراب خانہ ۔

Saloon car : (n) بند موٹر جس میں ڈرائیور کے پیچھے کوئی اوٹ نہ ھوتی ھو ۔

Saloon carriage : (n) ریل کی گاڑی جس میں درجوں کی تقسیم نہ ھو بلکہ جو ایک وسیع کمرے کی طرح پر تکلف طور پر آراستہ ھو ۔

Saloon deck : (n) (جہاز کا) عرشہ (اول درجہ کے مسافروں کے لئے مخصوص ۔

Saloon keeper : (n) (امریکی) شراب خانے کا مالک : مے فروش : پیر مغاں ۔

Saloon pistol / -rifle : (n) طمنچہ یا طپنچہ جس سے نزدیکی نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ھے ۔

Saloonist : (n) دیکھو Saloon keeper

Saloop : (n) (۱) ثعلب مصری : ثعلب ۔ (۲) ثعلب مصری کا جو شاندہ (جو کسی زمانے میں لندن میں بجائے قہوہ فروخت ھوتا تھا)۔

Saloopian : (a) [(Salop, alternative name of Shropshire'.] Shropshire کا یا اس سے متعلق ۔

Salopian : (n) (۱) Shropshire کا باشندہ ۔ (۲) Shrewbury کے مسلک کا حامی ۔

Salopian ware : (n) (۱) سرخ اور سفید مٹی سے بنا برتن جو

Shropshire میں پایا گیا ۔ (۲) بھدا اور غیر شفاف برتن جو اٹھارھویں عیسوی میں Shropshire میں بنایا گیا تھا ۔

Salp : (n) [Fr. 'Salpe'.] غلاف پوش رخوؤں کی ایک جنس ۔

Salpa : (n) [mod. L.] دیکھو Salp

Salpian : (n) غلاف پوش رخوہ ۔

Salpiglossis : (n) [mod. L.] خوشنما گُلا : باغوں کے لئے ایک قسم کا پودا جس کے پھول خوشنما ہوتے ہیں ۔

Salpingitis : (n) [mod. L.] ورم بیض نالی ؛ ورم استاخی نلی ۔

Salpingo- : جزو ترکیبی بمعنی "بیض" یا "استاخی نلی" ۔

Salpinx : (n) [Gr. 'Salpink'.] (۱) قدیم یونانی بگل ۔ (۲) بیض نالی ۔ (۳) استاخی نلی ۔

Salse : (n) Fr.] گِلی برکان ۔

Salsify : (n) [Fr. 'Salsifis'.] ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں لمبی اور اسطوانی ہوتی ہیں (ترکاری کا کام دیتا ھے) : مٹر زمینی ۔

Salsola : (n) [mod. L.] جنس خرفہ : آشان : ایک قسم کا جڑی نما پودا ۔

Salsolaceous : (a) جنس خرفہ سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Salsuginous : (a) [L. 'Salsugo- + -ous'.] شور آبی : نمک آمیز مٹی میں پیدا ہونے والے (پودے) ۔

Salt : (n) [OE. 'Salt, Sealt'.] (۱) نمک : لون ۔ (۲) تیزی : تندی ۔ (۳) لطیفہ : ظرافت : نکتہ ۔ (۴) (کیمیا) کھار : شور : نمک ۔ (۵) دیکھو Salt-cellar ۔ (۶) زمین کا نمک : وہ طبقہ جس کے وجود سے دنیا کی حالت بہتر ہو ۔ (۷)دیکھو Salt marsh ۔ (۸) ملاح : جہاز راں : تجربہ کار ملاح ۔ (۹) خوراک : مایحتاج ۔ (۱۰) عقل سلیم ۔ (۱۱)نمکین پانی جو سمندر سے دریا میں داخل ہو ۔ (۱۲) (مجازاً) ذائقہ : نکتہ سنجی ۔

Above the salt : ذی مرتبت : ذی حیثیت (اپنے ہم چشم یا برابر والوں کے ساتھ کھانا کھانے والا) ۔

Attic salt : (نمک یونانی) ملیح ظرافت : لطیف نکتہ ۔

In salt : نمکین : نمک آلود : نمک میں لگایا ہوا ۔

Table salt : صاف پسا ہوا نمک ۔

(To be) worth one's salt : اہل ہونا : لائق ہونا : قابل ہونا ۔

To drop, cast a pinch of , put, salt, on the tail of : گرفتار کرنا : پکڑنا : اسیر کرنا ۔

To eat salt with (a person) / To eat (a person's) salt : کسی کا نمک کھانا : نمک خوار ہونا : کسی کے ہاں مہمان ہونا ۔

To take with a grain of salt : مبالغہ آمیز خیال کرنا : تمام و کمال یقین نہ کرنا : صرف کسی جز کا یقین کرنا ۔

White salt : سفید (صاف کیا ہوا) نمک ۔

Salt : (a) (۱) کھاری : نمکین : شور : سلونا ۔ (۲) تیز : تند : تلخ : کڑوا : چٹپٹا ۔ (۳) دلدلی : بحری (پودے) ۔ (۴) تیز : تلخ : دلگداز : جگر خراش (نالے ، آنسو) ۔ (۵) تیکھا : لگتا ہوا : چبھتا ہوا (مذاق ، ٹھٹھول) ۔ (۶) بہت زیادہ : حد سے زیادہ (قیمت ، دام ، مطالبہ) ۔

Salt : (v) (۱) نمک لگانا : نمک کے پانی میں ڈالنا : نمک میں بھگونا (تاکہ خراب نہ ہو) : نمک چھڑکنا (خصوصاً) سڑک پر جمی ہوئی برف پر تاکہ پانی بن کر بہہ جائے : (بائبل ، نذر یا قربانی کی چیز پر) نمک چھڑکنا : (نو زائیدہ بچے پر) نمک ملنا ۔ (۲) نمک بنانا : نمک مسالا لگانا : نمک مرچ لگانا (مجازاً) تلخ کرنا : تکلیف میں تکلیف کا اضافہ کرنا ۔ (۳) نمک ملنا (خصوصاً تصویر کشی کے کاغذ پر) ۔ (۴) دلچسپ یا دلکش بنانا ۔ (۵) (عام) (تجارت) حد سے زیادہ قیمت لگانا (اشیا پر) : (کھاتے بہی میں) فرضی اور غلط اندراج کرنا ۔ (۶) (کان کنی) کان میں قیمتی دھاتوں یا سونے کے سفوف چھینٹ کر فریب سے اس کان کو زیادہ نفع بخش ظاہر کرنا ۔

To salt down (away) : محفوظ کرنا : پس انداز کرنا ۔

To salt down : (امریکا) ڈانٹنا : خبر لینا : سرزنش کرنا ۔

Salt and pepper : (n) دیکھو Pepper-and-salt

Salt away / -down : (v) (۱) (گوشت ، انڈا وغیرہ) نمک لگا کر محفوظ کرنا ۔ (۲) محفوظ کرنا : پس اندازہ کرنا : بچانا ۔

Salt-bottom : (n) نشیبی زمین جس میں لونی لگ جائے ۔

Salt-bush : (n) آسٹریلیا کے بعض پودوں کے نام ۔

Salt-cake : (n) (۱) نمک کی ٹکیا ۔ (۲) سوڈیم سلفیٹ ۔

Salt car : (n) ایک مرکب جس کے ذریعے کبوتروں کو پرچاتے یا پھسلاتے ہیں ۔

Salt-cellor : (n) (۱) نمک دان ۔ (۲) (روزمرہ) عورتوں کی ہنسلی کے اوپر کا گہرا گڈھا (بد صورتی کی علامت) ۔

Salt-eel : (n) (بحری) رسی کا سرا (جو بطور کوڑا استعمال ہو) ۔

Salt glaze : (a) نمک کالک یا روغن (جو پتھروں کے برتنوں پر کیا جاتا ہے اس طرح پر کہ برتنوں کے پکائے جانے کے وقت بھٹی میں نمک کے ڈھیلے ڈال دئے جاتے ہیں) ۔

Salt-horse : (n) نمکین بیف : گائے کا خشک گوشت : نمکین گوشت ۔

Salt junk : (n) نمکین گوشت : مسالے دار گوشت : خشک گوشت ۔

Salt-lick : (n) نمک زار (اسی زمین جہاں جانور جمع ہو کر زمین کا نمک چاٹتے ہیں) ۔

Salt-looking : (a) ملاحت نما چہرے والا : نمکین چہرے والا ۔

Salt-marsh : (n) شورہ زار : وہ دلدل جس میں سنمدری پانی بھرا رہتا ھے ۔

Salt-mine : (n) نمک کی کان : کان نمک ۔

Salt-pan : (n) (۱) نمک کی جھیل (سمندر کے قریب نشیبی زمین جہاں بذریعہ تبخیر نمک بنایا جاتا ھے ۔ (۲) طاس نمک : برتن جو نمک بنانے میں کام آتا ھے ۔

Salt-pit : (n) غار نمک : نمک کا گڑھا ۔

Salt-pond : (n) نمک کا حوض (قدرتی یا مصنوعی جس میں سے سمندر کا پانی بھاپ بن کر اُڑ جائے اور نمک تہ میں رہ جائے ۔

Salt-radical : (n) لونی اصلیہ : کوئی چیز جو دھات یا اس کے مساوی گرفتہ کے ساتھ مل کر نمک بناتی ھے ۔

Salt-rheum : (n) بعض قسم کے گرمی دانے ۔

Salt-rising : (n) نمکین لپٹی جو خمیر کی طرح استعمال ہوتی ھے ۔

Salt-stand : (n) نمک دان ۔

Salt-tax : (n) محصول نمک جو انقلاب سے پہلے فرانس میں لگایا گیا تھا ۔

Salt-water : (n) (۱) آب شور : کھارا پانی : سمندر کا پانی ۔ (۲) آنسو : اشک ۔ (۳) بعض بحری جانوروں کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔

Salt-well : (n) کھاری باؤلی (کنواں جس میں سے نمک کا پانی نکالا جاتا ھے ۔

Salt-work : (n) نمک کاکارخانہ ۔

Saltant : (a) [L. 'Saltants'.] (نقابت) اچھلتا ہوا چھوٹا جانور ۔

Saltarello : (a) [It.] اطالوی یا ہسپانوی رقص ۔

Saltatian : (n) [It. 'Saltation'.] (۱) قلانچ : جست : کود پھاند : اچھل کود ۔ (۲) رقص : ناچ ۔ (۳) اچانک حرکت : یکایک جنبش ۔

Saltatorial : (a) (۱) اچھلتا کودتا : کودتا پھاندتا ۔ (۲) اچھلنے والا : کودنے والا : کودنے پھاندنے والا ۔

Saltatorious : (a) دیکھو Saltatorial

Saltatory : (a) (۱) دیکھو Saltatorial ۔ (۲) اچانک حرکت سے پیدا ہونے والا : جستیہ : یکایک جنبش سے پیدا ہونے والا ۔

Salted : (a) (۱) نمک لگا کر محفوظ کیا ہوا ۔ (۲) نمک لگایا ہوا :نمکایا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) ظریفانہ : عاقلانہ ۔ (۴) (عام) تجربہ کار: مشاق (آدمی):سدھایا ہوا(گھوڑا) ۔ (۵)(کاروبار) جس کی قیمت پر فریب طور سے بڑھا دی گئی ہو ۔

Salter : (n) [OE. 'Sealtere'.] (۱) نمک ساز : نمک فروش : لونیا ۔ (۲) دیکھو Drysalter ۔ (۳) (مچھلی وغیرہ کو) نمکانے والا : نمک لگانے والا ۔ (۴) نمک کے کارخانے میں کام کرنے والا ۔ (۵) وہ ظرف جس میں چیزوں کو نمکایا جاتا ھے ۔ (۶) (ٹراؤٹ ، مچھلی) جو انڈے دینے کے لئے دریا یا سمندر میں نیچے اتر گئی ہو ۔

Saltern : (n) [OE.'Sealtern'.] (۱) کارخانۂ نمک ۔ (۲) تالاب یا گڑھے جہاں سے قدرتی تبخیر کے ذریعے نمک حاصل ہوتا ھے ۔

Saltery : (n) (۱) کارخانۂ نمک ۔ (۲) مچھلیوں کو نمکانے کا کارخانہ ۔

Saltigrade : (a) [mod. L. 'Saltigradae'.] پھاندنے والی (مکڑی) : جست چال ۔

Saltigrade : (n) پھاندنے یا کودنے والی مکڑی : جست چال مکڑی ۔

Saltily : (adv.) تیکھے پن سے : تیزی کے ساتھ ۔

Saltimbanco/ -banque/ -bank : (n) [It.'Saltimbanco'.] (۱) اتائی : نیم حکیم : بازاری دوا فروش : دورہ گرد ۔ (۲) خود فروش : شیخی باز : لاف زن ۔

Saltiness : (n) تیکھاپن : ملاحت : نمکینی ۔

Salting : (n) (۱) نمکائی : نمک لگانا ۔ (۲) شورہ زا ۔

Saltire : (n) [ME. 'Sawturoure'.] (نقابت) چلیپائی شکل جو کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنتی ھے ۔

In saltire : کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنی ہوئی چلیپائی شکل سے مرتب ۔

Saltire ways / Saltirewise : (adv.) کئی متوازی خطوط کے تقاطع سے بنی چلیپائی شکلوں سے مرتب ہو کر ۔

Saltish : (a) ملیح : نمک آلود : نمکین سا : سلونا سا : کسی قدر کھاری ۔

Saltishly : (adv.) کسی قدر نمکینیت کے ساتھ ۔

Saltishness : (n) نمکین سا ہونا : نمکینیت: سلونا سا ہونا : سلوناپن ۔

Saltless : (a) بے نمک : پھیکا ۔

Saltly : (adv.) (۱) تیکھے پن کے ساتھ : تیزی کے ساتھ ۔ (۲) نمکینی کے ساتھ ۔

Saltness : (n) نمکینی : سلونا پن : کھاری پن ۔

Saltpetre / Saltpeter : (n) شورہ : قلمی شورہ : جو کھار : بارود کا خاص جز ۔

Chili saltpetre / Cubic- : چلی کا شورہ جو مکعب ٹکڑوں کی شکل میں ہوتا ھے ۔

Saltpetre-paper : (n) شورے کا کاغذ : شورے میں ڈبویا ہوا کاغذ (جس سے بارود میں آگ لگتی ھے) ۔

Saltpetre-rot : (n) لونا : لونی ۔

Saltpetreing : (n) لونی لگنا ۔

Saltus : (n) [L.] (منطق) فوری پلٹ : فوری تبدیلی : یکایك تبدیلی ۔

Saltwort : (n) ایك بحری پودا : جنس خرفہ ۔

Salty: (a) (۱) نمکین : نمك آلود : سلونا ۔ (۲) محرك : مہیج : دلچسپ ۔ (۳) تیز : تند ۔ (۴) لطیف : چاشنی دار : چٹپٹا ۔ (۵) تجربہ کار : ماہر : مشاق ۔ (٦) منہ زور (گھوڑا) ۔

Salubrious : (a) [L. 'Salubris' + -ous.] صحت بخش : صحت آور : فرحت بخش : خوش گوار : موافق (آب و ہوا ، کبھی کبھی غذا) ۔

Salubriously : (adv.) خوش گواری سے : صحت بخش طور پر ۔

Salubriousness : (n) صحت بخش ہونا : خوش گوارنا ۔

Salubrity : (n) خوش گواری : صحت بخشی : فرحت بخشی ۔

Saluki / Salug(h)i / Selug(h)i : (n) [Arab. 'Saluki'.] تازی (کتا) : سلوکی ۔

Salutary : (a) [Fr. 'Salutaire' or L. 'Salutaris'.] (۱) صحت بخش : صحت آور ۔ (۲) مفید : فائدہ مند : سود مند ۔

Salutation : (n) [Fr. 'Salutation' or L. 'Salutatio'.] (۱) سلام کرنا: صاحب سلامت ۔ (۲) اسلام علیکم ۔

The Augelical salutation : (ملکوتی) سلام برکت کی دعاء ۔

Salutatorian: (n) عطائے اسناد کی تقریب میں خطبۂ استقبالیہ پڑھنے والا ۔

Salutatory : (a) (۱) سلام سے متعلق ۔ (۲) خطبۂ استقبالیہ سے متعلق ۔

Salutatory : (n) خطبۂ استقبالیہ ۔

Salute : (n) [Partly Fr. 'Salut'.] (۱) سلام : آداب : تسلیم : کورنش : نمستے ۔ (۲) سلامی (فوجی یا بحری) : توپوں کی سلامی ۔ (۳) (شمشیر زنی) شمشیر زن کی سلامی (حریفوں کے درمیان) ۔

(To stand) at (the) salute : سلامی کے لئے کھڑا ہونا ۔

Salute : (v) (۱) سلام کرنا : آداب بجا لانا : آداب عرض کرنا : مجرا کرنا ۔ (۲) سلامی دینا ۔ (۲) سلامی بوسہ دینا یا لینا ۔ (۳) دکھائی دینا : نظر آنا ۔ (۵) استقبال کرنا : ملنا (مسکراہٹ کے ساتھ) ۔

I salute you : اسلام علیکم ۔

Saluter : (n) سلام کرنے والا ۔

Salutiferous : (a) [L. 'Salutifer' -ous.] صحت بخش : صحت آور : شفا بخش ۔

Salutiferously : (adv.) صحت بخش طور پر : شفا بخش طور پر ۔

Salvability : (n) (دینیات) نجات پانے کی اہلیت یا صلاحیت ۔

Salvable : (a) (۱) (دینیات) جسے نجات مل سکے : قابل نجات ۔ (۲) جسے بچایا جا سکے ۔

Salvableness : (n) قابل نجات ہونا ۔

Salvage : (n) [Fr.] (۱) جہاز کو خطرے سے یا دشمن کے قبضہ سے نکال لانے کا معاوضہ : معاوضہ رستگاری یا زر رستگاری (جہاز کو بچانے یا نکالنے کا) ۔ (۲) ڈوبے ہوئے جہاز کو یا اس کے سامان کو نکال لانا : نجات جہاز یا جہاز کا بچاؤ ۔ (۳) آگ یا پانی سے سامان نکال لانا ۔ (۴) آگ یا پانی سے نکالا ہوا سامان : مال رُستہ : باز یافت ۔ (۵) کوئی چیز مثلاً عضو ، نسیج یا مریض جو انسدادی یا معالجاتی تدبیر سے بچایا جائے ۔

To make salvage of : بچانا : نجات دلانا ۔

Salvage : (a & n) (۱) وحشی : جنگلی : بربری : غیر متمدن شخص جس کی معاش ماہی گیری اور صید افگنی پر ہو ۔ (۲)دیکھو Salvage man ۔ (۳) ظالم : سفاک : جابر : بے رحم : خونخوار شخص ۔

Salvage : (v) (۱) ڈوبے ہوئے جہاز یا اس کے سامان کو نکال لانا : آگ سے نکال لانا : بچانا ۔ (۲) انسدادی یا معالجاتی تدبیر سے بچانا (کسی عضو ، نسیج یا مریض کو) ۔

Salvage corps : (n) حفاظتی دستہ (جو شہروں میں املاک کو آگ سے بچانے کے لئے مقرر کیا جاتا ھے) : آگ گارڈ ۔

Salvage money : (n) بچانے یا نکال لانے کا انعام : معاوضۂ رستگاری : زر رستگاری ۔

Salvager : (n) ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے والا (آدمی یا جہاز) ۔

Salvarsan : (n) [G.] شافی سنکھیا : سال و رسان : آتشک کی مشہور دوا ھے جسے سنبل خار سے ۱۹۰۸ء میں Ehrlich نے ایجاد کیا تھا ۔

Salvation : (n) [ME. 'Sa(u) vacioun'.] (۱) نجات : مکتی ۔ (۲) حفاظت : بچاؤ ۔ (۳) ذریعۂ نجات یا حفاظت ۔ (۴)نجات دہندہ ۔

To be the salvation of : کسی کے لئے ذریعۂ نجات ہونا ۔

To find salvation : (۱) نجات پانا ۔ (۲) ایمان لانا : (مزاحاً) کوئی ایسا گُر دریافت کرنا جس سے انسان اپنے اصول سے نجات پا سکے ۔

Salvation Army : (n) مکتی فوج : عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا مقصد عوام میں مذہبی بیداری پیدا کرنا ھے ۔

Salvationalism : (n) مُکتی فوج کا عقیدہ ۔

Salvationism : (n) (۱) مذہبی تعلیم جس میں نجات روح پر زیادہ زور دیا جاتا ھے : کفارۂ مسیح کا عقیدہ ۔ (۲) مکتی فوج کے اصول یا طریقے ۔

Salvationist : (n) کفارۂ مسیح کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Salve : (n) [OE. 'Salf, Sealfe'.] (۱) مرہم : ضماد : لیمپ ۔ (۲) تارکول اور چربی کا مرکب : لیپ (جو بھیڑوں کو لگایا جاتا ھے) ۔ (۳) مسکن : سکون بخش (چیز یا بات) درد دل کا علاج (روحانی مرض کا) ۔

Salve : (n) [L.] (۱) حرف 'S' کا تلفظ : سلام علیک ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) ایک راگ جو لفظ Salve سے شروع ہوتا ھے ۔

Salve : (v) (۱) مرہم لگانا ، رکھنا : لیپ لگانا ۔ (۲) تسکین بخشنا : روحانی امراض کا علاج کرنا ۔ (۳) لیپ لگانا (بھیڑ کو) ۔

Salve : (v) جہاز کو پانی سے نکال لانا : آگ سے (املاک کو) بچانا : بچانا ۔

Salver : (n) طشت (چاندی یا پیتل کا، جس میں خدمتگار خط یا فواکہات پیش کرتے ہیں) ۔

Salver-shaped : (a) (نباتیات) طشتریا : طشتری شکل ۔

Salvia : (n) [mod. L.] ساج (Sage) پودوں کی قسم کا ایک پیوستہ چہر پودا : جنس ساج ۔

Salvo : (n) [L.] (۱) (حقوق وغیرہ کی حفاظت کے لئے) شرط : قید : استثنا : راہ گریز ۔ (۲) ٹال مٹول : عذر لنگ ۔ (۳) بچاؤ : چارۂ کار تدبیر : ترکیب ۔

Salvo : (n) (۱) سلامی : شلك (توپ یا بندوق کے مسلسل فائر سے)۔ (۲) (توپ یا بندوق کی) باڑ ۔ (۳) (مجازاً) تعریف کی بھرمار ۔

Salvo : (v) (توپ یا بندوق کی) باڑ مارنا ۔

Salvor : (n) دیکھو Salvage

Sam : (n) قسم اب فقروں میں استعمال ہوتا ھے۔ جیسے سب دام دینا (خصوصاً شراب وغیرہ کے) پلانا To stand sam .

Upon my sam : (مزاحاً) قسم ھے۔

Sama : (n) [Amer. Sp.] ایک قسم کی مچھلی۔

Samara : (n) [L.] ثمارہ : غوزہ : ثمر دیو دار۔

Samritan : (n) [Late L. 'Samaritanus'.] (۱) سامری : اہل سامریہ : باشندۂ سامریہ ۔ (۲) (مجازاً) فیاض اور نیک نہا دانسان ۔

Good Samaritan : فیاض اور نیک نہاد انسان ۔

Samritan : (a) (۱) سامری ۔ (۲) فیاض اور نیک نہاد ۔

Samaritan Pentateuch : (n) توریت کی پہلی پانچ کتابوں (اسفار خمسہ) کا سامری متن ۔

Samaritanism : (n) سامریت ۔

Samarius : (n) [f. 'Samar(smite) + ium .] سماریم : ایک قسم کا دھات کا عنصر ۔

Samarra : (n) [med. L.] (رومی کلیسا) وہ لباس جو اس شخص کو پہنایا جاتا تھا جسے مذہبی عدالت جلا کر مار دیئے جانے کی سزا سناتی تھی ۔

Samarskite : (n) [named after Col. 'Samarski'.] ایک قسم کی مرکب دھات ۔

Samba : (n) [Fr.] ایک قسم کا برازیلی رقص : سامبا ۔

Samba : (v) سامبا رقص کرنا ۔

Sambal : (n) [Malay.] ایک قسم کی چاشنی جو سیاہ مرچ ، اچار ، ناریل اور مچھلی وغیرہ سے بنتا ھے ۔

Sambaqui : (n) [Pg.] زمانہ قبل تاریخ کا کوڑا کرکٹ خصوصاً ہڈیوں کا انبار جو برازیل کے ساحل پر پایا گیا ۔

Sambar/ Sambur/Sambhar/Sambhur : (n) [Hindi 'Sabar'.] سامبر : ایک قسم کا بڑے قد و قامت کا ہرن ۔

Sambo : (n) [Sp. 'Zambo'.] دوغلا : دو نسلا (خصوصاً امریکی نیگرو اور یورپی میل) : نیگرو کا اسم تحقیر ۔

Sam Browne / Sam Browne belt : (n) فوجی افسر کے پیٹی اور تسمے ۔

Sambuca : (n) [L.] (۱) (قدیم موسیقی) ایک قسم کا تکونے تار والا ساز ۔ (۲) (قدیم روم) دیوار ڈھانے کا فوجی انجن ۔

Sambur : (n) دیکھو Samber

Same : (a) [ON.] (۱) ایک سا : یک رنگ : جوں کی توں ۔ (۲) مذکورہ بالا : مطابق : ملتا جلتا ۔

At the same time : (۱) اسی وقت : اسی حالت میں ۔ (۲) باوجود اس کے ، لیکن ساتھ ہی ساتھ ۔

By the same token : اسی نشان سے : اسی علامت سے ۔

Same : (pron.) وہی شخص یا اشخاص ۔

Same : (adv.) (۱) پھر بھی : تاہم ۔ (۲) جوں کا توں : اسی رنگ میں ۔

All the same : پھر بھی : تاہم ۔

Just the same : جوں کا توں : اسی رنگ کا ۔

Much the same : تقریباً برابر ۔

The very same / Just the same / One and the same : وہی : بالکل وہی : یکساں : بجنسہٖ : بعینہٖ : ھو بہو ۔

To think the same : کسی کے متعلق ویسا ہی خیال رکھنا ۔

Samel : (n) [Origin obscure'.] : سیورا : سیوری : خام : کچا : کچی ادھ پکا (کھپرا ، اینٹ وغیرہ) ۔

Sameliness : (n) ایک سراپن : یک لمحہ پن : یکسانی : عدم تنوع ۔

Samely : (a) بے تنوع : یک رنگ : یکساں : اکتا دینے والا ۔

Samen : (a) (اسکاچستان) دیکھو Same

Sameness : (n) ایک ہی سا ہونا : یکسانی : یک رنگی ۔

Samia : (n) [L.] ایک قسم کا پروانہ ۔

Samian : (n) [L. 'Samius'.] باشندۂ ساموس : ساموسی ۔

Samian : (a) سامو‌سی ۔

Samian letter : (n) حرف Y سے فیثا غوری نیکی اور بدی کی مختلف راہوں کی علامت کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

Samian ware : (n) ساموسی برتن (مٹی کے برتن جو قدیم رومی مقامات پر پائے جاتے تھے) ۔

Samiel : (n) [Turk. 'Samyell'.] باد سموم : بہت گرم ہوا : لو ۔

Samisen : (n) [Jap.] جاپانی سہ تارا (ایک ساز) ۔

Samite : (n) [OFr. 'Samit'.] بادلا : زری (از منہ وسطیٰ کا قیمتی ریشمی کپڑا جس میں سونے کے تار بھی ملے ہوتے تھے) ۔

Samlet : (n) [Salmon + -let.] سامی مچھلی کا بچہ : سامچہ ۔

Sammier : (n) چمڑے سے (کمانے سے پہلے) پانی نچوڑنے کی مشین ۔

Samy : (v) [Origin unkn.] (۱) چمڑے کو جزوی طور پر سکھانا ۔ (۲) چمڑے کو نم کرنا ۔

Samy : (a) (۱) چپچپا : تر بتر : خوب گیلا ۔ (۲) نم : مرطوب : تر ۔

Samy : (n) سادہ لوح : بھولا : احمق ۔

Samnite : (a) [L. 'Sammites'.] سمنی : سمنائی (ایک قدیم اطالوی قوم جو رومائی جمہوریت سے لڑتی رہتی تھی) ۔

Samnite : (n) سمنی قوم کا فرد ۔

Samoan : (a) ساموئی : جزیرہ ساموا کا ۔

Samoan : (n) جزیرہ ساموا کا باشندہ یا وہاں کی زبان ۔

Samosatenian : (a) [Late L. 'Samosatenus'.] سیمو ساٹا کے پال (Paul of Samosata) یا اس کے پیرو سے متعلق ۔

Samothracian : (n) [L. 'Samothrace'.] سموتھریس (Samothrace) کا باشندہ ۔

Samothracian : (a) سیموتھریس کا یا اس سے متعلق ۔

Samovar : (n) [Russ. 'Samovar'.] سماوار : روسی چائے دان ۔

Samoyed (e) : (n) [Russ. 'Samoed'.] (۱) وسطی سائبیریا کی منگولی قوم کا رکن ۔ (۲) آرٹک کے سفید کتوں کی نسل ۔

Samoyed (e) : (a) ساموئیائی : سائبیریائی : زساموئیائی زبان سے متعلق ۔

Samoyedic : (a) ساموئیائی ۔

Samoyedic : (n) ساموئیائی زبان ۔

Samp : (n) [Algonquin 'Nasamp'.] مکئی کا آٹا یا اس کی دلیا ۔

Sampan : (n) [Chinese 'San- pan'.] (۱) چینی ناؤ : کشتی : چینی نمونے کی کشتی ۔ (۲) جاپانی ناؤ : کشتی ۔ (۳) جزیرہ ھوائی کی کشتی ۔

Samphire : (n) (۱) ایک قسم کی نباتات جو ساحل بحر کے قریب پہاڑوں پر اگتی ھے اور اچار کے کام آتی ھے : سوئف آبی ۔ (۲)سائف آبی کا اچار ۔

Sample : (n) [AFr. 'Assample'.] (۱) نمونہ : بانگی ۔ (۲) نظیر : مثال ۔

Sample : (v) (۱) نمونہ یا بانگی دیکھنا ۔ (۲) نمونہ یا بانگی دکھانا ۔ (۳) نقل اتارنا ۔ (۴) جانچنا ۔ (۵) صحیح تجربہ حاصل کرنا ۔ (۶) ایک نظر ڈالنا : سرسری طور پر دیکھ لینا ۔ (۷) نمونہ لینا ۔

Sample : (a) (۱) نمونے کا : مثالی ۔ (۲) تجرباتی ۔

Sample card : (n) نمونے کا پتا : کارڈ جس پر نمونے چسپاں ھوں ۔

Sample man : (n) دیکھو Sampler

Sampler : (n) [OFr. 'Essamplaire'.] (۱) لڑکیوں کی سوزن کاری کا بہترین نمونہ جسے دیوار وغیرہ پر لگاتے ہیں ۔ (۲)نو آموز لڑکیوں کی سوزن کاری کا نمونہ ۔ (۳)درخت جو اور درخت کاٹتے وقت چھوڑ دیا گیا ہوتا کہ معلوم ھو سکے کہ اس قسم کے درخت اس مقام پر سے کاٹے گئے ہیں ۔

Sampler : (n) نمونہ دیکھنے یا نمونہ لینے والا : نمونے چھانٹنے والا ۔

Samshoo : (n) [Pidgin English.] چاول سے بنائی جانے والی چینی شراب ۔

Samson : (n) [L. 'Sam(p)son'.] شمشون (ایک قوی ہیکل آدمی کا نام جس کا ذکر توریت میں آیا ھے) : قوی : گرانڈیل ۔

Samsonian : (a) شمشون کا یا اس سے متعلق : قوی : گرانڈیل ۔

Samson's post : (n) (۱) (بحری) ایک مستحکم ستون جو جہاز کے

ذخیرے خانے یا عرشوں کے درمیان سے گزرتا ہے ۔ (۲)بھاری لکڑی جس میں زنجیر اور آنکڑا لگا کر اس کے کندے کو کھینچتے ہیں ۔

Samrai : (n) [Japanese.] قدیم جاپانی فوجی نواب یا جاگیر دار : ایک جاپانی جماعت جو حب الوطنی کے لئے مشہور تھی ۔

San : (n) (۱) دارالصحت : صحت گاہ ۔ (۲) اسکول کا وہ کمرہ جس میں بیمار بچوں کو رکھا جاتا ہے ۔

Sanative : (n) [OFr. 'Sanatif', or L. 'Sanativus'.] (۱) مفید : صحت بخش : نفع بخش : شافی ۔ (۲) مند مل ہونے سے متعلق ۔

Sanatorium : (n) [mod. L. 'Sanatorium'.] دیکھو San

Sanatory : (a) دیکھو Sanative

Sanbenito : (n) [Sp.] (۱) لباس توبہ : کفنیٔ نماز : زرد لباس جس پر آگے اور پیچھے دونوں جانب لال رنگ کی سینٹ انڈوز کی صلیب بنی ہوئی تھی : یہ ان بدعتی لوگوں کا لباس تھا جو ہسپانوی محکمۂ احتساب کے دباؤ سے اپنے عقائد سے توبہ کر لیتے تھے ۔ (۲) اسی طرح کا سیاہ لباس ان لوگوں کے لئے جو محکمۂ احتساب کے دباؤ پر بھی اپنے عقائد سے تائب نہیں ہوتے تھے : اس پر شعلوں اور بھوتوں کی تصویریں بنی ہوتی تھیں ، یہ لباس اس وقت پہنایا جاتا تھا جب کسی بدعت پرست کو زندہ جلاتے تھے ۔

Sancho : (n) گٹار : ایک قسم کا ستار جس میں چھ تار ہوتے ہیں : چھ تارا (ساز) جسے مغربی افریقہ کے باشندے اور امریکی بجاتے ہیں ۔

Sanctification : (n) [L. 'Sanctificatio'.] (۱) تقدیس : تطہیر ۔ (۲) اولیاء کی فہرست میں باقاعدہ داخل کرنا ۔

Sanctified : (a) (۱) مقدس : متبرک (آدمی) : روحانی طور پر مقدس بنائی ہوئی (چیز) ۔ (۲) (طنزاً) تقدس مآب : ریاکار ۔ (۳) وقف شدہ ۔

Sanctifier : (n) مقدس بنانے والا : متبرک بنانے والا : متبرک بنانے والی چیز ۔

Sanctify : (v) [OFr. 'Saintifier'.] (۱)متبرک یا مقدس قرار دینا : (گناہ سے) پاک کرنا ۔ (۲) حلال یعنی جائز کر دینا : جواز کا فتویٰ دینا : پاک اور مقدس سمجھ کر الگ کر دینا ۔

Sanctifyingly : (adv.) مقدس یا متبرک قرار دیتے ہوئے ۔

Sanctimonious : (a) [L. 'Sanctimonia'.] ریاکار : زاہد ریائی : ظاہر دار : (طنزاً) تقدس مآب ۔

Sanctimoniously : (adv.) ظاہر داری سے : ریاکاری سے ۔

Sanctimoniousness : (n) ظاہر داری : ریاکاری ۔

Sanction : (n) ظاہر داری : ریاکاری ۔

Sanction : (n) [Fr. 'Sanction'.] (۱) قانون : قاعدہ ۔ (۲) سزا یا جزا : وہ دفعہ جس میں کسی جرم کی سزا یا کسی نیکی کی جزا درج ہو : تصویب ۔ (۳) تصدیق : توثیق ۔ (۴)تکلیف شرعی یا اخلاقی : محرکات خیر : اخلاقی فرض : واجب ۔ (۵) جواز : رخصت : منظوری : اجازت ۔ (۶) رواج ۔ (۷) (سیاسیات) معاشیاتی یا فوجی اقدام جو ایک یا زیادہ ملک دوسرے ملک کے خلاف کرتے ہیں ۔

Pragmatic sanction : منشور سلطانی : شاہی فرمان خصوصاً چارلس ششم کا وہ فرمان جس کی رو سے ۱۷۲۴ء میں حکومت آسٹریلیا میں جانشینی کا تصفیہ ہوا تھا ۔

Vindicatory sanction : تعزیری منظوری ۔

Sanction : (v) (۱) تصدیق کرنا : اختیار کرنا : مجاز بنانا : لازم کرنا : فرض عائد کرنا ۔ (۲) اجازت یا رخصت دینا : سزا یا جزا مقرر کرنا : کسی حکم کی خلاف ورزی کی بنا پر (مجرم کو) سزا دے کر تصدیق کرنا ۔ (۲) منظوری : جائز رکھنا : ٹھہرانا یا قرار دینا ۔

Sanctionary : (a) قانونی : قانون سے متعلق ۔

Sanctioneer : (n) کسی ایک ملک کے خلاف ایک یا زیادہ ملکوں کے جابرانہ معاشیاتی یا فوجی اقدام کی حمایت کرنے والا ۔

Sanctionist : (a) تعزیری ۔

Sanctionist : (n) حامیٔ تعزیر ۔

Sanctionless : (a) بے منظوری : بلا تصدیق : بلا توثیق : بلا اختیار : ناحق ۔

Sanctitude : (n) [L. 'Sanctitudo'.] بزرگی : تقدس ۔

Sanctity : (n) [OFr. 'Sain(c)tito' and L. 'Sanctitas'.] (۱) تقدس:

بزرگی : احترام ۔ (۲) عزت : عظمت ۔ (۳) (جمع) فرائض : واجبات : پابندیاں ۔

Sanctorian : (a) [mod. L. 'Sanctorius'.] وینس کے ماہر طبیعیات Sanctotrius کا یا اس سے متعلق ۔

Sanctorian perspiration : (n) غیر محسوس پسینہ ۔

Sanctuary : (n) [AFr. 'Sanctuarie'.] (۱) مقدس مقام : حرم : عبادت گاہ (کا اندرونی حصہ) : مسجد : مندر : درگاہ : (مجازاً) کلیسا : دینی جماعت ۔ (۲) مامن : جائے پناہ ۔ (۳) امن : پناہ : حفاظت : حق پناہ دہی ۔ (۴) (شکار) وہ جگہ یا زمانہ جس میں جانوروں کا شکار ممنوع ہو ۔ (۵) گرجا کا احاطہ : قبرستان : گورستان ۔ (۶) پادری کا عہدہ یا سلسلہ ۔ (۷) یہودیوں کے معبد کا بیرونی حصہ ۔

Privilege of sanctuary : حق پناہ دہی ۔

To take sanctuary : پناہ لینا ۔

To violate or break sanctuary : جائے پناہ کا احترام نہ کرنا : مقدس مقام پناہ گیروں کو گرفتار کرنا ۔

Sanctum : (n) [L.] (۱) (یہودیوں کے) معبد کا اندرونی حصہ : حرم ۔ (۲) خلوت ۔ (۳) (مجازاً) باطن (تصوف) ۔ (۴) مقدس مقام : عبادت کدہ ۔

Sanctum Sanctorum : (n) (۱) یہودیوں کے معبد کا اندرونی حصہ : حرم ۔ (۲) خلوت ۔

Sanctus : (n) [L.] مناجات کے وہ بول جن پر عشائے ربانی کا خاتمہ ہوتا ھے : بھجن ۔

Sanctus bell : (n) (۱) جرس مقدس ۔ (۲) گھنٹا جو عشائے ربانی کے وقت بجایا جاتا ھے ۔

Sand : (n) [OE. 'Sand'.] (۱) ریت : ریگ : بالو : تودۂ ریگ : ریگ کے ذرے ۔ (۲) (امریکی روزمرہ) ثابت قدمی : استقلال ۔ (۳) (جمع) ریتا : رتیلی زمین : ریگستان ۔ (۴) عدم استحکام: غیر مفید کاوش : ان گنت ہونا : لا تعداد ہونا۔ (۵) رتیلا علاقہ : ساحل سمندر ۔ (۶) ریت گھڑی کی ریت : (مجازاً) لمحۂ زندگی ۔ (۷) (تشریح و مرضیات) ریگ (مثانہ وغیرہ کا) ۔ (۸) کچڑا (خصوصاً مل کا) ۔

Oil sand : رتیلا پتھر : جس میں سے تیل نکلتا ھے ۔

Rope of sand : ڈھول کی رسی ۔

To plough the sand : ریت میں ہل چلانا : غیر مفید کاوش کرنا ۔

Urinary sand : ریگ مثانہ ۔

Sand : (v) (۱) (جہاز کا) ریتا پر چڑھ جانا : ریت میں پھنس جانا : (مجازاً) آدمی کا پھنس جانا ۔ (۲) مستحکم کرنا : اوث قائم کرنا : حملہ روکنا ۔ (۳) (کسی چیز پر) ریت چھڑکنا یا ڈالنا ۔ (۴) ریت میں دفن کرنا ۔ (۵) ریت ملانا (شکر ، اون وغیرہ میں) ۔ (۶) دروازوں اور دریچوں کے سامنے ہوا روکنے کے لئے ریت کی بوریاں رکھنا ۔ (۷)کسی کے سر پر ریت کی بوریاں دے مارنا ۔ (۸) بالو بچھانا ۔ (۸) ریگ مال کرنا ۔

Sand-badger : (n) جاوا کا بجو : ہندوستانی بجو ۔

Sand-bag / Sandbag : (n) ریت سے بھرا ہوا تھیلا مدافعت کی عارضی بندی کے لئے یا غبارے میں توازن رکھنے کے لئے : ریت کا تھیلا : ریت کی تھیلی ۔

Sand bag : (v) (۱) ریت کی تھیلی لگانا ۔ (۲) ریت کی تھیلی سے مار کر گرانا ۔

Sand-bagger : (n) (۱) ریت کی تھیلی سے مار کر گرانے والا ۔ (۲) ایک چھوٹی بادبانی کشتی ۔

Sand-bank : (n) (۱) ریتا ۔ (۲) دیکھو Sand-hill ۔

Sand-bar : (n) ریت کی باڑ : بندرگاھوں اور دریاؤں کے دہانوں پر ریت کے تودے ۔

Sand-bath : (n) گرم ریت کا برتن : ریت کا غسل ۔

Sand-bear : (n) دیکھو Sand-badger

Sand-bed : (n) طبقۂ ریت : ریت کی تہ ۔

Sand-belt : (n) ریگستان ۔

Sand-bird : (n) ریت میں رہنے والا ایک پرندہ : زمّارالرّمل ۔

Sand-blast : (n) (۱) ریت کا جھونکا (بھاپ یا دبی ہوا کے ذریعے شیشے کی سطح کھردری کر دینے کے لئے) ۔ (۲) نا قابل تعرض تحریبی کاروائی ۔

Sand blast : (v) ریت کے جھونکے کے ذریعے کاٹنا یاصاف کرنا ۔

Sand-blind : (a) چندھا یا چوندھا : نیم کور : ضعیف البصر ۔

Sand-box : (n) (۱) ریگ دان (ڈبیا جس میں سیاہی خشک کرنے کے لئے ریگ رکھی جاتی ہے) ۔ (۲) ریت کا سانچا (جو ٹائپ ڈھالنے میں کام آتا ہے) ۔ (۳) ریگ دان (جو انجن پر ہوتا ہے کہ برف کی وجہ سے اگر پٹری چکنی ہو گئی ہو تو اس پر ریگ چھڑک دی جائے) ۔ (۴)(گولف) ریت بھرا برتن جس پر گیند رکھ کر کھیل شروع کرتے ہیں ۔ (۵) جزائر غرب الہند کے ایک جنگلی درخت کا پھل ۔

Sand-boy : (n) (۱) بالو بیچنے والا چھوکرا ۔ (۲) ٹڈے کی قسم کے بعض کیڑے ۔

As jolly as a sand-boy : بالو بیچنے والے چھوکرے کی طرح خوش و خرم ۔

Sand bug : (n) (۱) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۲) زمین کھود کر رہنے والا کیکڑا ۔

Sand-cast : (a) ریت کے بنے سانچے میں ڈھالا ہوا ۔

Sand-cast : (v) ریت کے سانچے میں ڈھالنا ۔

Sand-cat : (n) ریگستانی بلی ۔

Sand-crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا ۔

Sand-crack : (n) (۱) بوائی (پھٹنا) ؛ پاؤں کی کھال میں شگاف جو گرم ریت میں چلنے سے ہو جاتا ہے ۔ (۲) گھوڑے کے سم میں شگاف ۔

Sand cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ۔

Sand drift : (n) ریت کا تودہ (جو ہوا سے جمع ہو جاتا ہے) ۔

Sand-eel : (n) بام مچھلی کی ایک قسم ۔

Sand-elm : (n) ایک قسم کا درخت ۔

Sand-flea : (n) (۱) دیکھو Chigoe ۔ (۲) ایک قسم کا قشریہ ۔

Sand-fly : (n) بڑ مکھی ؛ ریت مکھی ۔

Sand-furnace : (n) دیکھو Sand-bath

Sand-glass : (n) ریت گھڑی ۔

Sand-grass : (n) ریت پر اگنے والی گھاس ۔

Sand-groper : (n) (۱) (آسٹریلیا) سونے کی نئی کان دریافت کرنے والا پہلا مہم جو ۔ (۲) (مزاحاً) مغربی آسٹریلیائی ۔

Sand-grouse : (n) قطاء ؛ بھٹ تیتر ۔

Sand-hill : (n) ریت کا ٹیلا ؛ ریت کا تودہ ۔

Sand-hiller : (n) Georgia اور S. Carolina کی رتیلی پہاڑیوں کے علاقوں کا باشندہ ۔

Sand-hog : (n) زیر زمین کام کرنے والا مزدور ۔

Sand-hopper : (n) (۱) ایک قسم کا قشریہ ۔ (۲) ایک قسم کا پسو ۔

Sand lizard : (n) یوروپی چھپکلی ۔

Sand-man : (n) (۱) ریت نکالنے والا ؛ ریت ملانے والا ؛ ریگ مال کرنے والا ۔ (۲) ریت والا (نیند سے بچوں کی آنکھیں کھجلانے لگتی ہیں تو ان سے کہا جاتا ہے کہ ریت والے نے تمہاری آنکھ میں ریت ڈال دی ہے) ؛ نیند یا اونگھ کی تجسیم ۔

Sand-martin : (n) خطاف الرمل ؛ ریگ مارٹن ؛ ایک قسم کی ابابیل جو ریگ میں گھونسلا بناتی ہے ۔

Sand-monitor : (n) (۱)زمین پر رہنے والا گھڑیال ۔ (۲) مصر میں پائی جانے والی ایک قسم کی بڑی چھپکلی ۔

Sand-mould : (n) ریگ کا سانچا ۔

Sand-paper : (n) ریگ مال (کاغذ) (ایک قسم کا شیشے کا کاغذ جس سے دھات وغیرہ صاف کرتے ہیں) ۔

Sand-paper : (v) ریگ مال کرنا ۔

Sand-partidge : (n) ایک قسم کا تیتر ۔

Sand-pillar : (n) ستون ریگ ؛ ریگ کا ستون (جو ہوا کی وجہ سے ریگستان میں بن گیا ہو) ۔

Sand-pipe : (n) (۱) (ارضیات) کھلی میں نلی نما جوف جس میں ریگ بھر جاتی ہے ۔ (۲) (انجن کی) ریل نالی ۔

Sand-piper : (n) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے ۔

Sand-pit : (n) (۱) وہ گڈھا جہاں سے بالو نکلتا ہے ۔ (۲) بالو سے بھرا گڈھا جس میں بچے کھیلتے ہیں ۔

Sand-pump : (n) ریگ کش : ریت نکال : ایک قسم کا آلہ جس کے ذریعے مشین وغیرہ میں سے ریت نکالی جاتی ہے ۔

Sand-rat : (n) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا چوہا ۔

Sand-rock : (n) رتیلے پتھر کی چٹان ۔

Sand-roller : (n) ایک قسم کی چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Sand-runner : (n) دیکھو Sand-piper

Sand-saucer : (n) ایک قسم کا گھونگے کا انڈا ۔

Sand-shadow : (n) دیکھو Sand-drift

Sand-shark : (n) (۱) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Sand-shoes : (n) ریت جوتی : ریت میں پہننے کی جوتی ۔

Sand-snipe : (n) ٹیٹری کی ایک قسم ۔

Sand-sole : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Sand-spout : (n) دیکھو Sand-pillar

Sand-stone : (n) رتیلا پتھر : بھر بھرا پتھر : سنگ سیاہ ۔

Sand-storm : (n) ریت کا طوفان ۔

Sand-sucker : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Sand-swallow : (n) ایک قسم کی ابابیل ۔

Sand-valve : (n) وہ صمام جس سے ریگ نالی سے ریگ کے نکلنے کو درست کیا جاتا ہے ۔

Sand-worm : (n) ریگ باش کی کیرم : ریگی کرم ۔

Sand-wort : (n) ریگستانی علاقوں میں پیدا ہونے والے پودوں میں سے کوئی ایک یا ریگستانی علاقے کا ایک پودا ۔

Sand yoam : (n) مٹی کا گارہ جس میں ریت زیادہ ہو ۔

Sandal : (n) [L. 'Sandalium '.] (۱) سینڈل : چپل ۔ (۲) سلیپر کو باندھنے کا تسمہ ۔

Sandal : (n) [Pers. 'Candal'.] صندل (کی لکڑی) : چندن (کی لکڑی) ۔

Sandal : (v) چپل پہنانا : چپل پہننا ۔

Sandal shoon : (n) چپل : سنڈل ۔

Sandal-wood : (n) صندل کی لکڑی : چندن کی لکڑی ۔

Citron or yellow sandal-wood : زرد صندل ۔

Red sandal-wood : سرخ صندل ۔

White sandal-wood : سفید صندل جو مالا بار کے ساحل پر پایا جاتا ہے ۔

Sandaling : (n) چپل کا تسمہ ۔

Sandarac : (n) [L. 'Sandaraca'.] زر نیخ احمر : زر نیخ سرخ : سم الفار احمر : سرخ ہڑتال : مین پھل : رہج الفار : مینڈھل ۔

Sanded : (a) (۱) ریت چھڑکا ہوا ۔ (۲) ریت ملا ہوا ۔ (۳) رتیلا ۔ (۴) دانہ دار چینی میں لپٹا ہوا ۔

Sandemanian : (a) Robert Sandeman کے فرقے کا ۔

Sandemanian : (n) Robort Sandeman کا فرقہ ۔

Sandemanianism : (n) Robert Sandeman کا عقیدہ ۔

Sanderling : (n) [OE. 'Sandyroling'.] چہا : ایک قسم کا چھوٹا سا پانی میں چلنے والا پرندہ ۔

Sanders : (n) [OFr. 'Sandre'.] دیکھو Sandal-wood

Sandia : (n) [Sp.] (۱) تربوز ۔ (۲) دیکھو Water-melon ۔

Sandiness : (n) (۱) کرکراپن : رتیلاپن : ریگ آلودگی ۔ (۲) بالورنگی : ریگ رنگی : ریت رنگی : زردی مائل سرخی ۔

Sanding : (n) (۱) ریت چھڑکنا ، ڈالنا یا ملانا ۔ (۲) ریگ مال کرنا ۔ (۳) مرغوں اور مرغیوں کو بالو کھلا کر وزن بڑھانا (دھوکا دینے کی نیت سے) ۔

Sanding machine : (n) مشین جس میں ریگ مال لگا ہوا محرک پرزہ ہوتا ہے (کسی چیز کو چکنا کرنے کے لئے) ۔

Sandiver : (n) [Fr. 'Suin de verre'.] کانچ (شیشے) کا نمک یا کھار : ایک قسم کا نمکیلا پانی جو شیشہ بناتے وقت اس سے خارج ہوتا ہے ۔

Sandling : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

Sandwich : (n) (۱) نان پاؤ کے دو پتلے توس (ٹکڑے) جن کے بیچ میں گوشت ، انڈے ، مچھلی ، ککڑی اور پنیر کے قتلے رکھ دیئے جاتے ہیں ۔ (۲) سینڈوچ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) (مجازاً) دو رخا ؛ مخلوط ؛ مرکب ۔

Sandwich : (v) گھسیڑنا ؛ ٹھونسنا ؛ داخل کرنا ؛ ملفوف کرنا ؛ کسی چیز کو ایسی دو چیزوں کے اندر داخل کرنا جو مختلف النوع ہوں۔

Sandwich-board : (n) اشتہار کا تختہ جو Sandwich man لٹکائے رہتا ھے۔

Sandwich boat : (n) (کشتیوں کی دوڑ میں) اگلی قطار کی سب سے پچھلی اور پچھلی قطار کی سب سے اگلی کشتی۔

Sandwich-box/ -case : (n) سینڈوچ کا بکس۔

Sandwich-course : (n) تعلیم کا ایک کورس جس میں صنعتوں میں عملی تربیت اور کالج میں پڑھائی کی مدتیں باری باری ہوتی ہیں۔

Sandwich-man : (n) اشتہار والا جو اشتہار کا ایک تختہ سینے پر اور ایک پیٹھ پر لٹکائے رہتا ھے۔

Sandy : (n) (۱) نام Alexander کا مخفف ۔ (۲) اسکاچستانی ؛ اسکاچستان کا باشندہ۔

Sandy : (a) (۱) رتیلا ؛ کرکرا ؛ ریگ آلود ۔ (۲) ریگی ؛ بالو یا ریت کے رنگ کا ۔ (۲) زرد سرخی مائل (بال وغیرہ کے لئے) ۔ (۳) ناقص ؛ غیر مدلل ؛ نا پائیدار ؛ بے استقلال۔ (۵)روکھا پھیکا ؛ خستہ ؛ فرسودہ ۔ (٦) ریت کی طرح دانہ دار ؛ جس میں (Lactose) کی بلوریں ہوں۔

Sandy : (n) دیکھو Sand-crab

Sandyish : (a) رتیلا سا ؛ کرکرسا ؛ بالو کے سے رنگ کا۔

Sandyx : (n) [L.] سرخ سیسہ۔

Sane : (a) [L. 'Sanus'.] (۱) سمجھ دار ؛ ذی فہم ؛ سلیم العقل ؛ صحیح العقل ؛ صحیح الدماغ ؛ صحیح الحواس ؛ دانا ؛ عاقل ؛ زیرک ۔ (۲) معتدل ؛ معقول (رائے ، خیال وغیرہ) ۔

Of sane memory : دیکھو Memory

Sanely : (adv.) سمجھ داری سے ؛ فہم فراست سے ؛ معتدل طور پر۔

Saneness : (n) ذی فہمی ؛ صحیح الدماغی ؛ سلیم العقلی ؛ دانائی۔

Sang : (n) [Fr.] (اسکاچستان) خون۔

Sang : (n) [Chinense 'Sheng'.] ایک قسم کا فارسی ساز۔

Sang-de-boeuf : (n) [Fr.] گہرا سرخ (لہو کاسا) رنگ جو پرانی چینی پر اب بھی پایا جاتا ھے۔

Sang-froid : (n) [Fr.] سکون ؛ اطمینان ؛ دلجمعی ؛ جمیعت خاطر (خوف یا پریشانی کے وقت) ۔

Sangaree : (n) [Sp. 'Sangria'.] ایک ٹھنڈا مشروب جسے شراب اور مسالے ڈال کر بناتے ہیں۔

Sangrail : (n) [OFr. 'Saint graal'.] پیالۂ خون ؛ وہ پیالہ جس میں حضرت عیسیٰؑ نے آخری کھانا کھایا تھا اور جب آپ صلیب پر چڑھائے گئے تو یوسف آری میتھیا نے اسی میں آپ کا خون لیا تھا۔

Sanguicolous : (a) خون باش۔

Sanguicolous : (a) [L. 'Sanguis'. + -ferous.] خون بر۔

Sanguification : (n) [mod. L. 'Sanguificatio'.] خون سازی ؛ تولید خون ؛ خون بننا ؛ خون بننے کا عمل ؛ وہ عمل جس کے ذریعے غذا خون میں بدل جاتی ھے۔

Sanguimotor : (a) دوران خون سے متعلق۔

Sanguinaria : (n) [mod. L.] جنس عرق الدم ؛ ایک قسم کی بوٹی جس کا تنا (جڑ کی شکل کا) دوا کے کام آتا ھے۔

Sanguinarily : (adv.) سفاکانہ ؛ خونخوار ؛ خونریز یا خوں آشام طریق یا انداز سے ظالمانہ ؛ جابرانہ۔

Sanguinarine : (n) ایک تلخ زہریلی بلوری القلی۔

Sanguinariness : (n) سفاکی ؛ خونریزی ؛ خونخواری ؛ خوں آشامی؛ بے رحمی۔

Sanguinary : (a) [L. 'Sanguinarius'.] (۱) خونی ؛ خونریز ؛ سفاك؛ خوں آشام؛ تشنۂ خوں ؛ خونخوار ؛ قاتل ؛ لہو کا پیاسا؛ بے رحم ؛ بے مہر ؛ بے رحمی کا (قانون) ؛ ادنیٰ سے ادنیٰ جرم پر موت کی سزا دینے والا (قانون)۔ (۲)(مزاحاً) حرامی۔

Sanguine : (a) [Fr. 'Sanguin.'] (۱) لہو سا لال یا سرخ ؛ خون کے

سے رنگ کا۔ (۲) دموی: دموی مزاج آدمی جس کے بدن میں خون بہت ہو۔ (۳) سرگرم: جو شیلا: جوش بھرا: زندہ دل: امیدوں بھرا: پر اُمید: خود اعتماد۔ (۴) قوی: زبردست: مضبوط: واثق: پختہ: پکا: یقینی۔ (۵) خونی: خونریز: خوں آشام۔

Sanguine : (n) لال یا سرخ رنگ: لال رنگ کی تصویر۔

Sanguinely : (adv.) سرگرمی سے: پر امید طور پر: زندہ دلی سے: خود اعتمادی سے: پر جوش طور پر۔

Sanguineness : (n) (۱) لالی: سرخی۔ (۲) سرگرمی: جوش: شوق: ذوق و شوق: ہمت: جوشیلاپن: حرارت: گرمی: دل سوزی۔

Sanguineous : (a) [L. 'Sanguineus'.] (۱) (نباتیات) خون کا: خون سے متعلق۔ (۲) دموی: پر خون: کثیر الدم۔ (۳) گہرے لال رنگ کا۔ (۴) پر امید: خود اعتماد۔

Sanguineousness : (n) پر خوں ہونا: خون کے رنگ کا ہونا۔

Sanguinicotous : (a) دیکھو Sanguicolous

Sanguinivorous : (a) خون خور: مصّاص۔

Sanguino- : جزو ترکیبی بمعنی "خون"۔

Sanguinolent : (a) خونی: خون سے متعلق: خون آمیز۔

Sanguinoprulent : (a) جس میں خون اور پیپ ہو۔

Sanguinous : (a) دیکھو Sanguineous

Sanguivorous : (a) دیکھو Sanguinivorous

Sanhedrim/Sanhedrin : (n) [Heb. 'Sanhedrin'.] (قدیم یروشلم) عدالت عالیہ جس کے اکھتر (۷۱) رکن تھے۔

Sanhedrist : (n) (قدیم یروشلم) عدالت عالیہ کا رکن۔

Sanicle : (n) [OFr.] (۱) ایک پودا جس کے پھول گچھے دار ہوتے ہیں: جو پلمہ۔ (۲) اس قسم کے دوسرے پودے۔

Sanidine : (n) [G. 'Sanidin'.] شفاف فلسپار۔

Sanies : (n) [L.] (مرضیات) خونابہ: زرد آب: پنچھا۔

Sanification : (n) صفائی کا انتظام کرنا: صفائی کو ترقی دینا یا بہتر بنانا۔

Sanify : (v) [L. 'Sanus'.] (۱) معقول ہونا: سمجھ دار ہونا: معتدل ہونا۔ (۲) تندرستی کرنا: اچھا کرنا۔ (۳) صفائی کا انتظام کرنا: صفائی کو ترقی دینا: بہتر بنانا: صحت بخش بنانا۔

Sanious : (a) خونابی: زرد آبی: پنچھا چھوڑنے والا۔

Sanitarian : (n) انجمن صفائی یا مجلس صفائی کا رکن: ماہر اصول صحت: ماہر اصول حفظانِ صحت۔

Sanitarian : (a) صحتی: صحت کا: صفائی پسند۔

Sanitarianism : (n) صفائی پسندی: صحت پرستی۔

Sanitarily : (adv.) حفظان صحت کی رو سے یا لحاظ سے۔

Sanitariness : (n) شرائط صحت کی پابندی: امور حفظان صحت کا پاس یا لحاظ۔

Sanitarist : (n) حفظان صحت کا دل دادہ: صحت پرست: صفائی پسند: صفائی پرست۔

Sanitarium : (n) [L. 'Sanitas'.] دیکھو Sanatorium

Sanitary : (a) [L. 'Sanitaire'.] (۱) صفائی یا صحت و تندرستی سے متعلق: حفظان صحت سے متعلق: صحتی۔ (۲) حفظانی۔ (۳) مفید صحت۔

Sanitary : (n) صحتی بیت الخلا، پیشاب خانہ وغیرہ۔

Sanitary cordon : (n) وبائی اور محفوظ رقبوں کے درمیان کی حد: قرنطینے کی چوکی۔

Sanitary engineer : (n) حفظانی انجینئر۔

Sanitary engineering : (n) حفظانی انجینئری۔

Sanitary napkin : (n) دیکھو Sanitary napkin

Sanitary towel : (n) گدی یا تولیہ جو ایام حیض میں استعمال ہوتا ھے۔

Sanitary ware : (n) صحتی ساز و سامان: نل سازی کے ساز و سامان (مثلاً برتن دھونے کی ناند وغیرہ)۔

Sanitate : (v) صفائی کرنا: امور حفظان صحت کی پابندی کرنا: صحتی ساز و سامان مہیّا کرنا۔

Sanitation : (n) (۱) علم حفظان صحت : علم اصول صحت : علم الصحت: اصول صحت: صفائی : امور صحت : صحتیات۔ (۲) امور متعلقہ صحت کا پابند ہونا : صفائی ۔

Sanitationist : (n) اصول صفائی کا ماہر : اصول صحت کا پابند : صحت پرست : صفائی پسند ۔

Sanity : (n) [L. 'Sanitas'.] (۱) صحت ۔ (۲) سلامت عقل : صحت عقل و ہوش : ہوش حواس کا بجا ہونا : دماغی صحت : صحیح الحواس ہونا : عدم جنون : عقل سلیم ۔

Sanjak : (n) [Turk. 'Sancak'.] سنجاق : ترکی : "ولایت" (یعنی صوبے کا حصہ : ضلع یا پرگنہ ۔

Sannup : (n) [Narrangansett. 'Sannop'.] شادی شدہ امریکی ریڈ انڈین عورت کا شوہر ۔

San(n)yasi / -asin : (n) [Hindi'.] سنیاسی : ہندو فقیر ۔

Sans : (prep.) [OFr. 'San'. Sanz'.] بے : بغیر : بلا : بدون : بن ۔

Sans facon :(adv.) صاف گوئی سے : دریدہ دہنی سے ۔

Sans gene : (n) بے تکلفی ۔

Sans peur : (a) بے خوف : بے خطر ۔

Sans phrase : (adv.) صاف : صاف کھلے لفظوں میں ۔

Sans reproche : (a) بے قصور : بے گناہ ۔

Sans souci : (a) بے پروا : بے فکر ۔

Sans souci : (n) بے پروائی : بے فکری ۔

Sansceremonie : (adv.) [Fr.] (۱) دنیا کی رسم کی لاج نہ رکھ کر ۔ (۲) بے تکلفی سے : بلا تکلف ۔

Sansculotte : (n) [Fr.] عامی یا غیر مذہب: جمہوریت پسند : مساوات پسند : انقلاب پسند : انتہا پسند : انقلابیا (فرانسیسی انقلاب کے زمانے میں قدیم اشترافیت کے دلدادہ لوگ جمہوریت پسندوں کو بے "برجسما" کہتے تھے اس لئے کہ برجس شرفاء کا لباس تصور کی جاتی تھی بعد کو جمہوریت پسندوں نے خود یہ نام اپنے لئے مخصوص کر لیا) ۔

Sansculatterie : (n) انقلاب پسندی : مساوات پرستی ۔

Sanscalattic : (a) انقلاب پسندی یا انقلاب پسند سے متعلق : انقلاب پسند : انقلابی ۔

Sansculottid : (n) [Sansculottide'.] جمہوریہ فرانس کی تقویم کے ماہ Fructidor میں اضافہ کئے جانے والے پانچ (اور سال کبیسہ میں چھ) دنوں میں سے کوئی دن ۔

Sansculottism : (n) انتہا پسندی : انقلاب پسندی : مساوات پرستی ۔

Sanserif : (n) مثلاً حرف جس میں نوکیں نہ ہوں ۔

Sanskrit / Sanscrit : (n) [Skr. Saniskrta'.] سنسکرت : ہندوستان کی قدیم علمی زبان ۔

Sanskrit / Sanscrit : (a) سنسکرتی : سنسکرت میں لکھا ہوا ۔

Sanskritic : (a) سنسکرت داں ۔

Santa claus : (n) [Du. 'Santo klaas'.] سینٹ نکولس : ایک فرضی شخص جس کے متعلق بچوں کو یہ عقیدہ ذہن نشین کرایا جاتا ھے کہ وہی رات کے وقت ان کے موزوں میں بڑے دن میں تحفے ڈال دیتا ھے ۔

Santal : (n) [Fr.[(۱) صندل (کی لکڑی) ۔ (۲) (کیمیا) ایک کیمیاوی مادہ جو چوب صندل سے نکلتا ھے ۔

Santalaceous : (a) صندلی ۔

Santalic acid : (n) صندل کا تیزاب ۔

Santalin : (n) [Fr. 'Santaline.'] جوہر صندل : سنٹالین : ضدلین : سرخ صندل سے نکلنے والا رنگ ۔

Santon : (n) [Fr.] مسلمان درویش : فقیر : گوشہ نشین : تارک الدنیا : ولی اللہ : خدا رسیدہ ۔

Santon : (n) (فرانس) کسی ولی کی شبیہ گلی ۔

Santo : (n) دیکھو Santon

Santonate : (n) (کیمیا) Santonic acid کا نمک ۔

Santonic acid : (n) (کیمیا) Santonin کا ترشہ ۔

Santonin : (n) [L. 'Santonica'.] جوہر دومنہ : عرق سنتونیکا : سنتو نیکا کا ست : (یہ ست کرم امعاء کی دوا ھے) ۔

Santoninic acid : (n) سنتونیکا کا ترشہ ۔

Sap : (n) [OE. 'Saep'.] (۱) عرق : رس : شیر : دودھ : (مجازاً) جوہر : جان : لطف ۔ (۲) بکل : چھال : رسیلی لکڑی : کچی لکڑی : لکڑی کا رس : کچی لکڑی : چوب ۔ (۳)بیرونی پتھر جو موسم کے اثر سے نرم ہو گیا ہو ۔ (۴) پولس کا ڈنڈا ۔

Sap : (n) [It. 'Zappa'.] (۱) حملہ کرنے یا کسی چیز کو برباد کرنے کا خفیہ یا پر فریب طریقہ ۔ (۲) محصور مقام کے گرد ایسا مورچہ جس سے محاصرین کا حملہ روکا جاسکے ۔ (۳)تقیب ۔

Sap : (n) (عام ، مدارس) بہت پڑھنے والا : رٹو۔

Sap : (n) [Short for 'Sapskull'.] بے وقوف : احمق : سادہ لوح : نادان : کم عقل ۔

Sap : (v) [Fr.'Saper'.] (۱) رس یاعرق نکالنا : خشک کرنا : رس نچوڑنا : عرق نچوڑ لینا : نس نکال لینا ۔ (۲) (مجازاً) جان نکال لینا : زور چوس لینا : کمزور کر دینا ۔ (۳)(لکڑی کے لٹھے پر سے) چھال اتار لینا ۔

Sap : (v) (۱) جڑ کھودنا : بیخ کنی کرنا : استیصال کرنا : منہدم کرنا : مسمار کرنا ۔ (۲) سرنگ لگانا : نقب لگا کر پہنچنا : سرنگ لگا کر پہنچنا : نقب لگانا ۔ (۳)بنیادیں کھوکھلی کرنا : رفتہ رفتہ برباد کرنا : آہستہ آہستہ تباہ کرنا ۔ (۴) (مجازاً) خفیہ طور سے راستہ بنانا : محفوظ خندق کھودنا ۔

Sap : (v) لکھنے پڑھنے میں سخت محنت کرنا : رٹنا : مطالعہ میں انہماک ہونا ۔

Sap-ball : (n) بعض قسم کے سماروغ ۔

Sap-battery : (n) توپ خانہ جو محصور مقام کے گرد مورچہ کے ساتھ ہوتا ھے ۔

Sap-faggot : (n) لکڑیوں کے گٹھے جو مورچے کو اونچا کرنے کے لئے مٹی سے بھری ٹوکری کے درمیان رکھے جاتے ہیں ۔

Sap-green : (n & a) رنگ جو Buckthorn berries سے بنایا جاتا ھے اس رنگ کا ۔

Sap-head : (a) محصور مقام کے گرد سب سے اونچا مورچہ : محاصری مورچے کا اگلا سرا ۔

Sap-head : (a) بے وقوف : احمق ۔

Sap-headed : (a) بے وقوف : احمق : کم عقل ۔

Sap-roller : (n) مٹی سے بھری ٹوکری جو محاصری مورچے کے اگلے سرے پر رکھی جاتی ھے ۔

Sap rot : (n) لکڑی کی ایک بیماری ۔

Sap-skull : (n) دیکھو Sap-head

Sap-speaker : (n) شمالی امریکا کے ہُد ہُد (کٹھ پھوڑ) کی ایک جنس ۔

Sap-tube : (n) رس نلکی ۔

Sap-wood : (n) رس چوب : چوب خام ۔

Sapa : (n) [L.] انگور کا شیرہ ۔

Sapajou : (n) [Fr.] سپاجو : ایک قسم کا بندر جو جنوبی امریکا میں ہوتا ھے : لوگ اسے پالتے اور محبت سے رکھتے ہیں ۔

Sapan : (n) [Du. 'Sapan'.] بقم : سرخ لکڑی : ساپن لکڑی : ایک قسم کی لکڑی جو ایشیا کے گرم علاقوں میں ہوتی ھے اس سے سرخ اور زرد رنگ بناتے ہیں ۔

Sapele : (n) [West Afr. name.] مغربی افریقہ کا ایک درخت ۔

Sapful : (a) رس بھرا : رس دار : شاداب : لعاب دار ۔

Saphena : (n) [Arab. 'Safin'.] (تشریح) ورید صافن ۔

Saphenous : (a) صافنی ۔

Saphenous nerve : (n) عصب صافن ۔

Saphenous vein : (n) ورید صافن ۔

Saphie : (n) [Mandingo, 'Safaye'.] جادو ، منتر ، سحر ، طلسم ۔

Sapid : (a) [L. 'Sapidus'.] (۱) لذیذ : مزہ دار : ذائقہ دار : خوش مزہ : خوش ذائقہ : خوش گوار ۔ (۲) پر لطف : دلکش : دل پذیر ۔

Sapidity : (n) مزہ : لذت : ذائقہ ۔

Sapience : (n) [OFr.' (طنزاً) دانائی : لال بجھکڑ پن ۔

Sapient : (a) (۱) دانا : دانش : عقلمند ۔ (۲) مدعی دانائی : دانائی کا : دعوے دار : لال بجھکڑ ۔

Sapient : (n) دانا : عاقل : عالم : لال بجھکڑ ۔

Sapiential : (a) [Fr. 'or L. 'Sapientialis'.] عقلمندی کا؛ دانش مندی کا ؛ دانشمندانه .

Sapientially : (adv.) دانشمندانه طور پر ؛ عقلمندی سے؛ فہم و فراست سے .

Sapiently : (adv.) (طنزاً) دانشمندانه طور پر .

Sapless : (a) (۱) بے رس ؛ بے عرق ؛ خشك ؛ سوکھا ؛ بے لعاب . (۲) بے لطف ؛ بے مزہ ؛ روکھا پھیکا ؛ مہمل .

Saplessness : (n) بے رس ہونا ؛ خشکی ؛ بے لطفی ؛ بے مزگی .

Sapling : (n) (۱)نونہال؛ پودا ؛ بروا ؛ شجرہ . (۲)(مجازاً) نو عمر ؛ نوجوان ؛ نوخیز ؛ نا تجربه کار نوجوان . (۳) ایك سال کی عمر کا شکاری کتا ؛ یك ساله سگ تازی .

Sapinghood : (n) نوجوانی ؛ نوعمری ؛ نونہال ہونے کی حالت .

Sapo : (n) [Amer Sp.] ایك قسم کی سمندری مچھلی .

Sapodilla : (n) [Sp. 'Zapotillo'.] (۱) ایك قسم کا درخت جو امریکا کے گرم حصوں میں ہوتا ہے ، اس کی لکڑی پائیدار اور پھل خوش ذائقه ہوتا ہے . (۲) اس درخت کا پھل ؛ آلوچۂ امریکی .

Sapodilla plum : (n) نس بری ؛ آلوچۂ امریکی .

Sapodilla-tree : (n) امریکی آلوچے کا درخت .

Sapogenin : (n) [Sapo(n)in + -gen.'] ایك بلوری ماده جو Saponin کو ہلکے تیزاب کے ساتھ ملانے سے حاصل ہوتا ہے .

Saponaceous : (a) [mod. L. 'Saponaceous.'] (۱) صابونی ؛ صابون صفت ؛ صابون آمیز . (۲) (مجازاً) خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ چرب زبان ؛ خوشامدانه ؛ چکنی چپڑی ؛ لیت و لعل کرنے والا .

Saponacity : (n) (مزاحاً) چاپلوسی ؛ خوشامد ؛ چرب زبانی .

Saponifiable : (a) صابون بنانے کے قابل ؛ قابل صابون سازی .

Saponification : (n) صابن سازی ؛ تصبین .

Saponifier : (n) صابُن سازی میں استعمال ہونے والا القلی .

Saponify : (v) [Fr. 'Saponifier'.] صابن بنانا ؛ چربی ، تیل وغیره کا صابُن بنانا .

Saponin : (n) [Fr. 'Saponine'.] جوہر صابونیه ؛ صابونین ؛ ایك قسم کا شکر .

Saponite : (n) [L. 'Sapon' + -ite'.] الومینیم اور میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ .

Sapor/ Sapour : (n) [L. 'Sapor'.] ذائقه ؛ لذت ؛ مزہ ؛ حسِ ذائقه .

Saporific : (a) ذائقه زا .

Sapota : (n) [Sp. 'Pg. 'Zapote'.] جنس کھرنی .

Sapotaceous : (a) [mod. L. 'Sapotaceae'.] جنسی کھرنی کا یا اس سے متعلق .

Sapper : (n) سرنگ اڑانے والا (خاص کر) سفر مینیا کا سپاہی .

Sappers and Miners : (n) سفر مینا .

Sapphic : (a) [Fr. 'Saphique'.] سیفوئی یا سیفو کے متعلق (سیفو ایك شاعرہ تھی چھ صدی قبل مسیح) .

Sapphic : (n) وہ بحریں جو سیفو استعمال کرتی تھی .

Sapphire : (n) [ME. 'Saphir, Safir'.] (۱) نیلم ؛ یاقوت کبود ؛ ازرق . (۲) ایك قسم کا شکر خورہ . (۳) نیلا رنگ .

Sapphire : (a) (۱) نیلا ؛ نیلم کے رنگ کا . (۲) نیلم سے متعلق یا مشابه .

Sapphire stone : (n) نیلم ؛ یاقوت کبود .

Sapphirine : (a) [L. 'Sapphirinus'.] نیلمی ؛ نیلم کا ؛ نیلم کا بنا ہوا .

Sapphirine : (n) الومینیم اور میگنیشیم کا سلیکیٹ .

Sapphism : (n) [f. the name of 'Sappho', who was accused of this Vice'.] علت سیفوی یعنی چپٹی ؛ طبق زنی ؛ مساحقه ؛ سحاق .

Sapphist : (n) چپٹی لڑانے والی ؛ طبق زن .

Sappho : (n) (۱) شکر خورا کی ایك جنس ؛ سیفو . (۲) (بحری) اٹھارہواں نجمیه .

Sappiness : (n) (۱) رسیلا پن ؛ تراوٹ ؛ تر و تازگی ؛ شادابی ؛

سرسبزی : لعاب داری ۔ (۲) حماقت : نادانی ۔

Sappiness : (n) (۱) آب صابونی : صابن کا محلول (خصوصاً گرم) کپڑے دھونے کے لئے ۔ (۲) صابن کا پھین یا جھاگ : کف صابون ۔ (۳) جھاگ : پھین ۔

Sappy : (a) [Sap + y.] (۱) رسیلا : رس دار : عرق دار : پر عرق : تر و تازہ : شاداب : سرسبز : لعاب دار ۔ (۲) (مجازاً) توانا ۔ (۳) احمق : نادان : بے و قوف : کم عقل ۔ (۴) خوب بھیگا ہوا : تر بتر : سیر بارانی ۔ (۵) سڑا ہوا (گوشت) ۔

Sappr- / Sappre- : جزو ترکیبی بمعنی "بوسیدہ" "سڑا ہوا" ۔

Sappramia : (n) [Gr. 'Sapros' + aemia'.] عفونت خون : فساد خون ۔

Sapraemic : (a) فساد خون سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Saprogenic : (a) [Gr. 'Sapros' + -gen + -ic.] سڑانے والا : فاسد کرنے والا : سڑے ہوئے مادے سے پیدا شدہ : غلاظت زائیدہ : غلاظت ردی ۔

Saprogenous : (a) دیکھو Saprogenic

Saprophaghan : (n) غلاظت خور کیڑوں کی جنس سے متعلق ۔

Saprophagous : (a) غلاظت خور ۔

Saprophile : (a) گندگی میں رہنے والا : غلاظت پسند ۔

Saprophile : (n) غلاظت پسند جرثومہ : گندگی میں رہنے والا : جرثومہ ۔

Saprophilous : (a) غلاظت پسند : غلاظت رُدی ۔

Saprophyte : (n) غلاظتی جرثومہ : غلاظت خور پودا : مردہ خور : گندا خور ۔

Saprophytic : (a) غلاظتی جرثومے سے متعلق ۔

Saprophytism : (n) غلاظتی جرثومہ ہونا ۔

Saprozoic : (a) مردا خور : غلاظت زی ۔

Sapsago : (n) [G. 'Schabzieger'.] سوئٹزرلینڈ کا سخت پنیر ۔

Sapsap : (n) [Native name in Phillipine'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sapucaia : (n) [Tupi.] (۱) شمالی امریکا کا ایک درخت ۔ (۲) اس درخت کا پھل : سپوکا یا ۔

Sapucaia-nut : (n) سپوکایا کا پھل ۔

Sarabaite : (n) [L. 'Sarabaita'.] (قدیم کلیسا) راہبوں کی ایک جماعت جو چھوٹے چھوٹے جتھوں میں ایک ساتھ رہتی تھی ۔

Saraband : (n) [Fr. 'Sarabande'.] (۱) ایک قسم کا ہسپانوی رقص ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی ۔

Saracen : (n) [OFr. 'Sar (r) azin, -cin'.] (۱) شرقیین : اہل شرق : اہل مشرق : مسلمان : اہل اسلام ۔ (۲) رومی اور یونانی ، سامی عرب کے خانہ بدوش قبائل کو اس نام سے یاد کرتے تھے ۔ (۳) حروب صلیبیہ کے زمانے کے مسلمانوں کو عام طور پر اس نام سے پکارتے تھے ۔

Saracen : (a) (۱) شرقی : اسلامی ۔ (۲) اسلامی (طرز عمارت) ۔

Saracenic/ -al : (a) دیکھو Saracen

Saracen's head : (n) عرب یا ترک کا سر جو نقابت میں سپر یا سرائے پر نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Sarafan : (n) [Russ.] روس کی دہقانی عورتوں کا لبادہ ۔

Sarangousty : (n) [Pers. 'Sar-angushti'.] ایک قسم کا پن روک گچ ۔

Saratoga / Saratoga trunk : (n) [f. Saratoga, Spring , a summerresourt in Newyrok state .] زنانہ سفری بکس ۔

Sarcasm : (n) [Fr. 'Sarcasme'.] رمزو کنایہ تعریض : طعن : چبھتی ہوئی بات : جلی کٹی : طنز : اعتراض ۔

Sarcast : (n) جلی کٹی کہنے والا : طعنہ دینے والا : طنز گو شخص ۔

Sarcastic/ -al : (a) تعریض : طنزیہ : طنز آمیز ۔

Sarcastically : (adv.) طنزاً : تعریضاً : از راہ طنز و تعریض ۔

Sarcasticalness : (n) طنزیہ ہونا : تعریضی ہونا : طنز آمیزی ۔

Sarcelle : (n) [ME. 'Cercelle'.] دراز دم مرغابی : پن ککڑی : ایک قسم کی چھوٹی بطخ : چینا بطخ ۔

Sarcelled : (a) (۱) (نقابت) (صلیب) سرے پر کٹا ہوا اور کھلا ہوا ۔ (۲) درمیان میں کٹا ہوا ۔

Sarcelly : (a) [Afr. 'Sercele'.] دیکھو Sarcelled

Sarcenet : (n) نفیس نرم ریشم ۔

Sarcina : (n) [L.] شقاقی فطرات : جنس جراثیم ۔

Sarco - : جزو ترکیبی بمعنی "گوشت" "لحم"۔

Sarcobasis : (n) (نباتیات) لحمی مادہ پا : لحمی بقچہ پا ۔

Sarcoblast : (n) لحم نہوضہ ۔

Sarcocarp : (n) لحمہ : لحمۂ ثمر : رسدار حصہ ۔

Sarcocele : (n) سرطان خایہ : سلعۂ خایہ ۔

Sarcocolla : (n) [L. 'Sarcocolla'.] (نباتیات) انز روت : کنجیدہ : ایک قسم کا گوند ۔

Sarcode : (n) [Fr.] حیوانی نخز مایہ: مایۂ حیات: مادۂ حیات حیوانی ۔

Sarcoderm / Sarcoderma : (n) (نباتیات) بیج کے اندرونی اور بیرونی پوست کے درمیان کا گودا ۔

Sarcodic : (a) حیوانی نخز مایہ سے متعلق : مایۂ حیات کی طرح ۔

Sarcoid : (a) گوشت سے مشابہ : لحم نما (اسفنج وغیرہ) ۔

Sarcoid : (n) [Gr. 'Sarco' + -oid.] اسفنج ۔

Sarcolactic acid : (n) ایک ترشہ جو عضلاتی نسیجوں سے حاصل ہوتا ہے ۔

Sarcolemma : (n) غشائے لحم ۔

Sarcolite : (n) الومینیم ، سوڈیم اور کیلسیم کا سلیکیٹ ۔

Sarcologic/ -al : (a) لحمیاتی ، لحمیات سے متعلق ۔

Sarcologist : (n) لحمیات : تشریح لحمی : تشریح لحمی کا ماہر ۔

Sarcology : (n) لحمیات ، تشریح لحمی : جسم انسانی کے اجزائے لحمی کی تشریح ۔

Sarcoma : (n) [mod. L.] ورم لحمی : گوشتین ابھار : دنبل لحمی : دنبل گوشتین : سلعۂ لحمی ۔

Sarcomatous : (a) ورم لحمی سے متعلق ۔

Sarcophagous : (n) لحم خور : گوشت خورہ ۔

Sarcophagus : (n) [L.] (۱) تابوت سنگی جس پر کوئی کتبہ یا سنگ تراشی وغیرہ کا کام ہو ۔ (۲) ایک قسم کا پتھر جس کے متعلق یونانیوں میں مشہور تھا کہ وہ انسانی گوشت کھا جاتا تھا : سنگ تابوتی ۔

Sarcophagy : (n) لحم خوری : گوشت خوری ۔

Sarcoplasm : (n) لحم مایہ : اعصاب کا ریشہ دار مادہ ۔

Sarcopside : (n) لوہے اور میگنیز کا فاسفیٹ ۔

Sarcoptes : (n) [mod. L.] طفیلی کیڑے کی ایک جنس : جنس خارش جون ۔

Sarcoptic : (a) خارش جون سے پیدا شدہ ۔

Sarcosin(e) : (n) [G. 'Sarkosin'.] ایک نائٹروجینی مادہ ۔

Sarcous : (a) [Gr. 'Sark' + -ous'.] لحمی : گوشتین : گوشت کا : اعصابی : اعصاب دار : عضلی ۔

Sard : (n) [Fr. 'Sarde'.] عقیق احمر : عقیق نارنجی : عقیق اصفر ۔

Sard : (a & n) جزیرۂ سارڈینیا کا باشندہ : دیکھو Sardinian ۔

Sardanapalian : (a) [L.'Sardanapalus'.] سار دانے پلسی : سار دانے پلسی کے مانند (یہ نینوا کا بادشاہ تھا جو زنانہ عشرت پسندیوں میں بدنام تھا) : زنانہ عشرت پسند ۔

Sardelle : (n) [It.] سارڈیل: ایک قسم کی مچھلی: سار ڈین سے مشابہ ۔

Sardian : (a) [L. 'Sardianus'.] سارڈس (Sardis) کا یا اس سے متعلق ۔

Sardian : (n) (۱) سارڈس کا باشندہ ۔ (۲) عقیق احمر : عقیق اصفر : عقیق نارنجی ۔

Sardine : (n) [late L. 'Sardinus'.] عقیق احمر : عقیق اصفر : عقیق نارنجی ۔

Sardine : (n) [Fr. 'Sardine'.] سارڈین : ایک قسم کی مچھلی جو جزیرۂ سارڈینیا کے قریب بحیرۂ روم میں پائی جاتی ہے : رابو۔

Sardinian : (a) [f. 'Sardinia'.] جزیرۂ سار ڈینیا کا ۔

Sardinian : (n) (۱) جزیرۂ سارڈینیا کا باشندہ : سلطنت سار ڈینیا کا باشندہ ۔ (۲) سارڈینیا کے لوگوں کی زبان ۔

Sardius : (n) [Late L.] عقیق احمر ۔

Sardonic/ -al : (a) [Fr. 'Sardonique'.] (ہنسی ، چُہل وغیرہ) نقلی : مصنوعی؛ ساختہ؛ بناوٹی؛ جھوٹی؛ جھوٹا؛ زہر خندکی؛ تمسخر آمیز۔

Sardonically : (adv.) جھوٹی یا بناوٹی ہنسی کے طور پر : مضحکہ خیز اُسلوُب سے۔

Sardonyx : (n) [L.] عقیق سلیمانی۔

Sargasso : (n) [Pg. 'Sargaco'.] بحری خس و خاشاک : خلیجی خس و خاشاک : یہ ایک قسم کی نباتات ھے جس کے ڈھیر کے ڈھیر گلف اسٹریم میں بہتے ہیں۔

Sargasso sea : (n) بحیرۂ سرگاسو : بحر ظلمات کا شمالی حصہ۔

Sargo : (n) [Sp.] ایک قسم کی مچھلی۔

Sargus : (n) [L.] ایک قسم کی مچھلی۔

Sarigus : (n) [Fr.] شمالی امریکا کا ایک تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور۔

Sark : (n) [ME. 'Serk.'] قمیض : کرتا۔

Sark : (v) قمیض یا کرتا مہیا کرنا یا پہنانا۔

Sarkful : (n) قمیض بھر۔

Sarlac : (n) [Calmuck. 'Sarluk'.] یاک : ملک تبت کا پالتو یا جنگلی بیل جس کے بال لمبے ہوتے ہیں اور کوہان بھی ہوتا ھے۔

Sarmatian : (a) [L. 'Sarmatia'.] سارمیشائی : پولستانی۔

Sarmatian : (n) باشندۂ قدیم سار میشیا : اہل پوستان۔

Sarmatic : (a) دیکھو Sarmatian

Sarong : (n) [Malay and Javanese' Saroeng'.] سارنگ : ملایا کا قومی لباس : سوتی یا ریشمی غرقی یا اونچا تہمند : (مرد اور عورت دونوں کے لئے)۔

Saros : (n) [Gr. 'Saros'.] (۱) (قدیم بیبیلون) عدد ۳۶۰۰ کا نام یا ۳۶۰۰ سال کا نام۔ (۲) صاروس قرن۔

Sarpo : (n) [Sp. 'Sapo'.] ایک قسم کا مچھلی۔

Sarracenia : (n) [mod. L. 'Sarracena'.] حشرہ خور پودوں کی ایک جنس۔

Sarrasin : (n) [Fr.] گندم سیاہ۔

Sarsa : (n) دیکھو Sarsaparilla

Sarsaparilla : (n) [Sp. 'Zarzaparilla'.] (۱) عشبہ۔ (۲) جوہر عشبہ۔ (۳) عشبہ کی قسم کے دوسرے پودے۔

Sarsar : (n) [Arab. 'Sarsar'.] زناٹے دار ھوا۔

Sarsen : (n) [Var. of 'Saracen'.] ایک قسم کا چکنا اور بھربھرا پتھر جو ولٹ شائر وغیرہ میں پایا جاتا ھے۔

Sarsenet / Sarcenet : (n) [Afr. 'Sarainett.'] نفیس : نرم ریشم۔

Sarsenet / Sarcenet : (a) نفیس نرم ریشم کا بنا ھوا۔

Sart : (a) نرم : ملائم۔

Sartor : (n) [L.] درزی خیاط۔

Sartorial : (a) (۱) خیاطانہ : خیاطی سے متعلق : درزی کا : سلائی کے متعلق۔ (۲) لباس و پوشاک سے متعلق۔

Sartorius : (n) [L.] عضلۂ خیاطیہ : ایک لمبا اور پتلا عضلہ جو جانگھ میں سامنے کی طرف ھوتا ھے۔

Sartrian : (n) [f. Jean Paul Satre.] ساتری J. P. Satre کا۔

Sarum : (n) [mod. L.] سیروم : سالِس بری کا کلیسائی نام۔

Sarum use : (n) استعمال سیروم : سیرومی استعمال : سیرومی طریق عبادت : عبادت الٰہی کا طریقہ جو سالسبری میں گیارھویں صدی عیسوی سے (Reformation) اصلاح کلیسا تک رائج تھا۔

Sash : (n) [Arab. 'Sas'.] شانہ پوش : کمر بند : پٹکا۔

Sash : (v) شانہ پوش یا کمر بند لگانا۔

Sash : (n) [Fr. 'Chassis'.] (۱) کھڑکی آئینہ دار پٹ جو اوپر نیچے کھسک سکتا ھے : ساش چوکٹھا : سیش۔ (۲) جھروکہ : آئینہ دار کھڑکی : دریچی۔ (۳) چوکٹھا جس میں آرا کے پھل کو جڑ دیا جاتا ھے تاکہ ٹیڑھا نہ ھو۔

Sash : (v) دیکھو Chasse : سیش کھڑکی لگانا : سیش کھڑکی کی طرح بنانا۔

Sash cord : (n) سیش کھڑکی کی ڈوری۔

Sash frame : (n) (۱) سیش کا چوکٹھا ۔ (۲) چوکٹھا جس میں آرا کے پھل جڑے رہتے ہیں ۔

Sash-pocket : (n) دریچہ خانہ : دریچہ گاہ : جیب دریچہ : جیبی دریچہ ۔

Sash-pulley : (n) دریچہ کش : ایک قسم کی چرخی جس کے ذریعے دریچہ بند کھینچے جاتے ہیں ۔

Sash-tool : (n) روغن کرنے کا برش : شیشہ ساز کا برش ۔

Sash-weight : (n) ساش کا لٹکن ۔

Sash-window : (n) ساش دار کھڑکی : ساش دار دریچہ : سیش کھڑکی ۔

Sashay : (n) (۱) دیکھو Chasse ۔ (۲) سیاحت : سیر سپاٹا ۔

Sashay : (v) (۱) دیکھو Chasse ۔ (۲) چلنا : جانا : ٹیڑھے ٹیڑھے چلنا ۔

Sashimi : (n) [Jap.] ایک قسم کا جاپانی کھانا ۔

Sashless : (a) بے ساش دریچہ ۔

Sasin / Sassin : (n) [Nepalese'.] بارہ سنگھا : ساسن ۔

Sasine : (n) [Sc. Var. of 'Seisin'.] (قانون) جاگیر پر قبضہ دینا یا دلانا ۔

Saskatoon : (n) [Cree. 'Misaskwatomin'.] ایک قسم کی جھاڑی اور اس کا پھل ۔

Sass : (n) [alter. of 'Sauce'.] تازہ سبزیاں ۔

Sass : (n) گستاخی: گستاخانہ جواب(خصوصاً ماتحت کی طرف سے)۔

Sass : (v) گستاخی کرنا ۔

Sassaby : (n) [Sechwana. 'Tsessebe, -abi'.] ایک قسم کا بڑا بارہ سنگھا جو جنوبی افریقہ میں پایا جاتا ھے ۔

Sassafras : (n) [Sp. or Pg. 'Sassafraz'.] (۱) ساسافرس (ایک قسم کا چھوٹا شمالی امریکا کا درخت جس کی چھال دوا کے طور پر کام آتی ھے ۔ (۲) ساسا فرس کی چھال: ساسا فرس کا عرق ۔

Sasssanian / Sasanian : (a) [f. Pers. 'Sasan' + -ian.'] ساسانی : ساسان کا ۔

Sassanian / Sassian : (n) ساسانی خاندان کا رکن : ساسانی خاندان کا بادشاہ ۔

Sassanid : (n & a) دیکھو Sassanian

Sassenach : (n) [Gael. 'Sasunnouch'.] انگریز : انگریزی : انگلستانی : سیکسن (اسکاچستان اور آئرستان کے باشندے اہل انگلستان کو اس نام سے یاد کرتے ہیں) ۔

Sassinger : (n) دیکھو Sausage

Sassoline : (n) [G. 'Sassolin'.] قدرتی بورک ایسڈ : سہاگے کا تیزاب ۔

Sassolite : (n) (۱) ساسج : دلمہ : گوشت بھری آنت ۔ (۲) دیکھو Sassoline ۔

Sassy : (n) [W. African.] ایک افریقی درخت : اس کی چھال یا اس کا عرق ۔

Sassy : (a) [Alter of Saucy'.] (۱) شوخ : گستاخ ۔ (۲) مضبوط : زندہ دل : ہنس مکھ : خوش دل ۔ (۳) باز کا : خوش لباس : جامہ زیب ۔

Sastruga : (n) [Russ. 'Zastruge'.] قطب شمالی میں ہوا کے زور سے بن جانے والی برفیلی ماہی پشت ۔

Satan : (n) [L.] شیطان : ابلیس ۔

Satanas : (n) دیکھو Satan

Satanic/ -al : (a) (۱) شیطانی : ابلیسی ۔ (۲) جہنمی : دوزخی ۔

Satanic school : (n) (۱) فرقۂ شیطانی : یہ نام Robert Southey نے بائرن شیلی اور ان کے مقلدوں کو دیا تھا بعد میں دوسرے فحش گو شاعروں پر بھی اس کا اطلاق ہونے لگا ۔ (۲) فحش گو : فحش نویسی ۔

Satanically : (adv.) ابلیسانہ : شیطانی (حرکت کے) طور پر : شیطان کی طرح ۔

Satanism : (n) (۱) شیطانی خصائل : شیطنت ۔ (۲) دانستہ شرارت: ایسی بدی جو جان بوجھ کر کی جائے : برائی جو محض برائی کی غرض سے کی جائے ۔ (۳) فحش گو شاعروں کے کر کوت ۔ (۴) شیطان کی اعلانیہ پرستش جو انیسویں صدی میں فرانس میں رائج تھی : شیطان پرستی ۔

Satanist : (n) شیطان پرست : ابلیس پرست ۔

Satanity : (n) دیکھو Satanism

Satanize : (v) ابلیسانہ : شیطان یا شیطان جیسا بنانا ۔

Satanology : (n) ابلیسیات : شیطانیات : تاریخ و عقائد شیطان : علم ابلیس ۔

Satanophany : (n) شیطان کی مرئی شکل یا اس کا مرئی شکل میں نظر آنا ۔

Satanophobia : (n) شیطان ترسی ۔

Satchel : (n) [OFr. 'Sachel'.] بستہ : تھیلا : جزدان ۔

Satchelled : (a) بستے والا : جز دان والا ۔

Sate : (v) (۱) Satiate کا مخفف : (کسی خواہش کا) پورا کرنا : رجھانا ۔ (۲) جھکانا : سیر کرنا : جی بھر جانا : منہ بھر جانا ۔

Sateen : (n) [Altered f. Satin.] ساٹین : اونی یا سوتی چمک دار کپڑا : مثل اطلس کے ۔

Sateless : (a) سیر نہ ہونے والا : جو سیر نہ ہو ۔

Satellite : (n) [Fr. or L. 'Satelles, Satellite'.] (۱) طفیلی : طفیلیہ : مصاحب : ملازم : حاشیہ نشیں : غاشیہ بردار : نوکر چاکر ۔ (۲) وہ سیارہ جو دوسرے کے گرد گھومتا ہے : تابع سیارہ : سیارۂ ثانیہ : قمر ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ : شکر خور کی ایک قسم ۔ (۴) وہ ملک جو برائے نام آزاد ہو مگر سیاسی طور پر پڑوسی ملکوں کے زیر اثر ہو ۔ (۵) مصنوعی سیارہ ۔

Satellite : (a) (۱) ثانوی : کم درجے کا : چھوٹا ۔ (۲) ماتحت : زیر اثر : ضمنی : ذیلی : ملحق ۔ (۳) ساتھی : متلازم ۔

Satellite town : (n) وہ شہر جو کسی شہر کے نزدیک یا قریب بسایا جائے ۔

Satellite vein : (n) وہ ورید جو شریان کے ساتھ ہوتی ہے ۔

Satellitic : (a) سیارۂ ثانیہ کا یا اس سے متعلق ۔

Satiable : (a) سیری پذیر : قابل شکم سیری : سیر ہونے کے لائق ۔

Satiate : (a) (۱) شکم سیر : پیٹ بھرا ۔ (۲) پُر : بھرا ہوا : سیر ۔

Satiate : (v) [L. 'Satiare'.] (۱) سیر کرنا : شکم سیر کرنا : شکم پُر کرنا : پیٹ بھر کر کھلانا ۔ (۲) آسودہ کرنا : چھکانا : منہ پھرا دینا ۔

Satiation : (n) سیری : آسودگی : شکم سیری ۔

Satiety : (n) پُری : شکم سیری : بیزاری (کا احساس زیادہ کھا لینے کی وجہ سے) ۔

To satiety : انتہائی حد تک : حد سے زیادہ : خواہش سے زیادہ ۔

Satin : (n) [Fr.] (۱) ساٹن : اطلس ۔ (۲) (عام) جن (شراب) ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔ (۴) ایک پودے کا نام ۔

White satin : (۱) جن (شراب) ۔ (۲) ایک پودے کا نام ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔

Satin : (a) (۱) ساٹن کا بنا ہوا : اطلسی ۔ (۲) ملائم : ہموار ۔

Satin : (v) (کاغذ کو) اھارنا : گھوٹنا ۔

Satin beaute : (n) ایک قسم کا عمدہ اور چکنا کپڑا ۔

Satin beauty : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Satin carpet : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Satin cloth : (n) اونی ساٹن ۔

Satin finish : (n) ایک قسم کی پالش جو چاندی پر کسی دھات کے برش سے کی جاتی ہے ۔

Satin gypsum : (n) کھریا مٹی کی ایک ریشہ دار قسم جس میں موتی کی سی چمک ہوتی ہے ۔

Satin-paper : (n) لکھنے کا مہین چمک دار کاغذ ۔

Satin sheeting : (n) ایک قسم کا کپڑا جو بچے کھچے ریشم اور سوت سے بنایا جاتا ہے ۔

Satin Spar : (n) (۱) ریشہ دار کاربونیٹ آف لائم ۔ (۲) دیکھو Satin Gypsum ۔

Satin stitch : (n) زر دوزی اور اونی کپڑے میں کشیدے کا کام جو اطلس جیسا معلوم ہوتا ہے ۔

Satin stone : (n) دیکھو Satin spar

Satin straw : (n) نرم اور لچک دار سینکیں جن سے ٹوپیاں بنتی ہیں ۔

Satin-white : (n) چونے کا مصنوعی سلفیٹ ۔

Satin-wood : (n) اعلیٰ قسم کی لکڑی ۔

Satinette / Satinet : (n) نقلی ساٹن : مصنوعی اطلس ۔

Satiny : (a) اطلسی : اطلس نما : اطلس جیسا ۔

Satire : (n) [Fr. and L. 'Satira'.] (۱) ہجو : ہجویہ نظم : ہجویہ تصنیف یا قصیدہ ۔ (۲) تضحیک : موجب ننگ : باعث عار ۔ (۳) طعن : طنز : تعریض ۔

Satiric : (a) ہجویہ : ہجو آمیز : تعریض انگیز : طنز خیز : طنزیہ ۔

Satirical : (a) ہجائی : ہجویانہ : ہجو آمیز : تعریض آمیز : طنز آمیز : پُر تضحیک ۔

Satirically : (adv.) ہجویانہ انداز سے : طنزاً : تعریضاً : ازراہ طنز یا تعریض ۔

Satiricalness : (n) ہجو ہونا : طنز ہونا ۔

Satirist : (n) ہجو نویس : ہجو نگار : ہجو گو : تعریض نویس : تعریض گو : طنز کن ۔

Satirize : (v) ہجو کرنا : تعریض کرنا : ہجو لکھنا : طعن کرنا : طنزکرنا : طعنہ دینا ۔

Satirizer : (n) ہجو کرنے والا : ہجو لکھنے والا : تعریض کرنے والا ۔

Satisfaction : (n) (۱) ادائی : ادائیگی : ادائے قرض : بے باقی : تصفیہ : چکاؤ ۔ (۲) ادائے فرض : ادائے ذمہ داری ۔ (۳) کفارہ ۔ (۴) عوض: معاوضہ: بدل: مکافات: پاداش. (۵)(کلیسا) توبہ ۔ (۶) (دینیات) کفارۂ مسیح ۔ (۷)تسکین : سکون: اطمینان : خاطر جمعی : تسلی ۔ (۸)(کسی شخص کے) یکیکی لڑنے کا موقع : (یکیکی میں مجروح شخص کی) للکار قبول کرنا ۔ (۹) یقین : توثیق ۔

In satisfaction (of) : ادائی میں (قرض یا فرض) ۔

To (a person's) satisfaction : (کسی کے) اطمینان کے موافق ۔

To enter (up) satisfaction : عدالت میں اس بات کا اندراج کہ رقم مطلوبہ ادا کر دی گئی : بے باقی نامہ داخل کرنا ۔

To make satisfaction : چکانا : بے باق کرنا ۔

Satisfactorily : (adv.) قابل اطمینان طور پر ۔

Satisfactoriness : (n) اطمینان : تسلی : تسکین : دلجمعی : خاطر جمعی ۔

Satisfactory : (a) (۱) (دینیات) کفارہ کرنے والا ۔ (۲) کافی : معقول : معتدلہ ۔ (۳) اطمینان بخش : تسلی بخش : تسکین بخش: قابل اطمینان : قابل تسکین : لائق طمانیت : حسب خواہش: خاطر خواہ : حسب اطمینان : حسب توقع : حسب دلخواہ ۔

Satisfiable : (a) قابل اطمینان : اطمینان بخش ۔

Satisfiedly : (adv.) مطمئن ہو کر ۔

Satisfiedness : (n) مطمئن ہونا ۔

Satisfier : (n) توقع پوری کرنے والا : تسکین دینے والا : مسکن ۔

Satisfy : (v) [OFr. 'Satisfier'.] (۱) قرض ادا کرنا ۔ (۲) فرض ادا کرنا : مانگ پوری کرنا ۔ (۳) کفارہ دینا ۔ (۴) توقع پوری کرنا : امید پوری کرنا ۔ (۵) خوش یا راضی ہونا : قانع ہونا ۔ (۶) مطمئن کرنا : اطمینان دلانا : کسی اعتراض ، سوال کا قابل اطمینان جواب دینا ۔ (۷)حسبِ توقع ثابت ہونا : مطمئن ہونا ۔ (۸) کافی ثبوت یا اطلاع مہیّا کرنا : شک و شبہ دور کرنا ۔ (۹) (ریاضیات ، الجبرا) شرط پوری کرنا ۔

Satisfyingly : (adv.) اطمینان بخش طور پر ۔

Satisfyingness : (n) اطمینان بخش ہونا ۔

Satispassion : (n) [med. L. 'Satispassio'.] (دینیات) مصیبت جھیل کر کفارہ دینا ۔

Satrangi / Satringee : (n) [Bengali'.] ہندوستان کی سوتی قالین ۔

Satrap : (n) [Fr. 'Satrape' or L. 'Satrapa'.] (۱) (قدیم ایرانی سلطنت میں) صوبہ دار : والی : نائب السلطنت ۔ (۲)(مال) گورنر: والسرائے (اس میں عیش و عشرت اور ظلم و تعدی کا مفہوم مضمر ہے) ۔

Satrapal : (a) صوبہ دار یا گورنر سے متعلق ۔

Satrapass : (n) خاتون صوبہ دار یا گورنر ۔

Satrapic / -al : (a) (۱) صوبہ دار سے متعلق ۔ (۲) ظالم : بے رحم ۔

Satrapy : (n) [Fr. 'Satrapie'.] (۱) صوبہ : ولایت : نظامت ۔ (۲) مدت نظامت ۔

Satsuma : (n) ست سوما : ملک جاپان کے ایک صوبے کا نام ۔

Satsuma ware : (n) (۱) ست سوماٸی ظروف : دودھیا رنگ کے جاپانی ظروف ۔ (۲) ایک قسم کی نارنگی ۔

Saturable : (a) سیری پذیر : تر ہونے کے قابل : سیر شدنی : جذب ہونے کے قابل ۔

Saturate : (a) (۱) تر ۔ (۲) (رنگ) گہرا : شوخ ۔

Saturate : (v) [L. 'Saturare'.] (۱) شرابور کرنا : تر بتر کرنا : خوب بھگونا : پوری طرح بھر دینا : پُر کرنا ۔ (۲) (کیمیا) سیر شدہ کرنے کے لئے کسی شے (ہوا ، بھاپ یا دھات) کو کسی دوسری شے (رطوبت ، مقناطیسی قوت) سے اس طرح ترکیب دینا کہ وہ اس کی زیادہ سے زیادہ مقدار جذب کر لے ۔ (۳) پوری طرح مقنانا یا برفانا ۔ (۴)شدید بمباری کرنا (تاکہ طیارہ شکن توپیں بیکار ہو جائیں) ۔

Saturated : (a) (۱) معمور : بھر پو ر۔ (۲) بھرا ہوا : سیر : سیر شدہ ۔ (۳) تر بتر : شرا بور ۔ (۴) (رنگ) شوخ : گہرا ۔

Saturation : (n) (۱) پُری : سیری : جذب : جاذبیت ۔ (۲) نمی : تری : رطوبت۔(۳)سیر رنگی: خالص رنگی۔(۴)شدید بمباری۔

Point of Saturation : نقطۂ سیری ۔

Saturator : (n) سیر کرنے والا ۔

Saturday : (n) [OE. 'Saetern (es) dg'.] ہفتہ : سنیچر : شنبہ : سبت ۔

Hospital Saturday : دیکھو Hospital

Saturday to Monday : (a) سنیچر سے پیر تک (یہ ریلوے وغیرہ کی رعائتی ٹکٹ کی مدت ہوتی ہے) ۔

Saturn : (n) [L. 'Saturnus'.] (۱) زحل : کیوان : سنیچر ۔ (۲) (قدیم روما) رب النوع زراعت : کھیتی باڑی کا دیوتا : یونانیوں کا کروتوس : ابو زیورس جو معصومیت و فراوانی کے عہد زریں کا حاکم ہے ۔ (۳) سیارۂ زحل : یہ زمین سے دور ترین ہے اس کے گرد آٹھ چاند ہیں ، نجومیوں کا خیال ہے کہ جو بچہ اس کے سائے میں پیدا ہوتا ہے وہ سست، کاہل ، سرد مہر اور تاریک خیال ہوتا ہے ۔ (۴) (کیمیا گری) سیسہ ، (دھات) ۔ (۵) (نقابت) سیاہ رنگ ۔

Saturn line : (n) (کف شناسی) قسمت کی لکیر ۔

Saturnal : (a) (جمع) دیکھو Saturnalia

Saturnalia : (n) [L. 'Saturnalia'.] (۱) رومیوں کا تہوار تھا جو دسمبر میں منایا جاتا تھا ، اس وقت خوب دل کھول کر رنگ رلیاں منائی جاتی تھیں ، سات سال کے غلاموں کو بھی تھوڑی دیر کے لئے آزاد کر دیا جاتا تھا ۔ (۲) ہنگام عیش و طرب : زمانۂ انبساط : عہد نشاط : ہنگام جوش و خروش : جشن عیاشی ۔

Saturnalian : (a) زمانۂ عیش و انبساط کے متعلق : سیارۂ زحل کا یا اس سے متعلق ۔

Saturnian : (a) [L.'Saturnius'.] (۱) زحلی : سنیچری ۔ (۲) کیوانی ۔

Saturnian : (n) (۱) ساکنان زحل ۔ (۲) زحل کے سائے میں پیدا ہونے والا : تاریک خیال : سست آدمی ۔ (۳) دیکھو Saturnian Verse ۔

Saturnian age : (n) زریں دور : سنہری زمانہ ۔

Saturnian verse/ -metre : (n) (۱) ایک وزن جو قدیم لاطینی شاعری میں پایا جاتا ہے ۔ (۲) کیوانی نظم : زحلی نظم : نظم زحلی : نظم کیوانی ۔

Saturnic : (a) جس پر سیسے کے زہر کا اثر ہو : سیسے کے زہر سے متاثر ۔

Saturnicentric : (a) زحل مرکزی ۔

Saturnine : (a) [Fr. 'Saturnin' or med. L. 'Saturnus'.] (۱) کیوانی : زحلی : سنیچری ۔ (۲) اداس : غمگین : مغموم : افسردہ : مردہ دل ۔ (۳) سیسے کا : سیسے سے متعلق : سُربی ۔ (۴)سیسہ زہر کا (مرض) : سیسہ زہر کا (مریض): مسموم سربی ۔

Saturninity : (n) (۱) سربیّت ۔ (۲) اداسی : غمگینی ۔

Saturnism : (n) [mod. L. 'Saturnismus'.] سربیّت: تسمّم سربی :زہر سیسہ ۔

Satyr : (n) [Fr. 'Satyre.'] (۱) ساطیر : یونانیوں کا ایک دیوتا جس کے کان اور دم گھوڑے کی اور شکل انسان کی تھی ۔ (۲)لاطینیوں کا دیوتا جس کی شکل انسان کی ، کان ، دم اور ٹانگیں بکرے کی ہیں : بکری مانس دیوتا ۔

(۳)شہوت پرست : ہولناک : بوالہواس : بہائم صفت : عاشق زناں ۔ (۴) بزار چشم تیتری ۔ (۵) بن مانس ۔

Satyriasis : (n) [Late L.] شبق الرجال : جنون شہوت : مردوں کی بڑھی ہوئی شہوانی خواہش ۔

Satyric/ -al : (a) [L. 'Satyricus'.] ساطیری : متعلق بہ ساطیر ۔

Satyrion : (n) [Fr. or L] ثعلب ۔

Satyrism : (n) دیکھو Satyriasis

Sauba : (n) [Turpi.] جنوبی امریکا کے گرم علاقوں کی ایک قسم کی چیونٹیاں جو درختوں کی پتیوں کو کاٹ کر جمع کرتی ہیں ۔

Sauce : (n) [Fr.] (۱) چٹنی یا چٹنی جیسی شے ۔ (۲) (مجازاً) چٹخارا : چٹ پٹاپن ۔ (۳) ساگ : ترکاری ۔ (۴) شوخ چشمی : گستاخی ۔ (۵) چٹخارا : چوپراہٹ : چٹپٹاپن ۔ (۶) (عام) شراب ۔ (۷) ایک محلول جو بعض چیزوں میں ڈالا جاتا ھے ۔

Long sauce : چقندر ، گاجر اور سفید گاجر ۔

Short sauce : آلو ، شلجم ، شلغم ، پیاز وغیرہ ۔

To serve with the same sauce : سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا ۔

What's sauce for the goose is sauce for the gander : جو چیز ایک پر کسی خاص حالت میں صادق آتی ھے وہی چیز دوسرے پر بھی اسی حالت میں صادق آ سکتی ھے ۔

White sauce : سفید چٹنی جس میں مکھن اور میدہ پڑتا ھے ۔

Sauce : (v) (۱) نمک مرچ لگانا : نمک چھڑکنا : چٹنی لگانا ۔ (۲) مزہ دار کرنا : خوش ذائقہ کرنا یا بنانا : چٹپٹا کرنا یا بنانا: دلچسپ بنانا ۔ (۳)شوخ چشمی کرنا : گستاخی کرنا ۔

Sauce-alone : (n) ایک قسم کا ساگ جو چٹنی کو مزہ دار بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Sauce-boat : (n) چٹنی کی کشتی : چٹنی دانی :وہ برتن جس میں چٹنی پیش کی جاتی ھے ۔

Sauce-box : (n) شوخ چشم : گستاخ : دریدہ دہن : منہ پھٹ ۔

Sauce-dish : (n) چٹنی کی طشتری ۔

Sauce pan : (n) ساس پان : کرچھا : کڑاہی ۔

Sauce piquant : (n) (۱) چٹپٹی چٹنی ۔ (۲) محرک : مہیج : دلچسپ؛ للچانے یا لبھانے والا ۔

Sauce pot : (n) ابالنے یا دم پخت کرنے کا دستے دار برتن ۔

Sauce-eyed : (a) گول اور بڑی آنکھ والا : گاؤ دیدہ ۔

Sauceless : (a) (۱) الونا : بے نمک مرچ کا : بے چٹنی کا ۔ (۲) بے ذائقہ؛ بد مزہ : روکھا پھیکا : روکھاسوکھا ۔

Saucer : (n) [OFr. 'Saussier'.] (۱) پرچ؛ طشتری : چھوٹی رکابی : چائے کی طشتری ۔ (۲) طشتری نما کوئی چیز ۔ (۳) اڑن طشتری ۔

Saucer : (v) طشتری میں ڈھالنا ۔

Saucer eye : (n) طشتری جیسی بڑی اور گول آنکھ ۔

Saucerful : (n) طشتری بھر ۔

Saucily : (n) شوخ چشمانہ : گستاخانہ : شوخ چشمی سے ۔

Sauciness : (n) شوخ چشمی : ڈھٹائی : بے باکی : جسارت : شوخی : بے ادبی : گستاخی ۔

Saucisson : (n) [Fr.] (۱) لمبا اور موٹا دلمہ (سا سج) ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۳) (فوج) لکڑی کا بڑا گٹھا (مورچوں کو اونچا کرنے کے لئے) ۔ (۴) پن روک کرمچ کی نلکی جس میں بارود بھر کر سرنگوں کو اڑاتے ہیں ۔

Saucy : (a) (۱) شوخ : گستاخ : ڈھیٹ : شوخ چشم : بے ادب : دریدہ دہن : منہ پھٹ : بد لگام ۔ (۲) حقارت آمیز : ذلت آمیز ۔ (۳) ساز و سامان سے درست : سجا سجایا : ٹھاٹ کا (جہاز وغیرہ) ۔

Sauerkraut/ Saurerout : (n) [G. 'Sauerkraut'.] جرمن گوبھی کا اچار ۔

Sauger : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Saulie : (n) [Origin unkn.] کرائے کا ماتمی ۔

Sault : (n) [Fr.] آبشار : ڈھلوان ٹلیٹی : اتار (دریاکا) ۔

Saumur : (n) (۱)شیمپین کی طرح کی ایک سفید شراب ۔ (۲) فرانس میں ایک قصبے کا نام ۔

Sauna : (n) (۱) (گرم پتھر پر پانی ڈالنے سے نکلنے والی) بھاپ میں غسل ۔ (۲) غسل خانہ جس میں اس طرح غسل کیا جاتا ھے ۔

Saunder's wood : (n) دیکھو Sandal wood

Saunter : (n) مٹر گشت : اِدھر اُدھر غسل کرنا ۔

Saunter : (n) [Of obsecure origin.] اہلے گہلے پھرنا : مٹر گشت کرنا : اِدھر اُدھر پھرنا : آوارہ پھرنا ۔

Saunterer : (n) مٹر گشت کرنے والا : اِدھر اُدھر پھرنے والا : آوارہ پھرنے والا ۔

Saunteringly : (adv.) مٹر گشت کے طور پر ۔

Saurel : (n) [Fr.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sauria : (n) [mod. L. 'Sauria'.] ساریا : رینگنے والے جانوروں کی ایک قسم جس میں ناکو اور مگر مچھ شامل ہیں : سوسماران ۔

Saurian : (a) سارینائی : ساریہ : سوسماریہ ۔

Saurian : (n) سوسمار : چھپکلی ۔

Sauro -/ Saur- : جزو ترکیبی بمعنی "سوسمار" ۔

Saurognathism : (n) سوسمار فکّی تشکیل ۔

Saurognathous : (n) [mod. L. 'Saurognathae'.] سوسمار فکّی (طیر) ۔

Sauroid : (a) [Fr. 'Sauroide'.] سارینائی : چھپکلی نما ۔

Sauropod : (a) [mod. L. 'Sauropoda'.] (حیوانیات) سوسمار پا ۔

Sauropod : (n) (حیوانیات) سوسمار پا ۔

Sauropodous : (a) (حیوانیات) سوسمار پایان سے متعلق ۔

Sauropsida : (n) (حیوانیات) سوسمار نما حیوانیات : طیور ۔

Sauropsidan : (a) (حیوانیات) سوسمار نما حیوانات سے متعلق ۔

Sauropsidan : (n) (حیوانیات) سوسمار نما حیوان ۔

Sauropterygian : (a) سوسمار پالان سے متعلق ۔

Sauropterygian : (n) سوسمار بالا ۔

Saury : (b) [Late L. 'Saurus'.] دراز نول : دراز کلپ : نول ماہی : نول مچھلی ۔

Sausage : (n) [OFr. 'Saussiche'.] (۱) ساسج : دلمہ : گوشت بھری آنت : قیمہ اور بعض مسالے ملا کر انتڑیوں میں بھرتے ہیں اور ان کے ٹکڑے کر لیتے ہیں ۔ (۲) (فوج) دیکھو Saucisson ۔ (۳) مشاہداتی غبارہ ۔ (۴) (تحقیراً) جرمنی کا باشندہ ۔ (۵) ساسج کی شکل کے خام ربر وغیرہ ۔

Bologna sausage : دیکھو Bologna

German sausage : دیکھو German

Sausage balloon : (n) مشاہداتی غبارہ ۔

Sausage-curl : (n) ساسج نما گھنگر ۔

Sausage-meet : (n) وہ گوشت جو ساسج سموسے میں بھرتے ہیں ۔

Sausage-roll : (n) ساسج کا گوشت جو میدے میں لپیٹ کر پکایا جاتا ھے ۔

Sausinger : (n) دیکھو Sausage

Saussurite : (n) الومینیم اور چونے کا خام سلیکیٹ ۔

Saussuritic : (a) الومینیم اور چونے کے خام سلیکیٹ سے متعلق ۔

Saute : (a) [Fr. 'Sauter'.] بھُنا ھوا (گوشت) ۔

Saute : (n) بھنا ھوا گوشت ۔

Saute : (v) (گوشت کو) بھوننا ۔

Sautern(s) : (n) [f. district 'Sauternes'. , near Bordeaun.] فرانسیسی سفید شراب ۔

Sauve-qui-peut : (n) [Fr.] بھاگڑ : بھگدڑ ۔

Savable /Saveable : (a) بچانے کے قابل : حفاظت پذیر ۔

Savage : (a) [ME. 'Sa(u) vage'.] (۱) غیر مہذب : غیر متمدن : وحشی : بلاتہذیب: بلا تمدن ۔ (۲) خونخوار : خوں ریز: تند خو : ظالم : جابر : جابرانہ : ظالمانہ : سفاکانہ : بے رحم ۔ (۳) خفا : بد مزاج ۔ (۴) عریاں : ننگی (تصویر انسانی) ۔

Savage : (n) (۱) وحشی : جنگلی : بربری : غیر متمدن شخص جس کی معاش ماہی گیری اور صید افگنی پر ہو ۔ (۲) دیکھو Salvage man ۔ (۲) ظالم : سفاك : جابر : بے رحم : خونخوار شخص ۔

Savage : (v) (۱)وحشی : خونخوار یا سفاك بنا دینا ۔ (۲) (گھوڑے کا کسی شخص کو) گرا دینا اور کچل دینا یا کاٹ کھانا ۔ (۳) شدید حملہ کرنا : بے رحمانہ سلوك کرنا ۔

Savagedom : (n) بربریت : جاہلیت : وحشیانہ دور حکومت : وحشی اقوام ۔

Savagely : (adv.) وحشیانہ : جابرانہ : ظالمانہ : سفاکانہ : غیر متمدنانہ طور پر : غیر مہذب طریقے سے : جنگلی پن سے ۔

Savageness : (n) غیر متمدنیت : سفاکی : بے رحمی : خونخواری : جنگلی پن : وحشی پن : بربریت ۔

Savagerous : (a) (عام) سفاکانہ طور پر وحشی ۔

Savagery (n) (۱) وحشیانہ حالت : سفاکانہ کردار : ظالمانہ خو : جابرانہ خصلت ۔ (۲)سفاکی: خوں خواری : وحشی پن: جنگلی پن : بربریت ۔ (۳)جنگلی مخلوق یا وحشی اقوام۔ (۴) وحشیت : ویرانئیت ۔

Savagism : (n) وحشیانہ حالت : غیر متمدنیت : وحشی پن ۔

Savan : (n) [Fr.] علامہ : فاضل اجل : فاصل متحجر ۔

Savannah : (n) [Sp. 'Zavana'.] لق و دق میدان : صحرا (خصوصاً امریکا کا) ۔

Savannah flower : (n) مختلف قسم کے پودوں کا جزائر الغرب ہندی نام ۔

Savannah fox : (n) ایك قسم کی لومڑی ۔

Savannah saprrow : (n) شمالی امریکا کی گوریا ۔

Savannah wattle : (n) جزائر غرب الہند کا ایك درخت ۔

Savant : (n) [Fr.] دیکھو Savan

Savante : (n) [Fr.] (فرانسیسی) عالمہ : فاضلہ ۔

Savante : (n) [Fr.] فرانسیسی مکہ بازی جس میں ہاتھوں کے علاوہ پاؤں سے بھی کام لیا جاتا ہے ۔

Save : (n) (فٹ بال ، ہاکی وغیرہ) مخالف کو گول کرنے سے روکنا : حریف کو کامیاب ہونے سے روکنا ۔

Save : (v) [ME. 'Sauve, Salve., Save'.] (۱) بچانا : محفوظ کرنا : مامون کرنا : مصئون کرنا : امن دینا : نجات دینا : چھڑانا ۔ (۲) (کھیل میں) حریف کو کامیابی سے روکنا ۔ (۳) روحانی نجات کا سامان فراہم کرنا : عذاب روحانی سے بچانا ۔ (۴) پس انداز کرنا : جمع کرنا : بچانا : کفایت شعاری کرنا ۔ (۵) خرچ سے بچانا : تکلیف یا کھکھیڑ سے محفوظ رکھنا : کسی صورت سے بچانا ۔ (٦)ہاتھوں سے نکلنے یا جانے نہ دینا : وقت پر جا لینا : حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔ (٧) شرط یااستثنا کرنا ۔ (٨) نباہنا : بھرم رکھنا ۔ (۹) (بونے کے لئے بیج) جمع کرنا اور محفوظ کرنا ۔ (۱۰) (اناج وغیرہ) سکھا کر رکھنا ۔ (۱۱) حفاظت سے استعمال کرنا ۔ (۱۲) خسّت سے استعمال کرنا ۔

As I hope to be saved : امید نجات کی قسم ۔

(God) save the mark : کسی ہولناك واقعے کو بیان کرتے وقت عذر کے طور پر کہتے ہیں ۔

God save the king : بادشاہ زندہ باد ۔

To save appearance : نباہنا : بھرم رکھنا ۔

To save one's bacon : دیکھو Bacon

To save one's breath : خاموش رہنا : رائے نہ دینا ۔

To save oneself : کوشش یا مشقت میں کمی کرنا ۔

To save one's face : اپنی لاج رکھنا ۔

To save one's pains/ -trouble : غیر مفید سعی نہ کرنا ۔

To save one's pocket : خرچ سے بچنا ۔

To save one's skin : بچ نکلنا : محفوظ رہنا ۔

To save the situation : آئی بلا کو ٹالنا ۔

Save : (prep. & conj.) (۱) سوا : بجز : اِلاّ : به استثنا ۔ (۲) بجز اس کے کہ ۔

Save-all : (n) (۱) ضائع ہونے یا نقصان سے بچانے کا آلہ یا ذریعہ ۔ (۲) شمع دان : فتیلہ سوز (کوئی ظرف جس میں موم بتی کے لئے سیخ وغیرہ لگی ہوتی ہے تاکہ موم بتی آخر تک جل سکے) ۔ (۳) کنجوس : خسیس ۔ (۴) (بحری) بادبان جو دو بادبانوں کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۵) بالا پوش ، بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنایا جاتا ہے ۔ (۶) کوئی برتن وغیرہ جس میں بچی کھچی چیزیں ڈال دیتے ہیں تاکہ ضائع ہونے سے بچیں اور کام آسکیں : خردہ گیر ۔ (۷) بچوں کا بینک ۔

Save-all : (a) کنجوس : بخیل ۔

Saveable / Savable : (a) بچانے کے قابل : حفاظت پذیر ۔

Saveloy : (n) [It. 'Cervellata'.] چٹپٹی چیز : چاٹ : چٹپٹا دلمه ۔

Saver : (n) (۱) بچانے والا (نقصان ، خطرے وغیرہ سے)۔ (۲) پس انداز کرنے والا : بچت کرنے والا : کفایت شعار : جز رس۔ (۳) بچت کا باعث : موجب کفایت ۔

Savin /Savine : (n) [OFr. 'Savine'.] (۱) سابینہ : ابہل : یہ ایک قسم کی نباتات ہے جس سے تیل نکلتا ہے یہ تیل بہت جلد اڑ جاتا ہے اور بطور دوا کام آتا ہے ۔ (۲) سا بینہ کی خشک شاخیں ۔

Saving : (n) (۱) بچانا : بچت : کفایت ۔ (۲) (جمع) پس انداز کیا ہوا روپیہ : پس اندازی ۔ (۳) (قانون) جائداد و منتقلہ میں حق محفوظ : دستاویز میں وہ فقرہ جس کی رو سے حق محفوظ ہو ۔ (۴) چھٹکارا : مخلصی : نجات ۔ (۵) خطرے یا بربادی سے بچانا : محفوظ رکھنا ۔

Saving : (a) (۱) بچانے والا : محفوظ کرنے والا ۔ (۲) (دینیات) نجات دلانے والا ۔ (۳) نجات دلانے والا : مخلصی دلانے والا ۔ (۴) جز رس : کفایت شعار : کنجوس : بخیل ۔ (۵) حق محفوظ رکھنے والا ۔

Saving : (prep.) (۱) بجز : سوائے : اِلاّ ۔ (۲) موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچائے بغیر ۔

Saving one's reverence : معاف کیجئے گا ۔

Saving : (conj.) بجز : اِلاّ : سوا ۔

Saving correction : (n) اگر غلطی ہو تو مجھے بتائیں ۔

Saving bank / Saving's bank : (n) بچت کھاتہ : سیونگ بینک ۔

Savingly : (adv.) (۱) کفایت شعاری کے ساتھ : پس انداز کر کے ۔ (۲) نجات دلاتے ہوئے ۔

Savingness : (n) کفایت شعاری ۔

Saviour : (n) [ME. 'Sauve(o) ur'.] (۱) ناجی : نجات دہندہ : نجات دلانے والا: بچانے والا: شفیع : بخشوانے والا ۔ (۲) بچانے والا : رہائی دینے والا : رہائی دلانے والا ۔

Saviouress : (n) ناجی : نجات دہندہ : نجات دلانے والی ۔

Savoir faire : (n) [Fr.] تیز فہمی : ذکاوت : رسائی ذہن : زود فہمی : نکتہ رسی : دقیقہ رسی : مستعدی : حزم ۔

Savoir vivre : (n) [Fr.] شرافت : خوش سلیقگی : خوش اطواری : مرزا منشی ۔

Savorous : (a) [OFr. 'Saverous'.] مزہ دار : لذیذ : خوش ذائقہ ۔

Savorously : (adv.) لذت کے ساتھ : خوش ذائقہ کے طور پر ۔

Savory : (n) [OE. 'Saeperic'.] یہ ایک قسم کی نباتات ہے جو پودینے سے ملتی جلتی ہے اور پکانے کے کام آتی ہے : پودینۂ کوہی : خوشبو دار پودینہ ۔

Savour / Savor : (n) [OFr. Savour'.] (۱) ذائقہ : لذت : رائحہ : مزہ ۔ (۲) خوشبو : بو ۔ (۳) شائبہ : بو : خو بو : رنگ روپ ۔ (۴) (مجازاً) شہرت : نیک نامی ۔ (۵) (مجازاً) خصوصیت ۔ (۶) (مجازاً) (کسی صفت کا) ہلکا سا رنگ۔

Sceptred : (a) صولجانی : عصادار ۔

Sceptreless : (a) بے تاج و کلاہ : بے عصا : بلا ملامت شاہی یا نشان شاہی : بلا نشان سلطانی ۔

Schadenfreude : (n) [G.] دوسروں کی مصیبت پر خوش ھونا ۔

Schanse / Schanze / Schantze : (n) [Du. 'Schans'.] پتھروں کا دھس ۔

Schappe : (n) [G.] گھٹیا قسم کا سلك ۔

Schapska : (n) [F.] گھڑ سواروں کا خود ۔

Schedular : (a) جدول سے متعلق ۔

Schedule : (n) [Late ME. 'Cedule, 'Sedule'.] (۱)فہرست :جدول : نقشہ : گوشوارہ : فرد ۔ (۲) پارلیمانی قانون یا قانونی دستاویز کا ضمیمہ ۔ (۳) نقشۂ اوقات : نظام الاوقات ۔

On schedule (time) : اس وقت پر جو نظام الاوقات میں درج ھے : ٹھیك وقت پر ۔

Schedule : (v) (۱) نقشہ بنانا : جدول بنانا : گوشوارہ تیار کرنا : فرد مرتب کرنا : فہرست بنانا ۔ (۲) فہرست میں شامل کرنا ۔ (۳) (پارلیمانی قانون میں) ضمیمہ لگانا ۔ (۴)(کسی عمارت کو) ایسی عمارتوں کی فہرست میں شامل کرنا جسے تاریخی یا تعمیراتی حیثیت سے محفوظ رکھنا ھے ۔

Schedue bank : (n) جدولی بینك ۔

Schedule castes : (n) ہریجن : اچھوت : جدولی ذاتیں : درج فہرست ذاتیں ۔

Schedule class : (n) دیکھو Schedule castes

Scheduled disease : (n) وہ بیماری جس کی اطلاع حفظان صحت کو دینا ضروری ھے ۔

Scheelite : (n) [f. name of K. W. Schelle.] کیلشیم کا ٹنگسٹیٹ (Tungstate) ۔

Schelling : (n) [Du.] ایك قدیم نقرئی سکہ ۔

Schelm : (n) [G.] بد معاش : بد ذات : شریر ۔

Schema : (n) [Gr. 'Schema'.] (۱) نقشہ : خاکہ : تصور : شکل : خاکۂ ذہنی ۔ (۲) (موسیقی) قیاس منطقی ۔ (۳) (صرف و نحو) صنائع و بدائع : صنعت ۔ (۴) (فلسفہ) تصور عامہ : ہیئت اولیٰ ۔ (۵) منصوبہ ۔

Schematic : (a) (۱) تصوری : قیاسی ۔ (۲) منصوبے سے متعلق ۔ (۳) قیاس منطقی سے متعلق ۔ (۴)(فنون لطیفہ) رواجی: رسمی ۔

Schematism : (n) (۱) خاکہ ۔ (۲) (فلسفہ) حواسی ادراك کی معلومات میں : تصور عا مہ کے ذریعہ : مقولوں کو شامل کرنا ۔

Schematist : (n) خاکہ تیار کرنے والا : منصوبہ تیار کرنے والا ۔

Schematize : (v) (۱) خاکہ تیار کرنا ۔ (۲) (فلسفہ) حواسی ادراک کی معلومات میں تصور عامہ کے ذریعے مقولوں کو شامل کرنا۔

Schematizer : (n) خاکہ تیار کرنے والا : حواسی ادراک کی معلومات میں مقولوں کو شامل کرنے والا ۔

Scheme : (n) [L. 'Schema'.] (۱) ترکیب : تجویز : خفیہ ریشہ دوانی : منصوبہ ۔ (۲) چال : سازش : ریشہ دوانی ۔ (۳) ڈھپ : اُسلوب : مقصد : اصول : انداز : نقشہ : خاکہ : ڈھانچ ۔ (۴) نقشۂ انضباط : تختۂ تقسیم : تختۂ تقسیم اوقات ۔ (۵) پر شور رنگ رلیاں ۔ (۶) (مصوری) (کسی خاص مصور یا اسکول کی) رنگوں کی مخصوص ترتیب : اصول رنگ : ترتیب و ترکیب الوان ۔

To lay a scheme : خاکہ تیار کرنا : منصوبہ بنانا۔

Scheme : (n) [Origin unkn.] سہ مرکزی یا بیضوی محراب کی بڑی قطر والی درمیانی محراب ۔

Scheme : (a) بڑی قطر والی درمیانی محراب کے ساتھ بنی ہوئی (عمارت) ۔

Scheme: (v) تجویز کرنا : ترکیب کرنا : چال چلنا : منصوبہ باندھنا : شازش کرنا : خفیہ ریشہ دوانیاں کرنا : کسی کام کے لئے منصوبہ بنانا یا تیار کرنا ۔

Scheme-arch : (n) دیکھو Scheme

Scheme of colour : (n) اصول رنگ : نقشۂ تقسیم رنگ : نقشۂ تناسب الوان : ترتیب و ترکیب الوان : رنگوں کی ترتیب : رنگ بندی ۔

Schemer : (n) منصوبہ باز : سازش کار : شریک سازش : سازشی : سازش کنندہ : افترا پرداز ۔

Schemery : (n) سازش : ریشہ دوانی : سانٹھ گانٹھ ۔

Scheming : (a) سازشی : سازش پسند : منصوبہ باز : منصوبہ باندھنے والا : ترکیبیں کرنے والا : افترا پرداز ۔

Schemingly : (adv.) سازش کرتے ہوئے : سازش پسندانہ ۔

Schemist : (n) منصوبہ باز : تجویز کنندہ : کسی خاص منصوبے کا حامی یا موجد : مخترع : مجوز ۔

Schemozzle : (n) [Yeddish. 'Shlimazel'.] (۱) (عام) ابتری : ردی حالت : گندی حالت : گڑ بڑ : گڈ مڈ ۔ (۲) لڑائی : جھگڑا ۔

Schemy : (a) سازشی : سازش پسند : منصوبہ باز ۔

Scherm : (n) [Du.] سد : ڈھس : روک : آڑ (خصوصاً گھنی جھاڑیوں وغیرہ کی) ۔

Scherzando : (adv.) [It.] (موسیقی) مذاقیہ طور پر : مضحکہ خیز انداز میں : مذاقاً : ازراہ مذاق ۔

Scherzo : (n) [It.] سبک خرامی : نازک خرامی : مذاق خیز حرکت : مزاح انگیز جنبش ۔

Scherzoso : (n) مذاق خیز : مزاح انگیز ۔

Schiedam : (n) (۱) اسکینڈم : جن (شراب) کی ایک قسم : ہالینڈی شراب ۔ (۲) نیدرلینڈ میں ایک شہر کا نام ۔

Schiffli : (n) [G.] کپڑوں پر کشیدہ کاری یا کیس بنانے کی مشین ۔

Schih : (n) [Native name in North Africa.] جنوبی افریقہ کی چراگاہ ۔

Schiller (n) [G.] برنجی تاب : شیلر ۔

Schiller spar : (n) [G. 'Schillerspath'.] دیکھو Bastite

Schillerization : (n) برنجی تابکاری : شیلراؤ ۔

Schillerize: (v) برنجی تاب دینا ۔

Schilling : (n) [G.] (۱) شمالی جرمنی کا قدیم نقرئی سکہ ۔ (۲) آسٹریلیا کا جدید سکہ ۔

Schindylesis : (n) [Gr. 'Schindylesis'.] (تشریح) فقلی مفصل ۔

Schipperke : (n) [Du.] سگچہ : سگیچہ : سگ بچہ : سگک : کلیب : کلیچہ : بغلی کتا ۔

Schism : (n) [late ME. 'Scisme, Sisme'.] (۱) اختلاف : شگاف ۔ (۲) (کلیسا) کسی کلیسا کا اختلاف رائے یا عقائد کی وجہ سے مختلف فرقوں میں تقسیم ہو جانا ۔ (۳) ارتکاب فرقہ بندی یا تفرقہ : رفض : اعتزال ۔ (۴) فرقہ : جتھا ۔

Schism act : (a) قانون احتراق ۔

Schisma : (n) [Late L. 'Schisma'.] خالص سُر اور ٹھیک کئے ہوئے پنچم کا درمیانی وقفہ ۔

Schismatic : (a) [OFr. 'Schismatique'.] فرقہ بندی کا : تفرقے سے

متعلق : نزاعی ۔

Schismatic : (n) اعتزالی : مرتکب تفرقه : تفرقه انداز : رافضی : خارجی ۔

Schismatical : (a) متعلق به فرقه بندی یا تفرقه : نزاعی : اعتزالی : بدعتی ۔

Schismatically : (adv.) معتزلانه : فرقه کی نظر سے : تفرقه اندازی کے طور پر ۔

Schismaticalness : (n) تفرقه اندازی : رافضیت : خارجیت ۔

Schismatize : (v) تفرقه اندازی کرنا : فرقه بندی کی حمایت کرنا : اعتزالی فرقے سے تعلق رکھنا ۔

Schist : (n) [Fr. 'Schiste'.] (ارضیات) ورق دار یا پرت دار چٹان : طبقاتی چٹان : ورقی چٹان : مصفح : شسٹ ۔

Schistic : (a) (ارضیات) شستی : ورق ورق : پرت دار چٹان کے مماثل : پرت دار چٹان جیسی ۔

Schistose : (a) دیکھو Schistic

Schistosity : (n) بلوری چٹان کی درز کا خط : شسٹ ۔

Schistous : (a) دیکھو Schistic

Schizaea : (n) [L.] پارۂ کرفان ۔

Schizanthus : (n) [mod. L.] جنس چلی بادنجان : ایک یک فصله پودا جس میں پتی دار سفید ، سرخ یا عنابی پھول کھلتے ہیں ۔

Schizo- : (Prefix) [Gr. 'Schizin'.] سابقه بمعنی "شقاق" "پھٹا" "شقوق پارہ" ۔

Schizo : (n & v) دیکھو Schizophrenic

Schizocarp : (n) (نباتیات) پارۂ ثمر ۔

Schizocoele : (n) (حیوانیات) شقاق شکمك ۔

Schizogamy : (n) شقاق زواجی ۔

Schizogenesis : (n) شقاقی تولید ۔

Schizogenous : (a) شقاق زائیده ۔

Schizognathism : (n) (طیورات) فکوں کا جدا ہونا ۔

Schizognathous : (a) جدا فکی ۔

Schizogonic : (a) شقاقی تولید سے متعلق ۔

Schizogonous : (a) شقاقی تولید سے متعلق ۔

Schizogony : (n) شقاقی تولید ۔

Schizoid : (a) مخبوط : پراگنده دماغ ۔

Schizomycetes : (n) شقاقی فطرات : جنس جراثیم : جراثیمه ۔

Schizopherene : (a) انتشار شخصیت میں مبتلا ۔

Schizophrenia : (n) انتشار شخصیت : ایک قسم کی ذہنی بیماری جس سے شخصیت کے شیرازے بکھر جاتے ہیں ۔

Schizophrenic : (a) انتشار شخصیت سے متعلق ۔

Schizophyte : (n) (حیاتیات) شقاقی پودا ۔

Schizopod : (n) پارہ پایا : ایک قسم کا قشریه ۔

Schizopoda : (n) پارہ پایان : قشریه کی ایک جنس ۔

Schipodous : (a) پارہ پایا ۔

Schizorhinal : (a) (طیورات) جس کے ناك کی ہڈی پھٹی ہوئی ہو یا دو شاخه ہو ۔

Schizothymia : (n) پراگنده خیالی ۔

Schizothymic : (a) پراگنده خیال ۔

Schlenter : (n) [Afric. 'Slenter'.] نقلی ہیرا : مصنوعی ہیرا ۔

Schlepp : (v) [Yeddish 'Shlepen'.] (۱) (عام) کھینچنا : گھسیٹنا ۔ (۲) چرانا ۔

Schlimaze / Schlimazl / Schlimazel / Shlimazl : (n) [Yeddish 'Shimazel.'] (عام) بد نصیب شخص ۔

Schloss : (n) [G.] (جرمانی) قلعه ۔

Schmaltz/ Schmalz : (n) [Yeddish 'Shmalts'.] (۱) جذباتی موسیقی ۔ (۲) جذباتیت (اسلوب میں) ۔ (۳) بھڑکیلی : بہت مزین چیز ۔ (۴) (عام) مرغی کی پگھلی ہوئی چربی ۔

Schmaltzy / Schmalzy : (n) بھڑکیلا : بہت مزین : جذباتی (حد سے زیادہ) ۔

Schmelz/ Schmelze : (n) [G.] رنگین شیشے کی قسم یا بوہیمی شیشہ جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔

Schmier kase : (n) [G.] ایک قسم کا پنیر ۔

Schnapps : (n) [G. 'Schnap(p)s'.] شراب جو ہالستانی شراب جن سے مشابہ ہوتی ھے ۔

Schnauzer : (n) [G.] سفید بالوں والا جرمن ٹیریر (کتا) ۔

Schneblite : (n) [f. name Schneblin + ite.] پوٹاش کے کلوریٹ سے بنا آتش گیر مادہ ۔

Schnecke : (n) دارچینی ڈالی ہوئی میٹھی روٹی ۔

Schneiderian : (a) [f. name C.V. Schneider'.] ناک کے غشائے مخاطی ۔

Schneiderian membrane : (n) دیکھو Schneiderian

Schnell : (adv.) [G.] (موسیقی) جلدی سے : تیزی سے ۔

Schnitz/ Snits / Snitz : (n) [G.] پھل کی خشک قاش (خصوصاً سیب کی) ۔

Schnitzel : (n) [G.] بچھڑے کے گوشت کے تکے ۔

Schnook : (n) [Origin unkn.] بیوقوف شخص : کودن : کوڑھ مغز : احمق ۔

Schnorkel / Schorchel : (n) [G.] (۱) آبدوز کشتی کی نلی جسے سطح آب سے اوپر نکال کر ہوا کھینچتے ہیں ۔ (۲) آبدوز پیراک کی سانس لینے والی نلی ۔

Schnorkel / Snorkel : (v) سانس لینے کی نلی لگا کر آبدوز پیراکی کرنا ۔

Schnorrer : (n) [Yeddish 'Shnorer'.] (یہودی) فقیر : گدا گر ۔

Schnozzle : (n) [Yeddish 'Shnoilsl.'] ناک ۔

Schokker : (n) [Du.] ولندیزی کشتی ۔

Schola : (n) [L.] (۱) قدیم رومی اسکول ۔ (۲) قدیم گھروں کی خلوت ۔ (۳) جلسہ گاہ : دیوان ۔ (۴) قدیم رومی انجمن ۔

Scholar : (n) [ME. 'Scoler'.] (۱) متعلم : اسکول کا لڑکا : اسکول کی لڑکی ۔ (۲) شاگرد : تلمیذ : متعلم : طالب علم ۔ (۳) عالم : فاضل : ادیب (خصوصاً رومی یا یونانی زبانوں کا) ۔ (۴) وظیفہ خوار طالب علم (یونیورسٹی یا مدارس کا) ۔

Scholarch : (n) [G. 'Scholarchs'.] (۱) ایتھنس کے مکتب فلسفہ کا صدر ۔ (۲) اسکول انسپکٹر ۔

Scholardom : (n) (۱) علم و فضل کی دنیا ۔ (۲) علماء ۔

Scholarlike: (a) دیکھو Scholarly

Scholarly : (a) عالمانہ : فاضلانہ : ادیبانہ ۔

Scholarship :(n) (۱) فضیلت : علم و فضل : فضیلت علمی : تبحر علمی : روما اوریونان کی زبانوں کا علم و فضل ۔ (۲) وظیفہ (طالب علم کا) ۔ (۳) (غلط استعمال میں) معمولی تعلیم ۔

Scholastic : (a) (۱) جامعات : مدارس یا معلمین کا یا ان سے متعلق : جامعی : مکتبی وغیرہ ۔ (۲) تعلیمی ، علمی : مدارسی : عالم نما : درسی ۔ (۳) متکلمانہ : علم کلام کے متعلق ۔ (۴) مُلایانہ : موشگافانہ ۔ (۵) فضیلت نما : عالمانہ ۔

Scholastic : (n) (۱) معلم : شاگرد : متکلم ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) Society of Jesus کا تیسرے درجے کا رکن ۔ (۳) ادعائے فضیلت : ادعائے علم ۔

Scholastically : (adv.) متکلمانہ یا ملایانہ طور پر ۔

Scholasticism : (n) (۱) اصول متکلمین : متکلمانہ یا ملایانہ طریقہ : عالمیت : مدرسیت ۔ (۲) روایتی اصول یا تفسیر وغیرہ کی اندھی تقلید ۔

Scholia : (n) (۱) شروح : حواشی ۔ (۲) دیکھو Schalium ۔

Scholiast : (n) [Late Gr. 'Scholiastes'.] شارح : حاشیہ نویس : خصوصاً قدیم شارح جو قدیم کتب پر حاشیہ لکھتا تھا ۔

Scholiastic : (a) شارح یا حاشیہ نویس سے متعلق شارحانہ ۔

Scholium : (n) [mod. L.] تفسیر : شرح : حاشیہ خصوصاً کسی قدیم رومن یا یونانی کتاب پر ۔

School : (n) [OE. 'Scol, 'Scolu'.] (۱) اسکول : مدرسہ : مکتب ۔ (۲) عمارت مدرسہ یا اسکول : مکتب کا کوئی کمرہ یا حصہ ۔ (۳) وقت مدرسہ : اوقات مکتب یا مدرسہ ۔ (۴) شاگرد : طالب علم ۔ (۵) مدرسے میں تعلیم پانا یا پڑھنا ۔ (۶) درس آموز حالات : عبرت آموز واقعات ۔ (۷) قرون وسطیٰ کے لیکچر روم ۔ (۸) شعبۂ تعلیم ۔ (۹) امتحان کا کمرہ جس میں یونیورسٹی کے امتحان منعقد ہوں ۔ (۱۰) (جمع) امتحان ۔ (۱۱) حکماء یا

صناعین وغیرہ کے شاگرد یا مقلد ۔ (۱۲) مسلك : دبستان : مذہب یعنی جماعت یا فرقہ جو کسی خاص اصول یا طریقے کا پابند ہو : مقلد : قائل ۔ (۱۳)(موسیقی) موسیقی کی کتاب (جس میں خاص باجے کے متعلق بحث ہوتی ہے) ۔ (۱۴) اعلیٰ مدارس ۔ (۱۵) (مجازاً) تعلیمی ماحول : منبع تعلیم ۔ (۱۶)(مجازاً) ہم خیال لوگ ۔ (۱۷) حلقۂ اساتذہ و طلباء (۱۸) (جامعہ کی) شعبہ جات ۔ (۱۹) (آکسفورڈ) دوری امتحانات (بی ۔اے کی ڈگری کے لئے) تعلیمی نصابوں میں سے کوئی ایك جس میں آنرز (آرٹس) کی ڈگری لی جا سکتی ہے جو کیمبرج کے Tripos کے برابر ہوتی ہے۔ (۲۰) شاہی محافظوں کا دستہ ۔

Free school : خیراتی مدرسہ جس میں فیس نہیں لی جاتی ہے ۔

To be at school : اسکول میں تعلیم پانا ۔

To go to school : اسکول جانا : تعلیم حاصل کرنا ۔

To go to school to : کسی کی تقلید کرنا : اتباع کرنا : پیروی کرنا ۔

To keep a school : مدرسہ یا اسکول کھولنا ، قائم کرنا : پرائیویٹ یا خانگی اسکول کھولنا : قائم کرنا ۔

To put to school / To send - : مدرسہ یا اسکول بھیجنا : تعلیم دلانا ۔

To put to school : (مجازاً) سکھانا (خصوصاً اپنے سے بڑوں کو) ۔

To put to school : (مجازاً) نقصان دہ یا ضرر رساں راز کو افشا کر دینا ۔

School : (n) [MLG. 'MDU. 'School'.] (۱) مچھلیوں وغیرہ کا گروہ ، جھنڈ یا انبوہ ۔ (۲) (جانوروں کا) گلہ ۔

School : (v) (۱) اسکول یا مدرسے میں بھیجنا : مدرسے یا مکتب میں بٹھانا : تعلیم دلانا : سامان فراہم کرنا ۔ (۲) ضبط قائم کرنا : قابو میں رکھنا : اطاعت کا خوگر بنانا : مشورے پر عمل کرنے کی ترغیب دینا ۔ (۳) (گھوڑے کو) سدھانا: تربیت دینا ۔ (۴) مفصلات میں گھڑسواری کرنا ۔

School : (v) مچھلیوں کا گروہ میں تیرنا۔

To school up : (مچھلیوں کا) پانی کی سطح پر جمع ہونا : اکٹھا ہونا ۔

School age : (n) اسکول جانے کی عمر : عمر کی وہ مدت جس میں بچہ ذہنی اور جسمانی طور پر اسکول جانے کے لائق سمجھا جاتا ھے ۔

School board : (n) انجمن مدارس : یہ ایك انجمن تھی جو ۱۸۷۰ء سے ۱۹۰۲ء تك بورڈ اسکولوں کے قائم کرنے کی ذمہ دار تھی ۔

School book : (n) درسی کتاب : وہ کتاب جو مدرسوں کے نصاب میں شامل ہو ۔

School boy : (n) طفل مکتب : مدرسے کا لڑکا : متعلم : طالبعلم ۔

School boy : (a) طالبعلمانہ ۔

School boyish : (a) طفل مکتب سے مشابہ : متعلمانہ ۔

School craft : (n) تعلیم : علم جو اسکول میں سکھایا جاتا ہے ۔

School dame : (n) اسکول خاتون : پرانے قسم کے مدرسۂ اُناث کی نگراں ۔

School days : (n) (۱) طالب علمی کا زمانہ ۔ (۲) وہ دن جس میں دن کے اسکول میں تعلیم دی جاتی ہے۔

School divine : (n) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا معلم : متکلم ۔

School divinity : (n) قرون وسطیٰ کے اسکول کی مذہبی تعلیم : علم کلام ۔

School doctor : (n) طبیب مدرسہ : اسکول کا ڈاکٹر ۔

School fellow : (n) ہم مکتب : ہم مدرسہ ۔

School girl : (n) اسکول کی لڑکی : طالبہ : متعلمہ ۔

School girlish : (a) طالبہ کی طرح : متعلمہ جیسی ۔

School-house : (n) (۱) مدرسے یا اسکول کا مرکزی دارالاقامہ ۔ (۲) صدر مدرس کا مکان ۔

School inspector : (n) ناظر مدارس : انسپکٹر مدارس ، اسکول ۔

School learning : (n) مدرسے یا اسکول میں تعلیم ۔

School ma'am / -marm : (n) اُستانی : معلمہ ۔

School man : (n) (۱) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا معلم یا انتظامی افسر ۔ (۲) متکلم : ماہر علم الکلام : وہ دینیات داں جو مذہب کے اصول کو ارسطو کے منطقی اصول پر منطبق کرتا ہو ۔ (۳) معلم : طالبعلم ۔

School-master : (n) (۱)مدارس: معلم ۔(۲) مدرس اول یا معاون مدرس ۔

School-master : (n) وہیل یا مچھلیوں کے گروہ کا وہ رکن جو رہنما ہوتا ہے ۔

School-masterhood : (n) مدرسی : معلمی ۔

School-mastering : (n) (۱) مدرسی : معلمی ۔ (۲) اسکول کی تعلیم ۔

School-masterish : (a) معلم نما : مدرس نما ۔

School-mate : (n) ہم مکتب : ہم مدرسہ ۔

School mistress : (n) معلمہ : استانی ۔

School of thought : (n) مکتب خیال : مسلك خیال ۔

School room : (n) درس کا کمرہ : اسکول میں تعلیم کا کمرا : کسی مکان میں تعلیم کا کمرہ ۔

School-ship : (n) تعلیمی جہاز : وہ جہاز جو تعلیم کے لئے مخصوص ہو ۔

School teacher : (n) استاد یا استانی : معلم یا معلمہ (خصوصاً مدارس ابتدائیہ میں) ۔

School-time : (n) (۱) اوقات مدرسہ ۔ (۲) طالب علمی کا زمانہ ۔ (۳) تربیت و تعلیم کے اوقات ۔

Schoolable : (a) تعلیم دیئے جانے کے لائق : اسکول جانے کے قابل : جس کی عمر مدرسے جانے اور جبری تعلیم پانے کے لائق ہو ۔

Schooler : (n) طفل مکتب ۔

Schooling : (n) (۱) پڑھائی : تعلیمیت ۔ (۲) گھوڑے اور گھڑسواروں کی مشق (گھڑ سواری کے اسکول میں) ۔

Schoolish : (a) (۱) نظریہ پرستارانہ ۔ (۲) علمی : عالمانہ : غیر عملی ۔

Schoolward : (adv.) اسکول کی طرف : مدرسہ کی طرف ۔

Schoolwards : (adv.) دیکھو Schoolward

Schoolwork : (n) اسکول کا کام ۔

Schooner : (n) [Origin unkn.] (۱) ایك قسم کی کشتی یا جہاز جس میں دو مستول ہوتے ہیں ۔ (۲) ایك قسم کی بڑی گاڑی جس کی چھت کرمچ کی ہوتی ہے اور جسے نو آباد استعمال کرتے ہیں ۔

Schooner : (n) [Origin unkn.] (۱) (امریکا) بیر شراب کا لمبا گلاس ۔ (۲) (برطانیہ) چودہ (۱۴) سیال اونس کا پیمانہ ۔

Schopenhauerian : (a) [f. name Arther Schoperhaner'.] جرمن فلسفی شاہن ہاور کا یا اس کے فلسفے سے متعلق ۔

Schorl : (n) [G.] شو رال : سیاہ تر ملین ۔

Schorlaceous : (a) سیاہ ترملین سے مشابہ جس میں سیاہ ترملین ہو ۔

Schottische : (n) [G. '(der) Schottische'.] (۱) ایك قسم کا پولکا ناچ ۔ (۲) اس ناچ کے ساتھ کا گانا ۔

Schottische : (v) شوٹیشی رقص کرنا ۔

Schout : (n) [Du. 'Schout'.] نشیبتان اور ولندیزی نو آبادیات کا انتظامی یا بلدیاتی افسر ۔

Schreibersite : (n) [f. name Von Schreibers'.] لوہا اور نیکل کا فاسفائیڈ ۔

Schrik : (n) [Afric.] وہشت جو دفعتاً پیدا ہو : خوف ۔

Schuit : (n) [Du.] ولندیزی چپٹے پیندے والی کشتی ۔

Schultze powder : (n) ایك قسم کا بارود جس کا موجد ای ۔ شلٹز تھا ۔

Schwa : (n) [G.] حرف علت خفیف کی آواز ۔

Schwarmerei : (n) بے جا محبت یا جوش ۔

Schwenkfeldian : (n) [f. name.] ایك فرقہ جس کی بنیاد Casper Schewenkfeld نے رکھی تھی ۔

Schwenkfeldian : (a) اسی فرقے سے متعلق ۔

Sciaenoid : (n) [L. 'Sciaena'.] ایك قسم کی مچھلی ۔

Sciaenoid : (a) اسی مچھلی سے متعلق ۔

Sciagraph : (n) (۱) شعاعی تصویر ۔ (۲) سایہ آمیز نقاشی : تصویر سایہ ۔ (۳) سایہ سے وقت دریافت کرنے کا آلہ : وقت پیما : دھوپ گھڑی ۔

Sciagraph : (v) وقت پیمائی کرنا ۔

Sciagraphic/ -al : (a) . سایہ اندازی سے متعلق : تصویر سایہ سے متعلق

Sciagraphically : (adv.) سایہ اندازی کے طور پر : وقت پیمائی کے طور پر یا رو سے ۔

Sciagraphy : (n) [Fr.'Sciographie'.] () نقاشی میں سایہ اندازی کا فن : سایہ آمیزی : لون آمیزی : سایہ آفرینی : لون آفرینی : سایہ نگاری : لا شعاعی عکاسی ۔

Sciamachy/ Skiamachy : (n) [Gr. 'Skiamachia'.] سایہ سے لڑنا : فرضی یا خیالی لڑائی : بے کار ، فضول لڑائی ۔

Scian : (a) [It. name of Chios.] دیکھو Chian

Sciatic : (a) [Fr. 'Sciatique'.] (۱) کولہے کا : کولہے کے متعلق : ورکی؛ نسائی ۔ (۲) عصب نسائی کا : عرق النساء کے متعلق : عرق النسائی ۔

Sciatic artery : (n) نسائی شیریان : سیریان ور کی ۔

Sciatic nerve : (n) عصب نسائی : عر ق النساء ۔

Sciatic passion :(n) دیکھو Sciatica

Sciatica : (n) [Late L. 'Sciatica'.] (۱) عر ق ا لنساء : رینگنی ۔ (۲) عرق النساء کا دورہ ۔

Science : (n) [OFr.] (۱) علم طبیعیات : سائنس ۔ (۲) علم ۔ (۳) منضبط یا منظم علم یعنی علوم طبیعیات ۔ (۴)منضبط یا منظم علم کی تحصیل یا تکمیل ۔ (۵) علم کی شاخ یا شعبہ : کسی مضمون کا مجموعی علم ۔ (٦)مہارت (خصوصاً مکا بازی یا لڑنے میں) ۔ (۷)دیکھو Christian science ۔

Dismal science : معاشیات : علم اقتصاد ۔

Exact science : کامل علم: علم کمی : علم کمیہ ۔

Experimental science : تجربی سائنس ۔

Man of science : سائنس داں : سائنس کے کسی شعبے کا ماہر ۔

Moral science : اخلاقیات : علم الاخلاق ۔

Natural science : علم طبیعی : طبیعیات ۔

Occult science : جادو : سحر ۔

Physical science : علم طبیعی : علوم طبیعیہ : وہ علوم جو تجربے ، مشاہدے اور استقرا پر مبنی ہوں (جیسے حیاتیات ، کیمیا وغیرہ) ۔

Political science : سیاسیات : علم سیاست ۔

Pure science : علم مجرد : علم غیر مخلوط (جیسے ریاضی، منطق وغیرہ) ۔

The noble science (of defence) : (مزاحاً) مکہ بازی یا شمشیر زنی ۔

Science fiction : (n) سائنسی قصے ۔

Science of language : (n) دیکھو Linguistics

Scienter : (adv.) [L.] دانستہ : جان بوجھ کر ۔

Scienter : (n) (قانون) واقفیت : احساس ۔

To prove (a) scienter : یہ ثابت کرنا کہ جرم جان بوجھ کر یا دانستہ طور پر کیا گیا ہے ۔

Sciential : (a) (۱) متعلق بہ علم : علمی ۔ (۲) قابل : علم رکھنے والا ۔

Scientific : (a) [Fr. 'Scientifique' or late L. 'Scientificus'.] (۱) مطابق سائنس : مطابق اصول : اصولی : با قاعدہ ۔ (۲) سائنس کا : متعلق بہ سائنس : سائنسی ۔

Scientific : (n) سائنس داں : سائنس کے کسی شعبے کا ماہر ۔

Scientifically : (adv.) علمی طور پر : عالمانہ انداز سے : سائنس کی رو سے : حکیمانہ ۔

Scientificalness : (n) اصولی ہونا : سائنسی ہونا ۔

Scientology : (n) مذہب ارتقا ۔

Scilicet : (adv.) [L.] یعنی : بہ الفاظ دیگر ۔

Scilicet : (n) لفظ "یعنی" ۔

Scilla : (n) [L.] جنس جنگلی پیاز ۔

Scillitin : (n) [Fr. 'Scillitine'.] عسقل کا تلخ عرق ۔

Scillonian : (a) Scilly Isles یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔

Scillonian : (n) Scilly Isles کا باشندہ ۔

Scimitar : (n) [Fr. 'cimeterre'.] سروہی : نیمچہ؛ ایک قسم کی چھوٹی، خمدار اور ایک دھاری تلوار ۔

Scimitar pod : (n) ایک قسم کی بیل (لت والہ پودے) کی پھل ۔

Scincoid : (a) [mod. L. 'Scincoides'.] ریگ ماہی (ایک قسم کی چھپکلی) سے متعلق یا مشابہ ۔

Scincoid : (n) ریگ ماہی قسم کی چھپکلی : سقنقور ۔

Scincoidian : (a & n) دیکھو Scincoid

Scintilla : (n) [L.] (۱) ذرہ : شمہ : مشابہہ ۔ (۲) شرارہ ۔

Scintillant : (a) [L. 'Scintillans'.] (۱) ضوفشاں : نور فشاں : ضیا بار : چمکتا ہوا : درخشاں : چمکیلا ۔ (۲) (نقابت) شرارہ نکالتا ہوا ۔

Scintillate : (v) [L. 'Scintillare'.] (۱) چمکنا دمکنا : ضو فشاں ہونا ۔ (۲) چمکدار بندکیوں سے مرصع ہونا : ٹمٹمانا ۔

Scintillation : (n) ضیا باری : ضو فشانی : چمک دمک : شراریت : ٹمٹماہٹ ۔

Sciolism : (n) خود نمائی : اِدعا : علم نمائی : علمیت ۔

Sciolist : (n) [Late L. 'Sciolus'.] خود نما : مدعی : دعویٰ دار : خود بیں : شدبد جاننے والا : مدعی علم : لال بجھکڑ ۔

Sciolistic : (a) خود نمایانہ : مدعیانہ ۔

Sciolto : (adv.) [It.] (موسیقی) آزادانہ : بے تکلف طور پر : اپنے مذاق کے مطابق ۔

Sciomancy : (n) [mod. L. 'Sciomantia'.] مُردوں کی روحوں کے ذریعے تفاؤل : ظلی تفاؤل : سایۂ تفاؤل ۔

Sciomantic : (a) مردوں کی روحوں کے ذریعے تفاؤل سے متعلق ۔

Scion : (n) [ME. 'Sioun'.] (۱) شاخ (پودے کی ، خصوصاً قلم لگانے یا زمین میں بونے کے لئے) : قلم : پیوند شاخ ۔ (۲)شریف خاندان کا نو عمر رکن : نو نہال خلف ۔

Sciophilous : (a) (نباتیات) سایہ پسند : سایہ باش ۔

Sciophyte : (n) سایہ پسند پودا ۔

Scioptic : (a & n) سوراخ دار لکڑی کی گیند جو تاریک عکاسہ (Camera Obscura) میں لگائی جاتی ھے ۔

Sciopticon : (n) تصویر لی ہوئی چیزوں کو دکھانے کی جادوئی (میجک) لالٹین ۔

Scioptic : (a) آلۂ فوٹو گرافی کے اس علم سے متعلق جس کے ذریعے بیرونی اشیا کی وہ تصاویر نظر آتی ہیں جو ڈبل عدسے کے ذریعے تاریک کمرے میں لی گئی ہوں ۔

Scioptric : (n) دیکھو Scioptic

Sciosophy : (n) ظلّی فلسفہ : علوم کاذب ۔

Scire facias :(n) [L.] پروانۂ تعمیل یا تنسیخ : فیصلہ ۔

Scirrhoid : (a) [f. Scirrhus+ -oid.] (طب) تصلیب اللوزتین : جزو نما : جزو آسا ۔

Scirrhosty : (n) [mod. L. 'Scirrhositas'.] گلٹی ۔

Scirrhous : (a) [Fr. 'Scirr(h)eux'.] (۱) جزدی ۔ (۲)(مجازاً) سخت دل : بے حس ۔

Scirrhus : (n) [mod. L.] جزد (ایک قسم کی سخت رسولی ، سرطان کی ابتدائی حالت) : ورم سرطان ۔

Scissel : (n) [Fr. 'Cisaille'.] دھات کی کترن : دھات کا برادہ : دھات کا چورا (خاص کر وہ کترن جس میں سے سکہ کے لئے دھات کاٹ لی گئی ہو) ۔

Scissile : (a) [L. 'Scissilis'.] کٹنے کے قابل : بریدنی : قطع پذیر : شاخی ۔

Scission : (n) [Fr. 'Scission'.] (۱) قطع و برید : کاٹ چھانٹ ۔ (۲) جدائی : علاحدگی : تفرقہ ۔

Scissiparity : (n) [L. 'Sciss- + 'parere' + -ity.] انشقاقی تولید ۔

Scissor : (v) (۱) کاٹنا : کترنا : قینچی سے کاٹنا یا کترنا ۔ (۲) کتاب میں سے کاٹ لینا : علاحدہ کر لینا ۔ (۳) کم کرنا : تخفیف کرنا : نکال دینا : خارج کر دینا ۔ (۴) قینچی کی شکل میں پکڑنا یا لگانا : پاؤں پر پاؤں رکھنا (اس طرح کہ قینچی کی شکل بن جائے) ۔

Scissor-bill : (n) ایک قسم کا آبی جانور : ابو میقص ۔

Scissor-bird : (n) مقریض دم ۔

Scissor-tail : (n) مقراض دم (پرند) ۔

Scissorer : (n) (۱) کاٹنے والا ۔ (۲) ترتیب دینے والا ۔

Scissors : (n) [Late ME. 'Sisoures'.] (۱) قینچی ؛ کترنی ؛ مقراض ۔ (۲) (کشتی) ایک داؤ ؛ مقراضی داؤ ۔

Scissor(s) grinder : (n) (۱) قینچی پر سان چڑھانے والا ۔ (۲) دیکھو Night jar ۔

Sciurine : (a) [L. 'Sciurus'.] گلہری کی قسم کا ؛ گلہری جیسا ۔

Sciurine : (n) گلہری ۔

Sciuroid : (a) (۱) (حیوانیات) گلہری نما ؛ گلہری کا یا گلہری سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) گلہری دُمہ ۔

Sciuromorph (a) [mod. L. 'Sciuromorpha'.] ایک قسم کا کترنے والا جانور ۔

Sciuromorphic : (a) ایک قسم کے کترنے والے جانور سے متعلق ۔

Sciuromorphine : (a) دیکھو Sciuromorphic

Sclaff : (v) [Sc.] (۱) (گولف) (گیند کو مارنے سے پہلے) بلے کے سرے سے زمین کھرچنا ۔ (۲) گیند کے پیچھے کھرچنا ؛ زمین کو کھرچنے کے بعد گیند پر ضرب لگانا ۔

Sclera : (n) [mod. L.] (تشریح) صلبیہ ؛ سفیدۂ چشم ؛ آنکھ کا سخت طبقہ ۔

Scleral : (a) صلبیہ سے متعلق ۔

Sclerema : (n) [Fr. 'Sclereme'.] شحمی صلابت ؛ خلیہ دار بافت کا سخت ہو جانا ۔

Sclerenchyma : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) کالبد سخت ؛ مرجان کے ریشے ۔ (۲) (نباتیات) ریشۂ سخت ؛ چھلکے یا خول ۔

Sclerenchymatous : (a) ریشۂ سخت سے بنا ہوا ۔

Scleriasis : (n) (مرضیات) جزد ؛ ورم سرطان ؛ نسیجی صلابت ؛ سخت رسوبی ؛ صلابت جلد ۔

Sclerite : (n) [Gr. 'Skleros + -ite.] صُلبہ حشرہ ۔

Scleritic : (a) صُلبہ حشرہ سے متعلق ۔

Scleritis : (n) (۱) سوزش صلبیہ ؛ ورم صلبیہ ۔ (۲)دیکھو Sclerotitis ۔

Sclero- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سخت" ۔

Sclero-iritis : (n) سفیدۂ چشم اور پردۂ غبیبیہ کا ورم ۔

Sclerobase : (n) (حیوانیات) مرکب کِرنی حوینات کا محوری مہرہ یا ساق پر ۔

Sclerobasic : (a) مرکب کِرنی حوینات کے محوری مہرہ سے متعلق ۔

Scleroblast : (n) (۱) (نباتیات) خلیہ سخت ریشہ ۔ (۲) (حیوانیات) وہ نسیج جن سے سوزن اسفنج پیدا ہوتا ۔

Scleroderm : (n) (۱) ایک قسم کی سخت فلس والی مچھلی ۔ (۲) ایک قسم کا کثیر پا ۔

Scleroderma : (n) (مرضیات) تصلّب جلد ۔

Sclerodermatous : (a) سخت جلد ؛ سخت کھال والا ۔

Sclerodermia : (n) دیکھو Scleroderma

Sclerodermic : (a) (۱) (مرضیات) تصلّب جلد سے متعلق ۔ (۲)(حیوانیات) ایک قسم کے کثیر پا سے متعلق ۔

Sclerodermite : (n) (۱) وہ سخت چیز جس میں قشریہ کا ڈھانچ بنتا ھے ۔

Sclerogen : (n) (نباتیات) سخت ریشہ زا ؛ مادۂ سخت باف ؛ وہ مادہ جو پودوں کے خلیوں کی اندرونی جانب ہوتا ھے مثلاً اخروٹ کے خول کے اندر ۔

Sclerogenic : (a) (مرضیات ، طبیعیات) سختی پیدا کرنے والا ۔

Sclerogenous : (a) دیکھو Sclerogenic

Scleroid : (n) [Gr. 'Skleros' + -oid.] (حیوانیات و نباتیات) سخت ساخت کا ؛ سخت بناوٹ کا ؛ صلبی ؛ سخت ۔

Scleroma : (n) [mod. L.] (تشریح)صلابت (بافت) ؛ تصلّب النساج ؛ نسیجی صلابت ۔

Scleromeninx : (n) دیکھو Dua-mater

Sclerometer : (n) سختی پیما ۔

Scleromucin : (n) ایک قسم کا لس دار ناشٹروجنی مادہ ۔

Sclerosed : (a) (۱) (مرضیات) مریض تصلب : تصلب زدہ : صلبی : صلب ۔ (۲) (نباتیات) سخت بافتہ : چوبی : لکڑی کا بنا ہوا ۔

Sclerosis : (n) [med. L.] (۱) (مرضیات) تصلیب النساج ۔ (۲) (نباتیات) تصلب بافت : سختی خلایا یا خلایا کا سخت ہو جانا ۔

Scleroskeleton : (n) صلابت بافت : نسوں اور پٹھوں کی سختی : نسوں اور پٹھوں کا سخت ہو جانا : نسوں کا ہڈی بن جانا : سخت کالبد ۔

Sclerotal :(n) [mod. L. 'Sclerotis' + -al.] (بعض پرندوں اور رینگنے والے جانوروں کے) دیدہ صلبیہ کی حفاظت کرنے والے عظمی حلقے کی ساخت ۔

Sclerotic : (a) [mod. L. 'Sclerotica'.] (۱) صلبی : سفیدۂ چشم سے متعلق ۔ (۲) نسیجوں کو سخت کرنے والی (دوا) ۔ (۳)(مرضیات) تصلب النساج سے متعلق : تصلب زدہ ۔ (۴) (نباتیات) سخت ۔

Sclerotic : (n) (۱) (تشریح) صلب : پردۂ چشم : جھلی : جالا : سفیدۂ چشم : صلبیہ ۔ (۲) گوشت وغیرہ کو سخت بنانے والی دوا ۔

Sclerotic : (a) ارگٹ کا (Ergot) کا سب سے زیادہ مؤثر مادہ ۔

Sclerotic bone / -plate : (n) دیکھو Sclerotal

Sclerotic cells : (n) صلبی خلایا ۔

Sclerotic ring : (n) دیدے کی جھلی سے بنا ہوا حلقہ ۔

Sclerotica : (n) صلبیہ : پردۂ چشم ۔

Sclerotitis : (n) سوزش صلبیہ : التہاب صلبیہ : ورم صلبیہ ۔

Sclerotium :(n) (۱) صُلبہ ۔ (۲) جسم صلبی ۔

Sclerotome : (n) (۱) ایک سخت مادہ جو جسمہ عضلا کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۲) صلبیہ تراش ۔

Sclerotomy : (n) (جراحی) صلبیہ تراشی ۔

Sclerous : (a) [Gr. 'Skleros'.] (۱) متصلب : سخت : استخوانی ۔ (۲) (مرضیات) تصلب زدہ ۔

Scob : (n) [Origin unkn.] لکڑی کی کھپچی یا قمچی ۔

Scobby : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی گانے والی چڑیا ۔

Scobiform : (a) [L. 'Scobis' + -form.] (نباتیا) چورا سا : برادہ نما ۔

Scobinate : (a) [L. 'Scobina' + -ate.] گرہ دار : یا گلٹی دار ۔

Scodgy : (n) [Origin unkn.] دیکھو Drudge

Scoff : (n) [Scand. Origin.] (۱) طعنہ : طعن : طنز : تشنیع : تضحیک : تمسخر : مسخرگی ۔ (۲) نقل مجلس : تضحیک کا نشانہ یا ہدف ۔

Scoff : (n) [S. Afr. 'Du. 'Schoff.] کھانا : غذا : خوراک ۔

Scoff : (v) طعنہ دینا : طعن کرنا : طعن و تشنیع کرنا : مضحکہ اڑانا : تضحیک کرنا : تمسخر کرنا : خاکہ اڑانا : ہنسی کرنا ۔

Scoff : (v) (۱) کھانا : مربھکا کی طرح کھانا : پیٹو کی طرح کھانا ۔ (۲) کھانا کھلانا ۔ (۳) چھین لینا : غبن کرنا : لوٹنا ۔

Scoffer : (n) طعنہ دینے والا : طنز کرنے والا : مضحکہ اڑانے والا : طعنہ زن ۔

Scoffing : (a) تمسخر آمیز : مضحکہ آمیز ۔

Scoffingly : (adv.) طعنہ زنی سے : ازراہ تضحیک : حقارت آمیز ۔

Scoggin : (n) مسخرہ : درباری مسخرا ۔

Scoison arch : (n) [Refashiones f. 'Scuncheon'.] پشت محراب : پس کمان ۔

Scoke : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا پودا : خربق امریکی ۔

Scold : (n) [ON. 'Skald.] (۱) زبان دراز عورت : منہ پھٹ ، دریدہ دہن عورت ۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ : جھڑکی : گھڑکی ۔

Common scold : زبان دراز عورت (محلے کی) ۔

Scold : (v) (۱)دھمکانا : جھڑکنا: گھڑکنا : ڈانٹنا: ڈپٹنا ۔ (۲)سرزنش کرنا : گوشمالی کرنا : تنبیہ کرنا : چشم نمائی کرنا ۔

Scolder : (n) دھمکانے والا : سرزنش کرنے والا : ڈانٹنے والا ۔

Scolder : (n) صدف گیر (پرند) ۔

Scolding : (n) (۱) سرزنش : چشم نمائی : گوشمالی : تنبیہ ۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ : جھڑکی : گھڑکی ۔

Scolding lock : (n) گھونگریالی لٹ (جو عموماً جھولتی رہتی ھے) ۔

Scoldingly : (adv.) ڈانٹتے ڈپٹتے ہوئے ؛ سرزنش کرتے ہوئے ۔

Scold's bit / -bridle : (n) سزا دینے کا ایک آلہ جس کے ذریعے زبان کو دبا دیا جاتا تھا ۔

Scolecid : (n) [mod. L. 'Scolecida'.] ایک قسم کا کیچوا ۔

Scolecite : (n) (۱) (معدنیات) الومینیم اور کیلسیم کا آبدار سلیکیٹ ۔ (۲) (نباتیات) بعض سما روغ کا کرم نما ثمر دان ۔

Scolex : (n) [Gr. 'Skolex.] سرکدودانہ : جنینی حالت میں کیچوا ؛ جنینی کیچوا ۔

Scolion : (n) [Gr. 'Skolion'.] (قدیم یونان) گیت جسے ضیافت میں مہمان باری باری گاتے تھے ۔

Scolosis : (n) [Gr. 'Skoliosis'.] التواء (عموداً لفقرات کی جانبی خمیدگی) ۔

Scoliotic : (a) ملتوی ۔

Scolop : (n & v) دیکھو Scallop

Scolopaceous : (a) چہا نما ۔

Scolopacine : (a) [mod. L. 'Scolopacinus'.] چہے کا ؛ چہے جیسا ۔

Scolopecine :(n) چہا نما پرند ۔

Scolopender :(n) ہزار پا ؛ جنس ہزار پا ۔

Scolopendra : (n) [Gr. 'Skolopendra'.] دیکھو Scolopender

Scolopendrine : (a) ہزار پائی ؛ ہزار پایہ نما ؛ کنکھجورے جیسا ۔

Scolopendrium :(n) [mod. L.] ایک قسم کا فرن ؛ جنس ہرن زبان ؛ سقلو فندریوں ۔

Scolytid : (n) [mod. L. 'Scolytidae'.] بھونرے کی ایک قسم جو لکڑیوں میں سوراخ کرتا ھے ۔

Scomber :(n) [Gr. 'Skombros'.] ایک قسم کی مچھلی ؛ اسکامبر ۔

Scombroid : (a) اسکامبر صفت : اسکامبر جیسی ۔

Scombroid : (n) اسکامبر مچھلی ۔

Sconce : (n) [OFr. 'Esconse'.] (۱) شمعدان دیواری ؛ شمع ؛ دیوار گیری ۔ (۲) چراغ دان ؛ شمع دان ۔

Sconce : (n) [Du. 'Schans'.] (۱) گڑھی ؛ کوٹ ؛ کوٹلا ؛ پایاب ندی نالالے کا معبر ۔ (۲) پناہ ؛ جائے پناہ ؛ اوٹ ؛ پردہ ۔ (۳)پردہ ؛ اوٹ ۔ (۴) کھلے آتش دان کے بازو کی نشست ۔ (۵) تقریباً ڈوبی ہوئی برف کی چٹان ۔

Sconce : (n) وہ جرمانہ جو درسگاہوں میں قواعد کے خلاف عمل کرنے پر کیا جاتا ھے ۔

Sconce : (v) (آکسفورڈ) کھانے پر بد تمیزی کے ارتکاب میں بیئر وغیرہ کا بند کر دینا ۔

Scone : (n) [ME. 'Schonbrot.'] ایک قسم کا بڑا گول کیک ؛ ایسے کیک کا تکونا ٹکڑا ۔

Drop scone / Dropped- : ایک قسم کا چھوٹا کیک ۔

Scop : (n) [MLG. MDU. 'Schope'.] (۱) کفچہ ؛ کرچھا ۔ (۲) ڈوئی ؛ کفگیر ؛ ڈول ۔ (۳) کورنی ؛ چمچہ ۔ (۴)کوئلے ڈالنے کا کفچہ ۔

Scop : (n) (۱) کفچہ وغیرہ کی ایک حرکت یا گردش ؛ کفچہ بھر ۔ (۲) ایسا منافع جو فوراً حاصل کیا جائے اور حریفوں کو خبر نہ ہونے پائے ۔ (۳) (صحافتی عامیانہ) خاص خبر ۔ (۴) قدرتی گڈھا ؛ گڈھا جو بعض پرند انڈے دینے کے لئے زمین میں بناتے ہیں ۔ (۵) عورتوں کی پوشاک کا نیچا گلا ۔ (۶) قیف نما سوراخ جس سے سیال چیز جو خواہش کے مطابق کسی طرف لے جائی جاتی ھے ۔ (۷)بیلچہ نما عاکسہ (سنیما یا ٹیلیویژن اسٹوڈیو میں استعمال ہونے والا) ۔

Scoop : (v) (۱) (کفچے وغیرہ سے) نکالنا ؛ اٹھانا ۔ (۲) اکٹھا کرنا ؛ ڈھیر لگانا (کفچے وغیرہ کے ذریعے) ۔ (۳) گڑھا کرنا ؛ جوف پیدا کرنا ؛ کھوکھلا کرنا ۔ (۴) فوری کاروائی (یا قسمت) سے کسی سودے میں نفع کثیر حاصل کرنا ۔ (۵)(عام) زیادہ مقدار میں لینا ؛ دوسروں سے پہلے حاصل کر لینا ۔

Scoop car : (n) ریل کی پٹڑی سے رکاوٹیں دور کرنے کا انجن ۔

Scoop-net : (n) (۱) دریا کی تہ صاف کرنے کا جال ۔ (۲) چھوٹا دستی جال ۔

Scooper : (n) (۱) کھودنے والا ؛ کھوکھلا کرنے والا ۔ (۲) قلم ؛ چھینی ؛ کندہ کار کا اوزار ۔ (۳) پن ڈبی کی ایک قسم ۔

Scoopful : (n) کفچہ بھر۔

Scoot : (v) (۱) دوڑنا ؛ لپکنا ؛ جھپٹنا ؛ نکل بھاگنا ؛ کافور ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔ (۲) پچکاری چھوڑنا ؛ پچکاری کی طرح نکلنا۔

Scoot : (n) (۱) یکایك بہہ نکلنا ۔ (۲) پچکاری چھوڑنا ۔

Scoot : (n) (۱) ایك قسم کی سخت بھدی عمارتی لکڑی ۔ (۲) بیکار یا بے مصرف لکڑی کا لٹھا۔

Scooter : (n) (۱) دوڑنے والا ؛ نکل بھاگنے والا ۔ (۲ (امریکا) ایك قسم کی کشتی جو پانی اور برف دونوں پر چلتی ھے ۔ (۳)بچوں کی کھلونا گاڑی (جس میں پتلے لکڑی کے تختے میں دو پہیے اور ایك گھمانے والا دستہ لگا رہتا ھے) ۔ (۴) اسکوٹر ۔ (۵) ایك قسم کا ہل جس میں ایك دستہ اور ایك بیلچہ لگا ھوتا ھے ۔

Scooter : (v) اسکوٹر پر جانا۔

Scooter : (n) بحری بطخ ؛ سیاہ مرغابی ؛ ایك قسم کی بڑی بطخ جو سمندر میں رہتی ھو۔

Scooterist : (n) اسکوٹر سوار ؛ اسکوٹر چلانے والا ۔

Scooters : (n) شمالی امریکا کے ساحل کی ایك مچھلی ۔

Scop : (n) [OE.] قدیم انگریزی کا شاعر۔

Scopa : (n) زیرہ برش ؛ برش جیسے بالوں کا ایك گچھا جو شہد کی مکھیوں کی ٹانگوں پر ھوتا ھے ؛ زر گل برش ۔

Scoparin : (n) ایك پیشاب آور مادہ جو سینگ (Broom) میں پایا جاتا ھے ۔

Scoparium : (n) [mod. L.] سینگ کی شاخوں کا قرابا دینی نام ۔

Scopate : (a) زیرہ برش دار ۔

Scope : (n) [It. 'Scopo'.] (۱) قانون کا مقصد ؛ کسی تجویز کا مقصد یا معنی ؛ مراد ۔ (۲) وسعت ؛ حد ؛ کشادگی ۔ (۳) موقع ؛ آزادی ۔ (۴) گنجائش ۔ (۵) دسترس ؛ رسائی ؛ پہنچ ؛ حدود ۔ (٦) میزائل یا میزائل کی قسم کے ہتھیاروں کی رسائی یا ان کا فاصلہ ۔ (۷) (بحری) لنگر کی زنجیر کی لمبائی (جہاں تك لنگر انداز ھونے کے بعد جہاز آگے بڑھ سکتا ھے) ۔

Beyond one's scope : وسعت سے زیادہ ؛ دسترس سے باہر۔

To give scope (to a person or thing) : موقع دینا۔

To have scope / To take- : موقع نکالنا ؛ موقع پانا۔

Within one's scope : وسعت کے اندر ؛ دسترس کے اندر ۔

-scope : (suffix) لاحقہ بمعنی "بین" "نما" ایسے آلات کے ساتھ آتا ھے جو مشاہدے اور دیکھنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Scopeless : (n) بے وسعت ؛ بے گنجائش ۔

Scopelid : (n) [mod. L. 'Scopelidae'.] ایك قسم کی مچھلی ۔

Scopeloid : (a) ایك قسم کی مچھلی سے متعلق ۔

Scopeloid : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Scopelus : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Scopic : (a) (۱) بصری ؛ مرئی ۔ (۲) وسیع ؛ محیط ۔

Scopiform : (n) [L. 'Scopa' - +form.] زیرہ برش نما ؛ گچھے دار ؛ گچھا نما ۔

Scopol- : (کیمیا و ادویہ) جاپانی بلاڈونا کے بعض مادوں کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔

Scopoline : (n) ایك اساس ($C_8 H_{13} O_2 N$) جو اتساعی دوا کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Scops owl : (n) چھوٹے کانوں والا اُلو ۔

Scopula : (n) [L.] زیرہ بر شك ؛ زر گل برش ۔

Scopulate : (a) خارشتی ؛ برش نما ۔

Scopulipede : (n) برش نما پیر والی مدھو مکھی ۔

Scorbutic : (a) [mod. L. 'Scorbuticus'.] (۱) خارشی جیسا ؛ مثل کھجلی والے کے ۔ (۲) خارش کے متعلق ۔

Scorbutic : (n) خارشی شخص ۔

Scorbutus : (n) [med. L.] اسقربوط؛ خضر؛ گوشت خورہ ؛ خارشت ۔

Scorch : (n) (۱) سوزش ؛ جلن ۔ (۲) جلنے کانشان ۔ (۳) (سائیکل

یا موٹر سائیکل پر) سر پٹ بھاگنا۔

Scorch : (v) [ON. 'Skorpna'.] (۱) جلنا : جلانا : پھنکنا : پھونکنا : جھلسنا : جھلسانا۔ (۲) (عام) (سائیکل یا موٹر بان کا) سرپٹ جانا۔

Scorched : (a) (۱)جلا ہوا : جھلسا ہوا (آگ یا دھوپ کی گرمی سے)۔ (۲) داغ نما۔

Scorched earth : (a) اس پالیسی سے متعلق جس کی بنا پر ملک کی خوراک اور رسد کے تمام راستے تباہ کر دیئے جاتے ہیں جس سے دشمن کو فائدہ ہو سکتا ھے۔

Scorcher : (n) (۱) جلانے والا : پھونکنے والا۔ (۲) (عام) بہترین نمونہ: اپنی قسم کا بہترین نمونہ۔ (۳) بہت تیز سائیکل یا موٹر چلانے والا۔ (۴) جلی کٹی (بات) : طعن آمیز زجرو توبیخ۔ (۵) (روز مرہ یا عامیانہ) بہت گرم دن۔

Scorching : (a) سوزاں : سوزندہ۔

Scorching : (adv.) جلانے کی حد تك۔

Scorching : (n) (۱) جلانا۔ (۲) بھوراپن۔

Scorchingly : (adv.) سوزندہ طور پر۔

Scordatura : (n) [It.] (موسیقی) (کوئی خاص اثر پیدا کرنے کے لئے) تاروں والے باجے کا سر ٹھیك کرنا۔

Score : (n) [Late OE. 'Scoru'.] (۱) نشان : لکیر (کٹنے ، کھرچنے یا کھینچنے سے جو لکیر پڑ جاتی ھے)۔ (۲) خط آغاز: دوڑ میں لکیر جہاں سے دوڑ شروع ھوتی ھے: خط استادگی : وہ لکیر جس پر کھڑے ھو کر نشانہ بازی کے مقابلے میں نشانہ بازی کرتے ہیں۔ (۳) (بحری) سوراخ یا چھید جس میں تسمہ باندھتے ہیں۔ (۴) (موسیقی) تحریر یا مطبوعہ اوراق موسیقی جن میں گانے اور بجانے کے حصے الگ الگ جدولوں میں ایك دوسرے کے نیچے درج ھوتے ہیں۔ (۵) حساب جاریہ (خصوصاً قدیم سراؤں میں حساب شراب)۔ (٦) کھانے پینے کا حساب (کسی چائے خانے یا ھوٹل وغیرہ میں)۔ (۷) نمبر : وہ نمبر جو کوئی کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرتا ھے۔ (۸) رجسٹر نمبر : وہ رجسٹر جس میں نمبر درج کئے جاتے ہیں۔ (۹) بیس : کوڑی : بیسی۔ (۱۰) بابت : باب: بارے میں : بوجہ۔ (۱۱) پھبتی : فقرہ : آوازہ (کسنا) : حرکت (تذلیل کی غرض سے)۔ (۱۲) خوش قسمتی۔ (۱۳) بیس یا اکیس پاؤنڈ کا وزن یا باٹ۔ (۱۴) (عام) کامیاب چوری یا چوری کا مال۔ (۱۵) نا گزیر حقیقت۔ (۱٦) (معاملے کی) اصلیت یا عقدہ۔

To go off at score/ To set off - / To start off - : (۱) گھوڑے کا سرپٹ یا بکٹٹ دوڑ پڑنا۔ (۲) (مجازاً) کسی مرغوب موضوع پر شد و مد سے تقریر شروع کر دینا۔

To know the score : اصلیت جاننا : عقدہ پانا۔

To make a score off one's own bat : (مجازاً) خود سے (کرنا، حاصل کرنا)۔

To pay, clear , quit a score or scores : حساب بے باق کرنا : قرضہ چکانا۔

Score : (v) (۱)نشان کرنا : (چاقو وغیرہ سے) خط کھینچنا : گودنا : کھودنا : شگاف کرنا : شگاف ڈالنا (خصوصاً گوشت وغیرہ میں)۔ (۲) (سرائے کے حساب میں) کسی کے نام رقم درج کرنا۔ (۳) (مجازاً) دل میں رکھنا (رنج و ملال یا کسی کے بُرے برتاؤ کو) : یاد رکھنا : خیال رکھنا۔ (۴) حساب رکھنا : حساب و کتاب رکھنا (کرکٹ وغیرہ کے نمبروں کا) : شمار کرنا : نمبر حاصل کرنا (کھیل میں)۔ (۵) جیتنا : کامیاب ھونا : فائدہ حاصل کرنا : خوش نصیب ھونا۔ (٦) (موسیقی) آرکسٹرا کے لئے نغمۂ ساز ترتیب دینا۔ (۷) (بحری) سوراخ یا چھید بنانا : سوراخ میں تسمہ باندھنا۔ (۸) (امریکا) ڈانٹنا : برا بھلا کہنا۔ (۹) (عام) لاجواب کرنا : قائل کرنا : مات کرنا یا دینا۔ (۱۰) کسی مرغوب موضوع پر شدو مد سے تقریر شروع کرنا۔ (۱۱) صلاحیت یا قابلیت کا اندازہ یا پتا لگانا۔ (۱۲)(عام) خواب آور دوا خریدنا (خصوصاً ناجائز طور پر)۔

To score a miss : دیکھو Miss

Score-board : (n) (۱) شراب خانے کا سیاہ تختہ جس پر قرض کا حساب لکھا جاتا ھے۔ (۲)(کرکٹ) تختۂ شمار۔

Score-book : (n) کتاب نمبر : کتابچہ نمبر : نمبروں کی کتاب۔

Score-card : (n) نمبر نامہ : نمبر کارڈ : نمبروں کا کارڈ (جس میں تماشائی کھیل کا نمبر لکھ دیتے ہیں)۔

Score-game : (n) (گولف) کھیل جس کا فیصلہ ضربوں سے ھوتا ھے۔

Score off : (v) (عام) لاجواب کرنا : (بحث میں) ہرا دینا : شکست دینا : قائل کرنا : حاضر جوابی میں مات کرنا : عاجز کرنا۔

Scorer : (n) (۱) درختوں پر نشان لگانے والا (گرانے کے لئے)۔ (۲) نشان بنانے کا آلہ۔ (۳) (کھیل وغیرہ میں) حساب

رکھنے والا : درج رجسٹر کرنے والا : رجسٹر میں نمبر درج کرنے والا ۔

Score-sheet : (n) نمبروں کا ورق یا تختہ ۔

Scoria : (n) [Gr. 'Skoria'.] (۱) تفالۂ معدن : میل یا فضلہ جو کچی دھات کے صاف کرنے کے بعد رہ جاتا ھے ۔ (۲) کھنگر جیسا مادہ جو کھولتے ہوئے لاوا کے سرد ہونے پر رہ جاتا ھے : رماد برکان ۔

Scoriac : (a) رمادی : میل یا فضلے کی خاصیت کا : تفالی ۔

Scoriaseous : (a) دیکھو Scoriac

Scorification : (n) تپاؤ : تفال سازی : تپاتصفیہ : امتحان : پرکھ (تپانے سے) ۔

Scorifier : (n) (۱) پرکھنے والا ۔ (۲) تپا کھٹالی ۔

Scoriform : (a) تفال معدن یا رماد برکان کی شکل کا ۔

Scorify : (v) (۱) خاک کرنا : راکھ کرنا ۔ (۲) تپانا : تاؤ دینا (سونے چاندی کو پرکھنے کے لئے) ۔ (۳) رماد برکان میں تبدیل ہونا ۔

Scoring : (n) (۱) نشان : نشان کرنا ۔ (۲) نمبر حساب ۔

Scoring-board : (n) دیکھو Score-board

Scoring-book : (n) دیکھو Score-book

Scorious : (a) تفالۂ معدن یا رماد برکان جیسا ۔

Scorn : (n) [OFr. 'Escarn'.] (۱) نفرت : حقارت ۔ (۲) تضحیک : استہزا ۔ (۳) توہین : تحقیر ۔ (۴) لائق حقارت : موجب ذلت ۔

To laugh to scorn : مضحکہ اڑانا : تذلیل کرنا ۔

To speak scorn of : برا بھلا کہنا : گالیاں دینا ۔

To think scorn of : کسی کو حقیر یا ذلیل سمجھنا ۔

To think (it) scorn : حقارت سے دیکھنا : تحقیر کرنا ۔

Scorn : (v) (۱) نفرت کرنا : حقارت سے دیکھنا ۔ (۲) حقیر سمجھنا : ذلیل یا برا خیال کرنا ۔

Scorner : (n) نفرت کنندہ : حقارت سے دیکھنے والا ۔

Seat (chair, stool) of the scorner : مذہب سے نفرت کرنے والے کا رویہ ۔

Scornful : (a) حقارت آمیز : پر حقارت : ذلت آمیز ۔

Scornfully : (adv.) حقارت آمیزی سے ۔

Scornfulness : (n) حقارت آمیزی : ذلت آمیزی ۔

Scorodite : (n) [G. 'Skorodit'.] لوھے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Scorpaena : (n) [Gr. 'Skorpaena'.] جنس عقرب بحری : عقرب ماہی ۔

Scorpaenid : (n) عقرب ماہی ۔

Scorpaenoid : (a) گوشت خور مچھلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scorpaenoid : (n) ایک قسم کی گوشت خور مچھلی ۔

Scorpene : (n) دیکھو Scorpaena

Scorper : *(n)* [*A misspelling of* 'Scauper'.] دیکھو Scauper

Scorpio : (n) [L.] (فلک) عقرب : برچھک : برج عقرب (آٹھواں برج) ۔

Scorpioid : (a) [Gr. 'Skopioides'.] (نباتیات) عقربی : عقرب کی دم سے مشابہ ۔

Scorpioid : (n) (۱) گل عقربی یعنی ایسا پھول جو آخر میں بچھو کی دم کی طرح مڑا ہوا ہو اور کھلنے پر کھلتا جائے ۔ (۲)عقرب : بچھو : بچھو کی طرح کا جانور ۔

Scorpioid cyme : (n) عقرب کوبیا : کامکہ ۔

Scorpoidal : (a) عقربی : بچھو کی طرح کا ۔

Scorpion : (n) [Fr. 'Scorpion'.] (۱) بچھو : عقرب ۔ (۲) (نقابت) عقرب کی تصویر ۔ (۳) برج عقرب ۔ (۴) عقرب ماہی ۔ (۵) ایسا چابک جس میں کیلیں لگی ہوتی تھیں : آزار رسانی کا ایک آلہ ۔ (۶) منجنیق ۔ (۷)کسی چیز کی خلش ۔

Scorpion bug : (n) (امریکا) عقرب آبی ۔

Scorpion fish :(n) عقرب بحری : ایک قسم کی مچھلی ۔

Scorpion fly : (n) بچھو مکھی ۔

Scorpion grass : (n) گل وفا ۔

Scorpion senna : (n) جنوبی یورپ کا ایک پودا ۔

Scorpion-shell : (n) بحر ہند اور بحرا لکاہل میں پایا جانے والا معدہ پا : ایک قسم کی مچھلی ۔

Scorpion spider : (n) بچھو مکڑی ۔

Scorpion-wort : (n) (۱) دیکھو Scorpion grass ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو جنوبی یورپ میں پایا جاتا ھے ۔

Scorpionic : (a) عقربی : بچھو سے متعلق یا مشابہ ۔

Scorpionid : (a) [mod. L. 'Scorpionidae'.] بچھو کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scorpion's tail : (n) بعض قسم کے پودوں کا نام ۔

Scorpion's thorn : (n) جنوب مغربی یورپ کا ایک پودا ۔

Scorse : (v) [prob. alt. of 'Corse'.] مبادلہ کرنا : بدلائی کرنا : چیز کے بدلے چیز کا لین دین کرنا ۔

Scorser : (n) مبادلہ کرنے والا ۔

Scorzonera : (n) [It.] ایک پودا جس کی جڑ بطور ترکاری استعمال ہوتی ھے ۔

Scot : (n) [OE.] (۱) وہ لوگ جو چھٹی صدی عیسوی میں نقل مکان کر کے آئرستان سے اسکاچستان آئے تھے ۔ (۲) اسکاچستان کا باشندہ : اسکاچ ۔

Scot : (n) [ON. 'Skot'.] (۱) ٹیکس : محصول ۔ (۲) معاون : چندہ : تفریح کے لئے ادائی ۔

To pay (a person off) lot and scot : (مجازاً) حساب بے باق کرنا : چکانا ۔

To pay (for) one's scot : کسی تفریح کے لئے چندہ دینا ۔

Scot and lot : (n) بلدیاتی محصول ۔

Scot-free : (a) کچھ ادا نہ کرنا ہو (عام طور پر) نلوہ : صحیح و سالم : بغیر ضرر پہنچے ۔

Scotch : (n) (۱) کاٹ : قطع : زخم : گھاؤ ۔ (۲) زمین پر نشان یا لکیر بچوں کے کھیل Hopscotch میں ۔

Scotch : (n) [OFr. 'Escache'.] کوئی روڑا یا لکڑی کا کندہ جو گاڑی کے پہیے کے نیچے لگا دیا جاتا ھے تاکہ ڈھلان پر گاڑی لڑھک نہ جائے ۔

Scotch : (n) [var. of 'Scottish'.] (۱) اسکاچستان کے اضلاع زیریں کی انگریزی بولی ۔ (۲) اسکاچستانی وہسکی ۔ (۳)اسکاچی : اسکاچستانی : اسکاچی زبان ۔

The scotches : اسکاچستانی باشندے ۔

Scotch : (a) اسکاچی : اسکاچستانی ۔

Scotch : (v) (۱) زخمی کرنا : گھائل کرنا : ادھ موا کرنا ۔ (۲) چور دینا : کچلنا ۔ (۳) جھوٹ ثابت کرنا ۔

Scotch : (v) (لڑھکنے سے روکنے کے لئے گاڑی کے نیچے) روک لگانا ۔

Scotch acre : (n) ۶،۵۸۴ مربع گز اسکاچستانی ایکڑ ۔

Scotch-bonnet : (n) اہل اسکاچستان کی ٹوپی ۔

Scotch-broom : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس کے پھول زرد یا سرخ ہوتے ہیں ۔

Scotch-broth : (n) شوربا جو جَو ، ترکاری اور گائے یا بکری کے گوشت سے بنتا ھے ۔

Scotch-cap : (n) گف اور مضبوط اونی کپڑے کی مردانہ ٹوپی جس میں چھجا نہیں ہوتا ھے ۔

Scotch-catch : (n) اسکاچستانی لَے ۔

Scotch collops : (n) گوشت کا پارچہ اور پیاز ۔

Scotch cousin : (n) دور کے رشتہ دار ۔

Scotch-edge : (n) جوتے کے تلے کا نکلا ہوا حصہ ۔

Scotch-ell : (n) ۳۷،۰۹۵۸ انچ ۔

Scotch fiddle : (n) دیکھو Itch

Scotch fingering : (n) ایک قسم کا اونی دھاگا جس سے بُنائی کی جاتی ھے ۔

Scotch fir : (n) اسکاچستانی پشم : اسکاچستانی سمور ۔

Scotch-grain / Scotch-grain leather : (n) موٹا دانہ دار چمڑا ۔

Scotch-Irish : (a) شمالی آئرستانی ۔

Scotch-kale : (n) ارغوانی پتوں والی گوبھی ۔

Scotch-man : (n) (۱) باشندۂ اسکاچستان (مرد) ۔ (۲) لندن اور اڈنبرا کے درمیان چلنے والی تیز رفتار ریل گاڑی کا نام ۔ (۳) (بحری) چمڑے ، لکڑی یا لوھے کا ٹکڑا جو رگڑ سے بچنے کے لئے رسے میں لگایا جاتا ھے ۔

Scotch-mist : (n) (اسکاچستانی کُہر) گہری کُہر جو اسکاچستان کی پہاڑیوں پر جمی رہتی ھے ۔

Scotch-pebble : (n) عقیق وغیرہ کی ایک قسم ۔

Scotch-pine : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Scotch-snap : (n) دیکھو Scotch-catch

Scotch-spur : (n) (نقابت) خاردار مہمیز کا نشان ۔

Scotch-terrier : (n) اسکاچستانی ٹیریر : ایک قسم کا ولائتی کتّا ۔

Scotch-thistle : (n) گوکھرو : اسکاچستان کا قومی نشان ۔

Scotch verdict : (n) (۱) اسکاچستانی فیصلہ ("جرم ثابت نہیں ھوا")۔ (۲) غیر فیصل تجویز ۔

Scotch-whisky : (n) اسکاچی وہسکی : ایک قسم کی وہسکی جس میں دھوئیں کی سی بو ہوتی ھے اور جو ابتداء میں اسکاچستان میں بنائی جاتی تھی ۔

Scotch-woman : (n) اسکاچستانی عورت ۔

Scotch-woodcock : (n) ٹوسٹ جس پر سمنورہ اور انڈا لگا یا ھوا رہتا ھے ۔

Scotched : (a) کٹا ھوا : زخم خوردہ : زخمی ۔

Scotchy : (a) اسکاچستانی کی طرح کا ۔

Scoter : (n) [Origin unkn.] دیکھو Scooter

Scotia : (n) [Gr. 'Skotia'.] (تعمیرات) مجوف حاشیہ خصوصاً ستون کی کرسی کا : کھوکھلا گولا ۔

Scotic : (a) [late and med. L. 'Scoticus'.] قدیم آئرستانیوں کا یا ان سے متعلق جو اسکاٹ لینڈ آئے تھے ۔

Scotism : (n) ڈاکٹر ڈینس اسکاٹس کا فلسفہ یا مابعد الطبیعیات ۔

Scotist : (n) [mod. L. 'Scotista'.] ڈینس اسکاٹس کا مقلد ۔

Scotland yard : (n) لندن کی خفیہ پولیس ؛ سراغ رساں پولیس کا مستقر یا صدر مقام ۔

Scoto- : (Prefix) [L. 'Scotus'.] لاحقہ بمعنی "اسکاچستانی" ۔

Scotodinia : (n) اندھیری : گھمیر : دوار : چکر : دوران سر جس میں سردرد اور بینائی کمزور ھو جاتی ھے ۔

Scotograph : (n) تاریک نگار : اندھیرے میں لکھنے کا آلہ : آلۂ کوراں ۔

Scotoma : (n) [Gr. 'Skotoma'.] (طب) رقبۂ تیرگی : تیرہ : داغ تیر : تیرۂ چشم ۔

Scots : (a) [var. of 'Scottish'.] اسکاچی : اسکاچستانی ۔

Scots grey : (n) (۱) سواروں کے دستے کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا مچھر ۔

Scotsman : (n) دیکھو Scotch-man

Scotswoman : (n) دیکھو Scotch-woman

Scottice/ Scotice : (adv.) اسکاچستانی زبان میں ۔

Scotticism / Scoticism : (n) (۱) اسکاچی لفظ : محاورہ یا فقرہ ۔ (۲) اسکاچی چیزوں سے ہمدردی ۔

Scotticize : (v) (۱) عادت یا بول چال میں اسکاچستانی کی تقلید کرنا۔ (۲)اسکاچی خصلت و کردار کی پیروی کرنا ؛ اسکاچستانی اوضاع و اطوار کی ریس کرنا ۔ (۳) (غیر ملکی الفاظ وغیرہ کو) اسکاچستانی بنانا ۔

Scottie : (n) دیکھو Scotchman

Scottify : (v) دیکھو Scotticize

Scottish : (a) اسکاچستانی : اسکاچی ۔

Scottish : (n) اسکاچستانی زبان ۔

Scoundrel : (n) [Origin unkn.] شہدا : بد معاش : بد ذات : پاجی : بے اصول ۔

Scoundreldom : (n) (۱) بد معاشی : بد ذاتی : پاجی پن ۔ (۲) دنیائے

بد معاشی : شہداپن ۔

Scoundrelism : (n) بد معاشی ؛ شہداپن ؛ بد ذاتی ۔

Scoundrelly : (a) شہدا ؛ بد معاش ؛ بد ذات ۔

Scoup : (v) [ME. 'Scoupen'.] کودتے ہوئے دوڑنا ۔

Scour : (n) (۱) طلا آمیز مٹی کو دھونے کا آلہ ۔ (۲) ندی یا نہر کی صفائی دھارے یا سیل کے ذریعہ ۔ (۳) ندی یا نہر کا وہ حصہ جہاں دھارے کے ذریعے اس کی صفائی ہوتی رہتی ھے ۔ (۴) اسہال (مویشیاں) ۔ (۵) منجھائی ؛ صفائی ؛ رگڑائی ۔ (٦) اون وغیرہ صاف کرنے کا مسالہ ۔ (۷)(اسکاچستان) چکی ۔

Scour : (n) دوڑ ؛ جھپٹ ؛ جلدی جلدی چلنا ۔

Scour : (v) [Origin unkn.] (۱) مانجھنا ؛ ملنا ؛ رگڑنا ؛ صاف کرنا ؛ رگڑ کر چمکانا ۔ (۲) فائر کے بعد بندوق کی نال صاف کرنا ۔ (۳) (کپڑے ، اون وغیرہ سے) گندگی دھونا ؛ داغ دور کرنا ؛ دھبا مٹانا ؛ دور کرنا ۔ (۴) (مزاحاً) چہرہ ، ہاتھ پاؤں مل مل کر دھونا ؛ زخم وغیرہ دھونا ۔ (۵)آنت کو صاف کرنا ؛ جلاب دینا ۔ (٦) ندی ، نہر ، تالاب وغیرہ کی صفائی ۔ (۷)پانی کے دھارے سے صاف کرنا ۔ (۸)(مویشیوں کو)اسہال ہونا؛ پیٹ چلنا۔ (۹)(مجازاً) (کسی مقام یا سمندر وغیرہ کو) دشمنوں سے پاک کرنا ۔ (۱۰)گولوں کی بوچھار کرنا ۔ (۱۱) ہٹانا ؛ چھٹکارا پانا۔

Scour : (v) (۱) دوڑنا ؛ جلدی جلدی قدم اٹھانا (تلاش یا تعاقب میں) ۔ (۲) دوڑنا ؛ بھاگنا ۔ (۳) جلدی سے طے کرنا یا گزرنا ۔ (۴) آوارہ گردی کرنا (شب میں) ؛ (گلیوں میں) شور مچاتے ہوئے پھرنا ؛ پہرہ داروں یا راہگیروں کے ساتھ بد سلوکی کرنا ۔

Scoured : (a) مانجھا ہوا ؛ صاف کیا ہوا ۔

Scoured : (n) (آسٹریلیا) صاف کیا ہوا اون ۔

Scourer : (n) سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی کے آوار گرد جو رات میں گلیوں میں گزرتے وقت کھڑکیوں کے شیشے توڑتے پھرتے تھے یا پہرہ داروں یا راہگیروں کومارتے چلتے تھے ۔

Scourer : (n) (۱) صاف کرنے والا ؛ مانجھنے والا ۔ (۲) بندوق کی نال صاف کرنے کا آلہ ۔

Scourge : (n) [OFr. 'Escurge, Escorge'.] (۱) تازیانہ ؛ چابک ؛ کوڑا؛ درّہ ۔ (۲) مذاقی تازیانہ یا سزا ؛ ذریعۂ عقوبت یا انتقام (آسمانی عقوبت یا سزا مثلاً جنگ یا وبا یا وحشی فاتح وغیرہ)۔ (۳) آفت سماوی کی وجہ؛ آفت ؛ بلا ۔ (۴) وبا۔

The scourge of God : پانچویں صدی عیسوی میں ہن (Huns) کے رہنما (Attila) کا خطاب (جو مورخوں نے دیا ھے) ۔

Scourge : (v) [OFr. 'Escorgier'.] (۱) چابک لگانا ؛ تازیانہ لگانا ؛ کوڑا مارنا ۔ (۲) سزا دینا ؛ تادیب کرنا ۔ (۳) ایذا پہنچانا ؛ اذیت پہنچانا ؛ ستانا ؛ مبتلائے آلام کرنا ؛ عقوبت پہنچانا ؛ ظلم و ستم کرنا ؛ جبر کرنا ؛ تعدی کرنا ۔ (۴) (زمین کی) زرخیزی کو ختم کر دینا ؛ بنجر بنا دینا ۔

Scourger : (n) تازیانہ لگانے والا ؛ کوڑے مارنے والا ۔

Scouring-rush : (n) ایک قسم کا پودا جو لکڑی پر پالش کرنے کے کام آتا ھے ۔

Scouse : (n) [shortened f. 'Lobscouse'.] (۱) دیکھو Lobscouse ۔ (۲) (عام) لیورپل کا باشندہ ؛ لیورپل کی بولی یا زبان ۔

Scouse : (a) لیورپل کا یا اس سے متعلق ۔

Scout : (n) [MDU. 'Schute'.] چپٹے پیندے والی و لندیزی کشتی ۔

Scout : (n) [OFr. 'Escoute'.] (۱) جاسوسی ؛ مخبری ؛ سراغ رسانی ۔ (۲) جاسوس ؛ سراغ رساں ؛ مخبر ؛ خبر رساں ؛ وہ سپاہی جو دشمن کی تعداد و حالت وغیرہ سے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے بھیجا جاتا ھے ۔ (۳)(جنگی) نگراں جہاز یعنی وہ جہاز جو آس پاس کے حالات کی خبر رکھتا ھے ۔ (۴) چھوٹا تیز ایک نشستی طیارہ ۔ (۵) A.A یا R.A.C. کاپہرہ دار ۔ (٦) تلاش ؛ جستجو ؛ کھوج (خصوصاً فوجی) ۔ (۷) اسکاؤٹ ۔

Boy scout : بوائے اسکاؤٹ ؛ اس جماعت کا رکن جس کا منشا یہ ھے کہ لوگوں میں حوصلہ مندی ، خدمت خلق وغیرہ کا مادہ پیدا کیا جائے ۔

On the scout : (جنگی) تلاش یا خبر رسانی پر معمور ۔

Scout : (n) [Origin unkn.] (آکسفورڈ) ملازم کلیہ ؛ خدمت گار ۔

Scout : (n) [Origin unkn.] بعض انگلستانی پرندوں کا نام ۔

Scout : (v) [OFr. 'Escouter'.] (۱) اسکاؤٹ کا کام کرنا ؛ مخبری یا جاسوسی کرنا ۔ (۲) مخبری کی غرض سے قراولی کرنا ۔

Scout : (v) [Of. Scand Origin.] (۱) مضحکہ اڑانا ؛ تضحیک کرنا ۔ (۲) کسی تحریک کی ہنسی اڑانا ؛ کسی خیال کی تضحیک کرنا۔

Scout-car : (n) تیز رفتار مسلح گاڑی (موٹر) جو قراولی کا کام کرتی ھے ۔

Scout-master/ Scoutmaster : (n) اسکاؤٹ ماسٹر : جماعت اسکاؤٹ کا افسر ۔

Scout-master General : (n) پارلیمانی فوج کے محکمۂ خبر رسانی کا صدر ۔

Scouth : (n) [Origin unkn.] (۱) گنجائش : حد : وسعت ۔ (۲) افراط : کثرت ۔

Scouther : (n) [Origin unkn.] (۱) ترشح : ہلکی پھوار ۔ (۲) ہلکی برف باری ۔

Scove : (v) [Scand. origin.] اینٹ کے بھٹے پر باہر سے مٹی کی تہ چڑھانا تاکہ گرمی باہر نہ نکل سکے ۔

Scow : (n) [Du. 'Schouw'.] چپٹے پیندے کی کشتی ۔

Scow : (v) چپٹے پیندے والی کشتی سے پار کرنا (دریا وغیرہ) : ایسی کشتی میں لے جانا ۔

Scowder : (v) [Origin unkn.] دیکھو Scorch

Scowder/ Scouther : (n) خفیف جلن ۔

Scowl : (n) (۱) خشمگیں انداز : بد مزاجی : ترش روئی : ناک بھوں چڑھانا ۔ (۲) (بادل کے) عناصر ۔

Scowl : (v) [Of Scand origin.] (۱) ناک بھوں چڑھانا ، ترش روئی یا بد مزاجی دکھانا : خفگی ظاہر کرنا : قہر آلود نگاھوں سے دیکھنا ۔ (۲) غضب آلود نظروں سے (مخاطب یا کسی شخص کو) دبا لینا ۔ (۳) خفگی وغیرہ ظاہر ھونا۔

Scowler : (n) ناک بھوں چڑھانے والا : قہر آلود نگاھوں سے دیکھنے والا۔

Scowlingly : (adv.) بد مزاجی سے : ترش روئی سے : خفگی سے ۔

Scrab : (v) [Du. 'Sohrabben'.] دیکھو Scratch

Scrabble : (n) بد خطی : بے قرینہ خطوں سے بنائی ھوئی تصویر یا دستاویز ۔

Scrabble : (v) [MDU. 'Shrabbelen'.] (۱) انٹ سنٹ لکیریں کھینچنا: بے قرینہ خط لکھنا ۔ (۲) گھسیٹ لکھنا : بد خطی سے لکھنا ۔ (۳)(انجیل) ٹٹولنا : اندھیرے میں ہاتھ پاؤں مارنا ۔ (۴)(جانوروں کا) کھر مارنا : (آدمی کا) ہاتھ یا پاؤں سے کھرچنا یا نوچنا ۔ (۵) جد و جہد کرنا : کدوکاوش کرنا : ہاتھ پاؤں مارنا ۔

Scrabbly : (a) کھردرا : نا ہموار ۔

Scrabe : (n) [Da. 'Scrabe'.] ایك قسم کا دریائی پرندہ : ماہی بر : ابو مقص ۔

Scraber : (n) ماہی بر قسم کے دو پرندوں کے نام ۔

Scrae : (n) [Of Scand origin.] (۱) پرانا پھٹا ھوا جوتا ۔ (۲) لاغر شخص ۔

Scraffle : (v) دیکھو Scramble

Scrag : (n) [Perh. alt. of Crag.] (۱) پتلا : دبلا : قاق : مریل (جانور یا آدمی) ۔ (۲) ہڈی دار گوشت خصوصاً بکرے کی گردن کا گوشت ۔ (۳) (عام) انسان کی گردن ۔ (۴) دیکھو Scrag whale ۔

Scrag : (n) (۱) سوکھا ھوا پودا : ٹھنٹھ ۔ (۲) (درخت ، چٹان وغیرہ کا) نکلا ھوا حصہ ۔ (۳) بنجر زمین : پتھریلی زمین ۔ (۴) مریل جانور ۔

Scrag : (v) (۱) (عام) پھانسی دینا : پھانسی دے کر مار ڈالنا : گلا دبانا : گلا گھونٹنا : گلا دبا کر مار ڈالنا ۔ (۲) مار ڈالنا : قتل کرنا ۔ (۳) موڑنا (لوھے کو) (آزمائش کے طور پر) ۔

Scarg whale : (n) شمالی بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی ایك قسم کی وہیل مچھلی ۔

Scragged : (a) نا ہموار : گرہ دار ۔

Scragger : (n) جلاد : پھانسی دینے والا ۔

Scraggily : (adv.) نا ہموار طور پر : سوکھے پن سے ۔

Scargginess: (n) سوکھاپن ۔

Scargginess : (n) نا ہمواری : گرہ دار ھونا ۔

Scraggy : (a) (۱) دبلا : پتلا : سوکھا ھوا ۔ (۲) بے چربی کا (گوشت)۔

Scraggy : (a) نا ہموار : گرہ دار ۔

Scram : (v) [ME. 'Skramen'.] سُن کر دینا : مفلوج کر دینا ۔

Scarm : (a) جھریاں پڑا ھوا : سوکھا ھوا ۔

Scram : دیکھو Cram

Scram : (v) فوراً چلا جانا : نکل جاؤ : دور ھو جاؤ ۔

Scram : (v) جوہری مقابلے کو اچانك بند کر دینا۔

Scramble : (n) (۱) کش مکش : جد و جہد : کدو کاوش (مسابقت کے لئے) ۔ (۲) کسی ڈھلوان مقام پر سیدھی چڑھائی ۔ (۳)موٹر سائیکل کی دوڑ (نا ہموار یا پہاڑی علاقوں میں)۔

Scramble : (v) [f. Scamble and cramble.] (۱) ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنا : کسی ڈھلوان بلندی پر گھسٹ گھسٹ کر چڑھنا : دقت اور دشواری سے چڑھنا : پیٹ کے بل چڑھنا : جد و جہد کرنا : کدو کاوش کرنا : ہاتھ پاؤں مارنا : کش مکش کرنا : کش مکش میں حصہ لینا : کھینچاتانی کرنا ۔ (۲) بکھیرنا : نچھاور کرنا : لوٹ کے لئے بکھیر رکھنا ۔ (۳) انڈے تلنا : چلا بنانا ۔ (۵) (بیل کا) کسی سہارے پر چڑھنا ۔ (٦) (ہوائی اسکاڈرون کا) تیزی کے ساتھ اڑ جانا : (لڑاکا طیارے کو) فوراً اڑا دینا ۔ (۷) خلط ملط کر دینا : گھال میل کر دینا : گڈ مڈ کر دینا۔ (۸) (ٹیلیفون یا ریڈیو کی اطلاع کو) نا قابل فہم بنا دینا (چھپ کر سننے والوں کے لئے) ۔ (۹) کوئی کام جلدی سے کرنا ۔

Scrambled egg: (n) چلا بنایا ہوا انڈا ۔

Scrambled net : (n) رسوں کا جال جو جہاز کے پہلو میں لٹکا رہتا ھے جس سے ملاح چڑھتے اترتے ہیں ۔

Scrambler : (n) (۱) اوپر چڑھنے والا پودا .(۲)ٹیلیفون ، ریڈیو وغیرہ کی آواز کو) ناقابل فہم بنا دینے کا آلہ ۔

Scrambling : (a) (۱) جد و جہد کرنے والا : کدو کاوش کرنے والا ۔ (۲) بے قاعدہ : بے ترتیبی سے بڑھنے والا (پودا). (۳)بھدا: بے ڈھنگا (شخص) ۔ (۳) بے قاعدہ : بے ترتیب: بے قرینہ ۔

Scramblingly : (adv.) جد و جہد سے : کدوکاوش سے : مقابلے کے طور پر : بے قرینہ طور پر ۔

Scrambly : (a) بے قاعدہ : بے ترتیب : بے قرینہ ۔

Scran : (n) [Origin unkn.] بچا کھچا کھانا : خوراك : غذا : کھانا ۔

Bad scran to : خدا برا کرے ۔

Scran bag : (n) (۱) بچے کھچے کھانے کی جھولی ۔ (۲) جہاز پر پڑے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا تھیلا ۔

Scrannel : (a) [Origin unkn.] (۱) کرخت (آواز) ۔ (۲) کم : ناکافی ۔

Scranny : (a) [Origin unkn.] (۱) دبلا : سوکھا ہوا : نحیف : سوکھا ۔ (۲) ناکافی : تھوڑی (غذا) ۔ (۳) کم زور : مخبوط : سودائی ۔

Scrap : (n) [ON. 'Skrap'.] (۱) بچی کھچی (غذا) : ٹکڑا : بورا (روٹی کا) ۔ (۲) پارہ : ٹکڑا : دھجی : کترن : چھیلن : کھرچن ۔ (۳) نچڑی : تائی ہوئی چربی کا فضلہ : پھوك: مچھلی جس کا تیل نکال لیا گیا ہو : مچھلی پھوك ۔ (۳)تراش (اخبار کا) : کتاب پارہ : اقتباس : (کسی کتاب میں سے) کوئی صفحہ یا کوئی تصویر ۔ (۵) (جمع) فضلہ : ردی : بے کار یا بچی کھچی (چیزیں). (٦)دھات کی چھیلن وغیرہ ۔ (۷) دیکھو Scrap-iron ۔ (۸) تمباکو کے بچے کھچے پتے (جو جھاڑو دینے میں جمع ھوں) : (جمع) موٹا کٹا ہوا تمباکو ۔

Scrap : (n) (۱) (عام) جھوڑ : جھڑپ : لڑائی بھڑائی : کش مکش : کھینچا تانی ۔ (۲) جھگڑا : بحث و تکرار ۔

Scrap : (v) جھڑپ ھو جانا : لڑائی ھو جانا : کسی سے الجھ پڑنا ۔

Scrap : (v) (۱) ٹکڑا ٹکڑا کر دینا : ردی کے ڈھیر میں ڈال دینا : بیکار قرار دینا (جہاز وغیرہ کو) ۔ (۲) (تیل نکال کر) مچھلی پھوك بنانا ۔

Scrap-book : (n) اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مرقع ۔

Scrap-heap : (n) ردی : فضول اور بے کار ردی کا ڈھیر ۔

Scrap-heap : (v) ردی کے ڈھیر میں ڈال دینا یا پھنکوا دینا ۔

Scrap-iron : (n) خردہ : ڈھلے ہوئے لوھے کی چیزوں کو دوبارہ ڈھالنے کے لئے ٹوٹے ہوئے ٹکڑے : پرانے لوھے کے ٹکڑے ۔

Scrap of paper : (n) ہوائی وعدہ ۔

Scrap value : (n) پھوٹ قیمت ۔

Scrap yard : (n) دیکھو Scrap-heap

Scrape : (n) (۱) چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ ۔ (۲) چھیلنا : کھرچنا ۔ (۳) بے ڈھنگی کورنش (ایك پاؤں پیچھے کر کے) ۔ (۳)سارنگی پر کمانچہ پھیرنا ۔ (۵) چھیلنے یا کھرچنے کی آواز ۔ (٦) کمر کوہ کو صاف کرنا ۔ (۷) مکھن کی پتلی تہ ۔ (۸) نا گوار یا بے ڈھب موقع : جھگڑا : تکرار ۔ (۹) تارپین جو درخت میں سے نکل کر سخت ھو جاتا ھے ۔

Scrape : (v) [ON. 'Scrapa'.] (۱) چھیلنا : کھرچنا : ہموار کرنا :

برابر کرنا ؛ صاف کرنا ۔ (۲) چھیل کر یا رگڑ کر داغ مٹانا یا ناہمواری دفع کرنا ۔ (۳) گڑھا کرنا ؛ کھودنا ۔ (۴) کھرچنے کی سی آواز پیدا کرنا یا نکالنا ؛ بے چینی کی حالت میں یا مقرر کی آواز کو دبانے کے لئے پاؤں کی رگڑ سے ایسی آواز نکالنا ؛ تعظیماً جھکتے وقت بے ڈھنگے پن سے ایک پاؤں پیچھے ہٹنا ۔ (۵) سارنگی بجانا ۔ (۶)کسی سے رگڑ کھانا یا اس سے بال بال بچنا ۔ (۷)امتحان میں بہ مشکل کامیاب ہونا ۔ (۸) جز رسی یا کفایت شعاری سے یا مشکل سے روپیہ جمع کرنا ۔ (۹)کفایت شعاری کرنا ۔ (۱۰) پتھر پر کندہ کاری کرنا ۔ (۱۱) کوشش کر کے ملاقات یا آشنائی پیدا کرنا ۔

To scrape acquaintance : کوشش کر کے ملاقات یا آشنائی پیدا کرنا ۔

To scrape along : مشکل سے گزارہ کرنا ۔

To scrape through : (۱) بچ جانا ؛ بال بال بچ جانا ۔ (۲) مشکل سے امتحان میں کامیاب ہونا ۔

Scarpe down : (v) پاؤں کی آواز یا رگڑ پیدا کر کے خاموش کر دینا ۔

Scrape -gut : (n) سارنگی نواز ۔

Scrape of pen : (n) بد خط تحریر ؛ گھسیٹ ۔

Scraper : (n) (۱) چھیلنے والا ؛ کھرچنے والا ۔ (۲) چھیلنے یا صاف کرنے کا آلہ ؛ کھرچنی ؛ چھیلنی ؛ کھرپا ؛ ربنا ۔ (۳) نو آموز بر بط نواز ؛ اناڑی سارنگیا ۔ (۴) بخیل ؛ کنجوس ؛ جز رس ؛ کفایت شعار ۔ (۵) گڑھے یا نہر کھودنے کی مشین (جو گھوڑے یا بیل سے کھینچی جاتی ہے) ۔

Scrapiana : (n) [f. 'Scrap'.] متفرق ادبی اقتباسات ۔

Scrapie : (n) [f. 'Scrape + -ie'.] جانوروں کی خارش جس میں وہ سب اپنا بدن دیوار یا درخت وغیرہ سے رگڑنے لگتے ہیں ۔

Scraping : (a) کنجوس ؛ بخیل ؛ کفایت شعار ۔

Scraping : (n) (۱) چھیلنا ؛ کھرچنا ؛ رگڑنا ۔ (۲) رگڑنے یا کھرچنے کی آواز ۔ (۳) چھیلن ۔

Scrapman : (n) (۱) بیکار اور پرانے سامان بیچنے والا ۔ (۲) سگار کے لئے تنباکو کی آمیزش کرنے والا ۔

Scrappily : (adv.) بے کار طور پر ؛ اکھڑے پکھڑے طور پر ۔

Scrappiness : (n) بے جوڑ ہونا ؛ اکھڑ پکھڑ ہونا ۔

Scrapple : (n) چھیلنے یا رگڑنے کا آلہ ۔

Scrappy : (a) ٹکڑوں یا پرزوں یا بچی کھچی چیزوں پر مشتمل ؛ بے کار ؛ گری پڑی چیزوں سے بنایا ہوا ؛ بے جوڑ ؛ اکھڑا پکھڑا ۔

Scrappy : (a) جھگڑالو ؛ جنگجو ؛ نبرد جو ؛ آمادۂ پیکار ؛ فسادی ۔

Scrat : (n) حقیر چیز یا مقدار ۔

Scratch : (n) (۱) خراش ؛ کھرونچا ؛ خفیف زخم ۔ (۲) خراش کی آواز ۔ (۳) وہ خط جہاں سے حریف دوڑ کا آغاز کرتا ہے ۔ (۴)(جمع) گھوڑوں کی ایک بیماری ۔ (۵) سرسری میں یا جلدی میں کھینچا ہوا نشان یا نقشہ ۔ (۶) شکستہ ؛ گھسیٹ ؛ بد خط تحریر ۔ (۷) چھوٹا مصنوعی بال (Wig) ۔ (۸) مرغیوں کی غذا ۔ (۹) (بلیرڈ یا پول میں) ایسی ضرب جس کے لئے جرمانہ ادا کرنا پڑے ۔ (۱۰)(عام) زر ؛ روپیہ پیسہ ۔ (۱۱) (گھوڑا یا کتا) جس کا نام دوڑنے والوں کی فہرست سے خارج کرا لیا گیا ہو ۔

To bring to the scratch : مقابلے میں شریک ہونا ۔

To come up to (the) scratch : مقابلہ کرنا ؛ مقابلے کے لئے تیار ہونا ۔

To toe the scratch : (۱) دوڑتے وقت خط آغاز کا انگوٹھے سے چھونا ۔ (۲) (مجازاً) اپنے جتھے یا پارٹی کی ضروریات (خصوصاً دباؤ سے) پوری کرنا ۔

Scratch : (n) شیطان ؛ ابلیس جسے عموماً Old scratch کہتے ہیں ۔

Scratch : (a) (۱) سرسری یا جلدی میں بنایا ہوا یا کھینچا (نقشہ وغیرہ) ۔ (۲) اٹکل پچو یا اندھا دھند جمع کیا ہوا ؛ جلدی میں جمع کیا ہوا ؛ بے جوڑ ؛ متضاد ؛ بچ میل ۔

Scratch : (v) [f. blending of Scrat and Cratch.] (۱) کھرچنا ؛ چھیلنا ؛ نوچنا ؛ خراش لگانا ؛ کھرونچا مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ پنجہ مارنا ۔ (۲) اوپر ہی اوپر عمل کرنا ؛ تہ تک نہ پہنچنا ۔ (۳) کھجانا (خار پشت وغیرہ سے) ؛ سر کھجانا (پریشانی کی حالت میں) ۔ (۴) حروف یا تصویر بنانا (سطح پر) ۔ (۵) کھودنا (چھیل کر) ۔ (۶)کریدنا ۔ (۷) قلم زد کرنا (الفاظ وغیرہ کا) ؛ پنسل سے مٹا دینا ۔ (۸) خارج کر دینا (گھڑ دوڑ کی فہرست سے گھوڑے یا شخص کا نام) ۔ (۹) نکال لینا یا خارج کر لینا (گھوڑے یا امید وار کا نام) ۔ (۱۰) گھسیٹ لکھنا ۔ (۱۱) اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا ؛ جز رسی یا مشکل سے

روپیہ پیسہ جمع کرنا ۔ (۱۲) (پرندوں یا جانوروں کا) پنجے سے زمین کھودنا ۔ (۱۳) مشکل سے گزارہ کرنا ۔ (۱۴) روپیہ کمانے کے لئے جد و جہدکرنا ۔ (۱۵)(امریکی سیاست) پارٹی ٹکٹ سے امیدوار کا نام خارج کر دینا ۔ (۱۶) مقابلے سے ہٹ جانا ۔ (۱۷) (مزاحاً) قبول کی ہوئی دعوت کو نا منظور کر دینا ۔

To scratch among, on, through : زندگی کے دن کاٹنا : گزارہ : گزر کرنا ۔

To scratch one's head : سر کھجانا : سراسیمگی کی علامتیں ظاہر کرنا ۔

To scratch out : مٹا دینا : محو کر دینا ۔

To scratch the surface : اوپر ہی اوپر عمل کرنا : تہ تک نہ پہنچنا ۔

To scratch up : کھود کر جمع کرنا ۔

Scratch-back : (n) پیٹھ کھجوانے کا ایک آلہ ۔

Scratch-brush : (n) تار کا برش (صیقل وغیرہ کے لئے) ۔

Scratch-brush : (n) تار کے برش سے صیقل کرنا ۔

Scratch-cat : (n) (مزاحاً) کینہ پرور شخص ۔

Scratch-grass : (n) دیکھو Cleavers

Scratch line : (n) دوڑ کا خط آغاز ۔

Scratch-paper : (n) کاغذ کا ٹکڑا جس میں مختصر تحریر یا یادداشت وغیرہ لکھی جاتی ھے ۔

Scratch-player : (n) بہت اچھے کھلاڑی جس کو مشروط کھیل میں کسی قسم کی رعایت نہ دی جائے ۔

Scratch proof : (a) خراش سے محفوظ ۔

Scratch wig / -priwig : (n) چھوٹے بالوں کی ٹوپی جو سر کے صرف ایک حصے کو ڈھکے ۔

Scratched : (a) منسوخ ۔

Scratcher : (n) (۱) کھرچنے والا : چھیلنے والا : نوچنے والا ۔ (۲)چڑیوں کی ایک جنس جو زمین کرید کر دانہ نکالتی ھے ۔ (۳)(پلاسٹر کرنے میں) ابتدائی تہ کو کھردرا بنانے کا

آلہ ۔ (۴) (عام) جعل ساز ۔

Scratchily : (adv.) (۱) سرسری طور پر : معمولی طرح سے ۔ (۲) بچ میل یا بے میل یا بے جوڑ طور پر ۔

Scratchiness : (n) بچ میل پن : سرسری پن ۔

Scratchless : (a) (۱) بے خراش : بے زخم ۔ (۲) خراش سے محفوظ ۔

Scratchy : (a) (۱) (تصویر ، نقشہ وغیرہ) بھونڈا : سرسری : معمولی ۔ (۲) (قلم) کھردرا : کاغذ پر اٹکنے والا : چر چر کی آواز کرنے والا ۔ (۳) بچ میل : بے میل : بے جوڑ : مختلف الجنس ۔ (۴) نا ہموار : نا مسطح : کھردرا ۔ (۵) کم : نا کافی : خفیف ۔ (۶) سوزش پیدا کرنے والا : جھنجھلاہٹ پیدا کرنے والا ۔ (۷) (مجازاً) کینہ پرور : مکار ۔

Scrattle : (v) دیکھو Scratch, Scramble

Scrattling : (a) قلیل : ناکافی : کنگال ۔

Scraunch : (v) [Imitative] دیکھو Crunch

Scraw : (n) [Anglo- Irish.] سبزے کا تختہ : گھاس لگا تختہ ۔

Scrawl : (n) [Origin unkn.] (۱) بد خطی ۔ (۲) بد خط تحریر : بد خط : جلدی میں لکھی ہوئی تحریر یا رقعہ ۔

Scrawl : (n) کیکڑے (Dog-crab) کا بچہ ۔

Scrawl : (v) بد خط لکھنا : گھسیٹنا : گھسیٹ کر لکھنا ۔

Scrawler : (n) بد خط لکھنے والا : گھسیٹ کر لکھنے والا ۔

Scrawly: (a) بد خط : جلدی میں لکھی ہوئی (تحریر) ۔

Scrawm : (v) دیکھو Scramble, Clamber

Scrawny : (a) دبلا : سوکھا : سوکھا ہوا ۔

Scray : (n) [Origin unkn.] بحری ابابیل ۔

Scraze : (v) [Blending of Scratch, Graze.] چرنا : چرانا ۔

Screak : (v) [Of scand. origin.] (۱) چیخنا : چلانا : چلا اٹھنا : چنگھاڑنا ۔ (۲) (قبضے یا دھرے کا) چرچرانا ۔

Screak : (n) چیخ : چنگھاڑ : چرچراہٹ ۔

Screaky : (a) سمع خراش : چر چرانے والا ۔

Scream : (n) (۱) چیخ : چلانا ۔ (۲) (عام) کوئی چیز جس پر بے اختیار ہنسی آئے : تمسخر آمیز شخص یا چیز ۔

Scream : (v) [ME. 'Shreame'.] (۱) چیخنا : چلانا : چیخ اٹھنا : دہاڑیں مارنا ۔ (۲) (دخانی انجن وغیرہ کا) سیٹی بجانا ۔ (۳) غل کرنا : کوک مارنا (پرندوں کا) چنگھاڑ مارنا (جانوروں کا) ۔ (۴) بے اختیار ہو کر ہنسنا : ہنستے ہنستے بے قرار ہو جانا : پیٹ میں بل پڑ جانا ۔ (۵) چلا کر بولنا : چیخنا چلانا ۔ (٦) چیخ کر احتجاج کرنا ۔

Screamer : (n) (۱) چیخیں مارنے والا : چیخ و پکار کرنے والا ۔ (۲) کوک مارنے والا : چنگھاڑنے والا جانور : صراخ : مور امریکا : ابابیل کی قسم کا ایک پرندہ جو بہت تیز اڑتا ہے ۔ (۳) (عام) قہقہہ انگیز داستان : تمسخر خیز قصہ ۔ (۴) سنسنی خیز یا حیرت انگیز سرخی ۔ (۵) غیر معمولی سائز یا دلکشی کاآدمی ، جانور وغیرہ : نہایت عمدہ نمونہ ۔ (٦) نقطۂ فجائیہ ۔

Screamily : (adv.) چیخ و پکار کے طور پر ۔

Screaminess : (n) چیخ و پکار کی عادت ۔

Screaming : (a) (۱) چیخنے والا : چنگھاڑنے والا ۔ (۲) قہقہہ انگیز : تمسخر خیز : حیرت ناک : نمایاں ۔ (۳) اعلیٰ : نہایت عمدہ : بہت اچھا ۔

Screaming : (n) چیخ : چیخنا : چلاہٹ : چنگھاڑنا : چنگھاڑ ۔

Screaming meemies : (n) [Origin unkn.] دہشت : اعصابی ہسٹریا ۔

Screamingly : (adv.) چیخ کر : چلا کے ۔

Screamy : (a) پر شور : چیخ و پکار کرنے والا : غضبناک : غصہ ور ۔

Scree : (n) [Back formation from 'Screes'.] (۱) پہاڑ کی ڈھلان (جس پر سنگریزے اور پتھر پڑے ہوں) ۔ (۲) (ڈھلوان پہاڑ کے) سنگریزے جو چلنے سے پھسلتے ہوں ۔

Screech : (v) [alt. of 'Scritch'.] (۱) چیخنا : چلا اٹھنا : چنگھاڑنا : چیخیں مارنا : ڈر سے چیخنا : خوف سے چلا اٹھنا ۔ (۲) غصے میں چنگھاڑنا : چیخ کر بولنا ۔

Screech-bird : (n) یورپی طوطی ۔

Screech-hawk : (n) پشه خوار : عاطف الریاح ۔

Screech-martin : (n) یورپی سماسه : عوّار ۔

Screech-owl : (n) زور سے چیخنے والا اُلو : گُھگھو : بوم : مرغ حق ۔

Screech-thrush : (n) یورپی طوطی ۔

Screecher : (n) (۱) چیخنے والا ۔ (۲) بعض قسم کی یورپی چڑیا ۔

Screechy : (a) پر شور : چلانے والا یا والی ۔

Screed : (n) [OE.'Screade'.] (۱) طولانی ناگوار تقریر : طویل خط : اکتا دینے والا خطبہ یا تقریر ۔ (۲) دفتر شکایات : شکوے کا طومار ۔ (۳) گارے ، چونے یا لکڑی کی پٹی جس سے سطح پر پلاستر کیا جاتا ہے اور جو خانوں میں تقسیم ہوتی ہے ۔ (۴) زمین کا پتلا قطعہ : قطعۂ زمین ۔ (۵) (اسکاچستان) مئے نوشی کا دور ۔

Screen : (n) [ON. Fr. 'Escren'.] (۱) چق : چلمن : پردہ ۔ (۲) ٹٹی : آڑ : اُوٹ : قنات ۔ (۳) منقش دیوار جو صحن وغیرہ کو محصور کرتی ہے ۔ (۴) گرجے کا بر آمدہ ۔ (۵) چہرے یا بُشرے کی صورت (کسی خیال یا جذبے کو چھپانے کے لئے) ۔ (٦) تدبیر یا جتن (چھپانے یا حفاظت کی غرض سے) ۔ (۷) اس طرح کی حفاظت ۔ (۸) نوٹس بورڈ : تختہ جس پر اعلان وغیرہ چپکائے جاتے ہیں : تختۂ اعلان ۔ (۹) چادر وغیرہ جس پر لالٹین سے تصویریں ڈالی جاتی ہیں ۔ (۱۰) بڑی چھلنی (اناج ، کوئلہ وغیرہ چھاننے کے لئے) : چھلنا : غربال ۔ (۱۱) غیر موصل : برق روک : مقناطیس روک : برقی پردا ۔ (۱۲) (مجازاً) حفاظت کرنے والی چیز : سزا یا تنقید سے بچانے والی چیز ۔ (۱۳) (کرکٹ) پردہ جو دونوں وکٹ کے پیچھے خط حدود پر لگا دیا جاتا ہے تاکہ بلے بازوں کو صاف دکھائی دے ۔ (۱۴) پردۂ سیمیں : سنیما کا پردا ۔ (۱۵) چلمن : دریچہ : کھڑکی کی چلمن ۔ (۱٦) فوج کی ٹکڑی جو کسی علاقے کی حفاظت کے لئے دشمنوں کے علاقے کی طرف تعینات کر دی جاتی ہے ۔ (۱۷) دھواں : تبدیل ہیئت یا قدرتی عناصر جو فوج کی حفاظت کرتے ہیں ۔ (۱۸) دوست ملکوں کی ہوائی حملے سے حفاظت کے لئے ہوئی نگرانی ۔

Collapsible screen : ته پذیر اوٹ ۔

Fire screen : آگ روک پردا ۔

Folding screen : مڑواں چلمن : ته پذیر چلمن : ٹوٹواں پٹی ۔

Screenplay : (n) سنیما بنانے کے لئے لکھی ہوئی کہانی جس میں کردار، مناظر، مکالمے، ہدایت وغیرہ سبھی کچھ شامل رہتے ہیں ۔

Screeny : (a) جالی نما؛ پردا نما ۔

Screeve : (v) [ME. 'Scryven'.] رِسنا؛ پھوٹ نکلنا ۔

Screeve : (v) لکھنا؛ رنگین چاک سے لکھنا؛ تصویر کھینچنا؛ فرش وغیرہ پر تصویر کھینچنا (توجه مرکوز کرکے بھیک حاصل کرنے کے لئے) ۔

Screw : (n) [OFr. 'Escroue'.] (۱) پیچ ۔ (۲) پیچ کا پھرا ۔ (۳) ترچھا گھومنا؛ غیر متوازی حرکت ۔ (۴) کنجوس؛ مکھی چوس؛ بخیل؛ مول تول کرنے والا ۔ (۵) چھوٹا سا مڑا ہوا تمباکو کا کاغذ ۔ (٦) تنخواہ؛ مزدوری ۔ (۷) برما کا پیچ ۔ (۸) جہازی پنکھا؛ پیچ دار پنکھا ۔ (۹) پیچ دار پنکھے سے چلنے والا جہاز ۔ (۱۰) پیچ کسنا ۔ (۱۱) (بلیرڈ) ایک ضرب؛ (کرکٹ) (گیند پھینکتے وقت) گیند کو گھمانا ۔ (۱۲) ناکارہ گھوڑا؛ نکما یا بڈھا گھوڑا؛ بد لگام یا شریر گھوڑا ۔ (۱۳) مباشرت؛ جماع؛ ہم بستری ۔ (۱۴) کنجی؛ چابی ۔ (۱۵) داروغۂ زنداں؛ جیل خانوں کا کنجی بردار؛ پولس ۔ (۱٦) (عام) بیوقوف؛ احمق ۔ (۱۷)نظر؛ نگاہ ۔ (۱۸) مروڑ؛ اینٹھن؛ تشنج ۔ (۱۹)آزار رسانی کا ایک آلہ ۔

Archimedes, water screw : Archimedean screw دیکھو

A screw loose : (مجازاً) کسر؛ فتور؛ نقص ۔

Bench screw : پیچ میں لگا ہوا شکنجہ ۔

Common screw : مشترک پیچ ۔

Double screw : دوہرے پھراؤ والا پیچ ۔

Endless screw : ہمیشہ گھومنے والا پیچ؛ حلقہ پیچ ۔

Female screw : دوران پیچ؛ اندرونی پیچ؛ اندر دندانے والا پیچ ۔

Interupted screw : پیچ جس کے دندانے گھس گئے ہوں ۔

Male screw : بیرونی پیچ؛ بیرونی پیچ؛ باہر دندانے والا پیچ ۔

Perpetual screw : دائمی پیچ ۔

The screws : (۱) آزار رسانی کا ایک آلہ جس سے قیدیوں

Silver screen : پردۂ سیمیں؛ سنیما کا پردہ؛ سنیما ۔

Screen : (v) (۱) پردا کرنا؛ آڑ کرنا؛ چھپانا؛ اوجھل کرنا؛ بچانا؛ امکانی خطرے یا کسی دشمنی سے محفوظ کرنا؛ حفاظت کرنا؛ پناہ دینا ۔ (۲) چھاننا؛ پوست کو فضلے سے جدا کرنا ۔ (۳) (فوٹوگرافی) پردا جو تصویر لیتے وقت پیچھے لگا دیا جاتا ھے تاکہ عقبی منظر خوشنما معلوم ہو ۔ (۴) (فوج) فوجیوں کی چھوٹی جماعت فوج کی نقل و حرکت کو چھپانے کے لئے تعینات کرنا ۔ (۵) تختۂ اعلان پر چپکانا ۔ (٦) پردۂ سیمیں پر دکھانا؛ فلمانا ۔ (۷) باضابطہ جانچ کر جماعت بندی کرنا؛ (کسی علاقے کا) معائنہ کرنا (نا پسندیدہ چیزوں کو ہٹانے کے لئے) ۔ (۸) کھڑکی میں چلمن لگانا؛ (چھان بین کر کے) انتخاب کرنا؛ چھانٹ کر الگ کر دینا ۔ (۹) کسی شخص کے متعلق چھان بین کرنا ۔

Screen: (a) چلمن دار ۔ (۲) پردۂ سیمیں کا ۔

Screen-cloth : (n) چھلنی کا جال؛ کھڑکی یا دروازے کا جال ۔

Screen-craft : (n) (سنیما) فلم سازی ۔

Screen memory : (n) بچپن کی واقعی یا خیالی یاد جس میں واقعات کی صورت بدل یا بگڑ جاتی ھے اور دوسرے معنی خیز جذبات پر پردہ ڈال دیتی ھے ۔

Screen printing : (n) پردہ چھپائی؛ اسکرین پرنٹنگ ۔

Screen-stuck : (n) سنیما دیکھنے یا ایکٹر بننے کا خواہشمند ۔

Screen-test : (n) ایکٹر بننے کی خواہش رکھنے والے شخص کی صلاحیت کی جانچ (تصویر لے کر یا فلم بنا کر) ۔

Screen-wiper : (n) (موٹر یا بس کا) ہوا بست شیشه صاف رکھنے کا آلہ ۔

Screen-work : (n) جالی دار اوٹ ۔

Screening : (n) (۱) چھاننا؛ چھان بین کر انتخاب کرنا؛ چھانٹنا ۔ (۲) فلم کی نمائش ۔ (۳) (جماعت بندی کے لئے) پڑتال کرنا ۔

Screening : (n) ایکسرے کے ذریعے اندرونی اعضا کا طبی معائنہ ۔

Screenings : (n) فضله؛ بور؛ چوکر ۔

Screenland : (n) فلمی دنیا ۔

کے انگوٹھوں کو دبا دیا جاتا ھے ۔

To have a , screw loose : کوئی پیچ ڈھیلا ھونا : (مجازاً) کوئی کور کسر ھونا : خصوصاً دماغ میں فتور ھونا ۔

To put on, apply , return the screw or screws : (۱) پیچ کسنا ۔ (۲) دباؤ ڈالنا : اثر ڈالنا ۔ (۳) قرض ادا کرنا : قرض دینے پر پابندی لگا دینا : عائد کر دینا ۔

Screw : (v) (۱) پیچ کسنا : تنگ کرنا : چست کرنا : پیچ گھمانا : مروڑی دینا : پیچ پھرانا : مروڑنا : دبانا : پیچ لگانا ۔ (۲) ستانا : دق کرنا : پریشان کرنا ۔ (۳) کنجوس ھونا : بخیل ھونا : بخل کرنا : کنجوسی کرنا ۔ (۴) چھیننا : جھپٹنا : اینٹھنا : ہڑپ کر جانا : استحصال بالجبر کرنا ۔ (۵) کج روی کرنا : کج رو ھونا : منحرف ھونا ۔ (۶) نچوڑنا ۔ (۷) کوشش کر کے حاصل کرنا ۔ (۸) پیچ کی طرح داخل ھونا یا گھسنا : پیچ وخم راہ بنانا ۔ (۹) (مجازاً) کسی طرح داخل ھو جانا : گھس پیٹھ کرنا : چاپلوسی کے ذریعے قربت حاصل کرنا ۔ (۱۰) پیچ و خم کھانا ۔ (۱۱) گھومنا : مڑنا : (جسم ، سر وغیرہ) ۔ (۱۲) (کھیل) (کشتی کی دوڑ) بدن کو اِدھر اُدھر حرکت دینا : (کرکٹ) گیند کو گھمانا (پھینکتے وقت) : (گھڑ دوڑ) (گھوڑے کو) کسی مزاحمت یا رکاوٹ کے باوجود آگے بڑھنا ۔ (۱۳) (برف کی بہتی ھوئی چادروں کا) آپس میں ٹکرا جانا ۔ (۱۴) مرغولہ دار کھانچ بنانا : بھراؤ بنانا : پیچ بنانا ۔ (۱۵) پیچ بانی جہاز میں سفر کرنا ۔ (۱۶) اپنی مرضی کے مطابق معنی بدل دینا ۔ (۱۷) (عام) دھوکا دینا ۔ (۱۸) مباشرت کرنا : ہم بستر ھونا : ہم بستری کرنا ۔ (۱۹) ہر قفلی کنجی کے ذریعہ گھر میں گھسنا (چوری کرنے کے لئے) ۔ (۲۰) (عام) گڈمڈ کر کے خراب کر دینا ۔ (۲۱) (عام) جلدی سے چلا جانا : فوراً روانہ ھونا ۔ (۲۲) قیمت کر دینا ۔

To have one's head screwed on the right way : سمجھنا : سمجھ رکھنا ۔

To screw (a person's) neck : گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔

To screw down /-up : کسنا : پیچ کے ذریعے جوڑ دینا ۔

To screw in : دوڑ کے آخر میں نکل جانا ۔

To screw in /-up : کمر کس کر تنگ کرنا ۔

To screw up : (۱) پیچ کسنا ۔ (۲) (قیمت کرایہ وغیرہ) اینٹھنا : وصول کرنا : حد سے زیادہ بڑھا دینا ۔ (۲) کاغذ کو موڑ کر مرغولہ بنانا ۔ (۳) ناك بھوں سکیڑنا ۔

Screw around : (v) وقت گزارنا : وقت ضائع کرنا : آوارہ پھرنا ۔

Screw ball : (a) (۱) مخبوط ۔ (۲) معمول کے خلاف رد عمل کرنے والا ۔

Screw-battery : (n) ایسا فوجی دستہ جس کی توپیں بلند یا نیچی کی جاسکتی ھیں ۔

Screw-bean :(n) ایك قسم کی سیم جس کی پھلی پیچ جیسی ھوتی ھے ۔

Screw-blank : (n) دھات کا ٹکڑا جس کا پیچ بنایا جائے ۔

Screw-bolt : (n) پیچ دار بلی : پیچ دار چٹخنی : قابلہ ۔

Screw-bolt : (v) پیچ دار بلی لگانا ۔

Screw-box : (n) چوبی پیچ پر چوڑی بنانے کا آلہ ۔ (۲) پیچ کا خانہ ۔

Screw-cannon / Screw back cannon : (n) (بلیرڈ) گیند کے نچلے حصے میں مار کر دو گیندی ضرب لگانا ۔

Screw cap : (n) چوڑی دار ڈھکن (بوتل ، مرتبان وغیرہ کا) ۔

Screw couplinf : (n) جوڑ کا یا جوڑی والا پیچ : دایاں اور بایاں مادہ پیچ جس کے ذریعہ نلوں وغیرہ کے سرے ملائے جاتے ہیں ۔

Screw-cutter : (n) پیچ تراش : مروڑی کٹ : پیچ تر کاٹنے کا آلہ : آلۂ پیچ تراش ۔

Screw-dock : (n) (امریکا) گودی جس کے گہوارے جہاز کو پیچ کے ذریعے اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Screw drive : (v) پیچ سے کسنا ۔

Screw driver : (n) (۱) پیچ کش ۔ (۲) وڈکا (Vodka) اور سنگترے کے عرق کا مخلوط ، مشروب جس میں برف ڈال کر پیش کیا جاتا ھے ۔

Screw engine : (n) (۱) پیچ کے ذریعے پانی اوپر چڑھانے کی کل ۔ (۲) جہازی پنکھا چلانے کا انجن ۔

Screw-eye : (n) ناکے کا پیچ : حلقہ دار پیچ : جس میں اوپر تاگے وغیرہ کے لئے حلقہ بنا ھوتا ھے ۔

Screw-gear : (n) پیچ کی گراری : پیچ گیرہ : دندانے دار پیچ ۔

Screw-head : (n) پیچ کاسر ۔

Screw hook : (n) پیچ دار ہك : پیچ دار کانٹا یا آنکڑا ۔

Screw-jack : (n) (۱) آلۂ دندان سازی : دنتوڑا : دندان پیرا : ایک آلہ جس کے ذریعے دانتوں میں فاصلہ درست کیا جاتا ہے ۔ (۲) شہِ پیچ ۔

Screw-joint : (n) (میکانیات) نلوں کے سرے کا پیچ کے ذریعے ملایا ہوا جوڑ ۔

Screw-key : (n) (۱) پیچ کی سنسی ۔

Screw-kick : (n) ایسی کِک جس سے گیند جھونک کھا جائے ۔

Screw-machine : (n) (۱) پیچ کے ذریعے چلنے والی مشین ۔ (۲) پیچ بنانے کی مشین ۔

Screw-nut : (n) ڈھبری ۔

Screw-peg :(n) بے سر کا چھوٹا پیچ جو جوتے کے تلے میں لگایا جاتا ہے ۔

Screw-pile : (n) گھماؤ پیچ ۔

Screw-pin : (n) چوڑی دار پن: شکنجے کی پن :(مشین کا پرزہ وغیرہ) درست کرنے کا پیچ : پیچ کی مشین ۔

Screw pine /-palm : (n) انناسیہ درخت جس کے پتے بل کھاتے ہوئے انناس کی طرح ہوتے ہیں : درخت کیوڑہ ۔

Screw-plate : (n) چھلنا : جس میں پیچ کاٹنے کے روزن بنے ہوتے ہیں؛ مسحبہ ۔

Screw-pod : (n) (۱) دیکھو Screw-bean ۔ (۲) پیچ قرنہ : یہ ایک پودا ہے جس کے ڈوڈے پیچیدہ اور خمیدہ ہوتے ہیں ۔

Screw-press : (n) شکنجہ (خصوصاً جلد سازوں اور مطبع والوں کا)۔

Screw-propeller : (n) جہازی پنکھا یا بادکش جو پانی یا ہوا کو کاٹتا ہوا چلتا ہے: پیچ دار پنکھا۔

Screw-pump : (n) دیکھو Achimedean pump

Screw-ship : (n) رفاسہ : بادکش دار : پیچ بانی جہاز۔

Screw-spanner : (n) پیچ کی سنسی ۔

Screw-stone : (n) پتھر جس میں متحجر سوسنیہ کا قالب ہوتا ہے ۔

Screw-tail : (n) چھوٹی گرہ دار اور اینٹھی ہوئی دم خصوصاً بُل ڈاگ (Bull-dog) کی ۔

Screw tool : (n) پیچ بنانے کا خراد ۔

Screw-top : (n) پیچ دار ڈھکن والا (مرتبان ، بوتل وغیرہ) ۔

Screw up : (n) (۱) کسنا : پیچ کسنا ۔ (۲) (کرایہ وغیرہ) حد سے بڑھا دینا ۔

Screw-wheel : (n) پیچ پہیا : پیچ گیرہ کا دندانے دار پیچ ۔

Screw-worm : (n) ماس مکھی کا پہل روپ ۔

Screw-wrench : (n) پیچ کی سنسی ۔

Screwable : (a) پیچ کشی کے لائق : کسنے ، کھینچنے کے لائق ۔

Screwback : (n) (بلیرڈ) گرداں حرکت جس سے گیند دوسری گیند سے ٹکرا کر واپس آجاتی ہے ۔

Screwball : (n) (۱) (بیس بال) گیند کو اس طرح پھینکنا کہ خط منحنی کے مخالف سمت میں چکر کھائے ۔ (۲) خبطی ۔

Screwed : (a) (۱) کسا ہوا : پیچ لگا ہوا ۔ (۲) (عام) متوالا : بد مست ۔

Screwer : (n) پیچ کسنے والا : پیچ کش ۔

Screwing : (n) پیچ کاٹ ۔

Screwman : (n) (۱) دھات کی چادر بنانے والی مل کا وہ شخص جو مشین میں دھات ڈالتا ہے اور پیچ کے ذریعے چادروں کی موٹائی کو خواہش کے مطابق درست کرتا ہے ۔ (۲) دمکل وغیرہ کے لئے راستہ بنانے والا ۔ (۳) روئی کی گانٹھوں کو جہاز پر لادنے والا ۔

Screwy : (a) (۱) مخمور : مست ۔ (۲) نکما : ناکارہ : بد لگام (گھوڑا)۔ (۳) کنجوس : بخیل ۔ (۴) خبطی : سنکی : نرالا آدمی ۔

Scribal : (a) [f. 'Scribe'.] (۱) کاتب یا کتابت سے متعلق ۔ (۲) حبری: یہودی عالم سے متعلق ۔

Scribble : (n) شکستہ : گھسیٹ : بد خط تحریر : قافیہ پیمائی : بے معنی تحریر ۔

Scribble : (v) [med. L. 'Scribillare'.] (۱) گھسیٹنا : بد خط لکھنا : جلدی میں لکھنا : شکستہ لکھنا ۔ (۲) قلم برداشتہ لکھنا : بے پروائی سے لکھنا : لکھ مارنا : گھسیٹ دینا ۔ (۳)(عموماً طعن یا بناوٹی انکسار سے) اخبار نویس ہونا : جریدہ نگاری کرنا ۔ (۴) قافیہ پیمائی کرنا : تك

بندی کرنا : شعر گوئی کرنا ۔

Scribble : (v) [Du. 'Schrobbelen'.] دھنکنا : تومنا (روئی ، اون وغیرہ) ۔

Scribblement : (n) شکستہ : گھسیٹ : بد خط تحریر ۔

Scribbler : (n) شکستہ نویس : بد خط : بد نویس : تک بند ۔

Scribbler : (n) روئی دھنکنے کی چرخی : دھنکنی ۔

Scribbling : (n) (۱) گھسیٹنا : بد خط لکھنا ۔ (۲) شکستہ تحریر : بد خط تحریر ۔

Scribbling : (n) دھنکنا : دھنائی ۔

Scribbling-itch : (n) ایک قسم کی خارش ۔

Scribblingly : (adv.) گھسیٹ کر : بد خط طور پر ۔

Scribe : (n) [L. 'Scriba'.] کاتب : منشی : محرر : لکھنے والا : تحریر کرنے والا : تحریر کنندہ : نویسندہ ۔ (۲) (انجیل میں) قدیم یہودی نویسندہ : محافظ نوشتہ جات : نوشتہ دار : صاحب و قائع : ربی ۔ (۳) یہودی عالم : حبر ۔ (۴)مصنف : جریدہ نگار : اخبار نویس : کرائے کا (سیاسی) اخبار نویس ۔

Scribe : (n) (۱) (علم النجوم و تعمیرات) گنیا : خط کش : جس سے تختے وغیرہ پر نشان لگاتے ہیں۔

Scribe : (v) خط ڈالنا : نشان لگانا ۔

Scribe-mark : (n) لکڑی کے کندے پر پرکار سے بنایا ہوا نشان ۔

Scriber : (n) نشان انداز : خط کش ۔

Scribing : (n) نشان لگانا : پیسے کا شناختی نشان ۔

Scribism : (n) قدیم یہودی عالموں کے ارشادات اور تصانیف نیز ان کے اوصاف ۔

Scriggle : (v) [Blending of Wriggle and Struggle.] بل کھانا : اینٹھنا : جد و جہد کرنا ۔

Scriggle : (n) بل : لہر ۔

Scrim : (n) [Origin unkn.] (گون وغیرہ کا) استر : استر کا کپڑا ۔

Scrimmage/ Scrummage : (n) کھینچا تانی : کشمکش : چھینا جھپٹی بہت سے اشخاص سے خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں) : گتھم گتھا : پشت مشت ۔

To carry the scrimmage : کھینچاتانی میں مخالف کو دبانا ۔

To hold the scrimmage : مخالف کو بڑھنے سے روکنا ۔

Scrimmage / Scrummage : (v) گتھم گتھا ہونا : کھینچا تانی کرنا ۔

Scrimp : (a) [Origin unkn.] کم : قلیل : نا کافی : تنگ ۔

Scrimp : (v) (۱) تنگ کرنا : سکیڑنا : کم کرنا ۔ (۲) کنجوسی کرنا : بخیل ہونا : کنجوس ہونا ۔

Scrimpiness : (n) (۱)بخالت : بخیلی : کنجوسی : جز رسی ۔ (۲) کمی : ناکافی ہونا : قلت ۔

Scrimpy : (a) (۱) بخیل : کنجوس : جز رس ۔ (۲) کم : نا کافی : کم حجم کا ۔

Scrimshank : (v) [Origin unkn.] (فوجی عام) کام چور ہونا : گولی بچانا : کام سے کترانا ۔

Scrimshanker : (n) کام چور : کام سے کترانے والا ۔

Scrimshaw : (n) [Origin unkn.] جڑت : گل کاری (خصوصاً ملاحوں کو بطور تفنن) ۔

Scrimshaw : (v) جڑت کرنا : گل بوٹے بنانا : سجانا : صدف کاری کرنا ۔

Scrimy : (a) [Origin unkn.] (۱) بخالت : کنجوسی ۔ (۲) گندہ : تھکا دینے والی ۔

Scrin : (n) چھوٹی رگ معدن ۔

Scrinch : (n) [Origin unkn,] ذرہ بھر : چٹکی بھر ۔

Scriniary : (n) [Late L. 'Scrinarius'.] محافظ دفتر خانہ ۔

Scrip :(n) [OFr. 'Escrep(p)oe'.] فقیر کی جھولی : زنبیل : کشکول : کچکول : بستہ : جز دان : بقچہ ۔

Scrip : (n) [Short for 'Subscription'.] (۱) کچی رسید : مشروط صداقت نامۂ زر جو چند روز کے لئے باقاعدہ صداقت نامۂ زر کا قائم مقام ہوتا ھے : رقعہ : پرچہ : چٹھی ۔ (۲)تجارتی قیمت جو چھپی یا لکھی ہوئی قیمت سے ۲۵

فی صد کم ہوتی ہے ۔

Scripee : (n) وہ جسے کچی رسید پر زمین دی جائے ۔

Script : (n) [OFr. 'Escript'.] (۱) (قانون) اصل تحریر یا دستاویز ۔ (۲) تحریر : لکھائی : نوشت : ہاتھ کی : قلمی تحریر : محفوظ ۔ (۳) کسی زبان کو لکھنے کا طریقہ : تحریر : خط : رسم الخط ۔ (۴) حروف تحریری : ایسے سربی حروف جو قلمی حروف کی نقل ہوں ۔ (۵) دستی تحریرسے مشابہ چھپائی کا ٹائپ ۔ (٦) (تھیٹر) دیکھو Manuscript ۔ (۷) تحریری جواب (امتحان دینے والے کا) ۔ (۸) نشریہ : ڈرامہ : تقریر وغیرہ کا متن ۔

Script : (v) (۱) دستاویز تیار کرنا ۔ (۲) مسودہ تیار کرنا ۔

Script-girl : (n) فلم ڈائرکٹر کی سکریٹری ۔

Scripter : (n) مسودہ لکھنے والا ۔

Scriptorium :(n) [med. L.] دارالانشاء : محرر خانہ : کتابت خانہ (خصوصاً خانقاہوں میں) ۔

Scriptural : (a) [L. 'Scripturalis'.] توراتی : انجیلی : منصوص : کتاب مقدس کا : منقولی ۔

Scripturalism : (n) (۱) نصیات : حدیثیات ۔ (۲) منقولات پسندی : منقولیت ۔

Scripturalist : (n) انجیلی : انجیل پرست : نصی : منقولی : منقولات کا قائل ۔

Scripturally : (adv.) منقولانہ : ازروئے منصوص : بطریق منقول ۔

Scripturalness : (n) منقولیت : منصوبیت ۔

Scriupture : (n) [L. 'Scriptura'.] (۱) انجیل : بائیبل (خواہ اس میں عہد عتیق کی غیر معتبر کتابیں شامل ہوں یا نہ ہوں) : توریت : زبور : صحیفے : صحف انبیا ۔ (۲) غیر عیسائی قوموں کی دینی کتابیں مثلاً وید ، شاستر ، پران اور قرآن شریف وغیرہ : کتاب اللہ : مذہبی کتاب ۔ (۳) مستند تحریریں : (قدیم) کتبہ : نوشتہ ۔

Scripturism : (n) انجیل پر اعتماد یا وثوق : انجیل پرستی ۔

Scripturist : (n) (۱) انجیل وغیرہ کا ماہر : ایسی کتابوں یا صحیفوں پر عبور کہنے والا ۔ (۲) اہل صحیفہ : اہل انجیل ۔

Scriptwriter : (n) فلم : ریڈیو یا ٹیلیویژن وغیرہ کا مسودہ لکھنے والا : مسودہ نویس ۔

Scritch : (n) چیخ : چنگھاڑ ۔

Scritch : (v) [OE. 'Scriccettan'.] چیخنا : چنگھاڑنا : چلانا ۔

Scritch-owl :(n) دیکھو Screech-owl

Scrivener : (n) [ME. 'Scrivein'.] (۱) عرضی نویس : قبالہ نویس : کاتب : محرر : تحریر کنندہ : نویسندہ ۔ (۲) مہاجن : ساہوکار : دلال ۔ (۳) ناظر رجسٹری ۔

Scrivener's cramp/-palsy :(n) عُسر کاتب : تشنج کاتب : ایک قسم کا اعصابی مرض جس سے انسان لکھنے کے قابل نہیں رہتا ۔

Scrivenery : (n) عرضی نویسی : قبالہ نویسی : کتابت : ساہوکاری ۔

Scrivening : (n) کتابت : عرضی نویسی ۔

Scriver : (n) (۱) (اسکاچستان) مصنف : تحریر کنندہ ۔ (۲) کاٹنے چھانٹنے کا اوزار ۔

Scrobicular : (n) (حیوانیات) شیار گول سے متعلق : رن سے متعلق ۔

Scrobiculate : (a) (نباتیات و حیوانیات) رن دار : شیار دار : جھریالا : شکن پر شکن : پر چین : شکن دار ۔

Scrobiculated : (a) دیکھو Scrobiculate

Scrobicule : (n) [L. 'Scrobiculus'.] (حیاتیات) رن : پچك : شیار گول ۔

Scrod/Scrode : (n) [Origin unkn.] تین پاؤنڈ سے کم وزن کی تلی ہوئی یا ابالی ہوئی کاڈ مچھلی ۔

Scrofula : (n) [Late L. 'Scrofulide'.]: خنازیر : کنٹھ مالا : پنجیران : گلسوا ۔

Scrofulide : (n) [Fr. 'Scrofulide'.] ایک قسم کا خنازیری یا گلٹی دار مرض ۔

Scrofulous : (a) (۱) خنازیری ۔ (۲) مریض خنازیر ۔ (۳) (ادب وغیرہ) فحش ۔

Scrofulously : (adv.) بطور (مرض) خنازیر ۔

Scrufulness : (n) خنازیریت ۔

Scroll chuck : (n) طوماری پك؛ پیچك دار گیرك ۔

Scroll-gear : (n) مرغولہ دار یا لپیٹ کی گراری : گیرہ جس میں دندانے دار پہیے ہوں ۔

Scroll-head : (n) جہازی مرغول ۔

Scroll-lathe : (n) نقاشی خراد جس سے نقش و نگار بنائے جاتے ہیں ۔

Scroll-saw : (n) طوماری آرہ : پیچ آرہ : باریك آرہ ۔

Scroll-wheel : (n) دندانہ دار حلقہ یا چرخ ۔

Scroll-work : (n) نقش و نگار : بیل بوٹے : نقاشی کے نمونے ۔

Scrolled : (a) (۱) لپیٹا ہوا : نقش و نگار بنایا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) خمدار : خمیدہ : ٹیڑھا میڑھا ۔(۳) کتبوں یا مقولوں سے مزین ، منقوش ۔

Scrolly : (a) نقش و نگار سے مزین ۔

Scrooch : (v) دیکھو Crouch

Scrooge : (n) کنجوس آدمی ۔

Scroop : (v) [Imitative.] سامعہ خراش یا کرخت آوازیں نکالنا ۔

Scroop : (n) سامعہ خراش یا کرخت آوازیں ۔

Scrophularia : (a) [med. L. 'Scrofularia'.] جنس علف خنازیر ۔

Scrophulariaceous : (a) جنس علف خنازیر سے متعلق ۔

Scrotal : (a) [f.'Scrotum'.] خصیہ دانی کا؛ صفنی ۔

Scrotiform : (a) تھیلی نما؛ صفنی نما ۔

Scrotocele : (n) فتق صفن : صفنی قیلہ : خصیہ دانی کا دنبل یا ورم : قروہ ۔

Scrotum : (n) [L.] خصیہ دانی : بیضہ دانی : خصیوں کی تھیلی : انڈکوش : صفن : فوطہ : کیسۂ خایہ ۔

Scrouge : (v) [alt. of 'Scruze'.] تکلیف دینا (دبا کر) : کسی شخص کی جگہ پر قبضہ کر لینا ۔

Scrounge : (v) (۱) تلاش کرنا : بغیر اجازت کے لے لینا : چرانا ۔ (۲) خوشامد سے راضی کر لینا : خوشامد سے اینٹھ لینا ۔ (۳) بھیک مانگتے پھرنا : بھیک مانگ کر حاصل کرنا ۔

Scrounger : (n) تلاش کرنے والا : مانگتے پھرنے والا ۔

Scrow : (n) [AFr. 'Escrowe'.] چمڑے کی پٹیاں جن سے سریش بناتے ہیں ۔

Scrub : (n) [Var. of 'Shrub'.] (۱) روئیدگی : گھاس پھوس : گھاس پات : جھاڑ جھاڑی : جھاڑ جھنکار ۔ (۲) ٹھنٹھ درخت : زیر درختی ۔ (۳) پست قد مویشی ۔ (۴) سفیہ : کمینہ : سفلہ : پاجی : ذلیل ۔

Scrub : (n) (۱) جھاڑو دینا : مل مل کے دھونا (خدمت گار یا غلام کی طرح) کام کرنے والا : مل مل کے دھونے یا صاف کرنے والا ۔ (۲) چھوٹے کڑے بال والا برش ۔ (۳) (امریکا) کھلاڑی جو کسی باضابطہ ٹیم سے تعلق نہ رکھتا ہو : بھٹکل کھلاڑی ۔ (۴) دوسری یا کم زور ٹیم ۔ (۵) برش نما چیز : مونچھ ۔ (۶) خادم : ملازم : خدمت گار ۔

Mallee scrub / Horizontal- : آسٹریلیا کے زیر درختی ۔

Scrub :(a) بے حقیقت : ہیچ : فرومایہ ۔

Scrub : (v) (۱) گھسنا : مانجھنا : چھانٹنا ۔ (۲) مل مل کے دھونا یا صاف کرنا (خصوصاً جھاڑو سے) ۔ (۳) جھاڑو دینا : جھاڑن سے جھاڑنا ۔ (۴) (کوئلہ گیس کے) بعض اجزا چن لینا : نکال لینا : خارج کر دینا ۔ (۵) (جراحی کے لئے) صاف کر کے تیار کرنا ۔

Scrub-game : (n) بے ریاضت کھلاڑیوں کا کھیل ۔

Scrub-itch : (n) نیوگنی کے جنگل میں پیدا ہونے والی خارش ۔

Scrub-oak : (n) بونا بلوط : امریکی بلوط ۔

Scrub-race : (n) بے ریاضت کھلاڑیوں کی دوڑ ۔

Scrub-up : (n) (۱) صفائی : صاف کرنا ۔(۲) طبی طریقے سے پاك کرنا (جراحی کے لئے) ۔

Scrubber : (n) (۱) جھاڑو : پوچھن ۔ (۲) گیس کو صاف یا خالص بنانے کا اوزار : گاز روب ۔

Scrubbing : (n) دھونا : صاف کرنا : آلائش دور کرنا ۔

Scrubbing-brush : (n) سخت بالوں والا برش ۔

Scrubby : (a) (۱) جس کی باڑھ ماری گئی ہو : ٹھنٹھ ۔ (۲) جھاڑیوں

سے بھرا ۔ (۳) حقیقت : ہیچ : فرومایہ : کم رُو ۔

Scruff : (n) [Alt. of 'Scruff'.] گدّی : فضا : پشت گردن : گردن کا پچھلا حصہ ۔

Scruff : (n) (۱) جلد کی بھوسی : پپڑی : بفا : خشکی ۔ (۲) پتلی تہ: پپڑی ۔ (۳) فضلہ : ناکارہ چیز : ردی ۔ (۴) (تحقیراً) روپیہ پیسہ : زر ۔

Scruffy : (a) (۱) ذلیل : حقیر : پھوہڑ ۔ (۲) فلس دار : بھوسے دار : پرت دار ۔

Scrum : (n) [abbrev. of 'Scrummage'.] دیکھو Scrimmage

Scrum-half : (n) (فٹ بال) وہ ہاف بیک جو گیند کو کھلاڑیوں کے ہجوم میں ڈالتا ھے ۔

Scrummage : (n & v) دیکھو Scrummage

Scrump : (n) [of Scand. Origin.] خستہ چیز : کراری چیز ۔

Scrum : (v) [of Scand. Origin.] مرجھانا : سوکھ کر چرمر ہو جانا: سکھا کر چر مر کر دینا: سکڑنا ۔

Scrumptious : (a) [Origin unkn.] (۱) خوبرو : وضع دار : نازک : نازک مزاج : تنک مزاج : مشکل سے خوش ہونے والا ۔ (۲)لذیذ : مزہ دار ۔ (۳) بہت خوب : عمدہ ۔

Scrumptiously : (adv.) وضع داری سے : عمدہ طور پر ۔

Scrumptiousness : (n) لذیذ ہونا: عمدگی : خوب روئی ۔

Scrumpy : (n) سیب کی خانہ ساز شراب ۔

Scrunch : (n) چرمراہٹ : چرمر کی آواز ۔

Scrunch: (v) [Expressive alt. of 'Scrunch'.] دیکھو Crunch

Scrunchy : (a) چرمرانے والا : چرمر کی آواز نکالنے والا ۔

Scrunty : (a) پست قد : بونا : جس کی بڑھوتری رك گئی ہو ۔

Scruple : (n) [Fr. 'Scrupple' or L. 'Scrupulus'.] (۱)عطاروں کا ایك وزن بقدر ۲۰ گرین : یکماشی ۔ (۲) ایك ڈگری کا چھٹا حصہ ۔ (۳) کم وزن : ہلکا : چھوٹی مقدار : بہت چھوٹا حصہ ۔

Scruple : (n) جھجھك: تامل : پس و پیش : ارتیاب (جو کسی اخلاقی یا اعتقادی بنا پر ھو) : احتیاط : اخلاقی عذر : ضمیر کا وسوسہ ۔

To have scruples : جھجھك محسوس کرنا : پس و پیش کرنا ۔

To have little, no rupees : جھجھك محسوس کرنا : پس و پیش کرنا : تامل کرنا ۔

To make scruple : شك کرنا : احتیاط برتنا ۔

Without scruple : بلا تامل : بلا جھجھك ۔

Scruple : (v) پس و پیش کرنا : تامل کرنا : جھجھکنا : ہچکچانا : احتیاط برتنا : محتاط ھونا : شك و شبہ کرنا ۔

Scruple of conscience : (n) ضمیر کا وسوسہ ۔

Scrupler : (n) پس و پیش کرنے والا : شك و شبہ کرنے والا ۔

Scrupulist : (n) شك و شبہ پیدا کرنے والا : مشکلات پیدا کرنے والا ۔

Scrupulosity : (n) [Fr. 'Scrupulosite' or L. 'Scrupulositas'.] حزم : احتیاط : تدین : شك : وہم ۔

Scrupulous : (a) [Fr. 'Scrupleux'. or 'L. 'Scrupulosus'.] (۱) متامل : شکی : وہمی ۔ (۲) محتاط : متدین : احتیاط پسند ۔ (۳) صحت پسند : صداقت پرست : نکتہ چیں ۔ (۴) ٹھیك ٹھیك : صحیح : بے کم و کاست ۔

Scrupulously : (adv.) احتیاط پسندانہ : محتاطانہ : پوری دیانت داری سے : احتیاط سے :غور و فکر کے ساتھ : تامل یا اندیشے سے ۔

Scrupulousness : (n) دیکھو Scropulosity

Scrutable : (a) قابل جانچ : قابل پڑتال : قابل تفتیش ۔

Scrutation : (n) [L. 'Scrutari'.] جانچ : پڑتال : تفتیش ۔

Scrutator : (n) (۱) مُفتش : جانچ پڑتال کرنے والا : ناظر : خصوصاً وہ شخص جو اخباروں کے خطوں وغیرہ کی پڑتال کرتا ھے: موشگاف ۔ (۲) ووٹوں کی جانچ پڑتال کرنے والا ۔

Scutineer : (n) جانچ پڑتال کرنے والا : پڑتال کنندہ : تنقیح کرنے والا : وہ شخص جو ووٹوں کی پڑتال کرتا ھے : مفتش آرا ۔

Scrutinize : (n) جانچنا : پڑتالنا : جانچ پڑتال کرنا : تفتیش کرنا :

آزمائش کرنا : تلاش کرنا : تجسس کرنا ۔

Scrutinizer : (n) دیکھو Scrutineer

Scrutinously : (a) متجسسانہ : تجسس و تلاش سے ۔

Scrutiny : (n) [L. 'Scrutinium'.] (۱) جانچ پڑتال : تنقیح : تلاش : تجسس : احتساب : پرسش : دیکھ بھال ۔ (۲) انتخابی پرچیوں کی جانچ پڑتال : احتساب آرا : تنقیح آرا ۔

Scrutoire : (n) [Var. of 'Escritoire'.] دیکھو Escuritoire

Scruze : (v) [Perh. blending of 'Scren' and 'Squeeze'.] نچوڑنا : کچلنا : بھینچنا ۔

Scry : (v) [Aphetic f. 'Descry'.] عمل حاضرات میں بلور کااستعمال کرنا : بلور برتنا یا دکھانا ۔

Scryer : (n) عامل بالبلور : بلور نما : عامل بلور بینی ۔

Scuba : (n) [f. 'Self-contained underwater breathing'.] زیر آب سانس لینے کا آلہ ۔

Scud : (n) (۱) ریل : ریل پیل : بھاگ دوڑ : دوڑ دھوپ ۔(۲) اڑتا بادل: تیز رو ابر ۔ (۳) چھینٹا بارش کا ۔ (۴) ہوا کا جھونکا ۔ (۵) سمندری جھاگ جو ہوا کے جھونکے کے ساتھ بہے ۔ (۶) (اسکول عامیانہ) تیز دوڑنے والا ۔ (۷) دو گوں پایہ خار پوست کی ایک قسم ۔

Scud : (v) [Alt. of 'Scut'.] (۱) دوڑ جانا : بھاگتے چلے جانا : ہوا ہو جانا : کافور ہو جانا ۔ (۲) (بحری) ہوا کے آگے آگے چلا جانا ۔ (۳) (جھاگ سمندر ، بادل وغیرہ کا) ہوا کے ساتھ بہنا ۔ (۴) (تیر کا) نشانے سے ہٹ کر بالا روی کرنا ۔ (۵) بھاگ جاؤ : جلدی کرو ۔

Scud : (v) [Blend of 'Scum'. and 'Mud'.] (چمڑے کو) کھرچ کر بال وغیرہ صاف کرنا ۔

Scuddle : (v) بھاگ کھڑے ہونا : فرار ہونا : کافور ہو جانا ۔

Sruddy : (a) [Origin unkn.] ننگا : عریاں ۔

Scudo : (n) [It.] اسکوڈو : ایک قدیم اطالوی نقرئی سکہ ۔

Scuff : (n) گدی : پشت گردن ۔

Scuff : (v) [of Scand Origin.] (۱) ہلکے سے چھوتے ہوئے گزر جانا : پاؤں سے(زمین ، تختے وغیرہ کا) چھیلنا : برابر کر دینا ۔ (۲) گھسیٹ کر چلنا : (پیر وغیرہ) رگڑ کر چلنا ۔ (۳) چلتے چلتے گھس دینا ۔ (۴) گھونسا مارنا : تھپڑ مارنا ۔ (۵) پاؤں سے الٹ پھیر کر دینا ۔

Scuff : (n) (۱) گھونسا : مکا : طمانچا : تھپڑ ۔ (۲) پاؤں گھسیٹ کر چلنے کی آواز ۔ (۳) رگڑ : خراش ۔ (۴) ایک قسم کا سلیپر (جوتی) ۔

Scuffed : (a) گھسا ہوا : خستہ : فرسودہ ۔

Scuffer : (n) (۱) ایک قسم کا سلیپر ۔ (۲) دیکھو Scruffler ۔

Scuffle : (n) (۱) کشتم کشتا : پکڑ دھکڑ : لڑائی بھڑائی : لڑائی دنگا : ہاتھا پائی : دھینگا مشتی ۔ (۲) بڑبڑانا :(پاؤں) رگڑ کر چلنا ۔

Scuffle : (n) [Du. 'Schoffel'.] (۱) آلۂ کشاورزی : ہل ۔ (۲) (باغبانی کا) بیلچہ : کھرپا ۔

Scuffle : (v) [of Scand origin.] (۱) دھکم دھکا کرنا : لپٹ جانا : گتھ جانا: کشتم کشتا کرنا یا ہونا ۔ (۲) جلدی سے جانا: جلدی بازی کرنا ۔ (۳) پاؤں گھسیٹ کر چلنا ۔ (۴) الٹ پلٹ کر دینا ۔

Scuffle : (v) کھرپے سے کھودنا : زمین کھرچنا ۔

Scuffler : (n) دھکم دھکا کرنے والا ۔

Scuffler : (n) زمین کھرچنے کا آلہ یا اوزار ۔

Scufflingly : (adv.) دھکم دھکا کرتے ہوئے ۔

Scug : (n) [ON. 'Skuggi'.] (۱) سایہ : پرچھائیں ۔ (۲) پناہ : جائے پناہ ۔ (۳) محفوظ جگہ خصوصاً پہاڑی کا دامن ۔

Scug : (v) (۱) چھپانا : محفوظ کرنا ۔ (۲) (گناہ وغیرہ) چھپانا ۔

Scug : (n) [Origin unkn.] گھر گھسنا : ایسا طالبعلم جو میل جول ، کھیل کود میں حصہ نہ لے اور مردانہ اخلاق و اطوار سے عاری ہو : بد وضع ذلیل آدمی ۔

Sculch : (n) فضول چیز : ردی چیز ۔

Sculduddery : (n) [Origin unkn.] ناشائستہ اور ذلیل حرکت ۔

Scull : (n) [Origin unkn.] (۱) ڈانڈ : چپو ۔ (۲) (جمع) ایک یا دو چپوؤں والی کشتیوں کی دوڑ ۔ (۳) چپو چلانا ۔

Scull : (v) (۱) چلانا : کشتی چلانا : ڈھکیلنا (کشتی کو) چپو سے : کھینا : چپو چلانا ۔ (۲) کشتی سے پار کرنا یا کرانا ۔ (۳) کشتیوں کا چپو سے چلنا ۔ (۴) چت تیرنا ۔

Scull : (n) بعض قسم کی مرغابیاں ۔

Scull : (n) ایک قسم کی ٹوکری ۔

Sculler : (n) کشتی بان چپو چلانے والا : چپو سے چلنے والی کشتی : ناؤ : چھوٹی کشتی ۔

Scullery : (n) [AFr. 'Squillerie'.] باورچی خانے کا ایک حصہ جہاں برتن رکھے اور دھوئے جاتے ہیں : برتن دھونے کی جگہ ۔

Scullion : (n) [Origin unkn.] برتن دھونے یا مانجھنے والا : شفرچی

Scullion : (a) ادنیٰ : گھٹیا : معمولی ۔

Sculp : (v) بت تراشنا : بت گری کرنا ۔

Sculp : (n) دیکھو Scalp

Sculp :(n) [ALt. of 'Scalp'.] سیل مچھلی کے بچے کی کھال ۔

Sculp : (v) سیل مچھلی کی کھال اتارنا ۔

Sculp : (v) پتھر کی سِل بنانے کے لئے (سلیٹ کو) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Sculper : (n) دیکھو Scorper

Sculpin : (n) [ALt. of 'Scorpene'.] (۱) بچھو مچھلی : خار مچھلی : امریکا کی خار دار بحری مچھلیوں کی بعض قسمیں ۔ (۲) ادنیٰ ناکارہ شخص یا جانور ۔

Sculpsit/ Sculpserunt : (v) بقلم فلاں : عمل فلاں : تصویر وغیرہ کے نیچے صناع اپنے نام کے ساتھ یہ لفظ لکھتے ہیں ۔

Sculptor : (n) [L. 'Sculptor'.] بت تراش : بت ساز : سنگ تراش : نقاش : بت گر ۔

Sculptress : (n) بت تراش عورت : سنگ تراش عورت ۔

Sculptural : (a) بت تراشی کا : سنگ تراشی کا ۔

Sculpturally : (adv.) بت تراشانہ : بت گرانہ ۔

Sculpture : (n) [L. 'Sculptura'.] (۱) سنگ تراشی : بت تراشی : بت سازی : نقاشی ۔ (۲) بت : مورت : تراشی ہوئی چیز ۔ (۳) (حیاتیات و نباتیات) سیپی وغیرہ پر ابھرے ہوئے یا اندر گھسے ہوئے نشان : نقوش (قدرتی) ابھرواں نقوش ۔ (۴) (ارضیات) نشانات فرسودگی ۔

Sculpture : (v) (۱) پتھر یا بت تراشنا : بت گیری یا نقاشی کرنا ۔ (۲) متمثل کرنا : تصویر یا مورت بنانا ۔ (۳) بت آرائی کرنا : بتوں یا مورتوں سے سجانا (مکان وغیرہ کو) ۔

Sculpturesque : (a) تماثیلی : بت دار ۔

Sculpturesquely : (adv.) بت کی طرح ۔

Sculpturing : (n) (۱) بت گیری : بت سازی ۔ (۲) نقوش ۔

Scum : (n) [MLG. MDU. 'Schum'.] (۱) کف : جھاگ : پھین : پھپھوندی : میل ۔ (۲) (مجازاً) فضلہ : تلچھٹ : ردی یا نکمی چیز : غثا : گاد ۔ (۳) ادنیٰ ترین خلائق : ذلیل ترین طبقہ ۔ (۴) کمینوں کی ٹولی ۔ (۵) کمینہ : بد معاش : ناکارہ شخص ۔

Scum :(n) (۱) جھاگ یا کف اتارنا ۔ (۲) جھاگ آنا : جھاگ ہو جانا ۔

Scumble : (n) ہلکا پچارا : رنگوں کا ہلکا کرنا : رنگ پیرائی ۔

Scumble : (v) [f. 'Scum+ -el.'] (روغنی تصویروں کا) رنگ ہلکا کرنا : پچارا دینا : ہاتھ پھیرنا (رنگ کا) ۔

Scumfish : (v) بے قابو کر دینا : بے بس کر دینا ۔

Scummer : (n) میل نکالنے کا برتن ۔

Scumming : (n) (۱) پھین یا میل وغیرہ نکالنا ۔ (۲) میل : پھین ۔

Scummy : (a) (۱) میل سے بھرا ہوا : پھین جیسا ۔ (۲) ذلیل : قابل نفرت : کمینہ : رذیل ۔

Scuncheon : (n) [OFr. 'Escoinson'.] (تعمیرات) کمانچہ : اندرونی پاکھا : چھت یا برج کے مثمن زاویوں کے نیچے کی محرابیں : شملہ ۔

Scunner : (n) نفرت : کراہت : تنفر ۔

To make a scunner at/ -against : نفرت کرنا : کراہت کرنا ۔

Scunner : (v) [Origin unkn.] (۱) غصہ ہونا : نفرت کرنا ۔ (۲) تنفر کرنا : نفرت یا کراہت پیدا کرنا ۔

Scup : (n) [Narragansett, 'Misheup'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Scuppaug : (n) [Narragansett. 'Mischcuppanog'.] دیکھو Scup

Scupper : (n) [Fr. 'Escopir'.] جہاز کی موری؛ آبریز؛ جہاز کا پرنالہ.

Scupper : (v) [Origin unkn.] (۱) (عام) یك بیك قتل عام کرنا : بیڑا غرق کرنا : فیصلہ کر دینا ۔ (۲) قتل ہو جانا : مارا جانا ۔ (۳) خطرے میں ڈال دینا : مشکل میں چھوڑ دینا ۔ (۴) گھات میں بیٹھنا : تاك میں رہنا ۔

Scuppernong : (n) ایك قسم کا انگور ۔

Scuppit : (n) [ME. 'Scopette'.] چھوٹا بیلچہ ۔

Scurf : (n) [Late OE. 'Scurt'.] (۱) جلد کی بھوسی : میل : پپڑی : بفا : خشکی : (خصوصاً) سر کی خشکی : شورۂ سر ۔ (۲) میل کچیل : پھپھوندی وغیرہ کی تہ جو کسی چیز کے اوپر جم جائے ۔ (۳) گیس قرنبیق کی اندرونی سطح پر جمع ہونے والا کوئلہ ۔

Scurf : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Scurf : (v) (۱) پپڑی پڑ جانا ۔ (۲) کھرچنا : بائلر یا قرنبیق کی سطح سے (سخت تہ نشیں مادے کو) کھرچنا ۔

Scurfily : (a) پپڑی کی طرح ۔

Scurfiness : (n) پپڑیلا پن : بھوسی کی کثرت: سر کی خشکی کی زیادتی۔

Scurfy : (a) پوست بستہ : پپڑیلا : پھپھوندی لگا : میلا کچیلا : داغ دار : شورہ دار ۔

Scurrile/ Scurril : (a) [Fr. 'Scurrile'. L. 'Scurrilis'.] فحش : دشنام آمیز : قبیح : گندہ : گندہ دہن : بد زبان ۔

Scurrility : (n) [Fr. 'Scurrilite'. or L. 'Scurrilitas'.] (۱) فحش گوئی : گندہ دہنی : دریدہ دہنی : بد زبانی : بد لگامی : بد کلامی : گالی گلوج : گالم گلوج ۔ (۲) کمینہ پن : پاجی پن : سفلہ پن ۔

Scurrilous : (a) دیکھو Scurrile

Scurrilously : (adv.) گندہ دہنی سے: بد زبانی سے: گالی گلوج کے طور پر : فحش گوئی سے ۔

Scurrilousness : (n) گندہ دہنی : فحش گوئی: گالم گلوج ۔

Scurry : (n) (۱) تیز خرامی : تیز روی : گریز پائی ۔ (۲) تیز روی کی آہٹ یا آواز : سر سراہٹ ۔ (۳) مختصر اور تیز گھڑ دوڑ۔ (۴) جھونکا: جھکڑ : آندھی ۔ (۵) جمگھٹا : اجتماع : مجمع : ہجوم ۔

Scurry : (v) [Second element from Hurryscurry, used independently.] کھسك جانا : فرار ہو جانا : جلدی جلدی چلنا : پو قدمے بھاگنا : کافور ہو جانا : رفو چکر ہو جانا ۔

Scurvied: (a) داء الجضری : اسقر بوطی : اسقر بوطی مریض : وہ شخص جس کو اسقر بوط کا عارضہ ہو : خارش زدہ ۔

Scurvily : (adv.) (۱) اسقر بوطانہ : اسقر بوطانہ مریض کے طور پر۔ (۲) کمینہ پن سے : قابل نفرت طور پر ۔

Scurvish : (n) ایك قسم کا پھول ۔

Scurvy : (n) اسقربوط : داء الحضر : حضر :یہ ایك مرض ہے جو فساد خون سے پیدا ہوتا ہے : اس کی علامت یہ ہے کہ مسوڑھے سوج جاتے ہیں جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے : فساد خون : خارش۔

Scurvy : (a) (۱) کمینہ : سفلہ : رذیل : فرومایہ : نفرا ۔ (۲) قابل نفرت : حقارت انگیز : کریہہ منظر : مکروہ : خسیس : دنی ۔

Scurvy-grass : (n) گیاہ اسقر بوط ۔

Scuse, 'scuse : (v) دیکھو Excuse

Scut : (n) [Origin unkn.] (۱)چھوٹی دم : ٹنڈ : خرگوش ، ہرن وغیرہ کی دم ۔ (۲) خرگوش ۔ (۳) قابل نفرت شخص ۔

Scutage :(n) [med. L. 'Scutagium'.] (تاریخ) زربدل : وہ محصول جو قرون وسطیٰ میں ذاتی خدمت انجام نہ دینے کے لئے معاوضہ میں دیا جاتا تھا : بدل خدمت ۔

Scutal :(a) ['Scutum+ -al'.] (۱)(حیوانیات) سپری فلوس سے متعلق ۔ (۲) (نقابت) سپری : متعلق بہ سپر : منسوب: بہ سپر ۔

Extra-scutal : (نقابت) سپر سے باہر کا ۔

Scutate : (a) [Scutum+ -ate.] (۱) (نباتیات) سپر نما ۔ (۲) (حیوانیات) سپری فلوس دار ۔

Scutated : (a) (حیوانیات) سپری فلوس دار ۔

Scutation : (n) (حیوانیات) سپری فلوس کی ترتیب ۔

Scutch :(n) [OFr. 'Escouche'.] (۱) ریشہ کوب : کتان کوب ۔

(۲) خشت تراشی ۔

Scutch : (n) [Var. of 'Squitch'.] دیکھو Quitch

Scutch : (v) (۱) کوٹ کر تیار کرنا یاصاف کرنا (خصوصاً سن کے کپڑے یا کتان کو) ۔ (۲) (اناج کو) پیٹنا (بالی سے چھڑانے کے لئے) ۔

Scutch : (v) [Prob. imitative.] ڈنڈے وغیرہ سے پیٹنا یا مارنا ۔

Scutch-mill : (n) پٹ سن تیار کرنے والی مل ۔

Scutcheon :(n) [var. of 'Escutcheon.] (۱) دیکھو Escutcheon ۔ (۲) تالاپتی جو قفل کے منہ پر لگا دیتے ہیں ۔ (۳) لوح ، تختی ، نام یا کتبہ کندہ کرنے کی غرض سے ۔

Scutcheoned : (a) ہتھیاروں کی تصوریروں سے آراستہ ۔

Scutcher : (n) (۱) ریشہ کوب : کتان : کوب ۔ (۲) گاہنے : دمانی یا دونی کرنے کی مشین کا وہ حصہ جو اناج کو بالی سے الگ کرتا ہے۔ (۳) ریشہ کوبی کرنے والا شخص ۔

Scute : (n) [L. 'Scutum'.] (۱) بڑی اور بھاری ڈھال : بیضوی یا نیم استوانی شکل کی : بدن پناہ : ڈھال : سپر ۔ (۲)چھوٹا سکہ ۔ (۳)(تشریح) گھٹنے کی چپنی : رضفہ: کاسۂ زانو : کھپرا ۔ (۴) (حیاتیات) سپر نما تہ : سپر نما فلوس (مگر مچھ ، سنگ پشت اور بعض قسم کی مچھلیوں میں) ؛ سخت اور چپٹی ہڈی : ڈھال ہڈی ۔

Scutel : (n) (۱) (نباتیات) کھپرا : خول ۔ (۲)دیکھو Scutellum ۔

Scutella : (n) دیکھو Scutel

Scutellate : (a) ['Scutellum + -ate.] خول گشتہ : کھپرایا ہوا ۔

Scutellated : (a) دیکھو Scutellate

Scutellation : (n) خول گشتگی : فلوسیت : فلسی ترتیب ۔

Scutelliform : (a) طشتری نما ۔

Scutellum : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) کھپرا : خول : فلقۂ گیاہ ۔ (۲) (حیوانیات) کھپرا : خول : (کیڑے مکوڑوں اور پرندوں میں) تہ ، پرت وغیرہ : پرندوں کی ٹانگوں پر سینگ جیسا سخت پرت یا کھپرا ، فلس پائے پرند ۔

Scutibranch : (a) گھونگے سے متعلق ۔

Scutibranch : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Scutibranchian : (a) معدہ پایان کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scutibranchian : (n) معدہ پایان کی ایک جنس ۔

Scutibranchiate :(a) [mod. L. 'Scutibranchiata'.] معدہ پایان کی ایک جنس سے متعلق ۔

Scutibranchiate :(n) معدہ پا ۔

Scutiferous : (a) سپر دار ۔

Scutiform : (a) [L. 'Scutum' + -form.] سپر صورت : سپر نما : ڈھال کی شکل کا ۔

Scutiger : (n) [L. 'Scutum' + -ger'.] ایک قسم کا صد پا ۔

Scutigerous : (a) سپر دار ۔

Scutter : (n) رفو چکر ہو جانا : پو قدمی بھاگنا ۔

Scutter :(v) [perh. alt. 'Scuttle'.] فرار ہو جانا : رفو چکر ہو جانا ۔

Scuttle : (n) [ME. 'Scutel'.] (۱) اناج پچھوڑنے کی ٹوکری یا (اناج کو) بھوسا اُڑا کر صاف کرنے کی ٹوکری ۔ (۲) ایک قسم کی بڑی ٹوکری جو اوپر سے چوڑی اور نیچے سے پتلی ہوتی ہے ۔ (۳) ایک قسم کا بیلچہ ۔ (۴) دستہ دار کرچھا نما برتن کوئلہ جھونکنے کے لئے : کوئلہ دان ۔ (۵) بیر یا بوزہ کا بڑا جام ۔ (۶) دیکھو Coal-Scuttle ۔

Scuttle :(n) [Fr. 'Escontille'.] (۱) (بحری) موکھا : منفذ : (عرشوں کے درمیان گفتگو کرنے کے لئے) روزنۂ جہاز ۔ (۲)روشن دان : ہوا دان : موکھا جس میں کھولنے بند کرنے کا ڈھکن لگا ہوتا ہے ۔ (۳) موٹر گاڑی کا وہ حصہ جو انجن کو اس کے دھڑے سے ملاتا ہے ۔

Scuttle : (n) دیکھو Cuttle

Scuttle : (v) (۱) بھاگ کھڑے ہونا : فرار ہونا : کافور ہو جانا : رفو چکر ہو جانا : نوک دم بھاگنا : دم دبا کر بھاگنا : پتا توڑ دوڑنا ۔ (۲) کسی ملک کے قبضے سے دست بردار ہو جانا ۔

Scuttle : (n) فراری : گریز (خطرے یا مشکل کے موقع سے) ۔

Scuttle : (v) (۱) سوراخ کرنا : چھید کرنا خصوصاً جہاز کے پیندے میں سوراخ کرنا کہ ڈوب جائے ۔ (۲) پوری طرح سے تباہ

کر دینا۔ (۲) چھوڑ دینا۔

Scuttle-butt : (n) (۱) پانی بھرنے کا سوراخ دار پیپا : وہ پیپا جس میں سوراخ ہو۔ (۲) افواہ : اِدھر اُدھر کی باتیں۔

Scuttle-cask :(n) دیکھو Scuttle-butt

Scuttle-hole : (n) روشن دان : موکھا : شبکّہ : منفذ۔

Scuttleful : (n) ٹوکری بھر۔

Scutulum :(n) [L. 'Scutum'.] (۱) (مرضیات) سپر نما : پپڑی (جلدی بیماری کی)۔ (۲) (حیوانیات) کھپرا : فلس۔

Scutum : (n) دیکھو Scute

Scybalum : (n) [late and med. L.] (مرضیات) آنت کا خشک فضلہ : گھبیلا : سدّہ۔

Scye : (n) [Origin unkn.] (درزی کی اصطلاح) کوٹ کا وہ کھلا ہوا حصہ جس میں ایک آستین لگائی جاتی ہے۔

Scylla : (n) [Gr. 'Skylla'.] سلادیو : یونانی اساطیر کا چھ سروں والا عفریت جو ملاحوں اور جہاز رانوں کو پھاڑ کھاتا تھا یہ آبنائے سینا کی چٹان پر ایک گرد اب کے کنارے رہتا تھا۔

Scypha : (n) [Gr. 'Skyphe'.] (۱) قدیم یونان کا دو دستے والا پیالا : ساغر : سی فسی۔ (۲) تاج گل : کاسۂ گل : پھول کا کاسہ نما حصہ جیسا گل نرگس اور کائی نبات وغیرہ میں ہوتا ہے : برگ کاسہ۔

Scyphi- : جزو ترکیبی بمعنی "تاج گل" "برگ کاسہ"۔

Scyphiform : (a) (نباتیات) کاسہ نما : ساغر صورت : پیالہ نما۔

Scyphistoma : (n) کاسۂ دہن : منجھروپ فالودہ مچھلی۔

Scypho- : جزو ترکیبی بمعنی "کاسہ" "جام"۔

Scyphomancy : (n) پیالے کے ذریعے تفاؤل۔

Scyphomedusa : (n) (حیوانیات) دریائی جانوروں کا گروپ۔

Scyphophore : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Scyphose : (a) کاسہ دار : ساغر دار۔

Scyphostoma : (n) دیکھو Scyphistoma

Scyphus : (n) [L.] دیکھو Scypha

Scythe : (n) [OE. 'Sipe'.] (۱) درانتی : داس : منجل۔ (۲) تلوار کا دھار دار پھل جو قدیم جنگی رتھوں کے دھروں کے دونوں طرف لگا رہتا تھا۔

Scythe : (v) درانتی سے (فصل) کاٹنا : درانتا۔

Scythed : (a) (۱) پھل دار (رتھ)۔ (۲) درانتی سے کٹا ہوا۔

Scytheman : (n) (۱) درانتے والا : کھیت کاٹنے والا۔ (۲) درانتی سے مسلح فوج۔ (۳) (مجازاً) وقت اور موت۔

Scythian : (a) [L. 'Scythia'.] سیتھی : سیدی : تورانی۔

Scythian : (n) (۱) سیتھی : باشندۂ سیتھیا : تورانی۔ (۲) سیتھی زبان۔

Scythic :(a) دیکھو Scythian

Sdeath : (int.) کلمۂ حیرت و غضب : خدا تجھے مارے۔

Se- : (Prefix) لاطینی لاحقہ بمعنی "جدا" "بغیر"۔

Se-baptism : (n) خود کو بپتسما کرنے کا نظریہ۔

Sea : (n) [OE.] (۱) سمندر : بحر بحیرہ : ساگر : یم : دریا : قلزم۔ (۲) تری۔ (۳) کوئی خاص حصۂ بحر جو خشکی سے محصور ہو۔ (۴) موج : موجۂ دریا : تلاطم : موجوں کی سمت۔ (۵) مقدار کثیر : بہتات : افراط۔ (۶) یہودی مقتدا کے غسل کا بڑا پیتل کا ظرف۔ (۷) سمندر سے مشابہ کوئی چیز۔

Arm of the sea : خلیج : کھاڑی۔

At sea : (۱) سمندر میں ہونا : خشکی سے دور ہونا : جہاز پر ہونا : (بحیثیت ملاح)۔ (۲) (مجازاً) ششدر ہونا : حیران ہونا : ہکا بکا ہونا : چکنم میں ہونا۔

Beyond (the) sea or seas : (۱) سمندر پار : ان ملکوں میں جو سمندر پار واقع ہیں : ماورائے بحر۔ (۲) کسی ملک کے حدود یاحلقۂ حکومت سے باہر۔

By sea : سمندر سے : تری سے : براہ سمندر۔

High sea : گہرا یا کھلا سمندر۔

On or upon the sea : (۱) جہاز میں :کشتی میں۔ (۲) لب

دریا ؛ سطح سمندر پر ، سمندر کے کنارے ۔

Over the sea : سمندر کے وار پار ؛ سمندر کے اُس پار ۔

Salt or bitter sea : سمندر کا پانی ۔

The four seas : بحر رابعہ ؛ وہ چار سمندر جو برطانیۂ عظمٰی (Great Britain) کے چاروں طرف ہیں ۔

The seven sea : دیکھو Britol channel

To go to sea : بحری سفر کرنا ؛ ملاح ہونا ؛ ملاح بننا ؛ جہاز رانی سیکھنا ۔

To keep the sea : سمندر کی حفاظت کرنا (تاکہ دشمن قبضہ نہ کر لے) ؛ سمندر کو صاف رکھنا (اپنے جہاز وغیرہ سے) ۔

To put, put off, put out to sea : سمندر میں داخل ہونا ؛ بندرگاہ سے روانہ ہونا ، چلنا ۔

To sea : سمندر میں ۔

To stand out to sea : بندرگاہ سے چلنا ؛ روانہ ہونا ۔

To take the sea : جہاز پر جانا ؛ سوار ہونا ؛ سمندری سفر پر روانہ ہونا ۔

Sea : (a) سمندری ؛ دریائی ؛ بحری ۔

Sea-acorn : (n) بحری بلوط ؛ دریائی بلوط ؛ سمندری بلوط ؛ سیپ کی مچھلی ۔

Sea-adder : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Sea air : (n) بحری ہوا ؛ سمندری ہوا ؛ دریائی ہوا ۔

Sea-air : (a) بحری ہوائی ۔

Sea-anchor : (n) دریائی لنگر ؛ بحری لنگر ؛ یہ ایک قسم کا بادبان ہے جو جہاز کو ہوا کے رخ پر جانے سے روکتا ہے ۔

Sea-anemone : (n) سمندری پھول ۔

Sea-angel :(n) دیکھو Angel-fish

Sea arrow : (n) پرن کلی ؛ ایک قسم کی جھینگا ۔

Sea-bank : (n) (۱) بالو ٹیلا ؛ ریگی ٹیلا ۔ (۲) پشتہ جو سمندر کے کنارے بنایا جاتا ہے ۔

Sea-bass : (n) بعض قسم کی سمندری مچھلیاں ۔

Sea-bat : (n) ماہی پرند ؛ اڑنے والی مچھلی ۔

Sea-bathing : (n) بحری غسل ؛ ساگر اشنان ۔

Sea-beach : (n) ساحل (سمندر) ۔

Sea-bean : (n) (۱) ایک پھلی دار پودے کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا صمامہ صدف ۔

Sea-bear : (n) (۱) قطبی ریچھ ؛ خرس بحری ۔ (۲) سگ ماہی یا پشم دار دریائی بچھڑا جو بحرالکاہل کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے ؛ فرسیل ۔

Sea-beats : (n) ایک بحری جانور (چوپایہ) ۔

Sea-beaten / -beat : (n) سمندر زدہ ۔

Sea bed : (n) سمندری تہ ۔

Sea-beet : (n) چقندر کی قسم کا ایک پودا جو ساحل سمندر پر اگتا ہے ۔

Sea bells : (n) لبلابی ؛ ایک قسم کا بیل جو ساحل بحر پر ہوتی ہے ۔

Sea-belt : (n) (۱) میٹھی کائی ۔ (۱) ایک قسم کی بحری گھاس ، گیاہ دریائی ۔

Sea-bird : (n) ساحلی پرند ؛ طیرالبحر ۔

Sea-blubber : (n) فالودہ مچھلی ؛ جیلی فش ۔

Sea board : (n) ساحل بحری ؛ خط ساحلی ؛ ساحلی علاقہ ۔

Sea board : (a) ساحل بحری کا؛ ساحلی ۔

Sea-boat : (n) جہاز وغیرہ جو سمندر کی مخصوص صلاحیت رکھتے ہوں ۔

Sea-bob : (n) ایک قسم کی جھینگا مچھلی ۔

Sea-born : (a) بحری مخلوق ؛ جو سمندر میں پیدا ہو ؛ بحر زادہ ؛ دریا زادہ ۔

Sea-borne : (a) (۱) بحری ؛ دریائی ؛ سمندری ؛ جو شے براہ بحر لے

Semi-axis : (n) نیم محور ۔

Semi-barbarian : (a) نیم وحشی ۔

Semi-basement : (n) نیم تہ خانہ ۔

Semi-beam : (n) دیکھو Cantilever

Semi-bulb : (n) فرج کے دونوں طرف کے گنٹھی دار ابھاروں میں سے ایک ۔

Semi-bull : (n) مسند نشینی سے پہلے جاری کیا ہوا پوپ کا فرمان : نیم فرمان : کچا فرمان یا حکم ۔

Semi-castrace : (v) نیم آختہ کرنا ۔

Semi-centennial : (a) نیم صد سالہ : پنجاہ سالہ ۔

Semi-china : (n) چینی برتن سے مشابہ برتن ۔

Semi-choric : (a) آدھا انتری ۔

Semi-chorus : (n) آدھا انترا ۔

Semi-circle : (n) (۱) نیم دائرہ : نصف دائرہ ۔ (۲) نصف دائرے میں ترتیب ۔ (۳) زاویہ پیما ۔

Semi-circled : (a) نیم دائرہ نما : نصف دائرے میں ترتیب دیا ہوا ۔

Semi circular : (a) نیم مدور : نیم دائروی : کروی ۔

Semi-circular canal : (n) انابیب نیم دائری ۔

Semi-circularly : (adv.) نیم دائری کی شکل میں ۔

Semi-cirque : (n) نصف دائرہ ۔

Semi-collar : (n) نیم کالر ۔

Semi-colonial : (a) (۱) نیم نو آباد جو برائے نام آزاد ہو مگر در حقیقت کسی غیر ملک کے تسلط میں ہو ۔ (۲) جسے خام مال خریدنے اور مصنوعات بیچنے کے لئے غیر ممالک پر انحصار کرنا پڑے ۔

Semi-coma : (n) نیم کوما ۔

Semi-commercial : (a) نیم تجارتی ۔

Semi-conductor : (n) ناقص موصل ۔

Semi-consciously : (adv.) نیم شعوری طور پر ۔

Semi-consonat : (n) حرف علت (جو کبھی حرف صحیح بھی ہوتا ہے) : نیم صوتی ۔

Semi-coronated : (a) جس میں کانٹے یا بال وغیرہ کے نیم دائری گچھے ہوں ۔

Semi-coronet : (n) نیم گوشوارہ (زیور) ۔

Semi-cubical : (a) نیم کوب ۔

Semi-cylinder : (n) آدھا بیلن : نیم یا نصف اُستوانہ ۔

Semi-cylindrical : (a) نیم اُستوانی ۔

Semi-daily : (a) دن میں دوبارہ واقع ہونے والا : نیم روزہ ۔

Semi-daily : (adv.) دن میں دوبار ۔

Semi-deity : (n) نیم دیوتا (جو دیوتا اور انسان کی اولاد ہو) ۔

Semi-demi : (n) چوتھا حصہ : چوتھائی ۔

Semi-desert : (n) نیم ریگستان ۔

Semi-detached : (a) (۱) الگ تھلگ سا : نیم جدا ۔ (۲) ہم دیوار (مکان) ۔

Semi-difference : (a) دو مقداروں کے فرق کا نصف : نیم فرق ۔

Semi-diameter : (n) نصف قطر ۔

Semi-diurnal : (n) (۱)نیم یومیہ ۔ (۲)ہر بارہ گھنٹوں پر (واقع) ہونے والا ۔ (۳) (حشریات) جھٹپٹے کے وقت اڑنے والا ۔

Semi-divine : (a) نیم ربانی ؛ خدائی ۔

Semi-dome : (n) گنبد نما ؛ نیم گنبد ۔

Semi-double : (n) نیم جشن (مذہبی) ؛ وہ سالانہ جشن جس میں بھجن سے پہلے جوابی راگ کا ایک حصہ گایا جائے ۔ (۲) نیم ہزارہ (گل) ؛ نیم برگ ۔

Semi-double : (a) جس کی صرف بیرونی ڈنڈیاں پتیاں بنی ہوں(گل)۔

Semi-dress : (n) نیم رسمی لباس۔

Semi-durables/ -durable goods : (n) وہ اسباب (مثلاً کپڑے ، گھر کی آرائشی چیزیں وغیرہ) جن کی فائدہ مندی بتدریج کم ہوتی جاتی ہے ۔

Semi-elliptical : (a) نصف ناقص ؛ نصف بیضوی ۔

Semi-engaged : (a) (ستون) جو دیوار سے اس طرح منسلک ہو کہ اس کا صرف قطر باہر نکلا رہے ۔

Semi-erect : (a) خمیدہ ۔

Semi-fascia : (n) نیم بندھن ؛ نصف پٹی ۔

Semi-feral : (a) نیم وحشی ؛ نیم جنگلی ۔

Semi-final : (n) آخری میچ سے قبل کا میچ (کھیل) ۔

Semi-floret : (n) (نباتیات) نیم گلچہ ۔

Semi-fluid : (a) نیم سیال ؛ لزج ؛ نیم مائع ؛ گاڑھا ۔

Semi-form : (n) ناقص شکل ؛ (بلور) جس میں مقررہ تعداد کی آدھی سطحیں ہوں ؛ نیم سطحی ۔

Semi-formed : (a) نا مکمل ؛ ناقص ۔

Semi-fossil : (n) نیم متحجر ۔

Semi-girder : (n) بر آمدہ بیرم ؛ قنطروس ۔

Semi-globular : (a) نیم کُروی ۔

Semi-god : (n) نیم دیوتا ۔

Semi-governmental : (a) نیم سرکاری ۔

Semi-hard : (a) قدرے سخت ۔

Semi-horal : (a) نصف گھنٹے کا ۔

Semi-independent : (a) نیم آزاد (خصوصاً) نیم خود مختار ۔

Semi-infinite : (a) جو ایک طرف سے محدود دوسری طرف سے غیر محدود ہو ؛ نیم نا محدود ؛ نیم غیر محدود ۔

Semi-jobber : (n) تاجر جو تھوک فروش اور خردہ فروش دونوں ہو ۔

Semi-liquid : (a) نیم مائع ۔

Semi-literate : (a) (۱) نیم خواندہ ۔ (۲) جو صرف پڑھ سکے لکھ نہ سکے ۔

Semi-major axis : (n) نصف محوار عظم ۔

Semi-mensual : (a & adv.) نیم ماہا ؛ نیم ماہی ؛ دو ہفتے (کا) ۔

Semi-metal : (n) نیم دھات ؛ غیر ورق دھات ؛ نیم فلز ۔

Semi-metallic : (a) نیم فلزی ۔

Semi-millenary : (a) نیم صد سالہ ۔

Semi-monthly : (a) دیکھو Semi-mensual

Semi-monthly : (n) پندرہ روزہ (پرچہ وغیرہ) ۔

Semi monthly : (adv.) مہینے میں دو بار ۔

Semi-noctural : (a) نیم شبانہ ؛ نیم شبی ۔

Semi-nude : (a) نیم عریاں ۔

Semi-nymph : (n) ایسے کیڑوں کا منجھ روپ جس میں تبدیلی ہیئت بہت تھوڑی ہوتی ہے ۔

Semi-occasional : (a) کبھی کبھی ہونے والا ؛ گاہے گاہے واقع ہونے والا ۔

Semi occasionally : (adv.) کبھی کبھی ؛ گاہے گاہے ؛ وقتاً فوقتاً ۔

Semi-official : (a) نیم سرکاری ؛ نیم دفتری ۔

Semi officially : (adv.) نیم سرکاری طور پر ۔

Semi-opacity : (n) نیم شفافیت ۔

Semi-opal : (a) [Gr. 'Halbical '.] ادنیٰ قسم کا دودھیا پتھر : ناقص عین الہّر ۔

Semi-opaque : (a) نیم غیر شفاف : نیم شفاف : نیم غیر واضح : نیم تاریك ۔

Semi-organised : (a) نیم منظم ۔

Semi-oval : (a) نیم بیضوی ۔

Semi-palmate : (a) نیم پردہ پا ۔

Semi-permeability : (n) نصف نفوذ پذیری ۔

Semi-plume : (n) نیم بال : یك بازو : جس کے صرف ایك شاہ پر ہو : واحد پرہ ۔

Semi-porcelain : (n) دیکھو Semi-china

Semi-precious : (a) ادنیٰ : کم قیمت (جواہرات) ۔

Semi-quadrantally : (adv.) صفر یا ڈگری سے ۴۵ ڈگری تك ۔

Semi-quaver : (n) (موسیقی) نیم زمزمہ : آدھی گٹ کڑی : زمزمك ۔

Semi-quotes : (n) اکہری علامت اقتباس : واوین (' ') ۔

Semi-religious : (a) نیم مذہبی ۔

Semi-regid : (a) (ہوائی جہاز کے متعلق) جس کا غیر لچکدار پیندا گیس کے لچکدار خزانے سے ملحق ہو ۔

Semi-ring : (n) نیم حلقہ۔

Semi-rotary : (a) قدرے گرداں ۔

Semi-sacred : (a) دیکھو Semi-religious

Semi-savage : (a) نیم وحشی ۔

Semi-saxon : (a) سیکسن اور انگریزی کے بین بین ۔

Semi-saxon : (n) Semi-saxon زبان: قرون وسطیٰ کی ابتدائی انگریزی زبان۔

Semi-sextile : (a) نیم تسدیس ۔

Semi-skilled : (a) نیم ہنرمند : نیم ماہر ۔

Semi-square : (n) نیم قائمہ الزاویہ ۔

Semi-state : (a) نیم ریاستی ۔

Semi-steel : (n) نیم فولاد ۔

Semi-subterranean : (a) نیم زمین دوز ۔

Semi-sum : (n) دو مقداروں کی جمع کا نصف ۔

Semi-tangent : (n) نیم قوس کا مماس ۔

Semi-transparent : (a) نیم شفاف : قدرے شفاف ۔

Semi-uncial : (a) نیم جلی: ایك قسم کے حروف جو موجودہ بڑے حروف سے ملتے جلتے ہیں : یہ چوتھی اور آٹھویں صدی کے درمیان رائج تھے ۔

Semi-uncial : (n) نیم جلی تحریر ۔

Semi valves : (n) ہلال صمام ۔

Semi-vowel : (n) حرف علت (جو کبھی حرف صحیح بھی ہوتا ھے) : نیم صوتی ۔

Semi-weekly : (a) سہ روزہ ۔

Semi-weekly : (adv.) ہفتہ میں دو بار ۔

Semi-wildcat : (n) تیل کا کنواں جو نزدیك کھودا گیا ہو (کان سے) مگر کان کے میدان میں نہ ہو ۔

Semibreve : (n) سُرتی ۔

Semicolon : (n) وقف ناقص جسے ایك نقطے اور واؤ سے ظاہر کرتے ہیں۔

Semilunar : (a) (۱) ہلالی : نیم قمری : ہلال نما : خمیدہ : نیم قطری : جو صورت میں نیم قطر سے مشابہ ہو ۔

Semilunar : (n) خمیدہ ہڈی ، والو وغیرہ ۔

Semilunar bone : (n) خمیدہ ہڈی : عظم ہلالی : کمانی ہڈی ۔

Semilunate : (a) دیکھو Lunate

Semilune : (n) نیم قمری جسم : نیم قمر ۔

Seminal : (a) [Fr. or L. 'Semenalis'.] (۱) منوی : نطفی : تخمی : بیج کا: بیج کے اندر کا ۔ (۲) جس سے پیدائش یا افزائش ہو : ذریت افزا : نسل افزا ۔ (۳) بنیادی : ہونہار۔

Seminal fluid : (n) منی ۔

Seminal vesicle : (n) کیسۂ منی ۔

Seminally : (adv.) اصل کے لحاظ سے : منوی : تخمی یا ابتدائی طور پر۔

Seminar : (n) [G.] طلبا کی اعلیٰ جماعت جو کسی پروفیسر کی نگرانی میں تحقیقی کام کرتی ھے : جماعت علمی : سیمینار ۔

Seminarist : (a) مدرسے (خصوصاً کیتھولک) یا تعلیم گاہ کا : مدرسی ۔

Seminarist : (n) سولہویں اور سترھویں صدی عیسوی کا کیتھولک غیر ملکی پادری جس کی تعلیم غیر ملکی تعلیم گاہ میں ہوئی ہو ۔

Seminary : (n) [L. 'Seminarium'.] (۱) مدرسہ : درس گاہ : دارالعلوم ۔ (۲) (مجازاً) تعلیم و تربیت : اشاعت یا پیداوار کا مقام : اڈہ ۔ (۳) رومن کیتھولک یا جیسوئٹ فرقوں کے مدارس ۔ (۴) دیکھو Seminar ۔

Seminate : (v) تخم ریزی کرنا : بونا ۔

Semination : (n) [L. 'Seminatio'.] تخم ریزی : تخم کاری : بوار : نطفہ رسانی ۔

Seminiferous : (a) (۱) با تخم : تخم آور ۔ (۲) نطفہ دار : نطفہ رساں : منی بَر ۔

Seminiferous tubules : (n) انابیب منی بَر

Seminoma : (n) سلعۂ خصیہ ۔

Semiotics : (n) [Gr. 'Semiotikos'.] (۱) علم تشخیص علامات : علم علامات مرض ۔ (۲) لسانیات کا وہ شعبہ جو نشانات اور علامات سے بحث کرتا ھے ۔

Semioviparous : (a) نیم بچہ زا ۔

Semita : (n) [L.] (حیوانیات) چھوٹی چھوٹی گانٹھوں کی پٹی جو بعض قسم کے بحری خار پشت کی خصوصیات ھے ۔

Semite : (n) [mod. L. 'Semita'.] سامی : آلِ سام : اولاد سام : نسل سام جن میں عبرانی ، آرمینی ، حبشی ، عرب ، شامی وغیرہ اقوام شامل ہیں ۔

Semitertian : (n) ایک قسم کا وقفہ دار بخار ۔

Semitic : (a) [mod. L. 'Semiticus'.] سامی : نسل یا اقوام سام کا ۔

Semitic : (n) (۱) سامی زبان : عربی وغیرہ ۔ (۲) (جمع) سامی اقوام یا زبان کا مطالعہ ۔

Semitism : (n) (۱) سامیت : سامی اقوام کی خصوصیات : خصوصاً یہودیت ، عبریت ۔ (۲) سامی لفظ یا محاورہ ۔

Semitist : (n) ادب و علوم سامی کا عالم : سامیاتی : سامیت شناس : سامیت داں ۔

Semitize : (v) سامیت کے رنگ میں رنگنا : سامیانہ : سامی بنانا ۔

Semitonal : (a) نیم سرتی یا نغمہ سے متعلق ۔

Semitone : (n) [Fr. 'Semiton' or med. L. 'Semitonus'.] (۱) (موسیقی) نیم سرتی : نیم نغمہ : آدھا سُر ۔ (۲) (تصویر کا) ہلکا رنگ ۔ (۳) دھیمی آواز : مدھم آواز ۔

Semitonic : (a) نیم سرتی سے متعلق : نغماتی ۔

Semitropic : (n) نیم گرم : نیم حار ۔

Semmel : (n) [G.] ایک قسم کی روٹی ۔

Semmit : (n) [Origin unkn.] زیر قمیص یا بنیان ۔

Semnopitheque : (n) [Fr.] لنگور ۔

Semolina : (n) [It. 'Semolino'.] (۱) چوکر : بور : بھوسی : چھان ۔ (۲) دلیا : تھولی : روا : سوجی ۔

Semper- : (Prefix) لاطینی سابقہ بمعنی "دائمی" "دائم البقا" ۔

Semper-green : (a) سدا بہار ۔

Sempervirent : (a) سدا بہار ۔

Sempervivum : (n) [L.] ایک قسم کی بوٹی جو دیواروں اور چھتوں پر اُگتی ھے : جنس حتی العَلَم ۔

Sempitern : (a) [OFr. 'Sempiterne'.] دائمی : ازلی : آبدی : سرمدی : دوامی ۔

Sempiternal : (a) [Fr. 'Sempiterne'.] دیکھو Sempitern

Sempiternally : (adv.) دائماً : دائمی طور پر : ابدی طور پر ۔

Sempiternity : (n) دیکھو Eternity

Semple : (a) [Alt. of 'Simple'.] بھولا بھالا : سیدھا سادہ ۔

Semplice : (a) [It.] (موسیقی) بے ساختہ : سیدھا سادہ : بے تصنع ۔

Sempre : (adv.) [It.] (موسیقی) ہمیشہ ۔

Sempstress : دیکھو Seamstress

Semsem : (n) دیکھو Sesame

Semuncia : (n) [L. 'Semi' - + 'uncia'.] آدھا اونس : نصف اونس ۔

Sen : (n) [Jap.] (۱) ایک چھوٹا جاپانی سکہ (= ۱/۱۰۰ ین (Yen) ۔ (۲) انڈونیشیا کا سکہ (= ۱/۱۰۰ روپیہ) ۔

Senarian / Senarius : (n) [L.] ایک لاطینی بحر : شش رکنی : بحر مسد س ۔

Senary : (a) [L.] چھکا : شش گانہ : سُدسی : عدد چھ سے متعلق ۔

Senary division : (n) چھ حصوں میں تقسیم ۔

Senary-scale : (n) حسابی ترسیم : اعداد کا پیمانۂ اعداد : جس کا بنیادی عدد چھ ہو ۔

Senate : (n) [Fr. 'Senat'.] (۱) قدیم روما کی مجلس عمائد و اکابر جسے قانون سازی اور فیصلۂ خصومات کے بھی اختیارات حاصل تھے ۔ (۲) اکثر مجالس وضع قوانین کا دوسرا یا اعلیٰ ایوان یا شعبہ ۔ (۳) جامعہ کیمبرج وغیرہ اور دیگر اداروں میں یہ مجلس انتظامی یا جماعت عاملہ کے مرادف ھے ۔ (۴) مجلس قانون ساز : اس کے قوانین یا ارکان : سینیٹ ۔

Senate-house : (n) (۱) وہ عمارت جس میں سینیٹ کا اجلاس ھوتا ھے ۔ (۲) ایوان مجلس (خصوصاً کیمبرج میں) ۔

Senate-house examination : (n) کیمبرج یونیورسٹی میں ڈگری کا امتحان ۔

Senate-house problem : (n) کیمبرج کے ڈگری کے امتحان میں آنے والے ریاضی کے سوالات ۔

Senator : (n) [Fr. 'Senateur'.] (۱) مقنن : مجلس وضع قوانین کا رکن : واضع قانون ۔ (۲) کسی مجلس کا رکن ۔

Senatorial : (a) (۱) مجلس عمائد و اکابر کا : مجلسی : اکابری : عمائدی ۔ (۲) (قدیم روم کے صوبے زیر حکومت شہنشاہ کے بارے میں) جس کا انتظام مجلس اکابر چلاتی تھی ۔ (۳) (امریکا) سنیٹر منتخب کرنے کا مستحق ۔

Senatorial district : (n) (امریکا) سنیٹر کا انتخابی حلقہ ۔

Senatorial order : (n) (بعد کی) جمہوریہ روم کے شہریوں کے تین درجوں میں سے سب سے اونچا درجہ ۔

Senatorially : (adv.) اکابر کے طرز پر : بطریق اکابر ۔

Senatorian : (a) دیکھو Senatorial

Senatorship : (n) مجلس اکابر کی رکنیت : اکبریت ۔

Senatory : (n) جاگیر جو انیسویں صدی کے اوائل میں فرانس میں سنیٹر کو دی جاتی تھی ۔

Senatus / Senatus academicus : (n) [L.] (بعض جامعوں کی) مجلس منتظمین ۔

Senatus sonsultum : (n) [L.] (روم کی) مجلس اکابر کا فیصلہ ۔

Send : (n) (۱) (بحری) موج کے نچلے حصے کا جھونک : ھولا : بہاوا ۔ (۲) (اسی قسم کے تموج سے جہاز کا) غوطہ : ڈبکی ۔

Send : (v) [OE. 'Sendan'.] (۱) بھیجنا : روانہ کرنا : ارسال کرنا ۔ (۲) کہلا بھیجنا : پیام یا پیغام بھیج دینا ۔ (۳) نازل فرمانا : بخشنا : مرحمت کرنا (خدائے تعالیٰ کا) ۔ (۴) (آگے) بڑھنا یا بڑھانا : چلنا یا چلانا ۔ (۵) بر آمد ہونا : باہر آنا یا خارج کرنا : لے آنا (برگ و بار وغیرہ) : باہر نکالنا : پتے نکالنے یا پتیاں نکالنی ۔ (۶) نکال باہر کرنا ۔ (۷) جامعہ سے خارج کرنا : نام کاٹ دینا ۔ (۸) روانہ کرنا : چلتا کرنا : چلانا ۔ (۹) مشایعت کرنا : خیر باد کہنا : الوداع کہنا (کسی کو روانگی کے موقع پر) ۔ (۱۰) دیوانہ یا پاگل بنا دینا ۔ (۱۱) منگانا یا منگوانا : طلب کرنا : بلا بھیجنا ۔ (۱۲) (مجازاً) کسی مصنف کی طرف رجوع کرنے کی ہدایت کرنا ۔ (۱۳) بھیجنا : جانے پر مجبور کرنا : چلانا : سلا دینا ۔ (۱۴) میز یا دسترخوان پر کھانا لا کر رکھنا یا چننا ۔ (۱۵) (پتھر وغیرہ) پھینکنا : رسید کرنا (مکہ ، طمانچہ یا تھپانچہ) ۔ (۱۶) رخ کرنا : پھیرنا (خیال نظر وغیرہ) ۔ (۱۷) نکالنا : دینا : خارج کرنا ۔ (۱۸) آواز دور تک پہنچانا ۔ (۱۹) قوت یا ارتعاش کے ذریعہ بھیجنا ، بہنا ، بہایا جانا ۔ (۲۰) (قیمت وغیرہ) کم کرنا ۔ (۲۱) پھینکنا : پھینک کر مارنا ۔ (۲۲) (موسیقی کا) (کسی آدمی پر) اثر انداز ہونا ۔

To be sent (into the world) : (دنیا میں) بھیجا جانا : ظہور کرنا ۔

To send about one's business : برخاست کر دینا ۔

To send (a person) word : پیغام دینا : اطلاع دینا : مطلع کرنا ۔

To send flying , packing : کھڑے گھاٹ برخاست کر دینا۔

To send to school , collage : اسکول یا کالج میں داخلے کی فیس کی ذمہ داری لینا۔

To send in one's papers : استعفیٰ دینا۔

To send one's compliments, love, respect etc. : سلام ، تہنیت وغیرہ بھیجنا۔

To send to the right about : دشمن کی فوج کو بھگا دینا۔

Send : (v) غوطہ کھانا : سر کے بل گرنا (جہاز کا)۔

Sendal : (n) [OFr. 'Cendal'.] قدیم زمانے کا اعلیٰ ریشم۔

Send along : (v) (۱) تیر چلانا ۔ (۲) (مجازاً) ترقی وغیرہ کی رفتار تیز کرنا۔

Send away : (v) (۱) بھیجنا یا بھیج دینا۔ (۲) دور کرنا : نکال دینا۔

Send back : (n) (کرکٹ) بلے باز کو آؤٹ کر دینا۔

Send down : (v) (۱) ماتحت کے پاس بھیجنا۔ (۲) لڑکے کو جامعہ سے معطل کرنا یا نکال دینا ۔

Send for : (v) منگانا : طلب کرنا : بلا بھیجنا۔

Send forth : (v) (۱) باہر نکالنا : پیدا کرنا۔ (۲) بر آمد کرنا۔ (۳)شائع کرنا۔

Send in : (v) (۱) اپنا کارڈ (ملازم کے ذریعہ) بھیجنا۔ (۲) بھیجنا (بل وغیرہ) ۔ (۳) (کرکٹ) بلے باز کو کھیلنے کے لئے میدان میں بھیجنا۔

Send off : (v) روانہ کرنا : بھیجنا۔

Send off : (n) مشایعت : خیر باد : الوداع : تقریظ : کتاب وغیرہ کی تعریف ، مدح آمیز تبصرہ۔

Send on : (v) بھیجنا : پہلے بھیجنا ۔

Send out : (v) (۱)جاری کرنا : بھیجنا ۔ (۲) (گودام وغیرہ سے) بھیجنا ۔

Send out : (n) بھیجی ہوئی رقم : تقسیم کی ہوئی رقم۔

Send over : (v) سمندر پار بھیجنا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا

بذریعہ ہوائی جہاز۔

Send round : (v) (۱) گشت کرانا : گھمانا۔ (۲) بھیجنا : روانہ کرنا۔

To send round the hat : چندہ مانگنا : یا جمع کرنا۔

Send up : (v) (۱) نکالنا : خارج کرنا۔ (۲) کسی آدمی یا چیز کو اوپر بھیجنا : کھانا چننا : اپنا کارڈ بحیثیت ملاقاتی کے بھیجنا ۔ (۳) (اسکول) (انعام یا سزا کے لئے) کسی لڑکے کو ہیڈماسٹر کے پاس بھیجنا ۔ (۴) (عامیانہ) سزائے قید دینا : جیل بھیجنا۔ (۵) طنز کرنا۔

Send-up : (n) طنز۔

Sendee : (n) پانے والا : مُرسل علیہ۔

Sender : (n) (۱) بھیجنے والا : فریسندہ : مُرسل : ارسال کنندہ۔ (۲) آلۂ ترسیل۔

Sending : (n) (۱) ترسیل۔ (۲) پیغام ، وحی ، الہام وغیرہ۔

Seneca : (n) [DU. 'Sennecaas'.] مغربی نیویارک کے ایرو کیوئن (Iroquoian) ۔

Seneca grass : (n) ایک قسم کی گھاس : امریکی شیر گیاہ۔

Senectitude/ Senectude : (a) [med. L. 'Senectitudo'.] ضعیفی : بڑھاپا : پیری۔

Senega : (n) [Var. of 'Seneca'.] سانپ کی جڑ : بیخ مار ایک جڑی جس سے کھانسی کی دوا بناتے ہیں۔

Senegal : (n) مغربی افریقہ کی ایک ندی۔

Senegal-gum : (n) صمغ عربی : کیکر کا گوند۔

Senegin : (n) ایک نقلما شکر۔

Senesce : (v) [L. 'Senescere'.] سن رسیدہ ہونا : بڑھاپا ہونا۔

Senescence : (n) پیرانہ سالی : انحطاط۔

Senescent : (a) [L. 'Senescent'.] سن رسیدہ : مائل بہ پیری : انحطاط رسیدہ : سال خوردہ۔

Seneschal : (n) [OFr.] (۱) محل کا داروغہ : محل دار۔ (۲) انتظامیہ یا عدالت کا افسر (مثلاً کسی شہر یا صوبے کا گورنر)۔

Seneschalship : (n) (۱) محل دار کا عہدہ : محل داری۔ (۲) عدالتی یا انتظامی عہدہ۔

Sengreen : (n) [OE. 'Singrene'.] (۱) سدا بہار ۔ (۲) حی العلم : ودِنہ ۔

Senhor : (n) [Pg.] پرتگالی زبان کا تعظیمی خطاب : "جناب" ، صاحب".

Senhora : (n) [Pg.] پرتگالی زبان کا تعظیمی خطاب "جنابہ"، "صاحبہ" (شادی شدہ عورتوں کے لئے) ۔

Senhorita : (n) پرتگال کا تعظیمی لقب بمعنی جنابہ ، صاحبہ (غیر شادی شدہ عورتوں کے لئے) ۔

Senile : (a) [Fr. 'or L. 'Senclis'.] (۱) بڑھاپے سے متعلق یا منسوب : عجوزی : زالی ۔ (۲) سال خوردہ : کہن سال : خرف ۔ (۳) (طبیعیاتی ، ارضیات) کٹاؤ کے دور کے اختتام پر ۔

Senile : (n) ضعیف شخص : سترا بہترا : عمر رسیدہ شخص ۔

Senile atrophy : (n) ضعف پیری : سخافت پیری ۔

Senile dimentia : (n) بلاہت پیری : خرافت : جنون پیری ۔

Senile deterioration : (n) بَلاہت پیری ۔

Senile garrulity : (n) ستھیا پا : بڑھاپے کی بکواس ۔

Senilely : (adv.) پیری کے طور پر ۔

Senility : (n) بڑھاپا : سال خوردگی : کہنگی : کہن سالی ۔

Senior : (a) [L.] سابق : متعدم : اعلیٰ : بزرگ : بڑا : کلاں : کبیر ۔

The senior service : بحریہ (بری فوج کے مقابلے میں) ۔

Senior : (n) (۱) کلاں : اکبر : اسن : عمر یا مرتبے یا مدت ملازمت میں متقدم : افضل : سابق الخدمت : ادبیات یا ریاضی میں اعلیٰ کامیابی پانے والا : پیش وارد : سابق ۔ (۲)زیادہ مرتبے کا ملازم یا عہدہ دار ۔ (۳) (نر) پانھا جانور ۔ (۴)وہ کھلاڑی جسے بانٹ کر سب سے پہلے پتے ملتے ہیں : بانٹنے والے بائیں ہاتھ کا کھلاڑی ۔

Senior classic : (n) برطانی جامعات کے امتحان ادبیات میں اعلیٰ کامیابی پانے والا : ادبی الاعلیٰ ۔

Senior fellow : (n) کیمبرج اور ڈبلن کے منتخب رفیق کلیہ ۔

Senior moralist : (n) برطانی جامعات کے امتحان اخلاقیات میں اعلیٰ کامیابی پانے والا ۔

Senior optime : (n) وہ شخص جو کیمبرج میں ریاضی (Jripos) میں درجۂ دوم میں پاس ہو ۔

Senior student : (n) (کرائسٹ چرچ ، آکسفورڈ) رفیق کلیہ ۔

Senior wrangler : (n) وہ شخص جو کیمبرج یونیورسٹی میں ریاضی (Jripos) میں درجۂ اول میں پاس ہو : رینگلر ۔

Seniority : (n) (۱) تقدم : افضلیت : کلانیت ۔ (۲) رفقائے کلیہ کی جماعت ۔

Senna : (n) [med. L. 'Sena'.] سنا : سنائے مکی : ایک مشہور مسہل دوا ۔

Senna-tea : (n) سنا کا خساندہ ۔

Sennachie : (n) [Gael. 'Seanachaidh'.] (۱) (آئرستان اور اسکاچستان کا) وہ شخص جو پیشہ ورانہ طور پر روایتی تاریخ ، شجرۂ نسب اور بزرگان کی سوانح اور کہانیوں کے مطالعہ میں اور آئندہ نسلوں کے لئے چھوڑ جانے کے لئے مصروف ہو ۔ (۲) (گیکی) افسانوی رومان نویس ۔

Sennet : (n) [W. Indian.] جزائر الغرب الہند کی ایک مچھلی ۔

Sennight : (n) [OE. 'Seofonniht'.] ہفتہ : اتھوارہ ۔

Sennit : (n) [Var. of 'Sinnet'.] (۱) (بحری) ایک طرح کی رسی جس میں نو تک بل ہوتے ہیں : یہ کبھی گول ہوتی ہے اور کبھی چپٹی یا چوکور : ست بلی ۔ (۲) بٹی ہوئی گھاس یا تاڑ کا پتا جس سے ہیٹ بناتے ہیں ۔

Senocular . (a) [L.] چھ آنکھوں والا : شش چشم ۔

Senoculate : (a) دیکھو Senocular

Senonian : (a) [Fr. 'Senonien'.] (ارضیات) فرانس اور بیلجیم کی کھریا (مٹی) سے متعلق ۔

Senor : (n) [Sp.] ہسپانہ کا تعظیمی طرز خطاب "صاحب ، جناب" ۔

Senora : (n) ہسپانوی عورتوں کا تعظیمی طرز خطاب ۔

Senorita : (n) [Sp.] ہسپانوی لڑکیوں کا تعظیمی طرز خطاب "جنابہ ، صاحبہ" ۔

Sensate : (a) [late. L. 'Semsatus'.] (۱) ذی حس ۔ (۲) جو محسوس کیا جائے ۔

Sensate : (v) احساس کرنا ، ہونا : محسوس کرنا ، ہونا ۔

Sensation : (n) (۱) احساس : حس : اثر : تاثر : جسم ، حواس یا

جذبات قلبی کی کوئی کیفیت محسوس یا معلوم ہونا؛ کیفیت جو اس طرح محسوس ہو خصوصاً جب کہ اس کیفیت یا احساس میں شدت یا ہیجان محسوس ہو یا وہ ناگہانی یا اتفاقی ہو۔

Sensational : (a) (۱) ہنگامہ خیز : جوش انگیز : سنائے میں لانے والا : سنانا خیز ۔ (۲) احساساتی ۔ (۳) محسوسی : احساس انگیز۔

Sensationalism : (n) (۱) (فلسفہ) یہ نظریہ کہ علم انسانی محض حواس ظاہری کے تاثرات سے بنا ہے : محسوس پرستی : محسوسیات : محسوسات کیشی ۔ (۲) (شاعری یا انشاء پردازی میں) ہنگامہ خیز اور جذبات انگیز طریقوں سے کام لینا: جذبات انگیزی : ہیجان پسندی؛ اغراق پسندی۔ (۳) سیاسی تحریکوں میں عامۃ الناس کے جذبات کو بر انگیختہ کرنے کے اُسلوب : ہیجان آوری : جوش : اشتعال یا شورش انگیزی۔

Sensationalist : (n) (۱) محسوس پرست : محسوسی : فلسفۂ محسوسیات کا معتقد ۔ (۲) ہیجان پسند : شورش پسند: سنانا پسند ۔ (۳) جذبات انگیزندہ۔

Sensationalize : (v) (۱) ہنگامہ خیز :سنانا خیز بنانا ۔ (۲) احساساتی۔

Sensationally : (adv.) ہیجانی طور پر : جوش انگیز طور پر : جوش انگیزانہ ۔

Sensationism : (n) دیکھو Sensationalism

Sensationist : (n) سنانا خیز یا جوش انگیز ناول نگار یا اخبار نویس : ہنگامہ خیز شخص ۔

Sense : (n) [L. 'Sensus'.] (۱) حس : حاسہ : قوت مدرکہ : (حواس خمسہ میں سے کوئی) حس ۔ (۲) عقل : ہوش : ادراک : شعور: تمیز : شناخت : احساس ۔ (۳) عام رائے یا خیال یا عندیہ ۔ (۴) معنی : منشا : مفہوم : مضمون ۔ (۵)صحیح احساس : ٹھیك سمجھ : دانش : معاملہ فہمی : محل شناسی۔ (۶) ذوق : لطف یا امتیاز ذہنی (کسی شے یا حالت کے متعلق)۔ (۷) (جمع) حواس : حواس خمسہ : عقل مندی: ہوشمندی : ہوشیاری ۔ (۸) (جمع) قوت حاسہ ۔ (۹) خلاصہ ۔ (۱۰) تعبیر۔ (۱۱) پر مغز اور پر معنی گفتگو ۔ (۱۲) دانشمندی ۔

Common sense : عقل سلیم : حس مشترك : معاملہ فہمی ۔

Court sense : عدالتی یا درباری شعور۔

In any sense : کسی معنی میں : کسی اعتبار سے ۔

In a sense : ایك اعتبار سے : ایك معنی سے ۔

In no sense : کسی اعتبار سے نہیں : کسی معنی میں نہیں ۔

In one's (right) senses : ہوش و حواس میں ۔

In the figurative sense : مجازی معنی میں : استعارتاً : مجازاً ۔

In the full sense : پورے معنوں میں ۔

In the limited sense : ان محدود معنی میں (یعنی کسی پہلو سے)۔

In the literal sense : لفظی یا لغوی معنی میں ۔

In the metaphorical sense : - استعارتاً : مجازی معنی میں

In the proper sense / In the strict sense : صحیح معنی میں ۔

Muscular sense : حس عصبی: مردانہ حس : حس عضلاتی ۔

Moral sense : اخلاقی احساس ۔

Road sense : راستے کی پہچان : رہروی کا شعور : راستے کا اندازہ ۔

Sixth sense : چھٹی حس : وجدانی احساس (جس کا انحصار اعضا کے خارجی حس پر نہ ہو)۔

Stage sense : ڈرامائی شعور۔

There is not much sense in this : بے معنی ہے : بیکار ہے ۔

To bring (a person) to his senses : ہوش میں لانا : سزا دینا۔

(To frighten etc.) out of one's senses : (ڈرا کر) بد حواس کر دینا : بوکھلا دینا : ہوش اڑا دینا۔

To give have make the sense of : قابل فہم ہونا : پر معنی ہونا۔

To have the sense : عقل آنا : شعور آنا : سمجھ آنا۔

To make sense of : معنی نکالنا : پیدا کرنا : معنی پہنانا۔

To take the sense of : (جلسہ یا حاضرین جلسہ کا) عندیہ لینا یا سمجھنا۔

To talk, speak, write (good) sense : ہوشمندانہ گفتگو کرنا یا لکھنا۔

Sense : (v) محسوس کرنا : معلوم کرنا : حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے دریافت کرنا : ادراک کرنا۔

Sense-cell : (n) خلیۂ حس۔

Sense-datum : (n) معطیۂ حس۔

Sense-finder : (n) جہت پیما۔

Sense-impression : (n) احساس۔

Sense-making : (a) عاقلانہ : مناسب : معقول: عملی۔

Sense of beauty : (n) حسن شناسی : حسن کا احساس۔

Sense of distance : (n) فاصلے کا صحیح اندازہ۔

Sense of duty : (n) فرض شناسی : فرض کا احساس۔

Sense of gratitude : (n) جذبۂ احسان مندی۔

Sense of humour : (n) ظرافت شناسی : لطف ظرافت : ظرافت کا مادہ یا ذوق۔

Sense of locality : (n) مقام کا صحیح اندازہ یا ادراک۔

Sense organ : (n) عضو حس : آلۂ حِس : حساسہ۔

Sensed : (a) مخصوص قسم کے احساس والا۔

Senseful : (a) پر معنی : معنی خیز : با معنی۔

Senseless : (a) (۱) بے حس : بے ہوش۔ (۲) بے خبر : بے عقل : بے وقوف : نا سمجھ : حواس باختہ : خارج از عقل۔ (۳) لغو : لایعنی : مہمل : بے عقلی کا : احمقانہ۔

Senselessly : (adv.) بے حواسانہ : احمقانہ : غیر ہوشمندانہ : بے معنی طور پر : احمق پن سے : نادانی سے۔

Senselessness : (n) (۱) بے ہوشی : بد حواسی۔ (۲) بے عقلی : بے وقوفی : حماقت۔ (۳) لغویت : مہملیت۔

Sensibility : (n) (۱) حس : ادراک : قوت مدرکہ : احساس۔ (۲) زود حسی : زود ادراکی : ذہانت : فراست : حس پذیری : حسیت : نکاوت۔ (۳) نازک دماغی : حساسی۔ (۴) (جمع) احساسات : قوائے تاثر : جذباتی صلاحیت : تاثراتی امکانات۔ (۵) لطیف جذبات کی صلاحیت : رحمدلی۔

Sensible : (a) [Fr. or L. 'Sensibilis'.] (۱) قابل ادراک : قابل حس : محسوس : معلوم : مفہوم : مرئی۔ (۲) تاثر پذیر : اثر پذیر : مُدرک : احساس کنندہ : حسّاس : آگاہ : ملتفت۔ (۳) قائل : مقر : معترف : آگاہ : آشنا : باخبر۔ (۴) معقول : معتدبہ۔ (۵) ذی ہوش : فہیم : معاملہ فہم : موقع شناس : ذکی۔ (۶) عقل کی (بات یا فعل) : معقول ، لیاقت کی (بات)۔ (۷) ذی حس۔ (۸) ذہین : معقول : سمجھدار : معاملہ فہم۔

Sensible : (n) قابل حس چیز : احساس پیدا کرنے والی چیز : قابل فہم و ادراک شے۔

Sensible heat : (n) حرارت مرئی۔

Sensible horizon : (n) افق مرئی۔

Sensible perspiration : (n) پسینہ۔

Sensibleness : (n) (۱) ادراک : قوت احساس۔ (۲) تیز فہمی : زود حسی : نکتہ رسی : نکتہ گیری۔ (۳) عقل مندی : معقولیت: لیاقت۔

Sensibly : (adv.) (۱) بطریق معلوم یا محسوس : صریحاً : صریح طور پر۔ (۲) معقول طور پر۔ (۳) عاقلانہ : خرد مندانہ : ہوشمندی کے ساتھ۔

Sensifacient : (a) حس زا۔

Sensiferous : (a) ناقل احساس : حسّاس۔

Sensific : (a) حِس زا۔

Sensify : (v) [Late and med. L. 'Sensificare'.] (شکل ہیئت) حس میں تبدیل کر دینا۔

Sensile : (a) [L. 'Sensilis'.] (۱) ذی حس : مدرک بالحواس۔ (۲) حواسی : حس پذیر۔

Sensist : (n) فلسفۂ محسوسیات کا معتقد۔

Sensitive : (a) [Fr. 'Sensitif' or med. L. 'Sensitivus'.] (۱) حسّاس : زود حس : ذکی الحس : خصوصاً دوسروں کی رائے یا طرز عمل سے جلد اور زیادہ متاثر ہونے والا : نازک دماغ : زود رنج ۔ (۲) (آلات وغیرہ کے متعلق) اثر پذیر : سریع التاثیر : جس پر خفیف سی تبدیلی کا بہت جلد اثر ظاہر ہو : زود اثر ۔ (۳) (کیمیا ، تصویر کشی وغیرہ) سریع التاثیر۔

Sensitive : (n) (۱) لا جونتی : چھوئی موئی ۔ (۲) معمول : اسرار ۔ (۳) بہت زود حس شخص ۔

Sensitive paper : (n) سریع التاثیر کاغذ ۔

Sensitive plant : (n) لاجونتی : چھوئی موئی ۔

Sensitive soul : (n) تین قسم کی روحوں میں سے ایک روح یا روح کا حصہ جو صرف احساسات سے وابستہ ہے (خصوصاً جانوروں میں) ۔

Sensitive virtue : (n) حِس : احساس ۔

Sensitively : (adv.) تیز حسی سے : زود اثری سے ۔

Sensitiveness : (n) زود حسی : حسّاسی : سرعت احساس ۔

Sensitivist : (n) ہالستان کے مصنفوں کی ایک جماعت جس کی تصنیفات میں تاثریت یا اثر پرستی اور خفیف نگاری دونوں رہا کرتی تھی ۔

Sensitivity : (n) (۱) اثر پذیری : زود حسی : حسّاسیت ۔ (۲) حسّی تجربے ۔

Sensitization : (n) سریع التاثیر : تیز حس یا زود اثر سازی : حساس گری ۔

Sensitize : (v) سریع التاثیر : زود اثر کر دینا : تیز حس بنانا ۔

Sensitizer : (n) حسّاس گر : حسّاسیت افزا : تیز حس بنانے کا مسالا (تصویر کشی میں) ۔

Sensitometer : (n) حسّاسیت پیما : تاثیر پیما : ایک آلہ جس سے فوٹو گرافی میں دھات یا شیشے کے پتروں یا فلموں کے درجۂ حساسیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Sensor : (a) دیکھو Sensory

Sensor : (n) ایک ترکیب جو بعض طبیعی انگیزش سے براہ راست متاثر ہوتی ہے اور اس انگیزش کی تشریح یا تخمینہ کرتی ہے اور یہ بھی بتاتی ہے کہ اسے کیسے قابو میں رکھا جائے ۔

Sensori- : Sensor یا Sensory کا جزو ترکیبی ۔

Sensori-motor : (a) حسّی حرکی ۔

Sensorial : (a) (۱) دماغی : مغزی ۔ (۲) حسّی : حواسی ۔

Sensorium : (n) [Late L.] (۱) جائے حس : مقام حس : حس گاہ : پردۂ حس : پردۂ حسِ مشترک : دماغ : مغز : حرام مغز ۔ (۲) (حیاتیات) نظام حسیات : نظام اعصاب ۔

Sensory : (n) دیکھو Sensorium

Sensory : (a) حسی : حواسی: حواس کے متعلق : حسیاتی ۔

Sensual : (a) [late L. 'Sensulist'.] (۱) نفسیاتی : شہوانی ۔ (۲) نفس پرست : شہوت پرست : نفسانی خواہش کا بندہ ۔ (۳) حواسیاتی : حسّیاتی : فلسفۂ حیات (جس میں علوم کا ماخذ حواس خمسہ کے محسوسات کو تسلیم کیا جاتا ہے) کا قائل یا اس کے متعلق ۔ (۴) مادہ پرستانہ (خیال ، رائے وغیرہ) ۔

Sensualism : (n) (۱) فلسفۂ حیات : محسوسات پرستی ۔ (۲) نفس پرستی : شہوت پرستی : عیاشی : شہوانیت ۔

Sensualist : (n) (۱)نفس پرست : شہوت پرست : عیاش ۔ (۲) حسّیاتی: مسحوسات پرست : محسوسات کیش : محسوسیاتی : معتقد محسوسیات ۔

Sensualisitic : (a) محسوسیاتی ۔

Sensuality : (n) [Fr. 'Sensualite'.] نفس پرستی : شہوت پرستی : ہوس رانی : عیاشی ۔

Sensualization : (n) (۱) شہوانیت ۔ (۲) شہوت انگیزی ۔

Sensualize : (v) (۱) شہوانی یا شہوت خیز بنانا : نفسانی جذبات کو ابھارنا ۔ (۲) عیاشانہ زندگی بسر کرنا ۔ (۳) شہوت پرست ہونا : نفس پرست ہونا ۔

Sensuism : (n) محسوسیات : فلسفۂ محسوسیات ۔

Sensuist : (n) معتقد محسوسات : محسوسیاتی ۔

Sensum : (n) [L.] دیکھو Sense datum

Sensuous : (a) حسّی : حواسی : متعلق بہ حواس خمسہ ۔

Sensuously : (adv.) حواس کے ذریعے : بہ لحاظ حواس ۔

Sensuousness : (n) حِسّیت : با حواس ہونا : حواسیت ۔

Sent : (v) دیکھو Send

Sentence : (n) [Fr.] (۱) حکم : سزا : عدالت کا حکم یا فیصلہ : حکم سزا : فتویٰ ۔ (۲) فقرہ : جملہ تام : عبادت جو نحوی اجزا کے لحاظ سے پوری ہو ۔ (۳) مکمل تصور : نغمہ ۔

Sentence : (v) (۱) فیصلہ سنانا یا فیصلہ کرنا (عدالت کا) : سزا سنانا (ملزم کو) ۔ (۲) (آدمی یا چیز کی) اچھائی یا بُرائی کا اندازہ لگانا : حس و قبح کو پرکھنا ۔

Sentencer : (n) فیصلہ سنانے والا : سزا سنانے والا ۔

Sententiary : (n) [med. L. 'Sentent'.] (۱) فتویٰ لکھنے والا ۔ (۱۲) کتاب فتویٰ پر درس دینے والا ۔ (۳) بلیغ کلمہ بولنے یا لکھنے والا ۔

Sententious : (a) [L. 'Sententiosus'.] (۱) بلیغ : پرمعنی : قل و دل : جامع (قول وغیرہ) موجز ، مجمل ۔ (۲) (گفتگو ، طرز و انداز کے متعلق) بناوٹی یا شاندار طور پر رسمی : (اشخاص کے متعلق) شاندار رسمی اخلاقی تلقین یا گفتگو کا عادی ۔

Sententiously : (adv.) جامعیت کے ساتھ : مجملاً : موجزاً ۔

Sententiousness : (n) جامعیت : ایجاز ۔

Sentience / Sentiency : (n) حسیاسیت : ادراک بالحواس ۔

Sentient : (a) [L. 'Sentiens'.] ذی حس : حساس : مدرک بالحواس ۔

Sentiently : (adv.) حواس والوں کی طرح : حواسوں سے ۔

Sentiment : (n) [OFr. 'Sentement'.] (۱) خیال : احساس : جو کسی خاص موضوع کی نسبت دل میں پیدا ہو : میلان طبع ۔ (۲) (فنون) فحوا : منشا : معہود ذہنی : (انشا پرداز ، مصور وغیرہ کا) : اصلی خیال : جذبہ (شعر و سخن وغیرہ کا) ۔ (۳) جذبۂ دل (جس میں تعقل کا دخل نہ ہو) : (خصوصاً جمع میں) جذبات : دلی تاثرات : کیفیات : وجدان ۔ (۴) (مجازاً) رحم دلی : رقت قلب (یا اس کی نمائش) : ترحم : نرم دلی : درد مندی ۔

Sentimental : (a) (۱) رحم دل : نیک نہاد : صاحب دل : درد مند : جذباتی : مغلوب الجذبات : حساس ۔ (۲) جس کا تعلق بجائے عقل جذبات سے ہو : پر جذبات : قلبی : تاثراتی ۔

Sentimentalism : (n) (۱) جذبات کا قائل ہونا یا دلدادہ ہونا : جذبات پرستی : جذبہ کیشی : جذباتیت : وجدانیت ۔ (۲) جوش جذبات : جذبہ داری ۔

Senstimentalist : (n) جذباتی : جذبات کا دلدادہ : جذبات پرست : وجدان پرست ۔

Sentimentality : (n) (۱) رحم دلی وغیرہ جذبات کی افراط یا نمائش : ترحم : حساسی : نازک دلی : نرم مزاجی : رقت قلب ۔ (۲) ایسا خیال یا رائے یا مضمون جو محض جذبات پر مبنی ہو : کیفیت قلبی ۔ (۳) (جمع) جذبات : تاثرات ۔ (۴) جذباتیت : وجدانیت ۔

Sentimentalization : (n) پر سوز بنانا : جذبات بھرنا : وجد میں آنا ۔

Sentimentalize : (v) (۱) پر سوز بنانا : سوز و گداز پیدا کرنا : جذبات بھرنا ۔ (۲) مغلوب الجذبات ہو جانا : جذبات کی رو میں بہنا : وجد میں آنا ۔

Sentimentalizer : (n) پر سوز بنانے والا : سوز و گداز پیدا کرنے والا ۔

Sentimentally : (adv.) بہ اعتبار جذبات : درد مندانہ : جذبات میں ۔

Sentinel : (n) [Fr. 'Sentinelle'.] پہرے والا : نگہبان : نگراں : چوکیدار : سنتری ۔

Sentinel : (v) (۱) پہرہ دینا : نگہبانی یا نگرانی کرنا : چوکیداری کرنا ۔ (۲) پہرے بٹھانا ۔

Sentinel crab : (n) بحر ہند کا ایک بڑا کیکڑا جس کے بڑے بڑے پپوٹے ہوتے ہیں : سرطان بحری ۔

Sentinelship : (n) چوکیداری : پہرہ داری ۔

Sentry : (n) (۱) پہرے دار : سنتری : (فوج ، بحریات) مسلح سپاہی جو کسی خاص مقام یا حفاظت کے لئے مقرر ہو ۔ (۲) (مجازاً) وہ جو فوجی سنتری کی طرح نگہبانی کرتا ہے ۔ (۳) سنتری کا کام ۔ (۴) (بحری) جہاز میں لگا ایک آلہ جو پانی کے اُتھلا پن کی خبر دیتا ہے ۔

To stand sentry : حفاظت کرنا : پہرہ دینا ۔

Sentry-box : (n) جہاز میں سنتری کے کھڑے ہونے کا تختہ یا مچان : پہرا مچان ۔

Sentry-box : (n) پہرہ گاہ : سنتری گاہ : سنتری خانہ : خراب موسم

میں سنتری کے کھڑے ہونے کا چوبی کمرہ۔

Sentry-go : (n) پہرہ : بالادوی : سنتری کا گشت : نیز سنتری کے فرائض۔

Senvy : (n) [ME. 'Senevey'.] رائی : رائی کا پودا۔

Sepal : (n) [Fr. 'Sepale'.] سبلہ : پھول پتی : مسند گل یا پھول کی کٹوری کا ایک جز : کٹوری تك : جز مسند۔

Sepaline : (a) سَبلی۔

Sepal (l) ed : (a) سَبلہ دار : پھول پتی والا ۔

Sepalody : (n) [mod. L. 'Sepalum' + opey'.] سَبَلیت : پھول کے دوسرے حصوں کی سبلہ میں تبدیلی۔

Sepaloid : (a) سَبَلہ نما۔

Separability : (n) فصل پذیری : تفریق یا علاحدگی کی قابلیت : مفترقیت: جدا گانگی : جدا سازی : تفریق سازی : جدا شدگی : تفریق پذیری۔

Separable : (a) فصل پذیر : تفریق پذیر : جو ایك دوسرے سے علاحدہ ہوں یا علاحدہ کئے جا سکیں : متفرق۔

Separable accident : (n) ضمنی خصوصیت۔

Separable prefix : (n) فصل پذیری سابقہ۔

Separableness : (n) دیکھو Separability

Seperably : (adv.) علاحدہ کرتے ہوئے : بہ طریق تفریق۔

Separate : (a) [L. 'Separatus'.] جدا : علاحدہ : متفرق : الگ الگ : جداگانہ : جو ایك دوسرے سے الگ بھی ہوں اور ایك مجموعے میں بھی شامل کئے جا سکیں : منفرد۔

Separate : (n) (۱) جز : ایسے مضمون کی نقل جو کسی روداد یا رسالے سے لے کر علاحدہ طبع کرائی جائے : مضمون منفصلہ۔ (۲) جدا مشرب : غیر مقلد یا معتزلی۔ (۳) (جمع) متفرق قسم کے کپڑے جنہیں ملا کر پہنتے ہیں۔

Separate : (v) (۱) جدا کرنا : الگ کرنا : علاحدہ کرنا : منقسم کرنا : تقسیم کرنا۔ (۲) چننا : منتخب کرنا : انتخاب کرنا۔ (۳) حائل ہونا : درمیان میں آنا : آ جانا : بیچ میں پڑنا۔ (۴) علاحدہ ہونا : جدا ہونا : الگ ہونا : تقسیم ہو جانا : منقسم ہو جانا : منفرق ہو جانا۔ (۵) غیر مقلد ہو جانا۔ (۶) فسخ نکاح کے بغیر (زوجین کا) خصوصاً (بحکم عدالت) علاحدہ ہو جانا یا علاحدہ کر دینا۔ (۷) (کیمیا) (معدنی یا کیمیاوی عنصر کو) توڑنے سے الگ کرنا۔

Separate confinement : (n) قید تنہائی : قید خانہ میں علاحدہ بند کرنا۔

Separate establishment : (n) علاحدہ انتظام خانہ داری (اپنے آشنا کے لئے الگ)۔

Separate maintenance : (n) نفقۂ منطقہ : نان نفقہ جو شوہر بہ رضا مندی زوجہ اس سے علاحدہ رہ کر اس کو ادا کرے۔

Separate system : (n) دیکھو Separate-confinment

Separated : (a) (فسخ نکاح کے بغیر) علاحدہ رہنے والے (زوجین)۔

Separately : (adv.) انفرادی حیثیت سے : فرداً فرداً : بہ دفعات : متفرق طور پر : جدا گانہ : الگ الگ : علاحدہ ، علاحدہ۔

Separateness : (n) تفریق : جدائی : علاحدگی (خصوصاً سیاسی یا مذہبی نوعیت کی)۔

Separation : (n) (۱) علاحدہ کرنا : علاحدگی : جدائی : جدا کرنا : انفصال۔ (۲) علاحدہ ہونا : تفرقہ : تفریق : علاحدہ ہونے کی حالت۔ (۳) شوہر اور زوجہ کے درمیان تفریق یا جدائی فسخ نکاح کے بغیر خواہ بہ رضا مندی زوجین یا بحکم عدالت : مفارقت : علاحدگی۔ (۴) علاحدہ یا جدا کرنے والی چیز۔ (۵) (طب) مردہ نسیجوں کا گوشت سے علاحدہ ہو جانا۔ (۶) وہ مقام جہاں دو یا زیادہ چیزیں علاحدہ ہوتی ہیں یا ایك دوسرے سے الگ ہو جاتی ہیں۔

Judicial allowance : (n) مفارقت بمیان زوجین بحکم عدالت۔

Separation allowance : (n) نان نفقہ جو شوہر زوجہ سے علاحدگی کے بعد اس کو دیتا ھے۔

Separation layer : (n) انفصالی پرت۔

Separation order : (n) تفریق کا عدالتی حکم۔

Sepatism : (n) (۱) مذہبی معاملات میں علمائے کلیسا سے علاحدگی یا آزاد روی : غیر مقلدی : جدا مشربی : اعتزال۔ (۲) تفریق

Separatist : (n) جدا مشرب : غیر مقلد یا معتزلی : تفرقہ یا افتراق پسند ۔

Separatist : (a) تفرقہ یا افتراق پسند : جدا مشرب ۔

Separatistic : (n) انفصالی ۔

Separative : (a) [Fr. 'Separatif'.] (۱) تفریق یا علاحدگی پر مائل : تفریق گزیں : تفرقہ جو ۔ (۲) (قواعد) تردیدی ۔

Separatively : (adv.) تفرقہ جو طور پر ۔

Separativeness : (n) تفرقہ جوئی : افتراق پسندی ۔

Separator : (n) جدا کرنے والا : جدا کرنے کا آلہ : فارقہ : خارقہ ۔

Separatory : (a) (۱) آلۂ خارقہ ۔ (۲) مفترق : تفریق کا کام کرنے والا : تفریق ساز ۔

Separatrix : (n) (۱) (پروف کی تصحیح میں) وہ ترچھا خط جس سے تبدیلی کو الگ دکھاتے ہیں ۔ (۲) خط فاصل : جزوی طور پر روشن سطح پر : روشنی اور تاریکی کو الگ الگ دکھانے والا خط ۔

Separatum : (n) [L.] دیکھو Offprint

Sephardi : (n) [L. 'Heb. 'Sepharadi'.] پرتگال یا ہسپانیہ کا یہودی : سفارادی ۔

Sephardic : (a) (پرتگال یا ہسپانیہ کے) یہودیوں کا یا ان سے متعلق ۔

Sepia : (n) [L.] (۱) دو شاخہ مچھلی کی کالی رال : قیر ماہی ۔ (۲) سرخی مائل رنگ جو تصاویر میں مستعمل اور اسی رال سے تیار ہوتا ہے ۔

Sepia : (a) بھوری کھال والا ۔

Sepia brown : (n) گہرا سرمئی و زردی مائل بھورا ۔

Sepia paper : (n) فوٹو گرافی میں استعمال ہونے والا کاغذ ۔

Sepiacean / Sepiaceous : (a) [mod. L. 'Sepiaceus'.] دو شاخہ مچھلی کے گروپ سے متعلق ۔

Sepiment : (n) [L. 'Sepimentum'.] (۱) (حیوانیات) بند : جوڑ : حصہ : جز ۔ (۲) (نباتیات) باڑ : پیچ ۔

Sepiment : (n) کسی چیز کو باڑ یا احاطہ سے بند کرنا : (احاطہ یا باڑ سے) بند کرنا ۔

Sepioid : (n) دو شاخہ (Cuttle-fish) مچھلی کی ایک جنس ۔

Sepiola : (n) [L.] دو شاخہ مچھلی ۔

Sepiolite : (n) [G. 'Sepiolith'.] کف دریا : سیر شام : کف البحر ۔

Sepiostaire : (n) [Fr.] (حیوانیات) صدف قیر ماہی : سمندر جھاگ ۔

Sepium : (n) [Gr. 'Sepion'.] صدف قیر ماہی : سمندر جھاگ ۔

Sepoy / Sipahi : (n) [Urdu-persi, 'Sipahi'.] سپاہی : ہندوستانی سپاہی جسے انگریزوں نے فوجی تربیت دی ہو ۔

Sepoy-crab :(n) بحیرۂ ہند اور بحیرۂ عرب میں پایا جانے والا کیکڑا ۔

Sepoy-mutiny/ -Rebelion : (n) بغاوت ہند : غدر ۱۸۵۷ء ۔

Seps : (n) [L.] جنس سقنقور : سانپ گرہ : سپس ۔

Sepsine : (n) (۱) ایک زہریلا بلوری مادہ جو سڑے خمیر سے نکلتا ہے ۔ (۲) ایک عفونتی مادہ جو عفونت خون پیدا کرتا ہے ۔

Sepsis : (n) [Gr. 'Sypsis'.] بوسیدگی : عفونت : تعفن : بدبو : اجسام حیوانی و نباتی کا سڑنا : عفونت خون ۔

Sept : (n) [L. 'Septum'.] (۱)احاطہ : باڑ ۔ (۲) (درمیانی) پردا : فاصل : جھاپ : حاجب ۔

Sept : (n) [alt. of Sect.] قبیلہ : خاندان : قبل : گوت (خصوصاً آئرستانی) ۔

Sept : (رابطہ یا سابقہ) بمعنی "سات" "ہفت" :September کا مخفف ۔

Septa : (n) (۱) (تشریح ، حیوانیات) حجاب : جدار : حاجز : پردہ : حاجب ۔ (۲) (نباتیات) فصل : فاصل : حاجز ۔

Septaemia / Septemia : (n) [mod. L.] عفونت خون میں مبتلا ۔

Septal : (a) پردے کے متعلق : اعضائی : اجزائی : جوڑوں کے متعلق : حاجز : جداری : فاصلی ۔

Septal : (a) خاندانی : خاندان کے متعلق : قبیلہ کی بابت ۔

Septan : (a) ہفت روزہ (بخار) (جو ہر ساتویں دن چڑھے) ۔

Septangular : (a) ہفت زاویہ : ہفت گوشہ : ست کونا ۔

Septarian : (a) جداری ترتیب میں ۔

Septarium : (n) [L.] (۱) جداری ترتیب ۔ (۲) چونے کے پتھر وغیرہ کا ڈلا جس کے مرکز کے پاس سوراخ میں دوسرے معدنی ٹکڑے بھرے رہتے ہیں ۔

Septate : (a) [L.] (۱) پردہ دار ؛ جس میں پردے ہوں ؛ خانہ دار ؛ فواصل دار ؛ حجاب دار ؛ فصل دار (۲) جدا ؛ متفرق ؛ مختلف ؛ علاحدہ ؛ الگ ؛ منقسم ۔

Septated : (a) دیکھو Septate

Septation : (n) (۱) پردہ داری ؛ حجاب داری ؛ خانے داری ؛ فواصل داری۔ (۲)(نباتیات)تقسیم ؛ تفریق؛ علاحدگی؛ اختلاف۔

Septem- : رابطہ بمعنی "ہفت" "سات" ۔

September : (n) [L.] ستمبر : قدیم انگریزی یا رومی سال کا ساتواں مہینہ ۔

Septembrist : (n) (۱) ستمبری : وہ شخص جو پیرس کے قتل واقع ستمبر ۱۷۹۲ء میں شریک یا موجود تھا۔ (۲) پرتگالی بغاوت (ستمبر ۱۸۳۶ء) کا حامی۔

Septembrize : (v) پیرس کے قاتلوں کی طرح مارنا۔

Septembrizer : (n) [Fr. 'Septembriseur'.] (۱) (فرانس) ستمبر ۱۷۹۲ء کے قتل عام کا شریک۔ (۲)(مجازاً) خونی انقلابی۔ (۳) پرتگالی بغاوت کا حامی ۔ (۴) ستمبر میں تیتر کا شکار کرنے والا ۔

Septemfoliate : (a) (نباتیات) ہفت برگچہ ۔

Septempartite : (a) (نباتیات) ہفت جزء ؛ ہفت گانہ ؛ ہفت حصہ ۔

Septemvir : (n) [L.] قدیم روم میں سات پادریوں کی جماعت میں سے ایک ؛ سات حکمراں لوگوں کی جماعت میں سے ایک ۔

Septemvirate : (n) [L.'Septemviratus'.] (۱) سات اشخاص کی حکومت ۔ (۲) سات آدمیوں کی جماعت ۔

Septenarius : (n) [L. 'Septeni'.] (بحری) مسبع ؛ ہفت رکنی (ایک لاطینی بحر)۔

Septenary : (a) [L. 'Septenarius'.] سابعی ؛ سات والا ؛ سات سات کر کے ؛ ستّا جس میں سات عدد ہو ؛ بربنائی ہفت ؛ ہفت سالہ ۔

Septenary : (n) (۱) سات اشخاص یا چیزوں کا گروپ یا سیٹ ۔ (۲) سات سال کی مدت ۔ (۳) (موسیقی) ساتواں سُر ۔

Septennary : (a) [L. 'Septennis' + -ary.] ہفت سالہ ؛ جو ہر ساتویں سال آئے ۔

Septennate : (n) عرصۂ ہفت سالہ ؛ سات سال کی مدت (کسی عہد یا انتظام کے لئے) ۔

Septennial : (a) [Late L. 'Septennis'.] دیکھو Septennary

Septennially : (adv.) بطریق ہفت سالہ ؛ ہفت سالانہ ۔

Septennium : (n) [late L.] مدت ہفت سالہ ؛ ہفت سال ؛ سات سال ؛ سات برس ؛ عرصۂ ہفت سال ؛ سات سال کا عرصہ ۔

Septentrion : (n) [L. 'Septentrio'.] (۱) شمال ۔ (۲) (جمع) (علم النجوم) دُبِّ اکبر ؛ دُبِّ اصغر ۔

Septet (t) / -ette : (n) [G.] (۱) (موسیقی) ہفت خواہ ؛ سبوعی ؛ جیسے سات مطرب یا سات آوازوں میں مل کر گائیں ۔ (۲)(مجازاً) سات کی جماعت ۔

Septfoil : (n) (تعمیرات) ایک آرائشی کام جس میں سات چوٹیاں ہوتی ہیں ۔

Septi- : (Prefix) [L. 'Septem'.] سابقہ بمعنی "سات" "ہفت" ۔

Septi- : (Prefix) سابقہ بمعنی "حجاب" "فصل" ۔

Septic : (a) [L. 'Septicus'.] عفونی ؛ زہر خونی ؛ مفسد خون ؛ متعفن ؛ عفونت دار ؛ عفونت خیز ؛ سڑا ہوا ۔

Septic : (n) سڑانے والا ؛ گلانے والا ؛ پکانے والا ؛ عفونی جراثیم ۔

Septicaemia/ Septicemia : (n) خون میں زہر یا سمیّت پیدا ہو جانا؛ عفونت خون ۔

Septicaemic : (a) عفونت خون میں مبتلا ۔

Septically : (adv.) زہریلے پن کے ساتھ یا طور پر ؛ متعفن کرتے ہوئے ۔

Septicidal : (a) (نباتیات) حجاب کشا ؛ فصل کشا ۔

Septicity : (n) عفونت ؛ بدبو ؛ تعفن ؛ فساد خون ؛ زہر خون ۔

Septicoloured : (a) ست رنگا ؛ سات رنگوں کا ۔

Septiferous : (a) حجاب دار ؛ پردہ دار ۔

Septiform : (a) حجاب نما ۔

Septiform : (a) ست گنا یا سات گنا : ہفت گانہ ، گونہ ۔

Septifragal : (a) فواصل شکن : حجاب شکن ۔

Septilateral : (a) ہفت اضلاع : ہفت پہلو : ہفت اضلاعی شکل ۔

Septillion : (n) [Fr.] ملین کی ساتویں قوت : دس لاکھ کی ساتویں طاقت : وہ رقم جس میں ۴۲ صفر ہوں : پدم در پدم ۔

Septimal : (a) [L. 'Septimus'.] (۱) سات کا یا سات کے متعلق : ہفتی : سبتعی ۔ (۲) (موسیقی) نغمۂ ہفتم سے متعلق ۔

Septime : (n) [L. 'Septimus'.] پٹہ بازی میں ساتواں داؤں :ہفتی ۔

Septimole : (n) (موسیقی) سات سروں کے مجموعے کو چار یا چھ سروں کی رفتار میں بجانا ۔

Septinsular : (a) [L. 'Septem' + 'insula' + -ar.] آئیون جزیرے کا ۔

Septinsular : (n) آئیون جزیرے کے لوگ ۔

Septipartite : (a) دیکھو Septempartite

Septisyllable : (a) ہفت اجزا : ہفت رکنی : وہ لفظ جس کے سات جز ہوں : ہفت ہجائی ۔

Septivalent / Septavalent : (a) (کیمیا) ہفت گرفتہ ۔

Septo- : (Prefix) [Gr. 'Septos'.] سابقہ بمعنی "سڑنا" ۔

Septo- : (Prefix) سابقہ بمعنی "پردہ" "فاصل" "حجاب" ۔

Septo-maxillary : (a) حاجبی فکی (ہڈی) ۔

Septogenic : (a) عفونت زا : تعفن پیدا کرنے والا ۔

Septuagenian : (n) [L. 'Septuagenarius'.] ستر سالہ : سبعونی : ہفتادہ : بوڑھا : ستّر یا اس سے زیادہ لیکن اسّی سال سے کم عمر بوڑھا ۔

Septuagenarian : (n) ستر سالہ : ستر اور اسی سال کے درمیان ۔

Septuagesima : (n) [L.] یوم کبیر سے قبل تیسرا اتوار اس لئے کہ یہ عید فصح سے کوئی ستر دن پہلے آتا ھے ۔

Septuagint : (n) [L. 'Septuaginta'.] (۱) عہد عتیق کا یونانی ترجمہ جو حضرت مسیح کی ولادت سے ۲۷۰ سال پیشتر کیا گیا تھا اور اس کے لئے ستر علماء منتخب کئے گئے تھے : ہفتادی ترجمہ ۔ (۲) ستر کی جماعت ۔

Septuagintal : (a) عہد عتیق کے یونانی ترجمے سے متعلق ۔

Septulate : (a) حاجز صغیر دار ۔

Septulum : (n) [L.] حاجز صغیر ۔

Septum : (n) [L.] دیکھو Septa

Septuor : (n) [Fr.] (موسیقی) دیکھو Septet

Septuple : (a) [Late L. 'Septuplus'.] ہفت چند : سات پر مشتمل ۔

Septuple : (n) ساتواں ضعف : سات گنا ۔

Septuple : (v) سات گنا کرنا : سات سے ضرب دینا ۔

Septuplet : (n) [Late L. 'Septuplue'.] (موسیقی) دیکھو Septuplate

Septuplicate : (a) جس کے سات نسخے ہوں ۔

Septuplicate : (n) سات نسخوں میں سے ایک : ایک ہی طرح کے سات نسخے ۔

Septuplicate : (v) سات سے ضرب دینا : سات بار نقل لینا ۔

Sepulchral : (a) [Fr. or L. 'Sepulchralis'.] (۱) ضریحی : تُربتی : گورکا : قبر کا : خانقاہی ۔ (۲) قبر یا موت کو یاد دلانے والا : ترس انگیز : خوف آور : بھیانک ۔ (۳) تدفین سے متعلق ۔

Sepulchrally : (adv.) بھیانک یا خوف انگیز طور پر ۔

Sepulchre : (n) [ME. 'Sepulcre'.] (۱) گور : تربت : قبر : مزار : خانقاہ ۔ (۲) وہ کھوہ جس میں (عیسائی عقیدے کے مطابق) حضرت عیسیٰؑ کا مزار ھے ۔ (۳) کلیسا کی عمارت کا وہ حصہ جس میں پر خیراتی جمعرات کو (ایسٹر سے قبل کی جمعرات) مقدس نشانیاں دفن کی جاتی ہیں ۔ (۴) قربان گاہ جہاں مقدس نشانیاں خیراتی جمعرات کے دن رکھی جاتی ہیں ۔

The Holy sepulchre : ضریح یا مزار مقدس : مرقد مبارک : درگاہ شریف (حضرت عیسیٰؑ کا مزار) ۔

Whited sepulcher : ریاکار : عیار : فریبی ۔

Sepulchre : (v) (۱) دفن کرنا : قبر میں رکھنا ۔ (۲) قبر کا کام دینا ۔

Sepultural : (a) تدفین سے متعلق : تدفینی ۔

Sepultural : (n) (۱) تدفین : دفن : قبر میں رکھنا ۔ (۲) گور : قبر : قبرستان ۔

Sepulture : (v) دفن کرنا : قبر میں رکھنا ۔

Seq : (n) [L.] لاطینی مخفف بمعنی 'ذیل میں' ۔

Sequacious : (a) [L. 'Sequec- + -ious.] (۱) مقلد : متتابع : جس میں کوئی آزادانہ رائے یا اجتہاد کا مادہ نہ ہو ۔ (۲) با تسلسل : مربوط (فی الکلام) ۔ (۳) (موسیقی) مسلسل و منظم ۔

Sequaciously : (adv.) مقلدانہ : مربوط طریقے پر ۔

Sequaciousness : (n) مقلدی : تقلید ۔

Sequacity : (n) [Late L. 'Sequacitas'.] دیکھو Sequaciousness

Sequel : (n) [Fr. 'Sequelle' or L.'Sequela'.] (۱) قصے یا بیان کا آخری جز جو وقفے کے بعد آئے ۔ (۲) ذیل : تکملہ : تتمہ : آخری سلسلہ : خاتمہ : نتیجہ : انجام کار : عاقبہ ۔ (۳)نتیجہ ۔

Sequela : (n) [L.] (طب) (جمع) اثرات (ما بعد) : نتائج : عواقب (خصوصاً بیماری کے) ۔

Sequence : (n) [ME. fr. ML. 'Sequentia'.] (۱) اشیاء کا مجموعہ یا جوڑ جو ایک دوسرے کے بعد یا ساتھ آئے ۔ (۲) سلسلہ: تسلسل : تانتا : تواتر ۔ (۲) خصوصاً علت و معلول کا سلسلہ : نتیجہ : عاقبہ : تابعہ ۔ (۳)(موسیقی) یکساں بولوں کا مختلف سُروں میں بار بار آنا : تکرار : ترجیع : دہرانا ۔ (۴) (قواعد) تطابق زمانی: افعال کے ایک جملے میں بہ لحاظ زمانہ ایک دوسرے سے مطابقت ۔ (۵) حمد (ہلولیا) کے بعد کی مناجات جو کتاب کی تلاوت سے پہلے گائی یا پڑھی جاتی ھے۔ (٦) (سنیما) فلم کے قصے میں کوئی واقعہ جو قصے کے کسی منظر کی مطابقت میں مسلسل طور پر دکھایا جائے : مناظر نامۂ مسلسل ۔

In sequence : تسلسل سے : ایک کے بعد ایک ۔

Sequency : (n) دیکھو Sequence

Sequent : (a & n) سلسلے میں یا مابعد آنے والا : متتابع ۔

Sequential : (a) دیکھو Sequent

Sequentially : (adv.) سلسلے میں نتیجتاً : بطور متتابع : تسلسل کے ساتھ ۔

Sequester : (v) [Fr. 'Sequestre'.] (۱) علاحدہ کرنا : جدا کر لینا یا ہونا ۔ (۲) (خصوصاً دنیا سے) عزلت اختیار کرنا ۔ (۳) عدالتی تحویل لینا : محفوظ رکھنا (کسی مال وغیرہ کو عدالت کے فیصلے تک) ۔ (۴) ضبط کر لینا؛ قبضہ کر لینا : ہتھیا لینا ۔ (۵) (بیوہ کا) شوہر کی جائداد سے لا دعویٰ لکھ دینا : حق زوجیت چھوڑنا ۔

Sequestered : (a) (۱) جدا کردہ : منقطع ۔ (۲) تنہا یا عزلت گزیدہ ۔

Sequestral : (a) معروقہ : معلقہ : لٹکا ہوا : بے جان : جھولتا ہوا ۔

Sequestrate : (v) [Late L. 'Sequestrare'.] (۱) جدا کرنا : علاحدہ کرنا ۔ (۲) (قانون) کسی ریاست یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی کو اس کے مالک کے ہاتھ سے عارضی طور پر یا مستقلاً لے لینا اور دوسروں کے انتظام میں دے دینا ۔ (۳) (قانون) (زمینوں کو) عدالتی تحویل میں یا متولی کو سپرد کر دینا : (اب) کسی دیوالیہ شخص کی جائداد کو عدالتی قبضے یا تحویل میں لے لینا ۔ (۴)(عام) ضبط کرنا : قبضہ کر لینا ۔

Sequestration : (n) (۱) تنہا : جدا : علاحدہ ۔ (۲) جدائی : تنہائی : علاحدگی ۔ (۳) ضبطی : توقیف : قرقی : دیوالہ ۔

Sequestrator : (n) قارق : ضابط : قرق کرنے والا ۔

Sequestrectomy : (n) دمہ براری : بے جان ہڈی یا کھال پر عمل جراحی: (عمل) عرقہ کشی ۔

Sequestrum : (n) [mod. L.] مردہ کھال یا ہڈی جو اپنی جگہ چھوڑ چکی ہو : لٹکی ہوئی ہڈی : عرقہ : استخوان یا پوست بے جان : جھولتی ہڈی یا کھال ۔

Sequin : (n) [Fr.] (۱) وینس کی اشرفی جو تقریباً سات روپے کے مساوی ہوتی تھی : بندقی ۔ (۲) سکہ نما زیور جو عورتیں لباس پر سی لیتی ہیں ۔

Sequin : (v) سکہ نما زیور لگانا ۔

Sequitur : (n) [L.] نتیجہ : استخراج : استنباط ۔

Sequoia : (n) [mod. L. 'Sequoiah'.] امریکی صنوبر : امریکی دیودار ۔

Serac : (n) [Swiss Fr.] یخ برجی : سیل یخ کا تودہ جو قدرتی اسباب سے برج کی شکل بن جاتا ھے ۔

Seraglio : (n) [It. 'Serraglio'.] (۱) قصر : خصوصاً سلاطین عثمانیہ کا محل جس میں کاروبار سلطنت بھی انجام پاتے تھے ۔ (۲) حرم سرا : سلطانی محل : قصر سلطان ۔ (۳) حرم باشی ۔ (۴) قحبہ خانہ ۔

Serai : (n) [Pers. 'Saray'.] (۱) سرائے ۔ (۲) ترکستان کا شاہی قصر ۔

Seralbumen / -in : (n) (کیمیا) خون کا البومن ۔

Serang : (n) [Hindi.] سرہنگ کی بگڑی ہوئی صورت : ملاح یا جہازیوں کا (دیسی) سرگروہ یا داروغہ ۔

Serape : (n) [Mexican Sp.] شال یا چار خانے دار کپڑا جسے ہسپانوی امریکی پہنتے ہیں ۔

Seraph : (n) [Back-formation from 'Seraphim'.] (۱) فرشتہ : عالم عُلوی کی ہستی : ملك ۔ (۲) فرشتہ صفت آدمی ۔

Seraphic / - al : (a) [med. L. 'Seraphicus.'] (۱) ملکی : ملکوتی ۔ (۲) فرشتہ جمال : فرشتہ خصال ۔ (۳) وجد نما ۔

Seraphic friar : (n) سینٹ فرانسس کا پیرو ۔

Seraphic hymn : (n) دیکھو Sanctus

Seraphically : (adv.) بہ طریق ملکوتی : فرشتوں کی طرح ۔

Seraphim : (n) [OE. ME. 'Seraphin'.] (۱) فرشتہ : عالم علوی کی ہستی : ملك ۔ (۲) ملائکۂ اعلیٰ کے نہہ گانہ طبقات میں سب سے اونچا طبقہ : طبقۂ اشرف الملائکہ ۔ (۳) سویڈن کا خطاب سرداری اور تمغہ ۔ (۴) ایك قسم کا متحجر قشریہ ۔ (۵) ایك قسم کا پروانہ ۔

Seraphina/ Seraphine : (n) [Seraph + - ine.] ہارمونیم باجے کی ابتدائی صورت : سرا فینا ۔

Seraskier : (n) [Pers. 'Saraskar'.] ترکی سپہ سالار یا وزیر جنگ : سر عسکر ۔

Saraskierat(e) : (n) وزرات جنگ : محکمۂ فوجی (ترکی کا) ۔

Serb : (n) [Serbian 'Srb'.] (۱) باشندۂ ملك سرویہ ۔ (۲) سرویہ کی زبان ۔

Serb : (a) سربیہ کا : سربی ۔

Serbian : (a & n) دیکھو Serb

Serbo - : جزو ترکیبی بمعنی "سربی" "سربیہ کا" ۔

Serbo-creation : (n) سربوں کی سلافی زبان : وہ جس کی مادری زبان سربیہ سلافی ہو ۔

Serbonian bog : (n) [Gr. 'Serbonis' + -ian.] (۱) سربونی دلدل : ایك دلدل جو دریائے نیل کے دہانے پر واقع تھی ۔ (۲) (مجازاً) مشکل : الجھن : دلدل (جس میں پھنس کر نکلنا مشکل ہو) ۔

Sere/ Sear : (a) [OE. 'Sear'.] خشك : سوکھا ہوا : مرجھایا ہوا : پژمردہ ۔

Sere : (n) خشك موسم : خشکی ۔

Serein : (n) [Fr.] پھوار : خصوصاً وہ جو غروب آفتاب کے بعد گرم ملکوں میں پڑتی ہے جبکہ مطلع بالکل صاف ہوتا ہے : اوس : شبنم ۔

Serena : (n) [L.] عاشقانہ گیت جو رات میں گایا جاتا ہے ۔

Serenade : (n) [Fr.] (۱) نغمۂ شبینہ : وہ گیت جو رات کے وقت عاشق اپنے معشوق کی دیوار کے نیچے گائے : فراقیہ گیت : غزل عاشقانہ ۔ (۲) (موسیقی) وہ نغمہ جو کھلی ہوا میں گایا جائے ۔

Serenade : (v) (۱) عاشقانہ یا فراقیہ گیت گانا : گانا بجانا ۔ (۲) عاشقانہ گیت : گیت گا کر دل بہلانا ۔

Serenader : (n) نغمہ سرائی شب : نغمۂ شبینہ گانے والا : شبینہ راگ الاپنے والا ۔

Serenata : (n) [It.] سادہ راگ : گوالوں کا گیت : چوپانی نغمہ ۔

Serendipity : (n) [f. 'Serendip(-b).] اتفاقی طور پر مناسب حال اور غیر متوقع انکشاف کرنے کی قابلیت: سیلون کا پہلا نام۔

Serene : (a) [L. 'Serenus'.] (۱) (ہوا ، پانی وغیرہ کے لئے) صاف و پر سکون : غیر متلاطم ۔ (۲) مطمئن : متین : مستقیم : (مزاج) نا مضطرب ۔ (۳) (بعض امراء کے القاب میں بمعنی) مستطاب : عزت مآب ۔

All serene : (عام) سب ٹھیك : سب بخیر ہیں ۔

Drop serene : جزوی یا کلی فقدان بصر ۔

Serenely : (adv.) سکون کے ساتھ : متانت سے ۔

Serenity : (n) (۱) سکون : اطمینان ۔ (۲) متانت : استقامت ۔ (۳) خوش اطمینانی ۔ (۴) ایک خطاب جو شہزادوں کو دیا جاتا ھے ۔

Serenness : (n) سکون : اطمینان : متانت : استقامت ۔

Seres : (n) [L.] مشرقی ایشیا کے رہنے والے قدیم باشندے ۔

Serf : (n) [Fr.] (۱) رعیت : کمین : غلام : کمیرا : وہ شخص جس کی خدمات زمین کے ساتھ منتقل ہو سکیں : زرعی غلام۔ (۲) نیچ ۔ (۳) مظلوم : ستم رسیدہ : ستم زدہ : بیگاری ۔

Serfage : (n) رعیت پن : کمین پن : غلامی ۔

Serfdom : (n) دیکھو Serfage

Serfhood : (n) دیکھو Serfage

Serge : (n) [OFr. 'Sarge'.] (۱) ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ (۲) سرج کا بنا لباس ۔

Silk serge : (n) سرج سے مشابہ ریشمی کپڑا ۔

Serge : (a) سرج کا بنا ہوا ۔

Sergeancy / Serjeancy : (n) [AFr. 'Sergeancie'.] سار جنٹ کا عہدہ ۔

Sergeant / Serjeant : (n) [OFr.] (۱) سارجنٹ : پارلیمنٹ کا ایک عہدہ دار: گر زبردار : سربہنگ ۔ (۲) ایک فوجی عہدہ دار : چاؤش : حولدار ۔ (۳) (تاریخ) قانون داں : وکیل اعلیٰ : اونچے طبقے کا وکیل ۔ (۴) شاہی محل کے بعض افسر کا خطاب ۔ (۵) بلدیہ لندن کا ایک عہدہ دار (Common sergeant) ۔

Sergeant-at-arms : (n) پارلیمنٹ کا ایک عہدہ دار : گرز بردار : تبردار : سربہنگ ۔

Sergeant-at-law : (n) وکیل اعلیٰ : اونچے طبقے کا وکیل ۔

Sergeant-major: (n) (۱) فوج کا بے کمیشن اعلیٰ عہدہ دار : مددگار بخشی ۔ (۲) ایک امریکی مچھلی ۔

Sergeant-major's tea : (n) (عام) چائے جس میں (شراب) ملی ہوتی ھے ۔

Sergeantship /Serjeantship : (n) حولداری : گرز برداری : حولدار وغیرہ کا عہدہ یا کام ۔

Sergeanty / Serjeanty : (n) [OFr. 'Serjantie'.] (تاریخ) ایک قسم کی جاگیرداری جو بادشاہ کی بعض مخصوص ذاتی خدمت کی شرط پر ہوتی تھی ۔

Grand sergeanty : وہ لگان دار جو ملک کی دفاع کے لئے بحیثیت سپہ سالار کے فوج کو میدان میں بھیجنے کا کام کرتا تھا ۔

Petty sergeanty / Petit-: ادنیٰ لگان دار (جس کا کام بادشاہ کے لئے تھیلا ، تیر یا کمان بغیر تانت یا رودے کے مہیا کرنا تھا) ۔

Serial : (a) [Fr. 'Series+ -al'.] (۱) مسلسل مجموعے یا سلسلے کا : سلسلہ وار یا سلسلہ ساز ۔ (۲) سلسلہ وار : قسط وار : مسلسل (شائع ہونے والی کتاب وغیرہ) : مربوط بہ سلسلہ۔ (۳) (مطبوعات) جو مقررہ وقت پر شائع ہوں : موقتی : زمانی ۔

Serial : (n) سلسلہ (خصوصاً کسی افسانے کا) : مسلسل کتاب ۔

Serial number : (n) نمبر شمار ۔

Serial rights : (n) سلسلے وار مطبوعات کا حق طبع و اشاعت ۔

Serial temperature : (n) (پانی کی سطح اور تہ کے درمیان) مختلف گہرائیوں پر لیا ہوا درجۂ حرارت ۔

Seriality : (n) سلسلے میں ہونا : سلسلہ واری : سلسلیت ۔

Serialization : (n) (۱) سلسلہ وار اشاعت ۔ (۲) سلسلے وار ترتیب ۔ (۳) سلسلے وار ترتیب دینا ۔

Serialize : (v) (۱) سلسلے وار شائع کرنا ۔ (۲) سلسلے وار ترتیب دینا ۔

Serially : (av.) سلسلہ وار : موقتی ۔

Seriary :(n) سلسلہ سے متعلق ۔

Seriate : (a) (حیاتیات و حیوانیات) سلسلہ وار : مسلسل : سلسلے یا ترتیب سے لگا ہوا : قطاری : قطار دار ۔

Seriate : (v) مرتب یا مسلسل کرنا : سلسلے سے جانا یا لگانا : با ترتیب کر دینا ۔

Seriately : (adv.) سلسلے وار : ترتیب میں ۔

Seriatim : (adv.) سلسلے وار : ترتیب سے : نوبت بہ نوبت : فقرہ بہ فقرہ : مسئلہ بہ مسئلہ ۔

Seriation : (n) مسلسل سازی : ترتیب دہی ۔

Sericeous : (a) [L. 'Sericus'.] (حیوانیات و نباتیات) حریری : ریشمی : مخملی : نرم اور چکنے پوست کا ۔

Sericiculture : (n) پیلہ پروری : ریشم کے کیڑوں کی پرورش : ریشم سازی : کچا ریشم بنانے کی صنعت ۔

Sericin : (n) (۱) دیکھو Myristin ۔ (۲) ریشم کا چپچپا مادہ ۔

Sericite : (n) [Gr. 'Sericit'.] (کان کنی) ریشہ دار ابرق ۔

Sericite : (a) ریشہ دار ابرق جیسا ۔

Sericitic: (a) دیکھو Sericite

Sericterium : (n) [mod. L.] ریشم ساز یا ریشم زا غدود ۔

Sericultural : (a) پیلہ پروری سے متعلق : پیلہ پرورانہ ۔

Sericulture : (n) [Fr. 'Sericicilture'.] دیکھو Sericiculture

Sericulturist : (n) پیلہ پرور : ریشم ساز ۔

Seriema / Ceriama / Cariama : (n) [mod. L.] صراخ کلغی دار : برازیل کا ایک پرند : مارخور : امریکی بگلا ۔

Series : (n) [L.] (۱) سلسلہ (یکساں یا متعلقہ اشیاء کا) : زنجیرہ : قطار : مرتب مجموعہ : سلسلۂ متواتر یا متتابعہ جو ایک دوسرے کے بعد واقع ہو ۔ (۲) رسالے ، کتاب وغیرہ کی جلد (جس کے مختلف اجزا یا پرچے مسلسل شائع ہوں)؛ سلسلۂ کتاب (جو ایک صنف مضامین یا یکساں تقطیع وغیرہ پر شائع ہوں) سلسلۂ مجلدات یا مطبوعات جو کسی ایک نام یا ادارت سے مرتب کیا جائے ۔ (۳) (طبقات الارض) طبق : طبقات ارض (جو مشترک خصوصیات رکھتے ہوں) ۔ (۴) (کیمیا) سلسلہ یا صنف عناصر (جو یکساں خواص رکھتے ہوں)۔ (۵) سلسلۂ ہندسیہ یا حسابیہ : سلسلۂ ریاضی ۔ (۶) (برقیات) مورچہ لڑی یا برقی مورچوں کا سلسلہ جو ایک دوسرے سے برقی اتصال رکھتے ہوں ۔ (۷)(حیوانیات) نوع : صنف : ایک ہی خاندان یا قسم کے حیوانوں کا گروہ ۔ (۸) نا تراشیدہ ہیروں کی ایک کھیپ۔ (۹) حروف علت کا مجموعہ (جو Ablaut کے ذریعے آپس میں ملے ہوں)۔

In series : سلسلے وار مرتب سلسلے (کی صورت) میں ۔

Series-winding : (n) سلسلے وار لپیٹ ۔

Serif : (n) [Du. 'Schreef'.] شوشہ جس سے حرف کی تکمیل ہوتی ہے : باریک اور چھوٹا سا خط جو حرف کا جز ہو اور اس کے اوپر اور نیچے کھینچا جاتا ہے ۔

Serigraph : (n) ریشمی پردے کے ذریعے بنائی ہوئی چھینٹ ۔

Serigraphy : (n) ریشمی پردے کے ذریعہ چھینٹ چھاپنے کا فن ۔

Serin : (n) [Fr.] وسطی یورپ کی ایک چھوتی چڑیا جو کنیری خاندان سے ہے : شرشور : کالی پدڑی ۔

Serin : (n) [f. Serum + -in.] : (۱) (کیمیا) سیرم البومن ۔ (۲) امیڈو گلاسردل ۔

Seringa : (n) [Fr.[برازیل کے بعض درخت جس سے ربر نکلتا ہے : ربر روکھ ۔

Serio- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "نیم سنجیدہ اور نیم" ۔

Serio-comic : (a) نیم مزاحیہ : ہزل جد نما : ہنسی مذاق کی نقل وغیرہ جو متین بن کر کی جائے یا سنجیدہ چیز جو مزاح کے پیرائے میں دکھائی جائے ۔

Serio-comically : (adv.) نیز مزاحیہ طریق پر : نیم مزاحیہ ۔

Seriola : (n) [L.] مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Serioso : (adv.) [It.] (موسیقی) (ہدایت موسیقی) لوازمات کے ساتھ ۔

Serious : (a) [Fr.'Serieus' or Late L. 'Seriosus'.] (۱) متین : سنجیدہ : غور و فکر یا ذمہ داری کے احساس کے ساتھ کام کرنے والا ۔ (۲) اہم : بڑا : مہتم بالشان : سنگین : جو مادی یا غیر مادی اعتبار سے کچھ کم نہ ہو ۔ (۳) قابل فکر : مخدوش : خطیر ۔ (۴) ہنسی یا بناوٹ سے خالی : سچا : واقعی ۔ (۵) مذہبی یا اخلاقی نوعیّت کا : متین : سترگ : معمولی یا دنیاوی اعتبار سے ماوریٰ (مسائل مضامین وغیرہ) ۔ (۶) (عموماً طنزیہ) مذہبی : متقشف : مذہبی خیال کا : مُلائی : جو عقبیٰ کے خیال میں منہمک ہو ۔

Seriously :(adv.) متانت سے : سنجیدگی سے : جداً : جس میں کوئی تمسخر وغیرہ نہیں ہو: اہمیت کے ساتھ یا اہم سمجھ کر ۔

Serjeant : دیکھو Sergeant

Sermon : (n) [AFr. 'Sermun'.] (۱) وعظ : موعظت : درس : پند : مذہبی نصیحت : شیخ یا عالم دین کی مذہبی تقریر خصوصاً ممبر سے : خطبہ ۔ (۲) عام ناصحانہ تقریر: پندو نصائح جو کلیسا سے باہر کی جائیں ۔(۳)(مجازاً) عبرت : بصیرت : درس جو قدرتی اشیاء کو دیکھنے سے حاصل ہو ۔

After sermon : (عبادت) کلیسا کے باہر یا بعد ۔

At sermon : کلیسا میں ۔

Sermonette : (n) مختصر وعظ : مختصر خطبہ ۔

Sermonic : (a) وعظ جیسا : وعظ کے مثل ۔

Sermonish : (a) دیکھو Sermonic

Sermonize : (v) واعظ : خطیب : ناصح ۔

Sermonize : (v) واعظ کی طرح تقریر کرنا : پند و نصیحت یا تلقین کرنا ۔

Sermonizer : (n) واعظ : خطیب : پند گو ۔

Sero - : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "سیرم" "خوناب" ۔

Serolin : (n) [Fr. 'Seroline'.] ایک چربیلا مادہ جو خون کے سیرم میں پایا جاتا ھے ۔

Serologist : (n) مصلیات داں ۔

Serology :(n) مَصلِیّات ۔

Seron : (n) [Sp.] جانور کی کھال میں لپٹی ہوئی گانٹھ ۔

Serosity : (n) [med. L. 'Serositas'.] (۱) خوناب : مَصیل ۔ (۲) پیلا پن : پنیالا پن ۔

Serotine : (n) [Fr.] لال چمگادڑ ۔

Serotinous : (a) [L. 'Serotinus'.] پچھیتا : پچھیتی : جو موسم کے بعد اگے ۔

Serous : (a) [Fr. 'Sereux' or med. L. 'Serosus'.] (۱) خونابی : آب آمیز (خون) : رقیق : پتلا : پنیالا ۔ (۲) خوناب ریز ۔

Serous membrane : (n) غشائے مصیلی ۔

Serow/ Surow / Saraw : (n) [Native name.] بز کوہی : بُز ہمالہ ۔

Serpent : (n) [Fr.] (۱) سانپ : مار : ناگ ۔ (۲) سمندر کے مار نما جانور ۔ (۳) (مجازاً) دغاباز : مار آستین ۔ (۴) شیطان ۔ (۵) حاسد : کینہ ور ۔ (٦) سانپ کی تصویر یاشبیہ (بطور زیور)۔ (۷) شمالی ستاروں کا جھرمٹ ۔ (۸)ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۹) (اب متروک ھے) بانسری ۔ (۱۰) پیچ دار موم بتی: بالوں کا رستا : کرگھے کا کج دُھرا۔ (۱۱) سانپ کھلونا (Pharaoh's serpent) ۔

Serpent-bearer : (n) دیکھو Ophiuchus

Serpent-cucumber : (n) ایک قسم کا کھیرا ۔

Serpent-eagle : (n) ایک قسم کا شکاری پرندہ ۔

Serpent-eater : (n) مار خور پرندہ : الکاتب ۔

Serpent-fish : (n) سرخ مار ماہی ۔

Serpent star : (n) (علم النجوم) حوّا ۔

Serpent-stone : (n) (۱) دیکھو Ammonite ۔ (۲)ایک قسم کا مصنوعی پتھر جس کو سانپ کے زہر کے علاج کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Serpent's head/ -skull : (n) کوڑی کی ایک قسم ۔

Serpent's tongue : (n) شارک مچھلی کا متحجر دانت ۔

Serpentaria : (n) (۱) ایک قسم کی گھاس کی جڑ ۔ (۲) Serpentary سے حاصل ہونے والی القلی نما (نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیا) ۔

Serpentarius : (n) [mod. L.] دیکھو Ophiuchus

Serpentary : (n) ایک قسم کی گیاہ جس کی جڑ بطور دوا استعمال ہوتی ھے ۔

Serpentiform : (a) [Late L. 'Serpentiformis'.] مار نما : مار صورت : مار شکل : سانپ نما ۔

Serpentine : (n) [med,. L. 'Serpentina',] (۱) بعض پودوں کا نام جن میں ایسا مادہ (کہا جاتا ھے) ہوتا ھے جو سانپ کے زہر کے لئے تریاق ھے ۔ (۲) ایک قسم کی توپ ۔ (۳)چٹان یا پتھر کی بعض قسمیں جن کا رنگ گہرا

سبز ہوتا ہے : ان پر ایسی چتیاں ہوتی ہیں جیسی سانپ کے جسم پر : حجرالحیہ : چت کبرا (پتھر) جس کو جلا دے کر آرائشی کاموں میں استعمال کرتے ہیں۔ (۴) پرپیچ راستہ۔ (۵) ایک قسم کا رقص۔ (۶) (اسکیٹ) لہریا، ہلکا سا پیچ بہ پیچ خط جو اس کے کھڑ اون کے استعمال سے پڑ جائے۔

Serpentine : (a) (۱) جس میں سانپ کے سے بل ہوں : پر پیچ : خم بہ خم : پیچ بہ پیچ : مار پیچ۔ (۲) (مجازاً) فریبی : دغا باز۔

Serpentine : (v) (۱) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا۔ (۲) گھمانا : چکر کھلانا۔

Serpentine dance : (n) رقص مار پیچ : جس میں سانپ کے سے پیچ و خم ہوتے ہیں۔

Serpentine marble : (n) حجرالحیہ کی چٹان۔

Serpentine motion :(n) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا : پر پیچ و خم حرکت : ٹیڑھی ترچھی چال۔

Serpentine temple : (n) ناگ مندر۔

Serpentine verse : (n) متحد الطرفین : وہ مصرع جس کے شروع اور آخر کا لفظ یکساں ہو۔

Serpentine windings : (n) (۱) پیچ و خم (سڑک یا چشمہ) جو سانپ کی طرح بل کھاتا جائے۔ (۲) (مجازاً) اینچ پینچ کی باتیں: دم جھانسا۔

Serpentine wisdom : (n) دور اندیشی : فراست : حزم۔

Serpentinely : (adv.) پر پیچ طور پر : مار پیچ طور پر۔

Serpentinize : (v) (۱) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا : پر پیچ راہ پر چلنا : چکر کھانا۔ (۲) (ارضیات) حجرالحیہ میں تبدیل کر دینا۔ (۳) پر پیچ سمت کی طرف چلانا۔

Serpentinous : (a) سانپ جیسا : مار نما۔

Serpentlike : (a) سانپ جیسا۔

Serpentry : (n) (۱) ماران۔ (۲) مارستان۔ (۳) ٹیڑھی ترچھی چال۔

Serpiginous : (a) داد کا مریض یا اس میں مبتلا : گنجا : کھاج مارا۔

Serpiginously : (adv.) داد کی طرح۔

Serpigo : (n) [med. L.] داد کا مرض : کھاج۔

Serpula : (n) [Late L.] مارچہ : ایک قسم کا بحری کیڑا جو چونے کی نلیوں میں رہتا ہے۔

Serpulean/ Serpulidan : (n) جنس مارچہ۔

Serpulite : (n) (ارضیات) متحجر مارچہ۔

Serra : (n) [L.] (۱) ایک افسانوی بحری عفریت۔ (۲) آرہ مچھلی۔ (۳) آرے کے دانت کی طرح دندانہ دار ہونا جیسے پتے کا کنارہ : مسننہ کھوپڑی کا جوڑ جو سیون کی طرح معلوم ہوتا ہے : عضو آری نما۔

Serra : (n) [Pg.] پہاڑ کی ماہی پشت : سلسلۂ کوہ۔

Serradella/ Serradilla : (n) [Pg.] پتیا گھاس : خوید۔

Serran : (n) [mod. L. 'Serranus'.] ایک قسم کی مچھلی۔

Serranoid : (a) ایک قسم کی مچھلی سے متعلق۔

Serranoid : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Serranus : (n) بحری خار ماہی۔

Serrate : (n) [L. 'Serratus'.] آری نما : دندانہ دار : دندانہ دندانہ۔

Serrate : (v) آرہ (سا) بنا دینا : آرہ لگا دینا۔

Serrated : (a) دیکھو Serrarte

Serration : (n) دندانے یا آرہ فراہم کرنا یا لگانا : تسنین۔

Serrato- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "دندانے دار"۔

Serrature : (n) [late L. 'Serratura'.] دیکھو Serration

Serrefile : (n) [Fr.] (فوج) وہ شخص یا اشخاص جو فوج کے عقب میں رکھے جائیں : اہل ساقہ : بہیرہ و بنگاہ۔

Serrefine : (n) [Fr.] خون کی رگ کو پکڑنے کا چمٹا۔

Serri- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "دندانہ دار" : "آرہ نما"۔

Serri-rostrate : (a) آرہ منقار : دندانہ منقار۔

Serricorn : (n) دندانی بھونرا : آرہ قرنہ : جُعل : ایک قسم کا بھونرا جس کے سینگ یا آگے نکلے ہوئے بال دندانہ دار ہوتے ہیں۔

Serried : (a) دوش بدوش : پیوستہ : بلا فصل : ملحق : صف بستہ ۔

Serriferous : (a) آرہ نما : دندان نما : دندانہ صورت : آرہ دار ۔

Serrula : (n) [L.] (حیوانیات) شانہ : سیرولا ۔

Serrulate : (a) [mod. L. 'Serrulatus'.] دندانہ دار : آری نما : دندانك دار : جس میں بہت باریك دندانے ہوں : مسنن : منشاری ۔

Serrulated : (a) دیکھو Serrulate

Serrulation : (n) تسنین : دندانہ داری ۔

Serry : (v) [Fr. 'Serre'.] (۱) دوش بدوش ہونا : صف بستہ ہونا : دوش بدوش چلنا ۔ (۲) دوش بدوش کھڑا کرنا ۔

Sertularia : (n) [L. 'Sertula'.] قسم آبی کثیر پا ۔

Sertularian : (a) آبی کثیر پا کی جنس سے متعلق ۔

Sertularian : (n) ایك قسم کا کثیر پا ۔

Sertule : (n) (نباتیات) چھتر : پھولوں کا گچھا جس میں ڈنڈیاں جو تقریباً مساوی طوالت کی ہوتی ہیں ، ایك ہی مرکز سے نکلی ہوئی ، چپٹی ، دبی یا ابھری سطح بناتی ہیں ۔

Sertulum : (n) [mod. L. 'Sertum'.] دیکھو Sertule

Serum : (n) [L.] (۱) مصل : سیرم : خونباب : صدید : ماء الجبن : کیلوس : لمف ۔ (۲) (مرضیات) کسی جانور کا کیلوس جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے ۔

Srrum sickness / -disease eruption : (n) مصلی مریض ۔

Serum threrapy : (n) مَصلی علاج ۔

Servable : (a) قابل خدمت ۔

Serval : (n) [Pg. '(lobo) cerval'.] چیتا بلاؤ : افریقہ کا ایك جنگلی بلاؤ ۔

Servaline : (a) چیتا بلاؤ سے مشابہ ۔

Servant : (n) [OFr.] (۱) نوکر : چاکر : خادم : خدمت گار : ملازم ۔ (۲) (مجازاً) مقلد : پیرو ۔ (۳) (شمالی امریکا) غلام ۔ (۴) عاشق : آشنا ۔

Civil servants : عمال دیوانی ۔

Domestic servant : خانگی ملازم ۔

General servant/ Servant of all work : نوکرانی جو ہر طرح کا کام کرتی ہے ۔

Public servant : سرکاری ملازم : سرکاری نوکر : خادم ملك ۔

Servant of the servants of God : پاپائے رومہ کا ایك لقب ۔

Servant girl : (n) ملازمہ : خادمہ : چھوکری ۔

Servant maid : (n) خادمہ : ماما ۔

Servant's hall : (n) بڑے گھروں میں نوکروں کے کھانے وغیرہ کا کمرہ ۔

Servantless : (a) بے ملازم : بے خدمت گار ۔

Servantship : (n) چاکری : نوکری : خدمتگاری ۔

Serve : (n) (ٹینس) پہلی گیند : پہلی چوٹ : پہلی ضرب : پھینکائی : پہلی پھینك ۔

Serve : (v) [Fr. 'Servir' or L. 'Servire'.] (۱) خدمت یا نوکری کرنا : نوکر کی طرح کسی کا کام کرنا ۔ (۲) کام آنا : ضرورت کے مطابق ہونا : ضرورت پوری کرنا : مفید مطلب ہونا : خدمت بجا لانا : پورا کرنا : تکمیل کو پہنچانا ۔ (۳) دستر خوان چننا : میز یا دستر خوان پر کھانا لا کر رکھنا : کھانا کھلانا : چارہ دینا (جانوروں کو) ۔ (۴) (کسی دوسرے کھانے کے ساتھ) میز پر لانا : (جوڑ کی چیز) میز پر لگا کے رکھنا : میز پر لایا جانا ۔ (۵) لوگوں کو دینا : حصہ بانٹنا : تقسیم کرنا ۔ (۶) بہم پہنچانا : فراہم کرنا : پہنچانا (عدالتی یا سرکاری احکام وغیرہ کو) : سواری بہم پہنچانا ۔ (۷) گیند پھینکنا یا پہنچانا (کھیل شروع کرتے وقت) ۔ (۸) پیش آنا : برتاؤ کرنا : (خصوصاً بدلے میں) : بدلہ لینا ۔ (۹) مذہبی رسوم ادا کرنے میں پادری کی مدد کرنا ۔ (۱۰) پجاری ہونا : پجاری کے فرائض انجام دینا ۔ (۱۱) عبادت کرنا : پوجا کرنا ۔ (۱۲) اطاعت کرنا : عاشق ہونا ۔ (۱۳) حکم بجا لانا : کام کرنا (کسی ادارے ، انجمن یا کمپنی کا) ۔ (۱۴) (کسی بادشاہ کی) جنگی خدمت کرنا : جنگ کرنا ۔ (۱۵) مدد کرنا : اعانت کرنا : مدد دینا ۔ (۱۶) تکلیف اٹھانا (کسی مراد کے لئے) ۔ (۱۷) تابع ہونا : ماتحت ہونا ۔ (۱۸) سود مند ثابت ہونا : ضرورت پوری کرنا : مددگار ثابت ہونا ۔ (۱۹) موزوں ہونا : مناسبِ ہونا (وقت ، موقع وغیرہ کا) ۔ (۲۰) (حافظہ کا) ساتھ دینا ۔

(۲۱) کافی ہونا : بس ہونا ۔ (۲۲) (قانون) (دستاویز وغیرہ کا) باضابطہ حوالہ کرنا : سپرد کرنا ۔ (۲۳)(سانڈ، گھوڑے کا) گھوڑی بھرنا : جفتی کرنا ۔ (۲۴)(شکرا بازی وغیرہ)شکارمہیاکرنا۔(۲۵)(بحری) (رسے یا ڈنڈے کا) چھوٹی رسی سے باندھنا : (رسّا یا پٹی وغیرہ) لپیٹنا۔ (۲۶) (فوج) حربی بقل و حرکت میں‌لانا ۔ (۲۷) مطمئن کرنا : تسکین دینا : کافی ثابت ہونا ۔ (۲۸) (اپنے مالك کی مدت ملازمت) پوری کرنا : مدت (میعاد سزائے قید) پوری کرنا ۔

First come first served : جو پہلے آئے سو پہلے کھائے ۔

To serve (a person) right : خوب بدلہ لینا (کسی سے) ۔

To serve one's turn : کار آمد ہونا : پورا اترنا : موزوں ہونا : کام دینا : مفید مطلب ہونا ۔

To serve the shop : خریداروں کو مال دکھانا ۔

To serve the tables : (انجیل کے استعارے میں) پیٹ کا بند ہونا : جسمانی ضروریات کو روحانی فرائض پر مقدم سمجھنا ۔

To serve the time : زمانہ سازی کرنا ۔

Serve out : (v) بدلہ لینا ۔

Serventism : (n) [It. 'Servente'.] شادی شدہ عورتوں کا عاشق مزاج مصاحب ہونا ۔

Server : (n) (۱) خدمت کرنے والا : ضرورت پوری کرنے والا : دسترخوان چننے والا ۔ (۲) مذہبی رسوم ادا کرنے والے پادری کا مددگار ۔ (۳) کام آنے والی چیز ۔ (۴) دیکھو Salver ۔ (۵) سلاد یا دوسری چیز (میز پر) لگانے والا چمچہ اور کانٹا ۔

Servian : (a & n) [mod. L. 'Servia'.] دیکھو Serbian

Servian : (a) قدیم روما کے چھٹے بادشاہ سرویسیس تولی اس سے منسوب ۔

Service : (n) [OFr. 'Service'.] (۱) نوکری : ملازمت : خدمت ۔ (۲) سرکاری محکمہ : شعبہ : صیغۂ ملازمت ۔ (۳) آمادہ بکار ہونا : حکم کا منتظر ہونا : کمر بستہ ہونا (کسی خدمت کے لئے) ۔ (۴) کار مفوضہ : فریضۂ ملازم : فرض منصبی : مقررہ خدمت ۔ (۵) (مجازاً) تسلیم نیاز ۔ (۶)(مراسم) نماز : پوجا پاٹ : دعا خوانی : مناجات : آرتی : بھجن ۔ (۷) کام ، خدمت لائقہ کار آمادگی ۔ (۸)اجرا : نفاذ : تعمیل (عدالتی حکم نامے وغیرہ کی)۔ (۹) کھانے کے برتن جو دستر خوان پر چنے جائیں : ظروف طعام : لوازم مائدہ ۔ (۱۰) (ریل ، جہاز وغیرہ میں) گیند اندازی : گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے : پھینك : گیند کی باری ۔ (۱۲)ماہانہ امداد یا ہدایت جو کسی چیز کی فروخت کے بعد گاہکوں کو دی جاتی ہے ۔ (۱۳) (کھانے کی میز کا) ساز و سامان : حمام کے ظروف : بیت الخلا کے ظروف ۔ (۱۴) نلکیوں کے ذریعے گیس ، پانی وغیرہ کی فراہمی ۔ (۱۵) (کسی کام کے لئے) سارے سازو سامان مہیا کرنا ۔ (۱۶) آمد و رفت کی گنجائش یا انتظام (گاڑی وغیرہ کا) ۔ (۱۷) دستاویز وغیرہ سپرد کرنا : (اسکاچستانی قانون) متوفی کا وارث مقرر کرنے کا ضابطہ ۔ (۱۸)(بحری) رسے کی گرد لپیٹی جانے والی رسی ۔ (۱۹)جفتی کھانا (مادہ جانوروں کا) ۔ (۲۰) خدمت خلق ۔

Give my service to : میری طرف سے انہیں سلام کہہ دو ۔

In service : ملازمت میں ہونا : برسرکار ہونا ۔

My service to you : یہ الفاظ جام صحت پیتے وقت بولے جاتے ہیں ۔

Of service : فائدہ بخش : سود مند : کار آمد ۔

On His (or Her) Majesty service : بکار سرکار : سرکاری لفافوں یا ٹکٹوں پر یہ الفاظ چھپے ہوتے ہیں ۔

Out of service : ملازمت سے باہر : ملازمت میں نہیں : بے کار ۔

Secret service : خفیہ سرکاری خدمت : خفیہ خدمت جس کی پبلك کو خبر نہیں ہوتی لیکن جس کا خرچ حکومت برداشت کرتی ہے ۔

The senior service : بحریہ : بحری فوج ۔

The service of the table : میز کے نوکر یا پیش خدمت کا کام ۔

The united service : بری اور بحری افواج ۔

To accept service : دیکھو Accept

To be in service : ملازمت میں ہونا ۔

To go , get , put into service : ملازمت میں جانا :

نوکری قبول کرنا۔

To see service : (۱) (سپاہی کا) جنگی تجربہ رکھنا۔ (۲) فرسودہ ہو جانا۔

Service : (n) [ME, 'Sarves, Seryse'.] (۱) ایک یوروپین درخت جس کا پھل ناشپاتی سے ملتا جلتا ہے: سرو فرنگی : درخت سنجد۔

Service : (v) (گاڑیوں وغیرہ کی) دیکھ بھال کرنا۔

Service area : (n) (۱) (نشریات) وہ حدود جس کے اندر اطمینان بخش طور پر سنا جا سکے۔ (۲) وہ جگہ جہاں موٹرراں پٹرول وغیرہ کے لئے رک سکیں۔

Service berry : (n) سنجد : سرو بہی : ایک قسم کا چھوٹا درخت White lecam کا پھل۔

Service-book : (n) کتاب الصلوٰۃ : (جس میں جملہ کلیسائی احکام اور انتظامات درج ہوتے ہیں)۔

Service-bus/ -car : (n) (نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا) موٹر گاڑی۔

Service box : (n) دھات کا ایک بکس جہاں سے بجلی کے تار گھر کے اندر سوئچ تک جاتے ہیں۔

Service brake : (n) فوری ضرورت بریک : دیکھو Emergency brake.

Service-charge : (n) دیکھ بھال کا معاوضہ۔

Service-engineer : (n) ان آلات وغیرہ کی دیکھ بھال کرنے والا انجینئر جو پہلے سے کام میں ہے۔

Service flat : (n) وہ رہائشی کمرا جہاں ایک خاص انتظام کے تحت کھانا اور نوکر مہیا کئے جاتے ہیں۔

Service-hatch / -window : (n) باورچی خانہ اور طعام خانے کے درمیان کا چوڑا سوراخ جس کے ذریعہ برتن لائے جاتے ہیں۔

Service life : (n) استعمال کی مدت۔

Service line : (n) لکیر : پالا : حد : جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے۔

Service man : (n) (۱) فوجی۔ (۲) مرمت کرنے والا شخص۔

Service measure : (n) چودہ ہجاؤں کا مصرع۔

Service metre : (n) دیکھو Service-measure

Service module : (n) طیارے یا ہوائی جہاز کا وہ حصہ جس میں انجن اور بجلی گھر ہوتے ہیں۔

Service pipe : (n) نل کی شاخ جو بڑے نل سے گھر تک پہنچائی جائے : گھر کی نلی یا نل۔

Service-road : (n) وہ سڑک جو شاہراہ عام نہیں بلکہ ان گھروں کی آسانی کے لئے بنائی گئی ہو جو شارع عام سے دور ہوں۔

Service-side : (n) (ٹینس) وہ حصہ جدھر گیند کو پہلی دفعہ پھینکا جاتا ہے۔

Service-speed : (n) جہاز کی عام رفتار۔

Service-stamp : (n) سرکاری ٹکٹ۔

Service-station : (n) (پٹرول یا دوسرے ایندھن) بھروانے کا اسٹیشن۔

Service-tree : (n) سنجد کا درخت۔

Service uniform : (n) فوجی وردی۔

Service-woman : (n) فوجی عورت۔

Serviceable : (a) (۱) قابل خدمت : بکار آمد : کار آمد : مفید : کام کا : خدمتی۔ (۲) دیر پا : مضبوط : خوب چلنے یا کام دینے والا۔

Serviceableness : (n) کام کی اہلیّت : کار آمدگی : باکارگی : فائدہ مندی : دیر پائی۔

Serviceably : (adv.) (۱) خدمت گزارانہ : اطاعت مندانہ۔ (۲) مفید طریق پر۔

Servient : (a) [L. 'Serviens'.] ما تحت۔

Serviette : (n) [Fr.] رومال : میز مال : تولید جو خانساماں لوگ استعمال کرتے ہیں۔

Servile : (a) [L. 'Servilis'.] (۱) غلامانہ : غلاموں کی : غلام سے منسوب یا متعلق۔ (۲) غلام جیسا : حقیر : ذلیل: فرو مایہ : کمینہ : دست نگر۔ (۳) نہایت خوشامدی: کاسہ لیس : چاپلوس۔ (۴) (قواعد) امدادی :معاون (فعل)۔ (۵) حرف تابع : سلکن جو خود آواز نہ ہے بلکہ دوسرے حرف کی آواز نمایاں کرنے کی غرض سے آئے۔

Servile : (n) (۱) غلام۔ (۲) حرف تابع۔

Servile war / -insurrection : (n). غلاموں کی جنگ (آقاؤں کے خلاف).

Servile work : (n) وہ میکانکی اور نیچ کام جو ہر اتوار کو اور گرجے کے بڑے تہواروں کے دن ممنوع نہیں۔

Servilely : (adv.) غلامانہ : چاپلوسی سے : خوشامدانہ۔

Servileness : (n) (۱) غلامی : چاکری : نوکری : خدمت۔ (۲) کمینہ پن: کمینگی : پاجی پن ۔ (۳) چاپلوسی : خوشامد : کاسہ لیسی۔

Servilism : (n) (۱) باضابطہ غلامی۔ (۲) وہ نظریہ جو سیاسی غلامی کی حمایت کرتا ھے۔

Servility : (n) دیکھو Servileness

Serving : (n) (۱) خدمت : کار آمدگی : دسترخوان چننا۔ (۲) حصہ : کسی کھانے کی اتنی مقدار جو ایک شخص کو ایک بار دی جائے۔ (۳) دھاگا یا رسی جوکمان کے بیچ میں لپیٹ دی جاتی ھے تاکہ تیر کہ دندانے دار سرے سے محفوظ رھے۔

Serving : (a) (۱) خدمت کرنے والا / والی۔ (۲) فوجی۔

Serving-man :(n) نوکر : ملازم : خدمت گار : شاگرد پیشہ۔

Serving-woman : (n) نوکرانی : ملازمہ۔

Servite : (n) [med. L. 'Servitae'.] راہب اور راہبہ کا ایک درویشانہ سلسلہ جو فلورنس میں ۱۲۳۳ء میں قائم ہوا تھا۔

Servite : (a) راہب اور راہبے کے ایک سلسلے کے متعلق۔

Servitor : (n) [OFr.] (۱)ملازم : خدمت گار : خدمت گزار : حاضر باش ۔ (۲) (جامعہ آکسفورڈ، تاریخ) وظیفہ خوار : وظیفہ یاب: نوکر : طالب علم جس کو وظیفہ ملتا تھا اور جو اس کے معاوضے میں نوکروں کی سی خدمت انجام دیتا تھا : جو فوجی خدمت کرتا تھا۔ (۳) (شیشہ سازی) شیشہ سازوں میں دوسرا آدمی۔

Servitorship : (n) وظیفہ حواری وغیرہ۔

Servitude : (n) (۱) غلامی : حلقہ بگوشی : اطاعت فرمانبرداری : حکم برادری ۔ (۲)خدمت (خصوصاً جبریہ) تابعداری : محکومی ۔ (۳) (قانون) مدد : امداد : حق استفادہ۔

Servo - : دیکھو Serbo

Servo-mechanism : (n) بعید ضبطی پرزہ۔

Servo-motor : (n) [Fr. 'Servo-moteur'.] معاون متحرک موٹرخصوصاً وہ جو بڑے جہازی انجن کے دندانے دار چکر (Geer) کو الٹا چلانے کے کام آتا ھے۔

Servo-system : (n) دیکھو Servo mechanism

Sesame : (n) [L.'Sesamum'.] (۱) تل : کنجد : سیسیم۔ (۲) دیکھو Open sesame.

Sesame-grass : (n) دیکھو Gama grass

Sesamoid : (a) (۱) کنجدی : کنجد صورت : سسمانی : تل جیسی۔ (۲) گولی دار : گردہ دار : دانہ دار۔ (۳) (تشریح) کشتی نما۔

Sesamoid / -al : (n) کشتی نما استخوان : استخوان خرفی : سسمانی ہڈی۔

Sesamoideal : (a) دیکھو Sesamoid

Sesamum : (n) دیکھو Sesame

Sesban : (n) [Fr.] سبان۔

Seseli : (n) [L.] چھتری کی شکل کا ایک سدا بہار پودا : شمسیہ : چھتر بوٹی۔

Sesqui- : (Prefix) [L.] (۱) سابقہ بمعنی "یک ونیم" "ڈیوڑھا"۔ (۲) دو اور تین کی نسبت والا۔

Sesquialter : (a) ڈیوڑھا : جس میں ایک اور ڈیڑھ یا دو اور تین کی نسبت ھو۔

Sesquiltera : (n) آرگن باجے کا پردا۔

Sesquialteral : (a) دیکھو Sesquialter

Sesquialterate : (a) دیکھو Sesquialter

Sesquialterous : (a) دیکھو Sesquialter

Sesquibasic : (a) (نمک کا) جس میں تین حصے اساس اور دو حصے ترشہ ھوں۔

Sesquibromide : (n) برو مائیڈ جس میں دو جوہر برومین کے اور تین کسی اور عنصر کے ھوں۔

Sesquicentennial : (a) ایک سو پچاسویں سالگرہ سے متعلق۔

Sesquicentennial : (n) ڈیڑھ سویں سالگرہ ۔

Sesquiduple : (a) جس میں ڈھائی اور ایک کی نسبت ہو ؛ ڈھائی گنا ۔

Sesquiduplicate : (a) دیکھو Sesquiduple

Sesquioxide : (n) ڈیڑھ آکسیدی ؛ جس میں تین جز آکسیجن کے اور دو کسی اور عنصر کے ہوں ۔

Sesquipedal : (a) [L. 'Sesquipedalis'.] (۱) ڈیڑ فٹی (الفاظ) ؛ کثیر الاجزا ؛ لمبے الفاظ ؛ ثقیل اور مغلق (الفاظ) ۔ (۲) ثقیل اور مغلق الفاظ استعمال کرنے کا عادی ۔

Sesquipedalian : (a) دیکھو Sesquipedal

Sesquipedalian : (n) (۱) ڈیڑھ فٹا شخص یا چیز ۔ (۲) ڈیڑھ فٹا لفظ ۔

Sesquipedalianism : (n) ثقیل اور مغلق الفاظ استعمال کرنا ۔

Sesquipedalism : (n) دیکھو Sesquipedaleanism

Sesquiopedality : (n) لمبے الفاظ کا استعمال ۔

Sesquipes : (n) ڈیڑھ فٹا ۔

Sesquiplicate : (a) [mod. L. 'Sesquiplicatus'.] مکعب گنا ؛ جس میں مربع کا تناسب ہو ؛ مکعب مربعی ۔

Sesquiquadrate : (n) دو اجرام فلکی کی وضع جب وہ ایک دوسرے سے ۱۳۵ ڈگری پر ہوں ۔

Sesquiquatile : (n) دیکھو Sesquiquadrate

Sesquisulfide : (n) ڈیڑھ گندھکی ؛ جس میں گندھک کے تین جز اور کسی اور عنصر کے دو جز ہوں ۔

Sesquitertia : (n) ۴/۳ گنا ؛ وہ وقفہ جس میں چار اور تین کی نسبت ہو (۴:۳) ۔

Sessile : (a) [L. 'Sessilis'.] (نباتیات و حیوانیات) عدیم الساق ؛ بے ساق ؛ (وہ پتا) جس میں ڈنٹھل نہ ہو جو ٹہنی سے نکلے ؛ چسپیدہ ۔

Session : (n) [Fr. or L.'Sessio(n)'.] (۱) اجلاس ؛ جلسہ ؛ عدالت فوجداری کا اجلاس ۔ (۲) زمانۂ اجلاس ؛ پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اس کے اجلاس کا درمیانی زمانہ ؛ میقات ۔ (۳) اوقات مدرسہ ؛ میقات جامعہ ۔

Autumn session : پارلیمنٹ کی برخاستگی کے بعد خصوصی اجلاس ۔

Brewster sessions : عدالت کا اجلاس جس میں شراب فروشی کا لائسنس دیا جائے ۔

General sessions : دیکھو Quarter sessions

Petty sessions : سرسری اجلاس ؛ اجلاس مختصر ؛ اس میں دو یا دو سے زیادہ جج سرسری سماعت کر کے فیصلہ کر دیتے ہیں ۔

Quarter session : سہ ماہی عدالت ۔

Sessional : (a) اجلاسی ؛ میقاتی ۔

Sessional order : (n) (پارلیمنٹ) میقاتی حکم جو صرف ایک میقات کے لئے ہو ۔

Sessionally : (adv.) میقاتی طور پر ؛ اجلاسی طور پر ۔

Sesterce : (n) [L. 'Sestertius'.] ایک قدیم رومی سکہ ؛ سیس ترکہ ؛ سیس ترتیوس ۔

Sesterium : (n) [L.] سیس ترتیوم ؛ قدیم رومی سکہ جو ایک ہزار سیس ترتیوس کے برابر ہوتا تھا ۔

Sestet(t) / Sestette : (n) [It. 'Sestetto'.] (۱) وہ نغمہ جو چھ آوازوں کے مل کر گانے کے لئے موزوں کیا جائے ۔ (۲) انگریزی سانٹ کے آخری چھ مصرعے ؛ سدسہ (آخری) ۔

Sestetto : (n) [It.] دیکھو Sestet(t)

Sestina : (n) [It. 'Sestina'.] انگریزی نظم کی ایک خاص صفت جس میں چھ بند اور ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں ؛ سدسہ ؛ شش بند ۔

Sestine : (n) دیکھو Sestina

Set/ Sett : (n) [OFr. 'Satte' & O.N. 'Setr'.] (۱) لازم و ملزوم یا یکساں قسم کی اشیا یااشخاص کا مجموعہ ؛ جماعت ؛ طائفہ ؛ سنگت ؛ اجتماع ؛ کثم ؛ قبیلہ ؛ زمرہ ؛ گروہ ۔ (۲) جوڑ ؛ جوت ؛ جوڑی ؛ ٹولی ۔ (۳) سلسلہ ؛ رو ؛ قطار ؛ مجموعہ ۔ (۴) لوازمہ ؛ ساتھ کا سامان یا اشیا ۔ (۵) (ٹینس وغیرہ کی) ایک بازی ۔ (۶) قلم ؛ شاخ ؛ پودا (جو اسی وقت جما یا گیا ہو) ۔ (۷) دن یا آفتاب کا غروب ؛ مغرب ؛ شام ؛ سرشب ۔ (۸) (ہوا وغیرہ کا) رخ ؛

(۱۶)(شکاری کتے کا) کان کھڑے کرنا یا جسم اکڑانا (جو شکار کے سامنے آ جانے کے وقت ہوتا ہے) . (۱۷)(ناچنے والے کا) ساتھیوں کے سامنے ایستادہ ہونا . (۱۸) (لباس کا) موزوں ہونا : جسم پر ٹھیک اترنا . (۱۹) مرغی کو انڈے پر بٹھانا (سینے کے لئے) یا اس کا بیٹھنا . (۲۰) ڈوبنا : غروب ہونا : ختم ہونا (دن کا) . (۲۱)(مجازاً) تنزل: زوال: انحطاط: گھٹنا . (۲۲)ریکارڈ یا فہرست میں چڑھنا : درج کرنا . (۲۳) دستخط کرنا : ثبت کرنا . (۲۴) شرط پر لگا دینا : داؤں پر چڑھا دینا . (۲۵) نشان لگانا : تہ چڑھانا : (کسی چیز کو) اچھا کر کے دکھانا . (۲۶) قیمت لکھنا (کسی چیز پر) : قیمت متعین کرنا . (۲۷) تعینات کرنا (کسی خاص کام کے کرنے کے لئے) . (۲۸) تعین کرنا : معین کرنا (سرحد وغیرہ) . (۲۹) بر تر بنا دینا : اوپر بٹھا دینا (اونچے عہدے پر) . (۳۰) وقت مقرر کرنا (کسی کام کے لئے) . (۳۱) عائد کرنا : ہدایت کرنا : ہدایت جاری کرنا . (۳۲) اجارے پر دینا . (۳۳) جال بچھانا : پھندا لگانا . (۳۴) سینا . (۳۵) (نان بائی گیری یا شیشہ گری) بھٹی میں رکھنا . (۳۶) مصنوعی دانتوں کو پلیٹ پر جمانا . (۳۷) بادبان اس طرح لگانا کہ ہوا پکڑ سکے . (۳۸) گھنٹی اس وقت تک بجانا جب تک وہ الٹی نہ ہو جائے . (۳۹) (کسی خاص درجۂ حرارت پر) برتن میں رقیق شے رکھنا . (۴۰) خمیر ڈالنا : خمیر اٹھانا . (۴۱) (میز پر) دسترخوان چننا یا چن دینا : کھانا لگانا . (۴۲) ٹائپ جمانا : مسودے کو ٹائپ میں دینا . (۴۳) نغمہ تیار کرنا . (۴۴) مناظر تیار کرنا . (۴۵) دھار بنانا : آرے کا دانت ٹھیک یا تیز کرنا . (۴۶) کھینچنا (چمڑے کو) . (۴۷)اکھڑی ہوئی ہڈی کو بٹھانا . (۴۸) بال یا کپڑے کو درست کرنا . (۴۹) (بافت سازی) بافت درست کرنا . (۵۰) (پرزے وغیرہ کو) درست کرنا . (۵۱) (ذہن میں) درجہ بندی کرنا . (۵۲) تخمینہ لگانا : رائے قائم کرنا : فرض کر لینا : خیال کرنا . (۵۳) فیصل کیا جانا : طے کیا جانا . (۵۴) (کسی چیز کی) دھن میں رہنا : چہرے کو سخت کر دینا : (آنکھ ، بشرے وغیرہ کا) پتھرا جانا . (۵۵) (پہئے وغیرہ کا) سخت ہو جانا : (بوجھ کی وجہ سے) ٹیڑھا ہو جانا . (۵۶) (سوال یا سوالات) امتحان کے لئے چننا ، تجویز کرنا : امتحان کے لئے یا (مدرسہ یا اسکول کے کسی درجہ کے لئے) کتاب تجویز کرنا . (۵۷)(رنگ ریزی) رنگ کو پکا بنانا : پختہ کر دینا . (۵۸) سخت بنا دینا : جمانا (دودھ وغیرہ کو) : (دودھ کا) جم جانا . (۵۹) (کریم کا) دودھ کے اوپر جمع ہو کر جم جانا . (۶۰) تخصیب سے درختوں کا بار آور کرنا : پھول کو پھل بنانا . (۶۱) (استرکاری) آخری تہ جمانا. (۶۲) ایک حال پر قائم ہو جانا (کسی دور یا موسم کا) . (۶۳) (کرکٹ) گیند پھینکنے کا خوگر ہو جانا . (۶۴)روکنا : جانچنا : حیرت میں ڈالنا : مبہوت کر دینا. (۶۵) (رقص) اپنے ہم رقص کی طرف یا دائیں یا بائیں طرف کے دوسرے رقص کرنے والے کی طرف منہ کر

سمت . (۹) (مجازاً) آرا یا خیالات کا رجحان . (۱۰)ساخت : وضع قطع : ترکیب (زمین ، جسم یا لباس کی) . (۱۱) جھکاؤ : خم . (۱۲) آرے کے دانتوں کا جھکاؤ یا خمیدگی . (۱۳) صندلے یا پلاستر کی آخری تہ . (۱۴) (کوئلے کی کان میں) شہتیر کی اڑواڑ : پاڑ : قینچی . (۱۵) (حروف سربی جمانے کی) گنجائش: خلا: خالی جگہ . (۱۶) (انڈوں کا) جھول : ایک بار کی کھیپ. (۱۷) شکار کی نشان دہی: زد نمائی . (۱۸) (مجازاً) جملے خصوصاً مباحثے یا مضحکے کے لئے مل جانا : خلاف جتھا باندھنا . (۱۹) بجو کا بھٹ یا کھوہ . (۲۰)(فرش کے پتھر خصوصاً ساق کا) چوکا . (۲۱)پیچ کش کی بعض قسمیں . (۲۲) (تماشا گاہ کی اصطلاح میں) مستقل منظر : قائم پردہ. (۲۳) کوئی چیز جو بوئی نہیں جاتی بلکہ نشو و نما یا بالیدگی کی حالت میں زمین میں ڈالی جاتی ہے : آلو یا آلو کا ٹکڑا . (۲۴)صدف کا بچہ . (۲۵) وہ جگہ جہاں غیر متحرک مچھلی جال لگائے جاتے ہیں . (۲۶) (عورت کی) مرد کی محبت حاصل کرنے کے لئے بالارادہ کوشش (اسی طرح مرد کا عورت کی محبت حاصل کرنے کی کوشش) . (۲۷)دیہاتی رقص یا مربع رقص میں جوڑوں کی تعداد. (۲۸) گھنٹیوں کا مجموعہ . (۲۹) چھ گھوڑوں کی ٹیم (عام طور پر). (۳۰) روک : سد . (۳۱) منسلک یا ملحق عمارتوں کا سلسلہ . (۳۲) بغض : کینہ . (۳۳) ریڈیو یا ٹیلیویژن کا آواز گیر آلہ .

Set : (v) [OE. 'Settan'.] (۱) قائم کرنا: دھرنا : جمانا : بٹھانا (عموماً متعلق فعل کے ساتھ) : رکھنا (جگہ پر یا اچھی طرح جما کر) . (۲) لگانا (کسی چیز کو) : عائد کرنا . (۳) موقع پر رکھنا : ٹھیک بٹھانا : لیس رکھنا : تیار کر لینا (کام یا استعمال کے لئے) : قرینے سے لگانا: جما دینا : مرتب کر دینا : قائم کر دینا . (۴)جوڑنا : پیوند کرنا یا لگانا : نتھی کرنا : ساتھ لگانا : چپکا دینا : چسپاں کر دینا . (۵)(اکثر اسم مفعول کی صورت میں) جما ہوا : غیر متبدل . (۶) (نظم ، ترتیب یا کوشش سے ایک خاص یا حسب منشا حالت میں) لے آنا : درست کرنا: ٹھیک کرنا: ٹھیک بٹھانا : بنا (سنوار) دینا . (۷)کام لینا : کام پر لگانا : محنت کرانا : مشقت لینا . (۸) (نمونہ یا مثال) قائم کرنا : پیش کرنا : دکھانا : سامنے لانا . (۹) پیروی کرنا : نمونے یا ہدایت کے مطابق کام لینا یا کام پر لگانا. (۱۰)جڑنا : جڑت کرنا : نگینہ کاری کرنا . (۱۱)(مجازاً) بھرا ہوا ہونا : مرتسم یا مرصع ہونا . (۱۲) سخت یا ٹھوس ہو جانا : پپڑا جانا (کسی نرم یا سیال شے کا) : منجمد ہو جانا. (۱۳) پک جانا (پھول ، پھل وغیرہ کا) پختگی پر آ جانا : پختہ ہو جانا (عمر ، جسم ، دماغی قویٰ وغیرہ کا) . (۱۴) موج ، سیل وغیرہ کے متعلق ، (مجازاً) جذبات ، رسم و رواج وغیرہ کے لئے چڑھنا ، حرکت یا جوش میں آنا : زور پکڑنا یا بڑھنا . (۱۵) غلبہ یا میلان ظاہر کرنا یا محسوس کرنا .

To set at a pin's fee : کم قیمت سمجھنا۔

To set at bay : (شکاری کتے کو) پلٹ کر مقابلہ کرنے پر مجبور کرنا۔

To set at defiance : پروا نہ کرنا ؛ متمردی دکھانا ؛ لڑنے یا مقابلے پر تیار ہونا۔

To set at ease : سہولت دینا ؛ آسانی بہم پہنچانا ؛ آرام دینا ؛ کسی کو اطمینان دلانا ؛ پریشانی سے نجات دلانا۔

To set at little : بے قدر سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا۔

To set at naught : کچھ نہ سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا۔

To set at nothing : کچھ نہ سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا۔

To set at odds / -one: لڑائی کرانا ؛ جھگڑا کھڑا کر دینا۔

To set at peace : صلح کرا دینا ؛ میل کرا دینا۔

To set at rest : ختم کر دینا۔

To set at variance : جھگڑا کرا دینا ؛ جھگڑا ڈلوا دینا ؛ اختلاف پیدا کرا دینا۔

To set at war : جنگ کرا دینا ؛ لڑائی کرا دینا۔

To set before : سامنے رکھنا۔

To set by the ears : جھگڑا کرا دینا ؛ لڑا دینا۔

To set cock a hoop : منچلا ہونا ؛ بے پروا ہونا ؛ لا ابالی ہونا۔

To set eyes on : (بغور) دیکھنا ؛ نگاہ رکھنا۔

To set fire on : آگ لگا دینا۔

To set foot in: داخل ہونا ؛ قدم رکھنا۔

To set in array : صف میں کھڑا کرنا۔

To set in action : متحرک کرنا ؛ چالو کرنا ؛ چالو ہو جانا۔

To set in hand : شروع کرانا۔

کے قدموں کو اٹھانا۔ (٦٦) کسی خاص سمت کی طرف جانا ؛ کسی خاص مقام کی طرف یاایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف چلا جانا۔ (٦٧) (ہوا ، موج وغیرہ کا) کسی خاص سمت میں بہنا یا بہا لے جانا۔ (٦٨) حملہ کرنے کے لئے اکسانا۔ (٦٩) جانوروں سے کوئی کرتب کروانا۔ (٧٠) دشمن بنا دینا ؛ ایک شخص کو دوسرے سے لڑوانا ؛ حملہ کرنا ؛ (کسی جگہ کو) گھیر لینا ؛ کسی آدمی کا راستہ روکنے یا اس کو پکڑنے کے لئے۔ (٧١) ضیق میں ہونا ؛ مشکل میں ہونا۔ (٧٢) شکار کے چھپنے کی جگہ کو نگاہ میں رکھنا ؛ گرفتار کرنے یا لوٹنے کے لئے منتظر رہنا۔ (٧٣) (بحری) مقام تعین کرنا۔ (٧٤) (برج کے کھیل میں) حریف کو شکست دینا۔ (٧٥) (تیر یا کمان کو) گرم کر کے سیدھا کرنا۔ (٧٦) آگ لگانا۔ (٧٧) (دھات یا دوسری سطح کو) پتھر یا قیمتی پتھر (جواہر) جما کر مرصع کرنا۔ (٧٨) کسی جگہ کو گھیر لینا یا اس کا محاصرہ کرنا۔

To be set about or round with : گھر جانا ؛ گھرا ہوا ہونا۔

To be sharp or keen set : شائق ہونا ؛ بھوکا ہونا۔

To set a beggar on horseback : غیر مستحق شخص کو صاحب اختیار بنا دینا۔

To set afoot / -on foot : آغاز کرنا ؛ شروع کرنا۔

To set aglow : چمکانا ؛ تابندہ کرنا۔

To set agog : رائج کرنا۔

To set a good face upon : کسی معاملے ، امر کو اچھی صورت میں پیش کرنا ؛ کسی معاملے ، امر کو درست کر کے دکھانا۔

To set (a person) against : کسی کو (کسی کا) مخالف ، دشمن یا معاند بنا دینا ؛ شہہ دینا۔

To set a (great, little) price upon : زیادہ یا کم قیمت یا تخمینہ لگانا۔

To set a price upon one's head : سر کی قیمت لگانا ؛ قتل کا انعام مقرر کرنا۔

To set a stitch : سینا ؛ سلائی کرنا۔

To set astray : بہکا دینا ؛ گمراہ کر دینا۔

To set in order : ترتیب میں یا ترتیب وار رکھنا ؛ قرینے سے رکھنا۔

To set in readiness : تیار کرنا۔

To set light by : کافی قدر نہ کرنا ؛ اصل سے کم اندازہ لگانا۔

To set (no, more) store by : (کم یا زیادہ) قدر کرنا ؛ اہم سمجھنا۔

To set one back : پڑنا ؛ قیمت ہونا ؛ لاگت آنا۔

To set on end : کھڑا کرنا۔

To set on fire/ -afire/ -aflame : جلا دینا ؛ آگ لگا دینا۔

To set on one's feet/ -legs : (کسی کو اس کے) پاؤں پر کھڑا کرنا۔

To set one's face against : جم کر مخالفت کرنا ؛ ساتھ نہ دینا ؛ کنارہ کش یا الگ ہو جانا۔

To set one's face as a flint : عزم بالجزم کر لینا ؛ پکا ارادہ کر لینا۔

To set one's hand to : ہاتھ میں لینا ؛ شروع کرنا۔

To set one's heart on : دل لگانا ؛ امید وار یا متوقع ہونا؛ آس لگانا ؛ امید باندھنا۔

To set one's teeth : (۱) دانت پر دانت جمانا ؛ دانت کٹکٹانا ۔ (۲) پکا ارادہ کرنا۔

To set open : کھولنا۔

To set the pace : رفتار (مجازاً مثال یا طرز) قائم کرنا (دوسروں کی پیروی کے لئے)۔

To set the sponge : خمیر اٹھانا۔

To set the stroke : رفتار کا تعین کرنا (کشتی چلانے میں)۔

To set to (for, on) sale : نیلام پر چڑھانا ؛ نیلام کرنا۔

To set upright : سیدھا کھڑا کر دینا ۔

Set : (a) (۱) بٹھایا ہوا (دانت ، ٹائپ وغیرہ)۔ (۲) معین ؛ مقرر۔ (۳) پر تکلف ۔ (۴) مستقل ؛ ساکن ؛ غیر متغیر ؛ غیر متحرک ۔ (۵) خاص حالت، ساخت یا مزاج والا۔ (۶)تیار۔

In good set terms : سختی سے؛ صاف صاف ؛ قطعی طور پر۔

Of set purpose : دیدہ و دانستہ ؛ پہلے سے ارادہ کر کے ؛ بالعمد۔

Set about : (v) (۱) شروع کرنا ؛ ہاتھ ڈالنا ؛ ابتدا کرنا ۔ (۲) حملے کے لئے بڑھنا ؛ جھپٹنا ۔ (۳) کوشش کرنا۔

Set about : (v) گشت کرانا ؛ مشتہر کرانا۔

Set abroach : (v) (۱) (شراب نکالنے کے لئے) پیپے میں چھید کرنا ۔ (۲) بنا ڈالنا ؛ شروع کرنا ؛ آغاز کرنا۔

Set afloat : (v) (۱) کشتی کو دریا میں ڈالنا۔ (۲) تلچھٹ وغیرہ کو سطح پر لانا ۔ (۳) (مجازاً) مشتبہ کام کی ابتدا کرنا۔

Set against : (v) مخالفت کرنا ؛ مخالف سمت میں جانا ؛ مقابلہ میں رکھنا ۔

Set apart : (v) (۱) الگ کر دینا ؛ علاحدہ رکھ دینا ۔ (۲) مخصوص کر دینا۔

Set aside : (v) (۱) ایک طرف رکھ دینا ۔ (۲) بالائے طاق رکھنا ؛ مسترد کر دینا ۔ (۳) دماغ سے نکال دینا ۔ (۴)مٹا دینا ؛ منسوخ کر دینا ؛ کالعدم کر دینا ۔ (۵) (خاص مقصد کے لئے) علاحدہ کر دینا۔

Set at : (v) حملہ کرنا۔

Set back : (v) (۱) کاٹ ڈالنا ؛ ترقی روک دینا ؛ مزاحمت کرنا ۔ (۲) وقت میں تخفیف کرنا (گھڑی کی) ۔ (۳) الٹے بہنا ۔ (۴) شکست دینا۔

Set-back : (n) (۱) رکاوٹ ؛ مزاحمت ۔ (۲) دیوار کی سادہ آرائش ۔ (۳) ترقی میں رکاوٹ ؛ پیچھے ہٹانا ۔ (۴) مراجعت ؛ پسپائی ؛ رجعت قہقری ۔

Set by : (v) رکھ چھوڑنا ؛ اٹھا رکھنا (آئندہ کے لئے)۔

Set-changes : (n) گھنٹیوں کو کافی دیر تک ایک ہی حالت میں بجاتے رہنا۔

Set-dance : (n) دیہاتی رقص ؛ رقص مربع ۔

Set down : (v) (۱) نیچے رکھنا۔ (۲) سواری اتروانا یا اترنا۔ (۳) تحریر یا قلم بند کرنا؛ فہرست میں درج کرنا۔ (۴)منسوب یا متصف کرنا۔ (۵) سمجھنا ؛ خیال کرنا ؛ خود کو سمجھانا (ذہن میں) ؛ تاویل یا تعبیر کرنا۔ (۶)وقف کرنا (کسی کام کے لئے)۔ (۷) جھڑک دینا ؛ ذلیل کرنا ؛ رسوا کرنا۔ (۸) (حریف کو) شکست دینا۔

Set-down : (n) (۱) (ٹیکسی وغیرہ میں) یك منزلہ سفر ؛ ایسے سفر کی دوری یا مسافت۔ (۲) سوار کرنا ؛ لے چلنا۔ (۳)سرزنش ؛ توبیخ ؛ زجر ؛ ملامت ؛ ٹکا سا جواب۔

Set fair : (a) ایك حالت پر قائم ؛ نا متغیر غیر متغیر ؛ اچھا (موسم)۔

Set-fair : (n) اچھی طرح پھیلایا ہوا پلاسٹر۔

Set-forth : (v) (۱) اعلان یا واضح کرنا ؛ تفسیر کرنا۔ (۲) بنانا ؛ سنوارنا ؛ مزین یا مرصع کرنا۔ (۳)چل پڑنا (کسی مہم پر) ؛ روانہ ہونا سفر کے لئے۔ (۴) شائع کرنا ؛ مشتہر کرنا۔

Set forward : (v) (۱) بڑھنے میں مدد دینا ؛ سہارا دے کر بڑھانا۔ (۲) آگے چلنے لگنا ؛ بڑھنا شروع کرنا۔ (۳) پیش کرنا ؛ بیان کرنا (نظریہ وغیرہ)۔

Set-in : (n) (کسی دور ، موسم وغیرہ کا) آغاز۔

Set in : (v) (۱) واقع ہونا ؛ پیدا ہونا ؛ کام شروع کرنا۔ (۲) مروج ہونا ؛ رواج پڑ جانا ؛ قائم ہو جانا۔ (۳) (ہوا کا) بہنا ؛ ساحل سمندر کی طرف بہنا۔ (۴) گھسانا ؛ خصوصاً لباس کے چھوٹے حصے کو لگانا۔ (۵) لے جانا یا پھیر لینا (جہاز کو) ساحل سمندر کی طرف۔

Set-in : (a) (۱) کسی دوسری چیز کے حصے کے طور پر اس میں لگایا یا بنا ہوا۔ (۲) الگ سے سیا ہوا۔

Set-iron : (n) (جہاز سازی) لچکدار لوہے کی چپٹی سلاخ جو جہاز سازی میں استعمال ہوتی ہے۔

Set-line (n) مچھلی پکڑنے کی شست۔

Set-net : (n) مچھلی پکڑنے کا جال جسے دھارے کے بیچ میں لگا دیا جاتا ہے۔

Set of day : (n) (۱) غروب آفتاب کا وقت۔ (۲) مغرب (وقت)۔

Set of timber : (n) (کلاں کنی) شہتیر کی اڑواڑ۔

Set off : (v) (۱) زینت بڑھانا ؛ سنوار دینا ؛ طرہ ہو جانا (کسی چیز پر)۔ (۲) توازن درست کرنا (کسی چیز کو گھٹا یا بڑھا کر) پاسنگ کرنا یا ہونا ؛ جواب ہونا یا بنانا۔ (۳) نمایاں یا ممتاز بنا دینا ؛ خوب یا عجیب تر کر دینا۔ (۴) چھیڑ دینا (کسی شخص کو کہ وہ اپنا مرغوب مضمون یا قصہ شروع کرے) ؛ کوك دینا ؛ شروع کر دینا۔ (۵) ہنسانا ؛ ہنسی کی بات چھیڑ دینا۔ (۶) سفر کے لئے چلنا ؛ روانہ ہونا ؛ کوچ کرنا۔ (۷) حصے لگانا ؛ حصوں میں تقسیم کرنا۔ (۸) حد بندی کرنا (دوری کی)۔ (۹)تعریف کرنا۔ (۱۰) (طباعت) روشنائی سے دوسرے صفحے کو گندہ کر دینا۔ (۱۱) چلا دینا (توپ وغیرہ)۔

Set-off : (n) (۱) بناؤ ؛ سنگار ؛ آرائش ؛ زیبائش۔ (۲) توازن ؛ پاسنگ ؛ جواب ؛ مقابل یا متوازن بنانے کی چیز۔ (۳)(تعمیرات) دیوار کا سلامی چھجہ۔ (۴) (طباعت) روشنائی کا ایك صفحے سے دوسرے صفحے پر الگ جانا یا منتقل ہو جانا۔

Set on : (v) (۱) (کتا وغیرہ کو) لہکانا ؛ چھوڑنا (حملے کے لئے)۔ (۲) حملہ کرنا ؛ جھپٹ پڑنا۔ (۳) اکسانا ؛ اشتعال دلانا ؛ بر انگیختہ کرنا۔ (۴) چلانا ؛ کام شروع کروانا ؛ کام کے لئے آدمی مقرر کرنا۔ (۵) پیش قدمی کرنا ؛ آگے جانا ؛ ترقی کرنا۔

Set out : (v) (۱) سنوارنا ؛ تزئین کرنا۔ (۲) مظاہرہ یا نمائش۔ (۳) صاف صاف کہنا ؛ بیان یا اعلان کرنا۔ (۴) سفر پر روانہ ہونا۔ (۵) حدود متعین کرنا ؛ حد بندی کرنا۔ (۶) سجانا (ٹیبل کھانے یا کسی اور کام کے لئے)۔ (۷)ٹیبل پر سجانا یا لگانا۔

Set-out : (n) (۱) آغاز ؛ ابتدا۔ (۲) لوازم ؛ ساز و سامان ؛ ساز و برگ۔ (۳) نمائش ؛ زیبائش ؛ آرائش۔

Set over : (v) حوالہ کرنا ؛ منتقل کرنا۔

Set piece : (n) (۱)تصویر ؛ نقش۔ (۲) آتش بازی کے ذریعے بننے والی تصویر۔

Set scene : (n) مستقل منظر ؛ جما ہوا سماں یا پردہ جسے پائیدار قسم کے مسالے سے تیار کیا جاتا ہے۔

Set square : (n) لکڑی یا دھات وغیرہ کی پلیٹ قائم الزاویہ مثلث کی شکل میں ؛ گنیا ؛ سیٹ اسکوائر۔

Set speech : (n) باضابطہ تقریر۔

Set to : (v) (۱) (کسی کام کو) لے کر بیٹھنا ؛ جم کر شروع کرنا ؛ دل لگا کر یا جوش کے ساتھ شروع کرنا۔ (۲) جنگ یا مباحثہ چھیڑنا۔

Set-to : (n) (۱) (مکہ بازی) قوت آزمائی کا مقابلہ ؛ مکہ بازی ۔ (۲) جھگڑا ؛ نزاع ؛ مقابلہ؛ مناظرہ ۔ (۲) حملہ ۔ (۳)(گھڑ دوڑ کے آخر میں) دو ایسے گھوڑوں کا مقابلہ جو تقریباً برابر کے ہوں ۔

Set up : (v) (۱) بنا ڈالنا ؛ افتتاح کرنا ؛ بنا دینا : (ادارے ، کارخانے وغیرہ) ۔ (۲) جاری کرنا ؛ چلا دینا (گاڑی وغیرہ کو) ۔ (۲) کھلونا (کارخانہ وغیرہ) : قائم کرانا (مالی امداد وغیرہ سے کسی کاروبار کو) ۔ (۳) کاروبار میں لگانا ؛ کاروبار کے قابل کر دینا (کسی شخص کو امداد وغیرہ سے) ۔ (۵) کاروبار کرنا ؛ کارخانہ بنانا؛ قائم کرنا ؛ (اپنی) حیثیت قائم کر لینا ؛ بنا لینا ۔ (٦) بہ کثرت فراہم ہونا ؛ بہم پہنچنا ؛ ذخیرہ ہو جانا ؛ کافی و وافی دستیاب یا میسر ہونا ۔ (۷) نصب کرنا ، نمایاں کرنا ؛ سامنے لگانا (علم ، اشتہار وغیرہ)۔ (۸) چلا اٹھنا ؛ شور مچانے لگنا ؛ چیخ نکلنا یا نکالنا (مقابلے یا احتجاج میں) ۔ (۹) نظریہ پیش کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ نئی بات نکالنا ۔ (۱۰) بحال کرنا (بیماری ، پستی وغیرہ سے) ۔ (۱۱) ترقی دینا ؛ اوپر اٹھانا ۔ (۱۲) لگانا ؛ چسپاں کرنا (نوٹس، اشتہار وغیرہ) ۔ (۱۳) تقرری کرنا ؛ مقرر کرنا یا نامزد کرنا ۔ (۱۳) مغرور بنا دینا ؛ مغرور ہو جانا ۔ (۱۵) سیدھا کھڑا کرنا ؛ معیار مقرر کرنا۔ (۱٦) کام کے لئے تیار کرنا ۔ (۱۷) حرف جوڑنے کی پٹری پر ٹائپ بٹھانا ۔ (۱۸) مرے ہوئے جانور کی کھال کو بھر کر محفوظ کرنا ۔ (۱۹) قوی الجثہ ہونا ۔ (۲۰) چوڑے پیندے کی اتھلی ناؤ میں شکار کے قریب جانا۔ (۲۱) دعویٰ کرنا۔ (۲۲) (نرم سر گولی کا) لگنے پر پھٹ جانا۔

To be well (straight) set up : قوی الجثہ ہونا۔

To set one's back up : دیکھو Back

To set up one's bristles : غصہ ہونا ؛ جھلانا۔

To set up for oneself : خود سے کوئی پیشہ شروع کرنا۔

Set-up : (n) (۱) جسم کی سیدھی یا کھڑی ساخت ۔ (۲) ترتیب ؛ ترتیب آلات ۔ (۲) تنظیم وغیرہ کی ترکیب و ترتیب ۔

Seta : (n) [L.] (۱) (نباتیات) خار ؛ مو ۔ (۲) (حیوانیات) خار ؛ ابریٔہ ۔

Setaceous : (a) [mod. L. 'Setaceus'.] (۱) (نباتیات) خاردار ؛ مو مثل ؛ کانٹے والا ؛ کٹیلا ۔ (۲) (حیوانیات) کڑے بال والا ؛ ابریہ دار۔

Setaceously : (adv.) خار دارانہ؛ کٹیلے پن سے ۔

Setenant : (a) [Fr.] ڈاک کی ٹکٹیں (ایک ساتھ لگی ہوئی) ۔

Seti : (Prefix) سابقہ بمعنی "خار" ۔

Seti hammar : (n) ایک قسم کی ہتھوڑی (جو لوہار چیزوں کو گھڑنے میں استعمال کرتے ہیں) ۔

Setiferous : (a) خار دار۔

Setiform : (a) مو نما ؛ خار نما۔

Setiger : (n) خار دار کیڑا۔

Setigerous : (a) خار دار ؛ ابریٔہ ۔

Setiparous : (a) خار زا۔

Setness : (n) سختی ؛ کڑاپن ؛ استقلال ؛ استحکام ۔

Seton :(n) [med. L. 'Seto(n-).] (۱) (جراحی) زخم کشا ؛ وہ ڈورا جس سے زخم کھلا رہے ۔ (۲) مخرج (خون کا) جو اس طرح بن جائے ۔

Seton-needle : (n) زخم کشا سوئی ؛ سوزن زخم کشا۔

Setose : (a) [L. 'Setosus'.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) خار دار ۔ (۲) (تشریح و حیوانیات) کڑے بالوں سے ڈھکا ہوا۔

Settee : (n) [It. 'Saettia'.] دو یا تین مستولوں کا مثلث نما جہاز جو بحیرۂ روم میں متداول یا مروج ہے ؛ سیشیا ؛ سہ گوشہ ۔

Settee : (n) [It. 'Saettia'.] بڑی آرام کرسی یا صوفہ خصوصاً دو نشست کا۔

Setter : (n) (۱) جڑنے والا ؛ جڑاؤ کا کام کرنے والا ۔ (۲) پانسہ پھینکنے پر بازی لگانے والا ۔ (۳) (کان کنی وغیرہ میں) پیش دست جس کے ذریعہ مزدوروں سے معاہدہ کیا جاتا ہے ۔ (۳) دغابازوں اور عیاروں کی جماعت جو لوگوں کو ورغلاتی ہے ؛ پولس کا جاسوس یا خبر رساں ۔ (۵)شکاری کتا ؛ بوگیر ۔ (٦) (توپ سازی) اوزار جو خاص طور پر استعمال کیا جاتا تھا ؛ لکڑی کا اوزار جس کے ذریعہ کارتوس یا گولے میں شتابہ لگایا جاتا تھا۔

Setter-on : (n) شہہ دینے والا ؛ حملہ کرنے والا ۔

Setters : (n) عورتیں ۔

Setterwort : (n) ایک قسم کا درخت ؛ خرس پا۔

Setting : (n) (۱) جماؤ : تنصیب ۔ (۲) جڑاؤ کا کام (پتھر کا) یا طرز (نگینہ جڑنے کا) : (قیمتی دھات کا) فریم یا فرش : چھلا: حلقہ ۔ (۳) ماحول : گردو پیش ۔ (۴) لوازم تماشاگاہ : کھیل کی ترکیب یا طراز ۔ (۵) گیت کی موسیقیت : ترنم۔ (٦) (پلاسٹر) پلاسٹر کی آخری قلعی یا تہ ۔ (۷) غروب (چاند ، ستاروں وغیرہ کا) سمت غروب : رات یا رات کی تاریکی ۔ (۸) جمنا : جماؤ : بستگی : انجماد ۔ (۹) دھار کا کسی مخصوص سمت میں بہنا۔

Setting block / -board : (n) کاگ کا بورڈ یا خانہ جو ماہر حشریات کیڑے مکوڑوں یا حشریات کو سکھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

Setting coat : (n) پلاسٹر کی آخری قلعی یا تہ ۔

Setting point : (n) دیکھو Freezing point

Setting pole : (n) کشتی کھینے یا چلانے کا ڈنڈا (جس کا سرا اسٹیل کا ہوتا ھے): چپو جو پایاب پانی میں کشتی کو دھکیلنے میں کام آتا ھے ۔

Setting rule : (n) ٹائپ پٹی : سطر ساز : پیتل یا فولاد کی پٹی جو ٹائپ جڑتے وقت سطروں کو سیدھا رکھتی ھے۔

Settle : (n) [OE. 'Sett'.] (۱) بازوؤں اور اونچی پشت والی لکڑی کی لا نبی بیخ : تکیہ دار چوکی ۔ (۲) دیوار وغیرہ کے باہر نکلا ہوا تختہ یا پتھر : اونچا چبوترہ ۔

Settle : (v) [OE. 'Sellar'.] (۱) ساکن یا سکونت پذیر ہو جانا یا کر دینا (مستقل طور پر سے کسی مسکن یا مقام پر) : قائم کرنا یا ہو جانا (کسی خاص طرز زندگی پر) : آرام پہنچانا : کسی اضطراب اور پریشانی کے بعد سکون ہو جانا ۔ (۲) بیٹھنا : بٹھا دینا : جمادینا : قائم کر دینا (کسی پریشانی ، آوارگی یا حرکت وغیرہ سے نجات دے کر) ۔ (۳) مستقل : مستقیم یا مطمئن کر دینا یا ہو جانا ۔ (۴) یکسو کر دینا : فیصلہ چکا دینا : تصفیہ کر دینا : معین ، مقرر یا طے کر دینا یا ہو جانا ۔ (۵) تہ میں جانا یا بیٹھنا (کسی سیال شے کی) ۔ (٦) نیچے اترنا : دھنسنا ۔ (۷) (جہاز کا) ڈوبنے لگنا : ڈگمگانا ۔ (۸)فیصلہ چکانا : قضیہ رفع یا ختم کرنا : فیصلہ کرنا ۔ (۹) حساب چکانا (دام یا قرضے کا) : حساب صاف یا حساب کا تصفیہ کرنا ۔ (۱۰) ہبہ کرنا : عطا کرنا : بخشنا (قانونی طور پر عمر بھر کے لئے) ۔ (۱۱) (شکار) (کتوں کا) شکار کی بو کا پیچھا کرتے رہنا ۔ (۱۲) (اہم یا ضروری چیزوں کو) قرینے سے یا حسب خواہش یا پسند رکھنا ۔ (۱۳) ڈوبنا : بیٹھنا ۔ (۱۴) سخت یا بستہ ہونا (مٹی وغیرہ کا) : (معماری) (خشت کے کام کا) اپنے وزن سے اور گارے کے سوکھنے سے سخت ہو جانا: جم جانا : سخت یا بستہ کر دینا ۔ (۱۵) (کسی ساخت کا) اپنی خاص سطح سے نیچے کی طرف جھك جانا ۔ (۱٦)(سیال شے کا حرکت یا تخمیر کے بعد) ساکن ہو جانا ۔ (۱۷) سکون ہو جانا : مطمئن ہو جانا ۔ (۱۸)خاموش کر دینا : اطمینان دلانا : تسکین دینا : کم کرنا (جذبے کا) ۔ (۱۹) قے یا متلی روکنا ۔ (۲۰) مار کر خاموش کر دینا : مار ڈالنا یا بے ہوش کر دینا ۔ (۲۱)(مو سم کا) صاف ہو جانا : غیر مکدر ہو جانا : (بارش وغیرہ کا) رك جانا ۔ (۲۲) مستحکم کرنا : ضمانت کرنا ۔ (۲۳) متعین کرنا : پکا کرنا : مستقل کرنا ۔ (۲۴) توجہ مرکوز کرنا : فیصلہ کرنا ۔ (۲۵) کلیسائی حلقہ کے لئے پادری مقرر کرنا ۔ (۲٦) (کسی آدمی کو) کسی مخصوص گرجے میں قانونی طور پر حق سکونت دینا ۔ (۲۷) گھریلو زندگی بسر کرنا : گھر بسانا : شادی شدہ حالت اختیار کرنا ۔ (۲۸) تملیك نامے کے ذریعے جائداد یا وراثت کا مالك بن جانا ۔ (۲۹) فیصل کرنا (مقدمہ) دو مقدمہ باز فریقوں کے درمیان تصفیہ کی بنیاد پر ۔

To settle (a person's) hash : (کسی شخص کا) خاتمہ کر دینا : مار ڈالنا : ٹھکانے لگا دینا ۔

To settle down to : مستقل ہو جانا : مستقل شکل اختیار کرنا ۔

To settle in : (۱) گھر میں بیٹھ جانا ۔ (۲) نئے گھر میں اقامت گزیں ہونا ۔

To settle (in) for : تدریجاً کسی مستقل حالت پر آ جانا ۔

To settle in the world or in life : (۱) گھر بسانا ۔ (۲) بر سر روز گار ہونا۔

To settle one's state /-one's affairs : اپنے معاملات طے کر لینا (خصوصاً موت سے قبل ، وصیت نامہ وغیرہ لکھ کر)۔

To settle oneself : سونے کی تیاری کرنا ۔

To settle out of court : تصفیہ کرا دینا ۔

To settle the stomach : قے اور متلی روکنا ۔

Settle down : (v) (۱) سکونت اختیار کر لینا : مستقل طور پر بر سر روزگار ہو جانا (ملازمت ، پیشہ یا کاروبار) ۔ (۲)کاہل ہو جانا : بیکار ہو جانا ۔ (۳) سونے کی تیاری کرنا ۔

Settled : (a) (۱) قائم : مستقل ۔ (۲) تصفیه یا طے شده ۔ (۳) (موسم خاص قسم کا) ایك حالت پر قائم ، غیر متبدل (موسم بغیر کسی مخصوص حالت کے) صاف اور پر سکون ۔ (۴) آباد: مقیم ۔(۵)قانونی طور پر طے شده ۔ (٦)حساب بے باق : ادا شده ۔

Settledness : (n) قائم یا مستقل ہونا : تصفیه یا طے شده ہونا ۔

Settlement : (n) (۱) ہبه (نامه) جو جائداد کو بطور خاص تقسیم یا منتقل کر دے : تملیك نامه ؛ بندوبستی (زمین وغیره کی) ۔ (۲) نو آبادی ؛ بستی ؛ نو آبادکاری ۔ (۳)مصلحین یا مذہبی دعاۃ کی بستی یا مرکز جو عوام کی اصلاح و تبلیغ کے لئے بنایا جائے۔ (۴) تاجروں کی بستی ، کارخانه یا کوٹھی جو کسی غیر ملك میں بنائی جائے ۔ (۵) دھنسنا ، نیچے بیٹھنا (مکان ، دیوار وغیره کا) ؛ بٹھاؤ ۔(٦)تصفیه : بے باقی (کسی حساب کی) ۔ (۷)مہر یا حق کی ادائی ؛ حق مہر کا تصفیه ۔ (۸) (امریکا) وه بھته جو وزیروں کو تنخواه کے علاوه ملتا ھے ۔ (۹) زمین کی مالگذاری طے کرنا حکومت اور کاشتکاروں کے درمیان ۔ (۱۰) سکون ہونا : ساکن ہونا ۔ (۱۱) (کسی خاص گرجے یا شہر میں) کسی کو قانونی طور پر حق سکونت دینا ۔

Back settlement : دوره افتاره آبادی ۔

Settler : (n) (۱) نو آباد مہاجر : آباد کار ۔ (۲) فیصله کن ضرب : کاری ضرب یا دلیل جو جھگڑے کا فیصله کر دے۔ (۳)ہبه کرنے والا ۔ (۴) ظرف جس میں رقیق شے کو ڈال کر چھوڑ دیا جاتا ھے تاکه تلچھٹ نیچے جم جائے ۔

Settling : (n) (۱) قائم کرنا : مستحکم کرنا : بیٹھنا ۔ (۲) تصفیه : بے باقی : حساب کتاب کا دن (مبادلے کی منڈی میں) ۔ (۳) بیٹھنا : ته نشیں ہونا ۔ (۴) ترتیب : دُرد : تلچھٹ : ته نشینی ۔

Settlor : (n) (قانون) جائداد کا بندوبست کرنا (بذریعه ہبه یا تملیك نامه وغیره) ۔

Setule : (n) [mod. L. 'Setula'.] (نباتیات) موچه ۔

Setulose/ Setulous : (a) موچے سے بھرا ہوا ۔

Setwall : (n) [ME. 'Zedewal'.] جدوار : بلائی کند : ایك قسم کی دوا ۔

Seve : (n) [Fr.] شراب کے ذائقے کی لطافت اور تیزی ۔

Seven : (n) [ON. 'Seofon'.] سات ۔

Seven month's child : ستوانسا بچه ۔

The seven : (n) (۱) انجیل کے سات ڈیکن ۔ (۲) سات آرگائیو ہیرو جنہوں نے تھیبس (Thabes) سے لڑائی کی تھی۔

To be more than seven : ہوش گوش رہنا ۔

Seven : (n) سات : سات کا عدد : سات کا ہندسه: سات کا گروه : ستا : ساتواں شخص یا چیز ۔

At sixes and sevens : ششدر : شش و پنج میں : (اشیاء کے لئے) منتشر یا پریشان حالت میں ۔

Seven's the main : دیکھو Main

Seven-bishops : (n) وه اسقف حضرات جنہوں نے ۱٦۸۸ ء میں جیمس ثانی کے مذہبی آزادی کے اعلان کی مخالفت کی تھی ۔

Seven-bore : (n) سات بور (قطر) کی بندوق ۔

Seven champion : (n) انگلینڈ ، آئر لینڈ ، اسکاٹ لینڈ ، ویلس ، فرانس ، ہسپانیه اور اطالیه کے بالترتیب سات قومی اولیاء جارج ، انڈریو ، ڈیوڈ ، پیٹرك ، ڈینس ، جیمس اور انتھونی ۔

Seven days : (n) (۱) ہفته ۔ (۲) ایك قسم کا اینٹھن کا درد ۔

Seven-day/ -days : (n) سات دنوں کا ۔

Seven-fold : (a) [OE. 'Seofonfeald'.] سات گنا : ست گنا : ہفت چند : ہفت گنا : ہفت گانه ۔

Seven-fold : (adv.) ہفت گانه : ہفت گنا ۔

Seven-hilled : (a) سات پہاڑیوں پر آباد (شہر روم) ۔

Seven-league(d)/ -boots : (n) ایسا جوتا جس سے ہر قدم میں سات فرسخ طے ہو جائیں ۔

Seven -pence : (n) رقم سات پینس کے مساوی ۔

Seven-seas : (n) دنیا کے تمام سمندر یا پانی : سات سمندر ۔

Seven-sisters : (n) (۱) عقد ثریا : سات سہیلیوں کا جھمکا ۔ (۲) (تاریخ) سات توپیں جو رابرٹ بارتھوك نے بنائیں تھیں ۔

Seven-sleepers : (n) اصحاب کہف ۔

Seven-year(s)/ -years : (a) سات سالہ : ہفت سالہ ۔

Seventeen : (n) [OE. 'Seofontiene'.] سترہ : ہفدہ ۔

Sweet seventeen : عمر کا سترھواں برس : شیریں سترھواں سال ۔

Seventeen : (a) سترہ ۔

Seventeeth : (a) [OE. 'Serfontepoa'.] سترھواں : ہفدہم ۔

Seventeeth : (n) (۱) سترھواں : ہفدم ۔ (۲) (موسیقی) وہ سُر جو کسی سُر سے سترہ درجہ اوپر یا نیچے ہو ۔

Seventh : (a) ساتواں : ہفتم ۔

Seventh : (a) (۱) ساتواں حصہ : ہفتم : ساتواں عدد ۔ (۲) (موسیقی) نغمۂ ہفتم ۔

Seventh-day : (n) ساتواں دن : روز ہفتہ : "انجمن احباب گریگراں" کا سبت جو اتوار کی جگہ ہفتے کو یوم السبت مناتے ہیں۔

Seventh-day adventist : (n) مسیح کے ہزار سالہ حکومت کا عقیدہ رکھنے والا ایک فرقہ جو سنیچر کو یوم السبت مناتا ھے ۔

Seventh-day baptist : (n) سنیچر کو یوم سبت منانے والا عیسائی ۔

Seventh heaven : (n) چرخ ہفتم : ساتواں آسمان : عرش معلّی ۔

Seventhly : (a) ساتویں (بار پر) ۔

Seventhly : (n) (عیسائیوں کے) ایک وعظ کا عنوان ۔

Seventieth : (a) ستّرواں ۔

Seventy : (a) [OE. '(Hund) Seofontig'.] ستّر : ہفتاد : سبعون ۔

Seventy : (n) ستر : ستر کا عدد یا ہندسہ ۔

The seventies : آدمی کی عمر یا صدی میں ستر سے اُناسی کے درمیان کے سال : ہشتم : آٹھویں دہائی ۔

The seventy : سکندریہ کے ستر یا بہتر اسرائیلی حواری جنہوں نے انجیل مقدس کا ترجمہ عبرانی سے یونانی زبان میں کیا ۔

Seventy-five : (n) ۷۵ ملی میٹر دہانے والی فرانسیسی توپ ۔

Seventy-four : (n) چوہتّر توپا : وہ جنگی جہاز جس میں چوہتر توپیں تھیں ۔

Seventy-twos : (n) کتاب کے صفحے کا ایک سائز (پورے تختے کا بہترواں حصہ) ۔

Sever : (v) [AFr. 'Severer'.] (۱) جدا یا الگ کرنا : علاحدہ کرنا : حصوں میں توڑنا (زور لگا کے) ۔ (۲) کاٹنا : چیرنا : قطع کرنا ۔ (۳) (قانون) عدالت میں الگ اور انفرادی طور پر پیروی کرنا : مقدمہ لڑنے سے کسی ایک مدعی کو الگ کر دینا : (قانون) (دو یا دو سے زیادہ مدعا علیہم کے مقدمہ میں) الگ الگ بحث کرنا ۔ (۳) (قانون) (جائداد کو) بانٹ دینا یا تقسیم کر دینا : زمین سے اکھیڑ دینا : جس کی تقسیم ممکن ہو : جو تقسیم ہو سکے ۔

Severable : (a) قطع پذیر : فریق پذیر ۔

Several : (a) [AFr.] (۱) متفرق : مختلف : منفرد : ایک دوسرے سے علاحدہ ۔ (۲) چند : دو سے زیادہ مگر کم تعداد میں : کئی ۔ (۳) چند : کئی ۔

Several fishery : (n) (زمین کا مالک ہونے کی وجہ سے) مچھلی مارنے کا حق ۔

Severally : (adv.) فرداً : فرداً ۔

Severalty : (n) [AFr. 'Severalte'.] (۱) علاحدگی : جدائی ۔ (۲) ذاتی یا غیر مشترکہ ملکیت : ملك ۔

In severalty : (۱) (قانون) ذاتی (ملکیت) ۔ (۲) علاحدہ طور پر : جداگانہ ۔ (۳) مختلف یا متعدد حصوں میں ۔

Severance : (n) [AFr.] (۱) انقطاع : تفریق : علاحدگی ۔ (۲) مشترك جائداد یا ملکیت کی تقسیم یا بٹوارہ ۔ (۳) پھل کا (درختوں سے) معدنیات اور زمین میں گڑی ہوئی چیزوں وغیرہ کا زمین سے الگ کرنا : مشترك فریقوں کو مقدمہ میں الگ کرنا ۔

Severe : (a) [Fr. or L. 'Severus'.] (۱) سخت : متشدد : سخت گیر : جابر : بے درد : بے مہر ۔ (۲) شدید : انتہائی : بلا کا (سخت) ۔ (۳) صبر آزما : جاں گسل : حوصلہ فرسا ۔ (۴) نہایت سادہ : (زیب و زینت سے) عاری : بلا تصنع ۔ (۵) ضابطہ : شائستہ : سنجیدہ : سادہ (طرز عمارت) ۔ (۶) طعن آمیز : چبھتا ہوا : جسمانی آزار دینے والا ۔ (۷) طاقتور : عظیم الجثہ ۔

اگتی ہے۔

Sewage-irrigation : (n) گندے نالے کے پانی سے سینچائی۔

Sewed : (a) سلا ہوا یا سلی ہوئی (کتاب ، جوتا وغیرہ)۔

Sewellel : (n) [Columbia River Indian.] اود بلاؤ۔

Sewer : (n) [AFr. 'Sever(e)'.] بدرو : موری : چہ بچہ : گندہ نالہ۔

Common sewer : نالی جس سے شہر کی تمام یا کچھ نالیاں جا ملتی ہیں۔

Sewer : (v) نالیاں بنانا : بدرو کا انتظام کرنا۔

Sewer : (n) [AFr. 'Asseour'.] خانساماں : نمك چش : داروغہ یا میر مطبخ۔

Sewer : (n) سینے والا : درزی۔

Sewer-air : (n) نالیوں کی گندی اور متعفن ہوا : نالی کی عفونت یا بدبو۔

Sewer-gas : (n) (۱) سیور سسٹم میں جو گیس جمع ہوتی ہے ، وہ گیس چمنیوں سے نکالی جاتی ہے تاکہ دھماکہ نہ ہو۔ (۲) شہر کے فضلہ سے حاصل کی جانے والی گیس ، جو گھروں میں ایندھن کے طور پر سپلائی کی جاتی ہے۔

Sewer rat : (n) موری کا چوہا : معمولی بھورا چوہا یا گھونس۔

Shearing : (n) (۱) کاٹنا : تراشنا : مونڈنا : کترنا ۔ (۲) کترن ۔ (۳) وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار یا پہلی بار کتری گئی ہو ۔ (۴) (کان کنی) کوئلے کی کان کی عمودی تراش ۔ (۵) عمارت وغیرہ کا بوجھ سے مسخ ہو جانا ۔

Shearing force : (n) جزی قوت ۔

Shearing machine : (n) تراش مشین یا کل (پرزے وغیرہ کی) ۔

Shearing strain : (n) جزی زور ۔

Shearing strength : (n) جزی طاقت ۔

Shearing stress : (n) جزی قوت : زور : قینچ زور ۔

Shearling : (n) وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار تراشی گئی ہو ۔

Shearman : (n) کپڑے کا رواں یا پھونسڑے کترنے والا ۔

Searwater : (n) ماہی بر : ایک دریائی پرند(لمبی چونچ والا) ۔

Sheat-fish : (n) میٹھے پانی کی سب سے بڑی مچھلی : گربہ ماہی : قرموط ۔

Sheath : (n) [OE. 'Sc'p, Scea'.] (۱) غلاف : میان : نیام ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات ، تشریح) جھلی : غلاف : خول : پوشش ۔

Sheath-bill : (n) قطب جنوبی کا ایک پرندہ ، جن کی چونچ کی ساخت میں خول بھی اہم ھے ۔

Sheath-fish : (n) دیکھو Sheat-fish

Sheath-knife : (n) میان دار خنجر ۔

Sheath of schwann : (n) (حیوانیات) عصبی غلاف ۔

Sheath-winged : (a) (حیوانیات) غلاف دار بازوؤں والا ۔

Sheathe : (v) (۱) میان یا نیام میں رکھنا ۔ (۲) غلاف میں رکھنا : غلاف وغیرہ چڑھانا ۔ (۳) اذایت میں تخفیف کرنا ۔ (۴)(جہاز ، دروازہ ، چھت وغیرہ) پر فلزی غلاف چڑھانا ۔

To sheath the sword : (مجازاً) جنگ ختم کرنا ۔

Sheathed : (a) غلاف دار : نیام دار ۔

Sheather : (n) غلاف چڑھانے والا : نیام میں رکھنے والا ۔

Sheathing : (n) (۱) غلاف یا میان چڑھانا ۔ (۲) جہاز کے پیندے کے لئے آہنی چادر (بغرض مضبوطی اور حفاظت) ۔ (۳)میان: نیام : غلاف : خول ۔ (۴) دریا کا بند (خالی پتھروں کا) ۔

Sheathless : (a) بے نیام : بے میان : بے غلاف ۔

Sheathy : (a) غلاف نما : میان نما : نیام سے مشابہ ۔

Sheave : (n) [OE. 'Scife'.] (۱) چرخی : چرخی کا پہیہ : چرخ بلی ۔ (۲) ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کر دیتا ھے : اس آلے کا قرص ۔

Sheave : (v) اناج کے گٹھے یا مٹھے باندھنا : پولیاں بنانا ۔

Sheave : (v) [ME. 'Scheve'.] کشتی کو پیچھے ہٹانا یا کھینا ۔

Sheaved : (a) گٹھا بنا ہوا : پولیوں میں بندھا ہوا ۔

Sheba : (n) [f. 'Sheba'.] شیبا : جنوبی عرب کا ایک ملک عہد قدیم میں : حسین لا ابالی عورت : (جغرافیہ) سبا ۔

Shebang : (n) [Origin unkn.] (۱) جھونپڑی : سائبان : مکان : گھر ۔ (۲) کاروبار : معاملہ : کارخانہ : نظام ۔

Shebat/Sebat/ Shevat : (n) [Heb. 'Shebhat'.] یہودی نظام تقویم کا پانچواں مہینہ ۔

Shebeen : (n) [Anglo-Ir. 'Sibin'.] بوزہ خانہ : شراب خانہ : وہ شراب خانہ جس کے لئے اجازت نامہ نہ ہو : بغیر لائسنس کا شراب خانہ ۔

Shed : (n) [OE. '(ge)scead'.] دو وادیوں کے درمیان سلسلۂ کوہ ۔

Shed : (n) (۱) سائبان : چھپر : اسارا ۔ (۲) جھونپڑا : جھونپڑی : پناہ گاہ : باڑا : بھٹ ۔ (۳) تلغراف کے حاجز کا غلاف ۔

Shed : (v) [OE. 'Sc(e)adan'.] (۱) تقسیم کرنا : علاحدہ کرنا ۔ (۲) بہنا : بہہ نکلنا : نکالنا : گرانا : بہانا ۔ (۳) خون بہانا : آنسو بہانا. (۴) گرانا : بہنا (آنسو ، بارش ، شبنم وغیرہ) ۔ (۵) پھیلانا : شائع کرنا : نکالنا : ڈالنا : برسانا ۔ (۶) گرانا : جھاڑنا ۔ (۷) (اناج وغیرہ کا) بالی کے اندر سے گرنا : (پھول یا پتوں کا) گرنا : جھڑنا ۔ (۱۲) اتار دینا (لباس) ۔

To shed (one's own) blood : جان دے دینا : جنگ میں شہید ہو جانا ۔

To shed the blood of : مار ڈالنا : قتل کرنا ۔

Shed : (v) سائبان میں رکھنا : جھونپڑی میں رکھنا ۔

Shed : (a) گرا ہوا : جھڑا ہوا : چھلک کر گرا ہوا ۔

Shedder : (n) (۱) پھیلانے والا : گرانے والا ۔ (۲) سامن مچھلی ۔ (۳) کیکڑا (اپنا خول چھوڑنے کے وقت) ۔ (۴) درخت سے گرا ہوا پھل ۔

Shedding : (n) سائبان : اُسارے (مجموعی طور پر) ۔

Shedding : (n) (۱) گرانا : جھاڑنا ۔ (۲) گری ہوئی پتیاں ۔ (۳) تقسیم : علاحدگی ۔ (۴) کپاس کے تخمدان کی ایک بیماری جس میں تخمدان قبل از وقت گر پڑتا ھے ۔

Shedding box / -float : (n) ایک ظرف جس میں کیکڑوں کو اس وقت تک رکھتے ہیں جب تک وہ خول نہیں اتار دیتے ۔

Sheder : (n) آٹھ نو ماہ سے زیادہ عمر کی بھیڑ جس کا اون تراشا نہ گیا ہو ۔

Sheel : (v) چھیلنا : چھلکا اتارنا ۔

Sheeling : (n) پوست سے الگ کیا ہوا اناج : جئی کی بھوسی ۔

Sheen : (n) (۱) چمک : دمک : روشنی : جلوہ : تجلی : نور ۔ (۲) زرق برق لباس ۔ (۳) (عام) جعلی سکہ ۔

Sheen : (a) (۱) خوبصورت : حسین ۔ (۲) چمکدار : چمکیلا : نورانی: ضیا بار : منور ۔

Sheen : (v) (۱) چمکنا : دمکنا : منور ہونا ۔ (۲) جھلکنا ۔

Sheenful : (a) چمکیلا : چمک دار : منور : پُر ضیا ۔

Sheeny : (n) [Origin unkn.] یہودی ۔

Sheeny : (a) نورانی : چمک دار : منور : ضو فشاں ۔

Sheep : (n) [OE. 'Scep'.] (۱) بھیڑ : بھیڑیں ۔ (۲) شرمیلا : جھینپو : جھجھکنے والا : غبی یا کند ذہن : ڈرپوک ۔ (۳) پادری کے علاقے کے لوگ ۔ (۴) بھیڑ کا پکا چمڑا ۔

Black sheep : اپنے گروہ میں ناپسندیدہ شخص ۔

Lost sheep : گمراہ (راہ راست سے) ۔

There is a black sheep in every flock : نا پسندیدہ ہر جگہ پائے جاتے ہیں ۔

To return to our sheep : باز آمدم بر سر مطلب : اپنے مطلب پر آنا ۔

Wolf in sheep's clothing : بھیڑ کے لباس میں بھیڑیا ۔

Sheep : (v) بھیڑ چرانا ۔

Sheep-back : (n) چٹان جو برف کے تودے کے گرنے سے چکنی ہو گئی ہو ۔

Sheep-biter : (n) مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ھے اور ان کی اون میں انڈے دیتی ھے ۔

Sheep-bot (fly) : (n) بھیڑ مکھی : چچڑی : وہ مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ھے ۔

Sheep cot / Sheepcote : (n) بھیڑوں کا باڑا ۔

Sheep-dip : (n) اون رکھشا : جراثیم کش : ایک مرکب جس کے گھول میں جراثیم سے پاک کرنے کے لئے بھیڑ کو غوطہ دیتے ہیں ۔

Sheep-dog : (n) گڈریے کا کتا ۔

Sheep-faced : (a) شرمیلا : جھینپو ۔

Sheep-facedly : (n) شرمیلے پن سے ؛ جھینپ کر ۔

Sheep-facedness : (n) شرمیلا پن : جھینپ ۔

Sheep-fescue/ Sheep's- : (n) مرغزاری گھاس ۔

Sheep-farm : (n) بھیڑ کا باڑا ۔

Sheep-farm : (n) بھیڑیں پالنا ۔

Sheep-farmer : (v) بھیڑیں پالنے والا یا رکھنے والا ۔

Sheep-farming : (n) بھیڑیں پالنا یا رکھنا ۔

Sheep-flake : (n) بھیڑ کے چارے کا ٹوکرا ۔

Sheep-fly : (n) بھیڑ مکھی ۔

Sheep-gate :(n) بھیڑوں کا باڑے کا دروازہ : بھیڑوں کا باڑا ۔

Sheep-kill : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جو کمسن بھیڑوں کے لئے زہریلی سمجھی جاتی ھے ۔

Sheep-laurel : (n) دیکھو Sheep-kill

Sheep-louse : (n) چیچڑی : بھیڑ کی جوں ۔

Sheep-maggot : (n) بھیڑ مکھی کا روپ ۔

Sheep-mark : (n) بھیڑوں کا شناختی نشان ۔

Sheep-master : (n) بھیڑیں پالنے یا رکھنے والا ۔

Sheep-pest : (n) بھیڑ کا خون چوسنے والی چیچڑی ۔

Sheep-pock/ -pox : (n) بھیڑوں کی بیماری جو چیچک سے مشابہ ہوتی ھے ۔

Sheep-rack : (n) بھیڑوں کے چارے کا ٹوکرا ۔

Sheep-rot : (n) (۱) بھیڑوں کے جگر کی ایک بیماری ۔ (۲) ان پودوں کے نام جن سے یہ بیماری ہوتی ھے ۔

Sheep-scab : (n) کھجلی ، خارش کی بیماری بھیڑ بکریوں میں ۔

Sheep-shearing : (n) (۱) بھیڑ مونڈنا : بھیڑ مونڈنے کے وقت کی تقریب ۔ (۲) بھیڑ مونڈنے کا موسم ۔

Sheep-sorrel / Sheep's-sorrel : (n) ایک بوٹی ۔

Sheep-tick : (n) ایک قسم کی بھیڑ مکھی جس کو پر نہیں ہوتے ۔

Sheep-wash : (n) بھیڑوں کے نہلانے کی جگہ ۔

Sheep's bit : (n) ایک قسم کی یورپی بوٹی ۔

Sheep's eye(s) : (n) ہوسناک نظر ۔

To cast a sheep's eye(s) at : ہوسناک نظروں سے دیکھنا ۔

Sheep's fescue : (n) ایک گھاس جو بھیڑوں کے چارے کے لئے کاشت کی جاتی ھے ۔

Sheep's gut(s) : (n) تانیث ، دیکھو Catgut

Sheep's head : (n) (۱) بھیڑ کا سر : بھیڑ کا بھیجا : مغز ۔ (۲) بے وقوف ۔

سادہ لوح ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۴) تاش کا ایک کھیل ۔

Sheep's skin/ Sheepskin : (n) (۱) بھیڑ کی کھال ۔ (۲) پوشتین : غالیچۂ میشی ۔ (۳) دستاویز ۔ (۴) جلد سازی کا چمڑا ۔

Sheep's-scabious : (n) ایک بوٹی ۔

Sheep's wool : (n) (۱) بھیڑ کا اون ۔ (۲) جزائر غرب الہند کا ایک قسم کا اسفنج ۔

Sheepfold : (n) بھیڑوں کا باڑا ۔

Sheepheaded : (a) بے وقوف : سادہ لوح : سیدھا سادہ ۔

Sheepherder : (n) گڈریا ۔

Sheepish : (a) (۱) میش صفت : بھیڑ جیسا ۔ (۲) بز دل : ڈرپوک : شرمیلا : جھینپو ۔

Sheepishly : (adv.) شرمیلے پن سے ۔

Sheepishness : (n) شرمیلا پن : بزدلی ۔

Sheeplike : (a) میش صفت : خصوصاً عاجزی انکساری یا بے وقوفی میں ۔

Sheeplike : (adv.) حلم یا بردباری سے : عاجزی سے : مسکینی سے : تحمل سے ۔

Sheepman : (n) بھیڑیں پالنے والا یا رکھنے والا : بھیڑوں کا مالک ۔

Sheepnose : (n) بعض قسم کے سیب ۔

Sheepshank : (n) (۱) بھیڑ کی ٹانگ ۔ (۲) (بحری) گرہ یا حلقہ جس کے ذریعے عارضی طور پر رسی کی لمبائی گھٹائی جاتی ہے ۔ (۳) (اسکاچستان) کوئی ادنیٰ اور بے قدر و قیمت چیز ۔

Sheepshank : (v) (بحری) گرہ یا حلقے کے ذریعے عارضی طور پر رسی کی لمبائی گھٹانا ۔

Sheepshearer : (n) (۱) بھیڑ کے بال اتارنے والا ۔ (۲) بھیڑ کا اون کترنے کی مشین ۔

Sheepwalk : (n) بھیڑوں کی چراگاہ ۔

Sheer : (n) (بحری) جہاز کا اصل راستے سے بھٹک جانا ۔

To break her sheer : (لنگر انداز جہاز کا) ہوا کے رخ کی تبدیلی یا پانی کے دھارے کی وجہ سے اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔

Sheer : (n) (۱) جہاز کے عرشے یا بند کا اوپر کی طرف خمیدگی ؛ جھکاؤ ۔ (۲) جہاز کے بالائی خط کا خم ۔ (۳) دیکھو Sheer-strake ۔

Sheer : (a) [ME. 'Shire'.] (۱) باریک : صاف : شفاف : کپڑا جس کے آر پار دکھائی دے ۔ (۲) خالص : بے ملاوٹ ۔

Semi-sheer : کپڑا جس کے آر پار دکھائی دے ۔

Sheer : (n) باریک یا شفاف کپڑا ۔

Sheer : (adv.) (۱) مکمل طور پر : سراپا ۔ (۲) عموداً ۔

Sheer : (v) [(M)LG. 'Scheren'.] (۱) (بحری) اصل راستے سے ہٹ جانا یا کترا جانا ۔ (۲)(ایسے شخص سے جس سے نفرت، ڈر ، یا ناراضی ہو) الگ ہو جانا : جدا ہو جانا : ترک صحبت کرنا ۔ (۳) (مجازاً) راستہ بدل دینا : منحرف ہو جانا : دوسرا راستہ اختیار کرنا ۔ (۴) جہاز کی متعین سمت بدل جانا ۔

To sheer alongside, to ,up: جہاز کا رخ بدلنا : دوسرے جہاز کی طرف ترچھے لانا ۔

Sheer-boom : (n) چوب روک جس سے بہتی لکڑیوں کے رخ کو حسب خواہش موڑ لیتے ہیں ۔

Sheer-draught (-draft) : (n) دیکھو Sheer-plan

Sheer-hulk / Shear- : (n) جہاز کا ڈھانچا (پرانے یا غیر مستعمل جہاز کا) ۔

Sheer-line : (n) عارضی پل کا سرا جس سے ہو کر کشتی گزرتی ہے ۔

Sheer-line : (n) جہاز کے عرشے کی روکاری لکیر یا خط عروج ۔

Sheer-plan : (n) کسی عمودی سطح اور جہاز کے پیندے کے تقاطع سے بنا ہوا حصہ ۔

Sheer-strake : (n) لوہے کے تختے یا پترے جو پیش جہاز سے دنبالۂ جہاز تک سب سے اوپر لگے ہوتے ہیں ۔

Sheer-thursday : (n) دیکھو Maundy-thursday

Sheer-wale : (n) دیکھو Sheer-strake

Sheerly : (adv.) (۱) مطلقاً ؛ بالکل ؛ سراسر ؛ تمامتر ۔ (۲) عموداً ؛ سیدھی ۔

Sheerness : (n) عمودی ہونا ؛ سیدھا ہونا ۔

Sheet : (n) [OE. 'Scete'.] (۱) چادر ؛ پلنگ کی چادر ؛ پلنگ پوش ۔ (۲) (کاغذ کا) تاؤ ؛ تختہ ۔ (۳) اہالی ، فولاد ، شیشے وغیرہ کی چادر ۔ (۴) اخبار ؛ پرچہ ۔ (۵) دیکھو Winding sheet ۔ (٦) بادبان ۔ (٧) (جمع) اوراق ۔

Between the sheets : محو خواب ہونا ۔

In sheets : پھیلا ہوا ہونا ؛ مڑا ہوا ہونا ۔

In sheet : غیر مجلد ۔

The sheets : بستر کی چادریں ۔

Sheet : (n) [OE. 'Sceata'.] بادبان کے نچلے گوشے کی رسی یا زنجیر جو بادبان کھولنے بند کرنے کے کام آتی ہے ۔

Three sheets in the wind : خوب مخمور ؛ بد مست ۔

Sheet : (v) چادر ڈالنا ؛ چادر ڈھانکنا یا ڈھکنا ؛ چادر اوڑھانا ؛ چادر بچھانا ؛ چادر پھیلانا ؛ چادر میں لپیٹنا ۔ (۲) چادروں کی صورت میں بنانا یا ڈھانکنا ۔

To sheet home : بادبان کی رسیوں اور زنجیروں سے کسنا ۔

Sheet-anchor : (n) (۱) سب سے بڑا لنگر ؛ آب دراز ۔ (۲) (مجازاً) آخری سہارا یا پناہ ۔

Sheet-cable : (n) سب سے بڑے لنگر کا رسا ۔

Sheet glass : (n) چادری شیشہ ۔

Sheet ice : (n) برف کی چادر جو سطح آب کے جم جانے سے بن جاتی ہے ۔

Sheet lightening : (n) بجلی کی چادر جو آسمان پر دور تک پھیلی ہوئی نظر آئے ؛ منتشر بجلی ۔

Sheet like : (a) چادر نما ۔

Sheet metal : (n) چادری دھات ۔

Sheet-music : (n) موسیقی راگ جو کاغذ کے تختوں پر چھاپا جائے (کتاب کی شکل میں نہیں) ۔

Sheet-pavement : (n) اسفالی سنگ فرش ۔

Sheet-pile : (n) چادری شہتیر جو پل وغیرہ کے سہارے کے لئے زمین میں گاڑ دیتے ہیں ۔

Sheeted : (a) (۱) کفنایا ہوا ۔ (۲) چادر میں لپیٹا ہوا ۔ (۳) چادر کی شکل میں ۔ (۴) (مویشی) جس کے بدن پر سفید چوڑی دھاری ہو ۔

Sheetful : (a) چادر بھر ۔

Sheeting : (n) (۱) بستر کی چادریں بنانے کا پارچہ ۔ (۲) تختوں یا دھات کی مسلسل باڑ ۔ (۳) چادر بنانا ؛ (خصوصاً سیسے کی) باڑ بنانا ۔ (۴) چادر سے ڈھک دینا یا چادر میں رکھ دینا ۔

Sheetlet : (n) چھوٹا تختہ خصوصاً اخبار جو خبریں اختصار کے ساتھ ایک ہی جگہ دے دیتا ہے ۔

Sheety : (a) چادر نما ؛ پھیلا ہوا ۔

Sheffield : (n) یارک شائر کے ایک شہر کا نام جہاں کی کار دگری بہت مشہور ہے ۔

Sheffield plate : (n) شیفیلڈ میں بننے والی تانبے کی پلیٹ جس پر چاندی کی تہ چڑھائی جاتی تھی ۔

Shegetz : (n) [Yeddish., 'Sheykets'.] (۱) غیر یہودی لڑکا ۔ (۲) آزاد خیال یہودی لڑکی ۔

Sheikh : (n) [Arab. 'Sayk'.] شیخ ۔

Sheikh-ul-islam : (n) شیخ الاسلام ۔

Sheila/ Shaler / Sheelah : (n) [alt. of 'Shaler'.] جوان عورت ؛ لڑکی ۔

Shekel : (n) [Heb. 'Sekel'.] (۱) یہودیوں کے وزن کا ایک پیمانہ ؛ یہودیوں کا ایک نقرئی سکہ ۔ (۲) (مجازاً) (جمع) مال و دولت ؛ زر و جواہر ۔

Shekinah/ Shechinah : (n) [late. Heb. 'Sekinah'.] شکینہ ؛ ہیکل سلیمانی میں خداوند ذو الجلال کا نزول اجلال ۔

Shel-lacking : (n) شسکت فاش ۔

Sheld : (a) [MDU. 'Schillede'.] رنگ برنگ ؛ چتلا ؛ چت کبرا ۔

Sheld-duck/ Shell- : (n) شوخ رنگ کی بطخ ۔

Sheld-fowl : (n) دیکھو Sheld-duck

Sheldrake : (n) [f. 'Sheld+ drake.] دیکھو Sheld-duck

Shelf : (n) [(M) LG. 'Schelf.'] (۱) دیوار وغیرہ سے باہر نکلا ہوا یا اس سے جڑا ہوا پتھر یا تختہ : الماری کے اندر کا تختہ؛ طاقچہ : قفسہ ۔ (۲) چٹان کے پہلو کا باہر نکلا ہوا حصہ : چھجا : ساحل کوہ ۔ (۳) الماری وغیرہ کے تختے پر رکھی ہوئی چیزیں (کتاب وغیرہ) ۔ (۴) دریا برآمد زمین کے نیچے کی چٹان ۔ (۵) (جہاز سازی) جہاز کے ڈھانچے کے اندر کی شہتیر جو عرشے کو سہارا دیتی ہے۔ (۶) کمان کا بالائی کنارہ جس پر تیر ٹکا رہتا ہے (جب کمان کھینچی جاتی ہے)۔

Continental shelf : بر اعظم کے نزدیک سمندر کی نسبتاً اتھلی سطح ۔

On the shelf : طاق پر : طاق نسیاں پر (خصوصاً گذشتہ کام یا خدمات) ۔

To lay (put etc.) on the shelf : (عورت کی) شادی کا امکان ختم ہو جانا ۔

Shelf : (v) الماری وغیرہ کے تختے پر رکھنا ۔

Shelf : (n) ریتی (کنار آب) : ترائی ۔

Shelf-catalogue : (n) قفسہ دار : فہرست کتب ۔

Shelf-ice : (n) برف کی چادر جو زمین سے سطح سمندر تک مسلسل پھیلی رہتی ہے ۔

Shelf-ladder : (n) پہیے دار سیڑھی (جو کتب خانوں یا دکانوں میں رکھی جاتی ہے) ۔

Shelf-life : (n) وہ مدت جس میں کسی چیز کو محفوظ یا قابل استعمال رکھا جاسکتا ہے ۔

Shelf-list : (n) دیکھو Shelf-catalogue

Shelf-mark : (n) دیکھو Press-mark

Shelf-register : (n) دیکھو Shelf-catalogue

Shelf-rest : (n) ایک قسم کی دیوار گیری جس پر تختے رکھ کر طاقچہ بناتے ہیں۔

Shelf-sea : (n) سمندر کا وہ حصہ جو براعظم کے نزدیک نسبتاً اتھلا ہو۔

Shelful : (n) تختہ بھر : قفسہ بھر ۔

Shelfy : (a) ترائی سے بھرا ہوا ۔

Shelfy : (a) سلیٹ کی چٹانوں سے بھرا ہوا ۔

Shell : (n) [OE. 'Scell'.] (۱) چھلکا : پوست : بکل : کھال : خول : کھپرا: بھوسا۔ (۲) گھونگا: صدف: سیپی ۔ (۳) (اسکول میں) درمیانہ درجہ ۔ (۴) خاکہ (کسی منصوبے یا تجویز کا) ۔ (۵) ہلکی دوڑ کی کشتی : دوڑ کی کشتی کا تیرنے والا حصہ ۔ (۶) دستانہ : شمشیر ۔ (۷) بم کا گولا: شل کا گولا (توپ وغیرہ کے لئے) ۔ (۸) دھات یا کاغذ کا خول (کارتوس، آتشبازی وغیرہ کا) ۔ (۹) نمود و نمائش : دکھاوا : ظاہری مشابہت یا نمائش ۔ (۱۰) اندرونی تابوت : چوبی عارضی تابوت : نیز پتلا دھات کا تابوت ۔ (۱۱) بر بط : چنگ ۔ (۱۲) نا مکمل مکان یا جہاز کی بیرونی دیواریں : کوئی ایسا ڈھانچا یا بیرونی حصار جس کا اندرونی حصہ پورا نہیں ہوا یا ڈھے گیا ہے ۔ (۱۳) (قدیم یونان) ٹھیکرا یا سفال جس پر جلا وطن کئے جانے والے کا نام لکھا جاتا تھا ۔ (۱۴) (جمع) جلا ہوا چونے کا پتھر (کیمیاوی طریقے سے پانی میں حل کئے جانے سے پہلے) ۔ (۱۵) انڈے کا چھلکا ۔ (۱۶) دیکھو Nutshell ۔ (۱۷) نارا دار ناریل ۔ (۱۸) (مجازاً) کم سخنی : احتیاط : خلوت نشینی ۔ (۱۹) خول نما چیز : کُروی : نیم کروی یا گیند نما چیز ۔ (۲۰) بیرونی کان ۔ (۲۱) گائے کی ران کا گوشت جس میں پٹھے کا گوشت نہیں رہتا ہے ۔ (۲۲) کسی جوہری مرکزہ کے گرد تقریباً مساوی توانائی والے برقیاتی مجموعے کے مدار کی لی ہوئی جگہ ۔ (۲۳) سادہ کٹ کا ڈبہ جس پر چھپا ہوا کاغذ چپکا دیا جاتا ہے ۔ (۲۴) فلس : چھلکا ۔ (۲۵) بکتر کی دھات کی پرت ۔ (۲۶) جھبا جو سپاہی کی دوری میں کاندھے پر ہوتا ہے ۔

In the shell : (۱) (مجازاً) نامکمل : ادھورا ۔ (۲) بے سیا ہوا یا جو انڈے سے نہ نکلا ہو ۔

Shell : (v) (۱) چھیلنا : چھلکا اتارنا یا اترنا : بُکل اتارنا یا اترنا ۔ (۲) دانے نکالنا: دانوں کو پھلی سے الگ کرنا: بیج نکالنا۔ (۳) غلاف یا خول چڑھانا : غلاف یا خول مہیا کرنا : خول وغیرہ سے پاٹ دینا ۔ (۴) گولا باری کرنا : گولا اندازی کرنا ۔ (۵) (دھات وغیرہ کا) گولا اندازی کرنا ۔ (۶) سیپ یا گھونگے جمع کرنا ۔

Shell : (a) (۱) چھلکے دار : کھوپرے دار : پوست دار ۔ (۲) سیپی سے بنا ہوا ۔ (۳) کچھوے کے خول سے بنا ہوا ۔ (۴) خول نما؛ صدف نما ۔

Shell-back : (n) (۱) (جہازی عامیانہ) جفا کش یا تجربہ کار ملاح ۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا ۔

Shell-bark : (n) لیموں کے درخت کی ایک بیماری ۔

Shell-bark : (n) ایک قسم کا اخروٹ کا درخت ۔

Shell-bit : (n) برما کرنے کی انی : سوراخ کرنے کی انی ۔

Shell-breaker : (n) مثانے کی پتھری نکالنے کے عمل جراحی میں استعمال ہونے والا ایک آلہ ۔

Shell-button : (n) غلافی بٹن (بوتام) : دھات کے گول بٹن جس کے اوپر کپڑا منڈھا ہوتا ھے ۔

Shell-crest : (n) (بعض کبوتروں کے سرکی) گول کلغی ۔

Shell-drake : (n) دیکھو Sheldrake

Shell-egg : (n) چھلکے دار انڈا (خشک یا سفوف انڈے کے مقابلے میں) ۔

Shell-fire : (n) (۱) اگیا بیتال : غول بیاباں ۔ (۲) گولہ باری ۔

Shell-fish : (n) صدفی نیز کھپرے دار مچھلی : صدف ماہی : حیوان صدف ۔

Shell-flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Shell-game : (n) ایک قسم کا ٹھگنے والا کھیل : ہاتھ کی صفائی کا کھیل۔

Shell-gland : (n) بعض قشریوں کے خول کے نیچے کا اخراج کرنے والا غدہ ۔

Shell-gold : (n) لکھنے یا نقاشی کرنے والا سونا۔

Shell-heap : (n) زمانہ قبل تاریخ کا کوڑا کرکٹ خصوصاً ہڈیوں اور کوڑیوں کا انبار ۔

Shell-hole : (n) توپ کے گولے سے پیدا ہونے والا گڑھا ۔

Shell-ice : (n) پانی کی سطح پر جمی ہوئی برف مگر پانی کے ہٹ جانے کی وجہ سے اس پر قائم نہ رہی ۔

Shell-jacket : (n) نا مکمل کوٹ یا جیکٹ (جو پیچھے تک پہنچتا ھے) ۔

Shell-less : (a) بے پوست : بے خول ۔

Shell-like : (a) خول نما : صدف نما ۔

Shell-lime : (n) سیپی کا چونا ۔

Shell-money : (n) کوڑیاں وغیرہ ۔

Shell-mound : (n) دیکھو Shell-heap

Shell-out : (n) (بلیرڈ) Pyramid کھیل جس میں تین یا زیادہ اشخاص کھیلتے ہیں ۔

Shell out : (n) (۱) ادا کرنا یا ہونا : بے باق کرنا یا ہونا : دے ڈالنا ۔ (۲) (کاٹ کر) الگ کر دینا ۔

Shell-plate : (n) جہاز یا بائلر کی بیرونی چادر ۔

Shell-proof : (a) بم روک ۔

Shell-pump : (n) دیکھو Sano-pump

Shell-road : (n) صدف کے خول سے بنائی ہوئی سڑک ۔

Shell-sac : (n) دیکھو Shell-gland

Shell-shock : (n) اعصابی اختلال (جو جنگ میں گولہ باری وغیرہ سے پیدا ہو جاتا ھے) : جنگی خلل اعصاب ۔

Shell-shock : (v) گولہ باری سے اعصابی اختلال پیدا کرنا ۔

Shell-shocked : (a) اعصابی اختلال میں مبتلا ۔

Shell-work : (n) سیپی کا کام (دیواروں وغیرہ پر) ۔

Shellac : (n) [f. Shell + lac.] لاکھ : چپڑا لاکھ ۔

Shellac : (v) (۱) لاکھ سے وارنش کرنا : لاکھ لگانا ۔ (۲) شرمناک طور سے شکست دینا : ہرا دینا ۔

Shelled : (a) (۱) چھلکے دار : خول دار ۔ (۲) خول میں بھرا ہوا (کارتوس وغیرہ) ۔

Sheller : (n) (۱) چھلکا اتارنے والا : بُکل اتارنے والا۔ (۲) چھلکا اتارنے کی مشین ۔

Shelleyan : (a) [f. P.B. 'Shelly, the poet'.] شیلی (P.B.Shelly) کا یا اس کی شاعری سے متعلق ۔

Shelleyan : (n) شیلی (شاعر) کا مداح ۔

Shelleyism : (n) شیلی کا طرز : شیلیت ۔

Shelleyite : (n) شیلی کا پیرو یا مداح ۔

Shelling : (n) (۱) چھلکا اتارنا : بُکل اتارنا : بھوسا چھڑانا : خول اتارنا ۔ (۲) بھوسی : چوکر ۔ (۳) بھوسا نکالا ہوا اناج ۔ (۴) بم باری : گولہ باری : گولہ اندازی ۔ (۵) صدف جمع کرنا : صدف چینی ۔ (٦) انگور کی ایک بیماری ۔

Shelly : (a) صدف دار : سیپیوں سے بھرا : گھونگوں بھرا : پر صدف ۔ (۲) صدف نما : خول نما : صدفی ۔ (۳) کھپرے دار : خول دار ۔ (۴) صدف یا سیپی کا بنا ہوا ۔

Shelp : دیکھو Selp

Shelta : (n) [Origin unkn.] غیر مفہوم زبان ۔

Shelter : (n) [OE. 'Scieldtruma'.] (۱) پناہ : پناہ گاہ : جائے پناہ : بچاؤ : بچاؤ کی جگہ : آڑ : روک : مسکن : ملجا ۔ (۲) مامن : جائے امن : حفاظت : تحفظ ۔ (۳) عارضی رہائش گاہ (جو بے گھر غریبوں کو مہیا کیا جائے) ۔

To seek, find, take shelter : پناہ ڈھونڈنا : پناہ لینا ۔

Under the shelter of : پناہ میں ۔

Shelter : (v) (۱) پناہ دینا : امن دینا : حفاظت کرنا : محافظت کرنا ۔ (۲) چھپانا : محافظت کر کے بچانا (کسی الزام سے) ۔ (۳) دامن پکڑنا : پناہ لینا : حفاظت میں آنا ۔

To shelter oneself under, behind : کسی کے نیچے یا پیچھے پناہ لینا ۔

Shelter-belt : (n) حفاظتی پٹی : درختیوں یا جھاڑیوں کی قدرتی آڑ پودوں اور فصلوں کو ہوا سے بچانے کے لئے ۔

Shelter-deck : (n) (مسافر بردار جہاز کا) چھوٹا عرشہ جو بغل سے بند مگر کنارے سے کھلا رہتا ھے : حفاظتی عرشہ ۔

Shelter-pit : (n) (فوج) چھوٹی خندق (جس میں صرف ایک آدمی پناہ لے سکے) ۔

Shelter-tent : (n) چھوٹا خیمہ ۔

Shelterer : (n) (۱) پناہ لینے والا ۔ (۲) پناہ دینے والا ۔

Shelterless : (a) (۱) بے پناہ : غیر محفوظ ۔ (۲) بے سایہ : جو پناہ نہ دے سکے ۔

Sheltery : (a) سایہ دار : جہاں پناہ ملے ۔

Sheltie/ Shelty : (n) [ON. 'Hjalti'.] شیٹ لینڈ کا ٹٹو ۔

Shelve : (n) چٹان کے پہلو کا نکلا ہوا حصہ : چھجا ۔

Shelve : (n) Shelf کا صیغہ جمع ۔

Shelve : (v) (۱) طاق یا چھجے پر رکھنا ۔ (۲) (مجازاً) ملتوی کردینا : معرض التوا میں ڈال دینا : ترک کرنا ۔ (۳) موقوف کرنا : برخاست کرنا : نکال دینا ۔ (۴) الماری میں تختے لگانا ۔

Shelve : (v) [Back-formation f. 'Shelvy'.] (۱) ڈھلوان ہونا ۔ (۲) ایک طرف سے جھکانا (گاڑی وغیرہ) ۔

Shelving : (n) (۱) طاق یا تختے پر رکھنا : الماری میں تختے لگانا ۔ (۲) الماری بنانے کا سامان یا تختے ۔ (۳) (مجموعی طور پر) الماریاں ۔

Shelving : (n) ڈھلوان ہونا : ڈھلوان سطح : ڈھلوان ۔

Shelving : (a) ڈھلوان ۔

Shelvy : (a) آگے نکلا ہوا : چھجا نما ۔

Shemite : (n) دیکھو Semite

Shemitic : (a) دیکھو Semitic

Shemitish : (a) دیکھو Semitic

Shemitism : (a) دیکھو Semitism

Shemittah : (n) [Heb. 'Shemitteh'.] دیکھو Sabbatical year

Shemozzle / Schlemozzle : (n) [Of. Yeddish origin.] گڑ بڑ : ابتری : بد نظمی : جھگڑا : لڑائی ۔

Shenango : (n) [f. the 'Chenango'.] (۱) گودی کا وقتی مزدور (جسے کام ختم ہونے پر مقرر کیا جائے) ۔ (۲) نیویارک کے ایک دریا کا نام ۔

Shenanigan : (n) [Origin unkn.] (۱) ترکیب : چال : دھوکا : کسی خفیہ مقصد کے لئے توجہ منعطف کرنا ۔ (۲) دل لگی بازی : شوخی : شرارت ۔ (۳) ابلہ فریبی : دھوکا : فریب : دغا ۔ (۴) طرز عمل : افعال : خرمستیاں : رنگ رلیاں : ہڑبونگ ۔

Shend : (v) [OE. 'Scendan'.] (۱) بے عزت یا ذلیل کرنا : شرمندہ کرنا : شرمانا ۔ (۲) الزام لگانا : الزام دھرنا : سرزنش

کرنا : ملامت کرنا : ڈانٹنا ۔ (۳) سزا بھگتنا : کئے کا پھل پانا ۔ (۴) برباد کرنا : نقصان پہنچانا ۔

Shent : (a) ذلیل : تباہ و برباد : رسوا ۔

Sheol : (n) [Heb. 'Seol'.] یہودیوں کا عالم برزخ یا عالم اسفل ۔

Shepherd : (n) [OE. 'Sceaphierde'.] (۱) چوپان : شبان : گڈریا : گلہ بان ۔ (۲) (مجازاً) پادری : روحانی رہنما : پیشوا ۔ (۳) خدا : حضرت عیسیٰ (انجیل کی زبان میں)۔ (۴)گڈریے کا کتا ۔ (۵) دیکھو Shepherd's king ۔ (۶)(آسٹریلیا) کان کا وہ قطعۂ زمین جس میں اسے کھدائی کا حق ہے مگر وہ کھدائی نہیں کرتا ہے ۔ (۷)حکمراں (دنیوی)۔

Shepherd : (v) (۱) بھیڑیں چرانا : بکریاں چرانا : حفاظت و نگہداشت کرنا ۔ (۲) (مجازاً) نگہبانی کرنا : رہنمائی کرنا ۔ (۳)(آسٹریلیا) (حق کان کنی) کی حفاظت کرنا (اس پر سطحی کام کر کے) ۔ (۴) (عام) نگاہ رکھنا : نگرانی کرنا : حرکات و سکنات پر نگاہ رکھنا ۔ (۵) (فوج) دشمن کو مشکل میں ڈالنا ۔ (۶) روحانی رہنمائی کرنا ۔

Shepherd-bird : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Shepherd-dog : (n) گڈریا کا کتا ۔

Shepherd king : (n) (۱) مصر کے Manetho بادشاہان کا خطاب ۔ (۲) گڈریا بادشاہ ۔

Shepherdess : (n) (۱) گڈرنی: بھیڑ چرانے والی ۔ (۲)گڈرنی کی تصویر (چینی مٹی وغیرہ کے برتنوں پر) ۔

Shpherdless : (a) بے گڈریا : بے گلہ بان ۔

Shepherdlike : (a) گڈریا نما : گڈریا سے مشابہ ۔

Shepherd's bag : (n) (۱) ایک قسم کی چہار برگ گھاس ۔ (۲) ایک قسم کا متحجر خار پشت جو کھلی میں پایا جاتا ہے ۔

Shepherd's calender : (n) گڈریائی تقویم (جس میں موسمیاتی پیش گوئیاں ہوتی ہیں)۔

Shepherd's calender : (n) ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا جس کے پھول قرمزی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

Shepherd's check : (n) سیاہ و سفید چار خانوں کا اونی کپڑا (چیک)۔

Shepherd's club : (n) ایک بوٹی جس کی پتیاں نرم روئیں دار ہوتی ہیں : بوصیر : سفید بھنگ ۔

Shepherd's dog : (n) گڈریا کا کتا ۔

Shepherd's needle : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Shepherd's-spider : (n) ایک قسم کا مکڑا ۔

Shepherd's-spinder : (n) ایک قسم کی پائی جو آلو کے بھرتے اور گوشت کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے ۔

Shepherd's pipe : (n) ایک قسم کی نے : یا دیکھو Bagpipe ۔

Shepherd's purse : (n) دیکھو Shepherd's bag

Shepherd's spinder : (n) دیکھو Shepherd's-spider

Shepherd's staff/ -rod : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Shepstare : (n) [Shep(herd) + stare(ling).] ایک قسم کا پرندہ ۔

Sherardize : (v) [f. name 'Sherard' , cowper-coles.] لوہے کی چیزوں پر جست کی قلعی کرنا ۔

Sheraton : (a) [Name of Thomas Sheraton.] شراٹنی : مکان کا سامان : سادہ قسم کا فرنیچر جو طامس شراٹن نے انگلستان میں اٹھارھویں صدی عیسوی میں رائج کیا تھا ۔

Sherbet : (n) [PErs. 'Serbet'.] (۱) شربت ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی (پانی اور چینی کا مرکب جما ہوا اور لذیذ) ۔

Sherbet powder : (n) میٹھا سوڈا ، ٹارٹرک ترشہ اور چینی سے بنا اور مختلف ذائقوں والا سفوف ۔

Sherd : دیکھو Shard

Shereef : (n) [Arab. 'Sarif'.] (۱) شریف : سید : آل نبی : اولاد علی ۔ (۲) مکہ معظمہ کا حاکم اعلیٰ : شریف مکہ : مراقش کا بادشاہ ۔

Shereefa : (n) مراقش کے بادشاہ کی بیوی ، ملکہ ۔

Shereefian : (a) مراقش کے بادشاہ سے متعلق ۔

Sheriff : (n) [OE. 'Scirgerefa'.] شیرف : انگریزی کونٹی یا شائر کا افسر اعلیٰ جس کے ذمے امن قائم رکھنا اور عدالتوں کی نگرانی میں عدل و انصاف عمل میں لانا ہوتا ہے اور جو

پارلیمانی انتخابات وغیرہ میں صدر ہوتا ہے اور شاہی قلمرو کے نظم و نسق کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔

Sheriff wick : (n) (۱) شیرف کا علاقہ یا حدود ارضی ۔ (۲) شیرف کا عہدہ ۔

Sheriffalty : (n) شیرف کا عہدہ : شیرف کی میعاد کارکردگی ۔

Sherifffoy : (n) دیکھو Sheriffalty

Sheriffdom : (n) دیکھو Sheriff wick

Sheriff's clerk / Sherif- : (n) شیرف کی عدالت کا محرر ۔

Sheriff's officer : (n) افسر جو شیرف کے حکمناموں کی تعمیل کرتا ہے ۔

Sherlock : (v) (۱) شرلاک ہومز (Sherlock Holmes) کی طرح مشاہدہ کرنا اور استخراج کرنا ۔ (۲) جاسوس کا کام کرنا : جاسوسی کرنا ۔

Sherlock Holmes : (n) (۱) جاسوس : خبر رساں (خصوصاً جس میں استخراج یا انکشاف نمایاں صلاحیت ہو) ۔ (۲) انکشاف یا دریافت کی غیر معمولی صلاحیت رکھنے والا شخص ۔

Sherpa : (n) [Native word.] (۱) ہمالیہ کی جنوبی نشیب میں رہنے والے تبتی ۔ (۲) شرپا لوگوں کا ایک رکن ۔

Sherra : (n) دیکھو Sheriff

Sherried : (a) شیری (شراب) کی چاشنی ۔

Sherris : (n) [Sherries, old pronounciation of Xeress (New Jerez).] دیکھو Sherry

Sherris-sack : (n) ہسپانیہ (Jerez) کی سفید شراب ۔

Sherry : (n) [alt. of Sherris.] شیری : جنوبی ہسپانیہ یا زیرے (Zeres, Jerez) کی سفید شراب۔

Sherry-cobbler : (n) برف میں لگی ہوئی شراب یا مشروب جو تنکے کے ذریعے پیا جاتا ہے ۔

Sherryvallies : (n) [Pol. 'Szarawary'.] مخمل یا چمڑے کا بنا اوپری لباس جو پتلون کے اوپر پہنا جاتا ہے کیچڑ وغیرہ سے بچنے کے لئے ۔

Sheth : (n) [WFlem. 'Schet, Schette'.] (۱) لکڑی کی پتلی پٹی : سلاخ ۔ (۲) (کان کنی اور زراعت) قطار : دھاری ۔

Shetland : (n) جزائر شٹ لینڈ : چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کے مجموعے کا نام جو اسکاچستان کے شمال مشرق میں واقع ہیں ۔

Shetland pony/ -horse : (n) شیٹ لینڈی یابو ، گھوڑا ۔

Shetland wool : (n) شیٹ لینڈ کی بنی اون : باریک اور نفیس قسم کی اون ۔

Shetlander : (n) (۱) شٹ لینڈی : شیٹ لینڈ جزیرے کا باشندہ ۔ (۲) شیٹ لینڈی یا بو ، ٹٹو ۔

Sheugh/ Sheuch : (n) [ME. 'Sough'.] (۱) تنگ گھاٹی : نالا ۔ (۲) خندق ۔

Sheugh : (v) (۱) خندق یا نالا بنانا ۔ (۲) چھپا دینا : بھر دینا ۔

Sheva : (n) [Rabbinic Heb. 'Sewa'.] (۱) (عبرانی قواعد) حرف صحیح کے نیچے یہ نشان (ْ) حرف علت کی غیر موجودگی ظاہر کرنے کے لئے ۔ (۲) (صوت) حرف علت خفیف کی آواز ۔

Movable sheva : حرف علت خفیف ۔

Shewbread : (n) [G. 'Schaubrot'.] وہ بارہ روٹیاں جو یہودیوں کے کنیسوں میں رکھی جاتی تھیں اور ہفتہ کے آخر میں انہیں صرف خادم قربان گاہ کھاتے تھے ۔

Sheyle : (v) [OE. 'Sceol'.] آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا : عادتاً ترچھی نظر سے دیکھنا ۔

Shiah : (n) [Arab. 'Sial.'] شیعہ ۔

Shibah/ Shivah/ Shiva : (n) [Heb. 'Shibhah'.] سات دنوں کا روایتی ماتم جو کسی کی موت پر یہودی کرتے ہیں ۔

Shibboleth : (n) [Heb. 'Sibbolet'.] (۱) لفظ یا کلمۂ امتیازی ۔ (۲) کسی جتھے کا خاص کلمہ یا لفظ ۔ (۳) دقیانوسی ، فرسودہ یا متروک خیال : عادت ، رسم وغیرہ ۔ (۴) پرانی دھرانی فرسودہ بات یا قول ۔ (۵) (مجازاً) نظر گیر لفظ اپنی جماعت کے مقلدین یا حامیوں کو جاننے کے یا غیر مقلدین کو اپنی جماعت سے نکال دینے کے لئے ۔

Shicer : (n) [G. 'Scheisser'.] (آسٹریلیا) غیر زر خیز کان ۔

Shick : (a) [Yiddish. 'Shiker'.] (آسٹریلیا) مخمور : نشے میں دھت ۔

Shicker/ Shickered : (a) مخمور : پئے ہوئے : مست ۔

Shicker : (n) (عامیانہ) شرابی : میخوار ۔

Shiel : (n) [ME. 'Shale'.] (۱) عارضی مکان ۔ (۲) چھوٹا مکان : تنگ و تاریک گھر : جھونپڑا ۔

Shield : (n) [OE. 'Sceld, Scield'.] (۱) سپر : ڈھال ۔ (۲) حفاظتی پلیٹ : سپر : روک : آڑ (مشین میں) ۔ (۳) حمایت : پناہ۔ (۴)حمایتی : محافظ : نگہبان ۔ (۵) (حیوانیات) سپر : سپر نما عضو یا حصہ ۔ (۶) (نقابت) سپر یا ڈھال جس پر کسی شخص یا خاندان کا مارکہ بنا ہوتا ہے ۔ (۷)مختلف رنگوں والے کبوتر کی ایک جنس۔ (۸)(امریکہ) پولس کا بلا ۔ (۹) سپر نما چیز ۔ (۱۰)(نباتیات) کائیوں کا بدر کاسہ ۔ (۱۱) (کارد گری) ایک چھوٹی دھات کی پلیٹ یا تختی جو چھری کے دستے میں لگی رہتی ہے بطور آرائش یا اس پر مالک کا نام کھودے جانے کی غرض سے ۔ (۱۲) محدب سطح ۔ (۱۳) سپر کی شکل کی آرائشی پلیٹ ۔ (۱۴) حفاظتی پناہ گاہ ۔ (۱۵) مزدوری کی حفاظت کے لئے قائم کیا ہوا چوکھٹا ۔

Shield : (v) (۱) بچانا : حفاظت کرنا : حفاظت میں لینا : امن دینا ۔ (۲) پناہ دینا (اس میں اکثر الزام یا سزا سے بچانے کے لئے اخفائے حقیقت کے معنی مضمر ہوتے ہیں ۔

Shield-arm : (n) بایاں ہاتھ ۔

Shield-bearer : (n) سپر بردار ۔

Shield-bud : (n) اکھوا اور اس کے گرد کی چھال (پیوند کاری کے لئے)۔

Shield-fern : (n) مختلف قسم کے فرن کا نام ۔

Shield-of-arms : (n) سپر جس پر نقابتی نشان ہو ۔

Shield of pretence : (n) کسی نقابتی نشان کے اندر دوسرا نقابتی نشان ۔

Shield-shaped : (a) سپر نما ۔

Shielded : (a) (۱) سپر دار ۔ (۲) (بعض) سخت کھپروں والے (جانور)۔ (۳) سپر بردار ۔ (۴) سپر کے ذریعے محفوظ ۔

Shieldless : (a) بے سپر : بے ڈھال ۔

Shieling /Shealing : (n) (۱) چراگاہ : مرغزار : (پہاڑی علاقے میں)۔ (۲) چراگاہ کے نزدیک بنی جھونپڑی (پہاڑی علاقے میں تحفظ کے لئے) ۔

Shift : (n) (۱) تبدیلی : انتقال مکان ۔ (۲) تبدیلیٔ مزاج ۔ (۳) تبادلہ ۔ (۴) تغیرات : نشیب و فراز ۔ (۵) ادل بدل : باری باری سے بدلنا : دور ۔ (۶) (مزدوروں کی) بدل چوکی : اس کا وقت معینہ : نوبت : شفٹ ۔ (۷)نئی ترکیب : حکمت : مصلحت ۔ (۸) چالاکی: عیاری : دم بازی ۔ (۹) ٹال مٹول: گول مول بات ۔ (۱۰) قمیص ۔ (۱۱) (تعمیرات) اینٹ کی چنائی میں ایسی ترکیب کہ ایک قطار کے جوڑ دوسری قطار کے جوڑوں سے نہ ملیں : جوڑ شکن چنائی ۔ (۱۲)تدبیر : ترکیب : چارۂ کار ۔ (۱۳) فصلوں کا ہیر پھیر ۔ (۱۴) ہوا کی تبدیلی ۔ (۱۵) طبقہ یا چٹ کا نقص ۔ (۱۶) (وائلن بجانے میں) انگلیوں کے دباؤ کا بدلنا ۔ (۱۷) (کان کنی) معمولی نقص زمین کے پرت میں ۔

One's (or the) last shift : آخری تدبیر : آخری سہارا ۔

To be at one's last shift(s) : (۱) زچ ہونا ۔ (۲) (مجازاً) موت کے قریب ہونا ۔ (۳) آخری تدبیر پر مجبور ہونا ۔

To make shift or a shift : ترکیب کرنی : سبیل نکالنا : کسی نہ کسی طرح کام چلانا ۔

To put , drive, reduce to the last shift : انتہا کو پہنچا دینا : آخری تدبیر کرنے پر مجبور ہونا ۔

Shift : (v) (۱) بدلنا : پلٹنا : تغیر و تبدیل کرنا : تبدیلی کرنا ۔ (۲) تبادلہ کرنا ۔ (۳) منتقل کرنا یا ہونا ۔ (۴) کسب معاش کی صورت نکالنا : کسی طرح سے بھی گزر کرنا ۔ (۵) بری بھلی طرح کام نکالنا : جو بن پڑے کرنا ۔ (۶)(کسی کام کی) ترکیب نکالنا : رستہ نکالنا : سبیل نکالنا : جتن کرنا ۔ (۷) گول بات کرنا : گول مول جواب دینا : ٹال جانا ۔ (۸) تقسیم کرنا : حصہ لگانا ۔ (۹) اپنی حفاظت ، مفاد یا معاش کا انتظام کرنا : اپنی محنت پر بھروسا کرنا۔ (۱۰)کپڑے یا لباس تبدیل کرنا ۔ (۱۱)سین یا منظر بدل دینا یا بدل جانا۔ (۱۲)(بحری) (بادبان، مستول ذی ملی ، سکان وغیرہ کا) مقام بدلنا ۔ (۱۳)(۔۔ ان جہاز وغیرہ کا) اپنی جگہ سے ہٹ جانا جس ۔۔ے حسار کا توازن قائم نہ رہ سکے ۔ (۱۴) (ہوا وغیرہ کا) سمت یا رخ بدلنا ۔ (۱۵) (کسی شخص کو) اپنے رستے سے ہٹانا ۔ (۱۶) (عام) (دشمن کو) ہٹا دینا : (گھوڑے کا) سوار کو پٹخ دینا ۔ (۱۷) مکان بار بار بدلنا۔ (۱۸) ہٹ جانا : الگ ہو جانا : کھسک جانا ۔

To shift for oneself : (۱)بری بھلی طرح کام نکالنا : جو بن پڑے کرنا ۔ (۲) اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ۔

To shift gears : (۱) (موٹر کے) گیرندہ کو بدلنا ۔ (۲)(مجازاً) طرز یا رفتار بدلنا : نظریہ بدلنا ۔

To shift one's ground : بحث بدل دینا : بحث وغیرہ میں دوسری صورت نکالنا ۔

To shift the helm : سکان یا پتوار بدلنا ۔

Shift of butts : (n) جہاز کے تختوں کی ترتیب ۔

Shift off : (v) (۱) ٹال جانا: اڑا جانا ۔ (۲)(کسی شخص سے) چھٹکارا پانا ۔ (۳) ذمہ داری وغیرہ سے بچنا یا دوسرے پر ٹال جانا ۔

Shiftable : نقل پذیر : تبدیل پذیر ۔

Shifter : (n) (۱) گول مول بات کرنے والا : ٹال جانے والا ۔ (۲) بدلنے والا: تبدیلی کرنے والا ۔ (۳)(دھات کی) کان کے مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ ۔ (۴) تبدیلی کرنے والا آلہ ۔ (۵) (بحری) جہاز کے باورچی کا معاون ۔

Shiftful : (a) چالاک : کائیاں : ہوشیار : دغا باز ۔

Shiftily : (adv.) عیارانہ : مکارانہ ۔

Shiftiness : (n) عیاری : مکاری : فن فریبی ۔

Shifting : (a) (۱) بدلنے والا : تبدیل پذیر : نقل پذیر : تغیر پذیر ۔ (۲) عیار : مکار : فریبی ۔

Shifting accent : (n) تغیر پذیر تاکید ۔

Shifting ballast : (n) جہاز کا توازن برقرار رکھنے والی کوئی نقل پذیر بھاری چیز ۔

Shifting centre : (n) دیکھو Metacentre

Shifting stress : (n) دیکھو Shifting accent

Shifting use : (n) نقل پذیر تصرف ۔

Shiftingly : (adv.) ٹال مٹول سے : عیارانہ : مکارانہ ۔

Shiftingness : (n) (۱) عیاری : مکاری : فریب ۔ (۲) نقل پذیری : تبدیل پذیری ۔

Shiftless : (a) (۱) بے نوا : بے تدبیر : نا اہل : کاہل ۔ (۲) بے اثر : بے کار ۔

Shiftlessly : (adv.) بے تدبیری سے : بری طرح ۔

Shiftlessness : (n) بے تدبیری ۔

Shifty : (a) (۱) پر تدبیر : پر ترکیب ۔ (۲) چالاک : عیار : مکار ۔

Shiite : (n) شیعہ : اہل تشیع ۔

Shiitic : (a) شیعہ سے متعلق ۔

Shikar : (n) [Pers. 'Sikar'.] شکار ۔

Shikar : (v) شکار کرنا : شکار کھیلنا ۔

Shikara : (n) (۱) عہد وسطیٰ کا ہندوستانی مندر ۔ (۲) کشمیری کشتی : شکارا ۔

Shikasta : (n) [Pers.] شکستہ تحریر ۔

Shikii : (n) [Jap.] (۱) موٹا ریشمی سوت یا دھاگا ۔ (۲) ایک قسم کا موٹا ریشمی کپڑا ۔

Shiko : (n) [Burmese 'Sikho'.] برمیوں کی کورنش ۔

Shiko : (v) برمی طرز میں کورنش بجا لانا ۔

Shikra : (n) [Pers.] شِکرا : ہندوستان کا چھوٹا باز ۔

Shiksa/ Shikse / Shicksa : (n) [Yeddish. 'Shikse'.] (۱) غیر یہودی لڑکی ۔ (۲) آزاد خیال یہودی لڑکی ۔

Shilfa : (n) [Origin unkn.] دیکھو Chaffinch

Shill : (n) پھانسنے والا : ورغلانے والا : ٹھگ کا شریک ۔

Shill : (v) پھانسنا : دام میں لانا : فریب سے پکڑنا ۔

Shillaber : (n) [Origin unkn.] دیکھو Shill

Shillelagh / Shillelah : (n) [Name of a barony and village in Co. Wicklow.] (آئرستان) شاہ بلوط یا Blackthorn کا سونٹا ۔

Shillibeer : (n) [after George Shillibeer.] کرایہ کی گاڑی جسے گھوڑے کھینچتے ہیں ۔

Shilling : (n) [OE. 'Scilling'.] شلنگ : ایک برطانوی سکہ جو پونڈ کا بیسواں حصہ تھا ۔

Double shilling : ولندیزی فلورین یا گیلڈر (سکہ) ۔

To cut off with a shilling : قصداً محروم الارث کر دینا ۔

To take the shilling, the king's (or queen's) shilling : فوج میں بھرتی ہونا ۔

Shilling shocker : (n) (۱) سنسنی خیز ناول ۔ (۲) ناول جس کے موضوع جرم و تشدد ہوں ۔

Shillingsworth : (a) ایک شلنگ کا ۔

Shilly-shally : (a) مذبذب : ڈانواں ڈول ۔

Shilly-shally : (n) تذبذب : ڈانواں ڈول ہونا : شش و پنج : دُگدا : پس و پیش : اگر مگر : سوچ بچار ۔

To stand shill I shall I : مذبذب ہونا : ڈانواں ڈول ہونا : پس و پیش میں ہونا ۔

Shilly-shally : (v) مذبذب ہونا : ڈانواں ڈول ہونا : شش و پنج میں ہونا : پس و پیش میں ہونا ۔

Shally-shallyer : (n) تذبذب کرنے والا : پش و پیش کرنے والا ۔

Shilpit : (a) [Origin unkn.] لاغر : ضعیف : ناتواں : کمزور ۔

Shim : (n) [Origin unkn.] (۱) فانہ :لجر ۔ (۲) پچر : شِم ۔

Shim : (v) پچر لگانا ۔

Shim-sham shimmy : (n) [redupl of Shimmy.] ایک قسم کا رقص ۔

Shimmer : (n) ٹمٹماہٹ : دھیمی لرزاں روشنی ۔

Shimmer : (v) ٹمٹمانا : جھلکنا : چمکنا : مدھم طور پر چمکنا ۔

Shimmer : (v) پچر لگانا ۔

Shimmy : (n) دیکھو Chemise

Shimmy : (n) [Origin unkn.] (۱) ناچنے کا ایک طریقہ ۔ (۲) غیر معمولی طور پر جھولنا ۔

Shimmy shirt : (n) قمیص : کرتا ۔

Shimose : (n) [after Masachika shimonosek.] جاپان کا ایک آتش گیر مادہ ۔

Shimper : (v) دیکھو Shimmer

Shin : (n) [OE. 'Scinu'.] (۱) مقدم ساق :پنڈلی کا اگلا حصہ : پیش ساقہ : قصبہ ۔ (۲) گائے کی ٹانگ کا نچلا حصہ ۔

Shin : (v) (۱) درخت ، دیوار وغیرہ پر چڑھنا (ہاتھوں اور ٹانگوں کے بل) ۔ (۲) پنڈلی پر لات یا ٹھوکر مارنا : فٹ بال میں حریف کی پنڈلی پر ٹھوکر لگانا ۔ (۳) تیزی سے پیدل چلنا ۔

Shin-bone : (n) [OE. 'Scinbah'.] نلی : پنڈلی کی نلی ۔

Shindig : (n) (۱) تقریب : جشن : رنگ رلیاں : عیش و نشاط ۔ (۲) ہنگامہ : فساد : غل غپاڑہ ۔

Shindy : (n) [Alt. of 'Shinty'.] (۱) دیکھو Shinty ۔ (۲) رنگ رلیاں : غل غپارہ : جشن ۔ (۳) جھگڑا : فساد : ہنگامہ ۔

To kick up a shindy : ہنگامہ یا فساد برپا کرنا ۔

Shine : (n) (۱) روشنی : چمک دمک : کھلا موسم (جب مطلع صاف ہو) ۔ (۲) فریب : دھوکا ۔ (۳) شان و شوکت ۔

To cut a shine : کسی سے بڑھ جانا : سبقت لے جانا ۔

To take the shine out of : کسی شے کی چمک دمک مدھم کر دینا : کسی شے کی مدت یا رونق زائل کر دینا ۔

Shine : (n) (۱) دعوت : صحبت : جلسۂ یاراں ۔ (۲) ہنگامہ : فساد : گڑ بڑ ۔ (۳) (جمع) فریب : دھوکا ۔

To take a shine to : مائل ہونا : راغب ہونا : لٹو ہونا : ریجھنا ۔

Shine : (v) (۱) چمکنا : روشنی ہونا یا روشنی آنا : تاباں ہونا : درخشاں ہونا : رونق دار ہونا : با رونق ہونا ۔ (۲) چمکنا یعنی نمایاں ہونا : ممتاز ہونا : سبقت لے جانا ۔ (۳) چمکانا : چمک دار بنانا : پالش کرنا (جوتوں ، دھات وغیرہ پر) ۔ (۴) (شکار) (لالٹین وغیرہ کی) روشنی ڈالنا (جانوروں کی آنکھوں پر) : شکار کا پتا لگانا ۔

To shine upon : موافق ہونا (ستارہ وغیرہ) ۔

Shine up : (v) غور سے دیکھنا : گھورنا (خصوصاً مخالف جنس کو) ۔

Shiner : (n) (۱) چمکنے والا : دمکنے والا : چمکانے والا (جیسے پالش وغیرہ) ۔ (۲) (عام) سکہ خصوصاً پونڈ ، گنی ۔ (۳) (جمع) مال ، دولت ۔ (۴) آئینہ خصوصاً وہ جو جعل ساز تاش کے کھیل میں استعمال کرتے ہیں ۔ (۶) کپڑے کی چمکیلی دھاری ۔ (۷) کاغذ میں چمکیلا دھبا ۔

Shingle : (n) [ME. 'Scincle, Scingle'.] (۱) کاٹھ کھپریل : چوبی کھپرا (چھت چھانے کا) : توفال ۔ (۲) تختہ ۔ (۳) چھوٹا سائن بورڈ ۔ (۴) خشخشہ بال ۔

Shingle : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹے گول پتھر یا کنکر (سمندر کے کنارے) ۔ (۲) ساحل یا دوسرا رقبۂ زمین گول بھربھرے کنکروں سے بھرا ہوا ۔

Shingle : (v) (۱) چھت بندی کرنا : چھت چھانا ۔ (۲) خشخشی بال کاٹنا : سر کے بال اس طرح کاٹنا کہ بالوں کے سرے چوبی کھپریل کی طرح ہو جائیں ۔

Shingle : (v) (لوہے کا کام) لوہے کے گولے کو پیٹ کر خالص بنانا ۔

Shingle weaver : (n) چوبی کھپرا بنانے اور سجانے والا ۔

Shingler : (n) لوہے کو پیٹ کر خالص بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Shingler : (n) چھت بندی کرنے والا ۔

Shingles : (n) غلۂ منطقی : منطقہ : ایک جلدی مرض جس میں جسم پر کمر کی دائیں جانب چکتے پڑ جاتے ہیں اور ان میں سوزش ہوتی ہے ۔

Shingly : (a) گول پتھروں سے بھرا : کنکر دار ۔

Shininess : (n) چمک دمک ۔

Shining : (a) (۱) چمک دار : چمکیلا ۔ (۲) درخشاں : ضو فشاں : ضیا بار : منور : فروزاں ۔

To improve the shining hour : وقت سے فائدہ اٹھانا ۔

Shining light : (n) نمایاں شخص ۔

Shiningly : (adv.) چمکتے ہوئے : صاف طور پر ۔

Shiningness : (n) چمک دمک : تابانی : درخشانی : ضو فشانی : ضیا باری ۔

Shinny : (n) (۱) ہاکی کی طرح کے ایک کھیل کا نام نیز ہاکی کا گیند اور بلا ۔ (۲) برف پر کھیلی جانے والی ہاکی ۔

Shinto : (n) [Jap.] شنٹو : قدیم جاپانی مذہب : جاپانی مت (بودھ مت نے اسے قدرے پسپا کر دیا ہے) ۔

Shintoism : (n) شنٹومت (جو بادشاہ پرستی یا اسلاف پرستی پر مبنی ہے) ۔

Shintoist : (n) شنٹو پرست : شنٹو مت کا معتقد ۔

Shintoistic : (a) شنٹو مت سے متعلق ۔

Shinty : دیکھو Shinny

Shiny : (a) (۱) تاباں : روشن : چمکیلا : چمکدار : آبدار ۔ (۲) منجھا یا رگڑا ہوا : جو اس قدر مانجھا یا رگڑا گیا ہو کہ چمک پیدا ہو جائے ۔

Ship : (n) [OE. 'Scip'.] (۱) جہاز : سفینہ ۔ (۲) کشتی خصوصاً دوڑ کی کشتی ۔ (۳) جہاز نما برتن یا زیور وغیرہ ۔ (۴) جہاز کا عملہ ۔ (۵) خوش بختی : خوش حالی ۔ (۶) ہوائی جہاز ۔ (۷) ملک : ملکیت : ریاست ۔ (۸) جہاز کی کمپنی یا ملاح ۔

Battle ship : مسلح جہاز : جنگی جہاز ۔

Flag ship : جہاز جس پر امیر البحر کام کر رہا ہو ۔

King's ship : (۱) شاہی بیڑا ۔ (۲) جنگی جہاز ۔ (۳) شاہی بحریہ کا جہاز ۔

Merchant ship : تجارتی جہاز ۔

Sailing ship : بادبانی جہاز ۔

Steam ship : دخانی جہاز ۔

To take ship : گھونٹ گھونٹ پینا : تھوڑا تھوڑا کر کے پینا ۔

War ship : جنگی جہاز ۔

When one's ship comes home (or in) : خوش حالی کے دنوں میں ۔

Ship : (n) دیکھو Companionship

Ship : (v) (۱) جہاز پر سوار کرنا یا چڑھانا : جہاز پر بار کرنا یا لادنا : جہاز کے رستے روانہ کرنا : جہاز میں بھر کر بھیجنا ۔ (۲) جہاز میں ملازم ہونا یا رکھنا ۔ (۳) جہاز میں سوار ہونا یا جہاز سے روانہ ہونا ۔ (۴) جگہ یا ٹھکانے پر رکھنا : نصب کرنا (جہاز میں مستول ، چپو وغیرہ) ۔ (۵) ریل یا دوسرے ذرائع سے مال بھیجنا : (مجازاً) بھیج دینا ۔ (۶) پہننا (کپڑے) : بوجھ اٹھانا ۔ (۷) بدلنا : تبدیل کرنا ۔

-ship : (suffix) لاحقہ اسمائے کیفیت کے بنا کے لئے آتا ہے ۔

Ship borer : (n) جہازی کیڑا جو جہاز کے پیندے کو کھوکھلا کر دیتا ہے : پونکا ۔

Ship borne : (n) جہاز سے لے جایا جانے والا ۔

Ship bound : (a) جہاز تك محدود ۔

Ship breaker : (n) وہ ٹھیکہ دار جو اپنے جہاز کو توڑتا اور اس کے ٹکڑے بیچ ڈالتا ہے ۔

Ship-broker : (v) جہازی دلال : جہازی گماشتہ : جہازی بیمہ کرنے والا ۔

Ship-brokerage : (n) جہازی دلال ۔

Ship-builder : (n) جہاز ساز ۔

Ship-building : (n) جہاز سازی ۔

Ship canal : (n) جہازی آبنائے : جہازی نہر : وہ مصنوعی نہر جس میں جہاز اندرون ملك پہنچ سکیں ۔

Ship-carpenter : (n) جہاز بنانے یا مرمت کرنے والا بڑھئی ۔

Ship-carpentry : (n) جہازی نجاری ۔

Ship-chandler : (n) جہاز کا سامان مثلاً رسی ، بادبان وغیرہ بیچنے والا ۔

Ship-chandlery : (n) جہاز کا سامان مثل رسی ، بادبان وغیرہ بیچنا ۔

Ship-fever : (n) جہازی بخار : ٹائی فس ۔

Ship-ladder : (n) جہاز پر اترنے چڑھنے کی سیڑھی ۔

Ship-load : (n) (۱) بار جہاز ۔ (۲) جہاز بھر ۔

Ship-money : (n) جہازی محصول : محصول بحری : جو بیڑے کے لئے جہاز مہیا کرنے کے لئے لگایا جاتا تھا : چارلس اول نے جب اس کی تجدید کرنی چاہی تو Great Rebellion واقع ہوا ۔

Ship of the dersert/ Desert ship : (n) اونٹ ۔

Ship of Guinea/ Guinea ship : (n) (جہازیوں کی اصطلاح میں) تیرنے والی یا تیرتی ہوئی فالودہ مچھلی ۔

Ship-owner : (n) جہاز یا جہازوں کا مالك یا وہ شخص جو جہاز کے حصص کا مالك ہو ۔

Ship-papers : (n) جہازی دستاویزیں جن سے جہاز کی ملکیت ، قومیت اور سامان کی نوعیت وغیرہ معلوم ہو ۔

Ship-plate : (n) گھٹیا قسم کی لوہے کی چادر ۔

Ship-railway : (n) جہازی ریل ، ریل جس پر جہاز کو پانی سے باہر لاتے ہیں (مرمت وغیرہ کے لئے) ۔

Ship-rat : (n) جہاز پر پایا جانے والا چوہا ۔

Ship-rigged : (a) سہ مستولی جہاز : وہ جہاز جس میں تین یا تین سے زیادہ مستول ہوں اور ان پر بہت سے بادبان لگے ہوں ۔

Ship-shape : (a) خوش ترتیب : آراستہ و پیراستہ : صاف ستھرا : اچھی حالت میں : ٹھیك ٹھاك ۔

Ship-shape : (n) خوش ترتیبی : صاف ستھراپن ۔

Ship-stuff : (n) (۱) گھٹیا قسم کا آٹا جس میں چوکر زیادہ ہو ۔ (۲) گیہوں کا چوکر جو مویشیوں کو کھلایا جاتا ہے ۔

Ship-timber : (n) جہاز سازی کی لکڑی ۔

Ship way : (n) (۱) وہ سہارا جس پر جہاز بنایا جاتا ہے ۔ (۲) جہازی نہر ۔ (۳) وہ سہارا جو مرمت کے وقت جہاز کے نیچے خشك گودی میں لگایا جاتا ہے ۔

Ship worm : (n) دیکھو Ship borer

Ship-wreck : (n) (۱) جہاز کی تباہی (طوفان سے یا چٹان سے ٹکڑا کر یا غرقابی سے) ۔ (۲) شکستہ جہاز یا اس کے سازو سامان ۔ (۳)(مجازاً) تباہی : بربادی : نقصان ۔

To make shipwreck of : نقصان اٹھانا : تباہ کر ڈالنا ۔

Ship-wreck : (v) (۱) جہاز کو تباہ کر ڈالنا ۔ (۲) (مجازاً) پامال ہونا یا کرنا ۔

Shipful : (n) جہاز بھر ۔

Shiplap : (n) (۱) جہاز کے پیندے کی حفاظتی چادر جس کے کٹاؤ میں تختوں کا سرا اس طرح بٹھایا جاتا ہے کہ ایك تختہ دوسرے پر چڑھا رہتا ہے ۔

Shipless : (a) بے جہاز ۔

Shiplet : (n) چھوٹا جہاز۔

Shipletter : (n) خط جس کو ڈاک کا جہاز نہ لے جائے بلکہ کوئی غیر سرکاری جہاز لے جائے : خط جو بذریعہ جہاز بھیجا جائے۔

Shipman : (n) (۱) ملاح۔ (۲) جہاز کا کپتان۔

Shipmaster : (n) (۱) جہاز کا کپتان یا کمانڈر۔ (۲) جہاز کا مالک۔

Shipmate : (n) (۱) کسی جہاز کا ہم سفر۔ (۲) جہاز کے ملازمین و متعلقین ایک دوسرے کے Shipmate ہیں : ہم جہاز۔

Shippage : (n) (۱) جہاز کی لدائی (مال)۔ (۲) جہاز کی لدائی کا محصول۔ (۳) دیکھو Shipment ۔

Shippen : (n) [ME. 'Shipen'.] مویشی رکھنے کا سائبان : گاؤ سالہ۔

Shipper : (n) [Late OE. 'Scipere'.] (۱) جہاز کے ذریعے مال بھیجنے یا منگوانے والا۔ (۲) جہاز سے بھیجا جانے والا مال یا جو بھیجنے کے لائق ہو۔ (۳) (میکانیات) پٹے کو ایک چرخی سے دوسری چرخی پر بدلنے کی ایک ترکیب۔ (۴)(امریکا) ریل یا دوسری سواری کے ذریعے مال بھیجنے والا۔ (۵) وہ ڈبہ یا بکس جس میں رکھ کر مال بھیجا جاتا ہے۔

Shipping : (n) (۱) جہاز کی بھرائی یا لدائی : جہاز باری۔ (۲) جہازی مال : مال جو جہاز پر بار کیا گیا ہو۔ (۳) جہاز (کسی ملک کے مجموعی تعداد میں)۔

Shipping agent : (n) جہازی ایجنٹ : جہازی کارندہ۔

Shipping articles : (n) جہازی ملازمت کی شرطیں (مابین کپتان و ملازمین)۔

Shipping-bill : (n) جہازی مال کی بلٹی۔

Shipping-department : (n) دفتر بار کاری : مال لدائی کا دفتر۔

Shipping-fever : (n) جہازی بخار : ٹائفس۔

Shipping-mark : (n) جہاز کے مال کا شناختی نشان۔

Shipping-master : (n) وہ افسر جس کے بالمواجہ جہازی ملازمت کی شرائط پر دستخط کئے جاتے ہیں۔

Shipping-office : (n) (۱) دفتر افسر جہاز یا جہاز کے ایجنٹ کا دفتر، دفتر جہاں ملاح بحری سفر کے معاہدے پر دستخط کرتے ہیں۔ (۲) دفتر جہاں جہاز کے ایجنٹ مال بھیجے جانے کے لئے وصول کرتے ہیں۔

Shipping papers : (n) دیکھو Ship papers

Shippon : (n) دیکھو Shippen

Shippound : (n) [MLG. 'Schippunt'.] وزن کی ایک اکائی جو تین سو سے چار سو تک پونڈ کے برابر ہوتی ہے۔

Ship's articles : (n) دیکھو Shipping articles

Ship('s) biscuit : (n) جہازی بسکٹ : ایک قسم کا سخت بسکٹ۔

Ship('s) bread : (n) دیکھو Ship's biscuit

Ship('s) boy : (n) جہاز پر کام کرنے والا چھوکرا یا نوکر۔

Ship('s) carpenter : (n) دیکھو Ship carpenter

Ship('s) company : (n) ملاحوں کی جماعت : جہاز کے جملہ خدام۔

Ship('s) days : (n) جہاز پر مال چڑھانے اور اتارنے کی مدت۔

Ship's husband : (n) جہازی دلال۔

Ship's option : (n) کسی مال کا کرایہ اپنی مرضی کے مطابق لینے کا حق (وزن یا ضمانت کی بنیاد پر)۔

Ship's papers : (n) جہازی دستاویزیں جن سے جہاز کی ملکیت، قومیت اور سامان کی نوعیت وغیرہ معلوم ہو۔

Ship's passport : (n) دیکھو Sea-letter

Ship's service : (n) جہازی ڈاک۔

Ship('s) stores : (n) جہاز کے لئے رسد (اشیائے خوردنی) اور دوسرے کام آنے والے سازو سامان۔

Ship('s) time : (n) جہاز پر کا وقت۔

Shipside : (n) گودی۔

Shipside : (a) جہاز کے قریب کا۔

Shipwright : (n) جہاز ساز۔

Shipyard : (n) جہاز گاہ : کارخانۂ جہاز سازی یا مرمت۔

Shiraz : (n) (۱) شیراز (فارس کا ایک شہر) ۔ (۲) شیرازی شراب ۔

Shire : (n) [OE. 'Seir'.] (۱) ضلع : حلقہ ۔ (۲) لاحقہ جو اکثر شہروں اور ضلعوں کے ناموں کے ساتھ آتا ھے۔ (۳) (جمع) Hampshire اور Devonshire کے شمال مشرق کے اضلاع جن کے آخیر میں Shire آتا ھے۔ (۴) علاقۂ وسطی (Midland) کے اضلاع ۔ (۵) Shire Horse کا مخفف ۔

Shire-hall : (n) ضلع کا صدر دفتر ۔

Shire horse/ Shires- : (n) شائر گھوڑا : یہ گھوڑوں کی سب سے بڑی قسم ھے جو خاص طور پر Midlands میں پائی جاتی ھے۔

Shire-member : (n) پارلیمنٹ میں ضلع کا نمائندہ ۔

Shire-moot : (n) پرانے انگلستان کی عدالت ۔

Shire-oak : (n) شاہ بلوط جو ضلع کا سرحدی نشان ہوتا ھے یا وہ جگہ جہاں ضلع کی عدالت بیٹھتی ھے ۔

Shire-reeve : (n) دیکھو Sheriff

Shire-town : (n) ضلع کا دارالسلطنت ۔

Shirk : (n) کام چور ۔

Shirk : (v) (۱) بچ جانا : بچا جانا ۔ (۲) پہلو تہی کرنا (ذمہ داری ، فرض ، لڑائی وغیرہ سے) : اپنی ذمہ داری دوسرے کے سر ڈالنا ۔ (۳) کام چوری کرنا ۔

Shirker : (n) ذمہ داری وغیرہ سے بچنے والا : کام چور : پہلو تہی کرنے والا ۔

Shirky : (a) کام چور : پہلو تہی کرنے والا ۔

Shirl : (v) [Origin unkn.] پھسلنا ۔

Shirley poppy : (n) پوست کی ایک قسم ۔

Shirr : (n) [Origin unkn.] (۱) لچکدار قماش : ربڑ جیسا تاگا یا دھاگا جو کسی قماش میں بنایا گیا ہو ۔ (۲) کپڑے یا لباس کی چنٹ ۔

Shirr : (v) کسی قماش میں متوازی دھاگے ڈال کر چنٹ پیدا کرنا ۔

Shirred : (a) (۱) لچکدار قماش ۔ (۲) چنٹ دیا ہوا ۔ (۳) (طباخی) کریم میں ڈال کر پکایا ہوا (انڈا) ۔

Shirring : (n) (۱) چنٹ ڈالنا ۔ (۲) لچکدار مغزی ۔

Shirt : (v) [OE. 'Scyrte'.] (۱) قمیص : کرتا : پیرہن ۔ (۲) قمیص نما زنانہ لباس ۔ (۳) اندرونی غلاف ۔ (۴) (مجازاً) کل یا بیشتر اثاثہ ۔ (۵) (آسٹریلیا) کپڑے کا تھیلا جس میں لاش بند کر کے بھیجتے ہیں ۔ (۶) لباس شب خوابی : لانبی قمیص جو بطور شب خوابی میں استعمال کی جاتی ھے ۔ (۷) اس سیاسی جماعت رکن جو پُلا کے طور پر رنگین قمیص پہنتے ہیں ۔

Bloody shirt : خون آلود قمیص (قتل یا ظلم کی علامت کے طور پر) ۔

Boiled shirt : (امریکا) سفید قمیص ۔

In one's shirt : شب خوابی کے لباس میں : بغیر کوٹ یا جیکٹ پہنے ۔

Near is my shirt but nearer is my skin : اول خویش بعدۂ درویش ۔

Night shirt : شب خوابی کا لمبا کرتا ۔

The shirt off one's back : کل اثاثہ ۔

To get a person's shirt out : غصہ دلانا : مشتعل کرنا ۔

(To have) not a shirt (to one's back) : مفلس : بے سرو سامان ۔

To put one's shirt on (a horse) : (عام) سب کچھ جوئے میں لگا دینا ۔

Shirt : (v) قمیص پہنانا ۔

Shirt-band : (n) (۱) قمیص کی آستین کا نچلا حصہ جس سے کلائی ڈھکی رہتی ھے ۔ (۲) کوئی چیز فیتے یا تسمے سے مشابہ ۔

Shirt-blouse : (n) زنانہ بلاؤز ۔

Shirt-button : (n) قمیص کا بٹن ۔

Shirt-frill : (n) وہ جھالر جو پہلے قمیص کے سامنے اور آستین پر لگاتے تھے ۔

Shirt-front : (n) (۱) قمیص کے سامنے کا حصہ ۔ (۲) بچوں کا ایپرن (بے آستین کا کرتا) ۔ (۳) کتے کے سینے کا سفید دھبا ۔

Shirt-front wicket : (n) (کرکٹ) گیند دینے کا نہایت صحیح اور صاف انداز۔

Shirt-pin : (n) قمیص کو گلے پر بند کرنے کے لئے آرائشی پن۔

Shirt-sleeve : (n) قمیص کی آستین۔

In one's shirt sleeve : کوٹ اتارے ہوئے۔

Shirtiness : (n) ناراضگی : ناخوشی۔

Shirting : (n) قمیص کا کپڑا۔

Shirtless : (a) بے قمیص : بے پیراہن۔

Shirttail : (n) قمیص کا پچھلا دامن۔

Shirttail : (a) (۱) بہت چھوٹا : نو عمر۔ (۲) دور کا : دور کے رشتے کا۔ (۳) چھوٹا : چھوٹی۔

Shirtwaist : (n) (۱) قمیص نما بلاؤز۔ (۲) بے دامن کی قمیص جسے کمر پر فیتے سے باندھ دیا جاتا ھے۔

Shirty : (a) ناراض : بد مزاج : ناخوش : غصے میں۔

Shish : (n) "ش" کی آواز۔

Shish : (v) "ش" کی آواز نکالنا۔

Shish kabab/ -kabob : (n) [Turk. 'Sis kebabit'.] سیخ کباب۔

Shit/ Shite : (n) [ME. 'Shite'.] (۱) پاخانہ : گوبر : لید۔ (۲) ایک گالی۔ (۳) (عام) قابل نفرت شخص۔ (۴) (جمع) اسہال۔ (۵) بے وقوفی۔

Shit : (v) (۱) (عام) پاخانہ کرنا۔ (۲) بکواس کرنا : فضول گفتگو کرنا۔ (۳) دھوکا دینے کی کوشش کرنا۔

Shittah : (n) [Heb. 'Sitta'.] ببول کی قسم کا ایک درخت : شجرالنط۔

Shittim : (a) [Heb.] نط (لکڑی)۔

Shive : (n) [ME. 'Schive'.] (۱) روٹی کی قاش : ٹکڑا۔ (۲) پتلا اور چپٹا کاگ (چوڑے منہ کی بوتل میں لگانے کے لئے)۔

Shiver : (n) [ME. 'Scifre'.] (۱) چیپ : ریزہ (سنگ) : ٹکڑا : ریزہ : پارہ۔ (۲) سلیٹ کا پتھر۔

(All) to shivers : چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں۔

In shivers : ٹکڑے ٹکڑے۔

To break, burst in or into shivers : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یا ہو جانا۔

Shiver : (n) کھانچ دار چرخی۔

Shiver : (n) [ME. 'Chivere'.] لرزہ : تھرتھری : کپکپی : کپکپاہٹ : تھرتھراہٹ۔

(The) shivers : (۱) لرزہ کا دورہ۔ (۲) خوف : ہول : وحشت۔

Shiver : (v) (۱) چورا چورا کرنا یا ہونا : ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا۔ (۲) توڑنا : توڑ ڈالنا۔ (۳) قدرتی درز کے مطابق پھٹ جانا۔

Shiver my timbers : (ایک قسم کی بحری بد دعا) اس کا ستیا ناس ہو جائے۔

Shiver : (v) (۱) کانپنا : کپکپانا : تھرانا : تھرتھرانا : کپکپی چھوٹنا (خاص کر ٹھنڈک سے)۔ (۲) کپکپاتے ہوئے انڈیلنا یا نکالنا۔ (۳) (بحری) (بادبان کا) پھڑپھڑانا (ہوا میں)۔ (۴) سکڑتے ہوئے تھرتھرانا۔

Shivering : (a) تھرتھرانے والا : کپکپانے والا : کانپنے والا۔

Shivering : (n) تھرتھراہٹ : کپکپی : لرزہ : کپکپاہٹ : رعشہ۔

Shivering : (n) توڑنا : چور چور کرنا۔

Shivering owl : (n) زور سے چیخنے والے اُلّو کی ایک قسم : گھگھو۔

Shiveringly : (adv.) کپکپاتے ہوئے : تھرتھراتے ہوئے : کانپتے ہوئے۔

Shiversome : (a) کپکپی یا تھرتھری پیدا کرنے والا : رعشہ زا۔

Shivery : (a) پھوٹک : کڑکیلا : بے لوچ۔

Shivery : (a) (۱) کپکپانے والا : لرزہ براندام۔ (۲) کپکپی پیدا کرنے والا۔

Shivoo : (n) [Origin unkn.] پر شور سماجی اجتماع۔

Shlemozzle : (n) دیکھو Shemmozzle

Shluh : (n) (۱) جنوبی مراقش کی بربر قوم یا اس قوم کا ایک فرد۔ (۲) اس قوم کی زبان۔

Shoad/ Shode : (n) [OE. 'Sc(e)adan'.] شوڈ : بھربھرے ٹین ، جست یا خام تانبے کے ملی ملے ٹکڑے کان کے قریب سطح زمین پر پڑے ہوئے : آب زدہ ریزے۔

Shoading : (n) چھوٹے چھوٹے گڈھے کھود کر شوڈ کی تلاش کرنا۔

Shoal : (n) (۱) کم گہرا مقام : پایاب مقام۔ (۲) جزیرہ نما : زیر آب ریتا۔

Shoal : (n) [MDU. 'Scholc'.] (۱) گروہ ماہی۔ (۲) (مجازاً) ہجوم : گروہ : جھنڈ : غول۔

In a shoal / By or in shoals : جتھے میں ، غول میں۔

Shoal : (a) [late ME. 'Schoold, Schold'.] کم گہرا : اتھلا : پایاب۔

Shoal : (adv.) کم گہرائی میں یا کم گہرائی پر۔

Shoal : (v) (۱) کم گہرا ہونا : کم عمیق ہونا : پایاب ہونا : اتھلا ہونا۔ (۲) پایاب بنانا : اتھلا بنانا۔ (۳) (بحری) اتھلے پانی میں آنا (زیادہ پانی سے)۔ (۴) (اود بلاؤ کا شکار) اود بلاؤ کو اتھلے پانی میں ہنکا کر لے جانا۔

Shoal : (v) (۱) جھنڈ یا غول بننا (مچھلیوں کا) : غول میں تیرنا۔ (۲) (مجازاً) غول بننا۔

Shoal-mark : (n) اتھلا پن کی نشاندہی کرنے والا پیراک پیپا یا دوسرا ایک نشان۔

Shoaler : (n) ساحلی تجارت کا جہاز یا جہاز راں۔

Shoaling : (n) (۱) پایاب ہونا : اتھلا ہونا۔ (۲) وہ جگہ جہاں پانی پایاب ہو جاتا ہے۔

Shoaly : (a) کم گہرا : پر خطر۔

Shoat : (n) [WFlem. 'Schote'.] (۱) ماں سے الگ کیا ہوا سور کا بچہ (جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو)۔ (۲) (مجازاً) کاہل شخص : ناکارہ شخص : ناکارہ یا نکما شخص۔

Shoch : (n) [Irish Gael. 'Seach'.] (آئرستان) (تمباکو کے) پائپ کا ایک کش۔

Shock : (n) [Al. 'Socca'.] (۱) (اناج کی) آٹھ سے سولہ پولیوں کا گٹھا۔ (۲) ڈھیر : انبار : اجتماع : گروہ۔

Shock : (n) [G. 'Schock'.] ساٹھ چیزوں کا مجموعہ : تین کوڑی۔

Shock : (n) [Fr. 'Choc'.] (۱) تصادم : ٹکر : جھٹکا : دھکا : چوٹ۔ (۲) صدمہ۔ (۳) مڈبھیڑ : مقابلہ (مسلح افواج کا جملہ اور دشمن سے) : مارپیٹ : زدو کوب۔ (۴) (مرضیات) دماغی یا قلبی صدمہ۔ (۵) ساکھ میں خلل آنا : بے اعتباری : بد نظمی۔ (٦) فالج : سکتہ : قلبی تجمد۔ (۷)دیکھو Shock absorber ۔

Electric shock : برقی صدمہ یا جھٹکا۔

Shock : (n) الجھے ہوئے بال : پریشان یا بکھرے ہوئے بال۔

Shock : (a) (۱) لمبے موٹے رکھڑے بالوں والا : جھبرا۔ (۲) جھبڑا (بال) : لمبا اور موٹا (بال)۔

Shock : (v) [Fr. 'Choquer'.] (۱) صدمہ پہنچانا یا پہنچنا : دل ہلا دینا : دہلا دینا : رنجیدہ کرنا : نا خوش کرنا۔ (۲)غضبناک ہونا : برہم ہونا : بر افروختہ ہونا۔ (۳)جسمانی صدمہ پہنچانا (کسی آدمی کو)۔ (۴) دھکا دینا یا پہنچنا : دھکا لگنا۔ (۵) برقی جھٹکا دینا۔ (٦)ٹکرانا۔ (۷) اڑا دینا : گم کر دینا (ہوش وغیرہ)۔ (۸)لڑائی میں مقابلہ کرنا۔ (۹) متحیر کر دینا : خوفزدہ کر دینا۔

Shock : (v) (اناج کی) آٹھ سے سولہ پولیوں کے گٹھوں کو جمع کرنا : ترتیب دینا۔

Shock : (n) گھڑی کا آئینہ نما شیشہ۔

Shock-absorber : (n) (۱) صدمہ گیر۔ (۲) (مجازاً) معاشی ضرب خور۔

Shock-action : (n) (فوج)حملے کا ایک طریقہ خصوصاً رسالے کے ذریعے۔

Shock bump : (n) زلزلہ جو کسی چٹان کے تہ نشینی غار میں گرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

Shock-damper : (n) دیکھو Shock absorber

Shock-head : (n) جھبرے بالوں والا سر۔

Shock-headed : (a) جھبرے بالوں والا۔

Shock tactics : (n) رسالے یا گھڑ سواروں کے منتخب دستے کے ذریعے حملہ کرنے کی ترکیب۔

Shock therpay/ -treatment : (n) برقی صدمہ یا جھٹکے کے ذریعے علاج۔

Shock-troops : (n) رسالے کا منتخب دستہ ۔

Shock-wave : (n) تنگ جگہ میں پرزور دھماکہ : تیز رفتار دھماکہ ۔

Shockable : (a) جسے آسانی سے صدمہ پہنچ سکے ۔

Shocked : (a) دہشت زدہ : بد حواس : صدمہ یافتہ ۔

Shocker : (n) (اناج کے) گٹھے بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Shocker : (n) (۱) صدمہ پہنچانے والا: دل ہلا دینے والا ۔ (۲) سنسنی خیز قصہ ۔

Shocking : (a) (۱) دہشت خیز : نفرت انگیز : وحشت انگیز ۔ (۲) نہایت خراب ۔

Shocking : (adv.) نہایت ،بے حد ، دہشت انگیز طور پر۔

Shockingly : (adv.) دیکھو Shocking

Shockingness : (n) نفرت انگیزی : دہشت خیزی ۔

Shod : (a) [f. 'Shoe'.] (۱) جوتا پہنے۔ (۲) شام لگا ہوا : کیل لگا ہوا: کیل جڑی ہوئی ۔ (۳) ٹائر لگا ہوا (چھکڑے کا پہیا) ۔

Shoddily : (adv.) مصنوعی طور پر : گھٹیا طور پر ۔

Shoddiness : (n) گھٹیاپن : تصنع : بناوٹی ہونا۔

Shoddy : (n) [Origin obscure.] (۱) پھٹے پرانے کپڑے سے نکالا ہوا سوت یا اون ۔ (۲)ایسے سوت یا اون کا بنا ہوا کپڑا ۔ (۳) گھٹیا چیز : دیکھنے میں اچھی مگر اصل میں خراب ۔ (۴) دوبارہ قابل استعمال بنایا ہوا ربر ۔ (۵) نقلی چیز: ساختہ اور بناوٹی شے ۔

Shoddy : (a) (۱) نقلی : مصنوعی : بناوٹی : جھوٹا ۔ (۲) ناکارہ : ہیچ پوچ : گھٹیا ۔ (۳) نقلی یا گھٹیا چیزوں سے متعلق یا انہیں بیچنے والا ۔

Shoddy-hole : (n) وہ جگہ جہاں بیکار چیزیں پھینکی جاتی ہیں۔

Shoddyism : (n) بازاری پن : اوچھاپن ۔

Shode : دیکھو Shoad

Shoder : (n) [Fr. 'Chauderet '.] (طبق سازی) چمڑے کی تھیلی جس میں سونے کو رکھ کر دوبارہ کوٹا جاتا ھے ۔

Shoe : (n) [OE. 'Scolh'.] (۱) جوتا : جوتی : جفت : پاپوش : پیزار : کفش : نعلین ۔ (۲) نعل (گھوڑے کا) ۔ (۳) نعل جیسی چیز ۔ (۴) (جمع) معاشی ، سماجی یا خاندانی حیثیت ۔ (۵) کشتی یا ناند قسم کا برتن ۔ (۶) مزاحمت پیدا کرنے، روکنے یا قابو میں لانے کی ایک ترکیب ۔ (۷) سونے یا چاندی کا ڈلا جو چینیوں کے جوتوں کی شکل کا ہوتا تھا اور بطور سکّہ استعمال ہوتا تھا ۔ (۸) ہل کا پچر نما حصہ (جس سے ہل کو کھولا جاتا ھے) ۔ (۹) ڈائنمو کے مورچے کا حصہ ۔ (۱۰) (بحری) لکڑی کاکندا لنگر کے پنجے کے لئے ۔

Another pair of shoes : بالک دوسرا معاملہ : بالکل مختلف معاملہ ۔

High shoes : جوتے جن کے اوپری حصے کافی اونچے ہوتے ہیں ۔

Old shoe : بیکار چیز : از کار رفتہ شے۔

Over (the) shoes : غرق : ڈوبا ہوا (کسی چیز یا کام میں) ۔

To be in (another person's) shoes : کسی دوسرے کی حالت میں ہونا یا کسی دوسرے کی مصیبت جھیلنا ۔

To die in one's shoes : سختی کی موت مرنا خصوصاً پھانسی کی سزائے موت واقع ہونا ۔

To know best where the shoe pinches : ذاتی تکلیف سے واقف ہونا ۔

To put the shoe on the right foot : الزام یا تحسین وغیرہ ٹھیک ٹھیک دینا ۔

To shake in one's shoes : دیکھو Shake

To step into the shoes of (another person) : جانشیں ہونا : کسی کی خالی کی ہوئی جگہ کو پُر کرنا ۔

To wait for dead men's shoes : کسی سے ترکہ پانے کے لئے اس کی موت کا انتظار کرنا ۔

Shoe : (v) (۱) نعل باندھنا : جڑنا یا لگانا (خصوصاً گھوڑے وغیرہ کے) ۔ (۲) شام چڑھانا یا لگانا ۔ (۳) جوتے پہننا یا پہنانا ۔

Shoe-beak/ -bill / -bird : (n) مرکزی افریقہ کی ایک چڑیا ۔

Shoe-board : (n) جوتے کا تلا اور ایڑی بنانے کا تختہ ۔

Shoe-boil : (n) گھوڑے کی اگلی ٹانگ کا نرم ورم۔

Shoe-buckle : (n) جوتے کا بکسوا۔

Shoe-button : (n) جوتے کا بوتام۔

Shoe-horn : (n) ۔ (۱) جوتا چڑھانے کا آلہ ۔ (۲) دیکھو Shoeing-horn

Shoe horn : (v) (۱) سر تھوپنا ۔ (۲) چھوٹی ، تنگ یا کم جگہ میں ٹھونسنا ؛ دھکا پیل کر کے گھس جانا ؛ ٹھنس جانا ؛ دھنس جانا۔

Shoe-lace : (n) جوتے کا تسمہ۔

Shoe-leather : (n) جوتا بنانے کا چمڑا۔

Shoe-pac/ -pack : (n) (۱) کمائے ہوئے چمڑے کا جوتا جو مُکاسن کی طرح ہوتا ھے ۔ (۲) ربر ، کرمچ وغیرہ کا جوتا جو تقریباً گھٹنے تك اونچا ہوتا ھے۔

Shoe-spoon : (n) دیکھو Shoe-horn

Shoe-string : (a) مفلس ؛ تلاش۔

Shoe-string : (n) (۱) دیکھو Shoe-lace ۔ (۲) بہت چھوٹی سی رقم ؛ ایك قلیل رقم۔

Shoe-tree : (n) (۱) جوتے کی شکل کا سانچہ ، فرما جس پر چڑھا کر جوتے کو آخری شکل دی جاتی ھے ۔ (۲) جوتا نما ترکیب (کی چیز) جسے جوتے کے اندر لگا دیتے ہیں تاکہ جوتے کی شکل نہ بگڑے۔

Shoe-valve : (n) صمام جو پمپ یا ذخیرۂ آب کی تہ میں لگا رہتا ھے۔

Shoeblack : (n) جوتوں پر پالش کرنے والا۔

Shoecraft : (n) جوتے بنانے کا فن یا ہنر۔

Shoeing : (n) (۱) نعل بندی ؛ شام چڑھائی یا چڑھانا ۔ (۲) جوتے پہننا؛ حفاظتی غلاف یا پٹی۔

Shoeing-horn : (n) (۱) دیکھو Shoe-horn ۔ (۲) اشتہا آور ۔ (۳) سہولت یا آسانی پیدا کرنے والی چیز ۔ (۴) آلۂ کار خاص کر وہ جو کسی کو پھانسنے کے لئے مقرر کیا جائے۔

Shoeless : (a) بے کفش ؛ بے جوتی یا جوتا ؛ ننگے پاؤں۔

Shoemaker : (n) (۱) موچی ؛ جفت ساز ؛ کفش دوز ؛ کفش فروش ۔ (۲) بعض قسم کی مچھلیوں کا نام۔

Shoemaker's wax : (n) موم جو موچی دھاگے میں لگاتے ہیں۔

Shoemaking : (n) جفت سازی ؛ کفش دوزی۔

Shoer : (n) نعل بند۔

Shoes and stockings : (n) ایك قسم کا پودا۔

Shoeshine : (n) جوتے پر لگائی ہوئی پالش۔

Shoestring potato : (n) آلو کا تلا ہوا ٹکڑا۔

Shog : (n) جھٹکا ؛ ہچکولا ؛ دھکا۔

Shog : (v) [Late ME. 'S(c)hogge'.] (۱) ادھر اُدھر لڑھکانا ؛ ہلانا (کسی بھاری چیز کو) ؛ جھلانا (جھولا وغیرہ کو) ؛ جھٹکا دینا ؛ ہچکولے دینا ؛ ہلانا (کسی رقیق شے یا برتن کو) ۔ (۲) ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

Shoggie : (v) جھولنا ؛ جھونکے کھانا۔

Shoggle : (v) (۱) ہچکولے دینا یا کھانا ۔ (۲) جھولنا ؛ لٹکنا۔

Shoggly : (adv.) متزلزل ؛ لرزاں ؛ ڈھیلا ؛ ہلتا ہوا۔

Shogi : (n) [Jap.] جاپانی شطرنج جس میں اکیاسی (۸۱) خانے اور بیس (۲۰) مہرے ہوتے ہیں۔

Shogun : (n) [Jap.] جاپانی سپہ سالار ؛ شوگن ؛ شوگان جو حقیقی فرمانروائے جاپان ہوتا تھا ، ۱۸۶۸ء کے بعد یہ عہدہ موقوف ہو گیا۔

Shogunal : (a) شوگن سے متعلق۔

Shogunate : (n) شوگانیت ؛ سپہ سالاری ؛ سپہ داری۔

Shohet / Shochet : (n) [Heb.] (یہودی شریعت کے مطابق) جانوروں یا پرندوں کو ذبح کرنے والا۔

Shoji : (n) [Jap.] کاغذ کا پردا یا اوٹ۔

Shola : (n) [Hindi.] مفرد ہنڈی۔

Shole : (n) [Origin unkn.] وہ تختی یا تختہ جو کسی چیز کے نیچے مضبوطی یا حفاظت کے لئے رکھ دیا جاتا ھے۔

Sholom : دیکھو Shalom

Shomer : (n) [Heb.] محافظ ، پہرے دار خصوصاً فلسطینی یہودی کالونی کا۔

Shone : دیکھو Shine

Shoneen : (n) [Ir. Gael. 'Seoinin'.] غیر اصلی شریف : دکھاوے کا شریف۔

Shoo : (v) (۱) پرندوں وغیرہ کو شوشو کرکے اڑانا۔ (۲)مرغ وغیرہ کو شوشو کر کے ڈرانا یا بھگانا۔

Shoo : (n) [Of. instrinctive origin.] شو : پرندے کو اڑانے کی آواز۔

Shoo : (Int.) شو ! شوشو !

Shoo : (Int.) بے صبری کا اظہار کرنے یاکسی بیان کو تحقیراً رد کرنے کا کلمۂ فجائیہ۔

Shook : (n) [Origin unkn.] (۱) پیپے کے الگ الگ اجزا (کہ جب چابیں جوڑ کے پیپے بنا لیں)۔ (۲) صندوق کے تختے۔

Shook : (v) الگ الگ اجزا جوڑ کر پیپے یا صندوق بنانا۔

Shook : (a) دیکھو Shaken

Shook-up : (a) پریشان : بد حواس۔

Shool : (v) [Origin unkn.] (۱) لڑکھڑا کے چلنا : افتاں و خیزاں چلنا۔ (۲) آوارہ پھرنا : اِدھر اُدھر پھرنا۔

Shool : (n) (۱) بیلچہ : پھاؤڑا۔ (۲) کرچھا : خاک گیر۔ (۳)دیکھو Shovel۔

Shoon : (n) Shoe کا صیغۂ جمع۔

Shoop : (n) [ME. 'Schowp'.] دیکھو Hip

Shoor : (n) (۱) دکھانے والا : نمائش کرنے والا۔ (۲)دیکھو Shower۔

Shoosh : (v) [Imitative.] (۱) خاموش رہنا : خاموش کرنا : خاموش ہو جانا۔ (۲) دیکھو Shush۔

Shoot : (n) (۱) کونپل : سوئی : ٹہنی : شاخ۔ (۲) ڈھلوان نلیثی : تیز دھارا (دریاکا) : تیز موج۔ (۳) ڈھلوان سطح جس پر سے پانی نیچے بہہ سکے۔ (۴) کوڑا پھینکنے کی نالی یا بدرو۔ (۵) نشانہ بازی : مشق نشانہ بازی : نشانہ بازی کا مقابلہ۔ (۶) شکاری ٹولی : شکاری مہم : شکار کھیلنے کا حق۔ (۷) اچانک بڑھنا یاپیش قدمی۔ (۸)ٹیس: خلش : چبھن۔ (۹) (پارچہ سازی) تانا کے دھاگوں کے درمیان سے نال کا ایک مرتبہ گزرنا۔ (۱۰) (کان کنی) باضابطہ طور پر نکالی جانے والی خام دھات کی کافی مقدار۔ (۱۱) مجموعی تعداد : کُل : جملہ۔

Shoot : (v) [OE. 'Sceotan'.] (۱) کسی چیز کا زور سے نکلنا : زور سے باہر آنا یا نکلنا۔ (۲) یکایک آجانا یا نکل پڑنا : پھٹنا (کلی وغیرہ کا)۔ (۳) گولی مارنا : نشانہ لگانا : بندوق چلانا۔ (۴) زور سے پھینکنا : ڈھکیلنا۔ (۵)(فٹ بال) گیند کو گول کی طرف مارنا۔ (۶) بندوق سے شکار کرنا۔ (۷) کشتی پل کے نیچے سے تیزی سے نکال لے جانا یا کشتی کا تیزی سے پل کے نیچے سے نکل جانا۔ (۸) لپکنا : جھپٹنا : تیزی سے نکلنا۔ (۹) (مجازاً) (خیالات کا) دماغ میں تیزی سے گزرنا۔ (۱۰) پاؤں پھسلنا۔ (۱۱) (بحری) (جہاز کے توازن کو برقرار رکھنے والی چیز کا) اِدھر اُدھر لڑھکنا۔ (۱۲) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں تیزی سے جانا۔ (۱۳) (جہاز کا) خطرناک مقام سے گزرنا۔ (۱۴) (دوڑ وغیرہ میں) (اپنے حریف سے) آگے نکل جانا۔ (۱۵) تیزی سے بڑھنا ، جوان یا پختہ ہونا : لمباہونا۔ (۱۶) قلم بننا : بلور بننا۔ (۱۷) لنگر ڈالنا : جال میں پھینکنا۔ (۱۸) چٹخنی لگانا یا کھولنا : (چٹخنی کا) کھلنا یا لگنا۔ (۱۹) (پارچہ سازی) نلی کا تانے کے دھاگوں سے گزرنا۔ (۲۰) تیزی سے نکلنا یا پھینکنا (شعاع ، شعلہ وغیرہ)۔ (۲۱)بولنا۔ (۲۲) ٹیس اٹھنا۔ (۲۳) (ہاتھ ، ہتھیار وغیرہ) گھسیڑنا۔ (۲۴) زبان نکالنا : منہ چڑانا۔ (۲۵) (کان کنی) بارود سے اڑانا۔ (۲۶) چکنا کرنا : مسطح کرنا۔ (۲۷) (کسی منظر کی) تصویر کشی کرنا (متحرک فلم کے لئے): تصویر لینا۔ (۲۸) اظہار کرنا : کہہ ڈالنا۔ (۲۹) سوئی لینا یا دینا :پچکاری دینا یا لینا۔

A fool's bolt is soon shot : دیکھو Bolt

To be shot between wind and water : (جہاز میں) گولے سے خطرناک قسم کا سوراخ ہو جانا۔

To be shot by the board : (جنگ میں) گولہ لگنے سے مستول وغیرہ کا ٹوٹ جانا۔

To have shot one's bolt : (مجازاً) سب کچھ کر گزرنا۔

To shoot ahead : تیزی سے آگے نکل جانا۔

To shoot a match : نشانہ بازی کے مقابلے میں شریک ہونا۔

To shoot (a person) down : گولی مار کر ختم کرنا (کسی

Shoot : (۱) نعرہ : آواز (پکارنے وغیرہ کی) ۔ (۲) دیکھو Shout ۔

Shoot : دیکھو Shoat

Shoot : (Int.) جھنجھلاہٹ ظاہر کرنے کا حکمۂ فجائیہ ۔

Shoot-board : (n) چھپائی کی پلیٹ (دھات کی) یا تختے کے کنارے کو رندہ کرنے کا اوزار ۔

Shoot man : (n) (۱) (آسٹریلیا) وہ شخص جو کٹی ہوئی شہتیروں کے ڈھیر لگاتا ھے ۔ (۲) گاڑی وغیرہ سے کوئلہ خارج کرنے والا ۔

Shoot off : (v) (۱) اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کے درمیان فیصلہ کرنے والے ضمنی مقابلے میں شریک ہونا ۔ (۲) دریدہ دہنی کرنا : غیر دانشمندانہ گفتگو کرنا ۔

Shoot off : (n) ایک ہی طرح اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کا آخری مقابلہ ۔

Shoot-out : (n) (کسی معاملے کو طے کرنے یا برتری حاصل کرنے کے لئے بندوق کی) گولیوں کا تبادلہ : بندوق سے فیصلہ کرنا ۔

Shoot out : (v) (بندوق کی) گولی سے فیصلہ کرنا ۔

Shoot up : (v) (۱) تیزی سے اٹھنا ۔ (۲) (عام) مخدر کی سوئی لینا : سن کرنے والا انجکشن لینا ۔ (۳) تعذیری گولہ باری سے دہشت بٹھانا ۔

Shootable : (a) جسے گولی ماری جا سکے : جسے نشانہ بنایا جا سکے ۔

Shootee : (n) جسے گولی ماری جائے : شکار ۔

Shooter : (n) (۱) بندوق چلانے والا : کشتی کو تیز دھار میں سے نکال لے جانے والا ۔ (۲) کرکٹ کی گیند جو زمین کو چھوتی نکل جاتی ھے ۔ (۳) (مرکبات میں بمعنی) آلہ (گولی وغیرہ چلانے کا) ۔ (۴) گولی : گولی انٹا ۔ (۵) پھینکنے والا ۔

Shoother : (n) (۱) کندھا : کھوا : مونڈھا : شانہ ۔ (۲) دیکھو Shoulder ۔

Shooting : (n) (۱) تیز اندازی : صید افگنی : شکار : بندوق بازی : چاند ماری ۔ (۲) حق شکار (کسی خاص آراضی پر) ۔ (۳) آراضی وغیرہ جو شکار کھیلنے کے لئے کرائے پر دی جائے : کرائے کی شکار گاہ ۔ (۴) گرنے والا : ٹوٹنے والا ۔ (۵) ٹیس ۔ (۶) پھوٹنا : نکلنا : کونپل پھینکنا : بڑھنا ۔ (۷) قلم بننے میں نوک نکلنا ۔ (۸) بارود سے اڑانا ۔

آدمی کو) ۔

To shoot at : نصب العین ٹھہرانا : حوصلہ رکھنا : کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے تلاش کرنا ۔

To shoot (a vessel) to : جہاز کو مطلوبہ مقام پر لے جانا ۔

To shoot flying : (پرند کے) بازو پر گولی مارنا ۔

To shoot off a tie : برابر اسکور کرنے والے نشانہ بازوں کے درمیان ضمنی مقابلے کے ذریعے فیصلہ کرنا ۔

To shoot off one's face / -mouth : (عام) دریدہ دہنی کرنا ۔

To shoot one's bolt : سب کچھ کر گزرنا : حتی الوسعت یا حتی المقدور کام کرنا ۔

To shoot one's cuffs, linen : ہاتھ جھٹک کر قمیص کے کف لگانا ۔

To shoot one's way : جنگ کر کے حاصل کرنا ۔

To shoot out : زبان یا ہونٹ کا تضحیکاً باہر نکالنا ۔

To shoot over or to (a dog) : (کتے کو) شکاری مہم میں لے جا کر تربیت دینا ۔

To shoot over (a cover, a trace of country) : (کسی خاص مقام پر) شکار کھیلنا ۔

To shoot straight, square : ایمانداری سے بولنا ۔

To shoot the chute : برف پر پھسلنے والی گاڑی پر بیٹھ کر چلنا یا پھسلنا ۔

To shoot the gulf, Niagara : کسی خطرناک مہم کا بیڑا اٹھانا ۔

To shoot the moon : (عام) راتوں رات گھر کا سامان منتقل کر لینا (کرایہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے ، ضبطی کے ڈر سے) ۔

To shoot the red : (بیلوں کے بچے کا) جوان ہونا ۔

To shoot the works : (۱) سب سے اونچی بازی لگانا : ساری رقم بازی پر لگا دینا ۔ (۲) حتی المقدور کوشش کرنا ۔

Shooting-block/ -board : (n) دیکھو Shoot-board

Shooting-box : (n) ایک چھوٹا سا دیہاتی گھر شکار گاہ میں یا اس سے قریب جس میں شکاری موسم شکار میں رہتے ہیں ۔

Shooting-brake : (n) موٹر گاڑی جس کی پچھلی نشستوں کو اٹھا کر اس سے چھوٹے ٹرک کا کام لیا جائے ۔

Shooting gallery : (n) (میلے وغیرہ میں) لمبا کمرا یا عارضی سائبان نشانہ بازی کی مشق کے لئے۔

Shooting glove : (n) تیر انداز کا دستانہ کمان کھینچنے میں انگلیوں کی حفاظت کے لئے ۔

Shooting ground : (n) (۱) بندوق کی فیکٹری کا وہ حصہ جہاں رائفل وغیرہ کو آزمایا جاتا ھے ۔ (۲) کوڑا پھینکنے کی جگہ ۔

Shooting iron : (n) اسلحہ بندوق وغیرہ خصوصاً ریوالور ۔

Shooting-line : (n) وہ لکیر جس پر تیر انداز کھڑا ہو کر نشانہ باندھتا ھے ۔

Shooting-lodge : (n) دیکھو Shooting-box

Shooting-match : (n) (۱) نشانہ بازی کا مقابلہ ۔ (۲) آدمیوں کا اجتماع ؛ چیزوں کا مجموعہ ۔ (۳) کل اشیاء یا معاملات وغیرہ ۔

Shooting-range : (n) چاند ماری ؛ نشانہ بازی کی مشق ۔

Shooting seat : (n) دیکھو Seat-stick

Shooting star : (n) (۱) شہاب ثاقب ؛ ٹوٹنے والا تارا ۔ (۲) ایک قسم کا امریکی پودا ۔

Shooting stick : (n) دیکھو Seat-stick

Shooting tab : (n) چمڑے کا چپٹا ٹکڑا جسے تیر انداز انگلیوں پر لگاتے ہیں (کمان کھینچنے میں) ۔

Shooting tool : (n) کان کو اڑانے کا اوزار ۔

Shooting war : (n) جنگ بدرمیان مسلح افواج ۔

Shop : (n) [OFr. 'Eschoppe'.] (۱) دکان؛ کارخانہ ۔ (۲) (عام) ادارہ؛ (مثلاً مدرسہ ، یونیورسٹی وغیرہ) ؛ محکمہ ۔ (۳) (کسی کا) پیشہ؛ کاروبار ۔ (۴) قرار ؛ تعین وقت ۔ (۵) (صرافہ) کسی کمپنی کے متعلق مخصوص علم کی بنا پر اس پر انداز ہونے والے اندرونی اثرات نیز جنوبی افریقہ کے سونے کے بازار کا ایک نام ۔

All over the shop : (عام) تتر بتر ؛ پریشان ؛ ہر سمت میں ؛ بڑے زور سے ۔

Shop : دکان دار کی توجہ مبذول کرانے کا حکم فجائیہ ۔

The shop : شاہی فوجی اکیڈمی واقع وولوچ ۔

To come to the right shop : کسی کام کے لئے صحیح آدمی کے پاس جانا ۔

To keep shop : دکان داری کرنا ؛ عارضی طور پر دکان چلانا ۔

To set up shop : کاروبار شروع کرنا ؛ تجارت شروع کرنا ۔

To shut up the shop : کام کرنا ترک کر دینا ؛ بے کار رہنا ۔

To smell of shop: (۱) دکان دار کی خصوصیت دکھانا ؛ ظاہر کرنا ۔ (۲) کسی فن کی اصطلاحوں کی بھرمار ہونا (مضمون وغیرہ میں) ۔

Shop : (v) (۱) دکان میں جانا ؛ خریداری کرنا ۔ (۲) (عام) قید کرنا ؛ (مخبر کے ساتھی کو) قید کرا دینا ۔ (۳) فروخت کے لئے دکان میں رکھنا (چیزیں) ۔ (۴) کارخانے میں مرمت کے لئے بھیجنا ۔ (۵) تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ کھوجنا ۔

Shop assistant : (n) خردہ فروش کی دکان کا کلرک ؛ دست فروش ۔

Shop-board : (n) (۱) میز یا تختہ جس پر کاروبار ہوتا ھے یا جس پر رکھ کر فروخت کے سامان دکھلائے جاتے ہیں ۔ (۲) میز یا تختہ جس پر بیٹھ کر درزی کپڑے سیتا ھے ۔

Shop-book : (n) دکان دار یا مستری کے حساب کا کھاتہ یا بہی ۔

Shop-breaker : (n) دکان میں نقب زنی یا سیندھ ماری کرنا ۔

Shop girl : (n) دکان کی خادمہ ۔

Shop-mark : (n) نجی مارکہ یا نشان جو تاجر اپنے مال پر لگاتا ھے ۔

Shop-paper : (n) سامان لپیٹنے کا پتلا کاغذ ۔

Shop right : (n) نوکری کے دوران کسی ملازم کی ایجاد کو بغیر معاوضہ دیئے استعمال کرنے کا حق ۔

Shop-soiled : (a) (دکان میں فروخت کے لئے دکھانے کی وجہ سے)

(مال) جو دکان پر پڑا پڑا دکھاتے دکھاتے فرسودہ اور خراب ہو جائے ۔

Shop-steward : (n) کسی دکان یا محکمے کے ملازمین کا منتخب کردہ یونین یا انجمن کا ممبر جسے بہ حیثیت نمائندہ ان لوگوں کی شکایات کے متعلق مالك دکان سے گفتگو کرنے اور (معاملے کو) سلجھانے کا اختیار تھا ۔

Shop-talk : (n) دکانداروں کی بولی یا ناقابل فہم گفتگو ۔

Shop-walker : (n) (۱) بڑی بڑی دکانوں کا وہ معاون جو خریداروں کو دکان کے مختلف شعبوں میں لے جاتا ھے جہاں ان کی ضرورتوں کی چیزیں رکھی ہوتی ہیں ۔ (۲) دکان کے شعبے کا عام نگراں معاون ۔

Shop-window : (n) (۱) دکان کی کھڑکی جس میں چیزیں سجا کر رکھی جاتی ہیں ۔ (۲) (مجازاً) نمائش (کسی چیز کی) ؛ شوکیس ؛ نمائش دان ۔

Shop-worn : (a) دیکھو Shop-soiled

Shophouse : (n) (سنگا پور وغیرہ میں) فٹ پاتھ پر کی چینی دکان جو دکان کے مالك کی اقامت گاہ بھی ہوتی ھے ۔

Shopkeeper : (n) دکان دار ؛ کارخانہ دار ۔

Nation of shopkeepers : انگریز قوم ۔

Shopkeeping : (n) دکان داری ؛ کارخانہ داری ۔

Shoplift : (v) دکان سے چوری کر لینا (مال جو خریدار کو دکھانے کے لئے رکھا گیا ہو) ۔

Shoplifter : (n) دکان سے چرانے والا (مال جو خریدار کو دکھانے کے لئے ہو) ؛ دکان (کے مال کا) چور ؛ اٹھائی گیرا ۔

Shoplifting : (n) دکان سے مال چرانا ۔

Shopman : (n) (۱) دکاندار کا معاون یا کلرک (خردہ فروشی کی دکان میں) ۔ (۲) کاریگر (دکان کا) ؛ مستری جو مرمت کرنے میں مدد کرتا ھے ۔

Shopper : (n) (۱) گاہك ؛ خریدار ۔ (۲) خریدار یا آجر کا کارندہ یا ایجنٹ ۔

Shoppiness : (n) دکانی ہونا ۔

Shopping : (n) (۱) خریداری ؛ سودا خریدنے کے لئے بازار جانا ۔ (۲) دکان میں چیزوں کا معائنہ کرنا یا جو چیزیں ملتی ہوں ان کو خریدنا ۔

Shopping centre : (n) قصباتی علاقے میں خردہ فروشی کی دکانوں کا اور گراج وغیرہ کا اجماع یا مجتمع ہونا ۔

Shoppish : (a) دکانداروں جیسا ۔

Shoppy : (a) (۱) دکانی ؛ دکان یا پیشے سے متعلق ۔ (۲) خردہ فروشی سے متعلق ۔ (۳) دکانوں سے بھرا ؛ کاروباری مرکز ۔

Shore : (n) [MDU. 'Schore'.] (۱) ساحل ؛ کنارا ؛ لب آب ؛ لب دریا ۔ (۲) (قانون) ساحلی علاقہ یا آراضی ؛ ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے معمولی چڑھاؤ اور اتار کے درمیان ہو ۔

In shore : ساحل کے قریب (پانی میں) ۔

On shore : ساحل پر ۔

Shore : (n) ٹیکن ؛ ٹیك ؛ سہارا ؛ تھونی ؛ تھم ۔

Shore : (n) دیکھو Sewer

Common shore : عام بدرو ۔

Shore : (v) سہارا دینا ؛ ٹیکن ؛ تھونی لگانا ۔

Shore : (v) (۱) ساحل پر لانا یا لگانا (جہاز کو) ۔ (۲) ساحل پر جانا ۔ (۳) (مسافر یا سامان) ساحل پر اتارنا ۔ (۴) ساحل کا کام دینا ۔ (۵) بحری سفر کرنا (ساحلی علاقوں میں) ۔

Shore : (v) (۱) ڈانٹنا ؛ جھڑکنا ؛ سزا کی دھمکی کے ساتھ ڈانٹنا ۔ (۲) دیکھو Offer ۔

Shore-anchor : (n) وہ لنگر جو ساحل اور جہاز کے درمیان گرا رہتا ھے ۔

Shore-based : (n) ساحلی صدر کیمپ سے نقل و حرکت کرنے والا ۔

Shore-bird : (n) ایك ساحلی پرندہ ۔

Shore-boat : (n) ساحلی کشتی ؛ چھوٹی کشتی جو ساحلی علاقے میں چلتی ھے ۔

Shore-crab : (n) کیکڑا ۔

Shore-dinner : (n) ڈنر (دن کا کھانا) جس کے ہر دور میں زیادہ تر سمندری مچھلیاں ہوتی ہیں ۔

Shore-drift : (n) ساحلی مادے جو سمندر کی لہروں سے جمع ہو جائیں۔

Shore-fish : (n) ساحلی مچھلی ۔

Shore-going : (a) ساحل کی طرف جانے والا: ساحل پر رہنے والا: ساحلی ۔

Shore-gun : (n) ساحل پر گولہ بار کرنے والی توپ۔

Shore-gunner : (n) ساحل پر گولہ باری کرنے والا توپچی ۔

Shore-gunning : (n) ساحل پر گولہ باری کرنا ۔

Shore-lark : (n) لوا (بحری پرندہ) کی ایک جنس ۔

Shore-leave : (n) ساحل پر جانے کی فرصت یا رخصت (جو ملا حوں یا بحری افسر کو دی جاتی ھے) ۔

Shore-line : (n) (۱) خط ساحل ۔ (۲) دیکھو Shore-rope ۔

Shore patrol : (n) (۱) (بحریہ کا) ساحلی گشتی دستہ ۔ (۲) اس دستے کا رکن ۔

Shore-pipit : (n) چنڈول جیسا ایک پرند ۔

Shore-rope : (n) جال کا رسا جو ساحل پر رہتا ھے۔

Shore-sandpiper : (n) ایک قسم کی ٹیٹری ۔

Shore-shooter : (n) ساحل پر شکار کھیلنے والا شکاری ۔

Shore-shooting : (n) ساحل پر پرندوں کا شکار کرنا ۔

Shore-side : (n) ساحل کا کنارہ ۔

Shore-snipe : (n) (۱) ٹیٹری ۔ (۲) امریکی پلور ۔

Shore-weed : (n) ساحلی گھاس ۔

Shorea : (n) [after John shore, Governor general of India.] جنس سال (لکڑی) : شوریا ۔

Shoreless : (a) بے ساحل : نا پیدا کنار ۔

Shoreman / Shoresman : (n) (۱) ساحل پر رہنے والا: ساحلی باشندہ۔ (۲) ساحل پر کام کرنے والا مچھیرا : ماہی گیری کے کاروبار کے لئے ساحل پر مقرر شدہ آدمی ۔ (۳) ساحل پر شکار کرنے والا: ساحلی شکاری ۔ (۴) وہ جو اپنی روزی ماہی گیری سے حاصل کرتا ھے ۔

Shorward : (adv.) جانب ساحل : ساحل کی طرف ۔

To (the) shoreward : ساحل کی طرف ۔

Shoreward : (a) ساحل کی طرف واقع ۔

Shorewards : (adv.) دیکھو Shoreward

Shoring : (n) تھونی : ٹیکنی : سہارا : تھونی کا نظام : تھونیاں ۔

Short : (a) [OE. 'Sceort'.] (۱) چھوٹا : کوتاہ ۔ (۲) مختصر ۔ (۳) پست قامت : کوتاہ قد : ٹھگنا ۔ (۴) تھوڑا : کم (مکان و زمان) ۔ (۵) کم : قلیل : حقیر ۔ (۶) ناکافی : غیر مکتفی: ناقص: نا مکمل ۔ (۷) (آواز ، حرف) خفیف ۔ (۸) (عروض ، صوتیات) قصیر : جس پر زور نہ دیا جائے۔ (۹) بھر بھرا : خستہ : کرکرا (بسکٹ ، مٹی وغیرہ)۔ (۱۰) (راس المال، حصص ، فصل وغیرہ) فروخت شدہ یا معرض فروخت میں جبکہ مقدار بائع کے ہاتھ میں نہیں ھے اور یہ توقع رکھتا ھے کہ دیتے وقت کمی پوری کرلے گا ۔ (۱۱) (مجازاً) کم رس ۔ (۱۲) (خیالات وغیرہ) محدود ۔ (۱۳) (سمندر وغیرہ) متلاطم ۔ (۱۴) مختصر اور جامع : موجز ۔ (۱۵) نشانے تک نہ پہنچنے والا ۔

A short day : (قانون) مختصر (مدتی) نوٹس یا اطلاع ۔

A short kennel : شکاری کتوں کا چھوٹا غول ۔

A short purse : جلد خالی ہو جانے والا بیگ : محدود یا ناکافی ذرائع ۔

At short intervals : مختصر وقفے پر ۔

At short sight or date : کم میعادی (ہنڈی وغیرہ) : کم میعاد والا ۔

In short order : تیزی سے : پھرتی سے : مستعدی سے ۔

Something short : شراب تند یا تلخ کا گھونٹ ۔

To cut, trim short : وقت سے پہلے ختم کر دینا یا خاتمہ کر دینا ۔

To eat short : منہ میں لے کر چور کر دینا ۔

To fall short : کم ہونا : ناکافی ہونا ۔

To go short : عسرت میں زندگی بسر کرنا۔

To make (cut) a long story short : مختصر کرنا۔

To make short work of : (کسی شے کا) جلد خاتمہ کر دینا : جلد بھگتا دینا۔

To run short : کم پڑ جانا : ہو چکنا۔

To stop short : فوراً ٹھہر جانا۔

To work short : بھر بھرا ہونا : کر کر ہونا۔

Short : (n) (۱) چھوٹی یا مختصر چیز۔ (۲) چھوٹی ہجا یا حرف علت۔ (۳) (برقیات) دور قیصر۔ (۴) شراب بند۔ (۵)(تجارت) وہ دلال جو اس کے پاس ہے اس سے زیادہ اس امید میں بیچتا ہے کہ وہ قیمت میں امکانی کمی کے بعد خرید کر کمی پوری کرلے گا۔ (۶) بھوسا اور سوجی کا مخلوط۔ (۷) جانگھیا۔ (۸) مال کی تعداد یا جمع جو دلال کو (جس نے توقع پر زیادہ مال فروخت کیا) کمی پوری کرنے کی ضرورت ہو۔ (۹) کترن۔ (۱۰)مختصر اقتباس: ٹکڑا یا فلم۔ (۱۱) انجام : ماحصل: نتیجہ۔

For short : مخفف کے طور پر۔

In short : مختصراً : الغرض : قصہ کوتاہ : قصہ مختصر۔

The long and the short / The short and long : مدعا : خلاصہ۔

The short : میزان : نتیجہ : انجام : ما حصل۔

Short : (adv.) (۱) مختصر طور پر : یکایک : جلد (یعنی معمولی یا متوقع وقت سے قبل)۔ (۲) اس طرف۔

To break, snap short : توڑ ڈالنا۔

To come short : مایوس کن ثابت ہونا : ادائے قرض میں قاصر رہنا : پوری نشو و نما کو نہ پہنچنا۔

To come short of : توقع سے کم نکلنا۔

To sell short : (تجارت) اتنی مقدار یا تعداد (میں چیزیں) فروخت کر دینا جو بائع کے ہاتھ میں نہیں ہوں اس توقع کے ساتھ کہ انہیں دینے کے وقت تک کمی پوری ہو جائی گی۔

To stop short of : اس حد تک نہ جانا۔

To take (a person) short : اچانک گھوم جانا۔

Short : (v) (۱) کم فراہم کرنا۔ (۲) کم دینا : بے ایمانی کرنا۔ (۳) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق قائم کرنا۔

Short and sweet : (a) مختصر اور مناسب موقع : مختصر اور شیریں۔

Short arm : (n) پستول : طپنچہ۔

Short-ball : (n) (کرکٹ) ایسی گیند جو وکٹ سے دور گدا کھائے۔

Short-bill : (n) ۳۰ دنوں یا بعض اوقات دس دنوں کی میعادی ہنڈی۔

Short-bread : (n) روغنی روٹی : خستہ روٹی جو آٹے میں بہت سا مکھن اور شکر ملا کر بنائی جاتی ہے۔

Short-breathed : (a) ہانپتا ہوا : قصر تنفس کا مریض۔

Short-breathing : (n) قصر تنفس۔

Short-cake : (n) خستہ کیک جو آٹے میں زیادہ مکھن اور شکر ڈال کر بنایا جاتا ہے۔

Short change : (n) کم واپس کی ہوئی رقم (بھنانے میں)۔

Short change : (v) (۱) کم پیسے دینا (بھنانے یا خردہ کرنے میں)۔ (۲) دھوکا دینا۔

Short-change : (a) دھوکا دہی سے متعلق۔

Short-circuit : (n) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق : دور قیصر : کوتاہ دور : قصر دور : مزاحم ہونے والی کوئی چیز۔

Short-circuit : (v) (۱) (برقیات) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق قائم کرنا۔ (۲) (جراحی) آنت کے دو سیروں کو (سُدہ کے اوپر اور نیچے) کاٹ کر ملا دینا : اس طرح سُدہ رفع کرنا۔ (۲) سد راہ گرد رستہ بنانا : بلا واسطہ کام کرنا۔ (۳) روکنا : رکاوٹ ڈالنا۔

Short clothes : (n) چھوٹے بچوں کا لباس: بچکانہ لباس۔

Short coat : (n) بچکانہ لباس۔

Short-coat : (v) بچکانہ لباس پہنانا (بچوں کو)۔

Short commons : (n) ناکافی خوراک۔

Short cut : (n) (۱) قریب کا راستہ : آڑا راستہ : اڑ تک رستہ۔

Short horn : (n) چھوٹے سینگوں والے مویشیوں کی ایک نسل کا نام ۔

Short-iron : (n) گولف کا ایک بلا جس کا چھڑ چھوٹا ہوتا ہے۔

Short-jointed : (a) جس کے جوڑوں کے درمیان کم فاصلہ ہو ۔

Short-leet : (n) (کسی تقرری کرنے یا منتخب کرنے والے کے سامنے پیش کی جانے والی) مخصوص فہرست (امیدواروں کی) ۔

Short-leg : (n) (کرکٹ) میدان کا وہ حصہ جو کھیلنے والے کے بائیں اور بائیں جانب کے پیچھے اور نزدیک ہوتا ہے ۔

Short-list : (n) کسی عہدے کے لئے منتخب امیدواروں کی فہرست جس میں سے آخری انتخاب کیا جائے ۔

Short-list : (v) منتخب امیدواروں کو فہرست میں شامل کرنا ۔

Short-lived : (a) قلیل الحیات : نا پائیدار : چند روزہ : عارضی : کم عمر۔

Short-loan : (n) قلیل المیعاد قرض ۔

Short metre : (n) چار سطروں کا ایک بند جس میں پہلی ، دوسری اور چوتھی سطریں چھ ہجاؤں کی اور تیسری سطر آٹھ ہجاؤں کی ہوتی ہے ۔

Short-money : (n) قلیل المیعاد قرض پر دی جانے والی رقم ۔

Short-natured : (a) جلد منجمد ہو جانے والا (شیشہ) ۔

Short of : (adv.) (۱) تقریباً : قریب قریب ۔ (۲) علاوہ : بجز : سوائے ۔

Short order : (n) ایسے کھانے کی فرمائش جو جلد پکایا جا سکے ۔

Short-paid : (a) کم پیسے کا ٹکٹ لگا ہوا یا چسپاں کیا ہوا ۔

Short paper : (n) دیکھو Short-bill

Short-payment : (n) جلد ادائی ۔

Short pitch : (n) (کرکٹ) گیند کا کم فاصلے پر گرنا ۔

Short price : (n) کم قیمت ۔

Short range : (n) کم مدت یا دوری رکھنے والا ۔

Short-rib : (n) وہ ہڈی جو سینے کی ہڈی سے جدا ہو ۔

Short run : (n) (۱) (کرکٹ) جلدی سے مکمل کیا ہوا رن (جبکہ گیند

(۲) (مجازاً) جامع طریقہ : مختصر رستہ ۔

Short cut : (n) ایک قسم کا تمباکو ۔

Short-cut : (a) مختصر : چھوٹا : کوتاہ ۔

Short cut : (v) چھوٹا کرنا ۔

Short-date / -dated : (a) کم میعاد : کم میعاد والا : قلیل المیعاد (ہنڈی)۔

Short-dater : (n) قلیل المیعاد ہنڈی ۔

Short-day : (a) (پودا) جسے پھل دینے کے لئے اندھیرے اور روشنی کے باقاعدہ دور کی ضرورت ہو ۔

Short-deck : (n) (تاش) کم پتے کی گڈی ۔

Short delivery : (n) کم حوالگی : مال کم دینا ۔

Short-division : (n) مختصر تقسیم (جبکہ عدد تقسیم کنندہ ۱۲ سے زیادہ نہ ہو) ۔

Short-exchange : (n) قلیل المیعاد ہنڈی ۔

Short fall : (n) کمی : کسر ۔

Short-frock : (n) (۱) بچکانہ فراک ۔ (۲) (مجازاً) (جمع) بچکانہ عادت وغیرہ ۔

Short-grained : (a) چھوٹے ریشے کی (لکڑی ، ہڈی وغیرہ) جو چٹ سے ٹوٹ جائے ۔

Short-hair : (n) چھوٹے بالوں والی بلی کی ایک جنس ۔

Short-handed : (a) جس کے پاس مزدور یا کام کرنے والے کم ہوں ۔

Short-head : (n) (۱) (بشریات) کوتاہ سر ۔ (۲) (گھڑ دوڑ) گھوڑے کے سر کی لمبائی سے کم دوری ۔

Short-head : (n) (ملاحوں کی اصطلاح میں) وہیل مچھلی کا بچہ ۔

Short-headed : (a) کوتاہ سر ۔

Short-headedness : (n) کوتاہ سری ۔

Short heeled : (a) (۱) چھوٹی ایڑی والا ۔ (۲) (مجازاً) لا ابالی : من موجی : شوخ ۔

بہت دور نہ گئی ہو)۔ (۲) نامکمل رن ۔

Short-sea : (a) قریبی بندرگاھوں کے درمیان چلنے والا (جہاز)۔

Short-sheet : (v) (پلنگ پر) چھوٹی چادر بچھانا۔

Short-short : (n) بہت ہی مختصر افسانہ ۔

Short-shrift : (n) (۱) قلیل مہلت (مجرم قرار پانے اور سزا یا پھانسی پانے کے درمیان) ۔ (۲) کم توجہ ؛ دھیان ۔

Short sight : (n) (۱) نزدیک بینی ؛ قریب نظری ۔ (۲) تنگ نظری ؛ کوتاہ نظری ؛ ناعاقبت اندیشی ۔

Short-sighted : (a) (۱) قریب نظر ؛ نزدیک میں ۔ (۲) کوتاہ اندیش ؛ ناعاقبت اندیش ۔

Short-sightedly : (a) تنگ نظرانہ یا عاقبت اندیشانہ طور پر۔

Short sightedness : (n) تنگ نظری ؛ ناعاقبت اندیشی ؛ نزدیک بینی ۔

Short slip : (n) (کرکٹ) سلپ ؛ دیکھو Slip

Short-spoken : (a) کم گو ؛ کم سخن ؛ پنبہ دہن ؛ قل و دل ۔

Short-staffed : (a) کم افسران یا عمال سے معمور ۔

Short-staple : (a) چھوٹے ریشوں والی (روئی وغیرہ) ۔

Short-story : (n) (۱) مختصر افسانہ ؛ افسانہ ۔ (۲) (عام) جعلی چیک ۔

Short-story writer : (n) (۱) مختصر افسانہ نویس ۔ (۲) (عام) جعلی چیک بنانے والا ۔

Short-subject : (n) چھوٹا یا چھوٹی فلم ۔

Short suit : (n) (تاش) ایک ہی رنگ کے چار سے کم پتوں والا (ہاتھ) ۔

Short-sweetening : (n) چینی ۔

Short-swing : (a) امور موعودہ کو جلد پورا کرنے والا ۔

Short sword : (a) چھوٹی تلوار ۔

Short-tempered : (a) تنک مزاج ؛ زود رنج ۔

Short tail : (n) سانپ کی ایک جنس ۔

Short-term : (a) (۱) قلیل المیعاد ؛ قلیل مدت ۔ (۲) ایک سال سے کم مدت یا میعاد والے مالی معاملات سے متعلق ۔

Short-termer : (n) کم دنوں تک جیل کی سزا پانے والا شخص ۔

Short-term note : (n) دو سال سے کم مدت قائم رہنے والا مالی معاہدہ ؛ کم مدتی معاہدہ ۔

Short-term paper : (n) تحویل پذیر ہنڈی یا دستاویز جو تین سے چھ مہینے کے اندر واجب الادا ہو جاتا ھے۔

Short time : (n) کام کرنے کی تخفیف شدہ مدت ؛ مقررہ مدت سے کم مدت میں کام کرنا ۔

Short-time : (a) قلیل مدت ۔

Short-title : (n) مختصر عنوان ۔

Short-tongued : (a) (۱) چھوٹی زبان ۔ (۲) (مجازاً) جو صاف نہ بول سکے؛ ہکلا کر بولنے والا ؛ تتلا کر بولنے والا ۔ (۳) کم گو؛ کم سخن ۔

Short-waisted : (a) اونچی کمر یا چولی والا (لباس) ۔

Short-wave therapy : (n) قصیر موجی علاج ۔

Short-waves : (n) قصیر امواج ۔

Short-weight : (n) کم وزن ۔

Short-weight : (v) کم وزن کا مال دے کر دھوکا دینا ۔

Short-winded : (a) (۱) دم چڑھا ہوا یا دم پھولا ہوا (شخص) ؛ ہانپتا ہوا ۔ (۲) تنگ نفس ۔ (۳) مختصر ۔ (۴) چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں توڑا ہوا ۔

Short-wool : (n) چھوٹے ریشے کی اون پیدا کرنے والی بھیڑ ۔

Short wool : (n) چھوٹے ریشے والی اون ۔

Short-woolled : (a) چھوٹے ریشے کی اون پیدا کرنے والی ۔

Short-yearling : (n) ۹ سے ۱۲ مہینے کی عمر کا بچھڑا یا بچھیا ۔

Shortage : (n) (۱) کمی ؛ قلت ۔ (۲) کسر ۔

Shortcoming : (n) (۱) کوتاہی ؛ قصور ۔ (۲) کمی ؛ کسر ۔

Shorten : (v) (۱) کم کرنا : مختصر کرنا : گھٹانا ۔ (۲) لگام کسنا : (ہتھیار کو) تقریباً بیچ سے پکڑنا ۔ (۳) چھوٹا ہونا : کوتاہ ہونا : مختصر ہونا : گھٹنا ۔ (۴) مجبور کرنا ۔ (۵)(قیمت وغیرہ) کم کرنا : گھٹانا ۔ (۶) کر کرا بنانا ۔ (۷) بچکانہ لباس پہنانا (بچے کو) ۔

To shorten in : (بحری) رسے کو کھینچ کر کم کرنا ۔

To shorten sail(s) : بادبانوں کی تعداد کم کر دینا (رفتار کم کرنے کے لئے) ۔

To shorten the arm or hand of : اختیار محدود کر دینا ۔

Shortener : (n) کم کرنے والا : گھٹانے والا : مختصر کنندہ ۔

Shortening : (n) (۱) کم کرنا : گھٹانا مختصر کرنا ۔ (۲) چربی وغیرہ جس سے کیک وغیرہ کو خستہ بناتے ہیں ۔

Shortfall : (n) کمی : کسر ۔

Shorthand : (n) مختصر نویسی : تند نویسی : ملائم نویسی ۔

Shorthand : (a) (۱) مختصر نویسی سے متعلق ۔ (۲) مختصر نویس ۔ (۳) خلاصہ : مختصر ۔

Shorthead : (v) (گھڑ دوڑ) گھوڑے کے سر کی لمبائی سے بھی کم دوری سے ہرانا ۔

Shortie : (۱) کوتاہ قد : بونا شخص ۔ (۲) اونچا لباس ۔

Shortish : (a) کسی قدر چھوٹا : قدرے کوتاہ : مختصر سا : چھوٹا سا : ذرا سا : ٹھہاسا ۔

Shortly : (adv.) (۱) جلد : کچھ پہلے یا بعد ۔ (۲) مختصراً : القصہ ۔ (۳) نزدیک ۔

Shortness : (n) چھوٹائی : اختصار : چھوٹاپن : تنگی : کمی : کوتاہی : (دھات) پھوٹک پن : کڑ کیلا پن ۔

Shortness of breath : (n) بے دم ہونا : ہانپنا ۔

Shortsome : (a) دلچسپ : پر لطف ۔

Shorty : (n) دیکھو Shortie

Shot : (n) [OE. 'Sc(e)ot'.] (۱) (بندوق کی) گولی : (توپ کا) گولا ۔ (۲) کوئی اور حربہ جو کسی آلے سے چلایا جاتا ہو ۔ (۳) چھرا : چھرے ۔ (۴) (بندوق یا توپ وغیرہ کا) فائر: نشانہ : بندوق وغیرہ کی مار ۔ (۵) (مجازاً) اندازہ : عقلی گدا (کھیل میں) ہاتھ : داؤں ۔ (۶) کسی کام کی کوشش ۔ (۷) نشانہ باز ۔ (۸) (ماہی گیری) جال پھینکنا ۔ (۸) (کان کنی) بارود یا ڈائنامائٹ وغیرہ کا دھماکہ ۔ (۱۰) بے جا نکتہ چینی : دل آزاری کرنا ۔ (۱۱) نشانہ یا ضرب (کھیل میں) : (کشتی دوڑ میں) پچھلی کشتی کا اگلی کشتی کو چھو لینا ۔ (۱۲) ادائی : (تفریح گاہ یا شراب خانے میں دی جانے والی رقم : شراب خانے کا بل یا حساب ۔ (۱۳) زمین کی تقسیم یا ٹکڑا ۔ (۱۴) کھود کر نکالی ہوئی لاش ۔ (۱۵) پلاسٹک وغیرہ کی مقدار جو ایک بار سانچے میں ڈالا جائے ۔ (۱۶) (فوٹو گرافی) سرسری فوٹو : شاٹ : تعریہ ۔ (۱۷) دوا کی وہ مقدار جو ایک بار سوئی سے دی جائے : سوئی : پچکاری : شراب کا ایک گھونٹ : خوراک ۔ (۱۸) حقیر مخلوق ۔ (۱۹) حوصلہ افزائی : محرک ۔

A shot between wind and water : دیکھو Shoot

A shot in the eye : بدی ۔

Dead shot : دیکھو Dead

In shot /Within- : زد میں ۔

Like a shot : فوراً : جلد سے جلد : بخوشی ۔

(Not) a shot in the licker : دیکھو Locker

Not by a long shot : کسی گنتی میں نہیں : کسی شمار میں نہیں ۔

Out of shot : زد سے باہر ۔

Small shot : چھرہ ۔

To exchange shots : بے قاعدہ لڑائی لڑنا : یکیکی لڑنا ۔

To fire, make, shot a shot : گولی چلانا : گولی مارنا ۔

To make a shot : اندازاً جواب دینا ۔

To stand shot : بل ادا کرنا ۔

Shot : (n) ایک قسم کا کپڑا ۔

Shot : (v) (۱) گولی یا چھرے بھرنا ۔ (۲) گولی یا چھرے بھر کر وزنی کر دینا ۔

Shot : (a) (۱) انڈے دی ہوئی (مچھلی)۔ (۲) (شاخ وغیرہ) نکلی ہوئی۔ (۳) چھوڑا ہوا (تیر) ؛ چھوڑی ہوئی (گولی)۔ (۴) (گولی وغیرہ سے) زخمی کیا ہوا ؛مارا ہوا۔ (۵)(کپڑا) مختلف رنگوں کے تانے بانے والا۔ (۶)تبدیل پذیر ؛ بدلنے والا (رنگ)۔ (۷) مخمور ؛ نشے میں۔ (۸)فرسودہ ؛ استعمال کیا ہوا۔

Shot cartridge : (n) کارتوس جس میں چھرے بھرے ہوں یا چھرے والا کارتوس۔

Shot-gun / Shotgun : (n) چھرے دار بندوق۔

Shot-gun : (a) (۱) چھرے دار بندوق سے۔ (۲) جبراً حاصل کیا ہوا۔ (۳) کثیرالادویہ (نسخہ یا علاج) ؛ کثیرالاجزا (۴)جامع مگر سرسری۔

Shot-gun : (v) (۱) چھرے دار بندوق سے مارنا۔ (۲) جبراً وصول کرنا۔

Shot-hole : (n) (۱) گولی یا چھرے کے ذریعے کیا ہوا سوراخ۔ (۲) (کان کنی) وہ سوراخ جس میں ڈائنامائٹ وغیرہ داخل کیا جاتا ہے۔ (۳) (تعمیرات) قلعہ بند دیوار کا وہ سوراخ جس سے گولی وغیرہ چلائی جاتی ہے۔

Shot noise : (n) (برقیات) (برق) رو میں بے ترتیب اتار چڑھاؤ جو صمام یا ٹرانزسٹر میں مفرد الیکٹرون کے اخراج کے اتار چڑھاؤ کے سبب ہوتا ہے۔

Shot-plug/ -prop : (n) لکڑی کی گاؤ دم ڈاٹ جہاز کے سوراخ کو بند کرنے کے لئے۔

Shot-pouch : (n) کارتوس وغیرہ رکھنے کا شکاری کا تھیلا۔

Shot-put : (n) گولہ اندازی ؛ گولہ باری۔

Shot-putter : (n) گولہ انداز۔

Shot-star : (n) (۱) شہاب ثاقب۔ (۲) ایک قسم کی کائی۔

Shot-tower : (n) گولی چھرے بنانے کا مینار (۲۰۰ فٹ اونچا) جس میں پگھلا ہوا سیسہ چھلنیوں میں سے گزر کر پانی میں گرتا ہے۔

Shot window : (n) کھڑکی جو قبضے پر کھلتی اور بند ہوتی ہے ؛ آئینہ دار کھڑکی ؛ جھلملی جس کے اوپر شیشے لگے رہتے ہیں۔

Shotgun marriage / -wedding : (n) (۱) شادی جو حمل رہ جانے کی وجہ سے جبراً کی گئی ہو۔ (۲) دو گروہوں یا عناصر کے درمیان جبری اتفاق یا اتحاد۔

Shotproof : (a) گولی روک ؛ جس پر گولی کا اثر نہ ہو۔

Shotted : (a) چھرے بھری ہوئی یا گولی بھری ہوئی (بندوق)۔

Shotten : (a) انڈے دی ہوئی (مچھلی)۔

Shotten herring : (n) کمزور یا مفلس شخص۔

Shotty : (a) چھرے کی طرح سخت اور گول۔

Should : (n) دیکھو Shall

Shoulder : (n) [OE. 'Sculdor'.] (۱) کندھا ؛ کھوا ؛ مونڈھا ؛ شانہ۔ (۲) پیٹھ کا بالائی حصہ ؛ کندھے (جن پر بوجھ اٹھایا جاتا ہے)۔ (۳) (ذبح کئے ہوئے جانوروں کا) پٹھا۔ (۴)پہاڑ ، بوتل وغیرہ کا وہ حصہ جو کندھے کی طرح پھیلا ہوا ہو ؛ پشتہ۔ (۵) سپاہی کی وہ دھج جس میں وہ کندھے پر بندوق اٹھا کر کھڑا ہوتا ہے۔ (۶) مونڈھا (لباس ، پوشاک کا)۔ (۷) کسی چیز کے خاکے کا اندرونی انحنا جہاں سے وہ گاؤ دم ہونے لگتا ہے۔ (۸) لمبی چول یا کناؤ جو سہارے کا کام دیتا ہے۔ (۹) لٹکنی (کپڑا لٹکانے یا ٹانگنے کی) ؛ ہینگر۔ (۱۰) شاہ سے مشابہ کوئی چیز۔ (۱۱) (جوتے کا) نصف تلا۔

His shoulders are broad (enough) : وہ بھاری بوجھ یا ذمہ داری اٹھانے یا سنبھالنے کا اہل ہے۔

Shoulder of mutton fist : بڑا اور بھاری مُکا۔

Shoulder of mutton sail : ایک قسم کا تکونا بادبان۔

Straight from the shoulders : سخت یا کاری (ضرب) ؛ سخت مذمت یا دشنام۔

To have a head upon one's shoulders : عقلمند ہونا ؛ دانشمند ہونا۔

To open the shoulders : زور دار ضرب لگانا۔

To put an old head on young shoulders: کم سنی میں پختہ مزاج اور تجربہ کار بنا دینا۔

To put (lay, set) one's shoulder to the weel : زور لگانا؛ کوشش کرنا۔

To rub shoulders with : کسی سے متصل ہونا ؛ کسی سے سابقہ ہونا ، پڑنا۔

Shoulder : (v) (۱) کندھے سے دھکا دینا : دھکم دھکا کرنا : گھس پیٹھ کر کے آگے بڑھنا (مجمع میں). (۲)کندھے پر اٹھانا . (۳)کندھوں پر لینا : اٹھانا : برداشت کرنا (ذمہ داری، خرچ وغیرہ) : قبول کرنا . (۴) (فوج) (بندوق وغیرہ) کندھے پر رکھنا . (۵) کٹاؤ یا چول وغیرہ (سہارے کے لئے) لگانا : کٹاؤ بنانا . (۶) کٹاؤ کا کام دینا . (۷) متصل ہو کر کھڑا ہونا . (۸) شانے کی طرح یا شکل میں نکلنا یا ابھرنا . (۹) شانہ سے شانہ ملا کر کھڑا ہونا .

To shoulder arm : بندوق کو سیدھی کر کے پکڑنا .

To shoulder one's or a rifle : فوج میں بھرتی ہونا .

Shoulder arm : (n) اسلحہ (بندوق وغیرہ) جسے ہاتھ سے تھام کر اور کندھے سے لگا کر فائر کیا جاتا ھے .

Shoulder-bag : (n) زنانہ دستی بیگ جسے کندھے سے لٹکایا جا سکتا ھے .

Shoulder-belt : (n) دیکھو Bandolier

Shoulder-blade : (n) مونڈھا : شانے کی ہڈی : کتف .

Shoulder-bone : (n) دیکھو Shoulder-blade

Shoulder-brace : (n) بچوں کے کندھے کو چپٹا کرنے کا آلہ .

Shoulder-butt : (n) پستول کا کندا جسے شانے سے لگا کر فائر کرتے ہیں .

Shoulder-clapper : (n) دیکھو Bailiff

Shoulder-girdle : (n) (تشریح) نطاق شانہ : نطاق صدر : چپنی : جسم کا وہ حصہ جس کے سہارے ہاتھ ٹکے ہوئے ہوتے ہیں .

Shoulder head : (n) عنوان یا ضمنی عنوان جو بائیں حاشیہ سے سٹا ہوا ہو .

Shoulder-high : (a & adv.) شانے تک (اونچا) .

Shoulder-hitter : (n) جھگڑالو : شور و غل کرنے والا .

Shoulder-joint : (n) مفصل شانہ : شانے کا جوڑ .

Shoulder-knot : (n) (۱) جھبا یا فیتا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں بطور فیشن کندھے پر لگایا جاتا تھا . (۲) ملازموں کی وردی میں کندھے پر کا فیتا یا جھبا . (۳) (فوج) دیکھو Aglet .

Shoulder loop : (n) فوجیوں کی وردی کے مونڈھے پر لٹکنے والی پٹی جو صرف ایک طرف سے ٹکی رہتی ھے .

Shoulder mark : (n) سخت کپڑے کا تقریباً مستطیل نما ٹکڑا جو فوجیوں کے کندھے پر لگا رہتا ھے اور اس پر ان کے عہدے کا نشان بنا ہوتا ھے .

Shoulder note : (n) وہ نوٹ جو ورق کے بالائی بیرونی کونے پر لکھا رہتا ھے .

Shoulder-piece : (n) (۱) شانے کی زرہ . (۲) لباس کا مونڈھا . (۳) (اوزار کا) شانہ .

Shoulder screw : (n) پیچ جس کے سر کے نیچے چوڑی نہیں رہتی ھے تاکہ اس سے لگی ہوئی چیز اس جگہ آسانی سے گھوم سکے .

Shoulder-shot / -shotten : (n) (جانور) جس کے پٹھے میں موچ آ گئی ہو یا ہڈی اتر گئی ہو .

Shoulder-slip : (n) شانے یا پٹھے کے جوڑ کی موچ یا ہڈی کا اتر جانا : کندھے کی موچ .

Shoulder-strap : (n) (۱) کندھے کی پٹی جس پر سپاہی کی رجمنٹ وغیرہ کا نام یا نمبر لکھا ہوتا ھے . (۲) (لباس کے) مونڈھے کے اوپر کی پٹی جو اگلے اور پچھلے حصوں کو جوڑتی ھے.

Shoulder-striker : (n) دیکھو Rowdy

Shoulder to shoulder : (adv.) دوش بدوش : کندھے سے کندھا ملائے : ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہوئے : متحدہ کوشش کرتے ہوئے .

Shoulder weapon : (n) دیکھو Shoulder arm

Shoulder yoke : (n) بہنگی جس پر گگرا وغیرہ لے جاتے ہیں .

Shouldered : (a) (۱) کندھے والا : شانہ دار . (۲) کندھے پر رکھا ہوا (ہتھیار وغیرہ) .

To stand shouldered : بندوق کو کندھے پر رکھ کر کھڑا ہونا .

Shoulderette : (n) عورتوں کی ہلکی شال جس کے دونوں کناروں پر آستینیں بنی ہوتی ہیں .

Shouldering : (n) سہارا دینا : کٹاؤ : چول : کاندھے کی طرح سہارا

دینے والی کوئی چیز ۔

Shout : (n) [Late ME. 'Schoute'.] (۱) نعرہ : آواز (پکارنے وغیرہ کی) ۔ (۲) (عام) شراب کے جاموں کو دوبارہ بھرنے کے لئے بیرے کو بلانا : آواز دینا : مے خواری کے ایک دور کی قیمت ادا کرنے کی باری ۔ (۳) شراب کی پارٹی : محفل کے کسی ایک آدمی کا پوری محفل کو مفت شراب پلانا ۔ (۴)مذہبی مجلس ۔ (۵) (عام) علامت فجائیہ (!) ۔

Shout : (v) (۱) چلانا : چیخنا : بہت زور سے بولنا : نعرہ بلند کرنا ۔ (۲) چیخ کر کہنا : پکار کر کہنا : پکارنا : آواز دینا ۔ (۳)(آسٹریلیائی عامیانہ) شراب پلانا : تماشائیوں کو دعوت شراب دینا ۔ (۴) بلند آواز سے گانا : زور سے گانا ۔

To shout at (a person) : کسی سے چیخ کر باتیں کرنا : ڈانٹنا ڈپٹنا ۔

To shout down : ہنگامہ مچا کر خاموش کر دینا (نا پسندیدگی ظاہر کرنے کے لئے) ۔

Shout song : (n) (۱) جنوب کے حبشیوں کا نہایت مترنم مذہبی گیت ۔ (۲) کوئی گیت جسے بلند آواز سے گایا جائے ۔

Shouter : (n) (۱) چلانے والا : نعرہ بلند کرنے والا ۔ (۲) جزائر غرب الہند کے حبشیوں کے ایک مذہبی فرقے کا رکن ۔

Shouther : (n) دیکھو Shoulder

Shouting distance : (n) نزدیکی : قریب ۔

Within shouting distance : نزدیک : قریب ۔

Shoutingly : (adv.) چلا کر : چیخ کر ۔

Shove : (n) دھکا ۔

Shove : (v) [OE. 'Scufan'.] (۱) دھکا دینا : ٹھیلنا : ہٹانا : ڈھکیلنا ۔ (۲) دھکم دھکا کر کے آگے بڑھنا : گھس پیٹھ کر کے آگے بڑھنا (مجمع میں) ۔ (۳) ڈالنا : رکھنا ۔ (۴) منافع کے ساتھ کسی دوسرے کے سپرد کرنا : منشیات بیچنا ۔ (۵)چلا جانا (کسی جگہ سے) ۔ (۶) (رالدار سڑک پر) گاڑی کے پہیوں کا نشان ۔

To shove at : ڈھکیلنا : دھکا دینا ۔

Shove-halfpenny : (n) (عام) ایک قسم کا جوا (جو فرش پر خانے بناکر پانسے کی مدد سے کھیلتے ہیں) ۔

Shovel : (n) [OE. 'Scofl'.] (۱) بیلچہ : پھاوڑا : پھاوڑی ۔ (۲) کرچھا : خاک گیر ۔ (۳) دیکھو Shovel-hat ۔ (۴)(فوج) توپ میں لگی ہوئی ایک ترکیب جس سے دھکا دینا کم ہو جاتا ہے ۔ (۵) اِسکی (Ski) کا اگلا اوپر مڑا ہوا سر ۔ (۶)بیلچہ بھر : کرچھا بھر ۔

Shovel : (v) (۱) کرچھے وغیرہ سے اٹھانا یا رکھنا ۔ (۲) بیلچے وغیرہ سے کھودنا ۔ (۳) (بیلچے وغیرہ سے) کسی چیز کو اٹھا کر برتن یا گاڑی وغیرہ میں(ڈال کر) پھینکنا (۴)بیلچہ وغیرہ کے ذریعہ جمع کرنا ۔ (۵) کرچھے سے الٹ دینا ۔ (۶) (کسی چیز یا آدمی پر) مٹی یا خاک پھینکنا یا ڈالنا ۔

Shovel-bill : (n) چینا بطخ ۔

Shovel-board / Shuffle- : (n) (۱) ایک قسم کا کھیل جس میں اچھی طرح پالش کئے ہوئے تختے پر جس پر افقی لکیریں ہوتی ہیں سکے یا قرص کو پھینکا جاتا ہے ۔ (۲) وہ تختہ جس پر یہ کھیل کھیلا جاتا ہے۔ (۳)ایک قسم کا کھیل جو جہاز پر کھیلا جاتا ہے (اس میں جہاز کے فرش پر کھریا (مٹی) سے خانے بنا کر ان میں ہاتھ یا لکڑی سے قرص یا پانسہ پھینکتے ہیں ۔

Shovel hat : (n) چوڑے کنارے کی ٹوپی جو کلیسائے انگلستان کے بڑے عہدہ دار پہنتے ہیں ۔

Shovel-hatted : (a) چوڑے کنارے کی ٹوپی پہنے ہوئے ۔

Shovel-head : (n) نہنگ : ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Shovel-nose : (n) (۱) کرچھا نما ناک ۔ (۲) بعض پرندوں کے نام کے ساتھ بطور صفت آتا ہے ۔

Shovel-nosed duck : (n) ایک قسم کی بطخ : چینا بطخ ۔

Shovel-nosed shark / Shovelnosed - : (n). ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Shovel-penny : (n) دیکھو Shovel-board

Shovel-stirrup : (n) کشادہ رکاب ۔

Shovelfish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Shovelful : (n) بیلچہ بھر : کرچھا بھر ۔

Shoveller : (n) کرچھے وغیرہ سے اٹھانے والا ۔

Shoveller : (n) [Alteration of Shovelard.] ایک قسم کی بطخ : چینا بطخ۔

Shovellike : (n) بیلچھا نما : کرچھا نما۔

Shover : (n) : (۱) ڈھکیلنے والا : دھکا دینے والا ۔ (۲) (مزاحاً) موٹر بان : شوفر : ڈرائیور ۔ (۳) جنگجو شخص ۔ (۴) جعلی سکے چلانے والا ۔ (۵) مذبح میں کام کرنے والا ۔

Show : (n) (۱) دکھانا ۔ (۲) نظارہ : نمائش : تماشا (تھیٹر وغیرہ) ۔ (۳) اظہار : دکھاوا : نمود ۔ (۴) ٹیپ ٹاپ : ٹھاٹ باٹ ۔ (۵) کاروبار : کارخانہ ۔ (٦) کام کرنے یا صفائی پیش کرنے کا موقع ۔ (۷) (دایہ گیری) سفیدی : وہ رطوبت جو وضع حمل سے پہلے جاری ہوتی ہے۔ (۸) نشان : علامت؛ دلیل : اظہار ۔ (۹) موہوم صورت ۔ (۱۰) دھوکا؛ فریب ۔ (۱۰) طیف : خیالہ : وہمی صورت : پیکر خیالی ۔ (۱۲)محض دکھاوا : خالی خولی تماشا ۔ (۱۳) (عام) معاملہ ۔ (۱۴) اجتماع : مجمع ۔ (۱۵) پہلا حیض ۔ (۱٦)(بتی یا لیمپ کا) سبک تاب شعلہ (جو ہائیڈروجن کی موجودگی میں نظر آتا ہے ۔ (۱۷) فوجی کاروائی ۔ (۱۸) دھات یا گیس یا تیل پائے جانے کی علامت (کسی مقام پر) ۔ (۱۹) موقع : مناسب موقع : امکان ۔ (۲۰)کار نامہ : مہم : کار عظیم ۔ (۲۱) جنگلی جانوروں ، حیرت انگیز چیزوں کی نمائش ۔

In show : بظاہر : بطور نمائش ۔

Good show : عمدہ کار کردگی یا پیداوار : عمدہ : شاندار ۔

On show : نمائش کے لئے : بطور نمائش ۔

To boss or run the show : سب کچھ کرنا دھرنا ۔

To give (a person) a show : کسی آدمی کو موقع دینا ۔

To give the show away : پول کھولنا : راز فاش کرنا ۔

To have a (or the) show of : مناسب رکھنا : مشابہ ہونا ۔

To have (or stand) (a) show : موقع پانا ۔

To make (a) show : بہانہ کرنا : حیلہ کرنا ۔

Show : (v) [OE. 'Sceauwian'.] : (۱) دکھانا : ظاہر کرنا : اظہار کرنا : ثبوت دینا (کسی صفت ، کام یا قابلیت کا) : کرنا (برتاؤ سلوک وغیرہ) ۔ (۲) نظر آنا : دکھائی دینا : ظاہر کرنا : ظاہر ہونا ۔ (۳) ثابت کرنا : واضح کرنا : سمجھانا ۔ (۴)لے جانا : پہنچانا ۔ (۵) نمائش کرنا ۔ (٦) پیش کرنا (معائنہ کے لئے) : دکھانا ۔ (۷) صورت گری کرنا ۔ (۸)(درخت ، موسم وغیرہ کا) پھل یا پھول دینا ۔ (۹)نمائش کا ذریعہ ہونا ۔ (۱۰) بیان کرنا : وضاحت کرنا : واضح کرنا : اعلان کرنا ۔ (۱۱) (کسی شخص کی غلطی وغیرہ کو) ظاہر کر کے بے عزت کر دینا ۔ (۱۲)(وفاداری کے ثبوت میں) جھنڈا لگانا ۔ (۱۳)عنایت کرنا : کرم فرمانا : شفقت سے پیش آنا ۔ (۱۴) (گھڑ دوڑ میں) تیسرا مقام حاصل کرنا ۔ (۱۵) پیش کرنا (قانونی دستاویز وغیرہ) سرکاری معائنہ کے لئے) ۔

To have (nothing) to show for (one's labour, expenditure, etc.) : کوئی قابل لحاظ یا پائیدار چیز حاصل نہ کرنا ۔

To show (a person) one's heels, a clean or fair pair of heels : پتا توڑ بھاگنا : بگٹٹ بھاگنا : دم دبا کر بھاگنا ۔

To show (a person) the door : نکال باہر کرنا ۔

To show (a person) the way : (۱) رہبری کرنا : رستہ دکھانا یا بتانا ۔ (۲) کوئی کام کر کے دکھانا : مثال قائم کرنا ۔

To show daylight : روشن دان بنانا ۔

To show fight : مقابلے پر آمادہ ہونا : نہ دبنا ۔

To show in : کسی شخص کو کمرے یا گھر کے اندر لانا ۔

To show off : (۱) آب و تاب سے نمائش کرنا : چار چاند لگا کر دکھانا ۔ (۲) قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کے ٹھاٹھ دکھانا ۔

To show one's face, head etc. : چہرہ دکھانا : نظر آنا ۔

To show one's hand : (۱) (تاش) کھول کر پتا دکھانا ۔ (۲) اپنا ارادہ یا منصوبہ ظاہر کر دینا ۔

To show one's nose: (مزاحاً) چہرہ دکھانا : نظر آنا ۔

To show one's teeth : مقابلہ یا حملہ کرنے کا ارادہ ظاہر کرنا ۔

To show out : دروازہ کھول کر باہر نکالنا یا پہنچانا ۔

To show round : (کسی شخص کو) کوئی جگہ دکھانا یا گھمانا ۔

To show the cloven foot (hoof) : بد طینتی کا اظہار کرنا ؛ اظہار خبث کرنا ؛ خباثت نفس ظاہر کرنا۔

To show up : جانچ یا معائنے کے لئے پیش کرنا۔

To show up, upstairs : (کسی شخص کو) اوپری منزل پر لے جانا۔

Show bill : (n) اشتہار۔

Show biz : (n) تفریحی دھندا ۔

Show-board : (n) چھوٹا اشتہاری تختہ ۔

Show-boat : (n) دخانی کشتی جس میں ناٹک کیا جاتا ھے ۔

Show-bottle : (n) نمائشی بوتل (جس میں رنگ بھر کر دکان دار کھڑکی پر رکھ دیا کرتے ہیں) ۔

Show-box : (n) بکس جس میں رکھ کر عجوبہ چیزوں کی نمائش کی جاتی ھے ۔

Show-bread : (n) دیکھو Shew-bread

Show-business : (n) دیکھو Show biz

Show card : (n) اشتہاری کارڈ ۔

Show-case : (n) شوکیس ؛ نمونہ دان ؛ دکانوں ، عجائب خانوں وغیرہ میں چیزوں کے رکھنے کا اونچے پاؤں کا صندوق جس میں شیشے لگے ہوتے ہیں ۔

Show case : (v) نمائش کرنا۔

Show cause : (a) (قانون) وجہ دریافت کرنے والا (کسی عدالت یا جج کا حکم) ۔

Show-down : (n) (۱) (تاش) پتا کھول کر دکھانا ۔ (۲) اپنا ارادہ یا منصوبہ ظاہر کرنا۔

Show-girl : (n) (۱) وہ اداکارہ جس کا کردار زیادہ تر آرائشی ہو ۔ (۲) گانے والیوں کے طائفے کا ایک رکن ۔

Show-glass : (n) دیکھو Show-case

Show-goer : (n) عادتاً تفریح گاہ وغیرہ میں جانے والا ۔

Show-house : (n) (۱) دیکھو Theatre ۔ (۲) سبز خانہ ؛ پود گھر ۔

Show-how : (n) تشریح ؛ توضیح (خصوصاً تکنیکی طریقے وغیرہ کی)۔

Show-jumping : (n) گھوڑے کی جست لگانے کا نمائشی مقابلہ ۔

Show-me : (n) شکی ؛ شك پرست ؛ بے اعتقاد ؛ ثبوت یا شہادت کے لئے اصرار کرنے والا ۔

Show off : (v) (۱) آب و تاب سے نمائش کرنا ؛ چار چاند لگا کر دکھانا۔ (۲) قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کی ٹھاٹ دکھانا ۔ (۳)مکہ بازی شروع کرنا۔

Show-off : (n) (۱) نمائش ۔ (۲) نمائش کی طرف مائل ؛ نمائش طبع۔

Show of hands : (n) ہاتھ اوپر اٹھانا (رائے وغیرہ دینے کے لئے) ۔

Show-place : (n) قابل دید مقام (جسے دیکھنے کو سیاح وغیرہ آئیں)۔

Show-ring : (n) مویشیوں کی نمائش کا باڑہ ۔

Show shop : (n) (۱) دکان جہاں قابل فروخت مصنوعات دکھائی جاتی ہیں (خریداروں کو) ۔ (۲) دیکھو Theatre ۔

Show stone : (n) عمل حاضرات کرنے کا شیشہ۔

Show Sunday : (n) Commemoration سے پہلے کا اتوار جس میں آکسفورڈ میں عید منائی جاتی ھے۔

Show through : (n) چھپائی کا دوسرے صفحے پر نظر آنا ۔

Show trial : (n) تشہیری مقدمہ (عموماً کمیونسٹ حکومتوں کا) ۔

Show up : (v) (۱) نمایاں کرنا ؛ اچھی طرح دکھانا ۔ (۲) نمایاں ہونا ؛ صاف نظر آنا ۔ (۳) راز فاش کرنا ؛ پول کھولنا ۔ (۴)(اسکول کا عامیانہ) سزا کے لئے رپورٹ کرنا ۔

Show-up : (n) (۱) دکھانا ؛ پول کھولنا ۔ (۲) پولس کی قطار بندی ۔

Show window : (n) (۱) (دکانوں میں مال سے) سجی کھڑکی ۔ (۲) نمونے چیزیں ۔

Show yard : (n) مویشی باڑا (جس میں مویشیوں کی نمائش ہوتی ھے)۔

Showable : (a) قابل نمائش ؛ دکھانے کے قابل ۔

Showdown : (n) کسی متنازعہ فیہ مسئلے یا طاقت کا آخری فیصلہ ۔

Showdown inspection : (n) فوجیوں کے لباس اور سازو سامان کا تفصیلی معائنہ ۔

Shower : (n) [OE. 'Scur'.] (۱) مینہ کا چھینٹا : بوچھار (پانی ، تیروں اور گولیوں وغیرہ کی) ۔ (۲) بوچھار : بھرمار (تعریف وغیرہ کی) ۔ (۳) عموماً مخصوص قسم کے تحائف کی بوچھار (دلہن کو دی ہوئی چیزوں کی) : ایسے تحائف دینے کا موقع ۔ (۴) دیکھو Shower-bath ۔

Shower : (n) [OE. 'Sceaere'.] دکھانے والا : نمائش کرنے والا ۔

Shower : (v) (۱) بوچھار ہونا : چھینٹا پڑنا : بوچھار پڑنا : بوچھار کی شکل میں بارش ہونا ۔ (۲) بوچھار کرنا : بھرمار کرنا ۔ (۳) چھڑکاؤ کرنا ۔ (۴) وافر (مقدار میں) اور تیزی سے ڈھالنا (پانی وغیرہ) ۔ (۵) اچھی طرح بارش سے بھیگ جانا ۔

Shower-bath : (n) (۱) فوارہ دار غسل خانہ ۔ (۲) فوارے کا غسل ۔

Shower-bouquet : (n) ایک قسم کا بڑا گلدستہ جس میں چھوٹے چھوٹے گلدستے یا پھول فیتوں میں بندھے یا لٹکتے رہتے ہیں ۔

Shower-cloud : (n) بارشی دل بادل ۔

Showeriness : (n) بوچھار پن ۔

Showery : (a) (۱) بوچھار میں برسنے والا (مینہ) ۔ (۲) بوچھار پیدا کرنے والا ۔ (۳) بوچھار سے متعلق یا مشابہ ۔

Showfolk : (n) تفریحی دھندا کرنے والا ۔

Showily : (adv.) ٹھاٹ سے : ٹیپ ٹاپ کے ساتھ ۔

Showiness : (n) نمود : ٹھاٹ : ٹیپ ٹاپ : ظاہری شان ۔

Showing : (n) (۱) مظاہرہ : نمائش : دکھاوا ۔ (۲) گوشوارہ : جدول وغیرہ ۔ (۳) نمود : نمائش ۔ (۴) بیان کرنے کا طریقہ ۔ (۵) ثبوت ۔ (۶) اشتہار ۔ (۷) کارنامہ : کرتب ۔ (۸) فلم دکھانا یا نمائش کے لئے پیش کرنا ۔

To make a (good or bad) showing : (اچھا یا برا) بیان دینا ۔

Showman : (n) کسی تماشے یا نمائش کا منتظم ۔

Showmanship : (n) (۱) نمائش گری ۔ (۲) فن فرشیندگی ۔

Showpiece : (n) نمونہ ۔

Showroom : (n) (۱) (دکانوں میں مال سے) سجا کمرا (فروخت یا چیزیں دکھانے کا) ۔ (۲) (جمع) بڑے محل کے کمرے جو سیاحوں کو باضابطہ یا باقاعدہ طور دکھائے جاتے ہیں ۔

Showstopper : (n) وہ ایکٹ ، گیت (کے لئے) یا ادا کار جسے اتنی لمبی دادتحسین ملتی ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے کھیل رک جاتا ہے ۔

Showy : (a) زرق برق : بھڑکیلا : ٹھاٹ کا ۔

Shoyu : (n) [Jap.] گوشت ، مچھلی وغیرہ کے ساتھ کھانے کی چٹنی جو جاپان ، چین اور ہندوستان میں ایک قسم کی مٹر سے تیار کی جاتی ہے ۔

Shrammed : (a) [Prob. alt. of 'Scrammed'.] سردی سے ٹھٹھرا ہوا ۔

Shrapnel : (n) [f. name of General Henry Shrapnel.] (۱) شرپنل گولیاں : پھٹنے والی گولیاں (جو توپ کے گولے کے اندر ہوتی ہیں اور نشانے کے قریب پہنچ کر پھٹتی ہیں) ۔ (۲) شرپنل بم : وہ بم جس کے اندر شرپنل گولیاں ہوتی ہیں ۔

Shred : (n) [OE. 'Scread.'] (۱) چیتھڑا : دھجی : پرزہ : پارہ : ٹکڑا ۔ (۲) خفیف سی مقدار : ذرہ : رمق ۔

In , into shreds : ٹکڑوں میں : ریزہ ریزہ ۔

Of shreds (and patches) : چیتھڑوں اور دھجیوں کا بنا ہوا ۔

To tear to shreds : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا : پارہ پارہ کر دینا ۔

Shred-pie : (n) ایک قسم کی پائی (Pie) ۔

Shreds : (v) پرزہ پرزہ کرنا : پارہ پارہ کرنا : دھجیاں اڑانا : چیتھڑے اڑانا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

To shred out : منصوبہ وغیرہ کو تقسیم در تقسیم کر دینا (تاکہ نیم تربیت یافتہ اشخاص اسے پورا کریں) ۔

Shredder : (n) ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا : پارہ پارہ کرنے والی (مشین یا آدمی) ۔

Shredding : (n) ٹکڑا : پارہ : پرزہ ۔

Shreddy : (a) شکستہ حال : شکستہ لباس (شخص) : پھٹا پرانا ۔

Shredout : (n) (کسی منصوبے وغیرہ کی) چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں تقسیم ۔

Shrend : (v) [G. 'Schrinden.'] (اندرونی دباؤ کی وجہ کر) چور چور

ہو جانا : پارہ پارہ ہو جانا۔

Shrew : (n) [OE. 'Screawa'.] بد مزاج عورت : لڑاکا؛ جھگڑالو عورت۔

Shrew : (n) ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو چوھے سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے : موش کرم خوار۔

Shrewd : (a) [ME. 'Schrewed(e)'.] (۱) بد چلن : کینہ پرور : شریر : بد معاش ۔ (۲) شدید : سخت (سردی ، درد ، چوٹ وغیرہ) ۔ (۳) تیز : سمجھدار : ہوشیار : سیانا : سوجھ بوجھ کا : صاحب الرائے : زیرک : دانا ۔ (۴) (دلیل وغیرہ) ناقابل رد ۔ (۵) تقریباً صحیح (اندازہ ، شک وغیرہ) ۔

Shrewd turn : (n) شرارت : خبث ۔

Shrewdly : (adv.) فراست سے : ہوشیاری سے : سیان پن سے : سوجھ بوجھ سے ۔

Shrewdness : (n) فراست : زیرکی : دانائی : ہوشیاری : سیان پن : سوجھ بوجھ ۔

Shrewdy : (n) (عام) تیز آدمی : سیانا یا ہوشیار آدمی ۔

Shrewish : (a) لڑاکا : جھگڑالو : بد مزاج : چڑ چڑا یا چڑی : منہ زور ۔

Shrewishly : (adv.) بد مزاجی سے : چڑچڑے پن سے ۔

Shrewishness : (n) بد مزاجی : چڑ چڑاپن ۔

Shrewly: (adv.) دیکھو Shrewdly

Shrewmouse : (n) موش کرم خوار۔

Shrewsbury : (n) Shropshire کا ایک شہر۔

Shrewsbury cake : (n) چپٹا گول اور کرمرا بسکٹ نما کیک ۔

Shriek : (n) چیخ : کوک ۔

Shriek : (v) [ME. 'Shriken'.] (۱) چیخنا : چلانا : کوکنا : چیخ مارنا ۔ (۲) بے تحاشا ہنسنا : ہنستے ہنستے لوٹ جانا ۔ (۳) چیختے چیختے کسی خاص حالت کا پیدا ہو جانا۔

Shrieker : (n) چیخنے والا : چلانے والا ۔

Shriekingly : (adv.) چیخ کر ۔

Shrieky : (a) جذبات سے بے قابو : بُلند ۔

Shrieval : (a) شیرف کا یا اس سے متعلق ۔

Shrievalty : (n) شیرف کا عہدہ : شیرف کی میعاد کار کردگی ۔

Shrift : (n) [OE. 'Scrift'.] (۱) برأت : بریت : گلو خلاصی : چھٹکارا ۔ (۲) اعتراف گناہ : پادری کے سامنے اعتراف اور معافی ۔

Short shrift : مجرم قرار پانے اور سزا یا پھانسی پانے کے درمیان قلیل مہلت ۔

To come, go to shrift : (پادری کے سامنے) اعتراف کرنا اور معافی مانگنا ۔

To give short shrift : دم بھر میں کر لینا : ختم کر دینا یا شکست دینا ۔

To make one's shrift / To hear a shrift : (پادری کا) اعتراف اور معافی سننا یا کروانا ۔

Shrike : (n) [Of obscure origin.] (۱) جلاد پرندہ : ایک پرندہ جس کی چونچ مڑی ہوئی دندانہ دار ہوتی ہے اور وہ چھوٹی چڑیوں اور کیڑوں کو کھاتا ہے ۔ (۲) جلاد پرندہ سے مشابہ دوسرے پرندے ۔

Shrill : (n) باریک اور تیز آواز : خواہ مخواہ متوجہ کرنے والی آواز۔

Shrill : (a) (۱) باریک اور تیز (آواز) : باریک اور تیز آواز نکالنے والا۔ (۲) (مجازاً) تیز : شدید : چبھتا ہوا : تیکھا ۔ (۳) بے اعتدال ۔ (۴) بد مزاج : کرخت : سخت ۔

Shrill : (v) (چیخ وغیرہ کا) تیز اور باریک آواز میں نکلنا : کانوں میں گھسا جانا : (کوئی بات) چیخ کر کہنا : ایسی آواز میں کہنا کہ سننے والا خواہ مخواہ متوجہ ہو ۔

Shrilling : (n) کھڑ کھڑاہٹ ۔

Shrillish : (a) کسی قدر تیز اور باریک ۔

Shrillness : (n) باریکی اور تیزی (آواز کی) ۔

Shrilly : (a) دیکھو Shrillish

Shrilly : (adv.) باریک اور تیز آواز سے ۔

Shrimp : (n) [MLG. 'Schrempen'.] (۱) شرمپ : چنگری : سرطان بحری : جھینگے کی قسم کا ایک قشریہ جو کھایا جاتا ہے ۔

(۲) ٹھنگنا آدمی : بوناً : ناٹا : پست قد ۔

Shrimp : (v) شرمپ کا شکار کرنا ۔

Shrimper : (n) شرمپ کا شکار کرنے والا (آدمی یا جہاز)۔

Shrimping : (n) شرمپ کاشکار ۔

Shrimpish : (n) ٹھنگنا : ناٹا : بونا ۔

Shrimpy : (a) (۱) شرمپ سے بھرا ۔ (۲) بونا : ٹھنگنا ۔

Shrine : (n) [OE. 'Scrin'.] (۱) خزینۂ تبرکات : تبرکات کا ظرف یا مزار ۔ (۲) مقبرہ : مزار : روضہ : درگاہ ۔ (۳) قربان گاہ یا مقبرہ جو کسی خاص شخص یا واقعے کی یادگار ہو ۔ (۴) یادگار (وہ مقام جو کسی واقعے کی وجہ سے مقدس سمجھا جاتا ہو) ۔ (۵) عبادت گاہ ۔

Shrine : (v) (۱) (کسی متبرک چیز کو) خزینے میں رکھنا : ظرف تبرکات میں رکھنا ۔ (۲) خزینہ ہونا : گنجینہ ہونا ۔ (۳)دل و دماغ میں محفوظ رکھنا ۔

Shrink : (v) [OE. 'Schrincan'.] (۱) سکڑنا : سمٹنا : ٹھٹھرنا ۔ (۲) ٹھٹھک کر رہ جانا : دبک جانا ۔ (۳) ہچکچانا : جھجھکنا ۔ (۴)سکڑنے دینا(کپڑے وغیرہ کو)۔ (۵)طبیعت نہ چاہنا (کوئی کام کرنے کو) ۔ (۶) سکڑانا ۔ (۷) (ٹائر وغیرہ کو) گرم کر کے کسی چیز پر چڑھا دینا ۔

To shrink up one's shoulder : (۱) کندھوں کو جنبش دینا ۔ (۲) (مجازاً) نا پسندیدگی کا اظہار کرنا ۔

Shrink : (n) (۱) سکڑنا ۔ (۲) دیکھو Shrinkage ۔

Shrink-wrap : (v) کس کر لپیٹنا ۔

Shrinkable : (a) سکڑنے کے لائق ۔

Shrinkage : (n) (۱) سکڑن : سکڑاؤ : انقباض : سکڑنا ۔ (۲) (بندوق سازی) اندرونی اور بیرونی قطروں کا فرق ۔

Shrinker : (n) دیکھنے والا : ہچکچانے والا : جھجھکنے والا : (کام یا ذمہ داری سے) جی چرانے والا ۔

Shrinking violet : (n) شرمیلا آدمی خصوصاً شہرت سے دور بھاگنے والا ۔

Shrinkingly : (adv.) ڈرتے ہوئے : ہچکچاتے ہوئے : شرماتے ہوئے : جھجھکتے ہوئے ۔

Shrite : (n) [prob. alt. of 'Shrike'.] یورپ کا ایک گانے والا پرند ۔

Shrive : (v) [OE. 'Scrifan'.] (۱) توبہ قبول کرنا : پادری کا (عیسائی سے) اعتراف گناہ کرانا : اس کے لئے کفارہ تجویز کرنا اور گناہوں سے پاک کرنا ۔ (۲) توبہ کرنا : کسی عیسائی پادری کے آگے گناہوں کا اعتراف کرنا : کفارہ ادا کرنا اور گناہوں سے پاک ہونا ۔ (۳) بوجھ کم کرنا ۔

Shrivel : (v) [Origin unkn.] مرجھانا : جھریاں ڈالنا : سکھا کر چرمر کر دینا : مرجھا جانا : جھریاں پڑ جانا : سوکھ جانا : چرمر بھر جانا ۔

Shrivel : (n) خشک یا مرجھائی ہوئی چیز (مثلاً جوز ، پھل وغیرہ) ۔

Shriven : (a) گناہوں کا اعتراف کئے ہوئے : توبہ کئے ہوئے ۔

Shriver : (n) تائب یا توبہ کرنے والا : گناہوں کا اعتراف کرنے والا یا معترف گناہ ۔

Shriving : (n) دیکھو Shrift

Shroff : (n) [Ar. 'Saraaf'.] صراف : سکوں کا پرکھنے والا : جانچنے والا ۔

Shroff : (v) سکوں کا پرکھنا : جانچنا : اصلی اور کھوٹے سکے میں فرق بتانا ۔

Shraffage : (n) صراف کا کمیشن (سکوں کو پرکھنے کا) ۔

Shroud : (n) [OE. 'Scrud'.] (۱)کفن ۔ (۲) پردہ : وہ چیز جو کسی کو چھپائے ۔ (۳) (جمع) گرجے کا تہ خانہ : سر دابہ (جس میں مردے دفن ہوتے ہیں) ۔ (۴) پن چکی کے محیط کے دو حلقہ نما دھات کی چادروں میں سے ایک ۔ (۵) گیرا پہیے کے دندانے کا کوریا کگر ۔

Shroud : (v) (۱) کفنانا : کفن پہنانا ۔ (۲) پردہ ڈالنا : چھپا لینا : صورت بدل دینا ۔ (۳) (میکانیات) (پن چکی میں) حلقہ نما دھات کی چادریں لگانا ۔ (۴) پناہ دینا : پناہ لینا ۔ (۵) گوشت (خصوصاً گائے کے) کو ململ سے چھپانا ۔

Shroud : (n) وہ رسے جن کے سہارے جہاز کا مستول کھڑا ہوتا ہے ۔

Shroud : (n) (۱) (درخت کا) تراشہ : کترن ۔ (۲) (جمع) شاخ : ٹہنی ۔

Shroud : (v) شاخیں کاٹنا : چھانٹنا ۔

Shroud-brass : (n) پیتل کا یادگار کتبہ جس پر کفن پوش مردے کی تصویر ہوتی ہے ۔

Shroud plate : (n) پن چکی کی حلقہ نما چادریں (دھات کی) ۔

Shrouding : (n) (۱) کفنانا : تکفین ۔ (۲) (میکانیات) پن چکی کی حلقہ نما دھات کی چادریں ۔

Shroudless : (a) بے کفن ۔

Shrove : (n) Ash-Wednesday کے بعد کے تین دن ۔

Shrove Monday : (n) یوم استغفار سے پہلے کا سوموار ۔

Shrove Tuesday : (n) (Ash-wednesday) یوم استغفار : توبہ کے منگل کے پہلے کے وہ تین دن جب عیسائی پادری کے آگے گناہوں کا اعتراف کر کے پاک ہوتے ہیں ۔

Shrovetide : (n) دیکھو Shrove

Shrub : (n) [OE. 'Scrubb'.] جھاڑی : بوٹا ۔

Shrub : (n) [Arab. 'Surb, Sarab'.] ایک مشروب جو پھلوں کے عرق اور روح شراب کو ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Shrub : (v) (۱) جھاڑیاں صاف کرنا ۔ (۲) چھانٹنا : شاخیں کاٹنا ۔ (۳) لان وغیرہ میں جھاڑیاں لگانا ۔

Shrubbed : (a) جھاڑی دار : جھاڑی نما ۔

Shrubbery : (n) جھاڑیاں : بنی : بوٹا زار : جھاڑیوں کا جھنڈ ۔

Shrubby : (a) دیکھو Shrubbed

Shrublet : (n) چھوٹی جھاڑی ۔

Shrug : (n) (۱) کندھوں کی جنبش (نا پسندیدگی ، نفرت وغیرہ کے اظہار کے لئے) ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ جیکٹ ۔

Shrug : (v) [Origin unkn.] (۱) کندھوں کو جنبش دینا : کندھے اچکانا (جس سے بے پروائی ، بے بسی ، حقارت ، خفگی وغیرہ ظاہر ہوتی ہے)۔ (۲) جھٹکا دینا : جھٹکا دے کر کھینچنا ۔

Shrug away : (v) نجات پانا : پیچھا چھڑانا : پروا نہ کرنا ۔

Shrug off : (v) (۱) نظر انداز کرنا : معمولی سمجھ کر چھوڑ دینا ۔ (۲) جھٹکنا : پیچھا چھڑانا ۔ (۳) بل کھا کر (لباس) اتارنا ۔

Shruggingly : (adv.) بے اتفاقی سے : بے اعتنائی سے ۔

Shrunk : (a) سکڑا ہوا : ٹھٹھرا ہوا ۔

Shrunken : (a) دیکھو Shrunk

Shu : (n) [Chinese 'Shu'.] باہمد گری : باہمی تعاون ہر معاملے میں۔

Shuba : (n) [Russ.] سمور کا کوٹ ۔

Shuck : (n) [Origin unkn.] (۱) بھوسا : خول : قشر ۔ (۲) بے قدر چیز ۔ (۳) (جمع) نفرت یا بے پروائی کا کلمہ حرف فجائیہ ۔ (۴) مکئی کے چھلکے میں لپیٹا ہوا سگریٹ یا سگار ۔

Shuck : (v) (۱) بھوسا یا خول الگ کرنا ۔ (۲) قشر چھڑانا (صدف وغیرہ کا)۔ (۳) (کپڑے وغیرہ) اتارنا ۔ (۴) ترک کرنا (عادت وغیرہ) ۔ (۵) کنارے ڈال دینا ۔

Shuck : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا شکاری کتا ۔

Shuck-bottom / -bottomed : (a) (کرسی وغیرہ) جس کا مقام نشست مکئی کے چھلکے سے بنایا گیا ہو ۔

Shuck-bottom : (n) مکئی کے چھلکے سے بنی ہوئی کرسی ۔

Shucker : (n) صدف وغیرہ کا قشر اتارنے والا ۔

Shudder : (n) تھرتھری : لرزہ : کپکپی ۔

To give one the shudder : ڈرا دینا : خوفزدہ کر دینا ۔

Shudder : (v) (۱) کانپنا : لرزنا : تھرتھرانا : رونگٹے کھڑا ہونا ۔ (۲) وحشت ہونا : کراہت ہونا ۔

Shuddering : (a) ڈرا ہوا : خوفزدہ : وحشت زدہ ۔

Shudderingly : (adv.) کانپتے ہوئے : تھرتھراتے ہوئے ۔

Shuddess : (n) تھرتھرا دینے والا : خوف پیدا کرنے والا ۔

Shuddery : (a) دیکھو Shuddersome

Shuffle : (n) (۱) سخن سازی : بات بنانا : چال : چکمہ ۔ (۲) حیلہ بازی : ٹال مٹول ۔ (۳) پیر گھسیٹنا یا رگڑنا : پیر رگڑتے ہوئے چلنے کا انداز ۔ (۴) ایک قسم کا رقص جس میں پیروں کو رگڑتے ہیں ۔ (۵) تاش کا پتا پھینٹنا جانا : الٹ پھیر: ترتیب کا تغیر ۔ (۶) تاش کے پتے پھینٹنے کی باری۔ (۷) گڈ مڈ : الٹ پھیر ۔

Double shuffle : دوہری رگڑ : دوبارہ ایک پیر سے پھر دوسرے پیر سے (رگڑ) (جیسے ناچ میں) ۔

Shuffle : (v) [LG. 'Schuffeln'.] (۱) بدقت حرکت کرنا : گھسٹ کر چلنا : (پیر وغیرہ) رگڑ کر چلنا ۔ (۲) گڈ مڈ کرنا یا ہونا ۔ (۳) کپڑے پہنانا یا اتارنا : بوجھ اٹھانا یا رکھنا ۔ (۴) بار بار پہلو بدلنا؛ کسی پہلو قرار نہ آنا (۵)(مجازاً) ایک بات پر قائم نہ رہنا : گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا : سخن سازی کرنا ۔(۶) رقص کرنا (پیروں کو رگڑتے ہوئے) ۔ (۷) تاش کے پتے پھینٹنا ۔ (۸) خفیہ طور پر لے آنا (کوئی چیز) ۔ (۹) جگہ تبدیل کرتے رہنا : اِدھر اُدھر پھرنا ۔ (۱۰) الٹ پھیر کرنا ۔ (۱۱) کسی چیز کو ظرف میں بے قاعدہ طور پر رکھنا ۔ (۱۲) گھس پیٹھ کرنا ۔ (۱۳) (مرغ کا لڑائی میں) ٹانگ کے خار سے حملہ کرنا ۔

To shuffle off : ٹالنا : (فرض یا ذمہ داری سے) جان چرانا ۔

To shuffle through : جلدی سے (کوئی کام) کرنا : کسی طرح کر دینا ۔

Shuffle-board : (n) دیکھو Shovel-board

Shuffler : (n) (۱) تاش کے پتے پھینٹنے والا ۔ (۲) ٹال مٹول کرنے والا : حیلہ کرنے والا : سخن ساز : گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا ۔

Shuffling : (n) گھسٹ کر چلنا : الٹ پھیر کرنا : گڈ مڈ کرنا ۔

Shuffling : (a) (۱) پیر گھسٹ کر چلنے والا ۔ (۲) حیلہ باز : سخن ساز ۔

Shufflingly : (adv.) (پاؤں) گھسٹتے ہوئے : حیلہ سازی سے ۔

Shun : (v) [OE. 'Scunian'.] بچنا : پرہیز کرنا : الگ رہنا : احتراز کرنا : حذر کرنا : اجتناب کرنا : دور رہنا : بھاگنا (کسی چیز سے) ۔

Shun : Attention کا مخفف (حکم دینے کے لئے آتا ہے) ۔

Shunless : (a) ناگزیر ۔

Shunt : (n) (۱) پٹری بدلنا یا پٹری کا بدلا جانا ۔ (۲) (برقیات) عاطف : لائن بدلنا : کلید برق ۔ (۳) (ریلوے) تحویلہ : دو راہا؛ شنٹ : سوئچ ۔ (۴) عروقی رستہ جس کے ذریعے کسی خاص جگہ خون کا دوران بدل دیا جاتا ہے (خصوصاً عمل جراحی کے ذریعہ) ۔ (۵) Shunt rifle-gun کا مخفف ۔ (۶) ایک لائن سے دوسری لائن میں رو کو بدلنے کی ترکیب ۔

Shunt : (v) (۱) دوسرے رستے سے چلانا : لائن بدلنا (ریل گاڑی یا بجلی کی رو کا) ۔ (۲) (ریل گاڑی یا انجن کا کسی دوسری گاڑی کے لئے) اصل لائن چھوڑ کر سائڈنگ پر چلا جانا : ایک پٹری سے دوسری پٹری پر چلا جانا : پٹری بدلنا : بغلی پٹری پر چلا جانا ۔ (۳) روک دینا : بند کر دینا ۔ (۴) ترک کر دینا : باز آنا (ارادے یا منصوبے سے) ۔ (۵) (کسی شخص کو) کام چھڑا کر بے کار کر دینا؛ طاق پر بٹھا دینا ۔ (۶) ٹال دینا : ملتوی کر دینا : معرض التوا میں ڈال دینا ۔

Shunt-dynamo : (n) عاطف براق (ڈائینمو) : شنٹ ڈائینمو ۔

Shunt line / -road : (n) ریلوے سائیڈنگ : دوراہا ۔

Shunt (rifled) gun : (n) وہ بندوق جس کی نال پیچ دار ہوتی ہے ۔

Shunt-rifling : (n) توپ میں پیچ دار نالی بنانے کا ایک طریقہ جس سے بھرتے وقت گولے آڑے ہو جاتے ہیں ۔

Shunt-wound : (a) عاطف پیچاں ۔

Shunter : (n) (۱) راستہ بدلنے والا : پٹری بدلنے والا : لائن بدلنے والا ۔ (۲) (عام) عمدہ انتظامی قابلیت رکھنے والا : اعلیٰ درجے کا منتظم ۔ (۳) ہنڈی کا کاروبار کرنے والا ۔

Shush : (v) (۱) خاموش کرنا : خاموش رہنا : خاموش ہو جانا ۔ (۲) روکنا : دبانا : ضبط کرنا ۔

Shut : (n) (۱) بند کرنے والی کوئی چیز (خصوصاً قبضہ دار یا پھسلواں دروازہ وغیرہ) ۔ (۲) بند کرنا : بند کرنے کا وقت یا جگہ ۔ (۳) جوڑ ۔

Shut : (v) (۱) بند کرنا (کیواڑ ، آنکھ ، منہ وغیرہ) : بھیڑنا (کیواڑ) : میچنا (آنکھ) ۔ (۲) بند ہونا : بند ہو سکنا ۔ (۳)دروازہ بند کر کے اندر یا باہر آنے دینا (کسی شخص یا آواز کو) ۔ (۴) بند کر دینا (کوٹھری وغیرہ میں) ۔ (۵)باہر نکال کر دروازہ بند کر دینا ۔ (۶) محروم کر دینا ۔ (۷) دروازہ وغیرہ بند کرتے وقت چول میں دبا دینا ۔ (۸) بند کرنا (چاقو وغیرہ) ۔ (۹) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے جوڑ دینا ۔ (۱۰) مسلسل ہو جانا ۔ (۱۱) (کاروبار وغیرہ) بند کر دینا ۔ (۱۲) اندر آنا یا باہر نکلنا (کسی جگہ یا عمارت سے) باہر روک دینا ۔

To be, get shut of : چھٹکارا پانا : بچنا ۔

To shut (another's) month : منہ بندی کرنا ۔

To shut (one's) eye to, against on : (۱) چشم پوشی کرنا ؛ اغماض کرنا۔ (۲) بالکل توجہ نہ کرنا ؛ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔

To shut one's hand of : چھٹکارا پانا ؛ بچنا۔

To shut (one's) mouth/ -head/ -face : منہ بند رکھنا ؛ خاموش رکھنا ؛ بولنے نہ دینا۔

To shut one's purse (against) : مدد کرنے سے انکار کر دینا ؛ مدد بند کر دینا۔

To shut the door : بالکل القط کر دینا ؛ بالکل توجہ نہ کرنا؛ راہ بند کر دینا ؛ راہ مسدود کر دینا۔

Shut away : (v) دوسروں سے الگ کر دینا ؛ علاحدہ کر دینا۔

Shut down : (v) (۱) بند کرنا (کھڑکی وغیرہ)۔ (۲) بند ہو جانا ، کر دینا (کارخانہ وغیرہ کا)۔ (۳) بند ہو جانا۔ (۴) (کہر ، رات وغیرہ کا) آنکھوں کے سامنے اندھیرا کر دینا۔

Shut down : (n) کاروبار یا کام کا بند ہو جانا۔

Shut-eye : (n) (عام) نیند ؛ خواب۔

Shut-in : (n) (۱) معذور شخص۔ (۲) وادی کا گھاٹی نما تنگ حصہ۔ (۳) تیل یا گیس جو کنویں میں موجود ہو مگر نکالا نہ گیا ہو۔

Shut in : (v) (۱) روک رکھنا ؛ بند رکھنا۔ (۲) تیل کے کنویں کو بند کر دینا۔

Shut-in : (a) (۱) بند ، گوشہ نشیں۔ (۲) منقطع ؛ محدود۔ (۳) مغموم؛ متفکر۔ (۴) سوسائٹی یا لوگوں کی صحبت سے گریز کرنے والا۔

Shut-mouthed : (a) خاموش۔

Shut off : (v) (۱) گیس یا پانی کو (ٹونٹی وغیرہ بند کر کے) روک دینا ؛ بند کر دینا۔ (۲) برادری سے علاحدہ کر دینا ؛ صحبت سے خارج کر دینا۔ (۳) رک جانا۔

Shut off : (n) (۱) صمام ؛ ڈاٹ۔ (۲) بند کرنا۔ (۳) موسم جس میں شکار کی ممانعت ہو۔

Shut out : (v) (۱) بیچ میں حائل ہونا ؛ آڑ کر دینا۔ (۲) سد باب کرنا ؛ مسدود کر دینا۔ (۳) حریف کو اسکور کرنے سے باز رکھنا ؛ (برج کھیل میں) حریف کو بول دینے سے روکے رکھنا (اونچے بول دے کر)۔

Shut out : (n) (۱) کھیل یا مقابلہ جس میں ایک فریق کوئی اسکور نہیں بناتا ہے۔ (۲) آڑ۔

Shut to : (v) دروازہ بند کرنا۔

Shut up : (v) (۱) (مکان کو ہر طرف سے) بند کر دینا۔ (۲) اچھی طرح بند کرنا (کسی مدت کے لئے) بند کر کے رکھ دینا (صندوق وغیرہ کو)۔ (۳) صندوق وغیرہ میں رکھ کر بند کرنا۔ (۴) قید کر دینا ؛ جیل خانہ بھیج دینا۔ (۵)خاموش کر دینا ؛ زبان بند کر دینا (ڈانٹ کر یا دلیلوں سے) ؛ خاموش ہو جانا۔ (۶) چپ رہو ؛ بس رہنے دو۔ (۷) دروازہ بند کر دینا ؛ اندر نہ آنے دینا۔ (۸) (بعض کھیلوں میں) (حریف کو) گھیر لینا۔ (۹)(چراگاہ وغیرہ کو) بند کر دینا۔ (۱۰) (بحری) جہاز کی دراڑ بند کرنا۔ (۱۱) لپیٹ کر بند کر دینا ؛ تہ کر دینا۔ (۱۲) لکھنا یا بولنا بند کر دینا۔

To shut up the shop : (۱) (شام کو) دکان بڑھانا ؛ دکان بند کرنا۔ (۲) دکان بند کر دینا (ہمیشہ کے لئے) ؛ دکان اٹھا دینا۔

Shute : (n) (۱) آب انداز ؛ شوٹ۔ (۲) مصنوعی کھڑی نالی جس سے خام دھات ، کوئلہ ، اناج وغیرہ گزر کر ظروف تک پہنچتے ہیں۔

Shuttance : (n) دیکھو Riddance

Shutter : (n) (۱) بند کرنے والا۔ (۲) جھلملی ؛ ٹوٹواں کواڑ ؛ تختہ (جو شیشے کی کواڑ کے علاوہ حفاظت کے لئے یا اندھیرا کرنے کے لئے لگاتے ہیں)۔ (۳) آرگن باجے کے پردوں کا ڈھکن (جس سے آواز اونچی نیچی کی جاتی ہے)۔ (۴) (فوٹو گرافی) کیمرے کے عدسے کا ڈھکنا یا ڈھکن ؛ مندن ؛ شٹر۔ (۵) (ڈھلائی) متحرک اوٹ جو قالب میں لگایا جاتا ہے تاکہ پگھلی ہوئی دھات کا نکلنے کا راستہ بند ہو جائے۔ (۶) لیمپ یا لالٹین کی روشنی کم کرنے کی ایک ترکیب۔ (۷) تصویر کے فریم میں جڑا ہوا مڑنے والا پردا جس سے تصویر کو روشنی اور گرد سے بچایا جائے۔

To put up the shutters : (۱)دکان بڑھانا ؛ دکان بند کرنا۔ (۲) کاروبار بند کر دینا (ہمیشہ کے لئے) دکان کا اٹھا دینا۔

Shutter : (v) (۱) جھلملی گرا دینا۔ (۲) دکان وغیرہ بند کر دینا۔ (۳) گوشہ نشیں یا خلوت نشیں ہو جانا۔ (۴) آنکھ بند کر دینا۔

Shutter-box : (n) طاقچہ جس میں جھلملی لگائی جاتی ہے ۔

Shutter-bug : (n) تصویر کشی کا شوقین ۔

Shutter dam/ -weir : (n) متحرك بند ۔

Shuttered : (a) جھلملی دار : جھلملی کے ذریعے بند کیا ہوا ۔

Shuttering : (n) (۱) جھلملی بنانے کا ساز و سامان ۔ (۲) جھلملی ۔

Shutterless : (a) بے جھلملی وغیرہ کا: بے ڈھکن کا ۔

Shutting : (n) (لوہے وغیرہ کو) جوڑنا ۔

Shutting post : (n) پھاٹك کا بازو (کھمبا ، ستون) ۔

Shuttle : (n) [OE. 'Scytel'.] (۱) نال ؛ ماکو ؛ نلی ۔ (۲) شٹل (مشین کا) ۔ (۳) دیکھو Shuttle-cock ۔ (۴) چھوٹا دراز (پیسے وغیرہ رکھنے کے لئے) ۔ (۵) کسی مخصوص راستے پر معین وقفے پر آنا جانا ۔ (۶) وہ سواری جو ایسے راستے پر چلتی ہے ۔ (۷) خلائی راکٹ جس میں بازو لگے رہتے ہیں ۔

Shuttle : (n) (۱) آب بند ۔ (۲) وہ چھوٹا دروازہ جس کے ذریعہ دھات ناند یا کونڈے کے قالب تك پہنچائی جاتی ہے ۔

Shuttle : (a) تغیر پذیر ؛ پس و پیش کرنے والا ؛ غیر فیصلہ کن ۔

Shuttle : (v) (۱) چکر لگوانا ؛ گھمانا ؛ادھر اُدھر پھرانا ۔ (۲) ایسی سواری سے نقل و حمل کرانا جو معین وقفے پر ایك ہی راستے پر چلے ۔ (۳) تیزی سے آگے پیچھے حرکت کرنا ۔

Shuttle armature : (n) نال نما ناظر مقناطیس ۔

Shuttle-box : (n) وہ خول جس میں نال جاکر رکتا ہے ۔

Shuttle mark : (n) کپڑے کا ایك نقص جو نال سے تانے کا دھاگا ٹوٹ جانے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

Shuttle-race : (n) (۱) وہ رستہ جس سے نال گزرتا ہے ۔ (۲) ایك قسم کی دوڑ ۔

Shuttle-service : (n) ریل ، بس یا ہوائی جہاز جو دو مقاموں کے درمیان چلتا ہو ۔

Shuttle-shell : (n) ایك قسم کا معدہ پا ۔

Shuttle-train : (n) مختصر مسافت کی ریل گاڑی ۔

Shuttlecock : (n) (۱) پردار گیند (بیڈمنٹن ، کھیل کی) ۔ (۲) وہ کھیل جو پردار گیند سے کھیلا جاتا ہے (بیڈمنٹن) ۔

Shuttlecock : (v) اِدھر اُدھر پھینکنا ؛ ادھر ادھر یا اوپر نیچے جانا ۔

Shuttlecock : (a) تغیر پذیر ؛ تبدیل پذیر ۔

Shy : (n) (گھوڑے کا) بھڑکنا ؛ ڈرنا ؛ بدکنا ۔

Shy : (n) (۱) جھٹکے سے پھینکنا یا پھینکا جانا ۔ (۲) ایك طرح کا کھیل جس میں ناریل پر گیند پھینکی جاتی ہے ۔ (۳)(زبانی) حملہ (مجازاً) ۔ (۴) تجربہ ؛ جانچ ۔

Shy : (a) [OE. 'Sceoh'.] (۱) بھڑکنے والا ؛ بدکنے والا ؛ وحشی ؛ شوخ ۔ (۲) شرمیلا ؛ جھینپنے والا؛ جھینپو ۔ (۳) بچنے والا ؛ دور رہنے والا ؛ کنیانے والا ؛ کترانے والا ۔ (۴) مشکل سے ہاتھ آنے والا ۔ (۵) دقیق ؛ باریك ۔ (۶) کم پھل یا پھول دینے والا (درخت یا پودا) ۔ (۷)ناکافی ؛ کم ۔ (۸)محتاط؛ ہچکچانے والا ؛ پس و پیش کرنے والا ؛ پھونك پھونك قدم رکھنے والا ۔

To be or look shy on or at : شك کرنا ۔

To fight shy : دیکھو Fight

Shy : (v) (۱) چونك اٹھنا ؛ اچھل پڑنا ۔ (۲) بھڑکنا ؛ ڈرنا (گھوڑے کا) ۔ (۳) گریز کرنا ؛ بچنا ؛ پرہیز کرنا ؛ احتراز کرنا ؛ اجتناب کرنا ۔ (۴) بز دل بنا دینا ؛ خوفزدہ کرنا ۔ (۵)لیت و لعل کرنے کے لئے کوئی ذریعہ معلوم کرنا ۔

To shy off : (۱) کترا کر نکل جانا ۔ (۲) (مجازاً) لیت و لعل کرنا ؛ حیلہ سازی کرنا ۔

Shy : (v) پھینکنا ؛ نشانہ لگانا (پتھر وغیرہ سے) ۔

Shyish : (a) کسی قدر شرمیلا ۔

Shylock : (n) [f. the name of a Jewish money lender in Shakerpears's merchant of Venuce.] سنگدل قرض خواہ ۔

Shylock : (v) اونچی شرح سود پر قرض لگانا یا قرض دینا ۔

Shyly : (adv.) بھڑکتے یا بدکتے ہوئے ؛ جھینپتے ہوئے ؛ شرماتے ہوئے ؛ شرمیلے پن سے ۔

Shyness : (n) وحشت ؛ بھڑك ؛ شرم ؛ حجاب ؛ کنیانا ؛ کترانا ؛ شرمیلاپن ۔

Shyster : (n) ادنیٰ درجے کا وکیل : مختار : فریب سے یا نا جائز ذرائع سے کام لینے والا ادنیٰ وکیل ۔

Shyster : (v) ادنیٰ یا غیر پیشہ وارانہ طریقے سے وکالت کرنا ۔

Si : (n) [Fr.] سرگم کا ساتواں سُر ۔

Sial : (n) [f. Si(licon) + Al(uminium).] (ارضیات) سلیا : سیال : طبق بالائی ۔

Sialagogue / Sialogogue : (n) [Fr.] تھوک آور دوا ۔

Sialagogue / Sialogogue : (a) تھوک آور : مدر ریق ۔

Sialic : (a) رال سے متعلق : لعاب دار : لعابی ۔

Sialic : (a) سیال سے متعلق ۔

Sialoid : (a) تھوک نما : ریق نما ۔

Sialolith : (n) سنگ غدۂ ریقیّہ ۔

Sialorrhea/ Sialorrhoea : (n) سیلان تھوک : ادرا ریق ۔

Siam : (n) تھائی لینڈ ۔

Siamang : (n) [Malay. 'Si(y)amang'.] ایک قسم کا لنگور جو سماترا اور ملایا میں پایا جاتا ھے ۔

Siamese : (a) [f. 'Siam + -ese.'] (۱) سیام کا : سیامی ۔ (۲) مشابہ : بالکل ملتا جلتا ۔ (۲) نالیوں یا نلکیوں کو ملانے والا ۔

Siamese : (n) سیامی زبان : سیامی قوم ۔

Siamese : (v) سیامی توام کی جوڑنا ۔

Siamese cat : (n) چھوٹے بالوں والی سیامی بلی ۔

Siamese twins : (n) (۱) سیام میں پیدا ہونے والے توام ، چنگ اور انگ جو کمر کے پاس ایک نلی نما پٹی سے جڑے ہوئے تھے ۔ (۲) (مجازاً) ایک جان دو قالب : دو دوست جو کبھی جدا نہ ہوتے ہوں ۔

Sib : (n) [OE. 'Sibb'.] (قدیم) رشتہ دار ۔

Sib : (a) [OE. 'Sib(b)'.] (۱) خونی رشتے کا : یك جدی ۔ (۲) دوستانہ ۔ (۳) ہم مزاج : ہم رنگ : نیک طبیعت ۔

Sib : (n) خونی رشتہ دار : عزیز : خونی رشتہ : قرابت ۔

Siberian : (a) [f. 'Siberia+ -an'.] سائبیریا کا ۔

Siberian crab : (n) سیب کی ایک قسم ۔

Siberian dog : (n) اس نسل کے کتے جو برف گاڑی میں جوتے جاتے ہیں ۔

Sibilance : (n) سسکاری : سی سی کی آواز : سیسیت ۔

Sibilant : (a) [L. 'Sibilare'.] (۱) سسکارنے والا : سسکاری کا ۔ (۲) سسکاری پیدا کرنے والا ۔

Sibilant : (n) حروف سنیه ۔

Sibilate : (v) [L. 'Sibilare'.] سسکاری سے ادا کرنا یا ہونا ۔

Sibilatingly : (adv.) سسکاری سے ادا کرتے ہوئے ۔

Sibilation : (n) سسکاری : سی سیسیّت ۔

Sibilator : (n) سسکاری کے ساتھ ادا کرنے والا ۔

Sibilatory : (a) دیکھو Sibilation

Sibilous : (a) [L. 'Sibilus'.] دیکھو Sibilant

Sibling : (n) [OE. 'Sibling'.] بھائی بہن (حقیقی یا سوتیلی) ۔

Sibmate : (n) یك جدّی رشتہ دار ۔

Sibyl : (n) [OFr. 'Sibile'.] (۱) پیش گوئی کرنے والی قدیم زمانہ کی کاہنہ : نجومی عورت : جادوگرنی ۔ (۲) بڑھیا : ڈھڈو : چڑیل ۔

Sibylla : (n) دیکھو Sibyl

Sibyllic : (a) (۱) سبیلی : کسی معبد کی کاہنہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) غیبی : پر اسرار : مبہم ۔ (۳) بے حد : زیادہ : بہت مہنگا ۔ (۳) کاہنوں سے مشابہ ۔

Sibylline : (a) [L. 'Sibyllinus'.] دیکھو Sibyllic

Sibylline : (n) کاہنوں کی کتاب : قدیم رومی سلطنت میں کاہنوں کی پیش گوئیوں کا ایک مجموعہ تھا جس سے حکام انفصال مقدمات میں اکثر مدد لیتے تھے ۔

Sibyllist : (n) کاہنوں کی پیش گوئیوں کا معتقد۔

Sic : (adv.) لاطینی لفظ جس کے معنی میں "ایسا" (عموماً اقتباس یا مقولے میں کسی لفظ یا جملے کے بعد قوسین میں یہ لفظ لکھ دیتے ہیں اور اس سے مراد یہ ہوتی ھے کہ یہ اصل کے مطابق ھے اگرچہ غلط ہونے کی وجہ سے اس کی اصلیت میں شبہ ہو) : ہٰذا۔

Sic : (v) [alt. 'of 'Seek'.] (۱) پیچھا کرنا : رگیدنا : حملہ کرنا۔ (۲) پیچھے لگانا : چھوڑنا (کتا وغیرہ)۔

Sicca rupee : (n) [Arab. 'Sikka'.] (۱) نیا روپیہ۔ (۲) حکومت بنگال کا جاری کردہ روپیہ (جو ۱۷۹۳ سے ۱۸۳۶ء تک رائج تھا۔

Siccative : (a) [Late L. 'Siccativus'.] خشک کرنے والی : خشکندہ : خشک ساز۔

Siccative : (n) خشک کرنے والی چیز : خصوصاً وہ چیز جو مصور روغن کو خشک کرنے کی غرض سے اس میں ملاتے ہیں۔

Sice/ Size : (n) [OFr. 'Sis'.] (۱) چھکا (پانسے کا) : اس طرح پانسہ پھینکنا کہ چھکا آئے۔ (۲) (Backgammon کھیل میں) دونوں بساطوں کے اندرونی سرے سے چھٹا پائنٹ۔

Sicel : (n) [Gr. 'Sikelos'.] اس نسل کا شخص جو گیارھویں صدی قبل مسیح میں آکر آباد ہوئی : صقلیہ کا قرون وسطیٰ کا باشندہ : صقلیہ کی اطالوی زبان۔

Siceliot : (n) [Gr. 'Sikeliotes'.] قدیم یونانی جو صقلیہ میں آباد ہو گیا تھا۔

Sicilian : (a) [L. 'Sicilia + -an'.] صقلوی : صقلیہ یا اس کے باشندوں کا۔

Sicilian : (n) صقلیہ کا باشندہ۔

Siciliana : (n) [It. 'Siciliano'.] صقلوی دہقانوں کا ایک رقص : اس رقص کی موسیقی۔

Sicilienne : (n) [Fr.] (۱) ریشم اور اون کا بنا عمدہ پاپلین۔ (۲) نرم اور ملائم اونی کپڑا۔

Sick : (a) [OE. 'Seoc'.] (۱) بیمار : مریض : علیل : ذہنی طور پر متاثر یا کمزور۔ (۲) پریشان : آزردہ : بیزار : اداس : غمگین۔ (۳) مائل بہ متلی۔ (۴) بے چین : بے قرار (کسی چیز کے لئے)۔ (۵) جو اکتا گیا ہو : جس کے ناک میں دم آگیا ہو (کسی چیز سے) تنگ : دق : بیزار : اکتایا ہوا۔ (۶) مرمت طلب (جہاز)۔ (۷) برے حال میں : خراب : بگڑی ہوئی (چیز)۔ (۸) بے رونق : زرد۔ (۹) بیماروں کا یا ان سے متعلق۔ (۱۰) زچگی یا وضع حمل کی حالت میں : حیض میں مبتلا۔ (۱۱) گرتا ہوا یا بند (بازار وغیرہ)۔ (۱۲) غیر نفع بخش (فصل)۔ (۱۳) (شیشہ) دھندلا۔ (۱۳) کج رو۔

Sick : (n) بیمار : مریض : روگی۔

Sick : (v) [Var. of seek.] (۱) کتے کو لہکانا ، چھوڑنا (حملہ کرنے کے لئے)۔ (۲) (کسی شخص کو) حملے کے لئے اکسانا : اشتعال دلانا : مشتعل کرنا۔

Sick-abed : (a) ذی فراش : مریض : علیل۔

Sick-abed : (n) مریض : روگی۔

Sick and tired : (a) تھکا ہوا : تھک کر چور : اکتایا ہوا۔

Sick-bay/ -berth : (n) (۱) جہاز کے عرشے کا وہ حصہ جو شفا خانے کے طور پر استعمال کیا جائے۔ (۲) ہسپتال کا وہ حصہ جہاں صرف مریضوں یا زخمیوں کو رکھاجاتا ھے۔

Sick-bed : (n) مریض کا بستر : بستر علالت۔

Sick-benefit : (n) مالی مدد جس کا بیمہ شدہ شخص حقدار ہو۔

Sick-book : (n) مریضوں (خصوصاً فوجی) کی فہرست۔

Sick-call : (n) (فوج) مریضوں کو بلانے کا بگل۔

Sick falg : (n) زرد رنگ کا جھنڈا جو قرنطینے کے مقام پر یا جہاز میں بیماری کی خبر دینے کے لئے نصب کر دیا جاتا ھے۔

Sick-headache : (n) صُفراوی درد سر : شقیقہ : آدھا سیسی کا درد۔

Sick-house : (n) اسپتال : شفاخانہ۔

Sick-leave : (n) (۱) رخصت علالت : بیماری کی چھٹی۔ (۲) رخصت علالت کی تنخواہ۔

Sick list : (n) بیماروں یا مریضوں کی فہرست جو جہاز ، رجمنٹ وغیرہ میں ہوتی ھے۔

On the sick list : بیمار : صاحب فراش۔

Sick-man : (n) ترک سلطان کو انیسویں صدی کے اواخر میں یہ کہا جاتا ھے۔

Sick-nurse : (n) بیماروں کی خدمت کرنے والی نرس ۔

Sick-nurse : (v) نرس بن کر بیماروں کی خدمت کرنا ۔

Sick pay : (n) رخصت علالت کی تنخواہ ۔

Sick-room : (n) بیمار یا مریض کا کمرہ (جس میں کوئی بیمار ہو یا بیمار کے لئے مخصوص ہو) ۔

Sicken : (v) (۱) طبیعت بگڑنا : جی برا ہونا : مرض کے آثار ظاہر ہونا : بیمار پڑ جانا ۔ (۲) گھن آنا : کراہت ہونا : دل کھٹا ہونا : کسی آرزو کے لئے گھٹنا ۔ (۳) متلی پیدا کرنا: جی متلانا ۔ (۴) دل کھٹا کر دینا : بیزار کر دینا : متنفر کر دینا : بیمار ڈال دینا ۔ (۶) کمزور یا بے ہوش کر دینا (ڈرا کر) : چکرا دینا ۔ (۷) ابتدائی علامت ہونا (بیماری کی)۔

Sickener : (n) دل کھٹا کرنے والا : اکتا دینے والا ۔

Sickening : (a) (۱) مریض ۔ (۲) بیمار ڈالنے والا : مریض بنانے والا ۔ (۳) اکتا دینے والا : گھناؤنا : نفرت انگیز ۔

Sickeningly : (adv.) اس طرح یا اس حد تک کہ متلی ہونے لگے : دل کھٹا ہو جائے یا طبیعت اکتا جائے : نفرت انگیزی سے : گھناؤنے پن سے ۔

Sicker : (n) [OE. 'Sicor'.] (۱) محفوظ : بے خطرہ : بے خدشہ ۔ (۲) یقینی : یقیناً : بھروسے کے قابل : قابل اطمینان ۔ (۳) مستحکم : مستقل مزاج : ثابت قدم : پکا : اٹل ۔ (۴) بے شبہ : مسلّمہ : یقینی ۔ (۵) مؤثر : کارگر : پر اثر ۔ (۶) باور کئے ہوئے : یقین دلائے ہوئے : مطمئن ۔

Sicker : (adv.) (۱) یقیناً : بے شک ۔ (۲) مؤثر طور سے : مضبوطی سے : استحکام کے ساتھ ۔ (۳) محفوظ طور پر : بے خدشہ ۔

Sickerly : (adv.) (۱) یقیناً : بے شک ۔ (۲) اعتماد کے ساتھ ۔ (۳) بے خدشہ : حفاظت سے : مضبوطی سے ۔ (۴) مستحکم طور سے ۔ (۵) تیزی سے : شدت سے ۔ (۶) یقینی طور پر ۔

Sickish : (a) (۱) مضمحل : ناساز : بیمار سا : روگی ۔ (۲) کسی قدر امتلا آور ۔

Sickishly : (adv.) مضمحل طور پر یا حالت میں ۔

Sickishness : (n) اضمحلال : ناسازی : علالت : روگ : مرض : بیماری : کسی قدر متلی ، مالش ، قے ۔

Sickle : (n) [OE. 'Sicol, Sicel'.] (۱) دانتی : درانتی : ہنسیا : داس ۔ (۲) درانتی نما کوئی چیز ۔ (۳) ہلال ۔ (۴) برج اسد ۔ (۵) سوت کاتنے والی مشین کا درانتی نما پرزہ ۔

Sickle : (v) (۱) درانتی سے کاٹنا ۔ (۲) درانتی کی طرح (خمیدہ) حرکت کرنا ۔

Sickle : (a) درانتی نما ۔

Sickle-bill : (n) پرندہ جس کی منقار یا چونچ درانتی جیسی ہوتی ہے : منجل منقار ۔

Sickle-cell : (n) ایک قسم کا غیر معمولی ہلال نما سرخ دموی خلیہ ۔

Sickle-cell anemia : (n) داسی خلیاتی بھُس : ایک قسم کی کم خونی ۔

Sickle-feather : (n) مرغ کی دم کا درمیانی لمبا پر ۔

Sickle-moon : (n) ہلال ۔

Sickle-pod : (n) امریکی جر جیح کوبی ۔

Sickle-tail : (n) (کتے وغیرہ کی) دم جو اوپر کی طرف مڑ کر پیٹھ پر چلی جاتی ہے : درانتی نما دم ۔

Sickled : (a) درانتی دار : درانتی سے کٹا ہوا ۔

Sickler : (n) کاٹنے والا : قطع کنندہ ۔

Sickless : (a) صحت مند : تندرست ۔

Sicklied : (a) مریض : بیمار سا : نازک مزاج ۔

Sicklily : (adv.) مریضوں کی طرح: بیماروں کی طرح ۔

Sickliness : (n) روگی پن ۔

Sicklocyte : (n) دیکھو Sickle-cell

Sickly : (v) (۱) پھیکا بنانا : زرد بنانا (رنگ وغیرہ) نیز مجازاً ۔ (۲) روگی بنانا : بیماروں کا سا بنانا ۔

Sickly : (adv.) ناساز گاری سے : ناشائستہ طریقے سے ۔

Sickness : (n) (۱) روگ : مرض : بیماری : علالت ۔ (۲) متلی : مالش : قے ۔ (۳) حیض : ماہواری ۔

Sid : (n) [Perh. from 'Seed'.] اناج کا اندرونی چھلکا ۔

Sida : (n) [Gr. 'Side'.] جنس بیج بند ۔

Siddow/ Sidder : (n) [Origin unkn.] نرم ، ملام ۔

Siddur : (n) [Heb.] یہودیوں کی عبادت کی کتاب ۔

Side : (n) [OE. 'Side'.] : (۱) سطح ؛ پہلو ۔ (۲) اغل بغل کا رخ ، پہلو ؛ بازو ۔ (۳) طرف ؛ جانب ؛ رخ ؛ جہت ۔ (۴) (ہندسہ) ضلع ۔ (۵) انسان یا جانور کے جسم کا وہ حصہ جو دائیں ، بائیں اور کولہے کی طرف ہوتا ہے: پہلو۔ (۶)بغلی حصہ ۔ (۷) حاشیہ ؛ سرا ؛ کنارہ ۔ (۸) پہلو ؛ رخ (سلسلے یا چیز کا) ۔ (۹) فریق ؛ جانب ؛ طرف ۔ (۱۰)(کسی مقرر خط کے) پار ، وار، پرے وغیرہ ۔ (۱۱)سلسلہ ، نسب ؛ طرف ۔ (۱۲) (اننٹے کا کھیل) ایک پہلو سے گیند کو چھڑی مار کر ایک خاص سمت کی طرف متحرک کرنا ۔ (۱۳) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جو سب سے اگلے حصے اور دنبالۂ جہاز کے درمیان اور خط آب کے اوپر ہوتا ہے ۔ (۱۴) پہاڑی کا ڈھلان ۔ (۱۵)دریا پانی کا کنارہ ۔ (۱۶) کسی جگہ یا خلا کو گھیرنے والی سطح ۔ (۱۷) (دباغت) اس چمڑے کا نصف جسے بیچ سے کاٹ دیا گیا ہو ۔ (۱۸) قطب نما کا نقطہ ۔ (۱۹) گرجا میں گانے والی جماعت کے دو حصوں میں سے ایک ۔ (۲۰) (کیمبرج) کالج کے ایک ٹیوٹر کے زیر نگرانی لڑکوں کی جماعت ۔ (۲۱) رویہ ، برتاؤ (ایک شخص کا دوسرے شخص کے ساتھ) ۔ (۲۲) آدمی اور ساز و سامان جو لٹھا بنانے میں لکڑی کے ایک حصے کو ہٹانے میں‌لگے ہیں ۔(۲۳) ٹیم ؛ کھلاڑیوں کی جماعت (ایک طرف کی) ۔ (۲۴) وہ کاغذ جس پر ایک ڈرامائی کردار کے مکالمے وغیرہ لکھے رہتے ہیں ۔ (۲۵) کسی عمارت کا وہ حصہ جو کسی شخص یا کام کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہو ۔

At side : ماں کے ساتھ (چوپائے کے بچے کے بارے میں کہا جاتا ہے)۔

By the side of : قریب ؛ پاس ؛ برابر ۔

On all sides : ہر طرف ۔

On both sides : دونوں طرف ۔

On each and every side : ہر طرف ۔

On either or each side : دونوں طرف ۔

On (One's) side : (کسی کی) طرف ۔

On the side : (۱) اصل (کا یا چیز کے) علاوہ ۔ (۲) ماتحت پیشہ ۔

On the (so-and-so) side : گویا اس طرح ۔

Over the side : (۱) جہاز کے باہر سے عرشے تک ۔ (۲) جہاز کے عرشے سے باہر تک ۔

Side-to-middle : پہلو اور وسط بدلتے ہوئے ۔

To take a (one's) side / -sides : طرف داری یا جانب داری کرنا (فریقین میں سے کسی کی) ۔

Side : (n) (عام) اکڑ ؛ غرور ؛ گھمنڈ ؛ عُجب ؛ کبر ؛ خود بینی ۔

To put on side : گھمنڈ کرنا ؛ بے جا غرور کرنا ۔

Side : (a) (۱) لمبا ؛ طویل ۔ (۲) مغرور ؛ گھمنڈی ۔ (۳) ضمنی ۔

Side : (v) (۱) ساتھ دینا ؛ جانبداری کرنا ؛ طرف داری کرنا ؛ پچ کرنا ۔ (۲) پہلو بہ پہلو چلنا یا کھڑا ہونا ۔ (۲)(مجازاً) ہم پلّہ ہونا ؛ برابری کرنا ۔ (۳) ترتیب دینا ؛ سجانا ۔ (۵) (لکڑی کے) کناروں کو چورس کرنا ؛ ابعادی بنانا ۔ (۶) (بحری) رسے کو جہاز سے اوپر یا باہر لٹکانا ؛ پہلو کی طرف کھینچنا ۔ (۷) پہلو دار بنانا ۔ (۸) کتاب کی جلد پر کاغذ یا کپڑا چڑھانا (پشت اور کونے بنانے کے بعد) ۔ (۹) پہلو کی طرف گھومنا یا مڑنا ۔ (۱۰)طرف دار ہونا ؛ جانب دار ہونا ۔

Side-action :(n) (دوا وغیرہ کا) ضمنی اثر ۔

Side-arm : (n) (فوج) تلوار ؛ سنگین ۔

Side arm : (a) اس طرح پھینکنے سے متعلق جس میں ہاتھ مونڈھے سے اوپر نہیں اٹھتا ہے ۔

Side arm : (adv.) مونڈھے تک ہاتھ اٹھا کر ۔

Side axe : (n) کلہاڑی جس کا دستہ ایک طرف مڑا رہتا ہے ۔

Side-bar : (n) (۱) (قانون) ایڈنبرا کی پارلیمنٹ اور ویسٹ منسٹر ہال کا کٹہرا ۔ (۲) بغلی یا لمبالکڑی کا ڈنڈا جو کاٹھی یا بگھی وغیرہ میں لگا رہتا ہے ۔ (۳) ضمنی خبر نامہ۔

Side-bar rule : (n) انگریزی قانون کے مطابق وہ حکم جو بغیر درخواست کے دیا گیا ہو ۔

Side bench : (n) چھوٹی کشتی کی بغلی نشست ۔

Side-bet : (n) ضمنی شرط۔

Side-board : (n) (۱) کھانے کے ظروف رکھنے کی خانہ دار میز۔ (۲) بغلی تختہ۔

Side-bone : (n) (۱) (پرندے کی) بازوؤں کے نیچے کی دو شاخہ ہڈی : بغلی ہڈی۔ (۲) گھوڑے کے پاؤں کے بغلی غضروف کی ہڈی : تعظم بغلی۔

Side-box : (n) تھیٹر کی بغلی نشست۔

Side-boy : (n) ان آٹھ سے دس جہاز کے عملے میں سے ایک جسے کسی معزز ہستی یا شخص کی آمد یا رخصت کے وقت جہاز کے اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کے پلیٹ فارم پر تعظیم کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے۔

Side-burned : (a) گل مچھے والا۔

Side-burns : (n) گل مچھے۔

Side by side : (adv.) پہلو بہ پہلو : برابر برابر۔

Side-by-side : (n) ایک قسم کی دو نالی بندوق جس کی نالیاں پہلو بہ پہلو ہوتی ہیں۔

Side-car : (n) (۱) بغلی نشستوں والی گاڑی (موٹر)۔ (۲) موٹر سائیکل کی بغلی نشست۔ (۳) ایک قسم کی کاک ٹیل (شراب)۔

Side-centred : (a) (بلور) جس کا مرکز بغلی رخ پر ہو۔

Side chain : (n) زنجیر شاخی : جانبی زنجیر۔

Side-chian theory : (n) نظریہ جانب زنجیری۔

Side-chair : (n) بے بازو کرسی (خصوصاً کھانے کے کمرے کی)۔

Side-coat : (n) لبادہ : فرغل : اوور کوٹ۔

Side comb : (n) چھوٹی خمیدہ کنگھی عورتوں کے بالوں کو اپنی جگہ پر درست رکھنے کے لئے۔

Side cut : (n) متقاطع راستہ جو شاہراہ سے نکلتا ہے۔

Side-cut : (a) بے گودا (لکڑی)۔

Side-dish : (n) کوئی پر تکلف کھانا جو عام کھانوں کے علاوہ دعوت میں کھایا جائے۔

Side-door : (n) (۱) بغلی دروازہ۔ (۲) (مجازاً) بالواسطہ ٹیڑھا یا ناجائز کام۔

Side-drawn : (a) پہلو سے خاکہ کھینچا ہوا۔

Side-dress : (v) (کھاد وغیرہ) پودوں میں ڈالنا۔

Side-drum : (n) بغلی ڈھول : ایک طرح کا گلے میں ڈالنے کا ڈھول۔

Side-effect : (n) (دوا وغیرہ کا) ضمنی اثر۔

Side-eyed : (a) جس کی آنکھیں سر کے بغل میں ہوں۔

Side-face : (n) چہرے کا ایک رخ : چہرے کی یک رخی تصویر۔

Side-frame : (n) موٹر کی لمبائی (کسی طرف سے)۔

Side-frequency : (n) جانبی تعدد (ارتعاش)۔

Side-glance : (n) (۱) ترچھی نگاہ۔ (۲) (مجازاً) سرسری حوالہ : بالواسطہ حوالہ۔

Side-glance : (v) کنکھیوں سے دیکھنا۔

Side-hall : (a) جس کا دروازہ پہلو میں ہو : بغلی دروازے کا۔

Side-hill : (n) پہلو کوہ : دامن کوہ۔

Side-issue : (n) ضمنی بات : علاحدہ مسئلہ۔

Side-judge : (n) چیف جج کے پہلو میں بیٹھنے والا جج : معاون جج (کسی عدالت کا)۔

Side lamp : (n) گاڑی (موٹر) کی بغلی روشنی۔

Side-land : (n) جُتے ہوئے کھیت کے بغل کی زمین۔

Side-light/ Side light / Sidelight : (n) (۱) روشنی جو ایک پہلو یا طرف سے آتی ہو۔ (۲) (مجازاً) ضمنی مثال یا تشریح۔ (۳) چلتے ہوئے جہاز کی بغلی روشنی (جو ایک طرف سے سرخ اور داہنی طرف سے سبز ہوتی ہے)۔ (۴) ایک کھڑکی کسی عمارت یا جہاز کے پہلو میں (روشنی کے لئے)۔ (۵) کسی بڑی کھڑکی کا بغلی حصہ : بغلی کھڑکی۔

Side-line : (n) (۱) بغلی خط۔ (۲) ضمنی لائن (ٹرام، ریل وغیرہ کی)۔ (۳) وہ ڈوری جس سے مویشی کی حفاظت کے لئے ایک طرف کی اگلی اور پچھلی ٹانگیں باندھی جاتی ہیں۔ (۴) ضمنی کام : ذیلی : ثانوی۔

On the sideliness : (n) بیکلر : تماشائی کی طرح ۔

Side-line : (v) (مویشی وغیرہ کی) ایك طرف کی دونوں ٹانگیں ڈوری سے باندھنا : محفوظ رکھنے کے لئے ۔

Side-lock : (a) بالوں کی لٹ جو چہرے کے ایك طرف گری ہوتی ہے ۔

Side long / Sidelong : (adv.) (۱) پہلو کی طرف ۔ (۲) پہلو بہ پہلو: ساتھ ساتھ ۔ (۳) کروٹ میں ۔

Side look : (n) ترچھی نگاہ ، نظر ۔

Side-note : (n) حاشیہ ۔

Side-on : (adv.) (کسی خاص سمت) پہلو کئے ہوئے ۔

Side-out : (n) کسی ٹیم کے گیند پھینکنے کی باری کا اختتام ۔

Side partner : (n) شریك کار : ہم کار ۔

Side piece : (n) بغلی حصہ : پہلو کا حصہ (کسی چیز کا) ۔

Side-pocket : (n) بغلی جیب ۔

Side-porch : (n) بغلی برساتی (کسی عمارت کی) ۔

Side-post : (n) دروازے کا بازو یا بغلی حصہ ۔

Side-rail : (n) بغلی سلاخ ۔

Side road : (n) معاون راہ : بازو کا راستہ ۔

Side-saddle : (n) یك رخی کاٹھی (عموماً عورتوں کے بیٹھنے کی کاٹھی جس پر دونوں پیر ایك طرف لٹکائے جا سکتے ہیں) ۔

Side-saddle : (adv.) یك رخی کاٹھی پر : پہلو کی طرف کو ۔

Side-saddle : (v) (کاٹھی پر) دونوں پیر ایك طرف کر کے بیٹھنا ۔

Side-saddle flower : (n) امریکی دلدلی پودا ۔

Side-seat : (n) (۱) گھوڑے کی زین پر دونوں پیروں کو ایك طرف کر کے بیٹھنے کا انداز ۔ (۲) بغلی نشست (گاڑی کی) ۔

Side-show : (n) ضمنی معاملہ : ضمنی تماشا : ضمنی نمائش ۔

Side-slip : (n) (۱) حرامی بچہ : ولد الزنا : ناجائز اولاد ۔ (۲) پہیے وغیرہ کا پہلو کی طرف پھلسنا ۔ (۳) (طیارے کا) سامنے چلنے کی بجائے پہلو کی طرف چلنا : ٹیڑھا چلنا: بغلی چال چلنا ۔

Side-slip : (v) (طیارے کا) سامنے چلنے کی بجائے پہلو کی طرف چلنا ۔

Side-splitter : (n) مضحك کہانی وغیرہ ۔

Side-splitting : (a) نہایت مضحك ۔

Side-step : (n) (۱) وہ قدم جو دائیں یا بائیں رکھا جائے : ٹیڑھا قدم ۔ (۲) پائدان (گاڑی کا) ۔

Side-step : (v) (۱) ٹیڑھا قدم رکھنا : دائیں بائیں قدم رکھنا ۔ (۲) گریز کرنا : بچنا ۔ (۳) (فٹ بال میں) دائیں بائیں قدم رکھ کر بچنا : اِدھر اُدھر گھمانا پھرانا ۔

Side-stick : (n) (طباعت) پچر نما چھڑی جو ٹائپ کی بندش کو مقفل کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Side-street : (n) گلی : گلیاری ۔

Side-stroke : (n) (۱) تیراکی کا بغلی ہاتھ : پانی میں کروٹ ہو کر تیرنے کا ایك طریقہ : وہ ہاتھ جو اس طرح سے تیرنے میں پانی کے اندر رہتا ہے ۔ (۲) ضمنی فعل ۔

Side-stroke : (v) پانی میں کروٹ ہو کر تیرنا ۔

Side suit : (n) رنگ کے علاوہ ایك طرح کے دوسرے پتے جو ہاتھ میں ہوں ۔

Side-table : (n) دیوار سے لگا کر رکھا جانے والا ٹیبل : بڑی میز کے ساتھ لگا کر رکھی جانے والی چھوٹی میز ۔

Side-tackle : (n) (فٹ بال) ان دو کھلاڑیوں میں سے ایك جو گول کے پاس دفاع کے لئے رہتے ہیں ۔

Side-tool : (n) بغلی اوزار ۔

Side-tone : (n) (۱) (ٹیلیفون) رسل سے بھیجے ہوئے سگنل جو آواز گیر میں سنائی دے ۔ (۲) بولنے والے کی آواز جو خود اسے سنائی دے ۔

Side-track : (n) (۱) ریل کی سائیڈنگ : بغلی پٹری ۔ (۲) ضمنی درجہ یا حالت ۔

Side-track : (v) (۱) سائیڈنگ میں کھڑا کرنا : بغلی پٹری پر لانا : پٹری بدلنا ۔ (۲) ٹال دینا : ملتوی کر دینا ۔ (۳) موڑنا : پھیرنا: ضمنی بنانا ۔

Side trip : (n) سیر سپاٹا جو کسی تفریحی سفر میں ضمناً کیا جائے ۔

Side-view : (n) یک رخی منظر : نیم رخی منظر یا تصویر ۔

Side-walk : (n) اونچی پٹری جو سڑک کی دونوں طرف پیدل چلنے والوں کے لئے بنائی جاتی ھے : پیدل پٹری ۔

Side ward : (a) یک طرفہ : یک رخہ ۔

Side-way/ Sideway : (n) (۱) شاہراہ سے نکلنے والا راستہ ۔ (۲) پیدل پٹری ۔

Side-wheel : (a) (جہاز) جس کی پھل دار چرخیاں پہلو میں ہوں ۔

Side-wheeler : (n) جہاز جس کی پھل دار چرخیاں پہلو میں ہوتی ہیں۔

Side-wind/ Sidewind/ Side wind : (n) (۱) دائیں یا بائیں طرف کی ہوا : پہلو کی طرف سے چلنے والی ہوا ۔ (۲) بالواسطہ عامل یا متحرک : بالواسطہ اثر ۔ (۳) بالواسطہ ذریعہ ، طرز یا طریقہ۔

Side-winder : (n) (۱) مُکے کی بغلی کاری ضرب ۔ (۲) گرتا ہوا درخت جو دوسرے درخت پر گھومتا ہوا گرے : وہ درخت جو گرتے ہوئے درخت سے ٹکرا کر گر پڑے ۔

Side-winder : (n) ڈیٹر یا سانپ کی ایک جنس ۔

Side-work : (n) (۱) (قلعہ بندی) بغلی تعمیر ۔ (۲) دائیں بائیں چھلانگ لگانا (گھوڑے کا) ۔

Side yard : (n) بغلی احاطہ ۔

Sideband : (n) (لاسکی) جانبی بند : سائیڈ بینڈ ۔

Sidecheck : (n) قائزہ جو گھوڑے کے سر کے بغل سے لگایا جاتا ھے ۔

Sided : (a) (۱) پہلو دار : رخ دار یا جس میں رخ ہو ۔ (۲) (بحری) ڈھانچے کے برعکس مخصوص بُعد والا (جہاز)۔ (۳)ایک یا زیادہ کناروں کی چکنی کی ہوئی (لکڑی) ۔

Sideness : (n) (۱) پہلو دار ہونا : پہلوداری ۔ (۲) کسی خاص عضو کا میلان تسلط ۔

Sidekick/ Sidekicker : (n) رفیق (خاص کر ماتحت کی حیثیت سے): معاون : شریک ۔

Sideless : (a) (لباس) جس کا آگا پیچھا نہ ہو : بغیر آگا پیچھا والا (لباس) ۔

Sideliner : (n) تماشائی : (کسی کام میں) شرکت نہ کرنے والا ۔

Sideling : (n) ڈھلوان : کج ۔

Sideling : (adv.) پہلو کی طرف : پہلو کی طرف سے : آڑے سے ترچھے رخ یا سمت میں ۔

Sideling : (a) (۱) آڑا : ترچھا : پہلو کی طرف مائل یا رخ کئے ہوئے ۔ (۲) (مجازاً) غیر مستوی ۔ (۳) ڈھلوان ۔

Sidelings : (adv.) دیکھو Sideling

Sidelong : (prep.) قریب : پاس : برابر ۔

Sidelong : (a) (۱) ترچھا ۔ (۲) ڈھلوان ۔ (۳) ایک جانب یا رخ کا ۔ (۴) غیر مستوی : پیچیدہ : مبہم ۔

Sidepiece : (n) بغلی حصہ : پہلو کا حصہ (کسی چیز کا) ۔

Sider : کسی خاص طرف کا یا رہنے والا ۔

Sideral : (a) [L. 'Sideralis'.] نجمی : کوکبی ۔

Sidereal : (a) [L. 'Sidereus'.] (۱) نجمی : کوکبی ۔ (۲) کوکب نما : ستارہ جیسا ۔ (۳) ثوابت یا بروج سے متعلق ۔

Sidereal day : (n) روز فلکی (روز شمسی سے چار ثانیہ کم ہوتا ھے) ۔

Sidereal hour : (n) روز فلکی کا چوبیسواں حصہ : نجمی گھنٹہ ۔

Sidereal minute : (n) نجمی گھنٹے کا ساٹھواں حصہ : نجمی منٹ ۔

Sidereal month : (n) ماہ فلکی : ماہ نجمی ۔

Sidereal noon : (n) نجمی دو پہر : نصف النہار نجمی ۔

Sidereal time : (n) زمان فلکی : نجمی وقت ۔

Sidereal year : (n) سال فلکی : سال نجمی ۔

Siderite : (n) [Fr. 'Siderite'.] (۱) خاکستری رنگ کا پتھر (غالباً نیلم) ۔ (۲) شہاب آہنی ۔ (۳) گار کھود ۔ (۴) چمبک پتھر : شہابی آہن ۔

Sideritic : (a) آہنی فاسفیٹ والا ۔

Sidero- : (Prefix.) سابقہ بمعنی "آہن ، لوہا ، فولاد"۔

Siderograph : (n) فولادی نقش ۔

Siderograph : (n) نجمی وقت بتانے کا آلہ ۔

Siderographer : (n) فولادی نقش کار : فولاد نگار ۔

Siderographic : (a) فولادی نقش کاری سے متعلق : فولادکاری سے متعلق ۔

Siderographist : (n) فولاد نگار : فولادی نقش کار ۔

Siderography : (n) فولادی نقش کاری : فولاد نگاری : لوھے پر کندہ کاری کا طریقہ ۔

Siderolite : (n) شہاب آہن آمیز : سنگ آہنی ۔

Siderolithic : (a) شہاب آہن آمیز کی صفت کا ۔

Sideroscope : (n) آہن نما : لوھے کے باریک ذرات معلوم کرنے والا آلہ ۔

Siderose : (adv.) لوھے کی طرح ۔

Siderosis : (n) آہنیت : سمیت آہنی ۔

Siderostat : (n) [L. 'Sidus'.] نجوم قرار : فلك قرار ۔

Siderostatic : (a) نجوم قرار سے متعلق ۔

Siderotic : (a) سمیت آہنی سے متعلق ۔

Siderous : (a) آہنی : فولادی ۔

Sidesman : (n) گرجا کے نگراں کا معاون ۔

Sidespin : (n) وہ گردان حرکت جس کی وجہ سے گنبد افقی طور پر گھومتا ھے ۔

Sidesway : (n) (موٹر گاڑی کا) اِدھر اُدھر جھونکا کھانا ۔

Sideswept : (a) ایك جانب آراستہ کیا ہوا (لباس یا بال وغیرہ) ۔

Sideswipe : (v) پہلو میں ترچھی رگڑ مارنا (کھڑی گاڑی وغیرہ میں) ۔

Sidewalk artist : (n) وہ مصور جو سڑکوں یا فٹ پاتھ پر تصویر بناتا ھے تاکہ راہگیروں سے پیسے ملیں ۔

Sidewalk-bike : (n) بچوں کی سائیکل جس کے پچھلے چکے کے ساتھ دو اور چکے رہتے ہیں جو بچوں کے سائیکل چلانا سیکھنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں ۔

Sidewall : (n) بغلی دیوار ۔

Sideward : (adv.) ایك طرف : ایك جانب : پہلو کی طرف کو : پہلو کی طرف سے ۔

Sidewards : (adv.) دیکھو Sideward

Sidewash : (n) ہوائی جہاز کے پہلو کی طرف سے بہنے والی ہوا ۔

Sideway : (adv.) (۱) پہلو کی طرف کو : پہلو کی طرف سے ۔ (۲) آڑا ترچھا ۔ (۳) ایك طرف کو جھکتے ہوئے ۔ (۴) بالواسطہ ۔

Sideway : (a) ایك پہلو سے آنے والا یا ایك پہلو تك جانے والا : بغلی (راستہ) ۔

Sideways : (adv.) دیکھو Sideway

Sideways : (a) دیکھو Sideway

Sidewise : (adv.) (۱) پہلو کی طرف : ایك جانب ۔ (۲) دیکھو Sideways ۔ (۳) پہلو کی طرف سے ۔

Sidewise : (a) دیکھو Sideward

Sidhe/ Shee : (n) [Ir. 'Sidh'.] (۱) زمین دوز قلعہ جس میں گیلك متداول عقیدے کے مطابق پریاں رہتی ہیں ۔

Sidi : (n) [Arb. 'Sayyidi'.] (۱) مدبر افریقی مسلمان کا خطاب ۔ (۲) حبشی : افریقی ۔

Siding : (n) (۱) طرفداری : حمایت ۔ (۲) ایك جانب ہٹنا یا چلنا ۔ (۳) لکڑی کے پہلو کو چھیلنا ۔ (۴) (جہاز سازی) شہتیر کی جسامت (مرکزی خط کے متوازی ناپ کر) ۔ (۵) (ریل کی) سائیڈنگ : بغلی پٹری ۔ (۶) تختوں کا سلسلہ جو دیوار میں ایك کے اوپر ایك پانی بہانے کی غرض سے لگا دیتے ہیں : آبریز تختے ۔ (۷) لکڑی کے لٹھے کا اوپری تختہ (جسے کاٹنے کے بعد شہتیر بنتا ھے) ۔ (۸) نہر کا وہ حصہ جہاں سے دو جہاز گزر سکیں ۔

Siding tool : (n) دیکھو Side-tool

Sidle : (v) [Back-formation from Sideling.] (۱) دبك کر چلنا (ڈر یا خوشامد کی وجہ سے) ۔ (۲) پہلو کی طرف چلنا ۔

Sidle : (n) دبك کر چلنا ۔

Sidlingly : (adv.) دبك كر چلتے ہوئے ۔

Sidonian : (n) [L. 'Sidonius'.] سیڈون کا باشندہ : سیڈونی ۔

Sidonian : (a) سیڈونی : سیڈون کا ۔

Sie : (v) [ME. 'Sien'.] (۱) چھاننا : چھان کر الگ کرنا ۔ (۲) ٹپکنا : قطرے قطرے گرنا ۔

Siege : (n) [ME. 'Sege'.] (۱) شیشے پگھلانے والی بھٹی کا فرش ۔ (۲) لکڑہارے کا ٹیبل ۔ (۳) محاصرہ ۔ (۴) سخت اصرار : پیچھے پڑ جانا ۔

To lay siege : دیکھو Lay

Siege : (v) محاصرہ کرنا : گھیر لینا ۔

Sieger : (n) محاصرہ کرنے والا ۔

Sienese/ Siennese : (n) [f. 'Siena, Sienna+ -ese.] سینا کا باشندہ ۔

Sienese/ Sienense : (a) سینا کا ۔

Sienna : (n) [It. 'Terra di Sienna'.] (۱) سینا : گیرو کی قسم کی مٹی جو خام یا جلا کر رنگ کے طور پر استعمال کی جاتی ھے ۔ (۲) سینا کا رنگ ۔

Sierra : (n) [Sp. 'Sierra'.] (۱) طویل نا ہموار سلسلۂ کوہ : کوہستان ۔ (۲) سلسلۂ کوہ ۔ (۳) اسپین کی ماکریل مچھلی ۔ (۴) (علم النجوم) دیکھو Chromosphere ۔

Sierran : (a) کوہستانی : سلسلۂ کوہ سے متعلق ۔

Siesta : (n) [Sp. 'Siesta'.] قیلولہ (دو پہر کو کھانے کے بعد قدرے آرام کرنا) ۔

Siesta : (v) قیلولہ کرنا ۔

Sieve : (n) [OE. 'Sife'.] (۱) چھلنی : غربال ۔ (۲) ایک قسم کی ٹوکری جو پیمانے کے طور پر استعمال ہوتی ھے ۔ (۳) پیٹ کا ہلکا شخص : وہ شخص جو راز کو چھپا نہ سکتا ہو ۔

Sieve : (v) (۱) چھلنی میں چھاننا ۔ (۲) چھان بین کرنا : جانچ پڑتال کرنا ۔ (۳) سوراخ دار بنانا ۔ (۴) چھننا ۔

Sieve-cell : (n) (نباتیات) غربالی خلیہ ۔

Sieve disc : (n) (نباتیات) غربالی قُرص ۔

Sieve-plate : (n) (۱) غربالی پلیٹ : تختی : غربالیہ : لوح غربال ۔ (۲) (کاغذ سازی) چھلنی (جس سے گودے چھنتے ہیں) ۔

Sieve pore : (n) (نباتیات) غربالی مسام ۔

Sieve tissue : (n) (نباتیات) غربالی ریشہ ۔

Sieve-tube : (n) (نباتیات) نلی ۔

Sieve-vessel : (n) (نباتیات) غربالی رگ ۔

Siffle : (v) [ME. 'Siflen'.] سسکاری کے ساتھ بولنا ۔

Siffleur : (n) [Fr.] (۱) سسکاری بھرنے والا جانور : خصوصاً سیٹی مارنے والی ایک قسم کی گلہری ۔ (۲) پیشہ ور سیٹی بجانے والا ۔

Sifflot : (n) [G.] ایک قسم کی بانسری ۔

Sift : (v) [OE. 'Siftan'.] (۱) (چھلنی یا اسی قسم کی کسی چیز سے) پچھوڑنا : پھٹکنا : رولنا ۔ (۲) (مجازاً) آزمانا : آزمائش کرنا (کسی شخص کی) ۔ (۳) پوچھ گچھ کرنا : پوچھ تاچھ کرنا : جرح کرنا ۔ (۴) (مجازاً) تحقیق کرنا : چھان بین کرنا : جانچ پڑتال کرنا ۔ (۵) چھننا : آزمائش سے گزرنا ۔ (۶) انگلیاں پھیرنا (بالوں وغیرہ میں) ۔

Sift : (n) چھان کر الگ کی ہوئی چیز : چھاتن ۔

Sifter : (n) (۱) چھاننے والا ۔ (۲) چھلنی ۔

Sig : (n) [Origin unkn.] پیشاب ۔

Sig : (n) Signature کا مخفف ۔

Sigh : (n) (۱) آہ : ٹھنڈی سانس ۔ (۲) ہوا کا سن سن چلنا ۔

Sigh : (v) (۱) آہ بھرنا : ٹھنڈی سانس بھرنا ۔ (۲) اطمینان کی گہری سانس لینا ۔ (۳) کسی چیز کی حسرت یا آرزو میں بے چین ہونا : کسی چیز کے لئے کڑھنا ۔ (۴) گریہ کرنا : نالہ کرنا ۔ (۵) آہیں بھر بھر کر وقت ضائع کرنا ۔

Sigher : (n) آہیں بھرنے والا ۔

Sighing : (n) آہیں بھرنا : گریہ کرنا ۔

Sighing : (a) (۱) ٹھنڈی سانس کے ساتھ کہا ہوا ۔ (۲) آہ بھرنے والا ۔

Sighingly : (adv.) ٹھنڈی سانس لے کر : آہ بھر کر ۔

Sight : (n) [OE. 'Sihp'.] (۱) بصارت : بینائی : قوت باصرہ : نظر : نگاہ. (۲)دیدار : درشن : نظارہ: دید : رویت ۔ (۳)منظر: دائرۂ نظر : حد نگاہ : جہاں تك دكھائی دے ۔ (۴) دیکھنے کی کوئی چیز : تماشا : قابل دید چیز : قابل نظارہ چیز ۔ (۵) بڑی مقدار : بہت کچھ یا بہت سا ۔ (۶) بندوق کی مکھی : شست جو اس سے یا کسی اور آلے سے باندھی جائے ۔ (۷) بصیرت ۔ (۸) امتحان : آزمائش جانچ ۔ (۹)آنکھ کی پتلی ۔ (۱۰) شفاف کھڑکی جس سے کسی بند کوٹھری میں ہونے والی چیز یا عمل دیکھا جاسکے ۔ (۱۱) (جمع) نشانہ : منزل مقصود ۔

After sight : بعد رویت ۔

A sight for sore eyes : جسے دیکھ کر آنکھوں کو راحت ہو : خصوصاً وہ مہمان جس کے آنے سے دل خوش ہو ۔

At first sight : پہلی نظر میں : بادی النظر میں ۔

At sight : عندالرویت : دیکھتے ہی ۔

At (upon) the sight of : نظر آتے ہی : پہلی نظر میں ۔

In one's sight : آنکھوں کے سامنے ۔

In or within sight of : (کسی مقام سے) نظرآنا ۔

In sight : نظر کے سامنے ۔

Line of sight : دید بین اور شکار کے درمیان کا فرضی خط ۔

On sight : دیکھو At sight

Out of (all) sight : بے قیاس : بے گمان : بے شمار : بے حد ۔

Out of one's sight : نظر سے دور : دائرۂ نظر سے باہر ۔

To be a sight : تماشا بن جانا ۔

To lose sight of : یاد نہ رکھنا : ذہن میں نہ رکھنا ۔

To sight : نظر میں ۔

Sight : (v) (۱) دیکھنا : نظر پڑنا : نظر آنا ۔ (۲) (ستاروں وغیرہ کا) مشاہدہ کرنا (خصوصاً آلات کے ذریعے) (۳)بندوق وغیرہ میں مکھی لگانا ۔ (۴) بندوق کی مکھی کو درست کرنا ۔ (۵) بندوق کی مکھی وغیرہ کی مدد سے شست باندھنا ۔ (۶) کسی خاص سمت میں غور سے دیکھنا ۔

To sight the anchor : لنگر کھینچنا (تاکہ نظر آ سکے) ۔

Sight : (a) (۱) نظری ۔ (۲) درشنی ۔

Sight-board : (a) (کرکٹ) وہ پردا جو دونوں وکٹوں کے پیچھے سرحدی خط پر رکھ دیا جاتا ہے تاکہ گیند اچھی طرح نظر آسکے ۔

Sight-chase : (n) (کتوں کے ذریعے) شکار کا تعاقب جو کتے شکار کو دیکھ کر کرتے ہیں ۔

Sight-draft : (n) درشنی ڈرافٹ ۔

Sight-gag : (n) تفنن آمیز تصویر یا تصویری کہانی ۔

Sight glass : (n) نلکی یا ٹینك کا شفاف حصہ جس سے رقیق کی سطح یا روانی دیکھی جاتی ہے ۔

Sight-hole : (n) دیکھنے کا سوراخ (خصوصاً سروے کے یا دوسرے آلات میں) ۔

Sight in : (v) شست درست کرنا ۔

Sight-read : (v) بغیر تیاری یا تربیت کے گانا یا بجانا ۔

Sight reader : (n) بغیر مشق کئے گانے یا بجانے والا ۔

Sight-see : (v) سیر کرنا ۔

Sight-seeing : (n) سیر ۔

Sight-seer : (n) سیر کرنے والا ۔

Sight-shot : (n) حد نظر : حد بصر : نگاہ کی زد ۔

Sight-singing : (n) بغیر مشق کے گانا ۔

Sight unseen : (adv.) بغیر دیکھ بھال کئے ہوئے ۔

Sight-worthy : (a) قابل دید : نظارہ ۔

Sighted : (a) (۱) دیکھنے والا ۔ (۲) مکھی لگا ہوا (اسلحہ) ۔ (۲) صاحب بصارت ۔

Sighter : (n) (۱) ناظر : دیکھنے والا ۔ (۲) دیکھو Sighting-shot ۔

Sighting : (n) (۱) نشانہ لگانا : شست باندھنا ۔ (۲) (ہوائی جہاز یا کسی دوسری اڑتی ہوئی بے شناخت چیز کو) دیکھنا ۔

Sighting shot : (n) وہ فائر جو مکھی کو درست کرنے کے لئے کیا جائے ۔

Sightless : (a) (۱) نا بینا : کور چشم : اندھا : بے بصر ۔ (۲) مخفی : غیر مرئی : جو نظر نہ آئے : جو دیکھا نہ جا سکے ۔

Sightlessly : (adv.) نا بینا طور پر : غیر مرئی طور پر : کور چشمی سے ۔

Sightlessness : (n) اندھاپن : کور چشمی : نابینا ہونا : غیر مرئی ہونا ۔

Sightliness : (n) خوش نمائی : خوبصورتی ۔

Sightly : (a) خوشنما : خوبصورت ۔

Sightsman : (n) (۱) آثار قدیمہ کا رہبر : گائیڈ ۔ (۲) بغیر مشق کئے گانے بجانے والا ۔

Sigil : (n) [Late L. 'Sigilum'.] (۱) مہر ۔ (۲)(علم النجوم) پر اسرار علامت ۔ (۳) (قدیم روما) چھوٹا بت ۔

Sigillaria : (n) [mod. L. 'Sigillum'.] (ارضیات) متحجر درخت ۔

Sigillarid : (n) دیکھو Sigillaria

Sigillarid : (a) متحجر درخت سے متعلق ۔

Sigillate : (v) سر بہ مہر کرنا : مہر لگا کر بند کرنا ۔

Sigillate : (a) (۱) (چینی مٹی وغیرہ کے برتن) جن پر ٹھپے لگے ہوئے نقش ہوں : ٹھپے دار ۔ (۲) (نباتیات) جن پر مہرے نشان ہوں ۔

Sigillated : (a) دیکھو Sigillate

Sigillation : (n) (۱)نشان یا مہر کا ٹھپہ ۔ (۲) ٹھپے لگانا (برتن وغیرہ پر) ۔

Sigillography : (n) [Fr. 'Sigillographie'.] مہروں کا علم : خاتمیات ۔

Sigla : (n) [Late L.] مخفف ۔

Siglarian : (a) مخففات سے متعلق ۔

Sigma : (n) [Gr.] (۱) سگما : یونانی حروف تہجی میں اٹھارھواں حرف جو S کی آواز دیتا ھے ۔ (۲) سگما کی شکل کی کوئی چیز ۔

Sigmate : (v) کسی لفظ میں سگما یا S کا اضافہ کرنا ۔

Sigmate : (a) یونانی حرف سگما یا انگریزی حرف "S" کی شکل کا ۔

Sigmatic : (a) سگما سے بنایا ہوا : جو سگما لگا کر بنایا جائے ۔

Sigmation : (n) سگما یا ایس (S) کا اضافہ ۔

Sigmatism : (n) (۱) سگما ایس (S) کا نمایاں استعمال ۔ (۲)صفیری اصوات کو غلط طور سے ادا کرنا ۔

Sigmodont : (a) [mod. L. 'Sigmodontos'.] موش نما جانور کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sigmodont : (n) موش نما کترنے والا جانور ۔

Sigmoid : (a) [Gr. 'Sigmoides'.] سگمائی : سگما کی شکل : ہلالی : نا مکمل دائرہ : سڑا ہوا : انگریزی حروف C یا S کی طرح : آنت کا آخری خم لگایا ہوا ۔

Sigmoid : (n) الٹا موڑ : قولون کا دو خمہ بل یا پیچ ۔

Sigmoid flexure : (n) بل دو خمہ : پیچ خمہ ۔

Sigmoidal : (a) دو خمہ ۔

Sigmoidally : (adv.) دو خمہ طور پر : دو خمہ ہو کر ۔

Sigmoidoscope : (n) دو خمہ بیں ۔

Sigmoidodscopic : (a) دوخمہ بیں سے متعلق ۔

Sigmoidostomy : (n) جراحی کے ذریعے معدہ میں مصنوعی مقعد کی پیوند کاری ۔

Sign : (n) [Fr. 'Signe'.] (۱) نشان ۔ (۲) علامت ۔ (۳) نشانی : دلیل : آثار ۔ (۴) معجزہ : کرامت : بشارت : اشارۂ غیبی : لطیفۂ غیبی ۔ (۵) سائن بورڈ : نشان (وہ تصویر وغیرہ جسے دکان دار اور سرائے والے اپنی پہچان کے لئے مقرر کر لیتے ہیں) ۔ (۶) اشارہ ۔ (۷) برج ۔ (۸) (دینیات) ظاہر ۔ (۹) (طب) علامت ۔

At the sign of : سرائے وغیرہ کے نشان پر ۔

In sign of (or that) : بطور علامت : علامت کے طور پر ۔

Sign : (v) (۱) نشان بنانا : علامت قائم کرنا ۔ (۲) دستخط کرنا (کسی چیز پر) ۔ (۳) اپنا نام اپنے قلم سے لکھنا ۔ (۴) ملازمت وغیرہ کے معاہدے پر دستخط کرنا : ملازم رکھنا (معاہدے پر دستخط کرا کے) ۔ (۵) اشارے سے کہنا : دلالت کرنا :

Sign vehicle : (n) علامتی ذریعہ۔

Sign writer : (n) سائن بورڈ لکھنے والا۔

Signable : (a) قابل دستخط۔

Signal : (n) [Fr.] (۱) اشارہ : سگنل۔ (۲) اطلاع دینے والی چیز۔ (۳) لاسلکی، ٹیلیفون، تار برقی وغیرہ کے ذریعے بھیجی ہوئی خبر۔

Railway signal : ریل کا سگنل۔

Signal : (a) (۱) غیر معمولی طور پر اچھا یا برا : نمایاں۔ (۲) ممتاز : مشہور۔ (۳) نہایت سخت : نہایت شدید : قابل عبرت (سزا)۔

Signal : (v) (۱) اشارا کرنا : اشارے سے اطلاع دینا : اشاروں سے اعلان کرنا : اشارے سے ہدایت کرنا۔ (۲) ریل کا سگنل دینا : سگنل لگانا۔

Signal box : (n) سگنل ٹاور : وہ بلند عمارت جہاں سے ریلوے کے سگنل نظام کو کنٹرول کرتے ہیں۔

Signal strength : (n) لاسلکی سگنل کی برقی قوت۔

Signal tower : (n) اونچی عمارت جہاں سے سگنل دیا جاتا ھے۔

Signaler/ Signaller : (n) سگنل دینے والا : اشارہ کرنے والا۔

Signalist : (n) دیکھو Signaler

Signalize : (v) (۱) مشہور کرنا : ممتاز کرنا۔ (۲) اشارہ کرنا : اشارے سے اطلاع دینا۔ (۳) امتیازی شان پیدا کرنا : خصوصیت پیدا کرنا۔ (۴) متوجہ کرنا۔

Signally : (adv.) نمایاں طور پر : نہایت سختی سے۔

Signalman : (n) (۱) (بحری) اشارا کرنے والا : اشارے کے ذریعے اطلاع دینے والا۔ (۲) (ریل) سگنل دینے والا۔

Signate : (a) [L. 'Signatus'.] نمایاں : ممیز۔

Signate : (a) (۱) شناخت کیا ہوا : نامزد کیا ہوا۔ (۲) جس پر حروف جیسے نشانات ہوں۔

Signatory : (a) [L. 'Signatorius'.] (وہ فریق) جو کسی معاہدے پر دستخط کرے۔

آثار یا علامت ظاہر کرنا۔ (۶) اشارے سے حکم دینا یا درخواست کرنا۔ (۷) عزم کرنا : ہم کام کرنا : کسی کام کی ذمہ داری لینا۔

Sign-board : (n) سائن بورڈ۔

Sign in : (v) رجسٹر میں دستخط کر کے آمد کا اندراج کرنا۔

Sign-language : (n) اشاروں کی زبان : علامتی زبان۔

Sign manual : (n) [AL. 'Signum manuals'.] (۱) دستخط بقلم خود (خصوصاً شاہی دستخط کسی دستاویز کی تصدیق کے لئے)۔ (۲) اپنے ہاتھ کا دستخط : دستخط بقلم خود : یا شناخت کا نشان۔

Sign off : (v) (۱) کسی انجمن وغیرہ سے الگ ہو جانا۔ (۲) کسی عبارت، پروگرام یا نشریہ کے اختتام کا اعلان کرنا۔ (۳) تقریر یا گفتگو ختم کرنا۔ (۴) چھوڑ دینا : ترک تعلق کر لینا۔ (۵) (برج کھیل میں) (ساتھی کو پاس کرانے کے لئے) بولی دینا۔

Sign-off : (n) برج کھیل کی وہ بولی جس میں ساتھی سے توقع ہوتی ھے کہ نہ وہ بولی بڑھائے گا نہ اپنے رنگ کی بولی دے گا۔

Sign of the cross : (n) صلیب کا نشان (جو انگلیوں سے پیشانی یا سینے پر بنایا جاتا ھے)۔

Sign on : (v) ملازمت کے معاہدے پر دستخط کرنا : ملازم رکھنا (معاہدے پر دستخط کرا کے)۔

Sign out : (v) (۱) رجسٹر پر دستخط کر کے روانگی کا اندراج کرنا۔ (۲) روانگی وغیرہ کی منظوری دینا۔

Sign painter : (n) سائن بورڈ وغیرہ پینٹ کرنے والا۔

Sign post : (n) رہنما کھمبا : نشان کھمبا (جو چوراھوں وغیرہ پر لگا دیتے ہیں اور اس پر ان مقامات کے نام لکھ دیتے ہیں جو ان سڑکوں پر واقع ہو)۔

Sign post : (v) (۱) رہنما کھمبا لگانا۔ (۲) رہنما کھمبے کے ذریعے رہنمائی کرنا (کسی سڑک وغیرہ کی طرف)۔

Sign-posted : (a) رہنما کھمبا لگا ھوا۔

Sign-posting : (n) رہنما کھمبا لگانا، نصب کرنا۔

Sign up : (v) کسی تنظیم وغیرہ میں شامل ہونے کے لئے معاہدے پر دستخط کرنا۔

Signatory : (n) کسی معاہدے پر دستخط کرنے والا فریق ۔

Signature : (n) [med. L. 'Signatura'.] (۱) دستخط : دستخط کرنا ۔ (۲)امتیازی نشان۔ (۳)مہر: نشان : ٹھپا ۔ (۴)(طباعت) صفحے کے آخر میں وہ عدد یا لفظ جو فرمے کے شمار کے لئے چھاپا جاتا ہے ؛ ترک ۔ (۵) (موسیقی) (تحریر یا نغمہ) وہ علامتیں جو خطوط کے سروں پر بنی ہوتی ہیں جن سے گت اور تال کا پتا چلتا ہے ۔ (٦) نسخے کا وہ حصہ جس میں مریض کے لئے ہدایت لکھی ہوتی ہے ۔ (۷) امتیازی نغمہ یاتصویر وغیرہ (کسی خاص پروگرام سے پہلے) ۔

Signature : (v) (۱) (طباعت) (فرمے کے شمار کے لئے) صفحے کے آخیر میں کوئی خاص عدد یا لفظ لکھنا یا چھاپنا۔ (۲)دستخط کرنا ۔

Signature by mark : (n) (ناخواندہ شخص کا) دستخط کی جگہ کوئی مخصوص نشان ۔

Signature loan : (n) قرض جوبغیر کسی ضمانت کے صرف دستخط پر دیا جائے ۔

Signature tune : (n) (ریڈیو پروگرام وغیرہ کی) شناختی لے جو پروگرام کے شروع ، آخر یا دونوں میں بجائی جاتی ہے ۔

Signatureless : (a) بے دستخط : جس پر دستخط نہ ہو ۔

Signee : (n) دیکھو Signatory

Signer : (n) (۱) دیکھو Signatory ۔ (۲) علامتی لغت استعمال کرنے والا ۔

Signet : (n) [Fr. or med. L. 'Signetum'.] (۱) مہر ۔ (۲) مہر کا نشان ۔ (۳) نشان : علامت ۔

Writer to the signet : مصنف : لکھنے والا ۔

Signet : (v) مہر لگانا ۔

Signet-ring : (n) مہردار انگوٹھی : خاتم ۔

Significance : (n) (۱) معنی خیزی : پر معنی ہونا ۔ (۲) معنی : مفہوم : مطلب : مراد ۔ (۳) اہمیت : وقعت ۔

Significancy : (n) (۱) معنویت : پر معنی ہونا ۔ (۲) دیکھو Significance ۔

Significant : (a) [L. 'Significare'.] (۱) با معنی ۔ (۲) معنی خیز : پر معنی ۔ (۳) اہم : وقیع ۔

To (so many) significant figures : ملحوظ ہندسے کی رو سے ۔

Significant : (n) نشان : علامت ۔

Significantly : (adv.) پرمعنی انداز سے : اہمیت کے ساتھ ۔

Significate : (n) [late L. 'Significatum'.] مراد : مطلب : مفہوم ۔

Signification : (n) (۱) اہمیت : پر معنی ہونا ۔ (۲) اہمیت : وقعت : معنی خیزی ۔ (۳) معنی : مفہوم : مراد : مطلب ۔ (۴) اہم واقعہ : معنی خیز چیز ، بات ۔ (۵) اشارہ : علامت : نشان: اشارہ کرنا : علامت کرنا ۔ (٦) (قانون) اعلام دہی ۔

Significative : (a) (۱) دلالت کرنے والا ۔ (۲) نہایت اہم : نہایت معنی خیز ۔

Significative : (n) معنی خیز چیز یا لفظ : دلیل یا علامت (کسی چیز کی) ۔

Significatively : (adv.) دلالت کرتے ہوئے ۔

Significativeness : (n) دلالت کرنا : دلیل ۔

Significator : (n) (علم النجوم) وہ سیارہ جو کسی زائچے کے گھر میں اثر انداز رہتا ہے۔

Significatum: (n) دیکھو Signification

Significavit : (n) [L.] (۱) کلیسائی مقدموں پر جاری کئے جانے والے عدالتی حکم کی ایک قسم ۔ (۲)پوپ کی سند جس پر ایسے فرمان مبنی ہوتے ہیں ۔

Significs : (n) دیکھو Semantics

Signifie : (n) [Fr.] دیکھو Signification

Signify : (v) [Fr. 'Signifier'.] (۱) دلالت کرنا (کسی چیز پر) پیش خیمہ ہونا ۔ (۲) معنی رکھنا: معنی ہونا ۔ (۳) ظاہر کرنا: اظہار کرنا (کسی چیز ، بات کا) ۔ (۴) اہمیت رکھنا : وقعت رکھنا ۔

Signist : (۱) دیکھو Sign painter ۔ (۲) جو گونگوں کو پڑھانے میں صرف علامات کے استعمال کی حمایت کرتے ہیں ۔

Signor : (n) [It.] (۱) اطالیہ کا تعظیمی لقب Sir اور مسٹر کی جگہ

استعمال هوتا هے۔ (۲) اطالوی شریف آدمی خصوصاً مغنّی۔ (۳) ممتاز شخص: نامور شخص۔

Signora : (n) [It.] Madame یا .Mrs الگی محترمه یا شادی شده خاتون۔

Signore : (n) [It.] دیکھو Signor

Signoria : (n) [It.] وینس کی مجلس انتظامیه۔

Signorial : (a) حکومت سے متعلق: فرمانروائی سے متعلق۔

Signorina : (n) [L.] الگی کے غیر شادی شده خاتون کے نام سے پہلے تعظیمی کلمه: دیکھو Miss ۔

Signory : (n) [OFr. 'Signarie, Signorie'.] (۱) حکومت: فرمانروائی۔ (۲) حکومت: سلطنت۔ (۳) وینس کی مجلس انتظامیه (دوسری اطالوی جمہوریه کی)۔

Signum :(n) [L.] (۱) دستخط۔ (۲) گھنٹے کا منار جو سگنل کا کام دے۔

Sike/ Syke : (n) [OE. 'Sic'.] (۱) چھوٹا چشمه: ندی۔ (۲) نالا۔

Sike : (v) [Var. of ME.'Sitch'.] آه بھرنا: ٹھنڈی سانس بھرنا۔

Sike : (n) آه: ٹھنڈی سانس۔

Sikh : (n) [Hindi.] سِکھ (ایک فرقه)۔

Sikhism : (n) سکھ مذہب کا اصول۔

Silage : (n) گڑھے میں محفوظ کیا ہوا ہرا چاره۔

Silage : (v) دیکھو Ensile

Silcrete : (n) [f. 'Sill(ca) + (con)crete'.] چٹان پر سنگ مرو اکی جمع ہونے والی پرت (مٹی یاپرت)۔

Sild : (n) [Norw.] ہیرنگ مچھلی جسے سارڈین کی طرح ڈبے میں بند کر کے محفوظ کیا جاتا هے۔

Sile : (n) [ON.] دوده چھاننے کی چھلنی۔

Sile : (n) [of Scand origin.] ہیرنگ (مچھلی) کا بچه۔

Sile : (n) [OE. 'Syl'.] لٹھا: بیڑا۔

Sile : (n) (۱) زمین: زراعتی مٹی: مٹی۔ (۲) دیکھو Soil ۔

Sile : (v) چھاننا: چھلنی سے چھاننا (خصوصاً دوده)۔

Silence : (n) [Fr.] (۱) سکوت: خاموشی: چپ۔ (۲) بے زبانی۔ (۳) راز داری: اِخفا۔ (۴) سناٹا: خاموشی: ہو کا عالم۔ (۵) گم نامی۔ (۶) خطا: چوک: بھول: فرو گذاشت۔ (۷) (موسیقی) وقفه۔ (۸) (مجازاً) آخرت: موت۔ (۹) بے مزگی (شراب کی)۔

In silence : چپ چاپ: بغیر کچھ کہے۔

Silence gives consent : خموشی نیم رضا مندی۔

To break silence : مہر سکوت توڑنا: قفل خاموشی کو توڑنا: گفتگو شروع کرنا۔

To keep silence : خاموش رہنا۔

To pass with silence/ To pass over in- : خاموشی سے گزر جانا۔

To put to silence : خاموش کر دینا۔

Silence : (v) (۱) چپ کر دینا: خاموش کر دینا: منه بند کر دینا: لا جواب کر دینا۔ (۲) (توپ وغیره کو) خاموش کر دینا۔

Silence cloth : (n) گدی وغیره جو ٹیبل کلاتھ (میز پوش) نیچے بچھائی جاتی هے۔

Silencer : (n) آواز روک: وه آله جو بندوق، موٹر کار وغیره میں آواز کو دھیما کرنے یا روکنے کے لئے لگایا جائے۔

Silene : (n) [L. 'Silenus'.] ایک خوش رنگ پھول والا پودا۔

Silent : (a) (۱) خاموش: چپ: ساکت۔ (۲) ساکت: بے آواز (حرف)۔ (۳) متکلم۔ (۴) ذکر سے خالی: ساکت۔ (۵) بے مزه (شراب)۔ (۶) ناقابل سماعت۔ (۷) بے صدا (فلم وغیره): خاموش۔

The silent system : بعض قید خانوں میں رائج ضابطه جہاں قیدیوں کو کبھی بولنے کی اجازت نہیں دی جاتی: ضابطۂ خاموشی۔

Silent : (n) (۱) ایک ترکیب جس سے گھڑی یا اس کی گھنٹی (الارم) کو روک دیا جاتا هے۔ (۲) بے صدا فلم: خاموش فلم۔

Silent partner : (n) (۱) (خاموش شریک) تجارت وغیره کا شریک جو

تجارت کے معاملے میں کھل کر حصہ نہیں لیتا ھے ۔ (۲) خفیہ شریك ۔

Silent service : (n) (۱) بحریہ ۔ (۲) آبدوز کا محکمہ ۔

Silent treatment : (n) گفتگو بند کر کے کسی شخص یا چیز کو نظر انداز کرنا ۔

Silent vote : (n) ان لوگوں کی رائے جن کی پسند معلوم نہ ہو ۔

Silential : (a) مخفی ؛ راز دارانہ ۔

Silentiary : (n) [L. 'Silentiarius'.] (۱) خاموشی پسند کرنے والا (مذہبی نقطۂ نگاہ سے) ۔ (۲) بز نطینی دربار کا ایك افسر ۔ (۳) وہ افسر جس کا کام خاموشی قائم رکھنا ہوتا ھے ۔

Silentious : (a) [L. 'Silentiosus'.] کم سخن ؛ کم گو ۔

Silently : (adv.) خاموشی سے ؛ راز داری سے ؛ چپ چاپ ۔

Silentness : (n) خموشی ؛ سکوت ۔

Silenus : (n) [L.] یونانی یا سائیبریائی جنگل کی دیویوں میں ایك جو ان کی سربراہ ھے ۔

Silesia : (n) [G. 'Schlesien'.] (۱) ایك باریك کپڑا جو اوٹ کے پردوں اور استر کے کام آتا ھے ۔

Silesian : (a) سائیلیشیا کا یا اس سے متعلق ۔

Silesian : (n) سائیلیشیا کا باشندہ ۔

Silex : (n) [L.] (۱) ایك پتھر کا برادہ جو دانتوں کے خول میں بھرا جاتا ھے ۔ (۲) قدرتی سلیکا ۔

Silhouette : (n) [f. Etienne de Silhontte, a French author.] (۱) یك رخی خاکہ (کسی شخص کی تصویر کا جو سفید زمین پر سیاہ خطوط سے بنا ہو) نیم رخی سایہ ۔ (۲) خاکہ جو (کسی) شخص یا چیز کو بہت تیز روشنی کے مقابل دیکھنے سے نظر آئے ۔

En (in) silhouette : خاکہ میں ۔

Silhouette : (v) (۱) سفید زمین پر سیاہ خطوط سے یك رخی خاکہ کھینچنا ۔ (۲) کسی چیز کو تیز روشنی کے مقابل رکھ کر دکھانا تاکہ صرف خاکہ نظر آئے ۔

Silhouettist : (n) یك رخی خاکہ بنانے والا ۔

Silica : (n) [L. 'Silex'.] سلیکا ؛ ایك قسم کی سخت سفید یا بے رنگ معدنی شے جو اکثر قیمتی پتھروں اور معمولی پتھر میں پائی جاتی ھے ۔

Silicate : (n) سلیکا کا نمك ؛ سلیکیٹ ۔

Silicate board : (n) سلیکا سے سیر کر کے بنایا ہوا غیر آتش پذیر بورڈ ۔

Silicated : (a) سلیکا چڑھا ہوا ؛ سلیکا ملا ہوا ۔

Silication : (n) سلیکا آمیزی ۔

Silicatization : (n) سلیکا آمیزی ۔

Silice : جزو ترکیبی بمعنی "سلیکا دار" ۔

Siliceous : (a) سلیکا سے مشابہ ؛ جس میں سلیکا ملا ہوا ہو ؛ سلیکا دار ۔

Silici- : جزو ترکیبی بمعنی "سنگ چقماق" "سلیکا" ۔

Silicic : (a) سلیکا کا ۔

Silicide : (n) دوسرے عناصر کے ساتھ سلیکن کا مرکب ۔

Siliciferous : (a) جس میں سلیکا کثرت سے ہو ۔

Silicified wood : (a) (لکڑی کے) مساموں میں سلیکا کے نمك جذب کرنے کے بعد آگ سے محفوظ ہو جانے والی لکڑی ۔

Silicification : (n) سلیکا آمیزی ۔

Silicify : (v) سلیکا ملانا ؛ سلیکا بنانا ؛ سختی پتھر سا کر دینا ۔

Silicious : (a) سلیکن ؛ سلیکون ۔

Silicium : (n) [L.] دیکھو Silicium

Siliciuret : (n) دیکھو Silicide

Siliciuretted : (a) سلیکون جذب کیا ہوا ؛ سلیکون ملا ہوا ۔

Silicle : (n) [Fr. 'Silicule' or L. 'Silicula'.] ڈوڈی ؛ قبچك ؛ چھوٹی پھلی ۔

Silico- : جزو ترکیبی بمعنی Silicic ۔

Silicon : (n) [L. 'Siler'.] دیکھو Silicious

Silicone : (n) سلیکون کے مرکب کا نام ۔

Silicosis : (n) سلیکیت : ستیت سلیکون ۔

Siliculose : (a) قبچك پیدا کرنے والا ۔

Siliqua : (n) [L.] قبچه : پھلی (رائی وغیرہ کی) ۔

Silique : (n) دیکھو Siliqua

Siliquiform : (a) قبچه نما ۔

Siliquose : (a) [mod. L. 'Siliquosus'.] قبچوی : پھلی دار ۔

Silk : (n) [OE. 'Sioloc, Seol(e)'.] (۱) ریشم : حریر ۔ (۲) نقلی ریشم : ثسر ۔ (۳) ریشمی کپڑا : حریر ۔ (۴) (جمع) ریشمی کپڑے : ریشمی لباس ۔ (۵) ایك خاص قسم کی چمك یا آب جو بعض اقسام کے یاقوت وغیرہ میں ہوتی ھے ۔ (۶) پیرا شوٹ : ہوائی چھتری ۔ (۷) کچی مکئی کا گردن بقچه ۔ (۸) (بادشاہ یا ملکه) کا پیرو کار شاہی ۔

Artificial silk : مصنوعی ریشم : مصنوعی ریشمی کپڑا ۔

To receive, obtain, or take silk : انگلستان کی K.C. یعنی عدالت عالیه کا وکیل ہو جانا ۔

Silk : (v) ریشمی لباس پہنانا : ریشمی کپڑے سے ڈھك دینا ۔

Silk : (a) ریشمی : ریشم کا ۔

Silk-bunting : (n) ایك قسم کی چھوٹی چڑیا ۔

Silk-coal : (n) ایك قسم کا کوئله جو شروپ شائر (Shrop shire) میں پایا جاتا ھے ۔

Silk-cock : (n) ایك طرح کی مرغی ۔

Silk-cotton : (n) سیمل : سنبل ۔

Silk-cotton tree : (n) سیمل کا درخت ۔

Silk-fowl : (n) مرغی وغیرہ کی قسم کا پرندہ جس کے ریشم کے سے پر ہوتے ہیں ۔

Silk gland : (n) غدود ریشم : غدود جس میں سے ریشم کا سا لعاب خارج ہوتاھے ۔

Silk-glue : (n) دیکھو Sericin

Silk-gown : (n) شاہی پیروکار ۔

Silk-grass/ Silkgrass : (n) امریکا اور جزائر غرب الہند میں پیدا ہونے والی ایك طرح کی گھاس ۔

Silk-gut : (n) ریشم کے کیڑے کی آنت ۔

Silk-hat : (n) اونچی استوانه نما چندیا کی ٹوپی ۔

Silk-hen : (n) مرغی کی قسم کا پرندہ ۔

Silk-moth : (n) پیلا پتنگا : ریشم کا کیڑا ۔

Silk-oak : (n) ایك قسم کا شاہ بلوط ۔

Silk-paper : (n) حریری کاغذ کی ایك قسم ۔

Silk-screen : (n) کپڑے یا کاغذ پر چھاپنے کا ایك طریقه ۔

Silk-shag : (n) ہیرنگ کے بچے کا مقامی نام ۔

Silk-snapper : (n) مچھلی کی ایك قسم ۔

Silk-spider : (n) جالا بننے والا مکڑا ۔

Silk-starling : (n) چین کا ایك پرندہ ۔

Silk-stocking : (n) ریشمی جرّاب ۔

Silk-stone : (n) ایك قسم کا کوئله جو یارك شائر میں پایا جاتا ھے ۔

Silk-tail : (n) ایك قسم کا پرندہ ۔

Silk-thrower / -throwster : (n) ریشمی دھاگه بٹنے والا ۔

Silk-tree : (n) (۱) ایك قسم کا امریکی درخت جو نیچا ہوتا ھے ۔ (۲) ایك قسم کا ایشیائی درخت ۔

Silk-weed : (n) خود رو جھاڑیاں جن کے بیج میں ریشمی تار سا ہوتا ھے ۔

Silk-winder : (n) (۱) وہ ریل جو کوے سے ریشم نکالنے اور دھاگے کی طرح لپیٹنے کے کام آتی ھے ۔ (۲) ریشمی دھاگے کی ریل تیار کرنے والا ۔

Silk-woman : (n) ریشم فروش : ریشم تیار کرنے والی عورت ۔

Silken : (a) (۱) ریشمی : ریشم کا۔ (۲) ریشمی لباس میں ملبوس۔ (۳) (انداز، طریقہ وغیرہ) نرم : میٹھا : مرغوب : لبھانے والا یا پر چانے والا۔ (۴) ریشم کی طرح نرم اور چمک دار۔ (۵) زنخا : زنانہ۔ (۶) شیریں اور مدھم (آواز)۔

Silken : (v) (۱) ریشم یا ریشم کی طرح بنانا : ریشمی بنانا۔ (۲) ریشمی لباس پہنانا۔

Silker : (n) ریشم کا کام کرنے والا۔

Silkie : (a) (۱) ریشمی : ریشم کا بنا ہوا۔ (۲) دیکھو Silky۔

Silkily : (adv.) ریشم کی طرح : نرمی سے۔

Silkiness : (n) ریشم کی سی نرمی : چکنائی یا باریکی۔

Silklike : (a) ریشم نما : ریشم سے مشابہ۔

Silkman : (n) ریشم فروش : ریشم ساز۔

Silkworm : (n) (۱) پیلہ : ریشم کا کیڑا۔ (۲) (حقارتاً) ریشمی لباس پہننے والا۔

Silkworm-gut : (n) ریشم کے کیڑے سے بنی ہوئی تانت۔

Silkworm-moth : (n) پیلہ پتنگا ابریشم کا۔

Silkworm-rot : (n) ایک قسم کی خود رو کھمبی جس سے ریشم کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔

Silky : (a) (۱) ریشمی : ریشم کا بنا ہوا۔ (۲) ریشم کے مانند ملائم : چکنا اور باریک۔ (۳) نرم (آواز وغیرہ) : لبھانے والا (انداز)۔ (۴) (نباتیات) حریری : مخملی۔ (۵) مخملی بالوں یا پروں والا۔

Sill : (n) [OE. 'Syll, Sylle'.] (۱) دروازہ کی دہلیز : وہ تختہ یا پتھر جو کھڑکی کی چوکھٹ کے آگے ہوتا ہے۔ (۲) (بحری) جہاز کے پہلو کا دروازہ۔ (۳) (قلعہ) موکھے کا اندرونی کنارہ۔ (۴) (کان کنی) ایک قسم کی مٹی جو کوئلے کی کان میں پائی جاتی ہے۔ (۵) سرورق کتاب کا سب سے نچلا حصہ۔ (۶) (ارضیات) برکانی چٹان : سل۔ (۷)اس پشتے کا اوپری حصہ جو نیچا ہو یا تقریباً غرقاب رہے۔

Sillabub/ Syllabub : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کا مشروب جو انگوری شراب اور کریم اور انڈے کی سفیدی پھینٹ کر بنتا ہے۔ (۲) (مجازاً) بے لطف گفتگو یا تحریر۔

Siller : (n) (اسکاچستان) چاندی : روپیہ۔

Sillery : (n) [f. 'Sillery' in the dept. of the Marne'.] شیمپین کی قسم کی ایک عمدہ شراب۔

Sillily : (adv.) نادانی سے : بے وقوفی سے۔

Sillibouk : (n) دیکھو Sillabub

Sillimanite : (n) [f. Benjamin Silliman, an American Chemist.] الومینیا کا سلیکیٹ۔

Silliness : (n) بے وقوفی : سادہ لوحی۔

Sillock : (n) [Orkney and Shetland dial.] ایک قسم کی پولک مچھلی۔

Sillographer : (n) [Gr. 'Sillographos'.] ہجو نویس : ہجو نگار۔

Silly : (a) [ME. 'Scly'.] (۱) سادہ لوح : بے وقوف : نادان : نا عاقبت اندیش : بیچارہ۔ (۲) ضعیف العقل : مودھو : غیر اہم۔ (۳) (لفظ، فعل وغیرہ) احمقانہ : بے وقوفانہ۔ (۴)(کرکٹ) کھیلنے والے سے بالکل قریب (فیلڈر کی جگہ)۔ (۵)مخبوط : مدھوش۔

Silly : (n) بے وقوف شخص۔

Silly : (adv.) نادانی سے : بیوقوفی سے۔

Silly : (v) بے وقوف بنانا یا بننا۔

Silly-billy : (n) بے وقوف شخص۔

Silly-how : (n) وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔

Silly-season : (n) سال کے وسط کا زمانہ جب اخباروں کو لکھنے کے لئے خبریں نہیں ملتیں اور وہ خواہ مخواہ کے مضامین چھاپتے ہیں۔

Silo : (n) [Sp.] (۱) وہ گڑھایا ہوا بند مقام جس میں مویشی کا سبز چارامحفوظ رکھا جائے۔ (۲) اناج کی کوٹھی۔ (۳) ایک قسم کا (زمین دوز یا زمین سے اوپر کا) استوانہ نما پیپا جس میں سامان رکھے جاتے ہیں۔ (۴) زمین دوز عمارت جس میں منضبط میزائل فائر کرنے کے لئے تیار رکھے جاتے ہیں۔

Silo : (v) گڑھے یا ہوا بند مقام میں چارہ محفوظ رکھنا۔

Silpha : (n) [Gr. 'Silphe'.] بھونرے کی ایک جنس ۔

Silphium : (n) [L.] بحیرۂ روم کے علاقے کا ایک پودا ، اس پودے سے نکالا جانے والا عرق ۔

Silt : (n) [ME. 'Sylte'.] ریت یا مٹی جو دریا کی تہ میں بندرگاہ میں جم جاتی ھے : تہ نشیں مادہ ؛ گاد ؛ ثقل ۔

Silt : (v) (۱) تہ نشیں مٹی یا ملبے سے پاٹ دینا یا اٹ جانا ۔ (۲) گاد کی طرح بہنا : (مجازاً) آہستہ سے گزر جانا ۔ (۳) تہ نشیں مادے کا جمع ہو جانا ۔

Silt-loam : (n) وہ مٹی جس میں ۷۰ فی صد نالے یا دریا کی تہ کی مٹی اور ۲۰ فی صد ریت ھوتی ھے ۔

Silt-snapper : (n) جمیکا کی ایک قسم کی مچھلی ۔

Silt-soil : (n) مٹی جس میں ۸۰ فی صد تہ نشیں مادہ اور ۱۲ فی صد ریت ھوتی ھے ۔

Silt-stone : (n) ایک قسم کا پتھر جو زیادہ تر گاد سے سے تیار ھوتا ھے ۔

Siltage : (n) تہ نشیں ملبے کا ڈھیر ۔

Siltation : (n) تہ نشیں ملبے کا جمع ھونا ۔

Silting : (n) (۱) تہ نشیں ملبے کا جمع ھونا ۔ (۲) خالی کان کو بیکار چیزوں سے بھر دینا ۔

Silty : (a) (۱) تہ نشیں مادے سے مشابہ ۔ (۲) تہ نشیں مادے سے بھرا ھوا ۔

Silure : (n) [Fr.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Silurian : (a) [L. 'Silures.'] (۱) سلوریوں کا : سلوروی (سلوریوں کی قوم برطانیہ کے قدیم باشندوں میں گزری ھے) ۔ (۲) سلوری (ایک پرت کا نام) ؛ سلوری طبقے سے متعلق ۔

Silurian : (n) سلوری پرت یا چٹان ۔

Silurian : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Silurid : (a & n) گربہ ماہیان سے متعلق یا اس کی جنس کا ۔

Siluridan : (a & n) گربہ ماہیان سے متعلق ۔

Silurist : (n) ویلس میں بریک ناک شائر کا باشندہ ۔

Siluro- : Silurian جزو ترکیبی

Siluroid : (a) [f. Silurus + -oid.] گربہ ماہیان سے متعلق یا اس کی جنس کا ۔

Siluroid : (n) گربہ ماہی ؛ قرموطہ ۔

Silurus : (n) [L.] قرموطہ : گربہ ماہی ۔

Silver/ Siller : (n) [OE. 'Siolfor, Seolfor'.] (۱) چاندی ؛ روپا ؛ نقرہ ؛ سیم ۔ (۲) شلنگ وغیرہ ؛ چاندی کے سکے ۔ (۳)چاندی کے برتن اور دیگر اسباب ۔ (۴) چاندی کا کوئی کھار جو فوٹو گرافی کے کاغذ کو اثر پذیر بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ھو ؛ چاندی کا نمک ؛ چاندی کانائٹریٹ ۔ (۵) سیمیں رنگ ۔ (۶) کیڑے ، مچھلی ، پرند وغیرہ کی جنس جس کا رنگ سیمیں ھوتا ھے ۔

Silver : (a) (۱) چاندی کا : چاندی کا بنا ھوا ۔ (۲) نقرہ زا ؛ سیم زا ۔ (۳) نقرئی ؛ سیمیں ۔ (۴) چاندی کی طرح سفید ، چمکدار ۔ (۵) نقرئی بیان ؛ لبھانے والی ؛ شیریں بیان ؛ خوش تقریر ۔ (۷) عہد سیمیں ۔ (۸) چاندی کو سکے کے معیار کے طور پر قبول کرنے کی وکالت کرنے والا ۔

Silver : (v) (۱) چاندی چڑھانا ؛ چاندی کی قلعی کرنا ۔ (۲) سیمیں بنانا ؛ نقرئی بنانا ؛ چاندی کی سی چمک پیدا کر دینا ۔ (۳) سفید ھو جانا ؛ سفید کر دینا (بالوں کا یا بادلوں کا) ۔ (۴) (آئینہ کے پشت پر) پارہ یا رنگ چڑھانا ۔

Silver age : (n) (۱) عہد سیمیں ۔ (۲) لاطینی علم و ادب کا وہ زمانہ جو اغسطینی دور کے بعد ھوا ھے ۔

Silver anniversary : (n) پچیسویں سالگرہ ۔

Silver-bath : (n) سلور نائٹریٹ کا محلول ۔

Silver-beater : (n) چاندی کے ورق بنانے والا ؛ سیمیں کوب ۔

Silver-bell : (n) جنوبی افریقہ کا ایک پودا ۔

Silver-bill : (n) بعض قسم کی چڑیوں کا نام ۔

Silver-bush : (n) (۱) پیڑ کی داڑھی ۔ (۲) ایک جھاڑی ۔

Silver-bream : (n) رو پہلی مچھلیوں کی قسمیں ۔

Silver bronze : (n) ایک کیمیائی مسالہ جو فوٹو گرافی میں کام آتا ھے ۔

Silver-chain : (n) ٹڈی ۔

Silver-coloured : (n) سیمیں ؛ نقرئی ؛ خاکستری مائل سفید ۔

Silver-cord : (n) (۱) نال ؛ نار ۔ (۲) ماں اور بچے کا جذباتی لگاؤ ۔

Silver-dun : (n) ایک خاص قسم کا پالتو کبوتر ۔

Silver-eel : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Silver fir : (n) چیڑ کی ایک قسم ۔

Silver(-)fish : (n) (۱) سیمیں ماہی ۔ (۲) وہ مچھلی (جو پھپھوندی لگی کتابوں یا جگہ میں ہوتی ہے) ۔

Silver(-)foil : (n) چاندی کا ورق ۔

Silver fox : (n) لومڑی کی ایک قسم جس کے سیاہ سمور میں چتیاں ہوتی ہیں ۔

Silver(-)gilt : (n) (۱) چاندی کا ملمع ۔ (۲) نقلی سنہری ملمع ۔

Silver glance : (n) چاندی کا سلفائیڈ ؛ قلمی کچی دھات ۔

Silver-grain : (n) ذرۂ سیم ؛ سیم ریشہ ۔

Silver grass/ Silver-grass :(n) گھاس کی ایک قسم ۔

Silver-grey : (a) چمکدار سرمئی رنگ کا ۔

Silver-grey : (n) چمکدار سرمئی رنگ ۔

Silver-haired : (a) (۱) سفید مو ؛ سفید بال والا ؛ بوڑھا ؛ ضعیف ۔ (۲) سیمیں زلف والا یا والی ؛ سیمیں مو ۔

Silver-headed : (a) بوڑھا ؛ ضعیف ؛ سفید مو ؛ عمر رسیدہ ۔

Silver jubilee : (n) ۲۵ ویں سالگرہ ؛ جشن سیمیں ۔

Silver-lace : (n) نقرئی فیتہ یا پٹی (رتبے کی علامت کے طور پر) ۔

Silver(-)lead : (n) چاندی اور جست کا مرکب ۔

Silver(-)leaf : (n) چاندی کا ورق ۔

Silver-line(s) : (n) (۱) ایک قسم کا پروانہ ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ ۔

Silver-lining : (n) (۱) بادل کے سفید کنارے یا حاشیے ۔ (۲) امید ؛ امکان ؛ توقع ؛ رجا ؛ آسرا ۔

Silver-lustre : (n) چاندی کی سی چمک دمک ۔

Silver nitrate : (n) سنگ جہنم ؛ چاندی کا تحلیل پذیر نمک جو چاندی پر شورے کے تیزاب کے کیمیاوی عمل سے بنتا ہے ۔

Silver(-) ore : (n) چاندی کی کچی دھات ۔

Silver-paper/ Silver paper : (n) (۱) بہت باریک سفید کاغذ (ٹشو) ۔ (۲) گندھک اور تیزابوں سے پاک کاغذ جس میں چاندی کے ظروف لپیٹے جاتے ہیں ۔

Silver pheasant : (n) جنوبی چین میں پائے جانے والے تیتر کی ایک قسم ۔

Silver-plate/ Silver plate : (n) (۱) چاندی کا پتلا چپٹا ٹکڑا ؛ چاندی کی تختی ۔ (۲) چاندی کا برتن ؛ چاندی چڑھا برتن ۔

Silver-plate : (v) چاندی کی قلعی کرنا ؛ سیم کاری کرنا ۔

Silver-plover : (n) آرکٹک (قلوب جنوبی) کے کچھ پرند ۔

Silver-point : (n) ایک خاص قسم کے کاغذ پر رو پہلی پنسل کی نوک سے تصویر بنانا ؛ اس طرح بنائی ہوئی تصویر ۔

Silver-print : (n) (فوٹو گرافی) کاغذ پر مثبت فوٹو جو چاندی کے کھار سے بنایا گیا ہو ۔

Silver-printing : (n) چاندی کے نمک سے حساس بنائے ہوئے کاغذ پر مثبت فوٹو اتارنا ۔

Silver-sand : (n) ایک قسم کی باریک ریت جو باغبانی میں استعمال ہوتی ہے ؛ سیمیں ریت ۔

Silver-screen : (n) پردۂ سیمیں ؛ سنیما کا پردہ ۔

Silver-side : (n) گائے کی پٹھ کا سب سے اچھا حصہ (گوشت) ۔

Silver-smith : (n) سیمگر ، سنار ؛ چاندی کا کاریگر ۔

Silver-solder : (n) چاندی کا ٹانکا ۔

Silver-spoon : (n) دولت ؛ موروثی دولت ۔

Silver spoon : (a) اعلیٰ خاندان ۔

Silver-stain : (n) ایک قسم کا زرد مسالہ جو سولہویں صدی میں کھڑکیوں کے شیشے پر سجاوٹ کے لئے چڑھاتے تھے ۔

Silver-standard : (n) معیار نقرہ : سکّے میں چاندی کی مقررہ مقدار : جو معیار طے کرے ۔

Silver-steel : (n) فولاد جس میں تھوڑی چاندی ملی ہوتی ہے ۔

Silver-stick : (n) (ملک معظم کے) لائف گارڈ کا افسر جو محل پر متعین ہوتا ہے ۔

Silver-streak : (n) خلیج انگلستان : رود بار انگلستان ۔

Silver-tea : (n) چندہ وغیرہ جمع کرنے کے لئے دی گئی چائے کی دعوت۔

Silver-thaw :(n) درخت : زین وغیرہ پر برف کا جم جانا ۔

Silver-tip : (n). ایک قسم کا بھالو جس کے بالوں کے سرے سفید ہوتے ہیں۔

Silver-tongue : (n) شیریں زبان ۔

Silver-tongued : (a) شریں زبان : خوش تقریر ۔

Silver-tree : (n) ایک درخت جس کے پتے سفید اور نوکدار ریشمی ہوتے ہیں ۔

Silver-ware : (n) چاندی کے برتن ۔

Silver-wedding : (n) شادی کی پچیسویں سالگرہ ۔

Silver-weed : (n) (۱) ایک قسم کا پودا جس کے پھول زرد اور پتیوں کا نچلا حصہ رو پہلو ہوتا ہے ۔ (۲) جزائر غرب الہند کا ایک پودا ۔

Silver-work : (n) (۱) چاندی کا کام ۔

Silvered : (a) نقرئی : سیمیں ۔

Silvered glass : (n) آئینہ ۔

Silveriness : (n) چاندی کی طرح سفید : چمکدار یا کھنکدار ہونا ۔

Silvering : (n) (۱) چاندی کی قلعی کرنا : چاندی چڑھانا ۔ (۲) چاندی کی قلعی ۔ (۳) دودھ دینے والے جانوروں کے سمور کی سفید یا ہلکے رنگ کی چتیاں ۔

Silverite : (n) چاندی کی مقدار کو سکّہ کی قیمت مقرر کرنے کے حمایت کرنے والا شخص ۔

Silverize : (v) (۱) چاندی کی قلعی کرنا ۔(۲) سیمیں بنانا : نقرئی بنانا۔

Silverless : (a) قلاش : مفلس : غریب : نادار : محتاج ۔

Silverling : (n) شیکل : ایک چھوٹا نقرئی سکہ ۔

Silverly : (adv.) (۱) چاندی کی طرح ۔ (۲) کھنکتی آوازیں ۔

Silvern : (a) [OE. 'Seolfren'.] چاندی کا : نقرئی ۔

Silvery : (a) (۱) چاندی کی طرح سفید : چمکدار : سیمیں : چمکیلا ۔ (۲) چاندی چڑھنا ۔ (۳) خوش زبان : سریلی ، شیریں زبان ۔

Silvester method : (n) [after Henry Robet Silvester.] مصنوعی تنفس کا ایک طریقہ جس میں مریض کو چت لٹا کر اس کے ہاتھوں کو اوپر نیچے اٹھایا گرایا جاتا ہے ۔

Silvical : (a) جنگلی درختوں کی زندگی اور خصوصیات : اشجار شناسی سے متعلق ۔

Silvicolous : (a) [L. 'Silvicola'.] جنگل باشی ۔

Silvics : (n) اشجار شناسی ۔

Silvicultural : (a) شجر کاری سے متعلق : شجر پروری سے متعلق ۔

Silviculture : (n) [L. 'Silva'.] شجر پروری : درختوں کی پرورش جنگل کاری کے طور پر ۔

Sima : (n) قشر ارض کا وہ حصہ جو سمندر کی تہ ہوتی ہے ۔

Sima : دیکھو Cyma

Simar : (n) [Fr. 'Simarre'.] (۱) زنانہ محرم : کرتی ۔ (۲) پادری یا اُسقف کی عبا ۔

Simaruba : (n) [Native name in Guyana.] (۱) جنوبی برازیل وغیرہ میں پایا جانے والا ایک قسم کا درخت ۔ (۲) اس درخت کی جڑ کی چھال ۔

Simeonite : (n) [f. name of the Rev. Charles Simeon + -ite.] Simeon یا اس کا پیرو ۔ (۲) کلیسائے انگلستان کا ایک فرقہ ۔

Simhah/ Simcha : (n) [Heb.] جشن : خوشی کاموقع ۔

Simia : (n) [L.] بن مانس : سیمیا : بے دم بندر : بوزنہ ۔

Simian : (a) بندر کا سا : میمونی : بندر نما : بن مانس ۔

Simian : (n) بندر : میمون : بوزنہ ۔

Similar : (a) [Fr. 'Similaire' or Med. L. 'Similaris'.] مشابہ : مانند : مماثل : ملتا جلتا : ایک ہی طرح کا : یکساں ۔

Similar : (n) (۱) مثل : نظیر : مثنیٰ ۔ (۲) یکساں چیزیں ۔

Similar motion : (n) وہ حرکت جس میں دو یا زیادہ حصے ایک ساتھ چڑھتے اترتے ہیں ۔

Similar segments : (n) قطعات دائرہ جس کے زاویے برابر ہوں ۔

Similar triangles :(n) متشابہ مثلثات ۔

Similarity : (n) مشابہت : یکسانیت : یکسانی : مماثلت ۔

Similarly : (adv.) اسی طرح سے : ایک ہی طرح سے : علیٰ ھٰذا القیاس ۔

Similative : (a) [L. 'Similis' + -ative.] مشابہت ظاہر کرنے والا ۔

Similative : (n) مشابہت ظاہر کرنے والی چیز ۔

Simile : (n) [L.] تشبیہہ ۔

Simile : (a) مشابہ : مماثل ۔

Similiter : (adv.) اسی طرح سے ۔

Similititude : (n) [Fr. 'Similitude' or L. 'Similitudo'.] (۱) مشابہت : مماثلت ۔ (۲) شکل : بھیس : روپ ۔ (۳) تشبیہہ : تمثیل ۔ (۴) تشابہ ۔ (۵) مثالیہ : مجازیہ ۔

Similize : (v) تشبیہہ دینا : تشبیہہ کا استعمال کرنا : تشبیہہ سے کام لینا ۔

Similor : (n) [Fr.] بہت پیلا پیتل جس سے سستے قسم کے زیور بنائے جاتے ہیں : طلا نما بھرت : سیمیلور ۔

Simious : (a) بوزنہ نما : بندر سا : میمونی ۔

Simkin : (n) [Urdu corruption of Champagne.] شیمپین (شراب) ۔

Simmer : (n) (۱) سنسناہٹ : پہلا ابال ۔ (۲) پیچ و تاب کی حالت : ہنسی سے بیتاب ہونے کی حالت ۔ (۳) درجۂ حرارت جس سے سنسناہٹ پیدا ہو ۔

Simmer : (v) [Late form of Simper.] (۱) ابلنے کے قریب ہونا : سنسنانا (پانی وغیرہ کا) : کھدبدانا ۔ (۲) پانی وغیرہ کو گرم کرنا (اتناکہ ابلنے کے قریب ہو یا سنسنانے لگے) ۔ (۳) (مجازاً) غصے سے کھولنا : ابلنا : پیچ و تاب کھانا ۔ (۴) ہنسی کے مارے بے تاب ہونا ۔

Simmer down : (v) (۱) گاڑھا ہونا ۔ (۲) (مجازاً) ٹھنڈا ہونا ۔

Simnel : (n) [OFr. 'Simenel.] (۱) عمدہ آٹیکی پاؤ روٹی یا نان پاؤ ۔ (۲) عمدہ خوشنما کیک جو بڑے دن (کرسمس) کے موقع پر بڑے تکلف سے تیار کیا جاتا ھے ۔ (۳) فشردہ ۔

Simnel-Sunday : (n) (۱) لنٹ کا چوتھا اتوار ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا شربت (جو پھل کو کچل کر تیار کیا گیا ہو) ۔

Simoleon : (n) [Origin unkn.] (عام) ڈالر ۔

Simon legree : (n) بے رحمی سے کام لینے والا (کسی شخص سے) ۔

Simon pure/ the (Real) simon pure : (n) ایک شوقیہ یا زیر تربیت کا رکن : جب تک اس اسامی پر مقرر نہ ہو ۔

Simon Pure : (a) اصلی : حقیقی : بد عنوانی سے مبرا ۔

Simoniac : (n) [Fr. 'Simoniaque' or med. L. 'Simoniacus'.] گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا ۔

Simoniac/ -al : (a) (۱) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا ۔ (۲) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کا ۔

Simoniacally : (adv.) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرتے ہوئے ۔

Simonian : (n) [med. L. 'Sinonianus'.] Simon Magus کے عیسائی فرقے کا رکن جسے بدعتی سمجھا جاتا تھا : سائمن میگس کے پیرو ۔

Simonian : (a) سائمن میگس کے پیروؤں سے متعلق ۔

Simonist : (n) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا ۔

Simonize : (v) موم سے پالش کرنا ۔

Simony : (n) [Fr. 'Simonie'.] گرجا کے منصب کی خرید و فروخت ۔

Simoom : (n) [Arab. 'Simum'.] باد سموم ۔

Simorg/ Simorgh : (n) سیمرغ : عنقا ۔

Simp : سادہ لوح : احمق ۔

Simpai : (n) [Malay.] سماترا میں پایا جانے والا ایک قسم کا لنگور ۔

Simpatico : (n) [It.] (۱) دلکش : خوشنما : پسند کے لائق ۔ (۲) ہم رنگ : ہم مزاج : موافق ۔

Simper : (v) (۱) تکلف یا بناوٹ سے مسکرانا : دانت نکال دینا : کھیس کاڑھنا ۔ (۲) دانت نکال کر اظہار کرنا : (رضا مندی وغیرہ کا اظہار) دانت نکال کر کرنا ۔

Simper : (n) بناوٹ یا حماقت کا تبسم یا ہنسی ۔

Simperer : (n) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنسنے والا : بناوٹ سے مسکرانے والا ۔

Simperingly : (adv.) دانت نکال کر : کھیسیں کاڑھ کر ۔

Simple : (a) [Fr.] (۱) آسان : سہل : سیدھا : جس میں کوئی مشکل یا پیچیدگی نہ ہو ۔ (۲) مفرد : غیر مرکب : سادہ ۔ (۳)سادہ : بے تکلف (جو زیادہ ترقی یافتہ ، پیچیدہ ، آراستہ یا الجھا ہوا نہ ہو) ۔ (۴) محض: قطعی : مطلق : عین ۔ (۵) بے بناوٹ : بے تصنع : بھولا بھالا : سیدھا سادہ۔ (٦) بے وقوف: سادہ لوح: ناتجربہ کار ۔ (۷)حقیر: ادنیٰ : خفیف ۔ (۸) مفرد (دوا ، جڑی بوٹی) ۔

Pure and simple : قطعی : محض : خالص : واضح ۔

Simple life : سادہ زندگی ۔

Simple : (n) (۱) نا خواندہ لوگ ۔ (۲) سادہ لفظ ۔ (۳) مفرد چیز ۔ (۴) (پارچہ سازی) ہتھ کرگھے کی دو دھاگے جو تانے سے لگے رہتے ہیں ۔ (۵) (جمع) حماقت : بے وقوفی : سادہ لوحی ۔ (٦) صرف جڑی بوٹی سے حاصل ہونے والی دوا ۔

Simple : (v) جڑی بوٹی جمع کرنا ۔

Simple: (adv.) دیکھو Foolishly

Simple beam : (n) وہ شہتیر جسے دونوں طرف سے سہارے کی ضرورت ہو۔

Simple-addition : (n) جمع مفرد ۔

Simple bond : (n) غیر مشروط بانڈ ۔

Simple-bud : (n) اکھوا جس سے شاخ یا پھول نکلتا ھے ۔

Simple contract : (n) زبانی یا تحریری معاہدہ (غیر توثیق شدہ) ۔

Simple curve : (n) دائروی خم (سڑک کا) جس سے دوراہیں نکلتی ہیں۔

Simple equation : (n) (ریاضیات) سادہ مساوات ۔

Simple eye : (n) کیڑے مکوڑوں کی آنکھ جو بہت سادہ ساخت کی ہوتی ھے ۔

Simple feast : (n) معمولی عبادت ۔

Simple fraction : (n) کسر سادہ ۔

Simple fracture : (n) ہڈی کا ٹوٹ جانا مگر اپنی جگہ رہنا ۔

Simple harmonic motion : (n) سادہ ہم آہنگ حرکت ۔

Simple-hearted : (a) صاف دل : مخلص : مخلصانہ : سادہ دل ۔

Simple injury : (n) ضرب خفیف ۔

Simple interest : (n) سود مفرد ۔

Simple larceny : (n) (قانون) معمولی چوری : سرقہ ۔

Simple machine : (n) سادہ مشین ، بیرم ، چرخی ، پیچ وغیرہ ۔

Simple-minded : (a) سیدھا سادھا : سادہ دل ۔

Simple-mindedness : (n) سیدھا پن : سادہ دلی ۔

Simple motion : (n) خط مستقیم ، دائرہ یا قوس میں حرکت ۔

Simple ointment : (n) مرہم جس میں پانچ فی صد سفید موم اور ۹۵ فی صد سفید پٹرولیم ہوتا ھے ۔

Simple ore : (n) خام دھات جس میں صرف ایک ہی طرح کی دھات نکلے۔

Simple pendulum : (n) سادہ پنڈولم ۔

Simple quantity : (n) مقدار مفرد ۔

Simple sentence : (n) مفرد جملہ ۔

Simple simon : (n) بے وقوف شخص ۔

Simpleness : (n) سادگی ۔

Simpleton : (n) بے وقوف : احمق : سادہ لوح : بھولا : ضعیف العقل ۔

Simplex : (a) [L.] (۱) مفرد ؛ سادہ ۔ (۲) (پیغام رسانی) جس میں سلسلۂ پیغام رسانی ایک وقت میں صرف ایک طرف سے ہو ۔

Simplex : (n) (۱) سادہ لفظ ؛ لفظ مفرد ۔ (۲) سلسلۂ پیغام رسانی کا طریقہ جس میں ایک وقت میں پیغام صرف ایک سمت بھیجا جاسکتا ھی ۔

Simplex mechine : (n) تانا بننے والی مشین ۔

Simplex obligatio : (n) [L.] غیر مشروط بانڈ ۔

Simplicist : (n) مصنوعی سادگی کی حمایت کرنے والا ۔

Simpliciter : (adv.) قطعی طور پر ؛ کلی طور پر ؛ مطلقاً ۔

Simplicity : (n) (۱) مفرد ہونا ؛ سادہ دلی ؛ بھولا پن ؛ سادگی ؛ بے بناوٹ یا بے تکلف ہونا ۔ (۲) لا علمی ؛ جہالت ؛ بے وقوفی ۔ (۳) انکساری ؛ صاف باطنی ؛ صاف دلی ۔ (۴) معصومیت ؛ بھولا پن ۔

Simplification : (n) مفرد شکل میں آنا یا لایا جانا ؛ سہل کرنا یا ہونا ؛ اختصار ۔

Simplify : (v) مفرد شکل میں لانا ؛ پیچیدگی دور کرنا ؛ سادہ کرنا یا بنانا ؛ سہل کرنا ؛ توضیح کرنا ۔

Simplism : (n) مصنوعی سادگی ؛ بناوٹی سادگی ۔

Simplist : (n) مصنوعی سادگی کی حمایت کرنے والا ؛ مصنوعی سادگی پسند ۔

Simplistic : (a) مصنوعی سادگی سے متعلق ۔

Simply : (adv.) (۱) محض ؛ صرف ۔ (۲) سادہ دلی سے ؛ سادگی سے ؛ بلا تصنع ؛ بے بناوٹ ۔ (۳) بے وقوفانہ ؛ احمقانہ ۔ (۴) مطلقاً ؛ بالکل ۔ (۵) سادہ زبان میں ؛ صاف زبان میں ۔

Simulacre : (n) (۱) بت ؛ صنم ۔ (۲) شبیہہ ؛ تمثال ۔

Simulacrum: (n) [L.'Simulare'.] (۱) تمثال ؛ شبیہہ ۔ (۲) ہلکی سی شبیہہ ؛ اشباہ ؛ صورت خیالی ۔ (۳) نقلی چیز جو دھوکے سے اصلی ظاہر کی جائے ؛ محض نقلی یا چربہ ۔

Simular : (n) [L. 'Simulare'.] مشابہ ہونا ؛ نقلی چیز ۔

Simular : (a) نقلی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ۔

Simulate : (a) مشابہ ؛ نقل ۔

Simulate : (v) (۱) بناوٹ سے ظاہر کرنا ؛ جھوٹ موٹ ظاہر کرنا ۔ (۲) ہونے کا دعویٰ کرنا ؛ بننا ؛ مشابہ ہونا ۔ (۳) روپ بھرنا ؛ بھیس بدلنا ۔ (۴) نقل کرنا ؛ نقل اتارنا ۔ (۵) (لفظ کا) شکل اختیار کرنا (اپنے فرضی ماخذ کی) ۔

Simulated : (a) بناوٹی ؛ جھوٹا ؛ نقلی ؛ مصنوعی ۔

Simulation : (n) (۱) بناوٹ ؛ جھوٹا دعویٰ ؛ بھیس بدلنا ؛ نقل ؛ نر شباہت ؛ مکر کاری ؛ مکر ؛ زمانہ سازی ۔ (۲) نقل اتارنے کا ایک طریقہ ۔

Simulative : (a) نقلی ؛ بناوٹی ۔

Simulator : (n) بننے والا ؛ جھوٹا دعویٰ کرنے والا ؛ نقال ؛ نقل اتارنے کا آلہ ۔

Simulcast : (v) ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے ایک ساتھ نشر کرنا ۔

Simulcast : (n) ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے بیک وقت نشر کرنا ۔

Simultaneity : (n) ہم وقتی ؛ ہم زمانی ۔

Simultaneous : (a) [med. L. 'Simultaneus'.] (۱) ہم وقت؛ ہم زمان ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونے والا ۔ (۲) (ارضیات) ہمزاد ۔

Simultaneous equation : (n) مساوات آئینہ ؛ مساوات ہمزاد ۔

Simultaneous reaction : (n) ہم وقتی رد عمل ۔

Simultaneously : (adv.) ایک ہی وقت میں ؛ ساتھ ؛ ساتھ ؛ بیک وقت ۔

Simultaneousness : (n) ہم وقتی ؛ ہم زمانی ۔

Simurgh : (n) [Pers.] سیمرغ ۔

Sin : (n) [OE. 'Syn(n)'.] (۱) گناہ ؛ پاپ ؛ خطا ؛ عصیاں ؛ ذنب ۔ (۲) کوئی فعل جو تہذیب کے خلاف یا رسم و رواج کی رو سے برا ہو ؛ بد تمیزی ؛ نازیبا حرکت ۔

As black or ugly as sin : نہایت سیاہ یا بدصورت ۔

Child of sin : ناجائز اولاد ۔

Deadly sin : گناہ کبیرہ ۔

For my sin : (مزاحاً) اپنے گناہوں کی پاداش میں ۔

In sin : زنا کی حالت میں ۔

Like sin : (عام) جوش و خروش سے : زور شور سے ۔

Man of sin : گناہ گار : بدکار ۔

Mortal sin : گناہ کبیرہ ۔

Original sin : گناہ آدم : فطری معصیت ۔

The seven deadly sins : غرور ، حرص ، شہوت ، غصہ ، شکم پروری ، حسد ، کاہلی ، یہ سات گناہ کبیرہ جن کا ذکر بائبل میں ہے۔

Sin : (v) [OE. 'Syngian'.] (۱) گناہ کرنا ۔ (۲) بدکاری کرنا : زنا کرنا۔ (۳) بد تمیزی کرنا : نازیبا حرکت کرنا ۔

To sin one's mercies : ناشکر گزاری کرنا : ناشکری کرنا: کفرانِ نعمت کرنا ۔

Sin : (n) عبرانی حروف تہجی کا اکیسواں حرف ۔

Sin-eater : (n) مردے کے گناہوں کا بار لینے والا آدمی جو روپئے لے کر تابوت میں رکھی ہوئی روٹی کھاتا اور شراب پیتا ھے ۔

Sin flood :(n) طوفان نوح ۔

Sin-offering : (n) قربانی یا نذر (گناہ بخشوانے کے لئے) ۔

Sinaic : (a) [Heb. 'Sinay'.] کوہ سینا یا جزیرہ نمائے سینا کا : سینائی۔

Sinaitic : (a) دیکھو Sinaic

Sinal : (a) جوف عظم سے متعلق ۔

Sinalbin : (n) [L. 'Sinapis' + 'alba'.] سفید رائی میں پایا جانے والا گلوکو سائیڈ (Glucoside) ۔

Sinamay : (n) [Tagalog.] فلپائن میں بننے والا ایک قسم کا سخت اور موٹا کپڑا ۔

Sinamine : (n) [L. 'Sinapis' + -amine'.] (کیمیا) ایک اساسی مرکب جو Thiasinamine سے حاصل ہوتا ھے ۔

Sinanthropus : (n) [L. 'Sinapis' + -anthropus'.] پیکن کے قریب آثار باقیہ کے بن مانس سے مشابہ انسان : چینی قدیم انسان : چینی بن مانسی انسان ۔

Sinapate : (n) (کیمیا) نمک جو کسی القلی پر خردلی ترشہ کے عمل سے تیار ہوتا ھے (Sinapic acid)۔

Sinapic acid : (a) Sinapine سے متعلق یا اس سے حاصل ہونے والا ۔

Sinapic acid : (n) خردلی ترشہ ۔

Sinapine : (n) [L. 'Sinapis' + -ine.] ایک مرکب جو سفید رائی میں پایا جاتا ھے ۔

Sinapis : (n) خردل : رائی ۔

Sinapisine : (n) ایک قسم کا سفید ، پرت دار بلوری مادہ جو سیاہ رائی سے نکالا جاتا ھے ۔

Sinapism : (n) [Fr. 'Sinapisme' or Late L. 'Sinapismus'.] ضماد خردل : رائی کا پلستر یا لیپ ۔

Sinapoline : (n) ایک قسم کا نامیاتی اساس ۔

Since : (adv.) (۱) اس کے بعد سے : اس وقت سے ۔ (۲) قبل : پہلے ۔ (۳) بعد میں : آگے چل کر ۔

Since : (prep.) (۱) سے : بعد سے (کسی خاص وقت سے) ۔ (۲) درمیان۔

Since : (conj.) (۱) چونکہ : اس لئے کہ : کیونکہ ۔ (۲) (جب) سے ۔

Sincere : (a) [L. 'Sincerus'.] (۱) مخلص : مخلصانہ : پر خلوص : صادق : خالص : سچا ۔ (۲) کھرا : بے لاگ : صاف ۔

Sincerely : (adv.) صداقت سے: سچائی سے :خلوص سے ۔

Sincereness : (n) (۱) خلوص : اخلاص : سچائی : ایمانداری ۔ (۲) کھراپن ۔ (۳) (جمع) مخلصانہ احساس یا عمل ۔

Sincerity : (n) دیکھو Sincereness

Sincipital : (a) سر کے نصف اگلے حصہ سے متعلق ۔

Sinciput : (n) [L.] سر کا نصف اگلا حصہ : پیشانی تافرق ۔

Sindico : (n) [L. 'Syndicus'.] (۱) (یورپ کے ملکوں میں) ایک افسر جو مجسٹریٹ کے اختیارات رکھتا ھے ۔ (۲) سنڈک ۔

Sindon : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا نفیس باریک کپڑا ۔ (۲) اس کپڑے کا کفن ۔(جس میں حضرت مسیح کو لپیٹا گیا تھا) ۔ (۳)لپیٹنے والا ریپر ۔ (۴) (جراحی) ایک قسم کی بتی (زخم میں بھری جانے والی) ۔

Sindon : (a) نفیس باریک کپڑے کا بنا ہوا ۔

Sine : (n) [L. 'Sinus'.] (علم مثلث) جیب : جیب الزاویہ ۔

Sine : (prep.) بغیر : بلا ۔

Sine die : (adv.) [L.] بلا تاریخ : التوائے غیر محدود : بلا تعین تاریخ ۔

Sine die : (a) غیر معین : غیر محدود ۔

Sine parole : (adv.) [L.] لا وَلد ۔

Sine qua non : (n) لازمی یا ناگزیر شخص یا شے ۔

Sine qua non : (a) لازمی : ناگزیر ۔

Sine wave : (n) جیبی موج ۔

Sinecure : (n) [L. 'Sine cura'.] (۱) وہ عہدہ جس میں کوئی کام نہ کرنا پڑے؛ بے کام کی نوکری؛ بے کام اسامی ۔ (۲)کلیسائی جاگیر جس کے جاگیردار کو پادری کاکام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔

Sinecure : (a) بے کام (اسامی) : جس پر کام نہ کرنا پڑے ۔

Sinecurism : (n) بے کام کی نوکری کا طریقہ : مفت باشی : کلیسائی جاگیر کا وہ طریقہ جس میں جاگیردار کو پادری کا کام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔

Sinecurist : (n) (۱) ایسی کلیسائی جاگیر کا سربراہ جس کو پادری کا کام بذات خود نہ کرنا پڑے ۔ (۲) وہ عہدہ دار جسے کچھ کام نہ کرنا پڑے یاکم کرنا پڑے : مفت باش ۔

Sinesian : (a) [Late L. 'Sinae'.] چینی اور ان سے مشابہ نسلوں سے متعلق یا ایشیا کے ان علاقوں سے متعلق جہاں یہ لوگ رہتے ہیں ۔

Sinew : (n) [OE. 'Sin(e)we'.] (۱) (تشریح) نس : موٹی رگ : وتر: طُنب : تانت ۔ (۲) نسیلا مادہ ۔ (۳) (جمع) طاقت : زور : قوت جسمانی : عضلات ۔ (۴) (مجازاً) وسائل : ذرائع ۔

The sinews of war : روپیہ ۔

Sinew : (v) تانت سے باندھنا : مضبوط کرنا ۔

Sinewed : (a) (۱) خاص قسم کی نس والا ۔ (۲) مضبوط : قوی : زور آور : نسیلا : طاقتور ۔

Sinewiness : (n) طاقت وری : زور آوری : نسیلا پن ۔

Sinewless : (a) کم زور : ضعیف : ناتواں : ناطاقت ۔

Sinewous : (a) (۱) نسیلا : نس دار ۔ (۲) مضبوط : قوی : زور آور : نسیلا : طاقتور ۔

Sinewy : (n) دیکھو Sinewous

Sinful : (a) (۱) گناہ گار : عاصی : پاپی ۔ (۲) نہایت قابل ملامت : قابل الزام ۔ (۳) گناہ گارانہ : عاصیانہ ۔

Sinfully : (adv.) گناہ گاری : عاصیانہ طور پر : خطا کاری سے ۔

Sinfulness : (n) گنہ گاری : خطا کاری ۔

Sing : (v) [OE. 'Singan'.] (۱) گانا ۔ (۲) چہچہانا : نغمہ سرائی کرنا ۔ (۳) (شہد کی مکھیوں کا) بھنبھنانا : (ھوا کا) سنسنانا ۔ (۴) (آوازسے) کان بھر جانا : کان بجنا ۔ (۵)شعر کہنا : کسی بہادر یا معشوق وغیرہ کی شعر میں تعریف کرنا : (کسی بڑے واقعے کو) نظم میں بیان کرنا ۔ (۶) (مجازاً) چلانا : ہنگامہ کرنا : شیخی بگھارنا: پکارنا ۔ (۷) گایا جانا ۔ (۸) زور سے اعلان کرنا ۔

To hear a bird sing : خفیہ اطلاع پانا یا حاصل کرنا ۔

To sing another song or a different tune : بالکل مختلف انداز اختیار کرنا : بالکل مختلف بات کرنا ۔

To sing one's praises : کسی کے گن گانا :کسی کی تعریف میں رطب اللسان ہونا ۔

To sing the blues : شکوہ کرنا : قنوطانہ رویہ اختیار کرنا :مایوس ہو جانا ۔

To sing the same (or one) song : ایک ہی رٹ لگائے جانا ۔

Sing : (n) گانا : نغمہ سرائی ۔

Sing-space : (v) سطروں کے درمیان کم سے کم فاصلہ : کم سے کم بین السطور والی سطریں ۔

Sing-sing : (n) [Native name.] ایک قسم کا افریقی ہرگ (ہرن) ۔

Sing-sing : (n) جزائر اوشینیا کے ناچ گانے کی ایک تقریب ۔

Sing-song : (n) (۱) ایک ہی لے : یکساں لے : اکتا دینے والی یکسانیت ۔ (۲) یکساں لے کا گیت یا گانا ۔ (۳) یکساں لہجہ ۔

Singing voice : (n) سریلی آواز۔

Singingly : (adv.) گاتے ہوئے : سُر میں۔

Single : (n) (۱) باز کے پیر کا درمیانی یا باہری پنجہ۔ (۲) (شکار) ہرن کی دم۔ (۳) خوشہ یا بالیں کا چھوٹا گٹھر۔ (۴) مفرد لفظ۔ (۵) ایک پنکھڑی پھول۔ (۶) اِکہرا ریشمی دھاگا۔ (۷) تاش کا ایک ہاتھ (جبکہ حریف نے تین چار ہاتھ لے لیا ہو)۔ (۸) (کرکٹ) ایک رن کی ہٹ : وہ ہٹ جس میں صرف ایک ہی رن بنے۔ (۹) (ٹینس) وہ کھیل یا مقابلہ جس میں ایک وقت میں دونوں طرف سے صرف ایک ہی کھلاڑی کھیلے۔ (۱۰) گھنٹی بجانے کا ایک طریقہ۔ (۱۱) ایک شخص : کنوارا : کنواری۔ (۱۲) تفریح یا تماشا جو ایک ہی آدمی کرے۔ (۱۳) گھر یا کمرہ جس میں صرف ایک آدمی رہ سکے۔

In singles : ایک ایک کر کے : فرداً فرداً۔

Single : (a) [ME. 'Sengle'.] (۱) واحد : ایک : مفرد : اکہرا۔ (۲) تنہا : اکیلا : تن تنہا۔ (۳) سچا : صادق : بے لاگ : کھرا : صاف۔ (۴) جو ایک ہی شخص کے استعمال کے لئے بنایا گیا ہو۔ (۵) علاحدہ۔ (۶) مجرد : کنوارا : کنواری۔ (۷) کنوارا پن سے متعلق۔ (۸) (نباتیات) مفرد : یک گلبرگہ۔ (۹) ہلکی (بیئر ، بوزہ وغیرہ)۔ (۱۰) یکیکی (لڑائی وغیرہ)۔ (۱۱) بے جوڑ : مفرد : واحد۔ (۱۲) صرف ایک طرف کے سفر کے لئے (ٹکٹ)۔

At single man : مجرد مرد۔

A single woman : بن بیاہی عورت۔

Single : (v) (۱) انتخاب کرنا : چننا : چھانٹنا۔ (۲) (شکار) ایک ہرن کو غول سے الگ کرنا۔ (۳) الگ کرنا : چھانٹنا۔ (۴) پودوں کی تعداد کم کرنا تاکہ سبھی پودے الگ الگ بڑھ سکیں۔ (۵) تنہا بنا دینا : اکیلا بنا دینا۔ (۶) الگ ہو جانا : دوسروں سے علاحدہ ہو جانا۔ (۷) (گھوڑے کا) دوگامہ کی طرح چال چلنا۔

Single : (adv.) (۱) ایک ایک کر کے : فرداً فرداً۔ (۲) اکیلے۔ (۳) کھرے پن سے : صداقت کے ساتھ : مخلصانہ طور پر : صاف طور سے۔

Single-acting : (a) یک عملی (انجن) : ایک ہی سمت یا طریقے سے کام کرنے والا : اِکہرے دباؤ کا۔

Single-acting engine : (n) یک عملی انجن : اکہرے دباؤ کا انجن۔

Single-action : (a) (۱) دیکھو Single-acting۔ (۲) (بندوق وغیرہ)

(۴) اتائیوں کا گانا ، گیت۔

Sing-song : (a) (۱) (گانا ، شعر خوانی) ایک ہی دھن والا : اول سے آخر تک ایک ہی لے والا۔ (۲) یکساں لہجے والا : اکتا دینے والا۔ (۳) ایک ہی لے میں گانے والا۔

Sing-song : (v) یکساں لے میں گانا : پڑھنا یا بولنا۔

Sing-song girl : (n) پیشہ ور چینی مغنیہ۔

Sing-songy : (a) یکساں لے کا۔

Singable : (a) گانے کے لائق۔

Singaporean : (a) سنگاپور کا یا سنگا پور سے متعلق : سنگاپوری۔

Singaporean : (n) سنگا پوری : سنگا پور کا باشندہ۔

Singe : (n) سوزش : جلن : داغ (جھلسنے کا)۔

Singe : (v) [OE. 'Sencgan'.] (۱) جھلسنا : جھلسانا : خفیف سا جلنا یا جلانا : داغ لگ جانا۔ (۲) جھلسا کر الگ کر دینا۔ (۳) (مجازاً) غیر متوقع تکلیف پہنچانا۔

Singed : (n) جھلسا ہوا : جھلسایا ہوا۔

Singer : (n) گویا : مطرب : مغنی : مراثی : ڈوم۔

Singer : (n) جھلسانے والا۔

Singerie : (n) [Fr.] بندروں کی تصویر۔

Singer's node : (n) اوتار صوت کی نسیجوں کا موٹا ہو جانا (زیادہ یا غلط طور سے گانے سے)۔

Singing : (a) (۱) گانے والا: گانے والی۔ (۲) سریلا : سریلی آواز پیدا کرنے والی۔

Singing : (n) (۱) گانا : نغمہ سرائی۔ (۲) بھنبھناہٹ : کان بجنا۔

Singing : (a) (۱) گانے والا : گانے والی۔ (۲) سریلا : سریلی آواز پیدا کرنے والا۔

Singing-buoy : (n) پیراک پیپا جس سے آواز نکلتی رہتی ہے۔

Singing man : (n) گویّا : مغنی : نغمہ سرا۔

Singing-master : (n) گانے کا معلم : گانا سکھانے والا استاد۔

جسے ہر فائر کے لئے بھرنا پڑے ۔

Single-barrel : (n) یک نالی بندوق ۔

Single-barreled : (a) یک نالی؛ جس میں صرف ایک نال ہو ۔

Single-blessedness : (n) (مزاحاً) تجرد کی زندگی ۔

Single-breasted : (a) اکہرے صدر کا کوٹ ۔

Single-chamber : (a) یک ایوانی ۔

Single-court : (n) (ٹینس وغیرہ کا) کورٹ جس میں صرف دو کھلاڑی کھیل سکیں ۔

Single-crop : (v) اکہری فصل اُگانا ۔

Single-cut : (a) اکہرے دندانوں کی ریتی ۔

Single-cut : (n) آسان تراش (جواہر کی) ۔

Single-cut file : (n) اکہرے دندانوں کی ریتی ۔

Single-entry : (n) طریقہ سیاق جس کی رو سے ہر مد کھاتے میں ایک بار درج کی جاتی ھے ۔

Single-eye : (a) جس میں صرف اکھوا یا کونپل ہو ۔

Single-eyed : (a) (۱) یک چشمی ۔ (۲) مخلص : ایماندار : کھرا : صاف؛ بے لاگ ۔ (۳) یک مقصد : وہ شخص جو اپنے آپ کو ایک مقصد کے لئے وقف کر دے ۔

Single-file : (n) آدمیوں وغیرہ کی اکہری قطار ۔

Single-file : (adv.) اکہری قطار میں ۔

Single file : (v) اکہری قطار میں چلنا۔

Single-foot : (n) گھوڑے کی لنگوری چال ۔

Single-foor : (v) لنگوری چال چلنا۔

Single-footed : (a) لنگوری چال چلنے والا ۔

Single-gloucester : (n) دیکھو Gloucester

Single-hand /-ed: (a) (۱) یکہ : تنہا : بلا شرکت غیرے ۔ (۲) ایک ہاتھ کا (وار) : ایک ہاتھ سے استعمال ہونے والی (چیز)۔

Single-handedly : (adv.) اکیلے : بلا شرکت غیرے ۔

Single-handedness : (n) اکیلا پن : ایک ہاتھ سے کام کرنا ۔

Single-hearted : (a) بے لاگ : کھرا : یک رنگ ۔

Single-heartedly : (adv.) کھرا پن سے : بے لاگ طور پر ۔

Single-heartedness : (n) یک سوئی : یک رنگی (طبیعت کی) ۔

Single-jack : (n) چھوٹے دستے کا ہتھوڑا۔

Single-line : (a) (۱) یک قطاری : ایک لائن والی ۔ (۲) یک سطری۔

Single-minded : (a) (۱) بے لاگ : کھرا : یک رنگ ۔ (۲) یک مقصد ۔

Single-mindedly : (adv.) کھرے طور پر : یک رنگی سے : ایک ہی مقصد کے ساتھ ۔

Single-mindedness : (n) کھرا پن : یک رنگی : یک سوئی ۔

Single phase : (a) یک فیزہ : یک ہیئتی ۔

Single-punch : (v) (ایک وقت میں) ایک ہی سوراخ کرنا ۔

Single-seater : (n) یک نشستی ۔

Single-shot : (a) ایک بار میں ایک فائر کرنے والی (بندوق) ۔

Single-space : (v) سطروں کے درمیان کم سے کم فاصلہ : کم سے کم بین السطور والی سطریں ۔

Single-stage : (a) یک مرحلہ ۔

Single-standard : (n) (۱) ضوابط یا اصول جن کا کسی جماعت کے سبھی ارکان پر اطلاق ہو ۔ (۲) اخلاقی قانون جس کا اطلاق جنسی افعال کے متعلق عورتوں اور مردوں پر یکساں ہوتا ھے ۔

Single-state : (n) تجرد ۔

Single-stick/Singlestick : (n) ایک قسم کا چھڑی گتکا : ولایتی چھڑی گتکا ۔

Single-stick : (v) ولایتی گتکا کھیلنا ۔

Single-track : (n) ایک ہی پٹری : ایک ہی پٹری کی سوچ ۔

Single-tree : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سن کو کوٹتے ہیں۔ (۲) چھکڑے ، ہل وغیرہ کا جوا : جوت ڈنڈا۔

Single vote : (n) ایک ووٹ۔

Single-wicket : (n) ایک وکٹ : کرکٹ کی ابتدائی قسم جس میں صرف ایک وکٹ ہوتا تھا اور صرف ایک بلے باز کھیلتا تھا۔

Singlebar : (n) دیکھو Single-tree

Singleness : (n) (۱) اکیلا ہونا : مفرد ہونا : تجرد۔ (۲) کنوارپن : ناکتخدائی۔ (۳) اکیلاپن : کھرا پن۔ (۴) یک مقصد ہونا۔ (۵) یک سوئی۔

Singleet : (n) (۱) وہ اونی لباس جو قمیص کے نیچے پہنتے ہیں : تنگ اونی بنیان۔ (۲) (کیمیا) یک برقیہ ربط۔

Singleton : (n) (۱) (تاش) ایک رنگ کا صرف ایک پتا۔ (۲) اکیلی چیز۔

Singling : (n) (۱) انتخاب : چھانٹنا۔ (۲) (جمع) (کیمیا) خام حاصل تجزیہ۔ (۳) کپڑے کا ایک نقص جو ایک یا دو دھاگا چھوٹ جانے سے پیدا ہوتا ہے۔

Singly : (adv.) دیکھو Single

Singular : (a) [ME. 'Singuler'.] (۱) (منطق) واحد : شخصیہ۔ (۲) ہر فرد۔ (۳) عدیم المثال : یکتا : بے نظیر۔ (۴) غیر معمولی : نادر : نرالا : انوکھا۔ (۵) بے ڈھنگا : بے تکا۔ (۶) (قواعد) مفرد : واحد۔ (۷) نجی : ذاتی : مخصوص۔ (۸) بیش قیمت : قیمتی۔

All and singular : سب لوگ مجموعی طور پر اور فرداً فرداً۔

Singular : (n) (قواعد) مفرد : واحد۔

Singular integral : (n) نادر حل : عدیم المثال حل۔

Singular proposition : (n) قضیہ شخصیہ۔

Singular solution : (n) نادر حل : عدیم المثال حل۔

Singularism : (n) (فلسفہ) شخصیت : واحدیت : کوئی فلسفہ جو کل تصورات ایک ہی اصول سے اخذ کرتا ہے۔

Singularity : (n) [Fr. 'Singularite'.] (۱) نرالاپن : انوکھا پن : ندرت۔ (۲) انفرادیت : امتیاز۔ (۳) انوکھی چیز : نرالی چیز۔ (۴) غیر معمولی خصوصیت۔

Singularize : (v) (۱) ممیز بنانا : واحد بنانا۔ (۲) کسی لفظ کے آخر کے حرف یا حروف کو غلطی سے علامت جمع سمجھ کر گرا دینا۔

Singularly : (adv.) (۱) بطور واحد۔ (۲) عجیب طرز سے : انوکھے طریقے سے۔

Singularness : (n) دیکھو Singularity

Singuli in solidum : (a) [L.] پوری رقم کے لئے تنہا ذمہ دار۔

Singult : (n) [L.] ہچکی۔

Singultus : (n) [L.] دیکھو Singult

Sinh : (n) زائدی جیب۔

Sinhalese : (n) [Skr. 'Sinhalam'.] (۱) شری لنکا کا باشندہ : سنہالی۔ (۲) شری لنکا کی زبان : سنہالی زبان۔

Sinhalese : (a) شری لنکا یا شری لنکا کے باشندے کا یا ان سے متعلق۔

Sinic : (a) [L. 'Sinicus'.] (جغرافیہ) چینی : صینی۔

Sinical : (a) (ریاضیات) جیبی۔

Sinicism : (n) چینی مخصوص طور طریقے۔

Sinicization : (n) چینی طور طریقے اختیار کرانے کا عمل۔

Sinicize : (v) چینی طور طریقے اختیار کرانا۔

Sinification : (n) دیکھو Cinicization

Sinify : (v) دیکھو Sinicize

Sinigrin : (n) [L. 'Sinapis'. + 'nigra' + in.] رنگ نمک ، جس میں گندھک کا جزو بھی ہوتا ہے۔

Sinister : (a) [Fr. 'Sinistre' or L. 'Sinister'.] (۱) (نقابت) بائیں رخ کا : جو ڈھال کے بائیں طرف طرف ہو۔ (۲) بایاں : چپ۔ (۳) نا مبارک : منحوس۔ (۴) جس کی صورت سے خباثت یا بدمعاشی برستی ہو۔ (۵) ناپاک : برا : شرارت آمیز (ارادہ ، منصوبہ وغیرہ)۔ (۶) ناساز گار : نقصان دہ : مضر۔ (۷) ناواجب : غیر واجب : نا سزاوار : بے جا : خفیہ : پوشیدہ۔

Sinister : (adv.) بائیں طرف۔

Sinisterity : (n) نحوست ؛ ناپاکی ؛ برائی ۔

Sinisterly : (adv.) ناپاک ارادے سے ؛ بری نیت سے ؛ شرارت سے ۔

Sinisterness : (n) دیکھو Sinisterity

Sinistrad : (adv.) بائیں طرف ۔

Sinistral : (a) (۱) شرارت آمیز ؛ مضرت ۔ (۲) ناموافق ؛ نامناسب ؛ مخالف ۔ (۳) بایاں ؛ بائیں طرف کا ۔ (۴) (صدف) چپ پیچاں ، جس کے چکر بجائے سیدھی طرف کے الٹی طرف گھومتے ہوں ؛ الٹے چکر کے ۔ (۵) کھبّا ؛چپ دست ؛ چپہ (شخص) ۔

Sinistrality : (n) شرارت آمیزی ؛ بایاں ہونا ؛ چپ پیچاں ہونا ؛ کھبّا پن ۔

Sinistrally : (adv.) بائیں طرف سے ؛ بائیں طرف کو ؛ شرارت آمیز طور پر ۔

Sinistro- : (Prefix) سابقہ بمعنی "بایاں" ۔

Sinistrocular : (a) بائیں آنکھ کو زیادہ استعمال کرنے والا (عادتاً یا زیادہ موثر طور پر) ۔

Sinistrorsal : (a) (نباتیات) چپ پیچاں ؛ چپ خم ؛ بائیں طرف مڑنے یا حرکت کرنے والا ۔

Sinistrorsally : (adv.) بائیں طرف مڑتے ہوئے ۔

Sinistrorse : (a) [L. 'Sinistrorsus'.] دیکھو Sinistrorsal

Sinistrous : (a) منحوس ؛ نامبارک ۔

Sinistrously : (adv.) نا مبارک طور پر ؛ نحوست کے ساتھ ۔

Sinitic/ Sinetic : (a) چینی باشندے یا چینی زبان یا ثقافت سے متعلق ۔

Sink : (n) (۱) گندگی یا غلاظت کا گڑھا ۔ (۲) جست یا چینی کی اونچی سی ناند جس میں باورچی خانے کا خراب پانی ڈالتے ہیں اور وہ نل کے ذریعے سے نکل جاتا ہے ؛ غرقہ؛ ڈبسال ؛ سیلابہ ۔ (۳) وہ دلدل یا جوہڑ جس میں دریا کا پانی گر کر غائب یا جذب ہو جاتا ہے ۔ (۴) ناٹک کے اسٹیج میں وہ شگاف جس میں سے پردہ گرتا اور اٹھتا ہے ۔ (۵) دیکھو Sink-hole ۔ (۶) ایک قسم کی لمبی کشتی جس میں سے جنگلی پرندوں کا شکار کرتے ہیں اور جو پانی میں تقریباً ڈوب جاتی ہے اور اس طرح سے شکاری نظر نہیں آتے ہیں ۔ (۷) نشیب ؛ گڑھا ۔ (۸)(طباعت) پلیٹ کا نشیبی حصہ ۔

Sink : (v) [OE. 'Sincan'.] (۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ۔ (۲) دھنسنا ؛ سطح کے نیچے بیٹھنا ؛ گڑنا ۔ (۳) ڈھکنا ؛ غروب ہونا ۔ (۴)کم ہونا؛ گرنا؛ گھٹنا ۔ (۵) جھکنا ؛ مرجھانا ۔ (۶) دل بیٹھنا؛ ہمت پست ہونا ۔ (۷) بیٹھنا ؛ فرو ہونا ۔ (۸) رفتہ رفتہ ختم ہو جانا ؛ تمام ہو جانا ۔ (۹)در آنا ؛ گھس جانا ؛ (دل میں) بیٹھ جانا ؛ سرایت کر جانا۔ (۱۰) غرق کرنا ؛ ڈبونا ؛ دھنسانا ؛ نیچا کرنا ۔ (۱۱)چھپانا ؛ نظروں سے اوجھل رکھنا ؛ پوشیدہ رکھنا ؛ ذکر نہ کرنا ۔ (۱۲)کھودنا؛ کندہ کرنا ۔ (۱۳) چھپ جانا؛ غائب ہو جانا ۔ (۱۴)(زمین کا) نشیبی ہونا ۔ (۱۵)(شعلے کا) بجھ جانا؛ کم ہونا ۔ (۱۶) بیٹھنا ۔ (۱۷)(پانی وغیرہ کا) جذب ہو جانا ؛ نیچے چلا جانا یا نیچی سطح میں جانا۔ (۱۸) (مٹی کا) نرم ہونا ۔ (۱۹)نازل ہونا ؛ گرنا ۔ (۲۰)انحطاط پذیر ہونا ۔ (۲۱)غرق ہونا (سوچ، فکر وغیرہ میں) ۔ (۲۲) کم ہونا۔ (۲۳)(آواز کا) ختم ہو جانا ۔ (۲۴) کم کرنا ۔ (۲۵)نیچے اترنا۔ (۲۶)تباہ کر دینا؛ برباد کر دینا ۔ (۲۷) قسم کھانا۔ (۲۸) قدر گھٹانا ۔ (۲۹) پست ہمت کر دینا ۔ (۳۰) (آواز وغیرہ) آہستہ کر دینا ؛ مدھم کر دینا ۔ (۳۱) چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ۔ (۳۲) لے بھاگنا ؛ خرد برد کر دینا ۔ (۳۳)قرض چکانا ۔ (۳۴) سرمایہ لگانا ۔ (۳۵) روپیہ لگا کر نقصان اٹھانا ۔ (۳۶) سب سے اوپری سطر کے نیچے لکھنا ۔ (۳۷) پلانا (گولی ، بال وغیرہ) ۔ (۳۸) (نظروں سے) گرانا ۔

To sink one's teeth : (۱) دانت سے کاٹنا ۔ (۲) ٹھوس سمجھنا ؛ حقیقی سمجھنا ۔

To sink or swim : لاچاری میں کوئی کام کرنا ۔

Sink-hole : (n) (۱) وہ سوراخ جس سے گندگی وغیرہ پھینکی جاتی ہے ۔ (۲) (ارضیات) آبگیر چٹان ؛ فرو بَر ۔

Sink-stone / Sinkstone: (n) ڈوبک ؛ وہ پتھر جسے مچھلی پکڑنے کے لئے شست میں باندھ کر دریا میں ڈالتے ہیں ۔

Sinkable : (a) جو غرق ہو سکے ؛ جو ڈوب سکے ۔

Sinkage : (n) (۱) ڈوبنا ؛ ڈوبنے والا ۔ (۲) نشیب ؛ ڈوبنا ؛ دھنساؤ ۔ (۳) سکڑن ۔

Sinker : (n) (۱) کھودنے والا ؛ کندہ کرنے والا ۔ (۲) کنویں وغیرہ کھودنے والا ۔ (۳) ڈوبک ؛ لنگر ۔ (۴) میٹھی پوری ۔ (۵)(عام) کھوٹا سکہ ۔ (۶) نقرئی ڈالر ۔ (۷) کانٹی ۔ (۸)(بیس بال) وہ گیند جو بلے باز کے پاس پہنچ کر بیٹھ جاتی ہے ۔ (۹) ایک قسم کاچار خانہ (کپڑے کا ڈیزائن) ۔ (۱۰) بندھا ہوا پانی سے بھاری ٹکڑا جو

دوسری اشیا سے بندھی تو ڈبو دے ۔ (۱۱) (نباتیات) نافذہ ۔

Sinkerless : (a) بے لنگر ۔

Sinking : (n) (۱) ڈوبنا : ڈبونا ۔ (۲) پست ہمتی : انحطاط : دل ڈوبنا ۔ (۳) دھنساؤ : نشیب ۔

Sinking-fund : (n) سرمایہ بے باقی : وہ آمدنی جو کوئی ریاست یا بلدیہ اپنا قرض رفتہ رفتہ بے باق کرنے کے لئے علاحدہ کر دیتا ھے : ذخیرۂ ادائی ۔

Sinking speed : (n) طیارے کے عمودی طور پر اترنے کی شرح رفتار ۔

Sinking spell : (n) قیمتوں میں عارضی کمی ۔

Sinkiuse : (n) دیکھو Columbia

Sinless : (a) معصوم بے گناہ ۔

Sinlessly : (adv.) بے گناہی : معصومی یا معصومیت ۔

Sinlessness : (n) بے گناہی : معصومی یا معصومیت ۔

Sinn fein : (n) [It.] کوئی سیاسی سوسائٹی ، جماعت یا تحریک جس کا مقصد آئرستان کی آزادی ، آئرستانی زبان کا احیاء وغیرہ تھا ۔

Sinn feiner : (n) آئرستان کی آزادی ، آئرستانی زبان کا احیاء وغیرہ کی حمایت کرنے والا ۔

Sinner : (n) (۱) گناہگار : عاصی : پاپی ۔ (۲) مردود : بد معاش : اوباش : بدکار : فاجر : فاسق ۔

Sinnet : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی رسی جس میں متعدد بل ھوتے ہیں ۔

Sinningly : (adv.) گناہ کرتے ہوئے : فسق و فجور میں مبتلا رہتے ہوئے ۔

Sinningness : (n) گناہ کا رجحان ۔

Sino- : (prefix) سابقہ بمعنی "چینی" "چین کا" ۔

Sino-Japenese : (n) وہ زبان جس میں چینی اور جاپانی مخلوط ھوں : چینی جاپانی ۔

Sinological : (a) صینیات سے متعلق ۔

Sinologist : (n) (تاریخ) ماہر صینیات : صینیات داں : چینی زبان ، تاریخ ، رسم و رواج کا ماہر ۔

Sinologue : (n) دیکھو Sinologist

Sinology : (n) چینی زبان : تاریخ : رسم و رواج کا علم : صینیات ۔

Sinomania : (n) چینیوں یا ان کے عقیدے یا تہذیب کے لئے خبط : جنون ۔

Sinon : (n) غلط بیانی کے ذریعے غلط فہمی میں ڈالنے والا : دھوکا باز : دغا باز : غدار ۔

Sinophile : (a) چینی پالیسی یا خصوصیات کی حمایت کرنے والا ۔

Sinophile : (n) چین دوست ۔

Sinophobe : (n) چین دشمن ۔

Sinopic : (a) [L. 'Sinopicus'.] اسنوف (Sinope) یا اس کے گرد و نواح سے حاصل کیا ہوا ۔

Sinopite : (n) [G. 'Sinopit'.] (معدنیات) ایک قسم کی سرخ مٹی (جس میں لوھے کی کچی دھات کا جزو ھوتا ھے) اور جسے بطور رنگ استعمال کرتے ہیں ۔

Sinorespiratory : (a) جوف عظم یا سانس لینے کی نلی سے متعلق ۔

Sinsyne : (adv.) [ME.] (اسکاچستان) اس وقت سے : (اب سے) پہلے یا ھوئے ۔

Sinter : (n) [G. 'Sinter'.] چونے یا سلیکائی پرت جو چشموں کی تہ نشیں ریگ سے بنتی ھے : حتّی مادہ : گیسرائٹ ۔

Sinter : (v) پیوست ھونا یا کرنا (گرم کرکے یا ھو کر) ۔

Sintered : (a) پیوستہ (گرم کر کے یا ھو کر) ۔

Sintering : (n) پیوستہ ھونا ۔

Sintoc/ Sindoc : (n) [Malay. 'Sintoq'.] ایک قسم کی دار چینی ۔

Sinuate : (a) [L. 'Sinuatus'.] (نباتیات) لہر دار ۔

Sinuated : (a) (۱) دیکھو Sinuate ۔ (۲) لہریا : لہریلا ۔

Sinuately : (adv.) لہر دارانہ طریقے سے ۔

Sinuation : (n) (۱) لہر دار ھونا ۔ (۲) لہریا پن : پیچ و خم ۔

Sinuato- : (Prefix) سابقہ بمعنی "لہردار" ۔

Sinuose : (a) [L. 'Sinuosus'.] لہریا۔

Sinuosely : (adv.) لہر دار طریقے سے ۔

Sinuosity : (n) [Fr. 'Sinuosite' or med. L. 'Sinuositas'.] (۱) لہر دار ہونا؛ لہریا پن ۔ (۲) (جمع) پیچ و خم ۔ (۳)(مجازاً) پیچیدگی : دقت : دشواری : الجھاؤ : گنجلک ۔

Sinuoso- : (Prefix) سابقہ بمعنی "لہریا" : "لہردار" ۔

Sinuous : (a) [L. 'Sinuosus'.] (۱) لہر دار : پیچ دار : چکر دار : لہریا : لہریلا ۔ (۲) (مجازاً) مشکل : دشوار : دقت طلب : پیچیدہ : پیچ دار ۔ (۳) (مجازاً) منحرف ۔ (۴) لہردار (حرکت) : گردابی ۔

Sinuously : (adv.) لہر دار طریقے سے ۔

Sinuousness : (n) لہر دار ہونا ۔

Sinupallial/ -palliate : (a) درون خمیدہ غشائی تہ والا (گھونگا)۔

Sinus : (n) [L.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) ہڈی یا نسیج کا خلا : تھیلی کی شکل کا خلا : جوف عظم : گودال : معصرہ ۔ (۲)خمیدگی : انحنا : خم : موڑ ۔ (۳) ناسور : پھوڑا ۔ (۴)(نباتیات) میلانہ : پیچ : نالی جو پتوں کے دونوں حصوں کے بیچ بن جاتی ھے ۔

Sinus venosus : (n) جوف وریدی ۔

Sinusitis: (n) ورم جوف انفی ۔

Sinusoid : (n) [Fr.'Sinusoide'.] (۱) (ریاضیات) جیبی خط منحنی : جیبی منحنی : جیبیہ ۔ (۲) (تشریح) کسی عضو کے نسیجوں کا وریدی جال : جوف خون ۔

Sinusoidal : (a) جیبی : جیب نما ۔

Sinward : (adv.) گناہ کی طرف ۔

-sino : (Suffix) لاحقہ جس سے اسماء بنتے ہیں اور فعل یا حالت کے معنی دیتے ہیں ۔

Sioux : (n) [Fr.] سو(نسل) : شمالی امریکا کے دیسی باشندوں کی ایک نسل : اس نسل کا ایک فرد : چھوٹا سانپ ، دشمن ۔

Sip : (n) (۱) گھونٹ : جرعہ : چسکی ۔ (۲) (مجازاً) چکھنا۔

Sip : (v) [Symbolic modification of Sup.] (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا : چمچے سے پینا : چسکی لگانا ۔ (۲) (مجازاً) چکھنا (مزا کسی چیز کا) ۔ (۳) (پھول سے) چوس کر شہد نکالنا ۔

Sipage : (n) رساؤ : ٹپکا۔

Sipe : (n) (۱) رسنا : رساؤ : پانی وغیرہ جو رس کر نکلے ۔ (۲) چھوٹا چشمہ : جوہڑ ۔

Sipe : (v) [OE.'Sipian'.] رِسنا : ٹپکنا۔

Siphon/ Syphon : (n) [Fr. or L. 'Sipho'.] (۱) خم دار نلی : سیفن : ٹیڑھی نلی جس کا ایک سرا نیچا اور ایک سرا اونچا ھوتا ھے ۔ (۲) سیفن دار بوتل ۔ (۳) (حیوانیات) گھونگوں وغیرہ کی نلی : بعض کیڑوں کی نلی جس سے وہ غذا چوستے ہیں : سیفنی عضو ۔ (۴) (نباتیات) بعض سماروغ کے لمبے کیسے جو بڑے یک سیفنی کیسہ کے گرد ھوتے ہیں ۔

Siphon : (v) (۱) سیفن میں سے گزرنا یا گزارنا ۔ (۲) سیفن کی طرح خالی کر دینا ۔

Siphon-barometer : (n) سیفنی باد پیما : ھوا پیما جس کے نیچے الٹی سیفن کی شکل کی نلکی لگی ھوتی ھے ۔

Siphon recorder : (n) ایک قسم کا حساس آلۂ اندراج جو آبدوزی تلغرافی میں کام آتا ھے ۔

Siphon spillway : (n) ضمنی آبراہ جو پانی کو ذخیرۂ آب سے ایک مقررہ سطح پر پہنچنے کے بعد نکالتا ھے ۔

Siphonage : (n) سیفنی عمل : ٹیڑھی نلکی میں سے گزرنا ۔

Siphonal : (a) سیفن سے متعلق یا مشابہ ۔

Siphonaptera : (n) سیفنی پرداران : پسو ۔

Siphonaria : (n) [mod. L.] پھیپھڑے دار معدہ پا کی ایک جنس ۔

Siphonate : (a) سیفن دار ۔

Siphonate :(n) سیفن دار صدف ۔

Siphonated : (a) دیکھو Siphonate

Siphonet : (n) شہد نلی : سیفنٹ : دو میں سے ایک نلکی جس میں روکھ جوں لعاب خارج کرتی ھے ۔

Siphonic : (a) (۱) سیفن کا یا اس سے مشابہ ۔ (۲) (حیوانیات) سیفنی۔

Siphonigerous : (a) (حیوانیات) سیفن دار ۔

Siphonless : (a) بے سیفن ۔

Siphono- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سیفن"۔

Siphonobranchiate : (n) معدہ پایان کی ایک جنس ۔

Siphonophoran : (n) ایک قسم کا مرجانیہ ۔

Siphonophore : (n) دیکھو Siphonophoran

Siphonostomatous : (a) سیفن دہنہ ۔

Siphonostome : (n) سیفنی دہن جانور ۔

Siphonozooid : (n) سیفنی حوین۔

Siphorhinal : (a) نلکی نما ناک والا ۔

Siphuncle : (n) [L. 'Siphunculus'.] (۱) (حیوانیات) بعض سرپایان کی چھوٹی نلکی جو ان کے خول کے خانوں کو ملاتی ھے ۔ (۲) (حشریات) چھوٹا سیفنی عضو۔

Siphuncled : (a) سیفنی عضو دار ۔

Siphuncular : (a) سیفنی عضو سے متعلق ۔

Siphunculated : (a) سیفنی عضو دار ۔

Siphunculus : (n) [L.] دیکھو Siphuncle

Sipid : (a) اچھا ذائقہ : حسِ ذائقہ کو متاثر کرنے والا : دیکھو Sapid ۔

Sipidity : (n) خوشگواری : دیکھو Sapidity ۔

Sipper : (n) (۱) چسکی لینے والا ۔ (۲) شرابی : عادی شرابی ۔ (۳) نلکی جس سے مشروب وغیرہ پیتے ہیں ۔

Sippet : (n) [Intended as a dim of Sop.] (۱) روٹی کے بھیگے ہوئے ٹکڑے : توس یا ڈبل روٹی کے تلے ہوئے ٹکڑے جو قیمے کے ساتھ پلیٹ میں لگاتے ہیں ۔ (۲) (مجازاً) ٹکڑا : جزو ۔

Sipple : (v) [Sip+ -ie.] چسکی لے کر پینا : آہستہ آہستہ پینا : گھونٹ گھونٹ کر کے پینا ۔

Sippy diet : (n) ناسور معدہ کے مریضوں کے لئے ایک قسم کی ہلکی غذا جس میں دودھ ، انڈا وغیرہ ہوتا ھے ۔

Sippy regimen : (n) دیکھو Sippy diet

Sipunculoid : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Sipunculoid : (a) کیڑے کی ایک جنس (Sipunculoidea) سے متعلق ۔

Sipunculus : (n) [L.] ایک قسم کا کنڈل کیڑا ۔

Siquis/Si quis/ Si-quis : (n) [L.] وہ نوٹس جو کسی امیدوار کو پادری بنانے سے پہلے کلیسائی حلقے میں لگایا جاتا ھے ۔

Sir : (n) [ME.] (۱) جناب والا : جناب : حضرت : صدر محترم (بڑوں سے اور جلسے کے صدر سے خطاب کرنے کے لئے) ۔ (۲) نائٹ یا بیرونٹ کا لقب : سَر ۔ (۳) (تحقیراً) حضور: جنابِ والا ۔ (۴) ذی رتبہ شخص ۔

Sir : (v) (۱) "سر" کہہ کر پکارنا ۔ (۲) "سر" کہہ کر خطاب کرنا ۔

Sirdar : (n) [Urdu.] سردار : سر گروہ : (مصر میں) فوج کا سپہ سالار ۔

Sirdarship : (n) سرداری : سردار کا مرتبہ یا عہدہ ۔

Sire : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Sir ۔ (۲) باپ : دادا یا کوئی اور مورث ۔ (۳) جانور کا باپ یا مورث خصوصاً وہ جو نسل کشی کے لئے رکھا جائے ۔ (۴) بزرگ شخص : آدمی : اہم شخصیت ۔

Sire : (v) پیدا کرنا : جننا : بچہ دینا : افزائش نسل کرنا ۔

Siredon : (n) [Late L.] جل سمندر ۔

Sireless : (a) بے باپ : یتیم ۔

Siren/ Syren : (n) [ME. 'Sereyn'.] (۱) (یونانی اساطیر) سائرن : عورت یا آدھی عورت آدھا پرند جو سمندر کے بیچ میں کسی چٹان پر رہتی ہو اور ساحرانہ موسیقی سے غافل مسافروں کو پھانس لے ۔ (۲) خوش آواز مغنیہ ۔ (۳) موہنی : لبھا کر پھانسنے والی عورت : کوئی دلفریب شغل ۔ (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا کیڑا ۔ (۵) ایک قسم کا آلۂ موسیقی ۔ (۶) سائرن : ایک آلہ جس کے ذریعے بلند آواز پیدا ہوتی ھے : صوتی تجربات میں اور خبر دینے کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔ (۷) بام نما جل تھلیا کی ایک قسم ۔

Siren song : (n) لبھانے والی بولی یا دلکشی (خصوصاً پر فریب یا پھسلانے والی) ۔

Siren-suit : (n) وہ کپڑا جو رات حملے کے دوران آسانی سے پہنا جا سکتا ھے ۔

Sirenian : (n) بقرا لبحر : بحری گائے : مچھلی کی طرح دودھ پلانے والے جانور کی ایک قسم ۔

Sirenian : (n) بحری گائے سے متعلق یا اس کی صفت کا ۔

Sirian : (a) (علم النجوم) سیریس (Sirius) سے متعلق ۔

Siriasis : (n) [L.] (۱) لُو : سورج کی سخت تمازت ۔ (۲) بچوں کی ایک بیماری ۔

Sirius : (n) [Gr. 'Serios'.] (علم النجوم) کلب الجبّار : عیورا ۔

Sirkar : (n) [Urdu.] (۱) صوبہ ۔ (۲) حکومت : سرکار ۔ (۳) داروغہ: منتظم ۔ (۴) محاسب ۔

Sirloin /Surloin : (n) [OFr. 'Surloigue'.] (۱) گائے کی پیٹھ کا گوشت : پُٹھ ۔ (۲) (مجازاً) اچھا :پسندیدہ : شخص ۔

Sirmark /Sarmark : (n) (جہاز سازی) جہاز کے ڈھانچے کے وہ نشانات جن سے سلامی کی جگہ کی نشاندہی ہوتی ھے ۔

Siroc : (n) (۱) افریقہ کے صحرائے اعظم کی باد سموم جو اٹلی پہنچتی ھے: اطالیہ کی لُو: اطالوی با دسموم ۔ (۲) دیکھو Sirocco-drying machine ۔

Sirocco : (n) [Fr.] دیکھو Siroc

Sirocco drying-machine : (n) چائے کی پتی وغیرہ سُکھانے کی مشین ۔

Sirop : (n) [Fr.] پھل کے عرق : شکر اور پانی سے بنایا ہوا مشروب ۔

Sirrah/ Sirra : (n) خطاب کے لئے تحکم یا تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں : جی : اَجی ۔

Sirvente : (n) [Fr.] قرون وسطیٰ میں رائج نظم کا ایک اسلوب جس کا موضوع اخلاقی ، سماجی ، بہادری وغیرہ ہوتا تھا اور سماجی برائیوں کی برائی بھی ۔

Sis : (n) (۱) ہمشیرہ : بہن : خواہر ۔ (۲) دیکھو Sister ۔

Sisal : (n) [name of a port in Yucalan.] Yucalan کی ایک بندرگاہ کا نام ۔

Sisal plant : (n) ایلوا اور دوسرے پودے جن کے سفید ریشوں سے رسے بٹے جاتے ہیں ۔

Siscowet : (n) [Ojibwa.] شمالی امریکا کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Sisel : (n) [G. 'Ziesel'.] ایک قسم کی گلہری ۔

Siserary/ Seiserara : (n) [Popular corruption of Certiorari.] سخت تنبیہ : سرزنش : سخت ضرب ۔

With a siserary : اچانک : فوراً ۔

Sish : (n) [Alt. of 'Slush'.] پتلی پگھلی ہوئی برف : پتلی برف ۔

Siskin : (n) [MDU. 'Siseken'.] ایک قسم کا خوش الحان پرندہ جس کا رنگ عموماً زیتون کا سا سبز ہوتا ھے ۔

Siskin-green : (n) زردی مائل سبز ۔

Siss/ Sis : (n) ہمشیرہ : بہن : خواہر (عموماً جوان لڑکی یا عورت کو خطاب کرنے میں استعمال کرتے ہیں) ۔

Siss : (n) سی سی (آواز) ۔

Siss : (v) سی سی کرنا : سسیانا ۔

Sissoo : (n) [Hindi. 'Sisu'.] (۱) شیشم ۔ (۲) شیشم کی لکڑی ۔

Sissy : (n) (۱) بہن ۔ (۲) زنخا : زن نما (مر دیا لڑکا) ۔

Sissy : (a) زن نما : زنخا : زنانہ ۔

Sist : (n) (قانون) التوائے مقدمہ ۔

Sist : (v) (۱) ملتوی کرنا یاالتوا میں ڈالنا : روک دینا (بعض کاروائی وغیرہ خاص کر عدالتی ڈگری کے ذریعہ) ۔ (۲)(کسی شخص کو) عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دینا : بلانا ۔

Sister : (n) [ON. 'Systir'.] (۱) ہمشیرہ : بہن : خواہر ۔ (۲) بہنیلی : سہیلی : سکھی ۔ (۳) دینی بہن ۔ (۴) راہبہ :نن : عورتوں کی مذہبی جماعت کی رکن ۔ (۵) ہسپتال کی بڑی نرس جس کے ماتحت اور نرسیں ہوتی ہیں ۔ (۶)(مجازاً) کوئی چیز جو دوسری چیز کے مشابہ ہو : بہن ۔ (۷) (عام) عورت : لڑکی ۔ (۸) شخص ۔

Half-sister : سوتیلی بہن ۔

Sister : (v) (۱) بہن جاننا : بہن کا رشتہ رکھنا ۔ (۲) بہن کہہ کر

پکارنا۔

Sister-block : (n) ان چرخیوں میں سے ایک جو ایک ہی لکڑی کے ٹکڑے سے بنتی ہیں اور ایک دوسرے سے ملی رہتی ہیں۔

Sister-german : (n) حقیقی بہن۔

Sister-hook : (n) دوہرا جڑا ہوا ہک : زنجیرہ۔

Sister-in-law : (n) سالی : بھاوج : نند : سلّج : دیو رانی : جیٹھانی۔

Sister of charity : (n) فرانس کی رومن کیتھولک راہبات کی جماعت کی رکن جو نرس کا کام کرتی ہے۔

Sister of mercy : (n) ڈبلن کی رومن کیتھولک جماعت کی رکن جو تعلیمی اور خیراتی کاموں کے لئے وقف ہے۔

Sister ships : (n) ایک ہی نمونے کے جہاز۔

Sisterhood : (n) (۱) بہن کا رشتہ : بہن ہونا۔ (۲) عورتوں کی مذہبی انجمن : راہبات کی جماعت۔ (۳) (تحقیراً) ہم صفت عورتوں کی جماعت۔ (۴) مشترکہ صفات رکھنے والی چیزوں کا گروپ۔

Sistering : (a) متصل : قریب : ملحق۔

Sisterless : (a) بے بہن کی : بے بہن کا۔

Sisterlike : (adv.) بہن کی طرح۔

Sisterlike : (a) خواہرانہ : دیکھو Sisterly۔

Sisterliness : (n) محبت کا برتاؤ : خواہرانہ شفقت۔

Sisterly : (a) (۱) محبت کا : بہن کا سا : خواہرانہ۔ (۲) راہبات کی جماعت سے متعلق۔

Sisterly : (adv.) بہن کی طرح : محبت کے ساتھ۔

Sistership : (n) دیکھو Sisterhood

Sistine : (n) [It. 'Sistino'.] سکسٹس (Sixtus) پوپ کا یا اس سے متعلق۔

Sistrum : (n) [Gr. 'Sistron'.] ڈفلی کی قسم کا ایک باجا۔

Sistrurus : (n) [L. 'Sistrum'.] ٹیٹر یا سانپ کی ایک قسم۔

Sisyphean/ Sisyphean : (n) [L. 'Sisyphelius'.] (۱) سیسی فس (Sisyphus) (ایک یونانی بادشاہ جس کو یہ سزا ملی تھی کہ ایک پتھر کو لڑھکاتا ہوا پہاڑ کے اوپر لے جاتا تھا مگر وہاں پہنچ کر نیچے لڑھک کر چلا آتا تھا ، یہی سلسلہ چلتا رہا) سے متعلق یا مشابہ۔ (۲) (مجازاً) بہت کٹھن اور کبھی نہ ختم ہونے والا۔

Sisyphian : (a) دیکھو Sisyphean

Sit : (n) (۱) (لباس یا اس کے کسی حصے کا جسم پر) ٹھیک ہونا۔ (۲) بیٹھنے کی مدت۔ (۳) دیوار یا کان کی چھت پر بیٹھنا۔ (۴) اجوائن خراسانی کا پورا پودا۔

Sit : (v) [OE. 'Sittan'.] (۱) بیٹھنا۔ (۲) اجلاس کرنا۔ (۳) بسیرا لینا (پرندوں کا)۔ (۴) انڈوں پر بیٹھنا۔ (۵) کسی خاص حالت میں ہونا : چست ہونا۔ (۶) (گھوڑے وغیرہ پر) آسن جمائے رہنا؛ اچھی طرح بیٹھنا۔ (۷)(فوج) محاصرہ کرنے کی غرض سے خیمہ زن ہونا(کسی مقام کے سامنے)۔ (۸) مسند نشیں ہونا (پوپ وغیرہ کے منصب پر)۔ (۹) جج کی کرسی پر بیٹھنا (کچھ انتظامی فرض منصبی کے ساتھ)۔ (۱۰) ہوا کا کسی خاص سمت سے بہنا۔ (۱۱) بیٹھ جانا۔ (۱۲) معمول کا کام کرنا : معمول بن کر بیٹھنا (مصوری کے لئے)۔ (۱۳) کرایہ دار رہنا : کاشت کار رہنا۔ (۱۴) انتظار کرنا۔ (۱۵) (جہاز وغیرہ کا) مخصوص طرز میں تیرنا۔ (۱۶) موافق ہونا : خوش کرنا۔ (۱۷) ایک ہی حالت میں رہنا۔ (۱۸) کسی سند یا انعام کا امیدوار ہونا۔ (۱۹) (کسی بچے یا معذور کی دیکھ بھال میں) نرس یا ماں کی مدد کرنا۔ (۲۰) بٹھانا۔ (۲۱) نشست لگانا۔ (۲۲) (امتحان میں) سوالوں کا جواب لکھنا۔ (۲۳) (کشتی یا جہاز کا) توازن درست کرنا۔ (۲۴) بیٹھے ہوئے اٹھنا یا چلنا۔ (۲۵) کوئی شغل یا مشغلہ جاری رکھنا۔

To make (a person) sit up : (۱) (عام) چکر میں ڈال دینا : حیرت زدہ کر دینا۔ (۲) کسی سے کس کر کام لینا۔ (۳)سخت تکلیف دینا۔

To sit at one's feet : شاگردی قبول کرنا : شاگرد یا مداح کی طرح بننا یا تقلید کرنا۔

To sit a table : کھانے کی میز پر بیٹھنا : کھانا۔

To sit in judgement : دوسروں پر فتویٰ لگانا؛ نکتہ چینی کرنا : نکتہ چیں ہونا۔

To sit loose : غافل رہنا : بے پروا ہونا۔

To sit on one's hands : (۱) پسندیدگی کا اظہار کرنا :

تعریف کرنا۔ (۲) متوقع اور مناسب کاروائی نہ کرنا۔

To sit on the spice : (کرکٹ) دماغی کھیل کھیلنا : رن نہ بنانا۔

To sit on the throne : حکومت کرنا : حکمرانی کرنا : بادشاہی کرنا۔

To sit pretty : انتہائی موافق حالت میں ہونا۔

To sit tight : (۱) اکڑ کر بیٹھنا۔ (۲) خاموش رہنا : چپ رہنا۔

To sit up and take notice : (۱) (بیماری سے) اچھا ہونا : روبہ بصحت ہونا ۔ (۲) حالت سے آگاہ ہونا ۔ (۳)دلچسپی لینا۔

Sit around : (v) بیکار پھرنا : آرام طلبی کرنا : آرام طلبی سے گزارنا۔

Sit back : (v) آرام کرنا یا کام سے ہٹ جانا : حصہ نہ لینا : شریک نہ رہنا (کسی کام میں)۔

Sit by : (v) بے توجہی برتنا : بے پروائی برتنا۔

Sit down : (v) (۱) بیٹھنا۔ (۲) (کسی منصب وغیرہ پر) جاگزیں ہونا۔ (۳) محاصرہ کرنا ۔ (۴) (مجازاً) بیٹھنا ۔ (۵) برداشت کرنا۔ (۶) مشورہ کرنا : بات چیت کرنا۔ (۷) اترنا۔

To sit down on : تنبیہ کرنا : سرزنش کرنا : کچل دینا۔

Sit-down : (n) (۱) بیٹھنا۔ (۲) کھانا جو بیٹھ کر کھایا جائے۔

Sit-down : (a) بیٹھ کر کیا ہوا (کام)۔

Sit-down strike : (n) ہڑتال جس میں ملازمین کام پر آتے ہیں مگر کام نہیں کرتے۔

Sit-downer : (n) ہڑتالی جو کام پر آئے مگر کام نہ کرے۔

Sit-fast/ Sit fast : (n) گھوڑے کی پیٹھ کا زخم۔

Sit-fast : (a) مستحکم : جما ہوا : مضبوط۔

Sit in : (v) (۱) (تاش کے کھیل میں) ہاتھ لینا۔ (۲) حصہ لینا : شریک ہونا ۔ (۳) (والدین کی غیر حاضری میں) بچوں کی دیکھ بھال کرنا۔ (۴) کھانے کے لئے بیٹھنا۔

Sit-in : (n) (۱) ہڑتال جس میں ملازمین کام پر آتے ہیں مگر کام نہیں کرتے ۔ (۲) نسلی امتیاز کے خلاف منظم احتجاج کے طور پر دوسری نسل کے لئے مخصوص جگہ پر بیٹھ جانا۔

Sit on : (v) (۱) بیٹھے رہنا : جمے رہنا۔ (۲) مشورہ کرنا : صلاح کرنا : فیصلہ کے لئے بیٹھنا ۔ (۳) (کسی کمیشن یا جیوری کا) رکن ہونا ۔ (۴) جھڑک دینا : روکنا : کچلنا۔

Sit out : (v) (۱) بیٹھے رہنا : حصہ نہ لینا : شریک نہ ہونا (کھیل ، ناچ وغیرہ میں) ۔ (۲) آخر تک ٹھہرنا ۔ (۳) (دوسرے مہمانوں کے جانے کے بعد تک) ٹھہرنا ۔ (۴) باہر بیٹھنا : کھلی ہوا میں بیٹھنا ۔ (۵) بیٹھنے کی وجہ سے سائے کے پچھلے حصے کو بڑھا دینا۔

Sit over : (v) (۱) (نشست پر) کھسک کر جگہ بنانا۔ (۲) بیٹھ کر مشغول ہونا (کسی کام میں) ۔ (۳)(کتاب کے مطالعہ میں) مشغول ہونا ۔ (۴) (برج کھیل میں) (حریف کے) بائیں طرف ہونا۔

Sit through : (v) بغیر دلچسپی لئے شرکت کرنا : آخر تک ٹھہرے رہنا۔

Sit under : (v) کسی وعظ میں شریک ہونا۔

Sit up : (v) (۱) اُٹھ بیٹھنا۔ (۲) سیدھے بیٹھنا : تن کر بیٹھنا۔ (۳)بستر پر نہ لیٹنا اور جاگتے رہنا (کسی کے انتظار میں ، مریض کی تیمارداری کے لئے)۔ (۴) دلچسپی لینا۔

Sit upon : (v) دیکھو Sit on

Sit-upon : (n) (۱) سرین : چوتڑ۔ (۲) پانی روک کپڑے کا چوکور ٹکڑا (گیلی زمین پر بچھا کر بیٹھنے کے لئے)۔

Sitar : (n) [Urdu.] ستار۔

Sitatunga/ Situtunga : (n) [Subiya & Tonga.] مرکزی افریقہ کا مرگ (ہرن)۔

Site : (n) [AFr. 'Site' or L. 'Situs'.] (۱) موقع : جگہ : جہاں شہر ، مکان وغیرہ موجود ہو یا تعمیر ہونے والا ہو : مقام : محل ۔ (۲) وہ زاویہ جو افق اور نشانے کے قاعدہ کو ملانے والے خط سے بنے۔

Site : (v) (۱) قائم کرنا : کسی چیز کا مقام یا محل وقوع بنانا۔ (۲) واقع ہونا۔

Sited : (a) واقع۔

Sith : (conj.) دیکھو Since

Sithe : (n) [Var. of Sligh.] ٹھنڈی سانس : دیکھو Sigh.

Sithe : (v) ٹھنڈی سانس لینا : دیکھو Sigh.

Sitio- : (Prefix) سابقہ بمعنی "خوراک"۔

Sitiology : (n) غذائیات ۔

Sitiomania : (n) غذا ترسی : وہ بیماری جس میں غذا سے نفرت ہو جاتی ھے ۔

Sitiophobia : (n) دیکھو Sitiomania

Sitka cypress : (n) زرد صنوبر یا دیو دار ۔

Sitka spruce : (n) شمالی بحرالکاہل کا ایک درخت جس کی چھال سرخی مائل بھوری ہوتی ھے اور پتیاں سوئی کی طرح ہوتی ہیں ۔

Sito- : (Prefix) سابقہ بمعنی "اناج سے بنی ہوئی غذا" "روٹی"۔

Sitology : (n) دیکھو Sitiology

Sitomania : (n) دیکھو Sitiomania

Sitophobia : (n) دیکھو Sitiophobia

Sitophobic : (a) غذا ترس ۔

Sitrep : (n) [f. 'Sit(uation) + rep(out).] (فوج) موجودہ فوجی حالات کی میعادی رپورٹ ۔

Sitringee : (n) [Urdu. 'Shatranji'.] رنگین قالین : دھاری دار قالین ۔

Sittable : (a) بیٹھنے کے لائق : قابل نشست ۔

Sittar : (n) دیکھو Sitar

Sittee : (n) نشست پر بیٹھا ہوا شخص ۔

Sitter : (n) (۱) بیٹھنے والا (خصوصاً تصویر کھنچوانے کے لئے) ۔ (۲) کشتی کا مسافر ۔ (۳) مادہ پرند : مرغی (انڈے پر بیٹھنے والی) : کڑک مرغی ۔ (۴) (عام) آسان نشانہ : سہل کام ۔ (۵) دیوان خانہ : نشست کا کمرا ۔ (۶) اسکور کرنے یا فیلڈنگ کرنے کا آسان موقع ۔ (۷) معمول کے ساتھ بیٹھنے والا ۔

Sitter-by : (n) ہم نشیں : دور نشیں ۔

Sitter-in : (n) والدین کی غیر حاضری میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Sittine : (n) [mod. L. 'Sittinae'.] ایک قسم کا پرندہ ۔

Sittine : (a) پرند کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sitting : (n) (۱) بیٹھنا ۔ (۲) نشست ۔ (۳) اتنے انڈے جن پر مرغی بٹھائی جائے : ایک جھول کے انڈے ۔ (۴) گرجے کی ایک نشست ۔ (۵) اجلاس ۔

At a or one sitting : ایک نشست میں ۔

Sitting : (a) (۱) (انڈے) سینے والی : بیٹھنے والی : براجمان ۔ (۲) انتظامی یا عدالتی نشست پر جانگزیں ۔ (۲)تصرف میں ہونے والا ، والی ۔ (۳) آسانی سے لگایا جانے والا (نشانہ) ۔

Sitting duck : (n) آسان نشانہ ۔

Sitting-room : (n) (۱) اتنی جگہ جو کھڑے ہوئے آدمیوں کے بیٹھنے کے لئے کافی ہو جائے ۔ (۲) دیوان خانہ : نشست کا کمرا ۔

Sitting -shot : (n) بیٹھ کر لگایا ہوا نشانہ ۔

Situal : (n) دیکھو Positional

Situate : (a) واقع ۔

Situated : (a) واقع ۔

Situation : (n) [Fr. or med. L. 'Situatio'.] (۱) موقع : مقام : محل : جگہ ۔ (۲) صورت حال : حالت : صورت ۔ (۳) ڈرامے کا اہم کام مقام ۔ (۴) عہدہ : جگہ : ملازت : خدمت : نوکری: منصب : اسامی ۔ (۵) وضع ۔ (۶) نازک موقع : نازک مقام ۔ (۷) حاملہ ہونے کی حالت ۔ (۸) (نفسیات) حالات ۔

Situational : (a) موقع یا حالت سے متعلق : مجموعی محرکات یا حالات سے متعلق ۔

Situationally : (adv.) حالات کے مطابق : موقع کے لحاظ سے ۔

Situationism : (n) ایک نظریہ کہ شخصیت حالات کا رد عمل ھے ۔

Situla : (n) [L.] بالٹی کی شکل کا قدیم ظرف ۔

Situs : (n) [L.] (۱) جگہ : مقام : محل ۔ (۲) (ادائی ٹیکس کی غرض سے) فرضی مقام یا جائے وقوع ۔

Sitz bath : (n) [G. 'Sitzbad'.] بیٹھک نہان : اشنان (جس میں بدن صرف کمر سے رانوں تك پانی میں رہتا ہے) ٹب جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں ۔

Sitzkerieg : (n) [G.] غیر حر کی جنگ : سکونی جنگ ۔

Sitzmark : (n) [G. 'Sitzmarke'.] برف میں نشیب جو اسکی (Ski) سے چلنے والے کے پیٹھ کے بل گر جانے سے بنتا ہے ۔

Siva snake : (n) کالا ناگ : شیش ناگ ۔

Sivaism : (n) [Skr. 'Siva'.] شیو پوجا ۔

Sivatherium : (n) [L.] ایك قسم کا متحجر جگالی کرنے والا بڑا جانور جس کے چار سینگیں تھیں (شمالی ہندوستان ملا ہے) ۔

Siwash : (n) [Chinook jargon.] (۱) امریکی انڈین ۔ (۲) امریکی انڈین کی زبان یا بولی ۔

Siwash : (v) (۱) امریکی انڈین کی طرح رہنا یا کام کرنا ۔ (۲) بغیر یا مختصر سازو سامان کے ساتھ چلنا یا سفر کرنا ۔

Six : (a) [OE. 'Siex'.] چھ : شش ۔

Six nations : امریکی انڈین کی چھ قومیں ۔

Six of one and half a dozen of the other : (اشخاص یا چیزوں کے) دو جماعتوں یا مجموعوں میں کوئی فرق نہ ہونا : برائے نام فرق ہونا ۔

Six : (n) (۱) چھ کا ہندسہ ۔ (۲) چھکا (تاش یا پانسے کا) ۔ (۳) وہ موم بتیاں جو ایك پونڈ میں چھ ہوتی ہیں ۔ (۴) چھ اشخاص کی جماعت ۔ (۵) چھ بجاؤں کی سطر ۔ (۶) چھ نمبر کے جوتے یا دستانے ۔ (۷) چھ پونڈ کے گولے والی توپ ۔ (۸) چھ انچ لمبا گلدان ۔ (۹) چھ فی صد سود والا بانڈ ۔ (۱۰) (کرکٹ) وہ ہٹ جس میں چھ رن بنیں ۔

Six and seven / Sixes and sevens : پریشانی : ابتری ۔

Six-by-six : (n) چھ پہیوں والی موٹر جس میں سبھی پہیے انجن سے چلتے ہوں ۔

Six-chamber : (n) چھ خانوں والا ریوالور ۔

Six-day disease : (n) چوزوں کی ایك مہلك بیماری ۔

Six foil : (n) (نقابت) چھ پتیوں یا پنکھڑیوں کا آرائشی نقش و نگار ۔

Six-foot : (a) (۱) چھ فٹ کا ۔ (۲) چھ ارکان ۔

Six-foot away : (n) ریل کی پٹریوں کا درمیانی فاصلہ ۔

Six-gun : (n) چھ فائر کا ریوالور ۔

Six-master : (n) چھ مستولی کشتی ۔

Six-ore : (n) چھ چپوؤں والی کشتی ۔

Six-pounder : (n) (۱) چھ پونڈ وزن کا گولہ پھینکنے والی توپ ۔ (۲) چھ پونڈ وزن کی کوئی چیز ۔

Six-shooter : (n) چھ فائر کا پستول ۔

Six-shot : (n) بلیرڈ کی ایك ضرب جس میں چھ پائنٹ ہوتے ہیں ۔

Six-square : (a) مسدس : شش طرفی : مکعبی ۔

Six-stroke : (n) دیکھو Six-shot

Six-wheeler : (n) چھ پہیوں والی گاڑی ۔

Sixain : (n) [Fr.] چھ مصرعوں کا بند ۔

Sixer : (n) (کرکٹ) وہ ہٹ جس میں چھ رن بنیں : چھ کی باؤنڈری ۔

Sixfold : (a) چھ گنا ۔

Sixfold : (adv.) چھ مرتبہ : چھ دفعہ ۔

Sixpence : (n) چھ پینس : چھ پینس کا برطانوی سکہ ۔

Sixpenny : (a) (۱) چھ پینس کی (چیز) چھ پینس کا (مزدور) ۔ (۲) حقیر : ادنیٰ : معمولی ۔

Sixpenny : (n) چھ پینس کی کتاب یا پرچہ ۔

Sixpenny-bit : (n) چھ پینس کا سکہ ۔

Sixpenny nail : (n) تقریباً دو انچ لمبی کانٹی جو چھ پینس فی سیکڑہ کے حساب سے بکتی تھی ۔

Sixpenny worth : (a) چھ پینس کے لائق ۔

Sixscore : (n) ایك سو بیس کور : چھ کوڑی ۔

Sixsome : (n) چھ اشخاص یا چیزوں کا مجموعہ ۔

Sixte : (n) [Fr.] لکڑی یا گتکے کا ایک داؤں ۔

Sixteen : (a) سولہ ۔

Sixteen : (n) (۱) سولہ کا ہندسہ ۔ (۲) تختے کا وہ سائز جس کو موڑنے سے سولہ صفحے بن جائیں ۔ (۳) سولہ برس کی لڑکی ۔

Sixteenmo : دیکھو Sexto-decimo

Sixteenth : (a) سولہواں ۔

Sixteenth : (n) (۱) سولہواں حصہ ۔ (۲) (موسیقی) ایک دوئم اور دو Octave کے درمیان کا وقفہ ۔

Sixteenth note : (n) (موسیقی) نیم زمزمہ ؛ سولہواں سُر ۔

Sixth : (a) چھٹا ؛ ششم ؛ سادس ۔

Sixth : (n) (۱) چھٹا حصہ ؛ چھ مساوی حصوں میں سے ایک : ۱/۶ ۔ (۲) چھٹا سُر ؛ ششم ۔ (۳) چھٹا درجہ ۔

Sixth column : (n) (جنگ کے زمانے میں) معاون غدار (اشخاص کی جماعت) ۔

Sixth-columnist : (n) معاون غدار ۔

Sixth day : (n) جمعہ ۔

Sixth sense : (n) حس ششم ؛ وجدانی احساس ۔

Sixthly : (adv.) چھٹے ؛ ششم ۔

Sixtieth : (a) ساٹھواں ۔

Sixtieth : (n) ساٹھواں ؛ ساٹھواں حصہ ۔

Sixty : (a) [OE. 'Siextig'.] ساٹھ ۔

Sixty : (n) (۱) ساٹھ کا ہندسہ ۔ (۲) (جمع) ساٹھ یا انہتر کے درمیان کی عمر یا دور ۔

Sixty-fold : (a) ساٹھ گنا ۔

Sixty-fourmo : (n) کاغذ کا وہ سائز جس کو موڑنے اور تراشنے کے بعد اس کے چونسٹھ صفحے بن جائیں ۔

Sizable : (a) بڑے سائز کا ؛ بڑا ۔

Sizar : (n) [f. Size + -ar.] وظیفہ پانے والا طالب علم ؛ کیمبرج یا ٹرنیٹی کالج ڈبلن کا وہ طالب علم جسے روٹی ، شراب وغیرہ مفت ملتی تھی ؛ پہلے بعض خدمتیں بھی اس کے سپرد ہوتی تھیں ۔

Sizarship : (n) وظیفہ یاب طالب علم ہونے کی حیثیت یا درجہ ۔

Size : (n) [OFr. 'Sise, Size'.] (۱) قانونی یا عدالتی تحقیقات ؛ تفتیش ۔ (۲) تحقیقات جیوری؛ تحقیقات جیوری کے میعادی اجلاس ۔ (۳) (انگلستان میں) ججوں کا دوری اجلاس ۔ (۴) قد ؛ قامت ؛ ڈیل ڈول ؛ جسامت ؛ تقطیع ؛ ناپ ؛ سائز ۔ (۵) جوتے ، ٹوپی ، کپڑوں وغیرہ کا ناپ یا نمبر ؛ پیمانہ ۔ (۶) قدر ؛ مقدار ؛ شرح ۔ (۷) (آدمی کی) امتیازی صفت ؛ قدر و قیمت ۔ (۸) صحیح حالت ؛ اصل معاملہ ۔

Of a size : ایک ہی ناپ کا ؛ ایک ہی سائز کا ۔

Size : (n) ایک قسم کا چپکنے والا مسالا جو کاغذ یا کپڑے میں کرارپن پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ھے ؛ لاسہ ؛ سریس ۔

Size: (v) (۱) (جامعہ کیمبرج) راتب یا راشن منگانا ۔ (۲) قامت کے اعتبار سے ؛ ترتیب جسامت کے لحاظ سے تقسیم کرنا ۔ (۳) قدر و قیمت کے لحاظ سے صف بندی کرنا ۔ (۴) ناپ لینا ؛ قیمت لگانا ؛ تخمینہ لگانا ؛ جسامت وغیرہ کا اندازہ لگانا یا کرنا ۔ (۵) کسی خاص ناپ کا بتانا ۔ (۶)برابر ہونا ؛ مساوی ہونا (جسامت ، صفت وغیرہ میں) ۔

Size : (v) مسالا لگا کر سخت کرنا ۔

Size down : (v) تدریجی ترتیب دینا یا چیزوں کی درجہ بندی کرنا ۔

Size-roll : (n) (۱) (فوج) فہرست یا رجسٹر جس میں ہر فوجی کا قد و قامت لکھا رہتا ھے ۔ (۲) رجسٹر میں لگا ہوا چرمی کاغذ ۔

Size-stick : (n) موچی کا پاؤں کی لمبائی اور چوڑائی ناپنے کا پیمانہ ۔

Size up : (v) (۱) قامت ؛ جسامت وغیرہ کا اندازہ کرنا ،لگانا ۔ (۲)کسی شخص کی نسبت رائے قائم کرنا ؛ اندازہ کرنا کہ وہ کتنے میں ھے ۔

Size-up : (n) (۱) اندازہ کرنا (جسامت وغیرہ کا) ۔ (۲) اندازہ ۔

Sizeable : (a) دیکھو Sizable

Sized : (a) (۱) کسی مخصوص یا بتائے ہوئے سائز کا یا جسامت کا ۔ (۲) ٹھیک یا معیاری سائز کا ۔

Sized : (a) مسالا لگا کر سخت بنایا ہوا۔

Sizer : (n) ناپ ، پیمانہ ، چیزوں کے سائز کو جانچنے کی ایک ترکیب۔

Siziness : (n) چسپیدگی : چپچپاہٹ۔

Sizing : (n) (۱) راتب یا راشن منگانا۔ (۲) حصہ : بھتا۔ (۳) جسامت کے لحاظ سے علاحدہ کرنا یا ترتیب دینا۔

Sizing : (n) (۱) مسالا لگا کر کراراپن پیدا کرنا : کلف کاری۔ (۲) کراراپن پیدا کرنے کا مسالا۔

Sizy : (a) چپکنے والا : سریش کا سا۔

Sizzle : (n) چھن چھن کی آواز۔

Sizzle : (v) [Imitative.] (۱) کسی چیز کا تلنے کے وقت چھن چھن ہونا۔ (۲) چھن چھن کرتے ہوئے جلنا : بھننا۔ (۳) غصے میں کھولنا۔ (۴) بہت اچھی طرح سے انجام دینا یا انجام پانا۔

Sizzler : (n) جلانے والا : پھونکنے والا۔

Sizzling : (a) چھن چھن کرنے والا : بہت گرم۔

Sizzling : (adv.) گرم ہو کر۔

Sizzling heat : (n) وہ مقدار حرارت جو لوہے کو اس قدر گرم کر دے کہ ہاتھ سے چھونے سے سی سی کی آواز پیدا ہو۔

Sjambok : (n) [Du.] گینڈے کی کھال کا چابک۔

Sjambok : (v) گینڈے کی کھال کے چابک سے مارنا۔

Skaddle : (v) بھگدڑ مچنا : تتر بتر ہونا : سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا۔

Skail : (v) [Origin unkn.] پھیلانا : بکھیرنا : پھیلنا : بکھرنا۔

Skald/ Scald : (n) [ON.] قدیم اسکینڈی نیویا کا قصیدہ خواں شاعر۔

Skaldic/ Scaldic : (a) قدیم اسکنڈی نیویا کے قصیدہ خواں شاعروں کی شاعری سے متعلق۔

Skarn : (n) [SW.] آہن آمیز تماسی مقلب چٹان۔

Skat : (n) [G.] تاش کا ایک کھیل۔

Skate : (n) [ON. 'Skata'.] ایک قسم کی مچھلی : لقمہ ماہی۔

Skate : (n) [DU. 'Schaats'.] (۱) برف پر چلنے کی کھڑاون : اسکیٹ : مزلج۔ (۲) ایسی کھڑاون کے ذریعے برف پر چلنا یا پھسلنا اور چلنے یا پھسلنے کی مدت۔

Skate : (v) (۱) برف پر چلنے کی کھڑاون سے برف پر یا چکنے فرش پر پھسلنا : اسکیٹ کرنا۔ (۲) معمولی طور پر یا دلیرانہ طور پر (کسی خطرناک حالت سے) گزر جانا۔ (۳) پھسلنا۔ (۴) اسکیٹ کرنے میں جیت جانا۔

Skate : (n) (۱) قابل نفرت شخص۔ (۲) کمزور گھوڑا۔ (۳) شخص ، آدمی : انسان۔

Skate-leech : (n) ایک قسم کی جونک جو لقمہ ماہی کے جسم پر کثرت سے لگی رہتی ہے۔

Skate-sucker : (n) دیکھو Skate-leech

Skater : (n) اسکیٹ کرنے والا : برف پر چلنے یا پھسلنے والا۔

Skatol : (n) [Gr. 'Skatos'.] (کیمیا) ایک خوشبودار مادہ جو آنت میں البومن کے سڑ جانے سے پیدا ہوتا ہے۔

Skean/ Skeen/ Skene/ Skhian : (n) [Ir. 'Gael, Scian'.] خنجر : کٹار۔

Skeanockle / Skeneoccle : (n) چھوٹا خنجر۔

Skedaddle : (n) بھگدڑ۔

Skedaddle : (v) [Origin unkn.] بھگدڑ مچنا : تتر بتر ہو جانا : سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا۔

Skedlock : (n) ایک قسم کی گھاس : جنگلی رائی۔

Skeeball : (n) [f. 'Ski + ball.'] ایک قسم کا کھیل۔

Skeel : (n) [ON. 'Skjol'.] دودھ یا پانی رکھنے کی چوبی بالٹی۔

Skeeling / Skilling : (n) [ME. 'Skelyng'.] ملحقہ مکان جو سائبان کی طرح دوسرے مکان سے لگا ہوا ہو۔

Skeeling-goose : (n) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ۔

Skeet : (n) [Origin unkn.] (۱) لمبے دستے کا کرچھا۔ (۲) (بحری) وہ کرچھا جس سے جہاز کے بغلی تختوں پر پانی پھینکتے ہیں۔

Skeet : (v) (۱) کرچھے سے پانی پھینکنا (یا بادبان وغیرہ پر اس

کو سخت کرنے کے لئے) ۔ (۲) کسی رقیق چیز کو پچکاری سے نکالنا ۔ (۳) (روزمرہ) دوڑنا ؛ لپکنا ؛ نکل بھاگنا۔

Skeet : (n) پوکر کھیل کا ایک خاص ہاتھ۔

Skeeter : (n) (۱) مچھر ۔ (۲) برف پر چلنے والی چھوٹی کشتی۔

Skeezicks / Skeesicks / Skeezix : (n) [Origin unkn.] بد معاش ؛ بد ذات ؛ شریر۔

Skeg : (n) [ON. 'Skegg'.] (۱) گھٹیا قسم کی ریشہ دار جئی ۔ (۲) (جہاز سازی) جہاز کے پیندے کا عقبی حصہ ۔ (۳)جہاز کے پیندے کے عقبی حصے کی جگہ لگا ہوا تکونا ٹکڑا۔

Skeg : (n) [Origin unkn.] جنگل کشمش کی ایک جنس۔

Skegger : (n) [Origin unkn.] سامن (مچھلی) کا بچہ۔

Skeif/ Skaif : (n) [Du. 'Schiff'.] الماس تراش کی پالش کرنے کی چرخی۔

Skeigh : (a) [Scand. Origin.] شوخ (گھوڑا) ؛ متلون مزاج (عورت)۔

Skeily : (۱) مشاق ؛ ماہر ؛ چابک دست ۔ (۲)دیکھو Skilful ۔

Skein: (n) [OFr. 'Escaigne'.] (۱) دھاگے یا ریشم کا لچھا ؛ انٹی ؛ لچھی ۔ (۲) (استعارۃً) گتھی ؛ الجھاؤ ۔ (۳) (جنگلی بطخوں وغیرہ کا) اڑتا ہوا جھنڈ۔

Skein / Skain : (n) [Du. 'Scheen'.] (۱) بید کا ایک چھڑ (ٹوکری بنانے کے لئے ۔ (۲) دھات کی ٹوپی جو چوبی دُھرے کے محور کی حفاظت کرتی ہے۔

Skeldraik / Skeldrake : (n) دیکھو Sheldrake

Skeletal : (a) پنجری ؛ ہیکلی ؛ پنجر سا ؛ ڈھانچ کا۔

Skeletal muscle : (n) عضلات پنجر۔

Skeleto- : (prefix.) [Gr. 'Skeletos'.] سابقہ بمعنی "ڈھانچہ" "پنجر"۔

Skeletogenous : (a) ہیکل ساز ؛ پنجر ساز۔

Skeletography : (n) ہیکل نگاری ؛ پنجر نامہ ؛ علم تشریح۔

Skeletology : (n) ہیکلیات ؛ علم پنجر۔

Skeleton : (n) [mod. L. 'Sceleton'.] (۱) ڈھانچہ ؛ ڈھانچ ۔ (۲)آدمی کا پنجر ؛ ڈھانچ ؛ ہیکل عظمی ؛ کالبد ۔ (۳) ڈھچر ہی ڈھچر ؛ محض قالب (کسی کا) ۔ (۳) ڈھانچ ؛ اہم جز (کسی چیز کا) ۔ (۵) لبّ و لباب ؛ خاکہ ؛ خلاصہ ۔ (۶)بالکل دبلا پتلا آدمی ؛ پوست و استخوان ۔ (۷)(فوج) رجمنٹ کا ایک حصہ۔ (۸) بدنامی یا رسوائی کی بات ۔ (۹) (شطرنج) پیادوں کی ترتیب ۔ (۱۰)ایک قسم کی برف گاڑی۔

A skeleton at the feast (for bonquet) : رنگ میں بھنگ ۔

A skeleton in the closet , cupbaord : بدنامی یا رسوائی کی بات جو باہر والوں سے چھپائی جائے۔

Skeleton : (v) دیکھو Skeletonize

Skeleton : (a) (۱) ڈھانچ کی طرح کا ؛ پنجری ؛ پنجر نما ۔ (۲)کم سے کم لوگوں پر مشتمل ۔ (۳) (لباس وغیرہ) جزوی ۔ (۴)جس کا اندرونی حصہ نظر آئے۔

Skeleton dance : (n) ایک قسم کا رقص جس میں ناچنے والے ایسا کپڑا پہنتے ہیں کہ ڈھانچ یا موت کی علامت نظر آتے ہیں۔

Skeleton key : (n) ہر قفلی کنجی ؛ کھوکھلی کنجی ؛ وہ کنجی جو بہترے تالوں میں تھوڑی تبدیلی کے بعد لگ سکے۔

Skeleton pattern : (n) وہ نقش و نگار جس کی خالی جگہوں میں ریت بھر دی جاتی ہے۔

Skeleton proof : (n) طباعت یا کندہ کاری کا پروف جس کے نقش میں ایک ہلکا خط ہو۔

Skeleton shrimp : (n) ایک قسم کا قشرہ۔

Skeleton suit : (n) لڑکوں کا چست سوٹ جو انیسویں صدی میں رائج تھا۔

Skeleton type : (n) ہلکا ٹائپ جس میں حرف اچھی طرح ابھرے نہ ہوں۔

Skeletonic : (a) ڈھانچ نما ؛ پنجر نما۔

Skeletonize : (v) (۱) ڈھانچ ہی ڈھانچ بنا دینا ۔ (۲) خاکہ بنا ۔ (۳) ڈھانچ ہو جانا یا بن جانا۔

Skeletonizer : (n) ایک قسم کا کیڑا جو پتیوں کو کھا کر ڈھانچ بنا دیتا ہے۔

Skeletonless : (a) بے ڈھانچ ؛ بے پنجر۔

Skeletony : (a) دیکھو Skeletonic

Skelf : (n) [Scot. Gael. 'Sgealb'.] دیکھو Silver

Skellat : (n) [ME. 'Skellet'.] (۱) چھوٹی گھنٹی : دستی گھنٹی۔ (۲) بد مزاج عورت۔

Skellington : (n) دیکھو Skeleton

Skelloch : (n) دیکھو Screach, Scream

Skelloch : (v) دیکھو Scream

Skelum : (n) [Du. 'Schelm'.] بد معاش : شریر آوارہ۔

Skelly : (v) [ON. 'Skjelga'.] اصول ہونا : عادتاً آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا۔

Skelly : (n) بھینگا : احول۔

Skelp : (n) طمانچہ : چانٹا۔

Skelp/ Scelp : (n) [Origin unkn.] لوہے یا فولاد کی پٹری یا پترا۔

Skelp : (v) (۱) مارنا : پیٹنا : طمانچہ رسید کرنا۔ (۲) بہت جلدی کرنا : جلدی یا تیز چلنا : دوڑنا۔

Skelp : (v) (۱) لوہے یا فولاد کی پٹری یا پترا بنانا۔ (۲) فولادی پٹی کو موڑنا۔

Skelping : (a) غیر معمولی طور پر بڑا یا نمایاں۔

Skelping : (n) مار : کوڑے وغیرہ کی مار۔

Skelter : (n) [Second element of 'Heilter Skelter'.] فرار ہو جانا : پو قدمی بھاگنا : کافور ہو جانا : رفو چکر ہو جانا۔

Sken : (v) آنکھوں کو ترچھا کر کے دیکھنا : ترچھی نظروں سے دیکھنا۔

Skene/ Skean : (n) [Ir. and Sc. 'Gael, 'Sgian'.] ایک قسم کا خنجر : پیش قبض : چھرا۔

Skeo : (n) [of Scand origin.] شٹ لینڈ اور اورکنی جزیرے میں بھر بھرے پتھروں کا سائبان مچھلی اور گوشت سکھانے میں پہلے استعمال ہوتا تھا۔

Skep/Skip : (n) [ON. 'Skeppa'.] (۱) ایک قسم کی ٹوکری (لکڑی یا بیدکی)۔ (۲) (کان کنی) دیکھو Skip ۔ (۳) اناج، کوئلہ وغیرہ کی ایک خاص مقدار : ٹوکری بھر۔ (۴) شہد کی مکھیوں کا چھتا : تنکوں کا چھتہ۔

Skepsis/ Scepsis : (n) [L.] (۱) (فلسفہ) فلسفیانہ شکوک : شك فلسفی۔ (۲) (دینیات) انکار الہام۔

Skeptic : (a) دیکھو Sceptic

Skeptical : (a) دیکھو Sceptical

Skerrick : (n) خفیف سی مقدار : آخری ٹکڑا۔

Skerry : (n) [ON. 'Sker'.] پہاڑی جزیرہ۔

Skerry : (a) [Origin unkn.] شیل (Shale) جیسا : شیل سے مشابہ۔

Skerry : (n) پرت دار مٹی یا پتھر۔

Sketch : (n) [Du. 'Schets', or G. 'Skizze'.] (۱) خاکہ (تصویر کا) گردہ : ڈھانچہ : طرح۔ (۲) خلاصہ : مختصر بیان : خاکہ : مسودہ۔ (۳) مختصر مضمون جس میں واقعات کا بیان ہو : مختصر ناٹك خصوصاً ربس : نقل۔ (۴) ایك گت کا نغمہ۔ (۵) دلچسپ یا عجیب و غریب شخص۔

Sketch : (v) (۱) خاکہ بنانا : گردہ بنانا : قدرتی مناظر کے نقشے کھینچنا : خلاصہ بیان کرنا۔ (۲) مجمل طور پر بیان کرنا۔ (۳) مختصر ناٹك میں کام کرنا۔

Sketch-book : (n) (۱) مصوری کی مشق کی کاپی۔ (۲) مختصر ادبی مضامین کی کتاب کا عنوان۔ (۳) خاکہ نامہ۔

Sketch map : (n) خاکہ (کسی مقام کے نقشے کا)۔

Sketcher : (n) (۱) قدرتی مناظر وغیرہ کا) خاکہ بنانے والا : نقشہ کھینچنے والا : مصور۔

Sketchiness : (n) سرسری ہونا : اجمال۔

Sketching : (adv.) خاکے کے طور پر : مجمل طور پر۔

Sketching : (n) خاکہ کشی۔

Sketchy : (a) (۱) خاکہ سا : سرسری : مجمل۔ (۲) دھندلا : متفرق : خیالی : موہوم۔

Skeuomorph : (n) [Gr. 'Skeuos' + 'morph'] نقش و نگار جس میں برتن یا اوزار کی تصویر ہو۔

Skew :(n) [OFr. 'Escu'.] چھت یا دیوار کے تکونی حصے کی منڈیر۔

Skew : (n) (۱) انحراف : جانبی حرکت۔ (۲) غلطی : لغزش : بھول : چوک : سہو۔

Skew : (a) (۱) ٹیڑھا : ترچھا : بینکا : آڑا : کج : اریب۔ (۲) ٹیڑھا ٹیڑھا : خمیدہ (شکل)۔ (۳) ڈھلوان سرا پشتے یا اڑواڑ کا۔ (۴) احول : بھینگا۔

Skew : (v) [ON. Fr. 'Eskiu(w)er'.] (۱) ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا : پہلو کی طرف حرکت کرنا۔ (۲) بھڑکنا (گھوڑے کا)۔ (۳) ترچھی نظروں سے دیکھنا : اشارہ کرنا۔ (۴) ترچھا کاٹنا یا لگانا۔

Skew-arch : (n) کج محراب۔

Skew-back : (n) کمان ٹیک۔

Skew bridge : (n) قینچی پل : وہ پل جس کی قوسیں زاویہ قائمہ نہیں بنائیں۔

Skew-chisel : (n) ٹیرھی یا خمدار چھینی۔

Skew-curve : (n) مکعب منحنی۔

Skew-eyed : (a) احول : بھینگا۔

Skew-gee : (adv.) دیکھو Askew

Skew-whiff : (adv.) دیکھو Askew, Awry

Skewbald : (a) [Origin uncertain.] سفید اور رنگین چتیوں کا (خصوصاً گھوڑا) : ابلق۔

Skewbald : (n) ابلق گھوڑا۔

Skewed : (a) دیکھو Skewbald

Skewer : (n) (۱) کباب کی سیخ۔ (۲) (مزاحاً) تلوار۔

Skewer : (v) ملا کر باندھنا : چھیدنا : سیخ میں پرونا۔

Ski : (n) [Norw. 'Ski fi'.] ملبا تختہ جس کو ناروے ، سویڈن وغیرہ میں جوتوں سے باندھ کر برف پر پھسلتے ہیں : اِسکی۔

Ski : (v) جوتوں سے تختے باندھ کر برف پر پھسلنا : اِسکی کرنا۔

Ski-bob : (n) بائیسکل کی طرح کی ایک مشین جس میں پہیوں کے بجائے اِسکی (Ski) لگی رہتی ہے۔

Ski-boot : (n) اسکی کرنے کا جوتا۔

Ski-jump : (n) کسی قدرتی ڈھلان کے سرے سے بنایا ہوا مصنوعی راستہ جس سے اسکی کرنے والے ہوا میں چھلانگ لگا کر اسکی شروع کرتے ہیں۔

Ski-lift : (n) اسکی کرنے والوں کو اوپر لے جانے کے لئے ایک قسم کی لفٹ۔

Ski pants : (n) اسکی کرنے کی پتلون۔

Ski-wear : (n) اسکی کرنے کا لباس۔

Skiagram/ Sciagram/ Skiogram : (n) شعاعی تصویر : سایہ آمیز نقاشی۔

Skiagraph/ Skiograph / Sciagraph : (n) (۱) شعاعی تصویر : لا شعاعی تصویر۔ (۲) سایہ آمیز نقاشی۔ (۳) سائے سے وقت معلوم کرنے کا آلہ : وقت پیما : سایہ گھڑی۔

Skiagraph/ Skiograph/ Sciagraphy : (v) شعاعی تصویر بنانا۔

Skiagraphy : (n) شعاعی فوٹو گرافی : لاشعاعی عکاسی : سایہ نگاری: سایہ گھڑی سازی۔

Skiascope : (n) انعطاف چشم بیں۔

Skiascopy : (n) انعطاف چشم بینی۔

Skibby : (n) [Jap.] (روز مرہ) توہین آمیز جملہ جاپانی۔

Skice : (v) [Corn. 'Scusy'.] کھسک جانا : رفو چکر ہو جانا : کافور ہو جانا۔

Skid : (n) [Origin unkn.] (۱) چوکٹھا یا لکڑی جو روک ، ٹیکن وغیرہ کا کام دے۔ (۲) لوہے یا لکڑی کی روک جو پہیے کو گھومنے سے روکتی ہے : پہیہ روک : گیر : پہیے کا قفل۔ (۳) (بحری) لکڑی کی روک جو جہاز کے باہر لٹکا دی جاتی ہے تاکہ جہاز پر اسباب چڑھانے میں اسے نقصان نہ پہنچے۔ (۴) تختہ یا بیلن جس پر وزنی چیز کو لڑھکایا جا سکے۔ (۵) پہیے وغیرہ کا پھسلنا۔ (۶)(جمع) شکست ، زوال ، ناکامیابی ، تباہی وغیرہ کا راستہ۔ (۷) ہوائی جہاز کے پہیوں میں سے ایک۔

Skid : (v) (۱) ٹیکن لگانا : روک لگانا۔ (۲) (گاڑی وغیرہ کا) پھسلنا۔ (۳) (پہیے وغیرہ میں) پہیا روک لگنا۔

(۴)(ہوائی جہاز) مرکز انحنا سے پہلو کی طرف پھسلنا (گھومتے وقت)۔ (۵) پھسلانا۔ (۶) تیزی سے چلنا، دوڑنا یا دوڑ جانا۔

Skid-pan : (n) پھسلواں سڑک جس پر ڈرائیور پھسلنے سے بچنے کی مشق کرتے ہیں۔

Skid-road : (n) (۱) شہر کا وہ علاقہ جہاں لکڑی کاٹنے والے فرصت کے اوقات گزارتے ہیں۔ (۲) سڑک جس کے ذریعہ لکڑی کے کندے باہر بھیجنے کے لئے لائے جاتے ہیں۔

Skidding : (n) (۱) تختہ یا لکڑی جو توپ وغیرہ کے لئے بطور سہارا یا اس کو ہٹانے میں آسانی کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ (۲)پھسلاؤ۔

Skiddingly : (adv.) پھسلتے ہوئے۔

Skiddoo/ Skiddo : (v) [Prob. alt. of 'Skedaddie'.[چلا جانا: رخصت ہونا: روانہ ہونا۔

Skiddy : (a) پھسلواں۔

Skidrow : (n) وہ علاقہ (مثلاً ارزاں سیلون، ریستوران، ہوٹل وغیرہ) جہاں مہاجر مزدور، اوباش، آوارہ گرد اور شرابی جمع ہوتے ہیں۔

Skidway : (n) ڈھلوان چبوترہ جس پر لکڑی کے کندے (کہیں بھیجنے کے لئے) لادنے کے لئے یا چیرنے کے لئے جمع کئے جاتے ہیں۔

Skied : (a) (۱) (مرکب الفاظ میں آتا ہے) مخصوص قسم کا آسمان والا۔ (۲) (کرکٹ) ہوا میں اڑی ہوئی گیند۔

Skiey : (a) آسمان سے متعلق: دیکھو Skyey ۔

Skiff : (n) [Fr. 'Esquif'.] ہلکی ناؤ: چھوٹی کشتی: ڈونگی۔

Skiff : (v) چھوٹی کشتی پر سیر کرنا۔

Skiff : (v) (۱) چھوٹی کشتی میں (ندی) پار کرنا: ہلکی کشتی کھینا۔ (۲) ہلکی کشتی میں سیر کرنا۔

Skiffle : (n) [Imitative.] ایک قسم کی موسیقی۔

Skift : (n) [ME. 'Skiften'.[دیکھو Shift

Skift : (n) (۱) کوئی ہلکی چیز۔ (۲) ہلکی بارش یا برف باری۔ (۳) دیکھو Wisp ۔

Skiing : (n) جوتوں میں تختے لگا کر برف پر پھسلنے کا فن یا کھیل۔

Skijoring/ Skioring : (n) جوتوں میں تختے لگا کر گھوڑے یا گاڑی سے کھینچے جانے کا کھیل (جاڑے کے موسم میں)۔

Skilful : (a) (۱) مشاق: ماہر: چابک دست: ہوشیار: سلیقہ مند۔ (۲) استادانہ: عمدہ: دانشمندانہ: سلیقے کا۔

Skilfully : (adv.) کاریگری سے: استادی سے: ہوشیاری سے: دانشمندی سے۔

Skilfulness : (n) کاریگری: دانشمندی: ہوشیاری: چابک دستی: مہارت: سلیقہ مندی۔

Skill : (n) [ON. 'Skil'.] (۱) مشق: مہارت: ہنر مندی: چابک دستی: ہنر۔ (۲) شعور: سلیقہ: حسن تدبیر: موقع شناسی۔

Skill : (v) (۱) اہم ہونا: اہمیت رکھنا۔ (۲) مدد پہنچانا: معاون ہونا: مدد کرنا یا دینا۔ (۳) سمجھنا: مطلب سمجھنا: مہارت رکھنا۔

Skilled : (a) (۱) ہنر مند: مشاق: ماہر: استاد (کسی فن میں)۔ (۲) سیکھا ہوا (کاریگر، مزدور وغیرہ)۔

Skilless/ Skill-less : (a) بے ہنر: بے شعور: بے سلیقہ: اناڑی۔

Skillet : (n) [ME. 'Skelet'.] دستہ دار دیگچی: ایک قسم کا پکانے کا برتن۔

Skillet : (n) [Origin unkn.] لکڑی کی باریک تہ یا پرت جو دیاسلائی بنانے میں کام آتی ہے۔

Skilligalee : (n) [Prob. 'Fanciful'.] (۱) دیکھو Skilly ۔ (۲) سب سے چھوٹا سکہ (قیمت کے لحاظ سے)۔

Skilling : (n) [Origin unkn.] اُسارہ: سائبان: ملحقہ مکان۔

Skilling : (n) [Du. 'Schelling' & Da, Sw, or Norw. 'Skilling'.] ایک تانبے کا سکہ جو پہلے اسکنڈی نیویا میں رائج تھا۔

Skillion : (n) [Alt. of 'Skeeling'.] (آسٹریلیا) اُسارہ: سائبان: زائد ڈھلوان چھت۔

Skilly : (a) دیکھو Skilful, Skilled

Skilly : (n) [Abbrew. of 'Skilligalee'.] جئی کا پتلا دلیا (جو عموماً جیل میں قیدیوں اور محتاج خانوں میں محتاجوں کو دیا جاتا ہے)۔

Skim : (n) (۱) پیش پھالی : پیش پھار ۔ (۲) دیکھو Skim-milk ۔ (۳) ملائی یا بالائی اتارنا ۔

Skim : (v) [Back-formation from 'Skimmer'.] (۱) ملائی یا بالائی اتارنا : پھپڑی اتارنا (دودھ یا کسی سیال شے پر سے) ۔ (۲)کسی سطح کو محض چھوتے ہوئے گزرنا : سبک پروازی کرنا یا سبک رفتاری سے اڑنا ۔ (۳)ایک نظر ڈالنا؛ سرسری طور پر دیکھ لینا : ایک نظر ڈال کر موٹی موٹی بات سمجھ لینا ۔ (۴) (زمین پر) ہلکے ہلکے ہل چلانا یا زمین جوتنا ۔ (۵) پپڑی جم جانا ۔ (٦) پلاستر کی آخری تہ لگانا ۔ (۷) آہستہ سے گزر جانا ۔

Skim : (a) (۱) بالائی اتارنے کے لئے استعمال ہونے والا ۔ (۲)بالائی اتارا ہوا ۔ (۳) بالائی اتارے ہوئے دودھ سے بنا ہوا ۔

Skim-coat : (n) پینٹ یا پلاستر کی آخری تہ ۔

Skim-coulter : (n) پیش پھالی : پیش پھار ۔

Skim-milk : (a) ملائی اترا دودھ : دودھ جس سے بالائی اتار لی گئی ہو : مہوا دودھ ۔

Skimble-skamble : (a) [Reduptication of 'Scamble'.] ابتر : بے ترتیب : گڈ مڈ : پریشان : منتشر : لغو : مہمل ۔

Skimble-skamble : (adv.) بے ترتیبی سے : ابتری کے ساتھ ۔

Skimmed : (a) ملائی اترا : مہوا ۔

Skimmed-milk : (n) دیکھو Skim-milk

Skimmer : (n) (۱) مَلائی اتارنے کا کفگیر یا کرچھا ۔ (۲) ایک قسم کا صدف جس کے خول سے ملائی اتارتے ہیں ۔ (۳) سرسری طور پر پڑھنے والا ۔ (۴) آبی پرندوں کی بعض اقسام : ماہی بر ۔ (۵) ایک قسم کا کیڑا ۔ (٦) ایک قسم کا چپٹی چندیا اور لمبے چھجے والا ٹوپ ۔

Skimming : (n) (۱) ملائی : بالائی : پھپڑی ۔ (۲) ملائی اتارنا : چھوتے ہوئے گزر جانا : سرسری طور پر دیکھ لینا ۔

Skimming-back : (n) ایک برتن جس میں بیئر (Beer) کی پہلی تخمیر کے بعد زائد خمیر جمع کیا جاتا ھے ۔

Skimming-dish : (n) بالائی اتارنے کا برتن ۔

Skimmingly : (adv.) بالائی اتارتے ہوئے ۔

Skimmington : (n) [f. 'Skimming + -ton.] وہ جلوس جو کسی بے وفا یا بدکاری کے مرتکب میاں بیوی کا مضحکہ اڑانے کے لئے نکالا جاتا تھا ۔

To ride (the) skimmington : کسی بے وفا یا بدکاری کے مرتکب میاں بیوی کا مضحکہ اڑانے کے لئے جلوس نکالنا ۔

Skimmity : (n) دیکھو Skimmington

Skimp : (a) قلیل : قلیل المقدار : ناکافی ۔

Skimp : (v) دیکھو Scrimp

Skimpily : (adv.) ناکافی طور پر : قلیل مقدار میں ۔

Skimpiness : (n) قلیل ہونا : ناکافی ۔

Skimpingly : (adv.) کنجوسی سے : بخل سے : خست سے ۔

Skimpy : (a) ناکافی : قلیل :دبلا پتلا : تنگ ۔

Skin : (n) [Late OE. 'Scen(n)'.] (۱) کھال : جلد : چمڑا ۔ (۲) جلد کی ایک پرت (اندرونی یا بیرونی کھال یا جلد) : برادمہ : بیرونی کھال ۔ (۳) چمڑا : ادھوڑی کھال ۔ (۴) چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں ۔ (۵) مشک وغیرہ ۔ (٦) پھل یا درخت وغیرہ کا پوست ، چھلکا ، چھال ۔ (۷) جہاز یا کشتی کے اندر یا باہر کی چادر (خواہ لکڑی کی ہو یا لوھے کی) ۔ (۸) چرمی کاغذ : جھلی (جولکھنے کے کام آئے) ۔ (۹)چمڑے یا جلد سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۰) بادبان کا وہ حصہ جو کھیلنے کے بعد بادبان کے غلاف کا کام کرتا ھے ۔ (۱۱) (تعمیرات) (دیوار کی) روکلر ۔ (۱۲)بیگ : یادداشت کی جیبی کتاب ۔ (۱۳) قابل نفرت شخص ۔ (۱۴) کنجوس : بخیل ۔ (۱۵) دھوکا باز : فریبی : عیّار : مکار : دغاباز ۔ (۱٦) (عام) دیکھو Drum ۔ (۱۷) ایک قسم کا تاش کا کھیل (Skin-ball) ۔ (۱۸) (عام) ڈالر ۔ (۱۹) (عام) گھوڑا ۔ (۲۰) مخالف رپورٹ : ناموافق سرزنش ۔

By (or with) skin of one's teeth : مشکل سے : بال بال ۔

In a whole skin/ With a whole skin : صحیح سلامت ۔

In one's skin : ننگا ۔

Out of one's skin : جوش سے : اشتعال ۔

To jump out of one's skin : آپے سے باہر ہو جانا ۔

To save one's (own) skin : بچ نکلنا : محفوظ رہنا ۔

To sleep in a whole skin : بچ جانا ؛ زخمی نہ ہونا ۔

Under one's skin : (۱) دکھتی رگ چھوتے ہوئے ۔ (۲) اشتعال انگیزانہ ۔

Under the skin : دل سے ؛ بہ باطن ؛ در اصل ؛ در حقیقت ۔

Skin : (v) (۱) ڈھکنا (زخم وغیرہ) (اس طرح جیسے کھال سے ڈھکا ہوتا ہے) ؛ پوست منڈھنا ؛ نئی کھال آنا ؛ زخم بھرنا ؛ انگور آنا ۔ (۲) کھال کھینچنا ؛ پوست اتارنا ؛ کھال ادھیڑنا ؛ چھیلنا ؛ چھال اتارنا ۔ (۳) اپنا یا دوسرے کا چست لباس اتارنا ۔ (۴) (عام) موس لینا ؛ کنگال کر دینا یا بنا دینا ؛ دیوالہ نکال دینا ؛ بری طرح شکست دینا۔ (۵) (مجازاً) سطحی طور پر ڈھکنا یا ڈھک دینا ۔ (٦)کھال چھوڑنا ؛ چمڑا اترنا ۔ (۷) (امریکا) نقل کرنا ؛ چوری کرنا ۔ (۸) (اوپر) چڑھنا ؛ اترنا (نیچے) ۔ (۹)کاغذ سے رگڑ کر گوند وغیرہ کی سطح برابر کرنا۔ (۱۰) تنقید کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔ (۱۱) (عام) سرزنش کرنا ؛ کمی کی رپورٹ کرنا (کسی چیز کی) ۔ (۱۲) (زمین کو) بہت زیادہ کھیتی کر کے بنجر بنا دینا ۔ (۱۳) ہنکانا یا ہانکنا (جانوروں کو) ؛ ٹریکٹر چلانا ۔ (۱۴) مشکل سے گزرنا ؛ تنگ جگہ میں چلنا ۔ (۱۵)بدقت کامیاب ہونا ۔ (۱٦) پو قدمے بھاگنا ؛ جلدی جلدی چلنا۔

To keep one's eyes skinned : ہوشیار رہنا ؛ چوکس رہنا ۔

To skin alive : زندہ کھال اتار لینا ؛ بے رحمی کے ساتھ ایذ پہنچانا۔

To skin the cat : افقی ڈنڈے کو پکڑ کر جھولنا۔

To skin the flint : ذلت کے ساتھ یا گر کر دولت کمانا یا نفع کمانا۔

Skin and bone(s) : (n) پوست و استخواں ہونا ؛ بے حد لاغر ہونا ۔

Skin-boat : (n) چرمی کشتی ۔

Skin-bound : (a) چست کھال کا۔

Skin-deep : (a) (۱) (زخم) جس کی گہرائی صرف کھال تک ہو ۔ (۲) سطحی (جذبہ وغیرہ) ۔

Skin-deep : (adv.) سطحی طور پر ؛ کسی قدر ۔

Skin-disease : (n) جلدی مرض ۔

Skin-dive :(v) سطح آب سے نیچے تیرنا ۔

Skin-diving : (n) سطح آب سے نیچے تیرنا۔

Skin effect : (n) (برقیات) تیز تعدد متبادل رو کلکسی موصل تار کی سطح پر بڑھ جانے کا رجحان ۔

Skin-flick : (n) عریاں فلم ۔

Skin-flood : (n) چہرے پر لگانے کی کریم ۔

Skin friction : (n) سطحی رگڑ ؛ جہاز وغیرہ کے چلنے میں پانی کی رکاوٹ ۔

Skin game : (n) (۱) عیاری ؛ فریب ؛ ٹھگنا ۔ (۲) دیکھو Skinball ۔

Skin-graft : (v) (جراحی) دوسری جگہ کی یا دوسرے کی کھال لگا دینا ۔

Skin-graft : (n) وہ چمڑا جو دوسرے کے جسم سے لے کر کسی اور کے جسم پر پیوندی جراحی کے ذریعہ لگا دیا جائے ۔

Skin-in : (v) (فرنیچر وغیرہ پر) فرانسیسی پالش کی پہلی تہ چڑھانا ۔

Skin man : (n) ہوائی جہاز کے ڈھانچے پر دھات یا لکڑی کی چادر لگانے والا ۔

Skin on : (v) (وارنش ، رنگ وغیرہ) بہت پتلی تہ چڑھانا ۔

Skin planting : (n) جہاز یا کشتی کے اندر یا باہر چادریں چڑھانا ۔

Skin test : (n) تاثر پذیری کی جانچ (جو مریض کی جلد پر کی جاتی ہے) ۔

Skin-tight : (a) چست ۔

Skin-tight : (n) چست لباس ۔

Skin-wool : (n) مردہ بھیڑ کی اون ۔

Skinball : (n) تاش کے ایک کھیل جس میں کھلاڑی اس پر شرط لگاتے ہیں کہ کون سا پتا جیتے گا ۔

Skinch : (v) [Origin unkn.] کنجوسی کرنا ؛ بخالت کرنا ؛ خست کرنا ۔

Skinflint : (n) (۱) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ۔ (۲) بوڑھا گھوڑا ۔

Skinful : (a) (۱) جسم ؛ جلد کے اندر کا گوشت اور ہڈی ۔ (۲) مشک بھر ؛ اتنی شراب جو ایک آدمی اٹھا سکے ۔ (۳) بڑی مقدار۔

(۳) خمار آور مقدار (شراب کی) ۔

To have a skinful : (عام) مخمور ہونا : مست ہونا ۔

Skinhead : (n) (۱) گنجا : سرمنڈا شخص خصوصاً بحریہ کا مبتدی : بحریہ کا رنگروٹ ۔ (۲) (امریکا) چھوٹے بالوں والے تشدد پسند نوجوانوں کی ٹولی کا رکن ۔

Skink : (n) [Fr. or L. 'Scincus'.] چھوٹی قسم کی چھپکلی : ریگ ماہی ۔

Skink : (v) [MIG. MDU. 'Schenken'.] شراب نکالنا : شراب ڈھالنا یا پیش کرنا ۔

Skink : (n) شراب ۔

Skinker : (n) پیپے سے ڈھال کر شراب بیچنے یا پیش کرنے والا : شراب فروش ۔

Skinkle : (v) چمکنا دمکنا : جھلکنا : جگمگ جگمگ کرنا ۔

Skinkle : (v) (اسکاچستان) چھڑکنا ۔

Skinless : (a) (۱) بغیر کھال کا : بے جلد : بے چھلکے کا ۔ (۲) حساس : زود حس ۔

Skinned : (a) (۱) پوست دار : جلد دار : جلد کا : مقشر ۔ (۲) چھیلا ہوا : پوست اتارا ہوا ۔

Skinned : (a) بے دوب تختے کا ۔

Skinner : (n) (۱) سوداگر چرم : چرم فروش : چمڑا کمانے والا ۔ (۲) کھال کھینچنے والا ۔ (۳) دھوکا باز : فریبی ۔ (۴)جوڑی ہانکنے والا : جوٹ بان : مال برداری کے جانوروں کا گلہ بان ۔ (۵) کسی بڑی تعمیراتی مشین کو چلانے والا ۔ (۶) دیکھو Skin man ۔

Skinnery : (n) چرم فروش کا کارخانہ : چمڑا کمانے کا کارخانہ ۔

Skinniness : (n) دبلا پن : لاغری ۔

Skinning : (n) دیکھو Skinball

Skinny : (a) (۱) جلدی : جھلی سا ۔ (۲) دبلا پتلا ۔ (۳) ذلیل : کنجوس : بخیل ۔

Skinny-dipper : (n) برہنہ ہو کر تیرنے والا ۔

Skinny-dipping : (v) برہنہ ہو کر تیرنا ۔

Skintle / Scintle : (v) [Origin unkn.] (۱) اینٹ کا اس طرح ڈھیر لگانا کہ ہوا کے آنے جانے کا راستہ رہے ۔ (۲) (دیوار میں) بے قاعدہ طور پر اینٹ چننا ۔

Skioring : (n) دیکھو Skijoring

Skip : (n) (۱) زقند : جست : چھلانگ : پھلانگ ۔ (۲) ایک مضمون یا شغل کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کر لینا : بیچ میں چھوڑ جانا : حذف ۔ (۳) (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر پر زیادہ وقفہ کے بعد جانا ۔ (۴) کتاب کا وہ حصہ جسے چھوڑ کر آگے بڑھ جایا جائے ۔ (۵) کالج کا خادم : خدمتگار (خصوصاً ڈبلن میں) ۔ (۶) وہ قرض دار جو ادائی کے ڈر سے اِدھر اُدھر بھاگا پھرے ۔

Hop, skip and jump : دیکھو Hop

Skip : (n) (۱) جھولا یا ٹوکرا جس کے ذریعے اشخاص یا سامان کان میں اوپر یا نیچے لائے جاتے ہیں : ڈول : اسکپ ۔ (۲)پتھر کوئلے کی سل جو پائے سے کاٹی جائے ۔ (۳)پتلا بھورا کاغذ جس سے ڈبے وغیرہ میں استر لگاتے ہیں ۔

Skip : (n) (شکر سازی) ایک خاص مقدار معین ۔

Skip : (n) Skipper کا مخفف ۔

Skip : (v) [OF. Scand origin.] (۱) زقند بھرنا : اچھلنا کودنا : چھلانگ مارنا (بکری کے بچوں وغیرہ کی طرح) ۔ (۲)بچوں (خصوصاً لڑکیوں کا) رسی ہاتھ میں لے کر اس طرح سے کودنا : رسی پھلانگنا یا پھاندنا ۔ (۳)دفعتاً ایک مضمون یا شغل کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کر لینا : ایک کام کو چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا ۔ (۴) (عام) بھاگ کھڑا ہونا : اڑنچھو ہو جانا ۔ (۵)بیچ میں چھوڑ جانا : بیچ میں چھوڑ چھوڑ کر کرنا : جستہ جستہ کرنا (مطالبہ وغیرہ) ۔ (۶) (ایک ڈگری سے زیادہ وقفے کے ساتھ) ایک سُر سے دوسرے سُر پر جانا ۔ (۷) ملک چھوڑ کر چلا جانا ۔ (۸) اچھلانا : چھلانگ لگوانا ۔ (۹) نیچی پرواز کر کے اس طرح بم گرانا کہ وہ اچھل کر نشانے پر لگے ۔ (۱۰) جلدی سے اور خفیہ طور پر نکل جانا ۔ (۱۱)بغیر اجازت کے غیر حاضر رہنا ۔

Skip : (v) (شکر سازی) چینی کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں تبدیل کرنا ۔

Skip : (v) کسی ٹیم کا کپتان بننا : کپتان کے فرائض انجام دینا ۔

Skip-bomb : (v) نیچی پرواز کر کے بمباری کرنا تاکہ بم زمین سے اچھل

کر نشانے پر لگے۔

Skip distance : (n) چھوٹا یامختصر فاصلہ : سکیپ فاصلہ ۔

Skip hoist/ -elevator : (n) (کان کنی) ڈول ۔

Skip-mackerel : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Skip rope/ Skipping-rope : (n) ایك رسی جس کے دونوں طرف لکڑی کے دستے لگے ہوتے ہیں اور لڑکیاں اس سے پھلانگتی ہیں ۔

Skip-stop : (n) درمیانی ٹھہراؤ کو چھوڑتے ہوئے چلا جانا (لمس یا لفٹ وغیرہ کا) ۔

Skipjack : (n) (۱) کودن : خود پسند : بے مغز ۔ (۲) نٹ کھلونا ۔ (۳) مچھلی ، تتلی اور کیڑے کی قسم ۔

Skipjack : (a) (۱) کودن : خود پسند : بے مغز ۔ (۲) دکھاوے کی (چیز)۔ (۳) اچھلنے کودنے والا : زقند بھرنے والا ۔

Skippable : (a) قابل حذف : جسے چھوڑ کر آگے بڑھا جا سکے ۔

Skipper : (n) (۱) کودنے والا : زقند بھرنے والا ۔ (۲) (حیوانیات) ایك قسم کا بھونرا : ایك قسم کی تتلی : پنیر کے کیڑے کا پہل روپ ۔ (۳) ایك قسم کی مچھلی ۔ (۴) جستہ جستہ پڑھنے والا : چھوڑ چھوڑ کر پڑھنے والا ۔ (۵) ناعاقبت اندیش شخص ۔

Skipper : (n) [MLG. 'MDu, 'Schipper'.] (۱) ناخدا : جہاز کا کپتان : جہاز کا مالك ۔ (۲) کھیلوں میں کپتان ۔

Skipper : (v) نا خدا یا کپتان کا کام انجام دینا ۔

Skippered : (a) مگس کے پہل روپ سے بھرا ہوا ۔

Skipper's daughter : (n) سمندر کی لہریں جن میں پھین اٹھ رہا ہو ۔

Skippership : (n) ناخدائی : کپتانی ۔

Skippet : (n) مہر رکھنے کا لکڑی کا چھوٹا سا ڈبا ۔

Skipping : (n) کود : چھلانگ : جست : زقند ۔

Skippingly : (adv.) کودتے ہوئے : چھلانگ مار کر ۔

Skirl : (n) (۱) باریك اور تیز آواز : چیخ چیخ کر کی جانے والی گفتگو ۔ (۲) بین کی سی آواز ۔

Skirl : (v) (۱) چیخنا : باریك اور تیز آواز نکالنا ۔ (۲) باریك اور تیز آواز سے بجنا ۔ (۳) بین بجانا ۔ (۴) باریك اور تیز آواز میں گانا ۔

Skirl : (n) [Origin unkn.] مرغولہ : وہ چیز جو چکر کھانے سے بنے یا چکر کھائے ۔

Skirl : (n) چکر کھاتے ہوئے اڑنا ۔

Skirling : (n) چیخ : چیخنا : چلاّنا ۔

Skirling : (n) [Origin unkn.] سامن (مچھلی) کا بچہ ۔

Skirmish : (n) [late ME. 'Skarmuch'.] (۱) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی ، جھڑپ ۔ (۲) مقابلہ : مڈبھیڑ ۔ (۳) معمولی کاروائی : کسی چیز کی ہلکی سی نمائش ۔

Skirmish : (v) (۱) چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنا : فوجوں کا آپس میں الجھ پڑنا ۔ (۲) ڈھونڈنا : تلاش کرنا (رسد وغیرہ) ۔

Skirmish line : (n) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی لڑنے والوں کی صف ۔

Skirmisher : (n) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی میں حصہ لینے والا سپاہی ۔

Skirr : (v) [Alter. of 'Scour'.] (۱) رفو چکر ہو جانا : بھاگ کھڑا ہونا : اڑنچھو ہو جانا ۔ (۲) تیزی کے ساتھ چلنا : دوڑنا یا اڑنا ۔ (۳) کسی چیز یا آدمی کی تلاش میں تیزی سے جانا ۔ (۴) ایك نظر ڈالنا : سرسری طور پر دیکھ لینا ۔

Skirr : (n) رگڑنے ریتنے کی آواز ۔

Skirret : (n) [ME. 'Skirwhit(e)'.] ایك قسم کی ترکاری ۔

Skirret : (n) [Origin unkn.] زمین کی پیمائش کرنے ، خندق کو سیدھ میں لانے وغیرہ کا ایك آلہ ۔

Skirt : (n) [ON. 'Skyrta'.] (۱) دامن : لہنگا : سایہ : زنانہ اور مردانہ لباس یا گون کا نچلا حصہ ۔ (۲) کنارہ : حاشیہ : سرحد ۔ (۳) (عام) عورت ۔ (۴) زین کا لٹکا ہوا حصہ ۔ (۵) بادبان کا عمودی یا ڈھلوان پہلو ۔ (۶) گھنٹی یا مدمکھی کے چھتے کا کنارہ ۔ (۷) اوجھڑی ۔ (۸) (جمع) شہر کا نواحی علاقہ ۔ (۹) کسی مقام کے گرد درختوں وغیرہ کی تعداد ۔ (۱۰) آخری لمحے ۔

Divided skirt : پتلون نما سایہ ۔

Skirt : (v) (۱) حاشیہ ہونا : کنارے پر واقع ہونا : متصل ہونا ۔ (۲) آس پاس یا کنارے کنارے چلنا ۔ (۳) دامن لگانا ۔

Skite : (v) [of. Scand origin.] (۱) تیزی سے جانا یا چلنا۔ (۲) چھپھلتے ہوئے نشانے پر لگنا۔

Skite : (n) (۱) اچانک ضرب یا ٹکر۔ (۲) چال : داؤں : اٹکھیلی : شرارت۔

Skite : (n) [ME. 'Skyten'.] بد مزاج اور گستاخ آدمی۔

Skite : (n) (آسٹریلیا) شیخی : ڈینگ : تعلی : لاف زنی۔

Skite : (n) شیخی باز : ڈینگ باز : ڈینگ مارنے والا شخص۔

Skitter : (v) (۱) آہستہ آہستہ یا جلدی سے پھسلنا۔ (۲) جلدی جلدی چلنا : بو قدمے بھاگنا۔ (۳) چارے کو سطح آب پر ڈال کر مچھلی کا شکار کرنا۔ (۴) پانی کے چھینٹے اڑانا (مرغابیوں وغیرہ پر)۔

Skitter : (n) (۱) بھگدڑ : بھاگڑ : جلدی جلدی کا سفر۔ (۲) سرسراہٹ: کھڑ کھڑاہٹ۔

Skittery : (a) (۱) بھڑکنے والا : بے چین : شوخ (گھوڑا)۔ (۲) (خصوصاً عورت) متلون مزاج : لگاوٹ باز : چنچل : چلبلی : شوخ: چونچال : سیلانی : آوارہ : بد وضع۔ (۳) چست : طرار: پر جوش :جاندار۔ (۴)محتاط : پر احتیاط : ڈرپوک۔

Skittish : (a) دیکھو Skittery

Skittishly : (adv.) شوخی سے : چنچل پن سے۔

Skittishness : (n) شوخی : چنچل پن۔

Skittle : (n) (۱) (جمع) ایک قسم کا کھیل جو میخوں سے کھیلا جاتا ھے یہ سب ایک گیندے سے گرائی جاتی ہیں۔ (۲)(عام و فجائیہ) لغو بات ھے: مہمل ھے۔ (۳) اسکیٹل کھیل کی میخ۔ (۴)شطرنج کی بازی جو سنجیدگی سے نہ کھیلی جائے۔ (۵) (جمع) کھیل : تفریح۔

(Not) all bear and skittles : کھیل : تماشا : تفریح : کھیل نہیں ھے۔

Skittle : (v) (۱) (کرکٹ) بلے بازوں کو یکے باد دیگرے تیزی سے آؤٹ کر دینا۔ (۲) اسکیٹل کھیل کھیلنا۔

Skittler : (n) (کرکٹ) بلے بازوں کو یکے باد دیگرے تیزی سے آؤٹ کر دینے والا۔

Skittling : (n) غیر سنجیدگی سے شطرنج کھیلنا۔

(۴)کنارے پر چلنا (آدمی یا جہاز کا)۔ (۵) سرحد پر چلنا یا پھرتے رہنا ، ساحل کے یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا۔ (۶) قریب واقع ہونا۔ (۷) (مشکل ، پیچیدگی یا خطرہ وغیرہ سے) گریز کرنا : بال بال بچنا۔ (۸)(شکاری کتوں کا) بو کے ذریعے تعاقب کرنے میں غول کو چھوڑ دینا : لومڑی کے اصل راستے کو چھوڑ کر نکل جانا۔ (۹) (بھیڑ کے) اون کے کنارے کو کاٹنا ، تراشنا۔

Skirt : (v) [Origin unkn.] (اسکاچستان) تیزی سے بھاگ جانا۔

Skirt-board : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سایہ اور دوسرے کپڑوں کو رکھ کر استری کرتے ہیں۔ (۲) دیکھو Skirting board ۔

Skirt-dance : (n) سائے کا ناچ : ایک قسم کا سنگت ناچ۔

Skirt-dance : (v) سائے کا ناچ ناچنا۔

Skirt-dancing : (n) دیکھو Skirt-dance

Skirt-roof : (n) دو منزلوں کے درمیان کی بناوٹی چھت۔

Skirter : (n) بو کے ذریعے تعاقب میں غول چھوڑ دینے والا کتا۔

Skirting : (n) (۱) حاشیہ : کنارہ : سرحد۔ (۲) سائے کا کپڑا۔ (۳) دیوار کے نچلے حصے کا عمودی حاشیہ۔ (۴)(جمع) گھٹیا قسم کی یا گندہ اون جو بھیڑ کے بال کے کناروں سے کاٹی جاتی ھے۔

Skirting-board : (n) گوٹ تختہ : تختہ جو کمرے کی دیوار کے نچلے حصے میں لگا رہتا ھے۔

Skirting-leather : (n) زین یا لگام بنانے کا چمڑا۔

Skirtlingly : (adv.) حاشیہ بناتے ہوئے۔

Skirtless : (a) بے دامن : بے سایہ۔

Skirtlike : (a) دامن سے مشابہ : سایا سے مشابہ۔

Skirty : (a) (اون) جس میں حد سے گھٹیا اور گندے قسم کے اون کے کنارے ہوں۔

Skit : (n) (۱) ہلکی ہجو۔ (۲) ہلکی پھوار : پانی کی بوچھار۔ (۳) شوخ لڑکی : لا ابالی لڑکی۔

Skit : (v) (۱) کودنا : اچھلنا۔ (۲)ہلکی پھلکی ہجو لکھنا۔

Skive/ Skieve : (n) [Du. 'Schiff'.] جواہرات پر پالش کرنے کی چرخی ۔

Skive : (n) چمڑے کا کٹا ہوا ٹکڑا : پتلا کٹا ہوا سڈول چمڑا ۔

Skive : (n) [ON. 'Skifa'.] (کھال چمڑے وغیرہ کو) پھاڑنا : کاٹنا : چھانٹنا : تراشنا ۔

Skive : (v) (جواہر کی سطح کو) ریتنا : ہموار کرنا ۔

Skive : (v) [Origin unkn.] (۱) سبک رفتاری سے چلے جانا ۔ (۲) جلدی سے چلے جانا ۔

Skiver : (n) [Origin unkn.] دیکھو Skewer

Skiver/ Skyver : (n) (۱) پتلا کٹا ہوا چمڑا ۔ (۲) چمڑا کاٹنے والا یا والی (آدمی یا چھری) ۔

Skiver : (n) چمڑا کاٹنا ۔

Skiver : (v) جسم میں سیخ یا میخیں ٹھونک کر ہلاک کرنا ۔

Skiving : (n) (چمڑے ، کھال وغیرہ کو) پھاڑنا : کاٹنا : چھانٹنا : تراشنا ۔

Skivvy : (n) [Perhaps alter of Slavey.] دائی : نوکرانی ۔

Sklent : (v) [ME. 'Sclenten'.] (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا ۔ (۲) تہمت لگانا : بدنام کرنا ۔ (۳) ترچھا کرنا : ڈھلوان کرنا یا بنانا ۔

Sklim : (v) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) چڑھنا ۔

Skoal : (n) [Dan. 'Skal'.] جام صحت ۔

Skoal : (v) کسی کا جام صحت پینا ۔

Skolly : (n) [Afric, 'Skorrimorrie'.] نوجوان گنڈا : غنڈا : شہدا ۔

Skookum : (n) [Chinook jargon.] بہت : پربت ۔

Skookum : (a) (۱) طاقتور : مضبوط ۔ (۲) اعلی درجے کا ۔

Skookum-house : (n) جیل : قید خانہ ۔

Skreak/ Skreek/ Skreich/ Skriegh : (n) دیکھو Screech

Skrimshander : (n) [Origin unkn.] دیکھو Scrimshaw

Skrimshander : (v) دیکھو Scrimshaw

Skrimshank : (n) دیکھو Scrimshank

Skua : (n) [Fraeroese, 'Skugvur'.] مرغابی کی بعض اقسام : پاغو : کرکر ۔

Skulduggery / Skullduggery/ Sculduggery/ Scullduggery : (n) (۱) (اسکاچستان) زنا ۔ (۲) بے ایمانی : بے ایمانی کا رجحان ۔ (۳) عریانیت ۔

Skulk : (n) (۱) دبکنے والا : جی چرانے والا : چھپنے والا ۔ (۲) (لومڑیوں کا) غول ۔

Skulk/ Sculk : (v) [of Scand origin.] (۱) چھپ رہنا : دبک رہنا : چپکے سے چل دینا ۔ (۲) گھات میں ہونا ۔ (۳) (خطرے سے) منہ چھپانا : پہلو بچانا : کھسک جانا ۔ (۴) (کام سے) جی چرانا ۔ (۵) نظروں سے بچنا ۔

Skulker : (n) دبکنے والا : جی چرانے والا : چھپنے والا ۔

Skulkingly : (adv.) دبک کر ، چھپ کر : پہلو بچاتے ہوئے : جی چراتے ہوئے ۔

Skull : (n) [ME. 'Scolle, Schulle'.] (۱) کھوپڑی : کاسۂ سر : جمجمہ ۔ (۲) دماغ : ذہن ۔ (۳) کھوپڑی کی تصویر ۔ (۴) چندیا ۔ (۵) خود کی چندیا ۔ (۶) ایک پودا جس کا پھول خود کی شکل کا ہوتا ہے ۔ (۷) دھات یا دھات کی میل کی تہ جو اس ظرف پر جم جاتی ہے جس میں پگھلی ہوئی حالت میں رکھی جاتی ہے ۔

Skull : دیکھو Scull

Skull-cap : (n) (۱) مخمل کی ٹوپی ۔ (۲) ایک قسم کا خود ۔ (۳) فرق سر : چندیا ۔ (۴) (چٹان وغیرہ کی) گنبد دار ٹوپی کی طرح کی تہ ۔

Skull-fish : (n) دو سال سے زیادہ عمر کی وہیل مچھلی ۔

Skull guard : (n) مزدوروں کا حفاظتی خود ۔

Skull practice : (n) (۱) ورزش سکھانے والے کی تربیتی کلاس ۔ (۲) (مشاورت ، مباحثہ یا تبادلۂ خیالات وغیرہ کی) میٹنگ ، جلسہ ۔ (۳) ذہنی مشق ۔

Skulled : (a) کھوپڑی کار : جمجمہ دار ۔

Skunk : (n) [Amer. Indian, 'Segankw or Segongw'.] (۱) امریکا

کا ایک گوشت خور جانور جو اپنی حفاظت کے لئے سخت بدبو نکالتا ہے ؛ امریکی نیولا ؛ بدبوئی نیولا ۔ (۲)امریکی نیولے کا سمور ۔ (۳) ذلیل شخص ۔

Skunk : (v) شکست فاش دینا (جس میں حریف کوئی اسکور نہ بنا سکے) ۔

Skunk-bird/ -blackbird : (n) ایک امریکی چڑیا جس کے سر کا رنگ امریکی نیولے سے ملتا جلتا ہوتا ہے ۔

Skunk cabbage : (n) بدبوئی کرم کلہ ۔

Skunk-head : (n) ایک قسم کی بطخ ۔

Skunk-weed : (n) دیکھو Skunk-cabbage

Skunkish : (a) (۱) امریکی نیولا سے مشابہ ۔ (۲) ذلیل ؛ قابل نفرت ۔

Skunky : (a) امریکی نیولا سے مشابہ ۔

Skupshtina : (n) [Serb.] سرویا کی پارلیمنٹ ؛ یوگوسلاویا کی پارلیمنٹ ۔

Sky : (n) [ON. 'Sky'] (۱) آسمان ؛ فلک ؛ چرخ ؛ آکاش ؛ سما ۔ (۲) آب و ہوا ؛ فضا ؛ خطہ ؛ موسم ؛ رُت ۔ (۳) آسمان کا رنگ ؛ آسمانی رنگ ۔ (۴) (مصوری چیز کی) لا محدود یا لامتناہی مقدار یا درجہ ۔

In the skies : وجد میں ؛ موج میں ؛ ترنگ میں ۔

To the skys or skies : انتہائی درجہ ؛ حد درجہ ؛ اسراف سے ؛ جوش سے ۔

Sky : (v) (۱) (عام) سکے کو اوپر اچھالنا (اس کے چت یا پٹ گرنے سے فیصلہ کرنے کے لئے) ۔ (۲) (کرکٹ) اونچی ہٹ مارنا ۔ (۳) دیوار پر تصویر اونچی ٹانگنا (خاص کر نمائش میں) ۔ (۴) (کسی شخص کو) بے جا طور پر اچھالنا ۔ (۵) سوتی کپڑے کو رنگنے میں ہوا سے گزارنا ۔ (۶)اندھا دھند بڑھنا ۔ (۷) (آسمان کی طرح) ڈھک لینا ؛ چھپا لینا ۔

Sky-arm : (n) ہوائی فوج ۔

Sky ball/ Skyball : (n) [Origin unkn,] نکما ؛ ناکارہ ۔

Sky-bink : (n) برف کا عکس جو افق پر نظر آتا ہے ۔

Sky-blue : (n) آسمانی رنگ ۔

Sky-blue : (a) آسمانی ۔

Sky cap : (n) (ہوائی اڈے پر) دستی سامان ڈھونے والا حمال ؛ قلی ۔

Sky compass : (n) ایک قسم کا قطب نما جسے جہاز راں سورج کا محل معلوم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Sky cover : (n) (آسمان کا) بادل سے چھپا ہوا حصہ ۔

Sky-diving : (n) آسمان سے چھلانگ لگانے کا کھیل جس میں زمین کے قریب آکر چھاتے کو کھولا جاتا ہے ۔

Sky-dome : (n) تھیٹر کا وہ گنبد جس کو آسمان بنا کر پیش کیا جاتا ہے ۔

Sky-flyer : (n) حوصلہ مند شخص ؛ اولوالعزم شخص ۔

Sky-gazer : (n) ایک قسم کا تکونا بادبان ۔

Sky-high : (a) (۱) بہت اونچا ۔ (۲) غیر معمولی طور پر اونچا ۔ (۳) سرگرمی سے؛ جوش سے ۔ (۴) ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ؛ الگ الگ ۔

Sky-high : (a) (۱) بہت اونچا ؛ سر بفلک ؛ آسمان سے باتیں کرنے والا؛ بلند پرواز ۔ (۲) بہت گراں ؛ بہت مہنگا ۔

Sky hoot : (v) دیکھو Scoot

Sky jack : (v) ہوائی جہاز اغوا کرنا ۔

Sky jacked : (a) اغوا کیا ہوا ہوائی جہاز ۔

Sky jacker : (n) ہوائی جہاز اغوا کرنے والا ۔

Sky jacking : (n) ہوائی جہاز کا اغوا کرنا ۔

Sky-light/ Skylight : (n) (۱) روشن دان ؛ تاب دان (چھت میں) ۔ (۲) سماوی روشنی ۔

Sky light : (v) روشن دان بنانا (چھت میں) ۔

Sky line : (v) آسمان کے پس منظر میں خاکہ بنانا ۔

Sky-line : (n) (۱) خط فلکی ؛ افق ۔ (۲) پہاڑی یا عمارت وغیرہ کا خاکہ (آسمان کے) پس منظر میں بنا کر دیکھا جائے ۔

Sky-liner : (n) دیکھو Airline

Sky-mark : (n) آسمان کے پس منظر میں نظر آنے والی کوئی چیز ۔

Sky-marker : (n) وہ شعلہ جو ہوائی حملہ کرنے والا جہاز نشانے کی نشاندہی کے لئے گراتا ھے ۔

Sky-parlour : (n) مکان کا سب سے اوپری کمرہ ۔

Sky-pilot : (n) (۱) (عام) پادری ؛ کشیش ۔ (۲) سندیافتہ ہواباز ۔

Sky-port : (n) ہیلی کو پٹر کے اترنے اور پرواز کرنے کا مستقر ۔

Sky-rider : (n) ہوائی میں سفر کرنے والا ۔

Sky-rocket : (n) ہوائی بان ؛ ہوائی (آتش بازی) ۔

Sky rocket : (v) (۱) یکایک اور تیزی سے اٹھنا ؛ بلند ہونا یا بلند کرنا ۔ (۲) کوئی مہمل حرکت کرنا ؛ لا ابالی حرکت کرنا ۔ (۳) بسرعت اور غیر متوقع طور پر ترقی دینا ۔

Sky-sail/ Skysail : (n) ایک قسم کا بادبان ۔

Sky-scape : (n) منظرۂ آسمان ؛ منظرۂ فلک ؛ فلکی منظر ؛ وہ تصویر جس میں زیادہ تر آسمان کا منظر دکھایا گیا ہو ۔

Sky-scrape : (v) فلک بوس عمارت تعمیر کرنا ۔

Sky-scraper : (n) (۱) (بحری) ایک قسم کا تکونا بادبان ۔ (۲) فلک بوس عمارت ؛ کئی منزل کی عمارت ۔

Sky-shade : (n) ایک پردا جو آسمان کی روشنی کم کر دینے کے لئے فوٹو کیمرہ میں لگاتے ہیں ۔

Sky-sign : (n) (۱) آسمانی علامت ۔ (۲) ایک قسم کا اشتہار جو اس طرح تیار کیا گیا ہو کہ اس کے حروف رات کو چمکتے ہوں (جیسے آسمان پر لکھے گئے ہوں) ۔

Sky-stone : (n) حجر شہابی ۔

Sky-trooper : (n) چھاتا بردار فوجی ۔

Sky-troops : (n) چھاتا بردار فوج ؛ ہوائی فوج ۔

Sky-truck : (n) وزنی سامان کو ڈھونے والا مال بردار طیارہ ۔

Sky-wave : (n) سمائی موج ؛ غیر مستقیم موج ۔

Sky-way : (n) (۱) ہوائی راستہ ۔ (۲) اونچی شاہراہ ۔

Sky-write : (v) (۱) ہوائی جہاز کے ذریعے نمائش کرنا یا مشتہر کرنا ۔ (۲) بہت زیادہ مشتہر کرنا ۔

Sky-writing : (n) ہوائی جہاز سے نکلنے والے دھوئیں سے لکھی تحریر (اشتہار یا نمائش کے طور پر) ۔

Skyborne : (a) ہوائی ۔

Skycoach : (n) تجارتی ہوائی جہاز جس میں کم کرائے پر سفر کیا جاتا ھے لیکن اس میں سونے کا یا اور دوسرا انتظام نہیں ہوتا ھے ۔

Skye/ Skye-terrier : (n) [Gael. 'Sgith'.] اسکاٹ لینڈ کا ایک کتا جو فاختئی رنگ ، چھوٹی ٹانگوں اور لمبے جسم کا ہوتا ھے ۔

Skyer : (n) آسمانی ہٹ ؛ اونچی ہٹ ۔

Skyey/ Skiey : (a) (۱) آسمان سے متعلق ؛ آسمانی ؛ بلند ۔ (۲) آسمان کے مثل ۔

Skyful/ Skyfull : (n) آسمان بھر ۔

Skyish : (a) بلند ؛ بہت اونچا ؛ سریہ فلک ؛ آسمان سے مشابہ ۔

Skylark : (n) توا ؛ چکاوک ؛ چنڈول ۔

Skylark : (v) اچھل کود کرنا ؛ کسی کے ساتھ مذاق کی حرکتیں کرنا ؛ شرارتیں کرنا ۔

Skyless : (a) بے آسمان کا ۔

Skylook : (v) (لکڑی کا) اونچی جگہ سے جائزہ لینا یا پیمائش کرنا ۔

Skyman : (n) (۱) (عام) چھاتا بردار فوج ؛ ہوائی فوج ۔

Skyr : (n) [ON. 'Skera'.] (۱) کھٹا دہی ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جسے کھانا کھانے کے بعد کھاتے ہیں ۔

Skyre : (v) [ME. 'Skyre, Skire'.] (اسکاچستان) چمکنا ؛ دمکنا ۔

Skysweeper : (n) ایک قسم کی طیارہ شکن توپ ۔

Skyward : (adv.) آسمان کی طرف ؛ سوئے آسمان ۔

Skyward : (a) آسمان کی طرف کا ؛ جانب عرش کا ۔

Skywards : (adv.) دیکھو Skyward

Slab : (n) [Origin unkn.] (۱) سل ۔ (۲) (لکڑی کے کندے کا) اوپری ٹکڑا ۔ (۳) پتھر یا لکڑی کا چوکا ۔ (۴) (نباتیات) گنٹھی کا داب (خصوصاً نرگس کی گنٹھی کا) ۔

Slab : (n) [Of Scand origin.] (۱) جوہڑ : ڈبرا : کیچڑ سے بھری ہوئی جگہ ۔ (۲) کیچڑ : گیلی جگہ ۔

Slab : (a) (۱) گاڑھا اور لیس دار ۔ (۲) رقت آمیز طور پر جذباتی ۔

Slab : (v) (۱) تختے کاٹنے کے لئے کندے یا درخت کے چاروں طرف سے) بیرونی ٹکڑے کاٹنا ۔ (۲) سل بنانا ۔ (۳) (راستے پر) سل بچھانا ۔

Slab : (n) بادبان کا لٹکا ہوا حصہ ۔

Slab-sided : (a) چپٹے پہلوؤں والا ۔

Slab-stone : (n) پتھر کی وہ قسمیں جن سے سلیں آسانی سے بن جاتی ہیں ۔

Slabber : (n) (۱) رال : لعاب دہن : بہت زیادہ رال بہنا ۔ (۲) رقت آمیز گفتگو : جذباتی گفتگو ۔

Slabber : (v) (۱) تھوک سے بھر دینا ۔ (۲) تر کر دینا : گندہ کر دینا ۔ (۳) جلدی جلدی نگلنا ۔ (۴) منہ سے بچوں کی طرح رال بہانا ۔

Slabber : (n) (۱) (لکڑی کے کندے کا) اوپری حصہ کاٹنے کا آرا مشین ۔ (۲) پیچ اور ڈھبری کو ہموار کرنے کی مشین ۔

Slabbery : (a) (۱) رقت آمیز (جذبہ ، گفتگو) ۔ (۲) کیچڑ سے بھرا ۔

Slabbiness : (n) گاڑھا اور لیس دار ہونا ۔

Slabbing : (n) (۱) کندہ سازی ۔ (۲) کندے : سِل ۔

Slabby : (a) سل نما : سلوں سے ڈھکا ہوا ۔

Slabby : (a) (۱) گیلا : گدلا : کیچڑ سے بھرا ۔ (۲) (رقیق) گاڑھا ۔

Slabline : (n) [Du. 'Slaplign'.] چھوٹی رسی جو سب سے بڑے بادبان کو لپیٹا جاتا ھے ۔

Slack : (n) [ON. 'Slakki'.] (۱) تنگ گھاٹی : گڑھا ۔ (۲) دلدل ۔

Slack : (n) [late ME. 'Sleck'.] کوئلے کا چورا : کیری ۔

Slack : (n) (۱) لہروں یا مدو جزر کا رک جانا ۔ (۲) بیکاری کا وقفہ : کسی کاروبار یا کام میں سُستی ۔ (۳) ڈھیلی لٹکی ہوئی رسی ۔ (۴) گستاخی ۔ (۵) (جمع) پتلون : پاجامہ ۔ (۶) بے تاکید ہجا ۔

Slack : (a) [OE. 'Slaec'.] (۱) سست : مجہول : کاہل : غفلت کرنے والا : غافل ۔ (۲) آہستہ : آہستہ آہستہ : تھوڑا سا ۔ (۳) ہلکی (گرمی) معتدل ۔ (۴) ڈھیلا : لٹکا ہوا : ڈھیلی ۔ (۵) نرم : ڈھیلا ۔ (۶) (صوت) کمزور (حرف علت) ۔

Slack : (adv.) دیکھو Slackly

Slack : (v) (۱) سستی کرنا : غفلت برتنا ۔ (۲) دھیما کرنا یا ھونا ۔ (۳) بجھانا (پیاس) ۔ (۴) چھوڑ دینا : ڈھیل دے دینا ۔ (۵) ڈھیلی کرنا (رسی وغیرہ)۔ (۶) بجھانا (چونے کو)۔ (۷) سست رہنا : سست ہونا ۔ (۸) ڈھیلا ہونا ۔ (۹) بجھنا (چونے کا) ۔ (۱۰) ملائم بنانا : نرم کرنا ۔

Slack-baked : (a) تھوڑی سے یا ہلکی سینکی ہوئی (روٹی) ۔

Slack-barre/ -cask : (n) خشک چیزیں رکھنے کا پیپا ۔

Slack-coal : (n) کوئلے کا چورا ۔

Slack-filled : (a) نا مکمل طور پر یا مغالطے کے طور پر بند کیا ہوا : غیر معمولی طور پر یا حد سے زیادہ ڈھیلا باندھا ہوا ۔

Slack-ice : (n) ٹوٹی ہوئی برف (کی چٹان) جو سطح آب پر آہستہ آہستہ بہتی رہتی ھے ۔

Slack in stays : (a) سست رفتار (جہاز) ۔

Slack jaw : (n) تھکا دینے والی گستاخانہ گفتگو ۔

Slack-jawed : (a) جس کا نچلا ہونٹ لٹکا ہوا ہو (خصوصاً حیرت یا بے وقوفی میں) ۔

Slack-lip : (n) دیکھو Slack jaw

Slack-rope : (n) (قلابازوں کی) ڈھیلی رسی ۔

Slack spined : (a) کمزور : غیر مؤثر : بے اثر ۔

Slack-suit : (n) روزمرہ یا کھیل میں استعمال کیا جانے والا آرام دہ سوٹ ۔

Slack-twisted : (a) کمزور : غیر مستقل مزاج ۔

Slack-water/ Slackwater / Slack water : (n) (۱) تھما ہوا پانی

(جزر کے وقت)۔ (۲) سمندر کا وہ حصہ جس میں دھارا نہ ہو۔ (۳) دریا کا تھما ہوا حصہ جہاں دھارا نہ ہو۔

Slack-water navigation : (n) جہاز رانی جو بند وغیرہ بنا کر کی جائے۔

Slack-wire : (n) قلابازوں کا ڈھیلا تار۔

Slackage : (n) ڈھیلا ہونا : سست ہونا : مندا ہونا۔

Slacken : (v) (۱) ڈھیلا کرنا : سست کرنا : ڈھیلی کرنا۔ (۲) کمزور کرنا : گرانا : گرنے دینا۔ (۳) ڈھیل دینا۔ (۴) (خیالات وغیرہ کی) باگ ڈھیلی کرنا۔ (۵) نرم کر دینا یا ہونے دینا۔ (٦) سست ہو جانا : کاہل ہو جانا : غفلت برتنا۔ (٧) مندا ہو جانا۔ (٨) آہستہ ہو جانا۔ (٩) (چونے کا) بجھ جانا۔ (١٠) نرم ہو جانا : ملائم ہو جانا۔

Slacken : (n) میل جو پگھلاتے وقت کچدھات میں ملاتے ہیں۔

Slackening : (n) دیکھو Secline, Moderation

Slacker : (n) (۱) آب بند میں پانی روکنے کا دروازہ۔ (۲) سست : کاہل : کام چور۔

Slackerism : (n) سستی : کاہلی : کام چوری۔

Slackly : (adv.) ڈھیلے پن سے : سستی سے : غفلت سے : کاہلی سے۔

Slackness : (n) سستی : غفلت : کاہلی : ڈھیل : سرد بازاری : مندا ہونا۔

Sladang : دیکھو Seladang

Slade : (n) [OE. 'Slaed'.] چھوٹی گھاٹی : جنگل کے بیچ میں کھلا ہوا میدان۔

Slade : (n) [Alt. of 'Slide'.] ہل کی بیٹھک : سہاگا۔

Slag : (n) [MLG. 'Slagge'.] (۱) دھات کا میل جو کچی دھات صاف کرنے میں نکلتا ھے : تفالہ : خبث۔ (۲) شیشے جیسا مادہ جو پگھلاتے وقت دھاتوں سے الگ ہو جاتا ھے۔ (۳) (ارضیات) رَماد برکان ، کھنگر۔ (۴) بیکار چیز۔

Slag glass : (n) غیر شفاف ابری شیشہ۔

Slag-hearth : (n) سیسے کے کھنگر تیار کرنے کی بھٹی۔

Slag-lead : (n) ایک قسم کا سیسہ۔

Slaggy : (a) ثُفالہ نما یا اس سے متعلق : (دھات کے) میل سے متعلق یا مشابہ۔

Slaggless : (a) بے کھنگر کا۔

Slainte : (Interj.) (آئرستان) سلام کرنے یا جام صحت پینے کا حرف فجائیہ۔

Slaister : (v) [Origin unkn.] گندہ چیزوں سے گھرا ہوا ہونا۔

Slaister : (n) گندگی۔

Slakable : (a) قابل آب آمیزی۔

Slake : (n) بجھاؤ : آب آمیزی۔

Slake : (v) [OE. 'Slacian'.] (۱) بجھانا : تسکین دینا (پیاس کو)۔ (۲) تسکین دینا (جذبہ انتقام کو)۔ (۳) بجھانا : کیمیاوی طریقے سے پانی میں حل کرنا (چونے کو) : چونے کا بجھنا۔ (۴) (آگ کا) بجھنا : مدھم ہونا : بجھانا: مدھم کرنا۔

Slake/ Slake kale : (n) [ME. 'Slak'.] ایک قسم کی کائی۔

Slake : (v) آلودہ کرنا : دھبا ڈالنا : داغ لگانا۔

Slake : (n) کوئلے کا چورا۔

Slake-trough : (n) پانی کی ناند جس میں لوہار گرم چیزوں یا اوزاروں کو ٹھنڈا کرتا ھے۔

Slaked lime : (n) بجھا چونا۔

Slakeless : (a) نہ بجھنے والی : غیر تسکین پذیر۔

Slaker : (n) (۱) چونا بجھانے والی مشین۔ (۲) چونا بجھانے والا مزدور۔

Slaky : (a) کیچڑ میں لت پت : کیچڑ بھرا۔

Slalom : (n) اسکی (Ski) کی دوڑ جس میں راستے میں رکاوٹیں (جھنڈے) کھڑی کر دی جاتی ہیں۔

Slam : (n) (۱) زور دار دھچکا : زبردست ٹکر۔ (۲) دھڑا کا : دھڑ سے بند ہونے کی آواز۔ (۳) سخت نکتہ چینی۔

Slam/ Slamm : (n) (تاش میں اور خصوصاً برج میں) سبھی ہاتھ جیتنا یا ہارنا۔

Slam : (v) [Of Scand origin.] (۱) زور سے بند کرنا یا ہونا : (دروازے وغیرہ کا) دھڑ سے بند کرنا یا ہونا ۔ (۲) کسی شے کو زور سے پٹکنا : دھڑ سے پٹک دینا ۔ (۳) مارنا : پیٹنا ۔

Slam : (v) (برج میں) سبھی ہاتھ لے کر شکست دینا : بری طرح ہرا دینا : سبھی ہاتھ لے لینا : آسانی سے جیت جانا ۔

To salm the door : گفتگو کرنے یا غور کرنے سے انکار کر دینا : دروازہ بند کر دینا ۔

To slam the door in one's face : داخلہ یا شنوائی نہ ہونے دینا ۔

Slam : (adv.) (۱) دھڑاکے سے : دھڑ سے ۔ (۲) صاف طور پر : بالکل : مکمل ۔

Slam-bang/ Slam bang : (adv.) دھڑ سے : دھڑاکے سے : زور سے ۔

Slam(-)bang : (v) (۱) شور و غل کرنا : غل غپاڑہ کرنا ۔ (۲) پیٹنا : ٹھوکنا ۔

Slam(-)bang : (n) شور و غل : غل غپاڑہ ۔

Slammakin/ Slammerkin : (n) [Origin unkn.] پھوہڑ عورت : بے سلیقہ عورت ۔

Slammakin/ Salmmerkin : (a) بے سلیقہ : پھوہڑ ۔

Slanchwise/ Slanchways : (adv.) ترچھا (اور کسی چیز کی طرف) رخ کئے ہوئے ۔

Slander : (n) [ME. 'Sclaundre'.] (۱) بہتان : تہمت : اتہام : افترا : جھوٹا الزام ۔ (۲) غیبت : بد گوئی : افترا پردازی ۔ (۳)(قانون) ہتک عزت (جو زبانی جھوٹا بیان دے کر یا الزام لگا کر کی جائے) ۔

Slander : (v) تہمت لگانا : بہتان باندھنا : جھوٹا بیان دے کر یا الزام لگا کر ہتک عزتی کرنا ۔

Slanderer : (n) مفتری : بد گو : بہتان لگانے والا : غیبت کرنے والا ۔

Slanderous : (a) (۱) تہمت انگیز : افترا پردازانہ : ہتک آمیز ۔ (۲)افترا پرداز ۔

Slanderously : (adv.) ہتک آمیز طریقے سے : افترا پردازی سے ۔

Slanderousness : (n) ہتک آمیزی : افترا پردازی : بد گوئی ۔

Slang : (n) [Origin unkn.] لمبا کم چوڑا زمین کا ٹکڑا ۔

Slang : (n) [A word of Cant origin.] (۱) عامیانہ لفظ یا محاورہ : عامیانہ زبان ۔ (۲) کسی خاص طبقے یا پیشے کی زبان : وہ لفظ یا محاورہ جو کسی خاص پیشے یا طبقے میں رائج ہو : کسی خاص پیشے کی اصطلاح ۔ (۳) گشتی تماشا ۔

Slang : (n) [Du.] (۱) گھڑی کی زنجیر : (کسی قسم کی) زنجیر ۔ (۲) (جمع) بیڑی : جولان : پالنگ ۔

Slang : (a) (۱) عامیانہ ۔ (۲) (ناپ تول) کم : ناقص ۔

Slang : (adv.) کم تولتے ہوئے : کم وزن کے ساتھ ۔

Slang : (v) (۱) دھوکا دینا : فریب دینا ۔ (۲) کم تولنا ۔ (۳) گالی دینا : ڈانٹنا ۔

Slang cove / -cull : (n) کسی تماشے یا نمائش کا منتظم ۔

Slangily : (adv.) عامیانہ طور پر ۔

Slanginess : (n) عامیانہ ہونا ۔

Slangish : (a) کسی قدر عامیانہ ۔

Slangishly : (adv.) کسی قدر عامیانہ طور پر ۔

Slangism : (n) عامیانہ لفظ یا زبان ۔

Slangister : (n) عامیانہ الفاظ یا محاورے یا زبان استعمال کرنے والا ۔

Slanguage : (n) عامیانہ زبان ۔

Slangwhang : (v) [f. Slang + whang.] گالی دینا : بدزبانی کرنا ۔

Slangwhanger : (n) . بد زبان ۔

Slangy : (a) (۱) عامیانہ : عامیانہ زبان کا ۔ (۲) عامیانہ زبان استعمال کرنے والا : جس میں عامیانہ زبان استعمال کی گئی ہو ۔ (۳)(لباس) بھڑکیلا : بھڑک دار ۔ (۴) نمائشی : ڈینگیا : بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والا ۔

Slant : (n) (بحری) موافق ہوا : جھونکا ۔

Slant : (n) [ME.] (۱) ڈھلان : ڈھال : ترچھاپن ۔ (۲) ترچھی وضع ۔ (۳) ترچھی شعاع ۔ (۴) (کان کنی) ترچھی سرنگ ۔ (۵)ڈھلوان پیندے والا خط ۔ (۶) تجربے کی ترچھی

نلکی میں رکھی ہوئی جراثیمی کشت ۔ (۷) طعن ؛ چوٹ ۔ (۸) موقع : محل ۔ (۹) (امریکا) نقطۂ نظر ۔

Slant : (adv.) ڈھلوان کی طرح ؛ ترچھا ہو کر ۔

Slant : (a) (۱) ترچھی (ہوا) ۔ (۲) ڈھلوان : ترچھا ۔ (۳) متعصب : طرفدار ۔

Slant : (v) (۱) ڈھلوان ہونا : ترچھا ہونا ۔ (۲) ڈھلوان کرنا : ترچھا کرنا ۔ (۳) ترچھا سفر کرنا یا جانا ۔ (۴) رجحان رکھنا ۔ (۵)ترچھا کاٹنا ۔

Slant-eye : (n) ترچھی آنکھوں والا شخص ۔

Slant-eyed : (a) ترچھی آنکھوں والا ۔

Slantable : (a) متعصبانہ ۔

Slanter : (n) فریبی : دغاباز : دھاندلی کرنے والا ۔

Slanter : (n) ترچھا کرنے والا : ترچھی تحریر لکھنے والا ۔

Slantindicular/ Slantingdi .ular/ Slantendicular : (a) ترچھا : ڈھلوان ۔

Slantindiculary / Slantingdicularly / Slantendicularly : (adv.) ترچھا ہو کر ۔

Slanting : (a) (۱) ڈھلوان : ڈھال : ترچھا ۔ (۲) مائل ۔

Slanting : (adv.) ڈھلوان ہو کر : ترچھا ہو کر ۔

Slantingly : (adv.) ڈھلوان ہو کر : ترچھا ہو کر ۔

Slantingness : (n) ڈھلوان : ڈھال : ترچھاپن ۔

Slantingways : (adv.) ڈھلوان طور پر ؛ ترچھے طریقے سے ۔

Slantly : (adv.) دیکھو Slantingly

Slantways : (adv.) دیکھو Slantwise

Slantwise : (adv.) دیکھو Slantingways

Slantwise : (a) ڈھلوان : ترچھا ۔

Slap : (n) [LG. 'Slapp'.] (۱) چپت : تھپڑ : طمانچہ : دھول ۔ (۲) ہوا کا جھونکا ۔ (۳) (مجازاً) تنبیہ : سرزنش ۔ (۴)تھپڑ کی طرح تیز آواز ۔ (۵) جھڑکی : دھتکار : توہین: ہتک۔ (۶)اچانک مصیبت۔ (۷)کوشش ۔ (۸)رقص کا ایک قدم ۔

Slap in the face : توہین : ہتک ۔

Slap on the wrist : ہلکی سرزنش ۔

Slap : (v) (۱) تھپڑ مارنا : طمانچہ مارنا : چپت رسید کرنا : دھول لگانا ۔ (۲) (ظروف گلی) مٹی کو زمین پر زور سے پٹک پٹک کر سانتا ۔ (۳) تالی بجانا ۔ (۴) (دروازہ ، پھاٹک وغیرہ کو) تیزی اور زور سے بند کرنا ۔ (۵) (موجوں کا) کسی چیز سے ٹکرانا ۔

To slap in the face : توہین کرنا : ہتک کرنا ۔

To slap on the back : شاباشی دینا : بہت زیادہ تعریف کرنا ۔

To slap on the wrist / To slap the wrist of / To slap one's wrist : ہلکی سرزنش کرنا ۔

To slap together : جلد اور بے پروائی سے تعمیر کرنا ۔

Slap : (adv.) تڑ سے : تڑاق سے : دفعتاً : ٹھیک : عین ۔

Slap and tickle : (n) پر شور تفریح ۔

Slap around : (v) (۱) تھپڑ مارنا : دھکا مارنا : بری طرح برتنا ۔ (۲) برا سلوک کرنا ۔

Slap-bang : (adv.) شدت سے : بے تحاشا : بلا تامل : تڑاق سے : دفعتاً : فوراً ۔

Slap-bang : (a) غفلت کا : بے پروائی کا: جلدی کا ۔

Slap-bang : (n) (۱) ہوٹل وغیرہ جہاں (کوئی چیز) ادھار نہ ملتی ہو ۔ (۲) ایک قسم کی شراب ۔

Slap-dash / Slap dash/ Slapdash : (adv.) شدت سے : زور شور سے : اندھا دھند ۔

Slap-dash : (a) ناعاقبت اندیشانہ : اٹکل پچو : لا ابالی ۔

Slap-dash : (n) (۱) ریت چونے کا پلاسٹر ۔ (۲) لا ابالی پن کی حرکت : نا عاقبت اندیشی کی حرکت ۔

Slap-dash : (v) (۱) لا ابالی پن کی حرکت کرنا : ناعاقبت اندیشی کی

جھاڑی دار دلدلی زمین ۔

Slash : (n) [Origin unkn,] (۱) (تیز ہتھیار یا اوزار یا چابک وغیرہ سے) اندھادھند وار کرنا : شباشپ مارنا : ہاتھ چلانا ۔ (۲) چابک مارنا : کوڑا پھینکنا ۔ (۳) (فوج) درختوں کو حصار بنانے کے لئے گرانا ۔ (۴) لباس میں آرائشی چاك بنانا تاکہ اندر کے کپڑے یا استر نظر آئے ۔ (۵) پھٹکارنا : سخت نکتہ چینی یا تنقید کرنا ۔ (۶) کاٹنا ۔ (۷) تخفیف کرنا ۔ (۸) (مجازاً) چمڑا ادھیڑنا : کھال کھینچنا ۔ (۹) بہت تیزی سے بڑھنا ۔

Slash : (v)

Slash-pine : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Slashed : (a) (۱) آرائشی عمودی چاك دار (کپڑا) ۔ (۲) بری طرح زخمی ۔ (۳) (نباتیات) قاش دار ۔

Slasher : (n) (۱) کرائے کا گنڈا یا غنڈا ۔ (۲) تلوار یا کاٹنے والا آلہ ۔ (۳) سخت تنقید : پرخچے اڑا دینے والی تنقید ۔ (۴) کپڑوں کو چکنا بنانے والی مشین ۔ (۵) ایک قسم کی درانتی ۔ (۶) شمشیر زن ۔

Slashing : (a) (۱) تنقیصی ۔ (۲) پر جوش : چاق و چوبند : چست : طرار ۔ (۳) بہت بڑا : عظیم ۔ (۴) متواتر : پے بہ پے بوچھار کرنے والا : تیز : تند ۔ (۵) واضح : چمکدار : شوخ ۔

Slashing : (n) (۱) (ہتھیار یا اوزار وغیرہ کا) اندھا دھند وار ۔ (۲) کپڑے کو چکنا کرنا ۔ (۳) دوسرے رنگ کا استر جو لباس میں آرائشی چاك سے نظر آتا ھے ۔ (۴) جنگل کا جھاڑی دار دلدلی حصہ ۔ (۵) جوشیلا ، سرگرم ، طاقتور شخص ۔

Slat : (n) [OFr. 'Esclat'.] (۱) چھتوں میں لگائے جانے والے سلیٹ کے چوکے ۔ (۲) جھلملی کا پتلا تختہ : لکڑی کی پتلی پٹی ۔ (۳) بھیڑ کی کھال (جس سے تمام اون نکل لی گئی ہو) ۔ (۴) (جمع) (عام) پسلیاں ۔ (۵) (جمع) (عام) سرین : چوتڑ ۔ (۶) ہوائی جہاز کے بازوؤں میں بنی ایک ترکیب جو بند رہنے پر بازوؤں کا ایک حصہ رہتا ھے مگر بوقت ضرورت کھلنے پر شگاف بن جاتا ھے ۔

Slat : (n) (۱) تھپڑ : طمانچہ ۔ (۲) ہوا کا اچانك جھونکا ۔

Slat : (n) [Perhaps Irish.] انڈے دی ہوئی سامن مچھلی ۔

Slat : (v) سقفی سلیٹ لگانا یا اس سے چھت بنانا ۔

Slat : (v) [Origin unkn.] زور سے ٹکرانا یا مارنا ۔

Slat : (v) [OFr. 'Esclater'.] ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا ۔

حرکت کرنا ۔ (۲) ریت چونے کا پلاستر کرنا ۔

Slap dashery : (n) لا ابالی پن : ناعاقبت اندیشی : بے ڈھنگا پن ۔

Slap dashness : (n) دیکھو Slap dashery

Slap-dashly : (n) دیکھو Slap dashness

Slap down : (v) (۱) (کسی مخصوص طرز میں) کام کرنے سے روکنا : باز رکھنا ۔ (۲) اچانك بند کر دینا : روك دینا ۔

Slap in : (v) جلدی اور اٹکل پچو طریقے سے رکھنا یا بٹھانا ۔

Slap jack / Slap-jack / Slapjack : (n) ایک قسم کا کیک ۔

Slap on : (v) اچانك اور حتمی طور پر کام میں لانا ۔

Slap-stick : (n) انگریزی خاموش ناٹك کے مسخرے کی چھڑی : (مجازاً) معمولی کامیڈی ۔

Slap-up : (a) (عام) بہت عمدہ : اول درجے کا ۔

Slapdab : (adv.) ٹھیك : بالکل : عین ۔

Slape : (a) [ON. 'Sleipr'.] (۱) چکنا : پھسلنی ۔ (۲) (مجازاً) چالاك : عیار : مکار ۔

Slaphappiness : (n) ضبط : پریشانی : بد حواسی ۔

Slaphappy : (a) (۱) (عام) مخبوط : پریشان : بد حواس ۔ (۲) مجنون : سودائی ۔ (۳) لاپروا : غیر ذمہ دار ۔

Slapper : (n) (۱) بہت بڑا آدمی یا چیز ۔ (۲) زمین پر پٹك پٹك کر مٹی ساننے والا ۔ (۳) کرنی ۔ (۴) مویشی کو ہنکانے کا چابك ۔

Slapping : (a) (۱) تیز : انتہائی تیز ۔ (۲) غیر معمولی طور پر بہت بڑا : بہت اچھا : عمدہ : نفیس (آدمی یا چیز) ۔ (۳) (گھوڑا) بڑا ، بہت طاقتور ۔ (۴) تھپڑ یا طمانچہ مارنے والا ۔

Slare : (v) [Origin unkn.] (۱) پاؤں گھسیٹ کر چلنا : گھسٹنا ۔ (۲) دھبے ڈالنا : میلا کر دینا ۔

Slash : (n) (۱) دھار دار ہتھیار یا اوزار یا کوڑے سے کٹ جانے والی ضرب ۔ (۲) درختوں کے گرنے یا گرانے سے جمع ہونے والا کوڑا ۔ (۳) لمبا گھرا زخم یا شگاف ۔ (۴) کپڑے کا عمودی چاك جس سے اندر کا استر نظر آئے ۔ (۵) تخفیف : کمی : گھٹائی : منہائی ۔ (۶) سخت اور چبھتا ہوا طعن ۔

Slat-back : (a) (کرسی) جس میں دو یا زیادہ لکڑی کی عمودی یا افقی پٹیاں ہوں۔

Slate : (n) [OFr. 'Esclate'.] (۱) سلیٹ : ایک طرح کی سرمئی چٹان جس میں بہت سی پرتیں ہوتی ہیں۔ (۲) سلیٹ کے چوکے جو چھتوں میں لگائے جاتے ہیں : سلیٹی چوکا۔ (۳) بچوں کے لکھنے کی سلیٹ۔ (۴) (مجازاً) (کسی شخص کے متعلق یا اس کے خلاف) کسی قسم کا ریکارڈ۔ (۵) مجوزہ نامزدگی یا انتخاب کے لئے امیدواروں کی فہرست۔ (۶) ایک قسم کی صلصالی چٹان۔ (۷) سلیٹی چٹان۔ (۸) سلیٹی رنگ۔ (۹) سیاہ سلیٹ جس پر کمپوزیٹر اپنا نام لکھتے ہیں۔

Clean slate : صاف ریکارڈ۔

On the slate : (۱) (عام) ادھار۔ (۲) کمپوزیٹر کے نام کے ساتھ : سادہ تختی کے طور پر۔

To have a slate loose or off : فاتر العقل ہونا۔

Slate : (v) (۱) سلیٹ کے چوکوں سے چھت چھانا : پاٹنا۔ (۲) لکھنے کی سلیٹ پر نام لکھنا : فہرست میں نام شامل کرنا۔ (۳) چمڑے سے بال صاف کرنا۔ (۴) کسی مخصوص کام کے لئے نامزد کرنا۔ (۵) مقدر کرنا : پہلے سے مقرر کرنا۔

Slate : (v) (۱) سختی سے نکتہ چینی کرنا : دھیان اڑانا (کتاب کی تنقید میں)۔ (۲) لعنت ملامت کرنا : خبر لے ڈالنا : سرزنش کرنا : سختی سے ڈانٹنا۔

Slate : (a) [ON. 'Sleita'.] (۱) کتے چھوڑنا : کتے کو پیچھے لگانا۔ (۲) کتے سے کٹوانا : حملہ کرانا : بھگانا۔

Slate : (a) سلیٹی : سلیٹ کا بنا ہوا : سلیٹی رنگ کا۔

Slate-axe : (n) سلیٹی چوکا بنانے کی کلہاڑی۔

Slate clay : (n) شیل : صلصالی چٹان۔

Slate club : (n) امداد باہمی کی انجمن جس کا بہت ہی کم ہفتہ وار چندہ ہوتا ھے۔

Slate-colour : (a) سلیٹی رنگ : نیلگوں خاکستری۔

Slate-cloloured : (a) نیلگوں خاکستری رنگ کا : سلیٹی۔

Slate galiot : (n) سلیٹ سے لدا جہاز۔

Slate knife : (n) سلیٹ بنانے کا چاقو۔

Slate like : (a) سلیٹ نما۔

Slate pencil : (n) (۱) سلیٹ کی پنسل۔ (۲) سلیٹ کی پنسل بنانے کا مسالا۔

Slate-pin/ -peg/ -nail : (n) سلیٹ کا چوکا لگانے کی کیل یا میخ۔

Slate-saw : (n) سلیٹی چوکے کناروں کو ہموار بنانے کی مشین۔

Slated : (a) سلیٹی۔

Slater : (n) (۱) سلیٹ کا پھل لگا ہوا اوزار جس سے چمڑے سے بال صاف کرتے ہیں۔ (۲) سلیٹ سے پاٹنے والا۔ (۳) مختلف قسم کے بے پر اور بہت سی ٹانگوں والے کیڑے۔

Slater : (n) شدت سے نکتے چینی کرنے والا۔

Slath : (n) [Of Scand. origin.] ٹوکری کے پیندے کا مرکز۔

Slather : (n) [Origin unkn.] بڑی مقدار۔

Open slather : آزادی۔

Slather : (v) (۱) چپڑنا : موٹی تہ جمانا۔ (۲) فضول خرچی کرنا : اسراف کرنا۔

Slating : (n) (۱) سلیٹی چوکے لگانا۔ (۲) چھت پر پاٹے ہوئے سلیٹی چوکے۔

Slating : (n) (۱) سخت نکتہ چینی : لعنت ملامت۔ (۲) سخت ڈانٹ : کڑی سزا : مارنا : زد و کوبی۔

Slating nail : (n) سلیٹی چوکے لگانے کی میخ یا کیل۔

Slatted : (a) پتلے تختوں یا پٹیوں سے بٹا ہوا۔

Slatter : (n) دیکھو Slater

Slattering : (a) پھوہڑ : بے سلیقہ : بے پروا۔

Slattern : (n) پھوہڑ عورت : گرد و پیش کے حالات سے بے پروا (عادتاً)۔

Slattern : (a) پھوہڑ : بے پروا۔

Slattern : (v) (وقت موقع وغیرہ) ضائع کرنا : کھودینا۔

Slatternliness : (n) پھوہڑپن۔

Slatternly : (a) — پھوہڑپن کا۔

Slatternly : (adv.) — پھوہڑپن سے : پھوہڑ کی طرح۔

Slattery : (a) — تر : بھیگا ہوا۔

Slaty : (a) — (۱) سلیٹ کا سا : سلیٹ کا بنا ہوا : سلیٹ سے مشابہ۔ (۲) سلیٹ جیسا۔ (۳) سلیٹ کے رنگ کا۔

Slaughter : (n) [ON. 'Slahtr'.] — (۱) قتل (عموماً بہت سے آدمیوں یا جانوروں کا) : خون ریزی : کشت و خون : قتل عام : ذبح۔ (۲) قتل عام کاکوئی واقعہ یا مثال۔ (۳)شکست فاش : کامل تباہی۔

To or for the slaughter : — ذبح کے لئے : قربانی کے لئے۔

Slaughter : (v) — (۱) قتل عام کرنا : کشت و خون کرنا : خون ریزی کرنا۔ (۲) حلال کرنا : قربانی کرنا : ذبح کرنا۔ (۳) ناقابل تعرض اثر چھوڑنا۔ (۴) بڑی مقدار میں برباد کرنا : مکمل طور پر مسمار کر دینا۔ (۵) (تمسکات کو) نقصان اٹھا کر فروخت کر دینا۔

Slaughter-house : (n) — مذبح : قصاب خانہ : قتل گاہ : مقتل۔

Slaughterer : (n) — ذبح کرنے والا : قاتل۔

Slaughtering : (n) — ذبح : ذبح کرنا۔

Slaughterman : (n) — (۱) جلاد : قاتل۔ (۲) ذبح کرنے والا : ذابح۔

Slaughterous : (a) — قاتلانہ : سفاکانہ : تباہ کن : مہلک۔

Slaughterously : (adv.) — قاتلانہ : سفاکانہ۔

Slaughtery : (n) — (۱) ذبح : قتل۔ (۲) بوچڑخانہ : مذبح : کمیلا۔

Slaunchways : (adv.) — ترچھا : وتراً : آڑا۔

Slav : (n) [med. L. 'Sclavus'.] — سلافی : سلافی قوم کا آدمی۔

Slav : (a) — (۱) سلافی قوم کا۔ (۲) سلافی قوم سے متعلق : سلافیوں کا : سلافی۔

Slavdom : (n) — سلافی قوم۔

Slave : (n) [ME. 'Sclave'.] — (۱) غلام : عبد : تبردہ : بندہ : داس۔ (۲) بندہ (کسی عادت وغیرہ کا)۔ (۳) ہر وقت کا نوکر : چوبیس گھنٹے کا مزدور : وہ شخص جسے دن رات کام کرنا پڑے۔ (۴) ادنیٰ درجے کا آدمی : کمینہ آدمی۔ (۵)(حشریات) غلام چیونٹی (جس سے دوسری جنس کی چیونٹیاں پکڑ کر کام لیں)۔ (٦) دیکھو Slave-station۔

Slave : (v) — (۱) غلام بنانا۔ (۲) غلام کا کام لینا : غلام کی طرح سلوک یا برتاؤ کرنا۔ (۳) غلام کی طرح کام کرنا۔ (۴) بردہ فروشی کرنا : غلاموں کی تجارت کرنا۔

Slave : (v) — (۱) غلام بنایا ہوا۔ (۲) غلامانہ۔ (۳) بردہ فروشی سے متعلق۔ (۴) دور سے ضبط کے ساتھ تابکار کردہ۔

Slave ant : (n) — غلام چیونٹی (جسے غلام بنانے والی چیونٹیوں نے غلام بنا لیا ہو)۔

Slave-bangle : (n) — ایک قسم کے کڑے (سونے ، چاندی ، شیشے وغیرہ کے) جسے عورتیں بازوؤں میں پہنتی ہیں۔

Slave-born : (a) — جو شخص والدین کی غلامی کی حالت میں پیدا ہوا ہو : غلام بچہ۔

Slave-bracelet : (n) — ایک قسم کا شناختی کڑا جسے ٹخنے کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

Slave-captain : (n) — بَردہ فروشوں کے جہاز کا کپتان۔

Slave-coast : (n) — افریقی ساحل کامغربی حصہ جہاں سے غلاموں کو بر آمد کیا جاتا تھا۔

Slave-drive : (v) — جبراً کام لینا۔

Slave-driver : (n) — (۱) غلاموں کا نگراں۔ (۲) (مجازاً) سخت گیر آقا یا افسر۔

Slave-holder : (n) — غلاموں کا مالک : بردہ دار۔

Slave-labour : (n) — غلامی : جبری محنت یا مشقت۔

Slave-market : (n) — (۱) بردہ فروشی کا بازار : غلام بازار۔ (۲) غلام بازار سے مشابہ کوئی چیز۔ (۳) نوکری دلانے کی ایجنسی۔

Slave-merchant : (n) — بردہ فروش : بردہ فروش سوداگر : تاجر۔

Slave-power : (n) — وہ طاقت جس کی بنیاد آئینی غلامی پر ہو۔

Slave-ship : (n) — بردہ فروشوں کا جہاز۔

Slave state : (n) جنوبی امریکا کی ریاستوں میں سے ایك جہاں سول وار (خانہ جنگی) سے پہلے غلامی کا رواج تھا۔

Slave station : (n) برقیائی مواصلاتی نظام کا آلۂ ترسیل جسے دور سے کنٹرول کیا جاتا ھے۔

Slave trade : (n) بردہ فروشی (خصوصاً حبشیوں کی)۔

Slave-trader : (n) بردہ فروشی کا حامی : بردہ فروش۔

Slavedom : (n) غلامی۔

Slaveholding : (a) بردہ داروں سے آباد : غلامی کو جائز رکھنے والا۔

Slaveless : (a) بے غلام کا۔

Slaver : (n) (۱) غلاموں کی تجارت کرنے والا : بردہ فروش۔ (۲) بردہ فروشوں کا جہاز۔

Slaver : (n) (۱) لعاب دہن۔ (۲) (مجازاً) ذلیل خوشامد : چاپلوسی۔

Slaver : (v) (۱) منہ سے رال بہانا : آب دہن سے آلودہ کرنا : تھوك بھرنا (کپڑوں وغیرہ کو)۔ (۲) ذلیل خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا۔

Slaverer : (n) رال بہانے والا : چاپلوس : خوشامدی۔

Slavering : (a) رال بہانے والا۔

Slaveringly : (adv.) رال بہاتے ہوئے۔

Slavery : (n) (۱) غلامی : حلقہ بگوشی : بندگی۔ (۲) غلام رکھنا : غلاموں کا طبقہ۔ (۳) ہر وقت کی نوکری : سخت محنت کا کام۔

Slavery : (a) تھوك بھرا : لعاب دہن سے آلود۔

Slavey : (n) ملازمہ : ماما : خادمہ۔

Slavic/Sclavic : (a) سلافی : سلافی قوم کی۔

Slavic : (n) مسلافی زبان۔

Slavish : (a) (۱) غلامانہ : غلاموں کا سا۔ (۲) پاجیوں کا سا : ذلیل: کمینہ : دنی : دون۔ (۳) محض تقلیدی۔ (۴) منکسر۔

Slavish : (a) سلافی : سلافی کا سا۔

Slavishly : (adv.) غلاموں کی طرح : ذلیل طریقے سے۔

Slavishness : (n) غلامانہ طبیعت : غلامانہ ذہنیت : ذلیل طبیعت۔

Slavism : (n) سلافیت۔

Slavo- : (Prefix) جزو ترکیبی بمعنی "سلافی"۔

Slavocracy/ Slaveocracy : (n) غلاموں کے مالکوں کی حکومت : آقا شاہی : غلاموں کے مالکان۔

Slavonian : (n) [med. L. 'S(c)lavonia'.] (۱) سلافی زبان۔ (۲) سلافی نسل کا آدمی : غلام : سلافی۔

Slavonian : (a) (۱) سلافی : سلافی سے متعلق : غلام سے متعلق۔ (۲) غلام ممالك سے متعلق۔ (۳) سلافی یا غلام خطے یا علاقے کا۔

Slavonic : (a) سلافی : سلافی نسل کا۔

Slavonic : (n) سلافی زبان۔

Slavophile / Slavophill : (n) سلاف دوست۔

Slavophobe : (n) سلاف ترس : سلاف دشمن۔

Slaw/ Slaugh : (n) [Du. 'Sla'.] کرم کلے کا کچومر۔

Slay / Sley : (n) [OE. 'Slege'.] کنگھی (جلاھوں یا بنکروں کی)۔

Slay : (v) [OE. 'Slean'.] (۱) قتل کرنا : ذبح کرنا : مار ڈالنا : حلال کرنا۔ (۲) چقماق یا دوسری سخت چیزوں سے آگ لگانا۔ (۳) ختم کر دینا : دبادینا۔ (۴) (اناج کا) (کالا روگ وغیرہ سے) متاثر ہونا : کالا روگ لگنا۔ (۵) بے قابو کر دینا۔

Slayer : (n) قاتل : خونی : ذبح کرنے والا۔

Slayer : (n) (دھاگوں میں) کنگھی کرنے والا : دھاگوں کو الگ الگ کر کے کنگھی میں ترتیب دینے والا۔

Slaying : (n) قتل : ذبح۔

Slaying/ Sleying : (n) تانے کے دھاگوں کو الگ الگ کر کے کنگھی میں لگانا۔

Sleave : (v) (۱) (ریشم کو) ریشوں میں الگ کرنا۔ (۲) الگ کرنا : پھاڑنا۔

Sleazy/ Sleezy : (a) [Origin unkn.] (۱) بالکل پتلا : کمزور ۔ (۲) (مجازاً) پتلا : کمزور : بے بنیاد : نازك : خفیف ۔ (۳) پھوہڑ : بے سلیقہ ۔

Sled : (n) [MLG.'Sledde'.] (۱) برف گاڑی : ایك قسم کی بغیر پہیوں کی گاڑی جس پر سوار ہو کر برف پر سفر کرتے ہیں : سیلج گاڑی ۔ (۲) کپاس کے بونڈے کو کاٹنے کی مشین ۔

Sled : (v) (۱) برف گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) برف گاڑی میں لے جانا ۔

Sled-dog : (n) برف گاڑی کھینچنے والا کتا ۔

Sled-length : (adv.) جی توڑ کر ۔

Sledding : (n) (۱) برف گاڑی میں سفر کرنا : برف گاڑی چلانے کے لئے موافق حالت ۔ (۲) (مجازاً) کام : ترقی ۔

Sledge : (n) [OE. 'Sleeg'.] لوہاروں کابڑا ہتھوڑا : گھن : ملطاس ۔

Sledge : (n) [MDU. 'Sleedse'.] (۱) برف گاڑی : سیلج گاڑی ۔ (۲) (رسہ بنانے میں) بھاری وزن جسے رسہ بانٹتے وقت ایك سرے پر لٹکا دیا جاتا ہے ۔

Sledge : (v) برف گاڑی میں سفر کرنا یا لے جانا ۔

Sledge-hammer : (n) لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا : گھن : ملطاس : مدھان ۔

Sledge-hammer : (v) گھن سے پیٹنا : گھن کی طرح پیٹنا ۔

Sledge-hammer : (a) صاف گو : منہ پھٹ : سخت گیر ۔

Sledger : (n) گھن چلانے والا ۔

Sledger : (n) (۱) گھن سے کوئلہ ، چٹان یا گندگی کھودنے والا مزدور ۔ (۲) چٹانوں کو قابل استعمال ٹکڑوں میں توڑنے والا : سنگ شکن ۔

Sleech : (n) [ME. 'Sliche'.] (دریا یاسمندر کی چھوڑی ہوئی) تہ نشیں کیچڑ : تہ نشیں مٹی ۔

Sleechy : (a) کیچڑ میں لتھڑا ہوا : کیچڑ کاسا ۔

Sleek : (a) [ME. 'Slike'.] (۱) نرم ، چکنا اور چمکدار : چکنا چپڑا : گدگدا ۔ (۲) چکنا : پھسلواں ۔ (۳) چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔ (۴) چھریرا : نازك اندام ۔ (۵) متناسب خط و خال والا ۔ (۶) (مجازاً) بظاہر معقول یا خوشنما ۔

Sleek : (v) چکنا اور چمکدار بنانا : چکنا چپڑا بنانا : گدگدا بنانا ۔

Sleek : (adv.) نرمی یا چکنے پن سے ۔

Sleekly : (adv.) دیکھو Sleek

Sleekness : (n) (۱) چکنا اور چمکدار ہونا : چکناپن : چکنا چپڑا ہونا ۔ (۲) (بال کو) چکنا اور چمکیلا بنانا ۔

Sleeky : (a) (۱) چکنا : نرم : چمکدار ۔ (۲) (اسکاچستان) بظاہر خوشنما : ظاہر دار ۔

Sleep : (n) [OE. 'Slep, Slaep'.] (۱) نیند : خواب : نوم ۔ (۲) (مجازاً) موت : غفلت : خاموشی : سکون : آرام ۔ (۳) رات ۔ (۴)(نباتیات) پودوں کی وہ حالت (خصوصاً رات میں) جب پتیاں اور پنکھڑیاں بند ہو جاتی ہیں ۔ (۵)کسی عضو کا بے حسی یا سُن ہو جانا (دیر تك دبے رہنے کی وجہ سے) ۔ (۶) موسم سرما میں بے حسی کی حالت (جانوروں کی) ۔ (۷) اونگھنے کی حالت ۔

Dead sleep : گراں خوابی : خواب خرگوش ۔

Sleep : (v) (۱) سونا : آرام کرنا : سو جانا : آنکھ لگنا ۔ (۲) سو کر گزارنا : سو کر دور کر دینا (تکان وغیرہ)۔ (۳) بے کار رہنا : خوابیدہ رہنا : بے حس و حرکت رہنا ۔ (۴)آغوش قبر میں سونا : زیر لحد آرام کرنا : دفن ہونا ۔ (۵) سونے کا انتظام ہونا : سونے کی جگہ ہونا ۔ (۶) (کسی عضو کا) سن یا بے حس ہو جانا ۔ (۷) (پودوں کا) ساکت رہنا ۔ (۸) (لٹو کا) اتنی تیزی سے گھومنا کہ ساکن معلوم ہو ۔ (۹) آرام کرنا : پرسکون رہنا ۔ (۱۰) غافل رہنا : بے پروا رہنا ۔ (۱۱) جنسی تعلقات رکھنا : مباشرت کرنا ۔ (۱۲) (کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے) دوسری صبح کا انتظار کرنا ۔

To sleep like a log, top : گہری نیند سونا : غافل سونا ۔

To sleep the sleep of the just : (مزاحاً) گہری نیند سونا ۔

Sleep-at-noon : (n) ایك قسم کا پواد جس کے پھول دو پہر میں بند ہو جاتے ہیں ۔

Sleep in : (v) (۱) اقامتی ملازم ہونا ۔ (۲) دیر تك سونا ۔

Sleep-in : (a) اقامتی ۔

Sleep out : (v) (۱) گھر سے باہر سونا۔ (۲) غیر اقامتی ہونا۔ (۳) زیر آسمان سونا۔

Sleep-out : (a) غیر اقامتی۔

Sleep-paralysis : (n) مکمل عارضی فالج جو سونے کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔

Sleeper : (n) (۱) سونے والا۔ (۲) (مجازاً) کاہل آدمی : آرام طلب شخص۔ (۳)سویا ہوا آدمی۔(۴) مردہ۔ (۵)(حیوانیات) گلہری کی قسم کا ایک جانور۔ (۶) بعض مچھلیوں کے نام کے ساتھ آتا ہے۔ (۷) سوئی ہوئی یا مردہ حالت میں کوئی چیز۔ (۸) (ریل میں) سونے کا ڈبہ۔ (۹) مضبوط افقی شہتیر جو دیوار وغیرہ کا سہارا ہوتی ہے۔ (۱۰)(جہاز سازی) مضبوط اندرونی شہتیر۔ (۱۱)(فوج)توپ خانے کے لئے چوبی پلیٹ فارم کاسہارا۔ (۱۲) (ریل کی پٹری کا) سلیپر : لکڑی کا وہ کندا جس پر پٹریاں رکھی ہوتی ہیں۔ (۱۳) لکڑی کے پل کا لمبا مضبوط شہتیر۔ (۱۴) کسی بھی وزنی چیز کے سہارے کے طور پر استعمال ہونے والا افقی شہتیر یا تختہ وغیرہ۔ (۱۵) شرط جو اتفاقی طور پر جوئے کے کھیل میں میز پر چھوٹ جائے۔ (۱۶) کوئی شخص یا چیز جو بہت مقبول ہونے سے پہلے ظاہری طور پر غیر مقبول رہے یا جو یکایک بہت مقبول ہو جائے۔ (۱۷) وہ گھوڑا جو شکست کے ایک سلسلے کے بعد جیت جائے۔ (۱۸)آہستہ آہستہ بکنے والا مال۔ (۱۹) ایک قسم کا شب خوابی کا لباس۔ (۲۰) وہ بچھڑا جس کے کان پر نشان ملك لگا دیا گیا ہو مگر جلتے ہوئے لوہے سے داغ نہیں لگایا گیا ہو۔

Sleeper : (v) (بچھڑے کے کان پر) نشان لگانا (تاکہ گرم لوہے سے داغ لگایا ہوا نظر آئے)۔

Sleepful : (a) پر خواب : خواب آلود۔

Sleepfulenss : (n) پر خوابی : خواب آلودگی۔

Sleepify : (v) خواب آور بنانا۔

Sleepily : (adv.) سستی سے : آلکسی سے : سوتے ہوئے : اونگھتے ہوئے۔

Sleepliness : (n) غنودگی : اونگھ کی سی حالت : آلکس : سستی۔

Sleeping : (n) خوابیدہ شخص۔

Sleeping : (a) (۱) خوابیدہ : سویا ہوا۔ (۲) خواب میں دیکھا ہوا۔ (۳) بے حس : سُن۔ (۴) سست : کاہل۔ (۵) خاموش : ساکن : ساکت۔

Sleeping dog : (n) (۱) وہ تھیلا جس کو پہن کر زیر آسمان سوتے ہیں۔ (۲) بچوں کا شب خوابی لباس۔

Sleeping beauty : (n) ترش عرق والا ایک پودا۔

Sleeping car : (n) (ریل کا) سونے کا ڈبہ۔

Sleeping carriage : (n) دیکھو Sleeping car

Sleeping draught : (n) خواب آور دوا۔

Sleeping partner : (n) وہ شریك جو انتظام میں دخل نہ دیتا ہو : غیر کارگزار شریك۔

Sleeping rent : (n) (کان کا) بندھا ہوا کرایہ۔

Sleeping sickness : (n)] مرض النعاس : ایك مہلك بیماری جو افریقہ میں ہوتی ہے : مرض النوم۔

Sleeping suit : (n) شب خوابی کے کپڑے۔

Sleeping table : (n) ایك قسم کا غیر متحرك ظرف جس میں خام دھات کو دھویا جاتا ہے۔

Sleepingly : (adv.) دیکھو Sleepily

Sleepless : (a) (۱) بے خواب : بے نیند کا۔ (۲) مسلسل زیر عمل یا فعال۔ (۳) مسلسل رواں۔

Sleeplessly : (adv.) بے خوابی سے : مسلسل۔

Sleeplessness : (n) بے خوابی : نیند نہ آنا۔

Sleepwalk : (v) نیند میں چلنا : خواب خرامی کرنا۔

Sleepwalk : (n) خواب خرامی۔

Sleepwalker : (n) خواب خرام : نیند میں چلنے والا۔

Sleepwalking : (n) خواب خرامی : نیند میں چلنا۔

Sleepwear : (n) رات میں پہننے کا لباس۔

Sleepy : (a) (۱) اونگھتا ہوا : خواب آلود۔ (۲) خاموش : پرسکون (مقام وغیرہ)۔ (۳) سوتا ہوا : کاہل اور بے حس : غافل۔ (۴) (پھل خصوصاً ناشپاتی) اتری ہوئی (مزے سے) : سڑ جانے کے قریب۔ (۵) مدھم : کم چمك دمك رکھنے والا۔

Sleepy-head : (n) اونگھنے والا : سست یا کاہل آدمی۔

Sleepy-sickness : (n) دیکھو Sleeping sickness

Sleer : (v) [Perhaps alt. of Sweer.] ہنسی اڑانا : حقارت سے مسکرانا۔

Sleet : (n) [OE. 'Slete'.] اولے اور برف ملا ہوا مینہ : برف و باراں۔

Sleet : (v) (۱) برف کے ساتھ بارش ہونا : برف و باراں کی جھڑی لگنا۔ (۲) برف و باراں کی طرح ڈھالنا۔

Sleety : (a) برف و باراں سے بھرا ہوا : برف و باراں کی طرح کا۔

Sleeve : (n) [OE. 'Slefe'.] (۱) آستین۔ (۲) وہ نلکی جس کے اندر سلاخچہ یا چھوٹی نلکی ہو : جوڑ نلکی۔ (۳) حلقہ دار کرمچ کا تھیلا جو ہوائی جہاز کے لگا رہتا ہے۔ (۴) گراموفون کے ریکارڈ کا غلاف۔

Hippocrates' Sleeve : کپڑے وغیرہ کا مخروطی تھیلا جس سے چھاننے کا کام لیا جاتا ہے۔

To have in or up one's sleeve : ذہن میں کوئی پوشیدہ تدبیر ہونا : ترکش میں تیر ہونا۔

To laugh or smile in one's sleeve : چپکے چپکے ہنسنا : دل ہی دل میں ہنسنا۔

To pin on., upon or to one's sleeve : پابند کرنا۔

Sleeve : (v) (۱) آستین لگانا۔ (۲) جوڑ نلکی کے ذریعے جوڑنا۔

Sleeve board : (n) وہ تختہ جس پر رکھ کر آستین پر استری کی جاتی ہے۔

Sleeve button : (n) کف لگانے کا بٹن یا بوتام۔

Sleeve fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جو تعاقب کے وقت ایک سیاہ سیال شے اپنے اندر سے باہر پھینکتی ہے۔

Sleeve link : کفوں کے بٹن یا بوتام۔

Sleeve-note : (n) ریکارڈ کا تبصرہ (جو اس کے غلاف پر چھپا رہتا ہے)۔

Sleeve-nut : (n) نلوں یا کڑیوں کے ملانے کی ڈھبری۔

Sleeve target : (n) کپڑے کا نلکی نما نشانہ جو ہوائی جہاز کے پیچھے لگا رہتا ہے اور جس پر طیارہ شکن توپوں سے نشانے کی مشق کی جاتی ہے۔

Sleeve-valve : (n) استوانہ نما صمام جو آگے پیچھے کھسک سکتا ہے۔

Sleeved : (a) آستین دار۔

Sleeveless : (a) (۱) بے آستین کا۔ (۲) بے کار : بے فائدہ : غیر منفعت بخش۔ (۳) سبک : چھوٹا : خفیف۔

Sleevelet : (n) حفاظت یا گرمی کے لئے پیش بازو پر پہنے جانے والی ایک پوشش۔

Sleevelike : (a) آستین نما : آستین سے مشابہ۔

Sleeving : (n) ایک قسم کا غلاف جو کھلے ہوئے موصل پر لگا دیا جاتا ہے۔

Sleezy : دیکھو Sleazy

Sleigh : (n) [Du. 'Slee'.] (۱) برف گاڑی : سلیج گاڑی۔ (۲) گاڑی جس پر توپ لے جائی جاتی ہے۔

Sleigh : (v) برف گاڑی پر سفر کرنا یا لے جانا۔

Sleigh-bell : (n) برف گاڑی کی گھنٹیاں۔

Sleighing : (n) برف گاڑی پر سواری کرنا۔

Sleight : (n) [ME. 'Slez'.] (۱) چال : شعبدہ : پیچ : کرتب۔ (۲) ہنر : ہنر مندی : چالاکی۔ (۳) چالاکی : مستعدی۔

Sleight of hand / Sleight-of-hand : (n) : (۱) ہاتھ کی صفائی : شعبدہ : کرتب۔ (۲) پھرتی : ہاتھ کی صفائی۔

Slendang : (n) [Malay.] پتلا لمبا رومال جسے انڈونیشی عورتیں باندھتی ہیں۔

Slender : (a) [Origin unkn.] (۱) پتلا : نازک : چھریرا : نازک اندام۔ (۲) تھوڑا : ناکافی : قلیل : کم : خفیف۔ (۳) غیر معقول (دلیل وغیرہ) : غیر مستحکم : سست بنیاد۔ (۴) کمزور آواز۔

Slenderish : (a) کسی قدر نازک۔

Slenderize : (v) نازک بنانا۔

Slenderly : (adv.) نزاکت کے ساتھ : قلت سے : کمی سے۔

Slenderness : (n) دبلا پن : نزاکت : قلت : ضعف : کمزوری : کمی ۔

Slent : (n) [ON.] ڈھلوان : ڈھال ۔

Slent : (v) ڈھلوان ہونا : ترچھا ہونا ۔

Slepez : (n) [Russ. 'Slepets'.] ایک قسم کا چوہا ۔

Sleuth : (v) (۱) کھوج لگانا : پاؤں کے نشان دیکھتے ہوئے چلنا ۔ (۲) سراغ رسانی کرنا ۔

Sleuth (hound) : (n) (۱) کھوجی کتا : خون کی بو سے کھوج لگانے والا کتا ۔ (۲) سراغ رساں ۔

Slew/ Slue/ Sleugh : (n) [ME. 'Slo'.] (۱) دلدلی تالاب وغیرہ ۔ (۲) کوئلے کی کان کا قدرتی دلدل ۔

Slew/ Slue : (n) زور سے یا کوشش سے مڑنا ، موڑنا یا موڑا جانا ۔

Slew/ Slue: (v) (۱) زور یا کوشش سے مڑنا : پھرنا : گھومنا یا موڑنا : پھیرنا : پھرانا : گھمانا ۔ (۲) (مجازاً) مست و بیخود کر دینا ۔

Slew/ Slue : (n) [In great slaugh.] بڑی مقدار ۔

Sley : (n) دیکھو Slay

Slice : (n) [ME. 'S(c)lice'.] (۱) قاش : ٹکڑا : پھانک : کٹا ہوا ٹکڑا : قتلہ ۔ (۲) حصہ (نفع کا) : قطعہ (مقبوضات وغیرہ کا) ۔ (۳)باریک چوڑے پھل کا اوزار : کفگیر : کھرپی ۔ (۴)(طباعت) روشنائی لگانے کی چھری ۔ (۵) (جہاز سازی) گاؤ دم لکڑی کے ٹکڑے جو گہوارۂ جہاز میں جہاز کو پانی میں اتارنے کے لئے رکھتے ہیں ۔ (۶) چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ جس کا پیندا سرکنے والا ہوتا ہے ۔

Slice : (n) (گولف) ایک ضرب جو اس طرح لگاتے ہیں جیسے کوئی چیز کاٹتے ہیں ۔

Slice : (v) [OFr. 'Esclicier'.] (۱) ٹکڑے کاٹنا : قاشیں کاٹنا : پھانکیں کرنا : قتلے کاٹنا ۔ (۲) (کسی چیز میں سے) ٹکڑا وغیرہ کاٹ لینا ۔ (۳) صفائی یا آسانی سے کاٹ لینا ۔ (۴)کوئلہ اٹھانے کے لئے بیلچہ استعمال کرنا ۔ (۵) کاٹ کر راستہ بنانا ۔ (۶)چپو سے یا گولف کھیلنے کے بلے سے کاٹ کرنا ۔

Slice-bar : (n) (۱) ایک قسم کی آنکڑے دار آگ کریدنی ۔ (۲) کفگیر ۔

Slice-gallery : (n) چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ جس کا پیندا سرکنے والا ہوتا ہے ۔

Slice-of-life : (n) زندگی کے کسی حصے کی جزوی تفصیل سے متعلق ۔

Sliced : (a) قاش بنایا ہوا : ٹکڑا کیا ہوا ۔

Slicer : (n) قاش کاٹنے والا : قتلے کرنے والا (آدمی یا اوزار)۔

Slick : (n) (۱) چھیلنے والی چھینی ۔ (۲) (کسی روغنی مادے کی موجودگی کی وجہ سے) پانی کی چکنی سطح ۔ (۳) (کان کنی) طبقے کی ہموار تقسیم ۔ (۴) بغیر شناختی داغ کے مویشی ۔ (۵) چالاک کاروباری ۔ (۶) بے درخت خطہ جس پر کثرت سے جھاڑیاں اگی ہوئی ہوں۔ (۷) کثیر الاشاعت جریدہ جس میں چنندہ چنندہ مقبول کہانیوں ہوتی ہیں ۔

Slick : (a) [ME. 'Slike'.] (۱) صاف : صفائی کا : پھرتی کا : استادی کا (ہاتھ) ۔ (۲) محض ۔ (۳) دیکھو Sleek ۔ (۴) چالاک : تیز : ہنر مند ۔ (۵) اول درجے کا : بہترین ۔ (۶) چالاکی ۔ (۷) بغیر شناختی نشان کا ۔

Slick : (adv.) سیدھا : ٹھیک : پورا : جلدی سے : آسانی سے ۔

Slick : (v) (۱) چکنا کرنا یا بنانا ۔ (۲) (بال وغیرہ کو) نرم اور چمکدار بنانا ۔ (۳) بناؤ سنگار کرنا ۔

Slickens : (n) [G. 'Schlich'.] سنگ مردہ کا چور ۔

Slickenside/ Slickensides : (n) (۱) (کان کنی) کچے سیسے کی ایک قسم جو ڈربی میں پائی جاتی ہے ۔ (۲) کچی دھات کی پرت کی چکنی سطح ۔

Slicker : (n) (۱) چمڑا چھیلنے یا چکنا کرنے کا اوزار : سانچے میں ڈھلی ہوئی ۔ (۲) (امریکا) پن روک کوٹ ۔

Slicking : (n) (۱) چکنا کرنا ۔ (۲) (کان کنی) کچی دھات کی پتلی رگ معدن ۔

Slickly : (adv.) چالاکی سے : ہوشیاری سے : صفائی سے ۔

Slickrock : (n) چکنی پھسلوان چٹان ۔

Slickstone/ Sleek stone : (n) چکنا کرنے کا پتھر ۔

Slidable : (a) جو سرک سکے : سرکنے کے قابل ۔

Slidden : (a) پھسلنے والا : پھسلا ہوا ۔

Slidder : (n) (۱) ڈھال کا گڈھا ۔ (۲) کھڑی ڈھلان ۔

Slidder : (v) [OE. 'Slid(e)rian'.] (۱) پھسلنا : رپٹنا ۔ (۲) پھسلوان بنانا : چکنا بنانا ۔

Slider : (n) (۱) وہ راستہ جو برف پر پھسلنے سے بن جاتا ھے : پھسلنے کا راستہ ۔ (۲) پھسلوان ڈھال : وہ ڈھال جس پر سے لوگ اسکیٹ سے پھسلتے ہیں ۔ (۳) پھسلوان تختہ جس پر وزنی مال اوپر سے نیچے پھسلایا جاتا ھے ۔ (۵) مشین کا وہ حصہ جس کے اندر کوئی چیز پھسلتی ھے ۔ (۶)پھسلنے والا ۔ (۷) سیر بین ، دور بین وغیرہ کا شیشہ : تصویر : سلائیڈ : پھسل تختی ۔ (۸) (موسیقی) دو سروں والے زائد سُر کی ایک قسم ۔ (۹) ایک قسم کی برف گاڑی ۔ (۱۰) رگ معدن کا شگاف : (ارضیات) فرو ریزی : رخنہ ۔ (۱۱) توپ گاڑی ۔ (۱۲) چھلا یا بکلس جسے بندھن وغیرہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ (۱۳)(کشتی رانی) پھسلوان نشست ۔ (۱۴) اود بلاؤ کا راستہ ۔ (۱۵) پھسلنے والی نالی (جو پارک ، اسکول وغیرہ میں لگی ہوتی ھے اور جس کے ایک سرے پر سیڑھی ہوتی ھے ۔ (۱۶) (فوٹوگرافی) پلیٹ گیر ۔

Slide : (v) [OE. 'Slidea'.] (۱) پھسلنا : رپٹنا : پھسلتے ہوئے چلنا یا سرکنا ۔ (۲) پھسلانا : سرکانا : کھسکانا ۔ (۳) خود بخود چلنا ۔ (۴) کسی چیز کی طرف اتنا آہستہ آہستہ بڑھنا کہ محسوس نہ ہو ۔ (۵) (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر پر بغیر وقفہ کے چلے جانا ۔ (۶) رفو چکر ہو جانا : چمپت ہو جانا : سرک جانا ۔ (۷) نظر دوڑانا ۔ (۸)(مجازاً) غلطی کرنا : گناہ کرنا : گناھوں میں دوبارہ پھنس جانا ۔ (۹) سبکدستی سے پیش کرنا : چپ چاپ سے ہاتھ میں دے دینا ۔

Slide fastener : (n) زِپر (Zipper)

Slide-rest/ Slide rest : (n) پھسل ٹیکن ۔

Slide-rule : (n) پھسل پیمانہ : سلائیڈ رول ۔

Slide-valve/ Slide valve : (n) پھسلوان صمام ۔

Slider : (n) (۱) پھسلنے والا ۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا ۔ (۳) شہتیر یا تختہ جس پر بھاری چیزوں کو پھسلاتے ہیں ۔ (۴)پھسلنے والی چیز : سرکنے والا حصہ ۔

Sliding : (n) پھسلنا : پھسلانا ۔

Sliding : (a) (۱) پھسلنے والا : پھسلواں : لغزاں ۔ (۲) (مجازاً) عارضی : ناپائیدار : متلون : بے ثبات ۔ (۳) (زبان یا موسیقی) رواں ۔ (۴) سرکنے والا یا والی (گرہ وغیرہ) ۔

Sliding-door : (n) پھسلن دروازہ : سرکنے والا دروازہ ۔

Sliding keel : (n) دیکھو Centre-board

Sliding rule : (n) پھسل سطر : سرکنے والا پیمانہ جس کے ذریعے ریاضی کے بعض مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں ۔

Sliding scale : (n) (۱) دیکھو Sliding-rule ۔ (۲) تدریجی شرح : حالات کے مطابق گھٹنے بڑھنے والی شرح ۔

Sliding seat : (n) سرکنے والی نشست (خصوصاً چپوؤں سے چلنے والی کشتی میں) ۔

Sliding ways : (n) گھوڑاھ جہاز کا نچلا حصہ ۔

Slidometer : (n) ریل گاڑی کے اچانک رک جانے کی وجہ سے اس کے ڈبے کے جھٹکے کو بتانے والا صدما نما آلہ ۔

Slifter : (n) [Origin unkn.] (زمین کا) درز : شگاف ۔

Slight : (a) [ME. 'Sleght'.] (۱) دبلا : پتلا : کمزور : نازک ۔ (۲) قلیل : تھوڑا سا : ذرا سا : حقیر : خفیف ۔ (۳)سرسری : ناکافی ۔ (۴) معمولی : غیر اہم ۔ (۵) آسان ۔

Slight : (adv.) لاغری سے : نزاکت سے ۔

Slight : (n) (۱) حقارت : تحقیر : بے التفاتی ۔ (۲) حقارت یا تحقیر کی کوئی مثال ۔ (۳) سبکی ۔

Slight : (v) سبکی کرنا : حقیر سمجھنا : ناقابل توجہ سمجھنا : کج خلقی سے پیش آنا : بے التفاتی سے پیش آنا ۔

Slight negligence : (n) تھوڑی غفلت ۔

Slighted : (a) جس کی سبکی یا تحقیر کی گئی ہو ۔

Slighter : (n) سبکی کرنے والا : تحقیر کرنے والا ۔

Slighting : (n) (۱) تحقیر آمیز : حقارت آمیز ۔ (۲) بے التفات ۔

Slightingly : (adv.) حقارت سے : بے التفاتی سے : کج خلقی سے ۔

Slightish : (a) پتلا سا : ہلکا سا : خفیف سا ۔

Slightly : (adv.) کسی قدر : خفیف سا ۔

Slightness : (n) کمزوری : نزاکت : خفیف ہونا : خفت ۔

Slily : (۱) مکاری سے : عیاری سے ۔ (۲) چپ چاپ : چھپ کر : پوشیدہ طور پر ۔

Slim : (a) [Du.] (۱) دبلا پتلا : چھریرا : نازک اندام : سبک ۔ (۲) چالاک : عیار : جس کو کسی کام میں باک نہ ہو : بے باک ۔ (۳) چھوٹا : کم ۔ (۴) ناکافی : قلیل : قلیل المقدار ۔

Slim : (v) (۱) پرہیز اور ورزش سے مٹاپا کم کرنا ۔ (۲) (کسی کام کو) بد دلی سے کرنا : بے کار وقت ضائع کرنا ۔

Slim cake : (n) ایک قسم کا سادہ آئرستانی کیک ۔

Slim-jim : (n) بہت دبلا پتلا آدمی ۔

Slim packings : (n) تھوڑا سا کھانا : چیز وغیرہ ۔

Slime : (n) [OE. 'Slim'.] (۱) پتلی کیچڑ : کیچ ۔ (۲) اس قسم کی اور چیزیں جو چکنی ہوں مثلاً رال ، مچھلی کی رطوبت ۔ (۳)(مجازاً) گھناؤنا جسم : مکروہ آدمی ۔ (۴) ریگ : دھات کا چور جو کیچ کی شکل میں ہو ۔

Slime : (v) (۱) کیچڑ میں لتھیڑنا : رطوبت میں لت پت کرنا ۔ (۲) پھسل کر نکل جانا ۔ (۳) (مشکل وغیرہ سے) صاف نکل جانا : بچ جانا ۔ (۴) چکنا ہو جانا ۔

Slime-eel : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Slime flux : (n) لعابی ترشح ۔

Slime(-)pit : (n) پتلی رال کا گڑھا ۔

Slimily : (adv.) ذلیل خوشامد سے : لجلجے پن سے ۔

Sliminess : (n) لجلجاپن : ذلیل خوشامد ۔

Slimly : (adv.) لاغری سے : نزاکت سے ۔

Slimming : (n) پرہیز اور ورزش سے مٹاپا کم کرنا ۔

Slimming : (a) لاغر : دبلا : نازک ۔

Slimmish : (a) کسی قدر قلیل یا ناکافی ۔

Slimness : (n) دبلاپا : چھریراپن : نزاکت ۔

Slimpsy : (a) (۱) کمزور : نازک ۔ (۲) مریل ۔ (۳) پژمردہ : افسردہ ۔

Slimsy : (a) کمزور : نازک ۔

Slimy : (a) (۱) کیچڑ کا سا ۔ (۲) کیچڑ میں لتھڑا ہوا : (رطوبت میں) : (رطوبت میں) لت پت ۔ (۳) ہاتھ سے پھسل جانے والا : پھسلنا : چکنا : لبلبا : لجلجا ۔ (۴) بے غیرت : بد دیانت ۔ (۵) ذلیل خوشامدی ۔

Sling : (n) [MLG. 'Slinge'.] (۱) گوپیا : گوپھن : فلاخن ۔ (۲) غلیل ۔ (۳) سنگ اندازی کی قدیم کل : منجنیق ۔

Sling : (n) (۱) جھینکا ۔ (۲) (بحری) سہارے کی بلی کا درمیانی حصہ ۔ (۳) وہ پٹی جو رائفل وغیرہ کے نیچے لگی رہتی ہے جس کے ذریعے اسے کاندھے سے لٹکاتے ہیں ۔ (۴) ناز پٹی وغیرہ کا حلقہ جس سے چیزیں لٹکاتے ہیں ۔ (۵) گل پٹی : گلے کی پٹی جسے گلے سے باندھ کر زخمی عضو کو لٹکاتے ہیں ۔ (۶) سامان اٹھا کر جہاز میں رکھنے والا جھولا ۔ (۷) وہ تار جس کے دونوں سرے پر دستہ لگا رہتا ہے اور جس سے کمہار چاک پر سے برتن کو کاٹ کر اتارتا ہے ۔

Sling : (n) (۱) پھینکنا : گرانا ۔ (۲) شدید ضرب : دھکا ۔

Sling : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک امریکی شراب جس میں برانڈی ، رم اور پانی وغیرہ ملا رہتا ہے : سلنگ ۔ (۲) گنے کا رس ۔

Sling : (n) [Native name in Tibet.] بکری کے بالوں کا بنا ایک قسم کا کپڑا ۔

Sling : (v) (۱) گوپئے میں رکھ کر پھینکنا یا مارنا (پتھر) : فلاخن یا گوپیا چلانا ۔ (۲) گلے کی پٹی سے لٹکانا (زخمی ہاتھ) ۔ (۳) بھیڑ کے میمنے کو چھوڑ دینا ۔ (۴) (مکا بازی میں) ضرب لگانا ۔ (۵) تیزی سے جانا : جھپٹنا ۔ (۶) تیزی سے چلنا ۔

To sling ink : مصنف یا ایڈیٹر ہونا : لکھنا ۔

To sling one's hook : صاف کر دینا : جیب کتر لینا ۔

Sling : (v) (۱) جھینکے میں لٹکانا ۔ (۲) (بحری) زنجیر وغیرہ کو بادبان یا سہارے کی بلی کے گرد گزارنا ہے تا کہ اسے مستول سے باندھا جا سکے ۔ (۳) لٹکانا : جھلانا ۔ (۴) اسباب کو جھولے کے ذریعے اٹھانا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ۔

To sling the monkey : ملاحوں کا ایک کھیل ۔

Sling : (v) سلنگ (شراب) پینا ۔

Sling ball : (n) پتھر وغیرہ جو منجنیق سے پھینکا جائے ۔

Sling board : (n) جہاز پر مال چڑھانے کا تختہ جو رسیوں کے ذریعے لٹکایا جاتا ہے ۔

Sling-cart : (n) (فوج) دو پہیوں کی گاڑی جس کے دھرے سے توپ کو نقل و حمل کے لئے باندھ دیا جاتا ھے .

Sling-chair : (n) آرام کرسی جس کی نشست چمڑے یا کپڑے کی ھوتی ھے اور فریم لکڑی یا دھات کا ھوتا ھے .

Sling-dogs : (n) دو آنکڑے جو سامان اٹھانے کے جھولے میں لگے ھوتے ہیں اور ان میں چیزیں پھنسا دی جاتی ہیں .

Sling-hoop : (n) ایك حلقه جس سے سہارے کی بلی مستول سے لٹکی رہتی ھے جس کے ذریعے اسے اوپر نیچے کیا جاتا ھے .

Sling-rope : (n) وہ رسا جس سے لدو جانوروں پر اسباب باندھتے ہیں .

Sling-shot : (n) فلاخن : گوپھن : منجنیق .

Sling (s) man : (n) گوپیا چلانے والا : فلاخن چلانے والا .

Sling stone : (n) فلاخن سے پھینکا جانے والا پتھر .

Sling-trot : (n) دُلکی چال .

Slinge : (v) [Origin unkn.] آوارہ پھرنا : مٹر گشت کرنا .

Slinger : (n) دیکھو Sling(s) man

Slink : (n) (۱) وہ بچه جو قبل از وقت پیدا ھو (خصوصاً بچھڑا) . (۲) ایسے بچھڑے کی کھال . (۳) کام چور : ڈرپوك : چھپنے والا شخص . (۴) پوشیدہ جگه : خفیه جگه .

Slink : (a) سوکھا : لاغر : نحیف الجثه .

Slink : (v) [OE. 'Slincan'.] (۱) کھسك جانا : چپکے سے چل دینا : سرك جانا . (۲) (جانور کا) بچے گرنا : قبل از وقت پیدا ھونا . (۳) آنکھ چرا کر دیکھنا .

Slink lamb : (n) میمنے کا چمڑا .

Slinker : (n) قبل از وقت : بچه دینے والی گائے .

Slinkily : (adv.) چپکے چپکے : آہسته : آہسته .

Slinkskin : (n) قبل از وقت پیدا ھونے والے بچھڑے کی کھال .

Slinky : (a) لاغر : دبلا .

Slinky : (a) (۱) خفیه : چپ چاپ . (۲) نازك .

Slip : (n) [OE. 'Slipa'.] (۱) جما ھوا دودھ : بسته دودھ . (۲) پتلی چکنی مٹی جو برتنوں پر پھیرنے یا ان پر گل بوٹے بنانے کے کام آتی ھے : گلابه .

Slip : (n) [MDU. 'Slippe'.] (۱) شاخ (پودے کی خصوصاً قلم لگانے کے لئے) : قلم : ٹہنی . (۲) خلف : اولاد : نسل . (۳) چھوٹا یا نازك اندام بچه یا بچی . (۴) نازك اندام شخص . (۵) درمیانه سائز کا تلا . (٦) چمچے کا دسته (جس کا سرا ترچھا کٹا رہتا ھے) : ایسے دستے والا چمچه . (۷) لکڑی ، کاغذ وغیرہ کی پٹی : پتلا لمبا ٹکڑا ، کاغذ کا لمبا پرزہ : تراشه . (۸) کسی لمبی اور نازك چیز کا نمونه . (۹) لمبی کھڑکی ، کمرہ یا راسته : پتلی گلی . (۱۰) (امریکا) گرجے کی تنگ بے دروازے کی نشست کا مقام . (۱۱) (پتلے لمبے کاغذ پر) مطبع کے پروف . (۱۲) دھاگے کی ایك مقدار . (۱۳) تھیٹر کی گیلری کا بغلی حصه . (۱۴) پٹا یا تسمه (کتے کے گلے کا) . (۱۵) لباس جسے آسانی سے پہنا جا سکے . (۱٦) ایك قسم کا زیر جامه ، سایه ، لہنگا : بچوں کا لباس . (۱۷) نہانے کا لباس . (۱۸) غلاف تکیه . (۱۹) سور کا بچه . (۲۰) ناقص طور پر آخته کیا ھوا مرغ کا پٹھا .

Slip : (n) (۱) پتھر وغیرہ کا مصنوعی ڈھلان جس سے جہاز لگتے ہیں . (۲) ڈھلوان سطح جس پر جہاز بنائے جاتے ہیں یا ان کی مرمت کی جاتی ھے . (۳) تنگ راسته یا سڑك . (۴) (جلد بندی) وہ دھاگا جس سے کتاب کا پشته باندھا جاتا ھے . (۵) کتے کا پٹا . (٦) (تھیٹر) وہ جگه جہاں ایکٹر اسٹیج پر آنے سے پہلے کھڑے ھوتے ہیں . (۷) لوھے کا استوانه نما بکس جس میں بارود بنانے کے لئے لکڑی کا کوئله بنایا جاتا ھے . (۸) رپٹنا : پھسلنا : لغزش . (۹) (بحری) ھوائی جہاز کی یا جہاز کی اصل رفتار اور ڈھکیلو کی رفتار کا فرق . (۱۰) لغزش : سہو : بھول : غلطی : چوك . (۱۱) (ارضیات) وہ خفیف نقص جو کسی طبق کے ایك حصے کے دھنسنے کی وجه سے پیدا ھو جائے . (۱۲) پہاڑ وغیرہ کے ٹکڑے کا کٹ کر گرنا. (۱۳) (کرکٹ) فیلڈ میں وہ جگه جو بلے باز کے پیچھے اور وکٹ کے قریب ھوتی ھے : وہ فیلڈر جو اس جگه پر کھڑا ھوتا ھے : سلِپ . (۱۴) کسی پالتو جانور کا غیر ارادی طور پر اسقاط حمل (بچه گر جانا) . (۱۵) سرك : پھسل. (۱٦) غلطی کسی طریقه ، ضابطه کاروائی یا بحث مقدمه میں . (۱۷) معمولی سی بھول غیر ارادی طور پر کچھ لکھنے یا بولنے میں . (۱۸) بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ : بالا پوش .

A slip of the tongue/ -pen : لغزش قلم : لغزش زبان .

Bathing slip : غسل کا لباس .

To give (a person) the slip : بچ کر نکل جانا : آنکھ بچا

Slip : (v) (۱) پرزے پر لکھنا۔ (۲) کتب خانے کو (کتاب) لوٹاتے وقت کارڈ کتاب میں لگا دینا۔

Slip : (v) گلابہ لگانا یا چڑھانا۔

Slip- : (Prefix) سابقہ جو اور الفاظ کے ساتھ مل کر مرکب الفاظ بناتا ہے۔

Slip-buoy : (n) وہ تیراک پیپا جو لنگر اٹھاتے وقت رسے یا زنجیر سے باندھ دیا جاتا ہے۔

Slip-carriage : (n) وہ ڈبا جو چلتی ٹرین سے کسی اسٹیشن پر علاحدہ کیا گیا ہو۔

Slip-case : (n) (کتاب یا اسی شکل کی کوئی چیز رکھنے کا) حفاظتی خول جو ایک طرف کھلا رہتا ہے۔

Slip casting : (n) سانچے میں گلابہ ڈھال کر مٹی کے ظروف بنانا۔

Slip cheese : (n) ایک قسم کی نرم پنیر۔

Slip-coach : (n) دیکھو Slip-carriage

Slip-coat : (n) کریم کی نرم پنیر۔

Slip-coupling : (n) (۱) ایک قسم کا حلقہ جو ان ڈبوں میں لگا رہتا ہے جنھیں چلتی ریل گاڑی سے کاٹ دیا جاتا ہے۔ (۲) وہ حلقہ جو گاڑی پر زیادہ بوجھ پڑنے کی وجہ سے الگ ہو جاتا ہے۔

Slip cover : (n) (۱) فرنیچر کا غلاف (حفاظتی یا آرائشی)۔ (۲) کتاب گرد پوش: کتابوں کا ڈھیلا غلاف۔

Slip-cover : (v) فرنیچر پر غلاف چڑھانا۔

Slip-hook : (n) وہ ہک جو آسانی سے کھل سکے: ڈھیلا ہک۔

Slip-knot : (n) (۱) وہ گرہ جو ایک اشارے سے کھل جائے۔ (۲) پھسلتی گرہ جو ڈوریوں کے کھینچنے سے کسی اور طرف کھلتی ہے: سرک گرہ۔

Slip-noose : (n) سرک پھندا۔

Slip-on : (n) (۱) وہ لباس جسے آسانی سے پہنا یا اتارا جا سکے۔ (۲) جوتا یا دستانہ جسے باندھا نہیں جاتا۔ (۳) ایک قسم کی گرم بنیان: بڑا کوٹ۔

Slip-over : (n) وہ کپڑا (خصوصاً سوئٹر) جسے سر کی طرف سے پہنا

کر چل دینا۔

Slip : (v) [MLG. 'Du. 'Slippen'.] (۱) پھسلنا: رپٹنا۔ (۲) سرکنا۔ (۳) پھسل کر نکل جانا: بچ کر نکل جانا: صاف بچ جانا۔ (۴) کھسک جانا: آنکھ بچا کر چل دینا: سرک جانا: چپکے سے گزر جانا۔ (۵) لغزش کرنا: چوک جانا۔ (۶) چھوڑ دینا: کھول دینا (کسی قسم کی بندش)۔ (۷) (جلدی سے) کپڑے وغیرہ پہننا یا اتارنا۔ (۸) چپکے سے رکھ دینا: کھسکا دینا۔ (۹) جانا: اتر جانا (ذہن سے)۔ (۱۰) چپکے سے داخل ہونا: بلا قصد چلا جانا: گریز کرنا: بر سر مطلب آنا۔ (۱۱) (وقت کا) جلدی سے گزر جانا: بغیر محسوس کئے گزر جانا۔ (۱۲) توجہ نہ کرنا: نظر انداز کرنا۔ (۱۳) (پاؤں کا) پھسلنا۔ (۱۴) (مجازاً) تنزلی کرنا۔ (۱۵) چھال یا چھلکا اترنا۔ (۱۶) پھسلانا: سرکانا۔ (۱۷) کالر اتارنا۔ (۱۸) (تاش) پتے کو ہاتھ میں چھپانا۔ (۱۹) سرکا کر گرہ کھولنا۔ (۲۰) جوڑ الگ کرنا۔ (۲۱) پھسل کر گرنا۔ (۲۲) (موقع، وقت وغیرہ) گزر جانے دینا: فائدہ نہ اٹھانا: مستفید نہ ہونا۔ (۲۳) نظر انداز کرنا: چھوڑ جانا۔ (۲۴) آگے بڑھ جانا: آگے نکل جانا۔ (۲۵) بچ کر نکل جانے دینا: گرفت ڈھیلی کرنا: جانے دینا۔ (۲۶) ہونے دینا: غیر ارادی طور پر کہنا۔ (۲۷) بغیر بنے ہوئے بخیہ کو ایک سوئی سے دوسری سوئی میں گزر جانے دینا۔ (۲۸) (ریل کا ڈبہ) کاٹنا (ریل کو ٹھہرائے بغیر)۔ (۲۹) (کتے یا باز کا) پٹا کھول دینا۔ (۳۰) (بحری) لنگر کی زنجیر یا رسی اٹھانا۔ (۳۱) (جانوروں کا) قبل از وقت بچہ دینا۔ (۳۲) سر یا جسم کو اِدھر اُدھر کرنا (بچنے کے لئے)۔ (۳۳) ابتر یا خراب ہونا: رو بہ تنزل ہونا: رو بہ انحطاط ہونا: زوال پذیر ہونا۔

To slip a cog : غلطی کرنا: سہو کرنا۔

To slip by the board : (جہاز سے) پانی میں اتر جانا۔

To slip off the hooks : دیکھو Hook

To slip one's cable : مرنا: مر جانا۔

To slip one's trolley : (عام) پاگل ہو جانا: نا معقول حرکت کرنا۔

To slip something over : نقلی چیز کسی کے سر تھوپنا: دھوکا دینا۔

Slip : (v) شاخ کاٹنا: (پودا، جڑ وغیرہ کو) شاخوں یا قلموں میں تقسیم کرنا۔

جاتا ھے ۔

Slip-ring : (n) پھسل حلقه ۔

Slip-road : (n) شاہراہ سے ملنے والی چھوٹی سڑك ۔

Slip-sheet : (n) (۱) کاغذ کا تختہ جو نئے چھپے ھوئے اوراق کے درمیان رکھ دیا جاتا ھے : تاکہ چھاپ دوسرے ورق پر نہ الگ جائے ۔ (۲) نئی چھپی ھوئی کتابوں کے اوراق کے درمیان رکھا ھوا کاغذ کا حفاظتی تختہ ۔

Slip-sheet : (v) نئی چھپی ھوئی یا جلد بندھی ھوئی کتابوں کے اوراق کے درمیان کاغذ کے تختے رکھنا ۔

Slip-slop : (n) (۱) پتلا شوربا : ہلکی شراب ۔ (۲) بے تکی عبارت : رقت آمیز گفتگو یا عبارت : بکواس : مہمل گفتگو ۔ (۳)مہمل گفتگو کرنے والا شخص ۔

Slip-slop : (a) مہمل گفتگو کرنے والا ۔

Slip-slop : (v) مہمل گفتگو کرنا : بے تکی عبارت لکھنا ۔

Slip-stitch : (n) (۱) وہ بخیہ جو بظاہر نظر نہ آئے ۔ (۲) بے کار ٹانکا خصوصاً بنائی کا ٹانکا جو ایك سوئی سے دوسری پر گزار دیا جاتا ھے ۔

Slip-stream : (n) ڈھکیلو کے ذریعے پیچھے کی طرف بہنے والی رو (پانی یا ھوا کی) ۔

Slip-string : (n) قابل پھانسی شخص : بد معاش : شریر : عیار شخص ۔

Slip-up : (n) غلطی : سہو : بھول : چوك ۔

Slip up : (v) چوك ، غلطی کرنا : سہو کرنا ۔

Slip-way/ Slipway : (n) (۱) ڈھلوان راستہ (جو پانی میں جائے) : بحری ریل کی ساخت ۔ (۲) ایك ڈھلوان ساخت جس پر جہاز بنتے ہیں (یا ان کی مرمت ھوتی ھے) ۔ (۳) وہیل مچھلی پکڑنے کے جہاز کے دنبالے میں ڈھلوان راستہ جس کے ذریعے وہیل مچھلی کو کھینچتے ہیں ۔

Slipbody : (n) (اسکاچستان) ڈھیلا شلوکا ۔

Slipe : (n) [LG. 'Slipe'.] (۱) بھدی بے پہیے کی گاڑی ۔ (۲) (کان کنی) سلاخ وغیرہ جس پر کان کا جھولا یا ٹوکرا حرکت کرتا ھے ۔

Slipe : (v) [ME. 'Slypen'.] (۱) چھیلنا : چھلکے اتارنا ۔ (۲)قتلے کاٹنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

Slipe : (n) [Origin unkn.] (زمین کا) پتلا سا قطعہ ۔

Slippage : (n) (۱) پھسلنا : سرك کر نکل جانا ۔ (۲) گرنا : تنزل : زوال ۔ (۳) (برقیات) علمی اور عملی پیداوار کا درمیانی فرق : (بجلی وغیرہ کی ترسیل میں) نقصان : کام کے دوران : وہ مقدار جو ضائع ھو جائے ۔ (۴) مال کے پیداوار میں تاخیر ۔ (۵) مقررہ اور اصلی پیداوار کے درمیان فرق ۔

Slipped : (a) (نقابت) تنے سے ٹوٹا ھوا ۔

Slipped disc : (n) (مرضیات) بین فقراتی قرص کا تفتق ۔

Slipper : (n) (۱) سلیپر : زیر پائی ۔ (۲) ایك قسم کا بریك جو گاڑی کے پہیوں میں لگا ھوتا ھے ۔ (۳) وہ شخص جو کتوں کو دوڑ میں چھوڑتا ھے ۔ (۴) ایك ترکیب جس کے ذریعے بجلی موصل ریل سے ریل یا ٹرام میں جاتی ھے ۔

Slipper animal cule : (n) پاپوشی حوین ۔

Slipper-bath : (n) سلیپر کی شکل کا نہانے کا ٹب ۔

Slipper brake : (n) ایك قسم کا بریك جوگاڑی کے پہیوں میں ھوتا ھے ۔

Slipper-drag : (n) دیکھو Slipper-brake

Slipper-flower : (n) پاپوش گل : ایك قسم کا پھول جو سلیپر سے مشابہ ھوتا ھے ۔

Slipper-limpet : (n) ایك قسم کا گھونگا ۔

Slipper-shell : (n) ایك قسم کا گھونگا ۔

Slipper-wort : (n) دیکھو Slipper-flower

Slippered : (a) (۱) زیر پائی پہنے ھوئے ۔ (۲) سلیپر بریك کے ذریعے رکی ھوئی ۔

Slipperily : (adv.) ناقابل اعتبار طریقے سے : عیاری سے ۔

Slipperiness : (n) (۱) چکنا پن : پھسلنا پن ۔ (۲) عیاری : بے ایمانی : ناقابل اعتبار ھونا ۔

Slippery : (n) (۱) پھسلنی : رپٹنی (زمین وغیرہ) ۔ (۲) (مجازاً) دقت طلب : ھوشیاری سے کرنے کا (معاملہ) ۔ (۳) پھسل کر نکل جانے والا ۔ (۴) ناقابل اعتبار : غیر معتبر : جس کا کچھ ٹھور ٹھکانہ نہ ھو : چلتا ھوا : بے باك : بے ایمان :

عیار ۔ (۵) کمزور (حافظہ وغیرہ) ۔

Slippiness : (n) چکناہٹ : پھسلنا ہونا ۔

Slippy : (a) تیز : پھرتیلا : چست و چالاک (شخص) ۔

To be or look slippy : تیز ہونا : چست و چالاک ہونا ۔

Slipsnod : (a) (۱) پھٹی جوتی والا : پھوہڑ : بھونڈا ۔ (۲) (مجازاً) بے تک : بے اصول : ڈھیلی : سرسری : بے پروائی کی (تحریر) ۔

Slipsnoddiness : (n) پھوہڑپن : بے سلیقگی ۔

Slipsnodness : (n) دیکھو Slipsnoddiness

Slipware : (n) مٹی کے ظروف جن پر گلابہ کے ذریعے چمک پیدا کی جائے یا رنگ بدل دیا جائے ۔

Slit : (n) (۱) چاک : شگاف : درز : کاج : جھری ۔ (۲) لمبا پتلا موکھا ۔ (۳) (کوئلے کی کان میں) چھوٹا زمین دوز راستہ جو دو زمین دوز راستوں کو ملاتا ھے ۔

Slit : (v) [ME. 'Slitte'.] (۱) پھاڑنا :کاٹنا : چاک کرنا : شگاف دینا : چیرنا ۔ (۲) پتلے لمبے ٹکڑے کر دینا ۔ (۳) (مجازاً) تقسیم کرنا : الگ کرنا : علاحدہ کرنا ۔

Slit : (a) (۱) (لباس) چاک کیا ھوا : درز بنایا ھوا ۔ (۲) قدرتی طور پر پھاڑا ھوا ۔ (۳) تیز اوزار سے کٹا ھوا ۔

Slit : (v) تنگ کر دینا : سکیڑنا ۔

Slit-drum : (n) قدیم زمانے کا ڈھول ۔

Slit-eyed : (a) لمبی اور غیر کشادہ آنکھوں والا ۔

Slit-planting : (n) (اناج) بونے کا ایک طریقہ جس میں زمین میں صرف شگاف دیا جاتا ھے ۔

Slit-pocket : (n) عمودی چاک والی بغلی جیب ۔

Slit-setting : (n) دیکھو Slit-planting

Slit trench : (n) شگافی خندق ۔

Slit work : (n) پتلے تختے جن سے نیام وغیرہ بنتے ہیں ۔

Slite : (n) [ME. 'Sliten'.] فرسودگی : گھس پٹ جانا ۔

Slither : (v) [alt. of 'slidder'.] (۱) پھسلنا : رپٹنا ۔ (۲) پھسلانا ۔ (۳) پھسلتے ھوئے چلنا ۔ (۴) (رینگنے والے جانوروں کا) رینگنا ۔

Slither : (n) (۱) ٹوٹے پھوٹے اینٹ پتھر ۔ (۲) پھسلنا : سرکنا : رپٹنا ۔

Slitless : (a) بے درز : بے شگاف : بے چاک ۔

Slitter : (v) [ME. 'Sliteren'.] آرائشی چاک بنانا ۔

Slitting : (n) شگاف دینا : چاک بنانا ۔

Slitting mill : (n) لوھے کے چھڑوں یا چادروں کو پتلی سلاخ بنانے والی مشین یا مِل ۔

Slitting saw : (n) دھات کاٹنے کا گول آرا ۔

Slive : (v) [OE. 'Slifan'.] (۱) پھاڑنا : چاک کرنا : تقسیم کرنا ۔ (۲) چھیلنا ۔

Slive : (n) چھپٹی : پتلا ٹکڑا : ریزہ : چورا ۔

Slive : (v) (۱) پھسلانا : (کپڑا) پہنانا ۔ (۲) چپکے سے بتانا یا دینا ۔ (۳) پھسلنا : رپٹنا ۔ (۴) کھسک جانا : مارا مارا پھرنا : ہرزہ گردی کرنا : کوچہ گردی میں وقت ضائع کرنا ۔

Sliver : (n) (۱) چھپٹی : لکڑی کا پتلا ٹکڑا ۔ (۲) چھوٹی مچھلی کا ذرا سا ٹکڑا جو بطور چارہ کانٹے میں لگایا جاتا ھے ۔ (۳) اون ، سن وغیرہ کا فیتہ (پونی بنانے کے لئے) ۔ (۴) شپاشپ دار ۔

Sliver : (v) (۱) چھپٹیاں بنانا : لکڑی کے ٹکڑے کرنا ۔ (۲) چھپٹیاں ھونا : ٹکڑے ھونا ۔ (۳) سوتی ریشوں کو بغیر بٹے دھاگوں میں تبدیل کرنا ۔

Slivoritz/ Slivowitz/ Slivovic : (n) [Serbo-croatian 'Sljivovica'.] ہنگری وغیرہ میں بننے والی ایک قسم کی شراب ۔

Slob : (n) [Ir. 'Slab'.] (۱) کیچڑ ۔ (۲) کیچڑ بھری زمین ۔ (۳) ایک قسم کا بڑا کیڑا ۔ (۴) بے وقوف ، سست اور بے سلیقہ آدمی ۔

Slob-land : (n) کیچڑ : کیچڑ بھری زمین ۔

Slobber : (n) (۱) کیچڑ ۔ (۲) رال : لعاب دہن ۔ (۳) خرگوش کی ایک بیماری ۔ (۴) ایک قسم کا رخوہ (Jelly-fish) ۔ (۵) رقت آمیز گفتگو : غیر مربوط تقریر : رقت کا جذبہ : جذباتی سُخن : مستانہ پیار ۔

Slobber : (v) [ME. 'Byslober, Beslobber'.] (۱) منہ سے بچوں یا شرابیوں کی طرح رقت کے جوش میں رال بہانا ۔ (۲) تھوک سے بھر دینا : گندے طریقے سے تر کرنا ۔ (۳) پھوہڑپن سے کرنا (کوئی کام) : خراب کرنا : بے ڈھنگے پن سے کرنا : بگاڑنا ۔ (۴) رقت آمیز گفتگو کرنا : بیٹھی ہوئی آواز میں اور غیر واضح طور پر بولنا ۔ (۵) جلد جلد کھلانا : ٹھنسانا ۔ (٦) تھوک بھرے منہ سے بوسہ لینا : طراوت کے ساتھ بوسے بازی کرنا ۔

Slobber-chops : (n) کھاتے وقت رال ٹپکانے والا ۔

Slobberer : (n) دیکھو Slobber-chops

Slobbery : (a) (۱) گندا : کیچڑ آلود : (رطوبت میں) لت پت : رال سے تر ۔ (۲) جذباتی : رقت آمیز ۔ (۳) پھوہڑ : بے پروا ۔

Slock : (v) [ON. 'Slokinn'.] بجھانا (پیاس ، آگ وغیرہ) ۔

Slock : (v) (اسکاتستان) پینا : نگلنا ۔

Slock : (v) للچانا : ترغیب دینا : پھسلانا : لبھانا ۔

Slocken : (v) [ME. 'Slockenen'.] بجھانا ۔

Sloe : (n) [OE. 'Sla(h)'.] (۱) جنگلی بیر : سیاہ بیر : ایک قسم کی جنگلی جھاڑی کا نیلگوں سیاہ پھل جو بیر سے مشابہ ہوتا ھے ۔ (۲) جنگلی آلوچہ ۔

Sloe-eyed : (a) (۱) گہری نیلی یا ارغوانی سیاہی مائل آنکھوں والا ۔ (۲) ترچھی آنکھوں والا ۔

Sloe-thorn : (n) جنگل آلوچہ ۔

Sloe-tree : (n) دیکھو Sloe-thorn

Slog : (n) (۱) مسلسل یا لگاتار بھاری کام ۔ (۲) اٹکل پچو ہاتھ چلانا (کرکٹ یا مکا بازی میں) ۔

Slog : (v) [Origin unkn.] (۱) بے تحاشا مارنا : اندھادھند ہاتھ چلانا (کرکٹ یا مکابازی میں) ۔ (۲) لگاتار کام کرنا یا چلنا : برابر کام کئے جانا یا چلنا ۔

Slogan : (n) [Gael. 'Sluagh-ghairm'.] (۱) اسکاتستان کے کوہستانی علاقے کا نعرۂ جنگ ۔ (۲) نعرہ : آواز : جیکار : نقش نگیں ۔

Sloganeer : (n) نعرہ بنانے والا یا لگانے والا ۔

Sloganeer : (v) نعرہ بنانا ۔

Sloganize : (v) نعرہ لگانا ۔

Slogger : (n) اندھا دھند ہاتھ چلانے والا ۔

Slogging : (n) محنت و مشقت : لگاتار محنت کا کام ۔

Slogging : (a) زیادہ محنت کا کام کرنے والا ۔

Slommack : (n) [Origin unkn.] پھوہڑ : بے ہنگم شخص ۔

Slommack : (v) گڈ مڈ ہونا : ابتر ہونا : بے ہنگم ہونا ۔

Slommacky : (a) پھوہڑ : بے سلیقہ ۔

Sloom : (n) [OE. 'Sluma'.] اونگھ : جھپکی : ہلکی نیند ۔

Sloom : (v) (۱) اونگھنا : جھپکی لینا ۔ (۲) کمزور اور پلپلا ہو جانا : زائل ہونا : برباد ہونا ۔ (۳) بغیر کسی مقصد کے چلنا : آہستہ اور خاموش اِدھر اُدھر پھرنا ۔

Sloomy : (a) (۱) سست : کاہل : بے حس : سوتا ہوا ۔ (۲) (اناج ، دانہ) کھوکھلا : سڑتا ہوا ۔

Sloop : (n) [Du. 'Sloep'.] (۱) ایک قسم کی مستولی کشتی : غراب ۔ (۲) نسبتاً چھوٹا جنگی جہاز جس کی توپیں بالائی عرشے پر نصب ہوتی ہیں ۔

Sloopman : (n) چھوٹے جنگی جہاز کا کپتان یا ملاح ۔

Sloosh : (n) [Alt. of 'Slush'.] (۱) چھپ چھپ کی آواز ۔ (۲) دھونا (کسی چیز کو) ۔

Slop : (n) [OE. 'Slop'.] (۱) ڈھیلا نیکر یا جانگھیا ۔ (۲) ڈھیلی ڈھالی پتلون ۔ (۳) سلے سلائے کپڑے جو بازار میں ملتے ہیں : وہ سلے سلائے کپڑے اور دیگر سامان جو ملاحوں کو جہاز کے توشے خانے سے ملتے ہیں ۔

Slop : (n) [For 'Ecilop, Back-slang for police'.] پولس ۔

Slop : (n) [OE. 'Sloppe'.] (۱) گندہ پانی : موری کا پانی : گندآب ۔ (۲) رقیق غذا مثلاً شوربا ، آش : غیر منشی شربت ۔ (۳) (مجازاً) حد سے زیادہ رقت آمیزی : کمزور اور ناقص جذبات ۔ (۴) گندہ یا بیکار رقیق مادہ : چائے ، کافی وغیرہ کا دھوون ۔ (۵) پیشاب پاخانہ ۔ (٦) دیکھو Stillage ۔ (۷) چھلکانا : گرانا ۔

Slop : (v) (۱) گرانا : چھلکانا : گرنا : چھلکنا ۔ (۲) گندہ پانی گرانا : گندے پانی میں بھگونا (کپڑے ، فرش وغیرہ) ۔ (۳) بڑپ

کر جانا : ڈھکوسنا ۔ (۴) گیلا کرنا ۔ (۵) کیچڑ میں گھس کر جانا ۔ (۶) حد سے زیادہ رقت آمیز ہو جانا : اصلی یا بناوٹی جوش سے تقریر کرنا یا کام کرنا ۔ (۷)حد سے گزر جانا۔

Slop basin : (n) وہ پیالہ جس میں بچی کھچی چائے یا کافی یا طشتری کی چائے ڈال دی جاتی ھے ۔

Slop-bowl : (n) دیکھو Slop basin

Slop-builder : (n) بے ڈھنگی : بودی عمارت بنانے والا ۔

Slop built : (a) بھدی اور بودی یا کمزور (عمارت) ۔

Slop-moulding : (n) اینٹ بنانے کا ایک طریقہ جس میں سانچے کو پہلے پانی ڈبو دیا جاتا ھے ۔

Slop-over : (n) (۱) دیکھو Overflow ۔ (۲) وفور جذبات سے پھوٹ پڑنا : رقت آمیز جوش ھونا ۔

Slop-pail : (n) بالٹی جس میں گندہ پانی پھینکا جاتا ھے : گندے پانی کی بالٹی ۔

Slop-sink : (n) (اسپتال کا) وہ برتن یا ہتك جس میں پیشاب دان اور حاجتی کی غلاظت اونڈیلی جاتی ھے اور دھویا جاتا ھے اور گندہ پانی پھینك دیا جاتا ھے ۔

Slope : (n) [ME.] (۱) نشیب : ڈھلان : ڈھال : اتار ۔ (۲) ڈھلوان سطح: ڈھلوان زمین ۔ (۳) سپاہی کا وہ انداز جس میں بندوق کندھے پر جھکی ھوتی ھے : سلوپ ۔ (۴) (کان کنی) کان کا ڈھلوان راستہ ۔

Slope : (n) سرك جانا : بھاگ جانا ۔

Slope : (a) ڈھلوان : ترچھا۔

Slope : (v) (۱) آڑے ترچھے جانا ۔ (۲) ترچھا ھونا ۔ (۳) ترچھا کرنا۔ (۴) بندوق کو کندھے پر جھکا کر رکھنا ۔ (۵) ترچھا کاٹنا یا بنانا۔

Slope : (v) (۱) بھاگ جانا : لے بھاگنا : فرار ھو جانا ۔ (۲)ٹہلنا: مٹر گشت کرنا ۔ (۳) کرایہ ادا کئے بغیر کرائے کے مکان یا کوٹھری سے بھاگ جانا۔

Slope : (adv.) ترچھے پن سے : ٹیڑھے پن سے ۔

Slope- : جزو ترکیبی بمعنی "ترچھا" ۔

Slope arms : (n) کندھے پر بندوق ترچھی رکھنا۔

Slope ways : (adv.) ترچھی حالت میں : ڈھلوان کی صورت میں یا ڈھلوان رخ میں۔

Slopewise : (adv.) دیکھو Slope ways

Sloping : (a) ڈھلوان : ترچھا۔

Slopingly : (adv.) ڈھلوان کی طرح : ترچھے ھو کر۔

Sloppily : (adv.) بے ڈھنگے پن سے : رقت آمیز طریقے سے ۔

Sloppiness : (n) بھیگا اور گندہ ھونا : بے ڈھنگاپن : رقت آمیزی۔

Sloppy : (a) (۱) (زمین وغیرہ) بہت بھیگی ھوئی کیچڑ اور پانی سے بھری ھوئی ۔ (۲) بھیگی اور میلی میز وغیرہ جس پر گندہ پانی ، شوربا وغیرہ گرا ھوا ھو ۔ (۳) بے ڈھنگا ، بے قاعدہ ، ناقص (کام) : کمزور ۔ (۴) رقت آمیز (جذبہ، گفتگو وغیرہ) ۔ (۵) ڈھیلا ڈھالا : غیر موزوں (لباس) ۔ (۶) مخمور : نشے میں ۔ (۷) متلاطم۔

Sloppy-joe : (n) (۱) لڑکیوں کا ڈھیلا ڈھالا سوئٹر ۔ (۲) اپنے لباس یا وضع قطع سے بے پروا شخص۔

Slopseller : (n) سستے سلے سلائے کپڑے بیچنے والا ۔

Slopshop : (n) سستے سلے سلائے کپڑوں کی دکان۔

Slopstone : (n) پتھر کی سل یا چوکی جو نل کے نیچے رکھی جاتی ھے ۔

Slopwork : (n) (۱) ارزاں سلے سلائے کپڑے تیار کرنا ۔(۲) سلے سلائے کپڑے ۔ (۳) پھوہڑپن کا کام۔

Slopworker : (n) ارزاں سلے سلائے کپڑے تیار کرنے والا ۔

Slopy : (a) دیکھو Sloping

Slosh : (n) (۱) کیچڑ ۔ (۲) ہلکی شراب ، پتلی شراب ۔ (۳) چھلکنا (رقیق شے کا) ۔ (۴) سیال مادے کی تھوڑی مقدار ۔ (۵)ضرب۔

Slosh : (v) [Imitative.] (۱) کیچڑ میں لتھیڑنا : لت پت کرنا ۔ (۲)مٹر گشت کرنا : آوارہ پھرنا ۔ (۳) چھپ چھپ کرنا ۔ (۴)جلدی جلدی یا بے تکے پن سے ڈھالنا ۔ (۵) چڑھانا : ڈھکوسنا : نگلنا ۔ (۶) پیٹنا : مارنا ۔

Sloshed : (a) مدھوش : نشے میں۔

Sloshy : (a) (۱) کیچڑ سے بھرا ہوا۔ (۲) کمزور : پھسپھسا : پھیکا۔ (۳) بیٹھی ہوئی آواز۔ (۳) نکمی : مہمل : لچر۔

Slot : (n) [(M) LG., (M)Du. 'Slot'.] (۱) دروازے، کھڑکی کی آگل : چٹخنی۔ (۲) دھات کی سلاخ : لکڑی کی چپٹی پٹی۔

Slot : (n) [OFr. 'Esclot'.] (۱) نالی : سوراخ : شگاف : درز (مشین وغیرہ میں تاکہ اس میں کوئی چیز خصوصاً کوئی سکہ ڈالا جا سکے) : سلاٹ۔ (۲) دوہرا حاشیہ جس میں ڈوری لگی رہتی ہے (بیگ وغیرہ کا)۔ (۳)کسی تنظیم، سلسلہ، فہرست وغیرہ میں کوئی مقام۔ (۳) (عام) دیکھو Slot-machine۔

Slot : (n) [OFr. 'Esclot'.] جانور کے پاؤں کا نشان خاص کر ہرن کے پاؤں کا نشان : ہرن وغیرہ کی کھوج۔

Slot : (v) (۱) (مشین میں) سکہ ڈالنے کے لئے سوراخ بنانا : اس قسم کے سوراخ اور درزیں رکھنا۔ (۲) مشین کے سوراخ میں سکے ڈالنا۔

Slot : (v) (۱) چٹخنی لگانا۔ (۲) تالا بند کرنا۔

Slot : (v) ہرن وغیرہ کی کھوج لگانا : پیروں کے نشانات کے ذریعے پیچھا کرنا۔

Sloth : (n) [ME. 'Slaupe'.] (۱) سستی : کاہلی : احدی پن : آلکس۔ (۲) ڈھیل : درنگ۔ (۳) بھالوؤں کا غول۔ (۳) تَنبل : ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح ہوتے ہیں اور زیادہ تر درختوں پر رہتا ہے۔

Sloth-animalcule : (n) سست چال حوین : تَنَبل۔

Sloth-bear : (n) ہندوستان اور سری لنکا کا بھالو : ریچھ۔

Sloth-monkey : (n) ایک قسم کا لنگور۔

Sloth-hound : (n) کھوجی کتا۔

Sloth-machine : (n) شگاف دار مشین : وہ مشین جس میں کوئی سکہ ڈالنے سے چھوٹی چھوٹی چیزیں خود بخود نکل آتی ہیں: سلاٹ مشین۔

Sloth man : (n) اخبار کا ایڈیٹر جس کے ذمے خبروں کی ترتیب ہوتی ہے۔

Sloth-meter : (n) وہ میٹر جو پیسے ڈالنے سے چلتا ہے۔

Slothful : (a) سست : کاہل۔

Slothfully : (adv.) سستی سے : کاہلی سے۔

Slothfulness : (n) سستی : کاہلی : احدی پن۔

Slotter : (n) شگاف انداز۔

Slotting : (n) (۱) شگاف اندازی : سوراخ بنانا۔ (۲) (جمع) (کوئلے کی کان) وہ کوئلہ جو سوراخ کرنے میں کاٹا جاتا ہے یا نکلتا ہے۔

Slotting : (n) (۱) شگاف اندازی : سوراخ بنانا۔ (۲) (جمع) (کوئلے کی کان) وہ کوئلہ جو سوراخ کرنے میں کاٹا جاتا ہے یا نکلتا ہے۔

Slotting machine(ry) : (n) شگاف انداز اوزار۔

Slouch : (n) [Origin unkn.] (۱) پھوہڑ : بے ڈھنگا یا بے ہنگم آدمی : بھدا بے وقوف آدمی : گنوار : ان گھڑ۔ (۲) سست : کاہل آدمی۔ (۳) (عام) نالائق یا بھدا کاریگر : اناڑی۔ (۳)نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی۔ (۵) ہیٹ کا کنارہ نیچے کی طرف مڑا ہونا۔

Slouch : (v) (۱) جھکنا : جھکانا : لٹکنا : لٹکانا۔ (۲) بے ہنگم قطع سے چلنا : کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔ (۳) ٹوپی (ہیٹ) کا ایک طرف کا کنارہ موڑ لینا۔

Slouch hat : (n) نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی۔

Slouched hat : (n) دیکھو Slouch-hat

Slouchily : (adv.) پھوہڑپن سے : بے ڈھنگے پن سے : سستی سے : کاہلی سے۔

Slouchiness : (n) پھوہڑپن : سستی : کاہلی۔

Slouching : (a) (۱) بے ہنگم۔ (۲) نیچے مڑے ہوئے کنارے والی (ٹوپی)۔

Slouchingly : (adv.) بے ہنگم طریقے سے جھکا ہوا۔

Slouchy : (a) (۱) پھوہڑ : بے ہنگم۔ (۲) سست : کاہل : ناکارہ : بد سلیقہ۔

Slough : (n) [OE. 'Sloh'.] (۱) دلدل : کیچڑ کی جگہ : گلابہ۔ (۲)(مجازاً) اخلاقی پستی۔ (۳) دلدلی زمین، سڑک وغیرہ کا گڈھا جس میں کیچڑ بھر گئی ہو۔

Slough : (n) [ME. 'Sloh'.] (۱) سانپ کی کینچلی یا کوئی حصہ جو اس کے جسم سے الگ ہو : نیز سانپ کی کھال۔ (۲) ٹڈی

وغیرہ کا چمڑا جو تبدیل ہیئت کے وقت الگ ہوتا ھے۔ (۳) (مجازاً) چھوڑی ہوئی عادت۔ (۴) چمڑا ؛ کھال۔ (۵) چھلکا۔ (۶) (مرضیات) مردار گوشت : کھرنڈ ؛ انگور زخم۔ (۷) تاش کا ایک کھیل۔

Slough : (v) (۱) الگ ہو جانا : ہٹ جانا : کیچلی کی طرح اتار پھینکنا۔ (۲) کینچلی آ جانا۔ (۳) (سانپ کا) کینچلی چھوڑنا : کینچلی اتارنا۔ (۴) (مجازاً) ترک کر دینا : موقوف کر دینا : پیچھا چھڑانا۔ (۵) (تاش کا کیل) ترک کر دینا۔ (۶) (پیسے جانے میں) گرنا یا اچھلنا۔ (۷) گرنا۔ (۸)کھرنڈ بن جانا۔

Slough : (v) (عام) زور سے مارنا : ضرب لگانا۔

Slough grass : (n) بعض قسم کی گھاس۔

Slough of Despond : (n) قعر گناہ جس میں انسان نجات سے مایوس ہو کر گر جائے : انتہائی افسردگی کی حالت۔

Sloughing : (n) (۱) کھرنڈ بننا : انگور زخم بننا۔ (۲) کینچلی چھوڑنا۔

Sloughy : (a) دلدلی : جہاں دلدل ہو۔

Sloughy : (a) مردار گوشت کا : کھرنڈدار۔

Slounge : (v) [alt. of 'Lounge'.] مٹر گشت کرنا : آوارہ گردی کرنا۔

Slovak/ Slovac(k) : (n) [Slovak, Czech.] شمالی ہنگری کی سلاف قوم کا فرد۔

Slovake/ Slovac(k) : (a) شمالی ہنگری کی سلاف قوم کا۔

Slovakian : (a & n) دیکھو Slovak

Sloven : (n & a) [Flem. 'Sloef'.] میلا : پھوہڑ :بے سلیقہ : بے تمیز : عادتاً ناصاف رہنے والا : کاہل۔

Slovene : (n) [G. 'Slowene'.] کارتھیا اور آسٹیریا کی سلافی نسل کا فرد۔

Slovene : (a) کارتھیا اور اسٹیریا کی سلافی نسل کا۔

Slovenliness : (n) پھوہڑپن : بے سلیقہ پن۔

Slovenly : (a) (۱) پھوہڑ : بے سلیقہ : لاپروا (لباس وغیرہ میں)۔ (۲) میلا : بے تمیز : (کام میں) غفلت کرنے والا۔

Slovenly : (adv.) پھوہڑپن سے : بے پروائی سے : بے سلیقہ پن سے۔

Slow : (n) (۱) سست : آرام طلب آدمی۔ (۲) سست رفتار گھوڑا۔ (۳) آہستہ گیند پھینکنے والا۔ (۴) آہستہ سے پھینکا ہوا گیند۔

Slow : (a) [OE. 'Slaw'.] (۱) ہلکا : دھیما : آہستہ : دھیرے۔ (۲) تدریجی۔ (۳) سست : تامل کرنے والا : دیر لگانے والا : سست رفتار (آدمی)۔ (۴) کُند : غبی : بے وقوف : کم عقل۔ (۵) (طب) بے حس و حرکت : کم حس والا۔ (۶)(طب) سست رفتار۔ (۷) پیچھے (گھڑی)۔ (۸)غیر دلچسپ : بے لطف۔ (۹) سستی کا (کام وغیرہ)۔ (۱۰)(آگ) مدھم۔ (۱۱) ہلکا : معمولی (بخار)۔ (۱۲)(فوٹوگرافی) (پلیٹ) تصویر دیر میں اتارنے والی۔ (۱۳) سست رفتار ریل کی (پٹری)۔

Slow : (adv.) آہستہ آہستہ : دھیرے دھیرے : ہولے ہولے : بتدریج : دھیما دھیما۔

Slow : (v) (۱) کم کرنا : دھیمی کرنا (ریل ، جہاز وغیرہ کی رفتار کو)۔ (۲) اپنی رفتار کم کرنا : آہستہ کرنا۔ (۳) سست ہو جانا : کمزور ہو جانا۔

Slow-belly : (n) (۱) سست : کاہل شخص : آرام طلب : پیچھے رہ جانے والا : پھسڈی۔ (۲) پیٹو : بسیار خور : بلانوش : کھاؤ۔

Slow-burning : (a) آہستہ چلنے والا : سست رفتار۔

Slow-coach / Slowcaoch/ Slow coach : (n) کاہل : آلکسی : سست رفتار شخص : کند : غبی آدمی۔

Slow fever : (n) معمولی بخار : دھیما بخار۔

Slow-foot : (a) آہستہ خرام : سست رفتار۔

Slow-footed : (a) دیکھو Slow-foot

Slow-hound : (n) کھوجی کتا۔

Slow-match : (n) دھیمی دیا سلائی : وہ دیا سلائی جس سے پھٹنے والی چیزوں میں آگ لگائی جاتی ھے۔

Slow-motion : (n) (۱) سست حرکت۔ (۲) (سنیما) آہستہ تصویر اندازی۔

Slow-moving : (a) دیکھو Slow-footed

Slow-paced : (a) (۱) سست رفتار۔ (۲) دیر میں آنے یا واقع ہونے والا؛ دیر کا : بعد از وقت۔

Slow-pill : (n) مسکن دوا جو گھوڑے کو ناجائز طور پر کھلا دیتے ہیں تاکہ اس کی رفتار سست پڑ جائے اور وہ گھڑ دوڑ میں جیت نہ سکے ۔

Slow poke : (n) سست آدمی ۔

Slow-poke : (v) سستی کرنا ۔

Slow-spoken : (a) سست کلام ۔

Slow-up : (n) نمایاں زوال یا انحطاط ۔

Slow-witted : (a) غبی ؛ کند ذہن ۔

Slow-worm : (n) کورما ؛ دو موہی ؛ ایک قسم کا کیکڑا جو چھپکلی اور سانپ کے بین بین ہوتا ھے ۔

Slowdown : (n) کام کرنا ۔

Slowgoing : (a) (۱) آرام طلب ؛ آسانی پسند ۔ (۲) بے حوصلہ ؛ غیر مہم جو ۔

Slowish : (a) کسی قدر سست ۔

Slowly : (adv.) آہستہ آہستہ ؛ بتدریج ؛ سستی سے ؛ تاخیر کے ساتھ؛ ہچکچاتے ہوئے ؛ پس و پیش کرتے ہوئے ۔

Slowness : (n) سستی ؛ آہستگی ؛ کند ذہنی ۔

Slows : (n) ایک قسم کی بیماری ۔

Sloyd/ Slojd : (n) [Sw. 'Slojd'.] اسکول میں دست کاری کی تعلیم کا طریقہ جس میں زیادہ تر لکڑی کی کھدائی کا کام سکھایا جاتا ھے ۔

Sloyd-knife : (n) لکڑی پر کندہ کاری کرنے کی چھری ۔

Slub : (n) [MDu. 'Slubbe'.] کیچڑ ؛ میل کچیل ۔

Slub : (v) کیچڑ میں لتھیڑنا ۔

Slub/ Slubb : (v) [Origin unkn.] اون کی پونی بنانا ۔

Slub : (n) اون کی پونی ۔

Slub : (a) نا ہموار تانا کی وجہ سے بنا ہوا نقش و نگار ۔

Slubber : (v) (۱) (کام) بے پروائی سے کرنا ؛ پھوہڑ پن یا بے ڈھنگے پن سے کرنا ۔ (۲) رال بہانا ؛ رال یا تھوک بھر دینا ۔ (۳)لت پت کرنا ؛ لتھیڑنا ۔ (۴) (مجازاً) داغ لگانا ؛ دھبا لگانا ؛ بٹا لگانا ؛ آلودہ کر دینا ۔

Slubber : (n) (اون کا) پونیاں ساز ۔

Slubberdegullion : (n) بے پروا شخص ؛ پھوہڑ ۔

Slubbering : (a) بے پروائی کا ؛ پھوہڑپن کا ۔

Slubberingly : (adv.) بے پروائی سے ؛ پھوہڑپن کے ساتھ ۔

Slubbing : (n) (۱) پونیاں بنانا ؛ پونیاں سازی ۔ (۲) وہ دھاگے جو پونیاں بنانے میں نکلیں ۔ (۳) پونیاں بنائی ہوئی اون یا روئی ۔

Slubbing billy : (n) پونیاں ساز مشین ۔

Slubby : (a) کیچڑ آلود ؛ کیچڑ بھرا ۔

Slubby : (a) پونیاں دار ۔

Slud : (n) [of Scand origin.] پھسلنا کیچڑ ؛ چکنی کیچڑ ۔

Sludge :(n) [Alter of 'Slush'.] (۱) گاڑھی چکنی کیچڑ ؛ گاد ۔ (۲) موری کی کیچڑ ؛ لُجّن ؛ لائی ۔ (۳) (بحری) برف کا چور ؛ نا مکمل بنی ہوئی برف ۔ (۴) کوئی مٹی یا کیچڑ سا مادہ یا تہ نشیں مادہ ۔ (۵) جما ہوا یا گاڑھا خون ۔ (۶) کچ دھات کا چور جس میں پانی ملا ہو ؛ کچ دھات کی گاد ۔

Sludge : (v) (۱) کیچڑ میں تبدیل کرنا یا ہونا ۔ (۲) کیچڑ سے بھر دینا ؛ کیچڑ صاف کر دینا ۔ (۳) خون (سرخ خلیے کا) بستہ ہو جانا ؛ جم جانا ؛ خون کے چھوٹے خلیوں میں ۔

Sludge-hole : (n) بائلر کا مانس موکھا جس سے تلچھٹ یا گاد نکالی جا سکے ۔

Sludger : (n) گاد پمپ ؛ ریت پمپ ۔

Sludgy : (a) (۱) کیچڑ بھرا ۔ (۲) برف کے چھوٹے ٹکڑوں سے بنا ہوا ۔

Slue : دیکھو Slew

Slug : (n) (۱) سست آدمی ؛ کاہل ۔ (۲) سست رفتار آدمی یا گاڑی ۔ (۳) حلزون ؛ راب ؛ گھونگا ۔ (۴) بعض اقسام کے کیڑے جو پودوں کی ہلاکت کے باعث ہوتے ہیں ۔

Slug : (n) (۱) بندوق کی بے ڈول گولی ۔ (۲) (عام) چسکی : شراب وغیرہ کا ذرا سا گھونٹ ۔ (۳) دھات کا گول سا ٹکڑا ۔ (۴) (طباعت) ٹائپ کی سطر ۔ (۵) پچاس ڈالر کا طلائی سکہ جو ۱۸۳۹ء اور ۱۹۱۵ء میں جاری کیا گیا تھا۔ (۶) پانچ سنٹ (Cents) کی قیمت کی دھات کا ٹکڑا ۔ (۷) گائے ، بیل وغیرہ کی ابتدائی سینگ ۔ (۸) بڑی کیل جو جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ھے ۔ (۹) ناقص دریائی موتی ۔ (۱۰) نیم گرم کچ دھات ۔

Slug : (v) (۱) (بندوق میں) بے ڈول گولی بھرنا ۔ (۲) (گولی کا) فائر ہونے پر بندوق کی نال کے قطر کے مطابق شکل اختیار کر لینا ۔ (۳) سست اور کاہل ہونا : کاہل کی طرح پڑے رہنا : آوارہ پھرنا : کام میں تاخیر کرنا ۔

Slug : (v) (۱) زور سے مارنا : بے تحاشا مارنا ۔ (۲) قوت کے ساتھ آگے بڑھنا یا بڑھانا ۔

Slug : (n) کاری ضرب ۔

Slug-a-bed/ Slug-abed : (n) وہ شخص جو دیر تک بستر پر پڑا رہنے کا عادی ہو : پلنگ کا کیڑا ۔

Slug-caterpillar : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Slug-fly : (n) ایک قسم کی مکھی جو Slug-worm سے بنتی ھے ۔

Slug-horn : (n) بگل : ترم ۔

Slug-snail : (n) گھونگا : حلزون ۔

Slug-worm : (n) بعض قسم کی مکھیوں کا پہلا روپ ۔

Slugfest : (n) مکا بازی کا مقابلہ ۔

Sluggard : (n) سست ، متھا یا آرام طلب شخص ۔

Sluggard : (a) سست : کاہل : متھا ۔

Sluggardize : (v) (۱) سست بنانا : کاہل بنانا ۔ (۲) سستی کرنا ۔

Sluggardly : (adv.) سستی سے : کاہلی پن سے ۔

Sluggardness : (n) سستی : متھاپن : آرام طلبی ۔

Slugger : (n) (۱) اندھا دھند ہاتھ چلانے والا ۔ (۲) خام دھات چورنے والی بیلن کا چپٹا ابھار ۔

Sluggish : (a) بے عمل : آلکسی : سست : کاہل : متھا : آرام طلب : کاہل الوجود : سست رفتار ۔

Sluggishly : (adv.) سستی سے : کاہلی پن سے : بے عملی سے ۔

Sluggishness : (n) سستی : متھاپن : آرام طلبی ۔

Sluice : (n) [OFr. 'Escluse'.] (۱) پانی روکنے یا نکالنے کا پھاٹک یا دروازہ ، بند کا دروازہ : آب بند ۔ (۲) وہ پانی جو بند کے دروازے کے اوپر یا نیچے ہو یا اس میں سے گزرتا ہو : بند کا پانی ۔ (۳) چھوٹی نہر یا نالی ۔ (۴) ندی یا نہر کے پانی کو ضبط کرنے یا روکنے کی ایک ساخت جس میں دروازہ یا دروازے لگے ہوتے ہیں جس سے پانی کے نکاس یا داخلے کو باقاعدہ بنایا جاتا ھے یا کنٹرول کیا جاتا ھے ۔ (۵) (ایک ترکیب) جس کے ذریعے پانی کا بہاؤ باقاعدہ بنایا جاتا ھے : فاضل پانی نکالنے کی نالی ۔ (۶)(سونا دھونے میں) مصنوعی نالی جس میں پانی کے فوارے کے ذریعے سونے کے ذرات کو طلا خیز مٹی سے الگ کیا جاتا ھے ۔ (۷) (مجازاً) رکے ہوئے جذبات ۔

Sluice : (v) (۱) بند میں دروازہ لگانا ۔ (۲) بند کھول کر پانی بھر دینا (میدان وغیرہ میں) ۔ (۳) پانی سے کھنگالنا ۔ (۴) خوب پانی ڈالنا (کسی چیز پر) ۔ (۵) (پانی کا) بند کے دروازے سے زور سے بہنا ۔ (۶) طلا خیز مٹی کو فوارے کے ذریعہ دھونا ۔ (۷) لکڑی کے کندوں کو آب بند کا دروازہ کھول کر بہانا ۔

Sluice box : (n) طلادار مٹی دھونے کی ایک لمبی ناند ۔

Sluice-gate : (n) آب بند : در آب بند ۔

Sluice-valve : (n) آب بند والو ۔

Sluice-way : (n) نہر آب بند ۔

Sluicy : (a) (بارش) موسلا دھار ۔

Slum : (n) [of Cant. origin.] (۱) شہر کی گندگی : تاریک گلی یا محلہ ۔ (۲) جوئے میں دی جانے والی گھٹیا چیزیں (بطور انعام) ۔

Slum : (v) (۱) گندی گلیوں میں جا کر غریبوں کی خبر گیری کرنا یا ان کی حالت کا معائنہ کرنا ۔ (۲) شرمناک حرکت کے لئے شہر کی گندی گلیوں میں جانا : ایسی جگہوں میں جا کر چھپنا ۔

Slum : (n) [by Shortening.] (۱) دیکھو Slime ۔ (۲) (کان کنی) کان کا اندرونی راستہ ۔

Slum : (n) (۱) گوشت کا اِسٹو ۔ (۲) لال کیچڑ جو کان کے آب بند سے نکلتی ھے ۔

Slumber : (n) (۱) خواب : نیند ۔ (۲) سونے یا آرام کرنے کا موقع یا مدت : جھپکی ۔ (۳) (مجازاً) آرام : خواب راحت : سستی یا بے حسی کی حالت ۔

Slumber : (v) [ME. 'Slumere'.] (۱) سونا : اونگھنا: جھپکی لینا ۔ (۲)(مجازاً) ابدی نیند سونا: قبر میں سونا ۔ (۳)سستی کرنا: کاہلی کرنا۔(۴) بے حس و حرکت رہنا۔ (۵)خاموش رہنا ؛ پر سکون رہنا ؛ پر اطمینان رہنا ۔ (۶) سو کر (وقت) گزارنا یا ضائع کرنا ۔

Slumber : (a) نیند کا: نیند سے متعلق : سونے سے متعلق ۔

Slumber-cap : (n) جال دار ٹوپی جس کو پہن کر سوتے ہیں تاکہ بال بے ترتیب نہ ھوں ۔

Slumber-party : (n) نوجوان لڑکیوں کا رت جگا (خصوصاً کسی ایک گھر پر) جس میں شب خوابی کے لباس میں ملبوس رات کا زیادہ تر حصہ گپ شپ میں گزارتی ہیں ۔

Slumber-wear : (n) لباس شب خوابی ۔

Slumberer : (n) سونے والا شخص ۔

Slumbering : (n) سونا یا سو رہنا ۔

Slumbering : (a) سونے والا ۔

Slumberingly : (adv.) سونے والا ۔

Slumberless : (a) بے خواب کا : بے نیند کا ۔

Slumberless : (a) بے خواب : بے نیند کا ۔

Slumberous/ Slumbrous : (a) (۱) سست : کاہل : بستر پر رہنے والا ۔ (۲) (نیند سے) بھاری : بوجھل (آنکھیں) ۔ (۳) خواب آور: نیند لانے والی ۔ (۴) ساکن : پر سکون : پر اطمینان۔ (۵) پر سکون ، خاموش (مقام) ۔ (۶) خواب آلود : سونے کے لئے موزوں (وقت وغیرہ) ۔

Slumberously : (adv.) خواب آلود طرز سے :سستی سے : پر سکون طور سے ۔

Slumberousenss : (n) سستی ؛ آلکسی : خواب آور ھونا : پر سکون ھونا ۔

Slumbery : (a) دیکھو Slumberous

Slumgullion : (n) (۱) بے ذائقہ مشروب ۔ (۲) بکرے یا بھیڑ کے گوشت کا اسٹو ۔(۳) خون ، تیل اور نمک جو وہیل کے کسی اہم حصے کو کاٹتے وقت جہاز کے عرشے پر جمع ھو جاتا ھے۔ (۴) کان کے آب بند کے پاس جمع ھو جانے والی سرخ کیچڑ ۔

Slumgum : (n) فضلہ جو چھتے سے شہد اور موم نکالنے کے بعد بچ جاتا ھے ۔

Slummage : (n) وہ تلچھٹ جو اس برتن کے پیندے میں جمع ھو جاتی ھے جس میں خمیر اٹھایا جاتا ھے ۔

Slumming : (n) (لوگوں کی) خبر گیری کے لئے یا خیراتی مقصد کے ساتھ شہر کی گندی گلیوں میں گھومنا ۔

Slummy : (a) شہر کے گندے تاریک محلے سے متعلق ۔

Slump : (n) [LG.] بڑی مقدار یا تعداد : (توصیفی معنی میں) (رقم) یکمشت ۔

By, in (the) slump : اکٹھا : مجموعاً ۔

Slump: (n) (۱) (تجارت) کساد : یکایک قیمت کا گرنا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی کام میں) یک لخت سرد بازاری : اچانک اور بھاری کمی (قیمت میں ھو جانا) ۔ (۳) (کھیل میں) ہارنے کی باری یا وقت ۔ (۴) ریزش زمین : ہبوط ارض ۔ (۵) ایک قسم کی شیرینی ۔

Slump : (n) دلدل ۔

Slump : (v) اکٹھا کرنا : مجموعاً رکھنا ۔

To slump together : ایک ساتھ اکٹھا کرنا ۔

Slump : (v) [of Symbolic origin.] (۱) دلدل میں گرنا : دلدل میں دھنسنا : پانی میں چھپاک سے کرنا ۔ (۲) (ھوا کا) بند ھو جانا ۔ (۳) بے ہنگم طریقے سے چلنا ۔ (۴)یکایک قیمت کا گرجانا یا زیادہ ھو جانا ۔ (۵) زور سے ٹپکنا : دھڑ سے ٹپکنا ۔ (۶) یکایک گرا دینا (قیمت کا) ۔ (۷) پھسل جانا : نیچے بیٹھ جانا ۔ (۸) بالکل نہ چلنا ؛ بالکل ناکامیاب ھونا ۔

Slumpy : (a) دلدلی (زمین) ۔

Slung : (a) جھولے میں رکھا ھوا : جھولے میں رکھ کر لٹکایا ھوا ۔

Slung-shot : (n) فلاخن : تسمے سے لٹکی ہوئی گولی ۔

Slunk : (a) قبل از وقت پیدا ہونے والا (بچھڑا) ۔

Slunkskin : (n) دیکھو Slinskin

Slup : (v) [Perhaps alt. of Slop.] چسکی لے کر پینا : گھونٹ گھونٹ پینا ، آواز کے ساتھ ۔

Slur : (n) بننے کی مشین کا پھسلواں حصہ ۔

Slur : (n) (۱) تحقیر : بدنامی : الزام ۔ (۲) نقص : داغ : دھبا ۔ (۳) (طباعت) غلط چھپائی : گندی چھپائی ۔ (۴)(موسیقی) مرغول یا گٹکری کا نشان ۔ (۵)آوازوں کا مدغم ہونا : ادغام ۔ (۶) رقص میں پھسلواں حرکت ۔

To cast, put, throw (etc.) a slur on or upon (a person or thing) : الزام ڈالنا : بدنام کرنا ۔

Slur : (v) [of LG origin.] (۱) داغ لگانا : دھبالگانا ۔ (۲) (طباعت) دھندلا یا مسخ کر دینا ۔ (۳) (امریکا) (دیوار پر) پلستر کرنا ۔ (۴) الزام لگانا ، دھرنا : بدنام کرنا ۔ (۵) نظر انداز کرنا: چشم پوشی کرنا ۔ (۶)(کسی چیز کو) عجلت سے اور سرسری طور پر دیکھنا : ملاحظہ کرنا ۔ (۷)(موسیقی) ایک بول گانا : ایک بول کئی سروں میں گانا : مسلسل لے میں گانا : مرغول یا گٹکری بھرنا : دو یا زیادہ سروں پر مرغول کا نشان لگانا ۔ (۸) دھندلا کر دینا : دھبے ڈالنا : دبا دینا : خفیف کر کے دکھانا : جلدی جلدی پڑھنا ۔ (۹) اس طرح لکھنا یا بولنا کہ حرف یا آواز ایک دوسرے سے مل کر صاف طور پر سمجھ میں نہ آئے : مدغم کرنا ۔

Slur : (v) [L. 'Slurren'.] پھسلنا : رپٹنا ۔

Slurp : (v) [Du. 'Slurpen'.] (کسی چیز کو) آواز کے ساتھ کھانا یا پینا ۔

Slurp : (n) آواز کے ساتھ نگلنا ۔

Slurred : (a) دھندلا : غیر واضح ۔

Slurry : (n) [ME. 'Slory'.] ناحل پذیر شے کا محلول (پانی میں) : مٹی یا سمنٹ کا محلول ۔

Slurry : (v) ناحل پذیر شے کا محلول تیار کرنا ۔

Slurry : (v) دھبا ڈالنا : داغ لگانا : میلا کرنا : گندہ کرنا ۔

Slush : (n) [of Scand origin.] (۱) برف کا پانی (پگھلنے پر) : برفاب ۔ (۲) کیچڑ ۔ (۳) چربی یا چکنائی (جو جہاز پر گوشت کو ابال کر نکالی جائے) ۔ (۴) چکنائی کا مرکب ۔ (۵) چونے اور سفید سیسے کا مرکب جس سے مشین کے حصے کو رنگ دیتے ہیں ۔ (۶) بے معنی گفتگو : تصنیف یا بے معنی جذبات : مکروہ جذبات ۔ (۷) (امریکا) ناجائز کمیشن : رشوت ۔ (۸) نقلی روپے (نوٹ) ۔ (۹) بے ڈھنگا اور پھوہڑ شخص ۔

Slush : (n) چھپ چھپ یا چھپاک آواز ۔

Slush : (v) (۱) کیچڑ میں لتھڑنا : کیچڑ میں لت پت کرنا ۔ (۲) (بحری) مستول میں چربی یا چکنائی لگانا ۔ (۳)چونا اور سفید سیسے کے محلول سے رنگنا (مشین کے پرزے یا حصے کو) ۔ (۴) سمنٹ اور مسالے سے بھرنا ۔ (۵) خوب پانی ڈالنا ۔ (۶) (کسی شخص پر) پانی پھینکنا ۔ (۷) (سوروں کا) آواز کے ساتھ کھانا : چپڑ چپڑ کر کے کھانا : مر بھوکے کی طرح کھانا ۔ (۸) کیچڑ سے گزر جانا : دھپ دھپ کرتے چلنا ۔ (۹) چھپ چھپ کی آواز پیدا کرنا ۔

Slushiness : (n) (۱) کیچڑ سے بھرا ہوا ہونا (کسی چیز کا) ۔ (۲) (مجازاً) کمزوری ۔ (۳) جذباتیت ۔

Slushy : (a) دیکھو Sloshy

Slushy : (n) (۱) (عام) جہاز کا خانساماں ۔ (۲) خانساماں کا معاون ۔

Slut : (n) (۱) پھوہڑ عورت : بد سلیقہ : بد تمیز عورت : زبان دراز لڑکی ۔ (۲) بدکردار عورت : کسبی : قحبہ : فاحشہ ۔ (۳)کتی : کتیا ۔ (۴) ایک قسم کی شمع ۔

Slutch : (n) کیچڑ ۔

Slutchy : (a) کیچڑ سے بھرا : گدلا : کیچ سے بھرا ۔

Sluther : (v) [Alternative of Slither.] پھسلنا : رپٹنا ۔

Sluther : (n) پھسلنا : رپٹنا ۔

Sluttish : (a) (۱) پھوہڑ : بے سلیقہ : میلی : گندی (خصوصاً عورت) ۔ (۲) گندی ، میلی (چیز) ۔ (۳) بے سلیقہ ۔

Sluttishly : (adv.) بے سلیقے پن سے : پھوہڑ پن سے ۔

Sluttishness : (n) پھوہڑپن : بے سلیقگی ۔

Slutty : (a) دیکھو Sluttish

Sly : (a) [ME. 'Sleh, Sley'.] (۱) چالاک : عیار : چلتا پرزہ : مکار : ریا کار : عیارانہ : مکاری کا : ریاکاری کا ۔ (۲) (کام) چھپ کر کرنے والا : چھپا ہوا : خفیہ ۔ (۳) استاد : کائیاں : پکا : پکے پن سے : کائیاں پن کا ۔ (۴) شرارت کا : مسخرے پن کا ۔

On the sly : چپ چاپ : خفیہ طور پر : چھپ کر ۔

Sly : (v) پھسلنا : رپٹنا ۔

Sly-boots : (n) شریر : مکار (بچوں یا جانوروں کے لئے مزاحاً) ۔

Sly-goose/ Slygoose : (n) جنگلی بطخ ۔

Slyly : (adv.) دیکھو Slily

Slyness : (n) مکاری : عیاری ۔

Slype : (n) [Origin unkn.] (تعمیرات) وہ راستہ جو بڑے گرجے کے اندر سے پادری کے گھر یا مجلس خانے کو جاتا ھے : دیواری راہ ۔

Smack : (n) [OE. 'Smaec'.] (۱) خفیف سا مزا : چاشنی : کسی چیز کا خاص مزہ ۔ (۲) شائبہ : جھلک : ہلکا سا رنگ (کسی صفت کا) ۔ (۳) شدید : تھوڑا علم : شراب کی قلیل مقدار ۔

Smack : (n) (۱) چٹخارا : چٹاخا (ہونٹ چاٹنے وغیرہ کی آواز) ۔ (۲) تھپڑ : چپت ۔ (۳) (کرکٹ) زور دار ہٹ ۔ (۴) چٹخارے والا بوسہ : ماچ : چمّی ۔ (۵) کوڑا وغیرہ مارنے کی آواز ۔ (۶) ہمت : جرأت ۔

A smack in the face : جھڑکی : دھتکار ۔

Smack : (n) [LG. Du. 'smacke'.] (۱) یك مستولی کشتی جس میں زیادہ تر مچھلی کا شکار ہوتا ھے ۔ (۲) ماہی گیری کا بڑا جہاز ۔

Smack : (v) (۱) چکھنا ۔ (۲) خفیف سا مزا یا چاشنی ہونا ۔ (۳) (مجازاً) شائبہ ہونا : جھلك ہونا : ہلکا سا رنگ ہونا ۔

Smack : (v) [MLG. MDu, 'Smacken'.] (۱) چٹخارے لینا : ہونٹ چاٹنا ۔ (۲) مزے لے لے کر پینا (شراب وغیرہ) ۔ (۳) کوڑے پھٹکارنا ۔ (۴) چپت ، تھپڑ وغیرہ مارنا : دروازہ دھڑاك سے بند کرنا ۔ (۵) چمّی لینا : آواز کے ساتھ بوسہ لینا ۔ (۶) زور سے پٹك دینا ۔

Smack : (adv.) (۱) چٹاخ سے : دھڑ سے : دھڑاك سے ۔ (۲) ٹھیك : پورا : مکمل طور پر ۔

Smack-dab : (adv.) بالکل : ٹھیك ۔

Smack-smooth : (adv.) مکمل طور پر : کامل طور سے ۔

Smacked : (a) پیسا ہوا ۔

Smacker : (n) (۱) چٹخارے دار بوسہ ۔ (۲) زور دار تھپڑ : چٹاخا ۔ (۳) کسی چیز کا بڑا یا غیر معمولی نمونہ ۔ (۴) چٹخارا لینے والا : تھپڑ مارنے والا ۔ (۵) (عام) ڈالر ۔

Smackeroo : (n) [f. 'Smacker'.] (عام) ڈالر ۔

Smacking : (n) چٹخارے کی آواز : چمّی کی آواز ۔

Smacking : (a) (۱) چاق و چوبند : چست و چالاک ۔ (۲) نہایت عمدہ ۔ (۳) شدید : موافق (ہوا) ۔

Smacksman : (n) ماہی گیر جہاز کا ملاح یا مالك ۔

Smaik : (n) [ME.] شہدا : بدمعاش : بد ذات ۔

Small : (a) [OE. 'Smael'.] (۱) (جانور ، آدمی) چھوٹا : کوتاہ (جسامت ، قوت اور تعداد میں) : کم : تھوڑا ۔ (۲) چھوٹی حیثیت کا : چھوٹا (دکان دار ، کسان وغیرہ) ۔ (۳) چھوٹی قسم کا : چھوٹا ۔ (۴) تھوڑا : قلیل ۔ (۵) معمولی : غیر اہم : خفیف ۔ (۶) چھوٹا : ادنی طبقے کا : گم نام : فرومایہ : کم مایہ ۔ (۷) ذلیل : کم ظرف : کم درجے کا ۔ (۸) باریك : مہین ۔ (۹) ہلکی (شراب) ۔ (۱۰) دھیمی ، نیچی : مدھم : نرم (آواز) ۔ (۱۱) کمزور (نبض) ۔ (۱۲) دبتی ہوئی آواز والا (حرف علت) ۔ (۱۳) تنگ نظر : متعصب ۔ (۱۴) ذلیل کیا ہوا : مجروح ۔

In a small way : معمولی طریقے سے : معمولی حیثیت سے ۔

Small : (n) (۱) کسی شی کا سب سے پتلا حصہ ۔ (۲) (جمع) (آکسفورڈ) ڈگری حاصل کرنے سے پہلے کا امتحان : ابتدائی امتحان ۔ (۳) چھوٹا جانور یا آدمی : بچے ۔ (۴) ادنیٰ طبقے کا آدمی ۔ (۵) کوئلے کا چورا ۔ (۶) پیر یا پیٹھ کا پتلا حصہ : کمر ۔ (۷) (جمع) برجس ۔ (۸) شام کی مختصر صحبت (مختصر وقت کی) ۔

By small and small : آہستہ آہستہ : تھوڑا تھوڑا کر کے ۔

Great and small : امیر و غریب : بڑے چھوٹے سب ۔

In small : چھوٹے پیمانے پر : تھوڑا ۔

Small : (adv.) (۱) چھوٹے ٹکڑوں یا لقموں میں ۔ (۲) آہستہ سے :

Small holding : (n) چھوٹا سا کھیت جس میں پچاس ایکڑ سے زیادہ زمین نہ ہو ۔

Small hours : (n) طلوع صبح سے پہلے کے گھنٹے (نیم شب کے بعد) ۔

Small intestine : (n) چھوٹی آنت ۔

Small line : (n) چھوٹی شست ۔

Small-minded : (a) چھوٹے دل کا : تنگ نظر ۔

Small-mindedly : (adv.) تنگ نظری سے ۔

Small-mindedness : (n) تنگ نظری : چھوٹے دل کا ہونا ۔

Small-money : (n) دیکھو Small change

Small part : (n) چھوٹا کردار : چھوٹا رول (تھیٹر یا فلم میں) ۔

Small people : (n) پریاں ۔

Small pica : (n) چھاپے کے حروف کا ایک سائز ۔

Small potato : (n) حقیر یا ادنیٰ آدمی یا چیز ۔

Small-scale : (a) (۱) چھوٹے پیمانے کا ۔ (۲) چھوٹے پیمانے والا (نقشہ) ۔

Small-stuff : (n) (بحری) کاتا ہوا سوت یا ڈوری جو جہاز کے اردگرد استعمال ہوتی ہے ۔

Small-sword : (n) خنجر ۔

Small talk : (n) بہت معمولی گفتگو : روزمرہ کی گفتگو : غپ شپ ۔

Small-talk : (v) روزمرہ کی گفتگو کرنا : غپ شپ کرنا ۔

Small time : (n) وہ تھیٹر جس میں کام زیادہ اور اجرت کم ہو ۔

Small-town : (a) چھوٹے شہر یا بڑے دیہات سے یا وہاں کی زندگی سے متعلق ۔

Small-ware(s) : (n) (۱) متفرق اشیائے تجارت ۔ (۲) پتلا یا تنگ کپڑا : پٹی ۔

Smallage : (n) کرفس برّی : اجمود ۔

Smallen : (v) چھوٹا کرنا یا بنانا ۔

دھیرے سے ۔ (۲) چھوٹے پیمانے پر ۔

To sing small : انکساری سے کہنا : کچھ نہ کہنا ۔

Small and early : (n) تھوڑے آدمیوں کی دعوت جو جلدی ہی ختم ہو جائے ۔

Small arm : (a) (۱) چھوٹے اسلحہ سے لیس : چھوٹے اسلحہ کا ۔ (۲) چھوٹا دستی اسلحہ ۔

Small-arms : (n) دستی اسلحہ : بندوق ، پستول وغیرہ ۔

Small beer : (n) (۱) ہلکی بیئر (شراب) ۔ (۲) معمولی پیشہ : معاملہ وغیرہ ۔

To think small beer of : حقیر سمجھنا : ادنیٰ سمجھنا یا تصور کرنا ۔

Small-body : (n) (طباعت) لمبا ٹائپ (Long printer) سے چھوٹا ٹائپ ۔

Small-bore : (a) (۱) (بندوق) جس کی نال قطر کم ہو ۔ (۲) تنگ نظر ۔

Small bower : (n) وہ لنگر جو جہاز کے ماتھے پر ہوتا ہے ۔

Small capitals : (n) ایک چھوٹے سائز کے بڑے حروف ۔

Small cattle : (n) بیل سے چھوٹے سائز (قد) کے مویشی مثلاً بچھڑا ، بھیڑ وغیرہ ۔

Small chair : (n) بے بازوؤں کی سی ۔

Small change : (n) (۱) پیسے اور ریزگاری وغیرہ : خردہ : چھوٹے سکے ۔ (۲) (مجازاً) اِدھر اُدھر کی باتیں : معمولی گفتگو ۔

Small circle : (n) (علم النجوم) دائرۂ صغیر ۔

Small-clothes/ Smallclothes : (n) (۱) جانگھیا ۔ (۲) چھوٹے کپڑے ، مثلاً رومال ، بچوں کے کپڑے وغیرہ ۔

Small coal : (n) چھوٹے سائز کا کوئلہ : کوئلے کا چورا ۔

Small-fry : (a) (۱) غیر اہم : کم درجے کا : ادنیٰ درجے کا : ناقابل لحاظ ۔ (۲) بچکانہ : طفلانہ ۔

Small holder : (n) چھوٹے کھیت کا مالک یا زمین کا چھوٹا رقبہ آباد کرنے والا شخص ۔

Smallish : (a) چھوٹا سا : ذرا سا۔

Smallness : (n) (۱) چھوٹا پن : کمی : قلت : کوتاہی۔ (۲) چھوٹی چیز۔

Smallpox : (n) چیچک : جدری : ستیلا : بڑی ماتا۔

Smallpox : (v) چیچک میں مبتلا کرنا یا چیچک کے نشان ڈالنا۔

Smallpoxed : (a) چیچک میں مبتلا : جس کو چیچک کا نشان ہو۔

Smallshot : (n) (عام) غیر معروف آدمی : بے وقعت آدمی۔

Smalm : (۱) چکنا کرنا۔ (۲) خوشامد کرنا۔

Smalt : (n) [Fr.] (۱) نیلا شیشہ۔ (۲) گہرا نیلا رنگ۔ (۳) رنگین شیشے کا ٹکڑا۔

Smalt-blue : (n) نیلے شیشے کے سفوف سے بنا ہوا رنگ۔

Smalt-blue : (a) گہرا نیلا۔

Smaltine : (n) (کان کنی) ٹن کی سفید کوبالٹ۔

Smaltite : (n) دیکھو Smaltine

Smalto : (n) [It.] رنگین شیشہ جو پچی کاری میں کام آتا ہے۔

Smalts : (n) نیلا شیشہ۔

Smaragd : (n) [OFr. 'Smaragde'.] زمرد : زبر جد۔

Smaragdine : (a) [L. 'Smaragdinus'.] زمرد سے متعلق : زمرد کے رنگ کا : گہرا سبز۔

Smaragdine : (n) زمرد : زبر جد۔

Smaragdite : (n) [Fr.] سبز سنگیا۔

Smarm : (v) [Origin unkn,] دیکھو Smalm

Smarmy : (a) خوشامدی۔

Smart : (n) [ME. 'Smierte, Smerte'.] (۱) ٹیس : تکلیف : درد : جلن : چرچراہٹ۔ (۲) دکھ : صدمہ : روحانی کرب : چوٹ۔ (۳) دیکھو Smart-money۔ (۴) قابل لحاظ رقم۔

Smart : (n) صاف ستھرا یا سلیقے کا لباس پہنے والا : خوش لباس : خوش گفتار۔

Smart : (a) [Late OE. 'Smeart'.] (۱) سخت : شدید۔ (۲) تیز : پر زور : زور کا۔ (۳) حاضر جواب : تیز طبع۔ (۴) ہوشیار : چست و چالاک۔ (۵) چلتا ہوا : کائیاں۔ (۶) تر و تازہ : خوش منظر (باغ وغیرہ)۔ (۷) صاف ستھرا یا سلیقے کا لباس پہنے : عمدہ یا ٹھاٹھ کا لباس پہنے : طرح دار : خوش لباس : جامہ زیب۔ (۸) سازو سامان سے درست : لیس : سجا سجایا ہوا : ٹھاٹ کا (مکان ، جہاز وغیرہ)۔ (۹) رئیسانہ : اعلیٰ طبقے کا۔ (۱۰) ہمہ واں : جگ گیانی : ہونہار۔ (۱۱) قابل لحاظ : معقول۔ (۱۲) پر زور : نکتہ سنجانہ۔

Smart : (v) (۱) سخت تکلیف ہونا یا دینا : شدت سے درد ہونا یا پیدا ہونا : ٹیس اٹھنا : جلن ہونا (زخم وغیرہ میں)۔ (۲) چرکا لگنا : دل میں نشتر کی طرح چبھنا (طعن وغیرہ) (جرمانہ وغیرہ) برداشت کرنا۔

Smart : (adv.) دیکھو Smartly

Smart alect/ -alec : (n) خر دماغ شخص : شیخی باز شخص : عیار۔

Smart-grass : (n) فلفل آبی۔

Smart-money : (n) (۱) تاوان : ہرجانہ۔ (۲) معاوضہ : تلافی۔

Smrt-money : (n) (۱) وہ بازی یا سٹہ جو ایسا سٹے باز لگائے جسے اندرونی علم ہو۔ (۲) وہ سٹے باز جسے اندرونی علم ہو۔

Smart set : (n) انتہائی فیشن پرست سوسائٹی۔

Smart weed : (n) فلفل آبی۔

Smartaleckism/ Smartalecism : (n) خر دماغی : عیاری۔

Smartalecky / Smart aleck / Smartalec : (a) خر دماغ : شیخی باز : عیار۔

Smarted-up : (a) بنا ٹھنا : بنی ٹھنی : صاف ستھرا پوشاک پہنے۔

Smarten : (v) (۱) چست و چالاک بنانا۔ (۲) صاف ستھرا پوشاک پہنانا۔ (۳) چمکانا۔

Smarting : (a) (۱) تیز : شدید۔ (۲) شدید درد میں مبتلا۔

Smartingly : (adv.) شدت سے۔

Smartyish : (a) (۱) کسی قدر خوش وضع یا خوش لباس۔ (۲) کسی قدر اہم۔

Smartly : (adv.) چالاکی سے : تیز طبعی سے : بانکپن سے ۔

Smartness : (n) تیزی : چستی : تیز طبعی : بانکپن : خوش لباسی : ٹھاٹ ۔

Smarty : (a) خر دماغ : عیار ۔

Smarty : (n) خرد دماغ شخص : عیار شخص ۔

Smarty-pants : (n) دیکھو Smarty

Smash : (n) (۱) کاری ضرب : بھر پور ہاتھ ۔ (۲) تباہی ۔ (۳) (لان ٹینس) زور کا ہاتھ (جو جالی کے اوپر سے نیچے کی طرف لگایا جائے)۔ (۴) شکستگی ۔ (۵) پاش پاش ہونے کی آواز ۔ (۶) مکمل تباہی : پورا دیوالیہ ۔ (۷) دیوالیہ : عام تباہی (تجارت میں) ۔ (۸) شکست فاش ۔ (۹)(امریکا) شراب اور برف کے پانی کا شربت ۔ (۱۰)نمایاں کامیابی ۔ (۱۱) زور سے ٹکرانا : تصادم : ٹکر ۔ (۱۲) کپڑے کا نقص جو تانا کے ٹوٹنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ھے ۔

To break, knock etc. to smash : پاش پاش کر دینا ۔

Smash : (n) [Origin unkn.] جعلی سکہ ۔

Smash : (adv.) نہایت زور سے : پوری قوت سے ٹکرا کر ۔

Smash : (a) غیر معمولی : نمایاں ۔

Smash : (v) (عام) جعلی سکہ چلانا ۔

Smash : (v) [Probably imitative.] (۱) پاش پاش کر دینا : توڑ پھوڑ کر رکھ دینا : پرخچے اڑانا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا : بھر پور ہاتھ لگانا ۔ (۳) شکست فاش دینا : قوت کو درہم برہم کر دینا : تہس نہس کر دینا : قلع قمع کر دینا ۔ (۴)(ٹینس) گیند کو جال کے اوپر سے نیچے کی طرف پوری قوت سے مارنا ۔ (۵) (کارخانہ ، کمپنی وغیرہ کا) بیٹھ جانا : دیوالہ نکل جانا ۔ (۶) پاش پاش ہونا ۔ (۷)زور سے گرنا ۔

To go smash : بیٹھ جانا : دیوالہ نکل جانا ۔

Smash-and-grab : (a) (وہ چوری) جس میں دکان کی کھڑکی کو توڑ کر قیمتی مال اڑا لیا جائے ۔

Smash board signal : (n) ریل کا سگنل جو گاڑی کے گزرنے اور رک جانے کے بعد (پھر اپنی حالت پر) سرک کر آ جاتا ھے ۔

Smash fixer/ -hand/ -piecer : (n) تانا ٹوٹنے کی وجہ سے پیدا ہونے والے نقص کو دور کرنے والا ۔

Smash up : (n) (۱) کامل تباہی : پورا دیوالیہ ۔ (۲) تصادم : ٹکر ۔

Smasher : (n) جعلی سکہ چلانے والا ۔

Smasher : (n) (۱) (عام) کوئی غیر معمولی چیز یا بہت بڑی چیز یا عمدہ قسم کی چیز ۔ (۲) قطعی دلیل : زور دار دلیل : بیان قاطع : کاری ضرب : بھر پور ہاتھ یا وار ۔ (۳) پاش پاش کرنے والا ۔ (۴) (جلد سازوں کی) کتاب کو دبانے والی مشین ۔ (۵) ٹینس یا بیڈمنٹن کا کھلاڑی جو جالی کے اوپر سے نیچے کی طرف ہاتھ لگانے میں ماہر ہو ۔ (۶) کپڑے کا نقص دور کرنے والا ۔ (۷) چوڑے چھجے والی ٹوپی کی ایک قسم ۔

Smashery : (n) تباہی ۔

Smashing : (a) کاری : بھرپور : زور دار (ضرب) (شکست) : غیر معمولی : نہایت عمدہ : پر اثر ۔

Smashingly : (adv.) کاری طور پر : زور دار طریقے سے ۔

Smatch : (n) [ME. 'Smech, Smach'] (۱) چاشنی : ہلکا سا مزہ ۔ (۲) شائبہ : جھلک ۔

Smatch : (v) دیکھو Smack

Smatter : (v) [Origin unkn.] (۱) شد بد رکھنا : تھوڑا علم رکھنا یا سطحی علم رکھنا ۔ (۲) بغیر واقفیت کے بولنا ۔

Smatter : (n) (۱) شد بُد : سطحی علم : استعداد ۔ (۲) (جمع) خفیف یا ادنیٰ سی چیز : بچی کھچی چیز ۔

Smatterer : (n) شد بد علم رکھنے والا : معمولی لیاقت یا استعداد رکھنے والا ۔

Smattering : (n) شد بُد : تھوڑا سا علم : سطحی علم ۔

Smaze : (n) [f. Smoke + haze.] ہلکی دودی دھند یا کُہر ۔

Smear : (n) [OE. 'Smeoru'.] (۱) داغ دھبا ۔ (۲) کسی چیز کی ہلکی سی مقدار جو خورد بینی معائنہ کے لئے شیشے پر لگاتے ہیں ۔ (۳) بھیڑ کو لگانے کا لیپ ۔ (۴) (کوزہ گری) ایک قسم کی چمک پیدا کرنے والی پالش ۔ (۵) (کسی کو بدنام کرنے کے لئے) تہمت لگانا : تہمت ۔

Smear : (v) [OE. 'Smierwan'.] (۱) ملنا : لگانا : لیسنا ۔ (۲) دھبا

ڈالنا : داغ لگانا ۔ (۳) ضماد لگانا : لیپ لگانا : مرہم لگانا ۔ (۴) تبخیر کے عمل سے برتن پر پالش لگانا ۔ (۵)(کسی چیز کی) موٹی تہ جمانا : ردا جمانا ۔ (۶)خورد بینی معائنہ یا جانچ کے لئے شیشے پر لگانا ۔ (۷) بٹا لگانا : بدنام کرنا ۔

Smear case / Smier- : (n) ایک قسم کا پنیر ۔

Smear-dak : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Smear-sheet : (n) وہ اخبار یاجریدہ جس میں بے بنیاد ذاتی الزامات یا بدنمائی زیادہ ہو ۔

Smear word : (n) دشنام : رسوا کنندہ الفاظ ۔

Smeared : (a) گندہ : آلودہ : لت پت (کیچڑ ، خون وغیرہ سے) ۔

Smeared dagger : (n) ایک قسم کا پروانہ ۔

Smeariness : (n) داغ دار ہونا ۔

Smearless : (n) بے داغ : بے دھبے کا ۔

Smeary : (a) (۱) داغ دار : دھبے پڑا ۔ (۲) داغ ڈالنے والا : دھبے ڈالنے والا ۔

Smeath : (n) بعض قسم کی بطخیں ۔

Smectic : (a) [L. 'Smecticus'.] صاف کرنے والا : مصفی ۔

Smectite : (n) [Gr. 'Smectis' + -ite.] ایک قسم کی سفیدی مائل چکنی مٹی جس سے کپڑوں کے چکنے دھبے دور کئے جاتے ہیں ۔

Smectymnuan : (n) (۱) ان پانچ مصنفوں میں سے کوئی ایک جنہوں نے اس نام سے کتاب لکھی ھے ۔ (۲) ان مصنفیں کا معتقد ۔

Smectymnuan : (a) Smectymnans سے متعلق ۔

Smeddum : (n) (۱) باریک سفوف ۔ (۲) دیکھو Smitham ۔

Smee : (n) [Obsecurely related to Smeath, Smew'.] بعض قسم کی بطخیں ۔

Smeech : (n) [ME. 'Smech'.] گہرا دھواں ۔

Smeech : (v) دھواں نکالنا ۔

Smeek : (v) [OE. 'Smeocan'.] دھونی دینا : دم گھوٹنا ۔

Smegma : (n) [L.] جلد کی تہ میں صابن کی سی رطوبت (خصوصاً عضو تناسل کے اوپر کی جلد میں) : شحمی رطوبت : صابونیہ ۔

Smell : (n) (۱) قوت شامہ : سونگھنے کی قوت ۔ (۲) بو : باس ۔ (۳) بدبو : بری بو ۔ (۴) نشان : اشارہ : جھلک : کھوج ۔ (۵) سونگھنا : سونگھنے کا عمل ۔

Smell : (v) [ME. 'Smelle'.] (۱) سونگھنا : سونگھ کر معلوم کرنا : بو محسوس کرنا ۔ (۲) کھوج لگانے کے لئے اِدھر اُدھر سونگھنا : بو سے کھوج لگانا (کتے کا) ۔ (۳) (مجازاً) پتا چلا لینا : سراغ لگا لینا : بھید معلوم کر لینا : بھید معلوم کرنے کی کوشش کرنا : پتا چلانا ۔ (۴) بو دینا : بو آنا : بو ہونا (اچھی ، بری وغیرہ)۔(۵)سڑ جانا : بو آنے لگنا: اُبس جانا ۔ (۶) تاڑ جانا : قرینے یا قیاس سے سمجھ جانا: اشارہ پانا ۔ (۷) سونگھ کر امتیاز کرنا (دو یا زیادہ چیزوں میں) ۔ (۸) سونگھ کر راستے کا پتا چلانا۔ (۹) شائبہ رکھنا ۔

To smell a rat : (دھوکے یا فریب کا) شبہ کرنا ۔

To smell of the candle , lamp, oil etc. : (کتاب وغیرہ سے) ظاہر ہونا کہ راتوں کو جاگ کر لکھی گئی ھے : آورد ہونا ۔

To smell powder : جنگ کا تجربہ ہونا ۔

To smell the ground : (کنارے پر پہنچنے کے بعد) جہاز کی رفتار سست ہو جانا ۔

Smell-feast : (n) (۱) مفت خور : طفیلی ۔ (۲) خوشبودار کھانے کی دعوت (مہمانوں کی) ۔ (۳) دعوت کا پتا لگانے والا شخص : بغیر بلائے دعوت میں شریک ہونے والا شخص ۔

Smell-less : (a) (۱) بے بو ۔ (۲) جس میں قوت شامہ نہ ہو ۔

Smell out : (v) (۱) ڈھونڈنا : تلاش کرنا : کھوج لگانا ۔ (۲) پہلے سے جان لینا : قرینے یا قیاس سے سمجھنا یا سمجھ جانا ۔

Smell-smock : (n) بعض پودوں کا قدیم ۔

Smell up : (v) بدبو پھیلانا ۔

Smellable : (a) سونگھنے کے لائق : جس کی بو محسوس ہو ۔

Smeller : (n) (۱) سونگھنے والا (خصوصاً جو قوت شامہ سے کام لے کر

معلوم کرتا اور پتا لگاتا ھی) ۔ (۲) (عام) ناك : (جمع) ناك کے نتھنے ۔ (۳)زور کا مکه وغیرہ (خصوصاً ناك پر)۔ (۴) ملمس : جانوروں کی مونچھ یا سینگ جس سے وہ چیزوں کو محسوس کرتے ہیں : (جانوروں کے منه کے اطراف کے) سخت بال : ناك کے بال ۔

Smellful : (a) بدبو دار ۔

Smellfungus : (n) عیب جو : نکته چیں : حرف گیر ۔

Smellie : (n) وہ فلم جس میں مناظر کے ساتھ ساتھ بو بھی ہم وقت ہوا کرتی ھے ۔

Smelliness : (n) بودار ہونا ۔

Smelling : (a) بودار : بو والا : (خوش) بو ۔

Smelling : (n) (۱) بو ۔ (۲) سونگھنا ۔

Smelling bottle : (n) لخلخے کی شیشی : ناسدانی ۔

Smelling-salts : (n) لخلخه جو نوسادر میں کوئی خوشبو ڈال کر بنتا ھے ۔

Smelly : (a) دیکھو Smellfull

Smelt : (n) [OE. 'Smelt, Smylt'.] (۱) سامن کی قسم کی چھوٹی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ھے ۔ (۲) بعض دوسری قسم کی مچھلیاں ۔

Smelt : (v) [MLG. 'MDU, 'Smelten'.] (۱) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : سودھنا : تصفیه کرنا ۔ (۲) تپانا ۔

Smelt- : (Prefix) سابقه بمعنی "تصفیه" ۔

Smelt : (n) پگھلی ہوئی دھات ۔

Smelt : (n) [Origin unkn.] نصف گینی ۔

Smelt-furnace/ -house/ -mill : (n) وہ کارخانه جہاں کچی دھات صاف کی جاتی ھے :تصفیه خانه : سودہ گھر ۔

Smelter : (n) (۱) تصفیه گر : کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنے والا۔ (۲) تصفیه گری ۔

Smelter : (n) Smelt مچھلی پکڑنے والا ماہی گیر ۔

Smeltery : (n) وہ کارخانه جہاں کچی دھات پگھلا کر صاف کی جاتی ھے : تصفیه خانه : سودہ گھر ۔

Smelting : (n) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا : تصفیه : سودھنا ۔

Smeuse : (n) [Prob. blend of Smooth and meuse.] دیوار یا باڑ کا سوراخ : موکھا ۔

Smew : (n) [Du, 'Smient'.] ایك قسم کی بطخ جو مچھلیوں کو پکڑ کر کھاتی ھے ۔

Smicket : (n) [Dimunitive of Smock.] زنانه قمیص : کرتی ۔

Smidgen/ Smidgeon /Smidgin/ Smidge : (n) [Prob. alter of Smitch.] تھوڑی مقدار : ٹکڑا ۔

Smift : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) آہسته جلنے والی دیاسلائی یا فتیله ۔

Smilacin : (n) [Fr.] (کیمیا) ایك سفید یا بے رنگ اور بے بو کا بلوری مادہ ۔

Smilax : (n) [L.] (۱) بیلوں کی بعض قسمیں جن میں سے بعض سے عُشبه حاصل ہوتا ھے ۔ (۲) چوب چینی ۔

Smile : (n) (۱) تبسم : مسکراہٹ ۔ (۲) شادابی : تر و تازگی ۔ (۳) یاوری (تقدیر کی) ۔ (۴) شراب کا ایك جام (خصوصاً وہسکی کا) ۔

Smile : (v) [ME. 'Smilen'.] (۱) مسکرانا : تبسم کرنا ۔ (۲) کسی چیز پر خندہ زن ہونا : ہنسنا : مسکرانا ۔ (۳) تبسم سے ظاہر کرنا : مسکرا کر ادا کرنا (خیر مقدم ، رضا مندی ، تعریف وغیرہ) ۔ (۴) شاداب ہونا : تر وتازہ ہونا : مسرت چھائی ہوئی ہونا : مسرت سے لبریز ہونا ۔ (۵)یاوری کرنا: حسب مراد ہونا (تقدیر کا) ۔ (۶)شراب کا ایك جام پینا ۔ (۷) مسکرا کر لینا یا دور کر لینا ۔

To come up smiling : (n) ہمت نه ہارنا ۔

Smileful : (a) پر تبسم ۔

Smileless : (a) (۱) بے تبسم : سنجیدہ ۔ (۲) سنجیدہ (الفاظ)۔ (۳) بے رونق : اداس : افسردہ :حزیں ۔

Smilelessly : (adv.) سنجیدگی سے : سنجیدہ طور پر ۔

Smiler : (n) (۱) مسکرانے والا ۔ (۲) (عام) ایك قسم کی مخلوط شراب ۔

Smiley / Smily : (a) مسکراتا ہوا : پر تبسم ۔

Smilingly : (adv.) ہنستے ہوئے : مسکرا کر : متبسم ہو کر ۔

Smilingness : (n) مسکراتا ہوا ہونا : پر تبسم ہونا ۔

Smirch : (v) [Origin unkn.] (۱) دھبا ڈالنا : میلا کرنا : گندہ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) (عزت یا شہرت میں) داغ ، بٹا ، دھبا لگانا ۔

Smirch : (n) داغ : دھبا ۔

Smiris : (n) [Gr. 'Smyris'.] دیکھو Emery

Smirk : (n) بناوٹ یا حماقت کا تبسم یا ہنسی : کٹھ ہنسی ۔

Smirk : (a) صاف ستھرا : آراستہ پیراستہ : سجا سجایا : مزین : خوشگوار ۔

Smirk : (v) [OE.'Smearcian'.] (۱) بناوٹ یا حماقت سے ہنسنا : دانت نکال لینا ۔ (۲) دانت نکال کر بولنا ۔

Smirker : (n) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنسنے والا ۔

Smirkingly : (adv.) بناوٹ یا حماقت کی ہنسی ہنستے ہوئے ۔

Smirky : (a) صاف ستھرا : مسکراتا ہوا ۔

Smit : (v) [ME. 'Smitten'.] (۱) داغ ڈالنا : دھبا ڈالنا ۔ (۲) پرا گندہ کرنا : گندگی پھیلانا ۔

Smitch : (n) (۱) سیاہ داغ : دھبا ۔ (۲) (مجازاً) داغ بدنامی : بٹا : کالک کا ٹیکا ۔(۳) ہلکا اشارہ: مشابہت۔ (۳) گرد و غبار: کالک ۔

Smitch : دیکھو Smidgen

Smite : (n) ضرب : وار : ہاتھ (وار کا) : کوشش ۔

Smite : (v) [OE. 'Smitan'.] (۱) تباہ کر دینا : برباد کر دینا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا : لات مارنا : (ساز) چھیڑنا ۔ (۳)مارنا : قتل کرنا : ہلاک کر دینا ۔ (۳) (بجلی وغیرہ کا) گرنا : برباد کر دینا ۔ (۵) پیٹنا : ٹکرا دینا : ٹکرانا ۔ (٦) (بیماری کا) لگ جانا : اثر کرنا : مبتلا ہونا (عشق میں) مبتلا کر دینا ۔ (۷) مغلوب کرنا (خواہش کا) ۔ (۸)یکایک آنا یا پہنچنا : آکر ٹکرانا ۔ (۹) سزا دینا : سرزنش کرنا ۔ (۱۰) (ضمیر ، دل وغیرہ کو) مضطرب کر دینا : پریشان کر دینا ۔ (۱۱) کاٹ ڈالنا : کاٹ کر الگ کر دینا : ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ (۱۲) مار کر گھسا دینا : متصل کر دینا ۔ (۱۳) مار کر گرا دینا ۔ (۱۳) مارنا : ضرب لگانا۔ (۱۵) گھس جانا : داخل ہونا ۔ (۱٦)(دھوپ وغیرہ کا) چمکنا : تاباں ہونا : درخشاں ہونا ۔

To smite one hip and thigh : سخت ہزیمت دینا ۔

Smiter : (n) (۱) مارنے والا ۔ (۲) ایک قسم کا کبوتر ۔

Smith : (n) [OE. 'Smip'.] دھات کا کام کرنے والا : دھات گر خصوصاً لوہار ۔

Smith : (v) [OE. 'Smipian'.] (۱) (اوزار ، ہتھیار وغیرہ) (آگ میں تپا کر اور ہتھوڑے سے پیٹ کر) بنانا ۔ (۲) ہتھوڑے سے پیٹ کر کسی خاص شکل میں گھڑنا ۔ (۳) لوہار کا کام کرنا : آہن گری کرنا ۔

Smitham/ Smeddum : (n) [OE.'Smed(e)ma'.] (۱) باریک سفوف ۔ (۲) خام سیسے کا باریک سفوف ۔ (۳) حوصلہ : جرأت : جذبہ : جوش ۔

Smithcraft : (n) دھات گری : آہن گری ۔

Smithereens : (n) [Ir. Gael. 'Smidirin'.] ذرے یا ذرات : ذرا ذرا سے ٹکڑے ، ریزے ۔

Smithers : (n) [Origin unkn.] دیکھو Smithereens

Smithery : (n) آہن گری : لوہاری : لوہار کا کام ۔

Smithfield : (n) (۱) لندن کا قصابہ (گوشت کا بازار) ۔ (۲) لندن میں ایک جگہ کا نام ۔

Smithian : (a) [f. Adam Smith.] آدم اسمتھ یا اس کے معاشیاتی نظریہ سے متعلق ۔

Smithing : (n) دھات گری : آہن گری ۔

Smithsonite : (n) [Named after James Smithson.] (۱) جست کا سلیکیٹ ۔ (۲) جست کا کاربونیٹ ۔

Smithy/ Smiddy : (n) [ON. 'Smisdja'.] لوہار کی بھٹی : لوہار کی دکان : آہن گری کا کارخانہ : لوہار خانہ ۔

Smithy : (v) آہن گری کا کام کرنا : لوہار کا کام کرنا ۔

Smitten : (a) (۱) پیٹا ہوا : مارا ہوا ۔ (۲) مغلوب : مبتلا ۔

Smittle : (a) وبائی ؛ متعدی ۔

Smittle : (v) چھوت لگانا ؛ متعدی مرض پھیلانا ۔

Smock : (n) [OE. 'Smoc'.] (۱) زنانہ قمیص ؛ کرتی ۔ (۲) دیکھو Smock-frock ۔

Smock : (v) (۱) کرتی پہنانا ؛ قمیص پہنانا ۔ (۲) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش بنانا ۔

Smock : (n) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش ۔

Smock-face : (n) زرد رو ؛ پیلے چہرے والا ؛ زن نما چہرے والا شخص ۔

Smock-faced : (a) زرد رو ؛ پیلے چہرے والا ؛ زن نما چہرے والا ۔

Smock-frock : (n) (کھیت کے) مزدوروں کا ڈھیلا سا کرتا جس کے بالائی حصے میں چنٹیں پڑی ہوتی ہیں ، یہ کپڑوں کے اوپر پہن لیا جاتا ہے ۔

Smock-frocked : (a) ڈھیلا سا کرتا پہنے ہوئے ۔

Smock-mill : (n) ایک قسم کی ہوائی چکی جس کا بالائی حصہ گھومتا رہتا ہے ؛ بالا گرد ؛ پون چکی ۔

Smock-race : (n) عورتوں کی دوڑ کا مقابلہ جس میں قمیص بطور انعام دی جاتی تھی ۔

Smocker : (n) بلاؤز پہنانے والا ؛ کڑھائی کی آرائش بنانے والا ۔

Smocking : (n) (لباس پر) کڑھائی کی آرائش ۔

Smockless : (a) بے قمیص کا ۔

Smog : (n) [Blend of smoke & fog.] (۱) دودی دھند ۔ (۲) دودی دھند سے مشابہ کوئی چیز ۔

Smoggy : (a) دھندلا ۔

Smokable/ Smokeable : (a) پینے کے قابل (سگریٹ ، حقہ وغیرہ) ۔

Smokable/ Smokeable : (n) پینے کے قابل چیز (حقہ ، سگریٹ وغیرہ) ۔

Smoke : (n) [OE. 'Smoca'.] (۱) دھواں ؛ دخان ؛ دود ؛ کہر ۔ (۲) یئو(Yew) کا زرگل ۔ (۳) بھاپ ؛بخارات ۔ (۴) دھند؛ کہرا ۔ (۵) سگریٹ ؛ سگار ؛ تمباکو ۔ (۶) سگریٹ ، سگار ، حقے وغیرہ کے چند کش ۔ (۷) گھٹیا قسم کی شراب ۔ (۸) رفتار ۔ (۹) نیگرو ؛ حبشی ۔ (۱۰) ایک قسم کی پالتو بلی ۔ (۱۱) تمباکو نوشی کی مہلت (کام کے دوران) ۔

Cape smoke : جنوبی افریقہ کی گھٹیا قسم کی شراب ۔

Like smoke : تیزی سے ؛ بہت جلد ؛ بلا دقت ؛ ہوا کی طرح؛ آسانی سے ۔

There is no fire without smoke or no smoke without fire : تانبا شد چیز کے مردم نہ گوئند چیز ۔

The (big) smoke : لندن ۔

To come to, end in, vanish into smoke : بے کار جانا ؛ اکارت جانا ؛ ناکام رہنا ۔

To sell smoke : ٹھگنا ؛ فریب دینا ۔

Smoke : (v) (۱) دھواں نکلنا ؛ دھواں اٹھنا ؛ سلگنا ۔ (۲) بخارات اٹھنا ؛ ابخرات نکلنا ؛ بھاپ نکلنا ۔ (۳) دھواں دینا (آگ یا دود کش کا دھواں باہر نکالنے کی جگہ کمرے میں نکالنا) ۔ (۴) دھوئیں سے خراب کر دینا ؛ خراب ہو جانا؛ دھوئیں سے کیڑوں وغیرہ کو مارنا یا دور کرنا ۔ (۶)دھوئیں میں سکھا کر محفوظ رکھنا ۔ (۷) حقہ پینا ؛ سگار یا سگریٹ ، مدک چانڈ وغیرہ پینا ۔ (۸) تمباکو نوشی میں کوئی حالت طاری ہو جانا (بیماری وغیرہ) ۔ (۹) (روز مرہ ، اسکول کے لڑکوں کا) شرما جانا ؛ شرم سے چہرے پر سرخی دوڑ جانا ۔ (۱۰) تاڑنا؛ بھانپ جانا یا لینا ۔ (۱۱) ہنسی اڑانا ؛ بے وقوف بنانا ۔ (۱۲) دھواں کر کے بھگانا ۔ (۱۳) دیکھنا ؛ ملاحظہ کرنا ۔ (۱۴)(پائپ وغیرہ کا) پیا جانا ۔ (۱۵) بھاگ جانا ؛ لاپتا ہو جانا ؛ روپوش ہو جانا ۔ (۱۶) مٹی کی ہدف نما طشتری (جو پکی ہوئی مٹی سے بنتی ہے) چور چور کر دینا یا اس کا چور چور ہو جانا ۔

Smoke-arch : (n) ریل کے انجن کا دود خانہ ۔

Smoke-ball : (n) (۱) دخانی گولا ؛ ایک قسم کا گولا جس میں سے گہرا دھواں نکلتا ہے اور یہ اپنی نقل و حرکت دشمنوں سے چھپانے کے لئے چھوڑا جاتا ہے ۔ (۲) وہ گولا جو جانوروں کو گھیر کر شکار کرنے میں چھوڑا جاتا ہے ۔

Smoke-black : (n) کاجل ۔

Smoke-bomb : (n) دود خیز بم ؛ دخانی بم ۔

Smoke-box : (n) دود خانہ ۔

Smoke-chamber : (n) دیکھو Smoke-box

Smoke-dried : (a) دھوئیں میں خشک کیا ہوا۔

Smoke-dry : (v) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ کرنا یا (سوکھ کر محفوظ) ہونا۔

Smoke-farthing : (n) (۱) ایک قسم کی نذر ، چڑھاوا جو نشیب کے تعلقہ کے کنبے والے کلیسا کو دیا کرتے تھے ۔ (۲) خانہ داری یا محصول ۔

Smoke-glass : (n) دھندلے شیشے کا تال (دور بین کا) ۔

Smoke-helmet : (n) آگ بجھانے والے کا خود ۔

Smoke-hole : (n) (۱) دھوئیں کی نالی : دود کش ۔ (۲) دیکھو Fomarole .

Smoke-house : (n) (۱) دباغت کے کارخانے کا وہ کمرہ جس میں چمڑے سے بال کو صاف کیا جاتا ھے ۔ (۲) وہ جگہ جہاں چیزوں کو دھوئیں کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ھے ۔

Smoke-jack : (n) وہ مشین جو دود کش کی ہوا کی مدد سے سیخ کو الٹتی پلٹتی رہتی ھے : سیخ چرخی ۔

Smoke-mask : (n) دیکھو Smoke-helmet

Smoke-oh : (n) (آسٹریلیا) وقفہ : فرصت : مہلت ۔

Smoke out : (v) (۱) (چھپنے کی جگہ سے) دھواں کے ذریعے باہر نکالنا ۔ (۲) ظاہر کرنا : منکشف کرنا ۔

Smoke-sail : (n) (بحری) دھواں روک بادبان ۔

Smoke-screen : (n) (فوج) دھوئیں کی آڑ (فوج کی حرکت کو دشمنوں سے چھپانے کے لئے) پردہ ڈالنے ، گڈمڈ کرنے یا گمراہ کرنے والی چیز ۔

Smoke-stack : (n) (۱) جہاز کا دود کش : ریل کے انجن کا دود کش ۔ (۲) اسٹو وغیرہ کا دود کش ۔

Smoke-test : (n) نالی یا ٹیپ وغیرہ کو جانچنے کا ایک طریقہ ۔

Smoke tree : (n) ایک خوشنما جھاڑی جس کے پھلوں کے گچھے پروں کی طرح ہوتے ہیں اور دور سے ان پر دھوئیں کا شبہ ہوتا ھے ۔

Smoke up : (v) دھوئیں سے بھر دینا ۔

Smokeless : (a) بے دھوئیں کا ۔

Smokelessly : (adv.) بے دھوئیں کے ۔

Smokelessness : (n) بے دھوئیں کا ہونا ۔

Smokelike : (a) دھوئیں جیسا : دھوئیں سے مشابہ ۔

Smoker : (n) (۱) (مچھلی وغیرہ) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ کرنے والا ۔ (۲) دھواں چھوڑنے والا (دودکش ، ریل کا انجن وغیرہ) ۔ (۳) حقہ : تمباکو وغیرہ کا عادی: تمباکو نوش۔ (۴) ریل میں تمباکو پینے کا ڈبہ ۔ (۵) گانے وغیرہ کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو : تفریحی صحبت کے لئے مردوں کا اجتماع ۔

Smokily : (adv.) دھواں دیتے ہوئے ۔

Smokiness : (n) دھوئیں سے بھرا ہونا : دھندلا پن : دھوئیں سے کالا ہونا ۔

Smoking : (n) (حقہ ، سگریٹ وغیرہ) پینا ۔

Smoking : (a) دھواں دینے والا ۔

Smoking-bean : (n) ایک قسم کی پھلی جس کے ڈوٹے کو لڑکے سگریٹ کی طرح پیتے ہیں ۔

Smoking-car : (n) (ریل میں) تمباکو پینے کا ڈبہ ۔

Smoking concert : (n) گانے کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو ۔

Smoking-jacket : (n) خوشنما جیکٹ جو کھانے کے بعد تمباکو پینے کے وقت استعمال کرتے ہیں ۔

Smoking-room : (n) (ہوٹل وغیرہ کا) تمباکو پینے کا کمرا ۔

Smoking room : (a) گندہ : فحش ۔

Smoking stand : راکھ دان رکھنے کا ٹیکن ۔

Smokingly : (adv.) دھواں دیتے ہوئے ۔

Smokish : (a) کسی قدر دھندلا ۔

Smoko : (n) (آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں) تمباکو نوشی کی مہلت ۔

Smoky : (a) (۱) دھواں دینے والا : جس میں سے دھواں نکلتا ہو ۔

(۲) دھوئیں سے ڈھکا : دھوئیں سے بھرا ۔ (۳) دھندلا : دھوئیں جیسا ۔ (۴) دھوئیں سے کالا : دھوئیں کے رنگ کا ۔ (۵) دھوئیں کا مزا رکھنے والا : دھوئیندا ۔ (۶) تمباکو نوشی کا عادی ۔

Smoky : (n) (۱) ایک قسم کی گوریا ۔ (۲) دھواں دے کر سکھائی ہوئی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) ایک قسم کی بلی ۔

Smoky quartz : (n) دودی گار ۔

Smoky topaz : (n) دودی پکھراج ۔

Smolder : (n) [ME.] (۱) دھواں : گرد و غبار : داغ : دھبا ۔ (۲) آہستہ سلگنے یا سلگانے والی آگ ۔ (۳) گل نرگس کے بصلے کی ایک بیماری ۔

Smolder : (v) (۱) آہستہ آہستہ چلنا : بغیر شعلے کے جلنا سلگنا : اندر اندر ہی جلنا ، سلگنا ۔ (۲) (جذبات کا) دل میں چھپا یا دبا ہونا : اندر اندر ہی کام کرنا : اندر اندر ہی بھڑکتے رہنا ۔

Smolt : (n) [ME.] (۱) دوسرے سال کی سامن مچھلی ۔ (۲) (مجازاً) چھوٹا شخص یا چیز ۔

Smolt : (a) [ME.] پر سکون : پر اطمینان ۔

Smooch : (v) آلودہ کرنا : گندہ کرنا : میلا کرنا ۔

Smooch : (n) داغ : دھبا ۔

Smooch : (v) [alt. of 'Smouch'.] بوسہ لینا : لاڈ پیار کرنا ۔

Smooch : (n) بوسہ : چوما ۔

Smoochy : (a) داغدار : دھبے لگا ۔

Smoodge/ Smooge : (v) [Alter of 'Smouch'.] (۱) خوشامد کرنا : خوشنودی حاصل کرنا : چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔ (۲) بوسہ لینا : لاڈ پیار کرنا ۔

Smoor : کثیف دھواں ۔

Smoorich : (n) [Imitative.] چھپ چھپا کر : پوشیدہ طور پر لیا ہوا بوسہ ۔

Smoot : (v) [Origin unkn.] کسی گھر میں بے ضابطہ طور پر کام کرنا (باضابطہ ملازم نہ ہو کر) ۔

Smoot : (n) [of Scand. origin.] تنگ راستہ خصوصاً جس سے چھوٹے جانور رینگ رینگ کر گزر سکیں ۔

Smooth : (n) (۱) (بحری) (متلاطم سمندر کا) قدرے ساکن حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا چکنا حصہ : چکناپن : ہمواری ۔ (۳) ساکن پانی : ہموار زمین ۔ (۴) (کسی چیز کا) خوشگوار یا لطیف رخ ۔ (۵) چکنا کرنا : ہموار کرنا ۔ (۶) چکنا کرنے والی چیز : ریتی ۔ (۷) ٹینس کے بلے کا وہ رخ جس میں تانت کی گرہیں ہوتی ہیں ۔

Smooth : (a) [OE. 'Smop'.] (۱) چکنا : ہموار ۔ (۲) ساکن (پانی کی سطح) ۔ (۳) سلیس : لطیف : خوشگوار ۔ (۴) قائم : ٹھنڈا ۔ (۵) (نباتیات) بے مو : چکنا ۔ (۵) یکساں ۔ (۶) ہلکے مزے کی (شراب) ۔ (۸) (مزاج) نرم : ٹھنڈا : پر سکون : پر اطمینان ۔ (۹) (انداز یا طریقہ) شائستہ : با اخلاق : مصالحت آمیز : خوشامدانہ ۔ (۱۰) رواں : آسان : سہل ۔

To take smooth : آسان بنانا : سہل بنانا ۔

Smooth : (adv.) دیکھو Smoothly

Smooth(-)bore : (n) توپ یا بندوق جس کی نال اندر سے چکنی ہوتی ہے : معمولی بندوق ۔

Smooth(-)bore : (a) معمولی نال کی : چکنی نال والی (بندوق ، توپ وغیرہ) ۔

Smooth-breathing : (n) (یونانی گرامر) لفظ کی ابتدا میں حرف علت کی آواز جس میں ہائے ہوز کا میل نہ ہو ۔

Smooth chance : (n) (متلاطم سمندر کا) ساکن حصہ ۔

Smooth-chinned : (a) بے ریش : امرد ۔

Smooth-faced : (a) (۱) جس کا چہرہ بال ، جھریوں سے خالی ہو : بے داڑھی : بے ریش کا : امرد ۔ (۲) (مجازاً) تعلق سے پیش آنے والا : ظاہر داری برتنے والا ۔ (۳) (مجازاً) بظاہر معقول (الفاظ وغیرہ) : بظاہر صحیح ۔ (۴) چکنا : چکنی (چیز) ۔

Smooth-running : (a) آسانی سے چلنے والا ۔

Smooth-shaven : (a) داڑھی مونچھ منڈا ہوا ۔

Smooth-spoken : (a) چرب زبان : چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔

Smooth-tongued : (a) دیکھو Smooth-spoken

Smooth(e) : (v) (۱) ہموار کرنا ؛ مسطح کرنا ؛ برابر کرنا ؛ ساکن کرنا (سمندر کو) ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ سکون پر لانا (مزاج کو) ۔ (۲) سہل کرنا ؛ آسان کرنا ، بنانا ؛ حل کرنا (مشکل کو)۔ (۳) سہل اور خوشگوار بنانا ۔ (۴) غلطی یا قصور کی پردہ پوشی کرنا ؛ لیپا پوتی کرنا ۔ (۵)ساکن ہو جانا (سمندر کا) ۔ (٦) استری کرنا ۔ (۷) (پر یا بال کو) سنوارنا ۔ (۸) شائستہ بنانا ۔ (۹) تسکین پہنچانا ؛ (جرم وغیرہ کو) خفیف ثابت کرنا ۔

To smooth(e) over : لیپا پوتی کرنا ؛ پردہ پوشی کرنا ۔

Smoothen : (v) دیکھو Smooth(e)

Smoother : (n) چکنا کرنے والا ؛ شائستہ بنانے والا ؛ پر سکون بنانے والا ؛ استری کرنے والا ؛ استری ۔

Smoothie : (a) (۱) خوش اطوار شخص ۔ (۲) چرب زبان شخص ۔

Smoothing : (n) (۱) ہموار کرنا ؛ چکنا کرنا ۔ (۲) دوہرے حرف علت کو ایک حرف علت کی آواز میں تبدیل کرنا ۔ (۳) (لاسلکی) موجوں کے اتار چڑھاؤ کو ہموار کرنا ۔

Smoothing-iron : (n) استری ۔

Smoothing-plane : (n) چھوٹا رندہ ؛ مسطح ساز رندہ ۔

Smoothing-trowel : (n) پلاسٹر کرنے کی کرنی ۔

Smoothish : (a) خاصا ہموار ۔

Smoothly : (adv.) ہمواری کے ساتھ ؛ ملائمت سے ؛ شائستگی سے ؛ خوشامد کے ساتھ ؛ سلاست سے ؛ روانی سے ؛ لطافت سے ۔

Smoothness : (n) (۱) ہمواری ؛ چکناپن ۔ (۲) نرمی ؛ ملائمت ؛ خوشامد کا رنگ ؛ شائستگی ۔ (۳) سلاست ؛ روانی ؛ لطافت ۔

Smoothy : (a) دیکھو Smoothie

Smore : (n) کثیف دھواں ۔

Smore : (v) (۱) بگولہ ؛ گھنا گرد و غبار یا دھواں یا جھاگ ۔ (۲) بھوبھل ؛ جلتی راکھ ۔

Smorgasbord : (n) سوڈان کا ایک لذیذ کھانا ؛ ٹھنڈا کھانا ۔

Smote : دیکھو Smite

Smother : (n) [ME. 'Smosder'.] دیکھو Smore

Smother : (v) (۱) (دھوئیں سے) دم گھٹنا ۔ (۲) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ؛ دم گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۳) ناك میں دم کر دینا (بوسوں یا داد و دہش کی بھر مار سے) ۔ (۴) دبا دینا ؛ چھپانا ؛ ظاہر نہ ہونے دینا (معاملات کو)۔ (۵) آگ کو راکھ سے چھپانا یا دبانا ۔ (٦) کوئی چیز اندر ڈال کر ڈھك دینا ۔ (۷) (گوشت ، سبزی وغیرہ) برتن میں ڈھك کر دھیمی آنچ پر پکانا ۔ (۸) (آواز وغیرہ) دبانا ۔ (۹) گلا گھٹ کر مر جانا ؛ دم گھٹنا ؛ سانس رکنا ۔ (۱۰) سلگنا ؛ اندر ہی اندر جلنا ۔

Smother-fire : (n) سلگنے والی آگ ؛ اندر اندر جلنے والی آگ ۔

Smother-fly : (n) دیکھو Aphid

Smother-kiln : (n) وہ بھٹی جس میں چینی کے ظروف کو دھوئیں کے ذریعہ سیاہ کر دیا جاتا ہے ۔

Smotheration : (n) گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔

Smotherer (n) گلا گھونٹنے والا ۔

Smothering : (a) گلا گھونٹنے والا ۔

Smothing : (n) دم گھٹنا ؛ دم بستگی ۔

Smothery : (a) گلا گھونٹنے والی ؛ جس سے دم گھٹ جائے ۔

Smouch : (n) [Imitative.] بوسہ ؛ رقت آمیز بوسہ ۔

Smouch : (v) بوسہ لینا ۔

Smouch : (n) [Var. of Smoose.] داغ ؛ دھبا ۔

Smouch : (v) (۱) بے ایمانی سے حاصل کرنا ؛ چرانا ۔ (۲) بے ایمانی کرنا ۔

Smoulder : (n) (۱) گھنا گرد و غبار یا دھواں یا جھاگ ۔ (۲) سلگنا ؛ سوزش دروں ۔

Smoulder : (v) [MDu, 'Smolen'.] (۱) سلگنا ؛ اندر ہی اندر جلنا ۔ (۲) (جذبات وغیرہ کا) دل میں چھپا رہنا یا دبا ہونا ؛ اندر ہی اندر کام کرنا ۔

Smoulderingly : (adv.) سلگتے ہوئے ؛اندر ہی اندر جلتے ۔

Smouse/Smouch : (n) [Du. 'Smous'.] (۱) (عام) یہودی ۔ (۲) (جنوبی افریقہ) پھیری والا ؛ خانہ بدوش تاجر ۔

Smudge : (n) (۱) دم گھٹنے والا دھواں ۔ (۲) وہ آگ جو مچھر ، کیڑوں مکوڑوں کو بھگانے کے لئے جلائی جاتی ھے ۔ (۳)دھونی جو کیڑے مکوڑوں یا مچھروں کو بھگانے کے لئے دی جاتی ھے ۔

Smudge : (n) (۱) داغ : دھبا : کلنک کا ٹیکہ ۔ (۲) گندگی : داغ ڈالنا ۔ (۳) پینٹ کا تلچھٹ یا رنگ : روغن کا تلچھٹ ۔ (۴)کوئلے کا چورا ۔ (۵) دھندلی یا مسخ شدہ چیز (سطر وغیرہ) ۔

Smudge : (v) [Origin unkn.] (۱) کوئی چیز گرا کر خراب کرنا : بھرنا : دھبے ڈالنا : دھندلا یا مسخ کر دینا (عبارت کو) ۔ (۲)(عزت وغیرہ پر) داغ لگانا ، دھبا لگانا ، بٹا لگانا ، کلنک کا ٹیکہ لگانا ۔ (۳) دھندلا ہونا (سیاہی وغیرہ کا) ۔ (۴) کام بگاڑنا : ابتری ڈالنا ۔

Smudge : (v) [Origin unkn.] (۱) خیمہ وغیرہ میں دھواں کرنا ۔ (۲) خاک ہو جانا : گل جانا : سڑ جانا ۔

Smudge : (v) [Origin unkn.] چپکے چپکے ہنسنا : دل ہی دل میں ہنسنا ۔

Smudgily : (adv.) دھبا لگاتے ہوئے : داغ ڈالتے ہوئے ۔

Smudginess : (n) داغ دار ہونا : دھندلا ہونا ۔

Smudgy : (a) داغ دار : دھبے لگا : دھندلا : مسخ شدہ ۔

Smug : (a) [LG. 'Smuk'.] (۱) صاف ستھرا : طرح دار : جامہ زیب ۔ (۲) (چہرہ) چکنا : نرم ۔ (۳) صاف ستھری (چیز) ۔ (۴) مطمئن بالذات : گھمنڈی ۔

Smug : (v) چست و چالاک بنانا ۔

Smug : (v) [Probably back-formation from Smuggle.] اُڑا لینا : چوری کرنا ۔

Smuggle : (v) [LG. 'Smageln'.] (۱) خلاف قانون در آمد یا بر آمد کرنا : چنگی ادا کئے بغیر مال لے آنا ۔ (۲) خفیہ طور پر لانا یا لے جانا : چھپا دینا : غائب کر دینا ۔ (۳) اڑا لینا : لے بھاگنا ۔

Smuggler : (n) (۱) چنگی چور : چور بازار : سمگلر : خلاف قانون در آمد یا بر آمد کرنے والا : چوری سے مال لانے یا لے جانے والا ۔ (۲) وہ جہاز جس کے ذریعے خلاف قانون مال در آمد یا بر آمد کیا جاتا ھے ۔

Smuggling : (n) چور بازاری : محصول چوری ۔

Smugly : (adv.) صاف ستھرے طور پر ۔

Smugness : (n) صاف ستھرا ہونا : مطمئن بالذات ہونا ۔

Smur/ Smurr : (n) [Origin unkn.] کُہرے کی پھوار ۔

Smurry : (a) کُہر آلود : ابر آلود : دھندلا : کہریلا ۔

Smut : (n) (۱) کالا روگ : ایک روگ جو غلے کے کھیت میں لگ جاتا ھے اور بالیوں کو جلا کر سیاہ سفوف بنا دیتا ھے : کانگ یاری ۔ (۲) کالک کا دھبا : سیاہ دھبا : کلونس ۔ (۳)(کوئلے کی کان) خراب قسم کا نرم کوئلہ ۔ (۴) کالک ۔ (۵) چھوٹا کیڑا ۔ (۶) خرافات : فحش گفتگو : فحش الفاظ : فحش قصہ : پھکڑ ۔

Ditto, brother smut : (بچوں کی زبان) ترکی بہ ترکی جواب : وہ جواب جو پلٹ کر دیا جائے ۔

Smut : (v) (۱) سیاہ دھبے لگانا ۔ (۲) اناج میں کالا روگ لگنا ۔ (۳) فحش بنانا ۔ (۴) (مچھلیوں کا) چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو کھانا ۔ (۵) (اناج سے) کالا روگ لگے اناج کو الگ کرنا یا صاف کرنا ۔

Smut-ball : (n) کالا روگ لگا اناج کا دانہ یا اناج کا ذخیرہ ۔

Smut mill : (n) وہ مشین جو اناج کا روگ دور کر کے اسے صاف کرتی ھے ۔

Smutch : (n) دیکھو Smitch

Smutch : (v) (۱) داغ لگانا : دھبا لگانا ۔ (۲)بٹا لگانا : کلنک کا ٹیکہ لگانا ۔

Smutchy : (a) داغ دار : دھبے لگا ۔

Smuttily : (adv.) روگیلے پن سے : گندے پن سے ۔

Smuttiness : (n) جالا لگا ہونا : روگیلا ہونا : گندہ پن ۔

Smutty : (a) (۱) روگیلا : روگی : روگ ۔ (۲) جالا لگا : دود آلود ۔ (۳) فحش : گندہ ۔ (۴) دھندلا : دھنیلا ۔

Smyrna : (n) [L.] سمرنا (ایشائے کوچک کے خاص بندر گاہ کا نام جو اسی نام کی خلیج پر واقع ھے) ۔

Smyrna cotton : (n) ہندوستانی کپاس جو Levant میں پیدا کی جاتی ھے ۔

Smyrna wheat : (n) ایک قسم کا گیہوں جس کی بالی بڑی ہوتی ہے ۔

Smyrnaean : (n & a) سمرنا کا باشندہ ۔

Smyrnoite : (n) دیکھو Smyrnaean

Smyrniote : (a) سمرنا سے متعلق ؛ سمرنا کا ۔

Smytrie : (n) [Origin unkn.] چھوٹی مخلوق یا چیزوں کا مجموعہ ۔

Snah : (n) [Flem. 'Snabbe'.] (اسکاچستان) کھڑی چٹان کی چوٹی ۔

Snack : (n) [MDu. 'Snac(k)'.] (۱) چکت ؛ کاٹنا (خصوصاً کتے کا)۔ (۲) حصہ؛ بخرہ ۔ (۳) جرعہ۔ (۴) ہلکا ناشتہ ؛ ایک لقمہ۔

To go snacks : بانٹ لینا ؛ تقسیم کر لینا ؛ (کھانے میں) شرکت کرنا ۔

Snack : (v) (۱) (اچانک) کاٹ کھانا ؛ کاٹنا ۔ (۲) بانٹ لینا ؛ حصہ لگانا ؛ تقسیم کرنا ۔ (۳) ہلکا ناشتہ کرنا ۔ (۴) جلدی سے اٹھا لینا ۔

Snack : (a) (۱) ہوشیار ؛ تیز ؛ چست ۔ (۲) نازک مزاج ؛ تنک مزاج ۔

Snack bar : (n) (۱) وہ ہوٹل جہاں صرف ہلکا ناشتہ عموماً کاؤنٹر پر ملتا ہے ۔ (۲) (گھر کا) وہ کاؤنٹر جس پر ہلکا ناشتہ کیا جاتا ہے ۔

Snack table : (n) چھوٹی ہلکی میز جس پر ایک آدمی کا کھانا اور شراب وغیرہ پیش کی جاتی ہے ۔

Snaffle : (n) [LDu.] (۱) اکہری لگام جس میں بے کانٹوں کا دہانہ ہو ۔ (۲) ہلکی بندش یا روک ۔

To ride (a person) in , or with the snaffle : کسی شخص سے نرمی سے کام لینا ؛ نرمی سے پیش آنا ۔

Snaffle : (v) (۱) اکہری اور بے کانٹوں والے دہانے کی لگام لگانا ۔ (۲) چرانا ؛ لوٹ لینا ۔ (۳) روکنا ؛ ضبط کر لینا ؛ سرقہ کرنا ۔

Snaffle : (v) (۱) سڑکنا ؛ ناک میں لے جانا یا کھینچنا ۔ (۲) دیکھو Snuffle, Sniff ۔

Snafu : (a) [Situation normal all fouled up.] ٹیڑھا ؛ کج ؛ پراگندہ ؛ درہم برہم ؛ گڈ مڈ ۔

Snafu : (n) پراگندگی ؛ کجی ۔

Snafu : (v) پراگندہ کرنا ؛ الجھانا ۔

Snag : (n) [Of Scand origin.] (۱) ٹھنٹھ ؛ درخت کی ٹوٹی ہوئی شاخ کا بقیہ حصہ ۔ (۲) دریا کی تہ میں کھڑی ہوئی چٹان یا لکڑی کا نوک دار حصہ ۔ (۳) (مجازاً) رکاوٹ ؛ روک ؛ سد ۔ (۴) ٹوٹا ہوا دانت ؛ ریشۂ دندان ۔ (۵) ہرن کے سینگ کی شاخ (خصوصاً وہ جو چھوٹی ہو اور ٹھیک سے نشو و نما نہ پائی ہو) ۔ (۶) نوکیلی ؛ تیز ؛ ناصاف برآمدگی ۔ (۷) کسی چیز کا ناہموار ٹکڑا ۔ (۸) غیر معین رقم ۔

Snag : (v) (۱) جہاز کا ٹھنٹھ سے ٹکرانا ۔ (۲) (مجازاً) ٹھنٹھ کی طرح رکاوٹ پیدا کرنا ۔ (۳) ٹھنٹھ کاٹنا (درخت کا) ۔ (۴) ٹھنٹھ نکالنا (دریا وغیرہ کا) ۔ (۵) ڈھالی ہوئی اشیا سے برآمدگی دور کرنا ۔ (۶) جلدی سے پکڑنا ۔

Snag-boat : (n) دریا کی تہ سے ٹھنٹھ یا دوسری رکاوٹیں دور کرنے والا جہاز ۔

Snag-tooth : (n) ٹوٹا ہوا دانت ۔

Snagged : (a) (۱) بے ٹھنٹھ والا یا جس میں ٹھنٹھ نہ ہو ۔ (۲) ٹھنٹھ میں اٹکا ہوا ۔

Snaggle : (v) جلدی سے پکڑنا ؛ جھپٹ کر حاصل کرنا ۔

Snaggle-tooth : (n) ناہموار یا ٹوٹا ہوا دانت ۔

Snaggled : (a) ناہموار (دانت) ۔

Snaggy : (a) ٹھنٹھ کا سا ؛ گرہ دار ؛ نوکدار ۔

Snail : (n) [OE. 'Snaeg(e)l'.] (۱) حلزون ؛ گھونگا ۔ (۲) دیوار گھڑی کی ایک دندانے دار چرخی ؛ حلزونی چرخی ۔ (۳) سست آدمی ؛ مٹھا یا آرام طلب آدمی ۔ (۴) ایک قسم کا پودا جس کی پھلیاں گھونگے سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Snail : (v) (۱) سست رفتاری سے چلنا ؛ بہت آہستہ چلنا ۔ (۲) حلزونی بنانا ۔ (۳) (باغ وغیرہ کو) گھونگوں سے پاک کرنا ؛ گھونگوں کا شکار کرنا ۔

Snail-bore : (n) ایک قسم کی صدف ماہی جو کستورا ماہی میں سوراخ کر دیتی ہے ۔

Snail fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Snail-flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Snail-horned : (n) چھوٹے خمیدہ سینگوں والا (جانور) ۔

Snail-like : (a) (۱) گھونگے جیسا ۔ (۲) سست ۔

Snail-like : (adv.) سستی سے ؛ تاخیر سے ۔

Snail-paced : (a) سست ؛ سست رفتار ؛ کاہل ۔

Snail-plant : (n) ایک پودا جس کی پھلیاں گھونگے سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Snail-slow : (a) دیکھو Snail-paced

Snail-shell : (n) حلزونہ ۔

Snail's gallop/ -pace : (n) بہت ہی سست رفتار ؛ چیونٹی کی چال ۔

Snailery : (n) گھونگے پکڑنے کا پیشہ ۔

Snailish : (a) گھونگے کی طرح سست ۔

Snailishly : (adv.) گھونگے کی طرح سے ؛ سستی سے ۔

Snaily : (a) (۱) دیکھو Snailish ۔ (۲) گھونگوں سے بھرا ۔ (۳) دیکھو Snail-horned ۔

Snake : (n) [OE. 'Snaca'.] (۱) سانپ ؛ مار ؛ سانپ کی تصویر ۔ (۲) دغا باز ؛ بے مروت آدمی ۔ (۳) سانپ سے مشابہ چیز ۔ (۴) قرون وسطیٰ کا جنگی جہاز ۔

A snake in the grass : (۱) چھپا دشمن ۔ (۲) پوشیدہ خطرہ ۔

Great snakes : (فجائیہ ، غصے کے موقع پر) لاحول ولاقوۃ ۔

Poor snake : غریب حاجتمند یاحقیر شخص ؛ غلام ۔

To see snakes : ہذیان کا دورہ ہونا ۔

Snake : (v) (۱) سانپ کی طرح حرکت دینا ۔ (۲) سانپ کی طرح چلنا ؛ رینگنا ۔ (۳) سانپ کی طرح لپیٹنا ؛ مروڑنا ۔ (۴)(مجازاً) بل کھاتے ہوئے یا رینگتے ہوئے راستہ بنانا ۔ (۵) کھینچنا ؛ گھسیٹنا ۔ (۶) زبردستی کھینچنا ؛ جلدی کھینچنا ۔ (۷) (تیر کا) گرتے وقت زمین کے اندر گھس جانا ۔ (۸) چرانا ؛ لے بھاگنا ۔

Snake-berry : (n) ہزار چشاں ۔

Snake-bird : (n) لوا ؛ زقہ ۔

Snake-boat : (n) مشرق میں استعمال ہونے والی لمبی ڈونگی ۔

Snake-charmer : (n) سپیرا ۔

Snake-fence : (n) ٹیڑھی ٹیڑھی سلاخوں کی باڑ یا جنگلہ ۔

Snake-fish : (n) مار ماہی ؛ سانپ سے مشابہ مچھلی ۔

Snake-gourd : (n) چچینڈا ۔

Snake(-)head : (n) (۱) سوسن کی شکل کا پھولدار پودا ۔ (۲) قدیم ریل کی پٹری کا اوپر کی طرف مڑا ہوا سِرا ۔ (۳) سانپ کے سر کی تصویر ۔ (۴) وہ مچھلی یا کچھوا جس کا سر سانپ جیسا ہوتا ہے ۔

Snake-hipped : (a) پتلی اور سیماب وش سرین والا ۔

Snake-juice : (n) تیز شراب خصوصاً خراب قسم کی وہسکی ۔

Snake like : (a) سانپ جیسا ؛ مار نما ۔

Snake-poison : (n) وہسکی (شراب) ۔

Snake(-)root : (n) زراوند ؛ شر گیاہ ۔

Snake(-)stone : (n) (۱) امونی ؛ سخت خول اور ملائم جسم والے حشرات کی ایک قسم جو زیر زمین پائی جاتی ہے ۔ (۲)پاد زہر (پتھر) ۔ (۳) چھوٹا سام دار پتھر ۔ (۴) ایک قسم کا سان ۔

Snake-story : (n) سانپ کی کہانی (ناقابل یقین خصوصاً اس کے سائز اور لمبائی سے متعلق) ۔

Snake-weed/ Snakeweed : (n) (نباتیات) دو پیچہ ؛ انجبار ۔

Snake-wood : (n) جزائر شرق الہند میں پائے جانے والے بعض قسم کے درخت جن میں سے بعض کی لکڑی پر سانپ کی طرح کے نشانات رہتے ہیں ۔

Snakebit : (a) زہریلے سانپ کا کاٹا ہوا ۔

Snakebite : (n) (۱) مارگزیدگی ؛ سانپ کا کاٹا ۔ (۲) (نباتیات) عرق الدم ۔ (۳) شراب خصوصاً وہسکی ۔

Snakebite remedy : (n) شراب خصوصاً وہسکی ۔

Snakeling : (n) چھوٹا سانپ ؛ سانپ کا ۔

Snakes and ladders : (n) لوڈو کی قسم کا ایک کھیل جس میں سانپ اور سیڑھیاں کھلاڑی کے راستے میں رکاوٹ اور آسانی پیدا کرتے ہیں۔

Snakes(-) head / Snakeshead : (n) (۱) چتلا پھول : گل سرنگوں۔ (۲) دیکھو Snake-head ۔

Snakeskin : (n) سانپ کا چمڑا۔

Snakewise : (adv.) سانپ کی طرح : چپکے چپکے۔

Snakily : (adv.) سانپ کی طرح : پیچیدہ طور پر : بے وفائی سے۔

Snakiness : (n) سانپ پن : پیچیدہ پن : دغا بازی : مکاری۔

Snaking : (a) (۱) لہردار : پیچ دار : چکر دار۔ (۲) کھینچنے میں استعمال ہونے والی ۔

Snaking : (n) (۱) سانپ کی طرح حرکت دینا۔ (۲) لہردار یا پیچ دار چیز۔ (۲) ہوائی جہاز کا اِدھر اُدھر ہونا۔

Snakish : (a) سانپ جیسا : پیچیدہ۔

Snaky : (a) (۱) سانپ جیسا : مار صورت : پیچیدہ۔ (۲) بے وفا اور بے مروت : کینہ پرور : مکار۔ (۳) سانپوں سے بھری (جگہ) : جہاں سانپ کثرت سے ہوں۔ (۳) سانپ سے متعلق۔ (۵) سانپوں سے لپٹا ہوا (عصا وغیرہ)۔

Snap : (n) (۱) چکت : کاٹنا : منہ مارنا۔ (۲) کاٹنے ، ٹوٹنے ، دروازہ بند ہونے کی آواز : تڑاقا : چٹاخا : دھڑاکا۔ (۳) کنگن وغیرہ کا کھٹکا۔ (۳) ایک قسم کا چھوٹا کرارہ کیک۔ (۵)تاش کا ایک کھیل۔ (۶) پالا گر : پالا۔ (۷) اسلوب بیان کا چنخارہ یا شوخی۔ (۸) تیزی : طراری : پھرتی: جوش۔ (۹) سرسری فوٹو : فوری فوٹو۔ (۱۰) (تھیٹر) ایکٹر کی تھوڑے دن کی نوکری : تھوڑے دن کا معاہدہ۔ (۱۱) (عام) حصہ : حاصل کرنے کے لائق چیز : انوکھا موقع : اچھی جگہ : اچھے کام۔ (۱۲) ٹکڑا : لقمہ : جزو۔ (۱۳) ہلکا کھانا : جلدی جلدی کھایا ہوا کھانا۔ (۱۳)جھپٹ۔ (۱۵) پائک (Pike) مچھلی کا شکار کرنا۔ (۱۶) روکھی بولی : روکھا انداز بیان۔ (۱۷) ہوشیاری : قوت : جرأت۔ (۱۸) کاٹنے کا اوزار۔ (۱۹) کھٹکے دار ہک۔ (۲۰) کھٹکا: قفل۔ (۲۱)لوبیا : فرنچ بین۔ (۲۲) چھوکرا: مردک۔

Cold snap : پالا۔

Soft snap : اچھا پر لطف یا دلچسپ کام : منافع بخش تجارت وغیرہ۔

Snap : (v) [(M)LG. '(M)Du. 'Snappen'.] (۱) اچانک کاٹ کھانا : چکت مارنا۔ (۲) جلدی سے اٹھا لینا (پرزہ وغیرہ) : چٹ پٹ یا کھٹ پٹ چکا لینا (سودا)۔ (۳) کسی کی بات کاٹنا : بات کاٹ کر غلطی درست کر دینا۔ (۳) تڑاق سے یا چٹ سے توڑ ڈالنا : تڑاق سے ٹوٹ جانا : چٹ سے ٹوٹ جانا۔ (۵) دن سے داغنا (پستول وغیرہ) : پھٹکارنا (کوڑا)۔ (۶) چٹخانا (انگلیوں کو)۔ (۷) دھڑے سے بند ہونا یا بند کرنا (کواڑ وغیرہ)۔ (۸)فوراً فوٹو لے لینا : بے خبری میں فوٹو لے لینا : سرسری تصویر لینا۔ (۹)روکھی بولی بولنا : ترش کلامی کرنا : زہر اگلنا۔ (۱۰) روکھا انداز اختیار کرنا : غصے میں جواب دینا : جھلا کر بات کرنا یا جواب دینا۔ (۱۱) جھپٹ لینا : جھپٹا مارنا۔ (۱۲) اچک لینا : چھین لینا۔ (۱۳) (قانون، فیصلہ وغیرہ) فوری طور پر منظور کر لینا یا کر ڈالنا۔ (۱۳) (غصے کی حالت میں پلکوں کا) جلدی جلدی گرنا اور کھلنا۔ (۱۷) جلدی سے جانا۔

To make it snappy : جلدی کرنا : جھٹ سے کرنا۔

To snap (a person's) nose or head off : روکھے پن سے جواب دینا۔

To snap one's finger at : ٹھینگا دکھانا : پروا نہ کرنا۔

To snap out of it : کسی عادت ، خصلت وغیرہ سے چھٹکارا پانا : ترک کرنا۔

Snap : (adv.) جلدی سے : پھرتی سے : تیزی سے ۔

Snap : (a) (۱) (اسکاچستان) تیز : پھرتیلا۔ (۲) چٹ سے بند ہونے والا۔ (۳) غیر معمولی طور پر آسان۔

Snap-action gun : (n) ایک قسم کی بندوق جس کی نال جڑتے ہی مقفل ہو جاتی ہے۔

Snap back : (v) تیزی سے پہلی حالت پر واپس آنا۔

Snap back : (n) (۱) گیند کو اچھالنا۔ (۲) (پہلی حالت پر) واپسی۔

Snap-bean : (n) لوبیا : فرنچ بین۔

Snap-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا۔

Snap-brim hat : (n) ٹوپی جس کا چھجا آگے سے نیچے کی طرف اور پیچھے اوپر کی طرف مڑا رہتا ہے۔

Snap-bug : (n) دیکھو Snap-beetle

Snap-catch : (n) کمانی دار قفل یا چٹخنی ۔

Snap-decision : (n) بر وقت فیصلہ ۔

Snap-fastener : (n) ٹیپ بٹن ۔

Snap(-) head : (n) (۱) گول سر (پیچ وغیرہ کا) ۔ (۲) گول سر بنانے کا اوزار ۔

Snap-hook : (n) کھٹکے دار ہك ۔

Snap-link : (n) کھٹکے دار بٹن (آستین کے) ۔

Snap-lock : (n) خود بخود بند ہونے والا تالا : کھٹ سے بند ہونے والا قفل ۔

Snap-point : (n) دیکھو Snap head

Snap shoot : (v) سرسری تصویر لینا ۔

Snap shooter : (n) نشانہ لئے بغیر فائر کرنے والا ۔

Snap shooter : (n) سرسری فوٹو لینے والا ۔

Snap shot / Snap-shot/ Snapshot : (n) (۱) سرسری فائر : بغیر نشانے کے فائر۔ (۲)سرسری فائر کرنے والا۔ (۳) سرسری فوٹو: فوری تصویر (خاص کر دستی کیمرے سے لی ہوئی تصویر) ۔ (۴) سرسری جائزہ یا معائنہ : ٹکڑا ۔

Snap sound : (n) (مرضیات) تیز آواز جو استماع الصدر میں سنائی پڑتی ہے ۔

Snap-trap : (n) وہ پھندا یا کھٹکے دار پنجرا جس کا دروازہ خود بخود گر جاتا ہے ۔

Snap-turtle : (n) امریکی کٹ کھنا کچھوا ۔

Snap-weed : (n) ایك قسم کی گھاس ۔

Snapdragon : (n) (۱) گل میمون : ایك قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔ (۲) کرسمس کا ایك کھیل جس میں ابلتی ہوئی برانڈی کی پیالی سے کشمش چنتے ہیں : وہ پیالہ جس میں برانڈی رکھی جاتی ہے ۔

Snape : (v) [Origin unkn.] (۱) گاؤدم بنانا : مخروطی شکل کا بنانا ۔ (۲) گاؤدم ہونا ۔

Snapha(u)nee : (n) [Du. Flem 'Snaphaan'.] (۱) چقماقی گھوڑا (پرانی قسم کی بندوق یاپستول کا) ۔ (۲) چقماقی گھوڑا لگی بندوق یا پستول وغیرہ ۔

Snapper : (n) (۱) دھڑ سے بند ہونے والا ۔ (۲) خاتمہ ۔ (۳) (امریکا) پٹاخہ جو کوڑے کے سرے پر لگا رہتا ہے ۔ (۴) (مجازاً) طعن آمیز بات ، جلے کٹے الفاظ ۔ (۵) اچك لینے والا : جھپٹ لینے والا ۔ (٦) تنك مزاج شخص ۔ (۷) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔ (۸) امریکی کٹ کھنا کچھوا ۔ (۹)ہُد ہُد : کٹھپھوڑ ۔ (۱۰) ایك قسم کی مگس مار چڑیا ۔

Snapper-up : (n) چٹ پٹ سودا کرنے والا ۔

Snappily : (adv.) تیزی سے : پھرتی سے ۔

Snappiness : (n) تیزی : طراری : پھرتی ۔

Snapping : (a) (۱) طعن آمیز : چبھتا ہوا : کٹکھنا : چڑچڑا : تنك مزاج ۔ (۲) تراق سے ٹوٹنے والا ۔ (۳) چونچ یا جبڑوں سے کاٹنے والا ۔

Snapping : (adv.) نمایاں طور پر : بہت : شدت سے ۔

Snapping beetle /-bug : ایك قسم کا بھونرا ۔

Snapping turtle : (n) دیکھو Snap-turtle

Snappingly : (adv.) تیزی سے : تنك مزاجی سے ۔

Snappish : (a) (۱) تنك مزاج : جھلا : چڑچرا ۔ (۲) روکھا : ترش (انداز). (۳)متلاطم (سمندر)۔ (۴) طعن آمیز: روکھا ۔ (۵)کٹکھنا (کتا) ۔

Snappishly : (adv.) (۱) کٹکھنے پن سے ۔ (۲) تنك مزاجی سے : جھلے پن سے : چڑچڑے پن سے ۔

Snappishness : (n) کٹکھناپن : تنك مزاجی : جھلاپن : چڑچڑاپن ۔

Snappy :(a) (۲) ترش رو : جھلا ۔ (۲)چٹخنے والا ۔ (۳) تیز : طرار : پھرتیلا : پر جوش ۔ (۴) صاف ستھرا : خوش لباس ۔ (۵)اچانك : نہایت تیز ۔ (٦) تضاد دار (فوٹو کا نیگیٹو یا پوزیٹو) ۔

Snaps : (n) [Sw & Dna.] اسکینڈی نیویا کی شراب ۔

Snapshot : (v) دیکھو Snap-shoot

Snapshotter : (n) دیکھو Snap-shooter

Snare : (n) [OE. 'Sneare'.] (۱) پھندا : دام (چھوٹے چوپایوں یا پرندوں کو پکڑنے کی ایک ترکیب) ۔ (۲) (جراحی) کرم وغیرہ پکڑنے اور نکالنے کے لئے تار کا پھندا : کرم پھندا : رسولی کاٹ پھندا ۔ (۳) (مجازاً) پھندا : پھانسنے کی تدبیر : جال ۔ (۴) تانت یاکھال کی ڈوری جو گلے میں ڈالنے کے ڈھول میں ایک طرف مڑھی ہوتی ہے ۔

Snare : (v) (۱) دام میں پھانسنا : جال میں پکڑنا : پھندے سے پکڑنا ۔ (۲) پکڑنا ۔ (۳) پھانسنا : پھنسانا : دام میں لانا ۔ (۴)(جراحی) حلقۂ تار سے پکڑ کر نکالنا : تار کے پھندے سے کاٹنا ۔

Snarer : (n) پکڑنے والا : پھانسنے والا شخص ۔

Snary : (a) پھندے سے مشابہ : پھانسنے والا ۔

Snark : (n) [Invented by Lewis Carroll'.] فرضی جانور : خیالی جانور ۔

Snarl : (n) (۱) پیچیدگی : الجھاؤ : گرہ : الجھن : عقدہ ۔ (۲) لکڑی کی گرہ ۔

Snarl : (n) غراہٹ : بڑبڑانے کی آواز : بڑبڑانا ۔

Snarl : (v) (۱) جال میں پھانسنا : رسی وغیرہ سے باندھنا ۔ (۲) (مجازاً) پھانسنا : پھنسانا : دام میں لانا ۔ (۳)الجھانا : پیچ دار کرنا : بل دار کرنا ۔ (۴) الجھنا ۔ (۵) رکاوٹ ڈالنا : پریشان کرنا ۔

Snarl : (v) [(M)LG. 'Snarren'.] (۱) غرانا : بھونکنا ۔ (۲)بڑبڑانا : جلی کٹی سنانا ۔ (۳) بڑبڑا کر شکایت کا اظہار کرنا ۔

Snarl : (v) دھات کی تنگ صراحی وغیرہ پر اندر سے ٹھونک کر ابھرواں نقش و نگار بنانا ۔

Snarl up : (n) گڈ مڈ : پراگندہ انبار ۔

Snarler : (n) غرانے والا : بڑبڑانے والا ۔

Snarler : (n) اندر سے ٹھونک کر ابھرواں نقش و نگار بنانے والا ۔

Snarling : (n) دھات میں بالواسطہ ضرب سے ابھرواں نقش و نگار بنانا ۔

Snarling iron : (n) دھات میں ابھرواں نقش و نگار بنانے کا آلہ ۔

Snarlingly : (adv.) غراتے ہوئے : بڑبڑاتے ہوئے ۔

Snarlish : (a) غرانے والا : جھلاّ ۔

Snarly : (a) الجھا ہوا : پیچیدہ ۔

Snarly : (a) جھلاّ : چڑچڑا ۔

Snash : (n) [Origin unkn.] گستاخی : گالی : شوخی : دشنام ۔

Snash : (v) گستاخی کرنا ۔

Snatch : (n) (۱) جھپٹا : جھپٹنے کا فعل ۔ (۲) (گیت یا گفتگو وغیرہ کی) متفرق ٹکڑے : چھوٹے چھوٹے دور ۔ (۳) ہلکا ناشتہ یا کھانا ۔ (۴) فرج : شرمگاہ : مہبل ۔ (۵) مباشرت : مجامعت ۔ (۵) دیکھو Snatch-block ۔

By or in snatches : پھرتی سے : دفعتاً سرگرمی یا جوش سے : تھوڑے تھوڑے وقفے سے ۔

Snatch : (v) [ME. 'Snacchen'.] (۱) جھپٹنا : چھیننا : چھپٹ لینا یا دانت سے کاٹ لینا (کسی چیز کو) ۔ (۲) (موت وغیرہ کے منہ سے) نکال لینا : چنگل سے چھڑا لینا ۔ (۳) ہاتھ مارنا: چنگل مارنا : جھپٹا مارنا : کسی چیز کو جلدی سے پکڑنا ۔ (۴) جلدی سے نظر سے دور کر دینا : اس دنیا سے رخصت کر دینا ۔ (۵) (بحری) ایک طرف سے کھلے بلاک میں رسے کو رکھنا ۔ (۶) منہ کے بجائے جسم میں کانٹا لگا کر مچھلی پکڑنا ۔ (۷) لینا : حاصل کرنا : غلط طریقے سے ۔

To snatch baldheaded : سرزنش کرنا ۔

Snatch-block : (n) (بحری) وہ بلاک جس میں رسے کا حلقہ پھنسانے کے لئے ایک طرف سوراخ ہوتا ہے ۔

Snatchable : (a) چھینے جانے کے لائق ۔

Snatched : (a) عجلت کا : مختصر : تھوڑی دیر کا ۔

Snatcher : (n) (۱) چھیننے والا : چور : ڈاکو : اغوا کنندہ ۔ (۲) لاش چور : نباش (کفن چور) ۔

Snatchily : (adv.) غیر مسلسل طور پر : تھوڑے تھوڑے وقفے سے : عجلت سے ۔

Snatchingly : (adv.) جلدی جلدی : عجلت سے ۔

Snatchy : (a) (۱) غیر مسلسل ۔ (۲) (طب) تشنجی : دافع تشنج (دوا) ۔

Snath/ Snathe/ Sneath : (n) [Origin unkn.] دستہ یا ڈنڈا (درانتی وغیرہ کا) ۔

Snavvle : (n) [Alter of 'Snaffle'.] کسی طرح سے حاصل کرنا یا پکڑنا۔

Snazzy : (a) [Origin unkn.] (۱) دلکش ؛ جالب توجه ۔ (۲) خوشنما ؛ دلکش ؛ جاذب نظر ۔

Snead : (n) [OE. 'Snaed'.] دیکھو Snath

Sneak : (n) (۱) بزدل ؛ کمینه ؛ مکار شخص ؛ چپڑقناتیا ۔ (۲) چور ۔ (۳) (کرکٹ) وہ گیند جو زمین سے لگتی ہوئی جائے ؛ زمینی گیند۔ (۴) (اسکول روزمرہ) چغلخور ۔ (۵) دیکھو Sneak preview ۔ (۶) (برج کھیل) اس پتے سے چال چلنا جو اکیلا ہو ۔

On the sneak : چپکے سے ؛ چوری سے ۔

Sneak : (v) [ME. 'Snike'.] (۱) کھسکنا ؛ چپکے سے چل دینا ؛ چھپ کر جانا ؛ چوری سے جانا ۔ (۲) (اسکول کے لڑکوں کا روزمرہ) چغلی کھانا ۔ (۳) (عام) لے کر چل دینا ؛ چرا لے جانا ۔ (۴) جھکنا ؛ دبکنا (خوشامد سے) ؛ عاجزی ؛ لجاجت یا تملق کرنا ۔ (۵) (ریڈیو یا ٹیلیویژن کی آواز کو) کم کرنا ؛ آہسته آہسته تیز یا کم کرنا ۔

Sneak : (a) خفیه ؛ مخفی ؛ چوری چھپے ۔

Sneak-boat : (n) ایک چھوٹی ، چپٹی اُتھلی کشتی جس کے ذریعے آدمی (کسی کی) نظر سے بچ کر آسانی سے پہنچ سکتا ہے ؛ ایسی کشتی عموماً آبی پرندوں کے شکار میں استعمال ہوتی ہے ۔

Sneak-box : (n) دیکھو Sneak-boat

Sneak-cup : (n) کمینه ؛ چاپلوس ؛ خوشامدی آدمی ۔

Sneak current : (n) برقی رو جو رساؤ یا ناقص ، جز کی وجه سے برباد چلی جائے یا منحرف ہو جائے ۔

Sneak-preview : (n) کسی فلم کی پیشگی نمائش کرنا ۔

Sneak-thief : (n) اٹھائی گیرا ؛ اچکا ؛ جو ملجائے اسے آنکھ بچا کر چرا لے جانے والا ۔

Sneak-up : (n) دیکھو Sneak-cup

Sneaker : (n) (۱) چھپ کر جانے والا آدمی یا جانور ۔ (۲) برانڈی کا ایک جام ۔ (۳) ایک قسم کا جوتا جسے پہن کر کھیلتے ہیں؛ وہ جوتے جن میں آواز نہ ہو ؛ بے چاپ کے جوتے ۔

Sneakily : (adv.) چھپ کر ؛ چپ چاپ ؛ چوری سے ۔

Sneaking : (a) (۱) پوشیدہ ؛ خواہ مخواہ کا ۔ (۲) ذلیل ؛ کمینه ؛ قابل نفرت ۔ (۳) (جذبات وغیرہ) جو ظاہر نہ ہوں ۔

Sneakingly : (adv.) پوشیدہ طور پر ؛ چھپ کر ؛ خفیه طور پر ۔

Sneakish : (a) دیکھو Sneaky

Sneaky : (a) پوشیدہ ؛ چپ چاپ ۔

Sneap : (v) [f. 'Snape'.] (۱) چٹکی لینا ؛ مسوسنا ۔ (۲) روکنا ؛ دبانا ؛ جھڑک دینا ؛ ڈانٹ دینا ۔

Sneap : (n) جھڑکی ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ روک ۔

Sneath : (n) دیکھو Snath

Sneb : (v) [Var. of Snib.] تنبیه کرنا ؛ سرزنش کرنا ۔

Sneck : (n) [See Snatch.] (۱) دروازے کا پھرکی دار بیلن ؛ بلی ۔ (۲) کٹ ؛ ٹك یا ٹخ کی آواز ۔

Sneck : (v) بیلن لگانا ؛ بلی لگانا ۔

Sneck : (v) [Origin unkn.] دیکھو Snick

Sneck : (v) [Origin unkn.] خالی جگہوں میں روڑے وغیرہ بھرنا ۔

Sneck-draw/ -drawer : (n) (۱) بلی یا بیلن کھولنے والا (چور) ۔ (۲) چالاك ؛ مکار ؛ خوشامدی ؛ کائیاں شخص ۔

Sneck-up : (v) خلوت نشیں ہونا ؛ غائب ہو جانا ۔

Sneckel : (n) (۱) بلی ؛ بیلن ۔ (۲) پھندا ؛ سرك پھندا ؛ پھانسی کا پھندا ۔

Sned : (v) [OE. 'Snaedan'.] (۱) چھانٹنا ؛ کاٹنا (شاخ وغیرہ) ؛ قطع برید کرنا ۔ (۲) کانٹنا ؛ کاٹ کر الگ کرنا ۔

Snec : (n) (۱) بغدا ؛ چھرا ۔ (۲) چھرا بازی کرنا ۔

Sneer : (n) طعنه ؛ طنز ؛ آوازہ ؛ استہزا ؛ حقارت کی نظر ؛ حقارت کا تبسم ۔

Sneer : (v) [of LDu. origin.] (۱) حقارت سے مسکرانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ تحقیر کرنا ۔ (۲) (گھوڑے کا) نتھنوں سے آواز نکالنا ۔ (۳) طعنه زنی کرنا ؛ طعن کرنا ۔ (۴) طعن سے اثر انداز ہونا ۔

Sneerer : (n) طعنہ زن : ہنسی اڑانے والا : اُستہزا کرنے والا شخص ۔

Sneerful : (a) طعنہ زن (آدمی) طنز آمیز (الفاظ وغیرہ) ۔

Sneeringly : (adv.) طنزاً : حقارت کی ہنسی سے : طعن کے طور پر : استہزا کے ساتھ ۔

Sneery : (a) طعنہ زن : طنز آمیز ۔

Sneesh/ Sneeshing : (n) [alteration of 'Sneering'.] ناس : پلاس : نسوار ۔

Sneeze : (n) چھینک : عطسہ ۔

Sneeze : (v) [ME. 'Snesen'.] (۱) چھینکنا ۔ (۲) کم قدری کرنا : حقیر کرنا : ذلیل سمجھنا : حقارت کرنا ۔ (۳) چھینکتے ہوئے کہنا ۔

Not to be sneezed at : اچھا خاصا ھے : برا نہیں ھے ۔

Sneeze gas/ Sneezing gas : (n) عطاسی گیس ۔

Sneeze(-)weed : (n) ناک چھکنی ۔

Sneeze(-)wood : (n) جنوبی افریقہ کا ایک درخت اور اس کی لکڑی ۔

Sneeze(-)wort : (n) ناک چھکنی : کندس ۔

Sneezeless : (a) بے چھینک کا : جس سے چھینک نہ آئے ۔

Sneezer : (n) (۱) چھینکنے والا ۔ (۲) (عام) ناک ۔ (۳) (عام) تیز و تند ۔ (۴) (عام) غیر معمولی یااعلیٰ درجے کی کوئی چیز۔ (۵) (عام) جیل : قید خانہ ۔

Sneezing : (n) چھینک ۔

Sneezy : (a) چھینک لانے والا : چھینکنے والا ۔

Snell : (n) [Origin unkn.] تانت ، گھوڑے کے بال یا نائیلون کی ڈوری جس سے مچھلی پکڑنے کا کانٹا (لمبی ڈور سے) بندھا رہتا ھے ۔

Snell : (v) (مچھلی پکڑنے کے) کانٹے کو شست سے باندھنا ۔

Snell : (a) [OE. 'Snel, Snell'.] (۱) تیز : پھرتیلا : چست : بے حد محنتی : جفا کش ۔ (۲) ذہین : تیز : زود فہم ۔ (۳)سخت: شدید : سخت گیر : سخت گیرانہ ۔ (۴) (موسم) شدید : انتہائی بلا کا ۔ (۵) سخت : تکلیف دہ ۔

Snell : (adv.) جلدی سے : پھرتی سے : جان دار طریقے سے : پر زور یا مؤثر طور پر ۔

Snelly : (adv.) دیکھو Snell

Snelly : (a) بہت ہی ٹھنڈا : یخ آسا : سرد : سخت : شدید ۔

Snib : (v) [MDa. 'Snibbe'.] (۱) تنبیہ کرنا : سرزنش کرنا : زجر و تو بیخ کرنا ۔ (۲) جبراً روکنا : روکنا ۔ (۳) ختم کرنا : مختصر کرنا ۔

Snib : (n) سرزنش : تادیب : روک : روک تھام ۔

Snib : (v) [Origin unkn.] دروازے کی چٹخنی لگانا : آگل چڑھانا ۔

Snib : (n) چٹخنی : آگل ۔

Snick : (n) (۱) خفیف سی درز یا دانتا : ہلکا سا شگاف ۔ (۲)(کرکٹ) (گیند کا) بلے سے ذرا چھو جانا یا چھو دینا ۔

Snick : (v) (۱) چھوٹا سا دانتا یا درز ڈالنا : ذرا سا شگاف ڈالنا ۔ (۲) (کرکٹ) بلے سے ذرا سا گیند کو چھو دینا ۔ (۳)تیزی سے مارنا : ضرب لگانا ۔ (۴) تیزی سے پھسل جانا ۔

Snick : (v) ٹک یا ٹخ کی آواز ھونا : تیز آواز نکالنا یا دینا ۔

Snick : (n) ٹک یا ٹخ کی آواز : تیز آواز ۔

Snick : (n) [alter of 'Snack'.] حصہ : بخرہ ۔

To go snicks : بانٹنا : حصہ لینا : شریک ھونا ۔

Snick : (n) دیکھو Sneck

Snick : (n) [Origin unkn.] (تار یا دھاگے کی) گرہ ۔

Snick and snee / Sick-a-snee : (n) دیکھو Snec

Snick up : (n) دیکھو Sneck-up

Snicker : (n) دبی ھوئی یا ہلکی ہنسی : چپکی ہنسی : خاموش ہنسی : زیر لب ہنسی ۔

Snicker : (v) [Imitative.] (۱) چپکے چپکے ہنسنا ۔ (۲) (گھوڑے کا) ہلکے طور پر ہنہنانا ۔

Snickeringly : (adv.) زیر لب ہنستے ھوئے : چپکے چپکے ہنستے ھوئے ۔

Snickersnee : (n) دیکھو Snec

Snicket : (n) [f. 'Snick + -et'.] ننھی سی یا حقیر چیز۔

Snickle : (v) [Origin unkn.] پھنسانا : پھانسنا : جال میں پھنسانا : دام میں پھانسنا۔

Snickle : (n) دام : پھندا۔

Sniddle : (n) [ME. 'Snyth hill'.] (انگریزی بول چال) موٹی گھاس یا سیچ۔

Snide : (a) [Origin unkn.] (۱) جعلی : نقلی : مصنوعی۔ (۲) فریب آمیز : چال باز : بے ایمان۔ (۳) گھٹیا : ادنیٰ : کمینہ۔ (۴) طعن آمیز : حقارت آمیز۔ (۵) کینہ ور : معاندانہ۔

Snide : (n) (۱) نقلی زیور یا جواہرات : نقلی سکہ۔ (۲) گھٹیا آدمی۔

Snider/ Snider rifle : (n) ابتدائی قسم کی توڑے دار بندوق۔

Snidery : (n) تحقیر : بے قدری۔

Sniff : (n) (۱) سُڑکنا : سُڑکنے کی آواز۔ (۲) ہوا وغیرہ جو ایک بار میں سڑ کی جائے۔ (۳) سڑک کر ناک صاف کرنا۔ (۴) ناک چڑھانا : حقارت ، نفرت اور بے اعتقادی ظاہر کرنے کے لئے۔

Sniff : (v) [Imitative.] (۱) ناک سے سوں سوں کرنا : ناک چڑھانا : سکیڑنا (اظہار حقارت ، نفرت اور بے اعتمادی کے لئے)۔ (۲) ناک سڑکنا : آواز کے ساتھ ناک صاف کرنا۔ (۳) سڑکنا : ناک میں لے جانا یا کھینچنا۔ (۴) سونگھنا۔ (۵) شک کرنا : شبہ کرنا : سراغ لگا لینا : پتا چلا لینا۔ (۶) ناک چڑھا کر بولنا : حقارت کے ساتھ بولنا۔

Sniffer : (n) سڑکنے والا : ناک چڑھانے والا : اس طرح نفرت اور حقارت ظاہر کرنے والا۔

Sniffily : (adv.) حقارت سے : نفرت سے : نک چڑھے پن سے۔

Sniffiness : (n) نک چڑھاپن۔

Sniffingly : (adv.) نک چڑھے پن سے : حقارت سے : ناک چڑھاکر ، سکیڑ کر۔

Sniffish : (a) مغرور : متکبر : حقارت آمیز : نخوت پسند۔

Sniffle : (n) [Imitative.] (۱) سوس سوں کی آواز۔ (۲) سنسناہٹ : منمنا لہجہ : منمنی آواز میں گفتگو۔ (۳) (عام) افسردہ دلی : پژمردگی۔ (۴) (جمع) انفی علامات : ناک بہنا۔

Sniffle : (v) [Imitative.] (۱) ناک سے آواز پیدا کرنا : سوں سوں کرنا۔ (۲) سُڑکنا۔ (۳) ناک میں بولنا : منمنانا۔

Sniffly : (a) منمنانے والا : ناک میں بولنے والا۔

Sniffy : (a) نک چڑھا : نک چڑھے پن کا : حقارت آمیز۔

Snift : (v) [MSw. 'Snypta'.] (۱) ناک سے سوں سوں کرنا : ناک چڑھانا۔ (۲) ناک سڑکنا۔ (۳) سڑکنا : ناک میں لے جانا یا کھینچنا۔ (۴) (انجن کا) دھواں یا بھاپ چھوڑنا۔

Snift : (n) وہ فضلہ جو ہوا آمیز پانی کا بچا کھچا حصہ بوتل میں بھرنے کے بعد بچتا ھے۔

Snifter : (n) (۱) آندھی : تیز و تند ہوا۔ (۲) زکام : حبس۔ (۳) مرغیوں کی ایک بیماری۔ (۴) نمایاں چیز : ممتاز چیز۔ (۵) کوکین ناک میں ڈال کر سڑکنے کا عادی۔ (۶) مخدر کی قلیل مقدار۔ (۷) کشید کی ہوئی شراب۔ (۸) ایک قسم کا چھوٹی گردن والا بڑا جام۔

Snifter : (v) دیکھو Sniff

Snifting valve : (n) نکاسی والو : اسٹیم انجن کے سلنڈر میں ہوا نکلنے کا راستہ۔

Snifty : (a) (۱) نک چڑھا۔ (۲) حقیر : ادنیٰ۔

Snig : (n) [Origin unkn.] بام مچھلی کا بچہ : چھوٹی بام مچھلی۔

Snig : (v) [Origin unkn.] (۱) کاٹنا : چھانٹنا۔ (۲) جھٹکے سے کھینچنا۔ (۳) لکڑی کے کندے کو رسے یا زنجیر سے کھینچنا۔

Snigger : (v) [var. of 'Snicker'.] (۱) زیر لب ہنسنا : (بد تمیزی یا بے شرمی دیکھ کر) چپکے چپکے ہنسنا۔ (۲) زیر لب ہنستے ہوئے بولنا۔

Snigger : (n) زیر لب ہنسی۔

Snigger : (n) سامن مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔

Sniggeringly : (adv.) زیر لب ہنستے ہوئے۔

Sniggle : (v) [f. 'Snig'.] (۱) چارہ لگا ہوا کانٹا (مچھلی کے) سوراخ میں ڈال کر بام مچھلی کا شکار کرنا۔ (۲) رینگنا : کھسکنا۔

Sniggle : (n) چارہ لگا ہوا کانٹا (مچھلی کا) ۔

Sniggle : (v) [Imitative.] زیر لب ہنسنا ۔

Sniggle : (n) زیر لب ہنسی ۔

Sniggling : (n) (مچھلی کے) سوراخ میں چارہ لگا کانٹا ڈال کر بام مچھلی کا شکار کھیلنا ۔

Snip : (n) (۱) کترن : تراش : دھجی ۔ (۲) گھوڑے کے ہونٹ یا ناک پر سفید گل ۔ (۳) چھوٹی مقدار : چھوٹا ٹکڑا (کسی چیز کا) ۔ (۴) جوان : نازک اندام یا پست قد شخص ۔ (۵)چھوٹا شگاف ۔ (۶) قینچی سے کاٹنا ۔ (۷) (روز مرہ) درزی ۔ (۸) دستی قینچی ۔ (۹) گستاخ شخص ۔ (۱۰) متیقن چیز ۔ (۱۱) سودا : معاملہ ۔

Snip : (v) [LG. Du. 'Snippen'.] (۱) قینچی سے کاٹنا : کترنا ۔ (۲) چھڑکنا : دبانا : روکنا ۔

Snip-snap : (n) (۱) برجستہ جواب : چست جواب ۔ (۲) قینچی سے مسلسل کاٹنا ۔

Snip-snap : (a) حاضر جواب : بر جستہ جواب دینے والا ۔

Snip-snap : (v) (۱) برجستہ جواب دینا : حاضر جوابی سے کام لینا ۔ (۲) قینچی سے کاٹنا : کترنا ۔

Snip-snap-snorum : (n) [LG. 'Snipp-snappsnorum'.] تاش کا ایک کھیل جو ایک حلقے میں کھیلا جاتا ہے اور جس میں کوئی کسی کا شریک نہیں ہوتا ۔

Snipe : (n) [of Scand, origin.] (۱) چہا : نوک دراز ۔ (۲) چہا سے مشابہ دوسرے پرند ۔ (۳) قابل نفرت آدمی ۔ (۴) (عام) ریلوے ملازم ۔ (۵) (عام) بحریہ کے انجینیئرنگ میں بھرتی ہونے والا شخص ۔ (۶) سگار یا سگریٹ کا بچا ہوا ٹکڑا ۔ (۷) باہر چسپاں کیا جانے والا اشتہار ۔ (۸)ایک قسم کی کشتی (جس سے کشتی دوڑ میں حصہ لیا جاتا ہے) ۔

Snipe : (v) (۱) کمین گاہ سے یا دور سے دشمنوں پر گولی چلانا (ایک کا نشانہ لے کر) : ایک ایک کو نشانہ بنانا ۔ (۲)کمین گاہ سے دشمنوں کے کیمپ پر گولیاں چلانا : کمین گاہ سے گولیاں چلا کر مارنا : زخمی کرنا ۔ (۳) کندے کے سرے کو گول کرنا ۔

Snipe-bill/ Snipe's- : (n) (۱) ایک قسم کا رندہ جس سے پیچ و خم بناتے ہیں ۔ (۲) گاڑی کو دھرے سے جوڑنے کی بلّی ۔

Snipe-fish : (n) مچھلی کی قسمیں جن کی لمبی پتلی سونڈ ہوتی ہے ۔

Snipe-nosed : (a) (۱) چہے کا سا ۔ (۲) دراز سر یا چونچ والا ۔ (۳) جہاں چہے کثرت سے ہوں ۔

Sniper : (n) (۱) کمین گاہ سے گولی چلانے والا ۔ (۲) کندے کے سرے کو گول بنانے والا ۔ (۳) سونے ، چاندی کے لئے کان کی تلاش کرنے والا ۔

Sniping : (a) کمین گاہ سے گولی چلانے والا ۔

Sniping-fire : (n) کمین گاہ سے ایک ایک کا نشانہ لے کر گولی چلانا ۔

Snipped : (a) (۱) (نباتیات) بے ترتیب آری نما : دندانے دار ۔ (۲) کترا ہوا : دندانے ڈالا ہوا ۔

Snipper : (n) (۱) (جمع) قینچی ۔ (۲) درزی ۔

Snipper-snapper : (n) بچہ یا کم سن اور کم حیثیت آدمی جو قابلیت کے زعم میں ہر بات میں دخل دے ۔

Snippet : (n) (۱) کٹا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا : کترن : تراشہ ۔ (۲) متفرق معلومات : بے ربط علم : متفرقات : ادھر ادھر کی چیزیں ۔ (۳) ادبی عبادت ۔

Snippety / Snippetty : (a) (۱) متفرق معلومات رکھنے والا : بے ربط علم رکھنے والا ۔ (۲) عبارتوں سے بنا ہوا (کشکول) ۔ (۳) نہایت مختصر ۔

Snippiness : (n) (۱) چڑ چڑاپن : جھلاّپن ۔ (۲) انتہائی مختصر ہونا ۔ (۳) نخوت پسندی : حقارت آمیزی ۔

Snipping : (n) کترنا یا کترا جانا ۔

Snippy : (a) (۱) چڑ چڑا : جھلاّ : بد مزاج ۔ (۲)متفرق : ٹکڑے ٹکڑے : نہایت مختصر ۔ (۳) نخوت پسند : حقارت آمیز ۔

Snips : (n) دھات کاٹنے کی دستی قینچی ۔

Sniptious : (a) [f. 'Snip'.] جاذب : کشش رکھنے والا : حسین : خوشنما : طرح دار ۔

Snipy : (a) دیکھو Snipe-nosed

Snirl : (v) [Alter of 'Snarl'.] مڑوڑنا : بل دینا : شکن ڈالنا ۔

Snirt : (n) [Imitative.] دبی ہوئی ہنسی ۔

Snirt : (v) دبی ہوئی ہنسی ہنسنا ۔

Snirtle : (v) دبی ہوئی ہنسی ہنسنا ۔

Snit : (n) [Origin unkn.] ہیجان : بے کل ۔

Snitch : (n) [Origin unkn.] (۱) ناک ۔ (۲) مخبر ۔

Snitch : (v) (۱) کسی کی مخبری کرنا ۔ (۲) پھندے میں پھنسانا ۔ (۳) چوری کرنا : چرانا ۔

Snitcher : (n) مخبر : مخبری کرنے والا ۔

Snite : (n) [OE. 'Snite'.] چہا: دراز نوک ۔

Snite : (v) [Late OE. 'Snytan'.] (۱) ناک صاف کرنا : سنکنا ۔ (۲) پوچھنا ۔ (۳) (مجازاً) جھٹکے سے کھینچنا ۔

Snithe : (a) [ME. 'Snithen'.] (موسم، ہوا وغیرہ) تیز و تند : شدید : تیز ۔

Snivel : (n) (۱) رینٹ ۔ (۲) روں روں : ٹسوے بہانا : بناوٹی رقت ۔ (۳) ریاکاری کی باتیں : جھوٹی باتیں ۔

Snivel : (v) [OE. 'Snyflan'.] (۱) ناک بہانا : سڑکنا ۔ (۲) ٹسوے بہانا : روں روں کرنا : جھوٹ موٹ ندامت کا اظہار کرنا ۔

Sniveller : (n) وہ شخص جو ٹسوے بہائے : ٹسوے بہانے والا ۔

Snively/ Snivelly : (a) اشک آلود : رونے والا: شکایت کرنے والا ۔

Snob : (n) [Origin unkn.] (۱) موچی : کار آموز موچی ۔ (۲) امارت پرست شخص : وہ شخص جسے اپنی شرافت اور حیثیت پر گھمنڈ ہو : جھوٹا امیر :ظاہر دار : وہ شخص جو چھوٹوں کو حقیر سمجھتا ہو اور بڑوں کی خوشامد کرتا ہو ۔ (۳)کرکٹ کی قسم کا ایک کھیل ۔

Snobbery : (n) امارت پرستوں کی جماعت ۔

Snobbish : (a) امارت پرست : امارت پرست سے متعلق ۔

Snobbishly : (adv.) امارت پرستی سے ۔

Snobbishness : (n) امارت پرستی ۔

Snobbism : (n) امارت پرستی ۔

Snobby : (a) امارت پرست ۔

Snobdom : (n) امارت پرستوں کی جماعت ۔

Snobling : (n) چھوٹا یا جوان امارت پرست ۔

Snobocracy : (n) امارت پرست لوگ ۔

Snobographer : (n) امارت پرستوں کے متعلق لکھنے والا ۔

Snod : (a) [Origin unkn.] (۱) چکنا : ہموار : مسطح ۔ (۲) صاف ستھرا : سلیقے کا : خوش ترتیب ۔ (۳) آرام دہ : آرام کا ۔

Snod : (v) صاف ستھرا یا چکنا بنانا : ترتیب سے رکھنا : سنوارنا ۔

Snollygoster : (n) [Pensylvannia German 'Schnelle geeschter'.] بے ایمان مگر سیانا شخص ۔

Snood : (n) [OE. 'Snod'.] (۱) موباف : (اسکاچستان) وہ موباف جو دو شیزہ لڑکیاں استعمال کرتی ہیں : سر بند ۔ (۲)(سمندر کی ماہی گیری میں) چھوٹی شست جو بڑی شست میں لگی ہوتی ہے اور جس میں چارہ لگا ہوا کانٹا ہوتا ہے ۔ (۳)(ماہی گیری) بال یا تانت جس سے کانٹے کو شست سے باندھا جاتا ہے ۔ (۴) پیلو کی چونچ کے نیچے کا لحمی ابھار ۔

Snood : (v) (۱) موباف لگانا ۔ (۲) کانٹے کو بال یا تانت سے شست کے ساتھ باندھنا ۔

Snooded : (a) موباف دار ۔

Snook : (n) [Du, 'Snack'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Snook : (v) (۱) ٹوہ لگانا : راز جوئی کرنا ۔ (۲) کھسکنا : چپکے سے چل دینا ۔

Snook : (n) [Origin unkn.] ہنسی اڑانے کا ایک اشارہ : ٹلی للی : ایک حقارت آمیز حرکت جو ہاتھ کے انگوٹھے کو ناک پر رکھ کر اور سب انگلیاں پھیلا کر کی جاتی ہے ۔

Snooker : (n) [Origin unkn.] ایک کھیل جو انٹے سے کھیلا جاتا ہے ۔

Snooker : (v) (۱) اسنوکر (Snooker) کھیل میں حریف کو روکنا ۔ (۲) رکاوٹ ڈالنا : مزاحم ہونا : شکست دینا ۔

Snooks/ Snook : (n) [Origin unkn.] خوشامدی آدمی : تملق کرنے والا آدمی : جھکنے والا ۔

Snool : (v) (۱) ڈرانا : مرعوب کرنا ۔ (۲) جھکنا : تملق کرنا ۔

Snoop : (v) [Du. 'Snoopen'.] (۱) دخل در معقولات کرنا۔ (۲) قبضه کر لینا : ہتھیا لینا ۔ (۳) ٹوہ لگانا : تفتیش کرنا ۔

Snoop : (n) (۱) دخل در معقولات کرنے والا ۔ (۲) تفتیش کرنے والا ۔

Snooper : (n) وہ شخص جو قانون کی خلاف ورزی یا جرم کی ٹوہ لگاتا پھرتا ھے ۔

Snooperscope : (n) ایك آلہ جس سے چیز دھندلی نظر آتی ھے ۔

Snoopery : (n) دخل در معقولات کرنا ۔

Snoopy : (a) دخل در معقولات کرنے والا ۔

Snoot : (n) [ME. 'Snute'.] (۱) تھوتھنی ۔ (۲) (عام) ناك ۔ (۳) ناك چڑھانا ۔ (۴) حقارت آمیز حرکت کرنا (ناك پر انگوٹھا رکھ کر) ۔ (۵) امارت پرست ۔

Snoot : (v) حقارت سے دیکھنا : نفرت کرنا ۔

Snootful : (a) اتنی شراب جس سے نشہ آ جائے ۔

Snootily : (adv.) ناك چڑھا کر : نخوت کے انداز سے : حقارت آمیز طریقے سے ۔

Snootiness : (n) نخوت : حقارت آمیزی ۔

Snooty : (a) متکبّر : دوسروں کو حقیر سمجھنے والا ۔

Snoove : (v) [Sc.] یکساں اور سبك خرامی کرنا : میانه روی کرنا ۔

Snooze : (v) [Origin unkn.] قیلولہ کرنا : ذرا دیر نیند لینا : جھپکی لینا ۔

Snooze : (n) (۱) جھپکی : قیلولہ ۔ (۲) (عام) مسکن : بستر ۔

Snoozer : (n) (۱) جھپکی لینے والا : قیلولہ کرنے والا ۔ (۲) آدمی : شریر : بد معاش ۔

Snoozle : (v) (۱) بغل گیر ھونا یا کرنا ۔ (۲) ساتھ میں لیٹنا ۔ (۳) اونگھنا ۔

Snoozy : (a) اونگھتا ھوا : خواب آلود ۔

Snore : (n) (۱) حبس : زکام سے ناك بند ھو جانا ۔ (۲) خرّاٹے : خر خر ۔ (۳) خرّاٹے جیسی آواز ۔

Snore : (v) [Imitative.] (۱) (جانوروں کا خصوصاً گھوڑے کا) نتھنے سے آواز نکالنا ۔ (۲) خرّاٹے لینا : نیند میں خر خر کرنا ۔ (۳) خرّاٹوں میں گزار دینا : سو کر گزار دینا (وقت) ۔ (۴) خوب سونا ۔ (۵) خر خر کی آواز نکال کر بولنا ۔ (٦) اعلان کرنا ۔

Snorer : (n) خرّاٹے لینے والا ۔

Snoring : (n) خرّاٹے لینا : خرّاٹا ۔

Snork : (n) [ME. 'Snork'.] خرّاٹا : خرّاٹے ۔

Snorkel : (n) [G. 'Schnorchel'.] (۱) آب دوز کشتی کی نلکیاں جنہیں ھوا کی آمد و رفت کے لئے سطح آب سے اوپر نکال دیا جاتا ھے ۔ (۲) ان نلکیوں سے مشابہ کوئی چیز ۔

Snorkel : (v) (۱) ھوا کی آمد و رفت والی نلکیوں کو سطح آب سے اوپر نکال کر آب دوز چلانا ۔ (۲) ھوا کی نلکی لگا کر سطح آب سے نیچے تیرنا ۔

Snort : (n) (۱) نتھنے سے آواز نکالنا : نتھنے پھلانا ۔ (۲) شراب کا ایك جرعه ۔ (۳) دیکھو Snorkel ۔

Snort : (v) [Imitative.] (۱) نتھنوں سے آواز نکالنا : (عموماً غصے یا شك کے اظہار کے لئے) نتھنے پھلانا ۔ (۲) (انجن کا) بھك بھك کرنا ۔ (۳) قہقہہ لگانا ۔ (۴) نتھنے پھلا کر ضد وغیرہ کا اظہار کرنا ۔ (۵) نتھنے پھلا کر کہنا ۔ (٦) ناك سے کھینچنا یا سونگھنا ۔ (۷) دیکھو Snorkel ۔

Snorter : (n) (۱) نتھنوں سے آواز نکالنے والا ۔ (۲) (عام) جھکڑ : ھوا جو شور کے ساتھ بہتی ھو ۔ (۳) زور دار تماشا ۔ (۴) کوئی غیر معمولی چیز ۔ (۵) ایك چھوٹا سا پرند ۔ (٦) زیر آب چلنے والی گاڑیوں کی نکاس نلی (جو سطح آب سے اوپر رہتی ھے) ۔

Snorting : (adv.) عجیب طور پر : حیرت انگیز طریق سے ۔

Snortingly : (adv.) نتھنے پھلاتے ھوئے ۔

Snorty : (a) نتھنے پھلانے والا : ناك سے آواز نکالنے والا ۔

Snot : (n) [(M)LG, MDU. 'Snotte'.] (۱) گل : بتی کا جلا ھوا سرا ۔ (۲) رینٹھ : اینٹ : مُف ۔ (۳) ایك گالی (جب آدمی کو کہا جائے) ۔

Snot : (v) (۱) گل تراشنا : گل جھاڑنا ۔ (۲) سنکنا : ناك صاف کرنا : ناك سڑکنا ۔ (۳) ناك سے سوں سوں کرنا : ناك چڑھانا (حقارت سے) : سڑکنا : ناك میں لے جانا یا کھینچنا : نتھنوں سے آواز نکالنا (غصے یا شك کے اظہار کے لئے) :

نتھنے پھلانا۔

Snot-rag : (n) دستی : رومال (ناك صاف كرنے كا)۔

Snotter : (n) رینٹھ ۔

Snotter : (n) [Origin unkn.] (۱) (بحری) سہارے کی بلی کے سرے سے بندھا ہوا رسہ جس کی آنکھ کانٹے کا کام دیتی ھے اور اس سے بلی وغیرہ کو گرانے والی رسی گذرتی ھے۔ (۲) (بحری) وہ حلقہ جس میں چھوٹی بلی کا سرا لگا رہتا ھے۔

Snottily : (adv.) گندگی سے ۔

Snottiness : (n) گندگی : گندہ پن ۔

Snotty : (n) (عام) جہاز کا ایك چھوٹا افسر ۔

Snotty : (a) (۱) جس کی ناك بہتی ہو : رینٹھ بھرا ۔ (۲) گندہ (ایك گالی) : قابل نفرت ۔ (۳) چڑچڑا : غصیل ۔ (۴) چپچپا : لیس دار ۔

Snotty -nosed : (a) (۱) جس کی ناك بہتی ہو ۔ (۲) قابل نفرت ۔

Snotzickte : (n) [Afric.] مویشیوں کی ایك بیماری ۔

Snout : (n) [ME. 'Snute'.] (۱) سونڈ ۔ (۲) تھوتھنی : پوزہ ۔ (۳) (تحقیراً) ناك (جبكه بڑی اور بھدی ہو) ۔ (۴)تھوتھنی سے مشابه كوئی چیز : كسی چیز كا آگے كو نكلا ہوا حصه ۔ (۵) موٹر كا آگے كو نكلا ہوا حصه ۔ (۶)چٹان كا باہر كی طرف نكلا ہوا حصه ۔ (۷) بعض قسم كے پروانوں كا نام ۔

Snout : (v) (۱) تھوتھنی سے مار کر ہلاك كرنا ۔ (۲) تھوتھنی سے كھودنا۔

Snout-beetle : (n) ایك طرح كا چونچ دار كیڑا ۔

Snouted : (a) نكلے ہوئے سرے والا ۔ (۲) تھوتھنی والا : سونڈ دار ۔ (۳) تھوتھنی سے مشابه : پوزہ نما۔

Snoutless : (a) بے تھوتھنی كا ۔

Snoutlike : (a) پوزہ نما ۔

Snouty : (a) (۱) تھوتھنی سے مشابه : پوزہ نما ۔ (۲) (مجازاً) متكبر : گستاخ ۔

Snow : (n) [OE. 'Snaw'.] (۱) برف (آسمانی) : ثلج : یخ ۔ (۲) (جمع) برف باری : برف كا انبار ۔ (۳) وہ چیز جو برف كی طرح سفید ہو ۔ (۴) جھاگ دار پڈنگ ۔ (۵) (عام) كوكین ۔ (۶) (جمع) شمالی قطب كے خطے ۔ (۷) سفید بال (بڑھاپے كے) ۔ (۸) سفید پھول ۔ (۹) بالكل سفید رنگ ۔ (۱۰) موسم سرما: موسم سرما كی مدت ۔

Snow : (n) [Du. 'Sna(a)uw'.] ایك قسم كی چھوٹی بادبانی كشتی ۔

Snow : (v) (۱) برف گرنا ۔ (۲) برف كی طرح گرنا ۔ (۳) برف كی طرح گرانا : بوچھار كرنا ۔ (۴) برف سے ڈھك دینا ۔ (۵)بال سفید كر دینا ۔ (۶) (برف سے) راسته مسدود كر دینا : مزاحمت پیدا كرنا ۔ (۷) برف میں دفن كر دینا ۔ (۸) (مجازاً) غرق كر دینا : بے قابو كر دینا : مغلوب كر دینا ۔

Snow-banner : (n) پہاڑ كی چوٹی سے ہوا میں لہراتی ہوئی برف كی رَو ۔

Snow-bear : (n) سفید ریچھ جو برف پر رہتا ھے ۔

Snow-bird/ Snow bird/ Snowbird : (n) (۱)ایك قسم كی چھوٹی چڑیا : سہرۂ سفید ۔ (۲) ایك قسم كی سفید مرغابی ۔

Snow-blind/ Snowblind : (a) برف كور : (برف پر چلنے اور روشنی كی شدت سے) نا بینا ۔

Snow-blindness : (n) برف كوری : ثلج كوری : نابینائی جو برف پر چلنے والوں كو روشنی كی شدت سے پیدا ہو جاتی ھے ۔

Snow-blink : (n) برفستان كا عكس جو آسمان پر پڑتا ھے ۔

Snow-blower : (n) (سڑكوں وغیرہ سے) برف ہٹانے یا صاف كرنے كی مشین ۔

Snow-boots : (n) ربر اور كپڑے كے اوپری جوتے جنہیں پہن كر برف پر چلتے ہیں ۔

Snow-break : (n) (۱) برف كا جھونكا : برف پگھلنا ۔ (۲) تنگ جنگل : جو برف سے حفاظت كرتا ھے ۔ (۳) برف كے وزن سے درخت كا ٹوٹ جانا : وہ علاقه جہاں ایسا ہوتا ھے ۔

Snow-bridge : (n) برف كا پل جو گلیشئیر میں بن جاتا ھے ۔

Snow-broth : (n) پگھلی ہوئی برف ۔

Snow-bucking : (n) برف كے انبار سے ریل كو گزارنا ۔

Snow-bunny : (n) نو آموز اسكی (Ski) كرنے والی لڑكی ۔

Snow-bunting : (n) (حیوانیات) دُرسۂ شمالی ۔

Snow-cap : (n) (۱) برف کا غلاف (پہاڑ کی چوٹی وغیرہ پر) ۔ (۲) سفید تاجدار مرغ نغمہ سنج ۔

Snow-capped : (a) (پہاڑ) جس کی چوٹی برف سے ڈھکی ہو ۔

Snow-clad : (a) برف سے ڈھکا ہوا : برف پوش ۔

Snow-cock : (n) برفیلے علاقے کا تیتر ۔

Snow-cold : (a) برف سا ٹھنڈا ۔

Snow-craft : (n) (پہاڑ پر چڑھنے میں) برف پر چلنے کا فن ۔

Snow(-)drift : (n) (۱) برف کاانبار جو ہوا سے جمع ہو جائے ۔ (۲) یخ کا بہاؤ : موج یخ ۔

Snow-dust : (n) برف کے ریزے جو ہوا میں اڑتے رہتے ہیں ۔

Snow-field : (n) برف کا میدان (جہاں ہمیشہ برف رہتی ھے) : برفستان ۔

Snow-finch : (n) سہرۂ سفید : سہرۂ کوہی : ایک قسم کی سفید چھوٹی سی چڑیا ۔

Snow(-) flake : (n) (۱) برف کا گالا ۔ (۲) (حیوانیات) درسۂ شمالی ۔ (۲) کپڑے کی بنائی کا ایک طریقہ (جس میں چھوٹی چھوٹی گرہیں سیدھی طرف نظر آتی ہیں) ۔ (۳) ایک قسم کا گل حسرت ۔

Snow-flea : (n) چھوٹے چھوٹے کیڑے جو برف پر پائے جاتے ہیں ۔

Snow-fleck : (n) درسۂ شمالی ۔

Snow-flower : (n) گل حسرت : گل چاندنی ۔

Snow-fly : (n) دیکھو Snow-flea

Snow-gauge : (n) برف پیما (برف باری کی مقدار ناپنے کا آلہ) ۔

Snow-glory : (n) ایک قسم کا پودا جو باغوں میں لگایا جاتا ھے ۔

Snow-gnat : (n) دیکھو Snow-flea

Snow-goggles : (n) اندھیری عینک جو برفستان میں سفر کرتے وقت استعمال کی جاتی ھے : برف چشمہ ۔

Snow-goose : (n) شمالی ہنس ۔

Snow-grouse : (n) ایک قسم کا سفید تیتر ۔

Snow-guard : (n) برف روک ۔

Snow-hole : (n) پائرائٹ کی بھٹی کا سوراخ ۔

Snow-house : (n) برف کا گھر ۔

Snow-ice : (n) وہ مصنوعی برف جو پگھلی ہوئی آسمانی برف سے بناتے ہیں ۔

Snow-insect : (n) دیکھو Snow-flea

Snow-job : (n) دھوکا : فریب ۔

Snow-knife : (n) چوڑے پھل والا خمیدہ چاقو جس سے اسکیمو برف چھیل کر سل بناتے ہیں (مکان بنانے کے لئے) ۔

Snow-leopard : (n) ایک قسم کا چھوٹا تیندوا ۔

Snow-light : (n) دیکھو Snow-blink

Snow-limit : (n) سطح سمندر پر برف باری کی حد ۔

Snow-line : (n) خط انجماد : خط برف : وہ سطح جس سے اوپر ہمیشہ برف رہتی ھے : حد برف ۔

Snow-mouse : (n) قطب شمالی کا ایک چھوٹا کترنے والا جانور جس کا رنگ سردیوں میں سفید ہو جاتا ھے ۔

Snow-on-the-mountain : (n) سفید پھول کے پودے جو چمن میں لگاتے ہیں ۔

Snow-owl : (n) بڑی قسم کا سفید الّو ۔

Snow-panther : (n) دیکھو Snow-leopard

Snow-partridge : (n) ایک قسم کا تیتر ۔

Snow-pear : (n) ناشپاتی کی ایک قسم ۔

Snow-pheasant : (n) ایک قسم کا تیتر ۔

Snow-pigeon : (n) شمالی ہندوستان اور تبت میں پایا جانے والا ایک قسم کا کبوتر ۔

Snow-plant : (n) برف کائی : ایک طرح کی کائی جو برف میں اگتی ھے اور اس کے رنگ کو سرخ کر دیتی ھے ۔

Snow-plough : (n) ہل جیسا آلہ جس سے سڑک پر سے برف صاف کی جاتی ھے ۔

Snow-pudding : (n) ایک قسم کی جھاگ دار پڈنگ ۔

Snow-quail : (n) ایک قسم کا بٹیر ۔

Snow-roller : (n) (ھوا سے جمع ھونے والی) برف کا مخروطی انبار جس کا سرا مقعر ھو ۔

Snow-scape : (n) منظرۂ برف ۔

Snow-shed : (n) برفانی کراڑہ سے بچنے کی پناہ گاہ ۔

Snow-sheen : (n) دیکھو Snow-blink

Snow(-)shoe : (n) (۱) برف پر چلنے کے جوتے ۔ (۲) اسکی (Ski) ۔

Snow-shoe : (v) برف پر استعمال ھونے والے جوتے پہن کر چلنا ۔

Snow-shoer : (n) برف پر چلنے کے جوتے پہننے والا یا پہن کر برف پر چلنے والا ۔

Snow-shoeing : (n) برف پر چلنا (خصوصاً ورزش یا کھیل کود کے طور پر) ۔

Snow-sleep : (n) غنودگی جو برف پر چلتے چلتے آنے لگتی ھے ۔

Snow-slide : (n) برفانی کراڑہ : بہمن ۔

Snow(-) storm : (n) (۱) برف کا طوفان : برف کی آندھی ۔ (۲) طوفان برف سے مشابہ کوئی چیز ۔

Snow-sweeper : (n) برف ہٹانے (صاف کرنے) کی گاڑی ۔

Snow tire : (n) برف پر چلنے والا ٹائر (گاڑی کا) ۔

Snow under : (v) (بوجھ سے) حیثیت سے زیادہ لاد دینا : کثرت امداد سے بالکل مغلوب کر لینا (انتخابات میں کسی امیدوار کو) : بری طرح شکست دینا ۔

Snow-vole : (n) دیکھو Snow-mouse

Snow-water : (n) (پگھلی ھوئی) برف کا پانی ۔

Snow-white : (a) برف سا سفید : بالکل سفید ۔

Snow-white : (n) بالکل سفید رنگ : بالکل سفید اون ۔

Snow-worm : (n) برف کا کیڑا ۔

Snow-wreath : (n) (۱) دیکھو Snow-drift ۔ (۲) ایک قسم کی پت جھاڑ جھاڑی ۔

Snowball : (n) (۱) برف کے گولے جن سے کھیل میں ایک دوسرے کو مارتے ہیں ۔ (۲) (طباخی) بعض قسم کے کھانے یا مٹھائیاں جو برف کے گولے سے مشابہ ھوتی ہیں : ایک طرح کی پڈنگ ۔ (۳) گل دنبہ ۔ (۴) دیکھو Snowball-contribution ۔

Snowball : (v) (۱) برف کے گولے بنانا ۔ (۲) بتدریج جمع ھونا ۔ (۳) برف کے گولوں سے مارنا : برف کے گولوں کی بار کا مقابلہ کرنا ۔ (۴) تیزی سے ترقی کرنا ۔

Snowball-contribution : (n) ایسا فنڈ جس میں ہر چندہ دینے والے کو ایک مقررہ تعداد میں مزید چندہ دینے والوں کو تلاش کرنا پڑتا ھے ۔

Snowball-system : (n) دیکھو Snowball-contribution

Snowball-tree : (n) گل دنبہ : ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے نکلتے ہیں ۔

Snowballing : (n) برف کے گولوں سے مارنا ۔

Snowbank : (n) برف کا تودہ یا ڈھلان ۔

Snowberry : (n) باغ کی ایک جھاڑی جس میں سفید بیریاں لگتی ہیں : اس جھاڑی کی بیریاں ۔

Snowbound : (a) برف سے گھرا ھوا : برف میں پھنسا ھوا : برف کی وجہ سے رکا ھوا (جہاز وغیرہ) ۔

Snowdon/ Snowdon herald : (n) چھ اسکاتستان نقیبوں میں سے ایک ۔

Snowdrop : (n) (۱) گل حسرت : گل چاندی : اوائل بہار کا سفید پھول دار پودا ۔ (۲) بعض قسم کے گیہوں اور آلو کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔

Snowdrop tree : (n) بعض قسم کے درخت ۔

Snowfall : (n) (۱) برف باری : مجموعی برف باری ۔ (۲) برف کی وہ

مقدار جو ایک بار یا ایک سال میں ایک جگہ پڑتی ہے ۔

Snowily : (adv.) برف کی سی سفیدی کے ساتھ ۔

Snowiness : (n) برف سا سفید ہونا : پُر از برف ہونا ۔

Snowless : (a) بے برف ۔

Snowman : (n) (۱) برف کا آدمی جو بچے کھیل میں بناتے ہیں ۔ (۲) برف میں یا برف سے کام کرنے والا ۔ (۳) ایک جانور جو ہمالیہ کی اونچی چوٹیوں پر پایا جاتا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ایک قسم کا ریچھ ہے ۔

Snowmelt : (n) برف کا پانی ۔

Snowmobile : (n) برف پر چلنے والی موٹر گاڑی ۔

Snowmobiling : (n) برف پر چلنے والی موٹر گاڑی میں سیر کرنا ۔

Snowsuit : (n) موسم سرما میں پہننے کا ایک قسم کا سوٹ ۔

Snowthrown : (a) برف کے بوجھ سے جھکا ہوا یا ٹوٹا ہوا (درخت) ۔

Snowy : (a) (۱) پر برف (موسم ، وقت وغیرہ) ۔ (۲) برف کا ۔ (۳) برف سے ڈھکا ہوا ۔ (۴) برف سا سفید ۔

Snowy egret : (n) ایک قسم کا سفید بگلا ۔

Snowy heron : (n) دیکھو Snowy-egret

Snowy-owl : (n) دیکھو Snow-owl

Snowy plover : (n) ایک قسم کا چھوٹا پلور ۔

Snub : (n) جھڑکی : ڈانٹ : بے التفاقی یا بے رخی کا برتاؤ ۔

Snub : (a) [Short for Snub-nose.] (۱) چھوٹی اور چپٹی یا اوپر کو اٹھی ہوئی (ناک) ۔ (۲) چھوٹی اور چپٹی ناک والا ۔ (۳) ٹھنٹھ کا سا : چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم والا ۔

Snub : (n) چھوٹی اور چپٹی ناک ۔

Snub : (v) [ON. 'Snubba'.] (۱) جھڑک دینا : ڈانٹ دینا : دھتکار دینا : بے التفاقی سے ذلیل کرنا ۔ (۲) جہاز کا راستہ روکنا (رسّوں کے ذریعہ) : باندھنا : (بحری) کھلتے ہوئے رسے کو اچانک روک دینا ۔

Snub : (n) دیکھو Sob

Snub: (v) دیکھو Sob

Snub-line : (a) جہاز کا رستہ روکنے والی رسی ۔

Snub-nose : (n) چھوٹی اور چپٹی ناک : اوپر کو اٹھی ہوئی ناک ۔

Snub-nosed : (a) چپٹی ناک والا ۔

Snub-post : (n) رسّیاں لٹکانے کا کھمبا (جہاز یا گودی میں) ۔

Snubber : (n) (۱) صدمہ گیر ۔ (۲) کھلتے ہوئے رسے کو یکایک روکنے کی ایک تدبیر ۔

Snubbiness : (n) چھوٹا ہونا : ٹھنٹھ ہونا ۔

Snubbing : (n) (۱) جھڑکی : ڈانٹ ۔ (۲) روک : روکنا ۔

Snubbing-post : (n) دیکھو Snub-post

Snubbingly : (adv.) جھڑک کر : ڈانٹ کر ۔

Snubbish : (a) کسی قدر چھوٹی اور چپٹی (ناک) ۔

Snubby : (a) (۱) کسی قدر چھوٹی اور چپٹی (ناک) ۔ (۲) چپٹی اور چھوٹی ناک والا ۔ (۳) جھڑکنے والا : ڈانٹنے والا ۔

Snuck : (n) [alter of Snack.] حصہ : بخرا ۔

To go snuck : حصہ لینا : حصہ دار ہونا ۔

Snudge : (n) [Origin unkn.] کنجوس : بخیل : چاپلوس شخص ۔

Snudge : (v) جھک کر چلنا : چھپ کر جانا ۔

Snudge : (v) [Alter of Snug.] دیکھو Nestle

Snuff : (n) [Origin unkn.] (۱) گل : بتی کا جلا ہوا سرا ۔ (۲) طیش : غصہ : تاؤ ۔

Snuff : (n) (۱) مہک : بو ۔ (۲) ناک چڑھانا (حقارت سے) ۔ (۳) سڑکنے کی آواز : سڑکنا ۔

Snuff : (n) [Du. 'Snuf'.] (۱) ناس : ہلاس : نسوار ۔ (۲) کوئی دوا جو ناس کی طرح سونگھی جائے : سونگھنے کا سفوف ۔ (۳) ناس کی چٹکی ۔ (۴) کوئی حقیر چیز ۔

To high snuff : خوش و خرم : بشاشت سے : خوش خوش : بشاش ۔

To give (one) snuff : اکھڑپن سے پیش آنا : سزا دینا ۔

Upto snuff : (۱) خاصا ہوشیار : چلتا ہوا : پکا (بھولے کی ضد) ۔ (۲) دنیا داری کی عقل رکھنے والا ۔ (۳)معیاری ۔

Snuff : (v) (۱) (شمع کا) گل تراشنا : گل جھاڑنا ۔ (۲) (مجازاً) صاف کرنا : پاک کرنا ۔ (۳) بجھانا : گل کرنا : غائب کر دینا ۔ (۴) بے رونق کرنا : ماند کرنا : بالکل مغلوب کر دینا ۔ (۵) (عام) مرنا : مر جانا ۔

Snuff : (v) (۱) سڑکنا : ناک میں لے جانا یا کھینچنا : سونگھنا ۔ (۲) ناس لینا : ناس سونگھنا ۔ (۳) پتا چلا لینا : سراغ لگا لینا : بھید معلوم کر لینا : بو پا لینا ۔ (۴) سونگھ کر معلوم کرنا ۔ (۵) سانس لینا : سونگھنا ۔

Snuff : (v) [Origin unkn.] (دانے دار چمڑے کو) نرم کرنا تاکہ اس کا نقص دور ہو سکے ۔

Snuff-bottle : (n) ناس دان : ناس (رکھنے) کی شیشی ۔

Snuff-box : (n) (۱) ناس کی ڈبیا ۔ (۲) (عام) ناک ۔

Musical snuff-box : ناس کی ڈبیا جس کو کھولنے سے سریلی آواز نکلتی ھے ۔

Snuff-coloured : (a) گہرے بادامی رنگ کا ۔

Snuff-dipper : (n) ناس لینے کا عادی ۔

Snuff-mill : (n) دیکھو Snuff-box

Snuff-mull : (n) دیکھو Snuff-box

Snuffer : (n) (۱) (جمع) گل تراشنے کا آلہ : گل گیر ۔ (۲) گل تراشنے والا (آدمی) ۔

Snuffer : (n) (۱) (آواز کے ساتھ) ناک سے کھینچنے والا ۔ (۲) سنگ ماہی ۔

Snuffiness : (n) ناس کی سی کیفیت ۔

Snuffing : (a) گستاخ : دیدہ دلیر ۔

Snuffingly : (adv.) گستاخی سے : دیدہ دلیری سے ۔

Snuffish : (a) زود رنج : چڑ چڑا : نک چڑھا ۔

Snuffle : (n) (۱) حبس : (زکام سے) ناک بند ہو جانا : سوں سوں کی آواز ۔ (۲) منمناہٹ : منمنا لہجہ : منمنی آواز والی گفتگو ۔

Snuffle : (v) [LG. Du. 'Snuffelen'.] (۱) سونگھنا ۔ (۲) ناک سے آواز پیدا کرنا : سوں سوں کرنا ۔ (۳) سڑکنا ۔ (۴)گنگنانا : ناک میں بولنا : منمنانا ۔ (۵) سونگھ کر پتا چلانا ۔

Snuffler : (n) ناک میں بولنے والا : منمنا ۔

Snuffling : (n) سوں سوں کی آواز ۔

Snuffling : (a) ریاکار : ظاہر دار ۔

Snufflingly : (adv.) (۱) ظاہر داری سے : ریاکاری سے ۔ (۲) منمناتے ہوئے ۔

Snuffly : (a) دیکھو Snuffling

Snuffy : (a) (۱) چڑچڑا : تنک مزاج : نازک مزاج : آزردہ ۔ (۲) گھمنڈی : متکبر : حقارت آمیز ۔

Snuffy : (a) (۱) ناس جیسا ۔ (۲) ناس لینے کا عادی ۔ (۳) ناس آلود ۔ (۴) ناگوار : نا خوشگوار ۔

Snug : (n) [Var. of 'Snag'.] (پلیٹ ، چٹخنی وغیرہ پر بنا ہوا) ابھار جو اسے گھومنے سے روکتا ھے ۔

Snug : (n) سرائے وغیرہ کا شراب خانہ ۔

Snug : (a) [of LDu. origin.] (۱) (بحری) (جہاز وغیرہ) صاف ستھرا : آراستہ و پیراستہ : درست : کیل کانٹے سے لیس: ٹھیک ٹھاک ۔ (۲) آرام دہ : آرام کا ۔ (۳) خوش حال : اوسط درجے کا : اچھا خاصا ۔ (۴) کافی بڑا : کشادہ ۔ (۵) پوشیدہ : چھپا ہوا ۔

Snug : (adv.) بڑے آرام سے ۔

Snug : (v) (۱) آرام سے رکھنا ۔ (۲) آرام دہ بنانا ۔ (۳) (بحری) جہاز کو کیل کانٹے سے درست کرنا (برے موسم کا سامنا کرنے کی غرض سے) ۔ (۴) چھپانا ۔

Snug harbour : (n) آرام دہ مکان خصوصاً پنش یافتہ جہاز رانوں کا ۔

Snuggery : (n) آرام دہ مقام : (خصوصاً کسی شخص کا) رہنے کا کمرہ : آرام گاہ : پرائیوٹ کمرہ ۔

Snuggies : (n) بنا ہوا زنانہ گرم زیر جامہ ۔

Snuggle : (v) (۱) (گرمی کی خاطر) قریب ہو جانا : بھچ یا گھس کر بیٹھنا۔ (۲) (کسی سے) ہم آغوش ہونا : ہم کنار ہونا : بغلگیر ہونا : (آگ وغیرہ کا) قریب ہونا۔ (۳) (عمارت کا) قریب قریب ہونا۔

Snugly : (adv.) بڑے آرام سے۔

Snugness : (n) آرام دہ ہونا : آرام سے ہونا۔

Snum : (v) [Origin unkn.] اعلان کرنا۔

Snurl : دیکھو Snirl

Snurp : (v) [Of Scand origin.] چرمر ہو جانا : ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

Snuzzle : (v) [Blend of Snug and Nuzzle.] چمٹ کر بیٹھنا : بھچ کر بیٹھنا۔

Sny : (v) [Origin unkn.] افراط ہونا : بہتات ہونا۔

Sny : (v) [Origin unkn.] اوپر کی طرف مڑنا۔

So : (adv.) [OE. 'Swa'.] (۱) اتنا : اس قدر : اس طرح : یوں : اسی قدر : اسی طرح : علیٰ ہذالقیاس۔ (۲) واقعی : در اصل۔ (۳) وہی : اسی طرح : ویسا ہی۔ (۴) یوں ہی سہی : یہی سہی۔ (۵) اس حد تک۔ (۶) اس لئے۔ (۷) بھی۔ (۸) بہت : بے حد : بے انتہا : حد سے زیادہ۔

And so on : وغیرہ وغیرہ : ازیں قبیل۔

And so forth : وغیرہ وغیرہ : وغیرہم۔

Or so : یا کچھ کم و بیش : کچھ بہت اچھا نہیں۔

So to speak : گویا۔

So what : تو کیا؟

So : (Conj.) (۱) اس لئے : نتیجتاً : تاکہ۔ (۲) بشرطیکہ : اگر۔ (۳) اس لئے : اس درجہ سے : لہٰذا : پس : چنانچہ۔ (۴) اور۔ (۵) بس : بس یہیں۔

So : (a) (۱) صحیح : درست۔ (۲) ترتیب میں۔

So : (Pronoun) (۱) وہی۔ (۲) یہ۔ (۳) ایسا ہی۔

So-and-so : (n) (۱) فلاں فلاں (شخص یا چیز)۔ (۲) بیہودہ نامعقول شخص۔

So-and-so : (a) حقیر : معمولی : ناکارہ : یونہی سا۔

So-and-so : (n) کسی حد تک : کسی طرح سے۔

So-called/ So called : (a) نام نہاد : مفروضہ۔

So as : (Conj.) (۱) بشرطیکہ۔ (۲) اس طرح کہ۔

So ave/ Soavemente : (adv.) [It.] (موسیقی) ہلکے ہاتھ سے : لطافت سے : سبک انداز سے۔

So being : (Conj.) بشرطیکہ۔

So far as : (Conj.) جبتک کہ : جہاں تک : جس حد تک کہ۔

So-help : خدا کی قسم : انشاء اللہ۔

So long : (Interj.) خدا حافظ : فی امان اللہ۔

So long as : (Conj.) اگر : بہ شرطیکہ۔

So-lunar : (a) شمسی قمری۔

So many : (a) بہت : سارے۔

So-much : (adv.) اتنا ہی : اسی قدر۔

So much : (a) (۱) مثل۔ (۲) کم و بیش۔

So much : (Pron.) (۱) غیر مقرر شدہ : غیر واضح چیز۔ (۲) بس یہی : بس اتنا ہی۔

So much as : (adv.) بھی : تک : یہاں تک کہ۔

So-so/ So so : (adv.) خاصا : اس طرح کہ کام چل جائے۔

So so/ So-so : (a) کچھ یوں ہی سا : معمولی : اچھا نہیں۔

So-so-ish : (a) بہت معمولی سا۔

So that : (Conj.) کہ : تاکہ : چنانچہ۔

Soak : (n) (۱) جذب کرنا یا ہونا۔ (۲) خیساندے کا پانی : وہ رقیق جو کسی چیز کو ملائم کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ (۳) وہ ظرف جس میں چمڑے کو ڈال کر ملائم بناتے ہیں۔ (۴) ٹھکاؤ : رساؤ۔ (۵) بہت شراب پینے والا : خم کے خم چڑھانے والا۔ (۶) شراب کا دور۔ (۷) عارضی دلدل (جو کسی جگہ پانی کے مسلسل گرنے سے بن جاتی ہے)۔

Soak : (v) [OE. 'Socian'.] (۱) پی لینا ؛ سوکھ لینا ؛ جذب کر لینا ۔ (۲) اچھی طرح بھگونا ؛ بھیگنا ؛ تر بتر ہونا ؛ تر بتر کرنا ؛ ڈبونا ؛ ڈوبنا ۔ (۳) سر سے پیر تك بھگو دینا ؛ شرابور کر دینا (کسی سیال چیز میں) ۔ (۴) (رطوبت کا) کسی چیز میں سرایت کرنا ؛ جذب ہونا ۔ (۵) بہت سی شراب پینا؛ خم کے خم لنڈھانا یا چڑھانا ۔ (٦) رسنا؛ ٹپکنا ۔ (۷) (روٹی وغیرہ) اچھی طرح سینکنا ۔ (۸) بری طرح مارنا ؛ اچھی طرح سرزنش کرنا ۔ (۹) بہت دیر تك گرم کرنا (دھات وغیرہ کو) ۔ (۱۰) سستی اجرت پر بیٹری چارج کرنا ۔ (۱۱) چوس لینا ۔

To soak it : سزا دینا ۔

To soak one's clay : بہت ہی شراب پینا ؛ جام کے جام لنڈھانا ۔

Soakage : (n) (۱) رسی ہوئی رطوبت ؛ رسی ہوئی چیز ؛ خارج شدہ رطوبت ۔ (۲) جذب کیا ہوا رقیق مادہ ۔ (۳) جذب ہونا ؛ انجذاب ؛ سرایت کرنا ؛ نفوذ ؛ رساؤ ۔

Soakaway : (n) جاذب بدر رو ۔

Soaker : (n) (۱) بھگونے والا ؛ بھیگنے والا ؛ جذب کرنے والا؛ جاذب ۔ (۲) بہت پینے والا ؛ شرابی ۔ (۳) پرانا شرابی ۔ (۴)ایسی بارش جو بھگو دے ؛ زور کی بارش ؛ زور کا جھالا یا چھینٹا ۔ (۵) اونی کپڑے کو بھاپ کے ذریعہ سکڑنے دینے والا ۔ (٦) چمڑے کو صاف کرنے کے لئے بھگونے والا ۔ (۷) اون کاجاذب غلاف (بچوں کے رومال کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

Soaking : (n) (۱) بھگونا یا بھگویا جانا ۔ (۲) (جمع) رس کر نکلنے والا یا سیال مادہ ۔ (۳) (آہن سازی) ایك خاص عمل جس کے ذریعہ حرارت کو ڈلے کے ڈھیر میں یکساں طور پر پھیلا دیا جاتا ہے ۔

Soaking : (a) (۱) بھگو دینے والی ؛ زورکی (بارش) ۔ (۲) بھیگا ہوا ۔

Soaking : (adv.) مکمل طور پر ؛ پوری طرح سے ۔

Soaking pit : (n) جاذب گڑھا ۔

Soakingly : (adv.) (۱) آہستہ آہستہ ؛ بتدریج ۔ (۲) بھگوتے ہوئے ۔

Soam : (n) [OFr. 'Some'.] (۱) رسی یا زنجیر جس سے گھوڑے کو گاڑی سے باندھتے ہیں ؛ راس ۔ (۲) (کوئلے کی کان میں) ٹب کو کھینچ کر لانے کی رسی یا زنجیر ۔

Soap : (n) [OE. 'Sape'.] صابن ؛ صابون ۔

No soap : بیکار ؛ لاحاصل ۔

Soap : (v) (۱) صابن لگانا ؛ صابن ملنا ۔ (۲) (عام) خوشامد کرنا ۔

Soap-bark : (n) ایك نباتی عنصر جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Soap-berry / Soapberry : (n) (۱) ریٹھ ؛ ریٹھا ؛ بندق ۔ (۲) ریٹھ جیسے دوسرے درخت ۔

Soap-boiler : (n) (۱) صابن ساز ؛ صابن بنانے والا ۔ (۲) صابن بنانے کی پرات ؛ صابن گرم کرنے کا برتن ۔

Soap-boiling : (n) صابن سازی ؛ صابن گرم کرنا ۔

Soap-box : (n) (۱) صابن رکھنے کا ڈبہ ؛ صابن دانی ۔ (۲) وہ ڈبہ جس میں بند کر کے صابن برآمد کیا جاتا ہے ؛ صابن کا بکس ۔ (۳) عارضی پلیٹ فارم جس پر سے خود ساختہ یا بے تکلف مقرر بر جستہ تقریر کرتے ہیں ۔

Soap-box : (a) (۱) صابن کے ڈبے کی طرح کا ؛ صابن دانی جیسا ۔ (۲) بازاری (تقریر وغیرہ) ؛ گشتی ۔

Soap-boxer : (n) گشتی مقرر ۔

Soap-bubble : (n) صابن کا بلبلا ۔

Soap-case : (n) صابن دانی ؛ صابن رکھنے کا ڈبہ ۔

Soap-cerate : (n) ایك قسم کا مرہم جو جست ، صابن اور جست کے اسی ٹیٹ اور سوڈے سے بنتا ہے ۔

Soap-dish : (n) بے ڈھکن کی صابن دانی ۔

Soap-fat : (n) باورچی خانے کی بچی کھچی چیزیں جو صابن سازی میں کام آتی ہیں ۔

Soap-fish : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Soap-flakes : (n) صابن کی پپڑی ۔

Soap-fruit : (n) ریٹھ یا اس قسم کے دوسرے پھل (جو صابن کی بجائے کام آتے ہیں) ۔

Soap-liniment : (n) مالش کی دوا جو صابن ، کافور وغیرہ سے بنتی ہے ۔

Soap-maker : (n) صابن ساز ۔

Soap-making : (n) صابن سازی۔

Soap-nut : (n) دیکھو Soap-berry

Soap-opera : (n) ریڈیو یا ٹیلی ویژن میں کھیلا جانے والا ادنیٰ اور جذباتی قسم کا مسلسل ڈرامہ ۔

Soap-plant : (n) صابونیہ : ریٹھا یا ایسے ہی دوسرے پودے جن سے صابن کی بجائے کام لیا جاتا ھے ۔

Soap-plaster : (n) صابونی پلاسٹر ۔

Soap-root : (n) دو قسم کے درختوں کا نام جو دھلائی کے کام میں آتے ہیں ۔

Soap-saver : (n) تار کا بنا ظرف جس میں صابن کے چور کو رکھ کر جھاگ بناتے ہیں ۔

Soap-stock : (n) شحمی مادہ جس سے صابن بنتا ھے ۔

Soap-stone : (n) سنگ صابن : گل صابن ۔

Soap(-) suds : (n) آب صابن خصوصاً صابن آمیز پانی جس میں کپڑا دھویا گیا ہو ۔

Soap-test : (n) پانی کے کھارے پن کو جانچنے کا ایک طریقہ ۔

Soap-tree : (n) بعض قسم کے درخت یا پودے جن کی جڑیں ، پتیاں یا پھل صابن کے نعم البدل کا کام دیتے ہیں : ریٹھا : ریٹھے کا درخت ۔

Soapery : (n) صابن بنانے کا کارخانہ ۔

Soapily : (adv.) (۱) چکنائی کے ساتھ : صابن کی طرح ۔ (۲) تملق سے : چاپلوسی سے ۔

Soapiness : (n) (۱) صابونیت : صابن کا مزہ وغیرہ ۔ (۲) تملق : چاپلوسی ۔

Soapless : (a) (۱) بے صابن کا ۔ (۲) بے دھویا : گندا ۔

Soapwort : (n) بعض قسم کے پودے جن سے صابونی عنصر نکلتے ہیں ۔

Soapy : (a) (۱) صابن لگا ہوا : صابن دار ۔ (۲) صابن ملا ہوا : صابن آمیز ۔ (۳) صابن جیسا ۔ (۴) صابن کا مزہ رکھنے والا ۔ (۵) چکنا : ملائم ۔ (۶) خوشامدی : چاپلوسی : چرب زبان : خوشامدانہ : چکنی چپڑی ۔

Soar : (n) (۱) حد پرواز ۔ (۲) بلند پروازی ۔

Soar : (v) [Fr. 'Essorer'.] (۱) بلندی پر اڑنا : بہت اونچا اڑنا : ہوا میں تیرنا ۔ (۲) (مجازاً) ترقی کرنا : بلند ہونا : ابھرنا ۔ (۳) بہت اونچائی پر جانا ۔ (۴) بہت اونچا ہونا (عمارت ، پہاڑ وغیرہ کا) ۔ (۵) اونچا اڑانا : اونچا جانا ۔ (۶) چڑھانا ۔ (۷) بلند آواز سے گانا ۔ (۸) تیزی سے جانا ۔

Soarer : (n) اونچا اڑنے والا : بلند پرواز ۔

Soaring : (n) اونچا اڑنا ۔

Soaringly : (adv.) اونچا اڑتے ہوئے : بلند پروازی کرتے ہوئے ۔

Sob : (n) (۱) سسکی : سبکی ۔ (۲) سسکی کی آواز ۔

Sob : (v) [ME. 'Sobben'.] (۱) سبکی لینا : سبکنا : روتے ہوئے ہچکی لینا : سسکی بھرنا ۔ (۲) سسکنا ۔ (۳) سسکی بھر کر کہنا ۔

Sob : (v) بھگونا : ڈبونا : تر بتر کرنا ۔

Sob : (n) حرامی شخص : بد معاش آدمی ۔

Sob-sister : (n) (۱) گریہ آور قصہ نویس ۔ (۲) ناتجربہ کار نیک کام کرنے والا ۔

Sob-story : (n) (۱) گریہ آور قصہ ۔ (۲) (ہمدردی حاصل کرنے کے لئے) گھڑا ہوا گریہ آور حصہ ۔

Sob-stuff : (n) (عام) دلگذار قصہ : پر جذبات تحریر : گریہ آور تحریر ۔

Soba : (n) [Jap.] (جاپان) آٹے اور انڈے کی بنی سویاں ۔

Sobbed : (a) تر بتر : بھیگا ہوا ۔

Sobbing : (n) سسکی : سبکی ۔

Sobbingly : (adv.) سسکی لے کر : سبک کر ۔

Sobby : (a) بھیگا ہوا : تر بتر ۔

Sobeit : (Conj.) اگر : بشرطیکہ ۔

Sober : (a) [Fr. 'Sobre'.] (۱) ہوشیار (مست کی ضد) : جو نشے میں نہ ہو ۔ (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسند : محتاط ۔ (۳) سنجیدہ : متین : معقول : سلجھا ہوا :

فرزانہ : معتدل : ہوشمند : ٹھنڈی طبیعت کا : ضابط : قائم مزاج ۔ (۳) سنجیدہ : پر سکون :پر اطمینان : ہوش مندی کا : باہوش ۔ (۵) صوفیانہ (رنگ) ۔ (٦) کمزور : ناتواں ۔ (۷) منکسر ۔

In sober earnest : بلا مبالغہ : حقیقت میں ۔

Sober : (v) ہوش میں لانا : ٹھنڈا کرنا : اعتدال پر لانا : وحشت دور کرنا یا ہونا: سنجیدگی پیدا کرنا : آنکھیں کھول دینا : خام خیالی : غفلت وغیرہ دور کرنا ۔

Sober-minded : (a) متین : اعتدال پسند : ضابط : ہوش مند : معقول ۔

Sober-mindedness : (n) اعتدال پسندی : ہوش مندی : معقولیت ۔

Soberize : (v) دیکھو Sober

Soberly : (adv.) سنجیدگی سے : ہوشمندی سے : معقول طریقے سے : سکون سے ۔

Soberness : (n) اعتدال پسندی : سنجیدگی : متانت : معقولیت : ہوش مندی ۔

Sobersided : (a) (۱) سلیم الطبع :سنجیدہ : متین ۔ (۲) ابم : بھاری بھرکم : جچاتلا ۔

Sobersides : (n) سلیم الطبع شخص : سنجیدہ شخص ۔

Sobful : (a) سسکیوں سے بھرا : سسکی بھرنے والا ۔

Soboles : (n) [L. 'Soboles.'] (۱) (نباتیات) کلہ : شاخ ۔ (۲) زیر زمین شاخ ۔

Soboliferous : (a) (نباتیات) کلہ خیز ۔

Sobriety : (n) [OFr. 'Sobriete' or L. 'Sobrietas'.] (۱) ہوشیاری: نشے میں نہ ہونا ۔ (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسندی ۔ (۳) سنجیدگی : متانت : معقولیت : فرزانگی : ہوش مندی : ٹھنڈی طبیعت : ضبط : قائم مزاجی : استقلال : مستقل مزاجی ۔

Sobriquet : (n) [Fr.] عرف : فرضی نام ۔

Soc : (n) [Var. of 'Soke'.] مقامی حلقۂ اختیار ۔

Socage : (n) [AFr. 'Socage'.] (۱) جاگیر داری نظام کا اصول جس میں کاشتکار کو لگان دینا پڑتا ھے یا مالك کی کوئی اور خدمت کرنی پڑتی ھے : جاگیر بعوض خدمت ۔ (۲)لگان جو کاشتکار کو دینا پڑتا ھے ۔

Free and common socage : عام جاگیر داری نظام جس میں کاشتکار کو لگان دینا پڑتا ھے یا مالك کی کوئی اور خدمت کرنی پڑتی ھے ۔

Soccer / Socker : (n) [f. Assoc. (Start for Association) + er.] فٹ بال کی ایك قسم : ایك کھیل جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگاتے ہیں۔

Sociability : (n) (۱) ملنساری : آشنا مزاجی : یار باشی : صحبت پسندی : موانست ۔ (۲) (حیوانیات) غولی رجحان ۔

Sociable : (a) [Fr. or L. 'Sociabilis'.] (۱) یار باش : ملنسار : صحبت پسند : آشنا مزاج ۔ (۲) بے تکلف : دوستانہ ۔

Sociable : (n) (۱) ایك قسم کی بگھی (جس کی نشستیں پہلو میں آمنے سامنے ہوتی ہیں) ۔ (۲) تین پہیوں کی سائیکل یا ہوائی جہاز جس میں دو آدمی ایك دوسرے کے مقابل بیٹھ سکتے ہیں ۔ (۳) شام کی بے تکلف صحبت خصوصاً کلیسا کا سماجی اجتماع ۔ (۴) "S" کی شکل کا صوفہ جس پر دو آدمی جزوی طور پر آمنے سامنے بیٹھتے ہیں ۔

Sociablenss : (n) ملنساری : یار باشی : آشنا مزاجی ۔

Sociably : (adv.) ملنساری سے : آشنا مزاجی سے ۔

Social : (a) [Fr. or L. 'Socialis'.] (۱) گروہ پسند : مل کر رہنے والا (جانور) : غولی ۔ (۲) حلیفوں کا : (جنگ) جو حلیفوں سے ہو ۔ (۳) مل کر اگنے والے (پودے) معاشرت پسند : مدنی الطبع (انسان) ۔ (۵) اجتماعی : سماجی : عمرانی : معاشرتی : معاشری ۔ (٦) رسمی : تکلفی ۔

Social : (n) تفریحی صحبت (کسی کلب وغیرہ کی) ۔

Social action : (n) سماجی و معاشرتی بہبود کا منظم اجتماعی پروگرام ۔

Social anthropology : (n) عمرانی بشریات : ناخواندہ سوسائیٹوں کی سماجی صنعت کا مطالعہ ۔

Social bees : (n) ایك ہی چھتے میں رہنے والی شہد کی مکھیاں ۔

Social birds : (n) وہ پرند جو قریب قریب گھونسلے بناتے ہیں ۔

Social climber : (n) وہ شخص جو سماج میں زیادہ اونچا مقام حاصل کرنے کی کوشش کرے ۔

Social compact : (n) دیکھو Original contract

Social contract : (n) دیکھو Original contract

Social control : (n) سماجی ضبط ۔

Social democracy : (n) اشتراکی جمہوریت ۔

Social Democraft : (n) اشتراکی سیاسی پارٹی کا رکن : جمہوری اشتراکی : اشتراکیوں کی وہ جماعت جو تدریجی اصلاح کی قائل ھے : معتدل اشتراکی ۔

Social disease : (n) (۱) جنسی بیماری : جماعی مرض ۔ (۲) معاشرتی بیماری (مثلاً تپ دق وغیرہ) ۔

Social distance : (n) عمرانی فرق مراتب : سماجی فرق مراتب ۔

Social dynamics : (n) عمرانی حرکیات ۔

Social evening : (n) (کسی سوسائٹی کی) شام کی صحبت ۔

Social evil : (n) حرامکاری : حرامکاری کا پیشہ ۔

Social group : (n) سماجی گروہ ۔

Social instinct : (n) سماجی جبلت ۔

Social insurance : (n) رفاہی بیمہ ۔

Social justice : (n) نظریۂ مساوات : سماجی برابری : مساوات ۔

Social-minded : (a) رفاہی کاموں میں دلچسپی لینے والا ۔

Social nuisance : (n) سماجی تکلیف ۔

Social order : (n) سماجی نظام ۔

Social organisation : (n) سماجی تنظیم ۔

Social parasition : (n) معاشرتی فضیلت ۔

Social pathology : (n) سماجی مرضیات ۔

Social philosophy : (n) عمرانی فلسفہ : فلسفۂ تمدن : سماجی فلسفہ ۔

Social psychology : (n) عمرانی نفسیات : سماجی نفسیات ۔

Social registerite : (n) وہ شخص جس کا نام مشہور معروف شخصیتوں کی فہرست میں لکھا ہو ۔

Social sanction : (n) سماجی تائید ۔

Social science : (n) سماجی سائنس : سماجیات : عمرانیات ۔

Social security : (n) فرد کے اقتصادی تحفظ اور سماجی رفاہ کا سرکاری انتظام : سرکاری کفالت ۔

Social service : (n) خدمت خلق : رفاہی کام : سماج سیوا ۔

Social studies : (n) سماجیات : مطالعۂ سماج ۔

Social unit : (n) سماجی اکائی (مثلاً فرد ، خاندان یا گروپ) ۔

Social wasps : (n) ایک ہی چھتے میں رہنے والی بھڑیں ۔

Social welfare : (n) رفاہ عامہ : فلاح عامہ : سماجی بہبود ۔

Social work : (n) رفاہی کام : سماجی کام ۔

Social worker : (n) خدمت خلق کرنے والا : سماجی کام کرنے والا ۔

Socialism : (n) (۱) اشتراکیت : اجتماعیت : سماج واد ۔

Christian socialism : عیسوی اشتراکیت ۔

State socialism : (۱) ایسی جماعت جو وفاقی جمہوریت کا جز ہو ، خصوصاً ریاستہائے متحدہ امریکا میں ۔ (۲)رتبہ : منصب ۔ (۳) دیکھو State ۔

Socialist : (n) اشتراکی : اشتراکیت پسند : سوشلسٹ : سماج وادی ۔

Socialistic : (a) اشتراکی : اشتراکیت کا ۔

Socialite : (n) مشہور و معروف شخص ۔

Sociality : (n) (۱) صحبت پسندی : معاشرت پسندی ۔ (۲) (جمع) سماجی تقریب ۔ (۳) دوستی : یار باشی : معاشرت ۔

Socialization : (n) معاشرتی سازی : اشتراکی بنانا یا بنایا جانا ۔

Socialize : (v) (۱) معاشرتی بنانا ۔ (۲) اشتراکی بنانا : اشتراکیت کے رنگ میں رنگنا : اشتراکیت کا : نظام جاری کرنا : (کسی ملک کو) اشتراکیت کے اصول پر ڈالنا ۔ (۳) رفاہی بنانا ۔

Socially : (adv.) (۱) اجتماعی یا معاشرتی حیثیت سے : سماجی طور پر ۔ (۲) سماج کا : سماج سے ۔

Socialness : (n) دیکھو Sociality

Sociate : (a) [L. 'Sociatus'.] مربوط : منسلک : شریک ۔

Sociative : (a) [Fr. 'Sociatif'.] (قواعد) متلازمی : ایتلافی : متلازم ۔

Societal : (a) سماجی : انجمنی ۔

Societarian : (a) سماجی : اشتراکی : سوسائٹی دار ۔

Societarian : (n) (۱) اشتراکی : اشتراکیت پسند ۔ (۲) اہل فیشن سے تعلق رکھنے والا ۔

Societary : (a) سماجی : معاشرتی ۔

Society : (n) [Fr. 'Societe'.] (۱) اجتماعی زندگی : معاشرت ۔ (۲) معاشرہ : قوم : جماعت : سماج : سوسائٹی ۔ (۳)طبقۂ امرا : اعلیٰ طبقہ ۔ (۴) لوگوں کی صحبت : جلوت ۔ (۵) صحبت : رفاقت : ساتھ ۔ (٦) انجمن : سبھا : جمیعت ۔ (۷) عبادت گذاروں کا مجمع یا جماعت ۔ (۸)(ماحولیات) نباتی اجتماع ۔

Royal society : انگلستان کی سب سے بڑی علمی انجمن : رائل سوسائٹی ۔

Society : (a) اہل فیشن کی جماعت سے متعلق ۔

Society hand : (n) پیشہ وروں کی انجمن کا کاریگر ۔

Society house : (n) پیشہ وروں کی انجمن کا کارخانہ ۔

Society of friends : (n) ایک عیسائی فرقہ ۔

Society verse : (n) تفریحی شاعری ۔

Socinian : (n) [Mod. L. 'Socinianus'.] سولھویں صدی کے اطالوی فقیہہ فاسٹس سوسی نس کے عقیدۂ وحدانیت کو ماننے والا فرقہ ۔

Socinian : (a) سولھویں صدی کے اطالوی فقیہہ فاسٹس سوسی نس کے عقیدے سے متعلق یا اس کا قایل ۔

Socinianism : (n) سوسی نس کا مذہب وحدانیت : سوسینانیت ۔

Socinianize : (v) سوسی نس کے عقیدے کا ماننا یا بنانا ۔

Socio- : (Prefix) سابقہ بمعنی "سماجی" : "معاشرتی" : "سماج" ۔

Sociocentric : (a) سماج مرکزی ۔

Sociocracy : (n) معاشرہ شاہی : سماجی حکومت : ایک نظریاتی طرز حکومت جس میں سماج کو شاہی حقوق حاصل ہوتے ہیں ۔

Sociocultural : (a) معاشرتی ثقافتی : سماجی ثقافتی ۔

Socioeconomic : (a) اجتماعی معاشیاتی : سماجی معاشیاتی ۔

Sociogenesis : (n) آغاز تمدن : ارتقائے ثقافت ۔

Sociogram : (n) معاشرہ نگارش ۔

Sociographic : (a) معاشرت نگاری سے متعلق ۔

Sociography : (n) معاشرت نگاری : معاشرت نامہ ۔

Sociolinguistic : (a) عمرانی لسانیاتی : سماجی لسانیاتی : سماجی لسانی ۔

Sociolinguistic : (n) عمرانی لسانیات : سماجی لسانیات ۔

Sociologic : (a) عمرانی : عمرانیاتی ۔

Sociological : (a) دیکھو Sociologic

Sociologically : (adv.) عمرانیات کی رو سے ۔

Sociologist : (n) عمرانیات داں : عالم عمرانیات : ماہر عمرانیات ۔

Sociologistic : (a) دیکھو Sociologic

Sociology : (n) عمرانیات ۔

Sociometric : (a) معاشرہ پیمائی سے متعلق ۔

Sociometrist : (n) معاشرہ پیمائی کا طالب علم ۔

Sociometry : (n) معاشرہ پیمائی : معاشرتی تعلقات کا مطالعہ ۔

Sociopath : (n) سماج دشمن یا غیر سماجی کردار والا شخص ۔

Sociopathic : (a) سماج دشمن یا غیر سماجی کردار سے متعلق : سماج دشمن : غیر سماجی ۔

Sociopathy : (n) سماج دشمنی ۔

Sociopolitical : (a) معاشرتی سیاسی : سماجی سیاسی ۔

Sociopsychological : (a) معاشری نفسیاتی : سماجی نفسیاتی ۔

Socius : (n) [L.] شریک کار : ہم کار : ہم منصب ۔

Socius criminis : (n) [L.] شریک جرم : رفیق جرم ۔

Sock : (n) [OE. 'Socc.'] (۱) موزہ : جراب : پائتابہ ۔ (۲) یونانی اور رومی تھیٹر میں کامیڈی ایکٹروں کے جوتے ۔ (۳)سکھ تلا ۔ (۴) موزے جیسا نرم حفاظتی غلاف (کسی چیز کا) ۔ (۵) روپے جمع کرنے کا ظرف ۔ (۶) (گھوڑے کے ٹخنے کی) سفید دھاری یا پٹی جو ٹخنوں تک ہو ۔

To pull up one's socks : جد و جہد کے لئے کمر کسنا ۔

Sock : (n) [Fr. 'Soc'.] ہل : پھال : پھالی ۔

Sock : (n) [Of unkn. origin.] (عام) نفیس یا لذیذ اشیائے خوردنی : مٹھائی وغیرہ جو جیب میں پڑی رہیں اور وقتاً فوقتاً کھائی جائیں ۔

Sock : (n) [of Cant. Origin.] مار : وار : ضرب ۔

To give (a person) socks : مارنا : پیٹنا ۔

Sock : (v) موزے فراہم کرنا : موزے پہننا ۔

Sock : (v) (۱) مارنا : کوئی چیز پھینک کر مارنا ۔ (۲) ٹھوکنا : ٹھونکنا ۔ (۳) مکوں سے مارنا : سختی سے حملہ کرنا ۔

To sock it : (عام) زور سے بولنا : تشدد کرنا یا تشدد سے پیش آنا ۔

Sock : (a) (۱) با اثر : بھڑکیلا : بھڑک دار ۔ (۲) (عام) بہت کامیاب ۔

Sock : (v) دیکھو Sigh

Sock and scythe : (n) جوتنا اور کاٹنا ۔

Sock away : (n) (عام) (بچت یا سرمایہ کے طور پر) پس انداز کرنا ۔

Sock eye : (n) ایک قسم کی سامن مچھلی ۔

Sock in : (v) (۱) بند کرنا : چھپانا ۔ (۲) پرواز کی ممانعت کر دینا (ہوائی جہاز وغیرہ کو) ۔

Sock suspender : (n) موزہ بند : گیٹس ۔

Sockdolager : (n) [Probably fanciful.] (۱) (عام) کاری ضرب یا وار ۔ (۲) ایک قسم کا ، مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ (۳)کوئی غیر معمولی چیز ۔

Socker : دیکھو Soccer

Socker : (n) (عام) کاری ضرب لگانے والا ۔

Sockeroo : (n) (عام) کاری ضرب : بھرپور ہاتھ یا وار ۔

Socket : (n) [AFr. 'Soket'.] (۱) کسی چیز کا گھر : خانہ ۔ (۲) (تشریح) خانہ : کاسہ ۔

Socket : (v) (۱) خانہ میں بٹھانا ۔ (۲) (گولف) بلے کے پچھلے سرے سے مارنا ۔

Socket chisel : (n) روکھانی ۔

Socket pipe : (n) پائپ یا نلکی جس کے اندر دوسرے پائپ یا نلکی کو ڈالنے کی جگہ بنی ہو ۔

Socketed : (a) خانہ دار ۔

Socketless : (a) بے خانہ ۔

Sockless : (a) بے موزہ : بے موزے کا ۔

Socklike : (a) موزے جیسا : جراب نما : موزہ نما ۔

Socko : (a) (۱) (عام) زور دار (ضرب) ۔ (۲) (عام) زبردست (کامیابی وغیرہ) ۔

Socle : (n) [Fr. 'Socle'.] آرائشی ظروف : مجسمہ وغیرہ رکھنے کی پتھر کی چوکی یا پایہ ۔

Socman : (n) [AL. 'Socamannus'.] رعیت جسے جاگیر دار کو لگان دینا پڑتا ھے یا کوئی اور خدمت انجام دینی ہوتی ھے ۔

Socmanry : (n) (نظام جاگیر داری میں) کاشتکار کا لگان دینا یا کوئی اور خدمت انجام دینا ۔

Socotrine Aloes : (n) ایک قسم کا مصبّر یا اس سے بنی دوا ۔

Socratean : (a) سقراط کا : سقراطی : سقراط سے متعلق ۔

Socratic/ -al : (a) [L. 'Socraticus'.] دیکھو Socratean

Socratic : (n) سقراط کا پیرو : سقراطی فلسفی ۔

Socratic irony : (n) تجاہل عارفانہ : جو اس غرض سے کیا جائے کہ دوسرا شخص علم کا ادعا کرے اور اس کی تردید کی جائے ۔

Socratic method : (n) سوال و جواب کا طریقہ ۔

Socratical : (a) سقراطی ۔

Socratically : (adv.) سقراط کی طرح سے : سقراطی فلسفے کی رو سے ۔

Socraticism : (n) سقراط کا فلسفہ : سقراطیت ۔

Socratize : (v) سقراط کے فلسفے کے رنگ میں رنگنا : سقراطی بنانا : سقراط کی طرح رہنا ۔

Sod : (n) [(M) LG. 'Sode'.] گھاس کی تہ (جس میں زمین ، پتے ، جڑیں سب شامل ہوتی ہیں) : سبزے کا تختہ : گھاس لگا ڈھیلا ۔

Under the sod : قبر میں ۔

Sod : (n) (۱) لونڈے باز ۔ (۲) بدمعاش : شیطان ۔

Sod : (v) (۱) (زمین کو) سبزے سے ڈھکنا : سبزے کے تختے لگانا ۔ (۲) گھاس لگے ڈھیلوں سے مارنا ۔

Sod/ Sod oil : (n) ایک چکنا مادہ جو بھیڑ کی کھال سے نکالا جاتا ھے ۔

Sod house : (n) گھر جس کی دیواریں گھاس لگے ڈھیلوں کو ایک دوسرے پر رکھ کر بنائی جاتی ھے ۔

Sod worm : (n) بعض پروانوں کا پہل روپ ۔

Soda : (n) [mod. L.] (۱) سوڈا : سوڈیم کا کھار ۔ (۲) سوڈیم آکسائڈ ۔ (۳) کھارا پانی ۔

Soda-ash : (n) سوڈے کی راکھ : سجی : سوڈیم کاربونیٹ ۔

Soda biscuit : (n) ایک قسم کا بسکٹ جس میں سوڈا اور گھی وغیرہ ڈالا جاتا ھے ۔

Soda fountain : (n) (۱) سوڈے کا فوارہ : وہ برتن جس میں سوڈا بھرا رہتا ھے اور فوارے کی طرح نکلتا ھے ۔ (۲) سوڈا ، آئس کریم وغیرہ بنانے کی مشین ۔ (۳) وہ کاؤنٹر جس پر سوڈا ، آئس کریم وغیرہ بکتا ھے ۔

Soda-lime : (n) کلس : سوڈا چونا ۔

Soda-lime glass : (n) کلسی شیشہ ۔

Soda lye : (n) سوڈا کے ہائڈریٹ کا محلول ۔

Soda waste : (n) غیر حل پذیر کیلشیم آکسی سلفائڈ ۔

Soda(-) water : (n) کھارا پانی : سوڈا واٹر ۔

Sodaic : (a) جس میں سوڈا یا سوڈیم بائی کاربونیٹ ملا ھو ۔

Sodalist : (n) مذہبی انجمن کا رکن ۔

Sodalite : (n) الومینیم اور سوڈیم کا شیشے کا سا شفاف یا نیم شفاف سلیکیٹ : سوڈا سنگ : سوڈا پتھر ۔

Sodality : (n) [Fr. 'Sodalite' or L. 'Sodalitas'.] (۱) برادری ۔ (۲) (رومن کیتھولک چرچ) مذہبی برادری : مذہبی انجمن ۔ (۳) خانہ گرجا جسے کوئی مذہبی برادری استعمال کرتی ھے ۔ (۴) انجمن : سوسائٹی ۔

Sodamide : (n) ایک قسم کا سفید ٹھوس جو سوڈا اور گیسی امونیا ملانے سے بنتا ھے ۔

Sodar : (n) [f. 'Sound detecting and ranging.'] موسم کی پیش گوئی کرنے کا آلہ ۔

Sodden : (a) [ME.] (۱) خوب بھیگا ہوا : تربتر ۔ (۲) کچی سی : بھاری اور گیلی (روٹی) ۔ (۳) لا یعقل (شراب خواری کی کثرت سے) : ہونق : وحشت زدہ : چہرے کی وہ کیفیت جو شراب خواری کی وجہ سے ہوتی ھے ۔

Sodden : (v) (۱) خوب بھگو دینا : تر بتر کر دینا ۔ (۲) ہونق بنا دینا : وحشت زدہ کر دینا ۔ (۳) خوب بھیگ جانا : تر بتر ہو جانا ۔

Soddenly : (adv.) تر بتر ہو کر : شرا بور ہو کر ۔

Soddenness : (n) تر بتر ہونا : شرابور ہونا : لا یعقل ہونا (شراب کی کثرت سے) ۔

Sodding mallet/ -spade : (n) کھرپا یا بیچلہ ۔

Soddy : (a) گھاس لگے ڈھیلوں سے بھرا ہوا : گھاس دار ڈھیلوں سے بھرا ہوا : سبزے کے تختے جیسا : گھاس دار : گھاس سے ڈھکا ہوا : پر سبزہ ۔

Soddy : (n) گھاس لگے ڈھیلوں سے بنا گھر ۔

Sodic : (a) سوڈیم سے متعلق یا بنا ہوا ۔

Sodio- : جزو ترکیبی بمعنی "سوڈیم" ۔

Sodium : (n) [f. 'Soda + -ium'.] سوڈیم : ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ھے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ

نکلتا ھے۔

Sodium amalgam : (n) پارہ اور سوڈیم کا مرکب۔

Sodium bicarbonate : (n) میٹھا سوڈا : کھانے کا سوڈا۔

Sodium carbonate : (n) سوڈا : دھونے کا سوڈا۔

Sodium chloride : (n) کھانے کا نمك۔

Sodium hydroxide : (n) کاسٹك سوڈا۔

Sodium nitrate : (n) شورا۔

Sodium soap : (n) سخت صابن جو سوڈے سے بنتا ھے۔

Sodium sulphate : (n) گلا بری نمك۔

Sodom : (n) [L. 'Sodoma'.] سادوم : مخرب اخلاق جگه۔

Sodomite : (n) (۱) اغلام باز : اغلام کرنے والا : لوطی : بچه باز : لونڈا باز۔ (۲) سادومی : سادوم کا باشندہ (سادوم وہ شہر تھا جہاں آل لوط پر اغلام بازی و بدکاری کی پاداش میں عذاب الٰہی نازل ہوا تھا)۔

Sodomitical : (a) اغلام بازی سے متعلق۔

Sodomitically : (adv.) اغلام بازی کے طور پر۔

Sodomiticalness : (n) اغلام باز ہونا۔

Sodomize : (v) لواطت کرنا : اغلام بازی کرنا۔

Sodomy : (n) [med. L. 'Sodomia'.] اغلام : اغلام بازی : لواطت : کسی کی مقعد یا منه میں مردانه عضو تناسل گھسیڑنا۔

Soe : (n) [ON. 'Sar'.] بڑا ٹب۔

Soever/ Soe 'er : (n) کتنا بھی : کوئی بھی : کہیں بھی۔

Sofa : (n) [Arab. 'Suffa'.] کوچ : صوفه۔

Sofa-bed/ -bedstead : (n) ایك طرح کا صوفه جو رات کو پلنگ کا کام دیتا ھے۔

Sofar : (n) زیر آب دھماکے کا پتا لگانے والا آله۔

Soffione : (n) [It.] بھاپ کا فوارہ جو بعض بخارات کے ساتھ آتش فشانی علاقوں سے نکلتا رہتا ھے۔

Soffit : (n) [Fr. 'Soffite'.] محراب : مرغول : جھروکے وغیرہ کے نیچے کی سطح : شکم محراب : زیر طاق۔

Sofkee : (n) [Muskogee. 'Sofki'.] ایك قسم کا دلیا یا لپسی۔

Soft : (n) (۱) نرم چیز۔ (۲) (جمع) نرم کوئله : نرم کمبل۔ (۳) (امریکا) اس سیاسی جماعت کا رکن جو کاغذی سکے رائج کرنے کی حامی تھی۔ (۴) نرم دل اور رحمدل : سادہ لوح انسان: ضعیف العقل آدمی۔ (۵) ذوصوت حرفِ علت۔

Soft : (a) [Late OE. 'Softe'.] (۱) نرم : ملائم : گدگدا : لوچ دار : لچك دار : خسته۔ (۲) چکنا۔ (۳) معتدل : نه زیادہ گرم نه سرد : خوشگوار۔ (۴) بارش کا : مرطوب (وہ موسم یا دن جب بارش ہو یا برف پگھلے)۔ (۵) میٹھا (پانی)۔ (۶) ہلکے مزے کی (شراب) : ہلکی (شراب جو کم تلخ ہو)۔ (۷) ہلکا : صوفیانه رنگ : ٹھنڈی (روشنی) : پر سکون (آنکھ) : دھیمی (آنچ)۔ (۸) ہلکا ہلکا (خاکه)۔ (۹) دھیمی : مدھم (آواز، سر وغیرہ)۔ (۱۰) ذو صوت (حرف علت)۔ (۱۱) نرمی کا : دھیما : ٹھنڈا : شائسته : مصالحت آمیز : دوستانه : عاشقانه۔ (۱۲) رحمدل : درد آشنا: نرم دل۔ (۱۳) آرام کا : سہل (کام، پیشه وغیرہ)۔ (۱۴) کمزور : پھسپھسا : آرام طلب : سست : زنانه : سادہ لوح : کم عقل۔ (۱۵) (موسیقی) نرم : شیریں۔ (۱۶) لطیف (دھوپ، ہوا وغیرہ)۔ (۱۷) غیر متلاطم : ساکن (سمندر)۔ (۱۸) سیدھا (جانور)۔ (۱۹) ہلکا (ہاتھ)۔ (۲۰) (مشروب) غیر الکحلی۔ (۲۱) زود اثر پذیر : زود تاثر۔ (۲۲) مطیع : فرمانبردار : نرم مزاج : سلیم الطبع۔ (۲۳) نازك : کمزور۔ (۲۴) خراب ہو جانے والی : سڑ جانے والی (چیز)۔ (۲۵) نیم پخته (اینٹ)۔ (۲۶) غیر شفاف (کاغذ)۔ (۲۷) کاغذی جلد والی (کتاب)۔ (۲۸) (چینی) جس میں گنے کا چورا شامل ہو۔ (۲۹) مہربان (آنکھیں)۔ (۳۰) کاغذی (سکه)۔ (۳۱) غیر ضرر رساں۔ (۳۲) کم خالص۔

The soft (er) sex : صنف نازك : جنس لطیف : عورت۔

To be soft on or upon : محبت کرنا : عشق میں گرفتار ہونا : عاشق ہونا۔

Soft : (adv.) آہستگی سے : نرمی سے : چپکے سے : شفقت سے۔

Soft answer : (n) گالی وغیرہ کا نرم جواب۔

Soft-boiled : (a) ہلکا اُبلا (انڈا)۔

Soft-coal : (n) نرم کوئله۔

Soft-corn : (n) دو انگلیوں کے درمیان کا نرم گھٹا ۔

Soft-crab : (n) نرم قشر والا کیکڑا۔

Soft drink : (n) (امریکا) بے نشے کی پینے کی چیز :بے نشہ مشروب ۔

Soft-eyed : (a) مہربان آنکھوں والا ۔

Soft-footed : (a) نرم رو : آہستہ قدم ۔

Soft goods : (n) سوتی کپڑے : پارچہ جات ۔

Soft-grass : (n) ایک قسم کی نرم گھاس ۔

Soft-head : (n) ضعیف العقل شخص : سادہ لوح ۔

Soft-headed : (a) ضعیف العقل : سادہ لوح ۔

Soft-hearted : (a) نرم دل : رحمدل ۔

Soft-heartedly : (adv.) نرم دلی سے : رحم دل سے ۔

Soft-heartedness : (n) نرم دلی : رحم دلی ۔

Soft-landing : (n) (ہوائی جہاز وغیرہ کا) آہستگی سے اترنا ۔

Soft money : (n) کاغذ کا سکہ : نوٹ ۔

Soft-nosed : (a) (کارتوس) جس کی نوک ملائم ہوتی ہے ۔

Soft nothings : (n) عاشقانہ گفتگو : راز و نیاز ۔

Soft-palate : (n) (تشریح) تالو کا پچھلا حصہ ۔

Soft-pedal : (n) دیکھو Pedal

Soft-roe : (n) نر مچھلی کے فوطے کی کوڑی (یا وہ تولیدی غدود جو رسنے والے مادے سے بھر چکے ہوں اور تناسل یا افزائش نسل کے لئے تیار ہوں) : (نیز) ان سے رسنے والا مادہ ۔

Soft-sawder : (v) خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا ۔

Soft-sawder : (n) خوشامد : چاپلوسی ۔

Soft-shell : (n) نرم خول جانور : نرم قشر والا گھونگا ۔

Soft-shell : (a) (۱) اعتدال پسند : معتدل ۔ (۲) نرم کھال یا خول والا ۔

Soft-shelled : (a) نرم خول والا ۔

Soft-snap : (n) وہ کام یا پڑھائی جس میں کم وقت لگے ۔

Soft(-)soap : (n) (۱) پوٹاش کا بنا صابون ۔ (۲) (عام) خوشامد : چاپلوسی ۔

Soft(-)soap : (v) خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا ۔

Soft(-) soaper : (n) چاپلوس : خوشامدی ۔

Soft solder : (n) نرم ٹانکا ۔

Soft-sole : (n) بچوں کے جوتے ۔

Soft-spoken : (a) خلیق : نرم گفتار ۔

Soft-spot : (n) (۱) جذباتی کمزور : شفقت : لگاؤ : رغبت : شفقت آمیز میلان ۔ (۲) کمزوری ۔ (۳) کمزور کڑی ۔ (۴) معاشیات کا وہ شعبہ جو کمزور ہو ۔

Soft-steel : (n) نرم فولاد ۔

Soft-thing : (n) وہ نوکری جس میں کام کم اور تنخواہ زیادہ ہو : نیز دیکھو Soft-snap ۔

Soft-tissues of body : (n) (جسم کے) نرم نسیج ۔

Soft-toe : (n) نرم پنجے والا جوتا : نرم پنجہ ۔

Soft-tortoise : (n) ایک قسم کا کچھوا ۔

Soft-touch : (n) (۱) کوئی چیز یا کام جو آسانی سے کیا جا سکے ۔ (۲) آسانی سے ہار جانے والا حریف ۔ (۳) آسان شکار : نرم دل فیاض : نرم چارا : وہ شخص جسے کسی مدد (یا قرض) کے لئے آسانی سے آمادہ کیا جا سکے ۔

Soft wares : (n) کپڑا وغیرہ : پارچہ جات ۔

Soft wicket : (n) گیلی زمین (کرکٹ) ۔

Soft-wood : (n) نرم لکڑی ۔

Softa/ Sophta : (n) [Turk.] دینیات کا طالب علم (سافتا) ۔

Soften : (v) (۱) نرم کرنا : ملائم کرنا : موم کرنا ۔ (۲) نرم ہونا : ملائم ہونا ۔ (۳) معتدل کرنا: دھیما کرنا ۔ (۴) گھٹانا : کم کرنا: ہلکا کرنا ۔ (۵) مدھم کرنا ۔ (۶) تصفیہ کرنا : صاف کرنا:

(جست سے) میل دور کرنا ۔ (۷) فوجی مزاحمت کو کمزور کر دینا : بمباری کر کے مورچہ کمزور کر دینا ۔ (۸) قیمت کم کرنا ۔

Softener : (n) ملائم ساز : مدھم کرنے والا (برش) ۔

Softening : (n) (۱) نرم کرنا : ملائم بنانا ۔ (۲) دماغ کی ایک بیماری ۔ (۳) رنگ ملانا اور اسے پتلا بنانا ۔

Softening of the brain : (n) دماغ کی ایک بیماری ۔

Softening-point : (n) وہ درجۂ حرارت جس پر چیزیں نرم ہو جاتی ہیں ۔

Softie : (n) (۱) مرد ہو : سادہ لوح آدمی : زن نما مرد : زنخا ۔ (۲) جذباتی آدمی ۔

Softish : (a) نرم سا : ملائم سا ۔

Softling : (n) (۱) زن نما آدمی : نا مرد : زنخا ۔ (۲) چھوٹی نرم چیز ۔

Softling : (a) نرم : ملائم ۔

Softly : (adv.) نرمی سے : آہستگی سے : چپکے سے : شفقت سے ۔

Softness : (n) ملائمت : نرمی ۔

Software : (n) لائحۂ عمل جو کسی مخصوص قسم کے کمپیوٹر میں استعمال ہو سکے : خصوصاً وہ جو اسے بنانے والے ساتھ دیتے ہیں ۔

Softy : (n) دیکھو Softie

Sog : (v) [Origin unkn.] دیکھو Soak

Sog : (v) [Origin unkn.] دیکھو Drowse

Sogarth : (n) [Ir. Gael. 'Sagrat'.] دیکھو Priest

Soggily : (adv.) گیلے طور پر : مرطوب ہو کر ۔

Sogginess : (n) (۱) تری : گیلا پن : رطوبت ۔ (۲) کند ہونا : ٹھس پن : بھاری پن ۔

Soggy : (a) (۱) تر : بھیگا ہوا : گیلا : نرم : مرطوب : سیلا ہوا : سیل ۔ (۲) بھاری : ٹھس : کم ہمت ۔ (۳) کچی سی : بھاری اور گیلی (روٹی) ۔

Soh : (n) (موسیقی) "پا" سرگم کا پانچواں سُر ۔

Soho: (Int.) (۱) (فجائیہ) (گھوڑے وغیرہ کو خاموش کرنے کے لئے) بس ! بس چپ کھڑے رہو ! ۔ (۲) خرگوش کو دیکھ کر کتے کو دوڑانے کے لئے ایک بولی ۔

Soho : (v) سو ہو کر کے چلانا : خرگوش کو بھٹ سے نکالنے کے لئے یہ آواز نکالنا ۔

Soi-disant : (a) [Fr.] (۱) خود ساختہ : بنا ہوا : نام نہاد ۔ (۲) مصنوعی (چیز) ۔

Soigne/ Soignee : (a) [Fr.] (۱) فیشن کے مطابق ۔ (۲) طرحدار : وضع دار : بنا سنورا ۔

Soil : (n) [AFr.] (۱) زمین : زراعتی زمین : مٹی ۔ (۲) پیدائش کا مقام : جائے پیدائش ۔ (۳) (جمع) کوئی خاص قسم کی مٹی ۔ (۴) (کسی چیز کے بڑھنے اور نشو ونما پانے کا) ذریعہ ۔

Child or son of the soil : (۱) کسی مقام کا باشندہ ۔ (۲) کاشت کار : کسان ۔

Lord of the soil : جاگیر دار : زمیندار ۔

To change one's soil : جائے سکونت بدلنا : دوسری جگہ منتقل ہونا ۔

Soil : (n) [OFr. 'Souille'.] (۱) جوہڑ وغیرہ جس میں تعاقب کیا جانے والا ہرن یا دوسرا جانور پناہ لے ۔ (۲) میل کا نشان : پلید داغ یا دھبا ۔ (۳) بدنامی : کلنک کا ٹیکہ : بٹّا ۔ (۴) غلاظت : گندگی ۔ (۵) گوبر : پیخانہ : پاخانہ : کھاد ۔

Soil : (n) (۱) گندہ کرنا : گندگی : گندہ ہونا ۔ (۲) سبز چارہ ۔

Soil : (v) [OFr. 'Soill(i)er'.] (۱) خراب کرنا : پلید کرنا : آلودہ کرنا : گندا کرنا ۔ (۲) پلید ہونا : دھبّے پڑ جانا ۔ (۳) (مجازاً) بٹّا لگانا : داغدار کر دینا : آلودہ کر دینا ۔ (۴) (جنگلی سور یا ہرن کا) پانی یا کیچڑ میں لوٹنا ۔ (۵) (تعاقب کئے گئے ہرن کا) پانی یا دلدلی علاقے میں پناہ لینا ۔ (۶) نلوں وغیرہ پر سیسہ لگانا ۔

To soil one's hands : رسوا ہونا : برا کام کرنا : ملوث ہونا ۔

Soil : (v) جانوروں کو سبز چارہ کھلانا (یہ ابتدا میں جلاب کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا) ۔

Soil-bound : (n) (۱) ڈھیلوں سے بھرا۔ (۲) زمین سے لگا ہوا۔

Soil cap : (n) غلافی چٹان کی پرت۔

Soil conservation : (n) تحفظ اراضی۔

Soil erosion : (n) زمین کاکٹاؤ۔

Soil-pipe : (n) غلاظت کی نالی : وہ نالی جس سے بیت الخلا کا گندا پانی نکلتا ھے : غلیظ نالی۔

Soil-science : (n) اراضیات : مٹی کا علم۔

Soil-stack : (n) عمودی غلیظ نالی۔

Soilage : (n) دیکھو Soil (n)

Soiled : (a) مخصوص قسم کی مٹی کا۔

Soilless : (a) (۱) بے داغ : پاک و صاف۔ (۲) بے زمین کا : بے مٹی کا۔

Soilure : (n) [OFr. 'Soilleure'.] (۱) آلودہ کرنا یا کیا جانا۔ (۲) گندگی : داغ : دھبا : بٹّا۔

Soiree : (n) [Fr. 'Soir'.] شام کی صحبت : شام کا جلسہ (بات چیت، گانے بجانے یا کسی انجمن کا)۔

Soixante-quinze : (n) [Fr.] فرانس کی ۷۵ ملی میٹر (تقریباً تیس انچ) کے دہانے کی توپ جس نے جنگ عظیم میں بہت شہرت حاصل کی۔

Soja/ Sojabean / Soia : (n) [Du.] سویا مٹر۔

Sojourn : (n) [AFr. 'Su(r)jurn'.] (۱) عارضی قیام : اقامت : چند روز کے لئے ٹھہرنا۔ (۲) عارضی قیام گاہ۔

Sojourn : (v) عارضی طور پر قیام کرنا۔

Sojourner : (n) عارضی مقیم۔

Sojournment : (n) دیکھو Sojourn (n)

Soke : (n) [AL. 'Soca'.] (۱) مقامی دائرۂ اختیار۔ (۲) کسی حلقۂ حکومت کا ضلع : وہ ضلع جس کو حلقۂ اختیار میں لے لیا گیا ہو۔ (۳) رعیت کا کسی مل میں اناج پسوانے کی خاطر جانا۔

Sokeman : (n) دیکھو Socman

Sokemanry : (n) دیکھو Socmanry

Soken : (n) [OE. 'Socn'.] کسی حلقۂ حکومت کا ضلع۔

Soko : (n) [Native Afr. name.] آدمی نما بندر کی ایک جنس۔

Sol : (n) [L.] (۱) سورج : آفتاب : شمس۔ (۲) کیمیا گری میں استعمال ہونے والا سونا۔

Sol : (n) [Frist syllable of L. 'Solve'.] (موسیقی) "پا" سرگم کا پانچواں سُر۔

Sol : (n) [Earlier Fr. 'Sol'.] فرانس کا قدیم سکہ۔

Sol : (n) [Sp.] (۱) ہسپانوی امریکا کا نقرئی سکہ۔ (۲) آدمی اور سانڈ کے مقابلے کے میدان کا وہ حصہ جہاں دھوپ رہتی ھے۔

Sol : (n) [Short for 'Solution'.] (کیمیا) محلول لسونت (Colloid)۔

Sol-fa : (n) (موسیقی) سرگم کا ایک اصول۔

Sol-fa : (v) (۱) سرگم کے اصول ترتیب دینا یا ان کا ترتیب دیا جانا۔ (۲) سرگم کے اصول پر گانا۔

Sola/ Solah : (n) [Urdu and Bengali 'Sola'.] (۱) شولا : سولا : ایک گودے دار درخت جو خط استوا کے قریب پایا جاتا ھے۔ (۲) شولے کا گودا۔

Sola : (a) (۱) اکیلی : تنہا۔ (۲) (تجارت) مفرد۔

Sola : (n) مفرد ہنڈی۔

Solace : (n) [OFr. 'Solas'.] (۱) تسکین : تسلی : دلاسا : دل جوئی۔ (۲) تسکین دینے والا۔ (۳) (طباعت) (مطبع والوں کی انجمن کے کسی رکن کے ذریعہ کیا ہوا) جرمانہ : (کسی قاعدے کی خلاف ورزی کے لئے)۔

Solace : (v) (۱) تسکین دینا : تسلی دینا : دلجوئی کرنا۔ (۲) (کسی مقام کو) خوش گوار بنانا۔ (۳) (مطبع والوں کی انجمن کا) کسی شخص کو جرمانہ ادا نہ کرنے پر جسمانی سزا دینا۔

Solaceful : (a) (۱) تسکین بخش : تسلی بخش : دلجوئی کرنے والا۔

Solacement : (n) تسکین دینا : تسلی دینا : دلجوئی : تسکین : تسلی۔

Solacer : (n) تسکین دینے والا : تسلی دینے والا۔

Solan/ Soland/ Solan goose : (n) [ON.*Sula'.] ایک قسم کی مرغابی : قاز سفید ۔

Solanaceous : (a) [mod. L. 'Solanaceae'.] بادنجانی (پیوستہ گلبرگہ پودوں کی ایک جنس) ۔

Solander : (n) [f. D.C. 'Solander, the Swedish botanist'.] کتاب کی شکل کا ڈبہ جس میں کاغذات ، نقشے وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Solania : (n) [f. 'Solanium + -ia'.] (کیمیا) ایک قسم کا القلی نما جو مکو میں پایا جاتا ہے ۔

Solanicine : (n) (کیمیا) ایک اساسی مادہ جو Solanine پر ہائیڈرو کلورک ایسڈ کے عمل سے بنتا ہے ۔

Solanidine : (n) (کیمیا) ایک اساسی مادہ جو Solanine پر تیزابوں کے عمل سے پیدا ہوتا ہے ۔

Solanine/ Solanina/ Solanin : (n) [Fr. 'Solanine'.] ایک قسم کی سمی القلی نما شکر جو بعض درختوں میں پائی جاتی ہے ۔

Solano : (n) [Sp.] (ہسپانیہ میں) گرم جنوب مشرقی ہوا ۔

Solanoid : (a) [f. 'Solanum + -oid'.] (مرضیات) آلو سے مشابہ : آلو نما (کینسر) ۔

Solanum : (n) [L.] (۱) جنس بادنجان : پودوں کی جنس جس میں ٹماٹر ، مکو وغیرہ شامل ہیں ۔ (۲) ان پودوں کے بعض حصے یا ان کا عرق جو دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Solar : (a) [L. 'Solaris'.] (۱) سورج کا : سورج سے متعلق : شمسی : آفتابی ۔ (۲) آفتاب سے مشابہ ۔ (۳) سورج دیوتا سے منسوب یا موسوم ۔ (۴) سورج کے زیر اثر پیدا ہونے والا ۔ (۵) دھوپ سے چلنے والا / والی ۔

Solar : (a) (۱) شولے کا بنا ہوا ۔ (۲) گرم ملکوں میں استعمال کیا جانے والا ۔

Solar : (n) (۱) (فوٹوگرافی) شمسی فوٹو ۔ (۲) بالائی منزل کا کمرہ ۔ (۳) کارنوالی کانوں کا پلیٹ فارم ۔

Solar apex : (n) راس الشمس : راس السّما ۔

Solar attachment : (n) شمسی وصلہ : شمسی پرزہ ۔

Solar battery : (n) دیکھو Solar cell

Solar calender : (n) شمسی جنتری : شمسی تقویم : شمسی کیلنڈر ۔

Solar cell : (n) شمسی مورچہ : ایک آلہ جو دھوپ کو بجلی میں بدل دیتا ہے ۔

Solar compass : (n) شمسی قطب نما ۔

Solar constant : (n) شمسی مستقل ۔

Solar corona : (n) (علم النجوم) اکلیل شمسی: تاج شمسی ۔

Solar cycle : (n) دور شمسی ۔

Solar day : (n) یوم شمسی : یوم ۔

Solar eclipse : (n) کسوف : سورج گرہن ۔

Solar eye-piece : (n) سورج کا مشاہدہ کرنے والا دور بینی چشمہ جس سے سورج کی روشنی اور گرمی کم محسوس ہوتی ہے ۔

Solar flare : (n) سورج کی سطح کے کسی حصے سے اچانک اور عارضی توانائی کا نکلنا ۔

Solar flower : (n) وہ پھول جو دن میں خاص وقت کھلتا ہے اور دن میں ہی بند ہو جاتا ہے : آفتابی پھول ۔

Solar hour : (n) اوسط یوم شمسی کا چوبیسواں حصہ : گھنٹہ ۔

Solar-ganglion : (n) دیکھو Solar-plexus

Solar lamp : (n) (۱) ارگنڈی لیمپ ۔ (۲) ایک قسم کا برقی لیمپ ۔

Solar month : (n) ماہ شمسی : شمسی سال کا مہینہ ۔

Solar myth : (n) افسانۂ آفتاب : روایت نظام شمسی ۔

Solar oil : (n) بعض قسم کے معدنی تیل : گاڑھا پٹرول : ایک قسم کی رال ۔

Solar phosphorous : (n) ایک قسم کا مادہ جس پر دھوپ پڑنے سے روشنی نکلتی ہے ۔

Solar plexus : (n) جوف معدہ میں اعصاب کی گتھی : شمسی ضفیرہ ۔

Solar print : (n) شمسی تصویر ۔

Solar prominences : (n) شمسی بروز : شعل احمر ۔

Solar salt : (n) Add meaning please

Solar spot : (n) (۱) (علم النجوم) داغ آفتاب . (۲) جلد کا داغ جو دھوپ میں رہنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ھے .

Solar system : (n) نظام شمسی .

Solar telegraph : (n) شمسی تار برقی .

Solar tables : (n) شمسی جدول .

Solar tide : (n) شمسی مدو جزر .

Solar time : (n) شمسی وقت .

Solar wind : (n) (سورج سے) برقی ذرات کا مسلسل سیل .

Solar year : (a) شمسی سال .

Solari- : (Prefix) سابقہ بمعنی "شمسی" : "آفتابی" .

Solarism : (n) شمسیت : غلو اساطیر شمسی : یہ نظریہ کہ قدیم انسانوں یا دیومالا کی ابتدا ان روایات سے ہوئی جو نظام شمسی سے متعلق تھیں .

Solarist : (n) شمسیتی : نظریۂ شمسیت کا قائل .

Solarium : (n) [L.] دھوپ گھر : آفتاب خانہ : شیشے سے گھری ہوئی جگہ جس میں تفریح یاعلاج کی غرض سے بیٹھ کر دھوپ کھاتے ہیں .

Solarization : (n) (۱) (فوٹوگرافی) روشنی سے خراب ھونا یا کر دینا . (۲) (پتیوں میں) زیادہ دھوپ لگنے کی وجہ سے نشاستے کا جمع ھونا یا رك جانا .

Solarize : (v) (۱) (فوٹوگرافی) زیادہ دیر تك روشنی میں رہنے کی وجہ سے خراب ھو جانا : زیادہ دیر روشنی میں رکھ کر خراب کر دینا . (۲) شمسیت کے رنگ میں رنگنا .

Solation : (n) (کیمیا) لسونتی محلول .

Solatium : (n) [L.] (۱) زر تلافی : بدل . (۲) (قانون) وہ رقم جو مجروح جذبات کی تسکین کے لئے حقیقی نقصان کے علاوہ دی جائے .

Solazzi/ Solazzi juice : (n) [Italian makers' name] ایك قسم کا رب السوس .

Sold : (a) بکا ھوا .

Sold-out : (a) پورا بکا ھوا : فروخت کیا ھوا .

Sold-up : (a) تیاری سے قبل فروخت شدہ (مصنوعات وغیرہ) .

Soldadera : (n) [Amer Sp.] لاطینی امریکا کے گوریلا دستے کی بہیر .

Soldado : (n) [Sp. (and Pg.)] (۱) سپاہی . (۲) جنوبی امریکا کا بگلا . (۳) جزائر غرب الہند کی ایك مچھلی .

Soldan : (n) [ME. 'Soudan'.] سلطان : (خصوصاً) مصر کا سلطان .

Soldanells : (n) [It. 'Soldanella'.] ایك قسم کا پھول دار درخت جو آلپس کے علاقے میں پیدا ھوتا ھے .

Solder : (n) [ME. 'Soculdour'.] (۱) ٹانکا : دھات جوڑنے کا مسالا . (۲) (مجازاً) کوئی صفت یا اصول وغیرہ جو ملائے یا مفاہمت کرائے : رابطہ: بندش : بندھن .

Soft solder : نرم ٹانکا جو ٹین اور جست سے بنتا ھے.

Solder : (v) (۱) ٹانکا لگانا : جھالنا : جوڑنا . (۲) (مجازاً) جوڑنا : ملانا. (۳)(مجازاً) روبراہ کرنا (معاملے کو). (۴)چپکنا: وابستہ ھونا : مل جانا.

Solderer : (n) ٹانکا لگانے والا : جوڑنے والا .

Soldering : (n) (۱) ٹانکا لگانا : جوڑنا . (۲) ٹانکا : ٹانکا لگانے کا مسالا وغیرہ .

Soldering iron : (n) کادیہ : وہ اوزار جس سے ٹانکا لگاتے ہیں.

Soldier : (n) [OFr. 'Soud(i)er'.] (۱) سپاہی : لشکری : بری فوج کا ملازم : فوجی پیادہ یا سوار : معمولی سپاہی . (۲) فن سپہ گری کا ماہر : سپاہی . (۳) کام چور آدمی : کام چور ملاح یا جہاز کا ملازم . (۴) (عام) سرخ ہیرنگ مچھلی . (۵) ایك قسم کی چیونٹی جو لڑتی ھے : سپاہی چیونٹی . (٦) ایك قسم کا سرخ کیڑا . (۷) سور کی ایك بیماری جس میں کھال پر سرخ دھبے پڑ جاتے ہیں . (۸)(دیوار میں لگی) کھڑی اینٹ .

Common soldier : دیکھو Common

Foot soldier : پیادہ : پیادہ سپاہی : پیدل فوج کا سپاہی .

Private soldier : دیکھو Private

Soldier : (v) (۱) سپاہی کی خدمات انجام دینا : فوج میں نوکری کرنا.

(۲) کام سے جی چرانا : بیماری کا بہانہ کرنا ۔
(۳)(فوج، عام) (سپاہی کے اسباب کو) صاف کرنا ۔
(۴) دھمکا کر کام کرانا ۔

Soldier ant : (n) ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ھے : سپاہی چیونٹی ۔

Soldier course : (n) کھڑی اینٹوں کی چنائی کا ایک دور ۔

Soldier-crab : (n) گوشہ گیر کیکڑا ۔

Soldier fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Soldier fly : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Soldieress : (n) سپاہی عورت ۔

Soldiering : (n) (۱) سپاہی کی خدمت انجام دینا ۔ (۲) کام سے جی چرانا ۔

Soldierize : (v) (۱) سپاہی کی خدمت انجام دینا ۔ (۲) سپاہی بنانا ۔

Soldierlike : (a) سپاہی کا سا : فوجیوں کا سا : سپاہیانہ ۔

Soldierlike : (adv.) سپاہی کی طرح سے : سپاہیانہ ۔

Soldierly : (a) (۱) سپاہیانہ : بہادرانہ ۔ (۲) سپاہی صفت : سپاہی کی خصوصیت رکھنے والا : بہادر : جوانمرد ۔

Soldierly : (adv.) دیکھو Soldierlike (adv.)

Soldiery : (n) (۱) سپاہ : فوج : سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) سپہ گری : فوجی تربیت ۔

Soldo : (n) [It.] اطالیہ کا ایک سکہ ۔

Sole : (n) [Late OE. 'Solu'. or 'Sole'.] (۱) تلوا : کف پا ۔ (۲) جوتے کا تلا ۔ (۳) تلا : بیٹھک (کسی چیز کی) ۔ (۴) چولہے ، بھٹی وغیرہ کا پیندا ۔ (۵) (بحری) پتوار : جہاز کے پیندے وغیرہ کا حفاظتی استر ۔ (٦) (بحری ، قلع بندی) کنگرے کا پیندا ۔ (۷) (کان کنی) افقی شہتیر جو تھونی کے نیچے سہارے کے طور پر لگائی جاتی ھے ۔ (۸) پن چرخی کا اندرونی دائرہ ۔ (۹) طبقۂ ارض وغیرہ کا فرش : وادی کا سب سے نشیبی حصہ ۔

Sole : (n) [Fr.] چپٹی مچھلی : سول ماہی : بعض دوسری قسم کی امریکی یا آسٹریلوی مچھلیاں ۔

Sole : (a) [Late ME. 'Soul(e)'.] (۱) واحد : تنہا : بلا شرکتِ غیرے : ایک ہی ۔ (۲) یکتا : بے مثل : لاثانی ۔ (۳) سونا : الگ تھلگ : سنسان (مقام) ۔ (۴) یکساں : غیر متبدل ۔

Corporation sole : فرد بہ منزلۂ جماعت ۔

Woman sole : بن بیاہی عورت : کنواری : مطلقہ عورت ۔

Sole : (v) (۱) جوتے میں تلا لگانا ۔ (۲) (گولف کے بلے کے سرے سے) حفاظتی استر چڑھانا ۔ (۳) گولف کے بلے کے سرے کو زمین پر رکھنا (گیند مارنے کے لئے) ۔ (۴) پیندے کا کام دینا ۔

Sole : (adv.) (۱) بلا شرکت غیرے : مجرد : محض ۔ (۲) صرف : مختص طور پر : تمام تر : بالکل : کل ملا کر ۔

Sole : (v) [Origin unkn.] سختی سے کھینچنا ۔

Sole-coloured : (a) ایک ہی رنگ کا : یک رنگی ۔

Sole corporation : (n) فرد بمنزلۂ جماعت ۔

Sole-leather : (n) تلے کا چمڑا ۔

Sole-piece : (n) تل تختہ ۔

Sole-plate : (n) (۱) تل تختہ ۔ (۲) تل تختی : تل پلیٹ : انجن وغیرہ کا پیندا : تلا ۔

Sole print : (n) تلوے کا نقش : نقش پا : نقش کف پا ۔

Solea : (n) [Byzantine Gr. 'Solea'.] صدر کلیسا یا خانۂ گرجا کے آگے کا چبوترہ ۔

Solecism : (n) [Fr. 'Solecisme'.] (۱) صرف و نحو یا محاورے کی غلطی : فاش غلطی (تقریر یا تحریر میں) ۔ (۲)بیہودگی : بد تہذیبی : بد تمیزی ۔ (۳) غلطی : بے موقع ہونا ۔

Solecist : (n) صرف و نحو یا زبان کی فاش غلطی کرنے والا ۔

Solecistic : (a) غلط : خلاف محاورہ ۔

Solecistical : (a) دیکھو Solecistic

Solecistically : (adv.) غلط طور پر : خلاف محاورہ طور پر ۔

Soled : (a) تلے دار : تلا لگا ہوا ۔

Soleiform : (a) سلیپر کی شکل کا : سلیپر نما ۔

Soleil : (a) [Fr.] چمکدار (کپڑا) ۔

Soleless : (a) بے تلے کا ۔

Solely : (adv.) دیکھو Sole

Solemn : (a) [ME. 'Solem(p)ne'.] (۱) رسمی : با ضابطہ ۔ (۲) پُر رعب : پُر ہیبت ۔ (۳) اہم : سنجیدہ : بھاری بھرکم : جچا تلا : آہستہ (رفتار) ۔ (۴) مقطع بنا ہوا : سنجیدہ بنا ہوا ۔

Solemn league and covenant : دیکھو Covenant

Solemn-ness : (n) سنجیدگی : متانت : اہمیت : باضابطگی ۔

Solemness : (n) دیکھو Solemn-ness

Solemnity : (n) (۱) مذہبی رسم : ضابطہ ۔ (۲) متانت : سنجیدگی : اہمیت : وقار ۔ (۳) تقریب : تیوہار ۔

Solemnization : (n) (۱) باضابطہ ادائیگی (رسم) : ماننا یا منایا جانا : ادا کرنا یا کیا جانا ۔ (۲) شادی کی رسم کا ادا کیا جانا : عقد بندی : شادی کی رسم کی ادائی ۔

Solemnize : (v) (۱) (تیوہار) منانا ۔ (۲) باضابطہ ادا کرنا (رسم کا) ۔ (۳) اہمیت : متانت یا سنجیدگی پیدا کرنا ۔ (۴) عقد بندی کرنا : شادی کی رسم ادا کرنا ۔

Solemnlike : (a) کسی قدر متین یا سنجیدہ ۔

Solemnly : (adv.) باضابطہ طور پر : سنجیدگی سے : متانت سے ۔

Solen : (n) [L.] (۱) ایک قسم کا گھونگا : استرا صدف ۔ (۲) (جراحی) ایک قسم کا چوکٹھا جو بستر کے کپڑوں کو مجروح عضو میں سٹنے سے روکتا ھے ۔

Solenette : (n) ایک قسم کی چھوٹی چپٹی مچھلی ۔

Solenite : (n) [Fr.] متحجر استر صدف ۔

Soleno- : (Prefix) سابقہ بمعنی "نالی" : "نلی" : "نل" ۔

Solenocyte : (n) اخراجی خلیہ : شعلہ خلیہ ۔

Solenodon(t) : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا میں پایا جانے والا ایک قسم کا پستاندار کترنے والا جانور ۔

Solenoid : (n) [Fr. 'Solenoide'.] (۱) پیچواں : پیچواں مقناطیس : وہ مقناطیس جو استوانی شکل کے تار کے لچھے میں برقی رو گزار کر بناتے ہیں ۔ (۲) (طب) ایک حجرہ جس میں علاج کے دوران مریض کو بند رکھتے ہیں ۔

Solenoidal : (a) پیچوانی ۔

Solenostomatous : (a) مچھلیوں کی ایک جنس سے متعلق یا مشابہ ۔

Soler : (n) (جوتے میں) تلا لگانے والا ۔

Solera : (n) [Sp.] (۱) مرکب شیری شراب ۔ (۲) شراب کا پیپا ۔

Soleus : (n) [L. 'Solea'.] (تشریح) پنڈلی کا ایک عضلہ : (عضلۃ) اخمصیہ ۔

Solfaing : (n) سرگم کے اصول پر گانا ۔

Solfatara : (n) [Name of a Sulpherous volcano near Naples.] برکانی شقاق گیس : گندھکی شقاق ۔

Solfeggio : (n) [It.] (۱) سرگم ۔ (۲) سرگم کی مشق ۔

Solferino : (n) (۱)ایک قسم کا سرخ رنگ جو روز انیلین سے نکالا جاتا ھے ۔ (۲) اٹلی میں ایک جگہ کا نام ۔

Solicit : (v) [Fr. 'Solliciter'.] (۱) درخواست کرنا : التجا کرنا : اصرار کرنا ۔ (۲) (قحبہ عورتوں کا) خریداروں کو رجھانا ۔ (۳) خواستگار ہونا : طلب ہونا ۔ (۴) (عورت کو)رجھانا : عشق بازی کرنا ۔ (۵) (نافرمانی یا سرکشی پر) اکسانا : ابھارنا ۔ (۶) تلاش کرنا : جستجو کرنا ۔ (۷)وکیل مقدمات کا کام کرنا ۔

Solicitant : (n & a) التجا کرنے والا : درخواست کرنے والا ۔

Solicitation : (n) استدعا : التماس : التجا : درخواست : اصرار : رجھانا : ترغیب ۔

Solicitor : (n) [Fr. 'Soliciteur'.] (۱) وہ شخص جو لوگوں کو قانونی امور میں مشورہ دیتا ھے اور مقدمے کے کاغذات ترتیب دے کر وکیل کے حوالے کر دیتا ھے مگر خود سوائے چھوٹی عدالتوں کے کسی عدالت میں بحث نہیں کرتا : وکیل مقدمات : مختار ۔ (۲) درخواست کرنے والا: التجا کرنے والا ۔ (۳) (امریکا) چندہ ، کام یا کوئی اور مدد طلب کرنے والا ۔

Solicitor-general : (n) صدر مشیر قانونی : حکومت کا اعلیٰ مشیر قانونی ۔

Solicitorship : (n) وکیل مقدمات کا عہدہ ۔

Solicitous : (n) [L. 'Sollicitus' + -ous.] (۱) متفکر : متردد : فکر مند۔ (۲) محتاط : متوجه : خیال رکھنے والا ۔ (۳) خواہش مند : خواستگار : طالب ۔ (۴) (کوئی کام کرنے کو) دل سے آمادہ : مستعد ۔ (۵) مترددانه : فکر مندانه ۔

Solicitously : (adv.) دل سے : شوق سے : تردد کے ساتھ : فکر مندی کے ساتھ ۔

Solicitousness : (n) تفکر : تردد : اشتیاق : طلب : شوق : خواستگاری: آمادگی : فکر مندی ۔

Solicitude : (n) [Fr. 'Sollicitude'.] (۱) خواہش مندی : خواستگاری: آمادگی ۔ (۲) فکر مندی : تردد : فکر : احتیاط ۔

Solicitudinous : (a) متردد : فکر مند : متفکر ۔

Solid : (n) [Fr. 'Solide'.] (۱) (ہندسه) مجسم : شکل مجسم : سه ابعادی شکل ۔ (۲) ٹھوس چیز : جسم جامد :جماد ۔ (۳)(عمارت) پتھر : اینٹ وغیرہ کا ٹھوس کام : پل کا پایه ۔

The solid : کسی چیز کا اصلی حصه یا جز ۔

Solid : (a) (۱) منجمد : بسته : جامد : جماد ۔ (۲) ٹھوس : بھرا ہوا ۔ (۳) مسلسل : پورا ۔ (۴) مضبوط : مستحکم : قوی : گٹھا ہوا: پکا ۔ (۵) یکساں : ایك میل : خالص ۔ (٦) مدلل : مستحکم : مضبوط : قابل اعتبار : قابل یقین : معقول : محکم ۔ (۷) مجسمات ے متعلق ۔ (۸) (بارش) مسلسل : یکساں : جمی ہوئی : جم کر برستا ہوا (پانی) ۔ (۹)غیر منقسم : سالم : مسلم ۔ (۱۰) مکمل : پورا (گھنٹه ، دن وغیرہ) ۔ (۱۱) ایك ہی عنصر یا مادّے کا ۔ (۱۲) صحت مند : مضبوط : ہٹا کٹا : گٹھا ہوا ۔ (۱۳) متین : سنجیدہ: پخته مزاج (شخص) ۔ (۱۴) صحیح : مبنی بر واقعه : حقیقی ۔ (۱۵) سرگرم ۔ (۱٦) پورا : کامل : مکمل : قطعی: قوی ۔ (۱۷) ایك ہی مادہ یا چیز کا بنا ہوا ۔ (۱۸)یك زبان : متفق الرائے : مسلم : سالم ۔ (۱۹)یکساں اور باقاعدہ ۔ (۲۰) محکم : معقول ۔ (۲۱) کٹر مذہبی ۔ (۲۲) صاف : کھرا : صریح : پر زور : مؤثر ۔

Solid : (adv.) (۱) مضبوطی سے : استواری سے ۔ (۲) متفقه طور پر : به اتفاق رائے : یك زبان ہو کر ۔

To go solid : (کسی کے خلاف یا حق میں) متفقه طور پر رائے دینا یا ووٹ دینا : متفق ہونا ۔

Solid angle : (n) زاویۂ مجسمه : مجسم زاویه ۔

Solid bulb : (n) بصله : ٹھوس گنٹھی ۔

Solid colour : (n) یکساں رنگ (جس میں دوسرے رنگوں کے بیل بوٹے نه ہوں) : یك رنگ ۔

Solid-geometry : (n) ہندسۂ مجسمات ۔

Solid-hoofed/ -hooved : (a) تك سم : ٹھوس کھردار : ٹھوس کھر والا ۔

Solid-looking : (a) مضبوط : مستحکم ۔

Solid-mouth/ -mouthed : (a) (بھیڑ) جس کے منه میں کل دانت نکل آئے ہوں ۔

Solid newel : (n) پیچدار زینے کا ٹھوس مرکزی ستون ۔

Solid of revolution : (n) (ریاضیات) گردشی مجسم ۔

Solid solution : (n) ٹھوس محلول ۔

Solid state : (n) (طبیعیات) ٹھوس حالت ۔

Solid-state : (a) (۱) ٹھوس ۔ (۲) ٹھوس برقیے کی صفت والا ۔

Solid vote : (n) متفقه رائے یا ووٹ ۔

Solidago : (n) [med. L. 'Solidago'.] (۱) سدا بہار پودوں کی ایك جنس ۔ (۲) اس جنس کا کوئی پودا ۔

Solidaric : (a) مستحکم : باہمی طور پر متفق ۔

Solidarily : (adv.) اتحاد کے ساتھ : باہمی اتفاق کے ساتھ ۔

Solidarism : (n) (۱) اغراض : احساسات اور عمل کا اتحاد : باہمی اتفاق ۔ (۲) عمرانیات کا ایك نظریه که کسی سوسائٹی کے اراکین کا باہمی انحصار ہی اغراض و عمل کے اتحاد پر مبنی کسی سماجی تنظیم کی بنیاد پر بنتا ہے ۔

Solidarity : (n) (۱)عصبیت : باہمی اتفاق : استحکام : اغراض : احساسات اور عمل کا اتحاد : اشتراك اغراض ۔ (۲)(قانون) مشترکه اور منفرد معاہدہ ۔

Solidarize : (v) متحد ہونا : مستحکم ہونا : باہمی طور پر متفق ہونا ۔

Solidary : (a) [Fr. 'Solidaire'.] (۱) (قانون) مشترك اور متفرق ۔ (۲) مشترك اغراض والا : متحدہ : باہمی طور پر متفق ۔

Solidate : (n) [med. L. 'Solidatus'.] وہ قطعۂ زمین جس سے کسی کی سالانه آمدنی ایك شلنگ یا ایك سولیڈس ہو ۔

Solidifiable : (a) قابل انجماد : استحکام پذیر : ٹھوس بننے یا بنائے جانے کے لائق ۔

Solidification : (n) انجماد : استحکام : ٹھوس بنانے کا عمل ۔

Solidifier : (n) ٹھوس کرنے والا: مضبوط کرنے والا: منجمد کرنے والا: استحکام دینے والا ۔

Solidify : (v) (۱) ٹھوس کرنا: مضبوط کرنا : سخت کرنا : ٹھوس بنانا ۔ (۲) ٹھوس ہونا : جمنا : سخت ہونا : ٹھوس بننا ۔

Solidism : (n) (طب) نظریۂ صلابیت : یہ نظریہ کہ تمام امراض جسم کے ٹھوس حصوں میں خرابی کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔

Solidist : (n) اس نظریے کا حامی کے تمام امراض جسم کے ٹھوس حصوں میں خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں ۔

Solidity : (n) [L. 'Soliditus'.] (۱) ٹھوس پن : جسمیت : انجماد ۔ (۲) استواری : مضبوطی ۔ (۳) (ہندسہ) سہ ابعادیت : جسمیت ۔ (۴)(طبیعیات) صلودیت : استواری : کثافت : ثقل نوعی ۔ (۵) ٹھوس چیز یا جسم ۔ (٦) (قانون) مشترک و متفرق معاہدہ ۔

Solidly : (adv.) مضبوطی سے :استواری سے : متانت سے : مدلل طور پر: متفقہ طور پر ۔

Solidness : (n) استواری : مضبوطی : انجماد : جسمیت : ٹھوس پن ۔

Solidum : (n) [L.] (۱) پایہ : ستون ۔ (۲) کل رقم : کل مقدار ۔

Solidungulate : (a & n) ٹھوس کھر کا جانور : دیکھو Soliped ۔

Solidungulous : (a) ٹھوس کھر والا : ذوحوافر ۔

Solidus : (n) [L.] (۱) سلطنت روما کا طلائی سکہ ۔ (۲) وہ ترچھی لکیر جو شلنگ اور پنس کے درمیان کھینچی جاتی ھے (مثلاً ١٢/٦) : شلنگ کی علامت ۔

Solifidian : (n) [mod. L. 'Solifidius'.] اعتقادیہ : اعتقادی : اس نظریے کا حامی کہ عقیدہ نجات کے لئے کافی ھے ۔

Solifidian : (a) اعتقادی : نظریۂ اعتقادیت سے متعلق ۔

Solifidianism : (n) اعتقادیت ۔

Solifluction/ Solifluxion : (n) [L.] مٹی کا بہاؤ ۔

Solifluctional : (a) مٹی کا بہاؤ سے متعلق ۔

Soliform : (a) [L. 'Sol' + -from.] سورج سے مشابہ : شمس نما ۔

Solifugae : (n) [L.] روئیں دار حیوانات کا ایک خاندان ۔

Solifuge : (n) [L. 'Solifuga'.] نیولا مکڑی ۔

Solifugid : (n) دیکھو Solifuge

Soligenous : (a) [L. 'Solum + -i - genous.] پانی کے اندر کی طرف بہہ کر آنے سے یا زیر زمین پانی کے اوپر بہہ کر آنے سے پیدا ہونے والی (دلدل وغیرہ) ۔

Soliloquist : (n) اپنے آپ سے باتیں کرنے والا: اپنے دل سے باتیں کرنے والا: خود کلام : خود کلامی کرنے والا ۔

Soliloquize : (v) اپنے آپ سے باتیں کرنا : دل سے باتیں کرنا : خود کلامی کرنا ۔

Soliloquizer : (a) خود کلام : اپنے آپ سے باتیں کرنے والا: خود کلامی کرنے والا ۔

Soliloquizingly : (adv.) اپنے آپ سے باتیں کرتے ہوئے ۔

Solioquy : (n) [late L. 'Soliloquiun'.] (۱) خود کلامی : وہ گفتگو جو اپنے آپ سے کی جائے ۔ (۲) کوئی ادبی تصنیف جس میں خود کلامی ہو یا خود کلامی کی نقل کی جائے ۔

Solilunar : (a) شمسی قمری : چاند اور سورج کا ۔

Soliped/ Solipede : (a) [Fr. 'Solipede' or mod. L. 'Solipes'.] تک سم : ٹھوس کھر والا : ذو حوافر ۔

Soliped/ Solipede : (n) ٹھوس کھر کا جانور ۔

Solipedal : (a) ٹھوس کھر والے جانوروں سے متعلق ۔

Solipedous : (a) دیکھو Soliped

Solipsism : (n) [L. 'Solus' + 'ipse' + -ism.] (ما بعد الطبیعیات) فلسفہ خودی : فلسفہ انانیت : ہمہ انانیت : عندیت : یہ نظریہ کہ انا صرف اپنا نفس وجود رکھتا ھے یا صرف اسی کا علم حاصل ہو سکتا ھے ۔

Solipsist : (n) فلسفہ انانیت کا حامی ۔

Solitaire : (n) [Fr. 'Solitaire'.] (۱) گوشہ نشین : خلوت گزیں ۔ (۲) ہیرا یا کوئی قیمتی نگ جو اکیلا جڑا ہوا ہو ۔ (۳)بندا: میض کا بٹن وغیرہ جس میں صرف ایک نگ

Solmizate : (v) سرگم کے ایک خاص اصول سے ترتیب دینا۔

Solmization / Solmisation : (n) [Fr.] سرگم کے اصول سے ترتیب دینا یا دیا جانا۔

Solo : (n) [It.] (۱) ایک شخص کے گانے یا بجانے کی چیز : سولو۔ (۲) ایک باجے پر بجانے کی چیز۔ (۳) ایک مغنی کا گیت : ایک کھلاڑی کا کھیل۔ (۴) ایک آدمی کا ناچ۔ (۵) (ہوا بازی) تنہا پروازی۔ (۶)(تاش) ایک کھیل جس میں ایک شخص تین کے مقابلے میں کھیلتا ھے۔

Solo : (a) (۱) تنہا؛ بلا شرکت غیرے۔ (۲) ایک آدمی کے لئے۔ (۳)ایک شخص کے ذریعہ بجایا جانے والا (آلۂ موسیقی)۔ (۴)تنہا (پروازی)۔

Solo : (v) تنہا کرنا؛ تنہا پرواز کرنا : اکیلے ہوائی جہاز اڑانا۔

Solo organ : (n) بڑے آرگن باجے کا ایک حصہ۔

Solo stop : (n) آرگن باجے کا پردہ جس سے منفرد آواز نکلتی ھے۔

Soloist : (n) سولو گانے یا بجانے والا۔

Soloistic : (a) سولو گانے یا بجانے والے سے متعلق۔

Solomon : (n) (۱) حضرت سلیمانؑ؛ حضرت سلیمان جیسا دانا شخص؛ عاقل۔ (۲) (طنزاً) حکمت چھانٹنے والا : عقل مند بننے والا۔ (۳) یہودی بادشاہ کا نام۔

British or English solomon : انگلستان کا بادشاہ جیمس اول۔

Scotch solomon : اسکاچستان کا بادشاہ جیمس چہارم۔

Solomonic : (a) سلیمانی۔

Solomon's seal : (n) [med. L. 'Sigillum solomonis'.] (۱) خاتم سلیمان : سوسنی بوٹی : سوسن سے مشابہ ایک پھول دار پودا۔ (۲) شش کرنی ستارہ۔

Solon : (n) [L.] (۱) اپنے وقت کا سولن : حکیم دانش مند۔ (۲)واضع قانون۔

Solonian : (a) قدیم ایتھنس کے واضع قانون سوسن سے متعلق۔

Solpuga : (n) [L.] (۱) زہریلی چیونٹی یا مکڑا جس کا ذکر کلاسیکی ادیبوں نے کیا ھے۔ (۲) مکڑے کی ایک جنس۔

جڑا ہو۔ (۴) کفوں کے جڑے ہوئے بٹن۔ (۵)کھیل جس کو ایک تختے پر گولیوں سے کھیلتے ہیں۔ (۶) تاش کا ایک کھیل جسے ایک شخص کھیلتا ھے۔ (۷) ایک قسم کی ڈھیلی نکٹائی۔ (۸) ایک قسم کا پرندہ جو امریکا اور جزائر غرب الہند میں پایا جاتا ھے۔

Solitaire : (a) صرف ایک آدمی کے لئے : ایک آدمی کا۔

Solitarily : (adv.) تن تنہا : تنہائی میں : بے کسی کی حالت میں۔

Solitariness : (n) تنہائی : خلوت پسندی : بے کسی : سنسان پن۔

Solitary : (n) [L. 'Solitarius'.] (۱) گوشہ نشین درویش : تارک الدنیا راہب۔ (۲)خلوت پسند شخص۔

Solitary : (a) (۱) تنہا : اکیلا : مجرد۔ (۲) اکیلے رہنے والا : تنہائی پسند : غیر غول پسند (جانور) : مفرد۔ (۳) یکہ و تنہا : بے یارو مددگار: بے بس۔ (۴) سونا: الگ تھلگ : سنسان: جہاں لوگوں کی آمد و رفت کم ہو۔ (۵ واحد : بلا شرکت غیرے۔ (۶) (نباتیات) مفرد : اکیلا اگنے والا۔

Solitary ant : (n) غیر غول پسند چیونٹی۔

Solitary bee : (n) شہد کی مکھی جو ہمیشہ الگ تھلگ رہتی ھے۔

Solitary confinement : (n) قید تنہائی۔

Soliterraneous : (a) زمین اور سورج سے متعلق۔

Solitude : (n) [Fr. 'Solitude' or L. 'Solitudo'.] (۱) تنہائی : گوشہ نشینی : خلوت نشینی : عزلت۔ (۲) ویرانہ : کنج عزلت : گوشہ تنہائی : اجاڑ جگہ : سونا یا سنسان مقام۔

Solitudinarian : (n) تارک الدنیا : گوشۂ نشین : زاہد : مرتاض۔

Solivagant : (a) [L. 'Solivagus' + 'vagari'.] تنہا مارا مارا پھرنے والا : تنہا آوارہ گردی کرنے والا : تنہا جانے والا۔

Solivagant : (n) اکیلا مارا پھرنے والا : تنہا آوارہ گرد۔

Sollar/ Solar : (n) [Afr. 'Soler'.] (۱) بالائی کمرہ۔ (۲) گرجا کا بالاخانہ۔ (۳) (کان کنی) کان کا چبوترا جس پر سیڑھی رکھی ہوتی ھے۔ (۴) ہوا گزار۔

Sollar : (v) بالائی کمرا یا بالا خانہ بنانا۔

Sollerct/ Solcret(t)e : (n) [OFr. 'Sol(l) eret.'] آہنی جوتا (چودھویں اور پندرھویں صدی کی زرہ کا ایک حصہ)۔

Solpugid : (n) نیولا مکڑی : نوع شمس گریز۔

Solstice : (n) [Fr. 'Solstice'.] (۱) ان دونوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ جب کہ سورج خط استوا سے زیادہ سے زیادہ دور ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ واپس ہونے سے قبل ایک جگہ ٹھہر گیا ہے : انقلاب شمس : راس السرطان ۔ (۲) نقطۂ انقلاب ۔ (۳) (مجازاً) نقطۂ انقلاب : نازک مرحلہ : خطرناک موقع یا حالت ۔ (۴) عروج : حد : انتہا ۔

Summer solstice : راس السرطان : انقلاب صیفی (۲۱/ مارچ)۔

Winter solstice : راس الجدی: انقلاب شتوی (۲۱/ ستمبر)۔

Solstitial : (a) راس السرطان یا راس الجدی کا : انقلابی ۔

Solstitial point : (n) نقطۂ انقلاب ۔

Solstitium : (n) دیکھو Solstice

Solublity : (n) (۱)حل پذیری : تحلیل پذیری ۔ (۲) (نباتیات) تقسیم پذیری ۔

Solubility product : (n) حل پذیری حاصل ۔

Solubilization : (n) حل پذیر بنانا : تحلیل پذیر بننا ۔

Solubilize : (a) حل پذیر بنانا : تحلیل پذیر بنانا ۔

Soluble : (a) [Fr.] (۱) جو تحلیل ہو سکے : جو پگھل سکے : تحلیل پذیر ۔ (۲) جو حل ہو سکے : جو سلجھایا جا سکے : حل پذیر ۔ (۳) تحویل پذیر : تقسیم پذیر ۔

Soluble : (n) تحلیل پذیر چیز۔

Soluble-glass : (n) پوٹاش یا سوڈا کے سلیکیٹ کا غیر شفاف محلول جو ہوا لگنے سے ٹھوس ہو جاتا ہے ۔

Solum : (n) [L.] مٹی : زمین ۔

Solus : (a) [L.] تنہا : اکیلا ۔

Solute : (a) [L. 'Solutus'.] (۱) (نباتیات) علاحدہ : غیر وابستہ : غیر چسپاں ۔ (۲) تحلیل شدہ : گھلا ہوا ۔

Solute : (n) تحلیل شدہ مادہ ۔

Solutio : (n) [L.] (رومی قانون) ادائی : بے باقی ۔

Solution : (n) [Fr.] (۱) حل کرنا یا ہونا : (سوال ، مشکل وغیرہ کا) حل ۔ (۲) (طب) بیماری کا خاتمہ یا نازک حالت : بحران ۔ (۳) حل : تحلیل : عمل ۔ (۴) تحلیل کی کیفیت : محلول کی صورت ۔ (۵)محلول ۔ (۶)تفریق : تجزیہ : الگ الگ کرنا یا ہونا : علاحدگی ۔ (۷) (مجازاً) رخنہ : خلل ۔ (۸)اختتام : خاتمہ ۔

Solution : (v) محلول لگانا : محلول لگا کر چپکانا (ربر وغیرہ کو) ۔

Solution of continuity : (n) (طب)علاحدگی : الگ الگ ہونا: تفریق ۔

Solution pressure : (n) محلولی دباؤ ۔

Solutional : (a) محلول سے متعلق : محلول بنانے والے (اجزا) ۔

Solutionist : (n) اخباری معمول کا پیشہ ور حل کرنے والا ۔

Solutizer : (n) تحلیل پذیر بنانے والا عامل ۔

Solutrian/ Solutrean : (a) [f. 'Solutre' a village in France.] (آثار قدیمہ) سالوتری (عہد کا) : اس عہد حجری کا جس کے آثار فرانس کے سالوتری غار میں پائے گئے ۔

Solvability : (n) حل پذیری : توجیہہ پذیری : تحلیل پذیری : تحویل پذیری ۔

Solvable : (a) (۱) حل پذیر : حل ہونے کے لائق ۔ (۲) تحلیل پذیر: گھلنے کے لائق ۔ (۳) توجیہہ پذیر : تحویل پذیر ۔

Solvableness : (n) دیکھو Solvability

Solvate : (n) کسی تحلیل شدہ مادہ کا محلل کے ساتھ مرکب : محلول سالمی ۔

Solvate : (v) (تحلیل شدہ مادے کا) کسی محلل کے ساتھ مرکب ہونا ۔

Solvation : (n) تحلیل سالمی ۔

Solve : (v) [L. 'Solvere'.] (۱) کھولنا : سلجھانا (گرہ ، گتھی وغیرہ)۔ (۲)(ریاضیات) حل کرنا(سوال ، عقدہ وغیرہ) ۔ (۳)ادا کرنا : بے باق کرنا ۔ (۴) خاتمہ کرنا : توڑنا : تصفیہ کرنا ۔

Solvency : (n) ادائے قرض کا مقدور : مقدرت : ذمہ داری : ساکھ داری ۔

Solvend : (n) محلول کا تحلیل شدہ مادہ ۔

Solvent : (a) [L. 'Solvens'.] (۱) ساکھ دار : ادائے قرض کا مقدور رکھنے والا : صاحب مقدرت : زردار ۔ (۲) محلل : جس

میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ۔ (۳) حل کرنے والا۔

Solvent : (n) (۱) محلل : وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ہو جائے ۔ (۲) (مجازاً) ہادم : وہ چیز جو روایات ، عقائد وغیرہ کے اثر کو مٹا دے : رفع دفع کرنے والا؛ دور کرنے والا ۔ (۳) حل کرنے ، توصیح کرنے یاتصفیہ کرنے والی چیز ۔ (۴) ساکھدار : کھری اسامی : صاحب مقدرت ۔

Solvently : (adv.) محلل کے طور پر: صاحب مقدرت کی حیثیت سے ۔

Solver : (n) حل کنندہ ۔

Solvolysis : (n) پاشیدگی : نمک پاشیدگی ۔

Soma : (n) [Skr. 'Soma'.] (۱) سوما : ایک شراب ۔ (۲) ایک پودا جس سے سوما شراب بنتی ھے ۔

Soma : (n) [Gr. 'Soma'.] بدن : جسم ۔

Somaesthesia : (n) جسم حسی ۔

Somal : (a) بدنی : جسمی ۔

Somaplasm : (n) (حیوانیات) جسم مایہ ۔

Somatic : (a) (۱) جسمانی : جسمی : بدنی ۔ (۲) جسدی ۔ (۳) جسم پر اثر کرنے والا ۔

Somatic : (n) (جمع) دیکھو Somatology

Somatic cell : (n) بدنی خلیہ : غیر مولد خلیہ ۔

Somatic death : (n) موتِ کامل : جسم کا بہ ہیئت مجموعی فنا ہو جانا۔

Somatical : (a) جسمانی : بدنی : جسدی : حقیقی ۔

Somatically : (adv.) جسمانی طور پر: جسدی طور پر ۔

Somatist : (a) جسمی : بدنی : جسدی ۔

Somato- : (Prefix) [Gr. 'Somato'.] سابقہ بمعنی "جسم کا" : "جسمانی": "بدن" : "جسم" ۔

Somatoblast : (n) جسم نہوضہ ۔

Somatocyst : (n) سمندری حیوانات کا ایک کیسہ ۔

Somatogenic : (a) جسم زاد : جسم کے اندر پیدا ہونے والا ۔

Somatological : (a) جسمیات : علم الابدان سے متعلق : تشریح عضویات سے متعلق : نسلی طبیعیات سے متعلق ۔

Somatologically : (adv.) علم الابدان کی رو سے : جسمیات کی رو سے نسلی طبیعیات کی رو سے ۔

Somatologist : (n) جسمیات دان ۔

Somatology : (n) [Somato- + -logy.] (۱) جسمیات : علم الابدان: تشریح عضویات ۔ (۲) حیاتیات : طبیعیات ۔

Somatome : (n) (حیوانیات) حلقۂ جسم ۔

Somatometry : (n) پیمائش جسم کا علم ۔

Somatoplasm : (n) دیکھو Somaplasm

Somatoplastic : (a) جسم مایہ سے متعلق ۔

Somatopleure : (n) بیرونی جسمہ : جسمی پلیورا ۔

Somatopleuric : (a) بیرونی جسمہ سے متعلق ۔

Somatotomy : (a) جسم شگافی ۔

Somatotype : (n) انسان کی تین قسم کی جسمانی ساختوں میں سے ایک ۔

Somatotypic : (a) جسمانی ساخت سے متعلق ۔

Sombra : (n) [Mex. Sp.] آدمی اور سانڈ کے مقابلے کے میدان کا سایہ دار حصہ ۔

Sombre : (a) [Fr.] (۱) تاریک : اندھرا : تیر و تار ۔ (۲) افسردہ : مغموم : اداس ۔ (۳) گہرا (رنگ) ۔ (۴) غمناک : اداس کرنے والا ۔ (۵) دلگیر : افسردہ کن ۔

Sombre : (v) تاریک ہونا : افسردہ ہونا : مغموم ہونا : اداس ہونا : افسردہ بنانا: تاریک بنانا ۔

Sombrely : (adv.) تاریکی کے ساتھ : اداسی سے ۔

Sombreness : (n) (۱) اداسی ۔ (۲) تاریکی ۔

Sombrero : (n) [Sp.] چوڑے کنارے کی نمدے کی ہیٹ جو ہسپانیہ اور ہسپانوی امریکا میں عام طور سے استعمال کی جاتی ھے ۔

Sombrous : (a) تاریک : تیرہ و تار : اداس ۔

Sombrously : (adv.) تاریکی کے ساتھ : اداسی سے ۔

Somrousness : (n) تاریکی : اداسی ۔

Some : (Indef. pron.) (۱) کسی چیز کا غیر معین حصہ : ٹکڑا ۔ (۲) آدمی ، چیز یا جانور کی غیر معین تعداد ۔

And then some : اس کے علاوہ اور بہت سے ۔

Some of these (..) days : بہت جلد : جلد ہی ۔

Some : (a) (۱) کوئی (شخص یا چیز) ۔ (۲) کچھ : چند : تھوڑے سے : تھوڑا سا : کسی قدر ۔ (۳) متعدد : کئی : خاصی مقدار میں : اچھا خاصا : بہت سا ۔

Some : (adv.) (۱) کسی قدر : کسی حد تک ۔ (۲) (طنزاً ، عامیانہ امریکا) بہت بڑا : بہت زیادہ : اعلیٰ درجے کا ۔ (۳) تقریباً : تخمیناً : اندازاً : کوئی ۔ (۴) کسی قدر : قدرے : ذرا سا ۔ (۵) تھوڑا سا : کسی قدر ۔

-some : (Suffix) [OE. '-sum'.] لاحقہ جسے اسماء افعال اور صفات کے ساتھ ملا کر مرکب بناتے ہیں، جیسے : Fulsome ، Gladsome, Tiresome وغیرہ ۔

-some : (suffix) [OE. 'Sum'.] لاحقہ بمعنی (اتنی) اشخاص کی جماعت (Two some, Foursome وغیرہ) ۔

-some : (Suffix) لاحقہ بمعنی "(ایسے) جسم والا" : "جسم" : "جسم کا حصہ" ۔

Some one/ Someone : (Pron & n) کوئی شخص ۔

Some place : (adv.) (۱) کبھی : کسی جگہ ۔ (۲) تقریباً : لگ بھگ ۔

Some way / Someway : (adv.) (۱) کسی طرح سے ۔ (۲) کبھی ۔

Somebody : (Pron. & n.) (۱) کوئی شخص ۔ (۲) معزز آدمی ۔ (۳) کوئی شخص جس کا نام ظاہر کیا جائے : شیطان ۔

Someday : (adv.) جلد ہی : آئندہ کسی وقت ۔

Somedeal : (n) کوئی چیز : کچھ : کسی چیز کا کوئی حصہ ۔

Somedeal : (adv.) کسی حد تک : کسی قدر : جزوی طور پر ۔

Somegate : (adv.) (اسکاچستان) کسی طرح : کہیں : کسی جگہ ۔

Somehow : (adv.) (۱) کسی طرح ۔ (۲) (جب زور دے کر کہا جاتا ہے) کسی نہ کسی طرح ۔

Somersault : (n) [OFr. 'Sombresau(l)t'.] (۱) قلابازی : کلا بازی : ڈھینکلی ۔ (۲) (مجازاً) الٹ پلٹ : انقلاب : زیر و زبر ہونا ۔

To turn a somersault : قلابازی کھانا ۔

Somersault : (v) قلابازی کھانا : ڈھینکلی لگانا ۔

Somerset : (n) دیکھو Somersault

Somerset : (v) قلابازی کھانا یا کھلانا ۔

Somesthesia/ Somesthesis : (n) [L.] احساس جسمی ۔

Something : (n) (۱) کچھ : کوئی چیز : کوئی بات ۔ (۲) معزز آدمی : قابل قدر چیز ۔

Or something : وغیرہ وغیرہ ۔

Something in the wind : کچھ دال میں کالا ہے : کچھ خفیہ کاروائی ہو رہی ہے ۔

Something of a(n) : کسی حد تک : کسی قدر ۔

Something or other : کچھ نہ کچھ ۔

There is something in it : اس میں کچھ صحت ہے : اس کی کچھ اہمیت ہے ۔

To make something of : اہم یا مفید بنانا : بہتر کرنا : کسی قدر فائدہ اٹھانا ۔

Something : (adv.) تھوڑا سا : کسی قدر ۔

Something : (v) کوسنا : بد دعا کرنا : شراپ دینا ۔

Something damp/ -short : (n) شراب ۔

Something good : (n) (گھڑ دوڑ میں) صحیح اندازہ ۔

Something like : (a) مشابہ : ملتا جلتا ۔

Somethingness : (n) وجود ۔

Somethingth : (n) نامعلوم تعداد یا عدد ۔

Sometime : (adv.) (۱) پیشتر : کسی زمانے میں : سابقاً ۔ (۲) آئندہ :

مستقبل میں ۔ (۲) کبھی : کسی وقت ۔

Sometime : (a) سابق : پچھلا ۔

Sometimes : (adv.) کبھی کبھی : گاہ گاہ : بعض اوقات : گاھے ۔

Sometimes : (a) سابق : پچھلا ۔

Someway/ Some way : (adv.) (۱) کسی طرح سے ۔ (۲) کبھی ۔

Someways : (adv.) دیکھو Someway

Somewhat : (n) (۱)کوئی چیز : کچھ ۔ (۲) معزز آدمی ۔ (۳) کسی قدر ۔ (۴) کچھ حصہ ۔

Somewhat : (adv.) کسی قدر : تھوڑا سا ۔

Somewhat : (n) (۱) غیر معین مقدار ۔ (۲) (ہیگل کا فلسفه) محدود حقیقت یا اصلیت ۔

Somewhen : (adv.) کبھی نہ کبھی : کسی نہ کسی وقت ۔

Somewhere : (adv.) دیکھو Some place

Somewhere : (n) کوئی جگہ ۔

Somewheres : (adv.) دیکھو Somewhere

Somewhither : (n) (۱) کسی سمت میں ۔ (۲) کہیں کو ۔

Somewise : (adv.) کسی طرح سے : کسی حد تك ۔

Somital : (a) فقرے کا یاجوڑ کا : فقری : حلقوی ۔

Somite : (n) [Gr. 'Soma' + -ite.] (حیوانیات) حیوانی جسم کا ٹکڑا: فقرہ : جوڑ : حلقه : چھلا : حلقۂ جسم ۔

Somitic : (a) دیکھو Somital

Somma : (n) [It.] آتش فشاں پہاڑ کے دہانے کا حلقه ۔

Sommelier : (n) [Fr.] ریستوران کا ملازم جس کا کام شراب پیش کرنا ہوتا ھے : شراب خانے کا منتظم ۔

Somn- : (Prefix) [L. 'Somnus'.] سابقه بمعنی "نیند" : "خواب" ۔

Somnambulance : (n) [L. 'Somnus' + 'Sambulare'.] خواب خرامی : نیند میں چلنے کی عادت ۔

Somnambulant : (a) خواب خرامی کا عادی : خواب خرام ۔

Somnambulant : (n) خواب خرام : خواب میں چلنے والا ۔

Somnambular : (a) خواب خرامی سے متعلق ۔

Somnambulate : (v) خواب خرامی کرنا : نیند میں چلنا : نیند کی حالت میں چلانا ۔

Somnambulation : (n) خواب خرامی : نیند میں چلنا : مشی فی النوم ۔

Somnambulator : (n) خواب خرام : نیند میں چلنے والا ۔

Somnambule : (n) دیکھو Somnambulate

Somnambulic : (a) خواب خرامی کی طرح کا : خواب خرامی سے متعلق : خواب خرامی کرنے والا ۔

Somnambulism : (n) (۱) خواب خرامی : نیند میں چلنے وغیرہ کی عادت ۔ (۲) دماغ کی وہ حالت جو نیند میں چلنے وغیرہ کا باعث ہوتی ھے ۔

Somnambulist : (n) دیکھو Somnambulator

Somnambulistic : (a) خواب خرامی سے متعلق : خواب خرامیه : خواب خرام کی طرح کا یا اس سے متعلق ۔

Somnambulistically : (adv.) خواب خرام کی طرح ۔

Somni- : (Prefix) سابقه بمعنی "نیند" : "خواب" ۔

Somnifacient : (a & n) منوم : خواب آور ۔

Somniferous : (a) [L. 'Somnifer'.] (۱) خواب آور : منوم ۔ (۲) دیکھو Somnolent ۔

Somniferously : (adv.) خواب آور کے طور پر ۔

Somnific : (a) [L. 'Somnificus'.] خواب آور : منوم ۔

Somniloquence : (n) خواب کلامی: نیند میں بولنے کی عادت: بڑبڑاہٹ ۔

Somniloquent : (a) خواب کلام : نیند میں بولنے والا ۔

Somniloquism : (n) خواب کلامی : بڑبڑاہٹ ۔

Somniloquist : (n) خواب کلام : بڑبڑانے والا : نیند میں بولنے کا عادی: وہ شخص جو سونے میں بڑ بڑاتا ھے ۔

Somniloquous : (a) نیند میں بولنے کا عادی : نیند میں بڑبڑانے والا ۔

Somniloquy : (n) دیکھو Somnoloquism

Somnipathist : (n) عامل تنویم : عمل تنویم کا معمل ۔

Somnipathy : (n) عمل تنویم : تنویمی نیند ۔

Somnivolency : (n) خواب آور دوا : منوم دوا ۔

Somnolence : (n) [OFr. 'Somnolence'.] غنودگی : اونگھ : نیم خوابی : نُعاس ۔

Somnolency : (n) دیکھو Somnolence

Somnolent : (a) (۱) نیند سا : نیم خواب : اونگھتا ہوا : مائل بہ خواب : خواب آلود ۔ (۲) غنودگی پیدا کرنے والا : غنودگی آور ۔ (۳) (طب) جو خواب اور بیداری کی درمیانی حالت میں ہو ۔

Somnolently : (adv.) اونگھتا ہوا : غنودگی کی حالت میں ۔

Somnolism : (n) نوم توجہ : تنویمی نیند : نوم مصنوعی ۔

Somnorific : (a) دیکھو Somniferous

Somnus : (n) [L.] نیند کا دیوتا ۔

Son : (n) [OE. 'Sunu'.] (۱) بیٹا : لڑکا : پوت : پسر : فرزند : خلف ۔ (۲) ابن آدم ، خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) ۔ (۳) خلف جو کسی کی اولاد یا نسل ہو ۔ (۴) وارث : نسبت رکھنے والا ۔ (۵) داماد : خویش ۔ (٦) حضرت عیسیٰ ۔ (۷) فرشتہ ۔ (۸) خدا کا بر گزیدہ بندہ ۔ (۹) کسی مذہبی سلسلے کا رکن ۔

Son of the soil : دیکھو Soil

Son and heir : (n) وارث : بیٹا ۔

Son et lumiere : (n) [Fr.] کسی تاریخ مقام کا باہر دیا جانے والا تفریحی پروگرام جو روشنی اور آواز کے ذریعہ پیش کیا جاتا ھے اور اس مقام کی تاریخ کو ڈرامائی انداز میں بیان کیا جاتا ھے ۔

Son -in-law : (n) داماد : خویش ۔

Son of a bitch : (n) (گالی) حرامی : کتے کا بچہ : قابل نفرت شخص ۔

Son of a gun : (n) (۱) (گالی) حرامی : کتے کا بچہ ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

Son of God : (n) حضرت عیسیٰ ۔

Son of man : (n) (۱) انسان : ابن آدم خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) ۔

Sonance : (n) [L. 'Sonare'.] صوت ۔

Sonancy : (n) جہریّت ۔

Sonant : (a) جہری : وہ حرف جو پوری آواز سے ادا ہو : صوتی : صدا دار ۔

Sonant : (n) جہری آواز یا حرف ۔

Sonantal : (a) جہری : صوتی ۔

Sonar : (n) (۱) زیر آب سی چیز کی موجودگی ، اس کی خاصیت ، حالت وغیرہ پتہ لگانے کی ایک ترکیب ۔ (۲) اس میں استعمال ہونے والا آلہ ۔

Sonata : (n) [It. 'Sonare'.] (۱) سوناٹا : پیانو کا ایک راگ جس میں کئی لے یا گیتیں ہوں لیکن سب کا سر ایک سا ہو ۔ (۲) سوناٹا کی طرز کا نغمہ ۔

Double sonata : سوناٹا جو دو سولو آلات موسیقی کے لئے ہو ۔

Sonatina : (n) [It.] سوناٹینا : سوناٹا کی سادہ قسم ۔

Sonation : (n) [mod. L.] آواز دینا : آواز نکالنا ۔

Sondage : (n) [Fr.] مٹی نکال کر دیکھنا : تجرباتی کھدائی ۔

Sonde : (n) فضائی کیفیت پر اطلاع نشر کرنے یا ریکارڈ کرنے کی ایک ترکیب ۔

Sone : (n) [L. 'Sonus'.] آواز کی بلندی کی ایک اکائی ۔

Song : (n) [OE. 'Sang'.] (۱) راگ : نغمہ : سرور ۔ (۲) چہچہانا : زمزمہ (پرندوں کا) ۔ (۳) گیت : گانے کی چیز ۔ (۴) نظم : شاعری : شعر ۔ (۵) (موسیقی) ایک قسم کا گیت جو بالعموم تین ٹکڑوں میں ہوتا ھے : اول اور سوم تقریباً یکساں ہوتے ہیں اور دوم ایک دوسرے کے برعکس ۔ (٦) (مجازاً) شور و غل : ہنگامہ : غوغا ۔ (۷) چھوٹی مقدار : حقیر چیز ۔ (۸) عادت : راسخ انداز ۔

Nothing to make a song about : حقیر : ادنیٰ : ایسا نہیں جس پر اترایا جا سکے ۔

The song of solomon / The song of songs : (توریت) نغمات سلیمان ۔

The change one's song/ To sing another (or different) person : رنگ رلیاں بدل دینا : گفتگو یا برتاؤ کا طرز بدل دینا (مثلاً گستاخی کی جگہ ادب سے پیش آنا) ۔

Song and dance : (n) (۱) (تھیٹر) گانا بجانا ۔ (۲) دلچسپ بیان یا وضاحت (جو ضروری نہیں صحیح یا معقول بھی ہو) ۔ (۳) بکواس : بے سر و پا گفتگو یا داستان : افرا تفری : ہل چل : کھلبلی ۔

Song-bird : (n) (۱) مغنی پرند : بُلبُل ۔ (۲) مغینہ : گانے والی ۔

Song-book : (n) (۱) عبادات کی کتاب ۔ (۲) گانے کی کتاب ۔

Song-box : (n) (گانے والے) پرندوں کا حنجرۂ زیریں ۔

Song-form : (n) (موسیقی) ساز پر دی ہوئی سادہ ترتیب (نغموں کی) ۔

Song-grosbeak : (n) امریکی پرندوں کی ایک جنس ۔

Song-scholl : (n) اسکول جس میں گانا سکھایا جاتا ھے ۔

Song-sparrow : (n) مغنی چڑیا : عُصفو رالشوک ۔

Song-thrush : (n) طرفہ : یورپ کا ایک خوش الحان پرند ۔

Song-writer : (n) گانے لکھنے والا : نغمہ ساز ۔

Songful : (a) سُریلا : پُر نغمہ : خوش آہنگ ۔

Songle : (n) (۱) ایک مٹھی اناج ۔ (۲) چھوٹی مقدار ۔

Songless : (a) بے نغمہ ۔

Songsmith : (n) (۱) نغمہ ساز : موسیقار ۔ (۲) گانے کی کتاب کا عنوان ۔

Songster : (n) [OE. 'Songestre'.] (۱) گانے والا : مغنی : گویا ۔ (۲) خوش الحان پرند : گانے والی چڑیا ۔ (۳) شاعر ۔

Songstress : (n) گانے والی : مغینہ : شاعرہ : گانے والی چڑیا ۔

Sonhood : (n) فرزندی : ابنیت ۔

Sonic : (a) (۱) صوتی : صوت موجی : امواج صوت سے متعلق ۔ (۲) قابل سماعت ارتعاش والا ۔ (۳) سر میں آواز کی رفتار سے متعلق ۔ (۴) جس کی رفتار سطح سمندر پر ہوا میں ۱۰۸۷ فٹ فی سکنڈ ہو ۔ (۵) صوت دار : آواز دار ۔ (۶) آواز کی رفتار سے چلنے والا (ہوائی جہاز) ۔

Sonic bang : (n) وہ دھماکا جو ہوا سے تیز رفتار ہوائی جہاز کی آواز کے زمین پر ٹکرانے سے پیدا ہوتا ھے ۔

Sonic barrier : (n) ہوائی رکاوٹ : آواز کی رفتار یا اس سے رفتار سے چلنے سے پیدا ہونے والی رکاوٹ جو ہوا پیدا کرتی ھے ۔

Sonic boom : (n) دیکھو Sonic bang

Sonic mine : (n) بحری سرنگ جو جہاز کے ڈھکیلو کی آواز سے یا جہاز کے جسم سے پیدا ہونے والی امواج کی آواز سے پھٹتی ھے ۔

Soniferous : (a) پُر صدا : آواز دینے والا : صوت دار : آواز دار ۔

Sonification : (n) آواز پیدا کرنا ۔

Sonless : (a) بے فرزند : اولاد نرینہ سے محروم ۔

Sonlike : (a) بیٹے سے مشابہ یا بیٹے کی طرح : فرزندانہ ۔

Sonly : (a) دیکھو Filial

Sonnet : (n) [Fr. or It. 'Sonetto'.] ایک قسم کی نظم جس میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں اور اس کی ایک خاص بحر ہوتی ھے : سانیٹ ۔

Sonnet : (v) (۱) سانیٹ کہنا : سانیٹ لکھنا ۔ (۲) کسی تقریب کے لئے سانیٹ لکھنا ۔

Sonnet sequence : (n) ہم موضوع سانیٹ کا مجموعہ یا سیٹ ۔

Sonneteer / Sonnetter : (n) [It. 'Sonettiere'.] سانیٹ کہنے والا شاعر (عموماً حقارت کے موقع پر) ۔

Sonneteer/ Sonnetteer : (v) سانیٹ کہنا ۔

Sonnetize : (v) (۱) سانیٹ کہنا : سانیٹ لکھنا ۔ (۲) سانیٹ میں تعریف کرنا ۔

Sonney / Sonnie : (n) [f. 'Son' + -y.] بیٹا : بھیا (لڑکے کو پیار میں کہتے ہیں) ۔

Sonobuoy : (n) پیراك پیما جس میں زیر آب آواز کو لے کر خود کار طور سے ریڈیو پر منتقل کر دینے کا آله لگا رہتا ھے۔

Sonograph : (n) زلزله نگار : زلزله پیما۔

Sonometer : (n) (۱) ایك آله جس سے بہروں کی قوت سامعه کا امتحان کیا جاتا ھے : سمعی طاقت پیما۔ (۲) آواز ناپنے کا آله : صوت پیما۔ (۳) دفعات کو جانچنے کا ٹیلیفون جو ایك آله کے ساتھ لگا رہتا ھے۔

Sonorescent : (a) (ابر وغیرہ) جس میں کسی چیز کے جلنے کی سی آواز ھو : حَر صوتی۔

Sonoriferous : (a) دیکھو Soniferous

Sonority : (n) بلند آوازی : پُر آوازی : گونج : شوکت الفاظ : بلند صوتی۔

Sonorous : (a) [L. 'Sonorus'.] (۱) گونجنے والا : بلند صوت۔ (۲) بلند آواز کا : پُر آواز : صوت دار۔ (۳) پُر شوکت (تقریر یا تحریر کا طرز) : دھواں دھار۔

Sonorous figures : (n) وہ شکلیں جو ریت کی ته میں آواز کے تموج سے بن جاتی ہیں : اشکال صوتی۔

Sonorously : (adv.) بلند آواز سے : گونجنے والی آواز سے : پُر شوکت طرز سے۔

Sonorousness : (n) بلند آوازی : پُر آوازی : گونج : طبین۔

Sons : (n) [ME.] (۱) خوش بختی : خوش قسمتی۔ (۲) افراط : بہتات۔

Sonship : (n) فرزندی : ابنیت۔

Sonsy/ Sonse : (a) (۱) خوش قسمت : مبارك : سعید۔ (۲) (گداز جسم کا) : خوب رو۔ (۳) تربیت پذیر : فرمان پذیر : خوش لگام (جانور)۔ (۴) خوش مزاج۔ (۵) آسودہ : خوش حال۔

Sontag : (n) ایك قسم کی بُنی ھوئی ٹوپی۔

Soogee : (v) [Jap. 'Soji'.] دھونا (جہاز کے عرشے یا پالش وغیرہ کو)۔

Soogee : (n) رسے کا سوت وغیرہ جس سے دھوتے ہیں۔

Soojee : (n) [Hindi 'Suji.] سوجی۔

Sool : (v) [Origin unkn.] (۱) (حمله کرنے کے لئے) اکسانا (کتے کو)۔ (۲) اصرار کرنا : زور دینا۔

Soon : (adv.) [OE. 'Sona'.] (۱) جلد : تھوڑی دیر میں : تھوڑی مدت میں۔ (۲) خوشی سے۔ (۳) سویرے۔

As or so soon as : اسی وقت : جیسے ہی : جوں ہی : جب۔

As soon : اتنی جلدی : اتنا سویرے۔

Soon : (a) (۱) ابتدائی : قدیم۔ (۲) جلد : تیز : فوری : بلا تاخیر۔

Sooner : (a) جلد تر : قدرے : کسی حد تك۔

Sooner or later : (adv.) کبھی نه کبھی : دیر سویر۔

Soonest : (n) جلد ترین۔

At (the) soonest : جلد سے جلد۔

With the soonest : بہت جلد۔

Soop : (v) [Old Scand origin.] (۱) سبك رفتاری سے چلنا یا گزرنا : سبك پروازی سے اڑنا : گزرنا۔ (۲) فرائے بھرنا : آندھی کی طرح چلنا : نہایت تیزی سے دوڑنا۔ (۳) ٹوٹ پڑنا۔ (۴) دیکھو Sweep۔

Soor : (a) (۱) ترش : کھٹا : حامض۔ (۲) دیکھو Sour۔

Soot : (n) [OE. 'Sot'.] (۱) کالك : کلونس (دھوئیں وغیرہ کا) : دودہ : کاجل۔ (۲) کالك کا ٹکڑا۔

Soot : (v) (۱) کالك لگانا۔ (۲) کالك چھڑکنا۔

Sooter : (n) کالك صاف کرنے والا۔

Sootfall : (n) کالك گرنا : کالك کی بارش۔

Sooth : (n) [OE. 'Sop'.] حقیقت : واقعه۔

By my, your sooth : حقیقتاً : در حقیقت۔

In good or very sooth : حقیقت میں : در حقیقت : حقیقتاً : واقعی۔

In sooth : در حقیقت۔

Sooth to say/ To speak sooth : حقیقتاً : در حقیقت۔

Sooth : (a) (۱) سچا : حقیقی۔ (۲) سچا : راست گو (آدمی)۔ (۳) (شاعری) نرم : خوشگوار : سہل۔

Sooth : (adv.) سچ مُچ : سچائی سے ۔

Soothe : (v) [OE. '(ge) sopian'.] (۱) تسکین دینا یا دلانا : تسلی دینا : (غصہ وغیرہ) ٹھنڈا کرنا ۔ (۲) کم کرنا : تخفیف کرنا : دھیما کرنا (درد) ۔ (۳) خوش کرنا ۔

Soother : (n) (۱) تسکین دینے والا ۔ (۲) ربر کی چسنی بچے کے چوسنے کے لئے ۔

Soother : (v) (۱) دیکھو Soothe ۔ (۲) خوشامد کرنا : بہلانا : پھسلانا : منانا ۔

Soothfast : (a) (۱) راست گو : سچا ۔ (۲) سچی : سچ (بات) : صادق : وفادار : پکا ۔

Soothfastly : (adv.) راست گوئی سے : سچ مچ ۔

Soothfastness : (n) راست گوئی : سچائی : وفاداری : صداقت ۔

Soothingly : (adv.) تسکین دیتے ہوئے : تسکین کے طور پر ۔

Soothly : (adv.) حقیقتاً : واقعی ۔

Soothsay : (n) [Back-fomation from 'Smoothsayer'.] پیش گوئی : فال ۔

Soothsay : (v) پیش گوئی کرنا : فال نکالنا : فال کھولنا : آئندہ کے واقعات بتانا ۔

Soothsayer : (n) نجومی : کاہن : رمال : جوتشی : فال نکالنے والا : فالگیر ۔

Soothsaying : (n) (۱) فال گیری : رمل ۔ (۲) پیش گوئی : فال ۔

Sootied : (a) دھوئیں سے میلا یا کالا ۔

Sootily : (adv.) میلے پن سے ۔

Sootiness : (n) دھوئیں سے کالا ہونا ۔

Sootless : (a) بے کالک کا ۔

Sooty : (a) (۱) دھوئیں سے کالا : کالک بھرا : سیاہی مائل ۔ (۲) کالک سے مشابہ : بھورا مائل سیاہ ۔ (۳) دھندلا : تاریک (رنگ) ۔ (۴) کالک بھرا : کالک کی طرح کا ۔

Sooty : (v) کالک لگانا : میلا کرنا ۔

Sop : (n) [Late OE. 'Sopp'.] (۱) شوربے وغیرہ میں بھیگی ہوئی روٹی یا کوئی اور چیز : ثرید ۔ (۲) دیکھو Milksop ۔ (۳) اچھی طرح بھیگا ہوا : شرابور آدمی یا چیز ۔ (۴) رشوت : خوش کرنے کے لئے دی ہوئی چیز ۔ (۵) وہ رقیق شے جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے : شرابور ہونا ۔

Sop : (v) (۱) روٹی وغیرہ کو شوربے یا شراب میں بھگونا : اچھی طرح تر کرنا : ڈبونا ۔ (۲) اچھی طرح بھیگ جانا : شرابور ہو جانا ۔ (۳) (مجازاً) مخمور کرنا : مدھوش کرنا ۔ (۴) رشوت دینا : خوش کرنا ۔ (۵) بھگو دینا ۔

Soph : (n) [Abbrev. of 'Sophister and Sophomore'.] (۱) (کیمبرج) دوسرے یا تیسرے سال کا طالب علم ۔ (۲) سال دوم کا طالب علم (امریکا کی یونیورسٹیوں میں) ۔

Sopher : (n) دیکھو Scribe

Sophia : (n) [Gr. 'Sophia'.] عقل : حکمت : حکمت الہٰی ۔

Sophic : (a) [Gr. 'Sophikos'.] عقلی : حکمت کا : حکمت الہٰی سے متعلق ۔

Sophical : (a) دیکھو Sophic

Sophically : (adv.) حکمت سے : عقل سے ۔

Sophism : (n) [ME. 'Sophime'.] (۱) مغالطہ : استدلال : دلیل باطل : سفسطہ : فلسفۂ غلط ۔ (۲) سو فسطائیت : غلط استدلال ۔

Sophist : (n) (۱) قدیم یونان کا وہ معلم جو اُجرت لے کر فلسفہ اور خطابت کی تعلیم دیتا تھا : سو فسطائی ۔ (۲) غلط استدلال کرنے والا : غلط دلیل سے دھوکا دینے والا : سو فسطائی ۔ (۳) حکیم : قابل ادمی ۔

Sophister : (n) [OFr. 'Sophistre'.] (۱) غلط استدلال کرنے والا : سو فسطائی ۔ (۲) (کیمبرج) دوسرے یا تیسرے سال کا طالب علم ۔ (۳) (ٹرینیٹی کالج) تیسرے یا چوتھے سال کا طالب علم ۔

Sophistic : (a) [Fr. 'Sophistique' or L. 'Sophisticus'.] (۱) غلط استدلال کرنے والا ۔ (۲) غلط : دھوکے کی : سو فسطائیوں کی سی ۔ (۳) غلط استدلال سے متعلق : مغالطہ آمیز ۔

Sophistic/-al : (n) (۱) غلط استدلال کا علم ۔ (۲) غلط استدلال : سوفسطائیت : دلیل باطل ۔

Sophistically : (adv.) سو فسطائیت سے : غلط استدلال سے کام لے کر۔

Sophisticate : (a) [med. L. 'Sophisticatus'.] (۱) غیر فطری : مصنوعی۔ (۲) دیکھو Sophisticated۔

Sophisticate : (v) (۱) (کسی مسئلے میں) غلط استدلال سے کام لینا : سو فسطائیت سے کچھ کر دینا : تدلیس کرنا۔ (۲) کسی شخص کو غلط استدلال سے گمراہ کرنا : مغالطہ دینا۔ (۳)(کسی شخص یا چیز کی) سادگی کو مٹا دینا : تصنع پیدا کر دینا۔ (۴) تحریف کرنا (عبارت میں مخالف کو بحث میں ہرانے کے لئے) : غلط استدلال کرنا : باطل دلیلیں پیش کرنا۔ (۶) (شراب وغیرہ میں) میل کرنا۔

Sophisticate : (n) دنیاوی عقل رکھنے والا شخص۔

Sophisticated : (a) (۱) مصطنع : غیر فطری : مصنوعی۔ (۲) غلط کیا ہوا۔ (۳) دنیاوی عقل رکھنے والا۔ (۳) سبك : لطیف : نازك : نفس۔ (۵) مہذب : تہذیب یافتہ۔ (٦)جدید : غیر روایتی۔ (۷) پیچیدہ : الجھا ہوا۔ (۸) خاص پسند۔

Sophisticatedly : (adv.) نفاست سے : لطافت کے ساتھ : مہذب طریقے سے۔

Sophistication : (n) (۱) تدلیس : تحریف : مغالطہ دینا یا دیا جانا : میل کرنا یا کیا جانا : غلط استدلال۔ (۲) غیر فطری ہونا۔ (۳) تصنع۔ (۴) کھوٹ : آمیزش۔ (۵) دلیل تراشی۔ (٦) نفاست : لطافت : شائستگی۔

Sophistry : (n) [OFr. 'Sophistrie'.] (۱) سو فسطائیت : غلط استدلال : دلیل باطل۔ (۲) دلیل تراشی۔

Sophoclean : (a) [L. 'Sophiocleus'.] سفقلی : سفقلس سے متعلق۔

Sophomore/ Sophimore : (n) [Gr. 'Sophos' + 'sorous'.] سال دوم کا طالب علم (امریکا کی یونیورسٹی کا)۔

Sophomoric/ -al : (a) (۱) سال دوم کے طالب علم کا یا اس کے لائق یا اس سے مشابہ۔ (۲) نمائشی : پُر تصنع : غیر پختہ : بے ڈھنگا : سطحی۔

Sophora : (n) [mod. L.] پھلی دار درختوں ، پودوں یا جھاڑیوں کی ایك جنس۔

Sophy : (n) [Pers. 'Safi'.] (۱) صفوی : ایرانی شہنشاہوں کا خطاب۔ (۲) ایرانی بادشاہ۔ (۳) بادشاہ : فرمانروا : بڑا آدمی۔

Sopite : (v) [L.'Sopitas'.] سلانا : حساب چکانا : حساب صاف کرنا۔

Sopor : (n) [L.] خواب خرگوش : گہری نیند۔

Soporiferous : (a) خواب آور : منوم : نیند لانے والی۔

Soporific/ -al : (a) (۱) خواب آلود : نیند لانے والی : منوم۔ (۲) خواب آلود۔ (۳) نیند سے متعلق۔

Soporific : (n) خواب آور دوا : منوم دوا۔

Soppiness : (n) شرابور ہونا : ترمی : نمی۔

Sopping : (adv.) بہت : حد سے زیادہ۔

Soppy : (a) (۱) شرابور : خوب بھیگا ہوا۔ (۲) تر : گیلا : مینہ بھرا (موسم)۔ (۳) بے ڈھنگا : بے قاعدہ۔ (۴) (عام) نرم : رحمدل : درد آشنا : پُر از رقت۔

Sopranist : (n) پنچم کے سروں میں گانے والا یا گانے والی۔

Soprano : (n) [It.] (۱) عورت یا لڑکے کے گلے کی سب سے اونچی آواز: سب سے اونچی زنانی آواز۔ (۲) گانے کا وہ حصہ جو ایسی آواز میں گایا جائے۔ (۳) اونچی آواز میں گانے والا یا والی۔ (۴) پنچم سُر۔

Soprano : (a)

Sops-ins-wine : (n) سیب کی ایك قسم۔

Sora : (n) [Native name.] ایك پرندہ جو کیرولینا کی کے دلدلوں میں خزاں کے موسم میں رہتا ہے اور اس کا گوشت کھایا جاتا ہے : سورا۔

Sorb : (n) [Fr. 'Sorbe' or L. 'Sorbum'.] سنجد : درخت سنجد : بر اعظم یورپ کا ایك درخت جس کے پھل چھوٹے چھوٹے ناشپاتی کی شکل کے ہوتے ہیں : سورب۔

Sorb/ Sorbe : (n) [G. 'Sorbe'.] (۱) شمالی مشرقی جرمنی کی ایك قوم۔ (۲) جرمنی کی زبان۔

Sorb: (v) [Back-formation from Absorption.] جذب کرنا۔

Sorb-apple : (n) سورپ کا پھل : ثمر سنجد۔

Sorbate : (n) سوربی ایسڈ کا نمك۔

Sorbefacient : (a) [L. 'Sorbere' + -facient.] جاذب : جذب کرنے والی : جذب کنندہ۔

Sorbefacient : (n) جاذب دوا۔

Sorbent : (n) جاذب۔

Sorbet : (n) [Fr.] (۱) شربت۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی : برف کی قلفی۔

Sorbian : (a) شمالی مشرقی جرمنی کی ایک قوم سے متعلق یا اس قوم کا۔

Sorbic : (n) سوربی۔

Sorbin : (n) غیر قابل خمیر شکرینی عنصر جو ایک بیری سے حاصل کیا جاتا ھے۔

Sorbite : (n) دیکھو Sorbin

Sorbitic : (a) Sorbitol کا یا اس سے متعلق۔

Sorbitol : (n) [Sorbite + -ol.] دیکھو Sorbin

Sorbonist : (n) [Fr. 'Sorboniste'.] ساربون (Sarbonne) کا ڈاکٹر یا طالب علم۔

Sorbonne : (n) [Fr.] (۱) پیرس میں دینیات کا ایک کالج جس کو رابرٹ ڈی سوربن نے تیرھویں صدی میں قائم کیا تھا : سوربون۔ (۲) وہ مقام جہاں پیرس یونیورسٹی ھے۔

Sorbus : (n) [L.] بعض قسم کے درختوں کی ایک جنس : اس جنس کا کوئی درخت۔

Sorcerer : (n) [ME. 'Sorser'.] جادوگر : سیانا : ساحر۔

Sorceress : (n) [AFr. 'Sorceresse'.] ساحرہ : جادوگرنی۔

Sorcerize : (n) جادو سے بدل دینا۔

Sorcerous : (a) (۱) جادو سے متعلق : سحر نما۔ (۲) جادوگر : سحر کرنے والا۔

Sorcerously : (adv.) جادو سے : سحر سے۔

Sorcery : (n) [OFr. 'Sorcerie'.] جادو : سحر۔

Sordes : (n) [L.] (طب) (۱) فضلہ : گندگی : غلاظت : نجاست۔ (۲) پپڑی۔

Sordid : (a) [Fr. 'Sordide' or L. 'Sordidus'.] (۱) مرض فاسد : سڑا ھوا۔ (۲) جس میں مضر اور فاسد مادہ موجود ھو۔ (۲) گندا : میلا : غلیظ : ناپاک۔ (۳) کمینہ : ذلیل : فرومایہ : دُنی : قابل نفرت۔ (۵) فحش : غیر مہذب۔ (٦) خسیس : تنگ دل : بخیل : خست کا : تنگ دلی کا۔ (۷) میلا : ملگجا۔

Sordidly : (adv.) کمینہ پن سے : کنجوسی سے : غلاظت سے۔

Sordidness : (n) (۱) نجاست : گندگی۔ (۲) خست : بخل۔ (۳) دنائت : کمینگی۔

Sordine : (n) [It. 'Scordina'.] تار باجوں کی آواز مدھم کرنے والا آلہ : گمک ربا۔

Sordor : (n) (۱) فضلہ : غلیظ۔ (۲) کمینہ پن : ذلالت : فرومائگی۔

Sore : (n) [OE. 'Sar'.] (۱) ناسور : پھوڑا۔ (۲) (مجازاً) رنج : غم : مصیبت : دلخراش بات : نا خوشگوار واقعے کی یاد : دل کا زخم۔

Sore : (n) باز جو عمر کے دوسرے سال میں ھو۔

Sore : (a) (۱) دکھتا ھوا : سوجا ھوا : چھلا ھوا : چوٹ کھایا ھوا۔ (۲) جھلّایا ھوا : بگڑا ھوا۔ (۳) دل خراش : ناگوار۔ (۴) جانکاہ : شدید : سخت۔ (۵) مشکل : سخت۔ (٦) غضب ناک (جنگ)۔ (۷) تکلیف میں مبتلا : رنج میں مبتلا۔ (۸) تلخ : تکلیف دہ۔ (۹) ناقابل برداشت۔ (۱۰) خفا : ناخوش۔

A beer with a sore head : جھلّایا ھوا۔

Clergyman's sore-throat : حلق کا درد : درد گلو : سوزش بلعوم۔

Sore : (v) تکلیف دینا : اذیت دینا : زخمی کرنا : رنج دینا۔

Sore : (adv.) (۱) شدت سے : بری طرح۔ (۲) تکلیف دہ حد تک۔ (۳) بہت : بہت زیادہ۔ (۴) شوق سے : سرگرمی سے : مستعدی سے۔ (۵) محنت سے : جانفشانی سے۔

Sore-eye : (n) درد چشم۔

Sore-head : (a) جھلاّ : چڑ چڑا : تنک مزاج : غیر مطمئن۔

Sore-head : (n) آزردہ سیاست داں : مایوس سیاست داں۔

Sore-headed : (a) دیکھو Sore-head

Sore-headedly : (adv.) جھلاّ کر : تنک مزاجی سے۔

Sore-headedness : (n) جھلا پن : تنك مزاجی ۔

Sore-heels : (n) چیچك اسپ ۔

Sore point : (n) دکھتی رگ : کمزوری : کوئی معاملہ جس پر آسانی سے جھلا جانے یا مغموم ہو جائے ۔

Sore-spot : (n) دیکھو Sore-print

Sore-throat : (n) درد گلو ۔

Soredi- : (Prefic) سابقہ بمعنی "چتّی" : "گھنڈی" ۔

Soredial : (a) گھنڈی سے متعلق یا گھنڈی کا ۔

Sorediate : (a) (نباتیات) چتی دار ۔

Soredi(i)ferous : (a) چتی دار : چتی سے پیدا ھونے والا ۔

Soredium : (n) [G. 'Soros'.] چتی : گھنڈی ۔

Sorefalcon : (n) ایك سال سے کم عمر کا باز جس کے پر ابھی سرخ ہوں ۔

Sorehawk : (n) دیکھو Sorefalcon

Sorel : (n) [ME.] تیسرے سال کا ہرن ۔

Sorely : (adv.) شدت سے : شدید طور پر ۔

Soreness : (n) خراش : جلن : شدت ۔

Sorex : (n) [L.] جنس چھچھوندر ۔

Sorge : (n) [G. 'Sorga'.] فکر : اندیشہ : تعلق ۔

Sorghum : (n) [mod. L.] (۱) سرغو : چیتا: گھاس کی وہ قسم جس میں باجرے اور چینی گنے کے پودے شامل ہیں ۔ (۲) ایك قسم کا چھوا جو سرغو کے رس سے بنتا ھے ۔

Sorgo/ Soogho : (n) [It.] دیکھو Sorghum

Soricine : (a) چھچھوندی : چھچھوندر کی قسم کے ایك جانور سے متعلق ۔

Sorites : (n) [Gr. 'Soritetes'.] (۱) (منطق) قیاس متراکمہ : قیاس مسلسل ۔ (۲) وہ مغالطہ جو کسی قضیے کی حدود خصوصاً تعداد کے معین نہ کرنے سے پیدا ھو : معماء سو فسطیہ ۔ (۳) (مجازاً) سلسلہ : تسلسل (کسی چیز کا) : اجتماع ۔

Soritic/ -al : (a) قیاس متراکمہ سے متعلق ۔

Sorn : (v) [f. 'Sorren'.] زبردستی کا مہمان بننا : مان نہ مان میں تیرا مہمان کے مصداق بننا ۔

Sorner : (n) زبردستی کا مہمان ۔

Soroche : (n) [Amer. Sp.] کوہی مرض : پہاڑ پر چڑھنے سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

Soroptimist : (n) [Blend of Sorority and optimist.] پیشہ ور عورتوں کی انجمن کی رُکن ۔

Sororal : (a) [L. 'Soror'. + -al.] (۱) خواہرانہ : بہن کا ۔ (۲) بہن جیسا ، جیسی ۔

Soroticidal : (a) خواہر کُشی سے متعلق ۔

Sororicide : (n) خواہر کُش ۔

Sororicide : (n) خواہر کشی ۔

Sorority : (n) [med. L. 'Sororitas'.] (۱) عبادت گذار عورتوں کی جماعت ۔ (۲) (امریکا) کالج یا یونیورسٹی میں عورتوں کی انجمن ۔

Sorosis : (n) [Gr. 'Soros'.] (۱) (نباتیات) گودے دار مرکب پھل جیسے شہتوت ، اناناس وغیرہ ۔ (۱) انجمن زنان ۔

Sorption : (n) (کیمیا) جذب و جَبذ : جذب سطحی : امتصاص ۔

Sorra : (n) الم : ملال : اندوہ : غم ۔

Sorrel : (n) [OFr. 'Sorele, Surele'.] ترشہ : کھٹا میٹھا : چوکا : کھٹی گھاس : ایك سدا بہار گھاس ۔

Salt of sorrel : پوٹاش کی بائی آکسیلیٹ ۔

Sorrel : (a) سرخی مائل بادامی رنگ : کمرنگ : سرخ بادامی ۔

Sorrel : (n) (۱) کم رنگ گھوڑا : سرخی مائل بادامی رنگ کا گھوڑا ۔ (۲) تیسرے سال کا ہرن ۔ (۳) سرخی مائل بادامی رنگ ۔

Sorren : (n) [Ir. 'Sorthen'.] اسکاتستان اور آئرستان کے نظام جاگیرداری میں دی جانے والی خدمت (جو اسامی صدر راہب یا اس کے آدمی کی کرتے تھے) یا اس کے بدلے میں

دی جانے والی مالگذاری ۔

Sorrily : (adv.) غمگینی کے ساتھ : گھٹیا طریقے سے ۔

Sorrow : (n) [OE. 'Sorh, 'Sorg'.] (۱) غم : رنج : اندوہ : الم :ملال ۔ (۲) مصیبت : تکلیف : بپتا ۔ (۳) گریہ و بکا : آہ و زاری: وا ویلا : ماتم ۔ (۴) نقصان : خسارہ ۔ (۵) بد نصیبی : بد بختی : بد قسمتی ۔

The man of sorrows : حضرت عیسیٰ ۔

Sorrow : (v) [OE. 'Sorgian'.] (۱) رنجیدہ ہونا : غمگین ہونا : دلگیر ہونا : غم کرنا : رنج کرنا : کف افسوس ملنا ۔ (۲)ماتم کرنا : سوگ کرنا : رونا (کسی کو) ۔ (۳)تکلیف دینا : رنج دینا : رنجیدہ کرنا : دل دکھانا ۔

Sorrower : (n) ماتم کرنے والا : (کسی کو) رونے والا ۔

Sorrowful : (a) (۱) غمگین : دلگیر : ملول : اندوہ ناک ۔ (۲) غمناک ۔ (۳) رنجیدہ : اُداس : غمگین : افسوس ناک : غم زدہ ۔

Sorrowfully : (adv.) دلگیری سے : اندوہ ناک طریقے سے ۔

Sorrowfulness : (n) غمگینی : دلگیری ۔

Sorrowing : (a) سوگوار ۔

Sorrowless : (a) بے رنج : : بے اَلم ۔

Sorry : (a) [OE. 'Sarig'.] (۱) متاسف : رنجیدہ : غمگین ۔ (۲)بُرا : گھٹیا : حقیر : ادنیٰ درجے کا ۔

Sorryish : (a) کسی قدر رنجیدہ ۔

Sort : (n) [Fr. 'Sorte'.] (۱) قسم : نوع : جنس ۔ (۲) طریق : طرز : طور ۔ (۳) خاص قسم : مخصوص نوع ۔ (۴) (طباعت) ٹائپ کے متفرق حروف ۔ (۵) اشخاص یا چیزوں کی (اچھی) تعداد ۔

A (bad, good, etc.) sort : اچھا یا بُرا شخص ۔

A sort of : طرح کا : طرز کا ۔

After a (..) sort : (۱) (......) طرز سے ۔ (۲) اٹکل پچو طریقے سے ۔

After this sort : اس طرز سے : اس طور سے ۔

All sorts of : مختلف قسم کی : ہر طرح کے ۔

In sort of way : ناقص طور پر : نا مکمل طور پر ۔

In this sort : اس طرح سے : اس طرز سے ۔

Nothing of the sort : ایسی کوئی چیز نہیں ۔

Of a (certain) sort : (خاص) طرح کا ۔

Of a sort : ایک طرح کا ۔

Of sorts : (۱) (فہرستوں میں آتا ھے) متفرق : کئی قسم کی ملی جلی چیزیں ۔

Of (various) sorts : مختلف قسم کا ۔

Out of sorts : سست : مضمحل (جس کی طبیعت ناساز ھو) افسردہ : منغض : کبیدہ خاطر ۔

Something of the sort : اُس طرح کی (کوئی چیز) ۔

This sort of thing : اس طرح کی چیز ۔

Sort : (v) (۱) قسموں میں تقسیم کرنا : ایک ایک قسم کی چیزوں کو الگ الگ کرنا ۔ (۲) چُن لینا : چھانٹنا : چھانٹ کر الگ کرنا ۔ (۳)مطابقت رکھنا ۔ (۴) جنس کے مطابق ترتیب دینا ۔ (۵)ترتیب دینا : سجانا : درست کرنا ۔ (۶)سزا دینا : مارنا ۔ (۷) (مویشی کو) کھلانا ۔

Sort of : (adv.) طرح سے : طور پر ۔

Sorter : (n) چھانٹنے والا : تقسیم کرنے والا ۔

Sortie : (n) [Fr.] (۱) دھاوا : حملہ (خصوصاً محصور فوج کا) ۔ (۲) دریچہ : وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ھے ۔ (۳) (دریا کا) نکاس : دہانہ ۔ (۴) ایک ہوائی جہاز سے ہوائی حملہ ۔ (۵)بندرگاہ سے ایک جہاز یا جہاز کے ایک بیڑے کا نکلنا ۔

To make a sortie : دھاوا بولنا : حملہ کرنا ۔

Sortie : (v) محصور فوج کا نکلنا : جہاز کا بندرگاہ سے نکلنا ۔

Sortilege : (n) [Fr.] قرعہ اندازی سے فال نکالنا : قرعی فال : تفاۂ ل ۔

Sortileger : (n) فال نکالنے والا : بوقتی : رمال : نجومی : فال بیں : فال گو ۔

Sortilegy : (n) دیکھو Sortilege

Sortition : (n) قرعہ اندازی ۔

Sortment : (n) قسموں میں تقسیم : قسم بندی : چھانٹنا ۔

Sorus : (n) [mod. L.] (نباتیات) انبارہ : چھوٹے بیجوں کی گھنڈیوں کا گچھا جو فرن کے ورق کے پیچھے ہوتا ھے ۔

Sos : المدد : فریادی پیام : لاسلکی پیام جس سے مراد یہ ھے کہ ہم مصیبت میں ہیں ، ہماری مدد کرو ۔

Soshed : (a) مدھوش : مخمور ۔

Spill : (n) [(M)LG. (M)Du. 'Spil(l)e'.] (۱) لکڑی یا دھات کا ڈنڈا ۔ (۲) محور : دُھرا : تکلا ۔

Oil of spike : تیل جو فرنچ لیونڈر سے بنایا جاتا ھے ۔

Spike : (n) [ME. 'Spyk'.] (۱) تیز نوك ۔ (۲) لوھے کی نوکدار سلاخ (مثلاً لوھے کے جنگلے کے اوپر) ۔ (۳) نوکدار میخ : میخ (جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ھے جس سے آدمی پھسلنے سے بچ جاتا ھے) ۔ (۴) بڑی مضبوط میخ (جیسی ریلوں میں لگائی جاتی ھے) ۔ (۵) مذہبی رسوم کا پابند ۔ (۶)صندل کے درخت کی ایك بیماری ۔ (۷) میخ دار جوتے ۔ (۸) (عام) انجکشن لگانے کی سوئی ۔ (۹)والی بال کو اگلی صف سے مخالف کی کورٹ میں زور سے دبا کر مارنا ۔ (۱۰) لمبی نکیلی ایڑی والا جوتا ۔

Spike : (v) (۱) میخیں ، سلاخیں یا ڈنڈے لگا کر مضبوط کرنا : میخیں یا سلاخیں کسی جگہ گاڑنا : ڈنڈوں سے باڑ لگانا ۔ (۲)بندوق یا توپ کے پیالے کا منہ کیل ٹھوك کر بند کر دینا : رنجك کے سوراخ میں کیل ٹھوك دینا ۔ (۳) میخ چھانا ۔ (۴) الکحل یا تیز شراب ملانا ۔ (۵) دلکش بنانا : دلچسپ بنانا ۔ (۶) والی بال کو اگلی صف سے حریف کی طرف زور سے دبا کر مارنا ۔

To spike one's guns/ To spike the guns : دشمن کا زور توڑنا : دشمنوں کو شکست دینا ۔

Spike : (v) (نباتیات) (پودوں کا) ایك ہی لمبے ڈنٹھل میں پھولوں کے گچھے دینا ۔

Spike-buck : (n) پہلے سال کا نر ہرن ۔

Spike-disease : (n) صندل کے درخت کی ایك بیماری ۔

Spike-fish : (n) سیل مچھلی : بادبانی مچھلی ۔

Spike-grass : (n) امریکا کی سمندری گھاس ۔

Spike-nail : (n) لمبی اور مضبوط چھوٹے سر والی میخ ۔

Spike oil : (n) دیکھو Oil of spike

Spike-rush : (n) کئی قسم کی گھاس جو دلدلی علاقوں میں پائی جاتی ھے ۔

Spike-tail : (n) شام کی پوشاك کا کوٹ (جس کا اگلا دامن سامنے سے کٹا ھوتا ھے) ۔

Spike-team : (n) تین جانوروں سے کھینچی جانے والی گاڑی ۔

Spiked : (a) بالی دار : سنبلہ دار ۔

Spilth : (n) (۱) بہنا ؛ چھلکنا ۔ (۲) جو چیز کہ بہہ جائے ۔

Spin : (n) (۱) گھماؤ ۔ (۲) گردش ؛ مدور حرکت ؛ دائرے میں حرکت ۔ (۳) (کرکٹ) گیند کی گھومنے کی حرکت ۔ (۴) گھمانا ۔ (۵) مسلسل حرکت (بطور ورزش یا تفریح) ؛ تیز کشتی رانی کی مدت ؛ مختصر یا تیز دوڑ یا سیر ۔ (۶) (ہوائی جہاز کا) گھومتے ہوئے غوطہ مار کر اترنا یا نیچے آنا ؛ چکری نزول ۔ (۷) رقص میں اچانک گھومنے کا ایک انداز ۔ (۸)(آسٹریلیا) قسمت ؛ تقدیر ۔

Spin : (v) [OE. 'Spinnan'.] (۱) (اون ، کپاس) کاتنا ؛ سوت بنانا (مکڑی ، ریشم کے کیڑے وغیرہ کا) ۔ (۲) جالا بننا ؛ کویا بنانا (ریشہ دار لعاب نکال کر) ۔ (۳)چاک یا ایسی کل پر (برتن وغیرہ) بنانا ۔ (۴) (مجازاً) انشا پردازی کرنا ؛ مضمون لکھنا ۔ (۵) طوالت دینا ؛ بڑھا دینا (بحث کو) ۔ (۶) گھمانا یا گھومنا (لٹو) ۔ (۷) (شخص یا چیز کا) یکایک مڑ جانا یا موڑ دینا ؛ منہ پھیر دینا یا پھر جانا ۔ (۸) امتحان کے امیدوار کو جواب دے دینا یا نا منظور کرنا ؛ ناکامیاب ہو جانا ۔ (۹) مچھلی کا شکار کرنا (پل وغیرہ سے نہر یا نالے میں) ؛ مچھلی کے چارے کو خاص طریقے سے گھمانا (پانی میں) ۔ (۱۰) (خون کا) بہہ نکلنا ۔ (۱۱) مکڑی کا جالے کی طرح ملا کر رکھنا یا بنانا ۔ (۱۲) (کسی ٹکڑے کو) گھومتی ہوئی چیز پر رکھ کر پھینکنا ۔ (۱۳) ریکارڈ چڑھانا (گراموفون کی گردش کرنے والی تختی پر) ؛ بجانا ۔ (۱۴) چلنا ؛ قائم رہنا ۔ (۱۵)(ہوائی جہاز کا) مسلسل چکروں کے ساتھ یکایک نیچے اترنا یا اتارنا ؛ ہوائی جہاز کو چکر کھلانا ۔ (۱۶)(موٹر کے گیئر کا) چھڑائے جانے کے بعد بھی ناچتے رہنا ۔ (۱۷) مقدر کرنا ۔

To spin a coin : سکے کو گھما کر اچھالنا (کسی چیز کا فیصلہ کرنے کے لئے) ۔

To spin a yarn : کہانی کہنا ؛ رام کہانی سنانا ۔

Spin chute : (n) چھوٹا پیراشوٹ جو ہوائی جہاز کے پیچھے لگا رہتا ہے اور جو اترنے میں مزاحمت پیدا کرتا ہے یا جہاز کو چکر کھانے سے روکتا ہے ۔

Spin-drier : (n) دھوتے ہوئے کپڑوں کو سکھانے کی مشین ۔

Spin-house : (n) (۱) وہ گھر یا عمارت جس میں سوت کاتنے کے لئے لوگوں کو نوکر رکھا جاتا ہے ۔ (۲) عورتوں کا دارالاصلاح ؛ رنڈیوں کی تادیب گاہ ۔

Spin off : (v) گھما کر صاف کرنا (لکڑی کا ٹکڑا جس پر سوت کاتنے کے لئے لپیٹا جائے) ۔

Spill : (n) (۱) (گھوڑا یا گاڑی سے) گرنا ؛ پچھاڑ ؛ پٹخنی ۔ (۲) (سیال مادے کا) گرنا ؛ بہنا ؛ چھلکنا ؛ بہہ کر گری ہوئی مقدار ۔ (۳) قیمت کا اچانک گر جانا ۔

Spill : (v) [OE. 'Spillan'.] (۱) مارنا ؛ جان مارنا ؛ قتل کرنا ؛ ہلاک کرنا ۔ (۲) زخمی کر کے یا نقصان پہنچا کر برباد کر دینا ۔ (۳) بہانا (خون) ۔ (۴) بہانا (کسی سیال مادے کو) ؛ بہہ جانا ؛ بہا دینا ۔ (۵) منتشر کرنا ؛ پھیلانا ۔ (۶) (عام) ظاہر کرنا ؛ انتشار کرنا ؛ ناش کرنا یا ہونا ۔ (۷) (بحری) بادبان سے ہوا نکال دینا (تاکہ آسانی سے لپیٹا جا سکے) ۔ (۸) گرانا (گھوڑے یا گاڑی سے) ؛ گرا دینا ؛ پھینکنا ۔ (۹) بہنا ؛ گرنا ؛ چھلکنا ۔ (۱۰) (بحری) (بادبان کا) ہوا کو خارج کر دینا ۔

To spill the beens : (۱) راز فاش کر کے الجھن پیدا کر دینا ۔ (۲) کسی منصوبے یا انتظام کو الٹ دینا ۔

Spill- : جزو ترکیبی بمعنی "فاضل پانی بہنے کے لئے بنا ہوا" ۔

Spillable : (a) جسے بہایا یا گرایا جا سکے ۔

Spillage : (n) (۱) بہانا ؛ گرانا ۔ (۲) بہائی ہوئی مقدار ۔

Spiller : (n) بہانے والا خصوصاً خونی ۔

Spiller/ Spilliard : (n) [Origin unkn.] مچھلی پکڑنے کی بڑی شست جس میں کئی کانٹے لگے ہوتے ہیں ۔

Spillet : (n) مچھلی پکڑنے کی بڑی شست ۔

Spillikin/ Spillican : (n) (۱) ایک کھیل جو ہڈی یا لکڑی کی جفتی سے کھیلا جاتا ہے ۔ (۲) لکڑی یا ہڈی وغیرہ کی جفتی جو اس کھیل میں کام آتی ہے ۔ (۳) (مجازاً) ٹکڑا ؛ چھپٹی ۔

Spilling : (n) پیراشوٹ کی چھتری سے ہوا کا خارج ہو جانا ۔

Spillover : (n) (۱) بہنا ؛ چھلکنا ؛ گرنا ۔ (۲) بہی ہوئی مقدار ۔ (۳) ناکافی رسد کی وجہ سے ایک چیز سے اس قسم کی دوسری چیز کی مانگ کا بڑھ جانا ۔

Spillway : (n) فالتو پانی نکالنے کا راستہ (بند اور پشتوں میں) ؛ ضمنی ابراہ ۔

Spilt : (a) جھلک کر گرا ہوا ؛ بہہ کر گرا ہوا ۔

To cry over spilt milk : ایسے نقصان پر رونا جس کی تلافی نہ ہو سکے ۔

Spin-off : (n) اتفاقی نتیجه خصوصاً صنعتی یا تکنیکی عمل کا ۔

Spin-out : (v) (۱) صرف کر دینا : گزار دینا (وقت ، عمر ، یا بحث و مباحثه میں یا کسی اور شغل میں) ۔ (۲) لمبا کرنا : طول دینا ۔ (۳) نکالنا : گھڑنا : بالتفصیل بیان کرنا ۔ (۴) بچا بچا کر استعمال کرنا : بہت دن چلانا ۔ (۵) چلنا : طویل کر دینا ۔

Spina : (n) [L.] (۱) ریڑھ : شوکه : عمود فقرات ۔ (۲) (قدیم روم) رومی سرکس کا وسطی روك ۔

Spina bifida : (n) [L.] ریڑھ کا استسقا : فقری استسقا ۔

Spinaceous : (a) [mod. L. 'Spinacia'.] پالك کی جنس کا ۔

Spinach : (n) [MDu. 'Spinaetse'.] (۱) اسفاناج : پالك : اس جیسی اور سبزی : بتھوا ۔ (۲) ایك قسم کا پروانه ۔ (۳) مکروه یا ناگوار چیز : قابل نفرت چیز : غیر مطلوب شے ۔ (۴) غیر ضروری یا بے تکا بد گوشت : زائده : اضافه یا آرائش ۔

Spinal : (a) [Late L. 'Spinalis'.] (۱) ریڑھ کی ہڈی سے متعلق : فقری : نخاعی : شوکی ۔ (۲) ریڑھ کی ہڈی سے مشابه ۔

Spinal artery : (n) فقری شریان ۔

Spinal bone : (n) ریڑھ کی ہڈی ۔

Spinal brace : (n) ریڑھ کی ہڈی کی بعض بیماریوں میں لگائی جانے والی قینچی یا آڑ ۔

Spinal canal : (n) ریڑھ کی نالی : قنات شوکی ۔

Spinal column : (n) ریڑھ کی ہڈی : عمود فقری ۔

Spinal cord : (n) حرام مغز : نخاع ۔

Spinal ganglia : (n) سلعات نخاع : عمود نخاعی ۔

Spinal marrow : (n) حرام مغز : نخاع ۔

Spinal nerve : (n) عصب نخاعی ۔

Spinalis : (n) عصب شوکی : ریڑھ کی ہڈی کے تین عضلات میں سے کوئی ایك ۔

Spinate : (a) خار نما : سول نما ۔

Spindle : (n) [OE. 'Spinel'.] (۱) تکلا (چرخی کا) ۔ (۲) سلائی یا تکلی (ہاتھ سے کاتنے کی) ۔ (۳) پرچھا (وہ نلی جس پر بنکر سوت لپیٹتے ہیں) ۔ (۴) محور : چرخی : دھرا (جو خود گھومتا ھے یا جس کے گرد کوئی چیز گھومتی ھے) ۔ (۵) پتلی شے : دبلا پتلا آدمی ۔ (۶) سوت کا پیمانه (جو مختلف قسم کے سوتوں کے لئے مختلف ہوتا ھے) ۔ (۷)(تشریح) جنینی یا شریان اعظم کا پھیل جانا : عضله کا تکلا نما حصه ۔ (۸) مرکب محول کو چلانے کا گرداں آله ۔ (۹) (تجارت) چوبی مستول کا اوپری سرا ۔ (۱۰) ہوائی جہاز کے بازوؤں کو گاؤ دم بنانے اور لگانے کی ایك مشین ۔ (۱۱) گراموفون کا وہ پن جس میں ریکارڈ بٹھایا جاتا ھے ۔ (۱۲) (نقابت) نور کی شکل کا مارکه ۔

Spindle : (v) (۱) تکلے کی شکل کا ہونا : لمبا پتلا ہونا ۔ (۲) پتلا ڈنٹھل نکلنا (جس میں بالی لگتی ھے) ۔ (۳) تیزی سے بڑھنا ۔ (۴) دھرے پر لگانا ۔ (۵) ہوائی جہاز کے بازوؤں میں فصل چھوڑنا اور گاؤ دم بنانا ۔

Spindle-cross : (n) (نقابت) تکله نما بازوں والا صلیب ۔

Spindle-legged : (a) پتلی اور لمبی ٹانگوں والا : تکلا پا : لنڈوك ۔

Spindle(-) shank : (n) پتلی لمبی ٹانگ : پتلی لمبی ٹانگوں والا آدمی : لم ٹنگا شخص ۔

Spindle-shanked : (a) لمبی پتلی ٹانگوں والا : لم ٹنگا ۔

Spindle-shaped : (a) تکلا نما : تکلے کی شکل کا : سگار صورت : دونوں طرف سے گاؤ دم ۔

Spindle-shell : (n) معده پایاں کی ایك جنس یا اس جنس کا کوئی معده پا ۔

Spindle-side : (n) مادری نسب ۔

Spindle-stroma : (n) دیکھو Spindle-shell

Spindle-tree : (n) ایك درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ھے اور تکلوں یا چرخوں کے کام آتی ھے ۔

Spindle-wood : (n) دیکھو Spindle-tree

Spindle-worm : (n) ایك قسم کے پتنگے کا پہل روپ جو مکئی میں لگ جاتا ھے ۔

Spindleage : (n) ایك جگه اورایك وقت میں آنے والے تکلوں کی کل تعداد ۔

Spindling : (n) (۱) درخت میں شاخ یا تنے کی تشکیل ۔ (۲) پتلا کمزور درخت ۔

Spindling : (a) (۱) ڈنٹھلوں میں اگنے والا (پودا) ۔ (۲) پتلا ؛ کمزور ۔

Spindly : (a) (۱) (درخت) پتلا ؛ کمزور ۔ (۲) (نمو) کم زور ۔

Spindrift : (n) [var. of Spoondrift.] (۱) ہلکی پھین جو سطح سمندر پر ہوا کے زور سے برابر چلی جاتی ہے : پھوار امواج ۔ (۲) ریت ، گرد و غبار وغیرہ جو ہوا کے زور پر اڑتی چلی جاتی ہیں ۔

Spine : (n) [OFr. 'Espine'.] (۱) ریڑھ ؛ شوکہ ؛ ریڑھ کا ستون ؛ عمود فقرات ۔ (۲) (نباتیات) لکڑی میں سخت اور نوک دار حصہ جو کسی تغیر یا خرابی کے باعث الگ صورت اختیار کر جاتا ہے ؛ مثلاً کانٹا ، سول ، خار ۔ (۳) ابھار ؛ ابھرا ہوا حصہ (مثل ماہی پشت) ۔ (۴) کتاب کے پٹھے یا مرزائی کا وہ حصہ جو ان کے الماری پر رکھے جانے کے بعد نظر آئے ۔ (۵) (حیوانیات) بر آمدگی ؛ خار ۔ (۶)(تشریح) مختلف ہڈیوں کا نوکدار پتلا ابھار ۔ (۷)(مجازاً) ریڑھ کی ہڈی کا کام دینے والا عضو ۔ (۸)(زمین ، چٹان وغیرہ کا ابھرا ہوا حصہ ۔ (۹)دوب ؛ دوب کا تختہ ۔ (۱۰) گوشت کی اوپری سطح ۔ (۱۱)آتش فشان کے لاوے کا نکلا ہوا حصہ ۔ (۱۲) پنکھ ریڑھ (مچھلی کی) ۔

Spine-bill : (n) آسٹریلیا کے پرندوں کی ایک جنس ۔

Spine-bone : (n) ریڑھ ؛ ریڑھ کی ہڈی ۔

Spine-eel : (n) ایک قسم کی ریڑھ دار بام مچھلی ۔

Spine-oak : (n) شاہ بلوط کے درخت کی اندرونی لکڑی ۔

Spine-tail : (n) متعدد قسم کے پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

Spine-tailed : (a) نوکیلی دم والا ۔

Spined : (a) (۱) ریڑھ والا ؛ ریڑھ دار ۔ (۲) خار دار ؛ سول دار ۔

Spinel : (n) [Fr. 'Spinelle'.] مختلف قسم کی معدنی اشیا جس کی باقاعدہ قلمیں ہوتی ہیں ؛ یاقوت سرخ ؛ لعل رمانی ۔

Spineless : (a) (۱) بے ریڑھ کا ؛ بے سول ؛ بے خار ؛ غیر فقری ۔ (۲) کمزور (طبیعت کا) ؛ غیر مستقل مزاج ؛ مذبذب ؛ ضعیف الارادہ ؛ تھکا ہوا ؛ لنگڑا ۔

Spinelessly : (adv.) کمزور طریقے سے ؛ ضعیف الارادہ طور پر ۔

Spinelessness : (n) کمزوری ؛ ضعیف الارادہ ہونا ؛ غیر مستقل مزاجی ۔

Spinelet : (n) چھوٹی ریڑھ ۔

Spinelike : (a) ریڑھ نما ۔

Spinelle : (n) دیکھو Spinel

Spinescence : (n) سول سری ؛ نوک دار ہونا ۔

Spinescent : (a) [Late L. 'Spinescere'.] (۱) سول سر ؛ خاری ؛ نوک دار ۔ (۲) خار مائل ؛ خار دار ؛ سول دار ۔

Spinet/ Spinette : (n) [It. 'Spinetta'.] ایک قسم کا باجا ۔

Spini- : جزو ترکیبی بمعنی "کانٹا" ؛ "ریڑھ کی ہڈی" ۔

Spiniferous : (a) خار دار ؛ خار زا ؛ سول پیدا کرنے والا ؛ کانٹوں بھرا ۔

Spinifex : (n) [L. 'Spina' + '-fex'.] جنس خار گیاہ ۔

Spiniform : (a) خار نما ؛ سول نما ۔

Spinigerous : (a) دیکھو Spiniferous

Spininess : (a) کانٹے دار ہونا ؛ اشکال ؛ پیچیدگی ۔

Spink : (n) [Imitative.] دج ؛ سرشور ۔

Spinnability : (n) کاتے جانے کی صلاحیت ۔

Spinnable : (a) کاتنے جانے کے لائق ۔

Spinnaker : (n) [f. 'Sphinx'.] بڑا تکونا بادبان جو دوڑ کی ناؤ میں لگا ہوتا ہے ۔

Spinner : (n) (۱) مکڑی جو جالا بناتی ہے ۔ (۲) سوت کاتنے والا ۔ (۳) (مجازاً) کہانی سنانے والا ؛ قصہ گو ۔ (۴) کاتنے کی مشین ؛ چرخہ ۔ (۵) بعض قسم کی مکھیاں یا مصنوعی مکھیاں (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (۶) گھومنے والا کانٹے سے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔ (۷) بچوں کے کھیلنے کی چوکور پھرکی یا لٹو ۔ (۸) گردش کرتا ہوا بال (کرکٹ کا) ؛ ایسے بال پھینکنے والا بالر ۔ (۹) گدی دار لوہے کا قرص جس سے پتھر کو چمکاتے ہیں ۔ (۱۰) (بعض کھیلوں میں) ناپنے والی سوئی ۔ (۱۱) ہوائی جہاز کی پنکھی کا ایک پرزہ ۔

Spinneret : (n) (۱) مکڑی یا کرم پیلہ میں تار یا جالا پرونے والا عضو ؛

عضو جس سے تارکش کیڑے تار نکالتے ہیں : تارکش : بارا ۔ (۲) (مصنوعی ریشم سازی) مہین سوراخ والی نلکی یا پلیٹ جس سے لیس دار محلول نکلتا ھے ۔

Spinnery : (n) کار خانۂ سوت ۔

Spinney : (n) [OFr. 'Espinei'.] جھاڑی : جھاڑی دار جنگل ۔

Spinning : (n) (۱) گھومانا : گھوماؤ : کاتنا : کتائی ۔ (۲) کاتا ھوا سوت ۔ (۲) کاتا ھوا سوت ۔ (۳) طول دینا : طوالت دینا : بڑھا دینا ۔ (۴) کھوکھلے برتنوں کو خراد پر چڑھا کر شکل دینا ۔ (۵) ماہی گیری کا ایک طریقہ ۔

Spinning : (a) (۱) کاتنے والا ۔ (۲) گرداں : گھومتا ھوا ۔

Spinning gland : (n) ریشم ساز غدود ۔

Spinning house : (n) (۱) کاتنے کا گھر یا عمارت ۔ (۲) رنڈیوں کی تادیب گاہ ۔

Spinning jenny : (n) کاتنے کی کل ۔

Spinning line : (n) مضبوط اور پائیدار رسا جو تیل کے کنویں میں استعمال ھوتا ھے ۔

Spinning machine : (n) کاتنے کی مشین ۔

Spinning mill : (n) کات کارخانہ یا مل ۔

Spinning top : (n) لٹو : پھرکی ۔

Spinning wheel : (n) چرخه ۔

Spino- : جزو ترکیبی بمعنی "خار" : "سول" ۔

Spinode : (n) [L. 'Spina' + -node.] (ہندسه) راس منحنی : ہلالی ۔

Spinose : (a) [L. 'Spinosus'.] (۱) خار دار : سول دار ۔ (۲) خار زا ۔

Spinosity : (n) [late L. 'Spinositas'.] ناسزاوار بات یا قول : مشکل یا بے کار نظریه یا دلیل ۔

Spinous : (a) (۱) ریڑھ جیسا ۔ (۲) (مجازاً) کٹھن : بے کار ۔ (۳) سول دار : خار دار ۔ (۴) خار نما : پتلا نوکیلا ۔

Spinous process : (n) عظم وتدی ۔

Spinozism : (n) سپینوزیت : فلسفۂ سپینوز : سپینوزا کے اصول و عقائد یعنی یه که اصل ایک جوہر ھے جو واحد اور لامتناہی ھے اور نفس اور فضاصفات اور اشخاص اشکال متغیرہ ہیں ۔

Spinozoist : (n) سپینوزا کے عقائد کا قائل ۔

Spinproof : (a) جو چکر نه کھائے (خصوصاً ھوائی جہاز) ۔

Spinster : (n) [f. Spin (v) + ster.] (۱) سوت کاتنے والی عورت ۔ (۲) ناکتخدا عورت (خاص کر بڑی عمر کی) ۔

Spinsterdom : (n) (۱) ناکتخدائی ۔ (۲) ناکتخدا عورتوں کی جماعت ۔

Spinsterhood : (n) دیکھو Spinsterdom

Spinsterish : (a) ناکتخدا عورت جیسی : بوڑھی کنواریوں سا ۔

Spinsterly : (a) دیکھو Spinsterish

Spinstress : (n) (۱) سوت کاتنے والی ۔ (۲) ناکتخدا بوڑھی عورت ۔

Spinstry : (n) کتائی : کاتا ھوا سوت ۔

Spinthariscope : (n) [Gr. 'Spinthris' + -scope.] شرربین: شراربین: ایک آله جس میں سے ریڈیم کی شعاعیں چھوٹے چھوٹے پتنگوں کی شکل میں نکلتی ھوئی نظر آتی ھے ۔

Spintherism : (n) ایک داخلی احساس مثلاً آنکھ کے سامنے شرارے ناچنا یا چھوٹنا ۔

Spinulate : (a) (۱) کثیر خارچه دار : خارچه خارچه : پر خار ۔ (۲) خارچه نما ۔

Spinule : (n) [L. 'Spinula'.] (۱) خارچه : چھوٹی ریڑھ کی ہڈی یا سول ۔ (۲) ایک خاص قسم کا پھل روپ ۔

Spinulescent : (a) چھوٹی سول پیدا کرنے والا : کسی قدر خاردار ۔

Spinuli- : جزو ترکیبی بمعنی "چھوٹی ریڑھ کی ہڈی" : "چھوٹی سول" ۔

Spinulose : (a) دیکھو Spinulate

Spinuloso- : جزو ترکیبی بمعنی "خارچه" : "خارچه خارچه" ۔

Spinulous : (a) دیکھو Spinulate

Spiny : (a) (۱) کانٹوں بھرا : کانٹوں والا : کانٹے دار : پر خار : خار خار ۔ (۲) سخت : نوکدار ۔ (۳) (مجازاً) مشکل :

پیچیدہ؛ کٹھن : الجھن میں ڈالنے والا ۔ (۳) دبلا : پتلا ۔

Spiracle : (n) [L. 'Spiraculum'.] (۱) (حیوانیات) سانس لینے کا سوراخ مثلاً وہیل اور دیگر سمندری جانوروں کے سانس کا منفذ : نتھنی ۔ (۲) موکھا : ہوا گذار ۔ (۳) آتش فشاں کا سوراخ ۔

Spiracular : (a) نتھنے سے متعلق یا سانس کے منفذ کا کام دینے والا ۔

Spiraculum : (n) دیکھو Spiracle

Spiraea/ Spirea : (n) [L.] گلاب نما پودوں کے اقسام جن میں سفید یا گلابی رنگ کا چھوٹا پھول لگتا ہے ۔

Spiral : (n) [Fr. or L. 'Spiralis'.] (۱) چکر دار انحنا (ایک سطح میں یا اوپر کو مخروطی شکل میں) : مرغولہ : لولب ۔ (۲) تار کا مرغولہ ۔ (۳) (نباتیات) پودوں کا لولبی ظرف ۔ (۴)(فلکیات) کمانی ۔ (۵) (ہوا بازی) چکر دار نزول یا اڑان ۔ (۶) مسلسل پھیلاؤ اور جلد اضافہ یا تخفیف ۔ (۷)مرغولے کا دائرہ یا ایک چکر ۔ (۸) باہم منحصر چکروں کا یکے بعد دیگر بڑھنا ۔

Equiangular spiral : مساوی الزاویہ لولب ۔

Logarithmic spiral : لوگارتمی لولب ۔

Spiral : (a) (۱) چکر دار یا تو ایک سطح میں جیسے گھڑی کی کمانی یا اوپر کو گھومتے ہوئے (مخروطی شکل میں) : حلزونی: لولبی : مرغولی ۔

Spiral : (a) مرغولی : اونچا اور گاؤ دم یا نوکیلا ۔

Spiral : (v) (۱) چکر دار بنانا ۔ (۲) حلزونی ہونا : مرغولی ہونا ۔ (۳) (ہوا بازی) چکر کھا کر پرواز کرنا ۔ (۴) چکر کی طرح اینٹھنا ۔

Spiral nebula : (n) لولبی سحابیہ : سحابیہ حلزوینہ ۔

Spiral of Archimedes : (n) ارشمیدی لولب ۔

Spiral spring : (n) مرغولی کمانی : لولبی کمانی ۔

Spiral stairs : (n) چکر دار سیڑھی ۔

Spiral wheel : (n) مرغولی پہیا ۔

Spiral whorl : (n) مرغولی چکر : لولبی چکر ۔

Spirality : (n) چکر دار ہونا ۔

Spiralize : (v) (۱) چکر دار بنانا : حلزونی بنانا ۔ (۲) لولبی شکل میں جمع ہونا ۔

Spirally : (adv.) چکر کی طرح ۔

Spirant : (n) [L. 'Spirare'.] حروف صحیح جو ایک دم سانس خارج کرنے سے ادا کیا جائے جیسے f, v, th, dh اور کبھی w,y ۔

Spirant/ -al : (a) (حروف صحیح) جو ایک دم سانس خارج کرنے سے ادا کیا جائے ۔

Spirantic : (a) دیکھو Spirant

Spirantism : (n) سانس خارج کر کے ادا کیا جانا ۔

Spirantize : (v) ایک دم سانس خارج کر کے ادا کیا جانے والا بنانا ۔

Spiraster : (n) [L.] لولبی نجمہ ۔

Spirated : (a) چکر دار ۔

Spiration : (n) [L. 'Spirare'.] (مذہبیات) روح القدس کا جلوس ۔

Spire : (n) [OE. 'Spir'.] (۱) گاؤ دم یا مخروطی شکل کی عمارت : کلس یا مینار کی چوٹی ۔ (۲) (درخت کی) چوٹی (جیسے شمشاد اور سفیدہ کی) ۔ (۳) کوئی مخروطی شے مثلاً گھاس کا ڈنٹھل : پھول کا ڈنٹھل ۔ (۴) نرسل : سرکنڈا ۔ (۵) (کان کنی) ترین کا دستہ ۔ (۶) ہرن کے سینگ کی شاخ ۔ (۷) پہاڑ کی مخروطی چوٹی ۔

Spire : (n) پودا : بروا : بہال ۔

Spire : (n) [L.] (۱) کسی چکر دار شے یا کمانی کا ایک پیچ یا چکر ۔ (۲) چکر : مرغولہ : لولب ۔ (۳) (نباتیات) حلقہ ۔ (۴)حلزونۂ صدف ۔

Spire : (v) (۱) اوپر کو نکل جانا : سیدھا اوپر کو بڑھنا یا اٹھنا ۔ (۲) مخروطی شکل یا کلس کی صورت میں بنانا : چوٹی دار یا کلس دار بنانا ۔

Spire : (v) مرغولہ بنانا : مرغولی بنانا : چکرکھا کر چڑھنا ۔

Spired : (a) (۱) مخروطی : نوکدار : گاؤدم ۔ (۲) مخروطی مینارہ دار ۔ (۲) خار دار : ڈنٹھل دار : سنبلہ دار ۔

Spiricle : (n) [Dimunitive of Spire.] (نباتیات) موئے پیچاں ۔

Spirifer : (n) [L. 'Spirifer'.] متحجر خیشوم پا کی ایک جنس ۔

Spiriferous : (a) لولبی عضو یا حصوں والا : لولبی زوائد دار ۔

Spiriform : (a) لولبی : حلزونی : چکر دار ۔

Spirillar : (a) لولبی جرثومہ سے مشابہ ۔

Spirillary : (a) لولبی جرثومہ سے پیدا شدہ ۔

Spirillicidal : (a) لولبی جرثومہ کش ۔

Spirillium : (n) [L.] لولبی جرثومہ ۔

Spiring : (a) (۱) گاؤ دم ہونے والا ۔ (۲) اونچا : اوپر جانے والا ۔

Spiring : (a) چکر کھا کر بڑھنے والا ۔

Spirit : (n) [AFr. 'Spirit'.] (۱) روح : نفس ۔ (۲) تنفس : شخص ۔ (۳) جوہر مجرد : جوہر محض : جوہر روحانی : روح مجرد : وجود غیر مادی ۔ (۴) غیر مادی شخصیت : طیف: پریت : ارواح : جن : پری : سایہ ۔ (۵) حوصلہ : ہمت : دل : دل گردہ : جان : جوش : سرگرمی : مستعدی : قوت : جرأت : طبیعت : مزاج : افتاد مزاج : سرشت ۔ (۶)روح رواں ۔ (۷) جذبہ : رنگ : خیال : انداز : نظر ۔ (۸)صحیح یا اصل مفہوم : مغز : اصل منشا ۔ (۹) اقتضا: مقتضا : رجحان : خصوصیت ۔ (۱۰) غیر مادی توانائی جو خون اور اعضائے رئیسہ میں پائی جاتی ھے ۔ (۱۱)خوش دلی : زندہ دلی : چہل : نشاط : موج ۔ (۱۲)تیز و تند شراب ۔ (۱۳) روح : جوہر ۔ (۱۴) روح القدس ۔ (۱۵)حس : ذہانت ۔ (۱۶) ہوا ۔ (۱۷) (قواعد) حرف صحیح : جس کی آواز میں "ہ" مخلوط ہو ۔ (۱۸)وفاداری ۔ (۱۹)ہیگل کے فلسفے میں انسانی اداروں کا مجموعہ ۔

A man of spirit : ہمت ور : حوصلہ مند شخص ۔

In good, high etc. spirit : نشاط میں : خوشدل ۔

In spirits : خوش طبع : زندہ دل : خوش ۔

Out of spirits : افسردہ : نڈھال : مضمحل : پست ۔

The Holly spirit/ The spirit / The spirit of truth : روح القدس ۔

The spirit of God or the Lord : خلاقی ۔

With spirit : ہمت کے ساتھ : حوصلہ کے ساتھ ۔

Spirit : (v) (۱) اڑا لے جانا گویا روحوں کی مدد سے : جھٹ پٹ اور خفیہ طور سے کھسکا دینا ۔ (۲) دل بڑھانا : ہمت بندھانا: تسکین دینا : خوش کرنا : بشاش کرنا : تسلی دینا ۔ (۳)زور دار بنانا : پر زور بنانا ۔ (۴) چرا لے جانا : (کسی کو) ناجائز طور پر جبراً لے بھاگنا ۔

Spirit blue : (n) نیل کا رنگ جو الکحل میں حل ہو جاتا ھے ۔

Spirit duck : (n) مرغابی کی اقسام جو بندوق کی آواز سنتے ہی غوطہ مار جاتی ہیں ۔

Spirit(-) lamp : (n) اسپرٹ لیمپ : لیمپ جس میں تیل کے بجائے اسپرٹ جلایا جاتا ھے ۔

Spirit(-) level : (n) اسپرٹ لیول : استوائے سطح دریافت کرنے کا آلہ جس میں اسپرٹ ھوتا ھے : سطح مستوی دریافت کرنے کا آلہ ۔

Spirit off : (v) (وارنش وغیرہ پر) محلل کی آخری تہ چڑھانا ۔

Spirit of hartshorn : (n) امونیا ۔

Spirit-rapper : (n) مردہ اشخاص کی روحوں سے گفتگو کرنے والا : ارواح گیر : ارواح آور ۔

Spirit-rapping : (n) روحوں سے گفتگو (یہ گفتگو ایک میز کے واسطے سے ھوتی ھے) : احضار : علم الارواح ۔

Spirit-stirring : (a) جوش دلانے والا : ہمت دلانے والا ۔

Spirit writing : (n) آسیبی تحریر ۔

Spirited : (a) (۱) پر زور : پر جوش : جاندار : چاق و چوبند : چست : طرار ۔ (۲) خاص کیفیت مزاج رکھنے والا ۔ (۳) طبیعت کا خاص رنگ ظاہر کرنے والا ۔

Spiritedly : (adv.) زندہ دلی یا خوش دلی سے ۔

Spiritedness : (n) زندہ دلی : خوش دلی ۔

Spiriting : (n) زور دار بنانا : زندہ دل بنانا ۔

Spiritism : (n) ارواحیت : فن حاضرات ۔

Spiritist : (n) ارواحی : ارواحیت پر عقیدہ رکھنے والا ۔

Spiritistic : (a) ارواحیت سے متعلق ۔

Spiritless : (a) کم حوصلہ ؛ کم ہمت ؛ مردہ دل ۔

Spiritlessly : (adv.) بے دلی سے ؛ مردہ دلی سے ۔

Spiritlessness : (n) بے دلی ؛ مردہ دلی ؛ کم حوصلگی ۔

Spiritoso : (adv.) [It.] جوش سے ؛ ولولے سے ؛ دل لگا کر ۔

Spiritual : (a) [Fr. 'Spirituel'.] (۱) روحانی (بمقابلہ مادی) ۔ (۲) الہٰی ؛ منزل من اللّٰہ ؛ مقدس ؛ ربانی ؛ الہامی ۔ (۳)دینی ؛ مذہبی ۔ (۴) صاحب اوصاف ؛ محمود الخصائل ۔ (۵) عقلی ؛ ذہنی ؛ تعقلی ۔ (۶) دین دار ؛ پرہیز گار ؛ پارسا ۔ (۷) چالاک ؛ چست و چوبند ؛ نکتہ سنج ۔ (۸) ارواحی ؛ فوق الفطرتی ۔

Spiritual : (n) (Narbonne) (۱) مذہبی آدمی ؛ دیندار ۔ (۲) ناربون کے مذہبی فرقے کا رکن ۔ (۳) (جمع) روحانی معاملات ؛ دینی معاملات ۔ (۳) کلیسائی معاملات ۔ (۴) کلیسائی املاک و آمدنی ۔ (۵) امریکی حبشیوں کا مخصوص مذہبی گیت ۔

Spiritual court : (n) کلیسائی عدالت ۔

Spiritual living : (n) دیکھو Benefice

Spiritual-minded : (a) روحانی ؛ دینی ؛ مذہبی ۔

Spiritual-mindedness : (n) دینی ہونا ؛ مذہبی ہونا ۔

Spiritualism : (n) (۱) روحانیت ۔ (۲) یہ عقیدہ کہ ارواح بعد مفارقت زندہ انسانوں سے مادی ذرائع کی وساطت سے ملتی اور ان سے بات چیت کرتی ہیں ؛ ارواحیت ۔ (۳) یہ عقیدہ کہ روح مادہ سے الگ موجود ھے یا یہ کہ قائم بالذات ھے ؛ روحیت ۔

Spiritualist : (n) (۱) روحانیت کا قائل ؛ روح قائم بالذات ماننے والا ۔ (۲) معتقد ارواح ؛ ارواحی ؛ ارواحیت پر عقیدہ رکھنے والا ۔

Spiritualistic : (a) ارواحیت کا یا اس سے متعلق ؛ ارواحی ؛ روحانیت سے متعلق ۔

Spirituality : (n) [Fr. 'Spiritualite' or late L. 'Spiritulitas'.] (۱) روحانی خاصیت ؛ روحانیت ۔ (۲) (جمع) کلیسائی حقوق واجبات ؛ کلیسائی املاک و آمدنی ؛ کلیسائی اراضی کا لگان ۔ (۳) پادریوں کا فرقہ ؛ اہل کلیسا ۔

Spiritualization : (n) روحانیت پیدا کرنا ؛ روح میں تبدیل کرنا ؛ مادی شے کو روحانی کیفیت بخشنا ؛ تطہیر ؛ القاء روحانیت ؛ روح ڈالنا ۔

Spiritualize : (v) (۱) روحانیت پیدا کرنا ؛ روحانی تاثیرات سے متاثر کرنا ؛ پاکیزگی پیدا کرنا ؛ (خیالات و حالات میں) رفعت پیدا کرنا ؛ بلند کرنا ۔ (۲) باطنی یا روحانی معنی پہنانا یا مراد لینا ۔ (۳) روحانی بنانا ۔

Spiritualizer : (n) روحانیت پیدا کرنے والا ۔

Spiritually : (adv.) روحانی طور پر ؛ فوق الفطرت طور پر ۔

Spiritualness : (n) روحانیت ۔

Spiritualty : (n) دیکھو Spirituality

Spirituel / Spirituelle : (a) [Fr. 'Spirituel'.] (۱) نازک ؛ نفیس مزاج ؛ صاحب ذوق ؛ لطیف طبع ؛ ذکی ؛ فہیم ۔ (۲)چھبیلی ؛ شوخ ؛ زندہ دل ۔

Spirituosity : (n) تیزی ؛ تندی ۔

Spirituous : (a) [Fr. 'Spiritueux' or L. 'Spiritus'.] (۱) الکحل دار ؛ مقطر ؛ جس میں الکحل مقطر نہ کہ مخجمد کی افراط ہو ۔ (۲)الکحلی ؛ الکحل سے متعلق ۔

Spirituousness : (n) تندی ؛ تیزی (شراب کی) ۔

Spiritus : (n) (۱) زور سے سانس لینا ؛ سانس ؛ تنفس ۔ (۲) کسی پران (n) مائع کا الکحلی محصول ۔

Spiritus as per : (n) گہرا سانس ۔

Spiritus frumenti : (n) [L.] وہسکی (شراب) ۔

Spiritus lenis : (n) صاف سانس ۔

Spirivalve : (a) چکر دار ؛ حلزونی ۔

Spirketting : (n) جہاز کے اندرونی تختہ بندی کا حصہ ۔

Spirling : (n) [MLG.] سامن کی قسم کی مچھلی ۔

Spiro- : جزو ترکیبی بمعنی "حلزونی" ؛ "چکر" ۔

Spiro- : جزو ترکیبی بمعنی "سانس" ؛ "تنفس" ۔

Spirobacteria : (n) لولبی جراثیم۔

Spirochaete : (n) طویل مرغولی جرثومہ۔

Spirogram : (n) تنفس نگار کا نقش۔

Spirograph : (n) (۱) تنفس نگار۔ (۲) مرغولہ کش۔

Spirographic : (a) تنفس نگاری سے متعلق۔

Spirometer : (n) شش پیما: تنفس پیما۔

Spirometric/ -al : (a) متعلق بہ شش پیما۔

Spirometry : (n) شش پیمائی۔

Spirophore : (n) آلۂ تنفس آور۔

Spiroscope : (n) تنفس بین: تنفس نما آلہ۔

Spirt : (n) [Origin unkn.] (۱) (بحری) ہوا کا ہلکا جھونکا۔ (۲) تھوڑی دیر کی سرگرمی۔

Spirt : (n) (۱) فوارہ۔ (۲) دھوئیں یا آگ کا دفعتاً نکلنا۔

Spirt : (v) [Origin unkn.] (۱) دھارا باندھ کر نکلنا: بہہ نکلنا: فوارہ بہنا: پھوٹ نکلنا: پھوٹ بہنا: فوارہ بہانا۔ (۲) دفعتاً بہہ نکلنا۔

Spirt : (v) تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش کرنا۔

Spirtle : (n) فوارہ: پھوار: چھڑکاؤ۔

Spirtle : (v) [f. 'Spurt'.] (۱) چھڑکنا: چھینٹنا۔ (۲) اچھالنا: چھینٹے اڑانا۔ (۳) چھڑکا جانا: اچھالا جانا: منتشر ہونا۔

Spirula : (n) [L. 'Spira'.] (حیوانیات) سر پایہ کی ایک جنس۔

Spirulate : (a) [Origin unkn.] پیچاں۔

Spirule : (n) دیکھو Spirula

Spiry : (a) (۱) (نباتیات) نوکیلا: مخروطی: گاؤدم: مخروطی۔ (۲) کلس نما یا مخروط یا کلس کی شکل کا یا کلس کے متعلق۔ (۳) کلسوں سے بھرا ہوا (۴) کمزور: نازک۔

Spiry : (a) پیچ دار: پیچاں۔

Spit : (n) [OE. 'Spitu'.] (۱) سیخ: سیخ کباب۔ (۲) (طباعت) دستی پریس کا آہنی ڈنڈا جس کے ذریعہ پھسلن حصے کو اندر باہر کرتے ہیں۔ (۳) سیخ جس میں لگا کر مچھلی کو سکھاتے ہیں۔ (۴) (تحقیراً) تلوار۔ (۵) تنگ خاکنائے: سوارہ۔

Spit : (n) (۱) تھوک: لعاب دہن۔ (۲) تھوکنا۔ (۳) ترشح: چھینٹا: بارش خفیف۔

A spit and stride : بہت مختصر دوری۔

The very spit of : (کسی شخص کی) ہو بہو نقل: مشابہ۔

Spit : (n) [(M)LG. '(M)Du.] (۱) کلہاڑی یا کدال بھر گہرائی۔ (۲) بیلچہ کا ایک ہولا یا وار۔ (۳) کدال بھر مٹی کی تہ۔ (۴) کدال بھر مٹی۔

Spit : (v) (۱) سیخ پر چڑھانا۔ (۲) برمانہ: چھیدنا: بیندھنا: بھونکنا۔ (۳) ہیرنگ مچھلی کو سیخ میں لگ کر سکھانا۔

Spit : (v) [OE. '(ge) spittan'.] (۱) تھوکنا۔ (۲) کسی چیز کو منہ سے تھوک دینا یا نکال پھینکنا: اگلنا۔ (۳) (انڈے وغیرہ) دینا۔ (۴) غضب ناک ہو کر منہ سے نکالنا (کلمات تحقیر یا تہدید وغیرہ)۔ (۵) بولنا (زبان)۔ (۶) تھوک دینا (حقارت کے طور پر): پھنکارنا۔ (۷) تھوکنا: بلغم خارج کرنا: کھنکھارنا۔ (۸) تھو تھو کر کے منہ سے خارج کرنا۔ (۹) (بلی کا) خر خرانا۔ (۱۰) ترشح ہونا: پھوٹیاں پھوٹیاں برسنا۔ (۱۱) آگ لگانا: جلنا: جلانا۔ (۱۲) کھنکھارنے کی سی آواز نکالنا۔

To spit cotton : (پیاس سے) منہ سے پھین نکلنا۔

To spit venom, poision, fire etc. : زہر اگلنا: آگ نکالنا۔

To spit in one's face/ -teeth : (مجازاً) منہ پر تھوک دینا۔

To spit it out : (عام) کہہ ڈالنا۔

To spit sixpences : (پیاس) منہ سے پھین نکلنا۔

Spit : (v) (۱) کدال بیلچہ وغیرہ سے کھودنا۔ (۲) بیلچہ سے بونا: نصب کرنا۔

Spit and polish : (n) صفائی کرنا اور پالش کرنا (ملاحوں کے کاموں کا ایک جزو)۔

Spit-ball : (n) (۱) (کسی پر پھینکنے کے لئے) کاغذ کو چبا کر بنائی ہوئی گولی۔ (۲) بیس بال کی گیند کو تھوک سے ایک

تند مزاج۔

Spitfire : (n) (۱) آگ اگلنے والی چیز خصوصاً توپ۔ (۲) تند مزاج : پرکالۂ آتش۔ (۳) غضبناک بلی۔

Spitfire jib : (n) مضبوط تکونا بادبان جو طوفان میں چڑھاتے ہیں۔

Spitful : (n) بیلچہ بھر۔

Spitish : (a) دیکھو Spitful

Spitshine : (n) جوتے کی چمک (خصوصاً تھوک لگا کر)۔

Spitshine : (v) تھوک لگا کر جوتے کو چمکانا۔

Spitter : (n) (۱) تھوکنے والا۔ (۲) ایک قسم کا زہریلا سانپ جو اپنا زہر تھوک کر پہنچاتا ھے۔

Spitter : (n) (۱) بیلچہ : کدال۔ (۲) کدال سے کھودنے والا۔

Spittle : (n) [ME. 'Spetil'.] (۱) تھوک : کف : لعاب دہن۔ (۲) بعض کیڑے کا لعاب۔

Spittle : (n) [OE. 'Spitel'.] (۱) چھوٹا بیلچہ : بیلچہ۔ (۲) کھرپا : کھرپی۔

Spittle fly/ -insect : (n) جھاگ نکالنے والا یا جھاگ میں پیدا ہونے والا کیڑا۔

Spittoon : (n) اگالدان : پیک دان۔

Spitz : (n) [G.] ایک چھوٹی قسم کا کتا جس کی تھوتھنی گاؤ دم ہوتی ھے۔

Spitzer : (n) دھات کے خول والی نوکدار بلٹ (گولی)۔

Spiv : (n) (۱) طفیلی : بغیر باقاعدہ نوکری کے روزی کمانے والا۔ (۲) اچکا : چھوٹے پیمانے پر چوربازاری کرنے والا۔ (۳) کام چور : کاہل : سست۔

Spivery/ Spivvery : (n) طفیلی زندگی بسر کرنا۔

Spizzerinctum : (n) کامیابی کی خواہش : زور : قوت : حوصلہ۔

Splacknuck : (n) [Invented by Swift.] (۱) برابڈ نگنیگ (Brobdingnag) کا خیالی جانور۔ (۲) (مجازاً) عجیب الخلقت آدمی : عجیب و غریب چیز۔

طرف بھگو کر پھینکنا۔

Spit kit/ -kid : (n) (۱) راکھ دان : ایش ٹرے۔ (۲) چھوٹا جہاز (خصوصاً گشت کے لئے)۔

Spit stick : (n) (۱) کندہ کاری کرنے کی چھینی۔ (۲) چھوٹی نوکیلی چھینی۔

Spit up : (v) اگل دینا : قے کر دینا۔

Spital : (n) [late respelling of Spittle.] (۱) تھوک : رال : لعاب دہن : تف۔ (۲) بعض کیڑے کی رال۔ (۳) وعظ جو ایسٹر سمبار اور منگل کو کہا جاتا ھے۔ (۴) (مجازاً) غلیظ جگہ۔ (۵) مسافروں کی پناہ گاہ۔

Spitbox : (n) اگلدان : پیک دان۔

Spitchcock : (n) [Origin unkn.] بام مچھلی کا کباب۔

Spitchcock : (v) (بام مچھلی اور پرند وغیرہ کو) سیخ پر کباب کرنا۔

Spitchcocked : (a) کباب کی ہوئی۔

Spite : (n) [OFr. 'Despit'.] (۱) بغض : کینہ : خبث باطن۔ (۲) جلن : عداوت : حسد : عناد : بیر : لاگ۔

In spite of : باوجود یکہ : با ایں ہمہ۔

To have a spite at : بغض رکھنا : عناد رکھنا۔

Spite : (v) (۱) بغض رکھنا : عناد رکھنا : نیچا دکھانا : ذلیل کرنا : مخالفت کرنا۔ (۲) دق کرنا : نقصان پہنچانا۔

To spite (one) : غصہ نکالنا۔

Spite-fence : (n) بد نما باڑ یا دیوار جو پڑوسی کو پریشان کرنے کے لئے کھڑی کی جاتی ھے۔

Spite marriage : (n) محبوب کو تکلیف دینے کے لئے یا آزردہ کرنے کے لئے کسی اور سے شادی کرنا۔

Spiteful : (a) کینہ پرور : بدباطن۔

Spitfully : (adv.) کینہ پروری سے : بدباطنی سے۔

Spitfulness : (n) کینہ وری : بدباطنی۔

Spitfire : (a) (۱) آگ اگلنے والا۔ (۲) (مجازاً) تیز مزاج : پر کالۂ آتش :

Splanchnic : (a) [mod. L. 'Splanchnicus'.] (۱) آنتوں کا : امعائی ۔ (۲) احشائی ۔

Splanchnic : (n) امعائی اعصاب ۔

Splancho- : (Prefix) سابقہ بمعنی "امعائی" : "احشائی" ۔

Splanchnocoele : (n) فتق احشا : احشائی قیلہ ۔

Splanchnography : (n) احشا نگاری : احشا نامہ ۔

Splanchnology : (n) (۱) احشائیات : علم الاحشا ۔ (۲) نظام احشا ۔

Splanchnopleural : (a) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔

Splanchnopleure : (n) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے ایک ۔

Splanchnopleuric : (a) پارہ نہوض کی دو تہوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔

Splanchnoskeletal : (a) احشائی ڈھانچ سے متعلق ۔

Splanchnoskeletan : (n) احشائی ڈھانچ : کالبد احشا ۔

Splanchnotomy : (n) احشا شگافی : تشریح احشا ۔

Splash : (n) (۱) چھینٹا : چھپکا ۔ (۲) چھینٹوں کے پانی کی مقدار ۔ (۳) پانی میں گرنے کی آواز : غڑپ ۔ (۴) کیچڑ یا گرد کا داغ : دھبا ۔ (۵) داغ : خال : گل (جانوروں کی جلد پر) ۔ (٦) پوڈر : گلگونہ : غازہ : ابٹن ۔ (٧) سوڈاواٹر وغیرہ کی تھوڑی سی مقدار (جو وہسکی وغیرہ میں ملائی جائے) ۔ (٨) بلٹ (گولی) کے پھٹنے پر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۔ (٩) واضح اثر ۔ (١٠) دکھاوا : نمائش : بناوٹ ۔

To make or cut a splash : چرچا کرنا : شہرہ ہونا : دھوم مچا دینا ۔

Splash : (v) [Alter. of Plash.] (۱) لتھیڑنا : ساننا : لت پت کرنا (پانی ، کیچڑ وغیرہ میں) ۔ (۲) چھڑکنا : چھینٹے ڈالنا (پانی وغیرہ کے) ۔ (۳) چھینٹے اڑاتے چلنا : چھپ چھپ کرنا ۔ (۴) پانی میں گرنے یا غوطہ لگانے سے چھینٹے اڑانا ۔ (۵) (کسی شے کو) منتشر دھبوں ، ٹپکوں سے آراستہ کرنا ۔ (٦) (گولی کا) لگنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ (٧) چھینٹے اڑاتے ہوئے راستہ بنانا یا جانا ۔ (٨) (دشمن کے ہوائی جہاز کو) مار گرانا ۔ (٩) جلدی جلدی خاکہ بنانا : نقشہ بنانا ۔ (١٠) نمایاں کرنا : مشہور کرنا : نمایاں جگہ پر رکھنا ۔

Splash- : جزوترکیبی "لت پت کرنا" : چھینٹا اڑانا ۔

Splash-back : (n) کیچ روک : گاڑیوں میں آگے کی جانب کا ایک تختہ کیچڑ مٹی سے بچانے کے لئے : چھینٹ روک ۔

Splash(-) board : (n) دیکھو Splash-back

Splash-down : (n) خلائی جہاز کا سمندر میں اترنا ۔

Splash-gurad : (n) گاڑیوں کے پچھلے پہیے کے عقب میں لگا چوڑا ربر کا ٹکڑا جس سے چھینٹ نہیں اڑتی ہے ۔

Splash-lubricate . (n) تیل کے برابر چھینٹے والی ڈال کر چکنا کرنا ۔

Splash-lubrication : (n) تیل کے چھینٹے ڈال کر چکنا رکھنا ۔

Splash-method : (n) دیکھو Splash-lubrication

Splash-net : (n) چھوٹا مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Splash-paper : (n) بو قلموں کاغذ ۔

Splash-system : (n) Splash-lubrication

Splash-work : (n) چھینٹ کا کام ۔

Splasher : (n) (۱) چھینٹ روک : کیچ روک : مڈ گارڈ ۔ (۲) (نرم زمین یا کیچڑ پر چلنے کے لئے) پیر میں باندھنے کا تختہ ۔ (۳) دھلائی کے پٹرے کے پاس کا پردہ جس سے دیوار چھینٹوں سے محفوظ رہتی ہے ۔

Splashily : (adv.) کیچڑوں سے بھر کر ۔

Splashiness : (n) کیچڑ بھرا ہونا : گیلا پن ۔

Splashingly : (adv.) چھینٹے اڑاتے ہوئے ۔

Splashy : (a) کیچڑ بھرا : گیلا : گڈھوں سے بھرا ۔

Splashy : (a) (۱) چھپاک سے کرنے والا : چھینٹے اڑانے والا ۔ (۲) غڑپ کی (آواز) ۔ (۳) سنسنی خیز ۔ (۴) بے قاعدہ ۔ (۵) گلدار ۔

Splat : (v) [ME. 'Splatten'.] (۱) (Pike) مچھلی کو چیر کر پھیلانا (پکانے کے لئے) ۔ (۲) گولی کے ٹکرانے کے بعد پھیلنے کی مخصوص آواز نکلنا ۔

Splat : (n) کرسی کی پشت کا درمیانی حصہ ۔

Splat : (n) دھبہ : داغ : گل ۔

Splat : (n) چھپاکا : چھپ چھپ ۔

Splather : (v) [Bland of Splash and slatter.] (۱) چھینٹے اڑانا : منتشر کرنا ۔ (۲) کج مج بولنا : گپڑ سپڑ بولنا ۔

Splathering : (a) (۱) بے ہنگم : بھدا : بے ڈول ۔ (۲) اناپ شناپ : بے ربط : بے جوڑ ۔

Splatter : (v) [Imitative.] (۱) چھپ چھپ کرنا ۔ (۲) اس طرح بولنا کہ کسی کی سمجھ میں نہ آئے : کج مج بولنا : گپڑ سپڑ بولنا ۔

Splatterdash : (n) دیکھو Spatterdash

Splay : (n) (۱) ڈھال (زاویہ یا سطح خصوصاً موکھے یا رند کا حصہ) ۔ (۲) ڈھلان ۔ (۳) پیالے کا باہر نکلا ہوا حصہ ۔

Splay : (adv.) (۱) دیکھو Splay-foot ۔ (۲) آڑے ترچھے رخ میں : ترچھا ہو کر ۔

Splay : (a) (۱) ترچھا : ڈھلوان : ٹیڑھا ۔ (۲) کشادہ اور چپٹا : باہر کو نکلا ہوا ۔

Splay : (v) [f. Display.] (۱) پھیلانا : بڑھانا ۔ (۲) ڈھلوان کرنا ۔ (۳)ترچھا ہونا ۔ (۴)بھونڈے طریقے سے پھیلنا ۔ (۵)ملانا (پیپے کی گول پٹی) ۔

Splay : (v) [Alternation of Spay.] (مادہ جانوروں کا) بیضہ دان نکال دینا ۔

Splay(-)foot : (n) چوڑا چکلا پاؤں ۔

Splay(-) foot : (adv.) بھدے طریقے سے : بھونڈے پن سے ۔

Splay-footed : (a) (۱) چوڑا چکلا پاؤں رکھنے والا ۔ (۲) بھدا : بھونڈا : بے ہنگم ۔

Spleen : (n) [OFr. 'Esplen'.] (۱) تلی : طحال ۔ (۲) اضمحلال : بد مزاجی : چڑچڑاپن ۔

Spleen : (v) غصہ دلانا : بر انگیختہ کرنا ۔

Spleenful : (a) تنک مزاج : بد مزاج : چڑچڑا : جھلا ۔

Spleenic : (a) طحالی : طحالی سے متعلق ۔

Spleenish : (a) بد مزاج : چڑچڑا : بد نفسانہ ۔

Spleenishly : (adv.) بد مزاجی سے : چڑچڑے پن کے ساتھ ۔

Spleenishness : (n) بدمزاجی : چڑچڑاپن ۔

Spleenwort : (n) (۱) طحال بوٹی : حشیشۃ الطحال : چترک ۔ (۲) ناگ پھنی کی ایک قسم ۔

Spleeny : (a) دیکھو Spleenful

Splen- : جزو ترکیبی بمعنی "طحال" : "تتلی" ۔

Splenalgia : (n) درد باطحال : تلی کا درد ۔

Splendacious : (a) بہت شاندار ۔

Splendent : (a) [L. 'Splendere'.] (۱) چمکدار : چمکیلا : منور : روشن : تاباں ۔ (۲) انتہائی شاندار ۔ (۳)(مجازاً) عالی شان : عظیم الشان ۔

Splendid : (a) [Fr. 'Splendide' or L. 'Splendidus'.] (۱) شاندار : عالیشان : پر تکلف : ٹھاٹھ باٹھ والا : بہت جڑا ۔ (۲)ٹھاٹھ باٹھ سے رہنے والا (شخص) : قابل تعریف ۔ (۳) بہت عمدہ : اعلیٰ : بہت اچھا ۔

Splendidly : (adv.) شان سے : آب وتاب سے ۔

Splendidness : (n) شان : آب و تاب : شان و شوکت : جاہ و جلال ۔

Splendiferous : (a) [med. L. 'Splendifer'.] (۱) بہت عمدہ : اعلیٰ : شاندار ۔ (۲) پر فریب طور پر شاندار ۔

Splendiferously : (adv.) اعلیٰ طور پر : شاندار طور پر ۔

Splendiferousness : (n) شاندار ہونا : بہت عمدہ ہونا ۔

Splendorous : (a) شاندار : ٹھاٹھ باٹھ کا : چمکدار : منور ۔

Splendour : (n) [Fr. 'Splendeur' or L. 'Splendor'.] آب و تاب : چمک دمک : شان و شوکت : زرق برق ۔

Splenectomy : (n) طحال براری ۔

Splenetic : (a) [late L. 'Spleneticus'.] (۱) طحال سے متعلق : طحالی ۔ (۲) بدمزاج : چڑچڑا : زود رنج : بدخو ۔

Splenetic : (n) (۱) بد مزاج شخص ۔ (۲) طحال کا مریض ۔

Splenetic fever : (n) حمرہ خیشہ : راج پھوڑا ۔

Splenetically : (adv.) بد مزاجی سے : چڑچڑے پن سے ۔

Splenetive : (a) دیکھو Splenetic

Splenial : (a) [L. 'Splenium'.] کھپچی کی شکل کا : کھپچی کا کام دینے والا : جبریہ عنقبہ سے متعلق ۔

Splenial : (n) کھپچی نما ہڈی یا ابھار ۔

Splenic : (a) طحالی : طحال سے متعلق ۔

Splenic fever : (n) طحالی بخار ۔

Splenic flexure : (n) طحال کے پاس قولون کا خم ۔

Splenitis : (n) ورم طحال ۔

Splenius : (n) [Gr.'Splenion'.] جبیریہ : عضلہ قفا : گردن کے اطراف اور پشت کے ہر دو طرف کا عضلہ جو گردن کو پیچھے ہٹانے میں کام دیتا ھے ۔

Splenization : (n) [Fr. 'Splinisation'.] شش کا ایک طحال نما شے میں مستحیل ہو جانا ۔

Spleno- : [Gr. 'Spleno'.] جزو ترکیبی بمعنی "طحال" "تلی" ۔

Splenocele : (n) فتق طحال : طحالی قیلہ ۔

Splenography : (n) طحال نگاری : طحال نالہ ۔

Splenoid : (a) طحال نما ۔

Splenology : (n) طحالیات : علم طحال ۔

Splenomegaly : (n) کبر الطحال : تلی کا بڑھ جانا ۔

Splenotomy : (n) تشریح طحال : طحال براری : طحال شگافی ۔

Splenulus : (n) [L.] ابتدائی طحال : زائد طحال ۔

Spleuchan : (n) [Gael. 'Spliuchan'.] تمباکو یا پیسے رکھنے کی تھیلی یا بٹوا ۔

Splice : (n) (۱) دو رسیوں یا لکڑی کے دو ٹکڑوں کا جوڑ ۔ (۲) عقد : شادی : نکاح ۔ (۳) کرکٹ کے بلے کے دستے کا وہ حصہ جو پھل میں گھسایا رہتا ھے ۔

Splice : (v) [MDu. 'Splissen'.] (۱) رسی کے سرے جوڑنا : لڑیوں کو آپس میں گوندھ کر لکڑی کے سروں کو ایک دوسرے پر رکھ کر جوڑنا ۔ (۲) عقد کر دینا : شادی کر دینا ۔ (۳) ملانا : جوڑنا ۔

To splice the main-race : دیکھو Main-brace

Splice-graft : (v) ترچھا کاٹ کر قلم لگانا ۔

Splice-grafting : (n) شاخوں کو ترچھا کاٹ کر اور باندھ کر قلم لگانا ۔

Splice-joint : (n) پٹریوں کے درمیان ملانے والا جوڑ ۔

Splice-piece : (n) ریل کی پٹریوں کے جوڑ پر لگنے والی پٹی یا تختی ۔

Spline : (n) (۱) لمبی پتلی پٹی (لکڑی یا دھات کی) ۔ (۲) لچکدار لکڑی یا ربڑ کا ٹکڑا جو بڑی بڑی گولائیوں (خصوصاً ریل کے کاموں میں) کا نقشہ کھینچنے میں کام آتا ھے ۔ (۳) ایک چورس پٹی جو دھرے اور پہیے کی مشترکہ جھری میں دی جاتی ھے تاکہ دونوں گردش کریں۔

Spline : (v) چورسی پٹی لگانا ۔

Splining machine : (n) کنجی کے لئے سوراخ اور جھری بنانے کی مشین۔

Splint : (n) [MLG. 'Splente'.] (۱) قدیم زرہ کے بعض حصوں میں لگائی جانے والی پٹی جو ایک دوسرے پر چڑھی رہتی ھے۔ (۲) لکڑی کی سخت یا لچکدار کھپچی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کی مرہم پٹی کے بعد اوپر باندھ دی جاتی ھے یا ٹوکریاں بنانے کے کام آتی ھے ۔ (۳) لکڑی یا پتھر کی چھپٹی ۔ (۴) گھوڑے کے آگے کے پاؤں کی ان دو چھوٹی ہڈیوں میں سے ایک جو ران کی ہڈی کے پیچھے یا اس سے متصل ہوتی ھے (انسان میں) پنڈلی کے باہر کی طرف کی ہڈی ۔ (٦) طبق دار سخت کوئلہ ۔

Splint : (v) (شکستہ ہاتھ وغیرہ پر) کھپچی باندھنا ۔

Splint(-) bone : (n) (۱) گھوڑے کے آگے کے پاؤں کی ان دو چھوٹی ہڈیوں میں سے ایک جو ران کی ہڈی کے پیچھے یا اس سے متصل ہوتی ہیں ۔ (۲) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی ۔

Splint coal : (n) سلیٹی ساخت کا کوئلہ ۔

Splinter : (n) [(M)Du.] (۱) (لکڑی ، پتھر وغیرہ کی) چھپٹی ، لکڑی

کی چھیلن : کرچ : کھپچی : پارہ : ٹکڑا : ریزہ ۔ (۲) کسی پارٹی یا گروپ کا حصہ جو اس سے الگ ہو گیا ہو ۔

In or into splinters : ریزوں میں : ٹکڑوں میں ۔

Splinter : (v) پھاڑ کر یا چیر کر پتلے پتلے ٹکڑے بنانا : چھپٹیاں اتارنا : ریزہ ریزہ کرنا یا ہو جانا : پاش پاش ہو جانا ۔

Splinter-bar : (n) (۱) چھکڑے ہل وغیرہ کا جوا : جوت ڈنڈا ۔ (۲)گاڑی میں ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگا ہوتا ھے ۔

Splinter net/ -netting : (n) رسوں سے بنی جالی جو جنگ کے زمانے میں جہاز کے اوپر لگا دی جاتی ھے تاکہ عملہ کے لوگ گولے کی کرچوں سے محفوظ رہیں ۔

Splinter-new : (a) بالکل نیا : کورا ۔

Splinter-proof : (n) کوئی چیز جو پھٹے گولوں کی کرچوں سے بچائے : شیل روک ۔

Splinter proof : (a) شیل روک ۔

Splinterless : (a) جس کی چھپٹیاں نہ ہو سکیں ۔

Splintery : (a) چھپٹیوں سا : چھپٹیوں کا : چھپٹیاں بن جانے والا : جس کے پھٹنے سے چھپٹیاں نکل آئیں : چھپٹیوں سے بھرا : کھردری (چٹان) ۔

Split : (n) (۱) چیر : شگاف : درز : دراڑ ۔ (۲) پھوٹ : تفریق : تفرقہ : اختلاف ۔ (۳) بید کی چیری ہوئی چھڑیں (ٹوکریاں وغیرہ بنانے کے لئے) ۔ (۴) فولاد : بید وغیرہ کی ایک چھڑ : (نجاری) راچھ کی چھڑ ۔ (۵) چمڑے کی ایک تہ (جب چمڑے کی باریک تہیں تراشی جائیں تو ان میں کی ہر تہ) ۔ (۶) (تاش کا کھیل) دو برابر کے پتوں کا نکلنا جس سے شرطیں بٹ جاتی ہیں ۔ (۷) مخبر : جاسوس ۔ (۸) ولایتی پانی : شراب کا آدھا گلاس ۔ (۹)بازی گر کا کھیل جس میں وہ زمین پر بیٹھ کر ایک ٹانگ ایک طرف اور دوسری دوسری طرف پھیلا دیتا ھے اور دھڑ سیدھا رکھتا ھے ۔ (۱۰) لکڑی کی چھپٹی یا کھپچی ۔ (۱۱) اینٹ جس کی موٹائی عام انٹیوں کی آدھی ہوتی ھے ۔ (۱۲) پھل کے قتلوں کی بنی ایک مٹھائی ۔ (۱۳) پھٹی ہوئی ٹکٹ کا ایک ٹکڑا ۔ (۱۴) تقسیم سے پیدا ہونے والی چیز ۔ (۱۵) شیشے کی طرف کا کونے دار کھانچ۔

The splits : بازی گر کا کھیل جس میں وہ زمین پر بیٹھ کر ایک ٹانگ ایک طرف اور دوسری دوسری طرف پھیلا دیتا ھے اور دھڑ سیدھا رکھتا ھے ۔

Split : (v) [(M)Du. 'Splitten'.] (۱) زور سے توڑنا یا ٹوٹنا : پھٹنا یا پھاڑنا ۔ (۲) تقسیم کرنا : بانٹ دینا : الگ الگ کرنا ۔ (۳)ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا : حصے کرنا یا ہونا ۔ (۴)مخالف فریقوں میں تقسیم ہو جانا (اختلاف رائے یا مسائل کی وجہ سے) ۔ (۵) اختلاف ہونا : تفرقہ پڑنا : کھنڈت پڑ جانا : اختلاف پیدا کرنا : نفاق ڈالنا ۔ (۶)(بحری) (ہوا کا) بادبان کو پھاڑ دینا یا بادبان کا پھٹ جانا ۔ (۷) افشا کر دینا : فاش کر دینا ۔ (۸) (جہاز کا) ٹکرا کر پھٹ جانا : جہاز کا تباہ ہو جانا (ٹکرا کر) ۔ (۹) (عام) جھگڑنا ۔ (۱۰) (عام) مخبر بن جانا ۔ (۱۱)شراب میں پانی ملا کر پتلا کرنا ۔ (۱۲) کیمیاوی مرکب کو عنصروں میں الگ الگ کرنا ۔ (۱۳) حصہ بانٹنا ۔ (۱۴) بہت تیز دوڑنا (مقابلے میں) ۔ (۱۵) ووٹ کا بٹ جانا ۔ (۱۶) (مجازاً) (ہنسی ، درد وغیرہ سے پیٹ) پھٹنا : بے حال ہو جانا ۔ (۱۷) پیٹ میں بل پڑ جانا ۔

To split a hair/ -hairs/ -words : بال کی کھال نکالنا ۔

To split one's sides : دل کھول کر ہنسنا : ہنستے ہنستے بے حال ہو جانا : پیٹ میں بل پڑ جانا ۔

To split straws : معمولی باتوں پر جھگڑنا ۔

To split tacks : (جہاز کا) رخ پھیرنا : راستہ بدلنا جبکہ دوسرے ساتھ کے جہاز اسی راستے پر ہوں ۔

To split the difference : متنازع فیہ مقادیر یا رقوم میں سے بیچ کی (اوسط مقدار) لے لینا ۔

Split : (a) (۱) کٹا : شگافتہ : پھٹا ہوا ۔ (۲) علاحدہ : الگ کیا ہوا : منقسم ۔

Split-bottom : (a) (کرسی) جس کی نشست لکڑی کی پٹیوں کی بنی ہوتی ھے ۔

Split brilliant : (n) ہیرا جس کا قاعدہ دو مثلثی پہلوؤں میں افقی طور پر بٹا رہتا ھے ۔

Split-farthing : (a) کنجوس : بخیل ۔

Split-flag : (n) دو شاخہ جھنڈا ۔

Split-hair : (a) بالکل ٹھیک : صحیح ۔

Split infinitive : (n) مصدر یا علامت مصدر میں فصل دینا ۔

Split-level : (n) متصل کمروں سے نیچا یا اونچا (کمرہ یا کمرے)۔

Split-mind : (n) دیکھو Schizophrenia

Split off : (v) پھاڑ کر الگ کر دینا : علیحدہ ہو جانا۔

Split peas : (n) مٹر کی دال۔

Split personality : (n) دوہری شخصیت۔

Split pin : (n) پن یا کیلی جو ایک سرے پر پھٹی رہتی ہے : دو شاخی کیل۔

Split ring : (n) حلقہ : چھلا (کنجیوں کے گچھوں کے چھلے جیسا)۔

Split-rivet : (n) دو نوکیلی کیل۔

Split -second(s) : (n) (۱) دو علاحدہ سیکنڈوں والی گھڑی کے لئے آتا ہے۔ (۲) لمحہ : چشم زدن۔

Split-shot : (n) انٹے کے کھیل کا ایک ہاتھ جس میں دو ملی ہوئی گولیاں مختلف سمت میں اڑ جاتی ہیں۔

Split -stroke : (n) دیکھو Split-shot

Split-tail : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی۔ (۲) ایک قسم کی بط۔

Split-ticket : (n) ووٹ یا ٹکٹ جس پر رائے دینے والے نے ایک سے زیادہ کے حق میں رائے دی ہو۔

Split-up : (n) (۱) علاحدگی : جدائی : تفرقہ : اختلاف۔ (۲) تقسیم۔

Split-up : (a) چھوٹا اور دبلا (گھوڑا)۔

Split-vision : (n) دونوں آنکھوں کے مخالف کوشوں سے دیکھنے کی غیر معمولی صلاحیت۔

Splitter : (n) (۱) چیرنے والا : پھاڑنے والا : توڑنے والا۔ (۲) مچھلی چیرنے والا (سکھانے کے لئے)۔

Splitting : (a) (۱) چیرنے والا۔ (۲) شدید : شدت کا۔ (۳) بہت تیز۔ (۴) پیٹ میں بل ڈالنے والا : تمسخر آمیز۔

Splodge : (n) [Expresive alter of 'Splotch'.] دھبا : داغ : نشان۔

Splodge : (v) میلا کرنا : داغدار بنانا۔

Splodgy : (a) میلا : داغدار۔

Splore : (n) [Origin unkn.] (۱) رنگ رلیاں : قہقہے۔ (۲) بدمستی : مے نوشی۔ (۳) ہل چل : ہنگامہ : دنگا : جھگڑا۔

Splore : (v) (۱) رنگ رلیاں منانا : اچھلنا : کودنا۔ (۲) ہنگامہ کرنا : بلوہ کرنا۔ (۳) شیخی بگھارنا۔

Splosh : (v) [Blending of Spash and Plot.] (۱) پانی کا چھپکا۔ (۲) (عام) روپیہ۔

Splosh : (v) پانی کا چھپکا پڑانا : چھینٹے پڑانا۔

Splosh : (adv.) چھپاک سے۔

Splotch : (n) [Blend of Spot and Blotch.] دھبا : داغ : نشان۔

Splotch : (v) داغ لگانا : دھبا ڈالنا۔

Splotchy : (a) داغدار : میلا۔

Splunge : (v) [Blend of Splash and Plunge'.] دیکھو Plunge

Splurge : (n) [Of symbolic origin.] (۱) غل غپاڑہ : دھوم دھام۔ (۲) نمائش : دکھاوا۔ (۳) موسلا دھار بارش : چھپاکا۔

Splurge : (v) (۱) نمائش کرنا : دھوم دھام دکھانا۔ (۲) چھینٹے اڑانا۔ (۳) فضول خرچی کرنا : اڑانا۔

Splurgy : (a) نمائشی : دکھاوے کا۔

Splutter : (n) [Alter of Sputter.] (۱) شور : ہنگامہ۔ (۲) پر زور اور گڈ مڈ تقریر : بے ربط بات۔ (۲) جلد جلد یا بے ربط بات : جلدی یا گھبراہٹ کی بات چیت۔

Splutter : (v) (۱) جلد جلد اور بے ربط باتیں کرنا۔ (۲) ریزہ ریزہ ہو کر منتشر ہو جانا۔ (۲) گالیاں دینا۔ (۳) گڈ مڈ بولنا۔ (۵) (قلم کا) روشنائی پھیلانا۔ (٦) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں اڑنا۔

Spode : (n) نفیس چینی برتن (جو اشیاء اسپوڈ، اس کے بنانے والے کے نام پر)۔

Spodo- : [Gr. 'Spodis'.] جزو ترکیبی بمعنی "راکھ" "میل" خارجی مادہ" "فضلہ"۔

Spodogenic : (a) (مرضیات) فضلہ خارج کرنے والا۔

Spodogenous : (a) دیکھو Spodogenic

Spodogram : (n) نمونہ راکھ ۔

Spodomancy : (n) راکھ تفاء ۔

Spodomantic : (a) راکھی تفاء سے متعلق ۔

Spodumene/ Spodumen : (n) [Fr.] الومینیم اور لیتھیم کا سلیکیٹ ۔

Spoil : (n) [OFr. 'Espoille'.] (۱) مال غنیمت : لوٹ ۔ (۲) (مجازاً) منافع : فوائد فتوح ۔ (۳) کسی منصب یا سرکاری خدمت کے فوائد ۔ (۴) مٹی وغیرہ جو کھدائی یا گل کشی وغیرہ سے بر آمد ہو ۔ (۵) (جمع) جانور کا بچا کھچا عضو؛ بغیر کھایا ہوا حصہ ۔ (۶) برباد کرنا : نقصان پہنچانا۔ (۷) مفتوح دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ وغیرہ۔ (۸)کوئی ناقص چیز ۔

The spoils of war : مال غنیمت : دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ ۔

To make spoil of : لوٹنا : لوٹ مار کرنا : غارت گری کرنا ۔

Spoil : (v) (۱) لوٹ لینا : زبردستی یا چوری سے کوئی شے کسی سے لے لینا : چھین لینا ۔ (۲) خراب کرنا : بگاڑنا : مزا کرکرا کر دینا : بے لطف کر دینا ۔ (۳) لاڈ پیار یا مروت یا رعایت سے کسی کی عادت خراب کر دینا ۔ (۴) (عام) اپاہج یا بیکار کر دینا یا ہلاک کر ڈالنا ۔ (۵) (پھل ، مچھلی اور مجازاً مزاج کے لئے) بس جانا : سڑ جانا : خراب ہو جانا : بد مزہ ہو جانا ۔ (۶) داغ دار ہو جانا : اچھے صفات کھو دینا ۔ (۷) شدید خواہش رکھنا : حد سے زیادہ خواہش مند ہونا ۔

To be spoiling for : آرزو مند ہونا : تمنا رکھنا : بے تاب ہونا ۔

To spoil all or everything : سارا مزہ کرکرا کر دینا ۔

Spoil- : جزو ترکیبی بمعنی برباد کرنا ۔

Spoil(-) bank : (n) کھدائی سے نکلی ہوئی مٹی کا تودہ ۔

Spoil-five : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Spoil ground : (n) وہ جگہ جہاں کھدائی سے بر آمد مٹی پھینکی جاتی ہے ۔

Spoil heap : (n) کھدائی سے بر آمد مٹی وغیرہ کا انبار ۔

Spoil sport : (n) کھیل وغیرہ کا مزا کرکرا کرنے والا : کھیل بگاڑنے والا: بے لطفی پیدا کرنے والا : عیش منغض کرنے والا ۔

Spoilable : (a) جو خراب ہو سکے : جو بگڑ سکے ۔

Spoilage : (n) (۱) برباد ہونا ۔ (۲) کاغذ جو طباعت میں ردی ہو جاتا ہے ۔

Spoilation : (n) (۱) لوٹ کھسوٹ : مار دھاڑ : غارت : غنیمت ۔ (۲) دیکھو Spoliation ۔

Spoiler : (n) (۱) غارتگر : لٹیرا : لوٹنے والا : بگاڑنے والا ۔ (۲) ہوائی جہاز کے بازوؤں پر لگی پتلی تختی جسے سطح سے اوپر اٹھایا جاتا ہے ۔

Spoiling : (n) لوٹ : غارتگری ۔

Spoiling attack : (n) دشمن کے منصوبہ یا نقل و حرکت میں رخنہ ڈالنے کے لئے محدود پیمانے پر حملہ ۔

Spoke : (n) [OE. 'Spaca'.] (۱) آرا (پہیے کا) ۔ (۲) سیڑھی کا ڈنڈا ۔ (۳) جہاز چلانے کے پہیے کا ہتھا ۔ (۴) آرا جو پہیے کو الٹا چلنے سے روکتا ہے : اڑ ۔ (۵) رسے کی لمبائی جو ہاتھ میں رہتی ہے (رسا بنانے میں) ۔

To put in one's spoke : مشورہ دینے یا کچھ کہنے کی کوشش کرنا ۔

To put a spoke in (a person's) wheel : روڑا اٹکانا ۔

Spoke : (v) (۱) آرا لگانا ۔ (۲)روکنا : مزاحمت پیدا کرنا ۔ (۳) پہیے کو بلی کی مدد سے روکنا ۔

Spoke-bone : (n) پیش بازو کا کعبرہ : وہ ہڈی جو کہنی سے کلائی تک جاتی ہے : عظم الزند ۔

Spoken : (a) (۱) بولنے والا : بولی : املا ۔ (۲) کہا ہوا : بولا ہوا ۔ (۳) عام آواز سے گایا ہوا (نغمہ) ۔

Spokeshave : (n) آرا بنانے کا رندہ جس کے ادھر ادھر دستے ہوتے ہیں؛ آرا تراش ۔

Spokeshave : (v) آرا بنانا ۔

Spokesman : (n) (۱) نمائندہ : نائب : وکیل : وہ شخص جو اوروں کی نیابت کرے ۔ (۲) مقرر : خطیب ۔

Spokeswoman : (n) نمائندہ عورت : وکیل عورت ۔

Spokewise : (adv.) پہیے کے آرے کی شکل میں ۔

Spoliate : (v) [L. 'Spoliare'.] لوٹنا : چھین لینا : محروم کرنا ۔

Spoliation : (n) (۱) لوٹ کھسوٹ : مار دھاڑ : غارت : غنیمت ۔ (۲) (کلیسا) استحقاق کے بہانے رقم معاش اپنے حلقے سے وصول کرنا ۔ (۳) (قانون) اتلاف یا تحریف یا تبدیل دستاویز ۔ (۴) (مجازاً) استحصال بالجبر ۔ (۵) غارت گری : لوٹنا کھسوٹنا ۔

Spoliative : (a) (مرضیات) خون میں کمی کرنے والی ۔

Spoliator : (n) غارت گر ۔

Spoliatory : (a) غارت گرانہ ۔

Spondaic : (a) [Fr. 'Spondaique' or Late L. 'Spondaicus'.] (۱) Spondee پر مشتمل ۔ (۲) دو لمبی ہجاؤں والا (لفظ) ۔

Spondaic : (n) نظم جو رکن Spondee پر مشتعمل ہو ۔

Spondee : (n) [Fr. or L. 'Spondeus'.] وہ وزن جس میں دو طویل یا دو تاکیدی ارکان والے لفظ ہوں ۔

Spondulicks : (n) [Origin unkn.] (عام) روپیہ : زر ۔

Spondylus : (n) [L.] دو صمامہ صدف کی ایک جنس ۔

Sponge : (n) [OE. 'Sponge'.] (۱)اسپنج یا اسفنج : ادنیٰ درجے کا آبی جانور جس کے جسم میں سوراخ ہوتے ہیں ۔ (۲)اسفنج کا ڈھانچ یا خول یا اسفنج زار : لچکیلے اسپنج جو زیادہ تر لیوانٹ یعنی بحیرۂ شام سے آتے ہیں اور غسل وششت و شو میں مستعمل ہوتے ہیں ۔ (۳)کوئی شے جو اسفنج کی طرح جاذب ہو مثلاً خمیری آٹا ، اسفنج کیک یا جراحی کا جاذب تکیہ ۔ (۴)جھاڑن جس سے توپ کی نال صاف کرتے ہیں ۔ (۵) اسفنجی کیفیت کا لوہا یا کوئی دوسری دھات ۔ (۶) (مجازاً) طفیلی : مفت خور : جس کا گذارہ دوسروں پر ہو ۔ (۷)ادائی کے بغیر قرضوں کو ختم کرنے کا فریضہ ۔ (۸)پودوں کا مادہ جو اس پر کائی کی طرح جم جاتا ھے ۔ (۹) بہت پینے والا : شرابی ۔ (۱۰) ذریعہ آمدنی : نفع کا ذریعہ ۔ (۱۱) دیکھو Sponge-bath ۔

To pass the sponge over : برائی یا رنج کے بھول جانے کا اقرار کرنا ۔

To throw up the sponge : (۱) (پہلوان کا محاورہ) اسفنج کو پھینکنا ۔ (۲) (مجازاً) ہار مان لینا : مقابلے سے دست بردار ہونا ۔

Sponge : (n) (۱) طفیلی پن : مفت خوری ۔ (۲) اسفنج سے بھگونا یا مٹانا ۔

Sponge : (v) (۱) اسفنج سے پونچھنا : صاف کرنا ۔ (۲) بدن کے کسی حصے پر اسفنج کے ذریعہ پانی نچوڑنا : اسفنج کا غسل دینا ۔ (۳) محو کر دینا : محك کر دینا : چھیل ڈالنا (کسی تحریر کا) ۔ (۴) (مجازاً) کسی واقعہ کی یا د محو کر دینا : دھو ڈالنا (اسفنج کے ذریعہ) ۔ (۵) اسفنج سے جذب کرنا : اسفنج لگا کر سکھانا ۔ (۶) اسفنج نکالنا ۔ (۷) خوشامد : چاپلوسی سے کام لینا ۔ (۸) طفیلی بن کر رہنا : دوسروں کے سر رہنا ۔ (۹) کچھ حاصل کرنے کے لئے مارا مارا پھرنا ۔ (۱۰) (تمباکو کی پتیوں کا) داغدار ہو جانا ۔ (۱۱) توپ کی نال صاف کرنا ۔ (۱۲) اسفنج کی طرح اٹھنا : جھاگ لانا یا نکالنا ۔ (۱۳) گھوڑے کے نتھنے میں اسفنج کا ٹکڑا ڈالنا (تاکہ دوڑ میں جیت نہ سکے) ۔ (۱۴) اسفنج حاصل کرنے کے لئے غوطہ لگانا ۔

Sponge-bag : (n) اسفنج رکھنے کا پن روك بکس ۔

Sponge-bag : (a) چار خانہ دار ۔

Sponge-bath : (n) ایك طرح کا غسل جس میں پانی ڈالنے کے بجائے جسم پر اسپنج کے ذریعہ پانی لگایا جاتا ھے : اسپنجی غسل ۔

Sponge-biscuit : (n) اسپنجی بسکٹ ۔

Sponge-cake : (n) نرم مسام دار کیك ۔

Sponge-cloth : (n) (۱) نرم جھر جھرا کپڑا ۔ (۲) بندوق وغیرہ صاف کرنے کا تیل میں بھگویا ہوا کپڑا ۔

Sponge-finger : (n) لمبا پتلا اسپنجی بسکٹ ۔

Sponge-gold : (n) چاندی نکال لینے کے بعد بچنے والا سونا ۔

Sponge-iron : (n) اسپنجی لوہا ۔

Sponge-rubber : (n) اسپنجی ربر ۔

Spongelet : (n) (۱) (نباتیات) اسفنجیہ ۔ (۲) چھوٹا اسفنج ۔

Spongeous : (a) (۱) اسپنج سا : اسفنج جیسا ۔ (۲) مسام دار ۔ (۳) دیکھو Spongy ۔

Sponger : (n) (۱) مفت خور : طفیلی ۔ (۲) اسپنج کے ذریعہ توپ

کی نال صاف کرنے والا ۔ (۲) اسپنج جمع کرنے والا ۔

Spongi- : جزو ترکیبی بمعنی "اسفنج" ۔

Spongicolous : (a) اسفنج باش ۔

Sponglculture : (n) اسپنج پروری ۔

Spongiferous : (a) اسپنج بر : اسفنج دار ۔

Spongiform : (a) اسپنج نما : مشابہ بہ اسفنج : اسفنجی ۔

Spongily : (adv.) اسفنج کی طرح : لچکدار طور پر ۔

Spongin : (n) اسفنجین : اسپنجین ۔

Sponginess : (n) (۱) اسفنجیت : حالت اسفنجی : اسپنجی پن ۔ (۲) (مرضیات) مسوڑھے کا نرم ہو جانا ۔

Sponging : (n) (۱) اسفنج سے صاف کرنا : اسپنج کا غسل دینا ۔ (۲) اسپنج جمع کرنا ۔

Sponging-house : (n) بیلف کا کمرہ جہاں گرفتار شدہ قیدیوں کو عارضی طور پر بٹھا دیتے ہیں ۔

Spongio- : جزو ترکیبی بمعنی "اسپنج" : "اسفنج" ۔

Spongiologist : (n) ماہر اسفنجیات : اسفنجیات داں ۔

Spongioliogy : (n) اسفنجیات ۔

Spongiole : (n) اسفنجیہ : پودوں کی جڑ کا نرم سرا ۔

Spongioplasm : (n) اسفنج مایہ ۔

Spongiopiline/ Spongiopilene/ Spongiapilin : (n) (طب) اسفنج پولٹس جو اسفنج ، ربر اور نباتی ریشے ملا کر تیار کرتے ہیں اور پولٹس کی طرح استعمال کرتے ہیں ۔

Spongiose : (a) [L. 'Spongiosus'.] اسفنجی : مسام دار ۔

Spongo- : [L. 'Spongiosus'.] جزو ترکیبی بمعنی "اسفنج" : "اسپنج" ۔

Spongoblast : (n) اسفنج کا ناشپاتی کی شکل کا خلیہ جس سے اسفنجن نکلتا ہے ۔

Spongoid : (a) اسفنجی : اسفنج کا ۔

Spongoid inflammation : (n) اسفنجی سرطان ۔

Spongologist : (n) دیکھو Spongiologist

Spongology : (n) اسفنجیات ۔

Spongy : (a) (۱) اسپنج سا : اسفنج جیسا ۔ (۲) مسام دار ۔ (۳) اسپنجی : جس کی ساخت اسپنج جیسی ہو ۔ (۴) دانہ دانہ : ذرہ ذرہ ۔ (۵) نرم : مرطوب : سیلا ہوا ۔ (۶) نرم : کمزور ۔

Spongy-parenchyma : (n) اسفنجی بافت ۔

Sponsal : (a) [L. 'Sponsalis'.] شادی سے متعلق : ازدواجی : زوجی ۔

Sponsalia : (n) [L.] (آئندہ) شادی کرنے کا وعدہ یا معاہدہ ۔

Sponsible : (a) [f. Responsible.] ذمہ دار : قابل اعتماد ۔

Sponsion : (n) [L. 'Sponsio'.] (۱) ضمانت : کفالت : قول و قرار ۔ (۲) (بین الاقوام) کسی ریاست کے وکیل کا ایسا معاہدہ کرنا جس کا وہ مجاز نہ ہو ۔ (۳) (رومی قانون) مقدمہ ثابت نہ کرنے کی صورت میں مخالف کو معاوضہ دینے کا معاہدہ ۔

Sponson : (n) [Origin unkn.] (۱) تکونی بارجہ جو جہاز چرخی کے بالائی حصے کے آگے پیچھے بنا ہوتا ہے ۔ (۲) بارجہ جو جنگی جہازوں کے کناروں پر ایک طرف کو اس لئے نکلا ہوتا ہے کہ آگے پیچھے کر سکیں ۔

Sponson : (v) بارجہ بنانا : بارجہ پر رکھنا ۔

Sponsor : (n) [L.] (۱) (کلیسا) دینی ماں یا دینی باپ ۔ (۲) ضامن : کفیل ۔ (۳) مشتہر جو لاسلکی پروگرام میں اشتہار کے لئے رقم ادا کرتا ہے ۔

Sponsor : (v) (۱) ضامن ہونا : کفالت کرنا ۔ (۲) لاسلکی پروگرام میں اشتہار کے لئے رقم ادا کرنا ۔

Sponsorial : (a) کفیلانہ : متعلق بہ ضامن ۔

Sponsorship : (n) ضامن : کفالت : ضمانت ۔

Spontaneity : (n) (۱) خود بخود ہونا : خود روی ۔ (۲) از خودی ۔ (۳) آمد ۔

Spontaneous : (a) (۱) اپنے آپ : خود بخود : بلا تحریک غیر : بلا جبر و اکراہ ۔ (۲) بلا قصد : بلا ارادہ : خود بخود : از خود :

خود خیز ۔ (۲) خودرو ۔ (۳) (حیوانیات) طبعی : خلقی؛ فطرتی : بلا ارادہ ۔ (۵) (جسمانی حرکات ، ادبی طرز و اسلوب وغیرہ) بے ساختہ : بلا آور : بے تکلف ۔

Spontaneous combustion : (n) از خود احتراق : معدنی یا نباتی اشیا کا خود بخود بھڑک اٹھنا ۔

Spontaneous generation : (n) جان دار مادے کا بے جان مادے سے پیدا ہو جانا (جراثیم کی تاثیر) : از خود پیدائش : خود بخود تولید ۔

Spontaneously : (adv.) اپنے آپ : فطرتاً : از خود : خود بخود : طبعاً ۔

Spontaneousness : (n) دیکھو Spontaneity

Spontoon : (n) [It. 'Spuntone'.] (۱) تبر نیزہ جو پیادہ برٹش فوج کے افسر رکھتے تھے ۔ (۲) پولس کا ڈنڈا : سونٹا ۔

Spoof : (n) [Invented by Arther Roberts, the comedian.] (۱) چکما دینے والا تاش کا ایک کھیل ۔ (۲) فریب : دم : جھانسا : فقرہ ۔ (۳) مضحکہ : مضحك نقل ۔

Spoof : (v) (۱) چکما دینا : جھانسا دینا : الو بنانا ۔ (۲) جل دینا ۔ (۳) بیوقوف بنانا : دغا کرنا ۔

Spoofer : (n) (۱) دغا باز : جھانسا دینے والا ۔ (۲) مضحکہ نگار ۔

Spoofery : (n) دھوکا : فریب : جھانسا : جل ۔

Spook : (n) [Du.] بھوت : پریت : سایہ : ہمزاد ۔

Spookily : (adv.) بھوت پریت کی طرح : آسیب زدہ طور پر ۔

Spookiness : (n) بھوت پریت جیسا ہونا ۔

Spookish : (a) بھوت پریت جیسا ۔

Spookism : (n) ارواحیت : ارواح سے گفتگو کرنا یا اس میں عقیدہ رکھنا ۔

Spookist : (n) ارواحیت کا معتقد ۔

Spooky : (a) (۱) بھوت پریت سے مشابہ ۔ (۲) بھوت کی طرح کا : آسیب زدہ ۔ (۳) مضطرب : بے چین : سیلانی ۔

Spool : (n) [OFr. 'Espole'.] (۱) پھرکی : چرخی : ریل ۔ (۲) جال بننے کی پن ۔ (۳) ماہی گیر کی چرخی جس پر مچھلی پھنس جاتی ھے تو ڈور لپیٹتے ہیں ۔ (۴) فوٹو کی فلم یا جھلی ۔

Spool : (v) پھرکی پر لپیٹنا ۔

Spooler : (n) پھرکی یا چرخی پر دھاگہ لپیٹنے والا ۔

Spoon : (n) [OE. 'Spon'.] (۱) چمچہ : چمچی ۔ (۲) ڈوئی : کفچہ : کفگیر ۔ (۳) چمچے کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۴) جراحی کا ایك آلہ ۔ (۵) گولف کا چوبی بلا جس کا سر قدرے مقعر ہوتا ھے ۔ (۶) ایك قسم کی مصنوعی مکھی (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (۷) (کیمبرج) ریاضیات کے آنرز کی فہرست میں ہر کلاس میں آخری آنے والا طالب علم ۔ (۸) سادہ لوح شخص : بیوقوف آدمی ۔ (۹) ایك قسم کا گل داؤدی ۔

He should have a long spoon that sups with the Devil : بدمعاشوں کے معاملے میں بات چیت کرنا خطرناك کام ھے ۔

To be borm with a silver spoon in one's mouth : قسمت کا دھنی ھے ۔

To be spoons with or on : (کسی لڑکی پر) عاشق ہونا : عشق بازی کرنا : ڈورے ڈالنا : کسی کے عشق میں الو بن جانا ۔

To make a spoon or spoil a horn : کسی چیز کو حاصل کرنے کا مصمم ارادہ کرنا ۔

Spoon : (v) [Origin unkn.] (۱) (بحری) ہوا کے آگے آگے نکل جانا ۔ (۲) دوسرے جہاز پر تیزی سے چلا جانا ۔

Spoon : (v) (۱) چمچے سے نکالنا یا لینا ۔ (۲) (کھیل "کروکے" میں) گیند کو دھکیلنا یا ٹھیلنا ۔ (۳) (کرکٹ) نرم سی چوٹ لگانا : گیند کو اوپر اچھال دینا ۔ (۴) چمچے کی طرح کھوکھلا بنانا ۔ (۵) ڈورے ڈالنا : عشق بازی کرنا ۔ (۶)معاشقہ کرنا : پرچانا ۔

Spoon-bait : (n) دھات کا چمکیلا اور گھومتا ہوا پرزہ جو مچھلی پکڑنے میں چارے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

Spoon-bill duck : (n) چینا بطخ ۔

Spoon-billed : (a) چمچہ نما چونچ والا ۔

Spoon-fed : (a) (۱) چمچوں سے کھلایا جانے والا ۔ (۲) مصنوعی ذرائع سے ترقی دیا جانے والا ۔

Spoon-feed : (v) (۱) چمچے سے کھلانا۔ (۲) مصنوعی ذرائع سے ترقی دینا۔

Spoon-hook : (n) دیکھو Spoon-bait

Spoon-meat : (n) معذروں کے کھانے کی رقیق غذا جو چمچے سے کھائی جاتی ہے۔

Spoon-wood : (n) امریکا کا ایک درخت۔

Spoonbill : (n) (۱) چمچہ نما چونچ والے پرندے۔ (۲) چمچہ نما چونچ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی۔

Spoondrift : (n) دیکھو Spindrift

Spooner : (n) (۱) چمچہ استعمال کرنے والا۔ (۲) عشق باز۔

Spoonerism : (n) دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حرف کا اتفاقی طور پر ادل بدل ہو جانا۔

Spoonerize : (v) دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حروف کو اتفاقی طور پر ادل بدل کرنا۔

Spoonful : (n) (۱) چمچہ بھر۔ (۲) بہت چھوٹی مقدار یا تعداد۔

Spoonily : (adv.) سادہ دلی سے : عاشق مزاجی سے : عاشقانہ طور پر۔

Spooniness : (n) سادہ لوحی : عاشق مزاجی۔

Spoonlike : (a) چمچہ جیسا : چمچے سے مشابہ۔

Spoony : (n) (۱) سادہ لوح : مورکھ۔ (۲) عاشق مزاج : دل پھینک۔

Spoony : (a) (۱) سادہ لوح : مورکھ : بھونڈا۔ (۲) عاشق مزاج : مغلوب الجذبات : دل پھینک۔

Spoony : (n) دیکھو Spoonbill

Spoonyism / Spooneyism : (n) دیکھو Spooniness

Spoor : (n) [Du.] (۱) سراغ : بو : کھوج : نشان قدم۔ (۲) گاڑی کے پہیوں کا نشان۔

Spoor : (v) (۱) کھوج لگانا : سراغ پانا۔ (۲) بو پا کر تعاقب کرنا : پیر کے نشان دیکھ کر تعاقب کرنا۔

Spoorer : (n) کھوج لگانے والا : کھوجی۔

Sporadic/ -al : (a) [med. L. 'Sporadicus'.] (۱) (مرضیات) کہیں کہیں: کبھی کبھی : خال خال : اکاد کا : کسی جگہ۔ (۲) منتشر : پھیلا ہوا : وسیع الوطن۔ (۳) اتفاقی : تنہا : انفرادی۔

Sporadically : (adv.) کہیں کہیں : اتفاقاً۔

Sporadicity : (n) خال خال یا اکاد کا ہونا۔

Sporal : (a) بذرک سے متعلق۔

Sporange : (n) [L.] بذرہ دان : تخمک دان۔

Sporangial : (a) بذرہ دانہ۔

Sporangiophore : (a) بذرہ دان بردار۔

Sporangiospore : (n) بذرہ دانی بردار۔

Sporangium : (n) [G. 'Spora' + '-angion'.] دیکھو Sporange

Spore : (n) [Gr. 'Spora'.] (نباتیات و حیوانیات) تخمک : بذرہ۔

Spore-case : (n) بذرہ دان۔

Sporidiiferous/ Sporidiferous : (n) بذرک دار۔

Sporidium : (n) [mod. L.] (۱) بذرک : تخمچہ۔ (۲) لفہ بذری : کیسوی بذرہ۔

Sporiferous : (a) بذرہ دار : تخمک دار۔

Sporification : (n) بذرہ زائی : بذرہ کی پیدائش۔

Sporigenous : (a) بذور زا : تخمک آور۔

Sporo- : جزو ترکیبی بمعنی "بذرہ" : "تخمک"۔

Sporoblast : (n) بذری نہوض۔

Sporocarp : (a) (۱) بذوری ثمر۔ (۲) بذرہ دان۔

Sporocyst : (n) (۱) (نباتیات) بذری مادر خلیہ۔ (۲) (حیوانیات) بذری دو پرہ۔

Sporogenesis : (n) بذری تولید : بذروی زائی : تخمکی بناوٹ ۔

Sporogenic : (a) بذرہ زا ۔

Sporogenous : (a) (۱) تخمک آور : بذرو زا ۔ (۲) بذور زائیدہ ۔

Sporogeny : دیکھو Sporogenesis

Sporogonium : (۱) بذور بردار پودا ۔ (۲) بذور زا ساخت ۔

Sporogony : (n) بذرہ زائی ۔

Sporoid : (a) بذرہ سا : بذرہ نما ۔

Sporophore : (n) (۱) بذور بردار ۔ (۲) پودوں کی بے جنسی پیدائش ۔

Sporophorous : (a) بذرہ دار ۔

Sporoplasm : (n) بذرہ مایہ ۔

Sporosac : (n) (حیوانیات) بذری کیسہ ۔

Sporous : (a) دیکھو Sporal

Sporozoa : (n) بذری حوینات ۔

Sporran/ Sporan : (n) [Gael.] سمور دار کیسہ جو ہائی لینڈر اپنے گھاگرے کے سامنے لٹکاتے ہیں ۔

Sport : (n) [ME. 'Sporten'.] (۱) دل لگی : مذاق : ہنسی ۔ (۲) کھلونا : ہدف ۔ (۳) تفریح : دل بہلاوا : لہو و لعب : مشغلہ ۔ (۴) درخت یا حیوان جو معمولی خلقت کے خلاف پیدا ہوا ہو ۔ (۵) (عام) مرد معقول : بھلا آدمی : کھیل اور شکار کا شائق ۔ (۶) (مجازاً) معقول : معقول پسند (یعنی وہ شخص جس کے مزاج میں انصاف پسندی اور رواداری ھے اور جو اپنی ہار کو بھی کشادہ پیشانی سے سہہ لیتا ھے) ۔ (۷) کھیل : کھیل کود ۔ (۸) (عام) جواری ۔ (۹) میدانی کھیل میں شرکت : میدان کھیل ۔ (۱۰) ساتھی : شریک ۔ (۱۱) نشانۂ تضحیک : نقل مجلس ۔ (۱۲) کھاؤ : پیٹو ۔

In sport : ہنسی سے : دل لگی سے ۔

To make sport of : (۱) تفریح کا سامان کرنا ۔ (۲) تفریح کرنا : کھیل تماشے میں لگنا ۔

Sport : (v) (۱) کھیل تماشے میں لگنا : دل لگی کرنا : دل بہلانا ۔ (۲) ہنسی دل لگی کرنا ۔ (۳) غیر معمولی ، عجیب الخلقت پودے یا جانور کا پیدا ہونا یا کرنا ۔ (۴) دکھاوا کرنا : نمود و نمائش کرنا : بن ٹھن کے رہنا : ظاہری ٹیپ رکھنا ۔ (۵) جی بہلانا : کھیل کرنا ۔ (۶) کھیل تفریح میں وقت گذارنا ۔ (۷) (روپیے) اڑانا : فضول خرچی کرنا ۔ (۸) دروازہ بند رکھنا (یہ دکھانے کے لئے کہ مکین گھر میں نہیں ھے یا اسے دوسرے کام کی فرصت نہیں ھے) ۔

To sport one's oak : دروازہ بند رکھنا تاکہ خلل نہ ہو ۔

Sport / Sports : (a) کھیل سے متعلق : کھیل کے لائق ۔

Sport-coat : (n) ایک قسم کا ڈھیلا کوٹ جو بعض کھیلوں میں پہنا جاتا ھے ۔

Sport-jacket : (n) جیکٹ جو گولف وغیرہ کھیلتے وقت پہنی جائے ۔

Sport of kings : (n) (۱) گھڑدوڑ ۔ (۲) شکرا بازی ۔ (۳) شکار ۔

Sporter : (n) کھلاڑی : کھیل کود کا شوقین ۔

Sportful : (a) (۱) تفریح کا : تفریحی ۔ (۲) غیر سنجیدہ ۔ (۳) خوش طبع : شوخ ۔ (۴) کھلنڈرا : چھل باز ۔

Sportfully : (adv.) خوش طبعی سے : شوخی سے : غیر سنجیدہ طور پر ۔

Sportfulness : (n) خوش طبعی : شوخی : غیر سنجیدگی ۔

Sporting : (n) کھیلنا : تفریح کرنا ۔

Sporing : (a) (۱) کھیل اور شکار سے متعلق ۔ (۲) کھیل اور تماشے کا شائق یا پیشہ ور کھلاڑی ۔ (۳) معقول پسندانہ مشتبہ : جوکھم بھرا ۔

Sporting-box : (n) چھوٹا سا گھر جو شکار کے موسم میں استعمال ہوتا ھے ۔

Sporting chance : (n) مشتبہ موقع : جوکھم بھرا موقع ۔

Sporting girl/ -woman : (n) رنڈی : کسبی : قحبہ ۔

Sporting house : (n) (۱) ہوٹل ، سرائے یا گھر جس میں کھلاڑی جایا کرتے ہیں ۔ (۲) جوا خانہ : قمار خانہ ۔ (۳) قحبہ خانہ ۔

Sporting man : (n) پیشہ ور کھلاڑی ۔

Sportingly : (adv.) معقول پسندی سے ۔

Sportive : (a) (۱) دل لگی کرنے والا : مذاقیہ : غیر سنجیدہ : خوش طبع ۔ (۲) عاشق مزاج ۔ (۳) کھلنڈرا : چہل باز ۔ (۴)کھیل یا شکار سے متعلق۔(۵)(پودے)عجیب الخلقت: غیر معمولی ۔

Sportively : (adv.) چہل سے : خوش طبعی سے ۔

Sportiveness : (n) چہل : خوش طبعی : کلیل ۔

Sportless : (a) بے کھیل کود کا : بے تفریح کا ۔

Sports car : (n) کھلی ہوئی نیچی تیز رفتار موٹر گاڑی ۔

Sports page : (n) اخبار کا وہ صفحہ جس میں کھیل کود کی خبر ہوتی ھے ۔

Sportsman : (n) (۱) آدمی جسے کھیل کود کا شوق ہو خصوصاً شکار کا ، نشانہ بازی ، ماہی گیری وغیرہ کا ۔ (۲) جواری : بازی لگانے والا ۔ (۳) معقول پسند ۔

Sportsmanlike : (a) شکاری کے شایان : معقول پسندانہ ۔

Sportsmanship : (n) شکار اور کھیل کا شوق : معقول پسندی ۔

Sportswoman : (n) عورت جسے کھیل کود کا شوق ہو ۔

Sporulate : (v) [f. Sporule + -ate.] (۱) بذرک یا تخمک میں تبدیل کرنا ۔ (۲) بذرک یا تخمک بننا ۔

Sporulation : (n) بذرک زائی : بذرکیت ۔

Sporule : (n) [Fr. or mod. L. 'Sporula'.] (۱) (نباتیات و حیوانیات) تخمک : تخمچہ : بذرک ۔ (۲) (مجازاً) جرثومہ ۔

Sporuliferous : (a) تخمک دار : بذرک دار ۔

Spot : (n) [MDu. 'Spotte'.] (۱) (مجازاً) داغ : دھبا (چلن ، وضع میں) : عیب : کلنک ۔ (۲) دھبا : داغ : نشان : ٹیکا : چتی : گل : تل : مسا ۔ (۳) مقام : جگہ : قطعہ زمین : موقع ۔ (۴)مچھلی اور پالتو کبوتر کی قسم۔ (۵) (عام) انتخاب: نشان دہی: شناخت (جیتنے والے گھوڑے وغیرہ کی) جس کی نشاندہی کی جائے (گھوڑا یا شخص) ۔ (۶)کسی چیز کی چھوٹی سی مقدار : ذرا سا ۔ (۷)(بلیرڈ) بلیرڈ کی میز کے بیچوں بیچ ایک گول سیاہ نشان ۔ (۸)(چاند، سورج وغیرہ کا) کلف : داغ ۔ (۹)چھینٹ : بوٹے دار کپڑا۔ (۱۰) نقد قیمت پر خریدا ہوا مال ۔ (۱۱) ریڈیو یا ٹیلیویژن کے پروگرام کے درمیان کا وقفہ جس میں اشتہار وغیرہ نشر کیا جاتا ھے ۔ (۱۲) حیثیت : حالت : ناگوار : تکلیف دہ صورت حال ۔ (۱۳) دیکھو Spotlight. (۱۴) ایک قسم کا چھوٹا مینڈک ۔

In spots : تھوڑے تھوڑے وقفے سے : وقفے پر : بعض لحاظ سے ۔

Off the spot : غیر صحیح : بے تک : بے جوڑ ۔

On or upon the spot : (۱) فوری : فوراً : اسی دم : موقع پر : بر محل : اسی جگہ : وہیں ۔ (۲) ذمہ دار ٹھہرائے جانے کی حالت میں : خطرہ کی حالت میں ۔

Soft, sore, tender spot : (مجازاً) کمزوری ۔

To knock (the) spots off or out of : خوب پٹائی کرنا : مرمت کرنا ۔

Spot : (v) (۱) داغدار کر دینا ۔ (۲) عیب لگانا ۔ (۳) (اشیاء وغیرہ کا) داغی یا داغدار ہونا ۔ (۳) شناخت کر لینا : نشاندہی کرنا : پہچان لینا ۔ (۵) تاڑ جانا : بھانپ لینا : معلوم کر لینا ۔ (۶) (فوج) دشمن کی ٹھیک جگہ دریافت کرنا ۔ (۷)گلدار بنانا : چتلا بنانا ۔ (۸) (بلیرڈ) انٹے کو میز کے بیچ سیاہ گول نشان میں پہنچانا ۔ (۹) داغ ، دھبا دور کرنا ۔ (۱۰) بطور معذوری یا رکاوٹ اجازت دے دینا۔

Spot : (a) (۱) فوری ۔ (۲) پروگراموں کے درمیان ۔ (۳) اٹکل پچو : بے سوچا سمجھا۔

Spot ball : (n) (بلیرڈ) سفید گولی جو دوسری سفید گولی سے ایک سیاہ نشان سے تمیز ہوتی ھے ۔

Spot-barred : (a) (بلیرڈ) (کھیل) جس میں لگاتار نشانی ضربیں جائز نہیں ہیں ۔

Spot-check : (v) فوری تفتیش کرنا :اٹکل پچو طریقے پر جانچنا یا تفتیش کرنا۔

Spot-check : (n) فوری جانچ ۔

Spot face : (v) ڈھبری کے سرے کے لئے کسی سطح پر نشان لگانا یا جگہ بنانا ۔

Spot fire : (n) آگ جو دوسری جگہ کی آگ کی چنگاری اُڑنے سے لگ جائے ۔

Spot lamp : (n) (۱) روشنی جو کسی خاص جگہ ڈالی جائے ۔ (۲) دیکھو Spotlight.

Spot lens : (n) عدسہ جس کے مرکز میں ایک داغ ہوتا ہے۔

Spot light : (n) (۱) روشنی جو کسی خاص جگہ پر ڈالی جائے۔ (۲) نمایاں اطلاع یا اشتہار وغیرہ۔ (۳) کوئی چیز جو دائرۂ نور کی طرح منور کر دے۔

Spot light : (v) دائرۂ نور کے ذریعہ روشن کرنا یا منور کرنا۔

Spot news : (n) تازہ ترین فوری خبر۔

Spot pigeon : (n) ایک قسم کا پالتو کبوتر۔

Spot test : (n) فوری جانچ۔

Spotless : (a) (۱) بے داغ : نہایت صاف ستھرا۔ (۲) (مجازاً) بے عیب : معصوم۔

Spotlessly : (adv.) داغ دھبے کے بغیر۔

Spotlessness : (n) بے داغ ہونا : انتہا درجہ کی صفائی۔

Spotted : (a) (۱) چتلا : چتی دار : داغدار۔ (۲) (مجازاً) داغدار : عیب دار۔ (۳) شبقہ : مشکوک۔

Spotted deer : (n) چیتل۔

Spotted dog : (n) گلدار کتا(سفید کتا جس کے جسم پر سیاہ گل ہوں)۔

Spotted Dick : (n) کشمش ڈالی ہوئی پڈنگ۔

Spotted fever : (n) تپ بطخی : محرقۂ دماغی۔

Spottedness : (n) داغدار یا چتلا ہونا۔

Spotter : (n) (۱) نشان لگانے والا : چتلا بنانے والا۔ (۲) جاسوسی (جو کوئی کمپنی اپنے کارندوں پر بحال کرتی ہے)۔ (۳) (نشانہ بازی میں) گولی لگنے کی جگہ بتانے والا۔ (۴) طیارہ باز جو دشمن کی ٹھیک جگہ معلوم کرنے کے لئے بھیجا جائے یا جو اس کام کے لئے متعین کیا جائے۔ (۵) بحریہ یا بری فوج کی ٹھیک جگہ بتانے والا۔ (۶)نشاندہی کرنے والا۔ (۷) داغ دھبے دور کرنے والا۔ (۸) کسی چیز کو مطلوبہ جگہ پر رکھنے والا۔ (۹) وہ شخص جو بازی گر وغیرہ کی حفاظت کے لئے کھڑا رہتا ہے تاکہ انہیں چوٹ نہ لگے۔

Spottily : (adv.) داغ دھبے کے ساتھ : بغیر یکسانی کے۔

Spottiness : (n) داغداری۔

Spotting scope : (n) نشانے پر گولی لگنے کی جگہ معلوم کرنے والی دوربین۔

Spottle : (v) داغ لگانا : نشان لگانا۔

Spotty : (a) (۱) داغدار : رنگ برنگ : چتلا۔ (۲) غیر مربوط۔

Spousal : (n) (۱) ازدواجی : شادی سے متعلق : زوجی۔ (۲) (نظم وغیرہ) جو شادی کے موقع پر پڑھی جائے۔

Spousally : (adv.) ازدواجی طور پر : ازدواجی حیثیت سے۔

Spouse : (n) [ME. 'Spus(e).'] (۱) بیوی : زوجہ۔ (۲) میاں : خاوند : زوج۔ (۳) کلیسا : راہبہ۔

Spousehood : (n) شادی : ازدواجیت۔

Spouseless : (a) بے میاں یا بیوی کا : جس کی بیوی مر گئی ہو یا میاں مر گیا ہو : رانڈ : بیوہ۔

Spout : (n) (۱) ٹونٹی۔ (۲) پرنالہ۔ (۳) نلکا : نل۔ (۴) بمبا (چیزیں ڈالنے کے لئے)۔ (۵) فوارہ : دھار۔ (۶) وہیل مچھلی کے سانس لینے کا سوراخ یا نتھنا۔ (۷) دیکھو Water spout۔

Spout : (v) [MDu. 'Spouten'.] (۱) نکلنا : بہنا : دھار بن کر نکلنا : پھوٹ بہنا : پھوٹ نکلنا۔ (۲) پر جوش تقریر کرنا : عوام کے رو برو ولولہ انگیز تقریریں کرنا یا نظمیں پڑھنا۔ (۳) گرو کرنا۔ (۴) ٹونٹی لگانا۔ (۵) بہانا : دھار بنانا۔ (۶)(وہیل کا) پھنکار مارنا۔ (۷) دھار کے ذریعہ بھگونا۔

Spout fish : (n) ایک قسم کا صدف۔

Spout hole : (n) (۱) وہیل مچھلی کے دم لینے کا سوراخ یا نتھنا۔ (۲) سمندری فوارہ۔

Spout less : (n) بے ٹونٹی کا۔

Spout like : (a) ٹونٹی نما۔

Spout shell : (n) ایک قسم کا گھونگا۔

Spout whale : (n) پھنکار مارنے والی وہیل۔

Spouter : (n) (۱) پھنکار مارنے والی وہیل مچھلی۔ (۲) پر جوش تقریر کرنے والا : بڑھ بڑھ کر تقریر کرنے والا۔ (۳) پھوٹ نکلنے والا تیل کا کنواں۔ (۴) وہیل کا شکار کرنے والا جہاز۔ (۵) اناج کے بہاؤ کو منضبط کرنے والا۔

Spouy : (a) بہت گیلا یا گیلی : اتنی بھیگی ہوئی (زمین) کہ چلنے سے پانی نکل آئے ۔

Sprack : (n) [var. of Sprag.] چوکس : سرگرم : چاق چوبند : چست : صحت مند ۔

Spraddle : (v) [of Scand origin.] (۱) ٹانگیں پھیلا کر یا چیر کر چلنا : چلنے میں پاؤں پھیلانا ۔ (۲) پاؤں پسار کر لیٹنا یا بیٹھنا ۔

Sprag : (n) [Origin unkn.] (۱) سامن کا بچہ ۔ (۲) کاڈ کا بچہ ۔

Sprag : (n) [Origin unkn.] (۱) (کان کنی) ازواز : ٹیکن ۔ (۲) بلی یا کوئی اور شے پہیے کی گردش روکنے کے لئے : اڑا : کتا ۔

Sprag : (v) (۱) ازواز لگانا : ٹیکن لگانا ۔ (۲) کتا لگا کر گردش روکنا (پہیے کی) ۔

Sprain : (n) [Origin unkn.] موچ : مروڑ ۔

Sprain : (v) موچ آنا ۔

Spraing : (n) [of Scand origin.] چمکیلی دھاری یا لکیر ۔

Spraing : (v) چمکدار دھاری یا پٹی سے آراستہ کرنا ۔

Spraint : (n) [OFr. 'Espreintes'.] اود بلاؤ کا فضلہ ۔

Sprangle : (v) [ME. 'Spranglen'.] (۱) مختلف سمتوں میں پھیلنا : شاخیں نکلنا : منتشر ہونا ۔ (۲) پھیلانا : منتشر کرنا ۔ (۳) الٹی طرف ہاتھ پھیر کر پروں کو کھڑا کر دینا (تیر کے) ۔

Sprat : (n) [OE. 'Sprot'.] (۱) ایک چھوٹی سی فرنگستانی ہیرنگ جیسی مچھلی ۔ (۲) مچھلی کے اور اقسام ۔ (۳) چھوٹا اور حقیر آدمی ۔ (۴) بڑی منافع کی امید میں چھوٹی رقم خرچ کرنا ۔ (۵) (عام) چھ پنس کا سکہ ۔

Sprat : (v) سپریٹ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Sprat-barley : (n) ایک قسم کی جو ۔

Sprat-borer : (n) ایک قسم کا غوطہ خور پرندہ ۔

Sprat-diver : (n) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Sprat-loon : (n) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Sprat-mawe : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Sprauchle : (v) [Of Scand origin.] چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ۔

Sprawl : (n) (۱) بے قاعدہ طور پر ہاتھ پاؤں پھیلانا ۔ (۲) بے ترتیب سنگار یا نمائش ۔ (۳) سر گرمی : جوش : توانائی : ہمت : جرأت ۔

Sprawl : (v) [OE. 'Spreawlian'.] (۱) دراز ہونا : پاؤں پسار کر لیٹنا یا بیٹھنا : اینڈنا ۔ (۲) (تحریر ، درخت وغیرہ کا) بے قاعدہ طور پر پھیلنا ۔ (۳) فوج کا ادھر ادھر بے قاعدہ پھیلا دینا ۔ (۴) ذلت سے گھسٹنا : رینگتے ہوئے چلنا ۔ (۵) (مجازاً) شروع ہونا : آگے بڑھنا: جاری ہونا ۔

Sprawler : (n) دراز ہونے والا : بے قاعدہ طور پر پھیلنے والا ۔

Sprawling : (a) بے قاعدہ طور پر پھیلنے والا : دراز ہونے والا ۔

Sprawly : (a) منتشر : بکھرا ہوا ۔

Spray : (n) [ME.] (۱) درخت کی شاخ جس میں (خصوصاً نرم و نازک) چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں ہوں : پھولوں یا پتوں بھری ٹہنی یا ڈالی : ڈالی : شاخہ گلدار ۔ (۲) آرائشی شاخ یا قلم ۔ (۳) دھات کی ایک طرح کی دھلائی جو شاخوں سے مشابہ ہو ۔

Spray : (n) (۱) پھوار (جو عرق پاش یا دریا کی فوجوں سے نکلتی ہو): ترشح ۔ (۲) چھڑکاؤ (عرق پاش یا کسی اور آلے سے) ۔ (۳) چھڑکنے کا آلہ : عرق پاش : دوا پاش ۔

Spray : (v) (۱) چھڑکنا ۔ (۲) پھوار کی طرح چھڑکنا ۔

Spray drain : (n) شاخی بدر رو: یعنی وہ بدر جو زمین میں ٹہنیاں دبا کر بنائی جائے ۔

Spray-dry : (n) گرم ہوا یا کسی دوسری گیس کے سامنے پھوار کی شکل میں چھینٹ کر سکھانا ۔

Spray gun : (n) پینٹ یا جراثیم کش دوا چھینٹنے کا بندوق نما آلہ ۔

Sprayer : (n) عرق پاش : دوا پاش ۔

Sprayey : (a) پھوار سا : پھوار بھرا ۔

Spread : (n) (۱) پھیلاؤ ؛ فراخی ۔ (۲) چوڑائی ؛ وسعت ۔ (۳) اشاعت ۔ (۴) کھانا ۔ (۵) (علم النجوم) لاگت اور قیمت فروخت کا فرق ۔ (٦) جسم کا پھیلاؤ ؛ استقرار ۔ (۷) پھیلنے کی صلاحیت ۔ (۸) دو نقطوں کے بیچ کی دوری ؛ فصل ۔ (۹) دیکھو Spread head ۔ (۱۰) چادر (بستر کی) ۔ (۱۱) (عام) مکھن ، جام وغیرہ جو روٹی پر لگایا جائے ۔

Spread : (v) [OE. 'Spraedan'.] (۱) پھیلانا ؛ بچھانا ۔ (۲) ڈھانپنا ؛ ڈھکنا ؛ لگانا (روٹی پر مکھن وغیرہ) ۔ (۳) نظر کے سامنے کھلا یا پھیلا ہوا ہونا ۔ (۴) پھیلا دینا ؛ شائع کر دینا ۔ (۵) (بادبان) کھولنا ؛ چڑھانا ۔ (٦) پھیلایا جانا ۔ (۷) بکھیرنا ؛ نشر کرنا ۔ (۸) زور مارنا ؛ کوشش کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ ٹھاٹ رکھنا ۔ (۹) بڑھنا ؛ پھیلنا ۔ (۱۰) بڑھنا ؛ بڑا ہونا ۔ (۱۱) (پھول کی پنکھڑیوں کا) کھلنا ؛ (درخت کا) بڑھنا ۔

Spread-eagle/ Spreadeagle : (n) (۱) عقاب کی شکل جس میں بازو اور ٹانگیں دونوں طرف پھیلی ہوں ؛ (جیسے سکوں وغیرہ پر نظر آتا ہے) ۔ (۲) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں پھیلا کر باندھ دیئے گئے ہوں (مارنے کے لئے) ۔ (۳) کمر کی طرف سے چیر کر تلا ہوا مرغ ۔ (۴) لاف زنی ؛ شیخی ؛ فضول گوئی ۔ (۵) (سٹہ بازار) وہ معاہدہ جس کی رو سے کسی شخص کو حق ہو کہ ایک معیار قیمت پر اسٹاک خواہ خریدے خواہ بیچے ۔ (٦) اسکیٹنگ میں آگے پیچھے کی حرکت ایک ساتھ ۔

Spread-eagle : (v) (۱) ہاتھ پاؤں (پھیلا کر) باندھ کر سزا دینا ۔ (۲) ہاتھ پاؤں پھیلا کر باندھنا ۔ (۳) (دوڑ میں) مکمل شکست دینا ۔ (۴) لاف زنی کرنا ؛ شیخی بگھارنا ۔ (۵) ہاتھ پاؤں پھیلانا ؛ پھیل جانا ۔ (٦) (کرکٹ میں) وکٹ اڑا دینا ۔

Spread-eagle : (a) (۱) فضول گو ؛ لاف زن ؛ بڑ بولا ؛ شیخی خوار ۔ (۲) اس عقاب سے مشابہ جس کی ٹانگوں اور بازوؤں کو پھیلا دیا گیا ہو ۔

Spread-eagleism : (n) لاف زنی ؛ فضول گوئی ؛ مظاہرہ ۔

Spread head : (n) جلی سرخی جو دو سطروں تک پھیلی ہو ۔

Spread-over : (n) کام کے مقررہ گھنٹوں میں خاص ضروریات یا حالات کے لحاظ سے رعایت مثلاً دو ہفتے پینتالیس گھنٹے کام کرنے کے بجائے ایک ہفتے ساٹھ اور دوسرے ہفتے تیس گھنٹے کام کرنے کی اجازت دے دی ہے ۔

Spreader : (n) (۱) پھیلانے والا ؛ منتشر کرنے والا ۔ (۲) بیج بونے والا ؛ نشر کنندہ ۔ (۲) لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس سے کوئی چیز یا حصہ الگ رکھا جاتا ہے ۔ (۳) (بحری) کشتی کے مستول میں لگی سلاخ جس سے رسے کو کسے رکھتے ہیں ۔ (۵) پھیلانے والا آلہ ۔ (٦) باہر کو پھیلنے والی چیز ؛ پھیلانے والا ۔ (۷) ایک قسم کی چٹخنی ۔ (۸) کرنی ۔

Spreadingly : (adv.) پھیل کر ؛ منتشر ہو کر ۔

Spreagh : (n) [Gael 'Spreidh'.] یورش ؛ دھاوا ؛ حملہ ۔

Spreaghery : (n) حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ۔

Spreath : (n) [Sc. Gael. 'Spreidh'.] (۱) مال غنیمت ؛ جنگ وغیرہ میں ہاتھ آئے مویشی ۔ (۲) حملہ ؛ دھاوا ۔

Spreckled : (a) [of Scand origin.] داغ دار ؛ گلدار ؛ چتی دار ۔

Spree : (n) [Origin unkn.] (۱) مے نوشی کا دور ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

On a spree/ On or upon the spree : مصروف مے نوشی ۔

Spree : (v) مصروف مے نوشی ہونا ۔

Spree drinker : (n) بہت پینے والا ؛ بلا کا مے نوش ۔

Sprent : (a) [OE. 'Sprengan'.] چھڑ کا ہوا ؛ پاشیدہ ۔

Sprent : (v) (۱) دوڑنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ؛ سرپٹ دوڑانا ۔ (۲) چھڑکنا ؛ چھینٹے اڑانا ۔

Sprent : (n) (۱) سرپٹ دوڑ ؛ دوڑ ؛ جست ۔ (۲) قفل ؛ کھٹکا ۔

Sprew : (n) [Du. 'Spreeuw'.] ایک قسم کی چڑیا ۔

Sprew bicolor : (n) چمکدار پروں والا ایک پرندہ جو پرلے درجے کا نقال اور جلد سدھ جانے والا ہوتا ہے ۔

Sprig : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹی سی شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈالی ۔ (۲) آرائشی ڈالی کی صورت کی شے ؛ بیل بوٹا (مثلاً کپڑوں پر) ۔ (۳) (مجازاً) شاخ ؛ ٹکڑا ؛ نمونہ ۔ (۴) (حقارتاً) جوانی ؛ چھوکرا ۔ (۵) (کسی ادارہ یا طبقے کی) شاخ ۔ (٦) ایک قسم کا زیور ۔

Sprig : (n) [Origin unkn.] (۱) بے سر کی چھوٹی کیل ؛ کوکا ۔ (۲) (بحری) لوہے کی چٹخنی جس کے سرے پر آنکڑے

وغیرہ کے لئے سوراخ ہو۔ (۲) نوک : نکلا ہوا حصہ۔

Sprig : (v) (۱) کیل کے ذریعہ کسنا۔ (۲) کیل ٹھونکنا۔

Sprig : (v) (۱) بیل بوٹوں سے سجانا۔ (۲) شاخ، ڈالی وغیرہ بنا کر آراستہ کرنا۔ (۳) شاخ چھانٹنا۔

Sprig tail/ Sprigtail : (n) (۱) نوکدار دم۔ (۲) نوک دم مرغابی۔

Sprigged : (a) (۱) شاخ، ڈالی وغیرہ سے آراستہ۔ (۲) شاخ کی شکل کا : شاخدار۔

Sprigger : (n) (۱) کیل ٹھونکنے کی مشین۔ (۲) تمباکو کے ڈنٹھل الگ کرنے کی مشین۔

Spriggy : (a) ٹہنیوں بھرا : ٹہنی نما۔

Spright : (n) [var. of Spritte.] بھوت : پریت : پری۔

Sprightliness : (n) زندہ دلی۔

Sprigtailed : (a) نوکدار دم والی۔

Spring : (n) [OE. 'Spryng'.] (۱) چھلانگ : جست : زقند : چوکڑی : کلانچ۔ (۲) موسم بہار : ربیع : بسنت۔ (۳) چشمہ : سوتا : وہ مقام جہاں چشمے ہوں : معدنی چشمے۔ (۴) لپک (کمان وغیرہ کی)۔ (۵) لچک۔ (۶) کمانی۔ (۷) (مجازاً) محرک : وجۂ تحریک : باعث منشا : ماخذ : منبع : سرچشمہ : اصل : مبدا۔ (۸) شہتیر وغیرہ کا اوپر جانب کا خم۔ (۹) تختوں کا اصل مقام سے ہٹ جانا : تختوں کا کھل جانا۔ (۱۰) وہ مقام جہاں سے محراب کا خم شروع ہوتا ہے یعنی جہاں سے محراب کی ابتدا ہوتی ہے۔ (۱۱) نوجوانی۔ (۱۲) جھاڑیوں کا جنگل : جھاڑیاں: شجر زار۔ (۱۳) بن لکڑی کا جھنڈ۔ (۱۴) (بحری) مستول، بلی وغیرہ کا شگاف۔ (۱۵) خوش مزاجی : سرگرمی : زور : قوت۔ (۱۶) (بحری) لنگر سے بندھا رسہ جو جہاز سے پہلو سے گرا رہتا ہے۔ (۱۷) کتے کی پسلیوں کی گولائی۔ (۱۸) ایک قسم کی سامن مچھلی۔

Totake (..........) spring from or out of : شروع ہونا۔

Spring : (n) [OFr. 'Espring(u)er'.] نغمہ : دھن (خصوصاً بین یا دوسرے آلۂ موسیقی پر)۔

Spring : (v) (۱) کودنا : اچھلنا : جست کرنا : چھلانگ بھرنا۔

(۲) اچھلنا : لپکنا : تڑپ کر نکل جانا۔ (۳) وجود میں آنا : پیدا کرنا۔ (۴) یکایک آ موجود ہونا۔ (۵) (لکڑی کا) ٹیڑھا کر دینا یا ہو جانا : جھک جانا : خم ہونا یا جھکا دینا۔ (۶) پھٹ جانا : تڑخ جانا۔ (۷) شکار کو ہنکانا : ہانکا کرنا۔ (۸) یکایک کر بیٹھنا : دفعتاً کوئی بات پیدا کرنا : اچانک کوئی شگوفہ چھوڑنا۔ (۹) کمانی وغیرہ کے ذریعہ سے کھولنا : بند کرنا : ہلانا جلانا۔ (۱۰) سرنگ اڑانا۔ (۱۱) (آنکھ وغیرہ میں کوئی چیز) اڑ کر پڑنا : اچھل کر لگنا۔ (۱۲) (تیتر کا) جھاڑی سے اچانک نکلنا۔ (۱۳) (عام) مدہوش ہونا۔ (۱۴) (تھن کا دودھ سے) پھول جانا : حاملہ ہونا۔ (۱۵) چشمہ کی شکل میں بہنا۔ (۱۶) فجر ہونا؛ (صبح کا) نمو دار ہونا۔ (۱۷) اگنا : نکلنا : پیدا ہونا۔ (۱۸) بڑھنا: لمبا ہونا۔ (۱۹) (محراب کا) خم شروع ہونا۔ (۲۰) (باد نسیم کا) بہنا۔ (۲۱) ٹیٹری بجانا : جھنجھنا بجانا۔ (۲۲) (روپیہ) ادا کرنا : خریدنا : خریدنے کی حیثیت رکھنا۔ (۲۳) اچانک اعلان کرنا : افشا کرنا۔ (۲۴) اچھالنا۔ (۲۵) (فوج) اسلح کی جگہ تبدیل کرنا یا وضع بدلنا۔ (۲۶) خمیدہ کرنا : خم کرنا۔ (۲۷) (تعمیرات) محراب کا خم شروع کرنا۔ (۲۸) رہا کرنا : رہائی دلانا : چھڑانا۔ (۲۹) لنگڑا بنانا : نکما کر دینا۔ (۳۰) جوتے کے پنجے کو اٹھانا۔

Spring : (v) (۱) لچکدار بنانا۔ (۲) کمانی لگانا۔

Spring- : جزو ترکیبی بمعنی "اچھلنا" : "جست لگانا"۔

Spring balance : (n) کمانی دار ترازو۔

Spring-beam : (n) (۱) شہتیر جو بلا کسی سہارے کے دور تک چلا گیا ہو۔ (۲) لچکدار سلاخ جو کمانی دار ہتھوڑے میں لگی ہوتی ہے۔

Spring beauty : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spring bed : (n) کمانی دار پلنگ۔

Spring beetle : (n) کٹ بھونرا۔

Spring board : (n) کمانی دار تختہ : چھلانگ (مارنے کا) تختہ۔

Spring-bok : (n) (۱) جنوبی افریقہ کا غزال۔ (۲) (جمع) جنوبی افریقہ والے۔

Spring-buck : (n) دیکھو Spring-bok

Spring-catch : (n) کمانی دار اڑانی ۔

Spring chicken : (n) تین پونڈ وزن کا مرغ ۔

Spring clean : (v) اچھی طرح صفائی کرنا ۔

Spring-clean : (n) کسی جگہ کی مکمل صفائی کرنا ۔

Spring-cleaning : (n) دیکھو Spring-clean

Spring-flood : (n) موسم بہار میں آنے والا سیلاب ۔

Spring-grass : (n) برطانیہ کی ایک قسم کی گھاس ۔

Spring (-) gun : (n) چور بندوق : بھری بندوق جو کسی آدمی یا جانور کے ٹھکرانے یا اس تار وغیرہ کے لمس سے جو اس کے گھوڑے میں لگا رہتا ھے فوراً چل جاتی ھے : یہ چور شکاریوں یا چھپے چوری گھس آنے والوں کے لئے چھپا کے رکھ دی جاتی ھے) ۔

Spring hare : (n) جنوبی افریقہ کا چھلانگ لگانے والا خرگوش ۔

Spring-head : (n) دریا کا منبع : سوتا : سر چشمہ ۔

Spring-herring : (n) بوزہ ماہی : ایک قسم کی امریکی مچھلی جو ہیرنگ سے مشابہ ھوتی ھے ۔

Spring-jack : (n) دیکھو Spring-beetle

Spring-lock : (n) کمانی دار تالا ۔

Spring pottage : (n) تازہ سبز ترکاریوں کا شوربہ یا شوربے دار سالن ۔

Spring soup : (n) تازہ سبز ترکاریوں کا سوپ ۔

Spring-tail : (n) جست دمہ : بعض قسم کے جست لگانے والے کیڑے ۔

Spring-tide : (n) (۱) بہار : موسم بہار ۔ (۲) مہ کامل : جوار جو ہر مہینے ہلال اور بدر کامل کے بعد ھوتا ھے ۔ (۳)(مجازاً) کسی چیز کی افراط : بہت بڑی مقدار ۔

Spring(-) time: (n) (۱) موسم بہار ۔ (۲) جوانی : نوجوانی ۔

Spring(-) warer : (n) چشمے کا پانی : سوتے کا پانی ۔

Spring-well : (n) چشمہ : کنواں :سرچشمہ ۔

Spring-wood : (n) (۱) بہار میں اگنے والا جنگل یا جھاڑی ۔ (۲) چھوٹے درختوں یا جھاڑیوں کا جنگل ۔ (۳) وہ حلقہ یا لکڑی کی تہ جو درخت میں ہر سال پیدا ھوتی ھے ۔

Springal(d) : (n) نو عمر لڑکا ۔

Springal(d) : (a) نو عمر : نوجوان ۔

Springbok : (n) [Du. 'Springen'.] دیکھو Spring-buck

Springe : (n) [OE. 'Sprencg'.] پھندا : لاسا (چھوٹے جانوروں کے شکار کے لئے) ۔

Springe : (v) (۱) پھندے سے شکار کرنا ۔ (۲) پھندا لگانا : جال بچھانا ۔

Springer : (n) (۱) اچھلنے والی مچھلی خصوصاً سمندر سے دریا میں آنے والی سامن مچھلی ۔ (۲) دیکھو Springbok ۔ (۳)اچھلنے والا : جست لگانے والا ۔ (۴) ڈاٹ : محراب کا وہ حصہ جہاں سے گولائی شروع ھوتی ھے : اس حصے کا سب سے نیچے کا پتھر : مانگ یا چھجے کا سب سے نچلا پتھر : محراب چھت یا قبے کی ڈاٹ ۔ (۵) بڑی قسم کا اسپینیل کتا ۔ (۶) سرنگ اڑانے والا ۔ (۷) حاملہ گائے ۔

Springhalt : (n) گھوڑے کی پچھلی ٹانگ جس میں جھٹکا آگیا ھو ۔

Springily : (adv.) لچک دار طور پر ۔

Springiness : (n) لچک ۔

Springing : (n) (۱) اچھلنا : جست : زقند ۔ (۲) (تعمیرات) محراب کا خم (وہ حصہ جہاں سے خم شروع ھوتا ھے) ۔ (۳)کمانی بندی ۔ (۴) تنے کا وہ حصہ جہاں شاخ پھوٹتی ھے ۔ (۵)سرنگ اڑانا ۔

Springingly : (adv.) اچھلتے ھوئے : لچکدار طور پر ۔

Springle : (n) پھندا : جال : لاسا ۔

Springless : (a) بے لچک : بے کمانی : بے چشمہ ۔

Springlet : (n) چھوٹا سا چشمہ یا حوض ۔

Springlike : (a) (۱) موسم بہار جیسا : بہاری : موسم بہار کا ۔ (۲) کمانی جیسا ۔

Springy : (a) (۱) چشمہ دار : سوتادار ۔ (۲) لچک دار : لچک کر ابھرنے والا ۔

Sprinkle : (n) (۱) چھڑکاؤ ۔ (۲) وہ شے جو چھڑکی جائے : برکی : چٹکی ۔ (۳) خفیف سی بارش : بوندا باندی ۔ (۴) چھینٹ : چتی دار بنانا ۔

Sprinkle : (v) [(M)Du. 'Sprenkelen'.] (۱) چھڑکنا : برکنا ۔ (۲) (مجازاً) بکھیرنا : منتشر کرنا ۔ (۳) چھوٹے چھوٹے قطاروں میں اڑ جانا ۔ (۴) گلدار بنانا : چتی دار بنانا : چتلا بنانا ۔ (۵) خفیف بارش ہونا : ترشح ہونا ۔ (۶) (مجازاً) صاف کرنا : تطہیر کرنا ۔

Sprinkler : (n) چھڑکنے والا : چھڑکنے کا ظرف یا آلہ وغیرہ ۔

Sprinkling : (n) (۱) خفیف چھڑکنا یا برکنا ۔ (۲) (مجازاً) خفیف مقدار یا تعداد : چند : ادھر ادھر : منتشر ۔

Sprinkling can : (n) پھولوں کے تختے پر پانی چھڑکنے والا ڈول ۔

Sprint : (n) بگ ٹٹ دوڑ ۔

Sprint : (v) [ON. 'Sprinta'.] تھوڑی دور بگٹٹ دوڑنا : سرپٹ دوڑنا ۔

Sprinter : (n) بگ ٹٹ دوڑنے والا ۔

Sprinting : (n) بگ ٹٹ دوڑنا ۔

Sprit : (n) [OE. 'Sprest'.] (۱) ڈنڈا : بانس : بلی (خصوصاً جس کو اڑا کر ناؤ چلاتے ہیں) ۔ (۲) (بحری) چھوٹی بلی جو مستول سے بادبان کی چوٹی کے بیرونی گوشے تک ترچھی پہنچتی ھے ۔

Sprit : (n) [OE. 'Spryttan'.] (۱) کونپل : سوئی : انکوا ۔ (۲) کورے کپڑے پر کا چھوٹا دھبا ۔

Sprit : (v) پھوٹنا : لگنا : سوئے نکلنا ۔

Sprite : (n) جن : پری : بھوت : پریت : خبیث روح ۔

Spritsail : (n) (۱) تکونی بادبان جو Sprit کے سہارے پھیلا ہوتا ھے ۔ (۲) وہ بادبان جو اُس Sprit کے سہارے پھیلا ہوتا ھے جو Bow sprit کے ساتھ لگا رہتا ھے ۔

Spritsail-yard : (n) سہارے کی بلی جو Bow sprit کے نیچے لگی رہتی ھے ۔

Spritz : (v) [G. 'Schpritze'.] فوارہ : چھڑکاؤ ۔

Spritzer : (n) [G. 'Spritzen'.] سفید شراب اور سوڈا پانی کا مرکب ۔

Sproat/ Sprot hook : (n) [f. W. H. Sproat,the inventer.] ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا چھوٹا کانٹا ۔

Sprocket : (n) [Origin unkn.] (۱) پہیے کا دندانہ (جیسے بائیسکل وغیرہ کا) : زنجیر گیرندہ ۔ (۲) لکڑی کا تکونا ٹکڑا جو فریم بنانے میں کام آتا ھے ۔ (۳) (حیاتیات) لنگر کے چرخ کا دندانہ ۔ (۴) دندانہ دار پہیا ۔

Sprocket wheel : (n) دندانہ دار پہیا ۔

Sprot : (n) [Origin unkn.] دوسرے سال کی سامن مچھلی ۔

Sprout : (n) (۱) کونپل : انکوا : سوا : نبتہ : فرعی کلی ۔ (۲) (مجازاً) شریف خاندان کا نو عمر لڑکا ۔ (۳) نئی پیداوار : نئی شکل : نئی صورت ۔ (۴) کرم کلہ وغیرہ کا نیا پتّا : کرم کلے کی ایک قسم ۔

Sprout : (v) [ME. 'Sprutten'.] (۱) پھوٹنا : اگنا : کلے نکلنا : سوئے نکلنا : کلیانا ۔ (۲) سوئے نکالنا : کلے نکالنا : شاخیں نکالنا ۔ (۳) (آدمی کا) پیدا ہونا : وجود میں آنا ۔ (۴) (آلو کے اکوے کو) رگڑ کر توڑنا ۔ (۵) گرم ہو کر پھیل جانا ۔ (۶) سہارا دینا یا بڑھانا ۔

Sprout-cell : (n) نبتہ خلیہ ۔

Sproutling : (n) چھوٹا انکوا : چھوٹی شاخ ۔

Spruce : (n) [Alternation of Pruce.] قسم صنوبر ۔

Spruce : (a) صاف ستھرا (پوشاک اور صورت میں) : بنا ٹھنا : بنا سنورا ۔

Spruce : (v) بناؤ سنگھار کرنا : بننا ٹھننا ۔

Spruce beer : (n) بیر شراب جو صنوبر کے پتوں سے بنائی جاتی ھے ۔

Spruce borer : (n) صنوبر کے درخت پر حملہ کرنے والا ایک کیڑا ۔

Spruce-bud : (n) صنوبر کے درخت میں لگنے والا کیڑا ۔

Spruce fir : (n) قسم صنوبر : جھاؤ ۔

Spruce grouse / -partridge : (n) کناڈا کا تیتر ۔

Sprucely : (adv.) صاف ستھرے طور پر : بن سنور کر ۔

Spruceness : (n) بناؤ سنگھار ۔

Sprucy : (a) دیکھو Spruce

Sprue : (n) [Du. 'Spruw'.] سنگرہنی : گرم ممالک کا ایک مرض جس میں منہ ، حلق اور انتڑیوں میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔

Sprue : (n) [Origin unkn.] (۱) نالی یا چھید جس میں سے پگھلی ہوئی دھات قالب میں ڈالی جاتی ہے ۔ (۲) دھات کا وہ حصہ جو نالی یا چھید میں رہ جائے ۔

Sprue : (n) [Origin unkn.] گھٹیا قسم کی اسپریگس (ایک ترکاری) ۔

Sprug : (n) [Origin unkn,] عام گوریا ۔

Spruit : (n) [Du.] نالا : جھرنا جو صرف موسم باراں میں رواں رہتا ہے ۔

Sprung : (a) (۱) نکالی ہوئی چیز ۔ (۲) پھٹا ہوا ۔ (۳) اڑایا ہوا ۔

Sprung rhythm : (n) قرون وسطیٰ کے سر حرفی شعر پر مبنی ایک جدید نظمی ترنم ۔

Sprung weight : (n) وزن جو کمانی کے سہارے پر ہو ۔

Sprunt : (v) [f. Sprent and Sprint.] اچھلنا : اچھل پڑنا : بھڑکنا ۔

Sprunt : (n) چمک : بھڑک : جست : زقند ۔

Spry : (a) [Origin unkn.] (۱) چست : چالاک : پھرتیلا : مستعد ۔ (۲) بنا سنورا : بنا ٹھنا : خوش پوشاک ۔

Spryly : (adv.) چستی سے: مستعدی سے : پھرتی سے ۔

Spryness : (n) چستی : مستعدی : پھرتیلا پن ۔

Spud : (n) [Origin unkn.] (۱) کھرپا : کھرپی : بیلچہ : چھوٹا پھاوڑا ۔ (۲) کوئی چھوٹی سی موٹی چیز ۔ (۳) آلو ۔ (۴)کوئی چھوٹی ملانے والی چیز ۔ (۵) (تیل کے کنویں کی) ضرب کے ذریعہ سوراخ کرنا ۔ (۶) جراحی کا ایک آلہ۔

Spud : (v) (۱) کھرپا کے ذریعہ زمین کو کھودنا ۔ (۲) (تیل کا کنواں کھودنے میں) خاص ترکیب سے سوراخ کرنا ۔

Spudder : (n) (۱) تیل کا کنواں کھودنے والی مشین چلانے والا ۔ (۲) چھال چھیلنے کا آلہ ۔

Spudder : (a) فربہ : موٹا تازہ : لحیم شحیم ۔

Spuffle : (v) بھاگ دوڑ کرنا : دوڑ دھوپ کرنا : ہلچل مچانا ۔

Spule : (n) دیکھو Spool

Spule : (n) [Alter of 'Sapuld'.] کاندھا : مونڈھا : شانہ ۔

Spule-bane : (n) شانہ کی ہڈی : کتف ۔

Spulyie : (v) [OFr. 'Espoillier'.] (۱) لوٹنا : چھین لینا : محروم کر دینا ۔ (۲) غارت گری کرنا : لوٹ کھسوٹ کرنا ۔ (۳)مالِ غنیمت سمجھ لینا ۔

Spulyie : (n) مال غنیمت : لوٹ کا مال ۔

Spulzie : (v) [ME. 'Spulzien'.] تاخت و تاراج کرنا : لوٹ کھسوٹ کرنا ۔

Spulzie : (n) لوٹ کا مال : مال غنیمت ۔

Spume : (n) [OFr. '(c)spume'.] جھاگ : کف : پھین ۔

Spume : (v) جھاگ لانا یا نکالنا : کف نکالنا ۔

Spumescence : (n) جھاگ دار : جھاگ سے مشابہ ۔

Spumescent : (a) جھاگ دار : جھاگ سے مشابہ۔

Spumoid : (a) دیکھو Alveolar

Spumose : (a) جھاگ کے متعلق : جھاگ بھرا : جھاگ دار ۔

Spumous : (a) [L. 'Spumosus'.] دیکھو Spumose

Spumy : (a) جھاگ دار ۔

Spumy : (a) جھاگ دار ۔

Spun : (a) کاتا ہوا ۔ (۲) (مکھن یا چینی) دھاگا کی شکل میں بنایا ہوا ۔ (۲) طویل : دراز ۔ (۳) تھکا ہوا : خستہ ۔

Spun-gold : (n) ریشم کا دھاگا جس کے گرد سونے کا تار لپٹا رہتا ہے۔

Spun-silk : (n) ادنیٰ قسم کا ریشم ۔

Spun-silver : (n) ریشم کا دھاگا جس کے گرم چاندی کا تار لپیٹا رہتا ہے ۔

Spun (-) yarn : (n) (۱) کاتا ہوا سوت ۔ (۲) (بحری) دو یا زیادہ سوت سے بنتا ہوا رسہ ۔ (۳) دو یا زیادہ سوت کی رسی ۔

Spung : (n) [Me. 'Spunge'.] دیکھو Purse

Spung : (v) دیکھو Rob

Spunge : (v) دیکھو Rob

Spunk : (n) [Origin unkn.] (۱) چنگاری : شرارہ : شرر ۔ (۲) لکڑی کا سوختہ : دیا سلائی وغیرہ جو اس سے بنتی ھے ۔ (۳)ایک قسم کا سما روغ ۔ (۴) دیا سلائی ۔ (۵) دلیری : جرأت : جیوٹ : دم خم ۔

Fellow, man etc. of (.:) spunk : دلیر آدمی : جیوٹ آدمی ۔

Spunk : (v) (۱) ظاہر ہونا ۔ (۲) اپنے حق پر جمے رہنا ۔

Spunkie : (n) (۱) اگیا بیتال : غول بیانانی ۔ (۲) شراب ۔ (۳) پر جوش آدمی : بھلا آدمی : تند مزاج شخص ۔

Spunkily : (adv.) دلیری سے : جرأت سے ۔

Spunkiness : (n) دلیری : جرأت ۔

Spunky : (a) (۱) دلیر : جیوٹ : جرأت مند ۔ (۲) چمکیلا ۔ (۳)تند مزاج : تنک مزاج : زود رنج : چڑچڑا ۔

Spour : (n) [OE. 'Spora, Spura'.] (۱) مہمیز : مہمیز کی زاردار پھرکی : سواری کے کانٹے کا نیچے والا پہیا ۔ (۲)(مجازاً) محرک : تحریک ۔ (۳) مہمیز کی ہم شکل چیز مثلاً مرغ کی ٹانگ کا خار : کانٹا یاخول جو لڑائی کے وقت اس خار پر باندھ دیتے ہیں ۔ (۴) پہاڑی سلسلے کا ایک طرف نکلا ہوا حصہ : شاخ گود ۔ (۵) (نقابت) مہمیز کی تصویر ۔ (۶) جوتے کے تلے کی میخ ۔ (۷) ایک دیوار جو فیصل کو اندر کی عمارتوں سے ملاتی ھے : پشتہ دیوار ۔ (۸) ثمر ساق : شکیزہ (بعض پھولوں میں مہمیز نما حصہ باہر کو نکلا ہوا ۔ (۹) ٹھونٹھی ۔ (۱۰)(مرضیات) جسم کے کسی حصے پر مہمیز نما ابھار۔ (۱۱) آڑ : خصوصاً وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے ترچھی لگائی جاتی ھے ۔ (۱۲) (بحری) خمیدہ شہتیر جو نصف شہتیر کا کام دیتی ھے اور عرشے کو سہارا دیتی ھے ۔ (۱۳) (بحری) وہ لکڑی یا شہتیر جو جہاز کے افقی حصے میں لگی رہتی ھے اور ایک سرے سے جہاز کے پہلو میں لگی رہتی ھے ۔ (۱۴)جڑ ۔ (۱۵) ریلوے لائن وغیرہ کی شاخ ۔

Gift spurs : نالیٹ (Knight) کا امتیازی نشان ۔

On or upon the spur : پوری رفتار سے : بہت جلد : انتہائی سرعت سے ۔

On (or upon) the spurs of the moment : فوراً: فی البدیہہ : بے سوچے سمجھے ۔

To put spurs to/ -set- : مہمیز کرنا : ایڑ لگانا ۔

To win one's spurs : (۱) نائٹ کا رتبہ حاصل کرنا ۔ (۲) (مجازاً) شہرت حاصل کرنا : نام کرنا ۔

Spur : (v) [Me. 'Spure, Spore'.] (۱) گھوڑے کو مہمیز کرنا : ایڑ لگانا ۔ (۲) باعث تحریک ہونا : ترغیب دینا : اکسانا ۔ (۳) مہمیز باندھنا (بوٹ میں) ۔ (۴) مرغ کی ٹانگ میں خار لگانا ۔ (۵) گھوڑی تیز شوڑانا ۔ (۶) جلدی کرنا : تیزی سے جانا ۔ (۷) لات مارنا : ٹھکرانا ۔ (۸) مرغ کا خار سے حملہ کرنا ۔ (۹) خار سے مار کر زخمی کرنا (پرندے کو) ۔ (۱۰) آڑ لگانا ۔ (۱۱) ٹہنی کو تنے کے پاس سے کاٹ دینا ۔ (۱۲) اناج روگ لگ جانا ۔

Spur : (n) [Alter of 'Spoor'.] (۱) گھوڑے کو مہمیز کرنا : ایڑ لگانا ۔ (۲) باعث تحریک ہونا : ترغیب دینا : اکسانا ۔ (۳)مہمیز باندھنا (بوٹ میں) ۔ (۴) مرغ کی ٹانگ میں خار لگانا ۔ (۵) گھوڑا تیز دوڑانا ۔ (۶) جلدی کرنا : تیزی سے جانا ۔ (۷) لات مارنا : ٹھکرانا ۔ (۸) مرغ کا خار سے حملہ کرنا ۔ (۹) خار سے مار کر زخمی کرنا (پرندے کو) ۔ (۱۰)آڑ لگانا ۔ (۱۱) ٹہنی کو تنے کے پاس سے کاٹ دینا ۔ (۱۲)اناج روگ لگ جانا ۔

Spur : (n) [Altrer of Spoor.] سراغ : بو کھوج (خصوصاً جانور کا) ۔

Spur-dog : (n) گھڑ سوار کے جوتے کی خاص قسم کی ایڑی جس میں مہمیز کے کنارے سے جڑ دئے جاتے ہیں ۔

Spur-fowl : (n) ایک قسم کی سگ ماہی ۔

Spur-gear/ -gearing : (n) دندانہ دار گیرہ ۔

Spur-leather : (n) مہمیز باندھنے کی چمڑے کی پٹی ۔

Spur-line : (n) ضمنی ریلوے لائن ۔

Spur-nut : (n) چھوٹا دندانے دار گیرہ ۔

Spur-pepper : (n) جزائر شرق الہند کی سیاہ مرچ ۔

Spur-rowel : (n) مہمیز کی خار دار پھرکی ۔

Spur-royal / -rial : (n) جیمس اول کے عہد کا ایک طلائی سکہ جس پر مہمیز نما سورج سے کرنیں نکلتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں)۔

Spur-track : (n) ضمنی ریلوے لائن : بغلی پٹری۔

Spur way : (n) وہ راستہ جس پر گھوڑے جا سکیں اور گاڑیاں وغیرہ جا سکیں۔

Spur-wheel : (n) دندانہ دار گیرہ : دندانہ دار پہیہ۔

Spur-wing : (n) ایک قسم کی بط۔

Spur-winged : (a) ایک یا زیادہ مہماز دار پروں والا۔

Spur-wort : (n) ایک پودا جس میں پتوں کے گچھے مہمیز کی پھرکی کی شکل کے ہوتے ہیں : دوناس : مجیٹھ۔

Spurdog : (n) ایک قسم کی سگ ماہی۔

Spurge : (n) [OFr. 'Espurge'.] فرفیون : فربیون : پودوں کی قسم جس میں چڑپڑا دودھیا رس ہوتا ہے۔

Spurge flax : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spurge-laurel : (n) مادریون؛ ایک قسم کی جھاڑی جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔

Spurge-nettle : (n) ایک قسم کا پودا۔

Spurge-olive : (n) ایک پودے کا نام۔

Spurgewort : (n) پودوں کی ایک جنس۔

Spurious : (a) ['Spurius' + -ous.] (۱) کھوٹا : جھوٹا : بناوٹی : مصنوعی : جعلی : نقلی۔ (۲) (حیوانیات) شباہت میں کسی عضو سے ملتا ہوا مگر فعل میں غیر یا فعل میں مشابہ مگر شکل میں غیر۔ (۳) غیر مستند : نقلی (تحریر وغیرہ)۔ (۴) خارج الاصل : خارج از : غیر متعلق۔ (۵)مشتبہ : غیر حقیقی : نقلی۔ (٦) کاذب۔

Spuriously : (adv.) جعلی : مصنوعی یا نقلی طور پر۔

Spuriousness : (n) جعل : جعلی پن : کھوٹا پن۔

Spurless : (a) بے مہمیز : بے مشکیزہ۔

Spurling : دیکھو Sparling

Spurling line : (n) ڈوری جو پتوار میں لگی رہتی ہے اور اسی کی حالت کو مظہار پر بناتی رہتی ہے۔

Spurling pipe : (n) وہ نلی جس سے لنگر کی زنجیر گذر کر جہاز کے عرشے کی نیچے جاتی ہے۔

Spurn : (n) (۱) لات مارنا : ٹھوکر۔ (۲) حقارت : حقارت سے دیکھنا۔

Spurn : (n) (۱) ترچھا آڑ واڑ۔ (۲) (کان کنی) کوئلے کا چھوٹا پایہ جو چٹ میں عارضی سہارے کے طور پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

Spurn : (v) [OE. 'Spurnan'.] (۱) لات مارنا : ٹھوکر مارنا : پیروں سے کچلنا۔ (۲) مسترد کرنا : ٹھکرانا۔ (۳)ذلی یا حقارت سے دیکھنا یا برتاؤ کرنا : اہانت یا تحقیر کرنا : ذلت یا حقارت سے رد کرنا۔ (۴) حقارت سے رد کرنا : ٹھکرانا۔

Spurner : (n) ذلت یا حقارت سے رد کرنے والا یا رکھنے والا۔

Spurred : (a) (۱) مہمیز لگائے ہوئے۔ (۲) خار دار۔ (۳) (نباتیات) شکیزہ دار۔ (۴) روگ لگا (رئی)۔

Spurrer : (n) ترغیب دینے والا : اکسانے والا۔

Spurrier : (n) مہمیز ساز۔

Spurry/ Spurrey : (n) [Du. 'Spurrie'.] پنک (Pink) پودے کی اقسام۔

Spurt : (n) [Origin unkn.] (۱) لمحہ : مختصر عرصہ۔ (۲)تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش یا سر گرمی۔ (۳)تھوڑی دیر کے لئے تیز چلنا۔ (۴) تجارت میں اچانک ترقی قیمتوں کا اچانک بڑھ جانا۔ (۵) (بحری) ہوا کا ایک جھونکا۔

By spurts / In- : جان توڑ کوشش کے ساتھ۔

Spurt : (n) [var. of Spirt.] (۱) دھارا : فوارہ۔ (۲) (قلم کا) چھینٹا۔ (۳) طوفان : ہیجان : سیلاب۔

Spurt : (v) (۱) ہمت بندھانا : دل بڑھانا : خوش کرنا : بشاش کرنا۔ (۲) تیز کرنا : تند بنانا۔

Spurt : (v) تھوڑی دیر کے لئے جان توڑ کوشش کرنا : پوری ہمت صرف کر دینا۔

Spurt : (v) پھوٹنا : اگنا : شاخیں پھینکنا۔

Spurtive : (a) اچانک : تشنجی : ناگہانی : فوری۔

Spurtle : (v) [f. Spurt + -le.] چھینٹے اڑانا : فوارہ بہانا۔

Spurtle : (n) [Origin unkn.] (۱) چپٹا چمچہ سے مشابہ ایک ظرف جس سے کھانے کو انڈیلتے ہیں۔ (۲) ڈوئی۔ (۳) تلوار۔

Sputnik : (n) [Russ.] تابع : قمر : مصنوعی قمر یا سیارہ۔

Sputter : (n) (۱) چھینٹا : چھپاکا۔ (۲) جلدی یا گھبراہٹ کی بات چیت۔ (۳) دھماکا کے ساتھ چھترا جانا : ایسے دھماکے کی آواز : تھو تھو کی آواز۔

Sputter : (v) [Du. 'Sputteren'.] (۱) تھو تھو کر کے منہ سے خارج کرنا۔ (۲) جلدی جلدی یا بے ربط بولنا یا کہنا : بڑبڑانا۔ (۳) جوش یا گھبراہٹ میں کچھ کہنا۔ (۴) چرچر کی آواز دینا (جلنے کی آواز)۔

Sputteringly : (adv.) بے ربطی سے : جلدی جلدی۔

Sputtery : (a) جلد جلد بولنے والا : بے ربط گفتگو کرنے والا : یکایک بول اٹھنے والا۔

Sputum : (n) [L.] تھوک : لعاب دہن : رال : کھنکھار : بلغم۔

Spy : (n) (۱) جاسوس : مخبر : خفیہ پولس۔ (۲) جاسوسی : مخبری۔

Spy : (v) [OFr. 'Espier'.] (۱) دریافت کرنا : معلوم کرنا : شناخت کرنا : پہچان لینا۔ (۲) جاسوسی کرنا : مخبری کرنا : خفیہ طور پر نظر رکھنا۔ (۳) جانچنا : مشاہدہ کرنا : دیکھنا۔ (۴) تفتیش کرنا : جانچنا (دور بین سے)۔ (۶) نظر رکھنا (خصوصاً دوربین کے ذریعہ) : انتظار میں رہنا : نگرانی کرنا : نگہبانی کرنا۔

Spy- : جزو ترکیبی بمعنی "جاسوس" : "خفیہ"۔

Spy-glass : (n) چھوٹی سی دور بین۔

Spy-hole : (n) چھوٹا سا سوراخ نظر بچا کر دیکھنے کے لئے۔

Spy-money : (n) جاسوسی یا مخبری کی اجرت۔

Spy-Wednesday : (n) (آئرستان میں) ایسٹر اتوار سے پہلے بدھ کا دن۔

Spuyism : (n) چھوٹا سا سوراخ نظر بچا کر دیکھنے کے لئے۔

Squab : (n) [Of uncertain origin.] (۱) چوزہ : پٹھا : پرندے کا بچہ جس کے پر ابھی نہ نکلے ہوں : (خصوصاً) کبوتر کا بچہ۔ (۲) (مجازاً) نو عمر لڑکا۔ (۳) پست قد کا موٹا آدمی۔ (۴) صوفا : گدی دار چوکی یا کوچ۔ (۵) (کرسی یا صوفا پر بچھانے کی) موٹی یا نرم گدی : گاڑی میں لگائی جانے والی گدی : گدی (خصوصاً) موٹر گاڑی کی نشست کی پشت۔

Squab : (a) (۱) چھوٹا مگر موٹا : ناٹا اور موٹا : پست قد مضبوط۔ (۲) موٹا اور بھدا۔ (۳) نو عمر : نو زائیدہ : جس کے پر پرزے ابھی نہ نکلے ہوں۔

Squab : (v) (۱) کچلنا : نچوڑنا : گودا نکالنا : مسلنا : بھیچنا۔ (۲) بھرنا : ٹھونس ٹھونس کر بھرنا : ٹھونسنا۔ (۳) دھڑام سے گرنا : مضبوطی سے لٹکنا۔ (۴) بیٹھنا۔

Squab : (adv.) دھڑام سے : دھم سے : یکایک دھڑام سے گرتے ہوئے۔

Squab : (v) (۱) گرانا : چھلکانا : چھلکنا : گرنا۔

Squab-chicken : (n) چوزہ (جس کا وزن ایک سے سوا پاؤنڈ تک ہو اور جو صرف ایک آدمی کے لئے کافی ہو) : بے پر پٹھا۔

Squab-pie : (n) بکرے کا گوشت، پیاز اور سیب کی پائی (کھانا)۔

Squabash : (n) [A combination of Squash and Bash.] کاری ضرب : کچلنا۔

Squabash : (v) (۱) کچلنا : کچل دینا : مسل دینا : برباد کرنا۔ (۲) سخت نکتہ چینی کرنا۔

Squabbed : (a) چھوٹا مگر موٹا (آدمی) : پست قد موٹا۔

Squabber : (n) وہ کبوتر جسے تجارتی طور پر افزائش نسل کے لئے استعمال کیا جاتا ھے۔

Squabbish : (a) کسی قدر موٹا اور پست قد۔

Squabble : (n) [Imitative.] (۱) ادنیٰ تکرار : جھڑپ : جھپٹ : جھگڑا ٹنٹا۔ (۲) نزاع : اختلاف رائے (دو جماعتوں کے درمیان)۔

Squabble : (v) (۱) تکرار ہو جانا یا کرنا : جھگڑا کرنا : جھڑپ ہو جانا۔ (۲) (طباعت) جمائے ہوئے ٹائپ کو بے ترتیب کر دینا : الٹ پلٹ کر دینا : (ٹائپوں کا) گڈ مڈ ہو جانا : بے ترتیب ہو جانا۔

Squabbler : (n) جھگڑالو۔

Squabbly : (adv.) تکرار کرتے ہوئے : جھڑپ کے طور پر۔

Squabby : (a) چھوٹا اور موٹا : گداز جسم کا : گٹھا ہوا : ٹھوس۔

Squacco : (n) [It. 'Sguacco'.] جنوبی یورپ ، افریقہ اور ایشیا کا چھوٹی کلغی دار بگلا ۔

Squad : (n) [Fr. 'Escouade'.] (۱) (فوج) دستہ جو قواعد وغیرہ کے لئے جمع ہو ۔ (۲) مختصر جماعت : ٹکڑی : جتھا ۔ (۳)مخصوص جماعت یا حلقہ (اشخاص کا) ۔ (۴) آگ بجھانے والوں کی معاون جماعت جو خاص قسم کے آلات سے لیس ہوتی ہے ۔

Awkward squad : نئے رنگروٹ (نیز مجازاً) ۔

Squad : (v) (۱) جماعت بندی کرنا : دستوں میں بانٹنا ۔ (۲) کسی دستہ یا جماعت کے سپرد کرنا یا اس کے لئے مقرر کرنا ۔ (۳) دستے میں ترتیب دینا ۔

Squad car : (n) لاسلکی فون سے لیس پولس کی گاڑی جس کے ذریعہ وہ صدر مقام سے رابطہ قائم رکھتے ہیں ۔

Squad leader : (n) فوجی دستے کا نگراں غیر کمیشن یافتہ افسر ۔

Squad room : (n) (۱) سپاہیوں کی قیام گاہ ۔ (۲) (تھانے کا) وہ کمرہ جس میں حاضری یا ڈیوٹی مقرر کرنے کے لئے پولس والے جمع ہوتے ہیں ۔

Squad tent : (n) خیمہ جس میں فوج کا ایک دستہ رہ سکتا ہے ۔

Squadder : (n) پولس کے دستے کا رکن ۔

Squadrol : (n) [Blend of Squad + patrol.] ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کو پولس والے Squad car اور بیمار گاڑی دونوں طرح سے استعمال کرتے ہیں ۔

Squadron : (n) [It. 'Squadrone'.] (۱) (فوج) اسکواڈرن : فوجی تنظیم کی ایک اکائی ۔ (۲) سواروں کا دستہ جس میں ایک سو سے دو سو تک سوار ہوتے ہیں) ۔ (۳) جنگی جہازوں کا بیڑا جو ایک امیرالبحر کے ماتحت ہو : جنگی جہازوں کا بیڑا جو کسی مخصوص کام پر مقرر ہو : ہوائی جہازوں کی ایک مقرر تعداد (افسروں اور عملے کے دوسرے ارکان سمیت) ۔ (۴) آدمی یا جانوروں کی نسبتاً بڑی جماعت یا بڑا گروہ : منظم مجمع ۔ (۵) کارد نالوں کی جماعت جو اساقفہ کے جلسے میں خاص فرقوں کے درمیان گھومتے رہتے ہیں ۔

Flying squadron : فوج یا پولس کا دستہ جو تیز نقل و و حرکت کر سکے ۔

Squadron-commander : (n) فضائیہ کا ایک افسر جو فوج کے میجر کے عہدے کے برابر ہوتا ہے ۔

Squadron-leader : (n) دیکھو Squadron-commander

Squadroned : (n) اسکواڈرن میں تشکیل دیا ہوا ۔

Squagga : (n) [Native name in Australia.] ایک قسم کا آسٹریلیائی قشریہ جس کا رنگ سرخ اور لمبائی آٹھ انچ تک ہوتی ہے ۔

Squail : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کا کھیل جو نَو میخوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ (۲) ایک کھیل جو چھوٹی چھوٹی لکڑی کی گوٹیوں سے گول میز پر کھیلا جاتا ہے : ان گوٹیوں کو ہتھیلی سے اس نشان کی طرف ٹھیلتے ہیں جو میز کے بیچ میں ہوتا ہے ۔ (۳) اس کھیل کی گوٹی یا کنکری ۔

Squail : (v) (۱) بھاری موٹھ کی چھڑی یا اس قسم کی کوئی چیز پھینکنا ۔ (۲) اس قسم کی چھڑی پھینک کر مارنا ۔ (۳) پھینک دینا ۔

Squailer : (n) بھاری موٹھ کی چھڑی جو بعض کھیلوں میں ، سیب توڑنے میں یا گلہریوں کے مارنے میں کام آتی ہے ۔

Squalid : (a) [L. 'Squalidus'.] (۱) غلیظ : چرک : گھنونا ۔ (۲) خستہ حال ۔ (۳) گندہ : حقیر : (صفت ، حالت وغیرہ) ۔ (۴) رذیل : قابل نفرت ۔ (۵) غیر صحت مند ۔

Squalidity : (n) غلاظت : غچلی پن ۔

Squalidity : (adv.) غلیظ طور پر ۔

Squalidness : (n) دیکھو Squalidity

Squaliform : (a) شارک یا سگ ماہی سے مشابہ ۔

Squall : (n) (۱) چیخنا : چلانا : چیخنے چلانے کی آواز ۔ (۲) چیخ کر بولنا یا بولنے کی عادت ۔

Squall : (n) (۱) ہوا کا تیز جھونکا : جھکڑ یا آندھی (خصوصاً بارش، برف اور اولوں کے ساتھ) ۔ (۲) (مجازاً) ہل چل : شورش : فساد : گڑ بڑ : لڑائی : جھگڑا ۔

Arched squall : خط استوا کے قریب کی آندھی یا طوفان جس میں قوسی شکل کے سیاہ بادل اچانک نمودار ہو جاتے ہیں ۔

Black squall : طوفان وغیرہ جس میں سیاہ بادل ہوں ۔

Thick squall : طوفان وغیرہ جو برف و باراں کے ساتھ ہو ۔

To look out for squalls : چوکنّا رہنا : چوکس رہنا : خطرے کی مدافعت کے لئے تیار رہنا ۔

White squall : طوفان وغیرہ جو صاف مطلع میں بادلوں کے بغیر نمودار ہو : بے ابر طوفان : سفید جھکڑ ۔

Squall : (v) [Prob. alt. of 'Squearl'.] (۱) چیخنا : چلانا (تکلیف یا خطرے میں) : جھلاہٹ یا گھبراہٹ میں کچھ چیخ کر کہنا ۔ (۲) کرخت آواز میں بولنا : ناگوار آواز میں گانا ۔

Squall : (v) جھکڑ چلنا ۔

Squaller : (n) چیخنے چلانے والا (خصوصاً) بہت رونے چلانے والا بچہ ۔

Squally : (a) (۱) طوفانی : آندھی یا جھکڑ کا ۔ (۲) زور کا (طوفان، جھکڑ وغیرہ) ۔ (۳) (مجازاً) پُر شور : ہنگامہ خیز : پُر آشوب : خوفناک ۔

To look squally : پُر شور ہونا : پُر آشوب نظر آنا ۔

Squalodon : (n) [mod. L.] (فوسلیات) متحجر فیل ماہیہ کی ایک جنس ۔

Squalodont : (n) متحجر فیل ماہیہ ۔

Squaloid : (a) شارک جیسا : سگ ماہی کی مانند : شارک نما ۔

Squaloid : (n) شارک کے خاندان کی کوئی مچھلی ۔

Squalor : (n) [L.] (۱) غلاظت : نجاست ۔ (۲) بد اخلاقی : بد اطواری ۔ (۳) (سماجیات) پستی : غربت ۔ (۴) بونگاپن : حماقت ۔

Squalus : (n) [L.] شارک : سگ ماہی : کلب البحر ۔

Squama : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) فلس : کھپرا ۔ (۲) (مرضیات) جلد کے کسی بالائی حصے کا کھپرے کی شکل میں ابھر جانا ۔ (۳) (تشریح) ہڈی کا کھپرے جیسا حصہ ۔ (۴) (نباتیات) پوست ۔ (۵) بعض قشریوں کے قرن کی بیرونی شاخ ۔

Squamaceous : (a) فلس دار : کھپرے دار ۔

Squamata : (n) [L.] (۱) رینگنے والے جانوروں کی ایک جنس جس میں سانپ اور چھپکلی وغیرہ شامل ہیں ۔ (۲) فلوسی جانور ۔

Squamate : (a) فلس دار : کھپرے دار ۔

Squamation : (n) (۱) فلوسیت : کھپرے دار ہونا : فلس دار ہونا ۔ (۲) ترتیب فلوس ۔

Squame : (n) [OFr. 'Esquame' or L. 'Squama'.] فلس : کھپرا ۔

Squamella : (n) چھوٹا کھپرا : فلسچہ ۔

Squamellate : (a) فلسک پوش : فلسچہ دار ۔

Squamelliferous : (a) فلسچہ دار : فلسچہ بردار ۔

Squamiferous : (a) فلوس دار ۔

Squamiform : (a) فلس مانند ۔

Squamigerous : (a) دیکھو Squamiferous

Squamo- : جزو ترکیبی بمعنی "کھپرے سے مشابہ" ۔

Squamoid : (a) فلس دار ۔

Squamosa : (n) کنپٹی کی ہڈی کا کھپرے سے مشابہ حصہ ۔

Squamosal : (a) (۱) کنپٹی کی کھپرے سے مشابہ ہڈی سے متعلق ۔ (۲) کھپرے سے مشابہ (کنپٹی کی ہڈی) ۔

Squamosal : (n) کنپٹی کی کھپرے نما ہڈی : عظم غشائی قحف : بر عظم مربع ۔

Squamosa : (a) [L. 'Squamosus'.] (۱) کھپرے دار : فلس دار ۔ (۲) دیکھو Squamous ۔

Squamoso- : جزو ترکیبی بمعنی "کھپرے دار" ۔

Squamous : (a) (۱) کھپرے دار : فلوس دار ۔ (۲) فلوس سے مشابہ : فلوس نما : کھپرے سے مشابہ ۔ (۳) ورق دار : پرت دار ۔

Squamous bone/ -part/ -portion : (n) کنپٹی کی ہڈی کا پتلا اور کھپرے سے مشابہ حصہ ۔

Squamously : (adv.) کھپرے دار طور پر ۔

Squamousness : (n) کھپرے دار ہونا : فلوس دار ہونا ۔

Squamula : (n) [L.] فلسک : فلسچہ : چھوٹا کھپرا ۔

Squamulate : (a) فلسک پوش : فلسچہ دار ۔

Squamulation : (n) کھپرے کی سی ترتیب ۔

Squamule : (n) فلسک : فلسچہ : چھوٹا کھپرا ۔

Squamuliform : (a) فلسچه نما : فلسك سے مشابه .

Squamulose : (a) دیکھو Squamulate

Squander : (n) فضول خرچی : اسراف : پھونك دینا : اُڑا دینا .

Squander : (v) [Origin unkn.] (۱) پھیلانا : منتشر کرنا : بکھیرنا : پھیلانا . (۲) پھیلایا جانا : منتشر کیا جانا . (۳)فضول خرچی کرنا : اسراف کرنا : پھونك دینا : اُڑا دینا (روپیه، جائداد وغیرہ) . (۴) وقت ضائع کرنا . (۵) آوارہ پھرنا: آوارہ گردی کرنا : مارے مارے پھرنا : مٹر گشتی کرنا . (٦)منتشر ہونا : بکھر جانا : پھیل جانا .

Squanderer : (n) فضول خرچ :مسرف : اُڑا دینے والا .

Squandering : (a) فضول خرچ : مسرف .

Squandering : (n) فضول خرچی : اسراف .

Squanderingly : (adv.) اسراف کے ساتھ : فضول خرچی سے .

Squandermania : (n) (حکومت کا) خبط اسراف : اسراف مانیا .

Squarable : (a) قابل موافقت : ٹھیك کئے جانے کے لائق : مطابقت پذیر .

Squarable : (n) وہ شخص جسے کچھ دے دلا کر راضی کیا جا سکے .

Square : (n) [OFr. 'Esquire'.] (۱)مربع . (۲) مربع نما : چوك . (۳) چورابا : شہر میں وہ کھلی جگه جس کے چاروں طرف عمارتیں ہوں (خصوصاً رہائشی اور عمدہ قسم کی) . (۴) کٹرا جس کے چاروں طرف سڑك ہو . (۵)گنیا (برھئی کا آله زاویه قائمه درست کرنے کے لئے) . (٦)کسی عدد کا مربع . (۷) پیادہ فوج بشکل مربع ایسے مرتب ہوں که ترچھے اور سیدھے یکساں پڑھے جائیں . (۹)معیار : اصول . (۱۰) تقریباً ایك سو مربع فٹ جو فرش وغیرہ کا ایك پیمانه ہے . (۱۱) (منطق) مربع شکل جس کے ذریعے منطق کی چاروں تقابلات کی تشریح کی جاتی ہے. (۱۲) مربع ٹکڑا یا کندا وغیرہ : شیشے کا چوکور ٹکڑا . (۱۳) زمین کا مربع یا چوکور قطعه . (۱۴)مربع یا چوکور قطعه . (۱۴) مربع یا چوکور عمارت: سلسلۂ عمارت جس کے چاروں طرف سڑکیں ہوں. (۱۵)معاملات: امور : واقعات . (۱٦) دیکھو Square dance . (۱۷)لنگر کے کندے کا اوپری حصه جس سے دسته جڑا ہوتا ہے . (۱۸) کپاس کا بند پھول . (۱۹)کتاب کی جلد کا وہ حصه جو اوراق سے آگے نکلا رہتا ہے . (۲۰) کاتنے کی مشین کا مضبوط آہنی فریم جس میں پھسلتا حصه جڑا رہتا ہے. (۲۱) اَن مِل شخص: نیز دھوکا کھانے والا : نا تجربه کار آدمی . (۲۲) (عام) دقیانوسی شخص : قدیم وضع کا آدمی .

Back to (or in , on) square one : جہاں سے شروع کیا ہے وہیں لوٹ کر آنا .

Hallow square : پیادہ فوج بشکل مربع جس میں چاروں طرف آدمی ہوں اور بیچ میں سامان کے لئے خالی جگه ہو .

How (the) squares go : کیا معامله ہے .

On the square : دیانت داری سے : منصفانه یا بے لاگ طور پر : مساویانه طور پر .

Out of square : (۱) غیر منظم طور پر . (۲) غیر قائمه طور پر .

Solid square : فوج کی مربع شکل میں ترتیب جس میں طول و عرض برابر ہوں .

To be on the square : فری میسن ہونا .

To break no square : یکساں ہونا : فرق نه ہونا.

To break square : دیکھو Break (v) (ذیلی)

Stitch aloft : (v) (جوتے یا جوتے کے تلے کا) اس طرح سینا که سلائی نظر آئے ۔

Stitch bird : (n) ایك تقریباً معدوم شہد خور پرند ۔

Stitch in time : (n) بر وقت کاروائی یا تدبیر ۔

Stitch up : (v) (۱) سینا : سی کر جوڑنا ۔ (۲) ٹانکا لگانا (زخم وغیرہ پر): شگاف وغیرہ درست کرنا ٹانکا لگا کر۔(۳)(غلاف، تھیلے وغیرہ میں رکھ کر) منه سی دینا ۔

Stitch-wheel : (n) دندانے دار پہیا جس سے زین ساز چمڑے میں ٹانکے لگانے کے لئے سوراخ کرتا ھے ۔

Stitcher : (n) سلائی کرنے والا : درزی : ٹانکا لگانے والا : ٹانکا لگانے والی مشین یا آله ۔

Stitchery : (n) سوزن کاری : سلائی اور کڑھائی ۔

Stitching : (n) (۱) سلائی : ٹکائی ۔ (۲) سلائی کا کام ۔ (۳)بخیه :

ٹانکا۔ (۳) سلائی کا ساز و سامان۔

Stitching-horse : (n) — شکنجے کی قسم کی کوئی چیز جس میں زین ساز اپنا سامان رکھتا ھے۔

Stitchlike : (n) — ٹانکا نما : بخیہ نما : سلائی نما۔

Stitchwork : (n) — سوزن کاری : سلائی اور کڑھائی خصوصاً مشجر ، قالی بافت۔

Stitchwort : (n) — لونگ : قرنفل : ایک چھوٹا پودا جس میں کھڑا ڈنٹھل اور سفید ستارہ نما پھول ہوتے ہیں۔

Stithy : (n) [ME. 'Stepi'.] — (۱) نہائی : اہرن۔ (۲) لوہا خانہ : بھٹی لوہار کی)۔

Stive : (n) [Du. 'Stuive'.] — گرد : چُور : سفوف (خصوصاً آٹے کی گرد جو پیستے وقت اڑتی رہتی ھے)۔

Stive : (v) [Fr. 'Estiver'.] — (۱) جہاز میں مال کس کس کر بھرنا یا لادنا۔ (۲) بھرنا : کس کس کر بھرنا۔

Stive : (a) — (۱) ہوا بند اور گرم جگہ میں بند کر دینا : دم گھونٹنا : گلا گھونٹنا۔ (۲) دم گھٹنا : دم چڑھ جانا۔

Stiver : (n) [Du. 'Stuiver'.] — (۱) نیدرلینڈ کا ایک چھوٹا نقرئی سکہ۔ (۲) سب سے حقیر سکہ : پھوٹی کوڑی : کسی چیز کی حقیر مقدار۔

Stivy : (a) — (۱) (کمرا ، وادی وغیرہ) جس میں دم گھٹتا ہو : جہاں ہوا بند ہو : بند (ہوا)۔ (۲) (امریکا) خفا : کبیدہ خاطر: روٹھا ہوا۔ (۳) (عام) تنک مزاج : نازک مزاج : چڑچڑا : زود رنج۔ (۳) بوسیدہ : فرسودہ : پا مال۔ (۵) حبس میں مبتلا۔ (۶) بے لطف : غیر دلچسپ : ٹھس۔ (۷) بے ہوا دار جگہ میں رہنے کا عادی۔

Stoa : (n) [Gr.] — قدیم یونانی عمارت کی غلام گردش : رواق : برساتی۔

The stoa : — رواق اشنیہ (جہاں رواقی مذہب فلسفہ کا بانی زینو تعلیم دیا کرتا تھا)۔

Stoach : (v) [Origin unkn.] — روندنا : کچلنا : پامال کرنا۔

Stoat : (n) [Origjn unkn.] — ارمین (Ermine) گرمی کی فصل میں جس کا سمور بھورا ہوتا ھے۔

Stoating/ Stoting : (n) — بخیہ نظر نہ آئے : نظر نہ آنے والا بخیہ۔

Stob : (n) [ME.] — (۱) بلی : کھونٹا : کھمبا۔ (۲) ٹھنٹھ : ٹنڈ۔

Stob : — دیکھو Stab

Stoccado : (n) [It. 'Stoccata'.] — ہول : وار : بھونک (تلوار ، تیر وغیر کی)۔

Stochastic : (a) [Gr. 'Stochastikos'.] — امکانی : اٹکل پچو۔

Stock : (n) [OE. 'Stoc(c)'.] — (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا : کندہ۔ (۲) تنا۔ (۳) اصل پودا (جس میں پیوند لگایا جائے)۔ (۴) نسل: خاندان : اصل۔ (۵) خام شے (جو دوسری اشیاء کے بنانے میں استعمال ہو)۔ (۶) ذخیرہ (کسی چیز کا)۔ (۷) مال: سامان (تجارت ، پیشے وغیرہ کا)۔ (۸) (اوزار ہتھیار کا) دستہ۔ (۹) ایک پودا (جس کی پتیاں سفید ریشہ دار اور پھول خوشبودار ہوتے ہیں)۔ (۱۰) (جمع تاریخ) کاٹھ جس میں مجرموں کے پاؤں (اور کبھی کبھی ہاتھ بھی) ٹھوک دیئے جاتے تھے۔ (۱۱) (جمع ، لکڑی کا ڈھانچ جس پر جہاز اثنائے تعمیر میں رکھا جاتا ھے۔ (۱۲) اعلیٰ درجے کی اینٹ (جو الاؤ میں پکائی گئی ہو)۔ (۱۳) چمڑے وغیرہ کا پٹا جو گلے میں پہنا جاتا تھا (اس کی جگہ اب کالر استعمال ہوتا ھے)۔ (۱۴) (مالیات) اسٹاک : تمسک (وہ روپیہ جو حکومت کو قرض دیا جائے اور جس کا سود قرض دینے والے کو یا اس شخص کو ادا کیا جائے اور وراثت یا بیع کے ذریعے سے اس کا حقدار ہو)۔ (۱۵) تجارتی شرکت (کمپنی) کا مشترکہ سرمایہ : راس المال۔ (۱۶) کوئی بے جان یا غیر متحرک چیز : بت: مجسمہ۔ (۱۷) (نباتیات) جذر : زمین ساق :پودے کا تنا جو جڑ کی شکل کا ہو۔ (۱۸) (قانون) وراثتی جائداد کا پہلا خریدار۔ (۱۹) قسم : نوع : جنس۔ (۲۰) وہ چوکٹھا جس میں گھوڑے کو کس کر اس کی نعل بندی کی جاتی ھے۔ (۲۱) پلنگ کی پٹی : پلنگ کا وہ حصہ جو دیوار سے سٹا ہوا نہ ہو: پلنگ۔ (۲۲)(مجازاً) زیر ترتیب ادبی کام۔ (۲۳) آتش دان کا چھجا۔ (۲۴)(خشت سازی) سانچے کا پیندا۔ (۲۵) نہائی کا سہارا (جس میں نہائی لگی رہتی ھے)۔ (۲۶) وہ ناند جس میں کپڑے کو رکھ کر صاف اور دبیز بنایا جاتا ھے۔ (۲۷) لنگر کا (لکڑی کا) دستہ۔ (۲۸) لکڑی کا ٹکڑا جس سے گھنٹا لٹکتا ھے۔ (۲۹) ناف چرخ : پہیے کا درمیانی حصہ۔ (۳۰) بندوق کا چوبی حصہ : پستول کا دستہ۔ (۳۱)(انجینئرنگ) برما : رندے کا فریم۔ (۳۲)پیچ کاٹنے والے ڈھانچے کی تطابق پذیر سنسی۔ (۳۳) تالے کا چوبی خول۔ (۳۴) سن کوب : کتان کوب۔ (۳۵) موزہ : جراب۔ (۳۶) شہد کی مکھیوں کی فوج۔ (۳۷) حساب پٹی کا ٹکڑا جو محکمۂ خزانہ میں ادائی کرنے والے شخص کو دیا جاتا تھا۔ (۳۸) صلیب نما پودوں میں سے کوئی ایک۔ (۳۹) ایک قسم کا کسا ہوا گلوبند۔ (۴۰) (فارم کے) سازو سامان : مویشی۔ (۴۱)مستقبل کے استعمال کے لئے جمع کی ہوئی چیزیں۔ (۴۲) یخنی (ہڈی اورگوشت کا شوربا)۔ (۴۳) (تاش) تاش کی گڈی کا وہ حصہ جو بعض کھیلوں میں پتے بانٹنے کے بعد ٹیبل پر رکھ دیا جاتا ھے اور قاعدے کے مطابق کھلاڑی اس میں سے پتے لیتے رہتے ہیں۔ (۴۴)ٹی گنیا (T. Square) کا چھوٹا

اور موٹا حصہ ۔ (۴۵) چمڑے کو کوٹ کر ملائم یا نرم بنانے کی مشین ۔ (۴۶) دیکھو Stock pile ۔ (۴۷) پاک پانی رکھنے والے برتن کا ستون۔ (۴۸) گوشت اور ہڈی کو ابال کر بنائی ہوئی شراب ۔ (۴۹) دیکھو Stock-car ۔ (۵۰) (کسی چیز پر) بھروسا؛ اعتماد ؛ یقین ۔ (۵۱) ٹھنٹھ جس سے نئی شاخ نکلتی ھے ۔ (۵۲) تجارتی مخصوص سامان جسے تاجر خریدار کی آئندہ ضرورت کا لحاظ کر کے جمع رکھتا ھے ۔

Dead stock : (۱) غیر سود مند سرمایہ ؛ ناقابل فروخت مال ۔ (۲) زراعتی یا فارم کے آلات ، ساز و سامان ۔

In stock : قبضہ میں ؛ ہاتھ میں ؛ پاس میں ؛ تیار شدہ ۔

Live stock : مویشی ۔

Off the stock : (۱) دریا یا سمندر میں ڈالا ہوا (جہاز)۔ (۲) مکمل کر کے حوالہ کیا ہوا ؛ مکمل ۔

On the stocks : (۱) زیر تعمیر جہاز ۔ (۲) (مجازاً) جو تیار ہو رہا ہو ؛ نا تمام ؛ نا مکمل ؛ زیر تعمیر یا زیر ترتیب ۔

Out of stock : (کوئی چیز) جو سب فروخت ہو گئی ہو ۔

To shoemaker's stock : (مزاحاً) تنگ جوتا ۔

To lay in a stock : ذخیرہ جمع کرنا ۔

To take stock : (۱) (اشیاء کی) فہرست بنانا یا تیار کرنا (ان کی مقدار اور قدر کے لحاظ سے) ۔ (۲) (مجازاً) اپنی حیثیت کا احتساب کرنا ۔

To take stock in : کسی چیز یا کام سے تعلق پیدا کرنا ؛ اہمیت دینا ؛ اعتبار کرنا ۔

To take stock of : (۱) اندازہ لگانا ؛ قیمت لگانا ؛ آنکنا ۔ (۲) شک کی نگاہ سے دیکھنا (کسی شخص کو) ؛ (کسی میں) دلچسپی لینا ۔

Stock : (v) (۱) بندوق میں کندہ لگانا ؛ (اوزار میں) دستہ لگانا ؛ (گھنٹے کو) چوبی چوکھٹے میں لگانا ۔ (۲) (تاریخ) کاٹھ میں پاؤں ٹھونک دینا ۔ (۳) (فارم میں) مویشی یا ساز و سامان فراہم کرنا ؛ (کان کے لئے) مال فراہم کرنا ؛ سرمایہ فراہم کرنا ؛ (دکان کے لئے چیزوں کا) ذخیرہ جمع کرنا ۔ (۴) دکان میں رکھنا (کوئی مال) ۔ (۵) (زمین پر) کاشت کرنا ؛ پیدا کرنا (چرئی وغیرہ) ؛ گھاس اگانا ۔ (۶) (پودے کے اصل ڈنٹھل سے) نئی شاخ پھوٹنا ۔ (۷) (درخت ، ٹھنٹھ وغیرہ) اکھاڑ دینا ؛ بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا ؛ (پتھر ، باڑ وغیرہ) اکھیڑ دینا ؛ کدال سے زمین کھودنا ۔ (۸) نشو و نما روک دینا ؛ باڑھ روک دینا ۔ (۹) (مادہ جانور کا) گابھن ہونا ۔ (۱۰) گائے کا دودھ نہ دوہنا تاکہ بازار میں گائے کی قیمت زیادہ ملے ۔ (۱۱) چراگاہ کی گھاس کاٹنا یا مویشی کو کھلانا ؛ چراگاہ کی استعمال کرنا (گھاس والی زمین کو) ؛ مویشی چرانا ۔ (۱۲) تاش کے پتوں کو ایک ساتھ گڈی میں رکھنا ؛ پتے لگانا ۔ (۱۳) جنگل سے لکڑی ریل گاڑی یا مل میں دینا ۔ (۱۴) پھول جانا ؛ ورم کر جانا ؛ سوج جانا (گھوڑے کے پاؤں کا) ۔ (۱۵) حصص یا مال جاری کرنا ۔

To stock to : (بحری) (لنگر کو) سیدھے کھینچنا ۔

Stock : (v) پرند کا چونچ مارنا ؛ چونچ مار کر سوراخ کرنا ؛ چونچ سے اکھیڑ دینا ۔

Stock : (adv.) دیکھو Completely

Stock : (a) (۱) معیاری ۔ (۲) عام ؛ معمولی ؛ روایتی ۔ (۳) افزائش نسل کے لئے رکھا ہوا یا پالا ہوا ۔ (۴) مویشی کے لئے ۔ (۵) اسٹاک کمپنی سے متعلق ۔ (۶) فربہ بنائے جانے کے لائق (جانور) ۔ (۷) مستقل ۔

Stock : (n) [G. 'Stoo'.] چھڑی جو اسکی (Ski) کرنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

Stock account : (n) مال کا کھاتا جس میں یہ تفصیل ہوتی ھے کہ کتنا مال آیا اور کتنا فروخت ہوا ؛ کھاتا جس کی جمع میں اصل سایہ اور اضافے لکھے جاتے ہیں اور خرچ میں باز خواست (Withdrawal) اور نقصانات لکھے جاتے ہیں ۔

Stock and blade : (n) (اوزار کا) دستہ اور پھل ۔

Stock and fluke : (n) (بحری) (کسی چیز کی) کل مقدار ۔

Stock annet : (n) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ ۔

Stock beer : (n) تیز بیئر شراب ۔

Stock-blind : (a) بالکل اندھا ۔

Stock-board : (n) (۱) اینٹ کے سانچے کے پیندے کا تختہ ۔ (۲) دیکھو Stock-exchange ۔ (۳) آٹھ ، دس یا بارہ انچ چوڑائی کا تختہ ۔

Stock-book : (n) مال کا کھاتہ ۔

Stock-bowler : (n) (آسٹریلیا) (کرکٹ) مستقل بالر ۔

Stock-breeder : (n) مویشی پالنے والا : مویشیوں کی افزائش نسل کا کاروبار کرنے والا : مویشی فارم کا مالک ۔

Stock-brick : (n) سخت اور ٹھوس اینٹ ۔

Stock-broker/ Stockbroker : (n) اسٹاک کا دلال : تمسکات کا دلال : صرافہ دلال ۔

Stock-broking : (n) صرافہ دلالی ۔

Stock-car : (n) ریس کار جس کا ڈھانچہ عام گاڑیوں کی طرح ہوتا ھے ۔

Stock card : (n) اون صاف کرنے کا کنگھا جس میں مڑے ہوئے تار لگے رہتے ہیں ۔

Stock-cattle : (n) مویشی جو افزائش نسل کے لئے رکھا جائے ۔

Stock-certificate : (n) تمسکی وثیقہ ۔

Stock chute : (n) مویشیوں کو اتارنے چڑھانے کا زینہ ۔

Stock company : (n) کمپنی جس کا سرمایہ مال کی شکل میں ہو ۔

Stock company : (n) نیم مستقل کمپنی جو ایک بڑی مدت کے لئے کسی خاص تھیٹر میں تماشا کرنے کی یا کھیل دکھانے کی پابند ہو ۔

Stock-dead : (a) بالکل مردہ ۔

Stock-deaf : (n) نپٹ بہرا ۔

Stock dove : (n) ایک قسم کی یورپی فاختہ ۔

Stock down : (n) گھاس یا دوسرے چارے کے بیج بونا ۔

Stock-dye : (n) کچے سوت کو رنگنا ۔

Stock-exchange : (n) (۱) صرافہ : وہ مقام جہاں تمسکات ، ہنڈیوں کی خرید و فروخت ہو ۔ (۲) دلالوں کی جماعت جو کسی خاص مقام یا بازار میں کاروبار کرتی ھے ۔

Stock fire : (n) لوہار کی بھٹی کی آگ ۔

Stock-fish : (n) (۱) سکھائی ہوئی مچھلی (کاڈ وغیرہ جسے کاٹ کر بے نمک کے سکھا لیتے ہیں) ۔ (۲) (سکھائی ہوئی مچھلی سے مشابہ) پیٹ کر چپٹی کی ہوئی چیز ۔ (۳) آدمی کے لئے تحقیراً مستعمل ھے ۔

Stock fly : (n) دیکھو Stable fly/ Horn fly

Stock-gilly flower : (n) ایک پودا جس کے پھولوں سے لونگ کی بو آتی ھے ۔

Stock-guard : (n) مویشی کو ریل کی پٹری پر جانے سے روکنے کی پٹری ۔

Stock horse : (n) مویشیوں کی نگہبانی میں استعمال ہونے والا گھوڑا ۔

Stock-in-trade : (n) (۱) تجارت یا کاروبار کا پورا ضروری سامان : تجارت کا مال جو دکاندار یا پھیری والے بکری کے لئے رکھتے ہیں ۔ (۲) کاریگر کا اوزار ، ساز و سامان ۔ (۳)(مجازاً) کل کائنات (کسی شخص کی) ۔

Stock-jobber : (n) (۱) اسٹاک کا سٹّا کھیلنے والا ۔ (۲) دیکھو Stock-broker ۔

Stock-jobbing : (n) اسٹاک کا سٹّا ۔

Stock-jobbing : (a) اسٹاک کے سٹّے کا کاروبار کرنے والا : تمسکات یا حصص خرید و فروخت کرنے والا ۔

Stock-joke : (n) پامال لطیفہ ۔

Stock-list : (n) صرافے کی رپورٹ جو روزانہ یا مقررہ مدت کے بعد چھپتی ھے جس سے اسٹاک وغیرہ کا نرخ معلوم ہوتا رہتا ھے ۔

Stock-lock : (n) تالا جو لکڑی کے خول میں بند رہتا ھے : اور دروازے میں باہر سے لگایا جاتا ھے ۔

Stock lock/ Lock-stock and barrel : (n) کسی چیز کی کل مقدار یا تعداد : کل ۔

Stock-maker : (n) کندہ یا دستہ بنانے والا : کندہ ساز : دستہ ساز ۔

Stock-market : (n) (۱) صرافہ یا اس کا کاروبار ۔ (۲) مویشی فارم : مویشیوں کا بازار ۔ (۳) خاص قسم کے اسٹاک کا بازار ۔

Stock-melon : (n) دیکھو Citron

Stock pass : (n) ریل کے سڑک کے نیچے کا پل جس سے مویشیوں کو پار کرایا یا گزارا جاتا ھے ۔

Stock pea : (n) دیکھو Soy-bean

Stock piece/ -play : (n) (تھیٹر) وہ کھیل ، تماشا جو ہر وقت دکھایا جا سکتا ھے ۔

Stock pigeon: (n) دیکھو Stock dove

Stock-pot : (n) (۱) یخنی دان (وہ برتن جس میں ہڈیوں کی یخنی رکھی جاتی ھے) ۔ (۲) یخنی دان سے مشابہ کوئی چیز ۔

Stock-purse : (n) (کسی متحرک مقاصد کے لئے) مشترک سرمایہ یا فنڈ ۔

Stock-raiser : (n) مویشیوں میں اضافہ کرنے والا : مویشی پالنے والا: افزائش نسل کرنے والا ۔

Stock-rider : (n) (آسٹریلیا) گلہ بان (بھیڑوں کے کھلے فارم کا) ۔

Stock-riding : (n) گلہ بانی ۔

Stock-room : (n) (۱) مال گودام ۔ (۲) (ہوٹل کا ، وہ کمرا جہاں سودا گروں کے کارندے (مال کے) نمونے دکھلا کر فرمائشیں حاصل کرتے ہیں : نمونوں کا کمرا ۔

Stock-still/ Stockstill : (a) بالکل بے حس و حرکت : بت بنا ہوا ۔

Stock-tackle : (n) لنگر کو عموماً اٹھانے کا جر ثقیل ۔

Stock-taker : (n) ذخیرے کا جائزہ لینے والا ۔

Stock-taking : (n) جائزۂ ذخیرہ : (دکان کے مال یا سامان کا) : جائزہ ۔

Stock tank : (n) مویشیوں کو پانی کو پلانے کا مصنوعی تالاب ۔

Stock-whip : (n) مویشی کا کوڑا (جس کا دستہ بہت چھوٹا اور رسی بہت لمبی ہوتی ھے) ۔

Stock-work : (n) (کان کنی) خام دھات (خصوصاً ٹن) سے پُر چٹانیں ۔

Stockade : (n) [Sp. 'Estacada'.] (۱) دھس ۔ (۲) مورچہ : آڑ : حصار (جو لکڑیاں گاڑ کر بنایا جائے) ۔ (۳) خار دار تاروں کی باڑھ جس میں قیدیوں کو رکھا جاتا ھے ۔ (۴) لٹھا یا تھم جو پشتے کا کام دیتا ھے ۔

Stockade : (v) دھس بنانا : لکڑیاں گاڑ کر مورچہ بندی کرنا ۔

Stockage : (n) فوجی سامان رسد کا ذخیرہ ۔

Stockateer : (n) جعلی تمسکات کا دلال ۔

Stockcar : (n) (مویشی کے جانے کا) ریل کا جالی دار ڈبہ : مویشیوں کا ڈبہ مویشیوں کی گاڑی ۔

Stocker : (n) (۱) دستہ لگانے والا : کندہ لگانے والا ۔ (۲) جانور جو ذبح کرنے کے لئے بیچ دیا گیا ہو مگر اسے بڑھنے اور موٹا ہونے کے لئے رکھ چھوڑا گیا ہو : ایسے مویشی پالنے والا ۔ (۳) اوسر جو افزائش نسل کے لئے ہو ۔ (۴)مال گودام میں کنٹرن وغیرہ جمع کرنے والا ۔

Stockholder : (n) (۱) عوامی فنڈ یا مشترکہ سرمایہ والی کمپنی کے اسٹاک کا مالک ، حصے دار ۔ (۲) (آسٹریلیا) وہ شخص جس کے پاس بہت سے مویشی یا بھیڑیں ہوں ۔

Stockholm : (n) اسٹاک ہوم : سوئیڈن کا دارالسلطنت : راجدھانی ۔

Stockholm pitch : (n) اسٹاک ہوم قیرسے بننے والی رال ۔

Stockholm tar : (n) صنوبر سے حاصل ہونے والی رال سے بننے والا قیر ۔

Stockily : (adv.) ناٹے یا گٹھیلے طور پر ۔

Stockinette/ Stockinet : (n) [alter of Stocking net.] (۱) (سلائی سے بنا ہوا) لوچدار کپڑا جس سے بنیان وغیرہ بنتی ہیں ۔ (۲) ایسے کپڑے کا بنا ہوا لباس ۔

Stocking : (n) (۱) موزہ : جراب ۔ (۲) روپیہ جمع کرنے کا موزہ : روپے کی بڑی مقدار ۔ (۳) موزے سے مشابہ ایک آلۂ جراحی ۔ (۴)گھوڑے کے پیر کی پٹی ۔ (۵) پرند یا چوپائے کا پیر یا اس کا نچلا حصہ (اگر اس کا رنگ جسم کے رنگ سے مختلف ہو) ۔

Elastic stocking : موزے کی قسم کی چیز جس سے سر جن چوٹ کھائے ہوئے عضلات وغیرہ کو باندھنے کا کام لیتے ہیں ۔

In one's stocking feet : صرف موزے پہنے (بغیر جوتے کے) ۔

Stocking : (v) موزے پہنانا ۔

Stocking cap : (n) بنی ہوئی مخروطی ٹوپی ۔

Stocking-foot : (n) جراب : موزے کا نچلا حصہ ۔

Stocking-frame : (n) موزہ وغیرہ بننے کی مشین ۔

Stocking mask : (n) نائلون کی جراب جسے جرائم پیشہ لوگ بطور نقاب منہ پر لگاتے ہیں ۔

Stocking-needle : (n) رفو کرنے کی سوئی : رفو گری کی سوئی ۔

Stocking-sole : (n) جراب کا وہ حصہ جو تلوے کے نیچے رہتا ھے ۔

In one's stocking sole : بغیر جوتے کے ۔

Stocking stitch : (n) ایک قسم کی بخیہ یا سلائی جو جراب میں کی جاتی ھے ۔

Stockinged : (a) (۱) موزے پہنے ہوئے : موزہ دار ۔ (۲) پاموز ۔

Stockinger : (n) موزے وغیرہ بننے کے کارخانے کا مزدور : موزہ بننے والا ۔

Stockingless : (a) بے موزے کا : بے جراب کا (پاؤں) ۔

Stockish : (a) (۱) ٹھنٹھ سے مشابہ : کندہ سے مشابہ ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی) حد سے زیادہ غبی : کند ذہن ۔

Stockist : (n) کسی مخصوص قسم کے مال کا ذخیرہ رکھنے والا : تھوک فروش ۔

Stockjudging : (n) مویشیوں کی نوعیت کی تشخیص کرنا ۔

Stockless : (a) بے دستے کا (لنگر) : بے کندے کی (بندوق) ۔

Stockman : (n) (۱) مویشیوں کا نگہبان : گڈریا ۔ (۲) (آسٹریلیا) اسٹاک فارم کا داروغہ ۔ (۳) مویشیوں کا مالک ۔

Stockpile : (n) (۱) کنکر ، روڑا وغیرہ جس کا سڑک بنانے کے لئے سڑک کے کنارے انبار لگا دیا جاتاھے ۔ (۲) (کوئلے یا خام دھات کا) انبار (بطور محفوظ ذخیرہ کے) ۔ (۳) ضروری محفوظ اشیاء ۔ (۴) کسی چیز کا ذخیرہ خصوصاً جوہری ہتھیاروں کا ۔

Stockpile : (v) (۱) انبار لگانا (کوئلے ، خام دھات وغیرہ کا) ۔ (۲) ذخیرہ جمع کرنا (ضروری اشیاء کا) ۔

Stockpiling : (n) ذخیرہ اندوزی : انبار لگانا ۔

Stockproof : (a) مویشی روک : جس میں مویشی نہ سما سکے یا نہ داخل ہو سکے ۔

Stocks and stones : (n) (۱) لکڑی اور پتھر کی مورتیاں : دیوتا ۔ (۲) غیر ذی روح اشیاء : بے جان چیزیں ۔ (۳) مٹھے آدمی : مٹی کے تودے ۔

Stocky : (a) (۱) (نباتیات) گٹھیلا : موٹا ۔ (۲) (جڑ) چوبی ۔

(۲) (آدمی) چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم کا : گچگینا : ناٹا : پست قد ۔

Stockyard : (n) (۱) مویشی باڑہ ۔ (۲) مال گودام ۔

Stodge : (n) (۱) گاڑھا رقیق مرکب ۔ (۲) کیچڑ ۔ (۳) سخت نشاستہ دار غذا ۔ (۴) ندیدہ : مربھکا ۔ (۵) (اسکول کے بچوں کا عامیانہ) غذا : کھانا : ثقیل غذا ۔ (۶) ٹھس خیال : احمقانہ خیالات ۔ (۷) آہستہ کام کرنے والا شخص ، سست : نکما : کاہل ۔

Stodge : (v) (۱) بھر دینا : ٹھونس ٹھونس کر بھر دینا ۔ (۲) (عام) ندیدوں کی طرح کھانا ۔ (۳) کیچڑ یا دلدل میں پھنس جانا ۔ (۴) مسلسل کام کرنا ۔ (۵) کیچڑ یا دلدلی زمین بہ دقت چلنا ۔ (۶) ملانا : پھینٹنا ۔

Stodger : (n) ٹھس آدمی ۔

Stodgy : (a) (۱) ثقیل : بھاری : دیر ہضم (غذا) ۔ (۲) (جیب ، بٹوا وغیرہ) بھرا ہوا : پھولا ہوا ۔ (۳) (کتاب ، عبارت وغیرہ) ٹھس (جس میں تفصیلات بہت ہوں اور دلچسپی کی باتیں کم ہوں) ۔ (۴) بھدا : بھاری قدموں سے چلنے والا (مٹاپے کی وجہ سے) ۔ (۵) غیر دلچسپ : بے لطف : روکھا پھیکا ۔ (۶) پرانی وضع کا : پرانے خیال کا : پرانی روشنی کا : دقیانوسی ۔ (۷) بد قطع : بھدا ۔ (۸) انتہائی قدامت پسند ۔ (۹) موٹا : پھولا ہوا ۔

Stoechas : (n) [Gr.] ایک پودا: فرنچ لونڈر ۔

Stoep : (n) [Du.] : (جنوبی افریقہ) مکان کے سامنے کا اونچا بر آمدہ : تھڑا ۔

Stog : (n) (اسکاچستان) دیکھو Stab

Stog : (v) (۱) دقت سے چلنا : پاؤں گھسیٹتے ہوئے چلنا ۔ (۲) دلدل میں دھنسا دینا ۔

Stogy/ Stogie : (n) [f. 'Stoga' short for Conestoga, a town in Pennsylvania.] (۱) ایک طرح کا بھدا بوٹ ۔ (۲) لمبا بھدا سگار ۔

Stogy : (a) بھدا : لمبا (سگار یا بوٹ) ۔

Stoic : (n) [L. 'Stoicus'.] (۱) رواقی فلسفی : رواقی (اس مذہب فلسفہ کا پیرو جو زینو (Zeno) نے ۳۰۸ ق م میں ایتھنس میں قائم کیا تھا ، جس میں صرف خیر مقصد حیات قرار دی گئی تھی اور ضبط جذبات کی اور راحت و الم کے احساس سے آزاد ہو جانے کی تلقین کی جاتی تھی) ۔

Stoic : (a) (۱) رواقی : رواقی فلسفے سے متعلق ۔ (۲) بے حد مستقل مزاج : باضابطہ آدمی : زاہد ۔

Stoical : (a) (۱) رواقی : رواقیوں سے متعلق ۔ (۲) بے حد ضبط و استقلال کا ۔ (۳) (آدمی) کٹرپن یا زہد و اتقامیں رواقیوں سے مشابہ ۔

Stoically : (adv.) بے حد ضبط و استقلال سے ۔

Stoicheiological/ Stoichiological : (a) علم عناصر سے متعلق : اساسیات فکر سے متعلق ۔

Stoicheoilogy/ Stoichiology : (n) [Gr. 'Stoicheion' + logy.] (۱) علم عناصر ۔ (۲) (منطق) اساسیات فکر ۔ (۳)(عضویات) حیوانی نسیجوں کے اصول کا مطالعہ : اس پر مبنی علاج کا طریقہ ۔

Stoicheiometric : (a) (کیمیا) کیمیاوی مقادیر پیمائی سے متعلق ۔

Stoicheiometrical : (a) دیکھو Stoicheiometric

Stoicheiometry : (n) (کیمیا) کیمیاوی مقادیر پیمائی : تناسبی کیمیا : جوہری وزن نکالنے کا علم : کیمیائی عناصر کے تخمینے کا علم ۔

Stoicism : (n) (۱) رواقیت : رواقی فلسفہ ۔ (۲) بے حسی : بے احساسیت : بے حد ضبط یا استقلال ۔

Stoirin : (n) (آئرستان) دیکھو Darling

Stoit : (v) [Du. 'Stuiten'.] (۱) (اسکاچستان) ڈگمگانا : لڑکھڑانا ۔ (۲) اچھل جانا : کودنا : جست کرنا ۔

Stoiter : (v) (اسکاچستان) لڑکھڑانا : ڈگمگانا : جھوک کھانا : قدم کو لغزش ہونا ۔

Stoke : (v) [Back-formation from 'Stoker'.] (۱) (بھٹی) جھونکنا ۔ (۲) (انجن کی بھٹی) جھونکنا : اسٹوکر کا کام کرنا ۔ (۳) (مزاحاً) (مجازاً) جلدی جلدی نگلنا (کھانا) ۔

Stoke-hold : (n) (۱) (بحری) بھٹی خانہ : وہ کمرا جس میں اسٹیمر کی بھٹی جلتی ہے ۔ (۲) وہ جگہ جہاں کھڑے ہو کر بھٹی کو جھونکا جاتا ہے ۔

Stoke-hole : (n) [Du. 'Stookgat'.] بھٹی کے سامنے کی وہ جگہ جہاں اسٹوکر کھڑا ہو کر بھٹی جھونکتا ہے : موکھا جس سے بھٹی جھونکی جاتی ہے ۔

Stoker : (n) [Du. 'Stoker'.] (۱) بھٹی جھونکنے والا (خصوصاً ریل اور اسٹیمر کے انجن کی) : اسٹوکر : انجن جھونکا : فائر مین ۔ (۲) بھٹی جھونک مشین ۔ (۳) (جمع) سیاہ کنکر ملا مادہ جو اسٹیم انجن کے دود کش سے نکلتا ہے ۔

Mechanical stoker : بھٹی جھونکنے کی مشین ۔

Stokes litter : (n) ایک قسم کی بیمار ڈولی جو انسانی جسم کے مطابق بنائی جاتی ہے اور جس میں بیمار یا زخمی شخص رکھ کر پٹی سے کس یا جکڑ دیا جاتا ہے ۔

Stokes stretcher : (n) دیکھو Stokes litter

Stokroos : (n) [Afr.] (افریقہ) ایک قسم کا ریشہ دار پودا ۔

Stokvis : (n) دیکھو Stock-fish

Stola : (n) [Gr. 'Stole'.] یونانی اور رومی عورتوں کا لمبا چوغہ ۔

Stole : (n) [OE.] (۱) لمبا چوغہ ۔ (۲) (مردوں اور عورتوں کے لباس میں) ریشم یا کپڑے کا ٹکڑا جو گردن سے کندھوں پر اور نیچے گھٹنوں تک لٹکتا رہتا ہے (ڈیکن کے لباس میں صرف بائیں کندھے پر ہوتا ہے) ۔ (۳) (عورتوں کا) سمور یا پرندوں کے پروں کا بنا ہوا لباس یا کالر (جو ڈیکن کے لباس سے مشابہ ہوتا ہے اور کندھے پر ڈالا جاتا ہے) ۔

Groom of the stole : بادشاہ کا اعلیٰ مصاحب یا اس کا عہدہ ۔

Stole : (n) (۱) (نباتیات) فرخ : ساق بچہ ۔ (۲) دیکھو Stolon ۔

Stole : (v) (نباتیات) (پودے کا) فرخ نکلنا ۔

Stole : دیکھو Steal

Stole-mesh : (n) مچھلی پکڑنے کے جال کا دوہرا پھندا ۔

Stoled : (a) لمبا چوغہ پہنے ہوئے ۔

Stolen : (a) (۱) چرایا ہوا : مسروقہ ۔ (۲) خفیہ : چوری چھپے کیا ہوا : چھپ چھپاکے لیا ہوا ۔

Stolid : (a) [L. 'Stolidus'.] ٹھس : بے حس : دھیما : مٹھا : اڑیل : بھوندو : پلید ۔

Stolidity : (n) مٹھاپن : اڑیل پن سے : بھوندوپن : بلاوت ۔

Stolidity : (adv.) مٹھے پن سے : اڑیل پن سے : بھوندوپن سے ۔

Stolkjaerre : (n) [Norw.] ناروے میں استعمال ہونے والی دو پہیوں کی گاڑی جس میں آگے دو نشستیں ہوتی ہیں اور پیچھے چلانے والے کی نشست ہوتی ہے ۔

Stollen : (n) [G 'Stolle'.] ایک قسم کی میٹھی روٹی ۔

Stolo : (n) [L.] (۱) (نباتیات) فرخ : ساق بچہ : پودے کی بڑی شاخ جو علاحدہ جڑ پکڑ لیتی ہے اور جس کی نئی شاخیں پھوٹتی ہیں : کائی کی زیر زمین شاخ جس میں پتیاں نکلتی ہیں ۔

Stolon : (n) [L. 'Stolo, Stolon'.] دیکھو Stolo

Stolonate : (a) فرخ زا : مفرخ ۔

Stoloniferous : (a) دیکھو Stolonate

Stolonization : (n) فرخ زائی : فرخ کا پیدا ہونا ۔

Stoma : (n) [Gr. 'Stoma'.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) دہن : فم منہ ۔ (۲) (نباتیات) مسام ۔

-stoma : جزو ترکیبی بمعنی "دہن" : "منہ" : "فم" ۔

-stoma : جزو ترکیبی بمعنی "دہن دار" ۔

Stomach : (n) [ME. 'Stomak'.] (۱) معدہ : پوٹا (پرندوں کا) ۔ (۲) جگالی کرنے والے جانوروں کے متعدد معدوں میں سے کوئی ایک معدہ ۔ (۳) (بیجا استعمال) پیٹ : شکم ۔ (۴)بھوک ۔ (۵) شوق : دم : ہمت (لڑنے ، بحث کرنے وغیرہ کی) ۔ (۶) جسم کا وہ حصہ جہاں معدہ رہتا ہے ۔

On an empty stomach : خلوئے معدہ میں ۔

On a full stomach : بھر پیٹ غذا کے بعد ۔

Pit of the stomach : کوڑی ۔

Proud of high stomach : غرور : گھمنڈ : کبر : تمکنت ۔

To lie (heavy) on one's stomach : (غذا کا) بد ہضمی پیدا کرنا ۔

Stomach : (v) (مجازاً) برداشت کرنا (ذلت ، توہین وغیرہ کا) : گوارہ کر لینا ۔

Stomach-cough : (n) کھانسی جو بد ہضمی سے پیدا ہوتی ہے ۔

Stomach-pump : (n) معدہ پمپ : معدہ کی پچکاری (جس سے معدے میں سیال شے پہنچاتے یا اس میں سے نکال لیتے ہیں) ۔

Stomach-staggers : (n) مرگی جو گھوڑے کو معدے کے ماؤف ہونے کی وجہ سے ہو جاتی ہے : صرع اسپ ۔

Stomach-syringe : (n) دیکھو Stomach-pump

Stomach-tooth : (n) بچوں کی کچلی : جس کے نکلنے کے دوران میں عموماً معدہ خراب رہتا ہے ۔

Stomach-tube : (n) معدے کی نلکی (حلق سے معدے میں پہنچا کر اسے صاف کرنے کے لئے یا غذا پہنچانے کے لئے) ۔

Stomach-worm : (n) کرم معدہ ۔

Stomachache : (n) پیٹ کا درد : درد شکم : درد معدہ ۔

Stomachal : (a) معدے کا : معدی ۔

Stomached : (a) معدہ دار : شکم دار ۔

Stomacher : (n) عورتوں کے لباس کا جواہرات سے مرصع سامنے کا حصہ جو سینے کو ڈھکتا تھا ۔

Stomacher : (n) (گھونسا بازی) پیٹ پر لگائی جانے والی ضرب ۔

Stomachic : (a) (۱) معدی : معدے کا ۔ (۲) ہاضم : مفید معدہ : مشتہی : مقوی معدہ : ہاضوم ۔

Stomachic : (n) ہاضم دوا : مقوی معدہ دوا ۔

Stomaching : (n) برداشت کرنا : گوارا کرنا ۔

Stomachless : (a) بے معدہ ۔

Stomachy : (a) (۱) چڑچڑا : زود رنج : بد مزاج : تنک مزاج ۔ (۲) الوالعزم ۔ (۳) بڑی توند والا ۔

Stomal : (a) منہ سے متعلق یا منہ کے قریب واقع ۔

Stomapod : (n & a) [mod. L. 'Stomapoda'.] دہن پا : ایک قسم کا قشریہ ۔

Stomatal : (a) (۱) دہنی : فمی ۔ (۲) دہن دار ۔

Stomate : (n) (نباتیات) مسام ۔

Stomate : (a) مسام دار : منہ والا ۔

Stomatic : (a) [L. 'Stomaticus'.] دیکھو Stomatal

Stomatitic : (a) ورم دہن سے متعلق ۔

Stomatitis : (n) التہاب الفم : منہ کی جھلی کا ورم : قلاع : ورم دہن ۔

Stomato- : [Gr. 'Stomato-'.] جزو ترکیبی بمعنی "منہ" : "دہن" ۔

Stomatodaeum : (n) اغلاف دہن : دائرہ یا باضمے کا اندرونی حصہ ۔

Stomatode : (a) [mod. L. 'Stomatoda'.] حوینات اولیہ کی اس جنس سے متعلق جن کے منہ ہوتا ہے ۔

Stomatode : (n) حوین اولیہ جس کے منہ ہو ۔

Stomatogastric : (a) فمی معدی : منہ اور معدے کا ۔

Stomatologic/ -al : (a) فمیاتی : فمیات سے متعلق ۔

Stomatologist : (n) ماہر فمیات : علم امراض دہن کا ماہر ۔

Stomatology : (n) علم امراض دہن : فمیات ۔

Stomatoplastic : (a) منہ کی پلاسٹک سرجری سے متعلق ۔

Stomatoplasty : (n) منہ کی پلاسٹک سرجری : دہن پیوندی ۔

Stomatopod : (a) [mod. L. 'Stamatopoda'.] (حیوانیات) دہن پا یا پایاں سے متعلق : قشریوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Stomatopod : (n) دیکھو Stomapod

Stomatoscope : (n) دہن بیں : منہ کے اندرونی حصے کی جانچ کرنے والا ۔

Stomatose : (a) مسام دار : منہ والا ۔

Stomatous : (a) دیکھو Stomatose

-stomatous : جزو ترکیبی بمعنی "منہ والا" ۔

Stome : جزو ترکیبی بمعنی "منہ" : "دہن" : "منہ جیسا شگاف والا" ۔

Stomodaeal / Stomadeal : (a) اغلاف دہن سے متعلق ۔

Stomodaeum/ Stomodium : (n) [Gr. 'Stoma' + -'Odaios'.] اغلاف دہن : دائرہ یا باضمہ کا اندرونی حصہ ۔

Stomp : (n) [U.S.] ایک قسم کا رقص جس میں پیروں کو زور سے پٹکتے ہیں : اسٹامپ ۔

Stamp : (v) اسٹامپ رقص کرنا ۔

Stone : (n) [OE. 'Stan'.] (۱) پتھر : پتھر کا ٹکڑا : سنگ : حجر : سنگریزہ ۔ (۲) قیمتی پتھر : گوہر : جوہر ۔ (۳) پتھر : سنگ (بحیثیت جنس) ۔ (۴) کسی خاص قسم کا پتھر جو خاص کام کے لئے بنایا جائے ۔(۵) پتھری (جو گردے، مثانے وغیرہ میں بن جاتی ہے): پتھری کا مرض : حصاۃ ۔ (۶) گٹھلی (پھلوں کی) : بیج (انگور کا) ۔ (۷) خصیہ : بیضہ : فوطہ : خایہ ۔ (۸) اولا : ژالہ ۔ (۹) اسٹون : وزن کا پیمانہ ۔ (۱۰) سنگ پارس : پارس پتھر ۔ (۱۱)سنگ مزار ۔ (۱۲) کھیلوں میں استعمال ہونے والا بھاری پتھر۔ (۱۳) پتھر کی سِل ۔ (۱۴) خام دھات کا ڈلا (خصوصاً ٹن کا) ۔ (۱۵) بے حرکتی : بے حسی : بے وقوفی : سختی وغیرہ کی علامت ۔

A rolling stone gathers no moss : دیکھو Moss

To cast, put, or throw the stone : (کھیل میں) پتھر پھینکنا ۔

To cast the first stone : اپنی معصومیت ظاہر کرنا ۔

To give a stone for bread : مدد کے بہانے ہنسی اڑانا ۔

To kill two birds with one stone : ایک پنت دو کاج ۔

To leave no stone unturned : کوئی کوشش اٹھا نہ رکھنا : پوری پوری کوشش کرنا : دقیقہ اٹھا نہ رکھنا : سخت کوشش کرنا ۔

To set a stone rolling : کوئی کام شروع کرنا ، جس کا نتیجہ تباہ کن ہو سکتا ہے ۔

To throw, (cast) a stone or stones (at) : (۱) پتھر مارنا ۔ (۲) الزام لگانا : کسی کی ذات پر حملہ کرنا ۔

Stone : (a) (۱) سنگی : پتھر کا بنا ہوا ۔ (۲) عصر حجری کا : پتھر جگ کا ۔ (۳) (پالتو نر جانور) غیر آختہ ۔

Stone : (v) (۱) پتھر مارنا : سنگسار کرنا ۔ (۲) پتھر لگانا : پتھروں سے بنانا ۔ (۳) پتھر سے رگڑ کر صاف کرنا ۔ (۵) گٹھلی نکالنا (پھل سے) ۔(۶) گٹھلی پڑنا ۔ (۷) بے حس بنا دینا ۔

Stone age : (n) عصر حجری : عہد حجری : پتھر جگ : پتھر کا زمانہ (جب سارے اوزار وغیرہ پتھر کے ہوتے تھے) ۔

Stone-axe : (n) (۱) پتھر کاٹنے والا دو پھلا تیشہ ۔ (۲) سنگی تیشہ : پتھر کی بنی کلہاڑی ۔

Stone-bark : (n) (نباتیات) سخت چھال : چھال جس میں موٹے اور سخت خلیے ہوں ۔

Stone-basil : (n) جنس ریحاں : کالی تلسی کی ایک قسم ۔

Stone-bass : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کے گلپھڑے کے ڈھکن پر سخت ابھار ہوتا ہے ۔

Stone-bird : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ۔ (۲) چہا کی ایک قسم ۔

Stone-blind : (a) بالکل اندھا : نپٹ اندھا : اندھا چوپٹ : اندھا سوس : مکمل طور پر نابینا ۔

Stone-blindness : (n) نپٹ اندھاپن ۔

Stone-blue : (n) مانڈی اور نیل کا مرکب جو کپڑا دھونے میں کام آتا ہے ۔

Stone-boat : (n) پتھر لے جانے کی کشتی یا جہاز ۔

Stone-boiling : (n) گرم پتھر ڈال کر پانی گرم کرنا : پتھر کو گرم کر کے رکھ دینا (پانی میں) ۔

Stone-borer : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Stone-bow : (n) (۱) سنگی محراب ۔ (۲) غلیل ۔

Stone-bramble : (n) ایک قسم کی خاردار جھاڑی ۔

Stone-break : (n) دیکھو Saxifrage

Stone-breaker : (n) سنگ شکن ۔

Stone-breaking : (n) پتھر توڑنا : سنگ شکنی ۔

Stone-brick : (n) سخت اینٹ یا بھٹی کی اینٹ جو ویلس میں بنتی ہے ۔

Stone-broke : (a) بالکل قلاش : بالکل کنگال ۔

Stone-bruise : (n) (۱) تلوے کی خراش (نیچے پتھر آ جانے کی وجہ سے) ۔ (۲) ٹائر کا کسی سخت چیز سے ٹکرانے سے پیدا ہونے والا نقصان ۔

Stone-buck : (a) دیکھو Steinbock

Stone-butter : (n) ایک قسم کی ملائم پھٹکری ۔

Stone-canal : (n) (حیوانیات) قنات سنگین ۔

Stone-cast : (n) پتھر کی زد : جتنی دور پھینکا جا سکے ۔

Stone-cat : (n) شمالی امریکا کی دریائی گربہ ماہی ۔

Stone-cell : (n) (نباتیات) خلیۂ سخت ریشہ ۔

Stone-china : (n) قدیم انگلستانی سفید اور نیم شفاف چینی ظروف ۔

Stone-chippings : (n) سنگریزے ۔

Stone-circle : (n) (اثریات) پتھروں کا گھیرا جو عہد قدیم کے لوگ بناتے تھے ۔

Stone-coal : (n) چھوٹا کوئلہ (جس میں پتھر کا جزو زیادہ ہوتا ہے) ۔

Stone-cold : (a) بالکل ٹھنڈا ۔

Stone-colour : (n) سنگی رنگ : زردی مائل یا سانولا مائل خاکستری رنگ ۔

Stone-coral : (n) ایک قسم کا مرجان (مونگا) ۔

Stone-crab : (n) (۱) بعض قسم کے کیکڑوں کا نام ۔ (۲) ایک پتنگے کا پہل روپ جسے ماہی گیری میں بطور چارہ استعمال کرتے ہیں ۔

Stone-crawfish/ -creyfish : (n) ایک قسم کی جھینگا مچھلی ۔

Stone-cricket : (n) بے پر کا جھینگر ۔

Stone-crusher : (n) سنگ شکن مشین ۔

Stone-curlew : (n) ایک قسم کا پلور (Plover) جس کا گھٹنا موٹا ہوتا ہے ۔

Stone-cutter : (n) (۱) حجار : پتھر ساز ۔ (۲) پتھر کاٹنے کی مشین ۔

Stone-cutter's disease : (n) پتھر تراشوں کے پھیپھڑے کی ایک بیماری جو پتھر کی گرد سانس کے ساتھ اندر جانے سے ہو جاتی ہے ۔

Stone-cutting : (n) حجاری : سنگ سازی ۔

Stone-dead : (a) بالکل مردہ : بالکل ٹھنڈا۔

Stone-deaf : (a) بالکل بہرا : نپٹ بہرا۔

Stone-deafness : (n) نپٹ بہراپن۔

Stone-devil : (n) ایک بڑے شمالی امریکی پتنگے کا لمبی عمر والا گوشت خور پہل روپ۔

Stone-drag : (n) دیکھو Stone-boat

Stone-dresser : (n) دیکھو Stone-cutter

Stone-dust : (n) گرد بھرا پتھر : پتھر کی گرد۔

Stone dyke/ -dike : (n) پتھروں کا بنا ہوا مورچہ یا پشتہ۔

Stone-eater : (n) دیکھو Stone-borer

Stone-engraving : (n) پتھر پر کندہ کاری کا فن : سنگی طباعت۔

Stone-era : (n) دیکھو Stone-age

Stone-falcon : (n) ایک قسم کا باز۔

Stone-fall : (n) شہابی پتھر یا پہاڑ پر سے پتھروں کا گرنا۔

Stone-fence : (n) (۱) سنگی مورچہ : سنگی دیوار : سنگی گھیرا ، احاطہ۔ (۲) (امریکی عامیانہ) مرکب شراب : وہسکی : جن ، برانڈی اور سیب کی شراب کا مرکب۔

Stone-fern : (n) پتھریلے علاقوں میں اگنے والا سرخس (Fern)۔

Stone-fly : (n) سنگ مکھی : ایک قسم کا کیڑا جو پتھروں کے نیچے ملتا ہے اور ٹراؤٹ مچھلی کے شکار میں چارے کا کام دیتا ہے۔

Stone-fruit : (n) سنگ بر : گٹھلی دار پھل : نواتی ثمر۔

Stone-ground : (n) چکی میں پیسا ہوا۔

Stone-hammer : (n) پتھر توڑنے کا ہتھوڑا : پتھر کو چکنا کرنے کا ہتھوڑا : ہدان : ملطاس۔

Stone-hawk : (n) دیکھو Stone-falcon

Stone-heading : (n) (کوئلہ کی کان میں) زمین دوز راستہ جو پتھر یا چٹان سے گزرتا ہے۔

Stone-hearted : (a) سنگ دل : بے رحم : سخت دل۔

Stone-horse : (n) دیکھو Stallion

Stone(-) jug : (n) (۱) سنگی جگ۔ (۲) (عام) قید خانہ : نیوگیٹ کے قید خانے کا نام۔

Stone-lily : (n) متحجر سوسینہ (جو ڈنٹھل پر لگے سوسن سے مشابہ ہوتا ہے)۔

Stone-marten : (n) جنوبی یورپ کے نیولے کی قسم کا جانور جس کا سینہ سفید ہوتا ہے اور جس کی دم بہت قیمتی ہوتی ہے : سفید سینہ سمور : سمور زان۔

Stone-mill : (n) (۱) پیسنے کی مشین۔ (۲) پتھر چکنا کرنے کی مشین۔ (۳) پاٹ والی چکی : آٹا پیسنے کی مل جس میں سنگ آسیا استعمال کیا جاتا ہے۔

Stone-milled : (a) دیکھو Stone-ground

Stone-mint : (n) ایک قسم کی بوٹی۔

Stone of stumbling : (n) (۱) رکاوٹ : مزاحمت : مانع : سنگ راہ۔ (۲) رسوائی یا ٹھوکر کا مقام۔

Stone of tin : (n) ٹن کے کچ دھات کا ڈلا۔

Stone-oil : (n) (۱) بیٹومن (Bitumen) کی ایک قسم۔ (۲) پٹرولیم۔

Stone-parsley : (n) ایک قسم کی جھاڑی۔

Stone-period : (n) دیکھو Stone-age

Stone-pine: (a) جنوبی یورپ کا صنوبر جس کے اوپر کی شاخیں چھتری کی طرح چھائی ہوئی ہوتی ہیں۔

Stone-pit : (n) پتھر کی کان : کھدان : کھان۔

Stone-plover : (n) کروان : پلور کی ایک قسم۔

Stone-pock : (n) (مرضیات) سخت ریم دار مہاسا۔

Stone-river : (n) صخری ندی۔

Stone-roller : (n) شمالی امریکا میں پائی جانے والی دو قسم کی دریائی مچھلیاں۔

Stone-runner : (n) پلور، ٹیٹری وغیرہ اقسام کے بعض پرندے۔

Stone-sand : (n) پتھر کا چور جو ریت کی جگہ استعمال کیا جاتا ھے۔

Stone-saw : (n) سنگارا : پتھر کاٹنے کا آرا جس میں دانت نہیں ھوتے اور ریت کی مدد سے پتھر کاٹتا ھے۔

Stone-shot : (n) (۱) پتھر کا گولا (توپ سے پھینکنے کے لئے)۔ (۲) دیکھو Stone's-throw ۔

Stone-shower : (n) شہاب ثاقب کا گرنا۔

Stone-slate : (n) سنگی سلیٹ کے چوکے (چھت میں لگانے کے لئے)۔

Stone-smatch/ Stone-smitch : (n) دیکھو Stonechat

Stone-snipe : (n) امریکی چہا۔

Stone's throw : (n) پتھر کی زد : جتنی دور پتھر پھینکا جا سکے۔

Stone-still : (adv.) بالکل خاموش طور پر : بے حس و حرکت۔

Stone-still : (a) بالکل خاموش: بے حس و حرکت : بالکل ساکت۔

Stone-wall : (n) (۱) پتھروں کی دیوار یا روک۔ (۲) (آسٹریلیا) (سیاسی عامیانہ) پارلیمانی کاروائی میں رکاوٹ۔

Stone-wall : (v) (۱) رکاوٹ ڈالنا (پارلیمنٹ کی کاروائی میں)۔ (۲) (کرکٹ) نہایت احتیاط سے اس طرح کھیلنا کہ ہٹ بالکل نہ دکھائی جائے۔ (۳) کام نہ چلنے دینا : چلتے کام میں روڑے اٹکانا : مزاحمت کرنا۔ (۴) سنگی دیوار یا روک کھڑی کرنا۔

Stone-waller : (n) رکاوٹ ڈالنے والا: بے حد احتیاط کا کھیل کھیلنے والا۔

Stone-weight : (n) وزن کا پیمان : ۱۹ اسٹون۔

Stone-work : (n) (۱) پتھروں کی معماری : پتھر کا کوئی ماہرانہ کام : فنی کام۔ (۲) فنی بتگری : سنگی نقاشی۔ (۳) سنگ کاری : معماری۔ (۴) (کوئلے کی کان میں) پتھروں کو (کاٹ کر) زیر زمین راستہ بنانا۔

Stone worker : (n) پتھروں سے کام کرنے والا : پتھروں کو کاٹنے، کندہ کاری کرنے یا چکنا کرنے والا : سنگ کار۔

Stone-yard : (n) باڑا جس میں پتھروں کو توڑا یا کاٹا جاتا ھے۔

Stonebrash : (n) پتھریلی زمین۔

Stonechat : (n) چکچکی : ایک خوش آواز چڑیا۔

Stonecrop : (n) پتھر بیل : ایک قسم کی بیل جو عموماً چٹانوں یا دیواروں پر چڑھتی ھے۔

Stoned : (a) مخمور : مدھوش۔

Stonehatch : (n) پلور (Plover) کی ایک قسم۔

Stonehenge : (n) Salisbury plain کا مشہور سنگی گھیرا۔

Stoneless : (a) بے گٹھلی کا : بے پتھر کا۔

Stonelike : (a) پتھر جیسا : حجر نما۔

Stoneman : (n) (۱) کمپوزیٹر جو ٹائپ کو ترتیب کے ساتھ رکھ کر فرمے میں جماتا ھے۔ (۲) پتھروں کا کام کرنے والا : سنگ کار۔ (۳) دیکھو Stone-mason ۔

Stonemason : (n) پتھر کا معمار : پتھر گھڑنے والا یا پتھر کی عمارتیں بنانے والا معمار : راج : سنگ تراش : سنگ کار۔

Stonen : (a) سنگی : پتھر کا بنا ھوا۔

Stoner : (n) (۱) سنگسار کرنے والا: پتھر مارنے والا۔ (۲) گٹھلی دار پھل سے پتھر (کے تکڑے) نکالنے کی ایک ترکیب : کافی یا گیہوں سے پتھر (کے تکڑے) نکالنے کی ترکیب : کمائے ھوئے چمڑے کے روئیں جھانوے سے صاف کرنے والا مزدور۔

Stoner : (n) (سابقہ کے ساتھ) ..... اتنے اسٹون وزن کا...... اسٹون وزن اٹھانے والا (گھوڑا)۔

Stonern : (a) دیکھو Stonen

Stonesfield slate : (n) (ارضیات) چونا پتھر اور کلسی بھربھرے پتھر کی پتلی پرت جو آکسفورڈ شائر اور گلوسسٹر شائر میں پائی جاتی ھے۔

Stoneware : (n) پتھر چینی کے برتن (جو چکنی مٹی اور چقماق کو ملا کر بنائے جاتے ہیں)۔

Stonewort : (n) کئی قسم کے پودوں اور جھاڑیوں کے نام۔

Stonily : (adv.) پتھر کی طرح سے : بے حس نظر سے : پتھرائی ھوئی نظر سے۔

Stoniness : (n) پتھر کا سا ھونا : بے حس ھونا (نظر کا)۔

Stonk : (v) توپ خانے سے گولا باری کرنا۔

Stonker : (v) [Origin unkn.] ہرانا : مات : شکست دینا : ناکارہ یا بیکار بنا دینا۔

Stonkered : (a) تھکا ہوا : تھکا ماندہ۔

Stony : (a) [OE. 'Stanig'.] (۱) پتھریلا۔ (۲) گٹھلی دار : جس میں (بہت سی) گٹھلیاں ہوں۔ (۳) پتھر کا سا : پتھر کی طرح سخت : پتھر کی طرح بے حس و حرکت : پتھرائی ہوئی (آنکھیں)۔ (۴) بالکل (صرف Broke کے ساتھ آتا ہے)۔ (۵) (مجازاً) سخت دل : متمرد۔ (۶) -Stony broke کا مخفف۔

Stony-broke : (a) بالکل قلاش : کنگال۔

Stony-coral : (n) دیکھو Stone-coral

Stony-hearted : (a) سخت دل : بے رحم : سنگ دل۔

Stony-heartedness : (n) سخت دلی : بے رحمی : سنگ دلی۔

Stony-pit : (n) ناشپاتی کی ایک بیماری جس میں اس کے اندر سوراخ ہو جاتا ہے اور اس کی شکل بگڑ جاتی ہے۔

Stony-stare : (n) پتھرائی ہوئی نظر : بے حس نظر۔

Stood : دیکھو Stand (v)

Stooge : (n) [Origin unkn.] (۱) ظریف کردار کا نشانہ۔ (۲) ضمنی کردار : کٹھ پتلی : وہ جو دوسروں کے اشارے پر چلتا ہو۔ (۳) مقرر کیا ہوا جاسوس : بھیدیا۔ (۴) نائب (مشکل یا انوکھی حالت میں)۔

Stooge : (v) (۱) ظریف کردار کے نشانے کا کام کرنا۔ (۲) عام رفتار سے گشت لگانا۔ (۳) سفر کرنا : (خصوصاً) ہوائی جہاز میں پرواز کرنا : گھومنا۔

Stook : (n) [Late ME. 'Stouk'.] (۱) (اناج کی) بارہ پولیوں کا گٹھا۔ (۲) انبار : تودہ۔ (۳) پیال کا گٹھا۔ (۴) (کوئلہ کی کان) کوئلے کا ستون جو چھت کے سہارے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔

Stook : (v) پولیوں کا گٹھا بنانا۔

Stooker : (n) پولیوں کا گٹھا بنانے والا۔

Stookie : (n) (اسکاچستان) بے وقوف : احمق۔

Stool : (n) [OE. 'Stol'.] (۱) اسٹول : تپائی۔ (۲) نیچی بنچ جس پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہیں۔ (۳) وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں۔ (۴) (تعمیرات) کھڑکی کی داسا یا دہلیز۔ (۵) قدمچہ : کھڈی۔ (۶) پاخانہ : اجابت۔ (۷) براز : پاخانہ : غلیظ۔ (۸) دابہ : درخت کی جڑ یا ٹھنٹھ جس میں شاخیں پھوٹتی ہیں۔ (۹) وہ لکڑی جس میں کسی چڑیا کو لٹکا دیتے ہیں کہ اسے دیکھ کر دوسری چڑیاں پھنس جائیں۔ (۱۰) دیکھو Stool pigeon۔ (۱۱) (بحری) دنبالۂ جہاز کی سب سے نیچے افقی کڑی جو پتوار کھمبے میں لگی رہتی ہے۔ (۱۲) (بحری) چھوٹا موٹا تختہ جو جہاز کے پہلو میں تین سوراخ والے کندے کے لئے لگا رہتا ہے۔ (۱۳) (خشت سازی) اینٹ بنانے یا ڈھالنے والے کا سائبان یا کارخانہ۔

Office stool : اونچی تپائی جس پر دفتر میں کلرک بیٹھتے ہیں۔

To fall, come to the ground, or sit between two stools : دگدھا میں مارا جانا : دگدھا میں کسی طرف کا نہ ہونا۔

Stool : (v) (۱) جڑ سے شاخوں کا پھوٹنا۔ (۲) اجابت ہونا : پاخانہ ہونا یا کرنا۔ (۳) دوسرے پرندوں کو پھانسنے والی چڑیا کے ذریعے پھانسنا یا ان کا پھنس جانا۔ (۴) بھیدیا کا کام کرنا : دوسروں کو پھنسانا۔

Stool-ball : (n) کرکٹ کی طرح کا قدیم کھیل : جو سسکس میں اب بھی رائج ہے خصوصاً لڑکیوں میں۔

Stool end : (n) کان میں چٹانوں کو سہارا دینے والا ستون۔

Stool pigeon : (n) (۱) وہ کبوتر جس سے دوسروں کو پھانستے ہیں۔ (۲) وہ شخص جس کے ذریعے سے دوسروں کو پھانستے ہیں : لگا کر لے آنے والا : جاسوس : بھیدی۔

Stool shoot : (n) ٹھنٹھ شاخ : شاخ داب۔

Stoolie : (n) دیکھو Stool-pigeon

Stoon / Stoond : (n) (۱) لمحہ : وقفہ۔ (۲) ٹیس : شدید حملہ : صدمہ : شدید درد۔

Stoop : (n) [Late ME. 'Stulpe, Stolpe'.] (۱) کھمبا : پایہ : ستون۔ (۲) (مجازاً) سہارا : آسرا۔

Stoop : (n) (۱) جھکنا : جسم کو آگے کی طرف جھکانا۔ (۲) (مجازاً) انکسار : التفات : اپنے مرتبے سے اترنا۔ (۳) خمیدہ قامتی : کندھے جھکا کر چلنے کی عادت۔ (۴) اونچائی سے نیچے آنا : گرنا : جھپٹ : جھپٹنا (شکاری پرندوں کا)۔

(۸)(فوٹوگرافی) پردۂ سیاہ ۔ (۹) (حیوانیات) حرف صحیح کی ساکن آواز ۔ (۱۰) (بحری) ڈوری : نچلے سر مستول کا آگے نکلا ہوا حصہ ۔ (۱۱) ممانعت : تعطل (تجارت میں) : روک : (چیک ، بل وغیرہ) روکنا یا روکنے کا حکم دینا ۔ (۱۲) بند کرنا : بھرنا (جوف ، درز ، شگاف وغیرہ) ۔ (۱۳) پڑاؤ : ٹھہراؤ : ٹھہرنا : آگے نہ بڑھنا ۔ (۱۴) عارضی قیام : اقامت ۔ (۱۵) منزل : پڑاؤ : عارضی قیام گاہ ۔ (۱٦) گاڑیوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ (زیادہ گاڑیوں کے جمع ہو جانے کی وجہ سے) ۔ (۱۷)توقف : تامل : وقفہ : تقریر میں بیچ میں رک جانا ۔ (۱۸) بھول بھلیاں کی اندھی گلی ۔ (۱۹) (میکانیات) گیرہ: کتا : آڑ ۔ (۲۰) چوکھٹے میں لگے ہوئے لکڑی کے دو ٹکڑوں میں سے ایک جس پر دروازہ بند ہوتا ہے ۔ (۲۱)(بصریات) سوراخ دار تختی یا پردہ جو عدسے کے گرد روشنی کی حدی شعاعوں کو روکتا ہے ۔ (۲۲)(تعمیرات) مسطح سطح کا آخری سرا ۔ (۲۳) ڈاٹ: ڈٹا : گٹا : میخ : پچڑ ۔ (۲۴) (موسیقی) مرکب سُر جس کو نکالنے میں سب تاروں کو روک دیا جاتا ہے ۔ (۲۵)(کلہ بازی) حفاظتی وار : حریف کے وار کو روکنے والا وار ۔ (۲٦) (کشتی) جوابی داؤ ۔ (۲۷) (شکار) وہ شخص جو شکار کو زد کے اندر رکھنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔ (۲۸) کتے کی پیشانی اور ناک کے درمیان کا نشیب ۔ (۲۹) بھٹ جس میں مادہ خرگوش اپنے پچھلے پاؤں کو چھپا کر رکھتی ہے ۔ (۳۰) (امریکا کا کترنے والا جانور) کابی کے پچھلے پاؤں کا سفید نشان ۔ (۳۱)(تاش) (پوپ جان کھیل میں) وہ پتا جو کسی رنگ کے سالمے کو ختم کر دیتا ہے (برج میں) وہ پتا جس پر اسی رنگ میں ہاتھ لینے پر بھروسا کیا جا سکتا ہے (اسی رنگ کے دوسرے پتوں کے ساتھ) ۔

Full stop : (۱) کسی جملے کا اختتام : فل اسٹاپ ۔ (۲) (مجازاً) بالکل بند ہو جانا : مکمل روک یا اختتام ۔

To come to a full stop : بالکل بند ہو جانا : بالکل رک جانا ۔

To make a stop : رک جانا : ٹھہر جانا ۔

To put a stop to : روکنا : باز رکھنا : ٹھہرانا ۔

Stop : (v) [OE. 'Stoppian'.] (۱) (سوراخ وغیرہ کو کسی چیز سے) بھرنا : بند کرنا ۔ (۲) روکنا : ترقی نہ کرنے دینا : ٹھہرانا: بند کرنا : مسدود کرنا : آگے بڑھنے سے روک دینا ۔ (۳) روک دینا :بند کر دینا (ادائی وغیرہ) ۔ (۴)باجے کے سُر کو مدھم کرنا (سوراخ بند کر کے یا تار لگا کر) ۔ (۵) رک جانا : ٹھہر جانا : بند ہو جانا : مسدود ہو جانا ۔ (٦) (بول چال) رہنا : قیام کرنا : ٹھہرنا : ٹھہر جانا : ٹھہرے رہنا : عارضی طور پر قیام کرنا ۔

Stoop : (n) [Du. 'Stoep'.] (امریکا اور کناڈا) مکان کے آگے یا سامنے کا چبوترہ : پیش چبوترہ : تھڑا ۔

Stoop : (v) [OE. 'Stupian'.] (۱) جھکنا ۔ (۲) اپنی شان سے فروتر کام کرنا : اپنے مرتبے سے اتر کر کرنا : اُتر آنا (کسی ذلیل حرکت پر) : انکساری کرنا ۔ (۳) سر اور کندھے جھکا کر چلنا (عادتاً) : کندھوں میں خم ہونا ۔ (۴) جھپٹنا : گرنا (باز کا شکار پر یا (مجازاً) ایک شخص کا دوسرے شخص پر) ۔

To stoop to conquer : دب کر کام نکالنا : ذلت اٹھا کر فتح پانا ۔

Stoop : (n) (۱) صراحی : بادیہ : پیالہ ۔ (۲) وہ برتن جس میں دم کیا ہوا پانی یا پاک پانی رکھا جاتا ہے ۔ (۳) ایک پیمانہ ۔

Stoop and roop : (adv.) (اسکاچستان) مکمل طور پر : پوری طرح ۔

Stoop-ball : (n) بیس بال (Base ball) سے مشابہ ایک کھیل ۔

Stoop crop : (n) فصل جس میں بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہو ۔

Stoop labour : (n) (۱) کڑی محنت (خصوصاً فصل اپجانے میں) ۔ (۲) کڑی محنت سے کھیتی کرنے والا مزدور ۔

Stoop labourer : (n) کڑی محنت کرنے والا مزدور ۔

Stooped : (a) جھکا ہوا : خم کھایا ہوا : آگے کو جھکا ہوا (کندھا یا سر) ۔

Stooper : (n) پیپے کو آگے جھکانے کا پچڑ : جھکنے والا : (سر اور کندھے) جھکا کر چلنے والا ۔

Stooping : (a) جھکا ہوا ۔

Stoopingly : (adv.) جھک کر :سر اور کندھے جھکا کر ۔

Stoor : (۱) جنگ : لڑائی : محاربہ ۔ (۲) دیکھو Stour

Stop : (n) (۱) موقوفی : وقفہ : رکاؤ : ٹھہراؤ : روک : رکاوٹ ۔ (۲)وقفہ: علامت اوقاف (خصوصاً کوما ، نصف کولن یا فل اسٹاپ) ۔ (۳)(موسیقی) سُر کا مدھم ہونا ۔ (۴) لیور ، پتی وغیرہ جس کے ذریعے سُر مدھم کیا جائے: پردۂ کلید ۔ (۵) (آرگن) وہ پرنے جس سے ایک خاص سُر نکلتا ہو : وہ لٹو جس کے ذریعے یہ پرنے کھولے یا بند کئے جاتے ہیں ۔ (٦) خاص لہجہ (مثلاً غم کا ، غصے کا ، شیخی کا) جسے کوئی شخص دوسروں پر اثر ڈالنے کے لئے اختیار کرے ۔ (۷) کھونٹی ، ڈنڈا وغیرہ جس سے کسی خاص چیز کی حرکت خاص مقام پر رد کی جاسکے ۔

(۷)عبارت میں اوقاف وغیرہ لگانا ۔ (۸) (بحری) رسی وغیرہ لگانا ۔ (۹) (کندہ کاری) جن حصوں کو تیزاب کے اثر سے بچانا ہو ان پر کسی چیز کی تہ چڑھانا ۔ (۱۰) (فوٹوگرافی) عدسے کے ایک حصے کو سیاہ پردے سے چھپانا ۔ (۱۱) (ٹائپ سازی) کسی چیز سے بھر دینا ۔ (۱۲)(سڑے ہوئے دانت کے) جوف کو بھرنا ۔ (۱۳)(برتن وغیرہ کے) منہ بند کرنا ؛ کاگ لگانا ؛ کاگ لگے ہوئے برتن میں بند کرنا ۔ (۱۴) کسی عضو کے خارجی یا بیرونی سوراخ کو بند کرنا (دو حصوں کو دبا کر کسی چیز سے) ۔ (۱۵) (قنات نلی وغیرہ کو) بند کر دینا ؛ روک دینا ۔ (۱۶) پائپ میں تمباکو کو دبا دبا کر بھرنا ۔ (۱۷)(چڑیا کو بندوق سے مار گرانا ؛ (حملہ آور دشمن یا جنگلی جانور کے) نرغے یا حملے کو روک دینا ۔ (۱۸)(مکابازی ، شمشیر زنی) جوابی وار کرنا ؛ جوابی وار کے ذریعے حریف کے وار کو روک دینا ۔ (۱۹)(باغبانی) نوچنا (کونپل وغیرہ) ۔ (۲۰) راہ میں روکنا ؛ بیچ میں روک دینا ۔ (۲۱) جہاز کے لنگر کے رسے کو ڈھیلا کرکے جہاز کو لنگر انداز کرنا۔(۲۲)(تعمیرات) (محراب دار چھت کی ڈاٹ ، مسطح سطح وغیرہ کو) مکمل کرنا (کسی خاص شکل یا وضع میں) ۔ (۲۳)(حیوانیات) بولنے میں سانس یا آواز کو روکنا ۔ (۲۴) کام چھوڑ دینا یا موقوف کر دینا ۔ (۲۵) (تقریر وغیرہ میں) رک جانا ۔ (۲۵) محدود کر دینا ؛ حد کے اندر رہنا ۔ (۲۷) رک جانا ؛ بند ہو جانا ؛ ہچکچانا ۔ (۲۸)محدود ہونا ۔ (۲۹) کسی سلسلے کا موقوف ہو جانا ۔ (۳۰) (نظم میں) وقفہ دینا ۔ (۳۱) (کرکٹ) دفاعی کھیل کھیلنا ؛ بال پر ہٹ (ضرب) نہ لگانا ؛ (فیلڈر کا) گیند کو روک لینا ۔

To stop a bullet : گولی کھانا ۔

To stop a gap : دفع الوقتی کرنا؛عارضی طور پر کام چلانا ۔

To stop a leak : چھید یا سوراخ بند کرنا ؛ دڑار بھرنا ۔

To stop a stock : معاہدہ کے وقت کی قیمت پر مخصوص تعداد میں حصص کو بعد میں خریدنے یا فروخت کرنے کا معاہدہ کرنا ۔

To stop at nothing : تمام رکاوٹوں کو پار کر جانا ؛ بڑھتے رہنا ۔

To stop back : کونپل نوچنا ۔

To stop behind : (کرکٹ) وکٹ کیپر کے پیچھے کھڑا ہونا ۔

To stop (one's own or another's) ear or ears : (۱) (مجازاً) کانوں میں انگلیاں دے لینا ۔ (۲) سننے سے انکار کرنا ؛ ایک نہ سننا ۔

To stop (one's own or another's) mouth : (۱) منہ بند کرنا ۔ (۲) خاموش کر دینا ؛ خاموش رہنے پر مجبور یا آمادہ کرنا ؛ زبان بند کر دینا (رشوت سے یا دوسرے طریقے سے) ؛ افشائے رازنہ کرنے دینا ۔

To stop one's way : راہ میں حائل ہونا ؛ مخالفت کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ ترقی نہ کرنے دینا ۔

To stop payment : (۱) بینک کو (بل ، چیک وغیرہ کی) ادائی روک دینے کی ہدایت دینا ۔ (۲) خود کو دیوالیہ قرار دینا ؛ مطالبے کی ادائی سے معذوری ظاہر کرنا ۔

To stop short : (تقریر کے دوران) روک دینا ؛ اچانک رک جانا ۔

To stop the breath of : گلا گھونٹ دینا ؛ دم گھونٹ دینا ۔

To stop the cable : رسے کو تیزی سے کھلنے سے روکنا ۔

To stop the press : طباعت کا کام روک دینا (خصوصاً کچھ اندراج یا شامل کرنے کی غرض سے) ۔

To stop the tide : جہاز کو مدو جزر کے ساتھ بہنے سے روکنا ۔

To stop up : (بحری) ڈوری سے باندھنا ۔

Stop : (a) (۱) روکنے والا ۔ (۲) ساکن آواز والا (حرف صحیح وغیرہ) ۔

Stop a moment : ذرا ٹھہرو ؛ ایک لمحے کے لئے رکو ۔

Stop-and-go : (a) ٹریفک کی روشنی سے منضبط ہونے والا ۔

Stop-block : (n) ریل کی پٹری کے آخری کنارے کا ٹکر روک ۔

Stop-board : (n) حرکت روک تختہ ۔

Stop-buffer : (n) دیکھو Stop-block

Stop-clock : (n) روک گھڑی یا کلاک (جس میں اپنی مرضی کے مطابق چلانے اور روکنے کی ترکیب ہوتی ہے) ۔

Stop-cock : (n) (۱) روک ؛ ڈاٹ ۔ (۲) ٹونٹی ۔

Stop-collar : (n) (مشین میں) وہ کھڑا جو دھرے کی حرکت کو روکتا ہے ۔

Stop down : (v) عدسے کے ایک حصے کو سیاہ پردے سے چھپانا ۔

Stop-drill : (n) روکدار برما (جس میں روک لگی ہوتی ھے کہ زیادہ گہرا نہ چلا جائے) ۔

Stop-gap : (n) (۱) دفع الوقتی کی ترکیب : وہ چیز جس سے عارضی طور پر کام چلے ۔ (۲) عارضی قائم مقام ۔ (۳) سلسلۂ گفتگو کو جاری رکھنے کے لئے کچھ کہنا ۔

Stop-gap : (a) عارضی ۔

Stop-gate : (n) (۱) ریل کی چوپڑ کا پھاٹك ۔ (۲) وہ پھاٹك جس کے ذریعے نہر کے ایك حصے کا پانی دوسرے میں جانے سے روکا جا سکتا ھے (پشتہ یا باندھ ٹوٹنے کی حالت میں) ۔

Stop her : (۱) (بحری) رسے کو کھلنے سے روکنے کا حکم ۔ (۲)(بحری) (چھوٹے جہاز ، کشتی پر) انجن بند کرنے کا حکم ۔

Stop-knob : (n) وہ لٹو جس سے آرگن کے پرزے کھلتے بند ہوتے ہیں ۔

Stop-loss : (a) مزید نقصان کو روکنے والا ۔

Stop-loss order : (n) (۱) مشروط فرمائش (آرڈر جو دلال کو دیا جائے کہ جب اسٹاك فلاں قیمت تك پہنچ جائے تو خرید لو یا بیچ لو) ۔ (۲)عدالت کی تحویل میں رکھے ہوئے فنڈ کی ادائی روك دینے کا لارڈ چانسلر کی عدالت کا حکم ۔

Stop-motion : (n) حرکت روك : (خود کار طور پر یا خواہش کے مطابق) مشین کو روکنے کی ترکیب ۔

Stop-motion : (n) محرك تصویر سے متعلق جس کی تصویر کشی عام رفتار سے کم رفتار میں کی گئی ہو مگر عام طور پر پردے پر عام رفتار کے ساتھ دکھائی جائے ۔

Stop-net : (n) (۱) وہ جال جو دریا میں مچھلیوں کو روکنے کے لئے لگا دیا جاتا ھے ۔ (۲) (مختلف کھیلوں میں) گیند کو روکنے والا جال ۔

Stop-netting : (n) مچھلی پکڑنے کے لئے دریا میں جال وغیرہ کو لگانا ۔

Stop off : (v) (۱) (ڈھلائی میں) ٹھپے کے اس حصے کو جس سے کام نہ لینا ہو بھر دینا ۔ (۲) دیکھو Stop out ۔

Stop-off : (n) ٹھہرنا : قیام : عارضی قیام ۔

Stop-off : (a) ٹھپے کے کام نہ آنے والے حصے کو بھرنے والا ۔

Stop on : (v) ایك جگہ پر یا ایك ملازمت کو جاری رکھنا ۔

Stop-order : (n) دیکھو Stop-loss order

Stop-out : (v) (۱) (کندہ کاری) جن حصوں کو تیزاب کے اثر سے بچانا ہو ان پر کسی چیز کی تہ چڑھانا : (چھاپے جانے والے حصے کو) کسی چیز سے جس سے چھپائی نہیں ہوتی ڈھك دینا یا جو طباعت روك دے ۔ (۲) دانتوں پر سیاہ موم چڑھانا (تاکہ وہ نظر نہ آئیں) ۔ (۳) مشروط فرمائش (Order) پر تمسکات فروخت کرنا ۔

Stop-over : (n) (۱) قیام : سفر کے دوران قیام : ٹھہر جانا ۔ (۲)پڑاؤ : عارضی طور پر ٹھہرنے کا مقام : عارضی قیام گاہ ۔

Stop-payment : (n) (بینك کو) ادائی روك دینے کا حکم ۔

Stop piece/ -pin : (n) حرکت روك پن یا پرزہ ۔

Page No. 443 not found

Stop-press : (n) (۱) اخبار کا وہ کالم یا خالی جگہ جہاں دیر سے ملنے والی خبریں چھاپی جاتی ہیں ۔ (۲) دیر سے ملنے والی خبروں کو چھاپنے کے لئے طباعت کو روك دینا ۔ (۳)آخری خبر یا آخر میں ملنے والی خبریں : مزید خبر ۔

Stop-press : (a) (۱) (خبر) جو اخبار کے چھپنے کے دوران میں شامل کی جائے ۔ (۲) (اخبار) جس میں دیر سے ملنے والی خبریں چھپی ہوں ۔ (۳) بر وقت : بر محل : بہت موقع کا ۔

Stop-quoin/ -coin : (n) بندوق کی نالی سیدھی کرنے کا کھٹکا ۔

Stop-rod : (n) حرکت روك سلاخ ۔

Stop-seine : (n) دیکھو Stop-net

Stop-sign : (n) عموماً ہشت پہل نشان (ٹریفك کا) جس کا مطلب ھے کہ سبھی گاڑیوں کو شاہراہ میں داخل ہونے یا اس گزر جانے سے پہلے اس مقام پر ٹھہرنا ھے ۔

Stop-stroke : (n) (کرو کے کھیل میں) ایك ضرب جس سے وہ گیند جس کو مارا جاتا ھے وہ کچھ دور چلی جاتی ھے اور جس گیند سے مارا جاتا ھے وہ کم و بیش ساکت رہتی ھے ۔

Stop-street : (n) وہ سڑك جس پر دوسری شاہراہ پر جانے سے پہلے رکنا ضروری ہوتا ھے ۔

Stop-tap : (n) دیکھو Stop-cock

Stop-tester : (n) ایك آلہ جس سے وہ فاصلہ ناپا جاتا ھے جہاں تك جا

کر گاڑی رک جائیگی ۔

Stop thief : (n) چور چور پکارنا ۔

Stop-thrust : (n) (شمشیر بازی) جوابی وار (دشمن کے وار کو روکنے کے لئے) ۔

Stop-up : (v) (۱) کالج یا جامعہ میں رہ جانا (چھٹیوں کے زمانے میں). (۲) جاگتے رہنا : سونے کے لئے نہ لیٹنا ۔

Stop-valve : (n) نل روک : روک والو : کھل مندن جو نل میں لگا دیتے ہیں کہ پانی بہہ نہ جائے ۔

Stop-volley : (n) (ٹینس) والی روک : جال کے قریب کھڑے ہو کر حریف کی والی اس طرح روکنا کہ وہ جال کی دوسری طرف گر کر وہیں رہ جائے ۔

Stop-watch : (n) روک گھڑی : چل رکنی گھڑی (جس میں روک لگی ہوتی ہے کہ جب چاہیں چلا دیں اور جب چاہیں بند کر دیں) ۔

Stop-water : (n) (۱) (بحری) جہاز کی رفتار کم کرنے کے لئے کوئی چیز پانی میں گاڑنا ۔ (۲) ڈاٹ وغیرہ کسی جوڑ کو پن روک بنانے کے لئے ۔

Stop-work : (n) (۱) گھڑی کی کنجی کو ضرورت سے زیادہ گھمانے سے روکنے کے لئے بنائی ہوئی ترکیب ۔ (۲) ہڑتال : اسٹرائک ۔

Stopback : (n) شفتالو اور ناشپاتی کے درختوں کی ایک بیماری ۔

Stopbank : (n) (آسٹریلیا) دریا کے طوفان سے بچاؤ کے لئے پشتہ ۔

Stope : (n) (کان کنی) کھڈ کے کنارے کی زینہ نما کھدائی ۔

Stope : (v) زینہ نما کھدائی کرنا : افقی طور پر کھدائی کرنا (طبق در طبق) ۔

Stope-drill : (n) زینہ نما کھدائی میں استعمال ہونے والا دستی روکدار برما ۔

Stopless : (a) بے روک : بے اوقاف ۔

Stoplight : (n) (۱) روک بتی (موٹر کار وغیرہ کی) ۔ (۲) ٹریفک (آمد و رفت کی) روشنی یا سگنل ۔

Stoppable : (a) روکنے کے لائق : روکے جانے کے لائق ۔

Stoppage : (n) (۱) موقوفی : رکاؤ : ٹھہراؤ : توقف : بندش ۔ (۲) منہائی : مجرائی : منہا شدہ رقم ۔ (۳) رکاوٹ : روک : مزاحمت ۔ (۴) سڑک پر گاڑیوں کا رک جانا ۔ (۵) (مرضیات) مسدود حالت : پھنس جانا : جسم کے کسی عضو کا کام نہ کرنا ۔ (۶) مسافر یا مال ڈھونے والی گاڑی یا مال (تجارت) جو لے جایا جارہا ہو ، راستے میں روک لیا جانا (ناجائز چیز ہونے کے شبہ میں جانچ کے لئے) ۔ (۷) ادائی روک دینا ۔ (۸) ہڑتال : اسٹرائیک ۔ (۹) خود کار یا نیم خودکار اسلحہ کا کام نہ کرنا یا پھنس جانا ۔ (۱۰) تھوک مال پر ہی ٹیکس لے لینا : ذریعہ آمدنی ہی سے ٹیکس محصول کر لینا ۔ (۱۱) کسی چیز کی فراہمی کی موقوفی ۔

Stoppage in transitu : (n) مال بیچنے والے کا یہ حق کہ خریدار تک پہنچنے سے پہلے ہی مال واپس منگا لے (دیوالیہ وغیرہ ہونے کی خبر سننے پر) ۔

Stopped : (a) (۱) بند : رکا ہوا : پھنسا ہوا ۔ (۲) روکا ہوا : ٹھہرایا ہوا ۔ (۳) سانس روک کر ادا کیا ہوا (حرف صحیح) ۔ (۴) (برج کھیل) (رنگ) جس میں ایک ہاتھ سے زیادہ نہ بن سکے ۔

Stopped flute : (n) بانسری جس کا ایک حصہ محدب ہو ۔

Stopper : (n) (۱) روکنے والا : رکنے والا : قیام کرنے والا : ٹھہرنے والا ۔ (۲) ڈاٹ (بوتل وغیرہ) ۔ (۳) (تمباکو پینے کے) پائپ کی ڈاٹ جس سے تمباکو کو دباتے ہیں ۔ (۴) (بحری) بند ، رسی ، پتر ، جوڑ وغیرہ جس سے رسا جکڑ دیا جاتا ہے ۔ (۵) تازی کتے کے پاؤں کے تلوے کا بالائی حصہ ۔ (۶) روک : روکنے والی چیز : مشین روک ترکیب ۔ (۷) (تاش ، برج کھیل میں) دیکھو Stop ۔ (۸) جزائر الغرب الہند کے بعض درختوں کے نام ۔ (۹) (سوراخ وغیرہ) بھرنے کا مسالا ۔ (۱۰) توجہ مبذول کرنے والی چیز ۔ (۱۱) دیکھو Earth stopper : شکار کرنے سے قبل لومڑیوں کے سوراخوں کو بند کرنے والا شخص ۔

To put a stopper on : روکنا : باز رکھنا : ٹھہرانا ۔

Stopper : (v) (۱) جہاز کے رسے کو بند سے جکڑنا ۔ (۲) ڈاٹ لگانا ۔ (۳) (عام) روکنا : باز رکھنا ۔

Stopper-bolt : (n) (عرشے کی) وہ بلی یا کھٹکا جس میں جہاز کے رسے کو باندھا جاتا ہے ۔

Stopper-knot : (n) (بحری) گرہ جو رسے کو سوراخ سے گزرنے نہیں دیتی ہے ۔

Stoppered : (a) ڈاٹ دار ۔

Stopperless : (a) بے ڈاٹ کا ۔

Stopping : (n) (۱) روکنا : قیام کرنا : بند کرنا ۔ (۲) کوئی چیز جس سے سوراخ ، درز ، شگاف وغیرہ بھرا جاتا ھے : بھرائی ۔ (۳) (بیطاری) چکنائی لگی ہوئی گدی جو گھوڑے کی نعل کے اندر رکھ دی جاتی ھے تا کہ گھوڑے کا پاؤں تر رھے : سوراخ وغیرہ بھرنے کا مسالا ، دھات ، سونے وغیرہ کی بھرائی (دانت کے خول میں)۔ (۴) تختوں کی اوٹ ہوا آنے کے راستے میں ۔ (۵) اوقاف لگانا ۔ (۶)پتھر کا ٹھوس سرا ۔

Stopping : (a) رکنے والا : ٹھہرنے والا یا والی ۔

Original page 443 not found

Storable : (a) قابل ذخیرہ : جو جمع کر کے رکھا جا سکے : رکھوانے کا : رکھنے کا : ذخیرہ اندوزی کا ۔

Storable : (n) قابل ذخیرہ چیز ۔

Storage : (n) (۱) گودام کی گنجائش یا وسعت : رکھنے کی جگہ ۔ (۲) مال کو گودام میں رکھنا : چیزوں کو ذخیرے میں رکھنے کا طریقہ : تذخیر : ذخیرہ کاری : ذخیرہ اندوزی ۔ (۳) مال کو گودام میں رکھنے کا محصول : رکھوائی ۔ (۴)گودام : ذخیرہ کرنے کی جگہ ۔ (۵) برقی توانائی کی کیمیائی توانائی میں تبدیلی (جس سے دوبارہ بجلی حاصل کی جا سکے) ۔ (۶) کمپیوٹر کا وہ پرزہ جس میں تمام معلومات وغیرہ ریکارڈ کر دیئے جاتے ہیں ۔

Cold storage : (۱) تبرید ۔ (۲) (کھانے پینے کی چیزوں کو) تبرید میں رکھنا ۔

Storage battery : (n) جامع بیٹری : ذخیرۂ برق (جس میں خارجی ذرائع سے برقی قوت حاصل کر کے جمع کر لی جاتی ھے اور وقت ضرورت استعمال کی جاتی ھے) ۔

Storage car : (n) ریل گاڑی کا ڈبہ جس میں وہ پارسل اور ڈاک لے جائے جاتے ہیں جن کو راستے میں چھانٹنے اور تقسیم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

Storage cell : (n) (برقیات) جامع خانہ ۔

Storage-heater : (n) ذخیرہ کی ہوئی حرارت سے گرم کرنے کا آلہ ۔

Storage in transit : (n) کسی درمیانی مقام پر ایسے مال کا ذخیرہ کرنا یا گودام میں رکھنا جس کو مقررہ مدت میں دوبارہ جہاز پر لاد کر اس کی منزل کی طرف روانہ کرنا ہو ۔

Storage life : (n) وہ مدت جب تک کسی چیز کو ذخیرہ کیا جا سکے اور وہ قابل استعمال رھے ۔

Storage-spot : (n) پھلوں اور سبزیوں کا داغ جو تبرید میں پڑ جاتا ھے ۔

Storage tank : (n) حوض ذخیرہ : ذخیرۂ آب ۔

Storage tuber : (n) (نباتیات) بصلہ جس میں پودے کے لئے غذا ذخیرہ ہوتی ھے ۔

Storage wall : (n) دیواری الماری ۔

Storage yard : (n) ریلوے یارڈ جس میں ریل کے وہ ڈبے رکھے جاتے ہیں جو استعمال میں نہ ہوں ۔

Storax : (n) [L.] (۱) سلاجیت : سلارس : ایک قسم کا خوشبودار روغن جو ایک درخت کے گوند سے نکلتا ھے ۔ (۲) وہ درخت جس سے سلاجیت نکلتا ھے ۔

Liquid storax : روغن بلساں ۔

Store : (n) (۱) ذخیرہ : بڑی مقدار ۔ (۲) دکان ، کوٹھی (خصوصاً امریکا) ۔ (۳) (برطانیہ) جنرل اسٹور : بڑی دکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہیں ۔ (۴) (جمع) اسٹور : خاص قسم کے مال کی دکان جو کسی خاص مقصد سے قائم کی جاتی ھے ۔ (۵) بھیڑ ، گائے ، سور وغیرہ جسے فربہ کرنے کے لئے حاصل کیا جائے یارکھا جائے ۔ (۶)گودام: سامان خانہ : مال خانہ ۔ (۷) بیش بہا یا قابل قدر چیز ۔ (۸) (عام) کوئی دکان ، کارخانہ وغیرہ جسے دکھا کر فریبی یا دھوکا باز لوگوں کو ٹھگتے ہیں ۔ (۹) کھیل کے تختے کا وہ حصہ جہاں گوٹیوں وغیرہ کو رکھتے ہیں جب استعمال نہ ہو رہی ہوں ، یا کھیل میں ان سے کام نہ لیا جا رہا ہو ۔ (۱۰) کمپیوٹر کا وہ پرزہ جس میں تمام اعداد و شمار وغیرہ ریکارڈ کرائے جاتے ہیں ۔ (۱۱) کارخانے کی خام اشیاء ۔

In store : (۱) مہیا ۔ (۲) ہونے والا : پیش آنے والا : مقدر میں ۔

In store for : منتظر (کسی کا) ۔

Store is no sore : (دولت ، ثروت وغیرہ کی) بہتات ، افراط سے نقصان نہیں ہوتا ۔

To keep (young animals) for store : (جانوروں کے بچوں کو) فربہ بنانے کے لئے رکھنا ۔

To lay in a store : ذخیرہ میں ہونا ۔

To set store by : قدر کرنا : اہم سمجھنا ۔

Store : (a) (۱) رکھنے کا (برتن ، گھر ، گودام وغیرہ) ۔ (۲) افزائش نسل کے لئے (رکھا ہوا جانور) : فربہ بنانے کے لئے (خریدا ہوا جانور) ۔ (۳) اسٹور (دکان) سے متعلق یا وہاں سے خط خریدا ہوا ۔ (۴) جنرل اسٹور کا ۔ (۵) جو آئندہ استعمال کے لئے رکھا جائے ۔

Store : (v) (۱) کسی چیز کا ذخیرہ جمع کرنا یا ذخیرہ کرنا : بھرنا ۔ (۲) جمع کر کے رکھنا : (آئندہ کے لئے ذخیرہ کرنا) ۔ (۳) (فرنیچر وغیرہ) رکھوانا (گودام میں عارضی طور پر حفاظت کے لئے) ۔ (۴) (ظرف ، کمرے وغیرہ میں) گنجائش ہونا : سمانا ۔ (۵) (آدمی یا کسی جگہ کے لئے) کوئی چیز مہیا کرنا : فراہم کرنا ۔ (۶) ذخیرہ اندوزی کرنا ۔

Store-bought : (a) اسٹور سے خریدا ہوا : تیار : خریدا ہوا : تجارتی؛ عام طرح کا ۔

Store-boughten : (a) دیکھو Store-bought

Store cattles : (n) رکھنے کے جانور جو ابھی ذبح کرنے کے لئے تیار کئے جا رہے ہوں ۔

Store-chesse : (n) دیکھو Cheddar

Store clothes : (n) سلے سلائے کپڑے جو دکانوں میں بکتے ہیں ۔

Store farm : (n) فارم جہاں جانور پالنے کے لئے یا افزائش کے لئے رکھے جاتے ہیں ۔

Store pay : (n) مال یا محنت کی ادائی اشیاء کی صورت میں (دکان یا اسٹور سے) ۔

Store-room : (n) (۱) گودام : مودی خانہ : جنس کی کوٹھری : اناج گھر ۔ (۲) (گودام وغیرہ میں) اشیا کے رکھنے کی جگہ : بھنڈار ۔

Store-ship / Storeship : (n) رسد کا سرکاری جہاز (جو بیڑے کو یا خانے کی فوج کو رسد پہنچاتا ھے) ۔

Store-ledger : (خام مال اور مصنوعات کی) دوامی فہرست ۔

Stored : (a) ذخیرہ کیا ہوا : جمع کیا ہوا ۔

Storeen : (n) [Ir. Sael. 'Stoirin'.] (آئرستان) دیکھو Darling

Storefront : (n) (۱) اسٹور یا اسٹور کی عمارت کے سامنے کا رخ جو سڑک کی طرف ہو ۔ (۲) وہ عمارت جس میں اسٹور کا رخ سڑک کی طرف ہو ۔

Storehouse : (n) (۱) ذخیرہ : گودام : کھتا : کوٹھی (غلے کی) : سامان خانہ : مال خانہ ۔ (۲) (مجازاً) مخزن : خزانہ (جہاں مال رکھا ہوا ہو یا رکھا جائے) ۔

Storehouse beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو جانوروں اور سبزیوں کو نقصان پہنچاتا ھے ۔

Storekeep : (v) دکان داری کرنا ۔

Storekeeper : (n) (۱) سامان دار : محافظ ذخیرہ (خصوصاً فوجی اسٹور کا) ۔ (۲) دکان دار ۔

Storeman/ Storesman : (n) (۱) دیکھو Store-keeper ۔ (۲) گودام میں مال رکھنے والا شخص ۔

Storer : (n) ذخیرہ کرنے والا : ہنگامی حالات کے لئے ذخیرہ کرنے والا ۔

Storeria : (n) [L.] شمالی امریکا کا ایک بے ضرر سانپ ۔

Storewide : (a) بشمول کل اشیاء یا زیادہ سے زیادہ سامان تجارت (اسٹور یا دکان کا) ۔

Storeyard : (n) احاطہ یا باڑا جس میں مال یا رسد رکھتے ہیں ۔

Storey : (n) (۱) سرگذشت : پچھلے واقعات ۔ (۲) بیان (کسی واقعے کا): قصہ : کہانی : افسانہ : ناول: داستان : حکایت ۔ (۳) (ناول وغیرہ میں) پلاٹ : واقعات : قصہ ۔ (۴) قابل ذکر واقعہ ۔ (۵) (بچوں کی زبان میں) جھوٹ : من گھڑت کہانی : گپ : جھوٹا ۔ (۶) قصہ : روایت ۔ (۷) کہانی یا قصے کا موضوع : مذاق کا نشانہ ۔ (۸) (امریکا) اخبار کا حکایتی یا بیانی مضمون ۔ (۹) روایت : افسانہ : رومان ۔

Storeyed : (a) دیکھو Storied

Storge : (n) [Gr.] شفقت (خصوصاً والدین کی بچوں کے لئے) : قدرتی لگاؤ : اُنس ۔

Storiate : (v) تاریخی افسانوی یا نمائندہ موضوعات کی تصویر دل سے آراستہ کرنا ۔

Storiated : (a) (سر ورق) منقش اور آراستہ : جس میں بڑے تکلیف سے یا پر تکلف طور پر نقش و نگار بنائے گئے ہوں ۔

Storiation : (n) تاریخی موضوعات کو تصویروں سے آراستہ کرنا ۔

Storied : (a) (۱) تاریخی یا افسانوی مناظر سے آراستہ ؛ بت گری ؛ مصوری یا دوسرے فن کے ذریعے ۔ (۲) جس کی کہانیاں کہی جاتی ہیں ؛ جو کہانیوں میں مشہور ہو ؛ زبان زد ۔ (۳) کہانی کا؛ افسانے کا ؛ راویتی ؛ تاریخی ۔

Storied : (a) منزلہ ؛ منزلوں والی (عمارت) ۔

Storiette : (n) مختصر کہانی ۔

Storify : (v) (شاذ) کہانی میں بیان کرنا ۔

Storin : دیکھو Storeen

Storiological : (a) قصصیاتی ؛ قصصیات سے متعلق ۔

Storiologist : (n) قصصیات داں ۔

Storiology : (n) قصصیات ؛ مشہور کہانیوں یا افسانوں کا باقاعدہ مطالعہ (اس کے ماخذ اور ارتقاء کے لحاظ سے) ۔

Storis : (n) [Dan. 'Stor'.] برف کی سلوں اور تودوں کا بہتا ہوا انبار ۔

Stork : (n) [OE. 'Storc'.] (۱) لق لق ؛ سارس ۔ (۲) اس جنس کے دوسرے پرند ۔ (۳) لق لق اور اس کا گوشت بطور غذا ۔ (۴) پالتو کبوتر کی ایک جنس ۔

Stork : (a) بچے کی پیدائش سے متعلق ۔

Stork's bill : (n) ایک پودے کا نام ۔

Storm : (n) [OE.] (۱) طوفان ؛ شدت کی ہوا ؛ جھکڑ ؛ آندھی یا ابر و باد ؛ ژالہ باری ۔ (۲) طوفان ؛ آندھی ؛ افراتفری ؛ ہنگامہ؛ فساد ؛ ہلچل ؛ شورش ؛ سرکشی ؛ بغاوت ؛ جنگ و جدل ؛ دار و گیر ۔ (۳) بوچھار (پتھر ، تعریف ، نفرین وغیرہ کی) ؛ بارش ۔ (۴) پیدل فوج کا سیدھا دھاوا ؛ (مورچے پر) ٹوٹ پڑنا ؛ قبضہ جو ایک دم سے دھاوا بول کر کیا جائے؛ تسخیر۔(۵) طوفان؛ ہیجان ؛ سیلاب (مقناطیسی) ہلچل ؛ (فضائی) شورش ۔ (۶) (دماغی) بیچینی؛ اضطراب ؛ بے کلی ؛ بے قراری ۔ (۷) (مرضیات) دورہ ؛ شدت ؛ ہیجان (درد بیماری وغیرہ کا) ۔ (۸) (جمع) دیکھو Storm-window ۔

A storm in a tea-cup : ذرا سی بات کے لئے بڑا ہنگامہ ؛ محدود حلقے میں بڑی شورش ۔

Brain storm : دماغی یا ذہنی شورش ؛ ہلچل ؛ ہیجان ؛ عارضی دیوانگی ۔

By storm : دھاوا بول کر ۔

Dust storm : آندھی؛ طوفان ؛ جھکڑ ۔

Snow storm : برف باری۔

To take by storm : (۱) ایک دم سے دھاوا بول کر قبضہ کر لینا ۔ (۲) (شخص یا جماعت کو) دم بھر میں مسخر کر لینا ۔

Strorm : (v) (۱) (ہوا کا) زور شور سے چلنا ؛ جھکڑ چلنا ۔ (۲) بکنا جھکنا ؛ شدت سے خفا ہونا یا بگڑنا ؛ ہنگامہ برپا کر دینا؛ آفت مچا دینا ؛ آفت ڈھانا ۔ (۳) ایک دم سے دھاوا کر کے یا دھاوا بول کر قبضہ کر لینا ؛ دھاوا بولنا یابول دینا ۔ (۴) (مجازاً) دق کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ۔ (۵) (کسی جگہ سے) جھپٹ کر گزر جانا ۔ (۶) طوفان خیز ؛ ہنگامہ خیز یا پر شور بنانا ۔ (۷) ہنگامہ برپا کرتے پھرنا ۔ (۸)ناملائم اور سخت طریقے پر شکایت کرنا ۔

Storm and stress : (n) [G. 'Strum und Drang'.] ایک جرمن ادبی تحریک کا نام (۸۲ - ۱۷۷۰ء) جس میں نوجوان مصنفین کی تصانیف میں جذبات کی افراط ہوتی تھی اور جو فرانسیسی ناقدین کے تنقیدی اصول کے مخالف تھے ؛ اس تحریک کو جرمن میں Sturm und Drang کہتے ہیں ۔

Storm area : (n) (زمین کا) طوفانی علاقہ (جہاں تک طوفان رہتا ہے) ۔

Storm beach : (n) طوفان کے ذریعے بہہ کر آنے والے سنگریزوں کی نشیبی مدور سطح جو عام لہروں کی زد سے باہر رہتی ہے ۔

Storm-beaten : (n) (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان کا مارا ۔ (۲) شکست خوردہ ۔

Storm-belt : (n) طوفان زدہ ؛ طوفانی علاقہ ؛ (جس میں طوفان کثرت سے آتے ہوں) ؛ طوفانی منطقہ ۔

Storm-bird : (n) بطریل (Petrol) ؛ ایک پرندہ جو طوفان کے آنے کی خبر دیتا ہے ؛ طیر طوفان ۔

Storm-boat : (n) دھاوا بولنے والی فوج کو دریا وغیرہ پار کرنے کی ہلکی تیز رفتار کشتی ۔

Storm-boot : (n) پن روک چمڑے کا زنانہ جوتا ۔

Storm-bound : (n) مقید طوفان ؛ طوفان سے رکا ہوا ؛ (جہاز) جو طوفان کی وجہ سے بندرگاہ میں یا کسی اور مقام پر قید

ھو کر رہ جائے ۔

Storm-breeder : (n) بادل یاموسم جو طوفان کی علامت ھوتے ہیں ۔

Storm-card : (n) طوفان نما ؛ نقشۂ طوفان (جس سے جہاز راں کو مرکز طوفان کا پتا چلتا ھے) ۔

Storm-cell : (n) تہ خانہ جس میں طوفان سے بچنے کے لئے پناہ لیتے ہیں ۔

Storm centre : (n) (۱) مرکز طوفان (جہاں طوفانی ھوا کا زور سب سے زیادہ ھوتا ھے) ۔ (۲) (مجازاً) فتنہ و فساد کا مرکز ؛ وہ بات جس پر ہنگامہ یا شورش بپا ھو ؛ بنائے فساد ؛ فساد کی جڑ ۔

Storm-cloud : (n) (۱) طوفانی بادل ؛ طوفان خیز بادل ۔ (۲)(مجازاً) ہنگامے کے آثار ؛ فتنہ و فساد کے آثار ۔

Storm-cost : (n) دبیز استر والا پن روك لمبا کوٹ جس کا کالر سمور کا ھوتا ھے ۔

Storm-cock : (n) یورپی طوطی ؛ طوفانی پرند ۔

Storm-collar : (n) لباس کا مرکز جو خاص کر طوفان اور بارش سے محفوظ رکھتا ھے ۔

Storm-cone : (n) نشان طوفان ؛ کرمچ کا مخروط جو طوفان یا آندھی کی علامت کے طور پر نصب کیا جاتا ھے (سیدھا شمال کے لئے اوندھا جنوب کے لئے) ۔

Storm-current : (n) طوفانی موجیں ؛ طوفانی ھوا سے پیدا ھونے والی اونچی موجیں ۔

Storm-door : (n) مزید بیرونی دروازہ (جو عام دروازے کے علاوہ ھوتا ھے اور طوفان یا سردی سے محفوظ رہنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے) ۔

Storm-drain : (n) (۱) فضول پانی بہنے کی نالی ۔ (۲) دیکھو Storm-sewage .

Storm-drum : (n) استوانی شکل کی چیز جو غیر معمولی سخت طوفان کی خبر دینے کے لئے Storm-cone کے علاوہ نصب کی جاتی ھے ۔

Storm-finch : (n) دیکھو Storm-bird

Storm-flag : (n) (۱) (امریکا) طوفانی موسم میں فوجی اڈوں پر لہرایا جانے والا چھوٹا قومی جھنڈا ۔ (۲) طوفان کے آنے کی خبر دینے والا جھنڈا ۔

Storm-glass : (n) مقیاس موسم؛ شیشۂ موسم؛ قدیم طرز کا حرارت پیما ۔

Storm-jib : (n) مثلث نما چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں لگایا جاتا ھے ۔

Storm-lantern : (n) طوفان روك لیمپ ۔

Storm-level : (n) سطح سمندر سے کئی فٹ اونچی غیر واضح فرضی سطح جہاں تك طوفانی لہریں اکثر اٹھ جاتی ہیں ۔

Storm-mizzen : (n) تکونا بادبان جو سب سے نچلے مربع بادبان کے اوپر لگایا جاتا ھے ۔

Storm-petrol : (n) طیر طوفان ؛ بطریل ۔

Storm-porch : (n) چھوٹی برساتی جو بیرونی دروازے کے آگے سردیوں میں حفاظت کی غرض سے بنائی جاتی ھے ۔

Storm-sail : (n) طوفانی بادبان (عام بادبانوں سے چھوٹا اور زیادہ موٹی کرمچ کا) ۔

Storm-sewer : (n) (۱) بدرو جس سے صرف فضول پانی بہتا ھے ۔ (۲) دیکھو Storm-drain .

Storm-shutter : (n) کھڑکیوں کی بیرونی جھلملی جو طوفانی موسم میں لگاتے ہیں ۔

Storm-signal : (n) (۱) علامت طوفان ؛ نشان طوفان ۔ (۲) دیکھو Storm-warning .

Storm-stay : (n) طوفانی بادبان کا عارضی سہارا ۔

Storm-system : (n) کم دباؤ والے علاقے جہاں طوفان گرداں بنتے ہیں ۔

Storm-thrush : (n) ایك خوش الحان پرند ۔

Storm-tide : (n) طوفانی جوار بھاٹا (جو معمولی جوار بھاٹے سے زیادہ اونچا ھوتا ھے) ۔

Storm-tossed : (a) (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان میں گھرا ھوا ؛ طوفان میں پھنسا ھوا ۔ (۲) مصیبت زدہ ؛ مصیبت میں مبتلا ۔

Storm-track : (n) مرکز طوفان گرداں کا راستہ ۔

Storm-troops : (n) (۱) دیکھو Shock-troops ۔ (۲) جنگ عظیم میں جرمن فوج کے وہ دستے جو خاص اور غیر معمولی کاموں

کے لئے رکھے گئے تھے۔

Storm-warning : (n) (۱) علامت طوفان دکھلانا۔ (۲) آنے والے طوفان کی اطلاع بذریعہ ریڈیو۔ (۳) خطرے یا دشواری کی علامت۔

Storm-wind : (n) طوفانی ہوا : جھکڑ۔

Storm-window : (n) بیرونی کھڑکی جو اندرونی کھڑکی کی طوفان سے حفاظت کے لئے لگائی جاتی ہے۔

Stormable : (a) جس پر دھاوا کر کے قبضہ کیا جا سکے۔

Stormer : (n) دھاوا کرنے یا بولنے والا۔

Stormful : (a) جہاں طوفان زیادہ آتے ہوں : طوفانی : طوفان خیز۔

Stormfully : (adv.) طوفانی طور پر : آندھی کی طرح۔

Stormfulness : (n) طوفانی ہوا۔

Stormily : (adv.) تندی سے : شدت سے۔

Storminess : (n) تندی : شدت : ہنگامہ خیزی۔

Storming : (a) (۱) مارا مارا پھرنے والا۔ (۲) دھاوا کرنے والی۔

Storming-party : (n) وہ دستہ جو دھاوے کے لئے متعین کیا جائے۔

Stormless : (n) بے طوفان : ساکن۔

Stormproof : (a) طوفان روک : جس پر طوفان کا اثر نہ ہو : جو طوفان میں حفاظت کر سکے : جس پر دھاوا نہ کیا جا سکے : دھاوا روک۔

Stormy : (a) (۱) طوفانی : طوفان خیز۔ (۲) تند : تیز : پرشور : شدید۔ (۳) ہنگامہ خیز : پرشور۔ (۴) طوفانی : طوفان کی خبر دینے والا : طوفان سے متعلق : طوفان کا۔

Stormy petrel : (n) (۱) طیر طوفان : بطریل۔ (۲) جھگڑالو : شورہ خو : تند مزاج۔

Stornello : (n) [It.] ایک چھوٹا پر دلعزیز اطالوی نغمہ۔

Storthing : (n) [Norw. 'Storting'.] ناروے کی پارلیمنٹ۔

Story : (n) [OFr. 'Estorie'.] Storey دیکھو

Short-story : افسانہ : مختصر افسانہ۔

That is another story : یہ ایک علاحدہ قصہ ہے : یہ بالکل دوسرا معاملہ ہے۔

The story goes that : کہا جاتا ہے : لوگ کہتے ہیں۔

The whole story : پورا بیان۔

To be all in one story/ To be in the same story : متفق البیان ہونا۔

Story : (n) (۱) منزل : طبقہ۔ (۲) (ستونوں ، روشنیوں وغیرہ کی) قطار جو ایک دوسرے کے اوپر ہو۔

The or one's upper story : (مزاحاً) دماغ۔

Story : (v) (۱) (نقاشی ، تصویر یا مجسموں سے) آراستہ کرنا : سجانا۔ (۲) کہانی کہنا : قصہ سنانا : جھوٹ بولنا۔

Story-and-a-half : (a) ایک منزلہ عمارت جس کے اوپر چھوٹے کمرے ہوں۔

Story-book : (n) قصوں کہانیوں کی کتاب (خصوصاً بچوں کے لئے) : (بعض اوقات) ناول : رومان۔

Story/ Story post : (n) کھمبا جس پر وہ کڑی قائم ہو جو دیوار یا چھت کا بوجھ اٹھاتی ہے۔

Story-teller : (n) (۱) قصہ گو۔ (۲) افسانہ نویس۔ (۳) لوگوں کے خانگی حالات مشہور کرنے والا : طشت ازبام کرنے والا۔ (۴) جھوٹا : گپی۔

Story-telling : (n) قصہ گوئی۔

Story-telling : (a) (۱) قصہ گو۔ (۲) جھوٹا : دروغ گو۔

Story-writer : (n) افسانہ نویس۔

Storyette : (n) بہت مختصر قصہ یا کہانی : اقصوصہ۔

Storyless : (a) جس میں ایک سے زیادہ منزل نہ ہو۔

Storyline : (n) قصے یا ڈرامے کا پلاٹ۔

Stoss : (a) کسی چیز کے اس پہلو سے متعلق جو کسی متحرک چیز سے ٹکرائے۔

Stot/ Stott : (n) [OE. 'Stot(t)'.] (۱) جوان بیل۔ (۲) بچھیا : جوان

گائے جس کو بچہ نہ ہوا ہو۔

Stot : (v) [ME.] (۱) اچھلنا ؛ پلٹنا. (۲) لڑکھڑانا ؛ جھوک کھانا ؛ قدم کو لغزش ہونا ۔ (۳) اچکنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ۔

Stot : (n) (۱) باز گشت ؛ پلٹ ؛ گدا ؛ اچٹن ۔ (۲) زوردار ضرب ۔ (۳) جست ، چھلانگ ؛ رقص میں چھلانگ ۔ (۴) روانی ؛ ترنم ؛ پینگ ۔

Stoting : دیکھو Stoating

Stotinka : (n) بلغاریہ کا ایک سکہ ۔

Stotter : (v) دیکھو Stagger

Stotter : (n) (۱) ٹھوکر کھانا ؛ غلطی ؛ بھول ؛ چوک ۔ (۲) اخلاقی قصور؛ جرم ؛ لغزش ۔ (۳) ٹھوکر ۔ (۴) اتفاق سے پا جانا ۔

Stound : (n) [OE. 'Stund'.] (۱) لمحہ ؛وقفہ ۔ (۲) ٹیس ؛ شدید حملہ ؛ صدمہ ؛ شدید درد ۔ (۳) دھاڑ ؛ چیخ ؛ ہنگامہ ۔ (۴) جذبات کی ایک لہر ؛ ہیجان ۔

Stound : (n) مدھوشی ؛ خبط ؛ تعجب ؛ حیرت ۔

Stound : (v) (۱) مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا ؛ سُن کر دینا ؛ بے حِس بنا دینا ۔ (۲) متحیر کر دینا ۔

Stound : (v) ٹیس مارنا یا اٹھنا ؛ شدت سے درد ہونا ۔

Stoup : (n) [OF. 'Staup'.] (۱) صراحی ؛ بادیہ ؛ پیالہ ۔ (۲) وہ برتن جس میں دم کیا ہوا پانی یا پاک پانی رکھا جاتا ہے ۔ (۳)ایک پیمانہ ۔

Stour : (n) [AFr. 'Estur'.] (۱) جنگ ؛ لڑائی ؛ محاربہ ۔ (۲) شور ؛ ہنگامہ ؛ غل ؛ چیخ و پکار ۔ (۳) طوفان ۔ (۴)گرد ؛ دھول؛ سفوف ۔

Stour : (a) [ME. 'Stor'.] (۱) مضبوط ؛ جفاکش ؛ محنتی ۔ (۲) شدید ؛ سخت ۔ (۳) تیز ؛ تند ؛ ناگوار ۔

Stour : (v) (اسکاچستان) تیزی سے حرکت کرنا ؛ اڑنا ۔

Stoury/ Stoune : (a) (۱) گرد آلود ؛ باریک ۔ (۲) طوفانی برفباری سے متعلق ۔

Stoush : (v) [Imitative'.] (۱) (آسٹریلیا) زور سے مارنا ؛ کوٹنا ۔ (۲) (آسٹریلیا) ہرانا ؛ شکست دینا ۔

Stoush : (n) جھگڑا ؛ دنگا ؛ فساد ۔

Stout : (n) [OE. 'Stut'.] گنڈمکھی ؛ بڑ مکھی ؛ گھڑ مکھی ؛ ایک قسم کا کیڑا ۔

Stout : (n) (۱) ایک قسم کی تیز اور تلخ بیئر شراب ۔ (۲) موٹا آدمی ۔ (۳) لباس کا ایک سائز (قد و قامت والے شخص کے لئے) ۔

Stout : (a) [AFr. OFr. 'Estout'.] (۱) بہادر ؛ شجاع ؛ من چلا ؛ جیوٹ ؛ باہمت ؛ دلیر ۔ (۲) ضدی ؛ ہٹیلا ۔ (۳) پکا ؛ وفادار ۔ (۴)طاقتور ؛ قوی ؛ تنو مند ؛ جفاکش ؛ محنتی ؛ مضبوط ۔ (۵) دوہرے بدن کا ؛ بھاری جسم کا ؛ گداز جسم کا ؛ خاصا موٹا ۔ (۶) غیر دہشت زدہ ؛ بے خوف ؛ نڈر ؛ ہمت نہ ہارنے والا ؛ غیر مایوس ۔ (۷) پر زور ؛ سخت (لڑائی وغیرہ) ۔ (۸) تیز رفتار (لومڑی) ۔ (۹)طاقتور ؛ زیادہ دیر تک دوڑ سکنے والا (گھوڑا) ۔ (۱۰) پائدار ؛ مضبوط ؛ ساخت کا ۔

Stout : (v) جما رہنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ ثابت قدم رہنا ۔

Stout -hearted : (a) ہمت ور ؛ باہمت ؛ بہادر ؛ دلیر ؛ شجاع ۔

Stout-heartedly : (adv.) ہمت سے ؛ بہادری سے ۔

Stout-heartedness : (n) ہمت ؛ بہادری ؛ شجاعت ۔

Stouten : (v) موٹا ہونا ؛ فربہ ہونا یا بنانا ۔

Stouth : (n) [ME. 'Stulth'.] چوری ؛ ڈاکہ زنی ؛ ڈکیتی ۔

Stouth and routh : (n) دیکھو Plenty

Stouthrief/ Stouthrife : (n) [ME. 'Stouthreif'.] تشدد آمیز ڈاکہ زنی ۔

Stoutish : (a) موٹا سا ۔

Stoutly : (adv.) بہادری سے ؛ وفاداری سے ؛ مضبوطی سے ؛ جفاکشی سے ؛ ضدی پن سے ؛ ہٹیلا پن سے ۔

Stoutness : (n) بہادری ؛ من چلا پن ؛ ضدی پن ؛ ہٹیلا پن ؛ مضبوطی ؛ جفاکشی ؛ گدازی ؛ مٹاپا ۔

Stovaine : (n) [Fr.] ایک قسم کا جزوی مخدر (جس سے جسم کا صرف کوئی خاص حصہ سُن کیا جاتا ہے) ۔

Stove : دیکھو Stave

Stove : (n) [MLG. MDu.] (۱) حرارت خانہ جس میں پودوں کے لئے مصنوعی گرمی پیدا کی جائے : شیشے کا گھر ۔ (۲) حرارت خانہ (مخصوص کام کے لئے) ۔ (۳) آتش دان۔ (۳) اسٹو؛ ولایتی چولہا؛ غیر ملکی چولہا۔ (۵) وہ چیز جس سے پاؤں گرم کئے جاتے ہیں ۔

Stove : (v) (۱) (پودوں کو) حرارت خانے میں رکھنا؛ حرارت خانے میں اگانا؛ پیدا کرنا ۔ (۲) حرارت خانے میں سکھانا؛ (بحری) (قیر لگانے کے لئے) رسے کو خشک کرنا ۔ (۳) دم پخت کرنا؛ دھیمی آنچ پر دیر تک پکانا ۔ (۳) گندھک کی دھونی دینا؛ گندھک اور دوسری چیز کے دھوئیں سے جراثیم مارنا ۔ (۵) ابریشم کے کویوں کو گرم کر کے پیلہ مارنا ۔ (۶) چولھے یا آتشدان میں ٹھونسنا ۔ (۷) گرم کرنے کا آلہ ۔

Stove-coal : (n) اسٹو میں جلایا جانے والا چھوٹا کوئلہ ۔

Stove-distillate : (n) اسٹو میں جلایا جانے والا مقطر پٹرول ۔

Stove-grate : (n) گرم کرنے کا ایک آلہ ۔

Stove-house : (n) حرارت خانہ (پودوں کا) ۔

Stove-in : (a) (۱) اندر دھنسا ہوا ۔ (۲) دیکھو Stove-up ۔

Stove-length : (n) اسٹو میں جلائی جانے کے لائق لکڑی کی لمبائی ۔

Stove-lifter : (n) اسٹو پر رکھے برتن کے ڈھکن کو ہٹانے کا اوزار ۔

Stove-pipe : (n) (۱) حرارت خانے میں گرم ہوا لے جانے والی نلکیوں میں سے ایک ۔ (۲) دھوئیں کا نل ۔ (۳) (عام) ایک قسم کی اونچی استوانہ نما ریشمی ہیٹ جسے Stove-pipe hat بھی کہا جاتا ہے ۔

Stove-plant : (n) گرم آب و ہوا میں اگنے والا ایک پودا جس کو معتدل آب و ہوا میں رکھنے کے لئے حرارت خانے میں رکھنا ضروری ہوتا ہے ۔

Stove-polish : (n) سیاہ سیسہ یا دوسرا مادہ جس سے اسٹو پر پالش کرتے ہیں ۔

Stove-up : (n) تھکا ہوا؛ تکلیف میں مبتلا (چوٹ، بیماری، کثرت کام، زیادہ کام کی وجہ سے) ۔

Stoven : (n) [OE. 'Etoju'.] ٹھنٹھ؛ ٹنڈ (کٹے ہوئے درخت وغیرہ کا) ۔

Stoven : (a) توڑا ہوا؛ کھلا ہوا ۔

Stover : (n) [Var. of Estover.] چارہ؛ گھاس؛ پودوں کی ٹھنٹھ ۔

Stover : (n) حرارت خانے میں اگانے والا (پودوں کو)؛ گندھک کی دھونی دینے والا شخص ۔

Stow : (v) [ME. 'Stowen'.] (۱) (چیزوں کو کمرے وغیرہ میں) سنگوانا، قرینے سے رکھنا، ترتیب سے رکھنا (تاکہ جگہ کم گھیریں) ۔ (۲) جہاز پر مال کو قرینے سے رکھنا؛ توپ وغیرہ کو جہاز پر قرینے سے رکھنا (سامان رسد کا) عرشوں کے درمیان جمع کرنا ۔ (۳) (بادبان کو) مستول پر لپیٹنا اور باندھنا ۔ (۳) (صندوق وغیرہ میں) ٹھونس ٹھونس کر بھرنا؛ دبا دبا کر بھر دینا؛ کھچا کھچ بھر دینا ۔ (۵) (عام) باز رکھنا؛ روکنا ۔ (۶) دوسرے وقت کے لئے رکھ چھوڑنا ۔

Stow : (n) (ٹین کی چادریں بنانے میں) اونچی ساخت جس میں بھٹی ہوتی ہے ۔

Stow : (v) [Origin unkn.] کاٹنا؛ تراشنا ۔

Stow : (n) زمین دوز راستہ جس میں کان کن کان کے فضلات پھینکتے ہیں ۔

Stow away : (v) (۱) (اگلی ضرورت تک) ہٹا کر اور بچا کر رکھنا؛ ٹھکانے یا اچھی طرح رکھنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) خفیہ جگہ پر چھپا دینا ۔ (۳) جہاز پر چھپ جانا ۔ (۳) (مزاحاً) کھا جانا ۔ (۵) بغیر کرایہ دیئے جہاز میں چھپ کر بیٹھ جانا ۔

Stow-away : (n) (۱) وہ شخص جو چھپ کر بے کرایہ دیئے جہاز میں بیٹھ جائے ۔ (۲) چھپنے کی جگہ؛ چھپا کر رکھی ہوئی چیز ۔

Stow-blade/ Stowblade : (n) (کان کنی) ایک فٹ لمبی لکڑی کا وہ ٹکڑا جو کھدھات یا خام دھات نکالنے والے آہنجہ سے اوپر کی طرف ملا رہتا ہے ۔

Stowable : (a) قرینے سے رکھے جانے کے لائق ۔

Stowage : (n) (۱) قرینے سے رکھا ہوا سامان؛ سنگوایا ہوا سامان ۔ (۲) قرینے سے رکھنا یا رکھا جانا؛ سنگوانا یا سنگوایا جانا ۔ (۳) سنگوانے کا محصول؛ سنگوائی ۔ (۳) جہاز پر مال لدوانا؛ رکھوانا؛ سنگوانے کا طریقہ ۔ (۵) (مزاحاً) کھانا کھانے کی گنجائش ۔ (۶) جہاز پر سنگوایا ہوا مال ۔ (۷) کسی چیز کے رکھنے کا کمرہ؛ گودام کی اندرونی گنجائش ۔ (۸) وہ جگہ جہاں کوئی چیز رکھوائی یا سنگوائی جاتی ہے ۔ (۹) وہ چیز یا سامان جو جہاز پر سنگوایا یا لدوایا جاتا ہے ۔

Stowboard/ Stowbord : (n) دیکھو Stow

Stowce : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا آہنجہ جس سے کان کی کچدھات نکالی جاتی ھے ۔

Stowce : (v) آہنجہ لگانا.

Stower : (n) کھمبا : چوبی ستون (خصوصاً لگا کر کشتی چلانے کا) ۔

Stower : (n) دیکھو Stour

Stower : (n) دیکھو Stewdore

Stowre : (n) دیکھو Stour

Strabism : (n) حول : بھینگاپن ۔

Strabismal : (a) بھینگے پن کا : احولی : احول : بھینگا.

Strabismic : (a) دیکھو Strabismal

Strabismometer : (n) احول پیما : بھینگا پن ناپنے کا آلہ ۔

Strabismus : (n) [Gr. 'Strabismos'.] دیکھو Strabism

Strabotomy : (n) [Fr. 'Strabotomie'.] (مرضیات) اصلاح احول : عملیہ احول : پتلی کے پٹھے کو کاٹ دینا : آنکھ کا عمل جراحی سے بھینگاپن جاتا رہتا ھے ۔

Stracchino/ Straochino cheese : (n) [It.] ملائم پنیر کی ایک قسم جو اٹلی میں بنتی ھے ۔

Strad : Stradivarius کا مخفف ۔

Straddle : (n) (۱) ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہونے یا بیٹھنے کا عمل ۔ (۲) تذبذب ۔ (۳) (صرافہ) وہ معاہدہ جس کی رو سے کسی شخص کو حق ہو کہ ایک معینہ مدت پر اسٹاک خریدے خواہ فروخت کرے : اختیار خرید و فروخت بہ نرخ مقررہ ۔ (۴)(امریکی سیاست) دونوں پارٹیوں کے ساتھ ہونے کا ادعا ۔ (۵) (پوکر کھیل میں) کسی کھلاڑی کا شرط کا دوگنا کر دینا ۔ (۶) نشانے کے ادھر اُدھر بمباری کرنا ۔

Straddle : (v) [f. 'Striddle'.] (۱) ٹانگی پھیلا کر یا چیر کر کھڑا ہونا : ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونا ۔ (۲) ایک ٹانگ ادھر ایک ٹانگ اُدھر رکھ کر کھڑا ہونا یا بیٹھنا (کسی چیز پر) : سوار ہونا (گھوڑے پر) ۔ (۳) (بحری) (نشانے یا دشمن کے) ادھر ادھر گولے پھینکنا (خصوصاً زد کا اندازہ لگانے کے لئے) : اسی طرح بمباری کرنا ۔ (۵)(سیاسیات) دونوں پارٹیوں کے ساتھ ہونے کا ادعا کرنا ۔ (۶) (پوکر کھیل) شرط کو دوگنی کرنا ۔ (۷)(مجازاً) دگدھاپن میں ہونا : کبھی ادھر کبھی ادھر جھکنا : مذبذب ہونا ۔ (۸) ایک بازار سے مال خرید کر دوسرے بازار میں جتنا (مال) ہاتھ میں ھے اس سے زیادہ بیچنے کا سودا کرنا ۔

Straddle : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddle-fashion : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddle trench : (n) خندق : گڑھا جسے پاخانہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ھے ۔

Straddleback : (adv.) دیکھو Astraddle

Straddleway : (adv.) ٹانگیں پھیلا کر : گھوڑے کے آسن میں ۔

Straddlewise : (adv.) دیکھو Straddleway

Straddling : (a) (۱) ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونے والا یا چلنے والا ۔ (۲) (نباتیات) منتشر : منشعب ۔

Straddlingly : (adv.) ٹانگیں چیر کر یا پھیلا کر ۔

Stradiot : (n) [It. 'Stradiotto'.] دیکھو Estradiot

Stradivari : (n) کریمونا کے صناع اسٹریڈ یویریس (۱۶۴۴ ۔ ۱۷۳۷ء) کا بنایا ہوا تار کا باجا (وائلن وغیرہ) ۔

Stradivarius : (n) دیکھو Stradivari

Strafe : (v) [From G. phrase 'Gott strafe England.' "God punish England".] (۱) گولا باری کرنا : گولیاں برسانا (خصوصاً ہوائی جہاز سے) : شدید حملہ کرنا ۔ (۲) ڈانٹنا : ڈپٹنا : گالیاں دینا ۔ (۳) ٹھونکنا : پیٹنا ۔

Strafe : (n) (۱) گولہ باری : گولیوں کی بارش ۔ (۲) ڈانٹ ڈپٹ : گالیاں ۔ (۳) مار : مرمت : ٹھکائی : پٹائی ۔

Strafer : (n) گولیاں برسانے والا شخص : گولہ باری کرنے والا شخص : ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ۔

Straggle : (n) (۱) منتشر چیزوں کا مجموعہ : منتشر ترتیب ۔ (۲) بے قاعدہ ظہور (کسی چیز کا) : وقفہ وقفہ سے نکلنا : جابجا ہونا : کہیں کہیں ہونا ۔

Straggle : (v) [ME. 'Straglen'.] (۱) (جماعت یا جھنڈ سے) بچھڑ جانا ؛ ساتھ چھوٹ جانا ؛ بھٹک جانا ؛ الگ ہو جانا ؛ بکھر جانا (بالوں کا زلف سے) ۔ (۲) منتشر ہو جانا ؛ آوارہ ہو جانا ؛ تتر بتر ہو جانا ۔ (۳) بے ترتیبی سے منتشر ہو کر چلنا (قافلے وغیرہ کا) ۔ (۴) جا بجا ہونا ؛ کہیں ہونا ؛ بکھرا ہونا ۔ (۵) (سپاہی کا) دستے سے الگ ہو جانا ؛ کوچ کے راستے سے بچھڑ جانا ؛ (جہاز کا) صف جنگ سے بھٹک جانا ۔ (۶) (ملاح یا جہازراں کا) بغیر رخصت غیر حاضر رہنا یا رخصت سے زیادہ ٹھہر جانا ۔ (۷) (پودے ، شاخ ، بال وغیرہ کا) بے ترتیبی سے بڑھنا یا اگنا ۔ (۸) (شہر ، عمارت وغیرہ کا) بے ترتیبی سے بسایا جانا ؛ بنایا جانا ۔ (۹) (سڑک ، دریا ، باڑھ وغیرہ کا) بے قاعدہ طور پر مڑنا یا بل کھانا ۔ (۱۰) بے ترتیبی سے رکھا جانا ۔

Straggler : (n) (۱) بھٹکنے والا ؛ بچھڑنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ ادھر اُدھر پھرنے والا ۔ (۲) جو جماعت یا جھنڈ سے بچھڑ گیا ہو ؛ بچھڑا ہوا ساتھی ؛ بھٹکا ہوا رہرو ؛ راہی ۔ (۳) (فوج) سپاہی جو دستے سے الگ ہو گیا ہو ؛ (بحری) وہ جہاز راں جو بغیر رخصت لئے غیر حاضر ہو ۔ (۴) جانور جو اپنی اصلی جگہ یا جھنڈ سے بچھڑ گیا ہو (خصوصاً موسمی چڑیا) ۔ (۵) پودا یا شاخ جو بے قاعدگی سے بڑھے ؛ منتشر یا الجھا ہوا بال ۔

Straggling : (n) کسی خاصیت کا شماریاتی اختلاف ۔

Straggling : (a) بچھڑنے والا ؛ منتشر ہونے والا ۔

Stragglingly : (adv.) بچھڑ کر ؛ منتشر ہو کر ۔

Straggly : (a) منتشر ؛ بکھرا ہوا ۔

Stagulum : (n) [L.] پرند کا غشاء اطاق ۔

Straight : (a) [ME. 'Streght'.] (۱) سیدھا ؛ راست ؛ مستقیم ۔ (۲) جو سیدھا نشانے پر جائے ؛ سیدھا ؛ صاف ؛ بے خطا (نشانہ ، وار ، نظر ، طریقہ وغیرہ) ۔ (۳) معتبر ؛ قابل وثوق ۔ (۴) کھرا ؛ بے لاگ ؛ صاف ؛ راست باز ؛ دیانت دار ؛ ایماندار ۔ (۵) ٹھیک ؛ ہموار ؛ درست ۔ (۶) بلا واسطہ ؛ سیدھا ؛ بہ خط مستقیم ؛ راست ۔ (۷) خوش اطوار ؛ اچھے چلن ۔ (۸) (عورت) پارسا ؛ پاکباز ؛ پاکیزہ ؛ پاکدامن ؛ با عصمت ۔ (۹) افقی ؛ عمودی ۔ (۱۰) (امریکا) غیر مخلوط ؛ بے آمیزش ؛ خالص ؛ پوری قوت کا ؛ (شراب) بے میل ۔ (۱۱) کٹر ؛ کڑا ؛ انتہا پسند ۔ (۱۲) (پوکر کھیل) بے ترمیم شکل میں ۔ (۱۳) معروف ڈراموں سے متعلق ۔ (۱۴) (اسکاچستان) (پہاڑی وغیرہ) کھڑی ؛ سیدھی ڈھلوان ۔ (۱۵) (ہنڈی ، تمسک وغیرہ) جس پر کوئی مخصوص تصدیق نہ ہو ؛ غیر مصدقہ ؛ واجب الادا ہونے کے بعد اس کی پوری ادائی کی جائے ۔ (۱۶) دیکھو Straight-time ۔ (۱۷) دگر جنسیہ (شخص) ۔ (۱۸) کارنمایاں کا بہترین ریکارڈ رکھنے والا (متعلم) ۔

A straight eye : یہ دیکھنے کی صلاحیت کہ کوئی چیز ٹھیک طور سے رکھی گئی ہے یا نہیں ۔

A straight fight : بے لاگ مقابلہ یا لڑائی (جس میں حریف ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کریں) ۔

The straight tip : کسی موضوع پر براہِ راست اشارہ ۔

To keep one's face straight : ہنسی روکنا ۔

To keep straight : خوش اطوار ہونا ۔

To put things straight : معاملات کو سلجھانا ۔

To vote the straight ticket : کسی پارٹی کے سبھی امیدواروں کی حمایت یا حق میں ووٹ دینا ۔

Straight : (n) (۱) سیدھی شکل یا حالت ، سطح ۔ (۲) کسی چیز کا سیدھا حصہ (خصوصاً گھڑ دوڑ کے میدان کا آخری حصہ جو بالکل سیدھا ہوتا ہے) ۔ (۳) (پوکر کھیل میں) کسی سلسلے کے پانچ پتے (جو ایک رنگ کے نہ ہوں) ۔

On the straight : (۱) خط مستقیم پر ؛ سیدھا ۔ (۲) متوازی (بازو کے) ۔ (۲) (عام) اچھے اطوار رکھنے والا ۔

Out of straight : ٹیڑھا ؛ کج ؛ خم ۔

Straight : (adv.) (۱) سیدھا ؛ بہ خط مستقیم ؛ بلا واسطہ ؛ راست ۔ (۲) نشانے پر ؛ صحیح رخ پر ؛ ٹھیک رخ پر ۔ (۳) صحیح طریقے پر ؛ صحیح ڈھنگ سے ؛ ٹھیک ۔ (۴) فوراً ۔ (۵) ایمانداری سے ؛ دیانت داری سے ؛ مخلصانہ ؛ شریفانہ ۔ (۶) کھڑے طور پر ؛ صاف صاف ؛ بے لاگ طور پر ۔

Straight : (v) (۱) سیدھا کرنا ؛ سیدھا رکھنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ ٹھیک رکھنا ۔ (۲) (اسکاچستان) کفنانا ؛ تجہیز و تکفین کرنا ۔

Straight accent : (n) دیکھو Macron

Staight and narrow : (n) خوش اطواری اور دیانتداری ۔

Straight angle : (n) زاویہ مستقیمہ ؛ دو قائمہ زاویہ ۔

Straight arch : (n) وہ محراب جو دو مستقیم خطوں سے بنتی ھے اور ۸ کی شکل کی ھوتی ھے ۔

Straight-arm : (n) دیکھو Stiff-arm

Straight-back/ Straight-backed : (a) سیدھی کمر والا (جس میں خم نہ ھو) : تنی ھوئی کمر والا ۔

Straight bill of lading : (n) غیر تحویل پذیر یا بارنامہ جس کے ذریعے مال کسی مخصوص پارٹی کو بھیجا جائے ۔

Straight-cat : (a) لمبے لمبے ریشوں میں کٹا ھوا (تمباکو) ۔

Straight dye : (n) رنگ جس میں بہت تھوڑی (پانچ فی صد سے کم) آمیزش ھو ۔

Straight dynamite : (n) ایک آتش گیر مادہ جس کی اساس فعال ھوتی ھے اور کاربنی آتش پذیر مادے کا بنا ھوتا ھے ۔

Straight-edge : (n) سلاخ جس کا ایک سرا بالکل سیدھا ھوتا ھے اور جس سے سطح کے سیدھے ھونے کی جانچ کی جاتی ھے : سیدھا کنارا : راست گیر پیمانہ ۔

Straight-edge : (n) کنارا سیدھا کرنا : راست گر پیمانہ سے ناپنا ۔

Straight-face : (n) سنجیدہ شکل : متین چہرہ (جو انسان اپنے جذبات کو چھپانے کے لئے بنائے) ۔

Straight-faced : (a) سنجیدہ شکل والا : متین چہرے والا ۔

Straight fight : (n) (انتخاب میں) دو امیدواروں کے درمیان سیدھا مقابلہ ۔

Straight five : (n) (پوکر کھیل وغیرہ میں) (کسی ایک نگ والا) اِکا سے دہلا تک ۔

Straight flour : (n) گیہوں کا چھنا ھوا آٹا یا میدہ جس میں چوکر اور سوجی نہ ھو ۔

Straight-flush : (n) (تاش) کسی رنگ کے پانچ ترتیب والا پتے ۔

Straight-forward/ Straightforward : (n) صاف صاف : بے لاگ طریقے سے : سیدھے ۔

Straight forward/ Straightforward : (a) (۱) کھرا : صاف : بے لاگ ۔ (۲)(کام وغیرہ) سیدھا سادہ : غیر پیچیدہ : غیر مبہم ۔ (۳) سیدھا : راست ۔ (۴) (زبان ، بیان) بلا واسطہ : بغیر طول کلام : مجمل ۔

Straight-forwardly : (adv.) صاف صاف : بے لاگ طریقے سے ۔

Straight-forwardness : (n) کھراپن : بے لاگ ھونا : سیدھا سادہ ھونا ۔

Straight-from-the-shoulder : (n) دلیرانہ : بلا مروت ۔

Straight-front : (a) جس کے سامنے کا حصہ ، کنارہ یا حاشیہ وغیرہ سیدھا ھو ۔

Straight-headed : (a) دیکھو Square-headed

Straight-hit : (n) (کرکٹ) (آسٹریلیا) گیند پھینکنے والے کے پیچھے باؤنڈری کے پاس گیند روکنے کی جگہ یا وہ کھلاڑی جو وہاں کھڑا رہتا ھے ۔

Straight-jacket : (n) (۱) جکڑ کوٹ ۔ (۲) دیکھو Strait jacket ۔

Straight-laced : (a) سخت محتاط (اخلاقی امور میں) : نہایت سخت ۔

Straight line : (n) خط مستقیم ۔

Straight-line : (a) (۱) سیدھا چلانے والا ۔ (۲) جس کے اہم ترین حصے سیدھے ھوں ۔

Straight-lined : (a) خط مستقیم : سیدھے خطوط کا ۔

Straight off : (adv.) فوراً : ابھی : بلا تامل : بلا وقت ۔

Straight out : (adv.) صاف طور پر : واضح طریقے سے : صاف صاف ۔

Straight-out : (n) سخت : بے لوچ : اٹل : غیر مصالحت پسند شخص (خصوصاً پالیسی یا کسی جماعت کی حمایت میں) ۔

Straight-out : (a) (۱) بے لاگ : بے لوچ : کٹر : بے روک : بے قابو : انتہا پسند : کھل کر کام کرنے والا ۔ (۲) ٹھیک ٹھیک ۔

Straight paper : (n) قابل انتقال یا تحویل پذیر دستاویز جس پر صرف ایک آدمی کا دستخط ھو یا تصدیق ھو ۔

Straight-play : (n) (کرکٹ) بلا سیدھا رکھ کر گیند کو مارنا ۔

Straight-pull : (a) (رائفل ، بندوق وغیرہ) جس کے کھٹکے کی حرکت آگے پیچھے ھو (تلکہ بند ھونا اور کھلنا بغیر گھمائے ھوئے ھو) ۔

Straight-run : (a) (۱) پٹرول کے صاف صاف ھونے کے دوران ھونے والا یا پیدا ھونے والا ۔ (۲) (چوزہ) انڈے سے نکلتے ہی بکنے والا ۔

Straight-shooter : (n) انتہائی دیانت دار اور بے لاگ شخص ۔

Straight-side/ -sided : (a) سیدھی پہلوؤں والا ۔

Straight-talk : (n) سیدھی بات ؛ کھری بات ؛ بے لاگ بات ؛ غیر پیچیدہ گفتگو ۔

Straight-ticket : (n) ایک ہی جماعت کے سبھی امیدواروں کو دیا ہوا ووٹ ۔

Straight thinking : (n) معولیت کے ساتھ غور (جذبات سے قطع نظر کرکے) ۔

Straight-time : (n) (۱) کام کا معینہ وقت ۔ (۲) کام کے معینہ وقت کی اجرت ۔

Straight-time : (a) کام کے معینہ وقت میں ہونے والا یا اس سے متعلق یا اس پر مبنی ۔

Straight-up : (a) (۱) سیدھا ؛ کھڑا ؛ عمودی ۔ (۲) ٹھیک وقت پر ہونے والا ۔

Straight-whisky : (n) خالص وہسکی ۔

Straightaway : (a) (۱) سیدھا ؛ مستقیم ۔ (۲) جس میں متناسب ارتقا یا ترقی ہو ۔ (۳) فوری ۔

Straightaway.: (n) گھڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جو بالکل سیدھا ہوتا ہے ۔

Straightaway : (adv.) (۱) فوراً ؛ اسی دم ۔ (۲) سیدھی حالت میں ؛ درست حالت میں ۔

Straightbred : (a) (۱) اصلی النسل ۔ (۲) یک جدی ۔

Straighten : (v) (۱) سیدھا کرنا ۔ (۲) ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ سلجھانا ؛ راہ راست پر لانا ۔ (۳) ترتیب دینا ؛ ترتیب کے ساتھ رکھنا ۔ (۴) سیدھا ہونا ۔ (۵) بھلائی یا اچھائی کے لئے بدلنا یا تبدیل کرنا ۔ (۶) (عامیانہ) زندگی گزارنے کے لئے اچھی راہ اختیار کرنا ؛ پاک زندگی گزارنا ؛ بسر کرنا ۔

To straighten one's face : سنجیدہ ہو جانا ؛ متین چہرہ بنا لینا ۔

To straighten up : سیدھا کھڑا ہو جانا ؛ (عام) دیانت داری برتنا ۔

Straightener : (n) سیدھا کرنے والا ؛ درست کرنے والا یا والی (آدمی یا مشین) ۔

Straighthead : (n) دھان کے پودے کی ایک بیماری ۔

Straightish : (a) کسی قدر سیدھا ۔

Straightly : (adv.) (۱) سیدھی ؛ براہ راست ؛ واضح طریقے سے ۔ (۲) سیدھی طریقے کا ۔

Straightman : (n) کامیڈین کو لقمہ دینے والا ۔

Straightness : (n) سیدھ ؛ سیدھا پن ؛ سیدھا ہونا ؛ درست ہونا ؛ کھراپن ؛ راستی ؛ درستگی ۔

Straightway : (n) (۱) (شاذ) سیدھی ؛ براہ راست ۔ (۲) فوراً ؛ اسی وقت ۔

Straightway : (a) سیدھی گزرنے دیا جانے والا ۔

Straik : (v) ہاتھ پھیرنا ؛ سہلانا ۔

Strain :·(n) [OE. 'Streon'.] (۱) نسل ؛ خاندان (انسان یا حیوان کا) ؛ سلسلۂ نسب ۔ (۲) اولاد ؛ نسل ۔ (۳) حلف ۔ (۴) قبیلہ ؛ جنس ؛ نژاد ۔ (۵) خاندانی صفت یا فطرت ۔

Strain : (a) (۱) کھنچاؤ ؛ تناؤ ؛ زور ۔ (۲) حد سے زیادہ بوجھ یا بار (کام وغیرہ کا) ۔ (۳) زور ؛ کوشش ۔ (۴) نقصان جو حد سے زیادہ کوشش یا مشقت سے پہنچ جائے ؛ چڑھ جانا (پٹھوں وغیرہ کا) ؛ موچ ۔ (۵) (طبیعیات ، میکانیات) فساد ؛ کسی جسم پر زور پڑنے سے اس کے اجزائے سالمہ کی ترتیب بدل جانا ۔ (٦) (طب) موچ ؛ درد ۔ (۷)رجحان ؛ مادہ (طبیعیت میں غصے وغیرہ کا) ۔ (۸)لہجہ ؛ آواز ؛ طرز ؛ اُسلوب ؛ انداز ؛ رنگ (تحریر یا تقریر کا) ۔ (۹)قسم ؛ جنس ؛ درجہ ۔ (۱۰) مزاج ؛ کیفیت مزاج ۔ (۱۱) (موسیقی) وقفہ ؛ نغمے کا مختصر واضح حصہ ؛ نے؛ نغمہ ؛ سُر ؛ ترانہ ۔ (۱۲) نظم وغیرہ کا بند ۔ (۱۲)تقریر کا پر جوش حصہ ۔

Strain : (v) [ME. 'Streyne, Strayne'.] (۱) کھینچنا ؛ تاننا ؛ کھینچ تان کرنا ۔ (۲) کھینچ تان کر حد سے زیادہ کام لینا ؛ بیجا استعمال کرنا ؛ کھینچ تان کر نکالنا (معنی وغیرہ) ۔ (۳)سینے سے چمٹانا ؛ چھاتی سے لگانا ۔ (۴) حد سے زیادہ زور ڈالنا ؛ حد سے زیادہ کام لینا ؛ حد سے زیادہ کام لے کر خراب کر دینا ؛ خطرے میں ڈالنا ۔ (۵) سخت کوشش کرنا ؛ پورا زور لگانا ؛ تکلیف یا مبالغہ کرنا ۔ (٦) تڑپانے کی کوشش کرنا (رسی وغیرہ) ؛ خوب زور سے کھینچنا ۔ (۷) دبا جانا (بوجھ سے) ۔ (۸) چھاننا

(چھلنی وغیرہ پر) : چھان کر الگ کرنا : چھننا : چھن کر ٹپکنا (سیال شے کا) ۔ (۹) (رسی وغیرہ سے) کس کر دبانا ۔ (۱۰) (ضمیر ، قسم وغیرہ کی) خلاف ورزی کرنا۔ (۱۱) جذباتی تناؤ پیدا کرنا ۔ (۱۲) اجابت کے لئے زور لگانا ۔ (۱۳) بے حد محتاط ہونا ۔ (۱۴) مزاحم ہونا : اڑ جانا ۔

To strain (a person) to one's bosom / -heart : سینے سے چمٹانا : چھاتی سے لگانا ۔

To strain a point : حد سے تجاوز کرنا : حد سے زیادہ کام کرنا : بے جا رعایت کرنا : بے جا طرز عمل اختیار کرنا ۔

To strain at : (کسی معاملے میں) بے حد محتاط ہونا : حد سے زیادہ احتیاط کرنا : برتنا ۔

To strain at stool : اجابت کے لئے زور لگانا : کونتھنا ۔

To strain every nerve : ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا ۔

To strain one's authority/ -powers/ -rights : اپنے اختیارات : طاقت یا حقوق سے بزور بیجا کام لینا ۔

To strain one's ears : بہت غور سے سننا ۔

To strain one's eyes : بہت غور سے دیکھنا ۔

Strain-band : (n) بادبان پر مضبوطی کے لئے لگی ہوئی پٹی ۔

Strain diagram : (n) (چھت کے پایوں یا پُل وغیرہ کے) ڈھانچ کا نقشہ جس میں وہ جگہیں دکھائی جاتی ہیں جہاں زور پڑے گا ۔

Strain guage : (n) برقی بگاڑ پیما ۔

Strain insulator : (n) مضبوط برقی حاجز ۔

Strain theory : (n) علم کیمیا کا ایک کلیہ یا نظریہ جو سالمہ کی ساخت میں تناؤ کی توجیہہ کرتا ھے ۔

Strainable : (a) جو کھینچا یا تانا جا سکے : کھینچ تان کے قابل : کھینچے جانے کے قابل : قابل تاویل ۔

Strained : (a) (۱) زبردستی کا : مصنوعی : بناوٹی : تکلف کا (جو بے تکلف یا بے ساختہ نہ ہو) ۔ (۲) چھانا ہوا : معقول یا مناسب (بات) کے خلاف کیا ہوا ۔ (۳) کھینچ تان کر نکالا ہوا (معنی) : بے جا تاویل کیا ہوا : غلط معنی پہنایا ہوا: مسخ کیا ہوا (معنی) ۔ (۴) (زیادہ کام لینے کی وجہ سے) بگاڑا ہوا : آزردہ : آزار رسیدہ ۔

Strained interpretation : (n) بے جا تاویل : کھینچ تان کر نکالا ہوا : مطلب ۔

Strained relations : (n) کشیدہ تعلقات ۔

Strained sense : (n) کھینچ تان کر پیدا کئے ہوئے معنی ۔

Strainedly : (adv.) زبردستی : مصنوعی طور پر : کھینچ تان کر : بے جا طریقے سے ۔

Strainedness : (n) زبردستی کا ہونا : تصنع : مصنوعی ہونا : کھینچ تان ۔

Strainer : (n) (۱) چھلنا : چھلنی : صافی ۔ (۲) کوئی قدرتی ساخت یا عمل جس سے تصفیہ یا صفائی ہوتی ہو ۔ (۳) کھینچنے یا تاننے کی ترکیب ۔ (۴) برتن یا ترکیب صاف کرنے یا چھاننے کے لئے : ٹپکا : چھننی ۔

Straining : (n) (۱) کھینچنا : تاننا : حد سے زیادہ کام لینا ۔ (۲) چھانی ہوئی یا چھان کر نکالی ہوئی کوئی چیز (خصوصاً چھنا ہوا (عرق) ۔

Straining arch/ Strainer arch : (n) محراب جو بغلی دباؤ سے متاثر نہ ہو ۔

Straining beam : (n) تان کڑی : بڑی کڑی جو چھت کی سیدھی قینچی (Queen-posts) کے درمیان تان کے طور پر لگا دی جاتی ھے ۔

Straining-piece : (n) بار کش ٹکڑا : دیکھو Strainig-bean ۔

Strainingly : (adv.) کھینچتے ہوئے : حد سے زیادہ زور ، دباؤ ڈالتے ہوئے ۔

Strainless : (a) بے تناؤ : بے کھنچاؤ ۔

Strainometer : (n) بگاڑ پیما : امتداد پیما ۔

Strainslip : (n) چٹانوں میں شگاف پڑ کر یا پڑنے کی وجہ سے تھوڑا ہٹ جانا : الگ ہو جانا ۔

Strait : (a) [ME. 'Streit'.] (۱) تنگ : محدود : گھٹا ہوا ۔ (۲) سخت گیر ۔

Strait : (n) (۱) (جمع) تنگ دستی : تنگ مقام : مشکل وقت : ضیق : کشمکش : مصیبت ۔ (۲) آبنائے (آبنائے کے ناموں کے

Straitsman : (n) (۱) آبنائے ملاکو میں چلنے والا جہاز ۔ (۲) آبنائے باس (Bass straits) کے علاقے میں رہنے والا آسٹریلیائی باشندہ ۔

Strake : (n) [ME.] (۱) بیل گاڑی کے پہیے کی دھات کے حلقے کا ایک حصہ ۔ (۲) بوقلموں دھاریاں ۔ (۳) (بحری) لوہے کے تختے یا پتر جو پیش جہاز سے دنبالہ جہاز تک جڑے ہوتے ہیں ۔ (۴) مسافت ؛ فاصلہ یا دوری (راستے کی) ؛ قدم کی لمبائی ۔

Garboard strake : دیکھو Garboard

Strake : (n) (کان کنی) کچدھات یا خام دھات دھونے کا گڈھا ؛ لکڑی کا بکس اسی کام کے لئے ؛ (سونے کی کان) کوٹی ہوئی خام دھات یا کچدھات کو جمع کرنے کے آلات ۔

Strake : (v) (کان کنی) گڑھے میں کچدھات دھونا ؛ کوٹی ہوئی کچدھات گڑھوں میں جمع کرنا ۔

Strake : دیکھو Straik

Stramash : (n) [Imitative.] (۱) ہنگامہ ؛ شور شرابا ؛ شور و غل ۔ (۲) بربادی تباہی ۔

Stramash : (v) [Imitative.] پاش پاش کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ۔

Stramineous : (a) [L. 'Stramineus'.] (۱) پیال کا ؛ بھوسے سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) حقیر ؛ ادنیٰ ۔ (۳) پیال کے رنگ کا ؛ بھوسا رنگ ؛ کاہی (رنگ) ۔

Strammel : (n) [Fr.] (اسکاچستان) دیکھو Straw

Stramonium : (n) [mod. L.] (۱) ایک قسم کا دھتورا ؛ تاتورہ ۔ (۲) ایک دوا جو دھتورے کے بیجوں سے تیار کی جاتی ہے اور دمے میں مفید ہے ۔

Stramony : (n) دیکھو Stramonium

Stramp : (v) (۱) دیکھو Stamp ۔ (۲) دیکھو Trample ۔

Strand : (n) [OE.] (۱) ساحل ؛ کنارا (دریا ، جھیل یا سمندر کا) ۔ (۲) غیر ملک ۔

The Strand : لندن کی ایک سڑک کا نام ۔

Strand : (n) [Of unkn. origin.] (۱) ڈوری یا تار (جس کو بٹ کر رسی بنائی جائے) ؛ لڑ (رسی کی) ؛ رشتہ ۔ (۲) کپڑے کا ساتھ جمع ہو آتا ہے) ؛ بوغلر ۔ (۳) کسی نلکی نما چیز کا تنگ حصہ ۔

The straits : پہلے آبنائے جبرالٹر کو کہتے تھے اب آبنائے ملاکو کو کہتے ہیں ۔

Strait : (adv.) کس کر ؛ تان کر ؛ مضبوطی سے ۔

Strait-bodied : (a) کارسٹ لگا ہوا (چست لباس) ۔

Strait jacket : (n & v) (۱) جکڑ کوٹ ؛ بہت تنگ کوٹ یا واسکٹ جو مجنوؤں کو پہنا دیا جاتا تھا جس سے ان کے ہاتھ جکڑ جاتے تھے ۔ (۲) کوئی چیز جو جکڑ کوٹ کی مانند رو کے یا محدود کر دے ۔ (۳) جکڑ کوٹ پہنا کر ہاتھوں کو جکڑ دینا ۔

Strait-lace : (v) فیتے یا تسمے سے کس کر باندھنا ؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا ؛ حدود کے اندر رکھنا ۔

Strait-laced : (a) دیکھو Straight-laced

Strait-lacedly : (adv.) نہایت سختی سے ؛ سخت احتیاط کے ساتھ ؛ بہت محتاط طور پر ۔

Strait-lacedness : (a) سخت محتاط ہونا ؛ سخت احتیاط ۔

Strait waistcoat : (n) دیکھو Strait jacket

Strait-waistcoat : (v) جکڑ کوٹ پہنا کر ہاتھوں کو جکڑ دینا ۔

Strait work : (n) (کان کنی) زمین دوز راستے سے کوئلہ نکالنے کا ایک طریقہ ۔

Straiten : (v) (۱) تنگ بنانا (کسی چیز کو) ۔ (۲) تنگ ہونا ؛ محدود ہونا ؛ جکڑنا ؛ کھینچنا ۔ (۳) نادار بنانا ؛ مفلس بنا دینا ۔ (۴) زحمت دینا (کسی مخصوص چیز کی ، مثلاً وقت ، جگہ وغیرہ کی کمی کر کے ؛ روپے کی کمی کر دینا یا کسی چیز کی فراہمی کم کر دینا ۔

Straitened circumstances : (n) ناداری ؛ افلاس ؛ مسرت ؛ تنگ دستی ۔

Straitly : (adv.) (۱) کس کر ؛ تان کر ۔ (۲) تنگی سے ؛ باریکی سے ۔ (۳) سختی سے ۔ (۴) دلی طور پر ؛ گہرے طور پر ۔

Straitness : (n) تنگی ؛ سختی ؛ سخت گیری ؛ عسرت ؛ تنگ دستی ۔

Straits dollar : (n) برطانوی ملایا کا ڈالر (سکہ) جو جزائر شرق الہند اور جنوبی اور مشرقی ایشیا میں رائج تھا ۔

تانا بانا ۔ (۳) سر کے بالوں کی لٹ ؛ سرکا بال ۔ (۴)ریشہ ۔ (۵) (مجازاً) مختصر ؛ جز (کسی مرکب کا) ۔

Strand : (n) [ME.] (۱) لہر ؛ دھارا ۔ (۲) نالہ ؛ موری ؛ پر نالہ ۔

Strand : (v) خشکی پر چڑھ جانا یا چڑھا دینا ؛ ساحل پر چڑھ جانا ۔

Strand : (v) (۱) (رسی کی کوئی) لڑ توڑ ڈالنا ۔ (۲) ڈوری کو بانٹ کر رسی بنانا ۔ (۳) بافت میں ڈوری یا تار داخل کرنا ؛ کاج کے کنارے دھاگا لگانا ۔

Strand-fishery : (n) ساحلی ماہی گیری ۔

Stranded : (a) (۱) مشکل میں پڑا ہوا ؛ مصیبت میں گرفتار یا مبتلا ۔ (۲) (روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی جگہ) پڑا ہوا ۔ (۳) واماندہ ؛ درماندہ ۔

Strander : (n) (۱) ڈوری یا تار سے رسی بانٹنے کی مشین ۔ (۲) لوہے کے کارخانے میں وہ شخص جو دستی سنسی سے لوہے کی گرم سلاخوں کو پکڑ کر ایک مل سے نکال کر دوسری مل میں ڈالتا ہے ۔

Stranding : (n) ساحل پر چڑھ جانا ۔

Strandless : (a) بے ساحل ۔

Strandline : (n) ساحل ؛ دریا کا کنارہ ۔

Strandman : (n) تار موڑنے اور کاتنے والی مشین کو چلانے والا ۔

Strang : (۱) مضبوط ۔ (۲) مستحکم ؛ محکم ۔ (۳) سخت ؛ ٹھوس ۔ (۴) تندرست ؛ توانا ۔ (۵)پکا ؛ پختہ ؛ استوار ؛ راسخ ۔ (۶) طاقتور ؛ قوی ۔ (۷)بڑا ؛ کثیرالتعداد ؛ کثیر ؛ متعدد ۔ (۸) زبردست ؛ با اثر ؛ با اقتدار ۔(۹) قابل ؛ لائق ۔ (۱۰)پُر زور ؛ معرکے کا ۔ (۱۱)مدلل ؛ مؤثر ؛ کارگر ۔ (۱۲)تیز ؛ گہرا (رنگ وغیرہ) ؛ بھاری ؛ بلند (آواز) ۔ (۱۳) تند ؛ تیز ؛ شدید ؛ قوی ؛ سخت ۔ (۱۴) (علم صرف) بے قاعدہ ؛ وہ فعل جس کا ماضی وغیرہ حرف علت کے بدلنے سے بنتا ہو ۔ (۱۵) مقوی ۔ (۱۶) شوخ (رنگ ، روشنی) ۔ (۱۷) منشی ۔ (۱۸) قوی ؛ ماسک (حافظہ) ۔ (۱۹) ماہر ؛ مہارت رکھنے والا ؛ مشاق ۔ (۲۰)جس کا مقابلہ کرنا مشکل ہو (کھیل میں) ۔ (۲۱)ناقابل تسخیر (شہر ، فصیل ، قلع وغیرہ) ۔ (۲۲)جمی ہوئی ؛ تہ بہ تہ (مٹی) ؛ زرخیز ۔ (۲۳) دیر ہضم ؛ ثقیل (کھانا) ۔ (۲۴) (کان کنی) (رگ معدن) موٹی ؛ دبیز ۔ (۲۵) (اون) موٹا ۔ (۲۶) سخت (فعل یا تدبیر) ۔ (۲۷) بھاری ؛ بہت زیادہ (خرچ ، ادائی وغیرہ)۔ (۲۸) سخت ؛ بے لوچ ؛ کٹر ؛ غیر مصالحت پسندانہ (پارٹی کا نظریہ یا اصول) ۔ (۲۹) اٹل ؛ مصمم ۔ (۳۰) متعفن ؛ بدبو دار ۔ (۳۱) (مقدمہ) با شہادت ؛ با ثبوت ؛ جس کی پہلے سے نظیر موجود ہو ۔ (۳۲) نمایاں؛ یقینی ۔ (۳۳) جوڑا ؛ موٹا (خط) ۔ (۳۴) (فوٹو گرافی) (نیگیٹو) جس میں تاریک اور روشن حصے متناسب اور نمایاں ہوں ۔ (۳۵)(تجارت) (قیمت) یکساں نہ رہنے والی ؛ بڑھنے والی ۔ (۳۶)(عروض) (ہجا) جس پر تاکید ہو ۔ (۳۷) (تاش) (کھلاڑی) جس کے ہاتھ میں بڑے پتے ہوں ؛ بڑا (پتا) ؛ بڑے پتوں پر مشتمل (رنگ) ۔ (۳۸)(تمباکو) تیز ؛ کڑا ۔ (۳۹) بے حد مصر ؛ زبردست ۔ (۴۰) پُر جوش ؛ مستعد ؛ سرگرم ۔

Strange : (n) [OFr. 'Estrange'.] (۱) بیرونی ؛ باہر کا ؛ بدیسی ؛ غیر ملکی ؛ غیر ملک کا ۔ (۲) پرایا ؛ دوسرے کا ؛ بیگانہ ۔ (۳) انوکھا ؛ نرالا ؛ نیا ؛ خاص ۔ (۴) عجیب ؛ حیرت انگیز ؛ ناقابل توجیہہ ۔ (۵) نیا ؛ ناواقف ؛ اجنبی ۔ (۶)بھونچکا ؛ گھبرایا ہوا ۔ (۷) انتہائی ۔ (۸) غیر معمولی ۔ (۹) تعجب کے اظہار میں استعمال ہوتا ہے جیسے It is strange .

Strange : (v) حیرت میں پڑ جانا ؛ متحیر ہو جانا ۔

Strange : (adv.) انوکھے طریقے سے ؛ عجیب طرح سے یا طریقے سے ۔

Strange to say : تعجب ہے ؛ تعجب کی بات ہے ۔

Strange-woman : (n) قحبہ ؛ رنڈی ۔

Strangely : (adv.) دیکھو Strange

Strangeness : (n) نرالاپن ؛ انوکھاپن ؛ حیرت انگیزی ؛ ناواقفیت ؛ اجنبیت ۔

Stranger : (n) (۱) اجنبی ؛ غیر ملکی ؛ پردیسی ۔ (۲) نیا آدمی ؛ اجنبی ؛ نو وارد ؛ غیر آدمی ؛ مہمان ۔ (۳) ناواقف آدمی ؛ انجان آدمی ۔ (۴) کوئی چیز جو غیر متوقع مہمان کی آمد کی علامت سمجھی جائے (مثلاً چائے کی پیالی میں چائے کی تیرتی ہوئی پتی ، آتش دان کے جھڑ میں کالک کا پھڑ پھڑانا وغیرہ) ۔ (۵) (قانون) وہ شخص جو کسی عمل یا (قانونی) کاروائی میں شریک نہ ہو ۔ (۶) (مزاحاً) نو زائیدہ بچہ ۔ (۷) (امریکا) (گنوارو) صاحب ۔ (۸)(پارلیمنٹ) وہ شخص جو پارلیمنٹ کا ممبر یا کوئی عہدہ دار نہیں ہو مگر وہاں کی کاروائی میں اجازت سے موجود ہو ۔ (۹) غیر رشتہ دار ؛ غیر ۔ (۱۰) کسی بزم ، مجلس یا سوسائٹی کا غیر ممبر یا رکن ۔

A perfect stranger / A total- / An utter- : بالکل اجنبی ۔

I spy strangers : (انگلستان کے دارالعوام میں) ممبران اور سرکاری عہدہ داروں کے علاوہ اور سب کے ہٹا دیئے جانے کا مطالبہ کرنا۔

To make a stranger of : بیگانگی برتنا : مغائرت کا برتاؤ کرنا۔

To make no stranger of : تپاک سے ملنا : یگانگی کا برتاؤ کرنا : بے تکلفی سے پیش آنا : خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

Stranger : (a) (۱) اجنبی : غیر ملکی : پردیسی : انجان : ناواقفیت۔ (۲) اجنبی سے متعلق۔ (۳) غیر۔

Stranger : (v) بے گانہ بنانا ، کرنا : اجنبی بنانا۔

Strangerhood : (n) اجنبیت : غیر ملکی ہونا : انجان پن۔

Strangership : (n) دیکھو Strangerhood

Strangle : (n) (۱) (کُشتی میں) ایک گرفت جس سے حریف کی سانس رک جاتی ہے۔ (۲) (مجازاً) (سیاسیات ، بحری) پنجۂ غصب۔

Strangle : (v) [OFr. 'Estrangler'.] (۱) گلا گھونٹنا : گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔ (۲) (کالر وغیرہ کا) بہت تنگ ہونا : گلے میں پھنسنا : گلے کو بھینچنا۔ (۳) (مجازاً) دبا دینا (خواہش کو):زبردستی روکنا (اضطراری حرکت کو)۔ (۴)گنجان کر کے نمو روک دینا (پودوں کی)۔ (۵) دم گھٹنا : گلا گھونٹ کرمارا جانا۔

Stranglehold : (n) دیکھو Strangle

Strangler : (n) گلا گھونٹ والا : گلے میں پھنسنے والا : دبا دینے والا۔

Strangles : (n) متعدی زکام (گھوڑے ، گدھے وغیرہ کا)۔

Stranglate : (a) [L. 'Strangulatus'.] (۱) (مرضیات ، جراحی) مخنوق۔ (۲) (حشریات) (سر ، پیٹ وغیرہ) بہت تنگ۔ (۳) (نباتیات) (تنا) بند لگا کر بنایا ہوا۔

Strangulate : (v) [L. 'Strangulare'.] (۱) (مرضیات، تشریح) دبنے سے دوران خون رک جانا : (آنت ، رگ وغیرہ میں) اختناق ہو جانا۔ (۲) بند لگا کر نمو روک دینا : پودے کی نمو روک دینا : چوب رس روک دینا۔

Strangulated : (a) (نباتیات) (تنا) بند لگا کر بنایا ہوا۔

Strangulated bowel : (n) مخنوق رودہ۔

Strangulated hernia : (n) فتق اختناقی : پھنسا ہوا : خنق۔

Strangulation : (n) (۱) (مرضیات ، تشریح) اختناق : خنق : گلا گھونٹنا۔ (۲) انقباض (نلی یا رستے کا) : تنگ حصہ۔

Strangulative : (a) گلا گھونٹنے والا : گلا گھونٹ کر جان مارنے والا۔

Strangullion : (n) [OFr. '(E) stranguillion'.] گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں اس کے حلق کے غدود سوج جاتے ہیں۔

Strangurious : (a) (۱) جسے عسرالبول کا مرض ہو : مریض : عسر البول۔ (۲) عسرالبول کا : عسرالبول سے متعلق : عسر البول کی قسم کا : عسرالبولی۔

Strangury : (n) [L. 'Stranguria'.] (۱) عسرالبول (قطرہ قطرہ پیشاب تکلیف سے ہونا) : دھکنوتا۔ (۲) پٹی باندھنے سے پیدا ہونے والی ایک بیماری۔

Strany : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا دریائی پرندہ۔

Strap : (n) [from Strop.] (۱) چمڑے کی پٹی : چمڑے کا تسمہ : فیتہ۔ (۲) چمڑے کی وہ پٹی جس میں بکسوا لگا ہو (چیزوں کے باندھنے کے لئے) : تسمہ (بستر بند کا)۔ (۳) پتر : قبضہ (قلابے کا)۔ (۴) (نباتیات) لتہ (بعض چھوٹے پھولوں کا وہ حصہ جو زبان کی طرح لٹکتا ہے)۔ (۵)حلق دار تسمہ (مخصوص کام کے لئے)۔ (۶) دیکھو Shoulder-strap۔ (۷) (میکانیات) چرخیوں کے تسمے۔ (۸) چمڑے کا ٹکرا جس پر استرا تیز کرتے ہیں۔ (۹)بند آہنی (جوڑنے یا کسی حصے کو اس کی جگہ پر رکھنے کا)۔ (۱۰) (نباتیات) (بعض گھاس کی) پتیوں کا زائدہ۔ (۱۱) (لڑکیوں یا عورتوں کے لئے) ایک گالی۔ (۱۲)(عام) اعتماد : بھروسا : اعتبار : یقین : اعتمادی قرض۔ (۱۳) کوڑا (چمڑے کا)۔

On the strap : ادھلر۔

Strap : (v) (۱) تسمے سے جکڑنا : کسنا : باندھنا : پتر یا قبضے سے جڑنا۔ (۲) چمڑے سے رگڑ کر تیز کرنا (استرے کو)۔ (۳)(جراحی) (زخم پر) چپک مرہم پٹی باندھنا : (کسی حصے کو) تسمے یا ڈوری سے کسنا۔ (۴) تسمے سے پیٹنا۔ (۵) سرگرمی سے کام کرنا : مستعدی سے کام کرنا: سرگرمی سے کام شروع کرنا : کمر باندھنا۔ (۶)گھوڑے کو ملنا : کھریرا کرنا۔

Strap-bolt : (n) چٹخنی جس کا سرا چپٹا ہوتا ہے اور سطح سے بالکل سٹ جاتا ہے۔

Strap-bolt : (n) چھوٹے سرے والی : چٹخنی سے کسنا ۔

Strap-brake : (n) بریک جس میں رگڑ (Frictions) تسمہ لگا ہوتا ہے ۔

Strap hammer : (n) بھاری ہتھوڑا (جو تسمے سے لٹکا رہتا ہے) ۔

Strap hang : (n) چھت سے لٹکے ہوئے تسمے کو پکڑ کر (ریل یا بس پر) سفر کرنا ۔

Strap hinge : (n) لمبے بازوؤں والا ۔

Strap laid : (n) کئی رسیوں کو برابر رکھ کر جوڑا ہوا (رسا) ۔

Strap-leather : (n) گائے کا چمڑا جس سے چیزوں کو باندھنے کی پٹی بنائی جاتی ہے ۔

Strap-oil : (n) (عام) تسمے کی مار ۔

Strap oyster : (n) غیر معمولی طور پر ایک پتلا صدف ۔

Strap-rail : (n) (امریکا) چھوٹی پٹری (ریل کی) : جو طول میں رکھے ہوئے سلیپر پر لگی رہتی ہے ۔

Strap railroad/ -railway/ -road : (n) ریل کی پٹری جو طول میں رکھے سلیپر پر لگی رہتی ہے ۔

Strap-work : (n) گتھا ہوا آرائشی کام جو بٹے ہوئے تسمے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Strap-worm : (n) فیتے کی طرح کا ایک کیڑا ۔

Straphanger : (n) (عام) وہ مسافر جسے بس یا ریل میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملے اور چھت سے لٹکے ہوئے تسمے کو پکڑ کر کھڑے کھڑے سفر کرے ۔

Strapless : (a) بے تسمہ : بے فیتہ ۔

Strapontin : (n) [Fr.] بریکٹ دار نشست جو گاڑیوں اور سنیما گھروں میں ہوتی ہے ۔

Strappado : (n) [Fr. 'Strapade, Estrapade'.] (۱) رسی میں باندھ کر اٹھانے اور لٹکانے کی سزا ۔ (۲) (غلط استعمال میں) گھونسے مار کر سزا دینا ۔

Strappan : لمبا : تڑنگا : مضبوط : گٹھے ہوئے جسم کا ۔

Strapping : (a) دیکھو Strappan

Strapping : (n) تسمہ : ڈوری ۔

Strapple : (v) [Origin unkn.] تسمے یا فیتے سے باندھنا ۔

Strasbourg goose : (n) فربہ کی ہوئی بطخ جس کی کلیجی بڑی ہو گئی ہو (جس کا سنبوسہ بنایا جاتا ہے) ۔

Strasburg : (n) Alsace کے خاص شہر کا نام ۔

Strasburg linen : (n) اسٹریز برگ سے در آمد ہونے والا ایک قسم کا کتان ۔

Strasburg pie : (n) فربہ بطخ کی کلیجی کی پائی (ایک قسم کا انگریزی کھانا) ۔

Strass : (n) [G.] وہ مسالا جس سے مصنوعی جواہرات بنائے جاتے ہیں ۔

Strata : (n) Stratum کا صیغۂ جمع ۔

Stratagem : (n) [Fr. 'Stratageme'.] (۱) دشمن کو دھوکا دینے کی تدبیر ۔ (۲) فوجی تدبیر : تدبیر جنگی : خدعہ (۳) ترکیب : چال : توڑ : جگت ۔

Strategetic/ -al : (a) دیکھو Strategic

Strategian : (n) (۱) ماہر حربیات : فنونِ جنگ کا ماہر ۔ (۲) دیکھو Strategist ۔

Strategic/ -al : (a) فن حرب کا : فن لشکر کشی کا : فن حرب یا فن لشکر کشی کے مقتضا یا مصلحت کے مطابق : کلیدی : تزویری : دشمن کے فوجی ، اقتصادی یا سیاسی ذرائع پر حملہ کرنے کے لئے یا اس میں تربیت یافتہ : جنگ کی ضروری (چیز) ۔

Strategic bombing : (n) بمباری جو دشمن کی داخلی معیشت اور نفس حرب کو تباہ کرنے کے لئے کی جائے ۔

Strategic point : (n) کلیدی مقام : فوجی یا جنگی اہمیت رکھنے والا مقام ، چیرہ ۔

Strategically : (adv.) فن حرب کے لحاظ سے : فوجی یا جنگی مصلحتوں کے لحاظ سے : تدبیر کے ساتھ : فن لشکر کشی کے اصول کے مطابق ۔

Strategics : (n) فن حرب : فن لشکر کشی ۔

Strategist : (n) ماہر حربیات : فن حربیات کا ماہر : فن لشکر کشی کا

ماہر : فنون جنگ کا ماہر : حکمت عملی کا ماہر ۔

Strategus / Strategos : (n) [L.] (قدیم یونان) سپہ سالار ۔

Strategy : (n) [Fr. 'Strategie'.] (۱) فن حرب : فن جنگ : فوجی حکمت ۔ (۲) حکمت عملی : تدبیر ۔ (۳) فن لشکر کشی : (سپہ سالار کا) اپنے لشکر سے اس طرح کام لینا کہ لڑائی کا مقام ، وقت اور طریقہ اس کے لئے مفید ہو اس کے اختیار کرنے پر دشمن کو مجبور کر دے یعنی دشمن زیر ہو جائے ۔

Strath : (n) [Gael. 'Srath'.] وسیع گھاٹی یا وادی (پہاڑ کی) ۔

Strath terrace : (n) پرانی وادی کے آثار ۔

Strathospey : (n) [f. the Sc. place-name.] (۱) ایک طرح کا اسکاچستانی رقص (دو اشخاص کا) ۔ (۲) اس رقص کی موسیقی ۔

Straticulate : (a) [f. 'Stratum'.] (۱) (ارضیات ، کان کنی) طبق در طبق : طبقہ طبقہ : جس پر پتلی پتلی پرتیں ایک دوسرے پر جمی ہوئی ہوں ۔

Straticulation : (n) طبق در طبق ہونا ۔

Stratification : (n) [Fr.] (۱) (ارضیات) طبقہ بندی : تطبیق : طباق : طبق در طبق ہونا: نظام طبقات :طبقات کی ترتیب ۔ (۲)(برقیات) بہت لطیف گیس سے برقی اخراج کے گزرنے سے پیدا ہونے والی دھاری دار شکل ۔ (۳)(حیاتیات ، مرضیات) طبق بندی : مسلسل پتلی پتلی پرتوں کی وجہ سے نسیج کا موٹا ہو جانا ۔ (۴)درجہ بندی ۔

Stratified : (a) طبق در طبق : طبقی : طبقہ دار : طبق دار : طبقہ طبقہ ۔

Stratiform : (a) (۱) (ارضیات) طبقی : طبقہ صورت ۔ (۲) طبقہ دار : طبق دار ۔

Stratify : (v) [Fr. 'Stratifier'.] (۱) طبق در طبق جمانا : پرت پر پرت جمانا ۔ (۲) طبق بنانا : پرت بنانا ۔ (۳) طبق بننا : طبق در طبق بننا ۔

Stratigrapher : (n) طبقاتی ارضیات کا ماہر ۔

Stratigraphic/ -al : (a) علم طبقات الارض سے متعلق : طبقاتی : طبقاتی ارضیات سے متعلق : نظام طبقات الارض سے متعلق ۔

Stratigraphically : (adv.) علم طبقات الارض کی رو سے ۔

Stratigraphist : (n) دیکھو Stratigrapher

Stratigraphy : (n) (۱) نظام طبقات الارض ۔ (۲) علم طبقات الارض : طبقاتی ارضیات ۔ (۳) (کسی ملک کی) طبقاتی خاصیت ۔

Stratiote : (n) [Gr. 'Stratiotes'.] (یونانی تاریخ) سپاہی : فوجی ۔

Strato- : جزو ترکیبی بمعنی "پیچ در پیچ" (ابر) ۔

Strato-cirrus : (a) پیچ در پیچ ۔

Strato-cirrus : (n) پیچ در پیچ ابر : طبق طرہ ابر ۔

Strato-cumulous : (a) دل بادل سے متعلق : طبق در طبق (ابر) ۔

Strato-cumulus : (n) دل بادل : طبق در طبق ابر : طبق تودۂ ابر ۔

Stratocracy : (n) [Gr. 'Stratos' + -cracy.] فوجی حکومت : فوج شاہی : سپاہی گردی ۔

Stratocratic : (a) فوجی حکومت سے متعلق ۔

Stratose : (a) [L.] طبق : طبقوں میں ترتیب دیا ہوا : طبق در طبق ۔

Stratosphere : (n) کرۂ قائمہ : فضائے قائمہ : جس میں کسی بلندی پر حرارت کم نہیں ہوتی بلکہ یکساں رہتی ہے ۔

Stratospheric : (a) فضائے قائمہ کا یا اس سے متعلق : کرۂ قائمہ کا یا اس سے متعلق ۔

Stratovolcano : (n) آتش فشاں جس میں خاکستر اور برکانی راکھ اور بعض اوقات لاوا کے ساتھ نکلتی رہتی ہے ۔

Stratum : (n) [L.] (۱) (ارضیات) طبقہ : پرت (زمین کی) ۔ (۲) (مجازاً) طبقہ (معاشرے یا سوسائٹی کا) ۔ (۳)(حیاتیات) طبق خلیات : نسیجی طبق ۔ (۴) فضا سمندر یا کسی سیال کی سطح کا وہ حصہ جو شمار کے افقی سطحوں سے گھرا ہوا لیا جاتا ہے ۔ (۵) طبقہ : ان طبقوں میں سے ایک جس میں کسی آبادی کو شماریاتی درجہ بندی کے لئے تقسیم کیا جاتا ہے ۔ (۶) لسانی مظاہرات کی قسم جن میں چند مشترک خصوصیتیں ہوتی ہیں ۔

Stratum corneum : (n) طبق جلد ۔

Stratus : (n) [L.] طبق ابر : بادل کی پتلی پرت : غمام ۔

Stratus cumuliformis : (n) دل بادل کی شکل کا طبق ابر ۔

Stratus maculosus : (n) ہلکے سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا آسمان ۔

Stravage / Stravaig : (v) مٹر گشت کرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا ۔

Straw : (n) [OE. 'Streaw'.] (۱) پیال ؛ بھوسا (گدوں میں بھرنے یا چٹائی، ہیٹ وغیرہ بنانے کے لئے)؛ کاہ ؛ پرال۔ (۲) چٹائی کی ہیٹ ؛ اسٹرا ہیٹ ۔ (۳) تنکا ؛ خفیف یا حقیر چیز ؛ نا چیز ۔ (۴) صنوبر کا سوئی نما پتا ۔ (۵) پیال یا کاغذ وغیرہ کی بنی پتلی نلکی جس سے مشروب پیا جاتا ہے۔ (۶) پیال یا بھوسا کا چھوٹا ذرہ ؛ ذرہ ۔ (۷) پتلی پیسٹری جس میں پنیر بھرا رہتا ہے۔

Cheese straw : پتلی پیسٹری جس میں پنیر لگا رہتا ہے ۔

Man of straw : (۱) پتلا (جس میں بھس بھر دیتے ہیں)۔ (۲) خیالی حریف ؛ پیکر خیالی ۔ (۳) نادار ؛ مفلس شخص ۔ (۳)فرضی یا غیر ذمہ دار شخص جسے فریب سے بطور ضامن یا کسی مقدمے کا فریق بنا کر کھڑا کر دیا جائے ۔

Not to care a straw (two, three straws) : بالکل پروا نہ کرنا۔

Out of the straw : وضع حمل کے بعد (کی حالت) ۔

To catch at a straw : تنکے کا سہارا لینا ؛ بہت ناکافی تدبیر اختیار کرنا ۔

To die in the straw : (سورماؤں کا) بستر پر مرنا ۔

To draw , gather, pick straws : (آنکھوں کا) خواب آلود ہونا۔

To make bricks without straw : ناکافی ذرائع سے کام لینا ؛ بغیر تل کے تیل نکالنا۔

To run to straw : دیکھو Run (v) (ذیلی) ۔

Straw : (v) (۱) چھڑکنا (ریت وغیرہ) ؛ بکھیرنا ؛ چھترانا (پھول اور چھوٹی چیز) ۔ (۲) دیکھو Strew ۔

Straw : (a) (۱) پیال کا بنا ہوا ۔ (۲) پیال سے متعلق ۔ (۳) کاہی ؛ پیال کے رنگ کا ۔ (۴) ناچیز ؛ ادنیٰ ؛ حقیر ۔ (۵) غیر سرکاری رائے شماری کے ذریعے یا اس سے متعلق ۔

Straw : (v) (۱) پیال بچھانا ۔ (۲) پیال فراہم کرنا ۔

Straw bail : (n) فرضی یا غیر ذمہ دار شخص کی ضمانت ؛ ناکافی یا ناقص ضمانت ۔

Straw ballot : (n) (سیاسیات) (امریکا) غیر سرکاری رائے شماری (جس سے فریقین کی قوت کا اندازہ کیا جاتا ہے) ۔

Straw bed : (n) بھوسا بھرا ہوا گدا ۔

Straw-bid : (n) نیلام میں مہمل یا ناقص بولی ۔

Straw-board : (n) پیال کا بنا ہوا موٹا پٹھا ؛ کاہی مقویٰ ۔

Straw bond : (n) وہ ضمانت جس کے ضامن مفلس ہوں ۔

Straw boss : (n) (۱) مزدوروں کے داروغہ کا نائب جو مزدوروں کی چھوٹی جماعت کے کام کی نگرانی کرتا ہے اور کام میں تیزی لاتا ہے ۔ (۲) مزدوروں کی جماعت کا ایک رکن جو اپنے کام کے علاوہ دوسروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے ۔

Straw-boss : (v) مزدوروں کے داروغہ کے نائب کا کام کرنا ۔

Straw-breath/ Straw's breath : (n) بہت تھوڑا یا کم فاصلہ ۔

Straw-cat : (n) پمپا (Pampa) کی بلی ۔

Straw colour : (n) ہلکا زرد رنگ ۔

Straw-coloured : (a) ہلکے زرد رنگ کا ۔

Straw-drain : (n) پیال سے بھری ہوئی نالی ۔

Straw-dynamite : (n) پیال سے بنے نائٹروگلیسرین اور نائٹرو سیلولوس کا مرکب ۔

Straw hat : (n) چٹائی کی ہیٹ ؛ اسٹرا ہیٹ ۔

Straw in the wind : (n) پیش خیمہ ؛ اشارہ (کسی آنے والے واقعہ کا) ۔

Straw-needle : (n) پیال کی چٹائی بنانے میں استعمال ہونے والی لمبی سوئی ۔

Straw paper : (n) پیال کا بنا ہوا کاغذ ۔

Straw plait/ -plat : (n) پیال کی بٹی ہوئی چٹائی ۔

Straw rope : (n) پیال کا بٹا ہوا رسا ۔

Straw-stem : (n) لالہ نما ؛ گل لالہ کی شکل کا شراب کا گلاس جس کی ڈنڈی الگ سے نہ لگائی گئی ہو بلکہ اوپر کے کٹورے کو

نیچے کی طرف پتلا کر کے بڑھانے سے ڈنڈی کی شکل بن گئی ہو۔

Straw vote : (n) دیکھو Straw ballot

Straw-worm : (n) ملی مکھی کا پہلا روپ۔

Straw yard : (n) باڑا یا اصطبل جس میں بچالی بچھا دی گئی ہو (موسم سرما میں گھوڑوں اور مویشیوں کو رکھنے یا فربہ کرنے کے لئے)۔

Straw yellow : (n) ہلکا زرد رنگ۔

Strawberry : (n) [OE. 'Strea(w) berige'.] (۱) اسٹرابیری : توت فرنگی۔ (۲) اسٹرابیری کا پودا۔

Strawberry bass : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Strawberry blite : (n) ایک قسم کی بوٹی۔

Strawberry blonde : (n) زردی مائل سرخ بالوں والی عورت۔

Strawberry bush : (n) (۱) دیکھو Strawberry-shrub ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جس کے ڈوٹے قرمزی اور گلناری ہوتے ہیں۔

Strawberry comb : (n) ملایا کے مرغ کی چھوٹی گول کلغی جو دیکھنے میں نصف اسٹرابیری جیسی لگتی ہے۔

Strawberry crinkle : (n) اسٹرابیری پودوں کی ایک بیماری جو ایک کیڑے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے۔

Strawberry fern : (n) امریکا کے گرم خطوں کا فرن۔

Strawberry festival : (n) جشن اسٹرابیری : ایک جشن جو اسٹرابیری کے موسم میں منایا جاتا ہے اور اس میں اسٹرابیری کیک پیش کیا جاتا ہے۔

Strawberry finch : (n) ایک قسم کا بیا (پرند)۔

Strawberry fly : (n) ایک قسم کی گھڑ مکھی۔

Strawberry gallbladder : (n) زہرہ (پتا) جس میں کولسٹرول اسٹرابیری کی سطح کی شکل میں جمع ہو جاتا ہے۔

Strawberry-leaf : (n) (۱) اسٹرابیری کی پتی۔ (۲) اسٹرابیری کی پتی کا نشان ارل ، مارکوس وغیرہ کے منصب یا جاگیر کی علامت کے طور پر۔

Strawberry mark : (n) اسٹرابیری کی شکل کا ہلکا سرخ پیدائشی نشان (جسم پر)۔

Strawberry pear : (n) جزائر غرب الہند کا ایک خاردار پھل۔

Strawberry perch : (n) دیکھو Strawberry bass

Strawberry pigweed : (n) دیکھو Strawberry blite

Strawberry roan : (n) (۱) نقلی مراکو جس کا بنیادی رنگ لال ہو۔ (۲) سرنگ گھوڑا جس پر سفید داغ ہوں۔

Strawberry shrub : (n) دیکھو Calycanthus

Strawberry tomato : (n) شمالی امریکا کی ایک مضبوط خاردار جھاڑی جس میں گول زرد رنگ کے میٹھے پھل آتے ہیں۔

Strawberry tongue : (n) زبان جو لال بخار کی وجہ سے سوج کر سرخ ہو گئی ہو۔

Strawberry tree : (n) (۱) سدابہار درختوں جن میں اسٹرابیری جیسے پھل آتے ہیں۔ (۲) دیکھو Strawberry-bush ۔

Strawberry vine : (n) اسٹرابیری کا پودا۔

Strawberry weevil : (n) ایک کیڑا جو اسٹرابیری کی ٹہنیوں کو کاٹ دیتا ہے اور کلیوں میں انڈے دیتا ہے۔

Strawberry wine : (n) ایک قسم کا گہرا سرخ رنگ۔

Strawberrying : (n) اسٹرابیری جمع کرنا یا تلاش کرنا۔

Strawhat (theatre) : (n) موسم گرما کا تھیٹر۔

Strawish : (a) کسی قدر پیال سے مشابہ (رنگ میں) : ہلکا کاہی۔

Strawless : (a) بے پیال۔

Strawman : (n) دیکھو Man of straw (Straw کے ذیل میں)۔

Strawmote : (n) ایک پیال۔

Strawstack : (n) پیال کا ڈھیر۔

Strawstacker : (n) پیال کا ڈھیر لگانے والا۔

Strawy : (a) (۱) پیال کا : پیال کی قسم کا۔ (۲) پیال کا بنا ہوا : جس میں بھوسا بھرا ہوا ہو۔ (۳) پیال سے مشابہ۔

Stray : (n) [AFr. 'Strey'.] (۱) (قانون) دیکھو Estray ۔ (۲) وہ جانور جو اپنے گلے ، گھر یا مالک سے بچھڑ گیا ہو ؛ کوئی جانور جو بھٹک کر آ نکلا ہو ۔ (۳) (مجازاً) بھٹکا ہوا شخص ؛کتا یا بلی جس کا کوئی مالک نہ ہو ؛ لاوارث کتا یا بلی ۔ (۵) کوئی چیز جو اپنی جگہ سے الگ ہو گئی ہو یا جماعت یا گروہ سے الگ ہو گئی ہو ۔ (۶) الگ کیا ہوا ٹکڑا (کسی چیز کا) ؛ متفرق نمونہ ۔ (۷) عام چراگاہ؛ عام چراگاہ میں چرائی کا حق ۔ (۸) غیر متوقع طبقاتی عنصر جو گیس یاتیل کا کنواں کھودنے میں مل جائے ۔ (۹) (لاسلکی) اختلال ہوا (جو طوفان کی وجہ سے محسوس ہوتا ہے) ؛ ہوائی اضطرابات ۔ (۱۰) (بحری) دیکھو Stray-link ۔

Waifs and strays : (۱) متفرق چیزیں ۔ (۲) لاوارث بچے ۔

Stray : (a) (۱) بھٹکا ہوا ؛ آوارہ (جانور) ؛ (گلے سے) بچھڑا ہوا ؛ لاوارث ۔ (۲) (رسا) ڈھیلا ؛ (رسی) ڈھیلی ۔ (۳)(انسان یا چیز) بھولا بھٹکا ؛ علاحدہ ؛ متفرق ؛ جو کہیں کہیں اور کبھی کبھی (واقع) ہو ؛ اکا دکا ؛ اتفاقی ؛ کبھی کبھی ملنے والا یا واقع ہونے والا ؛ غیر متوقع طور پر ملنے والا ۔

Stray : (v) [AFr. OFr. 'Estrayer'.] (۱) بھٹکتے پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ۔ (۲) بہک جانا ؛ راہ راست سے منحرف ہو جانا ؛ خطا کار ہونا ؛ خطا کرنا ۔ (۳) راستہ بھول جانا ۔ (۴) بچھڑ جانا ؛ (گلے سے یا ہمراہیوں سے) ۔ (۵) پریشان صورت نظر آنا ؛ پریشان یا پراگندہ نظر آنا ۔

Stray-away : (n) بھٹکا ہوا ؛ آوارہ ۔

Stray energy/ -power : (n) بجلی جو رگڑ ، گردابی رو وغیرہ کی وجہ سے ضائع ہو جائے ۔

Stray-line : (n) (بحری) (عمق پیما شاقول کا) عمود سے انحراف ۔

Strayer : (n) آوارہ ؛ بھٹکتے پھرنے والا ؛ بہکنے والا ؛ منحرف ۔

Strayling : (n) بھٹکا ہوا آدمی یا بھٹکی ہوئی چیز ؛ بچھڑا ہوا آدمی یا بچھڑی ہوئی چیز ۔

Streak : (n) [OE. 'Strica'.] (۱) دھاری ؛ لکیر (خصوصاً رنگین) ۔ (۲) لکیر جو برابر یکساں نہ ہو ؛ (خصوصاً جانور کے جسم ، پرندوں کے پر اور حشرات کے بازوؤں پر کی) ۔ (۳) (معدنیات) رنگین سفوف کی لکیر جو معدنی یا متحجر شے پر خراش سے ان کو کسی چیز پر رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۴) (حیاتیات) خط ؛ خطی نشان ؛ نسیج کا تنگ دائرہ ۔ (۵) روشنی کی ہلکی لکیر (خصوصاً پھور ، فجر کی) ۔ (۶) بجلی کی چمک ؛ کوند ؛ کوندا ؛ بجلی کا چمکارا ۔ (۷) (زمین ، پانی وغیرہ کا) لمبا بے قاعدہ اور پتلا سا قطعہ ۔ (۸) (کان کنی) کوئلے کا افقی طبقہ ؛ رگ معدن ۔ (۹) متضاد یا غیر متوقع اوصاف کی آمیزش ؛ وراثتی انداز ۔ (۱۰) عارضی خوش بختی ۔

The silver streak : خلیج انگلستان ؛ رود بار انگلستان ۔

Streak : (v) (۱) دھاریاں ڈالنا ۔ (۲) (بجلی کا) دھاری نما طور پر چمکنا ۔ (۳) دھاری دار ہونا ۔ (۴) بہت تیزی سے بہنا ۔

Streak : دیکھو Strake

Streak : دیکھو Streek

Streak lightening : (n) بجلی کی لہر دار چمک ۔

Streak plate : (n) چینی کا ظرف جس پر رکھ کر معدن کی جانچ کرتے ہیں ۔

Streaked : (a) (۱) دھاری دار ؛ خط دار ؛ لکیر دار ۔ (۲) (سور کا گوشت) چربی کی دھاریوں والا ۔ (۳) منتشر ؛ پریشان ؛ خوفزدہ ؛ بے چین ۔

Streaked bass : (n) ایک قسم کی دھاری دار مچھلی ۔

Streaker : (n) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Streakily : (adv.) دھاریوں کے ساتھ ؛ متغیر طور پر ؛ غیر اقامتی طور پر ؛ چڑچڑے پن کے ساتھ ۔

Streakiness : (n) (۱) دھاری دار ہونا ۔ (۲) (مجازاً) تغیر پذیر ی ؛ تبدیل پذیری ۔ (۳) چڑچڑاپن ۔

Streaky : (a) (۱) دھاری دار ۔ (۲) چربی کی دھاریوں والا (سور کا گوشت) ۔ (۳) (مجازاً) تبدیل پذیر ؛ تغیر پذیر ؛ غیر یقینی ۔ (۴) چڑچڑا ؛ جھلا ۔

Stream : (a) [OE. 'Stream'.] (۱) چشمہ ؛ ندی ؛ دریا ؛ جھرنا ۔ (۲) سیلاب ؛ بہاؤ (کسی سیال شے کا) ؛ دھارا (آنسو ، خون وغیرہ کا) ؛ ریلا (آدمیوں کا ، پانی کا) ۔ (۳)دھارا؛ دریا کے بہاؤ کا رخ ۔ (۴) سمندری دھارا ۔ (۵) دھارا یا مدو جزر کا درمیانی حصہ جہاں بہاؤ سب سے تیز ہوتا ہے ۔ (۶) الفاظ کی روانی ؛ دولت کی ریل پیل ؛ فراوانی ۔ (۷)عام رویہ یا جماعت ؛ غالب اثر ۔ (۸) بچوں کے ان متعدد گروہوں یا ٹولیوں میں سے کوئی ایک جن میں سبھی بچوں کی صلاحیت یکساں ہو (عمر کے لحاظ سے) ۔

Against stream : (۱) دھارا کی خلاف ۔ (۲) (مجازاً)

دوسروں کے بر خلاف۔

Down (the stream) : پائیں دریا؛ دہانہ دریا کی طرف (واقع یا جاتا ہوا)۔

On the stream : پیدا وار شروع کرنے پر۔

Up (the) stream : بالائی دریا، منبع دریا کی طرف (واقع یا جاتا ہوا)۔

With stream : ہوا کے رخ؛ دوسروں کے ساتھ۔

Stream : (v) (۱) بہنا (دریا کی طرح کا)۔ (۲) پانی بہنا؛ پانی کی دھار گرنا (چھتری، کھڑکی وغیرہ سے)؛ آنسو یا خون بہنا۔ (۳) (جھنڈے، سر کے بالوں وغیرہ کا) ہوا میں لہرانا۔ (۴) پورے طور پر اور مسلسل دھار بہنا۔ (۵)(لباس کا) نیچے لٹکنا یا لہرانا۔ (۶) (آدمی یا جانوروں کا) ریلا ہونا؛ مل کر گروہ بنا کر کافی تعداد میں مسلسل چلنا۔ (۷) لگاتار چمکنا یا روشنی دینا۔ (۸)چھایا یا ڈھکا ہوا ہونا (روشنی وغیرہ سے)۔ (۹)بہانا؛ دھار بہنانا۔ (۱۰) چھانا؛ پھیل جانا؛ دوڑ جانا۔ (۱۱) (جھنڈے وغیرہ کو) ہوا میں لہرنا؛ رومال ہلانا۔ (۱۲) (کان کنی) ریتلی معدن کو پانی سے دھونا تاکہ مٹی وغیرہ ڈھل جائے۔

To steam the buoy : لنگری پیراک پیپے کو لنگر سے پہلے پانی میں پھینکنا۔

Stream-anchor : (n) بیچ کا لنگر (جہاز کا رخ بدلنے کے لئے)۔

Stream-cable : (n) بیچ کے لنگر کا رسا یا زنجیر۔

Stream capture : (n) ایک چشمے کا دوسرے چشمے سے قدرتی طور پر مل جانا۔

Stream-gold : (n) دریا برآمد مادے سے نکلنے والا سونا۔

Stream-ice : (n) ہوا سے جمع ہونے والے برف کا مل کر چشمے کے ساتھ بہنا۔

Stream-line : (n) (۱) دھارا؛ بہاؤ کا رخ (پانی کا)؛ رخ آب۔ (۲)رخ باد؛ سمت باد۔ (۳) ساخت یا شکل جس میں کم سے کم فضائی مزاحمت ہو۔

Stream-line : (v) (۱) (موٹر، ہوائی جہاز وغیرہ) اس شکل میں بنانا کہ کم سے کم فضائی مزاحمت ہو۔ (۲) دھارا کے ساتھ چلنے کا عادی ہو جانا۔ (۳) جدید بنانا۔ (۴) منظم کرنا؛ مسلم کرنا۔ (۵) کم سے کم کر دینا؛ آسان بنا دینا۔

Stream-lined : (a) (۱) کم سے فضائی مزاحمت ہونے کے لئے بنا ہوا۔ (۲) سہل کیا ہوا؛ جامع؛ پیوستہ۔ (۳) انحنائی؛ منحنی دار۔ (۴) بنا بنایا ہوا؛ زمانہ حال کے مطابق بنایا ہوا۔ (۵) دھارا یا بہاؤ سے متعلق۔

Stream of consciousness : (n) سیل شور؛ شعوری رو۔

Stream-ore : (n) دریا بر آمد کھدھات یا خام دھات۔

Stream piracy : (n) دیکھو Stream capture

Stream terrace : (n) ارض مرتفع کا سلسلہ جو چشمے کے نظام میں مسلسل تبدیلی سے بن جاتا ہے۔

Stream-tin : (n) دریا بر آمد طبقے میں پایا جانے والا خام ٹن جو سنگریزے کی شکل میں پایا جاتا ہے۔

Stream-work(s) : (n) ریتلی معدن کو دھونا (خصوصاً ٹین کو)؛ وہ جگہ جہاں یہ کام ہوتا ہے۔

Streamer : (n) (۱) جھنڈی؛ پھریری۔ (۲) جھنڈی کی طرح کی کوئی لمبی اور پتلی چیز جو ہوا میں لہرائے۔ (۳) آبخرہ، برف وغیرہ کی لمبی پتلی لکیر۔ (۴) سورج کی کرن؛ (جمع) انوار شمالی۔ (۵) (کان کنی) ریتلی معدن کو دھونے والا۔ (۶) برش نما برقی شرارے جو کسی رو کے پاس سے نکلتی ہے۔ (۷) (طبیعیات) بند نور؛ نوری رو۔

Streamer : (v) جھنڈیاں لگانا؛ جھنڈیوں سے سجانا؛ آراستہ کرنا۔

Streamer fly : (n) مچھلی پکڑنے کی بڑی مصنوعی مکھی جس کے پیچھے لمبا زائدہ لگا رہتا ہے۔

Streamflow : (n) چشمے کا بہاؤ۔

Streaming : (n) (۱) بہنا؛ جمع ہونا؛ لہرنا یا لہرانا۔ (۲) (حیاتیات) نخز مایہ کا خلیے میں مخصوص بہاؤ۔ (۳) ایک ہی عمر کے بچوں کو ان کی صلاحیت کے لحاظ سے الگ الگ کرنا۔

Streaming : (a) بہتا ہوا؛ رواں۔

Streaming potential : (n) برقی قوت بہاؤ۔

Streamingly : (adv.) بہتے ہوئے؛ رواں طور پر۔

Streamless : (a) بے دھارے کا؛ بے دریا کا؛ بے چشمے کا۔

Streamlet : (n) چھوٹا سا چشمہ؛ جھرنا؛ نالہ۔

Streamline flow : (n) مستقل بہاؤ ؛ لزجی بہاؤ ۔

Streamline form : (n) وہ شکل جس کی وجہ سے ہوا کی مزاحمت کم سے کم ہو ۔

Streamlining : (n) (۱) وہ شکل یا ایسی ساخت جس کی وجہ سے (ہوائی جہاز کو فضا میں) کم سے کم مزاحمت ہو ؛ انحنائی ساخت ۔ (۲) سادہ یا جدید بنانا ۔

Streamside : (n) چشمے یا جھرنے کا کنارا ۔

Streamway : (n) چشمے کا بہاؤ ؛ چشمہ کا راستہ ۔

Streamwort : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Streamy : (a) (۱) جہاں چشمے کثرت سے ہوں ۔ (۲) (پانی) بہتا ہوا ؛ رواں ۔ (۳) (بال) لہراتا ہوا ۔ (۴) چشمے کی طرح کا ؛ چشمے سے مشابہ ؛ چشمے کی طرح بہتا ہوا ۔

Streblidae : (n) [L.] دو پرے مکھی یا ایک قسم جو چمگادڑوں پر خارجی طفیلی کی سی زندگی بسر کرتی ہے ۔

Streek / Streak : (v) [ME. 'Strek'.] (۱) تاننا ؛ کسنا ؛ کھینچنا ؛ کھینچ کر سیدھا کرنا (تار وغیرہ) ؛ تاننا (چادر ، شامیانہ وغیرہ) ۔ (۲) جہاں تک ممکن ہو لے جانا ؛ پورا پورا کام لینا ؛حد سے زیادہ پھیلانا ؛ حد سے زیادہ کام لینا ۔ (۳)مبالغہ کرنا ۔ (۴)پھیلا ہونا ؛ لمبا ہونا (دس گز ، دس میل وغیرہ) (زمان و مکان کے کسی نقشے سے یا کسی نقطے تک) ۔ (۵)پھیلانا ؛ پھیلنا ؛ کھینچنا ؛ بڑھانا؛ بڑھنا ۔ (۶)(عام) پھانسی دینا (کسی شخص کو) ۔ (۷)(ہاتھ پاؤں کھینچ کر) تکان دور کرنا ؛ لیٹے ہونا ۔ (۸) سیدھا کرنا (جسم کو) ؛ کھڑا ہونا ؛ سیدھا ہونا ۔ (۹) (بحری) بڑھانا ؛ پہنچنا ۔ (۱۰) ترقی کرنا (تیزی سے یا کوشش سے) ۔ (۱۱) (بحری) (بادبان کے ذریعہ) ایک ہی سمت میں جانا ۔ (۱۲) ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھیلانا یا رکھنا ۔ (۱۳) کسی عضو کو طولاً کھینچنا (ایذا رسانی کی غرض سے) ؛ اذیت دینا ؛ تکلیف پہنچانا ۔ (۱۴) (قدیم) ہاتھوں کو پھیلا کر صلیب میں جڑ دینا ۔ (۱۵) (کسی بات میں) بیجا رعایت کرنا ؛ بیجا طرز عمل اختیار کرنا ۔ (۱۶) کھینچ کر لمبا یا چوڑا کر دینا ؛ داخلی دباؤ کی وجہ سے موٹا ہو جانا یا پھیل جانا ۔ (۱۷) پھیلایا جانا ۔ (۱۸) مٹانا ؛ قبر میں لٹانا ؛ (مگے) مار کر گرا دینا ۔ (۱۹) ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے پروگرام کو آہستہ کر دینا تاکہ وقت معینہ پر ختم ہو ۔ (۲۰)کشتی چلانے میں پوری قوت لگانا ۔ (۲۱) گھوڑے کو اگلی یا پچھلی ٹانگیں پھیلا کر کھڑا کرنا ۔ (۲۲)کھول دینا ۔ (۲۳) تیزی سے آگے بڑھنا ۔ (۲۴) مسلسل رہنا (کسی خاص مدت تک) ۔ (۲۵) قدرتی یا مناسب حد سے زیادہ تاننا یا بڑھانا ۔

Streel : (v) [Ir. 'Straoillim'.] (۱) پیچھے گھسٹانا ؛ پیچھے گھسٹتے ہوئے چلنا ؛ پیچھے پیچھے پھرنا ۔ (۲) آوارہ پھرنا ؛ گھومنا ؛ ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا ۔

Streel : (n) بد سلیقہ یا بے ہنر شخص ۔

Streeling : (n) پیچھے گھسٹانا ؛ ٹہلنا ۔

Streen : (n) [By shortening.] (اسکاٹستان) (شاعری) گذشتہ شام؛ کل شام ۔

Street : (n) [OE. 'Straet'.] (۱) (قدیم) کھڑنجے کی سڑک ؛ شاہراہ ؛ کوچہ ۔ (۲) سڑک (شہر یا قصبے کی) ۔ (۳) وہ اشخاص جن کی املاک (مکانات) سڑک پر ہوں ۔ (۴) قحبہ کی زندگی یا پیشہ ۔ (۵) شہر کا غریب اور لاوارث طبقہ ۔ (۶) آزادی ۔ (۷) عام آزادی ۔ (۸) امید افزا ترقی کا راستہ یا کوشش ۔

Down one's street : صلاحیتوں یا مذاق کے مطابق ۔

In the street : (صرافہ کاروبار) جو صرافے کے بند ہونے کے بعد ہو ۔

In the street(s) : گھر سے باہر ؛ سڑکوں پر ۔

Not to be in the same street with : (بول چال) قابلیت وغیرہ میں اس سے بہت کم ؛ اس کے پائے کا نہیں ۔

On the street : (۱) گھر سے باہر ؛ سڑک پر ۔ (۲) کاہل ؛ آرام طلب ؛ بے گھر ؛ بیکار ۔ (۳) (Adv.) کاہل بے گھر ؛ بے کار لوگوں کی صحبت میں ۔

The man in the street : عام آدمی ؛ معمولی آدمی ۔

The street : کوئی مخصوص شاہراہ یا سڑک جہاں تجارت کی غرض سے ملتے ہیں یاتجارت کرتے ہیں ۔

The street (s) : کسبی یا رنڈی کا پیشہ کرنا ؛ قحبہ ہونا ۔

To be street ahead or better : بدرجہا بہتر یا آگے ہونا ۔

To walk the street (s) : (۱) شہر میں پیدل گھومنا ۔ (۲) بازاری عورت کا کام کرنا ۔

Up one's street : صلاحیت یا مذاق کے مطابق ۔

Street : (v) (۱) سڑک بنانا ۔ (۲) سڑک پر پھیلا دینا ۔

Street : (a) (۱) سڑکوں یا شاہراہوں سے متعلق ۔ (۲) سڑک کا ؛ سڑک پر واقع ہونے والا ، کیا جانے والا یا سنا ہوا (واقعہ) ۔ (۳) سڑکوں پر رہنے والا ۔ (۴) سڑک پر واقع ۔ (۵) معمولی آدمی کا ؛ عام آدمی کا ۔ (۶) صرافے کا بند ہونے کے بعد کیا ہوا (کاروبار) ۔ (۷) سڑک پر پائی جانے والا ستی مادے سے پیدا ۔

Street-Arab : (a) لاوارث لڑکا؛ آوارہ گرد لڑکا ؛ بے خانماں لڑکا خاص کر گھر سے نکالا ہوا لڑکا یا لڑکی ۔

Street-boy : (n) بے خانماں ؛ لاوارث لڑکا جو خاص طور پر سڑکوں پر رہتا ہے ۔

Street-broker : (n) آزاد یا خود مختار دلال جو صرافے سے باہر کا کاروبار کرتا ہے ۔

Street-car : (n) ٹرام ؛ ٹرام کار ۔

Street certificate : (n) اسٹاک کی سند یا سرٹیفکٹ جس پرمالک مندرج فہرست کی تصدیق (سادہ) اور دلال کی ضمانت ہوتی ہے ۔

Street-clearner : (n) (۱) سڑک کی صفائی کرنے والا ۔ (۲) دیکھو Street-sweeper ۔

Street cries : (n) خوانچے والوں کی آوازیں ؛ پھیری والوں کی آوازیں ؛ سودے والوں کی آوازیں ۔

Street-door : (n) گھر کا دروازہ (سڑک کی طرف) ۔

Street edition : (n) اخبار کا وہ ایڈیشن جسے اخبار فروش کے دو کانچہ یا سڑکوں پر بیچا جائے (بخلاف اس کے جو کسی دفتر یا گھر میں پہنچایا جائے) ۔

Street-girl : (n) کسبی ؛ قحبہ ؛ رنڈی ۔

Street-lamp : (n) سڑک کی روشنی (جو کھمبے پر لگی رہتی ہے) ۔

Street offence : (n) سڑکوں پر کیا جانے والا خلاف قانون فعل (مثلاً عصمت فروشی کے لئے سڑک پر گھومنا ، بلاوجہ کسی کے گھر کی گھنٹی بجا دینا یا مالک مکان کی اجازت کے بغیر اشتہار چسپاں کر دینا یا لوگوں کو جمع کرنے کی غرض سے شور مچانا) ۔

Street orderly : (n) جاروب کش ؛ سڑک کی صفائی کرنے والا ۔

Street piano : (n) ایک قسم کا پیانو جسے ایک گردانے یا دستے کے ذریعے سڑکوں پر بجایا جاتا ہے ۔

Street porter : (n) سڑکوں پر وزنی مال اٹھانے والا حمال ، مزدور ۔

Street-railway : (n) ٹرام ؛ ٹرامویے ۔

Street-sweeper : (n) (۱) سڑک کی صفائی کرنے والا ۔ (۲) جاروب کش مشین ۔

Street-urchin : (n) شریر آوارہ گرد لڑکا ۔

Street-walker : (n) (۱) سڑکوں پر مارا مارا پھرنے والا ۔ (۲) بازاری عورت ؛ کسبی ؛ رنڈی ۔

Street-walking : (n) دیکھو Prostitution

Street-way : (n) کھڑنجے کی سڑک ۔

Streetful : (n) سڑک بھر ؛ وہ تعداد جو سڑک کو بھر دے ۔

Streetlet : (n) بہت تنگ سڑک ؛ کم چوڑی سڑک ۔

Streetlight : (a) سڑک کی روشنی (جو کھمبے پر لگی رہتی ہے) ۔

Streets : (adv.) کہیں زیادہ ؛ بہت زیادہ ۔

Streetward : (a) جس کا رخ سڑک کی طرف ہو ؛ شاہراہ رویا ۔

Streetward : (adv.) سڑک کی طرف ۔

Strega : (n) ایک قسم کی میٹھی شراب جس میں نارنگی کا ذائقہ ہوتا ہے ۔

Strelitz : (n) [Russ. 'Strelets'.] زار ایوان کی قائم کی ہوئی روسی پیدل فوج کا سپاہی ۔

Strelitzia : (n) [f. Chralotte Sophia, princess of Mecklenburg-Strelitz.] ایک قسم کا گیاہی پودا ۔

Stremmatograph : (n) [Gr. 'Stremmat + -graph.] ریل کی پٹری کی مضبوطی ناپنے کا آلہ (جبکہ اس پر ریل گاڑی چل رہی ہو) ۔

Strengite : (n) [G. 'Strengit'.] (معدنیات) لوہے کا آبدار سلفیٹ جو غاروں کے اندر سرخ بلوروں کی تہ کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔

Strength : (n) [OE. 'Strengu'.] (۱) طاقت ؛ قوت ؛ زور ۔ (۲) مضبوطی ؛ استحکام ۔ (۳) تیزی (شراب وغیرہ کی) ۔ (۴) پشت پناہ ؛ معقول تعداد (آدمیوں کی ، کسی خاص مقصد کے لئے) ۔ (۶) (قدیم) قلعہ؛ گڑھ ۔ (۷) (فوج،

بحریہ) فوج کی تعداد (فرد ملازمان فوج کے لحاظ سے) : بحری بیڑے میں جہازوں کی تعداد : جمعیت ۔ (۸)سب سے مضبوط حصہ (خصوصاً چشمہ یا دھارا کا) ۔ (۹)بہاؤ یا بہنے کی رفتار یا مقدار ۔ (۱۰) اہمیت : صحت ۔ (۱۱) قوت اظہار ۔

From strength to strength : پُر زور طریقے سے آگے ۔

On the strength : (۱) (فوج) ملازمان فوج کی فہرست میں ۔ (۲) اُن فوجیوں کی بیویوں کے بارے میں بھی کہا جاتا ھے جن کی شادی کو حکام نے تسلیم کر لیا ہو ۔

On the strength of : (۱) بھروسے پر : زور پر : بل پر ۔ (۲) بنا (دلیل یا شہادت) ۔

Under strength : معیاری یا حسب معمول تعداد سے کم ۔

Strength door : (n) سب سے اوپر کا عرشہ جس میں طولاً خم نہ ہو ۔

Strength of field : (n) (مقناطیس) حدت میدان ۔

Strengthen : (v) (۱) قوی ہو جانا : طاقت پکڑنا : تقویت پانا : استحکام حاصل کرنا : مضبوط ہو جانا ۔ (۲) قوی کر دینا : طاقت بڑھانا : تقویت پہنچانا : مستحکم کرنا : مضبوط کرنا ۔ (۳) ہمت بندھانا : اعتماد پیدا کرنا : تائید کرنا : حمایت کرنا ۔ (۴) با اثر یا صاحب اختیار بنانا ۔ (۵) شدت بڑھانا : زور بڑھانا : زیادہ با اثر بنانا ۔

To strengthen one's hands : (مجازاً) تقویت پہنچانا : مدد دینا (کام میں) ۔

Strengthener : (n) طاقت بڑھانے والا : مستحکم کرنے والا : مضبوط کرنے والا ۔

Strengthening : (n) طاقت بڑھانا : تقویت سمانا : مستحکم کرنا ۔

Strengthening : (a) طاقت بڑھانے والا : مستحکم کرنے والا : شدت بڑھانے والا ۔

Strengthful : (a) قوی : طاقتور : مستحکم ۔

Strengthless : (a) بے طاقت : نا طاقت ۔

Strengthlessly : (adv.) بے طاقت کے ۔

Strengthlessness : (n) بے طاقت ہونا : نا طاقتی ۔

Strengthy : (a) مضبوط : قوی ۔

Strenuosity : (a) [L. 'Strenuus'.] (۱) سخت عرق ریزی کا : جانفشانی کا : نہایت محنت اور استقلال کا ۔ (۲) نہایت سخت : نہایت کٹھن ۔ (۳) بے حد محنتی اور جفاکش : سرگرم : پُر جوش ۔

Strenuous idleness : (n) بے فائدہ سرگرمی : سعیٔ لا حاصل ۔

Strenuously : (adv.) جان توڑ کر : عرق ریزی کے ساتھ : جانفشانی سے : نہایت محنت اور استقلال ۔

Strenuousness: (n) نہایت سخت اور کٹھن ہونا : بے حد محنتی یا جفاکش ہونا ۔

Strep : (n) زنجیری نبقہ : سجی نبقہ : تسبیح یا مالا کی شکل کا ایک جرثومہ ۔

Strep : (a) جرثومہ سجی سے متعلق : سجی نبقہ ۔

Strephon : (n) عاشق : شیدا ۔

Strephosymbolia : (n) پڑھنے میں لفظ : محاورہ وغیرہ کا الٹ پلٹ ہو جانا : الٹ بینی : مقلوب بصارت ۔

Strepitant : (a) [L. 'Strepitanis'.] پُر شور : شور کرنے والا : غل مچانے والا ۔

Strepitous : (a) پُر شور : بہت شور کے ساتھ ۔

Strepsi- : جزو ترکیبی بمعنی "گھمایا ہوا" : "اینٹھا ہوا" : "مروڑا ہوا" : "بل دار" ۔

Strepsiceros : (n) [L.] افریقہ کے ہرنوں کی ایک جنس ۔

Strepsiteral : (a) پیچیدہ پر والے کیڑوں سے متعلق ۔

Strepsiteran : (n) پیچیدہ پر والا کیڑا ۔

Strepsiterous : (a) [mod. L. 'Stepsitera'.] پیچیدہ جناح والا : بل دار پر والا ۔

Strept- / Strepto- : جزو ترکیبی بمعنی "بل دار" : "بل دار زنجیر" ۔

Streptobacilli : (n) زنجیری عصیات : زنجیری شکل والا جرثومہ ۔

Streptobacteria : (n) زنجیری شکل والا جرثومہ ۔

Streptocarpus : (n) افریقی پودوں کی ایک جنس جن کے بقچۂ گل یا پھل چکر کی طرح بل کھائے ہوتے ہیں : اس جنس کا

کوئی پودا ۔

Streptococcal / Stretococcic/ Stretococcus : (a) جرثومہ سجی سی متعلق : زنجیری نبلہ سے متعلق ۔

Streptococcus : (n) دیکھو Strep

Streptocyte : (n) ایک امیبا نما جسم جو تسبیح کی شکل میں جانوروں کے ایک جسم کے بخار سے پیدا ہونے والے پھکنے میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

Streptomycin : (n) پنسلن سے مشابہ اثر رکھنے والا خصوصاً ضد نامیہ۔

Streptoneura : (n) بلدار عصبان : سبھی اعصاب داران ۔

Streptoneural : (a) بلدارعصبان سے متعلق : سبھی اعصاب داران سے متعلق ۔

Streptoneurous : (a) دیکھو Streptoneural

Streptothrix : (n) جرثوموں کی ایک جنس ۔

Strepyan : (n) [f. 'Strepy' village in Eastern Belgium.] قدیم حجری عہد کا (جس کے آثار بلجیم کے شہر اسٹریپی میں پائے جاتے ہیں ۔

Stress : (n) [OFr. 'Estrece'.] (۱) دباؤ : شدت : زور ۔ (۲) زحمت : مشقت : صعوبت : کش مکش : جد و جہد ۔ (۳) زور : تاکید ۔ (۴) زور (لفظ کے کسی بول پر) ۔ (۵)(میکانیات) زور (جو ایک جسم کا دوسرے جسم پر یا ایک حصے کا دوسرے حصہ پر ہوتا ہے) ۔ (۶) (قانون) (قدیم) قرقی : اسباب جو قرق کیا جائے ۔ (۷) حرف کا موٹا ہونا (خصوصاً جہاں پر خمیدہ ہو) ۔

Storm and stress : دیکھو Storm and stress

To lay stress on or upon : (کسی بات پر) زور دینا یا اہمیت دینا ۔

Stress : (v) (۱) زور دینا : (کسی بات پر یا لفظ کے کسی حصے پر) تاکید کرنا ۔ (۲) (میکانیات) زور ڈالنا (ایک جسم سے دوسرے جسم پر) ۔ (۳) بہت زیادہ کام لینا: تھکانا ۔

Stress sheet : (n) دیکھو Strain diagram

Stress-strain curve : (n) زور بگاڑی منحنی ۔

Stressful : (a) تاکید دار : زور دار ۔

Stressfully : (adv.) زور دے کر : تاکید کے ساتھ ۔

Stressless : (a) بے زور : بے مشقت : جس پر زور دیا گیا ہو : جو بغیر جھٹکے کے ادا کیا جائے ۔

Stresslessness : (n) بے زور ہونا ۔

Stretch : (n) (۱) کھینچاؤ : تناؤ : تمدد : کھینچنا یا کھینچا جانا : پھیلنا یا پھیلایا جانا : حد سے بڑھنا یا بڑھایا جانا ۔ (۲) خطہ : قطعہ : ٹکڑا (سڑک کا) : عرصہ : مدت : قطعہ زمین ۔ (۳) (عام) سال بھر کی قید : مشقت کی مدت ۔ (۴) قید یا عبور دریائے شور کی کوئی میعاد ۔ (۵) وہ فاصلہ جو جہاز ہوا کی سمت ایک بار مڑنے میں طے کرے : ایک پلٹی کا فاصلہ ۔ (۶) ٹانگوں کی تکان دور کرنا ۔ (۷) وسعت : اختیار کا غیر مجازانہ استعمال ، گنجائش یا اطلاق کی بے جا توسیع ۔ (۸) ذہنی یا جسمانی قوت کا تناؤ ۔ (۹) مسلسل سفر یا کوچ ۔ (۱۰) (کان کنی ، ارضیات) طبقہ یا پرت کی سمت یا سلسلہ (کہاس کی سوئی سے) ۔ (۱۱) گھڑدوڑ کے میدان کے دونوں سیدھے کناروں میں سے کوئی ایک ۔ (۱۲) لچکیلا پن : زور یا تناؤ پڑنے سے بڑھنے کی صلاحیت ۔ (۱۳) آخری مرحلہ ۔

At one or a stretch : ایک سلسلے میں : مسلسل ۔

On the stretch / Upon- : کھینچنے پر : تاننے پر ۔

On the stretch : ذہنی تناؤ کی حالت میں : سخت کوشش کرتے ہوئے ۔

Upon a stretch / On- : مسلسل : ایک ہی سلسلے میں ۔

Stretch : (v) [OE. 'Streoccan'.] (۱) تاننا : کسنا : کھینچنا : کھینچ کر سیدھا کرنا ۔ (۲) دیکھو Streek ۔

To stretch a point : دیکھو To strain a point

To stretch one on the ground : گرا دینا : چت کر دینا ۔

To stretch one's legs : (بیٹھے بیٹھے تھک کر) ٹہلنا : ٹانگوں کی تکان دور کرنا ۔

To stretch oneself : (سوتے سے اٹھ کر) انگڑائی لینا : ہاتھ پاؤں پھیلانا (کہ پٹھے تن جائیں) ۔

To stretch out : (۱) ہاتھ پھیلانا ۔ (۲) قدم بڑھانا ۔

To stretch the truth : بہت مبالغہ کرنا : جھوٹ بولنا ۔

To stretch to the car, to the stroke : کشتی چلانے میں

پوری طاقت لگانا۔

Stretch : (a) لچیلا : لچکدار۔

Stretch-bench : (n) (چمڑا سازی میں) وہ بنچ جس پر کھال کو تانا جاتا ہے۔

Stretch of language : (n) الفاظ کے معنی میں کھینچ تان کرنا۔

Stretch-out : (n) (۱) ایک صنعتی نظام جس میں مزدوروں کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے : خصوصاً زیادہ مشین چلانی پڑتی ہیں اور تنخواہ وہی رہتی ہے یا کبھی زیادہ ملتی ہے۔ (۲) کفایت شعاری کا ایک طریقہ یا تدبیر جس میں کسی چیز کی محدود مقدار کو زیادہ پھیلا دیتے ہیں۔

Stretch-wood : (n) چوبی ہاتھ جس پر چڑھا کر دستانہ سکھایا جاتا ہے۔

Stretch yarn : (n) ایک قسم کا مصنوعی سوت جو تاننے سے بڑھتا ہے اور چھوڑ دینے سے اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے۔

Stretchability : (n) لچکیلاپن : لچک۔

Stretchable : (n) لچکیلا : لچیلا : لچکدار۔

Stretcher : (n) (۱) پھیلانے والا : تاننے والا۔ (۲) بڑا پتھر : بڑی اینٹ : افقی اینٹ (جو دیواروں میں لمبائی کے متوازی ہو) : طولہ۔ (۳) ٹیک تختہ (کشتی میں وہ تختہ جس سے مانجھی پیر ٹکاتا ہے)۔ (۳) اسٹریچر : بیمار ڈولی : بیمار بردار : مریض کھٹولا : چوڈنڈی۔ (۵) (عام) مبالغہ : جھوٹ : گپ : گھڑا ہوا قصہ۔ (٦) وہ مزدور جو بعض ملوں میں کپڑا تانتا ہے۔ (۷) وہ اوزار جس سے چیزیں تانی جاتی ہیں۔ (۸) وہ چوکھٹا جس پر مصور کرمچ (Canvas) لگاتا ہے۔ (۹) (معماری میں) پشتہ : کڑیوں کو ملانے والی سہارے کی ذہنی :عارضی آڑ۔ (۱۰) کسی چوکٹھے میں لگایا جانے والا ڈنڈا جو آڑ کا کام کرتا ہے : ہل کے دستے کے درمیان یا کرسی کے پایوں کے درمیان لگایا جانے والا متقاطع ڈنڈا یا پٹی۔ (۱۱) پھیلانے یا پھیلا کر رکھنے والی قمچی یا چھڑی مثلاً چھاتے کی کمانی۔ (۱۲) تہ کیا جانے والا پلنگ : قینچی دار یا پایوں کی بیٹھک جس پر ایسا پلنگ لگتا ہے۔ (۱۳) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی جس سے دو یا زیادہ مکھیاں جڑی رہتی ہیں۔ (۱۳) تہ کئے ہوئے اشتہارات۔

Stretcher-bearer : (n) اسٹریچر اٹھانے والا : خصوصاً وہ فوجی جو مجروح سپاہیوں کو میدان جنگ سے لے جاتا ہے۔

Stretcher-bond : (n) دیوار کی چنائی کا طریقہ جس سے سب اینٹیں افقی ہوتی ہیں مگر دو متصل ردوں میں اینٹوں کے جوڑ برابر نہیں ہوتے : طولہ بندش۔

Stretcher-course : (n) ردّا جس میں سبھی اینٹیں لمبائی کے متوازی ہوتی ہیں : طولہ دار۔

Stretcher-key : (n) لکڑی کا پتلا پچڑ جس سے مصور کے کرمچ کو کسا جاتا ہے۔

Stretcher-man : (n) دھات کی چادروں کو کھینچنے اور چپٹا کرنے والی مشین چلانے والا۔

Stretcher-party : (n) (فوج) زخمیوں کو ہٹانے اور ان کی مدد کرنے والی پارٹی جو اسٹریچر اور دوسرے ساز و سامان سے لیس ہوتی ہے۔

Stretcher-pole : (n) مریض کھٹولا کا ڈنڈا۔

Stretching : (n) تاننا : کھینچنا : کسنا : حد سے زیادہ پھیلانا : پھیلانا: پھیلنا : کھنچاؤ : انگڑائی۔

Stretching : (a) تاننے والا : کسنے والا : پھیلانے والا۔

Stretching beam : (n) کڑیوں کو ملانے والی سہارے کی ذہنی : قینچی: آڑ۔

Stretching-bond : (n) دیکھو Stretcher-bond

Stretching-course : (n) طولہ ردّا۔

Stretchy : (a) (۱) پھیلنے والا : کھینچنے والا : حد سے زیادہ کھینچنے والا۔ (۲) لچکیلا۔ (۳) ٹانگیں سیدھی کرنے کی طرف مائل۔ (۳) لمبے جسم والا (خصوصاً سور)۔

Streto : (adv.) [It.] (موسیقی) جلدی جلدی۔

Strew : (v) [OE. 'Strewian, Streowian'.] (۱) چھڑکنا (ریت وغیرہ): بکھیرنا : چھترانا (پھول اور چھوٹی چیز)۔ (۲)(کسی چیز پر یا سطح پر) ادھر سے اُدھر تک بکھیر دینا : پھیلا دینا (پھول وغیرہ)۔ (۳) بکھیرا جانا : چھترایا جانا۔ (۳) (چادر وغیرہ) پھیلانا بطور غلاف : (بستر پر) بالا پوش بچھا دینا۔ (۵) زمین کے برابر کرنا : بچھانا : پچھاڑ دینا۔ (٦) (طوفانی موجوں کو) ساکن کرنا : (طوفان کا) زور توڑنا : زور کم کرنا۔ (۷) پھیلانا : نشر کرنا : اشاعت کرنا۔

Strewer : (n) بکھیرنے والا : پھیلانے والا۔

Strewing : (n) چھڑکنا : بکھیرنا : چھترانا ۔

Strewth : (n) (عامیانہ) God's truth کا مخفف (بطور قسم استعمال ہوتا ہے) ۔

Stria : (n) [L.] (۱) (عضویات ، حیوانیات ، نباتیات ، ارضیات وغیرہ) خط : دھاری : جھومی : لکیری : نالی ۔ (۲)(تعمیرات) دو کا نسوں یا کگروں کے درمیان کی پٹی۔ (۳) (برقیات) (جمع) نوبتی چمکدار اور سیاہ پٹیاں جو خلا نلی میں بجلی کے گزرنے سے نظر آتی ہیں: روشن دھاریاں ۔ (۴) شیشے میں لمبا نقص جو حرارت میں تبدیلی کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔ (۵) دیکھو Strie ۔

Striaria : (n) [L.] شمالی بحر اوقیانوس کی ریشہ دار بھوری کائی ۔

Striate : (a) [L. 'Striatus'.] مخطط : دھاری دار ۔

Striate : (v) تخطیط کرنا : مخطط کرنا ۔

Striated : (a) (۱) مخطط : دھاری دار ۔ (۲) (تعمیرات) نالی دار : کھانچ دار ۔ (۲) مخطط بنانے والا ۔

Striated muscle : (n) دھاری دار عضلہ ۔

Striately : (adv.) تخطیط کے ساتھ ۔

Striation : (n) (۱) تخطیط : خط بندی ۔ (۲) (ارضیات) چٹان کی سطح پر پائی جانے والی نالی یا برفانی نشان ۔ (۳)(معدنیات) (جمع) بلوری سطح کے مہین متوازی خطوط ۔ (۴)(برقیات) روشن دھاریاں ۔

Striato- : جزو ترکیبی بمعنی "دھاری دار" : مخطط" ۔

Striature : (n) [L. 'Striatura'.] دیکھو Striation

Strich : (n) [L. 'Strix'.] دیکھو Screech-owl

Strick : (n) [ME. 'Stric', 'Strik'.] (۱) ٹوٹے ہوئے سن، جوٹ وغیرہ کا گٹھا (پنجے سے صاف کرنے کے لئے) ۔ (۲) غلے ، کوئلے کا ٹکڑا جس سے پیمانے میں غلے کو برابر کرتے ہیں ۔

Strick : (v) (۱) غلے کو گرا کر پیمانے کے کنارے تک لانا ۔ (۲) سنئی وغیرہ کو پنجے سے صاف کرنے کے لئے تیار کرنا : پنجے سے صاف کرنا (سن وغیرہ کو) ۔

Stricken : (a) (۱) (ہرن) (تعاقب میں) زخمی ۔ (۲) مضروب ۔ (۳) (آواز ، سُر وغیرہ) ضرب سے پیدا یا نکلا ہوا ۔ (۴)(آدمی ، جماعت وغیرہ) بیمار : بیماری میں مبتلا : غمزدہ : ایذا رسیدہ : مصیبت زدہ : مغموم (چہرہ) ۔ (۵)(ناپ) جس میں اناج وغیرہ پیمانہ کے کنارے تک برابر ہو ۔

Stricken field : (n) (۱) گھمسان جنگ : ٹھنی ہوئی لڑائی ۔ (۲) میدان جنگ ۔

Stricken hour : (n) پورا گھنٹہ ۔

Stricken in years : (a) (قدیم) ضعیف : سن رسیدہ ۔

Strickle : (n) [OE. 'Stricel'.] (۱) وہ گز جس سے پیمانوں میں منہ تک بھرے ہوئے غلے کی سطح برابر کی جاتی ہے ۔ (۲)وہ اوزار جس سے ڈھلائی میں اسی قسم کا کام لیا جاتا ہے ۔ (۳) سان : فسان ۔

Strickle : (v) (۱) گز سے برابر اور چکنا کرنا ۔ (۲) (ڈھلائی میں) سانچے سے زائد ریت نکالنا ۔

Strict : (a) [L. 'Strictus'.] (۱) ٹھیک : صحیح ۔ (۲) نہایت : باضابطہ: سخت : کڑا : کٹر : پابند ۔ (۳) سخت گیر : سختی کرنے والا (ضابطے کی پابندی میں) ۔ (۴) بامشقت (قید ، سزا وغیرہ) ۔ (۵) (نباتیات ، حیوانیات) مستقیم : سخت : کڑا ۔

Strict settlement : (n) ایک قسم کا ہبہ جس میں یہ شرط ہو کہ جائداد بڑے لڑکے کے قبضے میں رہے گی اور اس کے مرنے کے بعد اس کے بڑے لڑکے کو مل جائے گی اور کچھ جائداد چھوٹے لڑکوں کو بھی دے دی جائے گی ۔

Strict law : (n) . قانون کا لفظی معنی (جس میں انصاف کا خیال نہ ہو) ۔

Line or curve of striction : (ہندسہ) وہ خط جو ہر مولد کو وہاں کاٹتا ہے جہاں وہ اگلے مولد سے نزدیک ترین ہو ۔

Stricti juris : (adv.) قانون کے مطابق : قانوناً ۔

Strictissimi juris : (adv.) سختی سے قانون کے مطابق ۔

Strictly : (adv.) (۱) صحیح معنی میں ۔ (۲) سختی سے ۔

Strictness : (n) سختی : سخت گیری ۔

Strictum jus/ -ius : (n) دیکھو Strict law

Stricture : (n) [L. 'Strictura'.] (۱) (مرضیات) تضیق : سکڑاؤ :

کسی نالی ، مسام وغیرہ کا سکڑ جانا ۔ (۲) سخت اعتراض : سخت نکتہ چینی : سخت الفاظ ۔ (۳) بندش : قید : پابندی : روک ۔

Strictured : (a) مضیق ۔

Stricturing : (n) تضیق ۔

Strid : (n) [OE. 'Stride'.] تنگ گھاٹی ۔

Striddle : (v) [Back-formation from stridling.] (۱) (اسکاچستان) دیکھو Straddle ۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Stride ۔

Stride : (n) [OE. 'Stride'.] (۱) قدم ۔ (۲) چال : قدم (لمبا ، چھوٹا وغیرہ) ۔ (۳) دونوں پیروں کے درمیان کا فاصلہ ۔ (۴)قدم کی لمبائی ۔ (۵) (جمع) پتلون ۔

In stride : چلتے چلتے : آسانی سے ۔

To get into one's stride : کام چل نکلنا : کام جم جانا ۔

To talk in his stride : (۱) (گھوڑے یا گھڑسوار کا) چلتے چلتے پھاند جانا (خندق وغیرہ) ۔ (۲) (مجازاً) آسانی سے حل کر لینا (مشکلوں کو) ۔

Stride : (v) [OE.'Stridan'.] (۱) لمبے قدم رکھنا : ڈگ بھرنا ۔ (۲) پھلانگنا : پھاندنا ۔ (۳) سوار ہونا (گھوڑے وغیرہ پر) : ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونا یا بیٹھنا (کسی چیز پر)۔ (۴) قدموں سے ناپنا ۔

Strideleg/ Stridelege : (adv.) دیکھو Astride

Stridency/ Stridence : (n) کرختگی : سختی ۔

Strident : (a) [L. 'Stridens'.] کرخت : سخت (کسی چیز کی آواز) ۔

Strident stop : (n) دیکھو Affricate

Stridently : (adv.) سختی سے؛ کرختگی کے ساتھ ۔

Strider : (n) ایک قسم کا لمبی ٹانگوں والا کیڑا ۔

Stridling/ Stridlings : (adv.) دیکھو Astride

Stridor : (n) [L.] (۱) کرخت : زور دار آواز ۔ (۲) (مرضیات) خرخر: خرخراہٹ ۔

Stridulant : (a) کھڑکھڑاتا ہوا : کھڑکھڑانے والا ۔

Stridulate : (v) [Fr. 'Striduler'.] کھڑکھڑاہٹ ہونا : کھڑکھڑ ہونا (جھینگر وغیرہ کے اعضا کی رگڑ سے)۔

Stridualtion : (n) کھڑکھڑاہٹ : چرچراہٹ ۔

Stridulator : (n) (۱) چرچر یا حشرہ : کھڑکھڑاہٹ پیدا کرنے والا کیڑا۔ (۲) سرسرانے والا : وہ اوزار یا آلہ جس سے کھڑکھڑاہٹ پیدا ہوتی ہے ۔

Stridulatory : (a) چرچراہٹ پیدا کرنے والا یا پیدا ہونے والا : چرچراہٹ سے متعلق ۔

Stridulent : (a) (۱) کھڑکھڑاہٹ پیدا کرنے والا : چرچراہٹ پیدا کرنے والا ۔ (۲) سخت : کرخت (آواز) ۔ (۳) (مرضیات) خرخراہٹ سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

Stridulous : (a) [L. 'Stridulus'.] دیکھو Stridulent

Stridulously : (adv.) کھڑکھڑاتے ہوئے : خرخراہٹ پیدا کرتے ہوئے ۔

Stridulousness : (n) (۱) کھڑکھڑاہٹ یا خرخراہٹ پیدا ہونا ۔ (۲) کرختگی : سختی ۔

Strie : (n) [Fr.] (کپڑے کی) دھاری دار ڈیزائن جس میں دھاریاں تقریباً اسی رنگ کی مگر ہلکی ہوتی ہیں جیسا کہ زمین کا رنگ ہوتا ہے ۔

Strife : (n) [OFr. 'Estrif'.] (۱) جھگڑا : نزاع : تنازع : جنگ : جدال ۔ (۲) رقابت : ریس : برتری کی کوشش ۔

At strife : اختلاف میں : اختلافاً ۔

To make strife : ان بن پیدا کرنا : پھوٹ ڈالنا ۔

Strifeful : (a) پر نزاع : تنازع سے بھرا ۔

Strifeless : (a) بے نزاع : بے جدال ۔

Striffen/ Striffin/ Striffon : (n) [Sc. Gael. 'Streafon'.] پتلا چمڑا: غشا ۔

Strift : (n) (۱) کوشش ۔ (۲) جھگڑا : نزاع ۔

Strig : (n) [Origin unkn.] (۱) پتا ، پھل ، پھول کی ڈنڈی : ڈنٹھل : شاخ گل ۔ (۲) مختلف اوزاروں کا پتلا لمبا دنبالہ ۔

Striga : (n) [L.] (۱) (نباتیات) سخت بال : موٹے سخت ۔ (۲) (نباتیات) دھاری : جھری : لکیر ۔

Striga : (n) [L.] ایک قسم کا پودا جو گنّا وغیرہ کی جڑوں پر طفیلی بن کر رہتا ھے۔

Strigate : (a) دھاری دار۔

Strigated : (a) نالی دار ؛ دھاری دار۔

Striges : (n) [L. 'Striae'.] کٹاؤ دار ستون کی نالیاں۔

Striges : (n) [L. 'Strix'.] چڑیوں کی ایک جنس۔

Strigiformes : (n) [mod. L.] شکاری پرندوں کی ایک قسم جس میں اُلّو شامل ھے۔

Strigil : (n) [L. 'Strigilis'.] (۱) جھانواں جو اہل یونان و روما استعمال کرتے ہیں۔ (۲) (حشریات) خراشندہ عضو۔

Strigilate : (n) خراشندہ عضو والا۔

Strigilis : (n) دیکھو Strigil

Strigilose : (a) (نباتیات) سخت مو ؛ باریک مو۔

Strigose : (a) (۱) (نباتیات) سخت مو ؛ جس پر سخت بال ھوں۔ (۲) (حیوانیات) دھاری دار۔

Strigous : (a) (شاذ) دیکھو Strigose

Strikable : (a) قابل ضرب ؛ جسے مارا جا سکے۔

Strike : (n) (۱) دیکھو Strick۔ (۲) دیکھو Strickle۔ (۳) اوزار (خصوصاً ڈنڈا یا تختہ کی شکل میں) جس سے اینٹ وغیرہ بنانے میں سطح برابر کی جاتی ھے۔ (۴) خشک چیزوں کو ناپنے کا ایک پیمانہ۔ (۵) ضرب ؛ وار۔ (۶)جھٹکا جس کے ذریعہ ماہی گیر بنسی میں پھنسی ہوئی مچھلی کو پکڑ لیتا ھے۔ (۷) ایک بار میں پکڑی گئیں بہت سی مچھلیاں ؛ بڑا جھول۔ (۸) (کان کنی ، ارضیات) افقی طبقات۔ (۹) ہڑتال۔ (۱۰) پیتل ، سونے وغیرہ کا یکایک نکل آنا (کان میں) ؛ غیر متوقع کامیابی۔ (۱۱) (بیس بال میں) کھیلنے والے کا گیند کو جو پھینکی گئی ھو قصداً مارنا ؛ ہٹ۔ (۱۲) (طباعت) ٹائپ کا سانچہ جو مشین سے بنایا جائے۔ (۱۳) (صابون سازی) صابن کی بلوری یا پچ رنگی شکل (جس سے ظاہر ھو کہ صابن سازی مکمل ھو گئی)۔ (۱۴) ڈرا دھمکا کر ، افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ اینٹھنا۔ (۱۵) دیکھو Strike-bill۔ (۱۶) ضرب لگانے کی ترکیب (مثلاً گھڑی وغیرہ کی)۔ (۱۷) تالے کا وہ پرزہ جو دوسرے پر ضرب لگاتا ھے۔ (۱۸) فوجی حملہ خصوصاً ایک ہی جگہ پر ہوائی حملہ ؛ ایسے ہوائی حملے میں شریک ہونے والے ہوائی جہاز۔ (۱۹) رنگ کی وہ مقدار جو پہلی رنگائی میں چڑھے۔ (۲۰) اسٹیج کو توڑنا یا کھولنا۔ (۲۱) چینی ظروف پر نقش و نگار کا ایک خاص حصہ۔ (۲۲) سکے جو ایک بار میں بنیں۔ (۲۳) پتلا ابتدائی برقی انداخت۔ (۲۴) بھیڑوں کی ایک جلدی بیماری۔ (۲۵) تالے کا وہ حصہ جو چوکھٹ میں لگا رہتا ھے۔

On strike : ہڑتال پر۔

Strike : (v) [OE. 'Strican'.] (۱) مارنا ؛ لگانا (وار یا ہاتھ) ؛ وار کرنا ؛ چلانا (ہاتھ یا ہتھیار)۔ (۲) ایک چیز پر دوسری چیز مار کر کچھ کرنا ؛ ہتھوڑے وغیرہ سے مارنا۔ (۳) متوجہ کرنا ؛ متاثر کرنا۔ (۴) خیال آنا ؛ دل میں آنا ؛ سوجھنا۔ (۵) اتارنا (جھنڈا یا بادبان) ؛ اکھاڑنا (خیمہ) ؛ جھنڈا اتار کر اطاعت قبول کرنے کا اعلان کرنا ؛ اطاعت قبول کرنا ؛ ہتھیار رکھ دینا۔ (۶) ہڑتال کرنا ؛ کام چھوڑ دینا (مزدوروں کا) ؛ ہڑتال کرانا ؛ ہڑتال کاحکم دینا۔ (۷)بھونک دینا (چاقو وغیرہ) ؛ کاٹ دینا ؛ کاٹنا (اوزار وغیرہ کا)۔ (۸) پیدا کرنا (خوف)۔ (۹) گھسنا ؛ اثر کرنا (سروں کاجسم میں) ؛ اثر کرانا۔ (۱۰) اختیار کرنا (راہ یا سمت) ؛ شروع کرنا ؛ چھیڑنا (گفتگو وغیرہ) ؛ زندگی ، گرمی ، حرارت وغیرہ دینا۔ (۱۱) (غلے کے منہ تک بھرے ہوئے پیمانوں کی سطح) برابر کرنا (گز سے) ؛ سانچے میں ریت برابر کرنا۔ (۱۲) باقی نکالنا ؛ بدہ ملانا۔ (۱۳)اوسط نکالنا۔ (۱۴) جیوری اس طرح بنانا کہ فریقین مقدمہ کو نامزد شدہ ممبروں کی مساوی تعداد کا نام خارج کرنے کی اجازت دی جائے۔ (۱۵) (تھیٹر کے ایکٹروں کی طرح) دفعتاً کوئی انداز اختیار کر لینا ؛ جھٹ سے کوئی شکل بنا لینا (مثلاً سنجیدہ ، روانی وغیرہ)۔ (۱٦) نئی سمت اختیار کرنا ؛ سیر سپاٹا کرنا۔ (۱۷) (کشت سازی) جوڑ میں مسالا بھرنا ؛ فاضل مسالے کو کنارے سے کاٹ دینا۔ (۱۸) (دباغت) چمڑے کو چکنا کرنا اور پھیلانا۔ (۱۹) (نجاری) رندے سے آرائشی حاشیہ بنانا۔ (۲۰) خط مستقیم کھینچنا (کسی آلے سے) ؛ کمپاس سے دائرہ یا نیم دائرہ بنانا۔ (۲۱) منسوخ کر دینا ؛ قلم زد کر دینا۔ (۲۲) کھاتوں کا مقابلہ کرکے حساب کرنا۔ (۲۳) رائے دہندوں کی نئی فہرست بنانا۔ (۲۴) (زمین وغیرہ میں) دوبارہ ہل چلا کر حدبندی کرنا ؛ اس طرح نالیاں یا کیاریاں بنانا۔ (۲۵) کدالی کے ذریعہ گڈھے کھودنا۔ (۲٦)(بحری) (کسی چیز کو) رسے وغیرہ کی مدد سے جہاز کے تہ خانے میں رکھنا ؛ تہ خانے سے نکال کر گودی پر رکھنا۔ (۲۷) (تعمیرات) مچان وغیرہ کھولنا ؛ محراب بنانے کے بعد ڈھانچہ الگ کرنا یا کھولنا۔ (۲۸) (جہاز سازی) جہاز کو پانی میں اتارنا۔ (۲۹) (جہاز کا) مال اتارنا ؛ جہاز کو خالی کرنا۔ (۳۰)(شکر سازی) کڑھائی (خصوصاً آخری) خالی

کرنا ۔ (۳۱) ڈھیلا کر دینا ؛ اکھاڑ دینا ؛ بیکار بنا دینا ۔ (۳۲) سینری یا سین ہٹانا ؛ روشنی کم کر دینا ۔ (۳۳)سہلانا ؛ چکنا کرنا ؛ مسطح کرنا ۔ (۳۴) نقش ابھارنا ؛ ٹھپا لگانا ؛ (سکہ وغیرہ پر) نقش ثبت کرنا ؛ سکے بنانا ؛ (موم بتی) سانچے میں ڈھال کر بنانا ۔ (۳۵)دستک دینا ؛ کھٹکھٹانا ؛ ٹھوکنا ۔ (۳۶) (تاریخ) (ڈھول وغیرہ) بجانا ؛ نقارے پر خطرے وغیرہ کی آگاہی کرانا ۔ (۳۷) چقماق پر لوہے سے ضرب لگا کر آگ یا چنگاری نکالنا یا پیدا کرنا ؛ دیا سلائی کو رگڑ کر آگ پیدا کرنا ؛ دیا سلائی کا جلنایا جلانا ۔ (۳۸) ساز چھیڑنا؛ ساز کے تار یا پردے کو چھونا (سُر وغیرہ نکالنے کے لئے) ۔ (۳۹) (مجازاً) تباہ کرنے یا شکست دینے کی کوشش کرنا یا نصب العین ٹھہرانا ۔ (۴۰) بنسی کو جھٹکا دینا کہ مچھلی کانٹے میں پھنس جائے ۔ (۴۱) پتھر وغیرہ سے مارنا ۔ (۴۲) لڑنا ؛ اپنا ہتھیار استعمال کرنا ؛ (فوج) حملہ کرنا ۔ (۴۳) (جلد سازی) جلد کے کناروں پر گرم کئے ہوئے اوزار سے نقش و نگار بنانا ؛ داغ کاری کرنا ۔ (۴۴) (سانپ کا) کاٹنا ۔ (۴۵) قدرتی ہتھیار سے مارنا ؛ لات وغیرہ سے مارنا ۔ (۴۶) (مچھلی کا) چارے کو پکڑنا (۴۷) مارنا ؛ ضرب لگانا (کسی پُرزے کا) ؛ گھڑی کا بجنا؛ گھنٹی مار کر وقت بتانا ؛ (گھنٹے کا) گھنٹی کے ذریعہ ظاہر ہونا ؛ گھڑی کی گھنٹی بجانا ؛ گھنٹی بجانا ۔ (۴۸) (بجلی وغیرہ کا) گرنا ۔ (۴۹) (خدا کا) عذاب نازل کرنا ؛ بجلی گرانا (سزا کے طور پر) ۔ (۵۰) مار کر جان نکال دینا ؛ مار ڈالنا ؛ اذیت پہنچانا ؛ ایذا پہنچانا (جسمانی یا ذہنی) ۔ (۵۱) (بیماری وغیرہ کا) اچانک حملہ کرنا ؛ کمزور کر دینا ؛ (فصل یا مویشی کو) بیماری لگ جانا ۔ (۵۲) (کسی شخص کو) اچانک زندگی سے یا کسی قوت سے محروم کر دینا ؛ اچانک گونگا یا بہرہ ہو جانا ۔ (۵۳) (مجازاً) گنگ کر دینا ؛ حیرت زدہ یا خوف زدہ کر دینا ؛ مسحور کر دینا ۔ (۵۴) جذبے سے بے قابو کر دینا ؛ (دہشت وغیرہ) طاری ہو جانا ۔ (۵۵) (تیرنے یا کشتی چلانے میں) ہاتھ چلانا ؛ چپو چلانا ۔ (۵۶)(گھوڑے کا) رفتار تیز کرنا ؛ تیز چلنا ۔ (۵۷)جھٹکے کے ساتھ بڑھانا (ہاتھ وغیرہ) ۔ (۵۸)جھپٹنا ؛ لپکنا ؛ تیزی سے بڑھنا ؛ (گانا وغیرہ) اچانک تیزی سے شروع کر دینا ۔ (۵۹) لڑپڑنا ؛ اچانک لڑائی یا مباحثہ شروع کر دینا ۔ (۶۰) گھس جانا ؛ سرایت کرنا (روشنی وغیرہ کا) ؛ سد راہ وغیرہ توڑ کر نکل جانا ۔ (۶۱) (پودوں کا) جڑ پھینکنا ؛ جڑ نکلنا ؛ (قلم میں) جڑ نکالنا ؛ قلم لگا کر بڑھانا (پودوں کو) ۔ (۶۲) رنگ بدلنا (کیمیائی عمل سے) ۔ (۶۳) رنگ کو جذب کرانا یا ہونا یا پھیلنا ۔ (۶۴) (ہیرنگ مچھلی یا سور کے گوشت میں) اچھی طرح نمک یا شورہ ملانا ۔ (۶۵) (محرک جسم کا) تصادم ہونا (کسی دوسرے جسم سے) ؛ متصادم ہونا ۔ (۶۶) (جہاز کا) چٹان سے ٹکرا جانا ؛ زمین پر چڑھ آنا ۔ (۶۷) (چٹان ، زمین ، بارودی سرنگ وغیرہ سے) ٹکرا جانا ۔ (۶۸) (بحری) (عمق پیما شاقول کا) تہ تک بھیجنا ؛ (تیراک کا) پانی کی تہ تک پہنچنا ۔ (۶۹) پڑنا ؛ چھونا ؛ گرنا (روشنی ، حرارت وغیرہ) ۔ (۷۰) (آواز ، دھماکہ وغیرہ) کانوں تک پہنچنا ۔ (۷۱) منعطف کرنا ؛ مبذول کرنا (توجہ ، نظر وغیرہ) ۔ (۷۲) بہت متاثر کرنا ؛ گہرا اثر ڈالنا ۔ (۷۳)تاثر چھوڑنا ؛ اثر ڈالنا (دماغ ، ذہن پر) ۔ (۷۴)پسند آنا ؛ مفتوں بنا لینا ؛ گرویدہ کر لینا ۔ (۷۵)سوجھنا ؛ مل جانا ۔ (۷۶) دوران سفر مل جانا یا پہنچنا ؛ اچانک مل جانا (سفر یا پڑھنے کے دوران) اچانک ملاقات ہو جانا ۔ (۷۷) (کسی معاہدہ ، عارضی صلح وغیرہ کے لئے) شرطیں طے کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ منظوری دینا ۔ (۷۸) (عام) بھیک مانگنا ۔ (۷۹) (قرض کی واپسی کا) سخت تقاضا کرنا ۔ (۸۰) (امریکی فوج میں) افسر کے نوکر کا کام کرنا ۔ (۸۱) قوس بنانا (ورقی قوس میں) ۔ (۸۲) جان توڑ کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ۔ (۸۳) دھڑکنا (دل کا) ۔ (۸۴) (شراب کو) خنک ساز میں رکھنا ۔ (۸۵) اپنا راستہ نکالنا ۔ (۸۶) (حشرات کا کسی چیز پر) انڈے دینا ۔

To be struck on : فریفتہ ہونا ؛ گرویدہ ہونا ۔

To strike a balance : دیکھو Balance

To strike a bargain : سودا کرنا ؛ سودا چکانا ۔

To strike a bonanza : کثیر پیداوار پانا (خصوصاً کان میں) ۔

To strike an attitude : دیکھو Attitude

To strike all of a heap : سٹپٹا دینا؛ حواس غائب کر دینا ۔

To strike a light : چقماق سے آگ پیدا کرنا ۔

To strike (a person) a blow : مارنا ؛ ہاتھ لگانا ؛ وار کرنا ۔

To strike at the root / -foundation : جڑ کھودنا ؛ تباہ کرنے کی کوشش کرنا ۔

To strike (a prisoner) in the boots : عضو اور لوہے کے جوتے کے درمیان پچڑ ٹھونک دینا (ایذا رسانی کی غرض سے) ۔

To strike blind : دفعتاً اندھا کر دینا ۔

To strike dead : مار ڈالنا ۔

To strike dumb : گنگ کر دینا ۔

To strike fire : چقماق سے آگ پیدا کرنا۔

To strike ground/ -sounding : عمق پیما شاقول کے ذریعہ تہ آب تک پہنچنا۔

To strike hands : ہاتھ پر ہاتھ مارنا (معاہدہ کرتے وقت)۔

To strike it rich : کافی مقدار میں معدنیات پانا (کان میں)۔

To strike off /-out of : قلم زد کر دینا ؛ خارج کر دینا ؛ مٹا دینا ؛ کاٹ دینا۔

To strike one as- : معلوم ہونا ؛ لگنا۔

To strike one's flag / To the flag one's colour : دیکھو Flag

To strike while the iron is hot : موقع سے فائدہ اٹھانا۔

To strike work : ہڑتال کرنا ؛ کام بند کرنا۔

Strike-a-light : (n) چقماق سے آگ پیدا کرنے کا آلہ۔

Strike-anywhere match : (n) وہ دیا سلائی جسے کسی جگہ رگڑ کر جلائی جا سکتی ھے۔

Strike back : (v) جوابی وار کرنا۔

Strike below : (v) جہاز کے تہ خانے میں رکھنا۔

Strike benefit : (n) وہ رقم جو مزدور یونین ہڑتالی مزدوروں کو بطور خوراکی ادا کرتی ھے ؛ ہڑتال کا الاؤنس۔

Strike bill : (n) (امریکی سیاسی عامیانہ) مسودۂ قانون جو کسی شخص یا جماعت کو نقصان پہنچانے کے لئے پیش کیا جائے تاکہ اسے واپس لینے کے لئے رشوت وصول کی جا سکے۔

Strike-dog : (n) غول کا وہ کتا جو شکار کے پاس سب سے پہلے پہنچے۔

Strike down : (v) (۱) (ایک وار میں) ڈھیر کر دینا ؛ گرا دینا۔ (۲) (مجازاً) پھٹ پڑنا (مصیبت وغیرہ کا پہاڑ)۔ (۳) سخت دھوپ ہونا۔

Strike home : (v) (۱) ضرب کاری لگانا (نیز مجازاً)۔ (۲) (الفاظ کا) بہت پُر اثر ہونا۔

Strike in : (v) (۱) دخل دینا (گفتگو وغیرہ میں)۔ (۲) اندرونی اثر ڈالنی کے بعد سطح سے اڑ جانا یا غائب ہو جانا۔ (۳) چھاپنا۔ (۴) سطر مشین سے ایک نقطے سے دوسرے نقطے تک لکیر کھینچنا۔

Strike-in : (n) طباعت میں روشنائی کا کاغذ میں سرایت کر جانا۔

Strike measure : (n) غلے کے ناپنے کا یہ طریقہ کہ مقررہ پیمانوں میں غلہ منہ تک بھر کر ایک گز سے سطح برابر کر دی جائے۔

Strike-note : (n) آواز کا زیر و بم جو گھنٹی پر پہلی ضرب سے پیدا ہوتا ھے۔

Strike off : (v) (۱) قلم زد کرنا ؛ کاٹ دینا ؛ خارج کر دینا۔ (۲) قلم کر دینا۔ (۳) فی البدیہہ کہنا (تصنیف وغیرہ) ؛ فوراً تصویر اتار لینا۔ (۴) فاضل گارا وغیرہ سلاخ سے ہٹانا۔

Strike-off : (n) سلاخ جس سے فاضل گارا ، مسالا وغیرہ ہٹاتے ہیں۔

Strike oil :(n) دیکھو Oil

Strike out : (v) (۱) ہاتھ چلانا۔ (۲) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔ (۳) (برف پر چلنے میں) پاؤں چلانا۔ (۴) قلم زد کرنا ؛ نکال دینا ؛ خارج کر دینا۔ (۵) ضرب مار کر نکالنا۔ (۶) فوراً بنا ڈالنا (منصوبہ ، اسکیم وغیرہ)۔ (۷) منصوبہ یا خاکے میں دکھانا ؛ جلدی سے خاکہ کھینچ لینا۔ (۸) راستہ نکالنا ؛ راہ نکالنا۔ (۹) تیزی سے چلنا۔ (۱۰) مار کر ڈھیر کر دینا ؛ گرا دینا۔

Strike-out : (n) (بیس بال) گیند پھینکنے والے کا کھیلنے والے کو پہلے ٹھکانے تک نہ پہنچنے دینا ؛ کھیلنے والے کا پہلے ٹھکانے تک نہ پہنچ سکنا۔

Strike pan : (n) شکر سازی میں عمل تبخیر کو تیز کرنے کا خلا ظرف۔

Strike plate : (n) تالے کا وہ حصہ جو چوکھٹ میں لگا رہتا ھے۔

Strike-out : (n) وہ کھلاڑی جو ریکٹ سے کھیلے جانے والے کھیل میں پہلی گیند کو مارتا ھے۔

Strike-through : (n) روشنائی کا کاغذ کی دوسری طرف نظر آنا۔

Strike up : (v) (۱) گانا شروع کرنا ؛ بجانا شروع کرنا (گانا ، ساز وغیرہ)۔ (۲) (ساز کا) بجنا شروع ہونا۔ (۳) (معاہدہ وغیرہ) کرنا اور اس کی تصدیق کرنا۔ (۴) (دوستی ، گفتگو ، تجارت وغیرہ) شروع کرنا۔ (۵) جلدی سے کھڑے ہو جانا ؛ اچھل جانا ؛ تیزی سے بڑھنا۔ (۶) حیران ہو جانا ؛ پریشان ہو جانا۔ (۷) گرویدہ ہو جانا ؛ موہ لیا جانا۔

Strikebound : (a) جہاں ہڑتال ہو ۔

Strikebreaking : (n) ہڑتال توڑنا ۔

Strikebroker : (n) ہڑتال توڑنے والے ؛ وہ مزدور جو ہڑتالیوں کی جگہ بلا لئے جائیں ۔

Striked : (a) گز سے برابر کیا ہوا (غلے سے بھرا ہوا پیمانہ) ۔

Strikeless : (a) جہاں ہڑتال نہ ہوتی ہو ۔

Strikeover : (n) (ٹائپ رائٹر کے ذریعہ) ایک حرف پر دوسرا حرف ٹائپ کر دینا ۔

Striker : (n) (۱) مارنے والا ۔ (۲) مارنے کا آلہ ؛ وہ چیز جس سے مارتے ہیں ۔ (۳) ہڑتالی ۔ (۴) گھوڑا (ہتھیار کا) ۔ (۵) غیر منکوحہ عورت کے ساتھ زنا کرنے والا ۔ (۶) برچھا یا ہارپون سے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔ (۷) گھَن چلانے والا ۔ (۸) وہ گز جس سے غلے سے بھرے ہوئے پیمانوں کی سطح برابر کرتے ہیں۔(۹) کوک گھڑی ۔(۱۰) ہارپون۔ (۱۱) دخانی ہتھوڑا (جسے لوہار گھن کی جگہ استعمال کرتے ہیں) ۔ (۱۲) ضربی کل ؛ گھڑی ؛ گھنٹی وغیرہ کا وہ پرزہ جو گھنٹی بجاتا ہے ۔ (۱۳) وہ مزدور جو کام میں دوسرے کی مدد کرتا ہے ۔ (۱۴) (فوج) وہ فوجی جو افسر کے اردلی کا کام کرے ؛ وہ فوجی جسے فرصت کے اوقات میں پھٹکا کام کرنے کے لئے بحال کیا گیا ہو ۔ (۱۵)بحریہ کا وہ بے کمیشن افسر جو ادنیٰ افسر کی تنخواہ پر کام کرے ۔ (۱۶) کتا جو شکار کے تعاقب میں سب سے آگے ہو ۔ (۱۷) تالے کا وہ حصہ جو چوکھٹ میں لگا رہتا ہے ۔

Striker out : (n) وہ کھلاڑی جو ریکٹ سے کھیلے جانے والے کھیل میں پہلی گیند کو مارتا ہے ۔

Striking : (n) (۱) مارنا ؛ ضرب ؛ ضرب لگانا ۔ (۲) کوئی چیز (مثلاً سکے) جو ٹھپے سے بنائی جائیں ۔ (۳) سکے وغیرہ جو ایک بار بنیں ۔ (۴) (سکے ، ٹوکن یا تمغہ وغیرہ) ٹھپے کے ذریعے بنایا ہوا نقش ۔

Striking : (a) (۱) جاذب توجہ ؛ متوجہ کرنے والا ؛ نمایاں ؛ مؤثر ۔ (۲) مشین یا اس کے کسی حصے کو چلانے کی ترکیب سے متعلق ۔

Striking bag : (n) بھرا ہوا یا پھلایا ہوا تھیلا جس پر مکہ باز مشق کرتے ہیں ۔

Striking circle : (n) ہاکی کے گول کے سامنے کا نیم دائرہ حصہ (گول سے زیادہ پندرہ گز کی دوری پر) گول کرنے کے لئے اسی دوری سے گیند کو ہٹ کرنا ضروری ہوتا ہے ۔

Striking distance : (n) زد ؛ ضربی فاصلہ ۔

Striking energy : (n) ٹکر کے وقت گولی کی حرکی توانائی ۔

Striking force : (n) وار کرنے کی قوت ؛ فوج جو حملے کے لئے تیار ہو ۔

Striking hammer : (n) بڑا ہتھوڑا ؛ گھن ۔

Striking-iron : (n) ایک قسم کا ہارپون ۔

Striking-out machine : (n) چمڑے کو چکنا بنانے اور تاننے کی مشین ۔

Striking pin : (n) دباغی میں کام آنے والی دستہ دار تکونے پھل والی چھری ۔

Striking plate : (n) تالے کا وہ حصہ جو چوکھٹ میں لگا رہتا ہے ۔

Striking still : (n) چوکھٹ کی کھڑی سلاخ جس میں تالا لگا رہتا ہے ۔

Strikingly : (adv.) مؤثر طریقے سے ؛ نمایاں طور پر ۔

Strikingness : (n) جاذب توجہ ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ مؤثر ہونا ۔

Strine : (n) [Austral.] آسٹریلیائی زبان کا مضحکہ خیز اور ہوبہ ہو چربہ یا نقالی ۔

String : (n) [OE. 'Streng'.] (۱) ڈوری ؛ ستلی ؛ تانت ۔ (۲) بند ؛ فیتہ ۔ (۳) سخت ریشہ جو سیم وغیرہ کے بیجوں کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۴) تانت یا تار (باجوں کا) ۔ (۵) لڑی (موتی وغیرہ کی) ؛ لڑ ۔ (۶) قطار ؛ سلسلہ (آدمیوں یا چیزوں کا) ۔ (۷) (بلیرڈ کے کھیل میں) تختۂ شمار ؛ اسکور یا شمار جو اس پر کیا جائے ؛ (ابتدائی کھیل میں) وہ ہاتھ جس سے فیصلہ ہو کہ پہلے کون کھیلے گا۔ (۸) گھڑ دوڑ کے گھوڑے جو کسی اصطبل میں سدھائے جا رہے ہوں ۔ (۹) تسمہ یا ڈوری جس سے آدمی یا جانور کو باندھ کر لے جاتے ہیں ۔ (۱۰) کٹھ پتلی کی ڈوری ۔ (۱۱) قدرتی تسمہ ؛ رگ ؛ نس ؛ نسیج ۔ (۱۲)زبان کا بند (جس سے زبان کی حرکت رکتی ہے) ۔ (۱۳)(نباتیات) ریشہ ؛ ڈوڈے کے دونوں حصوں کو ملانے والا سخت حصہ ۔ (۱۴) (نباتیات) زر تار ؛ درخت کا سوت ؛ جفتہ ۔ (۱۵) (جمع) تانت والے باجے یا ان کو بجانے والے ۔ (۱۶)تانت ؛ پھانسی ۔ (۱۷) جانوروں کا گلہ جو ایک رسی میں بندھا رہے ؛ جانوروں ، گاڑیوں یا انسانوں کی قطار ؛ ایک قطار میں اڑنے والے پرندوں کا جھنڈ ۔ (۱۸)گھوڑوں یا مال بردار جانوروں کی ایک تعداد ۔ (۱۹) طولانی ناگوار تقریر ۔ (۲۰) معدن کی پتلی

پرت ؛ دھات کی پرت کا تشعب ۔ (۲۱) دیکھو String-board ۔ (۲۲) ایک کمپوزیٹر کی جمائی ہوئی ٹائپوں کا پروف ۔ (۲۳) چھوٹی اسلحوں سے نشانے کی مشق میں گولی چلانے کی مقررہ تعداد ۔ (۲۴) (جمع) شرائط ۔ (۲۵) بموں کا سیٹ جو کسی نشانے پر متواتر گرایا جائے۔ (۲۶) تیل کا کنواں کھودنے والے اوزاروں کا سیٹ ۔ (۲۷) احاطہ ۔

First string : وہ شخص یاچیز جس پر سب سے زیادہ بھروسا ہو ۔

Second string : دوسرا سہارا ۔

String of the tongue : زبان کا بند (وہ رگ یا پٹھا جس سے زبان کی حرکت بند ہو جاتی ہے) ۔

To sharp on one (the same) string : ایک ہی راگ گائے جانا ؛ ایک ہی موضوع پر گفتگو کئے جانا ۔

To have in or on a string : نکیل ہاتھ میں ہونا ؛ قابو میں رکھنا ۔

To have two (many) strings to one's bow : ایک سے زیادہ ذرائع رکھنا ۔

To lead in a string : نکیل ہاتھ میں ہونا ؛ قابو میں رکھنا؛ محدود کرنا ؛ روک لگانا ۔

To pull the strings : پتنگ کی ڈور ہاتھ میں ہونا ؛ کٹھ پتلی کا تار ہاتھ میں ہونا ؛ دوسرے شخص کے افعال کا محرک ہونا ۔

To touch a string : (مجازاً) دل کے کسی تار کو چھیڑ دینا ؛ کسی جذبے کو بیدار کر دینا ۔

To touch the string : چھیڑنا (ساز کو) ۔

String : (v) (۱) چڑھانا (کمان) ؛ (کمان میں) تانت لگانا ۔ (۲) (تار والے ساز کا) تار کسنا ؛ سُر ٹھیک کرنا ۔ (۳) (مجازاً) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ آمادہ کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ بے چینی پیدا کرنا (اعصاب میں) ۔ (۴) پرونا (لڑی میں) ۔ (۵) ریشہ نکالنا ؛ چھیلنا (سیم وغیرہ کے بیج) ۔ (۶) (گوند وغیرہ میں) لسدار تہ جم جانا ۔ (۷) (بلیرڈ کے کھیل میں) شروع دو چلو ہاتھ کھیل کر یہ فیصلہ کرنا کہ پہلے کون کھیلے گا ۔ (۸) (امریکہ ؛ بول چال) دھوکا دینا ۔ (۹) ڈوری ، فیتہ یا بند لگانا ؛ فیتہ یا بند باندھنا ؛ ڈوری کسنا ۔ (۱۰) ڈوری سے باندھ کر لٹکانا ۔ (۱۱) پھانسی دینا ؛ پھانسی چڑھانا ۔ (۱۲) (الفاظ کو) مضبوط کرنا ۔ (۱۳) آویزاں آرائش کرنا ۔ (۱۴) (شکاری کتوں کا) بے ترتیبی سے آگے بڑھنا (شکار میں) ۔ (۱۵) اعصاب یا پٹھوں کو مضبوط کرنا ۔ (۱۶) مضبوط کرنا ؛ قوی بنانا ؛ کسنا ؛ کس کر باندھنا ۔ (۱۷) تاننا ؛ پھیلانا ۔ (۱۸) تناؤ یا حساسیت پیدا کرنا ۔ (۱۹) قطار بنانا ؛ صف بندی کرنا ۔ (۲۰) کتاب میں فیتہ لگانا ۔

String : (a) (۱) ڈوری دار ؛ فیتہ دار ؛ فیتے کی طرح ۔ (۲) تار کا ؛ جس میں تار ہوں ؛ تار دار ؛ سیمی ۔ (۳) تار والے باجوں سے متعلق ۔ (۴) تاردار اور تانت سے بجائے جانے والے آلات موسیقی کی نقل میں بنایا ہوا ۔

String along : (v) (۱) جاری رہنا ؛ ساتھ دینا ۔ (۲) پیچھے پیچھے پھرانا ؛ منتظر رکھنا ۔ (۳) دھوکا دینا ؛ بیوقوف بنانا ۔

String alpahbet : (n) اندھوں کو پڑھانے کی ایک ترکیب جس میں الفاظ کو ڈوریوں میں مختلف قسم کی گرہوں کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے ۔

String-bag : (n) ڈوریوں سے بنا ہوا تھیلا ۔

String-bean : (n) فرانس کا لوبیا ۔

String-board : (n) (زینے میں) وہ شہتیر یا بلی جس میں پٹریوں کے سرے جڑے ہوتے ہیں ۔

String correspondent : (n) نامہ نگار جسے کالم کے حساب سے اجرت ملتی ہے ۔

String-course : (n) کور ؛ کنگی ؛ابھرا ہوا حاشیہ جو کسی عمارت کی دیوار کے چاروں طرف ہو ۔

String-development : (n) (کسی سڑک کے کنارے) سلسلہ وار عمارتیں ۔

String-figure : (n) (۱) وہ شکل جو انگلیوں کے گرد ڈوری لپیٹ کر بنائی جاتی ہے ۔ (۲) وہ کھیل جو ایسی شکلیں بنا کر کھیلا جاتا ہے ۔

String-galvanometer : (n) یک تار رو پیما ؛ تیزی سے گھٹنے بڑھنے والے رَو کی پیمائش کرنے کا آلہ ۔

String insulator : (n) دو یا زیادہ معلق حاجزوں کا سلسلہ ۔

String lead : (n) سیسے کی پتلی پٹیاں ۔

String-moulding : (n) افقی آرائشی حاشیہ (جو پوری دیوار میں ہو) ۔

String-piece : (n) (۱) لمبا بھاری شہتیر جو عمارت یا تعمیر میں لگایا

Stringhalt : (n) گھوڑے کی پچھلی ٹانگ میں جھٹکا آنا۔

Stringhalted : (a) (گھوڑا) جس کے پیروں میں جھٹکا آگیا ہو۔

Stringiness : (n) ریشہ دار ہونا : لس دار ہونا۔

Stringing : (n) (۱) فیتہ ، ڈوری وغیرہ سے باندھنا : پرونا : جھیلنا۔ (۲) لکڑی کی مصنوعات میں پتلی پٹیوں کا مرصع کام۔ (۳)زینے کے شہتیر یا بلی بنانے کے ساز و سامان۔ (۴)ڈوریاں : فیتے۔ (۵) تمباکو کو دھاگے میں پرو کر پٹیوں سے لٹکانا۔

Stringless : (a) بے ڈوری کا : بے فیتے کا : بے تار کا : بے حاشیے کا۔

Stringlike : (a) ڈوری جیسا : فیتہ جیسا۔

Stringman : (n) دیکھو String correspondent

Stringsman : (n) تار کے باجوں کو بجانے والا سازندہ۔

Stringway : (n) (تیراکی وغیرہ کے مقابلے میں) منفرد شریک مقابلہ کے لئے ڈوریاں تان کر بنایا ہوا راستہ۔

Stringy : (a) (۱) ریشہ دار : ریشہ سا۔ (۲) ریشوں سے مشابہ۔ (۳) سخت ریشوں والا (گوشت) :لمبے ریشوں کا۔ (۴)پتلا مگر قوی : گھٹے ہوئے جسم کا۔ (۵) جس پر لس دار تہ جم گئی ہو۔ (۶) (دھاگہ ، اون وغیرہ) گچھا سا بنا ہوا۔ (۷) (گھوڑا) جس کے پیروں میں جھٹکا آگیا ہو۔

Stringy-bark : (n) (۱) متعدد قسم کے یوکلپٹس کے نام جن کی چھالوں میں لمبے ریشے ہوتے ہیں۔ (۲) ان میں سے کسی یوکلٹپس کی چھال۔

Stringy bark : (a) جنگل یا بن جُتی ہوئی زمین سے متعلق۔

Stringy kelp : (n) ایک قسم کی دریائی گھاس۔

Stringy sap : (n) میپل (maple) کا گھٹیا قسم کا رس جس میں شکر کم رہتا ہے۔

Strinkle : (v) [ME. 'Strenklen'.] دیکھو Sprinkle

Striola : (n) [mod. L. 'Stria'.] ہلکی دھاری یا خط۔

Striolate : (a) ہلکی دھاریوں والا : مخطط۔

Strip : (n) [Afr. 'Estrepe'.] دیکھو Estrepment

جائے۔ (۲) ریلوے کا سلیپر جو طولاً بچھایا جاتا ہے۔ (۳)در بست یا چوکھٹے کا حاشیہ۔

String proof : (n) وہ کثافت جس پر کھولتا ہوا شیرہ تار بننے لگے۔

String-tie : (n) پتلی نکٹائی۔

String-tone : (n) وائلن یا اس قسم کے دوسرے باجے کا سُر۔

Stringed : (a) (۱) تار کا : تاردار : سیمی۔ (۲) (نقابت) ڈوری کا رنگ ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (۳) تاروں سے پیدا ہونے والا۔

Stringed instrument : (n) سیمی ساز : ساز تار : وہ آلات موسیقی جن میں تار لگے ہوں۔

Stringency : (a) (۱) سختی : کڑاپن۔ (۲) (بحری) بازار کا نادار ہونا۔ (۳) (دلیل کی) معقولیت۔

Stringendo : (adv.) [It.] (موسیقی کی ہدایت میں) اور زیادہ تیزی سے : اور زور سے۔

Stringent : (a) [L. 'Stringens'.] (۱) سخت : کڑا (قاعدہ ، ضابطہ)۔ (۲) (روپے وغیرہ کا بازار) نادار : جس میں معاملہ کرنا مشکل ہو۔ (۳) (دلیل وغیرہ) معقول۔ (۴) سخت : تیز : شدید : انقباضی : کھنچاؤ کرنے والا۔

Stringently : (adv.) سختی سے۔

Stringentness : (n) سختی : نادار ہونا۔

Stringer : (n) (۱) (مجازاً) (الفاظ کو) مضبوط کرنے والا۔ (۲) (تعمیرات) افقی شہتیر : کڑیوں کو ملانے والی سہارے کی دبنی : نزد بند۔ (۳) (جہاز سازی) جہاز کے اندرونی تختے جن پر شہتیروں کا سرا رہتا ہے۔ (۴)(امریکا) طولی سلیپر جس پر ریل کی پٹریاں جڑی ہوتی ہیں۔ (۵) (کان کنی ، ارضیات) کسی معدنی شے کی رگ جو دوسری معدنی شے سے ہو کر گزرتی ہے۔ (۶) (جمع) (عام) ہتھکڑی۔ (۷) دیکھو String correspondent۔ (۸) کسی اخبار کا نمائندہ جو دوسرے اخبار کے لئے جزوی طور پر کام کرتا ہے۔ (۹)مخصوص صلاحیت یاقابلیت والا شخص۔ (۱۰)(رمی وغیرہ تاش کے کھیل میں پتے کا) کوئی سلسلہ۔ (۱۱) ہوائی جہاز کے چوکھٹے یا بازاروں کی ایک طولی ساخت۔

Stringful : (n) چیزوں کی وہ مقدار یا تعداد جو ایک لڑی میں پروئی جائے۔

Strip : (n) [(M)LG. 'Strippe'.] (۱) لمبا ، پتلا ٹکڑا : دھجی (کپڑے کی) ؛ چٹ (کاغذ کی) : باریک قطعہ ۔ (۲) پتلا سا قطعہ (زمین یا باغ کا) ۔ (۳)(فلزیات) چادر بنانے کے لئے بنایا ہوا گول ڈلا ۔ (۴) پٹی ، پترا (لوہے یا فولاد کا)۔ (۵)(کان کنی) ڈھلواں ناند (دھو کر کچدھات الگ کرنے کے لئے) ۔ (۶) کارٹون یاتصاویر جو حکایتی تسلسل میں بنی ہوں ۔ (۷) آدھ انچ سے کم چوڑا اور ایک انچ موٹا تختہ ۔ (۸) لکڑی کی پٹیاں جو تختوں کے درمیان رکھی جاتی ہیں جن پر کوئی چیز سکھائی جاتی ہے ۔ (۹) نقشے کا خاکہ ۔ (۱۰) تین یا زیادہ ٹکٹیں جو ایک سیدھ میں لگی ہوں (افقی یا عمودی طور پر) ۔ (۱۱) لکڑی یا دھات کا پتلا پتر یا پٹی جس پر چادر سے چھ قمقمے لگے رہتے ہیں اور تھیٹر کے اسٹیج پر لگائے جاتے ہیں ۔ (۱۲) مقابلے کی دوڑ کا رستہ ۔ (۱۳) ربر کاگ وغیرہ کا بنا ہوا احاطہ جس پر شمشیر زنی کا مقابلہ ہوتا ہے ۔ (۱۴) ہوائی جہاز کے اترنے اور پرواز کرنے کا رستہ ۔

Strip : (n) (۱) تمباکو جس کے ڈنٹھل اور درمیانی رگ الگ الگ کر دیئے گئے ہوں۔ (۲)(جمع) (دودھ دوہنے میں) اخیر کا دودھ۔ (۳) دیکھو Striptease ۔

Strip : (v) [ME. 'Stripe, Strepe'.] (۱) ننگا کرنا : کپڑے ، غلاف وغیرہ اتارنا ۔ (۲) کسی چیز کا ساز و سامان ، متعلقات یا صفات الگ کر دینا ۔ (۳) چھال اتارنا (درخت کی) ؛ چھلکا اتارنا ؛ چھیلنا ؛ پتے توڑ ڈالنا ؛ منتشر کرنا ۔ (۴)بے نقاب کرنا ؛ ظاہری صفات کا پردہ ہٹا دینا ۔ (۵)(پیچ کا) مرغولہ الگ ہو جانا یا کرنا ۔ (۶) (گولی وغیرہ کا) رائفل سے بغیر چکر کھائے نکل آنا ۔ (۷)زرہ ، نشان ، زیور وغیرہ سے محروم کر دینا ۔ (۸) صفات ، خطاب ،نوکری وغیرہ سے محروم کرنا ۔ (۹) لوٹ لینا ؛ چھین لینا ۔ (۱۰) خالی کرنا ۔ (۱۱) ساز و سامان ، فرنیچر وغیرہ سے محروم کرنا ۔ (۱۲) ہاتھ سے زیور کا یا انگلی سے انگوٹھی کا نکل کر گر جانا یا نکال لینا ۔ (۱۳) چھال وغیرہ کا اتر کر گر جانا ۔ (۱۴) ٹین کا کنکر وغیرہ سے الگ کرنا : دھو کر سونا نکالنا ۔ (۱۵)(تمباکو بنانے میں) پتوں سے ڈنٹھل الگ کرنا ۔ (۱۶) معدن کا ظاہر ہو جانا ۔ (۱۷) (دھات کی سطح کو) ریتی سے چکنا کرنا ؛ ریتی بنانے میں دندانہ بنانے سے قبل دھات کے ٹکڑے کو چکنا بنانا ۔ (۱۸) دھنکی سے روئیں کو الگ کرنا ۔ (۱۹) قلعی کی ہوئی سطح سے قلعی چھڑانا ۔ (۲۰)گوند نکالنا ؛ لسلساپن دور کرنا ۔ (۲۱) سب سے زیادہ پراں یا ہلکے حصے کوالگ کرنا ۔ (۲۲) (برج کھیل میں) جیتنے والے پتے کھیلنا ؛ چھوٹے کارڈوں کو الگ کرنا ۔ (۲۳) کسی ہتھیار کے (الگ ہونے والے) حصوں کو الگ کرنا ۔ (۲۴) جہاز کا سازو سامان ہٹانا ۔ (۲۵)تصویر کی نیگیٹو یا پازیٹیو کو چوکھٹے پر چڑھانا ۔ (۲۶) (کتے کی) پرانے بالوں کو نوچنا ۔ (۲۷)سوت کے رنگ کو ابال کر یا کیمیائی عمل کے ذریعہ اڑانا ۔ (۲۸) (مچھلی پکڑنے میں) تمام ڈوریوں کو ڈھیلی کر دینا ۔ (۲۹) اسٹرپ ٹیز (Striptease) رقص کرنا ۔ (۳۰) کنکریٹ مسالے کے جم جانے کے بعد سانچے کو ہٹا دینا ۔

To strip one to the skin : بالکل ننگا کر دینا : کل کپڑے اتار لینا ۔

Strip : (v) (۱) دوہنا (دودھ) ؛ خصوصاً حسب معمول دودھ دوہنے کے بعد تھن میں بچے دودھ کو ہاتھ کے مخصوص جھٹکے سے نکال لینا ۔ (۲) مٹھی بند کر کے انگوٹھے اور انگلی سے دبانا یا دبا کر نکالنا (مچھلی کے انڈے وغیرہ) ؛ نچوڑنا ۔

Strip : (v) لمبا ، پتلا ٹکڑا بنانا : دھجی بنانا : پٹیاں بنانا ۔

Strip : (v) (۱) کتاب میں باہر یا اندر سے کپڑے یا کاغذ کی پٹی لگانا ۔ (۲) لپیٹی ہوئی چیز کو ہاتھ سے لمبائی میں چیرنا ۔

Strip bridge : (n) دیکھو Drawbridge

Strip building : (n) کم قیمت والے مکانوں یا متوازی لمبا سلسلہ ۔

Strip camera : (n) کیمرہ جس کے عدسے پر ڈھکنا نہیں رہتا ہے اور جس سے فضا سے تصویر اتاری جاتی ہے ۔

Strip census : (n) جنگلی جانوروں کا شمار جس میں کسی مخصوص علاقے کے جانوروں کا شمار کر لیتے ہیں اور اسی حساب سے پورے علاقے کے جانوروں کی تعداد فرضی طور پر نکال لی جاتی ہے ۔

Strip city : (n) لمبا اور تنگ شہری علاقہ ۔

Strip cow : (n) گائے کو اس طرح دوہنا کہ ایک قطرہ دودھ باقی نہ رہے ۔

Strip crop : (n) لمبے پتلے قطعات زمین میں مختلف قسم کی فصل بونا ۔

Strip-cropping : (n) لمبے اور پتلے قطعات زمین میں مختلف فصلیں بونا ۔

Strip farming : (n) (۱) زمین کو پتلے قطعوں میں تقسیم کر کے منفرد کسانوں کو دے دینا ؛ پٹی دار نظام ۔ (۲)دیکھو Strip-cropping ۔

Strip-film : (n) فلم کی پٹی جس کے ذریعہ تصویریں ، نقشے وغیرہ متحرک طور پر پردے پر دکھائی جاتے ہیں ۔

Strip mill : (n) مل جس میں دھات کی پٹیاں بنتی ہیں ۔

Strip mine : (n) کان جو زمین کی سطح کے قریب ہو ۔

Strip play : (n) دیکھو Strip (4)

Strip poker : (n) (تاش) پوکر کھیل جس میں کھلاڑی نقصان یا شکست کی تلافی میں اسے کھڑے اتار کر دے دیتے ہیں ۔

Strip survey : (n) جنگل کے پتلے قطعے کی تشخیص قیمت کر کے اسی بنیاد پر پورے جنگل یا بڑے قطعے کا اندازہ کرنا ۔

Strip system : (n) دیکھو Strip-faming

Strip ticket : (n) چٹ ٹکٹ : ٹکٹ جو کاغذ کی چٹ پر چھپی رہتی ہے ۔

Strip windows : (n) افقی مسلسل کھڑکیاں ۔

Stripe : (n) [Origin unkn.] (قدیم) کوڑے کی مار ۔

Stripe : (v) کوڑے سے مارنا ۔

Stripe : (n) [Back-formation from Striped.] (۱) چوڑی دھاری ۔ (۲) پٹی : مغربی : گوٹ ۔ (۳) دھاری دار کپڑا ۔ (۴)(ارضیات) دو مختلف طبقات کے بیچ کی پتلی چٹان۔ (۵) پتلا سا قطعہ (زمین یا برف کا) ۔ (۶) دھجی : ٹکڑا ۔ (۷) (امریکا) مخصوص سیاسی یا مذہبی نظریہ : قسم : نوع ۔ (۸) گھوڑے کے سر کی سفید دھاری جو آنکھوں کے درمیان سے ناک تک ہو ۔ (۹) (جمع) قیدیوں کا مخصوص دھاری دار کپڑا ۔ (۱۰) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

To get one's stripe : ترقی پانا : درجہ بڑھنا ۔

Stripe : (v) (۱) رنگین پٹیاں یا مغزی لگانا : دھاری دار بنانا ۔ (۲) (نباتیات) مختلف النوع ہونا یا بنانا ۔ (۳) کھلنچ یا ماہی پشت سطح بنانا ۔

Striped : (a) (۱) دھاری دار : مخلط ۔ (۲) پٹی لگانے کا مستحق (شخص) ۔

Striped bass : (n) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Striped muscle : (n) دھاری دار عضلہ ۔

Striped-pants : (a) آداب و رسوم کا ضرورت سے زیادہ پابند : تکلفات یا سماجی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ مصروف ۔

Striped perch : (n) دھاری دار مچھلیوں کی بعض قسمیں ۔

Striped snake : (n) سانپ جس کی پیٹھ پر طولاً دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Stripeless : (a) بے دھاری کا : بے پٹی کا ۔

Striper : (n) (۱) فرنیچر میں پینٹ کے ذریعے دھاریاں بنانے والا ۔ (۲) گاؤ دم نوک والا برش جس سے دھاریاں دی جاتی ہیں ۔ (۳) بنائی کرنے والی مشین کا ایک پرزہ جو خود بخود ڈیزائن بنانے کے لئے دھاگے بدلتا ہے ۔ (۴) بحریہ کا ملازم جو آستین پر نوکری کی مدت یا درجہ بتانے کے لئے پٹیاں لگاتا ہے ۔ (۵)دیکھو Striped bass ۔

Stripiness : (n) پٹی دار ہونا۔

Striping : (n) (۱) دھاریاں ڈالنا : دھاری دار بنانا ۔ (۲) دھاریاں ۔

Striplight : (n) چھوٹے تیز قمقمے جو ایک لمبے عکس انداز میں لگے رہتے ہیں اور تھیٹر میں کام آتے ہیں ۔

Stripling : (n) نو عمر لڑکا یا لڑکی (جس کے جسم نے ابھی پوری طرح نشو و نما نہ پائی ہو) ۔

Strippable : (a) چھڑائے جانے ، الگ کئے جانے یا ننگا کئے جانے کے لائق ۔

Strippage : (n) دھجی : چٹ : کترن ۔

Stripped : (a) ننگا۔

Stripped atoms : (n) جو اہر جس کے بیرونی برقیے (الکٹرون) ہٹا دیئے گئے ہوں ۔

Stripped deck : (n) تاش کی گڈی جس میں سے چھوٹے پتے الگ کر دیئے گئے ہوں ۔

Strippedness : (n) ننگاپن ۔

Stripper : (n) (۱) ننگا کرنے والا : اتارنے والا : الگ کرنے والا : چھال اتارنے والا ۔ (۲) وہ مشین جس سے چھال اتاری جائے : وہ مشین جس سے تمباکو کے ڈنٹھل الگ کئے جائیں ۔ (۳)ریتی کی سطح کو (دوبارہ کاٹنے سے پہلے) مسطح کرنے کی مشین ۔ (۴) کپڑے بننے کی مل کا ایک قسم کا بیلن ۔ (۵) وہ مشین یا آلہ جس میں پرزاں حصے کو الگ کیا جاتا ہے ۔ (۶) تاش کے اونچے پتے جو خانہ نما شکل میں کٹے رہتے ہیں اور دوسرے پتوں سے کسی قدر بڑے ہوتے ہیں (فریب دہی کے لئے) ۔ (۷) گائے جس نے دودھ دینا تقریباً بند کر دیا ہو ۔ (۸) تیل کا کنواں جس میں پیداوار گھٹ کر چند پیپوں تک آگئی ہو ۔ (۹)-Strip

tease رقص کرنے والی عورت ۔ (۱۰) Strip-mine میں کام کرنے والا ۔ (۱۱) مشین جو اناج کے پھلوں کو ڈنٹھل سے کاٹ کر الگ کر دیتی ھے ۔

Stripper bolt : (n) پیچ جس کے سر کے نیچے کچھ دور تك چوڑی نہیں رہتی ھے اور وہ حصہ اس میں لگے بیرم کے لئے ٹیك آلہ کا کام کرتا ھے ۔

Stripping : (n) (۱) چھڑانا : الگ کرنا : اتارنا : ننگا کرنا ۔ (۲) کترن: چھانٹ: دھجی ۔ (۳) (دوہنے میں) آخیر کا دودھ ۔ (۴) تمباکو سے ڈنٹھل الگ کرنا ۔ (۵) حد سے زیادہ رفتار کی وجہ سے گولی کی سطح کا چھل جانا اور رائفل سے بغیر چکر کے نکل جانا ۔ (۶) کھدائی کا مقام : وہ جگہ جہاں سے دھات ، قیمتی پتھر وغیرہ کھود کر نکالی جاتی ہیں : کان ۔ (۷) (چمڑے وغیرہ کی) پٹیاں : لمبا، پتلا ٹکڑا ۔

Stripping comb/ -knife : (n) کتے کے پرانے بالوں کو اتارنے والی دندانے دار چھری ۔

Strippit/ Stripped : (a) دیکھو Striped

Striptease : (n) مضحك نقل جس میں کام کرنے والی اداکارہ حاضرین کے سامنے اپنے کپڑے ایك ایك کر کے اتارتی جاتی ھے : اسٹرپٹیز ۔

Striptease : (v) مضحك نقل (اسٹرپٹیز) کرنا ۔

Stripteaser : (n) اسٹرپٹیز میں کام کرنے والی اداکارہ ۔

Stripteuse : (n) دیکھو Stripteaser

Stripy : (a) جس میں پوری دھاریاں ہوں : پٹی دار ۔

Strive : (v) [ME. 'Striven'.] (۱) بہت کوشش کرنا : جد و جہد کرنا: سعی کرنا ۔ (۲) لڑنا : (کسی چیز سے) مقابلہ کرنا : سبقت لے جانے کی کوشش کرنا : قابو پانے کی ، غالب آنے کی کوشش کرنا ۔ (۳) سختی سے مزاحمت کرنا ۔ (۴) (گھوڑے کا) سرکش ھو جانا : بھڑك جانا ۔ (۵) جد و جہد کر کے ترقی کرنا ۔

To strive together / -with each other : لڑنا : ایك دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔

Striver : (n) جد و جہد کرنے والا : سعی کرنے والا : لڑنے والا : سبقت لے جانے کی کوشش کرنے والا ۔

Striving : (n) (۱) لڑائی : مقابلہ : رقابت ۔ (۲) جد و جہد : سعی : جہد : کوشش ۔

Striving : (a) مساعی پیہم سے متعلق : رقیبانہ ۔

Strivingly : (adv.) رقیبانہ طور پر ۔

Strix : (n) [L.[ستون کی خیّاریت ۔

Strix : (n) الّو کی ایك جنس ۔

Stroam/ Strome : (v) [Perhaps after "Stroll" and "Roam".] لمبے قدم رکھنا : ڈگ بھرنا : بیکار پھرنا : آوارہ پھرنا ۔

Strobe : (n) وہ آلہ جس سے چمکنے والی روشنی نکلتی ھے ۔

Strobic : (a) [Gr. 'Strobos'.] لٹو نما : دوّار : گرداں ۔

Strobila : (n) [Gr. 'Strobile'.] : (۱) (حیوانیات) مخروطہ سژوبیلا : بند دار گینڈوا : بند دار کدو دانہ ۔ (۲) کدو دانہ کے جسم کا بند ۔

Strobilaceous : (a) (۱) مخروطی : مخروطہ زا : بند سے متعلق یا مشابہ ۔ (۲) بند دار ۔

Strobilar : (a) مخروطیہ سے متعلق : بند دار گینڈوا سے متعلق ۔

Strobilate : (v) بند دار ھو جانا : حلقوی تقسیم میں بٹ جانا ۔

Strobilation : (n) مخروطیت : تقسیمی تولید : حلقوی تقسیم ۔

Strobile : (n) (۱) (نباتیات) مخروطہ : صنوبر وغیرہ کا پھل ۔ (۲) بند دار کدو دانہ ۔

Strobiliferous : (a) مخروطہ زا ۔

Strobiliform : (a) مخروطی : مخروطہ سے مشابہ ۔

Strobiline : (a) (حیوانیات ، نباتیات) دیکھو Strobilaceous

Strobilization : (n) دیکھو Strobilation

Strobiloid : (a) مخروطہ سے مشابہ : مخروطہ نما ۔

Strobilus : (n) [Late L. 'Strobilus'.] (۱) (نباتیات ، حیوانیات) مخروطہ ۔ (۲) بند دار کدو دانہ ۔

Strobophonograph : (n) گردشی صورت نگار ۔

Stroboscope : (n) [Gr. 'Strobos' + -scope.] (۱) ایک کھلونا جس میں تصاویر کے ایک سلسلے کو گرداں پہیے کے سوراخ سے دیکھنے سے حرکت کا دھوکا ہوتا ھے ۔ (۲)گردش نگار ۔

Stroboscopic/ -al : (a) گردش نما سے متعلق ۔

Strockle : (n) [Origin unkn.] بیلچہ جس کا کنارہ اوپر کی طرف مڑا ہوتا ھے اور شیشہ سازی میں کام آتا ھے ۔

Strode : دیکھو Stride

Stroganoff : (n) [after Count Paul Stroganoff, or Russ. diplomat.] پتلا کٹا ہوا ، پیاز ، سرسوں ، کھٹی کریم وغیرہ کی چٹنی میں لگا کر پکایا ہوا (گوشت) ۔

Stroke : (n) [ME. 'Strok'.] (۱) وار ؛ ضرب ؛ ہاتھ ۔ (۲) حملہ (فالج کا) ؛ حملہ مرض ؛ فالج ۔ (۳) ہلا (کام کا) ؛ ہاتھ ؛ (کشتی وغیرہ کھینچنے کی) ایک کوشش ؛ جنبش ۔ (۴) (کھیلوں میں) ہاتھ لگانے کا طریقہ ۔ (۵) نہایت عمدہ ہاتھ ؛ استادی کا ہاتھ ۔ (٦) (قلم ، پنسل یا مو قلم کی) ایک جنبش ؛ ایک شوشہ ؛ ایک کشش ؛ ایک دستخط یا نشان ؛ اشارہ ۔ (۷) گھنٹے کے بجنے کی آواز ؛ گھڑی کی گھنٹی بجنا ۔ (۸) وہ کشتی کھینے والا جو دنبالۂ کشتی میں بیٹھتا ھے اور جس کے ساتھ ساتھ دوسرے چپو چلاتے ہیں ؛ کھویوں کا اگوا ؛ کھویوں کے بیٹھنے کی جگہ ۔ (۹)(مجازاً) منحوس واقعہ ؛ کوئی چیز جس سے تکلیف، زخم یا موت ہو ؛ عذاب الٰہی ۔ (۱۰) دھڑکن (دل کی) ؛ رفتار (نبض کی) ۔ (۱۱) کم سے کم ؛ بڑا کام ، تجارت وغیرہ ۔ (۱۲) ضرب جیسی کوئی حرکت ۔ (۱۳)پاؤں یا بازو کی ایک حرکت ۔ (۱۴) پُر زور کوشش (کوئی چیز حاصل کرنے کی) ؛ تدبیر ؛ ترکیب ۔ (۱۵) کارنمایاں ؛ کامیابی ؛ کسی فن ، فطری قابلیت یا نکتہ چینی کا نمایاں مظاہرہ ۔ (۱٦) حُسن اتفاق ؛ خوبیِ تقدیر ۔ (۱۷)(جرثومیات) وہ خط جو جراثیم آلودہ تار کو اس سطح پر گزارنے سے بن جاتا ھے جس پر ٹیکا لگانا ہو ۔ (۱۸) اناج وغیرہ ناپنے کا ایک پیمانہ ۔ (۱۹) (کھیت میں) ہل کی ایک دھاری ۔

At one stroke / At a - : (۱) ایک ضرب میں ۔ (۲) ایک دم سے ؛ یکایک ؛ دفعتاً ۔

Down stroke : نیچے کا شوشہ ۔

Finishing stroke : آخری اور کاری ضرب ؛ وہ ہاتھ جس میں خاتمہ ہو جائے ۔

On the stroke /Upon- : (.........) بجنے کے قریب ہونا ۔

Up stroke : حرف کے اوپر کا شوشہ ۔

With a stroke of the pen : ایک جنبش قلم میں ۔

Stroke : (n) دیکھو Straik

Stroke : (v) [OE. 'Stracian'.] (۱) مالش کرنا ؛ سہلانا ؛ ہاتھ پھیرنا ۔ (۲) ہاتھ پھیر کر کسی مخصوص حالت میں لانا ۔ (۳)(کاٹنے والے اوزار کو) تیز کرنے کے لئے کسی سطح پر گزارنا ۔ (۴) تھن کو دبا کر کل دودھ نکال لینا ۔ (۵)(معماری) پتھر کو اس طرح کاٹنا کہ کٹاؤ دار نظر آئے ۔ (٦) (سوزن کاری) پلیٹوں کو باقاعدہ ترتیب میں رکھنا ۔

To stroke one down : دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ غصہ رفع کرنا ۔

To stroke the wrong way (of the hair)/ - against the hair : غصہ دلانا ؛ ایسی باتیں کرنا کہ غصہ آ جائے ۔

Stroke : (v) (۱) دھاریاں ڈالنا ؛ دھاری دار بنانا ۔ (۲) حر "t" میں اوپری افقی نشان کھینچنا ۔ (۳) کشتی میں کھویّوں کا اگوا ہونا ۔(۴) قلم زد کرنا ۔ (۵) ٹائپ رائٹر کے کی بورڈ پر ہاتھ مارنا ۔ (٦) مارنا (کھیل میں) ؛ ضرب ۔

Stroke-haul : (n) ناجائز طور پر مچھلی مارنے کا آلہ جس میں اوپر نیچے تین کانٹے لگے رہتے ہیں ۔

Stroke in : (v) استوانہ والے مطبع میں کاغذ کی ایک شیٹ ڈالنا ۔

Stroke oar : (n) چپو جو دنبالۂ کشتی میں لگا رہتا ھے ؛ وہ کھویّا جو اس چپو کو چلاتا ھے ۔

Stroke oarsman : (n) دنبالۂ کشتی کے پاس والا چپو چلانے والا ۔

Stroke of business : (n) کامیاب معاملہ ؛ وہ معاملہ جس میں فائدہ ہوا ہو ۔

Stroke of oar : (n) چپو کا ایک ہاتھ ۔

Stroke of luck : (n) حُسن اتفاق ؛ خوبیِ تقدیر ۔

Stroke of state : (n) (حکومت میں) انقلاب ؛ ناگہانی تغیر یا الٹ پلٹ ۔

Stroke of wing : (n) بازو کی ایک جنبش ۔

Stroke play : (n) گولف کا مقابلہ جس میں فیصلہ ضربوں کی تعداد سے کیا جاتا ھے ۔

Stroke side : (n) چپو والی کشتی کا وہ حصہ جہاں چپو چلانے والے بیٹھتے ہیں ۔

Strokelet : (n) عارضی سکتہ ۔

Stroker : (n) (۱) ہاتھ پھیر کر علاج کرنے والا ۔ (۲) ایک آلہ جس سے کاغذ کے تختے استوانہ مطبع میں ڈالے جاتے ہیں ۔

Strokesman : (n) دنبالہ کشتی پر لگا چپو چلانے والا ۔

Stroking : (n) (۱) سہلانا ؛ ہاتھ پھیرنا ؛ پھیرنا ۔ (۲) (جمع) (تھن سے) آخیر میں نکالا ہوا دودھ ۔

Strokingly : (adv.) سہلاتے ہوئے ۔

Stroll : (n) چہل قدمی ؛ ہوا خوری ۔

Stroll : (v) [G. 'Strollen'.] (۱) ٹہلنا ؛ ہوا خوری کرنا ؛ چہل قدمی کرنا ۔ (۲) اِدھر اُدھر پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا (معاش وغیرہ کی تلاش میں) ۔ (۳) شہر شہر ؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانا ۔

Stroller : (n) (۱) چہل قدمی کرنے والا ؛ ٹہلنے والا ۔ (۲) آوارہ گرد ۔ (۳) شہر شہر ؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانے والا ۔ (۴) بچوں کو گھمانے والی ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی ۔

Strolling : (a) سفری ؛ خانہ بدوش ؛ دورہ کرنے والا ؛ شہر شہر ؛ قصبہ قصبہ پھر کر تماشا دکھانے والا ۔

Strom / Strum : (n) [Origin unkn.] (۱) (شراب سازی) لمبوتری ٹوکری جو پیپے کے سوراخ پر رکھ دی جاتی ہے تاکہ دانے اور بھاپ نہ گزر سکیں ۔ (۲) (کان کنی) لوہے کی چھلنی جو آب کشی کی نلی پر لگا دی جاتی ہے تاکہ رکاوٹ نہ پیدا ہو ۔

Stroma : (n) [Late L.] (۱) (تشریح) نسیج اساسی ؛ اساس نسیجی ؛ اسٹروما ۔ (۲) خلیے کا عضو کا ڈھانچہ جو عموماً نسیج کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Stromal : (a) نسیج اساسی سے متعلق ۔

Stromatic : (a) نسیجی ؛ اسٹرومی ۔

Stromatin : (n) ایک قسم کا لحمیہ (پروٹین) جو بعض خلیوں کے نسیج اساسی سے ملتا ہے ۔

Stromatous : (a) نسیج اساسی رکھنے والا ؛ نسیج اساسی پر اثر کرنے والا ۔

Stromb : (n) [Anglicized form of Strombus.] قسم حلزونیہ ؛ صدف حلزونیہ ؛ ایک قسم کا گھونگا ۔

Strombidae : (n) معدہ پا صدفوں کی ایک جنس ۔

Strombiform : (a) معدہ پایاں کی ایک جنس سے مشابہ ۔

Strombite : (n) متحجر صدف حلزونیہ ۔

Stromboid : (a) صدف حلزونیہ سے مشابہ ۔

Stromboid : (n) صدف حلزونیہ ۔

Strombolian : (n) کوہ آتش فشاں کے پھٹنے سے متعلق جس میں دھماکا ہوتا ہے اور دہکتی ہوئی گرد وغیرہ نکلتی ہے ۔

Strombuliform : (a) [Fr. 'Strombuliforme'.] (۱) (ارضیات) لٹو کی شکل کا ۔ (۲) (نباتیات) حلزونی شکل ۔

Strombus : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) جنس حلزونیہ ؛ معدہ پا صدفوں کی ایک جنس ۔ (۲) اس جنس کا کوئی صدف ۔

Stromeyerite : (n) (۱) چاندی اور تانبے کا سلفائیڈ ۔ (۲) جرمنی کے ایک کیمسٹ کا نام ۔

Strong : (a) [OE. 'Strong, Strang'.] (۱) مضبوط ۔ (۲) مستحکم ؛ محکم ۔ (۳) دیکھو Strang ۔

A strong head : مخمور نہ ہونے کی صلاحیت ۔

One's strong point : استعداد ؛ قابلیت ؛ کوئی خاص دماغی قوت ۔

The strongr sex : مرد ۔

Strong : (adv.) (۱) سختی سے ؛ مضبوطی سے ۔ (۲) دیکھو Strongly ۔

To be going strong : پُر زور ہونا ؛ بڑے زور پر ہونا ۔

To come it strong : ناقابل یقین بیانات دینا ؛ بڑھا چڑھا کر باتیں کرنا یا بیان کرنا ؛ انتہا کو پہنچا دینا ۔

To come out strong : بے جا نمائش کرنا ؛ کتھا شروع کرنا ؛ بہت تفصیل سے بیان کرنا ؛ زور شور سے شروع کرنا ۔

To go it strong : زور شور سے کرنا ۔

To pitch it strong : شیخی بگھارنا ؛ بڑا بول بولنا۔

Strong : (n) تلوار کے پھل کا مضبوط تر حصہ (دستی کے قریب کا)۔

Strong arm : (n) (۱) طاقت ؛ قوت۔ (۲) تشدد ؛ زبردستی ؛ تشدد مجرمانہ۔ (۳) ٹھگ ؛ غنڈا۔

Strong-arm : (a) بے جا قوت کا استعمال کرنے والا ؛ متشدد۔

Strong-arm : (v) (۱) طاقت کا استعمال کرنا ؛ مارنا ؛ پیٹنا۔ (۲) تشدد کی دھمکی دے کر خوفزدہ کرنا۔ (۳) زبردستی لوٹ لینا۔

Strong-armer : (n) تشدد کا استعمال کرنے والا آدمی ؛ لٹیرا ؛ ٹھگ۔

Strong breath : (n) بدبو دار سانس۔

Strong breeze : (n) تیز ہوا ؛ ہوا جس کی رفتار ۲۵ سے ۳۱ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

Strong butter : (n) بساندار مکھن۔

Strong candidate : (n) قوی امیدوار (جس کے جیتنے کی امید ہو)۔

Strong combination : (n) قوی اتحاد۔

Strong detachment : (n) (فوج کا) بڑا دستہ (تعداد میں)۔

Strong drink : (n) تند شراب۔

Strong for : (n) ضرورت سے زیادہ مہربان ؛ زیادہ اہمیت دینے والا۔

Strong gale : (n) تیز ہوا جس کی رفتار ۴۷ سے ۵۴ میل فی گھنٹہ ہو۔

Strong-headed : (a) ضدی ؛ ہٹیلا ؛ سرکش۔

Strong-headedly : (adv.) ضد کے انداز سے ؛ ہٹیلے پن سے ؛ سرکشی سے۔

Strong-headedness : (n) ضد ؛ سرکشی ؛ ہٹیلا پن۔

Strong interaction : (n) ایک طبیعی تفاعل جو صرف بعض جز جو ہر ذرات کے درمیان مؤثر ہوتا ہے جبکہ وہ بالکل سٹے ہوئے رہتے ہیں۔

Strong language : (n) سخت الفاظ (گالیاں یا ایسے الفاظ جن سے ہتک ہو)۔

Strong man : (n) (۱) دبنگ آدمی۔ (۲) ذمہ دار آدمی ؛ وہ شخص جس میں منصوبہ بندی اور کام کرنے کی صلاحیت ہو۔ (۳) دبنگ حاکم۔

Strong meat : (n) (۱) (بائبل) قوی غذا۔ (۲) (مجازاً) ثقیل لقمہ (وہ نظریہ یا عمل جس کے قبول کرنے کی صلاحیت ان لوگوں میں ہو جو خاص طور پر مضبوط طبیعت یا غیر معمولی بصیرت رکھتے ہیں)۔

Strong-minded : (a) (۱) قوی طبیعت کا۔ (۲) (تحقیراً) عورت جو مرد کے ساتھ دینی اور قانونی مساوات کا دعویٰ کرتی ہو۔

Strong-mindedly : (adv.) قوی دماغ سے۔

Strong-mindedness : (n) قوی دماغی ؛ قوی طبیعت کا ہونا۔

Strong nerve : (n) قوی اعصاب ؛ مضبوط دل (جس پر خوف ، غصے وغیرہ کا اثر کم ہو)۔

Strong of : (a) کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ؛ (کسی چیز کی) بہت زیادہ چاشنی دی ہوئی۔

Strong point : (n) دماغی مورچہ کا منظم حربی مقام۔

Strong room : (n) محفوظ کمرہ (فولاد وغیرہ کا بنا ہوا ، جس میں قیمتی چیزیں رکھتے ہیں)۔

Strong sand : (n) ڈھالنے والے کی ریت جس میں گندھی ہوئی مٹی ملی رہتی ہے۔

Strong side : (n) فٹ بال کے کھیل میں کھلاڑیوں کا ایک طرف یا کسی طرف ہجوم۔

Strong situation : (n) مؤثر موقع (ناٹک یا افسانے کا وہ موقع جو ناظرین یا تماشائیوں پر بہت اثر کرے)۔

Strong suit : (n) (۱) رنگوں کا سلسلہ جس میں بڑے پتے ہوں۔ (۲) کوئی ایسی قوت یا فضیلت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو۔

Strong tea : (n) کڑی یا تیز چائے۔

Strong voice : (n) کڑی یا تیز آواز۔

Strong water : (n) شراب۔

Strong-woolled/ -wool : (a) (۱) موٹی اور مضبوط اون والی (بھیڑ)۔ (۲) دو نسلی بھیڑ۔

Strongback : (n) (۱) لمبی بلّی جس کے ذریعے ایک کشتی کو دوسری کشتی سے باندھ دیتے ہیں ۔ (۲) عرشے کے نیچے کی سہارا دینے والی بلّی ۔

Strongbark/ Strongback : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا کے گرم خطوں کا ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی جس کی گوندی سے شراب بنتی ہے ۔

Strongbox : (n) تجوری ۔

Stronghearted : (a) بہادر ؛ با ہمت ؛ دلیر ؛ نڈر ۔

Strongheartedness : (n) بہادری ؛ دلیری ۔

Stronghold : (n) (۱) قلعہ ۔ (۲) (کسی خیال یا نظریے کا) گھر ۔ (۳) وہ جگہ جہاں مخصوص گروپ کا قبضہ ہو ۔

Strongish : (a) کسی قدر مضبوط ؛ مستحکم ؛ تندرست ؛ سخت ؛ تیز ؛ مؤثر ۔

Strongly : (adv.) مضبوطی سے ؛ استحکام سے ؛ سختی سے ؛ شدت سے ؛ زور شور سے ؛ مؤثر طریقے سے ۔

Strongness : (n) قوت ؛ طاقت ؛ استحکام ؛ پختگی ۔

Strongyle : (n) [mod. L. 'Strongylus'.] خیطیہ کی ایک قسم ؛ نارو کی ایک قسم ۔

Strongyle : (n) [Gr. 'Strongyle'.] (حیوانیات) اسفنجی سوزن کی ایک قسم ۔

Strongyloid : (a) خیطیہ نما ۔

Strongyloid : (n) خیطیہ نما کیڑا ۔

Strongyloidiasis : (n) خیطیہ زدگی ۔

Strongylosis : (n) دیکھو Strongyloidiasis

Strongylote : (a) [Gr. 'Strongylos'.] جس کا ایک سرا گول ہو (خصوصاً اسفنجی سوزن کا) ۔

Strontia : (n) سٹرونشیا ؛ سٹرونشیم آکسائیڈ ؛ جس کے شورے (نائٹریٹ) سے آتشبازی میں سرخ رنگ کے شعلے پیدا ہوتے ہیں ۔

Strontia : (a) اسٹرونشیم کا یا اسٹرونشیم آکسائیڈ کا ۔

Strontian : (n) [Name of a parish in Argylisire.] دیکھو Strontia

Strontian yellow : (n) زرد رنگ جو اسٹرونشیم کے نمک کے محلول میں پوٹاشیم کرومیٹ ملانے سے بنتا ہے ۔

Strontianite : (n) (کیمیا) اساس اسٹرونشیم کاربونیٹ ۔

Strontium : (n) [f. 'Strontia' + -um.] اسٹرونشیم ؛ سیاہی مائل زرد رنگ کی ایک دھات ۔

Stroop : (n) دیکھو Spout

Strop : (n) [(M)LG. (M) Du.] (۱) چمڑے کا ٹکڑا جس پر استرا تیز کرتے ہیں ؛ چموٹا ۔ (۲) استرا تیز کرنے کی مشین ۔ (۳) (چمڑے ، لوہے یا رسی کا) پٹا جو چرخی میں پہنا دیا جاتا ہے ۔

Strop : (v) (۱) چمڑے پر تیز کرنا ؛ مشین سے تیز کرنا (استرا) ۔ (۲) (بحری) چرخی پر پٹا چڑھانا ۔

Strophanthin : (n) تنابی گل سے حاصل ہونے والا گلوکوسائیڈ (Glucoside) ۔

Strophanthus : (n) [mod. L.] (۱) تنابی گل ؛ پودوں کی ایک جنس ۔ (۱) اس سے بننے والی ایک زہریلی دوا ۔

Strophe : (n) [Gr.] (۱) مسلسل سطروں کی اوزانی ساخت کا نظام جس کی تکرار دوسرے نظام میں ہوتی ہے جسے Anti-strophe کہتے ہیں ؛ ایک قسم کا پیچیدہ بند ۔ (۲) قدیم یونانی رقص کا بھاؤ ۔ (۳) وہ گیت جو اس کے ساتھ گایا جاتا تھا ؛ اسٹروفی ۔ (۳) (نباتیات) پتوں کے مرغولہ نما بڑھنے کے لئے بھی مستعمل ہے ۔

Strophic/-al : (a) (یونانی کورس کے) پیچیدہ بند سے متعلق ؛ اسٹروفی کا ؛ اسٹروفی کے طرز کا ۔

Strophically : (adv.) پیچیدہ بند کے انداز میں ۔

Strophiolate : (a) ناف دانہ دار ۔

Strophiole : (a) [mod. L. 'Strophiolum'.] (نباتیات) ناف دانہ ؛ وشاغ ؛ بعض قسم کے ناف کے گرد کا دانہ دار ابھار ۔

Strophoid : (n) [Fr. 'Strophoide'.] (ہندسہ) دو خطوط مستقیم جو کسی سطح کے دو متعین نقطوں کے گرد گردش کریں ان کے تقاطع کا طریق ۔

Strophpodal : (a) دو خطوط مستقیم کے تقاطع کے طریق سے متعلق

(جو ایک ہی سطح کے دو متعین نقطوں کے گرد گردش کریں)۔

Strophulus : (n) [mod. L.] (مرضیات) لال دانے : ربہ۔

Stropper : (n) دو دھار والے بلیڈ کو تیز کرنے کا اوزار۔

Stropping : (n) (چرخی پر چڑھانے والا) پٹا بنانے کی رسّی۔

Stroup : (n) [ME. 'Stroupe'.] دیکھو Spout ۔

Stroy : (v) دیکھو Destroy

Strubbly : (a) [Pennsylvania German Schtruwwilich'.] غیر ترتیب پسند : بے سلیقہ : پھوہڑ : بے ترتیب : بے قرینہ۔

Struck : (a) دیکھو Stricken

Struck jury : (n) مخصوص جیوری جو ارکان جیوری کی فہرست سے منتخب ہوتی ہے۔

Struck measure : (n) اناج کا ایک پیمانہ (جس میں غلہ منہ تک بھرا جاتا ہے ، لبالب رہتا ہے)۔

Struck pointing : (n) ضربی ٹیپ کاری۔

Strucken : (a) دیکھو Stricken

Structural : (a) (۱) ساخت یا بناوٹ کے متعلق : بناوٹی : ساختمانی۔ (۲) تعمیری : عمارتی۔ (۳) ترکیبی۔ (۴) (ارضیات) زمین کی پرتوں سے متعلق۔ (۵) (شعبۂ سائنس) جو ساخت سے متعلق ہو)۔

Structural alterations : (n) تعمیری رد و بدل۔

Structural botany : (n) ترکیبی نباتیات۔

Structural chemistry : (n) ترکیبی کیمیا۔

Structural disease : (n) وہ مرض جس سے نسیج متاثر ہو اور آنکھوں یا خوردبین سے دیکھا جا سکے : عضویاتی مرض : ساختمانی مرض۔

Structural formula : (n) ترکیبی ضابطہ۔

Structural linguistics : (n) ساختمانی لسانیات۔

Structural load : (n) تعمیری بار : عمارتی بوجھ (بار جو خود عمارت کا ہو)۔

Structural psychology : (n) ترکیبی نفسیات۔

Structural repairs : (n) عمارتی مرمت۔

Structuralism : (n) (۱) ایک نظریہ جو نفسیات میں ساخت کی اہمیت پر زیادہ زور دیتا ہے (فعل کے مقابلے میں)۔ (۲)لسانیات میں ترکیبی اصولوں کا استعمال۔

Structurally : (adv.) ساخت کے اعتبار سے۔

Structure : (n) [Fr. or L. 'Structure'.] (۱) ساخت : بناوٹ : ترکیب۔ (۲) پورا ڈھانچ (کسی چیز کا)۔ (۳) مرکب چیز۔ (۴)خاص بناوٹ والی کوئی چیز : تعمیر : عبارت : عمارت۔ (۵) (کیمیا) سالمی ساخت۔ (۶) (حیاتیات) جسم حیوانی یا جسم نباتی کے ترکیبی جز۔

Structure : (v) تعمیر کرنا : بنانا : جسم نامی بنانا۔

Structured : (a) معین ساخت والا : ترکیبی یا تنظیمی ساخت نما۔

Structureless : (a) بغیر خاص بناوٹ کا : جس کی کوئی خاص بناوٹ نہ ہو : بے ترکیب۔

Structurelessness : (n) بے ترکیبی : بے ترکیب ہونا۔

Strudel : (n) [G.] اسٹیریا میں بننے والی پیسٹری کی ایک قسم۔

Struggle : (n) (۱) کشمکش : گتم گتھا : گھمسان کی لڑائی : سخت مقابلہ : سخت کوشش : جد و جہد : ہاتھ پیر مارنا : تنازع : جُہد : مسلسل کوشش کسی کے جبرو دباؤ سے آزاد ہونے کے لئے۔ (۲) عالم سکرات میں سانس لینے کی کوشش۔ (۳) مقابلہ۔

Struggle : (v) [ME. 'Struglen'.] (۱) ہاتھ پاؤں مارنا (اس شخص کا نام جسے کوئی پکڑے ہو ، چھوٹنے کے لئے)۔ (۲)سخت کوشش کرنا۔ (۳) (اپنے حریف سے) گتھم گتھا ہو کر لڑنا (جیسے کشتی میں) نیز کسی کے جبرو دباؤ سے خود کو آزاد کرنے کی سخت جد و جہد کرنا : قابو پانے یا غالب آنے کی کوشش کرنا : کشمکش ہونا یا ٹکراؤ ہونا (دو چیزوں یا اشخاص میں) : مشکلات کے باوجود سخت کوشش کرنا۔ (۴) عالم سکرات میں سانس لینے کی سخت کوشش کرنا۔ (۵) بڑی دقت سے یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا یا گزرنا : چڑھنا یا اترنا (کسی مقام سے) : (مجازاً) جم کر مقابلہ کرنا : خاص کر اپنے سے زیادہ طاقتور حریف یا دشمن سے۔

To struggle for existence : (۱) تنازع البقا : جہد البقا ۔ اجسام حیوانی کا باہمی مقابلہ : انتخاب طبعی میں یہ کوشش کہ دوسروں کو فنا کر کے خود باقی رہیں ۔ (۲) روزی کمانے کے لئے جد و جہد ۔

Struggle for existence : (n) جہد البقا : زندگی کے لئے جد و جہد کرنا : روزی کمانے کے لئے جد و جہد کرنا ۔

Struggle of life : (n) کشمکش حیات ۔

Struggler : (n) سخت کوشش کرنے والا : ہاتھ پاؤں مارنے والا ۔

Struggling : (a) جسے روزی کمانے یا شہرت حاصل کرنے کے لئے بڑی کشمکش یا سخت کوشش کرنی پڑے ۔

Strugglingly : (adv.) بہت کشمکش کے ساتھ : سخت کوشش سے : ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے ۔

Struldbrug : (n) [Arbitrary.] (سفر نامۂ گلیور میں) ایک فرضی شخص ان اشخاص میں سے جنہیں دائمی زندگی ملی تھی لیکن اسّی سال کی عمر کے بعد جنہیں قانوناً مردہ قرار دے دیا جاتا تھا اور وہ لوگ حکومت کی دی ہوئی حقیر رقم (بطور وظیفہ) پر زندگی بسر کرتے تھے ۔ (۲) (مجازاً) طویل عمر ۔

Struldbruggian : (a) (گلیور کے سفر نامہ میں) ان اشخاص سے متعلق جو ہمیشہ زندہ رہتے تھے ۔

Struldbrugism : (n) طویل عمری ۔

Strum : (v) [Imitative.] (۱) تار والے سازو سامان کو چھیڑنا (خصوصاً اناڑی پن سے) ۔ (۲) اناڑی پن سے بجانا (تار والے ساز کو) : (تار والے ساز کا) اس طرح سے بجنا ۔

Strum : (n) اناڑی پن سے چھیڑتے ہوئے ساز کی آواز ۔

Strum : (n) [ME. 'Strom, Strumme'.] دیکھو Strainer

Struma : (n) [L.] (۱) خنازیر : کنٹھ مالا ۔ (۲) گھینگھا : گلہر ۔ (۳) (نباتیات) گلٹی (درخت کے کسی حصے میں) ۔

Strumatic : (a) خنازیر میں مبتلا ۔

Strumiform : (a) (نباتیات) گلٹی دار : (مرضیات) خنازیر یا گھینگھا سے مشابہ ۔

Strumose : (a) (نباتیات) گلٹی دار : مریض خنازیر ۔

Strumous : (a) [L. 'Strumosus'.] (۱) خنازیر میں مبتلا : خنازیری ۔ (۲) خنازیر جیسا : خنازیر سے پیدا ۔ (۳) گلٹی دار ۔

Strumpet : (n) [Origin unkn.] (۱) قحبہ : فاحشہ : رنڈی : کسبی ۔ (۲) (مجازاً) تجسیم شدہ چیزوں کے بارے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Strumpet : (a) فاحشانہ : کسبیانہ ۔

Strung : (a) (۱) ڈوری پرویا ہوا : گوتھا ہوا ۔ (۲) تنا ہوا (اعصاب) ۔

Strung out : (a) (۱) منشیات کا عادی ۔ (۲) وہ جس کی صحت منشیات کے کثرت استعمال سے خراب ہو گئی ہو ۔

Strung-up : (a) بے چین : مضطرب : پریشان : بے حد زود حس ۔

Strunt : (n) [Obsolete E. 'Strunt'.] (۱) ٹھنٹھ دم کا ۔ (۲) پیر یا بال نوچی ہوئی دم ۔

Strunt : (v) دم کاٹنا ۔

Strunt : (n) [Origin unkn.] خفگی : ناراضی : اہانت : گستاخی : آزردگی : صدمہ ۔

Strunt : (v) اکڑ کر چلنا : تن کر چلنا : اکڑ : رعونت : نمائش : نمود : خود نمائی ۔

Strunt : (n) [Origin unkn.] دیکھو Liquor

Strut : (n) دیکھو Strunt : آڑ : اڑواڑ : داب روک : خصوصاً وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے ترچھی لگائی جاتی ہے ۔

Strut : (v) دیکھو Strunt

Strut : (n) پہیے کے آروں کا مڑ جانا ۔

Strut : (v) [ME. 'Stroute'.] اکڑ کر چلنا : تن کر چلنا : رعونت کے ساتھ چلنا ۔

To strut one's stuff : (عام) چار چاند لگا کر دکھانا : قابلیت کی نمائش کرنا ۔

Strut : (v) آڑ لگانا ۔

Strutbeam : (n) شہتیر جو بطور آڑ لگایا جاتا ہے ۔

Struth : (Interj.) (۱) ایک ہلکی قسم ۔ (۲) God's truth کا مخفف ۔

Struthian : (a) شتر مرغ کا ؛ شتر مرغ جیسا ؛ شتر مرغ کے خاندان کا ؛ نعامی ؛ شتر مرغی ۔

Struthiform/ Struthiiform : (a) شتر مرغ سے مشابہ ۔

Struthiin : (n) [mod. L. 'Struthium'.] دیکھو Saponin

Struthioid : (a) (حیوانیات) شتر مرغ نما ؛ شتر مرغ کا سا ۔

Struthioid : (n) شتر مرغ کا سا پرند ۔

Struthiomimus : (n) [L.] پتلی ہڈیوں والا مہیب سوسما جس کو دانت نہیں ہوتے تھے اور جو شتر مرغ سے مشابہ ہوتا تھا ۔

Struthionidae : (n) (حیوانیات) نعامیے ؛ نعامیہ پرندوں کی ایک جنس ۔

Struthioniform : (a) شتر مرغ نما ؛ شتر مرغ سے مشابہ ۔

Struthionine : (a) دیکھو Struthian

Struthious : (a) [L. 'Struthio' + -ous.] دیکھو Struthian

Strutter : (n) اکڑ کر چلنے والا ؛ رعونت دکھانے والا ۔

Strutting : (a) اکڑ کر چلنے والا ؛ فرعون بے سامان ؛ متکبر ؛ گھمنڈی ؛ مغرور ۔

Strutting : (n) اژواژ ۔

Struttingly : (adv.) اکڑ کر ؛ رعونت کے ساتھ ؛ متکبرانہ ؛ مغرورانہ ۔

Strutty : (a) مغرور ؛ فرعون بے سامان ؛ گھمنڈی ؛ متکبر ۔

Struvite : (n) [G. 'Struvit'.] (کان کنی) امونیم اور میگنیشیم کا آب دار فاسفیٹ جس کے زردی مائل بھورے بلور ہوتے ہیں ۔

Strychnia : (n) (کیمیا) کچلا ؛ جوہر کچلا ؛ ایک زہریلی دوا ؛ اسٹرکنین ۔

Strychnic : (a) جوہر کچلا سے متعلق ؛ کچلے کا ۔

Strychnine : (n) [Fr.] دیکھو Strychnia

Strychnine : (v) کچلا (بطور زہر) کھلانا ؛ کچلے سے مسموم کرنا ۔

Strychninism : (n) کچلے کا مضر اثر (جو کچلے سے ہو جائے) ۔

Strychnos/ Strychnus : (n) [mod. L.] جنس مکو ۔

Strymon : (n) [L.] تتلیوں کی ایک جنس ۔

Strype : (n) (اسکاٹ لینڈ) دیکھو Stripe

Stuart : (n) انگلستان کے بادشاہ اسٹوارٹ کے خاندان کا رکن یا حامی ۔

Stub : (n) [OE. 'Stub(b)'.] (۱) ٹھنٹھ (درخت وغیرہ کا) ؛ ٹھونٹ ؛ ٹوٹی ہوئی دانت کی جڑ ۔ (۲) پنسل ؛ سگار وغیرہ کا بچا ہوا ٹکڑا ۔ (۳) دیکھو Stubble ۔ (۴) چبھا ہوا کانٹا یا کرچ ۔ (۵) چھوٹا اور موٹا ناخن ؛ گھوڑے کی گھسی ہوئی نعل ؛ نعل کی کیل ۔ (۶) کوئی چیز جو ٹھنٹھ سی نظر آئے ؛ ابتدائی مینگ یا دم ۔ (۷) لکڑی کا چھوٹا اور موٹا ٹکڑا ؛ کندہ ۔ (۸) (میکانیات) پھار ۔ (۹) نصف ثانی ؛ مثنیٰ ۔ (۱۰) دیکھو Stub track ۔ (۱۱) کسی ریاضیاتی یا شماریاتی جدول کا بایاں حاشیہ ۔

Stub : (v) (۱) ٹھنٹھ کو جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ زمین کو ٹھنٹھ سے صاف کر دینا ۔ (۲) (درخت کو) جڑ کے نزدیک سے کاٹنا ۔ (۳) جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ جڑیں اکھاڑنا ۔ (۴) ٹھینٹھ بنا دینا ۔ (۵) گھوڑے کو گھسی ہوئی نعل کی وجہ سے زخم لگ جانا یا ہو جانا ۔ (۶) پنجے سے ٹھوکر مارنا ۔ (۷) ٹھنٹھوں سے بھر دینا ۔ (۸) سگار ، سگریٹ وغیرہ کو کسی سخت چیز پر رگڑ کر بجھا دینا ۔ (۹) (پتھر کو) زمین میں گاڑنا ۔ (۱۰) کچے پر کو اکھاڑ دینا ۔ (۱۱) (چاقو یا پنسل وغیرہ کو) کند کر دینا ؛ بنا دینا ۔

To stub one's toe : پیر کی انگلی کا (کسی چیز سے ٹھوکر کھا کر) زخمی ہو جانا ۔

Stub axle : (n) وہ دھرا جس کا صرف ایک سرا پہیے کو سہارا دیتا ہے اور دوسرا سرا گاڑی کے ڈھانچ پر لگا رہتا ہے ۔

Stub-end : (n) (کسی چیز کا) موٹا حصہ ؛ آخری حصہ (ہتھیار وغیرہ کا) ۔

Stub-feather : (n) دیکھو Pin-feather

Stub-hoe : (n) ٹھنٹھ کی اکھاڑنے کی کدال ۔

Stub-iron : (n) پرانی کیلوں کا لوہا جو پرانی کیلوں ، نعلوں وغیرہ سے بنتا ہے ۔

Stub-mortise : (n) وہ چیز جو چول میں پوری داخل نہ ہو ۔

Stub-nail : (n) کیل ؛ میخ ؛ نعل میں ٹھونکنے کی کیل ۔

Stub-pen : (n) (۱) گھسے ہوئے پر کا قلم ۔ (۲) جلی حروف لکھنے والا قلم ۔

Stub-station : (n) ریل گاڑی کا وہ اشٹیشن جہاں ریل کی پٹڑی ختم ہو جاتی ھے۔

Stub-tenon : (n) لکڑی کا سرا جو چول میں پوری طرح داخل نہ ہو۔

Stub-tooth : (n) گیرہ کا مضبوط اور زیادہ ترچھا دندانہ۔

Stub-track : (n) وہ رستہ جو دوسرے رستے سے صرف ایک سرے پر ملتا ھے۔

Stub-twist : (n) بندوق کی نال کے لئے پرانی کیلوں کی چکر دار لوھے کی پٹی۔

Stubbed : (a) (۱) جڑ کے نزدیک یا پاس سے کٹا ہوا : ٹھنٹھ بنایا ہوا۔ (۲) چھوٹی اور موٹی (چیز) : چھوٹا اور گٹھا ہوا۔ (۳) ٹھنٹھا بنایا ہوا۔ (۴) منڈا ہوا (بال) : کھونٹی دار : خشخشی (داڑھی)۔ (۵) کُند کیا یا بنایا ہوا : کند۔ (۶) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا۔

Stubbiness : (n) ٹھنٹھ کا سا ہونا : خشخشی ہونا۔

Stubbing out : (n) بیخ کنی : جڑیں اکھاڑنا۔

Stubble : (n) [AFr. 'Stuble'.] (۱) پودوں کے ٹھنٹھ جو کھیت کٹ جانے کے بعد باقی رہ جاتے ہیں : وڈہ : نرائی : ٹھنٹھ یا ٹھنٹی۔ (۲) خشخشی بال : خشخشی داڑھی۔ (۳) پیال جو کھیت کے کٹنے کے بعد جمع کیا جاتا ھے۔ (۴) کھیت جو کٹ چکا ہو مگر دوبارہ جوتا نہ گیا ہو۔ (۵) چھوٹی اون جو تراشے جانے کے بعد بھیڑ کے جسم پر رہ جائے۔ (۶) غیر نکیلا سخت بال۔

Stubble : (v) (کھیت سے) پودوں کے ٹھنٹھ صاف کرنا۔

Stubble field : (n) کھیت جس میں فصل کٹنے کے بعد ٹھنٹھ کثرت سے ہوں۔

Stubble-goose : (n) بط جسے ٹھنٹھ کھلایا جاتا ھے : ایک قسم کی بط۔

Stubbled : (a) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا : جہاں پودوں کے ٹھنٹھ بکثرت ہوں۔

Stubbly : (a) (۱) جہاں پودوں کے ٹھنٹھ کثرت سے ہوں۔ (۲) خشخشی : سخت اور چھوٹے بالوں کی : کھونٹی دار ٹھنٹھ سے مشابہ۔

Stubborn : (a) [Late ME. 'Stibourne, Stoburn(e)'.] (۱) ضدی : ہٹیلا : سرکش : متمرد۔ (۲) ضد کا : ہٹیلے پن کا : سر کشانہ : متمردانہ۔ (۳) مشکل : پیچیدہ : دشوار : دقت طلب : کڑا : سخت۔ (۴) سخت : کڑی : بے لوچ (پتھر یا لکڑی)۔ (۵) دیر پا : قائم۔

Stubborn : (v) ضدی بنانا سرکش بنانا : سخت بنانا۔

Stubborn disease : (n) لیموں کے پودے کی ایک بیماری۔

Stubbornly : (adv.) سختی سے : ضد کے انداز سے : ہٹیلے پن سے : سر کشی سے۔

Stubbornness : (n) ضد کا مادہ : ہٹیلا پن : سرکشی : تمرد۔

Stubby : (a) (۱) ٹھنٹھ کا سا : چھوٹا اور موٹا یا چوڑا۔ (۲) جہاں ٹھنٹھ کی کثرت ہو۔ (۳) خشخشی۔

Stubwort : (n) ترش عرق والے پودوں کی قسمیں۔

Stucco : (n) [L.] (۱) ایک طرح کا مسالا یا گچ جو استرکاری اور آرائشی کاموں میں استعمال ہوتا ھے : سنگستر : سٹکو۔ (۲) موٹا مسالا جس سے دیوار کی بیرونی کھردری سطحوں پر لگا کر اسے بظاہر پتھر کی شکل دی جاتی ھے۔ (۳) پلاسٹر آف پیرس۔ (۴) استرکاری : ایسے مسالوں سے آرائشی کام۔

Stucco : (v) (۱) (ایک طرح کے مسالے سے) استرکاری کرنا : آرائشی کام کرنا۔ (۲) اس طرح استرکاری کرنا کہ دیکھنے میں پتھر کی معماری نظر آئے۔ (۳) مزین کرنا۔

Stuccoer : (n) سنگستر سے نمونے بنانے والا۔

Stuccowork : (n) سنگستر کی آرائش : ڈیزائن یا کام : گچ کا کام۔

Stuck : (a) (۱) مذبوح۔ (۲) آگے بڑھنے سے معذور : کٹا ہوا : پھنسا ہوا۔

To start like a stuck pig : ٹکٹکی لگانا۔

Stuck-up : (n) خود پسند : خود بیں : مذمغ : متکبر : داغ دار۔

Stuckling : (n) [Origin unkn.] سیب کی میقاتی بکری۔

Stud : (n) [OE. 'Studu, Stuthu'.] (۱) آڑ : اڑواڑ : ٹیک : ٹیکن : تھونی : پایہ۔ (۲) کھمبا یا پٹیاں جس پر لکڑی کی تختیاں جڑی جاتی ہیں۔ (۳) (امریکا) کمرے کی اونچائی (فرش سے چھت تک)۔ (۴) گل میخ (جو کہیں جڑی ہوئی ہو)۔ (۵) منقش قران جو آرائش کے لئے کارنس وغیرہ میں لگائی جاتی تھی۔ (۶) اسٹڈ : دہرا بٹن : خصوصاً قمیض کے گلے کا بٹن۔ (۷) لوھے کے سانچے کا دستہ یا نکلا ہوا خانہ جس میں دھرے وغیرہ کا سرا بیٹھتا ھے۔ (۸) گولی پر بنا ہوا پیچدار بھار جس کی

وجہ سے رائفل کی گولی تیزی سے ناچتی ہوئی نکلتی ہے۔ (۹) چھوٹا ڈنڈا یا نلی جو کسی سطح سے باہر نکلی ہوئی ہو اور سہارے یا دھرے کا کام دے۔ (۱۰) دیکھو Stud- bolt ۔ (۱۱) دو نوکی کیل جو جہاز کی زنجیر کی ہر کڑی میں لگی رہتی ہے۔ (۱۲) آرائشی گول گرہیں۔

Stud : (n) [OE. 'Stod'.] (۱) اسپ خانہ جس میں نسل کشی کے سانڈ یا گھوڑوں اور گھوڑیوں کو رکھا جاتا ہے : اسپان نسل کشی۔ (۲) (قدیم استعمال میں) گھوڑے جو ایک آدمی کی ملکیت ہوں۔ (۳) سانڈ گھوڑا۔

Stud : (v) (۱) کھمبا لگانا : تھونی دینا۔ (۲) گل میخیں جڑنا (عموماً اوٹ کی دیوار میں مضبوطی کے لئے)۔ (۳) (کسی سطح پر) کوئی چیز جڑنا۔ (۴) جڑا جانا۔ (۵)کسی سطح پر چیزوں کو فصل کے ساتھ رکھنا یا ان کا بکھرا ہوا ہونا : جا بجا ہونا۔ (۶)(میکانیات) گل میخ سے مضبوط کرنا۔

Stud-block/ -box : (n) گل میخ ٹھوکنے یا ٹھونکنے کا اوزار۔

Stud bolt : (n) پیچ جس کے دونوں سروں پر چوڑی ہوتی ہے۔

Stud-book : (n) گھوڑوں کا نسب نامہ : شجرہ۔

Stud chain : (n) زنجیر جس کے ہر حلقے میں دو نوکیلی کیل لگی رہتی ہے۔

Stud driver : (n) گل میخ جڑنے کا آلہ۔

Stud fee : (n) فیس یا معاوضہ جو گھوڑی کا مالک سانڈ گھوڑے کے مالک کو افزائش نسل کے لئے دے۔

Stud groom : (n) اسپ خانے کے سائیسوں کا سردار۔

Stud horse : (n) سانڈ گھوڑا (نسل کشی کا)۔

Stud link : (n) دو نوکیلی کیلوں سے جڑی ہوئی زنجیر کی کڑی۔

Stud-mare : (n) [Late OE. 'Stodmyre'.] افزائش نسل کے لئے رکھی جانے والی گھوڑی۔

Stud-mate : (v) اچھی نسل کے مرغ اور مرغیوں میں جفتی کرا کر نسل بڑھانا۔

Stud-poker : (n) پوکر کھیل کی ایک قسم۔

Studded : (a) (۱) جڑا ہوا : (وہ چیز) جس پر گل میخیں جڑی ہوں۔ (۲) ڈھکا ہوا (درختوں ، تاروں وغیرہ سے)۔

Studder : (n) (گھڑی میں) بال کمانی لگانے والا شخص۔

Studdie/ Studdy : (n) دیکھو Stithy

Studding : (n) (۱) چوبی کام جس میں استرکاری اور تختہ بندی دونوں شامل ہوں۔ (۲) وہ چیز جو سطح پر جڑی جائے۔ (۳) کمرے کی اونچائی۔

Studding-sail : (n) زائد بادبان جو ہلکی ہوا میں مربع بادبان کو اور لمبا کرنے کے لئے اس کے سرے پر لٹکا دیا جاتا ہے۔

Studdle : (n) [ME. 'Stodul'.] کھمبا جو تختوں کے کام میں لگایا جاتا ہے۔

Studdle : (v) گدلا کرنا (ہلا کر)۔

Student : (n) [L. 'Studere'.] (۱) طالب علم : متعلم۔ (۲) وہ شخص جو طالب علمانہ زندگی بسر کرتا ہو۔ (۳) کسی خاص علم و فن کا مطالعہ کرنا۔ (۴) (انگلستان کے بعض کالجوں میں) وظیفہ یاب۔ (۵) (آکسفورڈ ، کرائسٹ چرچ) رفیق کلیہ۔

Student body : (n) کسی اسکول ، کالج یا جامعہ یا یونیورسٹی کے طالبعلم۔

Student council : (n) (کالج یا اسکول میں) طلباء یا طالبعلموں کی منتخب جماعت جو سارے طالبعلموں یا طُلبا کی نمائندہ ہوتی ہے۔

Student goverment : (n) (کالج یا اسکول میں)طالبعلموں کی تنظیموں کے ذریعے طالبعلموں یا طلباء کی زندگی ، سرگرمیوں اور انضباط کی تنظیم اور انتظام۔

Student interpreter : (n) سرکاری ملازم جسے غیر ملکی زبان سیکھنے کے لئے بحال کیا گیا ہو تاکہ وہ سفارت خانے میں کام کر سکے۔

Student lamp : (n) ایک قسم کا تیل یا بجلی سے چلنے والا لیمپ جسے طالبعلم استعمال کرتے ہیں۔

Student teacher : (n) وہ طالب علم جو معلم کی سند حاصل کرنے کے لئے اسکول میں (بطور تربیت) پڑھائے۔

Student union : (n) کالج کی وہ عمارت جو طلبا کی سرگرمیوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے ، جس میں سماعت خانہ ، آفس ، کھیل کا کمرہ وغیرہ ہوتا ہے۔

Student volunteer : (n) پروٹسٹنٹ عیسائی طالبعلم جو سمندر پار

تبلیغی کام کے لئے اپنی زندگی وقف کرے۔

Studentship : (n) (۱) وظیفہ ۔ (۲) طالب علمی ۔

Studfish : (n) امریکا کی دو قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Studied : (a) (۱) بالقصد : جو قصداً یا عموماً کیا جائے ۔ (۲) عالم : عالم فکر : فاضل : وسیع المطالعہ ۔ (۳) غور و فکر کے ساتھ کیا ہوا : سوچا سمجھا ہوا ۔

Studiedly : (adv.) (۱) خاص کر کے : بالقصد ۔ (۲) تصنع یا تکلف کے ساتھ ۔

Studiedness : (n) بالقصد ہونا : عمداً ہونا : ارادةً ہونا : بالارادہ ہونا ۔

Studio : (n) [L.] (۱) اسٹوڈیو : نقاش ، فوٹوگرافر وغیرہ کے کام کرنے کا کمرہ : عکاس خانہ ۔ (۲) وہ کمرا جس میں فلم بنانے کے لئے ناٹك کا تماشا کیا جاتا ہے : فنکار خانہ ۔ (۳) (جمع)فلم کمپنی کا کارخانہ ۔ (۳) لاسلکی کے اسٹیشن کا کوئی کمرا جہاں سے پیام وغیرہ نشر کیا جاتا ہے : نشر خانہ ۔

Studio apartment : (n) بڑی بڑی کھڑکیوں اور اونچی چھت والا کمرا : اسٹوڈیو کے فنکار کے کمرے سے مشابہ ۔

Studio coach : (n) بے پشت کا کوچ جسے کھول کر مسہری کا کام لیا جا سکتا ہے ۔

Studious : (a) [L. 'Studiosus'.] (۱) محنت سے پڑھنے والا : علم حاصل کرنے کے لئے مطالعے میں مصروف یا غرق رہنے والا : مطالعے کا شائق ۔ (۲) کوشاں : سرگرم : خاص اہتمام کرنے والا (کسی کام میں) ۔ (۳) خواہاں : متمنی : دل سے چاہنے والا : ہر وقت مد نظر رکھنے والا (کسی بات کو) ۔ (۳) جس میں خاص ارادہ اور اہتمام ہو : غیر معمولی : خاص (توجہ ، احتیاط وغیرہ) ۔ (۵) (جگہ) جو مطالعہ کے لئے مناسب اور موزوں ہو ۔ (۶) با لقصد : بالارادہ ۔

Studiously : (adv.) بڑی محنت سے : خاص اہتمام سے : بڑی سرگرمی سے ۔

Studiousness : (n) مطالعے کا شوق : سرگرمی اور انہماك (مطالعے کا) ۔

Studium generate : (n) [L.] وہ جگہ یا ادارہ جہاں پوری دنیا کے لوگ آکر تعلیم حاصل کریں : اجتماع طلباء ۔

Studwheel : (n) پہیا جو ڈنڈے میں لگا ہو ۔

Studwork : (n) کھمبے کا کام : وہ کام جس میں کھمبوں کا استعمال ہو ۔

Study : (n) [OFr. 'Estudie'.] (۱) مد نظر : کوششوں کا مرکز : با مقصد : وہ چیز جس کے لئے کوشش کی جائے ۔ (۲) فکر : غوطہ ۔ (۳) مطالعہ : کتب بینی (اکثر جمع میں آتا ہے) ۔ (۳) تحصیل (کسی خاص علم یا فن کی) : مطالعہ ۔ (۵) موضوع : مطالعے کے قابل چیز ۔ (۶) (نقاشی) خاکہ جو مشق کے لئے بنایا جائے : مشقیہ تصویر یا خاکہ ۔ (۷) (موسیقی) نغمہ یا تحریر نغمہ جو امتحان یا شوق کے لئے ہو : مشقیہ نغمہ ۔ (۸) (تھیٹر) پارٹ یا اداکاری سیکھنے والا ۔ (۹) مطالعے کا کمرا : کام کرنے کا کمرا : دفتر ۔

To be in a brown study : عالم محویت یا استغراق میں ہونا ۔

To make a study of : (۱) حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔ (۲) تحقیق کرنا ۔

Study : (v) (۱) مطالعہ کرنا : تحقیق کرنا : غور کرنا (کسی مسئلے پر) ۔ (۲) غور سے دیکھنا (کسی چیز کو) ۔ (۳) تحصیل میں مصروف ہونا (خصوصاً کسی علم کی) ۔ (۳) (قدیم) فکر میں ڈوبا ہونا : غوطے میں ہونا ۔ (۵) خاص طور پر کوشش کرنا : خاص طور پر خیال رکھنا : اہتمام کرنا ۔ (۶) غور کرنا : تدبیر نکالنا ۔ (۷) خوش کرنا : دل رکھنا : دلجوئی کرنا : رعایت مدنظر رکھنا ۔ (۸) غور سے پڑھنا : (ایکٹر کا) اپنے رول کو پڑھ کر یاد کر لینا ۔

To study one's part : اپنا پارٹ زبانی یاد کرنا ۔

Study group : (n) کسی خاص موضوع کا مطالعہ کرنے والوں کا گروپ جو معینہ وقفے کے بعد ملتے ہیں اور انفرادی مشاہدات ، مطالعے اور تحقیق پر بحث کرتے ہیں ۔

Study-hall : (n) (۱) اسکول کا مطالعے کا بڑا کمرہ ۔ (۲) طالب علموں کے دن کے معمولات کے درمیان کا وہ وقفہ جس میں وہ اسکول کے بڑے ہال میں پڑھتے ہیں اور گھر پر کرنے والے تعلیمی کام کو وہاں کرتے ہیں ۔

Study home : (n) بچوں کی نگرانی کا ادارہ خصوصاً وہ جس میں ان کا دماغی مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

Study-out : (v) غور و فکر کے بعد معلوم کر لینا : پتا چلا لینا ۔

Study up : (v) امتحان کے لئے یا کسی خاص مقصد کے لئے مطالعہ کرنا ۔

Stuff : (n) [Latge ME. 'Stof (fe, Stuff(e)'.] (۱) مادہ : خام جنس

جس سے دوسری اشیاء بنائی جاتی ہیں ؛ چیز ؛ شے ؛ سامان ؛ مال ۔ (۲) اونی کپڑا ۔ (۳) مہمل چیز ؛ فضول چیز ؛ مہملات ؛ لغویات ۔ (۴) (عام) روپیہ ۔ (۵)مواد ۔ (۶) دوا ۔ (۷) بھرتی ؛ بھوس ۔ (۸) مسالا ؛پلستر ۔ (۹)گھر کا سامان ؛ فرنیچر وغیرہ ۔ (۱۰) (نجاری) لکڑی ۔ (۱۱) (کاغذ سازی) ماوا ۔ (۱۲) (کان کنی) چٹان ، زمین ، مٹی جس میں کچدھات ، قیمتی پتھر وغیرہ ہوتے ہیں ۔ (۱۳) لباس تیار کرنے کا کپڑا ؛ بنا ہوا کپڑا ۔ (۱۴) اشیائے خورد و نوش ۔ (۱۵) باغ یا کھیت میں اگائی ہوئی پیداوار ؛ زمین کی طبعی پیداوار ۔ (۱۶)ادبی یا فنی ۔ (۱۷) آدمی ، انسان ۔ (۱۸) سرقہ کا مال ؛ مال مسروقہ ؛ چوری کا مال ۔ (۱۹) آدمی کی بنیادی سیرت یا صفات ۔ (۲۰) موضوع ؛ مضمون ۔ (۲۱)طرز ؛ طریقہ (کام یا گفتگو کا) ۔ (۲۲) مویشی ۔ (۲۳) کوئی سرگرمی یا علم جس میں مخصوص مطالعہ ، مشق یا مہارت کی ضرورت ہو ۔ (۲۴) گیند پھینکنے یا مارنے کا ایک خاص انداز جس سے وہ گھوم جائے اور اس کا راستہ بدل جائے ۔

Good stuff : وہسکی شراب ۔

Hot stuff : (۱) ہوسناک شخص ؛ پر شہوت شخص ۔ (۲) پر جوش آدمی ۔ (۳) مضبوط شریک مقابلہ ۔

Household stuff : گھر کا سامان ، فرنیچر وغیرہ ۔

The stuff : (۱) وہسکی (شراب) ۔(۲) کسی چیز کا موجودہ ذخیرہ ۔

To do one's stuff : اپنا کرتب دکھانا ؛ اپنا کام کرنا ۔

To know one's stuff : اپنا کام جاننا ۔

Stuff : (v) (۱) ٹھونسنا ؛ بھرنا ؛ اس قدر بھرنا کہ پھول جائے ؛ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ۔ (۲) دھوکا دینا ؛ اُلو بنانا ۔ (۳) حلق تک ٹھونس لینا ؛ ندیدوں کی طرح بہت سا کھا جانا ۔ (۴)(طباخی) (جانور یا پرند کے پیٹ میں) بھرنا (مسالا دار کٹے ہوئے گوشت کی بوٹیاں ، مسالا وغیرہ) ۔ (۵) جانور یا پرند کے کھال میں (بھس وغیرہ) بھرنا (تاکہ دیکھنے میں وہ زندہ معلوم ہو) ۔ (۶) ٹھونس کر بھر دینا ۔ (۷) ٹھسا دینا ؛ حلق تک کھلا دینا (کسی مریض کو) ۔ (۸) بکس میں جعلی ووٹ ڈالنا ۔ (۹) (تقریر میں کسی بات کی) بھرمار کر دینا ؛ (آدمی کے دماغ کو) (خیالات یا احساسات سے) بھر دینا ۔ (۱۰) (جوف ، درز وغیرہ) بھرنا ؛ بند کرنا ۔ (۱۱) (عامیانہ) (محدود جگہ میں ٹھساٹھس بھر دینا (آدمیوں کو) ؛ ہجوم کر دینا ۔ (۱۲) (چمڑا بنانے میں) چربی لگا کر چکنا کرنا ۔ (۱۳)روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔ (۱۴) کسی مریض کو کھلا کر اس کے مرض کاعلاج کرنا یا غذا کھلا کر مرض کا علاج کرنا ۔

Stuff and nonsense / Stuff and stuff : (n) لغو ؛ مہمل ۔

Stuff gown : (n) (۱) اونی گون (وہ بیرسٹر پہنتے ہیں جنہیں ہنوز ریشمی جبہ پہننے کا حق نہیں ہے) ۔ (۲) جونیر بیرسٹر ۔

Stuff gownsman : (n) جونیر بیرسٹر ۔

Stuffed : (a) بھرا ہوا ؛ ٹھونسا ہوا ۔

Stuffed shirt : (n) قدامت پسند یا رجعت پسند معمولی قسم کا خوشحال شیخی باز شخص ۔

Stuffer : (n) (۱) بھرنے والا ؛ بھرنے کی مشین ۔ (۲) کوئی چیز جو لفافہ میں بل ، گوشوارہ یا نوٹس کے ساتھ اشتہار کے طور پر رکھ دی جائے ۔ (۳) فاضل دھاگوں یا ڈوریوں کا سلسلہ جو کپڑے میں اور خصوصاً قالین میں وزن بڑھانے یا اُسے موٹا کرنے کے لئے طولاً لگا دیا جاتا ہے ۔

Stuffily : (adv.) (۱) ٹھونس کر ؛ بھر کر ۔ (۲) بند ہو کر ۔

Stuffiness : (n) (۱) بند ہونا ۔ (۲) حبس ہونا ؛ (ناک ، حلق وغیرہ میں) رکاوٹ کا احساس ۔

Stuffing : (n) (۱) بھرنا ؛ بھرتی یا اس عمل کا نتیجہ ، اثر ۔ (۲) (ناک ، حلق وغیرہ میں) حبس زکام کی وجہ سے : احساس جو اس سے پیدا ہو ۔ (۳) وہ چیز جس سے جوف بھرا جاتا ہے ؛ مسالے دار کٹا ہوا گوشت یا کوئی ایسی چیز جو مختلف اشیاء میں بھر کر پکاتے ہیں ۔ (۴) (چرم سازی) مچھلی کا تیل یا چربی ملنا ؛ مچھلی کا تیل یا چربی کا مرکب ۔ (۵)(کسی چیز کا) اندرونی حصہ ۔

To knock, beat, take the stuffing out of (a person , animal etc.) : کمزور کر دینا ؛ بے جان کر دینا ؛ پلپلا بنا دینا ؛ زعم ختم کر دینا ۔

Stuffing-box : (n) مشین کا وہ خانہ جس میں (کوئی چیز) بھری ہونے کی وجہ سے ہوا کی گنجائش نہ ہو ؛ صرف (اس میں) گز یا سلاخ اندر جا سکتی ہے ۔

Stuffing wheel : (n) گھومنے والا کھوکھلا ڈرم جس میں چمڑے پر روغن

لگاتے ہیں۔

Stuffless : (a) بے مادہ ؛ بے مواد۔

Stuffover/ Stuffed-over : (a) (۱) ٹھونس ٹھانس کر بھرا ہوا ؛ حد سے زیادہ پھولا ہوا ؛ بہت موٹا۔ (۲) پوری طرح سے گدا وغیرہ لگا ہوا۔

Stuffy : (a) (۱) (کمرا ، وادی وغیرہ) جس میں دم گھٹتا ہو ؛ جہاں ہوا بند ہو ؛ بند (ہوا)۔ (۲) (امریکا) خفا ؛ کبیدہ خاطر ؛ روٹھا ہوا۔ (۳) (عام) تنک مزاج ؛ نازک مزاج ؛ چڑچڑا ؛ زود رنج۔ (۴) بوسیدہ ؛ فرسودہ ؛ پا مال۔ (۵) حبس میں مبتلا۔ (۶) بے لطف ؛ غیر دلچسپ ؛ ٹھس۔ (۷) بے ہوا دار جگہ میں رہنے کا عادی۔

Stuggy : (a) دیکھو Stocky

Stuiver : دیکھو Stiver

Stull : (n) [G. 'Stollen'.] (کان کنی) چبوترا یا چوترا یا لکڑی کا مکان تختوں سے ڈھکا ہوا جو کان کنوں کے لئے سہارے یا اڑواڑ کا کام دیتا ہے یا خام دھات لے جانے کے کام آتا ہے یا جو مزدوروں کو اوپر سے گرنے والے پتھروں سے بچاتا ہے۔

Stuller : (n) چبوترا یا چوترا یا مچان لگانے والا یا اس پر کام کرنے والا۔

Stulm : (n) [G. 'Stolln'.] (کان کنی) رستہ ؛ مدخل۔

Stultification : (n) (۱) تردید ؛ تضحیک ؛ ابطال ؛ باطل کرنا۔ (۲) (قانون) الزام دیوانگی ؛ دیوانہ ہونے کی حالت۔

Stultify : (v) [Late L. 'Stultificare'.] (۱) تردید کرنا ؛ مہمل ثابت کرنا ؛ لغو ثابت کرنا (ایک بیان کا دوسرے بیان کو ، ایک مقرر کا دوسرے مقرر کو)۔ (۲) (کسی واقعے یا اپنے آپ کو) مضحکہ خیز بنا دینا ؛ تضحیک کرنا۔ (۳) باطل کر دینا (کسی چیز کو ، اپنے دعوے کو) ؛ اپنے فعل یا قول کی خود تردید کرنا۔ (۴) بیکار بنا دینا ؛ نکارہ کر دینا یا بنا دینا ؛ بے فائدہ یا غیر اہم بنا دینا۔ (۵) (قانون) دیوانگی کا الزام لگانا یا خلل دماغ کا ہونا ثابت کرنا۔

Stultiloquence : (n) [L. 'Stultiloquentia'.] بیہودہ بکواس ؛ یاوہ گوئی ؛ بڑبڑاہٹ۔

Stultiloquent : (a) (شاذ) بکواس کرنے والا ؛ یاوہ گو۔

Stultiloquential : (a) دیکھو Stultiloquent

Stultiloquently : (adv.) بطور بکواس ؛ بک بک کرتے ہوئے۔

Stultiloquy : (n) دیکھو Stultiloquence

Stum : (n) [Du, 'Stom'.] (۱) انگور یا سیب کا عرق جس میں اچھی طرح جوش نہ اٹھا ہو ؛ خصوصاً وہ جس کی تخمیر گندھک کی دھونی سے کر روک دی گئی ہو ؛ کچی انگوری شراب۔ (۲) بے مزہ شراب جس میں کچی انگوری شراب ملا دی گئی ہو۔

Stum : (v) (۱) جوش نہ اٹھنے دینا (شراب کے پیپے میں) ؛ دوا ڈال دینا تاکہ جوش نہ اٹھے۔ (۲) کچی شراب ملا کر دوبارہ خمیر اٹھانا۔

Stumble : (n) (۱) ٹھوکر کھانا۔ (۲) غلطی ؛ بھول ؛ چوک۔ (۳) اخلاقی قصور ؛ جرم ؛ لغزش۔ (۴) ٹھوکر۔ (۵) اتفاق سے پا جانا۔

Stumble : (v) [ON. 'Stumla'.] (۱) ٹھو کر کھانا۔ (۲) غلطی کرنا ؛ چوکنا ؛ لغزش کرنا۔ (۳) الجھنا ؛ بگڑنا ؛ خفا ہونا (کسی بات پر)۔ (۴) رکنا ؛ تامل کرنا ؛ متامل ہونا ؛ پس و پیش ہونا (اخلاقی اصول کی بنا پر)۔ (۵) اتفاق سے پا جانا ؛ اتفاق سے معلوم کر لینا یا دریافت کر لینا ؛ اتفاقاً آ جانا (کسی جگہ پر)۔ (۶) (قدیم) پس و پیش میں ڈالنا۔ (۷) غیر ارادی طور پر ٹکرا جانا (آدمی یا کسی چیز سے)۔ (۸) الجھانا ؛ خفا کرنا ؛ الجھن میں ڈال دینا۔ (۹) ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔ (۱۰) غیر متوقع طور پر ہونا یا واقع ہونا۔

To stumble at (on) the threshold : آغاز میں ہی ناکامی ؛ خفگی یا نحوست کا سامنا ہو جانا۔

Stumble along : (v) قدم قدم پر ٹھوکر (کھاتے ہوئے چلنا)۔

Stumblebum : (n) (۱) چھوٹا ، بھدا یا نا اہل مکا باز۔ (۲) بھدا ؛ نالائق ؛ غلط کار شخص۔

Stumbler : (n) ٹھوکر کھانے والا ؛ پس و پیش میں ڈال دینے والا ؛ مشکل سوال یا مسئلہ۔

Stumbling-lock : (n) (۱) مانع ؛ رکاوٹ ؛ سنگ راہ۔ (۲) پریشانی ؛ پیچیدگی ؛ الجھن۔

Stumblingly : (adv.) گرتا پڑتا ؛ ٹھوکریں کھاتا ہوا۔

Stumbly : (a) (۱) ٹھوکریں کھانے والا۔ (۲) ٹھوکروں سے بھرا ہوا ؛ جہاں ٹھوکر لگے۔

Stumer : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) بیکار چیک ؛ جعلی چیک۔

(۲) جعلی سکه ؛ جعلی نوٹ ۔ (۳) گھوڑا جو دھوکا سے کر گھڑدوڑ میں شامل کرا لیا گیا ہو ۔ (۴) بے کار آدمی ؛ ٹائیں ٹائیں فش ؛ بالکل ناکامیاب شخص ۔ (۵) غلطی ۔

Stummel : (n) [G.] تمباکو کے پائپ کی کٹوری اور ڈنڈی۔

Stump : (n) [MLG. 'Stump, Stumpe'.] (۱) کسی ٹوٹے یا کٹے ہوئے عضو کا بچا ہوا حصه ؛ ٹھنٹھ ؛ ٹنڈ ؛ ٹھونٹ ؛ مڈھ ۔ (۲) ٹوٹے ہوئے دانت کی جڑ ۔ (۳) پنسل کا ٹکڑا ؛ سگار کا ٹکڑا (جو بیکار ہو گیا ہو) ۔ (۴) پرانا بیکار برش ۔ (۵) (جمع) (مزاحاً) ٹانگیں؛ لکڑی کی ٹانگ ۔ (۶) درخت کا ٹھنٹھ جس پر مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرے ؛ سیاسی تقریر کی جگه یا موقع ۔ (۷) (کرکٹ) (تین وکٹوں میں سے ایک) وکٹ ؛ ڈنڈا ۔ (۸) تنا (درخت کا) ۔ (۹) کٹی ہوئی دم ۔ (۱۰) (بحری) مستول کا نچلا حصه (جبکه بالائی حصه ٹوٹ گیا ہو) ۔ (۱۱) مثنیٰ ۔ (۱۲) ناٹا کھوٹا آدمی ۔ (۱۳) پودے کا ڈنٹھل (پتے ہٹائے جانے کے بعد) ۔ (۱۴) (جمع) خشخشی بال ؛ کھونٹی ۔ (۱۵) تالے یا قبضے کی نکلی ہوئی میخ یا کیل ۔ (۱۶) گھڑی ساز کی چھوٹی نہائی ۔ (۱۷) کھمبا یا چھوٹا ستون جو کسی چیز کا سہارا نه ہو ۔ (۱۸) (عام) وکٹ کیپر۔

To buy on the stump : (لکڑی) درخت کے کٹنے سے پہلے ہی خریدنا۔

To draw the stumps : (کرکٹ) کھیل روک دینا۔

To go on the stump/ To take the - : دیہاتوں میں جا کر سیاسی تقریر کرتے پھرنا (امیدوار کی حیثیت سے یا کسی تحریک کی حمایت میں) ۔

To stir one's stumps : تیزی سے چلنا یا ناچنا۔

Up the stump : (عام) حیرت زدہ ؛ مبہوت ؛ سکتے میں ۔

Stump : (n) [Fr. 'Estompe'.] اسٹمپ ؛ لپٹے ہوئے کاغذ یا کسی اور چیز کا چھوٹا سا بیلن جس کے دونوں سرے مخروطی ہوتے ہیں اور جو ڈرائنگ میں پنسل کی لکیروں کو ہلکا کرنے میں کام آتا ہے ۔

Stump : (n) (۱) بھاری قدم یا چال (لنگڑے یا مصنوعی ٹانگوں والے کی) ۔ (۲) کوئی مشکل اور خطرناک کام کرنے کی للکار ۔

Stump : (a) (۱) گھسا ہوا ؛ گھس کر ٹھنٹھ بنا ہوا ۔ (۲) کٹے ہوئے یا ناقص عضو کے لئے بھی کہا جاتا ہے ۔

Stump : (v) (۱) اکڑی ہوئی ٹانگوں سے کھٹ پٹ کرتے چلنا (جیسے کوئی لکڑی کے پاؤں سے چلتا ہے) ۔ (۲) (بول چال) (سوال وغیرہ کا انسانوں کو) چکر میں ڈال دینا ؛ الجھن میں ڈال دینا ۔ (۳) (کرکٹ) (کھیلنے والے کو جب وہ مقررہ دائرے سے باہر ہو) وکٹ پر گیند مار کر آؤٹ کر دینا ۔ (۴) سیاسی تقریر بازی کرنا ؛ (کسی حصهٔ ملك میں) عوام میں سیاسی تقریر کرتے پھرنا (الیکشن کے سلسلے میں) ۔ (۵) (عام) مطالبه ادا کرنا ؛ (روپیه) نکال کر دینا ۔ (۶) (عام) قلاش یا کنگال بنا دینا ؛ قلاش ہو جانا ۔ (۷) (عام) پیدل چلنا ۔ (۸) جڑ اکھاڑنا ؛ بیخ کنی کرنا ؛ اکھاڑ پھینکنا ۔ (۹) ٹھنٹھ یا کھونٹی صاف کرنا (کھیت سے) ۔ (۱۰) ٹھوکر کھانا ۔ (۱۱) للکارنا ؛ چیلنج دینا (کسی آدمی کو) کوئی کام کرنے کے لئے ۔

Stump : (v) (ڈرائنگ) اسٹمپ سے کام لینا ؛ پنسل کی لکیروں کو ہلکا کرنا۔

Stump-bed/ -bedstead : (n) پلنگ جس میں پایه نه ہو۔

Stump-end : (n) (۱) کٹی ہوئی دم کا سرا ۔ (۲) چیك کی کتاب کا مثنی ۔

Stump foot : (n) بھرا ہوا پاؤں۔

Stump-jumper : (n) (۱) (عام) دیکھو Stump-speaker ۔ (۲) (عام) دیہاتی ؛ غیر ترقی یافته علاقے کا رہنے والا ۔

Stump-knocker : (n) ایك قسم کی مچھلی ۔

Stump-leg : (n) ٹخنے کے پاس سے کٹا ہوا پاؤں ؛ پیر بھرا۔

Stump-mast : (n) (۱) نیچا مستول جس میں اوپر کے مستول کا (حصه) نه ہو ۔ (۲) ٹوٹا ہوا مستول ۔

Stump sock : (n) مخصوص قسم کا موزہ جو کٹے ہوئے پیروں پر پہنا جاتا ہے ۔

Stump-speaker : (n) سیاسی مقرر ۔

Stump-speaking : (n) سیاسی تقریر بازی ۔

Stump-speech : (n) تقریر جو سیاسی جد و جہد کے درمیان کی جائے ۔

Stump-sucker : (n) کونپل جوتنے سے پھوٹے ۔

Stump-tail : (n) (۱) کتا جس کی دم کاٹ لی گئی ہو ۔ (۲) ایك قسم کی آسٹریلیائی چھپکلی۔

Stump up : (v) (۱) جڑیں اکھاڑنا ۔ (۲) (گھوڑے کو) زیادہ کام لے کر یا بوجھ ڈال کر تھکا دینا ؛ کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا۔

Stump work : (n) ایک قسم کی ابھرواں کشیدہ کاری جو سترھویں صدی عیسوی میں انگلستان میں بہت مقبول تھی ۔

Stumpage : (n) (۱) بے کٹے ہوئے درخت کی قیمت : سرکاری جنگل سے درخت کاٹنے کا محصول ۔ (۲) بے کٹے ہوئے درخت ۔

Stumper : (n) (۱) بے ڈھب سوال : چکر میں ڈالنے والا مسئلہ وغیرہ ۔ (۲) (کرکٹ) بلے باز کو وکٹ پر گیند مار کر آؤٹ کرنے والا (جب وہ مقررہ دائرے سے باہر ہو) : وکٹ کیپر ۔ (۳) درخت کاٹنے والا یا کاٹنے میں ماہر ۔ (۴) سیاسی مقرر یا تقریر باز ۔

Stumpily : (adv.) چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم کے ساتھ ۔

Stumpiness : (n) چھوٹا اور گٹھا ہوا ہونا : چھوٹا اور موٹا ہونا ۔

Stumping : (n) بعض پودوں کی ڈالیوں کو کاٹ کر انہیں زمین میں گاڑ کر اگانے کا طریقہ ۔

Stumpish : (n) ٹھنٹھ جیسا ۔

Stumpland : (n) وہ علاقہ یا زمین جہاں ٹھنٹھ کثرت سے ہوں ۔

Stumpless : (a) بے ٹھنٹھ کا : جس میں ٹھنٹھ نہ ہوں ۔

Stumpwood : (n) درخت کے تنے کے نچلے حصے کی لکڑی ۔

Stumpy : (n) (۱) ٹھنٹھ جیسا : چھوٹا اور موٹا ۔ (۲) ٹھنٹھوں سے بھرا ہوا (کھیت) ۔ (۳) (گھاس) جس کے سخت پتے ہوں ۔ (۴) جو گھس کر ٹھنٹھ بن گیا ہو ۔

Stumpy : (n) (۱) تکونی بادبان والا بجرہ ۔ (۲) (عام) روپیہ : زر ۔ (۳) چھوٹا اور موٹا شخص یا جانور ۔

Stun : (n) (۱) ہوش غائب کر دینا : تحیر : صدمہ ۔ (۲) پتھر کی سطح کا نقص ۔ (۳) (اسنوکر کھیل میں Snooker) لمبی چھڑ کی متعدد ضربوں میں سے ایک ۔

Stun : (v) [OFr. 'Estoner'.] (۱) (آواز کا) کانوں کو سُن کر دینا : ہوش غائب کر دینا : اڑا دینا ۔ (۲) (ضرب کا یا صدمے کا کسی شخص کو) بے ہوش کر دینا : اس قدر متاثر کرنا کہ چکر کھا کر گر پڑے : ہوش حواس غائب کر دینا : کمر توڑ دینا ۔ (۳) پتھر یا معدنی شے کی سطح کو چھیل دینا یا بھربھرا بنا دینا تاکہ اس کی پرت اتاری جا سکے : آرے سے چیرنے میں سطح کو چھیلنا ۔ (۴) (پتھر کا) پرت اترنا : چھول کر کھپچیاں بنانا ۔

Stundism : (n) روس کے ایک مذہبی فرقے کی رسم یا تحریک جس نے کلیسا کی رسوم کو ترک کر دیا تھا اور اپنے عقیدے کی بنا بائبل کے روسی ترجمے پر رکھی تھی جو ۱۸۶۱ء میں ہوا تھا ۔

Stundist : (n) [Russ. 'Shtundist'.] روس کے کسانوں کے ایک انجیلی مذہبی فرقے کا رکن جس نے کلیسا کے رسوم کو ترک کر دیا تھا اور اپنے عقیدے کی بنا بائبل کے روسی ترجمے پر رکھی تھی جو ۱۸۶۱ء میں ہوا تھا ۔

Stung : (a) ڈنک مارا ہوا ۔

Stunk : (a) دیکھو Stink

Stunkard : (a) [Origin unkn.] ضدی : ہٹیلا : اکل کھرا : بد مزاج اور ضدی ۔

Stunned : (a) متحیر : بے ہوش : مبہوت : مخبوط ۔

Stunner : (n) (۱) متحیر کر دینے والی چیز : مخبوط کر دینے والی چیز : غضب کی چیز : قیامت کی چیز ۔ (۲) اعلیٰ درجے کی چیز : غضب کا حسین ، قابل وغیرہ ۔

Stunning : (a) (۱) متحیر کرنے والا : مخبوط کرنے والا ۔ (۲) نہایت عمدہ : غضب کا : قیامت کا : نہایت حسین : دلکش ۔

Stunningly : (adv.) بے حد : بے انتہا : حیرت انگیز طور پر ۔

Stunpoll : (n) [f. Stone + poll.] کند ذہن شخص : غبی شخص : بیوقوف ۔

Stunsail : (n) دیکھو Studding-sail

Stunt : (n) (۱) باڑھ کا رک جانا ۔ (۲) وہ مخلوق جس کی باڑھ روک دی گئی ہو ۔ (۳) ضد : ہٹ ۔ (۴) پودوں کی ایک بیماری جس سے ان کی باڑھ رک جاتی ہے ۔

To take (the) stunt : ضد کرنا ۔

Stunt : (n) [Origin unkn.] (۱) کھیل کود یا نمائش کی کارروائی ۔ (۲) بہترین کام : کمال : کارنمایاں : خاص کرتب : وہ کام جس میں اپنا کمال دکھانا مقصود ہو : اشتہاری حرکت : سٹنٹ ۔

Stunt : (v) کرتب دکھانا (خصوصاً موٹر یا ہوائی جہاز چلانے والے کا) ۔

Stunt : (a) [OE. 'Stunt'.] (۱) ضدی : ہٹیلا : خفا ۔ (۲) جس کی باڑھ یا ترقی رک گئی ہو ۔ (۳) چھوٹا اور موٹا : بونا : پست قد ۔ (۴) (موڑ یا خم) یکایک : بے ربط ۔

Stunt : (v) باڑھ روکنا : باڑھ مارنا : ترقی یا نشو و نما کو روکنا۔

Stunt : (v) (اسکاچستان) دیکھو Stamp

Stunt-head : (n) خندق کا تختہ بند سرا جو پانی کا بڑا نل یا گندہ آب ریز بچھانے کے لئے کھودی گئی ہو۔

Stunt man : (n) وہ شخص جو خطرناک کرتب میں ایکٹر کا دو پارٹ ادا کرتا ہے۔

Stunted : (a) جس کی باڑھ ماری گئی ہو یا ترقی رک گئی ہو: ٹھنٹھ۔

Stuntedly : (adv.) باڑھ مارتے ہوئے۔

Stuntedness : (n) باڑھ مارا جانا۔

Stunter / Stuntist : (n) کرتب دکھانے والا۔

Stunty : (a) محض دکھاوے کے لئے : محض ظاہری نمود و نمائش کے ساتھ۔

Stupa : (n) [Skr. 'Stupa'.] ٹوپ : گنبد بُدھ۔

Stupe : (n) [L. 'Stup(p)a'.] (۱) فلالین کا ٹکڑا وغیرہ جسے گرم پانی میں ڈال کر نچوڑتے ہیں اور اس سے جسم کے کسی حصے کی سینک کرتے ہیں : رفادہ :ٹکواپٹی : سٹوپ۔

Stupe : (v) فلالین وغیرہ کے ٹکڑے کو گرم پانی میں ڈال کر اس سے سینک کرنا۔

Stupe : (n) بیوقوف شخص : Stupid کا مخفف۔

Stupefacient : (a) [L. 'Stupefaciens'.] مخدر : مدھوش کرنے والا۔

Stupefacient : (n) مخدر دوا۔

Stupefaction : (n) [Fr.] (۱) مدھوشی : تخدیر۔ (۲) بہت حیرت۔

Stupefier : (n) مدھوش کرنے والا : مخبوط کرنے والا۔

Stupefy / Stupify : (v) [Fr. 'Stupefier'.] (۱) مدھوش کر دینا : مخبوط کر دینا : دماغ مختل کر دینا۔ (۲) حیرت زدہ کر دینا : متحیر کر دینا : ہکا بکا کر دینا : بھونچکا کر دینا۔

Stupefyingly : (adv.) مدھوش یا حیرت زدہ کرتے ہوئے۔

Stupend : (a) عظیم الشان : عظیم : زبردست : نہایت سخت : سنگین۔

Stupendous : (a) [L. 'Stupendus'.] (مزاحاً) دیکھو Stupend

Stupendously : (adv.) نہایت : بے حد۔

Stupdousness : (n) عظمت : نہایت زبردست یا سنگین ہونا (جرم وغیرہ کا)۔

Stupeous/ Stuppeous : (a) [L. 'Stuppeus'.] (حیوانیات) (وہ کیڑا) جس کے بال ٹوٹی ہوئی رسی کے سرے کی طرح لمبے گچھے دار ہوں : سنیلا۔

Stupid : (a) [Fr.'Stupide' or L. 'Stupidus'.] (۱) مدھوش : مخبوط۔ (۲) کند ذہن : غبی : ٹھس : بیوقوف : احمق۔ (۳) بیوقوفی کی : بے تکی (بات وغیرہ)۔ (۴) بے لطف : پھیکا۔ (۵) بے حس : مردہ دل۔ (۶) خلاف عقل : غیر منطقی : لغو : مہمل۔

Stupid : (n) بے وقوف آدمی۔

Stupidity : (n) (۱) کند ذہنی : بے وقوفی۔ (۲) بے وقوفانہ حرکت یا خیال۔

Stupidly : (adv.) (۱) بے وقوفی سے : بے وقوفوں کی طرح۔ (۲) بے لطفی سے۔

Stupidness : (n) بے وقوف ہونا : احمق پن۔

Stupor : (n) [L.] (۱) (مرضیات) مدھوشی : مخبوط الحواسی : غفلت : بد حواسی۔ (۲) استعجاب کی حالت جس میں آدمی کچھ نہ کر سکے : منہ کھول کر رہ جانا۔ (۳) بے حسی۔

Stuporific : (a) مدھوش کر دینے والا : مخدر : بدحواس کر دینے والا۔

Stuporose : (a) (۱) مخدر۔ (۲) ہوشربا۔ (۳) مدھوش۔

Stuporous : (a) دیکھو Stuporose

Stupose : (a) دیکھو Stupeous

Stupp : (n) [G.] سیاہ تہ نشیں مادہ جو پارہ کی تقطیر میں حاصل ہوتا ہے۔

Stuprum : (n) [L.] (۱) (روسی قانون) کنواری عورت کے ساتھ مباشرت جو کنیز یا داشتہ نہ ہو۔ (۲) ناجائز جنسی تعلقات : زنا۔ (۳) عورت کی بدچلنی یا بدکاری۔

Stupulose : (a) [L. 'Stupulosus'.] روئیں دار۔

Sturdied : (a) دوران سر میں مبتلا ۔

Sturdily : (adv.) مضبوطی سے ؛ زور شور سے ؛ زبردست طریقے سے ۔

Sturdiness : (n) مضبوطی ؛ قوت ؛ گٹھا ہوا ہونا ۔

Sturdy : (a) [OFr. 'Esturdi, Estourdi'.] (۱) مضبوط جسم کا ؛ قوی ہیکل ؛ موٹا تازہ ؛ ہٹا کٹا ۔ (۲) مضبوط ؛ قوی ؛ گٹھا ہوا (جسم وغیرہ) ۔ (۳) سخت ؛ زبردست (مزاحمت ، مقابلہ وغیرہ) ۔ (۴) (بھیڑ) جسے دوراں سر ہوتا ہو ۔ (۵) پُر زور ؛ زور دار ؛ زور کا (اسلوب بیان) ۔ (۶) پکا ؛ ثابت قدم ؛ ثابت قدمانہ ۔

Sturdy : (n) (۱) بھیڑوں کا دوران سر جو دماغ میں کینچوے ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ (۲) بعض قسم کی گھاس کا نام جن سے بیہوشی ہوتی ہے ۔ (۳) مضبوط آدمی ؛ قوی ہیکل آدمی ۔

Sturdy beggar : (n) ہٹا کٹا فقیر ۔

Sturgeon : (n) [AFr.] سگ ماہی ؛ استر جن ؛ بڑی قسم کی مچھلی جو شارک سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Black sturgeon/ Lake- / Ohio-/ Red- / Rock- / Stone- : شمالی امریکا کی جھیلوں کی سگ ماہی ۔

Great white sturgeon/ Isinglass- / Russian : بحر اسود اور بحیرہ خزر کی سگ ماہی ۔

Small sturgeon/ Ruthenian- : چھوٹی سگ ماہی ۔

Sturionian : (n) [mod. L. 'Sturiones'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Sturm and Drang : (n) [G.] دیکھو Storm and stress

Sturnella : (n) [L. 'Sternus'.] عصفوری پرندوں کی ایک جنس ۔

Sturnidae : (n) عصفوری پرندوں کا ایک خاندان ؛ سارتیے ۔

Sturnine : (a) [L. 'Sturninus'.] سار سے متعلق یا مشابہ ۔

Sturnoid : (a) مینا نما ؛ سار نما ۔

Sturnus : (n) [L.] مینا ؛ سار ۔

Sturshum/ Sturtion : (n) دیکھو Nasturtium

Sturt : (n) (ٹین کی کان کنی) بڑا منافع جو منافع بالجنس (کان کنوں کا) سے کر کیا گیا ہو ۔

Sturt : (n) [ME.] (اسکاچستان) ہنگامہ ؛ شورش ؛ بلوہ ۔

Sturt : (v) [ME. 'Sturtle'.] گھبرا دینا ؛ بوکھلا دینا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا ۔

Stuss : (n) [Yiddish. 'Shtos, Stos'.] (تاش سے) جوئے کا ایک کھیل ۔

Stut : (v) [late ME. 'Stutte'.] ہکلانا ؛ ہکلا کر بولنا ۔

Stutter : (n) ہکلا ؛ ہکلانے والا ؛ توتلا ۔

Stutter : (n) ہکلانے کا فعل ؛ ہکلانے کی عادت ۔

Stutter : (v) (۱) ہکلانا ۔ (۲) ہکلا کر کہنا ۔

Stutterer : (n) دیکھو Stutter

Stutteringly : (adv.) ہکلا ہکلا کر ۔

Stuttgart('s) disease / -dog/ -plague/ -syndrome : (n) ایک قسم کا متعدی بخار جس سے گردہ پر اثر پڑتا ہے ۔

Sty : (n) [OE. 'Sti'.] (۱) سوروں کا باڑا ؛ سورخانہ ۔ (۲) (مجازاً) ذلیل یا گندہ مکان ۔ (۳) قحبہ ؛ چکلا ۔

Sty : (n) [Deducted from Styany.] گوہانجنی ؛ گوہیری ؛انجن ہاری ؛ شعیرہ ؛ (پھنسی جو پلک کے نیچے نکل آتی ہے) ۔

Sty : (v) [OE. 'Stigian'.] سور باڑے میں رہنا یا رکھنا ؛ ذلیل یا گندے مکان میں رہنا یا رکھنا ۔

Styan : (n) [OE. 'Stigend'.] گوہانجی ؛ گوہیری ۔

Styany : (n) دیکھو Styan

Styca : (n) [ONorth. 'Stycas'.] سترھویں ، اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں نارتھمبریا میں رائج تانبے کا ایک سکہ ۔

Styfsiekte/ Styziekte : (n) مویشیوں کی ایک بیماری جس میں ان کے جسم کی ساخت میں نقص آ جاتا ہے اور لنگڑے ہو جاتے ہیں ۔

Stygian : (a) [L. 'Stygius'.] (۱) عالم زیریں کا ؛ دوزخ کا ؛ جہنمی ؛ اسٹائکس کا (Styx یونانی دیومالا میں عالم زیریں یا دوزخ کا ایک دریا ہے) ۔ (۲) تاریک ؛ اندھیرا ؛ بھیانک ۔ (۳) موت کا سا ۔

Stylar : (a) [f. 'Style+ -ar'.] طرز تحریر سے متعلق ۔

Stylaster : (n) [mod. L.] (حیوانیات) آبی حوین کی ایک جنس ۔

Stylate : (n) (۱) (نباتیات) گردنِ بقچہ دار ؛ جس میں گردنِ بقچہ ہو۔ (۲) (حیوانیات) ابرہ دار ؛ سہم دار ؛ ابرہ نما ؛ ابری ؛ سہمی ؛ ابریہ ۔

Style : (n) [Fr.] (۱) قدیم زمانے کا آلہ جس کا ایک سرا نوکدار ہوتا تھا اور اس سے موم کی تختی پر لکھتے تھے ، دوسرا سرا کندہ ہوتا تھا اور مٹانے کے کام آتا تھا ؛ لکھنے کی سلائی ؛ اسٹائل ۔ (۲) قلم یا پنسل ۔ (۳) اسٹائل کی شکل کی کوئی چیز مثلاً کندہ کاری کی سوئی یا ابریہ یعنی وہ سوئی کی شکل کی چیز جو کنپٹی کی ہڈی کے نیچے نکلی ہوئی ہوتی ہے ؛ ابرہ ۔ (۴) طرز ؛ اسلوب (تقریر ، تحریر یا کسی کام کے کرنے کا) ۔ (۵) اسلوب بیان ؛ طرز ادا (شاعر یا انشا پرداز کا) ؛ طرز (مصور یا کسی اور صناع کا)۔ (٦)القاب؛ پورا نام یا پورا خطاب ؛ کسی چیز کا پورا نام ۔ (۷) امتیازی شان ؛ خاص رنگ (خصوصاً وضع اور آداب معاشرت وغیرہ میں) ۔ (۸)وضع ؛ انداز؛ قسم ؛ طریقہ ۔ (۹) شکل ؛ ساخت ؛ نمونہ ۔ (۱۰) ادبی تصنیف کی علامت ۔ (۱۱) نوکدار قلم سے مشابہ بھونکنے کا ہتھیار ۔ (۱۲) (جراحی) کند زخم سلائی ۔ (۱۳)نوکدار قلم ؛ خامہ ۔ (۱۴) سوئی ۔ (۱۵) دھوپ گھڑی کی سوئی ؛ لوہے کی چھڑی جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے ۔ (۱٦) (نباتیات) گردن بقچہ ؛ بیضہ دان کا پتلا بڑھا ہوا حصہ جس پر سر بقچہ قائم ہوتا ہے ۔(۱۷) حشرات کے مبرز کا سخت بال جیسا ابھار ؛ دو پرہ کیڑے کے محاس کا بال ۔ (۱۸) (حیوانیات) ابرہ ؛ چھوٹا ، پتلا اور نوکدار عضو ؛ سوزن اسفنج جو ایک سرے پر نوکدار ہو۔ (۱۹) (اسکاچستانی قانون) دستاویز تیار کرنے کا مستند فارم ۔ (۲۰) قانونی اصطلاح ۔ (۲۱) طریقہ ؛ طور؛ رویہ ۔ (۲۲) برتاؤ ؛ روش؛ سلوک ۔ (۲۳) مذاق ؛ پسند ۔ (۲۴) تاریخ لکھنے کا ایک طریقہ ۔

Decorated styles : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں ١٢٧٢ء سے ١٣٧٧ء تک رائج تھا اور اس کی خصوصیت پتھر کا اور ہر طرح کا بھاری آرائشی کام تھا۔

Early English styles : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں عہد وسطیٰ میں رائج تھا اس کی خصوصیات یہ تھیں : نوکدار محراب ، طشتری اور پتھر کا ہلکا آرائشی کام ۔

Lapidary style/ Monumental - : قبر کے کتبوں کا طرز ۔

New style : سن کے ساتھ آتا ہے ، اس سے مراد یہ ہے گریگوری تقویم کے مطابق (مخفف N.S.) ؛ طرز جدید ؛ تقویم گریگوری ۔

Old style : سن کے ساتھ آتا ہے ، جس سے مراد یہ ہے جو لینی تقویم کے مطابق (مخفف.O.S)؛ طرز قدیم؛ تقویم قیصری۔

Perpendicular styles : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں ١٣٥٠ء سے ١٦٠٠ء تک رائج تھا ، اس کی خصوصیات یہ تھیں : پتلے ستون اور بڑے بڑے دریچے جو عمودی اور افقی خطوط سے تقسیم کئے جاتے تھے ۔

Style : (v) (۱) مخاطب کرنا (کسی نام ، لقب یا خطاب سے) ۔ (۲) خامہ سے خاکہ بنانا ۔ (۳) مخصوص طرز دینا ۔ (۴) روایتی طرز کے مطابق ۔ (۵) مروج طرز کے مطابق بنانا ؛ نئے طرز کا بنانا ؛ فیشن ایبل بنانا ۔

Style : Stile کا غلط ہجہ ۔

-style : (Suffix) لاحقہ بمعنی "ستون والا" ۔

Style book : (n) مروجہ یا مستند طرزوں کی کتاب ۔

Style of life : (n) (کسی شخص کا) طور طریقہ ؛ ڈھنگ ؛ روش ؛ طرز ؛ انداز ۔

Style of writing : (n) طرز تحریر ۔

Style pen : (n) سوئی قلم ۔

Style up : (v) وضع دار بنانا ؛ مروجہ فیشن کے مطابق بنانا ۔

Styled : (a) طرز کا ۔

Styledom : (n) فیشن کی دنیا ۔

Styleless : (a) غیر وضع دار ۔

Stylelike : (a) ابرہ نما ؛ نوکیلا ۔

Styler : (n) طرز نکالنے والا ؛ طرز پر مشورہ دینے والا ۔

Stylet : (n) [Fr. 'Stilet'.] (۱) (جراحی) تار قناطیر ؛ تار جو ربر کی نلکی میں اسے سخت کرنے کے لئے یا صاف کرنے کے لئے لگا دیتے ہیں ؛ پتلی زخم سلائی ۔ (۲) (حیوانیات) ابرہ؛ سہم ۔ (۳) نابیناؤں کے لکھنے کی ایک قسم کی پنسل ۔ (۴) کندہ کرنے کا اوزار ۔ (۵) خنجر ؛ پیش قبض ۔ (٦)پھول دینے والے پودوں کا گردنِ بقچہ ۔ (۷) ایک پتلا نوکدار اوزار ؛ سوجا ۔

Styleted : (a) ابره دار ؛ سہم دار ۔

Styletiform : (a) ابره نما ؛ سلائی نما ؛ سوجا سے مشابہ ۔

Stylidium : (n) [mod. L.] پیوستہ چہر پودوں کی ایک جنس ۔

Styliferous : (a) (نباتیات ، حیوانیات) ابرہ دار ؛ بقچہ گردن دار ۔

Styliform : (a) ابرہ نما ؛ گردن نما ؛ اسٹائل کی شکل کا ۔

Styling : (n) (۱) خامہ سے بنائی ہوئی نقش و نگار ۔ (۲) طرز تحریر درست کرنا ۔ (۳) وضع دار بنانا ؛ وضع بدلنا ۔

Stylish : (a) وضع دار ؛ شان دار ؛ خاص وضع یا خاص رنگ کا ۔

Stylishly : (adv.) ایک امتیازی شان سے ؛ خاص وضع یا خاص رنگ میں ۔

Stylishness : (n) وضع داری ؛ شان دار ہونا ۔

Stylism : (n) اسلوب پرستی ۔

Stylist : (n) (۱) صاحب طرز ؛ صاحب اسلوب ؛ وہ انشا پرداز جو ایک خاص رنگ اور عمدہ اسلوب بیان رکھتا ہے ۔ (۲) وہ شخص جو اچھا اسلوب بیان اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہے ؛ جو طرز ادا کا خاص طور پر خیال رکھتا ہے ۔ (۳) ادبی اسلوب کا نقاد ۔ (۴) اچھا کھلاڑی ۔ (۵) طرز کا اختراع کرنے والا ۔

Stylistic : (a) اسلوب بیان کے متعلق ؛ طرز تحریر کے متعلق ۔

Stylistic : (n) اسلوبیات ۔

Stylistically : (adv.) اسلوب بیان کے لحاظ سے ۔

Stylistics : (n) اسلوبیات ۔

Stylite/ Stylites : (n) [eccl. Gr. 'Stylites'.] منارہ نشیں راہب ؛ قرون وسطیٰ کا راہب جو منارہ پر رہا کرتا تھا ؛ راہب منارہ ۔

Stylitic : (a) منارہ نشیں راہب سے متعلق ۔

Stylitism : (n) منارہ نشینی ۔

Stylization : (n) رسمی بنانا ؛ آرٹ کی کسی چیز کو کسی رسمی طرز پر ڈھالنا ۔

Stylize : (v) رسمی بنانا؛ فن کی کسی چیز کو کسی رسمی طرز پر ڈھالنا ۔

Stylized : (a) رسمی ؛ رسمی طرز پر ڈھالا ہوا ۔

Stylo : (n) Stylograph یا Stylographic کا مخفف ۔

Stylo- : جزو ترکیبی بمعنی "ابریہ کا یا اس سے متعلق" ۔

Stylo-/ Styl- : جزو ترکیبی بمعنی "ستون" ۔

Stylo : (n) آسٹریلیا کا ایک پھلی دار پودا (مویشیوں کے چارہ کے لئے) ۔

Stylobata : (n) [L.] (تعمیرات) ستونوں کی کرسی ۔

Stylobate : (n) دیکھو Stylobata

Stylocerite : (n) (حیوانیات) قشریہ کے پہلے محاس کا ابھار جو اکثر خار دار ہوتا ہے ۔

Styloglossal : (a) ابری لسانی عضلہ سے متعلق ۔

Styloglossus : (n) ابری لسانی عضلہ ؛ وہ عضلہ جو زائد ابری سے نکل کر زبان میں جاتا ہے ۔

Stylograph : (n) سوئی قلم ؛ نوکدار قلم ؛ ایک طرح کا سوت قلم جس میں پتی کی جگہ سوئی لگا کر لکھتے ہیں ۔

Stylographic : (a) سوئی قلم کا ۔

Stylographic pen : (n) سوئی قلم ۔

Stylographically : (adv.) سوئی قلم سے ۔

Stylohyal : (a) ابری لامی ؛ کنپٹی اور زبان کی جڑ کے عضلہ سے متعلق ۔

Stylohyoid : (a) کنپٹی اور زبان کی جڑ کا عضلہ وغیرہ ؛ ابری لامی ۔

Styloid : (n) [mod. L. 'Styloides'.] (حیوانیات ، تشریح) ابریہ ؛ سوئی کی شکل کی چیز جو کنپٹی کی ہڈی کے نیچے نکلی ہوئی ہے ؛ زائدہ ابری ۔

Styloid : (a) ابری ؛ ابریہ سے متعلق ؛ سہمی ۔

Styloid process : (n) (تشریح ، حیوانیات) زائدہ ابری ؛ زائدہ سہمی ۔

Stylolite : (n) [Gr. 'Sylos' + -lite.] (ارضیات) سنگ عمودی ؛ استوانہ نما یا ستونی چونے کا پتھر ۔

Stylolitic : (a) سنگ عمودی سے متعلق ۔

Stylomandibular : (a) ابری فکی ۔

Stylomastoid : (a) ابری حلمی ۔

Stylomaxillary : (a) ابری فکی ۔

Stylometer : (n) ستون پیما ۔

Stylometry : (n) اسلوب پیمائی ۔

Stylommatophorous : (a) پھیپھڑے دار معدہ پا کی ایک جنس یا خاندان سے متعلق ۔

Stylopodium : (n) (نباتیات) گھینگا ۔

Stylospore : (n) (نباتیات) غبیرہ : بعض سما روغ کا بے بیضہ دان بذرہ جو چھوٹے رشتہ نما خلیہ کے اوپر ہوتا ہے ۔

Stylostegium / Stylotegium : (n) بعض مداریہ پودوں کے گردن بقچہ کے گرد کا اندرونی تاج گل ۔

Stylus/ Stilus : (n) [L. 'Stilus'.] دیکھو Stilus

Stymie : (n) [Origin unkn.] (گولف) وہ موقع جب ایک کھلاڑی کی گیند اور گچی کے درمیان اس کے حریف کی گیند پڑی ہو (جب کہ دونوں کی گیندوں کے درمیان چھ انچ سے کم فاصلہ ہو) ۔

To lay a stymie : رکاوٹ ڈالنا : مزاحم ہونا ۔

Stymie : (v) (۱) حریف کا کھلاڑی کی گیند اور گچی کے درمیان اپنی گیند حائل کر دینا ۔ (۲) حائل ہونا : روکنا : مسدود کرنا : رکاوٹ ڈالنا : مزاحم ہونا ۔

Stymphalian : (a) [L. 'Stymphalius'.] (یونانی اساطیر) ارکیڈیا ضلع اسٹم پھیلس سے متعلق جہاں آدم خور شکاری پرندے رہتے تھے جن کو مارنا ہرکیولس کی چھٹی مہم تھی ۔

Stymphalid : (a) ضلع ارکیڈ کے اسٹمپھیلس سے متعلق ۔

Stymphalid : (n) ضلع آرکیڈ کا اسٹمپھیلس ۔

Styphnate : (n) اسٹھینک ترشے کا نمک ۔

Styphnic acid : (n) ایک دو اساسی ترشہ جو ہینگ پر شورے کے تیزاب کے عمل سے بنتا ہے ۔

Stypsis : (n) [Gr. 'Styphsis'.] (طب) حبس الدم : بندش خون ۔

Styptic : (a) (۱) عضویاتی نسیجوں کو سکیڑنے والا : ترش : کھٹا ۔ (۲) کڑوا : قابض ۔ (۳) خون بند : حابس ۔

Styptic/ -al : (n) حابس دوا ۔

Stypticin/ Styptol : (n) خون بند کرنے یا درد کم کرنے کی ایک دوا ۔

Stypticity : (n) [med. L. 'Stypticitas'.] حبس خون : قبض ۔

Styracin : (n) [Fr.'Styracine'.] پیرو (Peru) کے بلسان سے حاصل ہونے والا ایک بلوری مادہ ۔

Styrax : (n) [L.] (۱) سلاجیت : سلارس ۔ (۲) وہ درخت جس سے سلاجیت ملتا ہے ۔

Styrax-tree : (n) سلاجیت کا درخت ۔

Styrian : (a) اسٹائریا کا یا اس سے متعلق ۔

Styrian : (n) اسٹائریا کا باشندہ (اسٹائریا قدیم سلطنت آسٹریا میں صرف خاص کا ایک علاقہ تھا) ۔

Styrol : (n) [Styrax + -og.] روغن بلسان ۔

Styrolene : (n) دیکھو Styrol

Styrone : (n) (کیمیا) بلوری الکحل جو بطور واقع عفونت اور سفید کار عامل استعمال ہوتا ہے ۔

Styryl : (n) [f. 'Styrax'.] ایک اصلیہ (C_9H_9) ۔

Styryl alcohol : (n) دیکھو Styrone

Stythe/ Styth : (n) (۱) دیکھو Choke-damp ۔ (۲) معدنی مہلک گیس : دم گھونٹ گیس ۔

Styx : (n) [Gr.] پریت ندی : دریائے دوزخ ۔

Suabian : (n) (۱) سوابستان کا باشندہ : سوابستان کی زبان ۔ (۲) ایک قسم کا کبوتر ۔

Suability : (n) قابل دعویٰ ہونا ۔

Suable : (a) قابل نالش : قابل دعویٰ ۔

Suade : (v) [L. 'Suadere'.] دیکھو Persuade

Suaeda : (n) [Arab. 'Swwayd'.] (نباتیات) لونگ : لانا۔

Suage : (n) (۱) آرائشی کھانچ : نالیاں : ڈھلائی وغیرہ۔ (۲) دائروی یا نیم دائروی نالی ، کھانچ یاگڈھا (نہائی کا)۔ (۳)ٹھنڈے دھات کو موڑنے کا اوزار : نالی یانلکی کو سیدھا کرنے کا آلہ۔ (۴) قالب : قالب آہنگری۔

Suan pan/ Swan- : (n) [Chinese.] ایک طرح کا بال فریم جو چین میں مستعمل ہے۔

Suant : (a) [AFr. 'Sua(u)nt'.] باقاعدگی ، لطافت اور آسانی سے کام کرنے والا یا چلنے والا : باقاعدہ اور ہموار۔

Suantly : (adv.) باقاعدگی اور آسانی سے۔

Suasion : (n) [OFr. or L. 'Suadere'.] سمجھانا بجھانا : تفہیم : ترغیب۔

Moral suasion : اخلاقی ترغیب۔

Suasive : (a) تفہیمی : ناصحانہ : ترغیب دینے یا مائل کرنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

Suasive : (n) تفہیمی تقریر ، محرک یا اثر۔

Suasively : (adv.) ترغیب دیتے ہوئے : ناصحانہ طور پر۔

Suasiveness : (n) تفہیمی ہونا۔

Suasoria : (n) [L. 'Suasorius'.] ضمیر کے مسائل سے متعلق قدیم رومی خطبہ۔

Suave : (a) [Fr. or L. 'Suavis'.] (۱) نرم : شیریں : میٹھا : لطیف : مفرح ۔(۲) خوش خلق : شائستہ۔

Suavely : (adv.) خوش خلقی سے : لطافت کے ساتھ۔

Suaveness : (n) خوش خلقی : لطافت : نرمیت : شائستگی۔

Suavity : (n) [L. 'Suavitas'.] (۱) خوش خلقی : شائستگی : شیرینی : لطافت : نرمی : ملائمت۔ (۲) کوئی لطیف ، نرم یا شیریں چیز۔

Suaviter : (adv.) [L.] بہت مضبوطی سے مگر نرم طریقے سے۔

Sub : (n) [Short for various substative compounds of Sub- .] (۱) دیکھو Subordinate ۔ (۲)ماتحتی افسروں کے عہدے کے نام کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (۳) چھوٹا افسر۔ (۴) (امریکا) دیکھو Substitute ۔ (۵) دیکھو Subscription ۔ (۶) مصارف خورد و نوش : الاؤنس یا پیشگی تنخواہ جو خورد و نوش کے لئے دی جائے۔

Sub : (v) (۱) طابع کے بدل میں کام کرنا : قائم مقام کا کام کرنا : قائم مقامی کرنا۔ (۲) مصارف خورد و نوش دینا یا پانا۔ (۳)دیکھو Sub-edit ۔(۴) دیکھو Subirrigate ۔ (۵)(فوٹوگرافی) فلم پر سخت جلاٹین کی پتلی تہ جمانا۔

Sub : (n) دیکھو Submarine

Sub : (n) سخت جلاٹین کی پتلی تہ (فلم پر لگی)۔

Sub : (a) دیکھو Auxiliary / Subordinate / Secondary

Sub : (Prefix) [L.] لاطینی سابقہ بمعنی "زیر" : "تحت" : "نیچے" "میں" (بعض قانونی اور دوسرے محاورات میں آتا ہے)۔

Sub : (Prefix) [L.] ایک لاطینی الفاظ میں حسب ذیل معنی دیتا ہے، اس کی شکلیں ,-Sus-, Sur-, Sup-, Sum-, Sug-, Suc بھی آتی ہیں۔ (۱) تحت یا نیچے۔ (۲) نیچے کی طرف۔ (۳) نیچے سے۔ (۴) اخفا : پوشیدگی : خفیہ طور پر : پوشیدہ طور پر۔ (۵) حاوی ہونا۔ (۶) قربت۔ (۷)کمتری۔ (۸) تائید : مدد۔ (۹) اضافہ ۔ (۱۰) بدل۔ (۱۱) بعض صفات خصوصاً عضویات کی بعض اصطلاحوں میں "کسی چیز کے نیچے واقع ہونے والے" کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۲) بعض صفات میں "فروتر" کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۳) بعض انگریزی اور لاطینی اسما اور افعال میں "کسی قدر" : "کم و بیش" : "تقریباً" وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۴) بعض اسما اور افعال میں "ضمنی" اور "ثانوی" وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۵)بعض انگریزی اسماء میں "زیریں" کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۶) اضافی صفات میں برعکس معنی پیدا کرتا ہے۔ (۱۷) نامکمل : نامکمل طور پر : جزوی : جزوی طور پر۔ (۱۸) بعض افسروں کے عہدے کے نام کے ساتھ آتا ہے ، جس کے معنی ہوتا ہے "افسر اعلیٰ سے نیچے کا افسر"۔ (۱۹) (تشریح) سب سے نچلا اور اساسی عضو۔ (۲۰) (ریاضیات) کسری۔ (۲۱) (موسیقی) خاص سُر کے بعد کا یا اس سے نیچے کا سُر۔ (۲۲) بعد کا۔ (۲۳)بعد کا (وقت ، عہدہ وغیرہ) : پیچھے کا۔ (۲۴)(طب) حسب معمول ، ہلکی سی کم۔ (۲۵) قائم مقام؛ بدل۔ (۲۶) علاوہ : بجائی : بطور : بطور اضافہ۔ (۲۷) محکومی۔

Sub-arch : (n) تابع محراب۔

Sub-ascending : (a) اوپر کی طرف کسی قدر ترچھا اٹھنے والا۔

Sub-basal : (a) (۱) زیر اساسی ۔

Sub-base : (n) (۱) بنیاد زیریں ۔ (۲) بنیاد کا سب سے نچلا حصہ ۔ (۳) تابع ہوائی اڈہ ۔ (۴) مشین وغیرہ کی کرسی ، بیٹھک ۔

Sub-base : (n) تحت بحری اڈہ : آب دوز کشتیوں کا اڈہ ۔

Sub branch : (n) (۱) کونپل : شاخ در شاخ ۔ (۲) ذیلی شاخ (کمپنی وغیرہ) ۔

Sub branch : (v) ذیلی شاخوں میں تقسیم کرنا ۔

Sub-breed : (n) ذیلی نسل : ذیلی جنس ۔

Sub-calcarine : (a) مہماری شگاف کے نیچے واقع ۔

Sub-calibre : (a) (۱) بندوق کے درونہ سے چھوٹا ۔ (۲) چھوٹے درونہ والی بندوق سے متعلق یا اس سے چھوڑے جانے کے لائق ۔

Sub-callosal : (a) تحت ثِقتی ۔

Sub-carbonate : (n) ایک اساسی کاربونیٹ ۔

Sub-carrier : (n) (ریڈیو) سست ارتعاشی حامل ۔

Sub-casing : (n) زیریں غلاف ۔

Sub-chapter : (n) ذیلی باب ۔

Sub-constable : (n) ماتحت سپاہی ۔

Sub-dio : (adv.) کھلی جگہ میں : زیر آسمان : باہر ۔

Sub-district : (n) حصۂ ضلع ۔

Sub-edit : (v) (۱) سب اڈیٹر ہونا (اخبار کا) ۔ (۲) سب اڈیٹر کی حیثیت سے نظرثانی کر کے چھپنے کے لئے بھیجنا (مضمون کو) ۔

Sub-edition : (n) ضمنی ایڈیشن : ضمنی اشاعت ۔

Sub-editor : (n) سب اڈیٹر : نائب اڈیٹر ۔

Sub-editorial : (a) سب اڈیٹر کا ۔

Sub-editorship : (n) سب اڈیٹری : سب اڈیٹری کا عہدہ یا مرتبہ ۔

Sub forma pauperis : (n) بصیغۂ مفلسی : بوجہ ناداری : خرچے سے مستثنیٰ ۔

Sub-head : (n) (۱) شق : ذیلی مد ۔ (۲) ذیلی عنوان : ضمنی سرخی ۔

Sub head : (v) ذیلی عنوان دینا ۔

Sub heading : (n) دیکھو Sub-head

Sub-human : (a) تحت الانسانی : انسان سے کم درجے کا ۔

Sub-human : (a) تحت الانسانی صفات کا حامل آدمی ۔

Sub-humanity : (n) (۱) تحت الانسانی کردار ۔ (۲) تحت الانسانی صفات کے حامل اشخاص ۔

Sub-inspector : (n) سب انسپکٹر ۔

Sub-item : (n) ضمنی مَد ۔

Sub jove frigido : (adv.) کھلی ہوا میں : خنکی میں ۔

Sub judice : (adv.) [L.] (۱) زیر تحقیقات عدالت : پیش عدالت : زیر سماعت ۔ (۲) زیر غور : زیر بحث ۔

Sub-lieutenancy : (n) نائب لفٹیننٹ کا عہدہ ۔

Sub-lieutenant : (n) بحری فوج کا ایک چھوٹا افسر : نائب لفٹیننٹ ۔

Sub lite : (adv.) متنازع فیہ ۔

Sub-man : (n) تحت البشر : زیر بشر : زیر انسان : انسان سا : وہ انسان جس نے پوری طرح نشو و نما نہ پائی ہو یا جس کی جسمانی اور ذہنی قوتیں ادنی ہوں : بے رحم یا بے وقوف آدمی ۔

Sub modo : (adv.) [L.] بعض حالت میں : حدود کے اندر ۔

Sub-nuclear : (a) جوہری مرکزہ سے چھوٹا یا اس کے اندر واقع ہونے والا ۔

Sub pede sigilli : (adv.) مہر کے ساتھ ۔

Sub-postoffice : (n) ڈاکخانے کی شاخ : ضمنی ڈاکخانہ ۔

Sub-rosa : (adv.) [L.] خفیہ طور پر : راز میں ۔

Sub-rosa : (a) خفیہ : مخفی ۔

Sub sigillo : (adv.) راز داری میں ۔

Sub silentio : (adv.) چپکے سے : خاموشی کے ساتھ ۔

Sub-song : (n) (طیوریات) آہستہ طائرانہ نغمہ خوانی ۔

Sub voce : (adv.) لفظ مذکور کے تحت میں : تحت لفظ فلاں ۔

Subabdominal : (a) پیٹ کے نیچے کا : تحت بطنی : زیر بطنی ۔

Subaccount : (n) ذیلی حساب کتاب ۔

Subacid : (a) کسی قدر ترش (لغوی اور مجازی دونوں معنوں میں) ۔

Subacid : (n) حامض خفیف : خفیف ترش ۔

Subacidity : (n) کسی قدر ترشی : کسی قدر ترش ہونا : حامض خفیف ۔

Subacidly : (a) کسی قدر ترشی سے ۔

Subacidness : (n) دیکھو Subacidity

Subacute : (a) (۱) اوسطاً حادہ ۔ (۲) گاؤ دم ۔ (۳) تحت الحاد ۔ (۴) کم شدید ۔

Subacute disease : (n) مرض تحت الحاد ۔

Subacutely : (adv.) کم شدت کے ساتھ ۔

Subadult : (n) وہ شخص جو سن بلوغیت کے قریب ہو ۔

Subaerial : (a) زیر ہوائی : سطح ارضی : کھلی جگہ میں یا سطح زمین سے اوپر واقع ہونے والا یا تشکیل پانے والا ۔

Subaerially : (adv.) کھلی جگہ میں : سطح زمین سے اوپر ۔

Subaesthetic : (a) زیر جمالیاتی ۔

Subage : (n) کسی ارضیاتی عنصر کا قابل امتیاز زیر قسمت ۔

Subagency : (n) سب ایجنسی : ماتحت ایجنٹ کا دفتر یا عہدہ ۔

Subagent : (n) سب ایجنٹ : ماتحت ایجنٹ : تابع ایجنٹ ۔

Subah : (n) [Arab. 'Suba'.] (۱) صوبہ ۔ (۲) صوبہ دار ۔

Subahdar : (n) [Urdu. 'Subahdar'.] (۱) صوبائی گورنر : صوبہ دار ۔ (۲) (فوج کا) صوبہ دار ۔

Subahdary : (n) صوبائی گورنری : صوبہ داری ۔

Subahship : (n) دیکھو Subahdary

Subalary : (a) زیر جناح : پنکھ کے نیچے واقع ۔

Subalate : (a) پنکھ نما : پر نما ۔

Subalimentation : (n) تغذیہ کی کمی ۔

Suballocate : (v) ایک یا زیادہ ماتحتی ایجنسیوں کو حصے دینا ۔

Subalmoner : (n) معاون مہتم خیرات خانہ : ماتحت مہتم لنگر خانہ ۔

Subalpine : (a) (۱) (نباتیات ، حیوانیات) زیر آلپی : اس پہاڑی علاقے کا جو کوہ آلپ کے نشیبی حصے میں واقع ہے ۔ (۲)کسی قدر آلپی : ان اونچائیوں سے متعلق جو صرف آلپس سے کم ہوں ۔ (۳) پہاڑوں کی اونچی ڈھلان سے متعلق (۴۰۰۰ سے ۵۵۰۰ فٹ) ۔

Subaltern : (a) [late L. 'Subalternus'.] (۱) کم درجے کا : ماتحت : چھوٹا ۔ (۲) اجارہ دار کے اجارہ دار سے متعلق ۔ (۳)(منطق) ماتحت : محکوم (قضیہ) : خاص : تابع ۔

Subaltern : (n) (۱) (فوج) چھوٹا افسر (کپتان سے کم درجے کا) ۔ (۲) (منطق) وہ قضیہ جو کسی کلیے کے ماتحت آتا ہو ۔ (۳)کم درجے کا آدمی ۔

Subalternant : (n) (منطق) قضیۂ عام ۔

Subalternate : (n) [late L. 'Subalternatus'.] (منطق) قضیۂ خاص ۔

Subalternation : (n) (۱) قضیۂ عام اور قضیۂ خاص کے درمیان نسبت ۔ (۲) نوبت : باری : تہ متبادل ۔

Subalternity : (n) ماتحتی : محکومیت ۔

Subanconeus : (n) بازو کا ایک چھوٹا عضلہ جوسہ سر عضلہ اور بازو کی ہڈی سے نکل کر عقبی جھلی دار بند سے ملتا ہے ۔

Subangular : (a) کسی قدر گوشہ دار ۔

Subantarctic : (a) قطب جنوبی کے دائرے سے باہر کا یا اس سے متعلق : زیر دائرۂ جنوبی ۔

Subapennine : (a) کوہ اپینائن کے نشیبی حصے کا ۔

Subapical : (a) زیر راس ۔

Subapneurotic : (a) زیر صفاق ۔

Subapostolic : (a) حواریوں کے عہد کے بعد کا ۔

Subapparent : (a) نا مکمل طور پر عیاں ؛ جو مشکلوں سے محسوس کیا جا سکے ۔

Subaquatic : (a) (۱) تقریباً آبی یا دریائی ؛ جس میں دریائی جانوروں یا پرندوں کی اکثر خصوصیات موجود ہوں ۔ (۲) زیر آب ؛ پانی میں ڈوبا ہوا ۔

Subaqueous : (a) زیر آبی ؛ زیر آب باش ؛ زیر آب بنایا ہوا ۔

Subarachnoid : (a) زیر عنکبوتیہ ۔

Subarctic : (a) زیرہ دائرۂ شمالی ۔

Subarcuate / Subarcuated : (a) کسی قدر محرابی ۔

Subarcuation : (n) صدر محراب کے نیچے تابع محراب بنانا ۔

Subarea : (n) کسی اراضی یا رقبہ کی زیر تقسیم ۔

Subarid : (a) بنجر نما ۔

Subarrhation : (n) [med. L. 'Subasshation'.] منگنی کی ایک قدیم رسم جس میں مرد عورت کو روپے ، انگوٹھی وغیرہ بطور تحفہ دیتا تھا ۔

Subashi : (n) [Turk. 'Subasi'.] ترکی ضلع یا دیہات کا ایک افسر ۔

Subastral : (a) زیر نجمی ؛ ارضی ۔

Subastringent : (a) ہلکے طور پر قابض ؛ کسی قدر قابض ۔

Subastringent : (n) قدرے قابض مادہ ۔

Subatlantic : (a) زیر بحر اوقیانوس ۔

Subatmospheric : (a) زیر فضائی ۔

Subatom : (n) جز جوہر ۔

Subatomic : (a) در جوہری ۔

Subaudible : (a) (۱) ناقابل سماعت ؛ زیر سمعی ۔ (۲) جو مشکل سے سنا جا سکے ۔

Subaudition : (n) [late L. 'Subauditio-'.] (۱) (عبارت میں وہ لفظ یا الفاظ جو چھوٹ گئے ہیں یا مقدر ہیں انہیں) اپنی طرف سے اضافہ کر کے پڑھنا ۔ (۲) چھپے ہوئے معنی سمجھ لینا ؛ تہ کی بات سمجھ لینا ؛ اضمار مفہوم ۔

Subauditur : (n) [L.] دیکھو Subaudition

Subauricular : (a) کان کے نیچے کا ؛ زیر اُذنی ۔

Subaverage : (a) اوسط سے کم ۔

Subaxillary : (a) زیر بغلی ؛ بغل کے نیچے کا ؛ تحت ابطی ؛ (نباتیات) زیر بغلی ۔

Subbasement : (n) دو منزلہ تہ خانے کی پہلی منزل ۔

Subbifid : (a) جو کسی قدر یا نا مکمل طور پر دو شاخہ ہو ۔

Subbing : (n) (۱) قائم مقامی ۔ (۲) دیکھو Subirrigation ۔ (۳) دیکھو Subtratum ۔

Suboreal : (a) (۱) بہت زیادہ سرد ؛ انجماد کے قریب ۔ (۲) برفانی دور کے بعد سے متعلق ۔ (۳) اس حیاتی جغرافیائی منطقہ سے متعلق جہاں کی آب و ہواباد شمال جیسی ہوتی ہے ۔

Subbrachial : (a) (۱) سینے کے پر کے نیچے واقع ۔ (۲) سینے کے عضلہ کے نیچے کا ۔ (۳) زیر خیشوی ؛ گلپھڑے کے نیچے کا ۔

Subbranch : (n) (۱) کونپل ؛ شاخ در شاخ ۔ (۲) ذیلی شاخ (کمپنی وغیرہ کی) ۔

Subbranch : (v) ذیلی شاخوں میں تقسیم کرنا ۔

Subcampenulate : (a) کسی قدرجرسی نما ۔

Subcapillary : (a) بال سے باریک ۔

Subcapsular : (a) کیسہ کے اندر یا نیچے واقع ہونے والا ۔

Subcaption : (n) ضمنی سرخی ۔

Subcarbide : (n) کاربائیڈ جس میں کاربن عام تناسب سے کم ہو ۔

Subcarboniferous : (a) کم کاربن زا ۔

Subcarinate : (a) کسی قدر یا نا مکمل طور پر زورقی ۔

Subcartilaginous : (a) زیر غضروفی ۔

Subcast : (n) تابع جھنڈ یا فوج (مثلاً شہد کی مکھیوں کی).

Subcaudal : (a) زیر ذہنی : دم کے نیچے کا.

Subcaudal : (n) زیر ذہنی سپر نما عضو.

Subcaudate : (a) کم لمبا : کم طول والا.

Subcaulescent : (a) تقریباً بے ساقه.

Subcelestial : (a) [late and Med. L. 'Subcelestis'.] (۱) زیر فلکی. (۲) دنیاوی : دنیوی : عالم سفلی کا.

Subcelestial : (n) دنیاوی مخلوق.

Subcellar : (n) ته خانے در ته خانه.

Subcentral : (a) (۱) مرکز کے نیچے کا : مرکز کے قریب کا : تحت مرکزی: قریب مرکز : زیر مرکزی. (۲) (تشریح) دماغ کے مرکزی تجویف کے نیچے کا.

Subcentrally : (adv.) مرکز کے قریب.

Subcentre : (n) ثانوی مرکز (تجارت وغیرہ کا) جو شہر کے خاص تجارتی مرکز سے باہر ھو.

Subcerebral : (a) (۱) دماغ کے نیچے کا : تحت مغزی : زیر دماغی. (۲) اضطراری (فعل) : جس کا تعلق نخاع سے ھو مگر دماغ سے نه ھو.

Subchairman : (n) نائب چیرمین : قائم مقام چیرمین.

Subchanter : (n) (۱)نائب ہادی (گرجے کا بھجن منڈلی کا).(۲)پادری یا غیر پادری جو بڑے گرجے میں دعا کے بعض حصوں کو پڑھتا یا گاتا ھے.

Subchaser : (n) آب دوز کا تعاقب کرنے والی کشتی : آب دوز سے لڑنے والی کشتی یا جہاز.

Subchela : (n) بعض قشریوں کے پکڑنے کا عضو.

Subchelate : (a) زیر چنگال.

Subchief : (n) تابع امیر : ماتحت حاکم اعلیٰ.

Subchondral : (a) زیر غضروفی.

Subchoroid : (a) زیر مشیمیه.

Subcircular : (a) تقریباً دائروی.

Subcivilised : (a) جزوی طور پر تہذیب یافته : نیم متمدن.

Subclaim : (a) ثانوی دعویٰ.

Subclass : (n) فرعی جماعت : قسم : زیر جماعت : ان قسموں میں سے کوئی قسم جو جماعت کی مزید تقسیم سے بنائی جائے : ذیلی طبقه.

Subclassify : (v) (۱) تفصیلی طور پر تقسیم کرنا. (۲) فرعی جماعت میں تقسیم کرنا.

Subclaviam : (a) (۱) ہنسلی کے نیچے کا : تحت ترقوی : زیر ترقوی. (۲) زیر ترقوی شریان : وریدیا عضله سے متعلق.

Subclavian : (n) زیر ترقوی شریان : ورید یا عضله.

Subclavian artery : (n) زیر تر قوی شریان.

Subclavian muscle : (n) زیر تر قوی عضله.

Subclavian vein : (n) زیر تر قوی ورید.

Subclavius (muscle) : (n) [mod. L.] جناحی عصب : ایک چھوٹا عضله جو پہلی سینے کی ہڈی سے ہنسلی تك جاتا ھے.

Subclimax : (n) (نباتیات) نیم رُسته.

Subclinical : (a) تحت سریری.

Subcoastal : (a) زیر ساحلی : ساحل سے نیچے واقع.

Subcoat : (n) ذیلی ته : بنیادی ته : وہ ته جو کسی دوسری ته کے نیچے ھو.

Subcolumner : (a) جزوی یاناقص طور پر ستونی.

Subcoma : (a) بے ہوشی طاری کرنے کے لئے ناکافی.

Subcommittee : (n) سب کمیٹی : تابع کمیٹی : چھوٹی کمیٹی جو کوئی بڑی جماعت اپنے ارکان میں سے بناتی ھے.

Subcompact : (n) بہت چھوٹی موٹر گاڑی.

Subcompany : (n) معاون کمپنی.

Subconcave : (a) کسی قدر مقعر.

Subconical : (a) تقریباً مخروطی ۔

Subconjunctival : (a) آنکھ کی جھلی کے نیچے واقع ۔

Subconjunctivally : (adv.) آنکھ کی جھلی کے نیچے ۔

Subconscious : (a) (۱) نیم شعوری ۔ (۲) تحت الشعوری ۔ (۳) جزوی یا ادھورے طور پر آگاہ ۔

Subconscious : (n) تحت شعور ۔

Subconsciously : (adv.) تحت الشعوری کے طور پر : تحت الشعوری حیثیت سے ۔

Subconsciousness : (n) تحت الشعور : تحت شعوریت : نیم شعوریت : نفس کا وہ درجہ جو توجہ اور مشاہدہ باطن کی سرحد سے باہر ہے : جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے مگر اس کا پورا شعور نہیں ہوتا ۔

Subcontiguous : (a) تقریباً متصل ۔

Subcontinent : (n) بر صغیر : مصداق اقلیم : بجائے خود اقلیم ۔

Subcontinued : (a) تقریباً مسلسل : تھوڑی تھوڑی دیر میں گھٹنے بڑھنے والا ۔

Subcontract : (n) شکمی ٹھیکہ (جو ٹھیکے دار اپنے طور پر کسی اور کو دے دیتا ہے) ۔

Subcontract : (v) (۱) شکمی ٹھیکہ لینا ۔ (۲) شکمی ٹھیکہ دینا ۔

Subcontractor : (n) شکمی ٹھیکے دار ۔

Subcontrariety : (n) (منطق) مختلفین کے درمیان نسبت ۔

Subcontrary : (a) [late L. 'Subcontratius'.] (۱) (منطق) (قضیہ) جو دوسرے کے قضیے کی ضد نہ ہو مگر ہر پہلو سے مختلف: جزئی طور پر مختلف ۔ (۲) (ہندسہ) دو یکساں مثلثوں کی جنسی حالت پر اطلاق ہوتا ہے جن کا راس پر مشترک زاویہ ہوتا ہے لیکن ان کے قاعدے متوازی نہیں ہوتے : ان کے اساسی زاویے برابر ہوتے ہیں مگر مختلف اطراف میں ۔ (۳) (ہندسہ) کسی بھی دائروی قطع (مخروطہ) پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Subcontrary : (n) (۱) (منطق) قضیہ (جزئی طور پر مختلف) ۔ (۲) مخروطہ کا دائروی قطع ۔

Subconvex : (a) کسی قدر محدب : خفیف محدب ۔

Subconvulsive : (a) (۱) جو لرزہ آور نہ ہو ۔ (۲) خفیف لرزہ آور ۔

Subcool : (v) بغیر انجماد یا قلم پذیری کے نقطۂ انجماد سے زیادہ ٹھنڈا کرنا ۔

Subcordate : (a) قلب مانند ۔

Subcorneous : (a) (۱) زیر قرنی : زیر ناخن : سینگ کے نیچے کا : تحت قرنی : سینگ کی سی شکل کا ۔ (۲) قرن نما : سینگ کی قسم کا ۔

Subcortex : (n) دماغ کا وہ حصہ جو بھیجے کی بیرونی تہ کے فوراً بعد ہوتا ہے ۔

Subcortical : (a) (۱) تحت قشری : زیر قشری : چھال کے نیچے کا ۔ (۲) تحت لحائی (دماغ وغیرہ کی) : بیرونی تہ کے نیچے کا ۔

Subcostal : (a) [mod. L. 'Subscostalis'.] تحت ضلعی : زیر ضلعی : پسلیوں کے پیچھے یا درمیان کا ۔

Subcostal : (n) تحت ضلعی عضلہ : زیر ضلعی شریان یا ورید ۔

Subcranial : (n) زیر جمجمی : زیر قحفی : کھوپڑی کے نیچے کا ۔

Subcrepitant : (a) کسی قدر تھتکارنے والا ۔

Subcrescentic : (a) تقریباً ہلال نما ۔

Subcritical : (a) (جوہری متعاملہ) جو مسلسل رد عمل قائم نہ رکھے ۔

Subcrossing : (n) چھوٹا یا ذیلی چوراہا ۔

Subcrureus : (n) ایک چھوٹا عضلہ جو ران کی ہڈی سے نکل کر گھٹنے کے جوڑ تک جاتا ہے ۔

Subcrust : (n) پرت در پرت ۔

Subcrystalline : (a) نیم قلمی : جس کا کچھ حصہ بلور بن گیا ہو ۔

Subculture : (n) فرعی کشت ۔

Subculture : (v) فرعی کشت کرنا (جرثومہ وغیرہ کا) ۔

Subculture : (n) ضمنی ثقافتی جماعت ۔

Subcurative : (a) غیر شفابخش ۔

Subcurrent : (n) ذیلی رو۔

Subcutaneous : (a) [late L. 'Subcutaneus'.] جلد کے نیچے کا : تحت جلدی : زیر جلدی ۔

Subcutaneously : (adv.) جلد کے نیچے : جلد کے اندر ۔

Subcuticle : (n) زیر ادمہ ۔

Subcycle : (n) ایک قسم کا پیراک جو سائیکل کی طرح چلایا جاتا ھے ۔

Subcylindrical/ Subcylindric : (a) تقریباً استوانہ نما یا استوانی : قریب قریب استوانی شکل کا ۔

Subdeacon : (n) [L. 'Subdiaconus'.] (۱) ڈیکن کا مددگار : نائب پادری ۔ (۲) سب ڈیکن ۔

Subdaeconate : (n) نائب پادری کا عہدہ : مرتبہ یا دفتر ۔

Subdeaconship : (n) دیکھو Subdaeconate

Subdean : (n) [AFr. 'Sodean, Subdene'.] نائب ڈین ۔

Subdeanery : (n) نائب ڈین کا عہدہ : دفتر یا مکان ۔

Subdeb : (n) (۱) وہ لڑکی جو سوسائٹی میں پہلے پہل تعارف کرائی جانے کے لائق ہو گئی ہو ۔ (۲) سولہ سترہ برس کی لڑکی ۔

Subdebutante : (n) دیکھو Subdeb

Subdecimal : (n) دس کے حاصل ضرب سے تقسیم کئے جانے پر آنے والا (نتیجہ وغیرہ) ۔

Subdecuple : (n) دسواں حصہ : عشر ۔

Subdeity : (n) چھوٹا دیوتا : ماتحت دیوتا ۔

Subdelegate : (n) نائب نمائندہ ۔

Subdelegate (v) اپنے اختیارات یا ذمہ داریاں دوسرے کو سونپنا ۔

Subdentate : (a) جزئی دندانہ دار ۔

Subdepot : (n) (فوج کا) ذیلی صدر مقام ۔

Subderivative : (n) مشتق در مشتق ۔

Subdermal : (a) دیکھو Subcutaneous

Subdesert : (n) نیم ریگستان ۔

Subdiaconal : (a) نائب پادری یا اس کے عہدے سے متعلق ۔

Subdiaconate : (n) دیکھو Subdaeconate

Subdialect : (n) مقامی زبان کی ایک شاخ ۔

Subdisjunctive : (a) (قواعد ، منطق) جزئی تردیدی ۔

Subdisjunctive : (n) (قواعد ، منطق) جزئی قضیہ یا لفظ ۔

Subdistinction : (n) [late L. 'Subdistinctio'.] ذیلی فرق ۔

Subdivide : (v) [L. 'Subdividere'.] (۱) تقسیم در تقسیم کرنا : تقسیم مزید کرنا : کسی چیز کی ہر قسم کو چھوٹی قسموں میں تقسیم کرنا ۔ (۲) تقسیم در تقسیم ہونا : تقسیم مزید ہونا ۔

Subdivider : (n) تقسیم در تقسیم کرنے والا ۔

Subdivisible : (a) تقسیم در تقسیم ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Subdivision : (n) (۱) تقسیم در تقسیم : تقسیم ثانی ۔ (۲) (کسی چیز کی) زیر قسمت : قسمت کے کئی حصوں میں سے ایک حصہ ۔ (۳) حصۂ ضلع : سب ڈویژن : نصف کمھنی ۔

Subdivisional : (a) تقسیم در تقسیم سے متعلق : سب ڈویژن کا ۔

Subdivisive : (a) تقسیم در تقسیم کا ۔

Subdominance : (n) بالکل غالب نہ ہونا ۔

Subdominant : (n) (موسیقی) سرگم کا چوتھا سُر : چہارم سُر : اترتی ۔

Subdominant : (a) جو بالکل غالب نہ ہو ۔

Subdorsal : (a) زیر ظہری ۔

Subdrain : (n) سوراخ دار یا سادہ زیر زمین بدر رو ۔

Subdrainage : (n) تہ میں بہاؤ : قدرتی نالی یا مصنوعی نالیاں ۔

Subduable : (a) جو مغلوب کیا جا سکے یا قابو میں لایا جا سکے : قابل تسخیر : جو ہلکا یا دھیما کیا جا سکے ۔

Subdual : (n) تسخیر : قابو میں لانا یا لایا جانا ۔

Subdue : (v) [AFr. 'Su(b)duer'.] (۱) فتح کرنا : تسخیر کرنا : مغلوب کرنا : زیر کرنا : مطیع کرنا : دبا لینا : قابو میں لے آنا. (۲) دھیما کرنا : مدھم کرنا : ہلکا کرنا : کم کرنا. (۳) قابل کاشت بنانا (زمین کو).

Subdued : (a) (۱) دھیما : مدھم : ہلکا : ملائم : نرم. (۲) مغلوب : مفتوح. (۳) گھسا ھوا.

Subduedly : (adv.) دھیما ھو کر : ملائمت سے : نرمیت کے ساتھ.

Subduedness : (n) دھیماپن : ہلکاپن : ملائمت : نرمی.

Subduer : (n) مغلوب کرنے والا : دھیما کرنے والا.

Subduing : (a) تسخیر کرنے والا.

Subduple : (a) [late L. 'Subduplus'.] (ارضیات) ایك اور دو کی شرح سے متعلق : نصف.

Subduplicate : (a) [mod. L. 'Subduplicatus'.] (ارضیات) جذری : (نسبت) جذریه.

Subdural : (a) تحت الجافی : زیر جافیه : دماغ کی بیرونی جھلی کے نیچے کا.

Subdurally : (adv.) دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی کے نیچے.

Subeconomic : (a) (۱) غیر معاشیاتی. (۲) جو معاشی رو سے صحیح یا حق بجانب نه ھو.

Subeffective : (a) جو اثر پیدا نه کر سکے : غیر اثر انداز.

Subelliptic : (a) کسی قدر ہلیلجی : کسی قدر بیضوی.

Subendemic : (a) ایك ماحول یا فطری علاقے میں پایا جانے والا یا واقع ھونے والا.

Subendorse : (v) ثانوی یا ضمنی تصدیق ظہری کرنا.

Subendorsement : (n) ضمنی تصدیق ظہری.

Subentire : (a) (۱) تقریباً سالم : قریب قریب مکمل. (۲) جس میں کچھ دندانے ھوں.

Subentitle : (v) ضمنی نام دینا (کتاب وغیرہ کا).

Subentry : (n) ضمنی اندراج.

Subepidermal : (a) زیر بشرہ : زیر بر آدمی : زیر غلافی : جلد کے بالائی حصے کے اندر کا : خول جلد کے اندر کا.

Subequal : (a) (۱) زیر مساوی. (۲) تقریباً مساوی : قریب قریب برابر.

Subequatorial : (a) نزد استوائی.

Subequilateral : (a) تقریباً متساوی الاضلاع.

Suber : (n) [L.] (۱) کارك : کاك. (۲) کاك میں پایا جانے والا نباتی عنصر.

Suberate : (n) کارك کے ترشے کا نمك.

Suberous : (n) دیکھو Suberose

Suberic : (a) کارك کا.

Suberic acid : (n) کاك کا ترشه.

Suberin : (n) کلکی مادہ : سبرین.

Suberization: (n) کاك شدگی.

Suberize : (v) کاك بننا.

Subero- : جزو ترکیبی جو کیمیائی مرکبوں کے نام کے ساتھ آتا ھے.

Suberone : (n) (کیمیا) ایك خوشبودار تیل جو کاك کے تیزاب کے چونے کے ساتھ تقطیر سے حاصل ھوتا ھے.

Suberose : (a) کارك جیسا : کارك کی طرح کا.

Suberous : (a) دیکھو Suberose

Suberect : (a) تقریباً عمودی : قریب قریب کھڑا.

Suberyl : (n) (کیمیا) کاك کے ترشے کے دو جوہری اصلیے.

Subessential : (a) اہم.

Subfalcate : (a) کسی قدر درانتی نما یا خمیدہ.

Subfamily : (n) (حیوانیات) فرع (خاندان کی ایك قسم جو ایك جنس یا کئی اجناس پر مشتمل ھو).

Subfebrile : (a) نوبتی پتی : کسی قدر بخار کی (حالت) : وقفه دار یا باری کے بخار کی.

Subfertile : (a) کم بار آور : خفیف زر خیز ۔

Subfibrous : (a) کسی قدر ریشہ دار ۔

Subfief : (n) ضمنی جاگیر ۔

Subfief : (v) ضمنی جاگیر عطا کرنا ۔

Subfix : (n) دستخط ۔

Subflavour : (n) خفیف سا مزہ اور خوشبو (کسی خاص قسم کی) ۔

Subfloor : (n) فرش در فرش ۔

Subflooring : (n) (۱) فرش در فرش ۔ (۲) فرش در فرش بنانے کے سازو سامان ۔

Subfluvial : (a) (۱) پانی کی تہ کا ۔ (۲) زیر دریائی ۔

Subfocal : (a) جس کو واضح احساس نہ ہو : زیر مرکز توجہ ۔

Subform : (n) ذیلی یا مشتق شکل ۔

Subfornicate : (a) کسی قدر محرابی ۔

Subfoundation : (n) ضمنی بنیاد ۔

Subfraction : (n) کسر در کسر : کسر کی کسر ۔

Subframe : (n) ثانوی چوکٹھا ۔

Subfreezing : (a) (حرارت) صفر ڈگری سینٹی گریڈ سے کم : جو انجماد کے لئے ناکافی ہو ۔

Subfulgent : (a) کسی قدر تاباں : اوسط درجے کا چمکیلا ۔

Subfunctional : (a) جس کا تھوڑا یا بظاہر کوئی کام نہ ہو ۔

Subfusc/ Subfusk : (a) کسی قدر سیاہ ۔

Subfusc/ Subfusk : (n) کسی قدر سیاہ رنگ ۔

Subgalea : (n) زیر خود : زیر فانوس ۔

Subgelatinous : (a) کسی قدر لیس دار ۔

Subgeneric : (a) زیرِ جنسی : فرعی جنسی ۔

Subgenital : (a) زیر اعضائے تناسل ۔

Subgenus : (n) زیر جنس : جنس فرعی : جنس کی ایک قسمت جو ایک نوع یا کئی انواع پر مشتمل ہو ۔

Subgingival : (a) مسوڑھوں کے نیچے کا ۔

Subglabrous : (a) کسی قدر بے مُو : کسی قدر چکنا ۔

Subglacial : (a) (۱) زیر یخ تودہ : زیر ثلجیہ : برف کی چٹان کے نیچے کا ۔ (۲) تقریباً برفانی ۔

Subglenoid : (a) زیر حفرۂ کاسی ۔

Subglobose : (a) تقریباً کرہ نما ۔

Subglobosely : (adv.) تقریباً کرہ نما شکل میں ۔

Subglobular : (a) قریب قریب کرہ کی شکل کا : تقریباً کروی ۔

Subglottal : (a) زیر نرماری ۔

Subglottic : (a) دیکھو Subglottal

Subgroup : (n) (۱) فرعی گروہ : فرعی جماعت : چھوٹی سی ٹولی ۔ (۲) (ریاضیات) عشیرہ ۔

Subgroup : (v) فرعی جماعتوں میں تقسیم کرنا ۔

Subgular : (a) حلق کے نچلے حصے میں واقع ۔

Subharmonic : (a) زیر موسیقی : نیم تعددی ۔

Subhasta : (adv.) نیلام کے ذریعہ ۔

Subhastation : (n) [late L. 'Subhastatio-'.] (تاریخ) نیلام عام ۔

Subhealth : (n) خرابیٔ صحت : ناتوانی ۔

Subhedral : (a) نیم پہل دار ۔

Subhepatic : (a) زیر جگری : تحت کبدی : جگر کے قریب کا ۔

Subhimalayan : (a) تحت ہمالیائی : ہمالیہ کے نشیبی حصے کا ۔

Subhorizontal : (a) جو بالکل افقی نہ ہو ۔

Subhumeral : (a) کندھے کے نیچے کا : تحت عضدی ۔

Subhumid : (a) جو بالکل مرطوب نہ ہو۔

Subhyaline : (a) کسی قدر بلور نما یا زجاجی۔

Subicteric : (a) جسے خفیف سایرقان ہو۔

Subiculum : (n) [L.] (۱) (نباتیات) طفیلی نواز کے نسیج جن میں لفہ پوش رہتا ھے۔ (۲) (تشریح) خم دار تلفیف۔

Submago : (n) زیرا ماگو : کاذب اماگو۔

Subinfeudation : (n) (جاگیرداری نظام میں) کسی اسامی کا اپنی طرف سے کسی شکمی اسامی کو زمین دینا۔

Subintelligential : (a) اشاراتی۔

Subintelligitur : (n) [L.] اشارہ۔

Subintent : (n) ضمنی معنی : مقصد یا تجویز۔

Subintestinal : (a) زیر معائی : تحت معائی : آنت کے نیچے یا قریب کا۔

Subintrant : (a) [late L. 'Subintrans'.] (بخار) جس میں مسلسل دورہ ہو۔

Subintrant : (n) بخار جس میں مسلسل دورہ ہو۔

Subintroduce : (v) خفیہ طور پر داخل کرنا یا ملانا۔

Subinvolution : (n) استر خانہ۔

Subirrigate : (v) زیریں آب پاشی کرنا۔

Subirrigation : (n) زیریں آب پاشی۔

Subito : (adv.) [It.] (موسیقی کی ہدایت میں) جلدی ، جلدی۔

Subjacent : (a) [L. 'Subjacens'.] (۱) نیچے کا : نچلا : تلے کا : جو کسی چیز کی تہ میں ہو۔ (۲) بنیادی : تہ کی (بات) : اصل : تحتانی۔ (۳) نچلی سطح کا : نچلے علاقے کا۔ (۴) (کسی چیز سے) نیچا : پست تر : نشیبی۔

Subjacently : (adv.) نیچے سے : بنیادی طور پر : تہ میں۔

Subject : (n) [ME. 'Soget, Subject'.] (۱) رعیت : رعایا میں سے ایک فرد یا پیرو کو بھی کہتے ہیں۔ (۲) (صرف نحو) مبتدا : فاعل۔ (۳) (منطق) موضوع : محکوم الیہ۔ (۴)(فلسفہ ما بعد الطبیعیات) موضوع : نفس بہ حیثیت شعور اور احساس رکھنے والے وجود کے : مدرک : داخل (خارج کے مقابلے میں یعنی نفس کے مقابلے میں) : ذات (صفات کے مقابلے میں)۔ (۵) موضوع (بحث ، تقریر ، تصویر وغیرہ کا) : وہ مسئلہ جس پر بحث کی جائے : وہ چیز جس کا بیان یا اظہار مقصود ہو۔ (۶) چیز : بات : موضوع۔ (۷) شخص (خاص حالت یا مزاجی کیفیت کا)۔ (۸) تابع : ماتحت۔ (۹) دماغ : ذہن۔ (۱۰) انا : ذات: خودی۔ (۱۱) (قانون) ملکیت : جائداد۔ (۱۲) (تشریح) لاش۔ (۱۳) (طب) مریض۔ (۱۴) سبب۔

A bad subject : وہ مریض جس کے اچھے ہونے کی امید نہ ہو۔

A good subject : وہ مریض جس کے اچھے ہونے کی امید ہو۔

Conscious subject / Thinking - : دماغ۔

Subject : (a) (۱) ماتحت : محکوم : وفادار : مطیع۔ (۲) مادہ رکھنے والا (بیماری ، برائی وغیرہ کا) : جس کو خطرہ یا اندیشہ ہو (نقصان ، وغیرہ کا)۔ (۳) مشروط۔ (۴) نیچا : نشیبی۔ (۵) (کتب فروشی میں) جس پر چھوٹ ہو۔

Subject : (v) (۱) مغلوب کرنا : تسلط بٹھانا : محکوم بنانا۔ (۲) موضوع بنانا : ہدف بنانا (مضحکے ، ملامت وغیرہ کا)۔ (۳)(کسی عمل کا) موضوع بنانا (کسی قضیے کا)۔ (۴)(فلسفہ) موضوع بنانا (کسی قضیے کا)۔ (۵)فرماں بردار بنانا : اطاعت شعار بنانا۔ (۶) مادہ رکھنے والا بنانا : ڈالنا (خطرے وغیرہ میں)۔

Subject card : (n) کتب خانے کی فہرست کا کارڈ جس پر موضوع لکھا رہتا ھے۔

Subject catalogue : (n) فہرست کتب (موضوع کے لحاظ سے)۔

Subject matter : (n) (۱) مضمون (کتاب وغیرہ کا) : موضوع۔ (۲)مواد مضمون۔ (۳) (قانون) متنازع فیہ معاملہ۔

Subject-object : (n) (۱) داخلی معروض (کوئی معروض یعنی کوئی چیز یا خیال جیسا وہ موضوع کو نظر آئے)۔ (۲) انا : خودی۔

Subject-objectivity : (n) داخلی معروضیت۔

Subjectable : (a) موضوع بنائے جانے کے لائق۔

Subjected : (a) (۱) محکوم : ماتحت : مغلوب۔ (۲) فرمانبردار : اطاعت شعار۔

Subjectedly : (adv.) محکوم بنا کر : حالت محکومی میں۔

Subjectedness : (n) محکومیت ؛ محکومی ؛ مغلوب ہونا ۔

Subjecthood : (n) محکومی ۔

Subjectification : (n) موضوعی بنانا ؛ داخلی بنانا ۔

Subjectify : (v) موضوعی بنانا ؛ داخلی بنانا ۔

Subjection : (n) (۱) محکوم بنانا ؛ تسخیر ۔ (۲) محکومی ؛ اطاعت ۔ (۳) قانونی یا تعہدی معاہدہ ، پابندی یا ذمہ داری ۔

Subjective : (a) (۱) (فلسفہ) موضوعی؛ موضوع شعور و احساس یعنی نفس سے متعلق ؛ نفسی ؛ داخلی ۔ (۲) (عوام) خیالی ۔ (۳) داخلی ؛ جس میں اشیاء یا خیالات اپنی اصلی صورت میں نہیں بلکہ صناع کے نقطۂ نظر اور ذاتی رجحانات کے مطابق پیش کئے جائیں ۔ (۴) داخلی طرز کا؛ (آرٹ کا طرز) داخلی ۔ (۵) (صرف و نحو) فاعلی ۔ (۶) مشاہدہ نفس کا ۔

Subjective : (n) (۱) موضوعی یا داخلی امر یا چیز ۔ (۲) حالت فاعلی ۔

Subjective complement : (n) (قواعد) متمم فاعل ۔

Subjective idealism : (n) (فلسفہ) موضوعی تصوریت ۔

Subjective method : (n) تفتیش کا ایک طریقہ جو تصورات اور قیاسی مفروضات سے شروع ہوتا ہے ۔

Subjective psychology : (n) داخلی نفسیات ؛ موضوعی نفسیات ۔

Subjective rightness : (n) موضوعی صواب ۔

Subjective selection : (n) داخلی انتخاب ۔

Subjective sensation : (n) داخلی تحسیات ؛ موضوعی احساسات ۔

Subjective time : (n) وقت جسے داخلی طور پر محسوس کیا جائے ؛ وقت کا داخلی احساس ۔

Subjective utility : (n) ذاتی افادیت یا تسکین (کسی فرد کی خواہش کے مطابق نہ کہ بازار کے مطابق) ۔

Subjectively : (adv.) (۱) داخلی حیثیت سے ؛ داخلی طور پر ۔ (۲) فاعلی حیثیت سے ۔

Subjectiveness : (n) داخلیت ؛ داخلی رنگ ۔

Subjectivism : (n) (۱) موضوعیت ؛ داخلیت ؛ یہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے اور حقیقت کا کوئی خارجی یا معروضی معیار نہیں ۔ (۲) دیکھو Subjective method ۔ (۳) موضوعی امر پر مبنی نظریہ یا طریقہ ۔

Subjectivist : (n) داخلیت پسند ؛ داخلی ؛ حامیٔ موضوعیت ۔

Subjectivistic : (a) داخلیت پسندانہ ۔

Subjectivity : (n) (۱) داخلیت ؛ داخلی رنگ ۔ (۲) وجود داخلی ۔ (۳) موضوعی امر یا دماغی خاکہ پر مبنی ہونے کی حالت یا صفت ۔ (۴) احساس کا شعور ؛ شعور ۔

Subjectivization : (n) موضوعی یا داخلی بنانا ۔

Subjectivize : (v) موضوعی یا داخلی بنانا ۔

Subjectivo- : جزو ترکیبی بمعنی "موضوعی" ؛ "داخلی" ۔

Subjectless : (a) بے موضوع ؛ بلارعیت ۔

Subjectship : (n) محکومی ۔

Subjoin : (n) [L. 'Subjungere'.] (۱) ضمیمے کے طور پر بڑھا دینا ؛ آخر میں لگا دینا (عبارت ، نقشہ وغیرہ) ؛ عبارت کے نیچے اضافہ کرنا ؛ صفحہ کے نیچے نوٹ دینا ۔ (۲) پہلو بہ پہلو رکھنا ؛ ضمیمہ کے طور پر اضافہ کرنا ۔

Subjoinder : (n) زائد رائے ۔

Subjoint : (n) مفصل ثانوی ۔

Subjugable : (a) تسخیر پذیر ۔

Subjugate : (v) [L. 'Subjugare'.] (۱) مغلوب کرنا ؛ محکوم بنانا ؛ زیر کرنا ؛ مطیع بنانا ۔ (۲) (مجازاً) قابو میں لانا ؛ تابع بنانا ؛ ماتحت بنانا ۔

Succinite : (n) کہربائی رنگ کا دانہ دار تامڑا ۔

Succino- : (n) جزو ترکیبی بمعنی "عنبر" ؛ "کہربا" ۔

Succinol : (n) صاف کیا ہوا کہربائی روغن قیر جو جلدی امراض میں استعمال ہوتا ہے ۔

Succinum : (n) [L.] عنبر ؛ کہربا ۔

Succinyl : (n) عنبری ترشہ کا اصلیہ ۔

Succinylic : (a) دیکھو Succinic

Succise : (a) [L. 'Succisus'.] (نباتیات) ابتر ؛ بریدہ ؛ ایسی شکل کا گویا نیچے سے کاٹ دیا گیا ہو ۔

Succivorous : (a) رس خور ۔

Succor : (n) [ME. 'Succur'.] (۱) دستگیری ؛ مدد ؛ اعانت ۔ (۲) کمک ؛ امدادی فوج ۔ (۳) جائے پناہ ؛ پناہ گاہ ۔

Succor : (v) (۱) (آڑے وقت پر) مدد کرنا ؛ دستگیری کرنا ۔ (۲) کمک پہنچانا ۔ (۳) پناہ دینا ۔ (۴) (بحری) مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ۔

Succorance : (n) (۱) دیکھو Dependence ۔ (۲) پرورش پر انحصار ۔

Succorrhea/ Succorrhoea : (n) حد سے زیادہ رساؤ یا افراز ۔

Succory : (n) کاسنی ۔

Succotash : (n) [Narragansett. 'Msiquatosh'.] شمالی امریکی انڈین کا ایک قسم کا کھانا جو سبز مکئی اور سیم کو ایک ساتھ ابال کر بناتے ہیں ۔

Succour : (n) [ME. 'sucurs', 'Suc(o)urs'.] دیکھو Succor

Succcour : (v) دیکھو Succor

Succourable : (a) مددگار ؛ اعانت کرنے والا ۔

Succourless : (n) بے کس ؛ بے مددگار ؛ بے یار و ناصر ۔

Succuba : (n) [late L. 'Succubare'.] (۱) سقوبا ؛ بھوگ پری ؛ وہ پریت جو عورت کی شکل اختیار کر کے سوئے ہوئے شخص کے ساتھ ہم بستر ہوتی ہے ۔ (۲) بھوت ؛ پریت ؛ عفریت ۔

Succubous : (a) جس کے ہر پتے کا بالائی کنارہ دوسرے پتے کے زیریں کنارے سے چھپا ہو ۔

Succubus : (n) [mod. L.] دیکھو Succuba

Succulence : (n) (۱) رسیلا پن ؛ رس دار ہونا ؛ پر لطف ہونا ؛ پر معنی ہونا ۔ (۲) رس دار حصہ ۔ (۳) سبز چارا وغیرہ ۔

Succulency : (n) دیکھو Succulence

Succulent : (a) [L. 'Succulentus'.] (۱) رس دار ؛ رسیلا ؛ شیرہ دار ۔ (۲) (مجازاً) پر لطف ؛ پُر معنی ؛ دلچسپ ۔

Succulent : (n) (۱)رس دار پودا ۔ (۲) (جمع) سبز چارا ؛ رس دار چیز ۔

Succulent feed : (n) سبز چارا ؛ رس دار چیز ۔

Succulently : (adv.) (۱) رس دار چیزوں سے ۔ (۲) پُر معنی طور پر ؛ پُر لطف طور پر ۔

Succulometer : (n) رطوبت پیما (سبزی وغیرہ کی) ۔

Succumb : (v) [Fr. 'Succumber' or L. 'Succumbere'.] (۱) مغلوب ہو جانا ؛ شکست کھا جانا ؛ ہتھیار ڈال دینا ؛ بالکل دب جانا ۔ (۲) مرنا ؛ (کسی خاص مرض کا) شکار ہونا ؛ نذر ہونا (مرض کے) ۔

Succursal : (a) [Fr. 'Succersale'.] رعی ؛ ذیلی ؛ معاون ؛ زائد ۔

Succursal : (n) یلی ادارہ ؛ شعبہ ؛ شاخ ۔

Succursale : (n) بکھو Succursal

Succus : (n) [L.] ۱) رس ۔ (۲) غدود کا رس ۔

Succus : (v) ر سے ہلانا ؛ جھنجھوڑنا ۔

Succus entericus : (n) ضم رس (جو چھوٹی آنت کے اندر خارج ہوتا) ۔

Succussion : (n) [L. 'Succussio'.]) زور سے ہلانا ؛ جھنجھوڑنا ۔

(۲) (طب) انتفاخ الصدر کی تشخیص کا ایک طریقہ جس میں سینے کو جھنجھوڑا جاتا ھے۔

Such : (a) [OE. 'Swilc, Sweic'.] (۱) ایسا : اس طرح کا : اس قسم کا ۔ (۲) اتنا زیادہ : اتنا سخت یا شدید : اتنا : اس قدر : اس درجے کا ۔ (۳) (کبھی کبھی لازم و ملزوم کے لئے دوبارہ آتا ھے) جیسا ویسا ۔ (۴) (قانون یا رسمی تحریر میں) مندرجہ بالا : مذکورہ بالا قسم کا ۔ (۵) (فجائیہ کے معنی میں) بڑا عمدہ : اعلیٰ درجے کا : غضب کا : قیامت کا ۔ (۶) ایسا یا اس قسم کا کہ : اتنا زیادہ کہ ۔ (۷)فلاں فلاں قسم کا : ایسا ویسا ۔

All such : اس قسم کے سب لوگ ۔

As such : (۱) اس حیثیت سے (جس کا ذکر ہو چکا ھے) ۔ (۲) اس لئے : پس : لہٰذا : نتیجتاً ۔ (۳) بجائے خود : بہ نفسہ ۔

No such : اس قسم کا کوئی نہیں ۔

No such thing : اس طرح کی کوئی چیز نہیں ۔

Such an one/ Such a one : کوئی شخص : فلاں شخص ۔

Such as one or it is : جیسا کہ وہ ھے ۔

There is such a thing as : یہ بات بھی ھے : اس کو بھی خیال میں رکھنا ۔

Such : (Pron.) (۱) وہ لوگ ۔ (۲) یہ : یہ بات ۔ (۳) (سوقیانہ یا کاروباری زبان) وہ : اسے : انہیں ۔ (۴) ایسے لوگ : ایک طرح کے لوگ ۔ (۵) ایسی (چیز) ۔

And such : اس قسم کا : اس قسم کی ۔

Many (more) some, all, every such : اس قسم کی سبھی، کچھ ، بہت سی (چیزیں یا آدمی) ۔

None such : اس قسم کا کوئی نہیں ۔

Such : (adv.) (۱) اس حد تک : اتنا : اس قدر ۔ (۲) خصوصاً : خاص کر ۔ (۳) اس طرح کہ ۔

Such kind of : اس قسم کی : اس طرح کی ۔

Such like / Such-like : (a) فلاں قسم کا : اس قسم کا ۔

Such-like/ Suchlike : (Pron.) اس قسم کی چیزیں یا باتیں : اس قسم کے اشخاص ۔

Such and such : (Pron. & a) فلاں : کوئی ۔

Such another / Another such : اس طرح کی دوسری یا دوسرا (چیز یا شخص) ۔

Such is life : کیا قسمت ھے ۔

Such time as : (adv.) جیسے ہی : اسی لمحہ ۔

Suchness : (n) (۱) کیفیت ۔ (۲) (بودھ مذہب) حقیقت ۔

Suck : (n) (۱) (پستان یا تھن سے) دودھ پینا ۔ (۲) چوسنا : سڑکنا : کھینچنا ۔ (۳) چسکی : چھوٹا گھونٹ : جرعہ ۔ (۳) وہسکی : چھوٹا گھونٹ : جرعہ ۔ (۴) ہوا کو کھینچنا : ہوا کا جھونکا ۔ (۵) (بھنور کا) اندر کھینچ لینا : کشش : بھنور کے اندر کھینچنے کی آواز : بھنور کا مقام ۔ (۶) (عام) دھوکا : ناکامی ۔ (۷) (عام) مٹھائی ۔ (۸) خوشامدی شخص : کاسہ لیس ۔

At suck : دودھ پیتے ہوئے : چوستے ہوئے۔

To give suck : دودھ پلانا ۔

Suck : (v) [OE. 'Sucan'.] (۱) (پستان یا تھن سے) دودھ پینا ۔ (۲) چوسنا : چوس لینا ۔ (۳) ست نکال لینا : نچوڑ لینا (۴) منہ میں رکھ کر چوسنا : ہونٹوں سے چاٹنا ۔ (۵) جذب کرنا :سوکنا ۔ (۶) (بھنور وغیرہ کا کسی کو) ہڑپ کر جانا : ڈبو دینا : غرق کر دینا ۔ (۷) سڑکنا : کھینچنا :سُرسُر کرنا ۔ (۸) چسکی لگانا : ہونٹ لگا کر ذرا ذرا پینا ۔ (۹) (مجازاً) حاصل کرنا : فائدہ اٹھانا : گھول کر پی جانا ۔ (۱۰) (ماں کی صفتیں وغیرہ) اخذ کر لینا ۔ (۱۱) (پانی ، ہوا وغیرہ) کھینچنا (کسی خاص سمت میں) ۔ (۱۲) زبان اور ہونٹ کا اندرونی حصہ لگا کر دانت میں پھنسے کھانے کے ٹکڑے کو نکالنا ۔ (۱۳)(پیسے ، اطلاع وغیرہ) نکال لینا : نچوڑ لینا : کھوکھلا کر دینا ۔ (۱۴) دودھ دینا یا پلانا ۔ (۱۵)کھینچنا : کش لگانا ۔ (۱۶) (پمپ کا) پانی کی بجائے ہوا کھینچنا (پانی ختم ہو جانے یا کھلمندن کے نقص کی وجہ سے) ۔ (۱۷) خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا ۔ (۱۸) (لہروں کا) ساحل سے ٹکرا کر کیچڑ وغیرہ بہا لے جانا ۔

To give suck : دودھ پلانا ۔

To suck a person's brain : دیکھو Brain

To suck dry : (۱) بالکل چوس ڈالنا ؛ اتنا چوسنا کہ ایک قطرہ باقی نہ رہے ۔ (۲) (مجازاً) ختم کر دینا ۔

To suck one's brain : دوسرے سے دماغی محنت لے کر خود فائدہ اٹھانا ۔

To suck the blood of : نچوڑ لینا ؛ کھوکھلا کر دینا ؛ خون چوس لینا ؛ جان لے لینا ۔

To suck the monkey : دیکھو Monkey

To teach one's grandmother to cuck egg : بڑوں کو عقل سکھانا ۔

Suck- : مختلف مرکب الفاظ کے ساتھ بطور جزو ترکیبی استعمال ہوتا ہے ۔

Suck : دیکھو Sock

Suck-(a)-thumb : (n) بچہ جو انگوٹھا چوستا رہتا ہو ۔

Suck-bottle : (n) دودھ دانی ؛ بچوں کو دودھ پلانے کی بوتل ۔

Suck-egg : (n) (۱) وہ جانور یا پرندہ (مثلاً نیولا ، کوئل وغیرہ) جو انڈے چوس جاتا ہے ۔ (۲) (مجازاً) حریص شخص ۔ (۳)نوجوان آدمی ۔ (۳) بیوقوف شخص ؛ قابل نفرت آدمی ۔

Suck fly : (n) تمباکو کے پودے کا ایک کیڑا ۔

Suck in : (v) (۱) چوسنا ؛ منہ میں کھینچنا ؛ سانس لینا ۔ (۲)(ماں کی صفتیں) اخذ کر لینا ۔ (۳) جذب کرنا ؛ سوکنا ۔ (۳)دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ۔

Suck-in : (n) دھوکا ؛ فریب ۔

Suck out : (v) چوس کر نکالنا ؛ چوس لینا ۔

Suck up : (v) (۱) چوسنا ؛ چوس کر نکالنا ۔ (۲) سوکنا ؛ جذب کرنا ۔ (۳) (مدرسے کے لڑکوں کی اصطلاح) ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا ۔

Sucken : (n) (۱) کارخانے کے علاقے میں رہنے والے کام کرنے والوں کا فرض اور ذمہ داری ۔ (۲) کارخانے کی زمین ؛ کارخانے کی زمین پر بسنے والی آبادی ۔ (۳) تعلقداروں یا زمینداروں کے کارندے کا حلقۂ عمل ۔ (۳) حلقۂ تجارت ؛ میدان عمل ۔

Sucken : (a) اس شخص سے متعلق جو کسی کارخانے میں اناج پسوانے کے لئے مجبور ہو ۔

Suckener : (n) وہ شخص جو کسی خاص کارخانے میں اناج پسوانے کے لئے مجبور ہو ۔

Suckeny : (n) [OFr. 'Souscanie'.] ایک قسم کی زنانہ قمیص ۔

Sucker : (n) (۱) چوسنے والا ۔ (۲) سور یا وہیل کا چھوٹا بچہ ۔ (۳) (عام) کچا ؛ خام کار ؛ ناتجربہ کار آدمی ۔ (۴)مرشافی مچھلی ؛ چوسنے والی مچھلی ۔ (۵) چپکنے والی مچھلی ۔ (٦) پانی کھینچنے والی پچکاری کا فشارہ ۔ (۷) جانوروں کا دودھ دوہنے کی نلی ؛ مرشاف ۔ (۸) چوسنے کی نلی ۔(۹) سکر ۔ (۱۰) (نباتیات) زیر بچہ ؛ وہ شاخ یا کونپل جو تنے کے زیر زمین حصے سے یا جڑ کے کسی اور حصے سے یا غیر معمولی صورتوں میں دوسری شاخ سے پھوٹ آتی ہے ۔ (۱۱) (امریکی عامیانہ) مفت خور؛ طفیلی ۔ (۱۲) (حیوانیات) ماصّہ ؛ عضوممتّن۔ (۱۳) ریاست الی نائیس (Illinois) کا باشندہ ۔ (۱۴) آتش دان کے اوپر کا کلاہ دود کش ۔ (۱۵)ہوا جانے کا راستہ جس میں کھلمندن لگا رہتا ہے ؛ ہوا کے بہاؤ کو منضبط کرنے والا کھلمندن ۔ (۱٦)(نباتیات) جرعہ ؛ جاذبۂ برنبات ۔ (۱۷) وہ عضو یا حصہ جس کے ذریعہ کوئی چیز پکڑی جاتی ہے ۔ (۱۸)ایک قسم کا کھلونا (جو گول چمڑے کا بنا ہوتا ہے اور اس کے بیچ میں ڈوری لگی رہتی ہے جسے بھگاکر کسی ٹھوس سطح پر رکھنے سے اس سے چپک جاتا ہے)۔ (۱۹) سادہ لوح شخص ؛ خصوصاً جواریوں کا ہدف ۔ (۲۰) وہ شخص جو کسی خاص قسم کی چیز کا گرویدہ ہو جاتا ہے ۔ (۲۱) وہ شخص جو عادتاً سرکس ، قمارخانہ وغیرہ جاتا ہے ۔

Sucker : (v) (۱) (تمباکو یا مکئی کے پودوں سے) فاضل شاخوں کو ہٹانا ؛ زیر بچے چھانٹنا ۔ (۲) بے وقوف بنانا ؛ ٹھگنا ؛ دھوکا دینا ۔ (۳) زیر بچے اگنا ؛ پھوٹنا ۔

Sucker-bait : (n) لالچ (مثلاً آسانی سے روپے دلانے کی) جو ٹھگ لوگوں کو دیتا ہے ۔

Sucker-cup : (n) ماصّہ کا کام کرنے والا ؛ پیالہ نما عضو ۔

Sucker-fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۲) چوسنے والی مچھلی ۔

Sucker-foot : (n) ماصّہ کا کام کرنے والا پیر ۔

Sucker list : (n) ان اشخاص کا نام ، پتہ ، ٹیلیفون نمبر وغیرہ جو خریدار یا چندہ دہندہ ہو سکتے ہیں اور جن کے پاس اشتہارات وغیرہ بھیجے جا سکتے ہیں ۔

Sucker rod : (n) پچکاری کی سلاخ ۔

Suckered : (a) ماصّہ دار ۔

Suckhole : (n) (۱) گرداب ۔ (۲) ریگ رواں خطہ : دلدلی خطہ ۔

Sucking : (n) چوسنا : چوس : چوساؤ ۔

Sucking : (a) (۱) شیرخوار : دودھ پیتا ۔ (۲) (جانور یا پرند کا بچہ)۔ (۳) (مجازاً) نیا نیا : نا تجربہ کار ۔ (۴) کھینچنے والا ۔

Sucking-cushion/ -pad : (n) گوشت دار چربی کا لوتھڑا جو رافعۂ فك اور رخساری غضلہ کے بیرونی سطح کے درمیان ہوتا ہے۔

Sucking fish : (n) (۱) چوسنے والی مچھلی ۔ (۲) چپکنے والی مچھلی ۔

Sucking pig : (n) (۱) سور کا چھوٹا بچہ ۔ (۲) چھوٹا دودھ پیتا سور کا بچہ جسے مسلّم بھونتے ہیں ۔

Sucking-pump : (n) چوس پمپ ۔

Sucking-tube : (n) نلکی جس کے ذریعہ چیز چوسی یا سڑکی جاتی ہے ۔

Sucking-wound : (n) سینے کا سوراخ دار زخم جس کے ذریعہ سانس کے ساتھ ہوا اندر باہر ہوتی ہے ۔

Suckle : (v) [Back-formation from Suckling.] (۱) دودھ پلانا (چھاتی سے) ۔ (۲) (مجازاً) (کسی چیز پر) پرورش کرنا ۔

Suckle : (n) دیکھو Honeysuckle

Suckler : (n) دودھ پیتا بچہ (خصوصاً جانور کا) ۔

Suckler : (n) تپتیا گھاس کا پھول ۔

Suckling : (n) (۱) شیر خوار بچہ : دودھ پیتا بچہ ۔ (۲) جانور کا دودھ پیتا بچہ ۔

Suckling : (n) (۱) تپتیا گھاس ۔ (۲) دیکھو Homneysuckle ۔

Suclat : (n) [Pers. 'Saqatat'.] مختلف قسم کے اونی کپڑے ۔

Sucrate : (n) [Fr.] شکر کے ساتھ کسی چیز کا مرکب ۔

Sucre : (n) [f. name of Antonio Jose de sucre, a S. American patriot.] اکواڈور (Ecucador) کا نقرئی سکہ ۔

Sucrier : (n) [Fr.] ڈھکن دار شکردان ۔

Sucro-/ Sucrr : جزو ترکیبی بمعنی "شکر" ۔

Sucrose : (n) [Fr. 'Sucre' + -ose.] شکر (گنے کی یا اسی ترکیب اور خاصیت کی) ($C_{12}H_{22}O_{11}$) ۔

Suction : (n) [late L. 'Suctio'.] (۱) چوسنا : چوساؤ : چوس ۔ (۲) کھینچنا (پانی وغیرہ پچکاری سے) : آب کشی : کشش آب : کشش ہوا ۔ (۳) Suction-pipe کا مخفف ۔

Suction: (v) جسم کے کسی جوف یا نلی سے چوس کر نکالنا ۔

Suction box : (n) آب کشی یا کھینچنے والی پچکاری کا خزانہ ۔

Suction chamber : (n) دیکھو Suction box

Suction cleaner : (n) گرد کش : آلہ جو ہوا کے ساتھ گرد کو بھی کھینچ لیتا ہے : خلائی گردش : ویکیوم کلینر ۔

Suction degree : (n) دریا یا سمندر کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالنے کی مشین ۔

Suction-fan : (n) مشین جس کے ذریعے کشش ہوا سے غلے سے بھوسا الگ کیا جاتا ہے : بھوسا اُڑاؤ : چوس پنکھا ۔

Suction force : (n) چوس دباؤ ۔

Suction pipe : (n) (۱) آب کش یا کھینچنے والی پچکاری کی نلی : آب کشی کا نل : چوس نل ۔ (۲) سن کے ریشے سے گرد نکالنے کی نلی ۔

Suction plate : (n) اوپر کے مصنوعی دانتوں کی پلیٹ جو کشش ہوا کے ذریعے تالو سے چپکی رہتی ہے : چپك پلیٹ ۔

Suction pressure : (n) دیکھو Suction force

Suction pump : (n) آب کش : کشش ہوا سے پانی کھینچنے والی پچکاری : آب کشی کا پمپ ۔

Suction stop : (n) بعض جنوبی افریقی زبان میں ٹك یا ٹغ کی آواز ۔

Suction sweeper : (n) دیکھو Suction cleaner

Suction tension : (n) دیکھو Suction pressure

Suction valve : (n) ہوا کش صمام ۔

Suctoria : (n) [L. 'Suctorius'.] مصتاصان : مرکب حیوانات ابتدائی کی ایك جنس ۔

Suctorial : (a) (حیوانیات) چوسنے والا یا والی ؛ سکردار ؛ مکندہ ۔ (مچھلی) چسنی دار ؛ مصاصی ۔

Suctorian : (n) مدور دہان مچھلی ۔

Sudadero : (n) [Sp.] رکاب کی پٹی میں لگا چوڑا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا جو گھڑ سوار کو پسینے سے بچاتا ھے ۔

Sudamina : (n) [mod. L.'Sudamen'.] (مرضیات) چھوٹا سفید آبلہ یا پھنسی جو بعض بخار میں حد سے زیادہ پسینے آنے کے بعد جلد کی بالائی تہ میں پسینہ جمع ھو جانے سے نکل آتا ھے ؛ الائیاں ؛ ذحنیہ ۔

Sudaminal : (a) (مرضیات) الائیوں سے متعلق ۔

Sudan : (n) دیکھو Soudan

Sudan gun : (n) صمغ عربی ۔

Sudanese : (a) دیکھو Soudanese

Sudani : (a) سوڈانی ۔

Sudani : (n) (۱) سوڈانی باشندہ ۔ (۲) سوڈانی زبان ۔

Sudanic : (a) سوڈانی ۔

Sudarium : (n) [L.] (۱) رومال ۔ (۲) سنٹ ویرونیکا کا رومال جس پر معجزے کے ذریعے مسیح کی تصویر اتر آئی تھی ۔ (۲)حضرت عیسیٰ کی کوئی تصویر جو معجزے کے ذریعے بنی ھو ۔ (۳) وہ رومال جو حضرت عیسیٰ اپنے سر پر لپیٹتے تھے ۔ (۵) دیکھو Sudatorium ۔

Sudary : (n) [L. 'Sudarium'.] (۱) رومال جس سے پسینہ یا آنسو پوچھتے ہیں ؛ ایسا رومال جو کسی بزرگ کی نشانی کے طور پر مقدس سمجھا جائے ۔ (۲) رومال جو حضرت عیسیٰ کے سر پر لپیٹا گیا تھا (تدفین کے وقت) (عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق) ؛ کفن ۔ (۳) ایک جھالردار ریشمی رسمی لباس ۔

Sudatorium : (n) [L.] گرمابہ ؛ گرم حمام ؛ (رومی حمام میں) گرم کمرا جس میں جانے سے پسینہ آتا ھے ؛ عرق خانہ ۔

Sudatory : (a) [L. 'Sudatorius'.] عرق آور ؛ پسینہ لانے والی ؛ معرق ۔

Sudatory : (n) گرم حمام ؛ عرق خانہ ۔

Sudd/ Sadd : (n) [Arab. 'Sudd'.] (۱) سد ؛ سدنیل ؛ بہتے ھوئے درخت اور پودے وغیرہ جن کے باعث نیل ابیض میں جہاز رانی میں رکاوٹ ھوتی ھے ۔ (۲) (مجازاً) عارضی بند (دریا پر) ۔

Sudden : (a) [ME. 'Soden'.] اچانک ؛ بے سان و گمان ؛ ناگہانی ؛ فوری ؛ نہایت تیز ؛ بہت جلدی کا ۔

Sudden : (n) جس کے حرکات اور افعال فوری ھوں ؛ ایک دم سے کام کرنے والا ۔

All of a sudden / All on a sudden : یکایک ؛ ناگہانی ؛ ایک دم سے ۔

Sudden : (adv.) یکایک ؛ اچانک طور پر ؛ ایکدم سے ۔

Sudden death : (n) (۱) اچانک موت ؛ ناگہاں موت ۔ (۲) پیسے کو ایک ہی بار پھینک کر یا نچا کر جوئے کا فیصلہ کرنا ؛ چٹ پٹ فیصلہ ۔ (۲) فیصلہ کن کھیل ؛ ایک ہی گیم پر فیصلہ۔ (۳)لونگ کے پودوں کی ایک بیماری ۔

Suddenly : (adv.) دیکھو Sudden

Suddenness : (n) اچانک ھونا ؛ فوری ھونا ۔

Sudder : (a) [Arab. 'Sadr'.] صدر ۔

Sudder : (n) صدر عدالت ۔

Suddle : (n & v) دیکھو Soil یا Stein

Suddy : (a) جھاگ دار ؛ کف دار ۔

Sudomotor : (a) پسینہ آور ؛ پسینے کے غدود کے عمل کو منضبط کرنے والا ۔

Sudoresis : (n) پسینہ نکلنا ؛ عرق ریزی ۔

Sudoriferous : (a) (۱) عرق آور ؛ پسینہ پیدا کرنے والا ؛ معرق ۔ (۲) دیکھو Sudolofeorus ۔

Sudoriferous glands : (n) پسینہ ریز غدود ۔

Sudorific : (a) [mod. L. 'Sudorificus'.] (۱) پسینہ لانے والی ؛ عرق آور ؛ معرق ۔ (۲) پسینے کا ؛ پسینے سے متعلق ۔

Sudorific : (n) معرق دوا ؛ پسینہ آور دوا۔

Sudoriparous : (a) (۱) پسینہ نکالنے والا ۔ (۲) عرق ریزی یا پسینے

کے غدود سے متعلق۔

Sudra : (n) [Skr. 'Cudra'.] شودر : ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے سب سے ادنیٰ ذات۔

Suds : (n) [MDu. 'Sudde', Sudse'.] (۱) آب صابونی : صابن کا محلول (خصوصاً گرم) کپڑے دھونے کے لئے۔ (۲) صابن کا پھین یا جھاگ : کف صابون۔ (۳) جھاگ : پھین۔

In the suds : (۱) مشکلات میں۔ (۲) آب صابونی میں۔ (۳) منہ پھلا کر۔

Suds : (v) (کپڑا) آب صابونی میں دھونا : جھاگ یا پھین بنانا۔

Sudsy : (a) دیکھو Suddy

Sue : (v) [AFr. 'Suer, Siwer, Sure'.] (۱) نالش کرنا : استغاثہ کرنا : دعویٰ کرنا : مقدمہ چلانا۔ (۲) درخواست دینا : عرضی دینا (عدالت میں) التجا کرنا : درخواست کرنا (خصوصاً شادی کی)۔

To sue, sue out, sue forth (one's) livery : دیکھو Livery

Sue out : (v) (عدالت سے) حاصل کرنا : نافذ کرانا۔

Suede : (n) [Fr.] (۱) بکری کے بچے کی بن کھلائی کھال (جس کے استانی ، سلیپر وغیرہ بنتے ہیں)۔ (۲) ایک قسم کا کپڑا جو دیکھنے میں سویڈ کی معلوم ہوتا ھے۔ (۳) ہلکا بھورا رنگ۔

Suede : (v) سویڈ کی طرح بنانا۔

Suent : (a) [ME. 'Suaunt'.] (۱) چکنا : مسطح۔ (۲) مساوی : ہموار : خوشگوار۔ (۳) حلیم : مطمئن : خاموش : سلیم الطبع : سنجیدہ : متین۔

Suent : (adv.) مسطح طور پر : سنجیدگی سے : متانت کے ساتھ۔

Suently : (adv.) مسطح طور پر : مساویانہ : سنجیدگی کے ساتھ : متانت سے۔

Suer : (n) نالش کرنے والا : مقدمہ کرنے والا۔

Suerte : (n) [Sp.] سانڈ کے ساتھ لڑائی میں ایک چال یا وار۔

Suet : (n) [AFr. 'Sewet'.] گردے کی چربی : شحم الکلیہ۔

Suet face : (n) زردی مائل دبیز چہرہ۔

Suet pudding : (n) پڈنگ جو چربی کے ٹکڑوں ، آٹا ، کشمش ، مسالا وغیرہ سے بنتی ھے۔

Suety : (a) (۱) چربی جیسا : شحمی۔ (۲) چربی دار : چربی میں بنا ہوا۔ (۳) (مجازاً) زرد رو۔

Sueve : (n) [L. 'Suevus'.] رومن سوسائٹی (Roman sueve) نامی جرمانی قبیلوں کی وفاق سے متعلق۔

Suevian : (a) [L. 'Suevus'.] دیکھو Sueve

Suevian : (n) روس سوئیٹی نامی جرمانی قبیلوں کا کوئی فرد۔

Suez : (a) سوئیز کا یا اس سے متعلق : شہر کا نام۔

Suffect : (a) [L. 'Suffectus'.] (قدیم روما) اضافی قونصل جو منتخب ہوتے تھے۔

Suffect : (n) اضافی قونصل۔

Suffer : (v) [ME. 'Suffre, Soffre'.] (۱) سہنا : جھیلنا : برداشت کرنا : اٹھانا (تکلیف ، مصیبت ، نقصان وغیرہ)۔ (۲) مصیبت میں ہونا : مصیبت اٹھانا : اذیت پانا : صدمہ اٹھانا : تکلیف اٹھانا : نقصان اٹھانا : ٹوٹ جانا : بے کار ہو جانا۔ (۳) مجرم کا سزائے قتل پانا : گردن ماری جانا: پھانسی ہونا۔ (۴) (کرنے کی) اجازت دینا : ہونے دینا : گوارا کرنا : برداشت کرنا : جائز رکھنا۔

Sufferable : (a) جائز : جو گوارا کیا جا سکے : قابل برداشت۔

Sufferance : (n) [AFr. 'Suffraunce', 'Suffraunce'.] (۱) صبر : تحمل : برداشت۔ (۲) تکلیف : اذیت : مصیبت۔ (۳) مرضی : منشا (جو خاموش رہنے یا اعتراض نہ کرنے سے ظاہر ہو)۔ (۴) رعیت کے معاہدہ کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی مالک کی اجازت کے بغیر ملکیت پر قبضہ رکھنا۔

Bill or sufferance : جہاز پر مال لادنے اور اتارنے کا لائسنس۔

On, upon sufferance : بغیر صریح اجازت کے : محض مروت یا چشم پوشی کی بنا پر۔

Sufferancs goods : (n) مال جو لائسنس کے تحت لادا یا اتارا جائے۔

Sufferance quay/ -wharf : (n) وہ گھاٹ جس پر مال صرف لائسنس کے تحت چڑھایا یا اتارا جا سکتا ھے۔

Sufferer : (n) مصیبت اٹھانے والا ؛ مصیبت زدہ ؛ نقصان اٹھانے والا ؛ مقتول ؛ شہید ۔

Suffering : (n) (۱) مصیبت سہنا ؛ اذیت پانا ؛ سہنا ۔ (۲) تکلیف ؛ اذیت ؛ مصیبت ؛ رنج و محن ۔

Suffering : (a) (۱) مصیبت اٹھانے والا ؛ سہنے والا ۔ (۲) بیمار ۔

Suffete : (n) [L. 'Suffes, Suffet-'.] قدیم کارتھیج کے دو چیف مجسٹریٹوں میں سے ایک چیف مجسٹریٹ ۔

Suffice : (v) [OFr. 'Suffire'.] (۱) کافی ہونا ؛ کفایت کرنا ۔ (۲) ضرورت کو پورا کرنا ؛ کافی ہونا (کسی شخص کے لئے) ۔

Sufficer : (n) کافی ہونے والا ؛ ضرورت کو پورا کرنے والا ۔

Sufficience : (n) [OFr. or, late L. 'Sufficientia'.] کافی ہونا ۔

Sufficiency : (n) [late L. 'Sufficientia'.] (۱) کافی ہونا ۔ (۲)کافی مقدار یا تعداد ۔ (۳) (قدیم) لیاقت ؛ قابلیت ؛ استعداد ۔ (۴) آسودگی ؛ فراغت ؛ خوش حالی ۔

Sufficient : (a) (۱) کافی ؛ وافی ۔ (۲) (قدیم) لائق ؛ قابل ۔

Sufficient : (n) کافی مقدار ؛ معقول مقدار ، تعداد یا ذریعہ ۔

Sufficient condition : (n) معقول شرط ۔

Sufficient grace : (n) دیکھو Grace

Sufficient reason : (n) (فلسفہ) سبب مکتفی ؛ یہ اصول کہ کوئی چیز بلا سبب نہیں ہوتی ھے ۔

Sufficiently : (adv.) کافی طور پر ۔

Sufficientness : (n) دیکھو Sufficiency

Sufficing : (a) کافی ؛ وافی ۔

Sufficingly : (adv.) کافی طور پر ۔

Sufficingness : (n) دیکھو Sufficiency

Suffix : (n) [mod. L. 'Suffixum'.] (۱) (قواعد) لاحقہ ۔ (۲) (ریاضیات) کمتر قوت نما جو علامت ریاضی کے دائیں جانب لکھا جاتا ھے ۔

Suffix : (v) (۱) (الفاظ بنانے میں) لاحقے کے طور پر لگانا ؛ لاحق کرنا (حرف یا بول) ۔ (۲) کمتر قوت نما لکھنا ۔

Suffixal : (a) لاحقہ سے متعلق ۔

Suffixation : (n) لاحقہ لگانا ۔

Suffixed : (a) لاحقہ کے طور پر استعمال کیا ھوا ۔

Suffixial : (a) دیکھو Suffixal

Suffixion : (n) لاحقہ لگانا یا لگایا جانا ۔

Suffixment : (n) بطور لاحقہ استعمال ۔

Sufflue : (n) [Origin unkn.] (نقابت) نر سنگا سے مشابہ ایک مارکہ ۔

Suffocate : (v) [L. 'Suffocare'.] (۱) گلا گھونٹنا ؛ دم گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۲) سانس روک دینا ؛ گلو گرفتہ کر دینا ؛ (جوش ، غم وغیرہ سے) گلو گیر ھونا ؛ بے قابو کر دینا ؛ بجھا دینا ۔ (۳) دم گھٹنا ؛ دم چڑھ جانا ۔

Suffocating : (n) خانق ؛ گلوگیر ۔

Suffocatingly : (adv.) اس طرح یا اس حد تک کہ دم گھٹ جائے ۔

Suffocation : (n) (۱) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ (۲)گھمس؛ سخت حبس ۔ (۳) خناق ؛ اختناق ۔

Suffocative : (a) خانق ؛ دم گھونٹنے والا ؛ گلا گھونٹنے والا ۔

Suffocative catarrh : (n) خانق نزلہ ۔

Suffolk : (n) مشرقی انگلیا (East Anglia) کے ایک ضلع کا نام ۔

Suffoilk coprolite : (n) ایک قسم کا فاسفیٹی متحجر براز جو سفک میں پایا جاتا ھے ۔

Suffolk crag : (n) سفک کا طبقۂ جدید تر ۔

Suffolk punch : (n) سفک میں پایا جانے والا چھوٹا مگر مضبوط گھوڑا ۔

Suffragan : (n) [AFr. OFr.] (۱) نائب اسقف ؛ مددگار اسقف ۔ (۲) (اسقف اعظم کے مقابلے میں) اسقف ۔

Suffragan : (a) (۱) نائب اسقف سے متعلق یا نائب اسقف کا ۔ (۲) اسقف اعظم کے حلقے کا ضمنی حلقہ ۔

Suffraganship : (n) نائب اسقف کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Suffrage : (n) [L. 'Suffragium'.] (۱) (قدیم) دعائی شفاعت : دعا جو شفاعت یا بخشش کے لئے پڑھی جائے ۔ (۲) چھوٹی سی دعا یا مناجات (جو گرجے میں حاضرین پادری کی دعا کے جواب میں پڑھتے ہیں) ۔ (۳) رائے : ووٹ ۔ (۴) منظوری : رضامندی ۔ (۵) عام منظوری : اتفاق رائے۔ (۶) احتمال رائے یا ووٹ ۔ (۷) رائے دہندگی : ووٹ دینا ۔ (۸) حق رائے دہندگی ۔ (۹) (مجازاً) تائید (ایک چیز کی دوسرے کے مقابلے میں) : ترجیح ۔

Adult suffrage : بالغوں کی عام رائے دہندگی ۔

Universal suffrage : مرد عورت کی عام رائے دہندگی ۔

Suffragette : (n) عورتوں کی حق رائے دہندگی کی خواستگار عورت ۔

Suffragism : (n) توسیع رائے دہندگی (خصوصاً عورتوں تک) ۔

Suffragist : (n) (عورتوں کے لئے) توسیع رائے دہندگی کا حامی : حامیٔ حق انتخاب : وہ شخص جو حق رائے دہندگی کو اہم سمجھتا ہو (خصوصاً اس کی توسیع کو) ۔

Suffrago : (n) [L.] (تشریح) (چوپایوں اور پرندوں کے) ساق اور ٹانگ کے نچلے حصے کے اتصال پر واقع سم یا چنگل کا پچھلا حصہ ۔

Suffrutescent : (a) [Sub. + Frutescent.] (نباتیات) نرم چوب : جھاڑی مانند ۔

Suffrutex : (n) نیم جھاڑی : پودا جس کا نچلا حصہ چوبی ہوتا ہے اور اوپر جھاڑی کی طرح ہوتا ہے ۔

Suffruticose : (a) [mod. L. 'Suffruticosus'.] نیم جھاڑی نما ۔

Suffumigation : (n) زیری بھپارہ : دھونی : نیچے سے دھونی دینا ۔

Suffuse : (v) [L. 'Suffundere'.] (۱) (رنگ یا کسی قسم کی رطوبت کا کسی چیز پر) چھا جانا : دوڑ جانا : پھیل جانا ۔ (۲) (کوئی سیال شے کسی سطح پر) بہانا : ڈالنا ۔

Suffusedly : (adv.) پھیلتے ہوئے : چھاکر ۔

Suffusion : (n) (۱) چھا دینا ۔ (۲) چھا جانا : دوڑ جانا : انتشار ۔ (۳) رنگ : خصوصاً خون کی وجہ سے جلد کا ۔ (۴) چہرے کی سرخی (شرم وغیرہ کی وجہ سے) ۔

Sufi : (n) [Arab. 'Sufi'.] صوفی ۔

Sufic : (a) صوفیانہ : متصوفانہ ۔

Sufiism/ Sufism : (n) تصوف : صوفیت۔

Sufistic : (a) تصوف کا یا اس سے متعلق ۔

Sug- : دیکھو Sub (ان لاطینی الفاظ اور ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ہے جو "g" سے شروع ہوتے ہیں) ۔

Sugan/ Soogan/ Sougan/ Suggan : (n) [Irish. Gael. 'Sugar'.] (۱) ہاتھوں سے بٹا ہوا پیال وغیرہ کا رسا ۔ (۲) موٹی قسم کا کمبل جسے چرواہے استعمال کرتے ہیں ۔

Sugar : (n) [ME. 'Suker'.] (۱) شکر : قند : کھانڈ : بورا : چینی ۔ (۲) شیرینی : مٹھاس ۔ (۳) میٹھی باتیں : روغن قاز : چرب زبانی ۔ (۴) (عام) روپیہ : زر ۔ (۵) (کیمیا) شکر (ایک کیمیاوی مادہ جو حیوانات اور نباتات میں موجود ہے) ۔ (۶) شکر دانی ۔ (۷) شکر کی مقدار ۔

Acid (or essence) of sugar : آسکربک ایسڈ ۔

Beet sugar : شکر چقندر : چقندر سے بنائی ہوئی چینی ۔

Brown sugar : بھوری چینی ۔

Burnt sugar : جلی ہوئی چینی : سوختہ شکر ۔

Cane sugar : گنے سے بنی ہوئی شکر۔

Caramel sugar : شراب میں رنگ دینے کے لئے جلی ہوئی شکر : سوختہ شکر۔

Clarified sugar : صاف کی ہوئی چینی : شفاف شکر ۔

Crystal sugar : قلمی شکر ۔

Granulated sugar : دانہ دار شکر ۔

Lump sugar : شکر کی ڈلی ۔

Moist sugar : خام شکر۔

Preserving sugar : تحفظی شکر ۔

Raw sugar : خام شکر۔

Refined sugar : صاف شکر : تصفیہ شدہ شکر ۔

To be neither sugar nor salt/ Not to be made of sugar or salt : رطوبت سے خراب نہ ہونا ۔

Sugar : (v) (۱) شکر ڈالنا ؛ شکر سے میٹھا کرنا ؛ شکر لپیٹنا ۔ (۲) بیئر ، گوند وغیرہ ملا کر شکر درخت پر لگانا (پتنگوں کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۳) خوشگوار بنانا ؛ مرغوب بنانا ؛ پسندیدہ بنانا ۔ (۴) (کیمبرج یونیورسٹی میں کشتی چلانے میں) سستی سے کام کرنا ؛ محنت سے جی چرانا لیکن بظاہر زور لگا کر چپو چلانا ؛ بے دلی سے کام کرنا ؛ بیگار ٹالنا ۔ (۵) (عام) (مہذب لوگ "Damn" کی بجائے استعمال کرتے ہیں) ۔ (۶) شکر بنانا ۔ (۷) دانہ دار ہونا ؛ دانہ دانہ ہونا ؛ شیرے کو اس قدر کھولانا کہ دانہ دانہ ہونے لگے ۔

Sugar : (a) (۱) شکر سے بنا ہوا ۔ (۲) شکر کی مٹھاس رکھنے والا ؛ شیریں ۔ (۳) شکر سازی میں استعمال ہونے والا ۔ (۴) شکر کا دلدادہ ۔

Sugar almond : (n) شکر میں لپیٹا ہوا بادام ۔

Sugar ant : (n) میٹھی غذا کی دلدادہ چیونٹی ۔

Sugar bag : (n) (۱) جنگلی شہد کی مکھیوں کا چھتا ۔ (۲) جنگلی مدھو مکھی کا شہد ۔

Sugar-baker : (n) کچی شکر کو صاف کرنے والا ؛ شکر ساز ۔

Sugar basin : (n) شکر دانی ؛ شکر دان ۔

Sugar-beet : (n) چقندر شیریں ؛ چقندر جس سے شکر بنتی ہے ۔

Sugar-berry : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Sugar-bird : (n) بعض قسم کے پرندے جو پھولوں کا رس پیتے ہیں ۔

Sugar-bowl : (n) دیکھو Sugar-basin

Sugar-bush : (n) (۱) ماپل کا جنگل ۔ (۲) جنوبی افریقہ کی ایک جھاڑی ۔

Sugar-cake : (n) شکر ، مکھن اور کریم سے بنا کیک ۔

Sugar-camp : (n) ماپل کے جنگل میں وہ مقام جہاں ماپل کا رس جمع کیا جاتا ہے اور کھولایا جاتا ہے ۔

Sugar-candied : (a) (۱) شکر لپٹا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) بظاہر صاف ۔

Sugar-candy : (n) [Fr. 'Sucre candi'.] (۱) مصری ؛ قند ۔ (۲) (مجازاً) کوئی میٹھی ، خوشگوار یا مزیدار چیز ۔

Brown sugar-candy : مصری جو پہلے قلماؤ کے بعد بنی ۔

White sugar-candy : (n) مصری جو پہلے قلماؤ کے بعد بنی مصری کو دوبارہ ابال کر اسے پھر سے قلمانے سے بنی ۔

Sugar-candy : (a) شیرینی ؛ شہد آمیز ۔

Sugar-cane : (n) گنا ؛ نیشکر ۔

Sugar-caster /-castor : (n) شکر دانی ۔

Sugar-coat : (v) (۱) شکر لپیٹنا ۔ (۲) (مجازاً) بظاہر خوشگوار ؛ دلکش یا لطیف بنانا ۔ (۳) اصلیت چھپانا ؛ ظاہری چمک دمک پیدا کرنا ؛ ملمع کرنا ۔

Sugar-coated : (a) شکر لپٹی ہوئی ۔

Sugar-coating : (n) (۱) شکر لپیٹنا ۔ (۲) ملمع ؛ کوئی چیز جو اصلیت کو چھپا دے ۔

Sugar-cone : (n) مخروطی سانچہ جو مصری کا ڈلا بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sugar-crop : (n) گنے کی کھیتی ۔

Sugar-daddy : (n) امیر اور ضعیف شخص جو کسی جوان عورت کو دل کھول کر تحفہ ، تحائف دیتا ہے اور اسے معشوقہ بنا کر رکھتا ہے ۔

Sugar-disease : (n) ذیا بیطس ۔

Sugar-fungus : (n) خمیری سماروغ ۔

Sugar-grass : (n) شیریں چینا ۔

Sugar-gum : (n) شیریں یوکلپٹس ؛ آسٹریلیا کا ایک گوند کا درخت جس کے پتے میٹھے ہوتے ہیں ۔

Sugar-house : (n) کھنڈ سال ؛ چینی بنانے کا کارخانہ ۔

Sugar-house molasses : (n) گھٹیا قسم کا شیرہ جو کھنڈل سال میں تیار ہوتا ہے اور جو دوائیں یا کیمیاوی اشیاء بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sugar-lime : (n) چونا جو چقندر سے شکر بنانے میں نکلتا ہے ۔

Sugar-loaf : (n) (۱) شکر یا مصری کا مخروطی ڈلا ۔ (۲) (مجازاً) شکر کے ڈلے سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) مخروطی ٹوپ ۔

چوستی ہیں۔

Sugar-tongs : (n) شکر کی ڈلی کو اٹھانے کی چمٹی : شکر گیر : شکر چمٹی : قند گیر۔

Sugar-tree : (n) دیکھو Sugar maple/ -bush

Sugar-vinegar : (n) گنے کے رس کا سرکہ۔

Sugar-water : (n) شکر ماپل کا رس۔

Sugar-wood : (n) دیکھو Sugar-maple

Sugared : (a) (۱) شیریں : میٹھا۔ (۲) شکر لپٹا ہوا۔ (۳) (مجازاً) حد سے زیادہ رنگین : پر لطف : دلچسپ : خوشگوار۔

Sugarer : (n) سستی سے کام کرنے والا : بیگار ٹالنے والا۔

Sugariness : (n) (۱) پُر شکر ہونا۔ (۲) میٹھا پن۔ (۳) چاپلوسی۔

Sugaring : (n) (۱) مٹھاس : میٹھی چیز جو کھانے میں ڈال کر کھائی جائے۔ (۲) شکر ملانا۔ (۳) ماپل سے شکر بنانا۔ (۴)بیئر، گوند وغیرہ ملا کر درختوں پر چینی لگانا (پروانوں کو پکڑنے کے لئے)۔ (۵) بعض سنگ مرمر کا دانہ دار بن جانا۔

Sugarless : (a) بے شکر کا۔

Sugary : (n) وہ جگہ جہاں ماپل جمع کیا جاتا ہے اور اسے ابال کر چینی بناتے ہیں۔

Sugary : (a) (۱) شکر لپٹا ہوا : پُر شکر : شکر کے مزے کا۔ (۲)(مجازاً) میٹھی : چاپلوسی کی : خوشامد کی۔

Suggan : دیکھو Sugan

Suggest : (v) [L. 'Suggerere'.] (۱) سمجھانا : خیال دلانا : ذہن کو منتقل کرنا۔ (۲) تجویز کرنا : رائے دینا : قیاس یا خیال ظاہر کرنا۔ (۳) اشارہ کرنا : خفیف سا شائبہ ہونا۔ (۴)یاد کرنا : ذہن میں لانا۔ (۵) (قانون) غیر حلفی اطلاع دینا۔

Suggester : (n) رائے دینے والا : ایما کرنے والا : القا کرنے والا۔

Suggestibility : (n) (۱) قابل تجویز ہونا۔ (۲) توجہ پذیری : ایماذ پذیری : ایما پذیری۔

Suggestible : (a) (۱) قابل تجویز : سمجھانے کے قابل۔ (۲) جو عمل توجہ سے متاثر ہو سکے : توجہ پذیر : ایماذ پذیر۔

(۴) اونچی مخروطی پہاڑی۔ (۵) کرم گلہ کی ایک قسم۔

Sugar-loaf : (a) مخروطی : قبہ نما۔

Sugar-loafed : (a) شکر کی ڈلی کی شکل کا۔

Sugar-maple : (n) شکر ماپل : شمالی امریکا کا ایک درخت جس سے شکر بنتی ہے۔

Sugar-mill : (n) چینی کا کارخانہ۔

Sugar-mite : (n) ایک کیڑا جو خام شکر اور خشک پھولوں کو نقصان پہنچاتا ہے : بھوری چیونٹی۔

Sugar off : (v) (ماپل کے رس کا) کھول کر قلم پذیری کی حد تک گاڑھا ہونا : دانہ دار ہونے کی حالت میں آنا۔

Sugar of lead : (n) شکر سرب : لیڈ ایسی ٹیٹ۔

Sugar orchard : (n) شکر ماپل کے درختوں کا باغ۔

Sugar pear : (n) ایک قسم کی میٹھی ذائقہ دار ناشپاتی۔

Sugar-plum : (n) (۱) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر سے بنتی ہے : نُقل۔ (۲) (مجازاً) کوئی اچھی چیز جو بطور رشوت دی جائے : خوشامد : چاپلوسی۔ (۳) کوئی پسندیدہ چیز۔

Sugar-plum : (v) (۱) مٹھائی دے کر خاموش کرنا۔ (۲) لاڈ پیار کرنا : دلار کرنا۔

Sugar-refiner : (n) کچی شکر کو صاف کرنے والا : شکر ساز۔

Sugar-refinery : (n) کچی شکر کو صاف کرنے کا کارخانہ : شکر سازی۔

Sugar-sand : (n) دانہ دار معدنی مادہ جو ماپل کے کھولتے ہوئے شیرے میں تقطیر سے پہلے موجود رہتا ہے۔

Sugar-shell : (n) چینی کا چمچہ جو سیپ کی شکل کا ہوتا ہے۔

Sugar-sop : (n) جزائر غرب الہند کا ایک درخت۔

Sugar-sorghum : (n) ایک قسم کا چینا۔

Sugar-squirrel : (n) آسٹریلیا کی اڑنے والی گلہری جو شہد کھاتی ہے۔

Sugar-stick : (n) انگشت قند۔

Sugar-til / -teat : (n) پھلی نما : کپڑے میں لپٹا : شکر کا ڈلا جسے بچے

Suggestingly : (adv.) خیال دلاتے ہوئے : تجویز کرتے ہوئے : رائے دیتے ہوئے۔

Suggestio falsi : (n) [L.] گمراہ کرنے والا بیان یا قول : ایسی بات جس میں صریحی غلط بیانی نہ ہو مگر سننے والے کے دل میں غلط خیال پیدا کر دے : ایمائی کذب : ایماز کذب۔

Suggestion : (n) (۱) سمجھانا : تحریک ذہنی : اشارہ : ایہام : ایماز : ایما۔ (۲) تجویز : خیال : قیاس (جو کسی نے ظاہر کیا ہو)۔ (۳) توجہ : عمل توجہ : اثر آفرینی۔ (۴) (قانون) غیر حلفی اطلاع یا دعویٰ۔ (۵) خفیف سی جھلک : شائبہ۔

Full of suggestion : معنی خیز : پُر معنی : محرک خیال۔

Suggestionism : (n) (نفسیات) (نظریہ) ایماذیت : ایماذی علاج۔

Suggestionist : (n) ایماذیت کا حامی : ایماذی معالج۔

Suggestive : (a) (۱) معنی خیز : محرک خیال۔ (۲) گندے خیالات پیدا کرنے والا : جس میں فحش کا شائبہ ہو۔ (۳) ایماذی : ایمائی۔ (۴) اپنی طرف متوجہ کرنے والا۔

Suggestively : (adv.) (۱) معنی خیز طور پر۔ (۲) شائبہ فحش کے ساتھ۔

Suggestiveness : (n) (۱) معنی خیزی : محرک خیال ہونا۔ (۲) گندے خیالات پیدا کرنے کی صلاحیت : شائبہ فحش رکھنا۔

Suggestum : (n) [L.] چبوترہ : اسٹیج : شہ نشیں۔

Sug(g)ilation : (n) (طب) کدمہ : نیلا نشان۔

Sui generis : (a) [L.] اپنی نظیر آپ : بے نظیر : بے مثل : یکتا۔

Sui generis : (n) بے مثل چیز : یکتا نمونہ۔

Sui juris : (n) [L.] بالغ و عاقل : خود مختار۔

Suicidal : (a) (۱) خود کشی کے متعلق : مائل بہ خود کشی۔ (۲) (مجازاً) خود اپنے اغراض کے لئے مہلک۔

Suicidally : (adv.) خود کشی کے ذریعے : خوش کشی کے انداز سے۔

Suicide : (n) [mod. L. 'Suicida'.] (۱) خود کشی۔ (۲) کوئی ایسا فعل جو خود کشی کے برابر ہو یعنی خود اپنے مقاصد کے لئے مہلک ہو : اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔

To commit suicide : خود کشی کرنا۔

Suicide : (n) (۱) خود کشی کرنے والا۔ (۲) خود کشی کی طرف میلان رکھنے والا۔

Suicide : (v) (۱) خود کشی کرنا۔ (۲) جان دینا۔ (۳) مار ڈالنا۔

Suicide club : (n) (۱) وہ کلب جس کے ممبران خود کشی کے لئے آپس میں عہد و پیماں کئے رہتے ہیں : خود کشی کلب۔ (۲) خطرناک جنگی مہم والی اکائیوں کے لئے بھی طنزاً آتا ھے۔

Suicide pact : (n) معاہدۂ خود کشی (دو افراد کے درمیان)۔

Suicide pilot : (n) ہوا باز جو جنگ میں خطرناک مہم پر جاتا ھے۔

Suicide squad : (n) خطرناک مہم پر جانے والے ہوابازوں کی جماعت۔

Suicidology : (n) خود کشی اور انسداد خود کشی کا علم۔

Suigenderism : (n) [L.] بالیدگی کا وہ زمانہ (لڑکپن یا سِن بلوغیت سے پہلے) جس میں انسان اپنے ہم جنس ہی کی طرف راغب ہوتا ھے یا میلان رکھتا ھے۔

Suilline : (a) [var. of suidian.] سمور کی قسم کا : خنزیری : خوکی۔

Suimate : (n) (۱) اپنی چال سے شہ مات کھانا۔ (۲) شطرنج کی ایسی بازی جس میں اپنی چال سے شہ مات کھانے کی ضرورت پڑے۔

Suine : (n) [L. 'Sus' + -ine.] ایک شحمی مادہ جو سمور کی چربی سے بنتا ھے : چربی کا مکھن۔

Suing : (n) (۱) مقدمہ : نالش۔ (۲) درخواست : التجا۔

Suing : (a) مقدمہ کرنے والا۔

Suing : (adv.) (۱) بعد میں : اس کے بعد : بعد کو۔ (۲) متواتر : مسلسل: یکے بعد دیگرے۔

Suint : (n) [Fr.] چربی پشم : بھیڑ کے بال سے نکالا ہوا روغنی مادہ۔

Suiogothic : (a) [mod. L. 'Suiogothicus'.] سویڈی : سویڈن کا۔

Suiogothic : (n) سویڈی زبان۔

Suioness : (n) [L.] قدیم سویڈی باشندے۔

Suipestifer infection : (n) (مرضیات) نخیرہ زدہ ورم امعاء ۔

Suisse : (n) [Fr.] بڑے گھر کا دربان ؛ کلیسا کا کارندہ ۔

Suit : (n) [ME. 'Suite, Siute'.] (۱) درخواست ؛ عرض داشت ؛ شادی کی درخواست ؛ شادی کی بات چیت ۔ (۲) مقدمہ ۔ (۳) (تاش) رنگ ؛ بازی ۔ (۴) کسی رنگ کے وہ پتے جو ایک شخص کے حصے میں آئیں ۔ (۵) (کپڑوں کا) سوٹ؛ جوڑا (خصوصاً وہ جس میں ایک ہی کپڑے کا کوٹ ، واسکٹ اور پتلون یا نیکر یا برجس ہو) ۔ (۶) (جدید استعمال) زنانہ جوڑا (۲ ، ۳ یا ۴ کپڑوں کا) ؛ غسل کرنے کا سوٹ ۔ (۷) بادبان کا جوڑ ؛ کئی بادبان جو ایک ساتھ لگائے جائیں ۔ (۸) زرہ بکتر کا جوڑ ۔ (۹)رعیتی خدمت (جاگیر دار کی) ۔ (۱۰) لگان دار کا کسی خاص مل میں اناج پسوانے کے لئے جانا یا اس کا حق ۔ (۱۱) نوع ؛ قسم ۔ (۱۲) وردی ۔ (۱۳) مقلدین کی جماعت ؛ شاگردوں کی جماعت ۔ (۱۴) مدعی کے گواہان ۔

Birthday suit : ننگا بدن ۔

In suit with : موزوں ؛ مناسب ؛ مطابق ۔

Of a suit with : یکساں ؛ ملتا ہوا ۔

One's strong suit : استعداد ؛ قابلیت ۔

Out of suit with : مہربانی سے دور ۔

To do, give owe suit : (n) خدمت میں حاضر ہونا ۔

To follow suit : (۱) جس رنگ کا پتّا پہلے کھیلا گیا ہو اسی کا پتّا چلنا ۔ (۲) وہی کرنا (جو دوسرا کرے) ۔

Suit : (v) (۱) مطابق کرنا ؛ موزوں یا مناسب بنانا ؛ جو کہنا وہ فوراً کر دکھانا ۔ (۲) مناسب ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ قرین مصلحت ہونا ۔ (۳) (غذا ، آب و ہوا کا) موافق آنا؛ راس آنا ؛ مفید ثابت ہونا ۔ (۴) (کسی چیز کے ساتھ) کھپنا ؛ میل کھانا ۔ (۵) پھبنا ؛ زیب دینا ۔ (۶) آرام دہ ہونا ؛ باعث سہولت ہونا ۔ (۷) (کپڑوں کا) سوٹ مہیا کرنا ؛ کپڑا پہنانا ۔ (۸) شایان ہونا ؛ سزا وار ہونا ۔

To suit with : موافق ہونا ؛ موزوں ہونا ۔

Suit and service : (n) (۱) جاگیر کے دربار میں حاضری اور خدمت (اسامی کی) ۔ (۲) اسامی کا اپنے مالک سے اقرار وفاداری ۔ (۳) فرائض ۔

Suit-dress : (n) ایک زنانہ لباس ۔

Suit-duty : (n) کسی خاص مل میں اناج پسوانے کا معاہدہ ۔

Suit in law : (n) دیکھو Lawsuit

Suit real : (n) شیریف (Sheriff) کی عدالت میں حاضری ۔

Suit service : (n) جاگیردار کے دربار میں حاضری دے کر خدمت کرنا ۔

Suitability : (n) موزونیت ؛ مناسب ؛ ٹھیک ہونا ؛ درست ہونا ۔

Suitable : (a) موزوں ؛ مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست ؛ سزاوار ؛ شایان ؛ مناسب موقع ۔

Suitableness : (n) دیکھو Suitability

Suitably : (adv.) موزوں طور پر ؛ مناسب طور پر ؛ مناسب انداز سے ؛ مناسب اسلوب سے ؛ موقع کی مناسبت سے ۔

Suitcase : (n) سفری بیگ (خصوصاً سخت ، چپٹا اور مستطیل نما) ۔

Suitcase farmer : (n) وہ کسان جو جوتنے ، بونے اور کاٹنے کے دنوں کے علاوہ بقیہ دن بستی سے باہر رہتا ھے ۔

Suite : (n) [Fr.] (۱) خدم و حشم ؛ نوکر چاکر ؛ کسی رئیس کے ملازم جو اس کے جلو میں یا ہمرکاب ہوں ۔ (۲) ایک قسم کی چیزوں کا سلسلہ ؛ جوڑ ۔

En suite : (۱) موافق ؛ مطابق ۔ (۲) (کمرے) سلسلے وار؛ ایک سے ایک ملے ہوئے ۔

Suited : (a) (۱) سوٹ میں ملبوس ۔ (۲) مطابق ۔ (۳) خوگر ؛ عادی ؛ راغب ۔

Suiting : (n) (۱) مطابقت ؛ موافقت ۔ (۲) سوٹ کا کپڑا ۔

Suitor : (n) [AFr. 'Seutor, Suitour'.] (۱) فریق مقدمہ ؛ مدعی یا مدعا علیہ ؛ نالشی ۔ (۲) سائل ؛ درخواست کنندہ ؛ عرض گذار ؛ داد خواہ ۔ (۳) عاشق ؛ طالب (شادی کا)؛ خواستگار ؛ امیدوار ۔ (۴) جاگیر دار کے دربار میں حاضری دینے والا اسامی ۔

Suitor : (v) (۱) شادی کی درخواست کرنا ۔ (۲) شادی کا طلب گار ہونا ؛ عاشق ہونا ۔

Suivez : (v) [Fr.] (موسیقی کی ہدایت ، ساتھی یا تال دینے والے کو) سُر ملاؤ ؛ تال ملاؤ (گانے والے یا بجانے والے سے) ۔

Suji/ Sujee : (n) [Hindi. 'Suji'.] سوجی ۔

Sukey/ Sukie/ Suky / Suke : (n) [f. 'Sukey', nickname of Susanna.] (چائے کی) کیتلی ۔

Sukiyaki : (n) [Jap.] گوشت ، سویابین کا دہی ، پیاز ، بانس کا کونپل اور دوسری سبزیاں جو سویا کی چٹنی چاول کی بنی شراب اور چینی میں پکائی جاتی ہیں ۔

Sukkoth/ Succoth/ Sukkot/ Sukkos/ Succot/ Succos : (n) [Heb. 'Sukkoth'.] یہودیوں کا ایک مذہبی تہوار ۔

Sula : (n) [ON.] بعض قسم کے آبی پرند ۔

Sulacal : (a) (تشریح) تجویفی : میزاب سے متعلق ۔

Sulcate : (a) [L. 'Sulcatus'.] جھری دار : خیّارہ دار ۔

Sulcated : (a) دیکھو Sulcate

Sulcato- : جزو ترکیبی بمعنی "جھری دار" ۔

Sulciform : (a) خیارہ نما : تجویف نما ۔

Sulculus : (n) چھوٹا خیارہ : چھوٹا نشیب ۔

Sulcus : (n) [L.] (۱) کھانچ : جھری : خیارہ ۔ (۲) نشیب ۔ (۳)(تشریح) میزاب : ناب : تجویف : دماغ کے دو تلافیف کے درمیان کا نشیب ۔ (۴) (نباتیات) بعض سماروغ کی پرت ۔

Sulfa : مصنوعی نباتی دافع جراثیم دوائیں ۔

Suling : (n) [OE. 'Swulung'.] (کنٹ کی) مالی اکائی ۔

Sulk : (n) روٹھنے کا دورہ : اداسی اور آزردگی کی حالت ۔

To be in the sulks : منہ پھلا کر یا منہ تھتھا کر بیٹھنا ۔

Sulk : (v) [back-formation from Sulky.] روٹھا ہوا ہونا : اداس اور آزردہ ہونا ۔

Sulker : (n) روٹھنے والا : اداس شخص ۔

Sulkily : (adv.) اداسی اور آزردگی سے : منہ پھلا کر : اکل کھرے پن سے ۔

Sulkiness : (n) روٹھا ہوا ہونا : اداسی اور آزردگی : تیکھاپن : اکل کھراپن ۔

Sulky : (a) (۱) روٹھا ہوا : خفا خفا : اداس اور آزردہ : اداسی اور آزردگی کا : تیکھا : اکل کھرا : اکل کھرے پن کا ۔ (۲)(موسم وغیرہ) اداس : سنسان ۔

Sulky : (n) ایک قسم کی ہلکی دو پہیوں کی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے اور ایک آدمی بیٹھتا ہے : ٹم ٹم ۔

Sulky : (a) (۱) ایک آدمی کے استعمال کی (چیز) ۔ (۲) (رعایتی مشین یا گاڑی) جس پر صرف ڈرائیور بیٹھ سکے ۔

Sull : (n) [Short for Sullow.] دیکھو Plough

Sull : (v) دیکھو Sulk

Sull : (n) پگھلی ہوئی دھات کا تُفالہ جو ڈوئی میں رہ جاتا ہے ۔

Sulla : (n) [Sp.] ایک یوروپی جڑی بوٹی ۔

Sullage : (n) [AFr. 'Souillage suillage'.] (۱) موری کی کیچڑ : غلاظت ۔ (۲) (دریا وغیرہ کا) تہ نشیں مادہ : گاد ۔ (۳)تفالۂ معدن ۔

Sullage- pipe : (n) بدر رو : موری ۔

Sullen : (a) [ME. 'Solein, Solain'.] (۱) خفا : بیزار : آزردہ اور افسردہ ۔ (۲) خفگی کا : آزردگی کا : اکھڑا اکھڑا ۔ (۳)اکل کھرا : بد مزاج اور ضدی ۔ (۴) تیرہ و تار : اداس۔ (۵) (آواز) پست : بھاری : غمناک ۔ (۶) (پانی) آہستہ بہتا ہوا ۔ (۷) (رنگ) پھیکا۔

Sullen : (n) (جمع) برہمی : خفگی : آزردگی اور افسردگی ۔

Sullenly : (adv.) خفگی سے : آزردگی سے : اکل کھرے پن سے ۔

Sullenness : (n) برہمی : خفگی : آزردگی اور افسردگی : اکل کھراپن ۔

Sullens : (n) افسردگی : آزردگی ۔

In the sullens/ Sick of the sullens : افسردہ : افسردگی کی حالت میں : افسردگی سے اُوبا ہوا ۔

Sulliage : (n) دیکھو Sullage

Sullow : (n) ہَل ۔

Sully : (v) [Fr. 'Souiller'.] (۱) آلودہ کرنا : میلا کرنا ۔ (۲)داغ لگانا : دھبا لگانا : آب و تاب یا شان کم کر دینا : بٹا لگانا : داغدار کر دینا : آلودہ کر دینا۔

Sulph- : جزو ترکیبی بمعنی "گندھك" ۔

Sulph acid : (n) وہ تیزاب جو دوسرے تیزاب کے آکسیجن کو گندھك سے بدل دینے پر حاصل ہوتا ھے ۔

Sulpha/ Sulfa : (n) دیکھو Sulfa

Sulpha drug : (n) مصنوعی نباتی دافع جراثیم دوائیں ۔

Sulphamate : (n) کبریتی تیزاب کا نمك : اس قسم کے تیزاب کا نمك ۔

Sulphanilamide : (n) (کیمیا) ایك مصنوعی بے رنگ بلوری مرکب جس میں دافع جراثیم کی صفتیں ہوتی ہیں ۔

Sulphanilamide : (n) (کیمیا) ایك مصنوعی بے رنگ بلوری مرکب جس میں دافع جراثیم کی صفتیں ہوتی ہیں ۔

Sulphate (n) (۱) سلفیٹ : گندھك کے تیزاب کا نمك ۔ (۲) سوڈیم سلفیٹ : معمولی نمك ۔

Calcium sulphate : جپسم : سنگ گچ ۔

Copper sulphate : نیلا تھوتھا : نیلا توتیا ۔

Iron sulphate : کسیس : سبز توتیا: لوھے کا سلفیٹ ۔

Lead sulphate : سرخ توتیا ۔

Magnesium sulphate : آپسمی نمك ۔

Sodium sulphate : گلابری نمك : سوڈیم سلفیٹ : معمولی نمك : کھانے کا نمك ۔

Zinc sulphate : سفید توتیا : ہیرا کسیس : زنك سلفیٹ ۔

Sulphate : (v) پراز گندھك یا گندھکی تیزاب ہونا ۔

Sulphated : (a) (کیمیا) گندھك یا گندھك کا تیزاب ملا ہوا : جس میں سلفیٹ ہو ۔

Sulphating : (n) (کیمیا) سلفیٹ بننا : خصوصاً بیٹری کی تختیوں پر لیڈ سلفیٹ کا جمع ہو جانا ۔

Sulphation : (n) (کیمیا) سلفاؤ : گندھك یا گندھك کے تیزاب سے پُر ہو جانا ۔

Sulphato- / Sulphat- : (کیمیا) جزو ترکیبی بمعنی "سلفیٹ دار" جس میں سلفیٹ ہو (مرکبات کے ناموں کے ساتھ آتا ھے) ۔

Sulphide : (n) (کیمیا) سلفائیڈ : گندھك اور کسی عنصر یا جزو مستقل کا مرکب ۔

Sulphinate : (n) (کیمیا) سلفینك ایسڈ کا نمك ۔

Sulphindigotate : (n) نیل پر گندھك کے تیزاب کے عمل سے بننے والے تیزاب کا نمك ۔

Sulphindigotic acid : (n) تیزاب جو نیل پر گندھك کے تیزاب کے عمل سے بنتا ھے ۔

Sulphine : (n) گندھك اور ہائیڈرو کاربن اصلیہ سے مل کر بننے والے مرکبات میں سے کوئی ایك : فرضی اصلیے جن سے یہ مرکبات بنتے ہیں ۔

Sulphinic : (a) SO گروپ کے ترشے کے متعلق استعمال ہوتا ھے ۔

Sulphion : (n) (کیمیا) ایك فرضی اصلیہ جس میں ایك مساوی گرفتہ گندھك اور چار مساوی گرفتہ آکسیجن ہوتا ھے : گندھکی رواں ۔

Sulphite : (n) [Fr. 'Sulfite'.] (کیمیا) سلفائیٹ : سلفورس ایسڈ کا نمك ۔

Sulpho-/ Sulph- : دیکھو Sulph-

Sulpho-acid : (n) دیکھو Sulp acid

Sulphocyanate/ Sulphocyanide : (n) امونیم سلفوسائی نائڈ کا مخفف ۔

Sulphocyanic : (a) گندھك اور سائی نوجن کا مرکب ۔

Sulphocyanogen : (n) (کیمیا) گندھك اور سائی نوجن کا مرکب $(CN)_2 S_2$ ۔

Sulphonal : (a) ایك خواب آور مخدر دوا ۔

Sulphonamide : (n) کوئی نباتی مرکب جس میں $SO_2 N$ گروپ ہو ۔

Sulphone : (n) [G. 'Sulfon'.] وہ مرکبات جن میں SO_2 اصلیے دو ہائیڈروکاربن اصلیے کے ساتھ ملے ہوتے ہیں ۔

Sulphonic : (a) جس میں $SO_2 OH$ اصلیہ ہو ۔

Sulphopurate : (n) نیل پر گندھک کے تیزاب کے عمل سے پیدا ہونے والی ترشی کا نمک ۔

Sulphopurpuric : (a) (کیمیا) اس ترشی کا جو نیل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہوتا ھے ۔

Sulphosalt : (n) (کیمیا) سلفوایسڈ کا نمک ۔

Sulphovinate : (n) الکحل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہونے والی ترشی کا نمک ۔

Sulphovinic acid : (n) ترشہ جو شراب یا الکحل پر گندھک کے تیزاب سے پیدا ہوتا ھے ۔

Sulphur : (n) [Late ME. 'Soufre, Solfre'.] (۱) گندھک : کبریت : گوگرو ۔ (۲) (کیمیا) تمام مادوں کا بنیادی عنصر ۔ (۳)ایک قسم کی زرد تتلی ۔ (۴) چبھتی ہوئی بات ۔ (۵)ہلکا سبزی مائل زرد (رنگ) ۔ (۶) دیکھو Vegetable sulphur ۔

Flower of sulphure : گندھک کا اُڑایا ہوا سفوف ۔

Virgin sulphur : (n) عنبریں رنگ کا شفاف بلوری گندھک ۔

Volcano shulphur : نیم شفاف سبزی مائل زرد رنگ کا بلوری گندھک ۔

Sulphur : (v) (۱) گندھک کی دھونی دینا ۔ (۲) گندھک لگانا : گندھک ملانا ۔ (۳) گندھک کا سفوف چھڑکنا ۔ (۴) شراب کو گندھک کی دھونی دی ہوئی بوتلوں میں رکھنا تاکہ خمیر نہ اٹھے ۔

Sulphur : (a) ہلکا زردی مائل زرد ۔

Sulphur acid : (n) آرسینک ، انتی منی وغیرہ جیسے تیزابی دھاتوں کا ترشہ ۔

Sulphur alcohol : (n) الکحل کی قسم کا مرکب جس کے آکسیجن کو گندھک سے بدل دیا جاتا ھے ۔

Sulphur bacteria : (n) کبریتی جراثیم ۔

Sulphur-bath : (n) گندھک کے پانی سے غسل ۔

Sulphur-bottom : (n) بحرالکاہل میں پائی جانے والی ایک قسم کی وہیل مچھلی جس کا پیٹ زرد ہوتا ھے ۔

Sulphur-cast : (n) گندھک اور موم کے ذریعے لیا ہوا چھاپ ۔

Sulphur ether : (n) ایتھر سے مشابہ ایک مرکب ۔

Sulphur impression : (n) دیکھو Sulphur-cast

Sulphur-match : (n) گندھک لگی دیا سلائی ۔

Sulphur of ivy : (n) خام گندھک یا عنبری رنگ کا شفاف بلوری گندھک ۔

Sulphur ore : (n) خام گندھک : گندھکی خام دھات ۔

Sulphur-salt : (n) دوسرے فلزی اساس کے گندھک کے تیزاب کی آمیزش سے بننے والا نمک ۔

Sulphur-spring : (n) گندھکی چشمہ : ایک چشمہ جس کے پانی میں گندھک ملی ہو ۔

Sulphur-tree : (n) افریقہ کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ھے اور عمارتی کام میں آتی ھے ۔

Sulphur vivum : (n) دیکھو Sulphur of ivy

Sulphur-weed : (n) ایک قسم کا پودا جس کے پتے زرد ہوتے ہیں ۔

Sulphur-work(s) : (n) گندھک کا کارخانہ ۔

Sulphur-wort : (n) دیکھو Sulphur-weed

Sulphur-yellow : (n) گندھکی رنگ : ہلکا سبزی مائل زرد رنگ ۔

Sulphur-yellow : (a) ہلکا سبزی مائل زرد رنگ کا : گندھکی رنگ کا ۔

Sulphurate : (v) (شاذ) گندھک سے صاف کرنا : گندھک کی دھونی دینا ۔

Sulphurated : (a) گندھک آمیز : گندھک کی دھونی دی ہوئی ۔

Sulphureo- : جزو ترکیبی بمعنی "گندھکی" ۔

Sulphureous : (a) [L. 'Sulphureus'.] (۱) گندھک کا : کبریتی : گندھک کا سا ۔ (۲) کبریت گوں : ہلکا سبزی مائل زرد رنگ کا : گندھکی ۔ (۳) (مجازاً) شیطانی : جہنمی ۔

Sulphureously : (adv.) شیطانی یا جہنمی طور پر ۔

Sulphureousness : (n) (۱) کبریتی ہونا : گندھک سا ہونا ۔ (۲) شیطنت ۔

Sulphuret : (n) [mod. L. 'Sulphuretum'.] (کیمیا) دیکھو Sulphide

Sulphuretted : (a) گندھکی ؛ گندھك آمیز ۔

Sulphuretted hydrogen : (n) گندھکی ہائیڈروجن ؛ ہائیڈروجن سلفائیڈ ؛ ایك شفاف بے رنگ بدبو دار گیس ۔

Sulphuric : (a) [Fr. 'Sulfurique'.] گندھك کا ؛ کبریتی ۔

Sulphuric acid : (n) گندھك کا تیزاب ؛ کبریتی تیزاب ۔

Anhydrous sulphuric acid : سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Fuming sulphuric acid : گندھك کے تیزاب اور سلفرٹری آکسائیڈ کا مخلوط ۔

Sulphuric anhyride : (n) سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Sulphuric oxide : (n) سلفرٹری آکسائیڈ ۔

Sulphuring : (n) (۱) گندھك کی دھونی دینا ۔ (۲) گندھك کا سفوف چھڑکنا (پودوں پر) ۔

Sulphurization : (n) گندھك کی دھونی ؛ گندھك سے صاف کرنا یا کیا جانا ؛ کبرتیت ۔

Sulphurize : (v) [Fr. 'Sulfuriser'.] (۱) گندھك ملانا ؛ کبریتی مرکب بنانا ۔ (۲) گندھك لگانا ؛ گندھك سے صاف کرنا ۔ (۳)گندھك کی دھونی دینا ۔

Sulphurous : (a) [L. 'Sulphurosus'.] (۱) گندھك سے متعلق ۔ (۲) گندھك کا ۔ (۳) جہنمی ؛ شیطانی ؛ جہنم کی آگ سے متعلق ۔ (۴) بے ادبانہ ؛ بے حرمتی کا ؛ گرما گرم ۔ (۵) سبزی مائل زرد رنگ کا جس میں گندھك آکسیجن وغیرہ کم مقدار کے ساتھ مرکب ہوں ۔

Sulphurous acid gas : (n) سلفرڈائی آکسائیڈ کا قدیم نام ۔

Sulphurous oxide : (n) سلفر ڈائی آکسائیڈ ۔

Sulphureously : (adv.) (۱) بے ادبانہ طور پر ؛ بے حرمتی کرتے ہوئے ۔ (۲) گندھك کی طرح ۔

Sulphury : (a) دیکھو Sulphurous

Sulphuryl : (n) (کیمیا) ایك اصلیہ (SO_2) ۔

Sulphydrate : (n) ہائیڈروجن سلفائیڈ کا نمك ۔

Sulphydric : (a) دیکھو Sulphuretted

Sulphydric acid: (n) گندھکی ہائیڈروجن ۔

Sulpician : (a) [Fr. 'Sulpicien'.] دنیا دار پادریوں کی ایك انجمن جو ۱۶۴۲ء میں پیرس میں قائم ہوئی تھی ۔

Sultan : (n) [Arab.] (۱) سلطان ؛ بادشاہ ۔ (۲) مطلق العنان فرمانروا ؛ مستبد حکمراں ۔ (۳) پھولوں کی دو قسمیں ۔ (۴) ایك قسم کا چھوٹا سفید کلغی دار مرغ جو ترکی سے آتا ھے ۔

Sultan : (v) سلطنت کرنا ؛ جابرانہ حکومت کرنا ۔

Sultana : (n) (۱) سلطانہ (بادشاہ کی والدہ ، بیوی یا بیٹی) ۔ (۲) حرم ؛ داشتہ ۔ (۳) پرندوں کی ایك جنس ۔ (۴) ایك قسم کی بے بیج کی کشمش ۔

Sultanate : (n) (۱) سلطنت ۔ (۲) سلطانی ؛ بادشاہی ۔

Sultanic : (a) (۱) سلطانی ۔ (۲) جابرانہ ؛ مستعدانہ ؛ استبدادی ۔

Sultanism : (n) مطلق العنانی ؛ استبداد ؛ استبدادی حکومت یا سلطنت ۔

Sultanize : (v) دیکھو Sultan

Sultanship : (n) (۱) سلطانی ؛ بادشاہت ۔ (۲) سلطانیت ۔

Sultrily : (adv.) گھمس کے ساتھ ۔

Sultriness : (n) گرمی اور اُمس ؛ گھمس ۔

Sultry : (a) [Oosolete E. 'Sulter'.] (۱) (فضا یا موسم) جس میں گرمی اور امس ہو ؛ گھمس ۔ (۲) (دھوپ وغیرہ) سخت ؛ نہایت گرم ۔ (۳) (مجازاً) غضبناك ؛ خشمناك ؛ برہم ۔ (۴) پُر شہوت ؛ خواہش نفس سے بھری ہوئی ؛ نفس پرست ۔ (۵) سرگرم ؛ پُر جوش ۔ (۶) (زبان) فحش ؛ بے ادبانہ ۔ (۷) محنت سے پریشان ۔

Sulze : (n) [G.] بچھڑے کی نلی کے گودے کی جیلی ۔

Sum : (n) [ME. 'Summe, Somme'.] (۱) میزان ؛ حاصل جمع ؛ مجموعہ ۔ (۲) خلاصہ ؛ ملخص ۔ (۳) رقم ؛ مبلغ ۔ (۴)حساب کا سوال ۔ (۵) اعداد (جن کو جوڑا جائے) ۔

In sum: خلاصہ یہ کہ ۔

Principal sum : زر اصل ۔

The sum of things : (۱) رفاہ عام ؛ بہبودی عام ؛ عام

مفاد ۔ (۲) کائنات ؛ وجود ۔

Sum : (v) (۱) جوڑنا ؛ میزان نکالنا ؛ میزان لگانا ۔ (۲) حساب بنانا ؛ حساب کا سوال حل کرنا ۔ (۳) گننا ؛ گنتی کرنا ۔ (۴) خلاصہ کرنا ۔ (۵) مجتمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ۔

The sum up : جج کا فریقین کی بحث کی شہادت وغیرہ کے ختم ہونے کے بعد اس کی تلخیص کرنا ۔

Sum and substance : (n) خلاصہ ؛ لب و لباب ۔

Sum total : (n) (۱) جمع ؛ میزان ۔ (۲) حاصل ؛ کل تعداد یا مقدار ۔ (۳) خلاصہ ۔

Sum up : (v) (۱) میزان ہونا ؛ حاصل ہونا ۔ (۲) خلاصہ کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ خلاصہ بیان کرنا ۔ (۳) خلاصہ ہونا ؛ حاصل ہونا ۔

Sum-up : (n) روداد مقدمہ کی تلخیص ؛ تلخیص ؛ خلاصہ ۔

Sumach/ Sumac : (n) [Fr. 'Sumac' or med. L. 'Sumac(h)'.] (۱) سماق ؛ ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) سماق کی سوکھی اور پسی ہوئی پتیاں جو چمڑے کے رنگنے اور کمانے میں کام آتی ہیں ۔ (۳) سماق کی پتیاں جو تمباکو کی جگہ استعمال کی جاتی ہیں ۔

Sumac(h) : (v) سماق کی سوکھی اور پسی ہوئی پتیوں سے چمڑا کمانا ۔

Sumach wax : (n) زردی مائل روغن جو سماق کی گوندی سے حاصل ہوتا ہے ۔

Sumatra leaf : (n) سماترا میں اگایا جانے والا تمباکو جس کی پتیاں پتلی ہوتی ہیں اور سگار کے اوپر لپیٹی جاتی ہیں ۔

Sumatran : (a) [f. Sumatra.] سماترا یا سماترا کے باشندے یا زبان سے متعلق ۔

Sumatran : (n) سماترا کے باشندے ؛ سماترا کی زبان ۔

Sumbul : (n) [Arab. 'Sunbul'.] بعض پودوں کی جڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے جو بطور دوا استعمال ہوتی ہیں ۔

Sumen : (n) [L. 'Sugere'.] (۱) سورنی کا تھن ۔ (۲) (تشریح) بطن زیریں ۔

Sumerian : (a) [Fr. 'Sumerien'.] سمیری ؛ قدیم بابل یا اس کی آبادی سے متعلق ۔

Sumerian : (n) (۱) سمیر کا غیر سامی باشندہ ۔ (۲) سمیری زبان ۔

Sumeric : (a) دیکھو Sumerian

Sumerologist : (n) سمیریات دان ۔

Sumerology : (n) سمیریات ؛ سمیر شناسی ؛ سمیری تاریخ ، زبان یا اثریات کا مطالعہ ۔

Sumi : (n) [Jap.] جلے ہوئے پودوں کی کالک اور سریس کی ٹکیہ جسے جاپانی اور چینی مصور رنگ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Sumless : (a) بے شمار ؛ بے حساب ؛ ناقابل اندازہ ؛ بے اندازہ ۔

Sumlessness : (n) بے اندازہ ہونا ؛ بے شمار ہونا ۔

Summa : (n) [L.] مختصر اور جامع رسالہ ۔

Summa cum laude : (adv.) [L.] سب سے زیادہ اعزاز کے ساتھ ۔

Summa rerum : (n) عام مفاد ۔

Summand : (n) [med. L. 'Summandus'.] ضمیمہ ؛ اضافہ ۔

Summar : (a) (اسکاچستان) سرسری ۔

Summarily : (adv.) سرسری طور پر ؛ بہت عجلت سے ؛ کھڑے گھاٹ ۔

Summariness : (n) مختصر اور جامع ہونا ؛ سرسری ہونا ۔

Summarist : (n) خلاصہ کرنے والا ۔

Summarizable : (a) قابل خلاصہ ؛ قابل تلخیص ۔

Summarization : (n) (۱) خلاصہ کرنا؛ تلخیص کرنا ۔ (۲) خلاصہ؛ تلخیص ۔

Summarize : (v) خلاصہ کرنا ؛ ملخص کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ لب و لباب بیان کرنا ۔

Summary : (n) [L. 'Summarium'.] خلاصہ ؛ ملخص ؛ تلخیص ؛ لب لباب ۔

Summary : (a) (۱) مختصر اور جامع ۔ (۲) سرسری ؛ جو بہت عجلت سے بغیر زیادہ چھان بین یا تحقیقات کے کر دیا جائے ۔

Summary account : (n) گوشوارہ ۔

Summary court martial : (n) سرسری فوجی عدالت ۔

Summary judgement : (n) سرسری فیصلہ ؛ عدالتی تحقیقات کے بغیر فیصلہ ۔

Summary jurisdiction : (n) سرسری فیصلے کا اختیار ۔

Summary proceeding : (n) سرسری قانونی چارہ جوئی ۔

Summate : (v) جوڑنا ؛ میزان لگانا ۔

Summation : (n) (۱) جمع ؛ جمع زنی ؛ جوڑ ؛ میزان ۔ (۲) مہیجات کا مجموعہ ۔ (۳) روداد مقدمہ کی تلخیص ؛ خلاصہ ۔

Summational : (a) میزانی ؛ جمع سے متعلق ۔

Summative : (a) مجموعی ۔

Summator : (n) جمع کرنے والا ؛ جوڑنے والا ۔

Summed : (a) (۱) (باز) جس کے پر پوری طرح نکل آئے ہوں ۔ (۲) مسلح ؛ آراستہ ۔ (۳) مجموعہ ؛ میزان ۔

Summer : (n) [OE. 'Sumor'.] (۱) گرمی ؛ گرما ؛ موسم گرما ؛ تابستان ؛ (ہیئت کی اصطلاح) صیف (۲۱/ جون سے ۲۱/ ستمبر تک کا زمانہ) ۔ (۲) (جمع) عمر کے سال ۔ (۳)وسط عمر کی ابتدا۔

St. Luke's summer : ۱۸ / اکتوبر سے کچھ پہلے یا بعد کا زمانہ جس میں عموماً آسمان صاف رہتا ہے اور خوب دھوپ نکلتی ہے ۔

Summer : (a) (۱) گرمی کا ؛ جو گرمی کے لئے مناسب ہو ؛ گرمائی ؛ صیفی ۔ (۲) (فصل) جو گرمیوں میں کاٹی جائے ۔ (۳)خوشگوار ؛ مبارک کامیاب۔

Summer : (n) [AFr. 'Sumer, Somer'.] داسا ؛ داسہ ؛ بڑا شہتیر جو چھت کی کڑیوں کا بوجھ سنبھالتا ہے ۔

Summer : (n) جوڑنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ جمع کنندہ ۔

Summer : (v) (۱) گرمی کا موسم بسر کرنا ؛ گرمی کا موسم گزارنا۔ (۲) (مویشیوں کو گرمیوں میں) چرانا۔ (۳)گرمیوں کے دوران رکھنا۔ (۴) صحت بخش بنانا ؛ خوشگوار بنانا۔

To summer and winter : (۱) پورا سال گزار دینا۔ (۲) مستقل طور پر رہنا ۔ (۳) مستقلاً وابستہ رہنا ۔ (۴)مسلسل بات کرنا۔

Summer and winter/ Winter and summer : (adv.) پورے سال ؛ سال بھر ۔

Summer-beam : (n) داسا ؛ شہتیر ۔

Summer-bird : (n) ایک چڑیا جو صرف گرمیوں میں نظر آتی ہے ۔

Summer cetarrh : (n) دیکھو Hay-fever

Summer-cloud/ Summer's - : (n) بادل جو گرمیوں میں آسمان پر نظر آتے ہیں ۔

Summer complaint : (n) بچوں کا اسہال ۔

Summer cypress : (n) ایک گھنی یورپی بوٹی ۔

Summer diarrhea : (n) بچوں کا اسہال ۔

Summer-duck : (n) شمالی امریکی بط ۔

Summer egg : (n) "پتلے چھلکے والا ، عموماً خودزا" انڈا ۔

Summer-fallow : (n) گرمیوں میں زمین کو پڑتی چھوڑ دینا ۔

Summer-fallow : (a) (زمین) جو گرمیوں میں پڑتی رہے ۔

Summer-fallow : (v) گرمیوں میں زمین کو پڑتی چھوڑ دینا ۔

Summer-field : (n) (۱) کھیت جس میں گرمائی فصل لگی ہو۔ (۲) کھیت جو گرمی میں پڑتی چھوڑ دیا گیا ہو ۔

Summer-heat : (n) گرمائی درجۂ حرارت ، خصوصاً زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت جو حرارت پیما پر رکارڈ ہوا ہو۔

Summer-house : (n) چھوٹا سا بنگلہ جو باغ وغیرہ میں بیٹھنے کے لئے بنا لیتے ہیں ۔

Summer-kitchen : (n) مکان سے ملحق چھوٹی عمارت جو گرمیوں میں باروچی خانے کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Summer lighting : (n) برق الصیف ؛ گرما بجلی ؛ زور کی بجلی کی لپک (جس کے ساتھ گرج نہ سنائی دے) ۔

Summer-like : (a) موسم گرما جیسا ؛ گرمیوں کا سا ۔

Summer oil : (n) [OE. 'Summerlic'.] وہ تیل جو ٹھنڈے موسم میں پوری طرح یا جزوی طور پر جم جاتا ہے ۔

Summer parlour : (n) گرمیوں میں استعمال ہونے والا کمرہ ۔

Summer rash : (n) گرمی دانے ۔

Summer sausage : (n) دلمہ جسے گرمی میں بنا کر سکھا لیا جاتا ہے ۔

Summer school : (n) ان لیکچروں کا منظم سلسلہ جو لمبی تعطیل کے زمانے میں ہوتے ہیں (خصوصاً یونیورسٹیوں میں) ۔

Summer snipe : (n) ایک قسم کی ٹٹیری ۔

Summer solstice : (n) موسم گرما کا وہ وقت جب آفتاب منطقۂ حارہ پر ہوتا ھے : انقلاب صیفی ۔

Summer sores : (n) گھوڑوں کی ایک جلدی بیماری ۔

Summer-tanager : (n) ایک قسم کا امریکی پرندہ ۔

Summer teal : (n) ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Summer-tide : (n) موسم گرما ۔

Summer-time : (n) (۱) موسم گرما : گرمی کی فصل ۔ (۲) گرمیوں کا وقت جو معمولی وقت سے ایک گھنٹہ آگے ہوتا ھے ۔

Double summer time : معیاری وقت جو گرین وچ اوسط وقت سے دو گھنٹہ آگے ہوتا ھے ۔

Summer-tree : (n) داسا : شہتیر ۔

Summer-up : (n) خلاصہ کرنے والا : تلخیص کرنے والا ۔

Summer-weight : (a) گرمیوں میں استعمال ہونے والا ۔

Summer yellow-bird : (n) شمالی امریکا کا ایک پرندہ ۔

Summeriness : (n) گرمیوں کا سا ہونا ۔

Summering : (n) (۱) محراب کے پتھروں یا اینٹوں کا ابتدائی ردا ۔ (۲) محراب کے جوڑوں کا شعاعی رخ ۔ (۳) محراب کے انحناء کی حد ۔

Summering : (n) (۱) گرمیوں کی چرائی یا چرائی کا انتظام ۔ (۲) گرمی کا موسم گزارنا ۔

Summerish : (a) کسی قدر موسم گرما جیسا : کسی قدر گرمیوں کا سا ۔

Summerite : (n) (کسی خاص مقام پر) گرمی کا موسم گزارنے والا ۔

Summerless : (a) بے گرما : بے تابستان : جہاں موسم گرما نہ ہوتا ہو ۔

Summerlines : (n) موسم گرما جیسا ہونا ۔

Summerly : (a) [OE. 'Summerlic'.] موسم گرما جیسا : گرمیوں کا سا ۔

Summer's day : (n) (۱) موسم گرما کا دن ۔ (۲) بہت لمبا دن ۔

Some summer's day : (n) ایک دن : کسی روز (غیر متوقع واقعات کے لئے) ۔

Summers : (adv.) موسم گرما میں ۔

Summery : (a) (۱) موسم گرما کا : گرمیوں سے مخصوص : گرمیوں کا سا ۔ (۲) گرمیوں میں استعمال ہونے کے لائق ۔

Summing up : (n) دیکھو Sum-up

Summist : (n) [med. L. 'Summista'.] مذہبی عقیدے پر جامع اور مختصر رسالے کا مصنف ۔

Summit : (n) [OFr. 'Som(m)ete'.] (۱) چوٹی : سب سے اونچا سرا ۔ (۲) (ہندسہ) کثیرالاضلاع مجسم کا وہ نقطہ جہاں تین یا زیادہ رخ ملتے ہیں اور مجسم زاویہ بناتے ہیں ۔ (۳) پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی : سڑک : ریل کی پٹری ، نہر وغیرہ کی سب سے اونچی بلندی ۔ (۴)سربراہان ملک یا وزرائے اعظم کی سرکاری سطح : سربراہان ملک یا وزرائے اعظم (مجازاً) کی کانفرنس : چوٹی کی کانفرنس ۔ (۵) منتہا : معراج : کمال : اوج ۔

Summit angle : (n) مسجم زاویہ جو کثیرالاضلاع کے اس نقطے پر بنتا ھے جہاں تین یا زیادہ رخ ملتے ہیں ۔

Summit level : (n) (۱) نہر ، ریلوے وغیرہ کی سب سے اونچی سطح ۔ (۲) ریلوے یا نہر کی وہ مسطح جگہ جس کی دونوں جانب سطحیں ڈھلوان ہوں ۔

Summit quoin : (n) دیکھو Summit angle

Summitless : (a) بے چوٹی کا ۔

Summitry : (n) بین الاقوامی معاملات کے لئے چوٹی کی کانفرنس بلانا ۔

Summon : (v) [AFr. OFr. 'Somondre'.] (۱) بلا بھیجنا : طلب کرنا : بلا کر جمع کرنا ۔ (۲) سمن جاری کرنا : اطلاع نامہ جاری کرنا : سمن بھیج کر بلانا : عدالت میں طلب کرنا ۔ (۳) (شہر ، قلعے وغیرہ کے لوگوں کو) پیام بھیجنا کہ اطاعت قبول کر لو : اطاعت کا مطالبہ کرنا ۔ (۴)(مجازاً) بلانا : طلب کرنا ۔ (۵) (ہمت وغیرہ) کرنا : باندھنا ۔ (۶) وجود میں لانا : ظہور میں لانا ۔

Summonable : (a) قابل طلبی : جسے بلایا جا سکے ۔

Summoner : (n) [AFr. 'So-sumenour'.] (۱) طلب کرنے والا : بلانے والا (خصوصاً عدالت میں) . (۲) سمن جاری کرانے والا.

Summons : (n) [ME. 'Somouns'.] (۱) طلبی : حاضری کا حکم : بہت تاکید یا اصرار کے ساتھ بلانا یا بلایا جانا : تاکیدی دعوت . (۲) سمن : اطلاع نامہ . (۳) لازمی یا تاکیدی بلاوا : بلانے کی آواز : کھٹکھٹاہٹ . (۴) (فوج) اطاعت کا مطالبہ .

Summons : (v) سمن پہنچانا : (کسی شخص پر) سمن کی تعمیل کرنا .

Summons case : (n) وہ مقدمہ جس میں فرد جرم معمولی ہوتا ہے جس کے لئے پولس گرفتار کئے بغیر مقررہ دن اور وقت پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دے سکتی ہے .

Summum bonum : (n) [L.] خیر اعلیٰ : سب سے برتر مقصد جو کسی نظام اخلاق میں اخلاقی عمل کی غایت سمجھا جاتا ہو .

Summum genus : (n) [L.] جنس اعلیٰ .

Summum jus : (n) [L.] قانون محض : سخت ترین قانونی کاروائی .

Summut : (adv.) دیکھو Somewhat

Sumner : (n) [AFr. 'Sum(e)nour'.] عدالت میں حاضر ہونے کے سمن کی تعمیل کرنے والا .

Sumner : (n) [from names T.H. Sumner on American sea-captain.] سطح زمین پر اپنا محل دریافت کرنے کے طریقے کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے .

Sumo : (n) [Jap.] (۱) ایک قسم کی جاپانی کُشتی جس میں جیت حریف کو اکھاڑے سے باہر کر دینے یا اس کے جسم کے کسی حصے کے زمین سے لگ جانے سے ہوتی ہے (پیر کے علاوہ) . (۲) ایسی کُشتی میں حصہ لینے والا .

Sump : (n) ['(M)LG. MDU.] (۱) دلدل : پھانک : جوہڑ . (۲) پانی یا دوسری سیال شے جمع کرنے کا گڑھا : بدر رَو : ناب دان . (۳) کان ،مشین وغیرہ کی فالتو سیال شے کا گڈھا. (۴) چاہ : حوضک : بھٹی سے پگھلی ہوئی دھات کو رکھنے کا گڈھا . (۵) درون سوز انجن کے تیل کی ٹنکی (جو پیندے میں لگی رہتی ہے) .

Sump : (v) گڈھا بنانا : گڑھا کھودنا .

Sump-fuse : (n) پن روک فتیلہ (جو زیر آب استعمال ہوتا ہے) .

Sump-man : (n) کان کنی کا معاون جو مشین وغیرہ کی دیکھ بھال کرتا ہے .

Sump pump : (n) گڑھے سے پانی وغیرہ نکالنے کا پمپ .

Sumper : (n) وہ مزدور جو کوئلہ کاٹنے کی مشین میں تیل وغیرہ ڈالتا ہے .

Sumph : (n) [Origin unkn.] بیوقوف شخص : اکل کھرا آدمی .

Sumpit : (n) ملیشیا میں استعمال ہونے والا ایک قسم کا ہتھیار جو نلکی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے ہر قسم کا اوزار پھینکا جاتا ہے .

Sumpitan : (n) دیکھو Sumpit

Sumpsismus : (n) [L.] غلط العام کی جگہ صحیح فقرے کا استعمال .

Sumpter : (n) [OFr. 'Som(m)etier'.] لدو گھوڑا یا ٹٹو : باربرداری کا گھوڑا یا ٹٹو .

Sumpter : (a) لدو : باربرداری کا : باربردار .

Sumption : (n) [L. 'Sumptio-'.] (منطق) مقدمۂ کبریٰ .

Sumptuary : (a) [L. 'Sumptuarius'.] (۱) مصارف کا : مصارف کے متعلق . (۲) قانون مصارف سے متعلق .

Sumptuary law : (n) قانون مصارف (جس کی رو سے افردا کے مصارف ریاست کی مصلحتوں کو مدنظر رکھ کر محدود کر دیئے جائیں) : قانون خرچہ بندی .

Sumpuosity : (n) (۱) اسراف : فضول خرچی . (۲) عیش پسندی . (۳) پُر تکلف چیز : گراں قدر شے .

Sumptuous : (a) [Fr. 'Somptueux'.] (۱) بیش بہا : نہایت قیمتی : گرانقدر . (۲) مکلف : پرتکلف : عالیشان . (۳) عیاشانہ : عیش پسندانہ .

Sumptuously : (adv.) قیمتی ساز و سامان سے : نہایت تکلف سے .

Sumptuousness : (n) بیش بہا ہونا : پُرتکلف ہونا .

Sun : (n) [OE. 'Sunne'.] (۱)سورج : آفتاب : مہر : شمس . (۲)سورج کی روشنی یا گرمی : دھوپ . (۳) نجم : شمس : ایسا ستارہ جس کے گرد اقمار یعنی سیارات ثانویہ گردش کرتی ہیں . (۴) (چھت میں لٹکانے کی) بڑی قندیل یا فانوس (جس کے اندر بجلی یا گیس کی بہت سی بتیاں

اکھیں جلتی ہیں) ۔ (۵) سورج دیوتا : خصوصاً اپولو ۔ (۶) (سورج بطور) نور کا مظہر ۔ (۷)(شاعری میں) موسم ۔ (۸) دن : سال ۔ (۹) آفتاب کاذب ۔ (۱۰) آفتاب نما شکل ، زیور یا ظرف ۔ (۱۱)(نقابت) آفتاب کی شبیہ بطور مارکہ (جس میں پھوٹتی کرنیں ہوں اور بیچ میں انسان کی شکل بنی ہو)۔ (۱۲) بزرگی : جلال : عظمت : قوت : شان و شوکت : آب و تاب ۔ (۱۳) طلوع آفتاب یا غروب آفتاب ۔

Against the sun : داہنے سے بائیں : غیر ساعت وار : گھڑی کی سوئی کے برعکس ۔

As the sun shines on : جیسے زندہ ہے ۔

In the sun : (۱) بے فکری کے ساتھ ۔ (۲) کھلے عام : کھلم کھلا ۔

Let not the sun go down upon your wrath : صبح کا غصہ شام تك بھول جاؤ : غصہ دن بھر سے زیادہ نہیں رہنا چاہیئے ۔

Nothing is new under the sun : دنیا میں کوئی چیز نئی نہیں ہے ۔

One's place in the sun : ممتاز حیثیت : نمایاں حیثیت ۔

On which the sun never sets : عالمگیر سلطنت ۔

To hail or edore the rising sun : (مجازاً) چڑھتے سورج کی پوجا کرنا : جن لوگوں کے ہاتھ قوت یا حکومت نئی آئی ہو یا آنے والی ہو اُن کی خوشامد کرنا ۔

To hold candle to the sun : لاحاصل کام کرنا : سورج کو چراغ دکھانا ۔

To make hay while the sun shines : دیکھو Hay

To rise with the sun : سویرے اٹھنا: سورج نکلتے ہی اٹھنا ۔

To see the sun : زندہ ہونا ۔

To take the sun : (۱) آفتاب کی نصف النہاری بلندی کا مشاہدہ کرنا : (بحری) عرض البلد کا تعین کرنے کے لئے سورج کی بلندی معلوم کرنا ۔ (۲) دھوپ کھانا ۔

Under (or beneath) the sun : زمین پر : دنیا میں ۔

With the sun : ساعت دار : گھڑی کی سوئی کے نیم رخ دائرے میں ۔

Sun : (v) (۱) دھوپ میں رکھنا : دھوپ میں سکھانا : دھوپ دینا ۔ (۲) دھوپ کھانا ۔ (۳) آفتاب کی طرح منور کرنا ۔ (۴) چمکنا : روشن ہونا ۔

Sun-and-planet wheels : (n) مرکزی و تابع پہیے : مشین کا وہ گیرہ جس میں ایك چھوٹی دندانے دار چرخی اپنے دھرے پر گھومتی جاتی ہے اور ایك بڑے پہیے کو چھوتی ہوئی اس کے آس پاس چکر کاٹتی ہے اور اسے حرکت میں لاتی ہے ۔

Sun animalcule : (n) شمسی حوینہ ۔

Sun arc : (n) ایك قسم کا بڑا لیمپ جو فلم بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Sun-baked : (a) (۱) دھوپ میں سکھایا ہوا ۔ (۲) سخت ، جھلسا ہوا یا گرم (دھوپ کی وجہ سے) ۔

Sun-bath : (n) ننگے بدن دھوپ کھانا : دھوپ کا غسل : دھوپ نہان : غسل آفتابی : غسل شمسی : (طب) تشمش ۔

Sun-bathe : (v) ننگے بدن دھوپ کھانا : دھوپ کا غسل لینا ۔

Sun-bather : (n) دھوپ کا غسل لینے والا ۔

Sun-bear : (n) ملایا کا ایك چھوٹی قسم کا ریچھ ۔

Sun beetle : (n) ایك قسم کا بھونرا ۔

Sun-bird/ Sunbird : (n) (۱) ایك چھوٹا سا پرندہ جس کے پر بہت چمکیلے ہوتے ہیں ۔ (۲) امریکی بگلا ۔ (۳) کوئی پرندہ جو شمس پرستی سے منسوب ہے : سورج بطور پرندہ : اساطیری شمسی پرندہ ۔

Sun-bittern : (n) امریکی بگلا ۔

Sun-bonnet : (n) چھترٹوپ : ایك طرح کی ٹوپی جس کے آگے اور پیچھے سلامی چھجہ ہوتا ہے ۔

Sun-bow : (n) پھواری قوس : چھوٹی سی قوس جو سورج کی روشنی ، صابون وغیرہ کے جھاگ پر پڑنے سے نظر آتی ہے ۔

Sun-burst : (n) (۱) بادلوں سے آفتاب کا یکایك نکلنا ۔ (۲) پھلجڑی : مہتابی ۔ (۳) کوئی زیور جو اس شکل کا ہو جیسے کرنوں کے بیچ سورج ۔ (۴) ایك قسم کا ہلکا زرد رنگ ۔

Sun brust : (a) آفتاب کی کرن کی شکل میں بنایا ہوا ۔

Sun-clock : (n) دھوپ گھڑی ؛ ساعت شمسی ۔

Sun-crack : (n) سوکھی ہوئی کیچڑ کی پپڑی یا دڑاڑ ۔

Sun-cure : (v) تمباکو کے پتوں کو دھوپ میں سکھانا ۔

Sun deck : (n) (۱) جہاز کا بالائی عرشہ جس کا زیادہ تر حصہ کھلا رہتا ہے ۔ (۲) چھت یا چبوترہ جس پر آفتابی غسل لیا جاتا ہے ۔

Sun disc/ -disk : (n) قرص آفتاب ۔

Sun-dog : (n) آفتاب کاذب ۔

Sun-down/ Sundown : (n) (۱) غروب آفتاب ۔ (۲) عورتوں کا چوڑے چھجے والا ہیٹ ۔ (۳) ہلکا زردی مائل بھورا رنگ ۔

Sun-dried : (a) (۱) دھوپ میں سکھایا ہوا ؛ دھوپ سوکھا ۔ (۲) دھوپ میں سوکھا ہوا ۔

Sun-drop(s) : (n) ایک پھول جو دھوپ میں کھلتا ہے ۔

Sun-dry : (v) دھوپ میں سکھانا ۔

Sun-fish : (n) بعض مچھلیوں کے نام جن کی شکل قریب قریب کرّوی ہوتی ہے یا جو ساحل پر دھوپ کھاتی رہتی ہیں ؛ سورج مچھلی ؛ گول مچھلی ۔

Sun-gem : (n) برازیل کا خوشنما پروں والا ایک پرندہ جس کے اُڑنے کے وقت غنغناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Sun-glade : (n) پانی پر سورج کی پھیلی ہوئی شعائیں ۔

Sun-glass : (n) (۱) آتش شیشہ ۔ (۲) زاویہ پیما رنگین شیشہ (دھوپ کی تمازت کم کرنے والا) ۔ (۳) دھوپ عینک ۔

Sun glasses : (n) دھوپ عینک ۔

Sun-glow : (n) (۱) سورج کا ہالہ ۔ (۲) سورج کی روشنی یا چمک ۔

Sun-god : (n) (۱) سورج دیوتا ۔ (۲) تیز سرخی مائل نارنجی رنگ ۔

Sun-grebe : (n) امریکا ، افریقہ اور ایشیا میں پائی جانے والی بعض قسم کی چڑیاں ۔

Sun-grown : (a) کھلے میدان میں اگنے والا ؛ دھوپ میں رہنے والا ۔

Sun-hat : (n) چوڑے چھجے والا ٹوپ جو دھوپ سے بچنے کے لئے پہنا جاتا ہے ؛ دھوپ ہیٹ ۔

Sun-heat : (n) سورج کی گرمی ؛ دھوپ کی گرمی ۔

Sun-helmet : (n) دھوپ ہیٹ ؛ دھوپ ٹوپ یا خود ۔

Sun-lamp : (n) (۱) دیکھو Sun-arc ۔ (۲) بالائے بنفشی شعاع دینے والا لیمپ ۔

Sun line : (n) (کف شناسی) کامیابی کی لکیر ۔

Sun-myth : (n) افسانۂ آفتاب کے متعلق ؛ روایت نظام شمسی کے متعلق ۔

Sun-pain : (n) تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد ہونے والا اعصابی سر کا درد ۔

Sun-parlour : (n) شیشے سے گھرا ہوا کمرہ یا برساتی جس میں دھوپ آتی ہو ۔

Sun-picture : (n) فوٹوگراف ؛ سورج کی روشنی کے ذریعے بنائی ہوئی تصویر ؛ عکسی تصویر ۔

Sun-pillar : (n) عمود نور ۔

Sun-proof : (a) دھوپ روک ۔

Sun-ray : (n) (۱) سورج کی کرن ؛ آفتاب کی شعاع ۔ (۲) (جمع) بنفشئ شعاعیں جن سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں ۔

Sun-ray : (a) دیکھو Sun-burst

Sun-room : (n) دیکھو Sun-parlour

Sun-seeker : (n) (۱) وہ شخص جو سردی کے موسم میں گرم علاقے کا سفر کرتا رہتا ہے ۔ (۲) خلائی جہاز یا مصنوعی سیارے کا ایک آلہ جو ہمیشہ سورج کی طرف رہتا ہے ۔

Sun-signalling : (n) شمسی آلۂ خبر رسانی ۔

Sun-spot : (n) (۱) (مرضیات) جلد کے داغ جو دھوپ کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں ۔ (۲) داغ آفتاب ؛ سیاہ دھبے سے جو آفتاب میں کبھی کبھی نظر آتے ہیں ۔

Sun-squall/ -squawl : (n) (امریکا) رخوہ ؛ نجم البحر ۔

Sun-star : (n) سر رنگ کی تازہ مچھلی ۔

Sun-star fish : (n) دیکھو Sun-star

Sun-stone / Sunstone : (n) (۱) عنبر ۔ (۲) سنگ مروہ کی بعض قسموں کے نام : حجرالشمس : عین الہر ۔

Sun-stricken : (a) آفتاب زدہ : جسے لُو لگ گئی ہو ۔

Sun-telegraphy : (n) دیکھو Sun-signalling

Sun-temprature : (n) دھوپ کی حرارت ۔

Sun-time : (n) وقت جو دھوپ گھڑی سے ظاہر ہو ۔

Sun-trap : (n) وہ جگہ جہاں دھوپ آتی ہو ۔

Sun-trout : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Sun-up/ Sun up : (n) (۱) طلوع آفتاب ۔ (۲) (کسی چیز کا) آغاز : شروع : ابتداء ۔

Sun-watch : (n) چھوٹی دھوپ گھڑی ۔

Sun-wheel : (n) پہیے سے مشابہ کوئی تصویر ۔

Sun-worship : (n) آفتاب پرستی ۔

Sun-worshipper : (n) آفتاب پرست ۔

Sunback : (a) (لباس) جس کا پچھلا حصہ نیچا کٹا ہوا ہو ۔

Sunbeam : (n) (۱) سورج کی کرن : آفتاب کی شعاع ۔ (۲) مسرور بچہ : مسرور رہنے والا ۔ (۳) خاکستری مائل زرد رنگ ۔

Sunbeam snake : (n) ایشیا اور ملیشیا کا ایک بے ضرر سانپ ۔

Sunbeamy : (a) خوش : مسرور ۔

Sunblasted : (a) دھوپ میں جھلسا ہوا ۔

Sunblind : (n) سائبان (لکڑی کا) : دھوپ جھلملی ۔

Sunblink : (n) کرن : کرن آفتاب ۔

Sunbreak : (n) (۱)طلوع آفتاب ۔ (۲)بادلوں سے سورج کا نمودار ہونا ۔ (۳) سورج روک ۔

Sunbreaker : (n) سورج روک ۔

Sunbright : (n) (۱) آفتاب کی طرح روشن اور چمکیلا ۔ (۲) آفتاب کی روشنی سے منور ۔

Sunbrowned : (a) دھوپ میں جھلسا ہوا ۔

Sunburn : (n) دھوپ میں سنولایا ہوا ہونا ۔

Sunburn : (v) (۱) دھوپ میں سنولانا ۔ (۲) دھوپ میں رہنے کی وجہ سے رنگ اڑ جانا : جھلس جانا ۔

Sunburned / Sunburnt : (n) (۱) دھوپ میں سنولایا ہوا ۔ (۲)دھوپ کی وجہ سے جھلسا ہوا ۔ (۳) دیکھو Sun-baked

Sunburner : (n) گیسی مشعلوں کا مجموعہ جو کمرے کو روشن کرنے کے لئے جلایا جاتا ہے ۔

Sunburning : (n) دیکھو Sunburn

Sundae : (n) [Said to be altered spelling of Sunday.] آئس کریم اور کچلے ہوئے پھل یا جوز کا مرکب ۔

Sunday : (n) [OE. 'Sunnandeag'.] (۱) اتوار : یکشنبہ : یوم احد ۔ (۲) اتوار کو شائع ہونے والا اخبار ۔

A month of sundays/ A week of sundays : طویل مدت ۔

When two sundays come together (meet) : کبھی نہیں ۔

Sunday : (a) (۱) یکشنبہ سے متعلق ۔ (۲) بہترین ۔ (۳) اتائی : شائق فن ۔

Sunday : (v) اتوار گزارنا : اتوار منانا : اتوار کی سرگرمیوں میں مشغول ہونا ۔

Sunday best : (n) بہترین لباس (جو اتوار کے دن پہنا جاتا ہے) ۔

Sunday-go-to-meeting : (a) اتوار کا دن گرجا جانے کے لئے موزوں ۔

Sunday letter : (n) وہ حرف جو کلیسا کی جنتری میں اتوار کو ظاہر کرتا ہے ۔

Sunday-painter : (n) وہ شخص جو صرف بطور تفریح مصوری کرتا ہے ۔

Sunday-punch : (n) (۱) کاری ضرب (مکہ بازی کی) ۔ (۲) مکہ بازی کی کاری ضرب جیسے داؤں ۔

Sunday school : (n) سنڈے اسکول : وہ مدرسہ جس میں اتوار کے دن دینیات کی تعلیم دی جاتی ہے ۔

Sunday supplement : (n) ضمیمہ جو اخباروں میں اتوار کے دن لگا دیا

جاتا ہے جس میں تصویریں ، کامک وغیرہ ہوتے ہیں ۔

Sundayfied : (a) سنجیدہ بنا ہوا ۔

Sundayish : (a) اتوار جیسا ۔

Sundayism : (n) دیکھو Sabbatarianism

Sundays : (adv.) ہر اتوار کو : کسی اتوار کو ۔

Sunder : (a) الگ : علاحدہ : متفرقات ۔

In sunder : دیکھو Asunder

Sunder : (v) [Late OE. 'Sundrian'.] (۱) الگ کرنا : جدا کرنا : علاحدہ کرنا : علاحدہ رکھنا ۔ (۲) الگ ہونا : جدا ہونا : علاحدہ ہونا ۔

Sundew : (n) ایک قسم کا چھوٹا سا پودا جو دلدل میں اگتا ہے اور اس کے پتوں میں نمی کے قطرے جھلکتے ہیں ۔

Sundial : (n) دیکھو Sun-clock

Sundowner : (n) (۱) (آسٹریلیا و امریکا) آوارہ گرد جو کام کی تلاش کے بہانے رات کے وقت پہنچتا ہے تاکہ رات کے کھانے اور قیام کا انتظام ہو جائے ۔ (۲) غروب آفتاب کے وقت پینے کی شراب ۔ (۳) بحریہ کا سخت گیر افسر ۔

Sundowning : (n) کام کی تلاش کے بہانے رات کے وقت پہنچنا تاکہ طعام و قیام کا انتظام ہو جائے ۔

Sundress : (n) لباس جس کی چولی چھوٹی ہوتی ہے اور جس سے ہاتھ ، شانہ اور پیٹھ کھلی رہتی ہے ۔

Sundri/ Sundra : (n) [Skr.] سندری : ایک درخت کا نام : اس درخت کی لکڑی ۔

Sundries : (n) متفرق چیزیں : متفرقات : متفرقات کی مد ۔

Sundriesman : (n) متفرق چیزیں فروخت کرنے والا ۔

Sundry : (a) [OE. 'Syndrig'.] (۱) (قدیم) ممیز : متمائز : جداگانہ ۔ (۲) کئی : متعدد : چند ۔ (۳) متفرقات سے متعلق ۔

All and sundry : ہر ایک : ہر شخص ۔

Sune : (adv.) (قدیم) Soon کی متبادل شکل ۔

Sunfall : (n) (۱) غروب آفتاب ۔ (۲) غروب آفتاب کا وقت ۔ (۳) وہ خوشنما رنگ جو غروب آفتاب کے وقت نظر آتے ہیں ۔ (۴) دور تنزل : شام زندگی : آخری عمر ۔

Sunfast : (a) جس کا رنگ دھوپ سے نہ اڑ سکے : جو دھوپ کی وجہ سے ماند نہ پڑے ۔

Sunfish : (v) (گھوڑے کا) چاروں پیروں کو جوڑ کر اچھلنے میں مونڈھے کو باری باری نیچے کرنا ۔

Sunflag : (n) جاپانی جھنڈا جس پر سورج کی تصویر بنی رہتی ہے ۔

Sunflower : (n) (۱) سورج مکھی : گل آفتاب ۔ (۲) سورج مکھی سے مشابہ پھول ۔ (۳) وہ پودے جن کے پھول صرف دھوپ یا دن میں کھلتے ہیں ۔

Sunflower oil/ -seed : (n) سورج مکھی کا تیل ۔

Sunflower star : (n) ایک قسم کی بڑی ستارہ ماہی جس کے بیس (۲۰) قوسی حصے ہوتے ہیں ۔

Sunflower yellow : (n) چمکیلا زرد رنگ ۔

Sung : (a) گایا ہوا ۔

Sungar/ Sangar : (n) [Pushtu. 'Sangar'.] سنگی دُمس ۔

Sunglo : (n) [f. 'Sunglo', Mt. Anywei'.] چین کی سبز چائے کی ایک قسم ۔

Suni : (n) [Native name in southeastern AFrica.] جنوب مشرقی افریقہ میں پائے جانے والے برگ کی دو قسموں میں سے ایک ۔

Sunk : (a) (۱) ڈوبا ہوا : غرقاب ۔ (۲) نشیبی ۔

Sunk : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاچستان) سبزہ پوش تختہ یا کنارہ ۔ (۲) (اسکاچستان) پیال کا گدا جو بطور زین یا گدا استعمال ہوتا ہے ۔

Sunk cost : (n) لگی ہوئی لاگت ۔

Sunk-fence : (n) باغ کے گرد کا نشیبی احاطہ ۔

Sunk relief : (n) نشیبی ابھرواں کام ۔

Sunken : (a) (۱) ڈوبا ہوا : غرقاب ۔ (۲) (آنکھ ، گال وغیرہ) دھنسا ہوا : دھنسی ہوئی ۔ (۳) نشیبی ۔ (۴) (عام سطح سے)

دھنسا ہوا ۔

Sunken battery : (n) (فوج) توپ خانہ جس کا چبوترہ سطح زمین سے نیچے رہتا ہے ۔

Sunken garden : (n) نشیبی باغیچہ ۔

Sunket : (n) [alter of 'Somewhat'.] اچھا کھانا ؛ نفیس غذا ۔

Sunless : (a) بے دھوپ کا ؛ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو ۔

Sunlessness : (n) سورج کی روشنی اور گرمی سے محروم ہونا ۔

Sunlight : (n) (۱) سورج کی روشنی ؛ دھوپ ۔ (۲) فوٹوگرافی کی فلم کو جانچنے کا ایک آلہ ۔

Artificial sunlight : مصنوعی آفتابی کرنیں ۔

Sunlighted : (a) دیکھو Sunlit

Sunlike : (a) (۱) سورج کا سا ؛ آفتاب کی طرح کا ۔ (۲) (مجازاً) بہت زیادہ منور ۔

Sunlike : (adv.) سورج کی طرح ۔

Sunlit : (a) سورج سے منور ۔

Sunn : (n) [Urdu.] (۱) سن (پودا) ۔ (۲) سن (ریشہ) ۔

Sunna : (n) [Arab.] سنّت ؛ سنّتِ رسول ۔

Sunni : (n) [Arba.] سنّی ۔

Sunnily : (adv.) شادمانی سے ؛ شگفتگی سے ؛ دلکش یا جانفزا انداز سے ۔

Sunniness : (n) (۱) منور ہونا ؛ آفتاب سے گرم اور روشن ہونا ۔ (۲) شادمانی ؛ شگفتگی ؛ دلکشائی ۔

Sunnism : (n) سنّیوں کے عقائد ۔

Sunnite : (n) سنّی ۔

Sunnud/ Sanad : (n) [Arab.] سند ۔

Sunny : (a) (۱) روشن ؛ منور ؛ آفتاب سے منور ؛ آفتاب کی طرح روشن ۔ (۲) آفتاب کا ؛ آفتاب کے متعلق ۔ (۳) جہاں دھوپ آتی ہو ؛ دھوپ کا ۔ (۴)شادمانی ؛ شگفتہ (مزاج ، طبیعت) ؛ دلکشا (تبسم) ؛ فرحت بخش ؛ جانفزا ۔ (۵) آفتاب سے مشابہ ۔

Sunny side : (n) (۱) دھوپ کا رُخ ۔ (۲) (مجازاً) روشن پہلو ؛ خوش آئند پہلو ۔

On the sunny side of : سے کم ؛ نسبتاً کم ۔

Sunny-side up : (a) صرف ایک طرف تلا ہوا (انڈا) ۔

Sunnyasee : (n) [Hindi.] سنیاسی ۔

Sunrise : (n) دیکھو Sun up

Sunrising : (n) (۱) دیکھو Sunrise ۔ (۲) وہ مقام جہاں آفتاب طلوع ہوتا ہے ۔ (۳) (مجازاً) پورب ؛ مشرق ۔

Sunroof : (n) موٹر گاڑی کی چھت جو کھل سکتی ہے ۔

Sunset : (n) دیکھو Sun-fall

Sunset gun : (n) توپ جو غروب آفتاب کے وقت داغی جاتی ہے ۔

Sunsetting : (n) (۱) غروب آفتاب ۔ (۲) وہ مقام جہاں آفتاب غروب ہوتا ہے ۔ (۳) (مجازاً) مغرب ؛ پچھم ۔

Sunshade : (n) (۱) دکان وغیرہ کے آگے کا سائبان ۔ (۲) زنانہ چھتری ۔ (۳) دوربین میں لگی ایک ترکیب جس سے دھوپ کی تیزی کم کی جاتی ہے ۔

Sunshine : (n) [ME. 'Sunnesine(e)'.] (۱) سورج کی روشنی ؛ دھوپ ؛ نور شمسی ۔ (۲) وہ حصہ جو سورج کی روشنی میں ہو ۔ (۳) صاف موسم ؛ اچھا موسم (جب آسمان کھلا ہو) ۔ (۴) (مجازاً) خوشدلی ؛ شادمانی ۔ (۵) خوشی اور کامیابی کا منبع ۔ (۶) خوشگوار اور موافق اثر ۔ (۷)سورج جیسی چمک یا روشنی ۔

To have been in the sunshine : (عام) مدھوش ہونا ؛ بدمست ہونا ۔

Sunshine : (n) (۱) اس موٹر کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کی چھت کھولی جا سکتی ہے ۔ (۲) خوش ؛ مسرور ۔ (۳) اچھے وقت کا ۔

Sunshining : (a) دیکھو Sunny

Sunshiny : (a) دیکھو Sunny

Sunstroke : (n) لُو : لو کا اثر : گرمی کا اثر : حرارت یا بخار جو گرمی کی شدت سے پیدا ہو جائے : تشمیس : آفتاب زدگی ۔

Sunstruck : (a) جسے لو لگی ہو : آفتاب زدہ ۔

Sunt : (n) [Arab.] ببول : ببول کا ڈوڈا ۔

Sunward : (adv.) آفتاب کی طرف : سورج کی طرف ۔

Sunward : (a) آفتاب رخ ۔

Sunwards : (adv.) دیکھو Sunward

Sunwise : (adv.) ساعت وار : بائیں سے دائیں ۔

Sup : (n) (۱) (بولی) گھونٹ : جرعہ ۔ (۲) مقدار : تعداد ۔

Sup : (v) [OE. 'Supan'.] (۱) تھوڑا تھوڑا سڑپنا ۔ (۲) چمچہ چمچہ پینا : چمچوں سے پینا ۔ (۳) چسکی لینا ۔ (۴) (مجازاً) مزہ چکھنا : تجربہ ہونا ۔

To sup sorrow : رنجیدہ ہونا : دلگیر ہونا ۔

Sup : (v) [OFr. 'Super, Soper'.] (۱) رات کا کھانا کھانا : سَپَر کھانا ۔ (۲) (باز ، گھوڑا یا کتے کو) رات کا آخری کھانا دینا ۔ (۳) سَپَر کھلانا ۔

Supari : (n) [Hindi.] سپاری : ڈلی : چھالیا ۔

Supawn/ Suppawn : (n) [Du. 'Sappaen'.] مکئی کا دلیہ ۔

Supe : (n) (۱) ناظر : منتظم : نگراں : مہتمم ۔ (۲) (کلیسا) (تاریخ) (پروٹسٹنٹ کی اصطلاح میں) انگلینڈ کا بشپ ۔ (۳)مذہبی حلقے کا سردار جس کا اختیار کلیساؤں اور پادریوں پر ہو ۔ (۴) (اسکاچستان کلیسا) مذہبی فرقے کا سردار جو کسی کلیسائی حلقے کا نگراں ہوتا ہے اور حکم نافذ کرتا ہے ۔ (۵) امریکی اسقفوں کا نام جو جان وسلی نے دیا تھا ۔ (٦) پولس کا افسر جو انسپکٹر سے اوپر ہوتا ہے ۔

Supe : (v) زائد کا کام دینا : فاضل ہونا ۔

Supe : (v) قوت بڑھانا (کارتوس وغیرہ کی) ۔

Supellectile : (a) [Late L. 'Supellectilis'.] (۱) گھریلو فرنیچر سے متعلق یا ان جیسا ۔ (۲) (مجازاً) آرائشی ۔

Supellectile : (n) فرنیچر : سائنسی آلات ۔

Supellex : (n) [L.] (شاذ) گھریلو فرنیچر : سائنسی آلات ۔

Super : (n) (۱) (تھیٹر) Supenumerary کا مخفف ۔ (۲) دیکھو Super-hive ۔ (۳) دیکھو Superintendent ۔ (۴)اعلیٰ درجہ یا قسم : اعلیٰ قسم کی چیز ۔ (۵) دیکھو Superphosphate ۔ (٦) ایک قسم کا کپڑا جو جلد بندی میں کام آتا ہے ۔ (۷) دیکھو Supermarket ۔

Super : (v) (۱) جلد میں موٹے قسم کا کپڑا لگانا ۔ (۲) جلد میں کام آنا ۔

Super : (a) (۱) سطحی : بالائی : بیرونی سطح کا ۔ (۲) نہایت عمدہ : نفیس : اعلیٰ درجہ کا ۔

Super : (adv.) (۱) بے حد : بے انتہا ۔ (۲) حد سے زیادہ ۔

Super- : (Prefix) [L. 'Super'.] سابقہ بمعنی "اوپر" : "بر" : "فوق" : "ورا" : "مہا" : "مزید" : "بالا ۔ (الف) لاطینی صفات اور ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ہے ۔ (۱) بہ خط مستقیم کی چیز کے اوپر ۔ (۲) بلند تر سطح پر ۔ (۳) ماورا : مافوق ۔ (ب)افعال ، صفات اور ان کے مشتقات کے ساتھ حسب ذیل معنی میں ۔ (۱) (ایک چیز کے) اوپر : (دوسری چیز کے) اوپر کا : بالائی : اوپر سے ۔ (۲) اوپر سے دیکھنا ۔ (۳)علاوہ ۔ (۴) معمول سے زیادہ : حد سے زیادہ ۔ (ج)اسما کے ساتھ مل کر صفت بناتے ہیں ۔ (۱) اوپر کا : بالائی : اوپری : بیرونی ۔ (۲) بلند تر : وسیع تر ۔ (۳)دوسرے درجے کا : ذیلی ۔ (۴) (ریاضی کے الفاظ میں) زائد بہ قدر : زائد بہ نسبت ۔

Super-acid : (a) حد سے زیادہ تیزابی : جس میں حد سے زیادہ تیزاب ہو ۔

Super-bomb : (n) ہائیڈروجن بم : بہت ہی طاقتور بم ۔

Super dominant : (a) (صوت) فوق پنجم ۔

Super-dreadnought : (n) ڈرڈ ناٹ سے زیادہ زبردست جنگی جہاز ۔

Super duper/ -dooper : (a) انتہائی اعلیٰ درجے کا : انتہائی شاندار ۔

Super foot : (n) (۱) (اسٹریلیا) مربع فٹ ۔ (۲) (اسٹریلیا) تختہ وغیرہ کی پیمائش کی ایک اکائی ۔

Super-external : (a) اوپر باہر کی طرف واقع ۔

Super-royal : (a) کاغذ کے تختی کا ایک سائز ۔

Super-salesman : (n) انتہائی کامیاب دست فروش : انتہائی کامیاب سیلز میں ۔

Superability : (n) قابل فتح ہونا : تسخیر پذیری : قابل عبور ہونا ۔

Superable : (a) [L. 'Superabilis'.] (۱) (دقت یا مشکل) جو دور ہو سکے ۔ (۲) جو قابو میں آسکے : جس پر غلبہ پانا ممکن ہو : قابو کی : قابل فتح : تسخیر پذیر : قابل عبور ۔

Superableness : (n) دیکھو Superability

Superably : (adv.) قابل فتح طور پر : تسخیر پذیری کے ساتھ ۔

Superabound : (v) [late L. 'Superabundare'.] کثرت سے ہونا : بہ کثرت ہونا : بہ افراط ہونا : افراط سے ہونا : بہتات ہونا ۔

Superabundance : (n) (۱) زیادتی : کثرت : بہتات : افراط : وفور : ریل پیل ۔ (۲) زائد مقدار : فاضل : زائد ۔

Superabundancy : (n) دیکھو Superabundance

Superabundant : (a) کثیر : وافر : بہت زیادہ ۔

Superabundantly : (adv.) بہت کثرت سے : بہ افراط ۔

Superadd : (v) [L. 'Superaddere'.] مزید اضافہ کرنا اور بڑھانا ۔

Superaddition : (n) (۱) مزید جمع ۔ (۲) مزید اضافہ ۔

Superadditional : (a) مزید جمع سے متعلق : مزید اضافہ کا ۔

Superaerial : (a) برفضائی : ہوا سے اوپر کا ۔

Superagency : (n) بڑی سرکاری ایجنسی جو دوسری چھوٹی چھوٹی ایجنسیوں کی نگرانی کرتی ہے ۔

Superalimentation : (n) حد سے زیادہ کھلانا ۔

Superalkaline : (n) حد سے زیادہ القلوی ۔

Superalloy : (n) مخلوط قسم کا بھرت جو اونچے درجہ حرارت تک گرم کیا جا سکتا ہے ۔

Superalter : (n) [med. L. 'Superaltare'.] (۱) بالائی قربان گاہ : وہ پتھر جس کی رسم تقدیس با ضابطہ ادا ہو چکی ہو اور جو گرجے میں غیر تقدیس شدہ قربان گاہ کے اوپر رکھا گیا ہو ۔ (۲) قربان گاہ کے اوپر کی عمارت (پشت کی جانب) ۔

Superanal : (a) بر مقعدی : فوق مقعدی : مقعد کے اوپر کا ۔

Superannuable : (a) جو میعاد پوری ہونے پر کسی شخص کو پیرانہ سالی پنشن کا مستحق بنا دے ۔

Superannuate : (v) [med. L. 'Superannuatus'.] (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے کام کے ناقابل قرار دینا : پیرانہ سالی کی وجہ سے قابل بر طرفی یا قابل پنشن قرار دینا ۔ (۲) پیرانہ سالی کی وجہ سے برطرف کر دینا یا پنشن دے کر الگ کر دینا ۔

Superannuated : (a) (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے کام کے ناقابل ۔ (۲) فرسودہ : پرانا اور بیکار ۔ (۳) پیرانہ سالی کی وجہ سے برطرف کیا ہوا یا پنشن دیا ہوا ۔

Superannuation : (n) (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے برطرف کرنا یا کیا جانا : پنشن دینا یا دیا جانا ۔ (۲) پیرانہ سالی کی پنشن ۔ (۳) اسکول کے اس لڑکے کو جس کی عمر زیادہ اور تعلیمی ترقی کم ہو قابل اخراج قرار دینا ۔ (۴) پیرانہ سالی : تقاعُد ۔

Superannuitant : (n) وہ شخص جسے پیرانہ سالی پنشن ملتی ہو ۔

Superannuity : (n) پیرانہ سالی پنشن ۔

Superaqueous : (a) بالائی آب : سطح آب کے اوپر کا : فوق مائی ۔

Superaxillary : (a) (نباتیات) بر بغلی ۔

Superb : (a) [Fr. 'Superbe', or L. 'Super bus'.] (۱) نہایت شاندار : عظیم الشان : بڑا پر شوکت : نہایت دلفریب یا دلکش (منظر ، حسن وغیرہ) ۔ (۲) اعلیٰ درجے کا : نہایت عمدہ : نہایت نفیس ۔ (۳) انتہائی : حد کی : غضب کی ۔ (۴) بہت اچھا : شاندار ۔

Superb bird of paradise : (n) ایک خوشنما پرندہ ۔

Superb warbler : (n) آسٹریلیا کی ایک چھوٹی گانے والی چڑیا ۔

Superbity : (n) تکبر : غرور : گھمنڈ ۔

Superbly : (adv.) (۱) نہایت شاندار طریقے سے : بڑی شان و شوکت سے ۔ (۲) نہایت : بے حد ۔

Supercalender : (a) (کاغذسازی میں) خوب گٹھا ہوا بنانا (تاکہ چمک آ جائے) ۔

Supercalender : (n) خوب گٹھا ہوا کاغذ بنانے والا بیلن ۔

Supercanopy : (n) (کمانچے ، کھڑکی یا طاق کے چھجے کے اوپر) ایک

اور چھجا : بالائی چھجا۔

Supercargo : (n) مال کپتان : جہاز کا وہ افسر جو مال چڑھانے اتارنے اور فروخت کرنے کا انتظام کرتا ہے۔

Supercede : (۱) منسوخ کرنا : ترک کرنا (استعمال)۔ (۲) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز اختیار کرنا : ایک شخص کی جگہ دوسرا شخص مقرر کرنا۔ (۳) (ایک چیز کا دوسری چیز کی جگہ، ایک شخص کا دوسرے شخص کی) جگہ لینا۔ (۴) کسی کے اوپر دوسرے کو ترقی دینا : کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا۔ (۵) پیچھے جانا : (کسی چیز کے بعد) واقع ہونا۔ (۶) مقدم ہونا : سبقت لے جانا۔

Supercelestial : (a) (۱) آسمان سے اوپر کا : فوق سماوی۔ (۲) فرشتوں سے برتر : فوق الملکی۔

Supercentral : (a) فوق مرکزی۔

Supercharge : (v) حد سے زیادہ بھر دینا (قوت، توانائی، تناؤ، جوش وغیرہ)۔

Supercharged : (a) جس میں زیادہ گیس بھر گئی ہو۔

Supercharger : (n) (موٹر اور طیارے میں زیادہ گیس بھرنے کے لئے) زیادہ طاقت کا پمپ۔

Supercherie : (n) [Fr.] دھوکا : فریب : دغا۔

Superciliary : (a) (۱) ابرو کا : حاجبی : أبروئی۔ (۲) آنکھ کے اوپر کا : فوق عینی۔

Superciliary : (n) ابرو کے اوپر پیشانی کی ہڈی کا ابھار۔

Superciliary arch : (n) ابرو کے اوپر پیشانی کی ہڈی کا ابھار۔

Superciliary ridge : (n) Superciliary arch

Supercilious : (a) [L. 'Superciliosus'.] (۱) نخوت پسند : متکبر : دوسروں کو حقیر سمجھنے والا۔ (۲) نخوت کا : متکبرانہ : حقارت آمیز۔

Superciliously : (adv.) ناک چڑھا کر : نخوت کے انداز سے : تحقیر کے انداز سے : حقارت آمیز طریقے سے۔

Superciliousness : (n) نک چڑھاپن : نخوت : تکبر : دوسروں کو حقیر سمجھنا۔

Supercilium : (n) [L.] (۱) حاجب : ابرو۔ (۲) (حیوانیات) حاجبی نشان۔ (۳) ایک (Attic) کرسی کے مجوف حاشیے کے اوپر اور نیچے کی پٹی۔ (۴) دروازے کی چوکھٹ کی سردل۔ (۵) (تشریح) استخوانی جوف کلکنارہ : خصوصاً قفلی کا۔

Superclass : (n) (حیاتیات) بڑی قسم : بڑی جماعت : (کسی چیز کی تقسیم میں) بڑی قسمت جس میں کئی قسمیں شامل ہوں۔

Supercolossal : (a) انتہائی عظیم الجثہ : انتہائی شاندار۔

Supercolumnar : (a) (۱) بالائی ستون کا : جو ستونوں کے اوپر ہو : فوق عمودی۔ (۲) بالائی ستونوں والا۔

Supercolumniation : (n) ستونوں کے اوپر عمارت : عمارت بالائی عمارت۔

Supercommentary : (n) تبصرہ بالائے تبصرہ۔

Supercompression : (n) پُر دباؤ۔

Superconduct : (v) غیر معمولی طور پر زیادہ ایصال کا مظاہرہ کرنا۔

Superconduction : (n) غیر معمولی ایصال۔

Superconductivity : (n) مکمل موصلیت۔

Superconductor : (n) غیر معمولی موصل۔

Superconscious : (a) بالائے شعوری۔

Superconscious : (n) شعور بالا۔

Superconsciousness : (n) شعور بالا۔

Supercontinent : (n) قدیم فرضی بڑا براعظم جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ دوسرے بر اعظم اسی سے الگ ہو کر بنے ہیں۔

Supercontract : (v) مکمل طور پر سکڑ جانا۔

Supercontract bridge : (n) برج (تاش کا کھیل) جو گڈی میں ایک اور جوکر کا اضافہ کر کے کھیلا جاتا ہے۔

Supercontraction : (n) مکمل سکڑاؤ۔

Supercool : (v) سیال شے کو اس طرح ٹھنڈا کرنا کہ اس کی حرارت نقطۂ انجماد سے کم ہو جائے مگر وہ منجمد نہ ہونے پائے۔

Supercrescence : (n) طفیلی ابھار : طفیلی پھوڑا۔

Supercrescent : (a) طفیلی ۔

Supercretaceous : (a) (ارضیات) چاکی سلسلے سے اوپر کا ۔

Supercrust : (n) کنکریٹ کے کھڑنجے کا بالائی ردہ ۔

Superdainty : (a) انتہائی نفیس : بے حد لذیذ یا خوشگوار ۔

Superduty : (a) بہت مضبوط : جو زیادہ گرمی برداشت کر سکے ۔

Superego : (n) فوق انا : فوق ایغو ۔

Superelevate : (v) (موڑ پر) ریل کی ایك پٹری کو دوسری پٹری سے زیادہ بلندی پر لگانا ۔

Superelevation : (n) زائد بلندی (ریل کی سڑك کے موڑ پر ایك پٹری کی دوسری پٹری سے) ۔

Supereminence : (n) انتہائی امتیاز : نہایت سر بر آوردگی : خاص خاص طور پر نمایاں ہونا ۔

Supereminent : (n) نہایت ممتاز : نہایت سربرآوردہ : خاص طور پر نمایاں ۔

Supereminently : (adv.) خاص طور پر نمایاں ہو کر : انتہائی امتیاز کے ساتھ ۔

Superempirical : (a) مافوق تجربہ : انتہائی بدیہی ۔

Superendurance : (n) برداشت کی صبر آزما طاقت ۔

Supererogation : (n) [late L. 'Superergatio-'.] فرض منصبی سے زیادہ کام کرنا : مزید خدمت : مزید کام : مزید عبادت : نافلہ : نفلی عبادت ۔

Work of supererogation : (دینیات) مزید حسنات : مزید عبادت : نفل (جو اپنے سوا دوسروں کی بخشش کے کام آ سکے) ۔

Supererogatorily : (adv.) نفل کے طور پر : مزید طور پر ۔

Supererogatory : (a) فرض منصبی سے زائد : مزید : نفلی ۔

Superessential : (a) مافوق ذات مطلق سے متعلق ۔

Superethical : (a) اخلاقی اصول سے بالاتر : مافوق الاخلاق : فوق اخلاقی ۔

Superette : (n) چھوٹے پیمانے کا بڑا بازار ۔

Superexcellence : (n) انتہائی خوبی : انتہائی نفاست : کمال خوبی ۔

Superexcellent : (a) بے حد عمدہ : غیر معمولی طور پر عمدہ : اعلیٰ ترین : نہایت اعلیٰ درجے کا : نہایت ہی عمدہ : نہایت ہی نفیس ۔

Superexcellently : (adv.) انتہائی خوبی کے ساتھ : نہایت نفاست کے ساتھ ۔

Superexistent : (a) فوق الفطرت (وجود) ۔

Superextra : (a) بہترین : سب سے اعلیٰ ۔

Superfamilial : (a) بڑے خاندان سے متعلق ۔

Superfamily : (n) (حسی) بڑا خاندان جس میں کئی خاندان شامل ہوں ۔

Superfatted : (a) بہت زیادہ چربیلا (صابون وغیرہ) ۔

Superfatty : (a) دیکھو Superfatted

Superfecundation : (n) (۱) حمل درحمل : دوران حمل میں دوبارہ استقرار حمل : حمل پر حمل ۔ (۲) زائد پیداوار : ایك کے اوپر ایك نکلنا ۔

Superfemale : (n) (X-chromosome) بانجھ عورت جسے تین X لونیہ اور خود لونیہ کے دو سیٹ ہوں (Autosome) ۔

Superfetation : (n) دیکھو Superfecundation

Superficial : (a) [late L. 'Superficialis'.] (۱) سطحی : سطح کا : بیرونی : بالائی : اوپری ۔ (۲) بہت معمولی : سطحی (معلومات وغیرہ) : ظاہری : دیکھنے کی : اوپری (تہذیب، اخلاقی صفات وغیرہ) : خفیف سی (مشابہت) : بہت ہلکی (رنگ روغن کی تہ) ۔ (۳) مربع (انچ ، فٹ وغیرہ) ۔

Superficial : (n) (۱) سطحی چیز ۔ (۲) سطحی لوگ ۔ (۳) سطحی صفات : ظاہری خصوصیت ۔

Superficial foot : (n) مربع فٹ ۔

Superficialism : (n) ظاہری صفت : سطحیت ۔

Superficialist : (n) وہ شخص جس کی معلومات ، مشاہدات یا اطوار سطحی ہوں ۔

Superficiality : (n) سطحیت : اوپری یا سطحی ہونا۔

Superficialize : (v) (۱) کسی موضوع پر سطحی طور پر بحث کرنا : کوئی کام سطحی طور پر کرنا۔ (۲) سطحی بنانا۔

Superficially : (adv.) سطح پر : سطحی طور پر۔

Superficialness : (n) سطحیت : اوپری یا سطحی ہونا۔

Superficies : (n) [L.] (۱) (ہندسہ) سطح (جس میں صرف دو بُعد ہوں ، صرف لمبائی اور چوڑائی)۔ (۲) بالائی سطح : بیرونی سطح۔ (۳) (کسی قطعہ زمین پر) عمارت ، درخت وغیرہ جو اس زمین کا ایک حصہ ہو۔ (۴) بالائی رقبہ یا حد۔ (۵) کوئی سطحی چیز۔

Superfine : (a) [med. L. 'Superfinus'.] (۱) نہایت عمدہ : بہت اعلیٰ درجے کا : بہت بڑھیا۔ (۲) بے حد نفاست پسند۔ (۳) بہت باریک : خالص اور شفاف (رقیق شے)۔

Superfinely : (adv.) نہایت عمدہ طور پر : بے حد نفاست پسندی سے۔

Superfines : (n) نہایت عمدہ یا نفیس چیز۔

Superfinish : (v) (کسی دھات کی سطح کو) آئینہ کی طرح چمکانا۔

Superfluity : (n) [Fr. 'Superfluite'.] (۱) ضرورت سے زائد ہونا : فاضل ہونا۔ (۲) بے ضرورت ہونا : فضول ہونا۔ (۳) بے ضرورت چیز : فضول چیز۔ (۴) ضرورت سے زیادہ دولت : فاضل دولت : فالتو دولت۔ (۵) فضول خرچی : اسراف : صرف بیجا۔

Superfluous : (a) [L. 'Superfluus'.] (۱) ضرورت سے زیادہ : فاضل : زائد۔ (۲) بے ضرورت : فضول۔ (۳) غیرمعمولی : خلاف معمول۔

Superfluously : (adv.) (۱) ضرورت سے زیادہ۔ (۲) بلا ضرورت : فضول۔

Superfluousness : (n) (۱) فاضل ہونا : زائد ہونا۔ (۲) فضول ہونا : بے ضرورت ہونا۔

Superflux : (n) (۱) کثرت : افراط : زیادتی۔ (۲) ضرورت سے زائد ہونا۔ (۳) لبریز ہونا۔

Superfrontal : (n) [med. L. 'Super frontale'.] (۱) قربان گاہ کی روکار کے بالائی حصے کا غلاف۔ (۲) قربان گاہ کے پیچھے پڑے ہوئے پردے۔

Superfuse : (v) [L. 'Superfundere'.] (۱) دیکھو Supercool۔ (۲) ڈھالنا (کسی چیز پر)۔ (۳) چھڑکنا (بپتسما میں)۔

Superfusion : (n) پر ذوب : پر گدازی : ڈھالنا : چھڑکنا۔

Supergiant : (n) (۱) کوئی عظیم الجثہ چیز۔ (۲) اضخم ستارہ۔

Supergiantic star : (n) اضخم ستارہ۔

Superglacial : (a) یخ تودہ کی سطح سے متعلق۔

Superglottic : (a) فم حلق کے اوپر واقع۔

Supergovernment : (n) (۱) بین الاقوامی ہیئت حاکمہ جو اپنے ملکوں پر اپنا فیصلہ نافذ کر سکتی ہے : حکومت بالا۔ (۲) وہ حکومت جو خود حکومت نہیں کرتی مگر دوسری قانونی حکومتوں پر اپنا فیصلہ نافذ کر سکتی ہے۔ (۳) حکومت جس کے اختیارات بے حد وسیع ہوں۔

Superheat : (v) (۱) نقطۂ جوش سے زیادہ گرم کرنا۔ (۲) زیادہ گرم کر کے بھاپ بنا دینا۔ (۳) بہت زیادہ گرم کرنا۔

Superheat : (n) (۱) نقطۂ جوش سے زیادہ گرم ہونا یا کیا جانا۔ (۲) بھاپ کی اس کی حرارت سیری سے زیادہ حرارت۔ (۳) غبارہ کے اندر کی گیس کی حرارت اور بیرونی ہوا کی حرارت کا درمیانی فرق۔

Superheater : (n) پر گرمالہ : وہ آلہ جس سے کوئی چیز نقطۂ جوش سے زیادہ گرم کی جاتی ہے۔

Superhet : لاسلکی کا نہایت قوی آواز گیر۔

Superheterodyne : (n) دیکھو Superhet

Superhighway : (n) کشادہ شاہراہ۔

Superhistorical : (a) فوق تاریخی۔

Superhive : (n) بالائی چھتا : چھتے کا بالائی حصہ جو اس سے الگ ہو سکتا ہے : بالا مہال : چھتا پر چھتا۔

Superhuman : (a) [late L. 'Superhumanus'.] (۱) فوق انسانی : جو انسان کی طاقت یا ادراک سے باہر ہو۔ (۲) فوق البشری۔

Superhuman : (n) (۱) فوق البشر : فوق الانسان (جرمن فلسفی نیٹشے کے فلسفے میں وہ شخص جو فوق العادت قوتیں رکھتا ہو اور اخلاقی معیار سے بالا تر ہو)۔ (۲) غیر معمولی طور پر بڑا اور کامیاب شخص : وہ شخص جس نے کسی

خاص میدان میں غیر معمولی قوت یا کامیابی حاصل کی ہو ۔ (۲) غیرمعمولی طور پر طاقت ور افسانوی ہیرو ۔ (۳) اعلیٰ انسان : مہا مانس ۔

Superhumanity : (n) فوق الانسانیت ۔

Superhumanize : (v) فوق الانسان بنانا : فوق الانسانی کی طرح پیش کرنا ۔

Superhumanly : (adv.) فوق الانسانی طور پر ۔

Superhumeral : (n) [late L. 'Superhumerale'.] (۱) یہودیوں کے احبار کا جُبہ : اسقف اعظم کا جُبہ ۔ (۲) (مجازاً) کندھے کا بوجھ ۔

Superimposable : (a) جو ایک دوسرے کے اوپر قائم کیا جا سکے ۔

Superimpose : (v) (۱) ایک چیز کو دوسری چیز کے اوپر رکھنا : اوپر بنانا : اوپر قائم کرنا ۔ (۲) (مجازاً) اوپر سے لادنا ۔ (۳) متحد کرنا : منسلک کرنا ۔

Superimposed : (a) منطبق : متراکب : بر نہادہ ۔

Superimposition : (n) اوپر رکھنا یا رکھا جانا : تراکب ۔

Superimposure : (n) کوئی چیز جو دوسری چیز پر رکھی گئی ہو ۔

Superimpregnate : (v) دوران حمل دوبارہ حاملہ کرنا ۔

Superimpregnate : (v) دیکھو Superfetation

Superincumbent : (n) (۱) جو کسی چیز کے اوپر رکھا ہو یا قائم ہو : اوپر رکھا ہوا ۔ (۲) اوپر لٹکا ہوا ۔ (۳) (دباؤ وغیرہ) بالائی ۔

Superinduce : (v) [L. 'Superinducere'.] (۱) نئی چیز کا اضافہ کرنا ۔ (۲) (مرض کا) اضافہ کرنا : کوئی اور مرض پیدا کرنا : (ایک چیز میں) کوئی دوسری چیز کا بڑھانا یا پیدا کرنا ۔ (۳) اوپر چڑھانا (کسی چیز کے) (چھپانے کے لئے) ۔

Superinducement : (n) نئی چیز کا اضافہ کرنا : اضافہ ۔

Superinduction : (n) دیکھو Superinducement

Superindue : (v) لباس کی طرح پہن لینا (خصوصاً دوسرے لباس کے اوپر) ۔

Superinfect : (v) ایک قسم کے جراثیم کا دوبارہ سرایت کر جانا ۔

Superinfection : (n) دوبارہ سرایت کر جانا (جراثیم کا) ۔

Superinspect : (v) (شاذ) دقیق معائنہ کرنا ۔

Superinted : (v) [L. 'Superintendere'.] انتظام کرنا : نگرانی کرنا ۔

Superintendence : (n) انتظام : اہتمام : نگرانی ۔

Superintendency : (n) (۱) نگراں کا عہدہ یا رتبہ ۔ (۲) نگراں کا حلقہ اختیار : (چین میں) ملک کی انتظامی تقسیم کی ایک اکائی ۔

Superintendent : (n) دیکھو Supe

Superintendent : (a) نگراں : منتظم حکومت ۔

Superintendentship : (n) ناظم : نگراں یا منتظم کا عہدہ ۔

Superintender : (n) دیکھو Superintendent

Superior : (a) [OFr. 'Superiour'.] (۱) اعلیٰ : بڑا : اونچا : بالادست (حاکم ، منصب ، عدالت وغیرہ) ۔ (۲) بڑا : بہتر : برتر : فائق : بڑھا ہوا ۔ (۳) اعلیٰ درجے کا : بڑھیا ۔ (۴) قابل اور تربیت یافتہ : اچھی قابلیت اور عمدہ صفات کا ۔ (۵) اپنی قابلیت پر نازاں : خود پسند : خود پسندانہ : رعونت کا ۔ (۶) بالاتر ۔ (۷) (کسی سے یا کسی کا) بڑا : اچھا : بزرگ ۔ (۸) (علم النجوم) علوی ۔ (۹) (نباتیات و حیوانیات) مؤخر : پچھلا : بالائی ۔ (۱۰) (طباعت) چھوٹے حروف یا اشکال جو سطر کے اوپر عام حروف پر یا قریب اوپر لگائے جاتے ہیں ۔

Father or Mother superior : (خانقاہ وغیرہ کا) صدر : صدر راہب : صدر راہبہ ۔

Superior : (n) (۱) اعلیٰ منصب آدمی : افسر بالا ۔ (۲) (خانقاہ وغیرہ کا) صدر : افسر : صدر راہب ۔ (۳) (جاگیردارانہ نظام) زمیندار ۔ (۴) بہتر چیز یا شخص (دوسروں سے) ۔ (۵) وہ حروف جو سطر کے اوپر لکھے یا چھاپے جائیں : بالائے سطر حروف ۔

Superior air : (n) رعونت کا انداز ۔

Superior calyx : (n) بالائی بند گل یا پھول کٹوری : بالائی کمامہ ۔

Superior genus : (n) وسیع جنس : بالا جنس ۔

Superior number : (n) غالب تعداد (اشخاص کی) ۔

Superior ovary : (n) بالائی بیضہ دان : زائد بیضہ دان جو ایک بیضہ دان کے اوپر ہو ۔

Superior wing : (n) (حشریات) بالائی بازو : زائد بازو جو ایک بازو کے اوپر سے نکلا ہو ۔

Superioress : (n) (خانقاہ وغیرہ کی) صدر راہبہ ۔

Superiority : (n) تفوق : برتری : بالادست ہونا : عظمت : بڑائی : قابلیت : خوبی : عمدگی ۔

Superiority complex : (n) (۱) احساس برتری ۔ (۲) خلط برتری ۔

Superiorly : (adv.) (۱) اوپر کی طرف : اوپر ۔ (۲) بہتر طریقے سے ۔ (۳) نخوت کے انداز سے : حقارت آمیز طریقے سے ۔

Superjacent : (a) اوپر رکھا ہوا : بر نہادہ ۔

Superjet : (n) آواز کی رفتار سے تیز چلنے والا جیٹ طیارہ ۔

Superlapsarian : (a) فوق ہبوطی ۔

Superlative : (a) [Fr. 'Superlatif'.] (۱) (قواعد) افضل التفضیل : تفضیل کل ۔ (۲) مبالغہ آمیز : اغراقی ۔ (۳) اعلیٰ درجے کا : اعلیٰ ۔

Superlative : (n) (۱) اسم تفضیل ۔ (۲) مبالغہ : اغراق ۔ (۳) انتہا : عروج : اوج ۔

Superlative degree : (n). افضل التفضیل کا درجہ : تفضیل کل کا درجہ

Superlatively : (adv.) بدرجۂ اعلیٰ : نہایت : بے حد ۔

Superlativeness : (n) اعلیٰ درجے کا ہونا : اعلیٰ ہونا ۔

Superlineal : (a) بالائے سطر : سطر کے اوپر لکھا ہوا ۔

Superlinear : (n) دیکھو Superlineal

Superlong : (a) بہت زیادہ لمبا ۔

Superlunar : (a) (۱) فوق قمری : عالم بالا کا : جو اس دنیا کا نہ ہو ۔ (۲) (مجازاً) غیر محتاط : حدود معقولیت سے متجاوز : مسرف ۔

Superlunary : (a) دیکھو Superlunar

Supermale : (n) بانجھ مرد جسے ایک X ۔ لونیہ (X-chromosome) اور تین یا زیادہ خود لونیہ (Autochrome) کے سیٹ ہوں ۔

Superman : (n) دیکھو Superhuman

Supermanhood : (a) فوق البشریت : فوق الانسانیت ۔

Supermanly : (a) فوق البشر سے متعلق ۔

Supermarine : (a) سطح سمندر کے اوپر کا ۔

Supermarket : (n) بڑا بازار جہاں ہر طرح کی چیزیں ملتی ہیں ۔

Supermaxilla : (n) بالائی جبڑا ۔

Supermaxillary : (a) بالائی جبڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Supermicroscope : (n) اعلیٰ خرد بین ۔

Supermicrosopic : (a) ورائے خردبینی : زیر خرد بینی ۔

Supermolecule : (n) سالمۂ مرکب : سالمیات مادہ کا مجموعہ جو طبیعیات میں ایک واحد (Unit) شمار کیا جاتا ھے ۔

Supermundane : (n) [med. L. 'Supermundanus'.] فوق ارضی : فوق دینوی : فوبق دہری : عالم بالا کا (دنیاوی چیزوں سے برتر) ۔

Supernacular : (a) عمدہ (شراب) ۔

Supernaculum : (adv.) [L.] بغیر ایک قطرہ چھوڑے ہوئے (اس طرح کہ ناخون پر ڈالنے کے لئے ایک قطرہ نہ بچے : پہلے یہ رسم تھی کہ شراب کا ساغر الٹ کر اس کا آخری قطرہ انگوٹھے کے ناخن پر ڈالتے تھے) ۔

Supernaculum : (n) (۱) اعلیٰ درجے کی شراب : اعلیٰ قسم کی کوئی چیز ۔ (۲) بڑا گھونٹ (جو جام کو خالی کر دے) : شراب کا لبریز گلاس ۔

Supernal : (a) [OFr. or med. L. 'Supernalis'.] (۱) آسمانی : سماوی ۔ (۲) عالم بالا کا : فردوسی : علوی : الہٰی : ربانی ۔ (۳) رفیع : ارفع : بلند و برتر ۔ (۴) نہایت عمدہ ۔

Supernally : (adv.) اوپر سے : آسمان سے

Supernatant : (a) سطح پر تیرنے والا : شناور : تیرتا ہوا ۔

Supernatant : (n) تیرتی ہوئی چیز ۔

Supernate : (n) دیکھو Supernatant

Supernational : (a) ایک سے زیادہ ملک کا یا اس سے متعلق ۔

Supernationalism : (n) (۱) حد سے زیادہ قوم پروری یا ملت پروری ؛ فوق قومیت ۔ (۲) بین الاقوامیت ؛ ایک سے زیادہ ملکوں کی تنظیم یا حکومت بنانی کی حمایت ۔

Supernationalist : (n) انتہائی قوم پرور ۔

Supernatural : (a) [med. L. 'Supernaturalis'.] (۱) فوق الفطرت ، جو فطری قوتوں سے بالا تر قوت کا نتیجہ ہو اور علت محلول کے قانون سے آزاد ہو ؛ جس میں خرق عادت یا معجزہ ہو ؛ مافوق الفطرت ۔ (۲) اعجازی ؛ کرامتی ؛ خارق العادۃ ؛ معجزانہ ۔ (۳) عجیب ؛ بھیانک ؛ پر اسرار ۔

Supernatural : (n) (۱) فوق الفطرت چیز ۔ (۲) فوق الفطرت ہستی ۔

Supernatural virtue : (n) تین دینی نیکیوں (ایمان ، رجاء ، احسان) میں سے ایک ۔

Supernaturalism : (n) (۱) فوق الفطرتیت ؛ فوق الفطرت قوتوں اور چیزوں کا قائل ہونا ۔ (۲) معجزے کا قائل ہونا ؛ مافوقیت ؛ ایمان باالمعجزہ ۔

Supernaturalist : (n) فوق فطرت چیزوں یاقوتوں کا قائل ؛ معجزے کا قائل ؛ مافوقی ؛ معتقد معجزہ ۔

Supernaturalistic : (a) فو ق الفطرتیت سے متعلق ؛ مافوقیت سے متعلق ۔

Supernaturality : (n) فوق الفطرتیت ؛ فوق فطرت ہونا ؛ فوق الفطرت چیز یا واقعہ وغیرہ ۔

Supernaturalize : (v) فوق فطرت بنا دینا ۔

Supernaturally : (adv.) خرق عادت کے ذریعے سے ؛ فوق الفطرت طریقے سے ۔

Supernaturalness : (n) فوق الفطرت ہونا ؛ خرق عادت ۔

Supernature : (n) فوق فطرت اقلیم یا نظام ؛ فوق فطرت چیز ۔

Supernormal : (a) فوق طبعی ؛ مقررہ معیار سے زیادہ ۔

Supernormally : (adv.) فوق طبعی طور پر ۔

Supernova : (n) عظیم نوتارا ۔

Supernumerary : (a) [late L. 'Supernumerarius'.] زائد ؛ فاضل ؛ فالتو ؛ مستزاد ۔

Supernumerary : (n) (۱) فاضل شخص یا چیز ۔ (۲) جہاز کا زائد عملہ ۔ (۳) وسلین (Wesleyan) کا ریٹائر ڈوزیر ۔ (۴)(تھیٹر) وہ شخص جو اسٹیج پر آتا ھے مگر بولتا نہیں ھے ۔

Supernumerary rainbow : (n) دھندلا سا قوس قزح جو بعض اوقات نظر آتا ھے ۔

Supero- : [L.'Superus'.] جزو ترکیبی بمعنی "بالائی" ؛ "اوپر کا" ۔

Supero-anterior : (a) اوپر سامنے کی طرف واقع ۔

Superoctave : (n) ارغنون باجے کا ایک پردہ ۔

Superoccipital : (a) پشت سر کے اوپر واقع ۔

Superoccipital : (n) پشت سر کے اوپر کی ہڈی ۔

Superorder : (n) صنف کبیر ؛ بڑا سلسلہ جس میں چھوٹے سلسلے شامل ہوں ۔

Superordinal : (a) نباتات اور حیوانات کے بڑے سلسلے کا ۔

Superordinary : (a) خاص ؛ غیر معمولی ؛ معمولی سے بہتر ۔

Superordinate : (a) (۱) برتر ؛ اعلیٰ (عہدے کے لحاظ سے) ۔ (۲)(منطق) عام ۔

Superordinate : (n) وہ شخص جو برتر یا اعلیٰ ہو ۔

Superordination : (n) (۱) نامزدگی ۔ (۲) عام قضیہ ۔

Superorganic : (a) (۱) فوق جسمی ؛ فوق عضوی ؛ روحانی ؛ روحیاتی ۔ (۲) جسم اجتماعی سے متعلق ؛ اجتماعی ؛ معاشرتی ؛ اعلیٰ نظامی ۔

Superovulate : (v) ہارمون کے ذریعہ زیادہ انڈے دلوانا ۔

Superovulation : (n) ایک مرتبہ میں معمول سے زیادہ انڈے دینا ؛ کثیر تبویض ۔

Superparasite : (n) طفیلی بر طفیلی ۔

Superpatriot : (n) حد سے زیادہ محب وطن شخص ۔

Superpatriotic : (a) حد سے زیادہ محب وطن شخص سے متعلق ۔

Superpatriotism : (n) حد سے زیادہ حب وطن ۔

Superpersonal : (a) فوق ذاتی ۔

Superpersonality : (n) فوق فطری شخصیت ۔

Superphosphate : (n) قوی فاسفیٹ (جس میں فاسفورك ایسڈ بہت زیادہ مقدار میں ہو) ۔

Superphosphate of lime : (n) چونے کا غیر خالص فاسفیٹ جو کھاد کے کام آتا ھے ۔

Superphysical : (a) فوق طبیعیاتی : مابعد الطبیعیاتی ۔

Superposable : (a) انطباق پذیر ۔

Superpose : (v) [Fr. 'Superposer'.] (۱) (ایك چیز کو دوسری چیز کے) اوپر رکھنا ۔ (۲) (طبیعیات) ایك ہی حالت میں لانا تاکه ہم مکان ہو سکے ۔ (۳) (ہندسه) منطبق کرنا ۔

Superposed : (a) (۱) بالا مقام ۔ (۲) بالمقابل ۔

Superposition : (n) (۱)اوپر رکھنا یا رکھا جانا ۔ (۲) (ہندسه) انطباق ۔ (۳) (ارضیات) ایك طبقے کا دوسرے پر تشکیل پانا ۔ (۴) (نباتیات) بالا مقامی ۔

Superpower : (n) (۱) طاقت اعلیٰ ۔ (۲) بے حد طاقتور ملك ۔ (۳)برقی قوت جو تمام برقی تنصیبات کی قوتوں کو جمع کر کے کسی جگه پہنچائی جائے ۔

Superpowered : (a) طاقت اعلیٰ رکھنے والا ۔

Superrace : (n) نسل اعلیٰ ۔

Superrational : (a) مابعد العقل ۔

Superrealism : (n) فن کی ایك قسم جس میں خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ھے؛ ورائیت ؛ فوق حقیقت ۔

Superrealist : (n) وہ فنکار جو خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کرتا ھے ۔

Superregeneration : (n) زائد پیدائش ۔

Superregenerative : (a) زائد پیدائشی ۔

Supersalesmanship : (n) انتہائی کامیاب دست فروشی ۔

Supersaliency : (n) نر کا جفتی کے لئے اچھلنا ۔

Supersalient : (a) جفتی کے لئے اچھلنے والا ۔

Supersalt : (n) (کیمیا) نمك جس میں تیزاب اساس سے زیادہ ہو ۔

Supersaturate : (n) ضرورت سے زیادہ سیر کرنا (کیمیاوی شے وغیرہ) ۔

Supersaturated : (a) پر سیر ؛ پر سیر شدہ ۔

Supersaturation : (n) حد سے زیادہ سیر کرنا یا ہونا ؛ پر سیری ۔

Superscribe : (n) [L. 'Superscribere'.] (۱) کسی چیز پر لکھنا یا کندہ کرنا ۔ (۲) کسی چیز کے اوپر یا لفافے پر نام پته وغیرہ لکھنا ؛ خط پر (نام پته وغیرہ) لکھنا ۔ (۳)دستاویز کے اوپر اپنا نام لکھنا ۔ (۴) ایك حرف یا لفظ یا سطر کے اوپر دوسرا حرف یا لفظ یا سطر لکھنا ۔

Superscript : (a) (لفظ یا عدد) جو سطر کے اوپر ہٹا کر لکھا ہوا ؛ بالائی سطر ۔

Superscription : (n) [late L. 'Superscriptio'.] (۱) کسی چیز پر لکھنا یا لکھا جانا ؛ کندہ کرنا یا کیا جانا ۔ (۲) عنوان ، سرخی ؛ سرنامه ۔ (۳) کتبه ۔

Supersecret : (a) انتہائی خفیه یا پوشیدہ ۔

Supersedable : (a) جس کی جگه دوسری چیز لے سکے ۔

Supersede : (v) [OFr. 'Superceder'.] دیکھو Supercede

Supersedeas : (n) [L.] حکم نامۂ امتناعی ؛ وہ حکم جس کے ذریعے سے کوئی کاروائی روك دی جائے ۔

Supersedence : (n) (۱) منسوخی ؛ ترك ۔ (۲) ایك شخص کی جگه دوسرے شخص یا ایك چیز کی جگه دوسری چیز کا تقرر؛ تسابق (ملازمت) ؛ (ایك کا دوسرے کی) جگه لینا ۔ (۳)امتناع ۔

Supersedere : (n) [L.] مدیون کو تحفظ دینے کا عدالتی حکم یا نجی معاہدہ ۔

Supersedure : (n) دیکھو Supersedence

Superseniority : (n) افضلیت جو نوکری کی میعاد پر نه ہو ۔

Supersensible : (a) فوق الحواس : فوق الحس : جو حواس کی پہنچ سے باہر ہو ۔

Supersensitive : (a) بے حد حساس : بے حد زود حس : پر حساس : شدید الاحساس ۔

Supersensitivity : (n) بے حد حساسیت : پر حساسیت ۔

Supersensitize : (v) بے حد زود اثر بنانا : تیز حس بنا دینا ۔

Supersensory : (a) فوق الاحساس ۔

Supersensual : (a) فوق الحس : فوق الحواس : شدید شہوتی ۔

Supersensuous : (a) دیکھو Supersensual

Superseptal : (a) فوق حاجزی ۔

Superserviceable : (a) فضول خدمت : فضول کار : فضول کارانہ : جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو مستعد ہو ۔

Supersession : (n) دیکھو Supersedence

Supersessive : (a) ایک شخص یاچیز کی جگہ لینے والا (دوسرا شخص یا چیز)۔

Supersize/ Supersized : (a) بہت بڑا :قوی الجثہ ۔

Supersolar : (a) فوق شمسی ۔

Supersolid : (n) کثیر ابعادی مجسم : کوئی مجسم جس میں تین سے زیادہ ابعاد ہوں ۔

Supersonic : (a) (۱) بالا صوتی : بالا آوازی۔(۲) ایسے امواج صوتی سے متعلق جو سنائی نہ دیں ۔ (۳) آواز سے تیز رفتار سے چلنے والا ۔(۳) آواز کی رفتار سے تیز چلنے والے ہوائی جہاز یا میزائل سے متعلق ۔ (۵) اعلیٰ درجے کا ۔

Supersonic : (n) (۱) بالاصوتی امواج یا تعدد ارتعاش ۔ (۲) آواز کی رفتار سے تیز اڑنے والا ہوائی جہاز ۔

Supersonic transport : (n) آواز سے تیز چلنے والا مال بردار طیارہ ۔

Supersonically : (adv.) آواز سے زیادہ رفتار کے ساتھ ۔

Supersonics : (n) بالاصوتی امواج یا تعدد ارتعاش کا مطالعہ ۔

Superspectacle : (n) انتہائی نظر فریب چیز ۔

Superspeed : (a) بہت تیز رفتاری سے کام کرنے والا ۔

Superspinous : (a) انتہائی خار دار ۔

Superstition : (n) [Fr. or L. 'Superstitio'.] (۱) ضعیف الاعتقادی : اوہام پرستی : توہم پرستی : باطل پرستی ۔(۲) توہم : باطل عقیدہ ۔

Superstitionist : (n) ضعیف الاعتقاد شخص ۔

Superstitionless : (a) غیر باطل پرست ۔

Superstitious : (a) ضعیف الاعتقاد : توہم پرست : توہم پرستی سے ۔

Supertitiously : (adv.) ضعیف الاعتقادی سے : توہم پرستی سے ۔

Superstitiousness : (n) ضعیف الاعتقادی: اوہام پرستی : توہم پرستی۔

Superstratum : (n) (ارضیات) بالائی طبقہ : اوپری پرت ۔

Superstrength : (n) زبردست قوت ۔

Superstructural : (a) بالائی عمارت کا ۔

Superstructure : (n) (۱) بالائی عمارت : عمارت بالائے عمارت ۔ (۲) (مجازاً) غیر مادی ساخت ۔

Supersubstantial : (a) فوق مادی : ورائے مادہ ۔

Supersubstantiality : (n) فوق مادیت ۔

Supersubtle : (a) (۱) نہایت دقیق : نہایت پر اسرار ۔ (۲) بے حد باریک یا نازک (فرق) ۔ (۳) حد سے زیادہ تیز یا بے حد باریک بیں (ادراک ، نظر وغیرہ) ۔(۳) بے حد تیز : فہیم : دقیق النظر یا نکتہ رس (شخص) ۔ (۵) نہایت ہوشیاری کی : بڑی استادی کی (تدبیر)۔(٦)بے حد عیار: بے حد چالاک: بڑی عیارانہ ۔

Supersubtlety : (n) (۱) حد سے زیادہ باریکی یانزاکت : تیزی : تیز فہمی ۔ (۲) ہوشیاری : عیاری ۔

Supersystem : (n) نظام در نظام ۔

Supertanker : (n) غیر معمولی طور پر بڑا اور تیزرفتار تیل بردار جہاز۔

Supertax : (n) مزید محصول : مزید ٹیکس (انکم ٹیکس کے علاوہ) : سر محصول ۔

Superterranean : (a) سطح زمین سے اوپر کا۔

Superterraneous : (a) دیکھو Superterranean

Superterrene : (a) (۱) فوق ارضی : سماوی : آسمانی۔ (۲) ورائے دینوی : عالم بالاکا۔ (۳) دیکھو Superterranean ۔

Superterrestrial : (a) دیکھو Superterrene

Supertonic : (a) (موسیقی) (سرگرم میں) بنیادی سر سے اونچا پہلا سر : فوق کھرج۔

Supervacaneous : (a) غیر ضروری : بے ضرورت : فضول۔

Supervene : (v) [L. 'Supervenire'.] ایک واقعے کے بیچ میں دوسرے واقعے کا ، ایک عمل کے بیچ میں دوسرے عمل کا حائل ہو جانا : آ پڑنا : آن پڑنا : ہونے لگنا۔

Supervenient : (a) [L. 'Supervenieus'.] ناگہانی ظہور کرنے والا۔

Supervention : (n) آ پڑنا : بیچ میں ہونے لگنا : ظہور ناگہانی۔

Supervisal : (n) نگرانی : انتظام۔

Supervise : (v) [L. 'Supervidere'.] نگرانی کرنا : دیکھ بھال کرنا : انتظام کرنا۔

Supervised study : (n) کسی استاد کی نگرانی میں اجتماعی مطالعہ یا تیاری کرنا۔

Supervisee : (n) وہ شخص یا چیز جس کی نگرانی کی جائے۔

Supervision : (n) دیکھو Supervisal

Supervisor : (n) نگراں : ناظر : منتظم۔

Supervisorial : (a) نگراں سے متعلق : منتظم سے متعلق۔

Supervisorship : (a) نگراں یا ناظر کا عہدہ : نظارت۔

Supervisory : (a) نگرانی کا : نگرانی کرنے والا۔

Supervolute : (a) ملفوف : بر پیچاں۔

Superwoman : (n) فوق البشر عورت۔

Superzealot : (n) بے حد پر جوش : متشدد۔

Supinate : (v) [Back-formation from Supination.] ہاتھ کو اس طرح رکھنا کہ ہتھیلی اوپر کی طرف ہو : ہتھیلی کو اوپر کی طرف کرنا۔

Supination : (n) [L. 'Supinare'.] ہتھیلی یا تلوے اوپر کی طرف کرنا : باطع : بالا رخی (کف دستی)۔

Supinator : (n) عضلۂ بطحہ (کلائی کا وہ پٹھا جس سے ہتھیلی اوپر کی طرف مڑتی ہے) : باطع۔

Supine : (n) [Late L. 'Supinum'.] (لاطینی صرف و نحو) حاصل مصدر (مفعولی حالت میں)۔

Supine : (a) [L. 'Supinus'.] (۱) چت : پیٹھ کے بل۔ (۲) سست : جس پر آلکس سوار ہو۔ (۳) ٹھس : مٹھا۔ (۴) پیچھے کی طرف جھکا ہوا یا مائل۔ (۵) بالائی (عضو)۔

Supinely : (adv.) (۱) چت : پیٹھ کے بل۔ (۲) سستی سے : غفلت سے : مٹھے پن سے۔

Supineness : (n) (۱) چت ہونا : بطحٔ۔ (۲) سستی : آلکسی۔

Suppendaneum : (n) [Late and med. L.] صلیب کا وہ حصہ جس پر مصلوب شخص کا پیر ٹکتا تھا۔

Supper : (n) [ME. 'Super(e, . Sope'r(e)'.] (۱) سپر : ہلکی سی غذا جو سونے سے پہلے کھاتے ہیں۔ (۲) شام یا رات کا کھانا : عشائیہ : آخری کھانا (ان لوگوں کا جو ڈنر یعنی بڑا کھانا آخر میں نہیں بلکہ بیچ میں کھاتے ہیں)۔

The last supper : (عیسائی عقیدہ) صلیب پر چڑھنے سے پہلے کا آخری کھانا جو حضرت عیسیٰ نے حواریوں کے ساتھ کھایا اور جس سے عشائے ربانی کی بنا پڑی۔

The lord's supper/ The Dominical supper/ The supper: عشائے ربانی۔

Supper : (v) (۱) سَپَر کی دعوت دینا۔ (۲) (مویشیوں کو) شام کا کھانا دینا۔ (۳) سپر کھانا : سونے سے پہلے ہلکی غذا کھانا۔

Supper club :(n) شبینہ کلب۔

Supper-party : (n) پارٹی جو رات کے یا شام کے کھانے پر جمع ہو : اس طرح کا سماجی اجتماع۔

Supper-quadrille : (n) ایک رقص جو رات یا شام کے کھانے سے پہلے کیا جاتا ہے۔

Supper-room : (n) وہ کمرہ جس میں شام یا رات کا کھانا (سپر) کھایا جاتا ھے ۔

Supper-time : (n) سپّر کا وقت ۔

Supperless : (a) جسے سپّر کھانے کو نہ ملا ھو ۔

Supping : (n) (۱) تھوڑا تھوڑا چمچہ سے یا منہ سے سڑپنا ۔ (۲) وہ کھانا جسے سڑ پا جا سکے : خصوصاً یخنی : شوربہ ۔

Supping : (n) سپّر کھانا ۔

Supplant : (v) [Fr. 'Supplanter' or L. 'Supplantare'.] (۱) کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا (خصوصاً سازش کے ذریعے) : کسی کو اکھاڑ کر خود جم جانا ۔ (۲) جگہ لینا ۔

Supplantation : (n) کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا ۔

Supplanter : (n) وہ شخص جو دوسرے کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لے ۔

Supple : (a) [ME. 'Souple'.] (۱) لچك دار : لچکیلا : لوچ دار : ملائم ۔ (۲) دبّو : دبنے والا : دب کر کام کرنے والا ۔ (۳) للو پتو کرنے والا : چاپلوسی کرنے والا ۔ (۴) چاپلوسی کا : خوشامدانہ ۔ (۵) خوش اخلاق : خوش خلق ۔

Supple : (v) (۱) نرم کرنا : نرم ھونا : لچك دار بنانا یا بننا : لوچ پیدا کرنا ۔ (۲) اطاعت پذیر بنانا : ترغیب پذیر بنانا ۔ (۳) گھوڑے کو لگام کے اشارے پر سدھارنا ۔

Supple-jack : (n) (۱) ایك جھاڑی جس کی لکڑی بید کی طرح لچکدار ھوتی ھے ۔ (۲) اس لکڑی کا بید یا چھڑی ۔ (۳) کٹھ پتلی ۔

Supple-knee : (n) غیر مخلصانہ ۔

Supplely/ Supply : (adv.) لچك یا لوچ کے ساتھ : دبوپن سے : دب کر : چاپلوسی سے ۔

Suppleness : (n) لچك : لوچ : دبوپن : چاپلوسی ۔

Supplement : (n) [L. 'Supplementum'.] (۱) تکملہ : اضافہ : وہ چیز جو کمی پوری کرنے کے لئے بڑھائی جائے خصوصاً اخبار وغیرہ کا تتمہ : ضمیمہ ۔ (۲) (ریاضیات) تکملہ : وہ زاویہ جو دوسرے زاویے کے ساتھ مل کر ۱۸۰ درجے کا زاویہ بنائے : زاویہ تکملہ ۔

Supplement of an arc/ -angle : وہ مقدار جس سے کوئی قوس نیم دائرے سے یاکوئی زاویہ ۱۸۰ سے کم ھوتا ھے ۔

Supplement : (v) اضافہ کرنا : بڑھانا : کمی پورا کرنا ۔

Supplemental : (a) (۱) تکملے یا تتمے کا ۔ (۲) جو تکملے یا ضمیمے کے طور پر بڑھایا جائے ۔

Supplemental : (n) ضمنی یاتکملہ چیز ۔

Supplemental air : (n) دیکھو Reserve air

Supplemental angle : (n) زاویہ تکملہ ۔

Supplemental arc : (n) قوس تکملہ ۔

Supplemental irrigation : (n) آبپاشی جو بارش کی کمی کو پوری کرنے کے لئے کی جائے ۔

Supplementally : (adv.) تکملہ کے طور پر : تتمے کے طور پر ۔

Supplementarily : (adv.) بطور تکملہ : بطور ضمیمہ ۔

Supplementary : (a) دیکھو Supplemental

Supplementary : (n) تکملہ ۔

Supplementary angle : (n) زاویہ تکملہ ۔

Supplementary lens : (n) معاون عدسہ ۔

Supplementary rules : (n) ضمنی قواعد ۔

Supplementation : (n) بڑھانا یا بڑھایا جانا ۔

Suppletory : (a) [L. 'Supplet-'.] دیکھو Supplementary

Suppletory oath : (n) شہادت کی کمی پوری کرنے کے لئے خود اپنے لئے حلف لینا ۔

Suppliant : (n) [L. 'Supplicant'.] ملتجی : ملتمس ۔

Suppliant : (a) تضرع کا : التجا کا : رحم طلب ۔

Suppliantly : (adv.) التجا سے : تضرع سے ۔

Supplicant : (n) [L. 'Supplicans'.] (۱) دیکھو Suppliant - (۲) ڈگری کے لئے التجا کرنے والا ۔

Supplicant : (a) دیکھو Suppliant

Supplicantly : (adv.) دیکھو Suppliantly

Supplicat : (n) [L.] (۱) درخواست : التجا : (خصوصاً انگلستانی یونیورسٹیوں میں) ڈگری کے لئے دی جانے والی رسمی درخواست ۔

Supplicate : (v) [L. 'Supplicare'.] (۱) عاجزی سے درخواست کرنا ؛ التجا کرنا ؛ منت و سماجت سے مانگنا ۔ (۲)درخواست دینا ؛ گذارش کرنا ؛ عرضی پیش کرنا ۔ (۳) (آکسفورڈ یونیورسٹی میں) ڈگری کے لئے درخواست دینا ۔

Supplicatingly : (adv.) التجا سے ؛ تضرع سے ۔

Supplication : (n) (۱) التجا ؛ تضرع ؛ التماس ؛ استدعا ۔ (۲)(آکسفورڈ یونیورسٹی میں) ڈگری کے لئے رسمی درخواست دینا ۔

Supplicator : (n) التجا کرنے والا ؛ ملتجی ؛ ملتمس ۔

Supplicatory : (a) التجا کا ؛ تضرع کا ۔

Supplicavit : (n) [L.] ضمانت (امن قائم رکھنے کی) ۔

Supplier : (n) مہیا کرنے والا ۔

Supplies : (n) رَسَدات ۔

Supply : (n) (۱) بہم رسانی ؛ مہیا کرنا ۔ (۲) ذخیرہ ؛ رسد (کسی چیز کی) ۔ (۳) کسی چیز کی مجموعی مقدار جو بازار میں موجود ہو ۔ (۴) (جمع) فوج کی ضروریات کا مجموعی ذخیرہ ؛ رسد ۔ (۵) (جمع) وہ رقم جو پارلیمنٹ حکومت کے مصارف کے لئے منظور کرتی ہے ۔ (٦) (جمع) خرچ ؛ مقررہ رقم جو کسی شخص کو خرچ کے لئے ملتی ہو ۔ (۷) برق زا ؛ منبع توانائی ۔ (۸) کمی پوری کرنا ۔

Demand and supply : طلب و رسد ۔

In short supply : مانگ سے کم ۔

Supply : (v) [Late ME. 'Sup(p)le, Sowple'.] (۱) بہم پہنچانا ؛ مہیا کرنا (کوئی چیز کسی کے لئے) ۔ (۲) لگانا (کسی آلے وغیرہ میں وہ چیز جس کی ضرورت ہو) ۔ (۳) پورا کرنا (کمی ، ضرورت) ؛ تلافی کرنا (نقصان کی) ۔ (۴)(جگہ) پُر کرنا ۔(۵) (پادری کا) قائم مقام کا کام کرنا ؛ قائم مقام ہونا ۔(٦) (تشریح ، عضویات) (عصب، شریاں وغیرہ کا) توانائی دینا ۔

Supply- : جزو ترکیبی بمعنی (۱) فوجی رسد پہنچانے والا ۔ (۲) آلات میں پانی یا تیل پہنچانے والا ۔ (۳) خالی جگہ پُر کرنے والا ۔

Supply price : (n) کم سے کم قیمت جس پر کسی مال کی معینہ مقدار بعض شرائط کے تحت دی جائے ۔

Supply station : (n) بجلی گھر ؛ برق زا مقام ۔

Support : (n) (۱) تائید ؛ حمایت ۔ (۲) روحانی مدد ؛ ذہنی آرام ۔ (۳) تائید ؛ تصدیق ۔ (۴) (فوج) کمک پہنچانا ؛ رسد پہنچانا ؛ کمک ۔ (۵) مؤید ؛ پشت پناہ ؛ سہارا ۔ (٦)سہارا ؛ پشتہ اڑوار ۔(۷) سہارا دینا ؛ سہارا ہونا ۔ (۸) (فوج) فوج کا محفوظ دستہ ؛ عقبی دستہ ؛ کمک ۔ (۹) (موسیقی) سنگت ۔

Support : (v) [Fr. 'Supporter'.] (۱) بوجھ اٹھانا ۔ (۲) تقویت پہنچانا ؛ ہمت بڑھانا ؛ دستگیری کرنا ؛ سنبھالے رکھنا ۔ (۳) سہنا ؛ برداشت کرنا ؛ تحمل کرنا ۔ (۴) پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ کفیل ہونا ۔(۵) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ تائید میں دلائل پیش کرنا ۔ (۷) (پارٹ کو) اچھی طرح ادا کرنا ؛ (کیرکٹر کو) نبھانا ۔ (۸) خرچ برداشت کرنا ۔ (۹) (نقابت) دونوں طرف سہارے کے درمیان گھرا ہوا ہونا ۔ (۱۰) (کسی چیز پر) زندہ رہنا ۔ (۱۱) جنگ میں مدد دینا ۔ (۱۲) بازو کی جگہ لینا ۔

Support actor : (n) ضمنی پارٹ کرنے والا ایکٹر ۔

Support level/ -area : (n) گرتے ہوئے بازار کی وہ قیمت جہاں سے مزید گراوٹ کو تمسکات روکتی ہیں ۔

Support mission : (n) بری فوج کی مدد کے لئے دشمن کی بری فوج پر ہوائی حملہ ۔

Supportability : (n) قابل برداشت ہونا ؛ قابل رفع ہونا ۔

Supportable : (a) قابل برداشت ؛ قابل رفع ۔

Supportableness : (n) قابل برداشت ہونا ۔

Supportably : (adv.) قابل برداشت حد تک ۔

Supporter : (n) (۱) سہارا دینے والا ؛ مدد کرنے والا ؛ مؤید ؛ حامی ؛ مددگار ۔ (۲) کفیل ؛ کفالت کرنے والا ۔ (۳) (نقابت) آدمی یا جانوروں کی دو تصویروں میں سے ایک جو ڈھال کو اٹھائے ہوئے یا اس کے دونوں طرف کھڑی دکھائی جاتی ہیں ؛ حامل ۔ (۴) (دوسرے کی) تائید کرنے والا ۔

Supporting : (n) ساتھ دینے والا : سہارا دینے والا ۔

Supporting distance : (n) (فوج) وہ فاصلہ جس کے اندر کمک اس وقت تک نہیں جا سکتی ھے جب تک کہ پیش قدمی کرنے والی فوج کو شکست نہ ہو جائے۔

Supporting film : (n) وہ فلم جس میں کسی پروگرام کے خاص خاص مدات پیش کئے جاتے ہیں ۔

Supportingly : (adv.) سہارا دیتے ہوئے : بطور سہارا ۔

Supportless : (a) بے سہارے کا : بے کس : بے یار و مددگار ۔

Supportress : (n) سہارا دینے والی : حامی خاتون ۔

Supposable : (a) جو فرض کیا جا سکے : قابل قیاس ۔

Supposably : (adv.) قیاس کے طور پر : قیاساً : ازراہ قیاس ۔

Supposal : (n) (شاذ) گمان : قیاس ۔

By supposal / Upon- : قیاساً : ازروئے قیاس ۔

Suppose : (n) گمان : قیاس : مفروضہ ۔

Suppose : (v) [Fr. 'Sup(p)oser'.] (۱) فرض کرنا ۔ (۲) فرض کرو کہ ۔ (۳) (تجویز پیش کرنے کے موقع پر) آؤ ۔ (۴) (کسی نظریے یانتیجے کے لئے) شرط ہونا : ضروری ہونا (کسی چیز کا) ۔ (۵) سمجھنا : خیال کرنا : گمان کرنا : قیاس کرنا ۔ (٦) (مجہول کے طور پر) توقع کی جانا : توقع ہونا ۔

Supposed : (a) (۱) مفروضہ ۔ (۲) مدعی ۔ (۳) مقصود ۔ (۴) اجازت یافتہ ۔

Supposedly : (adv.) قیاس کی رو سے : مفروضہ کے طور پر : جیسا کہ فرض کیا جاتا ھے یا کیا جا سکتا ھے ۔

Supposing : (conj.) فرض کیا جائے کہ : مان لیا جائے کہ ۔

Supposit : (n) [L.] ذات : نفس : موضوع ۔

Supposition : (n) (۱) فرض کرنا یا کیا جانا ۔ (۲) مفروضہ : گمان : قیاس : فرض ۔ (۳) جعل سازی ۔ (۴) کسی اصطلاح کے مختلف معنوں میں سے ایک جو مختلف عبارت میں ہوں ۔

Suppositional : (a) مفروضی : قیاسی ۔

Suppositionally : (adv.) مفروضے کے طور پر ۔

Supposititious : (a) [L. 'Supposititius'.] (۱) فرضی : نقلی : جعلی ۔ (۲) (بچہ) جو اصلی وارث کی جگہ پیش کیا جائے (جعلی طور پر) ۔ (۳) ناجائز : حرامی ۔ (۴) دیکھو Suppositive .

Supposititiously : (adv. فرضی طور پر : جعلی طور پر ۔

Supposititiousness : (n) فرضی ہونا : جعلی ہونا : نقلی ہونا ۔

Suppositive : (a) [Late L. 'Suppositivus'.] فرضی : قیاسی ۔

Suppositively : (adv.) فرضی طور پر : بطور قیاس ۔

Suppository : (n) [mod. L. 'Suppositorium'.] (طب) شافہ : شیاف : بتی : فرزجہ ۔

Suppositum : (n) [Scholastic L.] (منطق) مفروضہ : موسومہ ۔

Suppost : (n) [OFr.] ماتحت : تابع : حامی : معتقد : حمایتی : پیرو ۔

Suppress : (v) [L. 'Supprimere'.] (۱) فرو کرنا : دبا دینا : زور توڑ دینا : کچل دینا ۔ (۲) ضبط کرنا : روکنا : (جذبہ) دبانا۔ (۳) بند کر دینا : ممنوع قرار دینا ۔ (۴) (کتاب) ضبط کر لینا : اشاعت روک دینا ۔ (۵) دبا دینا : ظاہر نہ ہونے دینا: پوشیدہ رکھنا : چھپا ڈالنا ۔ (٦) روک دینا : بہاؤ روک دینا ۔ (۷) (برقیات) غیر مطلوب تعدد ارتعاش کے حیطہ کو دبانا (تداخل کو) روکنا : تداخل کو روکنے والا آلہ لگانا ۔

Suppressant : (a) فرو کرنے والا : دبانے والا : روکنے والا ۔

Suppressant : (n) مرض کو دبانے والی دوا ۔

Suppr essed : (a) (۱) روکا ہوا : دبایا ہوا : دبا ہوا : ضبط شدہ ۔ (۲) (بیماری) جو طبعی دور پورا ہونے سے پہلے روک دی گئی ہو : دبی ہوئی : دبی ۔ (۳) (نباتیات) مغلوب : مستور ۔

Suppressed breathing : (n) عُسر تنفس ۔

Suppressed wish : (n) دلی خواہش ۔

Suppressedly : (adv.) روک کر : دبا کر : ضبط کر کے ۔

Suppressible : (a) (۱) فرو کرنے یا دبانے کے قابل ۔ (۲) بند کر دینے کے قابل : قابل امتناع ۔ (۳) قابل ضبطی ۔ (۴) قابل

اخفا.

Suppressio veri : (n) (اسکاچستانی قانون) اخفائے حق ۔

Suppression : (n) [L. 'Suppressio-'.] (۱) فرو کرنا یا کیا جانا۔ (۲) بند کرنا یا کیا جانا : امتناع ۔ (۳) ضبطی ۔ (۴) اخفا۔ (۵) (طب) روک : حبسی ۔ (۶) (نباتیات) عدم نمو ۔ (۷) جنگل کی آگ کو بجھانا یا قابو میں لانا : جنگل کی آگ کو پھیلنے سے روک دینا ۔

Suppressive : (a) دیکھو Suppressant

Suppressor : (n) فرو کرنے والا : روک : روکنے والا ۔

Suppurate : (v) [L. 'Suppurare'.] پیپ پڑنا : پکنا ۔

Suppuration : (n) تقیح : پیپ پڑنا : ریم ۔

Suppurative : (a) [Fr. 'Suppuratif'.] پکنے والا : پکانے والا : قاتح : تقیحی : مخرج پیپ : ریم آور ۔

Suppurative : (n) قاتح (دوا) : مخرف پیپ دوا ۔

Supra : (adv.) [L.] (کتاب یا تحریر میں) اوپر : پہلے : صفات : بالا میں : عبارت بالا میں ۔

Supra : (prep.) کسی تیسرے شخص کا ہنڈی کو اس وقت سکارنا جب وہ شخص جس کے نام ہنڈی ہو اس کے نہ سکارے جانے پر احتجاج کر چکا ہو : ادائیگی بعد احتجاج : قبولیت بعد احتجاج : بالا احتجاج ۔

Supra- : (prefix) [L. 'Supra'.] سابقہ بمعنی (۱) بعض سائنسی اصطلاح میں Super کے بجائے) فوق : بالا : اوپر : ماورا : ما قبل : مابعد ۔ (۲) قبل ۔ (۳) برتر ۔ (۴) بے حد : بے انتہا : حد سے زیادہ : انتہائی ۔ (۵) زیادہ ۔

Supra-angular : (a) بعض فقرہ داروں (مثلاً پرند اور رینگنے والے جانور) کے نچلے جبڑے کی ایک ہڈی سے متعلق ۔

Supra-auricular : (a) بَر گوشی : بالائے گوش : کان کے اوپر ہو ۔

Supra-axillary : (a) بر بغلیہ ۔

Supra-segmental : (n) (صوتیات) نطقی خصوصیتوں سے متعلق ۔

Suprabranchial : (a) گلپھڑے کے اوپر کا یا واقع ۔

Supracaudal : (a) دُم کے اوپر کا : دُم کے اوپر واقع : بالائے دُم ۔

Supracervical : (a) گردن کے اوپر کا : فوق عنقی ۔

Supraaclavicle : (n) ہنسلی کی ہڈی کے اوپر کی ہڈی : فوق ترقوی ہڈی ۔

Supraclavicular : (a) ہنسلی کی ہڈی کے اوپر کا : فوق تر قوی ۔

Supracommisure : (n) صنوبری غدہ کے پہلے کا جوڑ ۔

Supraconductivity : (n) دیکھو Super conductivity

Supraconscious : (a) بالائے شعوری : فوق شعوری ۔

Supracoralline : (a) (ارضیات) مرجانی حجرۃ الحض سے ٹھیک اوپر واقع ۔

Supracretaceous : (a) (ارضیات) چاکی سلسلہ سے اوپر کا ۔

Supradecomposita : (a) (کیمیا) مرکب مضاعف : مرکب مزید : جس میں تین یا زیادہ عناصر ہوں ۔

Supradecompound : (a) دیکھو Superadecomposita

Supradiaphragmatic : (a) پردۂ شکم سے اوپر واقع یا کیا ہوا ۔

Supradorsal : (a) پشت پر واقع : پشت کا : فوق ظہری ۔

Suprafoliaceous : (a) بربرگہ : پتی سے اوپر واقع یا نکلنے والا ۔

Suprafoliar : (a) پتی کے اوپر پیدا ہونے والا ۔

Supraglacial : (a) یخ تودہ کے اوپر واقع ہونے والا ۔

Supraglottal / Superaglottic : (a) (۱) فوق مزماری ۔ (۲) فوق مزماری اعضاء سے پیدا شدہ ۔

Suprahepatic : (a) جگر کے اوپر یا جگر کی سطح پر واقع : فوق کبدی ۔

Suprahuman : (n) دیکھو Superhuman

Suprahyoid : (a) فوق لامی ۔

Suprahyoid muscle : (n) فوق لامی عضلہ ۔

Supralabial : (a) بالائی ہونٹ سے اوپر کا : متعلق یا واقع ۔

Supralabial : (n) بالائی ہونٹ کے اوپر کا کھپرا یا فلس ۔

Supralapsarian : (n) اس عقیدے کا پیرو کہ گو خدا ہبوط آدم کا پہلے

سے علم رکھتا تھا مگر اس علم سے پہلے ہی بعض بندوں کو مقبول اور بعض کو مردود قرار دے چکا تھا : فوق ہبوطیت ۔

Supralapsarian : (a) دیکھو Superlapsarian

Supralapsarianism : (n) فوق ہبوطیت : یہ عقیدہ کہ گو خدا ہبوط آدم کا پہلے سے علم رکھتا تھا مگر اس علم سے پہلے ہی بعض بندوں کو مقبول اور بعض کو مردود قرار دے چکا تھا ۔

Supralateral : (a) پہلو سے اوپر کی طرف واقع ۔

Supraliminal : (a) (نفسیات) فوق شعوری ۔

Supraliminally : (adv.) فوق شعوری طور پر ۔

Supralinear : (a) کسی متن کے عام سطور سے اوپر کا ۔

Supralunar : (a) دیکھو Superlunary

Supralunary : (a) دیکھو Supralunar

Supramarginal : (a) (۱) حاشیہ سے اوپر کا ۔ (۲) بہتر ۔

Supramarine : (a) بالائے سمندر ۔

Supramaxilla : (n) بعض قدیم ہڈی دار مچھلیوں کے اوپر جبڑے کے عناصر میں سے ایک ۔

Supramaxillary : (a) (۱) اوپری جبڑے سے متعلق ۔ (۲) نچلے جبڑے سے اوپر کا ۔

Suprameatal : (n) فوق منفذی ۔

Supramedial : (a) وسط سے اوپر کا ۔

Supramental : (a) تھوڑی سے اوپر کا ۔

Supramolecule : (n) سالمہ سے زیادہ بہتر اور پیچیدہ : زیادہ سالموں سے بنا ہوا ۔

Supramundane : (a) دیکھو Supermundane

Supranasal : (a) ناک کے اوپر کا ۔

Supranasal : (n) ناک کے اوپر کا کھپرا یا فلس ۔

Supranational : (a) ماورائے ملک ۔

Supranatural : (a) دیکھو Supernatural

Supranaturalism : (n) دیکھو Supernaturalism

Supranormal : (a) توقع یا معمول سے زیادہ ۔

Supranuclear : (a) فوق نووی ۔

Supraoccipital : (a) فوق قذالی : پشت سر کے اوپر کا ۔

Supraoccipital : (n) فوق قذالی ہڈی ۔

Supraocular : (a) آنکھ کے اوپر کا : فوق محجری : خانۂ چشم کے اوپر کا : فوق حُجاجی ۔

Supraoptic : (a) بصری صیلبیہ کے اوپر واقع ۔

Supraorbital : (a) خانۂ چشم کے اوپر کا : فوق حُجاجی ۔

Supraorbital artery : (n) فوق حُجاجی شریان ۔

Supraordinate : (a) اعلیٰ مرتبہ ، درجہ یا سلسلے سے متعلق ۔

Supraorganism : (n) (غول پسند کیڑوں کی) منظم جماعت جو ایک ہو کر کام کرتی ہے ۔

Suprapersonal : (a) ماورائے ذات ۔

Supraphylar : (a) بالائے نوع ۔

Supraposition : (n) دیکھو Superposition : اوپر رکھنا یا رکھا جانا ۔

Supraprotest : (n) دیکھو Supra

Suprapubic : (a) فوق عانی ۔

Suprapubically/ Suprapubicly : (adv.) عظم عانہ کے اوپر ۔

Suprapygal : (a) سرین سے اوپر کا ۔

Suprarational : (a) ماورائے عقل ۔

Suprarenal : (a) فوق کلوی : گردے کے اوپر کا : کظری : بر گردہ ۔

Suprarenal : (n) فوق کلوی جسم یا غدہ ۔

Suprarenal body : (n) فوق کلوی جسم ۔

Suprarenal gland : (n) کظری غدہ : فوق کلوی جسم یا غدہ ۔

Supranalectomy : (n) کظری غدہ براری ۔

Suprascapula : (n) فوق کتفی ہڈی ۔

Suprascapular : (a) فوق کتفی ۔

Suprascript : (a) دیکھو Superscript

Suprasensible : (a) فوق حِسّی ۔

Suprasensuous : (a) فوق حسّیاتی : فوق حسّی ۔

Suprasensible : (a) فوق حِسّی ۔

Suprasensucus : (a) فوق حسّیاتی : فوق حسّی ۔

Suprasolar : (n) فوق شمسی : سورج سے بڑا یا بہتر ۔

Suprasoriferous : (a) (نباتیات) جو صرف اوپر کی طرف چتیاں بردار ہوں ۔

Supraspinal : (a) فوق فقری : کتفی ہڈی کے اوپر کا ۔

Supraspinatus : (n) فوق فقری عضلہ ۔

Supraspinous : (a) دیکھو Supraspinal

Suprasternal : (a) فوق قصی ۔

Supratemporal : (a) فوق صدغی : کنپٹی کی ہڈی سے اوپر کا ۔

Supratemporal : (n) فوق صدغی ہڈی ۔

Supratemporal : (a) ماورائے دینوی ۔

Supratemporal bone : (n) فوق صدغی ہڈی ۔

Supratenaneous : (a) دیکھو Superterranean

Suprathreshold : (a) آغاز شعوری ۔

Supratropical : (n) فوق حارّی : منطقہ حارہ سے اوپر کا ۔

Supraversion : (n) کسی دانت کا بستگی دندان سے باہر نکل آنا ۔

Supravital : (a) ماورائے حیاتی ۔

Supremacy : (n) (۱) برتری : تفوق : سیادت : عظمت : انتہائی اہمیت ۔ (۲) اقتدار اعلیٰ : (سیاسی یا مذہبی) اختیار اعلیٰ ۔

Act of supremacy : قانون اقتدار شاہی : وہ قانون جس رو سے انگلستان میں پاپائے رومہ کا مذہبی اقتدار ختم کر دیا گیا اور بادشاہ کی طرف منتقل کر دیا گیا ۔

Oath of (the king's) supremacy : حلف اقتدار شاہی (مذکورہ بالا قانون کی پابندی کا حلف) ۔

Supreme : (a) [L. 'Supremus'.] (۱) اعلیٰ : سب سے بڑا : سب سے اونچا ۔ (۲) اقتدار اعلیٰ یا اختیار اعلیٰ رکھنے والا ۔ (۳) انتہائی : سب سے بڑا : اعلیٰ درجے کا : بلند : برتر ۔ (۴) نہایت اہم : سب سے اہم ۔ (۵) سب سے اچھا : سب سے عمدہ ۔ (۶) آخری : موت سے لمحات کا ۔ (۷) (خدائی) حقیقی : مطلق ۔

The supreme : حاکم حقیقی : حاکم مطلق : خدائے تعالیٰ ۔

Supreme : (n) (۱) سب سے بڑا آدمی یا چیز ۔ (۲) خدائے تعالیٰ : باری تعالیٰ ۔

Supreme being : (n) اعلیٰ ہستی : خدا : باری تعالیٰ : حاکم حقیقی ۔

Supreme court : (n) عدالت عالیہ : عدالت عظمیٰ : سپریم کورٹ ۔

Supreme court of judicature : (n) عدالت العالیہ ۔

Supreme good : (n) دیکھو Summum bonum

Supremely : (adv.) بے حد : نہایت ۔

Supremeness : (n) اعلیٰ ہونا : سب سے بڑا یا اچھا ہونا : بلند : برتری ۔

Supremo : (n) [Sp.] (۱) سب سے اعلیٰ اقتدار یا اختیار رکھنے والا حکمراں یا رہنما ۔ (۲) سب سے بڑا فوجی یا سیاسی صاحب اختیار ۔

Suption : (n) [Origin unkn.] جوہر : ذائقہ : مزہ ۔

Sur- : [OFr.] سابقہ بعض لاطینی مرکبات اور ان کے مشتقات ہیں "Sub" کے بجائے آتا ہے ۔

Sur- : (۱) سابقہ بعض الفاظ میں جو قدیم فرانسیسی سے انگریزی میں لئے گئے ہیں "Super" کی جگہ آتا ہے ۔ (۲) تشریح کی بعض اصطلاحوں میں "Super, Supra"

کی جگہ ۔

Sur : (prep.) پر : اوپر ۔

Sur les pointes : (adv.) (بیلے رقص میں) پنجوں پر ۔

Sura : (n) [Skr.] تاڑی ۔

Sura : (n) [Arab.] (قرآن شریف کا) سورۃ : سورت ۔

Surah : (n) [Fr.] ایک قسم کا نرم ریشمی کپڑا جو عورتوں کا لباس بنانے میں کام آتا ھے ۔

Sural : (a) [mod. L. 'Suralis'.] ساق کا : پنڈلی کا : ساقیائی : ساقی ۔

Suranal : (a) بر مقعدی ۔

Surangular : (a) برگوشہ ہڈی ۔

Surat : (n) ایک قسم کی روئی جو سورت کے علاقے میں پیدا ھوتی ھے : اس روئی کا کپڑا ۔

Surat : (n) ایک قسم کی روئی جو سورت کے علاقے میں پیدا ھوتی ھے : اس روئی کا کپڑا ۔

Surbase : (n) (۱) (تعمیرات) برپایہ : کرسی کی کارنس ۔ (۲) تختہ بند کمرے کے نچلے حصے کی کارنس ۔

Surbased arch : (n) محراب جس کی اونچائی اس کی چوڑائی کی نصف ہو ۔

Surcease . (n) (۱) خاتمہ : بند ہو جانا ۔ (۲) سکون : وقفہ ۔

Surcease : (v) [OFr. 'Sursis'.] (۱) روک دینا : چھوڑ دینا (عارضی یا مستقل طور پر) ۔ (۲) ختم ہو جانا : بند ہو جانا : باقی نہ رہنا ۔ (۳) ترک کر دینا : باز رکھنا ۔

Surcharge : (n) (۱) زائد رقم : مزید رقم (جو وصول کی جائے) : مزید رقم کا بار : سر بار : اضافی محصول ۔ (۲) فاضل رو (بجلی کی) : فاضل قوت (جو ضرورت سے زیادہ ہو) ۔ (۳) جرمانہ (جو قابل محصول املاک کا غلط نقشہ یا حساب پیش کرنے کی وجہ سے کیا جائے) ۔ (۴) اوپری ٹھپا (جو ڈاک کے ٹکٹ پر قیمت بدلنے کے لئے لگایا جاتا ھے) ۔ (۵) بھرتی (حساب کی وہ رقم جو تنقیح کرنے والا پاس نہ کرے اور حساب لکھنے والے کو اپنے پاس سے بھرنی ہو) ۔ (۶) حساب میں کسی رقم کی غلطی نکالنا جو آمدنی کے خانے میں لکھنے سے رہ گئی ھے : لیکھے کی غلطی ۔

Surcharge : (v) [OFr. 'Surcharger'.] (۱) حد سے زیادہ بوجھ لادنا : حد سے زیادہ بھرنا : ضرورت سے زیادہ سیر کر دینا (محلول وغیرہ کو) ۔ (۲) (ملکیت کا غلط نقشہ پیش کرنے والے پر) جرمانہ کرنا : جرمانہ وصول کرنا : (رقم) بطور جرمانہ وصول کرنا ۔ (۳) بھرتی عائد کرنا یا وصول کرنا ۔ (۴) لکھنے کی غلطی نکالنا ۔ (۵) (ٹکٹ پر قیمت بدلنے کے لئے) اوپری ٹھپا لگانا ۔ (۶) (جذبات وغیرہ سے) مغلوب کرنا : بے قابو کر دینا ۔ (۷) (نقابت) ایک مارکہ پر دوسرا مارکہ لگانا ۔

Surcharger : (n) حد سے زیادہ بوجھ لادنے والا مزید رقم وصول کرنے والا : حد سے زیادہ بھرنے والا ۔

Surcingle : (n) [OFr. 'S(o) urcengle'.] (۱) (گھوڑے کا) بالا تنگ : کوتل کش : پٹیار ۔ (۲) پادریوں کے جبے یا کرتے کی پیٹی ۔

Surcoat : (n) [OFr. 'Sur-', 'Sourcot'.] (۱) بالا پوش : ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا قیمتی لباس جسے اعلیٰ رتبہ مرد اور عورت پہنا کرتے تھے یا جسے زرہ بکتر کے اوپر پہنا جاتا تھا ۔ (۲) ایک قسم کا لمبا مردانہ جیکٹ ۔

Surculose : (a) [L. 'Surculosus'.] (نباتیات) جس میں زیر بچہ پھوٹتا ہو : زیر بچہ دار : ماصہ خیز : بچہ خیز ۔

Surculus : (n) [L. dimunitive of 'Surus'.] زمین ساقہ : زیر بچہ : ماصہ ۔

Surd : (a) [L. 'Surdus'.] (۱) (ریاضیات) اصمّ ۔ (۲) (مجازاً) بیوقوف : بے عقل : غیر ذی عقل ۔ (۳) (شاذ) (صوت) (حرف صحیح) جو آواز سے نہیں بلکہ سانس سے ادا کیا جائے : مختفی : بے صدا : ساقط الصوت ۔

Surd : (n) (۱) (ریاضیات) مقدار اصم : عدد اصم ۔ (۲) (صوت) مختفی آواز ۔

Surd : (v) آواز کر دینا : مختفی بنا دینا ۔

Surdity : (n) [Fr. 'Surdite', or L. 'Surdita'.] گونگاپن ۔

Sure : (a) [OFr. 'Sur-e'.] (۱) محفوظ : مامون : مصؤن : حفاظت میں : حفاظت کا ۔ (۲) قابل اعتماد : بھروسے کا ۔ (۳) جسے یقین ہو : یقین رکھنے والا : وثوق رکھنے والا : متیقن ۔ (۴) حکمی : تیر بہ ہدف ۔ (۵) جس کے متعلق یقین ہو (کسی بات کا یا کسی کام کے کرنے کا) ۔ (۶) یقینی : جس میں ذرا بھی شبہ نہ ہو : قطعی ۔ (۷) ثابت قدم : پکا : پختہ : استوار : اٹل ۔ (۸) قطعی : حتمی : یقینی : بے شک ۔

احتیاط۔

A sure shot : نشانے کا سچا : بے خطا نشانہ لگانے والا۔

Be sure (to do something or that......) : خبر دار ، بھولنا نہیں : یاد رکھنا۔

For sure : بلا شك و شبہ : یقیناً۔

I 'am sure, I don't know : مجھے بالکل معلوم نہیں۔

Sure of getting : جسے پانا یقینی ہو۔

To be sure : (۱) بے شك : بلا شبہ : یقیناً : ضرور۔ (۲) اس میں شبہ نہیں کہ۔ (۳) واللہ ! سچ ہے ! حقیقت میں۔

To make (a person or thing) sure : (۱) اپنے اختیار یا یا قابو میں کر لینا : محفوظ کر لینا۔ (۲) بے ضرر بنانا : جان مار ڈالنا۔

To make sure : کسی کی حفاظت میں دینا۔

To make sure : وفادار بنانا : مطیع بنانا۔

To make sure : (۱) پوری طرح تصدیق یا اطمینان کر لینا۔ (۲) پورا انتظام کر لینا (کسی بات کے ہونے کا)۔ (۳) تحقیق کرنا : دریافت کرنا۔

Well, I 'm sure : مجھے یقین نہیں آتا : مجھے تعجب ہے۔

Well, to be sure : یقین نہیں آتا ! تعجب ہے۔

Sure : (adv.) (۱) بحفاظت : محفوظ طور پر۔ (۲) یقیناً : بلا شبہ : بے شك : ضرور۔ (۳) یقینی طور پر : مستقل طور پر۔

Sure : (n) دیکھو Certainty

Sure card : (n) حکمی تدبیر۔

Sure enough : (adv.) یقیناً : ضرور : بے شك : قطعی طور پر : ثبوتی حیثیت سے۔

Sure-enough : (a) حقیقی : اصلی : کھرا۔

Sure-fire : (a) جس کا ہونا یقینی ہو : قابل بھروسہ۔

Sure-footed : (a) (۱) قدم کا سچا : جس کا قدم ہمیشہ ٹھیك پڑے۔ (۲) نہایت محتاط : جسے کبھی لغزش نہ ہو۔

Sure-footedness : (n) قدم کا سچا ہونا : نہایت محتاط ہونا : انتہائی

Sure-handed : (a) ماہر : صاحب استعداد : متیقن۔

Sure thing : (n) (۱) یقینی بات۔ (۲) ضرور (تاکیدی تائید کے موقع پر)۔

Sure thing : (adv.) دیکھو Certainly

Surely : (adv.) (۱) یقینی طور پر : مستقل طور پر۔ (۲) مضبوطی سے۔ (۳) یقین تو ہے : خیال تو یہی ہے : میں تو یہی سمجھتا ہوں۔ (۴) یقیناً : ضرور۔ (۵) واقعی : بے شك : سچ مچ۔ (۶) ٹھیك ٹھیك : صحیح طور پر۔ (۷) بے خطر : محفوظ طور پر۔

Sureness : (n) تیقن : یقینی ہونا : قابل اعتماد ہونا : حکمی ہونا۔

Sures : (n) چیلی اور پیرو کے ساحل پر چلنے والی جنوبی ہوا۔

Sures pardos : (n) چیلی اور پیرو کے ساحل پر چلنے والی باد جنوب جس کے ساتھ کُہرا بھی ہوتا ہے۔

Sureseater : (n) تھیٹر جس میں فنی ڈرامے اور خصوصاً غیر ملکی فلمیں دکھائی جاتی ہیں۔

Surette : (n) [Fr.] ایك امریکی درخت جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے اور جس میں زرد رنگ کی گونڈیاں پھلتی ہیں۔

Surety : (n) [OFr. 'Surte, Seurte'.] : (۱) یقین : وثوق۔ (۲) ضمانت : وہ چیز جو ضمانت کے طور پر رکھی جائے۔ (۳) ضامن : کفیل۔ (۴) دینی ماں یا دینی باپ بوقت بپتسما۔ (۵) حضرت مسیح۔

For, or , of a surety : بے شك : یقیناً : لاریب : بے شبہ : قطعاً۔

To stand surety : ضمانت دینا : ضامن ہونا۔

Surety bond : (n) ضمانت نامہ۔

Sure company : (n) وہ کمپنی جس کا خاص کاروبار ضمانت دینا یا ضمانت نامہ جاری کرنا ہوتا ہے۔

Suretyship : (n) ضمانت۔

Surexcitation : (n) [Fr.] حد سے زیادہ تحریك یا اشتعال۔

Surf : (n) [Origin unkn.] (۱) کف دریا : پھین جو سمندر کی لہروں

کے ساحل یا چٹان سے ٹکرانے سے پیدا ہوتا ہے : کف بحر۔ (۲) کف بحر کی لمبی قطار جو سمندر کی لہروں کے ساحل سے ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

Surf : (v) (۱) کف سمندر میں غسل کرنا۔ (۲) تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔ (۳) کف دریا کی طرح پھوٹنا ؛ ٹوٹنا یا حرکت کرنا۔

Surf-bathing : (n) کف دریا میں غسل کرنا۔

Surf-bird : (n) امریکی زقزاق ؛ ایک ساحلی پرند۔

Surf-board : (n) لمبا پتلا پیراک تختہ جس پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہتے ہیں۔

Surf-board : (v) پیراک کے تختے پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔

Surf-boarder : (n) پیراک تختے پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنے والا۔

Surf-boat : (n) تلاطم کشتی : ایک قسم کی ہلکی کشتی جو تلاطم کے وقت استعمال ہوتی ہے۔

Surf-cast : (v) ساحل سمندر پر چارہ ڈالنا۔

Surf-casting : (n) سمندر میں چارہ ڈالنا یا چارہ ڈالنے کا طریقہ۔

Surf clam : (n) ایک قسم کا بڑا گھونگا۔

Surf-coot : (n) ایک قسم کی امریکی مرغابی۔

Surf-duck : (n) دیکھو Surf coot

Surf-fish : (n) کیلیفورنیا کے ساحل پر پائی جانے والی مچھلیوں میں سے ایک۔

Surf-man : (n) تلاطم کشتی کا ملاح۔

Surf-riding : (n) ایک کھیل ؛ تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا۔

Surf-scoter : (n) سیاہ مرغابی ؛ دیکھو Surf-duck۔

Surf-smelt : (n) سامن کی قسم کی ایک مچھلی۔

Surf-snipe : (n) چہا : ایک قسم کا آبی پرندہ۔

Surf-whiting : ایک قسم کی مچھلی۔

Surfable : (a) جن تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہا جا سکے۔

Surface : (n) [Fr.] (۱) سطح۔ (۲) ظاہری پہلو : سطحی پہلو ؛ ظاہری حالت : سطحی حالت : ظاہر۔ (۲) سطح سے مشابہ کوئی چیز۔ (۳) ریل کی پٹری جو تھوڑی دور تک عمودی طور پر ہموار ہو۔ (۵) (ہندسہ) سطح (جس میں لمبائی اور چوڑائی ہو مگر گہرائی بالکل نہ ہو)۔ (۶) سطح سمندر۔

On the surface : ظاہری طور پر ؛ بظاہر۔

Surface : (v) (۱) مسطح کرنا (کاغذ وغیرہ کو) : سطح پر بچھانا۔ (۲) سطح پر لانا ؛ آنا۔ (۳) سطحی کھدائی کرنا۔

Surface : (a) (۱) سطحی۔ (۲) سطح پر کام کرنے والا۔ (۲) صرف سطح پر نظر آنے والا ؛ ظاہری ؛ اوپری۔

Surface-bent : (a) اس طرح موڑا ہوا کہ عمودی سطح میں سیدھا نہ ہو۔

Surface-car : (n) (امریکا) ٹرام جس کی پٹری زمین کے برابر ہوتی ہے (اوپر اٹھی ہوئی یا اندر دھنسی ہوئی نہیں)۔

Surface chemistry : (n) علم کیمیا کی وہ شاخ جو سطح پر ہونے والی کیمیاوی تبدیلیوں سے بحث کرتی ہے۔

Surface colour : (n) (۱) نیم شفاف مادہ یا چیز کا رنگ۔ (۲) سطحی رنگ۔

Surface-coloured paper : (n) ڈاک ٹکٹ بنانے کا محفوظ قسم کا کاغذ۔

Surface condensation : (n) سطحی آلۂ تکثیف کے ذریعہ منجمد کرنا۔

Surface condenser : (n) سطحی آلۂ تکثیف۔

Surface contact : (n) سطحوں کا اتصال ؛ سطحی لمس۔

Surface cooler : (n) ٹھنڈے پانی کی ٹنکی جس میں دودھ کوڈبے میں رکھ کر ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔

Surface-craft/ -raider / -ship : (n) سمندری جہاز۔

Surface damage : (n) کان کنی کے لئے زمین کی سطح کو نقصان پہنچانا اور اس کے لئے دیا جانے والا معاوضہ۔

Surface density : (n) سطحی کثافت۔

Surface dive : (n) سطح آب سے نیچے کی طرف غوطہ مارنا۔

Surface fire : (n) جنگل کی آگ جو صرف تل جھاڑی اور آخور کو جلاتی ہے۔

Surface gauge : (n) سطح پیما ؛ مسطح سطحوں کو جانچنے کا ایک آلہ ۔

Surface-grub : (n) بعض کیڑوں کا پہل روپ جو سطح زمین کے ٹھیک نیچے رہتا ہے ؛ ایک قسم کی تتلی یا چھوٹی ٹڈی ۔

Surface harden : (v) (اسپات وغیرہ کی) سطح کو سخت بنانا ۔

Surface integral : (n) (ریاضیات) مقدار سالم جو کسی سطح کے کل رقبے کو لے کر نکالا جائے ۔

Surface mail : (n) (۱) بری یا بحری ڈاک ۔ (۲) بری یا بحری ڈاک کا نظام ۔

Surface measure : (n) تختے کا سطحی رقبہ ۔

Surface noise : (n) سطحی شور ؛ وہ سی سی کی آواز جو گراموفون کے ریکارڈ سے اس وقت نکلتی ہے جب سوئی ناہموار کھانچ سے گذرتی ہے ۔

Surface-plate : (n) (۱) وہ آہنی ٹکڑا جو ریل کی پٹڑی کے اوپر لگا رہتا ہے ۔ (۲) ہموار سطح کو جانچنے کا آہنی ٹکڑا ۔

Surface-printing : (n) مسطح طباعت (معمولی ٹائپ کی طباعت ، اس طباعت کی ضد جس میں حروف اندر دھنس جاتے ہیں)؛ سطحی طباعت ۔

Surface process : (n) مسطح طباعت کا طریقہ ۔

Surface resistance : (n) (برقیات) سطحی مزاحمت ۔

Surface-road : (n) سطحی ریلوے (جس کی پٹریاں زمین کی سطح پر ہوتی ہیں زمین دوز یا زمین سے اوپر نہیں) ۔

Surface-size : (v) کاغذ کو مسالا لگا کر چکنا اور کرارہ کرنا ۔

Surface-soil : (n) سطحی مٹی ۔

Surface-structure : (n) کسی جملے کو صوتی علامتوں کے ذریعہ لکھنا ۔

Surface-tension : (n) سطحی تناؤ ؛ تناؤ کی قوت جو سیال میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے قطرے اور بلبلے بنتے ہیں ۔

Surface-to-air missile : (n) زمین سے ہوا میں مار کرنے والی میزائل ۔

Surface velocity : (n) سطحی رفتار ۔

Surface-water : (n) سطح کا پانی جو زمین وغیرہ کی سطح پر کچھ دیر جمع رہتا ہے اور پھر بہہ جاتا ہے ۔

Surface wave : (n) زلزلہ جو سطح ارض پر محسوس کیاجائے ۔

Surfaced : (a) مخصوص قسم کی سطح رکھنے والا ۔

Surface lumber : (n) رندے سے مسطح کی ہوئی بھدی عمارتی لکڑی ۔

Surfacely : (adv.) سطح پر ؛ بظاہر ؛ سطحی طور پر ۔

Surfaceman : (n) (۱) سطح پر کام کرنے والا ؛ سطح زمین کے نیچے کام کرنے والا کان کن یا مزدور ۔

Surfacer : (n) سطح ساز ۔

Surfacing : (n) تسطیح ؛ سطح بندی ؛ صقل ۔

Surfacy : (n) سطحی ؛ ظاہری ۔

Surfeit : (n) [OFr. 'Sur-, Sorfeit'.] (۱) زیادتی (خصوصاً کھانے پینے میں) ؛ پر خوری ۔ (۲) حد سے زیادہ سیری ؛ منہ بھر جانا ؛ چھك جانا ۔ (۳) (کان کنی) کاربولك ایسڈ جو کانوں ، کنوئیں وغیرہ میں پیدا ہوتی ہے ۔ (۴) مالش ؛ متلی ۔

To (a) surfeit : انتہائی حد تك ؛ حد سے زیادہ ؛ خواہش سے زیادہ ؛ اتنا زیادہ کہ جس سے نفرت ہو جائے ۔

Surfeit : (v) (۱) حد سے زیادہ کھا لینا یا پی لینا ؛ چھك جانا ؛ حد سے زیادہ کھلا دینا یا پلا دینا ؛ چھکا دینا ۔ (۲) اکتا دینا یا اکتا جانا (کسی چیز کی زیادتی سے) ۔

Surfeiter : (n) حد سے زیادہ کھانے والا ؛ بسیار خور ۔

Surfer : (n) دیکھو Surf-scoter

Surficial : (a) سطحی ؛ سطح زمین کا ۔

Surfuse : (v) (طبیعیات) (کسی سیال کو) پگھلاؤ کے درجے سے نیچے بغیر انجماد کے ٹھنڈا کرنا ۔

Surfusion : (n) دیکھو Superfusion

Surfy : (a) کف دریا کا سا ؛ پر کف ۔

Surge : (n) [OFr. 'Sourgeon'.] (۱) موج ۔ (۲) موجزنی ؛ تلاطم ۔ (۳) (جذبات وغیرہ کا) امڈنا ؛ وفور ۔ (۴) (بحری) لنگر کے چرخ پر رسے کا پھسل جانا ؛ جھٹکا ۔

(۵)(بحری) لنگر کے چرخ یا آہنچی کا وہ حصہ جہاں رسہ پھسل جاتا ہے ۔ (۶) باد پیمائی موج جو موجود باد پیمائی اتار چڑھاؤ سے باہر ہو ۔ (۷) برقی دور میں رَو کا عارضی اختلاف ۔

Surge : (v) (۱) موجزن ہونا : موجیں مارنا : تلاطم میں ہونا (دریا کا) ۔ (۲) وفور ہونا : امنڈنا (جذبات کا) ۔ (۳)لہلہانا (کھیت کا) ۔ (۴) دریا کی طرح امنڈنا : سیلاب کی طرح بڑھنا (مجمع کا) ۔ (۵) (بحری) (رسے وغیرہ کا لنگر کے چرخ پر) اتفاقاً پھسل جانا : ڈھیلا کر دینا ۔ (۶) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں جانا یا جھٹکا کھانا ۔

Surgency : (n) پھرتی : تیزی : چالاکی ۔

Surgent : (a) متلاطم : موجزن ۔

Surgeon : (n) [AFr. 'Surgien'.] (۱) سرجن : ماہر جراح ۔ (۲) بحری یا بری فوج کا طبیب ۔ (۳) نشتر ماہی ۔

Surgeon apothecary : (n) دوا ساز سرجن ۔

Surgeon bird : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Surgeon fish : (n) نشترماہی : ایک مچھلی جس کی دم کے دونوں طرف نشتر سے نکلے ہوتے ہیں ۔

Surgeon-general : (n) فوج کے طبی شعبے کا سب سے اونچا عہدہ ۔

Surgeoncy : (n) عہدۂ سرجن ۔

Surgeon's knot : (n) ایک قسم کی گرہ جس میں ایک حلقے سے ڈور کو دوبارہ گذارا جاتا ہے ۔

Surgery : (n) [OFr.'Surgerie'.] (۱) فن جراحی : فن جراحی کا کام : سرجری : جراحت ۔ (۲) دارالجراحی : سرجن کا مطب یا شفاخانہ : ماہر جراحی کا مطب ۔

Conservative surgery : محتاط جراحت (جس میں قطع اعضاء وغیرہ سے پرہیز کیا جاتا ہے) ۔

Surgical : (a) (۱) جراحی کا : جراح یا جراحی سے متعلق ۔ (۲)عمل جراحی سے پیدا ہونے والا ۔

Surgical anatomy : (n) جراحی تشریح ۔

Surgical fever : (n) آپریشن کا بخار : تپ عملیہ ۔

Surgical knot : (n) دیکھو Surgeon's knot

Surgical needle : (n) عمل جراحی میں کام آنے والی سوئی ۔

Surgically : (adv.) فن جراحی کی رو سے : جراحی کے ذریعہ : آپریشن کے ذریعے سے ۔

Surgy : (a) موجزن : متلاطم : پر موج : طوفانی : طوفان خیز ۔

Suriana : (n) [f. Joseph D. Surien, a French botanist.] حارّی ساحلی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Suricata : (n) [Fr. 'Surikate'.] دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک جنس ۔

Suricate/ Suricat : (a) [Fr.] سُریکیٹ : افریقی نیولا ۔

Surinam : (a) جنوبی امریکا کا ایک ملک : اس ملک سے متعلق : سُورینم ۔

Surinam cockraoch : (n) تل چٹا کی ایک قسم ۔

Surinam toad : (n) ایک قسم کا بڑا اور چپٹا مینڈک ۔

Surinamer : (n) سورینم کا باشندہ ۔

Surinamese : (n) دیکھو Surinamer

Surlily : (adv.) اکھڑپن سے : اکل کھرے پن سے : بد مزاجی سے ۔

Surliness : .(n) اکھڑپن : اکل کھراپن : بدمزاجی ۔

Surly : (a) [alternative of OE. 'Sirly'.] (۱) اکھڑ : اکل کھرا : بد مزاج۔ (۲) اکھڑپن : اکل کھرے پن کا ۔ (۳) (مجازاً) سخت : کڑی (مٹی وغیرہ)؛ کڑا : سرکش : بے قابو : دشوار : دقت طلب : خراب : قند : شدید (موسم وغیرہ) ۔

Surly : (adv.) مغرورانہ طور پر : تحکمانہ طور پر ۔

Surma/ Soorma : (n) [Pers.] سُرمہ ۔

Surmark : (n) دیکھو Sirmark

Surmark : (n) [alternative of Submaster.] (سینٹ پال اسکول ، لندن اور بعض دوسرے مدرسوں کا) سیکنڈ ماسٹر : مدرس دوم ۔

Surmisable : (a) قابل قیاس آرائی : جس کا اندازہ کیا جا سکے ۔

Surmise : (n) [AFr.OFr.] قیاس : ظن : اندازہ : عقلی تکا ۔

Surmise : (v) (۱) قیاساً معلوم کرنا : قیاس کرنا : اندازہ لگانا : تاڑنا۔ (۲) قیاس آرائی کرنا : اندازہ لگانے کی کوشش کرنا : عقلی تکے لگانا۔

Surmiser : (n) قیاس کرنے والا : اندازہ لگانے والا۔

Surmount : (v) [Fr. 'Surmonker'.] (۱) اوپر ہونا : اوپر لگا ہونا (عموماً صیغہ مجہول میں)۔ (۲) غالب آنا : فتح پانا : غلبہ پانا (مشکلوں پر) : دور کرنا (رکاوٹوں کو)۔ (۳)اونچا ہونا : چوٹی پر پہنچ جانا : اوپر ہونا : سرا ہونا۔

Surmountable : (a) جس پر غالب آنا ممکن ہو : قابل فتح (مشکل) : قابل عبور (رکاوٹ)۔

Surmounted : (a) (محراب) جس کی اونچائی ، چوڑائی کے آدھے سے زیادہ ہو۔

Surmounted by : (a) (نقابت) اوپر (ایک مارکہ کا دوسرے پر)۔

Surmounter : (n) غالب آنے والا : فتح کرنے والا : عبور کرنے والا۔

Surmullet : (n) [Fr. 'Surmulet'.] سرخ مچھلی : سرخ ماہی : لال مچھلی۔

Surname : (n) [AFr. 'Surnoun'.] (۱) لقب۔ (۲) خاندانی نام : نام کا دوسرا جز جو کل خاندان میں مشترکہ ہوتا ھے : سرنام۔

Surname : (v) (۱) لقب دینا۔ (۲) خاندانی نام کا اضافہ کرنا۔

Surnape/ Surnap : (n) [Fr. 'Sournappe'.] قدیم زمانے میں استعمال ہونے والا دست پاک۔

Surnay/ Surnai : (n) [Pers.] ایک قسم کی بانسری۔

Surnominal : (a) لقبی : لقب سے متعلق : خاندانی نام سے متعلق۔

Surpass : (v) [Fr. 'Surpasser'.] (۱) سبقت لے جانا : فوقیت لے جانا : بڑھ جانا۔ (۲) فائق ہونا : بہتر ہونا : بڑھا ہوا ہونا : تجاوز کرنا۔ (۳) ناقابل پہنچ ہونا : ناقابل رسائی ہونا۔

Surpassable : (a) جس پر سبقت لے جائی جا سکے : جس پر فوقیت حاصل ہو سکے۔

Surpassing : (a) (۱) فائق : برتر۔ (۲) بے نظیر : بے مثال۔

Surpassing : (adv.) نہایت : بے انتہا : بے حد۔

Surpassingly : (adv.) دیکھو Surpassing

Surplice : (n) [AFr. 'Surplis'.] (۱) اوپری جبہ : ڈھیلا ڈھالا سفید لباس جو پادری اور کلیسا کے سرود خواں اپنے لباس کے اوپر پہن لیتے ہیں۔ (۲) ڈھیلے ڈھالے لمبے لباس۔

Surplice-fees : (n) پادری کا نذرانہ : پادری کی فیس : وہ رقم جو پادریوں کو نکاح یا نماز جنازہ وغیرہ کے موقع پر دی جاتی ھے۔

Surplus : (n) [AFr.] (۱) کسی چیز کی فاضل مقدار : زائد مقدار (جو ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد بچ رھے)۔ (۲)توفیر : ریاست کی آمدنی کا وہ حصہ جو اخراجات پورا کرنے کے بعد بچ رھے۔

Surplus : (a) فاضل : زائد : توفیر کا۔

Surplus budget : (n) فاضل موازنہ : فاضل بجٹ۔

Surplusage : (n) (۱) توفیر : بیشی : فاضل مقدار۔ (۲) (قانون) (فرد قرار داد جرم کا) وہ لفظ ، جملہ یا بیان جس کی ضرورت نہ ہو۔

Surprint : (v) (۱) مطبوعہ کاغذ کے بالائی حصے پر اضافہ کرنا۔ (۲) (فوٹوگرافی) ایک تصویر پر دوسری تصویر چھاپنا۔

Surprisable : (a) جسے متحیر کیا جا سکے : جس کو حیرت زدہ کیا جا سکے۔

Surprisal : (n) بے خبری میں آلینا : حیرت میں ڈال دینا۔

Surprise : (n) [Fr. 'Surpris(e).'] (۱) بے خبری میں آ لینا : ناگہانی حملہ۔ (۲) حیرت : تعجب : اچنبھا : تحیر۔ (۳) حیرت انگیز بات : تعجب کی بات : خلاف توقع چیز۔

To my great surprise : میری توقع کے بالکل خلاف۔

To take by surprise : غیر متوقع طور پر ملنا : متحیر کر دینا : حیرت میں ڈال دینا۔

Surprise/ Surprize : (v) (۱) بے خبری میں آلینا : اچانک حملہ کر دینا : اچانک آ پہنچنا۔ (۲) حیرت میں ڈال دینا : باعث حیرت ہونا : باعث تعجب ہونا۔ (۳) اچانک پہنچ کر یا للکار کر گھبرا دینا (جس کی وجہ سے بے ارادہ کوئی حرکت سرزد ہو جائے)۔ (۴) (مجازاً) اچانک پا لینا یا دریافت کر لینا۔

Surprise packet : (n) حیرت کی پڑیا (جس میں خلاف توقع چیزیں

(۵) دب جانا : مزاحمت یا مقابلے سے باز آنا ۔ (۶)(قانون) میعاد کے بعد زمین گزارہ دار صاحب زمین کو واپس کرنا ۔ (۷) دیوالیہ شخص کا عدالت میں حاضر ہونا ۔ (۸) اصل قرضدار یامدیون کو معینہ وقت پر عدالت میں حاضر کرنا (ضامن کا) ۔

To surrender to one's bail : ضمانت پر چھوٹنے کے بعد حاضر عدالت ہونا ۔

Surrender value: (n) معاوضۂ دست برداری جو بیمہ کرانے والے کو ان صورتوں میں ملتا ھے جب وہ پالیسی سے دست بردار ہو جائے : معاوضۂ وا گذاری ۔

Surrenderee : (n) (قانون) وہ شخص جسے جائداد حوالہ کی جاتی ھے : جائداد کا مالك ۔

Surrenderer : (n) حوالہ کرنے والا : سپرد کرنے والا : اطاعت قبول کرنے والا : ہار مارنے والا ۔

Surrenderor : (n) وہ شخص جو جائداد کو مالك کے حوالہ کرے ۔

Surreptitious : (a) [L. 'Surreptitius'.] دیکھو Subreptive

Surreptitiously : (adv.) چپکے چپکے : خفیہ طور پر : اندر اندر ۔

Surreptitousness : (n) خفیہ ہونا : پوشیدہ ہونا ۔

Surrey : (n) [Named after the country of surrey, England.] چار پہیوں اور دو نشستوں والی امریکی گھوڑا گاڑی : اسی ساخت کی موٹر گاڑی ۔

Surrogacy : (n) قائم مقام کا عہدہ ۔

Surrogate : (n) [L. 'Surrogatus'.] قائم مقام : نائب (خصوصاً بشپ یا اس کے مشیر قانونی کا) ۔

Surrogate : (a) قائم مقام : نیابت ۔

Surrogate : (v) قائم مقام بنانا : نائب بنانا ۔

Surround : (n) (۱) حاشیۂ فرش :کوئی فرش جو قالین ، دری وغیرہ کے چاروں طرف بچھا ہو : حاشیہ ۔ (۲) نرغہ ۔

Surround : (v) [Afr. 'Sur(o)under'.] (۱) گھیر لینا : احاطہ کر لینا : نرغہ کرنا ۔ (۲) محیط ہونا : گھیرے ہونا : گرد ہونا : چاروں طرف ہونا ۔ (۳) (فوج) محاصرہ کرنا : گھیرنا ۔ (۴) کسی چیز سے گھیرنا ۔

Surrounder : (n) گھیرنے والا : محاصرہ کرنے والا : نرغہ کرنے والا ۔

نکلیں مثلاً مٹھائی میں روپیہ) ۔

Surprise party : (n) (۱) غیر متوقع حملہ کرنے والا فوجی دستہ ۔ (۲) (امریکا) وہ صحبت جو کسی دوست کے مکان پر بغیر دعوت کے ہوتی اور جس میں ہر شریك کھانا ساتھ لاتا ھے ۔

Surprise visit : (n) بے اطلاع معائنہ ۔

Surprisedly : (adv.) حیرت زدہ طور پر : متحیر طور پر : تعجب کے ساتھ ۔

Surpriser : (n) متحیر کرنے والا : حیرت انگیز چیز ۔

Surprising : (a) عجیب : تعجیب انگیز : حیرت انگیز : خلاف توقع ۔

Surprisingly : (adv.) حیرت انگیز طریقے سے : بالکل خلاف توقع ۔

Surprisingness : (n) حیرت انگیزی : خلاف توقع ہونا ۔

Surra/ Surrah : (n) [Marathi 'Sura'.] سرا : گرم ملکوں میں گھوڑوں اور مویشی کا ایك مرض جس میں خون بالکل کم ہو جاتا ھے ۔

Surrealism : (n) [Fr. 'Surrealisme'.] فن کی ایك قسم جس میں خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ھے : ورائیت : فوق حقیقت ۔

Surrealist : (n) وہ فنکار جو خواب یا ویسے دوسرے تجربات کے مظاہر کو پیش کرنے کی کوشش کرتا ھے ۔

Surrebut : (v) (مدعا علیہ کا) مدعی کے دعوے کا تیسری بار جواب دینا : آخری جواب دعویٰ پیش کرنا ۔

Surrebutter/ Surrebuttal : (n) [f. sur + rebutter.] آخری جواب دعویٰ : جواب رد دعویٰ ۔

Surrejoin : (v) جواب دعویٰ کا جواب دینا : آخری جواب دعویٰ پیش کرنا ۔

Surrenjoinder : (n) آخری جواب دعویٰ : جواب جوابِ دعویٰ ۔

Surrender : (n [AFr.] (۱) حوالگی : تفویض ۔ (۲) واگذاری : دست برداری : قبول اطاعت : ہار ماننا ۔

Surrender : (v) (۱) سپرد کرنا : حوالہ کرنا ۔ (۲) چھوڑ بیٹھنا : دست بردار ہو جانا ۔ (۳) مغلوب ہو جانا (اثر یا جذبے سے) : بندہ ہو جانا (عادت کا) ۔ (۴) اطاعت قبول کر لینا ۔

Surrounding : (n) (۱) (جمع) ماحول ؛ گرد و پیش ۔ (۲) مصاحبین ؛ حاشیہ نشین ۔

Surrounding : (a) گرد و پیش کا ؛ آس پاس کا ۔

Surroyal : (n) بارہ سنگھے کے سینگ کی اوپری یا آخری شاخ ۔

Sursum - : جزو ترکیبی بمعنی "اوپر کی طرف کا" ؛ "اوپری" ؛ بالا رخ" ۔

Sursum corda : (n) [L.] حضور قلب سے (لاطینی معنی "دلوں کو اونچا کرو" ، یہ لاطینی لفظ عشائے ربانی میں پادری درمیانی حصے کی تمہید سے پہلے کہتا ھے) ۔

Sursumvergence : (n) بالا رخی چشم ۔

Surtax : (n) [Fr. 'Surtaxe'.] زائد ٹیکس ؛ مزید ٹیکس ؛ زائد محصول ۔

Surtax : (v) زائد محصول لگانا ۔

Surtout : (n) [Fr.] (۱) انیسویں صدی کا مردانہ اوورکوٹ ۔ (۲) سر اور گردن کی زنانہ پوشش ۔

Surtout : (adv.) (نقابت) دوسرے مارکوں سے اوپر ۔

Surturbrand : (n) [G.] بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ۔

Surveillance : (n) [Fr.] نگرانی (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) ۔

Surveillant : (a) (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) نگرانی کرنے والا ۔

Survey : (n) (۱) جائزہ ؛ پڑتال ؛ محل معائنہ ؛ نظر ڈالنا ۔ (۲) پیمائش؛ سروے ؛ زمین پیمائی ۔ (۳) (مجازاً) جائزہ ۔

Ordinance survey : دیکھو Ordinance

Survey : (v) [AFr. 'Surveier'.] (۱) نظر ڈالنا ؛ مجمل طور پر معائنہ کرنا ؛ جائزہ لینا ۔ (۲) پیمائش کرنا ؛ سروے کرنا ۔

Surveying : (n) پیمائش ؛ فن پیمائش ؛ فن مساحت ؛ جریب کشی ۔

Surveying : (a) پیمائش کا ؛ مساحی ؛ پیمائشی ۔

Surveyor : (n) [AFr., OFr, 'Sur-,Sorve (i) our'.] (۱) ناظر ؛ انسپکٹر ۔ (۲) مسّاح ؛ زمین پیما ؛ پیمائش کار ؛ امین پیمائش ؛ سرویئر ؛ گرد اور پیمائش ۔ (۳) جائزہ لینے والا ؛ تصور کرنے والا ۔

Surveyor-general : (n) امین اعلیٰ ؛ سرویئر جنرل ۔

Surveyor's chain : (n) جریب؛ امین پیمائش کی زنجیر ۔

Surveyorship : (n) (۱) نظارت ؛ انسپکٹر کا عہدہ ۔ (۲) گرداوری ؛ امین پیمائش یا سرویئر کا عہدہ ۔

Surview : (n) [AFr. OFr. 'Surveue'.] دیکھو Survey

Surview : (v) دیکھو Survey

Survival : (n) (۱) بقا ؛ باقی رہ جانا ؛ بچ جانا ؛ پس ماندگی ۔ (۲) (حیاتیات) انتخاب طبعی میں ان حیوانات کا باقی رہنا جو اپنی زندگی کو ماحول کے مطابق کر لیتے ہیں ۔ (۳) (مجازاً) یادگار ؛ آثار (انسان باشے) ۔ (۴) بچ رہنے والا ؛ پس ماندہ ۔

Survival kit : (n) ناگہانی صورت میں کام آنے والے ساز و سامان اور غذا کا پیکٹ جو ہوا باز اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Survival of action : (n) (قانون) مقدمے کے فریقین میں سے کسی یا دونوں کے مر جانے کے بعد بھی مقدمہ جاری رکھنا ۔

Survival of the fittest : (n) بقائے اصلح ۔

Survival rate : (n) شرح باقیات ۔

Survival value : (n) قدر بقا ۔

Survivance : (n) جانشینی ؛ صاحب جائداد کے مرنے کے بعد اس کے نامزد کردہ پس ماندہ کی جانشینی ؛ حق جانشینی ؛ حق وراثت ۔

Survive : (v) [AFr. 'Survivre' OFr. 'Survivre'.] (۱) کسی کے مرنے کے بعد تک زندہ رہنا ؛ (بیماری ، حادثے وغیرہ سے) بچ جانا ؛ بچ رہنا ۔ (۲) باقی رہنا ؛ (دنیا میں) نسل قائم رہنا ؛ وجود قائم رہنا ۔ (۳) (قانون) (جائداد کا) دو یا زیادہ مشترکہ متصرفوں میں سے پسماندہ کے اختیار میں جانا ۔

Surviver : (n) پسماندہ ؛باز ماندہ ؛ باقی ماندہ ؛ جو بچ رہا ہو ۔

Surviving : (a) بچ رہنے والا ؛ پسماندہ ؛ باقی ماندہ ۔

Survivor : (n) دیکھو Surviver

Survivership : (n) (۱) باقی رہنا ؛ بچ رہنا ؛ باز ماندگی ؛ پسماندگی ۔ (۲) (قانون) کل زمین یا جائداد کا قبضہ جو مشترکہ

پٹہ داری یا اجارے میں شریک کے مرنے کے بعد دوسرے کو حاصل ہو۔

Presumption of survivorship : (حق وراثت کے لئے) ایک ہی حادثے میں مرنے والے افراد میں سے ایک کی مختصر مدت کی پس ماندگی کا قیاس ؛ باز ماندگی قیاس۔

Survivorship annuity : (n) سالیانہ جو بیمہ شدہ شخص کے مرنے کے بعد اس کے نامزد شخص کو ملے۔

Surwan : (n) [Pers. 'Sarban'.] ساربان : شتربان۔

Sus : (n) [L.] دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک جنس۔

Sus per coll : (n) لاطینی Suspendature per collum کا مخفف ہے۔ پھانسی کا اندراج (رجسٹر میں)۔

Sus per coll : (a) پھانسی دیا ہوا۔

Suscept : (n) کوئی جسم نامی جس کا دوسرا جسم نامی طفیلی ہو۔

Susceptance : (n) (برقیات) تاثریت۔

Susceptibility : (n) (۱) اثر پذیری : تاثر کا مادہ یا صلاحیت : زود حسی : تاثر پذیری۔ (۲) (جمع) احساسات : وہ جذبات جس سے انسان خاص طور پر متاثر ہوتا ہے۔ (۳) قابلیت : مقناطیس بننے کی صلاحیت۔

Susceptible : (a) [late L. 'Susceptiblis'.] (۱) (Of کے ساتھ) گنجائش رکھنے والا۔ (۲) (to کے ساتھ) متاثر ہونے والا : اثر قبول کرنے والا : تاثر کی صلاحیت رکھنے والا : مادہ رکھنے والا۔ (۳) اثر پذیر : جلد متاثر ہونے ولا : زود حس : زود رنج : حساس۔

Susceptible : (n) اثر قبول کرنے والا شخص : (بیماری وغیرہ سے) متاثر ہونے والا شخص : آخذ : پذیرا۔

Susceptibleness : (n) دیکھو Susceptibility

Susceptibly : (adv.) اثر پذیری کے ساتھ : زود حسی سے۔

Susception : (n) [L. 'Suscipere'.] اخذ : تاخذ : قبولیت۔

Susceptive : (a) (۱) اثر پذیری کا : تاثری۔ (۲) حساس : تاثر پذیر۔ (۳) (Of کے ساتھ) گنجائش رکھنے والا۔

Susceptiveness : (n) اثر پذیری : تاثر پذیری۔

Susceptivity : (n) دیکھو Susceptiveness

Sushi : (n) [Jap.] جاپان کا ہلکا ناشتہ جو چاول ، سرکہ اور مسالے سے بنتا ہے۔

Suslik : (n) [Russ.] دیکھو Souslik

Suspect : (n) شبہ : شک۔

Suspect : (a) مشتبہ : مشکوک : جس میں شبہ کی گنجائش ہو۔

Suspect : (n) مشتبہ شخص۔

Suspect : (v) [L. 'Suspicere'.] (۱) (کسی بات کا) شبہ ہونا : اندیشہ ہونا۔ (۲) گمان ہونا۔ (۳) خیال کرنا : سمجھنا۔ (۴) ملزم سمجھنا : (کسی برائی یا جرم کا) شبہ کرنا : شبہ کی نظر سے دیکھنا۔ (۵) ناقابل اعتبار سمجھنا : مشتبہ یا مشکوک سمجھنا : صحت میں شبہ کرنا۔

Suspectable : (a) مشکوک : جس پر شبہ کیا جائے یا کیا جانا چاہیئے۔

Suspected : (a) مشتبہ : مشکوک : جس پر شک ہو۔

Suspectedly : (adv.) مشتبہ ہونا : مشکوک ہونا۔

Suspecter : (n) شبہ کرنے والا : شک کرنے والا۔

Suspector : (n) دیکھو Suspecter

Suspend : (v) [Fr. 'Suspendre' or L. 'Suspendere'.] (۱) لٹکانا : معلق کرنا : ادھر میں رکھنا۔ (۲) معلق رکھنا : فیصلہ نہ کرنا۔ (۳) کچھ عرصے تک موقوف رکھنا : ملتوی رکھنا : کچھ عرصے کے لئے بند کر دینا : موقوف کر دینا : ملتوی کر دینا۔ (۴) معطل کر دینا۔ (۵) (اسکاچستانی قانون) ملتوی کر دینا۔ (۶) (موسیقی) ایک تار کی آواز کو دوسرے تار کی آواز سے ملا دینا۔ (۷) توجہ مرکوز کرائے رکھنا : منہمک رکھنا : محو کرنا۔ (۸) مشروط کرنا۔ (۹) ملتوی یا معطل ہونا۔ (۱۰) ادائی رک جانا : معاہدہ پورا نہ کر سکنا : قرض ادا نہ کرنا۔ (۱۱) لٹکنا : معلق ہونا : جھولنا۔

To suspend payment : مطالبات یا قرض ادا نہ کر سکنا : دوالیہ ہونے کا اعلان کرنا : دوالہ نکالنا۔

Suspended : (a) معلّق : معطّل : لٹکا ہوا۔

Suspended animation: (n) سکتے کی حالت : معلق حیات : وہ حالت جس میں انسان کے حواس اور اعضا معطل ہوتے ہیں

مگر وہ زندہ ہوتا ھے۔

Suspended ceiling : (n) معلق چھت گیری۔

Suspender : (n) (۱) لٹکانے والا : معلق کرنے والا : ملتوی ، موقوف یا معطل کرنے والا۔ (۲) (جمع) پتلون کے تسمے۔ (۳) موزہ بند : جراب کے تسمے : گیٹس۔ (۴) کوئی لٹکی ہوئی چیز مثلاً پھولوں کی ٹوکری وغیرہ۔ (۵) کوئی معلق چیز کو سہارا دینے والی چیز۔

Suspender belt : (n) گیٹس بلٹ۔

Suspendible : (a) جو معلق کیا جا سکے : لٹکائے جانے کے لائق۔

Suspense : (n) [AFr. OFr. 'Suspens'.] (۱) تعطل : تعلیق : التوائے حقیقت : کسی قانونی حق کا عارضی طور پر زائل ہو جانا۔ (۲) شش و پنج : تذبذب : فیصلہ نہ کرنا۔ (۳)(معاشیات) ملتویات۔ (۴) امید و بیم کی حالت : تشویش۔

To keep in suspense: (انتظار کی) تشویش میں رکھنا : معلق رکھنا۔

Suspense account : (n) معلق حساب۔

Suspenseful : (a) پر از امید وبیم۔

Suspensibility : (n) (شاذ) تعلیق پذیری : معلق رہ سکنا۔

Suspensible : (a) (شاذ) جو معلق رہ سکے : تعلیق پذیر۔

Suspension : (n) (۱) لٹکانا : تعلیق : لٹکاؤ۔ (۲) التوا : تعطل : معطلی : عارضی موقوفی۔ (۳) دیوالیہ پن کی وجہ سے قرض وغیرہ کی ادائی روک دینا۔ (۴) (موسیقی) ایک تار کے سُر کو دوسرے تار کے سُر سے ملا دینا : عارضی بے آہنگی۔ (۵) (طب) مریض کو لٹکا کر علاج کرنا : وہ چیز جس سے کوئی چیز لٹکائی جاتی ھے۔

Suspension bridge : (n) معلق پل : جھولا پل (جو ستونوں پر قائم نہیں ہوتا بلکہ زنجیروں یا تار کے رسوں کے سہارے لٹکتا رہتا ھے)۔

Suspension chain : (n) وہ زنجیر جس سے جھولا لٹکتا رہتا ھے۔

Suspension feeder : (n) ایک جانور جو پانی میں لٹکی ہوئی چیزوں کو کھاتا ھے۔

Suspension of arms /-hostilities : (n) مہلت جنگ : التوائے جنگ : چند روزہ صلح۔

Suspension period : (n) تین نقطوں والا وقفۂ کامل جو کسی عبارت سے حذف شدہ لفظ یا الفاظ کی جگہ پر دیتے ہیں۔

Suspension pier : (n) جھولا پُل سے مشابہ پُل جو ساحل سے سمندر تک ہوتا ھے۔

Suspensive : (a) (۱)التوا کا : تعطیل کا۔ (۲)(انتظار کی) تشویش کا۔

Suspensively : (adv.) (۱)التوا یاتعطیل کے طور پر۔ (۲) (انتظار کی) تشویش میں رکھتے ہوئے۔

Suspensiveness : (n) التوا یا تعطیل میں ہونا : تشویش میں ہونا۔

Suspensor : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) معلق : معلاق : وہ ریشہ جس سے جنین بیج میں معلق ہوتا ھے۔ (۲) جس سے کوئی چیز لٹکائی جاتی ھے۔

Suspensorial : (a) تعلیقی : اڑواڑ سے متعلق۔

Suspensorium : (n) (۱) (جراحی) لٹکانے کا تھیلا یا پٹی۔ (۲) (حیوانیات) اڑواڑ : عظم تعلیقی۔

Suspensory : (a) [Fr. 'Suspensoire'.] (۱) لٹکانے کا : تعلیقی۔ (۲)التوا کا : تعطل کا۔

Suspensory : (n) (جراحی ، حیوانیات) لٹکانے ولا تھیلا ، پٹی وغیرہ : گل پٹی : اونگ پٹی۔

Suspensory bandage : (n) عصاب تعلیقی : گل پٹی : اونگ پٹی۔

Suspensory ligament : (n) رباط تعلیقی۔

Supercollate : (v) مزاحاً پھانسی دینا۔

Suspicion : (v) [AFr. 'Suspeciun'.] (۱) شبہ : شک۔ (۲) محض : شبہ : بد گمانی : حسن ظن۔ (۳) شائبہ : خفیف سی جھلک۔

Above suspicion : شبہ سے بالاتر۔

Upon or on suspicion : شک پر : محض شبہ پر۔

Suspicion : (n) دیکھو Suspect

Suspicional : (a) شک سے متعلق : شبہ سے متعلق۔

Suspiciousless : (a) (۱) شبہ سے پاک : جس میں شبہ نہ ہو۔ (۲) شبہ سے خالی : جو شبہ نہ کرتا ہو۔

Suspicious : (a) [AFr. OFr. 'Suspecious'.] (۱) مشتبہ : مشکوک : شبہ کی : شبہ کے قابل۔ (۲) شبہ رکھنے والا : شبہ کرنے والا۔ (۳) جسے شبہ کرنے کی عادت ہو : شکی۔ (۴) شبہے کا : شبہ ظاہر کرنے والا۔

Suspiciously : (adv.) شبہے کی نظر سے : شبہے کے انداز سے : مشتبہ طور پر : قابل شبہ طور پر۔

Suspiciousness : (n) (۱) مشتبہ ہونا : مشکوک ہونا۔ (۲) شبہ رکھنا : شکی ہونا۔

Suspiration : (n) (۱) (شاذ) آہ کرنا : تزفز۔ (۲) آہ : دم سرد۔

Suspire : (v) [L. 'Suspirare'.] (۱) (شاعرانہ) آہ سرد بھرنا : ٹھنڈی آہ بھرنا : آہ کرنا۔ (۲) کسی چیز کی خواہش رکھنا یا تمنا رکھنا۔ (۳) سانس لینا۔

Suspirious : (a) [L. 'Suspiriosus'.] (۱) مشکلوں یا تکلیف کے ساتھ سانس لیتا ہوا۔ (۲) دم سرد کے ساتھ : ٹھنڈی سانس والا۔

Sussex : (n) [OE. 'Supseaxe'.] سَسِکس : انگلستان کے ایک ضلع کا کا نام۔

Sussultatory : (a) زور دار بالائی اور زیریں ارتعاش والا (زلزلہ)۔

Sussultorial : (a) زور دار بالائی اور زیریں ارتعاش والے زلزلے کی طرح کا۔

Sustain : (v) [ME. 'Sos-, susteine'.] (۱) سہارا دینا : بوجھ اٹھانا : گرنے یا ڈوبنے نہ دینا۔ (۲) زندہ رکھنا : ہمت قائم رکھنا؛ سنبھالے رکھنا : دستگیری کرنا۔ (۳) برداشت کر لینا : مقابلہ کرنا (کامیابی کے ساتھ) : تاب لانا۔ (۵) (عدالت وغیرہ کا) صحیح قرار دینا : (اعتراض ، دعوے کو) جائز قرار دینا : حق بجانب قرار دینا (کسی فریق کو) : حق میں فیصلہ کرنا۔ (۶) تصدیق کرنا : تائید کرنا : ثابت کرنا (بیان ، الزام ، نظریہ)۔ (۷) (کسی ووٹ یا کیریکٹر کو) اچھی طرح نبھانا : کامیابی سے ادا کرنا۔ (۸) جاری رکھنا۔ (۹) بنیاد ہونا : وجہ ہونا۔

Sustainable : (a) قابل برداشت : قابل تائید : قابل ثبوت۔

Sustained : (a) کم نہ ہونے والا : انتھک : قائم۔

Sustainedly : (adv.) انتھک طور پر : مستقل طور پر۔

Sustainer : (n) (۱) برداشت کرنے والا : مقابلہ کرنے والا : تصدیق کرنے والا۔ (۲) دیکھو Sustaining programme۔

Sustaining programme : (n) ریڈیو یا ٹیلیویژن پروگرام جس کے لئے ریڈیو یا ٹیلیویژن اسٹیشن معاوضہ دیتا ہے۔

Sustainingly : (adv.) برداشت کرتے ہوئے : مقابلہ کرتے ہوئے۔

Sustainment : (n) برداشت کرنا یا کیا جانا : برداشت : تائید : ثبوت۔

Sustenance : (n) [AFr. 'Sustenaunce'.] (۱) غذا : خوراک : قوت۔ (۲) (مجازاً) غذائیت : تغذیہ۔ (۳) پرورش کرنا : پرورش : غذا پہنچانا۔ (۴) (مجازاً) روحانی غذا : (ذوق وغیرہ کو) پرورش کرنے والی چیز۔

Sustentacular : (a) آویزی : دعائی۔

Sustentacular cells : (n) دعائی خلیات۔

Sustentaculum : (n) [L.] آویزی عضو۔

Sustentation : (n) [Fr. or L. 'Sustentatio'.] (۱) زندگی کو قائم رکھنا : پرورش۔ (۲) معاش : کفاف : روزی : گزارا۔

Sustentation fund : (n) امدادی فنڈ (جو غریب پادریوں کے لئے قائم کیا گیا تھا)۔

Sustentative : (a) (۱) برداشت کرنے والا : سنبھالے رکھنے والا۔ (۲) پرورش سے متعلق : معاش سے متعلق۔

Sustention : (n) (۱) قائم رکھنا (کسی خاص حالت کو)۔ (۲) قائم رہنا (دلیل یا وضع پر)۔

Susu : (n) [Bengali.] گنگا میں پائی جانے والی فیل ماہی : سوُسوُ۔

Susurrant : (a) [L. 'Susurrare'.] کانا پھوسی کرنے والا۔

Susurration : (n) کانا پھوسی : سرسراہٹ۔

Susurrous : (a) (شاذ) کانا پھوسی جیسا۔

Susurrus : (n) [L.] کانا پھوسی۔

Sute : (n) [ME. 'Slute'.] جنگلی بطخوں کا جھنڈ۔

Sutile : (a) [L. 'Sutilis'.] سی کر بنایا ہوا۔

Sutler : (n) [DU. 'Soeteler'.] لشکر کا بنیا۔

Sutlership : (n) لشکر کی بنیا گری ۔

Sutra : (n) [Skr.] (سنسکرت ادب) سوتر : حکمت : حکیمانہ قول : بلیغ اور جامع مقولہ ۔

Suttee : (n) [Skr. 'Sati'.] (۱) ستی : وہ ہندو عورت جو اپنے شوہر کی چتا میں جل کر جان دے دے ۔ (۲) ستی کی رسم ۔

Sutteeism : (n) ستی کی رسم ۔

Suttle : (v) [Du. 'Soetelen'.] (متروک یا قدیم) لشکر کے بنیا کا کام کرنا ۔

Suttling house : (n) فوجیوں کی سرائے ۔

Sutural : (a) دوخت یا درز کا : ٹانکے کا سیوی : درزی ۔

Suturl bone : (n) درزی ہڈی ۔

Suturally : (adv.) دوخت یا درز کی طرح : ٹانکوں کے طریقے پر ۔

Suturation : (n) دوخت یا درز سے جوڑنا : ٹانکے لگانا یا لگنا : سلائی ۔

Suture : (n) [Fr. or L. 'Sutura'.] (۱) درز : دو ہڈیوں کا خصوصاً سر کی ہڈیوں کا جوڑ جو سیون کی طرح معلوم ہوتا ہے : سیون ۔ (۲) (نباتیات) درخت : اسی قسم کا جوڑ (پودے کے دو حصوں میں) : مانگ ۔ (۳) (جراحی) ٹانکے (زخم کے) ۔

Suture : (v) ٹانکے لگانا ۔

Suture needle : (n) دیکھو Surgical needle

Sutured : (a) درز دار : دوخت دار : ٹانکے لگا ہوا : سلا ہوا ۔

Suzeain : (n) [Fr.] (۱) (نظام جاگیرداری میں) سردار : سب سے بڑا سردار : سید ۔ (۲) حکم فرما : وہ بادشاہ یا ریاست جو دوسری ریاست پر برائے نام یا محدود حق حکومت رکھتی ہو اور اس کے اندرونی معاملات میں دخیل نہ ہو : ارباب ۔

Suzeraine : (n) خاتون حکم فرما ۔

Suzerainship : (n) حکم فرمائی : محدود فرماں روائی یا اقتدار ۔

Suzerainty : (n) دیکھو Suzerainship

Svarga / Swarga : (n) [Skr.] جنت : سورگ ۔

Svelte : (a) [It. 'Swelto'.] (۱) چھریرا : ہلکا پھلکا : لچک دار (انسان کا خصوصاً عورت کا جسم) ۔ (۲) مہذب : خلیق : خوش خلق ۔

Sveltely : (adv.) خوش خلقی سے : لچک دار طور پر ۔

Svelteness : (n) چھریراپن : خوش خلقی ۔

Svengali : (n) [f. the character in thrilby 'by George du Manrier'.] وہ جو دوسروں پر بُری نیت سے حکم چلانے کی کوشش کرے ۔

Swab : (n) (۱) گچھے دار جھاڑو یا کوچی ۔ (۲) جذب کرنے والی گدی جو جراحی میں استعمال ہوتی ہے : رندہ : سوکھ گدی : پھریری ۔(۳) (بحری ، عام) افسر کا جھبا ۔ (۴) (بحری، عام) بھدا آدمی : پھوہڑ آدمی ۔ (۵) کنویں سے تیل نکالنے کا ایک قسم کا غوطہ زن آلہ ۔

Swab : (v) [Back-formation from - Swabber.] (۱) گچھے دار جھاڑو یا کوچی کو پانی میں بھگو کر اسی سے صاف کرنا ۔ (۲) کوچی سے تر کرنا ۔ (۳) کوچی سے پوچھنا ۔ (۴) غوطہ زن آلہ کے ذریعہ کنویں سے تیل نکالنا ۔

Swabber : (n) [Du. 'Zwabber'.] (۱) جہاز صاف کرنے والا : جہاز میں جھاڑو دینے والا : جہاز کی جھاڑ پونچھ کرنے والا ۔ (۲) نیچے رتبے کا ملاح ۔ (۳) حقیر یا غیر مہذب شخص۔ (۴) گچھے دار سرے کی جھاڑو یا کوچی ۔ (۵) کمائے ہوئے چمڑے پر لیس لگانے والا ۔(۶) تیل کے کنویں کی تہ سے کیچڑ نکالنے والا ۔

Swabbers : (n) [Origin unkn.] (۱) تاش کے وہسٹ (Whist) کھیل میں بعض پتّے جس کی وجہ سے کھلاڑی کو بازی کا کچھ حصہ مل جاتا تھا ۔ (۲) لال پان کا یکہ ، چڑی کا غلام اور رنگ کا یکہ اور دُگی ۔

Whisk and swabbers : وہسٹ کھیل کی ایک شکل ۔

Swabbie/ Swabby : (n) (عامیانہ) ملاح ۔

Swabbing : (n) پھریری کے ذریعہ نکالا ہوا فاسد مادہ ۔

Swabian : (a) [G. 'Schwaben'.] سوابستان کا : سرابستانی : سوابی ۔

Swabian : (n) دیکھو Suabian

Swack : (n) [ME. 'Swak', of imit origin.] (اسکاچستان) سخت ضرب ۔

Swack : (a) لچکدار : نرم : ملائم : چست : چالاک ۔

Swacked : (a) مدھوش : پئے ہوئے ۔

Swad: (n) [of Scand origin.] (۱) دیہاتی : انگھڑ : گنوار : گھامڑ ۔ (۲) ناٹا او رموٹا شخص ۔

Swad : (n) (بولی) مٹر ، سیم وغیرہ کا ڈوڈا یا بھوسا ۔

Swad : (n) [Origin unkn.] (۱) (عام) جماعت : جھنڈ : گروہ ۔ (۲) بڑی مقدار ۔

Swad : (n) سپاہی ۔

Swaddle : (n) (۱) کپڑے جس میں بچے لپٹے رہتے ہیں (جو عموماً پٹیوں کے بنتے ہیں) ۔

Swaddle : (v) [ME. 'Swathelen'.] (۱) بچے کو کپڑے کی پٹیوں میں لپیٹنا ۔ (۲) (مجازاً) روکنا : حرکت روکنا : باز رکھنا ۔ (۳) پٹیاں لپیٹنا : پٹیوں میں لپیٹنا : پوری طرح لپیٹنا۔

Swaddler : (n) پروٹسٹنٹ فرقے کے میتھوڈسٹ (Methodist) طبقے کا عرف : پروٹسٹنٹ ۔

Swaddling : (n) (۱) پٹیاں لپیٹنا : بچے کو کپڑے میں لپیٹنا ۔ (۲)کپڑا جس میں بچے کو لپیٹتے ہیں ۔

Swaddling : (a) پروٹسٹنٹ : خصوصاً میتھوڈسٹ کی خصوصیت کا ۔

Swaddling band : (n) (۱) پٹیاں جو نومولود بچے کے گرد اس کے عضو کی آزادانہ حرکت کو روکنے کے لئے لپیٹ دی جاتی ہیں ۔ (۲) گود کے بچے کے کپڑے ۔ (۳) خامی : ادھوراپن: نابالغی ۔ (۴) بندش (جو ناتجربہ کار یا نابالغوں پر لگا دی جائے) ۔

Swaddling-clothes : (n) دیکھو Swaddling band

Swaddling-clouts : (n) دیکھو Swaddling clothes

Swaddy : (n) سپاہی ۔

Swadeshi : (n) [Bengali.] (ہندوستان کی) سدیشی تحریک (جس میں غیر ملکی اسباب کا بائی کاٹ کیا تھا) ۔

Swadeshism : (n) غیر ملکی چیزوں کا بائی کاٹ کرنا ۔

Swag : (n) (۱) لغزش : لڑکھڑاہٹ : ڈگمگاہٹ ۔ (۲) زور سے گرنا۔ (۳) پھول ،پتیوں یا پھلوں کا ہار اس کے آرائشی نقوش۔ (۴)مال (چوری کا) : گٹھری (چور ، ڈاکو وغیرہ کی) ۔ (۵) وہ مال جو سیاسی یا دوسرے معاملے میں ناجائز طریقے سے حاصل کیا جائے ۔ (۶) (آسٹریلیا) آوارہ گرد آدمی : کان کے مزدور وغیرہ کی) گٹھری ۔ (۷) گچھا : خوشہ ۔ (۸) لباس کی ایک آرائش ۔ (۹) قیمتی سامان ۔ (۱۰) گڈھا : جوہڑ ۔

Swag : (n) [of Scand origin.] (۱) لڑکھڑانا : لغزش کرنا : ڈگمگانا : جھونکے کھانا ۔ (۲) بیٹھ جانا : دبنا : لٹکنا ۔ (۳) جھونکے کھلانا : جھلانا : بیٹھا دینا ۔(۴) (آسٹریلیا) گٹھری باندھنا۔

To swag it : اپنا ذاتی سامان ڈھونا : گٹھری باندھنا ۔

Swag : (a) ڈھیلا : بے پرواہ : غافل : نرم ۔

Swag-bellied : (a) توندیلا ۔

Swag belly : (n) (۱) توند ۔ (۲) (مرضیات) پیٹ کا گومڑ یا ورم ۔

Swag-belly : (n) بڑی توند والا شخص ۔

Swage : (n) [OFr.'Souage'.] (۱) آرائشی کھانچ : نالیاں : ڈھلائی وغیرہ ۔ (۲) دائروی یا نیم دائروی نالی ، کھانچ یاگڈھا (نہائی کا) ۔ (۳) ٹھنڈے دھات کو موڑنے کا اوزار : نالی یانلکی کو سیدھا کرنے کا آلہ ۔ (۴) قالب : قالب آہنگری ۔

Swage : (v) [AFr.'Suage(i)er'.] دیکھو Assuage

Swage : (n) (۱) سوراخ دار نہائی پر رکھ کر گھڑنا ۔ (۲) (جراحی) ٹانکے کی سوئی میں دھاگا پہنانا۔

Swage-block : (n) ایک طرح کی سوراخ دار نہائی (جس پر لوہے کو رکھ کر مختلف چیزیں گھڑتے ہیں) ۔

Swage-bolt : (n) چٹخنی یا بلی جس پر دندانہ بنا رہتا ہے ۔

Swage-set : (v) آرا کے دندانے کو اس کی موٹائی سے زیادہ چوڑا کر دینا۔

Swager : (n) (۱) سوراخ دار نہائی پر رکھ کر گھڑنے والا ۔ (۲) دیکھو Swage.

Swagger : (n) (۱) اکڑ : بل : اکڑ مکڑ : شیخی : دھونس ۔ (۲) بے باکی: طراری ۔

Swagger : (n) (آسٹریلیا) گٹھری ڈھونے والا : آوارہ گرد ۔

Swagger : (a) (۱) ٹھاٹھ کے : بانکے (کپڑے) :اہل فیشن کی (سوسائٹی، صحبت) ۔ (۲) (کوٹ) شانے سے ڈھیلے ڈھالے طور پر لٹکتا ہوا۔

Swagger : (n) کوٹ جو شانے سے ڈھیلے طور پر لٹکتا ھے ۔

Swagger : (v) (۱) اکڑ کر چلنا : اترا کر چلنا : اینٹھ کر چلنا ۔ (۲) تحکم یا خود پسندی کی شان رکھنا ۔ (۳) دون کی لینا : شیخی بگھارنا : دھونس جمانا : رعب جمانا ۔ (۴) دھونس جما کر کسی کام پر آمادہ کرنا یا اس سے باز رکھنا : ڈرانا : دھمکانا ۔ (۵) ڈگمگانا : جھولنا : جھونکے کھانا ۔

Swagger- : بعض مرکب الفاظ بنانے میں استعمال ھوتا ھے اور "اکڑ" "شان" وغیرہ کا معنی دیتا ھے ۔

Swagger about : (n) اکڑتے پھرنا ۔

Swagger-cane : (n) افسر کی چھڑی : سپاہی کی چھڑی ۔

Swaggerer : (n) اکڑ باز : اکڑ کر چلنے والا : شیخی باز : دھونس جمانے والا ۔

Swaggering : (a) اکڑ کا : شیخی کا ۔

Swaggeringly : (adv.) اکڑ کر : شیخی کے ساتھ : تحکم یا خود پسندی سے ۔

Swaggie : (n) وہ مسافر جو اپنا ذاتی سامان گٹھری بنا کر خود ڈھوتا ھے ۔

Swaggy : (a) (شاذ) لٹکا ھوا : آویزاں : جھولتا ھوا ۔

Swagman/ Swagsman : (n) خانہ بدوش : آوارہ گرد ۔

Swago bass : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Swahili : (n) زنزیبار (Zanzibar) کے بنٹو لوگ یا ان کی زبان ۔

Swain : (n) [ME. 'Swein'.] (۱) دیہاتی نوجوان : گڈریا ۔ (۲) دہقانی عاشق ۔ (۳) (مزاحاً) عاشق : شادی کا طلب گار ۔ (۴) جنگل کے اندر زمین معافی رکھنے والا ۔

Swain : (v) عاشق ھونا : شادی کا طلب گار ھونا ۔

Swainish : (a) دیہاتی : اجڈ : گنوار ۔

Swainishness : (n) گنوارپن : اجڈپن ۔

Swale : (n) [Origin unkn.] لکڑی : تختہ ۔

Swale : (n) [of Scand origin.] سایہ : سایہ دار جگہ : خنکی : خنک موسم یا مقام ۔

Swale : (n) [Origin unkn.] نشیبی جگہ : دلدلی مقام ۔

Swale : (v) دیکھو Sweal

Swale : (v) اوپر نیچے یا دائیں بائیں جھولنا : ادھر ادھر ہلنا : جھولنا ۔

Swaledale : (n) [f. name of place in England.] (۱) انگلستان میں پائی جانے والی بھیڑ کی ایک قسم ۔ (۲) انگلستان میں ایک جگہ کا نام ۔

Swalingly : (adv.) ادھر ادھر ہلتے ھوئے : جھولتے ھوئے ۔

Swallet : (n) [Obsecure formation on Swallow.] زیر زمین چشمہ: وہ گڑھا جس میں جھرنا گرتا ھے ۔

Swallo : (n) [Malay. 'Suwala'.] ایک قسم کا گھونگا جس کی یخنی چین میں پی جاتی ھے ۔

Swallow : (n) [OE. 'Swealwe'.] (۱) ابابیل : خطاف ۔ (۲) پروانہ کی ایک قسم ۔ (۳) پالتو کبوتر کی ایک قسم ۔

Cliff swallow : ابابیل کی ایک قسم جو چٹانوں میں گھونسلا لگاتی ھے ۔

One swallow does not make a summer : ذرا سی بات سے نتیجہ نہیں نکالنا چاہیئے : ایک علامت نتیجہ نکالنے کے لئے کافی نہیں ۔

Window swallow : ایک طرح کی ابابیل ۔

Swallow : (n) [Late OE.'Gesweig'.] (۱) چونے کے پتھر کا خلو : گڑھا ۔ (۲) کھڈ : عمق ۔ (۳) حلق ۔ (۴) نگلنے کی صلاحیت : بھوک : جوع البقر ۔ (۵) (مجازاً) بھوک : خواہش : اشتہا ۔ (۶) وہ مقدار جو ایک بار میں نگلی جا سکے : بڑپا ۔ (۷) (جہاز میں) چرخی اور فریم کے درمیان کا وہ حصہ جس سے رسّا گزرتا ھے ۔

Swallow : (v) [OE. 'Swelgan'.] (۱) نگلنا : کھا جانا : نگل جانا : ہڑپ کر جانا : ناقابل یقین بات کو یقین کر لینا : سخت سے سخت : بری سی بری بات برداشت کر لینا ۔(۲) (up کے ساتھ) اپنے اندر کھینچ لینا : نگل جانا : سما جانے دینا ۔ (۳) اپنے اندر چھپا لینا : چھپا جانا (کہر وغیرہ کا) : جذب کر لینا ۔ (۴) غائب کر دینا : ہضم کر جانا ۔ (۵) آسانی سے یقین کر لینا : دم میں آ جانا ۔ (۶) چپ

Swallow-tailed gull : (n) ایک کمیاب قسم کی امریکی مرغابی ۔

Swallow-tailed hawk : (n) دیکھو Swallow-hawk

Swallow-tailed kite : (n) امریکی چیل کی ایک قسم ۔

Swallow-tailed moth : (n) ایک قسم کا یورپی پروانہ ۔

Swallow-warbler : (n) آسٹریلیا کا ایک گانے والا پرندہ ۔

Swallow-willow : (n) ایک قسم کا بید ۔

Swallowable : (a) نگلے جانے کے لائق : جسے نگلا جا سکے ۔

Swallower : (n) (۱) نگلنے والا : ہڑپ کر جانے والا ۔ (۲) (مجازاً) بسیار خور : پیٹو : کھاؤ : ہڑپیٹا ۔

Swallowlike : (a) ابابیل جیسا (تیز ، پھرتیلا) ۔

Swallowling : (n) ابابیل کا بچہ : چھوٹی ابابیل ۔

Swallow's nest : (n) (۱) ابابیل کا گھونسلا ۔ (۲) (مجازاً) اونچائی پر رکھی ہوئی چیز : خصوصاً توپ یا گولہ ۔

Swallowwort : (n) (۱) شیر گیاہ : دودھیل پودا ۔ (۲) سلن رین : مامیران : انجیرہ ۔

Swam : (۱) تیرنا : سطح پر بہنا : سطح پر تیرنا ۔ (۲) دیکھو Swim ۔

Swami : (n) [Hindi.] (۱) سوامی ۔ (۲)ہندؤوں میں دیوتا ، برہمن اور پیشوائے دین کو تعظیماً کہتے ہیں ۔

Swami house : (n) مندر ۔

Swamp : (n) [LG. 'Swamper'.] (۱) پانک : دلدل کی زمین : دلدل ۔ (۲) کوئلے کی کان کا نشیبی خطہ ۔

Swamp : (a) پتلا : سبک ۔

Swamp : (v) (۱) دلدل میں پھنسانا ۔ (۲) تہ آب کرنا : غرقاب کرنا : شرابور کر دینا : غرقاب ہو جانا : (کشتی وغیرہ کا) پانی سے بھر جانا ۔ (۳) کسی چیز کی) بھرمار کر کے ناک میں دم کر دینا ۔ (۴) (ایک چیز کا اپنی کثرت یا افراط سے دوسری چیز کو) چھپا لینا : اپنی اندر گم کر دینا ۔ (۵) مالی طور پر برباد کر دینا : قلاش بنا دینا : ہرا دینا: شکست فاش دینا ۔ (۶) جنگل میں درخت کے کندوں سے سڑک بنانا (درخت وغیرہ گرا کر) ۔ (۸) راستہ صاف

چاپ برداشت کر لینا (توہین ، ذلت وغیرہ) ۔ (۷)(اپنے الفاظ) واپس لینا ۔ (۸) نگلنا : نگلنے کا عمل کرنا ۔ (۹)(مجازاً) ٹھکانے لگا دینا : برباد کر دینا ۔ (۱۰)پوری طرح سمجھ لینا ۔ (۱۱) فرو کرنا : دبانا : روکنا ۔ (۱۲)پورا منہ نہ کھلنے کی وجہ سے صاف آواز نکالنے سے قاصر رہنا ۔

To swallow the anchor : سمندر کی نوکری سے سبکدوش ہونا ۔

Swallow-dive : (n) ابابیل کی سی ڈبکی : ہاتھ پھیلا کر پانی میں کودنا ۔

Swallow-diving : (n) ہاتھ پھیلا کر پانی میں کودنا ۔

Swallow-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Swallow-hawk : (n) ابابیل دمہ باز ۔

Swallow-hole : (n) چونے کے پتھر کا خلو : گڑھا : آبگیر چٹان ۔

Swallow plover : (n) دو شاخی دم کا پلور ۔

Swallow-shrike : (n) ایک قسم کا پرندہ جو ہندوستان اور آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے : جلاد چڑیا : دو شاخی دم کی قصائی چڑیا ۔

Swallow-tail/ Swallowtail : (n) (۱) دو شاخی دم : ابابیل جیسی دم ۔ (۲) دو شاخی دم رکھنے والے پرندوں کے نام کے ساتھ آتا ہے) ۔ (۳) دو شاخی دم والی تتلی ۔ (۴)ایک قسم کی چڑیا جس کے اڑتے وقت پروں سے غنغناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔ (۵) دو شاخی دم والی چیل ۔ (۶) بید کی ایک قسم ۔ (۷) چوڑا اور کانٹے دار سرپیکاں : ایسے سر والا تیتر ۔ (۸) (قلعہ بندی) قلعہ کی دو شاخی بیرونی فصیل ۔ (۹)دو شاخہ جھنڈا: جھنڈے کا دو شاخہ سرا ۔ (۱۰)مرغ باد کا دو شاخہ آخری سرا ۔ (۱۱) وہ کوٹ جس کے پیچھے کا دامن گاؤ دم ہوتا ہے ۔

Swallow-tail : (n) (۱) دو شاخی دم کی : دو شاخی دمہ : ابابیل دمہ : ابابیل کی دم جیسا ۔ (۲) (جھنڈا وغیرہ) دو شاخہ ۔ (۳)فاختہ کی دم جیسا : پھٹا ہوا سرے والا ۔ (۳) (کوٹ) جس کا پچھلا دامن گاؤ دم ہو ۔

Swallow-tailed : (a) دیکھو Swallow-tail

Swallow-tailed butterfly : (n) دو شاخی دم والی تیتری ۔

Swallow-tailed duck : (n) دراز دم بطخ ۔

کرنا ۔ (۹) کٹے ہوئے درخت کی ٹہنیوں کو صاف کرنا تاکہ انہیں ڈھلکانے میں آسانی ہو ۔

Swamp angel : (n) (۱) دلدلی علاقوں میں رہنے والا شخص ۔ (۲) ایک قسم کا پرندہ ۔

Swamp apple : (n) بڑا سفید یا گلابی کسی قدر ترش ماجو جو دلدلی ازیلیا پر بعض فطرومہ کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے اور جسے کھایا جاتا ہے ۔

Swamp ash : (n) دلدلی ایش ۔

Swamp azalea : (n) ازیلیا (ایک پھولدار جھاڑی نما درخت) ۔

Swamp blackbird : (n) ایک پرند جو دلدلی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

Swamp buggy : (n) (۱) دلدلی علاقوں میں چلنے والی ایک قسم کی گاڑی ۔ (۲) ایک قسم کا ٹریکٹر جو زمین پر اور پانی میں دونوں جگہ چلتا ہے ۔ (۳) دیکھو Swamp-glider ۔

Swamp cabbage : (n) دیکھو Skunk-cabbage

Swamp glider : (n) چپٹے پیندے کی کشتی جو ہوائی جہاز کے دھکیلو سے چلتی ہے ۔

Swamp cat : (n) نیل ڈیلٹا اور متصل دلدلی علاقوں میں پائی جانے والی بلی ؛ دلدلی بلی ۔

Swamp deer : (n) ہندوستان میں پائے جانے والے ہرن کی ایک قسم ۔

Swamp fever : (n) دلدلی بخار ۔

Swamp gum : (n) ایک آسٹریلیائی درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Swamp hare : (n) جنوبی امریکا میں پایا جانے والا خرگوش ۔

Swamp harrier : (n) دلدلی علاقوں میں پایا جانے والا آسٹریلوی کتا ۔

Swamp hen : (n) بعض قسم کے دلدلی پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

Swamp hook : (n) بڑا آنکڑا جو درختوں کو گرانے یا انہیں گرا کر صاف کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Swamp-honey suckle : (n) ایک قسم کی دلدلی بیل جس میں زرد خوشبو دار پھول آتے ہیں ۔

Swamp laurel : (n) ساس فراس (Sassafras) کی ایک قسم ۔

Swamp maple : (n) سرخ ماپل ۔

Swamp-oak : (n) دلدلی بلوط یا بعض قسم کے آسٹریلیائی درخت ۔

Swamp ore : (n) دلدلی لوہے کی کچدھات ۔

Swamp owl : (n) دلدلی علاقوں میں پایا جانے والا درمیانہ سائز کا الّو ۔

Swamp partridge : (n) ایک قسم کا تیتر ؛ دلدلی تیتر ۔

Swamp pheasant : (n) دراج (تیتر) کی ایک قسم ؛ دلدلی دراج ۔

Swamp quail : (n) آسٹریلیائی بٹیروں کی بعض قسمیں ۔

Swamp robin : (n) شمالی امریکا کے خوش الحان پرندے ۔

Swamp rose : (n) جنگلی گلاب جو دلدلی علاقوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Swamp sassfras : (n) دیکھو Swamp laurel

Swamp sparrow : (n) گوریا ؛ گنجشک خانہ ۔

Swamp willow : (n) بید کی ایک قسم ۔

Swamp wood : (n) شمالی امریکا کا ایک سخت چھال کا درخت ۔

Swamper : (n) (۱) دلدلی علاقوں کا باشندہ ۔ (۲) درختوں کو کاٹ کر راستہ بنانے والا ؛ کٹے ہوئے درختوں کو چھیل کر صاف کرنے والا ۔ (۳) معاون ؛ ہرکارہ ؛ مددگار ۔

Swampily : (adv.) دلدلی طور پر ۔

Swampiness : (n) دلدلی ہونا ؛ گِلابی ہونا ۔

Swamping : (n) ڈبونا ؛ غرقاب کرنا ۔

Swampy : (a) (۱) دلدلی ؛ گِلابی ؛ جس میں دلدل کثرت سے ہو ۔ (۲) دلدل میں یا دلدلی علاقوں میں پایا جانے والا ؛ دلدلی ۔

Swamy : (n) دیکھو Swami

Swan : (n) [OE. 'Swan'.] (۱) راج ہنس ۔ (۲) (مجازاً) شاعر ۔ (۳) راج ہنس جیسی سفید چیز ؛ خصوصاً بے نقص اور عمدہ چیز ۔ (۴) راج ہنس کی شبیہ (بطور نقابتی مارکہ) ۔ (۵) (ہیئت) دجاجہ طائر ؛ ستاروں کے ایک مجموعے کا نام ۔

Black swan : کالا راج ہنس (آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ،

اس کے معلوم ہونے سے پہلے نادر چیز کے معنی میں آتا تھا) ۔

Black-necked swan : راج ہنس جس کا سر اور گردن کالی اور پورا جسم بالکل سفید ہوتا ہے ۔

The Mantuan swan : ورجل ۔

The Swan of Avon : ولیم شیکسپیئر ۔

To think one's geese all swans : اپنی چیزوں کا اندازہ ان کی خصوصیت سے بڑھ کر کرنا : ہر بطخ کو راج ہنس سمجھنا ۔

Trumpeter swan : شمالی امریکا کا بڑا راج ہنس ۔

Whistling swan : بعض یوروپی اور شمالی امریکی راج ہنس ۔

Swan : (v) شان سے چلنا یا گھومنا ۔

Swan : (v) قسم کھا کر کہنا اعلان کرنا ۔

Swan boat : (n) ایک قسم کی چھوٹی کشتی ۔

Swan-dive : (n) دیکھو Swallow-dive

Swan-drop : (n) (۱) راج ہنس کی چونچ کی گومڑی (گول ابھرا ہوا حصہ) ۔ (۲) دیکھو Swan-shot ۔

Swan goose : (n) لمبی گردن کا چینی ہنس ۔

Swan hopper : (n) وہ شخص جو راج ہنسوں کی چونچ پر نشان ملکیت کھودتا ہے ۔

Swan-hopping : (n) ہنس نشان لگانا : راج ہنسوں کی چونچ پر نشان ملکیت کھودنا ۔

Swan-like : (a) (۱) راج ہنس جیسا : راج ہنس کی سی (سفید ، خوش قامتی ، گردن وغیرہ) ۔ (۲) راج ہنس کی طرح کا ۔

Swan-mark : (n) ہنس نشان : نشان ملکیت جو بادشاہ کے یا مجلس بلدیہ وغیرہ کے راج ہنسوں کی چونچ پر کھودا جاتا ہے ۔

Swan-neck/ Swan's neck : (n) خمید جوڑ : خمدار سرا (اس نل کا جس سے گیس وغیرہ خارج ہوتی ہے) ۔

Swan-neck : (a) خمیدہ : خم دار ۔

Swan-pan : (n) [Chinese.] چینی بال فریم ۔

Swan-quill : (n) راج ہنس کے پر کا قلم ۔

Swan-shot : (n) ہنس چھرے : بڑے چھرے ۔

Swan-song : (n) (۱) راج ہنس کا آخری نغمہ : دم نزع کا نغمہ ۔ (۲) (شاعر وغیرہ کا) آخری کارنامہ ۔ (۳) آخری دیدار، بیان یا اعلان ۔

Swan-upping : (n) دیکھو Swan hopping

Swang : دیکھو Swing

Swang : (n) نشیبی دلدلی خطہ ۔

Swanherd : (n) راج ہنس پالنے والا : راج ہنسوں کی دیکھ بھال کرنے والا شاہی ملازم ۔

Swanimote / Swainmote : (n) [OE. 'Swangemot'.] جنگل میں ہونے والا اجلاس یا عدالت جو سال میں تین بار ہوتی ہے اور جس میں جنگل کے نگراں کو ہدایت دی جاتی ہے، مجرموں پر مقدمہ چلایا جاتا ہے اور ان کی تکلیفوں کو سنا جاتا ہے ۔

Swank : (n) (عام) قابلیت یا دولت کی نمائش : نمود : ڈھونگ : دھونس ۔

Swank : (a) سر گرم : جو شیلا : پھرتیلا ۔

Swank : (v) (۱) قابلیت یا دولت کی نمائش کرنا : ٹھاٹ دکھانا : شان دکھانا : اکڑنا : شیخی بگھارنا : ڈینگ مارنا : دھونس جمانا : رعب جمانا ۔ (۲) جھڑکنا : دھتکار دینا ۔

Swank : (a) (۱) نمائش کرنے والا : ٹھاٹ دار : شان دکھانے والا : ڈینگیا ۔ (۲) آرام دہ : پر تکلف : ٹھاٹ کا ۔

Swanker : (n) اکڑ کر چلنے والا : شیخی باز : دھونس جمانے والا ۔

Swankily : (adv.) شان سے : اکڑ کر : دھونس جما کر ۔

Swankiness : (n) شیخی بگھارنا : اکڑ : شان : دھونس ۔

Swanking : (n) دیکھو Strapping

Swanky : (n) (اسکاچستان) چاق و چوبند لمبا تڑنگا شخص ۔

Swanky/ Swankey : (n) [Origin unkn.] گھٹیا قسم کی ایل سیڈار یا شراب ۔

Swanner : (n) دیکھو Swanherd

Swannery : (n) ہنس گھر : جس میں ہنس رکھے جاتے ہیں یا بیچنے کے لئے پالے جاتے ہیں ۔

Swanny : (a) راج ہنس کا یا اس سے متعلق ۔

Swan's bath : (n) سمندر : دریا : جھیل : تالاب ۔

Swan's-down/ Swans down : (n) (۱) راج ہنس کے نرم پر جو جھالر وغیرہ کے کام آتے ہیں ۔ (۲) ایک طرح کا موٹا سوتی کپڑا جو ایک طرف روئیں دار ہوتا ھے ۔

Swan's skin : (a) ہنس کی کھال کا : نرم فلالین کا ۔

Swan's skin / Swanskin : (n) (۱) ہنس کی کھال : نرم اور نازک چمڑا ۔ (۲) ایک قسم کی نرم فلالین ۔

Swanscombe man : (n) قبل تاریخ کا انسان جس کی ہڈیاں Swans Combe میں ملی ہیں ۔

Swap / Swop : (n) (۱) ضرب : ہاتھ : وار ۔ (۲) ادلا بدلی : مبادلہ ۔

To get (or have) the swap : نوکری سے برخاست کردیا جانا ۔

Swap/ Swop : (v) (۱) (ایک چیز کو دوسری چیز سے) ٹکرا دینا ۔ (۲) ادل بدل کرنا : مبادلہ کرنا ۔ (۳) نوکری سے برخاست کرنا یا ہونا ۔ (۴)دھوکہ دینا : ضرب دینا ۔ (۵) کپڑے تبدیل کرنا ۔

Swap/ Swop : (adv.) ایک وار میں : اچانک اور زور سے ۔

Swap hook : (n) ہنسلی : درانتی ۔

Swapper : (n) ادل بدل کرنے والا : بدلنے والا ۔

Swapping : (a) (بولی) بہت بڑا : عظیم الجثہ ۔

Swaraj : (n) [Skr.] سوراج : حکومت خود اعتمادی ۔

Swarajist : (n) سوراجی : سوراج پارٹی کا ممبر ۔

Sward : (n) [OE. 'Sweard'.] (۱) جلد : چمڑا : خصوصاً سور کے گوشت کی پپڑی ۔ (۲) سبزہ زار : چمن ۔ (۳) دوب : دوب کا تختہ ۔

Sward : (v) (۱) سبزہ زار بن جانا ۔ (۲)دوب سے ڈھک دینا یا ڈھک جانا ۔

Sward cutter : (n) کڑی مٹی توڑنے کا آلہ (ہل چلانے سے پہلے) ۔

Swarded : (a) دوب سے ڈھکا ہوا ۔

Swardy : (a) دوب سے ڈھکا ہوا : جہاں دوب تختہ ہو ۔

Sware : لفظ Swear کا ماضی ھے جو اب متروک ھے ۔

Swarf : (n) [ME. 'Swarff'.] غشی : بے ہوشی ۔

Swarf : (v) غش آ جانا : بے ہوش ہو جانا ۔

Swarf : (n) [OE. 'Geswearje'.] (۱) سان کے پتھر یا دھرے کا ذرہ جو رگڑ کی وجہ سے چھل کر نکل آتا ھے : لوھے کا برادہ ۔ (۲) گراموفون ریکارڈ میں لکیر دینے میں نکلنے والا موم یا جاپانی روغن کا مسلسل دھاگا ۔

Swarga : (n) دیکھو Svarga

Swarm : (n) [OE. 'Swearm'.] (۱) شہد کی مکھیوں کی فوج جو ملکہ کے ساتھ چھتے کی تلاش میں جاتی ھے ۔ (۲)ہجوم : نرغہ : گروہ : جم غفیر : جھرمٹ : ڈھیر ۔ (۳) نئے گھر کا متلاشی گروہ : خانہ بدوشوں کا گروہ ۔ (۴) سیال میں سالموں کا مجموعہ ۔ (۵) یکساں ارضیاتی مظاہرات کا سلسلہ ۔

Swarm : (v) (۱) (شہد کی مکھیوں کا) جھنڈ میں اڑنا : شہد کی مکھیوں کاتبدیلی مقام کے لئے جمع ہونا ۔ (۲) نرغہ کرنا : ہجوم کرنا : امنڈنا ۔ (۳) بڑا مجمع ہونا : جم غفیر ہونا : ٹھٹ لگ جانا : بہت کثرت ہونا (مکھیوں وغیرہ کی) ۔ (۴)ہجوم میں آنا : ہجوم بنا کر چلنا ۔ (۵) شہد کی مکھیوں کے جھنڈ کو تبدیلی مقام پر آمادہ کرنا ۔

Swarm : (v) [Origin unkn.] (۱) درخت ، رسی یا بلی پر چڑھنا (دونوں ہاتھ پاؤں سے چمٹ کر) ۔ (۲) بلیوں کے سہارے چڑھنا ۔

Swarm-cell : (n) حی بذرہ : متحرک خلیوں کا مجموعہ : منیہ ۔

Swarm movement : (n) متحرک خلیوں کے مجموعے کا جھنڈ میں حرکت کرنا ۔

Swarm-spore : (n) حی بذرہ : متحرک خلیوں کا مجموعہ : منیہ : سوطی بذرہ : سویطہ ۔

Swarmer : (n) (۱) جھنڈ لگانے والا : ہجوم کرنے والا : جھنڈ کا ایک فرد:

گروہی حشرہ۔ (۲) شہد کی مکھیوں کا جھنڈ جو تبدیلی مقام کے لئے تیار ہو۔ (۳) حی بذرہ۔

Swarming : (n) (۱) جھنڈ میں چلنا؛ جھنڈ میں تبدیلی مقام کرنا۔ (۲) حرکت پذیری کا دور۔

Swart : (a) [OE. 'Sweart'.] (۱) سیاہ؛ سیاہ فام؛ کالی رنگت کا؛ کالا۔ (۲) جلد سیاہ کرنے والا۔ (۳) سیاہ کپڑوں میں ملبوس۔ (۴)(مجازاً)شریر؛ بدکار؛ بدخصال؛ بداعمال؛ سیہ کار؛ گنہگار۔ (۵) مصیبت انگیز؛ تباہ کن؛ مضرت رساں؛ کینہ ور؛ خبیث۔

Swart-back : (n) سیاہ سر والی مرغابی۔

Swarth : (n) [OE. 'Swearth'.] (۱) جلد؛ چھلکا؛ پپڑی۔ (۲) سبزہ زار؛ چمن۔

Swarth : (n) (۱) گھاس، غلہ، فصل وغیرہ کی قطار (کٹنے کے بعد)؛ کٹی ہوئی گھاس، فصل وغیرہ۔ (۲) چوڑی دھاری، پٹی یا رستہ؛ کسی چیز کی لمبائی۔ (۳) درانتی وغیرہ سے کٹنے کے بعد گرتی ہوئی گھاس سے مشابہ کوئی چیز۔

Swarth : (a) [var. of Swart.] کالا؛ کالی رنگت کا؛ سیاہ فام۔

Swarth : (n) کالی رنگت۔

Swarthily : (adv.) کالی رنگت کے ساتھ۔

Swarthiness : (n) (رنگت کا) کالا ہونا؛ سیاہ فام ہونا؛ سیاہ فامی۔

Swarthish : (n) سانولا۔

Swarthness : (n) کالی رنگت؛ سیاہی پن۔

Swarthy : (a) کالی رنگت کا؛ کالا؛ سیاہ فام؛ سیاہ فامانہ؛ جس کی رنگت کالی ہو۔

Swartkranz ape-man/ -man : (n) جنوبی افریقہ کا معدوم بوزنہ جس کا متحجر جسم پایا گیا ہے۔

Swartly : (adv.) شرارت کے ساتھ؛ مصیبت انگیز طور پر؛ تباہ کن طور پر؛ کینہ ورانہ۔

Swartness : (n) شریرپن؛ بدکاری؛ بدخصالی؛ مصیبت انگیزی؛ مضرت رسانی۔

Swartrutter : (n) [mod. Du.] نیدرلینڈ کی سولہویں اور سترھویں صدی کی بے قاعدہ فوج، جس کی پوشاک سیاہ ہوتی تھی اور چہرہ بھی سیاہ رنگا ہوتا تھا، کا ایک رکن۔

Swartzia : (n) [L.] درخت کی ایک جنس جو گرم علاقے میں پائی جاتی ہے۔

Swartzite : (n) [Geoege K. Swartz, an Americangeologist.] ایک معدن جس میں کیلشیم، مینگنیشیم اور یورینیم کا آبدار کاربونیٹ ہوتا ہے اور جو سبز منشوری چھوٹے چھوٹے بلور میں پایا جاتا ہے۔

Swash : (adv. or interj.) دھڑا کے سے؛ گڑگڑاہٹ کے ساتھ۔

Swash : (n) (۱) شراب خانے یا باورچی خانے کا دھون جسے سور کھاتے ہیں۔ (۲) تیزی سے بہتا ہوا یا کسی چیز سے ٹکراتا ہوا پانی۔ (۳) دیکھو Swatch۔ (۴) زور دار ہاتھ؛ کاری ضرب؛ زور دار ہاتھ جمانے کی آواز۔ (۵) پانی کا کسی چیز سے ٹکرانا؛ چھپ چھپ کی آواز۔ (۶) زیر آب زمین؛ آبشو۔ (۷) اکڑ باز؛ بھاڑے کا بانکا۔ (۸) اکڑ؛ بل؛ بھاڑے کا بانکا ہونا۔ (۹) پانی میں کسی چیز کے گرنے کی آواز؛ چھپاکا۔ (۱۰) دیکھو Swatch۔

Swash : (a) (۱) زور دار ہاتھ (چلانا)؛ شپاشپ چلانے والا۔ (۲)اکڑ کر چلنے والا؛ اکڑ باز؛ شیخی باز۔

Swash : (a) [Origin unkn.] (۱) (موڑ، دوراہا وغیرہ) ترچھے طور پر ڈھلوان۔ (۲) (طباعت) (حرف) جن کے سروں پر نقش و نگار ہوں۔

Swash : (v) [Imitative.] (۱) زور کا ہاتھ لگانا؛ کاری ضرب لگانا؛ زور سے ٹکرا دینا۔ (۲) (پانی کا) کسی چیز سے ٹکرانا؛ چھپ چھپ کی آواز ہونا۔ (۳) پانی کے چھینٹے اڑانا؛ شرابور کرنا؛ ڈبونا۔ (۴) پانی میں چھپاک سے گرنا۔

Swash-bulkhead : (n) جہاز کی ٹنکی میں لگا بھاڑ روک۔

Swash-channel : (n) نہر جو دریا کے کنارے سے نکلتی یا گرتی ہو۔

Swash mark : (n) ریت کی لکیر جو ساحل سے ٹکرانے والی موجیں آخری پہنچ پر چھوڑ آتی ہیں۔

Swash plate : (n) گرداں مدور تختی جو دھرے پر ترچھی لگی رہتی ہے اور جس کے ذریعہ متوازی حرکت سلاخ میں منتقل کی جاتی ہے۔

Swash-turned : (a) مرغولہ نما؛ مرغولہ کی شکل میں مڑا ہوا۔

Swash-way : (n) دیکھو Swash-channel

Swashbuckle : (v) (۱) بھاڑے کے بانکے کا کام کرنا ۔ (۲) بھاڑے کے بانکے کے کارناموں کی کہانی لکھنا یا ہونا ۔

Swashbuckler : (n) (۱) بھاڑے کا بانکا ؛ وہ شخص جو مارنے مرنے کو تیار رہتا ہو اور کرائے پر لڑتا ہو ۔ (۲) وہ ناول یا ڈرامہ جس میں بھاڑے کے بانکے کا کارنامہ ہو ۔ (۳) ایسے ناول یا ڈرامے وغیرہ کا مصنف ۔

Swashbucklering : (a) (۱) بھاڑے کے بانکے کا ۔ (۲) بھاڑے کے بانکے کا یا اس سے متعلق ۔

Swashbuckling : (a) دیکھو Swashbucklering

Swasher : (n) دیکھو Swashbuckler

Swashling : (a) (۱) اکڑنے والا ؛ اکڑ کر چلنے والا ؛ بھاڑے کے بانکے کی طرح کا ؛ شان دکھانے والا ۔ (۲) زور دار (وار) ۔ (۳) ٹکرانے والا اور چھینٹے اڑانے والا (پانی) ۔

Swashy : (a) (۱) گیلا ؛ جس میں پانی بہت زیادہ ہو ۔ (۲) بے مزہ ؛ بے لطف ؛ غیر دلچسپ ۔

Swastika : (n) [Skr. 'Svastika'.] (۱) سواستکا ؛ صلیب جو اس 卐 شکل کی ہوتی ہے ۔ (۲) جرمن نازی پارٹی کا نشان ۔

Swat : (n) (۱) (بولی) زور دار ضرب ؛ کاری ضرب ۔ (۲) بیس بال کی لمبی زور دار ہٹ ۔

Swat : (v) [U.S. Var. of Squat.] (۱) پالتی مار کر بیٹھنا ؛ زمین پر دو زانو بیٹھنا ۔ (۲) ہتھیلی سے مارنا یا کھل دینا ۔

Swatch : (n) [Origin unkn.] (۱) مالک کی چٹ یا حساب پٹی جو کپڑے کو رنگائی میں بھیجنے سے پہلے لگا دی جاتی ہے ۔ (۲) نمونہ ۔ (۳) کپڑے کا نمونہ ۔ (۵) تھوڑی مقدار یا کم مقدار جو ایک اکائی مانی جائے ۔

Swatch : (n) پانی کی نہر جو دو ریتاؤں کے درمیان یا ریتا اور ساحل کے درمیان ہو ۔

Swatch-way : (n) دیکھو Swash-way

Swath/ Swathe : (n) [OE. 'Swaep'.] (۱) گھاس یا فصل جو درانتی سے ایک بار میں کٹ سکے ؛ اس طرح کٹی ہوئی گھاس یا فصل ؛ ایک بار میں کٹی ہوئی گھاس یا بالیوں کا ڈھیر ۔ (۲) سبزہ زار کی ایک پیمائش ؛ کھیت کی طولی تقسیم ۔ (۳) کٹی ہوئی گھاس ، فصل وغیرہ کی دھاری ؛ کٹی ہوئی فصل ؛ گھاس ۔ (۴) (مجازاً) چوڑی پٹی ؛ پٹی یا رستہ ؛ کسی چیز کی لمبائی ۔ (۵) درانتی سے کٹی ہوئی گھاس سے مشابہ کوئی چیز ۔ (٦) کھیت وغیرہ کی زمین جو گھاس چھیلنے یا کھیت کاٹنے کے بعد صاف ہو گئی ہو ۔

Swath-balk : (n) گھاس کا تختہ جو کٹے ہوئے کھیت میں بچ گیا ہو ۔

Swathe : (n) [Late OE. 'Swaep'.] (۱) کپڑے ، اون وغیرہ کی پٹی جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے ؛ ایک تہ یا لپیٹ ۔ (۲) جراحی کی پٹی ؛ بند ؛ عصابہ ۔ (۳) قدرتی چادر ؛ کوئی فطری ترتیب جو کسی چیز پر لپٹی ہوئی نظر آئے ۔ (۴) (مجازاً) روک ؛ بندش ۔

Swathe : (v) [Late OE. 'Swapian'.] (۱) پٹیوں میں لپیٹنا ؛ کسی چیز پر پٹی باندھنا ۔ (۲) کپڑوں ، چادروں وغیرہ میں لپیٹنا ؛ گرم کپڑے یا بہت سے کپڑے پہنانا ؛ کپڑوں سے لاد دینا ۔ (۳) چاروں طرف سے اچھی طرح لپیٹ دینا ۔

Swather : (n) (۱) فصل یا بالی کاٹنے کا ایک اوزار ۔ (۲) گھاس یا کھیت کاٹنے کی مشین کا ایک پرزہ ۔

Swathing band : (n) دیکھو Swaddling-band

Swathing clothes : (n) دیکھو Swaddling clothes

Swatow : (n) چین کی ایک مقامی بولی ۔

Swats : (n) [OE. 'Swatan'.] شراب ؛ خصوصاً نئی ایل (بوزہ) ۔

Swatter : (n) [G. 'Schwattern'.] (اسکاٹستان) چھینٹے اڑانا ۔

Swatter : (n) (۱) کیڑوں کو مارنے کا ایک اوزار ۔ (۲) بیس بال میں زور دار ہٹ لگانے والا ۔

Swaver : (v) [ME. 'Swavern'.] دیکھو Stagger

Sway : (n) (۱) جھونک ؛ پینگ ۔ (۲) اثر ؛ قابو ؛ حکومت ؛ فرمانروائی ؛ حکمرانی ۔ (۳) قوت رفتار ؛ زور حرکت ۔

Sway : (v) [Du. 'Zwaaien'.] (۱) ہلنا ؛ جھکنا ؛ ڈگمگانا ؛ ہلنا جلنا ؛ جھولنا ؛ جھونکے کھانا ۔ (۲) مذبذب ہونا ؛ دودلا ہونا ؛ پس و پیش میں ہونا ۔ (۳) ہلانا ؛ جھلانا ؛ جھکانا ۔ (۴) محرک ہونا ؛ متاثر کرنا ؛ اثر ڈالنا ؛ جدھر چاہنا موڑ دینا ۔ (۵) حکومت کرنا ؛ حکمرانی کرنا ۔ (٦) (بحری) (مستول یا بادبان) اٹھانا ۔ (۷) ادھر ادھر جھلانا ؛ گھمانا (ہتھیار وغیرہ) ۔

To sway the sceptre : حکمرانی کرنا ؛ عصائے سلطانی ہاتھ میں رکھنا ۔

Sway- : جزو ترکیبی جو مرکب الفاظ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

Sway-back : (n) (۱) گھوڑے کی پیٹھ کی خلاف معمول خمیدگی۔ (۲) بھیڑوں کی ایک بیماری۔

Sway-backed : (a) (گھوڑا) جس کی پیٹھ میں گڑھا ہو۔

Sway-beam : (n) بھاپ انجن کے بغلی بیرم کا قدیم نام۔

Sway-brace : (n) پل کا ترچھا آڑ جو اسے ہلنے جلنے سے روکتا ہے۔

Sway brace : (v) ترچھا آڑ لگا کر مضبوط یا مستحکم کرنا۔

Sway-bracing : (n) پل کا ترچھا آڑ۔

Sway pole : (n) لاٹھا : لمبا ڈنڈا یا بلی جسے چول پر لگا کر اس سے کنویں وغیرہ سے پانی نکالتے ہیں۔

Swayed : (a) دیکھو Sway-backed

Swaying : (n) (۱) جھونک : پینگ۔ (۲) فرمانروائی : حکومت : حکمرانی۔ (۳) پیٹھ میں گڑھا ہونا۔

Swayingly : (adv.) جھونک کھا کر۔

Swayless : (a) جو جھونک نہ کھا سکے : جسے ہلایا نہ جا سکے۔

Sweal/ Swale : (n) [OE. 'Swaelan'.] (۱) جلا دینا : جلانا : آگ لگا دینا : جھلسانا۔ (۲) جلنا : جھلسنا۔ (۳) (موم بتی کا) نالیاں پڑ کر موم کا بہہ جانا۔ (۴) ضائع ہو جانا : برباد ہو جانا : تلف ہو جانا۔ (۵) موم کی طرح بہا دینا۔

Swear : (n) قسم : حلف : قسمیں کھائی جانا۔

Swear : (v) [OE. 'Swerian'.] (۱) قسم کھا کر کہنا : حلف اٹھا کر کہنا : قسم کھا کر وعدہ کرنا۔ (۲) (بول چال) تاکید کے ساتھ کہنا : زور دے کر کہنا۔ (۳) (خدا کی یا بزرگان دین کی) قسم کھانا (غصے یا جوش میں)۔ (۴) حلف لینا (گواہ وغیرہ سے)۔ (۵) بے ادبی سے قسم کھانا۔ (۶)کرخت حلقی آواز نکالنا (بلی یا دوسرے جانور کی طرح جو غصے میں ہو)۔ (۷) حلف دینا : حلف اٹھانا۔

Enough to swear : تھوڑا سا : قسم کھانے کو۔

I dare be sworn / I' ll be sworn : میں قسم کھا سکتا ہوں۔

To swear home, through a two-inch board : بہت زیادہ قسمیں کھانا۔

To swear the peace against : حلف اٹھا کر (کسی شخص کے متعلق) کہنا کہ اس سے جسمانی ضرب کا خوف ہے۔

Swear against : (v) حلف اٹھا کر الزام لگانا (کسی جرم کا)۔

Swear at : (v) (۱) کوسنا : سراپنا۔(۲) میل نہ کھانا : متصادم ہونا : ٹکر ہونا۔

Swear away : (v) قسم کھا کر لے جانا : حلفاً شہادت دینا : برباد کرنے یا نقصان پہنچانے کے لئے۔

Swear by : (v) قسم کھانا : گواہ کر کے کہنا۔

Swear by : (v) (۱) (کسی کا) قائل ہونا : کلمہ پڑھنا۔ (۲) ہمیشہ استعمال کرنا : دوسروں سے تعریف کرنا۔ (۳) پورا اعتماد رکھنا یا کرنا : عظمت کو قبول کرنا۔ (۴) متیقن ہونا (وجود کا) : کامل یقین رکھنا۔

Swear for : (v) ضامن ہونا : تصدیق کرنا : ذمہ داری لینا۔

Swear in : (v) حلف دے کر ذمہ داری سونپنا (کسی عہدے کی)۔

Swear off : (v) انکاری قسم کھانا : حلف پر چھوڑ دینا : توبہ کرنا : ترک کی قسم کھانا۔

Swear out : (v) حلفیہ الزام لگا کر گرفتاری کا وارنٹ جاری کروانا۔

Swear-word : (n) وہ لفظ جو بے ادبانہ قسم میں استعمال کیا جائے : غیر مقدس لفظ۔

Swearer : (n) (۱) قسم کھانے والا۔ (۲) بے ادبی سے قسم کھانے والا۔ (۳) حلف دلانے والا۔

Swearer-in : (n) حلف اٹھوانے والا۔

Flase swearer : دروغ حلفی کرنے والا : جھوٹی قسم کھانے والا۔

Swearing : (n) قسم ، حلف دینا یا لینا۔

False swearing : دروغ حلفی دروغ بیانی : خلاف بیانی : جھوٹی قسم : جھوٹا حلف۔

Hard swearing : دروغ حلفی : جھوٹی قسم : جھوٹا حلف۔

Sweat : (n) [ME. 'Swet, Swete'.] (۱) پسینہ : عرق : عرق نکالنا : پسینہ پونچھنا : پسینہ لانا (کسی خاص مقصد کے لئے)۔ (۲) پسینہ آنا : عرق ریزی : پسینہ بہنے کا دورہ یا

مدت۔ (۳) ورزش جس سے پسینہ آئے ۔ (۴) سخت پریشانی ۔ (۵) محنت ؛ مشقت ؛ عرق ریزی ؛ سخت محنت کا کام ۔ (۶) سیل ؛ نمی ؛ تری (قطرے جو کسی سطح سے نکلیں یا تکثیف سے پیدا ہو جائیں) ۔ (۷) تربیت کے لئے گھوڑے کو دوڑانا ۔ (۸) پسینے سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۹)تردد ؛ پریشانی ۔ (۱۰) پرانا سپاہی ۔ (۱۱)چمڑے کی پٹی جو ٹوپ وغیرہ میں اندر کی طرف لگا دی جاتی ھے ۔

Bloody sweat : (۱) خونی پسینہ (حضرت عیسیٰ کا) ۔ (۲) (مرضیات) عرق الدم ؛ خونی پسینہ ۔

Cold swear : ٹھنڈا پسینہ (موت ، بیہوشی ، خوف وغیرہ کا) ۔

Old sweat : پرانا سپاہی ۔

The sweat of (one's) brow face etc. : محنت ؛ مشقت ۔

Sweat : (v) [OE. 'Sweatan'.] (۱) (کسی کو) پسینہ آنا ؛ پسینہ نکلنا ۔ (۲) (مجازاً) خوف سے یا تکلیف سے پسینہ آنا ؛ ندامت سے عرق عرق ہونا ۔ (۳) پسینے کی طرح رسنا یا بہنا (خون ، گوند وغیرہ) ۔ (۴) (دیوار کا) نم ہونا ؛ سیلنا ۔ (۵) پسینہ بہانا ؛ مشقت کرنا ؛ عرق ریزی کرنا ۔ (۶) ورزش سے پسینہ لانا (گھوڑے کو یا آدمی کو) ۔ (۷) (مزدوروں یا نوکروں کا) خون چوسنا ؛ برائے نام اجرت پر بہت زیادہ کام لینا ؛ مقابلے سے فائدہ اٹھا کر بیدردی سے کام لینا ۔ (۸) (تمباکو ، چمڑے وغیرہ کو) سڑانا ؛ خمیر اٹھانا ۔ (۹) سکّوں کو رگڑ کر ان میں سے دھات کھرچ لینا؛ سونے کے سکے کا گھس کر ہلکا ہو جانا۔ (۱۰) گھوڑے کو رگڑ کر پسینہ پوچھنا ۔ (۱۱) دھات کی چیز کو جھالنے کے ذریعہ لگانا ؛ جھالنا ۔ (۱۲) (عام) صرف کرنا ؛ خرچ کرنا (روپے وغیرہ) ۔ (۱۳)پسینہ کے ذریعہ نکالنا ۔ (۱۴) (درزیوں کا) گھر پر زیادہ وقت تك کام کرنا ۔ (۱۵) (بحری) بادبان اٹھانا ۔ (۱۶) سزا بھگتنا ؛ سخت تکلیف اٹھانا ۔ (۱۷) (عام) مفلس کر دینا؛ کنگال کر دینا ؛ اینٹھنا ۔ (۱۸) (عام) اقبال جرم کرانے کے لئے پولس کا ملزم پر سختی کرنا ۔ (۱۹) گرم کرنا ۔

To sweat blood : بہت زیادہ پریشان ہونا ؛ زیادہ کام کرنا ۔

Sweat-band : (n) (ہیٹ وغیرہ کا) چمڑے کا استر ۔

Sweat-bee : (n) شہد کی مکھی کی ایك جنس ۔

Sweat-board : (n) جہاز کا اندرونی چوبی تختہ جو مال کو جہاز کی آہنی چادروں سے لگنے سے روکتا ھے ۔

Sweat-box : (n) (۱) قیدیوں کو بند کر کے ان سے استفسار کرنے کی چھوٹی کوٹھری ۔ (۲) وہ بکس جس میں چمڑا ، انجیر وغیرہ سڑائی جاتی ہیں ۔

Sweat-duct : (n) پسینے کی نالی ؛ قنات پسینہ ؛ مجری العرق ۔

Sweat gland : (n) غدۂ عرقیہ ؛ غدود پسینہ ۔

Sweat-house : (n) (۱) شمالی امریکی انڈین اور دوسرے قبائلیوں کا وہ گھر جس میں گرم ہوا یا بھاپ سے غسل کرتے ہیں ۔ (۲)وہ کمرہ جس میں کھال سڑائی جاتی ھے ۔

Sweat-joint : (n) ٹانکا ہوا جوڑ ۔

Sweat lodge : (n) شمالی امریکی انڈین کا حمام گرم ۔

Sweat out : (v) (۱) برداشت کرنا ۔ (۲) بڑی مشکل سے راہ نکالنی ۔

Sweat pants : (n) کھلاڑیوں کی پتلون جس کی مہری میں الاسٹك لگی رہتی ھے ۔

Sweat pores : (n) (تشریح) عروقی مسام ۔

Sweat proof : (a) پسینہ روك ۔

Sweat room : (n) وہ کمرہ جہاں تمباکو میں خمیر اٹھایا جاتا ھے ۔

Sweat scraper : (n) گھوڑے کے جسم سے پسینہ اور مٹی وغیرہ پوچھنے کا آلہ ۔

Sweat shirt : (n) بے کالر اور آستینوں والی بنیان ؛ سوتی سوئٹر ۔

Sweat shop : (n) دکان جس میں نوکروں کا خون چوسا جاتا ھے ۔

Sweater : (n) (۱) محنت کرنے والا ؛ مشقت کرنے والا ؛ عرق ریزی کرنے والا ۔ (۲) جسے بہت زیادہ پسینہ آتا ہو ۔ (۳) عرق آور؛ پسینہ لانے والی ۔ (۴) مزدور یا ملازم کا خون چوسنے والا آقا ؛ برائے نام اجرت پر بہت زیادہ کام لینے والا ۔ (۵) طلائی سکے کو رگڑ کر ان میں سے دھات کھرچ لینے والا ۔ (۶) سوئٹر ؛ موٹی بٹن دار اونی بنیان ۔ (۷)(چمڑے ، تمباکو وغیرہ کو) سڑانے والا ۔

Sweater girl : (n) لڑکی جس کے جسم کا اوپری حصہ بہت متناسب تراش خراش کا ہو

Sweatered : (a) سوئٹر پہنے ہوئے ۔

Sweatful : (a) (۱) پسینہ لانے والا ؛ عرق آور ۔ (۲) گرم ؛ بہت زیادہ

گرم ۔ (۲) پر مشقت ؛ کٹھن ۔ (۳) عرق آلود ؛ پسینے میں تر ۔ (۵) پسینے کا سا ۔ (۶) جس پسینہ آ رہا ہو ۔

Sweatily : (adv.) عرق ریزی سے ؛ بڑی مشقت سے ؛ بہت محنت کے ساتھ ۔

Sweatiness : (n) عرق آلود ہونا ؛ پسینے کا سا ہونا ۔

Sweating : (n) (۱) پسیجنا ۔ (۲) نیم بیگاری ۔ (۳) ٹانکا لگانا ۔

Sweating bath : (n) گرم پانی کا غسل جو پسینہ لانے کے لئے دیا جائے ؛ حمام گرم ؛ گرمابہ ۔

Sweating-house : (n) دیکھو Sweat-house

Sweating-iron : (n) گھوڑے کا پسینہ پوچھنے کا کھریرا ؛ کھرچنی ۔

Sweating-room : (n) (۱) ترکی حمام میں وہ کمرا جو پسینہ لانے کے لئے ہوتا ھے ۔ (۲) وہ کمرہ جس میں پنیر سکھائی جاتی ھے ۔

Sweating-sickness : (n) (۱) ایک وبائی بیماری (بخار) جو پندرھویں اور سولہویں صدی عیسوی میں انگلستان میں پھیل گئی تھی ۔ (۲) موسمی بخار ؛ ملیریا ۔

Sweating system : (n) برائے نام اجرت پر بہت زیادہ کام لینے کا نظام ؛ نظام بیگار ۔

Sweatless : (a) بے پسینہ کا ؛ بے عرق ۔

Sweaty : (a) دیکھو Sweatful

Swede : (n) [MLG, MDU.] (۱) سویڈی ؛ سویڈن کا باشندہ ۔ (۲) بڑی قسم کا شلجم ۔

Swedenborgian : (a) [f. name of Emanuel Swedenborg.] سویڈن برگی ؛ انا سوئل سویڈن برگ کا یا اس سے متعلق ۔

Swedenborgian : (n) کلیسائے جدید کا پیرو ؛ سویڈن برگ کا مقلد ؛ (اس کا قائل کہ انسان میں خدائی صفات موجود ہیں اور ان کا کامل مظہر حضرت عیسیٰ کی ذات تھی ؛ مذہب کی اصل الہٰیات کے عقائد یا عبادات نہیں ہیں بلکہ خدا کی محبت اور انسان کی محبت اور خدمت ھے یہ مذہب کلیسائے جدید (Newchurch) کہلاتا ھے ۔

Swedenborgianism / Swedenborism : (n) مذہب کلیسائے جدید ؛ مذہب سویڈن برگ ۔

Swedish : (a) [f. 'Sweden'.] سویڈی ؛ سویڈن کا ۔

Swedish : (n) سویڈی ؛ سویڈن کا باشندہ ؛ سویڈی زبان ۔

Swedish drill : (n) ایک عضلاتی ورزش (بطور علاج) ۔

Swedish fly : (n) ایک چھوٹی مکھی جو گیہوں کو برباد کر دیتی ھے ۔

Swedish gymnastics : (n) دیکھو Swedish drill

Swed movement : (n) دیکھو Swedish drill

Swedish punsch/ - punch : (n) سویڈن کی میٹھی زرد رنگ کی شراب ۔

Swedish turnip : (n) بڑی قسم کا شلجم ۔

Sweel : (v) [ME.'Swedellen'.] دیکھو Swaddle

Sweel : (v) [of Scand origin.] (۱) (پانی کا) چکر کھانا ؛ بھنور پڑنا ۔ (۲) دیکھو Swirl ۔

Sweeny : (n) [G.'Schweine'.] (۱) موکھا ؛ (گھوڑے کے) عضلات خصوصاً کندھے کے پٹھوں کی سستی ۔ (۲) اکڑ ؛ خود پسندی ؛ غرور ۔

Sweep : (n) (۱) جھاڑنا ؛ جھاڑو دینا ؛ صاف کرنا ؛ صفائی ؛ جھاڑو دینے کا عمل ۔ (۲) سبک رفتاری (انسان یا جانور کی) ۔ (۳)تیزی سے چلنا ؛ فراٹے بھرنا ۔ (۴) بازو گھما کر یا کوئی اوزار گھما کر دائرہ یا قوس بنانا ۔ (۵)مسلسل دائروی حرکت ۔ (۶) (علم النجوم) مشاہدہ ؛ رصد ؛ ارصاد ۔ (۷) (کپڑے ، ہاتھ ، برش وغیرہ سے) پوچھنا ۔ (۸) (تاش کے کھیل کیسنیو میں) تمام پتوں کو ملانا ؛ (وہسٹ میں) سب ہاتھ جیت لینا ۔ (۹) (طبیعیات) حرّی توازن کا مستقل ہونا ۔ (۱۰) زد ؛ پہنچ ؛ رسائی کی حد (نظر یا ادراک کی) ؛ دوربین (جال درانتی وغیرہ کی)۔ (۱۱) خط منحنی ؛ انحنا ۔ (۱۲) محراب کا انحنا ؛ محراب ۔ (۱۳) نیم دائروی تختہ جو مکان کے آگے شہتیر پر لگا رہتا ھے اور اسے سہارا دیتا ھے ؛ اسی قسم کا تختہ جس پر توپ جاتی ھے ۔ (۱۴) کسی گھر کا ٹیڑھا یا خمیدہ رستہ ۔ (۱۵) جھاڑن ؛ سونا یا چاندی کا گرد جو سُنار کی دکان کی صفائی میں نکلے ۔ (۱۶) چٹھی ڈالنے کا وہ طریقہ جس میں ہر شخص کچھ رقم جمع کرتا ھے اور جس کے نام چٹھی نکلے وہ کل روپیہ لے لیتا ھے ۔ (۱۷)دیکھو Almond-furnace ۔ (۱۸) ڈھینکلی ؛ ڈھینکلی کا تھم ۔ (۱۹) متعدد قسم کے بیرم ۔ (۲۰) پون چکی کا باد گیر ؛ پن چکی کی چرخی ۔ (۲۱) لمبا چپو ؛ ڈانڈ ۔ (۲۲) سمندر کی تہ میں بارودی سرنگ بچھانے

میں لگنے والے تار کی لمبائی ۔ (۲۳) بہت بڑا دائرہ کھینچنے والا پرکار ۔ (۲۴) جھاڑو دینے والا : جھاڑنے والا ۔ (۲۵) دود کش جھاڑنے والا ۔ (۲۶) (عام) بد ذات : بد معاش : بد نام زمانہ شخص ۔ (۲۷) چوراھے کا مہتر : چوپڑ کا جا روب کش۔ (۲۸) یونیورسٹی کے طالب علموں کے کمرے کی دیکھ بھال کرنے والا نوکر ۔ (۲۹) ٹوٹ پڑنا ۔ (۳۰) ڈھال : چوڑا موڑ (کسی چیز کا) ۔ (۳۱) (دھات کی ڈھلائی میں استعمال ہونے والا) ایك محرك اوزار جس سے چیزوں کی شکل خواہش کے مطابق بناتے ہیں ۔

A general (now always) a clean sweep : (پرانا فرنیچر وغیرہ ،پرانے ملازمین وغیرہ کو) ایك دم سے الگ کر دینا ۔

The sweep : رائفل بریگیڈ ۔

Sweep : (v) [ME. 'Swepe'.] (۱) سبك رفتاری سے چلنا یا گزرنا : سبك پروازی سے اڑنا یا گزرنا ۔ (۲) فراٹے بھرنا : آندھی کی طرح چلنا : نہایت تیزی سے چلنا یا دوڑنا ۔ (۳) ٹوٹ پڑنا ۔ (۴) شان سے چلنا : شاہانہ چال چلنا : دنبالہ کی طرح گھسٹنا ۔ (۵) دوڑنا : (نظر وغیرہ کا) دوڑ جانا ۔ (۶) تیزی سے گھومنا : مڑنا (خط ہلالی میں) ۔ (۷)ڈھلوان ہونا ۔ (۸) تیزی سے گھمانا یا پھرانا ۔ (۹)تیزی سے اپنے ساتھ لے جانا : بہا لے جانا : اڑا لے جانا ۔ (۱۰) خاتمہ کر دینا ۔ (۱۱) تیزی سے عبور کر جانا : کسی مقام سے گزرتے چلے جانا ۔ (۱۲) نظر دوڑانا؛ ہاتھ پھیرنا ۔ (۱۳) ادھر سے ادھر تك دیکھ ڈالنا : اندر تك کھنگال ڈالنا ۔ (۱۴) (توپ خانے وغیرہ کا) اپنی زد میں رکھنا : (میدان وغیرہ میں) ادھر سے ادھر تك گولے برسانا : گولہ باری کر کے صفایا کر دینا ۔ (۱۵)(سڑك وغیرہ کو) جھاڑنا : جھاڑو دینا : صاف کرنا : صفائی کرنا : لمبے چھو یا پتوار سے کھینا (کشتی وغیرہ) ۔ (۱۶)حرکت دینا (ہلالی خط میں) : پھرانا یا گھمانا (ہاتھ وغیرہ) ۔ (۱۷) دھکا دینا : دھکا دے کر نکال دینا ۔ (۱۸) (مجازاً) زبردستی نکال دینا (کسی جگہ سے) ۔ (۱۹) جھاڑ کر لے جانا (کسی خاص طرف یا جگہ) : اکٹھا کر کے لے جانا : ایك ساتھ پہنچانا ۔ (۲۰) (مجازاً) وسعت میں لینا : شامل کرنا : سمیٹ لینا ۔ (۲۱) ایك ساتھ یا ایك ہی ہلے میں لے لینا ۔ (۲۲) شاندار دنبالے کی طرح ہونا : دنبالہ ہونا ۔ (۲۳) کسی سطح کے اوپر گھسیٹنا یا گھسٹنا ۔ (۲۴) پانی میں رسی وغیرہ کو کھینچنا (کوئی ڈوبی ہوئی چیز کو نکالنے کے لئے) ۔ (۲۵)ساز کے تار پر انگلیاں پھیرنا : تار کو چھیڑنا ۔ (۲۶) خط کھینچنا ۔ (۲۷) پھیلنا : پھیلا ہوا ہونا ۔ (۲۸)برف ہٹا کر پتھر کنڈلی (Curling stone) کا راستہ بنانا (ڈھلائی میں) ۔ (۲۹) منحرك اوزار کے ذریعہ سانچہ بنانا ۔

To sweep a constituency/ -the country : بھاری اکثریت سے ووٹ حاصل کرنا ۔

To sweep one off one's feet : کسی کی فوری اور بے چوں و چراحمایت : رضا مندی یا قبولیت حاصل کرنا ۔

To sweep the board : دیکھو Board

To sweep the deck : جہاز کے عرشے کو صاف کر دینا (توپ خانہ سے یا موج کے ذریعہ) ۔

To sweep the horizon : افق پر نظر دوڑانا : ادھر سے ادھر تك دیکھنا ۔

To sweep the sea : سمندر کو (دشمنوں سے) صاف کر دینا ۔

To sweep the stakes : قرعہ لاٹری میں کل بازی جیت لینا ۔

To sweep the table : دیکھو To sweep the board

Sweep-back : (n) ہوائی جہاز کے پہلو اور بازو کے بیچ کا زاویہ ۔

Sweep chimney : (n) دیکھو Chimney-sweep

Sweep hand : (n) ٹائم پیس کی سکنڈ سوئی جو دوسری سوئیوں کی ہم مرکز ہوتی ھے : ہم مرکز سکنڈ سوئی والی ٹائم پیس ۔

Sweep-net : (n) (۱) مچھلی پکڑنے کا لمبا جال : مہا جال ۔ (۲) وہ جال جس سے حشراتیات کے ماہر تیتری وغیرہ پکڑتے ہیں : تیتری جال ۔

Sweep of the tiller : (n) مدور فریم جس پر جہاز کا سکان رکھا جاتا ھے ۔

Sweep-saw : (n) کماندار آرا : گھوم آرا ۔

Sweep-second : (n) دیکھو Sweep-hand

Sweep seine : (n) دیکھو Sweep-net

Sweep-smelter : (n) جھاڑن کو گلا کر دھات نکالنے والا ۔

Sweep stake/ Sweepstake : (n) (۱) چٹھی ڈالنے کا وہ طریقہ جس میں ہر شخص کچھ رقم جمع کرتا ھے اور جس کے نام چٹھی نکلے وہ کل روپیہ لے لیتا ھے : قرعہ لاٹری : ایسی لاٹری یا دوڑ کا انعام ۔ (۲) گھڑ دوڑ میں بازی لگانے کا وہ

طریقہ جس میں ہر شخص کچھ رقم جمع کرتا ہے اور جس کی چٹھی میں جیتنے والے اور دوسرے نمبر کے گھوڑے کا نام نکلتا ہے ان میں کل رقم تقسیم کر دی جاتی ہے۔

Sweepage : (n) جھاڑن : پوچھن۔

Sweepdom : (n) دود کش صاف کرنے والوں کی جماعت۔

Sweeper : (n) (۱) جاروب کش۔ (۲) جاروب کشی کی مشین۔ (۳) بارودی سرنگ صاف کرنے والا جہاز۔ (۴)سمیٹنے والا۔

Sweeping : (n) (۱) سبک رفتاری سے چلنا یا گزرنا۔ (۲) جھاڑو دینا : صفائی۔ (۳) زیر آب تلاش کرنا (خصوصاً بارودی سرنگ کو)۔ (۴) کسی سطح یا انحنا پر حرکت۔ (۵)لمبے چپو سے کشتی کھینا۔ (۶)جھاڑن : گردو غبار۔ (۷) (مجازاً) واہیات : بکواس : پتلی تنبولی : گنوار دل۔

Sweeping : (a) (۱) بے جاحد تک عام یا وسیع۔ (۲) وسیع : جامع۔ (۳) کامل : بنیادی : اساسی۔

Sweepingly : (adv.) بے جاتعمیم کے ساتھ۔

Sweepingness : (n) بے جا تعمیم۔

Sweepswinger : (n) کھویّا : کشتی چلانے والا۔

Sweepwasher : (n) سنار کی دکان کے جھاڑن سے سونا چاندی نکالنے والا۔

Sweepy : (a) وسیع : بے جا حد تک پھیلا ہوا۔

Sweet : (n) (۱) مٹھائی : شیرینی : میٹھی گولی : نقل۔ (۲) (جمع) میٹھا : میٹھا کھانا : مشروب۔ (۳) میٹھی شراب۔ (۴)خوشبودار چیز۔ (۵) خوشبودار۔ (۶) راحت : فرحت : مسرت : فرحت بخش چیز : خوشگوار تجربہ : زندگی کا خوشگوار حصۂ راحت۔ (۷) محبوبہ : معشوقہ: پیارے : پیاری۔ (۸) (جمع) مزے۔

Sweet : (a) [OE.'Swete'.] (۱) میٹھا : شیریں۔ (۲) خوشبودار : خوشبو۔(۳) سریلا : شیریں : خوش آواز : خوش الحان۔ (۴) میٹھا (پانی) : تازہ : اچھا : جس کا مزہ اور بو خراب نہ ہو۔ (۵) خوش گوار : دلکش : دل آویز : دلپذیر : پیارا۔ (۶) خوش مزاجی : لطف و عنایت کا : نرم : نرمی کا : ملائم۔ (۷)(بول چال) خوبصورت : حسین : خوش ادا۔ (۸) شیرینی کا دلدادہ۔ (۹) مہربان : نیک دل۔ (۱۰) سبک رفتار : ہنر مند : (کمان) جو آسانی سے کھینچا جا سکے۔ (۱۱) صحت بخش : مفید۔ (۱۲)عمدہ : خوفناک : قیامت کا : بلا کا شدید۔

At one's own seet will : (۱) اپنی مرضی کے مطابق : اپنی خواہش سے : جس طرح یا جب اپنا دل چاہے۔ (۲) اٹکل پچو۔

To be sweet upon : (مخالف جنس کا) گرویدہ ہونا : فریفتہ ہونا۔

Sweet : (adv.) شیرینی کے ساتھ : مٹھاس کے ساتھ :نرم لہجے میں : شیریں آواز میں : اچھی طرح۔

Sweet almond : (n) بادام شیریں : بادام جس کا تیل شیریں ہوتا ہے۔

Sweet almond oil: روغن بادام شیریں۔

Sweet-and-sour : (a) تلخ و شیریں : جس میں چینی اور سرکہ یا لیموں کا رس ہو۔

Sweet-and-sour : (n) کھٹی مٹھی چٹنی لگایا ہوا گوشت۔

Sweet and twenty : (n) بیس (۲۰) سال کی عمر۔

Sweet apple : (n) (۱) امریکا کے گرم حصے کی ایک سدا بہار جھاڑی۔ (۲) اس کا پھل۔

Sweet-basil : (n) ریحان : نازبو۔

Sweet bay : (n) لارل : ایک پودا جس کی پتیاں چمکدار ہوتی ہیں۔

Sweet bay laural : (n) دیکھو Sweet bay

Sweet bow : (n) سیب کی ایک قسم۔

Sweet bread : (n) (۱) بچھڑے کے غدود جو کھانے میں بہت مزیدار سمجھے جاتے ہیں۔ (۲) لبلبہ۔ (۳) گلے کے غدود۔

Sweet-brier/ -briar : (n) بسلۂ گلاب : نسترن : خوشبودار جنگلی گلاب۔

Sweet-cake : (n) ایک قسم کا کیک جس کا اہم عنصر چینی ہوتی ہے۔

Sweet-calabash : (n) جزائر غرب الہند کا گل صلیب جس میں سیب کے سائز کے پھل لگتے ہیں جنہیں کھایا جاتا ہے۔

Sweet chestnut : (n) شاہ بلوط : کستانہ۔

Sweet chocolate : (n) شکر ملی چاکلیٹ ۔

Sweet corn : (n) مکئی کی ایک قسم ۔

Sweet-cup : (n) گل صلیب کی مختلف قسمیں ۔

Sweet-curd : (n) پستہ شیر (جو بچھڑے کے معدے سے نکالا جاتا ھے) سے بنی (پنیر) ۔

Sweet-fern : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Sweet field / -veld : (n) [S. Afr. DU. 'Zoetveld'.] (جنوبی افریقہ) کھیت جس میں غلے ، سبزیاں وغیرہ اگائی جاتی ہیں ۔

Sweet flag : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Sweet-gale : (n) دلدلی حنا ۔

Sweet-going : (n) مزے کا سفر (اچھی سڑک پر یا اچھی گاڑی میں) ۔

Sweet-grass : (n) گھاس : بوٹی ۔

Sweet-john : (n) پتلی پتیوں کا پودا جس میں رنگ برنگ کے گچھے دار پھول آتے ہیں ۔

Sweet-lipped/ -lipt : (a) شیریں زبان : شیریں دہن ۔

Sweet-maize : (n) دیکھو Sweet-corn

Sweet-mart : (n) نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کا سمور بہت قیمتی ہوتا ھے ۔

Sweet-milk : (n) تازہ دودھ ۔

Sweet-mouthed : (a) شیریں زبان : شیریں دہن ۔

Sweet oil : (n) خوش ذائقہ اور خوشبو دار تیل : خصوصاً روغن زیتون ۔

Sweet olive : (n) ایک سدابہار ایشیائی جھاڑی یا چھوٹے جنس کا درخت ۔

Sweet orange : (n) جنوبی چین یا جنوب مشرقی ایشیا کے دوسرے حصوں میں پائی جانے والی نارنگی کی ایک قسم ۔

Sweet pea : (n) باغ کا ایک سالا پودا جس میں خوشبودار شوخ رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

Sweet pepper : (n) لال مرچ کی بعض قسمیں ۔

Sweet-pickle : (v) (گوشت کو) نمک اور چینی کے محلول میں محفوظ کرنا ۔

Sweet potato : (n) شکر قند ۔

Sweet-reed : (n) (۱) ہندوستانی نرسل ۔ (۲)(افریقہ) گھاس کی بعض قسمیں جن میں باجرے اور چینی گنے کے پودے شامل ہیں ۔

Sweet-roast : (v) (کچدھات کو) اس قدر گرم کرنا کہ گندھک آرسینک اور دوسرے پرّاں مادے نکل جائیں ۔

Sweet roll : (n) (۱) کافی ملا ھوا کیک یا میٹھی چھوٹی روٹی ۔ (۲)میٹھا کلچا ۔

Sweet-root : (n) ملیٹھی : اصل السوس ۔

Sweet-rush : (n) اوخز : گور گیاہ ۔

Sweet-scabious : (n) ایک قسم کی یوروپی بوٹی جو امریکا میں پائی جاتی ھے ۔

Sweet-scented : (a) خوشبودار ۔

Sweet-sedge : (n) دیکھو Sweet flag

Sweet-smelling : (a) خوشبو دار ۔

Sweet-sop : (n) (۱) امریکا کے گرم حصے کی ایک سدابہار جھاڑی ۔ (۲) اس کا پھل ۔

Sweet-spoken : (a) شیریں دہن : خوش کلام ۔

Sweet-stuff : (n) مٹھائی ۔

Sweet-sultan : (n) باغ کے ایک پھول کا نام ۔

Sweet-sweet : (a) [Imitative.] (۱) پر شور زندہ دل ۔ (۲) جان ڈالنے والا : تسکین بخش ۔

Sweet-sweet : (n) چیں چیں : چوں چوں کی آواز ۔

Sweet talk : (n) خوشامد : للو پتو : پھسلانا ۔

Sweet-talk : (v) خوشامد کرنا : پھسلانا : بہلانا ۔

Sweet tangle : (n) ایک قسم کی بحری گھاس جس سے شیرہ بنایا جاتا ہے۔

Sweet temper : (n) خوش مزاجی۔

Sweet thorn : (n) جنوبی افریقہ کا ایک خار دار درخت۔

Sweet-tooth : (n) مٹھائی کا شائق۔

Sweet-toothed : (n) مٹھائی کا شائق۔

Sweet water : (n) (۱) میٹھا پانی (جس میں نمک نہ ہو) دریائی۔ (۲) گلائسیرول کا پتلا محلول۔ (۳) چینی کا محلول جو چینی کے تصفیے میں پائی جانے والی فاضل چینی سے بنتا ہے۔

Sweet-water : (n) سفید انگور : ایک قسم کا انگور جو حرارت خانے میں پیدا ہوتا ہے۔

Sweet-water : (a) میٹھے پانی کا : دریائی : کنویں کا۔

Sweet-william : (n) قرنفل شاعر : باغ کا ایک پودا جس کے پھول گچھے دار اور رنگ برنگ کے ہوتے ہیں۔

Sweet willow : (n) ایک قسم کی مہندی : دلدلی حنا۔

Sweet-wort : (n) خوش ذائقہ شعیرے کا زلال یا آش۔

Sweeten : (v) (۱) میٹھا ہونا : میٹھا کرنا : چینی وغیرہ ملانا۔ (۲) خوشبو دار بنانا : خوشگوار بنانا : دلکشی یا لطف پیدا کرنا۔ (۳) خوش الحان بنانا : سریلا بنانا۔ (۴)لطیف بنانا۔ (۵)آرام دینا : تخفیف کرنا۔ (۶)خوشامد یا رشوت سے راضی کرنا : رشوت دینا : پھسلانا۔ (۷) آسانی سے اور روانی سے چلانا۔ (۸)(طباعت ، نقشہ کشی) ہلکا کرنا۔ (۹)(زمین کو) زرخیز بنانا۔ (۱۰) (عام) (تاش) بازی بڑھانا : (نیلام میں) محض قیمت بڑھانے کے لئے بولی دینا : (مالیات) مزید ضمانت لے کر قرض کی کفالت بڑھانا۔ (۱۱) میٹھا ہونا : شیریں ہونا۔ (۱۲) نرمی پیدا کرنا۔

Sweetener : (n) میٹھا کرنے والا : شیریں بنانے والا۔

Sweetening : (n) میٹھا بنانا : شیریں بنانا : شیریں بنانے والا : مٹھاس : میٹھی چیز جو کھانے میں ڈال کر کھائی جائے۔

Sweetening : (n) شیریں بنانے والا۔

Sweetheart : (n) (۱) عاشق : معشوق۔ (۲) پیاری : پیارا۔

Sweetheart : (v) (۱) معاشقہ کرنا۔ (۲) معشوق بنانا۔

Sweethearting : (n) معاشقہ کرنا : عشق کرنا۔

Sweethearts : (n) سر والا : ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے۔

Sweetie : (n) (۱) مٹھائی : شیرینی۔ (۲) میٹھا کیک وغیرہ۔ (۳)معشوق : عاشق۔

Sweeting : (n) (۱) پیارا : پیاری : عزیز۔ (۲) میٹھا سیب۔

Sweetish : (a) میٹھا میٹھا : میٹھا سا : پیارا سا۔

Sweetishness : (n) میٹھا میٹھا سا ہونا : پیارا سا ہونا۔

Sweetless : (a) بے مٹھائی کا : بے شیرینی کا۔

Sweetly : (adv.) (۱) شیریں آواز میں ، نرم لہجے میں۔ (۲) اچھی طرح۔ (۳) خوشگوار طور پر : اطمینان بخص طور پر۔ (۴)دلیرانہ : دلفریبی سے۔ (۵) خوبی سے : نزاکت سے : عالی ہمتی سے۔ (۶) آسانی سے : شائستگی سے۔

Sweetmeat : (n) (۱) مٹھائی۔ (۲) نفیس سیاہ وارنش والے چمڑے پر وارنش کی پہلی تہ : ایک قسم کی وارنش جو چرم سازی میں کام آتی ہے۔ (۳) ایک قسم کا گھونگا۔

Sweetness : (n) (۱) مٹھاس۔ (۲) شیرینی (آواز وغیرہ کی)۔ (۳)عمدہ خوشبو۔ (۴) دلکشی۔ (۳) نرمی : خوبصورتی : خوش ادائی۔

Sweetness and light : (n) (۱) حسن اور ادراک کا امتزاج۔ (۲) تلطف : دلآویزی : دلربائی۔

Sweetshop : (n) قند کی دکان۔

Sweetweed : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا کے گرم حصوں میں پائے جانے والے پودوں کی دو قسموں میں سے ایک۔

Sweetwood : (n) جزائر غرب الہند اور امریکا کے گرم حصوں میں پائے جانے والے بعض قسم کے درخت یا پودے جن کی لکڑیاں قیمتی ہوتی ہیں : ان پودوں یا درختوں کی لکڑی۔

Sweetwood bark : (n) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی کی خوشبودار چھال جو بطور مقوی دوا کے استعمال ہوتی ہے یا خوشبو کے لئے جلائی جاتی ہے۔

Sweety : (n) دیکھو Sweetie

Swell : (n) (۱) (سمندر کی لہروں کا) طوفان کے بعد اٹھنا اور گرنا : چڑھاؤ اتار ۔ (۲) چڑھاؤ : ابھار : ٹیلہ : پہاڑی ۔ (۳)(آواز کا) چڑھاؤ : الاپ : سُر کا اتار چڑھاؤ ۔ (۴)آرگن باجے میں وہ صندوق جس کی نلکیوں کے کھولنے بند کرنے سے سُر کو اونچا نیچا کرتے ہیں ۔ (۵)(بول چال) استاد : استاد فن ۔ (۶) بڑا آدمی : ٹھاٹھ کا آدمی : بانکا ۔ (۷) کپڑا بننے کی مشین کے نال بکس کا ایک پرزہ ۔

Swell : (a) (۱) اعلیٰ درجے کا : اونچا : بڑھیا : شاندار : عمدہ ۔ (۲) بہت پر تکلف : طرح دار : ٹھاٹھ کا : بڑھیا (لباس وغیرہ) چھیلا بنا ہوا : ٹھاٹھ کے کپڑے پہنے ۔

Swell : (v) [OE. 'Swellan'.] (۱) پھول جانا : سوج جانا : ورم آجانا : آماس ہو آنا ۔ (۲) پھلانا : سجانا ۔ (۳) پھیلنا : بڑھنا : ابھرنا ۔ (۴) پھیلانا : بڑھانا : ابھارنا ۔ (۵) (پانی ، مد وغیرہ کا) اٹھنا : سطح سے بلند ہونا ۔ (۶) (آواز کا) بڑھنا : تیز ہونا ۔ (۷) (مجازاً) (احساس یا جذبے کا) ابھرنا : جذبات کا وفور ہونا ۔ (۸) (انسان یا دل کا) ایسے جذبے سے پھول جانا ۔ (۹) پھلانا (جذبات یا احساسات سے) ۔ (۱۰) غرور دکھانا : غصہ ہونا : خفا ہونا ۔ (۱۱) مغرور ہونا : اکڑ کر چلنا ۔

Swell- : جزو ترکیبی بمعنی "پھولا ہوا" ۔

Swell-box : (n) (آرگن باجے میں) سروں کو اونچا نیچا کرنے کا صندوق : اتار چڑھاؤ پیٹی ۔

Swell-butted : (a) (درخت) جو جڑ کے پاس بہت زیادہ موٹا ہو ۔

Swell dash : (n) ایسی علامت ~◇~ جو طباعت میں صفحہ کی نشاندہی کے لئے یا کالموں کے درمیان فرق ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Swell-fish : (n) کُپا مچھلی : ایک طرح کی مچھلی جو پھول کر کپے کی طرح ہو جاتی ہے ۔

Swell-front : (n) (۱) (مکان ، دروازے والے صندوق کا) آگے نکلا ہوا قوسی رخ یا حصہ ۔

Swell-head : (n) (مجازاً) نخوت : کبر نفس : بے جا غرور : تکبر ۔

Swell-mob : (n) سفید پوش جیب کترے (جو شریفوں کی سی وضع اور لباس رکھتے ہیں) ۔

Swell-mobsman : (n) سفید پوش جیب کترا ۔

Swell-organ : (n) ارغنون باجے کے ہرنوں کا سیٹ جو Swell-box میں ہوتا ہے ۔

Swell-pedal : (n) وہ پیڈل (پیر سے دبانے کا بیرم) جس سے Swell-box کے پردوں کو چھیڑتے ہیں ۔

Swell-piece : (n) (لکڑی وغیرہ کا) ٹکڑا جس کی سطح محدب ہو ۔

Swell-shark : (n) (۱) ایک قسم کی شارک مچھلی جو امریکا میں بحرالکاہل پر ملتی ہے ۔ (۲) کیلیفورنیا میں پائی جانے والی شارک مچھلی جو پکڑے جانے پر اپنے جسم کو پھلا لیتی ہے ۔

Swell toad : (n) بعض قسم کی سمندری مچھلیاں جو اپنا جسم پھلا کر تقریباً گول ہو جاتی ہیں اور پیٹ کو اوپر کر کے پیٹھ کے بل تیرتی ہیں ۔

Swellbelly : (n) جنوبی امریکا میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی ۔

Swelldom : (n) اہل فیشن کی سوسائٹی : ٹھاٹھ کے لوگ ۔

Swelled : (a) (۱) سوجا ہوا : پھولا ہوا : متورم ۔ (۲) دیکھو Swell-head ۔

Swelled head : (n) دیکھو Swell head

Swelled-headed : (a) بے جا مغرور : متکبر ۔

Swelled-headedness: (n) بے جا غرور : متکبر ۔

Sweller : (n) پھلانے والا : ابھارنے والا : پھیلانے والا ۔

Swelling : (n) (۱) پھولنا : سوجنا ۔ (۲) سوجن : ورم : آماس : گومڑ ۔ (۳) پھیلنا : پھیلاؤ ۔

White swelling : ایک قسم کا ورم جس میں سرخی نہیں ہوتی ہے (خصوصاً) دق کا وجع مفاصل ۔

Swelling : (a) (۱) بڑھنے والا : پھولنے والا ۔ (۲) پھولا ہوا : ابھاردار ۔ (۳) خود پسند : مغرور : متکبر ۔ (۴) شدید احساس والا ۔ (۵) بیجا طور پر پر تکلف : طمطراق کا ۔

Swellingly : (adv.) (۱) خود پسندی سے : متکبرانہ طور پر ۔ (۲) پھیلتے ہوئے : بڑھتے ہوئے ۔

Swellish : (a) (۱) چھیلوں کا سا ۔ (۲) بہت پر تکلف : ٹھاٹھ کا : بڑھیا : طرحدار ۔

Swellishness : (n) بہت پر تکلیف ہونا : طرحداری : ٹھاٹھ کا ہونا ۔

Swelp : 'So help' کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Swelt : (v) [OE. 'Sweltan'.] (۱) (بولی) مرنا : ہلاک ہو جانا : فنا ہو جانا ۔ (۲) مغلوب ہو جانا : غش میں آ جانا : بے ہوش ہو جانا ۔ (۳) گرمی سے بے ہوش ہو جانا ۔ (۴)مار دینا ۔ (۵) دھوپ میں تپنا ۔

To swelt one's heart : انتہائی کوشش کرنا ۔

Swelter : (v) (۱) گرمی سے تونسنا : گرمی کی وجہ سے پسینے میں تر ہونا یا مضمحل ہونا ۔ (۲) نہایت گرم ہونا : تپنا ۔ (۳)(زہر) اُگلنا ۔

Swelter : (n) (۱) شدید گرمی : تپش ۔ (۲) بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ۔ (۳) جانفشانی : سخت پریشانی ۔

Sweltered : (a) (۱) پسیجا ہوا ۔ (۲) پسینے میں نہایا ہوا ۔

Sweltering : (a) (۱) بے حد گرم : تپتا ہوا ۔

Sweltering : (adv.) گرمی کی شدت کے ساتھ : تپتے ہوئے ۔

Swelteringly : (adv.) دیکھو Sweltering

Sweltery : (a) (۱) (موسم) جس میں گرمی اور امس ہو : نہایت گرم ۔ (۲) گرمی کی شدت سے مضمحل ۔

Swept : (a) دیکھو Sweep

Swept-back : (a) (ہوائی جہاز کا بازو) جس کا خط ناصف پیچھے کی طرف جاتا ہو ۔

Swept-up: (a) (بال) اوپر کی طرف آراستہ کیا ہوا ۔

Swerve : (n) جھوک : لغزش : انحراف ۔

Swerve : (v) [ME.] (۱) جھوک کھانا (اڑتے ہوئے) : ڈگمگانا (چلتے یا دوڑتے ہوئے) ۔ (۲) منحرف ہونا : قدم ہٹانا (راہ راست سے، فرض سے) ۔ (۳) (گیند کو ہوا میں) جھوک کھلانا ۔ (۴) منحرف کرنا ۔ (۵) ادھر اُدھر پھرنا : مارا مارا پھرنا ۔

Swerveless : (a) غیر منحرف : جس میں ذرا بھی لغزش یا انحراف نہ ہو سکے ۔

Swerver : (n) انحراف کرنے والا : لغزش کھانے والا ۔

Sweven : (n) [OE. 'Swef(e)n'.] خواب ۔

Swift : (n) [OE.] (۱) شمالی امریکا کے بعض سبک رفتار گرگٹ : یورپی چھپکلی ۔ (۲)ابابیل کی قسم کا پرند جس کے بازو بہت لمبے ہوتے ہیں اور بہت تیز اڑتا ہے : عوار : سماسہ : کوہی ابابیل ۔ (۳) ایک قسم کا پالتو کبوتر ۔ (۴)اٹیرن (جس سے سوت کی انٹی بناتے ہیں) ۔ (۵)دھنکی کا استوانہ ۔ (۶) (طابع کا عامیانہ) تیز رفتار کمپوزیٹر ۔ (۷) ایک قسم کا پروانہ ۔ (۸) پون چکی کا بادگیر ۔ (۹) ایک قسم کی لومڑی ۔

Swift : (a) (۱) تیز : تیز رو : تیز رفتار ۔ (۲) تیزی کی : پھرتی کی : سریع (حرکت وغیرہ) ۔ (۳) جس کے واقع ہونے میں دیر نہ لگے : فوری : عاجل : برجستہ : ہاتھوں ہاتھ ۔ (۴) تیز: مستعد ۔

Swift : (adv.) تیزی سے : پھرتی سے : فوراً : سرعت سے : ہاتھوں ہاتھ : بر جستہ ۔

Swift : (v) رسے سے کسنا : تاننا ۔

Swift-foot : (a) تیز رفتار : تیز گام : تیز قدم ۔

Swift-foot : (n) تیز رفتار آدمی یا جانور : ایک پرند جو بہت تیز اڑتا ہے ۔

Swift-footed : (a) دیکھو Swift-foot

Swift-handed : (a) (۱) پھرتیلا : سبک دست ۔ (۲) فوری : عاجل : ہاتھوں ہاتھ ۔

Swift-winged : (a) تیز پرواز ۔

Swifter : (n) (۱) (بحری) تاننے والا رسا ۔ (۲) سب سے نچلے مستول کو کھڑا کرنے والا رسا ۔ (۳) رسہ جو کشتی کے گرد مضبوطی کے لئے لپٹا رہتا ہے ۔

Swifter : (v) رسے سے تاننا ۔

Swiftian : (a) [f. name of Jonathan swift.] جو ناتھن سوئفٹ کا یا اس سے متعلق ۔

Swiftlet : (n) چھوٹی قسم کا Swift (پرندہ) ۔

Swiftly : (adv.) تیزی سے : پھرتی سے : سرعت سے : فوراً : ہاتھوں ہاتھ: برجستہ ۔

Swiftness : (n) (۱) تیزی : تیز رفتاری : پھرتی : سرعت : عجلت (واقع ہونے میں) ۔ (۲) پھرتیلا ہونا ۔

Swig : (n) [Origin unkn.] (عام) شراب کا لمبا گھونٹ ۔

Swig : (n) (۱) (بحری) رسا چرخی کی رسیاں جو متوازی نہیں ہوتی ہیں ۔ (۲) (بحری) رسے کے حلقے کو کھینچنا ۔

Swig : (v) (عام) غٹاغٹ پینا ۔

Swig : (v) [Origin unkn.] (۱) بھیڑے کے خصیہ دانی کو رسی سے کس کر باندھ کر آختہ کرنا ۔ (۲) (بحری) رسے کے حلقے کو کھینچنا جس کا ایک سرا کسی چیز سے بندھا ہوتا ہے اور دوسرا محرک ہوتا ہے ، اس طرح سے بادبان چڑھانا ۔ (۳) جھونکے کھانا : جھولنا ۔

Swiggle : (v) دیکھو Swig

Swile : (n) [Origin unkn.] سیل :سگ ماہی ۔

Swill : (n) (۱) باورچی خانے کا دھوون جس کو سور پیتے ہیں ۔ (۲) گندہ پانی : موری کا پانی ۔ (۳) غٹاغٹ پینا (شراب) : حد سے زیادہ شراب خواری ۔

Swill : (v) [OE. 'Swillan, Swillian'.] (۱) تریڑا دینا : کھنگالنا : پانی بہا کر یا ڈال کر صاف کرنا ۔ (۲) (کسی سیال شے کا برتن میں) ادھر ادھر حرکت کرنا : آسانی یا تیزی سے بہنا : کسی سطح پر بہنا یا پھیل جانا : آزادی سے بہنا ۔ (۳) ندیدے پن سے پینا : ڈکوسنا ۔ (۴) حد سے زیادہ پلا دینا ۔

Swill : (n) [ME. 'Sqwill, Swill'.] بڑی ٹوکری ۔

Swill bowl : (n) شرابی : مے خوار ۔

Swill-milk : (n) ان گالیوں کا دودھ جن کو باورچی خانے کا دھوون کھلایا جاتا ہے ۔

Swill-tub : (n) (۱) ناند جس میں باورچی خانے کا دھوون رکھا جاتا ہے ۔ (۲) (مجازاً) کثرت سے مے نوشی ۔

Swiller : (n) ڈکوسنے والا : ندیدے پن سے پینے والا ۔

Swilling : (n) (۱) کھنگالنا : تریڑا دینا ۔ (۲) دھوون ۔

Swim : (n) (۱) دوران سر : سر کا چکر ۔ (۲) تیرنا : تیراؤ : شنا : پیرنے کا ایک چکر : ایک بار پیرنا ۔ (۳) دریا کا کنڈ جس میں مچھلیاں کثرت سے ہوں ۔ (۴) (مجازاً) زمانے کی رو یا رفتار واقعات ۔ (۵) (مچھلی کا) ہوا پھکنا ۔ (۶) غشی : بے ہوشی ۔ (۷) بحیرے کا آگے کو نکلا ہوا چپٹا چوکور ساتھا ۔

In the swim : زمانے کی رو میں ۔

In the swim with : ایتلاف یا اتحاد رکھنے والا ۔

Out of the swim : زمانے کی رو کے خلاف ۔

Swim : (v) [OE. 'Swimman'.] (۱) تیرنا : سطح پر بہنا : سطح پر تیرنا ۔(۲) تیرنا : پیرنا : پیراکی کے مقابلے میں شریک ہونا : تیر کر پار کر جانا ۔ (۳) پیرانا : تیرانا ۔ (۴)سبک رفتاری سے چلنا ۔ (۵) گھومنا : چکر کھانا : چکرانا (سر کا یا چیزوں کا دیکھنے والے کی نظر میں) ۔ (۶)بھر آنا (آنسو) : بھر جانا : ندی بہہ جانا (پانی یا خون کی) ۔ (۷) تیرتی ہوئی چیز پر جانا (۸)(پل کا) یکساں طور پر چلنا ۔ (۹) تیرتا ہوا نظر آنا ۔ (۱۰) ڈوب جانا : خوشی یا غم میں ڈوب جانا ۔ (۱۱)(مجرم کا جرم ثابت کرنے کے لئے) پانی میں ڈبونا (جھوٹ ، سچ کے امتحان کے لئے) ۔ (۱۲) تیرنے کے قابل پانی مہیا کرنا ۔

Sink or swim/ Swim or drawn : جو بھی ہو ۔

To swim against the stream : اکثریت کے خلاف جانا : زمانے کی روکے خلاف جانا ۔

To swim between two waters : دو ناؤ پر پیر رکھنا ۔

To swim with, or , down the stream or tide : اکثریت کا ساتھ دینا : سیلاب کے ساتھ بہنا ۔

Swim : (a) پیراکی کا ۔

Swim-bladder : (n) مچھلی کا ہوا پھکنا ۔

Swim ring : (n) (ربر یا پلاسٹک کا) پیراک حلقہ ۔

Swimmable : (a) قابل پیراکی :جس میں تیرا جا سکے ۔

Swimmer : (n) (۱) پیرنے والا : پیراک : شناور : سباح ۔ (۲) تیرنے والا پرندہ یا جانور ۔ (۳) جانور کا وہ عضو جس کے ذریعے وہ پیرتا ہے : پیراک عضو ۔ (۴) تیرنے والی چیز : (خصوصاً) ترنا (جو بنسی سے بندھا ہوتا ہے) ۔

Swimmeret/ Swimmerette : (n) (کچھوے وغیرہ کے) پاؤں پنجے : شنا پا ۔

Swimmily : (adv.) دوران سر کے ساتھ : سر چکراتے ہوئے ۔

Swimminess : (n) دوران سر ہونا : سر کا چکر کھانا ۔

Swimming : (n) (۱) پیراکی : فن پیراکی ۔ (۲) دوران سر : سر کا چکر ۔ (۳) آنکھ کا بھر آنا ۔

Swimming : (a) (۱) پیرنے والا ۔ (۲) پیراکی میں کام آنے والا : پیراکی کا ۔ (۳) جس سر میں چکر ہو ۔ (۴) بھرائی ہوئی آنکھ ۔

Swimming-bath : (n) شناگاہ : پیرنے کا بڑا حوض ۔

Swimming-bell : (n) آلۂ شنا : گھنٹی کی طرح بعض مچھلیوں وغیرہ کا عضو جس سے وہ تیرتی ہیں ۔

Swimming-belt : (n) پیراک پٹی : کارک کی پٹی جس کی مدد سے نوسکھیے تیرتے ہیں ۔

Swimming-bladder : (n) (۱) دیکھو Swim-bladder ۔ (۲) پھلایا ہوا پھکنا جس کی مدد سے پیرتے ہیں ۔ (۳) ہوا کیسہ (پرندوں کے جسم میں) ۔

Swimming crab : (n) سمندری کیکڑے ۔

Swimming funnel : (n) سر پایوں کا ایک عضو جس کی مدد سے وہ پیچھے کی طرف پیرتے ہیں ۔

Swimming hole : (n) چشمے یاندی کا گہرا حصہ جس میں تیرتے ہیں ۔

Swimming-plate : (n) (حیوانیات) شانہ ۔

Swimming-pool : (n) شناگاہ : تیرنے کا مصنوعی تالاب ۔

Swimming-stone : (n) اسفنج کی طرح کا سنگ مروہ : اسفنجی گار : ہلکا گار ۔

Swimmingly : (adv.) (کام چلنے کے متعلق کہتے ہیں) عمدگی اور آسانی سے : بڑے مزے میں ۔

Swimmy : (a) (۱) دوران سر میں مبتلا : مائل بہ دوران سر ۔ (۲) (آنکھوں کا) دھندلاپن ۔

Swimsuit : (n) دیکھو Bathing-suit

Swinburnian : (a) [f. Algernon Charles Swimburne'.] چارلس سَون بَرن کا : اس سے یا اس کی تحریر سے متعلق ۔

Swindle : (n) (۱) فریب : دھوکا : جعل : دغابازی ۔ (۲) فریب نظر : دھوکا ۔

Swindle : (v) [Back-formation from Swindler.] (۱) فریب دینا : دھوکا دینا ۔ (۲) ٹھگنا : ٹھگ لینا : فریب دے کر لوٹنا : فریب سے اڑا لینا (رقم) ۔

Swindle sheet : (n) (عام) اخراجات کا حساب ۔

Swindleable : (a) جو آسانی سے ٹھگا جا سکے : سادہ لوح ۔

Swindler : (n) [G. 'Schwindler'.] ٹھگ : فریبی : دغاباز : جعل ساز ۔

Swindlingly : (adv.) فریب سے : دغا سے ۔

Swine : (n) [OE. 'Swin'.] (۱) سور : خوک : خنزیر ۔ (۲) لالچی آدمی : بے غیرت آدمی : ناپاک آدمی ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Swine-back : (n) محراب نما پشت ۔

Swine-backed : (n) (۱) ماہی پشت : خوک پشت ۔ (۲) (کمان) محدب طور پر خمیدہ ۔

Swine-bread : (n) (۱) سانپ کی چھتری کی قسم کی چیز جس سے کھانے کے پلیٹ سجاتے ہیں ۔ (۲) ایک طرح کا پہاڑی پھول : پنجۂ مریم : دنبلان ۔

Swine-chopped : (a) (کتا) جس کا جبڑہ باہر نکلا ہوا ہو ۔

Swine-cote : (n) سورخانہ ۔

Swine-cress : (n) ایک قسم کا صلیبیہ پودا ۔

Swine dysentery : (n) سوروں کی متعدی خونی پیچش ۔

Swine erysipelas : (n) دودھ پلانے والے جانوروں اور پرندوں کی ایک تباہ کن متعددی بیماری ۔

Swine-eyes : (n) سور جیسی آنکھیں (جو اوپر نہ اٹھائی جا سکیں) ۔

Swine-fever : (n) خنزیری بخار : ایک متعدی پھیپھڑے کی بیماری جو سوروں کو ہوا کرتی ہے : ہیضۂ خنزیران ۔

Swine-fish : (n) گرگ ماہی : ایک قسم کی خونخوار مچھلی ۔

Swine-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Swine-pipe : (n) [Origin unkn.] سرخ پر : لل پرا : طوطی اور بعض دوسری قسم کے پرند ۔

Swine-plague : (n) طاعون خنزیران ۔

Swine-pox : (n) سوروں کی ایک بیماری۔

Swine-stone : (n) اسفنجی گار ؛ ہلکا گار ۔

Swine-sty : (n) سور خانہ ۔

Swineherd : (n) [Late OE. 'Swynbyrde'.] سور پالنے والا ؛ سور کی نگہبانی کرنے والا ۔

Swinelike : (a) سور سے مشابہ ؛ خوک نما ۔

Swineman : (n) سوروں کی نشو و نما کرنے والا یا اس کا ماہر ۔

Swinery : (n) (۱) سوروں کا باڑا ۔ (۲) بے غیرتی ؛ ناپاکی ۔ (۳) سوروں کی جماعت ۔

Swine's back : (n) پہاڑ کی تنگ ماہی پشت ۔

Swine's feather : (n) نوکدار بلی یا نیزہ جو بطور ہتھیار استعمال ہوتا تھا ۔

Swine's grease : (n) سور کی چربی ۔

Swine's thistle : (n) دیکھو Sow-thistle

Swing : (n) [OE. 'Geswing', 'Swinge'.] (۱) نوبت ؛ جتنی دیر کوئی چیز عموماً رہتی ہے ۔ (۲) پوری گنجائش ؛ وسعت؛ موقع ؛ آزادی ۔ (۳) جھونٹا ؛ جنبش ؛ حرکت ؛ جھٹکا ؛ آگے پیچھے ہونا (کسی چیز کا) ۔ (۴) مسلسل قوی حرکت ۔ (۵) لوچ دار چال ؛ لپک ۔ (۶) گھمانا ؛ گھماؤ (ہتھیار یا جسم کو) ۔ (۷) جھولنا ؛ جھونٹا ؛ پینگ ۔ (۸)وہ دوری جو خراد میں دیئے جانے والی چیز کا قطر بتاتی ہے ۔ (۹) گاڑی کے پہیے باہر کی طرف جھک جانا ۔ (۱۰) مسلسل پر زور آہنگ ۔ (۱۱) جھولا ۔ (۱۲) جھولے کا اپٹا یا فاصلہ ؛ جتنی دور کوئی چیز جھولتی ہے ۔ (۱۳)رسی یا زنجیر جو کسی گاڑی کے ڈبے سے لگی رہتی ہے ۔ (۱۴) گھڑسوار جو مویشی کے گلے کی رکھوالی کرتا ہے ۔ (۱۵) جھولا پل کا متحرک حصہ ۔ (۱۶)(سیاسی نمائندہ کا) گول دورہ ؛ ایسا دورہ جو جہاں سے شروع ہو وہیں ختم بھی ہو ۔ (۱۷) جوتے کے تلے کا بیرونی خم ۔ (۱۸) برج کھیل کا ایک ہاتھ ۔ (۱۹)وقفہ ؛ مہلت ۔ (۲۰) بازو یا جسم کے کسی حصے کو جھلانا ۔ (۲۱) جاز (Jazz) رقص کی ایک رواں حرکت ۔ (۲۲) فٹ بال کا ایک کھیل ۔

Full swing : زور شور سے ؛ زوروں پر ۔

In full swing/ In the full swing of : زور شور سے ؛ زوروں پر ۔

On the swing : جھولتا ہوا ۔

Swing around the circle : کسی سیاسی مہم کے لئے گول دورہ ۔

Swing : (n) ڈرانے دھمکانے کی اس ترکیب کے ساتھ بطور صفت استعمال ہوتا ہے جو انیسویں صدی کے اوائل میں جنوبی انگلستان کے ضلعوں میں کسانوں اور مالکوں کو خط کی شکل میں بھیجا جاتا تھا اور جس پر فرضی کپتان سونگ کا دستخط ہوتا تھا۔

Swing : (v) [OE.'Swingan'.] (۱) جھولنا ؛ جھلانا ؛ لچکنا ؛ لچکانا ؛ جھومنا ؛ لٹکانا ؛ لٹکنا ؛ لٹکایا جانا ۔ (۲) گھومنا ؛ گھمانا؛ مڑنا ؛ موڑنا ۔ (۳) لپک کر چلنا ۔ (۴) جھونٹنا ۔ (۵)(مجازاً) پس و پیش کرنا ؛ مذبذب ہونا ؛ متلون ہونا۔ (۶) جھول کر ظاہر کرنا ۔ (۷) ڈمکلے سے اٹھانا ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام تک لے جانا ۔ (۸) (عام) پھانسی چڑھا دینا؛ پھانسی لگا کر مر جانا ۔ (۹)(بحری) سمت نما کے انحراف کی آزمائش کے لئے جہاز کو ہر سمت میں گھمانا ۔ (۱۰) قبضے میں رکھنا ؛ قابو میں رکھنا ۔ (۱۱) خراد پر چڑھانا ۔ (۱۲) اثر انداز ہونا (یقینی طور پر) ۔ (۱۳) Ski میں جھٹکے سے سمت بدل دینا ۔ (۱۴) تیزی سے ساز بجانا ۔ (۱۵) زندل دل اور جدید طرز کا ہونا ۔

No room to swing a cat : تل دھرنے کی جگہ نہیں ؛ محدود جگہ ؛ تنگ جگہ ۔

To swing round the circle : (۱) اجمالاً ساری بات کو کہہ دینا ۔ (۲) یکے بعد دیگرے متضاد باتوں پر یقین کرنا ؛ تھالی کا بیگن ہونا ۔ (۳) انتخابی حلقے کا دورہ کر کے تقریریں کرنا ۔

To swing the lead : بیماری کا بہانا بنانا ؛ بیماری کو طول دینا ۔

Swing : (a) (۱) اس طرح لگا ہوا کہ جھول سکے ۔ (۲) جھولے سے متعلق؛ جھولے کا ۔ (۳) مسلسل پر زور طور پر بجایا ہوا ۔ (۴)کسی ایک طرف فیصلہ کرنے والا ۔ (۵) بدلی میں کام کرنے والا ۔

Swing- : جزو ترکیبی جو مرکب الفاظ بنانے میں استعمال ہوتا ہے اور جھولا یا جھولنا کا معنی دیتا ہے ۔

Swing-back : (n) فوٹو کیمرے کی پشت جسے خواہش کے مطابق گھمایا جا سکتا ہے ۔

Swing-beam : (n) (کسی چیز کو) محور پر گھمانے یا خود گھومنے والی شہتیر ۔

Swing-bed : (n) توپ گاڑی کا متحرک وسطی حصہ ۔

Swing-boat : (n) جھولا گاڑی : کشتی کی شکل کا جھولا جو میلے وغیرہ میں بچوں کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

Swing-bridge : (n) جھولا پل : اٹھاؤ پل : متحرک پل : پل جو کسی سرے پر یا درمیان سے گھوم جاتا ھے ۔

Swing-by : (n) ایک بین سیارات مہم جس میں خلائی گاڑی اپنا راستہ بدلنے کے لئے نزدیک والے سیارے کی قوت کشش سے کام لیتی ھے ۔

Swing-cart : (n) کمانی دار گاڑی ۔

Swing credit : (n) مخصوص حدود میں غیر متوازن تجارت کی اجازت ۔

Swing devil : (n) یورپی ابابیل ۔

Swing-door : (n) دروازہ جو خود بخود بند ہو جاتا ھے : کمانی دار دروازہ : گھوم دروازہ ۔

Swing-ferry : (n) کشتی جو صرف ایک رسے اور دریا کی رو کے ذریعہ چلتی ھے ۔

Swing-front : (n) بعض فوٹوکیمرہ کا اگلا حصہ جو ایک محور پر گھومتا ھے تاکہ عدسے کو خواہش کے مطابق رکھا جا سکے ۔

Swing-gate : (n) جھولا پھاٹک : پھاٹک جو دونوں طرف کھلتا ھے اور چھوڑ دینے پر خود بخود بند ہو جاتا ھے ۔

Swing-handle : (n) دستہ جو چول پر گھومتا ھے : متحرک دستہ ۔

Swing joint : (n) نلکیوں کو جوڑنے کا ایک طریقہ جس میں جوڑے جانے والے سرے متحرک ہوتے ہیں ۔

Swing-knife : (n) تلوار کی شکل کا چوبی اوزار جس سے سَن کو پیٹ کر صاف کرتے ہیں ۔

Swing leaf : (n) کمانی دار دروازے کا ایک پٹ ۔

Swing-over : (n) رائے یا عنایت میں تبدیلی ۔

Swing-pipe : (n) تیل کی ٹنکی کی نکاس نلکی جس کو اوپر اٹھایا جا سکتا ھے (اور صرف اوپر کا تیل نکالا جا سکتا ھے) ۔

Swing-plate : (n) تختی جو محور پر گھمائی جا سکے ۔

Swing-plough : (n) معمولی ہل : بے پہیے ہل ۔

Swing port : (n) جہاز کے بالائی کنارے کا ڈھکن دار دروازہ ۔

Swing-room : (n) وہ کمرہ جس میں ڈاکخانہ کے ملازمین فرصت کے اوقات میں وقت گذارتے ہیں ۔

Swing-saw : (n) ایک قسم کا گول آرا ۔

Swing-shift : (n) (۱) چار بجے شام سے نصف شب تک کی باری ۔ (۲) وہ مزدور جو دن اور رات کی باریوں کے درمیان کام کرتے ہیں (ان ملوں میں جو چوبیس گھنٹے کام کرتی ہیں) ۔ (۳) مزدوروں کی وہ جماعت جو پورا ہفتہ کام کرتی ھے اور اس کی وجہ سے مِل کے باقاعدہ مزدوروں کو ہفتے میں ایک یا زیادہ دنوں کی چھٹی مل جاتی ھے ۔

Swing-shifter : (n) چوبیس گھنٹے چلنے والی مِل کا وہ مزدور جو چار بجے شام سے نصف شب تک کی باری میں کام کرے ۔

Swing-sickness : (n) وہ بیماری (متلی ، قے وغیرہ) جو حرکت سے پیدا ہوتی ھے (مثلاً موٹر گاڑی ، ریل ، ہوائی جہاز وغیرہ پر چلنے سے) ۔

Swing span : (n) دیکھو Swing-bridge

Swing stock : (n) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر رکھ کر سن کو کوٹتے ہیں ۔

Swing-swang : (n) جھولے کی طرح آگے پیچھے حرکت ۔

Swing-team : (n) چھ گھوڑے سے کھینچی جانے والی گاڑی کے درمیانی دو گھوڑے ۔

Swing-tool : (n) نازک چیزوں (مثلاً گھڑی کے پرزوں) پر پالش کرنے کے لئے اسے پکڑنے والا آلہ جو جھولتا رہتا ھے ۔

Swing-tree : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سن وغیرہ کو کوٹتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Swingle tree ۔

Swing-wheel : (n) گھڑیال(کلاک) کا چرخ جس کے ذریعہ رقاصۂ ساعت جھولتا ھے : گھڑی کا چرخ توازنی ۔

Swing-wing : (n) ہوائی جہاز کا بازو جسے آگے پیچھے کیا جا سکتا ھے ۔

Swing wing : (n) (ہوائی جہاز) جس کے بازو کا بیرونی حصہ تیز رفتاری کے لئے جہاز کے جسم میں جا کر لگ جاتا ھے ۔

Swingable : (a) جو جھلایا جا سکے : جو گھمایا جا سکے ۔

Swinback : (n) سیاسی جماعت میں واپس آ جانا ۔

Swinge : (n) کتے کو باندھنے کا تسمہ ۔

Swinge : (v) [Later form of ME., 'Swenge'.] خوب مارنا : اچھی طرح ٹھوکنا : دھنکنا ۔

Swinge : (v) [Perhaps alternative of Singe.] جھلسانا ۔

Swingeing : (a) بہت بڑا : زبردست ۔

Swingeing : (adv.) زیادہ تر : اکثر : عموماً : بہت : نہایت ۔

Swingeingly : (adv.) بہت زیادہ : بے حد : نہایت ۔

Swinger : (n) (۱) بہت زبردست یا مؤثر چیز ۔ (۲) بہت بڑی چیز ۔ (۳) کاری ضرب ۔

Swinger : (n) مارنے والا : اچھی طرح ٹھوکنے والا ۔

Swinging : (a) (۱) جھولنے والا ۔ (۲) تیزی اور مستعدی کی : لوچ دار (چال) ۔ (۳) لہراتی ہوئی : گنگری دار (لے ، آواز) ۔

Swinging : (n) (۱) جھولنا : لٹکنا ۔ (۲) ریڈیو کی امواج کی تعداد ارتعاش کا تغیر ۔

Swinging-boom : (n) (بحری) بادبان کے نیچے کی لکڑی جو جہاز کے اطراف میں لٹکتی رہتی ہے ۔

Swinging-bridge : (n) دیکھو Swing-bridge

Swinging motion : (n) جھول : جھولنے کی حرکت ۔

Swinging play : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں کھلاڑی ایک دوسرے کو ہاتھ یا کمر کو پکڑ کر جھلاتے ہیں ۔

Swinging post : (n) پھاٹک کا بازو (کھمبا ، ستون) ۔

Swinging ring : (n) ورزش کرنے کا حلقہ جو ایک رسے سے لٹکا رہتا ہے ۔

Swinging-tree : (n) (۱) وہ تختہ جس پر سن کو کوٹتے ہیں ۔ (۲) چھکڑے ، ہل وغیرہ کا جوا : جوت ڈنڈا ۔

Swinging-window : (n) طنابی کھڑکی ۔

Swingingly : (adv.) لہکتے ہوئے : لوچدار چال سے ۔

Swingingly : (adv.) دیکھو Swingeing

Swingle : (n) [MDU. 'Swinghel'.] (۱) تلوار کی شکل کا چوبی اوزار جس سے سن کو پیٹ کر صاف کرتے ہیں : موگری ۔ (۲) خرمن کوب کا وہ حصہ جس سے اناج کو کوٹتے ہیں۔ (۳) خرمن کوب سے مشابہ ہتھیار : سونٹا ۔ (۴) آرا سے مشابہ بیرم جو تار بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Swingle : (v) لٹکنا : جھولنا ۔

Swingle- : جزو ترکیبی بمعنی "موگری" ۔

Swingle-bar : (n) دیکھو Swinging-tree

Swingle-hand : (n) موگری (سن کوٹنے کی) ۔

Swingle-staff : (n) موگری ۔

Swingle-tree : (n) دیکھو Swinging-tree

Swingle-wand : (n) موگری (سَن کوٹنے کی) ۔

Swingling : (n) سن کو کوٹنا (صاف کرنے کے لئے) ۔

Swingling-bat : (n) سن کوٹنے کی موگری ۔

Swingling-knife : (n) دیکھو Swingling-bat

Swingling-staff : (n) دیکھو Swingling-bat

Swingling-tow : (n) بہت موٹا سن جو کوٹنے کے بعد الگ ہو جاتا ہے ۔

Swingman : (n) ان دو گھڑ سوار گلہ بانوں میں سے ایک جو گلہ کے دونوں جانب رہتے ہیں ۔

Swingy : (a) (۱) دیکھو Swinging ۔ (۲) جو پھسلنے والے پتھر کی زیادہ مزاحمت کرے (برف وغیرہ)

Swinish : (a) [f. 'Swine'.] (۱) سور کا سا : خنزیر نما : خنزیری : خوک وش : خوک صفت ۔ (۲) شہوت پرست : نفس پرست : پیٹو : بسیار خور ۔ (۳) بے ہودہ : غیر مہذب : بد تمیز : بے غیرتی کی : ناپاک ۔ (۴) (حرکت) خنزیر جیسی : غیر مہذب : حیوانی ۔ (۵) سوروں کا : سور سے مشابہ ۔

Swinishly : (adv.) بے غیرتی سے : بیہودہ طور پر ۔

Swinishness : (n) بے غیرتی : ناپاک طبیعت ۔

Swink : (n) [OE. 'Swinc'.] محنت : مشقت ۔

Swink : (v) محنت کرنا : مشقت کرنا ۔

Swinked/ Swinkt : (a) (مشقت سے) تھکا ہوا : خستہ ۔

Swinker : (n) محنت کرنے والا : مشقت کرنے والا ۔

Swinney : دیکھو Sweeny

Swipe : (n) [Var. of Sweep.] بیرم نما ڈنڈا (پانی وغیرہ اٹھانے کے لئے) ۔

Swipe : (n) (۱) زور کی ہٹ : زور کا ہاتھ ۔ (۲) لمبا گھونٹ ۔ (۳) سائیس ۔ (۴) کٹی ہوئی گھاس یا بالیوں کی قطار ۔ (۵)ماخذی مواد جو اشتہار یا ڈیزائن کی غرض سے باہر سے حاصل کیا گیا ہو ۔ (۶) ایک بول پر دوسروں کا چڑھاؤ ۔

Swipe : (v) (۱) (کرکٹ) زور کی ہٹ لگانا : ہٹ مارنا : زور سے بلا چلانا ۔ (۲) (عام) جھپٹ لینا : اٹھا کر یا چھین کر بھاگ جانا : لے بھاگنا : چرالنا : لوٹ لینا ۔ (۳) غٹ غٹ پی جانا : سڑپ جانا ۔ (۴) ڈوبی ہوئی چیز کو نکالنے کے لئے جال کی طرح تہ سے کھینچنا ۔

Swiper : (n) (۱) ہٹ لگانے والا ۔ (۲) لے بھاگنے والا ۔

Swipes : (n) [Origin unkn.] میلی : گدلی یا گھٹیا بیر (شراب) : شراب ۔

Swiple/ Swipple : (n) [f. Sweep + -els.] موگرے کا وہ حصہ جس سے کوٹ کر اناج الگ کرتے ہیں ۔

Swirl : (n) [Imitative origin.] (۱) (بھنور کا) چکر : گرداب : (ہوا کا) چکر ۔ (۲) گردش : چکر ۔ (۳) بل : پیچ : لپیٹ : گھونگھر (بال کا) : (لکڑی کی) گرہ ۔ (۴) سر یا ٹوپ کے گرد لپٹی ہوئی لٹ یا کوئی اور چیز ۔ (۵) چکر دینا ۔

Swirl : (v) (۱) (پانی کا) چکر کھانا : بھنور پڑنا ۔ (۲) گرداب میں ڈال دینا : پڑ جانا : بھنور میں ڈال دینا یا پڑ جانا ۔ (۳)دوران سر ہونا ۔

Swirlingly : (adv.) چکر کھاتے ہوئے ۔

Swirly : (a) (۱) گرہ دار : مڑوڑا ہوا ۔ (۲) چکر دار : چکر کھانے والا ۔

Swish : (n) [Imit.] (۱) سڑا کا ۔ (۲) پانی کا چھپکا ۔ (۳) چھڑی : بید : کوڑا ۔ (۴) جھاڑو دینے یا جھاڑنے کی آواز ۔ (۵)بانکپن : چھیلاپن : فیشن پرست ہونا ۔ (۶) زنانہ حرکت : (عام) مائل : ہم جنس : لوطی ۔

Swish : (a) طرحدار : ٹھاٹ کا : چھیلا بنا ہوا : فیشن ایبل : وضع دار ۔

Swish : (int. or adv.) سڑاکے سے : سڑاک سے ۔

Swish : (n) [Perhaps native name.] مغربی افریقہ میں استعمال ہونے والا دیسی گارا (عمارت میں کام آنے والا) ۔

Swish : (v) [Imit.] (۱) سڑاک سے مارنا : سڑاکے کی آواز پیدا کرنا : بید یا چھڑی سے اڑا دینا (پھول وغیرہ کو) ۔ (۲) دم پھٹکارنا ۔ (۳) سڑاک سے چلنا ۔ (۴) جھاڑی کو اس طرح پھلانگنا کہ اوپر کی ٹہنیوں کو چھوتا ہوا گذرے ۔ (۵)بید یا چھڑی سے مارنا ۔

Swish-cane : (n) پتلی چھڑی ۔

Swish-tail : (n) لمبی دم جس کو پھٹکارا جا سکے ۔

Swisher : (n) بید یا چھڑی سے مارنے والا ۔

Swishingly : (adv.) سڑاک سے ۔

Swishy : (a) (۱) سڑاکے کی آواز پیدا کرنے والا ۔ (۲) (عام) اغلام باز : مائل بہ ہم جنس ۔

Swiss : (n) [Fr. 'Suisse'.] (۱) سوئستان کا باشندہ : سوئٹزرلینڈ کا باشندہ ۔ (۲) سوئستانی کپڑا ۔ (۳) سوئستان میں بننے والی پنیر ۔

Swiss : (a) سوئستانی (سوئٹزرلینڈ کا) : سوئستان کا ۔

Swiss catchfly : (n) ایک قسم کا کمیاب مگس گیر پودا جس کے پھول سفید ہوتے ہیں ۔

Swiss cheese : (n) سوئستان میں بننے والی پنیر جس کی بناوٹ ربری ہوتی ہے اور تیاری کے دوران اس میں بڑے بڑے سوراخ بن جاتے ہیں ۔

Swiss-guard : (n) سوئستانی فوج (جو پہلے فرانس میں ملازم رکھی جاتی تھی اور پوپ کے یہاں اب بھی ہے) ۔

Swiss roll : (n) جام کی تہ لگا کر لپٹا ہوا اسفنجی کیک ۔

Swiss stone-pine : (n) دیکھو Stone-pine

Swiss sword : (n) ایك قسم کی تلوار جسے سولہویں صدی عیسوی میں سوئستانی فوج استعمال کرتی تھی ۔

Swissing : (n) سوتی کپڑوں پر استری کرنے کا ایك طریقه جس سے کپڑے چکنے ہو جاتے ہیں ۔

Switch : (n) [ME. 'Swijch'.] (۱) پتلا گاؤ دم چابك ۔ (۲) درخت کی پتلی شاخ جو کاٹ کر چھڑی کی طرح استعمال کی جائے ؛ قمچی ۔ (۳) چھڑی ؛ قمچی ۔ (۴) مصنوعی بالوں کی لٹ ۔ (۵) قینچی (جس سے ریل گاڑی ایك پٹری سے دوسری پٹری پر جاتی ہے) ؛ ریل گاڑی کا قینچی پر پٹری بدلنا ۔ (٦) سوئچ (جس سے برقی رو کا سلسله جوڑا اور توڑا جاتا ہے) ؛ بٹن ، جس کے دبانے سے روشنی جلتی بجھتی ہے ؛ کھٹکا ؛ کلید برق ۔ (۷) سمت بدلنے کی مختلف میکانکی تدبیروں کا نام ۔ (۸) قمچی سے مارنا ؛ قمچی مارنا ۔ (۹) (برج کھیل میں) بولی یا رنگ کا بدلنا ۔

Switch : (v) (۱) قمچی مارنا ؛ قمچی سے مارنا ۔ (۲) تیزی سے گھمانا ؛ پھرانا یا موڑنا ۔ (۳) جھپٹ لینا ؛ جلدی سے چھین لینا ۔ (۴)ریل کو قینچی کے ذریعه دوسری پٹری پر لانا ۔ (۵)بجلی کا بٹن دبانا ؛ روشنی جلانا یا بجھانا ؛ روکا سلسله توڑنا یا جوڑنا ۔ (٦) (مجازاً) (خیالات کا) رخ بدل دینا ؛ (گفتگو کا) موضوع بدل دینا ۔ (۷) (تاش کے کھیل برج میں) بولی بدل دینا ؛ ایك رنگ کی جگه دوسرا رنگ بولنا ۔ (۸) درخت کی پتلی شاخوں کو کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔ (۹) قمچی سے ہنکانا ۔ (۱۰) چھڑی گھمانا ؛ جھٹکے سے گھمانا ۔

Switch and spurs : (n) پوری رفتار سے ؛ فوراً ؛ بہت جلدی سے ۔

Switch-bar : (n) پٹی جو ریل کی قینچی میں یا برقی آلات میں لگی رہتی ہے ۔

Switch-box : (n) سوئچ کا ڈبه ۔

Switch-cane : (n) جنوبی امریکا کی ایك گھاس جو نم علاقوں میں اگتی ہے ۔

Switch engine : (n) ریل کی قینچی کے ذریعه دوسری پٹری پر لانے والا انجن ۔

Switch-gear : (n) (برقیات) سامان بٹن کاری ؛ سوئچ گیرہ ۔

Switch-grass : (n) ایك قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تك پھیلی رہتی ہیں ؛ دوب ۔

Switch-hit : (n) (بیس بال میں) داہنے ہاتھ سے پھینکی گئی گیند کو بائیں ہاتھ سے اور بائیں ہاتھ سے پھینکی گئی گیند کو داہنے ہاتھ سے کھیلنا ۔

Switch hitter : (n) (بیس بال) وہ کھلاڑی جو دونوں ہاتھ سے بلے بازی کر سکتا ہے ۔

Switch-hook : (n) ہك جس میں حاجز دسته لگا رہتا ہے اور بجلی کے سلسلے کو توڑنے والی سوئچ میں لگا رہتا ہے ۔

Switch-horn : (n) (۱) بارہ سنگھے کا سینگ جس میں شاخ نه پھوٹی ہو ۔ (۲) بے شاخ سینگ والا بارہ سنگھا ۔

Switch-key : (n) (ہاتھ سے لگائی اور نکالی جانے والی) ریلوے کی قمچی کی کنجی ۔

Switch-knife : (n) کمانی دار چاقو (جو کھٹکا دبانے سے خودبخود کھل جاتا ہے) ۔

Switch-lamp : (n) لیمپ جس کے ذریعے یه دکھاتے ہیں که آیا قینچی لگی ہوئی ہے یا نہیں ۔

Switch-lever : (n) بیرم جو سوئچ یا بٹن کاکام دیتا ہے ؛ سوئچ لیور ۔

Switch line : (n) دفاعی فوجی مورچه جو محاذ سے ترچھا ہوتا ہے اور دوسرے دفاعی محاذوں سے رابطه رکھتا ہے ۔

Switch lock : (n) (ریل کی) قینچی کا تالا (جس سے قینچی ریل کے گزرنے کے دوران اپنی جگه پر رہتی ہے) ۔

Switch-man : (n) (۱) سوئچ مین ؛ قینچی والا (جو ریل کی پٹری کی قینچی لگاتا اور ہٹاتا ہو) ۔ (۲) ٹیلیفون یا تلغراف کے مرکزی دفتر کا مستری ۔ (۳) دیکھو Switcher ۔

Switch-plate : (n) سوئچ بکس کا وہ پتر جس سے سوئچ باہر نکلا رہتا ہے ۔

Switch-plug : (n) برقی آلات میں لگانے کا پرزہ جس میں کلید اتصال اور سوئچ دونوں ہوتے ہیں ۔

Switch-position : (n) دیکھو Switch-line

Switch-rail : (n) (ریل کی) قینچی ۔

Switch-room : (n) وہ کمرہ جس میں سوئچ رہتا ہے ۔

Switch-signal : (n) قینچی سگنل ؛ سوئچ سگنل ؛ جھنڈا ۔

Switch-tail : (n) (۱) مچھلیوں کی بعض قسمیں ۔ (۲) لمبی دم جسے

پھنکارا جا سکے ۔

Switch-tower : (n) چھوٹا مینارہ جس پر سے ریل کی قینچی یا جھنڈے کی نگرانی کی جاتی ھے ۔

Switchback : (a) (۱) ڈھلوان پر جانے والی اس ریلوے پٹری سے متعلق جس کی ٹیڑھی میڑھی پٹریاں قینچی کے ذریعہ ملی رہتی ہیں اور ہر قینچی پر ریل یا ڈبے کو پیچھے کیا جاتا ھے ۔ (۲)اس ریل لائن سے متعلق جس میں نوبتی پٹریاں اوپر جانے اور نیچے آنے کی رہتی ہیں اور جس پر ریل گاڑی قوت ثقل کے ذریعے چلتی ھے اور بلندی سے یکایک نیچے آتی ھے اور اسی کے زور سے اوپر چڑھ جاتی ھے ۔

Switchback : (n) (۱) لہر دار پٹری : لہریا پٹری (جس کے ذریعے سے ریل پہاڑ پر چڑھتی ھے) ۔ (۲) کلا پٹری : کلا ریل (میلوں وغیرہ کی تفریحی ریلوے جس میں گاڑی بلندی سے یکایک نیچے آتی ھے اور اسی کے زور سے اوپر چڑھ جاتی ھے) ۔

Switchback : (v) کلا ریل پر چڑھنا یا جانا : ٹیرھے میڑھے جانا ۔

Switchbacker : (n) کلا ریل پر چڑھنے والا ۔

Switchblade / -knife : (n) دیکھو Switch-knife

Switchboard : (n) سوئچ بورڈ : کھٹکا دان : بٹن تختہ (جس پر متعدد بجلی کے قمقموں ، پنکھے وغیرہ کے لئے بٹن لگے رہتے ہیں) ۔

Switched : (a) گڈمڈ : ابتر : پریشان ۔

Switchel : (n) [Origin unkn.] ایک مشروب جو راب اور پانی سے بنتا ھے اور بعض اوقات اس میں سرکہ ، ادرک یا رم شراب ڈال دی جاتی ھے ۔

Switcher : (n) (۱) قینچی والا : سوئچ مین (جو ریل کی پٹری کی قینچی لگاتا اور ہٹاتا ھے) ۔ (۲) دیکھو Switch-engine. (۳) تیل کی کان کا وہ آدمی جو تیل کے کنویں سے ٹنکی میں بھرے جانے والے تیل کو کنٹرول کرتا ھے ۔ (۴)ٹیلیویژن کا وہ ماہر فن جو اس مشین کو چلاتا ھے جو تصویروں کو کاٹتی ، دھندلا بناتی اور اس کی چمک کو ٹھیک رکھتی ھے ۔

Switcheroo : (n) رخ بدلنا (خیالات ، حرکات یا گفتگو کا) ۔

Switching : (n) (برقیات) جوڑ توڑ ۔

Switching angle : (n) (گولا اندازی) فائر کے درمیان کا زاویہ جبکہ توپ نشانے کی بائیں جانب ہو ۔

Switching engine : (n) دیکھو Switch-engine

Switching limits : (n) ریل کے آخری اسٹیشن کے علاقے کا احاطہ ۔

Switching locomotive : (n) دیکھو Switch-engine

Switchkeeper : (n) ریل کی پٹری کے سوئچوں یا کلوں کی دیکھ بھال/ نگہبانی کرنے والا : ریل کی پٹری کے سوئچوں کو وقت پر گرانے والا یارڈمین ۔

Switchover : (n) تبدیلی ۔

Switchyard : (n) (۱) وہ جگہ جہاں ریل کی پٹری قینچی کے ذریعہ بدلی جاتی ھے ۔ (۲) بجلی گھر کا وہ محصور خطہ جس میں سوئچ گیرے ہوتے ہیں ۔

Swith/ Swiths : (adv.) [OE.] فوراً : فی الفور : جلدی سے ۔

Swither : (v) [Origin unkn.] پس و پیش کرنا : ہچکچانا :مذبذب ہونا : تامل کر ۔

Swither : (n) (۱) تامل : پس و پیش : تذبذب : تلون ۔ (۲) بے چینی : اضطراب : پریشانی ۔

Swither : (v) زن زن کی آواز : دوڑ : جھپٹ : ہلا ۔

Switzer : (n) [MHG.] دیکھو Swiss

Switzer : (a) دیکھو Swiss

Swive : (v) [ME. 'Swiven'.] مجامعت کرنا : ہم بستری کرنا : مباشرت کرنا ۔

Swivel : (n) [OE.'Swifan'.] (۱) چول چھلا (چول پر گھومنے والا چھلا جس سے دو چیزوں کو اس طرح جوڑتے ہیں کہ ان میں‌سے ایک دوسرے کے بغیر گھوم سکے) ۔ (۲) توپ کا ٹیک جو محور پر گھومتا ھے ۔ (۳) Swivel-gun کا مخفف ۔ (۴) فیتہ بنانے والی مشین کا چھوٹا نال ۔

Swivel : (v) (۱) چول چھلے پر گھومنا یا گھمانا ۔ (۲) چول چھلا لگانا ۔

Swivel bridge : (n) دیکھو Swing-bridge

Swivel chair : (n) کرسی جس کی نشست چول پر گھومتی ھے ۔

Swivel-eye : (n) بھینگاپن : چشم لوچ : بھینگی آنکھ ۔

Swivel eyed : (a) بھینگا : احول ۔

Swivel-gun : (n) چھوٹی بندوق یا توپ جو چول چھلے پر لگی رہتی ھے

اور افقی طور پر کسی سمت بھی گھوم سکتی ہے ۔

Swivel-hip : (v) چوتڑ گھما کر چلنا یا مڑنا ۔

Swivel-hook : (n) چول چھلے پر گھومنے والا آنکڑا ۔

Swivel-joint : (n) چول چھلا دار جوڑ ۔

Swivel-saw : (n) شاخ تراش آرا (جس کے پھل کو ڈھیلا کر کے زاویہ قائمہ پر لگایا جا سکتا ہے) ۔

Swivel-shuttle : (n) فیتہ وغیرہ بنانے کی مشین کا نال ۔

Swivel-table : (n) خراد وغیرہ کا ٹیبل جو چول چھلے پر گھومتا ہے ۔

Swivel-union : (n) مشین کے پرزوں کا ایک طرح کا جوڑ یا اتصال جس کی وجہ سے پرزے گھومتے ہیں ۔

Swivel weaving : (n) چول دار کھڈی پر بُنائی۔

Swivet : (n) [Origin unkn.] سخت پریشانی : اضطراب ۔

Swiz/ Swizz : (n) [Origin unkn.] دیکھو Swindle

Swizzle : (n) [Origin unkn.] مرکب جو کئی شرابوں سے یا شراب میں کچھ اور چیزیں ملا کر تیار کرتے ہیں ۔

Swizzle : (v) (۱) کثرت سے شراب نوشی کرنا ۔ (۲) Swizzle-stick سے چلانا یا گھوٹنا ۔

Swizzle-stick : (n) برش نما سرے کی ڈنڈی جس سے جھاگ اٹھاتے ہیں (شراب وغیرہ میں) ۔

Swizzler : (n) شراب کا مرکب بنانے والا : خصوصاً دیکھو Swizzle-stick .

Swob : دیکھو Swab

Swollen : (a) [f. 'Swell'.] (۱) پھولا ہوا : متورم : سوجا ہوا ۔ (۲) بڑھا ہوا (مقدار یا درجے میں) ۔ (۲) متکبر : مغرور ۔ (۳) (زبان) لفاظانہ : جس میں لفاظی یا بے جا عبارت آرائی ہو ۔

Swollen estimates : (n) بہت زیادہ تخمینہ ۔

Swollen head : (n) تکبر : بیجا غرور ۔

Swollen-headed : (a) متکبر : بیجا مغرور ۔

Swollen oratory : (n) طمطراق کی خطابت ۔

Swoon : (n) [ME. 'Swowenen, Swouhen'.] دیکھو Sound

Swoon : (v) (۱) غش آ جانا : بے ہوش ہو جانا ۔ (۲) بتدریج کم ہوتے ہوئے غائب ہو جانا : رفتہ رفتہ ڈوب جانا ۔ (۳) (مجازاً) نہایت درجہ خوش ہونا : حالت وجد طاری ہو جانا ۔ (۴) بے ہوش کر دینا ۔

Swooned : (a) بے ہوش ۔

Swooner : (n) بے ہوش کرنے والا ۔

Swooning : (n) غشی : بے ہوشی ۔

Swooning : (a) بے ہوش ہو جانے والا : غش کھا جانے والا ۔

Swooningly : (adv.) بے ہوش ہو کر : غش کھاتے ہوئے ۔

Swoop : (n) (۱) گرنا : جھپٹ : جھپٹنا (شکاری پرندوں کا) : خطف ۔ (۲) ہلا : حملہ : چڑھائی ۔ (۳) غوطہ ۔ (۴) جھپٹا : چیل جھپٹا : حملہ جس میں بہت سی چیزیں چھین لی جائیں۔

At one (fell etc.) swoop : ایک ہی چیل جھپٹے میں : ایک ہی وار میں ۔

Swoop : (v) [ME. 'Swope'.] (۱) گرنا : جھپٹ کر نیچے آنا (چیل وغیرہ کی طرح) ۔ (۲) ٹوٹ پڑنا : حملہ کرنا ۔ (۳) (بول چال) جھپٹ لینا : ایک ہی وار میں چھین لینا ۔ (۴) اترنا : نیچے آنا ۔ (۵) خط ہلالی بنانا ۔ (۶) چوس لینا : کھینچ لینا : جذب کر لینا ۔

Swooper : (n) جھپٹا مارنے والا : حملہ کرنے والا ۔

Swoosh : (v) [Imitative.] (۱) پر شور آواز پیدا کرنا ۔ (۲) پر شور اوزار کے ساتھ چلنا یا لے جانا ۔ (۳) گرداب بننا : چکر کھانا ۔

Swoosh : (n) (۱) پر شور آواز ۔ (۲) پر شور آواز کے ساتھ چلنا ۔

Swop : دیکھو Swap

Sword : (n) [OE. 'Sweord'.] (۱) تلوار : شمشیر : سیف ۔ (۲) (فوج) سنگین ۔ (۳) (مجازاً) سبب موت یا ہلاکت : روحانی حربہ یا ہتھیار ۔ (۴) شمشیر زنی : قتل : جنگ : فوجی قوت یا طاقت ۔ (۵) علامت انصاف : طاقت : حلقۂ اختیار ۔ (۶) تلوار سے مشابہ چیز ۔ (۷) تلوار کی شکل کے بعض میکانکی اوزار ۔ (۸) کتار مچھلی کی نکلی ہوئی جبڑے

کی ہڈی۔ (۹) تلوار کی شکل کی روشنی یا کرن۔

At sword's point : دشمنی سے؛ مخالفانہ؛ معاندانہ طور پر۔

Cavalry sword : تلوار جس کی نوک خمدار ہوتی ہے۔

Court sword/ Dress- : تلوار جو درباری لباس پر لگاتے ہیں۔

The power of the sword : فوجی قوت یا طاقت۔

The sword of justice : عدل کی شمشیر؛ عدالت۔

The sword of the spirit : کلام الہٰی؛ خدا کا کلام۔

To draw the sword : لڑائی چھیڑنا؛ جنگ شروع کرنا۔

To put to the sword : تہِ تیغ کر دینا؛ قتل کر دینا۔

To sheathe the sword : لڑائی بند کرنا؛ جنگ ختم کرنا۔

To throw one's sword in to the scale : کسی شخص کی یا کسی مقصد کی حمایت میں تلوار اٹھانا۔

Sword : (v) (۱) تلوار سے لیس کرنا۔ (۲) تلوار سے مارنا۔

Sword-and-buckler : (a) تلوار اور سپر سے لیس؛ تلوار اور سپر سے متعلق۔

Sword-arm : (n) (۱) سیدھا ہاتھ؛ دایاں ہاتھ۔ (۲) فوجی قوت۔

Sword-bayonet: (n) قبضہ دار سنگین۔

Sword-bean : (n) یورپ کا ایک بل دار پودا جس میں لمبی لمبی پھلیاں ہوتی ہیں اور وہ کھائی جاتی ہیں۔

Sword-bearer : (n) (۱) تیغ بردار (جو جشن وغیرہ کے موقع پر بادشاہ کی یا کسی اور بڑے آدمی کی تلوار لے کر آگے چلتا ہے)۔ (۲) برطانیہ کا وہ افسر جو جشن وغیرہ کے موقع پر بلدیاتی افسر کے سامنے تلوار لے کر چلتا ہے۔ (۳) پولینڈ کے نائٹوں کی ایک جماعت۔

Sword-belt : (n) پرتلا؛ ذاب۔

Sword-blade : (n) تلوار کا پھل۔

Sword-cane : (n) گھپتی (چھڑی جس کے اندر پتلی تلوار چھپی رہتی ہے)۔

Sword-cut : (n) تلوار کا زخم۔

Sword-dance : (n) تلوار کا ناچ؛ وہ ناچ جس میں ناچنے والا تلوار ہاتھ میں لے کر گھماتا ہے یا عورتیں مردوں کی تلواروں کے حلقے میں ناچتی ہیں یا ناچنے والا تلواروں پر قدم رکھتا ہوا گذرتا ہے۔

Sword-dancer : (n) تلوار کا ناچ ناچنے والا۔

Sword-dancing : (n) تلوار کا ناچ۔

Sword fern : (n) ایک قسم کا سرخس جس کا ورق شمشیر نما ہوتا ہے۔

Sword-flag : (n) ایک قسم کا پھولدار درخت؛ سوسن زرد۔

Sword-grass : (n) بعض قسم کے پودے جن کی پتیاں تلوار کی طرح تیز ہوتی ہیں۔

Sword-hand : (n) سیدھا ہاتھ؛ دایاں ہاتھ۔

Sword-knot : (n) (۱) چمڑے کا تسمہ جو تلوار کے دستے میں لگا رہتا ہے تاکہ تلوار ہاتھ سے چھوٹ نہ سکے۔ (۲) تلوار کے دستے کا آرائشی تسمہ۔

Sword-law : (n) فوجی حکومت؛ تلوار کی حکومت۔

Sword-leaved : (a) تلوار نما پتیوں والا۔

Sword-lily : (n) ایک پھولدار درخت جس کے پتے تلوار کی شکل کے ہوتے ہیں۔

Sword-mat : (n) (بحری) مضبوط دبیز چٹائی جو رسوں کو رگڑ سے بچانے کے لئے لگائی جاتی ہے۔

Sword-matting : (n) دیکھو Sword-mat

Sword of damocles : (n) آنے والی مصیبت؛ شامت۔

Sword-plant : (n) پودوں کی ایک جنس۔

Sword-play : (n) (۱) شمشیر بازی۔ (۲) چوٹیں (جو بحث میں چلتی ہیں)۔

Sword-proof : (a) تلوار روک۔

Sword-sedge : (n) آسٹریلیائی سیج۔

Sword-service : (n) فوجی خدمت جو غلام اپنے آقا کو دیتا ہے۔

Sword-shaped : (a) سیفی ۔

Sword-side : (n) پدری نسب ۔

Sword-stick : (n) دیکھو Sword-cane

Sword-sucker : (n) کیلے کے درخت کی جڑ ۔

Sword-swallower : (n) کرتب دکھانے والا جو تلوار کو نگل جانے کا تماشا دکھلاتا ھے ۔

Sword-tail : (n) (۱) شاہ سرطان ۔ (۲) متعدد قسم کے چھوٹے کیڑے جو جنگل میں درختوں پر پائے جاتے ہیں ۔ (۳)ایک قسم کی مچھلی ۔

Sword-taker : (n) قاتل : خونی ۔

Sword-weed : (n) سنا : ایک مشہور مسہل دوا ۔

Sword-whale : (n) ایک قسم کی وہیل مچھلی ۔

Swordbill : (n) جنوبی امریکا کا ایک پرندہ جس کے اڑتے وقت پروں میں سے غنغناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ھے ۔

Sworded : (a) (۱) تلوار سے لیس ۔ (۲) جس کا کچھ حصہ تلوار سے مشابہ ہو ۔

Sworder : (n) (۱) تلوار سے قتل کرنے والا : قاتل : خونی : پیشہ ور تیغ زن ۔ (۲) تیغ زن : شمشیر بازی کا ماہر ۔

Swordfish : (n) (۱) کنار مچھلی : خار ماہی (بحر اوقیانوس یا بحیرۂ روم کی مچھلی جس کے اوپر کے گلپھڑے آگے کو نکلے ہوتے ہیں اور دوسری مچھلیوں کو یا جہاز کی لکڑی کو چھید ڈالتے ہیں) ۔ (۲) (علم النجوم) سملۂ سیافہ : خار ماہی ۔ (۳) ایک قسم کی پیراکی جو اوندھ کر اور پیٹھ کو خمدار بنا کر کی جاتی ھے اور جس میں سر اور ایک ٹانگ پانی سے اوپر ہوتی ھے ۔

Swordfisherman : (n) خار ماہی کا شکار کرنے والا ۔

Swordfishing : (n) خار ماہی کا شکار ۔

Swording : (a) حربی : جنگی : جنگ جویانہ ۔

Swordless : (a) بے تلوار کا : بے شمشیر ۔

Swordlike : (a) تلوار نما : شمشیر نما ۔

Swordman : (n) (۱) دیکھو Swordsman ۔ (۲) تلوار سے لڑنے والا سپاہی : تلوار بردار فوج ۔ (۳) سپاہی : سورما ۔

Swordsman : (n) (۱) شمشیر بازی کا ماہر : تیغ زن ۔ (۲) سپاہی : فوجی آدمی ۔

Swordsmanship : (n) تیغ زنی : شمشیر بازی ۔

Swordswoman : (n) تیغ زن عورت ۔

Swore : دیکھو Swear

Sworl : Swirl کا متبادل ۔

Sworn : (a) (۱) حلفیہ : حلف اٹھائے ہوئے ۔ (۲) مستقل : مصمم : پکا ۔ (۳) جس کی تقریری حلف اٹھا کر کی گئی ہو ۔ (۴)حلفیہ وعدہ کرنے والا : جس کے لئے حلف اٹھایا گیا ہو ۔

Sworn brother : (n) (۱) ان دو ہمسفر سپاہیوں میں سے کوئی ایک جنہوں نے اچھے برے میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کا حلف لیا تھا ۔ (۲) جگری دوست : رفیق سفر ۔

Sworn enemy : (n) کٹر دشمن : صریح دشمن ۔

Sworn foe : (n) دیکھو Sworn enemy

Sworn friend : (n) دیکھو Sworn-brother

Sworn man : (n) (۱) وہ شخص جو کسی منصب یا دفتر کے لئے حلف اٹھائے ہو ۔ (۲) غلام ۔

Swot/ Swat : (n) [Var. of Sweat.] (۱) (اسکول کا عامیانہ) کالج یا اسکول کی پڑھائی : رٹائی : گھٹائی ۔ (۲) (قدیم) ریاضی ۔ (۳) محنت : مشقت : سخت محنت کا کام ۔ (۴)زیادہ پڑھنے والا ۔

Swot/ Swat : (v) سخت محنت کرنا : گھوٹنا : رٹنا : بے حد محنت سے مطالعہ کرنا ۔

Swot up : (v) گھونٹ ڈالنا (کسی مضمون کو) ۔

Swotter : (n) بہت پڑھنے والا : رٹو : رٹنے والا ۔

Swound : (n) [Later form of 'Swoune'.] غشی : غش : بیہوشی ۔

Swound : (v) بیہوش ہو جانا ۔

Swow : دیکھو Sough

Swow : (v) قسم کہانا ۔

Swrench : (n) سنسی جس کا دستہ S کی طرح ہوتا ہے ۔

Swum : دیکھو Swim

Swung : دیکھو Swing

Swy : (n) [G. 'Zwei'.] ایک قسم کا جوا ۔

-sy : اسم مصغر بنانے کا آخری جز ۔

Sy : -Syn ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات سے پہلے لگایا جاتا ہے : (۱) جن کے شروع میں "S" اور "S" کے بعد حرف صحیح ہو ۔ (۲) جن کے شروع میں "Z" ہو ۔

Syagush : (n) [Pers. 'Siyah gush'.] سیاہ گوش : قراقل ۔

Sybarite : (n) [L. 'Sybarita'.] سباری : سباریس کا باشندہ : اطالیہ میں قدیم یونان کی ایک نو آبادی تھی جس کے باشندے عیش پرستی میں مشہور تھے ۔ (۲) عیش پرست شخص؛ عیش کا بندہ ۔

Sybarite : (a) (۱) سباری ۔ (۲) عیش پرست : عیش پرستانہ : عیاش ۔

Sybaritic : (a) دیکھو Sybarite

Sybaritically : (adv.) عیش پرستی سے ۔

Sybaritish : (a) دیکھو Sybaritic

Sybaritism : (n) عیش پرستی : عیاشی ۔

Sybil : (غلطی سے) "Sibyl" کی جگہ لکھا جاتا ہے ۔

Sycamine : (n) [L. 'Sycaminus'.] سیاہ شہتوت : شاہ توت ۔

Sycamore/ Sycomore : (n) [OFr. 'Sic(h)amor'.] (۱) ایک قسم کا انجیر جو مصر و شام میں ہوتا ہے : جمیز ۔ (۲) ماپل کی ایک بڑی قسم ۔ (۳) شمالی امریکا کا ایک درخت : اس درخت کی لکڑی ۔ (۴) Sycamore-moth کا مخفف ۔

Sycamore-fig : (n) انجیر کا درخت ۔

Sycamore-maple : (n) بڑی قسم کا ماپل : چناری افزا ۔

Sycamore-moth : (n) ایک قسم کا پروانہ جو راتوں کو نکلتا ہے ۔

Sycamore-tree : (n) (۱) درخت انجیر ۔ (۲) بڑی قسم کا ماپل ۔ (۳) شمالی امریکا کا ایک درخت ۔

Syce : (n) [Arab. 'Sais, Sayis'.] سائیس ۔

Sycee : (n) [Chinese 'Si'.] خالص چاندی کے ڈلے جن پر بینک وغیرہ کی مہر ہوتی ہے : چین میں روپے کی طرح چلتے ہیں مگر وزن کے حساب سے ۔

Sycetta : (n) [L.] زمانہ قدیم کا ایک قسم کا اسفنج ۔

Sychnocarpous : (a) [Gr. 'Sychnos' + 'Karpos' + '-ous'.] (۱) سدا ثمرہ : جس میں متعدد برسوں تک پھل آئیں ۔ (۲) سدا بہار ۔

Sycoceric : (a) [Gr. 'Syken' + 'keros' + ic.] ایک آسٹریلیائی جنس کی انجیر کے مومی گوند سے متعلق یا اس سے بنایا ہوا ۔

Sycoceric acid : (n) ایک قسم کا بلوری مرکب ۔ ($C_{18} H_{28} O_2$)

Sycoceryl : (n) Sycoceric مرکب کا فرضی اصلیہ ۔

Syconium : (n) [Gr. 'Sycon' + ium.] انجیریہ : گودیے دار پھل جس کے بیج ایک کھوکھلے خول کے اندر ہوتے ہیں ۔

Syconus : (n) دیکھو Syconium

Sycophancy : (n) [L. 'Sycophantia'.] (۱) خوشامد : چاپلوسی : کاسہ لیسی ۔ (۲) بدنامی : رسوائی : ہتک عزت : بدگوئی؛ چغل خوری ۔

Sycophant : (n) [Fr. 'Sycophante' or L. 'Sycophante'.] (۱) خوشامدی : چاپلوس : کاسہ لیس ۔ (۲) چغل خور : رسوائی کرنے والا ۔

Sycophant : (a) (۱) خوشامدانہ : خوشامد کا : چاپلوسی کا ۔ (۲) مفسد؛ بدگو : افترا پرداز ۔

Sycophantic : (a) دیکھو Sycophant

Sycophantically : (adv.) خوشامدانہ طور پر : چاپلوسی سے ۔

Sycophantish : (a) خوشامدانہ : چاپلوسی کا ۔

Sycophantishly : (adv.) خوشامدانہ طور پر : چاپلوسی کے ساتھ ۔

Sycophantism : (n) بدگوئی : افترا پردازی : چغل خوری ۔

Sycophantize : (v) (شاذ) خوشامد کرنا : چاپلوسی کرنا ۔

Sycophantly : (adv.) دیکھو Sycophantically

Sycosis : (n) [Gr. 'Sykosis'.] انجیریہ : ایک طرح کی خارش جو سر میں یا چہرے کے اس حصے میں جہاں داڑھی ہوتی ہے پیدا ہو جاتی ہے : جرب الحلق (اسے Barber's itch بھی کہتے ہیں) ۔

Sydeham's choreas : (n) بچوں کی ایک بیماری : ام الصبیان ۔

Sydenham's laudanum : (n) (۱) ایک قسم کی افیم آمیز شراب ۔ (۲) افیم کا صبغہ جس میں زعفران ملا رہتا ہے ۔

Sydney blue gum : (n) آسٹریلیا کا ایک بڑا درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Sydneyite : (n) سیڈنی (آسٹریلیا) کا باشندہ ۔

Sydnite : (n) [Fr.] سائینہ : ایک قسم کی قلمی قلوی چٹان جو آتش فشاں مادے سے ملتی ہے اور جس میں سنگ مروہ یا تو بہت کم ہوتا ہے یا بالکل نہیں ہوتا : سرخ سنگ خارا ۔

Syenitic : (a) سائینہ سے متعلق : سائینی ۔

Syenodiorite : (n) ایک قسم کی آتشیں چٹان ۔

Syenogabbro : (n) ایک قسم کی آتشیں چٹان ۔

Syke : دیکھو Sike

Syl : (n) -Syn ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات سے پہلے آتا ہے جو "L" سے شروع ہوتے ہیں ۔

Sylaba anceps : (n) [L.] کسی جملے یا مصرع کا آخری ہجا ۔

Syllabarium : (n) [mod. L.] ارکان تہجی : ان زبانوں کی الف ب جن میں مفرد حروف کی جگہ ارکان ہوتے ہیں : ہجاؤں کا سیٹ ۔

Syllabary : (n) [mod. L. 'Syllabarium'.] دیکھو Syllabarium

Syllabic : (a) [Fr. 'Syllabique' or late or med. L. 'Syllabicus'.] (۱) رکنی : رکن تہجی کا : ہجائی : رکنی ۔ (۲) رکن کی آواز رکھنے والی : رکنی (علامت ، حرف) ۔ (۳) (جس کا) ایک ایک رکن الگ الگ کیا جائے ۔

Di-syllabic : دو رکنی ۔

Mono-syllabic : یک رکنی ۔

Quadri-syllabic : چہار رکنی ۔

Tri-syllabic : سہ رکنی ۔

Syllabic : (n) (۱) ہجائی علامت : رکنی نشان ۔ (۲) ہجا کی آواز ۔

Syllabic augment : (n) دیکھو Augment

Syllabically : (adv.) (۱) رکن تہجی کے مطابق : اس طریقے سے کہ حرف یا علامت رکن کی آواز رکھتا ہو ۔ (۲) ارکان الفاظ کے لحاظ سے ۔ (۳) (لفظ کا) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرتے ہوئے ۔

Syllabicate : (v) [med. L. 'Syllabicatio'.] (۱) ارکان تہجی میں تقسیم کرنا (لفظ کو) : ہجاؤں میں منقسم کرنا ۔ (۲) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرنا ۔

Syllabication : (n) (۱) تقسیم ارکان تہجی : تقسیم ہجا ۔ (۲) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرنا یا کیا جانا ۔

Syllabicity : (n) ہجا بننے یا بنانے کی صلاحیت ۔

Syllabicness : (n) ہجا بننے کی صفت ۔

Syllabification : (n) (۱) تقسیم ارکان تہجی : تقسیم ہجا ۔ (۲) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرنا یا کیا جانا ۔

Syllabify : (v) دیکھو Syllabicate

Syllabism : (n) (۱) ہجائی علامتوں کا استعمال ۔ (۲) ہجاؤں میں تقسیم : ارکان تہجی میں تقسیم : ہجے بندی ۔

Syllabize : (v) دیکھو Syllabicate

Syllable : (n) [AFr. 'Sillable'.] (۱) رکن تہجی : ہجا : رکن : لفظ کا وہ ٹکڑا جو ایک بار میں ادا ہو سکے : بول ۔ (۲) یک ہجائی لفظ ۔ (۳)(مجازاً) ایک لفظ : ایک حرف ۔ (۴)(تقریر یا تحریر کا) مختصر ترین حصہ : ذرہ : کسی چیز کا مختصر ترین حصہ ۔ (۵) دیکھو Syllable-name.

Syllable : (v) بولنا : زبان سے ادا کرنا : لفظ کا ایک ایک ہجا الگ الگ ادا کرنا : صاف صاف بولنا ۔

Syllable name : (n) سرگم کے اصول میں کسی سُر کا نام ۔

Syllabub/ Sillabub : (n) [Origin unkn.] (۱) دودھ اور شراب کا مشروب ۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ یا کریم میں انڈے کی سفیدی ملا کر اسے خوب پھینٹ کر بناتے ہیں اور جس میں شراب ملا دیتے ہیں ۔

Syllabus : (n) [mod. L.] (۱) خاکہ (لیکچر وغیرہ کا) : خلاصہ : لب لباب : موجز ۔ (۲) نصاب تعلیم : مفصل نصاب ۔ (۳)(رومی کلیسا) پوپ کی مجلس کے فیصلوں کا خلاصہ ۸۵ عقائد ممنوعہ کی فہرست جو ۱۸۶۵ء میں شائع کی گئی تھی ۔

Syllabus of errors : (n) (رومی کلیسا) پوپ کی مجلس کے فیصلوں کا خلاصہ ۔

Syllepsis : (n) [Gr. 'Syllapsis'.] (۱) (فن بدیع) استخدام : ایک لفظ کا جملے میں دو مختلف الفاظ سے متعلق ہونا دو مختلف معنوں میں : مطابقت معنوی ۔ (۲) ایک لفظ کا جملے میں دو مختلف لفظوں سے متعلق ہونا جس میں ایک کے لئے صرف و نحو کی رو سے مناسب ہو دوسرے کے لئے نہ ہو ۔

Sylleptic/ -al : (a) استخدامی ۔

Sylleptically : (a) استخدام کے طور پر ۔

Syllid : (a) چند خاری کیڑوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Syllid : (n) چند خاری کیڑے ۔

Syllidae : (n) [mod. L.] چند خاری پیراک کیڑوں کی ایک جنس ۔

Syllidian : (n & a) دیکھو Syllid

Syllis : (n) (۱) چند خاری کیڑوں کی جنس نموذجی ۔ (۲) چند خاری کیڑوں کی جنس نموذجی کا کوئی کیڑا ۔

Syllogism : (n) [Late ME. 'Silogisme'.] (۱) (منطق) قیاس : قیاس منطقی : صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنا ۔ (۲)(مجازاً) دلیل یا کوئی چیز جسے طنزاً یا مزاحاً ایسا کہا جائے : بظاہر صحیح : دلیل ۔ (۳) فوری نتیجہ ۔

Assertory syllogism : قیاس مطلقہ ۔

Catogorical syllogism : قیاس قطعیہ ۔

Dilemma syllogism : قیاس فتحمل ضدین ۔

Disjunctive syllogism : قیاس منفصلہ ۔

Enthymene syllogism : قیاس مستوی الرکن ۔

False syllogism : قیاس کاذب : قیاس مع الفارق : ایسا قیاس جس میں صغریٰ اور کبریٰ کے درمیان صحیح حد وسط نہ ہو : غلط قیاس ۔

Hypothetical syllogism : قیاس فرضیہ ۔

Mixed syllogism : قیاس مخلوط ۔

Necessary syllogism : قیاس ضروریہ ۔

Probable syllogism : قیاس احتمالیہ ۔

Pure syllogism : قیاس خالص ۔

Syllogist : (n) قیاسی دلیل کرنے والا : قیاسی دلیل کا ماہر ۔

Syllogistic : (a) قیاسی : قیاس منطقی کا ۔

Syllogistic : (n) (۱) (منطق) قیاسیات ۔ (۲)قیاسی توجیہ : استدلال ۔

Syllogistically : (adv/.) قیاساً : قیاس منطقی کی رو سے ۔

Syllogize : (v) [OFr. 'Sil (l)oriser'.] (۱) قیاس منطقی سے کام لینا ۔ (۲) استدلال یا واقعات کو قیاس منطقی کی صورت میں ترتیب دینا ۔

Syllogizer : (n) قیاس منطقی سے کام لینے والا ۔

Sylph : (n) [mod. L. 'Sylphes'.] (۱) ہوا کی دیوی : روح ہوا : ہوا کی پری : ہوا پری ۔ (۲) (مجازاً) نازک اندام لڑکی : دھان پان لڑکی : پری ۔ (۳) ایک پرند جس کی دم لمبی اور سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور اڑنے میں اس کے پروں سے سریلی سی آواز نکلتی ہے ۔

Sylphic : (a) ہوا پری سے متعلق : ہوا پری سے مشابہ ۔

Sylphid : (n) ہوا پری کی بچی : چھوٹی ہوا پری ۔

Sylphid : (a) دیکھو Sylphic

Sylphish : (a) ہوا پری جیسی : نازک اندام : ہوا پری سے مشابہ ۔

Sylphlike : (a) روح ہوا کی طرح : ہوا کی دیوی کی طرح ۔

Sylva/ Silva : (n) [L.] (۱) جنگلی درختوں پر کتاب یا ان کی فہرست کا نام ۔ (۲) اشجار خطہ ۔

Sylvan/ Silvan : (n) [Fr. 'Sylvain.'.] (۱) جنگلی : جنگل میں رہنے والا ۔ (۲) جنگل کا دیوتا ۔ (۳) جنگلی : دیہاتی ۔ (۴) جنگلی جانور یا پرندہ۔

Sylva/ Silvan : (a) (۱) جنگلی : جنگل کا۔ (۲) جنگل سے بھرا ہوا : درختوں سے بھرا ہوا ۔ (۳) لکڑی کا بنا ہوا۔

Sylvaner : (n) [G.] (۱) کیلیفورنیا اور جرمانیہ کا ایک قسم کا انگور ۔ (۲) اس انگور کی بنی شراب ۔

Sylvanite : (n) [Fr.] (۱) خام ٹیلوریم ۔ (۲) سونے اور چاندی کا ٹیلورائیڈ ۔

Sylvanitic : (a) جس میں سلونائیٹ ہو ۔

Sylvate/ Silvate : (n) سلوک ایسڈ کا نمک ۔

Sylvatic/ Silvatic : (n) (شاذ) جنگلی : جنگل کا۔

Sylvester : (n) [Proper name] یوم سنت سلوسٹر (۳۱/دسمبر) ۔

Sylvestrian/ Silvestrian : (a) [L. 'Silvestris' + -an.] جنگلی : صحرائی : جنگل کا : دیہاتی : گاؤں کا۔

Sylvestrian : (a) سینٹ بینی ڈکٹ کے راہبوں کے سلسلے سے متعلق ۔

Sylvestrian : (n) سینٹ بینی ڈکٹ کے طبقے کا راہب ۔

Sylvian : (a) [Fr. 'Sylvien'.] علم تشریح کا ماہر سلوئیس کے نام سے موسوم ۔

Sylvian : (a) [mod. L.] (طیوریات) سلویسی : پرندوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sylvian : (n) سلویسی : ایک قسم کی چڑیا۔

Sylvian fissure : (n) سلویسی درز ۔

Sylvic acid/ Silvic- : (n) [Fr. 'Sylvique'.] ایک قسم کا بے رنگ قلمی مادہ ۔

Sylvicoline : (a) [mod. L. 'Sylvicolinae'.] صحرائی پرندوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sylvicoline : (n) صحرائی پرندہ ۔

Sylviculture/ Sylviculture : (n) [Fr.] شجر پروری : درختوں کی پرورش جنگل سازی کے طور پر ۔

Sylviculturist : (n) شجر پروری کا ماہر ۔

Sylvid : (n) [L. 'Sylva'.] قدیم زمانے کے امریکی انڈین ۔

Sylviid : (n) پرندوں کی ایک جنس سے متعلق ۔

Sylviid : (n) بعض قسم کے پرندے۔

Sylviidae : (n) [mod. L.] پرندوں کی ایک جنس ۔

Sylvilagus : (n) [L.] خرگوش کی قسم کے دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک جنس ۔

Sylvine : (n) [Fr.] (معدنیات) خام پوٹاشیم کلورائیڈ ۔

Sylvinite : (n) وہ چٹان جس سے خام پوٹاشیم کلورائیڈ نکلتا ھے ۔

Sylvite : (n) دیکھو Sylvine

Sym- : (Prefix) [Ggr. 'Sym-.'] -Syn- ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ھے جو "b" یا "n" یا "p" سے شروع ہوتے ہیں ۔

Sym-allylene : (n) دیکھو Allene

Symballphone : (n) [Gr. 'Symballein'.] دوہرا سماع الصدر ۔

Symbatic : (a) [Gr. 'Symbatikos'.] (متعلق متغیرات) جو ایک ساتھ گھٹتے یا بڑھتے ہیں ۔

Symbion : (n) ہم زیست : معائش ۔

Symbionic : (a) ہم زیست سے متعلق ۔

Symbiont : (n) ہم زیست جسم نامی یا نباتی : ہم زیست ۔

Symbionticism : (n) (۱) (حیاتیات) ہم زیستی : دو یا زیادہ اجسام حیاتی کا ہمیشہ ساتھ اگنا یا ساتھ رہنا : معاشت ۔ (۲) نظریہ احتیاج باہمی ۔ (۳) امداد باہمی : اشتراک باہمی ۔

Symbiose : (v) ہمیشہ ساتھ اگنا یا ساتھ رہنا۔

Symbiosis : (n) [Gr. 'Symbiosis'.] دیکھو Symbionticism

Antagonistic sybiosis : مخالف ہم زیستی ۔

Symbiotic : (a) ہم زیستانہ : معاشت کا : معاشی : معائش ۔

Symbiotically : (adv.) معاشت کی رو سے۔

Symbiotics : (n) مطالعۂ ہم زیستی۔

Symbiotism : (n) دیکھو Symbiosis

Symblepharon : (n) (طب) التصاق الجفن : پپوٹے کا دیدے سے چپک جانا۔

Symbol : (n) [Chr. L. 'Symbolum'.] (۱) نشان : رمز : اشارت : وہ چیز جو کسی دوسری چیز کی طرف اشارہ کرتی ہو : وہ چیز جو کسی مناسبت کی بنا پر مسلمہ طور پر کسی دوسری چیز کو ظاہر کرتی ہو یا ذہن کو اس طرف منتقل کرتی ہو۔ (۲) علامت : کوئی نقش جو کسی چیز یا کسی خیال کو ظاہر کرتا ہو (مثلاً بروج کی شکلیں ، حروف تہجی ، ریاضی کی علامت)۔ (۳) ارکان یاعقائد دین مسیحی ۔(۴) عشائے ربانی کی شراب یا روٹی ۔ (۵)علامت جو کسی دبی ہوئی نفسیاتی گتھی کو ظاہر کرتی ہے۔

Symbol : (a) (۱) علامت سے ظاہر کرنا : نشان سے ظاہر کرنا۔ (۲) علامتوں کو استعمال کرنا : اشاری طرز میں لکھنا یا پیش کرنا : اشاریت کا رنگ پیدا کرنا۔ (۳) نشان ہونا۔

Symbol train : (n) تیز رفتار مال گاڑی۔

Symbolgram : (n) امریکی انڈینوں کا بنایا ہوا حسین علامتوں کا مجموعہ جس سے بنانے والے کے حوصلے اور خواہشات کا علم ہوتا ہے۔

Symbolic : (a) (۱) اشاراتی : اشارہ کرنے والا : علامتی۔ (۲) علاماتی۔ (۳) رمزی۔ (۴) عقائد دین مسیحی سے متعلق۔

Symbolic book : (n) ارکان دین مسیحی کی کتاب۔

Symbolic delivery : (n) علامت کی شکل میں (مثلاً کنجی ، بینک کی کتاب) جائداد کی حوالگی۔

Symbolic equation : (n) (ریاضیات) علامتی مساوات۔

Symbolic language : (n) اشاراتی زبان : خصوصاً مختصر نویسی۔

Symbolic logic : (n) علامتی منطق۔

Symbolical : (a) دیکھو Symolic

Symbolically : (adv.) (۱) نشان کے طور پر۔ (۲) علامت کے طور پر۔ (۳) اشاراتی طرز میں : اشاریت کے طرز میں۔

Symbolicalness : (n) اشاراتی ہونا : علامتی ہونا۔

Symbolicly : (adv.) دیکھو Symbolically

Symbolism : (n) (۱) اشاریت : مصوری اور شاعری کا وہ طرز (جو زمانہ حال میں فرانس سے نکلی ہے) جس میں اشیاء اور خیالات کو اصلی رنگ میں پیش کرنے کے بجائے اشارات اور نشانات سے کام لیا جاتا ہے : علامتیت : اشارت نگاری۔ (۲) ارکان دین مسیحی اور اظہار عقیدہ کا دینی مطالعہ۔ (۳) نظام علامات۔

Symbolist : (n) (۱) اشارات اور نشانات کا سمجھنے والا یا استعمال کرنے والا : اشارت داں : اشارت پسند۔ (۲) اشاری طرز کا مصور یاشاعر : اشاری : اشارت نگار : علامت نگار۔

Symbolist : (a) اشارت نگاروں سے متعلق۔

Symbolistic/-al : (a) اشارت نگاروں سے متعلق : اشارات اور نشانات کے سمجھنے والوں یا استعمال کرنے والوں سے متعلق : اشارت پسندانہ۔

Symbolistically : (adv.) اشارت پسندانہ طور پر : اشارت نگاری کے طرز میں۔

Symbolization : (n) (۱) استعمال علامت :نشان معین کرنا یا کیا جانا : نشان سے ظاہر کرنایا کیا جانا : علامتاؤ۔ (۲) تحریری علامتوں کے ذریعہ پیش کرنا : تحریری علامات۔

Symbolize : (v) (۱) نشان ہونا : علامت ہونا۔ (۲) کسی چیز کا نشان معین کرنا : نشان سے ظاہر کرنا : اشارے میں پیش کرنا۔ (۳) ارکان دین یا اظہار عقیدہ کے طور پر ظاہر کرنا۔

Symbolizer : (n) نشان سے ظاہر کرنے والا۔

Symbological : (a) اشاریاتی : علامیاتی : اشاریات یاعلامتیات سے متعلق۔

Symbolography : (n) علامات نگاری۔

Symbology : (n) (۱) اشاریات : نشانات اور علامات کاعلمی مطالعہ : علامتیات۔ (۲) نشانات یا علامات کا استعمال : رمزیات : علم الرموز۔

Symbololatry : (n) علامات پرستی : علامت پرستی : نشان پرستی۔

Symbolophobia : (n) علامات ترسی : یہ خوف کہ حرکت یا تقریر میں اشارات زیادہ نہ ہو جائیں۔

Symbranch : (n) [mod. L. 'Symbranch'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Symbranchia : مچھلی کی ایک جنس ۔

Symbranchiate : (a) مچھلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Symbranchiate : (n) دیکھو Symbranch

Symbranchii : (n) [mod. L.] دیکھو Symbranchia

Symmelia : (n) [Gr. 'Sym' + 'melos' + ia.] (مرضیات) ایک قسم کی عجیب الخلقتی جس میں دو اعضا خصوصاً دونوں پچھلی ٹانگیں مل کر ایک ہو جاتی ہیں ۔

Symmetalic : (a) ہم فلزیت سے متعلق ۔

Symmetalism : (n) ہم فلزیت : دونوں دھاتوں کے ممزوج سے سکہ بنانے کا نظام ۔

Symmetral : (a) [mod. L. 'Symmetrus'.] (ہندسہ) تشاکلی : تشاکل سے متعلق : جہاں پر نقشہ متشاکل ہو ۔

Symmetric/ -al : (a) (۱) متناسب ۔(۲) موزوں : سڈول ۔ (۳) متشاکل ۔ (۴) (نباتیات) ستارہ شکل : مساوی التناسب ۔ (۵)(فوٹو گرافی) متناسب عدسہ سے متعلق ۔ (۶) جس کے دونوں طرف یکساں اعضاء ہوں : ایسے اعضاء کی بیماری ۔

Symmetrical lens : (n) معمولی یا مرکب عدسہ جس کی مناظری خصوصیت شعاع محوری کو ۱۸۰ ڈگری سے گھمانے پر بھی نہیں بدلتا ھے ۔

Symmetrically : (adv.) تناسب کے ساتھ : موزونیت کے ساتھ : تشاکل کے ساتھ ۔

Symmetricalness : (n) تناسب : تشاکل : موزونیت ۔

Symmetrization : (n) تناسب پیدا کرنا : سڈول بنانا : تشاکل پیدا کرنا ۔

Symmetrize : (v) (۱) تناسب پیدا کرنا ۔ (۲) موزونیت پیدا کرنا : سڈول بنانا ۔ (۳) تشاکل پیدا کرنا : ایک دوسرے کا جواب بنانا (دونوں حصہ) ۔

Symmetrophobia : (n) تشاکل ترسی : نفرت تشاکل (فنون لطیفہ خصوصاً فن تعمیر میں) ۔

Symmetry : (n) [Fr. 'Symmetrie', or L. 'Symmetria'.] (۱) تناسب : جسم کے اعضاء یا کل اجزا میں باہم صحیح نسبت ۔(۲) وہ حسن جو تناسب کی وجہ سے پیدا ہو ۔ (۳)موزونیت : مناسبت : جوڑ : میل ۔ (۴) تشاکل : کسی چیز کے دو برابر کے حصوں کا بالکل ایک دوسرے کا جواب ہونا : ان اعضاء کی بیماری ۔ (۵) (نباتیات) موزونیت : پھول میں پنکھڑی ، حامل زر ، بقچہ ، گل ، مسند گل کی تعداد کا برابر یا متناسب ہونا ۔ (۶) (بلور کے) دو یا زیادہ پہلوؤں کا یکساں ہونا ۔

Axis of symmetry : محور تشاکل ۔

Centre of symmetry : مرکز تشاکل ۔

Plane of symmetry : سطح تشاکل ۔

Symminct : (a) [Gr. 'Symmciktos'.] ایسے مادے سے بنا ہوا جس کے مہین ذرات اور موٹے ذرات کی تہیں الگ نہ ہوں ۔

Symmory : (n) [Gr. 'Symmoria'.] (قدیم یونانی تواریخ) (ٹیکس لگانے کی غرض سے) ایتھنس اور دوسرے شہروں کے شہریوں کی دولت کے لحاظ سے درجہ بندی ۔

Sympathectomize : (v) مشار کی اعصاب کے راستے کو کاٹنے کا عمل جراحی ۔

Sympathectomy : (n) مشار کی عصب شگافی ۔

Sympathetic : (a) (۱) ہم درد : درد مند : ہمدردانہ : ہمدردی کا ۔ (۲) موید : تائیدی : تائید کا ۔ (۳) (تنقید نگاروں کی اصطلاح) دلنشیں (عبارت ، طرز) ۔ (۴) تاثر پذیر : (وہ شخص) جس پر عمل توجہ وغیرہ کا اثر ہو جاتا ھے ۔ (۵)مشار کی ۔ (۶) موافق : مناسب : پسندیدہ ۔ (۷)(موسیقی) مشار کی ارتعاش سے پیدا ہونے والے سروں سے متعلق ۔ (۸) مشار کی نظام اعصاب سے متعلق ۔

پٹی کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ پٹی بند؛ پتلی پٹی (پہلے گولا بنا کر پھر تہ بہ تہ لپیٹتے ہیں) ؛ گولا پٹی ۔ (٥) سر بند؛ پیشانی بند؛ ربن ؛ فیتہ ۔ (٦) (تشریح) فیتہ نما ڈھانچہ؛ شریطہ فیتہ نما؛ (عضویات) خصوصاً مغز کا فیتہ نما حصہ ۔

Taenia solum : (n) (حیوانیات)دودہء وحیدہ؛ فیتہء وحیدہ ۔

Taeniacidal/Teniacidal (a) کیچوے کو ختم کردینےوالا؛ کِرم کدو کُش سے متعلق ۔

Taeniacide/Tenicide : (n) کیچوے کو مارنے والا؛ کدودانے کو مارنے والی دوا ۔

Taeniafuge /Teniafuge : (n) کرم کدوکُش؛ کیچوے کو مارنے والی؛ دوا؛ دافع کدو دانہ ۔

Taenian : (a) کیچوے سے متعلق؛ جنس کدو دانہ کا ۔

Taeniasis : (n) (طب) مرض کرم کدو؛ کیچوے کی بیماری ؛ کیچوی مرض ۔

Taeniate : (a) (١) شریطہ نما؛ فیتہ نما ۔(٢) جس کے ساتھ کینچوے بھی ہوں؛ کینچوے والا ۔

Taenifuge : (n) جسم سے کدودانہ کو نکالنےکا ایک مادّہ؛ دافع کدودانہ ۔

Taenii /Taenia : [L. 'taenia'.] سابقہ بمعنی فیتہ : ربن ۔

Taenifuge : (a) کدودانے کو ختم کر دینے والا ۔

Taeni(i)cide : (n) (طب) کدودانہ کُش ۔

Taeniid : (a) Taeniidae کا یا اس سے متعلق ۔

Taeniid : (n) Taeniidae جنس کا کدودانہ ۔

Taeniidae : (n) [f.'taenia'.] کدودانے کی ایک بڑی قسم؛ بڑے کیچوے کی ایک قسم ۔

Taeni(i)form : (a) فیتہ نما ۔

Taenio- : جزوترکیبی بمعنی نوار؛ فیتہ؛ ربن ۔

Taenioglossa : (n) بحری اور دریائی معدہ پا صدفوں کی ایک قسم ۔

Taenioglossate : (a) بحری اور دریائی معدہ پا صدفوں کی ایک قسم سے متعلق ۔

Taenioid : (a) (١) نواری شکل کا؛ فیتہ نما؛ شریطہ نما ۔ (٢) (حیوانیات) کدودانہ نما؛ بہ شکل کرم کدو ۔ (٣) (ارضیات) جس کےساتھ کیچوے بھی ہوں ۔

Taeniola : (a) [mod. L.] (حیوانیات) فیتیہ ۔

Taeniosome : (n) دیکھو Ribbon-fish

Tafferel : (n) [Du.'taffereel'] (١) جہاز کے پچھلے سرے کا؛ کٹہرا؛ عقبی کٹہرا ۔ (٢) جہاز کے پچھلے سرے کا بالائی حصہ؛ بالائی مؤخر ۔

Taffeta/Taffety : (n)[OFr.'taffetas, taphetas'.Pers.'Tafta.'] ریشم یا کتان کے پارچے کی قسمیں : خصوصاً باریک چمک دار سادی بناوٹ کا ریشمی کپڑا؛ تافتہ ۔

Taffeta /Taffety : (a) (١) تافتہ کا؛ تافتہ کی طرح کا ۔ (٢) (مجازاً) چمکیلا ؛ بھڑک دار ؛ مزین ؛ بہت آراستہ ؛ پر آب وتاب؛ مجلل؛ باشکوہ ۔ (٣) لذیذ؛ خوش مزہ؛ مطبوع؛ خوش گوار؛ پر لطف؛ دلکش؛ فرحت بخش ۔ (٤) نازک؛ نازک مزاج؛ مشکل پسند؛ تنک مزاج؛ جس کو مشکل سے کوئی چیز پسند آئے ۔

Taffeta weave : (n) سادہ بناوٹ ۔

Taffetized : (a) مزین (کپڑا) : تافتہ ۔

Taffrail : (n) دیکھو Tafferel

Taffy : (n) [The earlier form of Toffee, now sc., North Eng., and Amer.] (١) دیکھو Toffee ۔(٢) (امریکا ، عامیانہ) خوشامد ؛ تملق؛ فریب مداہنہ؛ للوپتو؛ بہلانا ۔

Taffy : (n) [An ascribed Welsh pronunc. of Davy or David.] (بول چال) اہل ویلز؛ ویلز کا باشندہ؛ تیفی ۔

Tafia : (n) تافیہ ؛ مغربی جزائر کی ایک گھٹیا رم (شراب) ۔

Tag : (n) [Origin. Obsc.] (١) جوتے کے بند کے سرے پر دھات کا ٹیپ ؛ شامچہ ۔ (٢) قبضے کا بڑا سا تکمہ جو انگریزی جوتے کے نیچے لگا ہوتا ہے جسے پکڑ کر جوتا پہنتے ہیں؛ پن چھلا ۔ (٣) پتے کی چٹ خصوصاًوہ جو کسی چیز سے باندھ دی جائے؛ ٹیگ؛ سامان یا بنڈل میں لگا تکمہ یا لیبل ۔ (٤) کسی چیز کا ناہموار یا کٹا ہوا سرا ۔

(٥) ژولیده اون؛ بھیڑ کے بالوں کا گچھا؛ جانور کی دُم کا سرا یا اس کی نوک ۔ (٦) (مجازاً) دُم چھلا؛ دنبالہ؛ ضمیمہ؛ چھوٹی چیز جو کسی بڑی چیز کے ساتھ لگی ہو ۔ (٧) (ناٹک) تتمہ؛ تماشا ختم ہونے کے وقت کی تقریر ۔ (٨) پامال مقولہ یا مصرع؛ پرانا فقرہ ، ٹیپ (گیت کی) ۔ (٩) جانور کے دُم کی نوک؛ پھُننگ ۔ (١٠) آنکھ مچولی کی قسم کا کھیل جس میں ایک سب کے پیچھے بھاگتا ھے ۔ (١١) برگرداں سرود ؛ تہلیل ۔ (١٢) ربن کی دھجی؛ آویزاں ٹکڑا؛ معلق ٹکڑا (اسکرٹ وغیرہ میں) ۔ (١٣) بونڈی؛ گھنڈی (کسی دھات کی، فیتے یا ڈوری کے سرے پر) ؛ ستارہ؛ تکلی ۔ (١٤) پھندنا؛ جھالر ۔ (١٥) بھیڑ کی ایک بیماری (Tag-sore) ۔

Cross-tag/Long-tag : آنکھ مچولی کے کھیل کی قسمیں ۔

Tag : (n) [Origin Unkn.] (١) لمس؛ آہستہ آہستہ تھپکی ۔ (٢) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Tag : Teg کا متبادل ۔

Tag : (v) [f.tag(n)] (١) ٹیپ یا شامچہ لگانا(جوتے کےبند کو)۔ (٢) ٹیپ لگانا (نظم کے بند پر) ۔ (٣) جوڑ لگانا (نظم یا مال وغیرہ کا) ؛ ایک ساتھ ملانا ۔ (٤) جوڑ دینا (کئی عبارتوں کو) ؛ ضمیمہ کرنا؛ طفیلی ہونا ۔ (٥) قافیہ باندھنا ۔ (٦) قافیہ بندی کرنا؛ تک بندی کرنا ۔ (٧) اون کترنا؛ (بھیڑ کے) بال کاٹنا ۔ (٨) (بول چال) پیچھے آلگنا؛ دُم چھلا ہو جانا؛ پیچھے گھسیٹنا؛ نزدیکی سے پیچھا کرنا ۔ (٩) (آنکھ مچولی میں) چھولینا؛ (چور کا دوسرے کو) پکڑلینا؛ ہاتھ لگا دینا ۔ (١٠) صاف کرنا ۔ (١١) افکار کو کلمات کی صورت میں ادا کرنا ۔ (١٢) لیبل لگانا؛ پھندنا لگانا؛ جھالر لگانا؛ گھنڈی لگانا؛ ستارہ، تکلی وغیرہ ٹانکنا ۔

Tag : (v) [f. tag. (n)2] ٹگ کے کھیل میں چھونا؛ آہستہ آہستہ تھپتھپانا ۔

Tag-belt : (n) بھیڑ کی ایک بیماری (Tag-sore) ۔

Tag day : (n) (امریکا) Flag-Day

Tag-end : (n) کسی چیز کا آخری حصہ؛ دُم کا آخری سرا ۔

Tag-lock : (n) طرہ؛ جعد زلف؛ چین و شکنِ گیسو ۔

Tag-match : (n) کشتی کے مقابلے میں دو برابر کے پہلوان ۔

Tag-rag : (n) (١) کمینے لوگ؛ رذیلوں کا طبقہ ۔ (٢) شے ملحقہ؛ ضمیمہ؛ تتمہ ۔

Tag-rag : (a) (١) ذلیل؛ حقیر؛ فرومایہ؛ کمینہ؛ سفلہ ۔ (٢) الجھا ہوا؛ ژولیدہ؛ اونچا نیچا؛ ناقص؛ ناتراشیدہ؛ بے ڈھنگا؛ شکستہ؛ بوسیدہ (لباس) چیتھڑے گدڑے والا ۔

Tag rag and bobtail : (n) (١) بھیڑ : عوام کا مجمع ۔ (٢) نیچی ذات والے؛ اراذل ۔

Tag raggery : (n) مختلف اوضاع کے لوگ یا چیزیں؛ مختلف خصائل والے لوگ ۔

Tag-sore : (n) (بھیڑ) مویشی کا ایک مرض جس میں چیچک کے سے دانے نکل آتے ہیں ۔

Tag-tail : (n) (١) چچڑی؛ ایک قسم کا کیڑا ۔ (٢) (مجازاً) طفیلی : خوشامدی ؛ کاسہ لیس ۔

Tagabili : (n) (١) فلپائن کے جنوبی Mindaras کے لوگ ۔ (٢) اس علاقے کی بولی یا زبان ۔

Tagalog : (n) ملیائی پولی نیشیا کی زبان ۔

Tagboard : (n) سخت کارڈ بورڈ ۔

Tagel /Tegal /Tagal : (a) ایک جگہ کے نام سے متعلق ۔

Tagel straw : (n) ہیٹ (ٹوپ) کے لئے نرم عمدہ پیال ۔

Tagetes : (n) ایک قسم کا خوشبودار امریکی پودا؛ نارنجی یازرد ستارہ گل ؛ پھول تارا؛ درخت کی قسمیں جن میں شوخ زرد نارنجی پھول ہوتے ہیں ۔

Tagetes erecta : (n) (نباتیات) زرد گیندا؛ گل میخک ہندی ۔

Tagetes potula : (n) گل جعفری ۔

Tagger : (n) (١) جوڑنے والا ؛ شامچہ لگانے والا؛ پیچھے آلگنے والا ۔ (٢) Tag کا اسم فاعل ۔ (٣) (آنکھ مچولی میں) چور ؛ پیچھے بھاگنے والا ۔ (٤) (دھات) (جمع میں) پتلی آہنی چادر ؛ تنکہ آہنی ۔ (٥) بھیڑ کا بال کاٹنے والا ۔

Taggle : (v) پیچھا کرنا؛ تعقیب کرنا ۔

Taglioni : (n) [Named after a family of ball dancer of the early 19th C.] (١) (تاریخ) انیسویں صدی کے اوائل میں پہنا

جانے والا ایک اُوورکوٹ ۔ (۲) رقاصہ کے پہننے کا ایک اسکرٹ ۔

Tagliotelle : (n) [It. pl. of 'tagliatella'.] فیتہ نما سویاں ۔

Tagma : (n) [mod. L. fr. Gr.] (حیوانیات) قیطفلک حشرہ ۔

Tagmosis : (n) [mod. L. f. tagma+o] (حیوانیات) ٹگماترکیب؛ عضو کیٹ ۔

Tagnicati : (n) [Sp. Tanicati] (امریکا کی ایک جگہ Paraguay) کے سفید ہونٹوں والے سور ۔

Tagua : (a) [Native name in Colombia.] (۱) فندقل؛ جنوبی امریکا کی کھجور کادرخت ۔ (۲) کھجور ۔

Taguan : (n) [app. native name in the Philippines.] (حیوانیات) ٹاگوان؛ اڑن گلہری ۔

Tagus :(n) [Latinized f. Gr. 'tagos'.] (یونانی تاریخ) کمانڈر؛ لیڈر؛ سردار؛ حکمران؛ حاکم ؛ پیشوا؛ رئیس ۔

Taha : (n) [Native name.] شمالی امریکا کا ایک پرندہ ۔

Tahr : (n) [Nepali thar] (حیوانیات) ہمالیائی بکری ۔

Tahsil : (n) [Arab-Pers. & Urdu, 'tahsil'.] تحصیل؛ تحصیل دار کا علاقہ؛ ہندوستان کے محصول مال گذاری کا سب ڈویزنل انتظامیہ کا صدر دفتر ۔

Tahsildar : (n) [Urdu, f. Arab, Pers. 'tahsil+dar.] تحصیلدار؛ محصول کے سب ڈویزنل انتظامیہ کا افسر اعلیٰ؛ مامور وصول مالیات ۔

Tai-ping /Tae-ping : (n) [Chinese 'T'ai-p'ing'.] تائی پنگ: چین کی بغاوت سنہ ۱۸۵۰ء سے سنہ ۱۸۶٤ء تک کا شریک ۔

Taiga : (n) [Russian 'taiga' of Turkic origin) شمالی روس کے صنوبری جنگل کا علاقہ ۔

Tail : (n) [OE. 'taezel'] (۱) دُم : دنبالہ ؛ ذنب ؛ پونچھ (جانوروں کی) ۔ (۲) کوئی شے جو صورت میں یا کسی بھی لحاظ سے دم سے ملتی جلتی ہو ؛ نچلا سرا ؛ نچلا حصہ ؛ ضمنی حصہ وغیرہ ۔ (۳) (جمع) سکے کی پشت؛ عقبی رخ ؛ پٹ (چت کے خلاف) ۔ (٤) (جمع) دو پاکھا کوٹ (پیچھے سے کھلا ہوا اورسامنے کے دامن گول ترشےہوئے)۔ (۵) دُم چھلا وغیرہ ۔ (٦) (ہَوابازی) عقب؛ دم طیارہ ۔ (۷) عورتوں کے لباس کا دم نما حصہ؛ اسکرٹ ۔ (۸) کسی چیز کا نچلا حصہ؛ آخری سرا ۔ (۹) چوتڑ؛ پیندی؛ سرین؛ نشست (اب بول چال) ۔ (۱۰) خدم و حشم؛ نوکر چاکر؛ پیروکار؛ پیروی کرنے والا ۔ (۱۱) (جمع میں) کسی چیز کا بیکار حصہ ؛ کسی چیز کا معمولی حصہ؛ درد؛ تلچھٹ؛ گاد، بچی کھچی چیز ۔ (۱۲) کسی جماعت کا معمولی رکن (سیاسی پارٹی، کرکٹ ٹیم) ۔ (۱۳) ہَوائی جہاز کا عقبی حصہ ۔ (۱٤) (جمع میں) شام کا ایک لباس (دو پاکھا کوٹ) ۔ (۱۵) وہ شخص جو دوسروں کے نقش قدم پرچلے؛ (عامیانہ) دوسرے کی پیروی کرنے والا ۔

Cow's tail : رسّی وغیرہ کا گھسا ہوا حصہ ۔

Dog has his tail between his legs : کتےکی دُم ٹانگوں میں علامت خوف کے طور پر ؛ اکثر مجازاً انسان کے لئے بھی مستعمل ھے ۔

Dog wags his tail : کتا (خوش ہو کر) دم ہلاتا ھے۔

Head and (or, nor)tail : Head (n) دیکھو

To put salt on the tail/To drop or cast pinch of salt on tail of : گرفتار کرنا ؛ اسیر کرنا ؛ پکڑنا ۔

To turn tail : پشت دکھلانا؛ پیٹھ دکھانا؛ دُم دبا کے بھاگنا۔

To twist the lion's tail : دوسرے ملکوں کے اخبار نویسوں یا مقرروں کا انگلستان کے منہ آنا یا اس کی توہین کرنا ۔

With the tail between the legs : (مجازاً) ڈرا ہوا ؛ سہما ہوا۔

Tail : (n) [OFr. 'taille'.] (۱) (قانون) مشروط ملکیت ؛ قابل ارث جائداد کی مشروط حالت ۔ (۲) وہ جائداد جو صرف اولا دصلبی کو ورثے میں مل سکے ۔

Estate in tail /Tenant-Heir- : مشروط ملکیت کے طور پر ۔

Fee-tail : جاگیر مشروط؛ خاص اور قریبی ورثا کےلئے قابل توریث جائداد ۔

Tail : (a) [Afr. 'tayle'.] (۱) مشروط ؛ میعادی (جاگیر) ۔ (۲) جائداد کا مشروط ہبہ کیا ہوا ؛ محدود (ملکیت)۔

Tail : (v) [f. Tail. (n)] (۱) (بول چال) ادھر اُدھر کے سِرے تراش دینا۔ (۲) جوڑ دینا (کسی دوسری شے کے ساتھ)؛ متصل کرنا؛ ملحق کرنا۔ (۳) (دنبالہ کے ذریعے) مضبوط پکڑنا؛ گرفت میں لانا؛ قابو میں لے آنا۔ (٤) دنبالہ دار کرنا۔ (٥) دُم کاٹنا (بھیڑ، میمنا کا)؛ بال تراشنا (بھیڑ کا)؛ جڑ کاٹنا (خصوصاً پودے یا پھل کا)۔ (٦) محدود کرنا؛ حدبنانا؛ ختم کرنا یا ہونا؛ جلوس کا آخری حصے میں ہونا۔ (۷) (تعمیرات) آخری اینٹ، پتھر، شہتیر وغیرہ دیوار میں لگانا؛ داخل کرنا (اینٹ وغیرہ)۔ (۸) (جہازرانی) دنبالۂ جہاز کا زمین گیر ہونا۔ (۹) پیچھے چھوڑ دینا؛ کسی چیز کے پیچھے ہونا؛ پیچھے ہو جانا یا رہ جانا۔ (۱۰) دُم یا ساقہ کو پکڑنا۔ (۱۱) پھر جانا؛ جماعت یا جُھنڈ سے پیچھے رہ جانا۔ (۱۲) قطار کی شکل میں آگے بڑھنا؛ دنبالے کی شکل میں بڑھنا؛ قطار میں کھڑے ہو جانا۔ (۱۳) وہ جگہ لینا جس میں دنبالہ (لشکر) ہَوا یا لہر سے علاحدہ ہو جاتاھے۔ (١٤) (اینٹ پتھر وغیرہ کے) آخری سرے کو دیوار میں لگا دینا۔ (۱۵) (مچھلی کا) سطح آب پر اپنی دُم دکھانا۔ (۱٦) (عامیانہ) دوسرے کی پیروی کرنا؛ کسی پر عکس ڈالنا۔

Tail : (v) [ME. 'taille'] (۱) (قانون) (ترکہ جائداد کا) مشروط ہونا؛ اولاد صلبی کو ورثے میں جائداد دینا۔ (۲) مشروط کردینا؛ خصوصاً کسی وصیت کے ساتھ ایسی شرط لگانا کہ مال بیع نہ ہوسکے یا ایک خاص مصرف کے سوا کسی اور مصرف میں نہ آسکے؛ جائداد کا مشروط ہبہ کرنا؛ کسی شخص کو کوئی چیز بلا اختیار انتقال ہبہ کرنا۔ (۳) کھاتے میں لکھنا؛ (کسی شخص پر) قرض کی ذمہ داری عائد کرنا؛ نشان لگانا؛ نشان کرنا۔ (٤) حساب کتاب لکھنا؛ قرض کا حساب کرنا۔

Tail after : (v) پیچھے پیچھے لگا رہنا۔

Tail away : (v) (۱) جابجا قطار میں ہونا؛ جماعت سے منتشر ہونا؛ منتشر ہوکر پیچھے رہ جانا۔ (۲) مضمحل ہونا؛ پست ہونا؛ چراغ سحری ہونا۔

Tail band : (n) مجلد کتاب کے نچلے سرے کا اندرونی فیتہ۔

Tail-bandage : (n) وہ پٹی جو آخری سرے پر دھجیوں میں منقسم ہو۔

Tail-bay : (n) نہر کے بند کا وہ حصہ جو نچلے در اور نچلے خزانے کے درمیان ہوتا ھے۔

Tail-beam : (n) (۱) وہ شہتیر جس کا آخری سرا دیوار میں لگا ہو۔ (۲) کسی چیز کے آخری سرے کاحصہ۔

Tail-board : (n) (گاڑی کا) تختۂ پشت؛ پشتی جو حسب ضرورت ہٹائی جاسکے؛ وہ تختہ جو گاڑی کے پیچھے ہوتا ھے جسے گاڑی خالی کرنے کے وقت ہٹایا جاتاھے۔

Tail-bone : (n) (حیوانیات) دُمچی کی ہڈی۔

Tail-braid : (n) میموں کے ساٹے کے گوٹے۔

Tail-coat : (n) دو پاکھا کوٹ (پیچھے سے کھلا ہوا سامنے کے دامن گول ترشے ہوئے) مجالسِ رسمی کا مخصوص دائمی کوٹ؛ دو شاخی دُم کا کوٹ۔

Tail-coated : (a) دو پاکھا کوٹ پہنے ہوئے۔

Tail-cone : (n) جیٹ انجن کی ہَوا کھینچ نکالنے کی نلکی۔

Tail-coverts/-covers : (n) (طیوریات) دُم کو چھپانے والے پَر۔

Tail-end : (n) (۱) کسی شے کا آخری، زیریں یا اختتامی حصہ کسی چیز کا انتہائی نقطہ؛ قسمت انتہائی : کسی چیز کا آخری سرا؛ (مجازاً) وقت یا عمل کا آخری حصہ۔ (۲) انتہا : دنبالہ : پچھلا حصہ۔

Tail-ender : (n) (مقابلہ میں) آخری شخص؛ جو کہ آخر میں ہوتا ھے۔

Tail-flower : (n) انتوریم : ایک قسم کا پھول۔

Tail-gate : (n) (۱) (نہر کے بند کا) نچلا در۔ (۲) گاڑی کا پچھلا در (جس سے سامان لادتے اُتارتے ہیں)۔

Tail-head : (n) جانور کی دُم کی جڑ۔

Tail in : (v) (کڑی وغیرہ کا دیوار میں) بٹھانا۔

Tail-joist : (n) (۱) ٹکڑاجو دم کی شکل کا آخری میں لگادیں؛ آخر میں اضافہ۔ (۲) دیکھو Tail-Piece۔

Tail-kidney : (n) دیکھو Metanephros

Tail-lamp : (n) (موٹر یا ریل کی) عقبی قندیل (عموماً لال)؛ آٹو موبائل کی پچھلی روشنی (لال)۔

Tail-light : (n) (ریل یا موٹر کی) عقبی قندیل (عموماً لال) : آٹوموبائل کی پچھلی روشنی (لال)۔

Tail-lock : (n) گودی (Dock) کے آخری سرے کا تالا۔

Tail-margin : (n) (صفحے کی) نیچے کا حاشیہ ۔

Tail of a cart : (n) گاڑی کی پشت یا عقبی حصہ ۔

Tail of a gale : (n) طوفان کے بعد کا سکون ۔

Tail of a kite : (n) پتنگ کا دُم چھلا ۔

Tail of a stream : (n) تلاطم کے بعد ساکن سطح ۔

Tail of attendants : (n) نوکروں کا سلسلہ یا قطار ۔

Tail of butter fly's wings : (n) تتلی کے پَر کا پیچھے کو نکلا ہوا نازک حصہ ۔

Tail of comet : (n) (علم النجوم) دنبالہ ؛ جھاڑو ؛ دُم دار ستارے؛ ستاروں کا دنبالہ ۔

Tail of musical note : (n) (تحریر نغمہ میں) کھڑی لکیر جو بعض سروں میں اوپر کو نکلی ہوتی ہیں ۔

Tail of stone/-brick : (n) چنائی میں (اینٹ ، پتھر کا) دبا ہوا حصہ ۔

Tail of the eleven : (n) ٹیم کے کمزور کھلاڑی ۔

Tail of the eye : (n) آنکھ کا بیرونی گوشہ؛ بیرونی گوشہء چشم؛ (تشریح) دنبال چشم ۔

Tail of the procession : (n) جلوس یا برات کا پچھلا حصہ ۔

Tail of the slate/-tile : (n) (چھت میں) کھپریل کا باہرکو نکلا ہوا سرا ۔

Tail of trenches : (n) پہلی خندقیں؛ شروع کی کھائی (جو بڑھنے والی فوج بنائے) ۔

Tail off (out) : (v) (۱) گاؤ دم بنانا یا ہو جانا ۔ (۲) گھٹانا ؛ کم کرنا؛ تخفیف کرنا؛ مختصر کرنا ۔ (۳) بھاگ جانا؛ گریز کرنا؛ ایک بات کہتے کہتے دوسری بات چھیڑ دینا؛ ہٹا دینا؛ کھینچ لینا؛ واپس لے لینا ۔ (٤) پیچھے چھوڑ دینا ۔ (دوڑ کے مقابلے میں دوسرے فریقوں کو) ۔

Tail on : (v) (۱) ضمیمہ میں ملانا؛ آخر میں بڑھانا ۔ (۲) عقب میں یا پیچھے جوڑ دینا ۔

Tail-piece : (n) (۱) پھول؛ تصویر وغیرہ جو کتاب کے آخر میں خالی چھوٹی جگہ میں بنادی جائے؛ گلِ بیاض ۔ (۲) تارتختی؛ ستار وغیرہ میں لکڑی کا مثلث چھوٹا سا ٹکڑا جس سے نچلے تار بندھے ہوتے ہیں ۔ (۳) کسی چیز کا آخری حصہ یا ٹکڑا؛ وہ حصہ جو آخر میں جوڑ دیا جائے ؛ ضمیمہ؛ تتمہ ۔

Tail-pin : (n) خراد کے نچلے دھرے کا مرکز ۔

Tail-pipe : (n) (پمپ کا) چوس نل؛ پمپ کا آب کش ؛ وہ نلکی جس سے پانی وغیرہ کھینچتے ہیں ۔

Tail-pipe : (v) ٹین کے ڈبے کو (کتے کی) دم سے باندھ دینا ۔

Tail-race : (n) نچلا دھارا؛ دنبالہ؛ پن چکی کے دھارے کا نچلا حصہ

Tail-rod : (n) فشار گز کا سلسلہ ۔

Tail-rope : (n) وہ طناب جو کسی چیز کے آخری سرے سے متصل ہوتی ہے ۔

Tail-spin : (n) (ہوائی جہاز وغیرہ کا) چکر کھاتے ہوئے نیچے کو جھپٹنا؛ چکر غوطہ ۔

Tail-spindle : (n) خراد کا نچلا دھرا ۔

Tail-stock : (n) (انجینیئرنگ) پا گیرا ۔

Tail surface : (n) طیارے کے پچھلے حصے کی کنٹرول سطح ۔

Tail twisting : (n) (۱)جانوروں کی دُم کو اینٹھنا(تکلیف پہنچانے کے لئے) ۔ (۲) پریشانی؛ تشویش؛ بدحواسی؛ ایذا دہی؛ تکلیف؛ دکھ ؛ زچ کرنا؛ دق کرنا؛ تنگ کرنا ۔

Tail-valve : (n) کنڈنسر کی ہَوا کش وَالوَ ۔

Tail-water : (n) (۱) پن چکی کے دھارے کے نچلے حصے کا پانی ۔ (۲) پشتے کے نیچے کا پانی ۔

Tailed : (a) (۱) دُم دار؛ دُم کا ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) دیکھو Caudate ۔

-tailed : (a) لاحقہ بمعنی "دُم دار"؛ دُم کا ۔

Tailet : (n) دُمچہ؛ چھوٹی دُم ۔

Tailing : (n) (۱) جوڑ نے کا عمل : ملانے کا عمل؛ دنبالہ لگانے کا عمل ۔ (۲) (تعمیرات) شہتیر، اینٹ، پتھر کا

دیوار میں دبا ہوا حصہ ۔ (۳) (جمع میں) کچڑا؛ کوڑا؛ غلے یا کچی دھات کا بیکار حصہ؛ (معدنیات) بچھڑن ؛ پس ماندہ ۔(٤) آخری سرا (کسی چیز کا) ۔ (٥) داغ؛ دھبا؛ جو چھینٹ کی چھپائی میں غلطی سے رہ گیا ہو ۔

Taille : (n) [F.] شکل؛ صورت؛ شکل و ساخت مجسمہ؛ نیم مجسمہ کی صورت (کندھے سے کمر تک) ؛ (لباس میں) گون کی چولی یا کمر ؛ کمر کی سلائی ۔

Taille-dauce : (n) [F.] دھات کی تختی پر کند آلہ سےبنایا ہوا نقش ۔

Tailless : (a) بے دُم ؛ عدیم الذیل؛ بے دنبالہ ۔

Tailless airplane : (n) صرف ایک بازو (ونگ) کا ہوائی جہاز ۔

Taillessly : (adv.) بے دُم کے طور پر؛ بغیر دُم ۔

Taillessness : (n) بے دُمی ۔

Taillike : (a) دُم جیسا؛ دنبالہ مانند ۔

Tailor : (n) [AFr. 'taillour'.] (۱) خیاط؛ درزی ؛ کپڑا سینے والا ۔ (۲) دیکھو Merchant Tailor ۔ (۳) مختلف قسم کی مچھلیوں کے نام ۔ (٤) Tailor Bird کا مخفف ۔

To ride like a tailor : اناڑی پن سے (گھوڑے پر) سوار ہونا ۔

Tailor : (v) [f. prec.] (۱) کپڑے سینا؛ درزی گری کرنا؛ سلائی کرنا؛ درزی کا کام کرنا ۔ (۲) (عامیانہ) (پرند کو) اناڑی پن سےمارنایا ذبح کرنا۔(۳) بہترین، عمدہ یا فیشن دار (لباس) تیار کرنا۔(٤) لباس تیار کرنا؛ پوشاک بنانا ۔

Tailor-bird : (n) (حیوانیات) بیا؛ ایک قسم کا پرندہ جو پتّے سی کرگھونسلا بناتا ھے ۔

Tailor-herring : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Tailor-made : (a) (۱) درزی کا بنایا ھوا؛ درزی کا تیار کیا ھوا؛ درزی کےیہاں کے سلے ھوئے (کپڑے) ؛ باہر کے سلے ھوئے (کپڑے) ۔ (۲) خصوصاً زنانہ لباس جو سادہ مگر جسم پر چست و درست ھو ۔(۳) (مجازاً) اس قسم کا لباس جو درزی کا بنایا ھوا ھو ۔

Tailor-make : (n) کسی شخص کے خاص استعمال کے لئے یا خاص مقصد کے لئے بنانا ۔

Tailor muscle/Tailor's muscle : (n) دیکھو Sartorius

Tailor shad : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Tailor-warbler : (n) دیکھو Tailor-bird

Tailordom : (n) درزی گری؛ سلائی کا پیشہ؛ سلائی کرنا ۔

Tailored : (a) (۱) درزی کا بنایا ھوا؛ درزی کی طرح کا کام کیا ھوا؛ کپڑا تیار کردہ ۔ (۲) وضع دار؛ خاص وضع یا رنگ کا؛ شاندار؛ خوش ترتیب؛ آراستہ پیراستہ ؛ سلیقے کا؛ سجا سجایا ۔

Tailoress : (n) درزن ؛ خیاط زن ۔

Tailoring : (n) (۱) خیاطی؛ درزی گری ؛ جامہ دوزی ؛ کپڑا سینے کا عمل ؛ کپڑے کی سلائی؛ درزی کا کام؛ سلائی کاپیشہ ۔ (۲) (فولاد سازی) فولاد کے پتوں کے گوشے کو صاف کرنے کا عمل ۔

Tailorism : (n) (۱) خیاطی؛ درز گری ۔(۲) سلائی کا طریقہ ۔

Tailorize : (v) (۱) درزی کا کام کرنا؛ سلائی کا کام کرنا ۔ (۲) درزی کی طرح پیش آنا؛ درزی کے وقار کو گھٹانا؛ رتبہ یا مرتبہ کو گھٹانا؛ بگاڑنا؛ اخلاق خراب کرنا ۔

Tailor's block : (n) کپڑوں کی نمائش کے لئے مجسمہ ۔

Tailor's chair : (n) بے پائے کی چوکی؛ آلتی پالتی بیٹھک (چار زانو) سینے کے لئے ۔

Tailor's chalk : (n) درزی کی کھریا مٹی (چاک) کپڑے پر نشان لگانے کےلئے ۔

Tailor's cramp : (n) (طب) انگلیوں کی اینٹھن ۔

Tailor's cushion : (n) کپڑوں کے ٹیڑھے میڑھے حصوں کو دبانے کے لئے درزیوں کا کُشن (گدی) جو ران کی شکل کا ھوتا ھے ۔

Tailor's dummy : (n) دیکھو Tailor's block

Tailor's twist : (n) ایک قسم کا مضبوط ریشمی دھاگا ۔

Tailorship : (n) دیکھو Tailoring

Tailory : (n) (۱) درزی کا کام؛ خیاطی؛ دوختگی کا ہنر؛ سلائی کا ہنر ۔(۲) درزی کا بنایا ھوا لباس ۔

Tailward : (a) عقبی؛ پچھلا؛ عقب رویہ ۔

Tailward : (adv.) عقب کی طرف؛ عقب میں : پیچھے کی طرف۔

Taily : (a) دُم دار ۔

Tailye /Tailzie /Taillie : (n) [OFr. 'taille'.] (اسکا تستانی قانون) جانداد کا مشروط ہبہ : جو چیز اس طریقے پر ہبہ کی گئی ہو ۔

Tailye : (v) جانداد کا مشروط ہبہ کرنا؛ کسی شخص کو کوئی چیز بلا اختیار انتقال ہبہ کرنا ۔

Taimen : (n) شمالی ایشیا کی ندیوں کی بڑی ٹراؤٹ (ایک قسم کی مچھلی) ۔

Tain : (n) (۱) ٹین کا پتلا ٹکڑا ۔ (۲) وصلی : ٹین جو آئینے کی پشت پر لگا دیتے ہیں؛ پشت آئینہ ۔

Tainan : (a) (۱) شہر Taino کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) Taino کی زبانوں سے متعلق ۔

Taino : (n) (Arawa kan) (۱) ویسٹ انڈیز کی ناپیداصلی قوم یا لوگ ۔ (۲) اس قوم کی بولی یا زبان ۔

Taint : (n) (۱) داغ فساد؛ لکہ؛ کسی خرابی؛ مرض یا انحطاط کا نشان یا اثر؛ عیب؛ دھبا؛ داغ ۔ (۲) (مجازاً) زہریلا یا خراب اخلاقی اثر : آلودگی : شائبہ؛ لوث؛ فساد ۔ (۳) بدنامی : شرم : ذلت : خواری : رسوائی؛ الزام ۔ (٤) باعث خرابی؛ باعث انحطاط : اخلاقی چھوت : برا اثر ۔ (٥) (سماجیات) داغ؛ دھبا؛ کلنک کا ٹیکا ؛ (طب) لوث؛ موروثی چھوت ۔ (٦) مخفی حالت میں بیماری کا سراغ یا جھلک ۔

Taint : (v) (۱) فاسد ہونا یا کر دینا؛ داغ لگ جانا یا داغ لگانا؛ ملوث کرنا یا ہونا؛ سڑنا؛ رنگ چڑھ جانا (خراب چیزکا)؛ کلنک کا ٹیکا لگنا یا لگانا ۔ (۲) فضا کو زہریلا کرنا : گندگی پھیلانا (مضرت رساں طورپر)؛ آلودہ کرنا؛ ناپاک کرنا؛ بگاڑنا؛ خراب کرنا؛ بگڑنا؛ خراب ہونا؛ سڑ جانا؛ متعفن ہو جانا؛ آلودہ ہونا؛ رنگ پکڑنا؛ رنگ لگنا ۔ (۳) دھندلا کرنا؛ ماند کرنا؛ دھندلا یا ماند پڑ جانا؛ (مجازاً) نام یا آبرو کو بٹا لگانا؛ داغ لگانا ۔

To taint one's reputation : کسی کی شہرت کو داغ داربنانا۔

Taint-worm : (n) مویشیوں کو نقصان پہچانے والا ایک کیڑا ۔

Tainted : (a) فاسد؛ آلودہ؛ بوگرفتہ؛ فاسد شدہ (اثر وغیرہ)؛ لکہ دار؛ داغی؛ دھبا دار؛ داغ دار ۔

Tainted goods : (n) داغی مال جسے مزدوروں کی انجمن نے ہاتھ لگانے سے منع کردیا ہو ۔

Tainted money : (n) غیر مشروع روپیا (رشوت وغیرہ کا) ۔

Taintless : (a) بےشائبہ؛ بے داغ؛ بے عیب؛ صاف؛ ستھرا؛ پاک؛ معصوم؛ خالص؛ بےقصور؛ بےجرم؛ بےخطا ۔

Taintlessly : (adv.) بے خطا طور پر؛ بے داغ طور پر؛ صاف ستھرے انداز سے ۔

Taintlessness : (n) پاکی؛ معصومیت؛ خالص پن؛ بےقصوری؛ بے خطائی ۔

Taintment : (n) آلودگی؛ آلائش؛ پلیدی؛ ناپاکی؛ لوث؛ فساد ۔

Taintor : (n) رنگرز؛ رنگ ریز ۔

Taipan : (n) [chin(Pek) taipan] چین کا بڑا تاجر ۔

Taipan : (n) [Native name in Australia] شمالی آسٹریلیا کا ایک زہریلا سانپ ۔

Taipo : (n) [Maori, 'taepo'.] شیطان؛ خبیث؛ آسیب؛ عفریت ؛ جن؛ روح ۔

Tais (c) h : (n) [Gael. 'taibhs'.] وہمی صورت؛ وہمی شبیہ : طیف ؛ توہم ؛ بھوت پریت ؛ سایہ (خصوصاً آدمی کا جو مرنے کے قریب ہو) ۔

Taissle : (n) اختلال؛ آشوب؛ پیچیدگی؛ معمّا ۔

Taistrel/Taistril : (n) (اسکاتستانی) آدم پست؛ برزہ ؛ بد اخلاق؛ شریر ۔

Tait : (a) زندہ دل ؛ بشاش ۔

Tait : (n) زندہ دلی؛ بشاشت ۔

Taiver : (v) Taver کا متبادل ۔

Taiver : (n) (اسکاتستانی) چیتھڑا؛ دھجی؛ پرزہ ؛ ٹکڑا ۔

Taj : (n) [Arab 'taj'.] تاج؛ (خصوصاً) مسلمان درویشوں کی کلاہ؛ بادشاہ /ملکہ کا تاج / کلاہ ۔

Tajik/Tadjik/Tadzhik : (n) تاجیک؛ قدیم ایران کی ایك قوم جو افغانستان اور ترکستان میں آج بھی پائی جاتی ھے ۔

Tajiki : (n) تاجیك کے لوگوں کی ایرانی زبان ۔

Takable/Takeable : (a) قابل گرفت؛ پکڑنے کے لائق ۔

Take : (n) (۱) لینے کا عمل؛ پکڑنے کا عمل ؛ قبضہ کرنے کا عمل؛ لی ھوئی زمین؛ گرفت (بول چال) ؛ زمین کا پٹا؛ اجارہ ۔ (۲) وہ چیز جو وصول کی جائے؛ وصول کی ھوئی چیز؛ (جمع میں) پیداوار؛ آمدنی؛ منافع؛ آمد؛ حاصل؛ وصول یابی ؛ (خصوصاً) ناٹك کی آمدنی ۔ (۳) ایك ہی وقت میں پکڑی ھوئی چیز خصوصاً مچھلی ۔ (٤) (طباعت) کاپی کا وہ حصہ جو ایك ہی دفع ٹائپ کے لئے لیا جائے ۔ (٥) (سنیما فوٹو گرافی) اس کے سین (منظر) کا حصہ جو ایك ہی دفعہ فوٹو گراف کیا گیا ھو؛ (سنیما) سین جس کا فوٹولیا گیا ھو ۔ (٦) ریکارڈنگ کرنا؛ ایك ہی وقت میں آواز کی ریکارڈنگ ۔ (۷) کاٹ ؛ قطع ؛ تراش ؛ کنائی ؛ حذف؛ ترك؛ اڑا دینا ۔ (۸) مجرموں کی یافت ؛ مجرموں کی کھینچائی ۔ (۹) اجارہ پر لیا ھوا تیل ۔ (۱۰) کمپوزیٹر کو قسط وار دی ھوئی کاپی (ٹائپ سیٹنگ کے لئے)؛ (مطبع کی اصطلاح میں) نام جو ایك مقررہ وقت میں کمپوزیٹر نے کمپوز کیا ھو ۔ (۱۱) طلسم؛ جادو؛ جذب؛ جاذبہ؛ اثر ۔ (۱۲) جوابی عمل؛ تعامل؛ تاثیر و تاثر؛ ردعمل؛ جوابی فعل ۔ (۱۳) شکار (مچھلی، پرندے وغیرہ جو ایك دن میں پکڑے یا شکار کئے گئے ھوں) صیدہ ۔

On the take : موقع کی تلاش میں؛ موقع سے ۔

Take : (v) [late OE. 'tacan'.] (۱) گرفت میں لینا؛ پکڑنا ؛ لینا ؛ تھامنا (ہاتھ یا آلے وغیرہ سے) ۔ (۲) قبضہ پالینا؛ لے لینا؛ گرفتار کرنا؛ قبضہ کرنا (خصوصاً جنگ میں)؛ قیدی بنانا؛ ماخوذ کرنا؛ حراست میں لینا یا لانا ۔ (۳) پانا؛ حاصل کرنا؛ جیتنا؛ فتح پانا؛ طاقت حاصل کرلینا؛ اختیار حاصل کرنا؛ قانونی طور پر املاك ضبط کرنا یا قرق کرنا ۔ (٤) آلینا؛ جاپہنچنا؛ جاپکڑنا (جنگلی جانور، چڑیا، مچھلی وغیرہ) پکڑنا؛ اسیر کرنا؛ شکار کرنا ۔ (٥) گرویدہ کرنا؛ کھینچنا ۔ (٦) مقبول ھونا ۔ (۷) عمل کرنا؛ کام کرنا (دوا کا) ۔ (۸) خریدلینا؛ لے لینا؛ فائدہ اٹھانا؛ کام میں لانا؛ صرف کرنا؛ لینا (وقت) ؛ اجارہ کرنا؛ خریدنا؛ ادائیگی پر حاصل کرنا (رسالہ، ہفتہ وار اخبار وغیرہ) ۔ (۹) (حق یا حاصل کردہ اعزاز وغیرہ) پانا ۔ (۱۰) بنانا، کرنا (بیوی، حصہ دار وغیرہ)؛ رشتہ میں منسلك کرنا؛ خدمت میں لینا ۔ (۱۱) مستقل خریدار ھونا ۔ (۱۲) کرائے یا اجرت پر لینا ۔ (۱۳) مثال کے طور پر لینا ۔ (۱٤) اجازت لینا؛ طالب ھونا ۔ (۱٥) پینا؛ کھانا؛ صرف کرنا؛ اندر کو سانس لینا (Snuff کا) ۔ (۱٦) چاہنا؛ مانگنا؛ ضرورت ھونا ۔ (۱۷) لانا؛ لے چلنا؛ لے جانا ؛ پہنچانا؛ ہٹانا؛ دور کرنا؛ اٹھانا ۔ (۱۸) (کوئی کام) اپنے ذمے لینا؛ ہاتھ میں لینا؛ شروع کرنا؛ کسی شخص کی نگرانی یا اصلاح کا ذمہ لینا ۔ (۱۹) ھو جانا؛ لگ جانا؛ لاحق ھوجانا؛ اثر کرنا یا ھونا؛ (متعدی بیماری، بخار،زکام وغیرہ) بیماری سے متاثر ھونا ۔ (۲۰) اثر لینا؛ محسوس کرنا (خوشی وغیرہ)؛ برداشت کرنا (محنت وغیرہ) ۔ (۲۱) معلوم کرنا؛ دریافت کرنا؛ ناپنا (جسامت، بلندی، حرارت وغیرہ) ۔ (۲۲) سمجھ جانا؛ قیاس کرنا ؛ ادراك میں لانا؛ خیال کرنا؛ سوچنا ؛ دماغ میں لانا ۔ (۲۳) سمجھنا؛ تصور کرنا؛ تعبیر کرنا؛ معنی لینا؛ تفسیر کرنا؛ واضح کرنا ۔ (۲٤) فرض کرنا؛ مان لینا؛ سمجھ لینا ۔ (۲٥) (کسی چیز سے کسی خاص قسم کا) اثر لینا ۔ (۲٦) قبول کرنا؛ ماننا؛ سننا(نصیحت) ؛ سہنا؛ اختیار کرنا؛ پانا؛ جیتنا (انعام وغیرہ)؛ تجربہ حاصل کرنا ۔ (۲۷) کرنا؛ عمل میں لانا ۔ (۲۸) تصویر لینا؛ فوٹو کھینچنا؛ تصویرمیں اچھا برا وغیرہ آنا ۔ (۲۹) (کرکٹ) گیند پکڑلینا؛ (Catch) کرنا؛ (بالر کا) وکٹ پر قبضہ کر لینا (گیند مار کر یا دوسرے طریقے سے) ۔ (۳۰) لازم رکھنا ۔ (۳۱) انتخاب کرنا؛ اخذ کرنا؛ استفادہ کرنا (کسی چیز سے) چننا؛ موقع تلاش کرنا ۔ (۳۲) پرواز کرنا ۔ (۳۳) مبتلا ھونا؛ دوچار ھونا ۔ (۳٤) تعلق خاطر پیدا کرنا؛ منہمك کر لینا؛ توجہ منعطف کرنا؛ جذب کر لینا؛ مدغم کرلینا؛ گھل مل جانا ۔ (۳٥) بیٹھنا ۔ (۳٦) عازم ھونا؛ روانہ ھونا ۔ (۳۷) منہا کرنا؛ گھٹانا؛ کمی کرنا؛ کسر کرنا ۔ (۳۸) (اسکاٹستانی) غوطہ لگانا؛ ڈھونڈنا ۔ (۳۹) لکھنا ؛ یاد داشت لکھنا ۔ (٤۰) جدا ھونا ۔ (٤۱) مالك ھونا ۔ (٤۲) مارنا؛ وار کرنا؛ (ہاتھ یا ہتھیار) چلانا؛ متوجہ کرنا؛ متاثر کرنا (شخص کو) (عموماً in, on (across, over.) کے ساتھ) ۔ (٤۲) (پودا، بیج وغیرہ کا) جڑ پکڑ لینا؛ اگنا؛ اپجنا؛ نکلنا؛ پھوٹنا؛ بڑھنے لگنا ۔ (٤۳) غلطی پکڑنا؛ خامی

نکالنا ـ (٤٤) موہ لینا؛ موہنا؛ دل لےلینا؛ فریفتہ کرنا؛ لبھانا؛ خوش کرنا؛ نہال کرنا؛ مسرور کرنا؛ محظوظ کرنا ـ (٤٥) مالك بن بیٹھنا؛ قابض ہو جانا؛ اپنانا؛ اپنے تصرف میں لانا ـ (٤٦) بنانا؛ اختیار کرنا (کسی خاص حیثیت، وضع، کردار یا شان کا) ـ (٤٧) عہدہ سنبھالنا؛ کسی کو ذمہ دار بنانا؛ عہدہ برآ ہونا؛ خدمت انجام دینا ـ (٤٨) سرگرمی دکھانا؛ محنت کرنا؛ تن دہی سے کام لینا؛ جانفشانی کرنا ـ (٤٩) (قواعد الفاظ، جملے وغیرہ) استعمال کرنا؛ لازمی طور پر آنا۔ (٥٠) مدد حاصل کرنا؛ پہنچنا۔ (٥١) جانچنا؛ بچارنا ؛ تعین کرنا : خیال کرنا؛ محسوب کرنا ـ (٥٢) (جگہ یا عہدہ لینے کے لئے) بڑھنا ـ (٥٣) کسی ذریعہ سے حاصل کرنا؛ کسی سے سیکھنا؛ مثال لینا ؛ قبول کرنا؛ لے لینا ـ (٥٤) نقل کرنا؛ لکھنا؛ ضبط تحریر میں لانا (بولے ہوئے الفاظ کو) ؛ رپورٹ تیار کرنا ـ (٥٥) اطلاع پانا ؛ خبر سننا ـ (٥٦) خوشی محسوس کرنا؛ مسرت حاصل کرنا؛ مسرور ہونا؛ آرام پانا ـ (٥٧) قبول کرنا؛ تسلیم کرنا؛ ماننا۔ (٥٨) برداشت کرنا؛ قانع ہونا؛ مطمئن ہونا ـ (٥٩) (رکاوٹ وغیرہ) ہٹانا؛ صاف کرنا ـ (٦٠) لے جانا؛ کھینچنا؛ رہبری کرنا؛ رہنمائی کرنا؛ بدرقے کا کام دینا؛ مشایعت یا حفاظت کی غرض سے سفر میں ہم رکاب ہونا ـ (٦١) کھینچ لے جانا ؛ ہٹانا ؛ اکھیڑنا ؛ محروم کرنا؛ چھین لینا ـ (٦٢) بنانے کے لائق ہونا ؛ علاحدگی پذیر ہونا ـ (٦٣) آگےبڑھنا یا پیچھے ہونا ـ (٦٤) نذر کرنا؛ مخصوص کرنا؛ صرف کرنا؛ وقف کرنا ـ

Am not taking any : (عامیانہ) میں نہیں لوں گا ؛ مجھےنہیں چاہیئے ـ

Do not take advantage of his youth : اس کی کم سنی سے بیجا فائدہ نہ اٹھاؤ ـ

Must not take it ill of him : اس کی بات کا برا نہیں ماننا ـ

Should take it kindly of you if you answer : اگرجواب عنایت ہو تو اسے مہربانی سمجھوں گا ـ

To be taken ill : بیمار پڑجانا ؛ بیماری پکڑ لینا؛ بیمار ہو جانا ـ

To have what it takes : ضروری صفات کاحامل ہونا (خصوصاً وہ جنہیں کامیابی کی ضرورت ہے) ـ

To take aback : حیرت میں ڈالنا ـ

To take a back seat : دیکھو Back

To take a bath : غسل کرنا؛ نہانا ـ

To take a bow : تعریف کئے جانے پر بہ طور اعتراف جھکنا ـ

To take account of : ملحوظ خاطر رکھنا ـ

To take chance/-one's chances : کسی نتیجے کو قسمت پر چھوڑ دینا؛ موقع حاصل کرنا ـ

To take a dare : کسی کام کرنےکی ہمت کرنا، جرأت کرنا؛ خطرہ مول لینا ـ

To take adieu/-farewell : الوداع کہنا؛ رخصت کرنا ـ

To take a different view : کچھ اور رائے رکھنا۔

To take dive(of a boxer) : مغلوب ہو جانے کا بہانا کرنا (مخصوص مکا بازی میں) ـ

To take a advantage of : ...... سے افادہ اٹھانا ـ

To take a fancy to : بہت پسند آجانا؛ دل آجانا ـ

To take against : (خصوصاً برطانیہ) مخالفت کرنا؛ مخالف ہونا؛ مزاحمت کرنا؛ سدّ راہ ہونا ـ

To take a glance round : چاروں طرف نظر ڈالنا ـ

To take a house : قبضہ کرنے کےلئے (مکان یا دوسری جگہ کو) حاصل کرنا ـ

To take a joke : مذاق برداشت کرنا ـ

To take amiss : غلط سمجھنا؛ رنجیدہ ہونا ـ

To take an oar : کِشتی کا چلنے لگنا؛ کِشتی کا چلنا ـ

To take apart : (١) ننگا کرنا؛ برہنہ کرنا؛ عضوعضو الگ کرنا؛ تقسیم کرنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـ (٢) تجزیہ کرنا ـ

To take (a person) a blow : کسی شخص کو مارنا، ضرب لگانا ـ

To take (a place or person) in (on) one's way : سفر میں شریك ہونا؛ اپنےراستے میں شامل کرنا ـ

To take a powder or take a run out powder : (عامیانہ) کوچ کرنا؛ ڈیرا اٹھانا؛ پڑاؤ چھوڑنا، اچانک چلاجانا؛ رفو چکر ہونا ۔

To take a reef : بادبان لپیٹ کر کشتی کی رفتار کم کرنا ۔

To take arms : جنگ کا آغاز ہونا لڑائی شروع ہونا ۔

To take as read : (روئداد، رپورٹ وغیرہ) جلسے میں پڑھے بغیر کاروائی میں شریک کرلینا ۔

To take a stick(etc) to : مارنے کےلئے چھڑی استعمال کرنا ۔

To take a sudden leap : یکایک جست کرنا ۔

To take a wake : چہل قدمی کرنا ۔

To take bit between teeth : قابو سےباہر ہو جانا ۔

To take boat/- coach/- ship : کشتی پر سوار ہونا : جہاز پر سوار ہونا ۔

To take breath : کام میں رک جانا؛ آرام کرنا؛ دم لینا ۔

To take by storm : ایک دم سے چھا جانا ۔

To take care : (۱) سنبھل کر(کام) کرنا ۔ (۲) خبردار، ہوشیار ہونا؛ دیکھ بھال کر کام کرنا؛ محتاط ہونا؛ عاقبت اندیشی یا احتیاط سے کام کرنا ۔

To take care of : (۱) (کسی چیز کی) احتیاط کرنا ۔ (۲) نگرانی کرنا؛ خبرگیری کرنا ۔ (۳) ضرورت پوری کرنا ۔ (٤) انتظار کرنا ۔ (٥) سلوک کرنا ۔ (٦) قابو میں ہونا ؛ اختیار میں ہونا؛ نظم و نسق کرنا؛ ہٹانا؛ الگ کرنا ۔ (۷) متعین کرنا ۔ (۸) قتل کرنا؛ مار ڈالنا ۔

To take charge : (۱) قابومیں کرنا؛ قبضہ میں لینا؛ حفاظت میں لینا؛ سنبھالنا (عہدہ) ۔ (۲) قابو سے باہر ہوکر خود کار ہو جانا ۔

To take counsel : مشورہ کرنایالینا؛ صلاح ومشورہ کرنا ۔

To take croquet : (حریف کی) گیند ہٹانا ۔

To take down a peg : دیکھو Peg (a)

To take earth : (۱) (لومڑی وغیرہ کا) بھٹ میں گھس جانا یا چھپ رہنا ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی کےلئے) چھپ کر بیٹھ رہنا ۔

To take effect : دیکھو Effect

To take example : مثال کے طور پر استعمال کرنا؛ مثال لینا ۔

To take exception : اعتراض کرنا؛ (غلطی کا) گرفت کرنا ۔

To take fire : آگ لگنا؛ (مجازاً) برافروختہ ہونا ؛ آگ بگولا ہو جانا ۔

To take five or take ten : پانچ یا دس منٹ کا وقفہ لینا ۔

To take for granted : دیکھو Grant (v)

To take from : گھٹانا؛ تنقیص کا سبب ہونا؛ کم کرنا ۔

To take from the table : بحث کے لئے پیش کرنا؛ ٹیبل پر لانا (پارلیمانی رپورٹ) ۔

To take guard : (کرکٹ) بچاؤ کی جگہ پر بیٹ رکھنا ۔

To take heart : ہمت بندھنا؛ دل بندھنا؛ حوصلہ ہونا؛ ہمت ور ہونا ۔

To take hold : (۱) گرفت کرنا؛ پکڑنا ۔ (۲) کنٹرول کرنا؛ انتظام کرنا ۔ (۳) اثر رکھنا ۔

To take ill : بیمار پڑجانا؛ (کسی بات کا) برا ماننا ۔

To take in good (etc) part : دیکھو Part (n)

To take in one's arm : محبت سے ہم آغوش ہونا ؛ بغل گیر ہونا؛ چمٹانا ۔

To take into camp : جُل دینا؛ فریب دینا؛ دھوکا دینا ۔

To take into (one's confidence) : راز داربنانا؛ شریک راز بنانا ۔

To take into (one's head.) : سمجھ بیٹھنا؛ دل میں سما جانا؛ (بات کا) ٹھان لینا ۔

To take into or under consideration : خیال کرنا؛ تصور کرنا؛ محسوب کرنا؛ سمجھ لینا؛ غور کرکے رائے قائم کرنا

To take in vain : بے فائدہ ؛ لا حاصل ۔

To take issue : بحث کرنا؛ مناظرہ کرنا؛ تکرار کرنا؛ جھگڑا کرنا ۔

To take it easy : دیکھو Easy

To take it in snuff : غصہ ہونا؛ ناگوار ہونا؛ رنجیدہ ہونا ۔

To take it on the chin : شکست کھانا؛ناکامیاب ہونا؛ سرزنش سہنا، برداشت کرنا ۔

To take it or leave it : قبول کرنا یا نامنظور کرنا ۔

To take it out of : (۱) بدلہ لینا ۔(۲) معافی منگوانا یا تلافی کرانا (کسی سے) ۔(۳) انس نکال دینا؛ بے دم کر دینا ۔

To take kindly to : فطری رجحان ہونا؛ قبول کرنے کی خواہش ظاہر کرنا ۔

To take leave : رخصت ہونا ۔

To take liberty : اپنے تصرف میں لانا؛ گستاخی کرنا ۔

To take lying down : بے مزاحمت کے برداشت کرلینا؛ چپ چاپ جھیل لینا ۔

To take measure : دیکھو Measure

To take medical advice etc : (فیس دے کر) طبی مشورہ وغیرہ حاصل کرنا یا لینا ۔

To take name (esp. God's) in vain : بے ادبی سے ذکر کرنا ؛ بلاوجہ قسم کھانا ۔

To take notes : یاد داشت لکھنا ؛ قلم بند کرنا ۔

To take notice : دھیان سے چاروں طرف نظر ڈالنا ۔

To take notice of : (۱) خاص کر محسوس کرنا؛ خصوصاً سمجھنا بوجھنا ؛ معلوم کرنا ۔ (۲) رائےزنی کرنا؛ تنقید کرنا؛ نظر ڈالنا؛ ملاحظہ کرنا؛ غور سے دیکھنا ۔

To take oath : حلف لینا؛ حلف اٹھانا؛ قسم کھانا ۔

To take occasion : دیکھو Occasion

To take on or upon oneself : عہدہ سنبھالنا؛ ذمہ داری لینا ۔

To take one at one's word : سمجھنا اور کسی کے بیان کو قبول کرنا ۔

To take (one's) chance(of) : (۱) قسمت آزمائی کرنا۔ (۲) (کسی بات کےلئے) جوکھوں کا کام کرنا۔

To take one's death : جان خطرے میں ڈالنا؛ جان کی بازی لگانا ۔

To take one's departure : رخصت ہونا؛ روانہ ہونا؛ چلا جانا؛ چھوٹنا (ریل وغیرہ کا) ۔

To take (one's) life in (one's hand) : جان پر کھیلنا؛ جان کی بازی لگانا ۔

To take one's medicine : سرزنش قبول کرنا ۔

To take (one's) time/Take one's own time : (کام کرنے کےلئے) وقت لینا؛ (نیز) ٹھہرتے ٹھہراتے چلنا؛ رستے میں دیر لگانا ۔

To take orders : دیکھو Order

To take or leave : (۱) قبول کرنا یا رد کرنا ۔ (۲) دینا یا لینا ۔

To take pains/-trouble : مصیبت اٹھانا، برداشت کرنا ۔

To take part : دیکھو Part ؛ حصّہ لینا ۔

To take photograph : تصویر لینا، اتارنا ۔

To take place : واقع ہونا ۔

To take possession : قبضہ میں لینا ۔

To take precedence : دیکھو Precedence ؛ سبقت لینا ۔

To take root : برگ و بار ہونا؛ جڑ پکڑ لینا ؛ جڑدار ہونا ۔

To take shape : متعین شکل اختیار کرنا؛ (ممیز صورت میں) تشکیل پانا؛ شکل بننا ۔

To take the road : سفر شروع کرنا ۔

To take the rue : (اسکاتستان) پشیماں ہونا؛ پچھتانا؛ نادم ہونا؛ شرمندہ ہونا ۔

To take the wind out of one's sails : (۱) کشتی کا ہَوا کے رخ پر چلنا ۔ (۲) پیش بندی کر کے کسی کو محروم کرنا ۔

To take the word/-take up the word : بولنےلگنا؛ بولنا شروع کرنا ۔

To take the words out of one's mouth : منہ کی بات چھین لینا ۔

To take time by the forelock : کسی چیز کا وقت پر استعمال کرنا؛ موقع ضائع نہ کرنا ۔

To take to heart : ہمت بندھنا؛ دل بڑھنا؛ حوصلہ ہونا ۔

To take too much (sc. drink) : بہت زیادہ پینا ۔

To take to one's heels : بھاگ جانا؛ راہ فرار اختیار کرنا ۔

To take to task : ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا ۔

To take wind : مشہور ہو جانا ۔

Was taken bad : (بول چال) بیمار پڑ گیا ۔

You may take it from me : جو میں کہتا ہوں اسے مان لو، یقین کر لو ۔

You may take my word for it : میں اس معاملےسے خوب واقف ہوں اور تمہیں یقین دلاتا ہوں ۔

To take sides : کسی طرف ہو جانا؛ طرفداری یا حمایت کرنا (کسی فریق کی)؛ جانب داری سے کام لینا ۔

To take silk : دیکھو Silk

To take stage/- take the stage : توجہ کا مرکز بننا ۔

To take stock (on, in) : (مجازاً) کسی چیز یا کام سے تعلق پیدا کرنا ۔

To take the air : کھلی ہوا میں گھومنا، ٹہلنا؛ سیر کرنا ۔

To take the ball (at cricket) : (کرکٹ میں) بولر کی پوزیشن اختیار کرنا ۔

To take the bull by the horns : دیکھو Bull

To take the cake/-biscuit : بازی لے جانا؛ سبقت لے جانا؛ اعزاز حاصل کرنا ۔

To take the chair : دیکھو Chair

To take the church service : گرجا میں نماز پڑھانا؛ امامت کرنا ۔

To take the count : (۱) مکہ بازی میں نیچے پڑا رہنا جب تک ریفری دس سیکنڈ تک شمار نہ کرلے ۔ (۲) شکست کھانا ۔

To take the crown/-the throne : حکمراں ہونا؛ سلطنت حاصل کرنا ۔

To take the field : (۱) (فٹ بال ٹیم کے) کھیل کے میدان میں جانا ۔ (۲) فوجی مہم میں شریک ہونا ۔

To take the floor : دیکھو Floor : خطاب کرنے کےلئے کھڑا ہونا ۔

To take the life of : مار ڈالنا؛ قتل کرنا ۔

To take the mathematical tripos : ریاضی کا سندی امتحان دینا ۔

To take the nonsense out of person : دماغ درست کر دینا، راہ راست پر لانا؛ کجی یا ٹیڑھا پن نکال دینا ۔

Take aback : (v) دیکھو Aback (adv.)

Take about : (v) توجہ کرنا؛ متوجہ ہونا؛ بدرقے کا کام دینا؛ حفاظت کی غرض سے سفر میں ہمرکاب ہونا؛ ساتھ چلنا ۔

Take after : (v) شبیہہ ہونا؛ کسی کی مثال ہونا؛ مانند یا مثل ہونا (کردار، سیرت وعادت وغیرہ میں) ۔

Take aim : (v) شست لینا؛ نشانہ باندھنا؛ تولنا (تلوار وغیرہ) ۔

Take alarm : (v) خطرہ مول لینا؛ محتاط ہو جانا؛ خطرے سے ہوشیار ہو جانا ۔

Take-all : (n) (حیوبی) گھاس کی ایک قسم کی نقصان دہ بیماری۔

Take-apart : (a) ایسا بنا ہوا جسے آسانی سے الگ کیا جاسکے اور دوبارہ جوڑا جاسکے ۔

Take arm : (v) ہتھیار اٹھانا؛ لڑائی کےلئے تیار ہونا ؛ جنگ شروع کرنا؛ دشمنی مول لینا ۔

Take away : (v) (۱) حرکت کرنا؛ ہٹادینا؛ کھینچ لینا ؛ اٹھا لینا؛ لے جانا؛ علاحدہ کرنا ۔ (۲) محروم کرنا؛ محرومیت کا باعث ہونا ۔ (۳) اخذ کرنا؛ نکالنا ۔ (٤) موت کی وجہ سے ہٹانا، منتقل کرنا ۔ (٥) تفریق کرنا؛ گھٹانا؛ نکالنا (ایک عدد سے دوسرا عدد) ۔

To take one's breath away : دم بخود کر دینا ۔

Take back : (v) (۱) (بول چال) واپس لینا (الفاظ)؛ منسوخ کرنا ۔ (۲) دوبارہ قبضہ کرلینا؛ پھر حاصل کرنا ۔ (۳) واپس آنے کی اجازت دینا ۔ (٤) گزرے لمحات کو خیال میں‌نہ لانا ۔ (٥) (کسی بیان یا وعدے سے) انحراف کرنا ۔

Take board : (n) تختی جس پر فلم کے ڈائریکٹر وغیرہ کا نام لکھا رہتا ھے ۔

Take charge : (v) (۱) کسی کی نگرانی یا خبرگیری قبول کرنا؛ ذمہ دارھونا؛ ذمہ لینا ۔ (۲) کنٹرول میں یا اپنے اختیار میں لینا ۔

Take down : (v) (۱) لکھنا؛ قلم بند کرنا؛ یاد داشت لکھنا؛رقم طراز ہونا ۔ (۲) ذلیل کرنا؛ پست کرنا؛ غرورتوڑنا؛ کم قدری کرنا ۔ (۳) حلق سے اتارنا، نگلنا (غذا وغیرہ خصوصاً ناگواری یا دشواری کے ساتھ)؛ کھا جانا ۔ (٤) اتارنا (چھت، عمارت وغیرہ کو)؛ منہدم کرنا؛ خراب کرنا؛ گرا دینا؛ کاٹ ڈالنا (درخت وغیرہ) ۔ (٥) ٹکڑے ٹکڑےکر دینا؛ منتشر کر دینا؛ علاحدہ کردینا؛ تقسیم کردینا ۔ (٦) ڈبونا یا تہ آب کرنا؛ غوطہ لگانا (آبدوز وغیرہ کا) ۔ (۷) اوپر سے نیچے گرا دینا؛ اتار دینا ۔ (۸) نچلی سطح پر رہنمائی کر کے لانا (مثلاً کسی خاتون کو کھانے کی میز پر) ۔ (۹) گھٹانا، کم کرنا (جوش یا گھمنڈ) ؛ گھٹیا بنانا ؛ کمزور کرنا ۔ (۱۰) (انگریزی بول چال) دبلا کرنا؛ گھلانا؛ کمزورکرنا؛ قوت کم کرنا ۔ (۱۱) بلی سے یا الماری سے نکالنا ۔ (۱۲) میکانکی ذرائع سے ریکارڈ کرنا ۔ (۱۳) (شاہین بازی) باز کا نیچے اترنا ۔ (١٤) (کشتی رانی کے مقابلے میں) کشتی کا سامنے آجانا(دوسری کشتی کے) ۔ (۱٥) (اسکول میں) کلاس میں دوسرے اسکالر سے سبقت لے جانا ۔

Take fire : (v) (۱) آگ لگنا؛ آگ پکڑ لینا ۔ (۲) (مجازاً) غصہ ہونا؛ بگڑنا؛ مشتعل ہونا (غصے میں) ۔

Take-home pay or take-home : (n) کسی شخص کا کل باقی مشاہرہ یا مزدوری مختلف قسم کی کٹوتی کے بعد ۔

Take horse : (v) (۱) گھوڑے پر سوار ہونا (سفر کے لئے) ۔ (۲) (گھوڑی کا)جفتی کھانا ۔

Take in : (v) (۱) لینا؛ داخل کرنا (مسافروں ، کرایہ داروں کو سرائے یا دار الاقامہ میں) ؛ جگہ دینا؛ مہمان کے طور پر استقبال کرنا ۔ (۲) ساتھ لے جانا (خاتون کو) خصوصاً کھانے کے کمرے میں لے جا کر اس کے ساتھ بیٹھنا ۔ (۳) کام لینا (دھونے، سینے وغیرہ کا گھر پر کرنے کے لئے) ۔ (٤) محیط ہونا (ایک چیز کا دوسری چیز پر)؛ شامل ہونا؛ لپیٹنا ۔ (٥) سمیٹنا (لباس کو)؛ لپیٹنا (بادبان کو) ۔ (٦) سمجھنا؛ غور کرنا؛ ذہن میں ترتیب دینا؛ خیال میں لانا؛ فوراً محسوس کرنا۔ (۷) باور کرلینا (غلط بات کا) ۔ (۸) دھوکا دینا؛ ٹھگ لینا؛ فریب دینا؛ جُل دینا (بول چال) ۔ (۹) (اخبار، جریدے، وغیرہ کا) خریدار ہونا ۔ (۱۰) ادائی میں لینا؛ کسی مہم کے لئے منافع حاصل کرنا ۔ (۱۱) قبول کرنا؛ شامل کرنا؛ بغل گیر ہونا ۔ (۱۲) زمین اپنے قبضے میں لینا (کاشت کرنے کے لئے)؛ گھیر لینا؛ شامل کر لینا ۔ (۱۳) مشتمل ہونا؛ داخل ہونا؛ لسٹ میں درج کرنا؛ شمار میں لانا یا شمار کرنا ۔ (١٤) پناہ دینا ۔ (۱٥) سفرنامے میں شامل کرنا ۔

To take (a lady) in to dinner : خاتون کو کھانے کے کمرے میں لے جانا ۔

To take in a reef : بادبان لپیٹنا ۔

Take-in : (n) (۱) دھوکا؛ فریب؛ جُل؛ ڈھونگ ۔ (۲) دھوکا دینے والا شخص ۔ (۳) کسی چیز کی تعداد یا مقدار (جو فریباً لی گئی ہو) ۔

Take off : (v) (۱) اتار دینا (ٹوپی، کوٹ، لباس وغیرہ)؛ اصل مقام سے ہٹا دینا ۔ (۲) (آدمی کو) ہٹا دینا یا

لے جانا (جیسے کنارے سے، چٹان یا جہاز وغیرہ سے) ۔ (۳) (قیمت) گھٹا دینا؛ کمی کر دینا؛ تخفیف کر دینا؛ چھوڑ دینا؛ چھوٹ دینا (ٹیکس وغیرہ میں) ۔ (٤) (طیارے وغیرہ کا) زمین سے اٹھنا؛ اڑان بھرنا ۔ (٥) پی جانا؛ چڑھا جانا (شراب) ۔ (٦) منہ چڑانا؛ نقلیں کرنا؛ نقالی کرنا ۔ (٧) اچھلنا؛ جست کرنا ۔ (٨) واگذاشت کرنا؛ دست بردار ہونا؛ منتقل کرنا ۔ (٩) بند کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ چھوڑنا ؛ ترک کرنا ؛ اٹھا لینا؛ واپس لینا ۔ (١٠) بوجھ ہٹا دینا ۔ (١١) کسی کی زندگی لے لینا ۔ (١٢) نقل کرنا (کتاب، مضمون وغیرہ)؛ چربا اتارنا؛ شبیہ اتارنا؛ تصویر کھینچنا ۔ (١٣) مستثنیٰ کرنا؛ چھوڑ دینا؛ علاحدہ کر دینا ۔ (١٤) قیاس کرنا؛ اندازہ لگانا؛ ناپنا ۔ (١٥) شمار کرنا؛ احصا کرنا ۔ (١٦) (طوفان، ہوا وغیرہ کا) کم ہونا؛ زور ٹوٹنا؛ دھیما ہونا ۔ (١٧) چھوڑنا (گاڑی وغیرہ کا)؛ رخصت ہونا؛ جانا؛ روانہ ہونا ۔ (١٨) استخراج کرنا؛ حاصل کرنا؛ اخذ کرنا؛ نکلنا؛ آغاز کرنا؛ ایجاد کرنا ۔ (١٩) موڑنا؛ پھیرنا؛ منحرف کرنا؛ توجہ پھیرنا؛ کسی کا خیال بانٹنا؛ کسی کام کے خلاف مشورہ دینا؛ باز رہنے کی التجا کرنا ۔ (٢٠) ختم کرنا؛ (گاڑی وغیرہ کو) روانہ ہونے یا چلنے سے روک لینا ۔ (٢١) قتل کرنا؛ مار ڈالنا ۔ (٢٢) کسی چیز کی شکل بنانا؛ شائع کرنا؛ (کسی چیز کا) نقش یا چھاپ اتارنا ۔ (٢٣) بُننا ۔ (٢٤) (کرکٹ) ضرب لگانا ۔

Take off : (n) (١) منہائی؛ مجرائی؛ کاہش؛ تخفیف ۔ (٢) (بول چال) نقل؛ مضحکہ؛ سوانگ یا سانگ ۔ (٣) جست گاہ ؛ وہ جگہ جہاں سے آدمی کودے ؛ زمین سے چھلانگ لگانا ۔ (٤) (کروکے کھیل) ٹھیلنی؛ ایسی ضرب جس میں اپنی گیند (جو دوسرے کی گیند سے ملی ہوئی رکھی ہو) آگے بڑھ جائے مگر دوسرے کی گیند ذرا سی ہل کر رہ جائے ۔ (٥) نقطۂ حرکت؛ نقطۂ پرواز؛ موقع پرواز (ہوا پیما) ۔ (٦) کسی چیز کے بنانے کا عمل ۔ (٧) پیمائش کرنے کا عمل ۔

Take off : (a) (١) جہاں سے جست لگائی جائے ۔ (٢) مشین کے پرزوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ھے جس سے کوئی چیز اٹھائی جاتی ھے ۔

Take on : (v) (١) (اپنے ذمے) لینا ؛ بیڑا اٹھانا (کسی کام کا)؛ ذمہ داری قبول کرنا؛ کام کرنے کی حامی بھرنا ۔ (٢) (بول چال) آفت مچا دینا؛ جذبات کا اظہار شدت یا جوش سے کرنا؛ شور و شغب کرنا؛ غوغا مچانا ۔ (٣) موٹا ہونا؛ اضافہ ہونا (گوشت وغیرہ کا) ۔ (٤) (کوئی خاص صورت یا شکل) اختیار کرنا؛ دھارن کرنا (کسی خاص حیثیت، وضع یا شان کا)؛ روپ اختیار کرنا ۔ (٥) کسی شخص کو ملازمت میں رکھنا؛ ملازم بنانا؛ اپنا اسٹاف (ملازمان کا) مقرر کرنا؛ تیار کرنا ۔ (٦) سلجھانے کی کوشش کرنا؛ سنبھالنا؛ سلجھانا؛ انجام دینا ۔ (٧) کھینچنا؛ کم کرنا؛ مختصر کرنا؛ پکڑ لینا؛ گرفت میں لینا ۔ (٨) (کسی فارم کا) انتظام لینا؛ (کسی فارم، کمپنی وغیرہ کو) کامیابی کے ساتھ چلانے کا ذمہ لینا ۔ (٩) خود کو مشغول کرنا؛ ملازمت میں آنا؛ فوج میں بھرتی ہونا ۔ (١٠) (بول چال) مشہور ہونا ؛ چل پڑنا؛ چل نکلنا ۔ (١١) سوار کرنا؛ لادنا ۔ (١٢) اعتراض قبول کرنا۔ (١٣) اخذ کرنا؛ قبول کرنا؛ لے لینا؛ اختیار کرنا؛ پسند کرنا۔ (١٤) (اسکاٹستان) قرض میں مبتلا ہونا؛ قرض دار ہونا؛ قرض لینا ۔ (١٥) متکبرانہ انداز میں سلوک کرنا۔ (١٦) ساتھ رہنا؛ متفق ، ہمنوا یا رفیق ہونا ۔

Take orders : (v) Order دیکھو

Take out : (v) (١) باہر لے جانا ۔ (٢) دور کرنا (دھبًا وغیرہ) ۔ (٣) (برج کھیل میں) اپنے ساتھی کو جو کوئی رنگ بول کر دقت میں پڑ گیا ہو اس سے بڑا رنگ بول کر دقت سے نکالنا ۔ (٤) (in کے ساتھ) قرض کے بدلے میں یا تلافی کے طور پر لینا ۔ (٥) جاری کرانا (اطلاع نامہ وغیرہ) ؛ حاصل کرنا (پیٹنٹ وغیرہ) ۔ (٦) چھوڑ دینا؛ شمار نہ کرنا؛ شامل نہ کرنا؛ نکال دینا؛ باہر کر دینا ۔ (٧) تعمیل کرنا؛ بجا لانا؛ عمل میں لانا؛ ہدایت کرنا ؛ پیشرو ہونا۔ (٨) نقل کرنا ؛ اصل کو ہو بہو اتار لینا؛ اقتباس کرنا ۔ (٩) حاصل کرنا (لائسنس وغیرہ) ۔ (١٠) چھٹکارا پانا؛ رکاوٹ دور کرنا ۔ (١١) کم کرنا؛ منہا کرنا؛ تفریق کرنا؛ کاٹنا؛ علاحدہ کرنا ۔ (١٢) دوسری شکل میں یا دوسرے طریقے سے (کسی چیز میں) اہمیت حاصل کرنا ؛ (وقت وغیرہ) گزارنا ۔ (١٣) ہٹا دینا؛ کھینچ لینا؛ نکال لینا؛ واپس لے لینا؛ اٹھا لینا؛ روکے رکھنا ۔ (١٤) صرف کرنا؛ خرچ کرنا ۔ (١٥) بدرقے یا رہنما کا کام دینا، رہنمائی کرنا؛ رہبری کرنا ۔

To take it out on : (سوٹ) تنگ کرنا؛ غصہ اتارنا ۔

To take out one's bat : (کرکٹ) دیکھو Carryout

Take out : (n) (١) (برج کھیل میں) بڑا رنگ بول کر اپنے ساتھی کو دقت سے نکالنے کا عمل ۔ (٢) انبار؛ ڈھیر؛ ٹال ۔

Take out of : (v) (۱) حاصل کرنا؛ استخراج کرنا؛ اخذ کرنا؛ استنباط کرنا ۔ (۲) (شخص یا چیز کی) اصل معلوم کرنا، خصوصاً قوت، طاقت وغیرہ کا حاصل کرنا ۔ (۳) دائرۂ اختیار یا انتظام سے علاحدہ کرنا، نکال دینا ۔ (٤) کسی شخص سے (کوئی چیز) عوض میں لینا ۔

To take it out of : (۱) (بول چال) تھکانا؛ تھکا ڈالنا؛ تھکا مارنا؛ چور کردینا ۔ (۲) (بول چال) کسی سے بدلہ لینا ۔

Take over : (v) (۱) جائزہ لینا؛ قائم مقام ھونا؛ جانشیں ھونا؛ (کاروبارکے متعلق) : ذمہ داری قبول کرنا؛ چارج لینا (کسی افسر سے)۔ (۲) ایك جگہ سے دوسری جگہ لے جانا؛ (مسافر، فوج وغیرہ کے) نقل و حمل کا انتظام کرنا ۔ (۳) قبضہ کرنا؛ کنٹرول یا اختیارمیں لینا؛ قابض ھونا۔ (٤) دوسرے کو نکال باہر کرنا، حاکم بن جانا ۔

Take-over : (n) انتظام ، کنٹرول اور ملکیت اپنے قبضے میں لے لینا ۔

Take-over bid : (n) کسی کمپنی کو کنٹرول میں لینے کا اقدام یا اس کی پیشکش۔

Take part : (v) دیکھو Part

Take photograph : (v) تصویر یا فوٹولینا، اتارنا ۔

Take place : (v) واقع ھونا؛ ظہور میں آنا ۔

Take possession : (v) (۱) ملکیت میں داخل ھونا، شامل ھونا؛ قبضہ میں ھونا ۔ (۲) (of کے ساتھ) قبضہ کر لینا؛ مالك بن بیٹھنا؛ قابض ھو جانا؛ اپنے تصرف میں لانا؛ ہتھیا لینا ۔ (۳) (مجازاً) متحرك کرنا؛ اکسانا؛ ترغیب دینا؛ غالب ھونا؛ برسر اقتدار ھونا؛ تسلط یا غلبہ رکھنا ۔

Take to : (v) (۱) شروع کرنا ۔ (۲) پڑ جانا ، لگ جانا (کسی شغل میں)؛ شوق ھو جانا (کسی چیز یا کام کا) ۔ (۳) انس ھو جانا؛ لگاؤ پیدا ھو جانا؛ تعلق خاطر ھو جانا ۔

Take to heart : (v) حد سے زیادہ متاثر ھونا؛ اذیت محسوس کرنا۔

Take up : (v) (۱) اٹھا لینا؛ اٹھانا؛ ایستادہ کرنا ۔ (۲) جذب کرنا؛ پینا؛ کھینچ لینا؛ چن لینا ۔ (۳) مصروف رکھنا ۔ (٤) راستے سے لے لینا : بٹھا لینا ۔ (۵) حراست میں لینا؛ گرفتار کرنا ۔ (٦) آغوش تربیت یا حمایت میں لینا (کسی کو)۔ (۷) (مقرر کو) ٹوکنا، غلطی جتانا ، لقمہ دینا ۔ (۸) اختیار کرنا (پیشہ)؛ موسم کا صاف ھونا ۔ (۹) (معاملے یا کام کو) لینا (یعنی اس کی طرف متوجہ ھوکر اسے انجام دینا یا طے کرنا) ۔ (۱۰) (مسئلے پر) بحث شروع کرنا ۔ (۱۱) دوبارہ یا مزید تحقیق کرنا (مسئلے کی)؛ مزید تفتیش یاتحقیقات کرنا (معاملے کی) ۔ (۱۲) جوڑنا (ٹوٹے ٹانکے کو)، جکڑنا؛ باندھنا (رگ وغیرہ کو) ۔ (۱۳) فراہم کرنا (قرضے وغیرہ کی رقم) ۔ (١٤) اونچے مقام پر لے جانا یا پہنچانا (کسی شخص یا چیز کو) ؛رہنمائی کرنا ۔ (۱۵) باگ روکنا؛ باگ تھام لینا؛ ٹھہرانا؛ تنبیہ کرنا؛ ضبط کرنا ۔ (١٦) قبضہ میں لینا (زمین) ہنڈی قبول کرنا یا ادا کرنا ۔ (۱۷) (رہن، گرو پر) پیشگی روپیہ لینا ۔ (۱۸) (اسٹاك، حصص، قرض کے لئے) دستاویز پر دستخط کرنا ۔ (۱۹) محلول بنانا ۔ (۲۰) (کسی شخص کی) حفاظت میں آنا؛ سر پرستی میں آنا؛ حمایت حاصل کرنا ؛ (کسی کی) حمایت کرنی شروع کرنا ۔ (۲۱) قبول کرنا ۔ (۲۲) ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا ۔ (۲۳) دوبارہ حاصل کرنا ۔ (٢٤) کوئی خاص وضع اختیار کرنا ۔ (۲۵) پورا قبضہ کرنا؛ (جگہ) بھرنا ۔ (٢٦) روکنا؛ بند کرنا؛ مسدود کرنا؛ خاص طور پر قبضہ کرنا، پورا قبضہ کرنا؛ اپنے ہاتھ میں لینا (کاروبار وغیرہ) ۔ (۲۷) (ذہن، خیال وغیرہ) مبذول کرنا، جذب کرلینا؛ منہمك ھونا ۔ (۲۸) (کوئی مقام یا عہدہ) حاصل کرنےکے لئے بڑھنا ۔ (۲۹) (کسی کام کو) پھر سےشروع کرنا ۔ (۳۰) سمجھنا (اسکاٹستان) ۔ (۳۱) (بول چال) رك جانا؛ خود کو بچانا؛ پرہیز کرنا ۔ (۳۲) آغاز کرنا خاص کر وہاں سے جہاں : دوسرے نے چھوڑ دیا ھو ۔ (۳۳) (اسکول کا) اجلاس شروع کرنا۔ (٣٤) چھوٹا ھو جانا؛ سکڑ جانا ۔

To take up a book : کتاب پڑھنا شروع کرنا؛ کتاب شروع کرنا ۔

To take up one's pen : لکھنا شروع کرنا؛ لکھنےلگنا ۔

To take up short : دیکھو Short

To take up the arms : دیکھو Arms

To take up the (or one's) cross : دیکھو Cross

To take up the cudgels : (استعارتاً) حمایت کرنا؛ پشت پناہی کرنا ۔

To take up the gauntlet : مقابلے کےلئے نکلنا؛ میدان میں آنا؛ مبارزت قبول کرنا ۔

To take up the glove : مقابلے کی دعوت قبول کرنا۔

To take up the hatchet : جنگ کا اعلان کرنا ۔

To take up with : (۱) ساتھ اٹھنا ۔(۲) دلچسپی لینا؛ توجہ کرنا ۔(۳) قبول کرنا ۔

Take-up : (n) (۱) لینے، پکڑنے کا عمل ۔ (۲) وہ کَل جس سے مشین کے پٹے، تسمے کو کستے ہیں : کسنے کی مختلف ترکیبوں میں سے کوئی ترکیب خاص کر سلائی کی مشین میں ڈھیلے دھاگے کو کسنے کی ترکیب ۔ (۳) ڈھیلے تار کو تاننا ۔ (٤) صفائی؛ اٹھانا، سامان کو جس جس پر کام یا عمل کیا جا چکا ہے ۔ (٥) تثبیت؛ کشش ۔ (٦) دیکھو Uptake (2a) : اسٹیم بائلر کے دھواں نکلنےوالے خانے سےاوپر کی طرف نکلی ہوئی نلکی ۔

Takeable : (a) Takable کا متبادل ۔

Takedown : (a) دیکھو Take-a part

Takedown : (n) (۱) منتشر ہو جانا؛ علاحدگی ۔(۲) لکھنے کا عمل؛ رائفل یا کوئی ہتھیار جس کے اجزا بڑی جلدی سے علاحدہ علاحدہ یا الگ کئے جاسکیں ۔ (۳) ذلت ؛ بےعزتی ؛ کمی ۔(٤) کوئی بنی ہوئی چیز (مثلاً رائفل وغیرہ) ۔

Taken alternately : (ہندسہ) بالتبادل ۔

Taken inversely : (ہندسہ) بالعکس ۔

Taker : (n) (۱) لینے والا ؛ گیرندہ؛ اخذ کرنے والا ۔(۲) زمین کی ملکیت حاصل کرنے والا ۔ (۳) بازی لگانے والا ؛ شرط بدنے والا ۔

Takin: (n) [Native name in 'Mishmi'.] تبت کاایک جانور جو ہرن سےمشابہ ہوتا ہے؛ تاکن؛ (حیوانیات) تبتی ہرن ۔

Taking : (.n.) (۱) Take کا حاصل مصدر ۔(۲) (جمع) آمدنی ؛ روکڑ (تاجر، بیوپار یا کام کرنے والے کی) آمدنی ۔ (۳) (قدیم) بے چینی ؛ پریشانی ؛ اضطراب ۔ (٤) چھونا یا چھوا جانا؛ لمس ؛ مس ۔ (٥)قبضہ؛ فتح؛ تسخیر (جنگ میں)؛ گرفتاری؛ پکڑنا (مچھلی یا دوسرے جانور کو) ۔(٦) قبول کرنا؛ حاصل کرنا ۔(۷) حاصل کی ہوئی یا لی ہوئی چیز ۔ (۸) (اسکاٹستان) ناموافق حالت، کیفیت ؛ ناسازگار حالت ۔ (۹) شدید ہیجان یا مصیبت کی حالت ۔ (۱۰) وہ چیز جو پکڑی جائے خصوصاً مچھلی یا دوسرے جانور جو ایک ہی دفعہ میں پکڑے جائیں ۔(۱۱) (طباعت) ایک ہی دفعہ لی ہوئی پرنٹ ۔

Taking : (a) (۱) دلکش ؛ دلربا ؛ من موہنی؛ جاذب نظر ؛ پُرکشش ؛ خوش کن ؛ مرغوب ۔ (۲) متعدی دوسرے تک پھیلنے یا اثر رکھنے والا (مرض) ۔

Takingly : (adv.) (۱) دلکش طور پر؛ دلربائی کے انداز میں ؛ دل آویزی سے؛ پرکشش طور پر ۔ (۲) متعدی طور پر ۔

Takingness : (n) (۱) دلکشی؛ جاذبیت؛ دل آویزی؛ دلربائی ۔ (۲) متعدی ہونا ۔

Takt : (n) [L.'tactus'.] (۱) (موسیقی) ضرب ۔(۲) لحنی ضربوں کا مجموعہ ۔

Tala : (n) [Skr.] (ہندوستانی موسیقی میں) تال ۔

Talak : (n) [Arab. 'talaq'.] طلاق ۔

Talapoin : (n) [Pg. 'talapao'.] (۱) بُدھ دھرم کا راہب ؛ بھکشو (لنکا اور سیام کا) ۔ (۲) (حیوانیات) مغربی افریقہ کا ایک بندر؛ ایک قسم کا افریقی بندر ۔

Talar : (n) [L. 'talaris', f. 'talus'.] ایک قسم کا لمبا لباس جو ٹخنے تک کا ہوتا ہے ۔

Talari : (n) [Arab 'talari'.] ایتھوپیا کا سونے کا ایک قدیم سکّہ ۔

Talaria : (n) [L.] (قدیم رومن) (أساطیر) اُڑن چپل ؛ پردار یا پوش جو افسانوں میں بعض دیوی دیوتا پہنے دکھائے جاتے ہیں ۔

Talbot : (n) [Supposed to be derived from the ancient English family name Talbot.] (۱) سگ تازی؛ شکاری کتے کی مختلف قسموں کے نام ۔ (۲) شکاری کتے کی تصویر یا نقشہ خاص کر نقابت میں ۔

Talbot type/Talbotype : (n) (۱) دیکھو Calotype ۔(۲) نیز وہ تصویر جو اس عمل سے بنائی جائے ۔

Talc : (n)[med.L.'talcum'.] (۱) (معدنیات) طلق؛ کوکب الارض؛ ایک قسم کی چکنی شفاف معدنی شے جو پرت کی صورت میں پائی جاتی ہے ۔ (۲) (عوام، دکاندار) ابرق؛ ابرک ۔ (۳) میگنیشیم کا سلیکیٹ ۔

Talc : (v) طلق چڑھانا؛ طلق سے جلا کرنا ۔

Talc powder : (n) پسا ہوا طلق ؛ بُرادہ بنا ہوا طلق : ایک خوشبودار پوڈر جو خوشبو دار طلق اور ہلکے Antiseptic سے مرکب ہوتا ہے ۔

Talc schist/-slate: (n) پرت دار چٹان جس میں طلق کثرت سے ہو ۔

Talcer : (n) دیکھو Soapstoner

Talcite : (n) طلق کبیر؛ طلق کثیر؛ (معدنیات) طلق کثیف : بھاری قسم کا طلق ۔

Talcky : (a) (معدنیات) طلقی؛ طلق سے متعلق ۔

Talcoid : (n) برف سا سفید طلق کی ایک قسم ۔

Talcoid : (a) طلق نما ۔

Talcose : (a) دیکھو Talcky

Talcous : (a) طلق نما؛ طلق مانند؛ طلقی؛ جس میں طلق ہو ۔

Talcum : (n) [med. L.] (معدنیات) طلق ۔

Talcum powder : (n) دیکھو Talc powder

Tale : (n) [OE. 'talu'.] (۱) داستان : قصہ : حکایت : واقعہ : سرگذشت ۔ (۲) کہانی؛ افسانہ؛ (خیالی) قصہ؛ جھوٹی یا بناوٹی بات یا چیز ۔ (۳) (جمع) خبر جو بدنام کرنے کے لئے پھیلائی جائے؛ افواہ؛ اشغلہ ۔ (٤) (شعرو خطابت) تعداد؛ شمارہ؛ گنتی؛ پوری تعداد؛ کل تعداد ۔ (٥) جمع؛ حساب؛ تخمین ۔

A Canterbury tale : چوسر (شاعر) کی طرح کی ایک داستان ۔

A Tale of a Tub : Swift کی ایک طنزیہ کتاب کا نام ۔

By tale : تعداد کے ذریعے ۔

Legendary tales : افسانے؛ مہمل قصے ۔

Old wives' tales : نانی اماں کی کہانیاں؛ بوڑھی عورتوں کی نا قابل یقین داستانیں ۔

Prefer to tell my own tale : میں واقعے کو اپنے طور پر بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

The tale is complete : گنتی پوری ہوگئی ۔

Thereby hang a tale : کچھ کہنے کو ہے؛ اس کے پیچھے ایک داستان ہے ۔

Thing tells its own tale : (۱) معنی خیز ہے (کوئی بات یا واقعہ) ۔ (۲) عیاں را چہ بیاں کے مصداق ہے ۔

To hold (make, give tell) no tale of : حساب نہیں رکھنا ۔

To tell (bring, carry) tales : چغلی کھانا؛ غمازی کرنا؛ سخن چینی کرنا؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ لترا پا کرنا؛ چغل خوری کرنا؛ ایسی خبریں (خصوصاً راز کی) کہتے پھرنا جس سے کسی کی بدنامی ہو ۔

To tell tales out of school : دیکھو School

Traveller's tales : سفری داستانیں (جو نا قابل یقین ہوں) ۔

Tale book : (n) داستانی کتاب؛ قصے کی کتاب ۔

Tale-master : (n) داستان پرداز؛ مؤلفِ داستان ۔

Tale-monger : (n) دیکھو Tale-bearer

Tale-teller : (n) قصہ گو؛ داستان طراز؛ داستان نویس؛ ناقل؛ راوی ۔ (۲) دیکھو Talebearer ۔

Talebearer : (n) سخن چیں؛ نمّام؛ لُترا؛ چغل خور؛ غماز : افواہ پھیلانے والا شخص؛ وہ شخص جو ایسی ویسی خبریں کہتا پھرتا ہے؛ ڈھنڈوریا؛ ڈھنڈورچی؛ بدگو ۔

Talebearing : (a) چغل خوری کرنے والا؛ بدگو؛ لُترا؛ غماز ۔

Talebearing : (n) چغل خوری؛ بدگوئی؛ لُترا پا ۔

Talegalla : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بوقلمون پیشہ؛ ایک قسم کی آسٹریلیائی چڑیا ۔

Talent : (n) [L. 'talenta'.] (۱) استعداد؛ نعمت طبعی؛ نعمت خدا داد؛ ذوق : صلاحیت : جوہر : (کسی خاص شے سے) فطری مناسبت ۔ (۲) ذہانت؛ ذکاوت؛

طباعی؛ اعلیٰ درجے کی ذہنی قابلیت، صلاحیت؛ خصوصی فطری صلاحیت ۔ (۳) ارباب ہنر ؛ اہل ہنر؛ اہل صلاحیت یا استعداد (من حیث المجموع) ۔ (٤) گھڑ دوڑ وغیرہ کی اصلاح میں) عطائی (The talent) جو ماہرین کی رائے پر بھروسا کرنے کی بجائے اپنی رائے سے شرط لگائے ۔ (٥) (یونانیوں ، رومیوں وغیرہ کا) ایک وزن اور زر حسابی؛ ٹیلنٹ؛ قنطار ۔

All the talents of the country : ملک کے تمام اہل ہنر ۔

Attic talent : (یونان کی ریاست) اٹیکا کا ٹیلنٹ تقریباً ساڑھے تین ہزار روپے کی قیمت کا ۔

Talent money : (n) انعام؛ زرفاضل؛ (وہ رقم) جوکرکٹ وغیرہ کے پیشہ ور کھلاڑیوں کو عمدہ کھیل کے صلے میں ان کی فیس کے علاوہ دی جائے ۔

Talent-scout : (n) وہ شخص جو با صلاحیت آدمی کو تلاش کرتا ھے (کھیل، تجارت وغیرہ کےلئے) ۔

Talented : (a) (نفسیات) باذوق ؛ ذہین ؛ ذکی؛ قابل ؛ لائق؛ باصلاحیت: ہنرمند؛ با استعداد ۔

Talentless : (a) بےہنر؛ بےصلاحیت؛ غبی؛ کُند؛ ناقابل ۔

Tales : (n) [L. pl. of 'talis'.] (۱) (قانون) عدالت میں کسی جیوری کے نہ آنے کی وجہ سے یا کسی جیوری پر اعتراض ہو جانے کی وجہ سے یا کسی وجہ سے جیوری کی مقررہ تعداد پوری کرنے کےلئے ان لوگوں میں سے جیوری چن لینا جو عدالت میں موجود ہوں ۔ (۲) جج کا حکم جیوری کو بلانے کے لئے۔

To pray a tales/To grant-/To award- : تکمیل جیوری کی درخواست کرنا ۔

Tales book : (n) وہ کتاب جس میں طلب کئے ہوئےجیوریوں کے نام درج کئے جاتے ہیں ۔

Talesman: (n) وہ شخص جو تکمیل جیوری کے لئے طلب کیا جائے ۔

Talewise : (adv.) بطور قصہ یا افسانہ ۔

Talewort : (n) گاؤ زباں ۔

Tali : (n) [Tamil, 'tali'.] سونے کی سکری جو دولہا ہندوستان میں دلہن کے گلے ڈال دیتا ھےجسے وہ تا حیات شوہر پہنے رہتی ھے ۔

Taliacotian : (a) [f.'Taliacotius'.] عمل تالیا کوشی ۔

Taliacotian operation : (n) ایک جراحی عمل جس میں بازو وغیرہ کا گوشت لے کر نئی ناک لگا دیتے ہیں ؛ ٹیلیا کو شی عملیہ؛ ناک لگانا ۔

Talio : (n) [L.f. 'talis'.] (قانون) قصاص؛ تلافی عینی؛ مکافات (مثلاً آنکھ کے بدلے آنکھ ، دانت کے بدلے دانت) نیز یہی سزا اس کی بھی ہوگی جو اپنا الزام ثابت نہ کر سکے گا ۔

Talion : (n) [L. 'talionem'.] دیکھو Talio

Talionic : (a) قصاصی؛ ثاری ۔

Taliped : (a) (حیوانیات) مائل پا؛ (طب) پاچیزی ؛ کج پا ؛ افدع؛ احنف ؛ پاؤں پھرا (جانور یا آدمی جس کا پاؤں پھرا ہوا ہو) ۔

Taliped : (n) کج پا شخص ۔

Talipes : (n) [mod L. f. L. 'talus+pes.'] (طب) انحراف پا؛ کج پائی؛ گرز پائی؛حنف؛ علت فدع؛ پاؤں پھراپن؛ احنفیت ۔

Talipes equinus : (n) (بیطاری) فَرسیِ کج پائی ۔

Talipes valgus : (n) (طب) ردح القدم ۔

Talipes varus : (n) (طب) فدعُ القدم ۔

Talipot/Taliput : (n) [Skr.Talapattra'.] تال پات : ایک قسم کا تاڑ جس کے پتے چوڑے چوڑے ہوتے ہیں (نباتیات) قسم تاڑ ؛ پنکھا برگ ۔

Talisman : (n) [It. Talismano'.] (۱) تعویذ؛ گنڈا ۔ (۲) (علم النجوم)نقش؛ طلسم؛ سحر کی اشکال جو لوح وغیرہ پر نقش کر دیتے ہیں ۔

Talismanic/-al : (a) طلسمی؛ طلسماتی ۔

Talismanically : (adv.) طلسمات کے طور پر؛ طلسماتی طریقہ پر ۔

Talita : (n) (علم النجوم) ثالثہ (ستارہ) ۔

Talk : (n) [f. next.] (۱) بات کرنے کا عمل؛ گفتگو ؛ بات چیت؛ سخن؛ زبانی جمع خرچ؛ خالی باتیں ؛ تقریر ؛ بیان ؛ وعظ ؛ خطبہ؛ (جمع) مکالمت ۔ (۲) جو

موضوع گفتگو هو؛ وہ بات جس کا چرچا هو ۔ (۳) مذاکرہ؛ مکالمہ؛ مختصر سی تقریر (گفتگو کے انداز میں خصوصاً وہ جو لاسلکی سے پھیلائی جاتی هے) ۔ (٤) مشورہ ؛ گفت و شنید؛ بحث و مباحثہ ۔ (٥) افواہ؛ بکواس؛ غیر مہذب لوگوں کے ساتھ نیز زبانی خبریں جو ان کو دی جائیں یا ان سے ملیں ۔ (٦) مضمون؛ موضوع؛ اصل ۔ (٧) الفاظ کی بھرمار؛ بیجا طول ۔ (٨) اشارہ؛ رپورٹ ۔ (٩) تحریری تجزیہ یا بحث جو مکالمت کے لئے پیش کی جائے ۔ (١٠) تبادلۂ خیالات ۔

Small talk : بہت ہی معمولی گفتگو؛ روز مرہ کی گفتگو ۔

Tall talk : ناقابل یقین بیان ؛ فخریہ بیان ؛ بڑی بڑی بات ۔

The talk of the town : موضوع گفتگو؛ شہر کی بات ۔

Talk : (v) [ME. 'talien'.] (١) تقریر کے ذریعے خیالات کا اظہار کرنا؛ تقریر کرنا ؛ گفتگو کے ذریعے خیالات کا اظہار کرنا ۔ (٢) گفتگو کرنا؛ باتیں کرنا ؛ بولنا ۔ (٣) قوت گویائی هونا ؛ ناطق هونا ۔ (٤) بہت بولنا؛ بکواس کرنا؛ بك بك کرنا ؛ چخ چخ کرنا؛ فضول گوئی کرنا؛ حد سے زیادہ بولنا ۔ (٥) بحث کرنا؛ تقریر کرنا (کسی خاص موضوع پر) ۔ (٦) (کوئی زبان) بولنا؛ (کسی زبان میں) گفتگو کرنا؛ (بول چال کی زبان) استعمال کرنا ۔ (٧) لاسلکی کے ذریعے پیام بھیجنا ۔ (٨) بولتے بولتے کوئی خاص حالت پیدا کردینا ۔ (٩) افواہ کے طور پر کچھ کہنا ۔ (١٠) مکالمہ پیش کرنا؛ مذاکرہ کرنا؛ لیکچر دینا ۔ (١١) تبادلۂ خیالات کرنا ۔

To talk about : (کسی چیز پر) بحث کرنا؛ گفتگو کرنا ۔

To talk (a person) into or out of : گفتگو کے ذریعے باور کرانا؛ قائل کرنا؛ ذہن نشیں کرانا؛ ترغیب دینا ۔

To talk (a person) over or round : سمجھا بجھا کر راضی کر لینا؛ ہموار کرلینا ۔

To talk at : (کسی کو) سنا کر کہنا؛ طعن وغیرہ کا فقرہ مخاطب سے اس طرح کہنا کہ تیسرا شخص سن لے ؛ کسی شخص سے تاکید سے کہنا ۔

To talk (a thing) over/To talk over (a matter) : مذاکرہ کرنا ؛ بحث کرنا ؛ مباحثہ کرنا ۔

To talk away : باتوں میں وقت گھلانا؛ ضائع کرنا ۔

To talk back : جواب دینا؛ کلہ بہ کلہ جواب دینا؛ بےدھڑك جواب دینا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا؛ زبان چلانا ۔

To talk big/-tall : تفاخر سے بولنا؛ شیخی بگھارنا؛ ڈینگیں مارنا ۔

To talk (cold) turkey : (امریکا) کھری بات کہنا؛ صاف صاف کہنا ۔

To talk dialect : بول چال کی زبان استعمال کرنا ۔

To talk down : (١) (مخاطب کو) خاموش کردینا؛ ساکت کردینا(اپنے شور یا اڑے رہنے سے)؛ مسکت جواب سے خاموش کردینا ۔ (٢) پائلٹ کو (خطرے کی حالت میں) ریڈیو پیام رسانی کے ذریعے هوائی جہاز کو نیچے اتارنے کی ہدایت دینا ۔

To talk Greek/-Hebrew : ایسی زبان میں گفتگو کرنا جسے سننے والا سمجھ نہ سکے ۔

To talk in one's sleep : غیر شعوری طور بولنا ۔

To talk of : (١)تذکرہ کرنا(کسی بات یا موضوع کا) ذکر کرنا (کچھ کرنے کے بارے میں) ۔ (٢) ہر پہلو سے غور کرنا؛ غورو فکر میں محو هونا؛ سوچنا؛ مستغرق هونا ۔

To talk one's head off : کسی سے بے حد تیزی اور روانی سے بولنا ۔

To talk one's way : گفتگو سے جگہ حاصل کرنا؛ تحریك یا ترغیب سے کوئی مقام حاصل کرنا ۔

To talk out : بحث کو طول دے کر فیصلہ نہ هونے دینا (کسی تحریك وغیرہ کا کسی مجلس یا پارلیمنٹ وغیرہ میں) ؛ وقت گزار دینا ۔

To talk over : (١) گفتگو کرنا (ذراتفصیل کے ساتھ)؛ بحث کرنا (کسی موضوع پر) ۔ (٢) ہم آہنگ بنا لینا؛ ہم خیال بنا لینا ۔

To talk round : بحث کے لئے جانا؛ بحث کو بیکار طول دینا ۔

To talk shop : اپنے پیشے سے متعلق بات کرنا ۔

To talk tall : شیخی بگھارنا؛ بڑا بول بولنا ۔

To talk through one's hat : (عامیانہ) زیٹ ہانکنا؛ بے پر کی اڑانا؛ دھونس جمانا؛ غیر منطقی گفتگو کرنا ۔

To talk to : (۱) کہنا سننا؛ بات چیت کرنا ۔ (۲) (روزمرہ) کھری کھری سنانا؛ تنبیہ کرنا؛ ڈانٹنا؛ جھڑکنا؛ توبیخ کرنا ۔

To talk to death : کسی قانون ساز مجلس میں لمبی تقریر کرکے قانون منظور یا پاس نہ ہونے دینا ۔

To talk up : بحث چھیڑنا (کسی موضوع پر) ۔

Talk around : (v) حد سے زیادہ بات کرنا؛ بولنا ۔

Talk away : (v) فضول گوئی میں وقت گزارنا ۔

Talk back : (n) فوراً جواب میں کہنا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

Talk-down : (n) پائلٹ کو (خطرے کی حالت میں) ہوائی جہاز کو نیچے اتارنے کی ہدایت ۔

Talkability : (n) صلاحیت گفتگو یا قابل گفتگو ہونے کی حالت ۔

Talkable : (a) قابل گفتگو؛ بولنے کے لائق ۔

Talkative : (a) پُرگو؛ باتونی؛ باتیں کرنے کا شوقین؛ بکّی؛ گپی ۔

Talkatively : (adv.) باتیں بول کر؛ پُرگوئی سے؛ بک بک کرتے ہوئے ۔

Talkativeness : (n) باتونی پن؛ پُرگوئی؛ بکواس ۔

Talkee-talkee : (n) (۱) بکواس؛ بک بک؛ گپ ۔ (۲) حبشیوں کی ٹوٹی پھوٹی انگریزی ۔

Talker : (n) ناطق؛ سخن گو؛ بات کرنے والا؛ بولنے والا؛ گفتگو کرنے والا؛ باتونی آدمی ۔

Talkfest : (n) (۱) عام مباحثہ کے لئے اجتماع ۔ (۲) عوامی معاملات کے لئے مباحثہ ۔

Talkie : (n) سنیما؛ ناطق فلم؛ ناطقہ؛ بولتی فلم؛ ناطقات ۔

Talkie projector : (n) (سنیما) عکس انداز ناطقہ ۔

Talking : (n) سخن گوئی؛ گفتگو ۔

Talking : (a) سخن گو؛ ناطق؛ گویا؛ بولتا ہوا (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں) ۔

Talking book : (n) نابینا کے لئے ایک فوٹو گراف ریکارڈنگ؛ گویا کتاب ۔

Talking film : (n) بولتی فلم ۔

Talking iron : (n) تفنگ؛ ہوائی بندوق ۔

Talking machine : (n) (سمعیات) ناطق مشین؛ فوٹوگراف ۔

Talking picture : (n) ناطق تصویر؛ گویا تصویر ۔

Talking point : (n) موضوع بحث؛ مباحثے کا موضوع ۔

Talky : (a) باتونی؛ بکّی؛ حرّاف ۔

Talky-talky : (n) باتونی؛ بہت زیادہ بات کرنے والا؛ بولنے والا ۔

Tall : (a) [Origin obsc.] (۱) بلند؛ بلندقد؛ لمبا؛ بلند قامت (آدمی کے لئے) ۔ (۲) بلند؛ اونچا (درخت وغیرہ کےلئے)؛ بلندوبالا ۔ (۳) بہت مبالغہ آمیز؛ شیخی کی (باتیں)؛ حد سے بڑھا ہوا؛ گزاف ۔ (٤) روپے میں زیادہ؛ بڑا (عامیانہ) ۔

Tall clock : (n) ایک قسم کی بڑی گھڑی ۔

Tall cone flower : (n) ایک امریکی گھاس ۔

Tall copy : (n) کسی کتاب کی اچھی کاپی ۔

Tall drink : (n) مخلوط مشروب جو بڑے گلاس میں تقسیم کیا جائے ۔

Tall folio : (n) اچھا فولیو ۔

Tallorder : (n) لمبی چوڑی فرمائش ۔

Tallage : (n) [OFr. 'taillage'.] محصول کا ایک قدیم طریقہ جو چودھویں صدی میں ترک کر دیا گیا؛ کسٹم ڈیوٹی؛ ٹیکس؛ لگان ۔

Tallage : (v) محصول لگانا؛ ٹیکس لگانا ۔

Tallboy : (n) (۱) (کپڑے رکھنے کی) الماری؛ ڈنڈی دار گلاس ۔ (۲) دودکش کے اوپر کی ٹوپی یا ڈھکن ۔

Talliable : (a) [OFr. 'taillable'.] قابل محصول ؛ ٹیکس لگانے کے قابل ۔

Talliate : (v) [f. med. L. 'talliare'.] دیکھو Tallage

Tallier/Tailleur : (n) [f. Fr. 'tailler'.] (تاش کے کھیل میں) کارڈ تقسیم کرنے والا شخص؛ جوئے کا مہاجن ۔

Tallish : (a) نسبتاً بُلند؛ تقریباً بُلند؛ قدرے بُلند ۔

Tallith : (n) [Rabinical Heb. tallis.] ایک قسم کا رومال یا شال جو یہودی عموماً نماز میں اوڑھے رہتے ہیں؛ تالیث ۔

Tallness : (n) بلندی؛ قدآوری ۔

Tallow : (n) [late ME. 'talgh'.] (۱) شحم؛ صاف چربی؛ پیہ؛ چکنائی جو چربی سے نکالتے ہیں اور شمعیں بنانے میں استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) مختلف قسم کے روغن یا چربیلے مادے کو بھی کہتے ہیں جسے پودوں سے نکالتے ہیں ۔

Vegetable tallow : شحم نباتی؛ نباتی روغن ۔

Tallow : (v) [f. prec.] (۱) چربی لگانا؛ چربی سے چکنا کرنا ۔ (۲) (بھیڑوں یا مویشیوں کو) موٹا کرنا ۔

Tallow candle : (n) چربی سے بنائی ہوئی شمع؛ موم بتی ۔

Tallow-candler : (n) شمع گر؛ موم بتیاں بنانے اور بیچنے والا ۔

Tallow-candlery : (n) موم بتی کی تجارت ۔

Tallow-drop : (n) گنبد نما نگینہ تراشی (جس میں دونوں یاایک طرف گولائی رکھتے ہیں)؛ (علم النجوم) گنبدی نگینہ تراشی ۔

Tallow-face :(n) زرد رو آدمی؛ وہ شخص جس کا چہرہ پیلا ہو ۔

Tallow-faced : (a) زرد رو ۔

Tallow oil : (n) جانور کی چربی سے نکالا ہوا تیل ۔

Tallow tree : (n) مختلف درختوں میں سے کوئی جس سے چربی نما چکنائی یا روغن نکلتا ہے ۔

Tallow-wood : (n) دیکھو Tallow tree

Tallower : (n) چربی فروش ۔

Tallowiness : (n) چربیلا ہونے کی حالت یا صفت ۔

Tallowish : (a) کسی قدر چربیلا؛ شحم آمیز ۔

Tallowy : (a) چربی کا؛ چربی لگا؛ چربیلا؛ چربی کا سا ۔

Tally : (n) [AFr. 'tallie'.] (۱) حساب پٹی؛ جس پر نشان بنے ہوتے تھے اور برابر کے ٹکڑے فریقین کے پاس شمار کے لئے رکھے جاتے تھے ۔ (۲) حساب جو اس طرح سے رکھا جاتا تھا؛ دو طرفہ کھاتا؛ پٹی کا حساب ۔ (۳) لیکھا؛ (معاشیات) حساب کتاب؛ کھاتا؛ علامت گزاری؛ محاسبہ؛ حساب نگہداری ۔ (٤) نشان؛ رقم جو خاص تعداد کے لئے مقررکر لی جائے (درجن، کوڑی، سیکڑا وغیرہ) علامت ۔ (٥) چیزوں کو گنتے وقت مقررہ رقم (کوڑی، سیکڑے وغیرہ) کی پکار (جیسے اٹھارہ انیس کوڑی) ۔ (٦) (لکڑی یا کاغذ کی) تختی ؛ نشان (جو پہچان کے لئے لگا دیا جائے) ۔ (۷) (کسی چیز کا) جواب ؛ جوڑ ؛ مثنیٰ ۔ (۸)(معاشیات) مطابقت حساب؛ بدہ ملنا ۔ (۹) رسید؛ (مجازاً) سمجھوتا؛ مفاہمت؛ ہم آہنگی ۔ (۱۰) گروپ؛ سلسلہ؛ گروہ؛ جتھا ۔ (۱۱) نظیر؛ قرین؛ یار؛ رفیق ۔

Horticultural tallies : درختوں کے نام کی تختیاں ۔

To buy goods by the tally : (سوسو یا کوڑیوں کے) نشان کے مطابق مال لینا ۔

To live (on) tally : (عامیانہ) بغیرشادی کے مباشرت کرنا؛ بغیر شادی کے میاں بیوی کی طرح رہنا ۔

Tally : (v) [f.Tally. (n)] (۱) تطبیق کرنا؛ مطابق ہونا؛ (مقابلے میں اعداد) ٹھیک نکالنا؛ برابر ہونا ۔ (۲) چوب خط میں حساب کرنا؛ کھاتے میں لکھنا؛ کھتیانا؛ کھاتوں کا مقابلہ یا ملان کرکے حساب کرنا؛ اندراج کرنا ۔ (۳) (جہاز رانی) بادبان کسنا ۔ (٤) (خصوصاً) مال کو اتارنے چڑھانے میں حساب کرنا؛ شمارکرنا۔ (٥) نشان لگانا (اسباب پر) ؛ (مال پر) لیبل لگانا؛ علامت کے ذریعے فرق پیدا کرنا؛ جدول یا فہرست بنانا ۔(٦) ٹھیک سے جواب دینا؛ ہم آہنگ ہونا؛ بھنوا ہونا؛ موافق ہونا؛ یکساں ہونا؛ مطابق ہونا؛ موافق کرنا ۔ (۷) رجسٹر کرنا (کھیل یا مقابلے میں پوائنٹ یا اسکور) ۔ (۸) شمار میں لانا؛ شمار کرنا؛ کسی عدد تک گننا؛ میزان

لگانا؛ میزان دینا ۔ (۹) بغیر شادی کئے ہوئے مباشرت کرنا ۔ (۱۰) مضبوطی سے پکڑنا ۔

Tally board : (n) وہ بورڈ جس پر حساب کے لئے نشان لگایا جاتا ہے؛ وہ بورڈ جو کھاتے کےطورپر استعمال ہوتا ہے ۔

Tally card : (n) (معاشیات) فرد حساب؛ کھاتہ ۔

Tally clerk : (n) (۱) کھاتےمیں حساب لکھنے والا؛ حساب دار ۔ (۲) وہ دکان دار جس کے یہاں خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو ۔

Tally-ho : (n) [Fr. 'tayant'.] (۱) وہ صدا یا آواز جو شکاری لومڑی کو دیکھ کر لگاتا ہے جب وہ اپنی جگہ سے باہر نکلتی ہے؛ لش لش؛ لشکار؛ وہ آواز جس سے (شکاری) شکاری کتوں کو (شکار پر حملہ کرنے کےلئے) للکارتا ہے ۔ (۲) لندن اور برمنگھم کے درمیان تیز چلنے والی گاڑی؛ بگھی گاڑی ۔

Tally-ho : (v) (۱) لشکارنا؛ لہکانا؛ (کتوں کو) لش لش ، لگے لگے کہنا؛ ہنکارنا ۔ (۲) (لومڑی کو) دیکھ کر آواز لگانا ۔

Tally-man : (n) (۱) کھاتے میں حساب لکھنے والا؛ حساب دار ۔ (۲) وہ دکان دار جس کے یہاں خریداروں کا کھاتا کھلا ہو ۔ (۳) نمونہ دکھا کر مال بیچنے والا ۔ (٤) وہ شخص جو لوگوں کے ساتھ اقساط پر سودا طے کرتا ہے ؛ اقساط فروش ۔ (٥) (خصوصاً) کارگو (مال جہاز کا) اترتے اور چڑھتے وقت جائزہ لینے والا ۔ (٦) (عامیانہ) بغیر شادی کے ازدواجی زندگی گزارنے والا ۔

Tally-sheet : (n) (معاشیات) فرد حساب؛ کھاتہ ۔

Tally shop : (n) وہ دکان جس میں چیزیں قسط پر (ادائی میں) فروخت کی جائیں؛ وہ دکان جس میں خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو ۔

Tally stick : (n) چھڑی یا خط دار لکڑی کی چھڑی جس پر قرض دینےاور ادائیگی کا حساب درج رہتاہے ۔

Tally system trade : (n) خریداروں کا کھاتہ کھول کر مال بیچنے کا طریقہ ۔

Tally-woman : (n) (۱) نگہدار حساب عورت ۔ (۲) وہ عورت جو شادی کئے بغیر ازدواجی زندگی بسر کرے (عامیانہ) ۔

Talma : (n) [Named after Francois Joseph Talma, French Tragedian-1763-1826.] مردوں اور عورتوں کی بے آستین کی قبا جس کا انیسویں صدی میں رواج تھا ۔

Talmi-gold (n) (دھات) سنہرا پیتل؛ زر برنج؛ پتیل جس پر سونے کی تہ چڑھی ہو ۔

Talmud : (n) [late Heb. 'talmud'.] تلمود؛ تالمود؛ یہودیوں کے قوانین شرعی و عرفی؛ یہودیوں کی فقہ کا مجموعہ اور اس کی شرح (دو حصوں پر مشتمل ہے 'Nishman' فقہ کا مجموعہ جو سنہ ۲۰۰ء میں مدون ہوا اور 'Gemara' اس کی شرح یروشلم میں سنہ ٤٠٠ء اور بابل میں سنہ ٥٠٠ء کے لگ بھگ لکھی گئی) ۔

Talmud torah : (n) بچوں کے لئے یہودیوں کا مذہبی اسکول جہاں یہودیت کی تعلیم دی جاتی ہے ۔

Talmudical : (a) تلمودی؛ کتاب تلمود کا یا اس سے متعلق ۔

Talmudism : (n) تلمود کی تعلیم؛ تلمود کے پیرو ۔

Talmudist : (n) (۱) مؤلف تلمود ۔ (۲) پیرو تلمود؛ اہل تلمود ۔ (۳) عالم تلمود؛ تلمود کا اسکالر ۔

Talmudistic/-al : (a) تلمود یا اہل تلمود کے متعلق؛ تلمودی ۔

Talmudize : (v) تلمودی بنانا ۔

Talocalcaneal : (n) (حیوانیات) کعب عقبی ۔

Talon : (n) [OFr.] (۱) (جمع) چنگال؛ پنجہ؛ ناخن (خصوصاً شکاری پرندے کا)؛ چنگل پنجہ؛ (تشریح) ناخن دراز ۔ (۲) (تاش بانٹنے کے بعد جو پتے بچ رہیں ان کی) ڈھیری ۔ (۳) قفل کے کھٹکے کا پہلو (جسے بند کرتے وقت کنجی سے ڈھکیلتے ہیں) ۔ (٤) (تعمیرات) شط : کگر ؛ دہرے بل کا حاشیہ ؛ وہ حاشیہ جس میں انگریزی حرف S کی شکل کے بل مسلسل چلے گئے ہوں ۔ (٥) ایڑی ؛ پاشنہ مانند چیز یا حصہ ۔ (٦) کوپن کے تختی کا آخری حصہ ۔

Taloned : (a) (۱) پنجے کا ۔ (۲) ناخن والا ۔

Talpa : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) جنس چھچھوندر ۔ (۲) (طب) سکنہ سر؛ سر پر رسولی؛ گومڑی (جو سر وغیرہ میں ہو) ۔

Taluk/Talug : (n) [f. Arab.Talika Urdu, ta-alluqa'.] (۱)تحصیل؛
تعلقہ؛ ہندوستان کے جنوبی صوبوں میں ضلع
کا ایک انتظامی حصہ؛ کلکٹری جس کا حاکم
تحصیل دار ہوتا ہے ۔ (۲) جاگیر؛ تعلقہ؛
خاندانی ملکیت؛ جائداد ۔

Talukdar/Taluqdar : (n) تعلقہ دار؛ تحصیل کا آفیسر انچارج؛
صاحب ملك موروثی ؛ سرکاری حاکم یا
جاگیر دار ۔

Talus : (n) [Fr. 'talus'.] (۱) دیوار کا ڈھلاؤ؛ ڈھلوان حصہ؛
کِلی سلامی؛ پشتہ دیوار ۔ (۲) (طبقات الارض)
چھوٹے پتھروں کا پشتہ (پہاڑی کے دامن میں)؛
جُفا؛ سنگریزی دامنہ ۔ (۳) ڈھلوان پہاڑ ۔

Talus : (n) [L.] (۱) (تشریح) ٹخنا؛ کعب؛ عرقوب
(۲) (تشریح) عظم الکعب ؛ ٹخنے کی ہڈی ۔
(۳) (طب) حنف یا پاؤں پھراپن ۔

Talus slope : (n) (ارضیات) ڈھلان دامنہ ۔

Tam o'Shanter : (n) [f. name of a hero in Burn's poem] گول
قُبانما ٹوپی (اون یا سوت کی) ۔

Tam-tam : (n) [Hindi, see TOM-TOM.] دھات کی پیالی نما
گھنٹی؛ طبل چینی ۔

Tamability /Tameability : (n) ہِل جانے کی صلاحیت؛ انس
پذیری؛ اطاعت پذیری ۔

Tamable /Tameable : (a) انس پذیر؛ اطاعت پذیر ۔

Tamableness /Tameableness : (n) دیکھو Tamability

Tamachek : (n) تو راگ (Tuarag) لوگوں کی بربری زبان (جو
صحارا کے مرکزی یا وسطی اور جنوبی
علاقوں میں بولی جاتی ہے) ۔

Tamal/Erron tamale : [Sp. 'tamal'.] ایك قسم کا میکسیکو کا
کھانا جو پیسے ہوئے بُھٹے، گوشت کے ٹکڑے
(خص یا چوزے کا) اور لال مرچ وغیرہ ملا کر
پکایا جاتا ہے؛ ایك لذیذ کھانا ۔

Tamandua : (n) [Tupi. 'tanandua'.] مور خور حیوانات کی
بعض قسمیں؛ تمادو (حیوانیات) مورخورصغیر ۔

Tamanoir : (n) [Fr.] مور خور حیوانات کی قسمیں؛
(حیوانیات) مور خور کبیر ۔

Tamarack : (n) [a native Indian name in Canada.] (۱) تمارك؛
امریکا کا ایك درخت جس کی شکل مخروطی
اور پتے چمك دار ہوتے ہیں؛ امریکی لارچ
(Larch) ۔ (۲) تمارك کی لکڑی ۔

Tamarau /Tamarao : (n) پانی میں رہنے والی سیاہ بال والی
چھوٹی بھینس ۔

Tamaricaceae : (n) (نباتیات) سیاہ عرعر؛ جھاؤ کا درخت ۔

Tamaricaceous (a) جھاؤ کے درخت سے متعلق ۔

Tamarin : (n) [Fr.] جنوبی امریکا کا دندان دراز بوزنہ ؛
جنوبی امریکا کا لمبے دانت والا بندر (جس کی
دم گچھے دار ہوتی ہے) تمارین ۔

Tamarind : (n) [Arab. 'tamr-hindi'.] (نباتیات) تمر ہندی ؛
املی ۔

Red tamarind : (نباتیات) تمر گجرات ۔

Wild tamarind : جنگلی املی کا درخت ۔

Tamarind-fish : (n) کھٹی یا املی پڑی مچھلی (املی ڈال کر
پکائی ہوئی) ۔

Tamarind-plum (n) (۱) مشرقی ہندی درخت کا نام
(Dialium inreum) ۔ (۲) اس درخت کا پھل ۔

Tamarind-tea /-water : (n) املی کا عرق؛ سرد مشروب کے لئے
استعمال ہوتا ہے ۔

Tamarisk : (n) [late E. 'tamariscus'.] تَمرس؛ اثل فرنگی؛ ایك
جھاڑی جس میں سفید یا گلابی پھول آتے ہیں
اور پتے پر کی طرح نرم اور ہلکے ہوتے ہیں؛
سمندر کے کنارے لگائی جاتی ہے؛ (نباتیات)
طرفا؛ جھاؤ؛ درخت گز؛ گز ۔

Tamarisk salt : (n) درخت گز سے نکالا ہوا نمك ۔

Tamarisk ware : (n) درخت گز کی لکڑی سے بنائے ہوئے
برتن ۔

Tamarix (n) دکھو Tamarisk

Tamarix Articulate : (n) (نباتیات) فرآش ؛ پتھرواں ۔

Tamarix Dioica/-Gallica : (n) (نباتیات) جھاؤ؛ پلچی؛ طَرفا ۔

Tamas : (n) [Skt.] (فلسفہ ہند میں) جہل؛ نادانی؛ تاریکی ۔

Tamasha : (n) [Urdu.] (۱) تماشا؛ سوانگ ۔ (۲) تقریب ؛ جلسہ ۔ (۳) ہنگامہ؛ ہل چل؛ افرا تفری ۔

Tamashek ; (n) دیکھو Tamachek

Tamber : (n) [by alter] (۱) وہ لکڑی جو عمارت میں استعمال کی جائے ؛ عمارتی لکڑی ؛ وہ لکڑی جس سے بڑھئی مختلف چیزیں بناتا ہے ؛ کاٹھ ؛ چوبینہ ۔ (۲) عمارتی لکڑی کے درخت ۔ (۳) جنگل ۔ (٤) لکڑی ؛ کڑی ؛ شہتیر ۔ (٥) (جہاز رانی) جہاز کی تسلی ؛ ان خمدار کڑیوں میں سے کوئی کڑی جس سےجہاز کا پنجر بنتا ہے ۔ (٦) (شکاریوں کی اصطلاح) کھیتوں کی باڑیں اور دروازے ۔ (۷) (عامیانہ) موٹی لکڑی کاٹکڑا؛ کُندا ۔ (۸) (کرکٹ عامیانہ) وِکٹ ۔

Tambour /Tambor : (n) [Fr.] (۱) طنبورہ ؛ ڈھولک ؛ طبل ؛ دُہل ۔ (۲) گول اڈا جس پر کارچوب تیار کرتے ہیں ؛ کارچوبی کا فریم (کارچوبی کا کام بنانے کا) ۔ (۳) اس قسم کا کام ؛ کارچوب ۔ (٤) (تعمیرات) ستون کا ڈھولنا؛ گول پتھر جو ستون کےبیچ میں ہوتا ہے ۔ (٥) کسی چیز کا گول حصہ؛ گولا ۔ (٦) کلیسا کی مسقف برساتی جس میں ٹوٹواں دروازے ہوتے ہیں ۔ (۷) طنبور ماہی؛ مچھلیوں کی قسمیں جن کی شکل یا آواز طنبورے سے ملتی ہے ۔ (۸) لوہے کا کٹہرا (جو سڑك یا پھاٹك کی حفاظت کے لئے لگا ہو) ۔ (۹) نبض کی رفتار کو ریکارڈ کرنے والا آلہ ۔ (۱۰) سونے یا چاندی کےدھاگے (تار) کی اعلیٰ قسم ۔ (۱۱) (ٹینس) کورٹ کی دیوار کا نکلا ہوا حصہ ۔ (۱۲) (فوج) مدافعانہ کام (باڑ یا کٹہرے کی شکل کا) ۔ (۳) اُتھلا دھات کا پیالہ یا طبل ۔

Tambour : (v) اڈے پر(فریم پر) کارچوب بنانا؛ زردوزی کرنا؛ کارچوبی کا کام کرنا ۔

Tambour-frame : (n) کارچوبی (کام بنانے) کا فریم ۔

Tambour lace : (n) کارچوبی کا فیتہ ۔

Tambour needle : (n) زردوزی کے کام میں استعمال ہونے والی سوئی ۔

Tambour stitch : (n) کروشیا کاری کا ٹانکا ۔

Tamboura/Tambur : (n) [Arab. 'Tanbura'.] طنبورہ ؛ ایك ہندوستانی موسیقی کا آلہ جس میں چار یا پانچ تانت لگے ہوتے ہیں ۔

Tambourin : (n) [Fr.] (۱) طنبوری ؛ لمبی پتلی ڈھولك جو فرانس کے علاقہ پرووانس میں رائج ہے ۔ (۲) طنبوری رقص؛ ایك قسم کا رقص جو طنبورین کے ساتھ ہوتا ہے ۔ (۳) اس قسم کے رقص کی موسیقی؛ طنبوری گت؛ وہ گت جو اس ناچ کے لئے بجائی جاتی ہے ۔

Tambourine : (n) [Fr. 'tambourin' .] (۱) دف؛ دائرہ؛ جھنکار ۔ (۲) فرانس کا ایك رقص یا ناچ جو دف کے ساتھ ناچا جاتا ہے؛ رقصِ دف ۔ (۳) گت جو (اس) ناچ کے ساتھ بجائی جاتی ہے ۔ (٤) کبوتر کی افریقی قسمیں ۔

Tambourine pigeon : (n) ایك افریقی کبوتر ۔

Tambourinist : (n) دف بجانے والا ۔

Tambreet : (n) [Mallangong lang. of New South Wales.] ایك دودھ پلانے والے آبی جانور کی جنس جو آسٹریلیا میں پائی جاتی ہے اور جس کے پاؤں پر جھلی منڈھی ہوتی ہے اور اس کی چونچ بط کی سی ہوتی ہے ۔

Tame : (n) [OE. 'tam'.] (۱) (جانور وغیرہ) پالتو؛ پلا ہوا ؛ خانگی (جنگلی یا وحشی کی ضد)؛ گھریلو؛ مطیع؛ بےضرر؛ آموختہ؛ رام؛ تربیت پذیر؛ فرمانبردار؛ سیدھا ۔ (۲) (مزاج) (شخص) نجی یا گھریلو کام کے لئے رکھا ہوا ۔ (۳) (بول چال)مزروعہ؛ کاشت کردہ؛ کاشت کی ہوئی (زمین)؛ (پودا) لگایا ہوا (باغ میں) (امریکا) ۔ (٤) بےحال؛ بےروح؛ بےمزہ؛ بےلطف؛ پھیکا؛ پھسپھسا ۔ (٥) مسکین؛ غریب؛ دبوّ؛ ڈرپوك؛ بزدل؛ فرومایہ؛ غلام جیسا؛ ذلیل ۔ (٦) ہلکا؛ دھیما؛ بودا؛ کم زور؛ بےاثر؛ سست؛ پیش پا افتادہ ۔

Tame : (v) [ME. 'tamen'.] (۱) (جنگلی جانورکو) کنٹرول (قابو) میں لانا یا آدمی کی خدمت کے قابل بنانا؛ رام کرنا؛ مسخر کرنا ؛ مطیع بنانا ۔ (۲) پالتو بنانا؛ ہلانا؛ (گھر میں) پالنا؛ (جانورکو) اہلی بنانا ۔ (۳) کچل دینا؛ دبا دینا؛ ٹھنڈا کردینا ؛ دھیما کر دینا؛ (جوش ہمت وغیرہ کو) ۔ (٤) سیدھا کر دینا؛ بل نکال دینا (کسی شخص کے) ۔ (٥) بے روح کرنا ؛ رام ہونا؛ بےمزہ ہونا؛ بے روح ہونا؛ ملائم ہونا؛ نرم ہونا؛ پست ہونا ۔ (٦) پالتو ہونا؛ سلیم الطبع ہونا؛ سنجیدہ ہونا؛ مدھم یا دھیما ہونا؛ یا دھیما کرنا ۔

Tame : (v) [Aphetic f. Attame.] کاٹنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ (استعمال کے لئے) سوراخ کرنا؛ چھونا۔

Tame cat : (n) (مجازاً) کا سہ لیس؛ طفیلی؛ وہ شخص جو دوسرے پر انحصار کرتا ہو۔

Tame cheater : (n) مرغ دام؛ وہ چڑیا جس کے ذریعے سے دوسرے پرندوں کو پھانستے ہیں۔

Tame-grief : (n) تسکین دہندہ؛ غم کو کم کرنےوالا۔

Tameable/Tamable : (a) Tamable کا متبادل۔

Tamedin : (n) خوشنما سایا جو برمی عورتیں پہنتی ہیں۔

Tameless (a) : (شعر) نامانوس؛ وحشی؛ غیر اطاعت پذیر : جو پالتو نہ ہوا ہو؛ جو پالتو نہ ہوسکے : جو رام نہ ہو؛ اہلی نہ بنایا جا سکے۔

Tamelessness : (n) رام نہ ہونےکی حالت؛ غیراطاعت پذیری۔

Tamely : (adv.) (۱) مسکینی سے؛ کم زور طریقے سے؛ اطاعت پذیر ہو کر؛ سیدھے پن سے۔ (۲) پھیکے یا پھسپھسے طریقے سے۔

Tameness : (n) (۱) مسکینی؛ دبوپن۔(۲) کم زوری؛ بے اثری۔ (۳) بے لطفی؛ بےمزگی؛ بوداپن؛ پھسپھساپن۔

Tamer : (n) اہلی بنانے والا؛ سدھانے والا؛ رام کرنے والا : پالتو بنانے والا۔

Tamerlane : (n) (تاریخ) تیمور لنگ۔

Tamil/Tamul : (n) [ad. 'Tamir, Tamil'.] (۱) ڈراویڈی نسل کی ایک قوم؛ تامل؛ جنوبی ہند اور سیلون (لنکا) کا باشندہ۔ (۲) تامل زبان (اس قوم کی)؛ ڈراویڈین خاندان کا بڑا رکن۔

Tamilian/Tamulian : (a) تامل کا؛ تامل سے متعلق۔

Tamilian : (n) تامل کا باشندہ ؛ تامل قوم کا فرد۔

Tamilic : (a) تامل کا یا اس سے متعلق ؛ تامل زبان سے متعلق۔

Tammany : (n) تمانی؛ نیویارک کی جمہوریت پسند جماعت کی انجمن جس کا مستقر تمانی ہال ہے (اس سیاسی بد اخلاقی کی وجہ سے جو اس جماعت کی طرف منسوب کی جاتی ہے اس لفظ میں اکثر ذم کا پہلو نکلتا ہے)۔

Tammanyism :(n) تمانی اصول یا طریقہ؛ سیاسی بداخلاقی یا بد دیانتی۔

Tammy : (n) [of uncertain origin.] اونی دھاگے کا ایک عمدہ قسم کا کپڑا۔

Tammy : (n) [Fr. 'tamis'.] چھلنی اونی کپڑے کی بنی ہوئی۔

Tammy : (v) چھلنی سے چھاننا۔

Tammy : (n) Tameshanter کا مخفف۔

Tamp : (v) [Var. of Tampion.] (۱) (معدنیات) (بارود کی تہ پر سوراخ وغیرہ میں) ڈاٹ لگانا؛ مٹی وغیرہ بھرنا (اڑانے کے لئے)۔ (۲) (سڑک کے پتھر وغیرہ کو) کوٹ دینا؛ کٹائی کرنا؛ کوبا کرنا۔ (۳) کوٹ کوٹ کر سخت اور مضبوط کرنا (مٹی وغیرہ کو تھاپی سے)۔

Tampan : [perhaps Sechuana name] جنوبی افریقہ کی ایک قسم کی زہریلی چیچڑی؛ تمپان۔

Tamper : (n) سوراخ کو بھرنے والا؛ سوراخ میں ڈاٹ لگانے والا۔

Tamper : (v) (۱) کام کرنا؛ کسی مقصد کے لئے اپنے آپ کو مشغول کرنا؛ خاکہ کھینچنا؛ منصوبہ باندھنا؛ کچھ کرنا۔ (۲) سازش کرنا؛ خفیہ سازباز کرنا؛ سانٹھ گانٹھ کرنا؛ ناجائز(خفیہ) اثر ڈالنا۔ (۳) دخل دینا؛ مداخلت کرنا؛ بیجا دست اندازی کرنا؛ دخل درمعقولات کرنا؛ مخل ہونا؛ تعرض کرنا۔ (٤) تحریف کرنا (ناجائز طور پر دستاویز وغیرہ میں)۔

Tamperer : (n) سازش کرنے والا؛ دست اندازی کرنے والا ؛ تصرف کرنے والا شخص؛ تحریف کرنے والا شخص۔

Tampering : (n) (۱) تحریف۔(۲) سازباز۔

Tamping : (n.) بھرت؛ وہ چیز جو بارود کی تہ پر ڈاٹ کی طرح لگائی جائے یعنی مٹی وغیرہ؛ ڈاٹ لگانے کا عمل۔

Tamping-bar : (n) دیکھو Stemmer

Tamping-iron : (n) دیکھو Tamping-bar

Tamping-plug : (n) برما سے چھید کئے ہوئے سوراخ کو بند کرنے کی ڈاٹ یا پچر۔

Tamping-rod : (n) ٹھوکن سلاخ ۔

Tampion/Tompion : (n) [Fr. 'tampon'.] (۱) (فوج) (لکڑی کی) ڈاٹ (توپ کی نال کا منہ بند کرنے کی پانی وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لئے) ۔ (۲) آرگن باجے کی نلکیوں کی) ڈاٹ ۔

Tampon : (n) [Fr.] (۱) ڈاٹ؛ ٹھینٹی؛ سدادہ؛ بتی (زخم کے خون کو روکنے کے لئے) فتیلہ ۔ (۲) گدی جسے بالوں پر رکھ کر پٹی وغیرہ باندھتے ہیں؛ (طباعت میں تختے وغیرہ پر روشنائی پھیرنے کی) گدی ۔

Tampon : (v) ڈاٹ لگانا (زخم کا خون روکنے کے لئے) فتیلہ گزاری کرنا ۔

Tamponade : (n) (جراحی) ڈاٹ بندی (زخم کی) ۔

Tamponage : (n) ڈاٹ بندی (کا طریقہ) فتیلہ گزاری ۔

Tamponment : (n) ڈاٹ بندی؛ فتیلہ بندی ۔

Tan : (n) [med. L. 'Tannum'.] (۱) بلوط یا دوسرے درخت کی پسی ہوئی چھال ۔ (۲) شاہ بلوط کیکر وغیرہ کی چھال جس سے کھالیں رنگتے ہیں؛ چمڑا کمانا؛ کسًا؛ پوست دباغی ۔ (۳) اسی چھال کا رنگ؛ کتھئی رنگ؛ گندمی رنگ؛ چمپئی رنگ ۔ (٤) (دھوپ میں تپی جلد کا) سانولاپن ۔

Black and tan : ابلق (کتا) ۔

Spent tan : کسا کا پھوک جو تیزاب نکالنے کے بعد رہ جاتا ھے (سڑک وغیرہ پر بچھانے کے کام آتا ھے)۔

The tan : سرکس ۔

Tan : (a) کتھئی رنگ کا؛ خرمائی؛ اسمر ۔

Tan : (v) [Late OE. 'tannian'.] (۱) چمڑا کمانا (جس سے کچی کھال استعمال کےقابل بن جائے) دباغی کرنا ۔ (۲) چمڑے کا رنگ وغیرہ) سانولا کردینا یا ہوجانا؛ سنولانا؛ خرمائی رنگ میں رنگنا؛ بھورا بنانا ۔ (۳) (نقلی مرمر ، مچھلی کے جال وغیرہ کو کسّے کے عرق وغیرہ میں رنگ کر) سخت کرنا ۔ (٤) (عامیانہ) مارنا؛ پیٹنا؛ کندی کرنا ۔

To tan (a person's) hide : (عامیانہ) مارنا؛ پیٹنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Tan : (ریاضی) Tangent کا مخفف ۔

Tan-balls : (n) کسا پھوک کے گولے(جو ایندھن کے کام آتے ہیں)۔

Tan-bark : (n) کسًا؛ پوست دباغی ۔

Tan-bed : (n) بلوط کی چھال کی تہ ۔

Tan-vat : (n) دبّاغی کی ناند ۔

Tan-wood : (n) دبّاغی کی لکڑی ۔

Tan-yard : (n) (معاشیات) دبّاغ خانہ ۔

Tana : (n) [Hindi. 'thana'.] تھانا؛ (ہندوستان میں) پولس اسٹیشن؛ چوکی (کوتوالی یا فوج کی) ۔

Tanadar : (n) تھانیدار؛ پولیس اسٹیشن کا انچارج ؛ داروغہ ۔

Tanager : (n) [mod. L. 'Tanagra'.] (طیرانیات) شمالی اور جنوبی امریکا کا ایک پرندہ؛ امریکی پرندوں کی بعض قسمیں جو قدوقامت میں چھوٹے اور اکثر چمکیلے پروں سے مزین ھوتے ہیں ؛ (حیوانیات) برقیش امریکی؛ تنگرا ۔

Tanagra : (n) پکائی ھوئی مٹی؛ سرخی مائل بادامی رنگ کی مورتیاں یا مجسمے جو Boeotia میں Tanagra کے قرب و جوار میں پائے جاتے ہیں ۔

Tanagrine : (a) تنگرا سے متعلق یا اس کا ۔

Tanagroid/Tangarid : (a) تنگرا مانند ۔

Tandan : (n) [Native name in Australia] ایک قسم کی آسٹریلیائی مچھلی ۔

Tandem : (n) [L.] (۱) ٹم ٹم؛ دوچکے یا پہیے والی گاڑی جسے دو گھوڑے کھینچتے ہیں ۔ (۲) دو اسپیہ گاڑی؛ دو نشستی گاڑی (بائیسکل یا تپہیا سائیکل جس میں ایک دوسرے کے پیچھے دو یا زیادہ نشستیں ھوں) ۔

Tandem : (adv.) (۱) ایک دوسرے کے پیچھے؛ آگےپیچھے (گاڑی میں جُتے ھوئے گھوڑوں کے متعلق) دوگال؛ دواسپہ ۔

To drive Tandem : دو اسپہ ہانکنا ۔

Tandem bicycle/-tricycle/-canoe : (n) دو نشستی بائیسکل؛ ٹرائیسکل یا چھوٹی کشتی جس میں ایک شخص دوسرے شخص کے پیچھے بیٹھا ھو۔

Tandem connection : (n) (الیکٹرک) سلسلہ جوڑ۔

Tandem engine : (n) وہ اسٹیم انجن جس میں دو اسٹینڈ آگے پیچھے ھوں اور فشارگز پر دو فشارے کام کر رھے ھوں۔

Tandstickor : (n) [Sw.] (سوئیڈن کی) دیا سلائی؛ کبریت سویدی۔

Tang : (n) [ON. 'tange'.] (۱) (چھینی وغیرہ کی) نوک (جو دستے کے اندر بٹھادی جاتی ھے)؛ نوکدار حصہ یا نوک دار اوزار۔ (۲) سانپ کی زبان، نیش؛ سانپ کا زہری دانت؛ کسی کیڑے کا ڈنک (اب بول چال)۔ (۳) (بول چال) تیز نوک یا لوھے کی نوکدارسلاخ؛ دو شاخے کی نوک؛ بارہ سنگھے کا سینگ۔ (٤) کانٹا (بکسوے کا) : پھل (چاقو کا)۔ (٥) تیزبو ؛ تیز چاشنی ؛ تند مزہ ؛ تند رائحہ ؛ تیز ذائقہ ؛ خلش۔

Tang : (n) [Echoic.] غنغنی آواز؛ غنغنا لہجہ؛ ایک قسم کی سخت آواز؛ ٹن ٹن یا چھن چھن کی آواز؛ جھنکار (تار کی)۔

Tang : (n) [Of Norse origin.] (نباتیات) ایک قسم کا بحری نرسل ؛ تھانگ؛ قسم کائی۔

Tang/Tangue : (n) [f. native name.] تینریک؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانورجو سیہی سےمشابہ ھوتا ھے۔

Tang : (v) (۱) نوکدار میخ لگانا؛ سلاخیں یا ڈنڈے لگاکر مضبوط کرنا؛ باڑھ یا کگر لگانا۔ (۲) بدبو سے متاثر ھونا۔

Tang : (v) [Mainly echoic.] (۱) بجانا (گھنٹی وغیرہ)؛ بجنا؛ ٹن ٹن، چھن چھن بجنا یا بجانا۔ (۲) غنغنی آواز میں بولنا۔ (۳) (گھنٹی وغیرہ کی آواز سے مہال کی مکھیوں کو) بلانا یا بٹھانا؛ جھنکارنا؛ جھنجھنانا۔

Tanga/Tangka/Tank/Tankah : (n) [Pg. 'Tanga'] مشرقی علاقے کے مختلف سکوں کے نام؛ ہندوستان کا ایک سکہ (تانبے کا)۔

Tangalung : (n) [Malay.] سماٹرا اور جاوا کا مشک بلاؤ۔

Tangara : (n) (۱) تنگارا؛ قدیم یونان کا شہر۔ (۲) مٹی کی مورتیاں جو تنگارا کے مقبروں میں پائی گئی تھیں یا اس طرز کی دوسری مورتیاں۔

Tangency : (n)[f. L.'tangentem'.] (ہندسہ) تماس؛ حالت مماس۔

Tangent : (a) (۱) (ہندسہ) تماس ؛ مماس ؛ دائرے، سطح وغیرہ کو صرف ایک نقطے پر چھونے والا (خط)۔ (۲) سائیکل کے چکوں کے متعلق کہا جاتا ھے جس کے ارے (Spokes) ناف چرخ سےمماس ھوتے ہیں۔ (۳) (مجازاً) یکایک بات بدل دینے والا؛ منحرف ؛ ڈانواں ڈول ؛ حرکت دولابی رکھنےوالا۔ (٤) متصل؛ قریب؛ ملحق؛ مقرون۔

Tangent : (n) (۱) خط مماس۔ (۲) (ریاضی) ظل؛ خط مماس۔ (۳) (Tangent scale) کا مخفف۔ (٤) ریلوے کی سڑک کا مستقیم حصہ (امریکا ، بول چال)۔ (٥)دیکھو Digression۔

To fly, go, off at a tangent : درپیش معاملےیا مسئلے کو چھوڑ کر یکایک کچھ اورکہنےلگنا یا کرنے لگنا؛ یکایک یا اچانک بات بدل دینا۔

Tangent backsight : (n) (بندوق) ایک قسم کی نال کی مکھی جس میں مختلف کھڈوں کی اونچائی زاویہٴ ارتفاع کے خط مماس کے برابر ھوتی ھے۔

Tangent-balance : (n) ترازوئےمماسی (ایک قوس کی شکل کے ڈائل پر جس میں مختلف درجوں کے نشانات بنے ھوتے ہیں ، ایک سوئی وزن بتاتی ھے) ؛ (طبیعیات) مماسی ترازو۔

Tangent galvanometer : (n) (الیکٹرک) مماسی روپیما؛ مماسی مقناطیسی برق پیما۔

Tangent law : (n) (طبیعیات) کلیّہ مماس۔

Tangent line : (n) (ہندسہ) خط مماس۔

Tangent of an angle : (n) (ہندسہ) نسبت مماسی؛ قدرمماسی ؛ وہ نسبت جو قائم الزاویہ مثلث میں خط عمودی کے قاعدے سے ھو؛ (ریاضی) ظلِّ زاویہ۔

Tangent-saw : (v) (لکڑی کا کندا) لمبائی میں چیرنا۔

Tangent scale : (n) (۱) (بندوق) ایک قسم کی نال کی مکھی جس میں مختلف کھڈوں کی اونچائی زاویہٴ ارتفاع کے خط مماس کے برابر ھوتی ھے۔ (۲) درجہ بند پیمانہ جس سے زاویوں کے

خطوط مماس ظاہر ہوتے ہیں - (۳) (الیکٹرک انجینئرنگ) ظلّی پیمانہ؛ مماسی پیمانہ -

Tangent screw : (n) مماسی پیچ -

Tangent sight : (n) دیکھو Tangent scale

Tangent triangle : (n) (ریاضیات) مماسی مثلث -

Tangental : (a) مماسی؛ ظلّی -

Tangential : (a) [f.L.'tengentem'.] (۱) مماسی؛ مماس کا یا اس سے متعلق؛ ظلّی - (۲) (مجازاً) یکایک بدل جانے والا؛ منحرف؛ ڈانواں ڈول - (۳) وہ چیز جو صرف کسی موضوع یا بات کی طرف اشارہ کرتی ہو یا بتاتی ہو -

Tangential : (n) (ہندسہ) وہ نقطہ جس پر خط مماس دوبارہ منحنی کو قطع کرتا ہے -

Tangential focus : (n) (بصریات)مماسی ماسکہ -

Tangential force : (n) (طبیعیات) مماسی قوت؛ قوت مماسیہ -

Tangentially : (adv.) مماس کی طرح سے؛ مماس کے رخ پر -

Tangently : (adv) مماس کی طرح سے؛ مماس کے رخ پر -

Tangerine : (a) [f. Tanger, + INE.] (جغرافیہ) طنجوئی یا اس کے متعلق -

Tangerine : (n) طنجہ کا باشندہ (مراکشی) -

Tangerine orange : (n) چکنی سنترہ (طنجہ کا)؛ طنجہ کی نارنگی کی ایک قسم؛ (نباتیات) طنجوی نارنگی -

Tanghin : (n) [Malagasy, 'tangena'.] (۱) مڈغا سکر کا ایک درخت جس کی زہریلی چھال قدیم زمانے میں بے گناہی کے ثبوت میں کھلائی جاتی تھی ؛ تن جنا - (۲) تن جنا کا درخت -

Tangi : (n) [Maori.] سوگواری؛ نوحہ؛ عزا؛ عزا داری -

Tangi : (n) [Per. 'tangi'.] تنگی؛ عسرت -

Tangibility : (n) محسوسیت؛ ملموسیت؛ ممسوسیت؛ لمس پذیری؛ واقعیت؛ بیّن یا واضح ہونا؛ جسمیت -

Tangible : (a) [L.'tangibilis'.] (۱) محسوس؛ معلوم؛ ملموس؛ جو چھونے سے محسوس ہو؛ قابل لمس؛ چھونے کے قابل - (۲) بیّن ؛ واضح ؛ ہویدا ؛ پیدا ؛ ظاہر؛ صاف ؛ روشن ؛ واقعی (نہ کہ خیالی) - (۳) (قانون) معقول؛ قابل تقویم - (٤) (قانون) جسمی؛ جسمانی؛ مادی -

Tangible objects : (n) (طبیعیات) ملموسات؛ مادّہ؛ اجسام -

Tangibleness : (n) دیکھو Tangibility

Tangibly : (adv.) بیّن طور پر؛ صاف صاف؛ واضح طور پر -

Tangier : (n) (جغرافیہ) طنجہ -

Tangle : (n) [Norw. 'taangel'.] (۱) ایک قسم کا بحری نرسل ؛ تھانگ؛ قسم کائی - (۲) Laminaria جنس کی بحری گھاس ؛ جلبك دریائی کی ایک قسم -

Tangle : (n) [f. Tangle. (v).] (۱) کلجھٹی؛ الجھاؤ ؛ پیچ ؛ جعد مو؛ طرہ؛ زلف؛ زلف آشفتہ - (۲) (مجازاً) پیچیدگی؛ الجھن؛ اضطراب؛ مخمصہ؛ درہمی؛ برہمی؛ آشفتگی بےترتیبی؛ گڈمڈ - (۳) دلیل؛ دعویٰ؛ حجت؛ قوت استدلال؛ بحث ومباحثہ؛ تصادم؛ مجادلہ -

Tangle : (n) ایک قسم کا پودا -

Tangle : (v) [a nasalized var. of obs. tagle, prob. of Scand. origin.] (۱) الجھانا ؛ الجھنا (تاروں یا بالوں کا) ؛ درہم برہم کرنا- (۲) پھانسنا؛ پھنسا دینا؛ دام میں پھانسنا؛ جال میں پکڑنا - (۳) پیچیدہ بنا دینا؛ الجھن میں ڈالنا (معاملےکو) ژولیدہ کرنا؛ آشفتہ کرنا؛ پیچیدہ کرنا - (٤) باہم وابستہ کرنا؛ خلط ملط کرنا- (٥) ٹکرانا؛ تصادم ہونا -

Tangle-berry : (n) دیکھو Dangle berry

Tangle fish : (n) دیکھو Needle-fish

Tangle head : (n) ایک سدا بہار گھاس -

Tangle net : (n) دیکھو Gill net

Tangle picker : (n) چڑیا کی ایک قسم-

Tangle root : (n) اناناس کی غیرمعمولی حالت جس میں اس کی جڑیں اصلی حالت پر نہیں رہتی ہیں بلکہ جڑ کے تنے کے چاروں طرف لپٹ جاتی ہیں (زمین کے اندر بڑھنے کے بجائے) -

Tangle-tail : (n) پتھر بیل؛ ایک قسم کی بیل جو عموماً چٹانوں اور دیواروں پر چڑھتی ہے -

Tangle wrack : (n) ایک قسم کی دریائی گھاس جو بطور کھاد استعمال ہوتی ہے۔

Tangled : (a) (۱) پیچیدہ؛ آشفتہ؛ الجھاہوا ۔(۲) بہت زیادہ پھنسا ہوا؛ انتہائی بے ترتیب ۔

Tangled affair : (n) پیچیدہ معاملہ؛ الجھا ہوا مسئلہ : کار غامض۔

Tangled hair : (n) ژولیدہ بال؛ آشفتہ مو ۔

Tanglefoot : (a) (۱) پاپیچ : پاؤں پھانسنے یا الجھانے والا ۔

Tanglefoot : (n) چیز پاگیر؛ وہ چیز جس سے پاؤں پھنس جائے؛ (خصوصاً امریکا عامیانہ) گھٹیا : نیز وہسکی؛ شراب؛ منشیات؛ مقوی مشروب کی ایک قسم۔

Tanglement : (n) پیچیدہ حالت؛ الجھاؤ کی حالت؛ ابتر ہونے کی حالت۔

Tanglesome : (a) پیچیدہ؛ الجھا ہوا ۔

Tangling : (n) پیچیدگی؛ آشفتگی؛ الجھن ۔

Tanglingly : (adv.) پیچیدگی کے طور پر؛ الجھن کے ساتھ۔

Tangly : (a) جلبک دریائی سے بھرا ہوا ۔

Tangly : (a) درہم برہم؛ پیچیدہ؛ ژولیدہ؛ الجھا ہوا ۔

Tango : (n) [Amr.-Sp.] تانگو؛ رقص تانگو؛ ہسپانوی یا جنوبی امریکا کا ایک رقص یا ناچ؛ اس رقص کی موسیقی ۔

Tango : (v) تانگو رقص کرنا ۔

Tangoreceptor : (n) (حیوانیات) لمس حسّاسہ ۔

Tangram : (n) [Origin obsc.] چینی گورکھ دھندا جس میں ایک مربع کے سات ٹکڑوں سے طرح طرح کی شکلیں بنتی ہیں ۔

Tangue : (n) [Malagasy, tandeke.] مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والاجانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے کھاتا ہے ۔

Tangun : (n) (حیوانیات) تبت اور بھوٹان کا ٹٹو؛ تانگن (عام طور پر ابلق یا چتکبرا)۔

Tangy/Tangey : (a) تیز بو والا؛ تیز مہک والا؛ تیز ۔

Tanha : (n) [Pali. 'Tanha' f. Skt. 'trsna'.] زندہ رہنے کی شدید خواہش؛ تمنا ۔

Tania/Tan(n)ier : (n) [Tupi. 'tana'.] Caladium جنس کا ایک پودا ۔

Tanist : (n) [Ir. and Gael. 'tanaiste'.] (تاریخ) (قلطی یا کلٹی Celtic رئیس کا) ولی عہد جو عموماً اس کے خاندان کا سب سے قوی بالغ شخص ہوا کرتا تھا اور رئیس کی زندگی ہی میں اس کا انتخاب ہوا کرتاتھا ۔

Tanistry : (n) (قدیم آئرستان میں) وارث کے انتخاب کا ایک طریقہ جس میں جاگیردار کے فوت ہوجانے پر اس کے سب سے بڑے اور لائق لڑکے کو اہل خاندان وارث منتخب کرتے تھے ۔

Tank : (n) [L.'stagnum'.] (۱) ٹنکی : حوضک؛ (جغرافیہ) تالاب؛ حوض؛ دھات وغیرہ کا بہت بڑا ظرف جس میں پانی یا گیس وغیرہ بھری رہے۔(۲) (موسیقی) تانک : ثانک ۔ (۳) انجن کا وہ علاحدہ حصہ جس میں پانی بھرلیتے ہیں : ٹنکی : حوض ۔ (٤) (جزائر شرق الہند) ذخیرۂ آب؛ تالاب (خصوصاً مصنوعی جس میں پانی محفوظ رکھاجا سکے) ۔(٥) جہاز کا وہ خانہ جس میں تیل : پانی وغیرہ جمع کر کے رکھتے ہیں ۔ (٦) (کار، ٹرک، ہوائی جہاز میں) وہ حصہ جس میں تیل رہتاہے ۔

Male tank/Female- : بڑے اور چھوٹے قسم کا ٹینک ۔

Tank : (n) (فوج) جنگی آہن پوش گاڑی جس میں آدمی اور توپیں وغیرہ ہوتی ہیں : ٹینک : قلعہ رواں ۔

Tank : (v) حوض، تالاب، حوضک وغیرہ میں جمع کرنا؛ ٹینک میں رکھنا؛ ٹینک میں ڈالنا ۔

To tank (up) : (۱) بہت زیادہ پینا (شراب)؛ پیٹ بھر کے کھانا۔ (۲) ہوائی جہاز موٹر گاڑی میں دوبارہ ایندھن ڈالنا ۔

Tank : (n) [Imit.] (۱) (خصوصاً انگریزی بول چال) مکا؛ وار؛ گھونسا؛ ضرب : چوٹ : دھماکا؛ ضرب کی آواز ۔

Tank : (n) [f. Skt. 'Tanka'] وزن کی ایک ہندوستانی اکائی جو موتی وغیرہ وزن کرنے میں استعمال ہوتی ہے (یہ 10.15 اونس کے مساوی ہوتی ہے) ۔

Tank barge : (n) (جنگی جہاز کی) ٹنکیوں سے بھری ہوئی کشتی؛رقیق شے (تیل وغیرہ) لے جانے کےلئے -

Tank car : (n) ریلوے کی گاڑی جس میں رقیق اشیاء (مثلاً پانی، تیل وغیرہ) یا گیس لے جاتے ہیں؛ وہ ویگن جس میں رقیق اشیاء (تیل، پانی وغیرہ) لے جاتے ہیں -

Tank cart : (n) حوض گاڑی -

Tank dome : (n) Tank car کے اوپر کا عمودی خانہ -

Tank drama : (n) (تھیٹر) ہنگامہ خیز ناٹک جس میں ڈوبتے کو بچانے کا منظر دکھانے میں سچ مچ کے حوض سے کام لیا جائے -

Tank engine : (n) (انجینیئرنگ) حوض دار انجن -

Tank farm :(n) وہ علاقہ جہاں ٹینک میں پٹرول بھراجاتاھے-

Tank farming :(n) بغیر مٹی کے حوضِ آب میں پودوں کی کاشت -

Tank-iron-plate : (n) موٹے لوھے کی چادر جس سے ٹینک بنائے جاتے ہیں -

Tank-steamer : (n) اسٹیمر جس میں ٹنکی لگی ہوتی ھے رقیق اشیاء (پانی، تیل وغیرہ) لے جانے کے لئے خاص کر معدنی تیل کافی مقدار میں لے جانےکے لئے -

Tank-town : (n) (۱) وہ شہر جہاں ریل گاڑی پانی لینےکےلئے رکتی ھے -(۲) غیر اہم چھوٹا شہر -

Tank-truck : (n) ٹرک جو نفت کش گاڑی کےطور پر استعمال ہو -

Tank-turnip : (n) بڑی قسم کا شلجم -

Tank-wagon : (n) گھوڑے سے کھینچی جانے والی گاڑی جو نفت کش گاڑی کے طور پر استعمال ہو -

Tank-worm : (n) ایک پتلا استوانی شکل کا کیڑا جو ہندوستانی تالابوں کی کیچڑ میں رہتا ھے -

Tanka/Tankia/Tanchia : (n) [Chinese-tan+Cantonese, ka in South Mandarin kia 'North Mandarin, 'chia'.] کینٹن (Canton) میں کشتیوں میں رہنےوالے لوگوں کی آبادی-

Tanka : (n) [Jap.] پانچ اشعار کی مختصر جاپانی نظم -

Tanka : (n) [Tibetan thanka.] تبتی مذہبی تصویریں (زربفت پر بنی ہوئی) جو جلوسی جھنڈے کے طور پراستعمال ہوتی ہیں -

Tanka boat : (n) کینٹن کی کشتی جس میں لوگ رہتے ہیں -

Tankage : (n) (۱) ذخیرہ سازی؛ حوض بھرائی؛ حوض وغیرہ میں جمع کرنے کی اجرت - (۲) حوض کی مکعب وسعت یا گنجائش (آب)؛ سمائی - (۳) ایک قسم کی کھاد جو چربی سے نکالتے ہیں؛ پیہ کھاد؛ کھاد چربی -

Tankard : (n) [Du. 'Tanckaert.] آفتابہ؛ بڑا آبخورا؛ بڑا سا ڈھکن دار پیالہ (خصوصاً چاندی یا جست کا) جس میں شراب پی جاتی تھی -

Cool tankard : شراب، پانی اور عرق لیموں کا شربت-

Tankard-turnip : (n) (نباتیات) ولایتی شلغم یا شلجم جس کی جڑ بڑی اور عموماً زمین کے اوپر تک نکلی ہوتی ھے -

Tanked : (a) مخمور؛ مست؛ پئے ہوئے (شراب) -

Tanker : (n) (۱) حوض دار؛ روغن بردار؛ تیل بردار(جہاز) جس میں تیل بھرنے کا حوض بنا ہوتا ھے؛ (بحری) حوض دار جہاز؛ نفت کش گاڑی؛ پٹرول لےجانے والی گاڑی ؛ آٹوموبیل نفت کش - (۲) مسلح فوجی دستے کی زرہ پوش شاخ کا ایک فرد؛ ٹینک چلانے والا فوجی - (۳) ہوائی جہاز جس میں ایندھن کی بڑی ٹنکیاں لگی ہوتی ہیں اگلے ہوائی اڈوں پرایندھن لےجانے کے لئے یا دوبارہ (وقت ضرورت) ایندھن بھرنے کے لئے -

Road Tanker : تیل، پانی یا دوسری رقیق اشیاء کی ڈھلائی کرنے والی گاڑی-

Rail Tanker : خاص ویگن جس میں تیل وغیرہ کی ریلوے سے ڈھلائی ہوتی ھے -

Tankettie : (n)[tank+ette] چھوٹا فوجی ٹینک -

Tanking : (n) بھرنا؛ رکھنا -

Tannage : (n) (۱) دباغی؛ دباغی کا ہنر یا عمل؛ دباغی کا ماحصل -(۲) دباغ خانہ -

Tannate : (n) ٹینن کا نمک؛ ملح مازو -

Tanned : (a) (۱) دباغی شدہ؛ کمایا ہوا (چمڑا) -(۲) تیز سبز رنگ کا -

Tanner : (n) [OE. 'tannere'.] (معاشیات) دباغ؛ کھٹیک ۔

Tanner : (n) [Origin obsc.] (عامیانہ) چھ پینس کا سکہ ۔

Tannery : (n) (۱) دباغ خانہ؛ وہ مقام جہاں چمڑے کی دباغی ہوتی ھے یا چمڑا کمایا جاتا ھے؛ کارخانہء دباغت ۔ (۲) دباغی ۔

Tannic : (a) شاہ بلوط کی چھال کا؛ کسّے کا؛ مازوئی ۔

Tannic acid : (n) مازو کا تیزاب؛ کسّے کا تیزاب، تینن کا تیزاب جو چمڑا کمانے اور دواؤں میں کام آتا ھے ۔

Tanniferous : (a) مرکب جس میں تینن کاجز کم اور آکسیجن وغیرہ زیادہ ھو ؛ مازودار؛ تینن دار ۔

Tannin : (n) [Fr. 'tanin'.] (۱) (کیمیا) تینن؛ کسّا؛ جوہر مازو ۔ (۲) (کیمیا) مازو کا تیزاب ۔

Tanning : (a) دباغی؛ چرم سازی ۔

Tannish : (a) کسی قدر دباغت شدہ (چمڑا) ۔

Tanno-: سابقہ بمعنی "جوہر مازو" ۔

Tannocaffeic acid : (n) دیکھو Caffetannic acid

Tannogallic : (a) دیکھو Gallotannic

Tannoid : (a) تینن نما؛ تینن جیسا؛ مازونما ۔

Tannoid : (n) تینن نما چیز ۔

Tanrec/Tenrec : (n) [Fr. 'tanrec'.] تینرک؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی سے مشابہ ھوتا ھے اور کیڑے کھاتا ھے ۔

Tansy : (n) [OFr. 'tanesie'.] تینزی؛ ایک خوشبودار بوٹی جس کےپھول زرد اور پتیاں کڑوی اور دندانے دار ھوتی ہیں (دوا کے طور پراستعمال ھوتی ھے اور کھانے میں ڈالی جاتی ھے)؛ (نباتیات) قرنفل ۔

Tantalate : (n) [f. Tantalum+-ATE.] (کیمیا) ٹنٹالك ایسڈ کا؛ نمك ؛ طنطلوم کا نمك؛ ٹنٹالیٹ ۔

Tantalic : (a) طنطلوم سے نکالا ھوا؛ طنطالم کا ۔

Tantalic acid : (n) (کیمیا) طنطلوم کا تیزاب ۔

Tantalite : (n) [G. and Sw. tantalit'.] (کیمیا) ٹنٹالائٹ ۔

Tantalization : (n) (۱) ترسانا یا ترسایاجانا ۔ (۲) (نفسیات) بیم ورجا ۔

Tantalize : (v) [f. Tantalus+-Ize] (۱) ترسانا (امید میں یا لالچ دےدےکر) ؛ ستانا ؛ کلپانا ؛ آزار دینا ، پہنچانا؛ ناامید کرنا؛ سخت اذیت دینا؛ شدید تکلیف کا باعث ھونا؛ ناك میں دم کر دینا (وعدہ کر کے یا امید بندھا کر) ۔ (۲) (مجازاً) مصنوعی یا بناوٹی شکل میں تکلیف دینا؛ تنگ کرنا؛ دق کرنا ۔

Tantalizer : (n) ستانے والا؛ بیم و رجا میں رکھنےوالا؛ تکلیف دینے والا ۔

Tantalizing : (a) بیم ورجا میں رکھنے والا؛ ستانے والا؛ آزار دہندہ؛ تکلیف دہ؛ اشتعال انگیز؛ مضحکہ خیزی سے دق کرنے والا ۔

Tantalizingly : (adv.) ترساتے ھوئے؛ بیم ورجا میں رکھتے ھوئے ۔

Tantalous : (a) [f.next +-ous] (کیمیا) ایسے مرکب کےلئے استعمال ھوتا ھے جس میں ٹنٹالم زیادہ ھوتا ھے ۔

Tantalum : (n) [L.] ٹنٹالم ؛ ایک کمیاب دھات جو برقی چراغوں کے موصل کے طور پر استعمال ھوتی ھے؛ (کیمیا) طنطلوم ۔

Tantalum lamp : (n) طنطلوم لیمپ ۔

Tantalus : (n) [Gr. (taniaos)] (۱) ٹنٹالوس؛ یونانی افسانوں میں ذیوس (Zeus) دیوتا کا بیٹا جو ٹھڈی تك پانی میں کھڑا ھے مگر جب پانی پینے کے لئے وہ جھکتا ھے تو پانی نیچے اتر جاتا ھے؛ اسی طرح پھلدار شاخیں اس کے اوپر لٹکی رہتی ہیں مگر ہمیشہ اس کی گرفت سے دور ھو جاتی ہیں ۔ (۲) (طیرانیات) جنس جنگلی لقلق؛ لقلق امریکی ۔ (۳) بوتلوں کی کھلی الماری جس میں ایك سلاخ لگی ھوتی ھے اورجسے مقفل کرنے کے بعد بھی بوتلیں اس کے باہر سےنظر آتی ہیں ۔

Tantalus-cup : (n) (کھلونا) کاس طنطالوس؛ ایك طرح کا کھلونا جس میں انسانی تصویر کی جھکنے اور اٹھنے سے سیفین کا اصول سمجھایا گیا ھے ۔

Tantamount : (a) [It. 'tanto montare'.] مساوی؛ برابر؛ مرادف؛ مترادف؛ معادل۔

Tantara/Tantarara/Tarantara/Taratantera : (n) [Echoic.]
(۱) بگل یا ترم کی آواز؛ ترنی یابگل کا بجنا ۔
(۲) بگل کی طرح کی آواز ۔

Tantarabobus : (n) (انگریزی بول چال) ھوّا؛ بچوں کو ڈرانے والی عجیب الخلقت شے ۔

Tantaric : (a) (فلسفہ) تنتری ۔

Tanti : (interj) [L.] اتنی قیمت کا ؛ ارے اتنے کا ؛ ایسی قیمت۔

Tanti : (n) [Skt.] آسام اور بنگال کا ہندو جولاہا ۔

Tantieme : (n) [Fr.] بونس؛ نفع کافی صد حصہ؛ انعام ۔

Tantivy : (adv.) [Origin Unkn.] (قدیم) تیزی سے؛ جلدی سے تندی کے ساتھ۔

Tantivy : (n) (۱) شکاریوں کی آواز؛ زفیل ۔ (۲) دوڑ؛ جھپٹ تیزگام ۔ (۳) چارلس دوم اور جیمس دوم کے زمانے میں رومن کیتھولک کا عرفی نام ۔

Tantivy : (a) تیز؛ تیزی کا؛ زود ۔

Tanto : (adv.) [L. 'tantum.'] (موسیقی) اتنا؛ این قدر ۔

Allegro non Tanto : اتنا زیادہ تیزنہیں؛ زورسےلیکن اتنا زیادہ زورسے نہیں ۔

Tantony : (n) [Shortened form of St. Anthony] انتونی مقدس ۔

Tantony bell : (n) (مجازاً) کلیسا کا چھوٹا ناقوس؛ زنگ دستی ؛ ہاتھ گھنٹی ۔

Tantony pig : (n) جھول کا سب سے چھوٹا سُور ۔

Tantra : (n) [Skr.] تنترا؛ سنسکرت کی مقدس کتابیں جن میں زیادہ تر سحر و نیز نجات کا ذکر ھے ۔

Tantrism : (n) تنترو کے نظریات ۔

Tantrist : (n) تنتری؛ تنتروں کا معتقد ۔

Tantrum : (n) [Origin Unkn.] (نفسیات) غضب؛ خشم؛ غیظ ؛ قہر؛ جذبہ؛ غضب؛ کج خلقی ۔

Tao : (n) [Tag.] (فلپائن) آدمی؛ کسان ۔

Taoiseach : (n) [Ir Gael.] (آئرستان) وزیر اعظم؛ پرائم منسٹر ۔

Taoism : (n) [Chinese tao+ism] مذہب تاؤ؛ چینی حکیم لاؤتزے کا مذہب یا شریعت جس کا تقریباً ۵۰۰ ق ۔ م میں آغاز ہوا ۔

Taoist/Taoistic : (a) مذہب تاؤ کا یا اس سے متعلق ۔

Taotai : (n) [Chinese tao+tai] تاؤ کا افسر ۔

Tap : (n) [OE.'taeppa'.] (۱) ٹونٹی؛ جس سے پیپے میں سے شراب وغیرہ نکالیں؛ ٹیپ (امریکا) شراب وغیرہ کے پیپے کا نلکا ۔ (۲) ڈاٹ ؛ ٹھینٹی ۔ (۳) (شراب کی خاص قسم کی) کشید ۔ (٤) (بول چال) شراب کا کمرہ (کلال خانےیا ھوٹل میں) ۔ (۵) (انجینیئرنگ) بزال؛ درپیچ تراش؛ جس سے کسی چیز کے اندر چوڑیاں یا پیچ بنائے جائیں ۔ (٦) (مجازاً) خاص قسم کا زور؛ خاص قسم کا لہجہ ؛ خاص قسم کی چیز (بول چال) ۔ (۷) (میکانیات) دھاگا کاٹنے کا آلہ ۔ (۸) برف کی قلم۔

On (in) tap : خود ہی استعمال کے لئے تیار؛ آمادہ ۔

On tap : (۱) ڈاٹ لگا ھوا (پیپا) سوراخ دار ۔ (۲) (شراب) ڈاٹ دار پیپے میں کہ جب چاہیں نکال لیں ۔ (۳) (خصوصاً) (شریزری بل) مخصوص شرح پر جب اور جس طرح چاہیں حاصل کرلیں ۔

Tap : (v) [OE. 'toeppian'.] (۱) کاگ یا ڈاٹ لگانا (پیپے میں) ۔ (۲) برمانا؛ چھیدنا؛ سوراخ کرنا (پیپے سے شراب وغیرہ لینے کیلئے) پیپے سے چھید کرکے نکالنا (شراب) ۔ (۳) (جراحی) پیپ نکالنا؛ مواد نکالنا (اس غرض سے عمل جراحی کرنا) ۔ (٤) رس لینا (درخت کی شاخ میں سوراخ کر کے) ۔ (۵) پھیل جانا؛ تعلقات پیدا کرنا؛ کاروبار پھیلانا (کسی علاقے میں) ۔ (٦) رجوع کرنا؛ درخواست کرنا (کسی شخص سے کسی کام کے لئے) ۔ (۷) چھیڑنا (کسی مضمون کو) ۔ (۸) برقی رو کا رخ بدل دینا (برقی پیام اڑا لینے کی غرض سے) ۔ (۹) چوڑیاں بنانا؛ پیچ بنانا (کسی چیز کے اندر) یا بولٹ (Bolt) کو پیچ میں تبدیل کرنا ۔ (۱۰) باہر نکالنا؛ شیرہ نکالنا ؛ مائع نکالنا ؛ ٹیپ سے نکالنا؛ نکالنا اور کم مقدار میں بیچنا۔ (۱۱) تقاضا کرنا ۔

(۱۲) (رقص میں) زمین پر پاؤں پٹکنا ۔ (۱۳) (عامیانہ) ناک سے خون نکالنا ، کھینچنا ۔ (۱٤) (مجازاً) کھولنا؛ واکرنا؛ چیرنا؛ پھاڑنا؛ داخل ہونا؛ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ؛ استعمال کرنے لگنا ۔ (۱۵) (پودے کو) جڑ کے اصلی حصے سے اکھاڑ دینا ۔

To tap one's claret : اس طرح مارنا کہ ناک سےخون بہنےلگے؛ ناک سے خون بہانا؛ ناک پر گھونسہ مارکر خون نکال دینا ۔

Tap : (v) [ME. 'tappin'.] (۱) کھٹ کھٹانا؛ کھٹ کھٹ کرنا ۔ (۲) کسی چیز پر (پاؤں یا ہاتھ کو) ہلکے سے مارنا؛ دھم دھم کرنا؛ ٹھوکنا (ماتھا) ۔ (۳) کھٹ سے مارنا (against کے ساتھ) ۔ (٤) دستک دینا (دروازے پر) تھپکی دینا (at کے ساتھ) ۔ (۵) (امریکا) جوتے کی ایڑی پر چمڑا لگانا ۔

Tap : (n) [ME. 'tappen'.] (۱) دستک؛ تھپکی؛ کھٹ کھٹ کی آواز ۔(۲) (جمع میں) کھانے کی گھنٹی یا پکار ۔ (۳) (امریکا) (چھاؤنی میں رات کے وقت روشنی بجھانے کی) نوبت یا نقارہ ۔(٤) چمڑے کا ٹکڑا (جوتے کی ایڑی میں لگانے کو)؛ لوہے کا ٹکڑا (جس سےجوتے کی ایڑی کو مضبوط کیاجائے)۔

To tap-tap : بار بار تھپکی دینا ۔

Tap-bolt : (n) معمولی پیچ؛ سرا دار پیچ ۔

Tap borer : (n) برما، جس سے پیپے میں سوراخ کرتے ہیں ۔

Tap-dance : (n) دیکھو Step dance

Tap-dancer : (n) اسٹیپ ڈانس (رقص) کرنے والا ۔

Tap-dancing : (n) پاکوبی؛ ایشیائی طرز کا رقص جس میں پیر زمین پر مارتے جاتے ہیں ۔

Tap holder : (n) فیتہ گرفت کرنے کا ایک آلہ یا مشین ۔

Tap-hole : (n) (۱) پیپے کا سوراخ ؛ حوض کا سوراخ (جس میں ڈاٹ لگا دیا جائے) ۔ (۲) گلخن کا چھوٹا سوراخ جس سے دھات اور اس کا میل باہر نکلتا ہے ۔

Tap-house : (n) (۱) مےخانہ؛ شراب خانہ ۔(۲) کسی سرائے کا شراب کا کمرہ ۔

Tap-lash : (n) (۱) (بول چال) شراب کا فضلہ؛ گلاس وغیرہ کا دھوون ؛ دُرد ؛ تلچھٹ ۔ (۲) باسی ؛ پرانا یا فرسودہ شراب ۔

Tap line : (n) صنعتی ریلوے لائن ۔

Tap rate : (n) (مالیات) شرح حالیہ؛ برطانوی خزانے کے زائد تمسکات کی رائج الوقت شرح ۔

Tap-room : (n) کلال خانے یا ہوٹل میں شراب کا کمرہ ۔

Tap-root : (n) (نباتیات) اصلی جڑ؛ موسلی؛ جڑ کا اصلی یا بڑا حصہ؛ ریشۂ اصلی ۔

Tap water : (n) نل کا پانی ۔

Tapa/Tappa : (n) [Com. Polynesian, 'tapa'.] جزائر بحر الکاہل (پولی نیشیا Poly nesia) کے ایک درخت کی چھال جس سے کپڑے ، چٹائیاں وغیرہ تیار کرتے ہیں؛ ٹاپا چھال ۔

Tapa cloth : (n) ٹاپا چھال کے کپڑے ۔

Tapa mat : (n) ٹاپا چھال کی چٹائی ۔

Tapas : (n) (دینیات) تپسّیہ؛ ریاضت ۔

Tapayaxin : (n)[Native Mexican.] دائرہ نما سینگ دار گرگٹ ۔

Tape : (n) [Relation to OE. 'toeppan'.] (۱) فیتہ؛ پتلی سی نواڑ جس سے ناپنے یا پارسل وغیرہ باندھنے کا کام لیتے ہیں ۔ (۲) فیتے کی حد؛ فیتہ جو گھڑ دوڑ کی منزل کے ستونوں کے درمیان تنا ہوتا ہے ۔ (۳) پٹا جو کلوں میں چرخیوں پر چڑھا ہوتا ہے ۔ (٤) کاغذ کی مسلسل دھجی جس پر تار کی خبر چھپتی جاتی ہے؛ چھاپ فیتہ ۔ (۵) ناپنے کا فیتہ ۔ (٦) فیتے کی شکل کا کیڑا جو معدے کی نالی میں ہوتا ہے ؛ کیچوا ۔ (۷) (عامیانہ) شراب؛ ایک قسم کی شراب (Gin) جو غلے سے بنتی ہے ۔(۸) دیکھو Magnetic tape نیز ٹیپ پر ریکارڈنگ ۔

I have got you taped : میں نے بھانپ لیا ہے کہ تم کس قسم کے آدمی ہو اور کیا چاہتے ہو ۔

Red tape : دفتری کھس کھس؛ دفتری طوالت ؛ دفتر پرستی۔

To breast the tape : (مجازاً) دوڑ جیتنا؛ فیتہ چھا لینا ۔

White tape : ایک قسم کی شراب (Gin) ۔

Tape : (v) [f. prec.] (۱) فیتہ لگانا یا باندھنا ؛ نواڑ سے باندھنا ۔(۲) (اوراق فیتے سے) جوڑنا ، شیرازہ بندی کرنا ؛ فیتے سے کتاب کو جوڑنا ۔ (۳) (عامیانہ) (کسی شخص کو دیکھ کر) بھانپ لینا (کہ کس قسم کا آدمی ہے) فیتے سے ناپنا؛ اندازہ لگانا (میٹر یا فیتے سے)؛ پیمائشی فیتے سے اندازہ لگانا ۔ (٤) Magnetic tape پر ریکارڈ کرنا ۔

To have (a person) taped : کسی شخص کو جانچنا ؛ کسی شخص کا اندازہ لگانا ۔

Tape-fish : (n) دیکھو Ribbon - fish

Tape-grass : (n) دریائی پودا(جس کی پتیاں گھاس نما ہوتی ہیں)۔

Tape-line : (n) ناپنے کا فیتہ؛ پیمائشی فیتہ؛ سروے فیتہ ۔

Tape-machine : (n) (۱) (تلغرافی) خود نگار تاربرقی؛ آلہء برقیہ نگار؛ ٹیپ مشین ۔ (۲) ٹیپ ریکارڈر ۔

Tape-measure : (n) ناپنے کا فیتہ؛ پیمائشی فیتہ ۔

Tape-needle : (n) فیتہ لگانے کے لئے مستاری یا سوا ؛ جوال دوز ۔

Tape-record : (v) ٹیپ ریکارڈ کرنا ۔

Tape recorded : (a) ٹیپ ریکارڈ کیا ہوا ۔

Tape recorder : (n) ٹیپ ریکارڈر؛ مقناطیسی فیتے پر آواز، تصویر وغیرہ کو ریکارڈ کرنے کا آلہ ۔

Tape recording : (n) ریکارڈ کرنے کا عمل؛ ٹیپ ریکارڈنگ؛ مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کرنا ۔

Tapeless : (a) بے فیتے کا ۔

Taper : (n) [OE. tapur,-or,-er'.] (۱) شمع؛ موم بتی ۔ (۲) (مجازاً) وہ چیز جس سے روشنی ہو ؛ وہ چیز جس سے ہلکی سی روشنی نکلتی ہو ۔

Taper : (n) (۱) آہستہ آہستہ تقلیل؛ گھٹائی ہوئی شےمجازاً حرکت، عمل، طاقت اور قوت میں تخفیف یا کمی (آہستہ آہستہ)؛ بتدریج کمی ۔ (۲) کوئی چیز جو آہستہ آہستہ کم ہو جائے ۔

Taper : (n) دیکھو Tadpole

Taper : (a) (۱) باریک ہونے والا؛ کم ہونے والا ۔(۲) (اب صرف شعر یا خطابت میں مستعمل ہے) مخروطی؛ گاؤ دُم ۔

Taper : (v) (۱) (اکثر Off کے ساتھ) گاؤ دُم بنانا یا ہو جانا؛ مخروطی شکل کا بنانا یا ہو جانا ۔ (۲) پتلا ہوتے جانا ؛ کم کم باریک ہونا یا کرنا ۔ (۳) گھٹانا؛ کم کرنا؛ تخفیف کرنا؛ کوتاہ کرنا ۔

Taper holder : (n) شمع دان ۔

Taper-stick : (n) شمع دان (چھوٹی شمع دانی، موم بتی رکھنے کے لئے)۔

Taper washer : (n) (میکانیات) خار حلقہ ۔

Tapered : (a) روشن کیا ہوا؛ مومی شمع سے روشن کیا ہوا ۔

Tapered : (a) آہستہ آہستہ کم ہونے والا؛ گھٹنے والا؛ مخروطی؛ گاؤدُم ۔

Tapered dowel : (n) گاودُم کیل ۔

Taperer : (n) (۱) موم بتی اٹھانے والا (مثلاً مذہبی جلوس میں) ۔(۲) ٹیپ کرنے والا ۔

Tapering : (n) (نباتیات) گاؤ دُم ۔

Taperingly : (adv.) اس طور پر کہ گاؤدُم ہوتا جائے ۔

Taperness : (n) مخروطی شکل؛ مخروطیت؛ نکیلاپن ۔

Taperwise : (adv.) مخروطی شکل میں ۔

Tapester : (n) پارچہ پردہ باف ۔

Tapestried : (a) شجرے منڈھا ہوا؛ مشجری ۔

Tapestry : (n)[Corruption of tapesry, tapisserie.] نقش دار پردہ؛ قالی بافت؛ موٹا بُنا ہوا کپڑا جو آرائش کے لئے دیواروں پر لٹکاتے ہیں یا غلاف وغیرہ کے کام آتا ہے؛ (ٹیکسٹائل) گل کاری؛ پھلکاری ۔

Bayeux tapestry : مرقع بایونی؛ مشجر کےلپٹےہوئے خریطے جن پر ولیم اول کے واقعات زندگی کی تصویریں بنی ہوتی ہیں جو مقام بایو (فرانس) میں محفوظ ہیں ۔

Tapia : (n) [Sp.] مٹی، کیچڑ (دیوار کے لئے)؛ خشت؛ خصوصاً کچی اینٹ۔

Tapinocephalic/Tapeino-: [Gr tapinos+cephale'+-ic] : چپٹا چھوٹے سر والا یا اس طرح کا۔

Tapinosis : (n) [L.] (معانی، بیان) ابتذال ادبی۔

Tapioca : (n) [Pg.'tapioca'.] ٹیپو کا؛ کساوا کی سوجی؛ ایک طرح کی سوجی جو جزائر غرب الہند کے پودے کساوا (Cassava) وغیرہ سے نکالی جاتی ہے؛ (نباتیات) شجر الخبز کی سوجی۔

Tapir (n) : (a) [Tupi, 'tapira'.] ٹاپیر؛ خوک خرطوم دار؛ برازیل کاایک سُم دار جانور جو کچھ سوّر اور کچھ گینڈے سے مشابہ ہوتا ہے۔

Tapirine : (a) ٹاپیر سے متعلق۔

Tapiroid : (a) ٹاپیر نما۔

Tapirroid : (n) ٹاپیریہ۔

Tapis : (n) [late L. 'tapetium'.] (قدیم فرانسیسی) قالین (اب صرف On (upon)the tapis کے معنی میں مستعمل ہے)۔

On (upon)the tapis : (۱) زیر تجویز؛ زیرغور؛ زیر بحث۔(۲) میز پوش پر۔

To come on the tapis : زیر بحث آنا؛ معرض غور میں آنا۔

Tapotement : (n) [Fr. f. 'tapoter'.] (طب) مُکّی؛ ضرب خفیف؛ ضرب مالش؛ رگڑ؛ گِھسّا (مالش کا)۔

Tappen : (n) [Sw. and Norw.] وہ ڈاٹ جس سے جاڑے کے موسم میں بھالو کے مبرز کو بند کرتے ہیں۔

Tapper : (n) (۱) (تلغرافی) کلید دستگاہ تار برقی؛ زنندہ؛ کھٹکا۔(۲) (ریڈیو) اتصال توڑ۔(۳) (بول چال) دھاری دار بُد بُد۔(٤) ہلکے سے مارنے والا (گھنٹی بجانے کے لئے)۔

Tappet : (n) کھٹکا؛ ٹھپکنی؛ دستکی؛ ٹیپٹ؛ مشین کا ایک پرزہ جس سے وقفے کے ساتھ حرکت پیدا ہوتی ہے۔

Tappet loom : (n) دستکی کرگھا جس میں دستکی کے زور سے ہتھوڑیاں کام کرتی ہیں۔

Russian tapestry : ایک طرح کا سن یاکتان جس کے پردے دروازے پر لٹکاتے ہیں۔

Tapestry : (v) [f. prec.] (۱) مشجر سے آراستہ کرنا؛ قالیچہ نماپردے سے سجانا ؛ منقش پردے سے آراستہ کرنا۔(۲) مشجر میں نقشہ کھینچنا؛ مشجر سے کام کرنا۔

Tapestry Brussels : (n) برسلّ کا قالیچہ (غالیچہ)؛ برسلّ کا قالین۔

Tapestry-carpet : (n) برسلّ مانند غالیچہ جس کے نقش و نگار رنگین ہوں۔

Tapestry-moth : (n) بید فرش؛ کپڑوں کا ایک کیڑا۔

Tapestry-needle : (n) کشیدہ کاری کی سوئی۔

Tapestry of creation : (n) کائنات کی گلکاریاں۔

Tapestry-stitch : (n) کشیدہ کاری کا ٹانکا۔

Tapestry velvet carpet : (n) برسلّ قالین کی طرح بنا ہوا مخملی قالین۔

Tapestry-weaving : (n) ٹیپسٹری کی بُنائی؛ٹیپسٹری بُننے کا ایک طریقہ۔

Tapestry-work : (n) دیکھو Tapestry

Tapetal : (a) (حیوانیات) حریری۔

Tapeti : (n) [Tupi.] برازیلی خرگوش۔

Tapetum : (n) [late and med. L.for L. 'tapete'.] (۱) (تشریح) جانوروں کی آنکھ کی مشیمہ نما جھلّی کا ایک حصہ جو چمکتا ہے؛ (حیوانیات)عکاّسیہ چشم حریر؛ (تشریح) صلبی ریشے۔(۲) (نباتیات) بر حلمی خلیوں کی تہ جو تخمک دان کے استر کا کام دیتی ہے؛ ٹاپٹم؛ بر اولین؛ بذرہ۔

Tapeworm : (n) (۱) فیتے کی شکل کے کیڑے جو آدمی اوربڑے جانوروں کی غذا کی نالی میں پائے جاتے ہیں؛ کینچوا ؛ کرم کدو؛ کدو دانہ ؛ گینڈوا۔ (۲) (مجازاً) طفیلی کیڑا۔

Tapeworm plant : (n) صدپایہ پودا۔

Taphephobia : (n) [Gr.] (نفسیات) دفن ترسی؛ زندہ دفن ہونے کا خوف۔

Tapping : (n) (۱) ڈاٹ لگانے کا عمل؛ ذرائع جن سے ڈاٹ لگاتے ہیں؛ دستک دینے والا - (۲) (جراحی) بزل -

Tapping board : (n) دستک تختہ -

Tapping drill : (n) (اوزار) خاکہ برما -

Tapping key : (n) کھٹکا کنجی؛ داب کنجی -

Tappit : (a) (اسکاٹستانی) کلالہ دار؛ تاج دار؛ کاکل دار؛ کلغی دار -

Tappit hen : (n) (۱) کلغی دار مرغی؛ چوٹی دار مرغی - (۲) پینے کا پیالہ (برتن) جس کے ڈھکن پر کلغی کی تصویر بنی ہوتی ہے -

Tapster : (n) [OE.'taeppstre'.] شراب فروش جو ہوٹل یا شراب خانے میں (ٹونٹی دار پیپے سےنکال کر) شراب بیچتا ہے؛ ساقی؛ نوشابہ گزار -

Tapstress : (n) شراب بیچنے والی ؛ ساقن ؛ زنِ نوشابہ فروش -

Tapu : (n) دیکھو Taboo

Tar : (n) [OE. 'teru'.] (۱) تارکول؛ قیر؛ کول تار؛ گندہ بروزہ؛ قطران - (۲) (مجازاً) حبشی اور سیاہ فام نسل کےخون کی آمیزش - (۳) جہاز کا ملازم؛ ملاح -

A touch of the tar-brush : (مجازاً) حبشی خون کی آمیزش (جو رنگ سے ظاہر ہو) -

Tar : (v) [OE. teoru, teorw'.] (۱) تارکول سے ملنا؛ تارکول لگانا - (۲) میلا کرنا؛ گندا کرنا؛ آلودہ کرنا (تارکول سے) -

To tar and feather : بدن پر تارکول پھیر کر پر چپکا دینا؛ (بطور سزا امریکا میں) -

To tar with the same stick (or brush) : ایک ہی طرح کےاشتباہات کا ہونا؛ ایک ہی طرح کی بیہودہ صفات کا ہونا؛ (ایک شخص میں) اس قسم کے عیوب موجود ہونا (جیسے دوسروں میں ہوں)؛ ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہونا -

Tar acid : (n) تارکول سے نکالا ہوا ایسڈ؛ کول تار ایسڈ -

Tar-acid oil : (n) کول تار ایسڈ کا تیل -

Tar-barrel : (n) بشکہ قیر؛ تارکول کا پیپا -

Tar-board : (n) مضبوط دفتی جو جلد ساز استعمال کرتے ہیں -

Tar-brush : (n) (۱) تارکول پھیلانے یا ملانے کا برش - (۲) (مجازاً) حبشی اور ہندوستانی نسل کی مخلوط قوم -

A dash or touch of the tar-brush : (مجازاً) حبشی اور ہندوستانی خون کا (چہرے کے رنگ کے لحاظ سے) -

Knight of the tar-brush : جہازراں ؛ ملاح -

Tar-macadam : (n) (۱) سڑک بنانے کےلوازمات جس میں ٹوٹے ہوئے پتھر، کنکر لوہے کے ٹکڑے، تارکول وغیرہ شامل ہیں - (۲) (سڑک کوٹنے کی) تارکولی روڑی؛ کول تار ملے ہوئے پتھر وغیرہ کے ریزے -

Tar-water : (n) (۱) آب قیر جو دوا میں مستعمل ہے - (۲) تارکول امونیا ملا ہوا پانی جو گیس بنانے میں حاصل ہوتا ہے -

Tara : (n) نیوزی لینڈ کا ایک بڑا فرن درخت جو ترکاری کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ تارافرن -

Taradiddle/Tarradiddle : (n) (بول چال) دروغ؛ جھوٹی‌بات ؛ بے پر کی بات؛ گپ؛ گڑھنت -

Tarantas : (n) [Russ. 'tarantas'] چار چکے والی روسی مسافر گاڑی؛ طرنطاس؛ روسی بگّی؛ چوپہیا (گاڑی) -

Tarantella-elle : (n) [It dim. formation from 'Taranto'.] (۱) ترنتیل؛ چك پھیر رقص (جنوبی اٹلی کا) جو پہلے جنونِ رقص (رقص مانیا) کا علاج سمجھا جاتا تھا پندرھویں صدی عیسوی میں - (۳) گت؛ موسیقی (جو اس رقص کے ساتھ ہوتی ہے) -

Tarantism : (n) [mod. L.'tarantismus'.] (طب)ناچ مانیا؛ جنون رقص؛ ناچ روگ (جو لوگوں کے خیال میں تارنتو کی مکڑی کے کاٹنے سے ہو جاتا تھا) -

Tarantula : (n) [L.'tarantum'.] (۱) جنوبی یورپ کی ایک بڑے قسم کی مکڑی (خصوصاً شہر Toranto کی)؛ رتیل - (۲) تارنتو کی مکڑی جس کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ اس کے کاٹنے سے ایک قسم کا جنون ہوجاتا تھا جس میں انسان ہر وقت ناچتا رہتا ہے - (۳) مکڑی کی بعض اور قسموں کے نام ؛ شبّت ؛ شبت -

Tarantula-hawk/-killer : (n) بھڑ کی مختلف قسموں کے نام ؛ زنبور کی ایک قسم جو رتیل کو شکار کرتا ہے۔

Tantular : (a) رتیل مکڑی کا؛ مکڑی کا سا ۔

Tarantulate : (v) جنون رقص سے متاثر ہونا؛ جنون رقص میں مبتلا ہونا ۔

Tarantulated : (a) (۱) رتیل گزیدہ ۔(۲) جنونِ رقص میں مبتلا۔

Tarata/Taratah : (n) نیوزی لینڈ کا ایک سدا بہار چھوٹا درخت۔

Taratantara/Tarantara : (n) [Echoic.] قرنا یا ترم کی آواز؛ دھوتو تو؛ دھوتو ۔

Taraxacin : (n) [f. next+IN] (کیمیا) عصارہٴ تلخ؛ ایک تلخ بلوری مادہ جو گل قاصدی سے حاصل ہوتا ہے ۔

Taraxacum : (n) [med.L.] (۱) (نباتیات) گلِ قاصدی؛ ککروندا؛ دندانہ دار پتوں والے درختوں کی بعض قسموں کا نام جن میں ککروندا بھی شامل ہے؛ شیر دندان ۔(۲) تارا کیسکم؛ کاسنی زرد؛ ایک دوا جو شیر دندان سے حاصل ہوتی ہے (جو جگر کی بیماریوں میں مقوی دوا کا کام دیتی ہے)۔

Tarazed : (n) (علم النجوم) طائر الصید (ستارہ)۔

Tarboosh/Tarbush/Tarboush : (n) [Arab. 'tarbush'] طربوش ؛ اونچی باڑ کی ترکی ٹوپی؛ ایک قسم کی لال ٹوپی۔

Tardamente : (adv) (موسیقی) آہستہ آہستہ؛ باآہستگی؛ ہولے ہولے ۔

Tardenoisian : (a) (آثار قدیمہ) عہد حجر وسطیٰ کا؛ حجر الوسطیٰ (تاردینوا جس کی نسبت سے یہ لفظ بنا ہے؛ فرانس کا ایک مقام جہاں اس عہد کے آثار موجود ہیں)۔

Tardigrade : (a) [L.'tardigradus'.] (۱) (حیوانیات) آہستہ خرام (جانور)؛ آہستہ آہستہ جانے والا یا چلنے والا؛ کاہل الوجود؛ آرام طلب ۔(۲) سینہ یا جانورسے متعلق۔

Tardigrade : (n) (۱) دودھ پلانے والا ایک جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح ہوتے ہیں اورزیادہ تر درختوں میں رہتا ہے؛ جانورتنبل ۔(۲) دیکھو Water bear ۔ (۳) آہستہ خرام جانور ۔

Tardigradous : (a) [f. L.'tardigradus'+. -ous.] (حیوانیات) بطیء السیر؛ آہستہ خرام (جانور)۔

Tardily : (adv.) آہستگی سے؛آہستہ آہستہ؛ سُستی سے؛ بہ تعویق؛ تاخیر سے ؛ہچکچاتےہوئے؛رکتے ہوئے ۔

Tardiness : (n) سُستی؛ تاخیر؛ تعویق؛ تامل؛ ہچکچاہٹ۔

Tardive : (a) (شاذ) سست ہونے والا؛ کُند کرنے والا؛ بطیء ۔

Tardle : (n) طرهٔ زلف؛ جعد مو ؛ چین و شکن گیسو ۔

Tardo : (a) [f. L.'tardus'.] (موسیقی) آہستہ آہستہ ؛ باآہستگی۔

Tardy : (a) [Fr. 'tardif,-ive.'] (۱) سُست؛ کند؛ تُبل ؛ کام میں دیر کرنے والا ۔ (۲) دیر میں آنے یا واقع ہونےوالا؛ دیر کا؛ بعد از وقت، جس میں تاخیر یا تعویق ہوگئی ہو؛ جو وقت پر کام نہ کرے ؛ پھسڈی (جو پیچھے رہ جائے) ۔(۳) متاملّ؛ ہچکچانے والا (کسی کام کےکرنے میں) تامل کا (انداز)؛ نارضامند؛ بےدل ۔

Tardy : (quasi-adv.) بعد از وقت؛ دیر سے؛ بادرنگ ۔

Tare : (n) [origin obsc.] مونٹھ کی قسم کا دانہ (جو چارے کے کام آتا ہے) : (نباتیات) موٹھ ؛ تلخہ؛ ویچ؛ ایک قسم کا پھل دار پودا جو خودرو بھی ہے اور جس کی کاشت بھی ہوتی ہے (عموماً چارے کے طور پر استعمال کےلئے)۔

Tare : (v) [Arab. 'tarhah'.] (۱) دھڑا؛ ویگن یا ظرف کاوزن جو مال کے وزن سے کم کر دیا جائے؛ گردا کٹوتی ۔ (۲) موٹر گاڑیوں کا اصلی وزن جس میں تیل وغیرہ شامل نہ ہو یا وزن صحیح ۔(۳) (کیمیا) دھڑا؛ وزن ظرف ۔

Tare : (v) دھڑا نکالنا؛ گردا معلوم کرنا؛ دریافت کرنا (وزن ظرف)؛ پتا چلانا (اصلی وزن)۔

Tare and tret : حساب کا قاعدہ جس سے اصلی وزن اور دھڑا نکالتے ہیں (وزن) ظرف ومظروف ۔

Tared : (a) اصلی وزن (پتا چلایا ہوا)۔

Tarfa : (n) (tarfa) [Arab. 'tarfa'.] ایک قسم کی جھاڑی جس سے گوند نکلتا ھے۔

Targe : (v) [Origin unkn.] (۱) (خصوصاً اسکاٹستانی) کچھ تفصیل سے سوال کرنا ؛ پوچھنا ؛ استفسار کرنا ۔ (۲) (خصوصاً اسکاٹستانی) نظم وترتیب کی رعایت کرنا؛ ترتیب دینا۔ (۳) (خصوصاً اسکاٹستانی) مارنا؛ سرزنش کرنا؛ تحقیر کرنا ۔

Target : (n) [dim. of OFr.'targe'.] (۱) (خصوصاً تاریخ) آماج ؛ سپر ہدف ؛ نشانہ؛ جس پر نشانہ لگاتے ہیں ؛ چاند ۔ (۲) (مجازاً) ہدف؛ نشانہ؛ (ملامت، طعن، پھبتی وغیرہ کا) تمسخر؛ تضحیك (کسی شخص کی) ۔ (۳) (ریل کا) چھوٹا گول سگنل؛ نیچا بتھا؛ (بھیڑ کا) اوپر کا دھڑ (گردن اور سینہ ملا ہوا) ۔ (٤) چھوٹی ڈھال ؛ سپرچہ ۔ (٥) (فوج) ہدف؛ چاند ۔ (٦) نتیجہ (مثلاً تعداد ، روپیوں کا حساب)؛ منزل مقصود؛ مقصود؛ مطمح نظر ۔ (۷) جو چیزیں سپر نما ہوں ۔ (۸) مرغ بادنما؛ سمت نما۔ (۹) ابھارنے والی چیز؛ محرك شے ۔

Target : (v) (۱) (امریکا) چھوٹے گول سگنل کے ذریعے ریل کی پوزیشن دینا ؛ (ریلوے) علامت دینا (مخصوص نشان کے ذریعے) ۔ (۲) نشانہ بنانا؛ ہدف قراردینا ۔ (۳) سپروار کرنا ۔

Target-card : (n) چاند ماری کی کتاب؛ ہدف نامہ جس میں تیر اندازی کی کیفیت درج کی جاتی ھے ۔

Target date : (n) مقصود حاصل کرنے کی تاریخ؛ اہم واقعہ کے لئے مقررہ تاریخ۔

Target day : (n) چاند ماری کا دن؛ تیر اندازی کا دن؛ نشانہ گیری کا دن؛ نشانہ بازی کا دن ۔

Target lamp/-lantern : (n) وہ لیمپ یا لالٹین جو ریلوے کے چھوٹے گول سگنل کے لئے استعمال ہو ۔

Target man : (n) (ریلوے) علامت راہ نما یا نشان دہندہ ؛ چھوٹا گول سگنل دکھانے والا ۔

Target pistol : (n) نشانہ بازی کا پستول ۔

Target practice : (n) چاند ماری؛ نشانہ گیری؛ نشانہ بازی ۔

Target range : (n) چاند ماری ، نشانہ بازی کے لئے مختصر علاقہ ۔

Target rifle : (n) نشانہ بازی کی رائفل ۔

Targeted : (a) سپربند؛ ڈھال لئے یا لگائے ہوئے؛ سپر مانند ۔

Targum : (n) [Chaldee. targum.] تفسیر تورات؛ تراجم (قدیم کلدانی یا ارمی زبان میں) ترجمہ ترگم ۔

Targumic/-al : (a) تفسیر تورات کے متعلق؛ ترجمنی؛ ترگم کا یا اس سے متعلق ۔

Targumist : (n) مفسر تورات ؛ عالم ترجمات ترگم ۔

Targumistic : (a) (۱) تفسیر تورات کے متعلق ۔ (۲) مفسر تورات کا۔

Tarheel : (n) (بول چال امریکا) شمالی کا رولینا کا باشندہ ۔

Tariff : (n) [It. 'tariffa'.] (۱) فہرست محاصل بحری؛ جس میں درآمد برآمد مال کے محصول کی شرح درج ہو؛ فرد محاصل؛ محصول نامہ ۔ (۲) مجموعی محاصل درآمد و برآمد (مجموعی کروڑ گیری کی مجموعی رقم) ۔ (۳) قانون محاصل؛ قانون کروڑگیری ۔ (٤) محصول درآمد یا برآمد (جو کسی مال پر لگایا جائے) ۔ (٥) شرح نامہ ؛ نرخ نامہ ؛ اجرت ، قیمت یا کرائے کی فرد ۔ (٦) (معاشیات) نرخ نامہ (ٹیکس)؛ کروڑ گیری؛ شرح نامہ؛ نرخ عوارض؛ حقوق ۔

Hotel tariff : شرح نامہ ہوٹل؛ ہوٹل کے اشیاء کی قیمت کی فہرست۔

Preferential tariff : ترجیحی کروڑ گیری؛ رعایتی کروڑگیری؛ محاصل رعایتی جو دوست دار ممالك سے لئے جائیں۔

Railroad or railway tariff : ریلوے کا شرح نامہ ؛ ریلوےکرائے کی فہرست؛ کرایہ کی فرد ۔

Retaliatory tariff : جوابی کروڑگیری؛ انتقامی یا جوابی محاصل (وہ محصول جو دوسرے ملك کے جواب میں لگائے جائیں جو اس نے لگائے ہیں)۔

Tariff : (v) (۱) محصول مقررکرنا؛ فرد محاصل بنانا؛ محصول نامہ تیار کرنا(ہر قسم کے مال کا) ؛ نرخ بندی کرنا ۔(۲) (مال کی) قیمت تشخیص کرنا ؛ آنکنا ۔ (۳) شرح نامہ کے مطابق (کسی چیز کی) قیمت مقرر کرنا ۔

Tariff act : (n) قانونِ محصولات۔

Tariff-reform : (n) (معاشیات) اصلاح محاصل؛ توازن محاصل (برطانیہ میں بے قید تجارت کے مخالف اپنی

تحفظی پالیسی کو اسی نام سے موسوم کرتےتھے)۔

Tariff-reformer : (n) محاصل کی اصلاح کرنے والا ۔

Tariff-wall : (n) دیوار محاصل؛ بیرونی تجارت کی روک جو بھاری محصول لگا کر پیدا کی جائے تاکہ ملک کی تجارت اس کے اندر محدود رہے ۔

Tariffless : (a) بغیر محصولات کے؛ شرح نامہ کے بغیر ۔

Tarin/Terin : (n) [Fr. prob. of imit. origin] ایک قسم کا یورپی خوش الحان پرندہ جس کا رنگ عموماً زیتون کا سا سبز ہوتا ہے ۔

Taring : (n) مال کے زوائد کا تخمینہ اور تخفیف ۔

Tarish : (a) اشک مانند؛ اشک وار؛ اشکی ۔

Tarlatan : (n) [Fr.'tarlatane.'] باریک ململ ۔

Tarmac: (n) (۱) تارکول میکاڈم کا رجسٹرڈ ٹریڈ نشان ۔ (۲) کوئی سطح جو اس سے بنائی گئی ہو ۔ (۳) خصوصاً ہوائی اڈے کا "رَن وے" ۔

Tarn : (n) [ME. 'terne'.] (۱) (جغرافیہ) چھوٹی پہاڑی جھیل؛ پوکھر ۔(۲) (جغرافیہ) دلدل ۔

Tarnal : (a) (۱) (عامیانہ عموماً امریکا) مردود ؛ ملعون ؛ جہنم واصل؛ سزاوار نفریں؛ (تنفر، تحقیر یا غصے کا کلمہ) کم بخت؛ منحوس ؛ ناشدنی ۔ (۲) پرلے سرے کا؛ نہایت؛ بہت (عموماً بری صفات کے لئے)۔

Tarnally : (adv.) لعنت کے طور پر؛ نفریں کے ساتھ۔

Tarnation : (n) (عام) نفریں؛ لعنت؛ پھٹکار؛ خلود فی النار ۔

Tarnation : (a) [Variant of darnation.] (امریکا عامیانہ) (تنفر، تحقیر یا غصے کا کلمہ) کم بخت؛ منحوس ۔

Tarnish : (v) [Fr. 'terniss'.] (۱) دھندلا کرنا؛ ماند کرنا؛ بےآب کر دینا؛ دھندلا یا ماند پڑجانا؛ بے رونق ہونا؛ بےرونق کرنا؛ تیرہ کرنا؛ رنگ بدل دینا؛ دو رنگ کر دینا ۔(۲) (مجازاً) نام یا آبرو میں بٹا لگانا؛ داغ لگانا؛ دھبا لگانا؛ آب وتاب یا شان کم کردینا؛ آلودہ کر دینا؛ داغدار کر دینا ۔ (۳) خراب کرنا؛ بگاڑ دینا ۔(٤) پژمردہ ہوجانا؛ مرجھا جانا؛ کمہلانا؛ رنگ اتر جانا؛ پھیکا یا ہلکا پڑجانا؛ پیلا پڑ جانا ۔

Tarnish : (n) (۱) تیرگی؛ عیب؛ کدورت ۔(۲) دھندلاپن؛بےآبی؛ بے رونقی ؛ داغ دھبا؛ کلنک ۔ (۳) (معدنیات) داغ، میل (جو معدنی شے پر جم جائے)۔

Tarnish proof : (a) بے داغ ہونے کی صلاحیت والا ۔

Tarnishable : (a) میلا ہو جانے والا؛ داغ پذیر؛ کدورت پذیر؛ عیب پذیر ۔

Tarnisher : (n) دھندلا کرنے والا؛ داغدار بنانے والا؛ بے رونق کرنے والا ۔

Taro : (n) [Native Polynesian name.] گرم خطوں کے بعض پودے جو " Arun " کے مانند ہوتے ہیں اور ان کی جڑیں کھانے کے کام آتی ہیں ؛ تارو؛ (نباتیات) ثوف؛ تارو؛ قلقاس؛ گوش فیل ۔

Tarot/Taroc : (n) [It. 'tarocco.' of unkn. origin.] (۱) تاش کا ایک کھیل جو پہلی دفعہ اٹلی میں چودھویں صدی عیسوی میں کھیلا گیا نیز پیش گوئی کے طورپر بھی استعمال ہوا؛ اٹھتریا ۔ (۲) اس تاش کا کوئی پتّا ۔

Tarpan : (n)[Kirghiz Tatar name.] (حیوانیات)تاتاری گھوڑا؛ تاتار کا جنگلی گھوڑا؛ ترپان؛ ترکی؛ قبچاقی ۔

Tarpaper : (n) تارکول پلایا ہوا موٹا کاغذ جو تعمیرات میں استعمال ہوتا ہے؛ رال چڑھایا ہوا کاغذ ۔

Tarpaulin (n) [Perh. f. Tar (n)+PALL (n)+ING.] (۱) ترپال؛ رال چڑھایا ہوا ٹاٹ یا کرمچ؛ برزنت ۔(۲) اس کا بڑا سا ٹکڑا ۔ (۳) ملاح کی داغ دار تیلیا ٹوپی ۔ (٤) (روزمرہ) ملاح؛ جہازی؛ جہاز کا ملازم ۔

Tarpaulin : (v) ترپال سے ڈھانکنا؛ رال چڑھائے ہوئے ٹاٹ یا کرمچ سے چھپانا ۔

Tarpeian : (a) [f. L.'Tarpeius'.] تارپی یا تارپیوسی (چٹان) جس پر سے قدیم رومی مجرموں کو گرا کر ہلاک کرتےتھے ۔

Tarpon : (n) [Origin Unkn.] ترپن ؛ مچھلی کی ایک قسم جو ریاستہائے متحدہ امریکا کے جنوبی ساحل پر پکڑی جاتی ہے ۔

Tarpum : (n) [by alter. TARPON] دریائی مچھلی کی ایک قسم۔

Tarradiddle : (n) Taradiddle کا متبادل ۔

Tarragon : (n) [Arab."tarkhon'.] طرخون ؛ ایک پودا جو اچار وغیرہ بنانے میں کام آتا ہے اور اس سے سرکہ بناتے ہیں؛ طرخان؛ ترخون ۔

Tarragona : (a) (۱) طرغونہ ؛ مے ارغوانی ؛ اسپین کی ایک ہلکی شراب ۔ (۲) اسپین کے ایک قصبے کا نام ۔

Tarriance : (n) (۱) (قدیم) تاخیر ۔ (۲) عارضی قیام ۔

Tarrier : (n) [f. TARRY+ER] (۱) (قدیم) تاخیر کرنے والا ۔ (۲) ٹھہرنے والا ۔

Tarrier : (n) [OFr. 'tarere'.] سوراخ کن؛ سوراخ کرنے کا آلہ ؛ برما ۔

Tarriness : (n) تارکول کی طرح کا ہونا؛ سیاہی ۔

Tarrock : (n) [Origin obsc.] (۱) چلچلہء دریائی؛ مرغابی کا بچہ ؛ (حیوانیات) بط کا بچہ ۔ (۲) مرغابی کی ایک خاص قسم ۔ (۳) کِلّی موت ۔ (٤) (حیوانیات) بحری ابابیل ۔

Tarry : (n) [f. TARRY. (v)] عارضی قیام ؛ اقامت ؛ اقامت موقتی (اب عموماً امریکا) ۔

Tarry : (a) [f. TAR+-Y.] (۱) رال یا تارکول کا ۔ (۲) رال کا سا؛ قیری؛ تارکول کی طرح ۔ (۳) جس پر رال یا تارکول لگا ہو ؛ کثیف ؛ تیرہ ۔

Tarry : (v) [Origin obsc.] (۱) (خصوصاً انشا پردازی میں) ٹھہرنا؛ اقامت اختیار کرنا؛ قیام کرنا؛ مقیم ہونا ۔ (۲) ٹھہرنا؛ توقف کرنا؛ انتظار کرنا (For کے ساتھ) کچھ کرنے سے قبل انتظار کرنا ۔ (۳) راہ دیکھنا؛ منتظر ہونا؛ منتظر رہنا؛ خیال کرنا ۔ (٤) دیر لگانا؛ تاخیر کرنا؛ درنگ کرنا؛ دیر میں آنا یا پہنچنا؛ پیچھے آنا؛ ٹھہرتے ٹھہراتے چلنا؛ راستے میں دیر لگانا ۔

To tarry a reply : جواب میں تاخیر کرنا ۔

Tarry-breeks/-jacket/-john : (n) (مزاح) ملاح کے عرفی نام ۔

Tarry matter : (n) (کیمیا) تارکولی مادّہ ۔

Tarsal : (a) [mod. L.'tarsalis'.] (۱) مع پائی؛ کف پائی؛ شخنے کی ہڈی سے متعلق؛ مشط پائی ۔ (۲) آنکھ کے اوپری پلک کے غضروف سے متعلق ۔

Tarsal : (n) کعب؛ عظم الکعب؛ شخنا ۔

Tarsal bone/-joint : (n) (تشریح) عظم الکعب؛ شخنا ۔

Tarsale : (n) (تشریح) عظم الکعب؛ شخنا؛ استخوان مع پا ۔

Tarsalgia : (n) (طب) درد کفِ پا ۔

Tarsia : (n) [It.] رنگ برنگ کے منقش چوبی کام کی ایک وضع کا نام ۔

Tarsier : (n) [Fr., f. 'tarse'.] (حیوانیات) کعبیہ ؛ تختہ پا؛ افریقی لنگور جس کا پاؤں چپٹا ہوتا ہے اور رات کو نکلتا ہے ۔

Tarsipes : (n) موش کیسہ دار؛ آسٹریلیا کے کیسہ دار جانوروں کی ایک قسم (چوہے کے مانند) ۔

Tarsius : (n) (حیوانیات) جنس کعبیہ ۔

Tarso- : سابقہ بہ معنی "کف پا" ؛ غضروف، پلک چشم ۔

Tarsome : (n) خشمگینی؛ ناراضگی؛ آزردگی ۔

Tarsometatersal : (a) ساق و مُشط پا کا یا اس سے متعلق ۔

Tarsometatarsus : (n) (حیوانیات) (پرند) ساق ومشط پا ۔

Tarsorrhaphy : (n) پپوٹے کے زندہ نسیج کا جوڑ ۔

Tarsotomy : (n) [Gr.] عظم الکعب کے حصے یا شخنے کی کرکری ہڈی کو ہٹانا ۔

Tarsus : (n) [mod. L.] (۱) شخنے کی ہڈیاں ؛ عظام قدم ؛ کف پا ۔ (۲) پرند کا شخنا؛ ساق؛ (حیوانیات) ساقِ پائے پرند ۔ (۳) (حشریات) (کیڑے کے پیر وغیرہ کا) سرا؛ پائے حشرہ ۔ (٤) پپوٹوں میں رگوں کا جال؛ پپوٹا جال ۔

Tart : (n) [med. L.'tarta'] میوہ دار کلوچہ؛ نان مربّائی؛ میٹھا سموسہ جس میں پھل (سیب وغیرہ) کاٹ کر بھرے ہوں ۔

Apple tart : سیب سموسہ ۔

Cherry-tart : شاہ دانہ سموسہ ۔

Jam tart : جام ٹارٹ؛ ایک قسم کا چھوٹا کیک جس پر جام لگا ہوتا ہے ۔

Tart : (n) [Shortened f. SWEETHEART.] (عامیانہ) جوان لڑکی؛ عورت؛ آوارہ عورت ۔

Tart : (v) (۱) جوان لڑکی یا فاحشہ عورت کی طرح سنورنا؛ آراستہ ہونا؛ بناؤ سنگار کرنا ۔ (۲) ٹیپ ٹاپ کے ساتھ خاص طرح کی پوشاک پہننا۔

Tart : (a) [OE. 'teart'.] (۱) کھٹا؛ ترش؛ (مزے میں) تیز؛ تند ۔ (۲) تیز (مزاج)؛ چڑچڑا؛ ترش روئی کا (انداز)؛ آتش مزاج ؛ تند ۔ (۳) (مجازاً) دنداں شکن؛ چبھتا ہوا؛ تلخ؛ تیکھا (جواب وغیرہ) ۔

Tartan : (n) [Origin obsc.] (۱) چارخانہ اونی کپڑا خصوصاً وہ جسے اسکاٹستان کے پہاڑی علاقوں کے لوگ پہنتے ہیں ۔ (۲) اس طرح کا کوئی کپڑا ۔ (۳) اسکاٹستان کا چارخانہ کپڑا جس کی ہر قبیلے میں ایک مخصوص بناوٹ ہوتی ہے ۔ (٤) اسکاٹستان کے پہاڑی علاقوں کا رہنے والا؛ پہاڑی اسکاٹستانی؛ تارتان پہننے والا ۔ (٥) اس علاقے کا رہنے والا سپاہی؛ گھاگھرے والا سپاہی ۔

Tartan : (n) چارخانہ دار اونی کپڑا پہننا؛ ٹارٹان : ایک مستول والی کشتی جو بحیرۂ روم میں استعمال ہوتی ہے جس کا بڑا تکونہ بادبان ہوتا ہے ۔

Tartan/Tartane/Tartana : (n) [Fr. 'tartane'.] ایک مستول کی کشتی جو بحیرۂ روم میں چلتی ہے ۔

Tartan : (n) [Assyrian] قدیم اسیریا (Assyria) کا سپہ سالار ۔

Tartar : (n) [med. L. 'tartarum'.] (۱) (کیمیا) دُرد؛ شور؛ پوٹاش اور چونے کا مرکب جو شراب کے پیپے میں جما رہ جاتا ہے؛ شراب کی تلچھٹ ۔ (۲) دانت کا میل؛ زردی جو دانت پر جم جاتی ہے؛ تہ نشیں ؛ رسوب ۔ (۳) شور آمیز ایسڈ کے نمک کا عام نام ۔

Cream of tartar : (کیمیا) ایک قسم کی روغنی دوا؛ طرطیر۔

Tartar/Tatar : (n) [med. L. 'Tartarus'.] (۱) (جغرافیہ) تاتار؛ تتار ۔ (۲) تاتار کا باشندہ ۔ (۳) (مجازاً) غیر مہذب؛ غیر متمدن شخص ؛ وحشی؛ نا مانوس آدمی ۔ (٤) (عورت کے لئے) بد مزاج ؛ لڑاکا ؛ زبان دراز (عورت)۔ (٥) تاتاری زبان ۔

To catch a tarter : زیادہ طاقت ور حریف سے جابھڑنا یا سابقہ پڑنا ؛ سیر کو سوا سیر ملنا ۔

Tartar : (a) تاتاری؛ تاتار کا؛ (باشندے یا پودے ، جانور وغیرہ جو تاتار سے متعلق ہوں) ۔

Tartar emetic : (n) (۱) قے آور یا مسہل دوا؛ پوٹاشیم اور سرمے کا شور ۔ (۲) (طب) قے آور طرطیر ۔

Tartar horse : (n) دیکھو Tarpan

Tartar sauce/Tartare- : (n) [Fr. sauce 'tartare.'] ایک قسم کا مزیدار اچار۔

Tartarated : (a) [f.TARTAR(n)+-ATE+ -ED.] (کیمیا) دُرد سے ملا ہوا؛ شور آمیزہ ۔

Tartarated iron : (n) شور آمیز لوہا ۔

Tartarated soda : (n) شور آمیز سوڈا ۔

Tartarean : (a) [f. L. Tartareus+ - AN.] (۱) دوزخی ؛ جہنمی؛ شیطانی ۔ (۲) تاتاری؛ تاتار کا یا اس سے متعلق ۔

Tartareous : (a) [f. mod. E. tartareus+-ous.] (۱) دُرد آسا ۔ (۲) (نباتیات) چھلکا نما ۔

Tartarian :(n) [OFr. 'Tartarien.] تاتار؛ تاتاری شخص ۔

Tartarian : (a) تاتاری نسل کا یا تاتاری اشیاء سے متعلق ۔

Tartaric : (a) [f.TARTAR(n)+IC] (۱) دُردی؛ شراب کی تلچھٹ کا؛ دُرد یا شور کا یا اس سے مشابہ ۔ (۲) شور آمیز ۔

Tartaric/Tataric : (a) [f. TARTAR. (n)2+IC] تاتاری : تَتاری ۔

Tartaric acid : (n) (کیمیا) طرطیر کا تیزاب؛ شراب کی تلچھٹ سے نکالی ہوئی شراب ۔

Tartarin : (n) ایک کردار جو تقریر میں بھاری بھرکم الفاظ استعمال کرتا تھا ۔

Tartarin : (n) [Fr. probably from Tartari.] مقدس بندر جس کی قدیم مصری پرستش کرتے تھے ۔

Tartarish : (a) (۱) مائل بہ شکل دُرد ۔ (۲) دُرد ساز ۔ (۳) موجد بارۂ دنداں ۔

Tartarize : (v) [f. TARTAR (n) I+IZE.] (کیمیا) شور ملانا یا ڈالنا (کسی چیز میں) ؛ شوری نمک کے ذریعہ صاف کرنا ؛ طرطیر سے صاف کرنا ۔

Tartarize/Tatarize : [f. TARTAR(n) 2+-IZE.] (۱) تاتاری بنانا؛ تاتاری کرنا؛ (مجازاً) وحشی بنانا ۔ (۲) عالم اسفل میں بھیجنا؛ دوزخی بنانا ۔

Tartarized antimony : (n) — دیکھو Tartar emetic

Tartarly : (a) — (۱) وحشی؛ فسادی۔ (۲) تند خو؛ آتش مزاج؛ سرگرم؛ جوشیلا۔

Tartarus : (n) [L.] — (۱) (یونانی دیومالا) طرطروس؛ دوزخ کے نیچے کا گڑھا۔ (اساطیر) سقر؛ (دوزخ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے)۔ (۲) برزخ۔

Tartary : (n) [med. L.'Tartaria'.] — (جغرافیہ) توران؛ تاتاریوں کا ملک۔

Chinese tartary : — (جغرافیہ) ختن۔

Tarted (up) : (a) — مزین؛ آراستہ؛ زرق برق۔

Tartine : (n) [Fr. f. 'tarte'.] — مکھن لگا ہوا روٹی کا ٹکڑا۔

Tartish : (a) — تند مزہ؛ ہلکا ترش۔

Tartlet : (n) [Fr. 'tartelette'] — چھوٹا میٹھا سموسہ۔

Tartness : (n) — تندی؛ تیزی۔

Tartralic : (a) [Fr.' tartralique'] — دیکھو Ditarataric

Tartralates : (n) — (کیمیا) Ditartaric ایسڈ کا نمک۔

Tartramates : (n) — طرطیر کے تیزاب سے نکالے ہوئے ایسڈ کا نمک۔

Tartramic : (a) [f.TARTRO-+ AMMO-NIUM+-IC] — (کیمیا) طرطیر کے تیزاب سے نکالا ہوا ایسڈ $(C_4H_7NO_5)$۔

Tartramide : (n) — طرطیر کےتیزاب کا امائڈ $C_4H_4(NH_2)_2O_4$ -

Tartrate : (n) [Fr. f. 'tartre'.] — (کیمیا) طرطیری تیزاب کا نمک؛ تیزاب شوری کا نمک۔

Tartrated : (a) — دیکھو Tartarated

Tartrelates : (n) — Tartrelic ایسڈ کا نمک۔

Tartrelic : (a) [Fr. 'tartrelique'.] — طرطیری تیزاب کے ایسڈ کی ایک قسم $(C_4H_4O_5)$۔

Tartro-/Tartr- : — سابقہ بہ معنی "طرطیر کے تیزاب سے مشتق"۔

Tartrazine : (n) — گہرا نارنگی رنگ جو اون، غذا، ریشم اور دوا وغیرہ کے رنگنے میں کام آتا ہے۔

Tartrethylic acid : (n) — ٹارٹ اے تھیلک ایسڈ $(C_6H_{10}O_6)$ -

Tartronates : (n) — ٹارٹرونک ایسڈ کا نمک۔

Tartronic acid : (n) — ٹارٹرونک ایسڈ $(C_3H_4O_5)$ -

Tartrovinic acid : — دیکھو Tartrethylic acid

Tartuffe/Tartufe : (n) [OFr. 'tartuffe'.] — مولیر کے مشہور فرانسیسی ناٹک کا مرکزی کردار؛ ریاکار زاہد؛ بگلا بھگت؛ عابد ریاکار؛ سالوس؛ مقدس ریائی۔

Tartufferie/-ery : (n) — عابد ریاکار کا کردار؛ ریاکاری؛ حیلہ سازی۔

Tartuffian/Tartuf(f)ish : (a) — (۱) ریاکارانہ؛ پُرفریب؛ مکارانہ۔ (۲) ریاکاری کا یا اس سے متعلق۔

Tartuffism : (n) — ریاکاری؛ زہد ریائی۔

Tarty : (a) — زرق برق؛ بھڑکیلا؛ نمائشی۔

Tarzan : (n) — ٹارزن؛ سورما صفت؛ مضبوط اور چست؛ پھرتیلا آدمی۔

Tasajo : (n) [Sp.] — دھوپ میں خشک کئے ہوئے بھینس کے گوشت کے ٹکڑے۔

Tasbih : (n) [Arab.] — تسبیح؛ تسبیح کے دانے۔

Tascometer : (n) — (طبیعیات) بگاڑ پیما۔

Tashkent/Tashkend : (a) — شہر تاشقند کا یا اس سےمتعلق؛ روسی شہرتاشقند سے متعلق؛ تاشقند طرزکا۔

Tasimeter : (n) [Gr. 'tasis'+-meter.] — (موسمیات) برقی موسم پیما؛ بجلی کا آلہ جس سے موسم کے درجۂ حرارت، لمبائی وغیرہ کے خفیف تغیرات معلوم ہوتے ہیں۔

Tasimetric : (a) — موسم پیمائی کا یا اس سے متعلق۔

Tasimetry : (n) — (موسمیات) موسم پیمائی؛ دباؤ پیمائی۔

Task : (n) [OFr. 'tasche'.] — (۱) مقررہ کام؛ کار مفروضہ؛ کام جو کسی کے سپرد کیا جائے؛ امر مہم؛ کار؛ وظیفہ؛

تکلیف ۔ (۲) سبق (جو مدرسے یا اسکول میں پڑھایا یا تیار کیا جائے)؛ مدرسے یا اسکول کا کام؛ استاد کی طرف سے دیا ہوا کام (مطالعہ کے لئے) ۔ (۳) کام جو خود اپنے ذمے لیا جائے ۔

To take to task : سرزنش کرنا؛ اظہار ملامت کرنا؛ زجروتوبیخ کرنا ۔

To take person to task : تنبیہ کرنا (کسی کام کے بارے میں) ۔

Task : (v) [f. prec.] (کام) (۱) کام تفویض کرنا؛ کام مقررکرنا؛ سپرد کرنا ۔ (۲) وظیفہ مقررکرنا ۔ (۳) دبا کے یا مجبور کرکے کام لینا؛ سخت محنت سے کام کرانا؛ (مجازاً) پورے طور یا تکلیف دہ طور پر مشغول رکھنا (کام میں)؛ زیادہ بوجھ ڈالنا ۔ (٤) تہمت لگانا؛ متہم کرنا ؛ گناہ کو کسی کی گردن پر ڈالنا ۔ (٥) قبضہ کرنا؛ خدمت لینا ۔ (٦) آزمانا یا آزمائش کرنا؛ جانچ کے لئے پیش کرنا ۔ (۷) (خصوصاً) (جہازکی لکڑیوں کی) صحت یا درستگی کو جانچنا ۔

Task force : (n) (۱) (امریکا) فوج جو ایک کمانڈر کے ماتحت مخصوص نقل وحرکت کے لئے نام زد کی گئی ہو ۔ (۲) لوگوں کی ایک جماعت جو مختلف مخصوص مسائل کے متعلق چھان بین کرنے کےلئے متعین کی گئی ہو ۔

Task group : (n) (۱) بحری فوج جس کا کام ایک کمانڈر کے ماتحت مخصوص نقل و حرکت کرنا ہو ۔ (۲) لوگوں کی ایک جماعت جو مختلف مخصوص مسائل کی چھان بین کے لئے مقرر ہو ۔

Task-work : (n) (۱) دیکھو Piece works ۔ (۲) سخت کام؛ محنت کا کام؛ بھاری کام؛ ظالمانہ کام ؛ زبردستی کا کام ۔

Tasker : (n) (۱) کام لینے والا؛ کار فرما؛ وہ شخص جو کام سپرد کرتا ھے ۔ (۲) کارگر : کام انجام دینے والا ؛ مزدوری پر کام کرنے والا ؛ ٹھیکے کا کام کرنے والا ؛ اجرت پر کام کرنے والا ۔ (۳) (خصوصاً)وہ شخص جو خرمن کوب یا موگرے سے اناج گاہتاھے ۔

Taskmaster : (n) کار فرما؛ تحمیل کنندہ؛ سرکار؛ وہ جو کام کرنے کو دیتاھے اور اس کے انجام دہی کو دیکھتا ھے؛ ناظر کار؛ اوورسیر؛ کام لینے والا؛ نیز (مجازاً) کارمنصبی تفویض کرنے والا؛ ڈیوٹی بانٹنے والا ؛ کام سپرد کرنے والا؛ سخت بوجھ لادنے والا ۔

Taskmastership : (n) کار فرما کا عہدہ؛ ناظر کار کا منصب ۔

Taskmistress : (n) کام لینے یا سپرد کرنے والی عورت؛ زن کارفرما۔

Tasmanian : (a) تسمانی ؛ تسمانیا کا رہنے والا؛ تسمانیا (آسٹریلیا) کا یا اس سے متعلق ۔

Tasmanian Devil : (n) (حیوانیات) تسمانی بن بلاؤ؛ بلی کی قسم کا گوشت خوار جانور جو درخت پر رہتا ھے ۔

Tasmanian myrtle : (n) آسٹریلیائی سدا بہار درخت ۔

Tasmanian wolf/-tiger : (n) (حیوانیات) تسمانی بھیڑیا؛ زبراگرگ ؛ بھیڑیے کی قسم کا گوشت خور جانور ۔

Tass : (n) [OFr. 'tas'.] (روز مرہ) انبار؛ ڈھیر؛ تودہ؛ ڈھیری؛ ثال؛ خرمن۔

Tass : (n) [f. initials of Russ. Telegraphnoye Agentstvo SSSR.] طاس؛ سوویت یونین (روس) کی تلغرافی خبر ایجنسی ۔

Tasse : (n) [OFr. 'tasse'.] (۱) (خصوصاً اسکاتستانی) فنجان؛ پیالہ ؛ ساغر ؛ جام ۔ (۲) (برانڈی وغیرہ کا) چھوٹا گھونٹ؛ چسکی ۔

Tassel : (n) [OFr. 'tasel'.] (۱) پھندنا؛ جھالر (ڈورے جو ٹوپی یا گدوں وغیرہ کے کناروں سے لٹکتے رہتے ہیں)؛ ریشہ ۔ (۲) پودوں کے اوپر پھولوں کا گچھا؛ طرہ (خصوصاً مکئی کے پودے کا) ۔ (۳) فیتہ (جو کتاب میں نشان کے لئے لگا دیتے ہیں)؛ نشان فیتہ؛ نشانی ۔ (٤) بوندی؛ چنور؛ طرہ ۔

Tassel/Torsel : (n) [mod. Fr. 'tasseau'.] (تعمیرات) داسا، لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جسے دیوار پر رکھ کر بان ڈالتے ہیں؛ سہارا؛ لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔

Tassel : (v) (۱) پھندنا لگانا؛ جھالر لگانا؛ جھالر سے آراستہ کرنا ۔ (۲) (پودے کو قوت دینے کے لئے) طرے چھانٹنا؛ ریشہء ذرات نکالنا ۔ (۳) (مکئی ، گنا

وغیرہ) طرہ کی شکل اختیار کرنا (مثلاً غنچہ کھلنا) (خصوصاً امریکا)۔

Tassel bush : (n) (۱) امریکا کی ایک جھاڑی (بحر الکاہل کے ساحلی علاقے کی)۔ (۲) مغربی امریکا کی ایک جھاڑی جس کے پتے چمک دار ہوتے ہیں۔

Tassel-flower : (n) (۱) جھالر نما پھول؛ طرہ نما پھول۔ (۲) Inga جنس کی جھاڑی یا درخت۔

Tassel-grass : (n) Ruppia maritima جنس کی دریائی جڑی بوٹی۔

Tassel-hyacinth : (n) ایک قسم کا پودا جس کی ڈانٹ اور پھول طرہ نما ہوتے ہیں؛ کلاغک۔

Tassel pondweed : (n) ایک قسم کی دریائی جڑی بوٹی۔

Tasseler : (n) جھالر بنانے والا؛ پھندنا بنانے والا؛ طرہ بنانے والا۔

Tassel(l)ed : (a) طرہ دار؛ ریشہ دار۔

Tassely/Tasselly : (a) (۱) طرہ سے آراستہ : جھالر سے مزین۔ (۲) ریشہ دار؛ طرہ دار۔

Tassets : (n) [Fr. 'tassette'.] دیکھو Tasse

Tassie : (n) (خصوصاً اسکاٹستان) چھوٹا پیالہ۔

Tastable : (a) Tasteable کا متبادل۔

Taste : (n) [OFr.' tast'.] (۱) مزہ : ذائقہ (جو کسی چیز کے کھانے یا چکھنے سے زبان کو محسوس ہو)؛ طعم : لذت : رائحہ۔ (۲) چسکی : گھونٹ : جرعہ۔ (۳) (مجازاً) معمولی تجربہ؛ کسی حالت یا صفت کی ہلکی نمائش؛ مثال : سلیقہ۔ (٤) قوت ذائقہ۔ (٥) (قدیم) چکھنا : چکھائی۔ (٦) بانگی؛ نمونہ (وہ ذراسا حصہ جو بطور نمونہ دیا جائے)۔ (۷) (عضویات) مزہ؛ شوق؛ مذاق۔ (۸) ذوق؛ مذاق (خصوصاً فنون لطیفہ یا ادبیات میں) : رغبت۔ (۹) میلان : جھکاؤ : میل؛ تمائل۔ (۱۰) ذوق جمالیات۔

A man of taste : صاحب ذوق شخص۔

Composed in admirable taste : اس کو لکھنے میں حسن ذوق سے کام لیا گیا ہے : بہت لطیف انداز میں لکھا گیا ہے۔

False taste : ناقص مذاق؛ بد ذوقی۔

The remark was in bad taste : بدمذاقی کی بات تھی؛ ناشائستہ بات تھی۔

True taste : صحیح مذاق؛ ذوق سلیم۔

Taste : (n) [Origin obsc.] (امریکا) باریک یا کم چوڑے ریشمی فیتے کی قسم؛ ایک قسم کا باریک یا کم چوڑا پتلا ریشمی فیتہ۔

Taste : (v) [ME. 'tasten'.] (۱) (مجازاً) محسوس کرنا؛ تجربہ رکھنا؛ علم رکھنا؛ کسی چیز کا معمولی تجربہ ہونا : سمجھنا۔ (۲) (جہاز سازی) بسولا : تیشے سے لکڑی چھیلنا (خرابی دور کرنے کے لئے)۔ (۳) چکھنا : ذائقہ لینا : مزہ لینا۔ (٤) کسی چیز کے چکھنے کا کام کرنا (فرض منصبی کے طور پر)۔ (٥) ذرا سا چکھنا؛ منہ پر رکھنا۔ (٦) ذائقہ یا مزا محسوس کرنا۔ (۷) (قدیم) لطف اٹھانا؛ مزا لینا۔ (۸) مزا دیکھنا؛تجربہ کرنا؛ تجربہ میں آنا۔ (۹) چاشنی رکھنا؛ مزا ہونا۔ (۱۰) لذت حاصل کرنا؛ اٹھانا؛ متلذذ ہونا؛ مسرت حاصل کرنا۔

Taste beaker : (n) زبان کا عضو ذائقہ؛ زبان کی لعاب دار جھلی جس سے ذائقہ محسوس کیا جاتا ہے۔

Taste bud : (n) ذائقہ مہرہ : قوت ذائقہ کا نرم ونازک سا ریشہ جو زبان کی لعاب دار جھلی کی بالائی سطح پر ہوتا ہے۔

Taste bulb/-goblet : (n) دیکھو Taste beaker

Taste tetrahedron : (n) (نفسیات) ذوقی چو ضلعہ۔

Tasteable : (a) با مزا؛ مزہ دار؛ خوش مزا؛ قابل ذائقہ؛ جو چکھا جا سکے؛ چکھنے کے لائق۔

Tasteful : (a) (۱) باذوق؛ خوش ذائقہ۔ (۲) صاحب ذوق؛ با مذاق (شخص)۔ (۳) مذاق سلیم کے مطابق؛ دل پسند؛ دلپذیر؛ لطیف؛ نفیس؛ خوش ذوق؛ خوشنما؛ پسندیدہ۔

Tastefully : (adv.) خوشنمائی سے؛ تناسب کے ساتھ؛ خوش سلیقگی سے؛ خوش ذوقی سے۔

Tastefulness : (n) دل پسندی؛ نفاست؛ خوش نمائی؛ خوش ذوقی؛ خوش سلیقگی؛ لطافت؛ مذاق سلیم۔

Tasteless : (a) (۱) بے مزہ؛ بے سلیقہ؛ بے ذائقہ؛ پھیکا؛ سیٹھا؛ غیر دلچسپ - (۲) محروم ذائقہ؛ عدیم الذائقہ؛ جس کو قوت ذائقہ نہ ہو - (۳) بے ذوق ؛ بد مذاق (جس کو فنون لطیفہ وغیرہ کا کوئی ذوق نہ ہو) - (٤) مذاق سلیم کے خلاف؛ ناپسندیدہ؛ نا شائستہ (گفتار، کردار وغیرہ)-

Tastelessly : (adv.) بے مزگی سے؛ پھیکے پن سے؛ بے ذوقی سے؛ بدمذاقی سے ؛ ناشائستہ طور پر -

Tastelessness : (n) بے مزگی؛ سیٹھاپن؛ پھیکاپن؛ بے ذوقی؛ بدمذاقی ؛ ناشائستگی؛ ناپسندیدگی -

Taster : (n) [OFr. 'tasteur '.] (۱) چکھنے والا ؛ چاشنی گیر ؛ چیزوں کی صفت بتانے والا - (۲) وہ شخص جس کا کام یہ ہوکہ شراب، چائے وغیرہ کو چکھ کر حسن و قبیح بتائے ؛ مے چش؛ چائے چش ؛ مزہ چش؛ شراب کی قسم کی جانچ کرنے والا - (۳) (تاریخ) خاصہ چش؛ وہ جو بادشاہ وغیرہ کےکھانے سے پہلے کھانے کو پہلے ہی چکھ لیا کرتاتھا یہ معلوم کرنے کے لئے کہ ان میں زہر نہ ہو یا انہیں زہر کا وہم نہ رہے ؛ آقا کے کھانے اور مشروب کو چکھنے والا شخص - (٤) (مجازاً) وہ شخص جو ناشر کتب کی طرف سے کتابوں کے مسودے پڑھنے پر مقرر ہو؛ ناقد -(٥) ساغر مے چش؛ مے چشوں کا چھوٹا پیالہ - (٦) (آلہ) پنیر چش جس سے پنیر کے اندر کا گول سا ٹکڑا بطور نمونہ نکالتے ہیں - (۷) ایک آلہ جس سے کسی چیز کا مختصر حصہ جانچنے کےلئے لیا جائے- (۸) غذا وغیرہ کا معمولی حصہ (نمونے کےلئے) -

Taster : (n) [G.] دیکھو Hydrocyst

Tastily : (adv.) پسندیدہ طور پر؛ نفاست کے ساتھ؛ لذت کے ساتھ ؛ مزہ لےکر؛ لذیذ طور پر؛ دلچسپی سے؛ سلیقے سے -

Tastiness : (n) (مے، شراب وغیرہ کا) مزہ ؛ ذائقہ ؛ مزے دار ہونے کی حالت؛ نفاست؛ خوشنمائی -

Tasting : (n) (۱) چکھنے کا عمل؛ مزہ چکھنا -(۲) نمونے کے طور پر لیا ہوا کسی چیز کا حصہ (جانچنے کے لئے) -(۳) (مے، شراب وغیرہ کا) مزا -

Tasting-knife : (n) پنیر چش ؛ پنیر چکھنے والا چاقو -

Tasty : (a) (۱) لذیذ؛ مزہ دار؛ خوش ذائقہ؛ خوش طعم؛ بامزا - (۲) نمکین؛ چٹ پٹا؛ رغبت انگیز؛ بہت دلکش یا دلچسپ (مثلاً کباب) - (۳) (سوقیانہ) با سلیقہ؛ نفیس (لباس یا آرائش وغیرہ)؛ پاکیزہ -

Tasty : (n) کھانے کی اچھی چیز؛ کوئی چیز جو کھانے میں اچھی ہو؛ مٹھائی؛ میٹھی گولیاں -

Tat : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ) دیکھو Dice

Tat/Taut : (n) [Hindi 'tat'] (ہندوستانی) ٹاٹ -

Tat/Tatt : (n) : [Short for TATTOO'] (ہندوستانی) ٹٹو ؛یابو -

Tat : (n) (۱) (محاورہ میں) جیسے کو تیسا -(۲) دیکھو Tit -

Tat/Tatt : (v) [Origin unkn.] جھالرگوتھنا؛ گوتھواں کشیدے کا کام کرنا -

Tat : (v) [Perh. of imit. origin.] (خصوصاً بول چال) آہستہ آہستہ چھونا؛ تھپتھپانا -

Tat : (n) [Russ. f. Turk.] (۱) زراعت پیشہ لوگ جو تازکستان کے مختلف علاقوں میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں رہتے ہیں ؛ ایسی جماعت کا ایک فرد -(۲) ایسےلوگوں کی ایرانی زبان -

Tat-tat/Tat-tat-tat : [imit.] دیکھو Rat-a-tat

Tatami : (n) [JAP] پیال یا پوال کی بنی چٹائی جو جاپانی گھروں میں زمین کے فرش کے طور پر استعمال ہوتی ہے -

Tatar : (n) تاتار -

Tatarian/Tataric: (a) تاتاری -

Tatarian honeysuckle : (n) ایک قسم کی تاتاری بیل جس میں زرد خوشبودار پھول ہوتے ہیں -

Tatarize : (v) تاتاری بنانا -

Tate (n) [Perh. of Scand. origin.] (۱) (برطانیہ بول چال) چھوٹا ٹکڑا (اون وغیرہ کا) -(۲) (برطانیہ بول چال) جُعد؛ بال کا گچھا؛ چوٹی (بال) -

Tate Gallery : (n) ٹیٹ گیلیری؛ لندن کا ایک مشہور تصویر خانہ جس میں برطانوی مصوروں کی تصاویر نمائش کے لئے رکھی رہتی ہیں -

Tatianist : (n) دیکھو Encratite

Tatoo : (n) Tattoo کا متبادل۔

Tatou/Tatu : (n) [Native name in tupi.] (حیوانیات) ٹاٹو ؛ امریکی مورخور۔

Tatouay/Tatou-aiba : (n) (۱) زخمی ٹاٹو۔(۲) بڑا ٹاٹو۔

Tatter : (n) [of Scand origin.] (۱) (عموماً صیغہ جمع میں) چیتھڑا؛ پرزہ؛ تکہ؛ پارچہ؛ دھجی (کپڑے یا کاغذ کی)؛ لباس پارہ پارہ؛ لمبا پتلا ٹکڑا؛ پھٹے کپڑے۔ (۲) خستہ حال؛ چیتھڑے لگا شخص؛ گدڑیا۔

Tatter : (v) [a back formation from TATTERED.] (۱) پرزہ پرزہ کردینا؛ پارہ پارہ کردینا؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا؛ (پہاڑ کے) چیتھڑا بنا دینا۔(۲) پارہ پارہ ہو جانا؛ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا؛ (پھٹ کر) چیتھڑا بن جانا۔

Tatterdemalion/Tatterdemallion : (n) (۱) خستہ حال آدمی؛ چیتھڑے لگا شخص؛ پھٹے کپڑے میں ملبوس شخص۔ (۲) بھیک منگا؛ میلا کچیلا آدمی؛ پھٹیچر۔

Tattered : (a) (۱) پھٹا چٹا؛ پارہ پارہ؛ پھٹا ہوا؛ پھٹا پرانا۔ (۲) پھٹے کپڑے والا؛ درہم شکستہ؛ خراب شدہ۔

Tattery : (a) دیکھو Tattered

Tattie : (n) (اسکاٹستان) آلو۔

Tatting : (n) ایک قسم کا جھالردار فیتہ؛ حاشیہ لباس۔

Tatting : (n) جھالر گوتھنے کا کام؛ گوتھواں کشیدے کاکام۔

Tattle : (n) [f. next.] بک بک؛ بکواس؛ گپ شپ؛ واہی تباہی باتیں؛ ہرزہ گوئی؛ یاوہ گوئی؛ فضول گوئی؛ بیہودہ گوئی۔

Tattle : (v) [LG. 'tateln'.] (۱) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا؛ گپ شپ کرنا؛ بکنا؛ فضول بکنا؛ یاوہ گوئی کرنا؛ زٹل ہانکنا۔(۲) (کوئی بات) بے سوچے سمجھے کہہ ڈالنا؛ بکواس میں کچھ کہہ جانا۔

Tattler : (n) (۱) باتونی ؛ یاوہ گو ؛ بک بک کرنے والا ؛ بکواس کرنے والا۔(۲) چغل خور؛ غماز؛ بدگو۔ (۳) (طیوریات) Totanus جنس کی چڑیا۔ (٤) (حیوانیات) زمارالرمل؛ بلوہ۔(٥) اسٹیل اور ایڈیسن کا مشہور رسالہ۔

Tattletale : (n) یاوہ گو؛ باتونی؛ جاسوس؛ پیشہ ور مخبر؛ خبر دہندہ؛ خبر رساں؛ چغل خور؛ غماز۔

Tattletale gray : (n) بھورا مائل سفید۔

Tattling : (a) بات بنانے والا؛ یاوہ گو؛ بک بک کرنے والا؛ چغل خوری کرنے والا۔

Tattlingly : (adv.) بکواس کرتے ہوئے؛ زٹل ہانکتے ہوئے؛ بات بناتے ہوئے؛ فضول گوئی کرتے ہوئے۔

Tattoo/Tatoo : (n) [DU. 'taptoe'.] (۱) (فوج) (۱۰ بجے) رات کی نوبت ؛ قرنا یا نقارے کی آواز کہ سپاہی اپنے اپنے مقام پر آجائیں ؛ شب نالے۔ (۲) فوجی تفریح (فاضل موسیقی اور فوجی ورزش کے ذریعے)۔ (۳) طبل زدگی (آگاہ کرنے ، متوجہ کرنے کے لئے) ، (نمائش کرنے کے لئے)۔(٤) ارتعاش؛ ضرب (طبل کی)؛ مارنے کا عمل۔

To beat the devil's tattoo : انگلیوں سے طبلہ سا بجانا (شغل کے طور پر)۔

Tattoo : (n) [In 18th Century. 'tattaow' Polynesian, 'tatau'.] گودنے کے نشان یا نقوش؛ گودنا؛ خال کوبی؛ کبودی۔

Tattoo : (n) [Hindi. 'tattu'] (ہندوستانی) ٹٹو؛ یابو۔

Tattoo : (n) [f. TATTOO(n)] (۱) (میز وغیرہ پر) انگلیوں سے جلدی جلدی اور باربار کھٹ کھٹ کرنا۔ (۲) انگلیوں سے طبلہ سا بجانا۔ (۳) (میز وغیرہ پر) ڈنڈا مارنا؛ زور زور سے ہاتھ مارنا۔

Tattoo : (v) گودنا؛ (جسم پر) گود کر نقش بنانا؛ خال کوبی کرنا۔

Tattooage : (n) گودنا؛ خال کوبی۔

Tattooer : (n) گودنے والا؛ جسم پر گود کر نقش بنانے والا۔

Tattooing : (n) گودنے کا عمل؛ گودنا۔

Tatty : (n) [Hindi. 'tatti.] (ہندوستان) ٹٹی؛ خس کی ٹٹی۔

Tatty : (a) [related in form and sense to OE. 'tattec'] (۱) (اسکاٹستان) (بال) لمبےموٹے بالوں والا؛ جھبرا۔ (۲) (بول چال) ذلیل؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ کمینہ؛ فرومایہ؛ خستہ؛ بھڑکیلا اور بھونڈا۔

Tau : (n) [Gr. 'tau'.] (۱) یونانی اور عبرانی میں حرف T کا نام ۔ (۲) حرف T کی شکل کا نشان (متبرک نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے)؛ سینٹ انتھونی کی صلیب ۔ (۳) امریکی ٹوڈ مچھلی؛ مچھلیوں کی بعض قسمیں جو اس حرف سے مشابہ ہوتی ہیں یا ان پر ایسے نشان نظر آتے ہیں؛ طائیہ ۔

Tau : (a) (T) ٹی نما؛ T صورت ۔

Tau-cross (n) نیم چلیپائی؛ نیم چلیپائی صلیب؛ صلیب انتھونی مقدس ۔

Taube : (n) [Gr.] جرمن ہوائی جہاز کی ایک قسم؛ قمری طیارہ؛ تاوبہ ۔

Tauchnitz : (n) (سلسلہ) تاؤخ نتزکی کتاب (تاؤخ نتزلائپزک کا مشہور اشاعت خانہ) ۔

Taufer : (n) [Origin obsc.] دیکھو Dunker

Taught : (a) Teach (v) کا فعل ماضی ۔

Taunt : (n) [Origin obsc.] (۱) طعنہ ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ شماتت ؛ طنز؛ جلی کٹی بات ؛ رمزو کنایہ ۔ (۲) نشانہء ملامت؛ ہدف مطاعن؛ استہزا؛ تضحیک ۔

Taunt : (a) [Origin obsc.] (بحری) (مستول کے لئے) بہت بلند؛ بہت اونچا ۔

Taunt : (v) [See. TAUNT. (n)] (۱) طعنہ زنی کرنا؛ طنزکرنا؛ سرزنش کرنا؛ ملامت کرنا؛ طعنہ دینا (کسی بات کا) ۔ (۲) غضب ناک کرنا؛ غصہ دلانا؛ غیظ وغضب میں لانا؛ طیش دلانا؛ برانگیختہ کرنا؛ اکسانا؛ بھڑکانا؛ اشتعال دینا ۔

Taunter : (n) طعنہ دینے والا؛ ملامت کرنے والا؛ طنز کرنے والا شخص ۔

Taunting : (a) طعنہ دینے والا؛ طنز کرنے والا؛ ملامت کرنے والا؛ اشتعال دے کر غصہ دلانے والا ۔

Tauntingly : (adv.) از راہ ملامت؛ طعن وتشنیع سے ؛ طعن آمیز طور پر ۔

Tauri : (n) (علم النجوم) الدُبران (ستارہ) ۔

Tauri-/Taur- : [L.f. 'taurus'] جزو ترکیبی بمعنی "گاو نر"؛ "بیل"؛ "ثور" ۔

Tauri : (n) [L. f. Gr. 'Tauroi'.] جنوبی کریمیا (Crimea) کے قدیم باشندے ۔

Tauric : (a) [Gr. 'taupos'.] (۱) بیل کا ؛ سانڈ کا ۔ (۲) دیکھو Taurine ۔

Taurid : (n) [f. TAURUS'.] (علم النجوم) (جمع میں) ثوریہ ۔

Tauriform: (a) [L.'tauriformis', f.'taurus'.] گاؤ مانند؛ گاوی ؛ بیل نما؛ بیل جیسا ۔

Taurine : (n) [f. TAYRI-in TAUROCHOLIC+-INE.] ایک قسم کا بےرنگ قلم پذیر مادہ جو انسان اور حیوان کے صفرا میں پایا جاتا ہے ($C_2 H_7 NSO_3$) ۔

Taurine ; (a) [L. 'taurinus', f. 'taurus'.] (۱) بیل کا؛ سانڈ کا ۔ (۲) گاؤنما؛ بیل جیسا؛ سانڈ کا سا ۔ (۳) برج ثور کا؛ ثوری ۔

Tauro- : [Gr. 'tauro'] سابقہ بمعنی "گاؤ"؛ "بیل"؛ "سانڈ" ۔

Taurobolium/Tauroboly : (n) [L.] بیل؛ سانڈ کی قربانی ۔

Taurocholic : (a) (کیمیا) ٹورو کولک ایسڈ؛ ایک قسم کاایسڈ ($C_{26} H_{45} NSO_7$) جو سانڈ کے پت (صفرا) میں اور دوسرے جانور کے پت میں پایا جاتا ہے؛ بیل؛ (حیوانیات) بیل صفراوی (مزاج کا) ۔

Taurocol(l) : (n) سریس جو بیل کے چمڑے سے بنایا جاتا ہے (شاذ) ۔

Tauromachian : (a) سانڈوں کی لڑائی سے متعلق ۔

Tauromachy : (n) [Gr. 'tauromachia'] سانڈوں کی لڑائی؛ سانڈوں کی لڑائی کی رسم ؛ جنگ گاوان ۔

Tauromorphic : (a) (حیوانیات) بیل شکلہ ۔

Taurus : (n) [L.] (۱) (علم النجوم) (برج) ثور؛ بزکھ ۔ (۲) ستاروں کی ایک صورت یا مجموعہ ۔

Taurus Poniatowski : (n) (علم النجوم) ثور اصغر ۔

Taurylic : (a) [f. L.'taurus'+-YL+-IC] (کیمیا) ٹوریلک ایسڈ ؛ بے رنگ کا تیل(C_7H_8O) جو کاربولک ایسڈ کے ساتھ آدمی کے پیشاب اور بیل، گھوڑے کے پیشاب سے نکلتا ہے ۔

Taut/Taught : (a) [ME.] (۱) (بحری) (بندھا ہوا رسا)تنا ہوا ۔ (۲) درست؛ (کیل کانٹے سے) لیس؛ (جہاز

وغیرہ) ٹھیک ٹھاک ۔ (۳) (مجازاً) (شخص) سخت گیر؛ سختی کرنے والا (ضابطے کی پابندی میں یا ڈیوٹی میں) ۔ (٤) زیور تہذیب سے آراستہ؛ مرتب؛ ترتیب دیا ہوا؛ باترتیب؛ سجا سجایا ۔

Taut : (v) [Origin Unkn.] (اسکاٹستان) دیکھو Tangle

Taut : Tautology کا مخفف ۔

Tautegorical : (a) ایک چیز کو مختلف طریقے سے ظاہر کرنے والا۔

Tauten : (v) (۱) تننا؛ تاننا ۔ (۲) مرتب کرنا؛ ٹھیک ٹھاک کرنا؛ درست کرنا ۔

Tautly : (adv.) (۱) تان کر ۔ (۲) ٹھیک طور پر ۔

Tautness : (n) (۱) تنا ہوا ہونا؛ تناؤ ؛ تناوٹ ۔ (۲) ٹھیک ٹھاک ہونا ؛ درست ہونا ۔

Tauto - : [Gr. 'Tauto'.] جزو ترکیبی بمعنی "یکساں" : "مساوی"؛ "شبیہ" ۔

Tauto ousian/-ious: (a) [Gr.] ہم ماہیت ؛ ایک ہی ذات کا ۔

Tautobaryd : (n) (طبیعیات) ہم ثقل (منحنی)؛ مساوی الثقل؛ منحنی مساوی الوزن (جس میں کسی شے کی کشش ثقل سے، گھومنے میں ہر حصے پر مساوی وزن یا دباؤ پڑتا ہو) ۔

Tautochrone : (n) [TAUTO-+ Gr. 'Chronos'.] (ارضیات) منحنی مساوی الزماں (جس میں کسی شے کے ہر نقطے سے پھیل کر سب سے نیچے نقطے پر گرنے میں مساوی وقت صرف ہوتا ہو)؛ (طبیعیات) ہم وقت (منحنی) ۔

Tautochronism : (n) انحنا مساوی الزماں ۔

Tautochronous : (a) (طبیعیات) ہم وقتی (منحنی)؛ مساوی الزماں (منحنی)۔

Tautog/Tautaug : (n) [Narragansett, 'tant-auog'.] شمالی امریکا کی ایک قسم کی مچھلی؛ (حیوانیات) سیاہ ماہی ۔

Tautological : (a) [f. Gr.] مکرر بالمعنی؛ جس میں تکرار با معنی ہو ؛ ایک ہی بات کو مختلف طریقے سے بیان کرنے سے متعلق ۔

Tautologically : (adv.) تکرار معنی کے ساتھ ۔

Tautologism : (n) تکرار بالمعنی کا استعمال ۔

Tautologist : (n) تکرار بالمعنی کا استعمال کرنے والا؛ تکرار پسند؛ جس کی عبارت میں تکرار معنی ہو ۔

Tautologize : (v) [f.Gr.] ایک ہی بات کو مختلف الفاظ کے ذریعے اظہار کرنا؛ تکرار معنی کرنا؛ مکررات استعمال کرنا ۔

Tautologous : (n) [f. Gr.] دیکھو Tautological

Tautologously : (adv.) دیکھو Tautologically

Tautology : (n) [late L. 'tautologia'.] (۱) ایک ہی بیان کی تکرار ۔ (۲) ایک ہی بات کا مختلف پیرائے میں بیان؛ ایک ہی بات کا مختلف الفاظ میں دہرایا جانا ۔ (۳) تکرار بالمعنی؛ تکرار معنی ۔ (٤) ہم معنی الفاظ کی بھرتی؛ تکرار حشو و زوائد؛ حشو قبیح ۔ (٥) زیادتی؛ کثرت؛ فراوانی؛ زائد ہونا؛ فضول ہونا ۔

Tautomer : (n) (کیمیا) حَرَکی ہم ترکیب ۔

Tautomeric : (a) حَرَ کی ہم ترکیبی سے متعلق ۔

Tautomerism : (n) [TAUTO-+Gr. 'meros'.] (کیمیا) حَرَکی ہم ترکیبی $(CH : C (OH) \text{ or } CH_2 CO)$ ۔

Tautonym : (n) (حیوانیات) تکرار نام؛ متکرّر ۔

Tautophonic/-al : (a) تکرار صوت کا یا اس سے متعلق؛ ایک ہی آواز کو بار بار دہرانے والا ۔

Tautophony : (n) [Gr. 'tautophonia'.] تکرار صوت ۔

Tautozonal : (n) ایک ہی منطقے کا؛ ایک ہی منطقے میں واقع ؛ ایک ہی زون (Zone) کا ۔

Tave : (v) [ME. 'Taven'] (بول چال برطانیہ) سخت کوشش کرنا؛ بڑی دقت سے یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا یا گزرنا ۔

Taver : (v) [freq. of tave] (۱) (اسکاٹستان) گشت لگانا؛ گھومنا؛ سیر کرنا ۔ (۲) (اسکاٹستان) بےوقوفی سے باتیں کرنا؛ بڑبڑانا؛ بڑ ہانکنا؛ بک بک کرنا ۔

Tavern : (n) [OFr., 'taverne'.] میخانہ؛ کھانے پینے اور شراب کی دکان؛ شراب خانہ۔

Tavern table : (n) شراب پینے کی میز؛ ایک چھوٹا ٹیبل جس پر بیٹھ کر شراب خانے میں شراب پی جاتی تھی۔

Taverner : (n) [OFr. 'tavernier'.] (شاذ) صاحب میخانہ؛ میخانہ دار؛ مےفروش۔

Tavernless : (a) بغیر میخانہ کے۔

Taw : (n) [Origin obsc.] (۱) گولیوں کا کھیل؛ گولیاں؛ تیلہ بازی؛ مہرہ بازی۔ (۲) گولی انٹا؛ تیلہ۔ (۳) گولیوں میں حد کی لکیریں جہاں سے تیلہ باز گولی مارتے ہیں (کھیل میں)؛ پالا۔

Taw : (v) [OE. 'tawian'.] (۱) چمڑا کمانا؛ چمڑا بنانا (بغیر کسا استعمال کئے خصوصاً پھٹکری اور نمک میں ڈبو کے)۔ (۲) (پیٹ کر) چمڑے کو نرم کرنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ قیمہ کردینا۔

Tawdrily : (adv.) بھدی آرائش کے ساتھ؛ بھڑک دار اور بھدے طریقے سے۔

Tawdriness : (n) بھدی آرائش؛ بھڑک دار اور بھدا ہونا؛ بھڑکیلا اور بھداپن۔

Tawdry : (n) بھدا اور بھڑکیلا لباس؛ زیور یا آرائش کا سامان۔

Tawdry : (a) (۱) بھڑک دار اور بھدا؛ بھڑکیلا اور بھونڈا؛ بد مذاقی سے آراستہ کیا ہوا۔ (۲) گندم گونی؛ سبزگی۔ (۳) (مجازاً) نمائشی طورپر عمدہ۔

Tawer : (n) (۱) دبّاغ؛ کھٹیک؛ چمڑا رنگنے یا تیار کرنے والا۔ (۲) تیلہ باز؛ مہرہ باز۔

Tawery : (n) دبّاغ خانہ؛ کارخانہء دبّاغی؛ کھٹیک کی دکان۔

Tawniness : (n) گندم گونی؛ چمپئی رنگ ہونا۔

Tawny : (a) [late ME. 'tauny'] سانولا؛ گندمی؛ چمپئی؛ گندم گوں۔

Tawny : (n) (۱) گندمی رنگ۔ (۲) (نقابت) دیکھو Tenne۔

Taws/Tawse : (n) (خصوصاً اسکاتستانی) لڑکوں کو سزا دینےکا چابک؛ کوڑا؛ تسمہ۔

Taws/Tawse : (v) تسمے سے تادیب کرنا؛ چابک یا کوڑے سے سزا دینا (لڑکوں کو)۔

Tax : (n) [ME. 'taxe'.] (۱) ٹیکس؛ محصول؛ کر؛ لگان؛ باج؛ خراج۔ (۲) بوجھ؛ بار (کسی ذمہ داری یا کام کا کسی شخص پر)؛ اکثر ("Upon" کے ساتھ) جرمانہ؛ تاوان۔ (۳) درس عبرت؛ ملامت؛ تہمت؛ سخت گیری۔

Capitation tax : دیکھو Capitation

Direct tax : (معاشیات) محصول یا ٹیکس بلا واسطہ۔

Income tax : انکم ٹیکس؛ آمدنی ٹیکس؛ محصول آمدنی۔

Indirect tax : (معاشیات) محصول بالواسطہ۔

Land tax : زمینی محصول یا زمین کا محصول۔

Poll-tax : جزیہ (اسلامی حکومت میں غیر مسلموں پر سالانہ محصول)؛ محصول تن جو فی کس پر عائد کیا جائے۔

Progressive tax : (معاشیات) محصول متزائد؛ بڑھنے والا محصول۔

Property tax : محصول جائداد۔

Proportionate tax : (معاشیات) محصول متناسب۔

Single tax : محصول مالیت (جو زمین کی قیمت پر بلحاظ توفیر آمدنی لگایاجائے)؛ املاکیہ۔

Subject of tax : (معاشیات) مورد محصول۔

Tax : (v) [OFr. 'taxer'.] (۱) محصول یا لگان عائد کرنا؛ کرلگانا؛ ٹیکس لگانا (رعایا، اجناس تجارت، اراضی وغیرہ پر)۔ (۲) (انجیل کی اصطلاح میں) اندراج اسامی کرنا؛ تشخیص محاصل کے لئے لوگوں کے نام درج فہرست کرنا۔ (۳) (مجازاً) زیادہ بوجھ ڈالنا یا زور ڈالنا (کسی شخص کے وسائل، قویٰ وغیرہ پر) سخت محنت لینا؛ بار ڈالنا۔ (٤) (قانون) جانچ کرمنظور کرنا یا نامنظور کرنا (مصارف مقدمہ وغیرہ کے مدات کو)۔ (٥) الزام دینا؛ ملزم ٹھہرانا (کسی فعل یا خطا کا)؛ ملامت کرنا؛ مذمت کرنا؛ الزام لگانا؛ زجر وتوبیخ

کرنا؛ تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا۔(٦) ذمہ داری عاید کرنا؛ مستوجب ٹھہرانا؛ سپرد کرنا؛ تفویض کرنا۔

Tax authority : (n) (سیاسیات) حاکم محصول۔

Tax-collector/-gatherer : (n) ٹیکس کلکٹر؛ محصل؛ محصول وصول کنندہ۔

Tax due : (n) (معاشیات) واجب الادا محصول۔

Tax-exempt : (a) (١) ٹیکس یا محصول معاف کیا ہوا؛ لا محصولی؛ محصول سے بری یا مستثنیٰ۔ (٢) وفاقی یا اسٹیٹ انکم ٹیکس سے بری۔

Tax-farmer : (n) ٹھیکہ دار؛ محصل جو حکومت سے محصول وصول کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے۔

Tax-free : (a) دیکھو Tax-exempt

Tax in kind : (n) نقد کے بجائے مال / پیداوار سے محصول ادائیگی۔

Tax (-) payer : (n) محصول دہندہ؛ محصول گزار؛ مال گزار۔

Taxability : (n) قابل محصول ہونے کی حالت: محصول ہونا؛ قابل محصول ہونا؛ محصول پذیری شے یا شخص کی۔

Taxable : (a) [Fr.] (١) محصولی (مال وغیرہ)؛ قابل محصول؛ محصول پذیر : قابل مالیات۔ (٢) (قانون) قانونی محصول یا فیس۔

Taxable : (n) لائق محصول شخص؛ قابل محصول شخص؛ (خصوصاً جمع میں) اشیا یا اشخاص جو ٹیکس لگائے جانے کے لائق ہوں۔

Taxableness : (n) دیکھو Taxability

Taxably : (adv.) قابل محصول ہوتے ہوئے یا ہوکر۔

Taxaceae : (n) سدا بہار درخت کی ایک قسم۔

Taxaceous : (a) [f. mod. L. 'Taxaceae'.] (نباتیات) سدا بہار درخت سے متعلق۔

Taxaspidean : (a) [f. mod.L. 'Taxaspidea'.] (طیوریات) عصفوریہ قسم کے پرند سے متعلق۔

Taxation : (n) [L.'taxationem'.] (١) محصولات؛ محاصل؛ محصول بندی؛ مالیات بندی۔ (٢) تحصیل یا تشخیص محاصل؛ تشخیص (محاصل) کا اصول یا طریقہ۔ (٣) نرخ بندی؛ تعین نرخ؛ تثبیت قیمت۔ (٤) (تاریخ) وکلا یا دوسرے لوگوں کی فیس کا ٹیکس معاف کرنے کی اجازت دینا یا نہ دینا (کسی افسر مقررہ عدالت کا)۔

Taxation on land : (n) (معاشیات) لگان زمین۔

Taxational : (a) محصول بندی سے متعلق۔

Taxative : (a) (١) (شاذ) مالیاتی؛ محصولاتی۔(٢) محصول بندی سے متعلق۔

Taxator : (n) [med. L. f. 'taxare'.] ٹیکس لگانے والا؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول بند۔

Taxeater : (n) وہ شخص جسے عوامی چندہ سے مدد کی جائے؛ دوسروں کی امداد پر زندگی بسر کرنے والا شخص۔

Taxeopodous : (a) [Gr. 'taxes'+'Podos'.] (حیوانیات) کف پا ترتیبہ؛ کلائی یا ٹخنوں کی ہڈیوں کی جوڑ بندی سے متعلق۔

Taxer/Taxor : (n) [AFr. 'taxour'.] ٹیکس لگانے والا؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول بند۔

Taxi : (n) Taxi Cab, Taxiplane, (١) (بول چال) ٹیکسی؛ Taxi meter کا مخفف : کرایہ کی موٹر جس میں کرایہ نگارلگا ہوتا ہے؛ وہ موٹر جس میں میٹر کے ذریعے کرایہ معلوم کیا جاتا ہے؛ مسافرموٹر۔(٢) اس وضع کی دوسری موٹریں؛ ٹیکسی بان؛ کرایہ کی موٹر چلانے والا۔

Taxi : (v) (١) ٹیکسی میں سفر کرنا؛ کرائے کی موٹر میں سفر کرنا : ٹیکسی میں جانا یا لے جانا۔ (٢) (ہوائی جہاز کا نیچے زمین یا پانی پر) چلنا یا دوڑنا (اڑنے سے قبل یابعد میں)۔

Taxi-cab/Taxicab : (n) ٹیکسی؛ کرائے کی موٹر جس میں میٹر لگا ہوتا ہے؛ کرائے کی بگھی جس میں کرایہ نگار لگا ہوتا تھا۔

Taxi-dance : (n) (امریکا) وہ رقص جس کے شُرکاء (پارٹنرز) کرائے پر بلائے جاتے ہیں۔

Taxi-dance hall : (n) وہ رقص گاہ جہاں مردوں کے لئے کرائے پر لڑکیاں شریک رقص کے طور پر رکھی جاتی ہیں۔

اخراجات مقدمہ کی جانچ کرتا ہے اور غیر ضروری مدات کو کالعدم قرار دیتا ہے یا نامنظور کرتا ہے۔

Taxinomy : (n) (حیوانیات اور نباتیات کے مختلف گروہوں میں) تقسیم کے اصول ؛نظام تقسیم۔

Taxiplane : (v) ہوائی جہاز، جو ٹیکسی کی طرح کرایہ پر لیا جا سکتا ہے۔

Taxis : (n) [Gr. 'taxis'.] (۱) (جراحی) (ہاتھ کی) داب؛ دباؤ : جس سے اپنی جگہ سے ہٹے ہوئے اعضا اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جائیں؛ دستی جاانداز ی بر۔ (۲) (قدیم یونانی تاریخ) فوجی دستہ؛ جماعت (فوجی) خصوصاً پیادہ فوج کی۔ (۳) (حیاتیات) ترتّب؛ حرکت انگیزی۔ (٤) (حیوانیات) تجنیس؛ صنف بندی؛ تقسیم۔ (٥) (خطابت) ترتیب (الفاظ کی دروبست)۔

Taxiless : (a) لا محصول : جس پر کوئی محصول نہ ہو؛ بغیر ٹیکس والا۔

Taxlessly : (adv.) لا محصول طور پر؛ بغیر محصول کے۔

Taxlessness : (n) لا محصولیت۔

Taxology : (n) (حیوانیات ، نباتیات) مبحث تقسیم ؛ صنفیات؛ علم تجنیس۔

Taxonomer : (n) (حیاتیات) صنف بند؛ ماہر تجنیس؛ عالم صنف بندی؛ عالم تجنیس۔

Taxonomic/-al : (n) مبحث تقسیم سے متعلق؛ طبقہ بندی کا یا اس سے متعلق؛ مبحث تقسیمی۔

Taxonomically : (adv.) مبحث تقسیم کےطور پر؛ نظام تقسیم کے ساتھ : اصول تقسیم یا نظام تقسیم کے مطابق۔

Taxonomist : (n) دیکھو Taxonomer

Taxonomy : (n) [Fr. 'taxonomie'.] (تاریخ موالید) (حیوانیات اور نباتات کے مختلف گروہوں میں) تقسیم کے اصول؛ نظام تقسیم؛ طبقہ بندی؛ سائنسی تقسیم کےعام اصول کا مطالعہ؛ اصول تجنیس۔

Classical taxonomy : قدیم صنف بندی؛ شکل صنف بندی۔

Experimental taxonomy : (حیاتیات) ارتقائی صنف بندی ؛ تجربی صنف بندی۔

Taxi-dancer : (n) : ٹیکسی کرائے پر رقص کرنے والی لڑکیاں؛ ڈانس ہال میں رقص کرنے والی۔

Taxi-man : (n) ٹیکسی ڈرائیور؛ ٹیکسی بان؛ کرائے کی موٹر چلانے والا۔

Taxi stand : (n) (۱) ٹیکسی اسٹینڈ؛ ٹیکسی پڑاؤ۔ (۲) دیکھو Cabstand۔

Taxi strip : (n) ہوائی اڈے کا فرش بند راستہ جس پر جہاز آہستہ آہستہ چلتا ہے۔

Taxi track : (n) (برطانیہ) دیکھو Taxi strip

Taxi-way : (n) دیکھو Taxi strip

Taxiarch : (n) (قدیم یونانی تاریخ) فوجی دستے کا کمانڈر یا فوجی رسالے کا سردار۔

Taxicorn : (a) [mod. L 'Taxicornes'.] (تشریح) سفتہ محاس والا (بھونرا)۔

Taxicorn : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کے سرے پر محاس نکلے ہوتے ہیں۔

Taxidermic/Taxidermal : (a) (آرٹ) پوست انبازی کا؛ تصبیر کا۔

Taxidermist : (n) (فن) پوست انباز ؛ مُصبِر۔

Taxidermy : (n) [f. Gr. 'Taxis'+'derma'.] (فن) جانوروں کی کھال میں بھس بھرنے کا فن یا پیشہ؛ پوست انبازی؛ تصبیر (جلود)۔

Taximeter : (n) (۱) ٹیکسی میٹر۔ (۲) کرایہ نگار یا شرح نما میٹر جو کرائے کی موٹروں میں لگا ہوتا ہےاور وقت اور فاصلہ گزرنے کے ساتھ ساتھ خود بخود کرایہ دکھاتا رہتا ہے۔

Taxin : (n) [f. L. 'taxus'+-IN.] (کیمیا) صمغ صور : اکھل کا گوند : (ایک صنوبری قسم کے درخت کے) پتوں کا گوند؛ صمغ صنوبری ؛ پت گوند۔

Taxine : (n) تلخ الکولائیڈ جو صنوبری قسم کے درخت کے پتوں میں پایا جاتا ہے ($C_{37}H_{51}NO_{10}$)۔

Taxing : (n) محصول بندی؛ مُقوِم؛ ٹیکس تشخیص کرنے والا؛ محصول کا اندازہ لگانے والا۔

Taxing-master : (n) تنقیح کنندہ ؛ عدالت کا وہ افسر جو عدالت کے مشیر قانونی کی بل کے متعلق

Taxus : (n) [L.] (نباتیات) نمائشی اور سجاوٹ کے پودوں کی ایک قسم۔

Taxus Baccata : (n) (نباتیات) ھُور؛ برمی؛ اکھل۔

Tayassu/Tayacu : (n) [Tupi. 'tayacu'.] سور کے مانند ایک پستاندار امریکی جانور۔

Tayra : (n) [Tupi. 'taira'.] نیولے کی جنس کا دودھ پلانیوالا یک برازیلی جانور۔

Tazia : (n) [Arab. 'taziyah'.] تعزیہ۔

Tazza : (n) [Arab. 'tass, tassah'.] کھلے منہ کا اتھلا پیالہ۔

Tcheka/Che(-) ka :(n) [Russ.] ایک تحقیقاتی تنظیم جو سنہ ۱۹۱۷ء میں روس میں قائم کی گئی تھی جس کا مقصد جوابی انقلابی تحریک کا پتا چلاناتھا۔

Tchetvert : (n) [Russ.] اناج کا روسی پیمانہ؛ اناج ناپنے کا روسی پیمانہ۔

Tchick : (n) ٹک ٹک کی آواز؛ ہیں ہیں کی آواز (خصوصاً گھوڑے کو تیز چلانے کی غرض سے)؛ ٹٹکاری۔

Tchick : (v) ٹک ٹک کرنا؛ ٹٹکاری مارنا۔

Te Deum : (n) T. D. laudamy (۱) حمد؛ شکرانہ؛ (لاطینی الفاظ سے شروع ہوتا ھے جن کے معنی ہیں "اے خدا ہم تیری حمد کرتے ہیں" حمد صبح کی نماز میں شکرانے کے موقعوں پر گائی جاتی ھے)۔ (۲) وہ گت جو اس موقع پر بجائی جاتی ھے؛ حمد کی گت؛ شکرانے کی گت۔

To sing Te Deum : (مجازاً) شادیانے بجانا؛ فتح یا خوشی کے ترانے گانا۔

Tea : (n) [DU. 'thee'.] (۱) چائے کا پودا۔ (۲) چائے کی پتی؛ چائے (جو سبزہ، سیاہ وغیرہ کئی طرح کی تیار کی جاتی ھے)۔ (۳) چائے کا پانی یا جوشاندہ؛ چائے (جس حالت میں جوش دے کر پی جاتی ھے)؛ کوئی مشروب۔ (٤) (اس قسم کی دوسری ادویہ وغیرہ کا) جوشاندہ؛ عرق۔ (٥) سہ پہر کی چائے؛ سہ پہر یا تیسرے پہر کا ناشتہ چائے وغیرہ کے ساتھ۔ (٦) شام کی چائے؛ شام کا کھانا چائے کے ساتھ۔ (۷) (عامیانہ) (امریکا) حشیش؛ خصوصاً حشیش کو گرم پانی میں خمیر اٹھا کر پینا۔

Arabian tea : عربی پودا جس کی پتیاں بطور چائے استعمال ھوتی ہیں۔

Australian tea/Botany Bay tea : آسٹریلیا کا ایک پودا جس کی پتّی کی چائے بنتی ھے۔

Brazilan tea/ Brazil- : برازیلی پودا جس کی پتیاں بطور چائے استعمال ھوتی ہیں۔

Labrador tea : ایک قسم کا پودا جس کی پتیوں سے چائے بنائی جاتی ھے۔

New Jersey tea : نیو جرسی کا ایک پوداجس کی پتیوں سے چائے بنائی جاتی ھے۔

New Zealand tea : نیوزی لینڈ کا ایک پودا جس کی پتیوں سے چائے بنائی جاتی ھے۔

Oswego tea : شمالی امریکا کا دو برگہ پودا جس کا جوشاندہ ٹانک یا معدے کی دوا کے طور پر استعمال ھوتا ھے۔

Paraguay tea : جنوبی امریکا کا ایک پودا جس کی پتیاں چائے کی پتیوں کی جگہ استعمال کی جاتی ہیں۔

Sweet tea : دیکھو Botany Bay tea

Tea : (v) (۱) (بول چال) چائے پینا۔ (۲) چائے پلانا؛ چائے سے خاطر کرنا۔

Tea-bag : (n) کپڑا یا کاغذ کی تھیلی کا مقطار (فلٹر) جس میں انفرادی طور پر لوگوں کو چائے پلانے کے لئے چائے کی ایک مقررہ مقدار ھوتی ھے۔

Tea-basket : (n) ٹوکری جس میں سہ پہر کی چائے کے لوازمات ھوں۔

Tea-berry (n) ایک قسم کا امریکی پودا جو جاڑے میں سبز رہتا ھے۔

Tea-board : (n) چائے کا طشت؛ طشت چائے؛ چائے پیش کرنے کا طشت۔

Tea-boy :(n) نوکر؛ ملازم؛ پیش خدمت مرد۔

Tea-break : (n) کام کے دوران میں چائے کے لئے وقفہ۔

Tea-bug : (n) ایک کیڑا جو چائے کے پودوں کو نقصان پہنچاتا ھے؛ چائے کے پودوں کونقصان پہنچانےوالا کیڑا۔

Tea-caddy : (n) چائے کی پٹاری یا ڈبا ۔

Tea-cake : (n) کیک جو چائے کے ساتھ کھائے جائیں ۔

Tea-canister : (n) دیکھو Tea-caddy

Tea cart : (n) چائے اور ہلکا ناشتہ پیش کرنے کے لئے ڈنر ویگن (ایک قسم کی پہیے دار گاڑی) ۔

Tea-chest : (n) بڑا چوبی بکس جس میں چائے دوسری جگہ بھیجی جاتی ہے ۔

Tea-clam : (n) (امریکا) ایک چھوٹا پتھر ۔

Tea-clipper : (n) زود رو کشتی جو پہلے چائے کی تجارت کے لئے بنائی گئی تھی اور استعمال ہوتی تھی ۔

Tea-cloth : (n) (۱) (چائے کی میز کا) میز پوش؛ چھوٹا ٹیبل کلاتھ ۔ (۲) کشتی پوش ۔ (۳) چائے کی پیالیاں پوچھنے کا کپڑا یا میز پوچھنے کا کپڑا ۔

Tea-cosy : (n) چائے دانی پوش؛ کیتلی پوش ۔

Tea-cup : (n) (۱) چائے کی پیالی ۔ (۲) ایک پیالی بھر (نیز T. Cupful) جتنا ایک چائے کی پیالی میں آتا ہے ۔

A storm in a tea-cup : (۱) ذرا سی بات کے لئے بڑا ہنگامہ ۔ (۲) محدود حلقے میں بڑی شورش ۔

Tea cupful : (a) پیالی بھر؛ جتنا ایک چائے کی پیالی میں آتا ہے ۔

Tea-dance : (n) وہ رقص جو آخیر سہ پہر میں ہو ۔

Tea-fight : (n) (عامیانہ یا بول چال) (مزاح) چائے کی دعوت؛ ٹی پارٹی؛ چائے نوشی ۔

Tea-garden : (n) (۱) چائے خانہ جو باغ میں ہو ۔ (۲) چائے کا باغ ۔

Tea-gown : (n) (زنانہ) لباس جو چائے پینے کے وقت خواتین پہنتی ہیں ۔

Tea-hound : (n) چائے کا عادی؛ چائے کا بہت زیادہ استعمال کرنے والا ۔

Tea-house : (n) چائے خانہ (خصوصاً چین اور جاپان میں)؛ وہ ہوٹل جہاں ہلکا ناشتہ دستیاب ہو ۔

Tea-kettle : (n) چائے کی کیتلی؛ وہ برتن جس میں چائے کےلئے پانی تیار کیاجاتا ہے ۔

Tea-leaf : (n) (۱) چائے کی پتی؛ برگ چائے (تازہ وخشک) ۔ (۲) (جمع میں) نچوڑی ہوئی یا جوش وغیرہ کے بعد کی بیکار) چائے جس سے فرش صاف کرنے کا کام لیتے ہیں؛ چائےپھوک ۔

Tea-meeting : (n) عوامی سماجی جلسہ (عام طورپر مذہبی تنظیم کا) جس میں چائے پی جاتی ہے ۔

Tea-party : (n) ٹی پارٹی ؛ چائے کی دعوت؛ عصرانہ چائے؛ مجلس عصرانہ؛ تقریب جس میں چائے پی جاتی ہے ۔

Tea-pot : (n) چائے دانی؛ چائے کا برتن ۔

Tea-plant : (n) چائے کا پودا ۔

Tea-ring : (n) حلقہ دار یا انگشتری نما خمیری کافی کیک ۔

Tea-room : (n) چھوٹا رستوران ۔

Tea-roomy : (a) رستوران میں کھانے کے کمرے سے متعلق ۔

Tea-rose : (n) (۱) گلاب کی بعض قسم جس میں چائے کی سی خوشبو ہوتی ہے؛ (نباتیات) گل چائے ۔ (۲) اس گلاب کا رنگ ۔

Tea-service : (n) ٹی سٹ؛ چائے کا برتن؛ چائے کا پورا سامان (جوڑ)۔

Tea-set : (n) دیکھو Tea service

Tea-shop : (n) (۱) (خصوصاً برطانیہ) دیکھو Tea room ۔ (۲) (برطانیہ) دیکھو Cafe؛ لنچ روم ۔

Tea spoon : (n) چھوٹا چمچہ؛ چائے کاچمچہ؛ قاشق چائے خوری۔

Tea-spoonful : (a) (۱) چائے کے چمچے بھر؛ چھوٹے چمچے بھر ۔ (۲) $\frac{1}{2}$۱ فلیوڈ (Fluid) ڈرام کے برابر (میڈیکل)۔

Tea-table : (n) (۱) چائے میز ؛ چائے کی میز ؛ چھوٹی میز ۔ (۲) جماعت جو چائے پر اکٹھا ہو ۔ (۳) سماجی اجتماع کی جگہ ۔

Tea-taster : (n) چائے چکھنے والا؛ چائے کا اکسپرٹ، ماہر؛ چائے جانچنے والا؛ چائے کے معیار کو بتانے والا ۔

Tea-things : (n) ظروف چائے؛ ٹی سیٹ؛ چائے پیش کرنے میں استعمال کی جانے والی چیزیں۔

Tea-time : (n) چائے کا وقت (سہ پہر یا شام کو سویرے)۔

Tea towel : (n) دیکھو Dish towel

Tea-tray : (n) چائے کا طشت؛ ٹرے۔

Tea-tree : (n) (۱) چائے کا پودا۔ (۲) Myrtle خاندان کے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے مختلف درخت یا جھاڑیاں جن کی پتیاں چائے کے عوض میں استعمال کی جاتی ہیں۔ (۳) افریقی چائے کا پودا۔

Tea-trolly (n) (خصوصاً برطانیہ) پہیے دار چھوٹی میز جس پر چائے کا سامان یالوازمات رکھے جاتے ہیں؛ چائے اور ہلکا ناشتہ پیش کرنے کے لئے؛ چائے ویگن۔

Tea-urn : (n) چائے کا منہ بند پیالہ یا قفلی جس میں چائے کا پانی جوش دیا یا رکھا جاسکے۔

Tea-wagon : (n) دیکھو Tea Trolly

Teach : (v) [OE. 'traec(e)an'.] (۱) سکھانا؛ بتانا؛ تعلیم دینا (کسی کام کی) ؛ ہدایت کرنا۔ (۲) پڑھانا (مدرسے ، اسکول وغیرہ میں) ؛ تعلیم دینا (کسی مضمون یا کسی ہنر کا)؛ درس دینا؛ سبق پڑھانا؛ رہنمائی کرنا۔ (۳) تعلیم دینا؛ معلم ہونا؛ معلمی یا پڑھانے کا کام کرنا۔ (٤) سمجھانا؛ ذہن نشیں کرنا؛ آگاہ کرنا؛ اطلاع دینا؛ مطلع کرنا؛ نقش کرنا۔ (٥) خطبہ دینا؛ وعظ کہنا؛ پندونصیحت کرنا۔

To teach a person a thing : کسی شخص کو کوئی چیز بتانا یا سمجھانا۔

To teach a person or agent : تعلیم دینا؛ آگاہ کرنا؛ درس دینا؛ بتانا۔

To teach a thing : سبق دینا؛ درس دینا؛بتانا؛ علم دینا؛ سکھانا۔

Teach-in : (n) [Origin U.S.] توجہ مبذول کرانے کے لئے بحث اور تقریر کا سلسلہ۔

Teachability : (n) قابل تعلیم ہونا؛ تعلیم پذیری؛ درس پذیری؛ تربیت پذیری؛ فرمانبرداری۔

Teachable : (a) (۱) قابل تعلیم؛ تعلیم پذیر؛ یاد دادنی؛ تربیت پذیر؛ جسے تعلیم دی جاسکے۔ (۲) (مضمون وغیرہ کے متعلق) قابل تعلیم؛ درس پذیر؛ جو پڑھایا جاسکے؛ پڑھانے کے لائق۔

Teachableness : (n) دیکھو Teachability

Teachably : (adv.) تعلم پذیری کےطور پر؛ تعلیم دیتےہوئے؛ سکھاتے ہوئے۔

Teacher : (n) (۱)معلم؛ مدرس؛ آموزگار؛ مربی؛ استاد؛ درس دینے والا؛ تعلیم دینے والا، سکھانے والا یا والی؛ ٹیچر۔ (۲) واعظ ؛ خطیب۔

Teacher bird/Teacher : (n) [imit] دیکھو Oven-bird

Teacherage : (n) قیام گاہ جس کا مدرس کے لئے انتظام کیا گیا ہو؛ مدرس کا مکان؛ رہائش گاہ؛ مدرس کے رہنے کی جگہ۔

Teacherless : (a) بغیر معلم یا مدرس کے۔

Teachers college : (n) معلم کا کالج؛ وہ کالج جہاں ٹیچروں یا معلموں کو ٹریننگ دی جاتی ھے (جس کی مدت عام طور پر چار سال ہوتی ھے)؛ تدریس گاہ معلم۔

Teacher's pet : (n) (۱) چہیتا شاگرد۔(۲) مقرب؛ چہیتا۔

Teachership : (n) معلمی؛ مدرسی۔

Teaching : (n) (۱)آموزش؛ تعلیم؛ درس وتدریس؛ آموزگاری۔ (۲) تعلیم عقائد یا اصول جن کی تلقین کی جائے۔

Teaching capacity : (n) (جمع) تدریسی یا تعلیمی استعداد، صلاحیت؛ تعلیم دینے کی صلاحیت۔

Teaching hospital : (n) اسپتال جہاں طبّی تدریس بھی ہوتی ھے۔

Teaching-machine : (n) تدریسی مشین؛ میکانکی آلہ جس سےتعلیم دی جائے؛ تعلیم دینے کا میکانکی آلہ۔

Teachings : (n) (فلسفہ) تعلیمات؛ افادات؛ ارشادات۔

The teaching of the Church : کلیسائی یا مذہبی تعلیمات۔

Teaed : (a) Tea کا فعل ماضی۔

Teaette : (n) ڈھکن دار چمچہ؛ چائے بنانےوالا۔

Teak : (n) [Pg. 'teca'.] ساگوان؛ ساج؛ مشہور مضبوط لکڑی جس سے جہاز وغیرہ بناتے ہیں۔

Teak of New Zealand : (n) نیوزی لینڈ کا ساگوان۔

Teal : (n) [ME. 'tele'.] (۱) (حیوانیات) ایک قسم کی چھوٹی مرغابی؛ پن ککڑی؛ آبی پرند۔(۲) اس پرند کا گوشت (غذا کے طور پر)۔

American or Green-winged teal : امریکن پَن ککڑی۔

Blue-winged teal : شمالی اور جنوبی امریکا کی پن ککڑی۔

Chinese teal : ماندابن بطخ؛ چینی پن ککڑی۔

Garganey teal : گارگینی پن ککڑی۔

Tealery : (n) وہ جگہ جہاں پن ککڑی کو پالا جاتا ھے۔

Tealess : (a) چائے کی کمی؛ فقدان چائے؛ بغیر چائے کے؛ چائے سے محروم۔

Team : (n) [OE. 'team'.] (۱)جھنڈ (سوّر کا)؛ بطخوں کا جھول؛ چھوٹے جانوروں کا جھول۔(۲) باربرداری دو یا زیادہ جانور جو ایک ساتھ جُتے ہوئے ہوں؛ جوڑی؛ قطار۔(۳) ٹیم (فٹ بال ٹیم)۔(٤) مل کر کام کرنے والوں کی جماعت؛ جتھا؛ دستہ۔(٥) (مجازاً) ایک ساتھ کھینچنے والے اشخاص کےلئے استعمال ہوتا ھے۔(٦) ایک قطار میں اڑنے والی چڑیا؛ جنگلی بطوں کا جھنڈ یا غول۔(۷) غیر معمولی صلاحیت کا آدمی۔

Team : (v) (۱) جوئے میں جوتنا؛ جوتنا (گھوڑوں وغیرہ کو جوڑی میں)؛ جوت لگانا؛ جوڑنا۔(۲) ٹھیکے پر اٹھانا؛ ایسے ٹھیکہ دار کو کام دینا جو مزدوروں کے جتھے سے کام لیتا ہو۔(۳) ٹیم کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔(٤) جتھے کے ذریعے کام کرانا؛ مل کر کام کرنا۔(٥) (مجازاً) کسی قوت کا متحد ہونا؛ طاقت کے ساتھ اتحاد قائم رکھنا۔

To team up with : کسی کے ساتھ اتحاد قائم کرنا؛ کسی قوت کا متحد ہونا۔

Team : (a) ٹیم کا یا اس سے متعلق؛ جتھا سے متعلق؛ دوسروں کے ساتھ مل کر انجام دیا ہوا۔

Team-work : (n) (۱) متفقہ کوشش؛ مشترکہ یا متحدہ کام؛ منظم اتحاد عمل۔(۲) وہ کام جو جانوروں کے جتھے کے ذریعے انجام پایا ہو۔

Teaman : (n) چائےفروش؛ چائےکا ڈیلر؛ چائے کی تجارت کرنے والا؛ چائے کا تاجر؛ خاص کر چائے کا گاہک، خریدار۔

Teaming : (v) ٹھیکےپر دینا (جتھے سے کام لینےوالے ٹھیکہ دار کو)۔

Teamer : (n) (۱) ٹیم کا مالک یا ڈرائیور؛ جتھے کو ہانکنے والا۔(۲) دیکھو Teamster۔

Teamman : (n) دیکھو Teamer

Teammate : (n) شریک ٹیم؛ ٹیم کا رکن؛ جتھے کا ساتھی۔

Teamsman : (n) دیکھو Teamer

Teamster : (n) (۱) ٹیم کامالک یا ڈرائیور؛ جتھے کو ہانکنے والا؛ لے جانے والا؛ جوڑی ہانکنے والا۔(۲) موٹر، ٹرک کا ڈرائیور (خصوصاً پیشے کے طورپر)۔

Teamwise : (adv.) (۱) جوڑی جوڑی؛ قطارقطار۔(۲) جوڑی یا قطار میں۔

Teapoy/Tepoy : (n) [Fr. Hindi, in Comb. tir+pers.par] تین پائے کی چھوٹی میز؛ چائے پینے کی میز؛ تپائی۔

Tear : (n) [OE. 'tear'.] (۱) اشک؛ آنسو؛ گریہ؛ اشک ریزی۔(۲) (مجازاً) آنسو کی مثل شے؛ قطرہ؛ بوند (خصوصاًرال گوندوغیرہ کی)۔(۳) غم کا اظہار؛ غصہ؛ اندوہ۔

Crocodile tears : جھوٹ موٹ کا رونا؛ جھوٹے آنسوے؛ مگرمچھ کے آنسو۔

Found her in tears : اسے اشکبار پایا۔

Tear : [f. TEAR.V.] (۱) پھاڑنے؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا عمل۔(۲) ریخت؛ چاک؛ پارگی؛ دریدگی۔(۳) کھونچ؛ کھرنچا (کپڑے وغیرہ میں)؛ شگاف؛ درز۔(٤) تیز گام؛ تیز قدم؛ سرپٹ۔(٥) (امریکا عامیانہ) مے نوشی کا دور؛ رنگ رلیاں؛ عیش ونشاط؛ خوشی؛ مستی۔(٦) غصہ؛ طیش؛ غیظ وغضب؛ خشم۔

Wear and tear/Tear and wear : شکست وریخت؛ توڑ پھوڑ۔

Tear : (v) [OE. 'teran'.] (۱) پھاڑنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ چاک کرنا؛ پارہ پارہ کردینا۔(۲) تفریق پیدا کرنا؛ ٹکڑیوں میں تقسیم کردینا؛ ٹکڑے کر دینا؛ پارٹی میں تقسیم ہونا۔(۳) پھاڑ کر سوراخ

کرنا؛ کھرنچا لگانا ۔ (٤) (لغوی اور مجازی معنی میں) نوچ ڈالنا؛ کھسوٹ لینا؛ بزور کھینچنا یا توڑنا؛ نوچنا؛ پھاڑ ڈالنا؛ گھسیٹ لینا؛ چھین لینا؛ اکھاڑ ڈالنا ۔ (٥) (at کے ساتھ) پھاڑنے کی کوشش کرنا؛ نوچنا؛ کھسوٹنا ۔ (٦) پھٹنا ۔ (٧) جھپٹنا؛ دوڑنا؛ اڑے ہوئے چلنا (جلدی یا تندی سے) ۔ (٨) ریزہ ریزہ کر ڈالنا یا ہو جانا؛ پاش پاش کر ڈالنا؛ بےترتیب کردینا؛ الٹ پلٹ کردینا ۔ (٩) (گوشت یا نسیج کو) چیرنا؛ پھاڑنا؛ تکا بوٹی کرنا؛ زخمی کرنا؛ مجروح کرنا ۔ (١٠) (مجازاً) بزور ہٹانا؛ زبردستی لینا؛ جبر کرنا؛ دبانا؛ جبراً حاصل کرنا ۔ (١١) اچانک کاٹ کھانا؛ جلدی سے اٹھالینا؛ تڑاق سے توڑ ڈالنا ۔ (١٢) تیزی سے حرکت کرنا؛ تندی سے آگے بڑھنا؛ جھپٹنا ۔

Could not tear myself away : اپنے کو جدا نہ کر سکا؛ کسی طرح دل نہ چاہا کہ چلا جاؤں ۔

Country was torn by factions : گروہ بندی کی بدولت ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو رہا تھا ۔

Heart torn by conflicting emotions : دل جسے متضاد جذبات نے کشمکش میں ڈال دیا ہو ۔

To tear it : (عامیانہ) سارا کھیل بگا ڑ دینا؛ (سارا معاملہ) چوپٹ کردینا؛ ستیا ناس کردینا ۔

To tear one's hair : سر کے بال نوچنا (غصے یا مایوسی میں) ۔

Tear -: [The stem of JEAR (v) in comb.] جزو ترکیبی ۔

Tear-away : (n) (١) تیزی یا سرعت سے کام کرنے والا یا متحرک ہونےوالا شخص ۔ (٢) گنڈا؛ شہدا؛ بدقماش ۔

Tear-away : (v) ہٹانا (بادل ناخواستہ؛ بے دلی سے) ۔

Tear-bag : (n) (١) ہرن کی آنکھوں میں موم جیسی رطوبت لانے والےغدود ۔ (٢) اشک آورگلٹی؛ دمعی غدود ۔

Tear-blanket : (n) دیکھو Hercules-club

Tear bomb/-shell : (n) دمعی بم؛ آنسو گیس سے بھرا ہوا بم؛ دمعی بم‌گولہ ۔

Tear-bottle : (n) دیکھو Lachrymatory

Tear-cat : (n) لاف زن؛ لفّاظ ۔

Tear-coat : (n) دیکھو Hercules-club

Tear drop : (n) اشک ؛ آنسو ۔

Tear-duct (n) غدود سے آنسو جس پتلی نلی سے آنکھوں میں آتے ہیں ۔

Tear gas : (n) اشک آور گیس؛ آنسو گیس؛ زہریلی گیس جس سے آنسو بہنے لگتے ہیں اور کچھ دیر کے لئے بصارت زائل ہو جاتی ہے ۔

Tear-gland : (n) اشک آور گلٹی؛ دمعی غدود ۔

Tear-off : (a) جسے پھاڑ کر الگ کیا جا سکے ۔

Tear-off : (n) کاغذ کی پرچی وغیرہ جو اس طرح لگی ہو کہ بہ آسانی پھاڑکر علیحدہ کی جا سکے ۔

Tear pit : (n) (حیوانیات) ہرن کی آنکھوں میں موم جیسی رطوبت لانے والے غدود ۔

Tear-sac : (n) دیکھو Tear pit

Tear-shell : (n) اشک آور بم کا گولہ ۔

Tear-thumb : (n) Polygonum جنس کے پودوں کے نام ۔

Tear up : (v) (١) نقصان پہنچانا؛ خسارہ دینا؛ قدر گھٹانا؛ ہٹانا؛ اٹھا دینا؛ نکال دینا؛ برطرف کر دینا؛ موقوف کر دینا ۔ (٢) پھاڑ کر برباد کر دینا؛ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ۔

Tearable : (n) قابل ریخت؛ پھٹنے کے لائق ۔

Tearaway : (a) (برطانیہ) نہایت تیز؛ بےحد عجلت کا ۔

Teardown : (v) (١) ایک دوسرے سے جدا کرادینا؛ (اجزا) الگ الگ کرادینا؛ برباد کرنا؛ تباہ کرنا ۔ (٢) بدنام کرنا؛ رسوا کرنا؛ ذلیل کرنا ۔ (٣) ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ پھاڑنا؛ علاحدہ کرنا؛ جداکرنا ۔

Teardown : (n) علاحدگی؛ الگ الگ ہونے کی حالت ۔

Tearer : (n) (١) پھاڑنے والا؛ جھپٹنے والا؛ ہنگامہ کرنےوالا شخص ۔ (٢) لفاظ؛ لسان؛ باتیں بنانے والا؛ اودھمی؛ خرمستیاں کرنےوالا ۔ (٣) بہت زیادہ جالب نظر کوئی چیز ۔

Tearful : (a) (١) پُر اشک ؛ اشک آلودہ ؛ اشک بار ۔ (٢) افسوسناک ؛ المناک؛ غم آلود؛ غمناک ۔

Tearfully : (adv.) اشک آلودہ ہوکر؛ اشک آلودگی سے؛ ڈبڈبائی (آنکھوں کے ساتھ) اشک بھر لا کے؛ چشم نمناک سے؛ پرنم آنکھوں سے؛ اشکباری کے ساتھ۔

Tearfulness : (n) اشکباری؛ اشک آلودگی۔

Tearily : (adv.) اشک آلود ہوکر؛ آنسوؤں کے ساتھ؛ روتے ہوئے۔

Tearing : (a) (۱) جگرخراش؛ دل خراش؛ تکلیف دہ۔ (۲) جلدی کا؛ عجلت کا؛ عاجلانہ؛ تند؛ تیز؛ شدید؛ نہایت سخت؛ تندو تیز۔ (۳) غضبناک؛ خشمناک؛ تشدد کا۔ (٤) (خصوصاً برطانیہ) شاندار؛ عالیشان؛ پُر تکلف؛ اعلیٰ؛ عمدہ؛ مؤثر۔

Tearing : (n) غیر معمولی طور پر اشکباری؛ آنسو کا بہنا۔

Tearless : (a) بےاشک؛ بےآنسو؛ جس میں آنسو نہ ہوں؛ جو روتا نہ ہو۔

Tearlessly : (adv.) بے آنسو کے؛ بے روتے ہوئے؛ بغیر آنسو بہائے۔

Tearlessness : (n) بے اشکی؛ بغیر آنسو کے ہونا۔

Teart : (a) (انگریزی بولی) کھٹا؛ ترش۔

Teartneas : (n) کھٹا پن؛ ترشی۔

Teary : (a) [f. TEAR (n) +-Y] (۱) اشکبار؛ اشک آلود؛ آنسو سےبھری ہوئی (آنکھیں)؛ اشک آور۔ (۲) گریہ دار؛ غم انگیز؛ افسوسناک؛ حسرت انگیز؛ رقّت انگیز؛ پُر درد۔

Teasable : (a) دق کئے جانے کے قابل؛ ستانے کے قابل؛ تنگ کرنے کے قابل؛ چھیڑنے کے قابل؛ قابلِ اذیت۔

Teasableness : (a) ستانے جانے کے قابل ہونا؛ چھیڑخانی کے لائق ہونا۔

Tease/Teaze : (v) [OE. 'taesan'.] (۱) چھیڑنا؛ چھڑخانی کرنا؛ دق کرنا؛ تنگ کرنا؛ ستانا؛ اذیت پہنچانا؛ عاجزکرنا۔ (۲) پیچھے پڑجانا؛ جان کھالینا؛ سرھوجانا (کوئی کام کرانےکےلئے)۔ (۳) تومنا؛ صاف کرنا؛ شانہ کرنا (اون، سن وغیرہ کے ریشوں کو)؛ دُھننا؛ دُھنکنا۔ (٤) (کپڑے کا) رواں اٹھانا۔ (٥) دھجیاں اڑانا؛ پرزہ پرزہ کرنا؛ پارہ پارہ کرنا۔

Teasel/Teazle : (n) [OE. 'taesel'.] (۱) Dipsacus جنس کا ایک پودا؛ (نباتیات) خارشتر؛ ولائتی گوکھرو؛ اونٹ کٹارہ۔ (۲) چند پودے جن کے سروں پر گوکھرو کے سے گچھے ہوتے ہیں اور وہ کپڑے پر رواں اٹھانے کے کام آتے ہیں۔ (۳) ولائتی گوکھرو کے گچھے۔ (٤) وہ آلہ جس سے کپڑے پر رواں اٹھاتے ہیں۔

Fuller's teasel : ایک قسم کا پودا۔

Wild teasel : ایک قسم کا پودا۔

Tease up : (v) بڑھانا؛ اضافہ کرنا۔

Teasel/Teazle : (v) کپڑے پر ولایتی گوکھرو سے رواں اٹھانا۔

Teasel-board : (n) ولایتی گوکھرو کا فریم۔

Teasel-cylinder : (n) دیکھو Teasel-board

Teasel-frame : (n) دیکھو Teasel-board

Teasel-rod : (n) ولایتی گوکھرو کا فریم۔

Teaseler : (n) (۱) کپڑوں پر رواں اٹھانے والا؛ دیکھو Gigger۔ (۲) کپڑوں پر رواں اٹھانے کا آلہ۔

Teasement : (n) چھیڑخانی؛ ستانے، دق کرنےکاعمل؛ تنگ کرنا۔

Teaser : (n) (۱) اذیت دینے والا؛ ستانےوالا؛ وہ شخص جسے چھیڑخانی یا ستانے کی عادت ہو؛ پریشان کرنے والا؛ آزار پہنچانے والا؛ خشمگیں کنندہ؛ شریر؛ بدمعاش؛ کلپانے والا۔ (۲) پیچیدہ مسئلہ؛ ٹیڑھا سوال؛ بنیڈا کام؛ ٹیڑھی کھیر۔ (۳) روئی توڑنےوالا؛ روئی صاف کرنے والا آلہ یا مشین۔ (٤) گتھی سلجھانے والا؛ (سوال، مقدمہ وغیرہ) حل کرنے والا۔ (٥) جنسی خواہش کو بر انگیختہ کرنے والی مگر وصل سے انکار کرنے والی خاتون۔ (٦) مختلف پرندوں کےمقامی نام۔ (۷) نر جانور جسے مادہ جانور کا مستی میں ہونا پہچاننے کےلئے استعمال کیا جاتا تھا۔

Teasing : (n) (نفسیات) اذیت؛ ایذارسانی؛ چھیڑخانی۔

Teasingly : (adv.) اذیت دے کر؛ ایذا رسانی سے؛ چھیڑخانی کے طور پرستاتے ہوئے؛ دق کرتے ہوئے؛ شرارت سے۔

Teasy : (a) دیکھو Irritating

Teat : (n) (۱) (نباتیات) سر پستان؛ نوک پستان؛ بھٹنی؛ جس سے بچہ ماں کا دودھ پیتا ھے - (۲) (حیوانیات) تھن (دودھ پلانے والے جانوروں کا) - (۳) دیکھو Nipple ؛ نوک پستان جیسا -

Teat fish : (n) (حیوانیات) ایک قسم کا گھونگا جس کی یخنی چین میں پی جاتی ھے -

Teated : (a) (۱) بھٹنی کا؛ تھن کا - (۲) تھن دار؛ پستان دار -

Teatlike : (a) بھٹنی کا سا؛ تھن کا سا -

Teaze : (n) Tease کا متبادل -

Teazel/Teazle : Teasel کا متبادل -

Tabbad : (n) [Perh.f.Per tab + bad.] ریت کا طوفان -

Tec : (n) (عامیانہ) سراغ رساں؛ (Detective) کا مخفف -

Tec : Technical, Technician, Technology کا مخفف -

Tech/Techn : Technology, technical, technician کا مخفف -

Tech/Tec : Technical college, Institute or school (بول چال) کا مخفف -

Teche : (n) (فلسفہ) اصولی کار -

Technetium : (n) [mod. L.] (کیمیا) سُوریم؛ تکنیشیم(عنصر)؛ مصنوعی عنصر -

Technic : (a) [L.'technicus'.] فنّی؛ صنعتی؛ اصطلاحی -

Technic : (n) (۱) تکنیکی اصطلاح : فنی اصطلاحات؛ فنی نکتہ؛ تکنیکی تشریحات - (۲) اصول فن؛ طریق کار؛ طرزادا؛ فن؛ فنی روش؛ فنی رموز یا رموز فنی - (۳) (جمع میں) صنعت و حرفت وغیرہ کےعام اصول اور نظریات؛ آداب فن؛ فنون؛ قواعد فن - (٤) (جمع ، فن کی) مصطلحات؛ اصول وضوابط؛ جزئیات فن -

Technical : (a) (۱) فنی صنعتی؛ اصطلاحی؛ تکنیکی؛ علمی حرفتی؛ صنعت وحرفت کا - (۲) کسی خاص فن، صنعت یا علم سے متعلق - (۳) جو قانونی تشریح کی رو سے (جرم وغیرہ) سمجھا جائے - (٤) (سماجیات) اصطلاحی؛ رسمی -

Technical : (n) (جمع میں) فنی اصطلاحات؛ فنی نکات ؛ کسی علم کے فنی اصطلاحات ونکات -

Technical approval : (n) فنی منظوری ؛ تکنیکی منظوری ؛ پسندیدگی -

Technical assault : (n) جو قانون کی رو سے (جرم وغیرہ) سمجھاجائے؛ مجرمانہ حملہ -

Technical chemistry : (n) (کیمیا) ٹکنیکل کیمیا؛ صنعتی کیمیا-

Technical college : (n) تکنیکی کالج -

Technical defect : (n) (قانون) قانونی سُقم؛ نقص -

Technical difficulty : (n) فنی دشواری ؛ (قانون) طریق کار کی دشواری-

Technical education : (n) فنی تعلیم؛ تکنیکی تعلیم -

Technical felony : (n) سنگین قانونی جرم -

Technical institute : (n) صنعتی ادارہ؛ فنی ادارہ؛ تکنیکی ادارہ-

Technical Manual : (n) فنی دستور العمل -

Technical school : (n) (تعمیرات) فن و حرفت کا مدرسہ ؛ اسکول ؛ تکنیکی اسکول -

Technical Sergeant : (n) (ہَوائی فوج) ماسٹر سرجنٹ سے نیچے کا عہدہ؛ ہوائی فوج کا نن کمیشنڈ افسر-

Technical services superintendent : (n) ٹیکنیکل شعبے کا سپرینٹنڈنٹ-

Technical skill : (n) ٹیکنیکل مہارت -

Technical terms : (n) ٹیکنیکل اصطلاحات؛ مصطلحات -

Technicalism : (n) طرز؛ طریقہ؛ طریقہٴ اصول؛ فنی اصول؛ قواعد فنی یا فنی قواعد؛ فنی سپردگی -

Technicalist : (n) ماہرفن؛ ماہرفنی مصطلحات -

Technicality : (n) (۱) فنیت؛ فنی حیثیت یا خصوصیت؛ فنی صفت؛ فنی امر - (۲) فنی اصطلاح؛ فنی نکتہ -

(۳) فنی باریکی ۔ (٤) فنی اصطلاحات کا استعمال؛ تکنیکی اصول کا استعمال؛ (خصوصاً جمع میں) کسی علم و فن کے اصطلاحات و نکات۔

Medical and legal technicalities : طبی و قانونی اصطلاحات ۔

Technicalization : (n) فنی بنانے کا عمل؛ تکنیکی عمل ۔

Technicalize : (v) تکنیکی بتانا ؛ فنی بتانا ؛ صنعتی بتانا ۔

Technically : (adv.) اصول فن کے مطابق؛ اصول فن کے لحاظ سے (اصطلاحی معنی میں)۔

Technicalness : (n) فنیت؛ صنعیت؛ فنی؛ صنعتی ہونا ۔

Technician : (n) (۱) اہل فن؛ ذی فن ؛ کارشناس فنی؛ ماہر فنیات؛ فن داں؛ اصول داں ۔ (۲) صنّاع؛ فن کی جزئیات سے واقف؛ تکنیکی ماہر؛ فنی اصطلاحات کا عالم؛ صنعت وحرفت کا ماہر ۔

Technicist : (n) (۱) دیکھو Technician ۔ (۲) تکنیکی علم رکھنے والا شخص؛ فنی معلومات رکھنے والا شخص ۔

Technicize : (v) دیکھو Technicalize

Technico - : جزو ترکیبی بمعنی "فن"؛ "ہنر" ۔

Technicology : (n) (۱) علم صنعت وحرفت؛ حرفیات ۔ (۲) دیکھو Technology ۔

Technicolor/-our : (n) (امریکا) (سنیما) تکنیکی کلر؛ رنگین تصویر کشی کا تجارتی نام ؛ رنگین تصویر ۔

Technics : (n) فنیات؛ فنی اصطلاحات؛ مصطلحات؛ فنی اصول؛ فنون رموز فنی ۔

Technicum/Technikum : (n) [Russ. Tekhnikum.'] صنعت خانہ؛ مصنع؛ تکنیکی اسکول خصوصاً روس میں ۔

Techniphone : (n) (صوتیات) فنی فون؛ بے صوت پیانو ۔

Technique : (n) [Fr. '(La) technique'.] (۱) اُسلوب فن؛ تکنیک؛ آداب فن ۔ (۲) فنی ؛ استادی ؛ مہارت؛ فنی روش ۔ (۳) (موسیقی، مصوری وغیرہ میں) طرز ادا؛ طریق کار؛ اصول فن؛ فن ۔ (٤) (فنون لطیفہ میں) فنی قابلیت؛ اصول فن سے واقفیت؛ طرز ادا یا طریق کار میں مہارت؛ کاری گری؛ صنعت گری ۔ (٥) اصول؛ طریقہ؛ راستہ ۔

Technique of storytelling : (n) (تاریخ) اسلوب قصہ گوئی ۔

Technique of supervision : (n) اسلوب نگرانی ۔

Techno-: (Prefix) [Gr. tekno'.] سابقہ بمعنی "ہنر" ؛ "فن"؛ "فنی" ۔

Technocracy : (n) (سیاسیات) صنعت شاہی؛ حکومت صنّاع؛ ماہران فن کی حکومت (جس میں ملک کی مجموعی صنعت وحرفت ماہران فن کے انتظام میں دے دی جائے) ۔

Technocrat : (n) (۱) صنعت شاہی کا پیرو؛ اس اصول کا حامی ۔ (۲) ماہر صنعت؛ تکنیکی ایکسپرٹ ۔

Technocratic : (a) صنعت شاہی کا یا اس سے متعلق ۔

Technological : (a) صنعتیاتی؛ حرفیاتی؛ علم صنعت وحرفت سے متعلق؛ تاریخ حرفت اقوام سے متعلق ۔

Technologist : (n) (۱) ماہر فنیات ۔ (۲) تاریخ حرفت اقوام کا ماہر ۔

Technology :(n) [Gr. 'technologia'.] (۱) علم صنعت وحرفت؛ دستکاری اور حرفیات کاباقاعدہ علم؛ حرفیات ۔ (۲) مختلف اقوام کی صنعت وحرفت کی نشو و نما کا مطالعہ؛ تاریخ صنعت وحرفت اقوام ۔ (۳) فن شناسی؛ علم صنعت؛ صنعیات؛ صنعتی علم ۔ (٤) فنی مصطلحات؛ فنی اصطلاحات؛ علمی اصطلاحات ۔

Technonomy : (n) (معاشیات) اصول صنعت وحرفت؛ اصول وقواعد فنون صنعتی ۔

Technopsychology : (n) (نفسیات) صنعتی نفسیات؛ رواں شناس عملی ۔

-techny : لاحقہ بمعنی "وارد یا اصول فنی" تکنیکی خصوصیت والا؛ مثلاً Hydrotechny فنون آب ۔

Techous : (a) (امریکا) ناسعین؛ نا مطمئن ۔

Techy : (a) زود رنج؛ حساس؛ کج خلق ۔

Tecno/Tekno- : [Gr. 'tekno'] سابقہ بمعنی "بچہ" ؛ "طفل" ۔

Tecnology : (n) بچوں کا مطابق سائنس مطالعہ؛ اصولی مطالعہ؛ بیان الاطفال ؛ اطفال نامہ ۔

Tectibranch : (a) [f. L.tectus +branchiae'.] (حیوانیات) غلافی خیشوم دار گھونگے سے متعلق۔

Tectibranch : (n) ایک قسم کا خیشوم دار گھونگا۔

Tectibranchian/Tectibranchiate : (a) (حیوانیات) غلافی خیشوم دار (گھونگا)۔

Tectiform : (a) (mod. L. 'tectiformis'.] (۱) چھت نما؛ سقف مانند۔(۲) غلافی؛ سرپوش مانند۔

Tectological : (a) صوریات ترکیبی سے متعلق۔

Tectology : (n) [G. 'tektologie'.] (حیاتیات) شکلیات ترکیبی؛ ترکیبی؛ ترکیبیات؛ (علم) صوریات ترکیبی حیوانیات میں علم اشکال اعضا کا وہ نظریہ جس کی رو سے جسم حیوانی نامی اجزا سے مرکب ہے؛ علم اشکال اعضا کی ایک شاخ۔

Tectona(grandis) : (n) (نباتیات) ساگون۔

Tectonic : (a) [Late L. 'tectonicus'.] (۱) (تعمیرات) تعمیری؛ بنائی؛ تعمیر کے متعلق۔ (۲) (ارضیات) ساختنی؛ جو طبقات ارض کی ساخت میں کسی خرابی کے سبب واقع ہو؛ ساخت سے متعلق۔

Tectonic : (n) (جمع میں) فن ساخت (جس میں ہر قسم کے مفید وخوشنما سازو سامان، ظروف وغیرہ کی ساخت داخل ہے)۔

Tectonic earthquake : (n) (ارضیات) ساختمانی زلزلہ۔

Tectonics : (n) (۱) (آرٹ) صناعت؛ فن صناعت۔
(۲) (تعمیرات) فن تعمیر؛ تعمیریات۔
(۳) (ارضیات) ساختمانی ارضیات۔

Tectorial : (a) [f.L.tectorium +-AL.] (تشریح) غلافی؛ پوششی؛ غلاف کا کام دینے والی؛ ردائی۔

Tectorial membrance : (n) (حیوانیات) غشائی غلاف۔

Tectorium : (n) (حیوانیات) نظام شاہیراں۔

Tectricial : (a) شاہ پَر سے متعلق؛ غلافی پَر کا یا اس سے متعلق۔

Tectrix : (n) [mod. L., fem, of tector'.] (طیوریات)(پرندوں کے غلافی پَر جو دُم اور بازوؤں کو ڈھکتے ہیں؛ (حیوانیات) شاہ پَر؛ پوش پَر۔

Tectum : (n) [L.] (حیوانیات) غلاف؛ سَقف۔

Ted : (v) [OE. 'teddan'.] گھاس پھیرنا؛ منتشر کرنا؛ پھیلانا (گھاس خشک کرنے کے لئے)؛ گھاس کو بچھانا۔

Tedded : (a) پھیلاھوا؛ منتشر کی ھوئی (گھاس سکھانے کےلئے)۔

Tedder : (n) (۱) گھاس پھیرا؛ گھاس پھیرنے والا۔(۲) گھاس پھیرنے کا آلہ۔

Teddy : (n) زنانہ زیر جامہ۔

Teddy-bear : (n) کھلونے کا ریچھ۔

Teddy boy : (n) برطانوی نوجوان غنڈا جو ایڈورڈ ہفتم کے لباس کو اپنے لئے مخصوص کرلیتا ھے؛ چست لباس پہننے والالڑکا۔

Teddy girl : (n) چست لباس پہننے والی لڑکی؛ ایڈورڈ کے طرز کا لباس اختیار کرنے والی لڑکی۔

Tedesco : (n) [med.L. 'theodiscus'.] (۱) المانی کے لئے اطالوی لفظ (خصوصاً ہنر، موسیقی و ادبیات کو ظاہر کرنے کے لئے)۔(۲) (مجازاً) موسیقی۔

Tediosity : (n) کسالت؛ ملالت؛ خستگی؛ بارخاطر ھونا؛ تکلیف دہ یا ناگوار ھونا؛ بیزاری؛ دل تنگی۔

Tedious : (a) [late L. 'taediosus'.] اکتانے یا تھکا دینے والا؛ تکلیف دہ؛ ناگوار؛ اجیرن؛ مزاحم۔

Tedious boy : (n) تکلیف دہ لڑکا؛ ناپسندیدہ لڑکا؛ مزاحم ھونے والا لڑکا۔

Tediously : (adv.) اس طرح کہ جی اکتا جائے؛ تکلیف دہ طور پر؛ ناگواری کی حد تک۔

Tediousness : (n) دیکھو Tediosity

Tedium : (n) [L.'taedium'.] دیکھو Tediousity

Tee : (n) (۱) حرف T کا نام؛ ٹی۔(۲) ٹی کی طرح کی کوئی چیز۔

Tee : (n) [Unkn. origin.] (گولف) کھیل شروع کرنے کی جگہ؛ مقام آغاز؛ ریت کی ڈھیر جس پر ہر کھیل کے شروع میں گیند رکھ کر مارتے ہیں؛ ربر کی چیز جس سے یہ کام لیتے ہیں؛ ٹی۔

Tee : (n) [Origin Sc.] بعض کھیل (Curling وغیرہ میں) وہ نشان جس پر گیند ماری جاتی ہے؛ ٹی ۔

Tee/Htee : (n) [Burmese. h'ti] چھتری کی وضع کا کلس جو برما کے مندورں (پگوڈوں) پر بنا ہوتا ہے؛ چھتری ؛ کلس چھتری۔

Tee : (v) (Off کےساتھ) (۱) (گولف) (گیند) ٹی پر رکھنا ۔(۲) ٹی سے کھیل شروع کرنا؛ پہلا ہاتھ لگانا؛ کھیل کا آغاز کرنا ۔(۳) (مجازاً) (کسی کام کی) ابتدا کرنا ۔

Tee-headed : (a) ٹی سرا ۔

Tee off : (v) (۱) ٹی سے آغاز کرنا ۔(۲) شروع کرنا؛ ابتدا کرنا ۔(۳) زور سے مارنا ۔(٤) دھمکانا؛ جھڑکنا؛ گھڑکنا؛ ڈانٹنا؛ ڈپٹنا؛ تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا ۔

Tee pipes : (n) ٹی نلی ۔

Tee-square : (n) ٹی گنیا؛ ٹی اسکوئیر ۔

Tee whaap : (n) ہُد ہُد (ایک پرند) ۔

Teeing-ground : (n) کھیل کے میدان کا چھوٹا حصہ جہاں سے کھیل شروع کیا جاتا ہے ۔

Teem : (v) [OE. 'Tieman'.] (۱) (قدیم) جننا (بچے) ۔ (۲) بھرا ہونا (کسی شے سے)؛ فراواں ہونا؛ ثمرآور ہونا؛ بارآور ہونا ۔ (۳) افراط ہونا؛ بہتات ہونا (کسی شے کی)؛ جم غفیر ہونا؛ ٹھٹ لگ جانا ۔

Teem : (v) [ME. 'temen'.] (۱) (بول چال) خالی کرنا (کشتی یا طشت، گاڑی وغیرہ کو) ۔ (۲) انڈیل دینا؛ خارج کر دینا (کوئلہ ، پگھلی ہوئی دھات وغیرہ) ۔ (۳) (پانی وغیرہ) بہا دینا؛ بہنا؛ برسنا (پانی کا)؛ بارش ہونا؛ شدید بارش کا ہونا ۔

Teemer : (n) خالی کرنے والا ؛ انڈیلنے والا ۔

Teemful: (a) (۱) بارآور؛ ثمرآور؛ پھل دار؛ زرخیز؛ باروَر؛ برومند ۔(۲) فراواں؛ لبریز؛ پُر؛ سیل آسا ۔

Teemfulness : (n) (۱) بارآوری ؛ زرخیزی ۔(۲) فراوانی؛ بہتات ؛لبریزی۔

Teeming : (a) (۱) زرخیز؛ بارآور؛ ثمر دار ۔(۲) فراواں؛ لبریز؛ لبالب ۔

Teemingly : (adv.) (۱) بارآوری سے؛ زرخیزی سے ۔ (۲) فراوانی سے؛ بہتات کے ساتھ ۔

Teemingness : (n) (۱) زرخیزی؛ بارآوری ۔ (۲) فراوانی؛ لبریزی؛ لبالب ہونا ۔

Teen : (n) [OE. 'teona'.] (۱) (قدیم) رنج؛ صدمہ؛ غم؛ غصہ؛ درد؛ اندوہ ۔(۲) مصیبت؛ تکلیف؛ دکھ؛ زحمت؛ محنت ۔(۳) نقصان؛ ضرر ۔

-teen : [OE. 'tiene'.] لاحقہ بمعنی "دس"؛ "دہ" ؛ "عُشر وغیرہ"؛ مثلاً Fifteen ؛ پندرہ ۔

Teen-age : (a) تیرہ سے انیس سال کا؛ کم عمر (۱۳ تا ۱۹ سالہ) ۔

Teen-aged : (a) دیکھو Teen age

Teen-ager : (n) تیرہ تا اُنیس سالہ عمر کا لڑکا یا لڑکی ۔

Teener : (n) دیکھو Teen-ager

Teens : (n) تیرہ سے اُنیس سال کی عمر؛ عمر کے سال تیرھویں سے لیکر اُنیسویں تک ؛ ۱۳ تا ۱۹ سال کی عمر ۔

In, out of one's teens : تیرھویں اور اُنیسویں سال کے درمیان؛ عنفوان شباب ۔

Teenster : (n) دیکھو Teen-ager

Teensy/Teentsy : (a) دیکھو Tiny

Teensy-weensy/Teentsy-weentsy/Teensie-weensie : (a) دیکھو Tiny

Teenty : (a) دیکھو Tiny

Teeny : (a) دیکھو Tiny

Teeny-topper : (n) تیرہ سے اُنیس سال کے درمیان کی فیشن پرست لڑکی ۔

Teer : (v) [OFr. 'ter(r)er'.] (۱) (تکنیکی) پلاسٹر کرنا؛ استرکاری کرنا ۔ (۲) رنگ کاری کرنا؛ رنگ پھیرنا؛ رنگنا؛ رنگ پلانا ۔

Teest : (n) [Origin Unkn.] چھوٹی سِندان؛ چھوٹی نہائی ۔

Teetee/Titi : (n) [Native name in Tupi.] (۱) برازیلی بندر کی قسم ۔(۲) دیکھو Sagoin ۔

Teetee/Titi : (n) [Maori name.] نیوزی لینڈ کا ایک بحری پرندہ۔

Teeter : (n) [f. next.] (۱) (امریکا بول چال) جھولا؛ ہنڈولا؛ ایک قسم کا کھیل See-Saw ۔ (۲) (مجازاً) حیص بیص؛ پس وپیش؛ تذبذب؛ تلون ۔

Teeter : (v) [var. of dial. 'litter'.] (۱) ہنڈولے یا جھولے کی طرح آگے پیچھے کرنا؛ سی سا کھیلنا؛ ڈگمگاتے ہوئے حرکت کرنا؛ آگے بڑھنا ۔ (۲) ایک طرف سے دوسری طرف جھکنا؛ ڈگمگانا؛ اوپر اٹھنا اور نیچے جھکنا؛ ٹیڑھا ہونا؛ ایک طرف سے جھکانا ۔

Teeth : (n) (۱) Tooth کی جمع؛ سنان؛ دانت؛ دندان ۔ (۲) (میکانیات) دندانے ۔

Canine teeth : (حیوانیات، تشریح) انیاب؛ کچلیاں ۔

Carious teeth : (طب) بوسیدہ دانت ۔

Chisel teeth : (حیوانیات) قرض دانت ۔

Molar teeth : (تشریح) طَواحن ۔

Wisdom-teeth : (تشریح) عقل ڈاڑھیں ۔

Teethe : (v) [OE. 'tepan, f. top'.] (۱) دانت نکلنا (شیر خوار بچوں کے) ۔ (۲) بڑھنا؛ ترقی کرنا ۔

Teethily : (adv.) (اسکاتستان) چڑچڑے پن سے؛ تنک مزاجی سے؛ زود رنجی سے ۔

Teething : (n) (۱) دانت نکلنا یا پھوٹنا؛ خروج دنداں ۔ (۲) دانت نکلنے کا زمانہ ۔ (۳) دانتوں کی ساخت اور ترتیب ۔

Teething powder : (n) (دانت کا) منجن ۔

Teething ring : (n) ربر یا پلاسٹک کا حلقہ جسے دانت نکلنے کے زمانے میں بچے کاٹتے رہتے ہیں ۔

Teething troubles : (n) نئے جوکھم کے کام کی ابتدائی تکلیف ۔

Teethless : (a) بغیر دانت کے؛ بےدنتا؛ بے دنتیلا ۔

Teethy : (a) [ME. 'tethee'.] دیکھو Irritable

Teetotal : (a) [Reduplication of 'TOTAL'.] (۱) مخالف منشیات؛ ترک مسکرات کا؛ اجتنابی؛ مجتنب ۔ (۲) (عامیانہ) کامل؛ درست؛ پورا؛ تمام؛ مکمل ۔

Teetotal : (n) منشیات یا مسکرات کی مخالفت؛ مسکرات سے پرہیز یا اجتناب؛ اجتنابیت ۔

Teetotalism : (n) شراب یا منشیا ت سےمکمل پرہیز یا اجتناب ۔

Teetotal(l)er : (n) تارک مسکرات؛ منشیات سے پرہیز کرنے والا؛ مجتنب ۔

Teetotally : (adv.) [redupl. form of TOTALLY.] (عامیانہ اور امریکا) پورے طورپر؛ مکمل طورپر ۔

Teetotum : (n) [Orig.'T totum', formed by prefixing to L.'totum'.] (میکانیات) چکئی؛ ٹی ٹو ٹم؛ ٹی پھرکی؛ بچوں کے کھیلنے کی چوکور پھرکی یا لٹو (خصوصاً وہ جس کے اطراف میں حروف کُھدے ہوتے ہیں جن سے ہار جیت کا فیصلہ ہوتا ہے)؛ فرفرہ ۔

Like a teetotum : چکر کھاتے ہوئے؛ پھرکی کی طرح ۔

Teevee : (n) (۱) ٹیلی ویژن؛ دور نمائی؛ غائب بینی ۔ (۲) دیکھو Television ۔

Teff : (n) [Ambaric 'tef'.] ایک قسم کےامریکی اناج کی گھاس ۔

Teg/Tegg/Tag : دوسالہ بھیڑ؛ ایک سال سے زیادہ اور دو سال سے کم عمر کی بھیڑ ۔

Tegetes : (n) (نباتیات) جنس گیندا (ایک پودا) ۔

Tegetes Erecta : (n) (نباتیات) گیندا ۔

Tegmen: (n) [L.f. 'tegere'.] (۱) چھلکا؛ پوست؛ کھال؛ جلد؛ غلاف ۔ (۲) (تشریح) (جمع میں) جناح پوش؛ بازو پوش؛ پوشش ۔ (۳) (حیوانیات) پیش جناح؛ پیش بازو ۔ (٤) (نباتیات) زیرقشر؛ غلیف ۔ (٥) (طیوریات) دیکھو Tectkix ۔

Tegmental : (a) [f. L.'tegmentum' +-AL.] قشر غنچہ کا یا اس سے متعلق؛ پوستی؛ سقفی ۔

Tegmentum : (n) (نباتیات) قشر غنچہ؛ پوست؛ (تشریح) نوات سرخ ۔

Teguexin : (n) [Aztec. 'tecoixin'.] (حیوانیات) جنوبی امریکا کی ایک قسم کی بڑی چھپکلی؛ امریکی سوسمار بزرگ ۔

Tegula : (n) [L.f..'tegere'.] (۱) (تشریح) سلہ؛ کھپرا؛ چھوٹا پولک ۔ (۲) (تعمیرات) ٹائل؛ کھپرا؛ سفال ۔

Tegular : (a) [f. as prec + - AR.] (۱) کھپرے یا چوکےکا؛ کھپرے یا چوکے جیسا؛ سفالی ۔ (۲) (تشریح) چھوٹے پولک کا یا اس سے متعلق؛ سِلہ دار ۔

Tegularly : (adv.) کھپرے یا چوکے کی طرح سے ۔

Tegulated : (a) (حیوانیات) قرعیدی؛ کھپرے دار؛ سلہ دار ۔

Tegument : (n) [L. 'tegumentum'.] (جسم یا اعضائے جسم کی جھلی ؛ جلد؛ پوست؛ خول غطا؛ غشا؛ کھال ؛ پوشش طبعی ؛ (نباتیات) پوست ؛ چھال ؛ (حیوانیات) غلاف ، خول ۔

Tegumental : (a) کھال سے متعلق ؛ پوست سے متعلق ؛ جھلی یا خول کا ؛ غطائی ؛ غلافی ۔

Tegumentary : (a) دیکھو Tegumental

Tegumere : (n) (حیوانیات) خول پارہ ۔

Tehee/Tee-hee : (n) آہستہ ہنسنے کی آواز ، ٹھی ٹھی ؛ حقارت آمیز یا پست آواز کی ہنسی؛ بدتمیزی کی ہنسی؛ دبی ہوئی ہنسی ۔

Tehee : (v) ٹھٹا لگانا ؛ بد تمیزی سے ہنسنا ؛ استہزا آمیز ہنسی ہنسنا؛ ٹھی ٹھی کرنا؛ حقارت آمیز قہقہ لگانا ۔

Tehran : (n) طہران : ایران کا شہر ، ایران کا دارالسلطنت، راجدھانی۔

Teian/Tean : (a) (تاریخ) طیوسی؛ قدیم یونانی شاعر اناک ریون سے متعلق یا منسوب جو طیوس کا باشندہ تھا ۔

Teichopsia : (n) [mod. L.] (مرضیات) نیمہ کوری؛ نصف اندھاپن؛ نیم نظری۔

Teichopsis : (n) (طب) جدارنظری؛ دیوارنظری ۔

Teigitur : (n) [L.] عشائے ربانی کی پہلی نماز ۔

Teind : (a) [Early ME. 'tende'.] (اسکاٹستان) عُشر؛ دسواں حصہ جو بطور محصول لیا جائے ۔

Teind : (n) عُشر کی ادائی یا عشر کا طریقہ ۔

Teinoscope : (n) [f.Gr. teinein' + -SCOPE.] (بصریات) بیرنگ دوربین؛ ایک قسم کی دوربین جس میں دو منشوروں کو ملانے سے انحراف لونی دور کردیا گیا ہے ، اور یہ اشیا کے عرض وطول کو گھٹانے بڑھانے میں کام آتی ہے ۔

Teknonymous : (a) پسرنامی سے متعلق ۔

Teknonymously : (adv.) پسرنامی کے طور پر ۔

Teknonymy : (n) [Gr. 'teknon' + ONYMY] پسرنامی؛ بیٹے کے نام پر باپ کے نام رکھنے کی رسم جو بعض وحشی قبائل میں رائج ہے ۔

Tektite : (n) [Gr. 'tektit'] (معدنیات) شہابِ شفّاف ۔

Tel-/Tel-/Telo- : سابقہ بمعنی دور؛ دور بست؛ دوری سے؛ فاصلے پر؛ بعید؛ دور کا؛ خصوصاً ان آلات کے ناموں میں آتا ہے جنہیں دور کے نتائج وغیرہ سننے یا درج کرنے کے لئے بنائے گئے ہوں ۔

Tel-/Telo-/Tele- : [Gr.] سابقہ بمعنی (۱) آخر؛ آخری ۔ (۲) مکمل؛ پورا؛ پختہ؛ پکّا؛ بالغ ۔

Tel Aviv : (n) (جغرافیہ) تل ابیب؛ اسرائیلی حکومت کا پائے تخت؛ اسرائیلی شہر کا نام؛ تل ابیب ۔

Tel Aviv : (a) تل ابیب کا یا اس سے متعلق ۔

Tel Avivian : (n) تل ابیب کا باشندہ ۔

Tela : (n) [mod. L.] (تشریح) بافت سنج؛ بافتہ غشا؛ نسیجہ ۔

Telacoustic : (a) (طبیعیات) بالائے سمعی؛ صوت کے احساس سے متعلق۔

Telaesthesia : (n) [mod.L.f. Gr. 'tele+aesthesis'+-IA.] (مابعد نفسیات) دور حسی؛ دور ادراکی؛ ادراک غائب؛ وہ قوت جس سے دور کے واقعات یا اشیاء کا جو حواس ظاہری سے محسوس نہیں ہوتے ادراک ہو سکتا ہے ۔

Telaesthetic : (a) دور ادراکی؛ ادراک غائب کا؛ دورحسی سے متعلق۔

Telamon : (n) [L. 'telamones'.] (تعمیرات) مرد ستون؛ مجسمہ مرد کی شکل کا ستون؛ عمارت کے ستون کا پایہ جو مرد کی شکل کا مجسمہ ہو ۔

Telangiectasis : (n) [mod.L.f. Gr. 'telos'+'gion'+'ektasis'.] (مرضیات) تمدد؛ عروق شعریہ ۔

Telangiectasy : (n) (مرضیات) تمدد عرق شعریہ ۔

Telangiectatic : (a) تمددعروق شعریہ کا یا اس کےنتیجےکا ۔

Telarian : (n) جالا مکڑی؛ عنکبوت تار باف ۔

Telarian : (a) جالینی؛ جامد مکڑی سے متعلق ۔

Telary : (a) (۱) عنکبوتی ۔ (۲) (مجازاً) شبیہ تار عنکبوت ۔

Telautogram : (n) (تلغرافی) تحریری تار؛ عکسی تار؛ خبر یا تلگرافی پیام؛ وہ پیام جوتلغراف عکسی سے آیا ہو ۔

Telautograph : (n) [f. Gr.] (تحریر) دور نگار؛ تحریر رساں؛ تلگراف عکسی؛ عکسی تار؛ جو تحریر وغیرہ کا عکس ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچا دیتا ہے ۔

Telautography : (n) (تلغرافی) تحریر تاربرقی ۔

Tele- : دیکھو Tel-

Telearchics : (n) (ریڈیو، ہوائی جہاز) علم ضبط بعید؛ لاسلکی ہَوا بازی؛ لاسلکی کے ذریعے (دورسے) ہوائی جہاز اور طیارے اڑانے کا فن۔

Telebarograph : (n) (سمیات) دَور بارنگار۔

Telebarometer : (n) (سمیات) دَور بار پیما؛ دور نویس بار پیما (جس کے نشات کا عکس بجلی کے ذریعہ دور دور پہنچ جاتا ہے)۔

Teleblem : (n) عالمگیر پردہ۔

Telecamera : (n) (۱) ٹیلی ویژن کیمرا۔ (۲) دور عکسی فوٹو گرافی کیمرا۔

Telecast : (n) (ٹیلی ویژن) دورنمائی نشر۔

Telecast : (v) ٹیلی ویژن سے نشر کرنا۔

Telecaster : (n) ٹیلی ویژن سے نشر کرنے والا۔

Telecasting : (n) ٹیلی ویژن سے نشر۔

Telecentric stop : (n) (بصریات) دور مرکزی حدقہ۔

Teleceptor (n) (حیوانیات) دور حسّاسہ۔

Telecine : (n) لاسلکی شدہ حرکتی تصویر یا فوٹو؛ دورنما محرک تصویر۔

Telecommunication : (n) (۱) سلسلۂ پیام رسانی؛ تار اور فون؛ دور تک پیغام پہنچانا۔ (۲) وہ علم جو سلسلۂ پیام رسانی سے بحث کرتا ہے۔

Telecontrol : (n) (ریڈیو) ضبط بعید؛ (ریڈیو، تار وغیرہ کی آواز پر کنٹرول)۔

Telectroscope : (n) (طبیعیات، تلغرافی) شبیہ رسانی۔

Teledu : (n) [Native name in Javanesa] (حیوانیات) بودار؛ بجو؛ جاوائی بجو؛ جزائر جاوا و ساترا کا بودار بجو؛ تلدو۔

Telefilm : (n) ٹیلی ویژن کے لئے پیش کی ہوئی محرک تصویر۔

Teleg : (n) Telegraphy, telegraph, telegraphic کا مخفف۔

Telega : (n) [Russ. 'telicga'.] چار پہیوں والی روسی گاڑی۔

Telegancy : (n) (حیوانیات) دور زواجی۔

Telegenic : (a) ٹیلی ویژن پر اچھی نمائش سے متعلق۔

Telegnosis : (n) اشراق؛ خیال رسانی؛ اتفاقات آئندہ کی پیش بینی؛ غیب دانی؛ معمولی بصیرت۔

Telegnostic : (a) اشراقی؛ خیال رسانی سے متعلق؛ غیب دانی کا یا اس سے متعلق۔

Telegnostic situation : (n) اشراقی حالات۔

Telegonic : (a) اشراقی تولید سے متعلق؛ تناسل بعید کا یا اس سے متعلق۔

Telegony : (n) (حیوانیات) اشراقی تولید؛ دور واردات؛ تلغونی؛ یہ نظریہ کہ ایک مادہ کے سابق نرکی نسلی خصوصیات ان بچوں میں پائی جاتی ہیں جو کسی دوسرے نر سے پیدا ہوئے ہوں؛ تناسل بعید۔

Telegram : (v) تار؛ تارخبر؛ تاربرقی؛ برقیہ؛ پیام یا خبر جو بذریعہ تار برقی بھیجی جائے۔

Wireless telegram : لاسلکی تار؛ لاسلکی پیام؛ وائرلس ٹیلیگرام۔

Telegram : (v) تار برقی بھیجنا؛ ٹیلیگراف پہنچانا۔

Telegrammatic : (a) دیکھو Telegrammic

Telegrammic : (a) (۱) تلگرافی؛ تار برقی کا یا اس سے متعلق۔ (۲) مختصر؛ خلاصہ؛ کوتاہ؛ قلّ و دلّ؛ نپا تُلا۔

Telegraph : (n) [Fr. 'telegraphe'.] (۱) تلغراف؛ تلگراف؛ تار برقی؛ ایک مقام سے دوسرے مقام پر (خصوصاً تاربرقی کے ذریعے) اشارہ۔ (۲) آلۂ تار برقی۔ (۳) اخباروں کے نام کا جز (جیسے Daily telegraph وغیرہ)۔ (٤) سنہ ۱۷۹۲ میں فرانس میں سب سے پہلے اس کا ایجاد ہوا۔ (٥) دیکھو Semaphore۔ (٦) (کرکٹ) اسکورنگ بورڈ؛ ایک بورڈ جس پر رن بنانے کا نمبر درج کیا جاتا ہے۔ (۷) (گھڑ دوڑ) وہ تختہ جس پر گھڑ دوڑ میں دوڑنے والے گھوڑوں کے نام درج ہوتے ہیں تاکہ دیکھنے والوں کو دور سے نظر آسکیں۔

Electric telegraph : (تلغرافی) آلۂ تار برقی۔

Optical telegraph : (تلغرافی) مناظری تار برقی ۔

Photo telegraph : عکس بردار تلگرافی ۔

Radio telegraph : ریڈیو تار برقی ۔

Telegraph : (v) [f. prec.] (۱) تار دینا: تار برقی سے اطلاع یا پیام بھیجنا ؛ تلگراف بھیجنا ؛ تلگراف کے ذریعے بلانا۔ (۲) (مجازاً) (کسی طریقے سے) اشارہ کرنا (کسی کو یا کسی کام کیلئے) ۔ (۳) ٹیلیگراف سےخبر یا پیام دینا۔(٤) (کرکٹ) تلگراف بورڈ پر دکھلانا (اسکور وغیرہ) ۔

Telegraph-board : (n) وہ تختہ جس پر گھڑدوڑ میں دوڑنے والے گھوڑوں کے نام یا کرکٹ کے اسکور وغیرہ درج ہوتے ہیں تاکہ دیکھنے والوں کو دور سے نظر آسکیں ؛ تلگراف بورڈ ۔

Telegraph cable : (n) تلگراف کا تار ؛ تار برقی کا تار ۔

Telegraph editor : (n) تلگراف ایڈیٹر؛ وہ ایڈیٹر جو ایسی خبروں کی دیکھ بھال یا نظم و ضبط کرتا ھے جو بذریعہ تار آتی ہیں ۔

Telegraph engineering : (n) تار انجینیئری۔

Telegraph form : تار برقی فارم؛ برقیہ فارم ۔

Telegraph-key : (n) کلید تار برقی ۔

Telegraph-line : (n) سلسلہ٭ تار برقی ۔

Telegraph-office : (n) تارگھر ۔

Telegraph-plant : (n) (نباتیات) تار برقی پودا؛ چُمرا؛ اسے گھومنے والا پودا (Moving plant) بھی کہتے ہیں ۔

Telegraph-pole : (n) تاربرقی کھمبا؛ تاربرقی ستون ۔

Telegraph-post : (n) دیکھو Telegraph pole

Telegraph-register : (n) تلگرافی رجسٹر؛ تلگراف وصول کرنے کا رجسٹر ۔

Telegraph-stamp : (n) تلگرافی ٹکٹ؛ تاربرقی ٹکٹ؛ اس بات کا ثبوت کہ تار کا چارج وصول کر لیا گیا ھے ۔

Telegraph-wire : (n) تلغراف تار؛ تار ۔

Telegrapher : (n) (۱) تلگرافچی؛ تاربابو ۔(۲) تاربرقی کا ماہر؛ تار بھیجنے والا یا سنر رشتہ٭ تاربرقی کا ملازم ۔

Telegraphese : (n) (۱) (بول چال یا مزاح) تلگرافی کی زبان؛ تار کی زبان؛ حد سے زیادہ مختصر اور محذوفات سے پُر عبارت ۔

Telegraphese : (a) تار کی زبان میں لکھا ہوا؛ بے حد مختصر۔

Telegraphic : (a) (۱) تلگرافی؛ تار برقی سے متعلق؛ تار کا؛ تار برقیہ ۔(۲) بے حد مختصر؛ موجز؛ جو تار کی زبان میں ہوں ؛ جامع ۔ (۳) تار برقی سے بھیجا ہوا؛ اشارہ سے خبر کیا ہوا ۔ (٤) تار برقی کی طرح کا؛ مانند تار برقی ۔

Telegraphic address : (n) تار کا پتہ؛ خصوصاً وہ مختصر پتہ جو رجسٹرڈ کرا لیا گیا ہو ۔

Telegraphic advice : (n) اطلاع بذریعہ تار ؛ تلگرافی مشورہ ۔

Telegraphic expenses : (n) تار کےمصارف؛تلگرافی اخراجات ۔

Telegraphic message : (n) تلگرافی پیام ۔

Telegraphic transfer : (n) (خصوصاً برطانیہ) تار (برقی) ہنڈیاں۔

Telegraphically : (adv.) (۱) تار کی زبان میں؛ بے حد اختصار سے ۔ (۲) تار کے ذریعے؛ تار پر ۔

Telegraphist : (n) ماہرتلگراف؛ تلگراف آپریٹر؛ تلگرافچی؛ تار بابو ۔

Telegraphone : (n) دور آواز رساں؛ تار برقی آواز رساں ۔

Telegraphoscope : (n) تصویر رساں؛ تار برقی تصویر رساں۔

Telegraphy : (n) (علم) تار برقی؛ تلگرافی؛ تاربرقی (کا فن)؛ فن تلگراف ۔

Diplex telegraphy : دوہری تار برقی ۔

Double current telegraphy : دو رَو تار برقی ۔

Duplex telegraphy : دو رخی تار برقی ۔

Multiplex telegraphy : چوہری تار برقی ۔

Quadruplex telegraphy : چَوبری تار برقی ۔

Simplex telegraphy : ایک رخی تار برقی ۔

Single current telegraphy : مُفرد رَو تار برقی ۔

Wireless telegraphy : بے تار کی تار برقی؛ لاسلکی تار برقی؛ لاسلکی ۔

Telekinesis : (n) (مابعد نفسیات) دور حرکت؛ حرکتِ بعید؛ کسی محرک کے ذریعے دور کی چیز میں بغیر کسی مادی واسطے کے حرکت پیدا ہونے کی کیفیت ۔

Telelectric : (n) تار برقیہ؛ تار برقی ترسیل ۔

Telelectroscope : (n) شبیہ رساں؛ تاربرقی شبیہ رساں ۔

Telelense : (n) دور عکسی لنس (lense) ۔

Telemark (n) : [Name of a district of Norway برف پر دوڑ کے کھیل میں ایک استادانہ گھماؤ؛ ٹلمارکہ؛ تغیر جہت کے لئے ایک استادانہ گھماؤ ۔

Telemechanic : (a) لاسلکی میکانک سے متعلق ۔

Telemechanically : (adv.) لاسلکی میکانک کے طور پر ۔

Telemechanics : (n) (میکانیات) لاسلکی میکانیات؛ تاربرقی میکانیات؛ لاسلکی حرکیات؛ لاسلکی کے ذریعے فاصلے پر مشین چلانے کا فن ۔

Telemetacarpal : (a) دُور بُعد ساعد سے متعلق ۔

Telemeteorograph : (n) (علم النجوم) دُور شہاب نگار ۔

Telemeteorographic : (a) دور شہاب نگار سے متعلق ۔

Telemeteorography : (n) دور شہاب نگاری ۔

Telemeter/Telometer : (n) (۱) مسافت سنج؛ دور سنج ۔ (۲) (سروے) لاسلکی بُعد پیما؛ (الیکٹرک انجینیئرنگ) دورپیما؛ ٹیلی میٹر؛ (فوٹو گرافی) حدّپیما ۔

Telemeter : (v) (۱) ٹیلی میٹر سے ناپنا؛ مسافت سنج سے ناپنا ۔ (۲) دوری کی پیمائش کرنا ۔

Telemetered : (a) مسافت کی پیمائش کی ہوئی؛ ٹیلی میٹر شدہ ۔

Telemetering : (n) مسافت سنجی ۔

Telemetric/-al : (a) مسافت سنج کا یا اس سے متعلق؛ بُعد پیمائی سے متعلق ۔

Telemetrically : (adv.) مسافت سنجی کے طور پر ؛ بُعد پیمائی کے طور پر ۔

Telemetry : (n) مسافت سنجی؛ بُعد پیمائی؛ دُور پیمائی ۔

Telemicroscope : (n) (بصریات) دُور خُردبیں ۔

Telencephalic : (a) موخّر دماغ کا یا اس سے متعلق ۔

Telencephalon : (n) (حیوانیات) موخّر دماغ؛ بُعد دماغ ۔

Teleo -/Tele- : [Gr.'teleo'] سابقہ بمعنی کامل؛ درست؛ پورا ۔

Teleo -/Tele - : [Gr.'telos'] سابقہ بمعنی غایت؛ انتہا ۔

Teleobjective : (n) (فوٹو گرافی) دورعکاسی عدسہ؛ لینس ۔

Teleocephal : (n) مکمل کھوپڑی والی مچھلی؛ ماہی استخوانی ۔

Teleocephalous : (a) مکمل سر والی (مچھلی) : مکمل کھوپڑی والی (مچھلی) ۔

Teleodont : (a) کامل دندان والی؛ لمبے جبڑے والی (مچھلی) ۔

Teleoklin : (n) (نفسیات) میلان ۔

Teleologic : (a) (۱) فلسفہ غایات کا یا اس سے متعلق؛ غایاتی ؛ غائی ؛ شوقی ؛ انی ؛ مقصدی ۔ (۲) (حیاتیات) سازگار؛ متوافق ۔

Teleologic/- al : (n) غایتیت؛ غائی کا علم؛ علم کی وہ شاخ جو غایتیت اور مقصد سے بحث کرتی ہے ۔

Teleological argument : (n) دلیلِ غائی؛ دلیل انی ۔

Teleological ethics : (n) غائی اخلاقیات ۔

Teleologically : (adv.) فلسفہء غایات کی رو سے؛ غایاتی اعتبار سے ۔

Teleologism : (n) (فلسفہ) غایتیت؛ عقیدہء غایات؛ نظریہء غایات ۔

Teleologist : (n) غایتیت پسند؛ فلسفہء غایات کا پیرو یا عالم؛ طرفدار حکمت علل غائی؛ غایتیات داں ۔

Teleology : (n) [mod. L. 'teleologia'.] (۱) (فلسفه و حیاتیات) نظریہ علّت غائی؛ غایتیات؛ فلسفہ غایات؛ یہ نظریہ کہ کائنات کے تمام تغیرات کسی غایت یا مقصد سے واقع ہوتے ہیں۔ (۲) (حیاتیات) علم توافق؛ مقتضیات۔

Teleophore : (n) (حیوانیات) مُولِّدہ داں؛ کامل مُرّہ۔

Teleoptile : (n) (حیوانیات) کامل پَرہ۔

Teleorganic : (a) (حیوانیات) کامل عضوی؛ حیاتی؛ زندہ۔

Teleosaur : (n) [Gr. 'Sauros'.] کامل سوسمار کی ایک جنس۔

Teleosaurian : (a) کامل سوسمار کی ایک جنس سے متعلق۔

Teleosaurus : (n) گھڑیال کی ایک قسم جس کے نمونے متحجر صورت میں پائے جاتے ہیں؛ تلیو سورس۔

Teleost : (a) ماہیان استخوانی کی جنس سے وابستہ۔

Teleost : (n) ماہیان استخوانی کی ایک قسم۔

Teleostean : (a) دیکھو Teleost (a)

Teleostean : (a) [f. mod. L. 'teleosteus'.] ہڈی دار مچھلیوں سے متعلق؛ ماہیان استخوانی سے وابستہ۔

Teleostean : (n) ہڈی دار مچھلی کی ایک قسم۔

Teleostei : (n) (حیوانیات) کامل عظمان مچھلیاں؛ ہڈی دار مچھلیاں۔

Teleosteous : (a) دیکھو Teleostean (a)

Teleostome : (n) [mod. L.'teleostomis'] ہڈی دار مچھلی کی ایک قسم جس کے منہ، دانت وغیرہ مکمل ہوتے ہیں۔

Teleozoon : (n) (حیاتیات) مکمل نظام کا حیوان؛ برتر حیوانات میں سے ایک۔

Telepath : (n) (۱) معتقد خیال رسانی۔ (۲) عامل اشراق؛ اشراقی؛ اشراق کا ماہر؛ اشراق کا قائل۔

Telepath : (v) اشراق کا ماہر ہونا؛ اشراق کا قائل ہونا۔

Telepathic : (a) اشراقی؛ اشراق کا؛ تکلم روحانی۔

Telepathically : (adv.) اشراق کے ذریعے سے۔

Telepathist : (n) دیکھو Telepath

Telepathize : (v) (۱) اشراق سے اثر ڈالنا۔ (۲) اشراق کا عمل کرنا؛ اشراق کے ذریعے مبادلہ خیالات کرنا۔

Telepathy : (n) [f. Tele - + Gr. Pathy] خیال رسانی؛ اشراق؛ انتقال فکر؛ ایک قلب کا اثر دوسرے قلب پر بلا کسی مادی واسطے کے؛ تعلق یا تکلم روحانی۔

Telepantoscope : (n) (اٹلی وغیرہ) مجسمہ نما۔

Telephone : (n) (۱) ٹیلی فون؛ دور گُو؛ ایک آلہ جس سے دور سے بات کی جاتی ہے؛ تلفون۔

Lover's telephone /String- : کھلونا ٹیلی فون۔

On the telephone ; تلفونی سلسلہ رسل و رسائل کے طریقے کو ملایا ہوا۔

Telephone : (v) (۱) ٹیلی فون کرنا یا دینا؛ ٹیلی فون سے گفتگو کرنا؛ ٹیلی فون سے بھیجنا (پیام، خبر وغیرہ)۔ (۲) ٹیلی فون پر بلانا۔ (۳) ٹیلی فون کا طریقہ رائج کرنا۔

Telephone book : (n) تلفونی کتاب؛ وہ کتاب جس میں ٹیلی فون رکھنے والوں کے نام، پتہ اور نمبر درج ہوتے ہیں۔

Telephone booth : (n) تلفونی کمرہ؛ ٹیلیفون بوتھ۔

Telephone box : (n) عوامی ٹیلیفون بوتھ۔

Telephone exchange : (n) تلفون مبادلہ گاہ؛ تلفون اکسچینج؛ مرکزی مخابرات تلفون۔

Telephone Girl : (n) خاتون ٹیلیفون آپریٹر۔

Telephone number : (n) ٹیلیفون نمبر۔

Telephone operator : (n) فون کار؛ تلفون کار۔

Telephone receiver : (n) گوشی تلفون؛ سماع؛ سامعہ؛ آواز گیر۔

Telephone theory : (n) (نفسیات) نظریہ تلفونی۔

Telephone transmitter : (n) میکروفونِ تلفون؛ دہنی تلفون۔

Telephoner : (n) فون کرنے والا؛ تلفون کرنے والا۔

Telephonic : (a) ٹیلیفونی؛ تلفون سے متعلق؛ ٹیلی فون کا۔

Telephonically : (adv.) ٹیلی فون سے؛ ٹیلی فون کے طور پر۔

Telephonist : (n) فون کار؛ تلفنچی؛ مقصدی ٹیلی فون؛ ٹیلی فون بابو؛ وہ شخص جو ٹیلی فون کرنے پر ملازم ہو؛ وہ شخص جو ٹیلی فون کے ذریعے خبر دینے پر ملازم ہو۔

Telephonograph : (n) (ٹیلی گرام) تار برقی آواز نگار۔

Telephony : (n) علم تلفون؛ فن دور گوشی؛ ٹیلی فون سے گفتگو کرنے کا عمل یا طریقہ؛ ٹیلی فونی؛ آواز رسانی۔

Telephote : (n) [f. Gr. 'tale + phot'] تصویر رساں؛ دور عکس انداز؛ کافی دور سے فوٹو لینے کا ایک آلہ؛ روشنی کے ذریعے دور پیغام رسانی؛ برقی رو کے ذریعے پیغام رسانی۔

Telephote : (v) الیکٹرک کے ذریعے دور تک پیغام پہنچانا؛ تصویری عکس کے ذریعے پیام بھیجنا۔

Telephotic : (a) دور عکس انداز سے متعلق۔

Telephoto : (a) (۱) عکس بعید کا یا اس سے متعلق۔ (۲) دیکھو Telephotographic۔

Telephoto : (n) (فوٹو) دور عکاسی عدسہ (لینس)۔

Telephoto lens : (n) دیکھو Telephoto

Telephotograph : (n) [f. as Telephote(n)+ -Graph.] (الیکٹرک) عکس بعید؛ دور شبیہ؛ برقی طور پر دور سے دوبارہ تصویر یا شبیہ کے پیش کرنے کا عمل۔

Telephotograph : (n) دور بینی فوٹو؛ دور عکسی فوٹو؛ دور عکاسی عدسہ سے لی ہوئی تصویر۔

Telephotograph : (v) دور عکاسی عدسہ سے فوٹو لینا۔

Telephotographic : (a) عکس بعید کا یا اس سے متعلق؛ دور عکسی

Telephotographic : (a) دور سے کھینچا ہوا (فوٹو)؛ دور بینی فوٹو سے متعلق۔

Telephotography : (n) برقی رو کے ذریعے دور سے دوبارہ تصویر کو پیش کرنے کا عمل یا فن؛ تصویر رسانی کا نظریہ یا عمل۔

Telephotography : (n) دور عکاسی؛ دور بین کی مدد سے فاصلے سے تصویر کھینچنے کا طریقہ؛ دور عکسی فوٹوگرافی۔

Telephoty : (n) دیکھو Telephotography

Teleplasm : (n) دور مایہ۔

Teleplastism : (n) مادیّت ارواح۔

Teleplay : (n) ٹیلی ویژن پر پیش کیا جانے والا ڈراما؛ وہ ڈراما جو ٹیلی ویژن پر نشر کرنے کے لئے لکھا گیا ہو؛ ٹیلی ڈراما۔

Teleprinter : (n) (۱) ٹیلی پرنٹر؛ دور نویس۔ (۲) تارچھاپہ؛ تاربرقی ٹائپ مشین؛ ٹائپ پرنٹنگ ٹیلی گراف۔

Teleprompter : (n) [Orig. U.S.] ٹیلی ویژن میں کام آنے والا ایک آلہ۔

Telegradiography : (n) (طب) دور لا شعاعی عکّاسی۔

Telereceptor : (n) (حیوانیات) دور حسّاسہ۔

Telergic/- al : (a) اشراقی قوت کا یا اس سے متعلق؛ دور کار قوت سے متعلق۔

Telergically : (adv.) اشراقی قوت کے طور پر؛ دور کار قوت سے۔

Telergy : (n) اشراقی قوت؛ دور کار قوت؛ (نفسیات) قوت جو اشراق کے عمل میں دماغ پر اثر ڈالتی ہو۔

Telescope : (n) [mod.L.'telescopium'.] (۱) دوربین؛ دوربین نجومی؛ ٹیلیسکوپ۔ (۲) (علم النجوم) برج قوس کا جنوبی ستارہ منڈل یا مجموعۂ نجوم۔

Astronomical telescope : (بصریات) فلکی دُوربین۔

Equatorial telescope : (علم النجوم) استوائی دوربین۔

Herchelian telescope : (علم النجوم) ہرشلی دوربین۔

Radio telescope : ریڈیو دوربین۔

Reflecting telescope : (بصریات) انعکاسی دوربین۔

Refracting telescope : (بصریات) انعطافی دوربین۔

Terrestrial telescope : (بصریات) ارضی دوربین ۔

Tower telescope : (بصریات) میناری دوربین ۔

Telescope : (v) (۱) (ریل کے تصادم کا) ایک (ڈبے) کو دوسرے میں گھسا دینا؛ ایک نلکی وغیرہ کو دوسری میں پہنا دینا یا بٹھا دینا ۔ (۲) ایک دوسرے میں گھس جانا یا بیٹھ جانا؛ (اور نلکیوں کی طرح) ایک کا دوسرے میں داخل ہو سکنا یا بیٹھ سکنا ۔ (۳) دوربین کی طرح استعمال کرنا ۔

Telescope-bag : (n) ایک قسم کا سفری بیگ یا تھیلا (جس کے دو حصے ہوتے ہیں اور چھوٹا حصہ بڑے حصے میں داخل ہو جاتا ہے) ۔

Telescope-carp : (n) چین کی سرخ رنگ کی مچھلی جس کی آنکھیں آگے کو نکلی ہوتی ہیں اور جو عجیب الخلقت ہوتی ہےاور بطور نمائش رکھی جاتی ہے ۔

Telescope-driver : (n) ایک خود کار آلہ جس سے فلکی دوربین اجرام فلکی کے دَور کو نظر میں رکھ سکتا ہے ۔

Telescope-eye : (n) وہ آنکھ جو آگے نکلی ہوئی یا سکڑی ہوئی ہو (مثلاً گھونگے میں) ۔

Telescope-fish : (n) دیکھو Telescope-carp

Telescope-fly : (n) Diopsis جنس کی بڑی بڑی آنکھوں والی مکھی ۔

Telescope-shell : (n) ایک قسم کا ہندوستانی گھونگا ؛ مخروطی صدف ۔

Telescope-sight : (n) ایک چھوٹی دوربین جو آتشیں اسلحہ یا پیمائشی آلے پر نصب ہو ۔

Telescopic : (a) (۱) دوربین سے متعلق؛ دوربینی؛ دوربین کا ۔ (۲) جو صرف دوربین سے نظر آسکے ۔ (۳) جس کا ایک حصہ دوربین کی نلکیوں کی طرح دوسرے کے اندر بیٹھ جاتا ہو؛ دوربین کی سی ساخت کا ۔ (٤) (علم النجوم) بڑھ گھٹتا؛ دَرحَرکی ۔

Telescopic ladder : (n) (تعمیرات) بڑھ ، گھٹ سیڑھی ۔

Telescopic fixation : (n) دوربینی تثبیت ۔

Telescopic objects : (n) (علم النجوم) اجرام دوربینی ۔

Telescopic observations : (n) (علم النجوم) دوربینی مشاہدات ۔

Telescopic stars : (n) (علم النجوم) دوربینی ستارے ۔

Telescopically : (adv.) دوربینی کےطور پر؛ بذریعہ دوربین؛ دوربین کے عمل کے طریقے پر ۔

Telescopiform : (a) دوربین کی شکل کا؛ دوربین نما؛ دوربین شکلہ ۔

Telescopist : (n) (۱) دوربین (کے استعمال کا) ماہر ۔ (۲) دوربینی مشاہدات کرنے والا ۔

Telescopium : (n) (علم النجوم) منظار؛ دوربینہ ۔

Telescopy : (n) (۱) دوربین کے استعمال کا فن؛ (علم النجوم) دوربین سازی؛ علم دوربین ۔ (۲) (طبیعیات) دوربین کاری؛ دوربین کی ساخت یا اس کے استعمال کا علم ۔

Telescribe : (n) (ٹیلی فون) آواز نویسی ۔

Telescriptor : (n) (ٹیلی گرام) تار برقی ٹائپ ۔

Teleseme : (n) (الیکٹرک) اشاریہء برقی : بجلی سے اشارات یا اطلاعات دینے کا طریقہ جو ہوٹلوں میں رائج ہے ۔

Telesis : (n) [mod. L. f. Gr. 'Telein'.] (نفسیات)حصول مقصد ۔

Telestereoscope : (n) (بصریات) دور مجسّم بیں ۔

Telesthesia/Telaesthesia : (n) دور حسّی؛ اشراق ۔

Telesthetic/Telaesthetic : (a) دورحسّی کا یا اس سے متعلق ۔

Telestic : (a) [Gr. 'telestikos'.] پُر اسرار؛ مخفی؛ باطنی؛ متصوفانہ ۔

Telestich : (n) [irreg. f. Gr. 'telos'+'stikos'] ایک مختصر نظم جس کی سطروں کے آخری حروف کو لینے سے ایک لفظ بن جاتا ہے؛ موشح ۔

Teletherapy : (n) شعاعی طریقہء علاج ۔

Telethermograph : (n) (طبیعیات) دُور تپش نگار ۔

Telethermometer : (n) (طبیعیات) دُور تپش پیما ۔

Telethermometry : (n) (طبیعیات) دُورتپش پیمائی ۔

Telethermoscope : (n) دیکھو Telethermometer

Telethon : (n) چند گھنٹوں کا ٹیلی ویژن پروگرام ۔

Teletron : (n) (ٹیلی ویژن) ٹیلیٹرون؛ دور شبیہ انداز ۔

Teletype : (n) (۱) دورچھاپا ۔(۲) ٹیلی ٹائپ مشین کے ذریعہ بھیجا ہوا پیغام ۔

Teletypewriter : (n) دستگاہی شبیہ تلگراف جس کے ذریعے خبر کو مشین کے توسط سے چھاپ کر بھیجتے ہیں؛ ٹیلی ٹائپ رائٹر؛ دور چھاپا نگار ۔

Teletypist : (n) دور چھاپے کا ماہر؛ ٹیلی ٹائپسٹ ۔

Teleutospore : (n) (نباتیات) خریفی بذرہ؛ مکمل بذرہ؛ پاک رسیدہ ۔

Teleutosporic : (a) خریفی بذرہ کا یا اس سے متعلق ۔

Teleview : (v) ٹیلی ویژن کی دیکھ بھال کرنا؛ ٹیلی ویژن پر نگاہ رکھنا؛ ٹیلی ویژن کا مشاہدہ کرنا ۔

Televiewer : (n) ٹیلی ویژن کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Televiewing : (n) ٹیلی ویژن کا مشاہدہ ۔

Televise : (v) ٹیلی ویژن سے بھیجنا؛ ٹیلی ویژن سے نشر کرنا؛ ٹیلی ویژن سے دیکھنا؛ دورنما تار لاسلکی کے ذریعے سے بھیجنا ۔

Television : (n) (۱) ٹیلی ویژن؛ دورنمائی؛ دورنشان؛ غائب بینی؛ مشاہدہ غائب؛ لاسلکی کے ذریعے ان واقعات یا اشیاء کا مشاہدہ کرنا جو فاصلے یا حجاب کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ہیں ۔ (۲) ٹیلی ویژن کا آلہء ترسیل ۔ (۳) دورنمائی نشریہ کی صفت ۔

Television receiver/-set : (n) ٹیلی ویژن کا آلہء آوازگیر؛ لاسلکی کا گوش آلہ؛ دورنما رسیور؛ دورنما سیٹ ۔

Television station : (n) دورنمائی نشرگاہ ۔

Television transmitter : (n) ٹیلی ویژن کا آلہء ترسیل؛ لاسلکی کا آلہء ترسیل ۔

Televisionally : (adv.) ٹیلی ویژن کے طور پر؛ دورنمائی کے ساتھ ۔

Televisionary : (a) دورنمائی کا؛ ٹیلی ویژن سے متعلق ۔

Televisor : (n) آلہء غائب بین؛ دورنما؛ دورنما آواز گیر؛ دورنما رسیور؛ دورنما سیٹ ۔

Televisual : (a) (۱) ٹیلی ویژن سے متعلق؛ دورنمائی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) دیکھو Telegenic ۔

Telewriter : (n) (ٹیلی گرام) دور نویس؛ دور خودنویس آلہ ۔

Telex : (n) [f.Tele+ex.] ٹیلیکس (Telex) : سلسلہء پیام رسانی کا ایک طریقہ جس سے کوئی شخص اپنے ٹیلی پرنٹر سے پیغام بھیج سکتا ھے ۔

Telex : (v) ٹیلیکس سے خبر بھیجنا ۔

Teli : (n) [Hindi teli.] تیلی؛ تیل بنانے والا یا اس کی تجارت کرنے والا ۔

Telic/- al : (a) [Gr. 'teliko'.] (نفسیات) آزادی؛ مقصدی؛ موافق منشا؛ مطابق مقصد؛ متضمن مقصود ۔

Telically : (adv.) مقصد کے طور پر ۔

Telinga : (n) [Dravidian origin.] (۱) تلگو زبان ۔(۲) تلگوعوام میں سے ایک ۔(۳) دیکھو Sepoy ۔

Telinga Potato : (n) (۱) (نباتیات) ایک قسم کی ترکاری؛ کچا آلو؛ اروی؛ رتالو ۔(۲) آلو؛ شکر قند ۔

Teliosorus : (n) (نباتیات) بذروی انبار ۔

Telium : (n) دیکھو Teliosorus

Tell : (n) [f. Tell. (v)] (۱) (اب بول چال) کہانی؛ حکایت؛ داستان؛ بیان؛ گفتہ؛ توضیح؛ توجیہ ۔ (۲) گفتگو؛ بات چیت؛ بول چال؛ گپ شپ؛ اِدھر اُدھر کی باتیں ۔

Tell/Tel : (n) [Arab. 'tall'.] مصنوعی پہاڑی یا ٹیلے کا نام ۔

Tell : (v) [OE. 'tellan'.] (۱) کہنا؛ بیان کرنا (زبانی یاتحریراً)؛ نقل کرنا؛ ترتیب سے بیان کرنا ۔ (۲) بتانا؛ اظہار کرنا؛ فاش کرنا؛ رپورٹ کرنا؛ کہانی کہنا؛ مشہور کرنا؛ اعلان کرنا؛ اشاعت کرنا؛ شائع کرنا؛ تشہیر کرنا ۔ (۳) بولنا (سچ، جھوٹ)؛ کہنا؛ زبان سے نکالنا؛ پڑھنا (عبارت وغیرہ) ۔ (٤) حکم دینا؛ ہدایت کرنا؛ کہنا؛ فرمانا؛ تقاضا کرنا ۔ (٥) تفصیل سے کہنا؛ وضاحت کرنا؛ ظاہر کرنا؛ توضیح دینا یا کرنا؛ شرح دینا؛ وضاحت کرنا ۔(٦) (قطعی طور پر)

بتا سکنا؛ فیصلہ کرسکنا ۔ (۷) تمیز یا شناخت کرسکنا؛ سمجھنا؛ فرق ظاہر کرنا؛ جاننا؛ فیصلہ کرنا ۔ (۸) وثوق سے کہنا؛ یقین دلانا؛ اطمینان دلانا ۔ (۹) کارگر ہونا؛ نمایاں اثرکرنا؛ اپنا اثر دکھانا؛ اہمیت دینا؛ مؤثر واقع ہونا ۔ (۱۰) گننا؛ شمار کرنا؛ خصوصاً رائے شماری کرانا (دارالعلوم میں) ؛ اعلان دینا ۔ (۱۱) درد دل کہنا ۔ (۱۲) آشکار ہونا؛ مشخص ہونا؛ مشہور ہونا ۔ (۱۳) الفاظ میں اظہار کرنا (خیالات وغیرہ) ۔ (۱٤) رازفاش کرنا؛ افشا کرنا؛ بتا دینا (پوشیدہ چیز کو) ۔ (۱۵) سکھانا؛ درس دینا؛ اطلاع دینا ۔ (۱٦) (مجازاً) گواہی دینا) ۔ (۱۷) حساب کتاب کرنا؛ اندازہ لگانا؛ مختص بالکیفیت کا اندازہ لگانا ۔

Don't tell on me : (بچوں کی زبان) میری چغلی نہ کہنا؛ میری مخبری یا شکایت نہ کرنا ۔

I can tell you : میں تمہیں یقین دلا سکتا ہوں ۔

I 'll tell you what : میں تمہیں بتلاؤں گا کہ یہ کیا ہے؟ میں تمہیں کچھ بتلاؤں گا ۔

That tells a tale : یہ پُر معنی بات ہے؛ یہ کچھ معنی رکھتا ہے ۔

To hear tell : دیکھو Hear (v)

To tell a lie : جھوٹ بولنا؛ دروغ گوئی کرنا ۔

To tell a person : (کسی شخص کو) آگاہ کرنا؛ ہوشیار کرنا؛ اطلاع دینا (کسی چیز کی) ۔

To tell a person good-bye : (امریکا) خداحافظ کہنا؛ رخصت ہونا ۔

To tell a story : کہانی کہنا؛ داستان بیان کرنا ۔

To tell a tale : قصہ کہنا؛ داستان بیان کرنا ۔

To tell any one his own : اپنی غلطی کو صاف صاف کہنا؛اپنی غلطی کا اظہار کرنا ۔

To tell fortunes : قسمت کی آگاہی کرنا؛ جوتشی کا کام کرنا ۔

To tell its own tale : معنی خیز ہونا ۔

To tell nose : سرگننا؛ مزید دیکھو Nose (n) ۔

To tell off : (۱) مامور کرنا؛ مقرر کرنا (کسی کام پر) ؛ متعین کرنا ۔ (۲) (عامیانہ) قلعی کھولنا؛ کھری کھری سنانا؛ توبیخ کرنا ۔

To tell one's beads : تسبیح پڑھنا؛ مالا جپنا ۔

To tell one's tale : کسی کی بات کہنا؛ کسی کاواقعہ دہرانا؛ کسی کی کہانی کہنا؛ کسی کا پیغام کہنا ۔

To tell tales : دیکھو Tale (n)

To tell the tale : گھڑے ہوئے قصے بیان کرنا؛ (عامیانہ) مصیبت کا قصہ گھڑ کر بیان کرنا کہ لوگ سن کر ترس کھائیں ۔

To tell (the) truth : سچ بولنا؛ حقیقت بیانی کرنا؛ صحیح صحیح اظہار بیان کرنا ۔

To tell the world : (امریکا) کھلم کھلا بیان کرنا؛ کھلے طور پر اعلان کرنا؛ کھلے بندوں کہنا؛ ڈنکے کی چوٹ کہنا ۔

You are telling me : مجھ سے کہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے؛ میں اس سے اچھی طرح واقف ہوں (امریکا بول چال) ۔

You never can tell : ظاہری حالت کی بنا پر حکم نہیں لگانا چاہیئے؛ ظاہری حالت سے اکثر غلط اندازہ ہوتا ہے ۔

Tell down : (v) (اسکاتستان) فوراً ادا کرنا ۔

Tell it not in Gath : (کہاوت) (مزاحاً) یہ خبر دشمن تک نہ پہنچنے دو کہ وہ سن کر خوش ہو ۔

Tell off : (v) (۱) علاحدہ کرنا؛ شمار کرنا؛ خاص کام کےلئے متعین کرنا؛ کسی کام کے لئے تفویض کرنا۔ (۲) (عامیانہ) زجر و توبیخ کرنا؛ سختی سے ڈانٹنا؛ تنبیہ کرنا؛ سرزنش کرنا۔

Tell-tale : (n) (۱) کہانی گو؛ داستان گو؛ چغل خور؛ بدگو ؛ غماز؛ لترا؛ سخن چیں ؛ خبر کش ۔ (۲) (مجازاً) کوئی ایسی چیز یا موقع جس سے بھید یا حال ظاہر ہو جائے ؛ بھید کھول دینے والا ۔ (۳) کھٹکا؛ گھنٹی یا کوئی اور آلہ جس سے مقررہ وقت پر لوگوں کی حاضری کا اندراج یا علم ہو جاتا ہے؛ حاضر شمار ۔ (٤) حوض بھر جانے کی خبر دینے والی گھنٹی یا آلہ ؛ پن گھر ۔ (۵) (جہاز میں) ایک آلہ جو پہیے کے

دستے کے قریب لگا ہوتا ہے اور جہاز کا رخ بتاتا ہے؛ رخ نما؛ اشارہ کرنے والا؛ راستہ دکھانے والا آلہ - (٦) Sandpiper کی ایک جنس (خصوصاً امریکا میں) - (٧) کسی چیز کی اطلاع یا تاکید -

Tell-tale compass : (n) (جہاز میں) سمت بتانے والا آلہ -

Tell that to the (horse)marines : یہ فتوے کسی اور کو دو -

Tellable : (a) قابل بیان؛ کہنے کے لائق؛ جو کہا جاسکے -

Tellen : (n) [L.'tellina'.] سیپی کی جنس کا ایک جانور -

Teller : (n) (١) بیان کرنے والا ؛ کہنے والا ؛ ناقل ؛ گفتگو کرنے والا ؛ خبر کرنے والا ؛ داستان گو - (٢) (سیاسیات) رائے شمار (مختلف پارٹیوں کے ان دو دو اشخاص میں سے جو دارالعوام میں رائیں شمار کرنے کی غرض سے مقرر ہوتے ہیں) - (٣) زر شمار ، جو ساہوکاروں کی کوٹھیوں یا بینکوں میں روپیہ دینے یا لینے پر مقرر ہوتا ہے - (٤) (خصوصاً) بینک کا وہ افسر جو کھڑکی پر روپیہ لیتا اور دیتا ہے؛ بینک میں رقم لینے اور دینے والا - (٥) دیکھو Annunciator -

Tellership : (n) رائے شماری کی خدمت یا کام نیز زرشماری کی خدمت -

Tellin : (n) دیکھو Tellen

Telling : (a) (١) موثر؛ کارگر؛ کاری؛ گویا - (٢) نمایاں - (٣) اظہار پذیر -

Telling : (n) بیان؛ گفتار؛ افشاء؛ ابراز -

That's (or that would be)telling: اس سے افشائے راز ہوجائے گا؛ یہ افشائے راز ہوگا -

Tellingly : (adv.) (١) کارگر طور پر؛ مؤثر طور پر - (٢) نمایاں طور پر -

Tellur-/Telluri - : سابقہ بمعنی تلوریم -

Tellural : (n) (جغرافیہ) ارضی؛ زمینی؛ ساکنان ارض کا -

Tellurate : (n) تلوریم کا نمک؛ تلوریٹ؛ ارضین کے ترشے پر (تلورک ایسڈ) کا نمک -

Telluret/Telluride : (n) ارضین (تلوریم) کا مرکب؛ (کیمیا) مرکب تلوریم؛ تلورٹ -

Telluretted : (a) (اب شاذ) تلوریم سے مرکب شدہ؛ ارضین آمیختہ؛ جس میں تلوریم کا جزو شامل ہو -

Tellurian : (a) (جغرافیہ) ارضی؛ کرہ ارض کا؛ (باشندہ) -

Tellurian : (n) (جغرافیہ) ارض باشی؛ ساکن ارض؛ کرہ ارض کا باشندہ -

Tellurian lines : (n) (جغرافیہ) ارضی خطوط -

Telluric : (a) [f.Tellurium + - ic.] (کیمیا) ارضینی تلوریم کا؛ تلوریم دار؛ تلورک ایسڈ -

Telluric : (a)[f. L.'Tellus'+-ic.] زمینی؛ ابی؛ زمین سے متعلق؛ کرہ ارض کا -

Telluric acid : (n) تلوریم کا ایسڈ -

Telluride : (n) (کیمیا) تلوریم کا ایک مرکب جس میں ہائیڈروجن کے ساتھ دھات ملی ہوتی ہے -

Telluride of bismuth : (n) تلوریم کا بسمتھ (ایک قسم کی دھات)؛ بورونائٹ -

Telluride of gold and silver : (n) دیکھو Sylvanite

Telluride of hydrogen : (n) تلوریم کا ہائیڈروجن -

Tellurion/Tellurium : [f. L. 'tellus'.] حرکات ارض نما؛ ارضیہ؛ ایک آلہ جس سے زمین کی حرکت، دن رات اور موسموں کے تغیرات دکھائے جاتے ہیں ؛ Orrery کی معمولی قسم -

Tellurism : (n) (١) مقناطیسی اثر یا اصول جو بعضوں کے مطابق تمام فطرت پر پھیلے ہوئے ہیں یا جو عالمگیر ہیں اور جن سے حیوانی مقناطیسیت کا مظاہرہ ہوتا ہے- (٢) تولید امراض میں مٹی کا اثر -

Tellurite : (n) (١) تلوریم کا آکسائڈ؛ تلوریم آمیختہ ایک قسم کی مٹی جس میں لوہا ملا ہوا ہوتا ہے جس سے ہلکا بادامی رنگ بنتا ہے - (٢) ارضین آمیختہ ایسڈ کا نمک -

Tellurium : (n) [mod. L. f. L. 'tellus'.] (کیمیا) تلوریم؛ ارضین (دھات، عنصر)؛ ایک کم یاب عنصر جو سیلنیم اور گندھک سے مشابہ چمکدار نقرئی رنگ کا ہوتا ہے -

Graphic tellurium : دیکھو Sylvanite

Tellurium glance : (n) دیکھو Nagyagite

Tellurous : (a) ارضین آمیختہ؛ تلوریم صفت ۔

Tellurous acid : (n) ارضین آمیختہ ایسڈ ۔

Tellus : (n) [L.] (۱) (رومن اساطیر) زمین کی دیوی؛ دھرتی دیوی؛ طلوس ۔ (۲) (جغرافیہ) کرہ ارض؛ ارض؛ زمین ۔

Tellus-mater : (n) (اساطیر) دھرتی ماتا؛ زمین دیوی؛ Television کا مخفف ۔

Telly-/Telo -: (n) سابقہ بمعنی انتہا؛ کامل ۔

Telo - : سابقہ بمعنی دور؛ دور دست ۔

Teloblast : (n) (حیوانیات) کامل نُموض؛ بُعد نُموض ۔

Teloblastic : (a) کامل نُموضی ۔

Telocentine : (n) بُعد مرکزی ۔

Telocoele : (n) (حیوانیات، تشریح) قعر پس دماغ؛ بُعد قعر ۔

Telodendron : (n) (حیوانیات) پس ریشک؛ پس شجریہ ۔

Telodynamic/Teledynamic : (a) بعید منتقلیٔ قوت (پاور) کا یا اس سے متعلق (طناب یا تار کے ذریعے) ۔

Telokinesis : (n) کامل حرکیت؛ بعد حرکیت ۔

Telolecithal : (a) (حیوانیات) کامل زردوی؛ بعد زرد بینی ۔

Telolemna : (n) (حیوانیات) بعد ردا؛ پوشش ظریفی کے آخری رشتۂ عضلاتی کو احاطہ کرتا ہے ۔

Telomere : (n) بعد پارہ؛ کامل پارہ ۔

Telomitic : (a) بعد خیطی؛ کامل خیطی ۔

Telophase : (n) (حیوانیات) بعد ہیئت ۔

Telophragma : (n) (حیوانیات) بعد فرغمہ ۔

Telos : (n) [Gr.] ہدف غائی؛ مقصود نہائی؛ (فلسفہ) غایت الغایات ۔

Telosynapsis : (n) (قلمیات) کامل (لونیہ) جُفتی ۔

Telosyndesis : (n) (حیوانیات) بعد قرن ۔

Telotaxi : (n) (حیوانیات) مقصدی حرکات ۔

Telotroch : (n) (۱) کثیر ابریہ کنڈل کیڑے کے پہل روپ کے منہ اور مبرز کے گرد بالوں کا حلقہ ۔ (۲) اس قسم کا پہل روپ ۔

Telotrochal/Telotrochous : (a) Telotroch کی صفت کا ۔

Telotype : (n) (۱) (ٹلگرام) تار چھاپ مشین؛ ٹیلو ٹائپ؛ تاربرقی کا آلہ جس میں تار کا مضمون خود بخود چھپ جاتا ہے ۔ (۲) چھپا تار؛ تار جو اس آلہ سے چھپا ہو؛ چھاپا تار؛ ٹیلو ٹائپ کا تار ۔

Telpher : (a) [Syncopated form of 'telepher' or 'telephore'.] برقی بار برداری کا یا اس سے متعلق؛ برقی نقل و حمل سے متعلق؛ جس میں بذریعۂ قوت برقی حمل ونقل ہو؛ برقی؛ بجلی کی (ریل وغیرہ) ۔

Telpher : (n) (۱) (الیکٹرک) برقی نقل و حمل ۔ (۲) برقی بار بردار موٹر؛ تلفر ۔

Telpher : (v) برقی بار برداری کے ذریعے (سامان، اسباب وغیرہ) بھیجنا ۔

Telpher line/-railway : (n) (الیکٹرک)بجلی کی لائن؛ تارنقالہ؛ بجلی کا سلسلہ ۔

Telpher man : (n) تلفر آپریٹر؛ برقی نقل و حمل کا ماہر ۔

Telpher train : (n) برقی ٹرین؛ بجلی کی ٹرین ۔

Telpherage : (n) (۱) برقی باربرداری ۔ (۲) برقی باربرداری کا سامان ۔

Telson : (n) [Gr.] (حیوانیات) مُوخّر شکمہ؛ مُوخّر حلقۂ شکم؛ حیوانات قشریہ کے دھڑ کا آخری جوڑ ۔

Telsonic : (a) مُوخّر شکمہ کا یا اس سے متعلق ۔

Telugu/Teloogoo : (n) (۱) شمالی مدراس (ہندوستان) کے علاقے میں بولی جانے والی ایک زبان؛ تلگو؛ ڈراویڈی نسل کی ایک زبان ۔ (۲) ڈراویڈی نسل کے لوگ جو تلگو زبان بولتے ہیں ۔

Telugu/Teloogoo : (a) تلگو زبان؛ تلگو نسل کے لوگوں سے متعلق۔

Telum : (n) (حیوانیات) مُؤخّر حلقہ؛ مُوخّر حلقۂ شکم؛ دُم حلقہ۔

Temenos : (n) [Gr.] صحن مقدس؛ محوطۂ مقدس ؛ (قدیم) یونانی مندر کا احاطہ؛ حرم۔

Temerarious : (a) [f. L. 'temerarius'.] بے پروا؛ بےباک ؛ جانباز؛ متہور؛ تند؛ تصادفی؛ سرفروش؛ بیباکانہ؛ سرفروشانہ (صرف ادبی تحریر میں)۔

Temerariously : (adv.) بیباکی کے ساتھ؛ تندی سے؛ بےپروائی کے طور پر۔

Temerariousness : (n) بیباکی؛ بےپروائی؛ جانبازی؛ تہوّر۔

Temerity : (n) [L.'temeritos'.] بےپروائی؛ تہوّر؛ بےباکی؛ جسارت؛ جانبازی؛ سرفروشی۔

Temia : (n) جاوا کا کوّا۔

Temp : (لاطینی Tempore کا مخفف خصوصاً خوش‌طبعی کے علم کا اظہار کرنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے) بہ عہد؛ عہد میں؛ زمانے میں۔

Tempe : (n) [L. 'Tempe'.] Thessaly کی ایک وادی کا نام ؛ لاطینی ادب میں خوبصورت وادی کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ فرحت بخش دیہاتی مقام۔

Tempean : (a) تھسلی کی وادی تیپیسی کا یا اس سے منسوب؛ تیمپری؛ جس کے مناظر کو یونانی اور لاطینی شعراء نے خوب خوب سراہا ہے۔

Temper : (n) [OE.'temprian'.] (۱) مرکب (خصوصاًچونےوغیرہ کا)؛ (تعمیرات) (مناسب مقدار میں) گارا؛ ریختہ۔ (۲) صحیح ترکیب یا امتزاج؛ دماغی توازن؛ سکون قلب ؛ دماغ کی اصلی حالت۔ (۳) پختگی اور لچك (دھات، خصوصاً فولاد کی)۔ (٤) (عضویات) مزاج؛ حالت؛ خو؛ مزاجی کیفیت؛ میل؛ رجحان؛ قلبی یا دماغی کیفیت؛ سرشت؛ فطرت۔ (٥) (نفسیات) بدمزاجی؛ غصہ؛ تندی؛ آتش مزاجی؛ تندخوئی؛ خشم؛ غضب؛ غیظ۔ (٦) (سمعیات) اعتدال؛ امتزاج؛ متوسط؛ میانہ۔ (۷) (فلزیات) آب؛ ترکیب؛ اختلاط۔ (۸) ٹین اور تانبا کی ملاوٹ؛ مختلف دھاتوں کا مرکب۔

A fiery temper : آتش مزاجی؛ تندی؛ تندخوئی۔

Bad temper : بدمزاجی؛ بدخوئی۔

Fit of temper : غم و غصے کی شدت۔

Found him in a good temper : اسے خوش یا خوش مزاجی کی کیفیت میں پایا۔

Found in a bad temper : خفگی یا بدمزاجی کی کیفیت میں پایا۔

Good temper : خوش خوئی؛ خوش خلقی؛ خوش طبعی۔

Ill temper : بد مزاجی۔

To be out of temper : آشفتہ ہونا؛ برہم ہونا؛ جھلاّ جانا ؛ غصے میں آنا؛ خشمگیں ہونا؛ غضبناک ہونا۔

To keep, control (one's)temper : غصے کو قابو میں رکھنا؛ غصے کو روکنا؛ متین ہونا؛ سنجیدہ ہونا؛ اپنے کو کنٹرول کرنا۔

To lose (one's) temper : غصے میں آجانا ؛ برہم ہو جانا۔

Temper : (v) [OE. 'temprian'.] (۱) متھنا؛ گوندھنا(مٹی وغیرہ کو بھگو کر)۔ (۲) (دھات، خصوصاً فولاد کو) تیار کرنا؛ پختہ کرنا؛ اعتدال پر لانا (باربار گرم و سرد کرکے تاکہ حسب ضرورت سخت اورلچکدار ہو جائے)؛ محکم کرنا۔ (۳) تیار ہو جانا؛ پختہ ہو جانا؛ اعتدال پر آنا؛ اصلی حالت پرلانا۔ (٤) معتدل بنانا؛ نرم یا ملائم کرنا؛ امتزاج کرنا؛ ہلکا کرنا۔ (٥) کم کرنا؛ دھیما کرنا (شدت، تیزی وغیرہ کو)۔ (٦) (موسیقی) سُر ٹھیك کرنا (پیانو وغیرہ کا)؛ ہم آہنگ بنانا۔ (۷) مخلوط کرنا؛ ملانا۔ (۸) کسی صفت سے متصف کرنا؛ سزاوار بنانا۔ (۹) حد کے اندر رکھنا؛ قابو میں رکھنا؛ روکنا؛ باز رکھنا؛ ضبط کرنا؛ دبانا۔ (۱۰) گارا بنانا۔ (۱۱) رنگ تیار کرنا۔ (۱۲) (فلزیات) آب دینا ؛ کمانا۔ (۱۳) پانی چڑھانا۔

Temper hardening : (n) (فلزیات) آبی سختاؤ۔

Tempera/Tempora : (n) [It.] لعابی رنگ کے ساتھ نقاشی؛ Distemper میں نقاشی کرنے کا ایک طریقہ۔

Temperability : (n) اعتدال؛ امتزاج ۔

Temperable : (a) [med. L. 'temperabilis.'] (اب شاذ) اعتدال پذیر؛ قابل امتزاج ؛ میانہ رو؛ معتدل ۔

Temperality : (n) مزاج؛ حالت؛ خو ؛ خُلق ۔

Temperament : (n) [L. 'temperamentum.'] (۱) (طبیعت کی) اُفتاد؛ مزاج؛ سرشت؛ حالت ۔ (۲) (موسیقی) پیانو وغیرہ باجوں کے سُروں کی درستی؛ سر ملانا یا ٹھیک کرنا ؛ خصوصاً اس طرح کہ بارہ سرتیاں برابر فاصلے پر ہوں ؛ تعدیل فواصل ۔ (۳) (سمعیات) خصلت ؛ خو ۔ (٤) (موسیقی) اعتدال؛ امتزاج ۔

Animal temperament : حیوانی خصلت؛ جانور جیسا مزاج ۔

Artistic temperament : فنکارانہ مزاج؛ شاعرانہ طبیعت۔

Atrabilious temperament : سوداوی مزاج ۔

Bilious temperament : (طب) صفراوی مزاج ۔

Choleric temperament : (طب) صفراوی مزاج ۔

Equal temperament : (سمعیات) مساوی امتزاج ۔

Lymphatic temperament : (طب) بلغمی مزاج ۔

Melancholic temperament : (طب) سوداوی مزاج ۔

Nervous temperament : عصبی مزاج ؛ کمزور طبیعت کا آدمی ۔

Phlegmatic temperament : (طب) بلغمی مزاج ۔

Sanguine temperament : (طب) دموی مزاج ۔

Scrofulous temperament : (طب) خنازیری مزاج ۔

Temperamental : (n) (۱) مزاجی؛ مزاج کے متعلق؛ خوئی ؛ خُلقی ۔ (۲) (موسیقی) جس کے مزاج کا رنگ جلد جلد بدلتا ہو؛ متلون (مزاج)؛ تنک مزاج ۔ (۳) لہری؛ موجی؛ وہمی؛ متلون؛ من موجی؛ ناپائیدار؛ تغیر پذیر ۔

Temperamentally : (adv.) متلون مزاجی کے طور پر؛ تنک مزاجی کے ساتھ۔

Temperance : (n) [AFr. 'temperaunce'.] (۱) اعتدال (خصوصاً کھانےپینے میں)؛ میانہ روی؛ ضبط نفس؛ ضبط (گفتگو، عمل وغیرہ میں) ۔ (۲) مزاج؛ حالت؛ طبیعت؛ افتاد ۔ (۳) پرہیز (منشیات سے)؛ (مے نوشی میں) اعتدال (یا اس سے کلی اجتناب) ؛ (بسیار خوری سے) پرہیز ۔ (٤) سنجیدگی؛ متانت؛ معقولیت؛ فرزانگی ۔

Temperance drink : (n) مشروب غیر الکحلی ۔

Temperance hotel /-inn : (n) وہ ہوٹل، سرائے یا مسافر خانہ جہاں منشیات کا استعمال ممنوع ہو؛ وہ طعام خانہ جس میں شراب نہ دی جاتی ہو ۔

Temperance movement/-society : (n) تحریک یا انجمن ترک مے نوشی؛ وہ انجمن جس کی تحریک شراب خوری کو ممنوع قرار دیتی ہو ۔

Temperate : (a) [L. 'temperatus'.] (۱) میانہ رو ؛ معتدل ؛ پرہیزگار؛ اعتدال پسند (خصوصاً کھانے پینے میں)؛ ضابطہ ۔ (۲) اعتدال پسندانہ ۔ (۳) معتدل (موسم کے لحاظ سے) ۔

North temperate zone : منطقہء معتدلہء شمال ۔

Temperate zone : (n) منطقہء معتدلہ (جو منطقہء حارّہ و بار دہ کے درمیان ہو)۔

Temperately : (adv.) اعتدال سے؛ میانہ روی کے ساتھ۔

Temperateness : (n) (۱) اعتدل پسندی؛ اعتدال؛ معتدلیت ۔ (۲) (طب) پرہیز ۔

Temperature : (n) [L. temperatura'.] (۱) حرارت ؛ درجہء حرارت (جو تپش پیما سے معلوم ہو) ۔ (۲) (طب) حرارت (جسمانی) ؛ درجہء حرارت ۔ (۳) (طبیعیات) تپش؛ (عضویات) حرارت غریزی ؛ (طب) مزاج ۔

Absolute zero of temperature : صفر مطلق؛ حرارت کی پیمانش میں ایسا نقطہ جہاں وہ سالمات جن کی حرکت سےحرارت پیدا ہوتی ہے بالکل ساکن ہوں۔

High temperature : زیادہ تپش؛ گرمائی زیاد ۔

Low temperature : کم تپش؛ گرمائی کم ۔

Normal temperature : (سمعیات) طبعی تپش؛

حرارت طبعی؛ معتدل حرارت جو تندرست آدمی کے جسم میں ہوتی ہے -

To have a temperature : حرارت طبعی سے زیادہ حرارت ہونا -

Temperature anomaly : (n) (موسمیات) تپشی بے قاعدگی -

Temperature-bath : (n) (طب) گرمایہ -

Temperature-chart : (n) حرارت کا اتار چڑھاؤ معلوم کرنے کا کارڈ یا چارٹ؛ تپشی کارڈ یا چارٹ -

Temperature-coefficient : (n) (طبیعیات) قدر تپش؛ تپشی شرح -

Temperature-gradient : (n) (طبیعیات) تپش کی ڈھال -

Temperature-inversion : (n) (موسمیات) انقلاب تپش -

Temperature-scale : (n) (۱) تپشی اسکیل؛ درجۂ حرارت کا اسکیل - (۲) حرارت پیمائی کا ایک طریقہ -

Temperature sensation : (n) حرارت کا احساس؛ سردی گرمی کا احساس -

Tempered : (a) (۱) معتدل؛ اعتدال پسند - (۲) امتزاجی - (۳) محدود -

Tempered scale : (n) (موسیقی) امتزاجی پیمانہ -

Temperer : (n) غصے میں آنے والا -

Tempering : (n) (فلزیات) آب دینا؛ تاؤ دینا -

Temperish : (a) کج خلقی؛ بہت جلد غصہ میں آنے والا ؛ تندمزاج؛ جھلا؛ چڑچڑا؛ زود رنج -

Tempersome : (a) (بول چال) تندخو؛ محول؛ بے پروا؛ کج خُلق؛ بہت جلد غصہ میں آنے والا -

Tempersomeness : (n) تندخوئی -

Tempest : (n) [OFr. 'tempeste'.] (۱) طوفان (آندھی جس کے ساتھ اکثر بارش اور برف باری ہوتی ہے) ؛ برف و باراں؛ باد و باراں؛ تندباد؛ (بول چال) گرج دار طوفان - (۲) (مجازاً) ہنگامہ؛ ہل چل؛ طوفان؛ تندی؛ جوش و خروش؛ ہیجان؛ فساد؛ بلوہ؛ شورش؛ پریشانی؛ اضطراب؛ گھبراہٹ؛ اُدھیڑبن - (۳) (سیاسیات) ہنگامہ؛ شوروغل؛ غوغا؛ جھپٹ؛ حملہ؛ بلاّ - (٤) اجتماعِ شورش؛ فسادی بھیڑ -

Political tempest : سیاسی طوفان -

Tempest : (v) [OFr. 'tempester'.] طوفان مچانا؛ طوفان زدہ ہونا؛ طوفان سے متاثر ہونا؛ شورشرابا کے ساتھ تحریک کرنا؛ ہنگامہ برپا کرنا؛ طوفانی ہونا - (۲) (مجازاً) ہیجان برپا کرنا؛ تہیج پیدا کرنا؛ شدت سے تکلیف دینا؛ تشدد کرنا؛ شدت سے زحمت دینا (شخص یا دماغ کو) -

Tempest-tossed/-tost : (a) طوفانی شدہ؛ متلاطم؛ منقلب -

Tempestive : (a) (قدیم) موسمی؛ وقت پر؛ وقتی -

Tempestively : (adv.) موسمی انداز سے -

Tempestous : (a) [L.'tempestuosus'.] (۱) طوفانی؛ طوفان خیز؛ (موسم) - (۲) (سیاسیات) پُرآشوب؛ متلاطم؛ درہم برہم؛ مضطرب - (۳) ہنگامہ خیز؛ پر آشوب (زمانہ) - (٤) تند مزاج (شخص)؛ شدید؛ تند (جذبہ وغیرہ)؛ سخت برہم؛ تندخو؛ گرم مزاج؛ آشفتگی یا بے چینی (کی کیفیت) سرکش؛ شورش پسند؛ فتنہ پرداز؛ غصیلا؛ غصہ ور؛ مفسد - (۵) پُرشور؛ پُرہنگامہ -

Tempestuously : (adv.) (۱) طوفان کی طرح - (۲) تندی سے؛ بےچینی کے ساتھ ؛ آشفتگی سے -

Tempestuousness : (n) طوفان خیزی؛ ہنگامہ خیزی؛ تندی؛ آشفتگی ؛ بے چینی -

Templar : (n) [AFr. 'templer'.] (۱) زائر بیت المقدس - (۲) تمپلر ؛ ان بانکوں کی جماعت کا کوئی شخص جو محاربات صلیبیہ کے زمانے میں مسلمانوں سے لڑنے اور مسیحی مقامات مقدسہ کی حفاظت کے لئے اپنی زندگی کو وقف کرتے تھے - (۳) قانون کا طالب علم یا وکیل وغیرہ جو لندن کی مشہور عمارت ٹمپل میں رہتا ہو یا کام کرتا ہو - (٤) Good templar کا مخفف -

Free, good templars : ترک مے نوشی کی خفیہ انجمن -

Templar : (a) [late L. 'templaris'.] معبدی؛ وابستہ معبد یا پرستش گاہ (یہودیوں کی) -

Templary : (n) [med. L. 'templarius'] ٹمپلر کی پوری جماعت؛ (تاریخ) ٹمپلر کی جماعت یا تنظیم کا طریقہ؛ فرامیسن کی انجمن۔

Template : (n) Templet کا متبادل۔

Temple : (n) [OE. 'templ'.] (۱) معبد؛ پرستش گاہ؛ مندر؛ ہیکل (خصوصاً قدیم مصر و یونان وغیرہ کی)؛ دیوی؛ شوالا۔ (۲) یہود کے تین مشہور معابد واقع بیت المقدس میں سے کوئی معبد خصوصاً مسجد اقصیٰ۔ (۳) کلیسا؛ دَیر (خصوصاً فرانس کے پروٹسٹنٹ فرقے کا)۔ (٤) (مجازاً) خدا کا گھر؛ خانۂ خدا۔ (۵) (خصوصاً) لندن کے Inns of court کے دو نام (Inner and Middle temple)؛ (دینیات) بت خانہ؛ بتکدہ؛ دیکھو Idol temple۔

Fire temple : (دینیات) آتشکدہ۔

Inner temple/Middle- : لندن کی چار قانونی انجمنوں میں سے دو انجمنیں جن کے سوا کسی اورادارے کو بیرسٹری کی سند دینے کا اختیار نہیں ہے۔

Temple : (n) [L. 'Tempula'.] (تشریح) صُدغ؛ کنپٹی۔

Temple : (n) [Fr.] کرگھے کی ایک کل جس سے کپڑا کھنچا رہتا ہے اور اس میں شکن نہیں پڑنے پاتی ہے؛ شکنجی؛ پارچہ کش؛ پنک (اکثر جمع میں)۔

Temple : (v) (۱) معبد بنانا؛ مندر بنانا۔ (۲) معبد کا احترام کرنا؛ عبادت کرنا۔

Temple-bar : (n) ٹیمپل بار؛ لندن شہر کا مغربی دروازہ جو ۱۸۷۸ء تک اس بلدیہ کی مغربی حد سمجھا جاتا تھا اور وہ سنہ مذکور میں ہٹا دیا گیا۔

Templet/Template : (n) [Origin obsc.] (۱) (تعمیرات) درسہ؛ شکلہ؛ (معماروں کا) نمونے کا تختہ جس کو سامنے رکھ کر پتھر وغیرہ تراشتے ہیں۔ (۲) (تعمیرات) سانچہ؛ قالب؛ سہارا؛ لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے لگاتے ہیں۔ (۳) (تعمیرات) نمونہ۔ (٤) پچر جو جہاز کے پیندے اور اس کندے کے درمیان لگا دیتے ہیں جس پر رکھ کر جہاز بنایا جاتا ہے۔ (۵) (بائیوکمسٹری) وہ سالمہ جو سالمۂ اکبر کے نظام کی ترتیب کرتا ہے۔

Templet : (n) چھوٹا معبد؛ چھوٹا مندر۔

Templet /-ette: (n) [origin uncertain.] نکاس کی سطح کے چار پہلوؤں میں سے ایک۔

Tempo : (n) [L. 'tempus'.] (۱) (موسیقی) رفتار؛ چال؛ تال؛ ضربہ۔ (۲) حرکت کا طرز؛ چال۔ (۳) وقت؛ زمان؛ گام۔

Tempo primo : (n) موسیقی کی ہدایت کا پہلا وقت۔

Tempo rubato : (n) تیز یا کم وقت (موسیقی کی ہدایت کے لئے)۔

Tempolabite : (a) (کیمیا) تبدیل پذیر؛ تخریب پذیر۔

Temporal : (a) [L. 'temporalis'.] (۱) دنیوی (اخروی کے مقابلے میں)؛ ارضی؛ دنیاوی۔ (۲) زمانی؛ زمنی؛ زمانہ ظاہر کرنے والا یا اس سے متعلق؛ وقتی؛ (قواعد) زمانہ کو ظاہر کرنے والا؛ وقت کو بتانے والا۔ (۳) (یونانی صرف و نحو) مد کا؛ اعراب زائد کا یا اس سے متعلق۔ (٤) غیر مذہبی؛ متشکک؛ (قانون) دیوانی؛ عوامی؛ (دستور) حکومتی؛ عرفی؛ دولتی۔

Lords temporal : دیکھو Lord (n)

Temporal : (n) (۱) وہ چیز جو وقتی یا زمانی ہو؛ دنیاوی شے۔ (۲) وقتی طاقت؛ قوت؛ وقتی دولت؛ وقتی ملکیت؛ دنیوی املاک؛ اوقاف (خصوصاً جمع میں)۔ (۳) نیز لاطینی فورم Temporate؛ (رومن کیتھولک) اس کتاب کا حصہ جس میں ہر روز کی دعائیں لکھی ہوتی ہیں۔

Temporal : (a) [L. 'temporalis'.] (تشریح) صُدغی؛ کنپٹی کا۔

Temporal : (n) کنپٹی کی ہڈی؛ عظم صُدغی۔

Temporal affairs : (n) امور دنیوی۔

Temporal artery : (n) (حیوانیات، تشریح) شریان صُدغی؛ کنپٹی کی شہ رگ۔

Temporal augment : (n) (یونانی قواعد) مد؛ اعراب زائد۔

Temporal bone : (n) استخوانِ شقیقہ؛ کنپٹی کی ہڈی؛ عظم صُدغی۔

Temporal conjunctions : (n) عطف زمانی۔

Temporal crest : (n) (تشریح) فرازِ صُدغی؛ کنپٹی کا ابھار۔

Temporal emotions : (n) (نفسیات) وقتی جذبات؛ زمانی جذبات۔

Temporal foscia : (n) (تشریح) ردائے صُدغی۔

Temporal fossa : (n) (حیوانیات) حُفرہ صُدغی۔

Temporal lobe : (n) (حیوانیات) فصِ صدغی (کنپٹی)؛ صدغی لختہ۔

Temporally lords: (n) (انگلستان میں)ملکی امراء (عمائد کلیسا کے مقابلے میں)۔

Temporal muscle : (n) (حیوانیات، تشریح) عضلہء صُدغی۔

Temporal nerve : (n) صدغی عصب؛ صدغی رگ؛ کنپٹی کی رگ۔

Temporal power : (n) (سیاسیات) دنیوی اقتدار۔

Temporal punishment : (n) دنیوی سزا؛ دنیوی عقوبت۔

Temporal region : (n) (حیوانیات، تشریح) صُدغی خطّہ۔

Temporal sign : (n) (نفسیات) زمانی علامت۔

Temporal superficial : (a) صُدغی سطحی۔

Temporalis : (n) (حیوانیات) صُدغیہ؛ عضلہء صُدغی۔

Temporalism : (n) (۱) دیکھو Secularism۔ (۲) دنیا گرائی؛ مادی گرائی؛ مادیات پر توجہ۔

Temporality : (n) [late L. 'temporalitas'.] (۱) دنیوی املاک: خصوصاً کلیسا یا مذہبی اداروں کی املاک؛ اوقاف؛ معافیات (عموماً جمع میں)۔ (۲) (قانون) عارضی ہونا؛ وقتیت؛ وقتی ہونا؛ فانی ہونا۔

Temporally : (adv.) دنیوی طور پر؛ دنیوی حیثیت سے۔

Temporalness : (n) دنیویت۔

Temporarily : (adv.) مقرر وقت میں؛ متعین اوقات کے درمیان؛ عارضی طور پر؛ وقتیہ؛ مختصر طور پر۔

Temporariness : (n) عارضیت؛ وقتیت؛ ہنگامی یا چندروزہ ہونا۔

Temporary : (a) [L. 'temporarius'.] عارضی؛ وقتی؛ ہنگامی؛ آنی؛ موقتی؛ زود گزر؛ لمحاتی؛ معین مدت تک کےلئے؛ ناپائدار۔

Temporary : (n) (۱) وہ شخص جو عارضی طور پر بحال کیا جائے۔ (۲) دنیوی چیز؛ موقتی شے۔

Temporary chairman : (n) عارضی رئیس؛ رئیس موقت؛ عارضی صدر۔

Temporary commitment : (n) عارضی پابندی۔

Temporary debt : (n) (معاشیات) میعادی قرضہ۔

Temporary duty : (n) وقتی ملازمت؛ عارضی ڈیوٹی (فوج میں)۔

Temporary hardness : (n) (کیمیا) عارضی سنگینی۔

Temporary magnetism : (n) (مقناطیسیت) عارضی مقناطیسیت۔

Temporary stars : (n) (علم النجوم) ہنگامی ستارے؛ عارضی ستارے؛ وقتی ستارے۔

Temporary tooth : (n) دودھ کا دانت؛ ناپائدار دانت۔

Temporary works : (n) (تعمیرات) تعمیرات عارضی۔

Temporization : (a) (۱) (سماجیات) دفع الوقتی؛ ٹال مٹول؛ لیت ولعل؛ تعویق؛ تاخیر؛ درنگ۔ (۲) ابن الوقتی؛ زمانہ سازی۔ (۳) عارضی بندوبست؛ کام چلانا۔

Temporize : (v) [Fr. 'temporiser'.] (۱) ابن الوقت ہونا؛ جیسا موقع دیکھنا ویسا رنگ اختیار کرنا۔ (۲) دفع الوقتی کرنا؛ ٹالنا (تاکہ آئندہ فرصت سے فیصلہ کیا جاسکے)۔ (۳) (کسی نہ کسی طرح) کام نکالنا یا چلا لینا؛ عارضی طور پر کوئی بندوبست کر لینا؛ مقتضیات وقت کے مطابق عمل کرنا۔ (٤) تسکین دینا؛ آرام کرنا۔ (٥) مذاکرہ کرنا؛ گفتگو کرنا؛ گفت وشنید کرنا؛ معاملہ کرنا۔ (٦) دو طرفہ بازی کرنا۔ (۷) انتظام کرنا؛ عہد و پیمان کرنا (دو شخصوں کے درمیان)؛ صلح و آشتی کرنا (دو آدمیوں کے درمیان)۔

Temporizer : (n) (۱) ابن الوقت؛ وقت گزارنےوالا؛ مقتضیات وقت کے مطابق کام کرنے والا۔ (۲) دفع الوقتی کرنے والا۔

Temporizingly : (adv.) (۱) ابن الوقت بن کر ۔(۲) دفع الوقتی کے طور پر ۔(۳) کام چلانے کے لئے؛ عارضی طور پر ۔

Temporo - : [L. 'tempora'.] سابقه بمعنی صُدغ؛ کنپٹی ۔

Temporo - auricular : (n) اُذنی کنپٹی؛ صُدغ اذنی ۔

Temporofacial : (n) (تشریح) صُدغی وجہی؛ چہرے اور کنپٹی کا ۔

Temporofacial : (n) صُدغ وجہی ۔

Temporomalar : (n) صُدغ رخسار؛ گال کی ہڈی ۔

Temporomastoid : (n) (تشریح) پستان نما صُدغ ۔

Temporomaxillary : (n) (حیوانیات، تشریح) صُدغ فکّی؛ جبڑے کی ہڈی۔

Tempt : (v) [L. 'temptare'.] (۱) (قدیم، تورانی) آزمانا؛ عزم؛ عقیدے کا امتحان کرنا؛ ابتلا میں ڈالنا؛ آزمائش کرنا ۔ (۲) تحریص یا ترغیب دینا؛ اکسانا؛ بہز کانا؛ اُبھارنا (کسی کام خصوصاً برائی پر)؛ آمادہ کرنا؛ راغب کرنا؛ برانگیختہ کرنا؛ متحرك كرنا ۔ (۳) لبھانا؛ رغبت دلانا؛ (قدیم تورانی) غصہ دلانا؛ ٹوکنا؛ ملتفت ہونا؛ مائل ہونا؛راغب ہونا؛ جھکانا؛ شوق دلانا(کسی چیز یا کسی کام کا)۔

I am tempted to question this : بے اختیار اعتراض کرنے کو جی چاہتا ہے ۔

To tempt God : خدا کے اختیارکو بے باکانہ آزمانا ۔

To tempt providence/-fate/-fortune : جوکھم کا کام کرنا؛ خطرے کا کام کرنا ۔

To tempt(the storm, flood, sea etc.) : خطرے میں ڈالنا؛ جوکھم میں ڈالنا؛ (کسی بات کا) خطرہ برداشت کرنا (طوفان ، سیلاب ، سمندر وغیرہ کا)۔

Temptability : (n) تحریص پذیری؛ ترغیب پذیری۔

Temptable : (a) (۱) تحریص پذیر؛ ترغیب پذیر؛ فریفتہ شدنی؛ فریفتنی ۔ (۲) قابل آزمائش؛ امتحان کے لائق۔

Temptableness : (n) تحریص پذیری؛ترغیب پذیری؛ آزمائش؛ امتحان۔

Temptation : (n) [OFr. 'temptacion'.] (۱) ترغیب؛ گیرائی؛ کشش ؛ تحریص ؛ وسوسہ٭ نفس ؛ لبھاؤ ؛ پھسلاہٹ؛ بہکاؤ؛ جھانسا ۔ (۲) (قانون) اغوا؛ ترغیب؛ (نفسیات) لالچ ؛ (دین) امتحان؛ آزمائش؛ ابتلا ۔ (۳) وہ شے جس سے ترغیب ہوتی ہو؛ وجہ ترغیب؛ وجہ رغبت؛ دلکش یا دل فریب چیز ۔ (٤) وہ چیز جو بُرے کام پر ابھارتی ہے؛ وجہ تحرص؛ حرص کا پھندا ۔

Temptational : (a) ترغیب کا؛ تحریص کا یا اس سے متعلق؛ وسوسہ انگیز؛ آزمائش کا یا اس سے متعلق ۔

Temptations : (a) پُرفریب؛ وسوسہ٭ نفس سے بھرا ہوا؛ ترغیب انگیز؛ تحریص سے پر ۔

Tempter : (n) [late ME. 'temptour'.] فریب دینے والا؛ ترغیب یاتحریص دینے والا؛ لالچ دینے والا ۔

The tempter : (خصوصاً) شیطان؛ ابلیس ۔

Tempting : (a) (۱) وسوسہ انگیز؛ تحریص دلانے والا؛ ترغیب دینے والا ۔ (۲) دلکش؛ موجب ترغیب؛ پھسلا لینے والا؛ جاذب؛ کشش رکھنے والا؛ دعوت دینے والا؛ راغب کرنے والا؛ لبھانے والا ۔

Temptingly : (adv.) لبھاتے ہوئے؛ رغبت دلاتے ہوئے ۔

Temptingness : (n) رغبت؛ دلکشی؛ ترغیب؛ تحریص ۔

Temptress : (n) پُرفن اور مکّار عورت؛ وسوسہ ڈالنے والی عورت؛ وہ عورت جو لوگوں کو بُرے کام پر اُکساتی ہو یا لگاوٹ کی باتوں سے اپنے دام محبت میں گرفتار کرتی ہو؛ بہکانے والی یا لگاوٹ باز عورت ۔

Tempura : (n) [Jap.] ایك قسم کا جاپانی کھانا (جس میں مچھلیاں اور سبزیاں مکھن میں تلی ہوتی ہیں)۔

Tempus : (n) [L.] (۱) (تشریح، حیوانیات) صُدغ؛ کنپٹی ۔ (۲) (موسیقی) تال؛ سم؛ ضربہ؛ گام ۔

Temsem : (n) [OE.] (تعمیرات) (اب بول چال) چھلنی؛ غربال؛ جھنجھری۔

Temse : (v) چھلنی سے چھاننا (آٹا وغیرہ) ۔

Temse-bread : (n) نان دوالکہ؛ وہ روٹی جو آٹا چھان کر بنائی گئی ہو۔

Temse-loaf : (n) ڈبل روٹی جو چھانے ہوئے آٹے یعنی میدے سے بنی ہو؛ نان دوالکہ۔

Temsed : (a) چھانی ہوئی؛ دوالکہ۔

Temulence : (n) [L. 'temulentia'.] (شاذ) مستی؛ بیخودی۔

Temulency : (n) (شاذ) مستی؛ مدھوشی؛ شراب خواری؛ میخواری؛ مخمور رہنے کی عادت۔

Temulent : (a) [L. 'temulentus'.] (شاذ) میخوار؛ مست؛ ازخود بےخبر؛ مدھوش۔

Ten : (n) [OE. 'tien'.] (۱) دہ؛ دس؛ پانچ کا دوگنا؛ دس کی گنتی؛ شمارہء دہ۔ (۲) دس چیزوں یا اشخاص کا سیٹ (Set)۔ (۳) (غیر معین عدد کے طور پر کثرت کے معنی میں) متعدد؛ کئی (کئی درجے آسان (Ten times as lazy)۔

Hart of ten : وہ ہرن جس کے ہر سینگ میں دس دس شاخیں ہوں۔

Upper ten/Upper ten thousand : طبقہء اُمراء۔

Ten commandments : (n) اوامر عشرہ؛ حضرت موسیٰ کے دس فرمان۔

Ten-foot : (a) دس فیٹ کا۔

Ten-foot coal : (n) (یارک شائر میں) موٹی تہ؛ موٹا پرت۔

Ten-footer : (n) دس فٹ مربّع میں بنی ایک چھوٹی عمارت، جو نیوانگلینڈ میں جوتے کے کارخانے کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔

Ten-hours act : (n) ایک قانون جس کی رو سے فیکٹریوں میں اوقات کار متعین کئے گئے ہیں؛ خصوصاً وکٹوریہ کے عہد کا قانون؛ دس گھنٹوں کا ایکٹ۔

Ten-hour law : (n) (امریکا) دس گھنٹے کا قانون (فیکٹریوں میں کام کرنے کے اوقات)۔

Ten O'clock : (n) ایک قسم کا امریکی پھول۔

Ten pence : (n) دس پینس کا سکّہ۔

Ten penny : (a) دس پینس کے برابر؛ دس پینس کا۔

Ten penny : (n) دس پینس۔

Ten-penny nail : (n) دیکھو Penny

Ten penny-worth : (a) دس پینس کی قیمت کا۔

Ten pins : (n) (خصوصاً امریکا) ایک قسم کا کھیل جس میں دس پن استعمال کئے جاتے ہیں۔

Ten pointer : (n) سینگوں میں کئی شاخوں والا بارہ سنگا۔

Ten-pound : (a) دس پونڈ قیمت کا نیز دس پونڈ وزن کا؛ خصوصاً Ten pound house holder ۔

Ten-pound house holder : دیکھو Ten pound

Tea-pounder : (n) (۱) (تاریخ انگلستان) وہ مالگذار جو دس اشرفی یا زیادہ لگان دینے کی وجہ سے پارلیمنٹ کے انتخابات میں رائے دینے کا مجاز رکھتا تھا۔ (۲) دس پونڈ کی چیز (بال، مچھلی وغیرہ)۔ (۳) ایک توپ جو دس پونڈ وزن کا گولہ پھینکتی ہو۔ (٤) دس پونڈ رقم کی کوئی چیز۔ (٥) دس پونڈ کا نوٹ۔

Ten-spot : (n) (امریکا) دس ڈالر کا بل۔

Ten words : (n) دیکھو Ten Commandents

Tenability : (n) (۱) قابل مدافعت ہونا؛ استحکام۔ (۲) معقولیت بہ قرین عقلی۔

Tenable : (a) (۱) جسے حملے سے بچایا جاسکے؛ قابل مدافعت؛ نگاہ داشتنی؛ قابل تصرف؛ مستحکم (قلعہ، مورچہ وغیرہ) جس کی مدافعت کی جائے۔ (۲) بہ ظاہر معقول، قرین عقل (نظریہ، دلیل وغیرہ)۔ (۳) (سیاسیات) مؤقت؛ ایک خاص میعاد تک رہنے والا یا ملنے والا (عہدہ، وظیفہ وغیرہ) جو ایک شخص کے پاس ایک خاص میعاد تک رہ سکے۔

Tenableness : (n) دیکھو Tenability

Tenably : (adv.) معقولیت کے ساتھ۔

Tenace : (n) [Sp.'tenazalit'.] (۱) تاش کے کھیل (Whist) میں کسی رنگ کے دو پتے جن میں سے ایک حریف کے اس رنگ کے سب سے بڑے پتے سے اگلا اور دوسرا اس سے پچھلا ہو؛ اگلے، پچھلے پتوں کا جوڑا۔ (۲) کسی کھلاڑی کے پاس یہ جوڑا ہونا۔

Major tenace/Minor- : ان جوڑوں کی مختلف قسمیں جن کی نوعیت غیر معین ھے -

Tenacious : (a) [f.L.'tenax'.] (۱) مضبوطی سے پکڑ رکھنے والا ؛ محکم ؛ سخت (گرفت وغیرہ) - (۲) مضبوطی سے قائم؛ جما ھوا (املاك، حقوق یا اصول پر)؛ کٹر؛ پختہ (عقائد وغیرہ میں) - (۳) (حافظے کے لئے) قوی؛ گیرا؛ ماسك؛ قوی حافظے کا (شخص) - (٤) چپکنا؛ چپکنے والا؛ چسپندہ ؛ لاصق؛ لصیق؛ اتصال پذیر؛ مائل؛ متصل؛ چپچپا؛ لسدار - (٥) جس کے مختلف اجزا باہم پیوست ھوں ؛ پیوست ؛ ملتصق - (٦) (طبیعیات) لوچدار؛ (نفسیات) قوی (حافظہ) - (۷) مستقیم؛ استوار؛ ثابت قدم؛ دلیر؛ جیوٹ؛ باہمت؛ مستقل مزاج؛ ثابت قدم - (۸) ضدی؛ ہٹیلا؛ خودرائے؛ متمرد؛ خودسر؛ سرکش-

Tenacious memory : (n) (نفسیات) قوی حافظہ -

Tenaciously : (adv.) سختی سے؛ مضبوطی سے؛ محکم طور پر -

Tenaciousness : (n) محکم گیری؛ مضبوطی؛ کٹرپن؛ گیرائی؛ سختی؛ سقتی؛ اصرار؛ ماسکیت؛ چسپیدگی؛ پیوستگی؛ (طبیعیات) لوچ؛ لصیق -

Tenacity : (n) [Late L. 'tenacitas'.] (۱) چسپیدگی؛ لصق؛ بجلی پن؛ پیوستگی؛ ماسکیت - (۲) محکم گیری؛ مضبوطی؛ سختی؛ سقتی؛ کٹرپن؛ گیرائی؛ ضریب استحکام - (۳) (طبیعیات)لوچ -

Tenaculum : (n) [mod. uses of L. 'tenaculum'. f. 'tenere'.] (۱) (جراحی) شص؛ رگ گیر؛ شریان گیر؛ قلاب جراحی؛ سرجنوں کا باریك دھار کا آنکڑا جس سے رگیں وغیرہ پکڑ کر اٹھاتے ہیں - (۲) (حیوانیات) وَتر چشم -

Tenaille : (n) [L.'tenacula'.] (قلعہ بندی) دمدمہ؛ مورچہ جو دو برجوں کے درمیان بڑی خندق کے کنارے بنا دیتے ہیں؛ پیش مورچہ -

Tenaillon : (n) [Fr.] (قلعہ بندی) بیرونی دمدمہ ؛ مورچہ (خندق قلعہ کے باہر جسے زاویہ نما اور دو رُخ رکھ کر بناتے ہیں) -

Tenancy : (n) (۱) (قانون) اجارہ داری؛ مدت اجارہ؛ مالکیت موقت؛ کرایہ داری؛ لگان داری - (۲) (زراعت) مزارعت؛ دخیل کاری - (۳) کرایہ داری وغیرہ کی میعاد - (٤) مکان، جانداد وغیرہ جو کرائے پر ھو -

Tenancy act : (n) (قانون) قانون دخیل کاری؛ قانون لگان داری-

Tenant : (n) [L.'tenere'.] (۱) کرایہ دار ؛ لگان دار ؛ اسامی جو کرائے سے دوسرے کے مکان یا زمین سے کام لیتا ھے؛ اسامی؛ کاشت کار - (۲) (قانون) قابض؛ متصرف (غیر منقولہ جانداد پر خواہ ملکیت سے یا کرائے سے عارضی یا دائمی طور پر) - (۳) (غیر منقولہ جانداد کے مقدمے میں) اصلی مدعا علیہ -

Tenant : (v) (۱) متصرف ھونا - (۲) لگان دار یا کرایہ دار یا اسامی کی حیثیت سے رہنا (مکان میں) - (۳) جوتنا (زمین) ؛ قابض ھونا (جانداد پر) -

Tenant at will : (n) (قانون) غیر دخیل کار؛ وہ کرایہ دار جو موجر (ٹھیکہ دینے والا) کی خواہش یا خوشی پر اجارہ لیتا ھے -

Tenant by copy of court roll/-the verge : (n) دیکھو Copy holder

Tenant farmer : (n) (زراعت) مزارع؛ کاشت کار -

Tenant - right : (n) کرایہ دار یا لگان دار کا دوامی حق (کہ جب تك لگان ادا کرتا رھے بے دخل نہیں کیا جائے گا اور اگر کیا جائے تو اسے ہرجانہ ملے گا)؛ حق مستاجر-

Tenant welfare : (n) (سماجیات) بہبودیِ مزارعین -

Tenantable : (a) قابل کرایہ : (لگان یا کرایہ پر) اُٹھانے کے لائق ؛ قبضہ کے لئے درست -

Tenantableness : (n) قابل کرایہ ھونا -

Tenantless : (a) جس میں کوئی کرایہ دار یا پٹہ دار نہ ھو ؛ خالی-

Tenantry : (n) (۱) پٹّہ؛ لگان داری ؛ پٹّہ داری؛ کی شرط - (۲) لگان داران؛ کرایہ داران؛ اسامی (صیغہ جمع میں) ؛ رعایا - (۳) زمین جو پٹّے پر لگادی گئی ھو ؛ نیز اسی زمین کا نفع - (٤) کسی ملکیت یا علاقہ کے کرایہ داروں کی جماعت -

Tenantship : (n) پٹہ؛ تصرف؛ پٹہ داری؛ دخل؛ کرایہ داری؛ کرایہ داری کی شرط۔

Tench : (n) [OFr.'tenche'.] کارپ کی قسم کی چھوٹی مچھلی جو ممالک یورپ کی ندی نالوں میں ہوتی ہے؛ ولایتی سنگھاڑا مچھلی۔

Tend : (v) [Fr. 'attendre, 'entendre'.] (۱) صلاحیت ہونا؛ مادہ ہونا۔(۲) وسائل فراہم کرنا؛ نگہبانی کرنا اور خدمت میں حاضر رہنا (بیمار یا بےیارو مددگار کی) ؛ خیال کرنا؛ تیمارداری کرنا (بیمار کی) ؛ توجہ کرنا؛ مخاطب ہونا؛ نگہبانی کرنا۔(۳) خدمت کے لئے کھڑا ہونا (With, on or upon)؛ نوکر ہونا؛ خبر گیری کرنا؛ نگہبانی کرنا ؛ رکھوالی کرنا (گلے کی)۔ (٤) حاضر ہونا (جلسہ یا تقریب میں) (امریکا بول چال)۔(٥) دیکھ بھال کرنا (کل، مشین وغیرہ کی)۔(٦) خدمت کرنا؛ کام کاج کرنا۔

Tend : (v) [Fr. 'tendre'.] (۱) آگے بڑھنے، حرکت کرنے کی صلاحیت رکھنا؛ آگے بڑھنے کا رجحان رکھنا۔ (۲) (کسی سمت) بڑھنے کا فطری رجحان رکھنا۔(۳) (مجازاً) آگے بڑھنے کی صلاحیت رکھنا؛ محبت میں آگے بڑھنا؛ (کسی نقطہ، حالت، صفت، وقت تک) پہنچنے کی صلاحیت رکھنا : تکمیل تک پہنچنا۔(٤) باعث ہونا : (کسی طرف کو) مائل ہونا : جھکنا : ڈھلنا؛ جھکاؤ ہونا : میلان ہونا : رخ ہونا : متوجہ ہونا۔(٥) کسی عمل کی طرف مائل ہونا؛ رہنمائی کرنا (کسی عمل کی طرف)۔ (٦) (جہازرانی) لنگر کے رسّے کی دیکھ بھال کرنا تاکہ اس میں بل نہ پڑ جائے۔(۷) (To کے ساتھ) حوالہ کرنا؛ سروکار رکھنا؛ لگاؤ رکھنا؛ مؤثر ہونا۔

Tendance : (n) [Aphetic f. Attendance] (۱) توجہ؛ نگہداری؛ مواظبت : پرستاری : دیکھ بھال؛ ملازمت۔ (۲) احتیاط : تیمارداری : خبرگیری۔ (۳) اجتماعی طور پر نگہداشت؛ ملتزمین؛ خدم و حشم؛ نوکر چاکر۔

Tendency : (n) [med. L. 'tendentia'.] (۱) (نفسیات) میلان : رجحان : تمایل : میل : توجہ : بہاؤ : رو۔ (۲) استعداد؛ زمینہ؛ علاقہ٭ مختصر۔(۳) کسی طرف، سمت بڑھنے کا رجحان؛ میلان (کسی شے یا کام کرنے کی طرف)۔(٤) مقصد؛ منشاء؛ مفہوم؛ مطلب۔

Adversive tendency : (نفسیات) نا موافق رجحان۔

Collecting tendency : (حیوانیات) ذخیرہ اندوزی رجحان۔

Tendential : (a) متمایل؛ متوجہ؛ تمایلی؛ رجحان رکھنے والا۔

Tendentious : (a) [med. L. 'tendentia'.] (۱) متمایل؛ متوجہ؛ رجحان رکھنے والا۔(۲) (تحریر وغیرہ کے متعلق) جو خاص مقصد، خیال یا تحریک کی تائید یا تردید میں ہو؛ تابع مقصد؛ مقصد پر مبنی۔

Tendentiously : (adv.) توجہ کے طور پر؛ میلان کے ساتھ؛ رجحان کے طور پر۔

Tendentiousness : (n) توجہ؛ میلان؛ رجحان۔

Tender : (n) [Fr. 'attendre'.] (۱) دیکھ بھال کرنے والا؛ نگہبانی کرنے والا (مشین، تجارت وغیرہ)۔(۲) چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ خوراک لانے یا پیام لےجانے کےلئے ہوتی ہے؛ چھوٹی کشتی جو کسی جہاز کےماتحت ہو؛ بڑی کشتی کے ساتھ رہنے والی چھوٹی کشتی۔(۳) چھوٹا جہاز جو بڑے جہاز پر مسافر، سامان، ڈاک وغیرہ لانے اور لے جانے کےلئے ہو۔(٤) انجن کے ساتھ کی گاڑی یا خانہ جس میں اس کا ایندھن اور پانی وغیرہ بھرا ہوتا ہے؛ انجن کوٹھی؛ ایندھن گاڑی۔(٥) کونچی میں چھوٹا سا خانہ جس میں پانی بھرا ہوتا ہے۔

Tender : (n) [L.'tendere'.] (۱) پیش کرنے کا عمل؛ کوئی چیز جو پیش کی جائے؛ ٹھیکے کا تخمینہ۔(۲) رقم جو قرض کی ادائیگی کے لئے دی جائے؛ چکوتی کی رقم۔(۳) (معاشیات) نرخ طلبی؛ (رقم وغیرہ میں) پیشداد ٹینڈر۔(٤) (قانون) پیشداد پیشکش (ایک پارٹی کی طرف سے دوسری کو)؛ خصوصاً رقم کی پیشکش یا اس طرح کی چیز (قرض کی ادائیگی میں)۔ (٥) قبول کرنے کے لئے کسی چیز کی پیشکش۔ (٦) پیش نہاد مناقصہ یا مزایدہ۔

Common tender /Legal-/ Lawful - : زر قانونی جسے قانون زر رائج الوقت تسلیم کرتا ہے اور جس سے قرض ادا کیا جائے تو قرض خواہ اس کے لینے سے انکار نہیں کرسکتا؛ رقم رائج قانونی۔

Plea of tender : (قانون)اقرار ادائیگی کی درخواست؛ مدعاعلیہ کی طرف سے جواب دعویٰ میں کہ وہ مطالبہ ادا کرنے پر آمادہ تھا اور اب عدالت میں رقم پیش کرتا ہے۔

Tender : (a) [L. 'tenerum'.] (۱) نازک؛ حساس؛ لطیف؛ نرم؛ ملائم؛ جس میں سختی نہ ہو؛ آسانی سے ٹوٹ جانے والا ۔ (۲) دلسوز؛ نازک؛ جسے جلد صدمہ یا آنچ پہنچ جائے؛ دکھتا ہوا (جسم کا حصہ) ۔ (۳) کمزور؛ نا استوار؛ کاچو بھوجو؛ نازک (لغوی اور مجازی دونوں معنوں میں)؛ زن نما؛ زنخا ۔ (٤) شفیق؛ محبت آمیز؛ چاہنے والا؛ محبت بھرا؛ مہربان؛ شریف ۔ (۵) ہر وقت خیال رکھنے والا (عزت، نیک نامی وغیرہ کا) ۔ (٦) بہت محتاط؛ پھونک پھونک کر قدم رکھنے والا (کہ کہیں لغزش نہ ہو جائے)؛ نازک مزاج؛ متدین؛ احتیاط پسند؛ شکی؛ وہمی ۔ (۷) جس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہو؛ نازک (معاملہ وغیرہ)؛ بہت احتیاط سے کرنے کا (کام) ۔ (۸) (پودے یا جانور وغیرہ) چھریرا؛ دبلا پتلا؛ ہلکا؛ سبک؛ نازک ۔ (۹) ناقص؛ ناتمام؛ ادھورا؛ ناپختہ؛ غیرمکمل؛ نوجوان؛ نوخیز؛ کم عمر ۔ (۱۰) بیدار؛ ہوشیار؛ چوکنا؛ محتاط؛ چوکس؛ متامل؛ ٹھس ۔ (۱۱) (جہاز) ڈگمگاتا ہوا (جہاز یا کشتی جس کے الٹ جانے کا اندیشہ ہو) ۔ (۱۲) جلد متاثر ہونے والا؛ زود اثر پذیر؛ ہمدرد؛ دردمند؛ تاثر پذیر ۔

A tender heart : نازک دل؛ کمزور ۔

Of tender age : کمسن؛ کم عمر؛ خُرد سال ۔

The tender passion /- sentiment : جنسی محبت ۔

Tender : (v) [L. 'tendere'.] (۱) (قانون) پیش کرنا(عذر، دلیل، معاملہ، دعویٰ، حتمی بیان، گواہی وغیرہ)؛ دائر کرنا؛ آگے بڑھانا ۔ (۲) (خصوصاً) اداکرنا (رقم) (قرض کی ادائیگی میں) ۔ (۳) (کوئی چیز) منظوری یا قبولیت کے لئے پیش کرنا؛ پیشکش کرنا؛ نذر کرنا ۔ (٤) ٹینڈر دینا؛ ٹھیکے دار کا تخمینہ دینا؛ پیش کرنا (کسی کام کے مصارف یا مال کی قیمت کا) ۔

To tender an oath : عہد لینا؛ قسم کھانا؛ حلف وفاداری اٹھانا ۔

Tender : (v) چھوٹی کشتی پر (سامان، ڈاک وغیرہ) لادنا یا لے جانا ۔

Tender-dying : (a) جواں مرگ ۔

Tender emotion : (n) (نفسیات) نازک جذبہ ۔

Tender-eyed : (n) (۱) محبت بھری آنکھ والا ۔ (۲) ضعیف العمر ۔

Tender-foreheaded : (a) منکسر؛ شرمیلا؛ باحیا؛ سیدھا سادا ۔

Tender-hearted : (a) (۱) نازک دل؛ رقیق القلب؛ کمزور دل والا؛ نرم دل ۔ (۲) محبت کرنے والا؛ محبت آمیز؛ شفیق؛ دردمند؛ رحیم ۔

Tender-heartedly : (adv.) نرم دلی کے ساتھ؛ رقیق القلبی سے؛ دردمندی کے طور پر ۔

Tender-heartedness : (n) نرم دلی؛ مہربانی؛ رقیق القلبی؛ دردمندی ۔

Tender-mouthed : (a) (۱) (گھوڑا) لگام کا فوراً اثر قبول کرنے والا؛ چھوٹےمنہ والا ۔ (۲) بول چال میں شریف ۔

Tender-nosed : (n) تیز بو والا؛ تیز مہک والا؛ تیز خوشبو ۔

Tender of issue : (n) ایسا عذر جس کا مخالف بھی ساتھ دیتا ہے ۔

Tender reputation : (n) نا اُستوار شہرت ۔

Tender years : (n) جوانی؛ ایام جوانی ۔

Tenderer : (n) پیش دادی؛ ٹینڈر دینے والا ۔

Tenderfoot : (n) (امریکا اور نوآبادیو ں کی اصطلاح میں) نو وارد؛ نیا آدمی؛ ناتجربہ کار آدمی ۔

Tenderfooted : (a) (۱) ڈرپوک؛ بودا ۔ (۲) جھینپنے والا؛ شرماؤ؛ حد سے زیادہ شرمیلا ۔

Tenderling : (n) (۱) بچہ؛ کودک؛ چھوٹا بچہ؛ کم عمر آدمی ۔ (۲) کمزور آدمی؛ نازک شخص ۔

Tenderloin : (n) (۱) نیم ران؛ ران کا نچلا حصہ؛ گائے کے پٹھے کا گوشت جو ہڈی کے نیچے ہو؛ گوشت پشت مازو؛ گوشت مازہ ۔ (۲) (امریکا) نیویارک یا دوسرے شہروں کی عیش گاہیں؛ وہ محلے یا مقامات جہاں عیش و تفنن کے سامان ہوں ۔

Tenderly : (adv.) مشفقانہ؛ ازروئے شفقت؛ دل سوزی کے ساتھ؛ نرمی سے؛ نازک طور پر؛ ملائمت کے ساتھ؛ محبت کے ساتھ؛ نہایت احتیاط سے ۔

Tenderness : (n) (۱) (نفسیات) نزاکت جذبی ۔ (۲) ملائمت؛ نرمی؛ نزاکت ۔ (۳) دکھتا ہونا؛ دکھن ۔

Tendron : (n) [Fr. f. 'tendre'.] (۱) (نباتیات) نبته؛ کونپل ؛ کلی ؛ غنچه - (۲) (نباتیات) بیل سوت - (۳) (جمع میں) گاثے، ہرن کی غضروف سینه؛ غضاریف ضلع؛ پسلی کی کُریاں -

Tenebrae : (n) [L.] مسیحی ہفتهٔ مقدس کے آخری تین روز کی صبح تڑکے اور آدھی رات کی مناجاتیں، جن میں شمعیں گل کرنے کی رسم ادا ہوتی ہے؛ اندھیرے کی مناجاتیں -

Tenerbrific : (a) [f. L. 'tenebrac'.] تاریك آور؛ تاریکی آور؛ مظلم؛ ظلمت گر -

Tenebrific stars : (n) (علم النجوم) شب آور ستارے؛ وہ ستارے جن کی نسبت خیال ہے که ان کے نکلنے سے رات ہوتی ہے -

Tenebrio : (n) (حیوانیات) جنسِ طعمی بھونرا؛ ظلمت بھونرا-

Tenebrionidae : (n) (حیوانیات) ظلمت بھونرے -

Tenebrious : (a) [altered f.'Tenebrous'.] (۱) اندھیرے سے بھرا ہوا ؛ تیرہ : تاریك : اندھیرا - (۲) (مجازاً) بے نور کا؛ بے رونق -

Tenebrity (n) تیرگی؛ ظلمت -

Tenebrose : (a) [L.'tenebrosus'.] تاریك؛ تیرہ؛ (نیز مجازاً) دماغی اور اخلاقی طور پر تیرہ وتاریك ؛ بےنور کا؛ بے رونق -

Tenebrosity : (n) ظلمت؛ تاریکی -

Tenebrous : (a) [L. 'tenebrosus'.] دیکھو Tenebrious (a)

Tenebrousness : (n) تاریکی؛ تیرگی؛ ظلمت -

Tenement : (n) [med. L. 'tenementum'.] (۱) اراضی (جو مالك کے پاس ہو) ؛ ملك؛ زمین - (۲) (قانون) لگان یا کرائے کی جائداد غیر منقوله (مثلاً مکان، اراضی وغیرہ) ؛ جاگیر؛ امراء کا منصب یا خطاب؛ جائداد مقبوضه - (۳) مکان مسکونه؛ گھر؛ حصهٔ مکان؛ رہنے کی جگه؛ قیام کرنے کی جگه - (٤) (انگلینڈ میں) مکان کا ایك حصه جس میں ایك کنبه رہ سکے؛ فلیٹ؛ درجه؛ چال؛ نیز جانوروں کے رہنے کی جگه -

Free tenement : دیکھو Freehold

(٤) رحم دلی ؛ رقیق القلبی - (٥) شفقت ؛ محبت - (٦) محتاط ہونا (اخلاقی معاملات میں)-

Tending : (n) (طب) نگہداشت -

Tendinous : (a) [Gr. 'tendineux'.] وتری؛ نسیلا؛ وتر کا؛ وتر نما -

Tendo : (n) [med. L.] وتر -

Tendo Achillis : (n) (تشریح) وَترِ اَخیلی ؛ وَتر عرقوب -

Tendo Calcaneus : (n) (تشریح، حیوانیات) ایڑی کی نس -

Tendo-synovitis : (n) وتری ورم جس سے لعاب جیسی رطوبت نکلتی ہو -

Tendon : (n) [med. L. 'tendo, 'tendonem'.] (تشریح،حیوانیات) وَتر؛ نس؛ وَتر العضله؛ وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایك کو دوسرے سے جوڑتی ہے-

Tendon cells : (n) (تشریح) وتری خلیات -

Tendon of Achilles : (n) (تشریح) ایڑی کی نس (یونانی سورما (Achilles) کی طرف منسوب ہے، اس لئے که اس کے جسم میں اس نس کے سوا کسی دوسری جگه ہتھیار کارگر نہیں ہوتا تھا) -

Tendonous : (a) (تشریح) وتری؛ وتری مانند؛ نسیلا -

Tendon reflex : (n) (حیوانیات) وتر عکس؛ وتری انعکاس -

Tendril : (n) [Origin obsc.] (نباتیات) جفته؛ بیل ڈورا؛ بیل سوت؛ درخت کا سوت یا داڑھی جس کے سہارے سے وہ دوسرے درخت سے مل جائے -

Tendrilled/-iled : (a) بیل سوت والا؛ ذوجفته؛ سوت دار-

Tendriliferous : (a) سوت دار؛ بیل ڈورا والا -

Tendrillar : (a) (۱) بیل ڈورا مانند؛ بیل ڈورا جیسا - (۲) سوت دار -

Tendrilly : (a) دیکھو Tendrilar

Tendrilous : (a) دیکھو Tendrillar

Tenement house : (n) (امریکا) کرایہ دار کےلئے علاحدہ مکان؛ کرایہ کی حویلی ۔

Tenement householder : (n) علاحدہ مکان میں رہنے والا کرایہ دار ۔

Tenemental : (a) (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق؛ جاگیری ۔ (۲) سکونتی؛ مکان مسکونہ کے متعلق ۔ (۳) لگان یا کرائے کا ۔

Tenementary : (a) (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق؛ جاگیری ۔ (۲) جو لگان یا کرایہ پر دیا جائے؛ لگان یا کرائے کا ۔ (۳) لگان داری یا کرایہ داری کا (حق وغیرہ) ۔

Tenendas : (n) [L.] (انگریزی قانون) دستاویز کا وہ حصہ جو ملکیت یا لگان داری کے اصول کو واضح کرتاھے ۔

Tenendum : (n) [L.] (اسکاتستانی قانون) دیکھو Tenendas

Teneral : (a) [f. L. tener +- AL.] (تشریح) طفلی؛ مرحلہ* نرم بندی ۔

Tenesmic : (a) (۱) زُحار کی صفت کا ۔ (۲) سلسل البول کی صفت کا ۔

Tenesmus : (n) [L. 'tenesmos'.] (۱) (مرضیات) زُحارت؛ زُحار؛ شدید پیچش؛ مروڑ؛ آنتوں کی کمزوری جس کی وجہ سے بار بار پاخانے کی حاجت سوزش کے ساتھ ھوتی ھے ۔ (۲) (طب) سلسل البول؛ مثانے کی خرابی جس کی وجہ سے بار بار پیشاب کی حاجت سوزش کے ساتھ ھوتی ھے ۔

Tenet : (n) [L. 'tenet'.] (۱) عقیدہ؛ اصول؛ مرام (کسی مذہب کا یا کسی شخص کا) ۔ (۲) کوئی نظریہ؛ کوئی خیال ۔

Religious tenets : عقائد مذہبی؛ اصولِ مذہبی ۔

Tenfold : (a) دہ برابر؛ دہ چنداں؛ دہ گانہ؛ دس گنا ۔

Tenfold : (adv.) (رقم یا ڈگری میں) دس گنا؛ دہ چند؛ دس گُنے کے ذریعے ۔

Tenia : (n) (حیوانیات) جنس کدودانہ؛ حیات؛ جنس فیتہ ۔

Teniacide : (n) (طب) کدودانہ کُش ؛ فیتہ کُش ۔

Teniafuge : (n) (طب) دافع کدودانہ؛ دافع فیتہ ۔

Teniasis : (n) (طب) مرض کدودانی؛ مرض فیتوی ۔

Tennantite : (n) [Named after 'Smithson'.] (کان کنی) تانبےاور لوھے کا گندھکی آرسینائڈ ۔

Tenne/Tenny : (n) [Fr. 'tenne'.] قہوہ مانند نارنجی رنگ ۔

Tenne/Tenny : (a) (بعض مصنف کے مطابق) عمودی؛ (بعض کے مطابق) اُفقی ۔

Tenner : (n) (بول چال) دس کا عدد ؛ دس کی رقم؛ خصوصاً دس پونڈ کا نوٹ ؛ (امریکا) دس ڈالر کابل ۔

Tennis : (n) [late ME. 'tenetz'.] ٹینس؛ ایک کھیل کا نام ۔

Lawn Tennis: لان ٹینس ۔

Table Tennis : ٹیبل ٹینس ۔

Tennis-arm/-elbow : (n) (طب) ٹینس کہنی؛ ورم مرفق؛ ہاتھ کا جھٹکا یا موچ جو ٹینس کھیلنے میں آجائے؛ ٹینس موچ ۔

Tennis-ball : (n) ٹینس بال؛ ٹینس کھیلنے کی گیند ۔

Tennis-court : (n) ٹینس کورٹ ۔

Tennis-knee : (n) گھٹنے کا جھٹکا جو ٹینس کھیلنے میں ھو جائے ۔

Tennis-play : (n) ٹینس کا کھیل ۔

Tennis-player : (n) ٹینس کا کھلاڑی ۔

Tennysonian : (a) [f. name of the poet Alfred Lord Tennyson (1809-1892)+-IAN.] ٹینیسن سے متعلق یا اس کے طرز کا یا اس کے کام (تصنیف) سے متعلق ۔

Tennysonian : (n) ٹینیسن کا مداح، مقلد، پیرو؛ ٹینیسن کا طالب علم ۔

Teno - : [Gr. 'teno'.] سابقہ بمعنی وَتر ۔

Tenology : (n) علم تشریح کا وہ حصہ جو وتر سے بحث کرتا ھو ۔

Tenon : (n) [Fr. f. 'tenir'.] چول؛ سرا (خصوصاً لکڑی کا) جو جوڑنے کےلئے کسی خانے یا چول میں بٹھا دیا جاتا ھے ؛ (بڑھئی) جوڑ چول ۔

Tenon : (v) (۱) چول تراشنا یا بنانا؛ چول سے جوڑنا؛ چول بٹھانا ۔ (۲) چول کے ذریعے درست کرنا۔

Tenon-joint : (n) چول جوڑ ۔

Tenon-saw : (n) چول آری؛ باریک آری؛ کرونی یا آری (باریک کام کے لئے)۔

Tenoner : (n) (۱) چول بنانے یا بٹھانے والا ۔ (۲) چول بنانے یا بٹھانے کا آلہ ۔

Tenonian : (a) [f. name of J.R. Tenon, a French anatomist (1724+1816).] (تشریح) ٹینن کابیان کردہ؛ ٹینن کی تحقیق کا ۔

Tenonian fascia/-capsule : (n) ریشہ دار یا پٹھے کا ہلکا سا غلاف جو آنکھ کی پتلی کے گرد ہوتا ہے ۔

Tenonitis : (n) (طب) ورم وتر ۔

Tenonto -: [f. Gr.] سابقہ بمعنی وتر ۔

Tenontology : (n) دیکھو Tenology

Tenor : (n) [L. 'tenorem'.] (۱) روش: رفتار (کسی چیز کی، مجازاً زندگی یا طرز عمل کی) رویہ؛ تمایل ۔ (۲) (تقریر و تحریر وغیرہ کا) منشا؛ مدعا؛ عام رنگ: مطلب؛ معنی؛ مفہوم؛ خلاصہ؛ حاصل؛ انجام ۔ (۳) (قانون) اصلی نیت؛ مقصود؛ مقصد؛ (نفسیات) مشیت ۔ (٤) (قانون) نقل صحیح؛ نقل مطابق اصل ۔ (٥) (موسیقی) مردانہ آواز کا سب سے اونچا سُر؛ دھیوت؛ اس سُر میں گانے والا شخص ؛ صدائے اوج مرد ۔ (٦) بعض اقسام کے ساز خصوصاً اونچے سرگم کا چوتارا ۔

Tenor : (a) مردانہ آواز کے سب سے اُونچے سُر سے متعلق ۔

Tenor bell : (n) (گھنٹوں کے سلسلے میں سب سے) بڑا گھنٹا ۔

Tenor violin : (n) ایک قسم کی بڑی ولایتی سارنگی ۔

Tenor voice : (n) اونچی آواز یا سُر ۔

Tenorist : (n) دھیوت یا اونچے سُروں میں گانے یا بجانے والا ۔

Tenorrhaphy : (n) (جراحی) وتر پیوندی ۔

Tenosporri cordifolia : (n) (نباتیات) گِلو ۔

Tenosynovititis : (n) (طب) ورم غلاف وتر ۔

Tenotome : (n) جراح کی ہلکی چھری ۔

Tenotomy : (n) [Fr. 'tenotomie'.] (جراحی) وتر شگافی؛ وَتر تراشی؛ قطع وتر؛ ایڑی کے اوپر کی نس کاٹنا (خصوصاً پاؤں کی کجی دور کرنے کی غرض سے)۔

Tenovaginitis : (n) (طب) ورم غلافِ وتر ۔

Tenrec/Tanrec : (n) تنریک؛ حشرات خور (مڈغاسکر کا)؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ہے اور کیڑے کھاتا ہے ۔

Tense : (n) [L. 'tenous'.] (۱) (قواعد) زمانہ؛ زمان؛ فعل کی صورت جس سے اس کا حال، مستقبل یا ماضی میں واقع ہونا معلوم ہوتا ہے ۔ (۲) تصریف؛ فعل کی گردان (ضمائر کے لحاظ سے)۔

Aorist tense : (قواعد) مضارع ۔

Future tense : مستقبل؛ زمانہ مستقبل؛ آنے والا زمانہ۔

Historic tense : (فعل) ماضی بیانیہ ۔

Past tense : (قواعد) ماضی مطلق؛ زمانہ گذشتہ ۔

Pluperfect tense : (قواعد) ماضی بعید ۔

Present tense : فعل حال؛ زمانہ موجودہ ۔

Sequence of tense : دیکھو Sequence

Tense : (a) [L.'tensus'.] (۱) تنا؛ تنا ہوا؛ کشیدہ؛ کھینچی ہوئی یا تنی ہوئی (جھلی، نس وغیرہ)۔ (۲) (مجازاً) شدید (جذبہ) ؛ ہوش میں آئی ہوئی (طبیعت) ؛ کشاکش کی حالت میں؛ بےچین ؛ بر انگیختہ ؛ ہیجان میں آیا ہوا ۔ (۳) کھنچاؤ کا ؛ کشیدگی کا (انداز)۔ (٤) مڈغاسکر کی ایک قسم کی پستاندار سیہی یا ساہی جو بغیر دُم کے ہوتی ہے ۔

Tense moment : (n) تناؤ کا وقت؛ کشاکش کا لمحہ ۔

Tenseless : (a) لازمانی ؛ جس کا زمانہ متعین نہ ہو ؛ بےزمان۔

Tensely : (adv.) کھنچاؤ یا تناؤ کی حالت میں؛ شدت جوش سے؛ بے چینی سے؛ کشاکش کے ساتھ۔

Tenseness : (n) کھنچاؤ؛ تناؤ؛ شدت (جذبات کی)؛ جوش؛ بیچینی؛ کشاکش۔

Tenser/-or : (n) [OFr. 'f. 'tenser'.] (تاریخ) کسی شہر کا باشندہ؛ دوسرے شہر کا مقیم۔

Tensibility : (n) کھنچنےیا تننے کی صلاحیت؛ (طبیعیات) تمدد؛ تنش پذیری۔

Tensible : (a) [mod.L. 'tensibilis'.] تننے والا؛ کھنچنے والا؛ (طبیعیات) مُتمدد؛ تنش پذیر۔

Tensibleness : (n) تناؤ؛ کھنچاؤ؛ تنش پذیری۔

Tensibly : (adv.) تناؤ کے ساتھ؛ تنش پذیری کے طور پر۔

Tensile : (a) [mod. L. 'tensilis'.] (۱) کھنچاؤ یا تناؤ کا؛ لچک دار؛ ملائم؛ نرم؛ جو پیٹنے سے بڑھ سکے۔ (۲) جو کھینچا جاسکے۔ (۳) کھینچنے والا؛ تننے والا۔ (٤) (طبیعیات) تنشی۔ (٥) قابل کشش؛ قابل تمدد۔

Tensile force : (n) تناؤ کی قوت۔

Tensile strength : (n) (طبیعیات) تنشی طاقت۔

Tensile strain : (n) (طبیعیات) تنشی بگاڑ؛ تنشی فساد۔

Tensilely : (adv.) تناؤ کے طور پر؛ لچک داری کے ساتھ۔

Tensileness : (n) تناؤ؛ لچک داری؛ تَنَش۔

Tensility : (n) (طبیعیات) تنش پذیری؛ تننے کی صلاحیت۔

Tensimeter : (n) (کیمیا) تنش گیس پیما؛ فشار پیما۔

Tension : (n) [late L. 'tensionem'.] (۱) کھنچاؤ؛ تناؤ؛ امتداد؛ تمدد۔ (۲) جذبے کی شدت؛ جوش؛ بیچینی؛ کشاکش۔ (۳) نازک حالت؛ بیچینی کی حالت؛ کشاکش (سیاسی، عمرانی وغیرہ)۔ (٤) (میکانکی) تناؤ؛ جس کے زور سے مشین کا کوئی ڈنڈا یا پٹّا کھنچتا یا حرکت میں آتا ھے؛ تنش۔ (٥) پھیلن؛ گیس یا بخار کے پھیلنے کی قوت۔ (٦) (نفسیات) ہیجان؛ (الیکٹرک) وولٹاژ؛ برقی حرکی قوت؛ (سیاسیات) کشاکش۔ (۷) (عضویات و مرضیات) جسم کے حصےّ کی حالت کشش؛ تناؤ؛ سختی کا احساس۔ (۸) (نباتیات) پودوں کی نسیج کا دباؤ (بڑھنے کے وقت)۔ (۹) (طبیعیات) ذروں کے تناؤ کی حالت؛ کسی جسم کے ذروں کے تناؤ کی حالت۔

High tension : سخت تناؤ؛ امتداد بلند؛ سخت کشاکش؛ خصوصاً برقی حرکی قوت کا تناؤ۔

High tension battery : بلند قوّہ بیٹری۔

Low tension : کم تناؤ؛ برقی محرك قوت کا کم تناؤ۔

Tension : (v) کھینچنا؛ تاننا؛ کھینچا جانا؛ سخت بنانا۔

Tensional : (a) تناؤ کا؛ کھنچاؤ کا؛ کشاکش کا یا اس سے متعلق۔

Tensioned : (a) تنا ھوا؛ کھینچا ھوا؛ متمدد۔

Tensionless : (a) بغیر تناؤ کے۔

Tensity : (n) (طبیعیات) تنشیت؛ قوت تنش؛ قوت کشش؛ شدت؛ وخالت۔

Tensive : (a) [Fr. 'tensif, -ive.'] تناؤ کا؛ کشیدنی؛ کھینچاؤ والا۔

Tenson/Tenzon : (n) [Fr.] (۱) شعر خوانی کا مقابلہ، شاعروں کے درمیان۔ (۲) قرون وسطیٰ کے فرانسیسی مغنی شعراء (Troubadour) کا باہمی مقابلہ؛ کبت کہنے کا مقابلہ۔ (۳) کبت جو ایسے موقع کے لئے کہے جاتے تھے۔

Tensor : (n) [mod. f. 'tendere'.] (۱) (تشریح) عضلۂ ناشرہ؛ عضلۂ ممددہ؛ وہ پٹھا جو جسم کے کسی حصے کو تنا ھوا رکھتا ھے۔ (۲) (ریاضیات) تنسر؛ پیمانشی رقم۔ (۳) (الیکٹرک انجینیئرنگ) کلاہ؛ حد اکثر۔

Tent : (n) [L.'tenta'.] (۱) خیمہ؛ ڈیرا۔ (۲) خیمہ کی طرح کی کوئی چیز۔ (۳) (فوٹو گرافی) سفری ڈارک روم؛ اندھیری چھولداری جس میں تصویر تیار کرتے ہیں۔ (٤) (مجازاً) قیام گاہ؛ مکان؛ مسکن؛ مقام۔ (٥) (اسکاتستانی تاریخ) نقل پذیر منبر جسے کھلی فضا میں رکھا جاتا ھے۔

Bell tent : یك چوبا؛ تنبو؛ چھوٹا خیمہ جس کے بیچ میں ایك نلی گڑی ھوتی ھے؛ خیمہ قلندری۔

To have, pitch one's tent : قیام کرنا؛ مسکن اختیار کرنا۔

Tent : (n) [Aphetic f. Attent.] (اسکاتستانی) توجہ ؛ دھیان؛ لحاظ؛ التفات؛ غور؛ خیال۔

Take tent : توجہ دینا؛ دھیان رکھنا؛ خیال کرنا؛ دیکھ بھال کرنا۔

Tent : (n) [L. 'temptare'.] (جراحی) فتیلہ؛ بتی؛ پھایا (زخم کا) ؛ بتی (کپڑے وغیرہ کی) جو زخم میں رکھ دیتے ہیں کہ اس کا منہ نہ بند ہونے پائے۔

Tent : (n) [L. 'Tinctus'.] ایک قسم کی سرخ میٹھی شراب جو عموماً اسپین سے آتی ھے اور عشائے ربانی میں استعمال ھوتی ھے۔

Tent : (n) [Shortened from Tenter.] (زردوزی، کشیدہ کاری) تاننے والا فریم؛ کسنے والا فریم۔

Tent : (v) [f. Tent.n.2] (۱) توجہ دینا؛ خیال کرنا؛ دھیان دینا؛ خیال رکھنا؛ لحاظ رکھنا؛ دیکھ بھال کرنا۔ (۲) توجہ کرنا؛ دھیان رکھنا؛ (کسی شخص کی بات کا) خیال رکھنا۔

Tent : (v) [f. Tent. (n)3] (قدیم) بتی رکھنا؛ فتیلہ رکھنا (زخم پر)؛ فتیلہ سے ڈاٹ لگانا۔

Tent : (v) [f. Tent (n)1] (۱) خیمہ میں رہنا؛ ڈیرے میں رہنا؛ ڈیرا ڈال کر رہنا؛ پڑاؤ کرنا؛ خیمہ میں گزارہ کرنا۔(۲) خیمہ چھانا؛ خیمہ لگانا؛ ڈھاپنا؛ سایہ کرنا (خیمے جیسی شے سے)؛ خیمہ نصب کرنا۔ (۳) (مجازاً) قیام کرنا؛ عارضی طور پر رہنا؛ عارضی قیام کرنا۔

Tent-barge : (n) وہ کشتی جس میں خیمہ نما شامیانہ ھوتا ھے۔

Tent-bed : (n) خیمہ، مسہری یا چھپرکھٹ جس کی چھت خیمے کی سی ھوتی ھے۔

Tent-caterpillar : (n) (حیوانیات) بافندہ سرفہ؛ بافندہ لاروا۔

Tent-door : (n) خیمے کا دروازہ۔

Tent-fly : (n) آفتاب گیر؛ پیش چوبہ؛ خیمہ کے آگے کا چھجا یا چھوٹا سا بر آمدہ۔

Tent-maker : (n) خیمہ بنانے والا؛ خیمہ ساز؛ خیّام۔

Tent-mate : (n) ایک ہی خیمہ میں رہنے والا؛ شریک خیمہ؛ ہم خیمہ۔

Tent of meeting : (n) چھولداری؛ چھوٹا اور ہلکا مکان جسے منتقل کر سکتے ھوں۔

Tent-peg : (n) ڈیرا لگانے کی میخ؛ خیمہ لگانے کی چوبی میخ۔

Tent-pegging : (n) میخ اُکھاڑنا؛ سواروں کا گھوڑے دوڑا کر میخ اکھاڑنے کا کھیل یا کرتب۔

Tent shel' · (n) دیکھو Limpet

Tent-stitch : (n) [Origin of first element obsc.] (زردوزی) کیکری؛ سلائی میں مثلث یا خیمے کی شکل کا بخیہ۔

Tent worm : (a) دیکھو Tent- caterpillar

Tentability : (n) [f. L. 'tentabilis'.] دیکھو Temptability

Tentacle : (n) [mod. L. 'tentaculum'.] (۱) (حیوانیات) شاخک؛ محاس (واحد محس) ؛ گیرہ؛ لامس جانوروں کا آگے کو نکلا ھوا عضو جس سے وہ ٹٹولنے یا کسی شے کو پکڑنے میں مدد لیتے ہیں۔ (۲) (نباتیات) موئے حساس؛ ریشہء حساس؛ ریشہء حاسّہ؛ بعض پودوں کا رواں جس میں حِس کی قوت ھوتی ھے۔

Tentacle-sheath : (n) (صدفہ) خول نما ساخت۔

Tentacled : (a) گیرہ دار؛ حاسّہ دار۔

Tentacular : (a) گیرہ نما؛ حاسّہ نما؛ محسی۔

Tentaculate : (a) [f.mod. L.Tentaculum+-ATE.] محس دار؛ گیرہ دار؛ حاسّہ دار۔

Tentaculated : (a) گیرہ دار؛ حاسّہ دار۔

Tentaculi-: [Combining form of mod. L. Tentaculum] سابقہ بمعنی ریشہء حسّاس۔

Tentaculiferous : (a) گیرہ دار؛ حاسّہ دار؛ گیرہ بر۔

Tentaculiform : (a) گیرہ نما؛ حاسّہ نما۔

Tentaculite : (n) [mod.L. 'tentaculites'.] ایک قسم کا متحجر صدف۔

Tentaculocyst : (n) گیرانباں؛ دریائی جانور کا مثانوی تھیلی کا گیرہ ۔

Tentaculozooid : (n) (حیوانیات) گیرہ حُوین ۔

Tentaculum/Tentacule : (n) [mod.L. f. 'tentare'.] Tentacle دیکھو

Tentage : (n) خیمہ زنی؛ وسائل خیمہ ۔

Tentamen : (n) [L. f.'tentare'.] امتحان؛ آزمائش؛ ابتلا؛ تجربہ ۔

Tentation (n) [L.'tentationem'.] آزمائش؛ امتحان؛ تجربہ؛ عملِ آزمائشی ۔

Tentative : (a) [med. L. 'tentativus'.] آزمائشی؛ امتحانی؛ تجرباتی؛ تجربہ کی صفت کا؛ تجربی ۔

Tentative : (n) (۱) امتحان؛ آزمائش ۔ (۲) آزمائشی تجویز یا نظریہ؛ عملِ تجربی؛ کوششِ آزمائشی ۔

Tentatively : (adv.) تجربتاً؛ آزمائش کے طور پر؛ بہ طریق آزمائش ۔

Tentativeness : (n) آزمائش؛ امتحان ۔

Tented : (a) (۱) خیمہ زدہ؛ خیمہ سے بھرا ہوا ۔ (۲) خیمے کی شکل کا؛ خیمہ نما ۔ (۳) خیمہ میں رہنے والا (آدمی) ؛ خیمہ میں پناہ لئے ہوئے ۔

Tented abri : (n) چھولداری ۔

Tented arch : (n) (تعمیرات) مخروطی محراب ۔

Tented wagon : (n) چھپا ہوا ویگن ۔

Tenter : (n) [Off. 'tentour'.] کپڑا پھیلانے کا فرما؛ ایک آلہ جس پر کپڑا سکھانے یا تہ کرنے کیلئے پھیلاتے ہیں؛ نکڑی؛ انکسی ۔

Tenter : (n) [f. Tent(v) - ER.] (۱) (بولی) نگراں؛ خصوصاً وہ شخص جو کارخانے میں کلوں کا نگراں ہو ؛ محافظ آلات؛ محافظ ۔ (۲) وہ ملازم جو ماہر فن (آلات وغیرہ) کے ساتھ اس کی مدد کے لئے ہوتا ہے ۔

Tenter : (v) انکسی پر کپڑا تاننا؛ انکسی پر کپڑا پھیلانا ۔

Tenter - hook : (n) (۱) تناؤ ہک؛ انکسی کا ہک؛ نوکدار میخ؛ لوہے کی نوکدار سلاخ ۔ (۲) (مجازاً) ناراضی ۔

To be on (the) tenter-hooks /-on the tents : مخمصے میں ہونا؛ (قدیم) خلجان کی حالت میں ہونا؛ کانٹوں پر لوٹنا ۔

Tenth : (a) [OE. 'Tenpe'.] دسواں؛ دہم؛ عشر ۔

Tenth : (v) ہر دس میں ایک کو قتل کرنا ۔

Tenthly : (adv.) دسویں ۔

Tenthmetre : (n) میٹر کا دسواں حصہ؛ $\frac{1}{10}$ میٹر ۔

Tenthrate : (a) بہت معمولی ۔

Tenthredo : (n) [Latinized form of Gr.] (حیوانیات) ذباب المنشاری؛ آرہ مکھیاں؛ آرہ دار مکھیاں ۔

Tentigo : (n) (۱) (طب) دائم خیزی؛ نعظ ۔ (۲) (عضویات) شدید شہوت ۔

Tentillum : (n) (حیوانیات) مُحَیسہ؛ گیرشاخہ ۔

Tentless : (a) (اسکاتستانی) دیکھو Careless/Heedless

Tentless : (a) بغیر خیمے کا؛ بغیر پناہ کا ۔

Tentorial : (a) خیمۃ الدماغ کا یا اس سے متعلق ۔

Tentorium : (n) [L.] (تشریح) خیمۃ الدماغ؛ سَہاژ ۔

Tentwort : (n) [Origin doubtful.] چھوٹے فرن (fern) کا قدیم نام؛ سداب دیواری ۔

Tenty/Tentie : (a) (اسکاتستانی) دیکھو Attentive

Tenue : (n) [Fr.] طور؛ طریق ؛ طرز؛ وضع؛ رفتار؛ سلوک؛ طرزِ لباس ۔

Tenui - : [Comb. form of L. 'tenuis'.] سابقہ بمعنی لاغر ، کمزور؛ نازک ، باریک ۔

Tenuifolious : (a) [L.'folium'.] باریک پتوں والا؛ گھنے پتوں والا ۔

Tenuious : (a) [f. L. tenuis + -Ous.] نازک ؛ لاغر؛ باریک ۔

Tenuiroster : (n)[mod.L.'tenuirostris'.] باریک منقار کا پرندہ؛ پتلی چونچ والا پرندہ؛ کنجشک سے مشابہ ایک چڑیا ۔

Tenuirostral : (a) پتلی چونچ والے پرندے کا یا اس سے متعلق۔

Tenuis : (n) [L.] یونانی کے تین حروف صحیحہ K P T میں ایک۔

Tenuity : (n) [L. 'tenuitas'.] (۱) لطافت (ہوا یا سیال اشیاء کی)؛ ہلکاپن؛رقت ؛ پھیکاپن (روشنی) ؛ باریکی (آواز کی) ۔ (۲) (بال وغیرہ کی) باریکی؛ (کاغذ وغیرہ کا) پتلاپن ۔ (۳) (طرز تحریر وغیرہ کا) ہلکاپن ؛ شوکت الفاظ سے خالی ہونا ۔ (٤) (طبیعیات) رقت؛ (نفسیات) سادگی؛ نازکی؛ ندرت ۔ (٥) (مجازاً) لاغری؛ قلت؛ بےمائگی؛ کمزوری؛ نزاکت؛ ضعف؛ غربت ۔

Tenuous : (a) [f.L.'tenuis'+ -Ous.] (۱) پتلا؛ باریک؛ مہین؛ چھوٹا؛ لطیف؛ رقیق؛ نازک؛ دقیق؛ ہلکا؛ سبک ۔ (۲) بہت باریک یا نازک (فرق) ۔ (۳) نازک اندام؛ دبلا پتلا؛ چھریرا ۔ (٤) پھیلی ہوئی؛ آبادی (وغیرہ) جو گھنی اور گنجان نہ ہو؛ بہت ہی کم؛ نادر؛ کمیاب ۔ (٥) (مجازاً) کمزور؛ دبلا؛ لاغر؛ نحیف؛ ناقص؛ نامکمل؛ دھان پان؛ کم حیثیت ۔

Tenuously : (adv.) لطافت کے ساتھ ؛ باریکی کے طور پر ۔

Tenuousness : (n) لطافت؛ باریکی؛ رقت؛ لاغری؛ کمزوری ۔

Tenure : (n) [OFr. 'teneure'.] (۱) تصرف؛ حق ملکیت؛ حق قبضہ؛ حق لگان داری (خصوصاً جائداد غیر منقولہ کا)؛ ملکیت یا لگان داری کا اصول یا طریقہ؛ نگاہداری ۔ (۲) (دخل وقبضہ یا عہدہ داری کا) زمانہ ؛ عہد ؛ میعاد؛ مدت اجارہ داری ۔ (۳) وضع ؛ حالت ؛ شرائط ؛ وضعیت ۔ (٤) (اراضی) حقیّت؛ (قانون) میعاد قبضہ؛ (سیاسیات) زور ۔ (٥) خدمت کے شرائط ؛ کرایہ دار کے زمین دار سے تعلقات؛ کرایہ دار کے حقوق وفرائض (زمیں دار سے متعلق)؛ شرائط ملکیت؛ کنٹرول؛ قبضہ؛ اختیار؛ اقتدار ۔

Alloidal tenure : (قانون) زمینداری۔

During his tenure of office : اس کے عہدہ داری کے زمانےمیں۔

Feudal tenure : (قانون) جاگیرداری۔

Land tenure : (قانون) حقیّتِ اراضی ۔

Military tenure : فوجی جاگیر (جو فوجی خدمت ادا کرنے سے مشروط ہو)۔

Tenure-horn/-sword : (n) (تاریخ) جاگیرداری کی تلوار یا قرنا جو قدیم زمانے میں جاگیر یا معافی کی سند یا نشان کےطور پر پیش کیا جاتا تھا ۔

Tenure of office : (n) (سیاسیات) میعاد ملازمت؛ میعاد عہدہ ۔

Tenure of teachers : (n) وضعیتِ معلمین ۔

Tenurial : (a) [f. med. L. tenura+-IAL.] تصرفی؛ مدت اجارہ سےوابستہ؛ حق ملکیت کا یا اس سے متعلق ۔

Tenuto : (a&adv.) [It.] (موسیقی) مسلسل (سُر وغیرہ کے متعلق)۔

Tenzon : Tenson کا متبادل ۔

Teocallie : (n) [Mexican, f. 'teotl+calli'.] (امریکا) عبادت خانہ؛ مندرامریکی؛ میکسیکو اور امریکا کے قدیم باشندوں کا مندر؛ دیوی۔

Teosinte : (n) [Mexican, 'teocintli'.] ایک قسم کی امریکی گھاس۔

Tepa : (n) (۱) ایک امریکی درخت ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Tepal : (n) (نباتیات) ٹیپل؛ ٹیپل ۔

Tepee/Teepee : (n) [Sious or Dakota Indian, 'tipi'.] ٹیپی؛ امریکا کے قدیم باشندوں کا مخروطی شکل کا خیمہ؛ پہلے چمڑے کا ہوتاتھا اب کرمچ یا کپڑے کا ہوتا ہے ۔

Tepefaction : (n) (طبیعیات) کنکناپن؛ نیم گرم ۔

Tepefy/Tepify : (v) [f.L.'tepefacere'.] (۱) نیم گرم کرنا یا ہونا؛ کنکنانا ۔ (۲) سست کرنا؛ ملول بنانا؛ مست ہونا ۔

Tephillim/-in : (n) [Rabbinical Heb. 'Tiphillim'.] دعائے یہود کی کتاب؛ دعائے یہود؛ نماز نامہ ۔

Tephrigam : (n) (موسمیات)نقشۂ حرارت و ناکارکردگی؛ حرارت جس میں یہ دکھایا جائے کہ اجسام میں کس قدر حرارت ہے اور اس میں سے کتنی میکانکی قوت ایسی ہے جو پیدا کرنے کے کام نہیں لائی جاسکتی ہے ۔

Tephrite : (n) [f. Gr. 'tephros'.] (معدنیات) جدید آتش فشاں چٹان (جو آتش فشاں کے لاوا سے بنتی ہو)؛ (ارضیات) راکھی چٹان؛ جدید چٹان؛ تفریت۔

Tephritic : (a) جدید آتش فشاں چٹان سے متعلق۔

Tephroite : (n) [Gr. 'tephroit'.] (معدنیات) (قرمزی رنگ) خاکستری رنگ کے میگنیز کا سلیکیٹ۔

Tephromancy : (n) [f. Gr. 'tephra' +-mancy.] راکھی تفاءُل : راکھ کے ذریعے سے پیشن گوئی۔

Tepid : (a) [L.'tepidus'.] (۱) نیم گرم؛ دھیما؛ کنکنا؛ معتدل۔ (۲) (جذبہ وغیرہ) جس میں گرم جوشی کم ہو؛ دھیما؛ ہلکا؛ سست؛ سرد مہر۔

Tepidarium : (n) [L. 'tepidus'.] (۱) نیم گرم حمام؛ (طب) نیم گرم خانہ؛ قدیم زمانے کے رومی حمام کا وسطی کمرہ جس میں معتدل حرارت ہوتی تھی؛ نیم گرم درجہ۔ (۲) (حمام کی) بھٹّی؛ آتش دان۔

Tepidity : (n) [med. L. 'tepiditas'.] (۱) ہلکا؛ کنکناپن۔ (۲) (نفسیات) سستی؛ دھیماپن؛ سرد مہری۔

Tepidly : (adv.) بغیر گرم جوشی کے۔

Tepidness : (n) دیکھو Tepidity

Tepoy : Teapoy کا متبادل۔

Tequila : دیکھو Pulque : میکسیکو کے ایک قصبے کا نام۔

Ter -: [L.] سابقہ بمعنی تین بار ، سہ گانہ (خصوصاً موسیقی کی اصطلاح میں)۔

Ter-sanctus : (n) [L. 'ter + Sanctus'.] عشائے ربانی کی رسم کے شروع میں پڑھی جانے والی مناجات کا لاطینی عنوان۔

Ter-etto : (n) [It.] (موسیقی) سہ صوتی گت؛ سہ آوازی چیز یا گت؛ تین آدمیوں کے مل کر گانے کی چیز یا گت۔

Terai : (n) [Hindi. 'tarai'.] دُہرے چندوے اور چوڑے چھجے کی فیلٹ ہیٹ جو یورپ والے گرم ملکوں میں پہنتے ہیں۔

Teraph/Teraphim : (n) [eccl. L. 'theraphim'.] وہ پُتلے جو گھروں میں رکھے ہوتےتھے جن سے قدیم یہودی استخارہ کرتے تھے۔

Teras/Terata : (n) [mod. L.] (حیاتیات ، مرضیات) عجوبہ : عجیب الخلقت پیدائش؛ غیرطبعی پیدائش۔

Terato -: جزوترکیبی بمعنی عجوبہ؛ غیر طبعی شکل یا جسامت کا پودا یا جانور؛ خارق؛ وہ چیز جو خلاف عادت ہو۔

Teratogen : (n) جنین میں نقص پیدا کرنے والا مادہ۔

Teratogenesis : (n) [mod. L.] (حیاتیات ، مرضیات) عجیب الخلقت کا وجود؛ عجوبہ پیدائش۔

Teratogenic/Terotogenetic : (a) خوارق آفرینی کا یا تولید عجوبات کا؛ عجیب الخلقت پیدائش سے متعلق؛ عجوبات زا؛ جنین میں نقص پیدا کرنے والا۔

Teratogenicity : (n) عجوبات زائی؛ جنین میں نقص پیدا کرنے والی خاصیت۔

Teratogency : (n) (حیوانیات) عجوبات زائی؛ خوارق آفرینی یا تولید عجوبات۔

Teratoid : (a) [f. Gr. 'teros'.] (طب) سلعہء ثلاثی؛ توموری جو مختلف جنینی نسیجوں سے تشکیل پاتی ہے؛ سہ جلدی سلعہ۔

Teratolite : (n) (کان کنی) شفا مٹی : گل شفا؛ سیکسنی میں ایک قسم کی مٹی جو پہلے بعض امراض کی دوا مانی جاتی تھی؛ گلِ عجیب۔

Teratological : (a) خرقیاتی؛ عجوبیاتی؛ (حیاتیات) عجوبائی: علم خوارق سے متعلق؛ عجیب الخلقت پیدائش سے متعلق۔

Teratologist : (n) (حیاتیات) عالم عجوبیات؛ ماہر خرقیات؛ ماہر عجوبیات۔

Teratology : (n) [f. Gr.] (۱) (حیاتیات) خرقیات؛ علم خوارق۔ (۲) عجوبیات : حیاتیات میں غیر طبعی پودوں اور جانوروں کی بحث؛ علمِ عجائب شناسی۔

Teratoma : (n) [mod.L.f. Gr.] دیکھو Teratoid

Teratosis : (n) (طب) ناقص الخلقگی۔

Terbium : (n) [mod. L.] (کیمیا) تربیم (عنصر ، دھات)۔

Terce : Tierce کا متبادل۔

Tercel/Tiercel : (n) [OFr. 'tercel'.] شکرا؛ جرہ؛ نرباز؛ شاہین؛ قوش نر؛ نرسیل۔

Tercelet/Tiercelet : (n) [Fr. 'tiercelet'.] دیکھو Tercel

Tercel gentle/Tercel- gentle : (n) قوش نر؛ نرخاص باز ؛ شکرا۔

Tercentenary : (a) سہ صد سالہ؛ سہ قرنی؛ تین سو سال کا۔

Tercentenary : (n) تین سو سال کی مدت؛ سہ صد سالہ جشن وغیرہ؛ سہ صدی۔

Tercentenrial : (a) تین سو سال کی مدت کا؛ سہ صد سالہ جشن کا۔

Tercentennial : (n) سہ صد سالہ جشن؛ تین سو سال کا جشن۔

Tercet : (n) [It. 'terzetto'.] (علم البدیع) ہم قافیہ مثلث ؛ سہ سطور اشعار ہم قافیہ؛ سمط؛ سانٹ کی آخری چھ سطروں کا نصف حصہ۔

Tercine : (n) [L.'tertius'.] (نباتیات) تخمچہ پُوش۔

Tercio/Tertio : (n) [L.'tertium'.] (تاریخ) (سولھویں، سترھویں صدی عیسوی میں) اسپانوی پیدل فوج کا ایک دستہ؛ اسی عہد کی اطالوی فوج کے دستے کے لئے بھی استعمال ھوتا تھا؛ پیادہ فوج کا ایک دستہ۔

Terdiurnal : (a) دن بھر میں تین دفعہ؛ دن میں تین بار۔

Terebate : (n) نمک ، تارپین اور گندھک کےکیمیائی عمل کا نتیجہ۔

Terebene : (n) [f. Tereb inth +-Ene.] (کیمیا) تَربین؛ تارپین کےتیل اور گندھک کا ایک مرکب جو جراثیم کُش دوا کےطور پر استعمال ھوتا ھے؛ تریپناب۔

Terebenthene : (n) [L.'terebinthina'.] Terpene کے لئے Berthelot کا نام۔

Terebic : (a) تارپین آمیختہ۔

Terebic acid : (n) تارپین آمیختہ ایسڈ ($C_7 H_{10} O_4$)۔

Terebinth : (n) [L. 'terebinthus'.] شجر تارپین؛ تارپین کا درخت؛ بَطم۔

Oil of terebinth : تارپین کا تیل؛ گندا بیروزہ۔

Terebinthina : (a) [med. L.] تربانثین؛ سُقز ؛ Terpentine کا قرابادینی نام۔

Terebinthinate : (a) [med. L. 'terebinthinatus'.] تربانثین صفت؛ سُقز دار؛ تارپینی؛ تارپین سے بھرا ھوا۔

Terebinthinate : (n) تارپینی پیداوار۔

Terebinthinate : (v) تارپین سے بھرنا۔

Terebinthine : (a) [L. 'terebinthinus'.] تارپینی؛ تارپین کے درخت کا۔

Terebinthine : (n) تارپین کا درخت؛ تارپین۔

Terebra : (n) [L.] (۱) (انجینیئرنگ) برماله؛ مستقاب۔ (۲) (حیوانیات، تشریح)نیشی؛ بیض ریز؛ برما؛ کیڑے کا برمانے والا عضو۔ (۳) (حیوانیات) برما صدفہ۔

Terebrant : (a) [L. 'terebrantem'.] نیش دار؛ برمدار؛ سوراخ کرنے والا۔

Terebrate : (a) نیش دار؛ سوراخ دار؛ سوراخ شدہ۔

Terebrate : (v) [f. L. 'terebrat.'] (۱) (شاذ) سوراخ کرنا؛ برمانا۔ (۲) سوراخ ھونا؛ سوراخ کرکے داخل کرنا۔

Terebratula : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بازو پایان کی ایک جنس۔

Terebratular : (a) بازوپایان کی جنس سے متعلق۔

Terebratuliform : (a) بازوپایان کی جنس سے مشابہ۔

Teredo : (n) (۱) (حیوانیات) برما کیڑا؛ کرم کشتی؛ ایک قسم کا کیڑا جو جہازوں میں چھید کردیتا ھے؛ صدف میں سوراخ کرنے والا Lamillibranch کی جنس کا کیڑا، خاص کر جہازی کیڑا۔ (۲) پودوں کی کوئی بیماری جو کیڑوں کے سوراخ کرنے کی وجہ سے ھو جاتی ھے۔

Terentian : (a) [L.'terentianus'.] قدیم رومی شاعر ٹرنس (Terence) کی طرز کا یا اس سے متعلق۔

Terephthalate : (n) تارپین پر آکسیجن کے عمل سے حاصل ھونے والے تیزاب کا نمک۔

Terephthalic : (a) (کیمیا) تارپین پر آکسیجن کے عمل سے حاصل ھونے والا تیزاب $C_8 H_6 O_4 = C_6 H_4 (CO_2 H)_2$۔

Teres : (n) (حیوانیات) گاؤ دُم؛ عضلہ؛ مُدوّر ۔

Terete : (a) [L.'teres', 'teretem'.] (نباتیات) گاؤدم؛ اسطوانی؛ ستونی؛ مُدوّر؛ گرد ۔

Tereti : [comb. form of L. 'teres'.] سابقہ بمعنی "گرد"؛ "مُدوّر" ۔

Tereticaudate : (a) (حیوانیات) مُدوّر دم والا؛ گول دُمہ ۔

Teretish : (a) کسی قدر مدوّر؛ کچھ گرد ۔

Tereu : (n) [Vocative of Gr. L. 'Tereus'.] بلبل کی بناوٹی یا مصنوعی آواز ۔

Tergal : (a) [f. L. 'tergum + -AL.] (حیوانیات) ظہری؛ پشتی؛ پیٹھ کا ۔

Tergant/Tergiant : (a) پشت نما؛ پیٹھ دکھلانے والا ۔

Tergeminate : (a) [f. L. 'tergeminus'.] (نباتیات) سہ تُوام؛ تین جوڑے والی (پتیاں)؛ سہ جفتی برگچہ ۔

Tergeminate : (a) پتی جو تین جڑواں پتیوں سے مرکب ہو ۔

Tergiferous : (a) دیکھو Dorsiferous

Tergite : (n) [f. L. 'tergum' + -ITE.] (حیوانیات) ظہر حلقہ؛ پشتینہ ۔

Tergitic : (a) پشتینہ سے متعلق ۔

Tergiversate : (v) [f. L.'tergiversat.'] (۱) رنگ بدلنا؛ مسلك یا عقیدہ بدلنا؛ مرتد ہوجانا؛ منحرف ہو جانا؛ پھرجانا؛ پلٹ جانا (اپنے عقائد یا گروہ سے)؛ تناقض گوئی کرنا؛ مذہب ترک کرنا یا چھوڑنا؛ تبدیل مذہب کرنا ۔ (۲) کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ کہنا؛ متضاد باتیں کہنا؛ بار بار پہلو بدلنا؛ ایك بات پر قائم نہ رہنا؛ پیٹھ گھمانا؛ پھیرنا ۔

Tergiversation : (n) [L.'tergiversationem'.] (۱) ارتداد؛ انحراف؛ مسلك یا عقیدے کی تبدیلی؛ برگشتگی؛ تناقض گوئی؛ عُدول ۔ (۲) متضاد باتیں؛ ایك بات پر قائم نہ رہنا؛ ٹال مٹول؛ بےثباتی؛ گول بات، مگھم یا مبہم ۔

Tergiversator : (n) (۱) مُرتد؛ عُدول کنندہ؛ اپنے عقیدے یا گروہ سے پھر جانے والا؛ تارك دین؛ بےوفا؛ بدعہد؛ غدار (اپنے گروہ یا اصول کو چھوڑ کر دوسری طرف جاملنے والا) ۔ (۲) متضاد باتیں کرنے والا؛ بار بار پہلو بدلنے والا؛ ایك بات پر قائم نہ رہنے والا ۔

Tergiversatory : (a) مرتّد ہونے والا؛ اپنے عقیدے سے پھر جانے والا ۔

Tergiverse : (v) دیکھو Tergiversate

Tergo -: [comb. form repr. L. 'tergum'.] سابقہ بمعنی "ظُہری"؛ "پشتی"؛ "پیٹھ کا" ۔

Tergolateral : (a) (حیوانیات) پشتی بغلی؛ پشتیہ کا ۔

Tergum : (n) [L.] (حیوانیات) ظہر حلقہ؛ پشتیہ ۔

Term : (n) [L. 'terminum'.] (۱) حد؛ انتہا؛ (خصوصاً وقت کی) میعاد؛ انتہائی مدت؛ دورہ٭ مدت خدمت ۔ (۲) مدت (معینہ)؛ زمانہ؛ دورہ٭ انتصاب ۔ (۳) (مدارس وعدالت) میقات؛ عدالت کے اجلاس یا مدرسوں، اسکولوں کی تعلیم کا زمانہ ۔ (٤) مقررہ تاریخ؛ مقررہ وقت ۔ (٥) دیکھو Quarter-day : دیکھو Quarter ۔ (٦) میعادی قبضہ یا دخل یا حصّہ (جائداد وغیرہ میں) ۔ (۷) (ریاضیات) رقم (جو کسی دوسرے عدد میں جوڑی یا گھٹائی جائے)؛ مقدار؛ جز نسبت ریاضی ۔ (۸) (منطق) حد الفاظ جو کسی قضیے کے مبتدا یا خبر ہوں ۔ (۹) اصطلاح (کسی علم یا فن کی)؛ جملہ؛ عبارت ۔ (۱۰) (جمع میں) لین دین خصوصاً خرید و فروخت کی؛ (مجازاً) دام؛ (جمع میں) شرائط؛ مناسبات ۔ (۱۱) (جمع میں) الفاظ؛ طرز بیان؛ پیرایہ٭ بیان ۔ (۱۲) (جمع میں) تعلقات (آپس کے) ۔ (۱۳) (ہندسہ) انتہا؛ (قانون) میقات؛ شرط ۔ (١٤) موافقت؛ سازش ۔ (۱٥) حدود؛ محدودیت؛ حدوحصر؛ قیود ۔ (١٦) فصل؛ موقع؛ ہنگام ۔ (۱۷) (طب) دوران حاملگی؛ بچہ پیدا ہونے کی طبعی مدت؛ میعاد حمل ۔ (۱۸) (علم النجوم) منطقہ٭ البروج کا کچھ حصہ ۔ (۱۹) سال کا مقررہ دن جب کرایہ، مزدوری اور دوسرے مطالبات ادا کئے جائیں ۔ (۲۰) اُبھرے ہوئے نقوش کا تختہ ۔

Abstract term : (منطق) حد مجرّدہ ۔

Am on bad, good, familiar terms with him : اس کے ساتھ اچھے، برے یا بےتکلفی کے تعلقات ہیں ۔

Categorematic term : (منطق) حد مُواطی ۔

Collective term : (منطق) حدمجموعی -

Concrete term : (منطق) حدمقرون -

Connotive term : (منطق) حد تضمین -

Contradiction in terms : بیان یا الفاظ کا تناقض یا تضاد؛ تناقض -

For term of (one's) life : عمر بھر -

General term : (منطق) حد کلّی -

His terms are two rupees a lesson : اس کے یہاں دو روپیہ فی سبق مقرر ھے -

Inclusive terms : شرائط محتوی -

Indefinite term : (منطق) حدغیر معین -

In term : مقررہ میعاد میں -

In terms of : کسی خاص محاورے یا اصطلاح میں -

In the most flattering terms : نہایت تعریف کے الفاظ یا پیرائے میں -

Major term : (منطق) حد اکبر -

Middle term : (منطق) حد اوسط -

Minor term : (منطق) حد اصغر -

On or upon terms : (۱) چند شرائط پر؛ بعض شرائط پر ؛ شرائط کے ساتھ؛ مشروط طور پر - (۲) معاہدے کے ساتھ -

On terms : دوستانہ؛ بےتکلف؛ یارباش -

Outstanding term : وہ جاگیر جو معینہ مدت تك قائم رھے -

Relative term : (منطق) حداضافی -

Set terms : مقررہ یا معینہ الفاظ -

Singular term : (منطق) حد جُزئی -

Satisfied term : وہ جاگیر جو جاگیرداروں کے مرنے پر ختم ھو جائے (اگر ایسے شرائط ھوں ورنہ مقررہ مدت تك جاگیرداری قائم رھےگی) -

Technical term : اصطلاح علمی؛ اصطلاح فنّی -

They are not on speaking terms : ان کی آپس میں بات چیت نہیں ھے -

To bring to terms : شرائط منوا لینا -

To come to terms : شرائط مان لینا؛ شرائط پر راضی ھوجانا؛ راہ پر آجانا؛ دب جانا -

To come to terms with : قرار داد کرنا؛ سمجھوتہ کرنا -

To keep terms : تعلقات بحال رکھنا -

To make terms with : معاہدہ کرنا؛ سمجھوتہ کرنا؛ قرارداد کرنا -

Term : (v) [OFr. 'termer'.] (۱) (کسی خاص) نام سے یاد کرنا؛ موسوم کرنا؛ کہنا؛ نام رکھنا؛ نام دینا؛ پکارنا؛ ملقب کرنا - (۲) اصطلاح میں اظہار کرنا -

Term attendant : (n) دیکھو Outstanding term

Term of reference : (n) موضوع تحقیق؛ دریافت طلب مسئلہ (جو فیصلے یا رپورٹ کے لئے کسی شخص یا جماعت کے سپرد کیا جائے) -

Term of thought : (n) قیاس فکری -

Term-time : (n) (۱) دورہ تحقیقی؛ یونیورسٹی یا اسکول کی مدت تعلیم - (۲) عدالت کے اجلاس کا زمانہ -

Terma : (n) (تشریح) ٹرما؛ حدّ دماغ -

Termagancy : (n) شورہ پشتی؛ فسادی پن؛ شرارت؛ عادی غصہ ور -

Termagant : (n) [In early ME. 'Tervagant'.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے فرنگیوں کے خیال باطل میں مسلمانوں کا مفروضہ خدا جو شروفساد کا بانی ھے؛ اہرمن - (۲) غیر متمدن شخص؛ وحشی آدمی؛ سفاك؛ ظالم آدمی؛ شرارت کرنےوالا؛ شریر؛ متکبر شخص؛ دبنگ آدمی ؛ جھگڑالو آدمی ؛ اودھم مچانے والا شخص - (۳) (خصوصاً) لڑاکا عورت؛ بد مزاج یا زبان دراز عورت -

Termagant : (a) شورہ پشت؛ فسادی؛ جھگڑالو؛ لڑاکا(عورت)؛ پُرآشوب؛ مفسد؛ فتنہ پرور؛ سرکش؛ شورش پسند؛ فتنہ انگیز ۔

Termagantish : (a) دیکھو Shrewish

Termagantly : (adv.) شورہ پشتی سے؛ فتنہ پروری کےساتھ؛ مفسدانہ؛ شرارت سے ۔

Termatic : (a) (تشریح) ترمانی؛ حدّی ۔

Termatic artery : (n) (تشریح) حدشریان ۔

Termer : (n) (۱) (قانون) میعادی پٹہ دار ۔ (۲) وہ شخص جو خاص مدت تک لندن میں مقیم رہا (خواہ عدالت میں کسی کام کےلئے یا تفریح کے لئے یا کالے دھندے کےلئے) ۔

Termes : (n) [mod.L.] ۔ (۱) دیمک؛ موریانہ ۔ (۲) دیکھو Termite

Terminability : (n) (۱) اختتام پذیری ؛ فسخ پذیری ؛ محدودیت ۔ (۲) میعادی یا موقت ہونا ۔

Terminable : (a) (۱) فسخ پذیر؛ قابل فسخ؛ انقضا پذیر؛ خاتمہ پذیر؛ اختتام پذیر؛ محدود؛ ختم کرنے کے لائق؛ قابل اختتام؛ قائم نہ رہنے والا؛ غیر دائمی ۔ (۲) میعادی؛ موقت (جو ایک مقررہ میعاد کے بعد ختم ہوجائے) ۔

Terminable annuity : (n) دیکھو Annuity

Terminable annuitant : (n) میعادی سالیانہ رکھنے والا ۔

Terminableness : (n) دیکھو Terminability

Terminably : (adv.) اختتام پذیری کے طور پر؛ میعاد کے ساتھ۔

Terminal : (a) [L. 'terminalis'.] (۱) دُھرکا؛ سرے کا؛ حد کا؛ حد بنانے والا یا حد سے منسوب ؛ آخری ؛ ختم کرنے والا (حد) ۔ (۲) (ریاضیات) مجمل ۔ (۳) (نباتیات) (شاخ یا ڈنٹھل کے) سرے کا ؛ منتہی ۔ (٤) (حیوانیات وغیرہ) سلسلے کا؛ آخری ؛ نہائی ۔ (٥) مدت مقررہ پر کیا جانے یا واقع ہونے والا؛ میعادی؛ میقاتی؛ ہر ایک مدت پر واقع ہونے والا ۔ (٦) اصطلاحی؛ میعادی؛ ایک مدت تک رہنے والا ۔ (۷) ریلوے لائن کے آخیر میں واقع؛ ریلوے ٹرمنس ؛ منتہی ریلوے ۔ (۸) سلسلے کا آخری ؛ مختتم؛ بنیادی؛ اساسی ۔

Terminal : (n) (۱) آخری حصّہ؛ سرا؛ منتہا؛ سلسلے کے آخر میں آنے والی یا ختم ہونے والی شے، خصوصاً برقی مورچے کے دونوں پیچوں میں سے ایک پیچ؛ سرا ۔ (۲) (برقیات) سرا پیچ؛ منتہا پیچ ۔ (۳) (ریلوے) آخری اسٹیشن؛ دھر کا اسٹیشن؛ ٹرمنس ۔ (٤) (تعمیرات) آخری نشان، سرا ۔ (٥) آخری علامت؛ آخری ہجا؛ آخری حرف؛ آخری لفظ ۔ (٦) (جمع) ریلوے کمپنی کی طرف سے مال اتارنے یا لادنے کا کرایہ ٹرمنس کے استعمال پر ۔

Terminal joint : (n) مفاصل نہائی؛ آخری جوڑ ۔

Terminal market : (n) کھیت کی پیداوار کےلئےخریدوفروخت کی مرکزی جگہ یا مقام ۔

Terminal organ : (n) (حیوانیات، تشریح) انتہائی عضو ۔

Terminal point : (n) نقطہء اختتام ۔

Terminal screw : (n) (برقیات) آخری پیچ ۔

Terminal station : (n) آخری اسٹیشن ۔

Terminal value : (n) مقدار مجمل ۔

Terminal velocity : (n) آخری رفتار ۔

Terminalia : (n) (۱) (نباتیات) جنس ہڑ (بلیلہ) ۔ (۲) منتہا ۔

Terminalia Arjuna : (n) (نباتیات) ارجن ۔

Terminalia Belerica : (n) (نباتیات) بلیلہ؛ بہیڑا ۔

Terminalia chebula : (n) (نباتیات) بلیلہ؛ ہڑ ؛ ہَرڑ ۔

Terminalization/-sation : (n) (حیوانیات) منتہیت ۔

Terminally : (adv.) (۱) سرے کے طورپر؛ آخری حد پر؛ آخیر میں ؛ خاتمے یا حد پر ۔ (۲) ہر میقات میں؛ میقاتاً۔

Terminate : (a) [L. 'terminatus'.] محدود؛ انتہائی؛ ختم شدہ ؛ حدتک لایاہوا؛ حدبنایا ہوا؛ منتہٰی؛ انتہا کو پہنچنے والا؛ جو ایک حد پر ختم ہوجائے ۔

Terminate : (v) [f. L. terminat-, terminare'.] (۱) محدود کرنا ؛ حدبنانا؛ حدبندی کرنا؛ سرحد ہونا ؛ آخیر میں واقع ہونا ۔ (۲) ختم کرنا یا ہونا؛ خاتمہ کرنا؛ نتیجے پر آنا یا پہنچنا؛ نتیجہ نکالنا ۔

Terminist : (n) (۱) تحدید اتابت کا معتقد ۔ (۲) اسمیّت پسند؛ اسمی۔

Terminological : (a) [f. L. 'terminus'.] (تعلیمات) اصطلاحی ؛ اصطلاحیاتی : مصطلحات کے استعمال کا ۔

Terminological inexactitude : (n) (مزاحاً) غلط بیانی؛ جھوٹ ۔

Terminologically : (adv.) اصطلاحات کے نقطہء نظر سے ۔

Terminologist : (n) ماہر اصطلاحات ۔

Terminology : (n) [f.L.'terminus'.] (۱) (تعلیمات) مصطلحات: علمی اصطلاحات : اصطلاحات: علم المصطلحات کے صحیح استعمال کا علم ۔ (۲) کسی علم یا فن کی اصطلاحات؛ بیانی اصطلاحات؛ نام رکھنے کا اصول؛ اصطلاحات علمیہ ۔

Medical terminology : (طب) طبی اصطلاحات ۔

Termius : (n) [L.] (۱) (رومی اساطیر) ترمینوس؛ سرحدوں کا دیوتا؛ دیوتائے حدود (کلکی) ۔ (۲) مورتی پایہ؛ نیم قد مورت جس کے پنجے کا حصہ ایک چوکور ستون ہو ۔ (۳) مقصد؛ منزلِ مقصود؛ منتہا؛ (کبھی کبھی) نقطہء آغاز کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) ریلوے کی آخری لائن؛ آخری اسٹیشن (جس کے بعد لائن ختم ہوجاتی ہے)؛ ٹرمنس؛ دھرکا اسٹیشن ۔ (٥) آخری حصہ؛ حد؛ انتہاً؛ وہ حد یا نقطہ جہاں کوئی چیز ختم ہوجاتی ہے ۔

Terminus ad quem/-ante-quem : (n) انتہا؛ نقطہء اختتام : مقصود؛ مقصد؛ منزلِ مقصود ۔

Terminus-post quem/-a quo : ابتداء؛ نقطہء آغاز؛ وہ مقام جہاں سے کوئی سفر شروع کیا جائے؛ مبداء : خط مبداء ۔

Termitarium/Termitary : (n) (حیوانیات) خانہء دیمک؛ دیمکوٹ؛ دیمک کا گھر ۔

Termite : (n) [L.'termes, termitem'.] (حیوانیات) دیمک؛ ارضیہ؛ موریانہ : سیونک ۔

Termite-proof : (n) دیمک روک؛ ایسا مکان جس میں دیمک نہ لگ سکے؛ غیر دیمکی چیز ۔

Termitic : (a) دیمکی : دیمک کا ۔

Termito - : [mod L.'Termit-'.] سابقہ بمعنی "دیمک" ۔

(۳) (الفاظ کا) (کسی حرف یا حرکت پر) ختم ہونا؛ (حرف یا حرکت کے لفظ کے) آخیر میں ہونا ۔ (٤) بند کرنا؛ آخیر میں آنا (وقت)؛ آخر ہونا ۔ (٥) خارج ہونا؛ برآمد ہونا؛ منتج ہونا؛ نتیجہ نکلنا یا ہونا؛ انجام ہونا یا پانا ۔

Terminate decimal : (n) (ریاضیات) اعشاریہ محدودہ ۔

Terminating : (n) مختتم ۔

Termination : (n) [L. 'terminationem'.] (۱) اختتام؛ انجام؛ خاتمہ : انتہا؛ انقضا ۔ (۲) فسخ : ختم : نتیجہ ۔ (۳) حدبندی ۔ (٤) لفظ کا آخری حرف یا رکن؛ آخر کلمہ؛ جُز: آخری کلمہء لاحقہ؛ (قواعد) آخری علامت ۔ (٥) نقطہء اختتام ۔

To bring to a termination : ختم کرنا : نتیجہ نکالنا ۔

To put a termination to : ختم کردینا ۔

Terminational : (a) (۱) آخری؛ انتہائی؛ فائنل؛ بند کرنےوالا ۔ (۲) جو کلمے کے آخر میں ہو : ہجا ، آخری کلمے سے متعلق ۔

Terminative : (a) [See Terminate v. and-Ative.] (۱) خاتمے کا : ختم کرنے والا؛ انتہائی؛ قطعی؛ آخری؛ تصفیہ کن ۔ (۲) فعل کی ابتداء اور انتہا کو ظاہر کرنے والا ۔

Terminative : (n) انتہائی حالت؛ قطعی حالت ۔

Terminatively : (adv.) ختم کرتے ہوئے؛ خاتمے کے طور پر ۔

Terminator : (n) [late L.] (۱) مختتم : خاتم : جو اختتام کو پہنچائے ۔ (۲) (ہیئت) حد نورو ظلمت ؛ فاصل نوروظلمت؛ خط نوروظلمت (جو جرم سماوی کے روشن اور تاریک حصوں کو جداً کرتا ہے) ۔

Terminatory : (a) ختم کرنےوالا؛ خاتمے کا؛ انتہائی ۔

Terminer : (n) (قانون) قطعہ؛ فیصلہ؛ دیکھو Oyer ۔

Oyer and terminer : (قانون) سماعت وفیصلہ ۔

Terminism : (n) [f. L. 'terminus'.] (۱) دیکھو Nominalism ۔ (۲) (دینیات) یہ عقیدہ کہ ہر شخص کے لئے توبہ کا ایک محدود زمانہ ہوتا ہے؛ تحدید اتابت؛ (دینیات) محدودیت؛ (فلسفہ) اسمیت؛ حدیت۔

Termitologist : (n) دیمک کا علم رکھنے والا؛ دیمک کا مطالعہ کرنے والا؛ ماہرِ دیمکیات؛ دیمک داں ۔

Termitophile : (n) (۱) دیمک پسند؛ موریانہ دوست ۔ (۲) ایک کیڑا جو عام طور سے دیمک کے ساتھ اس کے گھر میں رہتا ھے ۔

Termitophilous : (a) (۱) دیمک پسند کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) اس کیڑے سے متعلق جو دیمک کے گھروں میں اس کے ساتھ رہتا ھے ۔

Termitorium : (n) (حیوانیات) دیمک کا گھر؛ دیمکوٹ ۔

Termless : (a) (۱) بے انتہا؛ بےحدود؛ بےحد ۔ (۲) بلاشرط؛ بےقید ۔

Termly : (adv.) ہر میقات پر؛ میقاتاً؛ میقات کے طور پر؛ مدت معینہ کے طور پر ۔

Termly : (a) (شاذ) میقاتی (جو ہر میقات پر واقع ھویا ادا کیا جائے) ۔

Termolecular : (a) (کیمیا) سہ سالمی ۔

Termon : (n) [Ir.] ترمون؛ (آئرلینڈ کے کلیسا میں) موقوفہ* کلیسا ۔

Termor : (n) [AFr. 'termes'.] (قانون) میعادی پٹہ دار؛ حین حیاتی پٹہ دار؛ تمام عمر کا لگان دار ۔

Terms : (n) (قانون) شرائط؛ (طب) ایامِ حیض؛ (ریاضیات) ارقام ۔

Tern : (n)[of Norse origin.] (حیوانیات) خرشنہ : بحری ابابیل : ایک قسم کا دریائی پرند جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ھوتی ھے؛ چلچہ* دریائی ۔

Tern : (n) [Fr. 'terne'.] (۱) تین کا جوڑ؛ تگڈم؛ تکڑی خصوصاً قرعہ اندازی کے تین نمبر جو اکٹھے نکل آئیں تو بڑا انعام ملتاھے؛ انعامی نمبروں کی تکڑی ۔ (۲) انعام جواس طرح ہاتھ آئے؛ تکڑی کا انعام ۔ (۳) دیکھو Ternate ۔ (٤) تین Stanzas کا گروپ ۔

Ternal : (a) تین کا؛ ثلاثی؛ سہ گانہ ۔

Ternary : (a) [late L. 'ternarius'.] (۱) سہ گانہ؛ تہرا؛ ثلاثی؛ تکڑی؛ تین گنا؛ تین کا ۔ (۲) (ریاضیات) ثلاثی؛ جس میں تین (مقادیر) متغیر ھوں؛ سہ متغیری ۔ (۳) (کیمیا) سہ جزئی؛ (نباتیات) سہ رُکنہ ۔

Ternary system : (n) (تقسیم کا طریقہ) حصہ جس کے تین حصے ھوں ۔

Ternate : (a) [mod. L. 'ternatus'.] (۱) (نباتیات) (پتی) جو تین چھوٹی چھوٹی پتیوں سے مرکب ھو؛ سہ رکنی؛ تین تین؛ سہ تائی ۔ (۲) تین تین کا؛ تکڑی؛ جسے تین تین میں مرکب کیا گیا ھو ۔ (٤) تپتیا؛ سہ برگہ ۔

Ternately : (adv.) (۱) تین تین کرکے ۔ (۲) سہ رکنی ترکیب سے ۔

Ternatus : (a) سہ برگہ ۔

Terne/Tern(e)-plate : (n) [Fr. 'terne'.] ادنیٰ درجے کا ٹین جس میں سیسے کی آمیزش زیادہ ھو؛ گھٹیا ٹین؛ تیرہ رنگ ۔

Ternifolius : (a) سہ برگہ ۔

Ternion : (n) [L. 'ternionem'.] (۱) (تین شخص، چیزکا) جوڑ : گروہ سہ تائی ۔ (۲) کاغذ کے دستے کے تین شیٹ کا مجموعہ ۔

Terotechnology : (n) انجینیئرنگ اور ٹکنالوجی کی وہ شاخ جو مشین، اس کے کل پرزے اور سازو سامان کی دیکھ بھال سے سروکار رکھتی ھے ۔

Terpene : (n) [f. terp-interpentin'] (کیمیا) تارپینہ؛ ہائیڈرو کاربن کا ایک نام ($C_{10}H_{16}$) ۔

Terpenylic : (n) تارپینی ایسڈ ($C_8H_{12}O_4$) ۔

Terpin : (n) تارپین ($C_{10}H_{18}(OH)_2$) ۔

Terpin hydrate : (n) تارپین ہائیڈریٹ ($C_{10}H_{18}(OH)_2H_2O$) ۔

Terpineol : (n) تار پینول ($C_{10}H_{17}OH$) ۔

Terpinol : (n) دیکھو Terpineol

Terpsichore : (n) [Gr. 'Terpsichore'.] (۱) ناچ کا گیت : (اساطیر) ناچ کی دیوی؛ رقص کی دیوی؛ قدیم یونانیوں کی ناچ کی دیوی؛ ترپس قوری؛ رقص بحیثیت فن ۔ (۲) (مجازاً) رقص؛ رقاص ۔

Terpsichorean : (a) (۱) رقص کی دیوی سے متعلق؛ ترپس قور سے منسوب ۔ (۲) رقاص سے متعلق؛ رقاصی ۔

Terpsichorean art : (n) فن رقاصی -

Terra : (n) [L.] زمین؛ خاک؛ ارض؛ مٹی؛ اکثر لاطینی اور اطالوی جملوں میں مستعمل ہے -

Terra a terra/Terre a terre : (n) [It 'Terra terra'.] ایک قسم کا رقص؛ جست وخیز-

Terra-alba (n) (۱) سفید مٹی -(۲) میگنیشیا -(۳) دیکھو Pipeclay -

Terra cariosa : (n) چونے کے پتھر کی مٹی جو مانجھنے کے کام آتی ہے؛ سنگ جلا -

Terra-cotta : (n) [L. 'terra cocta.'] (۱) بادامی پختہ مٹی؛ سفالینہ؛ پکائی ہوئی مٹی، سرخی مائل بادامی رنگ کی جس سے عمارتوں میں آرائشی چیزیں یا مورتیں وغیرہ بناتے ہیں - (۲) اس قسم کی مٹی کا پُتلا ، مورتی - (۳) سرخی مائل بادامی رنگ؛ رنگ سفالین -

Terra-culture : (n) زراعت -

Terra firma : (n) [L.] (۱) خشکی؛ خشک زمین؛ زمین (پانی سے علاحدہ)؛ قطعۂ اصلی جزیرے کےبغیرخطہ - (۲) جنوبی امریکا کا شمالی ساحلی علاقہ؛ نیز تنگۂ پناما-

Terra incognita : (n) [L.] (۱) (جغرافیہ) نامعلوم خطّہ؛ نامعلوم ملک؛ نئی سر زمین : نیا خطہ (جس کی جغرافیائی تحقیقات نہیں ہوئی ہو) - (۲) (مجازاً) نیا میدان (غورو فکر یا علمی تحقیقات کا)-

Terra japonica : (n) [mod. L.] جاپانی مٹی؛ گلِ جاپانی؛ ایک قسم کی مٹی جو چمڑا رنگنے وغیرہ میں کام آتی ہے -

Terra merita : (a) (۱) ہلدی - (۲) دیکھو Turmeric -

Terra-rosa : (n) (ارضیات) سرخ مٹی؛ گلابی مٹی -

Terra verda/-verde : (n) سبز مٹی یا ہری مٹی جسے رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے -

Terrace : (n) [Fr.] (۱) (ارضیات) مرتفع؛ عقبہ؛ اونچی کھلی ہوئی ہموار جگہ؛ ڈھلوان مقام جو مسطح کرلیا گیا ہو؛ ڈھلوان چبوترہ - (۲) (طبقات، جغرافیہ) ساحل مرتفع؛ سمندر کا بلند کنارہ؛ ازاً؛ سطح مرتفع - (۳) (تعمیرات) مکانوں کی قطار جو پہاڑی پر یا سڑک سے بلندی پر واقع ہو - (٤) سڑکوں کے نام کا جز ؛ تیریس -(٥) (تعمیرات) شرفہ؛ مہتابی؛ ایوان - (٦) (تعمیرات) چبوترہ -

Terrace : (v) [Fr. 'terrasser'.] (۱) چبوترہ بنانا یا نکالنا؛ ایوان دار کرنا -(۲) مرتفع سطح بنانا؛ مہتابی بنانا -

Terrace : (a) چبوترے سے متعلق؛ ارض مرتفع کا یا اس سے متعلق؛ ایوانی؛ مہتابی سے متعلق -

Terrace-cultivation : (n) (زراعت) پہاڑی کے اطراف میں بلند مقام پر کاشتکاری-

Terrace-epoch : (n) (ارضیات) وہ عہد یا زمانہ جب شمالی امریکا کی ندی کے کنارے مرتفع بنائے گئے -

Terrace house/Terraced- : (n) مشترکہ دیوار کے ذریعے بنائے ہوئے گھروں کی ایک قطار -

Terraced : (a) (تعمیرات) پختہ چھت؛ کھلی مرتفع سطح کے ساتھ تعمیر کیا ہوا؛ چبوترے کے ساتھ بنایا ہوا-

Terraced jack arch : (تعمیرات) مسطح کمانچہ -

Terraced roof : (n) کھلی مسطح چھت (جیسی ہندوستان کے مکانوں میں ہوتی ہے)-

Terraceous : (a) خاکی؛ زمینی؛ ارضی -

Terracer : (n) (۱) ڈھلوان چبوترہ یا کشادہ نالا بنانے والی مشین -(۲) بلند مسطح جگہ بنانے والی مشین -

Terraciform : (a) (۱) ارض مرتفع کی طرح کا -(۲) چبوترہ نما-

Terracing : (n) (۱) مہتابی بنانا؛ چبوترہ بنانا -(۲) ارض مرتفع کی بناوٹ، ساخت-

Terrachina : (n) دیکھو Chian earth

Terrae filius : (n) [L] (۱) ادنیٰ خاندان کا آدمی؛ وہ آدمی جس کے باپ ماں کا کوئی پتا نہ ہو - (۲) پہلے آکسفورڈ یونیورسٹی کے خوش بیان مقرر، خطیب کے لئے مستعمل تھا جو عوام کے سامنے مزاحیہ اور ہجو آمیز نکتہ چینی اپنی تقریر میں کیا کرتے تھے -

Terrain : (n) [Fr.] (۱) (جغرافیہ طبعی) قطعہٴ زمین؛ خطہ۔ (۲) (فن جنگ) (موقع کی) زمین۔ (۳) (ارضیات) چٹان کا سلسلہ؛ طبقات الارضی زیر تقسیم؛ تشکیل؛ تشکیلات۔

Terrain : (n) قطعہٴ زمین کا یا اس سے متعلق؛ زمینی؛ ارضی۔

Terramare : (n) [It. 'terramara'.] (۱) جنوبی یورپ کی قبل تاریخ زمانے کی مٹی کی تہ جس میں ہڈیاں، کوزیاں وغیرہ ملی ہوتی تھیں؛ کوزیا مٹی۔ (۲) ہڈیوں وغیرہ کے باقیات کی قسم جو زمین میں دبی ہوئی پائی جاتی ہے اور کھاد کے کام آتی ہے؛ استخوانی کھاد؛ باڑ کھاد۔

Terraneous : (a) [f. L. 'terraneus'.] (۱) زمینی؛ خاکی؛ ارضی۔ (۲) (نباتیات) زمینی نبات؛ وہ نباتات جو صرف خشکی پر اگتی ہوں؛ بری (نباتات)۔

Terrapin : (n) [of Algonquin origin] (۱) شمالی امریکا کا ایک قسم کا کچھوا جو ندی میں رہتا ہے؛ تراپین؛ ہیرا پشت کچھوا؛ قسم کچھوا۔ (۲) ایک قسم کا کچھوا جس کا گوشت عمدہ غذا سمجھاجاتا ہے؛ اس کچھوے کا گوشت۔

Diamond back terrapin : ہیرا پشت کچھوا۔

Red-bellied terrapin : سرخ پیٹ والا کچھوا۔

Yellow-bellied terrapin : زرد پیٹ والا کچھوا۔

Terraqueous : (a) [f. L. terra+ -Aqueous] (۱) (ارضیات) خاک آبی؛ برّ بحری؛ (زمین کی صفت) جو پانی اور خشکی دونوں پر مشتمل ہے؛ زمینی و دریائی۔ (۲) زمین پر اور پانی میں رہنے والا (مثلاً پودا)؛ زمین پر اور پانی پر پھیلنے والا۔

Terrarium : (n) (حیوانیات) تھل گھر؛ ارضی جانوروں کا گھر۔

Terrazzo : (n) [It.] مرمرنما موزائك۔

Terre-tenant : (n) [AFr. 'terre tenaunt'.] (قانون) وہ شخص جو زمین پر حقیقتاً قابض ہے؛ زمین کا دخیل کار؛ مستاجر زمین۔

Terre-verte : (n) [Fr. 'terre verte'.] سبز مٹی؛ نرم سبز مٹی۔

Terremotive : (a) (ارضیات) زلزالی؛ محرّکہٴ ارضی۔

Terrene : (a) [L. 'terrenus'.] (۱) زمینی؛ ارضی؛ خاکی؛ برّی؛ دنیاوی۔ (۲) زمین پر واقع ہونےوالا۔ (۳) دیکھو Terrestrial۔

Terrene : (n) (۱) زمین؛ ارض۔ (۲) دنیا؛ سطحِ زمین؛ فرشِ زمین؛ علاقہ۔

Terrenely : (adv.) سطح زمین کے طور پر؛ بطور دنیاوی۔

Terrenness : (n) (شاذ) زمین کا ہونا؛ سطحِ ارض کا ہونا۔

Terreno : (n) [L.'terrenum'.] وہ طبقہ جو ہم سطح زمین ہے؛ دیوان خانہ؛ بیٹھك؛ نشست کا کمرہ؛ منزل زیریں۔

Terreous : (a) زمینی؛ ارضی۔

Terreplein : (n) [Fr. f. terre+ -plein.] (جنگی) دمدموں کے عقب میں مسطح زمین جس پر توپ جمائی جاتی ہے؛ توپ چبوترہ۔

Terrestrial : (a) [f. L.'terrestrist' +-AL.] (۱) دنیاوی؛ زمینی؛ ارضی؛ دنیا کے متعلق؛ ارضی (خصوصاً فلکی کے مقابلے میں)؛ کرہٴ ارض یا زمین کا۔ (۲) دنیاوی؛ عالم سفلی کا۔ (۳) برّی؛ خشکی کا۔ (٤) (حیوانیات) (آبی یا دریائی کے مقابلے میں) خشکی کا؛ برّی۔ (۵) (طبعی تاریخ) زمین پر واقع ہونے والا۔ (٦) (نباتیات) مٹی میں بڑھنے والی۔

Terrestrial : (n) (۱) زمین کا باشندہ؛ خاکی؛ آدمی؛ ساکنِ زمین۔ (۲) (جمع میں) زمینی جانور۔

Terrestrial animals : (n) جانوران ارضی؛ حیوانات زمینی۔

Terrestrial circle (n) (جغرافیہ) دائرہٴ ارضی۔

Terrestrial claim : (n) دعویٰ ارضی۔

Terrestrial equator : (n) (جغرافیہ) خطِ استواء۔

Terrestrial eyepiece : (n) (بصریات) ارضی چشمہ۔

Terrestrial globe : (n) کرہٴ ارض؛ کرہٴ ارض کا نمونہ؛ کرہٴ زمین؛ کرہٴ خاکی۔

Terrestrial interests : (n) کرہٴ ارض کے مفادات۔

Terrestrial latitude : (n) (جغرافیہ) عرض البلد۔

Terrestrial longitude : (n) (جغرافیہ) طول البلد۔

Terrestrial magnetism : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) ارضی مقناطیسیت؛ کرہء ارض کی مقناطیسی کشش۔

Terrestrial meridian : (n) (جغرافیہ) ارضی نصف النہار۔

Terrestrial poles : (n) (جغرافیہ) قطبین ارضی۔

Terrestrial radiation : (n) ارضی اشعاع (شعاع ریزی)۔

Terrestrial telescope : (n) (بصریات) ارضی دوربین۔

Terrestrially : (adv.) دنیاوی طور پر ؛ ارضی یا بری طریق پر۔

Terret/Territ : (n) [OFr. 'toret'.] (۱) گول حلقہ؛ (گاڑی کے گھوڑے کی) زین کا حلقہ جس میں سے باگ گزرتی ہے۔(۲) کتے کی گردن کا قلدون (رِنگ، حلقہ)۔

Terreted (a) حلقہ دار؛ زنجیر دار؛ زین میں حلقہ لگایا ہوا۔

Terrible : (a) [L.'terribilis'.] (۱)وحشت ناک؛ خوفناک؛ ہولناک؛ ترسناک؛ مہیب؛ مخوف۔ (۲) نہایت شدید؛ سخت متشدد ؛ سخت گیر ؛ جابر ؛ بےدرد۔ (۳) (بول چال) سخت بلاکا؛ انتہائی بلاکا؛ بہت بڑا؛ بہت زیادہ؛ بے حد؛ بے شمار۔

Terrible : (n) (خصوصاً جمع میں) مخوف شخص یا چیز؛ خوفناک آدمی یا شے۔

A terrible bore : بلا کا مغز چٹ۔

Terrible : (adv.) مہیبانہ؛ بطور ترسناک۔

Terribleness : (n) (۱) ترسناکی؛ وحشت ناکی؛ وحشت انگیزی۔ (۲) شدت زیادتی۔

Terribly : (adv.) (۱) وحشت انگیز طور پر ؛ ہولناکی کے ساتھ۔ (۲) بہت شدت سے؛ زیادتی کے ساتھ۔ (۳) (بول چال) بہت۔

Terricole : (a) [L.'terricola'.] (۱) (نباتیات) زمین پر بڑھنے والا۔ (۲) (حیوانیات) زمین پر رہنے والا (جانور)؛ زمینی۔

Terricole (n) (۱) زمین پر رہنےوالا جانور۔(۲) زمینی کیڑا؛ خاکی خراطین۔

Terricoline : (a) زمین پر یا زمین کے اندر رہنے والا؛ زمینی (کیڑا وغیرہ) خصوصاً کیچوے کی قسم کا ؛ خراطینی۔

Terricolous : (a) [f. as prec. + OUS.] دیکھو Terricoline

Terrier : (n) [med. L. 'terrarius'.] (تاریخ) خسرہ (رجسٹر) جس میں زمینوں کی حدود وغیرہ تحریر ہوتی ہیں؛ ایک کتاب جس میں جائداد، اس کا رقبہ، حدود وغیرہ درج ہوتے تھے؛ فہرست اشیاء؛ فہرست جائداد؛ (جاگیردار کا) کھاتہ یا کھتونی جس میں کاشتکاروں اور پٹہ داروں کا حساب درج ہوتا ہے۔

Terrier : (n) [Fr.] (۱) سگ ٹیریر؛ ایک قسم کا ولایتی کتا جو پنجوں سے مٹی کھودتا ہے؛ بوگیر؛ ایک قسم کا ہوشیار اور تیز کتا جو لومڑی وغیرہ کا پتہ چلاتا ہے۔ (۲) مقامی علاقے کا ذومعنی اصطلاحی نام۔

Black and tan terrier/Short or smooth-haired terrier : چھوٹے بال والے ٹیریر کی قسم۔

Bull terrier/Fox - : چھوٹے بالوں والے ٹیریر کی قسمیں۔

Irish, long or rough-haired, Scotch, Skye, Yorkshire terrier : سخت بالوں والے ٹیریر کی قسمیں۔

Terrific : (a) [L. 'terrificus'.] (۱) دہشت انگیز : ہولناک ؛ ترسناک ؛ مخوف ؛ مہیب ؛ فوق العادت۔ (۲) قیامت کا؛ بلا کا شدید؛ عظیم۔ (۳) عظیم الشان؛ شاندار؛ پرتکلف؛ گراں قدر؛ حیرت خیز۔ (٤) عجیب وغریب؛ طرفہ؛ تعجب انگیز۔

Terrific explosion : (v) انفجار مہیب۔

Terrific spectacle : (n) ہولناک منظر؛ منظرہء مخوف۔

Terrifically : (adv.) مہیبانہ؛ دہشت انگیزی کے ساتھ؛ خوفناک طور پر۔

Terrificly : (adv.) شاندار طور پر؛ گراں قدری سے؛ غیر معمولی طور پر۔

Terrificness : (n) دہشت انگیزی؛ خوفناکی؛ ہولناکی؛ ترسناکی۔

Terrify : (v) [L. 'terrificare'.] (۱) دہشت پیدا کرنا؛ شدت سے خوف زدہ کرنا ؛ ہولا دینا ؛ خوف دلانا۔ (۲) ستانا ؛ آزردہ کرنا ؛ سخت اذیت دینا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا؛ ناک میں دم کرنا۔ (۳) غصہ دلانا ؛ برافروختہ کرنا۔

Terrigenous : (a) [f. L. 'terrigenus'.] (شاذ) زمین آفریدہ؛ خاک زاد؛ جو زمین سے پیدا ہوا ہو۔

Terrigenous metals : (n) مٹی میں ملی ہوئی دھاتیں مثلاً الومینیم۔

Terrine : (n) [Original form of Tureen.] قفلی؛ پیالہ؛ مٹی کا برتن جس میں کھانے کی کوئی چیز رکھ کر بیچتے ہیں (مثلاً نمش کا پیالہ یا کھیرکا پیالہ)۔

Territorial : (a) [late L. 'territorialis'.] (۱) زمینی؛ ارضی؛ ملکی ؛ محلی ؛ وطنی ؛ داخلی ؛ علاقائی۔ (۲) قلمرو یا ملک محروسہ کا؛ ایک ناحیہ سے محدود۔ (۳) مقامی علاقے یا صوبے سے مختص یا محدود ؛ مخصوص علاقے سے متعلق۔ (٤) (امریکا) ولایات متحدہ امریکا کے کسی صوبے کا۔ (۵) (کلیسائی اصطلاح) ملکی؛ دیوانی؛ جس میں ملکی حکومت کا دینی و دنیوی اقتدار مسلم ہو۔ (٦) علاقہ داری؛ علاقائی۔ (۷) جاگیرداری سے متعلق؛ زمینی جائداد سے متعلق۔

Territorial : (n) علاقائی فوج کا ایک فرد یا سپاہی؛ وطنی فوج کا رکن۔

The right was strictly territorial : یہ حق قطعی طور پر اسی علاقے میں محدود تھا۔

Territorial army/-force : (n) وطنی فوج : رضاکاروں کی فوج جو انگلستان کے صوبوں میں قدیم شہری فوج (Militia) کی جگہ بھرتی کی جاتی ھے اور ملک کی حفاظت میں معمولی فوج کی مدد کرتی ھے۔

Territorial law : (n) علاقائی قانون۔

Territorial limits : (n) (جغرافیہ) علاقائی حدود۔

Territorial possessions : (n) مقبوضات ملکی۔

Territorial reserve : (n) علاقائی فوج؛ وہ مخصوص فوج جو کسی خطے یا علاقے کے لئے ریزرو ہو۔

Territorial system : (n) نظام علاقہ داری؛ نظام مُلکی؛ نظام دیوانی جس میں ملکی حکومت دینی و دنیوی اقتدار اعلیٰ رکھتی ہو۔

Territorial waters : (n) (سیاسیات) ملکی سمندر؛ علاقائی سمندر۔

Territorialism : (n) (۱) نظام علاقہ داری؛ طریقہء ارباب و رعیتی؛ ملکیت؛ نظام ملکی کا نظریہ یا اصول؛ ملکی حکومت کے دینی و دنیوی اقتدار کا نظریہ یا اصول۔ (۲) علاقہ کے فرماں روا کو اختیارات کامل کی تفویض ؛ جاگیر داری۔ (۳) علاقائی بنیاد پر فوج کی تنظیم۔

Territorialist : (n) ملکی نظام کے نظریہ کا حامی؛ ملکیت پسند؛ نظام علاقہ داری کا حامی۔

Territoriality : (n) علاقائی صفت؛ علاقائیت؛ علاقائی حالت؛ داخلی حیثیت؛ علاقائی حیثیت ؛ ملکی حیثیت۔

Territorialization : (n) علاقائی بنانے کا عمل؛ کسی ایک خطے سے محدود کرنا؛ ملک محروسہ میں داخل کرنے کا عمل۔

Territorialize : (v) (۱) (ملک کو) نئے علاقوں کے الحاق سے توسیع دینا؛ علاقائی بنانا۔ (۲) ملک محروسہ میں داخل کرنا؛ مقبوضات میں شامل کرنا؛ اپنے صوبے کا ایک صوبہ بنا لینا؛ کسی ایک خطے سے محدود کردینا۔

Territorially : (adv.) علاقے کے لحاظ سے؛ مقبوضات ملکی کے نقطہء نظر سے؛ ملکی تقسیم کے لحاظ سے۔

Territory : (n) [L. 'territorium'.] (۱) قلمرو؛ عمل داری؛ ملک محروسہ ؛ سلطنت یا ریاست؛ جو کسی بادشاہ یا حکومت کے زیرنگیں ہو؛ جغرافیائی علاقہ جو کسی سیاسی اقتدار کے ماتحت ہو۔ (۲) زمین کا وسیع قطعہ؛ علاقہ؛ کشور؛ ملک؛ صوبہ؛ سر زمین؛ ناحیہ؛ منطقہ۔ (۳) (امریکا) صوبہ جسے ریاست کے پورے حقوق حاصل نہ ہوں۔ (٤) (تجارت) تجارتی ایجنٹ کا حلقہ؛ (امریکا) وہ ضلع جس میں تجارتی ایجنٹ، دلال کاروبار کرتا ھے (نمونے دکھا کر فرمائشیں (آرڈر) حاصل کرتا ھے)۔ (۵) فٹ بال، ہاکی کے میدان کا نصف حصہ جو ایک ٹیم کے لئے مخصوص ہو۔ (٦) (مجازاً) سائنس، صنعت، جماعت، الفاظ وغیرہ کی دنیا یا علاقہ؛ علم کا حلقہ یا علاقہ۔ (۷) (قانون اسکاتستان) عدالتی اختیار کا حلقہ؛ عدالتی دائرہء اختیار۔ (۸) (حیوانیات) زمین کا وہ علاقہ جو جانوروں کے گروہ کے قبضے میں ہو۔

Terror : (n) [L. 'terrorem'.] (۱) شدید خوف؛ دہشت؛ ہیبت؛ ہول؛ رعب؛ جلال؛ اندیشہ؛ خطرہ۔ (۲) وہ چیز یا شخص جس سے دہشت پیدا ہو؛ باعث دہشت؛ ہوّا؛ خوف کی وجہ۔ (۳) (بول چال) شریر، تکلیف دہ بچہ وغیرہ؛ شیطان؛ موذی؛ خوف دلانے والی شے۔

King of terrors : (تورات) موت ؛ ملک الموت ؛ عزرائیل۔

Red Terror : انقلابیوں کا عہد خونریزی۔

Reign of terror/-the terror : انقلاب فرانس میں سنہ ۹۴۔۱۷۹۳ء کا زمانہ؛ ایام خونیں؛ (مجازاً) اسی قسم کا عہد خونریزی جس میں عوام پر موت کا خوف طاری رہتاتھا۔

Was a terror to evildoers : بدکار لوگ اس کے نام سے کانپ جاتےتھے، لرزتےتھے۔

White terror : رجعت پسندوں یا رجعتیوں کا عہد خونریزی۔

Terror-striken/Terrorstruck : (n) ہیبت زدہ؛ دہشت زدہ؛ خوفزدہ۔

Terrorific : (a) وحشت انگیز ؛ ہول انگیز؛ ہولناک ؛ ہراسناک۔

Terrorism : (n) [Fr. 'terrorisme'] (۱) دہشت کا ایک طریقہ؛ حکومت ارعاب وتہدید؛ خوف وہراس کی حکومت ۔ (۲) دہشت پسندی؛ تخویف پسندیدی؛ تخویفی طریقہ یا اصول ۔(۳) خوف گردی۔

Terrorist : (n) [Fr. 'terroriste'.] (۱) تخویف پسند؛ دہشت پسند جو حکومت یا اہل ملک کو دہشت انگیز طریقوں سے مرعوب یا مغلوب کرتا ہو یا ان طریقوں کا حامی ہو ۔(۲) طرفدار ارعاب و تہدید ؛ طرفدار حکومت ارعاب و تہدید ۔ (۳) خصوصاً انقلاب فرانس میں فرقہ؛ جیکوبی کا فرد؛ جیکوبی ۔(۳) روس کا انقلاب پسند ۔(٤) دہشت انگیز خبریں پھیلانے والا ۔

Terroristic/-al : (a) دہشت پرستانہ؛ تخویف پسندانہ ۔

Terrorization : (n) : (۱) تخویف؛ خوف زدہ کرنا یا کیا جانا۔ (۲) تخویفی طریقوں کا استعمال ۔

Terrorize : (v) (۱) تخویفی طریقوں سے مرعوب کرنا؛ تہدید و ارعاب کے ساتھ کام انجام دینا ۔ (۲) ڈرا دھمکا کر کام لینا؛ خوف زدہ کرنا؛ ڈرانا؛ خوف دلانا ۔(۳) تہدید ، رعب و داب کے ساتھ حکومت کرنا؛ ڈرانے دھمکانے کا طریقہ اختیار کرنا ۔

Terrorless : (a) بغیر دہشت کے؛ بےخوف وہراس ۔

Terrorsome : (a) وحشت ناک؛ ترسناک؛ موحش۔

Terry : (n) [Origin obsc.] ادنی قسم کا اونی کپڑا جس کے گھونگر کاٹے نہ گئے ہوں؛ کھیس؛ گرہ دار مخمل؛ روئیں دار کپڑا ۔

Terry : (a) روئیں دار کپڑے سےمتعلق؛ گرہ دار مخمل سے متعلق۔

Terry cloth : (n) ملائم، نرم روئیں دار کپڑا ۔

Terry fabric : (n) روئیں دار کپڑا ۔

Terry velvet : (n) گرہ دار مخمل۔

Terse : (a) [L. 'tersus'.] (۱) مختصر اورجامع؛ قَل و دل؛ گٹھی ہوئی تحریر وتقریر وغیرہ ۔ (۲) (نباتیات) بےشاخ وبرگ ۔

Tersely : (adv.) اختصار اور جامعیت کے ساتھ ؛ ایجاز سے ۔

Terseness : (n) اختصار اور جامعیت؛ ایجاز ۔

Tertia : (n) [altered f. Tercio.] دیکھو Tercio

Tertial : (a) (طیوریات) تیسری قطار کے پَر سے متعلق ۔

Tertial : (n) (طیوریات) تیسری قطار کا پَر؛ سوم پَر؛ سوم درجہ پَر؛ پَر ثالث ۔

Tertian : (a) [late ME. in fever 'terciane', 'or terciane'.] (۱) (مرضیات) (بخار) باری کا؛ ایک دن بیچ ہونے والا؛ (بخاروغیرہ) ثلاثی ؛ تیسرے دن کا ۔ (۲) (موسیقی) اوسط سُر کے لئے مستعمل ہے؛ صدائے متوسط کا ۔(۳) یسوعی جو آزمائش یا امتحان کی تیسری منزل میں ہو (اس موقع کےلئے بھی استعمال ہوتا ہے)۔

Tertian : (n) باری کا بخار؛ ہر تیسرے دن کا بخار ۔

Tertian ague/-fever : (n) (۱) باری کا جاڑا بخار ۔(۲) آرگن (باجے) کا ایک پردا ۔

Tertian father : (n) یسوعی جو آزمائش یا امتحان کی تیسری منزل میں ہے ۔

Tertian ship : (n) یسوعی کی تربیت یا امتحان کی تیسری منزل۔

Tertiary : ([f. L.'tertiarius'.] (۱) تیسرے درجے کا؛ تیسرے نمبر کا؛ ثالث؛ ثلاثی؛ سہ گانہ ۔ (۲) (کیمیا)

امونیا سے متعلق جو الکحل سے تین ہائیڈروجن ایٹم کے بدلنے سے بنتا ہے - (۳) (ارضیات) تیسرا سلسلہ بتانے والا (زمین کی ساخت کا)؛ تیسرے ارض عہد کے متعلق؛ نوحیاتی - (٤) دو ثانوی رنگ کے اشتراک سے بنے ہوئے رنگ کےلئے بھی مستعمل ہے - (٥) (مرضیات) دورہ٭ سوم؛ آتشک کے تیسرے یا آخری مرحلے سے متعلق - (٦) تیسرے درجے کے پادری سے متعلق - (۷) (طیوریات) (طیور کے اڑنے کے پروں کی) تیسری قطار کا - (۸) سوم قطاری (پَر) -

Tertiary : (n) (۱) تیسرے درجے کا پادری یا راہب - (۲) (ارضیات) دور ثالث؛ تیسرا جگ (زمین کی ساخت کا) - (۳) (طیور جمع میں) طیور کے اڑنے کے پروں کی تیسری قطار؛ دُم کا پورا پَر - (٤) (مرضیات) آتشک کا تیسرا مرحلہ - (٥) (نقاش) ثلاثی رنگ؛ تیسرے درجے کا رنگ؛ دو ثانوی رنگوں کا آمیزہ٭ رنگ -

Tertiary age : (n) (ارضیات) دور سومین -

Tertiary alcohol : (n) ثلاثی الکحل -

Tertiary alloy : (n) سگانہ بھرت -

Tertiary qualities : (n) (فلسفہ) کوائف ثالثہ -

Tertio : دیکھو Primo

Tertium quid : (n) [L.] تیسری چیز؛ شےثالث؛ خصوصاً روح اور مادے کے درمیان یا بین الضدین کوئی چیز؛ مابین الضدین -

Tertius : (a) [L.] (۱) (اسکول میں) (ایک نام کے لڑکوں میں سے) تیسرا : ثالث - (۲) (تاریخ) ثالث -

Tertius gaudens : (n) ثالث دانا؛ جو دواشخاص کے جھگڑے میں خود فائدہ اٹھائے -

Teru-tero : (n) [From its noisy cry.] جنوبی امریکا کا بُد بُد -

Tervalent : (a) (کیمیا) سہ گرفتہ؛ تگرفتا -

Terylene : (n) ٹیریلین -

Terza rima : (n) [It.] (۱) سہ قافیہ ترتیب (مثلث کی) جس میں قافیوں کی ترتیب یہ ہوتی ہے (ا ب ا؛ ب ج ب؛ ج د ج) - (۲) سہ قافیہ مثلث -

Tesla : (n) امریکی ماہر برقیات کا نام نیکولاٹسلا (NikolaTesla) جو سنہ ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوا تھا۔

Tesla coil : (n) ٹسلا کائل؛ ٹسلا لچھا؛ ایک قسم کا امالی لچھا؛ (برقیات) لچھا جو بہت زیادہ ارتعاش کی متبادل رو پیدا کرتا ہو -

Tesla tube : (n) وہ ٹیوب جو Tesla coil کے قریب رکھنے سے روشن ہوتا ہے -

Tessare-/Teseara- : [Gr.] سابقہ بمعنی "چار" -

Tessareglot : (a) چار زبانوں سے متعلق؛ چار زبانوں کا -

Tessella : (n) [L.dim. of Tessera.] (تعمیرات) پچی؛ ربع نما چھوٹا ٹکڑا؛ چہار ضلعی -

Tessellar : (a) چوپڑ کا -

Tessellate : (v) [med. L. 'tessellare'.] (۱) موزیک بنانا؛ موزیک سے آراستہ کرنا - (۲) چارخانہ بنانا؛ چوپڑ بنانا - (۳) موزیک میں اپنی جگہ رکھنا؛ موزیک بنانے کےلئے ملانا -

Tessellate : (a) (۱) چارخانہ دار؛ چوپڑ کا - (۲) (نباتیات و حیوانیات) باقاعدہ شطرنجی وضع کا؛ چارخانہ دار؛ خانہ بخانہ - (۳) موزیک سے آراستہ کیا ہوا؛ موزائیکی -

Tessellated : (a) [f. L. 'tessellatus'.] دیکھو Tessellate

Tessellated pavement : (n) چوپڑ کا فرش -

Tessellation : (n) (۱) مفروش سازی؛ پچی کاری - (۲) موزیک کاری؛ چوپڑ کا فرش؛ چوپڑ کا کام -

Tessellite : (n) (معدنیات) Apophyllite کی ایک قسم -

Tessera : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) لکڑی، ہڈی، ہاتھی دانت وغیرہ کے مکعب ٹکڑے جو مختلف کاموں کے لئےاستعمال ہوتے تھے (مثلاً غیر سرکاری سکّے، ٹوکن وغیرہ کے طور پر) - (۲) (مجازاً) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ہو؛ امتیازی نشان، علامت پیرول : لفظ شناخت - (۳) شیشے، پتھر وغیرہ کا ٹکڑا جو پچی کاری میں استعمال ہوتا ہے؛ مربع نما ٹکڑا - (٤) (مجازاً) چوپہلو کا کوئی ضلع جس میں ایک سطح متقاطع لکیر کے ذریعے منقسم

کرنا؛تجربہ کرنا؛ ابتلا میں ڈالنا؛ مصیبت میں ڈالنا۔

Test-bed : (n) ایک قسم کا ڈھانچہ/بنیاد جس پر ہوائی جہاز کے انجن کو رکھ کر جانچا جاتا ہے۔

Test case : (n) (قانون) آزمائشی مقدمہ جس سے کسی اصول کو طے کرنا یا آزمانا مقصود ہو۔

Test charge : (n) (برقیات) امتحانی بار؛ آزمائشی بار۔

Test chart : (n) (طب) نقشہء امتحان طبی۔

Test check : (n) آڈٹ (جانچ) کرنے کا ایک طریقہ جو انتخابی اور با اصول نظیر پر مبنی ہو۔

Test check : (v) ٹیسٹ چک کے ذریعے جانچنا۔

Test-fire : (v) آزمائشی فائرنگ کرنا؛ تجرباتی فائرنگ۔

Test flight : (n) (ہوائی جہاز کی) آزمائشی اڑان؛ تجرباتی اُڑان؛ وہ اڑان جو ہوائی جہاز کو جانچنے کے لئے ہو۔

Test-fly : (v) (ہوائی جہاز) تجرباتی اڑان کرنا؛ تجربہ کے طور پر ہوائی جہاز کو اڑانا۔

Test-frame : (n) لوہے کا فریم جس میں کٹھالی رکھی جاتی ہے۔

Test-furnace : (n) ایک قسم کی بھٹی جس میں بھرت دار چاندی صاف کی جاتی ہے۔

Test-glass : (n) (کیمیا) امتحانی استوانہ؛ جانچنے کا گلاس؛ تجربہ گلاس۔

Test-match : (n) (کرکٹ) ٹیسٹ میچ؛ آزمائشی میچ؛ کرکٹ کے کئی مقابلوں میں سے ایک مقابلہ جو دو ملکوں کی ٹیموں کے درمیان ہوتے ہیں جس سے کسی ملک کے کرکٹ کھیل کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

Test-meter : (n) آزمائشی میٹر جس کے ذریعے گیس کی مقدار کو ناپا جاتا ہے۔

Test-mixer : (n) تجربہ ظرف۔

Test-object : (n) (۱) مائیکروسکوپ کی طاقت کو آزمانے کی باریک چیز ۔ (۲) ایک شے جس کے ذریعے آزمائشی تجربہ کیا جاتا ہے۔

ہو ۔ (۵) (حیوانیات) Armadillo کے قشریوں کا اوپری خول ۔ (٦) (تعمیرات) پچی ۔

Tesseral : (a) (۱) مربع نما ٹکڑوں کا ؛ مکعبی ۔ (۲) بلور شناسی؛ متقارن ۔ (۳) (ریاضیات) کروی سطح کے ٹکڑوں سے متعلق ۔

Tesseral system : (n) (قلمیات) مکعبی نظام ۔

Tessular : (a) مکعبی؛ مربع نما ٹکڑوں کا؛ مربع نما شکل کا ۔

Test : (n) [L.'testum'.] (۱) آزمائش؛ امتحان؛ جانچ ۔ (۲) وہ اسباب یا ذرائع جن سے آزمائش کی جائے؛ معیار؛ کسوٹی؛ جانچ کا اصول ۔ (۳) کسی چیز کو قبول یا رد کرنے کی بنا، شرط ، معیار ۔ (٤) (کیمیا) کوئی عامل کیمیاوی جس کے ملانے سے دوسرے مرکب کے اجزاء کا پتا چل سکے؛ کاشف ؛ مُعَرِف ۔ (۵) متحرک داسا جس پر بھٹی میں چاندی اور سیسہ الگ کرتے ہیں ۔ (٦) (حیوانیات) صدفہ ؛ خول ؛ غلاف ؛ قشرہ ۔ (۷) (نباتیات) قشر تخم ؛ غلاف ۔ (۸) کھریا : کٹھالی (سونے، چاندی کو تاؤ دینے کی) ۔ (۹) کرکٹ Test-match کا مخفف ۔ (۱۰) (خرد بینیات اسکوپ) جانچنے کی چیز ۔ (۱۱) یقین دہانی کی قسم ۔ (۱۲) ہائیڈروکاربن کے نقطہء اشتعال کو جانچنے کا آلہ ۔

To bring or put to the test/To hear or stand the test : آزمانا ؛ آزمائش کرنا؛ امتحان لینا؛ امتحان میں کامیاب ہونا؛ آزمائش میں پورا اترنا؛ جانچ میں کامیاب ہونا ۔

To take the test : امتحان لینا؛ جانچنا ۔

Test : (n) [L. 'testa'.] (حیوانیات) بعض جانوروں کا سخت خول؛ قشر؛ صدفہ ۔

Test : (v) [L. 'testari', f. 'testis'.] (قانون انگریزی) کسی حکم نامے کے آخری حصے پر (جس میں منتخب شدہ آدمی کا نام ہوتا ہے) تاریخ کے ساتھ دستخط کرنا ۔

Test : (v) [f. TEST. (n)] (۱) جانچنا؛ پرکھنا؛ آزمانا؛ کسنا (آدمی، شے یا قابلیت وغیرہ کو)؛ امتحان لینا ۔ (۲) سخت امتحان لینا؛ بہت بوجھ ڈالنا (قوت برداشت وغیرہ پر) ۔ (۳) سودھنا؛ صاف کرنا (دھات کو) ؛ کسوٹی پر کسنا؛ آنکنا ۔ (٤) (کیمیا) کاشف کے ذریعے امتحان کرنا؛ اجزاء معلوم کرنا ۔ (۵) تصفیہ کرنا؛ معائنہ کرنا؛ آزمائش کے لائق قرار دینا ؛ آزمائش

Test-paper : (n) (۱) (امریکا) کسی تحریر کے سوال کا فیصلہ کرنے کے لئے عدالت میں دستاویز پیش کرنا ۔ (۲) کیمیاوی اجزاء ملایا ہوا کاغذ جو دوسرے کیمیاوی اجزاء کے شمول سے رنگ بدلتا ہے ۔ (۳) ٹیسٹ پیپر؛ وہ امتحانی سوال جو فائنل امتحان سے قبل اس بات کی جانچ کے لئے تیار کیا جاتا ہے کہ کیا طالب علم امتحان کے لائق اور تیار ہے ۔

Test-pilot : (n) (ہوائی جہاز) ہوائی جہاز کو جانچنے کےلئے ہوائی جہاز کا اڑانے والا پائلٹ؛ آزمائشی اڑان کا پائلٹ۔

Test pump : (n) (طبیعیات) آزمائشی پمپ ۔

Test- roll : (n) پارلیمنٹ کے دارالامراء یا دارالعوام کے رکن کا حلف لے کر رجسٹر پر دستخط کرنا ۔

Test solution : (n) کیمیاوی جانچ میں استعمال ہونے والی تحلیل۔

Test-tube : (n) تجربہ نلکی (شیشے کی)؛ جانچ نلکی؛ گولہ٭ آزمائشی۔

Test-tube baby : (n) ٹیسٹ ٹیوب بیبی، وہ بچہ، جو والدین کے نر اور مادہ مادّے کو، ماں کے جسم سے باہر ملانے، اور اس کے بعد ماں کی بچہ دانی میں ارتقائی مرحلے طے کرنے کےبعد پیدا ہو ۔

Tes-tube child/-puppy : (n) دیکھو Test-tube baby

Test-tube holder : (n) (کیمیا) امتحانی نلی گیر؛ نلی کی چمٹی۔

Test-type : (n) آنکھ جانچ کرنے کے حروف جو ایک چارٹ پر ہوتے ہیں۔

Testa : (n) [L.] (۱) (حیوانیات) صدفہ؛ خول؛ قشرہ؛ کاسہ ۔ (۲) (نباتیات) قشرتخم؛ غلاف ۔

Testability : (n) امتحان پذیری ؛ آزمائش کی صلاحیت ۔

Testable : (a) امتحان پذیر؛ آزمائشی؛ آزمودنی؛ آزمائش کے قابل۔

Testacea : (n) [L.'testaceus'.] (۱) (حیوانیات) صدف داران ۔ (۲) مادہ٭ صدفی ۔

Testacean : (a) (۱) (حیوانیات) صدف دار؛ صدفیہ؛ سخت خول یا صدفہ رکھنے والا (جانور) ۔ (۲) صدفی ۔

Testacean : (n) سخت خول یا صدفہ رکھنے والا جانور ؛ صدفہ نما جانور ۔

Testaceo- : [Comb. form of L. 'testaceus'.] سابقہ بمعنی "صدف"۔

Testaceography : (n) بیانی، توصیفی صدفیّات ۔

Testaceology : (n) (حیوانیات) صدفیّات؛ صدف دار جانوروں کا علم۔

Testaceous : (a) [f. L. 'testaceus'.] (۱) سخت قشری؛ صدفی؛ صدفہ یا صدف ماہی کے متعلق ۔ (۲) صدف دار؛ مصدف؛ جس کا سخت اور مسلسل خول ہو؛ سیپوں بھرا ۔ (۳) (نباتیات و حیوانیات) خشت رنگ؛ سرخ اینٹ کے رنگ کی؛ کم سرخ؛ سرخی مائل بھورا ۔

Testamentally : (adv.) وصیت کے طور پر ۔

Testamentary : (a) وصیتی ؛ وصیت کےمتعلق؛ وصیت کے ذریعے چھوڑا یا مقرر کیا ہوا؛ وابستہ بہ وصیت نامہ ۔

Testamentary capacity : (n) وصیتی ریاست یا املاک ۔

Testamentary guardian : (n) (۱) وصیتی ولی، محافظ؛ کسی دستاویز کے ذریعے مقرر کیا ہوا ولی ۔ (۲) دیکھو Statutory ۔ (۳) دیکھو Guardian ۔

Testamentary succession : (n) وصیتی جانشینی؛ وصیت کے ذریعے جانشینی۔

Testamentary trust : (n) وصیتی ٹرسٹ؛ وقف ۔

Testamentum : (n) [L.] دیکھو Testament

Testamur : (n) [f. L.'testamur'.] (یونیورسٹی) سند امتحان؛ امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ؛ سند؛ گواہی مہارت ۔

Testate : (a) [L.'testatus'.] (۱) وصیت کردہ (جائز وصیت نامے کی رو سے) ۔ (۲) وصیت کے ذریعے طے کیا ہوا ۔

Testate : (n) وصیت کرنے والا شخص؛ وہ شخص جو مرنے کے بعد جائز وصیت نامہ چھوڑ گیا ہے ۔

Testate : (v) (۱) (شاذ) تصدیق کرنا؛ شہادت دینا ۔ (۲) (شاذ) وصیت کرنا؛ وصیت نامہ چھوڑ جانا؛ وصیت نامہ لکھنا ۔

Testation : (n) [L.'testationem'.] تدوین وصیت نامہ ؛ نگارش وصیت؛ وصیت کے ذریعے جائداد کا بندوبست یا علاحدگی ۔

Testator : (n) [late L. 'testatorem'.] (قانون) موصی ؛ وصیت کنندہ ؛ وصیت کرنے والا ؛ وصیت چھوڑکر مرنے والا ۔

Testatrix : (n) [late L.] (قانون) موصیہ؛ وصیت کرنے والی ۔

Testatum : (n) دستاویز کا تصدیقی حصہ ۔

Teste : (n) [L.] (۱) فرمان کا آخری حصہ ؛ فرمان کی آخری مشق ۔ (۲) گواہی ۔

Tested : (a) (۱) آزمایا ہوا؛ جانچا ہوا؛ آزمودہ ۔ (۲) مصدقہ؛ تصدیق کیا ہوا؛ سندی ۔

Testee : (n) امتحان لینے والا؛ ممتحن؛ جانچنے والا ۔

Tester :(n) [L. 'testerium'.] (۱) شامیانہ؛ چھتر؛ نمگیرا (خصوصاً چھپرکھٹ یا مسہری کا) ۔ (۲) تخت خواب کے اوپر کا سائبان؛ چھپرکھٹ؛ شامیانہ فریم کے ساتھ ۔ (۳) (مجازاً) کوئی چیز جو اوپر سے لٹکتی ہو؛ آویزاں چیز؛ مقبرہ؛ چتر اُمرائی یا شاہی ۔ (٤) (مجازاً) خطبہ گاہ یا معبر پر لگایا ہوا آلہ جو سامعین تک (خطیب کی) آواز پہنچانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Tester : (n) [f. TEST(v)2] (۱) امتحان لینے والا؛ جانچنےوالا؛ ممتحن ۔ (۲) آزمائشی مشین؛ جانچ کی مشین ۔

Tester : (n) (شاذ) ہنری ہشتم کے زمانے کا شلنگ؛ (قدیم مزاحیہ) چھ پینس کا سکہ ۔

Testicardines : (n) [mod. L. f. 'testa+cardo'.] جوڑدار صدفہ والا خیشوم پا ۔

Testicardinate : (a) جوڑدار صدفہ والا (خیشوم پا) ۔

Testiclo : (n) [L. 'testioulus'.] (حیوانیات) خصیہ؛ خایہ؛ فوطہ ؛ ثنا؛ بیضہ؛ تخم ۔

Testicular : (a) [f. L. 'testiculus'.] خصیئی؛ خایوی؛ فوطےکا یا اس سے متعلق؛ خصیے کا؛ بیضہ مانند ۔

Testiculate : (a) [Late L. Testiculatus '.] (۱) خصیہ مانند؛ بیضے کی شکل کا ؛ خصیہ نما ؛ فوطہ نما ۔ (۲) خصیےدار؛ خایہ دار ۔ (۳) (نباتیات) خصیے جیسے دو عضو رکھنے والا ؛ دو فوطیہ ۔

Testifier : (n) شاہد؛ گواہ؛ مصدق؛ تصدیق کرنے والا ۔

Testify : (v) [med. L. 'testificare'.] (۱) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا (کسی بیان کی)؛ گواہی دینا؛ شہادت دینا؛ شاہد ہونا؛ ثبوت فراہم کرنا ۔ (۲) (قانون) حلفاً یا ایمانداری سے بیان کرنا؛ اظہار یا بیان لکھنا؛ شہادت لینا؛ گواہی لینا؛ ثبوت لینا ۔ (۳) (اشیاء کا) دلالت کرنا؛ ثبوت ہونا؛ دلیل ہونا ۔

Testifly : (adv.) زود رنجی سے؛ تنک مزاجی کے ساتھ؛ چڑچڑے پن سے؛ جھلا کر ۔

Testimonial : (a) [late L. 'testimonialis'.] (۱) تصدیق سے متعلق؛ حلفی بیان یا اظہار کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) گواہی سے متعلق؛ شہادتی ۔

Testimonial : (n) (۱) گواہی نامہ؛ رضائیت نامہ؛ تصدیق نامہ؛ شہادت نامہ ۔ (۲) صداقت نامہ؛ تصدیق (تحریری قابلیت و چال چلن وغیرہ کی) ۔ (۳) سند خوشنودی؛ سند قابلیت، صلاحیت؛ صلہ٭ خدمت (خصوصاً جو سر جلسہ یا سرکاری طور پر دیا جائے) عزت ؛ وقعت ۔ (٤) (شخص یا چیز کے لئے) سفارشی خط ۔

Testimonialize : (v) سفارشی خط دینا؛ رضائیت نامہ دینا؛ شہادت نامہ دینا؛ صداقت نامہ یا صلہ٭ خدمت دینا؛ صلاحیت و قابلیت کی سند دینا ۔

Testimonium : (n) [L.f. testis+-monium.] (۱) کسی شخص کی پاکبازی اور علمی صلاحیت جانچ لینے کے بعد اسے پادری کا کوئی عہدہ دینے کے لئے سفارشی خط؛ نیز دیکھو Testamur ۔ (۲) (قانون) جملہ متضمن گواہی؛ شہادت نامہ یا گواہی نامہ کی وہ قسم جس کا آغاز In witness where of سے ہو یعنی "اس امر کے واسطے شہادت" ۔

Testimony : (n) [L. 'testimonium'.] (۱) شخصی یا دستاویزی شہادت (کسی بیان یا امر واقعی کے متعلق)؛ گواہی؛ شہادت؛ تصدیق؛ ثبوت ۔ (۲) (عدالت) حلفی بیان یا اظہار؛ شہادت (تحریری یا زبانی)؛ حلفی شہادت؛ اظہار ۔ (۳) اقوال؛ بیانات ۔ (٤) (قدیم) احتجاج ؛ اعتراض ؛ عذر ۔ (٥) خصوصاً (The tables of the testimony) اوامر عشرہ و بائبل کے احکام شرعی ؛ موسوی قانون ۔ (٦) وحی الٰہی؛ کتاب الٰہی؛ انجیل (خصوصاً اوامر عشرہ بائبل کے)؛ احکام شرعی؛ (دینیات) توریت موسیٰ ۔ (۷) اقرار؛ اعتراف؛ اقرار صالح ۔

Ark of (the) testimony/Ark of the covenant : وہ صندوق جس میں احکام موسوی اور دوسری مقدس یادگاریں رکھی ہوئی ہوں۔

Tabernacle or tent of(the) testimony : اٹھاؤ مکان جس میں 'Ark' ہوں۔

The two tables of testimony : احکام عشرہ؛ قانون موسوی۔

Testimony meeting/Experience- : (n) وہ جلسہ جس میں لوگ اپنے مذہبی تجربات بیان کرتے ہیں۔

Testiness : (n) جھلاہٹ؛ چڑچڑاپن؛ تنک مزاجی۔

Testing : (n) جانچ؛ امتحان؛ آزمائش۔

Testing : (a) تجرباتی؛ آزمائشی؛ آزمائش کرنے والا؛ جانچنے والا۔

Testing clause : (n) (قانون ، اسکاٹستان) دیکھو Testimonium (2) ۔

Testing instruments : (n) (انجینیئرنگ) آلات امتحان۔

Testing machine : (n) (انجینیئرنگ) جانچ مشین۔

Testingly : (adv.) آزمائش کے طور پر؛ جانچ کر؛ امتحان لے کر۔

Testis : (n) [Etym. Uncertain.] (۱) (تشریح) دیکھو Testicle ۔ (۲) دماغ کے پچھلے حصے کا عضو جس سے بینائی ہوتی ہے۔

Testor : (n) شاہد؛ گواہ۔

Testudinal : (a) (۱) (حیوانیات) سنگ پشتی۔ (۲) مانند سنگ پشت؛ کچھوا نما۔

Testudinarious : (a) [L. 'testido'+-ARIOUS.] (۱) کچھوے کے خول کے رنگ کا؛ سہ رنگی چتی دار؛ جس پر کچھوے کے خول کی طرح سرخ ، زرد اور سیاہ چتیاں پڑی ہوں۔ (۲) مانند سنگ پشت؛ کچھوانما۔ (۳) سنگ پشتی۔

Testudinaria : (n) جنوبی افریقہ کی گھاس کی ایک قسم۔

Testudinata : (n) [L.'Testudo'+ata.] (حیوانیات) سنگ پشتان؛ کچھوے۔

Testudinate : (a) [late L. 'testudinatus'.] حدبی؛ سلحفی؛ کچھوے کی پیٹھ کی طرح؛ ڈھلوان؛ ڈھال کا سا؛ سنگ پشتی۔

Testudinate : (n) سنگ پشت؛ کچھوا۔

Testudinated : (a) حدبی؛ گنبد مانند۔

Testudineous : (a) [f. L. 'testudineus'.] (۱) سنگ پشت نما؛ کچھوے کی پیٹھ جیسا۔ (۲) آہستہ؛ سست؛ دیر لگانے والا؛ کچھوے کی چال کا۔

Testudo : (n) [L. 'testudo'.] (۱) (مرضیات) گومڑی جو سر وغیرہ میں ہو۔ (۲) (حیوانیات) سبز کچھوا؛ سنگ پشت بری؛ لاک پشت۔ (۳) (قدیم روم) سپر بندی آڑ؛ صف بندی جس میں سپاہی پاس پاس کھڑے ہوکر ڈھال سے ڈھال ملا کر صف بندی کرتےتھے یا صف باندھتے تھے۔ (٤) (اسی قسم کی) آڑ (جو کان کی زمین کھودنے میں بنالیتے ہیں تاکہ زمین کے دھنسنے کی حالت میں دبنے نہ پائیں)۔ (٥) (قدیم موسیقی) ایک طرح کا بربط یاچنگ۔

Testy : (a) [AFr. 'testif'.] (۱) زود رنج؛ کج خلق؛ جھلا؛ چڑچڑا؛ تنک مزاج؛ نازک مزاج : چڑی : برہم؛ برافروختہ۔ (۲) جلانے والا : کاوی : حارق؛ سوزش ناک۔

Tetanic : (a) [L. 'tetanicus'.] (۱) اینٹھن کے درد سے متعلق۔ (۲) (طب) کزاز آور (دوا)۔

Tetanic : (n) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا؛ کزاز آور دوا (مثلاً کچلا)۔

Tetanic contraction : (n) (طب) کزازی انقباض۔

Tetanic spasm : (n) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا (مثلاً کچلا)۔

Tetanically : (adv.) کزاز کے طور پر۔

Tetaniform : (n) کزازی شکلہ۔

Tetanilla : (n) کزاز خفیف۔

Tetanine : (n) [f. Tetanis+ine.] پٹومین؛ مادّہ عفونت جو گوشت کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے ($C_{13}H_{30}N_2O_4$): سم کزاز۔

Tetanization : (n) (۱) (طب) کزازیت؛ کزاززدگی - (۲) کزازی حالت؛ کزازی کیفیت؛ کزاز پیدا کرنا یا ہونا -

Tetanize : (v) [f. Tetanus+-ize.] کزازی کیفیت پیدا کرنا-

Tetano- : [Comb. form of Gr. 'tetanos'.] سابقہ بمعنی "کزاز"؛ "کُزازی" -

Tetanogenic : (a) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی -

Tetanoid : (a) کزازی؛ کزاز صفت؛ کزاز کی طرح کا -

Tetanoid : (n) کزازی کیفیت؛ کزازی حملہ -

Tetanolysin : (n) زہر جو کزازی جرثومہ سے پیدا ہو -

Tetanomotor : (n) اعصاب میں کزاز پیدا کرنے کا ایک آلہ -

Tatanus : (n) [L.] (۱) (طب) کزاز؛ ایک مرض جس میں بعض اعصاب میں سخت تشنج پیدا ہوجاتا ہے؛ تشنج - (۲) کزازی انقباض -

Tetanus neonatorum : (n) (طب) کزاز اطفال -

Tetany : (n) [Fr. 'tetanic'.] (طب) نوبتی کزاز -

Grass Tetany : (بیطاری) مرض گیاہ؛ گھاس کی بیماری-

Tetarto- : [Comb. form of Gr. 'tetartos'.] سابقہ بمعنی "چوتھا"؛ "رُبع" -

Tetartohedral : (a) [Gr.] رُبع سطحی -

Tetartohedrally : (adv.) ربع سطح کے طور پر؛ ربع سطحی کے انداز پر -

Tetartohedrism : (n) (قلمیات) ربع سطحی شکل میں قلمیانا -

Tetch : (n) [Origin obsc.] (بول چال) کج خلقی؛ اوقات تلخی؛ غیظ؛ رنجش؛ غصہ -

Tetchily : (adv.) چڑچڑے پن سے؛ جھلا کر؛ تنک مزاجی -

Tetchiness : (n) تنک مزاجی؛ جھلاہٹ؛ چڑچڑاپن -

Tetchy/Techy : (a) [Origin uncertain.] زود رنج؛ تند مزاج؛ تنک مزاج؛ جھلاّ؛ چڑچڑا؛ کج خلق؛ بدخلق؛ جلد غصہ ہونے والا -

Tete : (n) [Fr.] (تاریخ) عورتوں کے مصنوعی بال -

Tete-a-tete : (adv.) [Fr.] تخلیے میں؛ خلوت میں؛ محرمانہ؛ دوبدو؛ روبرو -

Tete-a-tete : (a) تخلیے کی؛ خلوت کی؛ رازکی؛ رازونیاز کی -

Tete-a-tete : (n) (۱) رازونیاز کی گفتگو؛ تخلیے کی بات؛ خلوت کی گفتگو؛ دواشخاص کے درمیان گفتگو، نیز دو اشخاص کی پارٹی؛ خلوت کی ملاقات یا گفتگو : سرگوشیاں - (۲) دو آدمیوں کے بیٹھنے کا صوفہ -

Tete-beche : (n) [Fr.] (ٹکٹ فراہمی) معکوس چھپا ہوا؛ معکوس -

Tether : (n) [Origin. a northern word.] (۱) لمبی رسی یا زنجیر جس سے جانورکو باندھ کر چرنے کے لئے چھوڑ دیتے ہیں؛ دنبالہء مہار ؛ کمند - (۲) (مجازاً) احاطہ؛ دائرہ؛ حد (علم، اختیار وغیرہ کی)؛ حدود وسعت - (۳) قید؛ بند -

Beyond his tether : دائرہء معلومات یا حد اختیار سے باہر -

The end (length) of one's tether : برداشت؛ تحمل -

Was tat the end of his tether : آگے اس کا بس نہیں چلتا تھا؛ اس سے بن نہ پڑتا تھا -

Tether : (v) (۱) رسی سے باندھنا؛ (چرتے جانور کو) کھونٹے سے باندھ دینا- (۲) کسنا؛ باندھنا - (۳) (مجازاً) قید لگانا؛ شرائط سے پابند کردینا؛ باندھ دینا؛ حالات کی بنا پر قید عائد کردینا؛ (کسی بات کی) قید لگا دینا؛ (کوئی قید لگاکر) روک رکھنا-

Tethys : (۱) (اساطیر) ساگردیوی؛ طیطس - (۲) (جغرافیہ) بحر طیطس-

Tetra-/Tetr- : (۱) سابقہ بمعنی "چار" "چہار" "اربع" "چو" - (۲) چوگنا -

Tetra-icosane : (n) [f. Gr. 'tetra' + 'icosi'+-ANE] (کیمیا) ۲٤ کاربن کاپیرافن $(C_{24}H_{50}=CH_3(CH_2)_{22}(H_3)$ -

Tetrabasic : (a) (کیمیا) (ایسڈ) چواساسی؛ چواسالوی (ہائیڈروجن کے چار ایٹم والی) -

Tetrabasicity : (n) چواسالویت -

Tetrabrach : (n) [Gr. 'tetrabrachus'.] (قدیم عروض میں) چار مختصر ہجا والا لفظ۔

Tetrabranch : (n) (حیوانیات) چار گلپھڑے والا جانور؛ سر پایہ جانور ۔

Tetrabranch : (a) (حیوانیات) چوخیشومی؛ چار گلپھڑے والا؛ سرپایہ جانور سے متعلق ۔

Tetrabranchiate : (a) [mod. L. 'tetra-branchiatum'.] دیکھو Tetrabranch (a)

Tetrabranchiate : (n) (حیوانیات) چار گلپھڑےوالا جانور؛ سرپایہ جانور ۔

Tetracarpellary : (a) (نباتیات) چوسینگا؛ چہار قرنہ ۔

Tetracerous : (a) (حیوانیات) چوبقچوی ۔

Tetrachloride : (n) کلورین کے چار ایٹم کا مرکب ۔

Tetrachord : (n) [Gr. 'tetrachordon'.] (۱) (موسیقی) دانگ ۔ (۲) چوتارا؛ قدیم سرگم جس میں چارسُر ہوتےتھے؛ چار سُرکا سرگم ۔

Tetrachordal : (a) چوتارا کا یا اس سےمتعلق؛ چار سُروں کا ۔

Tetrachotomous : (a) (حیوانیات، نباتیات) چوفرعی؛ دو کاٹ مضاعف؛ چہار مقطعی؛ چار شاخ والا ۔

Tetrachotomy : (n) چو فرعیّت ۔

Tetrachromatic : (a) چہاررنگی ۔

Tetrachromatism : (n) چورنگی نظریہ ۔

Tetracid : (a) (کیمیا) چوترشہ؛ چوگرفتہ ۔

Tetracoccous/-ccus : (a) [Tetra + Gr. 'Kokkas'] (۱) چوپہلیا؛ چومغزہ ۔ (۲) چونبقہ ۔

Tetracolon : (n) (یونانی نثر) چوسطری بند ۔

Tetracoral : (n) چوپردہ مرجان ۔

Tetract : (a) (حیوانیات) چہار شعاعی؛ چوکرنہ ۔

Tetractinal : (a) چہار شعاعی؛ چار شعاع والا یا چارشعاع کا ۔

Tetractine : (n) چوکرنہ ۔

Tetractys : (n) چار کا گروپ؛ مجموعہ؛ چار؛ اربعہ؛ چار کا ایک گروہ ۔

Tetracyctic : (a) (نباتیات ، حیوانیات) چہار حلقہ؛ جس میں چار حلقے یا لچھے ہوں؛ چوحلقوی ۔

Tetracycline : (n) ضد نامیہ؛ ضد حیاتیہ دوا کی ایک قسم ($C_{22} H_{24} O_8$) ۔

Tetracyte : (n) چو خلیّہ ۔

Tetrad : (n) [Gr. 'tetrad'.] (۱) چہار؛ چار چیزوں کا مجموعہ؛ اربعہ؛ چار کا عدد ۔ (۲) چوکروی ۔ (۳) (کیمیا) چوگرفتہ (عنصر)؛ عنصر یا جوہر فرد جو ہائیڈروجن کے جوہروں کے برابر قوت ترکیب رکھتا ہے ۔ (٤) (حیاتیات) چار خلیوں والا ۔

Tetradactyl(e) : (a) چوانگشتا؛ چہار انگشتی ۔

Tetradactylity/Tetradactyly : (n) چار انگشتی جانور؛ خصوصاً نقرہ دار جانور؛ ریڑھ کی ہڈی والا جانور ۔

Tetradactylous : (a) چوانگشتا؛ چہار انگشتی ۔

Tetradecane : (n) (کیمیا) پیرافین ہائیڈروکاربن ($C_{14} H_{30}$) ۔

Tetradecapod : (a) (حیوانیات) چودہ پایہ ۔

Tetradic : (a) (۱) چار کے عدد کا یا اس سے متعلق : چہار ظرفیتی ۔ (۲) (کیمیا) جو کہ چوگرفتہ ہو (سر) ۔ (۳) (قدیم عروض) چار مختلف رکن والا ۔

Tetradidymous : (a) (نباتیات) چوبلا؛ چوتہا ۔

Tetradite : (n) [late Gr. 'tetradites'.] (جمع میں) (دینیات) اربعی؛ معتقدانہ اربعی؛ چہار گانگی خدا کا معتقد۔

Tetradrachm : (n) [Gr. 'tetradrachmon'.] قدیم یونان کا چاندی کا ایک سکہ جس کی قیمت چار درہم کے برابر تھی۔

Tetradrachmal : (a) چو درہمی چاندی کے سکے سے متعلق ۔

Tetradymite : (n) [G.'tetradymit'.] (معدنیات) تلورات بسمتھ (Bismuth) جس میں فلزی چمک ہوتی ہے اور جس کا فارمولا ($Bi_2 Te_{2S}$) ہے۔

Tetradynamia : (n) [mod. L. f. Gr. 'tetra+dynamis'.] (نباتیات) چوجفتاں۔

Tetradynamian : (a) (نباتیات) چوجفت نرہ؛ چوکافتہ؛ شش پرچمی جس میں دو بڑے ہوتے ہیں ۔

Tetradynamious : (n) دیکھو Tetradynamian

Tetradynamous : (a) دیکھو Tetradynamian

Tetraethyl lead : (n) زہر آلود روغنی سیال $(C_2 H_5)_4 Pb$ ۔

Tetragamy : (n) چہار ازدواجی؛ چہار مسہری؛ چار بیوی یا چار شوہر کا انتخاب ۔

Tetraglot/Tetraglotic : (n) چہار زبانی؛ چار زبان میں لکھا ہوا ۔

Tetragon : (n) [Gr. 'tetragonon'.] (۱) (ہندسہ) ذو اربعۃ الزوایا؛ چوگوشہ شکل؛ چار ضلعوں والا زاویہ ۔ (۲) (علم النجوم) چاروں طرف سے دیکھا جانے والا ستارہ؛ چہار جانبی ستارہ ۔

Tetragonal : (a) چوگوشہ؛ چہار ضلعی؛ چہار جانبی؛ چہار زاویائی؛ (نباتیات) چودھارا ۔

Tetragonally : (adv.) چوگوشہ شکل سے؛ چہار جانبی طریقے سے ۔

Tetragonalness : (n) چہارضلعی زاویہ؛ چوگوشہ شکل ۔

Tetragonous : (n) (نباتیات) چودھارا ۔

Tetragram : (n) [Gr. 'tetragrammon'.] (۱) (ہندسہ) چار حرفی لفظ ۔ (۲) چارضلعوں کی شکل؛ ذو اربعۃ الاضلاع ۔

Tetragrammaton : (n) [Gr. 'tetragrammaton'.] کلمہ٭ چہارحرفی خصوصاً عبرانی میں چو حرفی اسم الہی؛ خداوند تعالیٰ کا نام Yhwa یا Jhvh جسے انگریزی میں Jehovah لکھا جاتا ھے؛ چار حرفی لفظ ۔

Tetragynia : (n) [mod. L. f. Tetra-+ Gr. 'gyne'.] (نباتیات) چہار تخمدانی گھاس ۔

Tetragynian/Tetragynious : (a) (نباتیات) چہار تخمدانی گھاس سے متعلق؛ چہار تخمدانی ۔

Tetragynous : (a) (نباتیات) جس میں چار بقچہ٭ گل ہوں؛ چہار بقچوی؛ چومادینہ ۔

Tetrahedral : (a) [f. late Gr. 'tetrahedros'.] (ہندسہ) چوسطحی؛ چہار ضلعی؛ ذواربعۃ السطوح ۔

Tetrahedral angle/-quoin : (n) چہار وجہی زاویہ؛ چار ضلعی زاویہ۔

Tetrahedral kite : (n) چوسطحی پتنگ؛ ذو اربعۃ السطح کے مانند پتنگ۔

Tetrahedral theory : (n) (ہندسہ) چوسطحی نظریہ ۔

Tetrahedrally : (adv.) چارضلع کے طور پر؛ چار ضلع کے ساتھ ۔

Tetrahedric/-al : (a) چوسطحی ۔

Tetrahedrite : (n) (معدنیات) خاکی کچتانبہ $(Cu, Fe)_{12} S_{64} S_{13}$ ۔

Tetrahedroid : (a) ذو اربعۃ السطوح مانند ۔

Tetrahedron : (n) [Gr. 'tetrahedron'.] (۱) (ہندسہ) ذواربعۃ السطوح : چار سطحی مجسم : چہار ضلعی زاویہ ۔ (۲) (تعمیرات) برم چوگوشہ ۔

Tetrahexahedron : (n) (ہندسہ) چوبیس سطح والا زاویہ؛ چوبیس سطحی شکل ۔

Tetrakis-hexahedron : (n) [f. Gr.] چوبیس مساوی مثلث نما سطح رکھنے والی ٹھوس شکل ۔

Tetrakontan : (n) چوبیلا ۔

Tetralemma : (n) (منطق) چارطریقہ٭ آخر ظاہر کرنے والی حالت۔

Tetralogic : (a) چار تقریری مجموعے سے متعلق ۔

Tetralogue : (n) مکالمہ٭ اربعہ؛ چار آدمیوں کی گفتگو ۔

Tetralogy : (n) [Gr. 'tetralogia'.] (۱) چار ناٹکوں کا مجموعہ خصوصاً (قدیم یونان) تین المیہ اور ایک طنزیہ ڈرامے کا مجموعہ ۔ (۲) چار تقریروں کا مجموعہ ۔

Tetrameral : (a) چار حصوں کا؛ چار جزئی؛ چار حصے والا ۔

Tetramerism : (n) چار جزئی حالت ۔

Tetramerous : (a) [f. mod. L. 'tetramerus'.] (۱) چارحصوں کا ؛ چارجزئی؛ چارچار؛ چوپارہ ۔ (۲) چار پتیوں

والا ۔ (۳) (تشریح) چہار مفصلی؛ چہار بندی ۔ (٤) چہار شعاعی (مانند Star-fish) ۔

Tetrameter : (n) [L.'tetrametrus'.] چار رکنی بحر یا اس بحر کی نظم ۔

Tetrameter : (a) چہار وزنی؛ چہار رکنی ۔

Tetramita : (n) (حیوانیات) چوخیطہ ۔

Tetramorph : (n) [Gr. 'tetramorphon'.] ایک پردار تصویر میں چار حواریوں کی خصوصیات کا مجموعہ؛ مبلغین مسیحی کی چار تصویریں ۔

Tetramorphic : (a) (۱) (تاریخ طبعی) چار مختلف شکلوں میں ظاہر ہونے والا ۔ (۲) چہار تصویر مبلغین مسیحی والا یا اس سے متعلق ۔

Tetramorphous : (a) (کیمیا) چوقلمہ؛ چوقلمی شکلہ ۔

Tetrandria : (n)[mod. L.] (نباتیات) چونری پودے؛ چہار پرچمی گھاس؛ چار حاصل زر پودے ۔

Tetrandrian : (a) چار حاصل زر رکھنے والا ۔

Tetrandrious/Tetrandrous : (a) چونرا؛ جس میں چار حاصل زرہوں ۔

Tetranominal : (a) (ریاضیات) چہارقدری (الجبرا)؛ ذو اربعۃ الحدود ۔

Tetraonid : (a) [f. mod. L. 'Tetraonidae'.] (طیوریات) Gallinaceous جنس کے پرندوں سے متعلق ۔

Tetraonid : (n) Gallinaceous جنس کا پرندہ ۔

Tetrapetalous : (a) (نباتیات) چوپنکھڑیا؛ چہار گلبرگہ؛ چار پنکھڑیوں کا ۔

Tetraphyllous : (a) (نباتیات) چوپتیا؛ چہار برگہ : چار پتیوں کا ۔

Tetrapla : (n) [Gr.] صفحہ چہار ستونی؛ متن چہار ستونی (خصوصاً توریت میں) ۔

Tetraplegia : (n) (طب) فالج (ہاتھ پاؤں کا) ۔

Tetraploid : (a) چولونیوی؛ چہار لا؛ چہارگانہ ۔

Tetrapneumonian : (a) چار پھیپھڑوں والی عنکبوت کی ایک قسم سے متعلق ۔

Tetrapneumonian : (n) چار پھیپھڑے والی عنکبوت کی ایک قسم ۔

Tetrapneumonous : (a) چار پھیپھڑے والا یا تنفسی عضو والا ۔

Tetrapod : (n) [mod.L. 'tetrapodus'.] (حیوانیات) چوپایہ؛ چہار پا حشرہ؛ چار پاؤں والا ۔

Tetrapod : (n) چہارپا تتلی؛ چار پاؤں والا جانور ۔

Tetrapoda : (n) (۱) چہار پا حشرات؛ چہار پایاں ۔ (۲) چوپائے ۔

Tetrapodic : (a) چاررکنی شعر کا یا اس سے متعلق ۔

Tetrapodous : (a) چہار پا ۔

Tetrapody : (n) [Gr. 'tetrapodia'.] (عروض) چار رکنی شعر ؛ چار رکنی بحر ؛ چاررکنی مصرعوں کی نظم؛ چار رکنوں کا مجموعہ یا قطعہ ۔

Tetrapolis : (n) چار شہری ضلع؛ چار شہر کا ضلع؛ چار شہر کا صوبہ ۔

Tetraptaran : (a) (۱) چار پر والا ؛ چوپرا ؛ چہار بالا ۔ (۲) (تشریح) چار پروالی مکھیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ چہارجناحی ۔ (۳) (نباتیات) چار پتوں والے پھل کے لئے بھی مستعمل؛ چار بال والا ۔

Tetrapteran : (n) چار پر والا کیڑا؛ چارجناحی کیڑا ۔

Tetrapterous : (a) [f. mod. L.'tetrapterus'.] دیکھو Tetrapteran

Tetraptote : (n) اسم چہار حالتی؛ چار حالت والا اسم ۔

Tetrapylon : (n) (تعمیرات) چو دری ۔

Tetraquetrous : (a) (نباتیات) چو دھارا ۔

Tetrach : (n) [late L. 'tetrarcha'.] (۱) (روما) ملک یا صوبے کے چوتھائی حصے کا حاکم ، عامل ۔ (۲) حاکم رُبع صوبہ ۔ (۳) (نباتیات) چو خشبہ ریشمی ۔

Tetrarchate : (n) (۱) عامل کا عہدہ ۔ (۲) عامل کا دائرہ حکومت ۔

Tetrarchic : (a) [Gr. 'tetraronious'.] (۱) حاکم ربع صوبہ سے متعلق؛ عامل کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) حکومت چہارنفری سے متعلق ۔

Tetrarchical : (a) عامل کا؛ عاملی۔

Tetrarchy : (n) [L. 'tetrarchia'.] (۱) عامل کا عہدہ۔(۲) عامل کا دائرہ٭ حکومت ۔ (۳) (سیاسیات) چوتھائی صوبہ؛ رُبع صوبہ ۔ (٤) حکومت چہار نفری؛ چار اشخاص کی مشترکہ حکومت ۔

Tetraselenodont : (a) چوہلال دندانہ۔

Tetrasepalous : (a) (نباتیات) چو سنبلہ؛ چو پھول پتیا ۔

Tetraspermous : (a) (نباتیات) چوبیجہ؛ چوتخمہ ۔

Tetraspore : (n) چوبذرہ ۔

Tetrasporic : (a) چوبذروی۔

Tetrasporous : (a) چوبذرہ ۔

Tetrastich : (n) [L. 'tetrastichon'.] (عروض) چار مصرعوں کا بند؛ رباعی؛ چارمصرعوں کا مجموعہ یا قطعہ؛ چہار بیتی۔

Tetrastichous : (a) (نباتیات) چہار منزلہ : چوقطارہ ؛ چہار جزئی۔

Tetrastyle : (n) [L.'tetrastylos'.] (تعمیرات) چہار ستونی؛ عمارت کا حصہ جو چارستونوں پر قائم ہو خصوصاً برساتی یا چھت کا سہارا؛ چہار ستونی عمارت؛ چوستونی مندر ۔

Tetrastyle : (a) چہار ستونہ؛ چہار ستونی۔

Tetrastylic : (a) چہار ستونی ۔

Tetrasulphide : (n) (کیمیا) دوعنصری مرکب جس میں آکسیجن کے چار جوہر ہوتے ہیں (مثلاً نائٹروجن، ٹٹروکسائیڈ) NO4 : چو اکسائیڈ؛ ٹٹروکسائیڈ۔

Tetrasyllabic/-al : (a) چار رکنی ؛ چار بول کا؛ چار ہجائی ۔

Tetrasyllable : (n) چار رکنی لفظ ؛ چہار ہجائی لفظ ؛ چار بول کا لفظ ۔

Tetrasyllable : (a) دیکھو Tetrasyllabic

Tetrathecal : (a) [Gr.] (نباتیات) چوصُروی؛ (حیوانیات) چار خلیوں والا۔

Tetrathionic : (a) بے رنگ اور بے باس کا ایک ایسڈ $H_2S_4O_6$ ۔

Tetrathionate : (n) اس ($H_2S_4O_6$) ایسڈ کا نمک ۔

Tetratonic : (a) (۱) (کیمیا) چوجوہرہ؛ چہار جوہرہ ۔ (۲) (کیمیا) چوگرفتہ ۔

Tetravalence : (n) دیکھو Quadrivalence

Tetravalent : (a) [f. Gr.] (کیمیا) چوگرفتہ؛ چہاربنیانی؛ چہار ظرفیتی۔

Tetraxial : (a) چار محور والا ؛ چہار محوری۔

Tetraxile : (a) چار محور والا۔

Tetraxon : (n) (حیوانیات) چومحورہ؛ چہار محوریّہ ۔

Tetraylous : (a) چار انگشتیا (پنجے کا) (جانور) ۔

Tetraylous : (n) چار پنجے کا جانور ۔

Tetrazone : (n) (کیمیا) ایک مرکب جس میں چار نائٹروجن جوہر ہوتے ہیں ($R_2NN : NNR_2$) ۔

Tetrazooid : (a) (حیوانیات) چوحوین ۔

Tetrobol : (n) [Late. L.'Tetrobolan'.] چار Oboli کی مساوی قیمت کا قدیم چاندی کا ایک سکہ ۔

Tetrode : (n) (ریڈیو) چو برقیرہ؛ چو برقیری وَالوَ ۔

Tetrodon : (n) [mod. L.] گول مچھلی کی ایک قسم ۔

Tetrodont : (a) گول مچھلی کی ایک قسم سے متعلق؛ چار دانت والی ایک قسم کی مچھلی سے متعلق ۔

Tetrodont : (n) چار دانت والی ایک قسم کی مچھلی ؛ گول مچھلی کی ایک قسم۔

Tetronymal : (a) چہار اسمی ۔

Tetrous : (a) [L. Taeter'.] (شاذ) اہانت آمیز؛ نفرت انگیز؛ بد ۔

Tetroxide : (n) دیکھو Tetrasulphide

Tetryl : (n) (کیمیا) ٹٹرا کاربن کا یک گرفتہ جزو مستقل جس کا فارمولا یہ ہے(C_4H_9) اسے Butyl بھی کہتے ہیں ؛ مادہ متغیرہ ۔

Tetrylic : (a) ٹٹرائل کا؛ ٹٹرائلک ایسڈ سے متعلق۔

Tetter : (n) [OE. 'teter'.] (۱) جلدی مرض (مثلاً داد، ایگزیما وغیرہ)؛ (طب) جمرہ؛ نملہ۔(۲) جانور خصوصاً گھوڑے کا جلدی مرض۔

Crusted, pustular, running tetter : جلدی بیماریاں جن میں پھنسیاں نکلتی ہیں۔

Eating tetter : ایک جلدی مرض: لیوپس۔

Honeycomb tetter : دیکھو Favus

Humid tetter/Moist- : ایگزیما۔

Scaly tetter : دیکھو Psoriasis

Tetter-berry : (n) (۱) بیل دار پودوں کی جنس؛ بزار چشاں۔ (۲) نیز اس کا پھل؛ میوہ بزار چشاں۔

Tetterous : (a) جمرہ زدہ؛ جمرہ مانند؛ جمرئی۔

Tetterworm : (n) ایک جلدی بیماری؛ داد کی ایک شکل؛ ایک قسم کی کھجلی؛ خارش یا خارشت۔

Tetterwort : (n) (نباتیات) مامیران؛ بڑے قسم کا سیلن ڈائن (Celandine) جو ان امراض کی دوا سمجھا جاتا ھے۔

Tettix : (n) [Gr.] (۱) زنجرہ؛ خزوک ؛ ٹڈی ۔(۲) ٹڈے کی قسم کا ایک کیڑا۔

Golden tettix : سولن کے عہد سے قبل ایتھینی باشندوں کے بالوں میں لگانے کا ایک زیور جسے وہ لوگ ملکی ھونے کی علامت کے طور پر لگایا کرتے تھے۔

Teucrian : (n) قدیم یونانی شہر ٹرائے کا باشندہ؛ ٹروجن۔

Teucrian : (a) ٹروجن کا یا اس سے متعلق۔

Teuto- : [Comb. form irreg. f. Teuton.] سابقہ بمعنی "جرمنی"؛ ٹیوٹونی؛ ٹیوٹن کی ترکیبی صورت۔

Teutonania : (n) ٹیوٹونی مانیا؛ خبط ٹیوٹونی؛ جنون جرمن۔

Teutophile/-phil : (n) جرمن اور جرمن کا دوست؛ مُحب جرمن یا جرمنی۔

Teutophile : (a) محبت جرمن سے متعلق۔

Teuton : (n) [L. 'Teutones'.] (۱) ٹیوٹن؛ جرمن؛ قدیم جرمن قوم کا فرد۔(۲) (جمع) جرمن کے قدیم قبیلوں میں سے ایک جس کی نسل کا پتا نہیں۔ (۳) ٹیوٹانی زبان بولنے والے۔

Teutonic : (a) [L. 'Teutonicus'.] (۱) ٹیوٹانی؛ جرمنی؛ ٹیوٹانی قوم کا یا اس سے متعلق۔(۲) موجودہ جرمانی قوم کا؛ جرمانی؛ (وسیع معنی میں یہ لفظ جرمن قوم کے علاوہ ناروے، سوئڈن کے باشندوں اور اینگلو سیکسن قوم کے لوگوں پر حاوی ھے)۔

Teutonic : (n) ٹیوٹن اقوام کی زبان؛ جرمن زبان۔

Teutonic knights/-order : (n) جرمن Knights کا فوجی سلسلہ۔

Teutonic languages : (n) فصیح اور دیہاتی جرمن زبانیں اور ناروے، سوئڈن کی زبانیں۔

Teutonicism : (n) ٹیوٹانی زبان کا محاورہ؛ ٹیوٹانی اظہار بیان؛ ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت۔

Teutonism : (n) (۱) ٹیوٹانی زبان کا محاورہ۔(۲) ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت ۔ (۳) ٹیوٹانی طرز یا اصول؛ جرمن کا احساس اور عمل۔

Teutonist : (n) (۱) ٹیوٹانی قوم کی تاریخ، زبان وغیرہ کا ماہر ۔(۲) ٹیوٹانی طرز کا ماہر۔

Teutonization : (n) ٹیوٹانی بنانا یا بنایا جانا؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھانا یا چڑھایا جانا۔

Teutonize : (v) (۱) جرمنی بنانا؛ ٹیوٹانی بنانا؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھا دینا ۔(۲) ٹیوٹانی طرز قبول کرنا یا اختیار کرنا۔

Tewel : (n) (فلزیات) ھوا دھونک نلی؛ ٹیول؛ دودکش۔

Tewhit/Tewit : (n) [Origin. echoic, see Pewit.] (حیوانیات) نباح؛ ہدہد۔

Tewtaw : (v) [Origin obsc.] (بول چال) دیکھو Taw (v)۔

Texan : (a) [f. next.] تکزاسی؛ تکزاس ریاست سے متعلق؛ جانوروں اور پودوں کے بعض مخصوص ناموں کے لئے بطور صفت استعمال ھوتا ھے۔

Texan : (n) تکزاس کا باشندہ یا دیسی آدمی یا جانور۔

Texas : (n) (۱)ٹکزاس یا ٹکزاس ۔ (۲) ٹکزاس کے سرخ پوست قبائل ؛ سرخ پوست ٹکزاسی ۔ (۳) (مغربی امریکا) دریائی اسٹیمر کی بالا ترین ساخت جس میں جہازراں کا مکان اور افسران کی رہائش گاہیں ہوتی ہیں ؛ بلند دالان یا غلام گردش گنبددار منارہ نما دود دان سے مشابہ ۔ (٤) دیسی یا ملکی پودوں اور جانوروں کے نام ۔ (٥) امریکا کے ناموں میں سے ایک نام ۔

Text : (n) [Fr. 'texte'.] (۱) مصنف کے اصلی الفاظ؛ کتاب کی اصلی عبارت (شرح وغیرہ سے قطع نظر کر کے) ۔ (۲) متن ؛ نص ؛ نص الکتاب ؛ موضوع ؛ عبارت اقتباسی؛ جلی خط ۔ (۳) درسی کتاب ۔ (٤) کتاب الٰہی (انجیل وغیرہ) کی ترتیب یا آیات جو کسی وعظ یا مقالے کے موضوع یا سند کے طور پر استعمال کی جائیں ۔ (٥) مفاد؛ مفہوم؛ مضمون؛ شکل ۔ (٦) (مجازاً) موضوع بحث؛ موضوع تقریر ۔

Church text : کتبہ٭ قبر؛ کبتہ٭ لوح ۔

German text : قدیم ٹائپ کے انگریزی حروف (جو جرمن حروف سے مشابہ ہیں) ۔

The text is hope lessly corrupt : متن میں بہت کچھ تصرف کیا گیا ہے، بہت مسخ ہوگیا ہے ۔

Text blindness : (n) الفاظ کوری ؛ معنی کوری ۔

Text-book : (n) درسی کتاب؛ کسی ایک موضوع پر اصلی کتاب؛ رسالہ؛ نصابی کتاب ۔

Text-bookish : (a) درسی کتاب سے متعلق؛ درسی کتاب مانند ۔

Text-cut-engraving-picture : (n) کوئی بھی نقشہ جو کتاب کے متن میں تشریح کے طور پر شامل ہو؛ متن کا تشریحی نقشہ ۔

Text edition : (n) اسکول اور کالج کے لئے تیار کی ہوئی کتابیں؛ ٹیکسٹ ایڈیشن؛ نصابی ایڈیشن ۔

Text-hand : (n) (۱) جلی خط؛ دستخط درشت ۔ (۲) دستی تحریر (Hand writing) کے لئےاسکولی تحریر جو نصف انچ کشادہ ایک لائن میں ہوتی ہے؛ تحریر کا ایک طرزجو بڑے حروف میں لکھا جاتا ہے ۔

Text-title : (n) کسی کتاب کے آغاز میں نصف ٹائٹل یا عنوان ۔

Text-writer : (n) (۱) کاتب متون؛ کتاب یا رسالے کے متن کا لکھنے والا ۔ (۲) قانونی کتاب کا لکھنے والا؛ قانونی کتاب کا مصنف ۔

Textile : (a) [L. 'textilis'.] (۱) بافتہ؛ منسوج؛ جو بُنا گیا ہو؛ بافتگی ۔ (۲) بُننے سے متعلق؛ پارچہ بافی سے متعلق؛ بُنا ہوا یا بُننے کا ۔ (۳) (تاریخ طبعی) بُنی ہوئی سطح کے مانند نشان والا ۔

Textile : (n) (۱) بُنا ہوا کپڑا؛ منسوج کپڑا؛ پارچہ بافتہ ۔ (۲) کپڑا؛ پارچہ ۔

Textile art : (n) فن پارچہ بافی؛ منسوجات؛ بافندگی؛ نساجی ۔

Textile chemistry : (n) (کیمیا) کپڑے کی صنعت سے متعلق علم کیمیا ۔

Textile industry : (n) (معاشیات) صنعت پارچہ بافی ۔

Textile Manufacturing : (n) پارچہ بافی ۔

Textile : (n) بُنا ہوا کپڑا ؛ دھاگا ۔

Textilist : (n) متخصص نساجی؛ کارگر نساجی؛ منسوجات فروخت کرنے والا ۔

Textorial : (a) [f. L. textor'.] بافتہ؛ منسوج؛ بافتنی؛ جولاہوں سے متعلق یا بنائی سے متعلق ۔

Textual : (a) [Late ME. 'textuel.'] متن کا؛ متن سے متعلق؛ متنی؛ نصّی؛ لفظی (خصوصاً کتاب الٰہی کا) ۔

Textually : (adv.) متن کے لحاظ سے؛ کتاب کے اصل الفاظ میں ۔

Textualism : (n) (۱) لفظ پرستی؛ ترجمہ یا نقل مطلب میں پیروی ؛ تعلیم مذہبی کی پیروی ۔ (۲) اسکالرشپ کا محکمہ جو بائبل کے متن سے بحث کرتا ہے؛ متنی تنقید؛ کُلا لفظی ۔

Textualist : (n) (۱) بائبل کا ماہر؛ ہر موقع پر کتاب الٰہی کی سند پیش کرنے والا؛ تعلیم مذہبی کا پیرو ۔ (۲) لفظ پرست؛ وہ شخص جو کتاب کے الفاظ یا اس کے لفظی معنی کا سختی سے پابند ہو ۔

Textuary : (a) [f. med. L. 'textus.'] کتابی؛ درسی؛ متنی؛ متن سے متعلق؛ لفظی ۔

Textuary : (n) (۱) ترجمہ؛ تحت اللفظی کا حامی ۔ (۲) کتاب الہی کا حوالہ دینے والا شخص ۔

Textural : (a) [f. L. 'textura'.] نسیج سے متعلق؛ بافت سے متعلق؛ ساخت یا بافت کا منسوج؛ بافتہ ۔

Texture : (n) [L. 'textura'.] (۱) تاروپود؛ بناوٹ؛ بافت؛ منسوج؛ بُنا ہوا کپڑا؛ پارچہ ۔ (۲) (ارضیات) بناوٹ؛ ساخت؛ ترکیب؛ ترتیب؛ بنیاد؛ اصول ۔ (۳) (تصویر میں) سطح کاری؛ اشیاء کی سطح کو دکھانا ۔ (٤) (حیاتیات) نسیج؛ نسیج کی ساخت؛ بافت ۔ (٥) (مجازاً) فطرت؛ صفت؛ بناوٹ ۔ (٦) (دماغ) مزاج؛ افتاد؛ طبیعت ۔

Textureless : (a) بغیر کسی مخصوص ساخت کا؛ بے شکلہ ۔

Textus : (n) [L.] کتابِ الہی؛ متن انجیل ۔

Textus receptus : (n) مسیحیوں کی مقدس کتاب؛ حاصل کی ہوئی کتاب ۔

Tezkere : (n) [Turk. (Arab.)] تذکرے ۔

Th : قدیم انگریزی میں یہ دو مختلف صوت " ذ " اور " تھ " کے لئے استعمال ہوتا تھا جیسے Thin, Bath اور Then, Bathe ۔

Th/Th' : The کی مخفف شکل ۔

-th : (۱) لاحقہ جو اسماء کے آخر میں آتا ہے اور Ness کی طرح کیفیت، حالت یا صفت کے معنی دیتا ہے جیسے: Strength, wealth, Breadth, truth وغیرہ ۔ (۲) کبھی کبھی نتیجے یا عمل کے معنی دیتا ہے جیسے: Stealth, spilth, growth وغیرہ ۔

-th /-eth لاحقہ اعداد ترتیبی اور اعداد کسری کے آخر میں آتا ہے جیسے: (۱) چوتھا، چوتھائی (Fourth) ۔ (۲) چالیسواں، چالیسواں حصہ (Fortieth) ۔

Thack : (v) [OE. Paec'.] (۱) (بول چال) چھپر بنانا ۔ (۲) پیال سے چھت چھانا؛ چھت کو پیال یا پوال سے ڈھانکنا ۔

Thack : (n) (بول چال) چھپر بنانا ۔

Thackless : (a) (۱) بے کاہ وبرگ ۔ (۲) (مجازاً) بے کلاہ ۔

Thae : (خصوصاً اسکاٹستان) Those کا متبادل ۔

Thae : (خصوصاً اسکاٹستان) These کا متبادل ۔

Thai : (n) (۱) تھائی لینڈ کا باشندہ ۔ (۲) تھائی زبان؛ تھائی لینڈ کی سرکاری زبان ۔ (۳) زبانوں کا ایك مجموعہ جن میں Thai, Lao, Shan, Khamli and Ahom شامل ہیں اورجن کو بعض لوگ Sino- Tibetan (زبان) کا مجموعہ سمجھتے ہیں ۔

Thailand : (a) تھائی لینڈ کا یا اس سے متعلق؛ تھائی لینڈ کی قسم یا طرح کا (جو تھائی لینڈ میں مروج ہے) ۔

Thairm : (n) (بول چال خصوصاً اسکاٹستان) دیکھو Catgut ۔

Thakur/Thakoor : (n) [Skr. 'thakkura', Hindi 'thakur'.] (۱) (ہندوستان میں) آقا، یہ لفظ عزت و احترام کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) نجیب زادہ؛ شریف کے لئے مستعمل ہے، کشتریوں، راجپوت نسل کے لئے ۔

Thalamencephalon : (n) [f. Thalam (o-+Encephalon] (تشریح) میان دماغ؛ عرشیِ دماغ؛ مغزمیانی ۔

Thalami : (n) (نباتیات، حیوانیات) سریرات ۔

Thalamic : (a) [mod. L. 'thalamicus'.] عَرشیِ دماغ سے متعلق؛ مغزمیانی سے وابستہ؛ مبداء عصب سے متعلق ۔

Thalamiflorae : (n) (نباتیات) سریر گلاں ۔

Thalamifloral : (a) [mod.L. 'Thalamiflorae'.] (نباتیات) سریر گلہ؛ زیر بقچی ۔

Thalamiflorous : (a) دیکھو Thalamifloral

Thalamo-/Thalam- سابقہ بمعنی "بطن"؛ "اطاق"؛ حفر؛ جوف ۔

Thalamocoele : (n) (تشریح) دماغ کا تیسرا جوف؛ بطن سوم مغز ۔

Thalamus : (n) [L.] (۱) (تشریح) وہ مقام جہاں اعصاب دماغ سے باہر نکلتے ہیں؛ مبداء عصب؛ مغزمیانی ۔ (۲) (نباتیات) پھول کا خانہ؛ مسند گل؛ سریر؛ طبق؛ پھول کی کرسی؛ ڈنڈی کا وہ حصہ جہاں سے پھول اگتا ہے ۔ (۳) (حیوانیات) اندرون حرم ۔ (٤) دیکھو Thallus ۔ (٥) قدیم یونانی مکان کا اندرونی حصہ؛ زنانہ ۔

Optic thalamus : مبداء عَصَبِ بَصَر ۔

Thalassa : (n) (جغرافیہ) بُحیرہ؛ چھوٹا سمندر ۔

Thalassarctine : (a) (حیوانات) خَرس قطبی سے متعلق ۔

Thalassarctos : (n) (حیوانیات) خرس قطبی ۔

Thalassian : (a) [f. Fr. 'thalassios'.] دریائی؛ اقیانوسی؛ بحری؛ خصوصاً در یائی کچھوے سے متعلق ۔

Thalassian : (n) بحری یا دریائی کچھوا؛ سنگ پشت دریائی۔

Thalassic : (a) [Fr 'thalassique'.] (۱) بحری؛ دریائی؛ (جغرافیہ) بحیری ۔ (۲) (حیوانیات) بحرباش ۔

Thalassinian : (a) [f. mod. L. Thalassina +- IAN] بحری یا دریائی کچھوے سے متعلق ۔

Thalassinian : (n) سمندری یا دریائی کچھوا ۔

Thalasso-/Thalassio- : سابقہ بمعنی "دریا" ۔

Thalassocracy : (n) [Gr. 'thalasscratia'.] (سیاسیات) بحری حکومت؛ سلطنت دریائی ۔

Thalassocrat : (n) سمندر پر قبضہ و اختیار رکھنے والا : وہ جسے سمندر پر اقتدارِ اعلیٰ حاصل ھے ۔

Thalassocraty : (n) بحری حکومت ۔

Thalassographer : (n) دریائی جغرافیہ کا ماہر ۔

Thalassographic/-cal : (a) دریائی جغرافیہ سے متعلق ۔

Thalassography : (n) (جغرافیہ) جغرافیہ کاوہ شعبہ جو دریا اور اوقیانوس کے متعلق بحث کرتا ھے؛ جغرافیائے دریائی؛ بحریات ۔

Thalassoid : (a) (حیوانیات) بحری نما ۔

Thalassometer : (n) مدّ و جزر پیما ۔

Thalassophyte/Thalassiophyte : (n) (نباتیات) ایک قسم کا دریائی پودا؛ کائی (بحری) ۔

Thaler : (n) [G.] Taler کا متبادل: چاندی کا سکہ جو پہلے جرمنی میں رائج تھا؛ ڈالر ۔

Thales : (n) (تاریخ) طالیس ۔

Thalia : (n) [Gr.] (۱) تھالیا؛ جو کامیڈی (مزاحیہ ڈراما) اور شبانی (Pastoral) شاعری کی دیوی ھے ۔ (۲) Ma-rantaceae جنس کا ایک پودا ۔ (۳) (علم النجوم) تینیسواں (۲۳ واں) سیارچہ ۔

Thaliacean : (a) [f. mod. L.Thaliacea'.] (حیوانیات) غلاف پوش جنس کے حیوان سے متعلق ۔

Thaliacean : (n) (حیوانیات) غلاف پوش جنس کا حیوان ۔

Thalian : (a) تھالیا سے متعلق؛ مزاحیہ شاعری سے متعلق؛ مزاحیہ؛ طربیہ (شاعری) ۔

Thalidomide : (n) ایک قسم کی مسکّن خواب آور دوا (جس کا استعمال دوران حمل میں اکثر جنین پر خراب اثر ڈالتا ھے) ۔

Thalidomide baby/-child : (n) وہ لڑکا جو مسکن خواب آور دوا کے اثر سے پیدا ھوا ھو ۔

Thaliform : (a) تالوسی شکل ۔

Thallic : (a) [f. Thallium+-IC.] (کیمیا) تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن زیادہ ھو ۔

Thallic oxide : (n) تھیلیم ترائی اوکسائیڈ (Tl_2O_3) ۔

Thalline/-in : (n) [f. Gr. 'thallin'+-INE.] بےرنگ کا ایک مرکب جو کیتھ لین سے حاصل ھوتا ھے ۔

Thalline : (a) [f. Thallus +-INE.] (نباتیات) غصنہ سے متعلق؛ مضغہ سے متعلق ۔

Thallious : (a) (کیمیا) تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن کم ھو ۔

Thallium : (n) [f. Gr. 'thallos'] (کیمیا) تھیلیم (عنصر، دھات)؛ ایک کمیاب سفید نرم فلزی عنصر ۔

Thallodic : (a) تالوسی ۔

Thallogen : (n) [f. Thallus +- GEN.] (نباتیات) تالوسی پودا : تالوس زا ۔

Thalloid/-al : (a) (نباتیات) مضغہ نما ۔

Thallophyte : (n) [f. mod. L. 'Thallophyta '.] (نباتیات)تالوسی پودا؛ ساقہ دار پودا (مثلاً جلبک وغیرہ) ۔

Thallous : (a) [f. Thallium +- ous] (کیمیا) دیکھو Thallious

Thallus/ Thallome : (n) [L.] (نباتیات) مضغہ؛ جسم نباتی جس میں جز ، تنا اور پتا نہ ھو (مثلاً کائی وغیرہ)؛ غصنہ؛ تالوس ۔

T(h)alweg : (n) [G., f. t(h)al+weg.'] (ارضیات) وادیٔ راہ ۔

Thames : (n) [L.'Tamesa'.] ٹیمس (Tames) ایک ندی کا نام جس پر لندن شہر واقع ھے ۔

To set the Thames on fire : تعجب خیز کام انجام دینا ۔

Thamin : (n) [Burmese. 'thamin'.] برما اور سیام کا شاخ دار ہرن ۔

Thamuz/Tammuz : (n) [Heb.'tammuz'] تموز ؛ یہودی سرکاری سال کا دسواں مہینہ اور چوتھا مذہبی سال کا، جس میں اُنتیس دن ھوتے ہیں اس کے کچھ حصے جون اور جولائی کے مطابق ھوتے ہیں نیز شامی (Syrian) دیوتا کا نام جس کا سالانہ تیوہار اس ماہ کے چاند کے آغاز سے شروع ھوتا ھے ۔

Than : (conj.) [OE. 'panne'.] (۱) بہ نسبت؛ بہ مقابلہ ؛ سے؛تا؛ کہ؛ تااین کہ؛ بجز؛ غیراز ۔ (۲) عام طور پر Else, Other کے بعد استعمال ھوتا ھے ۔

Thanage : (n) [AFr. 'tha(y)nage'.] چودھرات (Thane) یا چودھری کا منصب؛ چودھری کا علاقہ ۔

Thanatism : (n) (دینیات) فنائیت روح (عقیدہ) ۔

Thanatist : (n) معتقد موت روح؛ معتقد فنائیت روح ۔

Thanato-/Thanat-: [comb. form of Gr. 'thanatos'.] سابقہ بمعنی "موت"؛ مرگ" ۔

Thanatognomonic : (a) (طب) علامت موت سے متعلق ۔

Thanatography : (n) (طب) بیان موت؛ موت نامہ؛ شرح مرگ ۔

Thanatoid : (a) (۱) (حیوانیات) زہریلا؛ مہلک؛ مرگ بار؛ قاتل ۔ (۲) (طب) مردہ سا؛ مردہ نما؛ موت کا سا؛ مُردے کا سا ۔

Thanatological : (a) (قدیم) علم موت سے متعلق ۔

Thanatology : (n) (فلسفہ) علم موت؛ موتیات؛ مرگ شناسی؛ مبحث مرگ ۔

Thanatomania : (n) (نفسیات) جنونِ کُشتن ؛ موت مانیا ۔

Thanatometer : (n) مرگ سنج ۔

Thanatophidia : (n) (حیوانیات) زہریلا سانپ ۔

Thanatophobia : (n) (نفسیات) موت ترسی ۔

Thanatopsis : (n) (۱) فکر موت ۔ (۲) (فلسفہ) نظریۂ موت ۔

Thanatos : (n) [Gr.] (اساطیر) غانقاریا ؛ خورہ ؛ موت عضو ؛ الہ مرگ جسے خدائے خواب کا بھائی اور خدائے شب کا لڑکا کہا جاتا ھے ۔

Thanatosis : (n) (طب) موت مجسم؛ مجسمۂ موت ۔

Thanatotic : (a) Thanatos سے متعلق ۔

Thane/Thegn : (n) [OE. 'pegn'.] (۱) انگلستان کی قدیم تاریخ موروثی امراء اور عوام کے درمیانی طبقے کا شخص ؛ ملک ؛ چودھری ؛ خان ؛ تیولدار ۔ (۲) (اسکاتستانی تاریخ) رئیس قبیلہ؛ قبیلے کا سردار ۔ (۳) نجیب زادۂ اسکاتستانی؛ اسکاتستانی آقا؛ مالک ۔

Thane-land/Thegn-land : (n) چودھری کا علاقہ یا خان کی قلمرو، علاقہ ۔

Thanedom/Thegndom : (n) [ME. 'thayndom'.] چودھرات؛ چودھری کا علاقہ یا حلقہ ۔

Thanehood/Thegnhood : (n) چودھری کا منصب؛ چودھرات ۔

Thaneship : (n) چودھری کا منصب یا عہد حکومت ۔

Thaness : (n) اسکاتستانی رئیس کی بیوی ۔

Thank : (n) [OE. 'Panc'.] (۱) تشکر؛ امتنان؛ سپاس گذاری؛ شکر؛ شکریہ ۔ (۲) اظہار تشکر ۔

Best thanks : بہت بہت شکریہ ۔

Many thanks : بہت بہت شکریہ ۔

Much thanks I got for it : (طنزاً) خوب قدردانی ھوئی ۔

No thanks to : (طنزاً) کوئی تشکر نہیں ۔

To give thanks : اظہار تشکر کرنا؛ شکریے کا اظہار کرنا؛ خصوصاً خدا کا شکر ادا کرنا ۔

To return thanks : کوئی فائدہ حاصل ھونے پر شکریہ ادا کرنا یا اظہار تشکر کرنا ۔

Thank : (v) [OE. 'pancian'] (۱) (کسی کا) شکریہ ادا کرنا؛ شکرگذار ہونا؛ شکر ادا کرنا؛ اظہار تشکر کرنا؛ امتنان کا اظہار کرنا ۔ (۲) (مستقبل میں) گزارش کرنا؛ التماس کرنا؛ سپاس گذاری کرنا (کسی احسان کے لئے) ۔ (۳) ذمہ داری لینا؛ (طنزاً) الزام لگانا؛ قابل گرفت قرار دینا ۔

Has only himself to thank for that : اس میں خوداسی کا قصور ہے؛ اس کی ذمہ داری خود اسی پر ہے ۔

Thank-offering : (n) (۱) قربانی یا نذر جو یہودی خوشی کے موقع پر دیتے تھے ۔ (۲) شکرانے کی نذر یا قربانی؛ پیشکش؛ ہدیہء شکرگذاری؛ تشکر ۔

Thank you : (n) شکریہ؛ آپ کا شکریہ؛ تسلیم ۔

Thank you for nothing : (حقارت سے انکار کے موقع پر) جی بس معاف کیجئے ۔

Thank-you maam : (n) (امریکا بول چال) سڑک میں دو ڈھلوان سطحوں کا خط اتصال؛ سڑک میں شیار : (سڑک میں) خالی یا کھوکھلی جگہ ۔

Thankee : (n) (بازاری بول چال) شکریہ؛ تسلیم؛ آپ کا شکریہ ۔

Thankful : (a) (۱) سپاس گذار؛ متشکر؛ ممنون؛ شاکر؛ شکر آمیز؛ احسان مند ۔ (۲) شکریے کے، شکرگذاری کے (الفاظ)۔

Thankfully : (adv.) شکر گذاری سے؛ شکریے کے ساتھ؛ شکر گذار ہوکر؛ احسان مند ہوکر ۔

Thankfulness : (n) شکرگذاری؛ احسان مندی؛ ممنونیت ۔

Thankless : (a) ناشکرا؛ ناسپاس؛ حق ناشناس؛ احسان فراموش؛ بیہودہ؛ بےارزش؛ غیر قابل تشکر؛ بے صلے کا؛ بے حس؛ غیر اثر پزیر ۔

A thankless task : وہ کام جس کی کوئی قدر نہ ہو؛ جس کا کوئی صلہ نہ ملے؛ بے صلہ خدمت یا محنت : بیہودہ کام؛ بے کار کام ۔

Thanklessly : (adv.) ناشکر گذاری سے؛ حق ناشناسی سے؛ ناسپاسی کے طور پر ۔

Thanklessness : (n) ناشکرگذاری؛ حق ناشناسی؛ احسان فراموشی۔

Thanks : (n) آپ کا شکریہ؛ تسلیم ۔

Thanksgiver : (n) سپاس گذار؛ شکر گذار ۔

Thanksgiving : (n) (۱) سپاس گذاری؛ شکرگذاری؛ اظہار تشکر؛ اظہار امتنان؛ ادائے شکر (خصوصاً بارگاہِ الٰہی میں)؛ شکرانہ ۔ (۲) دعائے شکر ۔ (۳) (انجیل) شکرانے کی نذر یا قربانی ۔ (٤) (خصوصاً امریکا میں) یوم تشکر ۔

General thanks giving : عیسائیوں کی دعا کی کتاب (Prayer book) میں دعائے شکر ۔

Thanksgiving day : (n) یوم شکریا تشکر؛ وہ دن جوریاستہائے متحدہ امریکا میں خدائے تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے جو عموماً نومبر کی آخری جمعرات ہوتی ہے ۔

Thankworthily : (adv.) مناسب یا عمدہ سپاس گذاری سے ۔

Thankworthiness : (n) سزاوار امتنان ہونا؛ مناسب یا عمدہ سپاس گزاری۔

Thankworthy : (a) قابل سپاس گذاری؛ قابل تشکر؛ قابل شکر؛ سزاوار امتنان ۔

Thar : (n) [Native name] (۱) (حیوانیات) تھار : نیپال میں بکری سے مشابہ ہرن ۔ (۲) اس کا اطلاق تھریا ہمالیائی جنگلی بکری پر بھی ہوتا ہے ۔

Tharf : (a) [OE.] (بول چال) سنگین؛ خشک؛ شق؛ غیرخمیری؛ فطیری۔

Tharf-cake : (n) غیر خمیری کیک ۔

Tharm: (n) [OE. 'parm'.] (بول چال) (جمع) رودہ؛ شکم؛ آنت ۔

That : (a) [OE. 'poet. 'paet'.] (۱) وہ : یہ : اسم اشارہ جو کسی چیز کو ظاہر کرے ۔ (۲) تلفظ (dhat) اتنا: اس قدر ۔ (۲) (بطور اسم موصول) جو : جوکہ ۔ (۳) اسم مرجع کے طور پر استعمال کرتے ہیں: اسم یا جملہ محولہ جس کی طرف ضمیر یا متعلق فعل رجوع کرے ۔ (٥) Relative clause کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

After that : اس کے بعد (واقع ہوا)؛ اس وقت کے بعد؛ اس کے بعد ۔

All that : یہ اور اسی قسم کی ساری چیزیں ۔

And all that : اور اس پر قیاس کرو ۔

At that : (۱) فوراً اس کے بعد ۔ (۲) اسی طور پر؛ اسی شکل میں ۔

By that : اس وقت جب کہ واقع ہو؛ اس وقت ۔

Come out of that : (عامیانہ) بھاگ جاؤ ؛ چلے جاؤ ؛ نکل جاؤ ۔

For all that : باایں ہمہ؛ باوجود ان سب کے؛ ان سب باتوں کے باوجود ۔

I was that angry I could have struck him : (سوقیانہ) اس قدر غصہ آیا کہ جی چاہتا تھا کہ مار بیٹھوں ۔

Like that : اس طرح؛ اُس طرح؛ بدیں گونہ؛ ایں طور ۔

Not so.. as all that : بالکل ایسا نہیں جیسا وہ ۔

Put this and that together : مختلف واقعات پر مجموعی طور سے نظر ڈالو ۔

So that's that : یہ قصہ ہے؛ یہ بات ہے (گفتگو یا بیان کے ختم ہونے کے موقع پر کہتے ہیں) ۔

Talked about responsibilities and all that : ذمہ داریوں وغیرہ (اسی قسم کی پیش پا افتادہ باتوں) کا ذکر کرتا رہا ۔

This that and the other : مختلف چیزیں؛ مختلف باتیں ۔

Went to this doctor and that or to this and doctor : کبھی اس ڈاکٹر کبھی اس ڈاکٹر کے یہاں ؛ بہت سے ڈاکٹروں کے یہاں گیا ۔

Wouldn't give that for it : (انگلیاں چٹخا کر کہتے ہیں) مجھے اس کی ذرہ برابر پرواہ نہیں ؛ میری جوتی سے ۔

That : (relative pron.) ضمائر موصولہ کے مختلف طریقوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

That : (conj.) (۱) کہ ۔ (۲) تاکہ ۔ (۳) کہ اس کی وجہ سے ۔ (٤) اس وجہ سے کہ ؛ اس لئے کہ ۔ (٥) کاش ۔ (٦) چونکہ ۔ (۷) قریب قریب ۔ (۸) جب سے کہ ۔ (۹) لیکن؛ لیکن یہ ۔

It is rather that he has not the time : زیادہ تر اس وجہ سے کہ اس کے پاس اتنا وقت نہیں ہے ۔

Now that : چونکہ اب ؛ اس لئے کہ اب ۔

Not that I have any objection : اس وجہ سے نہیں کہ مجھے کوئی اعتراض ہے ۔

That far : (بول چال) اتنی دور ۔

That is not fair : یہ بات انصاف کی نہیں ہے ۔

That is to say : یعنی؛ بہ عبارت دیگر ۔

Thataway : (adv.) (۱) (بول چال) اس سمت میں ۔ (۲) (بول چال) اس طریقے سے؛ اس طرح ۔

Thatch : (n) [A late collateral form of Thack (n)] (۱) چھپر ؛ پوال یا پیال کی چھت؛ کابگل؛ چھپر چھانے کا سامان ۔ (۲) (بول چال) چھپر کے بال؛ سر کے گھنے بال ۔ (۳) ویسٹ انڈیز میں مختلف قسم کی کھجور کے درخت کے نام جن کے پتے چھپر چھانے یا چھت بنانے میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Thatch : (v) [O Teut. 'bakjan'.] (۱) (خصوصاً) پوال یا پیال کی چھت ڈالنا؛ پھونس کی چھت بنانا؛ نرسل وغیرہ کی چھت ڈالنا؛ ارلگا قسم کی جھاڑیوں سے چھت چھانا ۔ (۲) (مجازاً) چھپر ڈالنا؛ چھپر چھانا ۔ (۳) چھانا؛ ڈھانکنا؛ چھت بنانا؛ کابگل کرنا؛ مکان پر چھت ڈالنا ۔

Thatch-palm : (n) کھجور کا درخت؛ کھجور کے پتے ۔

Thatched roof : (n) (تعمیرات) پھونس کی چھت؛ چھپر ۔

Thatcher : (n) کابگل کرنے والا؛ چھت چھانے والا؛ چھت بنانے والا ۔

Thatching : (n) چھت بنانے یا چھانے کا عمل؛ چھت؛ پھونس کی چھت؛ پوال یا پیال کی چھت ۔

Thatness : (n) [f. That dem. pron.+-Ness] (فلسفہ) ہونا ۔

That's dear : شاباش تم بڑے اچھے ہو (بات مان لینے کے شکریے میں یا التجا کے طور پر چھوٹوں سے یا دوستوں سے کہا جاتا ہے) ۔

That's right : (۱) (عام) بہت خوب ۔ (۲) (سوقیانہ) ہاں ۔

Thaumato- : [comb. form of Gr. 'thauma'.] سابقه بمعنی عجیب شيء؛ معجزه ؛ معجزه آسا؛ سحر و افسوں۔

Thaumatogeny : (n) (دینیات) (نظریه) معجزانی تخلیق ۔

Thaumatography : (n) عجائبات نگاری؛ تشریح وتوصیف عجائب طبعی۔

Thaumatolatry : (n) (دینیات) عجائبات پرستی ۔

Thaumatology : (n) معجزه کا علم؛ تشریح معجزه؛ کرامات کا علم؛ کراماتی بحث؛ معجز نما بحث؛ معجز نما بیان ۔

Thaumatrope : (n) [irreg. f. Gr. 'thauma'+ 'trophos'.] (۱) (بصریات) چرخ حیرت ؛ گردش نما ۔ (۲) سیربین: جس میں ایک گول شیشے پر تصویریں بنی هوتی هیں اور تیزی سے چکر دینے سے حرکت کرتی هوئی نظر آتی هیں ۔

Thaumatropic : (a) گردش نما کا یا اس سے متعلق؛ سیربین سے متعلق۔

Thaumaturge : (n) [med. L. 'thaumaturgus'.] (۱) (دینیات) معجزه کار ؛ معجزه نما ؛ معجزه دکھانے والا ۔ (۲) جادوگر ۔ (۳) صاحبِ کرامات و خرقِ عادات ۔

Thaumaturgic/-al : (a) (۱) جادو کا: جادو کی قسم کا : سحر انگیز ۔ (۲) حیرت انگیز؛ معجزه آسا؛ خارق العادت ۔ (۳) شعبده بازی سے متعلق ۔

Thaumaturgics : (n) (۱) جادو کےکھیل؛ عملیات خارق العادت ۔ (۲) فن جادوگری و ساحری۔

Thaumaturgism : (n) (دینیات) معجزه؛ کرامت ۔

Thaumaturgist : (n) جادوگر: شعبده باز؛ ساحر ۔

Thaumaturgus : (n) (دینیات) عامل عجائبات؛ صاحب کرامت۔

Thaumaturgy : (n) [Gr. 'thomaturgia'.] (۱) (اساطیر) جادو : شعبده بازی ۔ (۲) (دینیات) معجزه؛ اعجاز؛ کرامت؛ خرق عادت ۔

Thaw : (n) (۱) برف پگھلنا؛ برف پگھلنے کا موسم ۔ (۲) برف پگھلنے کی گرمی یا برف پگھلنے کے لائق گرمی ۔ (۳) موسم کی حالت درجهٔ حرارت کے بڑھنے سے ۔ (٤) گداختگی ؛ گدازش ؛ یخ کشا ۔ (۵) (موسمیات) ذوبان ؛ سیلان الثلج ۔ (٦) (موسمیات) موسم ذوبان ۔

Thaw : (v) [OE. 'pawian'.] (۱) پگھلنا؛ گھلنا (برف اور جمی هوئی چیزوں کا) ۔ (۲) (موسم میں) اتنی گرمی پیدا هونا که برف پگھل جائے؛ حرارت کا نقطهٔ انجماد ۳۲ درجے سے بڑھ جانا ۔ (۳) سرد مہری یا رکاوٹ دور هونا؛ بےتکلیف هونا؛ کھلنا؛ (ملاقات میں) گرم جوشی پیدا کرنا ۔ (٤) پگھلانا؛ گھلانا ۔ (۵) سردمہری یا رکاوٹ دور کرنا ۔ (٦) (مجازاً) زنده دل هونا؛ خوش مزاج هونا ۔ (۷) (مجازاً) نرم هونا ؛ مہربان هونا۔

Thawless : (a) کبھی نه پگھلنے والا؛ (برف) پانی نه هونے والی۔

Thawy : (a) برف پگھلنے کا؛ برف پگھلنے کے متعلق ۔

The : (a) [late OE. 'pe'8.] (۱) عموماً حرف تخصیص یا حرف تعریف کے معنی میں اسمائے نکره سے پہلے آتا هے ۔ (۲) بعض اوقات واحد کے پہلے آکر کسی جنس یا جماعت کے نمائندے کے معنی پیدا کرتا هے (مثلاً شیر به حیثیت اپنی جنس کے نمائندے کے The lion) ۔ (۳) به غس اسماء سے پہلے آکر ان کے معنی کو محدود کرتا هے اور عموماً شغل یا پیشے کے معنی پیدا کرتا هے (تھیٹر کا ایکٹر (The stage) ؛ پادری یا واعظ کا پیشه The pulpit ۔ (٤) بیماریوں وغیره کے نام سے پہلے (اب یه استعمال کسی قدر قدیم سمجھا جاتا هے (The Small pox) ۔ (۵) شرح یا در بتانے کےلئے "فی" کے معنی میں (چار پینس فی پونڈ (4d the pound) ۔ (٦) بعض اوقات اس طرح استعمال هوتا هے که اس کے بعد موصول کی ضرورت هوتی هے جو عموماً مقدر هوتا هے (وه کتاب، جو تم نے مستعار لی تھی (The book you borrowed ۔ (۷) اسم صفت سے پہلے آکر اسم جمع یا اسم مجرد کے معنی پیدا کرتا هے (None but the brave deserve the fair. (شوکت The sublime حسن The beautiful) ۔ (۸) (تلفظ dhe عموماً ترچھے تاکیدی حروف میں لکھتے هیں) شخص یا چیز کے نام سے پہلے جب اس نام کا سب سے مشہور شخص یا چیز مراد هو ۔ (۹) اکثر ایسے لفظ کے شروع میں استعمال هوتا هے جس سے وقت کا اظہار هوتا هے جیسے The time, the day, the hour وغیره ۔ (۱۰) تعداد کےپہلے استعمال هوتا هے جس سے سال کا اظہار هوتا هے ۔ (۱۱) پہاڑ، دریا، جزیرے کے نام کےپہلے استعمال هوتا هے (The high street, The matter horn) ۔ (۱۲) سمت

کے پہلے استعمال ہوتا ہے جیسے The north, the east وغیرہ ۔ (۱۳) علوم کے پہلے ۔ (۱٤) اخبار اور رسائل کے قبل استعمال ہوتا ہے ۔ (۱۵) زبان کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۔ (۱٦) بڑے عہدے کے ساتھ استعمال ہوتاہے جیسے The king, the prince ۔ (۱۷) معروف مغنی اور ایکٹر کے نام کے پہلے ۔ (۱۸) جسم کے کسی عضو کے ساتھ ۔ (۱۹) رشتہ دار کے ساتھ ۔ (۲۰) وزن اور پیمانے کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲۱) دنوں کے قبل استعمال ہوتا ہے ۔

So much the worse for him : اس کے لئے برا ہے؛ بہت برا ہے ۔

That makes it all the worse : یہ تو اور بھی برا ہے ۔

The : (adv.) [OE. 'þe'.] (۱) جتنا؛ اتنا ہی ۔ (۲) اس قدر؛ اس وجہ سے ۔ (۳) تاکید یا تکرار کےلئے آتا ہے ۔ (٤) ہرچہ؛ ہماں قدر؛ ہم چناں ۔

Thea : (n) [mod. L. f. 'thea'.] (نباتیات) جنس چائے ۔

Theaceae : (n) (نباتیات) چائیہ ۔

Theaceous : (a) (نباتیات) چائی ۔

Theandric : (a) [Gr. 'theadrikos'.] (مسیح کی ذات میں) الوہیت و بشریت کے اجتماع کا (عقیدہ وغیرہ)؛ (دینیات) اوتاری ۔

Theanthropic : (a) (۱) (دینیات) اوتاری؛ اوتار کا (عقیدہ)؛ خدا کے انسانی شکل میں ظاہر ہونے کا (عقیدہ) ۔ (۲) (دینییات) خدائی وانسانی؛ الٰہی وبشری ۔

Theanthropism : (n) (عقیدہ) اوتاریت ۔

Theanthropist : (n) اوتاریت کا حامی ۔

Theanthropos : (n) [eccl. Gr.] (عیسیٰ مسیح کا خطاب) خدا اور انسان کی صفات ۔

Theanthropy : (n) (عقیدہ) اوتاریت ۔

Thearchic : (a) حکومت الٰہی سے متعلق؛ دیوتاؤں کے راج کا یا اس سے متعلق ۔

Thearchy : (n) [eccl. Gr. 'thearchia'.] (۱) (دینیات) حکومت الٰہی ۔ (۲) (اساطیر) دیوتا شاہی؛ دیوتاؤں کا راج ۔ (۳) (سیاسیات) ارباب نامہ؛ سلسلہ دیوتایان؛ دیوتاؤں کا طبقہ یا سلسلہ ۔ (٤) (سیاسیات) مذہبی حکومت ۔

Olympian thearchy : کوہ المپس کے دیوتا ۔

Theatine : (n) [mod. L. Theatinus'.] مسیحیوں کی ایک جماعت کا رکن جیسے Regular clerks جن کو (کشیشان رسمی) کہا جاتا ہے اس جماعت کی تشکیل سنہ ۱۵۲٤ء میں ہوئی اور سنہ ۱٦۰۰ء میں راہبہ کی ایک جماعت قائم ہوئی ۔

Theatine : (a) اس جماعت سے متعلق ۔

Theatral : (n) [L. 'theatralis'.] (شاذ) تھیٹر سے متعلق؛ تماشاگاہ سے متعلق ۔

Theatre : (n) [L. 'theatrum.] (۱) (یونان قدیم) کھلی جگہ میں ڈراما تھیٹر یا ناٹک دکھلانے کا مقام ۔ (۲) تھیٹر؛ تماشاگاہ؛ ناٹک گھر؛ بازیگرخانہ ۔ (۳) تھیٹر؛ لیکچر وغیرہ کا کمرا جس میں نشست گاہوں کی قطاریں تدریجاً بلند ہوتی جاتی ہیں ۔ (٤) تمثیلی ادب؛ کسی قوم یا کسی دور کے ناٹک کی کتابیں بہ حیثیت مجموعی ۔ (۵) فن تمثیل؛ ناٹک کا فن؛ فن تماشا؛ ڈراما ۔ (٦) موقع میدان؛ میدان جنگ؛ رزم گاہ ۔ (۷) اسٹیج یا پلیٹ فارم تماشا کے لئے یا جس پر تماشا دکھلایا جائے ۔ (۸) ڈراما دیکھنے والے؛ تماشابین ۔ (۹) عوامی تقریب کے لئے عارضی اسٹیج، ڈانس وغیرہ ۔ (۱۰) (مجازاً) کوئی چیز جو تھیٹر کے طور پر پیش کی جائے ۔ (۱۱) کوئی جگہ جہاں کچھ کام شروع ہوتا ہے؛ مقام عمل ۔

Good theatre : وہ تھیٹر جو اسٹیج پر کامیاب ہو ۔

Operating theatre : آپریشن تھیٹر جس میں طبی مدرسے کا استاد جراحی طلبا کے سامنے عمل جراحی کرتا ہے ۔

Patent theatre : انگلستان کا وہ تھیٹر جو لارڈ چیمبرلین کے لائسنس سے نہیں بلکہ سند شاہی کے ذریعے قائم ہوا ہو؛ تھیٹر منظور شاہی ۔

Picture theatre : سنیما ہال؛ تماشا گاہ؛ وہ جگہ جہاں سنیما دکھلایا جاتا ہے ۔

Theatre-goer : (n) تھیٹر دیکھنے کا عادی؛ تھیٹر کا شائق ۔

Theatre-going : (n) تھیٹر دیکھنے یا تھیٹر جانے کی عادت، معمول، شوق ۔

Theatre-going : (a) تھیٹر دیکھنے والا ۔

Theatre-in-the-round : (n) ایسے اسٹیج پر نمائش کرنا جس کے چاروں طرف نمائش بیں ہوں؛ دیکھو Arena theatre ۔

Theatre of war : (n) (فوج) میدان جنگ؛ رزم گاہ ۔

Theatre sister : (n) (برطانیہ) آپریشن تھیٹر کی نرس ۔

Theatric : (a) [late L. 'theatricus'.] (۱) تھیٹر کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) تھیٹر کے رنگ کا؛ تھیٹرپن کا؛ اثر جمانے کے ڈھب کا؛ تصنع آمیز؛ بناوٹ کا؛ دکھاوے کا؛ نمائشی ۔ (۳) تھیٹری طرز و وضع کا؛ نمود ونمائش کا؛ نمود و نمائش والا ۔

Theatrical : (a) (۱) تھیٹر کایا اس سےمتعلق ۔ (۲) تھیٹرپن کا : تصنع آمیز ؛ بناوٹ کا ؛ نمائشی ۔ (۳) تھیٹر کے لائق ۔ (٤) ایکٹنگ کا یا ایکٹروں کا؛ اداکاروں کا ۔ (٥) مصنوعی؛ اغراق آمیز ۔ (٦) متاثر؛ تاثری ۔

Theatrical : (n) (۱) (جمع) ناٹک کے تماشے؛ ناٹک خصوصاً اتائیوں کا ناٹک ۔ (۲) پیشہ ور ایکٹر ۔ (۳) (مجازاً) ایکٹنگ : ڈرامائی کردار کی اداکاری ۔

Private threatricals : اتائیوں کا ناٹک ۔

Theatrical performance : (n) نمائش؛ تھیٹر کا تماشا ۔

Theatricalism : (n) (۱) ڈرامائی طرز یا کردار ۔ (۲) تھیٹر کے مانند ہونے کی حالت؛ نمودونمائش؛ تھیٹر پن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔ (۳) تھیٹر کا محاورہ؛ تھیٹر کی چیز ۔

Theatricality : (n) (۱) تھیٹرپن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔ (۲) تھیٹر بازی؛ نمائش ۔

Theatricalize : (v) (۱) تھیٹر بن جانا یا بنا دینا؛ تھیٹر کا رنگ پیدا ہوجانا؛ پیدا کردینا ۔ (۲) اسٹیج پر ایکٹ کرنا؛ اداکاری کرنا؛ نمائش دکھلانا ۔

Theatrically : (adv.) تھیٹر کے رنگ میں؛ تھیٹرپن کے انداز سے؛ تصنع یا بناوٹ سے ۔

Theatricalness : (n) تھیٹرپن؛ تصنع؛ بناوٹ ۔

Theatrician : (n) تھیٹر آرٹ کا ماہر؛ کارگرداں؛ تھیٹر کا تکنیکی ماہر ۔

Theatricism : (n) دیکھو Theatricalism

Theatro- : [comb. form of Gr. 'theatron'.] سابقہ بمعنی "تماشا خانہ" "تھیٹر" "تیاتر" ۔

Theatrocracy : (n) قدیم ایتھینی جمہوریہ کی طاقت مطلق یا اختیار مطلق ۔

Theatrophobia : (n) تھیٹر سے خوف؛ تھیٹرجانے سےنفرت؛ نفرت سنیما ۔

Theave/Thaive : (n) [Origin Unkn.] جوان بھیڑی (یک یا دو سالہ) جس کو ابھی بچہ نہیں ہوا ہو ۔

Thebaic : (a) [L.'Thebaicus'.] سواحل نیل کے شہر تیبیس (Thabes) کا یا اس سے متعلق ۔

Thebaic : (a) [f. as prec.] (کیمیا) تریاقی؛ افیون سے نکالا ہوا ۔

Thebaic electecary : (n) تریاق ۔

Thebaic extract/-tincture : (n) شیرہء افیون؛ الکحل اور افیون کا مرکبہ ۔

Thebaic marble/-stone : (n) تھیبیس (Thebes) کی سانینہ؛ ایک قسم کی قلمی قلوی چٹان جو آتش فشاں مادے سے ملتی ھے اور جس میں سنگ مردہ یا تو بہت کم ہوتا ھے یا بالکل نہیں ہوتا ۔

Thebaid : (n) [L. 'Thebais,-id-'.] (۱) تھیبیس کا علاقہ (مصر میں) ۔ (۲) نظم جس کا موضوع تھیبیس (Thebes) کا محاصرہ ہو؛ جنگ نامہء تھیبس (خصوصاً Statius کا مصنف ۔

Thebaid : (a) (Thebes) تیبس سے متعلق ۔

Thebaine : (n) مادہ سمی قلیائی؛ زہر آلود قلیائی مادہ جو افیون سے حاصل کیا جاتا ھے($C_{19}H_{21}NO_3$) ۔

Theban : (a) [L. 'Thebanus', f. Thebae'.] شہر تیبس کا یا اس سے متعلق ۔

Theban : (n) تھیبس (Thebes) کا باشندہ؛ تھیبس کا شہری ۔

Theban drug : (n) افیون یا شیرہء افیون ۔

Theban year : (n) مصری سال (جو $\frac{1}{4}$ ٣٦٤ دنوں کا ہوتا ہے)۔

Theca : (n) [L.] (١) کیسہ؛ غلاف؛ پوشش؛ کیپسول؛ محفظہ۔ (٢) (نباتیات) زرریشہ؛ حامل زر؛ کیسۂ زر۔ (٣) (حیوانیات) غلاف؛ صُرّہ؛ جھلی؛ خول۔

Thecacyst : (حیوانیات) صُرّ انبان۔

Thecal : (a) کیسہ سے متعلق؛ کیسۂ زر سے متعلق؛ جھلی صفت۔

Thecal abscess : (n) (طب) غلافی پھوڑا۔

Thecate : (a) غلاف دار؛ خول دار؛ کیسہ دار؛ کیپسول دار؛ صُرّوی۔

Theciferous : (a) (نباتیات) کیسہ دار۔

Theclan : (a) [f. mod. L. 'Thecla.'] (تشریح) Thecla کی جنس کا پتنگا۔

Theco-/Theca- : سابقہ بمعنی "صُر"؛ "محفظہ و مخزن"۔

Thecodactyle : (a) [Gr. 'daktolos'.] موٹے چنگل یا پنجے والا / والی (جیسے بعض چھپکلی)۔

Thecodactyle : (n) ایک قسم کی چھپکلی۔

Thecodactylous : (a) چنگل یا پنجہ نما۔

Theocodont : (n) (حیوانیات) صُرّ دنداں۔

Thecodont : (a) صُرّ دندان والا۔

Thecophore : (n) (١) صرّہ بردار۔ (٢) دیکھو Gynophore۔

Thecosomata : (n) غلاف تنہ؛ صُر بدنہ۔

Thecosomate/Thecosomatous : (a) غلاف تنہ سے متعلق۔

Thecospore : (n) کیسہ بذرہ؛ صُرّ بذرہ۔

Thecosporous : (a) کیسہ بذرہ والا۔

Thedansant : (n) [Fr.] دوپہر کے بعد کی مجلسِ رقص جس میں چائے تقسیم کی جاتی ہے۔

Thee : (pers.pron.) [L. 'te'.] ضمیر کی مفعولی حالت؛ تجھ کو؛ دیکھو Thou کسی کو تُو کہنا؛ تو کہہ کے مخاطب کرنا۔

Thee : (a) (١) وہ شخص جس کو مخاطب کیا جائے۔ (٢) یہ لفظ کسی کو خطاب کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے (قدیمی)۔

Thee : (v) [f. Thee. (pron).] ضمیر Thee کو کسی کو مخاطب کرنے کےلئے استعمال کرنا (قدیمی)۔

Theek : (v) [ME. 'thekan', perh. of Scand origin.] ڈھانکنا؛ چھپانا؛ چھانا؛ چھپر چھانا۔

Theft : (n) [ME. thiefthe'.] (١) چوری؛ سرقہ؛ دزدی؛ چوری کرنے کا عمل۔ (٢) مال مسروقہ؛ چوری کی ہوئی یا چرائی ہوئی چیز۔

Theft insurance : (n) وہ بیمہ جو کسی نقصان یا جائداد یا مال کے غیرقانونی طور سے لئے جانے کے برخلاف کرایا گیا ہو؛ سرقہ بیمہ۔

Theft proof : (a) سرقہ یا چوری سے محفوظ؛ چوروں کے خلاف مزاحم ہونے والا۔

Theftuous : (a) چوری کا؛ سرقہ۔

Theftuously : (adv.) چوری سے؛ چوری کے طور پر۔

Thegither : (اسکاتستان) Together کا متبادل۔

Thegn : Thane کا متبادل۔

Thegnhood : (n) Thane کا عہدہ؛ Thane کا حکم۔

Theic : (n) کثرت سے چائے پینے والا۔

Theine : (n) [f. mod. L. 'thea'+-INE.] (کیمیا) قہویہ؛ تھینن؛ کیفین۔

Their : (a) ان کا؛ اُس کا؛ ان لوگوں کا۔

Theirs : (poss.pron.) [f. Their +- es] Their کی شکل جو اسم کے بعد استعمال ہو؛ ان لوگوں کا۔

Theism : (n) (f. Gr. 'theos +- ISM) (١) (دینیات) الٰہیات؛ توحید؛ خدا پرستی؛ خدا شناسی؛ خدا کا عقیدہ؛ یہ عقیدہ کہ خدا موجود ہے اور اسی کی طرف سے بندوں کی ہدایت کے لئے وحی نازل ہوتی ہے (مقابلے کے لئے دیکھو Deism)؛ یہ عقیدہ کہ خدا قادر مطلق ہے۔ (٢) (فلسفہ) عقیدۂ علت العلل۔

Theism : (n) [f. mod. L. 'thea'+-ISM.] (۱) کثرت چائے نوشی - (۲) (طب) سمیت چائے؛ کثرت چائے نوشی سے ہونے والی کسالت؛ درد اختلاج قلب اور فقدان نیند کی بیماری -

Theist : (n) [f. Gr.] (۱) (دینیات) معتقدالله؛ معتقدوحدانیت خدا ؛ معتقد یك خدا ؛ موحّد ؛ خدا پرست - (۲) (دینیات) قائل وحی؛ خدا کے وجود اور وحی کا قائل -

Theistic/-al : (a) خدا پرستی کا -

Theistically : (adv.) خدا پرستی کے طور پر -

Thelematism : (n) (فلسفہ) ارادیّت -

Thelematology : (n) ارادیّات -

Thelitis : (n) (طب) ورم سر پستان ؛ ورم حلمہ -

Thelium : (n) (تشریح) نوك پستان -

Thelyblast : (n) (حیوانیات) مادہ نہوض -

Thelygenic : (a) (حیوانیات) کلّی طور پر یا زیادہ صرف مادہ پیدا کرنے والی -

Thelytokcus : (a) [f. Gr. 'thelytokos' +- OUS] صرف مادہ پیدا کرنےوالی -

Thelytoky : (n) (حیوانیات) مادہ زائی -

Them : (pron.) [ME. 'pein'] ضمیر شخصی؛ دیکھو The؛ ان لوگوں کو -

Thema : (n) (۱) موضوع (تقریر یا خیال کا)؛ مطلب - (۲) دیکھو Theme -

Thematic/-al : (a) [Gr. 'thematiko'.] (۱) (موسیقی) موضوع نغمہ کا؛ ترجیعی سر کا - (۲) (قواعد) اصل یا مادے کا یا اس کےمتعلق -

Thematic form : (n) اصلی صورت -

Thematic-catalogue/-index/-summary : (n) ترتیب یا فہرست جس میں نغموں کے موضوع اور اس کے کچھ حصے درج ہوں؛ آہنگی فہرست -

Thematic vowel : (n) اصلی حرف علت -

Thematically : (adv.) (۱) موضوع کے لحاظ سے ؛ ترجیعی سُر کے لحاظ سے - (۲) اصل یا مادے کے اعتبار سے -

Theme : (n) [ME. 'teme'.] (۱) موضوع (تقریر، خیال کا)؛ مطلب ؛ موضوع گفتگو ؛ موضوع بحث - (۲) مشقی مضمون جو خصوصاً اسکول میں لکھوایا جاتا ہے؛ انشاء - (۳) (موسیقی) موضوع نغمہ؛ وہ خیال جو ادا کیا جائے؛ ترجیعی سُر؛ وہ سُر جو بار بار آئے - (٤) (لسانیات) مادہ؛ اصل (اسم یا فعل کی جس کے ساتھ اور اجزا ملا کر مشتقات بنتے ہیں) - (٥) (علم النجوم) مدار - (٦) (قدیم تاریخ) بازنطینی (Byzantini) سلطنت کے ۲۹ صوبوں میں سے کوئی صوبہ جس میں بازنطینی سلطنت تقسیم ہوگئی تھی -

Theme : (v) موضوع مرتب کرنا؛ترجیعی سُر مکمل کرنا -

Theme song : (n) ترجیعی نغمہ؛ فلم یا غنائی ناٹك میں وہ گیت جو بار بار آتا ہے -

Themis : (n) [Gr.] (۱) (قدیم یونان) انصاف کی دیوی ؛ تھیمس؛ آلہ داد گستری؛ الہ عدالت - (۲) قانون اورانصاف (مجسم شکل میں) - (۳) چوبیسویں سیارچے کا نام -

Themselves : (pron.) (۱) اپنے آپ کو؛ خود کو - (۲) (تاکیدی) خود -

To be themselves : اپنی اصلی حالت میں ہونا -

Then : (adv.) [OE. 'panne'.] (۱) اس وقت؛ اس زمانے میں؛ تب ؛ مخصوص وقت کے بتانے میں استعمال ہوتا ہے - (۲) پھر ؛ اس کے بعد؛ تب بعد؛ آئندہ - (۳) ایسی صورت یا حالت میں ؛ تب تو ؛ پھر تو - (٤) (با دل ناخواستہ یا بھلا کر کسی بات کو قبول کرنے کے موقع پر) خیر؛ اچھا صاحب - (٥) اس زمانے یا وقت کا؛ جو اس زمانے میں تھا - (٦) وہ وقت - (٧) کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً؛ مختلف اوقات میں - (٨) کسی عمل کے فوراً بعد کے لئے استعمال ہو - (٩) لیکن ایك ہی وقت میں - (١٠) اس لئے؛ ایسا - (١١) (اسم اور صفت کے طور پر) اس وقت ؛ اب ؛ اس موقع سے -

By then that : اس وقت کے مطابق؛ اس وقت سے -

Every now and then : وقتاً فوقتاً؛ اکثر؛ گاھے گاھے -

Go then : اچھا صاحب جائیے -

Now and then : کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً۔

Take it then : خیر لے لو۔

There and then : اس خاص وقت میں؛ فوراً؛ بروقت۔

The then existing system : وہ طریقہ جو اس وقت رائج تھا۔

The then ruler : اس وقت یا زمانے کا حاکم یا بادشاہ۔

Then-a-days : (adv.) (شاذ) ان دنوں میں؛ اس موقع سے؛ اس وقت (گزشتہ)۔

Then and there : (adv.) فوراً؛ بر وقت۔

Then-clause : (n) جواب شرط۔

Thenad : (adv.) [f. Thenar+-ed.] (تشریح) راحی کی طرف؛ کفِ دست خارجی کی طرف۔

Thenal : (a) [f. Thenar.+-AL.] (۱) (تشریح) راحی؛ کفِ دست کا یا اس سےمتعلق ؛ کفِ دستی۔ (۲) کفِ پائی۔

Thenar : (n) [mod. L.] (۱) (تشریح) کف دست ؛ ہتھیلی ؛ راحۃ الید؛ ہتھیلی کی گدی؛ ہتھیلی کا خارجی حصہ۔ (۲) کفِ پا؛ تلوا۔

Thenar : (a) کف دست کا؛ ہتھیلی کا؛ تلوے کا۔

Thenar ominence/-prominence : (n) ہتھیلی کی گدی؛ ہتھیلی کی مچھلی؛ فراز ابہام۔

Thenar mucles : (n) وہ عضلہ جو فراز ابہام کی تشکیل کرتا ھے۔

Thenardite : (n) [f. name of L. j. Thenard, French chemist.] خشک سوڈیم سلفیٹ جو بھورے یا سفید بلور کی شکل میں نمودار ھوتا ھے جس کا فارمولا یہ ھے (Na_2SO_4)۔

Thence : (adv.) [ME. 'pannes'.] (۱) اس جگہ سے؛ اس مقام سے ؛ وہاں سے۔ (۲) اس بات سے؛ اس وجہ سے۔ (۳) دوری سے؛ دور سے ؛ دور کے مقام سے؛ غیر حاضر۔ (٤) (شاذ) اس وقت سے؛ اس کے بعد سے۔

Thence after : (adv.) اس کے بعد ؛ بعدہ۔

Thence-from : (adv.) (شاذ) اس مقام سے؛ اس جگہ سے؛ اس وقت‌سے۔

Thence-forth : (adv.) [origin two words.] (۱) اُس وقت سے ؛ تب سے۔ (۲) اس مقام سے ؛ وہاں سے۔

Thence-forth : (n) وہ وقت ؛ وہ مقام۔

Thence-forward : (adv.) [origin. two words.] (۱) اس وقت سے؛ اس جگہ سے۔ (۲) اس کے بعد؛ اس کے بعد سے۔

Thenceward : (adv.) اس کے بعد سے ؛ اس جگہ سے؛ اس وقت سے۔

Thenness : (n) اس وقت کی کیفیت و حالت؛ اس وقت کی موجودیت۔

Theo-/The- : سابقہ یونانی لفظ بمعنی "خدا"؛ "دیوتا"۔

Theobroma : (n) [mod. L.] (نباتیات) جنس کوکو؛ جنس مارجیل۔

Theobromic : (a) (کیمیا) تھیبرومک ایسڈ۔

Theobromic acid : (a) ایک ایسڈ جو کوکو مکھن سے نکلتا ھے $(C_{64}H_{128}O_2)$۔

Theobromine : (n) تلخ متلون الکوحل $(C_7H_8N_4O_2)$ جو کوکو درخت سے حاصل ھوتا ھے۔

Theocentric : (a) (دینیات) خدا مرکزی۔

Theochristic : (a) [Gr. 'theochristos'.] خدائی و مسیحائی۔

Theocracy : (n) [Gr. 'theokratia'.] (۱) حکومت الٰہی؛ جس میں وحیِ الٰہی کے مطابق حکومت کی جائے۔ (۲) وہ حکومت جس کے قوانین اور عدلیہ مذہب کی شرع کے مطابق ھو۔ (۳) دینی حکومت؛ مذہبی حکومت جس میں پیشوایان دین نائب الٰہی کی حیثیت سے حکومت کرتے ہیں ؛ (سیاسیات) دینی راج یا حکومت۔

Theocrasy : (n) [Gr. 'theokrasis'.] (۱) (قدیم اساطیر) (دینیات) وصل خدا ؛ فنا فی اللّٰہ کا درجہ ؛ روح کا وصل ؛ خدا سے فکر اور مراقبے کے ذریعے؛ خصوصاً اشراقیوں اور بدھ مت والوں کے یہاں۔ (۲) (دینیات) اختلاط مذاہب۔ (۳) شرک؛ ارباب پرستی۔

Theocrat : (n) (۱) خداوند کشور؛ بادشاہ؛ دینی حکومت کا حاکم یا محکوم؛ حکومت الٰہی میں رہنے والا ۔ (۲) طرفدار حکومت الٰہی ۔

Theocratic/-al : (a) [f. Gr. 'theokratia'.] حکومت الٰہی کا؛ مذہبی حکومت کا یا اس سے متعلق؛ ملکوت خدائی ۔

Theocratically : (adv.) حکومت الٰہی کے طریقے سے ۔

Theocratist : (n) حکومت الٰہی کا حامی یا معتقد ۔

Theodicy : (n) [Fr. 'Theodicee'.] (دینیات) اثبات عدل الٰہی؛ عدل پروردگار پر اعتقاد؛ دنیا میں شر کے وجود کی تاویل اور توجیہ کرکے ذات الٰہی کو بے انصافی کے الزام سے بری ثابت کرنا ۔

Theodolite : (n) [Origin Unkn.] (سروے) زاویہ گیر؛ زاویہ پیما؛ ایک دستی پیمائشی آلہ جس میں دوربین کے افقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش ہوتی ہے؛ تھیوڈولائٹ؛ زاویہ پیما دوربین ۔

Theodolitic : (a) زاویہ پیما آلے سے متعلق؛ زاویہ پیما آلہ سے پیمائش کی ہوئی ۔

Theodosian : (a) [f. the name 'Theodosius'.] رومی شہنشاہ تھیوڈوسیوس دوم (۴۵۰ ـ ۴۰۸ء) کا یا اس سے متعلق ۔

Theodosian : (n) (۱) تھیوڈوسیوس کا حامی یا پیرو (جو Monophysites فرقے کا رہبر یا لیڈر تھا) ۔ (۲) تھیوڈوسیوس، ایک روسی راہب (Monk) کے قائم کردہ فرقے کا ایک رکن ۔

Theodosian code : (n) ضابطہ تھیوڈسیوس؛ ضابطۂ قانون جو تھیوڈوسیوس ثانی المتوفی سنہ ۴۵۰ء کے عہد میں اس کی ہدایت کے مطابق مرتب ہوا اور سنہ ۴۳۸ء میں شائع ہوا تھا ۔

Theogonic : (a) دیوتاؤں کے نسب نامے سے متعلق ۔

Theogonism : (n) دیوتاؤں کے شجرے کا طریقہ یا اصول ۔

Theogonist : (n) دیوتاؤں کا نسب نظم کرنے والا شاعر ۔

Theogony : (n) [Gr. 'theogonia'.] نسب نامۂ ارباب؛ دیوتاؤں کا شجرہ؛ دیوتاؤں کے اجداد و اعقاب کا مطالعہ اور شناسائی؛ وہ (نظم جس میں دیوتاؤں کا نسب نامہ بیان کیا جائے) ۔

Theolatry : (n) [Gr.] خدا پرستی؛ دیوتاؤں کی پرستش؛ پرستش ارباب انواع ۔

Theologal : (n) [L. 'theologus'.] (کلیسا) کتاب مقدس اور خدا شناسی کے متعلق سخن رانی یا لیکچر ۔

Theologaster : (n) [mod.L. (Luther 1518) ,f.theologus'.] کم مایہ عالم‌دین؛ دین کا تھوڑا علم رکھنے والا ۔

Theologer : (n) (شاذ) خدا شناس؛ متخصص الٰہیات؛ عالم علم الٰہیات ۔

Theologian : (n) [L. theologia'.] (۱) عالم دین؛ دینیات کا عالم؛ الٰہیات داں؛ خدا شناس؛ متخصص الٰہیات ۔

Canon theologian : دیکھو Theologal

Theologic : (a) [L.'theologicus'.] علم دین سے متعلق؛ مربوط بہ الٰہیات ۔

Theological : (a) [med. L. 'theologicalis'.] دینی؛ دینیات کا؛ علم دین سے متعلق؛ علم الادیانی ۔

Theological : (n) عالم الٰہیات؛ مذہبی کالج کا تربیت یافتہ شخص ۔

Theological science : (n) (دینیات) علم الکلام ۔

Theologically : (adv.) علم دین کی رو سے؛ علم دین کے مطابق؛ دینی نظریہ کے مطابق ۔

Theologician : (n) [f. L. theologicus+- IAN.] دیکھو Theologian

Theologico- : [comb. form from Gr.'theologikos'.] سابقہ بمعنی "علم دین کا"؛ "مربوط بہ الٰہیات" ۔

Theologico-metaphysical : (a) الٰہی اور مابعد الطبیعی ۔

Theologico-political : (a) الٰہی اور سیاسی ۔

Theologism : (n) اصول خدا شناسی و دین داری ۔

Theologist : (n) [med. L. 'theologista'.] عالم علم الٰہیات : ماہر دینیات : دینیات داں : خداشناس ۔

Theologize : (v) [med. L. 'theologizare'.] (۱) دینیات کا رنگ چڑھا دینا : مذہبی کردار پیش کرنا ۔ (۲) دینیات کا مطالعہ یا دینیات پر بحث کرنا؛ الٰہیات کے بارے میں بحث کرنا ۔ (۳) علم دین کے بارے میں غور و فکر کرنا ۔

Theologizer : (n) دیکھو Theologer

Theologo - : سابقہ بمعنی متخصص الٰہیات؛ علم دین کا ماہر۔

Theologo-inquisitorial : (a) سرکاری طور پر علم دین کے تحقیق کرنے والے سے متعلق۔

Theologue : (n) [L. 'theologus'.] (۱) (شاذ) دیکھو Theologian۔ (۲) علم دین کا طالب علم؛ دینیات کا متعلم (امریکا بول چال) : طلبہء علوم دین۔

Theology : (n) [L. 'theologia'.] (۱) علم دین؛ الٰہیات؛ دینیات؛ علم مذہب۔ (۲) (دینیات) علم لاہوت؛ الٰہیات؛ مبحث خدا شناسی۔

Dogmatic theology : (دینیات) اعتقادی دینیات؛ دینیات اذعانی؛ جو کتاب مقدس کی تعلیم اور کلیسا کے احکام پر مبنی ہو۔

Natural theology : (دینیات) فطری دینیات؛ دینیات عقلی؛ جس کا اصول یہ ہے کہ خدا کی معرفت کا ذریعہ مشاہدہء فطرت اور عقلی ہے۔

Pastoral theology : دینیات روحانی؛ دینیات کا وہ علم جو مذہبی صداقت پر انسان کی روحانی ضروریات کے تعلق سے بحث کرتا۔

Positive theology /Revealed- : دینیات تنزیلی جو وحی و تنزیل پر مبنی ہو۔

Spaculative theology :: دینیات قیاسی؛ عقلی دینیات؛ علم الکلام؛ جو محض احکام وحی تک محدود نہ ہو۔

Systematic theology :: منظم دینیات؛ دینیات نظامی؛ جس میں دینی عقائد ایک منطقی نظام کی شکل میں مرتب کئے گئے ہوں۔

Theomachist : (n) خدا کا مخالف؛ خدا کی مخالفت کرنے والا؛ خدا کے خلاف جنگ کرنے والا۔

Theomachy : (n) [Gr. 'theomachia'.] (۱) (اساطیر) دیوتاؤں کی جنگ؛ حرب الٰہیہ۔ (۲) مخالف الٰہی؛ مخالف رضاء الٰہی۔ (۳) دیوتاؤں کی باہمی جنگ۔

Theomagy : (n) حکمت الٰہی۔

Theomancy : (n) [Gr. 'theomantia'.] دیوتائی تفاءل؛ الہام غیبی کے ذریعے پیشگوئی۔

Theomania : (n) (۱) (طب) جنون الوہیت؛ اپنے آپ کو خدا سمجھنے کا جنون؛ خبط الوہیت۔ (۲) مذہبی دیوانگی؛ مذہبی جنون۔

Theomaniac : (n) مذہبی دیوانہ۔

Theomicrist : (n) کفر گو؛ کافر؛ وہ شخص جو خدا اور الوہیت کو تحقیر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

Theomorphic : (a) [f. Gr. 'theomorphos'.] (۱) (اساطیر) دیوتا شکل۔ (۲) مانند خدا؛ شبیہ خدا؛ متصف بہ صفات خدائی۔

Theomorphism : (n) صفات خدائی؛ خصوصیات خدائی؛ خدا صفتی۔

Theonomy : (n) [Gr.] حکومت الہی؛ خدا کی حکومت۔

Theopantiam : (n) تصوف کا ایک عقیدہ کہ خدا اکیلا مالک حقیقی ہے۔

Theopaschite : (n) [L. 'theopaschita.'] (تاریخ کلیسا) چھٹی صدی عیسوی کے مونو فیزیت فرقے کا رکن جس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ کو عذاب صلیب دینے جانے میں خدا بھی اذیت میں مبتلا ہوا۔

Theopathetic : (a) [f. next, after pathetic.] مجذوب خدا؛ مسائل مذہبی میں انجذاب؛ مجذوبیت سے متعلق۔

Theopathic : (a) مجذوبیت سے متعلق۔

Theopathy : (n) [f. Theo+-pathy.] انجذاب روحانی؛ (دینیات) مجذوبیت؛ حالت انجذاب قادر مطلق میں؛ واصل باللّٰہ ہو جانا۔

Theophanic : (a) تجلّی الٰہی کا یا اس سے متعلق۔

Theophany : (n) [L. 'theophania'.] تجلّی؛ تجلّی باری تعالیٰ؛ رویت الٰہی؛ انسان کو خدا کا جلوہ نظر آنا؛ خدا کی بہ صورت انسانی تجلی۔

Theophilanthropic : (a) محبت یا عشق خدا و بشر کا یا اس سے متعلق۔

Theophilanthropist : (n) [Fr. 'theophilanthrope'.] (۱) اس فرقے کا رکن جس کا عقیدہ خدا کے وجود کا اقرار مگر نزول وحی سے انکار کا تھا یہ فرقہ

فرانس میں سنہ ۱۷۹۶ء میں وجود میں آیا تھا ۔ (۲) وہ شخص جو خدا اور انسان دونوں سے محبت رکھتا ہو؛ محبِ خدا و بشر ۔

Theophilanthropism : (n) محبت خدا وبشر؛ خدا و خلق دوستی؛ انجمن خدا پرستانی کہ پیغمبروں اور دینی مسائل پر عقیدہ نہیں رکھتے تھے، صرف وجود خدا اور بقائے روح کے قائل تھے ۔

Theophilanthropy : (n) دیکھو Theophilanthropism

Theophile : (n) خدا دوست ۔

Theophobia : (n) (۱) خوف خدا؛ خداترسی ۔ (۲) خداگریزی؛ نفرت خدا ۔

Theophobist : (n) (۱) خدا ترس ۔ (۲) خدا سے متنفر؛ خدا سے گریز ۔

Theopneust : (a) [Gr. 'theopneustos'.] ملہم؛ وحی شدہ؛ الہامی ۔

Theopneustic : (a) دیکھو Theopneust

Theopneustia : (n) وحی؛ الہام الٰہی ۔

Theopneusty : (n) وحی؛ الہام الٰہی ۔

Theor/Theorus : (n) [Gr. 'Theoros'.] (یونان قدیم) سفیر؛ کسی ملک کی طرف سے بھیجا ہوا نمائندہ خصوصاً مذہبی امور کے لئے ۔

Theorbist : (n) اس قسم کی سارنگی بجانے والا ۔

Theorbo : (n) It. 'tiorba'.] ایک قسم کا عود یا سارنگی جس کا سترھویں صدی میں رواج تھا ۔

Theorem : (n) [late L.'theorema'.] (۱) (ہندسہ) قضیہ؛ مسئلہ؛ اثباتی؛ جبر و مقابلے کا مسئلہ؛ استدلال پذیر عملی فیصلہ ۔ (۲) (ریاضیات) شکل؛ شکل ہندسی؛ قاعدہ جبری ۔ (۳) اصول؛ کلیہ؛ نظری حقیقت یا مسلمہ؛ برہان؛ کوئی مخصوص سائنس یا تکنیکی مضمون ۔

Binomial theorem : مسئلہ ثنائی ۔

Theorem : (v) قضیہ کے ذریعہ اظہار کرنا؛ مسئلہ اثباتی پیش کرنا ۔

Theorematic/-al : (a) [Gr. 'theorematikos'.] (ہندسہ) قضیوی؛ مبنی بر قاعدہ؛ اشکال ہندسی کا؛ کلیہ یا اصول کا ۔

Theorematically : (adv.) اشکال ہندسی کے طور پر ۔

Theorematist : (n) کلیے یا اصول قائم کرنے والا ۔

Theoretic : (a) [late L. 'theoreticus'.] (۱) نظری؛ علمی ۔ (۲) قضیوں؛ کلیے کا یا اس سے متعلق؛ اصول سے متعلق؛ اصولی؛ فرضی؛ اصول نظری ۔

Theoretic : (n) (جمع) کسی سائنس کا نظری حصہ؛ نظریات ۔

Theoretical : (a) (۱) نظری : علمی : اصول : جسے عمل سے تعلق نہ ہو : فرضی : کلیے سے متعلق ۔ (۲) (نفسیات) خیالی؛ جسے حقیقی واقعات سے تعلق نہ ہو ۔ (۳) (شخص) نظری خیالی؛ اصول کے ساتھ کام کرنے والا؛ مستغرق؛ دھیان والا؛ عقلی؛ ذہنی ۔

Theoretical : (n) (جمع) نظری نکات؛ قضیوی نکات؛ اصولی بات ۔

Theoretical and practical : (n) علمی و عملی؛ نظری و عملی ۔

Theoretical Astronomy : (n) (علم النجوم) نظری ہئیت : نظریاتی ہئیت ۔

Theoretical Economics : (adv.) (معاشیات) معیشت اصولی؛ اصولی معاشیات ۔

Theoretical reason : (n) علمی سبب؛ نظری سبب ۔

Theoretically : (adv.) نظری طور پر؛ نظری اعتبار سے؛ علمی طور پر ۔

Theoretician : (n) (۱) نظریہ کار : شخص اصول نظری ۔ (۲) دیکھو Theorist ۔

Theoretics : (n) علم نظری؛ نظریات ۔

Theoric : (n) [late ME. 'theorique'.] نظریہ؛ اصول؛ عقیدہ ۔

Theoric : (a) [Gr. 'theorikos'.] (یونان قدیم) عام تماشوں اور مذہبی رسومات سے متعلق ۔

Theoric fund : (n) تماشا فنڈ جس سے غریبوں کو تھیٹر دیکھنے کے لئے امداد دی جاتی تھی ۔

Theorician : (a) [f. (after) Fr. 'theoricien'.] (۱) نظریہ کا حامل؛ اصول پر چلنے والا۔ (۲) دیکھو Theorist ۔

Theoricon : (n) [Gr.] (یونان قدیم) تماشا فنڈ قدیم ایتھنس میں۔

Theorics : (n) فرض علمی؛ اصول نظری؛ علوم نظری۔

Theorist : (n) [f. Theory+ist.] (۱) نظریہ کار؛ طرفدار استدلال نظری؛ متخصص اصول نظری۔ (۲) غیرعملی آدمی۔ (۳) نظریہ قائم کرنے والا۔

Theorization : (n) تحقیقات نظری؛ استدلال نظری؛ نظریہ قائم کرنا۔

Theorize : (v) [f. as prec. + IZE.] (۱) نظریہ قائم کرنا؛ نظریہ تشکیل کرنا؛ نظریہ پیش کرنا۔ (۲) اصول بنانا؛ نظریہ بنانا؛ نظری تحقیقات کرنا؛ فرضیہ وجود میں لانا۔ (۳) فرضیے کی بنیاد ڈالنا۔ (٤) نظری استدلال کرنا۔

Theorizer : (n) نظریہ قائم کرنے والا؛ اصول پیش کرنے والا شخص؛ نظری استدلال کرنے والا۔

Theory : (n) [late L. 'theoria'.] (۱) نظریہ؛ اصولی مسئلہ۔ (۲) قیاس؛ خیال؛ رائے؛ کوئی کام کرنے کی ذہنی یا دماغی ترکیب؛ اٹکل؛ اندازہ؛ ظن۔ (۳) نظریات دائرہ؛ اصول غور و فکر کا میدان۔ (٤) اصول؛ نظریات؛ اصول نظری؛ مفروضہ؛ فرضیہ۔ (٥) (ریاضیات) بحث؛ اصول بحث۔ (٦) (دینیات) عقیدہ۔ (۷) علم نظری؛ اصل کلی؛ فرض علمی؛ تحقیقات نظری۔ (۸) آرٹ یا تکنیکی موضوع کا شعبہ۔ (۹) انفرادی نظریہ یا خیال۔

Analytic theory : نظریہ تحلیل۔

Atomic theory : نظریہ جوہرفرد۔

Dualistic theory : نظریہ دوقطبی۔

Physiologic theory : نظریہ بدنی۔

Theory : (n) [Gr. 'theoria'.] (یونان قدیم) سفیروں یا نمائندوں کی ایک جماعت جو کسی ملک کی جانب سے کوئی مذہبی رسوم یا فرائض انجام دینے کے لئے کہیں بھیجی جائے؛ مذہبی و رسمی نمائندگی یا نیابت۔

Theory of chances : (n) اصول امکانات۔

Theory of equations : (n) (ریاضیات) بحث مساوات۔

Theory of epigenesis : (n) نظریہ تخلیق حیات۔

Theory of evolution : (n) نظریہ ارتقاء۔

Theory of exchanges : (n) نظریہ تبادلات۔

Theory of gravitation : (n) نظریہ کشش ثقل۔

Theory of interest : (n) (معاشیات) مسئلہ سود۔

Theory of predicate : (n) نظریہ محمولات۔

Theory of relaxation : (n) (طب) نظریہ آرام۔

Theosis : (n) (فلسفہ) فنائیت۔

Theosoph : (n) [med. L. 'theosophus'.] عارف؛ اہل عرفان؛ تھیوسوف؛ معتقد عرفان۔

Theosopher : (n) (۱) عارف؛ اہل عرفان۔ (۲) دیکھو Theosophist۔

Theosophic/-al : (a) عرفان؛ تھیوسوف کا؛ تھیوسوفیانہ؛ تھیوسوف میں کامل۔

Theosophically : (adv.) عرفان کے طور پر؛ تھیوسوفیانہ طریقے سے۔

Theosophism : (n) عقیدہ عرفان؛ نظریہ عرفان و عمل؛ حالت عرفان۔

Theosophist : (n) (۱) عارف؛ تھیوسوف؛ اہل عرفان۔ (۲) عقیدہ عرفان پر یقین رکھنے والا؛ عرفان کا حامی۔ (۳) تھیوسوفیکل سوسائٹی کا رکن؛ اس سوسائٹی کے ایک جریدے یا رسالے کا نام۔

Theosophistic/-al : (a) تھیوسوف کا؛ تھیوسوفیانہ؛ عقیدہ عرفان کا یا اس سے متعلق۔

Theosophize : (v) عقیدہ عرفان رکھنا؛ تھیوسوفی کا عامل ہونا؛ عرفانی بحث کرنا۔

Theosophy : (n) [med. L. 'theosophia'.] عرفان؛ تھیوسوفی؛ یہ عقیدہ کہ ہر شخص بلاواسطہ خدا کی معرفت

روحانی وجد اور وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔

Theotechnic : (a) مافوق الفطرت کارخانے کا ۔

Theotechny : (n) [f. Gr. 'theos'+'tekni'] مافوق الفطرت کارخانہ؛ عالم وہمی؛ عالم خیالی؛ وہمی و خیالی دنیا۔

Theotokos : [Gr.] دیکھو Deipara

Theow/Thew : (n) [OE. 'piow'.] (۱) (تاریخ) غلام؛ بردہ؛ حلقہ بگوش۔(۲) پست۔

The(o)wdom : (n) بندگی : غلامی۔

-ther : لاحقہ جو ضمائر اور (Adverbs) وغیرہ میں آتا ہے مثلاً whether, further, either, after وغیرہ۔

Therapeutae : (n) [eccl. L.] یہودی متصوفین اور زاہدین کا ایک گروہ جو پہلی صدی عیسوی میں مصر میں رہتا تھا۔

Therapeutic : (n) [mod. L. 'therapeutica'.] (طب) علم علاج؛ معالجات : دافع مرض دوا : شافی دوا : شفا بخش دوا؛ طب کی وہ شاخ جس میں علاج امراض اور خاصیت ادویہ سے بحث ہوتی ہے۔

Therapeutic (a) [mod. L. 'therapeuticus'.] (۱) دافع مرض؛ شفابخش۔(۲) علم العلاج کا یا اس سے متعلق؛ معالجاتی؛ علاج امراض سے متعلق۔(۳) یہودی زاہدوں، کاہنوں کے ایک فرقے سے متعلق جو مصر میں زندگی گزارتے تھے۔

Therapeutical : (a) معالجاتی؛ شفا بخش؛ شفائی۔

Therapeutically : (adv.) (۱) علم علاج کی رو سے۔(۲) دافع امراض کے طور پر۔

Therapeutics : (n) (۱) (طب) علاجیات؛ علم معالجہ۔(۲) (طب) ادویات دافع مرض؛ معالجات۔

Therapeutist : (n) معالج؛ ماہر معالجات؛ ماہر علاج۔

Therapsida : (n) (حیوانیات) پستان دار خزندگان۔

Therapy : (n) [mod. L. Therapia'.] (۱) (طب) علاجیات؛ علم العلاج۔(۲) (طب) معالجہ۔

Radio therapy : شعائی علاج؛ شعاعی طریقۂ علاج۔

There : (adv.) [OE. 'paer'.] (۱) اس جگہ پر؛ وہاں۔(۲) یہاں؛ اس موقع پر؛ اس بات میں۔(۳) وہاں؛ اس مقام کو؛ اس مقام پر۔(٤) حشو یا حرف زائد کے طور پر محض حسن بیان کے لئے؛ یہاں (اس کا تلفظ عموماً (dhar) ہوتا ہے۔(٥) وہ مقام؛ وہاں۔(٦) فجائیہ کے طور پر اپنی توقع پوری ہونے سے یا اندیشے کے صحیح ثابت ہونے سے ملول ہوکر۔(۷) بچوں وغیرہ کو دلاسا دینے کے لئے (جانے دو اس کی پروا نہ کرو)۔

There : (n) وہ جگہ؛ وہ مقام۔

All there : (عامیانہ) ہوش میں؛ صحیح الدماغ؛ صحیح العقل۔

Have been there before : (عامیانہ) میں سب جانتا ہوں : یہاں سب کچھ معلوم ہے۔

Here and there : ادھر اُدھر؛ کہیں کہیں؛ خال خال۔

Here, there and everywhere : یہاں وہاں اور ہر جگہ۔

Neither here nor their : (۱) بے محل؛ بے جوڑ؛ بے موقع؛ مہمل۔(۲) غیر اہم۔

To be there : موجود ہونا؛ قریب ہونا۔

To be all there : ہوشیار ہونا؛ چوکنّا ہونا؛ حاضر جواب ہونا؛ طرح دار ہونا۔

To get there : (عامیانہ) کامیاب ہونا۔

You had him there : یہاں تم نے اسے چت کر دیا، زك دے دی۔

You there : دیکھنا بھئی۔

There about : (adv.) [OE. 'paer abutan.'] (۱) وہیں کہیں؛ اسی کے قریب؛ کوئی چیز کمتر یا بیشتر۔(۲) اس کے لگ بھگ : قریب قریب : تقریباً؛ تخمیناً۔(۳) (مجازاً) اس حالت کے قریب۔

There abouts : (adv.) دیکھو There about

There around : (adv.) پڑوس میں؛ نزدیك میں؛ حدود کےاندر؛ اس حدود کے اندر۔

There he (or she) goes : اس کی حرکت کو دیکھو یا دیکھ۔

There, I agree with you : اس بات میں میں آپ سے متفق ہوں۔

There is (or comes in) the difficulty : یہی تو مشکل ہے؛ یہیں پرتو آن پڑتی ہے۔

There it is on the sofa : وہ دیکھو صوفے پر رکھا ہے۔

There it (the trouble) is you see : یہ مشکل یا دقّت ہے دیکھا تم نے۔

There or there abouts : (adv.) اس (مقدار یا وقت کے) قریب قریب۔

There they go : ان کی حرکت دیکھو۔

There you go : اپنی حرکت دیکھو۔

Thereafter : (adv.) [OE. 'paer aefter'.] (۱) اس کے بعد؛ بعد ازاں؛ بعد میں؛ آگے چل کر۔ (۲) اس کے مطابق۔

Thereagainst : (adv.) اس کے برعکس؛ اس کے الٹا؛ اس کے خلاف۔

Thereamong : (adv.) ان لوگوں میں؛ اس میں؛ اس کے درمیان۔

Thereanent : (adv.) (اسکاٹستانی) اس کے متعلق : اس موضوع سے متعلق؛ اس معاملے سے متعلق۔

Thereas : (adv.) (۱) اس جگہ؛ اس جگہ سے۔ (۲) حالانکہ۔ (۳) اس کے بعد۔

Thereat : (adv.) [OE. paeraet] (۱) (قدیم) اس جگہ؛ اس موقع پر یا اس کے واقع ہونے کے بعد۔ (۲) اس وجہ سے۔ (۳) اس کے بعد۔

Thereaway : (adv.) تقریباً : قریب قریب؛ اس کے حدود میں : اس کے لگ بھگ : اسی کے قریب۔

Therebefore : (adv.) اس وقت سے قبل : اس موقع سے پہلے۔

Therebeside : (adv.) (قدیم) اس کے پہلو میں؛ اس کے بعد؛ نزدیک میں؛ قریب میں۔

Therebetween : (adv.) درمیان میں؛ جگہ کے درمیان۔

Thereby : (adv.) [OE. paerbi'.] (۱) اس سے؛ اس کے ذریعےسے؛ اس وجہ سے؛ اس کی بدولت؛ اس کی وجہ سے؛ اس کے وسیلے سے : اس کی نسبت سے۔ (۲) (قدیم) اس کے قریب؛ اس کے نزدیک؛ نزدیک؛ اس سے سٹے ہوئے۔ (۳) (اسکاٹستانی) (عدد میں) اس کے بہت ہی قریب۔

Thereby hangs a tale : ان واقعات کے سلسلے میں ایک بات کہنی ہے۔

Therefore/Therefor : (adv.) [OE. 'paer +fore'.] (قدیم) اس مقصد کے لئے؛ اس کے لئے؛ اس وجہ سے؛ چنانچہ؛ لہذا؛ اس لئے؛ اس بنا پر۔

Therefore : (n) پس؛ اس وجہ سے؛ چنانچہ؛ لہذا۔

Therefrom : (adv.) [Origin. two words] (۱) (قدیم) اس جگہ سے؛ وہاں سے؛ وہاں سے ہٹ کر۔ (۲) اس سے؛ اس کے ذریعہ سے۔

Therein : (adv.) [OE. 'paerin'.] (۱) (قدیم) اس جگہ میں؛ اس وقت کے دوران؛ اس وقت میں۔ (۲) اس مقام پر؛ وہاں۔ (۳) اس بات میں؛ اس لحاظ سے؛ اس حیثیت سے؛ ان حالات میں؛ اس معاملے میں۔

Therein after : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) اس کے پیچھے: آگے چل کر؛ اس کے بعد؛ اس کی پیروی میں۔

Therein before : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) اس سے پہلے؛ اس کے ماقبل۔

Therein to : (adv.) (قدیم) (مقام) میں؛ اس ضمن میں : اس جز میں۔

Therein under : (adv.) (اسی دستاویز، تقریر وغیرہ میں) درمیان میں، بیچ میں۔

Thereof : (adv.) [OE. 'paer of'.] (۱) (قدیم) اس کا؛ اس کے متعلق۔ (۲) اس جگہ سے؛ یہاں سے؛ خاص جگہ۔

Thereologist : (n) ماہر علاجیات؛ علم علاج کا ماہر۔

Thereology : (n) علاجیات : علم علاج۔

Thereon : (adv.) [OE. 'paeron'.] (قدیم) اس پر؛ اس بات پر؛ چنانچہ؛ اس کے نتیجے کے طور پر۔

Thereout : (adv.) [OE. 'paerut (e)'] (قدیم) اس میں سے؛ اس جہت سے؛ اس جگہ سے علاحدہ، دور۔

Thereover : (adv.) [OE. 'paefofer'.] (۱) اس سے پرے؛ اس سے بالاتر : اس سے پیشتر۔ (۲) اس سے متعلق؛

اس سے وابستہ؛ (مجازاً) اس کے حوالے سے (جو زیر غور یا زیر مطالعہ ھے)۔

Thereright : (adv.) فوراً؛ اسی وقت؛ اسی دم۔

There's a dear : دیکھو That's a dear

Therethrough : (adv.) [Early ME. 'per purh'.] (قدیم) اس وجہ سے؛ اس ذریعے سے؛ اس نتیجہ میں؛ اس میں ہوکر؛ اس کے ذریعے سے۔

Thereto : (adv.) [OE. 'paerto'.] (۱) (قدیم) اس میں؛ اس کی طرف؛ اس کے علاوہ۔ (۲) اوپر؛ اس مقصد میں؛ اس معاملے میں۔

Thereto attached : (a) اس کا ضمیمہ؛ اس سے ملا ھوا۔

Theretofore : (adv.) [ME. 'pertofore'.] (قدیم)اس وقت سے قبل؛ اس کے پہلے۔

Thereunder : (adv.) [OE. 'paerunder'.] (۱) اس کے نیچے؛ اس کے اندر؛ اس کے ذیل میں۔ (۲) اس کے ضمن میں؛ اس عنوان کے تحت۔

Thereunto : (adv.) (قدیم) اس سے؛ اس کے ساتھ۔

Thereupon : (adv.) (۱) اس پر؛ اس بات پر؛ اس کے نیچے کے طور پر؛ چنانچہ۔ (۲) اس کے بعد ہی؛ فورا ہی؛ معاً؛ بے درنگ۔ (۳) (قدیم) اس کے اوپر۔

Therewhile : (adv.) جس وقت کہ؛ ہنگامیکہ۔

Therewith : (adv.) [OE. 'paerwip'.] (۱) اس کے ساتھ؛ اس بات پر؛ اس کے نتیجے کے طور پر؛ اس کے ذریعے سے؛ اس وجہ سے۔ (۲) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی؛ معاً؛ بے درنگ۔ (۳) اس کے علاوہ۔

Therewithal : (adv.) [orig. two words] (۱) (قدیم) اس کےعلاوہ۔ (۲) اس کے ساتھ۔

Therewithin : (adv.) [Early ME. 'perwipinen'.] (قدیم) اس جگہ کے بیچ؛ اس درمیان؛ اس ضمن میں۔

Theriac : (n) [late L. 'theriaca'.] سم تریاق؛ زہریلے جانوروں کے کاٹے کی دوا؛ (کیمیا) شربت قند۔

Theriac/-al : (a) تریاقی۔

Therianthropic : (a) (۱) (حیوانیات) حیوان انسانی؛ انسان اور حیوان سے مرکب (فرضی مخلوق مثلاً سیمرغ، ہما، برزخ پیکر)۔ (۲) برزخ پیکر کی پرستش کا۔

Therianthropism : (n) (دینیات) حیوان انسانی پرستی؛ سیمرغ پرستی؛ برزخ پیکر کی پرستش؛ (حیوانیات) حیوان انسانیت۔

Theriatrics : (n) حیوانات کے علاج کا علم۔

Thericlean : (a) [L. 'Thericleus'.] تھریکل کا؛ تھریکل کی بنائی ہوئی شکل کا(پیالہ کی طرح) (تھریکلس ایک مشہور کورنتھی کمہار)۔

Theridiidae : (n) تارباف عنکبوت کا خانوادہ؛ جنس تارباف عنکبوت۔

Therio/Theri- : سابقہ بمعنی حیوان وحشی؛ حیوان۔

Theriodic : (a) شریر؛ بدطینت؛ جانور صفت۔

Theriodont : (n) [med. L. 'Theriodontia'.] متحجر شدہ رینگنے والا جانور جس کے دانت دودھ پلانے والے جانور کے مانند ہوتے ہیں۔

Theriomency : (n) حیوانی تفاءُل؛ حیوانات وحشی کے مشاہدہ سے پیشین گوئی۔

Theriomorph : (n) [Gr. 'theriomorphos'.] حیوانی شکل کی چیز ؛ جانور ساں شے۔

Theriomorphic : (a) حیوان مانند؛ حیوان جیسا؛ حیوان شکلہ؛ جانورساں۔

Theriomorphism : (n) جانوروں کی شکل میں دیوتاؤں کی تجسیم۔

Theriomorphous : (n) دیکھو Theriomorphic

Theriotomy : (n) (جراحی) تشریح حیوانات؛ حیوان شگافی؛ جراحی حیوانات؛ جراحی جو حیوانوں پر کی جاتی ھے۔

Therm : (n) [L. 'thermae'.] (قدیم) حمّام؛ گرم پانی کا چشمہ۔

Therm : (n) [f. Gr. 'thermos'.] (۱) (طبیعیات)تھرم (حرارت کی عملی اکائی)؛ حرارہ ؛ وہ مقدار حرارت جو پوری کثافت کے ایک گرام پانی میں ایک درجہ سینٹی گریڈ گرمی زیادہ کردے۔ (۲) کوئلا گیس ناپنے کی اکائی (مثلاً One hundred thousand british thermal units)۔

Thermae : (n) [L.] (۱) (قدیم یونان) گرم پانی کے چشمے؛ حمام خصوصاً سرکاری حمام، جو عوام کے لئے بنائے گئے تھے؛ حمات؛ چشمہء آبِ گرم - (۲) (طب) حمامات -

Thermal : (a) [f. Gr. 'thermos'.] (۱) گرمائی؛ حرارتی؛ حرارت کا؛ حرّی؛ حراری - (۲) گرم پانی کے چشموں یا حماموں کے متعلق - (۳) (طبیعیات) حارّ؛ گرم - (٤) (مجازاً) عاشقانہ؛ پُرجوش؛ پُرشوق -

The British thermal unit : B. Th. U. مخفف : حرارت کی مقدار جو ایک پونڈ پانی میں ایک درجہ فارن ہائٹ گرمی زیادہ کر دے -

Thermal ammeter : (n) (الیکٹرک) حرّی؛ برقی رو پیما؛ حرّی امپیر پیما -

Thermal analysis : (n) (دھات) حرّی تجزیہ -

Thermal capacity : (n) (طبیعیات) استعداد حرارت -

Thermal conductivity : (n) (طبیعیات) ایصالیتِ حرارت -

Thermal effect : (n) (حیاتیات) حرّی اثر -

Thermal enissivity : (n) (طبیعیات) اخراجیت حرارت -

Thermal equator : (n) (موسمیات) خط استوائے حرارت؛ کرہء زمین کے گرد وہ فرضی خط جو سب سے زیادہ گرم خطے سے گزرتا ھے -

Thermal microphone : (n) (صوتیات) حرّی مائکروفون -

Thermal neutrons : (n) (الیکٹرک) حرّی عدلیّہ /نیوٹرون -

Thermal power : (n) حرّی قوت؛ تھرمل پاور؛ قوتِ حرارت؛ حراری طاقت -

Thermal sensation : (n) (طبیعیات) حرّی حس؛ حِس حرارت -

Thermal spring : (n) گرم پانی کا چشمہ؛ حمہ؛ حمام -

Thermal unit : (n) حرارت کی اکائی جس سے اشیاء کی حرارت ناپتے ہیں؛ حرارہ -

Thermal value : (n) (کیمیا) حرارتی قیمت -

Thermalgesia : (n) (طب) حرّ درد حسّی؛ گرمائی بدن -

Thermalgia : (n) (طب) حرّ درد؛ شدید درد -

Thermally : (adv.) حرارت کے اعتبار سے -

Thermanesthesia : (n) (طب) حرّ بے حسّی -

Thermantidote : (n) [f. Gr. 'therme' +Antidote.] (طبیعیات) خُنکالہ؛ ھوا خنکالہ؛ ھوا خنک کرنے والا؛ ھوا کو ٹھنڈا کرنے کے سامان جو ہندوستان اور دوسرے گرم ملکوں میں استعمال ھوتے ہیں -

Thermatology : (n) (۱) (طب) حرّی علاجیات - (۲) حمّی علاجیات -

Thermic : (a) حرارت کا؛ حرارتی؛ گرمائی -

Thermic balance : (n) دیکھو Bolometer

Thermic fever : (n) گرمائی بخار؛ گرمازدگی کا بخار؛ لوُ کا بخار؛ تپ ضربة الشمس -

Thermidor : (n) [Fr.] تھرمی ڈور؛ فرانس کے انقلابیوں کی تقویم کا گیارھواں مہینہ (سنہ ۱۷۹٤ میں ۱۹/جولائی سے ۱۷/ اگست تک) -

Thermidorian : (n)[Fr. 'thermidorien'.] (تاریخ فرانس)تھرمی ڈوری؛روبیس پیر (Robespierre) کے قتل کا حامی (جو ۹ تھرمی ڈور یعنی ۲۷/جولائی سنہ ۱۷۹٤ کو قتل کیا گیا) -

Thermidorian : (a) تھرمی ڈور کا یا اس سے متعلق؛ تھرمی ڈوری سے متعلق -

Thermion : (n) (الیکٹرک) حدّ رواں؛ برق پارہ جو کسی دہکتی ھوئی چیز سے پیدا ھو؛ حر برق پارہ -

Thermionic : (a) (الیکٹرک) حرّ روانی؛ حرّ برق پارے کا -

Thermionic valve : (n) (ریڈیو) حرّ روانی والو؛ خلاکی نلکی جس میں برق پارے کثرت سے پیدا ھوتے ہیں، لاسلکی شعاعوں کو بڑھانے کے لئے استعمال ھوتی ھے -

Thermionically : (adv.) حرّ رواں کے ساتھ -

Thermionics : (n) (الیکٹرک) حرّ روانیات -

Thermistor : (n) (الیکٹرک) برقی مقاومت -

Thermite/Thermit : (n) [Gr. 'thermit'.] تھرمائٹ؛ باریک پسے ھوئے ایلومینیم اور لوھے کے زنگ کا مرکب جو جلانے سے بہت اونچا درجہء حرارت پیدا

کرتا ہے، دھات کو جوڑنے اور ہم بنانے کے کام آتا ہے۔

Thermo-/Therm- : [comb. form Gr. 'thermo'.] سابقہ بمعنی حرارت؛ گرمی؛ تپش۔

Thermo-battery : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی بیٹری۔

Thermo-cautery : (n) (جراحی) اصلی وشام؛ داغ دینے کا ایک آلہ؛ حرّ داغ؛ آہن داغ۔

Thermo flask : (n) (طبیعیات) تھرماس؛ ظرف خلا۔

Thermo galvanometer : (n) (الیکٹرک) حرّ روپیما۔

Thermo-magnetic : (a) مقناطیسی حرارت سے متعلق؛ حرّ مقناطیسیت سے متعلق۔

Thermo-magnetism : (n) حرّ مقناطیسیت۔

Thermo-multiplier : (n) Thermopile کا قدیم نام۔

Thermoanalysis : (n) دیکھو Thermal analysis

Thermobarograph : (n) وہ آلہ جو ایک ہی وقت میں حرارت اور ہوائی دباؤ کو ریکارڈ کرتا ہے؛ حرارت اور ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ۔

Thermobarometer : (n) (۱) (موسمیات) حرّ باد پیما؛ جس میں ہوا کا دباؤ پانی کے نقطۂ جوش کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے۔ (۲) سیفن باد پیما جو تپش باد پیما کا کام دیتا ہے۔

Thermochemical : (a) حرّ کیمیا سے متعلق۔

Thermochemically : (adv.) حرّ کیمیا کے ساتھ۔

Thermochemistry : (n) (کیمیا) حرّ کیمیا۔

Thermochroic : (a) تپش کی شعاعوں کی رنگت سے متعلق۔

Thermochrosy : (n) اشعۂ حرارتی کی خاصیت؛ اشعۂ حرارتی کی رنگت۔

Thermocouple : (n) (الیکٹرک) حراری جفت؛ دو دھاتوں سے بنے ہوئے تاروں کا اتصال۔

Thermocurrent : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی رو۔

Thermodynamic/-al : (n) (طبیعیات) حرکیات حرارت کے متعلق؛ حرّ حرکی۔

Thermodynamic temperature scale : (n) (طبیعیات) حرّ حرکی تپش پیما۔

Thermodynamic system : (n) حرّ حرکی طریقہ؛ حرارت (توانائی) کے میکانیکی حرکت میں بدل جانے کا عمل۔

Thermodynamically : (adv.) حرّ حرکی کے ساتھ۔

Thermodynamics : (n) حرّ حرکیات؛ حرکیات حرارت؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس میں حرارت سے مشینوں وغیرہ کی حرکت کا تعلق دکھایا جاتا ہے۔

Thermoelectric : (a) (الیکٹرک) حرّ برقی۔

Thermoelectric constant : (n) (طبیعیات) حرّ برقی مستقلہ۔

Thermoelectric current : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی رو۔

Thermoelectric diagram : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی نقشہ۔

Thermoelectric power : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی طاقت۔

Thermoelectric series : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی سلسلہ۔

Thermoelectrical : (a) (الیکٹرک) حرّ برقی۔

Thermoelectrically : (a) حرّ برقی طور پر۔

Thermoelectricity : (n) (۱) (الیکٹرک) حرّ برقیات۔ (۲) (الیکٹرک) حرّ برقی؛ وہ برقی رو جو تپش کے تفاوت سے پیدا ہوتی ہے۔

Thermoelectrometer : (n) (الیکٹرک) حرّ برق پیما؛ جس سے برقی رو کی قوت حرارت معلوم ہوتی ہے۔

Thermoelectromotive force : (الیکٹرک) حرّ محرکہ برقی قوت۔

Thermoelement : (n) حرّ عنصر؛ حراری پیما۔

Thermoesthesiometer : (n) (طب) حرّ حس پیما۔

Thermogenerating set : (n) (الیکٹرک) حرّ برقی سیٹ۔

Thermogenesis/Thermogency : (n) (حیوانیات) حرارت زائی؛ حرارت جسم زائی۔

Thermogenetic : (a) (حیوانیات) حرارت زا؛ تولید حرارت کا۔

Thermogenic : (a) تولید حرارت کا؛ حرارت زا۔

Thermogram : (n) نقشۂ تپش؛ نقشۂ حرارت (خود نویس تپش پیما کا نوشتہ)۔

Thermograph : (n) خود نویس تپش پیما؛ تپش نگار؛ گرما نگار۔

Thermograph charts : (n) تپش نگار نقشے۔

Thermographer : (n) تپش نگاری میں مشغول رہنے والا۔

Thermographic : (a) تپش نگاری کا یا اس سے متعلق۔

Thermographically : (adv.) تپش نگاری کے طور پر۔

Thermography : (n) تپش نگاری؛ گرما نگاری۔

Thermohyperesthesia : (n) (طب) حرارت کے متعلق؛ شدید حسّاسیت۔

Thermokinematics : (n) محرکہ حرارت کا نظریہ یا اصول۔

Thermolabile : (a) (کیمیا) حرّ حسّاس؛ حر ناپائدار۔

Thermolability : (n) حرّ حسّاسیت؛ حر ناپائداری۔

Thermological : (a) علم الحرارت سے متعلق۔

Thermology : (n) [Fr. ' thermologie'.] (طبیعیات)علم الحرارت؛ گرماشناسی؛ علم گرما؛ طبیعیات کا وہ شعبہ جو حرارت سے متعلق ہوتا ہے۔

Thermolyse : (v) حرارت کے عمل سے اجزاء علاحدہ کرنا۔

Thermolysis : (n) [f. THERMO+Lysis] (کیمیا) حرّ پاشی؛ (حیوانیات) حرارت پاشی؛ تحلیل حرارت جسمانی۔

Thermolytic : (a) حرارت پاشی سے متعلق۔

Thermolytic : (n) حقیقت حرارت پاشی؛ عاملِ حرارت پاشی۔

Thermometer : (n) [Fr. 'Thermometre'.] گرما سنج؛ میزان الحرارت تھرما میٹر؛ تپش پیما؛ حرّ پیما؛ حرارت ناپنے کا ایک آلہ؛ عموماً ایک شیشے کی نلکی جس کے اندر باریک سی نالی میں پارہ وغیرہ بھرا ہوتا ہے اور باہر کی طرف نشان لگے ہوتے ہیں۔

Air thermometer : ہوا کا تھرما میٹر۔

Beckman thermometer : (طبیعیات) حساس تھرما میٹر؛ بیکمینی تپش پیما۔

Centigrade thermometer : سینٹی گریڈ تھرما میٹر؛ جس میں نقطۂ انجماد صفر اور نقطۂ جوش ۱۰۰ درجے پر رکھا گیا ہے۔

Clinical thermometer : (طب) طبی تھرما میٹر؛ گرما سنج طبی؛ جس میں صرف حرارت کے ۲۵ درجوں یا اس سے کم کے نشانات ہوتے ہیں۔

Differential thermometer : فرق نما تھرما میٹر پیما۔

Fahrenheit thermometer : فارن ہانیٹ تھرما میٹر پیما؛تپش پیما جس میں پانی کا نقطۂ انجماد ۳۲ درجہ پر اور نقطۂ جوش ۲۱۲ پر رکھا گیا ہے۔

Maximum thermometer : (موسمیات) اعلیٰ تپش پیما؛ اعلیٰ مقیاس الحرارت۔

Metalic thermometer : فلزیاتی تپش پیما۔

Minimum thermometer : (موسمیات) ادنیٰ تپش پیما۔

Reaumur thermometer : ریومر تھرما میٹر، جس میں نقطۂ انجماد صفر اور نقطۂ جوش ۸۰ درجے پر رکھا گیا ہے۔

Register thermometer : رفتار یا قوت دکھانے والا ایک آلہ۔

Thermometric/-al : (a) (طبیعیات) تپش پیمایانہ؛ وابستہ بہ گرما سنج؛ تپش پیما کا؛ تھرما میٹر سے معلوم کیا ہوا۔

Thermometrically : (adv.) تھرما میٹر کے ذریعے سے۔

Thermometrograph : (n) تھرما میٹر جو درجۂ حرارت خود بخود ریکارڈ کرتا ہے۔

Thermometry : (n) (طبیعیات) تپش پیمائی؛ سائنس کا وہ شعبہ جو تھرما میٹر کی ساخت سے بحث کرتا ہے؛ تھرما میٹر کا سائنٹفک استعمال؛ حرارت کی پیمائش؛ حرّپیمائی۔

Thermomotor : (n) (انجینیئرنگ) حرّ حرکی انجن؛ حرّ موٹر؛ وہ موٹر جو گرم ہوا سے چلتا ہے۔

Thermonastic : (a) حرّ حرکیت سے متعلق؛ تاثر حرارت کا یا اس سے متعلق۔

Thermonastically : (adv.) حرّ حرکیت کے ساتھ۔

Thermonasty : (n) حرّ حرکیت؛ تاثرِ حرارت۔

Thermonuclear : (a) نیوکلیر عمل سے پیدا ہونے والی حرارت سے متعلق۔

Thermophil/-phile : (a) (جرث) حرارت پسند؛ اونچی حرارت پر بڑھنے والا (جرثومہ) ۔

Thermophile : (n) وہ جرثومہ جو ان گرم علاقوں میں ہوتا ہے جہاں درجۂ حرارت ٤٥ ڈگری سیلسیس یا زیادہ ہوتا ہے۔

Thermophilic : (a) دیکھو Thermophile

Thermophilic bacteria : (n) حرارت پسند جراثیم۔

Thermophone : (n) (صوتیات) حرّ فون ۔

Thermophone : (n) (طبیعیات) حرارت بر؛ آلۂ حرارت۔

Thermophylactic : (a) (حیوانیات) حرّ گزاری۔

Thermophyte : (n) (نباتیات) حرّ پودا۔

Thermopile : (n) (الیکٹرک) حرّ انبار؛ حرّ برقی انبار؛ حرّ برقی شعاع پیما؛ جس سے شعاعی حرارت کی چھوٹی سی مقدار بھی ناپی جا سکتی ہے۔

Thermoplastic : (a) حرّ ملائم (اشیاء) ۔

Thermoplastic : (n) حرّ ملائم اشیاء۔

Thermoplegia : (n) (طب) حرارت زدگی۔

Thermopreceptor : (n) (تشریح) حرّ آخذہ؛ حرّ حساسہ۔

Thermoregulator : (n) (کیمیا) حراری ضبط : حرّ ناظم۔

Thermos : (n) [Gr.] زمزمیہ؛ ظرف خلا؛ تھرمس؛ دُہرے شیشے کی بوتل جس کے دونوں شیشوں کے درمیان خلا ہوتا ہے اور اس میں گرم یا ٹھنڈی چیز اپنی اصلی حالت میں محفوظ رہتی ہے۔

Thermosbottle : (n) تھرماس؛ تھرمَس۔

Thermoscope : (n) تفاوت پیما؛ جس سے اشیاء کی حرارت یا تپش کا فرق ظاہر ہو جاتا ہے لیکن درجۂ حرارت نہیں ناپا جاسکتا؛ فرق تپش نما۔

Thermoscopic/-al : (a) تفاوت پیما کا ؛ (طبیعیات) تپش نما؛ (حیاتیات) تپش حِسّہ۔

Thermoset : (a) جو حرارت کی وجہ سے جم جائے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلے۔

Thermoset : (n) حرارت کی وجہ سے جم جانے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلنے والی اشیاء۔

Thermosetting : (a) (طب) جو حرارت کی وجہ سے جم جائے اور پھر گرم کرنے سے نہ بدلے۔

Thermosflask : (n) (طبیعیات) حرّ صراحی؛ تھرماس؛ تھرمس۔

Thermosiphon : (n) (طبیعیات) حرّ سیفن۔

Thermostability : (n) (کیمیا) حرّ پائداری ۔

Thermostable : (a) (کیمیا) حرّ پائدار ۔

Thermostage : (n) (نباتیات) حرارتی حالت۔

Thermostat : (n) [f. Thermo + Gr. 'statos'.] (طبیعیات) تپش قرار؛ مستقل تپشی آلہ؛ توازنِ حرارت۔

Thermostatic : (a) توازن حرارت کا؛ (طبیعیات) حرّ سکونی؛ حرّ قراری۔

Thermostatically : (adv.) حرّ سکونی کے طور پر؛ توازن حرارت کے طور پر۔

Thermostatics : (n) (طب) نظریۂ توازن حرارت : حرّ سکونیات۔

Thermosystaltic : (a) حرارت کی وجه سے نبضی حرکت کے متعلق؛ حرارت کی وجه سے جس میں باری باری سے انقباض اور انبساط هو ۔

Thermotactic : (a) (حیاتیات) حرّ لسه؛ حرّ حِسّه ۔

Thermotaxic : (a) حرّ رُخ؛ حرّ حسّه ۔

Thermotaxis : (n) (۱) (حیاتیات) حرّ ترتیب؛ حرّ حسی ۔ (۲) (عضویات) ضبطِ حرارت غریزی ۔

Thermotelephone : (n) حرِ الیکٹرك فون ۔

Thermotensible : (n) (طبیعیات) حرّ تنشی ۔

Thermotension : (n) حرِ تنشی قوت کو جانچنے کے لئے زور یا تناؤ ۔

Thermotherapy : (n) (طب) حرارتی علاج ۔

Thermotic/-al : (a) [f. Gr. 'thermotikos'.] (طبیعیات)حرارت کا یا اس سے متعلق؛ حرارتی؛ گرمائی؛ خصوصاً علم الحرارت سے متعلق ۔

Thermotically : (adv.) علم الحرارت کے ساتھ؛ حرارت سے ۔

Thermotics : (n) (طبیعیات) علم الحرارت؛ مطالعهٔ حرارت؛ گرما شناسی ۔

Thermotobrant : (a) (طب) حرِ تاب آور؛ حرّ متحملی ۔

Thermotropism : (n) حرّ رُخی ۔

Thermotype : (n) (طباعت) حرّ چھاپا ۔

Thero - : [Gr. 'thero' comb. form.] سابقه بمعنی حیوان، وحشی ۔

Theroid : (a) حیوان نما؛ حیوانی؛ جانور کی طرح کا؛ (ضعیف العقل شخص) جس میں حیوانوں کی سی خصلتیں هوں ۔

Therologist : (n) ماہر ذوات الثّدی؛ ان جانوروں کا ماہر، جو اپنے بچوں کو دودھ پلاتے ہیں ۔

Therology : (n) (حیوانیات) علم ذوات الثدی؛ وہ حیوانات جن کےپستان هوتے ہیں؛ مبحث ذوات الثدی؛ علم حیوانات کی وہ شاخ جس میں دودھ پلانے والے جانوروں کا ذکر هے ۔

Theromorph : (n) [f. mod. L. 'Theromorpha'.] رینگنے والے پستان دارجانورں کی بعض خاصیتیں رکھنے والے جانور جو تقریباً ناپید ہیں ۔

Therophyllous : (a) (نباتیات) برگ ریز؛ پت جھڑ ۔

Therophyte : (n) (نباتیات) صیفی پودا ۔

Theropoda : (a) ایك مہیب رینگنے والے گوشت خور جانور سے متعلق۔

Theropoda : (a) ڈائناسور کی ایك قسم، جو گوشت خور تھے ۔

Theropodous : (a) [f. mod. L. 'theropoda'.] Theropoda دیکھو

Thesaurus : (n) [L.] (۱) گنج؛ خزانه؛ مخزن؛ انبار ۔ (۲) کنز اللغات؛ فرہنگ؛ قاموس؛ معلم؛ جامع اور بسیط لغت کی کتاب ۔ (۳) بحر العلوم ۔

These : (dem.pron and a) [OE. 'pas.'] This کی جمع؛ یه سب ۔

Thesis : (n) [Gr.] (۱) عروض میں Arsis کی ضد ۔ (۲) (منطق) قضیه؛ دعوی؛ نظریه؛ شرط اصلی ۔ (۳) مقاله؛ مقالهٔ علمی؛ وہ مقاله جو سند حاصل کرنے کے لئے لکھا جائے؛ تحقیقی مقاله ۔ (٤) اسکول یا کالج کی مشق؛ درسی مشق؛ مشقی مضمون ۔ (٥) انگریزی شعری تقطیع میں لفظ کا وہ جز جس پر آواز کا زور نہیں پڑتا هے؛ بے تاکید جز؛ جزو خفی ۔ (٦) (موسیقی) ضرب بالا؛ ضرب قوی ۔

Thesmothete : (n) [Gr.] (۱) قانون گزار؛ مقنّن ۔ (۲) (قدیم روم) چھ عالی مقام افسروں میں سے ایك جو جمہوری قدیم روم کےقانون گزار اور قاضی تھے ۔

Thesocyte : (n) (حیوانیات) انبار خلیّه ۔

Thespian : (a) [Gr. 'thespis' + -AN.] تھسپی؛ (یونانی المیه ڈرامے کا بابائے آدم 'Thespis' جو چھٹی صدی عیسوی میں تھا) ؛ المیه ڈرامے کا یا اس سے متعلق؛ ڈرامائی فن سے متعلق؛ ڈرامائی ۔

Thespian : (n) (۱) المیه نگار ۔ (۲) ایکٹر یا ایکٹریس ۔

The Thespian art : تھسپی فن؛ ڈراما؛ تمثیل نگاری ۔

Theta : (n) [Gr.] تھی ٹا؛ یونانی حروف تہجی کا آٹھواں حرف θ ۔

Theta-function : (n) (ریاضیات) حساب کے ایک سلسلہ ($n = -\infty$ to $n = +\infty$) کی میزان جس کا اظہار اس طرح کرتے ہیں ($n^2a + 2na$) ۔

Thete : (n) [Gr. 'thetes'] (قدیم یونان) قدیم ایتھنس میں ادنیٰ درجے کا آزاد شخص ۔

Thetic : (a) [Gr. 'thetikos'] (۱) وضع شدہ؛ مقرر؛ معین؛ ثابت؛ مطلق ۔ (۲) (عروض) بجائے موکد ۔

Thetical : (a) قطعی؛ مسلم؛ مطلق؛ مقرر؛ آمرانہ؛ اصول کے متعلق؛ غیر استدلالی ۔

Thetically : (adv.) مطلقیت کے ساتھ؛ معین طور پر ۔

Thetics : (n) (فلسفہ) اثباتات ۔

Thetis : (n) [Gr. 'thetis'.] (۱) (یونان اور روم اساطیر) دریائی حور، جو (Achilles) کی ماں تھی؛ بحری بری میں سے ایک؛ اکیلس ۔ (۲) سترھویں ستارچہ کا نام ۔

Theurgic/-al : (a) (۱) (دینیات) سحری؛ جادوئی؛ سحرانگیز ؛ جادو کا ۔ (۲) کراماتی ۔

Theurgically : (adv.) سحر انگیزی کے طور پر؛ جادو کے طور پر؛ کرامت کے انداز سے ۔

Theurgist : (n) (۱) جادو گر؛ ساحر ۔ (۲) معجزہ کار ۔ (۳) عامل ۔

Theurgy : (n) [L. 'theurgia'.] (۱) جادو کا ایک طریقہ؛ مافوق الفطرت قوت (خصوصاً وہ جس کا دخل انسانی معاملات میں ہو)؛ غیبی قوت؛ تصرف غیبی ۔ (۲) غیبی قوت کی مدد حاصل کرنے کا فن ؛ عملیات ۔ (۳) اشراقیوں کا فن سحر ۔ (٤) معجزہ (سفلی جادو کے مقابلے میں)؛ کرامت ۔ (۵) جادو؛ سحر ۔

Thew : (n) دیکھو Theow

Thew : (n) [OE. 'peaw'.] (۱) (جمع) پٹھے؛ عضلے؛ نس ۔ (۲) دماغی قوت؛ اخلاقی قوت ۔ (۳) جسمانی قوت؛ قوت؛ طاقت ۔

Thewed : (a) (خاص قسم کے) رگ پٹھے والا ۔

Thewless : (a) (۱) کمزور؛ ڈھیلا (جسمانی حیثیت سے)؛ جس میں دماغی یا اخلاقی زور اور قوت نہ ہو ؛ ضعیف؛ ناتواں؛ بے طاقت ۔

Thewy : (a) قوی؛ گٹھا ہوا؛ گٹھیلا ۔

They : (pron.) [Early ME.] (۱) وہ؛ وہ لوگ ۔ (۲) He ,She, It کی جمع ۔ (۳) عوام؛ عام لوگ؛ لوگ ۔

They say : لوگ کہتے ہیں؛ کہا جاتا ہے ۔

Thiamin/Thiamine : (n) (کیمیا) وٹامن بی؛ تھائی اے من؛ اینورین ۔

Thiasus : (n) [L.] (قدیم یونان) ایک اجتماع جو دیوتا کی عبادت کے لئے ہوتا تھا ۔

Thick : (a) [OE. 'picce'.] (۱) موٹا ؛ دبیز ؛ ضخیم ۔ (۲) سُوجا ہوا ۔ (۳) موٹی (لکیر) ۔ (٤) (حرف، ٹائپ وغیرہ) جلی؛ موٹا ۔ (۵) (بال وغیرہ) گھنا؛ گنجان ۔ (٦) بہت سا؛ انبوہ؛ بھیڑ؛ کثیر؛ فراواں؛ متعدد؛ وافر ۔ (۷) بھرا ہوا؛ لدا ہوا ۔ (۸) گاڑھا؛ ٹھوس؛ منجمد؛ کثیف؛ نیم سیال ۔ (۹) گدلا ۔ (۱۰) ابر آلود؛ کُہر آلود؛ دھندلا سا؛ تاریک ۔ (۱۱) کڑا؛ سخت؛ کرخت؛ درشت؛ بے لوچ ۔ (۱۲) (نفسیات) غبی؛ کند ذہن؛ ٹھس؛ بیوقوف؛ احمق؛ سست ۔ (۱۳) (آواز) بیٹھی ہوئی؛ غیر واضح ؛بھاری؛ گلوگرفتہ؛ بھرائی ۔ (١٤) (بول چال) (آپس میں) گاڑھی دوستی رکھنے والا؛ قلبی؛ بے تکلف؛ گہرا ۔ (۱۵) کسی چیز کا گنجان حصہ (خصوصاً لڑائی کا گھمسان) ۔ (١٦) (بول چال) احمق ؛ کوڑھ مغز ۔ (۱۷) (عامیانہ) کولو (پینے کی چیز) ۔ (۱۸) محزون ۔ (۱۹) غلیظ ۔ (۲۰) گہرا؛ غامض ۔ (۲۱) غیر محتاط؛ حدود معقولیت سے متجاوز؛ مسرف ؛ غالی ؛ لٹاؤ ۔ (۲۲) مرکز سے بعید ترین ؛ نہایت ؛ سخت ؛ شدید؛ انتہا پسند ۔ (۲۳) بیہودہ؛ غیر مہذب؛ ناشائستہ ۔

A bit thick/Rather thick/ A little thick : (عامیانہ) یہ تو بہت مبالغہ ہے؛ یہ تو عقل میں نہیں آتا ۔

A board two inches thick : دو انچ موٹا تختہ ۔

As thick as glue : گہری دوستی ۔

As thick as peas in a shell : گہری دوستی؛ گاڑھی دوستی ۔

As thick as three in a bed : گہری دوستی ۔

As thick as (two)thieves : گہری دوستی ۔

In the thick of the fight : گھمسان کی لڑائی میں؛ سخت ترین مرحلۂ جنگ میں ۔

Spread the butter thick : بہت سا مکھن لگاؤ ؛ مکھن کی موٹی تہ لگاؤ ۔

To give person a thick ear : مُکّا مارکر کان سُجا دینا ۔

Thick : (n) (۱) گھنا درخت؛ گھنا جنگل؛ گھنی جھاڑی؛ انبار لگی ہوئی چیز ۔ (۲) (مجازاً) سخت ترین مرحلہ ۔ (۳) انتہائی عمل (کسی چیز کا) ۔ (٤) جسم کا موٹا حصہ ؛ ہاتھ پاؤں کا موٹا حصہ ۔ (٥) (عامیانہ) کند ذہن آدمی؛ بیوقوف شخص ۔

Thick : (adv.) (۱) گھنا گھنا؛ موٹی تہ میں ؛ موٹائی کے ساتھ ۔ (۲) بیٹھی ہوئی آواز میں ۔ (۳) لگاتار؛ تابڑ توڑ ۔ (٤) بہت گہرا؛ کثیر تعداد میں؛ فراواں ؛ وافر طور پر ؛ شدت کے ساتھ ۔ (٥) تیزی سے؛ لگاتار ۔ (٦) بھاری آواز میں؛ بھرائی ہوئی آواز میں؛ بیٹھی ہوئی آواز کے ساتھ ۔ (۷) ٹھوس پن سے؛ گنجانی سے؛ گھنے طور پر ۔

Snow was falling thick : لگاتار برف باری ہو رہی تھی ۔

To lay it on thick : (عامیانہ) بہت موٹا ردّا جمانا؛ بہت زیادہ تعریف یا خوشامد کرنا؛ (مجازاً) زیادتی سے کوئی کام کرنا ۔

Thick and fast : (adv.) مسلسل؛ لگاتار؛ تابڑ توڑ؛ تیزی سے ۔

Thick and thin : (n) تمام رنج و راحت؛ تمام تکلیف اور رکاوٹ؛ پکّا رفیق؛ رنج و راحت کا رفیق ۔

Through thick and thin : (۱) مردانہ وار ۔ (۲) رنج و راحت میں؛ ہر حال میں؛ درہمہ حال ۔

Thick and thin : (a) (۱) رنج و راحت کا؛ پکا (رفیق)؛ گہرا (دوست)؛ راسخ؛ ثابت قدم؛ باوفا ۔ (۲) (جہاز رانی) چرخی کا (جس پر رسی پھرتی ھے)؛ دوسرے سے ایک چرخی زیادہ والا ۔ (۳) اندھی تقلید؛ آنکھ بند کرکے ماننے والا ۔

Thick and threefold : (adv.) (۱) پے درپے؛ لگاتار؛ متواتر؛ اکثر؛ باربار ۔ (۲) بڑی تعداد میں ۔ (۳) تیزی سے ۔

Thick ear : (n) پھولا ھوا کان؛ سوجا ھوا کان ۔

Thick-head : (n) (۱) بیوقوف آدمی؛ احمق؛ گاؤدی شخص ؛ سادہ لوح آدمی ؛ کند ذہن شخص؛ نادان آدمی؛ کم ھوش شخص ۔ (۲) آسٹریلیا کی ایك چڑیا جس کی چونچ سخت اور سر بڑا ھوتا ھے ۔

Thick-headed : (a) نادان؛ کم ھوش؛ خرف؛ بیوقوف؛ ٹھس ؛ کند ذہن؛ غبی؛ سُست ۔

Thick-headedness : (n) نادانی؛ بیوقوفی؛ احمق پن ۔

Thick-knee/Thicknee : (n) (حیوانیات) کردان ؛ طلق ؛ Dedicnemus کی جنس کا پرندہ جس کے پاؤں بڑے ھوتے ہیں ۔

Thick-kneed : (a) بڑے پاؤں والا (پرندہ) ۔

Thick-leaf : (n) (نباتیات) حیّ العَلَم ۔

Thick-leaved/-leafed : (a) پُر برگ؛ گھنے پتوں والے(درخت) ۔

Thick-lipped : (a) موٹے ھونٹ والا؛ سخت ھونٹ والا؛ بھرے بھرے ھونٹ والا ۔

Thick-lips : (n) بھرے بھرے ھونٹوں والا آدمی؛ وہ آدمی جس کے ھونٹ موٹے ھوں ۔

Thick register : (n) (آواز) سب سے کم آہنگ؛ دھیمی آواز ۔

Thick-skinned : (a) (۱) موٹے چمڑے کا؛ موٹی کھال والا ۔ (۲) (مجازاً) بے حس؛ بے عاطفہ؛ دیر حس؛ کُند حس؛ وہ شخص جس پر بات کا اثر کم ھو ؛ (زود حس کی ضد) ۔

Thick-skull : (n) خشك مغز آدمی؛ کند ذہن شخص ۔

Thick-skulled : (a) (۱) غبی؛ ٹھس؛ خشك مغز ۔ (۲) (مجازاً) نادان؛ بیوقوف ۔

Thick-sown : (a) جڑا ھوا ؛ متصل ؛ قریب قریب سیا ھوا ۔

Thick-witted : (a) غبی؛ ٹھس؛ بے ذوق؛ خشك مغز؛ کند ذہن ۔

Thicken : (v) (۱) موٹا کرنا یا ھونا؛ گھنا کرنا یا ھونا؛ گنجان کرنا یا ھونا ۔ (۲) گدلا کرنا یا ھونا؛ دھندلا ھونا؛ غیر شفاف ھونا ۔ (۳) ابر آلود ھونا ۔ (٤) گاڑھا کرنا یا ھونا (شوربے وغیرہ کا)؛ غلیظ کرنا ۔ (٥) (آواز کا) بیٹھ جانا؛ دشوار ھونا؛ غیر واضح ھونا؛ مبہم ھونا۔ (٦) زیادہ پیچ درپیچ ھونا (افسانے کے پلاٹ یا واقعات کا) ؛ پیچیدہ ھونا ۔ (۷) ضخیم کرنا ۔

Thickset : (n) (۱) گھنی جھاڑی؛ گھنی جھاڑیوں کا سلسلہ ۔ (۲) ایک قسم کا موٹا سیاہ رنگ کا سوتی کپڑا (گبرون)۔

Thickskin : (n) بے حس شخص؛ بےعاطفہ شخص؛ موٹےچمڑے کا آدمی ۔

Thickun : (a) (عامیانہ) گھنی ۔

Thief : (n) [OE. 'peof.'] (۱) چور؛ دزد؛ سارق ۔ (۲) بتی کا گل ۔ (۳) شہدا؛ بدمعاش؛ بدذات؛ پاجی؛ بےاصول شخص ۔ (٤) (عامیانہ) وہ گھوڑا جو ریس میں اصل مقام تک نہیں پہنچ سکے ۔

Thief-catcher : (n) (۱) وہ شخص جو چور کو پکڑتا ہے؛ دزد گیر؛ چور پکڑنے والا ۔ (۲) چور کو پکڑنے والا؛ وہ شخص جو جرنیلی سڑکوں پر چوروں، ڈاکوؤں کو پکڑتا ہے ۔

Thief-taker : (n) دیکھو Theif-catcher

Thief-tube : (n) کاسٹک سے سیال کو نکالنے والی ٹیوب ۔

Thiefdom : (n) چوری؛ دُزدی ۔

Thieve : (v) [OE. 'peofian'.] (۱) چوری کرنا؛ چرانا؛ چور کی طرح غُل کرنا ۔ (۲) کوئی چیز چرانا ۔

Thievery : (n) (۱) چوری؛ سرقہ؛ دزدی؛ چوری کی عادت ؛ چرانے کا فعل ۔ (۲) مال مسروقہ؛ چوری کی ہوئی شے ۔

Thieves' Latin : (n) چوروں کی زبان ۔

Thieves' vinegar : (n) ساج کی پتیوں کا عرق، جو پہلے پلیگ کے لئے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Thievingly : (adv.) چوری کے طور پر ۔

Thievish : (a) (۱) دزدکی؛ دزدوار؛ چوری کا ۔ (۲) بے ایمان ۔ (۳) چور صفت ۔ (٤) چرایا ہوا؛ خفیہ طور پر حاصل کیا ہوا ۔

Thievishly : (adv.) (۱) چوری سے؛ چور کی طرح ۔ (۲) بےایمانی سے ۔

Thievishness : (n) چوری؛ چوٹاپن ۔

Thigh : (n) [OE. 'peoh'.] (تشریح) پاؤں کا اوپری حصہ چوتڑ سے گھٹنےتک؛ ران؛ جانگھ؛ فخذ ۔

(۸) غیر مشخص ہونا ۔ (۹) تاریک ہونا ۔ (۱۰) اژدہام ہونا؛ بھیڑ ہونا؛ کثرت میں ہونا؛ وافر ہونا ۔ (۱۱) جمنا؛ جمانا؛ بستہ ہونا؛ منجمد ہونا؛ سخت ہونا ۔ (۱۲) کثیر تعداد میں جمع ہونا ۔ (۱۳) (مجازاً) مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا؛ تقویت دینا؛ پختہ کرنا ۔

The plot thickens : پلاٹ پیچیدہ ہورہا ہے ۔

Thickener : (n) (۱) ضخیم ساز؛ موٹا بنانے والا؛ گنجان کرنے والا؛ گاڑھا بنانے والا ۔ (۲) وہ شے جو رنگ کو گاڑھا کرتی ہے ۔

Thickening : (n) (۱) تغلیظ؛ ضخیم سازی ۔ (۲) موٹا یا گاڑھا ہونا ۔ (۳) گاڑھا کرنے والی شے؛ کوئی شے جس سے شوربہ وغیرہ گاڑھا کیا جائے ۔ (٤) کوئی چیز یا کوئی حصہ جو موٹا ہو گیا ہو ۔

Thicket : (n) [OE. 'pieccet'.] (۱) گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ؛ جھاڑی بن؛ جھاڑی ؛ (نباتیات) بیشہ؛ جنگل؛ گھن جھاڑی ۔ (۲) وہ جگہ جہاں چھوٹے چھوٹے درخت اور جھاڑیاں گھنے طور پر اُگتی ہیں ۔

Thicketed : (a) جھاڑی دار؛ جھاڑی سے چھپا ہوا؛ جھاڑی سے بھرا ہوا ۔

Thickety : (a) جھاڑی دار؛ جھاڑی سے بھرا ہوا ۔

Thickish : (a) (۱) کسی قدر موٹا؛ گھنا یا گاڑھا ۔ (۲) کسی قدر گدلا یا ابر آلود ۔ (۳) کسی قدر بیٹھی ہوئی (آواز) ۔ (٤) کسی قدر ٹھس یا بیوقوف ۔

Thickly : (adv.) (۱) گھنا گھنا؛ موٹی تہ میں ۔ (۲) بیٹھی ہوئی آواز میں ۔ (۳) لگاتار ؛ تابڑ توڑ ۔ (٤) بطور ضخیم؛ موٹے طور پر ۔

Thickness : (n) [OE. 'picness'.] (۱) موٹائی؛ دبازت؛ موٹا یا گاڑھا ہونا؛ گنجان ہونا؛ ضخامت ۔ (۲) گدلا یا ابر آلود ہونا ۔ (۳) (آواز کا) بیٹھا ہوا ہونا ۔ (٤) انبوہی؛ کثرت؛ زیادتی ۔ (۵) (نفسیات) کند ذہنی؛ ٹھس پن؛ سستی ۔ (٦) موٹا حصہ؛ وہ چیز جو موٹی ہو ۔ (۷) تہ ۔

Thicknessing : (n) (۱) موٹا یا گاڑھا ہونا؛ گنجان ہونا ۔ (۲) تعین ضخامت (مثلاً چوب) ۔

Thickset : (a) گھنا؛ ٹھوس؛ گتھا ہوا؛ گٹھیلا؛ نزدیک نزدیک سجایا ہوا؛ قریب قریب رکھا ہوا ۔

Thigh-bone : (n) (تشریح) استخوان ران؛ ران کی ہڈی ؛ عظم الفخذ ۔

Thigh-boot : (n) وہ بوٹ جس کا اوپری حصہ ران کو چھپاتا ہے؛ چکمہ ۔

Thigh-piece : (n) ران کے لئے ایک زرہ بکتر ۔

Thigmaesthegia : (n) لمس؛ مس ۔

Thigmo- : [f. Gr. 'Thigma'.] سابقہ بمعنی لمس؛ تماس ۔

Thigmocyte : (n) لمس خلیہ؛ دلہ ساز خلیہ ۔

Thigmomorphosis : (n) لمس شکلی ۔

Thigmotaxis : (n) (حیاتیات) لمس ترتیب ۔

Thigmotropism : (n) (حیاتیات) لمس رُخی ۔

Thilk : (a) [ME. 'pilke'.] اشارہ کردہ؛ اسی طرح؛ یہ ؛ وہ ۔

Thilk : (pron.) وہ (یا یہ) چیز یا شخص ۔

Thill : (n) [Origin absc.] گاڑی کا بم یا دُھرا؛ مال بند ۔

Thill : (n) [Origin Unkn.] آتش مٹی کی باریک پرت؛ فرش معدن ۔

Thill-horse : (n) اسپ چرخ کش؛ گاڑی میں جُوتا جانے والا گھوڑا ۔

Thiller : (n) اسپ چرخ کش؛ گاڑی کھینچنے والا گھوڑا ۔

Thimble : (n) [OE. 'pymel'.] (۱) انگشتانہ؛ دھات کی ٹوپی جو سیتے وقت انگلی میں پہن لیتے ہیں ۔ (۲) (میکانیات) چھوٹی سی دھات کی نلکی ۔ (۳) دھات کا حلقہ جس میں باہر کی طرف نالی بنی ہوتی ہے اور جو رسی میں یا بادبان کے سروں پر رگڑ سے بچانے کے لئے لگا دیا جاتا ہے ۔ (٤) مختلف پھولوں اور پودوں کے لئے استعمال ہوتا ہے مثلاً Harebell, Sea campion, Fox-glove اور The Cup of an ocron کے لئے بولا جاتا ہے ۔

Thimble : (v) انگشتانہ استعمال کرنا؛ سینا ۔

Thimble-berry : (n) امریکا کا ایک پھل جو انگشتانہ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Thimble-eye : (n) (۱) (جہاز رانی) پلیٹ کی آنکھ جس کے ذریعے رسّی گزاری جاتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Thimble-man : (n) مہرہ باز؛ فنجان باز ۔

Thimble- pie : (n) سزا کے طور پر انگشتانہ سر پر مارنا ۔

Thimble-plating : (n) استوانہ نما نلکی کا بن جانا ۔

Thimble scale : (n) ٹوپی دار پیمانہ ۔

Thimbled : (a) انگشتانہ دار ۔

Thimbleful : (n) چمچی بھر؛ بہت تھوڑی سی مقدار (برانڈی وغیرہ کی، پینے کے لئے) ۔

Thimblerig : (n) (۱) مہرہ بازی ؛ فنجان بازی ؛ ہاتھ کی صفائی کا کھیل جس میں مٹر کا دانہ وغیرہ تین انگشتانوں میں سے کسی کے نیچے چھپا دیتے ہیں اور تماشائی شرط لگا کر بتاتا ہے کہ وہ تینوں میں سے کس کے نیچے ہے ۔ (۲) یہ کھیل دکھانا ۔ (۳) ٹھگنا ۔

Thimblerig : (v) مہرہ بازی کرنا؛ فریب دینا؛ دھوکا دینا؛ مغبون کرنا ۔

Thimblerigger : (n) (۱) یہ کھیل دکھانے والا؛ مہرہ باز ۔ (۲) ٹھگ؛ فریبی؛ بنٹے باز ۔

Thimblerigging : (n) مہرہ بازی ۔

Thimblerigging : (a) مہرہ بازی سے متعلق ۔

Thin : (a) [OE. 'pynne'.] (۱) پتلا؛ مہین؛ باریک؛ نازک ۔ (۲) ہلکی؛ سبک (Thin air) (موسمیات) لطیف (ہوا) ۔ (۳) خالی خالی ؛ جس میں مجمع کم ہو ۔ (٤) پتلا (شوربا وغیرہ) ۔ (٥) جس میں اہم اجزا کی کمی ہو ؛ ہلکا؛ پتلا؛ قلیل المقدار ۔ (٦) کمزور (آواز) ؛ خفیف ۔ (۷) بے مغز؛ پھسپھسا ۔ (۸) جو آسانی سے کھل جائے یا پہچان لیا جائے؛ بھونڈا ؛ ناقص ؛ ناکافی ؛ قلیل ۔ (۹) دُبلا؛ چھریرا؛ لاغر؛ نزار ۔ (۱۰) باریک؛ پتلی (لکیر وغیرہ) ۔ (۱۱) باریک ؛ خفی (تحریر ، ٹائپ وغیرہ) ۔ تکلیف دہ ؛ ناگوار ۔ (۱۳) (جنگلات) چھدرا (جو گھنا نہ ہو) ۔ (١٤) رقیق ؛ کم مایہ ۔ (١٥) تنگ ؛ سست ۔ (١٦) شفاف؛ نرمل ۔ (۱۷) کھلی ہوئی؛ بیّن ۔ (۱۸) غیر محسوس؛ ناقابل فہم ۔

Into thin air : قطعاً؛ بالکل؛ سراسر؛ مکمل طور پر ۔

On thin ice: مہارت سے؛ سبک دستی سے؛ کاریگری سے۔

Out of thin air : بغیر بنیاد کے؛ بغیر گواہی کے۔

That is too thin : (بول چال) یہ تو کھلا ہوا بہانہ ہے؛ یہ بہت ناکافی عذر ہے؛ یہ تو بہت بھونڈا قصہ گھڑا۔

To have a thin time : کوفت میں وقت گزارنا۔

Thin : (v) [OE. 'Pynnian'.] (۱) نازک کرنا؛ کم کرنا؛ رقیق کرنا؛ لاغر کرنا۔ (۲) (انگور وغیرہ کے) کچھ کچے پھل توڑ ڈالنا (تاکہ باقی ماندہ کی نشو و نما بہتر ہو)۔ (۳) نازک ہونا؛ کم ہونا؛ گھٹنا؛ تعداد یا حجم کم ہونا؛ تنگ ہونا؛ گہرائی میں کم ہونا؛ دبلا پتلا ہونا؛ قلیل ہونا؛ کمزور ہونا۔ (٤) بھیڑ کم ہونا۔ (٥) ہلکا ہونا؛ پھیکا ہونا (رنگ کا)؛ (مجازاً) بے مزا ہونا؛ بے لطف ہونا۔ (٦) کم گاڑھا ہونا؛ کم کثیف ہونا؛ رقیق ہونا۔

To thin off/-down : آہستہ آہستہ گھٹانا یا گھٹنا؛ آہستہ آہستہ کم ہونا یا کم کرنا۔

To thin out (off, away) : آہستہ آہستہ پتلا ہوتے جانا؛ آہستہ آہستہ کم ہوتے جانا۔

To thin out seedling : نونہال پودوں کو ذرا دور دور لگانا۔

Thin : (adv.) [ME. 'thinne'.] (۱) بطور لاغر؛ ناکافی طور پر؛ چھدرا۔ (۲) دیکھو Thinly۔

Thin : (n) [ME. 'thinne'.] باریک حصہ؛ پتلی چیز؛ رقیق شے۔

Thin board : (n) نازک تختہ۔

Thin coal : (n) وہ کوئلہ جو پرت سے نکالا جائے۔

Thin miner : (n) کان کن جو پرت سے کوئلہ نکالتا ہے؛ پرت سے کوئلہ نکالنے والا کان کن۔

Thin-skinned : (a) (۱)(مجازاً) زودحس؛ تنک مزاج؛ زود رنج؛ حساس۔ (۲) (حیوانیات) لطیف جلدہ؛ نازک پوست والا۔

Thin-skinnedness : (n) تنک مزاجی؛ حساسیت۔

Thin-sown : (a) کم بویا ہوا؛ کم کم لگایا ہوا۔

Thin-spun : (a) باریک بنا ہوا۔

Thin-worn : (a) دھاگا صفت؛ نخ نما۔

Thyroidal/Thyroideal/Thyroidean : (a) غضروف درقی سے متعلق؛ غدود درقی سے متعلق ۔

Thyroidectomize : (v) درقیہ براری کرنا ۔

Thyroidectomy : (n) (جراحی) درقیہ براری ۔

Thyroiditis : (n) (طب) ورم درقیہ ۔

Thyrotherapy : (n) بھیڑ کے غدود درقیہ سے تیار کی ھوئی ایك دوا ۔

Thyrotomy : (n) (جراحی) درقیہ شگافی ۔

Thyrotoxicosis (n) (طب) مسمومیّت درقی ۔

Thyrotrophic hormone : (n) (حیوانیات) درقیّہ نشوی ہارمون۔

Thyrotropic : (a) (حیوانیات) درقیہ رُخ ۔

Thyroxin : (n) (کیمیا) تھائراکسین؛ افرازِ درقیہ ۔

Thyrse : (n) [L. 'thyrsus'.] (یونان اور قدیم روم) ایك قسم کا مرصع نیزہ؛ شراب کے دیوتا یا بیکس کا عصا جس کا مونھ صنوبر کے پھل کی شکل کا تھا اور جس کے گرد عشق پیچاں اور انگور کی بیل لپٹی ھوتی تھی ۔

Thyrsoid : (a) (نباتیات) گچھیانما ۔

Thyrsoidal : (a) گچھانما پھول ۔

Thyrsus : (n) [L.] دیکھو Thyrse

Thysanopter : (n) [mod. L. 'Thysanoptera'.] طُرہء پراں: نباتات چُوس حشرات ۔

Thysanopteran : (a) نبات چوس حشرات سے متعلق ۔

Thysanopterous : (a) دیکھو Thysanopteran

Thysanura : (n) [mod. L.] طُرّہ دُمان؛ ابریّہ دُمان ۔

Thysanuran : (a) [mod. L. 'Thysanura'.] (تشریح) طُرہ دُمان سے متعلق (بغیر ڈینے کے چھ پاؤں والے کیڑے سے متعلق) ۔

Thysanuran : (n) بغیر ڈینے کے چھ پاؤں والا کیڑا؛ طرہ دُمان؛ ابریہ دمان ۔

Thysanuriform : (a) (حیوانیات) ابریّہ دُم شکلہ ۔

Thysanurous : (a) طُرہ دُمان یا اس سے متعلق ۔

Thyself : (Pron.) [In OE. 'the' followed by the adj. sel] (۱) those کی مفعولی صورت) اپنے آپ کو : خود کو ۔ (۲) (تاکید کے لئے) تو خود ۔

Thysen : (Pron.) (انگریزی بول چال) Thyself کا متبادل ۔

Ti : (n) (نباتیات) درخت ٹی؛ ایك درخت جس کی جڑیں کھائی جاتی ہیں ۔

Ti-tree : (n) (۱) (نباتیات) درخت ٹائی ۔ (۲) درخت چائے ۔

Tiar : (n) [Anglicized from 'Tiara'.] (۱) تاج بادشاہی؛ کُلاہ بادشاہی؛ قدیم ایرانی دستار (بادشاھوں کی دستار اٹھی ھوئی اور عام لوگوں کی دبی ھوئی ھوتی تھی)؛ ایك قسم کی پگڑی؛ ایك قسم کی دستار ۔ (۲) یورپ کا تاج؛ یورپ کا تہراج (بیچ میں مخروطی کُلاہ اور اس کے گرد تین چھوٹے تاج ھوتے ہیں) ۔ (۳) منصب پاپائی؛ پوپ کا عہدہ ۔ (٤) مرصع مکٹ یا کلاہ (جو عموماً عورتیں پہنتی ہیں ۔ (۵) دریائی صدف ۔

Tiara : (n) [L.] دیکھو Tiar

Tiaraed/-rad : (a) تاج دار؛ کلاہ پوش؛ تاج پوش: تاج پہنے ھوئے ۔

Tibet/Thibet : (n) تبّت: ایك ملك کا نام ۔

Tibetan : (a) تبّتی؛ تبّت کا یا اس سے متعلق ۔

Tibia : (n) [L.] (۱) (تشریح وحیوانیات) قصبۃ الکبری؛ پنڈلی کی اندرونی ہڈی : عظم العقبہ ۔ (۲) کیڑے کے پیر کا چوتھا جوڑ؛ (حیوانیات) ساقہء چہارم ۔ (۳) مرغ کی ٹانگ کے نیچے کا حصہ ۔ (٤) ایك قسم کی قدیم بانسری ۔

Tibial : (a) [L. 'tibialis'.] (۱) (تشریح اور حیوانیات) پنڈلی کی ہڈی سےمتعلق؛ قصبی؛ ساقوی - (۲) قدیم باجے سے متعلق -

Tibial : (n) عضلاتِ قصبی؛ شریان قصبی -

Tibial artery : (n) (تشریح) شریانِ قصبی -

Tibial muscle : (n) عضلہء قصبی -

Tibial nerve : (n) (تشریح) عصب قصبیء -

Tibiale : (n) قصبہء صغری -

Tibialis : (n) (تشریح) عصب قصبیء -

Tibio- : Tibia کی ترکیبی صورت -

Tibiofibula : (n) (تشریح) قصبہء کبری صغری -

Tibiotarsal : (a) پنڈلی اور ٹخنے کی ہڈی سے متعلق -

Tibiotarsus : (n) (طیوریات) قصبی کف پا؛ پرندوں کے پاؤں کا نچلا حصہ -

Tiburtine : (a) [L. 'Tiburtinus'.] Tivoli کے علاقے یا ضلع کا یا اس سے متعلق -

Tiburtine stone : (n) ایک قسم کا مسام دار ہلکے زرد رنگ کا پتھر جو اطالیہ میں تعمیری کام میں استعمال ہوتا ہے -

Tic : (n) [Fr. Origin uncertain] (۱) (طب) عُرَہ؛ رعشہء عضلہ؛ عضلی تشنج؛ عضلات (خصوصاً چہرے کے عضلات) کی سکڑن - (۲) عُرة الوجہ؛ ایک قسم کا شدید اعصابی درد جس کی وجہ سے چہرے کے عضلات میں سکڑنے کی اضطراری حرکت ہوتی ہے -

Tic douloureux : (n) [Fr.] (طب) عُرَة الوجہ؛ تشنجِ چہرہ -

Tic-polonga : (n) [Sinhalese. 'tit' polonga'.] (حیوانیات) ہندوستان اور سیلون کا ایک زہریلا سانپ -

Tical : (n) [Pg. 'tical'.] (۱) سیام اور برما میں بیرونی تاجر کے ذریعے استعمال ہونے والا چاندی کا سکہ؛ سیام کا سکہ ایک روپیہ کے برابر یا اُس کا وزن - (۲) تھائی لینڈ، برما اور چین کا ایک وزن -

Ticca : (a) [Hindi. 'thika'.] ٹھیکے کا؛ کرائے کا -

Ticca gharry : (n) کرائے کی گاڑی -

Tichorhine/Tichorine : (n) [mod. L. 'tichorrhinus'.] ناک کے پردے کے اوپر ہڈی کا اُبھار -

Tick : (n) [ME. 'teke'.] ایک قسم کا طفیلی کیڑا جو جانوروں کے جسم پر بیٹھتا ہے؛ کِلّی -

Tick : (n) [L. 'teca'.] (۱) بستر بند؛ بوغ بند - (۲) موٹا دھاری دار کپڑا جس کے بوغ بند عموماً استعمال ہوتے ہیں -

Tick : (n) [DU. 'tik'.] (۱) ٹک (گھڑی کی)؛ ٹک ٹک کی آواز - (۲) دل یا نبض کی دھڑکن (حرکت) - (۳) ٹِک کا نشان (√)؛ وہ نشان جو حساب کے جانچنے میں مختلف مدوں پر لگائے جاتے ہیں یا خیال کو منعطف کرنے کے لئے کسی چیز پر لگاتے ہیں - (٤) گھڑی کی دو ٹِک کے درمیان کا وقفہ -

Tick (n) (بول چال) ذلیل آدمی؛ حقیر آدمی؛ سفلہ شخص -

Tick : (n) (۱) (بول چال یا عامیانہ) قرض؛ اُدھار - (۲) اعتبار؛ ساکھ؛ یقین - (۳) اندازہ ، حساب یا نمبر (کھلاڑی کا)؛ منہانی کھاتہ (Debit account) -

On or upon tick : اُدھار؛ اعتبار پر -

To go on tick (also go tick), run on, upon tick : ادھار خریدنا؛ مقروض ہونا؛ قرض پر (کسی کام کا چلنا) -

Tick : (v) (۱) (گھڑی وغیرہ کا) ٹک ٹک کرنا - (۲) گھڑی کا کھٹ کھٹ کرنا؛ گھڑی کا ٹک ٹک کرکے وقت کا گزرنا ظاہر کرنا - (۳) (Out کے ساتھ) آلہء برقیہ نگار کا کاغذ کی دھجیوں پر خبریں چھاپنا - (٤) ٹک نشان لگانا (حساب کی کسی مد پر) - (٥) (Off کے ساتھ) (عامیانہ) سرزنش کرنا؛ تنبیہہ کرنا - (٦) کام کرنا، چلنا (کسی چیز کا) -

To tick off : سرزنش کرنا؛ تنبیہ کرنا؛ گوشمالی کرنا -

To tick over : موٹر وغیرہ کے انجن کا گیر کےروک دینے سے آہستہ چلنا -

What makes one tick : کیا چیز اس کی محرک ہے -

Tick : (v) (۱) (بول چال یا عامیانہ) ادھار خریدوفروخت کرنا؛ ادھار کاروبار کرنا؛ ادھار لینا، دینا (اشیاء) ۔ (۲) قرض دینا ۔

Tick-bean : (n) باقلا کی چھوٹی قسم ۔

Tick-bird : (n) افریقی پرندے کی ایک قسم ۔

Tick fever : (n) (طب) تپ قرادی؛ چیچڑی تپ؛ تپِ راجعہ ۔

Tick fly : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیڑا ۔

Tick-tack : (n) [Echoic.] (۱) ٹیک ٹاک: گھڑی کی مکرر آواز؛ گھڑی کا ٹک ٹک کرنا؛ نیز چھوٹی توپ چھوڑنے کی آواز ۔ (۲) دل کی دھڑکن کی آواز ۔ (۳) (کسی بات کے لئے) اشارہ کرنے کا طریقہ جسے شرط باز استعمال کرتے ہیں: لوگ اسی طرح کا اشارہ کرتے ہیں ؛ دیکھو tack-toe ۔ (٤) سلیٹ پر پنسل سے کھیلا جانے والا بچوں کا ایک کھیل ۔

Tick-tack : (v) شرط بازوں کا اشارہ کرنا ۔

Tick-tack-toe : (n) بچوں کا ایک کھیل جو پنسل سے سلیٹ پر کھیلا جاتا ھے ۔

Tick-tick : (n) ٹک ٹک: گھڑی کی آواز یا اسی طرح کی آواز؛ بچوں کی اصطلاح میں گھڑی کا نام ۔

Tick-tock : (n) دیکھو Tick - tick

Tick trefoil : (n) Desmodium کی جنس کا پودا ۔

Tickeater : (n) دیکھو Tick-bird

Ticker : (n) (۱) کھٹ کھٹ کرنے والا؛ گھڑی کا پنڈولم ۔ (۲) (بول چال) گھڑی ۔ (۳) ٹیپ مشین: ٹیلیگرافی ریکارڈنگ آلہ ؛ تار خبرنگار؛ خود نویس آلہ ۔ (٤) (تشریح) دل : قلب ۔ (٥) (معاشیات) نرخ نما ۔(٦) (ریڈیو) ٹکر؛ چاپَر ۔

Tickerman : (n) تار خبرنگار کو مرمت کرنے والا یا اس کو ٹھیک کرنے والا ۔

Ticket : (n) [Fr. 'etiquet'.] (۱) عام اطلاع کے لئے تحریری نوٹس؛ آگہی؛ اطلاع نامہ (جو کسی جگہ چسپاں ھو) ۔ (۲) لیبل؛ چِٹ؛ قیمت کی چِٹ یا پرچہ (جوفروخت ھونے کی چیزوں پر لگا ھوتا ھے) ۔ (۳) ٹکٹ (ریلوے، ٹرام، بس، سنیما، لاٹری وغیرہ) ۔ (٤) (فوجی بول چال) برطرفی ۔ (٥) مکان وغیرہ کے کرائے کےلئے خالی ھونے کا نوٹس جو کارڈ پر لکھ کر لگا دیا جاتا ھے ۔ (٦) (بول چال) مناسب چیز ؛ ٹھیک بات ۔ (۷) (امریکا کی سیاست) الیکشن میں امیدواروں کی فہرست جو کسی پارٹی کی طرف سے داخل ھوتی ھے ۔ (۸) (کسی سیاسی پارٹی کے) اصول ۔ (۹) فرصت کا اجازت نامہ ۔ (۱۰) کسی عمل یا کام کا پروگرام؛ کام کرنے کا پلان؛ وہ کام جو کرنا ھے ۔ (۱۱) کچی دھات کے لئےتحریری ٹینڈر ۔ (۱۲) کسی خدمت یا مخصوص کام کےلئے کاغذ یا کارڈ بورڈ کا بلاّ ۔

Return ticket : واپسی ٹکٹ؛ آنے جانے کا ٹکٹ ۔

Season ticket : موسمی ٹکٹ؛ میعادی ٹکٹ (یہ ٹکٹ کم شرح پر ملا کرتے ہیں)؛ کھیل کے مکمل سلسلے کے لئے ٹکٹ ۔

Through ticket : ایک مقام سے دوسرے مقام تک براہ راست جانے کے لئے ٹکٹ ۔

Ticket : (v) (۱) لیبل لگانا؛ ٹکٹ لگانا؛ چسپاں کرنا: ٹکٹ کے ذریعے فرق پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) تخصیص کرنا ؛ صراحت کرنا ؛ معین کرنا ۔ (۳) کچی دھات (ٹین، تانبہ وغیرہ) کے لئے تحریری ٹینڈر بنانا ۔

Ticket- day : (n) (لندن کا صرافہ) حساب کا دن: جب دلاّلوں کو اصلی خریداروں کےنام بتائے جاتے ہیں؛ یوم نامزدگی ۔

Ticket gate : (n) (برطانیہ) ٹکٹ گیٹ؛ ریلوے پلیٹ فارم سے باہر نکلنے کا راستہ جہاں مسافر ٹکٹ حوالہ کرتے ہیں (ریل سےاُتر کر باہر جانے کے وقت) ۔

Ticket-night : (n) تھیٹر کا وہ تماشا جس کی آمدنی ٹکٹ بیچنے والوں میں حصہ وصولی کے مطابق تقسیم کردی جاتی ھے ۔

Ticket of leave : (n) مشروط رہائی ؛ (برطانیہ میں) رعایتی چھٹی ؛ اجازت نامہ (جس کی رو سے مجرموں کو کچھ دن تک سزا بھگتنے کے بعد بعض قیود کے ساتھ رہائی مل جاتی ھے) ۔

Ticket-of-leave man : (n) وہ مجرم جو رعایتی چھٹی پر رہا ھوا ھو ۔

Ticket office: (n) ٹکٹ آفس؛ وہ جگہ جہاں سے ٹکٹ لیاجاتا ھے (سنیما، ریلوے وغیرہ کا) ۔

Ticket-porter : (n) (لندن کا) لائسنس دار قلی جو بلاّ لگائے ہوئے ہو ۔

Ticket-punch : (n) ٹکٹ میں سوراخ کرنے کا آلہ ۔

Ticketer : (n) مال واسباب پر چٹ لگانے والا؛ ٹکٹ تیار کرنےوالا ملازم ۔

Ticketless : (a) بغیر ٹکٹ ۔

Tickety-boo : (a) عمدہ : اچھا ۔

Tickey : (n) تین پینس ۔

Ticking : (n) بوغ بند کا کپڑا ۔

Tickle : (n) [Origin obsc.] New foundland and labrador کے سواحل کا مختصر راستہ ۔

Tickle : (n) [f. Tickle, v.] گدگدی ۔

Tickle : (a) (۱) (بول چال) قابل تغیر؛ ناقابل اعتبار؛ مذبذب؛ غیریقینی؛ ناقابل اعتماد ۔ (۲) نادرست؛ جو ٹھیک نہ ہو؛ غیر محفوظ ۔ (۳) کم زور؛ ذکی الحس (اب بول چال) ۔ (٤) خطرناک؛ پرخطر؛ جوکھم کا ۔ (٥) نازک مزاج؛ تنک چڑھا؛ نفیس طبع؛ باریک بیں (اب بول چال) ۔ (٦) (جانور) جنگلی ؛ وحشی ؛ بھڑکنے والا ۔

Tickle : (v) [Origin obsc.] (۱) گدگدانا ؛ گدگدی کرنا ؛ جھنجھنانا ۔ (۲) گدگدی ہونا ۔ (۳) (مجازاً) بے دلی سے چاہنا (کسی کام کو کرنا) ۔ (٤) محفوظ کرنا؛ (حسن ظرافت وغیرہ کی) تحریک ہونا؛ ہنسی آنا؛ لطف آنا؛ لذت حاصل ہونا ۔ (٥) (ٹراؤٹ مچھلی وغیرہ کو) ہاتھ سے پکڑنا ۔ (٦) دل جوئی کرنا؛ تسکین؛ خوش کرنا ۔ (۷) ہلکے یا آہستہ سے بھڑکانا (آگ کو) ۔ (۸) (لوہا) پیٹنا ۔

I was hugely tickled at the idea : مجھے اس بات پر بہت ہنسی آئی ۔

This will tickle his palate : اس سے اُس کی زبان کو لَذت حاصل ہوگی ۔

To tickle (a person's) palm : کسی کو بخشش دینا؛ انعام دینا ۔

To tickle to death : تفریح کابہت زیادہ سامان کرنا ۔

Tickle of the sear : (n) دیکھو Sear

Ticklenburgs : (n) [f. 'Tecklenburg'.] ایک قسم کا کپڑا ۔

Tickler : (n) (۱) گدگدانے والا؛ گدگدا کر ہنسانے والا ۔ (۲) معمّا؛ مشکل یا پیچیدہ مسئلہ؛ گورکھ دھندا ۔ (۳) پَر ؛ جس سے چہرے کو گدگداتے ہیں ۔ (٤) سرزنش کرنے والا؛ چھڑ یا لوہے کی سلاخ جس سے کسی کو سزا دیتے ہیں ۔ (٥) آگ بھڑکانے کا ایک قسم کا آلہ ۔ (٦) (امریکا) ایک کتاب جس میں (حساب وغیرہ) یا قرض کا اندراج حوالہ جات کے لئے ہوتا ہے ۔ (۷) (امریکا) ایک قسم کا بھونرا ۔

Tickling : (n) (۱) آرزو؛ شوق؛ تمنا؛ میل؛ رغبت ۔ (۲) اطمینان؛ خوشی؛ مسرت؛ تسکین؛ سَیری ۔ (۳) ٹراؤٹ مچھلی کا شکارکرنا ۔

Ticklish : (a) (۱) جس سے گُد گدی بہت جلد اٹھتی ہو ۔ (۲) (مجازاً) نازک مزاج؛ زود حس؛ زود رنج؛ حسّاس ۔ (۳) مشکل؛ پیچیدہ؛ نازَک (معاملہ یا مسئلہ) ؛ بہت احتیاط سے کرنے کا (کام) ۔ (٤) نااستوار؛ متغیر ؛ متزلزل ؛ ناپائدار؛ متلون؛ تغیر پذیر ۔ (٥) دوسرے کی مرضی پر منحصر؛ غیر اختیاری؛ غیر مستقل؛ خطرناک؛ جوکھم کا ۔

Ticklishly : (adv.) پیچیدگی کے ساتھ؛ دشواری کے ساتھ؛ نزاکت سے؛ زود رنجی سے ۔

Ticklishness : (n) (۱) گدگدی سے بہت جلد متاثر ہونا ۔ (۲) نازک مزاجی ؛ زود حسی ؛ زود رنجی ۔ (۳) نزاکت؛ پیچیدگی ۔

Tickly : (a) دیکھو Ticklish

Tid bit : (n) (۱) تر نوالہ : مزہ دار لقمہ؛ مزیدار کھانا ۔ (۲) (مجازاً) چٹپٹی خبر ؛ بے بنیاد خبر ۔ (۳) (جمع) اخبار، رسالے کا نام جو چٹپٹی خبر شائع کرتا ہے ۔

Tidal : (a) [f.Tide (n) +-al.] (۱) جوار بھاٹے کا؛ مدّوجزر کا؛ مدوجزری؛ (جغرافیہ) جواری ۔ (۲) (مجازاً)بڑی ترقی پذیر تحریک سے متعلق ۔ (۳) (عضویات) نبض کی اصلی یا ابتدائی تیز رفتاری سے متعلق ۔ (٤) (مجازاً) میعادی؛ موسمی؛ وقفہ دار؛ تغیر پذیر؛ بدلنے والا؛ متبادل ۔

Tidal air : (n) (عضویات) ہوائے دم؛ ہوا جو سانس لینے میں اندر اور باہر جاتی آتی ہے؛ ہوائے تنفس ۔

Tidal basin : (n) وہ بندرگاہ جہاں جوار بھاٹا پہنچتا ھے ۔

Tidal boat : (n) وہ کشتی یا اسٹیمر جس کا چلنا جوار بھاٹے کے وقت پر منحصر ھو ۔

Tidal clock : (n) مدّ و جزری گھڑی؛ وہ گھڑی جو پانی کے اُتار چڑھاؤ کے اوقات بتاتی ھے؛ دن کے کسی وقت کی مد و جزر کی کیفیت کو ظاھر کرتی ھے ۔

Tidal current : (n) مدّ و جزری رو ۔

Tidal day : (n) مدّ و جزر کا دن ۔

Tidal dock : (n) دیکھو Tidal basin

Tidal evolution : (n) (علم النجوم) مدّی ارتقاء؛ مدّ وجزری ارتقاء ۔

Tidal friction : (n) مزاحمت مدّو جزر؛ جس کی وجہ سے زمین کی روزانہ گردش میں رکاوٹ ھو ۔

Tidal harbour : (n) دیکھو Tidal basin

Tidal range : (n) (جغرافیہ) مدی وسعت ۔

Tidal river : (n) (جغرافیہ) مدو جزری دریا؛ جوارندی؛ جس میں مدوجزر کا اثر دہانے سے آگےتک پہنچتا ھے ۔

Tidal steamer : (n) دیکھو Tidal boat

Tidal train : (n) Tidal steamer سے رابطہ رکھنے والی ٹرین یا ریل گاڑی ۔

Tidal wave : (n) (۱) (علم النجوم) مدو جزری موج؛ مدوجزری لہر ۔ (۲) (غلط استعمال) سمندر کا غیر معمولی تموّج مثلاً وہ جو زلزلے کی طرف منسوب کیا جاتا ھے ۔ (۳) (مجازاً) سیلاب؛ طوفان (جذبات کا) ۔

Tidal-rode : (a) (بحری) مدوجزر سے چلنے والی (کشتی) ۔

Tidally : (adv.) مد و جزر کی طرح سے؛ مدّ و جزر کی وجہ سے ۔

Tiddler : (n) [Origin absc.] (۱) (برطانیہ) چھوٹی دریائی مچھلی کا بچکانہ نام؛ چھوٹی مچھلی؛ (عامیانہ) چار آدمیوں والی آبدوز جسے برطانیہ نے دوسری جنگ میں استعمال کیا تھا ۔ (۲) (برطانیہ) چھوٹا بچہ ۔ (۳) Tiddledy winks کھیل کا کھلاڑی ۔

Tiddley : (a) (برطانیہ) کسی قدر شراب پئے ھوئے ۔

Tiddley : (n) ایک قسم کی شراب ۔

Tiddly wink/Tiddledy- : (n) [Origin obsc.] (۱) Dominoes سے کھیلا جانے والا ایک کھیل ۔ (۲) (جمع میں) بچوں کا ایک قسم کا کھیل جس میں مہروں کو جو میز کے کنارے پر ھوتے ہیں چٹکی سے مار کر ایک طرف میں جو نیچے رکھا ھوتا ھے ڈالتے ہیں ۔ (۳) بےلائسنس کا شراب خانہ؛ شراب خانہ ۔

Tiddy : (n) (حیوانیات) یورپی پھدکی؛ ٹڈی ۔

Tide : (n) [OE. 'tid'.] (۱) (قدیم) وقت؛ موسم؛ اب صرف بعض مرکبات میں آتا ھے ۔ (۲) مد یا جزر؛ مدوجزر؛ جوار بھاٹا ۔ (۳) (مجازاً) ھوا کا رخ؛ رائے عامہ کا رجحان؛ زمانے کا رنگ ۔ (٤) (موسمیات) موسم ۔ (٥) (جغرافیہ) مدت؛ سیلاب (سیاسیات) زمانے کا رنگ ۔ (٦) گرجا کا سالانہ تہوار ۔ (۷) دو مد و جزر کا درمیانی عرصہ یا مدت ۔ (۸) (کان کنی) بارہ گھنٹے کی مدت ۔ (۹) نہر : جھرنا (عروض و شاعری میں) ۔ (۱۰) سمندر کا پانی؛ سمندر (خصوصاً جب مدو جزر اٹھا ھوا ھو (شاعری) ۔

Aerial tide : (موسمیات) ھوائی اتار چڑھاؤ ۔

Ebb-tide : جزر؛ بھاٹا ۔

Cross tide : متضاد مدوجزر ۔

Flood-tide : مد؛ جوار ۔

Flow tide : مد؛ جوار ۔

High tide : دیکھو High water

Lagging of the tides : (علم النجوم) ابطائے مدّ؛ مدو جزر کی وہ تاخیر جو اوسط وقت کے لحاظ سے چاند کے ربع اول و ثالث میں واقع ھوتی ھے؛ مد و جزر کا تاخّر ۔

Leeward tide : دیکھو Leeward

Low tide : جزر کامل ۔

Lunar tide : (علم النجوم) مدو جزر قمری ۔

Meteorological tide : (موسمیات) موسمی مدو

جزر، جو ہَوا وغیرہ کے باقاعدہ تغیرات سے ہوتا ہے ۔

Neap tide : (علم النجوم) مدوجزر اصغر؛ ساتویں اور اکیسویں تاریخ کا جب مدو جزر میں کم سے کم فصل ہوتا ہے ۔

Priming of the tides : سرعت مدوجزر؛ مدو جزر کے درمیانی وقفے کا کم ہونا، اسراع مدّ ۔

Solar tide : (علم النجوم) مدو جزر شمسی ۔

Spring tide : (علم النجوم) مدوجزر اعظم؛ پہلی اور چودھویں تاریخ کا ، جب کہ مدوجزر میں زیادہ سے زیادہ فصل ہوتا ہے ۔

Time and tide wait for no man : وقت اور جوار بھاٹا کسی کا انتظار نہیں کرتا ہے ۔

To work double tides : سخت محنت کرنا؛ دو وقتہ کام کرنا؛ دن رات کام کرنا ۔

Windward tide : ہَوا کا رخ ؛ وہ رخ جدھر سے ہَوا چلتی ہے یا جو ہَوا کا ہوتا ہے ۔

Tide : (v) [OE. 'tidan'.] واقع ہونا؛ پیش آنا؛ عارض ہونا ۔

Tide : (v) [f. Tide. (n)] (۱) مدّوجزر کے ساتھ بہنا: خصوصاً مد کے ساتھ؛ بندرگاہ میں پہنچنا یا جزر کے ساتھ وہاں سے نکلنا ۔ (۲) (مشکل) پر قابو پانا؛ غالب آنا: (رکاوٹ) دور کرنا۔ (۳) موجزن ہونا؛ موجیں مارنا ؛ تلاطم میں ہونا (دریا کا) ۔ (٤) مدو جزر میں بہنا ؛ (خصوصاً جہاز رانی میں) موافق مدوجزر سے فائدہ اٹھا کر جہاز چلانا اور لنگر انداز ہونا جب مدوجزر موافق نہ ہو ۔ (٥) (مجازاً) بہے جانا (جیسے مدو جزر میں) ۔ (٦) (مجازاً) مشکلات پر غلبہ پانا؛ مصائب پر غالب آنا ۔

Tide-boat : (n) مدوجزری کشتی؛ مدّوجزر کے سہارے چلنے والی کشتی ۔

Tide gate : (n) (۱) بند کا پھاٹک جو مدّ کے وقت کشتیوں کے گزرنے کے بعد پانی آنے کے لئے کھول دیا جاتا ہے اور جزر کے وقت بند کردیا جاتا ہے ۔ (۲) وہ مقام جہاں مدو جزر بہت تیز رفتاری کے ساتھ اٹھتا ہے ۔

Tide-gauge : (n) مدوجزر پیما جس سے مدوجزر کی انتہائی سطحیں اور موجودہ سطح معلوم ہوتی ہے ۔

Tide-line : (n) اثر مدوجزر؛ اثر سیل؛ نشان مدوجزر: نشان سیلاب ۔

Tide-lock : (n) اس بندرگاہ کا بند جس میں مدوجزر آتا ہو ۔

Tide - mark : (n) دیکھو Tide line

Tide - mill : (n) (۱) پن چکی جو مدو جزری رو سے چلائی جاتی ہے ۔ (۲) زمینوں کو سیلابی پانی سے صاف کرنے کی پن چکی ۔

Tide - race : (n) مدوجزر کی تیز لہر ۔

Tide - raising force : (n) قوت مدّ افراز ۔

Tide - rip : (n) (۱) تلاطم جو مخالف موجوں کے ٹکرانے سے پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) تیز مدو جزری رو ۔

Tide-river : (n) دیکھو Tidal river

Tide-surveyor : (n) چنگی کا بڑا افسر جو چھوٹے افسروں کی نگرانی کرتا ہے ۔

Tide-table : (n) وہ جدول جس سے ارتفاع مدوجزر جو سال میں دن اور رات کے مختلف اوقات میں ہوتے ہیں معلوم ہوتا ہے؛ مدوجزری جدول ۔

Tide-waiter : (n) (۱) چنگی افسر جو جہاز کے بندرگاہ میں داخل ہوتے ہی اس پر پہنچ جاتا ہے اور جہاز سے اتارے جانے والے سامانوں کی نگرانی کرتا ہے؛ (جہاز کا) کوئی چنگی انسپکٹر ۔ (۲) (مجازاً) فرصت طلب؛ وہ شخص جو فرصت غنیمت کے انتظار میں رہتا ہے ۔

Tide-water : (n) (۱) (جغرافیہ) آب ساحل؛ سیلاب کا پانی؛ مدوجزر کا پانی ۔ (۲) (مجازاً) ساحل؛ خطِ ساحلی ۔

Tide-wave : (n) تموّج؛ مدوجزر کی لہر ۔

Tide-wheel : (n) وہ پن چکی جو مدوجزر سے چلتی ہو ۔

Tideless : (a) (۱) بے مدوجزر ۔ (۲) بے فصل؛ بے موقع ۔

Tidelessness : (n) بے مدوجزر ہونا ۔

Tideling/-lynge : Tidling کا متبادل ۔

Tidesman : (n) وہ شخص جس کا کام مدو جزر پر منحصر ہو ۔

Tideway : (n) (۱) گزرگاہ مدوجزر؛ دریا وغیرہ کا وہ حصہ جہاں جوار بھاٹا آتا ہو؛ راہ مد و جزر ۔ (۲) اس حصے میں پانی کا مد و جزر ۔ (۳) تیز لہر جو گزرگاہ مدو جزر میں ہو ۔

Tidily : (adv.) صاف ستھرے طور پر ؛ آراستہ و پیراستہ؛ سلیقے سے؛ پاکیزگی کے ساتھ۔

Tidiness : (n) سلیقہ مندی ؛ پاکیزگی؛ ستھرائی؛ ستھراپن ۔

Tiding : (n) [late OE. 'tiding'.] (اب صرف ادبی زبان میں استعمال ہوتا ہے کبھی واحد کبھی جمع کے طور پر) خبر، اخبار؛ اطلاع؛ رپورٹ ۔

Good tidings : مژدہ؛ بشارت ۔

Tidling/Tiddling : (n) (اب بول چال) خاص خبرداری کےساتھ پالا ہوا بچہ یا جانور ۔

Tidology : (n) (علم النجوم) علم مدوجزر؛ مد و جزریّات ۔

Tidy : (a) [ME. f. 'tid'.] (۱) اچھی حالت میں؛ صاف؛ سُتھرا؛ آراستہ؛ شُستہ؛ سلیقے سے آراستہ کیا ہوا (کمرہ، مکان وغیرہ) ۔ (۲) موٹا؛ صحت مند؛ بھلا چنگا؛ تندرست ۔ (۳) جس کی طبیعت میں صفائی ہو؛ سلیقے کا؛ پاکیزہ؛ صاف ستھرا ۔ (٤) (بول چال) معقول : بڑا : اچھا خاصا ۔ (٥) اچھا؛ عمدہ؛ خوبصورت ۔

Tidy : (n) (۱) کرسی کی پشت کی آرائشی گدّی جو الگ ہو سکتی ہے ۔ (۲) کوئی ظرف جس میں گری پڑی چیز ڈال دی جائے ۔

Street tidy : سڑک کا کوڑے دان ۔

Tidy : (adv.) دیکھو Tidily

Tidy : (v) (۱) منظم کرنا؛ آراستہ کرنا؛ مرتب کرنا ؛ درست کرنا؛ سجانا؛ آراستہ کرنا؛ خوبصورت بنانا؛ صاف ستھرے طور پر سجانا؛ صاف ستھرا کرنا ؛ اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا ۔ (۲) ترتیب سے رکھنا ۔

Tie : (n) [OE. 'teah'.] (۱) رسی؛ ڈوری؛ زنجیر؛ بندھن وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے : گرہ ۔ (۲) نکتائی؛ ٹائی ۔ (۳) چھوٹا سا سمور کا گلوبند (عورتوں کےلئے) ۔ (٤) (تعمیرات) بندھن؛ بند؛ (سماجیات) رشتہ؛ رابطہ؛ لگاؤ ۔ (٥) (کھیل کودمیں) مساوات؛ برابری؛ کسی کھیل میں دو یا زیادہ حریفوں کا اسکور برابر رہنا ۔ (٦) کڑی، ڈنڈا وغیرہ جو عمارت یا مشین وغیرہ کے حصوں کو ملائے رکھتا ہے؛ سہارا ۔ (۷) ریل کا سلیپر ۔ (۸) (موسیقی) نشان ربط جو دوسروں کے درمیان لگایا جائے ۔ (۹) (ٹورنامنٹ وغیرہ میں) دو شخصوں یا ٹیموں کا مقابلہ؛ میچ ۔ (۱۰) (بحری) رسّا یا زنجیر؛ مستقل زنجیردار لنگر جو ساحل کے قریب ہوتا ہے ۔ (۱۱) جوتے کی ایک قسم جسے فیتے سےباندھا جائے ۔ (۱۲) کوئی چیز جو دو چیزوں کو ملاتی ہو : رشتہء اتحاد۔ (۱۳) فیصلہ کن میچ جو برابر رہ جانے کے بعد کھیلا جائے ۔ (۱٤) دوڑ میں برابری۔

Cup-tie : مقابلہ (کھیل میں) جو کپ جیتنے کے لئے ہو ۔

Educational ties : اتحاد تعلیمی ۔

Political ties : سیاسی اتحاد؛ گٹھ جوڑ ۔

To play off a tie/To shoot of- : مزید کھیل جو اسکور برابر ہونے کی صورت میں فیصلے کے لئے کھیلا جائے ۔

Tie : (v) [OE. 'tizan'.] (۱) باندھنا (رسّی، ستلی وغیرہ سے)؛ (کسی چیز کا ایک ساتھ) باندھنا ۔ (۲) (جوتے کے تسمے) باندھنا؛ (کنٹوپ کے) بند باندھنا ۔ (۳) (گلے میں) ٹائی باندھنا ۔ (٤) (گرہ) باندھنا؛ لگانا ۔ (٥) (کڑیوں وغیرہ کو) آڑی دھنی لگا کر مضبوط کرنا؛ سہارے کی دھنی لگانا ۔ (٦) جکڑ دینا؛ پابند کر دینا (شرائط یا کسی کام کا) ؛ باندھ دینا ۔ (۷) (موسیقی) سُروں کو نشان ربط کے ذریعے ملانا ۔ (۸) کھیل میں کسی دوسرے کے برابر اسکور کرنا؛ اسکور میں برابر ہونا ۔ (۹) حد سے تجاوز نہ کرنے دینا؛ حدود میں‌رکھنا؛ (کسی چیز سے باندھ کر) مقید کرنا (آدمی یا جانور کا) ۔ (۱۰) (جراحی) (شریان یا رگ کو) پٹی سے باندھنا یا دبانا (تاکہ اس سےخون نہ بہے) ۔ (۱۱) ایک دوسرے کےساتھ جوڑنا؛ ملانا ۔ (۱۲) آزاد حرکت یا کام کو روکنا؛ آزادانہ یا بلا روک ٹوک کام کرنے کو روکنا ۔ (۱۳) ریلوے لائن کو ریلوے سلیپر سے درست کرنا ۔ (۱٤) (مجازاً) مضبوطی سے جوڑنا، ملانا خصوصاً شادی کرنا؛ رشتہء ازدواج میں منسلک کرنا یا ہونا ۔ (۱٥) (بول چال) کسی کے ساتھ لگ جانا یا وابستہ ہو جانا ۔ (۱٦) پابندی عائد کر دینا ۔

Tie-knot : (n) (۱) گرہ جس سے کوئی چیز کَسی جائے ۔ (۲) نکٹائی کی گرہ ۔

Tie-maker : (n) (۱) نکٹائی بنانے والا ۔ (۲) اعتماد قائم کرنے والا؛ دوستی پیدا کرنے والا ۔

Tie-pin : (n) مرصّع نکٹائی پن؛ ٹائی میں لگانے کا پن ۔

Tie-post : (n) کھمبا جس سے گھوڑے وغیرہ کو باندھا جائے ۔

Tie-rod : (n) (تعمیرات) بندھن سلاخ ۔

Tie-string : (n) کوئی چیز باندھنے کی تانت؛ باندھنے کی ڈوری؛ رسی ۔

Tie up : (v) (۱) ڈوری؛ طناب سے باندھنا؛ لپیٹنا ۔ (۲) مقید کرنا : حبس کرنا (آدمی یا جانور کو)۔ (۳) (مجازاً) روک دینا (کسی کام وغیرہ سے) ۔ (٤) مشروط کر دینا، خصوصاً کسی وصیت کے ساتھ ایسی شرط لگانا کہ مال متروکہ بیع نہ ہو سکے یا ایک خاص مصرف کے سوا کسی اور میں نہ آسکے ۔ (۵) (کشتی یا جہاز کو) لنگرگاہ سے باندھنا ۔ (٦) روپیا لگانا (تجارت وغیرہ میں) ؛ (روپے یا جائداد کو) اس طرح رکھنا کہ ضائع ہونے سے محفوظ رہے ۔ (۷) (عامیانہ) شادی کرنا ۔ (۸) کسی کے ساتھ اپنے آپ کو متعلق کرنا؛ ساتھی بنانا؛ رفیق بنانا (اپنے آپ کو) (امریکا) ۔ (۹) متفق ہونا؛ قریب ہونا (کسی سے) ۔ (۱۰) (مجازاً) باندھنا؛ روکنا یا سختی سے مقید کرنا؛ کسی خاص طرح سے کام کرنے کا پابند کرنا ۔

Tie-up : (n) (۱) تعلق؛ رشتہ؛ رشتہ داری ۔ (۲) کام رک جانا؛ (خصوصاً امریکا) ریل کے ملازمین کی ہڑتال ۔ (۳) تعطیل ۔ (٤) اعتصاب ۔ (۵) ناکابندی ۔

Tie-vote : (n) (۱) ووٹ جس کا نتیجہ برابر ہو ۔ (۲) (سیاسیات) مساوی رائے ۔

Tie-wig : (n) مصنوعی بال جو فیتے سے پیچھے باندھ لئے جاتے ہیں ۔

Tie-wire : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) بندھن تار ۔

Tied : (a) مقید؛ محدود؛ مرتبط؛ متّصل ۔

Tied cottage : (n) ملازم کے رہنے کا مکان جو مالک کی دیکھ ریکھ میں ہو ۔

Ride and tie : دیکھو Ride (v)

Tied to a woman's apron - strings : دیکھو Apron- string

To be tied to (or/for) time : کوئی کام کرنے کے لئے وقت کاپابند ہونا ۔

To tie a can to : (عامیانہ) چھٹکارا پانا ۔

To tie a fly : مچھلی کے کانٹے کی شکل ایسی بنا دینا کہ چارہ معلوم ہو ۔

To tie by the leg : بیڑی ڈالنا؛ پا بہ زنجیر کرنا؛ حائل ہونا ۔

To tie one on : (عامیانہ) شراب پئے ہونا ۔

To tie person's tongue : خاموش کردینا؛ زبان بند کر دینا؛ بولنے نہ دینا ۔

To tie the hands of : آزادانہ کام کرنے سے روک دینا؛ آزادی عمل سے محروم کردینا ۔

To tie the knot : شادی کی تقریب انجام دینا؛ شادی کرنا ۔

Tie - : سابقہ بمعنی "بندھن" ۔

Tie- bar : (n) (تعمیرات) بندھن سلاخ ۔

Tie - beam : (n) (تعمیرات) تیربند؛ بندھن شہتیر؛ کڑیوں کو ملانے والی سہارے کی دھنی ۔

Tie - block : (n) (بحری) وہ کندہ جس میں زنجیر کو باندھ دیتے ہیں ۔

Tie-bolt : (n) کسی ساخت کے مشتمل حصے کو ملانے والا بولٹ (چٹخنی)۔

Tie down : (v) (۱) باندھ کر مقید کرلینا ۔ (۲) (مجازاً) سختی سے محدود کر دینا (کسی چیز یا عمل سے)۔

Tie in : (v) وصل کرنا؛ ملانا؛ ربط پیدا کرنا؛ جوڑنا؛ قریب ہونا؛ متفق ہونا ۔

Tie - in : (n) (۱) ربط؛ جوڑ؛ ملاپ ۔ (۲) وہ چیز جو جوڑی جائے ۔ (۳) خُردہ فروش کا اشتہار جو پاس ہی رکھا ہو ۔ (٤) مختلف قسم کے اشتہار ۔

Tied house : (n) (۱) کاروباری مکان جہاں معاہدہ کی رو سے کسی مخصوص فرم سے خریداری ہوتی ہو، خاص کر شراب خانہ ۔ (۲) دیکھو Tied cottage ۔

Tienda : (n) [Sp. 'tent'.] (۱) دُکان؛ وہ جگہ جہاں اسباب فروخت رکھے ہوں ۔ (۲) اسٹور ۔

Tier : (n) [Fr. 'tire'.] (۱) قطار؛ صف؛ خصوصاً تھیٹر میں نشستوں کی ان قطاروں میں سے کوئی قطار جو تدریجاً بلند ہوتی جاتی ہیں ۔ (۲) حلقہ؛ مقام؛ دائرہ؛ رقبہ؛ حدود ۔ (۳) جنگی جہاز یا قلعے میں بندوقوں کی قطار ۔ (٤) آرگن باجے میں پائپ کی قطار جو ایک اسٹاپ سے کنٹرول ہوتی ہے ۔ (٥) (مجازاً) طبقہ؛ رتبہ؛ عہدہ؛ درجہ ۔ (٦) (بحری) جہازوں کی قطار جو ایک خاص جگہ پر لنگرانداز ہو؛ لنگرانداز ہونے کی جگہ جہاں جہازقطار میں کھڑے ہوں ۔

Tier : (v) قطار در قطار رکھنا؛ کھڑا کرنا ۔

Tier/Tyer : (n) [f. Tie. (v)+-er] (۱) باندھنے والا؛ خصوصاً وہ شخص جو کوئی چیز باندھنے کے لئے ملازم ہو ۔ (۲) روك؛ بند؛ بندھن ۔ (۳) (امریکا) بالا پوش؛ بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنا دیا جاتا ہے ۔

Tierce : (n) [OFr 'terce'.] (۱) شراب کا چھوٹا پیپا جس میں ٤٢ گیلن شراب آتی ہے؛ اس طرح کا پیپا جو دوسری کھانے پینے کی چیزوں کے پیمانے کا کام دیتا ہے ۔ (۲) (موسیقی) کسی سُر اور اس کے بعد کے سُر کے درمیان کا فاصلہ یا ان دونوں کا میل ۔ (۳) (تاش) ٹکڑی؛ تین مسلسل پتوں کا جوڑ ۔ (٤) (شمشیرزنی) تیسرا پینترا بچاؤ یا وار کا ۔ (٥) گرجا کے اوقات کا تیسرا گھنٹہ (نو بجے دن)؛ نو بجے دن کی عبادت ۔

Tierce : (a) [Fr.] (نقابت) تین مساوی حصوں میں تقسیم شدہ ۔

Tierce major : (n) (تاش) تین سب سے اونچے نمبر والےپتّوں کے جوڑ ۔

Tierce minor : (n) (تاش) تین سب سے کم نمبر والےپتّوں کے جوڑ (مثلاً سات، آٹھ اور نو) ۔

Tierced : (a) دیکھو Tierce (a)

Tiercel/Tercel/Tassel : (n) نَر باز ۔

Tierceron : (n) [Fr. f. 'tiers'.] ضمنی اِحرام ۔

Tierra : (n) (جغرافیہ) تبّریہ؛ برّی منطقہ ۔

Tierra templada : (n) (جغرافیہ) وسطی بّریہ (امریکا) ۔

Tierras : (n) [Sp., Pl. of 'tierra'.] (معدنیات) خاك آلود دھات ۔

Tiers etat : (n) [Fr.] ایک تیسری جماعت حکمراں؛ خاص کر عوام کی جماعت یا اُن کے نمائندگان فرانس کی قومی اسمبلی میں انقلاب (فرانس سے) قبل ۔

Tiers of cable : (n) رسے یا تار کے لچھے کے پینچ ۔

Ties : (n) (کھیل کود) جوڑ ۔

Tiff : (n) [Origin obsc.] (۱) (بول چال) خفگی ۔ (۲) تکرار؛ معمولی جھگڑا؛ کبھی کبھی سخت اور بڑے جھگڑے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Tiff : (n) [Origin obsc.] (عامیانہ) (شاذ) شراب کا گھونٹ؛ چسکی؛ جُرعہ ۔

Tiff : (v) (بول چال، عامیانہ) (شاذ) شراب پینا؛ خصوصاً آہستہ آہستہ پینا؛ شراب کی چُسکی لینا ۔

Tiff : (v) خفا ہو جانا؛ تکرار کرنا ۔

Tiff : (v) [app. back-formation from or abbrev. of 'tiffing'.] (ہندوستان) ٹفن کھانا؛ لنچ کھانا؛ دوپہر کا ہلکا کھانا ۔

Tiffany : (n) [OFr. 'tifinie.'] (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا؛ ایک قسم کی چھدری ململ؛ ایک تاری ململ؛ کچی ململ ۔ (۲) اس کپڑے سے بنی ہوئی چیز؛ چھلنی ۔

Tiffany : (a) (مجازاً) سطحی؛ جھرجھرا؛ نازك؛ کمزور ۔

Tiffin : (n) [app. f. 'tiffing'.] (اینگلو انڈین) (ہندوستان اور پڑوسی مشرقی ممالك میں) ٹِفن؛ لنچ : دوپہر کا ہلکا کھانا ۔

Tiffin : (v) ٹِفن کھانا؛ لنچ کھانا؛ دوپہر کا ہلکا کھانا کھانا ۔

Tift : (n) [app. var. of Tiff.] (بول چال) خفگی؛ تکرار؛ معمولی جھگڑا ۔

Tig : (n) (۱) لمس؛ آہستہ آہستہ تھپکی ۔ (۲) ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Tig : (v) ٹگ کے کھیل میں چھونا؛ آہستہ آہستہ تھپتھپانا ۔

Tige : (n) [L. 'tibia'.] (۱) (عمارت) ساق ستون؛ (نباتات) تنا؛ ساق۔

Tigellate : (a) ساقہ دار۔

Tigelle/Tigel : (n) [L. form 'tigella'.] (نباتیات) ساقہ؛ ڈالی۔

Tigellus : (n) (نباتیات) میان گرہ• ساق؛ تنے کی پوری۔

Tiger : (n) [OFr. 'tiger'.] (۱) شیر؛ باگھ۔ (۲) ظالم؛ سنگ دل؛ قابوچی۔ (۳) سائیس (جو ہلکی گاڑی، فٹن وغیرہ میں آقا کے ساتھ بیٹھتا ھے)۔ (٤)(امریکا) نعرہ جو کسی کی تعریف میں تین بار تالیاں بجانے کے بعد بلند کیا جائے۔ (٥) بلاّ یا تاج وغیرہ کے لئے استعمال کیا جاتا ھے (جو تانیگر کی شکل کا ھو)۔ (٦) (امریکا) تمانی تنظیم یا سوسائٹی۔ (۷) (عامیانہ) بیرونی نوکر: ملازم۔ (۸) (امریکا، عامیانہ) چیخ: کوک۔ (۹) اسی جنس کے دوسرے جانور کو بھی کہتے ہیں۔

American tiger : (حیوانیات) جَغور؛ نمرا امریکا؛ تیندوے کی قسم کا بڑا گل دار جانور۔

Bengal tiger : بنگال کا شیر: باگھ۔

Clouded tiger/Marbled-/Tortoiseshell- : بَن بلاؤ کی مختلف قسمیں۔

Red tiger : تیندوے کی قسم کا امریکی جانور۔

Sabre-toothed tiger : دیکھو Sabre

Tasmanian or native tiger : تسمانیہ کا دھاری دار بھیڑیا؛ زیبرا بھیڑیا۔

The tiger : فرانسیسی مدبر کلیمانسو کا لقب۔

Tiger-beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کےپروں پر چتیاں یا دھاریاں ھوتی ہیں اور جو کیڑوں کا شکار کرتا ھے۔

Tiger-bird : (n) (۱) شمالی امریکا کا چڑھن ہار ریش دار پرند۔ (۲) (شمالی امریکا کا) بگلے کی قسم کا پرندہ۔

Tiger-bittern : (n) شمالی امریکا کا Tigrosome جنس کے بگلے کی قسم کا پرندہ۔

Tiger-cat : (n) بَن بلاؤ؛ گربہ• وحشی؛ بلی کے خاندان کا کوئی جانور جو شیر سے مشابہ ھو، مثلاً بن بلاؤ۔

Tiger-eye : (n) عین الاسد؛ ایک قسم کا نہایت چمکدار قیمتی پتھر۔

Tiger flower : (n) Tigridia جنس کا کوئی پودا۔

Tiger-foot : (n) ایک قسم کا پیچاں پودا۔

Tiger-frog : (n) بڑا مینڈک۔

Tiger-grass (palm) : (n) (مغربی ہندوستان اور ایران کا) چھوٹا کھجور کا درخت۔

Tiger-lily : (n) (نباتیات) چتی دار سوسن؛ ایک قسم کی باغاتی سوسن جس کا پھول مدھم نارنجی رنگ کا ھوتا ھے اور اس پر سیاہ یا ارغوانی چیتیاں ھوتی ہیں۔

Tiger-moth : (n) (حیوانیات) دھاری دار پتنگا؛ ایک قسم کا پتنگا جس کے پر روئیں دار ھوتے ہیں اور ان پر دھاریاں پڑی ھوتی ہیں۔

Tiger nut : (n) (نباتیات) حب العزیز: زلَم۔

Tiger-shark : (n) (گرم سمندروں کا) پیتو قسم کا گھڑیال۔

Tiger-ware : (n) ایک قسم کا پتھر کا قدیم انگریزی برتن۔

Tiger-wolf : (n) شیر چرخ: چتی دار چرخ؛ تسمانیہ کا زیبرا بھیڑیا؛ دھاری دار بھیڑیا۔

Tiger-wood : (n) فرنیچر بنانے کی لکڑی جو برٹش گائنا سے آتی ھے۔

Tigerish : (a) [f. Tiger +- Ish] شیر کاسا؛ شیر کی طرح خونخوار؛ سنگدل؛ ظالم؛ درندہ خو؛ شیر صفت۔

Tigerishly : (adv.) درندہ صفتی سے؛ سنگدلی کے ساتھ؛ خونخواری سے۔

Tigerishness : (n) درندہ صفتی؛ سنگدلی؛ خونخواری۔

Tigerism : (n) قابوچی پن۔

Tigerkin : (n) چھوٹا شیر۔

Tigerlike : (n) شیر نما؛ باگھ جیسا۔

Tiger's eye : (n) (معدنیات) عین الاسد؛ ایک قسم کا نہایت چمکدار قیمتی پتھر ۔

Tiger's foot : (n) ایک قسم کا پیچاں پودا ۔

Tiger's horn/-tooth : (n) (حیوانیات) حلزونیہ ۔

Tiger's mouth : (n) ایک قسم کا اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتے ہیں ۔

Tight : (a) [early ON 'thehtr'.] (۱) تنگ؛ محکم؛ پیوستہ ۔ (۲) گتھا ہوا؛ مضبوط ۔ (۳) (مرکب الفاظ میں) محفوظ (Air tight) ۔ (٤) کسا ہوا (کاگ وغیرہ) ؛ تنگ (جوتا) ؛ تنگ (لباس) ۔ (٥) خوش قطع؛ سڈول؛ سخت؛ کڑا؛ متشدد ۔ (٦) تنی ہوئی (رسّی وغیرہ) ۔ (۷) (بول چال) نشے میں ؛ پئے ہوئے؛ مست ۔ (۸) زور کا؛ جس میں طاقت صرف ہو ۔ (۹) آراستہ ؛ سنورا ہوا ۔ (۱۰) خسیس؛ کساد؛ کاسد ۔ (۱۱) سالم؛ بے عیب؛ درست ۔ (۱۲)غیر قابل نفوذ؛ قائم ۔ (۱۳) (جہاز) پن روک ؛ جس میں پانی اثر نہ کرے ۔ (١٤) (مجازاً) (شخص) لائق؛ ماہر؛ ہوشیار؛ چابک دست ؛ سلیقہ مند ؛ چاق و چوبند ۔ (١٥) کم ؛ دیریاب ۔ (١٦) آرام دہ ؛ آرام کا ۔ (۱۷) (امریکا)کم نفع ۔ (۱۸) (مجازاً) وفادار؛ راسخ؛ مستقل ۔ (۱۹) (زبان) بلیغ؛ مختصر اور جامع ۔ (۲۰) (عامیانہ) محدود ۔

Air-tight : ہَوا روک؛ (طبیعیات) ہوابند ۔

A tight money place : کسا ہوا صرافہ جس میں زر پیا کمیاب ہو ۔

A tight squeeze : زور کا داب؛ تنگ ۔

Am in a tight market : (مجازاً) مخمصےمیں؛ مشکل میں ۔

Money is tight : روپیا کم یاب ہے ۔

Water-tight : آب بند؛ پانی روک ۔

Tight : (adv.) (۱) مضبوطی سے؛ زور سے؛ کس کر؛ بھیچ کر ۔ (۲) پورے طور سے؛ اچھی طرح سے؛ سختی سے؛ پورے اہتمام کے ساتھ ۔ (۳) تنگی سے؛ محکم طور پر؛ بے خدشہ ؛ بے کھٹکے؛ حفاظت سے ۔ (٤) کشاکش کے ساتھ ۔

To sit tight : (۱) سختی سے اپنی حالت پر قرار رکھنا؛ اصلی حالت میں ہونا ۔ (۲) قریب بیٹھنا ۔ (۳) (بول چال) چھپے رہنا؛ پوشیدہ رہنا ۔

Tight barrel /-cask : (n) مائع روک؛ سیال روک ۔

Tight cooper : (n) کپی بنانے والا جو سیال چیز کے لئے پیپا بناتا ہے ۔

Tight coupling : (n) (ریڈیو) چست جُفتہ ۔

Tight-fisted : (a) کنجوس؛ خرچ کرنے میں محتاط ۔

Tight fitting : (a) چُست ۔

Tight-laced : (a) (۱) فیتے سے مضبوط کیا ہوا؛ مضبوطی سے باندھا ہوا؛ مضبوط فیتہ بند ۔ (۲) (مجازاً) سخت محتاط؛ سختی سے قانون کی پابندی کرنے والا ۔

Tight lacing : (n) مضبوطی سے فیتہ بندی کرنا ۔

Tight rope/Tight - rope : (n) تنی ہوئی رسی جس پر نٹ ناچتے ہیں ؛ طناب بند بازی ۔

Tight squeeze : (n) تنگ راستہ؛ دشوار مرحلہ؛ کوئی کام جسے کرنے میں دشواری پیش آئے ۔

Tight wad/Tight -wad : (n) (عامیانہ) (امریکا) کنجوس آدمی؛ محتاط طور پر خرچ کرنے والا شخص ۔

Tighten : (v) [f. Tight (a). + EN.] (۱) کسنا؛ بھینچنا؛ تاننا؛ کَس جانا؛ تن جانا ۔ (۲) محکم کرنا؛ مضبوط کرنا؛ محکم ہونا؛ سخت ہونا؛ سخت بنانا؛ مستحکم کرنا؛ محفوظ کرنا ۔ (۳) کم کرنا؛ مختصر کرنا ۔

To tighten one's belt : (۱) (مزاقاً) بھوکا رکھنا ۔ (۲) خوراک کم کرنا؛ اخراجات کم کرنا ۔

Tightener : (n) (۱) کسنے والا ۔ (۲) کسنے کا آلہ ۔

Tightish : (a) (۱) چست؛ تنگ ۔ (۲) کچھ مشکل ۔

Tightly : (adv.) (۱) کس کر؛ تان کر؛ بھینچ کر ۔ (۲) کسا ہوا؛ تنا ہوا؛ گتھا ہوا ۔ (۳) مضبوطی سے؛ زور سے؛ مستحکم طور پر؛ قوت سے؛ طاقت کے ساتھ ۔ (٤) اچھے طریقے سے؛ مناسب طور پر؛ موزوں طور سے ۔ (٥) تنگی سے؛ سختی سے؛ قریب سے؛ دباؤ کے ساتھ ۔ (٦) صفائی سے آراستگی سے (شاذ) ۔

Tightness : (n) سختی؛ مضبوطی؛ استحکام؛ تناؤ؛ کسا ہوا ہونا ؛ بازار کا نادار ہونا ۔

Tights : (n) (۱) چست برجِس (جو اٹھارھویں اور اوائل انیسویں صدی میں پہنتے تھے) ۔ (۲) تنگ لباس(رقاصہ وغیرہ کے پہننے کا) ۔ (۳) عورتوں کا لباسِ زیریں ۔

Tiglate : (n) کروٹون تیل کے ایسڈ کا نمک ۔

Tiglic : (a) [f. mod. L. 'Tiglium'.] کروٹون تیل سے نکالا ہوا (ایک مادہ) ۔

Tiglic acid : (n) - ($CH_3 = C(CH_3)\ COOH$) کروٹون تیل کاایسڈ

Tigress : (n) [f. Tiger + Ess.] (۱) شیرنی ۔ (۲) (مجازاً) شیر صفت عورت؛ خونخوار عورت؛ آتش مزاج : غضب ناک (عورت) ۔

Tigrine : (a) [L. 'tigrinus'.] شیر کا؛ شیر کی طرح؛ (خصوصاً نشان لگانے اور رنگنے میں) (جانوروں کے مخصوص ناموں میں) ۔

Tigris : (n) (جغرافیہ) دجلہ (دریا) ۔

Tigroid : (a) شیر نما (خصوصاً دھاری دار) ۔

Tigurine : (a) [L. 'Tigurinus'.] زورنجی (قدیم Helvetia کے ضلع سے متعلق) ۔

Tigurine : (n) زورنج کا باشندہ؛ سوئٹزرلینڈ کے مذہبی مصلح زولنگی کا پیرو اور معتقد ۔

Tike : (۱) لینڈی کتا؛ دو نسلی کتا؛ ادنیٰ کتا؛ مجہول النسل کتا ۔ (۲) (مجازاً) مجہول النسل : کاہل؛ کمینہ؛ غیر مہذب؛ اکھڑ؛ سنکی؛ خبطی؛ بد تمیز؛ بد اطوار؛ گنوار؛ دہقان ؛ اُجڈ شخص ۔ (۳) Yorkshire کے باشندے کا عرفی نام : پکارو نام ۔ (٤) چھوٹا بچہ (از راہِ ترحم) ۔

Til : (n) [Hindi.] (ہندوستان) تِل کا پودا؛ تِل؛ درخت کنجد ۔

Til : (n) [Native name in Madeira'.] (۱) ایک قسم کا سدا بہار درخت ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Til-oil : (n) روغن کنجد؛ تِل کا تیل ۔

Tilbury : (n) [f. 'Tilbury,' name of the inventor] (۱) انیسویں صدی کے ربع اول میں استعمال ہونے والی دو پہیے کی گاڑی ۔ (۲) ایک ہلکی گاڑی ۔

Tilde : (n) [L. 'titulus'.] ہسپانوی حرف 'n' کے اوپر علامت نشان '~' ؛ حرف 'n' میں ملا کر نون کی آواز کو یائے معروف کے ساتھ ملا کر ادا کرنے کا نشان (اسپینی زبان میں) مثلاً سینور Señor= صاحب؛ جناب ۔

Tile : (n) [OE. 'tigele'.] (۱) چکنی مٹی کا کھپرا؛ ٹائل (جو فرش، چھت، آتش دان وغیرہ میں لگاتے ہیں) ؛ سفال ۔ (۲) دیکھو 'Pantile' ۔ (۳) (بول چال) ریشمی ہیٹ؛ ہیٹ ۔

Dutch tile : ولندیزی ٹائل جس پر عموماً نیلا روغن ہوتا ہے اور بائبل کی کہانیوں کی تصویریں بنی ہوتی ہیں ۔

Plain tile : چپٹا کھپرا؛ چھت کے لئے جس کا سائز $\frac{1}{2}$٦" × $\frac{1}{2}$ ١٠" انچ ہوتا ہے ۔

To have a title loose : (عامیانہ) تھوڑا پاگل ہونا؛ کچھ مجنوں ہونا؛ خبطی ہونا؛ دیوانہ ہونا ۔

Tile : (v) (۱) کھپڑے سے چھانا؛ کھپریل ڈالنا (چھت پر) ؛ ٹائل لگانا (فرش وغیرہ میں) ۔ (۲) (فری میسن) دربان (tiler) کو دروازے پر کھڑا کرنا کہ غیر آدمی اندر نہ آنے پائے ۔ (۳) رازداری کا حلف لینا ۔ (٤) (کسی جلسے کی کاروائی یا روداد کو) سختی سے پوشیدہ رکھنا ۔

Tile - drain : (n) ٹائل سے بنائی گئی نالی ۔

Tile - drain : (v) (کھیت وغیرہ) ٹائل کی مدد سے پانی پہنچانا؛ ٹائل سے بنی نالی کے ذریعے پانی (کھیت وغیرہ میں) پہنچانا ۔

Tile-earth : (n) خاک سفال؛ کھپریل بنانے کی مٹی؛ ٹائل بنانے کی مٹی ۔

Tile-fish : (n) Lopholatilus جنس کی ایک مچھلی ۔

Tile-hat : (n) اونچا ریشمی ہیٹ ۔

Tile in : (v) آس پاس ٹائل لگانا ۔

Tile kiln : (n) بھٹی جس میں کھپریل پکائی جاتی ہے ۔

Tile-ore : (n) سُرخی مائل تانبے کی دھات ۔

Tile-pin : (n) میخ سفال؛ لکڑی کی کیل جو ٹائل جوڑنے میں کام آتی ہے ۔

Tile-pipe : (n) سیمنٹ کی بنی ہوئی پائپ جو نالی بنانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Tile-red : (n) ٹائل نما لال رنگ ۔

Tile-tea : (n) سفوف چائے یا چوُر چائے کی معمولی قسم ۔

Tile-yard : (n) احاطہ جہاں ٹائل بنتے ہیں ۔

Tiled : (a) کھپریل ڈالا ہوا؛ ٹائل والا ۔

Tiler : (n) (۱) کھپریل چھانے والا؛ چھت میں ٹائل لگانے والا ۔ (۲) ٹائل بنانے والا ۔ (۳) (فری میسن) (عموماً Tyler) دربان جو جلسہ یا لاج کے راز کو ظاہر نہیں ہونے دیتا؛ لاج کا دربان ۔

Tilery : (n) وہ جگہ جہاں ٹائل بنائے جاتے ہیں؛ سفال خانہ؛ کھپریل بنانے کا کارخانہ یا کھپریل پکانے کی بھٹی ۔

Tilestone : (n) [OE. 'tizelstan'.] ایک قسم کا فرش بنانے کی سل جسے چیر کر کھپرے بنالیتے ہیں؛ خصوصاً رتیلے پتھر کی قسم ۔

Tilia : (n) (نباتیات) جنس لنڈن؛ ٹلیا ۔

Tiliaceous : (n) [L. 'tiliaceous'.] جنس لنڈن کا یا اس سے متعلق ۔

Tiling : (n) (۱) ٹائل لگانا؛ کھپریل ڈالنا ۔ (۲) کھپریل؛ ٹائل کا فرش ۔ (۳) سفال سازی ؛ کھپریل بنانا ۔ (٤) ٹائل لگانے کی وضع ۔ (٥) (فری میسن) لاج کی حفاظت؛ لاج کی دیکھ بھال ۔

Till : (n) [Origin obsc.] (خصوصاً) ڈراور؛ دراز؛ (معاشیات) گلاّ؛ دکان میں روپیہ رکھنے کی دراز جو غلک تختے میں ہوتی ہے؛ غلک؛ گولک ۔

Automatic till : خود کار گولک ۔

Till : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاتستان) (ارضیات) صخرہ؛ (معدنیات) صخرہ مٹی؛ برفانی چٹانوں کی مٹی کی تہ جس میں پتھر کے چکنے، ڈھیلے ریت وغیرہ ملی ہوتی ہے ۔ (۲) سخت یا نرم سلیٹ سے مشابہ ایک قسم کا پتھر ۔ (۳) دیکھو Thill (n) ۔

Till : (n) (طباعت) (ابتدائی ہاتھ مشین میں) بورڈ جس سے Spindle گزرتی تھی ۔

Till : (v) [OE. 'tilian'.] (۱) کاشت کرنا (زمین پر) ؛ جوتنا ۔ (۲) (مجازاً) سنوارنا؛ درست کرنا (دماغ، اخلاق وغیرہ) ۔ (۳) پھیلانا (جال) ۔

Till : (v) گلے میں روپیہ رکھنا؛ دراز میں روپیہ رکھنا؛ غلک میں روپیہ رکھنا ۔

Till : (prep.) [ON 'til'] (۱) تک ؛ تا ۔ (۲) تا ایں کہ؛ تاوقتے کہ؛ یہاں تک کہ؛ جب تک کہ؛ جب تک نہ ۔

Till : (conj.) (۱) اس وقت تک کہ؛ جب تک کہ ۔ (۲) اتنا لمباکہ؛ اتنی دور کہ ۔

Tillable : (a) قابل کاشت؛ قابل زرع؛ بونے کے لائق؛ زراعتی؛ زرعی ۔

Tillage : (n) (۱) کاشت؛ کھیتی باڑی؛ کشت وزرع؛ کاشتکاری؛ کشاورزی ۔ (۲) (مجازاً) دماغ یا روح کی تربیت؛ ترقی (ذہنی) ۔ (۳) جوتی ہوئی زمین؛ مزروعہ زمین؛ جتی ہوئی زمین میں غلے کا بڑھنا ۔

In tillage : زیر کاشت ۔

Tillage instruments : (n) (زراعت) آلات کشاورزی؛ آلات زراعت ۔

Tillandsia : (n) [mod. L., named after Elias Tillands.] (نباتیات) انناس کی جنس کے نباتی پودے ۔

Tiller : (n) [ME. 'tilliere'.] زمین جوتنے والا؛ کاشتکار؛ زارع؛ کشاورز؛ کھیتیھر مزدور؛ کسان ۔

Tiller : (n) [OFr. 'telier'.] (جہاز رانی) بیرم سکان؛ پتوار کا ہتھا یا ڈنڈا ۔

Tiller : (n) [OE. 'telzor'.] (۱) (نباتیات) نہال ؛ برور؛ پود ۔ (۲) (پودے کی) وہ شاخ جو اصل تنے میں جڑ کے قریب پھوٹتی ہے، کلا ۔ (۳) (نباتیات) زیر بچہ؛ وہ شاخ جو تنے میں زمین کے نیچے پھوٹتی ہے ۔

Money tiller : (معاشیات) گولک؛ گلاّ ۔

Tiller : (v) پود کا نکلنا؛ تنے کا نکلنا؛ تنا پھینکنا ۔

Tiller-chain : (n) سکان کی زنجیر ۔

Tiller-head : (n) سکان کا سرا ۔

Tiller-rope : (n) سکان کی رسی ۔

Tillering : (n) (نباتیات) پود کاری ۔

Tillet/Tillot : (n) [OFr. 'tillette'.] (۱) موٹے کپڑے کی ایک قسم جو دوسرے باریک یا عمدہ کپڑے کے اوپر لپیٹتے ہیں۔(۲) لباس کے سامان وغیرہ رکھنے کا تھیلا۔

Tillite : (n) (ارضیات) صخرہ مٹی۔

Tillmoney : (n) (معاشیات) گولک؛ گلاّ۔

Tilly/Tilly seed : (n) [Fr.] Crotonجنس کا بیج؛ دانہء کرچک ہندی؛ تلی؛ ایک قسم کا بیج جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔

Tilt : (n) [Collateral form of ME. 'tild'.] (۱) شامیانہ؛ نمگیر؛ خیمہ؛ چھولداری۔(۲) خصوصاً کشتی کےاوپر کا سائبان۔(۳) کپڑے وغیرہ کا سائبان جو گاڑی یا چھکڑے پر ڈال دیتے ہیں۔(٤) مچھوا یا لکڑہارے کی جھونپڑی۔

Tilt : (n) [late ME. 'tilten'.] (۱) شامیانہ لگانے کا احاطہ؛ شامیانہ لگانے کی زمین۔(۲) کسرت کا مقابلہ (دو مسلح آدمیوں کے درمیان)۔(۳) (مجازاً) مقابلہ؛ مڈبھیڑ؛ مباحثہ۔(٤) (اب صرف مجازاً) کسی ہتھیار سے وار؛ نیزے کا وار؛ نیزے کا ہول۔(٥) اوپر کی طرف یا نیچے کی طرف جھکاؤ؛ میلان؛ خم؛ جھکاؤ۔(٦) سرکنڈا وغیرہ کی چلپیا جو شست میں لگی ہوتی ہے اور جس سے معلوم ہوتا ہےکہ مچھلی نے کانٹے کو نگل لیا۔(۷) بھاری ہتھوڑا جو ایک محور پر گھومتا ہے۔(۸) (مجازاً) کھلی پھبتی؛ کھلا استدال۔(۹) زمین کی سطح کا نشیبی حصہ؛ ڈھلواں حصہ۔(۱۰) شمالی امریکا کا پلُوور (ایک قسم کا پرندہ جو جھنڈ میں رہتا ہے اور اس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں)۔

Full tilt : سرپٹ؛ پوری طاقت سے۔

On the tilt/ Upon - : جھکاؤ کی حالت میں (پہیے وغیرہ کی)۔

To run at (the) tilt : (مجازاً) مباحثے میں مشغول ہونا؛ لڑنا؛ مقابلہ کرنا۔

Tilt : (v) (۱) ایک طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا؛ ٹیڑھا ہونا؛ خصوصاً (جہاز کا) طولاً غوطہ مارنا۔(۲) ڈھلواں ہونا؛ اتار ہونا؛ ترچھا ہونا۔(۳) ایک طرف سے جھکانا؛ ٹیڑھا کرنا (برتن، میز وغیرہ کو)؛ جھکانا؛ خم ہونا؛ خم کر دینا۔(٤) (ارضیات) زمین کی پرت کا بہت اوپر کو اٹھا ہوا ہونا؛ اوپر کو اٹھانا۔(٥) نیزے کاوار کرنا؛ برچھی چلانا۔(٦) گھومنے والی بھاری ہتھوڑی سےکوٹنا؛ پیٹنا (فولاد وغیرہ کو)۔(۷) اُنڈیلنا؛ خارج کرنا (جھکا کر برتن کےاندر کی چیز)۔(۸) (مجازاً) لڑنا؛ مقابلہ کرنا؛ مباحثے میں شریک ہونا؛ مڈبھیڑ ہونا؛ مقابلے پر آنا۔(۹) (کسی اوزار سے) مارنا؛ (ایک چیز کو دوسری چیز سے) ٹکرانا؛ متصادم ہونا۔(۱۰) حملہ کے لئے (نیزے کو) معلق رکھنا۔(۱۱) حملہ کرنا۔(۱۲) بڑے ہتھوڑے سے کام کرنا؛ آگ میں گرم کرکے، ہتھوڑے سے مار کر خاص شکل پیدا کرنا۔

To tilt up : ایک کنارے کو دوسرے کنارے سے زیادہ اٹھانا۔

Tilt : (v) شامیانے یا نمگیرے سے چھپانا، ڈھانکنا۔

Tilt-boat : (n) شامیانہ دار بڑی کشتی (خصوصاً لندن اور گریو سینڈ (Gravesend) کے درمیان چلنے والی سواری کی کشتی۔

Tilt-hammer : (n) بھاری ہتھوڑا جو ایک محور پر گھومتا ہے؛ بڑا ہتھوڑا۔

Tilt mill : (n) کارخانہ جہاں دھات اسٹیل (Steel) کو جھکاتے ہیں۔

Tilt-roof : (n) (تعمیرات) سلامی چھت۔

Tilt-up : (n) (۱) اٹھانے والی چیز۔(۲) خصوصاً ایک قسم کا امریکی پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے۔

Tilt-up : (a) اٹھانے والی۔

Tilt-yard : (n) نیزہ بازی کا میدان۔

Tilter : (n) (۱) جھکانے والا؛ جھکانے کا آلہ۔(۲) نیزہ بازی کا مقابلہ کرنے والا؛ سپاہی؛ جنگ جو؛ جنگ آزما۔(۳) بڑے ہتھوڑے سے کام کرنے والا۔

Tilth : (n) [f. OE. 'tilian'] (۱) کاشت؛ زمین جوتنا؛ جُتائی؛ زراعت؛ کھیتی باڑی۔(۲) کھیت کی گہرائی جہاں تک زمین جوتی جاتی ہے؛ کاشتکاری کی حالت۔(۳) زیر کاشت زمین؛ قابل کاشت زمین؛ زرعی زمین؛ مزروعہ زمین۔

Tilting : (n) (۱) عمودی یا افقی جھکاؤ؛ مائل؛ اریب۔(۲) ہتھوڑے کا کام۔

Tilting-helm/-helmet : (n) جنگ میں استعمال کیا جانے والا خود؛ وہ کلاہ آہنی جو سر اور چہرے کو مکمل طور پر ڈھانك لے لیکن دیکھنے اور سانس لینے کی جگہ بنی ہو ۔

Tilting-level : (n) (سروے) جھوکی افق پیما ۔

Tilting-mill : (n) دیکھو Tilt - mill

Tilting-yard : (n) دیکھو Tilt - yard

Tiltmeter : (n) زمین کی نشیبی سطح کو ناپنے والا آلہ ۔

Timar : (n) [Pers. (and Turk.) 'timar'] (۱) تیمار ۔ (۲) (ابتداً) (ترکی کی جاگیردارانہ نظام میں) جاگیر جو فوجی خدمت کی وجہ سے ملتی ہو ۔

Timariot : (n) [It. 'timariotto'.] جاگیر دار ۔

Timbal/Tymbal : (n) [mod. Fr. 'timbale'.] (۱) (تاریخ) طبل؛ نقارہ؛ نوبت ۔ (۲) (حیوانیات) طاشہ ۔

Timbale : (n) [Fr.] (۱) (تشریح) جھلی؛ پردہ (کیڑوں میں) ۔ (۲) (طباخی) ایك طرح کی پائی (Pie) جو طبلے کی شکل کی بنا کر پکائی جاتی ہے ۔

Timber : (n) [OE.] دیکھو Tamber

My timber! shiver my timbers : میرا ستیاناس ہو ۔

Standing timber : درخت : عمارتی لکڑیوں کے درخت ۔

Timber : (n) [OFr. 'timbre'.] سمور کی مختلف تعداد ۔

Timber : (v) [OE 'timbran'.] عمارت کو لکڑی سے ٹھیك کرنا؛ لکڑی لگانا ۔

Timber-beetle : (n) سوسکبِ چوب؛ لکڑی کا کیڑا ۔

Timber-cart : (n) لکڑی لانے کا اونچا چھکڑا ۔

Timber-doodle : (n) (امریکا) چہے کی قسم کا پرند ۔

Timber-grouse : (n) (امریکا) ایك قسم کا سرخی مائل پرندہ جو برطانیہ اور آئرستان میں پایا جاتا ہے ۔

Timber-head : (n) جہاز کی پسلیوں کے سرے جو اوپر نکلے ہوتے ہیں جن سے رسے باندھے جاتے ہیں ۔

Timber-hitch : (n) پھندا جس کے ذریعے رسی شہتیر سے اٹکائی جاتی ہے ۔

Timber-hitch : (v) پھندے سے کسنا ۔

Timber-jumper : (n) (شکاری عامیانہ) کھیتوں کی باڑ اور دروازے پر چھلانگ لگا کر پار کرنے والا گھوڑا ۔

Timber land : (n) جنگل ۔

Timber-man : (n) (۱) چوب بر؛ عمارتی لکڑی سازی میں کام کرنےوالا؛ نجار ۔ (۲) تبرکوب معدن؛ تختہ کوب ۔

Timber-mare : (n) ایك قسم کا لکڑی کا گھوڑا ۔

Timber-right : (n) زمین کی ملکیت کے بغیر عمارتی لکڑی کے درخت کا مالك ہونا ۔

Timber-sow : (n) بے پر کے کیڑے ۔

Timber-toe : (n) (عامیانہ) لکڑی کا پاؤں؛ پائے چوبی ۔

Timber-toe/-toes : (n) وہ شخص جس کی لکڑی کی ٹانگ ہو ۔

Timber-toed : (a) لکڑی کی ٹانگ والا (آدمی) ۔

Timber-tree : (n) درخت الواری؛ عمارتی لکڑی کا درخت ۔

Timber-wolf : (n) بڑا امریکی بھیڑیا ۔

Timber-wood : (n) وہ لکڑی جو مکان، جہاز وغیرہ کے بنانے میں استعمال ہو ۔

Timber-work : (n) (۱) لکڑی کا کام ۔ (۲) کسی ساخت کا لکڑی والا حصہ ۔ (۳) (جمع) وہ کارخانہ جہاں عمارتی لکڑی کا کام ہوتا ہے ۔

Timber-worm : (n) عمارتی لکڑی کو نقصان پہنچانے والا کیڑا ۔

Timber-yard : (n) (۱) صحن جس میں عمارتی لکڑی رکھی ہو ۔ (۲) (کرکٹ کی بول چال) وکٹ ۔

Timbered : (a) (۱) لکڑی کا؛ عمارتی لکڑی کابنا ہوا؛ چوبی ۔ (۲) چوب دار ۔ (۳) (آدمی، جانور) جسمانی طور پر مکمل ۔

Timbering : (n) (۱) کڑیاں؛ تختے وغیرہ ۔ (۲) لکڑی کا کام؛ کڑیوں، تختوں کا کام ۔ (۳) وہ لکڑی جو چھڑ یا چھت کے کناروں کا سہارا ہو ۔

Timberling : (n) عمارتی لکڑی کا نیا درخت؛ پودا؛ نونہال ۔

Timbre : (n) [mod. Fr.] آواز کی کیفیت؛ جو ہر باجے میں الگ ہوتی ہے؛ طینن ۔

Timbre : (n) [OFr.] (موسیقی) طبلہ؛ دف؛ چھوٹی ڈھولک ۔

Timbrel : (v) طبلہ بجانا؛ طبلے کا ساتھ دینا ۔

Timbrology : (n) ٹکٹوں کا علم ۔

Timbromania : (n) (نفسیات) جنونِ ٹکٹ اندوزی ۔

Timbrophily : (n) (نفسیات) (ڈاک) ٹکٹ پسندی ۔

Time : (n) [OE. 'tima'.] (۱) وقت؛ زمانہ ۔ (۲) (تاریخ) عہد؛ دور؛ زمانہ؛ مدت؛ جگ؛ قرن؛ عصر ۔ (۳) فرصت؛ مہلت؛ وقت جو میسر آئے؛ وقت جو کسی کے پاس ہو؛ مدت عمر ۔ (٤) مناسب وقت؛ موقع؛ مقرر وقت؛ ٹھیک وقت ۔ (٥) (اکثر جمع) زمانے کے حالات؛ زمانے کا رنگ؛ دن (اچھے برے وغیرہ)؛ ایام ؛ روزگار ۔ (٦) بار؛ دفعہ؛ مرتبہ؛ ہنگام ۔ (۷) گنا ۔ (۸) (خصوصاً صرف و نحو میں) زمانہ (ماضی، حال ، مستقبل وغیرہ) ۔ (۹) میعاد؛ مدت ۔ (۱۰) وقت جو کسی پیمانے یا معیار سے ناپا جائے ۔ (۱۱) (موسیقی) تال ۔ (۱۲) گت ۔ (۱۳) (باجا) بجانے کی رفتار ۔ (١٤) (جمع میں) اخبار کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۱٥) سال کا مقررہ حصہ؛ موسم ۔ (١٦) مخصوص وقت ۔ (۱۷) صحیح لمحہ؛ درست موقع ۔ (۱۸) وہ موقع جس میں کوئی چیز واقع ہو ۔

Against time : نہایت تیزی سے؛ انتہائی رفتارسے ۔

All the time : (۱) برابر؛ سارا وقت ۔ (۲) (امریکا) ہمیشہ؛ ہر موقع پر ۔

Apparent (solar) time : ظاہری وقت؛ وقت شمسی جس کا حساب آفتاب سے لگایا جائے ۔

As times go : آج کل کا جو حال ہے ۔

At a time/At one time/At the same time : (۱) فوراً؛ ایک ہی وقت میں؛ ساتھ ہی ساتھ ۔ (۲) پھر بھی؛ اس کے باوجود ۔

At one time : ایک زمانے میں؛ ایک دفعہ ۔

At no time : کسی وقت بھی نہیں؛ کسی موقع پر نہیں ۔

At or for the time/For the time being : فی الحال؛وقتی طور پر؛ زیر غور لمحات میں ۔

At this time of day : (مجازاً) اب جاکر؛ اتنی دیر میں ۔

At times : کبھی کبھی؛ بعض اوقات ۔

Bed- time : سونے کے وقت؛ بہ وقت خواب ۔

Before (his)time : قبل از وقت ؛ مناسب؛ متوقع یا معمولی وقت سے پہلے ۔

Behind the times : آج کل کے اصول کے خلاف ۔

Between times : وقفوں کے درمیان کے اوقات ۔

Binary time : دوتالی گت؛ جس میں ہر ٹکڑے میں دو تالیں ہوں ۔

Born before, ahead of one's time or times : زمانے سے آگے؛ جو اپنے زمانے سے پہلے پیدا ہوگیا ہو؛ اتنا روشن خیال کہ اس کے ہم عصر اس کے خیالات کی قدر یا ان پر عمل نہ کرسکیں ۔

Civil time : زمانہ قانون (قانونی سال وغیرہ طبیعی سال وغیرہ کے مقابلے میں) ۔

Common time : دوتالی یا چوتالی گت ۔

Dinner-time : دوپہر یا شام کے کھانے کا وقت؛ ڈنر کا وقت ۔

For the time being : فی الحال؛ وقتی طور پر ۔

From time to time : کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً ۔

Good (bad) time- keeper : صحیح وقت دینے والی (نہ دینے والی) گھڑی ۔

Got there time enough to see him : وہاں اتنے سویرے پہنچا کہ اس سے ملاقات ہوگئی ۔

Had a good time : لطف سے گزری ۔

I must bide my time : میں موقعےکا انتظار کروں گا ۔

In less than no time : فوراً؛ بہت جلدی سے ۔

In no time : آناً فاناً؛ چٹکی بجاتے؛ دم بھر میں ۔

In the nick of time : عین وقت پر ۔

In time :(کے to یا for) (۱) وقت پر؛ ٹھیک وقت پر ۔(۲) ساتھ) اپنے وقت پر(کہ کسی کام میں شرکت ہو سکے) ۔(۳) کبھی نہ کبھی؛ ایک نہ ایک دن ۔ (٤) تال کے ساتھ ۔ (٥) جلدی سے؛ زیادہ دیر نہیں۔

Is doing time : قید کی میعاد گزار رہا ھے؛ جیل میں ھے ۔

Is far on, in her time : حمل خاصی مدت کا ھے ۔

Is near her time : وضع حمل کا زمانہ قریب ھے؛ بچہ ھونے والا ھے ۔

Is serving his time : امیدواری کر رہا ھے ۔

It was time I was going : اب میرے جانے کا وقت ھے۔

It will last our time : ہماری زندگی بھر چلے گا ۔

Local time : مقامی وقت ۔

Many a time/Many times/Many a time and oft (often): بہت سے موقعے پر : اکثر ؛ عام طور پر؛ بار بار ۔

Mean solar time : (علم النجوم) اوسط شمسی وقت ۔

Mean time : اوسط وقت ۔

My time is drawing near : میرا وقت قریب آگیا ھے؛ میں جلد مرنے والا ھوں ۔

No time for : نا مناسب موقع ۔

Now is your time : اب تمہارا موقع ھے؛ اب تمہارا داؤں ھے ۔

On time : وقت پر؛ وقت کی پابندی سے ۔

Once upon a time : کسی زمانے میں؛ کسی وقت میں۔

One at a time : ایک ایک کرکے ۔

Out of time : (۱) بے وقت؛ بے موقع؛ بہت دیر سے ۔ (۲) (گانا وغیرہ) بے تال ۔

Sidereal time : زمان فلکی؛ (علم النجوم) کوکبی وقت۔

Solar time : (علم النجوم) شمسی وقت ۔

So that's the time of day : (بول چال) اچھا یہ معاملہ ھے۔

Standard time : (علم النجوم) معیاری وقت ۔

Ternary time : تتالی گت؛ جس کے ہر ٹکڑے میں تین تالیں ھوں ۔

The time (the times) : کوئی عہد؛ کوئی زمانہ ۔

The time of one's life : بے حد لطف؛ غیر معمولی چہل پہل یا سخت پریشانی کا زمانہ ۔

To beat time : تال دینا ۔

To call time : (مکا بازی میں) مکابازی میں ابتداء کرنے یا وقفہ دینے کا وقت بتانا ۔

To gain time : تال منول کرکے مہلت حاصل کرنا ۔

To give one, or pass, the time of day : (بول چال) سلام کرنا؛ آداب کرنا؛ خیر مقدم کرنا ۔

To have the time of one's life : بے حد لطف حاصل کرنا ۔

To keep good (bad) time : (گھڑی کا) صحیح (غلط) وقت دینا ۔

To keep time : تال کے ساتھ چلنا، ناچنا، گانا ۔

To take time by the forelock : مستعدی سےکام کرنا ۔

True time : (علم النجوم) حقیقی وقت ۔

Time : (v) (۱) (کسی کام کے لئے) وقت مقرر کرنا؛ وقت کا تعین کرنا؛ وقت متعین کرنا ۔(۲) وقت پر کرنا (کوئی کام) ؛ موقع سے انجام دینا ۔(۳) وقت کا اندازہ کرنا یا حساب لگانا (گھڑ دوڑ وغیرہ میں) ۔ (٤) گاڑی کی آمد کاوقت متعین کرنا ۔ (٥) کسی گیند وغیرہ کی رفتار اور ٹکرانے کے

لمحے کا تخمینہ کرنا ۔ (٦) (گھڑی وغیرہ کا) وقت کے لئے ٹھیک کرنا ۔ (٧) وقت کا خیال رکھنا؛ کوئی کام کرنے کےلئے وقت رکھنا ۔ (٨) طول دینا؛ طوالت سے انجام دینا ۔ (٩) وقت کے مطابق کام کرنا ۔ (١٠) (میکانیات) مشین کے پرزوں کو ٹھیک کرنا تاکہ معینہ وقوف کے بعد حرکت ہو ۔ (١١) وقت کا معلوم کرنا (جس میں کوئی چیز وقوع پذیر ہوئی ہو) ۔ (١٢) مشین کی حرکت کو با ضابطہ کرنا (وقفہ وغیرہ) ۔ (١٣) آہنگ کو نمایاں کرنا: سریلے یا بے سریلے طور پر گانا ۔

Time about : (adv.) باری باری سے؛ متبادل طریقے سے : نوبت بہ نوبت ۔

Time and again : (adv.) مکرر : باربار؛ بارہا ۔

Time-ball : (n) گولا جو ایک بجے دن کو وقت بتانے کے لئے رصدگاہ میں ایک اونچے کھم سے نیچے گرایا جاتا ہے۔

Time-bargain : (n) پیشگی سودا؛ کسی آئندہ مقررہ وقت پر تمسکات وغیرہ بیچنے یا خریدنے کا معاہدہ (اکثر یہ سٹّے کی ایک صورت ہوتی ہے) ۔

Time-barred : (n) (قانون) زائد المیعاد ۔

Time-bill : (n) (١) نظم اوقات؛ ریلوے ٹائم ٹیبل ۔ (٢) ریکارڈ بُک جس میں گارڈ ہر اسٹیشن سے گاڑی کے چھوٹنے کا وقت درج کرتا ہے ۔ (٣) ہنڈی جو مقررہ تاریخ تک واجب الادا ہو ۔

Time-bomb : (n) میعادی بم؛ ٹائم بم ۔

Time-book : (n) (١) کتاب اوقات؛ تختۂ اوقات؛ فرد اوقات جس میں یہ درج کیا جاتا ہے کہ مزدوروں نے کتنی دیر کام کیا ہے ۔ (٢) دیکھو Time - bill۔

Time-card : (n) مزدوروں کے کام کا ریکارڈ کارڈ؛ تختۂ اوقات ۔

Time-clock : (n) ملازمین کی آمد و رفت کے اوقات ریکارڈ کرنے والی گھڑی۔

Time-constant : (n) (الیکٹرک) وقتی مستقل ۔

Time-course : (n) (جہاز رانی) لہر میں چلنے والا جہازجس میں پہیوں کی رفتار سے وقت اور سمت کا پتا چلایا جاتا ہے ۔

Time-detector : (n) وہ گھڑی جو مزدوروں کےآنے اورجانے کے وقت کو بتاتی ہے ؛ وقت دریافت کرنے والی گھڑی۔

Time-element : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) زمانی عنصر ۔

Time-error : (n) (نفسیات) وقتی خطا ۔

Time expired : (a) گزشتہ وقت؛ جس کی مشغولیت کا وقت ختم ہوگیا ہو ۔

Time-exposure : (n) (فوٹوگرافی) متعینہ وقت کے لئے تکشف ؛ وقتی تعریہ؛ وقتی دکھاؤ ۔

Time-fuse : (n) (فوج) میعادی گدازہ؛ ساعتی فتیلہ؛ جو ایک مقررہ وقت تک جلتا رہتا ہے ۔

Time-honoured : (a) قدیم اور مقدس (رسم وغیرہ) ؛ قدامت کی وجہ سے قابلِ احترام ۔

Time is up : وقت ہو گیا ۔

Time-keeper/Time keeper : (n) (١) مزدوروں کےوقت کاحساب رکھنے والا؛ حاضری نویس؛ متصدیِ اوقات ۔ نگہدار وقت ۔ (٢) ٹائم ریکارڈ کرنے والا ۔ (٣) گھڑ دوڑ میں وقت ریکارڈ کرنے والا ۔ (٤) شخص یا چیز جو(اچھے یا برے) وقت کا حساب رکھتا ہے ۔(٥) ٹائم پیس؛ وقت نما ۔

Time-lag : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) وقتی تاخّر ۔

Time-limit : (n) مہلت؛ محدود مدت؛ معین وقت (انجام دہی یا مکمل کرنے کے لئے) ۔

Time-lines : (n) (تاریخ) شجرۂ تواریخ ۔

Time-lock : (n) قفل ساعت؛ ایسا تالا جو مقررہ وقت پر کھلتا ہے ۔

Time-meter : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) وقت پیما ۔

Time of day : (n) (١) وقت (گھڑی کے حساب سے)؛ وقت روز۔ (٢) زمانِ حال؛ اکنوں ۔ (٣) حقیقتِ امر؛ حقیقت واقع۔

Time out : (n) وقفہ؛ فاصلہ ۔

Time out of mind : (n) عہدِ دقیانوس؛ پرانا زمانہ ۔

Time-perception : (n) (نفسیات) ادراک زماں ۔

Time-period : (n) (طبیعیات) وقتِ دوراں ۔

Time-program : (n) اوقات نما ۔

Time-rate : (n) (ریاضیات) زمان شرح ۔

Time-recorder : (n) وقت نگار آلہ ۔

Time-roster : (n) (معاشیات) جدولِ اوقاتِ کار ۔

Time-scale : (n) اوقاتی پیمانہ ۔

Time-selling : (n) قسط وار فروخت ۔

Time-sense : (n) (عضویات) حِس زمانی ۔

Time-server : (n) زمانہ ساز؛ ابن الوقت ۔

Time-serving : (n) ابن الوقتی؛ مناسب زماں؛ زمانہ سازی؛ وقت کے مطابق کام کرنے والا ۔

Time-serving : (a) ابن الوقت ۔

Time-sheet : (n) (معاشیات) فرد اوقات؛ کتاب اوقات، جس میں یہ درج کیا جاتا ھے کہ مزدوروں نے کتنی دیر کام کیا ھے ۔

Time-shutter : (n) (فوٹو گرافی) وقتی تعریہ کے لئے عدسے (lens) کا ڈھکن ۔

Time-signal : (n) (ریڈیو) نشرِ اوقات ۔

Time-signature : (n) (موسیقی) آہنگ کو ظاہر کرنے کا ایک نشان ۔

Time-spirit : (n) روحِ عصر؛ ماہیت عصر؛ حقیقت زماں ۔

Time-table : (n) (۱) نظام الاوقات؛ جدول ساعت کار؛ اوقات نامہ ۔ (۲) ٹائم ٹیبل؛ ریل گاڑیوں کی آمدو رفت کے اوقات کی کتاب؛ اسکول کا نظام اوقات ۔

Time-value : (n) (۱) محنت کے گھنٹوں سے قیمت کا تعین ۔ (۲) مال کی موصولی کی تاریخ کےاعتبار سے قیمت ۔ (۳) (خصوصاً) گانے کے سروں میں نسبتی وقفہ ۔

Time-watch : (n) دیکھو Time Detector

Time-work : (n) کام جس کا معاوضہ وقت کے حساب سے دیا جائے؛ امانی کا کام ۔

Time-worn : (a) کہنہ؛ قدیمی ۔

Time-zone : (جغرافیہ، علم النجوم) منطقۂ میقات؛ منطقۂ وقت ۔

Timed : (a) موقت؛ وقتی ۔

Ill-timed : (کام) جو نامناسب وقت پر کیا جائے؛ بے محل؛ بے وقت ۔

Well-timed : (کام) جو مناسب وقت پر کیا جائے؛ بر محل؛ بر وقت ۔

Timeful : (a) (شاذ) بہ موقع؛ مناسب موقع؛ برمحل؛ بر وقت ۔

Timefully : (adv.) وقتی طور پر؛ مناسب وقت پر ۔

Timeless : (a) (۱) بے محل؛ نامناسب؛ بے موقع؛ بے وقتی؛ بےانتہا؛ لامتناہی ۔ (۲) (فلسفہ) لازماں؛ ابدی؛ تمام نہ ہونے والا ۔ (۳) (قواعد) وقت کو ظاہر نہ کرنے والا ۔

Timelessly : (adv.) بغیر وقت کے حوالہ کے ۔

Timelia : (n) [Altered from Timalia'.] (طیوریات) مشرقی ہندی اور جاوا نیز نیپال میں پائی جانے والی ایک قسم کی چڑیا ۔

Timelian/Timeliine : (a) Timelia سے متعلق ۔

Timeliness : (n) مناسبت؛ بہ ہنگامی؛ بروقت ہونا؛ برمحل ہونا ۔

Timely : (a) برمحل؛ بر وقت؛ بہت موقعے کا؛ بجا ۔

Timely : (adv.) [late OE. 'timlice'.] جلدی؛ جلدی سے؛ وقت پر ۔

Timenoguy : (n) [OFr. timon'.] (جہاز رانی) ریسما جو اگلے مستول سےلنگر میں بندھی ہوئی ہو تاکہ اگلا بادبان پھٹ نہ جائے ۔

Timeo Danaos et dona ferenies : (لاطینی) دشمن لاکھ دوستی کا دم بھرے اس پر اعتبار نہ کرنا چاہیئے (لفظی معنی یہ ہیں کہ یونانی تحفہ لے کر آئے تب بھی میں اس سے ڈرتا ہوں) ۔

Timeous/Timous : (a) بہ موقع؛ بجا؛ بر وقت؛ برمحل ۔

Timeous : (adv.) جلدی سے؛ فوری طور پر ۔

Timeously : (adv.) جلدی طور پر؛ بجا طور پر ۔

Timepiece : (n) ٹائم پیس؛ میز گھڑی؛ وقت نما ۔

Timer : (n) (۱) وقت شمار؛ زماں سنج ۔ (۲) وقت کا حساب رکھنے والا شخص ۔ (۳) وقت کا اندازہ کرنے کا آلہ ۔ (٤) چل رُکنی گھڑی ۔ (٥) وہ شخص جو کسی کام کو معین وقت میں ختم کرتا ھے ۔

Fast timer : وہ شخص جو دوڑ وغیرہ جلدی سے مکمل کر لیتا ھے ۔

Full timer : کل وقتی کام کرنے والا ۔

Half timer : نصف وقتی کام کرنے والا ۔

Old timer : کہنہ کار؛ زمانِ قدیم سے متعلق ۔

Timid : (a) [L. 'timidus'.] (۱) ڈرپوک؛ خوف زدہ؛ کچ دلا؛ بودا؛ ترسو ۔ (۲) جھیپنے والا؛ شرماؤ؛ حد سے زیادہ شرمیلا؛ محجوب ۔

Timidity : (n) [L. 'timiditas'.] (۱) (نفسیات) ڈرپوک ھونا؛ حجب ؛ حد سے زیادہ شرمیلا پن ؛ جھینپ ۔ (۲) ڈرپوک ھونا؛ بوداپن؛ ترسوئی؛ خوف زدگی ۔

Timidly : (adv.) (۱) ڈرتے ڈرتے؛ ہچکچاتے ھوئے ۔ (۲) بودے پن سے ۔

Timidness : (n) بوداپن؛ ترسوئی؛خوف زدگی؛ شرمیلاپن ۔

Timing : (n) (۱) وقت کا تعین یا اندازہ ۔ (۲) اوقات (ریل وغیرہ کے) ؛ تساوی وقت ۔ (۳) حادثہ؛ اتفاق؛ روئداد ۔ (٤) انطباق زمان ۔

Timish : (a) متداول ؛ مد ۔

Timist : (n) (۱) وہ شخص جس کی نگاہ زمانے پر ھو؛ نگہدار وقت ۔ (۲) ابن الوقت ۔ (۳) موسیقی میں صحیح وقت رکھنے والا ۔

Timocracy : (n) [OFr. 'tymocracie'.] (سیاسیات) حکومت دولت منداں؛ ملکیہ؛ ملکی حکومت؛ وہ طرز حکومت جس میں سیاسی قوت صاحبانِ املاک کے ہاتھ میں ھو ۔

Timocratic/-al : (a) ملکی؛ ملکی حکومت کے متعلق ۔

Timon : (n) [Gr.] انسان گریز؛ انسان سے نفرت کرنےوالا ؛ مردُم بیزار ۔

Timonism : (n) (فلسفہ) مردم بیزاری؛ آدم گریزی ۔

Timonist : (n) (نفسیات) ٹائمون؛ مردم بیزار ۔

Timorous : (a) [OFr. 'timonier'.] بزدلی؛ ترسو؛ ڈرنے والا؛ خوف زدہ؛ ڈرپوک ؛ کچ دلا ؛ خائف ۔

Timorously : (adv.) کچ دلی سے ۔

Timorousness : (n) ڈرپوک ھونا؛ کچ دلی ۔

Timorsome : (a) بزدل؛ ڈرنے والا ۔

Timothy : (n) ایک قسم کی گھاس جو چارے کے کام آتی ھے؛ تموتھی ۔

Timothy grass : (a) تموتھی گھاس؛ ایک قسم کی امریکی گھاس ۔

Timous : (a) (اسکاتستان) بر وقت؛ بر محل؛ موقع کا ۔

Timously : (adv.) بڑے موقعے سے؛ بر محل ۔

Timpano : (n) (موسیقی) نقارہ؛ دُہل ۔

Tin : (a) [OE. 'tin'.] (۱) رانگ؛ رانگا (عنصر دھات) ۔ (۲) ٹین ؛ قلعی کی ھوئی لوھے کی چادر ۔ (۳) قلع ؛ حلب ۔ (٤) پانی پینے کا ایک برتن ۔ (٥) (عامیانہ) روپیہ ؛ پیسہ ۔

Bar tin : فلزّاتی ٹین ۔

Black tin : ٹین؛ دھات؛ عنصر (SnO₂, dioxide) ۔

Block tin : دیکھو Bar tin

Cry of tin : کھٹاکا؛ وہ آواز جو ٹین کو موڑتے ھوئے پیدا ھوتی ھے ۔

Grain tin : بہت ہی خالص ٹین ۔

Phosphor tin : فاسفورس اور ٹین کا مصنوعی مرکب ۔

Stream tin : شفاف ٹین (بالو وغیرہ سے صاف کیا ھوا) ۔

White tin : صاف کیا ھوا فلزیاتی ٹین ۔

Tin : (v) [f. prec.] (۱) قلعی کرنا؛ ٹین چڑھانا ۔ (۲) ٹین کے ڈبوں میں بند کرنا ۔

Tin : (a) (۱) حلبی؛ قلعی ۔ (۲) رانگ کا؛ ٹین کا ۔

Tin clad : (a) (۱) مسلح ۔ (۲) حلبی دار؛ قلعی دار ۔

Tin god : (n) (دینیات) جھوٹا معبود؛ وہ شخص جس کی بےجا پرستش یا عزت و حرمت کی جائے ۔

Tin-hat : (n) (سپاہیوں کی بول چال) فولادی ٹوپی ۔

Tin-kettle : (n) لوہے کی قلعی کی ہوئی کیتلی ۔

Tin-liquor : (n) رانگے کا محلول، جو انگریزی رنگ پختہ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Tin-lizzie : (n) فورڈ موٹر کار کو تمسخر سے کہتے ہیں ۔

Tin-pest : (n) (طب) قلعی روگ ۔

Tin-plate : (n) قلعی دار پلیٹ؛ ٹینی چادر ۔

Tin-plate : (v) قلعی کرنا ۔

Tin-plated : (a) قلعی کیا ہوا؛ قلعی شدہ ۔

Tin-plater : (n) قلعی گر ۔

Tin-pot : (n) (۱) ظرف حلبی؛ وہ برتن جو قلعی کیا ہوا ہو ۔ (۲) ٹین کا برتن ۔

Tin-pot : (a) (۱) ٹین کے برتن کی طرح؛ ظرف حلبی مانند ۔ (۲) ادنیٰ؛ فرومایہ؛ حقیر؛ پست؛ سستا ۔

Tin-pyrite : (n) (کان کنی) ٹینی چقماق ۔

Tin-shears : (n) (اوزار) ٹین قینچی ۔

Tin-stone : (n) کچے ٹین کا خاص جزو؛ (کان کنی) معدن قلعی۔

Tin-tack : (n) میخچہ جس پر ٹین چڑھایا ہوا ہو؛ قلع شدہ میخچہ۔

Tin-type : (n) (فوٹوگرافی) تصویر کشی (مثبت) جو ورق قلع پر کی جائے ۔

Tin-ware : (n) ٹین کے برتن ۔

Tin-white : (a) نیلگوں سفید ۔

Tin works : (n) کارخانہ ٹین؛ قلعی کاری؛ کارخانہ قلعی کاری۔

Tinamou : (n) [Fr.] تیتر کی قسم کا پرند جو جنوبی امریکا میں ہوتا ہے ۔

Tincal/Tincar : (n) [Skr. "tankana'.] ٹنکار؛ خام سہاگا؛ کچا سہاگا ۔

Tinchel : (n) [Gael, 'tinchioll'.] (اسکاٹستانی) شکاریوں کا حلقہ جو ہرن کو قریب کرنے کےلئے کیاجاتا ہے ۔

Tinct : (n) [L. 'tinctus'.] رنگ؛ ہلکا سا رنگ؛ جھلک ۔

Tinct : (a) [L. 'tinctus'.] رنگیں؛ رنگ زدہ؛ رنگی؛ ہلکے رنگ کا؛ ہلکی سی جھلک کا؛ رنگ میں رنگا ہوا ۔

Tinction : (n) (کیمیا) صباغت ۔

Tinctorial : (a) (۱) صباغی ۔ (۲) رنگی؛ صبغی ۔ (۳) (کیمیا) رنگ زدہ؛ رنگا ہوا ۔ (٤) رنگ کا؛ رنگ ریزی کا ۔ (٥) جس سے رنگ پیدا ہو ۔

Tinctorially : (adv.) صباغت کے طور پر؛ رنگ زدہ اندازمیں؛ رنگ ریزی کے ساتھ۔

Tinctorious : (a) (کیمیا) رنگ خیز ۔

Tincture : (n) [L. 'tinctura'.] (۱) صبغہ ۔ (۲) کسی (نباتی) دوا کا محلول روح شراب میں ۔ (۳) چاشنی؛ خفیف سامزہ؛ پٹ؛ خفیف سی مقدار ۔ (٤) خفیف سا رنگ؛ ذرا سی جھلک (لغوی اور مجازی معنی میں) ۔ (٥) (نقابت) (ڈھال کی) رنگ کاری (جس میں پارے کا نقرئی یا طلائی رنگ اور مختلف رنگوں کی بندکیاں شامل ہیں) ۔ (٦) (طب) مصبوغ؛ خیساندہ؛ ٹنکچر؛ الکحل کا محلول ۔ (۷) مہک ؛ خوشبو ؛ مخصوص مزہ یا لذت ۔ (۸) کسی زبان یا مضمون کا تھوڑا سا علم؛ شدید (علم کا)۔

Tincture : (v) (۱) ذرا سارنگ یا چاشنی دینا؛ ہلکی سی پُٹ دینا؛ ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ۔ (۲) (کسی صفت کا) ذرا سا شائبہ؛ خفیف سا رنگ یا جھلک ہونا ۔ (۳) رنگنا؛ رنگ چڑھانا؛ کسی چیز پر رنگ چڑھانا یا کھلنا؛ کسی رنگ میں رنگ

دینا ۔ (٤) رنگ ملانا ؛ رنگ آمیزش کرنا ۔ (٥) داغ لگ جانا یا داغ لگانا؛ ملوث کرنا یا ہونا ۔

Tincture of iodine : (n) (طب) مصبوغ ید؛ تعفن ید؛ ٹنکچر آئیوڈین ۔

Tindal : (n) [Malyalam, 'Tandal Telugen, taindelu'.]
(۱) ملاحوں کا جمعدار؛ صدر ملاح؛ بڑا ملاح ۔ (۲) مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے ۔ (۳) ذاتی پیش خدمت ۔

Tinder : (n) [OE. 'tynder'.] (۱) سوختہ؛ کوئی چیز خصوصاً جلا ہوا سن کپڑا جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے ۔ (۲) آتش افروز ۔ (۳) (کیمیا) قو ؛ فتیلہ؛ فندک ۔

German tinder : (کیمیا) قُو؛ شتابہ، جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ہے ۔

Tinder-box : (n) (کیمیا) قوبکس؛ قودان؛ فندک؛ چقماق؛ ڈبیا جس میں چقماق کو سوختے پر رگڑ کر آگ نکالتے ہیں ۔

Tinder-fungus : (n) سماروغ کُکُرمُتّا جس سے قو بنایا جاتا ہے ۔

Tinder-polypore : (n) سماروغ کی ایک قسم ۔

Tindery : (a) سوختے کا سا؛ جلد آگ پکڑنے والا؛ آتش گیر (مجازاً)تند مزاج؛ غصیلا؛ پُرجوش؛ گرم مزاج ۔

Tine : (n) [OE. 'tind'.] (۱) نوک؛ شاخ (بارہ سنگھے، میز کے کانٹے وغیرہ کی) ۔ (۲) (حیوانیات) شاخہ؛ سینگ ۔

Tine/Tyne : (n) (v)[ON. 'tyna'] دیکھو Lose (v)

Tinea : (n)[L.] (۱) (مرضیات) داد؛ کھجلی ۔ (۲) (تشریح و حیوانیات) جنس بید؛ جنسِ کرم لباس ۔

Tinea circinata : (n) (طب) داد؛ کھجلی ۔

Tinea tarsi : (n) (طب) ورم مژگاں ۔

Tinea versicolor : (n) (طب) بہق؛ چھیلب؛ پھلبہری ۔

Tinean/Tineid : (a) جنس بید سے متعلق ۔

Tined : (a) شاخ والا؛ سینگ دار (ہرن وغیرہ) ؛ دندانہ دار؛ نوک تیز ۔

Tineidae : (n) (حیوانیات) بیدان؛ جنس بید ۔

Tinfoil : (n) ورقہ٭ قلع؛ (ٹین کی) پنی؛ ورق حلب ۔

Tinfoil : (v) ورقہ٭ قلع لپیٹنا؛ قلعی لگانا؛ پنی چڑھانا ۔

Tinfoiled : (a) قلعی دار؛ ورقہ٭ قلعی چڑھایا ہوا ۔

Ting : (n) [Echoric.] (۱) ٹن ٹن کی آواز ۔ (۲) گھنٹی بجنے کی آواز ۔

Ting : (v) [Echoic.] (۱) ٹن ٹن بجنا ۔ (۲) گھنٹی کی آواز ہونا؛ گھنٹی بجانا ۔ (۳) گھنٹی سے آواز پیدا کرنا ۔

Ting-a-ling/-ring : (n) ٹن کی آواز؛ گھنٹی کی آواز ۔

Ting-tang : (n) ٹن کی آواز؛ صدائے زنگ ۔

Tinge : (n) [f.Tinge. v.] (۱) ہلکا سا رنگ؛ جھلک؛ ہلکی جھلک ۔ (۲) (مجازاً) خفیف سا مزہ؛ چاشنی؛ پُٹ ۔

Tinge : (v) [L. 'tingere.'] (۱) ہلکا سا رنگ یا ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ۔ (۲) ملانا؛ آمیزش کرنا ۔ (۳) خفیف سامزہ پیدا کرنا؛ ہلکی خوشبو بنانا۔ (٤)(مجازاً) کسی صفت سے متصف کرنا؛ کسی شے میں کوئی وصف معین کرنا ۔ (٥) معتدل کرنا؛ ہلکا کرنا؛ شدت کم کرنا ۔

Tingle : (n) [late ME. modification of Tinkle.]
(۱) جھنجھناہٹ ۔ (۲) (طب) طن؛ ملنین؛ کان بجنا ۔ (۳) (عضویات) غل؛ حسِ غل ۔

Tingle : (v) [f. prec.] (۱) جھنجھنانا؛ جھنجھناہٹ پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بے چین ہونا ؛ بے تاب ہونا ۔ (۳) ٹیس اٹھنا؛ جلن ہونا (زخم وغیرہ میں) ؛ بے چین کر دینا؛ ہیجان سا اٹھنا؛ اہتزاز کرنا؛ اہتزاز ہونا؛ ارتعاش ہونا ۔ (٤) شدید درد ہونا؛ ٹنک مارنا؛ کاٹ کھانا؛ تحریک پیدا کرنا؛ مہیج ہونا؛ اُکسانا؛ ابھارنا ۔

Tingler : (n) سنسناہٹ پیدا کرنے والا؛ ٹنک مارنے والا ۔

Tingling : (n) (عضویات) حس نملی؛ سنسناہٹ ۔

Tinglingly : (adv.) سنسناہٹ کے طور پر ۔

Tink : (n) [Echoic.] (۱) گھنٹی کی آواز؛ ٹن ٹن کی آواز ۔ (۲) ٹن کی آواز (ایک بار) ۔

Tinker : (n) (۱) دھات کے ٹوٹے برتن جوڑنے والا؛ پھیری والا؛ ٹھٹھیرا ۔ (۲) پھوہڑپن سے کام کرنے والا؛ پھوہڑ؛ پھوہڑپن کا کام؛ بے ڈھنگا کام؛ بے ڈھنگا آدمی ؛ اناڑی (نیز مجازاً امریکا میں) ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی؛ ایک چھوٹی سی مچھلی جس کی پشت پر خار ہوتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کا دریائی پرندہ ۔ (٥) ایک قسم کا "Seol" ۔ (٦) (اسکاٹستانی) ایک خانہ بدوش قوم؛ جپسی ۔ (۷) (مقامی نام) اسکیٹ؛ برف پر چلنا ۔ (۸) (امریکا) ماکریل؛ ایک قسم کی بحری مچھلی جو گرمیوں میں گروہ در گروہ کنارے پر آکر انڈے دیتی ہے اور کھانے میں لذیذ ہوتی ہے۔ (۹) (توپ) ایک قسم کی چھوٹی توپ ۔

Not to be worth a tinker's curse/- damn : پروا نہ کرنا ۔

Not to care a tinker's curse /- damn : پروا نہ کرنا؛ اپنی جوتی کی نوک سمجھنا ۔

Tinker : (v) (۱) برتنوں کی مرمت کرنا؛ ٹانکا لگانا؛ ٹھٹھیرا کا کام کرنا ۔ (۲) بھدے طریقے سے مرمت کرنا؛ بھدا جوڑا لگانا ۔ (۳) (مجازاً) دفع الوقتی کے لئے معمولی درستی کر دینا ۔ (٤) اناڑی پن یا بے ڈھنگے پن سے کام کرنا؛ (کوئی کام) بے دلی یا سرسری طور پر کرنا ۔ (٥) جھگڑا چکانا ۔

Tinker's curse/-cuss : (n) معمولی اور بے قیمت چیز ۔

Tinker's damn/-dam : (n) دیکھو Tinker' s curse

Tinker's root/-weed : (n) دیکھو Feverroot

Tinkershere/-shire : (n) ایک قسم کا سیاہ دریائی پرندہ ۔

Tinkle : (n) صدائے جرنگ؛ گھنٹی کی آواز ۔

Tinkle : (v) [freg. of Tink (v).] (۱) ٹن ٹن بجانا یا بجنا ۔ (۲) (گھنٹی ، آلہ٭ موسیقی وغیرہ) بجانا ۔ (۳) جھنکارنا؛ جھنجھنانا ۔

Tinkler : (n) (۱) ٹھٹھیرے کاکام کرنے والا ۔ (۲) (اسکاٹستانی) جپسی ؛ خانہ بدوش قوم ؛ ولگرد ؛ آوارہ ۔ (۳) زنگ؛ ناقوس ۔

Tinkling : (n) (۱) ٹھٹھیرے کا کام کرنا ۔ (۲) ایک قسم کا دریائی پرندہ ۔

Tinkling : (a) (۱) وہ جو ٹھیٹھرے کا کام کرتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کے دریائی پرندہ سے متعلق ۔

Tinklingly : (adv.) ٹن ٹن کے طور پر؛ ٹن بناتے ہوئے ۔

Tinkly : (a) طنین دار ۔

Tinman : (n) (۱) قلعی کرنے والا؛ قلعی کا کام کرنے والا؛ قلعی گر ۔ (۲) ٹین کے برتن بنانے والا ۔

Tinned : (a) (۱) قلعی دار؛ قلعی کیا ہوا؛ پنی چڑھایا ہوا؛ حلبی دار؛ قلعی شدہ ۔ (۲) ٹین میں رکھا ہوا؛ ٹین بند ۔

Tinner : (n) (۱) ٹین کا کام کرنے والا؛ قلعی کا کام کرنے والا؛ قلعی گر؛ حلبی ساز ۔ (۲) ٹین کے ڈبوں میں گوشت وغیرہ بھرنے والا ۔

Tinnery : (n) قلعی سازی؛ حلبی سازی؛ قلعی کا کام ۔

Tinning : (n) (۱) قلعی کاری ؛ حلبی سازی ۔ (۲) قلعی چڑھانا ۔ (۳) گوشت، مچھلی وغیرہ ٹین میں بھرنا ۔

Tinnitus : (n) [L.f. 'tinnire.'] (طب) طنین؛ طنطنہ؛ کان بجنا؛ کانوں میں خود بخود جھنکارسی سنائی دینا ۔

Tinnitus aurum : (n) دیکھو Tinnitus

Tinny : (a) (۱) قلعی دار؛ قلعی ۔ (۲) رانگ یا ٹین کا سا؛ جس میں رانگ یا ٹین ہو ۔ (۳) حلبی ساز؛ قلعی کار ۔ (٤) (عامیانہ) دولت مند ۔

Tinoceratid : (a)[f. Gr. 'tinin'] ایک بڑے متحجر دودھ پلانے والے جانور سے متعلق ۔

Tinoceratid : (n) ایک بڑا متحجر دودھ پلانے والا جانور ۔

Tinsel : (n) [f. OFr. 'estincelle'.] (۱) لچکا؛ گوٹا؛ کناری؛ کرن؛ چٹکی وغیرہ ؛ پارچہ٭ زری؛ پارچہ٭ زربفت ۔ (۲) جھوٹی ٹیپ ٹاپ؛ اوپری چمک دمک؛ تڑک بھڑک ۔

Tinsel : (a) بھڑکیلا؛ بھڑکدار؛ زرق برق والا ۔

Tinsel : (v) (۱) لچکا، کرن، گوٹا وغیرہ ٹانکنا ۔ (۲) جھوٹی ٹیپ ٹاپ سے سجانا؛ مزیّن کرنا؛ آراستہ کرنا؛ زرق برق دار کرنا ۔

Tinselled : (a) لچکا لگایا ہوا؛ کرن، گوٹا وغیرہ سے آراستہ؛ بھڑک دار ۔

Tinselly ; (a) : (۱) بھڑك دار؛ چمکیلا؛ زرق برق دار ۔(۲) نقلی؛ مصنوعی؛ بناوٹی ۔

Tinsmith : (n) دیکھو Tinman

Tinsmithy : (n) قلعی گر کا کارخانہ؛ وہ جگہ جہاں قلعی گر کام کرتا ھے ۔

Tinspore : (n) (نباتیات) جنس گلِو ۔

Tint : (n) [altered from 'Tinct'.] (۱) کسی رنگ کا کوئی روپ، خصوصاً ہلکاروپ؛ ہلکاسا رنگ ۔(۲) (مصوری) رنگ کی قسم؛ رنگ کی تہ؛ مختصر رنگ؛ خصوصاً سفید کے ساتھ رنگ کا مخلوط ۔ (۳) (مجازاً) حالات میں کمی پیدا کرنا؛ شدت کی کمی (کسی چیز میں) ۔(٤) جھلك؛ رنگ کی جھلك؛ لوین؛ جھلك (ایك رنگ کی دوسرے رنگ میں) ۔(٥) ذوق ؛ تمایل ؛ میل ؛ مزہ ؛ چشائی ۔ (٦) (کندہ کاری) متوازی خطوط جو رنگ میں یکسانی پیدا کرنے کے لئے کھنیچے جاتے ہیں ۔

Autumn tints : خزاں رسیدہ پتوں کا رنگ ۔

Crossed tint : بلاك کی سطح جس میں متقاطع خطوط سے کام لیا گیا ھو ۔

Ruled tint : بلاك کی سطح جس میں متوازی خطوط سے کام لیا گیا ھو ۔

Tint : (v) [f. prec.] کسی رنگ کی ہلکی سی جھلك پیدا کرنا؛ ہلکا سا رنگ دینا ۔

Tint : Tine کا فعل ماضی ۔

Tint-block : (n) خطوط کی بلاك؛ جس میں وہ چھپ جو چھاپنا ھے خطوط سے بنائی جاتی ھے ۔

Tint-tool : (n) آلہء رنگ کش؛ خط کش؛ جس سے کندہ کاری میں کام لیتے ہیں ۔

Tintage : (n) رنگ آمیزی ۔

Tintamarre : (n) (شاذ) شور و غل؛ غوغا؛ ہنگامہ؛ ہیاھو ۔

Tinter : (n) (۱) رنگ کا سلائڈ؛ رنگ انداز سلائڈ ۔(۲) رنگ ساز؛ رنگ کرنے والا ۔ (۳) رنگ کرنے کا آلہ؛ رنگرز ۔(٤) سیربیں کا رنگین شیشہ ۔

Tintinnabulant : (n) ٹن ٹن بجنے والا؛ ٹن ٹن والا ۔

Tintinnabular : (a) [L. 'tintinnabulum'.] (۱) گھنٹیوں کا ۔ (۲) ٹن ٹن کا؛ ٹن ٹن کی آواز کی طرح ۔(۳) ٹن ٹن کرتا ھوا مطنطن ۔

Tintinnabulary : (a) دیکھو Tintinnabular

Tintinnabulation : (n) گھنٹی کا بجنا؛ ٹن ٹن؛ طنطنہ ۔

Tintinnabulous : (a) گھنٹی دار؛ ناقوسی ۔

Tintinnabulum : (n) [L.f., 'tintinnare'.] (۱) گھنٹی؛ خصوصاً چھوٹی سی گھنٹی؛ زنگولہ ۔ (۲) (گھنٹیوں کی) ٹن ٹن؛ (دھات کے برتنوں کی) جھنکار ۔

Tintless : (a) بے رنگ؛ بے جھلك ۔

Tintometer : (n) مقیاس الالوان؛ رنگ کسوٹی؛ رنگ پیما؛ کاشفِ الوان؛ وہ آلہ جس سے رنگ پرکھے اور پہچانے جاتے ہیں؛ رنگ نما ۔

Tiny : (a) [f. Tine.+ -Y] بہت چھوٹا؛ ننھا؛ خفیف؛ ہلکا؛ ادنی؛ معمولی؛ ذرا سا؛ جزوی ۔

Tiny : (n) چھوٹا بچا؛ ننھا بچا ۔

-tion : [L.'- tio, '-tionem'.] لاحقہ، ان اسماء کے آخر میں آتا ھے جو حاصل مصدر کے معنی دیتے ہیں، یعنی فعل یا حالت ظاہر کرتے ہیں ، مثلاً 'Caution, - deception

-tious : [L. '-t - iosus.'] لاحقہ ،صفت کےمعنی پیدا کرنے کےلئے آتا ھے، جیسے Ambitious, Cautious-

Tip : (n) [Orgin uncertain.] (۱) سرا؛ نوك (خصوصاً کسی چھوٹی یا گاؤدم چیز کی) ۔(۲) سر قلم؛ راس؛ کسی چیز کی انتہا؛ منتہا شے ۔ (۳) ایك قسم کی کوچی جو سونے کا ملمع کرنے میں کام آتی ھے ۔(٤) کوئی چھوٹی سی چیز جو کسی چیز کے سرے پر لگی ھو؛ شام (چھڑی کی) ۔ (٥) دم کا سرا ۔(٦) بنسی کے جوڑ کا اوپری سرا ۔ (۷) نوكِ کلاہ ۔

Bird measures 15 in. from tip (of one wing) to tip : پرند کی چوڑائی ایك بازو کے سرے سے دوسرے بازو کے سرے تك پندرہ انچ ھے ۔

From tip to toe : سر سے پاؤں تك ۔

On (or at) the tip of one's tongue : کہنے کو تیار ؛ بولنے کو ہی، کہنے کے لئے تیار ۔

To tip off, tip (over) the perch : معدوم (عام) مرجانا؛ ہوجانا۔

To tip the scales : پیمانے کو اُلٹ دینا؛ (ترازو کے) پلے کو الٹ دینا۔

Tip : (v) [Origin uncertain] (۱) سرے یا نوک پر کوئی چیز لگانا ۔(۲) شام لگانا (چھڑی میں) ۔(۳) سرے کو آراستہ کرنا ؛ نوکدار کرنا ۔

Tip : (v) [Origin obsc.] (۱) کسی کو کوئی چیز دینا؛ حوالہ کرنا ؛ دینا؛ سونپنا؛ پیش کرنا ۔(۲) (عام ، بول چال) بخشش دینا ؛ انعام دینا؛ (دوسرے کے نوکر کو) کچھ دینا؛ (قلی، چپراسی وغیرہ کو) ٹِپ دینا ۔(۳) کوئی چیز سرسری طور سے دے دینا۔

To tip the (or a) wink : (کسی شخص کو پلکوں کے اشارے سے) تنبیہ کرنا؛ (کسی شخص کو) خفیہ طور پر اشارہ کرنا ۔

Tip : (v) (۱) (بول چال) خفیہ اطلاع دینا (گھڑدوڑ ، کھیل وغیرہ یا صرافے کے متعلق) ۔(۲) آگاہ کر دینا؛ ہوشیار کردینا۔

Tip - : سابقہ بمعنی "واژگون" ؛ "کج ہونے والا" ۔

Tip-and-run : (n) ٹِپ رن ؛ ایک طرح کا کرکٹ جس میں گیند بلے سے چھو جائے تو کھیلنے والے کو دوڑنا پڑتا ھے ۔

Tip-blight : (n) پودوں کی ایک بیماری جس میں پھنگیاں مرجھا جاتی ہیں ۔

Tip burn : (n) آلو کی ایک بیماری جس میں دھوپ کی تمازت یا گرمی سے اس کے پتّے سوکھ جاتے ہیں ۔

Tip cart/-car : (n) ایک قسم کی گاڑی جس کی نشست پیچھے جھکائی جا سکتی ھے (سامان خالی کرنے کے لئے)؛ ٹپ گاڑی ۔

Tip-cat : (n) گلی ڈنڈا ؛ ایک قسم کا بچوں کا کھیل ۔

Tip cheese : (n) گلی ڈنڈے کی طرح کا بچوں کا ایک کھیل ۔

Tip-it/Tippit : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں چیز کھلاڑی کے ہاتھ میں چھپی رہتی ھے ۔

Tip-off : (n) اشارہ ؛ آگاہی ۔

So at the tips of one's fingers : انجام دینے کو تیار؛ کرنے پر آمادہ ۔

Tip : (n) [mod. G. 'tippen'.] ہلکا گھونسا؛ ضرب؛ بغیر آواز کی تھپکی ۔

Tip : (n) [Origin obscure.] انعام؛ ٹِپ؛ بخشش؛ شکرانہ ۔

Tip : (n) [Origin doubtful.] (۱) (بول چال، عامیانہ) دوستانہ اشارہ ، خصوصاً مشورہ (سٹہ بازار میں) ۔(۲) حکمت؛ تدبیر (سٹہ بازی میں) ۔(۳) خفیہ اطلاع (گھڑ دوڑ ، صرافے وغیرہ کے متعلق) ۔(٤) عمدہ ترکیب؛ گُر (کسی کام کے کرنے کا) ۔

Might have tipped me the wink : ذرا اشارہ کردیا ہوتا ۔

The straight tip : کسی موضوع پر براہ راست اشارہ۔

To miss one's tip : اپنے مقصد میں نا کام رہنا ۔

Will give you straight tip : تمہیں ٹھیک ٹھیک اطلاع دے گا ۔

Tip : (n) [Origin obsc.] (۱) میلان؛ جھکاؤ؛ میل؛ رغبت ۔ (۲) وہ مقام جہاں کوئلے کی ویگن یا ٹرک کھڑی ہو اور کوئلا اس سے گاڑیوں پر لادا جاتا ہو ۔ (۳) کوئلا لادنے کا ویگن یا ٹرک ۔ (٤) کوڑا کرکٹ کا ڈھیر؛ کاٹ کباڑ کا میدان ۔

Tip : (v) [mod. G. 'tippen'.] (۱) ہلکے سے ضرب لگانا؛ ہلکے سے تھپتھپانا؛ بغیر آواز کے کھٹکھٹانا ۔(۲) (کرکٹ) بلے کے کنارے سے گیند کو مارنا ۔ (۳) تیزی اور نزاکت سے چلنا؛ اٹھلا کر چلنا ۔

Tip : (v) [origin obsc.] (۱) تہ و بالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا؛ مغلوب کرنا؛ پست کرنا؛ برباد کرنا؛ الٹ دینا؛ جھکے چھڑا دینا ۔ (۲) پن لگانا یا نکالنا ۔ (۳) جھك جانا؛ ترچھا ہو جانا؛ الٹ جانا؛ ڈھلك جانا؛ ڈگمگا کر گرجانا؛ ایك طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا؛ ٹیڑھا ہونا ۔(٤) جھکا دینا؛ ترچھا کردینا؛ گرا دینا؛ الٹ دینا ؛ خم کرنا ۔ (٥) چھو دینا ۔ (٦) ڈھکیل دینا؛ پھینك دینا؛ گر پڑنا ۔ (۷) انڈیل دینا؛ (ویگن، گاڑی وغیرہ) خالی کرنا؛ الٹ دینا (گاڑی وغیرہ) ۔ (۸) اٹھانا؛ ایستادہ کرنا؛ بلند کرنا؛ تعمیر کرنا ۔(۹) پھینکنا؛ ڈالنا؛ گرانا ۔

Tip table : (n) عمدہ میز؛ اعلیٰ ترین ٹیبل ۔

Tip tail : (n) ایک قسم کا دھاری دار پرندہ جو مرطوب ریتیلے مقامات میں رہتا ہے ۔

Tip-tilted : (a) (ناک) جس کی نوک اوپر کو اٹھی ہو ۔

Tip-toe/Tiptoe: (n) (۱) (جمع) پاؤں کی انگلیوں کا سرا ۔ (۲) نوک پا ۔ (۳) (مجازاً) ہوشیار ۔

Tip-toe/Tiptoe : (adv.) پنجوں کے بل پر ۔

Tip-toe/Tiptoe : (a) (۱) پنجوں کے بل ۔ (۲) (مجازاً) پُر امید؛ خاموش۔

Tip-toe : (v) (۱) پنجوں کے بل کھڑا ہونا ۔ (۲) پنجوں کے بل چلنا؛ پنجوں کے بل جانا ۔

Tip-top : (n) (۱) بہت اونچامقام؛ بلندترین مقام؛ اعلیٰ مقام ۔ (۲) (مجازاً) بلند مرتبہ؛ بلند ترین اونچائی؛ نصف النہار؛ اوج؛ عروج؛ حد؛ درجۂ کمال؛ چوٹی۔

Tip-top : (a) (۱) بلند ترین؛ اعلیٰ تر درجے کا؛ چوٹی کا؛ بہترین ۔ (۲) بہت اونچا واقع ۔ (۳) (مجازاً) بہترین قسم کا ۔

Tip-top : (adv.) حد درجے کے طورپر؛ اعلیٰ عہدے پر ؛ بہ درجہ اعلیٰ؛ بے حد؛ نہایت؛ نہایت عمدہ طور پر ۔

Tip topper : (n) اول درجہ حاصل کرنے والا ۔

Tip-truck : (n) انڈیل گاڑی۔

Tip-up : (n) امریکی Sandpiper کا نام ۔

Tip-up : (a) اوپر اٹھا ہوا؛ اٹھواں ۔

Tip-up seat : (n) تھیٹر وغیرہ کی نشست جو پیچھے کو اٹھ جاتی ہے؛ اٹھواں نشست ۔

Tip us a copper : پینی یا آدھی پینی ہمیں دے ڈالو ۔

Tip us you fin : ذرا ہاتھ ملانا ۔

Tipful : (a) لبالب؛ لبریز؛ اوپر تک بھرا ہوا؛ پُر ؛ مالا مال ۔

Tippable : (a) قابلِ انعام؛ بخشش کے لائق ۔

Tipped : (a) (۱) نوک دار ۔ (۲) انعام دیا ہو ۔

Tippee : (n) بخشش لینے والا؛ انعام پانے والا یا لینے والا؛ ٹپ لینے والا ۔

Tipper : (n) (۱) (اوزار) انڈیلنی ۔ (۲) جھکانے کا آلہ؛ جھکانے والا ۔ (۳) انعام دینے والا ۔

Tipper : (n) [From name of Thomas Tipper d. 1785.] ایک قسم کی شراب ۔

Tipperary : (n) ٹپریری کا گیت جو سنہ ۱۹۱٤ء میں برطانوی افواج میں رائج تھا (اس کا پہلا مصرع یہ تھا (It's a long way to Tipper-ary ۔

Tippet : (n) [Origin Obsc.] (۱) بے آستین کی نیم قبا جو عورتیں پہنتی ہیں اور پادریوں اور ججوں کی منصبی پوشاک میں شامل ہے۔ (۲) پرندوں کے گلوں یا کنٹھوں کا بال یا حلقہ ۔ (۳) ماہی گیری کا قلاب؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔

Tippet cuckoo : (n) ایک قسم کا پرند ۔

Tippet-grebe : (n) ایک قسم کا پرندہ جو پانی میں ڈبکی لگاتا ہے اور جس کی گردن پر حلقہ نما بال ہوتے ہیں۔

Tippet grouse : (n) ایک قسم کا پاموز پرندہ جس کی گردن پر حلقہ نما بال ہوتے ہیں ۔

Tipping : (n) (۱) ضرب لگانا؛ ہلکی ضرب ۔ (۲) دیکھو Tonguing ۔

Tipping ladle : (n) (اوزار) ڈلاؤ کرچھا ۔

Tipple : (n) (عام، بول چال) مشروب؛ بہت زیادہ پینا (شراب)۔

Tipple : (n) [Origin obsc.] (۱) (امریکا) وہ جگہ جہاں کوئلے کے ویگن یا ٹرک کو گراتے ہیں ۔ (۲) وہ جگہ یا وہ چھکڑا یا آلات جن سے کوئلہ بھری گاڑیوں کو ترچھا کر کے خالی کیا جائے ۔

Tipple : (v) [Related to Norw. dial. 'tipla'.] (۱) بہت زیادہ پینا (شراب) ۔ (۲) بہت تیز شراب کا عادی ہونا؛ بلانوش ہونا ۔ (۳) مزے لےلے کر شراب کے جام پرجام چڑھانا ۔

Tipple : (v) [Origin obsc.] (۱) الٹ دینا؛ گرادینا؛ انڈیل دینا ۔ (۲) پھینک دینا؛ پھینکنا؛ گرانا ۔

Tippler : (n) گرہ باز کبوتر؛ لوٹن کبوتر ۔

Tippler : (n) مے گُسار؛ بلانوش؛ تیز شراب کثرت سے پینے والا۔

Tippy : (a) (چائے) جس میں شگوفے کثرت سے ہوں ۔

Tippy : (a) (۱) بہترین؛ اعلیٰ درجے کا؛ نہایت عمدہ ۔ (۲) ناپائیدار؛ نااستوار ۔

Tippy -toe : (n) [by alter.] دیکھو Tip-toe

Tipsify : (v) مست کرنا؛ متوالا بنانا؛ مدھوش کرنا؛ نشے میں لانا۔

Tipsily : (adv.) مدھوشی کے انداز میں؛ مدھوشوں کی طرح ۔

Tipsiness : (n) مدھوشی ۔

Tipstaff : (n) [coutr. of 'tipped or tipt staff.'] (۱) شام چڑھایا ہوا عصا جو قرق امین (Bailiff) کے عہدے کی علامت سمجھاجاتا تھا ۔ (۲) قرق امین ۔

Tipster : (n) (۱) (گھڑ دوڑ وغیرہ کے متعلق) پوشیدہ خبر دینے والا؛ شرط بندی وغیرہ کے متعلق رازدارانہ اطلاع دینے والا ۔ (۲) ٹپ دینے والا ۔

Tipsy : (a) (۱) مست؛ متوالا؛ مخمور؛ مدھوش ۔ (۲) نشے کا؛ جس سے نشے میں ہونا ظاہر ہو ؛ جو نشے کی وجہ سے سرزد ہو ۔ (۳) ایک طرف سے جھکنے والا ۔

Tipsy - cake : (n) کیک جو اسفنج کی شکل کا بنایا جاتا ھے اوراس پر کریم، بادام وغیرہ کی تہ ہوتی ھے ۔

Tipsy dance and jollity : (n) مدھوشی کی حالت میں رقص اور اظہارِ انبساط ۔

Tipula : (n) [L. 'tippula'.] (تشریح) جنس کلنگ مکھی؛ دریائی مکڑا۔

Tipulary : (a) کلنگ مکھی سے متعلق ۔

Tipuloidea : (n) کلنگ مکھیاں ۔

Tir-wit : (n) (حیوانیات) ہد ہد ۔

Tirade : (n) [It. 'tirata'.] (۱) لمبی پُر جوش تقریر (خصوصاً ملامت میں)؛ ہجو؛ وعظ (طنزیہ معنی میں) ۔ (۲) طول طویل نظم، خطبہ وغیرہ ۔ (۳) کتھا (طنزیہ معنی میں) ۔ (٤) (موسیقی) آواز کی کشش جس سے سُروں کے درمیان کا فصل پُر کیاجائے۔

Tirailleur : (n) [Fr. f. 'tirailler.'] (۱) تفنگ دار؛ گل چلا ؛ عمدہ نشانہ لگانے والا ۔ (۲) چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنے والا سپاہی، خصوصاً انقلاب فرانس (سنہ ۱۷۹۲ء) کا سپاہی ۔

Tire : (n) [aphet. f. 'atir'.] (۱) عورتوں کےسر کا لباس؛ سر کی پوشش (ٹوپی وغیرہ) ۔ (۲) بالا پوش؛ بچوں کے لباس کے اوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لئے پہنا دیا جاتا ھے ۔

Tire/Tyre : (n) [prob. the same word as prec.] (۱) (موٹر یا بگھی کا) ٹائر ۔ (۲) (بیل گاڑی وغیرہ کا) ہال ۔

Pneumatic tire : ہَوا دار ٹائر؛ ٹائر جس میں ہَوا بھری ہو ۔

Tire : (v) [OE. 'tiorican'.] (۱) تھکنا؛ تھک جانا؛ تھکانا؛ کمزور ہوجانا؛ چورھوجانا ۔ (۲) اکتا جانا؛ (زندگی سے) سیر ھوجانا؛ تنگ آجانا؛ سیر کردینا؛ آسودہ کرنا۔ (۳) اکتا دینا؛ سیر کردینا (زندگی وغیرہ سے)؛ ناک میں دم کردینا ۔

To tire down : (شکاری کا جانور کو) تھکادینا ۔

To tire out, to tire to death : (بول چال) زندگی سے بیزار کردینا ۔

Tire : (v) [Aphetic f. Attire] (۱) (بول چال) (عمارت کو) سجانا؛ پلاسترکرنا۔ (۲) (شاذ) (ٹوپی وغیرہ) زیب تن کرنا؛ پہننا؛ آراستہ کرنا (بال وغیرہ) ۔

Tire : (v) (۱) ٹائر چڑھانا ۔ (۲) ہال چڑھانا ۔

Tire gauge : (n) ٹائر گیج؛ ٹائر میں ھوا کے دباؤ کو ناپنے والا پیمانہ ۔

Tire-glass : (n) آرائشی شیشہ؛ بال سنوارنے کا آئینہ ۔

Tire-man : (n) (۱) ٹائر بنانے والا؛ ٹائر کا تاجر ۔ (۲) بسوں کے ٹائر کو بدلنے والا ۔

Tire-room : (n) کپڑے بدلنے کا کمرہ؛ آراستہ ھونے کا کمرہ ۔

Tire-woman : (n) (قدیم) مشّاطہ؛ کپڑے پہنانے والی خادمہ ۔

Tired : (a) (۱) تھکا ہوا؛ خستہ؛ کمزور ۔(۲) بیزار ؛ سیر ۔

Tiredly : (adv.) تھکاوٹ کے طور پر؛ بیزاری کے ساتھ ؛ تھک کر؛ تکان کے ساتھ۔

Tiredness : (n) (۱) تکان؛ تھکا ہونا ۔(۲) اکتایا ہوا ہونا ؛ عاجز ہونا ۔

Tireless : (a) (۱) ان تھک؛ نہ تھکنے والا ۔(۲) بے حد محنتی؛ انتھک (کوشش وغیرہ)؛ انتہا سے زیادہ سرگرم؛ مستقل؛ پیہم۔

Tirelessly : (adv.) انتہائی سرگرمی کے ساتھ ؛ استقلال کے ساتھ؛ بے حد محنت سے ۔

Tirelessness : (n) انتہائی سرگرمی؛ استقلال ؛ بے حد محنتی ہونا ۔

Tiresome : (a) (۱) تھکانے والا؛ گھٹن؛ اجیرن؛ بار خاطر ۔ (۲) اکتا دینے والا ؛ بے لطف ؛ طاقت فرسا ۔ (۳) تکلیف دہ؛ ماند کرنے والا؛ اچاٹ کرنے والا؛ مخل؛ مزاحم۔

How tiresome I have left my watch behind : کیسی تکلیف دہ بات ہے، میں اپنی گھڑی پیچھے بھول آیا ۔

Tiresomely : (adv.) (۱) تکلیف دہ طور پر؛ اجیرن کے طور پر؛ گھٹن کے ساتھ۔(۲) بے لطفی سے؛ غیر دلچسپ طور پر ۔

Tiresomeness : (n) (۱) تکلیف دہ ہونا ۔(۲) بے لطفی ؛ غیر دلچسپی؛ طاقت فرسائی ۔

Tiring : (n) آراستہ ہونا؛ آراستگی ؛ کپڑا بدلنا ؛ آرائش؛ مشاطہ گری۔

Tiring-house : (n) تھیئٹر کا وہ حصہ جہاں ایکٹر لباس وغیرہ بدلتا ہے ۔

Tiring-irons : (n) معمائی فلزی؛ بازی؛ حلقہ ۔

Tiring-room : (n) لباس تبدیل کرنے کا کمرہ، خاص طور سے تھیئٹر میں۔

Tiro/Tyro : (n) [L. 'tiro'.] (۱) مبتدی؛ نوآموز؛ تازہ کار ۔ (۲) وہ شخص جو کسی مذہب میں نیا داخل کیا گیا ہو ۔

Tirocinium : (n) [L.] (۱) نوآموزی؛ کارآموزی؛ کام سیکھنے کا زمانہ؛ مبتدی؛ تازہ کار ۔(۲) نابالغی؛ کم سنی؛ (مجازاً) طالب علمی ۔ (۳) (فن) مبادیات فن؛ مبادی۔(٤) کار آموز کی پابندی۔

Tironian : (a) [L. 'tironianus'.] ٹیرو "Tiro" شاگرد آزادہ؛ سیسرو (روم کا) سے متعلق ۔

Tironian notes : (n) مختصر نویسی (Short-hand) کا ایک طریقہ جو قدیم روم میں Tiro نے ایجاد کیا تھا ۔

Tirra - birra : (n) [Echoic.] اظہار مسرت کی آواز؛ لَوا کی آواز ۔

Tirrit : (n) [perh. illiterate for 'terr'.] (شاذ) اضطراب؛ آشفتگی؛ بھم خوردگی ۔

Tirshatha : (n) [Opers. 'tarsata'.] ایرانی وائسرائے کا خطاب ۔

Tis: "It is" کا مخفف ۔

Tisane : (n) (طب) جوشاندہ ۔

Tishri/Tisri : (n) [late Heb. 'tishri'.] تشرین؛ یہودی سال کا پہلا مہینہ؛ (عیسائی مذہب کا) ستمبر اور اکتوبر کا حصہ۔

Tissue : (n) [OFr. 'tissu'.] (۱) بافت؛ باریک بنی ہوئی چیز ۔ (۲) (حیوانیات) نسیج؛ خلیوں وغیرہ کا سلسلہ ۔ (۳) مجموعہ؛ پوٹ (جھوٹ، جرائم وغیرہ کی) ۔ (٤) پارچہ؛ بافتہ ۔ (٥) زربفت؛ (کاغذ) حریری کاغذ ۔ (٦) سب سے اہم حصہ؛ نچوڑ؛ مغز؛ ساخت؛ بناوٹ ۔ (۷) (تصویر کشی) جلاٹین کا کاغذ۔

Adipose tissue: (حیوانیات، تشریح) نسیج شحمی ۔

Cellular tissue: (حیوانیات) نسیج خلوی ۔

Connective tissue : (حیوانیات) نسیج الحاقی؛ نسیج ملتحمہ ۔

Epithetical tissue : (حیوانیات) نسیج بشری ونخاطی ۔

Gold tissue: زربفت ۔

Muscular tissue : (حیوانیات) نسیج عضلاتی ۔

Nervous tissue : (حیوانیات) نسیج اعصابی ۔

Radiating tissue : شعاعی بافت؛ نسیج اعصابی۔

Tissue-culture : (n) (نباتیات، حیوانیات) ٹشو کلچر ؛ نسیج پروری۔

Tissue-paper : (n) زرورقی کاغذ؛ حریری کاغذ؛ (جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لئے لگاتے ہیں)۔

Tissue system : (n) (نباتیات) ٹشو سسٹم ؛ ٹشو کا نظام ؛ نظام بافتی۔

Tissue tension : (n) (نباتیات) ریشوں کا تناؤ؛ بافتی تناؤ۔

Tissued : (a) بافتہ؛ منسوج؛ نسیج دار؛ نسیجی۔

Tissues : (n) نسائج؛ منسوجات۔

Tit : (n) [OE. 'titt'.] (۱) ایک گھونسے کے بدلے ایک گھونسا؛ جیسے کو تیسا؛ ادلے کا بدلے؛ ترکی بہ ترکی جواب؛ انتقام؛ مکافات۔ (۲) ہلکی ضرب؛ چپت؛ تھپڑ۔

Tit : (n) [app. of onomatopoeic origin.] (۱) (قدیم) چھوٹا سا مریل گھوڑا۔ (۲) (عام) لڑکی؛ جوان عورت؛ خصوصاً شوخ چشم لڑکی؛ دیدہ دلیر لڑکی؛ چنچل لڑکی۔ (۳) چھوٹے پرندوں کی قسموں کے نام، مثلاً Titmouse, Tomtit, Titlark وغیرہ۔

Tit : (v) (بول چال) تھپتھپانا؛ ہلکے سے مارنا : ہلکی ضرب لگانا۔

Tit-babbler : (n) پہاڑی پرندوں کی ایک قسم۔

Tit-bit/Tid- (n) دیکھو Tid bit

Tit-warbler : (n) ایک پرندہ۔

Titan : (n) [L.] (یونانی دیومالا) ٹائی ٹن؛ ایک دیوپیکر نسل کا فرد جو (Uranus) یورینس اور گیا (Gaea) کی اولاد سمجھا جاتا تھا۔ (۲) سورج دیوتا۔ (۳) مافوق الفطرت جسمانی یا ذہنی قوت رکھنے والا شخص؛ نہایت عالی دماغ شخص۔ (٤) دریا کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالنے والی مشین؛ دمکلا (وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ)؛ سماک۔ (۵) (علم النجوم) سیارہء زحل کا نام۔

The weary titan : سلطنت برطانیہ یا کوئی بڑی سلطنت۔

Titan : (n) عالی دماغ آدمی؛ عظیم الجثہ مرد؛ پہلوان ؛ غول۔

Titan : (a) عظیم الجثہ؛ بزرگ؛ غول آسا۔

Titan crane : (n) بھاری وزن اٹھانے والا جرِ ثقیل۔

Titanate : (a) [f. 'Titanium.'] ٹٹانیم کا نمک؛ ٹٹانیٹ۔

Titanesque : (a) (۱) ٹائی ٹن کا سا؛ ٹٹانوں کی شان کا۔ (۲) عظیم الجثہ۔

Titaness : (n) (۱) دیونی؛ دیو پیکر عورت۔ (۲) عالی دماغ عورت۔

Titania : (n) (۱) (علم النجوم) طیطانیہ (قمر زحل)۔ (۲) (اساطیر) طیطانیہ؛ پریوں کی ملکہ۔

Titanian : (a) (۱) عظیم الجثہ؛ فوق البشر؛ نہایت زبردست؛ دیوپیکر۔ (۲) (کیمیا) ٹٹانیم کا۔

Titanic : (a) دیکھو Titanian

Titanic iron-ore : (n) دیکھو Ilmenite

Titanic schorl : (n) دیکھو Rutile

Titaniferous : (a) ٹٹانیم والا؛ وہ کچی دھات جس سے ٹٹانیم حاصل کرتے ہیں۔

Titanism : (n) [Fr. 'titanisme'.] (۱) غول آسائی؛ تنومندی؛ بزرگی۔ (۲) نظم عالم کے خلاف شورش۔ (۳) عظیم قوت یا طاقت۔

Titanite : (n) [G. 'titanit'.] دیکھو Sphene

Titanium : (n) ٹٹانیم؛ طیطانیم (عنصر، دھات)؛ ایک فلزی عنصر جو سیاہی مائل بھورے رنگ کا ہوتا ہے؛ ایک سفید بے مزہ سفوف (TiO_2)۔

Titano - : [Gr. 'titano'.] سابقہ بمعنی "غول"۔

Titano - : [f. Titanium] سابقہ بمعنی "ٹٹانیم"؛ معدنیات اور کیمیائی مرکبات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Titanomachy : (n) دیو کی لڑائی۔

Titanosaurus : (n) (حیوانیات) عظیم سوسمار۔

Titanous : (a) ٹٹانیم دار؛ ٹٹانیم ملا ہوا۔

Titanous oxide : (n) (کیمیا) ٹٹانیم کا آکسائیڈ ۔

Tithable : (a) [late ME. 'thie'.] قابل عشر؛ مستوجب عشر؛ جس سے عشر وصول کیا جاسکے ۔

Tithe : (n) [Early ME. 'thie'.] (۱) عشر ؛ دہ یکی ؛ کسی جنس کا دسواں حصہ جو بطور محصول لیا جائے ۔ (۲) (جمع) فصل (زمین کی پیداوار) کا دسواں حصہ جو کلیسا کے لئے وصول کیا جائے ۔ (۳) اشخاص کی کمائی کا دسواں حصہ جو کلیسا کےلئےوصول کیاجاتا ہے۔(٤) (معاشیات) عشری محصول؛ کسی قسم کا ٹیکس جو دسواں حصہ ہو ۔(٥) کسی چیز کا دسواں حصہ ۔

Mixed tithes : سوروں ، بھیڑوں وغیرہ کی چرائی کا محصول ۔

Personal tithes : افراد کی کمائی کا دسواں حصہ ۔

Predial tithes : کھیتوں کی پیداوار کا عُشر ۔

Tithe : (a) فصل ۔

Tithe : (v) [OE. 'teozothian'.] (۱) عُشر لینا؛ دسواں حصہ لینا۔ (۲) عُشر ادا کرنا (خصوصاً کلیسا کو) ۔ (۳) کسی شخص پر عشر کی ادائیگی مقرر کرنا۔ (٤) (اسباب کا) عشر لینا؛ عشر کے طور پر (پیداوار میں سے) لینا ۔

To tithe mint(and anise) and cummin : جزئیات کا خیال کرنا لیکن اہم چیزوں سےغفلت برتنا ۔

Tithe - barn : (n) عشر رکھنے کی کوٹھی ۔

Tithe commissioner : (n) افسر مال گذاری؛ جو عشر کے بدلے میں روپیا وصول کرنے وغیرہ کا انتظام کرتے ہیں۔

Tithe-man : (n) عَشر کا محصّل؛ عشر وصول کرنے والا ۔

Tithe-pig : (n) سور جو عشر کے طور پر لیا جائے ۔

Tithe-proctor : (n) عشر(محصول) جمع کرنےوالا؛ عامل عشر۔

Tither : (n) (۱) عشر وصول کرنے والا؛ عشر گیر ۔ (۲) کلیسائی عَشر کے نظام کا حامی ۔

Tithing : (n) [OE.'tiothung'.] (۱) عشر کی وصولی ۔(۲) عشرہ ۔ (۳) دس کنبہ دار؛ ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنے والے جو ایک دوسرے کی نیک چلنی کے ضامن ہوتے ہیں ۔

Tithing-man : (n) عشر وصول کرنے والا؛ عامل عشر ۔

Tithingman : (n) (۱) (تاریخ) میر محلہ (انگلستان میں پہلے دس خاندانوں میں ایک میر خاندان مقرر ہوتا تھا جس کے فرائض میر محلہ کی طرح ہوتے تھے) ۔(۲) ادنیٰ سپاہی؛ کم رتبہ سپاہی ۔

Tithonic rays : (n) (کیمیا) کیمیائی شعاعیں ۔

Tithonicity : (n) (طبیعیات ، کیمیا) کیمیائی شعاعیت ؛ کرنیت۔

Tithonometer : (n) (طبیعیات، کیمیا) کرنیّت پیما ۔

Titian : (n) (۱) وینس کا مشہور مصور ٹیشینن (جو سنہ ١٥٧٦ء میں وفات پا گیا) ۔ (۲) ٹیشینن کی بنائی ہوئی تصویر ۔ (۳) چمکدارسرخی مائل سنہری رنگ ۔

Titianic : (a) ٹیشینن کی بنائی ہوئی تصویر سے متعلق ۔

Titianesque : (a) ٹیشینن کے طرز کا ۔

Titillate : (v) [f. L. 'titillat, titillare'.] (۱) گدگدی کرنا ۔ (۲) گدگدانا؛ خوشگوار بے چینی کی کیفیت پیدا کرنا ۔

Titillating : (n) گدگدی ۔

Titillatingly : (adv.) گدگدی کے طور پر : گدگداتے ہوئے ۔

Titillation : (n) [L. 'titillationem'.] (۱) گدگدی؛ ہیجان ۔ (۲) خوشی؛ مسرت؛ تسکین؛ اطمینان؛ سیری ۔ (۳) برافروختگی ۔

Titillative : (a) قابل گد گدی؛ خوشی کے لائق ۔

Titivate/Tittivate : (v) [In early example 'tiddiva'.] (۱) (بول چال) بننا؛ سنورنا؛ ٹھاٹھ کے کپڑے پہننا؛ آرائش کرنا؛ آراستہ کرنا ۔ (۲) (خود کو) سنوارنا؛ زرق برق کپڑے پہننا ۔

Titivation/Tittivation : (n) آراستگی؛ بننا؛ سنورنا ۔

Titlark : (n) دیکھو Meadow pipit

Title : (n) [L. 'titulus'.] (۱) عنوان؛ سرخی (باب ، نظم وغیرہ کی) ۔(۲) (کتاب کی) سر ورق کا مضمون ۔

(٣) نام (کتاب کا) ۔ (٤) (قانونی تمسکات، ضابطۂ قانون وغیرہ کا) عنوان ۔ (٥) خطاب؛ اسم؛ لقب؛ منصب یا عہدے وغیرہ کا نام؛ سند؛ طرز ۔ (٦) (تعظیمی) لفظ یا الفاظ جس سے کسی کو مخاطب کریں (Mr. , Mrs. , Sir. , Ma-dame) ۔ (٧) (قانون) حق ملکیت ؛ حقیت ۔ (٨) بنائے حقیت ۔ (٩) دستاویز ملکیت (بیع نامہ، قبالہ وغیرہ) ۔ (١٠) استحقاق (کسی چیز کا) ۔ (١١) بنائے استحقاق ۔ (١٢) سونے کے کھرے ہونے کا درجہ جو قیراط سے ظاہر کرتے ہیں ۔ (١٣) مقررہ حلقۂ کار اور ذریعۂ آمدنی جس کا ہونا پادری بنائے جانے کے لئے ضروری ہے ۔ (١٤) (روم میں) ہر گرجے کا حلقہ ۔ (١٥) قبالہ؛ بیع نامہ ۔

Title : (v) (١) عنوان مقرر کرنا؛ (کتاب میں) عنوان لکھنا ۔ (٢) مخصوص نام سے ظاہر کرنا؛ نسبت دینا؛ اسناد دینا ۔ (٣) خطاب دینا؛ لقب دینا؛ ملقب کرنا؛ نام رکھنا ۔ (٤) حقوق و مراعات دینا؛ عہدہ دینا ۔

Title-deed : (n) (قانون) قبالہ؛ بیع نامہ؛ سند مالکیت ۔

Title-holder : (n) (قانون) خطاب یافتہ؛ حقیت دار ۔

Title-page : (n) (کتاب کا) سرورق؛ وہ صفحہ جس پر عنوان درج ہو ۔

Title-part : (n) ناٹک میں اس کیریکٹر کا پارٹ جس کے نام سے کتاب منسوب ہے ۔

Title-role : (n) دیکھو Title-part

Titled : (a) (١) عہدہ دار ؛ منصب دار ۔ (٢) صاحب لقب؛ لقب دار ؛ ملقب؛ خطاب یافتہ ۔ (٣) ذی حق ؛ مالک ۔

Titleless : (a) (١) بے لقب؛ بےخطاب؛ بے عنوان ؛ بے نام ۔ (٢) بے استحقاق؛ بے ملکیت ۔

Titler : (n) صاف مخروطی چینی کا تجارتی نام ۔

Titling : (n) (١) لَوا ؛ قنبرک ۔ (٢) (اسکاچستان، بول چال) دیکھو Hedge-Sparrow ۔ (٣) دیکھو Titlark ۔ (٤) (شاذ) دیکھو Titmouse ۔

Titling : (n) کتاب کی پُشت پر سونے کے حروف میں نام چھاپنا ۔

Titmouse : (n) [ME. 'titmose'.] (١) Paras جنس کا ایک پرندہ؛ قرقف؛ پُھدکی ۔ (٢) (مجازاً) معمولی آدمی؛ حقیر شے؛ ادنیٰ چیز ۔

Blue titmouse : ایک قسم کا پرندہ؛ پُھدکی کی ایک قسم۔

Coal titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Creasted titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Great titmouse : گاؤ دیدہ پرند ۔

Long-tailed titmouse : لمبی دم والا ایک پرندہ ۔

Marsh titmouse : پُھدکی کی ایک قسم ۔

Titrate : (v) [f. Fr. 'titrer'.] (کیمیا) معائرہ کرنا؛ معائرت کرنا؛ کسی مرکب میں ایک خاص چیز کی مقدار معلوم کرنے کے لئے اس میں کسی دوسری چیز کا مقررہ قوت کا محلول ملانا اور دیکھنا کہ اس کی کتنی مقدار اس مرکب کی شکل وغیرہ بدلنے کےلئے کافی ہے ۔

Titrated : (a) (کیمیا) معائرہ شدہ ۔

Titration : (n) (کیمیا) معائرہ؛ معائرت؛ (گیس کی) پیمائش حجم کا تجزیہ ۔

Titre/Titer : (n) [Fr.] (١) سونے یا چاندی کی نفاست ۔ (٢) (کیمیا) (معائرہ کی وجہ سے) محلول کی قوت؛ عیّار ۔

Titrimeter : (n) (کیمیا) برقی معائر ۔

Titrimetric : (a) معائرت سے متعلق ۔

Titrimetrically : (adv.) معائرت کے طور پر ۔

Titrimetry : (n) [Fr. 'titre'.] دیکھو Titration

Titter : (n) آہستہ ہنسی؛ دبی ہوئی ہنسی ۔

Titter : (v) [echoic.] (١) دبی ہوئی ہنسی ہنسنا؛ منہ دبا کر ہنسنا؛ آہستہ ہنسنا ۔ (٢) بڑبڑانا؛ ہنستے ہوئے کہنا ۔

Titter : (v) [late ME. 'titer'.] (١) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا؛ ڈگمگانا؛ جھکولے کھانا ۔ (٢) ہنڈولے یا جھولے

کی طرح آگے پیچھے حرکت کرنا ۔ (۲) پالیسی یا طرز عمل میں متلون یا مذبذب ہونا ۔

Titter-totter : (n) دیکھو See-saw

Titter-totter : (adv.) لڑکھڑاتے ہوئے؛ (مجازاً) گھبراتے ہوئے؛ پس و پیش کے ساتھ۔

Titter-totter : (v) دیکھو See-saw (v)

Titterer : (n) دبی ہنسی ہنسنے والا ۔

Tittle : (n) [late ME. 'titel'.] (۱) (تحریر وغیرہ میں) نقطہ ؛ ہمزہ؛ حرف کے اوپر کا نقطہ مثلاً "j" "i" میں ۔ (۲) (مجازاً) ذرہ؛ رتی؛ شمہ؛ معمولی رقم ۔

Jot or tittle : دیکھو Jot

To a tittle : ٹھیک شمہ برابر ہونا ۔

Tittle : (v) (۱) (بول چال) ہلکی آواز میں گفتگو کرنا ؛ زیرِ لب بولنا؛ بہت آہستہ بولنا؛ کُھسُر پُھسُر باتیں کرنا ۔ (۲) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا ۔

Tittle-bat/-back : (n)[Childish origin] خارپشت مچھلی؛ زمّیر؛ ماہی آبنوس ۔

Tittle-tattle : (n) [A reduplicated compound of Tattle. (n)]
(۱) گپ شپ ؛ بکواس ۔ (۲) طفلانہ گفتگو ؛ بچوں کی سی باتیں؛ بسیار گوئی ۔

Tittle-tattle : (a) یاوہ گو؛ ورّاج؛ بکواس کرنے والا ۔

Tittle-tattle : (v) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا؛ یاوہ گوئی کرنا ۔

Tittle-tattling : (n) گپ شپ کرنا؛ بکواس کرنا ۔

Tittle-tattling : (a) بکواس کرنے والا؛ یاوہ گو ۔

Tittup : (n) [Echoic, from the sound of the horse's feet.]
(۱) گھوڑے کا پویہ؛ ہلکی سرپٹ چال؛ چھلانگ؛ جست و خیز؛ ترارا ؛ لنگوری کلیل ۔ (۲) شوخ و طرّار عورت یا لڑکی؛ ہوشیار عورت یا لڑکی؛ چنچل عورت ۔

Tittup : (v) [Goes with prec.] (۱) (گھوڑے کا) اچھلنا کودنا؛ ترارے بھرنا؛ جست و خیز کرنا؛ چھلانگ لگانا ۔ (۲) (بحری، عام) سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا کہ سب کو شراب کون شخص پلائے ۔ (۳) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا؛ اترا کر چلنا ۔

Tittupy : (a) (۱) (بول چال) لرزاں ؛ مرتعش ؛ جنباں ؛ متزلزل ؛ ڈگمگاتا ہوا ؛ غیر مستقل ؛ تغیر پذیر ۔ (۲) جست و خیز کرنے والا؛ اچھل کود کرنے والا؛ چلبلا؛ شوخ ۔

Titty : (n) چھاتی؛ سینہ ؛ ماں کا دودھ ؛ شیر پستان ۔

Titubancy : (n) [late L. 'titubantia'.] (شاذ) مدہوشی؛ مستی؛ بے استقلالی ؛ تلون ۔

Titubant : (a) [L. 'titubantin'.] (شاذ) نااستوار؛ نا پائیدار ؛ مست؛ مدہوش؛ متوالا؛ (مجازاً) تتلاہٹ؛ حیص بیص۔

Titubate : (v) [L. 'titubare'.] (۱) (شاذ) ڈگمگانا؛ لڑکھڑانا ؛ پس و پیش کرنا؛ ہچکچانا؛ رکنا؛ تامل کرنا ۔ (۲) ہلانا؛ ہلنا؛ جھومنا ۔ (۳) (مجازاً) رک رک کر بولنا؛ ہکلانا؛ تتلانا ۔

Titubation : (n) [L. 'titubationem'.] (۱) بےقراری ؛ لرزش ؛ مدہوشی ۔ (۲) (طب) لکنت؛ لڑکھڑاہٹ؛ اعصابی کمزوری سے اعضاء کی اضطراری حرکت خصوصاً پیروں کا ڈگمگانا ۔ (۳) (مجازاً) گھبراہٹ؛ الجھن؛ پریشانی؛ رکاوٹ ۔

Titular : (a) [L. 'titularis'.] (۱) خطاب سے متعلق ؛ مبنی برخطاب ۔ (۲) برائے نام ؛ نام کا ؛ لقبی ۔ (۳)رسمی؛ افتخاری؛ عنوانی ۔ (٤) لقب دار؛ صاحب لقب؛ عہدہ دار؛ منصب دار؛ خطاب یافتہ ۔ (٥) دیکھو Title -role (٦) جس سے خطاب لیا جائے؛ جس سے نام لیا جائے ۔ (۷) اصلی؛ بنیادی۔

Titular : (n) (۱) صاحبِ لقب؛ وہ شخص جسے خطاب ملا ہو؛ عہدہ رکھنے والا ۔ (۲) بلا خدمت عہدہ دار خصوصاً پادری؛ برائے نام اسقف ۔ (۳) ملقب شخص؛ صاحبِ القاب ۔

Titular bishop : (n) (رومی کلیسا) برائےنام اسقف ، جو کسی ایسے حلقے کا اسقف کہلاتا ہے جو عیسائیوں کےہاتھ سے نکل کر مسلمانوں کی حکومت میں چلا گیا ہو ۔

Titular character : (n) دیکھو Title-role

Titularly : (adv.) برائے نام؛ نام کے طور پر ۔

Titulary : (a) (شاذ) لقبی؛ اسمی؛ افتخاری : لقب دار : صاحب لقب۔

Titule : (v) [f. L. 'titulare'.] مشخّص کرنا؛ عنوان دینا؛ عنوان لگانا۔

Tituled : (a) مشخّص؛ عنوان زدہ؛ عنوان لگایا ہوا؛ ملقّب۔

Tiver : (n) [OE. 'teafor'.] لال رنگنے کی چیز، خصوصاً بھیڑ کو نشان لگانے کے لئے۔

Tiver : (v) نشان لگانا؛ Tiver سے رنگنا۔

Tiza : (n) [Quichua(peruvian)'t'isa'.] (معدنیات) سوڈے اور چونے کا بوریٹ۔

Tizzy : (n) [Origin obsc.] چھ پینس کا سکہ۔

Tmesis : (n) [Gr. 'tmesis'.] (صرف ونحو) ایک لفظ کے اجزا کو کوئی اور لفظ یا الفاظ بیچ میں داخل کرکے جدا کردینا۔

T.N.T. : (n) بہت قوی پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا۔

To : (prep.) [OE. 'to'.] (۱) کو؛ کی طرف؛ پر؛ میں؛ کے لئے؛ بسوئے؛ سوئے۔ (۲) تک؛ حد تک؛ تا۔ (۳) مقابلے میں؛ نسبت سے؛ بہ نسبت۔ (٤) مطابق؛ مناسبت سے؛ برحسب؛ بنا پر۔ (۵) (قدیم) بطور؛ بحیثیت۔ (٦) (امریکا) میں؛ سلسلے میں؛ متعلق؛ مقابل میں؛ برابر میں۔ (۷) کو؛ کے؛ ساتھ۔ (۸) واسطے۔ (۹) کا۔ (۱۰) بہ طور علامت مصدر (خواہ وہ فعل کے معنی میں ہو یا اسم کے)۔ (۱۱) مصدر کے بدل یا قائم مقام کے طور پر۔ (۱۲) پیش؛ نزد۔ (۱۳) ذیلی صورتوں میں استعمال ہوتا ہے: حرکت، عمل ظاہر کرنے کےلئے؛ سمت بتانے کےلئے؛ میلان ظاہر کرنے کےلئے؛ دوری ظاہر کرنے کےلئے؛ حد ظاہر کرنے کے لئے؛ مقرر وقت ظاہر کرنے کے لئے؛ پابندی وقت کو نمایاں کرنے کے لئے؛ مقصد ظاہر کرنے کے لئے؛ نتیجہ، اثر بتانے کے لئے؛ خواہش ظاہر کرنے کے لئے؛ قبضہ ظاہر کرنے کے لئے؛ ساتھ ظاہر کرنے کے لئے؛ شرائط ظاہر کرنے کے لئے؛ مقابلہ بتانے کے لئے؛ موازنہ کرنے کے لئے؛ دو چیزوں کے نام جوڑنے کےلئے؛ دو تعداد جوڑنے کے لئے۔ (١٤) گفتگو کے اظہار کے لئے؛ اچھی تمنا یا خواہش ظاہر کرنے کے لئے؛ جواب کے اظہار کے لئے؛ رد عمل کے لئے؛ بیان یا سوال کے جواب کے لئے؛ جذبات، احساسات کے اظہار کےلئے۔

From day to day: لگاتار؛ تکرار کے ساتھ (وقت کا)۔

That's all there is to it : اضافہ کرنے کے لئے کچھ نہیں ہے۔

Would to God that : کاش ایسا ہوتاکہ۔

To : (adv.) (۱) مطلوبہ حالت یا مقام میں؛ طبیعی یا اصلی حالت پر؛ ایک سمت میں؛ سکون کی حالت پر؛ نزدیک سے؛ دوبارہ۔ (۲) کسی شخص یا چیز کی طرف بتانے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔ (۳) تعلق پیدا کرنے کے لئے یا خیال دلانے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔ (٤) مکرر درمکرر۔

The door is to : دروازہ کچھ کچھ کھلا ہے۔

To : (conj.) (۱) مختلف طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے As not to (ایسا نہیں)۔ (۲) مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے جیسے The first to come (آنے والا پہلا شخص)۔ (۳) مصدر وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (٤) خوشی، عزت وغیرہ ظاہر کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے۔

To - : (prefix) سابقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے اسم، فعل اور صفت کے ساتھ۔

To and fro : (adv.) ادھر ادھر؛ آگے پیچھے؛ ادھر سے ادھر؛ پس وپیش کے ساتھ؛ اوپر نیچے۔

To and fro : (prep.) آگے پیچھے۔

To and fro : (n) (۱) (جمع) آگے پیچھے کی حرکت؛ حرکت پس و پیش۔ (۲) تغیر؛ جنبش۔ (۳) (مجازاً) حیص بیص؛ تذبذب۔

To and fro : (a) پس وپیش کرنے والا؛ عقب و جلو میں جانے والا؛ آگے پیچھے ہونے والا۔

To and fro : (v) آگے پیچھے کر کے گزرنا؛ ادھرأدھر جانا۔ (۲) حیص بیص کرنا۔ (۳) اِدھر اُدھر رہنمائی کرنا۔

To-be : (n) آئندہ؛ مستقبل؛ ہونے والا۔

To-be : (a) آئندہ کا؛ ہونے والا۔

To-fall : (n) (۱) (اسکاچستان اور بول چال) سائبان؛ اسارا؛ برآمدہ؛ چھجا؛ شامیانہ؛ پال۔ (۲) خاتمہ؛ زوال؛ نیچے آنے کا عمل۔

To-fall of the day or night : (n) دن یا رات کا خاتمہ ۔

To-morn : (adv.) کل کے لئے؛ کل: فردا ۔

To-morrow : (adv.) [ME. 'tomorwen'.] دیکھو To-morn

To-morrow : (n) (۱) کل: کل کا دن: آئندہ آنے والا دن ۔ (۲) کل کے دن؛ فردا ۔

To-morrow comes never : کل کبھی نہیں آتا ۔

To-morrow week : (n) اب سے آٹھ دن بعد؛ آج کے نویں دن ۔

To-name : (n) [OE. 'tonama'.] (۱) نام کا زائد جز ۔ (۲) لقب؛ خاندانی نام؛ عرفی نام ۔

To year : (adv.) امسال ؛ اس سال ۔

Toad : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک قسم کا بھدے جسم کا مینڈک؛ غوک سام؛ برمی مینڈک ۔ (۲) قابلِ نفرت چیز ۔ (۳) قابلِ نفرت یا مکروہ شخص ۔ (٤) ذلیل خوشامدی؛ کاسہ لیس ۔

Running toad : بری نوی مینڈک؛ ایک قسم کا بری نوی جس کی پیٹھ پر زرد دھاریاں ہوتی ہیں ۔

To eat (any one's) toads : ذلیل طریقہ سے خوشامد کرنا؛ کاسہ لیسی کرنا؛ کسی کا عبدوعبید ہونا ۔

Toad : (v) خوشامد کرنا؛ کاسہ لیسی کرنا ۔

Toad-cheese : (n) ایک زہریلا سماروغ ۔

Toad-eat : (v) (شاذ) چاپلوسی کرنا؛ خوشامد کرنا؛ ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا ۔

Toad-eater : (n) (۱) خوشامد کرنے والا؛ ذلیل خوشامدی ؛ کاسہ لیس؛ چاپلوس ۔ (۲) نیم حکیم کا عطّار؛ بازاری طبیب کا ملازم ۔ (۳) معمولی دوست؛ ذلیل نوکر ۔

Toad-eating : (n) خوشامد؛ خوشامد کرنا ۔

Toad-eating : (a) خوشامدانہ ۔

Toad-fish : (n) (۱) کپامچھلی؛ ایک طرح کی مچھلی جو پھول کر کپے کی طرح ہو جاتی ہے ۔ (۲) شیطان مچھلی ۔ (۳) ایک قسم کی امریکی مچھلی ۔

Toad-flax : (n) ایک سدا بہار درخت جس کے پھول زرد رنگ کے مشکیزہ دار ہوتے ہیں اور ان میں نارنجی داغ ہوتے ہیں ؛ کتان وحشی ۔

Toad-head : (n) امریکی سنہرا پلاور؛ زقزاق ؛ طیرباراں ۔

Toad in a hole : (n) انڈے، دودھ اور آٹے میں پکایا ہوا گائے کا گوشت ۔

Toad-lizard : (n) (۱) سینگ دار مینڈک ۔ (۲) متحجر بحری جانور جس کے دانت پُر پیچ ہوتے تھے ۔

Toad-pipe : (n) Equisetum جنس کا پودا ۔

Toad-rush : (n) ایک قسم کا سینٹھا ۔

Toad-snatcher : (n) دیکھو The reed-bunting

Toad-spit/-spittle : (n) دیکھو Cuckoo-spit

Toadish : (a) غوک مانند؛ زشت؛ کاسہ لیس ۔

Toadishness : (n) کاسہ لیسی ۔

Toadless : (a) بغیر خوشامد کے ۔

Toadlet : (n) چھوٹا بھدا مینڈک ۔

Toadling : (n) دیکھو Toadlet

Toado : (n) [Toad + - O.] دیکھو Globefish

Toad's cheese : (n) (بول چال) زہریلا کُکُرمتّا ۔

Toad's mouth : (n) گل میمون؛ ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ہے ۔

Toadstone : (n) [L. 'batrachites'.] غوک پتھر؛ ٹوڈ پتھر؛ ایک طرح کا پتھر جس کی بعض اقسام قیمتی ہوتی ہیں ۔

Toadstone : (n) [G. 'todtesgestein.'] دیکھو Paddock stone؛ غوک پتّھر؛ پتھر یا پتھر سی کوئی چیز جو مینڈک جیسی ہو ۔

Toadstool : (n) زہریلا ککرمتا؛ زہریلی کھمبی؛ فطری نبات ۔

Toady : (n) چاپلوس؛ متملق؛ کاسہ لیس؛ ذلیل خوشامدی ۔

Toady : (v) خوشامد کرنا؛ چاپلوسی کرنا؛ متملق ہونا؛ کاسہ لیسی کرنا؛ ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا۔

Toadyish : (a) خوشامدانہ؛ خوشامدی۔

Toadyism : (n) ذلیل خوشامد؛ کاسہ لیسی؛ چاپلوسی؛ تملق۔

Toarcian : (n) [f. L. 'Toarcium'.] (ارضیات) زمین کی پرتوں کے سلسلے سے متعلق۔

Toast : (n) [OFr. 'toster'.] (۱) توس؛ ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔ (۲) توس کا ٹکڑا شراب میں ڈوبا ہوا۔

As warm as a toast : گرما گرم۔

On toast : توس پر رکھ کر کوئی چیز پیش کرنا۔

To have (a person) on toast : اپنی گرفت میں رکھنا؛ کسی شخص کو اپنے پنجے میں رکھنا؛ بس میں رکھنا۔

Scrambled egg etc. on toast : انڈے کا خاگینہ وغیرہ توس پر رکھا ہوا۔

Toast : (n) [A fig. application of prec.] (۱) وہ خوبصورت عورت جس کی ہر جگہ مانگ ہو یعنی ہر دعوت میں اسے بلایا جائے۔ (۲) وہ شخص خصوصاً عورت جس کا جام صحت پیا جائے؛ وہ چیز جس کی سلامتی کا جام پیا جائے۔

Toast : (v) [OFr. 'toster.] (۱) اپنے آپ کو ٹھیک سے گرم کرنا؛ آگ میں تاپنا؛ (ہاتھ پاؤں وغیرہ) سینکنا۔ (۲) توس بنانا یا بننا؛ سینکنا (روٹی، پنیر، گوشت وغیرہ کا)۔

Toast : (v) (۱) کسی شخص کا جام صحت پینا؛ کسی شخص کو جام صحت کے لئے دعوت دینا۔ (۲) کوئی چیز یا کسی شخص کے اعزاز میں شراب پینا۔

Toast-master : (n) وہ شخص جو سرکاری دعوتوں میں جام صحت تجویز کرتا ہے۔

Toast-rack : (n) توس گیر، جس کھانے کی میز پر توس رکھے جاتے ہیں۔

Toast-water : (n) توس کا پانی؛ جس میں توس پڑا رہا ہو، ٹھنڈک کے لئے پیا جاتا ہے۔

Toaster : (n) (۱) توس بنانے والا؛ وہ شخص جو آگ پر کوئی چیز سینکتا ہے۔ (۲) توس سینکنے کا آلہ۔ (۳) (مزاحاً) نیمچہ؛ کٹاری؛ ہلکی تلوار۔ (٤) ایک قسم کی پنیر، روٹی جو اچھی طرح سینکی گئی ہو۔

Toasting : (n) (۱) توس سینکنا۔ (۲) سینکنا یا سنکنا؛ جام صحت پینا یا پیا جانا۔

Toasting-fork : (n) (۱) توس سینکنے کا کانٹا۔ (۲) (مجازاً) کٹاری؛ تلوار۔

Toasty : (a) توس بنایا ہوا؛ بھونا ہوا۔

Toat : (n) (نجاری) دستہ٭ رندہ۔

Tobacco : (n) [Altered from Sp. 'tabaco'.] (۱) تمباکو کا پودا؛ تمباکو۔ (۲) بنی ہوئی تمباکو کی پتیاں جس سے سگریٹ وغیرہ بناتے یا پائپ میں پیتے ہیں۔

Indian Tobacco : (۱) شمالی امریکا کا ایک پودا جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (۲) ہندوستانی بھنگ؛ حشیش۔

Mountain tobacco : ایک قسم کا پودا (Arnica mountana)۔

Wild Tobacco : شمالی امریکا کا ایک پودا جس سے دوا بناتے ہیں۔

Tobacco-box : (n) (۱) تمباکو دان؛ تمباکو رکھنے کا ڈبّا۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک مچھلی۔ (۳) بعض قسم کی مچھلی (Sunfish, skate وغیرہ)۔

Tobacco-cutter : (n) (۱) تمباکو تراش، جس سے تمباکو کے ریشے الگ کرتے ہیں۔ (۲) تمباکو کاٹنے والا آدمی۔

Tobacco heart : (n) (مرضیات) تمباکو کے زیادہ استعمال سے اختلاجِ قلب کی بیماری۔

Tobacco mosaic virus : (n) تمباکو کے پودوں کی ایک متعدی بیماری۔

Tobacco-pipe : (n) (۱) تمباکو پائپ؛ (تمباکو نوشی کا) پائپ۔ (۲) (امریکا) ایک قسم کا پودا۔

King's (Queen's) tobacco-pipe : دیکھو Pipe

Tobacco-pipe clay : (n) دیکھو Pipe clay

Tobacco-plant : (n) (۱) تمباکو کا پودا ۔ (۲) نیکوٹیانا (Nicotiana) جنس کاپودا ۔

Tobacco-pouch : (n) تمباکو کی تھیلی یا بٹوا؛ کھینی کا بٹوا ۔

Tobacco-stopper : (n) پائپ میں تمباکو بھرکر دبانے کا آلہ ۔

Tobacco-worm : (n) کرم تمباکو؛ تمباکو کا کیڑا ۔

Tobacconist : (n) تمباکو فروش؛ تمباکو بنانے والا ۔

Tobe : (n) [Arab.] ایک قسم کا سوتی کپڑا ۔

Tobin's tube : (n) ایک قسم کا روشن دان ۔

Toboggan : (n) [Adaptation of a Canadian Indian name of a sleigh or sledge.] (۱) برف پر چلنے کی بے پہیے کی برف گاڑی؛ برف گاڑی ۔ (۲) برف گاڑی میں پھسلنے کا کھیل ۔

Toboggan : (v) برف گاڑی میں چلنا یا پھسلنا؛ برف گاڑی سے پہاڑی پر سے پھسلنا ۔

Toboggan-shoot/-slide : (n) ڈھلان، جس پہ برف گاڑی پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں ۔

Tobogganer : (n) برف گاڑی میں چلنے والا؛ برف گاڑی سے پھسلنے والا ۔

Tobogganing : (a) برف گاڑی میں پھسلنا ۔

Tobogganist : (n) دیکھو Tobogganer

Toby : (n) [Familiar form of Christian name 'Tobias'.] (۱) سرین؛ چوتڑ۔ (۲) جگ (خصوصاً ایک بوڑھے کی شکل کا جس کے سر پر تکونی ٹوپی رکھی ہو)؛ اسے Toby fillpot بھی کہتے ہیں ۔ (۳) (نصف انیسویں صدی کا) تربیت یافتہ کتا ۔

Toby collar/-frill : (n) چوڑا، مڑا ہوا خیارہ دار کالر، جھالر ۔

Toc H : (n) [Signaller's name for T+H, denoting Taibo House] (سنہ ۱۸-۱۹۱٤ کے درمیان) ایک انجمن جو جنگ عظیم کے زمانے میں اس غرض سے قائم ہوئی تھی کہ اس وقت کے دوستانہ تعلقات آئندہ برقرار رکھے جائیں ۔

Toccata : (n) [It. f.'toccare'.] (موسیقی) مشق نغمہ؛ ایک طرح کا نغمہ جو پیانو؛ آرگن باجے وغیرہ کی مشق کے لئے مرتب کیا گیا تھا ۔

Toccatella/Toccatina : (n) چھوٹا سا مشقی نغمہ ۔

Tocher : (n) [OGael. 'tochar'.] نا چیز؛ حقیر شے ۔

Toco : (n) [Native name in 'Guiana'.] (طیوریات) امریکا کے گرم سیر خطے کا ایک پرند جس کی چونچ بہت بڑی ہوتی ہے ۔

Toco/Toko : (n) [Origin obsc.] (۱) تادیب؛ عذاب؛ عقوبت؛ گوشمالی؛ سرزنش؛ سزا؛ تنبیہ ۔ (۲) تکلیف ۔

Toco - : [Comb. form of Gr. toko ...] سابقہ بمعنی "وضع حمل" "دایہ گیری" ۔

Tocologist : (n) ماہر قبالت؛ دایہ گیری میں ماہر ؛ بچّا جنوانے کا ماہر؛ ماہر زچگی ۔

Tocology : (n) قبالت؛ فن قبالت؛ دایہ گیری؛ بچّا جنوانے کا علم؛ زچگی کا علم ۔

Tocopherol : (n) (۱) (طب) ولادت آور ۔ (۲) وٹامن ای (Vitamin E) ۔

Tocostome : (n) (حیوانیات) افزائشی دہن ۔

Tosin : (n) [OFr. 'toquassen'.] (۱) خطرے کی نشانی؛ خطرے کی اطلاع ۔ (۲) آژمیر؛ اخطاری گھنٹی؛ خطرے کی گھنٹی ۔

Tod : (n) [Origin unkn.] (۱) لومڑی؛ روباہ ۔ (۲) (مجازاً) حیلہ گر آدمی؛ مکّار؛ فریبی ۔

Tod : (n) [EFris. 'todde'.] (۱) ایک وزن (۲۸ پونڈ کا) : تولنے کا پیمانہ (خصوصاً اون وغیرہ کے لئے) ۔ (۲) بوجھ؛ کھیپ کا مقرر وزن ۔ (۳) جھاڑی؛ گھنے پتوں کا مجموعہ ۔

Tod-lowrie : (n) (۱) (حیوانیات) شہ روباہ؛ لومڑی ۔ (۲) (مجازاً) مکّار؛ حیلہ گر آدمی ۔

Today : (adv.) (۱) آج؛ آج کل میں؛ اس نئی روشنی کے زمانے میں ۔ (۲) موجودہ زمانے میں؛ موجودہ دور میں؛ ان دنوں؛ اس زمانے میں ۔

Today : (n) (۱) آج؛ آج کا دن؛ امروز ۔ (۲) موجودہ دور ؛ آج کل ۔

Toddle : (n) [f. next.] (۱) بچوں کی سی ڈگمگاتی چال ۔ (۲) چہل قدمی ؛ ہوا خوری ؛ مٹر گشت ۔ (۳) (بول چال) ڈگمگاتا ہوا لڑکا؛ بچہ ۔

Toddle : (v) [Origin unkn.] (۱) بچے کا یا بچے کی طرح ڈگمگا کر چلنا ۔ (۲) (کسی مقام تک) ٹہلتے ہوئے جانا؛ چہل قدمی کرنا؛ ہوا خوری کرنا ۔ (۳) مٹر گشت کرنا؛ ادھر ادھر پھرنا ۔

Toddler : (n) ڈگمگا کر چلنے والا، خصوصاً بچہ جو پاؤں چلنا سیکھ رہا ہو ۔

Toddle round : (v) چکر لگانا ۔

Toddle-top : (n) (میکانیات) چکنی ۔

Toddy : (n) [Hindi. 'tari'.] (۱) تاڑی؛ تاڑ کا منشی عرق ۔ (۲) ایک مشروب جو شراب میں پانی اور شکر ملا کر بناتے ہیں ۔

Toddy-bird : (n) پرندوں کی ایک قسم ۔

Toddy-cat : (n) دیکھو Palm-cat

Toddy-palm : (n) کھجور کا درخت؛ نخل ۔

Todo/To-do : (n) ہیاھو ؛ شورو غل؛ آشوب؛ ازدحام؛ ہنگامہ؛ اضطراب ۔

Tody : (n) [L. 'todus'.] Todus جنس کی چڑیا؛ امریکا کا ایک پرند (رام چڑیا کی قسم کا) ؛ رام چڑیا؛ سبز چڑیا ۔

Top : (v) (۱) چوٹی لگانا؛ ٹپ چڑھانا؛ ڈھکنا رکھنا یا لگانا ۔ (۲) ٹاپ ہیٹ سر پر رکھنا؛ سر پر تاج پہنانا ۔ (۳) (بحری) بَلّی وغیرہ کے ایک سرے کو دوسرے سے اونچا کر دینا ۔ (٤) پودے کی پھننگ یا پتیاں چھانٹ دینا (تاکہ وہ اور بڑھے) ۔ (٥) چوٹی پر پہنچ جانا (پہاڑی وغیرہ کی) ۔ (٦) (کسی سے) قد میں لمبا ہونا؛ اونچا ہونا؛ قد میں بڑھ جانا؛ اونچائی میں بڑھ جانا نیز وزن میں بڑھ جانا : تعداد میں بڑھ جانا ۔ (۷) بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ بلند تر ہونا ۔ (۸) (گولف) گیند کے اوپر کے سرے پر ہاتھ پڑنا؛ چھچھولتا ہوا پڑنا ۔ (۹) اونچا ہونا؛ لمبا ہونا (اتنے فٹ یا اتنے گز وغیرہ) ۔ (۱۰) نوکدار کرنا؛ راس والا بنانا؛ انتہا کو پہنچانا ۔ (۱۱) مکمل کر دینا؛ ختم کر دینا (کوئی چیز) ۔ (۱۲) سبقت لے جانا؛ فوقیت لے جانا؛ بڑھ جانا؛ نقطہٴ عروج کو پہنچ جانا؛ اونچائی پر ہونا ۔ (۱۳) اچھا درجہ حاصل کرنا ۔ (١٤) (عام) سولی پر لٹکانا؛ قتل کرنا؛ پھانسی دینا ۔

He tops 6 ft : وہ چھ فٹ کا ھے ۔

To top a ball (Golf.) : (گولف) بال کے مرکز کے اوپر ہِٹ کرنا ۔

To top a saw : آرے میں کو ئی سخت پیمانہ لگا دینا جس سے وہ زیادہ گہری کاٹ نہ کرسکے ۔

To top off /-up : مکمل کر دینا؛ جو کچھ کمی ہو اسے پورا کر دینا ۔

At top/On top : (۱) اعلیٰ؛ اوپر؛ سب سے بلند یا نمایاں ۔ (۲) حاکم؛ غالب؛ فرماں روا ۔

At the top of the tree : (۱) درخت کی پھننگ پر ۔ (۲) (مجازاً) چوٹی پر؛ سب سے بلند درجے پر (پیشے وغیرہ میں) ۔

Called at the top of his voice : خوب چلا کر بولا ۔

Canetop : (نباتیات) اکھولا ۔

From top to bottom : اوپر سے نیچے تک ۔

From top to toe : (۱) سر سے پاؤں تک؛ ہر حصہ میں ۔ (۲) (مجازاً) پورے طور پر؛ مکمل طور پر ۔

From top to tail : (۱) سر سے پاؤں تک ۔ (۲) (مجازاً) پورے طور پر؛ مکمل ۔

On the top of : علاوہ ۔

On top : اوپر ۔

The top of one's bent : دیکھو Bent

The top of one's voice : بلند ترین آواز سے چلانا ؛ چیخنا ۔

The top of the market/- tide : وہ لمحہ جب کہ قیمتیں سب سے زیادہ بڑھی ہوں ۔

The top of the morning : (آئرستانی) صبح کا سلام؛ صبح سویرے تہنیت پیش کرنا ۔

The top of the table : میز کا صدر (مقام) ۔

The top of the tree : (مجازاً) سب سے اعلیٰ عہدے پر؛ سردار؛ سب سے بڑا افسر ۔

The tops : اشراف؛ اعلیٰ درجے کی چیز؛ اعلیٰ درجے کے لوگ ۔

To go over the top : (حملہ کرنے کے لئے) خندق کے دمدمے پر چڑھنا ۔

Top : (a) بالائی؛ فوقانی؛ اوپری؛ منتہا درجہ ؛ حد اعلیٰ ؛ سب سے بڑی (رقم) ؛ بہت بلند؛ بہت بڑا ؛ عمدہ ۔

To top one's part: (۱) اپنا کام نہایت خوبی سے انجام دینا ۔ (۲) اپنا پارٹ خوبی سے ادا کرنا؛ کمال کر دینا ۔

Top : (v) (۱) (بحری) (صحن کا) ڈھلوان ہونا (ایک طرف اٹھا ہوا اور دوسری طرف جھکا ہوا) ۔ (۲) ڈھلوان حالت میں ہونا؛ ایک طرف سے جھکا ہوا اور دوسری طرف سے اٹھا ہونا ۔

Top and tail : (n) پورا؛ مکمل؛ ہر حصہ ۔

Top-boot : (n) (۱) (خصوصاً جمع میں) اونچی ایڑی کے جوتے جو شکاری پہنتا ہے؛ ٹھنگنے کے پہننے کا جوتا ۔ (۲) لمبے اور اونچے جوتے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Top-brass : (n) دیکھو Brass

Top-button : (n) مستول کے سرے پر آرائشی گرہ ۔

Top-card : (n) خمیدہ دندانہ دار لکڑی کا چپٹا ٹکڑا جو دھنکی مشین میں لگا ہوتا ہے ۔

Top-cloth : (n) جالی دار کپڑا ۔

Top-coat : (n) اُوور کوٹ ۔

Top-coated : (a) اُوور کوٹ پہنے ہوئے ۔

Top-cow : (n) (بول چال) سانڈ؛ بیل ۔

Top dog : (n) غالب؛ زبردست؛ آقا؛ غالب شخص؛ غالب جماعت ۔

Top-down : (a) منظم؛ قابو میں لایا ہوا ۔

Top drawer : (n) (۱) اعلیٰ عہدہ؛ سماج کا اعلیٰ شخص ۔ (۲) صندوق کی اوپری دراز ۔

To come out of the top drawer : اچھی نسل کا ہونا؛ اچھے خاندان کا ہونا ۔

Top-dress : (v) زمین میں کھاد ہل چلا کر ملانے کے بجائے اوپر سے بچھا دینا ۔

Top-dresser : (n) اوپر اوپر کھاد دینے والا؛ سطحی کھاد دینے والا ۔

Top-dressing : (n) بالائی کھاد ؛ سطحی کھاد دینا؛ کھاد کی تہ؛ کھاد کی تہ دینا ۔

Top dry : (n) سر سوکھا ۔

Top filled : (a) پُر؛ لبالب؛ مالامال ۔

Top-flashing : (n) (تعمیرات) بالائی پن آڑ ۔

Top-flight : (n) اعلیٰ درجے کا کار نمایاں؛ اعلیٰ درجے کی حیثیت ۔

Top-full : (a) (شاذ) پُر ؛ لبریز ؛ مالامال ۔

Top-gear : (n) (موٹر) اوپر کا گیرہ؛ ٹاپ گیئر ۔

Top-hamper : (n) (بحری) اوپر کے ہلکے بادبان، بلیاں رسیاں وغیرہ ۔

Top-hat : (n) ٹاپ ہیٹ؛ اونچی ریشمی ہیٹ ۔

Top-heat : (n) (باغبانی) پودوں کے لئے شیشے کا گھر ؛ کسی فریم میں گرمی پہنچانا ۔

Top-heavy : (a) (۱) اوپر بھاری، نیچے ہلکا (جس کے گرنے کا خوف ہو) ۔ (۲) (مجازاً) (صیغہ یا محکمہ وغیرہ) جس میں افسر بہت زیادہ تنخواہ کے ہوں ۔ (۳) مست؛ متوالا؛ مدھوش کو بھی کہا جاتا ہے ۔

Top-hole : (a) (عام) عالی؛ بلند درجے کا؛ اعلیٰ درجے کا ؛ ٹھاٹھ کا ۔

Top-lantern/-light : (n) بتی جو جہاز کے آگے لگی ہوتی ہے ۔

Top-line : (n) (۱) سر صفحہ؛ عنوان ۔ (۲) بالائی سطر ۔

Top-lintel : (n) داسا؛ سردل ۔

Top-notch : (n) سب سے اوپر کا سوراخ ۔

Top-notcher : (n) عالی مرتبہ ۔

Top note : (n) سب سے اونچا سُر ۔

Top-piece : (n) (۱) شاہکار ۔ (۲) سر؛ رئیس؛ راس ۔ (۳) (جوتا سازی) ایڑی کو اونچا کرنے کے لئے نعل لگانا ۔

Top-priority : (n) تقدیم فائق ۔

Top-proud : (a) نہایت گھمنڈی ۔

Top-rail : (n) سر پٹی ۔

Top-rope : (n) وہ رسی جو اوپر کے مستول کو جھکانے یا اٹھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Top-sawyer : (n) (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرہ کش ۔ (۲) (مجازاً) بڑا آدمی؛ اونچے درجے کا آدمی ؛ عمدہ آدمی؛ اچھا عہدہ رکھنے والا شخص ۔ (۳) ممتاز آدمی ۔

Top sergeant : (n) (امریکا بول چال) سرجنٹ اول ؛ پہلا سرجنٹ ۔

Top secret : (a) خفیہ ترین (راز، چیز وغیرہ)؛ اشد خفیہ ۔

Top shaped : (a) (نباتیات) لٹونما؛ مخروط مقلوب ۔

Top-shell : (n) (حیوانیات) لٹو صدفہ؛ ایک طرح کی صدف ماہی جس کا خول لٹو کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Top-stone : (n) سنگ راس؛ وہ پتھر جو کسی چیز کے اوپر رکھا ہو؛ چوٹی کا پتھر ۔

Top story : (n) گھر کی سب سے بالائی منزل ؛ (مجازاً) دماغ ۔

Top-timber : (n) (بحری) حصہ بالائے آب کا ایک شہتیر؛ جہاز کے کنارے کا بالا ترین شہتیر ۔

Top-tool : (n) آہن گر کا اوزار جسے وہ کسی چیز پر رکھ کر اس چیز کو ہتھوڑے سے مارتا ہے ۔

Top-weight : (n) (۱) گھڑ دوڑ میں گھوڑے کے اٹھانے کا سب سے زیادہ وزن ۔ (۲) دوڑ میں سب سے زیادہ وزن اٹھانے والا گھوڑا ۔

Topaesthesia : (n) (طب، حیوانیات) مقامِ حسّی ۔

Toparch : (n) [Gr. 'toparches'.] حاکم شہر؛ فرمانروائے شہر؛ معمولی بادشاہ ۔

Toparchial : (a) حاکم شہر یا چھوٹے ضلع سے متعلق ۔

Toparchy : (n) [L. 'toparchia.'] چھوٹا ضلع یا علاقہ (جو toparch کے ماتحت ہو) ۔

Topass : (n) [Malayalam form of Hindi 'dobashi'.] سیاہ فام پرتگالی دوغلا ۔

Topaz : (n) [OFr. 'topaze'.] (۱) یاقوت زرد؛ پکھراج ؛ زبرجد ہندی؛ ٹوپاز ۔ (۲) ایک پرند کا نام جو شکرخورے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

False topaz : (معدنیات) زرد رنگ کا کوارٹز پتھر ؛ زرد گار؛ حیوان زرد؛ نقلی فیروزہ ۔

Oriental topaz : زرد کرنڈ ۔

Pink topaz : گلابی رنگ کا یاقوت ۔

Topaz humming-bird : (n) جنوبی امریکا کی چڑیوں کے نام (جو چمکیلے رنگ کی ہوتی ہیں) ۔

Topazolite : (n) ایک قسم کا زرد یا سبز زجاجی پتھر ؛ یاقوتِ زرد ؛ لعل یاقوتی زرد ۔

Tope : (n) [perh. Cornish name.] چھوٹی شارک ؛ نیز سگ ماہی ۔

Tope : (n) یورپ کی گانے والی ایک چڑیا کا مقامی نام ۔

Tope : (n) [Tamil. 'toppu'.] درختستان؛ کُنج آم؛ آم کے درختوں کا یا اور کسی قسم کے درختوں کا کنج؛ آم کا باغ؛ درختوں کا جھنڈ ۔

Tope : (n) [Skr. 'Stupa'.] بودھ یا جین مت کی یادگار؛ ٹوپ؛ گنبد کی شکل کا تودہ؛ گنبد بودھ مت ۔

Tope : (v) (اب صرف ادبی معنوں میں) بہت کثرت سے شراب پینا؛ عادت کے طور پر شراب پینا ۔

Toper : (n) بہت زیادہ شراب پینے والا؛ مَے گسار؛ بادہ خوار؛ شرابی؛ دائم الخمر ۔

Topee/Topi : (n) [Hindi. 'Topi'.] ٹوپی؛ خَودنماہیٹ؛ کلاہ آہنی نماشوپ ۔

Topgallant : (n) (۱) مستول، بادبان، بلی وغیرہ جو سب سے اونچے مستول سے بھی اوپر ہو ۔ (۲) (مجازاً) ہر چیز کا نقطۂ عروج؛ اوج؛ منتہا؛ معراج؛ کمال ۔

Topgallant : (a) (۱) سب سے اونچے مستول سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) اعلیٰ؛ رفیع؛ سربہ فلک ۔

Tophaceous : (a) [L. 'tophaceus'.] (۱) ریتیلا؛ کرکرا؛ ٹوفسی؛ ریگ کاسا؛ پتھریلا؛ سنگی ۔ (۲) (مرضیات) کسکسا؛ آہکی (گٹھیا، نقرس کی بیماری میں) ۔

Tophet : (n) [Heb. 'topheth'.] (۱) بیت المقدس کے قریب وادیٔ ہنام جہاں رسوم بت پرستی ادا کی جاتی تھیں اور پھر شہر کا کوڑا کرکٹ ڈالا جانے لگا

جس کے جلانے کے لئے آگ روشن رہتی تھ ۔
(۲) (مجازاً) دوزخ؛ جہنم؛ ظلمت؛ تاریکی مطلق ۔

Tophus : (n) [L. 'tophus'.] (۱) ریگ جو جوڑوں میں جمع ہو جاتی ہے یا چونا جو دانتوں میں جم جاتا ہے (جس سے تنفس کا مرض پیدا ہوتا ہے) ۔ (۲) (طب) کلسی مادہء نقرس؛ ثوفس؛ (ارضیات) کلسی ثوفا ۔

Tophus-stone : (n) ایک قسم کا مسام دار ہلکے زرد رنگ کا پتھر جو اطالیہ میں تعمیری کام میں استعمال ہوتا ہے ۔

Topi/Topee : (n) [Hindi. 'topi'.] دیکھو Sola

Topia : (n) دیوار کے نقش ونگار کا قدیم رومی طرز جس میں مختلف قسم کے قدرتی مناظر ہوتے ہیں؛ قدرتی مناظر کے نقش ونگار ۔

Topiarian : (a) [f. L. 'topiarius'.] خوش تراشی سے متعلق؛ درختوں کی تزئین سے متعلق ۔

Topiarist : (n) خوش تراش؛ گل کار ۔

Topiarius : (a) [L.] خوش تراش؛ گل کار ۔

Topiary : (a) [L. 'topiarius'.] دیکھو Topiarian

Topiary : (n) خوش تراشی؛ جھاڑیوں اور پودوں کو خوشنما شکلوں میں کاٹنے چھانٹنے کا فن؛ درختوں کی تزئین و آرائش کا فن؛ باغبانی؛ گل کاری؛ خوش نما کٹائی ۔

Topic : (a) [Gr. 'topikos'.] (۱) مقامی؛ کسی خاص جگہ سے متعلق ۔ (۲) (طب) جس کا اثر کسی ایک عضو تک محدود ہو ۔

Topic : (n) (۱) رسالات ارسطو ۔ (۲) (جمع) مضمون؛ مبحث؛ موضوعِ بحث؛ سرفصل ۔ (۳) ضابطہ؛ قاعدہء استدلال ۔ (٤) استدلال کا ایک طریقہ؛ استدلالِ ظنی ۔

Topic method : (n) عنوانی طریقہ ۔

Topical : (a) (۱) مقامی؛ علاقائی؛ کسی جگہ سے متعلق ۔ (۲) (طب) جس کا اثر کسی ایک عضو تک محدود ہو ۔ (۳) اصولی؛ عام موضوع یا مبحث کے متعلق ۔ (٤) مسائلِ حاضرہ کے متعلق؛ مقامی مسائل یا چیزوں کے متعلق ۔

Topical : (n) وہ فلم جو مسائل حاضرہ پر روشنی ڈالتی ہو ۔

Topically : (adv.) (۱) موضوع کے لحاظ سے؛ مقامی حیثیت سے ۔ (۲) مسائلِ حاضرہ کے اعتبار سے ۔

Topknot : (n) (۱) بالوں کا گچھا؛ چوٹی جو چندیا پر ہو؛ کلغی ۔ (۲) فیتہ وغیرہ جو اس جگہ لگایا جائے ۔ (۳) وہ شخص جو بالوں کا گچّھا لگاتا ہے ۔ (٤) یورپ کی مچھلیوں کے نام ۔

Topknotted : (a) کاکل دار؛ بالوں کا گچھا بندھا ہوا ۔

Topless : (a) (۱) بے نوک؛ بے سرا ۔ (۲) (مجازاً) بے انتہا؛ بلند؛ نامحدود؛ عالی ۔ (۳) بغیرصدری کا (کپڑا) ۔

Topman : (n) (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرا کش ۔ (۲) مستول چڑھانے والا (جہاز کا ملازم) ۔ (۳) کان کَن؛ کان کھودنے والا ۔

Topmast : (n) نچلے مستول سے اوپر کا مستول ۔

Topmost : (a) سب سے بلند؛ سب سے اونچا ۔

Topo- : [Gr. 'topo'.] سابقہ بمعنی "جگہ" "محل" "مکان" ۔

Topochemical : (a) مقام کیمیائی ۔

Topochemistry : (n) (کیمیا) مقامی کیمیا ۔

Topographer : (n) [f. Gr. 'topographos'+ -ER.] (۱) کسی مقام کا جغرافیائی مطالعہ کرنےوالا ۔ (۲) نقشہ ساز؛ مقام نگار؛ عالم طبوغرافیہ ۔

Topographic/-al : (a) (۱) جغرافیائی مطالعہ یا نقشہ سازی کے متعلق ۔ (۲) جس میں کسی خطّے کے جغرافیائی حالات کا مطالعہ ہو ۔ (۳) جغرافی؛ طبوغرافی؛ مقامی جغرافیائی ۔

Topographical map : (n) (جغرافیہ)مقامی نقشہ؛ نقشہ خطہ ۔

Topographical tape : (n) (سروے) مقام نگاری کا فیتہ ۔

Topographically : (adv.) نقشے کےلحاظ سے؛ جغرافیائی حالات کے لحاظ سے؛ جغرافی مطالعہ کی رو سے ۔

Topographize : (v) (۱) موضع نگاری کرنا؛ مقام نگاری کرنا؛ نقشے کے لحاظ سےبیان کرنا؛ جغرافی حالات کا بیان کرنا ۔ (۲) مقامی جغرافیہ کی تحقیق کرنا ۔

Topography : (n) [late L. 'topographia'.] : (۱) جغرافی مطالعہ : نقشہ سازی (کسی خطے کی) ۔ (۲) جغرافیہ؛ جغرافی حالات ؛ جغرافی خصوصیات ۔ (۳) (تشریح) اعضائے بدن کی نقشہ سازی؛ ناحیہء عضو نگاری ؛ بیان حصہء جسم ۔ (٤) (جغرافیہ) مقام نگاری؛ مقامی جغرافیہ؛ جغرافیہء خطہ؛ طبوغرافیہ ۔ (٥) (جغرافیہ) مقامی نقشہ کشی ۔

Topological psychology : (n) مقامیاتی نفسیات ۔

Topologist : (n) ماہرِ مقامیات

Topology : (n) (۱) (جغرافیہ) کسی مقام کا سائنسی مطالعہ؛ علم مقامات؛ مقامیات ۔ (۲) (تشریح) اعضائی تشریح ۔(۳) (ہندسہ) مقامی ہندسہ؛ (ریاضیات) ریاضی کی ایک شاخ ۔

Toponym : (n) (۱) (حیاتیات) مقامی نام؛ منطقہ کا نام ۔ (۲) (تشریح) نام حصہء جسم ۔

Toponymic/-al : (a) مقامی نام سے متعلق ۔

Toponymy/Toponomy : (n) (۱) (جغرافیہ) تسمیہء مقامات : مقامات کےناموں کا مطالعہ؛ مقامات کے نام ۔ (۲) (تشریح) تسمیہء اعضا؛ اعضائے جسم کے ناموں کا مطالعہ؛ اعضا کے نام ۔

Topophone : (n) سمتِ صوت نما ۔

Topotaxis : (n) (حیاتیات) محرکہء رحی؛ مقامِ ترتیب ۔

Topotype : (n) (حیوانیات) مقامی قسم ۔

Topped : (a) (۱) نوک دار؛ راس دار؛ سرا والا ۔ (۲) (درخت) پھننگی والا؛ شاخ بریدہ؛ شاخ کٹا ہوا؛ منڈا (درخت)۔

Topper : (n) (۱) سب سے اعلیٰ چیز یا شخص؛ بہتر شخص؛ سب سے اعلیٰ درجہ حاصل کرنے والا؛ ٹاپ کرنے والا ۔ (۲) (بول چال) ٹاپ ہیٹ ۔ (۳) (دکان داری) عمدہ مال (پھل وغیرہ) جو دکھانے کے لئے اوپر رکھا جائے ۔

Topping : (n) (۱) کاکل؛ طرہء گیسو؛ تاج؛ کلغی؛ پودے کی پھننگ وغیرہ کو تراشنا؛ قد میں لمبا ہونا؛ چوٹی پر پہنچ جانا ۔ (۲) چڑیا کی کلغی (مزاحاً) سر ۔ (۳) وہ چیز جو سب سے بلند ہو، سب سے بہتر ہو ۔ (٤) سب سے اونچا طبق؛ پرت ۔ (٥) (جمع) (نباتیات) توڑکاٹ؛ درخت کے سرے کو کاٹنا ۔ (٦) (بول چال) دودھ سے دوسری مرتبہ ملائی نکالنا ۔ (۷) (بول چال) سب سے عمدہ بھوسا ۔

Topping : (n) (بحری) خم سازی؛ کج سازی ۔

Topping : (a) (۱) بلند؛ اوج دار؛ منبع؛ سردار ۔ (۲) عالی مرتبہ؛ درجہ اول کا؛ ممتاز؛ بہت خوب؛ دل پسند؛ نہایت عمدہ؛ بڑے لُطف کا ۔ (۳) باشکوہ؛ زیبا؛ لطیف؛ دلاور ؛ دلیر ؛ جری ؛ بیباک ۔ (٤) مغرور؛ لاف زن؛ بات بنانے والا؛ پرمدعا؛ پرلاف وگزاف ۔ (٥) آگے کو نکلا ہوا ۔

Topping-lift : (n) وہ رسّی جو مستول کے نچلے سرے سے بادبان کے نیچے کی بَلّی تک ہوتی ہے ۔

Toppingly : (adv.) ممتاز طور پر؛ عمدہ طریقے سے؛ بیباکی سے؛ لاف زنی کے ساتھ ؛ نہایت خوبی سے؛ نہایت اعلیٰ طور پر ۔

Toppingness : (n) (۱) بلندی ؛ سرداری ۔ (۲) عمدگی ؛ دل پسندی؛ عالی مرتبت ۔ (۳) زیبائش؛ لطافت؛ بیباکی؛ دلیری ۔ (٤) لاف زنی؛ پرلاف وگزاف ہونا ۔

Topple : (v) (۱) ڈگمگا کر گرنا؛ گرپڑنا؛ قلابازی کھانا ۔ (۲) گرادینا؛ پھینک دینا؛ الٹ دینا؛ الٹ کر گرادینا ۔ (۳) آگے کو نکالنا؛ سرانکالنا؛ نوک دار بنانا ۔

Topsail : (n) (۱) چَوکور بادبان جو نچلے بادبان سے اوپر ہوتا ہے ۔ (۲) بالا ترین بادبان ۔

Topside : (n) (۱) کسی چیز کا اوپری حصہ ۔ (۲) (جہازسازی) جہاز کا اوپری حصہ؛ حصہ بالائےآب؛ جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب سے اوپر ہو ۔

Topside : (adv.) سرے پر؛ سب سے اوپر ۔

Topsill : (n) (تعمیرات) داسا؛ سَردَل ۔

Topsman : (n) (۱) (بول چال اور عامیانہ) رئیس؛ ناظر ؛ ضابط ؛ تعلقداروں کا کارندہ ۔ (۲) چوبدار ۔ (۳) (عام) جلاّد ۔

Topsy turvification : (n) (مزاحاً) الٹ پلٹ کرنا یا کیا جانا؛ افراتفری ۔

Topsy turvify : (v) (مزاحاً) الٹ پلٹ کردینا؛ درہم برہم کردینا۔

Topsy-turvily : (adv.) الٹ پلٹ کر؛ درہم برہم طور پر؛ افراتفری کے ساتھ۔

Topsy-turviness : (n) آشفتگی؛ بہم ریختگی؛ افراتفری؛ گڑبڑی۔

Topsy-turvy/-turvey : (adv.) الٹا؛ اوندھا؛ افراتفری کے ساتھ؛ گڑبڑی کے طور پر ؛ الٹ پلٹ کے طور پر؛ واژگونہ؛ واژگون؛ نیچے اوپر۔

Topsy-turvy : (a) اُلٹ پلٹ ؛ درہم برہم؛ ابتر ؛ الٹا؛ اوندھا؛ اوپر نیچے کیا ہوا۔

Topsy-turvy : (n) گڑبڑی؛ افراتَفری؛ ابتری؛ الٹا پلٹا ہونا؛ آشفتگی؛ اغتشاش۔

Topsy-turvy : (v) درہم برہم کرنا؛ اُلٹ پلٹ کردینا؛ اوندھا کردینا؛ (مجازاً) الٹ دینا؛ کایا پلٹ کردینا۔

Topsy-turvydom : (n) (مزاحاً) طوفان بے تمیزی؛ افراتفری۔

Toque : (n) [It. 'tocca'.] (۱) (تاریخ) ایک قسم کی چھوٹی گول ٹوپی؛ خصوصاً عورتوں کی ۔ (۲) بانٹ؛ بے چھجے کی ٹوپی جو ڈوریوں سے کھلتی اور بند ہوتی ہے۔ (۳) ایک قسم کا بندر جس کے سر کے بال ٹوپی کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔

Toque monkey : (n) (سری لنکا کا) ایک قسم کا بندر؛ بانٹ بندر۔

Tor : (n) [Gael. 'to 'rr'.] قُلّہ؛ پہاڑی؛ پہاڑی کی چوٹی، خصوصاً علاقہ ڈارٹ مور میں۔

-tor : (لاحقہ) علامت فاعلی جیسے Narrator اور doctor میں۔

Tor ouzel : (n) ایک پرند جو blackbird سے مشابہ ہوتا ہے۔

Torah : (n) [Heb. 'torah'.] (دینیات) تورات؛ توریت ؛ انجیل مقدس کے عہد قدیم کی پانچ کتابیں جو شرع موسوی کی حامل ہیں؛ موسوی قانون۔

Torbanite : (n) [f. 'Torbane'.] (معدنیات) گہرے بھورے رنگ کا Shale (Shale سلیٹ سے مشابہ ایک قسم کا نرم پتھر ہے جس کے آسانی سے باریک پرت ہوجاتے ہیں)۔

Torbernite : (n) [G. 'torbernit'.] (معدنیات) یورینیم اور تانبے کا فاسفیٹ۔

Torch : (n) [OFr. 'torche'.] (۱) ٹارچ؛ مشعل۔ (۲) (مجازاً) آتش زدگی؛ آگ ۔ (۳) ایک سرخ پھول کا نام؛ (جمع) ایک قسم کی بڑی بوٹی جس کی پتّیاں نرم روئیں دار اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔

Electric torch : برقی ٹارچ۔

To carry a torch : والہانہ محبّت ہونا۔

To hand on the torch : علوم وفنون کو زندہ رکھنا اور آئندہ نسل کے سپرد کرجانا۔

Torch : (v) ٹارچ دکھانا؛ مشعل دکھانا۔

Torch-bearer : (n) ٹارچ رکھنے والا۔

Torch-fishing : (n) ٹارچ کی روشنی سے رات میں مچھلی کا شکار کرنا۔

Torch-light : (n) (۱) ٹارچ کی روشنی؛ تنویرِ مشعل۔ (۲) وہ وقت جب ٹارچ جلائی جاتی ہے؛ شام (کا وقت)؛ تاریکی کا وقت۔

Torch-lily : (n) (نباتیات) سرشگافہ؛ نفوفیا؛ ایک قسم کا پھول : دیکھو Red-hot pocer۔

Torch of Hymen : (n) (نفسیات) جذبۂ عشق۔

Torch-race : (n) مشعل دوڑ؛ قدیم یونانی مقابلہ جس میں کئی ٹولیوں کے آدمی تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کھڑے ہوجاتےہیں، ہرٹولی کاایک ایک آدمی آگے مشعل لے کر دوڑتا ہے اورمرحلے پر پہنچ کر اپنے ساتھی کو مشعل دے کر روانہ کردیتا تھا۔

Torch-singer : (n) مشہور جذباتی نغمۂ محبت گانے والا۔

Torch-song : (n) (امریکا) مشہور جذباتی نغمۂ محبت۔

Torch-thistle : (n) (نباتیات) صَبّاریہ۔

Torch-wood : (n) (۱) رال صفت لکڑی جس کی مشعل بنتی ہے۔ (۲) Amyris جنس کا درخت۔ (۳) Cactus کی ایک قسم۔

Torchon : (n) [Fr.] تصویر بنانے کا کاغذ۔

Torchon board : (n) تختہ جس پر یہ کاغذ منڈھا ہو ۔

Torchon lace : (n) ایک قسم کی موٹی لیس جو کسانوں کی عورتیں بناتی ہیں ۔

Torchon mat : (n) چوکھٹے میں لگی ہوئی تصویر کا کھردرا سنہرا حاشیہ ۔

Torchon paper : (n) ایک قسم کا کھردرا کاغذ جس پر مصور آبی تصویر بناتے ہیں ۔

Torcular : (n) [L.] (تشریح،جراحی) شریان بند؛ شریان روک؛ ایک آلہ جس میں پیچ کسنے سے شریانوں کا خون بہنا موقوف ہو جاتا ہے ۔

Torcular : (a) شریان بند سے متعلق ۔

Tore : (n) [L. 'torus'.] (۱) (تعمیرات) ابھرا ہوا گول آرائشی حاشیہ جو کرسیء ستون کے گرد بنا ہوتا ہے؛ ہلالی گُولا؛ تور ۔ (۲) (ہندسہ) مجسم مخروطی؛ تور ۔

Tore : دیکھو Tear

Toreador : (n) [Sp. f. 'torear'.] ہسپانیہ کا پہلوان جو گھوڑے پر سوار سانڈ سے لڑتا ہے؛ تورادور ۔

Torero : (n) [Sp.] ہسپانوی پہلوان جو زمین میں سانڈ سے لڑتا ہے ۔

Toreutic : (a) [Gr. 'toreutikos'.] منبت کاری کا؛ کندہ کاری سے متعلق؛ سادہ کاری کا؛ دھات پر کھدے ہوئے یا اُبھرے ہوئے نقش ونگار کا ۔

Toreutic : (n) (خصوصاً جمع) منبت کاری؛ کندہ کاری؛ دھات پرکھدے ہوئے یا ابھرے ہوئے نقش ونگار ۔

Toreutic art : (n) منبت کاری ؛ کندہ کاری ۔

Torfaceous : (a) (نباتیات) ثرفی؛ دلدلی ۔

Torgoch : (n) [Welsh, f. tor+coch.] سرخ شکم ماہی؛ ایک قسم کی ٹراؤٹ مچھلی جس کا پیٹ سرخ ہوتا ہے ۔

Toric : (a) (ریاضیات) ہلالی؛ توری ۔

Toric lens : (n) (بصریات) توری عدسہ ۔

Torii/Tori/Torij : (n) (جاپان) شنتو مندر کا خاص وضع کا پھاٹک ۔

Torment : (n) [L. 'tormentum'.] (۱) (نفسیات) اذیت؛ سوہان روح؛ عذابِ جان؛ زجر؛ عذاب؛ عذابِ جہنّم؛ آزار؛ زحمت ۔ (۲) شدید جسمانی یا روحانی تکلیف ؛ اذیت ؛ کرب ۔ (۳) وہ چیز جو اذیّت کا باعث ہو؛ موجب عذاب ۔ (٤) اذیّت دینے کا آلہ ۔ (٥) اس شخص کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جو اذیّت میں مبتلا ہو ۔

This child is a positive torment : یہ لڑکا تو عذابِ جان ہو گیا ہے۔

Torment : (v) [OFr. 'tor-tourmenter'.] (۱) سخت اذیّت دینا؛ شدید تکلیف کا باعث ہونا؛ عذاب جان ہوجانا؛ ناک میں دم کردینا ۔ (۲) عذاب دینا؛ کرب میں مبتلا کردینا؛ اذیّت میں گرفتار کردینا؛ تکلیف دینا؛ دق کرنا؛ پریشان کرنا ۔ (۳) (مجازاً) مسخ کرنا؛ شکل بگاڑنا؛ حلیہ بگاڑنا؛ غلط بیان کرنا (مفہوم وغیرہ) ۔

Tormentil : (n) [med. L. 'tormentilla'.] گل پنج انگشت کی ایک قسم؛ ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جس کی جڑ سخت قابض دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Tormenting : (a) اذیّت دینے والا؛ عذاب دہندہ؛ موجب تصدیع خاطر؛ موجب اذیت؛ وہ جو کرب میں مبتلا کرتا ہے؛ تکلیف دہ ۔

Tormentingly : (adv.) سخت تکلیف دہ طریقے سے ۔

Tormentingness : (n) موجبِ اذیّت ہونا؛ عذاب دہندہ ہونا ۔

Tormentor : (n) [AFr. 'torment(e)our'.] (۱) موذی؛ اذیّت دینے والا (شخص یا چیز)؛ جلاّد ۔ (۲) بڑا کانٹا جس سے جہاز پر دیگ سے گوشت نکالتے ہیں ۔ (۳) (سنیما) آوازگیر؛ ثارمنثر ۔ (٤) (زراعت) دندانہ دار سہاگا؛ دندانے دار سراون جس میں پہیّے لگے ہوتے ہیں ۔

Tormentress : (n) [AFr. 'tormenteresse'.] اذّیت دینے والی ؛ کرب میں مبتلا کرنے والی ۔

Tormina : (n) [L.] (طب) قولنج؛ قولنج امعاء ۔

Torminal : (a) قولنج کا یا اس سے متعلق ۔

Torn : (pa. pple.) Tear فعل کا ماضی ۔

Tornada : (n) [Prov., f. pa. pple. of 'tornor'.] ایک قسم کی فرانسیسی نظم کا مثلثی آخری بَند ۔

Tornadic : (a) طوفانی؛ عاصفہ سے متعلق؛ آندھی کا سا ۔

Tornado : (n) [Sp. 'tronado'.] (۱) (موسمیات) عاصفہ ؛ جھکڑ ؛ گردباد؛ بگولا؛ طوفان پیچاں ۔ (۲) زور کی آندھی جو تھوڑی سی دیر چلتی ھے (مغربی افریقہ میں برسات کے آخر میں اور شروع میں اور شمالی امریکا میں اپریل سے جولائی تک چلتی ھے)؛ (جمع) طوفان افریقہ؛ تارنیڈو ۔ (۳) طوفان؛ طوفانِ بادوباراں ۔ (٤) بوچھار (نعرہ ہائے تحسین وتنفریں یا پھینک کر مارنے کی چیزوں کی)۔

Tornal : (a) کیڑوں کے بال سے متعلق ۔

Tornaria : (n) [L. 'tornus'.] (حیوانیات) پھرکیہ ۔

Tornus : [L.] (حشریات) حشرہ کے ڈینے (بال) کا زاویہ خارجہ ۔

Toroid : (a) ریاضیات) مخروطی نما؛ ثورنما؛ ثور ۔

Toroidal : (a) مخروطی؛ ثوری ۔

Toroidal surface : (n) (بصریات) سطح ثوری ۔

Toroidal winding : (n) (برقیات) حلقوی پیست؛ چھلاً؛ پیچہ ۔

Torose/Torous : (a) [L. 'torosus'.] (۱) (حیاتیات) آمالیا؛ گومڑےدار؛ توریہ ۔ (۲) (نباتیات) استوانی شکل کا جس میں جابجا گومڑے پڑے ھوں؛ گومڑے دار ۔ (۳) (حیوانیات) گومڑے دار؛ گومڑی دار ۔

Torpedo : (n) [L.] (۱) تارپیڈو مچھلی(جو اپنی برقی قوت سے شکار کو بے حس کر کے ماردیتی ھے)؛ رعّاد (ماہی) ۔ (۲) ایک قسم کی سرنگ ۔ (۳) (فوج) اژدر؛ تارپیڈو؛ منجنیق ۔ (٤) ایک قسم کا پھٹنے والا گولا ۔ (٥) تارپیڈو؛ سگار کی شکل کی پھٹنے والی چیز جو پانی کے اندر جاکر جہاز میں لگتی ھے اور پھٹ کر اُسے اُڑا دیتی ھے ۔ (٦) تارپیڈو کی شکل کی موٹرکار ۔ (۷) (مجازاً) بے حس کردینے والا اثر ۔ (۸) دیکھو Fog-signal ۔ (۹) تیل کے کنویں میں کارتوس کا پھٹنا (بہاؤ کو تیز کرنے کے لئے)۔

Aerial torpedo : ھوائی تارپیڈو(جو ھوائی جہاز سے پھینکی جاتی ھے)۔

Torpedo : (v) (۱) تارپیڈوسے حملہ کرنا؛ تارپیڈو سے برباد کرنا ؛ تارپیڈو مارنا ؛ تارپیڈو سے اڑانا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی تحریک یا ادارے کو) بوباد کردینا؛ بے کار کردینا ۔ (۳) (تیل کے کنویں میں) تارپیڈو کا پھٹنا (تاکہ بہاؤ تیز ھوجائے)۔

Torpedo-anchor : (n) تار پیڈولنگر ۔

Torpedo-beard : (n) نوک دار داڑھی؛ چُگّی داڑھی ۔

Torpedo boat : (n) (فوج) اژدر افگن جہاز؛ تارپیڈوکشتی ؛ چھوٹی دخانی تیزرو کشتی جس میں سے تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpedo boat catcher : (n) جہاز جو تارپیڈو کشتیوں کو گرفتار کرتا ھے؛ تارپیڈوگیر ۔

Torpedo boat destroyer : (n) چھوٹی تیز رو کشتی جس سے تارپیڈو کشتیاں گرفتار کرتے ہیں؛ یا تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpedo-body : (n) تارپیڈونما کار ۔

Torpedo-boom : (n) تارپیڈو بَلّی (جس سے جہاز کا مستول وغیرہ بنایا جاتا ھے)۔

Torpedo catcher/-gun boat : (n) دیکھو Torpedo boat catcher

Torpedo destroyer : (n) دیکھو Torpedo boat destroyer

Torpedo gun : (n) (۱) اژدر انداز؛ تارپیڈو نلکی ۔ (۲) دیکھو Torpedo-tube ۔

Torpedo-net : (n) تارپیڈو جال جو تارپیڈو یا تارپیڈو کشتیوں سے بچنے کے لئے جہاز کے گرد لگا دیا جاتا ھے ۔

Torpedo-ram : (n) تارپیڈونلکی کے ساتھ(جہاز کی) پھالی (جس سے دشمن کے جہاز کو پھوڑنے کا کام لیتے ہیں)۔

Torpedo-spar : (n) تارپیڈو بلی جو تارپیڈو کشتی میں لگا ھوتا ھے۔

Torpedo-tube : (n) اژدرانداز؛ تارپیڈو نلکی ، جس میں رکھ کر تارپیڈو مارتے ہیں۔

Torpescence : (n) (حیوانیات) بےحرکتی؛ سستی؛ بےحالی ۔

Torpescent : (a) سُست؛ بے حال؛ بے حرکت ۔

Torpid : (a) [L. 'torpidus'.] (۱) خوابیدہ؛ سویا ہوا؛ سُست : بے حال؛ بےحس؛ سُن - (۲) (طب) سست؛ بےحس - (۳) بے حس وحرکت (اس جانور کے لئے آتا ہے جو جاڑے بھر بے حس وحرکت پڑا رہتا ہے) - (٤) سست؛ مٹھا؛ مجہول؛ بےحِس؛ آرام طلب؛ کاہل الوجود؛ بےشغل -

Torpid : (n) (۱) (جمع) کشتیوں کی دوڑ جو آکسفورڈ کے کالجوں کے دوسرے نمبر کے کھویوں میں ایسٹر سے پہلے تعطیل کے زمانے میں ہوتی ہے - (۲) کشتی جو اس دوڑ میں شامل ہو -

Torpidity : (n) (۱) سستی؛ کاہلی؛ بے حسی؛ بے حالی - (۲) (طب) خدر؛ سن ہوجانا - (۳) (حیوانیات) بےحسی -

Torpidly : (adv.) سستی سے؛ کاہلی کے ساتھ -

Torpidness : (n) دیکھو Torpidity

Torpitude : (n) (شاذ) بےحسی؛ سستی -

Torpor : (n) [L. f. 'torpere'.] (۱) (طب) تخدر؛ خدر؛ رخوت - (۲) بے حسی؛ بےحرکتی؛ سستی کی حالت؛ کاہلی -

Torporific : (a) [f. L. 'torporem'-+- FIC.] سُستی آور؛ سُستی یا کاہلی پیدا کرنے والی؛ (مجازاً) مدہوش کردینے والی (چیز)؛ مخدر؛ بےحسی آور -

Torquate : (a) [L. 'torquatus'.] (حیوانیات) طوق دار؛ طوقی؛ کنٹھےدار (پرند جس کی گردن میں خاص رنگ یا خاص قسم کا حلقہ ہو) -

Torquated : (a) (۱) طوق پہنے ہوئے؛ طوق نما؛ مالا جیسا - (۲) طوق دار -

Torque/Torc : (n) [L. 'torques'.] (۱) پھرایا جا سکنے والا طوق یا مالا (جو قدیم گال (Gaul) قوم میں پہنی جاتی تھی) - (۲) (میکانیات) تارک؛ پیچہ؛ مروڑ -

Torque : (n) [f. L. 'torquere'.] (طبیعیات) قوت پیچہ؛ وہ قوت جس سے کوئی چیز مروڑی جاتی ہے -

Torque ball : (n) وہ گولہ جو گھمایا جاسکے -

Torqued : (a) [L. 'torqere'.] مروڑا ہوا؛ پیچیدہ؛ پیچ دیا ہوا؛ گشتاوری؛ (نقابت) حرف S کی طرح موڑا ہوا -

Torquemeter : (n) (طبیعیات) تارک پیما؛ پیچہ پیما -

Torques : (n) [L. f. 'torquere'.] (۱) مروڑی دار طوق یا مالا - (۲) (حیوانیات) گلوبند؛ جانور کے گردن کے اوپر انگوٹھی نما گول نشان (جو بال یا پر وغیرہ سے بن جاتا ہے) -

Torr : (۱) (طبیعیات) بادپیمائی کی اکائی - (۲) Torricell کا مخفف -

Torrefaction : (n) [f. L. 'torrefacere'.] (۱) سُکھانے اور بھوننے کا عمل؛ سکھانا یا سُکھایا جانا؛ بریاں کرنا یا ہونا؛ خشک سازی - (۲) (کیمیا) خشکاؤ : (کیمیا) اختراق؛ اختراق دھات -

Torrefy : (v) [Fr. 'torrefrer'.] (کچی دھات یادواؤں کو) سکھانا؛ بھوننا؛ خشک کرنا -

Torrent : (n) (۱) (جغرافیہ) سیل؛ تیزدھارا؛ سیلاب؛ پہاڑی جھرنا - (۲) تیز بہنے والی ندی؛ نشیب میں تیزی سے گرنے والی ندی - (۳) (مجازاً) بوچھار (گالیوں، سوالوں کی)؛ پرجوش الفاظ وغیرہ - (٤) تیزجھرنا؛ تیز بارش کی بوچھار؛ سیلاب؛ طوفان (غم والم کا) -

Torrent : (a) سیل کی طرح تیز بہنے والا؛ سیل مانند -

Torrential : (a) (۱) سیلاب مانند؛ سیل آور؛ سیلاب کا سا؛ تیز بہنے والا ؛ تند و پُرشور؛ بہت زور کا - (۲) (مجازاً) سیل کی طرح لبریز؛ بھرا ہوا -

Torrentially : (adv.) سیلاب کی طرح؛ تیزی اور تندی سے؛ بہت زور شور سے -

Torrenticole : (n) (حیوانیات) سیل باش -

Torricelli : (n) (تاریخ) ٹاری سلی (ایک اطالوی عالم طبیعیات و ریاضی داں) -

Torricellian : (a) [f. name of Torricelli'.] ٹاری سلی کا یا اس سے متعلق -

Torricellian experiment : (n) (سنہء ۱٦٤۳ میں ٹاری سلی نے ایک تجربہ کیا) ٹاری سلی کا تجربہ جس نے ایک نلکی میں پارہ بھرکر ہوا کا دباؤ دریافت کیا تھا؛ اسی کی بنا پر مقیاس الہوا یا بادپیما ایجاد ہوا -

Torricellian tube : (n) (طبیعیات) باد پیما ٹاری سلی؛ ٹاری سلی نلکی -

Torricellian vacuum : (n) (طبیعیات) خلائے ثاری سلی ۔

Torrid : (a) [L. 'torridus'.] زیادہ گرم؛ حارّ؛ محترق؛ جلادینے والا؛ سوزاں ۔

Torrid zone : (n) (جغرافیہ) منطقہ حارہ؛ خطوط جدی اور سرطان کے درمیان کی سرزمین ۔

Torridity : (n) (طبیعیات) گرمی؛ سوزندگی؛ جلادینے کی حالت؛ حدت؛ سخت گرم ہونا ۔

Torridly : (adv.) حدت کے ساتھ؛ سخت گرمی کے طور پر ۔

Torridness : (n) دیکھو Torridity

Torrify : (v) Torrefy کا متبادل ۔

Torsal : (n) (۱) داسا؛ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جسے دیوار پر رکھ کر بان ڈالتے ہیں ۔ (۲) بل دار یا مروڑی دار آرائشی کام ۔

Torse : (n) (tois) [Fr. 'torse'.] (نقابت) اینٹھا ہوا فیتہ جس سےخود کو طغرے سے ملایاجاتا ہے ۔

Torse : (n) [It. 'torso'.] (۱) (تشریح) بدن؛ دھڑ ۔ (۲) دیکھو Torso ۔

Torse : (n) [f. med. L. 'torsus'.] (ہندسہ) ترقی پذیر سطح ۔

Torsibility : (n) مروڑ پذیری ۔

Torsile : (a) [f. L. 'tors - +-IL'] پیچیدہ؛ تابدار؛ مروڑا ہوا ۔

Torsiograph : (n) (انجینیئرنگ) مروڑی ارتعاش نگار؛ مروڑنگار ۔

Torsion : (n) [late L. 'torsionem'.] (۱) (میکانیات) مروڑ؛ قوت مروڑ ۔ (۲) (حیوانیات، نباتیات) مروڑ؛ مروڑی دار ہونا ۔ (۳) بٹائی؛ بٹنا یا بٹاجانا؛ مروڑا جانا؛ انقباض پیچی ۔ (٤) (طب، جراحی) عملِ جراحی کےبعد شریانوں کے سروں کو موڑنا تاکہ خون بند ہوجائے؛ تفتیل ۔

Angle of torsion : (۱) زاویہ پیچ خوردگی؛ وہ زاویہ جو سلاخ کے ایک سرے کے مروڑنے سے بنتا ہے جبکہ دوسرا سرا متحرک نہیں ہوتا ۔ (۲) (ہندسہ) خفیفَ ترین زاویہ جو ایک دوسرے کو چھوتی ہوئی پیچیدہ خموں کی سطحوں سے بنتا ہے ۔

Balance of torsion : (۱) (طبیعیات) مروڑی ترازو ۔ (۲) دیکھو Torsion -balance ۔

Torsion-balance : (n) (طبیعیات) مروڑی ترازو؛ مروڑ کانٹا جس میں تاریک بل دار تار کے ذریعے برقی قوتوں وغیرہ کا باریک فرق ناپا جاتا ہے ۔

Torsion-curve : (n) مروڑی خَم؛ وہ خَم جو مروڑ کی وجہ سے ہو ۔

Torsion-galvanometer : (n) (برقیات) مروڑی رَو پیما ۔

Torsional : (a) بل یا مروڑ کا؛ مروڑی ۔

Torsional Hysteresis : (n) (میکانیات) مروڑ پسماندگی ۔

Torsional pendulum : (n) (گھڑی سازی) مروڑی پنڈولم ۔

Torsional vibration : (n) (میکانیات) مروڑی اِرتعاش ۔

Torsionally : (adv.) بل یا مروڑ دے کر ۔

Torsionless : (a) بےمروڑ؛ بے بَل کا ۔

Torsive : (a) مروڑی دار؛ بَل دار ۔

Torsk : (n) [Norw. 'torsk, tosk.'] کاڈ مچھلی کی ایک قسم ۔

Torso : (n) [L. 'thyrsus'.] (۱) (تشریح) بدن؛ دھڑ ۔ (۲) (آرٹ) بدنِ مجسمہ؛ مجسمے کا دھڑ (سر اور ہاتھ پاؤں سے الگ) ۔ (۳) (مجازاً) ادھورا کام؛ نامکمل چیز؛ کٹا ہوا حصہ یا ٹکڑا؛ ناقص کام؛ ابتر کام ۔

Tort : (n) [med. L. 'tortum'.] (انگریزی قانون) ثارت؛ خطا؛ دیوانی حرجانہ؛ وہ ہرجہ جس سے کسی کو نقصان پہنچے اور جس کا ہرجانہ دیوانی میں مل سکے ۔

Torta : (n) [late L. 'torta'.] (معدنیات) دھات کے بڑے مسطح گول انباروں میں سے ایک؛ سنگ نقرہ ۔

Torteau [Fr.] (نقابت) سرخ رنگ کا گول تمغا ۔

Tortfeasor : (n) [OFr.] (قانون) گناہ گار؛ خطاکار؛ تجاوزکار؛ مداخلتِ بےجا کرنے والا ۔

Torticollis : (n) [mod. L. f. -L. 'tortus'.] (طب) صعر؛ انعطاف گردن؛ گردن سیخی؛ وجع مفاصل سے گردن کے عضلات کا اینٹھ جانا ۔

Torticone : (n) (حیوانیات) مروڑی صدف؛ مروڑی مخروط ۔

Tortile : (a) [L. 'tortilis'.] (شاذ) (۱) (نباتیات)پیچیدہ؛ بل دار؛ کنڈلی دار؛ بل کھایا ہوا؛ مڑا ہوا؛ خمیدہ ۔ (۲) مرغولہ دار؛ کنڈلی دار ۔

Tortilis : (n) (نباتیات) کنڈلی گیر ۔

Tortility : (n) خمیدگی؛ مرغولہ دار ہونا؛ کنڈل؛ پیچیدگی ۔

Tortilla : (n) [Sp. dim of 'torta.'] (میکسیکو میں) مکئی کا کیك؛ مکئی کی روٹی ۔

Tortious : (a) [Anglo - Fr. 'torcious'.] (قانون) مجرمانہ؛ خطایانہ۔

Tortiously : (adv.) مجرمانہ طور پر ۔

Tortive : (a) [L. 'tortivus'.] (شاذ) پیچیدہ؛ مڑا ہوا ؛ خمیدہ ۔

Tortoise : (n) [Fr. 'tortue'.] (۱) (حیوانیات) کچھوا ؛ سنگ پشت ۔ (۲) کنگھنا کچھوا ۔ (۳) (قدیم روما) صف بندی جس میں سپاہی ڈھال سے ڈھال ملاکر دیوار سی بنا لیتے تھے ۔ (٤) کچھوے کی شکل؛ کچھوے کا نقشہ جو حرکت کی کمی کو دکھانے کے لئے بنایا گیا ہو ۔ (۵) بہت سست آدمی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے؛ سست آدمی؛ کاہل شخص ۔

Tortoise-beetle : (n) کچھوا نما بھونرا ۔

Tortoise-lyre : (n) پوست کچھوا سے بنی ہوئی ایك قسم کی بربط۔

Tortoise-plant : (n) جنوبی افریقہ کا ایك قسم کا پودا ۔

Tortoise-shell : (n) (۱) (حیوانیات) پوست سنگ پشت ؛ بعض کچھووں کا رنگ برنگ کا چتی دار خول جس کی کنگھیاں وغیرہ بنتی ہیں ۔ (۲) (حیوانیات) دھاری دار تیتری۔

Tortoise-shell : (a) پوستِ سنگ پُشت سے بنی ہوئی ۔

Tortoise-shell butterfly : (n) سیاہ اور زرد چتّیوں کی تتلی؛ دھاری دار تیتری۔

Tortoise-shell cat : (n) دھاری دار بلّی؛ سیاہ اور زرد چتّیوں کی بلّی۔

Tortoise turtle : (n) ایك قسم کا کچھوا ۔

Tortricid : (a) [f. mod. L. 'Tortricidae'.] (۱) ایك قسم کے پرند سے متعلق ۔ (۲) Tortrix (ایك قسم کا سانپ) کی جنس سے متعلق ۔

Tortricid: (n) Tortrix کی قسم کی ایك جنس ۔

Tortrix : (n) [mod. L.] (۱) ایك قسم کا کیڑا ۔ (۲) (حیوانیات) مارپیچی؛ ایك قسم کا سانپ ۔

Tortuosity : (n) [L. 'tortuositas'.] لہردار ہونا؛ پیچیدگی ؛ پیچ دار ہونا ۔

Tortuous : (a) [L. 'tortuosus'.] (۱) پیچ درپیچ ؛ بل سے بھرا ہوا ؛ پیچ و خم دار ؛ کَج ؛ مروڑی دار ۔ (۲) (ہندسہ) غیر مستقیم ۔ (۳) (مجازاً) (پالیسی وغیرہ) پیچ دار؛ چکر کی؛ فریب آمیز؛ کائیاں پن کی؛ نادرست؛ غیر صحیح؛ اُریب؛ کَج۔

Tortuously : (adv.) پیچ در پیچ طریقے سے؛ کائیاں پن سے؛ فریب آمیز طریقے سے ۔

Tortuousness : (n) پیچیدگی؛ پیچ دار ہونا؛ فریب آمیز ہونا ۔

Torturable : (a) قابلِ تعذیب؛ اذیت کے لائق ۔

Torture : (n) [L. 'tortura'.] (۱) ٹارچر؛ تعذیب؛ سخت جسمانی اذیت جو کوئی بات قبول کرانے کے لئے دی جاتی ہے ۔ (۲) شدید جسمانی یا روحانی اذیت؛ کرب ۔ (۳) شکنجہ؛ عذاب؛ زجر؛ عدالتی سزا ۔ (٤) باعثِ کرب؛ باعث اذیّت ۔ (۵) (مجازاً) سخت دباؤ؛ شدید عمل؛ سخت آزمائش؛ امتحان؛ اختبار ۔

Instruments of torture : آلاتِ تعذیب ۔

To put to (the) torture : تعذیب دینا؛ سخت اذیت میں مبتلا کرنا ۔

Torture : (v) [f. prec.] (۱) تعذیب دینا؛ سخت اذیت پہنچانا؛ کرب میں مبتلاکرنا؛ جسمانی یا روحانی عذاب میں مبتلا کرنا ۔ (۲) توڑ مروڑ دینا؛ کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا دینا (عبارت، الفاظ وغیرہ یا ان کے معنی کو) ۔ (۳) سزا دینا؛ ستانا؛ بہت زیادہ پریشان کرنا ۔ (٤) (مجازاً) غلط ظاہر کرنا؛ غلط بیان کرنا (مطلب وغیرہ) ۔

Torturer : (n) معذب؛ تعذیب دینے والا؛ اذیّت پہنچانے والا؛ کرب میں مبتلا کرنے والا ۔

Torturingly : (adv.) تعذیب کے ساتھ؛ سخت اذیت دہ طریقے سے؛ کرب میں مبتلا کرتے ہوئے ۔

Torturous : (a) [OFr. 'tortureus'.] پُرتعذیب؛ اذیت دہ؛ تعذیبی؛ زجردار؛ کرب سے بھرا ہوا ۔

Torula : (n) [mod. L. dim. of TORUS.] (۱) (نباتیات) طبیق؛ سریرک؛ گومڑک ۔ (۲) کُکُرمتّے یا کھمبی کی ایک قسم جو خمیر کی طرح ہوتی ہے؛ فطر سیاہ؛ فطرخمیر نما ۔ (۳) (جراثیم) تورولا؛ نظام مدوّر جراثیم؛ مدوّر جراثیم کا سلسلہ ۔ (٤) چھوٹی کرسی (پھول کی) ۔

Toruliform : (a) سلسلہ جراثیم کی شکل کا؛ مالاجیسی؛ تسبیح نما ۔

Torulose/Torulous : (a) (نباتیات) طوق نما؛ مروڑیاں دار؛ (حیوانیات) تورینہ دار ۔

Torulosis : (n) (طب) تورولازدگی؛ مریض تورولا ۔

Torulus : (n) (حیوانیات) تورینہ ۔

Torus [L.] (۱) (تعمیرات) نیم مدور حاشیہ؛ ہلالی گولا؛ تور؛ خصوصاً ستون کی کرسی کا سب سے نچلا حصہ ۔ (۲) پھول کی کرسی؛ ڈنڈی کا وہ حصہ جہاں سے پھول اگتا ہے ۔ (۳) (تشریح) عضلات وغیرہ کا ابھرا ہوا حصہ؛ کسی عضو کا آگے نکلا ہوا حصہ ؛ لوزہ ؛ ورمہ؛ مچھلی ۔ (٥) (ہندسہ) تور ۔

Torus Palatinus : (n) (تشریح) ورمۂ حنکی ۔

Tory : (n) [Anglicozed spelling of Irish 'toraidhe'.] (۱) ٹوری؛ انگلستان کی قدیم (سترھویں صدی عیسوی میں) سیاسی پارٹی کا رکن جو موجودہ قدامت پسند (Conservative) پارٹی کی پیشرو تھی ۔ (۲) (امریکا) شاہ پرست ۔

Tory : (a) ٹوری کا یا اس سے متعلق ۔

Tory Democracy : (n) ٹوری ڈیموکریسی؛ قدامت پرست جمہوریت؛ وہ جمہوریت جو قدامت پرستی کے ماتحت ہو ۔

Tory Democrat : (n) ٹوری ڈیموکریٹ؛ وہ قدامت پرست جو جمہوریت کی طرف مائل ہو ۔

Toryish : (a) ٹوری ڈیموکریسی سے متعلق ۔

Toryism : (n) ٹوری پارٹی کا اصول؛ قدامت پرستی؛ ٹوری پارٹی کا طریقہ کار ۔

Tosca : (n) [Sp. fem. of. 'tosco'.] ایک قسم کا ملائم گہرے بھورے رنگ کا چونا پتھر ۔

Tosh : (n) [Perh. back-formation from next.] (۱) (عام) فضول باتیں؛ مہمل گفتگو؛ بےمعنی کلام ۔ (۲) (کرکٹ، ٹینس) گیند جو آسانی سے کھیلی جاسکے ۔

Tosher : (n) [Joc. deformation of 'unattached + ER.] (عام) یونیورسٹی کا طالب علم جس کا تعلق کسی کالج سےنہ ہو ؛ بیرونی طالب علم ۔

Toss : (n) [Origin unkn.] (۱) اچھالنے کا عمل؛پھینکنےکا عمل؛ ادھر ادھر گھمانا ۔ (۲) تلاطم؛ اضطراب؛ اچانک جھٹکا؛ تشنج اتفاقی؛ سر کا جھٹکا ۔ (۳) سکہ اچھالنے کا عمل؛ سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا؛ شرط بندی ۔ (٤) قاصد کبوتر کو یہ آزمانے کے لئے اڑانا کہ وہ گھر پہنچتا ہے کہ نہیں ۔ (٥) ٹاس ۔

Full toss : (عام) (کرکٹ میں) گیند جو اس طرح پھینکی جائے کہ بالکل وکٹ کے پاس گرے ۔

Pitch - and - toss : ایک مہارت اور اتفاق کا کھیل جس میں سکے نشانے پر پھینکے جاتے ہیں ۔

To argue the toss : ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا؛ دعویٰ کرنا؛ بحث کرنا ۔

To take a toss : گھوڑے سے گرنا ۔

To win the toss : ٹاس جیتنا؛ سکہ اچھالنے کے بعد موافق فیصلہ ہونا یا کرنا ۔

Toss/Tost : (v) [Origin unkn.] (۱) پھینکنا؛ اچھالنا (خصوصاً ہتھیلی پر رکھ کر) ۔ (۲) (سانڈ وغیرہ کا) سینگ کی ٹکر سے دور پھینک دینا (شخص یا چیز کو) ۔ (۳) بے پروائی سے پھینک دینا؛ ڈال دینا ۔ (٤) سکے کو اچھال کر اس کے چت یا پٹ گرنے سے کسی سوال کا فیصلہ کرنا ۔ (٥) (ٹینس) اونچا مارنا؛ اچھالنا (گیند کو) ۔ (٦) (حقارت یا خفگی کے طور پر) سر کو جھٹکا دینا ۔ (۷) (کسی چیز کو) کبھی ادھر ہٹانا کبھی ادھر ؛ ادھر اُدھر کرنا ۔ (۸) بے چینی سے پہلو بدلنا؛ کروٹیں بدلنا ۔ (۹) (موجوں کا جہاز یا درخت کی شاخ کا) لہریں لینا؛ اٹھنا اور گرنا ۔ (۱۰) سکے کا اچھالنا یا اچھالا جانا؛

تاس کرنا ۔(۱۱) گھوڑے سے گرنا ۔(۱۲) پریشان کرنا؛ الجھن میں ڈالنا ۔ (۱۳) تیزی سے حرکت کرنا؛ متلاطم ہونا؛ غصے میں آنا ۔ (۱٤) ہلانا؛ جھنجھوڑنا ۔ (۱۵) (مجازاً) تنگ کرنا؛ بے چین کرنا؛ تشویش میں ڈالنا ۔ (۱۵) مباحثہ کرنا؛ بحث کرنا؛ مناظرہ کرنا؛ موضوعِ گفتگوبنانا ۔ (۱٦) ہَوا میں اچھالنا (سکّے کو) ۔

To toss a pancake : اس طرح اوپر اچھالنا کہ گرتے وقت کرچھے میں الٹا گرے ۔

To toss from pillar to post : دیکھو Pillar

To toss in a blanket : کسی شخص کو کمبل میں ڈال کر اچھالنا ۔

Toss off : (v) (۱) ایک دم میں چڑھا جانا ۔(۲) جھٹ پٹ کر کے پھینک دینا ۔ (۳) (کام) چٹکی بجاتے میں کر ڈالنا؛ جلدی سے کام انجام دینا ۔ (٤) جلَق لگانا؛ مشت زنی کرنا ۔

Toss up : (v) (۱) کسی بات کا فیصلہ کرنے کے لئے سکے کو اچھالنا ۔(۲) کھانا جلدی سے پکا ڈالنا ۔

Toss-up : (n) (۱) سکّے کو اچھالنا ۔(۲) مشتبہ امر؛ دھندھے کا معاملہ ۔

Tosser : (n) اچھالنے والا؛ سکہ اچھالنے والا ۔

Tosspot : (n) بہت زیادہ پینے والا؛ پکا شرابی؛ بلا نوش ۔

Tost : Toss کا فعل ماضی ۔

Tosticate : (v) (۱) مست کرنا؛ مست ہونا ۔(۲) عاجز کرنا؛ اذیت دینا ۔

Tot : (n) [L. 'totum'.] (۱) (ریاضیات) میزان ارقام ؛ جوڑی ہوئی رقم ۔ (۲) (بول چال) وہ رقمیں جن کا میزان دینا ہو ۔

Tot : (n) [Origin obsc.] (۱) چھوٹا بچّہ؛ ننھا بچّہ ۔(۲) (بول چال) ایک گھونٹ شراب ؛ جرعہء شراب ۔ (۳) بہت چھوٹی چیز ۔

Tot : (n) [Origin unkn.] ہڈی؛ کوڑا کرکٹ کے ڈھیر سے کوئی چیز چننا ۔

Tot : (v) (بول چال) ایک ساتھ جوڑنا؛ میزان دینا؛ (رقموں یا مدات کا) بڑھتے جانا؛ بڑھتے رہنا ۔

To tot up (to) : میزان ہونا؛ میزان کرنا ۔

Total : (a) [L. 'totalis'.] (۱) کل؛ مجموعی؛ تمام؛ پورا کا پورا؛ سب کا سب ۔(۲) قطعی؛ کامل؛ تام؛ مطلق؛ کُلّی ۔

Total : (n) کل جمع؛ میزان؛ میزانِ کل؛ حاصلِ جمع؛ سر جمع؛ مجموعہ ۔

Total : (v) (۱) میزان لگانا؛ میزان دینا؛ جوڑنا ۔(۲) کل تعداد کا ہونا؛ مکمل ہونا ۔

Total abstainer : (n) منشیات سے کُلّی اجتناب کرنے والا ۔

Total abstinence : (n) منشیات سے قطعی یا کُلّی اجتناب ۔

Total colour blindness : (n) (طب) کامل رنگ کوری ۔

Total eclipse : (n) خسوف کامل؛ پورا گرہن ۔

Total intelligence : (n) (نفسیات) مجموعی ذہانت ۔

Total intelligence : (n) (نفسیات) مجموعی ذہانت ۔

Total internal reflection : (n) (بصریات) کُلّی داخلی انعکاس ۔

Total modulation : (n) (ریڈیو) مکمل زیر و بم ۔

Total pressure : (n) مجموعی دباؤ؛ دھکیل ۔

Total reflection : (n) (بصریات) انعکاس کُلّی ۔

Total war : (n) وہ جنگ جس میں عوام اورفوج سبھی شامل ہوں ۔

Totalitarian : (n) (سیاسیات) ہمہ گیر ۔

Totalitarian : (a) یک حزبی حکومت سے متعلق ۔

Totalitarianism : (n) (سیاسیات) ہمہ گیریت؛ یک حزبی حکومت ۔

Totality : (n) [L. 'totalilas'.f 'totalis'.] (۱) کلیت؛ تمامیت؛ جامعیت؛ مجموعیت ۔(۲) مقدار کل؛ کل تعداد؛ پوری رقم ۔(۳) (علم النجوم) کسوف یا خسوف کُلّی ۔

Totalization : (n) مجموعہء کُلّی؛ میزان دینا یا دیاجانا؛ میزانے سے حساب کرنا یا کیا جانا؛ جمع زنی ۔

Totalizator : (n) میزانہ؛ میزانیہ؛ میزان کرنے کی مشین یا آلہ۔

Totalize : (v) (۱) جمع کرنا؛ میزان کرنا؛ میزان معلوم کرنا؛ میزان لگانا۔ (۲) (گھڑ دوڑ میں) میزانے سے حساب کرنا۔

Totalizer : (n) ایک آلہ جس سے گھڑ دوڑ کی شرطوں کی مجموعی رقم معلوم کی جاتی ھے اور وہ ان لوگوں پر تقسیم کردی جاتی ھے جنھوں نے جیتنے والے گھوڑے پر شرط لگائی تھی؛ میزانہ۔

Totalling : (n) جوڑ؛ میزان۔

Totally : (adv.) کُلّی طور پر : پورے طور پر : میزان کے طور پر : بالکل۔

Totally reflected : (a) (بصریات) کُلّی منعکس۔

Totanus : (n) (حیوانیات) جنس سرخپا۔

Totara : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا ایک درخت۔

Tote : (n) (۱) تعداد مجموعی؛ مجموعی رقم۔ (۲) Total کا مخفف۔ (۳) منشیات سے کلی اجتناب کرنے والا۔ (٤) میزانہ؛ میزان کرنے کی مشین۔

Tote : (v) [Origin obsc.] (امریکا) پہنچانا؛ لے جانا (رسد وغیرہ)۔

Totem : (n) [From ojibwa, or some kindred Algonquian dialect.] (۱) ٹوٹم؛ مظاہر فطرت میں سے کوئی چیز خصوصاً کوئی جانور یا پودا جسے شمالی افریقہ کے دیسیوں کے کسی قبیلے نے باطنی تعلق کے اعتقاد کی بنا پر اپنا نشان قرار دیا ہو۔ (۲) ٹوٹم کی شبیہہ یا بت۔

Totem-exogamy : (n) ٹوٹم کی رسم شادی۔

Totemic : (a) ٹوٹم کا؛ ٹوٹم کے عقیدے کا۔

Totemism : (n) (سماجیات) ٹوٹمیت (عقیدہ)؛ ٹوٹمی رسوم؛ وہ رسوم جو اس سے متعلق ہیں : ٹوٹم پرستی۔

Totemist : (n) (۱) ٹوٹم قبیلے کا رکن؛ ٹوٹم عقیدے کا پیرو۔ (۲) ماہر ٹوٹم؛ وہ شخص جو تاریخ ٹوٹم کا ماہر ہو۔

Totemistic : (a) ٹوٹم کا؛ ٹوٹم کے عقیدے کا۔

Tother /T'other : (pron.) [ME. 'the tother'.] (۱) دوسرا (دو میں سے) دیگرے؛ دیگر؛ دومی۔ (۲) (جمع) دوسرے؛ باقی۔

To tell or 'other from which : (مزاحًا) دو چیزوں میں فرق یا تمیز کرنا۔

Tother : (a) (۱) دوسرا (دو میں سے)۔ (۲) دوسرا (دن)۔ (۳) چند (دن) پہلے کا۔

Totidem verbis : (adv.) [L.] انہیں الفاظ میں؛ بدیں الفاظ۔

Toties quoties/Totiens- : (adv.) [L.] ہر مرتبہ؛ ہر بار۔

Totipalmate : (a) [f. L. toti + Palmate.] (طیوریات) کامل پردہ پا؛ مکمل جھلی دار پنجوں والا۔

Totipalmate : (n) مکمل جھلی دار پنجوں والا پرند۔

Totipalmation : (n) مکمل جھلی دار پنجوں والا ھونا۔

Totipotent : (a) (حیاتیات) کامل بروزی؛ کامل تفرقی؛ کامل قوی۔

Totitient : (n) (ریاضیات) مفردات کمتر : اصفرات۔

Totitive : (a) (ریاضیات) مفرد کمتر : اصم اصفر۔

Toto : (a) [L. 'totus.'] مکمل؛ تمام۔

Toto - : [form of L. 'totus.'] سابقہ بمعنی "پورے طور پر"۔

Toto caelo : (adv.) (۱) بہت زیادہ۔ (۲) بالکل۔

To differ toto caelo : زمین آسمان کا فرق ھونا۔

Toto-congenital : (a) مکمل پیدائشی؛ مکمل طبعی۔

Toto-mute : (a) مکمل گونگا؛ مکمل خاموش؛ مکمل صامت۔

Toto-partial : (a) (منطق) جس میں ایک اصطلاح عمومی ھو اور دوسری مخصوص۔

Toto-total : (a) (منطق) جس میں دونوں اصطلاحیں عمومی ھوں۔

Totter : (n) [f. Totter (v).] لڑ کھڑانے کا عمل؛ تزلزل؛ لڑکھڑاہٹ؛ اہتزاز؛ جنبش (آگے پیچھے)۔

Totter : (n) [f. Tot. (n.)] چیتھڑے اور ہڈی وغیرہ چننے والا۔

Totter : (v) [Norw. dial. 'tutra'.] (۱) پیر لڑکھڑانا ۔ (۲) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا (خصوصاً چھوٹے بچوں کا) ۔ (۳) (مینار اور مجازاً سلطنت، نظام وغیرہ کا) گرتی ہوئی دیوار ہونا؛ گرنے کے قریب ہونا؛ بربادی کے قریب ہونا ۔ (٤) (آگے پیچھے) جنبش کرنا؛ لڑکھڑانا؛ ڈگمگانا؛ افتاں و خیزاں ہونا ۔

Totterer : (n) لڑکھڑانے والا؛ اہتزاز کرنے والا ۔

Tottering : (a) لڑکھڑاتے ہوئے (قدم) ؛ لغزاں ۔

Totteringly : (adv.) لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Tottery : (a) (۱) لڑکھڑاتا ہونا؛ لغزاں ۔ (۲) نہایت کمزور؛ کاجو بھوجو ۔

Totting : (n) ردی کی ٹوکری سے کوئی کام کی چیز چننا ۔

Totty : (a) [f. totter.] افتاں و خیزاں؛ لغزاں؛ لڑکھڑاتا ہوا؛ متزلزل؛ جو مضبوطی سے قائم نہ ہو ۔

Toucan : (n) [Sp. 'tucan'.] (۱) ٹوکانا؛ طویل المنقار چڑیا ؛ امریکا کے گرم سیر خطے کا پرند جس کی چونچ بہت بڑی ہوتی ہے ۔ (۲) (علم النجوم) جنوبی ستاروں کا مجمع؛ تارا منڈل ۔

Toucanet : (n) طویل المنقار چڑیوں کی چھوٹی قسم ۔

Touch : (n) [OFr. 'touche'.] (۱) چھونا یا چھوا جانا؛ مس ؛ لمس ۔ (۲) چھونے کی قوت؛ لامسہ؛ قوت لامسہ؛ احساس (چھونے سے) ۔ (۳) مو قلم یا پنسل کا ہلکا ساخط ۔ (٤) خفیف سی مقدار؛ پٹ؛ خفیف سا اثر ۔ (٥) باجے کے پردوں کو چھیڑنے کا طریقہ ۔ (٦) باجے کی گمک؛ گانے کا طرز؛ موسیقی کا طرز ؛ کاریگر کا طریقہ ؛ ہاتھ ۔ (۷) مصنف کا طرزِ تحریر؛ قلم ۔ (۸) روابط؛ تعلقات (ملنے جلنے، خط و کتابت وغیرہ کے) ۔ (۹) مقناطیس سے بار بار مس کر کے فولاد کو مقناطیس بنانا ۔ (۱۰) (طب) ٹٹول کر اعضا کی کیفیت دیکھنا؛ خصوصاً دائی یا ڈاکٹر کا پیٹ کو اس طرح دیکھنا؛ ٹٹول ؛ ہاتھ سے چھو کر دیکھنا ۔ (۱۱) (فٹ بال) وہ جگہ جو فیلڈ کے کناروں اور گول کے توسیع شدہ خطوط کے درمیان ہوتی ہے ۔ (۱۲) تاثیر ؛ جذبہ ۔ (۱۳) ایما ؛ (موسیقی) چھیڑ ۔ (۱٤) جنسی تعلقات ۔ (۱٥) بچوں کا ایک قسم کا کھیل جس میں چور دوسرے کو چھوتا ہے ۔ (۱٦) مس؛ اتصال ؛ ربط ؛ تعلق ۔ (۱۹) سطح پر کوئی نشان یا اثر کا ہونا مثلاً ڈیش (-) ؛ کوئی نشان وغیرہ؛ ہلکا خط یا نشان ۔ (۲۰) ہٹ؛ ہلکی ضرب ؛ کھٹکھٹانا ۔ (۲۱) (مجازا) طنز کا حملہ ۔ (۲۲) (سونا یا چاندی وغیرہ جانچ کے لئے) کسوٹی؛ محک ۔ (۲۳) سونے یا چاندی پر ایسا نشان جس سے معلوم ہوکہ یہ کسوٹی پر جانچ لی گئی ہے ۔ (۲٤) (مجازا) جانچ؛ کسوٹی؛ امتحان ؛ اصول ؛ جانچ کا اصول ؛ معیار ۔ (۲٥) دماغ یا روح پُر اثر ؛ قوتِ مدرکہ ۔ (۲٦) دماغی یا اخلاقی ادراک؛ دماغی یا اخلاقی شعور ۔ (۲۷) خصلت؛ امتیازی وصف ۔ (۲۸) ہلکا سا رنگ (کسی صفت کا) ؛ شائبہ؛ جھلک ۔ (۲۹) ٹیس؛ خلش؛ چبھن ۔

A touch of the tar-brush : جس کی رگوں میں حبشی خون کا کچھ حصہ ہو ؛ دوغلا ۔

Divided touch : (مقناطیس) مسِ انفعالی ۔

Double touch : (مقناطیس) مس مزدوج ۔

External touch : (عضویات) بیرونی لمس ۔

Faculty of touch : (عضویات) حسِ لامسہ ؛ قوتِ لامسہ ۔

Finishing touches : آخری خطوط (جن سے تصویر مکمل ہوتی ہے) ۔ آخری درستی (جس سے کام کی رہی سہی کمی پوری ہو جائے) ۔

Has a light touch : اس کا قلم سبک ہے یعنی طرز تحریر سادہ اور بے تکلف ہے ۔

Has a light touch on piano : پیانو بجانے میں اس کی انگلیاں بڑی ہلکی ہیں ۔

In touch with : واسطہ رکھنا؛ تعلقات رکھنا ۔

Out of touch with : واسطہ نہیں رکھنا؛ تعلقات نہیں رکھنا ۔

Royal touch : بادشاہ کا ہاتھ لگا دینا جو کنٹھ مالا کا علاج سمجھا جاتا تھا۔

Single touch : (مقناطیس) مس مفرد ۔

The Nelson touch : نیلسن کا مخصوص طریق کار ؛ نیلسن کا انداز ۔

To break touch : تعلقات منقطع کر لینا ؛ واسطہ ختم کر لینا ۔

To keep in touch with : ملتےجلتے رہنا؛ خط و کتابت جاری رکھنا؛ حالات سے با خبر رہنا ۔

To loose touch with : خط و کتابت جاری نہیں رکھنا؛ حالات سے با خبر نہیں رہنا ۔

To near touch : بال بال بچنا ۔

To put to the touch : کسوٹی پر جانچنا؛ پرکھنا (سونا، چاندی وغیرہ)۔

Touch : (v) [OFr. 'tochier.'] (۱) (کسی چیز سے) ملا ہوا ہونا؛ متصل ہونا ؛ چھونا ؛ لگنا ؛ مس ہونا ۔ (۲) چھونا؛ مس کرنا؛ لگانا؛ ہاتھ لگانا ۔ (۳) دو چیزوں کو ایک دوسرے سے مس کرنا؛ چھوانا ۔ (٤) (ہندسہ) مماس ہونا ۔ (۵) آہستہ سے دبانا، بلانا، بجانا وغیرہ ۔ (٦) (باجے کے تار یا پردے کو) چھیڑنا ۔ (۷) (مو قلم یا پنسل سے یا تصویر میں) ہلکے خطوط کھینچنا؛ خط و خال بنانا ۔ (۸) (کسی چیز میں) برابری کرنا؛ ٹکر کا ہونا؛ پہنچنا ۔ (۹) ہاتھ پہنچنا؛ چھو سکنا ۔ (۱۰) اثر کرنا؛ اثر ڈالنا؛ (دل کو) لگنا؛ متاثر کرنا؛ مؤثر واقع ہونا؛ متاثر ہونا ۔ (۱۱) نشتر یا تیر کی طرح لگنا؛ سخت ناگوار ہونا ۔ (۱۲) کسی موضوع پر سرسری بحث کرنا؛ ضمناً ذکر کرنا؛ اچٹتی سی نظر ڈالنا؛ اشارہ کرنا ۔ (۱۳) تعلق ہونا ۔ (١٤) (عموماً منفی جملوں میں) ہاتھ لگانا ؛ واسطہ رکھنا؛ مربوط ہونا ۔ (۱۵) خفیف سا نقصان پہنچانا ۔ (۱٦) (ایک چیز میں دوسری چیز کا) ہلکا سا رنگ پیدا کرنا؛ چاشنی دینا ۔ (۱۷) (منفی جملوں میں) کچھ کر سکنا؛ کچھ کام دینا ۔ (۱۸) (for کے ساتھ) وصول کرنا؛ قرض لینا (رقم)؛ روپیا حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔ (۱۹) (مجازاً) چکھنا؛ کھانا؛ کسی چیز میں مشارکت کرنا ۔ (۲۰) جنسی تعلقات قائم کرنا؛ کسی کے ساتھ جنسی مقاربت کرنا ۔ (۲۱) صدمہ پہنچانا؛ ستانا؛ آزاد کرنا یا دینا؛ توبیخ کرنا ۔ (۲۲) آزمانا؛ کسوٹی پر جانچنا؛ محک کرنا۔ (۲۳) تحریک پیدا کرنا؛ احساس دلانا ۔ (۲٤) چھوکر جانچنا (بیماری وغیرہ) ۔ (۲۵) (فٹ بال) گیند کو اپنے یا حریف کے گول پوسٹ کے پیچھے چھونا ۔ (۲٦) قریب واقع ہونا؛ کنارے پر واقع ہونا؛ ساحل یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا ۔ (۲۷) ہلکے سے ضرب لگانا ۔ (۲۸) گھن لگنا؛ کھا جانا ؛ گھس جانا ۔ (۲۹) جانچ لینے کے بعد دھات پر نشان لگانا (سرکاری مہر کے ساتھ) ۔ (۳۰) جتنی دور ہوسکے جانا؛ پہنچنا ۔ (۳۱) جہاز کو ہوا کے موافق رکھنا ۔ (۳۲) وابستہ ہونا؛ تعلق رکھنا؛ متعلق ہونا؛ سروکار رکھنا؛ موزوں ہونا ۔ (۳۳) ذہنی اور اخلاقی طور پر اثر پذیر ہونا؛ کسی جذبے یا احساس سے متاثر ہونا ۔ (٣٤) غصہ ہونا؛ ناگوار خاطرہونا؛ بگڑنا؛ زور سے لگنا (چوٹ) ۔

Brass polish won't touch these candlesticks : پیتل کی پالش ان شمع دانوں میں کچھ کام نہیں دے گی۔

Can just touch bottom : (دریا کی) تہ میں پیر لگتے ہیں۔

Couldn't touch the algebra paper : الجبرا کے پرچے کو میں بالکل نہیں کرسکا ۔

Dare not touch beer : کیا مجال کہ بیئر کو ہاتھ لگائے ۔

I never touch him : میں نے تو اسے ہاتھ بھی نہیں لگایا یعنی اسے مارا نہیں؛ کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچایا ۔

(It) touched him home : یہ بات اسے تیر کی طرح لگی۔

Morality touches with emotion : وہ اخلاق جس میں جذبات کی چاشنی ہو ۔

No one can touch him for purity of style: اسلوب بیان کی پاکیزگی میں کوئی اس کو نہیں پہنچ سکتا۔

The question touches you nearly : اس بات کا تم سے بہت تعلق ہے ۔

To touch at : (بحری) ٹھہرنا؛ جانا (جہاز کا بندرگاہ وغیرہ پر) ۔

To touch bottom : تہ تک پہنچنا؛ معاملے یا بات کی تہ کو پہنچ جانا؛ آخری حد تک پہنچ جانا ۔

To touch and go : حالات کے مطابق حل کرنا ۔

To touch one's cap/-hat : (ٹوپی کو ہاتھ لگا کر یا اٹھاکر) سلام کرنا ۔

Touch body/-corpuscle : (n) لمسی جسم یا جسمیہ (جس کا تعلق چھونے سے ہو)۔

Touch down : (n) (۱) (رگبی فٹ بال) گیند کو حریف کے گول لائن کے پیچھے چھونے کا عمل ۔ (۲) ہَوا سے زمین پر اترنے کا عمل۔

Safety touch down : گول پوسٹ کے پیچھے گیند کو چھوانا تاکہ حریف پارٹی کا کھلاڑی ایسا نہ کر سکے۔

Touch down : (v) (۱) گیند کو عموماً حریف کی گول لائن کے پیچھے چھونا ۔ (۲) ہَوا سے زمین پر اترنا؛ لینڈ کرنا۔

Touch-hole : (n) توپ کے مسالے کا سوراخ (جس میں رنجک رکھ کر توپ چلاتے ہیں)۔

Touch in : (v) (ڈرائنگ) پنسل یا نوک قلم سے درست کرنا ۔

Touch-in-goal : (n) چاروں کونے جو فیلڈ کے کناروں اور گول کے خطوط سے محدود ہوتے ہیں۔

Touch-judge : (n) (رگبی فٹ بال) امپائر ۔

Touch-last : (n) بچوں کا ایک کھیل۔

Touch-line : (n) (۱) (فٹ بال) چاروں طرف کی باؤنڈری لائن؛ خطوط حدود (فٹ بال کے میدان کا) ۔ (۲) جہاز کے نقشے کی وہ لکیر جو اس کے پچھلے حصے کی حد بندی کرتی ہے۔

Touch-me-not : (n) (۱) گل حنا ۔ (۲) (طب) مرض آکلہ؛ ذئبہ ۔ (۳) زرد بلسان؛ زرد گل بندی؛ Impatiens کی ایک جنس ۔ (٤) شخص یا چیز جسے چھونا منع ہو ۔ (٥) مغرور شخص؛ متکبر؛ الگ تھلگ رہنے والا شخص۔

Touch-me-not : (a) اجتناب کرنے کے لائق؛ مت چھونا؛ الگ تھلگ رہنے والا۔

Touch-needle : (n) کسوٹی سوئی؛ سونے کے مرکب کی سوئی جسےدوسری دھاتوں سے مقابلے کے لئے کسوٹی پر کستے ہیں۔

Touch off : (v) (۱) (کسی چیز کا) خاکہ جھٹ پٹ کھینچ دینا۔ (۲) چلا دینا (توپ) ۔ (۳) ٹیلیفون کی گفتگو ختم کر دینا؛ بند کر دینا ۔

To touch on /- upon : کسی موضوع پر مختصر سی بحث کرنا؛ سرسری نظر ڈالنا ۔

To touch pitch : ناپاک کام یا ناپاک شخص سے تعلق رکھنا ۔

To touch the gums : (طب) لعاب خیزی کی ترغیب دینا، جیسے پارے کے استعمال سے ۔

To touch to the quick : دل پر نشتر لگانا؛ سخت رنج پہنچانا ۔

To touch the spot : سمجھ جانا کہ کس بات کی ضرورت ہے؛ جس بات کی ضرورت ہے وہی کرنا ۔

To touch wood : بڑا بول بولنے کے بعد انتقام کی دیوی کے قہر سے بچنے کے لئے لکڑی کو چھو لینا ۔

Was touched by the king : بادشاہ نے اسے ہاتھ لگایا (یہ کنٹھ مالا کا علاج سمجھا جاتا تھا)۔

Wouldn't touch him with a barge-pole : اس کے سائے سے پرہیز کرتا ہوں ۔

Touch : جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Touch and go : (n) (۱) کوئی کام جلدی ہونا؛ حالات کےمطابق ہونا۔ (۲) غیر اختیاری حالت؛ محتاج ثبوت حالت یا چیز؛ مشتبہ حالت ۔ (۳) بال بال بچنا، خطرے کی حالت سے ۔

Touch and go : (a) (۱) مشتبہ؛ مخدوش؛ خطرے کی حالت میں؛ خطرے کا؛ بال بال بچنے کی حالت میں ۔ (۲) سرسری؛ مجمل؛ اتفاقی؛ آنی؛ ایک لمحے میں واقع ہونے والا ۔

A touch-and-go business : مخدوش معاملہ ۔

It was touch-and-go whether we got past : یہ امر مشتبہ تھا کہ ہم گذر جائیں گے یا نہیں ۔

We were touch and go all the time : ہم برابر خطرے کی حالت میں تھے ۔

Touch-back : (n) (رگبی فٹبال) گول لائن کے پیچھے بال کا زمین چھونے کا عمل۔

Touch-pan : (n) پرانے طرز کی بندوق کا پیالہ جس میں بارود رکھتے تھے ۔

Touch-paper : (n) فتیلہ؛ شورہ پلایا ہوا کاغذ جو توپ چلانے میں فتیلے کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔

Touch-piece : (n) (۱) وہ سکہ یا میڈل جو کسی فرمانروا کی طرف سے دیا جائے ۔ (۲) مشین وغیرہ کا وہ حصہ جس کے چھونے سے وہ چلنے لگے ۔

Touch-plate : (n) جستےکے برتن بنانے والی کمپنیوں کا برتن پر مستند مارکہ ۔

Touch up : (v) (۱) درست کرنا؛ مکمل کرنا؛ جو کمی رہ گئی ہو پوری کرنا(تصویر ، عبارت وغیرہ میں) ۔ (۲) گھوڑے کو تیز کرنے کے لئے چابک لگانا ۔

Touch up : (n) (۱) درست کرنے کا عمل؛ مکمل کرنے کا عمل؛ تکمیل (۲) معمولی تاکید؛ ہلکی یاد دہانی ۔

Touch watch : (n) وہ گھڑی جسے اندھیرے میں چھونے سے وقت کا اندازہ ہو جائے ؛ لمسی گھڑی ۔

Touchable : (a) قابل لمس؛ محسوس؛ جو چھوا جاسکے ۔

Touchableness : (n) چھونے کے لائق ہونا؛ قابل لمس ہونا ۔

Touche : (n) [Fr.] (۱) کسی ضرب کےاحساس کرنے کا اظہار۔ (۲) تہمت؛ شکایت؛ الزام؛ انتساب جرم ۔

Touched : (a) (۱) جس کے دماغ میں کسی طرح کا خلل ہو ؛ ناقص العقل؛ سنکی؛ خبطی ۔ (۲) مساس؛ رنجیدہ؛ لمس شدہ ۔

Touched proof : (n) (تصویر) موقلم سے درست کیا ہوا پروف؛ خط و خال بنایا ہوا پروف ۔

Toucher : (n) (۱) لمس کرنے والا؛ چھونے والا؛ حساس ۔ (۲) آزمائش کرنے والا؛ جانچنے والا؛ خط و خال بنانے والا ۔ (۳) تعلقات پیدا کرنے والا ۔ (٤) بہت ہی قربت والا ۔

As near as a toucher : بہت ہی قریب؛ تقریباً؛ قریب قریب۔

Near toucher : تصادم وغیرہ سے بال بال بچنا ۔

Touchily : (adv.) زود رنجی سے؛ زود حسی سے ۔

Touchiness : (n) زود رنجی؛ زود حسی ۔

Touching : (a) (۱) (نفسیات) رقت انگیز؛ قابلِ رحم ؛ دل پر اثر کرنے والا ؛ جس پر ترس یا قلق آئے ۔ (۲) مؤثر؛ سوزناک؛ حساس؛ افسوس ناک؛ حسرت ناک ۔

Touching : (n) (۱) چھونا؛ لمس ؛ مماس؛ مس ؛ حس ؛ احساس ۔ (۲) بحث؛ تمحیص؛ علاج؛ زخم پہنچانا؛ تکلیف دینا ۔

Touchingly : (adv.) رقت انگیز طریقے سے ؛ پر اثر طریقے سے ۔

Touchingness : (n) رقت انگیزی ۔

Touchless : (a) (۱) جس میں چھونے کی قوت نہ ہو ؛ جس کو چھونہ سکیں ۔ (۲) غیرمحسوس ۔ (۳) ناقابلِ فہم ۔

Touchous : (a) زود رنج؛ حساس؛ رقت انگیز؛ تاثر انگیز ۔

Touchstone : (n) (۱) کسوٹی؛ سونا، چاندی وغیرہ جانچنے کی کسوٹی ؛ محک ۔ (۲) (مجازاً) معیار؛ جانچ ۔ (۳) بسالٹ پتھر وغیرہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Touchwood : (n) (۱) (نباتیات) آتش افروز ؛ گیرانہ ؛ سوختہ چوب؛ لکڑی کا سوختہ؛ پلپلا مادہ جو لکڑی سے بنتا ہے اور دیا سلائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے کا پیچھا کرتا ہے اور بھاگنے والا لکڑی کو چھولے تو تعاقب سے محفوظ ہو جاتا ہے ۔ (۳) (مجازاً) آتش مزاج شخص؛ آتش ۔ (٤) درخت کی مختلف قسموں کے نام ۔

Touchy : (a) (۱) زود رنج؛ نازک رنجی؛ حساس؛ زود حس؛ چھوئی موئی ۔ (۲) جسمانی طور پر جلد بگڑنے والا ۔ (۳) پر خطر؛ خطر ناک؛ جو کھم کا؛ مشکل؛ پیچیدہ ۔

Tough : (a) [OE. 'to'h'.] (۱) سخت (چمڑا، گوشت یا اور کوئی چیزجس میں لچک ہو مگر اس کا توڑنا یا کاٹنا مشکل ہو) ؛ آسانی سے نہیں ٹوٹنے والا ۔ (۲) کڑی (مٹی وغیرہ) ۔ (۳) (مجازاً) جفاکش ؛ مضبوط ؛ محکم ؛ شدید ؛ دشوار ۔ (٤) ضدی ؛ اڑیل ۔ (٥) مشکل؛ کٹھن؛ نہایت محنت اور استقلال کا؛ جانفشانی کا؛ سخت محنت کا ۔ (٦) (بول چال) بُری (قسمت وغیرہ) ۔ (۷) (امریکی عامیانہ) شرارت کرنے والا؛ مجرمانہ ۔ (۸) (غذا) جو مشکل سے چبائی

چاسکے - (۹) لس دار؛ لعاب دار ؛ چیپ دار - (۱۰) زبردست اخلاقی برداشت والا؛ قوت برداشت والا - (۱۱) محنتی؛ سخت جان -

Tough : (n) (امریکا) گنڈا؛ غنڈا؛ شہدا؛ بدمعاش -

Tough-cake/-pitch : (n) عمدہ یا تجارتی تانبہ -

Toughen : (v) سخت کرنا؛ سخت بنانا؛ سخت ہونا؛ مضبوط ہونا؛ کڑا ہونا -

Toughened caustic : (n) (طب) ناشکنا کاوی -

Toughish : (a) کسی قدر سخت؛ کسی قدر دشوار؛ کسی قدر مشکل-

Toughly : (adv.) سختی سے؛ کڑے پن سے -

Toughness : (n) کڑاپن؛ سختی؛ دشواری -

Toupee : (n) [Fr. 'toupet'.] (شاذ) مصنوعی بال؛ مصنوعی بالوں کا گچھا (سر کے اس حصہ میں جو گنجا ہو لگالیتے ہیں) -

Toupet : (n) [dim. of OFr. 'toup'.] سر کےاگلے حصے میں لگانے کے لئے مصنوعی بالوں کا گچھا -

Toupet-titmouse : (n) ایک قسم کا کلغی دار پرندہ -

Tour : (n) [OFr. 'tor'.] (۱) (فوج) باری؛ نوبت؛ پھیری؛ ڈیوٹی کی مدت؛ ایک چھاؤنی میں رہنے کی مدت؛ نوبت کار - (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا؛ دورہ؛ سیاحت؛ سیاحتی سفر؛ بہت سے مقامات کا سفر - (۳) چھوٹا سا تفریحی سفر؛ گشت - (٤) (مجازا) گول؛ دائرہ - (٥) کسی جزیرہ کا دائرہ - (٦) مجازا) رنگ برنگ کی آواز -

The (grand) tour : (تاریخ) سفرِ یورپ یعنی فرانس؛ اٹلی وغیرہ کی سیاحت تکمیلِ تعلیم کی غرض سے -

Tour : (v) [f. prec.] (۱) دورہ کرنا؛ سیاحت کرنا(ملک وغیرہ کی) ؛ سفر کرنا - (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (گھومنے کے خیال سے) - (۳) (تھیٹر ڈراما وغیرہ کے لئے) گشت کرنا -

Tour de force : (n) [Fr.] مشکل کام ؛ بازی گری کی قوت ؛ کرتب کی طاقت؛ ہنرمندی؛ چابکدستی؛ مہارت -

Tourer : (n) دورہ کرنے والا؛ سیاحت کرنے والا؛ ٹورنگ کار؛ سیاحت گاڑی؛ سیاح موٹر کار؛ دورہ گاڑی -

Touring : (n) سیاحی؛ دورہ کرنا -

Touring car : (n) سیاحی گاڑی؛ دورہ گاڑی؛ ٹورنگ کار -

Touraco : (n) [Fr.native name in W. Africa of 'Turacus persa'.] Musophagidae جنس کا پرندہ ؛ بڑی قسم کا افریقی پرند جس کے پر ارغوانی اور سبز ہوتے ہیں اور سر پر اونچی سی کلغی ہوتی ہے -

Tourbillion/Tourbillon : (n) (urbi'Lyan [Fr. 'tourbillon'.] ایک قسم کی آتش بازی جو ہَوا میں چکر کھاتی ہے؛ ہوائی آتش بازی-

Tourism : (n) جہاں گردی ؛ سیاحی ؛ سیاحت کا طریقہ ؛ سیاحت کا انتظام ؛ (تجارت کے طور پر) سیاحوں کےلئے سیر سفر کا انتظام -

Tourist : (n) سیاح؛ سیر و سفر کرنے والا؛ جہاں گرد -

Tourist agency : (n) سیاحی ایجنسی -

Tourist-car : (n) ریل گاڑی کا ڈبا جو سیاح کے لئے مخصوص ہو؛ ریل کا سیاحی ڈبا -

Tourist card : (n) شہریت کا شناختی کارڈ جو سیاح کو دیا جائے (ویزا یا پاسپورٹ کی جگہ پر) -

Tourist class : (n) ریل گاڑی کا سب سے معمولی درجہ ؛ سیاحی درجہ -

Tourist home : (n) وہ جگہ جہاں مسافر کرایہ پر ٹھہرتے ہوں؛ قیام گاہ (سیاح کے لئے) -

Tourist-ticket : (n) سیاحی ٹکٹ؛ وہ ٹکٹ جو رعایتی قیمت پرملتا ھے، خصوصاً طویل مدت کا واپسی ٹکٹ -

Touristry : (n) سیاحت؛ جہاں گردی -

Tourmaline : (n) [Fr.] ترملین؛ ایک برقی قوت رکھنے والی معدنی شے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اور نگینے کے طور پر استعمال ہوتی ھے؛ کہربائی اصل -

Tourmaline granite : (n) (ارضیات) ترملین پتھر؛ پتھر جس سے ترملین نکلتی ھے -

Tourmalinisation : (n) (ارضیات) ترملین سازی -

Tournmente : (n) [AFr.] دیکھو Tournament

Tous-les-mois : (n) [Fr.] نشاستہ جو ایک عقیق البحر کی گانٹھ سے نکالا جاتا ہے اورغذا کے طورپر استعمال ہوتا ہے۔

Touse : (n) [OE. 'tusion'.] (بول چال) اودھم؛ بھاگ دوڑ؛ شوروغل؛ ہنگامہ؛ آشوب؛ اضطراب؛ اغتشاش۔

Tousle/Touzle : (n) (۱) نزاع؛ جھگڑا؛ کش مکش؛ جدال۔ (۲) بالوں کا الجھاوا؛ گچھے دار بال؛ جھبرے بال۔

Tousle/Touzle : (v) [Iterative of Touse (v)] (۱) بے شرمی سے کھینچنا (عورت کو)؛ بھدے طریقے سے لوٹنا؛ ہاتھ لگانا۔ (۲) بکھیر دینا؛ الجھا دینا (بالوں یا کپڑوں کو)۔ (۳) الٹ پلٹ کر دینا؛ تلاش کرنا؛ باہر نکال لانا۔

Tousled : (a) ژولیدہ؛ الجھایا ہوا۔

Tousy/Towsy : (a) جھبرا؛ پریشان؛ ژولیدہ؛ بکھرے ہوئے؛ الجھے ہوئے (بال)؛ لمبے موٹے بال والا۔

Tout : (n) [ME. 'tuten'.] (۱) (عام) جاسوس؛ مخبر؛ خبر رساں۔ (۲) خریداروں کو رجھانے والا؛ دلال؛ دلالی کرنے والا۔ (۳) گھڑ دوڑ کی آزمائش کی خفیہ طور پر نگہبانی کرنے والا۔ (٤) (طب) دوری مرض۔

Tout : (n) [Perh. Fr. 'tout.'] مخصوص کھیل میں کامیاب نتیجہ۔

Tout : (v) [ME. 'tuten'.] (۱) دلالی کرنا؛ خریداروں کو رجھانا۔ (۲) جاسوسی کرنا؛ نگہبانی کرنا۔ (۳) گھڑ دوڑ کے گھوڑے کی چال ڈھال پر جب وہ زیر مشق ہو نگاہ رکھنا اور اس کی خبریں لوگوں کو پہنچانا؛ گھڑ دوڑ کی دلالی کرنا۔ (٤) (امریکا) ووٹ کے لئے عرض کرنا؛ ووٹ طلب کرنا۔

Tout court : (adv.) بغیر تشریح یا تفصیل کے؛ خالی؛ فقط۔

Addressed him as professor tout court : فقط پروفیسر کہہ کرخطاب کیا۔

Tout ensemble : دیکھو Ensemble

Touter : (n) دلال؛ جاسوس۔

Tow : (n) [OE. 'tow'.] (۱) سن یا جوٹ کا موٹا سا جھونٹا یا ریشہ۔ (۲) ڈور؛ سُتلی۔

Tourn : (n) [AFr. 'tourner'.] (انگریزی تاریخ) وہ دورہ جو شیرف سال میں دوبار کسی ضلع کا کیا کرتا تھا۔

Tournament : (n) [OFr. 'torneiment'.] (۱) (تاریخ) سپہ گری کی نمائش جس میں دونوں فریق گھوڑوں پر کند ہتھیاروں سے مقابلے کرتے تھے۔ (۲) (کسی شے اور مجلسی کھیلوں کا) عام مقابلہ؛ ٹورنامنٹ؛ مبارزہ؛ مسابقہ ورزشی؛ تشکیل۔ (۳) قوت کی آزمائش؛ مقابلہ۔ (٤) کسی کھیل کا مقابلہ۔

Chess tournament : شطرنج ٹورنا منٹ؛ مبارزۂ شطرنج۔

Lawn tennis tournament : لان ٹینس ٹورنامنٹ۔

Tournay : (n) ایک قسم کا کپڑا جس سے گدوں وغیرہ کے غلاف بنتے ہیں۔

Tournedos : (n) [Fr.] کباب بنانے کے لئے گائے کے پٹھے کا چھوٹا ٹکڑا۔

Tourney : (n) [OFr. 'torne'.] سپہ گری کی نمائش؛ شمشیر بازی (گھوڑے پر سوار ہو کر) کی نمائش۔

Tourney : (v) [OFr. 'to(u)rneier'.] گھوڑے پر سوار ہو کر شمشیر بازی کرنا؛ سپہ گری کی نمائش میں حصہ لینا؛ ٹورنامنٹ میں شریک ہونا۔

Tourneyer : (n) سپہ گری کی نمائش کرنے والا۔

Tourniquet : (n) [Fr. deriv. of 'tourner'.] (جراحی) مرقات؛ شریان بند؛ ایک آلہ جس میں پیچ کسنے سے شریانوں کا لہو بہنا موقوف ہو جاتا ہے۔

Tournois : (a) [L. 'turonensis'.] ٹورس (Tours) (فرانس کےایک شہر کا نام) سے متعلق؛ خصوصاً اس سکے سے متعلق جو ٹورس میں بنا ہو۔

Tournois : (n) وہ سکہ جو ٹورس میں بنتاتھا؛ ٹورس کا سکہ۔

Tournure : (n) [Fr.] (۱) خاکہ؛ روش؛ ہیئت؛ شکل؛ ساخت۔ (۲) (شکل کی) گولائی؛ خم۔ (۳) گدی (جو عورتوں کی پوشاک میں رکھی جاتی ہے تاکہ کولہے سڈول معلوم ہوں)۔ (٤) ناک نقشہ؛ خدو خال؛ حلیہ (عضو کا)۔

Tow : (n) [ME. 'towen'.] (۱) کھینچنے کی رسی؛ رسی جو کھینچنے کے لئے استعمال ہو؛ کشتی کھینچنے کی رسی ۔ (۲) کھینچنے کا عمل؛ کھینچے جانے کا عمل ۔ (۳) وہ کشتی جو دوسری کشتی کے ذریعے کھینچی گئی ہو ۔ (٤) ٹگ ۔

To take in tow/To have- : (۱) کشتی کھینچنا۔ (۲) (مجازاً) نکیل ہاتھ میں ہونا؛ قابو میں کرنا یا ہونا ۔

Tow : (v) [ME. 'towen'.] (۱) کھینچنا (کشتی کو دوسری کشتی کا یا گھوڑے وغیرہ کا کنارے پر سے)؛ رسّی سےکشتی کو کھینچنا ۔ (۲) (اپنے پیچھے) کھینچتے یا گھسیٹتے لے چلنا ۔ (۳) جال ڈال کر (پانی سے) اوپر اوپر کھینچنا ۔ (٤) (پیچھے) کھینچنا یا کھینچا جانا ۔

Tow : (v) سن کے ریشہ میں کنگھی کرنا؛ جوٹ کو دھننا اور صاف کرنا ۔

Tow-line : (n) کشتی کھینچنے والی رسی، رسا یا موٹا تار؛ خصوصاً مضبوط رسی جو وہیل کے شکار میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Tow-net : (n) ایک مشین جس سے دریا یا سمندر کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالی جاتی ھے؛ تہ صفائی کی مشین ۔

Tow-path : (n) (دریا یا نہر کے کنارے) کشتی کھینچنے کا راستہ ۔

Tow-rope : (n) کشتی کھینچنے کی رسی (زنجیر وغیرہ) ۔

Tow-row : (n) شور و غل؛ غوغا؛ ہنگامہ ۔

Towage : (n) (۱) کشتی کھینچائی؛ کھینچنے کا عمل، فعل یا اس کی اجرت ۔ (۲) کشتی کھینچنے کی ادائیگی ۔

Towan : (n) [Cornish.] ریت کے ٹیلے کا کنارہ ۔

Toward : (a) [OE. 'toweard'.] (۱) لگاتار؛ اضافے میں ۔ (۲) (نوجوان آدمی) پُرامید؛ آگے ۔ (۳) (چیز) موافق؛ حسب خواہ ۔ (٤) (قدیم) مستعد؛ تربیت پذیر ۔

Toward : (adv.) آگے کی جانب؛ بڑھتے ہوئے؛ آگے ۔

Toward : (prep.) [OE. 'to'weard'.] (۱) کی طرف ؛ کی سمت ؛ سمت میں؛ کی جانب؛ کے رخ ۔ (۲) آگے ؛ سامنے ۔ (۳) (وقت) قریب؛ نزدیک ۔ (٤) جتنا قریب ہو سکے؛ بہت زیادہ قریب ۔ (٥) لئے؛ واسطے؛ بہ غرض ۔ (٦) کے متعلق؛ کے نسبت ۔

Towardly : (adv.) (قدیم) مستعدی سے ۔

Towardness : (n) (قدیم) استعداد؛ تربیت پذیری ۔

Towards : (prep.) [OE. 'toweardes'.] دیکھو Toward (prep.)

Towel : (n) [ME. 'towaille'.] (۱) تولیہ؛ حولہ؛ آب چین ۔ (۲) (عام) ڈنڈا؛ سونٹا ۔

Lead towel : بندوق کی گولی؛ بولٹ ۔

Oaken towel : ڈنڈا؛ سونٹا ۔

Roller towel : لپٹواں تولیہ جو گھومنے والی سلاخوں کے گرد لپٹا ہوتا ھے ۔

To throw (or toss) in the towel : (مکے بازی میں) ہار مان لینا ۔

Towel : (v) [f. prec.] (۱) تولیہ سے اپنا بدن پونچھنا ۔ (۲) (عام) ٹھونکنا؛ مارنا؛ مرمت کرنا؛ زدوکوب کرنا ۔

Towel-horse : (n) تولیہ رکھنے کےلئے لکڑی کی گھوڑی ؛ لکڑی کا فریم جس پر تولیہ لٹکاتے ہیں ۔

Towel-roller : (n) ایک قسم کا بیلن جس پر لپٹواں تولیہ لٹکاتے ہیں ۔

Towelling/Toweling : (n) (۱) تولیہ سے بدن پونچھنا ۔ (۲) تولیہ کا کپڑا ۔ (۳) (مجازاً) مرمت ؛ زدو کوبی ۔

Tower : (n) [L. 'turris'.] (۱) مینار؛ لاٹ؛ (تعمیرات) برج ۔ (۲) (مجازاً) قلعہ ؛ حصار ؛ مامن ؛ ٹاور ۔ (۳) (مجازاً) پشت پناہ ۔ (٤) مینار کی طرح کی چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ھے ۔ (٥) توپ جو برج گردان میں کام آتی ھے ۔ (٦) ایک قسم کا سر کا اونچا لباس جو ولیم سوم کے زمانے میں عورتیں پہنتی تھیں ۔ (۷) بہت سے میکینکی اوزار کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔ (۸) (امریکا) ریلوے کا سگنل بکس ۔ (۹) بلند پروازی ۔ (۱۰) زخمی چڑیا کا عمودی چڑھاؤ ۔

Martello tower : مارٹیلا؛ ساحلی قلعہ؛ قلعہ جو ساحل بحر پر ملک کی حفاظت کے لئے بنالیا جاتا ھے ۔

Round tower : دیکھو Round (a)

The tower (of London)/His Majesty's tower : لندن ٹاور؛ لندن کی وہ عمارت جو پہلے قلعہ کے طور پر پھر شاہی قیدیوں کے رکھنے کے لئے استعمال ہوتی تھیں، اب ان میں سلاح خانہ اور عجائب خانہ ھے۔

Water tower : (۱) پائپ جسے کھڑا کرکے بلندی سے آگ بجھانے کے لئے پانی ڈالتے ہیں۔ (۲) پانی کے اونچے خزانے کا ستون۔

Tower : (n) رسے سے کشتی کھینچنے والا؛ وہ شخص جو دریا میں رسے سے کشتی کھینچتا ھے۔

Tower : (v) [f. Tower.] (۱) (گردو پیش سے) بہت بلند ہونا؛ پہاڑ کی طرح کھڑا ہونا (عمارتوں کا)۔ (۲) ممتاز و برتر ہونا (اشخاص کا)؛ بلند کرنا؛ وقعت دینا۔ (۳) (عقاب وغیرہ کا) فضا میں اونچا ہونا؛ اڑنا؛ ہوا میں کھڑا ہوا ہونا۔ (٤) (زخمی پرند کا) تیر کی طرح اوپرکو اڑنا۔ (٥) مینار یا برج کی طرح اونچا کرنا۔

He is towers above his contemporaries : وہ اپنے معاصرین میں سب سے ممتاز ھے۔

Tower and town/Town and tower : (n) کسی علاقے یا دیہات میں بود و باش اختیار کرنا۔

Tower clock : (n) مینار کی گھڑی؛ ٹاور گھڑی۔

Tower-cress : (n) ایک قسم کا صلیب نما پودا۔

Tower hill : (n) پہاڑ کے نزدیک کا مینار؛ وہ مینار جو پہاڑ کے نزدیک بنایا گیا ہو۔

Tower-man : (n) (امریکا) ریلوے کے سگنل کا محافظ؛ سگنل والا۔

Tower mustard : (n) ایک قسم کا صلیب نما پودا۔

Tower of silence : (n) دخمہ؛ ایک عمارت جس میں پارسی اپنے مردوں کو ڈال دیتے ہیں۔

Tower of strength : (n) پشت پناہ؛ حامی؛ غم خوار۔

Tower pound : (n) ایک پونڈ جس کا وزن ٥٤٠٠ گرین ہو۔

Tower-shell : (n) (حیوانیات) برجی صدفہ۔

Tower-stamp : (n) چاندی اور سونے کی چیزوں پر سرکاری نشان؛ دیکھو Hall-mark۔

Tower-telescope : (n) (بصریات) دوربین میناری۔

Tower-weight : (n) ٥٤٠٠ گرین وزن کا پونڈ۔

Towered : (a) (۱) منارہ دار؛ برج دار؛ برجی۔ (۲) مینار کی طرح اونچا کیا ہوا۔

Towering : (a) (۱) بلند؛ اونچا؛ سر بہ فلک؛ عالی۔ (۲) بےحد شدید؛ روز افزوں۔

A towering anger : شدید غصہ۔

A towering passion : شدید جذبہ۔

Toweringly : (adv.) بلندی کے طور پر؛ شدت کے ساتھ۔

Towery : (a) (۱) برج دار؛ مینار دار۔ (۲) مینار کا؛ مینار کا سا۔ (۳) بلند؛ عالی؛ اوج دار؛ بڑھایا ہوا؛ بلند کیا ہوا۔

Towhee : (n)[From one of its notes (Newton.)] (امریکا) شمالی امریکا کا Cheewink۔

Towing : (n) رسے سے کشتی کھینچنا۔

Towing-lights : (n) کسی جہاز میں ایک دوسرے کے اوپر سفیدروشنیاں یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ جہاز دوسرے جہاز کو کھینچ رہا ھے۔

Towing line/rope : (n) کشتی کھینچنے کی رسّی یا رسّا۔

Towing-path : (n) (دریا یا نہر کے کنارے) کشتی کھینچنے کی پٹری۔

Towing-post : (n) کشتی کھینچنے کی رسی کو باندھنے کا کھمبا یا کھونٹا۔

Town : (n) [OE. 'tun'.] (۱) (تاریخ) آبادی جس کے گرد فصیل یا باڑ ہو۔ (۲) (جغرافیہ) چھوٹا شہر؛ قصبہ؛ وہ علاقہ یا بستی جو گاؤں سے بڑا ہو مگر شہر نہ قرار دیا گیا ہو۔ (۳) اہل قصبہ؛ قصبے کے لوگ۔ (٤) لندن یا وہ شہر جو متکلم سے قریب تر ہو۔ (٥) حصار؛ محوطہ؛ باغ؛ باغ خانہ۔ (٦) ضلع یا صوبے کا صدر مقام۔ (۷) کارپوریشن؛ ہیئت اجتماعیہ۔ (۸)(امریکا) مقامی یا ریاستی حکومت کی جغرافیائی تقسیم۔ (۹) میونسپل کارپوریشن جس کی

اپنی جغرافیائی حدود ہوں ۔ (۱۰) گھونس کی قسم کے جانوروں کا بل میں جمع ہونا ۔

Country town : ضلع کا مستقر یا صدر مقام ۔

Is the talk of the town : سارے قصبہ میں مشہور ہے ۔

Man about town : شہر کا بےفکرا (خصوصاً لندن کا) ۔

Man or woman (girl) or the town : بدنام مرد یا عورت؛ مشتبہ مرد یا عورت ۔

On the town : (۱) فیشن پرستی میں ۔ (۲) اوباشی، چوری، ڈکیتی میں (زندگی گزارنے والا) ۔

Paints the town red : (رنگ رلیوں سے) شہر میں ہنگامہ برپا کردینا ۔

To come to town : قصبہ میں آنا ۔

To go to town : تیزی سے کام کرنا؛ طاقت کے ساتھ کام کرنا ۔

Town and gown : (n) کیمبرج اور آکسفورڈ کے عام باشندے اور وہاں کی یونیورسٹی کے اراکین ۔

Town-bull : (n) (۱) وہ سانڈ جو گاؤں کے گوالوں کے ذریعہ چھوڑا جاتا تھا ۔ (۲) (مجازاً) آدمی ۔

Town-clerk : (n) میونسپلٹی کا منشی یا سکریٹری ۔

Town-council : (n) میونسپلٹی کی مجلس عاملہ ۔

Town-councillor : (n) میونسپلٹی کی مجلس عاملہ کا رکن ۔

Town-crier : (n) جارچی؛ ڈھنڈورچی؛ عوام تک خبر پہنچانے والا۔

Town-cross : (n) قصبہ کی وہ صلیب جو بازار میں نصب ہو۔

Town-ditch : (n) (تاریخ) شہر کی دیوار کے باہر کی خندق ۔

Town-dweller : (n) قصبے کا رہنے والا ۔

Town-end/Town's end : (n) قصبےکی شاہراہ کا آخری کنارہ یا حصہ ؛ انتہائی قصبہ ۔

Town hall : (n) ٹاؤن ہال؛ میونسپلٹی کا دفتر اور عام جلسہ گاہ ۔

Town-house/Town house : (n) (۱) خانۂ شہری؛ کسی شخص کا شہر کا مکان؛ (کسی شخص کی) شہر کی قیام گاہ (Country house کی ضد) ۔ (۲) ٹاؤن ہال؛ میونسپلٹی کی عمارت (انتظامیہ کے لئے) ۔ (۳) شہر کی جیل ؛ قصبے کی جیل ۔ (٤) گدا خانہ؛ دارالمساکین ؛ محتاج خانہ ۔

Town-gas : (n) شعلہ دار گیس جو گھریلو اور تجارتی استعمال میں آتی ہے ۔

Town-living : (n) (۱) شہری زندگی ۔ (۲) (کلیسا) قصبے کا کلیسائی وقف ۔

Town-made : (a) شہر کا بنا ہوا؛ قصبے کا بنا ہوا ۔

Town-made : (n) شہر کی بنی ہوئی چیز ۔

Town-major : (n) (تاریخ) قصبے کا اعلیٰ انتظامی افسر ۔

Town-meeting : (n) انجمن شہری؛ انجمن بلدی؛ شہر کےرہنے والوں کی جنرل اسمبلی، خصوصاً امریکا میں جسے کچھ قانونی اختیارات بھی ہوتے ہیں ۔

Town-mouse : (n) (مجازاً) شہری آدمی؛ شہر میں رہنے والا؛ قصبے میں رہنے والا ۔

Town-plan : (n) تشکیلِ شہر؛ شہر کا پلان ۔

Town-planning : (n) (۱) (معاشیات) قصبہ بندی؛ تشکیل شہر؛ شہر سازی ۔ (۲) (سیاسیات) نقشہ بندی؛ نقشہ شہر سازی ۔

Town-reeve : (n) (تاریخ) قصبے کے تعلق داروں یا زمینداروں کا کارندہ؛ جانداد کا منتظم ۔

Town-talk : (n) شہر کی گفتگو؛ موضوعِ بحث (عام لوگوں کے لئے)۔

Townee : (n) (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی والوں کی اصطلاح) ساکن قصبہ؛ قصبے کا رہنے والا؛ شہر والا ؛ جو یونیورسٹی کا رکن نہ ہو ۔

Towner : (n) قصبے کا رہنے والا؛ اہل قصبہ ۔

Townish : (a) شہری؛ قصبہ کا؛ اہل شہر کی طرح کا ۔

Townless : (a) بے شہر کا؛ بے قصبے کا ۔

Townlet : (a) چھوٹا شہر؛ چھوٹا قصبہ ۔

Townly : (a) شہری؛ قصبے سے متعلق ۔

Townscape : (n) (١) شہر کا منظر ۔(٢) شہری ماحول ۔

Townsfolk : (n) (١) کسی قصبے کے باشندے ۔(٢) قصباتی لوگ ؛ قصباتی باشندے ۔

Township : (n) [OE. 'tunscipe'.] (١) (تاریخ) کسی کلیسائی حلقےیا جاگیردار کےعلاقے کی آبادی ۔(٢) چھوٹا سا گاؤں یا قصبہ جو بڑے کلیسائی حلقے کا ایک حصہ ہو؛ بڑے کلیسائی حلقے کا ماتحت حلقہ ۔ (٣) (امریکا، کناڈا) ضلع کا پرگنہ جسے بلدی اختیارات حاصل ہوں ؛ چھ میل کے گرد کا علاقہ ۔ (٤) (آسٹریلیا) وہ موضع یا جگہ جہاں بستی بسائی جارہی ہو ۔(٥) خاص علاقے کے رہنے والے ؛ خاص جاگیر کے باشندے ۔(٦) (اسکاچستان) مشترکہ کھیتی ۔ (٧) شہرستان ۔ (٨) قصبہ کے رہنے والے؛ باشندگی ۔

Townsman : (n) (١) شہری؛ شہر کے رہنے والے؛ وہ شخص جو قصبہ میں رہتا ہو ؛ اہل شہر ۔(٢) ایک ہی قصبہ کا باشندہ ؛ ہم شہری ؛ ہم قصبہ ۔ (٣) ساکن دانش گاہ ؛ معمولی شہری؛ یونیورسٹی کا باشندہ ۔

Townspeople : (n) (جمع میں) شہر کے لوگ ؛ اہل قصبہ ؛ کسی قصبہ کے لوگ ؛ اہالی شہر؛ شہری ۔

Townswoman : (n) شہر کی عورت؛ قصبے کی عورت؛ زن شہری؛ فاحشہ عورت ۔

Townward : (adv.) شہر کی سمت؛ بہ سوئے شہر؛ شہر کی طرف یا جانب ۔

Townward : (a) شہر کی جانب جانے والے؛ قصبے کے رخ کا ۔

Townwards : (adv.) دیکھو Townward (adv.)

Towser : (n) [f. Touse(v)+ER.] بڑی ذات کے کتے کا نام ؛ بڑا کتا ؛ تیز آدمی ۔

Towy : (a) جوٹ کے ریشے کے مانند ۔

Tox - : جزو ترکیبی بمعنی "زہری" "زہر سے متعلق" ۔

Tox - : جزو ترکیبی بمعنی "قوس" "کمان" ۔

Toxaemia : (n) [Gr.] (طب) مسمومیت خون؛ تسمیم الدم ؛ خون میں زہر پھیل جانا ۔

Toxaemic : (a) مسمومیت خون سے متعلق؛ تسمیم الدم سے متاثر ۔

Toxanaemia : (n) زہر کی وجہ سے خون میں کمی ۔

Toxi - : جز و ترکیبی بمعنی "سمی"؛ "مسموم" ۔

Toxic : (a) [f. med. L. 'toxicus'.] (١) زہر کا یا اس سے متعلق؛ سمّی ۔(٢) زہریلا؛ زہر آلود؛ زہر سے بھرا ہوا؛ مسمّم؛ زہر آگیں ۔ (٣) جو زہر سے پیدا ہو؛ تسمیمی؛ زہر کی وجہ سے پیدا ہونے والے؛ مسموم ۔

Toxic : (n) زہریلی چیز ؛ زہر ۔

Toxic Epilepsy : (n) عمل سم؛ سمی مرگی ۔

Toxic Psychosis : (n) (طب) سمی خلل دماغ ۔

Toxic symptoms : (n) (طب) علاماتِ سمّی ۔

Toxic theory : (n) نظریۂ سمیہ ۔

Toxical : (a) زہریلا ۔

Toxically : (adv.) زہر کی طرح؛ سمّی طور پر؛ تسمیمی طور پر ۔

Toxicant : (a) [f. pa. pple. of med. L. 'toxicare'.] سمی؛ زہریلا؛ مسموم ۔

Toxicant : (n) سم ؛ زہر ۔

Toxication : (n) [f. med. L. 'toxicare'.] مسمومیت؛ تسمیم ؛ زہر آلودگی ۔

Toxicity : (n) مسمومیت؛ زہر آلودگی ۔

Toxico - : جزو ترکیبی بمعنی "زہر" "سم" ۔

Toxicoderma/-titis/-mitis : (n) (طب) زہر کی وجہ سےچمڑے کا پھول جانا ۔

Toxicogenic : (a) زہرزا ۔

Toxicological (a) : سمیاتی ؛ زہر شناسی سے متعلق ۔

Toxicologically : (adv.) سمّیات کی روسے یا اس کے مطابق ۔

Toxicologist : (n) ماہرِ سمّیات ؛ ماہرِ زہر شناسی ؛ سمّیات داں ۔

Toxicology : (n) [Fr. 'toxicologie'.] زہر شناسی؛ سمیات؛ علم سموم؛ ان دواؤں کا علم جس میں زہر ملا ہوا ہو ۔

Toxicomania : (n) زہر مانیا؛ زہر کا خوف جو خبط کی حد تک پہنچ جائے؛ جوع السم ۔

Toxicophagous : (n) (حیوانیات) زہر خور ۔

Toxicophobia : (n) زہر کی ہیبت؛ زہر کا حد سے زیادہ ڈر جو دل میں بیٹھ گیا ہو ۔

Toxicosis : (n) [mod. L.] (مرضیات) زہر کے کھانے سے جو بیماری ہو؛ ایجادِ مسمومیت؛ حالتِ تسمیم ۔

Toxidermic : (a) جلدی بیماری سے متعلق جو زہر کی وجہ سے ہو ۔

Toxifer : (n) [mod. L. 'Toxifera'.] ایک قسم کا صدفہ جس میں زہر ہوتا ہے ۔

Toxiferous : (a) (حیوانیات) سم دار؛ زہر دار؛ بِس دار ۔

Toxigenic : (a) (حیوانیات) زہر زا؛ بِس زا ۔

Toxin : (n) (۱) (طب) عفونتی زہر؛ مواد سامہ ۔ (۲) سم ؛ زہر ؛ خصوصاً وہ زہر جو کسی جرثومہ کے ذریعے جسم میں پہنچے اور کسی خاص مرض کا باعث ہو ۔

Anti-toxin : (طب) ضد سم؛ انٹی ٹاکسین ۔

Toxin production : (n) (حیوانیات) تولید سم؛ ٹاکسین زائی ۔

Toxiphagous : (n) زہر خور ۔

Toxiphil : (a) سم پسند؛ زہر پسند ۔

Toxiphobia : (n) زہر ترسی؛ سمیت ترسی؛ زہر کی ہیبت ؛ زہر کا حد سے زیادہ ڈر جو دل میں بیٹھ جائے ۔

Toxo - : جزو ترکیبی بمعنی "قوس" "کمان" ۔

Toxo - : جزو ترکیبی بمعنی "زہر" "سم" ۔

Toxodon : (n) ایک قسم کا چوپایہ ۔

Toxodont : (a) ایک قسم کے چوپائے سے متعلق ۔

Toxoglossate : (a) [f. mod. L. 'Toxoglossa'.] معدہ پاصدفوں کی خصوصیتیں رکھنے والا ۔

Toxoid : (a) (حیوانیات) سم نما ۔

Toxon : (n) (حیوانیات) سمانیہ ۔

Toxophil : (a) زہر پسند؛ سم پسند ۔

Toxophilite : (n) تیراندازی کا شائق؛ تیراندازی سیکھنے والا ؛ تیر انداز ۔

Toxophilite : (a) تیر انداز یا تیراندازی سے متعلق ۔

Toxophilitic : (a) تیر اندازی کے شوق یا مشق سے متعلق ۔

Toxophily : (n) تیراندازی؛ تیراندازی کا شوق ۔

Toxophose : (a) سم بردار؛ بِس بردار ۔

Toxophoric : (a) سم بردار؛ بِس بردار ۔

Toxophorous : (a) دیکھو Toxophoric

Toy : (n) [Origin obsc.] (۱) کھلونا؛ محض دل بہلانے کی چیز؛ محض کھلونا؛ بازیچہ ۔ (۲) کھیل؛ وہ کام جو سرسری طور پر بے پروائی سے کیا جائے ۔ (۳) شوق کی چیز ؛ شوق ۔ (٤) سرگرمی ۔ (٥) عورت؛ بانو ۔ (٦) نرالی تحریر یا تقریر؛ مذاق یا دل لگی؛ بے وقوفی یا سست کہانی ۔ (۷) ادنیٰ سی بات؛ معمولی شے ۔ (۸) بے وقوفی کی بات؛ حماقت کی بات ؛ لغویات؛ مہملات ۔ (۹) نمائشی زیور ؛ محض دکھاوے کی چیز ۔ (۱۰) (مجازاً آدمی کے لئے استعمال ہوتا ہے) معمولی آدمی ۔ (۱۱) چھوٹے جانوروں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔ (۱۲) چھوٹی قسم کے کتے جو پالتو ہوں ۔ (۱۳) مسخرا؛ بھانڈ؛ نقال ۔ (١٤) ترنگ؛ خبط؛ لہر ۔ (۱٥) مریل آدمی؛ بودا آدمی ۔

Toy : (v) (۱) کھیلنا؛ دل بہلانا؛ کھیل کود کرنا؛ کھیل تماشے میں لگنا ۔ (۲) غیر سنجیدہ باتیں کہنا؛ غیر سنجیدہ حرکتیں کرنا ۔ (۳) فضول باتیں کرنا؛

خفیف الحرکتی سے کام لینا ۔ (٤) جی بہلانا؛ دل لگی کرنا؛ پیار کرنا؛ نخرے کرنا ۔ (٥) نمود و نمائش کرنا ۔

To toy with : کوئی کسی شے سے کھیلنا (پیار سے) ؛ کام سرسری طور سے اور بے پروائی سے کرنا ۔

Toy box : (n) کھلونے رکھنے کا صندوقچہ ۔

Toy cannon : (n) کھلونا توپ ۔

Toy dog : (n) چھوٹی قسم کے کتے جو شوقیہ یا عجوبے کے طور پر رکھے جاتے ہیں ۔

Toy-shop : (n) کھلونے کی دکان؛ کھیل کود کے سامان کی دکان ۔

Toy soldier : (n) (۱) کھلونے کا سپاہی ۔ (۲) احدی سپاہی؛ اس فوج کا سپاہی جسے کبھی لڑنا نہ پڑتا ہو ۔

Toy spaniel : (n) دیکھو Toy dog

Toy terrier : (n) دیکھو Toy dog

Toy train : (n) کھلونا ریل گاڑی ۔

Toyer : (n) کھیلنے والا؛ مذاق کرنے والا؛ فضول گو ۔

Toyful : (a) سرگرم؛ بذلہ گو؛ شوخی آمیز ۔

Toying : (a) (۱) کھیلنے والا؛ وہ جو کھیلتا ہے ۔ (۲) بذلہ گو؛ شوخی آمیز؛ لاابالی؛ پیار کرنے والا ۔

Toyingly : (adv.) پیار سے؛ بے پروائی سے؛ لاابالی طورسے ۔

Toyish : (a) (شاذ) (۱) بےقید؛ لا ابالی ۔ (۲) بذلہ گو؛ ہرزہ؛ شوخی آمیز ۔ (۳) معمولی؛ بےارزش ۔ (٤) کھلونا مانند؛ بازیچہ مانند ۔ (٥) بے فائدہ ۔

Toyishly : (adv.) معمولی طور پر؛ بذلہ گوئی کے ساتھ ۔

Toyishness : (n) (۱) بذلہ گوئی؛ شوخی آمیز ۔ (۲) معمولی چیز ۔

Toyman : (n) کھلونا فروش؛ کھلونے کی دکان رکھنے والا؛ کھلونے کا سامان بنانے والا ۔

Toze : (v) [ME. 'tosen'.] (معدنیات) ٹین دھات کو مٹی کے ساتھ ملی ہوئی دھات سے علاحدہ کرنا ۔

Tra - : سابقہ، ان الفاظ کے پہلے جو حرف صحیح سے شروع ہوتے ہیں Trans کی جگہ آتا ہے ۔

Tra-La/Tra-la-la : (int) انبساط یا شادمانی کا کلمہ ۔

Trabea : (n) [L.] (قدیم روم) ایک قسم کا لبادہ جو بادشاہ اور اور امراء پہلے پہنا کرتے تھے ۔

Trabeate : (a) (L. trabs +-Ate.) (تعمیرات) کڑیوں سے بنا ہوا جس میں شہتیر یا لمبے مربع نما سلوں کے سردل ہوں اور محراب نہ ہوں؛ شہتیر سے ڈھکا ہوا ۔

Trabeated : (a) (f. as prec.+ - ed.) دیکھو Trabeate

Trabeation : (n) [L. trabs.] (تعمیرات) شہتیر دار عمارت ؛ عمارت میں کڑیوں سے کام لینا ۔

Trabecula : (n) [L. dim. of trabs.] (۱) (تشریح) جانور یا پودے کا عضو جو چھوٹے شہتیر یا سلاخ کے مانند ہو؛ ایک پٹی جو جوڑنے والی نسوں کو سہارا دیتی ہے؛ اجوزہ ۔ (۲) (نباتیات) دھاری یا پٹی؛ گنڈا ۔

Trabecular : (a) اجوزی؛ پودے یا جانور کے ایسے عضو کا یا اس کے متعلق جو چھوٹے شہتیر یا سلاخ کے مانند ہو؛ ایسی ساخت سے عبارت یا اس کا حامل ۔

Trabeculate : (a) ایسی ساخت کا حامل؛ اجوزہ دار؛ گنڈے دار ۔

Trabuch : (n) [OFr. 'trabue.'] عہد وسطیٰ کا ایک جنگی انجن جس سے دیواروں پر پتھر پھینکے جاتے تھے ؛ منجنیق ۔

Tracasserie : (n) [Fr. 'tracasser.'] شورو وحشت؛ اضطراب؛ تردّد؛ معمولی جھگڑا؛ مناقشہ ؛ چھوٹی چھوٹی سی الجھنیں؛ معمولی قسم کی الجھنیں ۔

Trace : (n) [OFr. 'tracier.'] (۱) سراغ؛ کھوج؛ تلاش؛ نشان ؛ نشان قدم ۔ (۲) نشان؛ آثار ۔ (۳) کسی مرکب کے بعض اجزا کی خفیف مقدار؛ خصوصاً کیمیا میں، خصوصاً خفیف سی مقدار ۔ (٤) کسی شے، واقعہ یا کیفیت کے وجود کانشان ۔ (٥) خط یا کھینچی ہوئی شکل ؛ اسکیچ ؛ نقش ؛ نقشہ؛ آلہء خودنگار کی کھینچی ہوئی شکل ۔ (٦) (ہندسہ) گردش کرنے والے نقطے، خط یا سطح بننے والی شکل؛ کسی خط یا سطح سے داخلی تقاطع ۔

On one's trace : کسی کی تلاش میں ۔

Trace : (n) [OFr. 'traiz, trais'.] رسی یا چمڑے کی پٹی ۔

Trace : (v) [OFr. 'tracier'.] (۱) رقص میں قدم رکھنا؛ رقص کرنا ۔ (۲) (راستہ ، کوچہ وغیرہ میں) چلنا ۔ (۳) نشان قدم پر چلنا خصوصاً نشان قدم کی مدد سے چلنا؛ پیچھا کرنا ۔ (۵) (مجازاً) راستہ، واقعہ یا تاریخ کا ساتھ دینا؛ وقت کے اعتبار سے رجعت کرنا ۔ (٦) کسی نقشے کی نقل اتارنا ۔ (۷) پتا لگانا؛ سمجھنا (بوسیدہ یا قدیم تحریر کا) ۔ (۸) تلاش کرنا؛ تفتیش و تحقیق کے ذریعے یقین کرنا؛ نشان کا پتا لگانا ۔ (۹) بنانا؛ ڈول ڈالنا؛ کھینچنا؛ خاکہ کھینچنا؛ (حروف) دقت سے لکھنا؛ خاص اہتمام سے لکھنا ۔ (۱۰) نقشے یا تصویر کا عکس اتارنا؛ چربہ اتارنا ۔ (۱۱) کھوج لگانا؛ سراغ لگانا (جانور یا آدمی کا) ؛ پالینا (کھوج یا قدموں کا نشان ۔ (۱۲) (قدیم) (عمارت، سڑک وغیرہ کا) موقع ، عرض اور طول معلوم کر لینا (بچے کھچے نشانات سے) ۔ (۱۳) اندازہ کر لینا ۔

I cannot trace any letter of the date : مجھےاس تاریخ کے کسی خط کا پتا نہیں چلتا ۔

Trace back : (v) سلسلہ ملانا (واقعات وغیرہ کا ابتدا کی طرف) ۔

Traceable : (a) [f. prec. + - Able.] سراغ پذیر؛ قابلِ سراغ ؛ قابلِ تلاش ۔

Traceableness : سراغ پذیری؛ قابلِ سراغ ہونا ۔

Traceability : (n) سراغ پذیری؛ قابلِ سراغ ہونا؛ قابلِ تلاش ہونا ۔

Traceably : (adv.) قابلِ سراغ طور پر؛ اس طرح کہ سراغ مل سکے ۔

Traceless : (a) (۱) بےنشان ؛ بے سراغ؛ لاپتہ ۔ (۲) (سطح) جس میں کوئی نشان یا خط نہ ہو ۔

Tracelessly : (adv.) بغیر سراغ چھوڑے ہوئے؛ لاپتا ہو کر ۔

Tracer : (n) [F. Trace, v + - er.] (۱) عکس اتارنے والا؛ خاکہ کھینچنے والا؛ نقشہ بنانے والا ۔ (۲) سراغ لگانے والا؛ کھوج لگانے والا (کھوئی ہوئی چیزوں کا) ۔ (۳) (کپڑے پر) چربا اتارنے کا آلہ ۔ (٤) (Trace shell) سراغی گولا جس کے پیچھے دھوئیں کا دنبالہ سا بن جاتا ہے ۔

Tracer bullet : (n) گولا ، وغیرہ جس کا خط حرکت دھواں یا چمك سے ظاہر ہوتا ہے ۔

Traceried : (a) کٹاؤ کے کام کا؛ جس پر کٹاؤ کا کام ہو ۔

Tracery : (n) (۱) پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام (خصوصاً جو گوتھك طرز کی کھڑکیوں سے اوپر بنایا جاتا ہے) ۔ (۲) قدرتی نقش و نگار (خصوصاً کیڑوں کے پروں کے) ۔ (۳) (مجازاً) خط یا دھاگوں سے بنا کوئی لطیف نقش جیسے کشیدہ کاری، نقاشی میں برگ یا شاخ کی تصویر ۔

Trachea : (v) [med. L. = Late L. trachia.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) ہَوا کی نالی؛ قصیب ہَوا (جو حلق کےاندر ہوتی ہے) ۔ (۲) کیڑوں کی ہَوا کی نالی ۔ (۳) (نباتیات) نالی؛ ظرف ۔ (٤) (نباتیات) پودے کی چوبی نسیج کی نالی جس کے بار ے میں پہلے خیال تھا کہ اس سے ہَوا جاتی ہے؛ چوبی نلی ۔

Tracheal : (a) ہَوا کی نالی کا یا اس سے متعلق؛ قصیب ہوا سے ملا ہوا یا اس کی خاصیت کا حامل ۔

Trachean : (a) (حیوانیات) ہوا کی نالی کا ۔

Tracheary : (a) [mod. L. trachearius.] (۱) عنکبوت کی قسم Trachearia سے متعلق ۔ (۲) (نباتیات) ہَوا کی نالیوں کی خاصیت کا حامل یا ان سے عبارت خصوصاً ایسی نسیجوں کےلئے مستعمل جن میں ہَوائی نالیاں بھی ہوں اور پانی لے جانے کے عرقی خلیے بھی ۔

Tracheary : (n) ایسا عنکبوت جس میں ہَوا کی نالی موجود ہو ۔

Tracheate : (n) مفصل پایاں (Arthropode) جن میں ہَوا کی نالی موجود ہو ۔

Tracheate : (a) [mod. L.] جس میں ہَوا کی نالی موجود ہو ۔

Tracheated : (a) جس میں ہَوا کی نالی ہو ۔

Tracheidal : (a) عرقی خلیے کا یا اس کی نوعیت کا حامل ۔

Tracheide : (a) [f. Trachea + - ide, -id.] (نباتیات) عرقی خلیہ جس کی دیوار پانی کے ایصال کا کام کرتی ہے؛ عرقی چوبی خلیہ ۔

Tracheitis : (n) [f. Trachea + - itis.] (مرضیات) ہَوا کی نالی کا متورم ہو جانا؛ ورم قصبیہ ۔

Trachelate : (a) [mod. L. trachelatus.] عنقی؛ گردن نما ۔

Tracheliate : (a) بھونرے کی قسم Trachelida سے متعلق جس کی آنکھوں کے پیچھےگردن نما کھینچاؤ ھوتا ھے ۔

Trachelidan : (n) Trachelida کا کوئی رکن ۔

Trachelo - : [Gr. 'trakhelos'.] جزو ترکیبی بمعنی "گردن" ۔

Tracheobranchia : (n) بعض حشرات کے لاروا میں ھونےوالا عضو جس سے سانس لینے کا عمل ھوتا ھے اور جس میں ھَوا کی نلی اور گلپھڑے کی خصوصیات موجود ھوتی ہیں ۔

Tracheobronchial : (a) ھَوا کی نلی اور نرخرے کے متعلق ۔

Tracheocele : (n) گھینگھا؛ قَصَبیء قیلہ ۔

Tracheophone : (n) جنوبی امریکا کےپرندوں کی ایک جماعت جن کے مجری الھوا سانس لینے کی نالی میں واقع ھوتے ہیں ۔

Tracheoscope : (n) (طب) قصبیہ بیں ۔

Tracheoscopy : (n) (طب) قصبیّہ بینی ۔

Tracheotomy : (n) [Tracheo - + - Tomy.] ھَوا کی نالی کا عمل جراحی؛ قصبیّہ شگافی ۔

Trachinoid : (a) [mod. L. Trachinus + - oid] مچھلیوں کے ایک خاندان Trachinidae کی خصوصیات کے مشابہ یا ان کے متعلق ۔

Trachinoid : (n) اس خاندان کی مچھلی ۔

Trachoma : (a) [mod. L. Gr. 'Trachoma.'] (۱) (مرضیات) آنکھ کی ایک متعدی بیماری جس میں پپوٹے میں چھوٹے چھوٹے دانے ھو جاتے ہیں؛ تراقوما؛ روھے ۔(۲) نیز حنجرہ کا ورم ۔

Trachomedusan : (a) [f. mod. L.] آبی حیوانات کی ایک قسم کےمتعلق۔

Trachomedusan : (n) اس نوع کا کوئی آبی جاندار ۔

Trachy - : [Gr. trakhus.] جزوترکیبی بمعنی"درشت" یا "سخت" ۔

Trachybasalt : (n) جھام مرمر سیاہ ۔

Trachycarpous : (n) (نباتیات) جھام پھل ۔

Trachymedusan : (a) آبی حیوانات کی ایک قسم کے متعلق ۔

Trachymedusan : (n) اس خاندان کا کوئی آبی جاندار : مرجانیہ ۔

Trachyphonia : (n) کرخت آوازی؛ آواز کی کرختگی ۔

Trachyspermous : (a) (۱) جھام تُخمہ؛ کھردر اتُخمہ ۔(۲) جھام چٹان سے متعلق؛ چٹانوں کے نام سے متعلق ۔

Trachyte : (n) [F. f. Gr. 'Trachus'.] (ارضیات وکان کنی) آتش فشانی چٹانوں کی ایک قسم جن کی سطحیں کھردری ھوتی ہیں؛ جھام چٹان؛ اب ایسی چٹانوں کے لئے مخصوص ھے جو فیلسپر پر مشتمل ھوتی ہیں ۔

Trachytic : (a) کھردری آتش فشاں چٹان کا؛ جھام چٹان کے مشابہ یا اس سے متعلق ۔

Tracing : (n) (۱) کھوج لگانا؛ سراغ لگانا ۔(۲) خاکہ کھینچنا؛ تصویر کا عکس اتارنا؛ نقش؛ طراحی؛ چربا اتارنا ۔(۳) عکس یا چربا جو کپڑے پر اتارا گیا ھو ۔(٤) چربے کی نقل ۔

Tracing-cloth/-linen : (n) ایک قسم کا چکنا؛ شفاف کپڑا جس سے چربا اتارا جاتا ھے؛ چرباگیر کپڑا ۔

Tracing-paper : (n) چربا کاغذ؛ نقل اتارنے والا کاغذ ۔

Tracing-wheel : (n) دندانے دار پہیًا جس سے نقش ونگار بنائے جاتے ہیں ۔

Track : (n) [OFr. trac, traq.] (۱) لیک ؛ وہ جو نشان قدم سے بن جائے خصوصاً (ارضیات) کسی جانور کے متحجر نشان قدم کے سلسلے ۔(۲) (جمع) قدم کے نشان؛ چلنے کے نشان ۔(۳) طریقہ؛ روش؛ راہ ۔(٤) پگڈنڈی؛ رستہ ؛ (مجازاً) زندگی کی (مقرر) روش ۔(۵) گھُڑدوڑ کا رستہ (جو خاص طور سے تیار کیاجاتا ھے) ۔(٦) ریل؛ لائن؛ پٹری ۔(۷) لچک دار پٹری جو ٹریکٹر وغیرہ میں لگی رہتی ھے اور وہ اسی پر چلتا ھے ۔(۸) گاڑی کے پہیّوں کے درمیان (عرضی) فاصلہ ۔(۹) (حیوانیات) تلوے خصوصاً پرندوں کے ۔(۱۰) خط سیر ۔(۱۱) نسیج یا رگ خون کا رستہ؛ زخم کا رستہ ۔

In one's tracks : وہیں پر؛ وہیں کی وہیں؛ جلد؛ فوراً ۔

Off the track : راستے سے باہر ؛ ہٹی ہوئی ؛ نیز مجازاً۔

On the track(of) : تلاش میں، نیز نشانِ راہ جانتے ہوئے۔

Singletrack/Double- : اکہری لائن : دوہری لائن۔

The beaten track : پامال راستہ؛ عام روش؛ عام طرز؛ پرانی لکیر۔

To cover (up) a person's tracks: کسی کی تحریکوں یا اقدامات کو پوشیدہ کرنا یا ان پر پردہ ڈالنا۔

To keep track : کسی چیز کی رفتار، پیش رفت یا سلسلے کا ساتھ دینا؛ پیچھا کرنا یا اسے سمجھنا۔

To make tracks/-for : رفو چکر ہوجانا؛ تیزی سے چلا جانا؛ روانہ ہو جانا؛ بھاگ جانا۔

Track : (v) [f. prec.] (۱) (جانور وغیرہ کا) کھوج لگانا؛ پاؤں کے نشان دیکھتے ہوئے چلنا۔(۲) پتا چلانا لینا (واقعات وغیرہ کا)۔ (۳) لائن بچھانا؛ پٹری بچھانا (حرف مرکبات کے ساتھ) جیسے Single track, Double track (امریکا)۔ (٤) (مرضیات) اس کا رستہ بنانا۔ (٥) (پہیوں کا) اس طرح چلنا کہ پچھلا اگلے کی لیک پر رہے۔

Track : (v) [Du. trekken.] (رسّی سے) کھینچنا؛ کھینچ کر لے چلنا (کشتی کو کنارے پر سے)۔

Track-brake : (n) ریلوے بریک جو ریل کو فشار سے روک لیتا ہے۔

Track-clearer : (n) ریل کی پٹری کی رکاوٹوں کو دورکرنے والی سلاخ جو ریل کے پہیے کے آگے لگی ہوتی ہے۔

Track layer : (n) میل گزار۔

Track-mile : (n) اکہری لائن کا میل۔

Track-mileage/-scale : (n) ریل گاڑیوں کے تولنے کا ترازو ؛ گاڑی کانٹا۔

Trackage : (n) [f. Track, n +-Age] (۱) کشتی کی کھنچائی؛ کھینچنے کا فعل یا اس کی اجرت۔(۲) ریل کی پٹری کا پورا سلسلہ؛ اس کی مجموعی لمبائی۔

Trackage charge : (n) کسی کمپنی کے ذریعے ریلوے لائن کے استعمال کئے جانے کی اُجرت۔

Tracked : (a) پٹری دار؛ جس میں لچک دار پٹری لگی ہو۔

Tracker : (n) کھوج لگانے والا؛ وہ شخص یا شے جس سے پتہ معلوم ہو؛ نقش راہ یا راستے کا ماہر؛ کھوج لگانے والا۔

Tracker : (n) رسّی سے کھینچنے والا؛ رسی سے جہاز کو کنارے پر سے لے جانے والا۔

Trackless : (a) [f. Track, + - less.] جس میں کوئی رہگزر نہ ہو ؛ ناگزار (جنگل وغیرہ)؛ بےسراغ؛ بے نشان؛ بے اثر؛ بے جادہ؛ بے ریل۔

Trackless : (n) بے پٹری کی (ٹرام وغیرہ)۔

Tracklessly : (adv.) بغیر سراغ چھوڑے ہوئے؛ بغیر راہ گزار کے۔

Tracklessness : (n) (۱) ناگزاری۔(۲) بے سراغی۔ (۳) بے نشانی۔

Trackway : (n) [f. Track+way.] راہ گیروں سے پامال راستہ؛ نیزقدیم برطانوی راستہ؛ پہاڑوں پر واقع راستہ۔

Tract : (n) [L. 'tractatus'.] (۱) مقالہ؛ رسالہ؛ نشریہ؛ چھوٹی سی کتاب (کسی مذہبی، سیاسی یا دوسرے موضوع سے متعلق) جو تبلیغ کے لئے موزوں ہو۔(۲) (رومی کلیسا) ایک طرح کی مناجات۔

Tract : (n) [L. 'tractus.'] (۱) کسی فعل یا حالت کا تسلسل یا مسلسل قیام؛ کسی بیانیہ کا تسلسل (اب شاذ یامتروک)۔(۲) قطعہ؛ خطہ؛ علاقہ (tract of sand pathless tract) ناحیہ۔ (۳) (تشریح) کسی عضو یا نظام کا دائرہ، رقبہ۔ (٤) (قدیم) مدت؛ دور۔

Olfactory tract : دائرۂ شم؛ حلقۂ شم۔

Optic tract : حلقۂ بصر۔

Respiratory tract : حلقۂ تنفس۔

Tractability/Tractableness : (n) تربیت پذیری؛ تاثیر پذیری؛ اثرپذیری۔

Tractable : (a) [L. tractabilis.] (۱) تربیت پذیر؛ تاثیرپذیر؛ بات ماننے والا ؛ قابو کا (آدمی)۔(۲) اثر پذیر (شے)؛ قابو کی (کوئی چیز)۔

Tractably : (adv.) تربیت پذیری سے: اطاعت پذیری کے ساتھ۔

Tractarian : (n) [f. Tract + - arian.] مصنف، ناشر یا رسالوں کا تقسیم کرنے والا؛ ایک فرقہٴ عیسویت کا حامی۔

Tractarian : (a) (۱) مصنفوں یا ناشروں سے متعلق ۔(۲) کتاب تقسیم کنندہ ۔

Tractarianism : (n) قدیم کیتھولک مذہب کی تائید میں عقلیت اور رسمیت کے خلاف (high church) والوں کی تحریر جن کے اصول Pusey, Keble Newman, Frounde وغیرہ نے نوے رسالوں میں تحریر کئے تھے جو Tracts for the times کہلاتے ہیں۔

Tractate : (n) [L. 'tractatus.'] رسالہ؛ چھوٹی سی کتاب ۔

Tractile : (a) [Late L. 'tractilis'.] جو نکالا جاسکے (جیسے کسی بینک سے رقم)؛ قابلِ کشش ۔

Electric tractile : قوت کشش برقی ۔

Tractility : (n) نکالے جانے کی صفت ۔

Traction : (n) [med. L. 'tractionem'.] (۱) کسی چیز کو (کسی سطح پر) کھینچنا؛ کھنچائی(گاڑی وغیرہ کی)؛ جرّ : دیکھو Steam traction, Electric traction ۔
(۲) سکڑنا : انقباض (جیسے عضلات کا) ۔
(۳) (مجازاً) کھنچاؤ : کھینچنے والی قوت ۔
(٤) Force of traction کا مخفف؛ رگڑ کی تعداد ۔

Angle of traction : زاویہ جرّ : کھنچائی کا زاویہ ۔

Force of traction : کھنچائی کی قوت ۔

Line of traction : کھنچائی کا خط؛ خط جرّ ۔

Traction-aneurysm : (n) نسیج انقباض؛ شریان کا پھیلنا عضلات کے سکڑنے کی وجہ سے ۔

Traction-engine : (n) بھاری بوجھ کھینچنے والا انجن جو معمولی سڑکوں پر چلتا ھے، نیز اسی طرح کا انجن جو زراعتی کام میں استعمال ھوتا ھے ۔

Traction-wheel : (n) چلانے والا پہیا جس سے انجن وغیرہ چلاتے ہیں ۔

Tractional : (a) جرّی : کھنچائی کا ۔

Tractitian : (n) مقالہ نویس؛ رسالہ نویس ۔

Tractive : (a) [f. L. 'tract' - + - ive.] جرّی؛ کھنچائی کا؛ کھینچنے کی صلاحیت رکھنےوالا؛ کھینچنے والا ۔

Tractive nerve : (n) کھینچنے والا عصب ۔

Tractor : (n) [Late or med. L.] (۱) ٹریکٹر؛ کھینچنے والا انجن (جو معمولی سڑکوں پر چلتا ھے)؛ کھیت جوتنے کی موٹر گاڑی ۔ (۲) متحرک یا ساکن انجن جس سے کوئی چیز کھینچی جاتی ھو ۔
(۳) جرّی طیارہ (جس کا انجن آگے ھوتا ھے) ۔

Tractoration : (n) فلزی ٹریکٹر کا استعمال ۔

Tractorize : (v) ٹریکٹر استعمال کرنا؛ ٹریکٹر سے کام کرنا ۔

Tractory : (a) کھینچے جانے سے متعلق؛ کشندہ؛ کھینچنے والا۔

Tractrix/Tractrices : (n) [mod. L. fem. of tractor.] ایسا منحنی (curve) جس کے خط مماس اور مقطوعہ کے درمیان جو سیدھی لکیر ھو وہ مستقل ھو ۔

Tractus : (n) [med. L.] دیکھو Tract : (n)

Tradable/Tradeable : (a) قابل تجارت؛ خریدوفروخت کے لائق؛ تجارتی؛ لین دین کے لائق؛ قابلِ مبادلہ ۔

Trade : (n) [MLG. 'trade.'] (۱) کام : کاروبار؛ حرفہ؛ پیشہ (دستکاری وغیرہ کا) ۔ (۲) تجارت؛ سوداگری؛ بیوپار۔(۳)راہ؛ طریقہ؛ نقشِ پا۔(٤) آمدو رفت؛ جماعت تجار (The trade will never submit to it.) ۔

Balance of trade : در آمد بر آمد کا فرق ۔

Be in the trade : دکاندار ھونا؛ تاجر ھونا؛ خردہ فروشی کرنا ۔

Board of trade : پریوی کاؤنسل کی کمیٹی جو تجارت وصنعت کی نگراں ھے؛ ایوانِ تجارت ۔

Carrying trade : تجارت حمل ونقل : سمندر کے راستے ایک ملک کا مال دوسرے ملک میں پہنچانے کا کاروبار ۔

Domestic trade/ Home- : تجارت داخلہ؛ اندرونی تجارت ۔

Fair trade : باہمی آزاد تجارت (مابین اقوام) ۔

Foreign trade : تجارت خارجہ؛ بیرونی تجارت؛ در آمد بر آمد کا کاروبار ۔

Free trade : آزادانہ تجارت (جس پر در آمد روکنے یا ملکی صنعت کو دیگر ممالک کے مقابلے سے محفوظ رکھنے کےلئے محصول نہ لگایا گیا ھو)۔

Jack of all trades : ہر فن مولا ۔

The trade : (۱) (بول چال) لائسنس دار شراب فروش ۔ (۲) (بحریہ کی اصطلاح) محکمۂ بحری کا شعبۂ آبدوزی۔

Tricks of trade : تجارت کے گر ۔

Trade : (v) [f. prec.] (۱) تجارت کرنا؛ کاروبار کرنا؛ بیوپار کرنا۔ (۲) خریدوفروخت کا معاملہ کرنا؛ سودا کرنا (کسی شخص سے) ۔ (۳) (تجارتی) مال لے جانا ۔ (٤) بدلائی کرنا؛ مال کا مبادلہ کرنا ۔ (٥) سیاسی اثر سے ناجائز فائدہ اٹھانا؛ سیاست میں ناجائز سودا کرنا ۔

Trade : (a) تجارتی؛ تجارت سے متعلق؛ تجاری۔

Trade allowance : (n) تجارتی تخفیف (تھوک فروش یا خردہ فروش تاجروں کےلئے)۔

Trade association : (n) تجارتی انجمن (تجار کے عام مفاد کی حفاظت کی خاطر)۔

Trade board : (n) پنچایت جو بعض صنعتوں میں اندرونی جھگڑوں کے فیصلے کے لئے قانوناً مقرر کی جاتی ھے ۔

Trade coin : (n) وہ سکّہ جو بیرونی تجارت میں استعمال ھوتا ھے۔

Trade dollar : (n) وہ ڈالر جو ایشیائی تجارت کے لئے امریکا نے جاری کیا تھا ۔

Trade-hall : (n) ٹریڈ ہال؛ تاجروں کے جلسوں کی جگہ ۔

Trade-mark : (n) رجسٹری شدہ الفاظ یا نشان جو بنانےوالا اپنی مصنوعات کے لئے مقرر کرلے؛ ٹریڈ مارک۔

Trade-name : (n) (۱) کسی شے کا تجارتی نام؛ بازار کا نام ۔ (۲) وہ خاص نام جو بنانے والا اپنی چیزوں کا رکھتا ھے؛ رجسٹری شدہ نام ۔

Trade price : (n) جس قیمت پر تھوک فروش خردہ فروش کو مال دیتا ھے؛ دساوری قیمت ۔

Trade-route : (n) تاجروں یا قافلہ والوں کا راستہ؛ تجارتی جہازوں کا راستہ ۔

Trade-sale : (n) کسی مخصوص تجارت کےلئے یا اس کے ذریعہ ھونے والا نیلام ۔

Trade school : (n) وہ اسکول جہاں دستکاریاں سکھائی جاتی ہیں ۔

Trade-show : (n) نئی فلم کا خاص تماشا جو صرف نقادوں اور سنیما کے مالکوں کو دکھانے کے لئے کیا جاتا ھے؛ نمائشی کھیل ۔

Trade-show : (v) نمائشی کھیل دکھانا ۔

Trade-Union/Trades-Union : (n) کسی صنعت کے مزدوروں کی انجمن جو ان کے حقوق کے تحفظ کے لئے قائم کی جاتی ھے ۔

Trade-Unionism : (n) مزدوروں کی انجمن قائم کرنے کا اصول ونظام۔

Trade-Unionist : (n) (۱) مزدوروں کی انجمن قائم کرنے کا حامی ۔ (۲) مزدوروں کی انجمن کا رکن ۔

Trade-wind : (n) [f. Trade, n + wind.] بادِ مراد؛ وہ ھوا جو بحراوقیانوس اور بحرالکاہل میں عرض البلد ۳۰° شمالی اور ۳۰° جنوبی کے درمیان خط استوائے حرارت کی طرف چلتی رہتی ھے اور زمین کی گردش سے مغرب کی طرف پھر جاتی ھے ۔

Trade winds : (n) بادِ مراد اور بادِ مخالف ۔

Tradeful : (a) تجارتی؛ پر تجارت ۔

Tradeless : (a) بغیر تجارت کا؛ تجارت سے عاری۔

Trader : (n) تاجر؛ تجارت پیشہ شخص؛ تجارتی جہاز ۔

Tradescantia : (n) [mod. L., f. name of John Tradescant, naturalist, +ia.] (نباتیات) سدا بہار جھاڑیوں کی ایک امریکی‌نوع؛ برگ بیدی۔

Tradesfolk : (n) [f. Trade + folk.] تاجر؛ سوداگر؛ تجارت پیشہ خاندان؛ تاجر اور ان کے گھرانے؛ دکاندار؛ کاریگر ؛ دستکار ۔

Tradesman/Trades men : (n) کاسب؛ سوداگر؛ دکان دار؛ پیشہ ور سوداگران؛ تجّار ۔

Tradespeople : (n) سوداگران؛ تجّار؛ دکان دار؛ پیشہ وران ۔

Tradeswoman : (n) خاتون سوداگر؛ تجارت پیشہ عورت؛ تجارت کرنے والی عورت ۔

Trading : (n) [f. Trade, v + - ing.] تجارتی عمل خصوصاً تجارتی کاروبار؛ خریدوفروخت ؛ بیوپار؛ تجارت؛ سودا گری ۔

Trading : (n) (۱) سوداگر؛ تجارت کرنے والا؛ تجارت ۔ (۲) مبادلہ؛ معاملہ؛ لین دین ۔

Tradition : (n) [OFr. 'Tradicion.' ad. L. 'traditio'.] (۱) روایات : وہ عقائد یا رسوم جو پشتہا پشت سے چلی آرہی ھوں ۔ (۲) روایات کا ایک پشت سے دوسری پشت کی طرف منتقل ھونا؛ نقلِ روایات ۔ (۳) (دینیات) احکام وعقائد جو ضبطِ تحریر میں نہ آئے ھوں؛ خصوصاً (الف) احکام الٰہی جو فریسیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت موسیٰؑ پر نازل ھوئے تھے ۔ (ب) حضرت عیسیٰؑ کی زبانی تعلیمات جنھیں حواریوں نے قلم بند نہیں کیا۔ (ج) (اسلام) حدیث وسُنت؛ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول اور عمل ۔ (٤) ادب اور فنون لطیفہ کے اصول جو پشتہا پشت کے تجربے اور عمل پر مبنی ہیں ؛ ادبی روایات ؛ فنی روایات ۔ (٥) (قانون) باضابطہ حوالے کرنا یا کیا جانا؛ تحویل؛ سپردگی ۔

Tradition : (v) [f. prec.] (شاذ) بصورت حدیث وروایات کہنا؛ حدیث کے طور پر لانا؛ روایت کرنا؛ قدیم روایت کے مطابق کرنا ۔

Traditional : (a) [f. as prec. + - al.] (۱) روایتی؛ روایت کی نوعیت کاحامل؛ روایت سے ماخوذ؛ روایت کا؛ روایت پر مبنی ۔ (۲) مطابق روایاتِ قدیم؛ پرانی رَوش کا ۔

Traditionally : (adv.) روایت کی رو سے ۔

Traditionalism : (n) [f. prec + - ism.] (۱) روایت پرستی؛ قدیم عقائدورسوم کا حدسےزیادہ احترام ۔ (۲) حدیث وسُنّت کی پیروی ۔ (۳) منقولیت؛ مذہب کا دارومدار وحی اور روایات پر سمجھنا ۔

Traditionalist : (n) (۱) روایات پرست ۔ (۲) اہل حدیث ۔ (۳) منقولی ۔ (٤) منقول پسند ۔

Traditionalistic : (a) (۱) روایات پسندانہ ۔ (۲) اہل حدیث کا ۔ (۳) منقولی؛ منقولیت پسندانہ ۔

Traditionary : (a) دیکھو Traditional

Traditionary : (n) روایات کی سند قبول کرنے والا شخص ۔

Traditioner : (n) [f. prec+ - er.] (۱) روایات کو سند ماننےوالا یا ان کا احترام کرنے والا شخص ۔ (۲) روایات کا پرچار کرنے والا یا اُن پر عمل پیرا ۔

Traditionist : (n) [f. prec + - ist.] دیکھو Traditioner

Traditive : (a) [Fr. 'tradilif'.] روایت کا حامل : روایت کی نوعیت کا؛ روایت کا؛ روایتی ۔

Traditor : (n) [L. f. 'tradere'.] زمانہ اولیٰ کا عیسائی جو اپنی جان بچانے کی خاطر بائبل کے نسخے یا کلیسا کی اِملاک دشمنوں کے حوالے کردیتا تھا ۔

Traduce : (v) [L. 'traducere'.] (۱) بُرا کہنا؛ بدنام کرنا ۔ (۲) تہمت لگانا؛ بہتان باندھنا ۔

Traducement : (n) بدگوئی؛ بدنامی؛ بہتان باندھنا یا باندھا جانا ۔

Traducer : (n) [f. prec. + - er.] بدنام کرنے والا؛ مفتری ۔

Traducian : (n) [late L. 'traducianus'.] (۱) توالدروح کا قائل؛ یہ عقیدہ رکھنے والا کہ جسم کی طرح روح بھی توالدوتناسخ کے ذریعے منتقل ھوتی ھے ۔ (۲) اس عقیدے کا حامل کہ اولین گناہ باپ سے بیٹے تک منتقل ھوا ھے ۔

Traducian : (a) توالد روح کے عقیدے سے متعلق ۔

Traducianism : (a) عقیدۂ توالدِ روح ۔

Traducible : (a) بدنامی کے لائق؛ جس پر تہمت لگائی جا سکے ۔

Traducingly : (adv.) بدگوئی سے؛ بدنامی کے ساتھ۔

Traduction : (n) [OFr., or L. 'traductionum'.] (۱) (اب شاذ) انتقال ؛ تسلسل (اسلاف سے اخلاف تک) ۔ (۲) بدگوئی؛ بدنامی ۔ (۳) (منطق) قیاس منطقی ایک دوسرے کی طرف ۔

Traductive : (a) [L. traduct-, traducere+-ive] (۱) (اب شاذ یا متروک) موروثی؛ اجدادی؛ نیاگانی؛ مشتق؛

ماخوذ - (۲) (منطق) جس میں قیاس منطقی شامل ہو -

Trafalgar square : (n) ٹریفلگر اسکوائر : لندن کا مشہور چوک جہاں امیر البحر نیلسن کا مجسّمہ ہے -

Traffic : (n) [a. F. 'trafique', mod., F. 'trafic'.] (۱) ٹریفک (ریل، جہاز وغیرہ کے مال اور مسافروں کی) آمد و رفت؛ ٹریفک ؛ رہروی - (۲) (کسی خاص مال کا) بیوپار؛ تجارت (the traffic in raw hides) - (۳) (آنے جانے والے) مال کی مقدار؛ مسافروں کی تعداد - (٤) حمل ونقل - (٥) تِلفونی استعمال؛ تلفون ٹرافک -

Traffic : (v) [OFr. 'trafiquer'.] (۱) (کسی مال کی) خرید و فروخت کرنا؛ تجارت کرنا؛ بیوپار کرنا؛ اجناس کا مبادلہ کرنا - (۲) (مجازاً) (تجارتی مال کے علاوہ دوسری چیزوں کا) بیوپار کرنا -

Traffic density : (n) (ریل) کسی خاصّ مدت میں ریلوے یا شاہراہ سے گزرنے والے مسافروں کی تعداد اور مال کی مقدار -

Traffic-returns : (n) گوشوارۂ مسافران؛ گوشوارۂ آمد ورفت-

Traffic-sign : (n) نشان رہروی -

Traffic-signal : (n) اشارہ آمدورفت -

Traffic-taker : (n) ریلوے ملازم جو آمدورفت کا گوشوارہ تیار کرتا ہے -

Trafficable : (a) [t. prec. + - able.] (۱) آمدورفت کے لائق - (۲) قابلِ خریدوفروخت؛ جو بازار میں قابل خریدوفروخت ہو -

Trafficker : (n) (۱) تاجر؛ بیوپاری؛ سوداگر - (۲)گفت وشنید کرنے والا؛ چالباز -

Trafficless : (a) ٹریفک سے خالی؛ آمدورفت سے عاری؛ جس پر آمدورفت (مال اور مسافروں کی) نہ ہو -

Trafficmeter : (n) ٹریفک پیما؛ استعمال پیما -

Tragacanth : (n) [Fr. 'tragacante'.] (۱) کتیرا (جہازی)؛ حُلبَہ - (۲) کتیرا گوند؛ ایک قسم کا گوند سفید یا سرخی مائل رنگ کا جو دواسازی اور کپڑے چھاپنے کے کام آتا ہے -

Tragedian : (n)[Late ME., prob. OFr.tragediane.] (۱) المیہ نگار؛ المیہ (ناٹک) لکھنے والا - (۲) المیہ کا ایکٹر؛ المیہ اداکار -

Tragedienne : (n) [Fr. fem. of 'tragedien'.] خاتون المیہ نگار -

Tragedize : (v) [f. Tragedy + - ize.] (۱) الم انگیز بنانا؛ ٹریجڈی کے طور پر پیش کرنا - (۲) غم انگیز یا الم انگیز ہونا؛ المیہ ہونا - (۳) (مجازاً) المیہ انداز میں بولنا یا ایکٹنگ کرنا؛ المیہ طرز میں اداکاری کرنا -

Tragedy : (n) [Late ME. 'tregedie'.] (۱) ٹریجڈی ؛ المیہ ؛ حزنیہ؛ نظم یا نثر ناٹک جن کا موضوع اور اُسلوب بیان بہت بلند اور انجام المنا ک ہو - (۲) (Capital T سے) پیکر المیہ ؛ المیہ مجسم ؛ المیہ ناٹک بہ حیثیت ایک مجسم شخص کے - (۳) (مجازاً) دردناک یا المناک واقعہ؛ شدید حادثہ یا جرم؛ واقعہ ہائلہ -

Tragedy queen : (n) المیہ کی ایکٹریس؛ اداکارہ -

Tragelaph/Tragelaphus : (n) [L. 'tragelaphus.'] (۱) شاخ دار جانور کی ایک نوع کا نام - (۲) ایک خیالی و افسانوی جانور؛ بکری اور ہرن سے مشابہ - (۳) (حیوانیات) ہرن کی ایک قسم؛ مِرگ -

Tragelaphine : (a) مِرگ کی جماعت سے متعلق -

Tragi - : جزوترکیبی بہ معنی "الم انگیز" -

Tragi-comedy : (n) (۱) ٹریجی کامیڈی؛ المفرحیہ؛ ایسا ناٹک یا واقعہ جس میں الم وطرب کا رنگ ملا جلا ہو؛ رنج وخوشی میں سمویا ہوا واقعہ خصوصاً ایسا ڈراما جس میں طربیہ کردار حاوی ہوں مگر انجام الم ناک ہو - (۲) (مجازاً) حقیقی زندگی میں الم ناک اور پُرمزاح عناصر کا اجتماع -

Tragi-comic : (a) [Tragi - + comic.] المفرحی؛ جس میں راحت اور الم کا رنگ ہو؛ ٹریجی کامیڈی کی خصوصیت کا حامل؛ المیہ اور طربیہ عناصر کا میل -

Tragi-comic-pastoral : (a) المفرحی اور راعیانہ خصوصیات کا حامل -

Tragi-comical : (a) المفرحی؛ جس میں رنج وراحت کا رنگ ہو -

Tragi-comically : (adv.) المفرحی انداز میں؛ رنج وخوشی کے سموئے ہوئے انداز میں۔

Tragic : (a) [L. 'tragicus' Gr. 'tragicos'.] (۱) المیہ سے متعلق؛ المیہ کی طرز کا؛ المیہ؛ المیہ سے مشابہ؛ غمگین؛ غم انگیز ۔(۲) المناک؛ دردناک ۔(۳) المیہ کے عمل یا انجام سے مشابہ؛ حقیقی زندگی میں المیہ کی خصوصیات کا حامل؛ جان فرسا؛ روح فرسا؛ ہولناک؛ آفت خیز ۔

Tragic : (n) دیکھو Tragedian

The tragic : جو المیہ ہو ؛ ڈرامے یا زندگی کا الم انگیز پہلو : المیہ کا طرز ۔

Tragic irony : (n) الم ناک طنز: یونانی المیے میں مصنف کا کسی شخص کی زبان سے ایسے الفاظ کہلانا جن میں دردناک معنی پنہاں ہوں یا کسی المناک واقعہ کی پیش گوئی ہو جسے کہنے والا خود نہ سمجھتا ہو مگر حاضرین سمجھتے ہوں ۔

Tragical : (a) (۱) المیہ کا؛ الم انگیز؛ حُزن انگیز ۔ (۲) درد ناک؛ المناک؛ ہولناک، جاں فرسا؛ روح فرسا۔

Tragically : (adv.) (۱) المیہ کے انداز میں ۔(۲) المناک طورپر؛ دردناک طریقے پر ۔(۳) شدید حادثے یا مصیبت کے طور پر ۔

Tragicalness : (n) المناک ہونا ؛ دردناک ہونا؛ المیہ کے انداز کا ہونا ۔

Tragicomedian : (n) ٹریجڈی کامیڈی کا ایکٹر ۔

Tragopan : (n) [L. Gr. 'Tragopan.'] تیتر کی ایک قسم؛ سیہی جس کے کانٹے کھڑے ہوجاتے ہیں؛ کبک؛ ایک فرضی پرندہ۔

Tragus : (n) [Late L., from 'tragus.'] (تشریح) صَرصُورُ الأذن؛ غَنَمَہ؛ خارجی کان کے پاس کا اُبھار۔

Trail : (n) [app. f. Trail.] (۱) دُنبالہ ؛ وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے پیچھے لگی ہو یا گھسٹ رہی ہو (engine left a trail of smoke behind it) ۔ (۲) توپ گھسیٹنے کی گاڑی کا نچلا حصہ ۔ (۳) لکیر جو کسی چیز کے کسی سطح پر گھسیٹنے یا چلنے سے بن جائے ۔(٤) شکار کی بو : کھوج ۔(٥) لیک؛ پگڈنڈی (خصوصاً جنگل وغیرہ میں) ۔(٦) برگدار زیور ۔(۷) (علم النجوم) نشاں جو تشت پرستاروں کی تصویر کی حرکت سے پڑ جائے ۔(۸) (ارضیات) گلیشیر یا دوسرے تہ نشیں مادوں کا نام جو قدیم تر ساخت پر پڑے ہوں ۔

At the trail : (فوج) رائفل کو ہاتھ سادھ کر لٹکائے ہوئے۔

Right trail/Left - : رائفل سیدھے یا الٹے ہاتھ پر سادھ کر لٹکائے رکھنا ۔

Trail arm : (فوج) رائفل کو ایک ہاتھ پر سادھ کر لٹکائے رکھنا ۔

Trail-net : بڑا جال جسے دریا میں ڈال کر کھینچتے ہیں ۔

Trailing-wheel : گاڑی کا پچھلا حصہ؛ دونوں پچھلے پہیوں میں سے ایک ۔

Trail : (v) [ME. 'trail(l)e'.] (۱) پیچھے گھسیٹنا : پیچھے گھسٹتے ہوئے چلنا ۔ (۲) پیچھا کرنا؛ کھوج لگانا ۔ (۳) (گھاس وغیرہ کو) پیروں سے روند کر لیک بنانا ۔ (٤) پیچھے گھسیٹنا ۔ (٥) گھسٹنا؛ بڑی مشکل سے چلنا؛ رینگ رینگ کر چلنا ۔ (٦) لٹکنا؛ جھولنا ۔ (۷) (پودے ، بیل وغیرہ کا) چڑھنا؛ پھیلنا (دیوار یا زمین پر) ۔ (۸) زیور سے سجانا؛ نقش ونگاربنا کر سجانا ۔

Trail-board : (n) جہاز کا منقش تختہ ۔

Trail-net : (n) ایک قسم کا جال ۔

Trailer : (n) [f. prec. + - er.] (۱) Trail کا اسم فاعل ۔(۲) بیل؛ چڑھنے یا پھیلنے والا پودا ۔ (۳) پہیےدار کرسی جو بائیسکل یا ٹرائیسکل کے پیچھے لگی ہو ۔ (٤) ٹرام گاڑی جو دوسری گاڑی کے پیچھے گھسٹ رہی ہو ۔(٥) نمونہء فلم؛ فلم کے منتخب حصے جو اشتہار کے طور پر پہلے دکھائے جاتے ہیں ۔

Trailing : (a) (۱) پیچھے لگنے والا؛ آویختہ ۔ (۲) گاڑی کے پچھلے حصے(Trail- wheel) سے متعلق ۔

Trailing : (n) (۱) تعاقب؛ تعقیب ۔(۲) دوڑنے والا ۔(۲) کھینچے جانے کا عمل؛ کشش۔

Trailingly : (adv.) پیچھے لگتے ہوئے ۔

Train : (n) [Fr.] (۱) ریل گاڑی؛ ٹرین ۔ (۲) دنبالہ؛ کوئی شے جو پیچھے گھسٹتی جائے؛ خصوصاً عورتوں کے سائے یا بادشاھوں اور بڑے عہدہ داروں کی منصبی پوشاک کا پچھلا لٹکتا دامن ۔ (۳) پرند کی لمبی یا بڑی دم جیسے طاؤس کی؛ دُم دارتارے کی دُم ۔ (٤) سلسلہ (نوکروں اور ہمراہیوں کا) : خدم و حشم ؛ وہ لوگ جو جلو میں ہوں ۔ (٥) سلسلہ (اشخاص یا اشیا کا) ۔ (٦) بارود کا سلسلہ جس سے سرنگ اُڑائی جاتی ھے؛ سرنگ ۔ (۷) (قدیم) عمدہ نظام یا ترتیب (matter in a fine train) ۔ (۷) (مشین میں) چرخیوں یا پرزوں کا سلسلہ ۔ (۸) (شعروسخن) ندی کے دھارے کے لئے مستعمل ۔

Train : (v) - [OE.] (۱) (آدمی یا جانور کو) تربیت دینا؛ کام سکھانا؛ مشاق بنانا ۔ (۲) سکھانا؛ سدھانا؛ مشق کرانا (train to jump through hoop) ؛ عادت ڈالنا ۔ (۳) ورزش اور مقررہ غذا کے ذریعے تیار کرنا؛ سدھانا (گھوڑے کو گھڑ دوڑ کے لئے)؛ ریاضت کرنا (کُشتی مقابلے وغیرہ کے لئے) ۔ (٤) پودے کو کسی خاص شکل میں اُگانا؛ چڑھانا (دیوار وغیرہ پر) ۔ (٥) (توپ سے) نشانہ باندھنا (کسی چیز کا) ۔ (٦) بھگا کر لے جانا؛ پھسلا کرلے جانا ۔ (۷) (اب شاذ) گھسیٹنا؛ کھینچنا (بھاری بوجھ) ۔ (۸) (بول چال) سفر کرنا؛ ریل میں جانا ۔

Train down : ریاضت سے وزن کم کرنا ۔

Train off : (توپ کے گولے کا) ترچھا فائر ہونا ؛ ترچھا چلنا ۔

Train-band/Trainband : (n) (تاریخ) لندن کے شہریوں کا فوجی دستہ خصوصاً شاہان سٹوارٹ کے عہد کا ۔

Train-bearer : (n) دامن بردار؛ وہ خدمت گار جو دامن اٹھاکر پیچھے چلتا ھے ۔

Train-ferry : (n) ایک ریلوے سے دوسرے ریلوے کے درمیان کسی تختہء آب سے ریل گاڑی کو لے جانے والی کشتی؛ ریل ناؤ ۔

Train of thought : (n) سلسلہء خیال ۔

Train of verification : سلسلہء تصدیق ۔

Train of waves : (n) سلسلہء امواج ۔

Train-oil /Train oil : (n) [Train + oil, n.] ایک قسم کا تیل جو وہیل مچھلی کی چربی سے نکالا جاتا ھے؛ وہیل کا تیل ۔

Train-rope/-tackle : (n) رسا جو کسی گاڑی کے دنبالے سے ملحق ھو ۔

Train-sickness : (n) بیماری یا متلی جو ٹرین کے سفر کے دوران ھوتی ھے ۔

Train-stop : (n) سگنل سے لگا ایک خودکار آلہ جس سے ٹرین کو روکا جاتا ھے ۔

Train-way : (n) بوجھ ڈھونے والی عارضی لائن ۔

Trainable : (a) قابلِ تربیت؛ سدھانے کے لائق ۔

Traineau : (n) [Fr.] جو برف پر گھوڑے سے چلائی جاتی ھے ۔

Trained : (a) فوجی تربیت یافتہ؛ تربیت یافتہ ۔

Trainee : (n) کار آموز؛ تربیت یاب؛ تربیت پانے والا ۔

Trainer : (n) [Train-er.] تربیت دینے والا؛ سکھانے والا؛ (Train) کا اسم فاعل ؛ خصوصاً گھوڑوں کو گھڑدوڑ کے لئے سدھانے والا؛ لوگوں کو ورزشی مقابلوں کے لئے ریاضت کرانے والا ۔

Training : (n) (Train) کا حاصل مصدر؛ تربیت؛ مشق : ریاضت وغیرہ کے معنی میں، خصوصاً تعلیم معلمین ۔

Be in training : زیر تربیت ھونا : سیکھنا (کوئی فن) ۔

Go into training : دوڑ وغیرہ کے لئے ریاضت کرنا ۔

Training-bit : (n) منہ زور گھوڑے کے دہانے کےلئے کڑا : پوزمان ۔

Training-College/-School : (n): ٹریننگ کالج؛ ٹریننگ اسکول: تعلیم المعلمین کا مدرسہ، اسکول یا کالج ۔

Training-day : (n) [L.'Tractus'.] تربیت کے لئے مخصوص دن ۔

Training-ship/-vessel : (n) ٹریننگ جہاز؛ تربیتی جہاز ، جن پر لڑکوں کو جہازرانی سکھاتے ہیں ۔

Trainless : (n) بے دنبالہ؛ بغیر ٹرین کا ۔

Traipse : (n) پھوہڑ عورت -

Trait : (n) [L. 'Trac+us'.] (۱) خصلت؛ خصوصیت؛ امتیازی وصف؛ (کسی شخص کی طبیعت یا سیرت کا) - (۲) ہلکا سا خط ؛ ذراسی پٹ یا رنگ (ظرافت وغیرہ کا) -

Traiteur : (n) [F., 'traiter.'] (فرانس، اٹلی وغیرہ) طعام کا مہتمم جو حکم کے مطابق کھانے کا انتظام کرے -

Traitor : (n) [OFr. 'traitre'.] غدار؛ نمک حرام؛ ملک وملت؛ بادشاہ یا پارٹی یا تحریک سے بے وفائی کرنے والا-

Traitorous : (a) [app. ad. OFr. 'traitreus'.] غدّاری کی خاصیت یا اس کے کردار کا حامل؛ غدار؛ نمک حرام؛ غدّارانہ؛ نمک حرامی کا -

Traitorously : (adv.) غدّاری سے؛ نمک حرامی سے؛ بے وفائی سے -

Traitorousness : (n) غداری؛ نمک حرامی؛ بے وفائی -

Traitress/Traitoress : (n) [- OFr. traitresse, fem. of traitre.] غدار عورت ؛ دھوکے باز عورت -

Traject : (n) [- L. 'trajectus.'] (۱) راستہ یا پارکرنے کی جگہ ؛ خصوصاً کشتی - (۲) زمین؛ چشمہ یا دریا وغیرہ سے گزرنے کا عمل؛ راستہ -

Traject : (v) [L. 'traject-'] (۱) پار لے جانا؛ نقل و حمل کرنا - (۲) (روشنی، سایہ یا رنگ) منتقل کرنا -

Trajection : (n) [-L. 'trajectionem'.] (۱) پھینکنا یا پار لے جانا- (۲) تقلیب-

Trajectory : (n) [med. L. 'trajectorius.'] (۱) (طبیعیات) دی ہوئی قوتوں کے عمل سے متحرک کسی جسم کا راستہ - (۲) (ہندسہ) دیئے ہوئے لفظوں سے گزرنے والا خط منحنی یا کوئی سطح یا کسی دیئے ہوئے قانون کے مطابق خطوط منحنی یا سطوح میں سے ہر ایک کا باہمی تقاطع -

Trajet : (n) [- F. -L- 'trajectus'.] راستہ ؛ چوراہا -

Tralatitious : (a) [- L. 'tralaticious.'] (۱) انتقال کی خصوصیت کاحامل خصوصاً الفاظ یا محاورات سےمتعلق - (۲) نسلاً بعد نسل نقل شدہ؛ روایتی؛ ایک کے بعد دوسرے سے دہرایا ہوا -

Tralatitiously : (adv.) استعارے کے طور پر -

Tram : (n) [Fr. 'trame.'] ریشم کا دہرا تار جو بُننے میں کام آتا ہے؛ پود خصوصاً ریشمی؛ بہترین ریشمی پارچوں کے دھاگوں کے لئے مستعمل ہے -

Tram : (n) [app. the same word as LG. 'traam.] ٹرام (T- car) (۱) گاڑی- (۲) ٹرام کی پٹری- (۳) (t-line) ٹرام لائن - (٤) چوپہیا گاڑی جو کوئلے کے کانوں میں پٹری پر چلتی ہے -

Tram : (v) [t. prec.] (۱) ٹرام گاڑی سے سفر کرنا؛ ٹرام سے سفر کرنا - (۲) (کان کنی) ٹرام گاڑی سے (کوئلہ، کچی دھات وغیرہ) لے جانا؛ کان میں سرنگ تک اور وہاں سے (ٹرام وغیرہ کو) دھکا دے کر لے جانا، تھیل کر لے جانا -

Tram-car : (n) ٹرام گاڑی جو مسافروں کو لے جاتی ہے -

Tram-line : (n) [f. tram + line.] ٹرام کا راستہ -

Tram-man : (n) ٹرام گاڑی کا ملازم خصوصاً ٹرام کا ڈرائیور یا کنڈکٹر -

Tram-road : (n) [f. Tram + Road.] (تاریخ) سڑک جس پر پہیّوں کے لئے لکڑی یا پتھر یا لوہے کی پٹری بنی ہوتی تھی -

Tramway : (n) [f. Tram + way.] ٹرام کی سڑک جس پر ٹرام گاڑیاں چلتی ہیں اور مسافر سفر کرتے ہیں -

Trammel : (n) [In sense1 OFr. tramail, the history of the other senses is obscure.] (۱) مچھلی پکڑنے کے جال کی کئی قسموں کے نام، خصوصاً تہرا جال جو کھینچا جاتا ہے - (۲) پابند؛ زنجیر؛ کڑا وغیرہ جس سے گھوڑے کے پاؤں باندھ کر اسے دوگامہ چلنا سکھاتے ہیں - (۳) ہُک جس سے کیتلی وغیرہ کو آتشدان میں اٹکاتے ہیں - (٤) شکل؛ بلیلجی کھینچنے کی پرکار - (٥) گھٹتی بڑھتی پرکار - (٦) (جمع) بیڑیاں - (۷) (مجازاً) رکاوٹ؛ بندش؛ قیود؛ پابندیاں -

Trammel : (v) [f. prec.] (۱) مچھلی پکڑنے کا جال استعمال کرنا ، جال سے (مچھلی یا پرندے) پکڑنا - (۲) (مجازاً) مقید کرنا؛ پابند کرنا؛ پاؤں میں زنجیر، بیڑیاں ڈالنا؛ پابندیوں سے جکڑ دینا؛ رکاوٹ ڈالنا -

Trammel-net : (n) [f. trammel, n + Net] دیکھو Trammel

Trammer : (n) (۱) (کوئلے کی کان) کوئلے کی ٹرام لے جانے والا - (۲) ٹرام گاڑی کا ملازم؛ نیز گاڑی لے جانے والا گھوڑا -

Tramontane : (n) [It. 'tramontana.'] (۱) بحرروم خصوصاً اٹلی کی بادشمال: ٹھنڈی ہَوا پہاڑ کے سلسلوں سے آنے والی - (۲) پہاڑوں سے دور رہنے والا؛ اٹلی کا غریب الدیار، اجنبی؛ خارجی؛ بیرونی -

Tramontane : (a) [f. prec.] (۱) دور رہنے والا ؛ پہاڑوں سے دور رہنے والا؛ خارجی؛ بیرونی؛ اجنبی؛ گنوار؛ ناشائستہ - (۲) (ہَواؤں سے متعلق) پہاڑوں کے پار سے آنے والی خصوصاً اٹلی کے سلسلے میں؛ سلسلہء آلپس کے پار سے آنے والی ہَوا -

Tramp : (n) [f. next.] (۱) انسان یا جانور کے چلنے کی آواز ؛ آہٹ: رپ رپ (کی آواز) - (۲) پیدل سفر؛ پیدل چلنا - (۳) لوہے کا تلا جو کھدائی کا کام کرنے والے اپنے بوٹ کے تلے کی حفاظت کے لئے لگا لیتے ہیں - (٤) آوارہ گرد - (٥) آوارہ گردی - (٦) مال جہاز جس کا تعلق کسی باقاعدہ لائن سے نہ ہو -

Tramp : (v) [Late ME. 'trampen'.] (۱) بھاری قدم سےچلنا ؛ رپ رپ کرتے ہوئے چلنا - (۲) پیدل چلنا؛ پیدل سفر کرنا؛ پیدل گھسٹنا (بد دلی اور دقت سے راستہ طے کرنا) - (۳) آوارہ گردی کرنا؛ مارامارا پھرنا - (٤) (گھوڑے سے متعلق) ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر رکھ کر خود کو زخمی کرنا -

Tramper : (n) [f. prec + - er.] (۱) بھاری قدم سے چلنے والا - (۲) پیدل چلنے والا خصوصاً آوارہ گرد -

Tramping-card : (n) تجارتی تنظیم کے رکن کو جاری ہونے والی سرٹیفکٹ جس کے تحت وہ نان ونفقہ کا حقدار ہوجاتا ہے جب تک وہ بیروزگار ہے -

Trample : (n) [f. the Vb.] روندنا؛ کچلنا -

Trample : (v) [Late ME. 'trampelen.'] (۱) روندنا؛ پامال کرنا؛ پیروں سے کچلنا (trampled to death by elephants) - (۲) بھاری قدم سے چلنا - (۳) (مجازاً) نہایت سختی یا ذلت کا برتاؤ کرنا؛ چیونٹی کی طرح کچل ڈالنا (کسی شخص کو)؛ پامال کرنا (جذبات کو) -

Trampler : (n) پامال کنندہ؛ کچلنے والا -

Tran- : (Prefix.) [- OFr. 'transe.'] (سابقہ trans) ان الفاظ سے پہلے آتا ہے جو "S" سے شروع ہوتے ہیں -

Trance : (n) (۱) (صوفیوں کے عقیدے میں) وہ حالت جس میں روح جسم سے جدا ہو کر عالم ملکوت کی سیر کرتی ہے اور اس پر روحانی حقائق منکشف ہوتے ہیں - (۲) وجد؛ روحانی اہتزاز - (۳) (طب) سکتہ - (٤) نوم توجہ کی حالت: اثر پذیر حالتِ نوم -

Hypnotic trance : تنویمی بے خودی -

Trance : (v) [In sense 1, - OFr. transir, in sense2, f -Prec.] (۱) (متروک) فوت کرنا؛ بے ہوش ہو جانا - (۲) (شعر) (فرط مسرت وغیرہ سے) بے خود کر دینا ؛ وجد طاری کر دینا -

Tranche : (a) [Fr.] (نقابت) ایک قسم کا مارکہ (کٹا ہوا دائیں سے بائیں) -

Tranquil : (a) [L. tranquillus.] پُرسکون؛ خاموش؛ پُر امن ؛ اطمینان بخش؛ (اشیاء یا افعال کے لئے) باقاعدہ؛ مستقل؛ یکساں -

Tranquillity : (n) [Fr. 'tranquillite'.] خاموشی؛ امن، سکون -

Tranquillness : (n) امن، سکون کی حالت یا کیفیت -

Tranquilly : (adv.) پُرسکون طور سے؛ خاموشی سے -

Tranquillization : (n) پُرسکون کرنے یا ہونے کی حالت -

Tranquillize : (v) [f. Tranquil, a + - ize.] پُرامن یا پرسکون بنانا یا ہونا؛ سکون پیدا کرنا؛ سکون پانا -

Tranquillizer : (n) مسکن؛ خواب آور؛ سکون بخش (دوا) -

Tranquillo : (adv.) [It.] (موسیقی) پرسکون طرز یا کیفیت سے؛ خاموشی سے -

Trans : ('S سے پہلے trans ' باقی حروف سے پہلے کبھی کبھی tra ہو جاتا ہے) سابقہ (۱) آرپار؛ میں سے؛ بیچ سے مثلاً transfix - (۲) ماورا ؛ پار - (۳) پر سے - (٤) (کیمیا) آرپار ترکیب، ٹرانس - (٥) کسی اور شکل یا حالت میں مثلاً translate, transform وغیرہ -

Trans-border : (a) [f. Trans - + Birder.] سرحد کے پار یا سرحد کے پار واقع؛ سرحد کے پار علاقہ رکھنے والا -

Trans-coloration : (n) (اب شاذ یا متروک) تبدیل رنگ؛ رنگ کا متغیر ہونا ۔

Trans-continental : (a) [f. Trans -+ 'continental'.] برِّ اعظمی ؛ جو کسی برِّ اعظم کو پار کرے ۔

Trans-frontier : (a) کسی ملک کی سرحد کے پار واقع یا رہنے والا ۔

Trans-ocean : (a) سمندر پار ۔

Trans-oceanic : (a) [Trans+ oceanic.] (۱) سمندر پار کا ؛ آنسوے بحر؛ ورائے بحر ۔ (۲) سمندر کو عبور کرنے والا؛ عبور بحر کا (T. flight of birds) ۔

Trans-Pacific : (a) بحر اوقیانوس کے اس طرف واقع ؛ بحر اوقیانوس کے اس طرف کا باشندہ؛ بحر اوقیانوس سے گزرنے والا ۔

Trans-shape : (v) (اب شاذ) شکل یا فارم بدلنا؛ تبدیل کرنا ۔

Trans-subjective : (a) مافوق تجربات ذاتی ۔

Transaccidentation : (n) یہ اعتقاد کہ عشائے ربانی کی شراب ونان انسانی بدن میں جیسے ہی داخل ہوئی وہ حضرت عیسیٰ کے بدن و خون میں منتقل ہو گئی ۔

Transact : (v) [L. 'transact-',] (۱) انجام دینا؛ کرنا(کام، معاملہ، کاروائی) ۔ (۲) معاملہ کرنا؛ گفت وشنید کرنا (کسی کے ساتھ) لین دین کرنا ۔

Transaction : (n) [- L. 'transactioner'.] (۱) سر انجام؛ انصرام ۔ (۲) معاملہ (خصوصاً تجارت کا)؛ سودا؛ لین دین ۔ (۳) کاروائی، روداد (علمی انجمن کے جلسے وغیرہ کی) ۔ (٤) (قانون) سمجھوتا؛ صلح نامہ ۔ (۵) قانونی معاملہ یا کاروائی ۔

Transactor : (n) معاملہ گر؛ سوداگر؛ لین دین کرنے والا؛ معاملہ کرنے والا ۔

Transalpine : (a) آلپ پہاڑوں کے پار ۔

Transalpine : (n) کوہ آلپ کے پرے کا (رہنے والا) (خصوصاً اطالوی نقطۂ نظر سے) ۔

Transanimation : (n) دیکھو Metempsychosis

Transatlantic : (a)[f. Trans -+ Atlantic.] (۱) ماورائے اوقیانوس کا؛ امریکی ۔ (۲) اوقیانوس کو عبور کرنے والا؛ اوقیانوس سے گزرنے والا ۔

Transatlantic : (n) وہ (شخص یا چیز) جو اوقیانوس سے اُدھر کا ہو؛ خصوصاً امریکی ۔

Transcalency : (n) حرّ گزار ہونے کی خاصیت ۔

Transcalent : (a) [Trans - + L. 'calentem.'] حرّگزار؛ تیزحدّت کو منتقل کرنے کی خاصیت رکھنے والا ۔

Transcend : (v) [f. Trans -+ 'scandere'.] (۱) کمال حاصل کرنا؛ مہارت رکھنا؛ سبقت لے جانا؛ بڑھ جانا؛ بالاتر ہونا؛ مافوق ہونا؛ فائق ہونا؛ کسی چیز سے تجاوز کرنا ۔ (۲) (انسانی تجربے، عقل، بیان، قیاس وغیرہ کے) ماورا ہونا۔

Transcendence : (n) [med. L. 'transcendentia.'] برتری؛ تفوق؛ سبقت؛ ماورائے ادراک ہونا ۔

Transcendency : (n) [f. as prec.] برتری ؛ تفوق؛ سبقت ؛ برتر ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Transcendent : (a) [L. 'transcendentem'.] برتر؛ فائق؛ افضل؛ مافوق؛ عالمِ ادراک کے ماورا؛ عالم مادّی کے ماورا؛ تاریک؛ مبہم۔

Transcendent : (n) (۱) جو (شخص یا شے) عالم ادراک سے پرے ہو ۔ (۲) (ارضیات) غیر جبری عمل ۔

Transcendental : (a) [L. 'transcendentalis.'] (۱) جو (شے یا شخص) درجگی سے پرے ہو ۔ (۲) (فلسفہ) کسی واحد خانہ کے حدود سے باہر ہو؛ مافوق التجربہ؛ فوق تجربی؛ سترھویں صدی میں مابعدالطبعیاتی کے مترادف معنوں میں مستعمل ۔ (۳) اعلیٰ؛ افضل؛ غیرمعمولی؛ عام تجربے کےحدود سے پرے ؛ ماورائی؛ فوقِ فطری ۔ (٤) (ریاضیات) علوی؛ غیر جبری؛ جو جبر و مقابلے کی جمع، ضرب وغیرہ اور ان کے برعکس اعمال سے جدا نہ کیا جاسکے؛ ماورائی ۔ (۵) (عام بول چال) دقیق؛ مبہم؛ غیر واضح؛ خیالی ۔ (٦) (شیلنگ کا فلسفہ) موضوعی؛ جس میں اشیائے خارجی موضوع یعنی نفس مدرکہ کی پیدا کی ہوئی قرار دی جائیں۔

Transcendental : (n) ایک موضوعی تصور، اصطلاح یا مقدار ۔

Transcendental anatomy : (n) تشریح سامّی ۔

Transcendental cognition : (n) (فلسفہ) فوق تجربی ادراک ۔

Transcendental equation : (n) (ریاضیات) عُلوی مساوات ۔

Transcendentalism : (n) موضوعیت؛ موضوعی فلسفہ؛ شیلنگ اور اس کے پیروؤں مثلاً ایمرسن کا نظریہ جس کی رو سے خارجی اشیاء حقیقت میں وجود نہیں رکھتیں بلکہ نفس مدرکہ کی پیدا کی ہوئی ہوتی ہیں؛ جہانِ مادی وتجربہ سے خارج کا فلسفہ ۔

Transcendentalist : (n) موضوعی فلسفہ کا معتقد ۔

Transcendentalist : (n) موضوعی؛ موضوعیت پسند ۔

Transcendentalize : (v) [f. as prec+ize.] : (adv.) موضوعی سمجھنا؛ موضوعی قرار دینا ۔

Transcendentally : (adv.) (۱) بدیہی طور پر ، بے تجربے اور مشاہدے کے ۔ (۲) مبہم یا دقیق طور پر ۔

Transcension : (n) [med. L. Transean Sionen] (شاذ) برتری ؛ تفوق ؛ سبقت ؛ اولیت ۔

Transcribble : (v) [f. Trans - + 'scribble'.] (شاذ) بےتوجہی سے کتابت کرنا ۔

Transcribbler : (n) بے توجہی سے کتابت کرنے والا ۔

Transcribe : (v) [L. 'transcribere'.] (۱) نقل کرنا (تحریر کی)؛ اتارنا؛ استنساخ کرنا ۔ (۲) (موسیقی) (کسی تصنیف کو) آواز یا موسیقی کے موافق کرنا ۔ (۳) (قانونِ روم) دوسرے کو منتقل کرنا ۔

Transcriber : (n) کاتب؛ نقل نویس ۔

Transcript : (n) [OFr. 'transcrit': - L. 'transcriptum.'] (۱) نقل؛ خصوصاً (قانون میں) قانونی دستاویز کی نقل ۔ (۲) (مجازاً) نقل؛ نقل کیا ہوا نسخہ ۔

Transcription : (n) [L. 'transcriptionem'.] (۱) نقل کرنےکا عمل ۔ (۲) نقل؛ استنساخ ۔ (۳) (موسیقی) کسی آواز یا آلہء موسیقی کے مطابق کسی تصنیف کی ترتیب یا ترمیم ۔ (٤) (قانونِ روما) تبدیلی؛ (کسی قرض یا معاہدے کا) تعین ۔

Transcriptive : (a) [f. L. 'transcript'- + ive.] (۱) نقل کے متعلق؛ نقل کا؛ نقل کئے جانے کی صفت کا حامل ۔ (۲) (قانونِ روما) قانونی معاہدے کو منتقل کرنا ۔

Transdialect : (v) [f. Trans. - + Dialect.] (شاذ) ایک بولی سے دوسری بولی میں ترجمہ کرنا ۔

Transduction : (n) [L. 'tra(ns)ductionem.'] (شاذ) انتقال ؛ عبور؛ کسی چیز کے ماورا گزرنا ۔

Transect : (v) [f. Tran(s-) + sect-,] (۱) عرضی قطع کرنا ۔ (۲) (تشریح) عرضی طور پر قطع کرنا ۔

Transection : (n) عرضی قطع کرنے کا عمل؛ عرضی قطع ۔

Transelement : (v) [f. Trans - + element.] عناصر کو بدلنا یا قلبِ ماہیت کرنا ۔

Transelementation : (n) کسی شے کے عناصر کےبدلنے کا طریقہ یا عمل ۔

Transept : (n) [Trans - + L. 'elementum'.] (۱) صلیب نما گرجے کاعرضی حصہ ۔ (۲) اس حصے کے دونوں بازوؤں میں سے کوئی بازو ۔

Transeptal : (a) گرجے کے عرضی حصے کا ۔

Transfashion : (v) بدلنا؛ (کسی چیز کی) طرز بدلنا ۔

Transfer : (n) [f. next.] (۱) تبدیلی؛ بدلی؛ نقل : انتقال ۔ (۲) انتقال ملکیت یا دستاویز ۔ (۳) نقشہء منتقل؛ نقشہ وغیرہ جسے ایک سطح سے دوسری سطح پر منتقل کرنا ہو ۔ (٤) چھوٹی رنگین تصویر جو بازار سے خرید کر البم وغیرہ پر منتقل کرلی جاتی ھے؛ اتاری تصویر ۔ (٥) سپاہی جو ایک دستہ فوج سے دوسرے میں بدل کر جاتا ھے ۔ (٦) منی آرڈر بذریعہ تار ۔ (۷) مسافر اور سامان کا ایک ریلوے اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن پر لے جانا ۔

Transfer : (v) [f. Trans - + 'ferre'.] (۱) منتقل کرنا (ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شخص سے دوسرے کو) ۔ (۲) بدلنا؛ تبدیل کرنا (عہدہ دار یا غلام کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا ۔ (۳) (جائداد وغیرہ کو) دوسرے کے قبضے میں دینا؛ دوسرے کے نام کرنا؛ منتقل کرنا ۔ (٤) (نقشے وغیرہ کا) دیوار یا لکڑی کی سطح سے (پردہء تصویر پر) منتقل کرنا ۔

Transfer-book : (n) رجسٹر انتقال ملکیت ۔

Transfer-day : (n) مقررہ دن جن میں بینک آف انگلینڈ میں تمسکات قرض وغیرہ کا انتقال بغیر فیس کے ہو سکتا ھے (اتوار اور ہفتے کے علاوہ سب دن) ۔

Transfer-ink : (n) چربے کی روشنائی ۔

Transfer-paper : (n) چربے کا کاغذ ۔

Transfer-printing : (n) ڈیزائن چھاپنے کا ایک طریقہ ۔

Transfer-table : (n) (امریکا) ریلوے کا عرضی جدول ۔

Transfer-ticket : (n) ٹکٹ جس کی رو سے مسافر ایک راستے سے دوسرے راستے میں سفر کرسکتا ھے ۔

Transferability : (n) منتقل ھونے کی صفت ۔

Transferable : (a) قابل تبدل؛ قابل انتقال (خصوصاً بل، ڈرافٹ، چیک وغیرہ ایک شخص سے دوسرے شخص کو)۔

Transferee : (n) جس کے نام ملکیت منتقل کی جائے؛ منتقل الیہ ۔

Transference : (n) (تحلیل نفسی) احساس و خواہش کا نئے مقصد کی طرف انتقال؛ نقل؛ انتقال ۔

Transferor : (n) ملکیت منتقل کرنے والا ۔

Transferrable/-rible : (a) لائق تبدیلی ؛ دیکھو Transferable ۔

Transferrer : (n) منتقل کرنے والا؛ تبدیل کرنے والا ۔

Transfigurate : (v) [L. 'transfigurat'.] (۱) ہئیت بدل دینا؛ شکل بدل دینا ۔ (۲) دیکھو Transfigure ۔

Transfiguration : (n) [ad. L. 'transfigurationem'.] (۱) تبدیل شکل؛ تبدیل ہئیت ۔ (۲) حضرت عیسیٰ کی تبدیل شکل جو معجزے کے ذریعے ھوتی تھی ۔ (۳) وہ تہوار جو اس تبدیلی کی یادگار میں منایا جاتا ھے (۶/ اگست)؛ عید معجزۂ تبدیل ۔

Transfigure : (v) [L. 'transfigurare.'] (۱) ہئیت بدل دینا؛ شکل بدل دینا ۔ (۲) پہلے سے کہیں زیادہ حسین اور شاندار بنا دینا؛ روحانی بنا دینا ۔

Transfission : (n) [f. Trans -+ fission.] (حیاتیات) کسی خلیے یا عضو کا عرضی انشقاق تولید نسل کے طور پر ۔

Transfix : (v) [L. 'transfix.'] (۱) (نیزے وغیرہ سے) چھید ڈالنا؛ سوراخ کرنا؛ سینا ۔ (۲) (دہشت یا خوف سےکسی کو) مبہوت کردینا ۔ (۳) محکم کردینا؛ اپنی جگہ پر ٹھٹک جانا ۔

Transfixion : (n) [f. as prec.] سوراخ کرنا؛ چھیدنے کا عمل ؛ پہلو سے کسی اندام کو سوراخ کرنا اور اندر سے باہر کی طرف اسے کاٹنا؛ ایک ساتھ سینا؛ حیرت زدگی ۔

Transfluent : (a) [L. 'transfluentem.'] (شاذ) رواں ؛ جاری ؛ ساری ؛ درمیان سے جاری شدہ ۔

Transfluvial : (a) [L. trans - + 'fluvius.'] (شاذ) ندی کی دوسری طرف واقع؛ ندی میں واقع؛ ندی کی دوسری طرف کا رہنے والا؛ ندی کے پار۔

Transforation : (n) سوراخ ۔

Transform : (v) [L. 'transformare'.] (۱) شکل یا ہیئت بدل دینا ۔ (۲) سیرت بالکل بدل دینا؛ کایا پلٹ دینا ۔ (۳) قلب ماہیت کر دینا ؛ قلب ماہیت ھونا (اب شاذ) ۔ (٤) برقی رو کو بدلنا ۔ (٥) (طبیعیات) (توانائی کی ایک شکل کو) دوسری شکل میں منتقل کرنا ۔ (٦) (ریاضیات) ایک سے دوسری شکل میں بدلنا (لیکن قیمت کے اعتبار سے یکساں رکھنا) ۔

Transformable : (a) قابل تبدل؛ قابل تبدیلی ۔

Transformance : (n) (۱) فارم، شکل یا صورت میں بدلنے کا عمل ۔ (۲) سیرت، کیفیت وغیرہ میں مکمل تبدیلی ۔ (۳) (حیوانیات) حیوانی زندگی میں تبدیل صورت ؛ (عضویات و مرضیات) کسی عضو ، نسیج وغیرہ میں تغیر صورت ۔ (٤) (ریاضیات) مقدار یا قیمت میں تغیر کے بغیر تبدیل شکل ۔ (٥) (طبیعیات) کسی شے کا ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ھونا جیسے ٹھوس سے مائع یا گیس یا اس کے برعکس؛ (کیمیا) کیمیاوی ترکیب میں تبدیلی جیسے کسی مرکب کے ایک جزو کا دوسرے جزو میں متبدل ھو جانا؛ توانائی کا ایک شکل سے دوسری شکل میں بدلنا ۔ (٦) (برقیات) برقی رو کا مختلف قوت یا قسم میں تبدیل ھونا ۔ (۷) مصنوعی بالوں کا سر (عورتوں میں مستعمل) ۔

Transformation : (n) [L. 'transformationem'.] دیکھو Transformance

Transformative : (a) قابل تبدیل؛ جس میں تغیر کی صلاحیت ھو؛ قابل تغیر؛بدلنےوالا؛ قلب ماہیت کرنےوالا ۔

Transformer : (n) [f. Transform + - er.] (۱) وہ جو بدلتا ھو ؛ تبدیل کرنے والا ۔ (۲) (برقیات) برقی توانائی کو بدلنے والا ۔

Transformism : (n) [Fr. 'transformisme'.] (۱) یہ مفروضہ کہ موجودہ انواع جانداروں کی دوسری شکلوں کے تدریجی ارتقاء ہیں؛ انواع حیات کے تدریجی ارتقاء کا اصول؛ تغیر نوعی؛ ایک نوع حیوانی سے دوسری نوع بننا؛ تحول نوعی۔ (۲) اخلاقی اور سماجی تعلقات کے تدریجی ارتقاء کا اصول؛ نیز یہ ارتقاء۔

Transformist : (n) تغیر نوعی یا قول نوعی کا قائل۔

Transformistic : (a) تغیر نوعی یا تحول نوعی کا۔

Transfrontal : (a) پیشانی یا مغز کے اگلے حصے کے عبور سے متعلق۔

Transfuse : (v) [L. 'transfus-'.] (۱) (رطوبت وغیرہ کو) ایک شریان وغیرہ سے دوسری میں منتقل کرنا۔ (۲) (صفات وغیرہ کا) ایک سے دوسرے میں نفوذ کرنا۔ (۳) (طب) خون کو ایک شخص کی رگوں سے دوسرے کی رگوں میں منتقل کرنا؛ نقل خون کرنا۔ (٤) جس سیال کی خون میں کمی ہو اسے پچکاری سے داخل کرنا۔ (٥) نقل خون (یا دوسرے محلول) سے (کسی شخص کا) علاج کرنا۔

Transfusible : (a) (شاذ) قابلِ نقل خون۔

Transfusion : (n) [L. 'transfusionem'.] (۱) انتقال رطوبت؛ ادخال رطوبت؛ نفوذ۔ (۲) نقلِ خون۔ (۳) خلط؛ باہم مل جل جانا؛ نفوذ باہمی (صفات، عناصر وغیرہ کا)۔

Transfusive : (a) [L. 'transfus -, + - ive.] نقلِ خون یا انتقال رطوبت کی صفت یا رجحان کا حامل۔

Transgress : (v) [trans. + gradi.] (۱) عدول کرنا؛ انحراف کرنا؛ خلاف ورزی کرنا (احکام وغیرہ کی)۔ (۲) قانون کی خلاف ورزی کرنا؛ ارتکاب جرم کرنا؛ خطا کرنا؛ گناہ کرنا۔

Transgression : (n) (۱) انحراف؛ خلاف ورزی؛ حد سے تجاوز کرنے کا عمل۔ (۲) خطا؛ جرم؛ گناہ۔ (۳) (ارضیات) سمندر کا برّی حصے پر پھیلنا۔

Transgressional : (a) انحراف یا خلاف ورزی کی نوعیت کا یا اس کے متعلق۔

Transgressive : (a) [L. 'transgress' - + - ive.] (۱) انحراف؛ خلاف ورزی کی نوعیت یا صفت کا حامل؛ خطا کار؛ کسی حد سے تجاوز کرنے والا (شاذ)۔ (۲) پورا ڈھلک کے باہر نکلا ہوا۔

Transgressively : (adv.) خلاف ورزی کرتے ہوئے؛ انحراف کرتے ہوئے۔

Transgressor : (n) منحرف؛ خلاف ورزی کرنے والا؛ قانون شکن؛ خطا کار؛ گنہگار۔

Tranship/Transship : (v) [f. trans - + ship. v.] (۱) ایک جہاز (یا ایک ریلوے ٹرین یا دوسری سواری) سے دوسرے جہاز میں بدلنا۔ (۲) (مسافروں کو) ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں سوار کرنا؛ ایک سواری سے دوسری سواری میں منتقل کرنا۔

Transshipment : (n) بدلنا یا بدلا جانا (جہاز یا کسی اور سواری کا)۔

Transhuman : (a) [f. Trans - + Human.] فوق انسانی؛ بشر کی قوت سے باہر؛ انسانی طاقت سے باہر؛ انسانی قوت سے پرے۔

Transhumance : (n) مویشیوں کی پہاڑوں کی طرف موسمی حرکت۔

Transhumanize : (v) فوق انسانی بنانا؛ انسانی طاقت سے باہر کرنا۔

Transience : (n) (۱) بے ثباتی؛ ناپائداری۔ (۲) دیکھو Transcendence۔

Transiency : (n) (۱) بے ثباتی؛ ناپائداری؛ بے ثبات ہونے کی صفت یا حالت۔ (۲) فانی شے؛ ناپائدار وجود۔

Transient : (a) [L. 'transiens.'] (۱) فانی؛ ناپائدار؛ تیزرو؛ غیر حقیقی؛ بے ثبات؛ تغیر پذیر؛ آنی جانی۔ (۲) دم بھر کا؛ ذرا سی دیر کا؛ ایک لحظے کا؛ سرسری۔ (۳) (موسیقی) درمیانی؛ جو محض دو سُروں وغیرہ کو جوڑنے کا کام دے۔

Transient : (n) (۱) ناپائدار شے یا وجود۔ (۲) (امریکا، عامیانہ) وہ شخص جو کسی جگہ میں تھوڑے عرصہ کے لئے رہتا ہو یا وہاں سے جلد گزرتا ہو خصوصاً ہوٹل کا مہمان۔

Transient chord : (n) درمیانی میل (سُروں کا)۔

Transiently : (adv.) (۱) دم بھر کو؛ آناً فاناً۔ (۲) عارضی طور پر۔

Transientness : (n) ناپائداری۔

Transilience : (n) (شاذ) ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدل ؛ تغیر عمل ؛ شدید تغیر؛ ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے میں منتقل ہونا؛ اچانک تغیر ۔

Transilient : (a) [f. trans + salire'.] (١) ایک شے یا حالت سے دوسری شے یا حالت میں آنا؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچنے والا ۔ (٢) (کان کنی) ایسی چٹان کے لئے مستعمل جو اچانک دوسری قسم کی چٹان میں بدل جائے ۔ (٣) (تشریح) عابر؛ (عصبی ریشہ) جو دماغ کی ایک تہ سے دوسری تہ تک پہنچتا ہو ۔

Transilluminate : (v) [Trans - + illuminate.] جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں روشنی کا عبور کرنا؛ عضو کے اندرونی حصے کو روشن کرنا (طبی معائنے کے لئے)؛ نور افگنی سے معائنہ کرنا ۔

Transillumination : (n) تنویر عبوری؛ تشخیص مرض کےلئے کسی عضو کے اندر ایک تیز روشنی ڈالنا ۔

Transire : (n) [L. f. trans + ire.] سامان لے جانے کا پروانہ ؛ اجازت نامہ جو چنگی کے دفتر سے مال لے جانے کے لئے ملتا ہے ۔

Transit : (n) [ad. L. transitus.] (١) عبور کرنا ؛ گزرنا؛ نقل ؛ لانا ؛ لےجانا ۔ (٢) راہ ؛ رستہ ۔ (٣) ,T.combain, T-circle, کےمعنی میں بھی آتا ہے ۔ (٤) عبور؛ مرور؛ کسی رصدگاہ کے خط نصف النہار پر سے کسی جرم فلکی کا گزرنا ۔ (٥) عبور تابع؛ عبور قمر؛ کسی سیارے (خصوصاً سورج) کے قرص پر سے کسی تابع (خصوصاً مریخ یا زہرہ) کا گزرنا ۔ (٦) (تابع کا) قرص شمسی سے گزرنا ۔

Overland transit : خشکی کا راستہ ۔

Transit-circle/-instrument. : (n) آلہ رصد عبور؛ دائرہ رصد عبور؛ نظارہ عبور؛ وہ آلہ جس سے کسی جرم فلکی کا نصف النہار پر سے گزرنا رصد کرتے ہیں ۔

Transit-compass : (n) زاویہ پیما؛ زاویہ افقی کی پیمائش کا آلہ جو مسافت میں استعمال ہوتا ہے ۔

Transit-duty : (n) محصول عبور (جو مال کے کسی ملک سے گزرنے کا لیا جاتا ہے) ۔

Transition : (n) [Fr., or L. 'transitio-'.] (١) نقل مکان ؛ عبور ؛ تغیر (حالات یا کیفیات میں)؛ بدلنا (گفتگو کا موضوع وغیرہ) ۔ (٢) (موسیقی) بنیادی سُر کا بدل جانا؛ عبور ۔ (٣) (فنون لطیفہ) طرز کا بدلنا؛ تبدل خصوصاً انگلستان میں نارمن طرز عمارت کے بجائے ابتدائی انگریزی طرز کا اختیار کیا جانا ۔ (٤) (بہ طرز صفت سابقہ) تغیر کا؛ تبدل کا ۔ (٥) (علم اللسان) زبان کا ایک متعین مرحلے سے دوسرے مرحلے میں تغیر؛ نیز درمیانی عرصہ کے لئے مستعمل؛ برزخ۔

Transition period : (n) عہد تغیر؛ عہد تبدل ۔

Transition stage : (n) حالت تبدل؛ نوبت تغیر ۔

Transition tumour : (n) وہ رسولی جس میں یہ اندیشہ ہو کہ کاٹنے کے بعد دوبارہ نکل آئے یا بہت شدید صورت اختیار کرلے ۔

Transitional/Transitionary : (a) (١) تغیر کا ؛ تبدل کا ۔ (٢) تغیر پذیر؛ تبدل پذیر؛ عارضی ۔

Transitionally : (adv.) عارضی طور پر؛ تغیر پذیر طور پر ۔

Transitive : (n) [L. 'transitivus.'] (حرف) فعل متعدی ۔

Transitive : (a) (١) متعدی ۔ (٢) (فلسفہ) غیر خلقی؛ غیر طبعی ۔

Transitively : (adv.) فعل متعدی کے طور پر ۔

Transitiveness : (n) متعدی ہونا ۔

Transitorily : (adv.) مختصر عرصے کےلئے؛ عارضی طور پر ۔

Transitoriness : (n) ناپائداری؛ عارضی ہونا ۔

Transitory : (a) [L. 'transitoire.'] عارضی ؛ چند روزہ ؛ ناپائدار ؛ مختصر ۔

Transitory action : (n) (قانون) چارہ جوئی یا مقدمہ جو ہر ملک میں دائر ہو سکتا ہے بلا لحاظ اس کے کہ مابہ النزاع امر کہاں واقع ہوا تھا ۔

Translatable : (a) [Translate, + - Able.] قابلِ ترجمہ؛ قابل تغیر وغیرہ ۔

Translate : (v) [L. 'translatus'.] (١) ترجمہ کرنا؛ ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا (عبارت، کتاب

وغیرہ کو) ۔ (۲) ترجمہ ہو سکنا ۔ (۳) (کسی اصول وغیرہ کو) ایک فن سے دوسرے فن میں منتقل کرنا ؛ لانا ۔ (٤) تعبیر آنا؛ سمجھنا ۔ (٥) (مجازاً) سمجھانا؛ تشریح کرنا (اشارات، حرکات، طرزعمل وغیرہ کی) ۔ (٦) (اسقف کو) ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں تبدیل کرنا ۔ (۷) (کسی بزرگ یا ولی کی لاش یا تبرکات کو) ایک جگہ سےدوسری جگہ لے جانا ۔ (۸) (بائبل) موت سے پہلے آسمان پر پہنچنا؛ زندہ اٹھا لینا ۔ (۹) (قدیم) قلب ماہیت کردینا؛ کایا پلٹ کردینا ۔ (۱۰) (تاربرقی) (ایک ہی مضمون کا تار) دوبارہ بھیجنا ۔ (۱۱) (عامیانہ) پرانی چیز (خصوصاً جوتی وغیرہ) سے نئی چیز تیار کرنا ۔ (۱۲) (میکانیات) (کسی جسم کو) ایک ہی خط میں حرکت دینا (اس طرح کہ اس کے کل اجزاایک ہی سمت حرکت کریں) ۔ (۱۳) بغیر گھمائے (کسی جسم کو) ایک جگہ یا نقطہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔

Translating : (n) ترجمہ کرنے کا عمل ۔

Translating-relay : (n) (تیلگراف) ایک آلہ جس کے ذریعے بڑے فاصلے پر بھی پیام رسانی ممکن ہے ۔

Translating-roller/-screw : (n) ایک قسم کا پیچ ۔

Translating-station : (n) ٹیلی گراف کااسٹیشن جہاں خودکار آلہ کام کرتا ہے ۔

Translation : (n) [OFr. or L. 'translationem'.] (۱) ترجمہ ۔ (۲) انتقال؛ بدلی؛ تبادلہ (اسقف کا) ۔ (۳) زندہ اٹھا لیا جانا ۔ (٤) لاش یا تبرکات کا نقل مکان ۔ (٥) ایک خط میں حرکت ۔ (٦) (طب) مرض کا ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیلنا یا ایک حصہ سے دوسرے حصہ میں منتقل ہونا ۔ (۷) مخابرہ بذریعہ ٹیلی گراف ۔

Translation wave : (n) سمندری لہر جس کی رو آگے کی طرف ہو ۔

Translational : (a) ترجمے وغیرہ کا؛ تفسیر سے متعلق؛ خصوصاً (میکانیات) حرکت مستقیم کا ۔

Translative : (a) (۱) مجازی؛ استعارہ سے متعلق ۔ (۲) انتقال دہندہ ۔ (۳) (قانون) انتقال مالکیت سے متعلق ۔ (٤) ترجمہ، تفسیر سے متعلق ۔ (٥) (طبیعیات) گردش کے بغیر آگے کی طرف کی حرکت سے متعلق ۔

Translator : (n) [OFr. or L.] (۱) مترجم ؛ ترجمہ کرنے والا ؛ ترجمہ کا مصنف ۔ (۲) بدلنے یا تبدیل کرنے والا خصوصاً موچی جو پرانے جوتوں کو پہننے کے لائق بنا دیتا ہے ۔ (۳) طویل فاصلے پر پیام رساں خود کار آلہ ۔

Translatorship : (n) مترجم کا کام ۔

Translatory : (a) ترجمہ کا یا اس کے متعلق ۔

Translatress/Translatrix : (n) خاتون مترجم ۔

Transliterate : (v) [f. Trans - + L. 'littera'. + - ATE.] (ایک زبان کے الفاظ وغیرہ کو) حتی الامکان صحت کے ساتھ دوسری زبان کے حروف میں لکھنا ۔

Transliteration : (n) نقل لفظ : ایک زبان کے حروف کو دوسری زبان کے حروف میں صحت کے ساتھ منتقل کرنا ۔

Transliterator : (n) نقل لفظ کرنے والا ۔

Translocate : (v) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا؛ (شاذ) نکال باہر کرنا ۔

Translocation : (n) [Trans + Location.] ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا؛ اپنی جگہ سے خارج کرنا؛ نقل مکان؛ (نباتیات) پودے کے ایک نقطے سے دوسرے نقطے تک غذائی مواد کا انتقال ۔

Translucence : (n) نیم شفافی؛ شفاف ہونے کی حالت یا صفت ۔

Translucent : (a) [L. 'translucentum.'] (۱) نیم شفاف : جس میں سے روشنی گزر سکے مگر آرپار دکھائی نہ دے ۔ (۲) (بیجا استعمال) شفاف؛ جس میں سے روشنی گزر سکے ۔

Translucently : (adv.) نیم شفاف طور پر ۔

Translucid : (a) [L. 'translucidus'.] نیم شفاف ۔

Translunary : (a) [Trans - + L. 'Luna'.] ماورائے ماہ ؛ چاند کے ماورا یا اس کے اوپر واقع؛ (خصوصاً مجازی معنوں میں) لطیف؛ ابتری؛ وہمی؛ نازک؛ آسمانی؛ روحانی؛ علوی ۔

Transmake : (v) [Trans - + Make.] از سر نو بنانا؛ مختلف شے میں تبدیل کرنا؛ کایا پلٹ دینا ۔

Transmarine : (a) [L. 'transmarinus'.] (۱) سمندر کے اس پار واقع یا موجود؛ سمندر کے اس پار سے متعلق ۔

(۲) سمندر پار کا رہنے والا؛ سمندر پار ملکوں کا رہنے والا ۔

Transmentation : (n) توبہ؛ پشیمانی ۔

Transmeridional : (a) قاطع مدار نصف النہار؛ مشرق و مغرب سے گزرنے والا ۔

Transmew/Transmue : (v) [Fr. 'transmuer'.] تبدیل کرنا؛ مسخ کرنا؛ قلب ماہیت کرنا؛ مختلف ہونا؛ مسخ ہونا ۔

Transmigrant : (a) [L. 'transmigrant'.] (۱) ایک ملک سے دوسرے ملک میں ہجرت کرنے والا ۔ (۲) وہ شخص جو اپنے وطن سے دوسرے ملک میں ہجرت کرنے کے لئے تیسرے ملک سے گزرتا ہو ۔

Transmigrate : (v) [L. transmigrat'.] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (خصوصاً اشخاص یا قبیلے کے لئے)؛ ہجرت کرنا؛ نقل وطن کرنا ۔ (۲) (روح کا) موت کے بعد دوسرے جسم میں حلول کرنا؛ قالب بدلنا؛ تناسخ واقع ہونا ۔

Transmigration : (n) [L. 'transmigrationem'.] (۱) تناسخ ۔ (۲) کوچ؛ ہجرت؛ نقل وطن خصوصاً ایک ملک سے دوسرے ملک میں ۔ (۳) خلیے کا جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں انتقال ۔

Transmigrationism : (n) مذہب تناسخ؛ تناسخ کا قائل؛ تناسخ پسندی ۔

Transmigrator : (a) (۱) قالب بدلنے والی (روح) ۔ (۲) مہاجر؛ نقل وطن کرنے والا ۔

Transmigratory : (a) [f. Transmigrate+- ory.] (۱) تناسخ پذیر ؛ قالب بدلنے والی (روح)؛ تناسخ سے متعلق؛ تناسخی ۔ (۲) مہاجر؛ ہجرت پذیر؛ کوچ کرنے والا ۔

Transmissibility : (n) (۱) انتقال پذیری؛ ترسیل پذیری ۔ (۲) سرایت پذیری ۔

Transmissible : (a) [f. L. 'transmiss' - + ible.] (۱) انتقال پذیر؛ ترسیل پذیر ۔ (۲) گزر پذیر؛ سرایت پذیر ۔

Transmission : (n) [L. 'transmissionem'.] (۱) ترسیل؛ انتقال ۔ (۲) گزر (حرارت وغیرہ کا)؛ سرایت ۔ (۳) (طبیعیات) ترسیل؛ ایصال؛ کسی میڈیم جیسے روشنی، حرارت، آواز وغیرہ کے ذریعے ایصال یا گزر ۔ (٤) (حیاتیات) کسی عضویہ کی خاص فطرت یا آواز کا آنے والی نسل میں ایصال ۔ (٥) (میکانیات) ایک جگہ سے دوسری جگہ میں حرکتِ قوت کا تبدل؛ ایسی تبدیلی میں لانے والا آلہء کار ۔

Transmissive : (a) [f. transmiss + - ive.] انتقال پذیر ؛ سرایت پذیر؛ قابل انتقال؛ انتقال شدہ؛ بھیجنے والا؛ گذرپذیر؛ ترسیل پذیر ۔

Transmissivity : (n) انتقال پذیری؛ نقل وانتقال کی قابلیت؛ ترسیل پذیری ۔

Transmit : (v) [L. 'transmittere'.] (۱) ایک سے لے کر دوسرے کو دینا؛ بھیجنا؛ ارسال کرنا؛ منتقل کرنا؛ پہنچانا (وارثوں، آئندہ نسلوں وغیرہ کو) ۔ (۲) (طبیعیات، میکانیات) (حرارت، روشنی، آواز، بجلی وغیرہ کو) اپنے اندر سے گزرنے دینا؛ واسطہ ہونا ۔ (۳) (خبر کا) بھیجنا، پہنچانا؛ (اپنے جذبات) دوسروں میں ساری کردینا؛ (جذبات کا) ایک سے دوسرے میں سرایت کر جانا ۔ (٤) (جسم کا) ایک حصے سے دوسرے حصے میں (قوت یا حرکت) منتقل کردینا ۔

Transmittal : (n) (شاذ) ارسال کرنے کا عمل؛ ایصال؛ ارسال؛ سرایت ۔

Transmitter : (n) (۱)ارسال کرنے والا؛ بھیجنے والا؛فرستندہ؛ منتقل کرنے والا ۔ (۲) (ریڈیو) آلہء ترسیل ۔ (۳) ریڈیو، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون وغیرہ کا آلہء ترسیل ۔

Transmogrification : (n) جادو کی سی کایا پلٹ؛ حیرت انگیز کایا پلٹ؛ (عجیب وغریب) تغیر ۔

Transmogrify : (v) [Origin obsc.] (مزاحیہ) جادو یا حیرت انگیز طریقے سے کایا پلٹ کردینا ۔

Transmontane : دیکھو Tramontane

Transmundane : (a) [Trans + L. 'mundus'.] ماورائے دنیا کا باشندہ؛ ماورائےجہانی؛ دنیا کےاُس طرف واقع ۔

Transmutability : (n) تقلیب پذیری؛ استحالہ پذیری؛ قلب ماہیت کی استعداد ۔

Transmutable : (a) [L. 'transmutare'.] قابل تبدیل؛ قلب ماہیت پذیر؛ استحالہ پذیر؛ جنس میں قلب ماہیت ہو سکے؛ تقلیب پذیر ۔

Transmutably : (adv.) قلب ماہیت کی حالت میں؛ استحالہ پذیری سے۔

Transmutation : (n) [L. 'transmutationem'.] (۱) تقلیب : قلب ماہیت؛ شکل، طبیعت یا جوہر بدلنا یا بدل جانا : استحالہ ۔ (۲) (کیمیا) ادنیٰ دھاتوں کا سونا وغیرہ بن جانا : کیمیا بن جانا ۔ (۳) (ہندسہ) تحویل؛ ایک شکل ہندسی کو مساوی رقبے کی دوسری شکل میں تبدیل کرنا ۔ (٤) (حیاتیات) تقلیب نوع؛ ایک نوع کا دوسری نوع میں بن جانا (لامارک کے اصول کے مطابق) ۔ (٥) (قانون) انتقال ملکیت ۔

Transmutationist : (n) (حیاتیات) تغیر خصوصاً تقلیب نوعی کا قائل ۔

Transmutative : (a) [L. 'transmutat-, transmutare.] استحالےکا؛ قابل تغیر؛ تبدیل شدنی؛ قابل تبدیل ۔

Transmute : (v) [L. 'transmutare'.] (کیمیا) کسی شےکی شکل ، طبیعت یا جوہر کو بدل دینا؛ قلب ماہیت کرنا؛ تقلیب کرنا؛ استحالہ کرنا ۔

Transmuter : (n) استحالہ کرنے والا؛ قلب ماہیت کرنے والا ۔

Transmutual : (a) دوجانبہ؛ دوطرفہ؛ متقابل؛ بین الاثنین ۔

Transnature : (v) [Trans + Nature.] (شاذ) قلب ماہیت کرنا؛ کسی شخص یا چیز کی فطرت بدل دینا ۔

Transnormal : (a) [Trans + normal.] معمولی یا طبعی سے بڑھ کر؛ ورائے طبعی ۔

Transom : (n) [L. 'transtrum.'] (۱) دروازے یا کھڑکی کی سردل ۔ (۲) افقی سلاخ یا پٹی جو کھڑکی کے بیچ میں لگی ہو ۔ (۳) (قلب جہاز میں) اُن افقی کڑیوں میں سے کوئی کڑی جو پتوار کھمبے میں لگی ہوتی ہے ۔ (٤) شہتیر جو دو دستی آرے کے گڑھے پر رکھا ہوتا ہے ۔ (٥) افقی سلاخ جو مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Transom-bar : (n) دروازے پر کی سردل ۔

Transom-knee : (n) (جہاز سازی) ٹیڑھی لکڑی جس سے کڑی بندھی ہوتی ہے ۔

Transom-window : (n) (۱) دروازے میں اوپر کی کھڑکی ۔ (۲) کھڑکی جس کے بیچ میں پٹی یا سلاخ ہو ۔

Transomed : (a) سردل دار؛ جس میں افقی کڑی یا سلاخ لگی ہو ۔

Transpadane : (a) [L. transpadanus.'] دریائےپو کے پرے (عموماً شمال کی طرف) ۔

Transpadane : (n) دریائے پو کے پرے رہنے والا ۔

Transparence : (n) (۱) شفافی؛ شفاف ہونا ۔ (۲) منور تصویر یا کتبہ (جو کرمچ یا ململ پر بنا ہو اور پیچھے روشنی رکھ کر نمائش کیا جائے) ۔ (۳) منور تصویر کا چوکھٹا ۔ (٤) (فوٹو گرافی) مثبت تصویر جو شیشے پر ہو اور آرائش کے لئے کھائی یا جادو کی لالٹین میں دکھائی جائے ۔ (٥) ابھرا ہوا نقش جو چینی پر بنا ہو (اور اس کے خطوط کہیں موٹے کہیں باریک ہوں) ۔ (٦) (مضحکہ خیز خطاب، یہ جرمن لفظ Durchlaucht کا ترجمہ) حضور سراپا پرنور ۔

Transparency : (n)[med. L.'transparentia'.]Transparence دیکھو

Transparent : (a) [med. L. 'transparentem'.] (۱) شفاف؛ نرمل ۔ (۲) سطحی؛ جھرجھرا (بہانہ یا بھیس وغیرہ) جس کی اصلیت آسانی سے پہچان لی جائے ۔ (۳) (مجازاً) کھلی ہوئی؛ بیّن؛ ظاہر (کیفیت، نیت وغیرہ) ۔ (٤) صاف؛ کھری؛ بے بناوٹ ۔

Transparently : (adv.) شفاف طور پر؛ بیّن طور پر؛ صاف طور پر ۔

Transparentness : (n) (۱) شفافی ۔ (۲) جھر جھرا پن : سطحیت ۔ (۳) کھلا ہوا ہونا ۔ (٤) کھراپن؛ صفائی ۔

Transpeciate : (v) [Trans - + L. species, - Ate.] ماہیت میں تغیر پیدا کرنا؛ مسخ کرنا؛ شکل میں تبدیلی پیدا کرنا ۔

Transpicuity : (n) شفافیت؛ شنی؛ آشکارا ہونا ۔

Transpicuous : (a) [mod. L. 'transpicuous'.] شفاف؛ روشن؛ آشکار؛ واضح ۔

Transpierce : (v) : (۱) چھید ڈالنا ۔ (۲) سرتا سر سوراخ ہونا : آرپار ہو جانا ۔

Transpirable : (a) [mod. L. 'transpirabilis'.] جو بخار کی صورت میں خارج ہو سکے ۔

Transpiration : (n) (۱) اخراج بخارات - (۲) بخارات جو پھیپھڑے یا جلد سے خارج ہوں -

Transpiratory : (a) اخراج بخارات کا -

Transpire : (v) [f. Trans - + 'spirare'.] (۱) بھاپ کی شکل میں خارج کرنایا ہونا؛ جلد یا پھیپھڑے سےبخارات خارج کرنا یا ہونا - (۲) (نباتیات) بخارات خارج کرنا - (۳) (مجازاً) کھل جانا؛ ظاہر ہو جانا (راز وغیرہ کا) - (۵) (سوقیانہ) واقع ہونا (امریکا میں پہلے) -

Transplace : (v) [Trans + place.] کسی کی واقفیت میں اس کی جگہ سے ہٹانا؛ مقدم ومؤخر کرنا؛ پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگانا -

Transplant : (v) [Trans -+'plantare'.] (۱) ایک جگہ سےاُکھاڑکر دوسری جگہ لگانا (پودوں کو) - (۲) منتقل کرنا؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جمانا (کارخانہ وغیرہ کو)؛ ایک جگہ سے لے جاکر دوسری جگہ بسانا (لوگوں کو) - (۳) (جراحی) ایک مقام سے کاٹ کر دوسرے مقام پر یا دوسرے جسم میں لگانا (نسیج یا عضو کو)؛ عمل نقل کرنا -

Transplantable : (a) انتقال پذیر؛ نقل پذیر -

Transplantation : (n) (۱) نقل (پودے کی) - (۲) عمل نقل (جراحی کا) - (۳) منتقلی (اشخاص یا اشیاء کی) - (٤) افسوں؛ جادو -

Transplanter : (n) (۱) منتقل کرنے والا - (۲) آلہء نقل : وہ اوزار یا مشین جس سے پودے اس طرح اکھاڑے جاتے ہیں کہ ان کی جڑ کے گرد مٹی کا گولا لگا رہتا ھے -

Transplendent : (a) [Trans-+ L.'splendentem'.] (شاذ) درخشاں؛ غیر معمولی شفاف؛ مجلل ؛ باشکوہ -

Transplendently : (adv.) درخشاں طور پر؛ مجلل طریقے سے -

Transpontine : (a) [Trans - + L. 'pons, pontem'. + - ine'.] (۱) پل کےپار کا خصوصاً ٹیمز کے پار کا؛ لندن کے اس محلے کا جو ٹیمز کے دوسرے کنارے پر ضلع "سرے" کی طرف واقع ھے - (۲) سطحی قسم کا جذبات پرستانہ ناٹک جیسا کسی زمانے میں اس محلے میں پسند کیا جاتا تھا -

Transport : (n) [f. next.] (۱) نقل وحمل؛ مال یا مسافروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا؛ سواری اور باربرداری - (۲) (نیز t. ship , vessel) سواری یا باربرداری کا جہاز؛ سپاہیوں اور رسد کے لے جانے کا جہاز - (۳) مجرم جس کو کالے پانی کی سزا ہوئی ہو؛ عبور دریائے شور کا سزایاب - (٤) شدید جذبہ؛ جوش، خوشی کے مارے آپے سے باہر تھا - (۵) حمالوں وغیرہ کی انجمن -

Transport : (v) [Fr.'transporter', or L. 'transportore'.] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لےجانا؛ (مسافر، فوج وغیرہ کے) نقل وحمل کا انتظام کرنا - (۲) کالے پانی لے جانا (مجرم کو)؛ عبور دریائے شور کی سزا دینا - (۳) (مجازاً) (عموماً صیغہء مجہول میں) بے خود ہو جانا؛ آپے سے باہر ہو جانا (خوشی، غصہ وغیرہ میں) -

Transport-buoy : (n) جہازوں کےلئےاستعمال ہونے والا پیپا -

Transportability/Transportableness : (n) نقل پذیری؛ قابل نقل وحمل ہونا -

Transportable : (a) (۱) قابل نقل وحمل؛قابل حمل؛ حمل پذیر - (۲) کالے پانی بھیجے جانے کے قابل؛ قابل عبور دریائے شور -

Transportal/Transportance : (n) نقل وحمل؛ سواری -

Transportation : (n) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا یا پہنچایا جانا؛ نقل وحمل؛ بارکش - (۲) عبور دریائے شور؛ تبعید - (۳) (امریکا) ٹکٹ یا عوامی سواری کے ذریعہ سفر کرنے کا پاس - (٤) (ارضیات) نقل مادہ (ندیوں ، سمندر کی دھاراؤں ، گلیشیر اور ہواؤں وغیرہ سے) - (۵) (متروک) (احساس شدید کا) انتقال -

Transported : (a) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل شدہ؛ تبعید شدہ (کسی دوسرے ملک میں لازمی طور پر) - (۲) احساسات شدید سے مغلوب ہو کر؛ بےخود -

Transportedly : (adv.) بے خود ہو کر؛ شدید احساس سے مغلوب ہو کر -

Transportedness : (n) بےخود ہونےکی حالت؛ شدید احساسات سے مغلوب ہونے کی کیفیت -

Transporter : (n) (۱) نقل وحمل کا انتظام کرنے والا - (۲) نقل وحمل کا وسیلہ خصوصاً گھاٹ یا ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں رکھنے کا آلہء کار -

Transporter-bridge : (n) قابل کشتی رانی؛ آبی راستے کا اتنا اونچا پُل کہ کشتی رانی میں خارج نہ ہو ۔

Transposable : (a) قابل تبدیل عمل؛ جابجا شدنی؛ جگہ بدلنے والا یا والی ۔

Transposal : (a) (۱) (شاذ) تبدیل محل؛ تبدیل ترتیب ۔ (۲) وہ چیز جس کا محل یا ترتیب بدلی گئی ہو ۔

Transpose : (v) [Fr. 'transposer'.] (۱) ایک جگہ یا وقت سے ہٹا کر دوسری جگہ یا وقت میں رکھنا؛ منتقل کرنا؛ بدلنا (لغوی ومجازی معنوں میں)؛ جگہ بدلنا؛ ادل بدل کرنا ۔ (۲) (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو دوسری طرف علامت بدل کر لے جانا؛ عمل نقل کرنا ۔ (۳) (صرف ونحو) جملے میں کسی لفظ کو مقررہ محل سے یا موجودہ محل سے ہٹاکر کہیں اور رکھنا؛ تبدیل محل کرنا؛ (الفاظ کی مقررہ یا موجودہ) ترتیب بدلنا ۔ (٤) (موسیقی) نغمے کو کسی اور آہنگ میں لکھنا یا بجانا؛ سُر بدلنا ۔

Transposer : (n) محل یا ترتیب بدلنے والا ۔

Transposition : (n) (۱) تبدیل محل؛ تبدیل ترتیب ۔ (۲) بدلا ہوا محل؛ بدلی ہوئی ترتیب (خصوصاً کسی لفظ میں حرف کی یا کسی جملے میں الفاظ کی) ترتیب؛ ایسے عمل کا نتیجہ ؛ محل بدلا ہوا لفظ یا جملہ ۔ (۳) (موسیقی) سُر کا بدلنا ۔ (٤) (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو بہ تبدیلیء علامت دوسری طرف لے جانا ۔ (۵) (تشریح) اعضائے جسمانی کی خلاف معمول حالت؛ اعضاء کی بےقاعدہ بناوٹ یا ترتیب ۔

Transpositive : (a) تبدیل محل یا تبدیل ترتیب کی خاصیت کا حامل؛ تبدیل محل کا ۔

Transprose : (v) [Trans -+Prose] نثر میں ڈھالنا؛ نثر میں بدلنا ۔

Transrhenane : (a) [L. 'transrhenanus'.] رائن ندی کے اس پار؛ لہذا آلمانوی برخلاف رومی یا فرانسیسی کے؛ (مجازاً) آلمانوی ۔

Transubstantial : (a) [Trans - + L. 'substantialis'] تبدیل ہونے والا؛ قلب ماہیت کے لائق ۔

Transubstantiate : (v)[Trans - + 'substantia'.] ایک شے سے دوسری شے میں تبدیل کرنا؛ قلب ماہیت کرنا؛ تبدیل جوہر کرنا؛ تبدیل مادہ کرنا؛ استحالہ کرنا ۔

Transubstantiation : (n) (۱) قلب ماہیت ؛ استحالہ ؛ ایک جسم سے دوسرے جسم میں تبدیلی ؛ تبدیل مادّہ ۔ (۲) (مذہب عیسوی) عشائے ربانی میں روٹی اور شراب کا مسیح کے جسم اور خون میں بدل جانا؛ استحالہء عشائی ۔

Transudate : (n) ترشح؛ تراوش؛ مواد مترشحہ ۔

Transudation : (n) [f. trans + sudatio.] تراوش؛ ترشح؛ نفوذ ۔

Transudatory : (a) تراوش کرنے والا؛ نفوذ کرنے والا ۔

Transude : (v) [f. Trans - + sudare, to sweat.] نفوذ کرنا (سیال شے یا گیس وغیرہ کا مسامات وغیرہ سے)؛ نکلنا (جسے پسینے کا) ۔

Transume : (v) (۱) (قانون) دستاویز کی باضابطہ نقل تیار کرنا ۔ (۲) (متروک) تبدیل کرنا؛ بھیجنا ۔

Transumpt : (n) [L. 'tran(s)-sumer'.] نقل؛ (خصوصاً) کسی دستاویز، وثیقہ یا دوسرے قانونی کاغذات کی نقل ۔

Transumptive : (a) [transumpt-, + - ivus.] (قدیم) نقل یا استنساخ کا؛ استعاری ۔

Transvaal : (n) [Trans - + vaal a tributory of the Orange river in S.Africa.] ٹرانسوال ؛ یونین آف ساؤتھ افریقہ کی ایک ریاست جسے وال ندی اورینج فری اسٹیٹ سے جدا کرتی ہے ۔

Transvase : (v) [Fr. 'transvaser'.] (شاذ) ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں ڈالنا؛ دوسرے برتن میں انڈیلنا ۔

Transversal : (a) قاطع؛ جو خطوط کے ایک سلسلے کو قطع کرتا ہو ۔

Transversal : (n) (۱) خط قاطع ۔ (۲) (تشریح) (عموماً transversaa) (pl-es) یا transversus (pl-i).) وہ عضلہ وغیرہ جو افقاً جسم کے بعض حصوں سے گزرتا ہو ؛ معترض ؛ جملہء معترضہ ۔ (۳) (مجازاً) انحراف (شاذ) ۔

Transversally : (adv.) افقاً؛ عرض میں ۔

Transverse : (a) [L. 'transversus'.] عرضی؛ معترض؛ جو عرضاً واقع ہو؛ مورّب ۔

Transverse : (n) جو مقاطع هو؛ جو عرضاً واقع هو ۔

Transverse : (adv.) (شاذ یا شعر میں مستعمل) عرضاً؛ عرض میں ۔

Transverse : (v) [OFr. 'transverser' or med. L. 'transversare'.] (۱) (اب شاذ) عرضاً واقع هونا؛ پار کرنا ؛ گزرنا ۔ (۲) الٹ دینا؛ سرنگوں کردینا؛ منتشر کردینا (اب شاذ یا متروک) ۔ (۳) کسی مختلف شے میں تبدیل کردینا ۔

Transverse : (v) [Trans - + verse.] شعر میں ڈھالنا؛ شعرمیں ترجمه کرنا ۔

Transverse artery : (n) شریانِ معترض ۔

Transverse axis : (n) (۱) محور جو اصلی محور سے عرضاً واقع هو ، جیسے بلور میں ۔ (۲) (علم هندسه) مخروطی تراش سے گزرنے والا محور ۔

Transverse muscle : (n) ان مختلف عضلات میں سے کوئی ایک جو دوسرے حصوں میں پھیلے هوئے هیں ۔

Transverse process : (n) ریڑھ کی ہڈی کا ایک بغلی عمل ۔

Transverse suture : (n) سامنے اور چہرے کی ہڈیوں کے درمیان کا جوڑ ۔

Transversely : (adv.) عرضاً بطور اریب یا متقاطع ۔

Transversion : (n) شعر میں منتقل کرنا؛ کسی شےکا موزوں بیان ۔

Transversion : (n) [L. 'transvers-.] ترچھا رکھنے کا عمل ؛ اندرونی تراش؛ کسی مختلف شےمیں تبدیلی؛ تبدیل مقام ۔

Transversus : (n) (تشریح) شکم کا عرضی عضله ۔

Transwritten : (a) ترجمه شده؛ استنساخ شده؛ نقل شده ۔

Trant : (v) حمال یا بار بردار کا پیشه اختیار کرنا ۔

Tranter : (n) [f. 'traventer'.] حمال؛ باربردار؛ خصوصاً وه شخص جو گھوڑے اور گاڑی سے کمائے ۔

Trantlum : (n) (۱) حقیر شے؛ جزوی شے (چیز) ۔ (۲) (جمع میں) گوناگوں؛ متفرقه ۔ (۳) (اسکاٹ لینڈ) مہمل ۔

Trap : (n) [Late OE. 'treppe'. ME. 'trapp'.] (۱) گڑھا؛ پھندا؛ کھٹکے دار پنجرا (جانوروں کو پکڑنے کے لئے) ۔ (۲) (مجازاً) بھرا؛ دم؛ فقره یا چال جس کے ذریعه کسی شخص سے کوئی بات کہلائی جائے یا کوئی کلام کرایا جائے ۔ (۳) اڑاؤ پنجرا جس میں کبوتر وغیره کو اڑا کر نشان لگاتے هیں ۔ (٤) اچھل کھٹکا؛ جوتے کی شکل کا آله جس میں ایک طرف بلاّ مارنے سے دوسری طرف گیند اچھلتی هے ۔ (٥) حرف "U" کی شکل کا گیس پائپ؛ نعل نما پائپ جس کو کھول دینے سے ایک طرف سے پانی آکر گیس کی واپسی کو روک دیتا هے ۔ (٦) ٹم ٹم یا اسی قسم کی کوئی اور گاڑی ۔ (۷) (عامیانه) پولیس کا سپاهی؛ پولیس والا ۔ (۸) دیکھو Trap -door ۔ (۹) حرف "L" کی شکل کی کھونچ جو کپڑے وغیره میں لگ جائے ۔ (۱۰) (عامیانه یا بول چال) مکر؛ دھوکا؛ فریب؛ چال بازی ۔ (۱۱) وه دروازه جس سے هوا آتی جاتی رهے ۔

Fly trap : مکھیوں کے پکڑنے کا پھندا ۔

Rat trap : چوهے دان؛ موش دان ۔

To understand trap : اپنے مفاد کا علم رکھنا ۔

To be up to trap : باشعور یا هوشیار هونا ۔

Trap : (n) [Swed. 'trapp'.] (۱) (کان کنی) سیاه رنگ کی ستون نما آتش فشان چٹان ؛ زینه چٹان ۔ (۲) اٹھاؤ زینه؛ سیڑھی ۔

Trap : (v) (۱) (مجازاً) پھندے وغیره میں پھانسنا؛ بھرے پر چڑھانا؛ دام میں لینا؛ پھانسنا ۔ (۲) پھندے وغیره میں وحشی جانوروں کو پکڑنے کی مشق کرنا ۔ (۳) تھیٹر کے اسٹیج میں فرشی دروازے لگانا ۔ (٤) گیس کو نعل نما پائپ کے ذریعه روک دینا ۔ (٥) موری وغیره سے نعل نما پائپ لگانا ۔ (٦) بھاپ کا پائپ وغیره میں رک جانا ۔

Trap : (v) [F. 'drap'.] (گھوڑے ، خچر وغیره کو) ساز و زین سے آراسته کرنا ۔

Trap - ball : (n) [f. Trap + Ball.] اچھل گیند؛ وه کھیل جو اس آلے سے کھیلا جاتا هے ۔

Trap - hat : (n) دام میں لانے کے لئے استعمال هونے والا بلاّ نیز یه عمل ۔

Trap - cellar : (n) تھیٹر کےاسٹیج کا تہ خانہ؛ چورتہ خانہ ۔

Trap - creel : (n) وہ ٹوکری جس سے جھینگا مچھلی پکڑی جاتی ھے ۔

Trap - cut : (n) ہیرے تراشنے کا ایک طریقہ جس میں سطوح مرکز کے گرد متوازی ہوتی ہیں ۔

Trap - door : (n) (۱) دروازہ جو چھت یا فرش میں لگا ھو ؛ فرشی دروازہ؛ سقفی دروازہ ۔ (۲) (کان کنی) ھَوا کی رو کے لئے دروازہ؛ موسمی دروازہ ۔ (۳) L شکل کی کھونچ جو کپڑے وغیرہ میں لگ جائے ۔

Trap - door spider : (n) ایک قسم کی مکڑی جو اپنے جالے کے اوپر قبضہ دار دروازہ بناتی ھے ۔

Trap - drummer : (n) ڈھول اور دوسرے سازوں کو بجانے والا شخص ۔

Trapes : (n) دیکھو Traipse

Trapes/Traipse : (v) [Origin unkn.] (۱) گھسیٹ گھسیٹ کر چلنا ۔ (۲) پائنچے گھسیٹتے چلنا؛ اس طرح چلنا کہ دامن وغیرہ زمین میں گھسٹتے ھوں ۔ (۳) مارامارا پھرنا ۔ (٤) دوڑا دوڑا پھرنا ۔

Trapeze : (n) [F. 'trapeze'.] (۱) ایک ورزشی جھولا؛ جمناسٹک کا جھولا؛ دو عمودی ڈنڈے جن میں ایک افقی ڈنڈا لگا ھوتا ھے، رسی سے لٹکائے جاتے ہیں اوران پر جمناسٹک کی مشقیں کی جاتی ہیں ۔ (۲) مربع منحرف؛ جس کے دو ضلعے متوازی نہ ھوں یا صرف دو ضلعے متوازی ھوں ۔

Trapeziform : (a) مربع منحرف کا؛ ٹریپزیم کی شکل کا ۔

Trapezium : (n) [mod. L.] (۱) منحرف؛ ایک ذواربعۃ الاضلاع جس کے صرف دو متقابل اضلاع متوازی ھوں ۔ (۲) (تشریح) کلائی کی ایک ہڈی جو انگوٹھے کی ہڈی کے ساتھ جڑی ھوتی ھے ۔ (۳) نسیج کے ریشے جو دماغ کے pons vardii میں ھوتے ہیں ۔

Trapezius : (n) [mod. L. 'trapezius'.] (تشریح) دوبڑے مثلث نما عضلات میں سے ہر ایک (جن سے منحرف کی شکل بنتی ھے) جو گردن کے عقب اور قریبی اعضاء میں پھیلے ھوتے ہیں ۔

Trapezius muscle : (n) منحرف نما عضلہ ۔

Trapezohedral : (a) ایسی ٹھوس نما شکل جس کےرخ منحرف ھوں یا اس سے متعلق ۔

Trapezohedron : (n)['trapezo'+hedron form.] (ہندسہ وقلمیات) ٹھوس نما شکل جس کے رخ منحرف نما ھوں ۔

Trapezoid : (n) [mod. L. 'trapezoides'.] (۱) (ہندسہ) مربع منحرف ؛ جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ھوں یا صرف دو ضلعے متوازی ھوں ۔ (۲) (تشریح) کلائی کی ہڈی ۔

Trapezoid/-al : (a) جن کی شکل مربع منحرف کی ھو ؛ ایسے ذواربعۃ الاضلاع سے متعلق جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ھوں ۔

Trapfall : (n) [Trap + fall.] پیچھے کی طرف کھلنےوالا دریچہ؛ چھپا ھوا گڑھا؛ دام ۔

Trapiche : (n) [Amer. Sp.] گنا یا کچی دھات پیسنے والی مِل ۔

Trappean : (a) [Trap, n^2 + - ean.] (کان کنی) آتش فشانی چٹان سے متعلق، اس کی نوعیت کا یا اس پر مشتمل ۔

Trapper : (n) [L. 'trappatura'.] (تاریخ قدیم) باربردار جانور کا غلاف یا خول جو دھات یا چرم سے دفاع کی خاطر بنایا گیا ھو یا کپڑے سے بنا ھو تاکہ آرائش کا کام لیا جائے ۔

Trapper : [f. Trap, v. and n.] (۱) پھندے سے شکار کرنے والا خصوصاً وہ شکاری جو جانوروں کو ان کی کھال اورسمور کی خاطر پکڑتا ھے ۔ (۲) (کوئلے وغیرہ کی کان میں) روشن دانوں کا محافظ ۔

Trapping : (n) [Chiefly in pl. trappings.] (خصوصاً جمع میں) گھوڑے کا ساز؛ خصوصاً آرائشی سازوسامان؛ خارجی اور اوپری سجاوٹ ۔ (۲) کسی عہدے یا منصب کی وردی اور آرائشی سازوسامان ۔

Trappist : (n) [Fr. 'trappiste', from La Trappe, name of the Convent] کیتھولک راہبوں کی ایک جماعت کا رکن جو سنہ ١٦٦٤ میں ترمانڈی میں قائم ھوئی تھی اور جس کی خصوصیات میں بہت سی ریاضتیں داخل تھیں ۔

Trappist : (a) اس جماعت سے تعلق رکھنے والا ۔

Trappose : (a) [Trap, n^2 + - ose.] آتش فشانی چٹان کا یا اس کی نوعیت کا حامل ۔

Traps : (n) [app. shortened from trappings.] سازو سامان: اسباب۔

Trapstick : (n) ڈنڈا جو ایک قسم کے کھیل (اچھل گیند) میں استعمال ہوتا ہے۔

Trash : (n) [Origin obsc.] (۱) نکمی چیز؛ فضول چیز؛ ردی چیز ۔ (۲) کترن (پودوں وغیرہ کی) ۔ (۳) گنے کی پتیاں جو ایندھن کے کام آتی ہیں ؛ خنزر پنزر؛ کھونٹی (گنے کا پھوک جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے) ۔ (٤) مہمل کتاب، مضمون وغیرہ؛ لغویات ۔ (٥) مہمل گفتگو؛ بکواس ۔ (٦) (عامیانہ) بے ہودہ شخص؛ آشفتہ حالت ۔ (۷) (مجازاً) عوام ۔

Cane trash : گنے کا پھوک اور پتی وغیرہ جوایندھن کے کام آتی ہے ۔

White trash : (امریکا) جنوبی ریاستوں کے گوری نسل کے غریب باشندے ؛ غریب گورے ۔

Trash : (n) (بول چال) تسمہ یا ڈوری جس سے کتے کو باندھ کر لے جاتے ہیں۔

Trash : (v) [Origin unkn.] (۱) (متروک) تسمہ یا ڈوری سے باندھنا؛ روکنا؛ مزاحم ہونا۔(۲) (امریکا) مٹانا ۔

Trash : (v) [Norse.] (۱) (قدیم) ہانپتے ہوئے دوڑنا خصوصاً کیچڑ میں ۔(۲) تھکا دینا (دوڑا کر یا چلا کر) ۔

Trash : (v) [f. Trash, n.] (۱) گنے کی پتیاں چھانٹنا (تاکہ گنا جلد تیار ہو جائے) ؛ پتیاں الگ کرنا ۔(۲)فضول اور مہمل چیز سے پاک کرنا ۔

Trash house : (n) گنے کے فارم میں پھوک رکھنے کی جگہ ۔

Trash-ice : (n) برف کا چور یا چورا پانی میں ملا ہوا ۔

Trashily : (adv.) مہمل طریقے سے؛ مہمل اسلوب میں ۔

Trashiness : (n) لغویت؛ نکما پن؛ مہمل پن ۔

Trashy : (a) مہمل؛ لچر؛ نکمی؛ لغو ۔

Trass : (n) دیکھو Tarras

Trattoria : (n) [It.] ریستوران؛ اطالوی طعام خانہ؛ اطالوی ہوٹل (کھانے کا) ۔

Traulism : (n) لکنت؛ ہکلا پن ۔

Trauma/Traumata/Traumas : (n) [Gr.'Trauma'.] (۱) (طب) زخم؛ جراحت؛ چوٹ؛ نیز ایسی کیفیت؛ مجروحیت ۔ (۲) (نفس تجزیہ) ایسا اضطراب ناک تجربہ جس سے دماغ یا اعصاب اس طرح مجروح ہو جائیں کہ ہسٹریا یا نفسیاتی حالات پیدا ہو جائیں؛ دماغی صدمہ ۔

Traumatic : (a) [Late L. 'traumaticus'.] زخم، چوٹ یا صدمے کا یا اس سے متعلق یا اس سے پیدا ہونے والا ۔

Traumatism : (n) [Gr. 'trauma' + - ism.] (طب) جراحت کی وجہ سے نظام اعصاب کی مریضانہ حالت؛ مجروحیت ۔

Traumato - : [Gr.] مستعمل بطور سابقہ بمعنی "زخم، چوٹ، جراحت" ۔

Traumatology : (n) جراحت شناسی؛ مبحث زخم ۔

Travail : (n) [OFr. 'travailler'.] (۱) درد زہ ۔(۲) رنج؛ زحمت ۔

Travail : (v) (۱) درد زہ میں مبتلا ہونا ۔ (۲) عرق ریزی کرنا؛ سخت محنت کرنا؛ شدید مشقت یا زحمت اٹھانا ۔

Travailous : (a) [OFr. 'travaillos'.] (قدیم یا متروک) زحمت دینے والا؛ خستہ کنندہ؛ طاقت فرسا ۔

Trave : (n) [OFr. 'trave'.] (۱) شہتیر ۔ (۲) فریم یا احاطہ جس میں سرکش گھوڑے کو نعل لگائی جاتی ہے ۔

Travel : (n) [Orign. the same word as Travail.] (۱) سفر (خصوصاً غیر ممالک کا)؛ سیاحت ۔ (۲) (جمع) سیاحت؛ سفرنامہ ۔ (۳) (مشین کے پرزے کی) حرکت؛ حرکت کی حد، رفتار وغیرہ ۔

Travel : (v) [Origin the same word as Travail, v.]: (۱) سفر کرنا؛ سیاحت کرنا ۔ (۲) کسی تجارتی کارخانے کی طرف سے مال کے نمونے دکھا کر آرڈر حاصل کرنے کےلئے سفر کرنا؛ کارخانے کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا ۔(۳) (مشین یا اس کے پرزے کا) حرکت کرنا؛ آگے پیچھے ہٹنا (کسی ڈنڈے پر یا نالی میں) ۔(٤) جائزہ لینا؛ مشاہدہ لینا۔ (٥) (جانور خصوصاً ہرن کا) چرتے چرتے آگے بڑھنا ۔ (٦) (کسی خاص انداز یا رفتار سے) چلنا؛ قطع مسافت کرنا ۔ (۷) (ملک وغیرہ کے) اس سرے سے اُس سرے تک سفر کرنا؛ دیکھ ڈالنا ۔(۸) (جانوروں کے گلے وغیرہ) ہنکانا؛ لے جانا۔

Travel in tea etc. : چائے وغیرہ کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا۔

Travel out of record : (تقریر، بحث وغیرہ کے) موضوع سے ہٹ جانا۔

Travelled/(Chiefly U.S.) Traveled : (a) (۱) جہاں دیدہ ؛ مشاق سفر؛ آزمودہ کار سیاح ۔ (۲) (ارضیات) (گھسی چٹان وغیرہ کے متعلق) اپنی اصلی جگہ سے منتقل شدہ؛ غیر مستقل۔

Traveller : (n) (۱) مسافر؛ سیاح ۔ (۲) حرکت کرنے والی مشین؛ خصوصاً تار میں لٹکا ہوا دمکلا جو پٹری پر چلتا ہے ۔ (۳) پھیری والا؛ سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کر آرڈر حاصل کرتا ہے ۔ (٤) گھوڑے یا گاڑی وغیرہ جو فاصلہ طے کرتی ہے ۔ (٥) آلہء کار جو کسی چیز کے سہارے حرکت کرتا ہو یا تیزی سے چلتا ہو ۔ (٦) (جہاز رانی) آہنی حلقہ جو رسی یا چھڑی میں ہو ۔ (۷) (ماہی گیری) رسا چرخی جس سے چارا پانی میں نیچے کی طرف اترتا ہے ۔

Bonafide traveller : مستحق مسافر؛ وہ شخص جو تین میل پیدل چلنے کے بعد اتوار کو راہ میں سرائے سے شراب وغیرہ خریدنے کا مستحق ہوتا ہے۔

Traveller's joy : (n) جنگلی جھاڑی جو راستے کے کنارے آرائش کے لئے ہوتی ہے؛ ایک بیل کا نام ۔

Traveller's palm/-tree : (n) بعض درختوں کے نام جن سے لعاب یا پانی نکلتا ہے اور جسے مسافر پیاس بجھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Travelling/Traveling (U.S.) : (n) سفر کرنے کا عمل ۔

Travelling allowance : (n) سفر خرچ؛ سفری بھتہ ۔

Travelling-cap/-dress : (n) سفری ٹوپی؛ پوشاک جو سفر کے لئے موزوں ہو ۔

Travelling-carriage : (n) مضبوط گاڑی جو سفر کے لئے ریل کی ایجاد سے پہلے استعمال ہوتی تھی ۔

Travelling-fellowship/-scholarship : (n) وہ وظیفہ جو مطالعہ یا تحقیق کے لئے دیا جاتا ہے ۔

Travelling-microscope : (n) سیار خردبین ۔

Travelogue : (n) باتصویر لیکچر سیاحت کی مہم وغیرہ پر؛ تقریر متعلق سیاحت؛ سفر داستان ۔

Travels : (n) سفر نامہ ۔

Traversable : (a) (۱) قابل عبور؛ قابل گزر؛ پار کرنے کے لائق ۔ (۲) قابلِ تردید ۔

Traverse : (n) (۱) کوئی چیز جو کسی چیز میں سے عرضاً گزرتی ہو خصوصاً چھت کی کڑی وغیرہ؛ آڑی کڑی؛ عرضی تیر ۔ (۲) (قلعہ بندی) دمدمہ جو مسقف راستے کے لئے بنایا جائے ۔ (۳) خندق میں دہرا یا چوہرا زاویہ قائمہ (z ، = -) جو گولہ باری سے حفاظت کے لئے بنایا جائے ۔ (٤) گرجے کی عرضی غلام گردش ۔ (٥) (ہندسہ) قاطع: خط قاطع؛ خط متقاطع ۔ (٦) (مساحت) پیمائش کا اکہرا خط (جو کمپاس اور چرب کی مدد سے ڈالا جاتا ہے) ۔ (۷) جہاز کی پرخم یا لہردار رفتار (مخالف ہوا سے بچنے کے لئے) ۔ (۸) مشین کے پرزے کی عرضی حرکت ۔ (۹) (کھڑی یعنی دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں) عرضی حرکت چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک؛ وہ مقام جہاں عرضی حرکت کی ضرورت ہو ۔ (۱۰) (قانون) تردید خصوصاً واقعات کی؛ عذر ۔ (۱۱) (قدیم) مانع؛ رکاوٹ؛ وقت ۔ (۱۲) (انجینیئرنگ) آڑا رنداؤ ۔

Work, solve a traverse : اس کا حساب لگانا کہ پرخم رفتار سے بہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی گئی ۔

Traverse : (a) [OFr. 'travous'.] (شاذ) افقی؛ عرضی ۔

Traverse : (v) [Fr. 'traverser'.] (۱) (توپ کا) حسب ضرورت رخ بدلنا؛ پھیرنا یا پھیرا جانا ۔ (۲) ایک سرے سے دوسرے سرے تک عرضاً سفر کرنا یا واقع ہونا؛ گزرنا (عرضاً) ۔ (۳) دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک عرضاً حرکت کرنا ۔ (٤) (مجازاً) (موضوع کے) ہر پہلو پر نظر ڈالنا یا غور کرنا؛ جامع انداز سے بحث کرنا ۔ (٥) (توپ کا رخ) پھیرنا ۔ (٦) لکڑی پر اس کی اندرونی دھاریوں یا جوہر کے اعتبار سے عرضاً رندہ کرنا ۔ (۷) انکار کرنا؛ خصوصاً (قانون) عدالت کے سامنے تردید کرنا ۔ (۸) (تدبیر کی) کاٹ کرنا؛ پلٹ دینا؛ چلنے نہ دینا؛ (رائے کی) مخالفت کرنا ۔ (۹) (قطب نما کی سوئی وغیرہ کا) محور پر گھومنا؛ پھر جانا ۔ (۱۰) (گھوڑے کا) عرضاً چلنا ۔ (۱۱) (سڑک، ندی وغیرہ) کا

راستہ بنانا ۔ (۱۲) (شاہین بازی) پہلو بہ پہلو چلنا؛ پیچ وخم کے ساتھ اوپر جانا ۔ (۱۳) (کوہ پیمائی) پہاڑ یا چٹان کے پار افقی یا عرضی سمت میں راستہ بنانا ۔

To traverse an indictment : استغاثہ کی تردید کرنا یا ایسی حالت میں معاملے کی تیاری کرنا ۔

To traverse an office : فرض منصبی کی تفتیش کی صحت سے انکار کرنا یا اس پر اعتراض کرنا ۔

Traverse - board/Travis - : (n) (بحری) ایک گول بورڈ جس پر کمپاس سے نقطے بنے ہوتے ہیں اور اس میں سوراخ اور کیل ہوتے ہیں جن سے جہاز کے راستے کا پتا چلتا ہے ۔

Traverse - circle : (n) مدور یا قطعہ دار راستہ جس پربندوق گاڑی ہوتی ہے تاکہ بندوق کا رخ مطلوبہ سمت میں ہو ۔

Traverse -drill : (n) (سوراخ کرنے کا) برما جس میں سوراخ کرنے کا آلہ مخصوص گہرائی پر بغلی حرکت رکھتا ہے ۔

Traverse jury : (n) جیوری جو دوسری جیوری کے فیصلے پر رائے دینے کا حق رکھتی ہے ۔

Traverse-map : (n) نامکمل نقشہ ۔

Traverse-sailing : (n) جہاز وغیرہ کا لہراتے ہوئے چلنا : پرخم یا لہردار رفتار ۔

Traverse-table : (n) (۱) نقشہ ٔ حساب جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ جہاز نے پُرخم رفتار سے بہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی؛ نقشہ ٔ تحویل مسافت ۔ (۲) وہ تختہ جس کے ذریعے سے ریل کا انجن ایک پٹری سے دوسری پٹری پر لایا جاتا ہے؛ تختہ ٔ تحویل ۔

Traverser : (n) [Fr. 'traverser'.] (۱) شخص یا چیز جو پار کرے یا گزرے ۔ (۲) (قانون) وہ جو عذر کی تردید کرے ۔ (۳) (ریل) پہیوں پر گردش کرنے والا پلیٹ فارم جس سے ٹرک یا گاڑی پٹریوں سے دوسری متوازی پٹریوں پر بدلی جاسکے ۔

Traversing-bridge : (n) چلتا پُل ۔

Traversing-pulley : (n) چرخی جو رسی پر اِدھر اُدھر چلتی ہے ۔

Travertine/-in : (n) It. 'travertino'.] دیکھو Tiburtine-stone

Travesty : (a) [Origin Fr. 'travesti'.] اس طرح ملبوس کہ تمسخر پیدا ہو ۔

Travesty : (n) (۱) بہروپ؛ تمسخرانہ روپ؛ کسی سنجیدہ تصنیف کی تمسخرانہ نقل؛ اس نوعیت کی ادبی تصنیف ۔ (۲) (لفظاً) لباس یا شکل کا بدلنا؛ بھیس (شاذ) ۔

Travesty : (v) (۱) کسی موضوع کو بالارادہ یا بلا ارادہ مضحك طریقے سے ادا کرنا؛ مضحك بنا دینا ۔ (۲) (شخص، چیز یا خصوصاً کتاب کی، دوسروں کی) بگڑی ہوئی شکل ہونا؛ منہ چڑانا ۔ (۳) مضحك بنانا یا بنایا جانا ۔

Travis : (n) دیکھو Traverse

Trawl : (n) [Origin obsc.] (۱) تھیلے کی شکل کا بڑا جال جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچتے ہیں ۔ (۲) (نیز T. line) بڑی شست جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی شستیں لگی ہوتی ہیں ۔

Trawl : (v) (۱) ایسے جال سے مچھلی پکڑنا جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچتے ہیں ۔ (۲) اس طرح یا دام کشتی سے مچھلی مارنا (خصوصاً چپٹی مچھلیاں) ۔ (۳) ہیرنگ مچھلی کے جھنڈ کے گرد یا اس کے پیچھے جال کھینچنا (تاکہ مچھلیوں کو گھیر کر پکڑا جائے) ۔ (٤) بڑے جال سے مچھلی پکڑنا ۔

Trawl - anchor : (n) بڑی شست کا لنگر ۔

Trawl - beam : (n) بڑا جال جس کے منہ پر لٹھا لگا ہوتاہے ۔

Trawl - boat : (n) دام کشتی (جس میں بڑی شست ڈالی جاتی ہے یا بڑا جال کھینچا جاتا ہے) ۔

Trawl - head : (n) تھیلے کی شکل کا بڑا جال ۔

Trawl-net : (n) (۱) تھیلے کے مانند بڑا جال ۔ (۲) ہیرنگ اور دوسری مچھلیوں کو گھیرنے اور پکڑنے میں کام آنے والا جال ۔

Trawl - warp : (n) دام کشتی کی رسی ۔

Trawler : (n) (۱) بڑے جال کو کھینچنے والا ۔ (۲) بڑے جال سے مچھلی پکڑنے میں استعمال ہونے والی کشتی؛ دام کشتی ۔

Tray : (n) [OE. 'treg'.] (۱) کشتی؛ لکڑی یا دھات یا دوسری چیز کی چھوٹی سینی؛ طشت ۔ (۲) کشتی نما خانہ (ٹرنک یا صندوقچے میں) ۔

Developing tray : (تصویر) دھونے کی قاب ؛ طشت ۔

Pen -tray : کشتی نما قلم دان ۔

Tea - tray : چائے کی کشتی؛ چائے کا طشت ۔

Tray : (n) [Same word as Trey.] بارہ سنگھے کے سینگ کی تیسری شاخ ۔

Tray - cloth : (n) ٹرے یا طشت پر ڈالا ہوا کپڑا جس پر طشتری وغیرہ رکھتے ہیں ۔

Trayful : (a) کشتی بھر؛ طشت بھر ۔

Treacherous : (a) [OFr. 'trecher'.] (۱) (اشخاص وغیرہ کےلئے) غدار؛ دغاباز؛ دھوکاباز؛ بے وفا ۔ (۲) ناقابل اعتبار؛ پُرفریب؛ دھوکے کا ۔ (۳) (زمین ، برف کے لئے) غیر محفوظ؛ غیر مستقل ۔

Treacherously : (adv.) غداری سے؛ دغا سے؛ دھوکا دے کر ؛ بےوفائی سے ۔

Treacherousness : (n) غداری؛ دغا؛ دھوکا؛ بے وفائی ۔

Treachery : (n) [OFr. 'treacherie'.] غداری ؛ دغا؛ بے وفائی ؛ (کسی بادشاہ، حکمراں یا امیر کے خلاف) غداری، دغا کی مثال یا عمل ۔

Treacle : (n) [OFr. 'triacle'.] (۱) شیرہء قند ۔ (۲) تریاق ۔ (۳) (بیجا استعمال) راب ۔ (٤) درختوں کی رطوبت جس میں شکریں پائی جائے مثلاً صنوبر کا رس ۔

Treacle : (v) (۱) شیرہء قند ملانا؛ شیرہء قند ڈالنا ۔ (۲) درخت میں شیرہء قند لگا کر پتنگوں کو دام میں لانا ۔

Treacle Bible : (n) بائبل کے کسی انگریزی ترجمے یا ایڈیشن کے لئے مرتب کا نام ۔

Treacle-mustard : (n) ایک پودے (Thlaspi arvense) کا نام جس میں دافع امراض کی خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔

Treacle - posset : (n) سیب کی شراب یا دودھ اور شیرے سے تیار کیا ہوا مشروب ۔

Treacle - vinegar/-water : (n) ایک قسم کی خوشبودار شراب ۔

Treacly : (a) (۱) شیرہء قند کے مانند یا اس کے ہم شکل ۔ (۲) (مجازاً) شیریں؛ شہد آگیں ۔

Tread : (n) [OE. 'tredan'.] (۱) نقش پا ۔ (۲) چال؛ قدم؛ چلنےکی آواز ۔ (۳) جفتی میں چڑے کا عمل ۔ (٤) زینے کی سب سے اونچی سیڑھی ۔ (٥) پاؤں چکی کی سیڑھی ۔ (٦) ربر یا دھات کا ٹکڑا جو سیڑھی پر جڑ دیتے ہیں ۔ (۷) نٹوں کی اونچی بیساکھی کا ڈنڈا جس پر پاؤں رکھتے ہیں ۔ (۸) (ریل گاڑی کے) پہیے کا وہ حصہ جو زمین یا پٹری سے متصل ہو ۔ (۹) جوتے کے تلے کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے ۔ (۱۰) بائیسکل کے پیڈلوں کے بیچ کا فاصلہ؛ پائدان ۔ (۱۱) خال جو انڈے کی زردی پر ہوتا ہے ۔ (۱۲) (بیطاری) گھوڑے کی ٹانگ پر کا زخم ۔

Tread : (v) [OE. 'tredan'.] (۱) چلنا؛ قدم رکھنا؛ رکھا جانا (قدم کا) ۔ (۲) چلنا (زمین وغیرہ پر)؛ پیروں سے کچلنا (کسی چیز کو) ۔ (۳) کسی خاص طریقے سے چلنا یا قدم اٹھانا ۔ (٤) (مرغی کا) جفتی کھانا ؛ (پرندوں کا) جفتی کھانا ۔ (٥) (مجازاً) کچل دینا؛ ظلم وستم کرنا؛ بے رحمی سے پیش آنا ۔ (٦) پیروں سے (غلے کو) گاہنا؛ بیلوں سے گاہنا؛ پیروں سے کچل کر انگور سے عرق نکالنا ۔ (۷) (باغبانی) پیروں سے زمین کو ہموار کرنا ۔ (۸) پیروں سے مار کر آگ بجھانا ۔

To tread a measure : (ناچ میں) گت پر قدم اٹھانا ۔

To tread down : کچلنا؛ روند ڈالنا؛ برباد کرنا ۔

To tread grapes : انگوروں کو پیروں سے کچل کر رس نکالنا ۔

To tread in : پاؤں سے گاڑ دینا (کسی چیز کو زمین میں)۔

To tread in person's foot-steps : (کسی شخص کی) تقلید کرنا؛ نقشِ قدم پر چلنا ۔

To tread lightly : (مجازاً) پھونک پھونک کر قدم رکھنا؛ بہت احتیاط سے کام لینا ۔

To tread on air : مستی سے چلنا؛ خوشی سے پھولے نہ سمانا ۔

To tread one's shoe awry : عفت سے دور ہونا ۔

To tread on or as on eggs : ایسا موقع آن پڑنا جس میں نہایت احتیاط کی ضرورت ہو ۔

To tread on person's corns or toes : (مجازاً) ایسی بات کرنا جس پر (کسی شخص کو) غصہ آئے؛ (کسی شخص کو) خفا کردینا؛ دل آزاری کرنا ۔

To tread on the heels of : (۱) کسی کے پیچھے پیچھے پہنچنا ۔ (۲) (مجازاً) ایک واقعے کے بعد دوسرے کا ہونا ۔

To tread on the neck of person : (۱) کسی کی گردن کو پیروں تلے کچلنا۔ (۲) (مجازاً) مغلوب کردینا ۔

To tread out : (۱) پیر سے بجھا دینا (آگ) ۔ (۲) (مجازاً) فرو کر دینا (بغاوت) ۔ (۳) کچل کر نکالنا (شراب وغیرہ) ۔

To tread the deck : جہاز پر ہونا؛ جہاز راں ہونا ۔

To tread the ground : چلنا؛ گامزن ہونا ۔

To tread this earth/-shoe -leather : زندہ رہنا؛ رہنا ۔

To tread the stage/-boards : ایکٹ کرنا؛ اسٹیج پر آنا ۔

To tread under foot, to pieces etc. : (مجازاً) برباد کردینا؛ حقارت سے پیش آنا ۔

To tread water : (تیرنے میں) گہرے پانی میں سیدھا کھڑا رہنا ۔

Tread mill : (n) [Tread + Mill.] (۱) پاؤں چکی جس میں متحرک سیڑھیاں ہوتی ہیں اور وہ ان پر قدم رکھنے سے چلتی ہے؛ جیل خانوں میں قیدیوں سے چلوائی جاتی ہے ۔ (۲) (مجازاً) بندھا ٹکا کام جس سے طبیعت اکتا جائے؛ چکی ۔

Tread - wheel : (n) [f. Tread + wheel.] پاؤں چکی یا اسی قسم کا کوئی آلہ ۔

Treadle : (n) پائدان؛ پاؤں سے چلنے والا بیرم (خراد ، سلائی کی مشین؛ بائیسکل، آرگن باجے وغیرہ کا) ۔

Treadle : (v) پائدان پر پاؤں رکھ کر چلانا؛ پاؤں سے چلانا ۔

Treadle machine/-press : (n) پاؤں سے چلنے والی چھاپے کی مشین؛ ٹریڈل مشین ۔

Treason : (n) [AFr. 'tresun, treysoun'.] (۱) بغاوت بہ خلاف فرمانروا، حکومت؛ فرمانروا یا جماعت کی اطاعت سے انحراف (مثلاً فرمانروا کا) قتل یا قتل کی سازش، اس سے لڑائی چھیڑنا، اس کے دشمنوں سے سازباز رکھنا؛ ملکہ یا ولی عہد کو قتل کردینا؛ ملکہ یا سب سے بڑی ناکتخدا شہزادی یا ولی عہد کی بیوی کی آبروریزی کرنا، چانسلر، خازن یا جسٹس (یعنی جج) کا قتل؛ نابالغ بادشاہ کی شادی میں اعانت کرنا (بغیر ولی یا پارلیمنٹ کی تحریری منظوری کے) ۔ (۲) غداری ؛ بدعہدی ؛ نمک حرامی ؛ بےوفائی ۔

Constructive treason : فعل بمنزلہ بغاوت؛ جو بغاوت کی حیثیت سے نہ کیا گیا ہو مگر قانوناً بغاوت میں داخل ہو ۔

Misprision of treason : اخفائے بغاوت؛ اخفائے سازش باغیانہ۔

Treason-felony : (n) جرم بغاوت؛ بادشاہ کو تخت سے اتارنے یا اس سے جنگ کرنے کی کوشش بہ غرض تبدیلیء نظام؛ پارلیمنٹ کو دھمکانا یا کسی غیر ملک سے اپنے ملک پر حملہ کرانے کی تحریک کرانا ۔

Treasonable : (a) بغاوت کی نوعیت کا؛ باغیانہ؛ بغاوت کی خصوصیت کا حامل یا اس سے متعلق؛ دھوکےباز؛ دغاباز ۔

Treasonableness : (n) باغی یا باغیانہ ہونا ۔

Treasonably : (adv.) غداری سے؛ باغیانہ طور پر ۔

Treasonous : (a) باغیانہ؛ غدارانہ؛ بغاوت سے مملو ۔

Treasure : (n) [OFr. 'tresor'.] (۱) زرو جواہر؛ مال ودولت کا ذخیرہ؛ خزانہ؛ گنج ۔ (۲) بیش بہا خزانہ (جو کوئی چیز ندرت صفت یا کسی بڑے آدمی یا واقعے کی نسبت کی وجہ سے قابل قدر سمجھی جاتی ہو) ۔ (۳) (بول چال) پیارا؛ محبوب شخص؛ خصوصاً بچہ ۔ (٤) بڑا قابل یا کام کا آدمی مثلاً نوکر؛ لاکھ روپے کا آدمی ۔

Art treasures : آرٹ کے خزانے؛ آرٹ کے نادر بیش بہا نمونے۔

Buried treasure : دفینہ ۔

Hidden treasure : دفینہ ۔

My treasure : میرے پیارے؛ میری پیاری ۔

The girl is a perfect treasure : لڑکی (قدرت کی طرف سے عطا کیا ہوا) ایك مکمل خزانہ ہے ۔

Was absorbed in his latest treasure : اپنی نئی دولت (تصویر یا کتاب) میں محو تھا ۔

Treasure : (v) [f. prec.] (۱) قابل قدر سمجھ کر حفاظت سے رکھنا؛ خزانے کی طرح رکھنا ۔ (۲) قدر کرنا؛ عزیز رکھنا ۔ (۳) حافظے میں محفوظ رکھنا؛ یاد رکھنا ۔

Treasure-house : (n) خزانہ خصوصاً نادر چیزوں کا جیسے ادب کا ۔

Treasure-trove : (n) (۱) (برطانوی قانون) برآمد شدہ دفینہ جو زمین سے برآمد ہو اور جس کے مالك کا پتا نہ ہو ۔ (۲) گنج باد آورد ۔

Treasurer : (n) [ME. 'treso(u)rer'.] (۱) خازن؛ وہ شخص جس کی تحویل میں کسی انجمن، کلب، کمپنی وغیرہ کا سرمایہ ہو ۔ (۲) خزانچی؛ تحویل دار؛ حاکمِ خزانہ؛ افسرِ خزانہ ۔ (۳) (مجازاً) شخص یا کوئی ادارہ جس کی ذمہ داری میں کوئی قیمتی یا گراں قدر شے رکھی گئی ہو ۔

Treasureship : (n) خازن؛ خزانچی یا حاکم خزانہ کا عہدہ یا عہدِ کارکردگی ۔

Treasuress : (n) (اب شاذ) خاتون خازن یا خزانچی ۔

Treasury : (n)[OFr. 'tresorie'.] (۱) خزانہ ۔ (۲) محکمۂ خزانہ ۔ (۳) (تاریخ) خزانۂ ریاست؛ کمرا یا عمارت جہاں قیمتی اشیاء محفوظ رہتی ہیں ۔ (٤) مخزنِ معلومات (کتاب یا شخص)؛ گنجینۂ علوم ۔

Treasury-balance : (n) بچت؛ فاضلات (رقم) ۔

Treasury-bench : (n) صف وزرا؛ برطانیہ اور دوسرے ملکوں کے دارالعوام میں صدر کے داہنے ہاتھ کی پہلی بنچ جس پر وزیر اعظم اور دوسرے وزرا بیٹھتے ہیں ۔

Treasury-bill : (n) سرکاری ہنڈی جو خزانے کی طرف سے عارضی ضرورت (تین یا چھ ماہ کے لئے) پوری کرنے کے لئے جاری کی جاتی ہے ۔

Treasury -board : (n) [Lords (Commissioners) of theTreasury.] مجلس خزانہ ؛ حکام خزانہ جو برطانیہ کے خزانے کے نگراں ہیں جن میں First Lord of the Treasury یعنی وزیر اعظم، اعلیٰ افسر مالیات اور تین حکام خزانہ شامل ہیں ۔

Treasury bond : (n) محکمۂ خزانے کا بونڈ ۔

Treasury department : (n) ریاستہائے متحدہ امریکا کا شعبۂ مالیات جو محکمۂ خزانہ کے سکریٹری کے ماتحت ہوتا ہے ۔

Treasury minute : (n) محکمۂ خزانہ کے ما تحت کسی شعبے کا انتظامی اصول یا قانون ۔

Treasury-note : (n) خزانے کے نوٹ جو سرکاری مطالبے کی ادائی میں کام آتے ہیں ۔

Treasury officer : (n) افسرِ خزانہ ۔

Treasury-warrant : (n) محکمۂ خزانہ کا حکم ادائی ۔

Treat : (n) (۱) لطف کی چیز؛ نعمت؛ مسرت؛ لذت یا تسکین ۔ (۲) دعوت (کھانے یا تفریحی جلسے وغیرہ کی) ۔

Treat : (v) [OFr. 'tretier, traitier'.] (۱) پیش آنا؛ برتاؤ کرنا؛ سلوک کرنا ۔ (۲) (بات کو) کسی خاص رنگ میں لینا ۔ (۳) علاج کرنا؛ تدبیر کرنا ۔ (٤) کوئی عمل کرنا ؛ کوئی کیمیاوی جز ملانا یا داخل کرنا ۔ (٥) (کسی خیال یا مضمون کو) ادا کرنا (ادب یا آرٹ میں) ۔ (٦) ضیافت کرنا؛ کھانا کھلانا؛ تماشا دکھانا ۔ (۷) (کاؤنسل وغیرہ کے امیدوار کا) رائے دہندوں کی دعوت یا خاطر تواضع کر کے ان کی رائے پر اثر ڈالنا ۔ (۸) گفت و شنید کرنا (صلح وغیرہ کی) ۔

Treatable : (a) (۱) سلوک کے قابل ۔ (۲) نرم ؛ مطیع ؛ قابل معالجہ ۔ (۳) دلپذیر؛ صلح آمیز؛ مطبوع؛ دلپسند؛ معتدل؛ مناسب ۔ (٤) (لحن و صدا) فصیح ؛ منفرد ۔ (٥) عمل میں لائے جانے کے لائق ۔

Treatably : (adv.) (۱) سلوک کے ساتھ ۔ (۲) صلح کے ساتھ ۔ (۲) مناسب طور پر؛ دلپسند طریقے سے ۔

Treater : (n) [In sense, OFr. traiteor; in other senses, f. Treat V.] (۱) گفت وشنید کرنے والا ؛ میانچی ۔ (۲) برتاؤ کرنے والا ۔ (۳) ادا کرنے والا ۔ (٤) پذیرائی یا مہمانداری کرنے والا ؛ ضیافت کرنے والا ۔

Treatise : (n) [AFr. 'tretiz'.] مقالہ؛ رسالہ (جو کسی موضوع پر لکھا جائے)۔

Treatment : (n) (۱) برتاؤ ؛ سلوك ؛ طرز؛ عمل ۔ (۲) علاج ؛ تدبیر ۔ (۳) عمل : کسی کیمیاوی جز کا ملانا یا داخل کرنا ۔ (٤) ادب یا آرٹ میں کسی موضوع کو پیش کرنے کا طریقہ یا عمل؛ ادبی یا فنی عمل خصوصاً اسلوب کے لحاظ سے ۔

Treaty : (n) [OFr. 'trait(i)e'.] (۱) عہدنامہ (جو قوموں کے مابین باضابطہ کیا جائے) ؛ صلح نامہ ۔ (۲) قرارداد؛ معاہدہ (اشخاص کے ما بین)۔

Be in treaty : خرید و فروخت کی بات ہونا؛ گفت و شنید ہونا۔

Treaty coast/-shore : (n) وہ ساحل جس پر کسی دوسری قوم کا معاہدے کی رو سے حق ہو ۔

Treaty-port : (n) وہ بندرگاہ جو غیر ملکیوں کی تجارت کے لئے حسب معاہدہ کھلی رکھنی پڑتی ہے ۔

Treble : (n) [OFr.] (۱) سہ چند ۔ (۲) سہ گونا رکاوٹ: تین متواتر احاطوں کی رکاوٹ ۔ (۳) بچے کی آواز؛ دیکھو Soprano ۔ (٤) (کاغذ سازی) تازہ چھپے ہوئے کاغذ کو خشك کرنے کا فریم ۔ (٥) ایك قسم کا رقص؛ نیز اس کا وزن یا موسیقی ۔ (٦) تاش، برج (کھیل) کی ایك اصطلاح جس میں ایك طرف پانچ کی بازی ہوتی ہے اور دوسری طرف صفر ۔ (۷) تیز آواز یا لَے ۔ (۸) کسی آلہء موسیقی کا تار جس سے تیز آواز پیدا ہوتی ہو ۔

Treble : (a) [OFr.] (۱) سہ گونا؛ تگنا ۔ (۲) سہ گونا خصوصیت یا استعمال کا؛ تین حالتوں یا طریقوں میں واقع یا موجود ہونے والا ؛ تین قسموں کا ۔ (۳) (موسیقی) کسی متوازن ترتیب موسیقی کے بلند ترین مقام کا، اس کے متعلق یا اس سے موافق ۔ (٤) بلند آہنگ؛ باریك اور تیز آواز ۔

Treble : (adv.) (۱) سہ چند؛ تین درجوں یا قطاروں میں ۔ (۲) تیز آواز میں۔

Treble : (v) [f. prec.] (۱) تین سے ضرب دینا؛ تگنا کرنا ؛ سہ چند کرنا ۔ (۲) تگنا ہو جانا؛ سہ چند ہو جانا۔

Treble bell : (n) گھنٹی ۔

Treble clef : (n) ایك علامت جس سے امتداد نوا معلوم ہو ۔

Treble voice : (n) (۱) دیکھو Soprano ۔ (۲) بچے کی سی آواز ۔

Trebly : (adv.) تہرا تہرا؛ سہ گانہ ۔

Trebuchet : (n) [a. OFr. 'trebuchet', also 'trebuket'.] آلہء سنگ جس سے پتھر پھینکے جاتے تھے؛ سنگ انداز؛ منجنیق ۔ (۲) ایك طرح کا کانٹا ہلکی چیزوں کو تولنے کے لئے ۔ (۳) کھٹکے دار پنجرا (چھوٹی چیزوں کو پکڑنے کے لئے)۔

Trecentist : (n) [It. pl. -isti.] چودھویں صدی کا اطالوی مصنف یا فن کار ۔

Trecento : (n) [It.] اطالوی آرٹ اور ادب کی چودھویں صدی ۔

Treddle : (n) [OE. 'tyrdel'. dim of 'tord'.] بھیڑی یا بکری کی مینگنی کی گولی ۔

Treddle : دیکھو Treadle

Tredrille/Tredille : (n) [f. 'Quadrille'.] تاش کا ایك کھیل جس میں تین افراد شریك ہوتے ہیں اور عموماً یہ تیس پتوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Tree : (n) [OE. 'treow'.] (۱) پیڑ؛ درخت؛ شجر ۔ (۲) لکڑی کا ڈھانچا یا چوکھٹا مختلف کاموں کے لئے ۔ (۳) (قدیم) پھانسی؛ سولی؛ صلیب (خصوصاً جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوئے)۔ (٤) دیکھو Christmas tree ۔ (٥) (ریاضیات) شجرہ؛ نقشہ منشعب؛ نقشہ جس میں شاخ در شاخ ہوں ۔ (٦) شجرہء نسب (family or geneological tree) ۔ (۷) نیزہ؛ برچھی ۔ (۸) کوئی چیز جو درخت سے مشابہ ہو ۔ (۹) کوئی قدرتی یا مصنوعی شکل جو شاخ دار ہیئت کی حامل ہو ۔

At the top of the tree : چوٹی پر؛ انتہائی عروج پر (اپنے پیشے یا فن میں)۔

To bark up the wrong tree : اپنے مقصود (پیشے یا فن) میں غلطی کرنا ۔

Tree of the knowledge of good and evil : شجرممنوعہ؛ شجر علم (نیك و بد) (انجیل مقدّس سوم پیدائش)۔

Tree of liberty : شجر حریت؛ جسے آزادی کے نشان کے طور پر منظر عام پر نصب کرتے ہیں۔

Tree of life : شجر حیات (پیدائش باب ۲ آیت ۹)۔

Up a tree : (مجازاً) زچ؛ ضیق میں۔

Tree : (v) [f. prec.] (۱) درخت ہونا۔ (۲) (جانور یا انسان کو) گھیر کر درخت پر چڑھانا؛ درخت پر پناہ لینے پر مجبور کرنا۔ (۳) جوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا۔ (٤) (مجازاً) مشکل پیدا کرنا؛ دشواری میں ڈالنا۔ (۵) درخت پر چڑھنا؛ درخت پر پناہ لینا (شکاری یا حملہ آور کے ڈر سے)۔

Tree - agate: (n) عقیق شجری؛ سنگ شجری۔

Tree-bear : (n) دیکھو Racoon

Tree-bug : (n) ایک قسم کا کیڑا جو درختوں اور جھاڑیوں کے رس پر زندہ رہتا ہے۔

Tree-calf : (n) چمڑے کی جلدجس پر درختوں کے نقوش ہوں؛ شجر چرمی جلد۔

Tree cat : (n) ایک قسم کا جانور۔

Tree-clover : (n) ایک قسم کا پودا جس میں گلابی پھول ہوتے ہیں؛ دیکھو Melilotus alba

Tree-coffin : (n) ماقبل تاریخی کفن جو درخت کے کھوکھلے تنے سے تیار کیا جاتا تھا۔

Tree-cotton : (n) ایک قسم کا پودا جو خاص طور پر زینت و آرائش کے لئے لگایا جاتا ہے۔

Tree-crab : (n) زمینی کیکڑے کی ایک نوع۔

Tree-creeper : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرند۔

Tree-cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر۔

Tree-crow : (n) مشرقی کوے کی ایک نوع۔

Tree-dove : (n) ہندوستان، آسٹریلیا اور دوسرے ممالک کی شجری فاختاؤں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک۔

Tree-duck : (n) لمبی گردنوں والی شجری بطوں میں سے کوئی ایک قسم جو گرم ملکوں میں پائی جاتی ہیں۔

Tree-fern : (n) اونچی قسم کا فرن۔

Tree-frog : (n) ایک قسم کا جل بھومیا (پانی اور خشکی میں رہنے والا) جانور جو مینڈک سے مشابہ ہوتا ہے اور درخت پر چڑھ سکتا ہے۔

Tree-goose : (n) شمالی ہنس۔

Tree-hopper : (n) ایک قسم کا کیڑا جو عموماً شاخوں اور ٹہنیوں کا رس چوس کر زندہ رہتا ہے۔

Tree-line : (n) پہاڑوں یا بلند عرض البلد پر شجری نشوو نما کی حد۔

Tree-lizard : (n) ایک قسم کی چھپکلی۔

Tree-lobster : (n) شجری کیکڑا۔

Tree-louse : (n) شجری جوں۔

Tree-marble/-marbling : (n) (جلد سازی) شجرنما نقش ونگار بنانا۔

Tree-moss : (n) کائی نما پودا جو درختوں پر اگتا ہے؛ خصوصاً بعض کائی نما نبات کے لئے مستعمل۔

Tree-mouse : (n) شجری چوہے کی کوئی نوع۔

Tree-nymph : (n) پری جو درخت پر رہنے والی سمجھی جاتی ہے۔

Tree-oyster : (n) ایک قسم کا صدفہ جو چمرنگ کی جڑوں میں رہتا ہے۔

Tree-pie : (n) ایک قسم کا پرندہ جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے۔

Tree-pigeon : (n) ایشیا، افریقہ اور آسٹریلیا میں پائے جانے والے شجری کبوتروں کی قسموں میں سے کوئی ایک۔

Tree-planting : (a) شجر کاری۔

Tree-porcupine : (n) امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پایا جانے والا خار پشت جو درختوں پر رہتا ہے اور جس کی دم میں طاقتِ گرفت ہوتی ہے۔

Tree-rat : (n) ایک شجری چوہا۔

Tree-sparrow : (n) گوریا کی ایک قسم جو یورپ اور ایشیا میں پائی جاتی ھے ۔

Tree-tiger : (n) پلنگ؛ تیندوا ۔

Tree-toad : (n) ایک قسم کا مینڈک جس میں شجری عادات ھوتی ھوں اور جو امریکا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ھے؛ شجری غوک ۔

Tree-top/Tree top : (n) درخت کی پھننگ؛ درخت کی چوٹی؛ درخت کی بلندی ۔

Tree-warbler : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Tree-wool : (n) اونی قسم کا مادہ جو درخت سے خارج ھوتا ھے ۔

Treeless : (a) درختوں سے خالی ۔

Treelessness : (n) درختوں سے خالی ھونے کی حالت ۔

Treen : (a) [OE. 'treowen'.] (قدیم) شجری؛ درخت کا ۔

Treenail/Trenail : (n) [Tree, + Nail.] سخت لکڑی کی بنی ھوئی مخروطی کھونٹی جو جہاز سازی میں استعمال ھوتی ھے ۔

Trefa/Trifa : (n) [Heb.] (دین یہود) گوشت جو مناسب طور پر ذبح کئے ھوئے (جانور) کانہ ھو وہ یہودیوں کےلئے ممنوع ھے ۔

Trefle : (n) [Fr. 'trefle'.] (۱) (فوج) لوھے کی تین خانوں والی نلکی؛ بحری سرنگ ۔ (۲) (فوج) دیکھو Trefoil ۔

Trefle/Treflee : (a) [Fr. 'Trefle', Trefoil.] (نقابت) سہ گوشہ نقش و نگار سے آراستہ ۔

Trefoil : (n) [L. 'trifolium'.] (۱) تپتیا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں ۔ (۲) کئی اور پودوں کےنام جن کی پتیاں سہ گوشہ ھوتی ہیں ۔ (۳) تپتیا کام؛ سہ گو شہ نقش و نگار (کٹاؤ وغیرہ کے کام میں) ۔

Treefoil : (a) (۱) تپتیا؛ سہ برگہ؛ گشنیزی ۔ (۲) سہ گوشہ وضع سے آراستہ ۔

Treefoiled : (a) سہ گوشہ وضع کابنا ھوا؛ سہ برگہ ۔

Tregetour : (n) [OFr. 'tre(s) - geteo(u)r'.] جادوگر، ساحر؛ شعبدہ باز؛ فریب کار؛ دھوکے باز ۔

Trehala/Tricala : (n) [Turk. 'tiqalah'.] تیقال؛ شیر درخت کی قسم کی چیزجو ترکی اورایران میں ایک کیڑے کے فضلے سےکوے کی شکل میں بنتی ھے ۔

Trehalose : (n) (کیمیا) سفید بلوری شکر ۔

Treillage : (n) [f. 'treille' + - age.] (۱) جالی کا کام؛ در بست جس پر انگور کی بیل یا آرائشی پودے چڑھائے جاتے ہیں ۔ (۲) کمرے کی جالی ۔

Trek : (n) [Cape Du.] (۱) بیل گاڑی کا سفر ۔ (۲) نقل مکان؛ نقل وطن؛ ایسے سفر کی ہر منزل ۔

Trek : (v) [Du. 'trekken'.] (۱) (جنوبی افریقہ) بیل گاڑی میں سفر کرنا ۔ (۲) (بیل کا) گاڑی کھینچنا؛ بوجھ گھسیٹنا ۔ (۳) نقل وطن کرنا؛ نقل مکان کرنا ۔ (٤) (عامیانہ) بوریا باندھنا؛ اٹھانا؛ چل دینا ۔

Trekker : (n) بیل گاڑی میں سفر کرنے والا؛ نقل وطن کرنے والا ۔

Trekschuit/Treck- : (n) [Du.] مسافر اور سامان ڈھونے والی ایک کشتی جو ندی یا نہر میں چلتی ھے ۔

Trellis : (n) [OFr. 'treliz'.] (۱) جعفری؛ (لکڑی، لوھے یا تار کی) جالی ۔ (۲) جعفری یا جالی کا چھوٹا سا بنگلہ (جو باغ میں بنا ھو) ۔ (۳) دار بست جس سے بیلوں یا پھل داردرختوں کو سہارا ملتا ھے ۔

Trellis : (v) (۱) انگور (کی لت کو) جعفری یا ٹٹی پر چڑھانا ۔ (۲) داربست تیار کرنا؛ ٹٹی بنانا ۔

Trellis-work : (n) جالی کا کام؛ نیز کوئی ایسی شے جو اس سے مشابہ ھو ۔

Trellised : (a) شبکہ دار؛ دار بست سے آراستہ؛ مشبک؛ ٹٹی لگی ھوئی؛ جعفری سے آراستہ ۔

Trematode : (n) [mod. L. 'Trematoda'.] (حیوانیات) ایک قسم کا جرثومہ جو مختلف حیوانات کے بدن میں پایا جاتا ھے؛ وشیعات ۔

Trematode : (a) Trematode کی نوع سے متعلق (جرثومہ جو مختلف جانوروں کے بدن میں پایا جاتا ھے اور جن کی شکل مخروطی یا چپٹی ھوتی ھے) ۔

Trematoid : (n) وشیعات سے مشابہ جرثومہ ۔

Tremble : (n) (۱) لرزش؛ لرزہ؛ تھر تھراہٹ؛ کپکپی؛ ارتعاش ۔ (۲) لرزنے کی بیماری خصوصاً مویشی کی ۔

Tremella : (n) [mod. L.] (نباتیات) سماروغ کی ایک قسم جو زیادہ تر سڑی لکڑیوں پر ہوتی ہے اور اس کی بعض قسم زمین پر بھی ہوتی ہے ۔

Tremellose/Tremelloid : (a) (نباتیات) لرزاں ۔

Tremendous : (a) [f. L. 'tremendus'.] (۱) خوفناک ؛ ہولناک ؛ مہیب؛ نہایت شدید ۔ (۲) (بول چال) بڑا؛ بہت ۔

Tremendously : (adv.) (۱) خوفناک طور پر؛ خوفناک حد تک ۔ (۲) (بول چال) بہت؛ نہایت ۔

Tremendousness : (n) (۱) مہیب ہونا؛ خوفناک ۔ (۲) (بول چال) بہت بڑا ہونا ۔

Tremogram : (n) [Gr. 'Tremo, + - gram.] وہ آلہ جو عضلات کے غیر ارادی حرکات کو ریکارڈ کرے ۔

Tremograph : (n) آلے کے ذریعہ عضلات کی حرکات کا ریکارڈ ۔

Tremolando/Tremulando : (a) (موسیقی) لرزاں؛ لرزتا ہوا ۔

Tremolando/Tremulando : (adv.) (موسیقی) لرزتی ہوئی آواز میں ۔

Tremolant : (n) (۱) لرزانک ؛ صوت لرزاں ؛ لرزش دار ۔ (۲) لرزش؛ لرزشِ صدا؛ لرزشِ تحریر ۔

Tremolite : (n) [f. Tremola, in Switzerland where found+-ite.] ٹرمولائٹ ؛ Amphibole کی سفید یا بھوری (بعض اوقات شفاف) قسم جو ریشہ دار تودہ یا بلوری شکل میں پائی جاتی ہے ۔

Tremolo : (n) [It . L. 'tremulus'.] (۱) (موسیقی) لرزہ؛ لرزشِ آواز؛ بعض آلہء موسیقی یا گانے کے وقت انسانی آواز میں پیدا ہونے والی لرزش خصوصاً جب جذبے کی شدت کا اظہار ہو ۔ (۲) آلہء موسیقی کا کوئی ایسا پرزہ جس سے ایسا تاثر پیدا کیا جائے ۔

Tremor : (n) [OFr. 'tremor.'] (۱) لرزش؛ جنبش؛ رعشہ؛ لرزہ؛ احساساتی ہیجان؛ کسی جسمانی کمزوری، خوف یا دوسرے شدید جذبے سے پیدا ہونے والی جسمانی یا عضوی حرکت یا ارتعاش؛ (مجازاً) جذبے یا اشتعال سے پیدا ہونے والا عصبی اہتزاز ؛ نیز گھبراہٹ کی کیفیت ۔ (۲) لرزش؛ ارتعاش؛ لرزہ جو کسی خارجی تحریک سے پیدا ہو ۔ (۳) آواز میں لرزش یا ارتعاش؛ لرزاں آواز یا لے ۔

All of a tremble/On the tremble : (بول چال) لرزش خصوصاً کسی اشتعال یا اضطراب کی وجہ سے ۔

Tremble : (v) [Fr. 'Trembler f. tremere.'] (۱) کانپنا؛ لرزنا؛ رعشہ ہونا ۔ (۲) (مجازاً) خوف یا دہشت طاری ہونا؛ خوف سے لرزنا ۔ (۳) پتوں وغیرہ کا ہوا سے تھرتھرانا ۔ (٤) تھرانا؛ لرزانا؛ رعشہ پیدا کرنا ۔

Hear and tremble : سنو اور ڈرو ۔

His fate trembles in the balance : اس کے لئے بڑا نازک وقت ہے ۔

His life trembles in the balance : اس کی جان خطرے میں ہے ۔

I tremble for his safety : مجھے اس کی سلامتی کی طرف سے سخت اندیشہ ہے ۔

Trembling poplar : بید مجنوں ۔

Was all of a tremble : (بول چال) سر سے پاؤں تک کانپ رہا تھا ۔

Tremblement : (n) (شعر) لرزہ؛ تھرتھری؛ ارتعاش؛ کپکپی ۔

Trembler : (n) (۱) کانپنے والا وغیرہ خصوصاً خوف زدہ شخص ۔ (۲) (برقیات) مرتعش نَے جو خود بخود برقی حلقے کو توڑتی جوڑتی رہتی ہے ۔

Trembler bell : (n) برقی گھنٹی ۔

Trembling : (a) لرزاں؛ لرزہ کی خاصیت کا حامل؛ لرزہ؛ رعشہ؛ کپکپی ۔

Trembling bog : (n) دلدل جو ہر چاپ سے لرزاں ہو ۔

Trembling-grass : (n) گاہ لرزاں ۔

Trembling palsy : (n) فالج جس میں سر یا کنارے رعشہ میں ہوں ۔

Trembling-poplar : (n) بید مجنوں؛ سفیدا ۔

Tremblingly : (adv.) کانپتے ہوئے؛ ڈرتے ہوئے ۔

Trembly : (a) لرزاں ۔

Intention tremor : رعشه قصدی؛ جو کسی عضومیں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب اس سے کام لینے کا قصد کیا جائے۔

Metallic tremor : رعشہ جو دھات کے کام کرنےوالوں کو ہو جاتا ہے۔

Tremorless : (a) بے لرزہ؛ بے رعشہ۔

Tremulant : (a) [L. 'tremulantem'.] لرزاں؛ لرزتا ہوا۔

Tremulant : (n) (موسیقی) کسی آلہٴ موسیقی کا پرزہ جس سے آواز میں لرزش پیدا ہو۔

Tremulous : (a) [L. 'tremulus'.] (١) (اشخاص، ان کے اعضاء وغیرہ)لرزش یا ارتعاش زدہ یا اس میں مبتلا؛ بزدل؛ ڈرپوک، بچکچانےوالا؛ نیز ایسی تحریر جو کانپتے ہوئے ہاتھ کی ہو۔ (٢) (اشیاء سے متعلق) تھرتھراہٹ یا ارتعاش کی خصوصیت کا حامل؛ کسی تحریک کے زیر اثر لرزاں ہونے کے لئے تیار۔

Tremulously : (adv.) (١) کانپتے ہوئے۔ (٢) ڈرتے ہوئے؛ بچکچاتے ہوئے۔

Tremulousness : (n) (١) لرزاں ہونا۔ (٢) کچ دلاپن؛ بزدل پن؛ بچکچاہٹ۔

Trenail : دیکھو Treenail

Trench : (n) [OFr. 'trenche'.] (١) کھائی؛ گہری نالی۔ (٢) (فوج) خند ق۔ (٣) خندق کے مانند کوئی شے؛ چہرے پر کوئی نشان یا گہری جھری۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) شگاف؛ دڑاڑ؛ جوف؛ گڑھا۔

To mount, relieve the trenches : خندق میں پہرا دینا؛ ان لوگوں کو چھٹی دینا جو وہاں کام پر تھے۔

To open the trenches : خندق کی کھدائی شروع کرنا۔

To open trenches : محاصرے والے مقام تك پہنچنے کےلئے کھدائی کرنا۔

Trench : (v) [OFr. 'trenchier'.] (١) خندق کھودنا؛ گہری نالی کھودنا؛ شہر یا فوج کے گرد خندق کھودنا۔ (٢) چھوٹے چھوٹے گڑھے پاس کھود کر مٹی کو الٹ پلٹ کرنا؛ (کھیت وغیرہ کی) کھدائی کرنا۔ (٣) (لکڑی میں) نالیاں بنانا؛ خیارے بنانا یا کاٹنا۔ (٤) خندق کھودتے ہوئے آگے بڑھنا۔ (٥) مداخلت کرنا (حقوق میں)؛ خلل انداز ہونا (خلوت، اوقات وغیرہ میں)۔ (٦) (الحاد، بیہودگی وغیرہ کی) حد تك پہنچنا۔

To trench on/-upon : کسی دوسرے کے علاقے میں مداخلت کرنا۔

Trench-cavalier : (n) (فوج) محاصرہ کرنے والوں کے لئے بنایا جانے والا دھس یا مورچہ۔

Trench-coat : (n) سپاہیوں کی برساتی؛ باران کوٹ۔

Trench-feet : (n) خندقی پا؛ پاؤں کی کھال کا پانی میں کھڑے رہنے کی وجہ سے گل جانا۔

Trench-fever : (n) خندقی بخار۔

Trench-kiln : (n) خندقی بھٹا۔

Trench-motar : (n) خندق توپ؛ ہلکی توپ جو تھوڑے فاصلے پرشدت سےگولہ باری کرتی ہے؛ خندقی توپ۔

Trench-plough/-plow : (v) جوتنا اس طرح کی نچلی زمین سطح پر آجائے۔

Trench-plough : (n) ایك قسم کا ہل۔

Trenchancy : (n) زور؛ سختی؛ حدت؛ تیزی؛ تلخی۔

Trenchant : (a) [OFr.] (١) تیز؛ براں (قدیم و شاعرانہ)۔ (٢) پر زور؛ گرم؛ سخت (اسلوب بیان، تنقید، پالیسی وغیرہ)۔

Trenchantly : (adv.) پرزور طریقے سے؛ گرم طریقے سے؛ سختی سے۔

Trenchantness : (n) پرزور طریقے سے ہونا؛ سختی۔

Trencher : (n) [AFr. 'trenchour'.] (١) کٹھوتی؛ لکڑی کی بڑی رکابی جس میں نان پاؤ رکھ کر کاٹتے ہیں۔ (٢) (قدیم) دستر خوان کے طشت، سامان خورد و نوش۔ (٣) لکڑی کا چپٹا ٹکڑا (چوکور یا مدور) جس پر گوشت رکھ کر میز پر لگاتے ہیں یا کاٹتے ہیں۔

Great, small, poor & C.trenchermen : خوش خوراك؛ پُرخور؛ کم خوراك۔

To lick the trencher : کاسہ لیسی کرنا : خوشامد کرنا ۔

Trencher : (n) Trench کا اسم فاعل ؛ خندق کھودنے والا ؛ زمین کاٹنے یا کھودنے والا ۔

Trencher cap : (n) چوکور ٹوپی جو کالجوں میں پہنتے ہیں ۔

Trencher companions : (n) طفیلی رفیق یا دوست ۔

Trencher - fed : (a) (شکاری کتے) جو ایک ساتھ نہیں رکھے جاتےبلکہ مختلف شکاری انہیں الگ الگ پالتے ہیں ۔

Trencher-man : (n) کھانے والا؛ خورد و نوش کرنے والا ؛ طفیلی؛ مفت خور، چاپلوس؛ متملق ۔

Trencher-valiant : (n) دسترخوان کا بہادر ۔

Trenchmore : (n) [Origin obsc.] برطانیہ کا ایک قدیم دیہاتی دلچسپ رقص۔

Trenchmore : (v) برطانیہ کا قدیم دیہاتی رقص پیش کرنا ۔

Trend : (n) (۱) (بحری) لنگر کی انتہا جہاں سے یہ موٹا ہونا شروع ہوتا ہے؛ لنگر کی سمت اور جہاز کے پیندے کے درمیان کا زاویہ ۔ (۲) روش ؛ جہت ؛ طرف ؛ تمایل ؛ انحراف؛ میلان ؛ رخ ۔

Trend : (v) [OE. 'trendan'.] (۱) کوئی خاص رخ ہونا؛ کسی خاص سمت میں مڑنا - (۲) (مجازاً) مائل ہونا؛ میلان ہونا؛ رجحان ہونا؛ اپنی راہ اختیار کرنا ۔ (۳) اون اور اس قسم کی چیزوں کو لپیٹنا ۔

Trendle : (n) [OE. 'trendel'.] (۱) پہیا (قدیم) ۔ (۲) اون کا بنڈل ۔

Trental : (n) [L. 'trentale'.] (کیتھولک) روزانہ تیس دعاؤں کا سلسلہ (جو مردے کی مغفرت کے لئے پڑھی جائیں)۔

Trente et quarante : (n) [Fr.] تاش کا ایک کھیل جس میں میز پر سرخ اور سیاہ نشان بنے ہوتے ہیں جن پر داؤں کی رقم رکھی جاتی ہے ۔

Trentine : (a) [f. Trent, a city of the Tyrol + - ine.] شہر ٹرنٹ سےمتعلق (جو اٹلی میں واقع ہے)؛ اس کیتھولک جلسے کے متعلق (جو اس شہر میں منعقد ہوا تھا) ۔

Trenton : (a) [f. Trenton, New Jersey.] ٹرنٹن کا یا اس سے متعلق (جو نیو جرسی کا دارالسلطنت ہے)؛ اس شہر میں رائج طرز سے متعلق ۔

Trenton : (n) [f. Trenton Falls, New York] (ارضیات) چٹانوں کے سلسلوں کا ایک حصہ ۔

Trepan : (n) [Fr. 'trepan'] (۱) تریاق؛ استوانی شکل کاجراحی منشار (چھوٹا آرہ) جس سے کھوپڑی کی ہڈی کاٹ کر سوراخ کرتے ہیں ۔ (۲) برما مشین (جس سے کان میں کھڑی سرنگ کھودی جاتی ہے)۔

Trepan/Trapan : (n) [Origin trapan. prob. formed from Trap. n] (۱) (قدیم) حیلہ گر؛ فریب کار؛ دھوکا باز ۔ (۲) دام ؛ حیلہ؛ مکر؛ فریب ۔

Trepan : (n) [fr.Trepaner] ترپان سے کھوپڑی میں سوراخ کرنا؛ کاٹ ڈالنا (جیسے کھوپڑی کی ہڈی) ۔

Trepang : (n) [Malay 'tripang'.] Teatfish دیکھو

Trepanner : (n) [f. Trepan] دھوکے باز؛ مکار؛ ٹھگ ۔

Trephination : (n) ترفین سے عمل جراحی ۔

Trephine : (n) [Origin 'trafine'.] (۱) ترفین؛ ترپان کی ترقی یافتہ شکل ۔ (۲) کھوپڑی میں سوراخ کرنا کا آلہ٫ جراحی ۔

Trephine : (v) ترفین سے کھوپڑی یا دیدے پر عمل جراحی کرنا ۔

Trepid : (a) [L. 'trepidus'.] (شاذ) لرزاں؛ ترساں؛ ترسناک؛ مرتعش ۔

Trepidate : (v) (شاذ) رعشہ بر اندام ہونا؛ مرتعش ہونا؛ کپکپانا ۔

Trepidation : (n) [L. 'trepidare'.] (۱) خوف ؛ گھبراہٹ ؛ بے چینی ۔ (۲) رعشہ جو فالج وغیرہ کی وجہ سے ہو جاتا ہے ۔ (۳) (تاریخ ہیئت) سیر شمس کا اہتزاز جو پہلے اعتدال شب و روز کا سبب سمجھا جاتا تھا ۔

Trepididity : (n) گھبراہٹ؛ بے چینی؛ خوف ۔

Tresaiel/Tresayle : (n) [f. tri-tri - + aieul.] پردادا؛ جد اعلیٰ ؛ پدر پشت چہارم (باپ کا دادا) ۔

Trespass : (n) [OFr. 'trespasser'.] (۱) خلاف ورزی؛ قصور؛ خطا؛ عہد شکنی؛ خلاف ۔ (۲) (قانون) خلاف ورزی قانون؛ خلاف قانون فعل یا ترک فعل ۔ (۳) (قانون) مداخلت بیجا یا مجرمانہ ۔ (٤) نیز (action of t.) مداخلت بیجا کی بنا پر ہو جانے کا دعویٰ ۔

Trespass : (v) [OFr. 'trespasser'.] (۱) تجاوز کرنا؛ خلاف ورزی کرنا؛ عہد شکنی کرنا؛ جسارت کرنا ؛ مداخلت بیجا کرنا؛ مخل ہونا ۔ (۲) (مجازاً) (تکلف کی گفتگو میں) زحمت دینا؛ بار ڈالنا؛ بیجا فائدہ اٹھانا ۔ (۳) (اب صرف ادبی زبان کے لئے مخصوص) خلاف ورزی کرنا (قانون یا اصول کی)؛ پامال کرنا (حقوق کا)؛ قصور کرنا (کسی شخص کا) ۔

To trespass one's time : کسی کے وقت یا توجہ میں بے جا مداخلت کرنا ۔

Trespass-offering : (n) قربانی جو شریعت موسوی سے انحراف کرنے والا کفارے کے طورپر کرے؛ قربانیٔ کفارہ ۔

Trespass on one's preserves : کسی کے مخصوص میدان یا دائرهٔ عمل میں مداخلت کرنا ۔

Trespasser : (n) (۱) مداخلت بیجا کرنے والا ۔ (۲) خطا کار؛ قصور وار؛ عہد شکن ؛ متجاوز ۔

Tress : (n) [Fr. 'tresse'.] (۱) طرّہ؛ گیسو؛ چین وشکن گیسو؛ سر کے بالوں کی لٹ؛ زلف؛ کاکل ۔ (۲) (جمع) سر کے بال (خصوصاً عورتوں یا لڑکیوں کے) ۔ (۳) (مجازاً) نازک پتیوں یا درخت کے سوت یا ڈاڑھی یا سورج کی کرنوں کے لئے مستعمل ۔

Tress : (v) [f. prec.] زلفیں بنانا ۔

- tress : ایک لاحقہ جو فاعل جنس مؤنث کی دلیل ہو جیسے Actress وغیرہ ۔

Tressed : (a) [Tress + ed.] بالوں کا؛ زلفوں کا ۔

Tressful : (a) زلفوں سے آراستہ ۔

Tressure : (n) [OFr. 'tressure'.] (۱) (متروک) سر بند؛ کلاہ زنانہ ۔ (۲) (نقابت) نجابت کا ایک مارکہ ۔ (۳) (سکہ سازی) چاندی یا سونے کے قدیم سکوں کا حاشیہ ۔

Tressy : (a) زلفوں کے مشابہ یا ان سے آراستہ ۔

Trestle : (n) [OFr. 'trestel.'] (۱) قینچی دار پایوں کی بیٹھک جس پر تختہ رکھ کر میز وغیرہ بنا لیتے ہیں؛ قینچی دار گھوڑی ۔ (۲) (نیز T - work) (پل وغیرہ کے) قینچی دار پایوں کا سلسلہ ۔ (۳) (بحری، نیز T. tree) نچلے مستول میں دہری افقی لکڑیاں جن کے سہارے سب سے اونچا مستول کھڑا رہتا ہے ۔ (٤) (مجازاً) (خصوصاً جمع میں) پایوں کے لئے مستعمل ۔ (٥) (نقابت) چھوٹا اسٹول یابنچ جو نشان کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

Trestle-bed : (n) پایوں پر گھومنے والا پلنگ جو اسپتالوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Trestle-board : (n) نقشہ بنانے کی میز ۔

Trestle-bridge : (n) پایوں کے سلسلے پر کا پُل ۔

Trestle-table : (n) بورڈ سے بنی میز یا ستون پر کا ٹیبل ۔

Trestle-tree : (n) (بحری) دُہری افقی لکڑیوں کے سہارے سب سے اونچا کھڑا مستول ۔

Trestlework : (n) کئی پایوں کے سلسلوں پر مشتمل چوکھٹا جو پُل کے لئے سہارے کا کام دیتا ہے ۔

Tret : (n) [Origin obsc.] گھاٹا؛ زائد مقدار جو بعض اشیاء کے خریداروں کو دیتے ہیں تاکہ جتنا حصہ نقل و حمل میں ضائع ہو اس کی کمی پوری ہو جائے ۔

Trews : (n) [Ir. 'trius.' Gae. 'triubhas'.] اسکاتستان کےپہاڑیوں کی دھاری دار چست پتلون ۔

Trey : (n) [L. 'tres'] (۱) (تاش) تگی ۔ (۲) تیّا؛ پانسہ جس پر تین صفر بنے ہوں ۔

Tri - : سابقہ لاطینی اور یونانی سے ماخوذ بمعنی "تہرا"؛ "تگنا" ؛ سہ بند وغیرہ ۔

Tri-coloured/-colored : (a) سہ رنگا؛ ترنگا ۔

Tri - pack : (n) [f. Tri-+Pack.] رنگوں کی مصوری میں تین اثر پذیر فلمیں ۔

Tri-personal : (a) (دینیات) تین اشخاص پر مشتمل ؛ ثالوث سے متعلق ؛ الوہیت کی تین شخصیتوں سے متعلق؛ خدائی کے بارے میں ۔

Tri-personalist : (n) الوہیت کی تین شخصیتوں کا معتقد ۔

Tri-personality : (n) ثالوث ۔

Triable : (a) [Try + able.] (۱) قابل آزمائش؛ تجربے کے لائق؛ قابل امتحان ۔ (۲) (قانون) جس پر عدالت میں کاروائی ہو سکے ۔

Triacontad : (n) [Gr. 'Triakontad'.] عدد تیس کا یا تیس (۳۰) کا ایک مجموعہ ۔

Triacontahedral : (a) تیس ضلعوں یا سطحوں کا : سی سطحی؛ سی ضلعی ۔

Triaconter : (n) ایک قدیم یونانی جہاز جس میں ۳۰ چپو ہوا کرتے تھے ۔

Triad : (n) [Fr. 'triade'.] (۱) تین کا جوڑ یا مجموعہ؛ تکڑی؛ تثلیث ۔ (۲) (کیمیا) وہ عنصر جس کا ایک جوہر ہائڈروجن کے تین جوہروں سے مرکب ہو سکے ۔ (۳) (موسیقی) تین سُروں کا ۔ (٤) ویلش زبان میں نظم و نثر کی وہ صنف جس میں ہر موضوع تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؛ سہ فقرہ ۔ (۵) (علم ہندسہ) تین نقطوں کا سلسلہ ۔

Triadelphous : (a) جن کے حامل زر کے تین الگ الگ حصے ہوں : (نباتیات) سہ بندہ؛ سہ پیوندہ ۔

Triadic: (a) (۱) تثلیثی ۔ (۲) سہ فقری ۔

Triadical : (a) تثلیثی: سہ فقری؛ تین فقروں پر مشتمل ۔

Triadically : (adv.) تثلیث کے لحاظ سے ۔

Triage : (n)[Fr. Trier+Age.] خوبی کے لحاظ سے علاحدہ کرنے کا عمل : بُن کا پھوک جو قہوہ بنانے کے بعد باقی رہ جاتا ہے ۔

Triakis-: (n) یونانی سابقہ بمعنی "سہ برابر" "تگنا" "تین بار" ۔

Triakisoctahedrron : جیسے ، یعنی کثیر الاضلاع (چوبیس سطحی شکل) ۔

Trial : (n) [a. AFr. 'trial, triel.'] (۱) آزمائش؛ جانچ؛ تجربہ؛ امتحان ۔ (۲) آزمائشی تجربہ ۔ (۳) T-match کا مخفف) آزمائشی مقابلہ (فٹ بال وغیرہ کا) ۔ (٤) دوڑ وغیرہ کا ابتدائی مقابلہ (فائنل سے پہلے) ۔ (۵) تکلیف دہ چیز یا شخص ۔ (٦) مصیبت؛ تکلیف ۔ (۷) عدالتی تحقیقات؛ مقدمہ؛ سماعت ۔ (۸) کوشش؛ سعی؛ کچھ کرنے کی کوشش ۔ (۹) (سفال سازی) نمونہ ۔

Method of trial and error : (ریاضیات) آزمائشی طریقہ جس میں نا معلوم رقم کی کوئی قیمت فرض کر کے دیکھتے ہیں کہ جواب میں کس حد تک غلطی ہے اور پھر اس سے صحیح قیمت معلوم کرتے ہیں : طریقہء آزمائش و خطا؛ انسان تجربہ کر کے دیکھ لیتا ہے کہ یہ غلط ہےتو اسے چھوڑ دیتا ہے پھر اپنے تجربوں سے صحیح راہ دریافت کرلیتا ہے ۔

On trial : امتحاناً؛ اس شرط پر کہ اگر اچھا ہو تو رکھا جائے ورنہ واپس ۔

Stood of underwent trial for murder : اس پر قتل کا مقدمہ چلایا گیا ۔

Was on his trial : اس پر مقدمہ چل رہا تھا ۔

Trial : (a) [L. tia-+-Al.] آزمائشی؛ تجربی ۔

Trial balance : (n) دو رقمی حساب میں آزمائشی بقایا؛ میزان جمع خرچ کا مقابلہ جس سے کھاتے کی غلطی معلوم کی جاتی ہے ۔

Trial eight : (n) آزمائشی فریق؛ کشتی چلانے والوں کے آٹھ آٹھ آدمیوں کے دو فریق جن میں کشتی رانی کے مقابلے کے لئے ٹیم منتخب کی جاتی ہے ۔

Trial list : (n) اسباب یا قیدیوں کی فہرست جن کے مقدمہ کی سماعت ہونے والی ہے ۔

Trial-marriage : (n) آزمائشی شادی؛ مرد عورت کا بے نکاح کے میاں بیوی کی طرح رہنا ۔

Trial piece : (n) نمونہ خصوصاً سکّے کا؛ ڈیزائن کا نمونہ ۔

Trial proof : (n) پلیٹ کا پروف کندہ کار کے دوران تاکہ اس کی حالت کا اندازہ لگایا جائے ۔

Trial run : (n) موٹر کار کا آزمائشی چکر ۔

Trial square : (n) بڑھئی کا گنیا : ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنےوالا آلہ ۔

Trial -trip : (n) (۱) آزمائشی سفر؛ جہاز کی رفتار معلوم کرنے کی خاطر ۔ (۲) آزمائشی تجربہ ۔

Triality : (n) تثلیث؛ سہ گانگی؛ تین گونہ ہونے کی حالت یا صفت۔

Trialouge : (n)[mod. L. 'trialogus'.] سہ شخصی مکالمہ؛ مکالمہ تین افراد میں۔

Triandria : (n)[mod. L.] (نباتیات) سہ نری پودے۔

Triandrian/Triandrious/Triandrous : (a) سہ نری؛ جس میں تین حامل زر ہوں۔

Triangle : (n) [Fr. or L. 'triangulum'.] (۱) مثلث۔ (۲) مثلث کی شکل؛ فرضی مثلث تین لفظوں کے درمیان جو ایک سیدھ میں نہ ہوں سمجھ لیا جائے۔ (۳) مثلث شکل کا اوزار مثلاً گنیا۔ (٤) تکڑا؛ تین لٹھوں کو ملا کر بنائی ہوئی چیز جس سے زور لگا کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔ (٥) (موسیقی) (صیقل شدہ فولاد کا) تکونا کڑا، ایک کونے پر کھلا ہوا جو فولاد کے ڈنڈے سے بجایا جاتا ھے؛ نیز اس کا بجانے والا۔ (٦) (تاریخ) ٹکٹکی، جس سے باندھ کر سپاہیوں کو کوڑے لگائے جاتے تھے۔ (۷) (T) (ہیئت) صور شمالیہ میں سے ایک صورت۔ (۸) (مجازاً) تین کا مجموعہ۔ (۹) (علم النجوم) ستاروں کا جھمگا۔

Circular triangle : تین متقاطع دائروی قوسوں سے بننے والا مثلث۔

Colour triangle : مثلث الوان۔

Equilateral triangle : مثلث مساوی الاضلاع۔

Isosceles triangle : مثلث مساوی الساقین۔

Right-angled triangle : قائم الزاویہ مثلث۔

Scalene triangle : مثلث مختلف الاضلاع۔

Solution of a triangle : مثلث کا حل؛ دیئے ہوئے ضلعوں اور زاویوں سے بقیہ ضلعوں اور زاویوں کا معلوم کرنا۔

Spherical triangle : مثلث کروی (جو سطح کروی پر تین بڑے دائروں کے تقاطع سے پیدا ہو)۔

The eternal triangle : ناگزیر تثلیث؛ عاشق و معشوق اور رقیب کی۔

The triangles of the neck : گردن کے دو مثلث حصے جو جراحی کے نقطۂ نظر سے کئے گئے ہیں۔

Triangle of forces : (۱) قوتوں کا مثلث؛ جس کے اضلاع مقدار اور سمت کے لحاظ سے تین متوازن قوتوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ (۲) یہ مسئلہ کہ تین متوازن قوتیں ہمیشہ ایک مثلث سے ظاہر کی جاسکتی ہیں۔

Triangular : (a) [L. 'triangularis'.] (۱) مثلث شکل کا؛ تکونا؛ تین ضلعی۔ (۲) مثلث کا یا اس سے متعلق۔ (۳) (مجازاً) تین اشخاص یا جماعتوں کے متعلق یا ان تین اشخاص کے درمیان واقع ہونے والا۔ (٤) (نباتیات) سہ شاخہ۔ (٥) (تعمیرات) مثلث القاعدہ۔

Triangular compasses : (n) سہ پایہ پرکار؛ سہ پایہ کمپاس۔

Triangular number : (n) اعداد مسلسل ۱ - ۲ - ۳ - ٤ وغیرہ کی میزانوں کا سلسلہ ۱ - ۳ - ٦ - ۹ وغیرہ۔

Triangularity : (n) مثلثیت۔

Triangularly : (adv.) مثلث کی شکل میں۔

Triangulate : (a) [med. L. 'triangulatus'.] (۱) (تاریخ) مثلث نما؛ جس میں تین زاویے ہوں۔ (۲) مثلثوں پر مشتمل۔ (۳) مثلثی نشانات کا حامل۔ (٤) (حیوانیات) مثلثوں میں تقسیم کیا ہوا؛ مثلثیت۔

Triangulate : (v) [L. 'triangulum'.] (۱) مثلث بنا دینا؛ مثلث کی شکل کا بنا دینا۔ (۲) رقبے کو مثلثوں میں تقسیم کرنا (پیمائش کی سہولت کی غرض سے)۔ (۳) (رقبے کے مثلث بناکر) فاصلہ یا بلندی معلوم کرنا۔

Triangulately : (adv.) مثلثوں میں؛ مثلث حصوں میں۔

Triangulation : (n) [med. L. 'triangulationem'.] (۱) مثلثی تقسیم؛ مثلثی پیمائش؛ کسی رقبے یا خطے کی پیمائش کے لئے مثلثوں کے ذریعے مدد لینے کا عمل؛ مثلث بندی۔ (۲) مستقیمی شکل کو مثلثوں میں تقسیم کرنے کا عمل۔

Trianguloid : (a) (ہندسہ) مثلث نما۔

Triangulum : (n) (انجینیئرنگ) مثلثہ۔

Triapsidal : (a) سہ طاقہ؛ جس میں تین محراب دار طاق ہوں۔

Triarch : (n) (۱) کسی ملک یا خطے کے تین حصوں میں سے کسی ایک کا حکمراں ۔ (۲) (نباتیات) سہ خشبہ ریشی ۔

Triarchy : (n) [Tri - + Gr. 'archia'.] (۱) (سیاسیات) سہ عملی؛ کسی ملک کا تہائی حصہ یا اس کی حکومت ۔ (۲) تین اضلاع کا مجموعہ جس کا ہر حصہ الگ الگ کسی ایک حکمراں کے ماتحت ہو ۔ (۳) حکومت یا اختیار حکمراں ۔ (٤) تین حکمرانوں کی حکومت بالاشتراک ۔

Triarticulate : (a) سہ مفصلہ؛ سہ مفصل ۔

Trias : (n) [Late L. Gr. 'trias'.] (۱) تین کاعدد؛ تین کامجموعہ ۔ (۲)(ارضیات زیر جوراسی چٹانوں کا طبقہ؛ وہ طبقہ جو Incassic چٹانوں کے نیچے اور Pernian چٹانوں کے اوپر واقع ہو؛ تین گروہوں میں تقسیم ہونے کی وجہ سے اس طرح موسوم ۔

Triassic : (a) [Origin unkn.] (۱) (ارضیات) تریاثی؛ سہ گانہ ۔ (۲) زیر جو راسی ۔

Triaster : (a) سہ نجمہ ۔

Triatic : (a) (بحری) اس رسے کے متعلق جو دو مستولی کشتیوں میں اگلے اور پچھلے مستول کی چوٹیوں کو جوڑتا ھے ۔

Triatic stay : (n) (بحری) وہ رسا جو دو مستولی کشتیوں میں اگلے اورپچھلےمستول کی چوٹیوں کو جوڑتا ھے ۔

Triatomic : (a) (۱) (کیمیا) سہ جوہر؛ سہ جوہریہ ؛ سالمہ جس میں تین جوہر ھوں ۔ (۲) (کیمیا) سہ گرفتہ ۔

Tribade : (n) [Fr. or L. 'tribas'.] وہ عورت جو خلاف وضع فطری فعل دوسری عورت کے ساتھ کرے ۔

Tribadism : (n) خلاف وضع فطری فعل جو ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ کرتی ھے؛ طبق زنی؛ چپٹی؛ مساحقہ؛ سحاق ۔

Tribal : (a) [L. 'tribus'.] کسی قبیلے یا قبیلوں کا یا اس سے متعلق؛ قبائلی ۔

Tribal area : (n) قبائلی علاقہ؛ قبائلی تقسیم ۔

Tribalism : (n) قبائلی تعلقات یا قبائلی تنظیم؛ معاشرے کی تقسیم قبیلوں میں ؛ قبائلی تقسیم ۔

Tribally : (adv.) قبائلی لحاظ سے ۔

Tribasic : (a) (۱) سہ با سہ؛ سہ اساسیہ؛ (ایسڈ) ایسی خصوصیت کا حامل جس سے ہائیڈروجن کے تین جوہر ہوتا شیم یا سوڈیم کے تین جوہر میں بدل کر نمک بنائیں ۔ (۲) (نمک) اساسی اکسائیڈ کے تین سالمے رکھنے والا ۔

Tribble : Treble کی متروک شکل ۔

Tribe : (n) [OFr. 'tribu'.] (۱) جرگہ ؛ قبیلہ ؛ غیر متمدن انسانوں کاگروہ جو ایک سردار کےماتحت ہو ۔ (۲) (تاریخ روما) ان جماعتوں میں سے ایک جماعت جن میں اہل روما سیاسی اعتبار سے منقسم تھے، معشر ۔ (۳) جماعت؛ گروہ؛ فرقہ؛ شعبہ ۔(٤) پودوں اورجانوروں کی ایک قسم جو جنس سے چھوٹی اور صنف یا خاندان سے بڑی ھو : گروہ ۔ (٥) (عموماً حقارت کے موقع پر) کسی خاص پیشے وغیرہ کے لوگ؛ ٹولی؛ قوم (the whole tribe of parasites) ۔ (٦) اشخاص یا حیوانات کی ایک جماعت ۔ (۷) (جمع میں) گروہ؛ بڑی تعداد ۔ (۸) (سماجیات) جماعت؛ ٹولی۔

The lost tribes : جلا وطن اسباط؛ اسباط عشرہ ؛ جو جلا وطن کردیئے گئے تھے ۔

The scribling tribe : اہل قلم کی ٹولی ۔

The ten tribes : (بنی اسرائیل کے) شعب عشرہ؛ (یہود اور بن یامین کے شعبوں کو چھوڑ کر) اسباط عشرہ ۔

The twelve tribes of the Israelites : بنی اسرائیل کے بارہ شعب یا اسباط ۔

Tribe : (v) (شاذ) قبیلوں میں تقسیم کرنا ۔

Tribeship : (n) قبیلہ یا گروہ ھونے کی حالت یا کیفیت ۔

Tribesman : (n) (۱) قبائلی؛ کسی قبیلے کا مرد ۔ (۲) اپنے قبیلے کا آدمی؛ ہم قبیلہ ۔

Triblet/Tribolet : (n) [F. triboulet, of unkn. origin.] سُنبہ؛ میلہ ۔

Tribo-electricity : (n) (برقیات) فرکی برق؛ رگڑی برق ۔

Triboluminescence : (n) (طبیعیات) فرکی نورانیت ۔

Tribometer : (n) [Gr. 'tribos' + metre.] رگڑ پیما؛ فرک پیما؛ برف گاڑی کی شکل کاآلہ جس سے رگڑ ناپتے ہیں ۔

Tribonyx : (n) مرغ آبی (آسٹریلیا) ۔

Tribrach : (n) [Tri + 'Brachus'.] (عروض) ایک رکن؛ جس میں تین مختصر بول ہوں؛ ثلاثی قصیر ۔

Tribrachial : (a) تین ہتھوں کا (اوزار خصوصاً چقماق پتھر کا) ۔

Tribrachic : (a) ثلاثی قصیر کا؛ مختصر بول کا ۔

Tribracteate : (a) (نباتیات) سہ برگوی؛ تپھول پتیا ۔

Tribrom-/Tribromo - : (کیمیا) ایک کیمیاوی عمل جس میں ہائیڈروجن کے بدلے برومن کے تین جوہر آجاتے ہیں ۔

Tribual : (a) [L. 'tribus'.] قباٹلی؛ قبیلے کا یا اس سے متعلق ۔

Tribulate : (v) [L. 'tribulat-'] دکھ پہنچانا؛ اذیت دینا؛ زحمت دینا؛ مصیبت میں ڈالنا ۔

Tribulation : (n) [OFr. 'tribulacion'.] مصیبت : دکھ؛ اذیت ۔

Tribunal : (n) [L. 'tribunal'.] (۱) کرسی عدالت؛ مسند عدالت؛ مجسٹریٹ یا جج کی نشست ۔ (۲) (خطابت) عدالت ۔ (۳) (جنگ عظیم اول) مقامی کمیٹی جو فوجی خدمت سے استثنا کی درخواست پر غور کرتی تھی ۔

Tribunal : (a) مسند عدالت کا یا اس سے متعلق ۔

Tribunate : (n) [L. 'tribunatus'.] (۱) وکیل جمہور کا دفتر ؛ وکیل جمہور کے ذریعے انتظام حکومت ۔ (۲)(فرانسیسی تاریخ) انقلابی تقویم (۱۸۰۱ء) کے آٹھویں سال کے دستور کے تحت تشکیل شدہ مجلس قانون ساز کا نمائندہ ۔

Tribune : (n) [L. 'tribunus'.] (۱) (تاریخ روما) وکیل جمہور (ان دو یا دس اشخاص میں سے ایک جو جمہور کی طرف سے منتخب کئے جاتے تھے اور حکومت کے مقابلے میں ان کے حقوق کی حفاظت کرتے تھے) ۔ (۲) (تاریخ روما) فوجی افسر ؛ مالی افسر وغیرہ ؛ حاکم ۔ (۳) (عموماً) (اخبار کے نام کے طور پر) حامیء جمہور ۔ (۴) (مجازاً) مشہور لیڈر ۔

Tribune : (n) [It and med. L. 'tribuna'.] (۱) فلورنس کی ایک عمارت کا دیوان خانہ جہاں تصویریں آویزاں تھیں ۔ (۲) کسی گرجا گھر کا نیم قوسی طاق ۔ (۳) منبر؛ اونچی جگہ؛ چبوترہ ؛ اسقف کا تخت یا وہ محراب جس میں یہ تخت رکھاھو ۔ (۴) گرجا کی غلام گردش (گیلری) یا کوئی بلند مقام ۔

Tribuneship : (n) وکیل جمہور کا عہدہ؛ عہدے کی کارکردگی؛ اس عہدے کی مدت ۔

Tribunitial/-icial : (a) [L. 'tribunicius'.] رومی وکیل جمہور کے متعلق ۔

Tribunitian/-ician : (a) (۱) رومی وکیل جمہور کا ؛ اس سے متعلق یا اس کے عہدے سے متعلق ۔ (۲) (مجازاً) رومی وکیل جمہور کی طرح حق استرداد رکھنے والا؛ فتنہ انگیز خطیب کی طرح ۔

Tributary : (a) [L. 'tributarius'.] (۱) باج گزار ۔ (۲) امدادی (فوج وغیرہ) ۔ (۳) معاون (دریا) ۔

Tributary : (n) (۱) باج گزار ۔ (۲) باج گزار ریاست یا شخص؛ معاون دریا ۔ (۳) معاون دریا جو بڑے دریا یا جھیل میں گرتا ہو ۔

Tribute : (n) [L. 'tributum'.] (۱) باج ؛ خراج ؛ خراج جو ایک ریاست یا حکمراں دوسرے کو ادا کرے ۔ (۲) باج گزاری کی حالت ۔ (۳) (مجازاً) خراج عقیدت؛ نذر عقیدت؛ خراج تحسین؛ نذر؛ ہدیہ (Tributes of admirers) ۔ (۴) (کان کنی) کچی دھات جو مزدوروں کو اجرت کے طور پر دی جائے؛ معاوضہ بالجنس (کان کنوں کا) ۔

Floral tributes : گل ہائے عقیدت؛ پھولوں کی نذر جو ایکٹریسوں وغیرہ کو یا قبر پر پیش کی جائے ۔

To work on tribute/- on the tribute system : معاوضہ بالجنس لے کر یا دے کر کام کرنے کا منصوبہ ۔

Under tribute : باج ادا کرنے کا احساس فرض ۔

Tribute money : (n) خراج کے طور پر ادا کی ہوئی رقم ۔

Tribute work : (n) وہ کام جومعاوضہ بالجنس پر کرایاجائے ۔

Tric-trac/Trick-track : (n) [Fr. so called from the clicking sound made by the pieces in playing the game.] تختہء نرد کا چوسر کی طرح کا ایک پیچیدہ کھیل ۔

Tricapsular : (a) (نباتیات وحیوانیات) سہ قبہ؛ جس کے ہر پھول میں تین ڈوڈیاں ہوں۔

Tricar : (n) تین پہیوں کی موٹر کار۔

Trice : (n)[Found first in phrase, at a trice.] لمحہ؛ وقفہ؛ لحظہ؛ پل؛ دم۔

In a trice : دم بھر میں؛ چشم زدن میں۔

Trice : (v) [MDu. 'trisen', Du. 'trijsen'.] (۱) (بحری) چڑھانا (بادبان) (عموماً up کے ساتھ)۔ (۲) کھینچنا؛ گھسیٹنا۔ (۳) باندھنا۔

-trice/-trix : یہ کلمات بطور لاحقہ استعمال ہوتے ہیں اور اسم مؤنث کی علامت پہلے trice استعمال ہوتا تھا مگر اب زیادہ trix استعمال ہوتا ہے۔

Tricenary : (a) [L. 'tricenarius'.] (۱) تیس روز پر مشتمل؛ تیس عدد پر حاوی (اب شاذ یا متروک)۔

Tricennial : (a) سی سالہ؛ ہر تیس سال میں ایک بار۔

Tricentenary : (a) [Tri-+ centengy.] تین سو سال کے متعلق؛ تین سو سالہ۔

Tricentenary : (n) تین سوسال کا دور؛ تین سو سال کا جشن۔

Triceps : (n) [L.] (حیوانیات) عضلہء سر: عضلہء بازو؛ سہ راسی۔

Triceps : (a) عضلہء بازو کا؛ عضلہء سہ سر سے متعلق۔

Trichi : (n) (عامیانہ یا بول) Trichinopoli کا مخفف۔

Trichia : (n) پڑبال؛ شعر منقلب۔

Trichiasis : (n) [Late L. or Gr. 'trichiasis'.] (۱) (طب) شَعر بولی؛ بالدار پیشاب؛ ایک مرض جس میں پیشاب میں بال جیسے ریشے خارج ہوتے ہیں۔ (۲) (طب) شعرۃالعین؛ پڑبال؛ آنکھوں کا مرض جس میں پپوٹے کے اندر بال نکل آتے ہیں۔ (۳) ورم پستان؛ (زچہ کے) پستان کا ورم جس کی وجہ سے دودھ کم نکلتا ہے۔ (٤) ایک بیماری جس میں بال الجھ کر رہ جاتے ہیں۔

Trichina : (n) [mod. L. Gr. 'trichinos'.] ترخنیا؛ بال کے مانند کیڑا جو سور، چوہے وغیرہ کے جسم میں ہوتا ہے اور سور کا کم گلا ہوا گوشت کھانے سے انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے اور اکثر مہلک مرض پیدا کرتا ہے۔

Trichinal : (a) ترخنیا کا یا اس سے متعلق۔

Trichiniasis : (n) (طب) مرض ترخنیا؛ ایک قسم کا مرض جو ترخنیا نام کے جرثومے سے پیدا ہوتا ہے؛ جس میں نظام ہاضمہ بگڑ جاتا ہے اور تھوڑا بخار، درد، ورم اور عضلات کمزور ہو جاتے ہیں۔

Trichinization : (n) ترخنیا کا مرض ہو جانا یا پیدا کرنا۔

Trichinize : (v) ترخنیا کا مرض ہونا یا پیدا کرنا۔

Trichinous : (a) (۱) جس میں ترخنیا کیڑے ہوں۔ (۲) ترخینا کا مریض: ترخنیا زدہ۔ (۳) ترخینا کی نوعیت کا۔

Trichinopoli/Trichinopoly : (n) ترچناپلی، جنوبی ہندوستان کا ایک شہر؛ ترچنا پلی کا بنا ہوا جوت یا سگار۔

Trichinosis : (n) [mod. L.] دیکھو Trichiniasis

Trichite : (n) [Gr. Trich + - ite.] (۱) (کان کنی) چٹانوں میں ہونےوالےبال جیسے سیاہ اجسام: شعربلورہ۔ (۲) (حیوانیات) سوزن اسفنج؛ مُویائیہ۔

Trichitic : (a) چٹانوں میں بال جیسے سیاہ اجسام والا۔

Trichiurid : (n) [mod. L. 'Trichiuridae'.] مُودمہ مچھلی، (Trichurus) کے خاندان کی ایک مچھلی جس کا جسم فیتےجیسا ہوتا ہے۔

Trichiuriform-/Trichiuroid : (a) اس خاندان کی مچھلیوں جیسی شکل رکھنے والا۔

Trichlor-/Trichloro-: ایک کیمیاوی ترکیب جس میں ہائیڈروجن کےبدلے کلورین کے تین جوہر آجاتے ہیں جیسے $C_6 H_3 Cl_3$ trichilorobenzene میں۔

Tricho - : (ترکیبی صورت) حرف علت کے پہلے trich یونانی لفظ thrix, trikhos سےماخوذ جس کے معنی بال کے ہیں۔

Trichobranchia : (n) (حیوانیات) گلپھڑوں کے لئے نام جو سوت جیسے ہوتے ہیں۔

Trichobranchial/Trichobranchiate : (a) سوت جیسے گلپھڑوں سے متعلق یا ویسے گلپھڑوں والا۔

Trichocyst : (n) (حیوانیات) موانبان Coilentrates کے سوتی خلیے جیسے اجسام جن میں سے ہر ایک میں لپٹا ہوا دھاگا سا ہوتا ہے۔

Trichocystic : (a) سوتی خلیے جیسے اجسام سے متعلق۔

Trichogen : (n) بال بڑھانے کی دوا۔

Trichogenous : (a) بال بڑھانے والی (دوا)؛ موافزا (دوا)۔

Trichogyne : (n) (نباتیات) شعری بقچہ؛ بعض الگا اور سماروغ میں مادہء تولیدی عضو کا سوت نما اخذ پذیر حصہ۔

Trichogynial/Trichogynic : (a) شعری بقچہ سے متعلق۔

Trichology : (n) بالوں کا علم؛ بالوں کی ترکیب؛ عمل اور امراض کا علم ؛ شعریات؛ مبحث شعر؛ تشریح کا وہ حصہ جس میں بالوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

Trichoma : (n) (۱) بال کی ایک بیماری۔(۲) Nostochineae جنس کے پودوں کے مضغہ کا ریشہ۔

Trichomanes : (n) (نباتیات) فرن کی ایک قسم۔

Trichome : (n) [mod. L. Gr. trichoma] (۱) بال کی ایک بیماری ۔ (۲) (نباتیات) روئیں یا اور کوئی چیز جو پودوں کی چھال پر اگتی ہے؛ روئیدگی۔

Trichopathic : (a) بالوں کے علاج کے متعلق۔

Trichopathy : (n) بالوں کے امراض کا علاج۔

Trichophore : (n) (نباتیات) وہ جس سے شعری بقچہ وابستہ ہو ؛ (حیوانیات) کیسہء ابریہ ؛ ابریہ بردار ؛ مو بردار۔

Trichophoric : (a) کیسہء ابریہ کے متعلق۔

Trichophyte : (n) مختصر سماروغ کی ایک قسم۔

Trichopter : (n) (حشریات) شعری پران؛ منی مکھیاں ؛ Tricoptera خاندان کے حشرات سے تعلق رکھنے والا حشرہ جس کے پر بال جیسے ہوتے ہیں۔

Trichopteran : (a) شعری پران سے متعلق۔

Trichopterous: (a) بال جیسے پر رکھنے والا۔

Trichord : (n) (۱) (موسیقی) ستار؛ سہ تارہ؛ تین تار کا باجا خصوصاً ستار وغیرہ۔ (۲) تثلیث۔

Trichord : (a) (۱) ستار سے متعلق۔ (۲) ہر سر کے تین پردوں والا۔

Trichosis : (n) بالوں کی بیماری؛ مرض شعری۔

Trichotomize : (v) [f. as next. + - ize.] تین حصوں میں تقسیم کرنا؛ تین حصوں میں ترتیب یا درجہ بندی کرنا۔

Trichotomous : (a) [Gr. 'trica'+ -'tomos' + -ous.] (۱) (نباتیات) تین شاخوں میں بٹا؛ سہ شاخہ ۔ (۲) تین حصوں درجوں اور طبقات میں تقسیم کرنے والا؛ تقسیم ثلاثی کا۔

Trichotomy : (n) تقسیم ثلاثی: کسی چیز کی تقسیم تین حصوں میں خصوصاً وجود انسانی کی جسم، نفس اور روح میں۔

Trichroic : (a) [Gr. 'trichroos'.] سہ رنگا؛ سہ الوانہ؛ (خصوصاً بلور سے متعلق) تین مختلف رنگوں کو ظاہر کرنے والا جب تین سمتوں میں دیکھا جائے۔

Trichroism : (n) سہ رنگا ہونے کی خاصیت ؛ ترنگے کی خاصیت رکھنا خصوصاً بلور میں۔

Trichromatic : (a) (۱) تین رنگوں کا حامل: ظاہر کرنے والا اور ان سے متعلق: سہ رنگ میں؛ سہ رنگا؛ (خصوصاً بصریات میں) عام بصارت؛ تین بنیادی الوانی احساسات(سرخ، سبز اور بنفشی یعنی سرخ، سبز اور ارغوانی رنگ پہچاننے کی قوت رکھنے والی) ۔ (۲) تین رنگوں میں لیتھو کی چھپائی کے لئے بھی مستعمل۔

Trichromatic photography : (n) سہ رنگی طریق مصوری ؛ جس میں سرخ، نیلے اور زرد رنگ کی آمیزش سے منظر/چیزوں کا اصلی رنگ دکھایاجاتا ہے۔

Trichromatism : (n) سہ رنگ بینی۔

Trichromic : (a) سہ الوانہ؛ سہ رنگا۔

Trick : (n) [In OFr. dial. 'trique'.] (۱) چال؛ فریب؛ جوڑ۔ (۲) خاص ترکیب؛ گھات؛ ڈھب ؛ داؤں ؛ پیچ؛

کرتب ـ (۳) خاص عادت؛ حرکت، انداز وغیرہ ـ (٤) بری حرکت ؛ شیطانی حرکت ، شرارت ـ (٥) کھلونا؛ چھوٹی موٹی آرائشی چیزیں (جمع میں) ـ (٦) (تاش) ہاتھ ؛ پتے جو ایک بار میں کھیلے جائیں ـ (۷) (بحری) پتوار چلانے کی ایک باری (جو عموماً دو گھنٹے کی ہوتی ہے) ـ (۸) (نقابت) قلم اور روشنائی سے بنا ہوا مارکہ ـ

Conjurer's tricks : مداری کے کرتب ـ

Lost, saved the trick : ہاتھ کھودیا، لے لیا ـ

Shall soon get or learn the trick of it : اس کا ڈھب بہت جلد آجائےگا ـ

That'll do the trick : اس سے کام بن جائے گا؛ مقصد حاصل ہو جائے گا ـ

Trick of the trade : کسی پیشے کا گُر ـ

Trick : (v) [f. prec.] (۱) فریب دینا؛ دھوکا دینا؛ دھوکا دے کر پھانسنا؛ کچھ لے لینا؛ کوئی کام کرانا وغیرہ ـ (۲) دغا دینا؛ (کسی چیز کا) توقع کے مطابق نہ ثابت ہونا؛ یکایک واقع ہونا؛ بے خبری میں آلینا ـ (۳) شرارت کرنا؛ شیطانی حرکت کرنا ـ (٤) پہنانا (لباس) ؛ آراستہ کرنا ـ (٥) (نقابت) خاندانی مارکہ ـ

Trick cyclist : (n) سائیکل کے کرتب دکھانے والا ـ

Trick line : (n) لاگ ڈوری؛ چپ سوانگ میں وہ ڈوری جس سے منظر بدلنے میں کام لیا جاتا ہے ـ

Trick scene : (n) وہ منظر جو پردہ گرائے بغیر دکھایا جائے ـ

Trick wig : (n) سر کے مصنوعی بالوں کا قالب جس کے ذریعہ بال کھڑے بھی ہو جاتے ہیں ـ

Tricker : (n) Trigger کی ابتدائی شکل ـ

Trickery : (n) فریب؛ دھوکا؛ دغا بازی ـ

Trickily : (adv.) دھوکا بازی سے؛ دغابازی سے؛ چالاکی سے ـ

Trickiness : (n) دھوکا بازی؛ ہوشیاری؛ چالاکی ـ

Trickish : (a) فریبی؛ دھوکا باز؛ دغاباز؛ چالاک ؛ کائیاں ؛ ہوشیار ـ

Trickishly : (adv.) دغابازی سے؛ چالاکی سے ـ

Trickishness : (n) دغا بازی؛ چالاکی ـ

Trickle : (n) [f. next.] رسنا؛ ٹپکنا؛ مائع کی چھوٹی سی مقدار؛ قطروں کا سلسلہ؛ پتلی سی دھار ـ

Trickle : (v) [Perh. origin 'strikle'.] (۱) (سیال شے کا) قطرہ قطرہ ہو کر گرنا یا بہنا؛ ٹپکنا ؛ رسنا ـ (۲) (مجازاً) بات پھوٹنا؛ (خبرکا) ظاہر ہو جانا؛ آنسو بہنا ـ (۳) قطرہ قطرہ کرکے گرانا؛ ٹپکانا ـ

The information trickled out : خبر ظاہر ہوگئی ـ

Trickle charger : مخزن برق جس سے (مورچے وغیرہ میں) بہت آہستہ آہستہ بجلی بھری جاتی ہے ـ

Trickle : (v) [V. of Truckle, v.] (گولف) گیند کو آہستہ آہستہ لڑھکانا؛ لڑھکنا ـ

Trickment : (n) (شاذ) آرائش؛ آراستگی ـ

Tricksily : (adv.) شوخی سے؛ دغادے کر ـ

Tricksiness : (n) شوخی؛ دغابازی ـ

Trickster : (n) دغاباز؛ دھوکا باز؛ فریبی؛ فریب کار ـ

Tricksy : (a) (۱) چنچل؛ شوخ؛ اچپل ـ (۲) انوکھا؛ نرالا ؛ عجیب ـ (۳) دغاباز؛ دھوکا باز؛ چالاک؛ مکار ـ

Tricky : (a) (۱) فریبی؛ دغاباز ـ (۲) چالاک ؛ کائیاں ؛ ہوشیار ـ

Triclinial : (a) کھانے کی میز کے متعلق ـ

Triclinium : (n) [L.] (۱) (قدیم روما) کھانے کی میز جس کے بائیں طرف کو کوچیں لگی ہوتی تھیں ـ (۲) وہ کمرا جس میں یہ میز ہو؛ کھانے کا کمرا ـ

Tricolour/Tricolor : (a) [Late L. 'tricolor'.] سہ رنگا؛ تین رنگوں والا ـ

Tricolour : (n) (۱) ترنگا جھنڈا خصوصاً فرانس کا قومی پرچم (سرخ، سفید، نیلے رنگ کا) جو انقلاب کے بعد اختیار کیا گیا ـ (۲) (مجازاً) ترنگا جھنڈا ـ

Tricorn : (n) (۱) سہ شاخہ؛ سہ گوشہ ۔(۲) سہ قرنہ؛ تین سینگ کا ۔(۳) سہ گوشہ ہیئت ۔

Tricorn : (n) (۱) ایک (خیالی) سہ قرنہ مخلوق ۔(۲) سہ گوشہ ٹوپی ۔

Tricorporal/Tricorporate : (a) (نقابت) (وہ شکل) جس میں تین دھڑ اور ایک سر ہو؛ سہ پیکر ۔

Tricosane/Tri-i-cosane : (n) [Gr.'tri, three+twenty+-Ane.] (کیمیا) پیرافین سلسلے کا ایک ہائیڈرو کاربن جس میں کاربن کے ۲۳ جوہر ہوتے ہیں ۔

Tricot : (n) [Fr. 'tricoter'.] (۱) ٹریکو ایک قسم کا ہاتھ کا بُنا ہوا اُونی کپڑا ۔ (۲) نقلی ٹریکو ۔(۳) ایک قسم کا ابھری ہوئی دھاریوں کا کپڑا ۔

Tricot-stitch : (n) کروشیا کا ایک خاص ٹانکا ۔

Tricotyledonous : (a) (نباتیات) سہ فلقوی؛ سہ فلقہ، جس میں تین دالیں ہوں ۔

Tricrotic : (a) سہ ضربی؛ نبض جس میں تین ضربیں ہوں ۔

Tricuspid/Tricuspidate/Tricuspidal : (a) (نباتیات، حیوانیات) سہ نوکی ؛ سہ نُکّا ؛ سہ شرفہ ؛ سہ کنگری ۔

Tricycle : (n) [tri + Gr. 'cyclos'.] تین پہیوں کی سائیکل؛ تپہیا؛ ٹرائسیکل ؛ سہ چرخہ ۔

Tricycle : (v) ٹرائسیکل چلانا ۔

Tridacna : (n) [mod. L. f. Gr.] (حیوانیات) صدف نما جانور کی نوع ؛ مقمّہ صدف ۔

Tridactylous : (a) تین انگلیا؛ سہ انگشت؛ جس کے ہاتھ یا پیر میں تین انگلیاں ہوں ۔

Tridecane : (n) [f. Gr. 'tria', + deca, + - Ane.] (کیمیا) پیرافین سلسلے کا ایک بےرنگ ہائیڈروکاربن جس میں کاربن کے تیرہ جوہر ہوتے ہیں ۔

Tridecyl : (n) اس کیمیاوی مادے کا اصلیہ ($C_{13}H_{27}$) ۔

Trident : (n) [L. 'tridens'.] (۱) سہ شاخہ اوزار مثلاً مچھلی مارنے کا سہ پہلو برچھا ۔ (۲) سہ شاخہ برچھا؛ ترشول (سمندر کے دیوتا نپچون کا) ۔ (۳) (ہندسہ) سہ شاخہ اوزار جیسی ہندسی شکل ۔

Tridental : (a) سہ شاخہ؛ سہ پہلو ۔

Tridentate : (a) سہ دندان؛ سہ شاخہ؛ سہ دندانہ ۔

Tridented : (a) سہ شاخہ دار ۔

Tridentine : (a) [med. L. 'Tridentinus'.] اس مجلس کے کلیسا سے متعلق جو ٹرنٹ میں (۱۵٤۵۔ ۱۵٦۳) تک قائم رہی اور جس نے کیتھولک مذہب کے عقائد کی تدوین کی ۔

Tridentine : (n) رومن کیتھولک مذہب کا پیرو ۔

Tridentine theology : (n) مجلس ٹرینٹ کےمرتب کردہ عقائد؛ عیسائی دینیات ۔

Tridimensional : (a) سہ ابعادی ۔

Triduan : (a) [L. 'triduanus'.] سہ روزہ؛ تین دنوں تک چلنے والا؛ نیز ہر تیسرے دن واقع ہونے والا ۔

Triduo : (n) [It and Sp. L. triduum.] تین دنوں کی عبادت (جو کسی ولی کے عرس سے قبل یا اس کی شفاعت حاصل کرنے کےلئے کی جاتی ہے) ۔

Triduum : (n) [L.] دیکھو Triduo

Triduus : (n) (نباتیات) سہ روزہ پودا ۔

Tridymite : (n) [Gr. 'tridymit'.] (کان کنی) سلیکا (Silica) کی بلوری شکل جو آتشی چٹانوں میں پائی جاتی ہے اور یہ شش پہلو ہوتی ہے ۔

Tried : (a) آزمودہ؛ ثابت شدہ ۔

Triennial : (a) [L. 'triennis'.] سہ سالہ؛ جو تین سال کے بعد ہو یاتین سال تک رہے ۔

Triennial : (n) (۱) سہ سالہ (تین سال تک رہنے والا) پودا ۔ (۲) سہ سالہ دعا جو تین سال تک مردے کی بخشش کے لئے پڑھی جاتی تھی ۔(۳) سہ سالہ سالگرہ یا جشن (کسی واقعے کی یادگار جو ہر تین سال پر منائی جائے) ۔

Triennial Act : (n) ۱٦٤۰ء کا ایکٹ جس کی روسے انگستان میں پارلیمنٹ کی مدت تین سال کی ہوگئی تھی یہ قانون ۱۷۱٦ء میں منسوخ ہوگیا ۔

Triennially : (adv.) ہر تیسرے سال؛ تین سال میں ایک بار ۔

Triennium : (n) [L.] تین سال کا وقفہ ۔

Triens/Trientes : (n) [L.] کسی چیز کا تیسرا حصہ خصوصاً قدیم روما کا ایک تانبے کا سکہ جو ١/٣ آس (as) کے برابر ہوتا تھا؛ نیز مشرقی روم کا ایک طلائی سکہ ۔

Trier : (n) [TRY+ - ER.] (١) try کا اسم فاعل ۔ (٢) فیصلہ کنندہ جو اس غرض سے مقرر کیا جاتا ہے کہ جیوری پر لگائے ہوئے الزام کی تحقیقات کرے ۔ (٣) (تاریخ جمع میں) بادشاہ کے حکم سے تشکیل پانے والی کمیٹی جس کے فیصلے کی روسے عرضیاں خاص خاص عدالتوں میں تقسیم کی جاتی تھیں ۔ (٤) (جمع میں) دارالامرا کے ارکان جو کسی امیر کے مجرمانہ فعل یا بغاوت کی سماعت میں جیوری کی حیثیت سے بیٹھیں (Lord triers) ۔ (٥) آزمانے والا؛ ثابت کرنے والا؛ جو کسی چیز کو ثابت کرے یا اس کی تحقیق کرے ۔ (٦) جو کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرے؛ (عامیانہ) جو کسی کام میں لگارہے ۔ (٧) جو صبر آزما یا دشوار طلب ہو؛ جو کسی کی خوبی کا پتا لگائے ۔

Trierarch : (n) [L. 'trier -archus'.] (١) (تاریخ یونان) سہ طبقہ جنگی جہاز کا کپتان ۔ (٢) ایک شہری جو تنہا یا دوسرے لوگوں کے ساتھ عوامی خدمت کے لئے جنگی جہاز کےانتظام کا ذمہ دار ہو؛ ترارک ۔

Trierarchal : (a) ترارکی ۔

Trierarchy : (n) سہ طبقہ جنگی جہاز کے کپتان کا عہدہ؛ ترارکی بیڑا؛ جنگی جہازوں کا بیڑا جو دولتمند لوگوں کو تیار کرنا پڑتا تھا ۔

Trieteric : (a) [L. 'trietericus'.] ہر ایک سال بعد واقع ہونے والا (جیسے باخوس (Bcchus) کا تہوار) ۔

Trieteric : (n) کوئی تہوار خصوصاً باخوس کا جو ہر ایک سال بعد منایا جاتا ہے ۔

Triethyl : (n) [Tri-+ Ethyl.] (کیمیا) ایک مرکب جس میں تین ایتھل (Ethyl) گروپ ($C_2 H_5$) موجود ہوں خصوصاً وہ شے جس میں ہائیڈروجن کے تین جوہر کے بدلے تین ایتھل گروپ آجائیں ۔

Trifacial/Trigeminus : (a&n) عصب مثلثی کا؛ عصب مثلثی ۔

Trifarious : (a) [f. L. 'trifarius' + - ous.] (١) (شاذ) تین قسموں کا ؛ تین جہتوں کا؛ سہ جہتی ۔ (٢) (نباتیات) تین قطاروں میں سجا ہوا ؛ سہ حلقہ زدہ ۔

Trifid : (a) [L. 'trifidus'.] (حیوانیات، نباتیات) سہ زخمہ؛ جس کا کل یا جزو تین حصوں میں شگافتہ ہو؛ سہ جزئی؛ سہ شاخہ ۔

Trifle : (n) [OFr. 'trufle'.] (١) خفیف یا ادنیٰ سی چیز؛ ادنیٰ سی بات؛ کھلونا ۔ (٢) چھوٹی سی رقم؛ خفیف سی مقدار ۔ (٣) کسی قدر؛ تھوڑا سا ۔ (٤) کوئی تصنیف یا نغمہ ۔ (٥) نمش کیک؛ چھوٹا سا کیک جس میں شراب، میوہ وغیرہ ڈالتے ہیں اور اس کے اوپر دودھ کی نمش یا انڈے کی سفیدی کے جھاگ کی تہ ہوتی ہے ۔ (٦) بھرت؛ سیسے یا رانگ کا مرکب ۔

Trifle : (v) [OFr. 'truffler'.] (١) فضول باتیں کرنا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا ۔ (٢) (وقت، روپے وغیرہ کو کسی کام میں) ضائع کرنا؛ بےکارصرف کرنا؛ اڑانا۔ (٣) بازیچہ قرار دینا؛ کسی چیز سے کھیلنا؛ ناچیز سمجھنا ۔

Trifle ring : (n) گورکھ دھندا؛ ایک قسم کا پیچ در پیچ چھلا ۔

Trifle with : (v) (١) (شخص، چیز یا معاملے کو) چٹکیوں میں اڑانا؛ ہنسی میں ٹالنا؛ ہنسی اڑانا؛ اہم یا سنجیدہ نہ سمجھنا؛ کھیل سمجھنا ۔ (٢) (کسی چیز سے) کھیلنا؛ شغل کرنا ۔

Trifler : (n) (١) Trifle کا اسم فاعل ۔ (٢) سبک سر یا خفیف الحرکات شخص؛ سطحی قسم کا آدمی ۔

Trifling : (n) Trifle کا عمل ۔

Trifling : (a) معمولی؛ ادنیٰ؛ خفیف؛ غیر اہم؛ احمقانہ ۔

Triflingly : (adv.) (١) خفیف الحرکتی سے؛ سبک سری سے؛ تضحیک کےطور پر؛ شغل کے طور پر ۔ (٢) ایک ذرا؛ خفیف حد تک ۔

Trifloral/Triflorous : (a) (نباتیات) سہ گلہ؛ جس میں تین پھول آئیں ۔

Trifoliate : (a) [Tri - + L. 'foliatus'.] سہ برگہ خصوصاً (نباتیات) تپتیا؛ (نیز مجازاً) ایسی پتی کی شکل کا ۔

Trifoliated : (a) (۱) (نباتیات) سہ برگہ؛ تپتیا؛ سہ ورقی پتیوں والا (پودا) ۔ (۲) تین قوسوں والا؛ تپتیا نقش و نگار کا ۔

Trifolium : (n) [L.] (نباتیات) جنس شفتل؛ ایک پودا جس میں تین پتیاں ہوتی ہیں ۔

Trifolium repens : (n) (نباتیات) شفتل ۔

Triforium : (n)[med.(Anglo) L; etym. unk.] (تعمیرات) مسقف غلام گردش (گرجے کے وسطی حصے، سماع خانے اور دونوں پہلوؤں کے اوپر)؛ سہ در گیلری ۔

Triform : (a) [L. 'triformis'.] (۱) تین شکل والا؛ سہ شکلی؛ تین مختلف شکلوں کا حامل؛ سہ صورتی؛ سہ گانہ ۔ (۲) تین مختلف جہتوں میں ظاہر ہونے والا؛ تہرا؛ جس کے تین حصے یا جسم ہوں ۔

Triformity : (n) سہ شکلی ہونے کی صفت ۔

Trifurcate : (a) سہ شعبہ؛ سہ شاخہ ۔

Trifurcate : (v) تین شاخوں یا شعبوں میں منقسم ہونا یا کرنا ۔

Trig : (n) (۱) (میکانیات) پہیا روک؛ اڑ واڑ؛ عائق؛ بریک ۔ (۲) (ریاضیات) مخفف؛ علم مثلثات ۔

Trig : (a) [ON. 'tryggr'.] (۱) سچا ؛ وفادار ؛ معتمد (اب عامیانہ) ۔ (۲) صاف ؛ ستھرا ؛ درست ؛ ٹھیک ۔ (۳) مضبوط ؛ درست ؛ محکم ؛ مستقل ۔ (٤) درست؛ ٹھیک؛ بے لوچ ۔

Trig : (v) [Origin unkn. Perh. ad. ON. 'tryggja'.] (۱) حرکت سے باز رکھنا؛ پہیے میں پتھر یا لکڑی ڈالنا؛ بریک لگانا؛ پہیے میں روک لگانا ۔ (۲) مرتب کرنا؛ منظم کرنا؛ محکم کرنا؛ سنوارنا (عموماً up کے ساتھ) ۔

Trig : (v) [f. Trig, a.] (۱) (عامیانہ) منظم کرنا؛ عمدہ لباس پہنانا؛ (اکثر out کے ساتھ مستعمل) ؛ آراستہ کرنا؛ سجانا ۔ (۲) بھر دینا؛ پر کردینا ۔

Trigamist : (n) سہ زوج؛ تین بیوی والا؛ تین شوہر والی ۔

Trigamous : (a) [Gr. 'trigamos'.] (۱) سہ زوجی، جس کی تین شادیاں ہوئی ہوں یا ایک وقت میں تین شوہر یا بیویاں ہوں ۔ (۲) (نباتیات) سہ گلہ؛ جس میں نر مادہ اور نر، مادی پھول ایک ہی پودے میں آتے ہوں ۔

Trigamy : (n) [Late L. 'trigamia'.] (۱) تین نکاح ایک وقت میں کرنے کی رسم؛ سہ زوجی؛ ایک شخص کی تین بیویاں یا شوہر ہونا ۔ (۲) (قانون) شوہر یا بیوی کی وفات کے بعد تیسری بار نکاح کرنا یا شوہر ہونا ۔

Trigeminal : (a) [L. 'trigeminus'.] (۱) (تشریح) کاسۂ سر کے کے پانچویں جوڑے کے لئے مستعمل؛ سہ توام؛ تہرا ۔ (۲) عصب مثلثی کے متعلق یا اس میں واقع ہونے والا یا اس سے متاثر کرنے والا ۔

Trigeminus : (n) [L. Tri - + L. 'geminus'.] (حیوانیات) عصب مثلثی؛ سہ توامی عصب ۔

Trigesimal : (a) [L. 'trigesimus'.] تیس کا ۔

Trigger : (n) [Origin 'tricker'. Du. 'trekker.'] گھوڑا؛ لبلبی؛ وہ پرزہ جس کے دبانے سے کوئی کھٹکا یا کمان کھلتی ہے اور کل چلنے لگتی ہے خصوصاً بندوق وغیرہ کا گھوڑا ۔

Trigger : (n) (۱) کسی ڈھلوان سے گزرنے والی گاڑی کی حرکت کم کرنے یا روکنے کا کوئی طریقہ ۔ (۲) (جہاز سازی) روک؛ آڑواڑ ۔

Trigger action : (n) لبلبی عمل ۔

Trigger finger : (n) لبلبی انگلی؛ شہادت کی انگلی جس سے گھوڑا دبایا جاتا ہے ۔

Trigger-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Trigger question : (n) لبلبی سوال ۔

Trigintal : (n) [med. L. 'triguitale'.] دیکھو Trental

Triglot : (a) سہ لسانی؛ تین زبانوں میں لکھا ہوا ۔

Trigly : (adv.) منظم طور پر ۔

Trigness : (n) منظم ہونا ۔

Triglyph : (n) [L. 'triglyphus'.] (تعمیرات) جھری دار مربع؛ ڈورک طرز کے آرائشی حاشیے میں ابھرا ہوا مربع جس میں جھریاں کٹی ہوتی ہیں ۔

Triglyphic/Triglyphical : (a) جھری دار مربع کا یا اس سے متعلق۔

Trigon : (n) [L. 'trigonum'.] (۱) ایک شکل جس میں تین زاویے اور تین اضلاع ہوں؛ مثلث ۔ (۲) (علم النجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ؛ سہ برج ۔ (۳) ایک تکونا اوزار جو گھڑی وغیرہ کے ڈائل بنانے میں استعمال ہوتا ہے؛ تکنیا ۔ (٤) (علم النجوم) ستاروں کی وہ حالت جب ان میں (۱۲۰) درجے کا فرق ہوتا ہے ۔ (٥) (قدیم یونانی) گیند کا ایک کھیل تین آدمیوں کے کھیلنے کا ۔ (٦) (نیز trigonon) مثلث بربط؛ ایک قسم کا ستار ۔ (۷) (ریاضیات) مثلث ۔

Trigonal : (a) (۱) سہ برجہ ۔ (۲) مثلثی (علم ہندسہ)؛ مثلث شکل کا ۔ (۳) (نباتیات وحیوانیات) سہ پہلو؛ سہ کنار؛ جس کا افقی قطعہ مثلث ہو ۔

Trigonally : (adv.) سہ پہلو شکل میں ۔

Trigone : (n) [L. 'trigonum'.] (تشریح) تین ضلعوں والی شکل؛ پیشاب کی نلی کے قاعدے پر کا مثلثی رقبہ ۔

Trigoneutic : (a) (حشریات) سال میں بچوں کے تین جھول نکالنے والا ۔

Trigono - : [Gr. 'Trigonos'.] سابقہ بمعنی "تین ضلعوں والا"؛ تین گوشوں والا جیسے Trigononetry اور Trigonella وغیرہ ۔

Trigonocerous : (a) (حیوانیات) مثلث نما سینگوں والا ۔

Trigonometer : (n) (۱) علم مثلث کا ماہر۔ (۲) (ریاضیات) مثلث پیما(آلہ)۔

Trigonometric/-al : (a) علم مثلث کا یا اس سے متعلق ۔

Trigonometrical function : (n) کسی زاویے یا تجریدی تعداد کا وہ تفاعل جو علم مثلث میں استعمال ہوتا ہے ۔

Trigonometrical ratio : (n) مثلثاتی نسبت ۔

Trigonometrical survey : (n) کسی ملک یا خطے کی وہ پیمائش جو مثلثی تقسیم کی مدد سے کی جائے ۔

Trigonometrically : (adv.) علم مثلث کی رو سے؛ علم مثلث کے مطابق ۔

Trigonometry : (n) [mod. L. 'trigonometria'.] علم مثلث؛ ریاضی کا وہ شعبہ جو مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی باہمی نسبت سے بحث کرتا ہے خصوصاً ان کے زاویوں کے خاص تفاعل سے یا عام زاویوں سے (جب، مم، تقاطع وغیرہ) اس طرح مثلثوں، زاویوں اور دوسرے تفاعل کا مطالعہ بھی شامل ہے ۔

Trigonon : (n) [Gr. 'Trigonon'.] (قدیم) ایک قدیم مثلث نما بربط ۔

Trigonous : (a) [a. Gr.] (نباتیات) تہ دھارا؛ تکونیہ؛ سہ کنار؛ سہ پہلو ۔

Trigram : (n) [Tri - + 'gramma'.] (۱) تین حروف کا مجموعہ جو ایک آواز دے ۔ (۲) (بند سہ) تین خطوں کا مجموعہ خصوصاً ایک سطح میں تین خطوط مستقیم سے بننے والی شکل جو ایک نقطے پر نہ ملیں ۔

Trigrammatic/Trigrammic : (a) تین حروف پر مشتمل ۔

Trigrammatism : (n) ثلاثیت ۔

Trigraph : (n) [Gr. Tri + 'graph'.] تین حروف کا مجموعہ جو ایک آواز کا حامل ہو جیسے ean فرانسیسی لفظ leeau ۔

Trigyn : (n) Trigynia جنس کا ایک پودا ۔

Trigynia : (n) [Tri - + Gr. Gyn] (نباتیات) پودوں کی ایک نوع جس میں تین بقچے ہوتے ہیں؛ سہ بقچہ پودا ۔

Trigynian/Trigynious : (a) سہ بقچہ پودوں سے متعلق ۔

Trigynous : (a) سہ بقچہ : جس میں تین بقچہء گل ہوں : سہ بقچوی ۔

Trihedral/-Triedral : (a) (ہندسہ) سہ سطحی: جس میں تین سطحیں یا پہلو ہوں؛ مثلث نما ۔

Trihedral : (n) (ہندسہ) سہ سطحی شکل ۔

Trihedral angle/-quoin : (n) ایک ٹھوس زاویہ جو ایک نقطے پر ملنے والی تین سطحوں سے بنتا ہو ۔

Trihedron : (n) سہ سطحی مخروط: سہ سطحی مجسم ۔

Trijugate : (a) سہ جفتہ : سہ جوگا ۔

Trike : (n) Tricycl کا مخفف (بول چال) ۔ ۳۱۷

Trilabe : (n) سہ شاخی سنسی؛ جراحی کا ایک سہ شاخا اوزار پتھری وغیرہ نکالنے کا ۔

Trilabiate : (a) تین ہونٹوں والا؛ سہ لبہ ۔

Trilateral : (n) [L. 'trilaterus'.] مثلث ۔

Trilateral : (a) سہ پہلو؛ تین ضلعوں سے گھرا؛ سہ ضلعی؛ سہ طرفہ ۔

Trilaterally : (adv.) سہ ضلعی طور پر؛ سہ طرفہ طریقے سے۔

Trilateralness : (n) سہ ضلعی ہونا؛ سہ طرفگی ۔

Trilby : (n) (۱) (جمع) (عامیانہ) پنیر ۔ (۲) ایک ناول کی ہیروئن کا نام ۔

Trilemma : (n) [after Dilemma.] تین میں سے ایک چننے کا اختیار؛ ایسی بحث جس میں تین شقوق ہوں؛ ایسی حالت جب کہ انسان تین مشکل صورتوں سے دوچار ہو جائے؛ تہری شکل ۔

Trilinear : (a) [Tri + L. 'linearis'.] جو تین خطوں سے بنا ہو؛ سہ خطی؛ سہ خطہ ۔

Trilinear co-ordinates : (n) منظم خطوط کا سلسلہ جو ایک سطح میں کسی نقطے کو اس کے فاصلوں سےمتعین سمتوں میں ناپے جاتے ہیں ۔

Triliteral : (a) [Tri + L. 'littera' +-Al.] سہ حرفی؛ ثلاثی ۔

Triliteral : (n) ثلاثی؛ سامی زبان میں اکثر مادوں میں تین حروف صحیح ہوتے ہیں۔

Triliteralism/Triliterality : (n) دیکھو Trigrammatism

Triliterally : (adv.) ثلاثی نوعیت کے لحاظ سے ۔

Triliteralness : (n) ثلاثی نوعیت ۔

Trilith/Trilithon : (n) [Tri + 'lithos'.] سنگ درہ؛ قدیم زمانے کی یادگار جس میں دو کھڑے پتھروں پر ایک بڑا پتھر رکھ کر در کی شکل بنا دیتے ہیں ۔

Trilithic : (a) سنگ درے کا ۔

Trill : (n) [Goes with 'trill'.] (۱) (موسیقی) کھنک؛ کھنکتی ہوئی آواز خصوصاً گٹکری ۔ (۲) وہ حرف جو کھنکتی ہوئی آوازسے ادا کیا جائے، مثلاً "r" ۔ (۳) (صوتیات) کسی حرف صحیح کا زبان کے تحرک سے تلفظ خصوصاً "r" کا نیز حرف صحیح جو اس طرح کھنکتی آواز سے ادا کیا جائے ۔

Trill : (v) [ME. 'trille'.] گھمانا؛ گردش میں لانا ۔

Trill : (v) [Perh. developed from prec.] (۱) (آنسو، پانی، چشمہ) ہلکے طور پر بہنا ۔ (۲) اس طرح (پانی، آنسو کا چشمہ) بہانا ۔

Trill : (v) [It 'trillare'.] (۱) کھنکنا؛ کھنکتی ہوئی آواز پیدا کرنا ۔ (۲) گٹکری بھرنا؛ گٹکری کے ساتھ گانا ۔ (۳) (کسی حرف صحیح خصوصاً 'r' کو) زبان کے تحرک سے ادا کرنا ۔

Trilling : (n) [Da., Sw. 'trilling'.] (۱) (کان کنی) تہرا بلور (جس میں تین بلور ایک ساتھ جڑے ہوئے ہوں) ۔ (۲) تین جڑواں بچوں میں سے ہر بچہ ۔

Trilling laughter : (n) گٹکری دار قہقہہ ۔

Trillion : (n) [It. 'trillione'.] (۱) مہاسنکھ؛ ہزار سنکھ ۔ (۲) دس کھرب؛ (امریکا) کروڑ ۔

Trillionth : (n) کروڑوں کھرب کا ایک حصہ ۔

Trillionth : (a) کروڑ کھربواں ۔

Trillium : (n) [mod. L.] (جنس) امریکی سوسن؛ تپتیا سوسن ۔

Trillo : (n) [It.] دیکھو Trill (n)

Trilobite : (n) [Tri - + lobe + - ite.] سہ فلقہ؛ ابتدائی دور حیات کا وہ جانور جس کا جسم تین حصوں میں منقسم ہوتا تھا ۔

Trilobitic : (a) سہ فلقی ۔

Trilogic/-al : (a) سہ المیہ، سہ مقالہ وغیرہ سے متعلق ۔

Trilogy : (n) [Tri - + logos.] (۱) (قدیم یونان) سہ المیہ؛ تین المیہ ڈرامے جو ایک سلسلے میں دکھائے جاتے تھے۔ (۲) سہ نثر، سہ نظم، سہ افسانہ، سہ مقالہ وغیرہ؛ نثر یا نظم کے تین مضامین جو ایک ہی موضوع پر ہوں اور ساتھ ساتھ شائع کئے جائیں ، (نیز مجازاً) تین متعلقہ مضامین کا مجموعہ ۔

Trim : (n) [f. Trim, v.] (۱) (تیاری یا درستی کی) حالت؛ قرینہ؛ ترتیب ۔ (۲) عمدہ حالت؛ عمدہ ترتیب ۔ (۳) (بحری) (تیاری کی) حالت ؛ درستی ۔ (٤) زینت؛ آرائش ۔ (٥) توازن ۔

Am in no trim for rough work : میری (صحت یا پوشاک وغیرہ کی) حالت موٹے کام کے لائق نہیں ھے ۔

In fighting trim : سامان حرب سے آراستہ؛ لڑائی کے لئے تیار (جہاز اور مجازاً شخص وغیرہ) ۔

In trim : درست حالت میں؛ با ترتیب خصوصاً جہاز کے بادبان وغیرہ ۔

Out of trim : خراب حالت میں ؛ بے ترتیب ؛ نامرتب ۔

The trim of the masts : (بحری) مستولوں کی ترتیب یا مناسب جگہ ۔

Trim : (a) [Hist. obsc.] منظم ؛ مرتب ؛ آراستہ پیراستہ ؛ تیار؛ مجہز؛ درست؛ مناسب؛ موزوں نیز خوب؛ حسین؛ پاکیزہ؛ صاف؛ ستھرا ۔

Trim : (v) [OE. 'trymian'.] (۱) سلیقے سے ترتیب دینا؛ سنوارنا؛ سجانا؛ صاف ستھرا بنانا؛ کاٹ چھانٹ کر درست کرنا (جھاڑی وغیرہ کو) ؛ تراش کر درست کرنا (داڑھی)؛ گل کترنا (چراغ وغیرہ کا) ۔ (۲) (Trim off/- away) چھانٹ دینا؛ چھیل دینا ؛ تراش دینا (بیکاریا بدنما اجزاء کو) ۔ (۳) (لباس وغیرہ) بنانا سنوارنا؛ بننا سنورنا؛ سج سجا کر تیار کرنا یا ھونا ۔ (٤) (کپڑے پریس، فیتہ وغیرہ) ٹانکنا؛ جھالر وغیرہ لگانا ۔ (٥) (بحری) (جہاز یا کشتی کا) بوجھ برابر کرنا؛ توازن درست کرنا (مال یا مسافروں کو ادھر اُدھر ہٹا کر) ۔ (٦) مستولوں یا بادبانوں وغیرہ کی ترتیب ھوا کے لحاظ سے بدلنا؛ نیز اسی لحاظ سے جہاز کا رخ بدلنا ۔ (۷) (کسی معاملے میں خصوصاً سیاست میں) دو اصولوں یا فریقوں کے بین بین رہنا ۔ (۸) (بول چال) جھاڑنا؛ آڑے ہاتھوں لینا؛ (معاوضے یا سودے میں) فائدے میں رہنا ۔ (۹) (عامیانہ) ٹھگنا؛ مونڈنا؛ دھوکے سے روپیہ وغیرہ وصول کرنا ۔ (۱۰) (نجاری) کسی لکڑی کے ٹکڑے کو خاص شکل میں لانا؛ رندہ کرنا ۔ (۱۱) توازن درست کرنا؛ برابر کرنا (وزن) ۔ (۱۲) مصلحت کے مطابق اپنے کو ڈھالنا؛ وقت کے تقاضے کا لحاظ رکھنا ۔ (۱۳) مخالف جماعتوں میں سرخرو رہنے کے لئے اپنے رویے کو بدلنا ۔

Trimellitic : (a) [Tri - + mellitic.] (کیمیا) ایک قسم کا ایسڈ ۔

Trimeran : (a) (حشریات) سہ مفصل داران ۔

Trimeran : (n) اس قسم کا حشرہ ۔

Trimerous : (a) [f. mod. L. 'trimerus' + - ous.] (۱) تین جوڑ کا؛ سہ پارہ : جب کہ پھولوں کے حصے یا پتوں کے سلسلے تین حلقوں میں ھوں؛ سہ عضوی ۔ (۲) (حشریات) تین حصوں والا؛ سہ مفصلی ۔

Trimesic : (a) (کیمیا) ایک تیزاب $C_6H_3(CO_2H)_3$ ۔

Trimester : (n) [F. 'trimestris'.] تین مہینوں کی مدت یا وقفہ۔

Trimestrial : (a) [L. 'trimestris' + -Al.] تین مہینوں پر مشتمل یا تین مہینوں کا؛ ہر تین ماہ پر واقع ھونے والا ۔

Trimestrial : (n) سہ ماہی اشاعت ۔

Trimeter : (n) [Tri+Metre.] تین بحروں والی نظم یا مصرع اور جس میں چھ رکن ھوں ؛ بعض بحروں میں سہ رکنی نظم۔

Trimeter : (a) چھ رکنی مصرع جس کے ہر رکن میں پہلا بول غیر تاکیدی اور دوسرا تاکیدی ھو ۔

Trimethyl : (n) [Tri -+ Methyl.] (کیمیا) ایک ایسی ترکیب جب کسی مرکب میں تین میتھل گروپ (CH_3) موجود ھوں ۔

Trimethylic : (a) ایسے مرکب سے متعلق ۔

Trimetric(al) : (a) شش رکنی؛ چھ رکنی ۔

Trimly : (adv.) ترتیب سے؛ سلیقے سے؛ ستھرے طریقے سے ۔

Trimmer : (n) (۱) Trim کا اسم فاعل ۔ (۲) وہ شخص جو کپڑوں میں لیس وغیرہ ٹانکتا ھے ۔ (۳) وہ شخص جو سیاست وغیرہ میں دو اصول یافریقوں کے بین بین رہتا ھے؛ تھالی کا بیگن؛ ابن الوقت ۔ (٤) گل گیر؛ باغبان کی قینچی وغیرہ؛ کسی چیز کے چھانٹنے یا تراشنے کا آلہ ۔ (٥) وہ افقی لکڑی جو آتشدان وغیرہ میں کڑیوں کا

بوجھ سنبھالتی ھے؛ کڑی ٹیک ؛ پیرایندہ ۔ (٦) مال جہازمیں سامان ٹھیک سےرکھنے والا ۔ (٧) (ماہی گیری) مچھلی پکڑنے کے لئے کنارے کنارے دوڑنے والا ۔

Trimming : (n) (١) Trim کا حاصل مصدر ۔(٢) زینت؛ آرائش خصوصاً لباس میں لیس وغیرہ کا اضافہ ۔ (٣) (خصوصاً جمع میں) لوازمات (خصوصاً کھانے کی چیز کے) (٤) ابالی ھوئی ران کا گوشت مع لوازمات ۔(٥) زجر و توبیخ ۔

Trimming : (n) (١) Trim کا اسم فاعل (مختلف معنوں میں) ۔(٢) آرائش کرنے والا؛ لوازمات آرائش؛ وسیلۂ آرائش ۔

Trimness : (n) خوش ترتیبی؛ آراستگی؛ ستھراپن ۔

Trimorph : (n) سہ شکلی شے؛ سہ روپ ۔

Trimorphic : (a) (١) (کیمیا) سہ شکلی؛ سہ روپا؛ سہ شکلہ ۔ (٢) سہ شکل گلی؛ سہ شکلی؛ جو تین الگ الگ صورتوں میں موجود ھو ۔

Trimorphism : (n) (١) (پودے ، حیوانات یا بلوری شے کی) تین مختلف شکلوں میں واقع سہ شکلی حالت؛ تین شکلوں کا ھونا ۔ (٢) (کیمیا) سہ شکلی قلماؤ؛ سہ شکلیت ۔(٣) سہ شکلی (حیاتیات) ۔

Trimorphous : (a) دیکھو Trimorphic

Trimorphy : (n) (نباتیات) سہ شکل گلی ۔

Trimurti : (a) ترمورتی؛ مورتی تثلیث(برہما، وشنو، شیو)۔

Trimyaria : (n) (حیوانیات) سہ مقرّبہ داران ۔

Trimyarian : (a) (حیوانیات) سہ مقرّبہ دار ۔

Trinacrian : (a) [L. 'Trinacria'.] (١) صقلیہ کا؛ صقلیہ کا رہنے والا؛ صقلیہ کے متعلق ۔(٢) سہ نوکا؛ سہ شاخہ ۔

Trinakria : (n) (جغرافیہ) صقلیہ؛ سِسلی ۔

Trinal : (a) [L.'trinus'.] (١) سہ گانہ؛ تہرا؛ سہ برابر؛ تین گنا؛ جس میں تین حصے یا اجزا ھوں ۔ (٢) (قواعد) تین کا عدد بتانے والا ۔

Trinary : (a) [Late L. 'trinarius'.] (١) (شاذ) سہ گانہ؛ تہرا؛ تین کے مجموعے پر مشتمل ؛ ثلاثی ۔ (٢) (نباتیات) سہ جزء؛ سہ تانی ۔

Trindle : (n) [Early ME. trindel, a parallel form to trendle.] (١) پہیا ؛ چکی ۔(٢) (جلد سازی) دھات یا لکڑی کی چکیاں جن سے جلد سازی میں کام لیا جاتا ھے ۔

Trindle : (v) (١) (قدیم یا مقامی بولی) (پہیے وغیرہ کو) گھمانا؛ لڑھکانا۔(٢) گھومنا؛ چکر کاٹنا؛ لڑھکنا ۔

Trine : (a) [F. 'trin, trine'.] (١) سہ گانہ؛ تہرا؛ جس میں تین اجزا یا حصے ھوں ۔ (٢) (علم النجوم) دوسرے ستارے سے ثلث دائرے یا ۱۲۰ درجے کا بُعد رکھنے والا ۔

Trine : (n) (علم النجوم) دو ستاروں میں ثلث دائرے یا ۱۲۰ درجے کا بُعد : Trine as person or in version : تہرا چھینٹا پانی ۔

Trine : (v) (شاذ) سہ تانی حالت میں رکھنا؛ تہرا بنانا ۔

Tringle : (n) [F.] (١) پردا لٹکانے کا ڈنڈا ۔(٢) مسہری کا ڈنڈا ۔ (٣) (تعمیرات) (کارنس وغیرہ کی آرائش میں) چھوٹا سا مربع ۔ (٤) (گولہ اندازی) پچھلی روک؛ وہ سلاخ یا تختہ جو توپ کے پیچھے اس کے دھکے کو روکنے کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Trinidado : (n) [Sp.] ترینیداد کا ایک قسم کا تمباکو ۔

Trinitarian : (a) [L. 'trinitarius' + - An.] (١)ثالوث سے متعلق ۔ (٢) تثلیث کے عقیدے کا حامل؛ توحید فی التثلیث کا معتقد ۔(٣) سہ گانہ؛ تثلیثی ۔

Trinitarian : (n) معتقد ثالوث؛ تثلیثیث کا پیرو ۔

Trinitarianism : (n) تثلیثی عقیدہ ۔

Trinitrate : (n) [Tri + Nitrate.] (کیمیا)نائٹرکسایسڈ (HNO_3) کےتین سالموں سے بننے والا ایک مرکب جس میں ہائیڈروجن کے تین جوہر کے بدلے کوئی سہ گرفتہ عنصر یا اصلیہ ھوتا ھے ۔

Trinitrin : (n) دیکھو Nitroglycerine

Trinitro-: [Tri - + Nitro.] ایک سابقہ بمعنی تین نائٹرو گروپ NO_2 رکھنے والا جو براہ راست کاربن کے جوہر سے مل جاتے ہیں ۔

Trinitro-phenol : (n) ایک قسم کا ایسڈ ۔

Trinitro-toluene : (n) [abbrev. trotyl, and T.N.T.] بہت قوی پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا۔

Trinity : (n) [OFr. 'trinite-' L. 'trinitate'.] (۱) تثلیث؛ تین ہونا؛ سہ گانگی۔ (۲) تین کا مجموعہ۔ (۳) (فنون لطیفہ میں) تمثیل (symbol) جو تثلیث کو ظاہر کرتی ہو۔ (٤) پائپ صاف کرنے کا آلہ جس میں تین تہیں ہوتی ہیں۔

The trinity : باپ بیٹے روح القدس کا ذات باری میں متحد ہونا؛ توحید فی التثلیث۔

Trinity House : (n) ایک انجمن جو ناخداؤں کو لیسنس دیتی ہے اور سمندر میں رہنما منارتعمیر کراتی ہے۔

Trinity ring : (n) قدیم زمانے کی کانسے کی انگوٹھیاں جن پر تین پھول بنے ہوتے ہیں اور یہ آئرستان میں پائی جاتی ہیں۔

Trinity Sunday : (n) ایسٹر کے چودھویں دن کا اتوار۔

Trinity term : (n) میقات؛ زمانہء تعلیم مدارس یا عدالت کا۔

Trinket : (n) [Origin obsc.] (۱) زیور کی قسم میں سے کوئی کم قیمت یا چھوٹی چیز۔ (۲) کوئی چھوٹی سی پر تکلف چیز۔

Trinketry : (n) چھوٹے موٹے زیور؛ ٹوم چھیلا؛ آرائشی سازو سامان۔

Trinkety : (a) (۱) نقلی جواہر سے متعلق۔ (۲) غیر اہم؛ بے قیمت؛ معمولی۔

Trinomial : (a) [Formed with Tri-after Binial.] (۱) سہ اسمی؛ تین ناموں والا؛ تین ناموں سے عبارت۔ (۲) (ریاضیات) سہ رقمی جملہ۔ (۳) (تاریخ طبیعی) سہ اسمہ؛ سہ نامی؛ ایسا نام جس میں تین اجزا ہوں یعنی جنس، نوع اور نوع فرعی۔

Trinomial : (n) (۱) ایسا جملہ جس میں تین رقمیں ہوں جو + یا - سے مربوط ہوں۔ (۲) (تاریخ طبیعی) نوع فرعی یا قسم کا نام جو تین اصطلاحوں سے عبارت ہو (جنس، نوع اورنوع فرعی کا نام)۔

Trio : (n) [It.] (۱) (موسیقی) تین مختلف آوازوں میں گانے یا تین باجوں پر بجانے کا راگ؛ سہ سنگیت؛ سہ انترہ (راگ)۔ (۲) تین گانے یا بجانے والوں کا طائفہ یا چوکی۔ (۳) مارچ، منونٹ وغیرہ کا دوسرا حصہ۔ (٤) تین آدمیوں کی ٹولی؛ ٹکڑی۔ (۵) تاش کے کھیل (Piquet) تین تصویروں کا مجموعہ؛ تکڈم۔

Triobol/Triobolus : (n) [Tri - + 'obolos'.] ایک یونانی سکہ جس کی قیمت تین روبل کے برابر ہوتی تھی یا آدھے "دراکما" کے برابر۔

Trioctile : (n) [Tri - + L. 'octo'.] زمین سے دو ستاروں کا مقام جب کہ ان کا باہمی فاصلہ ۱۳۵ درجے کا ہو۔

Triode : (n) (لاسلکی) سہ برقیری والو؛ سہ برقیرہ؛ سہ قطبی جس میں تین برقی قطب ہوں۔

Triode valve : (n) سہ برقیری وَالوَ۔

Trioecia : (n) [Gr. Tri - + 'oiko'.] (نباتیات) ایسے پودوں کی قسم جن میں نر، مادہ اور مخنث پھول ہو۔

Trioecious/Trioicous : (a) اس قسم سےمتعلق؛ سہ جدا گانہ۔

Triolet : (n) [- F., dim. of 'trio'.] (عروض) ٹرایولیٹ؛ آٹھ مصرعوں کی نظم جس میں پہلے مصرعے کی تکرار چوتھے اور ساتویں مصرعے میں اور پانچواں اس کا ہم قافیہ ہوتا ہے، اسی طرح دوسرے کی تکرار آٹھویں میں اورچھٹاہم قافیہ ہوتا ہے۔

Trional : (n) [Tri -+- onal of 'snephonal'.] ٹریونال؛ ایک خواب آور اور مخدر (سُن) کر دینے والی دوا۔

Triones : (n) بنات النعش؛ سپت رشی۔

Trionyx/Trionychida : (n) [Tri - + 'ony'.] سہ پنجہ سنگ پشت۔

Trioxide : (n) [Tri - + oxide.] کسی عنصر یا اصلیہ اور آکسیجن کے تین جوہر والا ایک مرکب۔

Trip : (n) [f. Trip, v.] (۱) سفر (خشکی یا سمندر کا)؛ مختصرتفریحی سفر؛ سیر (خشکی یا سمندر کی)۔ (۲) قدم جو تیزی اور نزاکت سے اٹھایا جائے۔ (۳) ٹھوکر؛ لغزش۔ (٤) ٹھوکر کھانا؛ اڑنگا لگانا۔ (۵) غلطی؛ قصور؛ خطا؛ غلط اقدام؛ لغزش زبان؛ لغزش کلام۔ (٦) (کشتی یا جہاز کے) ایک پھیرے میں پکڑی ہوئی مچھلیاں۔

Round trip : چکر؛ جانا اور واپس آنا ۔

Trip : (n) [Etym. obsc.] جھنڈ (بکریوں، بھیڑوں یا خرگوش وغیرہ کا)۔

Trip : (v) [OFr. 'treper'.] (۱) تیزی اور نزاکت سے چلنا یا ناچنا؛ سبک رفتاری سے چلنا؛ اچھلنا کودنا؛ چھلانگ مارنا ۔ (۲) (شعر وغیرہ میں) روانی ہونا؛ رواں ہونا ۔ (۳) (کسی مقام کی) سیر کو جانا؛ سفر کرنا؛ سیاحت کرنا ۔ (٤) ٹھوکر کھانا ۔ (٥) غلطی کرنا؛ لغزش کرنا؛ خطا کرنا؛ لڑکھڑا جانا؛ لغزش کھانا؛ لغزش دینا ۔ (٦) اڑنگا لگانا؛ ٹانگ مار کر گرانا؛ کسی چیز کا سامنے آجانا (اور اس سے کسی شخص کا ٹھوکر کھانا) ۔ (۷) کسی کی غلطی پکڑنا ۔ (۸) (جہاز رانی) رسے وغیرہ سے لنگر کو جنبش دینا؛ لنگر کھینچنا ۔ (۹) (جہاز رانی) بلی وغیرہ کو) گرانا (یعنی عمودی حالت سے افقی حالت میں لانا)؛ ایک طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا ۔ (۱۰) (مشین کسی حصے کو) کھٹکا دبا کر کھول دینا؛ چلا دینا ۔ (۱۱) رہا کرنا ۔ (۱۲) ماہی گیری کرنا ۔ (۱۳) مانع ہونا؛ مسدود کرنا ۔ (١٤) بولنے میں لڑ کھڑانا یا تتلانا؛ بولنے میں پس و پیش کرنا؛ ہچکچانا ۔

Trip-hammer : (n) گھن ؛ مُدھان ۔

Trip-madam : (n) دیکھو Prick-madam

Tripartite : (a) [L. 'tripartitus.'] (۱) سہ حصہ؛ جو تین حصوں میں تقسیم ہو ۔ (۲) (نباتیات) سہ درزہ (پتی)؛ جو قریب قریب ڈنٹھل تک تین حصوں میں تقسیم ہو ۔ (۳) سہ طرفہ؛ جو تین فریقوں کے درمیان ہو ۔

Tripartitely : (adv.) تین حصوں میں؛ تین فریقوں میں ۔

Tripartition : (n) [L. 'tripartitus'.] تین حصوں میں تقسیم (کی ہوئی کوئی چیز) ۔

Tripe : (n) [OFr. 'tripe'.] (۱) شکمبہ؛ اوجھڑی؛ بیل وغیرہ کے معدے کا وہ حصہ جو پکا کر کھاتے ہیں ۔ (۲) (جمع، سوقیانہ) انتیں؛پیٹ ۔ (۳) (عامیانہ) نکمی چیز؛ مہمل چیز؛ بیکار چیز ۔ (٤) (کرکٹ) گھٹیا گیند (جس کا کھیلنا سہل ہو) ۔

Plain tripe : شکم اول یا جگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ ۔

Honeycomb tripe : شکم دوم یا جگالی کرنے والے جانوروں کا دوسرا معدہ ۔

Tripe de roche : (n) [Fr.] ایک تلخ چیز جو کائی کی قسم کے نباتات سے نکلتی ہے اور شکاری وغیرہ ضرورت کے وقت غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں جو کسی قدر مقوی ہوتی ہے، مگر تلخ اور اسہال آور ہے ۔

Tripe man : (n) اوجھڑی بیچنے والا ۔

Tripery : (n) اوجھڑی کی دکان ۔

Tripetaloid : (a) سہ گلبرگہ؛ سہ پرا ۔

Tripetalous : (a) [Tri - + L. petalum+ - ous.] (نباتیات) سہ پنکھڑیاں ؛ سہ برگہ؛ سہ گلبرگہ ۔

Triphane : (n) [Fr.] دیکھو Spodumene

Triphthong : (n) [Fr. Triphtongue'.] (۱) تین حروف صدا دار جن سے ایک ہجا تشکیل پائے (جیسے fire اور Sour جو بطور faeer اور Saoer ادا کئے جاتے ہیں) ۔ (۲) ایک بول میں تین حروف علت کی صدا ہے ۔

Triphthongal : (a) ایک بول میں تین حروف علت کی صدا سے متعلق ۔

Triplane : (n) سہ تختہ طیارہ (جس کے نیچے مضبوطی کے لئے تختے لگائے گئے ہوں) ۔

Triple : (n) [Sb. use of next.] (۱) سہ گونہ مقدار، جمع یا عدد ۔ (۲) جادو بتی جس میں تین بصری ٹیوب ایک ہی میں لگے ہوں ۔ (۳) (موسیقی) سہ ضربی آہنگ؛ سہ ضربی گام ۔

Triple : (a) [L. 'triplus'.] تہرا؛ سہ گونہ؛ ثلاثی؛ تین حصوں کا ۔

Triple : (adv.) تین مساوی طور پر، سہ گونہ طریقے سے ۔

Triple : (v) [med. L. 'triplare'.] (۱) سہ گونہ ہو جانا؛ تہرا ہو جانا؛ سہ گونہ کرنا؛ تین سے ضرب دینا۔ (۲) تگنا ہونا ۔ (۳) (میکانیات) (انجن کے بیان میں) بھاپ کو تگنا کر دینا ۔

Triple Alliance : (n) (۱) اتحادثلاثہ ۔ (۲) وہ اتحادجوانگلستان، سوئیڈن اور نشیبستان (Netherlands) میں سنہ ١٦٨٨ء میں لوئی چہاردہم کے خلاف ہوا

Triplex : (a) [a. L.] (۱) (موسیقی) تہری تال - (۲) (موسیقی) تحریر نغمہ جو تین حصوں میں منقسم ہو - (۳) سہ تہ؛ تین پرتوں کا موٹرکار کا شیشہ جس کی دو تہوں کے بیچ میں سیلولائیڈ کی تہ مضبوطی کے لئے دیتے ہیں -

Triplicate : (a) [L. 'triplicatus, triplicare'.] تہرا؛ خصوصاً جس کےتین نسخے ہوں؛ تین مساوی نسخوں کا حامل -

Triplicate : (n) تین نسخوں میں سے ایک؛ تین نسخوں میں ہونا -

Triplicate : (v) [L. 'triplicat-'.] (۱) تین سے ضرب کرنا؛ تین گونہ اضافہ کرنا ؛ تگنا کرنا ؛ تہرا کرنا - (۲) تین نسخوں میں مہیا کرنا یا تین نسخے تیار کرنا -

Triplice : (n) [It. 'triple'.] اتحادِ ثلاثہ جو روس اور فرانس کے خلاف جرمنی، آسٹریا اور اٹلی میں ہوا تھا - (سنہ ۱۸۸۲ء اور سنہ۱۸۸۳ء کے درمیان) -

Triplicity : (n) [late L. 'triplicitatem'.] (۱) (ریاضیات) سہ چندی؛ تثلیث - (۲) تہرا ہونا؛ سہ گانگی؛ سہ برابری - (۳) تین چیزوں کا مجموعہ - (٤) (علم النجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ؛ سہ بُرج -

Triplicostate : (n) (حیوانیات) ثلاثی ضلعی -

Triplinerved : (n) (نباتیات) سہ رگہ -

Triplite : (n) [G. 'triplit'.] (معدنیات) لوہے اور میگنیز کا فاسفیٹ -

Triplo-/Tripl- : جزو ترکیبی بمعنی "تین گنا" ؛ "سہ گنا" -

Triploblastic : (a) (حیاتیات) سہ تہی نہوضی؛ سہ نہوضی -

Triploblastica : (n) سہ نہوضی جانور -

Triplocaulessent : (a) (نباتیات) ساق درساق دار -

Triploid : (a) (بلور) سہ لونیوی -

Tripod : (n) [L. 'tripus'.] (۱) (یونان اور روم قدیم) تین پاؤں والی گاڑی؛ سہ پایہ دیگ یا برتن - (۲) ڈیلفی کا دارالاستخارہ (جہاں بیٹھ کر پجارن غیب کی باتیں بتایا کرتی تھی) ؛ دارالاستخارہ کی

تھا - (۳) جو فرانس، برطانیہ اور نشیبستان میں سنہ ۱۷۱۷ء میں ہسپانیہ کے خلاف ہوا تھا - (٤) جو جرمنی، آسٹریا اور اٹلی میں سنہ ۱۸۸۲ء میں روس اور فرانس کے خلاف ہوا تھا - (۵) جو ریل ، کان کنی اور بار برداری کے مزدوروں میں سنہ ۱۹۲۱ء تک رہا -

Triple crown : (n) کلاہ پاپائی؛ پاپائے روم کا تاج -

Triple entente : (n) اتحادِ ثلاثہ (انگلستان، روس اور فرانس کے درمیان) -

Triple expansion : (n) بھاپ کی مقدار میں اضافہ -

Triple expansion engine : (n) سہ مدی انجن -

Triple-headed : (a) سہ سرا -

Triple line/-plane : (n) (ہندسہ) تین خطوط یا سطوح کے اتحاد سے بننے والا خط یا سطح -

Triple-nerved : (a) سہ عصبی -

Triple point : (n) (ہندسہ) خط منحنی کی تین شاخوں کا مشترک نقطہ؛ نقطۂ ثلاثی -

Triple-ratio : (n) ۳ : ۱ کا تناسب -

Triple-rhythm : (n) (موسیقی) سہ گونہ آہنگ جس میں ایک بھاری اور دو ہلکے آہنگ ہوں -

Triple-salt : (n) (کیمیا) نمک جس کی تین مختلف اساس ہوں -

Triple-screw : (n) جس میں تین پیچ ہوں -

Triple-star : (n) نجوم ثلاثی -

Triple-time : (n) (موسیقی) تہری تال -

Triple-tree : (n) دار؛ پھانسی کا چوکھٹا -

Triplet : (n) [after Doublet.] (۱) تین چیزوں کا مجموعہ ؛ تین - (۲) تکڑی ہم قافیہ مصرعے؛ ہم قافیہ مثلث - (۳) (موسیقی) تین سُر جو دو سُروں کی تال پر بجائے یا گائے جائیں - (٤) (بول چال) تین جڑواں بچوں میں سے کوئی بچہ - (۵) (بحری) رسے اور لنگر کے حلقے کے درمیان زنجیر کی تین کڑیاں - (٦) (تعمیرات) تین روشنیوں کی کھڑکی -

Trippant : (a) [OFr.] (نقابت) (بارہ سنگھا) تین پاؤں پر بائیں جانب چلتے ہوئے اور اگلا پاؤں اٹھائے ہوئے ۔

Tripper : (n) (۱) سیاح؛ مسافر؛ ٹورسٹ ۔(۲) تیز قدم چلنے والا؛ رقص کرنے والا۔ (۳) سفر پر جانے والا؛ سیر سپاٹا کرنے والا ۔

Trippery : (a) سیاحی سے متعلق ۔

Tripping : (n) سیاحی ؛ سٹرگشتی ؛ سیر سپاٹا ؛ سیر و سیاحت۔

Tripping : (a) (۱) تیز؛ پھرتیلا؛ چست و چالاک ۔(۲) گرتا ہوا؛ ٹھوکر کھایا ہوا؛ غلطی کرنے والا؛ گناہگار؛ قصوروار؛ خطا کار۔ (۳) (نقابت) (بارہ سنگھا) تین پاؤں پر بائیں جانب چلتے ہوئے اگلا پاؤں اٹھائےہوئے ۔

Tripping-line : (n) (جہاز رانی) ہلکا نشان جو سہارے کی بلی جھکانے کے لئے بناتے ہیں ۔

Trippingly : (adv.) (۱) تیزی سے؛ پھرتیلے پن کے ساتھ۔ (۲) گناہ کرتے ہوئے؛ خطا کاری کے ساتھ ؛ قصور کے طور پر ۔

Trippist : (n) مسافر؛ جہانگرد؛ سیاح ۔

Tripsis : (n) (۱) (طب) مالش ۔(۲) (کیمیا) سفوف سازی ۔

Tripterous : (a) (حیوانیات) سہ پرا؛ سہ جناحہ؛ تین پروں والا؛ تین ڈینوں والا ۔

Triptote : (n) [L. 'triptota'.] اسم (یا دوسرا حرف) جو تین حالتوں میں استعمال ہو ۔

Triptote : (a) تین حالتوں والا ۔

Triptreaty : (n) (قانون) سہ طرفہ عہد نامہ ۔

Triptych : (n) [f. TRI - after Diptych.] (۱) (فوٹوگرافی، آرٹ) سہ لوحی تصویر ؛ سہ عکسی تصویر ۔ (۲) قلمی یا عکسی تصویر؛ کندہ کاری کی تصویر جو تین جڑی ہوئی لمبوتری تختیوں پر بنی ہو ۔ (۳) ایک سلسلے کی تین تصویریں جو جڑی ہوئی تختیوں پر ہوں؛ سہ تصویر ۔ (٤) تین جڑی ہوئیں تختیاں (لکھنے کی)؛ سہ تختی۔

Tripudiant : (a) ناچنے والا؛ باغ باغ ہونے والا؛ خوشی سے اترانے والا ۔

نشست ۔(۳) تپائی ؛ تین پائے کی میز، اسٹول وغیرہ ۔(٤) (کیمرے وغیرہ کی) تپائی؛ سہ پایہ کیمرا ۔ (٥) کسی چیز کا سہ پایہ سہارا خصوصاً فریم یا اسٹینڈ جو تین پائے پر ہو ۔ (٦) سہ رکنی چیز ۔

Tripod/-al : (a) تین پائے والا؛ سہ پائی؛ تپائی کی شکل کا؛ سہ رکنی؛ (تشریح) تین شعاعوں والا؛ تین عمل والا ۔

Tripodial : (a) دیکھو Tripod

Tripodian : (a) دیکھو Tripod

Tripodism : (n) سہ پائیگی ۔

Tripointed : (a) سہ نقطی؛ تین نوک والا ۔

Tripolar : (a) (حیوانیات) سہ قطبہ ۔

Tripoli : (n) [Fr. f. 'Tripoli'.] (جغرافیہ) طرابلس؛ شہر طرابلس۔

Tripoli/Tripolite : (n) (معدنیات) طرابلس پتھر؛ سنگ جلا ؛ ایک قسم کا چونے کا کنکر جو دھات صاف کرنے کے کام آتا ھے ۔

Tripoline : (a) سنگ جَلا سے متعلق یا سنگ جلا کا ۔

Tripos : (n) [alteration of L. 'tripus'.] (۱) (کیمبرج یونیورسٹی)امتیازی سند کاامتحان؛ امتیازی بی ۔اے ؛ (تعمیرات) ٹرائپوس ۔(۲) امتحان کے کامیاب امیدواروں کی فہرست ۔ (۳) مزاحیہ نظم کا مجموعہ ۔(٤) ریاضی میں بی ۔اے کی ڈگری، سند (کیمبرج یونیورسٹی)۔

Tripos list : (n) امتحان کے کامیاب امیدواروں کی فہرست (ٹرائپوس کی)۔

Tripos paper : (n) ٹرائپوس امتحان کا کوئی پرچہ (سوالات امتحان)۔

Tripos speech : (n) مزاحیہ یاطنزیہ تقریر (جو ٹرائپوس کے ذریعے ہو)۔

Tripos verses : (n) مزاحیہ نظمیں ۔

Tripot : (n) قمار خانہ ۔

Tripudiary : (a) [L. 'tripudium'.] (۱) (شاذ) (روم قدیم) پرندوں کے طور طریقے سے الہام گوئی کرنے والا ۔ (۲) رقص سہ گامی سے متعلق ۔

Tripudiate : (v) [L. 'tripudiat'.] (۱) (خوشی میں) رقص کرنا؛ سرور میں ناچنا؛ باغ باغ ہو جانا؛ پھولے نہ سمانا ۔ (۲) خوشی میں اچھلنا؛ کودنا (کسی چیز کے لئے) حقارت میں یا کامیابی کی حالت میں ناچنے لگنا (خوشی میں فخر وغیرہ سے) ۔

Tripudiation : (n) رقص و سرود؛ فخر و مباہات؛ خوشی سے پھولے نہ سمانا ۔

Tripus : (n) (حیوانیات) عظم دیثبری؛ تپائیہ ۔

Triquetra : (n) [L. fem. of 'triquetrus'.] ایک زیور جس میں قوس گندھے ہوئے ہوتے ہیں؛ مثلثی زیور ۔

Triquetral : (a) [f. L. 'triquetrus + - AL.] (۱) تکون؛ مثلث؛ سہ سطحی؛ جس میں تین سطحیں ہوں ۔ (۲) دیکھو Triquetrous ۔

Triquetrous : (a) [f. L. 'triquetrus'.] (۱) تکون؛ مثلث؛ سہ سطحی؛ جس میں تین سطحیں ہوں؛ تکونیہ ۔ (۲) سہ گوشہ؛ سہ کنار (درخت کا تنا)؛ جس کے تین کونے یا کنارے ہوں ۔ (۳) (ہندسہ) سہ حادہ زاویائی؛ (نباتیات) تِدھارا؛ تکونیہ ۔

Triquetrum : (n) (تشریح) درمی ہڈی ۔

Triquinate : (a) سہ پنجہ ۔

Triradial/Triradiate : (a) (حیوانیات) سہ کِرنہ ۔

Trireme : (n) [f. L. 'triremis'.] (قدیم یونانی) جنگی جہاز جس میں چپوؤں کی تین قطاریں ہوتی تھیں؛ سہ قطاری کشتی ۔

Trireme : (a) (بحری) سہ طبقہ (جہاز) ۔

Trisagion/Trisagium : (n) [Gr.] یونانیوں اور قدیم مشرقی اقوام کی ایک مناجات ۔

Trisect : (v) (ہندسہ) تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا؛ تثلیث کرنا ۔

Trisected : (a) (نباتیات) سہ پارہ؛ سہ حصوی؛ تین حصوں والا ۔

Trisection : (n) (ہندسہ) عمل تثلیث؛ تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Trisector : (n) (ہندسہ) خط تثلیث؛ مثلث ۔

Trisepalous : (a) (نباتیات) سہ پھول پتیا؛ سہ کاسہ؛ سہ سنبلہ ۔

Triseptate : (a) (نباتیات) سہ فواصل دار؛ سہ فصلہ ۔

Triserial : (a) (نباتیات) سہ قطارہ ۔

Trisetum : (a) سہ خارہ ۔

Triskele : (n) [Gr. 'tri + skelos'.] سہ پائی شکل جس میں ایک مرکز سے شعاع نکلتی ھے ۔

Trismus : (n) [mod. L.] (مرضیات) کُزاز فکی؛ ایک مرض جس میں عضلات کے اکڑ جانے سے جبڑا بیٹھ جاتا ھے؛ منہ کا بند ہو جانا؛ دندیاں پڑجانا؛ فک بستگی ۔

Trisoctahedron : (n) [Gr.] (بلور و ہندسہ) چوبیس سطحی مجسمہ؛ ۲٤ (چوبیس) وجہی کثیر الاضلاع ۔

Trisomic : (a) (بلور) سہ مورثہ؛ سہ جسمہ ۔

Trispermous : (a) (نباتیات) سہ تخمہ ۔

Trispermum : (n) (طب) سہ تخمی پُلٹس ۔

Trisplanchnic : (a) (تشریح) سہ احشائی ۔

Trisporic : (a) (نباتیات) سہ بذروی ۔

Tristachys : (n) (نباتیات) سہ سنبل ۔

Tristesse : (n) [OFr. 'tristesce'.] حزن؛ اندوہ؛ غم گینی؛ رنجیدگی؛ رنج؛ ملال ۔

Tristetrahedron : (n) وہ بلور جو ۱۲ سطحی مثلث ہو ۔

Tristful : (a) (شاذ) غم گین؛ محزون؛ دلگیر؛ اداس؛ مغموم؛ ملول ۔

Tristfullness : (n) اداسی؛ غمگینی؛ حزن؛ ملال ۔

Tristfully : (adv.) اداسی سے؛ غمگینی سے؛ مغموم حالت میں؛ حزن و ملال کے طور پر ۔

Tristich : (n) [after Distich.] (عروض) تین مصرعوں کا بند؛ تین مصرعوں کے مجموعے کی نظم ۔

Tristichous : (a) (۱) (نباتیات) سہ منزلہ؛ سہ قطاری ۔ (۲) (حیوانیات) سہ قطارہ ۔

Tristigmatic : (a) (نباتیات) سہ بقچوی؛ سہ مادگی ۔

Tristis : (n) ماند ۔

Tristylous : (a) (۱) (نباتیات) سہ گردنہ؛ سہ خامہ ۔ (۲) (تعمیرات) سہ ستونی؛ سہ پایہ ۔ (۳) تین طرز کا ۔

Trisul/Trisula : (n) [Skr. 'trisula'.] (۱) ترشول؛ تین نوک کا نیزہ یا بھالا ۔ (۲) شیو جی کا ہتھیار ۔

Trisulcate : (a) (۱) (نباتیات) سہ جھریا؛ سہ میزانیہ؛ سہ دندانہ ۔ (۲) (حیوانیات) سہ انگشتیا: سہ نوکہ ۔ (۳) (حیوانیات) سہ سُمہ ۔

Trisyllabic/-al : (a) [Fr. 'trissyllabique'.] سہ ہجائی: تین ہجا والا؛ تین بول کا ۔

Trisyllabically : (adv.) تین بول کے الفاظ میں؛ تین ہجا کے طور پر ۔

Trisyllabism : (n) کلمہء سہ ہجائی؛ ترکیب سہ ہجائی؛ ثلاثی ۔

Trisyllabity : (n) دیکھو Trisyllabism

Trisyllable : (n) کلمہء سہ ہجائی؛ تین بول کا لفظ ۔

Trisyllable : (a) سہ ہجائی ۔

Tritagonist : (n) [Gr. 'tritagonistes'.] یونانی ناٹکوں میں تیسرا ایکٹر ۔

Tritanopia : (n) (طب) بنفشی رنگ کوری ۔

Trite : (a) [L. 'tritus'.] (۱) کہنہ؛ بوسیدہ؛ مبتذل ۔ (۲) پیش پا افتادہ؛ معمولی؛ فرسودہ (فقرہ، خیال، مقولہ وغیرہ) : پامال (مضامین) ۔ (۳) گھسا ہوا؛ (سڑک و راستہ) کہنہ ۔

Tritely : (adv.) فرسودہ طریقے سے: معمولی طور پر : بوسیدہ حالت میں ۔

Triteness : (n) بوسیدگی؛ کہنگی؛ فرسودگی؛ معمولی ہونا ۔

Triternate : (a) (نباتیات) سہ رکنی مکرر؛ سہ ثلاثی ۔

Tritheism : (n) (دینیات) تثلیث (عقیدہ) ؛ سہ الٰہیت؛ سہ خدائی؛ تین خدا کا عقیدہ ۔

Tritheist : (n) (دینیات) معتقد تثلیث؛ تثلیث کا قائل؛ سہ خدا پرست : تثلیث پرست؛ تین خدا کا ماننے والا ۔

Tritheistic/-al : (a) تثلیثی؛ عقیدہء تثلیث کا یا اس سے متعلق ۔

Tritheite : (n) دیکھو Tritheist

Trithing/Thrithing : (n) [Late OE. 'thriding'.] دیکھو Riding (n)

Trithionic : (a) (کیمیا) سہ کبریتہ ۔

Trithionic acid : (n) سہ کبریتی تیزاب ۔

Tritibial : (a) (حیوانیات) سہ ساقوی؛ سہ مقوی ۔

Tritical : (a) [f. Trite. (a)] دیکھو Trite

Tritically : (adv.) دیکھو Tritely

Triticalness : (n) دیکھو Triteness

Triticin : (n) [L. 'triticum'.] کاربوہائیڈریٹ جو Couch-grass کی جڑ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Triticism : (n) عبارت مبتذل و کہنہ ۔

Triticum : (n) (نباتیات) جنس گندم ۔

Triticum sativus : (n) گندم؛ گیہوں ۔

Tritium : (n) (کیمیا) ٹریشیم؛ ثلاثی ہائیڈروجن ۔

Trito - : جزو ترکیبی بمعنی "تیسرا"؛ "سوم" ۔

Tritoblast : (n) (حیوانیات) ثلاث نبوضی؛ سوم نبوض ۔

Tritocerebrum : (n) سوم حلقہء سر: سوم دماغ؛ حشرات مغز کی تیسری قسم ۔

Tritoma : (n) (نباتیات) افریقی سوسن؛ نفوضیا؛ سہ شگافہ پھول ۔

Triton : (n) [L. 'triton'.] (۱) (یونانی دیومالا) ٹرائٹن؛ سمندر کا ایک چھوٹا دیوتا جس کا باپ پوسائیڈن اور ماں ایمفی ٹرائٹ (Amphitrite) تھی؛ ساگر دیوتا ۔ (۲) سمندر کے چھوٹے دیوتاؤں میں سے کوئی دیوتا جس کی دم مچھلی کی سی ہوتی ہے اور ہاتھ میں گھونگے کا بگل ہوتا ہے ۔ (۳) (حیوانیات) آبی چھپکلی ۔ (٤) گھونگے اور سمندری (کیڑے) کی ایک قسم؛ سنکھی گھونگا ۔

Triton of or among the minnows : (n) دیکھو Minnow

Tritone : (n) (موسیقی) سہ سرا بُعد؛ فاصلہ؛ سہ آہنگ ۔

Tritor : (n) (حیوانیات) ماضغہ؛ ماضغہ دندان ۔

Tritorium : (n) (طبیعیات) فارق المائعات ۔

Tritorum : (n) بیضہ کا تیسرا مرحلہ ۔

Tritozooid : (n) ثلث حوین؛ تیسرے درجے کا خلیہ ۔

Tritubercular : (a) سہ شرفی (دانت)؛ سہ بصیلی؛ سہ دندانہ والا۔

Triturable : (a) (۱) جو باریک پیسا جاسکے ۔ (۲) چبانے کے قابل ۔

Triturate : (v) (۱) پیس کر باریک کر دینا؛ پیسنا ؛ سفوف کرنا؛ باریک یا مہین کرنا ۔ (۲) خوب ؛ اچھی طرح جمانا ۔ (۳) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا؛ پرزے پرزے کرنا؛ چھوٹے چھوٹے حصے کر دینا ۔

Trituration : (n) (۱) (کیمیا) سفوف سازی؛ نرم سازی ؛ خرد سازی ۔ (۲) (حیوانیات) مضغِ کامل ۔ (۳) (طب) چورن ۔ (٤) باریک پیسنا یا پیسا جانا ۔ (۵) چبانا یا چبایا جانا ۔

Triturator : (n) (۱) باریک پیسنے والا؛ چبانے والا ۔ (۲) باریک پیسنے والا آلہ ۔

Trityly : (n) (حیوانیات) سہ میلیّت ۔

Triumph : (n) [OFr. 'triumphe'.] (۱) (تاریخ روم) جشن فتح؛ فتح یاب سپہ سالار کا جلوس ۔ (۲) فتح مندی؛ فتح و ظفر ؛ نصرت ؛ کامیابی؛ کارنمایاں ۔ (۳) فتح کی خوشی؛ فخر؛ اظہار فخر و مسرت؛ انبساط؛ حسرت ۔

In triumph : (۱) فتح مند؛ کامیاب ۔ (۲) نازاں ۔ (۳) پُر مسرت؛ پُر فخر ۔

Triumph : (v) [OFr. 'triumpher'.] (۱) (تاریخ روم) فاتح کا جلوس نکلنا؛ خوشی منانا؛ جشن فتح کرنا ۔ (۲) فتح پانا؛ کامیابی حاصل کرنا؛ کامیاب ہونا؛ غالب آنا؛ فتح مند ہونا؛ فوقیت پانا ۔ (۳) فخر کرنا؛ اترانا (کسی بات پر یا کسی شخص کے مقابلے میں)؛ نازاں ہونا ۔ (٤) شان و شوکت سے زندگی گزارنا؛ کروفر کے ساتھ رہنا ۔

Triumphal : (a) [L. 'triumphalis'.] جشن فتح کا؛ فاتح کے جلوس کا؛ جشن فتح سے متعلق ۔

Triumphal arch : (n) طاقِ نصرت؛ محراب فتح ؛ فتح دروازہ (جو کسی فتح کی یادگار میں بنوایا جائے) ۔

Triumphal chaplet : (n) فتح کا سہرا؛ فتح کا ہار ۔

Triumphal crown : (n) کامیابی کا تاج؛ لارل (ایک قسم کا پودا) کا مکٹ جو روما میں فتح یاب سردار کے سر پر رکھا جاتا تھا ۔

Triumphal garland : (n) دیکھو Triumphal chaplet

Triumphal wreath : (n) فتح یابی کا ہار؛ فتح یابی کا سہرا ۔

Triumphancy : (n) نصرت؛ فتح مندی؛ کامیابی ۔

Triumphant : (a) [L. 'triumphantum'.] (۱) فتح مند؛ فاتح؛ منصور؛ فتح یاب؛ کامیاب؛ ظفر یاب؛ جیتنے والا ۔ (۲) (اپنی فتح یا کامیابی پر) نازاں؛ خوشی سے اترانے والا؛ نہایت خوش ۔ (۳) پُر فخر؛ پر مسرت؛ فخر کا؛ فخریہ (تقریر، لہجہ وغیرہ)۔

Church triumphant : دیکھو Church

Triumphantly : (adv.) فتح مندی سے؛ کامیابی کے ساتھ؛ نصرت کے طور پر؛ فخر سے؛ فخریہ طریقے سے ۔

Triumphator : (n) (روم قدیم) فاتح؛ منصور؛ نصرت حاصل کرنے والا ۔

Triumpher : (n) وہ شخص جس کا فتح مندی کی وجہ سے استقبال ہوتا ہے؛ وہ شخص جو فتح و کامیابی کی وجہ سے جشن مناتا ہے ۔

Triumphing : (a) جشن منانے والا؛ فتح کی خوشی منانےوالا؛ فرحاں ؛ شاداں ؛ فخر کرنے والا ۔

Triumphingly : (adv.) فخر سے؛ فخریہ طور پر؛ اتراتے ہوئے۔

Triumvir : (n) [L. back-formation from trium virorum'.] (۱) (روما تاریخ) ترام ویر؛ مجلس ارباب ثلاثہ کا رکن (جو سلطنت روما کی فرمانروائی کے فرائض انجام دیتی تھی)؛ حکومت سہ نفری؛ سہ تانی ۔ (۲) تاریخ روما میں پہلی اور دوسری مجلس ارباب ثلاثہ کے کسی رکن کے لئے آتا ہے ۔

Triumviral : (a) ترام ویری؛ حکومت سہ نفری کے متعلق ۔

Triumvirate : (n) [L. 'triumviratus'.] (۱) (تاریخ روما) منصب ترام ویر۔ (۲) (سیاسیات) حکومت ثلاثہ؛ (تاریخ) اتحاد ثلاثہ؛ اتحاد سہ گانہ ۔ (۳) مجلس ترام ویری؛ مجلس ارباب ثلاثہ(پامپی، جولیس سیزر اور کرے سس کی سنہ ٦۰ ق ۔ م ۔ مارک انٹونی اکیوین اور لیپی ڈس کی سنہ ۱۳۰ ق ۔ م) ۔ (٤) تکڑی؛ تین آدمیوں کا گروہ یا جتھا ۔

First triumvirate : (تاریخ روما) پہلی مجلسِ ارباب ثلاثہ ۔

Second triumvirate : (تاریخ روما) دوسری مجلس ارباب ثلاثہ

Triunal : (a) واحد فی التثلیث؛ جو تین ہونے پر بھی ایک ہو ؛ سہ اقنومی؛ ثلاثہ فی الواحد ۔

Triune : (a) [TRI - = L. 'unus'.] دیکھو Triunal

Triune : (n) (۱) تین چیزوں کا اتحاد ۔ (۲) تثلیث فی التوحید ۔

Triungulin : (n) سہ چنگلہ ۔

Triunity : (n) (۱) سہ گانگی؛ اتحاد ثلاثہ ۔ (۲) تثلیث فی التوحید؛ ایک میں تین ہونا ۔ (۳) (دینیات) ثالوث ۔

Trivalence/Trivalency : (n) سہ گرفتگی ۔

Trivalent : (a) [TRI + Valent.] (۱) (کیمیا) سہ گرفتہ؛ سہ ظرفیتی؛ سہ بُنیانی ۔ (۲) تہرا لونیہ ۔

Trivalve : (a) سہ والو؛ سہ صمامہ؛ سہ صمامیہ؛ سہ دریچی

Trivet : (n) [L. 'tripedem'.] (۱) لوہے کی تپائی (کیتلی وغیرہ کو آگ پر رکھنے کے لئے) ؛ دیگپایہ ۔ (۲) بریکٹ جو آتش دان میں اس مقصد کےلئے لگا ہوتا ہے ۔

As right as a trivet : (۱) (بول چال) بالکل ٹھیک ؛ کاملاً راست ۔ (۲) تندرست؛ خوش حالی یا تندرستی کے ساتھ ۔

Trivet table : (n) تپائی؛ تین پائے کی میز؛ میز سہ پایہ ۔

Trivial : (a) [L. 'trivialis'.] (۱) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم سے متعلق ۔ (۲) معمولی؛ ادنیٰ؛ خفیف ؛ کم مایہ ؛ جزئی ؛ فرومایہ ؛ مبتذل ۔ (۳) (نباتیات) غیر علمی؛ مخصوص؛ انفرادی (نام) ۔ (٤) نکما؛ سطحی قسم کا؛ نا اہل (آدمی) ۔ (٥) معمولی؛ پھیکا؛ بے لطف ۔ (٦) مشہور؛ ملکی؛ دیسی؛ عامیانہ؛ بازاری ۔

The trivial round : روز مرہ کی بے لطف زندگی ۔

Trivial : (n) (۱) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم میں تین مضامین ۔ (۲) ادنیٰ بات؛ معمولی چیز؛ خفیف چیز؛ ابتذال؛ بے مانگی ۔ (۳) پیش پا افتادگی ۔

Trivial name : (n) (نباتیات) مشہور نام؛ عرف ۔

Trivialism : (n) (۱) مبتذل موضوع؛ بیان مبتذل ۔ (۲) ادنیٰ یا خفیف چیز ۔ (۳) غیر علمی نام ۔

Triviality : (n) [L. 'trivialitatem'.] (۱) دیکھو Trivialness- (۲) ادنیٰ یا خفیف چیز ؛ ابتذال ؛ بے مانگی ۔ (۳) پیش پا افتادگی؛ بے اہمیتی ۔ (٤) سخن عامیانہ؛ عامیانہ بات چیت ۔

Trivialization : (n) بے اہمیت ہونے کا عمل ؛ ابتذال ؛ کم مانگی ۔

Trivialize : (v) (۱) خفیف ہونا؛ نکما ہونا؛ بےلطف ہو جانا؛ بے اہمیت ہونا یا کرنا ۔ (۲) بے لطف کر دینا ۔

Trivially : (adv.) خفیف سمجھ کر؛ معمولی طور سے ؛ سرسری طور پر ۔

Trivialness : (n) ادنیٰ یا خفیف ہونا؛ نکماپن؛ کم مانگی ؛ بے لطفی ۔

Trivium : (n) [L.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے مدارس کے نصاب تعلیم میں پہلے تین فنون شریفہ ؛

Trochee : (n) [L. 'trochaeus'.] ٹروکی؛ وہ بحر جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو ۔

Trochelminthes : (n) (حیوانیات) دیدانِ دوّار؛ دوّار کیڑے ۔

Trochidae : (n) لٹو صدفیّات؛ دوّار نرم تناں ۔

Trochilic : (a) [Gr. 'trochilos'.] گردشی؛ دوّار؛ پہیے سے متعلق ۔

Trochilics : (n) علم گردش؛ دوریّات؛ چکر چال بدیا ؛ چکر چال کا علم ۔

Trochilidine : (a) [mod. L. 'Trochilidoe'.] خانوادہٴ طوطی و فاختہ سے متعلق ۔

Trochilus : (n) [L.] (۱) (طیوریات) چھوٹے پرندوں کی ایک قسم خصوصاً شکر خورہ ۔ (۲) قدماء کے خیال کے بموجب ایک مصری پرندہ جو مگرمچھ کے دانت کے ریشے صاف کرتا تھا؛ مگر طیر ۔

Trochilus : (n) [L.] (تعمیرات) پایہ کی کنگنی؛ مقعّر گولا ۔

Trochlea : (n) [L.] (۱) (تشریح) چرخی نما حصہ؛ چرخی نما کڑی؛ غضروف؛ چرخینہ ۔ (۲) (میکانیات) چرخی؛ غرغر ۔

Trochlear : (a) [mod. L. 'trochbaris'.] (تشریح،نباتیات) چرخی نما؛ چرخینی ۔

Trochlear muscle : (n) آنکھ کا غیر مستقیم عضلہ ۔

Trochlear nerve : (n) چرخی نما عصب (آنکھ کا) ۔

Trochleate : (a) (نباتیات، تشریح) چرخی دار؛ چرخی ۔

Trochleate nerve : (n) (حیوانیات) عصب چرخی ۔

Trocho-/Troch- : سابقہ بمعنی چرخ؛ گردش ۔

Trochoblast : (n) (حیوانیات) چرخ نہوض ۔

Trochoid : (n) [Gr. 'trochoides'.] (۱) (ہندسہ) دیکھو Cycloid : (ریاضیات) استداری خط ؛ مستدیر ۔ (۲) (تشریح) مفصل مداری؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا جوڑ ۔ (۳) (حیوانیات) ایک طرح کی صدف ماہی جس کا صدف لٹو کی شکل کا ہوتا ہے ۔

معانی و بیان (صرف و نحو)، خطابت اور منطق ؛ علوم ثلاثہ (منطق ، نحو ، بیان) ۔ (۲) خار پشت جانوروں کے اگلے تین منقال ۔

- trix : لاحقہ ، جس اسم فاعل مذکر کے آخر میں 'tor' ہو اس کی مونث کے آخر میں آتا ہے، جیسے Administratrix ۔

Trizoic : (a) (حیوانیات) سہ حیوانی ۔

Troat : (v) [OFr. 'trout'.] مست ہرن کی (سی) آواز نکالنا ۔

Troat : (n) مست ہرن کی آواز ۔

Trocar : (n) [Fr. 'troquart'.] (طب) مبزل؛ ایک آلہ جس سے استسقاء کے مریض کے جسم سے رطوبت نکالتے ہیں؛ منیشتر ۔

Trochaic : (a) [L. 'trochaicus'.] (عروض) بحر ٹروکی کا ؛ ٹروکی کی طرح؛ (جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو) ۔

Trochaic : (n) ٹروکی بحر کی نظم ۔

Trochaic spondee : (n) (عروض) وہ وزن جس میں دو طویل ارکان ہوں اور پہلے پر زور ہو ۔

Trochal : (a) [Gr. 'trochos'.] (حیوانیات) پہیّا نما؛ چرخی؛ دولابی؛ پہیے کی شکل کا؛ دولاب نما ۔

Trochal disc : (n) (حیوانیات) چرخی‌ٴ قرص ۔

Trochanter : (n) [Fr.] (۱) (تشریح و حیوانیات) مدور فخذ : ہڈیوں کا سلسلہ جو ران کی ہڈی کے اوپر ہوتا ہے؛ طروخا ۔ (۲) کیڑے کی ٹانگ کا دوسرا جوڑ؛ (حیوانیات) بند دوم یا پائے حشرہ ۔

Great trochanter (trochanter major) : طروخاءِ کبیر ۔

Lesser trochanter (trochanter minor) : طروخاءِ صغیر ۔

Trochanteric : (a) طروخا کا یا اس سے متعلق ۔

Trochantin : (n) (حیوانیات) طروخچہ ۔

Trochate : (a) (حیوانیات) چرخ نما ۔

Troche : (n) [L. 'trochiscus'.] (دواؤں کے) قرص یا لوز؛ گولی؛ ٹکیہ ۔

Trochoid : (a) (۱) (ہندسہ) دوار؛ چرخندہ۔(۲) (تشریح) مداری؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا۔ (۳) لٹو کی شکل کی (محراب)؛ لٹونما؛ پھرکی نما۔(٤) (حیوانیات) چرخی دار؛ چولدار۔

Trochoid joint : (n) (تشریح، حیوانیات) مفصل چرخی؛ چولدار جوڑ۔

Trochoidal : (a) (۱) مداری؛ (ریاضیات) مستدیر؛ (ریاضیات) مستدیری؛ محوری خاصیت والا۔(۲) مفصل مداری کے متعلق۔

Trochometer : (n) (میکانیات) مسافت پیما۔

Trochophora : (n) (حیوانیات) دوّاران۔

Trochophore /Trochosphere : (n) (حیوانیات) بدبی حلقہ۔

Trochus/Trochuses : (n) [L.] (۱) (یونان اور روما قدیم) پہیّا۔(۲) جھلا۔(۳) بدبی حلقہ؛ ٹروکس چرخیہ۔(٤) جنس لٹو صدفیہ؛ دوار نرم تن۔

Trod : (n) [OE.] (بول چال) راستہ؛ فٹ پاتھ؛ ٹہلنے کا راستہ؛ پگڈنڈی۔

Trod : (a) Trodden کا مخفف۔

Trod : (a) Tread کا فعل ماضی۔

Trodden : (a) [Late ME. 'troden'.] جس پر چلا جائے؛ قدم رکھا ہوا؛ قدمچےدار؛ پامال کیا ہوا۔

Troglodytal : (a) غار نشیں سے متعلق؛ غار نشینی کا۔

Troglodyte : (n) [L. 'troglodyta'.] (۱) (تاریخ) غار نشیں؛ گپھا میں رہنے والا (خصوصاً قبل تاریخی عہد میں مغربی یورپ کا)۔(۲) (مجازاً) تارک الدنیا زاہد؛ راہب؛ گوشہ نشیں۔(۳) ایک قسم کا پرندہ سُکسُکہ؛ پھوکی (دیکھو wren)۔(٤) ایک قسم کا بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے۔

Troglodyte : (a) دیکھو Troglodytal

Troglodytic/-al : (a) [L. 'troglodylicus'.] (۱) غارنشینی کا یا اس سے متعلق؛ غارزی؛ غارنشیں؛ گپھا میں رہنے والا۔(۲) راہبانہ؛ گوشہ نشینی کا۔(۳) راہب مانند؛ حالات سے واقف رہنے والا۔

Troglodytism : (n) (۱) غارنشینی؛ سکونت غار۔(۲) (دینیات) رہبانیت۔

Trogon : (n) [mod. L.] (حیوانیات) ٹروگن؛ قارض (پرند)؛ امریکا کا ایک پرند جس کی منقار چھوٹی اور داندنے دار ہوتی ہے۔

Troic : (a) [Gr. 'troikos'.] ٹروائی؛ شہر ٹرائے کا یا اس سے متعلق۔

Troika : (n) [RUSS.] ایک روسی گاڑی جس میں تین گھوڑے پہلو بہ پہلو جوتے جاتے ہیں۔

Troika : (n) (۱) تین آدمیوں کی جماعت۔(۲) تین آدمیوں کی انتظامیہ کاؤنسل۔

Troilite : (n) [f. the name of Dominico Troili.] (معدنیات) لوہے کا سلفائڈ جو حجر شہابی میں پایا جاتا ہے۔

Trojan : (a) [L. 'troianus'.] (۱) شہر ٹرائے کا؛ اہل ٹرائے سے وابستہ۔(۲) اہل رزم؛ بڑی طاقت۔

Trojan : (n) (۱) شہرٹرائے کا باشندہ؛ اہل ٹرائے۔(۲) جفاکش؛ بہادر آدمی؛ طاقتور شخص۔(۳) موافق دوست؛ فیاض ساتھی؛ ہنس مکھ احباب؛نیز اچھا دوست۔

Like a trojan : نہایت محنت اور جفاکشی سے۔

Trojan war : (n) جنگ ٹرائے جو یونانیوں اور ٹرائے والوں میں ہوئی تھی۔

Troll : (n) [f.Troll (v)] (۱) گیت جس کےٹکڑے کئی آدمی باری باری سے گائیں؛ باری کا گیت۔(۲) گردش؛ چکر؛ دور۔(۳) (مچھلی مارنے کی) بنسی کی ریل(جس میں ڈور خود بخود لپٹتی اور کھلتی ہے)؛ قلاب ماہی گیری۔(٤) ٹہیلا۔

Troll : (n) [ON. and Swed. 'troll'.] (۱) (اساطیر) جِن۔(۲) بھتنا (ناروے اور سوئیڈن کی دیومالا) ایک قسم کا بالشتیا جو انسانوں کا دوست مگر شریر ہوتا ہے۔

Troll : (v) [OFr. 'troller'.] (۱) ادھر اُدھر گھومنا؛ دائرہ وار حرکت کرنا؛ دائرے کی شکل میں ناچنا۔(۲) (پہیّے ٹہیلے وغیرہ کا) لڑھکنا؛ لڑھکانا؛ گیند کو لڑھکانا۔(۳) گھمانا؛ چکر دینا؛ پھرانا۔(٤) ہلنا؛ ہلانا؛ کسی چیز کو حرکت دینا۔(٥) (گیت کے ٹکڑوں کو کئی آدمیوں کا) باری باری سے گانا۔(٦) بے پروائی سے گانا۔(۷) خوشی سے گانا؛ مسرت میں الاپنا؛ خوشی میں گنگنانا؛ نغمہ سرائی کرنا؛ الاپنا؛ خوشی

کے گیت گانا ۔ (۸) (گھنٹی کا) زور سے بجنا؛ پر زور آواز میں بجنا ۔ (۹) پر زور آواز میں گانا؛ زور سے تقریر کرنا ۔ (۱۰) (دریا میں) مچھلی کا شکار کھیلنا؛ مچھلی مارنا؛ قلاب کے ذریعے ماہی گیری کرنا ۔ (۱۱) (بوتل یا شیشے کو) گردش میں لانا؛ دور چلنا ۔

Troller : (n) (۱) خوشی میں ناچنے والا ۔ (۲) ماہی گیر ۔

Trolley/Trolly/Trawley : (n) [perh. from Troll. v.] (۱) (ریلوے) ٹرالی؛ ٹھیلا (جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لاتے لے جاتے ہیں) ۔ (۲) ٹھیلا گاڑی (جو ریل کی پٹری پر دستی بیرم کے دبانے سے چلتی ہے) ۔ (۳) لکڑی کا ٹھیلا (جس میں سبزی فروش وغیرہ اپنا مال رکھ کر بیچتے پھرتے ہیں) ۔ (٤) ٹرالی؛ وہ پھرکی جسے بجلی کے تار میں لگا کر ٹرام ریل وغیرہ چلاتے ہیں ۔ (٥) ایک قسم کی موٹے کام کی لیس یا بیل ۔ (٦) (امریکا) Trolley - car کا مخفف ۔

Trolley-car : (n) (امریکا) ٹرام گاڑی؛ برقی رو سے چلنے والی ٹرالی ۔

Trolley-pole : (n) ٹرالی ڈنڈا؛ جس کا ایک سرا گاڑی میں لگا ہوتا ہے اوردوسرے سرے پر ٹرالی ہوتی ہے ۔

Trolley-wheel : (n) وہ ٹرالی پہیّا جو ریلوے لائن پر چلتی ہے ۔

Trolley-wire : (n) وہ برقی تار جو سر کے اوپرھوتا ہے اور جس کی مدد سے ٹرام گاڑی چلتی ہے ۔

Trolling : (n) (۱) چرخش؛ پیچ ۔ (۲) ماہی گیری ۔

Trollman : (n) جادوگر ۔

Trollop : (n) [perh. conn. W. Troll. (v)] (۱) پھوہڑ عورت ۔ (۲) کسبی؛ آوارہ عورت؛ زن ہرزہ ۔

Trollop : (v) بے سلیقے سے کام کرنا؛ پھوہڑپن سے کوئی کام کرنا ۔

Trollopish : (a) پھوہڑ؛ آوارہ ۔

Trollopy : (a) دیکھو Trollopish

Trolly : (n) ایک قسم کی موٹے کام کی لیس یا بیل ۔

Tromba : (n) [It.] (موسیقی) ترم؛ بگل؛ تری ۔

Trombash : (n) سوتیڈن کا ایک ہتھیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ھے ۔

Trombone : (n) [It. 'trombone'.] (۱) (موسیقی) ایک قسم کا بڑا ترم یا بگل؛ ترم بلند ۔ (۲) یہ ترم بجانے والا ۔

Tromboni : (n) دیکھو Blunderbuss

Trombonist : (n) ترم بجانے والا ۔

Trommel : (n) [G. fr. MHG 'trummel'.] (کان کنی) ڈھول کی شکل کی گھومنے والی چھلنی جس میں کچی دھات چھانتے ہیں؛ چکر چھلنی؛ معدنی شے چھاننا؛ ٹرومل ۔

Tromometer : (n) [Gr. 'tromos'. + - METER.] (جغرافیہ) لرز پیما؛ زلزال پیما؛ ایک آلہ جس سے زلزلے کے خفیف جھٹکے ناپے جاتے ہیں ۔

Tromometric/-al : (a) زلزال پیما کا یا اس سے متعلق ۔

Tromometry : (n) زلزال پیما کا سائنٹفک استعمال ۔

Tromophonia : (n) (طب) لرزاں آوازی؛ لرزاں صوتی ۔

Trompe : (n) [Fr.] (کیمیا) پن دھونکنی؛ بھٹی میں آگ دھونکنے کا ایک آلہ جو پانی کے گرنے کی قوت سے کام کرتا ھے ۔

Trompe oeil : (n) [Fr.] نقاشی کا ایک طرز ۔

Tron : (n) [L. 'trutina'.] (۱) (تاریخ، خصوصاً اسکاٹستانی) شہر میں عوام کے وزن کرنے کا ایک آلہ ۔ (۲) بازاری جگہ؛ بازار کی جگہ ۔

Trona : (n) [Swed. app. f. Arab. 'tron'.] (معدنیات) شمالی افریقہ اور امریکا میں پایا جانے والا پُر آب سوڈیم کاربونیٹ ۔

Tronage : (n) [AFr. 'tronage'.] (۱) عوامی مشین پر وزن کرنا ۔ (۲) ٹرون پر وزن کرنے کا محصول ۔ (۳) محصول لینے کا حق ۔

Tronk : (n) [Pg. 'tronco'.] (۱) زندان؛ حبس؛ قید ۔ (۲) قید خانہ؛ جیل خانہ ۔

Troolie : (n) [Tupi 'tururi'.] ایک قسم کے(Bussu)نخل کی پتی ۔

Troolie hut : (n) ایک قسم کے نخل کی پتیوں سے بنا ہوا جھونپڑا ۔

Troop : (n) [OFr. 'trope'.] (۱) سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) پارٹی؛ جھنڈ؛ کمپنی؛ گروہ؛ ٹولی؛ مجمع؛ دستہ ۔ (۳) (جانوروں کا) غول؛ گلہ؛ ریوڑ؛ جھنڈ؛ (پرندوں کا) جھنڈ ۔ (٤) (جمع) فوج؛ لشکر؛ سپاہ ۔ (٥) ٹرپ؛ سواروں کا دستہ (جس میں عموماً ٦۰ سوار دولفٹننٹ اور ایک کپتان ہوتا ہے) ۔ (٦) ٹرپ کی کمان؛ فوج کی کمان ۔ (۷) کوچ کا نقارہ؛ ڈھول کی ایک آواز جس سے کوچ کا حکم دیا جاتا ہے؛ فوج کے جمع ہونے کا حکم ۔ (۸) (تھیٹر کے ایکٹروں یا کسی اورقسم کے) تماشے والوں کی منڈلی؛ کمپنی ۔ (۹) ہوائے اسکاؤٹ کی کمپنی ۔

To get one's troop : کپتان کے عہدے پر ترقی پانا ۔

Household troops : شاہی محافظ فوج؛ فوج کا وہ دستہ جو بادشاہ کی حفاظت کرے یا خاصہ بردار ۔

Troop : (v) [f. prec.] (۱) (up کے ساتھ) جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا؛ کمپنی میں اکٹھا ہونا؛ مجمع ہونا؛ جھنڈ میں ہونا؛ ایک ساتھ ہونا ۔ (۲) بہت بڑی تعداد میں آنا؛ (in, out, along کے ساتھ) جانا؛ چلنا (فوج کی فوج ، جھنڈ کے جھنڈ آنا) ۔ (۳) (off, away کے ساتھ) چل دینا؛ روانہ ہونا؛ (تیزی سے) چلے جانا ۔ (٤) صف میں کوچ کرنا؛ صف میں روانہ ہونا؛ قطار میں چلنا(بول چال) ۔ (٥) کثیر تعداد میں جانا؛ جھنڈ میں جانا ۔ (٦) (فوج کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ (۷) فوجی رسم ادا کرنا، جس میں پرچم دیا جاتا ہے ۔

To troop the colour /- colours : جھنڈے کی پریڈ کرنا؛ جھنڈے کی فوج کی صفوں میں سے گزرنے کی رسم ادا کرنا جو قلعے کا پہرا بدلتے وقت ادا کی جاتی ہے ۔

Troop-bird : (n) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ ۔

Troop-boot : (n) (امریکا) رسالے کا جوتا ۔

Troop-duck : (n) دیکھو Greater scaup

Troop-fowl : (n) (امریکا) دیکھو Scaup - duck

Troop-horse : (n) رسالے کا گھوڑا ۔

Troop-leader : (n) رہبر گروہ؛ سردار دستہ؛ ٹرپ کا سردار ۔

Troop-ship : (n) باربرداری کا جہاز؛ سپاہیوں اور اسباب کو لانے لے جانے والا جہاز ۔

Trooper : (n) (۱) رسالے کا سپاہی؛ اسوار؛ اسپ سوار ۔ (۲) رسالے کا گھوڑا ۔ (۳) (فوج کا) بار برداری کا جہاز ۔ (٤) (آسٹریلیا) سوار سپاہی ۔

To lie like a troper/To swear- : بیحد قسم کھانا؛ کثرت سے سوگند کھانا ۔

Troopial/Troupial : (n) [Fr. 'troupiale'.] Icteridae جنس کا امریکی پرندہ ۔

Trooping the colour(s) : (n) جھنڈے کی پریڈ؛ جھنڈے کی فوج کی صفوں میں سے گزرنے کی رسم جو قلعے کا پہرا بدلتے وقت ادا کی جاتی ہے ۔

Troostite : (n) [f. name of Prof. G. Troost of Nashville.] (۱) (معدنیات) willemite کی ایک قسم ۔ (۲) (دھات) اسپات، فولاد کا تغیر پذیر عنصر ۔

Tropaeolin : (n) [f. next+ IN.] نارنجی رنگوں میں سےکوئی ۔

Tropaeolum : (n) [mod. L.] ایک قسم کی بیل جس میں زرد اور مشکیزہ دار پھول آتےہیں؛ (نباتیات) جنسِ کاھو؛ امریکی بیل ۔

Tropal : (a) استعاری؛ صفت معنوی سے متعلق ۔

Trope : (n) [L. 'tropus'.] (۱) صفت معنوی؛ مجاز؛ استعارہ؛ مجازی زبان ۔ (۲) (مغربی کلیسا) استعارے یا اشعار جو پادری وعظ میں استعمال کرے ۔ (۳) (ہندسہ) سطح کے اوپر مرکزی نقطے کا مقلوب ۔

Trophallaxis : (n) (حیوانیات) تغذیاتی تعاون ۔

Trophamnion : (n) (حیوانیات) غذائی حشیمہ؛ تغذا سنیاں ۔

Trophesy : (n) (طب) سوء تغذیہ ۔

Trophi : (n) [mod. L., Pl. of 'trophus'.] (۱) (تشریح) دہان حشرہ ۔ (۲) دندان دوار ۔ (۳) (حیوانیات، تشریح) اعضاءِ غذا ۔

Trophic/-al : (a) [Gr. 'trophicos'.] غذائی؛ جو تغذیہ سے متعلق ہو؛ تغذیاتی ۔

Trophic nerves : (n) غذائی اعصاب ۔

Trophically : (adv.) غذا کے طور پر؛ تغذیاتی حالت میں ۔

Trophied : (a) Trophy سے سجایا ہوا ۔

Tropho - : جز و ترکیبی بمعنی "غذا"، "تغذیہ" ۔

Trophobiosis : (n) (حیوانیات) غذائی تعاون ۔

Trophoblast : (n) غذا نہوضہ؛ تغذِ نہوض ۔

Trophocyte : (n) (حیوانیات) غذا خلیہ؛ تغذِ خلیہ (خصوصاً کیڑے میں) ۔

Trophoderm : (n) دیکھو Trophoblast

Trophodisc : (n) (حیوانیات) تغذ قرص ۔

Trophology : (n) (طب) غذائیات؛ تغذیات ۔

Trophoneurosis : (n) (طب) غذائی خلل اعصاب؛ اعصابی سوء تغذیہ؛ تغذیے کی خرابی جو اعصابی شکایت کی وجہ سے ہو ۔

Trophosperm : (n) (حیوانیات) آنول ۔

Trophosphere : (n) (حیوانیات) غذا حلقہ ۔

Trophospongium : (n) (حیوانیات) تغذِ اسفنجیت ۔

Trophotaxis : (n) (حیاتیات) تغذ ترتیب؛ غذائی تاثر ۔

Trophotherapy : (n) (طب) غذائی علاج ۔

Trophotropism : (n) (نباتیات) تغذ رخی؛ غذا رخی ۔

Trophozoite : (n) (۱) (حیوانیات) تغذ طفیلی ۔ (۲) (حیوانیات) تغذیاتی روپ ۔

Trophozooid : (n) (حیوانیات) تغذیائی حوین؛ معدی حوین ۔

Trophy : (n) [Fr. 'trophee'.] (۱) (یونان اور روما قدیم) شکست خوردہ دشمن، اسلحہ وغیرہ جو میدان جنگ میں یا کسی اور جگہ نمائش کے لئے رکھے جائیں؛ نمائشات فتح ۔ (۲) (روما) یادگار فتح؛ مجسمہ وغیرہ یا اور کوئی مستقل چیز؛ نشان ظفر ۔ (۳) فتح کی نشانی؛ دشمن سے چھینا ہوا جھنڈا وغیرہ؛ (مجازاً) کامیابی کی یادگار یا نشانی ۔ (٤) نشانی؛ یادگار (کسی چیز کی) ۔ (٥) وہ سامان جو کسی چیز کی نشانی یا نمونے کے طورپر دیوار وغیرہ پر سجائے جائیں ۔ (٦) انعام؛ یادگاری؛ انعام جو یادگار کے طور پر دیا جائے؛ دستہء گل یا کوئی چیزجو فتح مندی کے انعام میں دیا جائے؛ ٹروفی ۔ (۷) کوئی چیز جو جنگ میں لی جائے یا شکار میں حاصل کی جائے؛ مالِ غنیمت ۔ (۸) شجاعت کے طور پر دی گئی کوئی چیز ۔

Trophy : (v) (۱) انعام عطا کرنا؛ فتح مندی میں کسی چیز سے سرفراز کرنا ۔ (۲) ٹروفی سے سجانا ۔

Trophy-money/-tax : (n) (تاریخ) وہ ٹیکس جو اگلے زمانے میں فوجیوں کے مصارف کے لئے لگایا جاتا تھا ۔

Tropic : (n) [L. 'tropicus'.] (۱) خط سرطان؛ ۲۳ درجے ۲۸ دقیقے کا عرض البلد شمالی ۔ (۲) خط جدی؛ ۲۳ درجے ۲۸ دقیقے کا عرض البلد جنوبی ۔ (۳) (جمع) خط انقلاب ۔ (٤) (علم النجوم) مدار شمس: نقطہء انقلاب: ان دونوں دائروں میں سے کوئی دائرہ جہاں سے آفتاب میل کے انتہائی نقطے پر پہنچنے کے بعد پھرتا ہوا نظر آتا ہے ۔ (٥) (مجازاً) حدود؛ حد ۔

The tropics : منطقہء حارہ : خط جدی اور خط سرطان کے بیچ کا خطہ ۔

Tropic : (a) [L. 'tropicus'.] منطقہء حارہ کا؛ گرم ملکوں کا؛ گرم سیر خطے کا؛ (جغرافیہ) حارّی : (حیوانیات، نباتیات) رُخی ۔

Tropic : (a) [Arbitrarily f. Atropic.] (کیمیا) اٹروپین کے ایسڈ سے متعلق؛ عرق مکو سے تیار ہونے والے ایسڈ کا یا اُس سے متعلق ۔

Tropic bird : (n) ایک قسم کی چھوٹی مرغابی جس کی چونچ بہت لمبی ہوتی ہے؛ بحری ابابیل؛ دراز دُم ۔

Tropic grape : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Tropic of cancer : (n) (۱) (جغرافیہ) خط سرطان ۔ (۲) دائرہء راس السّرطان ۔ (۳) (علم النجوم) کیکڑا منذل ۔

Tropic of capricorn : (n) (۱) (جغرافیہ) خط جدی ۔ (۲) (علم النجوم) دائرہ راسِ ابجدی؛ مکر منذل ۔

Tropical : (a) (۱) (علم النجوم) مداریتی؛ مدار شمس سے متعلق ۔ (۲) (جغرافیہ) حارّی؛ منطقہ حارہ کا؛

گرم ملکوں کا؛ گرم سیر (خطے کا) ۔ (۳) منطقه حارہ کا سا؛ گرم ملکوں کا سا ۔ (٤) (مجازاً) پُرجوش؛ شدت کا؛ بہت گرم؛ کثیر؛ فراواں؛ تند خو؛ آتش مزاج ۔ (٥) کسی صنعت معنوی کا؛ مجازی؛ استعاری؛ مستعار ۔ (٦) ایک بیماری سے متعلق جو گرم ملکوں میں رہنے کی وجه سے ہوتی ہے ۔

Tropical abscess : (n) جگر کا پھوڑا جو گرم آب و ہَوا میں رہنے کی وجه سےہوجاتا ہے ۔

Tropical cyclone : (n) حارّی جھکّڑ؛ حاری بگولا ۔

Tropical duckweed : (n) آبی کاہو؛ آبی سلاد ۔

Tropical lilac : (n) امریکی بنفشه ۔

Tropical month : (n) (علم النجوم) ماہِ اعتدال ۔

Tropical rain forest : (n) (نباتیات) استوائی جنگل ۔

Tropical storm : (n) حارّی طوفان ۔

Tropical year : (n) (علم النجوم) سال اعتدالی ۔

Tropicality : (n) منطقهٔ استوائی؛ حالت استوائی ۔

Tropicalize : (v) استوائی کرنا ۔

Tropically : (adv.) (۱) استعاری طور پر ۔ (۲) شدت کے ساتھ؛ پُر جوش طور پر ۔ (۳) فراوانی کے ساتھ؛ افراط کے طور پر ۔

Tropicopolitan : (a) [after cosmopolitan.] گرم سیری؛ گرم ملکوں کا؛ گرم آب و ہَوا کا ۔

Tropicopolitan : (n) (حیوانیات) حارّی حیوان؛ (نباتیات) حارّی نباتات؛ گرم ملکوں کا پودا یا جانور ۔

Tropics : (n) (علم النجوم) (جغرافیه) خطوط سرطان وَجَدی؛ مدارین ۔

The tropics : (جغرافیه) منطقهٔ حارہ ۔

Tropidine : (n) [Arbitrarily f. Tropine.] (کیمیا) بے رنگ روغنی الکحل جو ٹروپین سے حاصل ہوتا ہے ۔ $(C_3H_{13}N)$

Tropilidine : (n) ہائیڈرو کاربن مائع (C_7H_8) جو خشک ٹروپین کو پانی ملے چونے میں ملانے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Tropine : (n) [Arbitrarity f. Atropine.] (کیمیا) القلی نما مادہ ۔ $(C_8H_{15}NO)$

Tropism : (n) [The second element of Heliotropism.] (۱) (حیاتیات) رخ گردی؛ رخیت؛ عوامل کے اثر میں زندہ رہنے والی موجود حرکت غیرارادی ۔ (۲) (عضویات) اضطرار تام ۔ (۳) (لاحقه) رُخی ۔

Tropist : (n) (دینیات) معتقد مجازیت؛ مفسر مجازی؛ مجازی یا استعاری تفسیر کرنے والا ۔

Tropo - : [Gr. 'tropos'.] جزوِ ترکیبی بمعنی "گھومنے والا" ۔

Tropologic/-al : (a)[Late L. 'tropologicus'.] مجازی یا استعاری تفسیر کا؛ مجاز گوئی کا یا اُس سے متعلق ۔

Tropologically : (adv.) مجازی یا استعاری تفسیر کی روسے ۔

Tropologist : (n) (دینیات) مفسّر مجازی ۔

Tropology : (n) [Late L. 'tropologia'.] (۱) تقریر و تحریر میں استعارے کا استعمال؛ صنائع معنوی (مجازاً استعارہ وغیرہ) ۔ (۲) اخلاقی وعظ؛ اخلاقی خطبه ۔ (۳) مجازی تفسیر (خصوصاً بائبل کی)؛ استعاری تفسیر ؛ ترجمه یا تفسیر مجازی ۔ (٤) (دینیات) تفسیر مجازی؛ مجازی تعبیر کتاب مقدس ۔ (٥) (لسانیات) مجازی زبان؛ سخن رانی یا نگارش مجازی ۔

Tropometer : (n) جسم کے بل یا مروڑ کو ناپنے والا ایک آله (لمبی ہڈی وغیرہ یا آنکھ کے دیدہ کو)؛ گرایش سنج ۔

Tropopause : (n) (موسمیات) کرهٔ وسطی؛ کرهٔ ساکته ۔

Troposphere : (n) (موسمیات) ہَوا کا کرهٔ اول جو سطح زمین کے گرد سات میل سے بارہ میل تک ہے اور جس میں اوپر چڑھنے سے حرارت کم ہوتی جاتی ہے؛ کرهٔ متغیرہ ۔

Tropotaxis : (n) (حیاتیات) رُخ ترتیب ۔

Troppo : (adv.) بھی؛ ایضاً؛ وغیرہ؛ بشرحِ صدر (مگر نه اتنا که حد سے زیادہ) ۔

Trot : (n) [Fr. f. 'trotter'.] (۱) (گھوڑے کی) دلکی چال؛ دوڑنے کی ورزش؛ دوڑانے اور آہستہ چلنے کے درمیان کی چال ۔ (۲) دوڑ دھوپ ۔ (۳) محنت اور مستعدی کا کام ۔ (٤) چھوٹا بچہ جو ڈگمگا کر چلتا ہو ؛ نیز چھوٹا جانور (بول چال) ۔ (٥) دلکی چال کی آواز ۔ (٦) (امریکا) (عامیانہ) دیکھو Crib ۔ (۷) (مچھلی کے شکار میں) بڑی شست جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی شستیں لگی ہوتی ہیں ۔

Trot : (n) [Origin doubtful.] (۱) بوڑھی عورت (عام طور پر بدنام) ۔ (۲) بڑھیا؛ لڑاکو عورت؛ ڈائن؛ ساحرہ؛ جادوگرنی ۔

Trot : (v) [OFr. 'troter.'] (۱) (گھوڑے کا) دلکی چلنا؛ (آدمی کا) دلکی چلنا ۔ (۲) دلکی چلانا ۔ (۳) آہستہ آہستہ دوڑنا؛ تیزی سے جانا ۔ (٤) (فاصلہ، مسافت وغیرہ) دوڑ کر طے کرنا ۔ (٥) دوڑا مارنا؛ دوڑا کر تھکانا؛ مار ڈالنا ۔ (٦) دوڑ دھوپ کرنا؛ سرگرمی دکھانا (بول چال) ۔ (۷) دلکی گھوڑے پر سوار ہونا؛ دلکی ہونے کا سبب ہونا ۔ (۸) (شخص کی) کسی مقام تک رہنمائی کرنا ۔ (۹) کندھے پر لڑکے کو لے کر روانہ ہونا؛ کندھے پر سوار کرنا ۔

و

To trot out : (۱) گھوڑے کو دلکی چلا کر دکھانا ۔ (۲) کسی شخص، بات یا خبر وغیرہ کو اتنے اہتمام سے پیش کرنا کہ لوگ تعریف کریں ۔

Trot : (v) (بڑھیا کا) جادو کرنا؛ ساحری کرنا ۔

Troth : (n)[Early ME. 'trowthe'.] (۱) (شاذ)ایمانداری؛ وفاداری؛ نمک حلالی؛ راستی؛ حقیقت؛ سچائی؛ سچ (قدیم) ۔ (۲) نرم دلی ؛ کسی کے نرم الفاظ ۔ (۳) وعدہ ؛ قول؛ معاہدہ ۔

By my troth/In troth : سچ کہتا ہوں؛ قسمیہ کہتا ہوں ۔

To plight one's troth : قول دینا، خصوصاً نکاح کا؛ منگنی کا ۔

Troth-plight : (n) (شاذ) وعدہ کرنے کا عمل؛ قول و قرار؛ خصوصاً شادی کا قول و قرار؛ منگنی؛ سگائی ۔

Troth-plight : (a) (شاذ) منگیتر؛ قول وقرار کیا ہوا (شادی کےلئے)۔

Trothless : (a) بے وفا؛ دھوکے باز؛ غدار؛ بے ایمان ۔

Trotter : (n) [f. TROT (v) + ER.] (۱) دلکی چال چلنے والا (گھوڑا) ۔ (۲) ایک خاص نسل کا گھوڑا جو دلکی چلنے میں مشہور ہے ۔ (۳) (جمع میں) جانور کے پائے جو پکاکر کھاتےہیں ۔ (٤) (مزاحاً) انسان کے پیر ۔ (٥) تیزی سے اور لگاتار چلنے والا ۔

Trotter : (n) مچھوا جو شست کا استعمال کرتا ہے ۔

Trottie : (n) چھوٹا بچہ ؛ ڈگمگا کر چلنے والا بچہ ۔

Trotting : (n) دُلکی چال ۔

Trotting race : (n) دُلکی چال کی دوڑ ۔

Trottoir : (n) [Fr. f. 'trottor'.] سڑک کی پٹری (کھڑنجے کی)؛ پیادہ رو ؛ پیدل چلنے کا راستہ؛ فٹ پاتھ۔

Trotty : (a) زندہ دل؛ تیز؛ طرّار؛ سر گرم؛ چاق و چوبند؛ پھرتیلا۔

Trotyl : (n) [f. trot of trinitrotoluol+-YL] بہت بڑی قوت کا پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا۔

Trou-de-loup/Trous-de-loup : (n) [Fr.] (فوج) قلعہ سازی کے میدان میں؛ مخروطی خندق جس کے مرکز میں نوکدار لکڑی عموداً گاڑ دی جاتی ہے ۔

Troubadour : (n) [Fr.] (۱) قرون وسطیٰ کے غنائی شاعروں میں سے ایک (گیارھویں صدی سے تیرھویں صدی تک) ؛ جنوبی فرانس، مشرقی اسپین، شمالی اٹلی کا غنائی نظم گو ۔ (۲) نظم کہنے والا یا نظم لکھنے والا؛ رزمیہ نگار ۔

Troubadour : (v) (۱) غنائی نظم کہنا ۔ (۲) رزمیہ نظم نگاری کرنا ۔

Troubadourish : (a) غنائی نظم گو مانند ۔

Trouble : (n) [OFr. 'truble'.] (۱) زحمت؛ درد سر؛ موجب تصدیع خاطر؛ باعث زحمت ۔ (۲) تکلیف؛ مصیبت؛ مزاحمت؛ سختی؛ناخوشی؛ پریشانی؛ دکھ درد؛ بپتا؛ گھبراہٹ ۔ (۳) مرض؛ شکایت؛ بیماری ۔ (٤) (کان کنی) ذرا سا رخنہ (کان کے سلسلے یا سطح میں) ۔ (٥) (جمع میں) بد قسمتی؛ نکبت؛ حادثہ؛ بد بختی؛ قہر؛ صدمہ؛ آفت سماوی ۔ (٦) تکلیف دہ چیز یا شخص ۔ (۷) انتشار ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ گڑبڑی ۔ (۸) محنت؛ مشقت؛ کوشش؛ سعی ۔ (۹) درد زہ؛

نیز جانوروں کے بچہ جننے کے وقت کی تکلیف ۔ (۱۰) سزا ؛ قید با مشقت ۔

No trouble (at all) : (مہذب گفتگو) عین راحت ھے؛ قطعاً کوئی پریشانی نہیں ۔

To ask for trouble /To look - : جھگڑے میں پڑنا؛ جھمیلے میں پڑنا؛ اپنے سر مصیبت لینا ۔

To be in, get into trouble : مورد عتاب معتوب ھونا؛ مورد سرزنش ھونا؛ سزا ملنا۔

To put anyone to trouble : کسی کو زحمت میں ڈالنا؛ اذیت میں گرفتار کرنا ۔

To put to, to take (the) trouble : محنت کرنا؛ کوشش کرنا؛ سعی کرنا؛ زحمت اٹھانا ۔

Trouble : (v) [OFr. 'troubler'.] (۱) تلاطم پیدا کرنا یا پیدا ھونا ۔ (۲) بے چین کرنا؛ بے چین ھونا؛ پریشان ھونا؛ فکرمند ھونا ۔ (۳) زحمت دینا؛ تکلیف دینا؛ زحمت گوارا کرنا؛ تکلیف اٹھانا (عموماً مہذب گفتگو میں استعمال ھوتا ھے)۔ (٤) تشویش میں ڈالنا؛ پریشان کرنا؛ حیران کرنا؛ زخمی کرنا؛ مجروح کرنا ۔ (٥) دماغی پریشانی میں مبتلا کرنا؛ اذیت دینا؛ بے دم کرنا؛ عاجز کردینا؛ الجھانا؛ الجھن میں ڈالنا ۔ (٦) جبرو تعدی کرنا؛ ظلم کرنا؛ مضمحل کرنا ۔ (۷) مرض کا ھونا؛ بیماری کا ھونا؛ بیماری کا اثر کرنا ۔ (۸) مزاحم ھونا؛ روڑا اٹکانا؛ سد راہ ھونا ۔ (۹) سخت اصرار کرنا؛ پیچھے پڑ جانا ۔ (۱۰) کسی شخص کو کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا ۔

May I trouble you to shut the door : آپ کو اتنی زحمت دیتا ھوں کہ ذرا دروازہ بند کر دیجئے ۔

Trouble-maker : (n) تکلیف دینے والا؛ تکلیف دہ آدمی ؛ زحمت دینے والا ۔

Trouble making : (n) تکلیف دہ آدمی کا چلن؛ تکلیف دینے والے کی فطرت؛ تکلیف دینا ۔

Trouble-shooting : (n) (۱) خراب مشین کو درست کرنا ۔ (۲) سفارتی تعلقات کی ترجمانی کرنا ۔

Troubled : (a) تکلیف دیا ھوا؛ مصیبت ظاہر کرنے والا؛ زحمت زدہ۔

Troubled waters : (n) پریشانیاں؛ مشکلات ۔

Troubledly : (adv.) اذیت کے طور پر؛ مصیبت کے ساتھ؛ تکلیف کی حالت میں ۔

Troubledness : (n) تکلیف دہ ھونے کی حالت؛ زحمت دیا ھوا ھونا ۔

Troubleman : (n) خراب مشین کو ٹھیک کرنے والا؛ تعمیرکار۔

Troublement : (n) زحمت ؛ مزاحمت ؛ درد و داغ ؛ موجب زحمت۔

Troubleproof : (a) جس پر مصیبت کا اثر نہ ھو؛ مصیبت سے آزاد ۔

Troubler : (n) مزاحم؛ زحمت دینے والا؛ تکلیف میں مبتلا کرنے والا؛ انتشار کرنے والا؛ ظالم؛ جابر؛ مردم آزار۔

Troubleshoot : (v) مشینری کے پارٹ پُرزوں کو ٹھیک کرنا ؛ مشین کی خرابی کو درست کرنا ۔

Troubleshooter : (n) (۱) مشین کی خرابی دور کرنے والا ؛ خراب کل پرزوں کو درست کرنے والا ۔ (۲) سفارتی تعلقات؛ صنعتی معاملات کی ترجمانی کرنے والا۔

Troublesome : (a) (۱) پُرزحمت؛ طاقت فرسا؛ تکلیف دہ (چیز، کام) ۔ (۲) دق کرنے والا (شخص)؛ دوبھر؛ اجیرن۔

Troublesomely : (adv.) تکلیف دہ طور پر ؛ پُر زحمت انداز میں ۔

Troublesomeness : (n) تکلیف دہ ھونا ۔

Troublous : (a) (۱) (شاذ) پُر آشوب؛ہنگامے کا؛ بے چینی کا؛ مزاحم؛ پُر زحمت؛ غیر مطمئن؛ منتشر ۔ (۲) بے چین؛ مضطرب؛ پُر اضطراب ۔ (۳) تکلیف دہ؛ ضرر رساں؛ مہلک ۔

Troublously : (adv.) بے چینی کےطور پر؛ اضطراب کی حالت میں؛ انتشار کے ساتھ ؛تکلیف دہ حالت میں ۔

Troublousness : (n) بے چینی؛ اضطراب؛ پُر زحمت ھونا ۔

Trough : (n) [OE. 'trog'.] (۱) لگن؛ ناند (کاٹھ یا مٹی کی)؛ کونڈا؛ طشت ۔ (۲) آب راہ؛ کھلا نل دار رستہ

(سیّال شے کے لئے)؛ پنالی؛ آبریز ۔ (۳) نشیب؛ حضیض ۔ (٤) (موسمیات) حضیضی دباؤ ۔

Trough battery : (n) خانہ دار مورچہ ۔

Trough girder : (n) لگن نما لوہے کا شہتیر ۔

Trough gutter : (n) نالیوں کا پانی نکالنے کی بکس نما نہر؛ اس شکل کی (برسات کے پانی کے لئے) پائپ ۔

Trough of barometric depression : (n) (طبیعیات) ھَوا کے دباؤ میں خط انخفاض ۔

Trough of the sea : (n) خالی جگہ جو دو موجوں کے بیچ میں ھوتی ھے؛ خیارہ بحر؛ حضیض بحر ۔

Trough shell : (n) Mectridae نسل کا صدفہ ۔

Trounce : (v) [Origin obsc.] (۱) سختی سے تنبیہ کرنا؛ سر زنش کرنا؛ سزا دینا ۔ (۲) زدوکوب کرنا؛ کندی کرنا؛ سونٹے سے پیٹنا؛ ڈنڈے لگانا؛ چابک یا قمچی سے مارنا ۔ (۳) الزام لگانا؛ الزام عائد کرنا؛ مقدمہ چلانا (اب بول چال) ۔ (٤) ملامت کرنا؛ مذمت کرنا ۔ (۵) شکست دینا ۔

Trounce : (v) [Prob. alter of trance.] پیدل سفر کرنا؛ آوارہ گردی کرنا؛ مارا مارا پھرنا ۔

Trounce : (n) لمبی مسافت (پیدل)؛ تھکا دینے والا سفر ۔

Trouncer : (n) (۱) سرگرداں ۔ (۲) دیکھو Waister ۔ (۳) شرک کا مددگار (Helper) ۔ (٤) وہ شخص جس کی رائے طاق عدد کی کمیٹیوں وغیرہ میں فیصلہ کن ھو ۔

Trouncing : (n) زدو کوب؛ مار؛ کندی ۔

Troupand : (n) جنوبی افریقہ کی ایک چڑیا ۔

Troupe : (n) [Fr. 'Troop'.] تھیٹر کے ایکٹروں ، نٹوں وغیرہ کی ٹولی؛ رقاصوں کی جماعت یا کمپنی؛ بازیگروں کا دستہ ۔

Troupe : (v) (۱) دستہ یا جماعت کے ساتھ سفر کرنا ۔ (۲) تھیٹر کے ایکٹروں کا تماشا دکھانا ۔

Trouper : (n) ایکٹر؛ تھیٹرکمپنی کا رکن ۔

Troupial/Troopial : (n) [Fr. 'troupiale'.] Icteridae جنس کی ایک چڑیا ۔

Trous - le- loup : (n) [Fr.] (جمع) میخ گڑھے؛ مخروطی شکل کے گڑھے جن میں ہر ایک کے بیچ میں میخ گڑی ھوتی ھے، لڑائی میں سواروں کے حملے کو روکنے کے لئے کھودے جاتے ہیں ۔

Trouse : (n) [mod. Ir. 'trius'.] (تاریخ) (خصوصاً) اسکاتستان کے پہاڑی لوگوں کی دھاری دار پتلون ۔

Trouser : (a) شلوار سے متعلق؛ پاجامے سے متعلق ۔

Trouser : (v) (عامیانہ) پاجامے کی جیب میں روپیہ رکھنا؛ جیب میں رکھنا ۔

Trouser-button : (n) پتلون کے بٹن ۔

Trouser-press : (n) پتلون، پاجامے کی شکنیں دور کرنے والی استری ۔

Trouser-stretcher : (n) پتلون کا شکنجہ جس میں پتلون کو دباتے ہیں تاکہ شکن نہ پڑنے پائے ۔

Trousered : (a) شلوار پوش؛ پاجامہ پہنے؛ پتلون پہنے ۔

Trousering : (n) پتلون کا کپڑا ۔

Trousers : (n) [Extended form of prec.] (۱) (جمع) پاجامہ؛ شلوار؛ پتلون ۔ (۲) (واحد سوقیانہ) پاجامہ؛ پتلون ۔ (۳) (انیسویں صدی کے اوائل میں) عورتوں کا جھالر دار پاجامہ ۔ (٤) پاجامے کی طرح کا زنانہ کپڑا؛ زیر جامہ؛ سائیکل سواری کا نیکر ۔

Trousseau/Trousseaux/Trousseaus : (n) [Fr.] (۱) دلہن کا جوڑا؛ جامۂ عروسی ۔ (۲) جواہرات و لباس عروسی ۔ (۳) مجموعۂ جواہرات و اثاثۂ عروس ۔

Trout : (n) [OE. 'truht'.] (۱) ٹراؤٹ؛ ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں پائی جاتی ھے اور جس کا گوشت بہت لذیذ سمجھا جاتا ھے ۔

Bastard trout : (امریکا) دیکھو Squeteague

Brook trout : ایک قسم کی مچھلی (Salmo fario) ۔

Brown trout : ایک قسم کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Grey trout : دیکھو Squeteague

Lake trout : ایک قسم کی مچھلی ۔

Rainbow trout : کیلیفورنیا کی ایک مچھلی ۔

Red-bellied trout : دیکھو Char

Rock trout : مچھلی کی ایک قسم ۔

Trout : (v) ٹراؤٹ مچھلی کا شکار کرنا ۔

Trout-bird : (n) دیکھو Golden Plover

Trout-colored/-coloured : (a) ابلق (گھوڑے کے لئے آتا ھے) ؛ (سفید گھوڑا) جس پر سیاہ یا کشمشی رنگ کے دھبے ھوں ۔

Trout-fly : (n) (۱) ایک موسمی کیڑا ۔ (۲) ٹراؤٹ مچھلی کے شکار کے لئے بناوٹی کیڑا ۔

Trout lily/-flower : (n) ایک قسم کی بنفشہ جس میں خوشبو نہیں ھوتی ھے ۔

Trout perch : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Trouter : (n) ٹراؤٹ مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Trouting : (n) ٹراؤٹ کا شکار ۔

Troutlet : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Troutling : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Trouty : (n) چھوٹی ٹراؤٹ ۔

Trouty : (a) جس میں ٹراؤٹ کثرت سے ھوں ۔

Trouvaille : (n) [Fr. f. 'trouver'.] نعمت غیر مترقبہ؛ خدا کی دین۔

Trouvere/Trouveur : (n) [OFr. 'trovere'.] شمالی فرانس کا رزمیہ نگار شاعر؛ رزمیہ گو ۔

Trove : دیکھو Treasure - Trove

Trover : (n) [Fr. 'trouver'.] (۱) (قانون)حصول جائدادمنقولہ ۔ (۲) دیوانی کی نالش جائداد منقولہ کی بازیابی کے لئے؛ دعویٰ بابت جائداد منقولہ ۔

Trow : (n) انگلینڈ کے جنوبی ساحل پر مچھلی کا شکار کرنے کی کشتی۔

Trow : (v) [OE. 'truwian'.] (۱) (قدیم) سمجھنا؛ خیال کرنا ۔ (۲) فکر ھونا ۔ (۳) یقین کرنا (بیانات وغیرہ کا)؛ سچائی کے طور پر قبول کرنا ۔ (٤) تصور کرنا؛ خیال کرنا؛ فرض کرنا ۔

I trow : میں فرض کرتا ھوں ۔

What ails him, I trow : مجھے یہ فکر ھے کہ اُسے شکایت کیا ھے ۔

Trowel : (n) [OFr. 'truele'.] (۱) کرنی؛ کرنڈی؛ جس سے راج گارا پھیلاتا ھے ۔ (۲) بیلچہ* باغبانی؛ مالہ؛ مالی کا گھرا بیلچہ جس میں پودے رکھ کر اٹھاتا ھے؛ مالچ ۔ (۳) باورچی خانے کی ڈوئی ۔

To lay it on with a trowel : خوشامد کے ردے پر ردے چڑھانا؛ بھونڈے طریقے سے بیحد خوشامد کرنا ۔

Trowel : (v) [f. prec.] (۱) گارا پھیلانا؛ گارے کا ردا چڑھانا ۔ (۲) (مجازاً) بُری طرح خوشامد کرنا؛ بھونڈے طریقے سے بیحد خوشامد کرنا ۔

Trowel - bayonet : (n) کرنی کی طرح کی سنگین ۔

Trowelful : (a) کرنی بھر؛ جتنا کرنی پر آ سکے ۔

Trowelman : (n) کرنی استعمال کرنے والا؛ راج مزدور ۔

Troy : (n) یونان کے ایک قدیم شہر کا نام ۔

Troy : (n) [app. named from a weight used at the Troyese to France.] (سونے چاندی تولنے کے لئے) ٹرائے وزن ۔ (۱ پونڈ = ۵۷٦۰ گرین) ۔

Troy-fair/-town : (n) (مجازاً) (اب بول چال) گڑبڑ؛ ابتری؛ پراگندگی؛ انتشار ۔

Troy pound : (n) ٹرائےپونڈ = ۱۲ اونس یا ۵۷٦۰ گرین ۔

Troy weight : (n) ٹرائے وزن ۔

Trs : Transpose کا مخفف ۔

Truancy : (n) (۱) کام سے بھاگنا؛ مکتب گریزی ۔ (۲) بھگوڑاپن؛ گریزپائی؛ آوارہ گردی؛ وقت گزرانی۔

Truant : (n) [OFr. 'truant'.] (۱) سست آدمی؛ کاہل شخص؛ خصوصاً اسکول سے بھاگنے والا لڑکا؛ بھگوڑا

لڑکا؛ طفل گریزپا - (۲) کام چور آدمی؛ کام چھوڑ کر بھاگا ہوا شخص؛ فرائض منصبی سے کوتاہی کرنے والا آدمی -

To play truant : کام سے بھاگ جانا؛ اسکول سے بھاگ جانا -

Truant : (a) (۱) کام چور؛ سست؛ کاہل؛ کام یا مدرسے سے بھاگا ہوا؛ گریزپا - (۲) ادھر اُدھر گھومنے والا؛ آوارہ گرد - (۳) بھگوڑے پن کا (طرز عمل وغیرہ) - (٤) آوارہ؛ منتشر؛ سیماب وش (خیالات) -

Truant : (v) (۱) مارا مارا پھرنا؛ آوارہ گردی کرنا - (۲) اسکول سے بھاگنا؛ کام چھوڑ کر بھاگنا -

Truant officer : (n) دیکھو Attendance Officer

Truant-school : (n) صنعتی اسکول جس میں کام سے بھاگنے والے بچوں کی تعلیم کا خاص انتظام ہوتا ہے -

Truantly : (adv.) بھگوڑوں کی طرح؛ گریز پائی سے -

Truantry : (n) دیکھو Truancy

Truce : (n) [OE. 'treow'.] (۱) عارضی صلح؛ التوائے جنگ؛ چند روزہ صلح ؛ ہنگامی صلح ؛ وقتی امن - (۲) وقفہ؛ مہلت (کام سے، تکلیف سے)؛ التوا؛ فراغت - (۳) صلح؛ امن (بغیر مدت کے صلح) -

A truce with/A truce to : بس (-) کو ختم کرو -

Flag of truce : سفید جھنڈا جو التوائے جنگ کی علامت سمجھا جاتا ہے -

Truce : (v) عارضی صلح کرنا؛ التوائے جنگ کرنا -

Truce of God : (n) (تاریخ) التوائے خانہ جنگی خصوصاً عیسائی مذہب کے کسی تہوار کے دوران میں -

Truceless : (a) بے التوا؛ عارضی صلح کے بغیر -

Trucial : (a) عارضی التوا کا یا اُس سے متعلق؛ عارضی صلح کا پابند؛ شرائط عارضی صلح سے متعلق -

Truck : (n) [AFr. 'truke'.] (۱) مبادلہ؛ ادل بدل؛ مال کے بدلے مال لینے کا عمل؛ چیز کے بدلے چیز کا لین دین؛ اشیاء کا باہمی تبادلہ - (۲) (جمع میں) بیوپار؛ معاملہ ؛ پیشہ ؛ حرفہ ؛ کاروبار ؛ تجارت ؛ لین دین - (۳) چھوٹی موٹی چیزیں ؛ چھوٹا موٹا مال - (٤) (امریکا) ترکاریاں جو بازار میں بیچی جائیں - (٥) (بول چال) ردی مال ؛ نکمی چیز؛ متفرق چیزیں ؛ معمولی چیز - (٦) (مجازاً) مہملات؛ لغویات؛ فضول یا مہمل باتیں - (۷) روپیہ کے علاوہ مزدوری میں کوئی اور شے دینا؛ وہ طریقہ جس میں تاجر مزدوروں کو روپے کی جگہ مال دیتا ہے یا روپیہ اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ سب چیزیں اسی کے یہاں سے خریدیں - (۸) آمدو رفت؛ رسل و رسائل -

To have no truck with : واسطہ نہ رکھنا؛ دور رہنا -

Truck : (n) [deriv. of L. 'trochus'.] (۱) سخت لکڑی کا چھوٹا پہیا یا رولر؛ چھوٹا بےٹائر کا پہیا - (۲) (جہاز رانی) لکڑی کا گردہ جو مستول کی چھتی پر ہوتا ہے اور جس میں بادبان کےرسوں کے لئے سوراخ ہوتے ہیں - (۳) مال کے لے جانے کی بڑی گاڑی یا لاری ؛ چھکڑا - (٤) مال گاڑی کا ڈبا ؛ کھلا ڈبا؛ ٹرک - (٥) ٹھیلا جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لاتے لے جاتے ہیں ؛ ہلکے دو پہیوں کی ہاتھ گاڑی ؛ ہتھ گاڑی ؛ ٹھیلا ؛ سامان لے جانے کی گاڑی - (٦) ریل کے ڈبے ؛ موٹر وغیرہ کا نچلا ڈھانچا -

Truck : (v) [ME. 'trukie'.] (۱) مبادلہ کرنا؛ ادل بدل کرنا؛ ایک شے کا دوسری شے سے بدلنا؛ چیز کے بدلے چیز بدلنا یا لینا - (۲) معاملہ کرنا؛ بیوپارکرنا؛ سودا کرنا؛ فروخت کرنا؛ تجارت کرنا؛ کاروبارکرنا - (۳) پھیری میں بیچنا؛ (مال) بیچتے پھرنا - (٤) معمولی چیز کے بدلے لینا - (٥) گفت و شنید کرنا؛ کاروبار یا مصالحت کی گفتگو کرنا - (٦) ہنڈی کو بھنانا - (۷) اجناس کا مبادلہ کرنا - (۸) مزدور کو روپے کے علاوہ اجناس دینا؛ روپے کے بدلے مال دینا -

Truck : (v) (۱) ٹرک پر لادنا؛ ٹرک پر لےجانا؛ ٹرک کے ذریعے منتقل کرنا- (۲) ٹھیلے، لاری وغیرہ میں لے جانا-

Truck acts : (n) سنہ ۱۸۳۱ اور سنہ ۱۸۷۰ کے قانون جو بارٹر طریقے کی تحقیقات یا ممانعت کے لئے وضع کئے گئے تھے -

Truck - bolster : (n) موٹر کے نچلے ڈھانچے میں لوہے کا افقی شہتیر جو مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں -

Truck farm : (n) وہ فارم جس میں بازار میں فروخت کےلئے سبزیاں اُگائی جاتی ہیں-

Truck farmer : (n) سبزی کی کھیتی کرنے والا ۔

Truck garden : (n) سبزی کا باغ؛ وہ باغ جس میں فروخت کرنے کے لئے سبزیاں بوئی جاتی ہیں ۔

Truck gardener : (n) سبزی کا باغ رکھنے والا؛ سبزی کاری کرنے والا (تجارت کے لئے) ۔

Truck house : (n) اشیائے مبادلہ کے رکھنے کی جگہ ۔

Truck man : (n) (۱) ٹرک پر سامان لے جانے والا ۔ (۲) ٹرک ڈرائیور ۔

Truck patch : (n) گھریلو استعمال کے لئے سبزیاں اُگانے کی چھوٹی جگہ ۔

Truck-shop/-store : (n) دکان جو چیز کے بدلے چیز کے مبادلے پر چلائی جائے ۔

Truck-system : (n) وہ طریقہ جس میں تاجر مزدوروں کو روپے کی جگہ مال دیتا ھے؛ بارٹر سسٹم؛ مال کے بدلے مال دینے کا طریقہ؛ اشیائے اُجرت ۔

Truck way : (n) وہ سڑک جس پر ٹرک چلتی ھے ۔

Truckage : (n) (۱) ٹرک وغیرہ میں مال لے جانا ۔ (۲) ٹرک کا محصول ۔

Trucker : (n) (خصوصاً امریکا) وہ جو باغ میں سبزیاں اُگاتا ھے؛ بازار میں سبزیاں بیچنے والا ۔

Trucking : (n) مبادلہ؛ ردوبدل؛ چیز کے بدلے چیز دینا یا لینا ۔

Truckle : (n) [L. 'trochlea'.] (۱) چرخی؛ گھرنی ۔ (۲) نیچا پہیےدار پلنگ جو لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے اُسکے (پہلے خدمت گاروں کے لئے ھوتا تھا) ۔ (۳) Truckle-bed کا مخفف ۔ (٤) نچلے پہیے دار گاڑی؛ ٹرک؛ ٹھیلا ۔

Truckle : (v) (۱) عاجزی سے پیش آنا؛ بالکل دب جانا؛ دُبک جانا ۔ (۲) خدمت انجام دینا؛ کسی شخص کے ماتحت ھونا ۔ (۳) چاپلوسی کے ساتھ کام کرنا ۔

Truckle-bed : (n) نیچا پہیے دار پلنگ جو لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے رکھا جاتا ھے ۔

Truckle bedstead : (n) پہیے دار پلنگ ۔

Truckler : (n) دبّو؛ دبنے والا ۔

Truculence : (n) [L. 'truculentia'.] تند خوئی؛ جنگ جوئی؛ درندہ خوئی؛ غیر متمدنیت؛ سفّاکی؛ خونخواری؛ وحشی پن؛ بربریت ۔

Truculency : (n) دیکھو Truculence

Truculent : (a) [L. 'truculentus'.] (۱) تند خو؛ درندہ خو؛ جنگ جو؛ ظالم؛ جابر؛ خونخوار ۔ (۲) وحشی؛ بے رحم؛ شقی القلب؛ مخرب ۔ (۳) غیر مہذب؛ غیر متمدن ۔ (٤) سفّاکانہ؛ جابرانہ؛ تند خوئی کا؛ جنگ جویانہ ۔ (٥) (تحریر وتقریر) ضرر رساں؛ ناہموار؛ پُر جوش؛ والہانہ؛ ہیجانی ۔ (٦) حقیر؛ ادنیٰ درجے کا؛ کم حیثیت؛ اپنا نفع سوچنے والا؛ خود غرض ۔

Truculently : (adv.) تند خوئی یا جنگ جوئی کے انداز سے؛ جابرانہ طور پر؛ غیر مہذب طور پر ۔

Truculentness : (n) خونخواری؛ درندہ خوئی؛ غیر مہذب ھونا؛ بے رحمی؛ وحشی پن ۔

Trudge : (n) راہ پیمائی؛ آہستہ قدم؛ وہ چال جس میں بڑی دقت سے قدم اٹھتا ھو ۔

Trudge : (v) [Origin obsc.] (۱) دقت سے چلنا؛ مشکل سے قدم رکھنا؛ جفا کشی سے چلنا ۔ (۲) روانہ ھونا؛ چل دینا؛ راہ لینا ۔ (۳) رخصت ھونا؛ بھاری قدم سے چلنا ۔ (٤) پیدل سفر کرنا؛ بد دلی اور دقت سے سفر کرنا یا راستہ طے کرنا ۔

Trudgen/Trudgeon : (n) [f. proper name 'Trudgen'.] تیرا کی کا وہ طریقہ جس میں سیدھا ہاتھ اور اُلٹا ہاتھ باری باری سے مارتے ہیں ۔

Trudgen stroke : (n) دیکھو Trugden

Trudger : (n) راہ پیما؛ سالک؛ دقت سے چلنے والا ۔

True : (a) [OE. 'treowe'.] (۱) راست؛ سچا؛ سچ؛ واقعی کے مطابق ۔ (۲) صحیح؛ درست ۔ (۳) اصلی؛ حقیقی؛ سچ مچ کا ۔ (٤) بالکل مطابق (نمونے کے) ۔ (٥) ہم آہنگ؛ ٹھیک (آواز، سُر وغیرہ) ۔ (٦) وفادار؛ نمک حلال؛ سچا؛ پکا ۔ (۷) سیدھا؛ ٹھیک؛ ہموار (پہیا، کھمبا، کڑی وغیرہ) ۔ (۸) (قدیم) راست گو؛ سچ بولنے والا؛ بے لاگ ۔ (۹) دیانت دار؛ راست باز؛ کھرا ۔ (۱۰) ثابت؛ واقعی؛ خالصانہ ۔ (۱۱) قابل احترام؛ قابل اعتماد؛ بھروسے کا ۔ (۱۲) خالص ؛ بے شائبہ ؛ صادق ؛ مخلص ۔ (۱۳) بہ موقع؛ بہ حق ؛ قانونی ؛ مشروع ؛

شرعی ۔ (۱٤)(مجازاً) (چیز) قابل اعتماد؛ استوار؛ پختہ؛ راسخ ۔ (۱۵) (احساسات) پُرخلوص؛ بے تصنع ۔ (۱٦) ٹھیک ٹھیک؛ صحیح؛ بے کم و کاست؛ (شخص) باقاعدہ؛ باضابطہ؛ مستند ۔ (۱۷) صحیح طریقے سے رکھا ہوا؛ درست کیا ہوا ۔ (۱۸) فطری؛ حقیقی؛ غیر بناوٹی؛ غیر مصنوعی ۔ (۱۹) (حیاتیات) اصیل ۔

His words have come true : اس کی بات پوری ہوئی؛ جو اس نے کہا تھا وہی ہوا ۔

To come true : صحیح ثابت ہونا؛ پورا ہونا ۔

True : (n) (۱) وہ جوکہ سچ ہے؛ سچائی؛ صدق؛ حقیقت ۔ (۲) اصلی حالت : حقیقی واقعہ : اصلی ہم آہنگی؛ ترتیبِ واقعی ۔

Out of (the) true : حقیقت سے باہر؛ حقیقت سے پَرے ۔

True : (adv.) (۱) ٹھیک ٹھیک؛ صحیح طور پر؛ سچائی کے ساتھ ۔ (۲) وفاداری سے : نمک حلالی سے ۔ (۳) بغیر تبدیلی کے؛ اصلی حالت میں؛ حقیقی شکل میں ۔

To breed true : صحیح النسل کا ہونا؛ اصل نسب کا ہونا؛ اصیل ہونا ۔

True : (v) (۱) (پہیے، اوزار وغیرہ کو) ٹھیک حالت میں لے آنا؛ ٹھیک کرنا؛ درست کرنا ۔ (۲) ٹھیک ٹھیک کرنا یا بنانا؛ اصلاح کرنا ۔

True balance : (n) (طبیعیات) صحیح ترازو ۔

True bill : (n) فرد قرارداد جرم جس کی تصدیق بڑی جیوری نے کر دی ہو ۔

True blue : (n) اپنے اصول کا اور دوستی کا پکا شخص؛ وضع دار آدمی؛ وفادار شخص؛ پاکباز آدمی ۔

True-blue : (a) وضع دار؛ اپنے اصول کا اور دوستی کا پکا؛ وفادار؛ پاکباز؛ خالص ۔

True-born : (a) کھرا؛ خالص؛ بےریا؛ حقیقی؛ اصیل زادہ : نجیب زادہ ۔

True-bred : (a) (۱) حلال زادہ؛ صحیح النسب : اصل نسل : کھرا ۔ (۲) خالص نسل کا؛ عمدہ نسل کا؛ اصیل ۔ (۳) عمدہ تربیت کا ۔

True bug : (n) Hemiptera جنس کا ایک کیڑا ۔

True copy : (n) نقل اصل کے مطابق؛ اصل کی نقل : طبق الاصل۔

True discount : (n) ریاضی کا گھٹاؤ ۔

True-hearted : (a) بےریا؛ پاکباز؛ پاک دل؛ وفادار؛ ایماندار ۔

True-heartedness : (n) وفاداری؛ ایمانداری؛ پاکبازی ۔

True horizon : (n) (علم النجوم) افقِ حقیقی ۔

True it would cost more : آپ نے ٹھیک کہا کہ اس کا دام تو زیادہ ہوگا ۔

True-life : (a) حقیقی زندگی کا یا اس سے متعلق ۔

True-love : (n) (۱) خالص عشق؛ پاک عشق ۔ (۲) محبوب : معشوق ۔ (۳) ایک پودا جس کی پتیاں دُہری گتھی ہوئی گرہ سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

True-love knot/True lover's knot : (n) دُہری گتھی ہوئی گرہ؛ (مجازاً) عشق حقیقی؛ تعلق قلبی؛ پاک عشق ۔

True-man : (n) وفادار مرد : درست کار ۔

True motion : (n) (میکانیات) ذاتی حرکت ۔

True ribs : (n) (تشریح) اصلی پسلیاں؛ جو سینے کی ہڈیوں سے جڑی ہوتی ہیں ۔

True sun : (n) (علم النجوم) شمس حقیقی ۔

True time : (n) (علم النجوم) اصل وقت؛ حقیقی وقت ۔

Trueness : (n) (۱) درستی؛ صداقت؛ بے ریائی؛ حقیقی؛ وفاداری ۔ (۲) پاکی : صفا : راستی : خلوص ۔ (۳) صحت؛ ٹھیک ہونا ۔

Truepenny : (n) (قدیم) کھرا آدمی؛ وفادار آدمی؛ ایماندار آدمی ۔

Truffle : (n) [a deriv of Fr. Trufe.] (نباتیات) ترفاس؛ دُنبلان؛ ایک طرح کی کھمبی جو زمین کے نیچے اُگتی ہے اور اس سے کھانے کی قابیں سجاتے ہیں ۔

Truffle : (n) ایک قسم کا چاکلیٹ ۔

Truffle-dog/-pig : (n) تربیت یافتہ کتا یا سُور جو ترفاس کو تلاش کرتا ہے ۔

Truffle worm : (n) کھمبی پیدا کرنے والا ایک قسم کا کیڑا ۔

Truffled : (a) ترفاس سے سجائی ہوئی؛ دنبلان دار؛ شبیہ دنبلان ۔

Trug : (n) (۱) لکڑی کا دودھ دان؛ دودھ کا بادیہ (کاٹھ کا) ۔ (۲) سینی یا تغار(پھل، ترکاری وغیرہ لانے کےلئے)۔

Truing : (n) راست کرنا ۔

Truism : (n) [f. True+ -ism.] (۱) (منطق) بدیہی امر ؛ مسلمہ حقیقت؛ بداہت ۔ (۲) قضیہء مکررہ؛ جس میں کوئی ایسی بات نہ کہی جائے جو اس کے ایک حصے سےخود بخود ظاہر نہ ہو ۔ (۳) پیش پا افتادہ بات ؛ فرسودہ مقولہ ؛ بےمزگی؛ ابتذال ۔

Truistic/-al : (a) بدیہی؛ بے مزہ؛ لطف سے خالی ۔

Trull : (n) [G. 'trulle'.] فاحشہ عورت؛ قحبہ؛ کسبی؛ داشتہ ؛ طوائف؛ بیسوا ۔

Truly : (adv.)[OE. 'trewlice'.] (۱) وفاداری سے؛ ایمانداری سے؛ خلوص سے؛ نمک حلالی سے ۔ (۲) صدق دلی سے؛ سچائی سے؛ سچائی کے طور پر؛ صحیح صحیح؛ ٹھیک طور پر؛ ٹھیک طرح ۔ (۳) بے کم وکاست؛ بعینہ؛ بجنسہ؛ ھوبہو ۔ (٤) بجا طور پر؛ صحیح طور پر ۔ (٥) فطرتاً؛ فطری طور پر؛ لازمی طور پر ۔ (٦) نسلی؛ صحیح النسبی کے طور پر ۔ (۷) سچ مچ کا؛ دل سے؛ بےبناوٹ؛ حقیقت میں ؛ حقیقی طور پر ؛ خلوص سے ۔ (۸) اظہار بیان کو زور دینے کے لئے استعمال ہوتا ھے؛ فی الحقیقت؛ درحقیقت ۔ (۹) خط میں جو ایسے شخص کے نام ہو جس سے زیادہ تعلقات نہ ہوں لکھنے والا اپنے نام کے ساتھ لکھتا ھے (جیسے yours truly, N.R.) ۔ (۱۰) بہ طور فقرہء معترضہ، اب صرف ادبی زبان میں آتا ھے ۔ (۱۱) (مزاحاً) آپ کے نیاز مند کے لئے یہ کافی نہیں ھے ۔

Truly : (n) (برطانیہ) سچائی؛ صداقت؛ راست گوئی ۔

Trumeau : (n) (تعمیرات) ستون یا دیوار کا وہ حصہ جو کھڑکیوں ، دروں وغیرہ کے بیچ میں ہو؛ خصوصاً وہ ستون جو بڑے دروازے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ھے؛ فاصل ۔

Trump : (n) [Fr. 'trompe'.] (۱) (موسیقی) (قدیم شعر میں) ترم ؛ بگل ؛ تری؛ بوق ؛ بگل یا اس کی آواز ۔ (۲) (مجازاً) زور سے پکارنے والا؛ بلند آواز سے اعلان کرنے والا ۔

Last trump doom/Trump of fame : صور قیامت ۔

Trump : (n) [Corruption of Triumph.] (۱) ترپ: (تاش کا) رنگ؛ ترپ کا پتا ۔ (۲) (بول چال) نہایت بہادر؛ خوش تدبیر یا فیاض آدمی؛ بڑا عمدہ آدمی؛ نیک دل آدمی ۔ (۳) (مجازاً) سیاق و سباق ۔

A call for trumps : ترپ چلنے کی فرمائش (اپنے ساتھی سے)۔

To put (a person) to his trumps : (۱) (مجازاً) کسی شخص کو اس پر مجبور کرنا کہ اپنے آخری وسائل سے کام لے ۔ (۲) تاش کھیلنے والے کو اپنے ترپ کھیلنے پر مجبور کرنا ۔

To turn up trumps : (۱) (بول چال) توقع سے بہتر ثابت ہونا ۔ (۲) غیر متوقع کامیابی کا ہونا ۔

Trump : (v) [f. Trump.] (۱) ترپ لگانا؛ ترپ کھیلنا ۔ (۲) (مجازاً) حکمی تدبیر یا آخری وسیلے سے کام لینا ۔ (۳) (مجازاً) ٹوپی پہننا یا پہنانا ۔ (٤) ایجاد کرنا؛ گھڑلینا؛ جھوٹ موٹ بنا لینا ۔

To trump up : گھڑ لینا؛ جھوٹ موٹ بنا لینا ۔

Trump card : (n) (۱) ترپ کا پتّا ۔ (۲) (مجازاً) حکمی تدبیر؛ نہایت عمدہ تدبیر؛ دلیل قاطع ودندان شکن ۔

Trump of fame : (n) آوازہء شہرت ۔

Trumpery : (n) [Fr. 'tromperie'.] (۱) ٹیم ٹام؛ محض نمائشی سازو سامان ۔ (۲) گھٹیا اوربھڑک دار چیزیں ۔ (۳) ردی یا نکمی چیزیں ۔ (٤) مہملات؛ لغویات؛ سخن مہمل ۔

Trumpery : (a) (۱) گھٹیا قسم کا؛ بھڑک دار ۔ (۲) سطحی؛ معمولی؛ ادنیٰ؛ بیکار؛ ردّی؛ نکمّا ۔

Trumpet : (n) [Fr. 'trompette'.] (۱) تُرم؛ تری؛ بگل؛ بوق؛ نفیری ۔ (۲) ترمچی؛ ترم بجانے والا؛ بگل بجانے والا؛ (کان کنی) ترمچی جو قاصد کی حیثیت سے بھیجا جاتا تھا ۔ (۳) ارگن باجے کا پردہ ۔ (٤) ترم کی شکل کی کوئی چیز مثلاً ایک قسم کی قیف ۔ (٥) ترم کی یا ترم کی سی آواز ؛ ہاتھی کی زور دار آواز ؛ ہاتھی کی چنگھاڑ ۔ (٦) آواز کو دور تک پہنچانے کا ایک

آلہ؛ آواز رساں: کان کا آلہ؛ اُذنک (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سنتے ہیں) ۔ (۷) (مجازاً) آگاہ کرنے کا ذریعہ؛ آگاہ کرنے والا ۔ (۸) اطلاع دینے والا ۔

Ear - trumpet : کان کا آلہ؛ اُذنک (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سن سکتے ہیں) ۔

Feast of trumpets : یہودیوں کی عید نوروز (جس میں خاص طور پر قرنا بجاتے ہیں) ۔

Flourish of trumpets : سنکھ یاقرنا کی آوازجو کسی شخص کا استقبال کرنے کےلئے بجائے جائیں ۔

Sea-trumpet : گھونگے کی قسمیں ۔

Speaking trumpet : آواز کو دور تک پہنچانے کا ایک آلہ؛ آواز رساں ۔

To blow one's own trumpet : (۱) اپنے منہ میاں مٹھو بننا ۔ (۲) اپنی تعریف آپ کرنا ۔

Trumpet : (v) [f. prec.] (۱) ترم بجانا؛ بگل بجانا؛ بوق بجانا ۔ (۲) ترم بجا کر اعلان کرنا ؛ بگل کے ذریعے بلانا ۔ (۳) (مجازاً) بہ بانگ دُہل اعلان کرنا؛ دھوم مچا دینا ۔ (٤) (ہاتھی وغیرہ کا غصے سے) چنگھاڑنا ۔ (٥) ترم کی آواز نکالنا؛ ترم کی طرح آواز نکالنا ۔

Trumpet animalcule : (n) Stentor جنس کا infusoria (ترم نما ایک کیڑا) ۔

Trumpet-call : (n) (۱) ترم کی پکار ۔ (۲) (مجازاً) شدید تقاضائے عمل؛ دعوت عمل ۔

Trumpet-conch : (n) گھونگے کی ایک قسم ۔

Trumpet creeper : (n) ترم بیل ۔

Trumpet daffodil : (n) آبی نرگس کی ایک قسم؛ ڈیفوڈل کی ایک قسم ۔

Trumpet-fish : (n) مچھلی کی ایک قسم : ترم مچھلی ۔

Trumpet-flower : (n) (۱) (نباتیات) ترم پھول؛ پودوں کی ایک قسم جن کے پتے یا پھول ترم کی شکل کے ہوتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Trumpet creeper ۔

Trumpet-leaf : (n) پودوں کی ایک قسم جن کے پتّے یا پھول ترم کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Trumpet-lily : (n) سفید سوسن یا زنبق ۔

Trumpet-major : (n) ترم میجر؛ رسالے کے ترمچیوں کا افسر ۔

Trumpet-shaped : (a) مخروطی؛ مخروط کی شکل کا؛ بگل جیسا؛ بگل نما؛ بگل کی شکل کا ۔

Trumpet-shell : (n) ترم صدفہ؛ گھونگے کی قسم ۔

Trumpet-tongued : (a) تیز آواز والی؛ اونچی آواز والی؛ چیخنےوالا؛ پُرخروش ۔

Trumpet-tree : (n) مغربی ہند اور جنوبی امریکا کا ایک درخت ۔

Trumpet-vine : (n) دیکھو Trumpet creeper

Trumpet-weed : (n) (۱) دیکھو Sea-Trumpet ۔ (۲) شمالی امریکا کی Lettuce کی جنس کی گھاس ۔ (۳) ایک قسم کا سن والا پودا ۔

Trumpet-wood : (n) ایک قسم کا امریکی درخت ۔

Trumpeter : (n) [Fr. 'trompeteur'.] (۱) (موسیقی) ترمچی: قرنا بجانےوالا ۔ (۲) رسالے کا سپاہی جو ترم سے کسی حکم کا اعلان کرتا ھے ۔ (۳) ایک قسم کا کبوتر؛ کوئی اور پرند جس کی آواز ترم سے مشابہ ھو؛ ترم سارس ۔ (٤) ایک قسم کا راج ہنس جو شمالی امریکا میں ھوتا ھے؛ (حیوانیات) ترم راج ہنس؛امریکی راج ہنس ۔ (٥) ترم کے ذریعے اعلان کرنے والا؛ بلند گو ۔ (٦) Latris جنس کی مچھلی (جو آسٹریلیا، تسمانیہ اور نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ھے) ۔

To be one's own trumpet : اپنے منہ میاں مٹھو بننا ۔

Trumpeter hornbill : (n) Bycanistes جنس کی افریقی چڑیا ۔

Trumpeter swan : (n) شمالی امریکا کا راج ہنس ۔

Trumpetry : (n) ترم کی آواز؛ بگل کی آواز ۔

Trumpety : (a) ترم کی شکل کا؛ بگل کی شکل کا ۔

Truncal : (a) [f. L. 'truncus'.] (۱) (تشریح) بدنی؛ انسان کے دھڑ کا ۔ (۲) (نباتیات) ساقی: تَنِئی؛ (درخت کے) پتے کا ۔

Truncate : (v) [f. L. 'truncat'.] (۱) پھننگ کاٹنا؛ (درخت کی) شاخیں کاٹنا ۔ (۲) (مخروطی یا استوانی شکل کی چیز کا) چوٹی یا سرا کاٹنا ۔ (۳) سر، ہاتھ پیر وغیرہ کاٹنا (انسان کے دھڑ سے)؛ لنگڑا کرنا؛ لولا کرنا؛ ہاتھ پیر کاٹ ڈالنا ۔ (٤) شروع یا آخر کے جملے حذف کردینا (عبارت سے)؛ کاٹنا چھانٹنا؛ قطع و برید کرنا ۔ (٥) (قلم یا بلور کو) تراشنا؛ کناروں کو تراش کر پہلو نکالنا ۔ (٦) (مجازاً) بیکار کر دینا ۔

Truncate : (a) (۱) (نباتیات) کٹواں؛ مقطوع؛ پتّی یا پَروغیرہ جس کا سر کٹا ہوا معلوم ہو ۔ (۲) سرکٹا؛ مقطوع؛ سربریدہ؛ مقطوع الاطراف؛ فاقدِ راس؛ بے سر ۔ (۳) کٹی چھنٹی (عبارت) ۔

Truncated : (a) [f. 'truncatus'.] (۱) کٹا ہوا؛ مقطوع؛ مقطوعِ الاطراف ۔ (۲) بے سر ؛ بریدہ ؛ مقطوع ؛ ناقص؛ سر، ہاتھ پیر وغیرہ کٹا ہوا؛ بُریدہ ۔ (۳) (ہندسہ) مخروطی شکل کا ۔ (٤) کٹی چھنٹی (عبارت)؛ مختصر ۔ (٥) (قلم یا بلور) تراشا ہوا ۔

Truncated cone : (n) (ہندسہ) مخروطِ ناقص ۔

Truncated cube : (n) مکعبِ ناقص ۔

Truncated pyramid : (n) (تعمیرات) ہَرم ناقص ۔

Truncately : (adv.) مقطوع طور پر؛ مخروطی شکل میں ؛ سر بریدہ حالت میں ۔

Truncation : (n) [Late L. 'truncationem'.] (۱) قطع سر ؛ سر زنی؛ ابترسازی ؛ کاٹ چھانٹ ؛ قطع وبرید ۔ (۲) قطع اطراف؛ بُریدگی ۔ (۳) عبارت کی کاٹ چھانٹ ؛ (حیوانیات) مقطوعیت ۔

Truncature : (n) دیکھو Truncation

Truncheon : (n) [OFr. 'tranchan'.] (۱) ڈنڈا؛ سونٹا (خصوصاً پولس کے سپاہیوں کا) ۔ (۲) عصا جو کسی منصب کی نشانی ہو ۔ (۳) (نقابت) ارل مارشل کا عصا (ڈھال کے مارکے میں) ۔

Truncheon : (v) ڈنڈے یا سونٹے سے مارنا؛ عصا سے مارنا ۔

Truncheoned : (a) عصا دار؛ ڈنڈے سے مسلح ۔

Truncheoner : (n) عصا رکھنے والا (سپاہی) ۔

Truncus : (n) [L.] (۱) وعا الدّم ؛ شہ رگ ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) تنا؛ (حیوانیات)بدنہ ۔ (۳) (تشریح) صدر ؛ سینہ (انسانوں اور جانوروں کا) ۔

Truncus arteriosus : (n) (حیوانیات، تشریح) شریانی تنا ۔

Trundle : (n) [Parallel form to Trendle.] (۱) چھوٹا سا چوڑا پہیا مثلاً کرسی یا میز کے پائے کا ۔ (۲) چھوٹی چرخی جس کے دندانے استوانی شکل کے ہوں ۔ (۳) نیچے پہیوں کا ٹھیلا یا گاڑی ۔ (٤) (جہاز کی) دھرے چرخ کے نچلے حصے کا سرا ۔ (٥) (میکانیات) چرخک ؛ چھوٹا پہیا ۔ (٦) دیکھو Lantern-wheel ۔ (۷) دیکھو Truckle-bed ۔

Trundle : (v) [Parallel form to Trendle. (n)] (۱) لڑھکنا؛ لڑھکانا (پہیے، ٹھیلے وغیرہ کا) ۔ (۲) (عامیانہ) (کرکٹ) گیند پھینکنا ؛ بولنگ کرنا ۔ (۳)گھمانا؛ چکردینا؛ پھرانا؛ چرخے کی طرح گھمانا؛ پھرنا؛ چکر کھانا ۔ (٤) پہیے پر گھومنا یا گھمانا ۔ (٥) (ہاتھ گاڑی ، پہیے دار کرسی وغیرہ کو) ٹھیلنا یا کھینچنا (کسی خاص رخ پر) ۔ (٦) سائیکل پر جانا؛ سائیکل چلانا؛ پہیے دار گاڑی پر جانا ۔ (۷) (مجازاً) جانا؛ ٹہلنا؛ تیزی سے دوڑنا ؛ آسانی سے دوڑنا ؛ چلے جانا ۔ (۸) نکال دینا؛ بھیج دینا؛ جانے دینا؛ علاحدہ کرنا؛ برخاست کرنا ۔

Trundle-bed : (n) دیکھو Truckle-bed

Trundle-head : (n) (جہاز رانی) لنگرِ چرخ کا مدوّر نچلا سرا ۔

Trunk : (n) [Fr. 'tron(c)k'.] (۱) (نباتیات) تنا (درخت کا)؛ ساق ۔ (۲) دھڑ (انسان یا جانور کا)؛ (تشریح) تن بدن؛ (تشریح) شریان کی اصلی ۔ (۳) کسی چیز کا اصل حصہ؛ دھڑ ۔ (٤) ریل یا نہر کی اصلی لائن (ریلوے) شاہراہ ۔ (٥) شریک لائن؛ ٹیلفون، ٹیلیگراف کی اصل لائن خصوصاً وہ جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک جاتی ہو ۔ (٦) ٹرنک ؛ پیٹی ؛ کپڑے رکھنے کا صندوق ۔ (۷) لکڑی کا مستطیل ظرف یا آبریز؛ کان کنی میں دھاتوں کو الگ کرنے کے لئے مستطیل شکل کا روشن دان وغیرہ ۔ (۸) ڈھول کی شکل کا فشارہ جو بعض انجنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۹) (حیوانیات) ہاتھی کی سونڈ؛ خرطوم ۔ (۱۰) کمر سے گھٹنوں تک کی برجس جو سولہویں اور سترھویں صدی میں پہنتےتھے ۔ (۱۱) (تعمیرات) ساق ستون ؛ بدن العمود ۔ (۱۲) (سمعیات) بول نلی ۔ (۱۳) ایک قسم کا

صندوق یا بکس جس میں زندہ مچھلی رکھی جاتی ہے؛ صندوق ماہی ۔ (۱٤) ڈھلوان نالی؛ نالی یا نلی جو سیال اشیاء کو منتقل کرے ۔ (۱۵) ورزشی کوتاہ شلوار ۔

Trunk : (v) (دھات وغیرہ کو) چکنا کرنا (پانی میں گرم کرکے)۔

Trunk-breeches : (n) (اب صرف تاریخ میں) دیکھو Trunk-Hose ۔

Trunk-call : (n) ٹرنک کال؛ دوسرے شہر میں ٹیلیفون کے ذریعے بات چیت ۔

Trunk-circuit : (n) (ٹیلی فون) شاہ دور؛ ٹرنک دَور؛ ٹرنک سرکٹ۔

Trunk deck : (n) عرشۂ کشتی کا بالائی حصہ ۔

Trunk drawers : (a) پتلون کے نیچے پہننے کا گھٹنوں تک کا پاجامہ۔

Trunk-engine : (n) ڈھول نما فشارے کا انجن؛ نلی دار فشارے کا انجن۔

Trunk-fish : (n) Ostracion جنس کی مچھلی ۔

Trunk-hose : (n) (۱) کمر سے گھٹنوں تک کی برجس جو سولھویں اور سترھویں صدی میں پہنتےتھے ۔ (۲) (برجس پہنے ہوئے) قدیم طرز ۔

Trunk line : (n) (۱) (ٹیلیفون) شاہ دَور ۔(۲) (ریل وغیرہ) شاہراہ؛ اصل سڑک ۔

Trunk main : (n) پانی کا نل؛ پانی کا بڑا پائپ ۔

Trunk-maker : (n) ٹرنک بنانے والا؛ بکس بنانے والا ۔

Trunk-nail : (n) بڑی خوشنما کیل جو ٹرنک یا تابوت وغیرہ میں لگاتے ہیں ۔

Trunk-road : (n) شاہراہ؛ بڑی سڑک؛ اصل سڑک ۔

Trunked : (a) (۱) تنا والا؛ شاخ دار ۔(۲) خرطوم دار ۔

Trunkful : (a) ٹرنک بھر؛ صندوق بھر ۔

Trunkless : (a) بے دھڑ کا؛ بے تنے کا ۔

Trunnion : (n) [Fr. 'trognon'.] (۱) (اسلحلہ) محور حامل؛ سر محور(توپ) ۔ (۲) توپ کی کیل؛ توپ کا پتلا سرا (جو دونوں طرف نکلا ہوتا ہے)؛ بازو؛ دستہ ۔(۳) انجن کے بوائلر کا پتلا سا دودکش ۔

Trunnion-box : (n) توپ کی کیل کے اوپر لگایا ہوا دھات کا بکس۔

Trunnion-carriage : (n) چھوٹی توپ کا بالائی حصہ ۔

Trunnion-plate : (n) توپ گاڑی کے بغل کا آہنی پلیٹ ۔

Trunnion-ring : (n) توپ کے گرد کی گولائی ۔

Trunnioned : (a) نلی دار؛ دودکش دار ۔

Truss : (n) [Fr. 'trousse'.] (۱) (تعمیرات) پیل پایہ؛ قینچی؛ اڑواڑ؛ دھرا؛ بیچ میں جڑا ہوا کھمبا؛ کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ہو ؛ چوب بندی ۔ (۲) خشک گھاس کا پرانا گٹھا (٥٦ پونڈ کا)؛ نیا گٹھا (٦٠ پونڈ کا)؛ پیال کا گٹھا (٣٦ پونڈ کا) ۔ (۳) پھولوں کا گچھا یا طرہ ۔(٤) درسا جس پر کوئی مجسمہ وغیرہ قائم ہو؛ پایۂ مجسمہ ۔ (۵) (جہاز) لوہے کا بریکٹ جس سے نیچے کی افقی بلیاں مستول سے جکڑی ہوتی ہیں ۔ (٦) (جراحی) پیٹی یا کمانی جس سے فتق کی بیماری میں کام لیتے ہیں؛ فتق بند؛ حفاظ ۔ (۷) (نباتیات) گٹھا؛ پولا؛ پولی ۔ (۸) چست وتنگ شلوار یا جامہ ۔

Truss : (v) [Fr. 'trousser'.] (۱) پیل پایہ یا کھم لگا کر سہارا دینا (چھت، بلی وغیرہ کو) ۔ (۲) (پکانے سے پہلے) پرند کے بازو باندھ دینا ۔ (۳) مشکیں کسنا؛ بازو کولھوں پر باندھ دینا۔(٤) پھانسی دینا۔ (۵) (بازو وغیرہ کا) دبوچنا؛ (پرند کو) پکڑ لینا ۔(٦) محکم کرنا؛ مضبوط کرنا؛ پٹی یا پٹکے سے کسنا ۔(۷) گرہ دینا؛ آراستہ کرنا؛ سجانا؛ بال سنوارنا؛ ربن وغیرہ سے بال باندھنا ۔ (۸) ایک ساتھ باندھنا؛ گٹھا بنانا ۔ (۹) سامان سفر باندھنا ۔

Truss-bridge : (n) قینچی پُل؛ پیل پایہ دار پُل ۔

Truss-beam : (n) قینچی دار شہتیر ۔

Truss-rod : (n) پیل پایہ کسنے کا راڈ؛ چوب تختہ بندی ۔

Trussing : (n) (۱) مشکیں کسنے کا عمل؛ کھم لگاکر سہارا دینے کا عمل ۔(۲) محکم سازی؛ چوب بست زنی ۔

Trussing machine : (n) وہ مشین جس کے ذریعے کھم لگایا جاتا ھے؛ مشینِ چوب بست زنی ۔

Trust : (n) [Early ME. 'trost(e), truste'.] (۱) اعتماد ؛ بھروسا؛ اطمینان؛ توکل ۔ (۲) امید واثق؛ پوری امید؛ پوری توقع؛ امانت؛ وثوق ۔ (۳) وہ شخص یا چیز جس پر بھروسا یا جس سے امید ھو؛ امیدوں کا مرکز ۔ (٤) حُسن ظن ؛ اعتبار (جو بغیر ثبوت یا تصدیق کے کرلیا جائے) ۔ (۵) ساکھ؛ اعتبار ؛ اعتقاد؛ عہدہ داری ۔ (٦) ذمہ داری (جو اعتبار کی وجہ سے ھو) ۔ (۷) (قانون) تولیت (املاک یا جائداد کی)؛ وقف؛ جائداد جو زیر تولیت ھو؛ ٹرسٹ؛ وثیقہ ۔ (۸) امانت؛ ودیعت؛ کارمفوضہ ۔ (۹) (تجارت) ٹرسٹ؛ اتحاد تجارت (کئی تجارتی کمپنیوں کا متحدہ کاروبار جس کی غرض عموماً یہ ھوتی ھے کہ مقابلے میں حریفوں کو شکست دے ، ایک مرکزی کمیٹی حصہ داروں کے تمسکات کا بڑا حصہ خرید لیتی ھے، انہیں ووٹ کا حق نہیں رہتا، صرف منافع ملتا ھے)؛ ایتلاف ۔ (۱۰) (قانون) متولی؛ ٹرسٹی؛ امین؛ ٹرسٹی کا رکن۔

Takes every thing on trust : ہر بات پر اعتبار کرلیتا ھے؛ ہر چیز میں حُسن ظن سے کام لیتا ھے ۔

To take on or upon trust : بغیر تحقیق اور ثبوت کے قبول کرنا؛ آنکھ بند کرکے اعتماد کرلینا ۔

Trust : (v) [f. Trust (n)] (۱) اعتماد کرنا؛ بھروسا کرنا ؛ اعتبار کرنا؛ باور کرنا؛ مطمئن ھونا؛ کسی پر توکل کرنا؛ رازدار بنانا ۔ (۲) (چیز کو کسی کی) امانت میں دینا؛ سپرد کرنا؛ (امانت) رکھوانا؛ امین ترکہ کرنا ۔ (۳) گاہک کو مال ادھار دینا ۔ (٤) امید کرنا؛ (شاذ) امید واثق رکھنا۔ (۵) یقین دلانا؛ اعتبار کرانا ۔ (٦) تفویض کرنا ۔

Trust-certificate/Trust-share certificate : (n) ایسے حصص جن میں منافع تو ملتے ھوں لیکن ووٹ دینے کا حق حصہ دار کو نہ ھو ۔

Trust company : (n) (امریکا) ٹرسٹیوں کی جماعت جس میں ٹرسٹیوں کے فرائض انجام دیئے جاتے ہیں ۔

Trust deed : (n) (۱) تولیت نامہ ؛ (قانون) وقف نامہ ؛ وہ دستاویز جس کے رو سے مالک اپنی جائداد کسی متولی یا قرض خواھوں کے سپرد کرے کہ وہ قرض چکانے کے بعد واپس کردیں ۔ (۲) وثیقہ نامہ؛ تولیت نامہ جس کی رو سے جائداد کسی خاص غرض سے تولیت میں دی جائے۔

Trust estate : (n) وہ علاقہ جو وقف ھو؛ وقف املاک ۔

Trust fund : (n) (۱) املاکِ وقف؛ چیز یا رقم جو وقف کردی گئی ھو ۔ (۲) وہ جائداد جو وقف کردی گئی ھو؛ ٹرسٹ کا فنڈ ۔

Trust house : (n) وہ ھوٹل یا عوامی ادارہ جو ٹرسٹ کمپنی کے ذریعے چلائی جائے ۔

Trust indenture : (n) دستاویز جس کے ذریعے وقف کیاجائے؛ دستاویز وقف ۔

Trust investment : (n) ٹرسٹ کی رقم کا راس المال ؛ نیز ٹرسٹی اسٹاک ۔

Trust-money : (n) رقم زیر تولیت ؛ ٹرسٹ کی رقم ۔

Trust property : (n) جائداد وقف ؛ وقف کی جائداد ؛ وقف شدہ جائداد ۔

Trustability : (n) قابل اعتماد ھونے کی حالت؛ قابل اعتمادی ؛ قابل اعتباری۔

Trustable : (a) قابل اعتماد ؛ قابل اعتبار ؛ قابل امانت ۔

Trustee : (n) [f. Trust (v)+ EE.] (۱) (قانون) متولی ۔ (۲) (عام معنی) ٹرسٹی؛ امین؛ امانت دار؛ اس جماعت کا رکن جس کے سپرد کسی کالج یا ادارے کا انتظام ھو ۔ (۳) کسی چیز کے انتظام اور حفاظت کا ذمہ دار ۔

The public trustee : متولی عام ؛ ایک سرکاری عہدہ دار جو انگلستان میں سنہ ۱۹۰۸ میں مقرر کیا گیا ھے اور جو کوئی چاھے وہ اپنی وصیت کا عمل در آمد اس کے سپرد کر سکتا ھے ۔

Trustee : (v) (۱)(شخص یا اس کی جائداد کو) ٹرسٹی، امین کے ہاتھ میں رکھنا ۔ (۲) امین کے طور پر کام کرنا؛ امانت کے لئے سپرد کرنا؛ تولیت میں دینا ۔ (۳) Trustee process میں (کسی شخص کو) امین مقرر کرنا ۔ (٤) امانت قبول کرنا ۔ (۵) قرض دار کی ملکیت کو تیسرے شخص کے حوالے کر دینا ۔

Trustee process : (n) (۱) (امریکا) مقروض کی جائداد کےعلاوہ ساری چیزوں کی قرقی کا عمل جو چیزیں کسی تیسرے شخص کے قبضے میں ھوں ۔

Trustee security : (n) بڑا اسٹاک جس میں ٹرسٹ فنڈ ہو یا جسے قانونی طور پر خرچ کیا جائے۔

Trustee stock : (n) دیکھو Trustee security

Trusteeism : (n) امانت سپاری؛ تعین امین؛ تولیت۔

Trusteeship : (n) متولی یا ٹرسٹی کا منصب؛ امانت داری؛ تولیت۔

Trusten : (v) (انگریزی بول چال) دیکھو (v) Trust

Truster : (n) (۱) امانت گزار؛ ودیعہ گزار؛وقف کرنے والا۔ (۲) اطمینان کرنےوالا؛ اعتبار کرنے والا؛ اعتماد کرنے والا۔(۳) قرض دینے والا۔

Trustful : (a) بااعتماد؛ پُراعتماد؛ معتمد؛ مطمئن؛ اعتماد کرنےوالا؛ اعتبار کرنے والا؛ جس کی طبیعت میں دوسروں پر اعتماد کرنے کا مادّہ ہو۔

Trustfully : (adv.) بااعتماد طور پر؛ اعتماد کرتے ہوئے؛ بھروسا کرتے ہوئے۔

Trustfulness : (n) قابل اعتماد ہونا؛ اعتبار یا اعتماد کا مادّہ؛ اطمینان۔

Trustification : (n) وقف میں تبدیلی؛ وقف کی تشکیل۔

Trustify : (v) (معاشیات) وقف میں تبدیلی کرنا؛ وقف کی تشکیل کرنا۔

Trustily : (adv.) قابلِ اعتمادطریقے سے؛ قابلِ اعتبار طور پر۔

Trustiness : (n) معتبری؛ قابل اعتماد ہونا۔

Trusting : (a) معتمد؛ بااطمینان؛ اطمینان کرنے والا۔

Trustingly : (adv.) اعتماد کرکے؛ اعتبار کرکے؛ بھروسا کرکے۔

Trustingness : (n) معتبری۔

Trustle : (n) (بول چال) Trestle کا متبادل۔

Trustless : (a) (۱) ناقابل اعتماد؛ بےاعتماد؛ دغاباز؛ غدار؛ بے وفا؛ دھوکے کا؛ جس پر بھروسا نہ ہو۔ (۲) اعتبار نہ کرنے والا؛ شکی؛ بدگمان۔

Trustlessly : (adv.) بے اعتمادی سے؛ بے وفائی سے؛ دھوکے کے ساتھ۔

Trustlessness : (n) بےاعتمادی؛ بے اعتباری۔

Trustman : (n) امین؛ امینِ ترکہ۔

Trustor : (n) معطی؛ عطا کرنےوالا؛ ہبہ کرنے والا۔

Trustwoman : (n) امین عورت؛ وہ عورت جس کا کام وقف سے متعلق ساری چیزوں کی دیکھ بھال یا حساب کتاب وغیرہ کرنا ہو۔

Trustworthily : (adv.) قابل اعتمادی کے ساتھ؛ معتبری کے ساتھ۔

Trustworthiness : (n) قابل اعتماد ہونا؛ قابل وثوق ہونا؛ قابل اعتبار ہونا؛ معتبری۔

Trustworthy : (a) قابل اعتماد؛ معتمد؛ موثق؛ درست؛ امین؛ معتبر؛ قابل اعتبار؛ قابل وثوق؛ بھروسے کے لائق؛ بھروسے کا۔

Trusty : (a) قابل اعتماد؛ معتبر؛ موتمن؛ مورد اطمینان؛ امین؛ اطمینان بخش؛ بھروسے کا؛ قابل اعتبار؛ قابل وثوق؛ جس پر بھروسا کیا جائے؛ جس پر اعتماد رکھا جائے۔

Trusty : (n) (۱) (امریکا) نیک چلن قیدی؛ جس کے ساتھ خاص مراعات ہوتی ہے۔(۲) اعتماد کرنے والا۔

Truth : (n) [OE. 'triowth'.] (۱) سچائی؛ راستی؛صدق؛ صحت؛ دیانت؛ خلوص؛ وفاداری؛ نمك حلالی؛ خیر خواہی۔(۲) ٹھیك حالت؛ درست حالت؛ صحت۔ (۳) سچ؛ سچی بات؛ حق؛ حقیقت؛ صداقت؛ درستی؛ اصلیت؛ دیانتداری۔(٤) اثبات حقیقت مطلق؛ روحانی صداقت۔(۵) حقائق؛ واقعیات؛ واقعیت؛ وجود۔ (٦) میثاق؛ پیمان؛ عہد؛ قرارداد۔ (۷) ایمان؛ اعتماد؛ عقیدہ؛ راسخ الاعتقادی؛ تقلید پسندی۔(۸) درستکاری؛ پاکی؛ حقانیت؛ بدیہیات۔(۹) علم؛ معلومات؛ وقوف؛ ادراك۔(۱۰) (قدیم مصری دیو مالا) سچائی کے دیوتاؤں میں سے ہر ایك۔

Am a lover of truth : میں حق پرست ہوں؛ حق کا شیدائی ہوں۔

God's truth : حقیقت محض؛ بالکل سچی بات۔

Gospel truth : انجیل کےحقائق؛ کوئی بات جو انجیل کی طرح سچی ہو؛ آیت؛ حدیث۔

In truth : (ادبی زبان) حقیقت میں؛ واقعی ۔

Of a truth : (قدیم) حقیقت میں؛ واقعی ۔

Out of truth : حقیقت کے خلاف ۔

Rational truth : (فلسفہ) حقیقت عقلی ؛ عقلی صداقت۔

Tell (speak) the truth and shame the devil : دیکھو Shame (v)

To say, speak, or tell the truth : سچ بولنا؛ حقیقت بیان کرنا؛ کسی واقعہ کو صحیح صحیح بیان کرنا یا رپورٹ کرنا ۔

Truth drug : (n) (نباتیات) نباتات صداقت؛ مکو ۔

Truth drug : (n) وہ دوا جس کے استعمال سے لوگ حقیقت بیان کرنے لگیں ۔

Truth frequency : (n) (فلسفہ) تعددِ صداقت؛ تکرار صداقت ۔

Truth function : (n) (فلسفہ) وظیفہء صداقتؑ ۔

Truth functional : (a) (فلسفہ) وظیفہء صداقت کا یا اس سے متعلق۔

Truth functionally : (adv.) (فلسفہ) وظیفہء صداقت کے طور پر۔

Truth lover : (n) طالب حقیقت؛ عاشق راستی ۔

Truth speaker : (n) راست گو؛ حقیقت گو؛ راست گفتار ؛ سچ بولنے والا ۔

Truth value : (n) (فلسفہ) صداقتی قدر ۔

Truthful : (a) (۱) سچا؛ راست گو؛ صادق؛ سچ بولنے والا ؛ صادق القول ۔ (۲) سچا؛ حقیقت پر مبنی (قصہ وغیرہ)۔

Truthfully : (adv.) صداقت کے طور پر؛ راست گوئی کے ساتھ؛ سچائی سے؛ سچ مچ ۔

Truthfulness : (n) صداقت؛ راست گوئی؛ سچائی؛ راستی ؛ حقیقت۔

Truthless : (a) (۱) جھوٹا؛ غلط (بیان وغیرہ)؛ دروغ گو ؛ کاذب ۔ (۲) بے وفا؛ بدعہد (شخص)۔

Truthlessness : (n) (۱) دروغ گوئی؛ کذب ۔ (۲) بے وفائی ؛ بد عہدی۔

Truths : (n) (فلسفہ) حقائق ۔

Empirical truths : (فلسفہ) حقائقِ تجربی ۔

Home truths : کھری کھری باتیں؛ چبھتی ہوئی باتیں؛ کسی شخص کی واقعی برائیاں جو اس کے سامنے کی جائیں اور اسے ناگوار ہوں ۔

Primary truths : (فلسفہ) حقائق اوّلیہ ۔

Rational truths : (فلسفہ) حقائق عقلی ۔

Truthsman : (n) حقیقت جُو آدمی؛ حقیقت کی تلاش کرنے والا شخص؛ طالب حق ۔

Truthy : (a) دیکھو Truthful

Try : (n) [f. Try.(v)] (۱) آزمائش؛ امتحان؛ (شاذ) تجربہ ۔ (۲) کوشش؛ جدوجہد؛ سعی ۔ (۳) (فٹ بال رگبی) لڑائی؛ ایک فریق کا یہ حق کہ وہ گیند کو گول کے سامنے رکھ کر ٹھوکر مار کر گول کرنے کی کوشش کرے ۔ (٤) عدالتی جانچ پڑتال؛ عدالتی تحقیقات ۔

Try : (v) [OFr. 'trier'.] (۱) آزمائش کرنا؛ آزمانا؛ تجربہ کرنا۔ (۲) ابتلا میں ڈالنا؛ مصیبت میں ڈالنا؛ تکلیف دینا ۔ (۳) آزما کر دیکھنا؛ کرکے دیکھنا؛ کسی چیز کے اثرات کو جانچنا؛ پرکھنا ۔ (٤) عدالتی تحقیقات کرنا؛ سماعت کرنا (مقدمے کی)؛ مقدمہ چلانا (کسی شخص پر)؛ (کسی جرم میں) ماخوذ کرکے تحقیقات کرنا؛ انصاف کرنا ۔ (٥) کسی کام کی کوشش کرنا ۔ (٦) جدوجہد کرنا؛ کوشش کرنا؛ کسی چیز کا پتہ چلانے کی کوشش کرنا؛ تلاش کرنا ۔ (٧) کُھردرے تختے کو رندا کر کےصاف کرنا ۔ (٨) (دھات یا چربی یا تیل کو) پگھلا کر جوش دے کر صاف کرنا؛ چربی پگھلانا؛ تانا؛ تاکر نکالنا ۔ (٩) شہد سے موم نکالنا۔

Must try and get it finished tonight : (بول چال) کوشش کرکے اسے آج رات ختم کردینا چاہئیے ۔

To try a door/- window : کوشش کرکے کھول لینا؛ کوشش کرکے معلوم کرلینا ۔

To try an experiment : تجربہ کرنا؛ نتیجہ پر غور کئے بغیر کوئی کام کرنا ۔

Try your hand at : (v) اُسے کرنے کی کوشش کرو؛ اس پر اپنا تیر آزماؤ ۔

Trygon : (n) [L.] (حیوانیات) ٹنک مچھلی کی جنس ۔

Trying : (n) کوشش؛ سعی؛ جدوجہد؛ ساعی؛ کوشش کرنے والا۔

Trying : (a) پُرزحمت؛ طاقت فرسا؛ سخت؛ کٹھن؛ دشوار ؛ صعب؛ تکلیف دہ ۔

Trying-plane : (n) لمبا بھاری رندہ ۔

Trying-square : (n) بڑھئی کا گُنیا؛ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ ۔

Tryingly : (adv.) تکلیف دہ طور پر؛ دشواری کے ساتھ؛ پُرزحمت انداز سے ۔

Tryingness : (n) دشواری؛ سختی ۔

Tryma : (n) [mod. L.] (نباتیات) گٹھل دار پھل کے مانند ایک پھل۔

Trypanosoma : (n) [mod. L.] خون کا طفیلی جرثومہ جس سے مرض النوم اور دوسری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں ۔

Trypsin : (n) [Perh. f. Gr.] ٹرائپسین؛ لبلبے کی رطوبت کا ہاضم مادہ ۔

Trypsinogen : (n) لبلبے کی رطوبت کا دانہ دار ہاضم مادہ ۔

Tryptic : (a) ٹرائپسین کا یا اس سے متعلق ۔

Tryptone : (n) پیپٹون؛ ایک قسم کا البومنی مادہ ۔

Trysail : (n) (جہاز رانی) چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں مستول پر چڑھایا جاتا ھے اور ایک لٹھے سے بندھا رہتا ھے ۔

Tryst : (n) [Origin the same word as ME. 'Triste'.] (۱) مقررہ وقت اور مقررہ مقامات پر ملاقات ۔ (۲) ملاقات کا وعدہ؛ موعودہ ملاقات ۔

To bide tryst : مقررہ مقام اور مقررہ وقت پر ملاقات کا انتظار ۔

To break tryst : موعودہ ملاقات کی خلاف ورزی کرنا؛ ملاقات کی عہد شکنی کرنا ۔

To try (one's) hand : پہلی دفعہ کوئی کام کرنے کی کوشش کرنا؛ کسی شخص کی صلاحیت وغیرہ کی جانچ کرنا ۔

To try it on the dog : اس طرح جانچنا یا تجربہ کرنا کہ نقصان صرف کمزور کو ہی ہوگا ۔

To try it (one's tricks) with person : (کسی شخص کے ساتھ) چھیڑ؛ شرارت وغیرہ شروع کرنا ۔

To try out : اچھی طرح آزمانا؛ آزمائش کرنا ۔

To try over : جانچ پڑتال کرنا؛ آزمانا ۔

Try - : جزو ترکیبی بمعنی کوشش؛ جدوجہد ۔

Try a fall : (n) کشتی ۔

To try a fall : کشتی میں چت ہونا ۔

Try at : (v) کوئی کام کرنے کی کوشش کرنا؛ جدو جہد کرنا؛ سعی کرنا ۔

Try back : (v) (۱) (شکاری کتوں کے لئے) کھوج لگانے کے لئے پیچھے لوٹنا ۔ (۲) گھوم پھر کر اسی بات پر آجانا ۔ (۳) (شکاری کتوں کو) واپس بلانا ۔

Try-cock : (n) دیکھو Gauge-cock

Try conclusions : (n) (کسی فن میں) آزمائش یا مقابلہ ۔

Try for : (v) (۱) اختیار کرنے کی کوشش کرنا؛ کسی چیز کے درپے ہونا؛ حاصل کرنے کی سعی کرنا ۔ (۲) مقابلہ کرنا یا درخواست دینا (ملازمت وغیرہ کے لئے)۔

Try it on : (v) (عامیانہ) دھوکا دہی کی کوشش کرنا؛ (خصوصاً چوری میں) چوری پر زندگی گزارنا ۔

Try on : (v) (کپڑا) پہن کر دیکھنا (کہ ٹھیک ھے یا نہیں)۔

Try-on : (n) (بول چال) دھوکا دینی کی کوشش ۔

Try out : (v) آزمائش کرنا؛ آزمانا ۔

Try-out : (n) آزمائش ۔

Try square : (n) بڑھئی کا گنیا؛ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ ۔

To hold, keep tryst : مخصوص مقام اور مخصوص وقت پر ملاقات کرنا ۔

To make tryst : مخصوص مقام اور مخصوص وقت پر ملنے کا وعدہ کرنا ۔

Tryst : (v) (۱) ملاقات کا وعدہ کرنا ۔ (۲) ملاقات کا وقت متعین کرنا ۔ (۳) کسی شخص کے ساتھ کوئی کام کرنے کا وعدہ کرنا، خصوصاً ملنے کے لئے وقت اور جگہ متعین کرنا ۔ (٤) مخصوص وقت اور مخصوص جگہ پر ملاقات کرنا یا ملاقات کا وعدہ کرنا ۔ (٥) موعودہ مقامات یا وقت پر ملنا ۔

Tryster : (n) ملاقات کا وعدہ کرنے والا؛ میعادگاہ اور وقت مقررہ پر ملاقات کرنے والا ۔

Trysting : (n) ملاقات کرنا؛ میعادگاہ اور وقت مقررہ پر ملنا ۔

Trysting day : (n) موعودہ ملاقات کا دن ۔

Tryworks : (n) وہیل کی چربی کے جانچنے کا آلہ ۔

Tsar : (n) [Russ.] دیکھو Czar

Tsetse : (n)[Sechwana. i.e.Bechuana language.] جنوبی افریقہ کی ایک مکھی (جس کے کاٹنے سےمویشی، کتے وغیرہ مر جاتے ہیں) ۔

Tu-a-motuan : (a) مجمع الجزائرتواموتو کا یا اُس سےمتعلق یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔

Tu-a-motuan : (n) جزائر تواموتو کا پیدائشی باشندہ ؛ تواموتو ۔

Tu-a-ta-ra/Tuatara : (n) [Maori. 'tua' + 'tara'.] ایک بڑا رینگنے والا حشرہ جو عام طور پر نیوزی لینڈ میں پایا جاتا تھا اور اب چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کے ساحل ہی تک محدود ھے، اس کی شکل عموماً چھپکلی جیسی ہوتی ھے ۔

Tu-art/Touart : (n) آسٹریلیا کا ایک درخت جس سے سفید گوند رستا ھے (یوکلپٹس، ببول وغیرہ) جس کی لکڑیاں سخت اور دیرپا ہوتی ہیں ۔

Tu-jen : (n) جنوبی چین کے طے (Tai) کی مختلف جماعتوں میں سے ایک ۔

Tu quoque : (n) تم بھی؛ جوابی الزام ؛رد الزام ؛ یہ کہ تم بھی تو ایسے ہی ہو؛ تم نے بھی تو یہی کیا ۔

Tu-whit/Tu-whoo : (n) [Imitative.] الّو کی آواز کی نقل ؛ اس چیخ کا اظہار؛ الّو کی بولی ۔

Tu-whoo : (v) الّو کی آواز یا بولی کی نقل کرنا یا نقل اتارنا ۔

Tua-reg/Touareg : (n) [Ar. Tawariq.] (۱) مرکزی اور مغربی Sahara (صحارا) کے برسراقتدار خانہ بدوشوں کا کوئی ایک فرد ۔ (۲) مرکزی اور مشرقی Sahara کے باشندوں کی بربر زبان ۔

Tuamo-tu : (n) جزیرہ٭ تواموتو (بحرالکاہل) کے باشندوں کی بولی نیسی زبان ۔

Tuan : (n) [Malay] ملایا زبان میں کسی معزز مرد کو مخاطب کرنے کا طریقہ (مثلاً عالی جناب، حضور، حضور اعلیٰ، اعلیٰ حضرت وغیرہ) ۔

Tuan besar : (n) [Malay] ملایا کا کوئی یورپی حاکم اعلیٰ ۔

Tuath : (n) [Irish.] (۱) قوم؛ جماعت؛ قبیلہ ۔ (۲) وہ خطہ جو کسی قبیلے کے قبضے میں ہو ۔

Tub : (n) [LDu.] (۱) ناند (لکڑی کا)؛ (کپڑے دھونے یا نہانے کا) ٹب : مکھن وغیرہ رکھنے کا چھوٹا ٹب ۔ (۲) چائے، غلہ، مکھن وغیرہ ناپنے کا پیمانہ جو مختلف معیار کا ہوتا ھے ۔ (۳) نہانے کا چھوٹا ٹب؛ غسل کرنے کا ٹب ۔ (٤) (کان کنی) ناند یا صندوق (کچی دھات یا کوئلہ اٹھانے کے لئے) ۔ (٥) (تحقیراً) بھدی سست رفتارکشتی؛ نیز چھوٹی چوڑی کشتی ۔ (٦) چھوٹی سی کشتی جس پر کشتی رانی کی مشق ہوتی ھے ۔ (۷) (تحقیراً یا مذاقاً) واعظ یا خطیب خصوصاً غیر مقلد واعظ ۔ (۸) سرنگ کا سہارا ۔ (۹) نیلم کے رنگ کی ایک قسم کی مچھلی ۔ (۱۰) ناند یا ٹب سے مشابہ کوئی چیز، جیسے پرانی قسم کا منبر یا خطبہ گاہ ۔ (۱۱) انتہائی مضحک شخص ۔ (۱۲) (پرانی قسم کا) ہاتھ سے چلا کر آگ بجھانے والا انجن ۔ (۱۳) ٹب بھر کسی چیز کی مقدار ۔ (۱٤) (برطانیہ) قریب چارگیلن والا چھوٹا پیپا ۔ (۱٥) دوچپوؤں والی ہلکی کشتی جو خاص طور پر ملاحوں کی تربیت میں استعمال ہوتی تھی ۔ (۱٦) سب سے نیچے کے بادبان کے اوپر والے بادبان کا شکنجہ (مستول پر رسی چڑھانے کے لئے) ۔ (۱۷) (مستول پر) نگراں کا احاطہ ۔ (۱۸) ہم وقت تیراکی کا مظاہرہ ۔

Cold tub : ٹھنڈے پانی کا غسل ۔

Let every tub stand on its own bottom : ہر شخص کو اپنی فکر کرنی چاہئیے ۔

Tub : (a) ناند یا ٹب کی طرح کا یا اس سے متعلق ؛ ٹب میں رکھا ہوا ۔

Tub : (v) (۱) ٹب میں نہانا یا نہلانا؛ کپڑا دھونا ۔ (۲) ناند میں پودا لگانا ۔ (۳) چھوٹی کشتی کھینا ۔ (٤) چھوٹی کشتی میں کشتی کھینا سکھانا ۔ (٥) (کان کنی) لکڑی یا لوہے کا خول چڑھانا (صندوق وغیرہ پر) ۔ (٦) ٹب میں نہانا یا غسل کرنا (خاص کر سویرے اُٹھ کر) ۔ (۷) لکڑی، پتھر یا لوہے کے پن روک ڈبے سے سرنگ کو سہارا دینا؛ اس طرح (پانی کو) بند کرنا؛ سرنگ یا ٹینل میں (پانی کو) بند کرنا ۔ (۸) ٹب میں رکھنا یا جمع کرنا ۔ (۹) (کشتی کھینے والےکو) ٹب میں تربیت دینا ۔ (۱۰) غسل کے ٹب کو استعمال کرنا ۔

Tub basket : (n) لکڑی کے پیندے والا گول ٹوکرا یا ڈلیا (باسکٹ) جس میں لکڑی کے ترشے ہوئے سیدھے ڈنڈے لگے ہوں ۔

Tub butter : (n) ڈبوں میں بند مکھّن (رکھنےیا برآمد کےلئے) ۔

Tub-cart : (n) ہلکی دوپہیوں والی گاڑی ۔

Tub-chair : (n) ایک قسم کی بڑی، گول، گدّے دار آرام کرسی ۔

Tub-desk : (n) مختلف خانوں کا بغیر پٹ کا ڈسک (کارڈ کو الگ الگ رکھنے کے لئے) ۔

Tub-door : (n) بعض جوش دانوں میں دھواں نکلنے کا دہانہ ۔

Tub-gig : (n) دو پہیوں والی گاڑی ۔

Tub-man/Tubman : (n) (۱) (اگلےزمانےکی) انگلستان کی ایک قانونی عدالت کا بیرسٹر (یہ عدالت بعد میں Kings'Bench میں تبدیل ہو گئی) ۔ (۲) ٹب یا بڑی ناند کو استعمال کرنے والا شخص یعنی وہ جو سور کی لاش کو بال صاف کرنے سے قبل بھاپ میں جلاتا ہے؛ مزدور جو موزے یا بنے ہوئے سامان کو ناندوں یا رنگنے والی مشین میں رنگتا ہے ۔

Tub-pair : (n) دو کھویوں کی مشقی کشتی ۔

Tub-preacher : (n) (تحقیراً) غیر مقلد واعظ ؛ کلیسائے انگلستان کی تقلید سےانحراف کرنےوالا واعظ ۔

Tub-size : (v) ٹب یا ناند میں جلاٹین یا سریش کے محلول سے (کاغذ کو) سائز کے مطابق گزارنا ۔

Tub-thumper : (n) (تحقیراً) وہ مقرریا واعظ جو دران تقریر یا وعظ (وعظ یا تقریر پر زور ڈالنے کے لئے) میز پر ہاتھ مارتا ہے؛ پُرجوش مقرر یا واعظ؛ چلاچلا کر وعظ کہنے یا تقریر کرنے والا ۔

Tub-thumping : (n) مقرر یا واعظ کا (دوران تقریر یا واعظ) میز پر ہاتھ مارنا، پٹکنا، تھپ تھپانا ۔

Tub-thumping : (a) ہاتھ سے تھپ تھپایا ہوا؛ تھپ تھپانے والا ۔

Tub-wheel : (n) ڈھول کی شکل کا ٹب؛ گھومنے والا ٹب (کھالیں دھونے کے لئے) ۔

Tuba : (n) [L. 'tuba'] (۱) (موسیقی) ٹوبا؛ نفیری ؛ قدیم روم کا سیدھا کانسے یا پیتل کا جنگلی دُہل ۔ (۲) آرگن باجے کے زیروبم کے آٹھویں درجے کے نقطہء عروج کا پردا ۔ (۳) آرگن باجا یا دُہل بجانے والا شخص ۔ (٤) غنیم کے راڈار کو روکنے کے لئے ایک بہت طاقتور ٹرانسمیٹر راڈار ۔

Tuba : (n) [Arab.] بہشت کا ایک درخت؛ طوبا ۔

Tuba : (n) [Togalog. 'tuba'.] (۱) مختلف زہریلے مادوں میں سے کوئی ایک جو پودوں کے رس، پوست اور بیجوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور جو خاص کر ملیشیا اور فلپائن میں زہر ماہی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) پودا جس سے زہر ماہی حاصل کیا جائے؛ تاڑ اور کھجور کا تخمیری عرق؛ تاڑی؛ فلپائن کی ایک تیز شراب جو خاص قسم کی کھجور کے درختوں کے تخمیری رس سے تیار ہوتی ہے (Beno) ۔ (۳) تاتاری سائیبریائی شخص ۔

Tuba clarion : (n) چار فٹ کی نرسنگے کی قسم کی نفیری ۔

Tuba major : (n) سولہ فٹ کی نرسنگے کی قسم کی نفیری ۔

Tuba mirabilis : (n) بلند بانگ دُہل ۔

Tubage : (n) نلکی کی لمبائی یا اس کا ٹکڑا؛ بندوق کی نال میں لوہے کی نلکی داخل کرنے کا عمل جس سے بندوق کی زد میں توانائی بڑھ جائے ۔

Tubaic acid : (n) (کیمیا) ایک بلوری فنائل ایسڈ - ($C_3 H_5 C_8 H_5 O(OH) COOH$)

Tubal : (a) [Mod. L. 'Tubalis'.] (تشریح) قناتی نلی یا نلکی کی قسم کا یا اس سے متعلق۔

Tubal cough : (n) قناتی کھانسی؛ سُرفہ؛ سعال۔

Tubal dropsy : (n) قناتی استسقاء (مرض)۔

Tubal nephritis : (n) قناتی ورم گردہ۔

Tubal pregnancy : (n) قنات فلوپی کے ذریعے استقرار حمل۔

Tubate : (a) (حیوانیات) نلی دار؛ نلی کی شکل کا۔

Tubatulabal : (n) جنوبی مرکزی کیلیفورنیا یابالائی دریائے کرن کی وادی کے شوشونین کے افراد یا لوگ؛ ایسی قوم کا کوئی فرد؛ اس خطے کی زبان۔

Tubbable : (a) لائق شُستنی؛ دھونے کے لائق؛ بغیر نقصان کے دھوئے جانے کے لائق۔

Tubbal : (n) (روزمرّہ انگریزی) ایک طرح کی کھال۔

Tubber : (n) کان کنی کی کارنیوالی گینتی (کدال)۔

Tubber : (n) (۱) ٹب یا پیپا ساز یا اس سے کام لینے والا؛ کُپی ساز؛ ٹب کو استعمال کرنے والا۔ (۲) ایک کارندہ جو جواہرات کو صیقل مشین پر صاف کرتا ھے۔

Tubbie : (n) (انگریزی روزمرہ) کپی ساز یا اُس کا مدگار۔

Tubbiness : (n) مٹاپا؛ فربہی؛ کُپا جیسا ہونے کی صفت یا حالت۔

Tubbing : (n) (۱) ٹب بنانا؛ ناند بنانا؛ ٹب یا ناند بنانے کے سازوسامان۔ (۲) کان میں سُرنگ کے لئے لکڑی یا فلزاتی شے کا پن روک سہارا۔ (۳) ٹب میں کشتی رانی کی تربیت یا مشق۔

Tubbish : (a) ٹب کی شکل کا؛ گول یا موٹا۔

Tubby : (a) (۱) ٹب کی شکل کا؛ گول مٹول؛ موٹا؛ بھدا؛ بدنما۔ (۲) بے گمک : بھدی آواز کا (باجا)۔ (۳) لمبائی کے تناسب سے زیادہ مضبوط اور چوڑا چکلا۔

Tube : (n) [Fr 'tube' or L 'tubus'. rel to Tuba.] (۱) نلی؛ نلکی (دھات یا ربر کی)۔ (۲) ٹیوب (دھات کی، نلکی کی شکل کی، روغن وغیرہ رکھنے کے لئے)۔ (۳) پھونک باجوں کا اصل حصہ؛ نلکا۔ (٤) (تشریح) نالی؛ قنات؛ مجری؛ نلی؛ نلکی۔ (٥) ٹیوب ریل؛ لندن کی زیر زمین برقی ریل یا اُس کی کوئی لائن؛ ٹیوبنگ؛ نلکی کا سلسلہ (خاص کرتجربہ نلکی کا)۔ (٦) نلی نما شکل کا عینی یا بصری آلہ خاص کر دُوربین۔ (۷) (موسیقی) ھَوا باجا مثلا نَے وغیرہ۔ (۸) ھَوائی ارسالی ٹیوب یا نلکی۔ (۹) استوانی سرنگ جس میں زیر زمین برقی ریل چلتی ھے؛ نیز (روزمرہ) زیر زمین برقی ریل۔ (۱۰) (طبیعیات) نلکی نما یا نلی دار شکل جو قوت کی لکیروں کے ایک بند منحنی کے ہر نقطے سے گزرنے سے بنتی ھے۔ (۱۱) (تشریح وحیوانیات) ایک کھوکھلا استوانہ نما عرق، رگ یا عضو (جانور کے جسم میں)؛ ھوا کی نالی، نلکی، راستہ یا نلی۔ (۱۲) صدف نما جانور کی خمدار نلکیوں میں سے کوئی ایک۔ (۱۳) پودے میں کھوکھلی استوانہ نما نلی (خاص کر نباتات میں)۔ (۱٤) اس کا اطلاق دوسری نلی نما یا استوانہ نما چیزوں پر بھی ھوتا ھے۔ (۱۵) عورتوں کا ایک تنگ وچست لباس۔

Bronchial tube : قنات شعبی؛ نرخرے کے دو شعبوں میں سے کسی شعبے کی نالی جس میں سے ھوا پھیپھڑوں میں آتی جاتی ھے۔

Crookes's tube : ایک قسم کی خلائی نلکی جس سے گیس کی بعض خاصیتیں دکھائی جاتی ہیں۔

Pneumatic tube : وہ نلکی جس میں خط وغیرہ رکھ کر ھوا کے دباؤ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں۔

Test tube : تجربہ نلکی؛ جانچ نلکی۔

Tube : (v) (۱) نلکی لگانا؛ نلکی میں رکھنا؛ ٹیوب میں رکھنا؛ نلکی کے ذریعے گزرنا یا نلکی میں بند کرنا۔ (۲) زمین دوز ریل کے ذریعے سفر کرنا۔

Tube-case : (n) بھاپ والے انجن میں وہ خانہ جس میں آلۂ تکثیف کی نلکیاں لگی ھوتی ہیں۔

Tube-colour : (n) رنگ جو ٹیوب میں رکھے جاتے ہیں۔

Tube-condenser : (n) نلکی نما آلۂ تکثیف۔

Tube-coral : (n) آرگن نلی نما مونگا ۔

Tube-hearted : (a) جوف عظمی کی وساطت سےقلب کی طرح کام کرنے والا ۔

Tube-maker : (n) جو ٹیوب بنائے خصوصاً وہ جانور یا پھل روپ جو اپنے خود ساختہ نلکی نما خول میں رہتا ھے ۔

Tube-man : (n) (برطانیہ) زمین دوز راستےپر متعین ملازم ۔

Tube-medusa : (n) سیفن برادران کا ایک رکن ۔

Tube-mill : (n) پیسنے کی چکی جس میں لمبی گھومنے والی نلکی ھوتی ھے ۔

Tube-nosed : (a) نلکی نما ناک رکھنے والا ۔

Tube-pan : (n) ایک گہرا گول برتن جس میں بڑے بڑے کیک بنائے جاتے ہیں اور جس کے بیچ میں خلا دار ٹیوب ھوتا ھے ۔

Tube-plate : (n) سوراخ دار پلیٹ جس میں گرم کرنے والی نلکیاں لگی ھوں ۔

Tube railway : (a) (برطانیہ) زمین دوز ریل ۔

Tube saw : (n) (۱) دیکھو Tublar saw ۔ (۲) استوانی آرہ (گول سوراخ بنانے کے لئے) ۔ (۳) تاج آرہ (Crown saw) ۔

Tube-shell : (n) دیکھو Blind shell ؛ کورسیپ (صدف) ۔

Tube-snout : (n) ایک نازک سمندری مچھلی ۔

Tube-spinner : (n) مکڑے کی ایک قسم جو نلکی نما جال بنتا ھے جس میں خود چھپتا ھے ۔

Tube-transmitter : (n) ایک ترسیلی ریڈیوسٹ جس میں برق زا نلکی لگی ھو ۔

Tube-weaver : (n) دیکھو Tube spinner

Tube-well : (n) ٹیوب ویل؛ نل کوپ؛ وہ کنواں جس سے نل کے ذریعہ پانی نکالا جاتا ھے؛ نل کنواں ۔

Tube-worm : (n) نلکی نما کیڑا یا جونک ۔

Tube-wrench : (n) پائپ یا ٹیوب کو کسنے والا پیچ کش ۔

Tubecell : (n) (نباتیات) دانہء گندم کی دو خلیوں میں سے کوئی ایک ۔

Tubectomy : (n) (تشریح) قنات فلوپی یا بیض نالی کو جراحی سے نکال دینا ۔

Tubelike : (a) نلکی نما ۔

Tuber : (n)[L. 'tuber'] (۱) (نباتیات) بصلہ؛ پودوں کا چھوٹا اور دبیز تنا جو زمین کے نیچے ھوتا ھے مثلاً آلو وغیرہ کا گنٹھا ۔ (۲) ٹُرفاس: ایک قسم کی کُھمبی جو زیر زمین اگتی ھے ۔ (۳) (تشریح) گومڑی؛ ورم؛ گلٹی (غدود کا ورم) ۔

Tuber : (n) (۱) ٹیوب کا کام کرنے والا (مستری) ؛ مشین چلانے والا کارندہ ۔ (۲) کپڑوں کو تھان بنا بنا کر لپیٹنے والا ۔ (۳) چمڑے کے لمبے لمبے ٹکڑوں سے گول گول تسمے بنانے والا مزدور ۔

Tuber fern : (n) علاقہء منطقہء حارہ کا ایک پودا (فرن) جس کی چمک دار سبز پتیاں ھوتی ہیں ۔

Tuber flea beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو مغربی کناڈا اور ممالک متحدہ کے علاقہ میں ھوتا ھے اور جو آلو یا دیگر پودوں کو برباد کردیتا ھے ۔

Tuber indexing : (n) (۱) دیکھو Eye indexing ۔ (۲) آلو کی کاشت سے پہلے انکھوا (آلو) کو الگ الگ کرنا ۔

Tuber root : (n) دیکھو Butterfly weed

Tubercle : (n) [L. 'Tuberculum'.] (۱) (تشریح، حیوانیات) ایک چھوٹی سی گانٹھ خصوصاً ہڈی پر یا مختلف جانوروں کے جسم کی سطح پر ۔ (۲) دق کا دانہ؛ دانہ جو کسی عضو میں خصوصاً پھیپھڑے میں فاسد مادے سے پیدا ھوتا ھے اور دق یا سل کا باعث ھوتا ھے؛ (مجازاً) دق یا سل کا مرض ۔ (۳) (نباتیات) بیخ دانہ؛ دانہ؛ چھوٹی گنٹھی جو درختوں کی جڑ میں پیدا ھو جاتی ھے؛ پودوں میں چھوٹی گمڑی ۔

Tubercle bacillus : (n) جرثومہ کی ایک جنس جس سے مرض دق یا سل پیدا ھوتا ھے ۔

Tubercled : (a) مرض دق یا سل میں مبتلا ۔

Tubercular : (a) [L. 'Tuberculum'.] (۱) دق یا سل میں مبتلا ۔ (۲) دیکھو Tuberculous ۔

Tubercular : (n) مرض دق یا سل میں مبتلا انسان ۔

Tubercularia : (n) دق کے جرثومہ کی ایک جنس ۔

Tubercularization : (n) دق کا اثر پہنچانا یا پہنچایا جانا ۔

Tubercularize : (v) دق کے جراثیم داخل کرنا؛ دق کا اثر پہنچانا؛ دق میں مبتلا ہونا ۔

Tubercularly : (adv.) مرض دق کے طور پر؛ دق کے انداز کا؛ مسلول کی طرح سے ۔

Tuberculate : (a) دیکھو Tubercular یا Tubercled

Tuberculate : (n) لوہے کی نلکی میں گمڑیوں کا مجموعہ ۔

Tuberculated : (a) جس میں دق کے دانے نکلے ہوں ۔

Tuberculately : (adv.) گمڑی یا گلٹی کے طور پر ۔

Tuberculation : (n) (۱) دق کے دانوں کا نکلنا؛ دق کے دانوں کا سلسلہ ۔ (۲) دق کے جراثیم سے متاثر ہونا ۔ (۳) لوہے کی نلکی میں یا اس کے اوپر گمڑیوں کا مجموعہ ۔ (٤) دیکھو Tuberculate ۔

Tubercule : (n) (۱) دیکھو Tubercle ۔ (۲) لوہے کی نلکی کے اندر یا باہر ایک چھوٹی گرہ یا گمڑی ۔

Tuberculid/Tuberculide : (n) دق کے جراثیم کے باعث کوئی جلدی مرض یا خلل ۔

Tuberculiform : (a) کافی چھوٹا اور کٹھل جو گمڑی کے مشابہ ہو ۔

Tuberculin : (n) [L. 'tuberculum'.] (طب) ٹیوبرکولین؛ ایک عرق جو دق کے پرورده جراثیم سے بنایا جاتا ہے اور جس کا انجکشن دفع مرض کے لئے لگایا جاتا ہے؛ اب خصوصاً اس کا استعمال دق کے مرض کی جانچ کے لئے ہوتا ہے ۔

Tuberculin test : (n) دق کے جراثیم سے تیار کردہ عرق کو جسم میں انجکشن دے کر دق کے مرض کی جانچ ۔

Tuberculization : (n) دق کا مرض ہو جانا؛ دق کی بیماری لگ جانا یا اس میں مبتلا ہو جانا ۔

Tuberculize : (n) دق میں مبتلا کرنا؛ دق میں مبتلا ہونا ۔

Tuberculose : (a) دیکھو Tuberculate

Tuberculosis : (n) سل؛ تپ دق ۔

Tuberculous : (a) (۱) مسلول؛ مدقوق ۔ (۲) سل یا دق کا یا اس کی خاصیت کا ۔ (۳) مادۂ سل کی موجودگی یا اس کے اثر سے ہو جانے والا (مرض) ۔ (٤) دیکھو Tubercular ۔ (۵) سل کے دانوں سے بھرا ہوا ۔

Tuberculously : (adv.) مسلول کی طرح سے ۔

Tuberculum : (n) دیکھو Tubercle

Tuberiferous : (a) [L. 'Tuber'.] (نباتیات) بصلہ دار ۔

Tuberiform : (a) (تاریخ، طبیعیات و تشریح) گومڑی نما ۔

Tuberization : (n) بصلہ بننے کا عمل ۔

Tuberless : (a) بے بصلے کا؛ بے گمڑی کا ۔

Tubermoth : (n) (۱) دیکھو Potatomoth ۔ (۲) ایک بھورے رنگ کا پتنگا جس کا پھل روپ آلو کا گمڑی دار کیڑا ہوتا ہے ۔

Tuberoid : (a) [L. 'Tubrose'.] بصلہ نما؛ گمڑی نما ۔

Tuberose : (a) (۱) بصلہ دار؛ بصلی ۔ (۲) گومڑی دار ۔ (۳) بصلہ کی طرح کا ۔

Tuberose : (n) میکسیکو کا ایک بصلہ دار پودا جس میں سفید رنگ کے خوشبو دار پھول ہوتے ہیں؛ گُل شبو؛ گُل زنبق ۔

Tuberosity : (n) [Fr. 'Tuberosite'.] (نباتیات) بصلیت؛ بصلی دار ہونا؛ گومڑی دار ہونا ۔

Tuberous : (a) [Fr. 'Tubereux ' or L. 'Tuberosus'.] دیکھو Tuberose (a)

Tuberous root : (n) کوئی دبیزمغزدار جڑ جو بصلہ کے مانند ہو لیکن اس میں کلیاں اور پتے نہ ہوں؛ بصلہ دار جڑ ۔

Tuberous water lily : (n) شمالی جنوبی امریکا کا ایک قسم کا کنول جس میں بڑے بڑے سفید یا زردی مائل غیر خوشبودار گلاب جیسے پھول ہوتے ہیں ۔

Tuberously : (adv.) بصلہ داری کے ساتھ؛ گومڑی کی طرح سے ۔

Tuberousness : (n) بصلہ داری ؛ گومڑی دار؛ بصلیت ۔

Tubeset : (n) ریڈیوسیٹ جس میں الیکٹرون ٹیوب لگے ہوں ۔

Tubfast : (a) خانگی طور پر کپڑا دھونے کے دوران رنگ روغن کو محفوظ رکھنے والا ۔

Tubfile : (n) کارڈ یا کاغذ کی فائل اس طرح سے رکھی ہو کہ سب کا سب یا اس کا ایک معتدبہ حصہ ایک ہی دفعہ میں کھل جائے ۔

Tubfish : (n) نیلم کے رنگ کی مچھلی کی ایک قسم ۔

Tubfront : (n) دیکھو Block front : کسی عمارت، زمین یا دراز کے سامنے کے حصے کی روک ۔

Tubful : (n) ناند بھر؛ ٹب بھر ۔

Tubi - : جزو ترکیبی: لاطینی لفظ Tubus بمعنی نلکی؛ دیکھو Tube ۔

Tubi fex : (n) ایک نازک سرخ یا بھورے رنگ کا کیڑا جو بکثرت مچھلی کی غذا ہوتا ہے ۔

Tubicola : (n) Amelida کی جنس کا نلکی نما کیڑا ۔

Tubicolae : (n) مکڑوں کی ایک جماعت جو نلکی نما جال بنتے ہیں ۔

Tubicolar : (a) [mod. L. 'Tubicola'.] نلی باش: (ان کا اطلاق حلقہ دار کیڑے اور پہیے کی طرح گھومنے والے کیڑے پر ہوتا ہے)۔

Tubicole : (a) دیکھو Tubicolar

Tubicole : (n) نلی باش کیڑے: حلقے دار اور پہیے کی طرح گھومنے والے کیڑے ۔

Tubicolous : (a) دیکھو Tubicolar

Tubicorn : (n) [L. 'Cornu'.] کھوکھلے سینگوں کا جگالی کرنے والا جانور ۔

Tubicorn : (a) [L. 'Cornu'.] کھوکھلے سینگوں کا (جگالی کرنے والا جانور)۔

Tubicornous : (a) نلی یا نلکی نما؛ نلکی کی شکل کا؛ نلی دار ۔

Tubifacient : (a) نلکی بنانے والا؛ نلی ساز ۔

Tubiform : (a) نلکی کی شکل کا؛ نلکی نما؛ نلی دار ۔

Tubinarial : (a) [L. 'Naris'.] نلی نما نتھنے والا ۔

Tubinarine : (a) دیکھو Tubinarial

Tubing : (n) (۱) سلسلہء انابیب ؛ ٹیوب کی لمبائی یا اس کا ٹکڑا ۔ (۲) انبوبہ؛ ٹیوبنگ ۔ (۳) ٹیوب لگانے کا عمل ۔

Tubipora : (n) مونگے کی ایک قسم ۔

Tubipore : (n) Tubipora جنس کا ایک رکن جس کے ہر کٹیرپا میں مرجانی مسام ہوتا ہے ۔

Tubipore : (a) مونگے یا مرجان کی قسم کا؛ آرگن نلکی نما مرجان کا ۔

Tubiporite : (n) آرگن نلکی نما مرجان کا سنگوارہ؛ فوسل ۔

Tubivalve : (a) صدفی نلی دار ۔

Tubivalve : (n) نلکی دار صدف: دوصمامہ صدفیہ یا رخوہ (صدفی نلی والا) ۔

Tubo - : جزوترکیبی بمعنی "نلکی" ۔

Tuboid : (a) ٹیوب یا نلکی سے مشابہ: تقریباً نلی کی شکل کا ۔

Tuborchard : (n) ناند میں اُگایا ہوا پھل دار درختوں کا جھنڈ ۔

Tubsugar : (n) ایک درخت کی چھال سے بنی ہوئی نرم چینی جس کو لکڑی یا ٹن کے ڈبوں میں محفوظ رکھا جاتا ہے ۔

Tubular : (a) [L. 'Tubulus'.] (۱) نلی یا نلکی کی شکل کا ۔ (۲) نلی دار: نلی یا نلکی کا بنا ہوا؛ نلکیوں میں رکھا ہوا ۔ (۳) (تنفس کی ایک کیفیت) قناتی: جس سے اس طرح کی آواز نکلتی ہو جیسے ہوا کسی ٹیوب میں سے گزرتی ہے ۔ (٤) نلیوں سے بنا ہوا یا نلیوں پر مشتمل ۔ (٥) (نباتیات) پھول یا گُلچہ خاص کر نلی کا بنا ہوا ۔ (٦) نلیوں کا بنا ہوا ۔

Tubular-bells : (n) انگلیوں سے دبا کر بجایا جانے والا ایک قسم کا آلہء موسیقی ۔

Tubular-boiler : (n) نلی دار جوش دان؛ بوائلر جس میں پانی یا بھاپ نلیوں سے گزرتی ہے ۔

Tubular-bridge : (n) مستطیل نلی کی شکل کا رستہ جس میں سے ریل وغیرہ گزرتی ہے ۔

Tubular chimes : (n) دیکھو Tubular bells

Tubular fabric : (n) بغیر سیون یا جوڑ کے بنی ہوئی جرسی یا گنجی وغیرہ ۔

Tubular floret : (n) نلی دار پھولوں میں سے کوئی ایک گلچہ ۔

Tubular lock : (n) حلقہ دار تالا ۔

Tubular-pile : (n) لوھےکی نلی نما سلاخ جو زمین میں چھری بھرنے کے لئے گاڑی جاتی ہے ۔

Tubular pneumatic action : (n) آرگن باجے کے دہانے کو ھَوا کے دباؤ سے کھولنے اور بند کرنے کا عمل ۔

Tubular rivet : (n) دو نوک دار کیل نلکی نما دستے کے ساتھ ۔

Tubular saw : (n) (۱) دیکھو Crownsaw ۔ (۲) استوانی آرہ (گول سوراخ بنانے کے لئے) ۔

Tubular skate: (n) برف پر چلنے کی کھڑاؤں جس کا فریم نلکی کا بنا ہوا ہو ۔

Tubularia : (n) [L. 'Tubuluo, Tubule'.] مرجانی حوین ۔

Tubularian : (a) مرجانی حوین کی جنس سے متعلق ۔

Tubularity : (n) نلی دار ہونے کی صفت یا حالت ۔

Tubularly : (adv.) نلی یا نلکی کی شکل میں ؛ نلکی کی طرح کا ۔

Tubulary : (a) [L. 'Tubulus'.] ٹیوب یا نلی کی بنا ہوا یا ٹیوب کا ۔

Tubulate : (a) [L. 'Tubulatus'.] (۱) نلی دار ۔ (۲) نلی کا شکل کا ۔

Tubulated : (a) دیکھو Tubulate

Tubulation : (n) [L.] (۱) نلی کی شکل دینا یا بنانا یا نلی لگانا ۔ (۲) نلیوں کی ترتیب یا انتظام؛ نلی نما ٹکڑا ۔

Tubulature : (n) نلیوں کی ترتیب یا انتظام؛ نلی کی شکل کا ٹکڑا ۔

Tubule : (n) [L. 'Tubulus'.] چھوٹی نلی؛ جانور یا پودے کے جسم میں ایک چھوٹی نلی نما ساخت؛ (حیوانیات) قنات صغیر؛ مسام نلیّہ ۔

Tubuli-: جزوترکیبی جدید لاطینی Tubulus-

Tubulidenate : (a) [L. 'Dentatus'.] (حیوانیات) Tubulidentata کی جنس کا یعنی غیر دندانی جماعت کا (یہ ایک دودھ پلانے والے جانور کی معدوم قسم ہے) ۔

Tubuliferous : (a) (تاریخ، طبیعیات) چھوٹی نلیوں والا ۔

Tubulifloral : (a) نلکی نما پھول والا ۔

Tubuliform : (a) (نباتیات) نلی نما ساخت کی شکل کا؛ انبوب شکل؛ نلیّہ شکل؛ انبوبی تارہ ۔

Tubulipore : (n) [L. 'porus'.] (حیوانیات) Tubulipora کی جنس کا حوین مجتمعَہ ۔

Tubulous/Tubulose : (a) (۱) دیکھو Tubular ۔ (۲) نلی نما یا نلیوں کا بنا ہوا؛ (اسٹیم بوائلر) گیس یا پانی کی نلکیوں والا؛ نلیہ بردار؛ انابیب دار ۔

Tubulously : (adv.) نلکی نما طریقے سے ۔

Tubulure : (n) چھوٹا نلکی دار سوراخ قرنبیق میں داخل کرنے کےلئے ۔

Tubulus : (n) [L. dim of 'tubus'.] (۱) دیکھو Tubule ۔ (۲) قنات صغیر؛ مسام نلیّہ ۔

Tucandera/Tucondera : (n) [Pg.'Tocandera'.] مختلف Ponerine جنس کی چیونٹیوں میں سے کوئی ایک جو مرکزی جنوبی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Tucano : (n) (۱) کولمبیا اور شمالی Ecuador کے لوگوں کی ایک جماعت ۔ (۲) ایسی جماعت کا کوئی ایک فرد ۔ (۳) ٹوکانو کے لوگوں کی زبان ۔

Tucanoan : (a) ٹوکانو کے لوگوں اوران کی زبان سے متعلق ۔

Tuchun : (n) [Chinese.] (۱) چین کے ایک صوبے کا فوجی گورنر ۔ (۲) عظیم فوجی لیڈر ۔

Tuchunate : (n) چینی فوجی عہدہ ۔

Tuchung : (n) ایک بہت سخت چینی کھردرے دانے دارپتیوں والا درخت جو ربر کا بڑا ذریعہ ھے: یہ Elm درخت سے صورتاً مشابہ ھوتا ھے ۔

Tuchunism : (n) چینی گورنری۔

Tuck : (n) [Late ME.] (۱) کپڑے کی چنٹیں، پلیٹیں، خواہ لباس کو چھوٹا کرنے کے لئے یا بطور آرائش ھو ۔ (۲) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جہاں پچھلے تختے آکر مل جاتے ہیں ۔ (۳) کھانے کی چیزیں خصوصاً مٹھائی ، چھوٹے کیک وغیرہ (عامیانہ اسکولی) ۔ (٤) کوئی چیز جو چھوٹی کر دے، گھٹادے یا کم کردے ۔ (٥) وافر کھانے کی چیز۔ (٦) خاصی میٹھی غذا۔ (۷) سگار کا آخری حصہ جس کو پھر جلایا جائے ۔ (۸) تیراکی، جمناسٹک یا رقص میں جسم کو اس طرح رکھنا جس میں ٹخنے جھکے ھوئے ھوں اور جانگھ سینے سے سخت طور پر سٹے ھوں اور دونوں ہاتھ پنڈلی کے آخری حصے میں چمٹے ھوں ۔

Nip and tuck : برابر برابر ۔

Tuck : (v) [OE.] (۱) کپڑے کو چن کر ٹانکے لگانا: پلیٹیں ڈالنا ۔ (۲) سمیٹنا (دامن وغیرہ): اڑسنا: لپیٹنا: چڑھانا (آستین) ۔ (۳) سکیڑنا: چنٹوں سے چھوٹا کرنا خاص کر آراستہ کرنے کے لئے ۔ (٤) اچھی طرح ڈھک لینا یا لپیٹ لینا ۔ (٥) رکھ دینا (ایک طرف یا کونے میں) ۔ (٦) (فالتو اشیاء کا) اٹھا کر رکھ دیا جانا ۔ (۷) (بڑے جال میں سے) نکال کر چھوٹے جال میں رکھنا (مچھلی) ۔ (۸) پھانسی دینا (مجرم کو) ۔ (۹) کپڑے کو بنکر کے یہاں سے آنے کے بعد درست کرنا ۔ (۱۰) (مچھلی کا شکار) (بڑے جال سے) مچھلیوں کو چھوٹے جال کے ذریعے نکالنا ۔ (۱۱) پلیٹ یا پلیٹوں میں اکٹھا کرنا خاص کر لباس میں گھیرا ڈالنا ۔ (۱۲) ڈھول بجانا: آواز پیدا کرنا ۔

Tuck-boat : (n) ماہی گیری کا چھوٹا جال لے جانے والی کشتی (یہ جال مچھلیوں کو جمع کرنے اور سطح پر لانے میں استعمال ھوتا ھے) ۔

Tuck-box : (n) (برطانیہ) گھر کی (بنی) اچھی غذاؤں کا بکس۔

Tuck-comb : (n) کنگھی بالوں کواپنی جگہ پررکھنے کےلئے۔

Tuck-in : (n) (۱) ڈٹ کر کھانا: پیٹ بھر کھانا ۔ (۲) بڑی مقدار میں کھانے کی چیز ۔ (۳) پلیٹیں یا چنٹیں ڈالنے کا سامان ۔

Tuck-in : (a) چنٹیں ڈالا ھوا (کپڑا) ۔

Tuck-out : (v) دیکھو Tuck-in

Tuck-plate : (n) ڈھالی ھوئی پرت یا پلیٹ جو جہاز کی بیرونی پتروں کو قائم رکھنے کے لئے استعمال ھوتی ھے ۔

Tuck-point : (v) (اینٹوں یا پتھروں کے درمیان مسالے کے جوڑ کا) کام پورا کرنا ۔

Tuck-pointing : (n) (اینٹوں کی دیوار وغیرہ کے) جوڑ میں رنگین مسالے بھرنا ۔

Tuck-rail : (n) پٹری جو موٹے سرے کو بند کرنے میں کٹاؤ کا کام دیتی ھے ۔

Tuck-seine/-net : (n) بہت بڑا جال (قریب ستّر فیدم لمبا اور بیچ میں بہت گہرا جو اس سے بڑے جال سے مچھلیاں لینے میں استعمال ھوتا ھے) ۔

Tuck-shop : (n) پیسٹری بنانے والے کی دکان: پیسٹری، مٹھائیاں، پھل اور اس طرح کی دوسری چیزیں فروخت کرنے کے لئے (خاص کر اسکولی بچوں کے لئے) حلوائی کی دکان ۔

Tuck-stitch : (n) مدور بنے ھوئے کپڑے کے لئے مثالی ٹانکا ۔

Tuck-up : (n) پسلیوں کے عقب میں افقی خط کا تیز بالائی خم۔

Tuckahoe : (n) [Powhatan or Virginian 'tockawhoughe'.] دو امریکی جڑ ڈنٹھل والے پودوں میں سے کوئی جسے ہندوستانی بطور غذا استعمال کرتے ہیں: Tuck a hoe کی جڑ ڈنٹھل جو غذا کی طرح کھائی جاتی ھے ۔

Tuckaway : (a) موڑے جانے اور راستے سے ہٹا دینے کے لائق ۔

Tucker : (n) (۱) کپڑے کو درست کرنے، صاف کرنے یا موٹا بنانے والا شخص ۔ (۲) کندھے پر ڈالنے کا رومال یا جالی جو عورتیں ۱۷ویں یا ۱۸ویں صدی میں استعمال کرتی تھیں ۔ (۳) ٹک: سلائی کی مشین کا وہ پرزہ جس سے پلیٹیں ڈالتے ہیں ۔ (٤) (آسٹریلیائی عام) سونے کے کان

کن (مزدوروں) کے لئے روزانہ سامان خوردو نوش کی بہم رسانی۔

Best bib and tucker : بہترین لباس (لڑکیوں ، عورتوں یا مردوں کا)۔

Tucker : (v) (امریکا روز مرہ) تھکا دینا؛ تھکا مارنا۔

Tucker bag : (n) ایک بیگ یا تھیلا جو سیاح جنگل میں کھانا رکھنے کے لئے استعمال کرتے تھے۔

Tucket : (v) ترم یا بگل بجا کر کسی کا استقبال کرنا؛ فوجی مارچ کا اشارہ کرنا (یہ گھڑسوار استعمال کرتے تھے)۔

Tucket : (n) [Algonquian origin.] غلے کا سبز خوشہ۔

Tucking : (n) بنا ہوا یا سلا ہوا پلیٹ دار کپڑا یا چنٹوں والا کپڑا۔

Tucking-comb : (n) ایسی کنگھی جو بطور آرائش جوڑے میں لگائی جاتی ہے۔

Tucky/Tuckylily : (n) (۱) مشرقی اور مرکزی شمالی امریکا کا عام آبی سوسن۔(۲) Nuphar کی جنس کا ایک پودا۔

Tuco-tuco/Tucu-tucu : (n) [Amer Sp. 'tucutuco'.] مختلف قسم کےجنوبی امریکا کے خارپشتوں میں سے کوئی۔

Tucondera : دیکھو Tucandera

Tucum/Tucuma : (n) [Tupi 'tucuma'.] برازیلی کھجور جو برازیل کے لوگ غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے ریشوں سے رسیاں بناتے ہیں۔

Tucuman : (a) ارجنٹائن اور تکمان شہر کا؛ تکمان کی قسم یا تکمان میں مروج طرز کا۔

Tucunare : (n) جنوبی امریکا کی سچلڈ ندی کی مچھلیوں میں سے کوئی پن بھیڑیا سے مشابہ مچھلی۔

Tucutucu/Tuco-tuco : (n) [Native name.] Ctenomys کی جنس کا بھٹ یا بل کھودنے، کترنے والا جانور؛ نیز اس کی آواز۔

-tude : (Suffix) لاحقہ جو اسمائے مجرد (Abstract nouns) بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Tudesque : (a) جرمن۔

Tudor : (a) انگلستان کے شاہی خاندان ٹیوڈر (یعنی ہنری ہفتم سے ایلیزبتھ تک) کے زمانے کا۔

Tudor arch : (n) نیچی بیضوی محراب تین ، چار یا پانچ مرکزوں سے کھنچی ہوئی خاص کر ایک نوکیلی محراب چار مرکزوں سے کھنچی ہوئی۔

Tudor flower : (n) ایک قسم کا سہ گوشہ نقش یا پھول ٹیوڈر طرز عمارت کا۔

Tudor-rose : (n) پنج گوشہ پھول جو ٹیوڈر طرز عمارت میں بہت استعمال ہوتا تھا؛ ایک روایتی گلاب کے پھول کی تصویر جسے ہنری ہفتم نے بطور نشان (بلاّ) ٹیوڈر کے زمانے میں آرائش کے لئے جاری کیا تھا۔

Tudoresque : (a) ٹیوڈر کے زمانے کے طرز سے متعلق یا اس سے مشابہ۔

Tuedian : (a) [med. L. Tueda.] (ارضیات) کاربن خیز یا کوئلہ خیز۔

Tueiron : (n) بھٹی کا هَوا دان؛ هَوا نل (جس میں سے هَوا آتی ہے)۔

Tuesday : (n) [OE. 'Tuiesday'.] ہفتے کا تیسرا دن؛ منگل یا سہ شنبہ۔

Tuesdays : (adv.) (۱) ہر منگل کو۔(۲) کسی منگل کو۔

Tufa : (n) [It. local var of 'tufo'.] (۱) (ارضیات) مسام دار پتھروں کے جنسی یا عام نام۔ (۲) توفا؛ کھردری یا خانہ دار ساخت کی چٹان (آتش فشانی یا کسی اور مادے کی)۔

Calcareous tufa : مسام دار یا بلبلے نما چونے کا کاربونیٹ۔

Volcanic tufa : آتش فشانی مادے کے پتھر کےتکڑے۔

Tufaceous : (a) توفائی؛ اس چٹان کا؛ آتش فشانی مادے کے چٹان کا۔

Tufan : (n) [Arab 'tufan'. Grk. 'typhon'.] طوفان؛ شدید آندھی؛ سیلاب عظیم۔

Tuff : (n) [It. 'tufa'.] آتش فشانی مادے کے پتھر کے تکڑے؛ مسام دار چٹان۔

Tuff-cone : (n) آتش فشانی مخروطی ڈھیر جو آتش فشانی راکھ سے بنتا ھے ۔

Tuffaceous : (a) مسام دار چٹان سے متعلق یا اس کی شکل کا ۔

Tuffet : (n) (۱) دیکھو Tuft ۔ (۲) پست تپائی ۔

Tuffoon : (n) Typhone کا متبادل ۔

Tuft : (n) [Late ME.] (۱) گچھا؛ طرہ (گھاس یا پروں کا)؛ لچھا (تاگوں کا) ۔ (۲) (تشریح) چھوٹی شریانوں کا گچھا ۔ (۳) ریش بچہ ؛ تھوڑی کے بال جو داڑھی منڈانے والے رکھ لیتے ہیں ؛ زلف ۔ (٤) یونیورسٹی کا طالب علم جو لارڈ وغیرہ کا خطاب یافتہ ہو ۔ (٥) (نباتیات) چھوٹے ڈنٹھلوں کی پتیوں یا پھولوں کا گچھا ۔ (٦) درختوں یا جھاڑیوں کا جھنڈ ۔ (۷) (تاریخ) ٹوپی کے اوپر آرائشی جھالر یا پھندنا خاص کر سونے کی جھالر (والی ٹوپی) جو (آکسفورڈ اور کیمبرج کا) بی ۔ اے کا طالب علم پہنتا ھے ۔

Tuft : (v) (۱) گچھا لگانا؛ (گدے وغیرہ میں) تاگے ڈالنا ؛ نگندے ڈالنا ۔ (۲) گچھے کی شکل میں اُگنا ۔ (۳) گچھا یا گچھے بنانا ۔ (٤) ہرن کے شکار میں ہانکا کرنا (جنگل میں) ۔ (٥) شکار کو ہانکا کرکے باہر نکالنا ۔

Tuft-hunted : (a) جو رئیسوں یا اونچے درجے کے لوگوں کی صحبت کے لئے کوشش کرے ۔

Tuft-hunter : (n) (۱) رئیسوں کی صحبت کے شائق ۔ (۲) جھوٹا آدمی؛ ظاہر دار؛ امارت پرست شخص ۔

Tuft-hunting : (n) رئیسوں کی صحبت کا شوق؛ بڑے لوگوں کی صحبت کا شوقین ہونا ۔

Tuft-hunting : (a) رئیسوں یا بڑے لوگوں کی صحبت کے شائقین کا یا اُن سے متعلق ۔

Tuftaffeta/Tuftattety : (a) (۱) ایک قسم کا چمک دار سادی بناوٹ کا ریشمی کپڑا نرم روئیں دار گچھوں سے بھرا ھوا ۔ (۲) چمک دار سادی بناوٹ کے ریشمی کپڑے سے بنا ھوا ۔ (۳) چمک دار سادی بناوٹ کے ریشمی کپڑے میں ملبوس؛ پر تکلف طور پر ملبوس ۔

Tuftaffeta : (n) تافتہ؛ ایک قسم کا چمک دار ریشمی کپڑا ۔

Tufted : (a) (۱) گچھے دار یا گچھے یا گچھوں سے آراستہ ۔ (۲) گچھے کی شکل میں بنا ھوا ۔ (۳) (تاریخ، طبیعیات ، نباتیات) گچھے دار پھولوں کا ۔ (٤) (نباتیات و حیوانیات) گچھوں میں اُگا ھوا؛ (پرند) سر پر پروں کا گچھا رکھنے والا؛ چوٹی دار ۔

Tufted coquette : (n) ایک قسم کی مرکزی امریکا کی چوٹی دار چڑیا ۔

Tufted deer : (n) ایک قسم کا ہرن جس کے چھوٹے سینگ گچھے دار بالوں میں چھپے رہتے ہیں ۔

Tufted duck : (n) چوٹی دار بطخ ۔

Tufted hair grass : (n) (۱) مختلف قسم کی گھاسوں میں سے کوئی یا سوان کی قسم کی گھاس جو دلدلی زمین پر اگتی ھے اور یہ چارے کے لئے نہایت عمدہ ھوتی ھے ؛ آسٹریلیائی گھاس ۔ (۲) دیکھو Smut grass ۔ (۳) ویسٹ انڈیز کی گھاس لیکن یہ جنوبی امریکا میں عام ھے ۔ (٤) دیکھو Great bulrush ۔ (٥) Scripus کی جنس کے چند بڑے پودوں میں سے کوئی ۔

Tufted loose strife : (n) دلدلی پودا ۔

Tufted pansy : (n) یورپی گل بنفشہ ۔

Tufted puffin : (n) شمالی بحر الکاہل کی ایک سیاہی مائل بھورے رنگ کی چڑیا جس کی دونوں آنکھوں پر لانبے لانبے زرد پر ھوتے ہیں ۔

Tufter : (n) (۱) تربیت یافتہ شکاری کتا جو ہرن کو اس کی پناہ گاہ سے نکال لاتا ھے ۔ (۲) ایک کاریگر جو گدے دار توشک، رضائی وغیرہ تیار کرتا ھے ۔

Tuftily : (adv.) گچھے دار طور پر؛ گچھے میں اُگی حالت میں ۔

Tufting : (n) (۱) گچھا بنانا یا لگانا؛ گچھا بنانے کا عمل ۔ (۲) گچھے، طرے ، خاص کر جب گچھے آرائشی طور پر استعمال کئے جائیں ۔

Tuftlet : (n) چھوٹا گچھا یا طرہ ۔

Tufty : (a) (۱) گچھے دار؛ گچھوں سے آراستہ کیا ھوا ۔ (۲) گچھا بنا ھوا؛ گچھے میں اُگا ھوا ۔

Tug : (n) (۱) سخت کوشش؛ (مجازاً) جھٹکا؛ چوٹ؛ کھینچنے کا عمل؛ زور سے کھینچنا ۔ (۲) (اینٹن

Tuilyle/Tuilzie : (n&v) [ME. (Sc) 'tuilie'.] (۱) جھگڑا؛ سخت کوشش ۔ (۲) جھگڑا کرنا؛ سخت کوشش کرنا؛ لڑنا۔

Tuinga : (n) سفید کٹے ہوئے انسانی بالوں سے بنا ہوا سر کا ایک لباس جو Samoa کے اعلیٰ طبقے کے باشندے (عورت، مرد) مخصوص تقریبوں اور رقص کی مجلسوں میں پہنتے ہیں۔

Tuism : (n) (۱) مخاطبیت؛ صیغۂ حاضر کا استعمال ۔ (۲) یہ نظریہ کہ انسان کو جو خیال آتا ھے اس میں ہمیشہ کسی دوسرے سے مخاطبت ہوتی ھے ۔ (۳) اس طرح کی مخاطبت کا استعمال ۔

Tuistic : (a) اس نظریہ سے متعلق کہ تمام خیالات کی مخاطبت دوسرے سے ھوتی ھے ۔

Tuition : (n) [Late ME. OFr. 'tuition', L. 'Tuitio'.] (۱) معلمی؛ اتالیقی؛ تعلیم دینے کا پیشہ؛ اتالیق یا معلم کا درس؛ تعلیم؛ تدریس ۔ (۲) بچوں کی حفاظت؛ خبرگیری؛ نگرانی خاص کر والدین یا ولی کی طرح ۔ (۳) معلمی کا معاوضہ یا تنخواہ؛ تعلیم کی فیس۔

Tuitional : (a) معلمی یا اتالیقی سے متعلق؛ تدریسی ؛ تعلیمی۔

Tuitionary : (a) دیکھو Tuitional

Tukra : (n) [Hindi tukra.] ہندوستانی توت کے درخت اور شاخوں کی بے ترتیبی جو اُردی کِرموں کے نقصان پہنچانے سے واقع ھوتی ھے جس سے مخصوص طور پر پتیاں مڑ جاتی ہیں۔

Tukulor/Tukuler/Toucouleur : (n) مشرقی سینیگال کی حبشی اقوام کی ملی جلی ایک جماعت، یہ لوگ لمبے اور سیاہ رنگ کے ھوتے ہیں اور خاص کر (وہاں کے باشندے) مسلمان ہیں۔

Tuku tuku : (n) [Maori.] موراتی کا، جالی کا آرائشی کام ۔

Tul-tul : (n) پولی نیشیائی ملکی سردار کا معاون یا ڈپٹی ۔

Tula : (n) [f. Tula in U.S.S.R.] (۱) ایک طرح کا مسالا جو چاندی اور دوسری دھاتوں پر کُھدے ھوئے نقش میں بھرا جاتا ھے، یہ مسالا روس کے شہر تولا میں بنتا ھے ۔ (۲) قسم اور طرز جو تولا میں مروج ھے۔

اسکول، عامیانہ) اُن قدیم ستّر طلبا میں سے کوئی شخص جو ابتدا میں ایٹن میں داخل ہوئے تھے) ۔ (۳) نیز (Tug boat) آگ بوٹ جس سے دوسری کشتیوں کو کھینچتے ہیں ۔ (٤) (گھوڑے کی کاٹھی میں) چھلا، گاڑی کے بم یا رسوں کو اٹکانے کے لئے ۔ (٥) (کان کنی) وہ حلقہ جس میں چرخیوں کا سلسلہ اٹکاتے ہیں ۔ (٦) دو طاقتوں یا آدمیوں میں سخت مقابلہ ۔

To tug at the (an) oar : جہاز پر سزا یافتہ غلام کی طرح کشتی کھینا؛ (مجازاً) بغیر رکے ھوئے محنت کرنا؛ غلامی کرنا ۔

Tug boat : (n) بہت مضبوط بنا ہوا طاقتور جہاز یا کشتی جو دوسرے جہاز یا کشتی کو کنارے پر کھینچنے کے لئے استعمال ھوتی ھے ۔

Tug chain : (n) (۱) ایک چھوٹی زنجیر بگھی کے بم کے تسمے کے آخیر میں ۔ (۲) (گھوڑے کی کاٹھی کا) چھلا؛ بگھی کے ساز و سامان ۔

Tug of war : (n) رسّا کشی؛ رسّا کھینچنے کا مقابلہ ۔

Tugger : (n) (۱) زور سے کھینچنے والا؛ جھٹکا دینے والا شخص ۔ (۲) چھوٹا دستی مرفع (اسباب کو اوپر لے جانے کی کل) جو کان میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Tuggingly : (adv.) زور سے کھینچتے ھوئے؛ جھٹکا دیتے ھوئے۔

Tugless : (a) بے تسمے کا؛ بے رسّے یا زنجیر کا ۔

Tugman : (n) Tug boat پر کام کرنے والا شخص۔

Tugrik/Tughrik : (n) [Mongole 'dughurik'.] (۱) منگولی جمہوریہ کے لوگوں کی مالی قدر کی بنیادی اکائی ۔ (۲) نوٹ یا سکّہ ایک ٹگرک کے مانند ۔

Tugurium : (n) Tegurium کا متبادل ۔

Tui : (n) [Maori] بہت زیادہ چمکیلا سیاہ (رنگ کا) نیوزی لینڈ کا شہد کھانے والا پرندہ؛ ملا پرندہ ۔

Tuile/Tuille : (n) [ME. 'Toile'.] جانگھ کی حفاظت کے لئے آویزاں پتر ۔

Tuillette : (n) [F. 'Tuilette'. ME. 'Tuille'.] زرہ میں ایک چھوٹا پتر حفاظت کے لئے۔

Tula : (a) شہر تولا کا یا وہاں سے وابستہ؛ تولا کے طرز کا جو وہاں مروج ھے ۔

Tuladi : (n) دیکھو Lake trout

Tulafale : (n) [Samoan 'tulafale'.] ساموئی (جزیرہ ساموا کا) ملکی سردار جو عوامی پالیسی کے مسئلہ پر بحیثیت مشیرکار اور مناظر کام کرتا ھو اور جو مکمل طور پر روایتی اصول و قواعد سے باخبر ھو ۔

Tulao : (n) [China Pek 'tulav'.] جنوبی چین کے طے (Tai) کی مختلف جماعتوں میں سے کوئی ۔

Tulapai : (n) جوش دیا ھوا مشروب جسے غلہ کے انکوا کو مختلف جڑی بوٹیوں کے ساتھ جوش دے کر قدیم امریکی ہندوستانی قبیلے تیار کرتے ہیں ۔

Tulare : (n) [Amer. Sp. 'tulares'.] وہ زمین جس میں موتھا بکثرت پیدا ھو ۔

Tularemia : (n) [mod. L.] آدمی یا پالتو جانوروں کی شدید وبائی بیماری ۔

Tularemic : (a) اسی وبائی بیماری سے متعلق ۔

Tulasi/Tulsi : (n) [skr. 'Tulasi'.] کالی تلسی؛ بادروج؛ یازبو؛ دیکھو Holy Basil ۔

Tulbaghia : (n) [mod. L.] Agapanthus کی جنس کا ایک پودا ۔

Tulchan/Tulchin : (n) بچھڑے کی کھال میں (کوئی چیز) بھر کر نقلی بچھڑا بنانا خاص کر اس غرض سے کہ اسے دیکھ کر گائے دودھ دے؛ نقلی بچھڑا ۔

Tule/Tula : (n) [Aztec. 'tullin'.] (نباتیات) ٹیول؛ امریکی بڑا موتھا ۔

Tule beetle : (n) کیلیفورنیا کے مرطوب علاقوں کا ایک قسم کا بھونرا ۔

Tule fog : (n) ایک گھرا نیچی سطح پر سیلان پذیر غبار یا دھند جو خاص کر سینفرانسسکو کے علاقے میں ھوتا ھے ۔

Tule goose : (n) قاض یا راج ہنس جو کیلیفورنیا کے سیکرامینٹو ترائی میں جاڑا گزارتا ھے ۔

Tule mint : (n) (۱) ایک قسم کا امریکی پودا ۔ (۲) دیکھو West Canada Mint ۔

Tule potato/-root : (n) ان دو پودوں میں سے ایک جن کے کنشے کھائے جاتے ہیں ۔

Tule land : (n) وہ زمین جس میں موتھا بکثرت پیدا ھو ۔

Tule wren : (n) مغربی امریکا کے دلدلی علاقے کی ایک لمبی چونچ کی گانے والی چھوٹی چڑیا ۔

Tuliac : (n) [Origin unkn.] (۱) دیکھو Skua ۔ (۲) (روزمرہ انگریزی) ایک قسم کی مرغابی ۔

Tulip : (n) [mod L. 'tulipa', Fr. 'tulipan', 'tulipe' Turk- tul(i) band'.] (۱) گُل لالہ؛ شقائق؛ نافرمان؛ ایک پودے کا نام جس میں گھنٹی کی شکل کے اور مختلف رنگوں کے پھول آتے ہیں ۔ (۲) گھنٹی کی شکل کا قدیم طرز کی بندوق کا دہانہ ۔ (۳) کوئی چیز جو گل لالہ کے مانند ھو ۔ (٤) شراب کا پیالہ، جام یا سبو جس کا خاکہ گل لالہ سے مشابہ ھو ۔ (٥) عورتوں کے لباس کا ایک خاص طرز جو الٹے گُلِ لالہ کے مانند ھو ۔ (٦) باعزت، زربرق اور ذی حیثیت شخص ۔

Tulip-ear : (n) نوکیلا کھڑا کان (جیسے کتے کا) جس کا سرا جھکا ھوا ھو ۔

Tulip-eared : (a) کھڑے کان والا ۔

Tulip-fire/-blight : (n) گلہائے شقائق کی مہلک بیماری ۔

Tulip-flower : (n) (۱) آسٹریلیا کا ایک درخت ۔ (۲) دیکھو Wheel tree ۔

Tulip-grass : (n) جنوبی افریقہ کی Homeria کی جنس کی چند زہریلی جڑی بوٹیوں میں سے کوئی ۔

Tulip lance wood : (n) (آسٹریلیا) درخت کی لکڑی؛ گلِ لالہ کی لکڑی ۔

Tulip-mold : (n) دیکھو Tulip-fire ؛نیز سماروغ یا کھمبی جس سے بیماری ھوتی ھے ۔

Tulip-mosaic : (n) گلِ لالہ یا شقائق کا متعدی مرض ۔

Tulip-oak : (n) Tarrietia کی جنس کا آسٹریلیائی درخت ۔

Tulip-orchid : (n) میکسیکو کا طفیلی ثعلبیہ ۔

Tulip-poppy : (n) ایشیائے کوچک کی عام طور پر سالانہ کاشت کی ھوئی مٹیالی یا آبی سبز رنگ کی کوکنار (خشخاش) ۔

Tulip-root : (n) (۱) گُلِ لالہ کی جڑ یا گنٹھی ۔ (۲) جئی کے پودوں ، مختلف گھاسوں ، خاص کر اناج دار گھاس کی ایک بیماری۔

Tulip-shell : (n) (۱) Tellina کی جنس کا دوصمامہ ۔ (۲) Fasciolariadae کے خاندان کا ناعمہ یا معدہ پا۔

Tulip-tree/-poplar : (n) شمالی امریکا کا ایک بڑا پھول دار درخت جس میں پھول زردی مائل سبز رنگ کے اور اندر سے نارنجی رنگ کے ہوتے ہیں۔

Tulip-tree scale : (n) چھلکا جو خاص کر امریکا کے مشرقی نصف حصے میں جنس چمپا، درخت حور اور چند دوسرے درختوں پر ہوتا ھے ۔

Tulip-wood : (n) (۱) گلِ لالہ کی لکڑی؛ ایک آرائشی لکڑی جو بڑھئی کام میں لاتا ھے ۔ (۲) مختلف قسم کی رنگین دھاری دارلکڑیوں میں سے کوئی یا ایسے درخت جن کی ایسی لکڑیاں ہوں ۔

Tulipa : (n) [mod. L.] یوریشین کی بڑی جنس کا بصلہ نما یا گھنٹی دار پودا ۔

Tulipomania : (n) گلِ لالہ کو حاصل کرنے یا اُگانے کا بےانتہا خبط یا جوش (خاص کر ایسا جنون ہائی لینڈ میں سنہ ۱٦٣٤ء میں لوگوں کوتھا)۔

Tulipomaniac : (n) گلِ لالہ کا بے انتہا شوقین شخص ۔

Tulisan : (n) فلیپائن کا لٹیرا؛ چور؛ ڈاکو؛ باغی ۔

Tulle : (n) [F. fr. 'Tulle', city in Central France.] بوبن سے بنا ہوا ریشمی جالدار (کپڑا) جو عورتیں بطور لباس یا برقع استعمال کرتی ہیں ۔

Tulle gauze : (n) عمدہ قسم کا باریک کپڑا روغن لگا ہوا جو مریضوں کے زخم وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Tullibee/Tulibbi : (n) [North Amer. Indian.] شمالی امریکا کی ایک قسم کی سفید مچھلی ۔

Tully's powder : (n) ایک قسم کا پاؤڈر جو افیون کے سلفیٹ، کافور وغیرہ کی آمیزش سے پیس کر تیار کیا جاتا ھے ۔

Tulnic : (n) [Romanian.] ایک بہت لمبا لکڑی کا قرنا جو پہلے کسی حملے کے خطرے سے متنبہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Tulsa : (a) ['Tulsa' Okla.] شہر تُلسا اوکلا کا یا اُس سے متعلق ؛ اس قسم یا طرز کا جو تُلسا میں مروج ھے ۔

Tulsan : (n) تُلسا کا ملکی باشندہ ۔

Tulsi : (n) دیکھو Tulasi

Tulu : (n) (۱) ہندوستانی ڈراویڈی قوم کا ایک فرد سنگاپور کا ساحلی باشندہ ۔ (۲) جنوبی ہندوستان کے صوبہ میسور (کرناٹک) کے مغربی ساحلی علاقے کی ڈراویڈی زبان ۔

Tulwar/Tulwaur/Tarwar : (n) [Hindi 'talwar' Skr. 'tarwar'.] تلوار ؛ ہندوستانی سیف ۔

Tum : (v) [Origin unkn.] (۱) تومنا یا دھنکنا (اون) تومائی سےقبل ۔ (۲) (اون کو) تومنے سے قبل کھولنا یا صاف کرنا ۔

Tum : (n) (۱) شکستہ تار یا ڈوری کی آواز (جیسے بینجو کی) ۔ (۲) ڈھول کی آواز ۔

Tum : (v) ٹوٹی ہوئی ڈوری یا تار یا ڈھول کی سی آواز پیدا کرنا ۔

Tum-tum/Tumti- : (n) [Reduplication of Tum] (امریکاروزمرہ) تارلگے باجے یا باجوں کی آواز کی نقل خاص کر جب ایک سُرے پن سے بجایا جائے؛ اناڑی پن سے چھیڑے ہوئے ساز کی آواز ۔

Tum-tum : (v) ایک سُرے پن سے بجانا؛ یکساں طور پر، اول سے آخر تک ایک آواز سے بجانا؛ پیانو وغیرہ بجانا (خصوصاً اناڑی پن سے)۔

Tum-tum : (n) (۱) ٹمٹم؛ یکہ (جس میں گھوڑا جوتا جائے)۔ (۲) جزائرِ غرب الہند کا ایک کھانا جو کیلے کو پیس کر پکایا جاتا ھے ۔ (۳) کتا گاڑی ۔

Tuman : Toman کا متبادل ۔

Tumatakuru/Tumatukuru : (n) [Maori 'tumatakuru'.] نیوزی لینڈ کی جھاڑی یا درخت ۔

Tumbak/Tumbaki/Tumbek/Tumbeki : (n) [Arab.'Tumak'.] فارس کا گھٹیا تمباکو جو شاید امریکا کے منطقۂ حارہ کے علاقے کے پودے سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Tumble : (n) [ME. 'tumbel'.] (۱) گرنا؛ افتاد؛ اچانک یا اتفاقی افتاد ۔ (۲) قلابازی یا نٹوں کا کوئی اورکرتب ۔

(۳) گڑبڑی؛ بےترتیبی؛ پراگندگی؛ بےترتیب ڈھیر؛ لڑکھڑاہٹ ۔ (٤) اچانک بلندی سےنیچے کی طرف گرنا؛ نرخ کی گراوٹ ۔

Tumble : (v) [ME. 'Tumblen'.] (۱) تباہ ہونا؛ زوال پذیر ہونا ؛ اچانک شکست کھا جانا ۔ (۲) (موجوں کا) متلاطم ہونا؛ اچھلنا گرنا ۔ (۳) جھپٹنا؛ گرتے پڑتے جانا؛ بدحواسی میں دوڑنا یا چلنا ۔ (٤) قلابازی کھانا؛ نٹوں کے کرتب دکھانا ۔ (٥) نوچنا؛ کھسوٹنا (کپڑے یا بال وغیرہ) ۔ (٦) الٹ دینا؛ گرادینا؛ ڈھکیل دینا؛ پھینک دینا؛ چیزوں کو الٹ پلٹ کر دینا؛ بےترتیبی سے ڈھیرلگا دینا ۔ (۷) گرانا (پرند کو نشانہ لگاکر) ۔ (۸) ڈھلی ہوئی چیزوں پر صیقل کرنا (صیقل چرخ سے) ۔ (۹) لڑھکنا چاروں طرف زمین پر، پانی یا ہوا میں؛ کیچڑ، بالو وغیرہ میں لوٹنا؛ باربار پہلو بدلنا ۔ (۱۰) بیچینی کی حالت میں خود کو گرا دینا بستر یا صوفے پر؛ اچھالنا؛ بیمار کا تڑپنا ۔ (۱۱) (کبوتر کا) اڑنے کے دوران میں پشت کی طرف الٹ جانا ۔ (۱۲) (گولہ اندازی میں) گولے کا قلابازی کھاتے ہوئے اڑنا (جانا) ۔ (۱۳) گرنا خاص کر بیچارگی یا بیکسی میں؛ سر کے بل گرنا ۔ (١٤) (عمارت کا) بیٹھ جانا؛ قدروقیمت یا مقدار کا تیزی سے کم ہو جانا ۔ (١٥) (مجازاً) غیر واضح طور پر بیان کی ہوئی بات کو سمجھ لینا؛ پوشیدہ ارادے کو یا علامت کومعلوم کرلینا یا سمجھ جانا ۔

Tumble-bug : (n) (امریکا) مختلف قسم کے بھونروں میں سے کوئی؛ ایک گُبریلا کیڑا ۔

Tumble cart/-car: (n) ایک ادنیٰ قسم کی گاڑی جس کا دھڑ جُھکایا جاسکے، جس کے چکے ٹھوس ہوں اور محور سے مضبوطی کے ساتھ لگے ہوں ۔

Tumble down : (a) زوال آمادہ؛ پرشکستہ؛ ٹوٹا پھوٹا؛ خراب و خستہ ۔

Tumble-dung : (n) دیکھو Tumble

Tumble-grass : (n) Panicum (گھاس کی)جنس کی چندقسموں کی گھاس میں سے کوئی ۔

Tumble-home : (n) (بحری) جہاز کے بغل کے بالائی حصے کا اندرونی جھکاؤ سب سے زیادہ چوڑائی کی طرف سے ۔

Tumble home : (v) (۱) (بحری) خط آب پر اندر کی طرف جھکانا ۔ (۲) دیکھو Fall home ۔ (۳) اندر کی طرف جھکانا (جہاز کی لکڑی کو) ۔

Tumble in : (v) (۱) ایک لکڑی کو دوسری لکڑی میں جمانا یا بٹھانا ۔ (۲) دیکھو Tumble home ۔ (۳) سونے کی خاطر لیٹنا؛ بستر پر لیٹنا ۔

Tumble-mustard : (n) ایک یورپین دوسالہ جھاڑی ۔

Tumble to : (v) سمجھ میں آجانا (بات وغیرہ)؛ اپنے کو منطبق کرنا؛ (حالات سے) مطابقت کرلینا ۔

Tumble up : (v) عرشے پر تیزی سے آنا جانا؛ آمدورفت کرنا؛ (روزمرہ) گھاس کو لپیٹ کر بنڈل بنانا چھاؤنی وغیرہ کے لئے ۔

Tumble-weed : (n) (امریکا) مختلف پودوں میں سے کوئی جو کروی جھاڑی کی شکل کا ہوتا ہے؛ لپٹ جانے یا مُڑجانے والا پودا ۔

Tumbler : (n) [ME.] (۱) گرانے والا شخص ۔ (۲) نٹ ؛ قلابازی کھانے والا؛ کھیلنے والا ۔ (۳) گرہ باز کبوتر؛ لوٹن کبوتر ۔ (٤) کھلونا جو چھونے سے جھولنے لگتا ہے ۔ (٥) چپٹے پیندے کا گلاس ؛ تمبلر ۔ (٦) (میکانیات) قفل یا بندوق کے گھوڑے کا ایک پرزہ ۔ (۷) چھوٹے تازی کتے کی طرح کا ایک کتا؛ دوغلا کتا جس سے اکثر چوری سے شکار کرنے والے کام لیتے ہیں ۔ (۸) دیکھو Tumble-dung ۔ (۹) کپڑے کو خشک کرنے کی ایک ترکیب ۔ (۱۰) تالے کا بیرم ۔ (۱۱) ایک کارندہ جو مشینوں اور اس کے کل پرزوں کو گھما پھرا کر صاف کرتا ہے ۔

Tumbler bearing : (n) کوئی درمیانی چول یا محور دار چول مربع نما سہارے کے لئے ۔

Tumbler cart : (n) (۱) گھوڑا گاڑی ۔ (۲) سیال شے کے لئے دو پہیوں کی کاشتکار کی گاڑی تنکی کے ساتھ ۔

Tumbler cup : (n) مشروبی پیالہ (نُکیلے پیندے کا) ۔

Tumbler-drier : (n) ایک مشین جس سے گردشی ڈرم یا ٹب میں خشک دھلائی (کپڑے کی) ہوتی ہے ۔

Tumbler gear : (n) کوئی رفتار بدلنے والا گیربکس یا گراری دان ۔

Tumbler switch : (n) خود کار سوئچ جس میں اوپر اُٹھ جانے یا نیچے گرجانے والے بلیڈ کام کرتے ہوں۔

Tumblerful : (n) بھر گلاس؛ ٹمبلربھر ۔

Tumbling : (n) [Late ME.] (۱) اچانک گرنے، قلابازی کھانے یا نٹوں کا سا کوئی کرتب دکھانے کا عمل ۔ (۲) جمناسٹک کا کوئی کرتب دکھانے کی مشق یا اس کا ہنر ۔ (۳) مسلسل شدت سے نیچے کی طرف (ہوائی جہاز کا) گھومتے ہوئے جھکنا ۔

Tumbling : (a) [ME.] عمودی حالت میں دائیں یا بائیں جھکا ہوا یا ترچھا ۔

Tumbling-barrel : (n) گھومنے والا پیپا یا بکس (جس میں مختلف قسم کی چیزیں مثلاً دھات کے چھوٹے ٹکڑے اور دوسری چھوٹی چیزیں، پلاسٹک کے سامان وغیرہ صاف اور پالش کئے جاتے ہیں) ۔

Tumbling-bay : (n) نہر کا مُخرج بند؛ دہانہ بند ۔

Tumbling-box : (n) دیکھو Tumbling-barrel

Tumbling-mustard : (n) دیکھو Tumble mustard

Tumbling pig weed : (n) سدا بہار پھول (Amaranthus) کی جنس کے چند پودوں میں سے کوئی ۔

Tumbling-rod : (n) ایک کیم یا بیرم دار سلاخ وقفے کےساتھ حرکت دینے کے لئے ۔

Tumbling-shaft : (n) (۱) (مشین کا) چھوٹا دھرا درمیانی گیَر کے ساتھ حرکت دینے کے لئے ۔ (۲) دیکھو Camshaft ۔ (۳) دیکھو Counter shaft ۔

Tumbling-verse : (n) جدید انگریزی شاعری کی ایک ابتدائی شکل ۔

Tumboa : (n) جنوبی مغربی افریقہ کا قائم شکلہ درخت جس کا تنا ایک فٹ سے کم اونچا مگر جس کا گھیر ٦ فٹ ہوتا ہے ۔

Tumbrel/Tumbril : (n) [OFr. tomb, 'tumberel'.] (۱) (تاریخ) سزا دینے کا ایک آلہ، سولھویں صدی سے (مروج) عام طور پر تادیبی کرسی سے مشابہ ۔ (۲) ایک گاڑی اس طرح بنی ہوئی کہ اس کا دھڑ پشت کی طرف جھک جاتا ہےاندر کے سامان کو خالی کرنے کے لئے خاص کر کھاد لے جانے والی گاڑی یا کھادی گاڑی ۔ (۳) (فوج) دو پہیوں کی چھت دار گاڑی، فوج کے لئے گولہ بارود، اوزار یا کبھی روپیہ وغیرہ لے جانے کے لئے ۔ (٤) کھلی گاڑی جس میں انقلاب فرانس کے زمانے میں بٹھاکر لوگوں کو مقتل میں لے جاتے تھے ۔

Tumbu fly : (n) [Tumbu fly of Bantu origin akin to Kongo tim-uk fly.] افریقی مکھی ۔

Tumefacient : (a) [L. 'Tumefacient, 'Tumefaciens'.] (۱) متورم؛ پھولا ہوا؛ سوجا ہوا ۔ (۲) متورم کرنے والا؛ سوجن پیدا کرنے والا ۔

Tumefaction : (n) [Fr. 'Tumefaction', L. 'Tumefacere'.] (۱) پھلانے یا سجانے کا عمل؛ سوج جانے کی حالت؛ ورمی کیفیت ۔ (۲) پھولایا سوجا ہوا حصہ؛ ورم؛ رسولی ۔

Tumefactive : (a) [L. 'Tumefactus'.] سوجن پیدا کرنے والا؛ متورم کرنے والا ۔

Tumefy : (v) (۱) سوجنا؛ سُجانا؛ رسولی ہوجانا ۔ (۲) پھولنا؛ متورم ہو جانا ۔ (۳) (مجازاً) غرور سے پھولنا؛ کسی جگہ پر رسولی پیدا کرنا ۔

Tumeric : Turmeric کا متبادل ۔

Tumescence : (n) [L.'Tumrescens'.] (۱) خفیف سوجن یاورم ۔ (۲) متورم حصہ ۔ (۳) مباشرت کے لئے عضو مخصوص کی آمادگی ۔

Tumescent : (a) (۱) کسی قدر سوجا ہوا؛ قدرے متورم ۔ (۲) متورم ہو جانے والا؛ بیجا لفظی یا عبارت آرائی ۔

Tumfie : (n) [Origin unkn.] احمق یا ناکارہ شخص؛ ھونق ۔

Tumid : (a) [L. 'tumidus'.] (۱) سوجا ہوا؛ پھولا ہوا؛ متورم ۔ (۲) (مجازاً) (اسلوب بیان) جس میں بیجا لفاظی یا عبارت آرائی ہو؛ لفاظانہ ۔ (۳) مریضانہ طور پر متاثر ۔

Tumidity : (n) سوجا یا پھولا ہوا ہونا؛ ورم؛ متورم ہونے کی صفت یا حالت ۔

Tumidly : (adv.) (۱) ورم کے ساتھ ۔ (۲) لفاظی سے؛ بے جا عبارت آرائی سے ۔

Tumidness : (n) سوجاھوا ہونا؛ پھولا ہوا ہونا؛ ورم ۔

Tumion : [Gr.'Thumion'.] (۱) دیکھو Torreya ـ (۲) ایشیائی اور جنوبی درختوں کی جنس ـ

Tumion : (n) (۱) دیکھو Stinking cedar ـ (۲) فلوریڈا کا سدابہار درخت بدبودار پتیوں والا ـ (۳) کیلیفورنیائی جائفل۔

Tummer : (n) روئی کی دُہری تومانی میں پہلے بیلن سے دوسرے بیلن کو روئی منتقل کرنے کے لئے چھوٹا بیلن ڈوفر (Doffer) جیسا ـ

Tummock : (n) دیکھو Hillock : پہاڑی ـ

Tummy : (n) [Origin infantile.] (روزمرہ) پیٹ؛ معدہ وغیرہ (بچوں کے لئے بولتے ہیں) ـ

Tumour/Tumor : (n) [L. Tumor, Tumere.] (۱) ورم؛ رسولی ـ (۲) فخر؛ غرور؛ اکڑ ـ (۳) لفاظی؛ بیجا عبارت آرائی۔

Tumoral : (a) ورم یا رسولی کا یا اُس سے متعلق؛ بیجا لفاظانہ؛ مغرورانہ ـ

Tumorlike : (a) رسولی سے مشابہ ـ

Tumorous : (a) رسولی سے متعلق یا رسولی سے مشابہ؛ سوجا ہوا؛ پھولا ہوا ـ

Tump : (n) [Origin unkn.] (۱) چھوٹی پہاڑی : ٹیلا؛ خاک کا تودہ؛ مٹی کا ڈھیر جو چھچھوندر لگاتی ہے؛ دمکوڑا؛ چیونٹی یا دیمک کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ـ (۲) درختوں، جھاڑیوں اور گھاس کا جھنڈ ـ

Tump : (v) درخت کی جڑ کے چاروں طرف مٹی کا ڈھیر لگانا ـ

Tump : (v) [Origin unkn.] (امریکا) تسمے یا پٹے کے ذریعہ کھینچنا یا لے جانا ـ

Tump-line : (n) ایک تسمہ یا پٹا پیشانی یا سینے پر لگا ہوا، پیٹھ پر لدے ہوئے بوجھ کو سہارا دینے کے لئے ـ

Tumphy : (n) Tumfie کا متبادل ـ

Tumular : (a) [L. 'Tumulus'.] ٹیلے یا مٹی کے ڈھیر کا یا اس سے متعلق یا اونچی قبر سے متعلق ـ

Tumulary : (a) (۱) قبرستان کا یا اس سے متعلق یا مقبرے پر رکھا ہوا ـ (۲) دیکھو Tumular ـ

Tumulose/Tumulous : (a)[L. 'Tumulosus'.] پہاڑیوں یا پہاڑوں سےبھرا ہوا ـ

Tumult : (n) [Fr.'tumulte' or L. 'tumultus'.] (۱) مجمع کا شور ـ (۲) شورش؛ ہنگامہ؛ فساد؛ بلوہ ـ (۳) چیخ پکار؛ شوروغُل؛ غوغا؛ افراتفری ـ (٤) بے چینی؛ اضطراب؛ ہیجان؛ شورش قلب؛ جوش جذبات؛ انتہائی جذباتی ہیجان یا جوش؛ قابو سے باہر جوش وخروش کا اظہار ـ

Tumult : (v) شوروغُل کرنا؛ غوغا کرنا؛ فساد یا بلوہ کرنا؛ اضطراب میں ڈالنا؛ شدت سے ہنگامہ کرنا ـ

Tumultuarily : (adv.) بے قاعدگی سے؛ بےترتیبی سے : غیر منظم طور پر ؛ افراتفری کی حالت میں؛ شورش پسند طور پر۔

Tumultuariness : (n) بے قاعدگی؛ بے ترتیبی؛ بے نظمی ـ

Tumultuary : (a) [L. 'Tumutuarius'.] (۱) جلدی، تیزی اور غیر منظم طور پر جمع کی ہوئی؛ بغیر کسی نظم کے، بے قاعدہ، غیر تربیت یافتہ (فوج)؛ نیز غیر منظم فوج سے لڑی ہوئی (جنگ) ـ (۲) بے ترتیبی سے؛ ابتر حالت میں؛ اتفاقی طور پر؛ بے قاعدہ جلدی میں کیا ہوا (کام) ـ (۳) شورش پسندانہ؛ شورش پسند ـ

Tumultuary : (n) (جمع) بے قاعدہ اور غیر منظم، غیر تربیت یافتہ فوج ـ

Tumultuate : (v) [L. 'Tumultuatus'.] ہنگامہ کرنا؛ فساد برپا کرنا؛ بلوہ کرنا؛ شوروغُل کرنا ـ

Tumultuation : (n) [L. 'Tumultuation'.'Tumulluatio'.] ہنگامہ؛ فساد؛ شوروغُل کرنےکا عمل؛ فساد؛ شوروغوغا؛ شورش؛ بلوہ وغیرہ؛ ہنگامہ آرائی ـ

Tumultuous : (a) (۱) پُرجوش؛ شدید ـ (۲) پُرشور؛ ہنگامہ خیز؛ ہنگامہ آرا؛ (نیز مجازاً) ہیجان انگیز ـ

Tumultuously : (adv.) (۱) جوش سے؛ شدت سے ـ (۲) شوروشغب کے ساتھ؛ شورش یا ہنگامے کے ساتھ۔

Tumultuousness : (n) جوش؛ شدت؛ شورش؛ پُرشوری؛ ہنگامہ خیزی۔

Tumulus : (n) [L. 'tumere'.] قدیم مصنوعی ٹیلا یا قدیم مقبرہ (پہاڑی نما): چھوٹا گنبد نما لاوے کا ایک تودہ۔

Tun : (n) [OE. 'tune'. ME. 'tonne'.] (۱) شراب، بیئر وغیرہ کا بڑا پیپا جوپہلے پیمانے کے طور پر رائج تھا (شراب کے ۲۵۲ گیلن کے برابر تھا)۔(۲) کافی گنجائش والا پیپا؛ گنجائش والا پیمانہ۔ (۳) کوئی چیز جو بڑے پیپے سے مشابہ ہو (روزمرہ انگریزی)۔(٤) آتش دان؛ دودبان؛ دودکش؛ چمنی۔(٥) دیکھو Chimney pot؛ چمنی سے لگی ہوئی نلکی مٹی یا دھات کی دھواں نکلنے کے لئے۔ (٦) دیکھو Chimney stack۔ (۷) دود کش۔

Tun : (v) [ME. 'tonnen, tunnen'.] (۱) (قدیم) بڑے پیپے میں رکھنا یا محفوظ کرنا (شراب کا)۔(۲) (قدیم) کسی چیز میں ڈھالا جانا جیسے پیپے میں؛ ڈھانا؛ تریرا دینا؛ کھنگالنا؛ پانی ڈال کر صاف کرنا۔

Tun : (n) [Mayan.] مائی تقویم کے ۳٦۰ دنوں کی مدت (بیس بیس دنوں کے اٹھارہ مہینے) جس میں ۳٦٥ دن پورا کرنے کے لئے بغیر نام کے پانچ دن کا اضافہ کیا جاتا تھا۔

Tun-bellied : (a) پیپے کی طرح گول شکم والا؛ توندیل؛ توند والا۔

Tun-dish/Tundish : (n) [Late ME.] (روزمرہ) ایک قسم کی قیف جو شراب سازی میں استعمال ہوتی ہے۔

Tun-shell : (n) (۱) Tonnidae کے خاندان کا معدہ پا رخوہ یا صدفیہ۔(۲) Tonnidae میں سے کوئی صدف یا گھونگا۔

Tuna : (n) Opunita tuna : ایک خاردار ناشپاتی خاص طور پر لمبی جنس کی جو خاص کر مرکزی امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پائی جاتی ہے۔

Tuna : (n) [Sp. Amer.] کیلیفورنیا کی بڑی ماکریل (Mackerel) مچھلی۔

Tuna : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کے دریاؤں کی بام مچھلی۔

Tuna clipper : (n) ڈیزل سے چلنے والی کشتی بام مچھلی کے شکار کے لئے۔

Tunable/Tuneable : (a) (۱) مطابقت پذیر؛ سُر ٹھیک کرنے یا سُر ملانے کے قابل۔(۲) سُریلا؛ شیریں؛ ہم آہنگ؛ خوش آہنگ۔

Tunably/Tun(e)ably : (adv.) سُریلے پن سے؛ ہم آہنگی سے؛ شیرینیت کے ساتھ۔

Tunableness/Tun(e)ableness : (n) شیریں؛ سُریلاپن؛ ہم آہنگ ہونا؛ مطابقت پذیری؛ سُریلا ہونے کی حالت یا صفت۔

Tunal : (n) [f. Tuna + - AL.] خاردار ناشپاتیوں کی جھاڑیوں کا سلسلہ؛ جھاڑی۔

Tunbelly : (n) توند؛ پیپا نما گول پیٹ۔

Tund : (v) [L. 'tundera'.] چھڑی سے مارنا، پیٹنا خصوصاً کیش درخت کے ٹنڈے سے۔(۲) (عامیانہ) مارنا؛ گھونسا مارنا؛ ہاتھ مارنا؛ میز وغیرہ پر ڈنڈا مارنا؛ ٹھونکنا؛ مرمت کرنا۔

Tundra : (n) [Lappish.] (۱) (ارضیات) توندرا۔(۲) ایشیا کے انتہائی شمال میں جہاں درخت نہیں ہوتے۔

Tundra vole : (n) ایک قسم کا چوہا جو گوشت خور جانوروں کی خاص غذا ہوتی ہے۔

Tune : (v) (۱) (باجےکا) سُر ٹھیک کرنا۔(۲) (مجازاً) (کسی چیز کو معیار، مقصد، حالت وغیرہ کے) مطابق کرنا؛ ہم آہنگ کرنا؛ سُر ملانا؛ ٹھیک کرنا۔ (۳) سُر ملنا؛ (مجازاً) ہم آہنگ ہونا۔(٤) (شعر) گانا؛ بجانا (باجا)۔(٥) (کسی چیز کو) نغمے میں ادا کرنا یا ظاہر کرنا۔(٦) (لاسلکی) آلے کی پست و بلند لہروں کو ہم آہنگ بنانا۔ (۷) نغمہ پیدا کرنا کسی چیز سے۔

Tune : (n) [Late ME. 'tune, tewne'.] دیکھو Tone (n)

Tune : (n) [Late ME. "Tune, tewne'.] (۱) لَے؛ ہُنر؛ نغمہ۔ (۲) باجوں کے تاروں یا پردوں وغیرہ کی ٹھیک ترتیب۔(۳) ہم آہنگی؛ سازگاری؛ موافقت؛ مطابقت؛ مناسبت۔(٤) مناسب حالت یا مزاج کی کیفیت (کسی خاص مقصد کے لئے)۔ (٥) (مجازاً) دماغ کی ساخت؛ مزاج؛ مزاج کی کیفیت؛ طبیعت؛ خوش طبعی۔(٦) حد؛ مقدار۔ (۷) گیت؛ نغمہ۔(۸) گفتگو کا راز؛ اُسلوب۔ (۹) لسانی زیروبم (اُتار چڑھاؤ)۔

To change one's tune/Sing another tune : رنگ بدل دینا؛ گفتگو یا برتاؤ کا طرز بدل دینا (مثلاً گستاخی کی جگہ ادب سے پیش آنا)۔

To the tune of : حد تک؛ کسی مقدار تک۔

Tune off /-out : (v) لاسلکی آواز گیر کو بند کر دینا ۔

Tune up : (v) (۱) اوتار صوت کو ملانا؛ گانا؛ چیخنا؛ بہ آواز بلند پکارنا ۔ (۲) آلات موسیقی کو ایک ہی سر پر لانا؛ آزمائشی کوشش کرنا ۔

Tune-up : (n) (۱) عام آہنگی یا مطابقت کے ساتھ ایسا کام کرنا جو انتہائی خوبی سے انجام پا سکے ۔ (۲) ابتدائی جانچ؛ مشق کی مدت یا مشقوں کا سلسلہ۔

Tuneable : Tunable کا متبادل ۔

Tuned : (a) (۱) سُر شدہ ؛ ہم آہنگ؛ سُریلا؛ پُرنغمہ؛ خوش آہنگ ۔ (۲) کمک کے لئے ہم آہنگ بنایا ہوا ۔

Tuneful : (a) (۱) سُریلا؛ پُر نغمہ؛ میٹھے سُر کا ۔ (۲) ماہر موسیقی ۔ (۳) موسیقی سے تعلق یا مطابقت رکھنے والا ۔

Tunefully : (adv.) سُریلی آواز میں؛ میٹھے سُر کے ساتھ۔

Tunefulness : (n) سُریلاپن ۔

Tunein : لاسلکی آواز گیر کو آواز سننے کے لئے درست کرنا۔

Tuneless : (a) (۱) بے سُرا؛ بے میل؛ جس کا سُر ٹھیک نہ ہو ۔ (۲) بے سری (بھدی) آواز ۔ (۳) (باجا) جو بج نہ رہا ہو؛ خاموش؛ بے آواز ۔

Tunelessly : (adv.) بے سُرے طور پر؛ بھدی آواز میں؛ غیر خوش الحانی سے؛ بے نغمگی کے ساتھ۔

Tunelessness : (n) بے سُرا پن؛ بے صدا ہونا؛ بے نغمگیت ۔

Tuner : (n) (۱) بجانے والا؛ خاص کروہ جو پیشہ ورانہ پیانو یا دوسری طرح کا باجا بجاتا ہے؛ آلات موسیقی کے سروں کو درست کرنے والا ؛ ہم آہنگ بنانے والا یا اس کا ماہر ۔ (۲) (برقیات) برقی دور کو درست کرنے کا اوزار ۔ (۳) (لاسلکی) تحصیلی سیٹ (آلہ) کا وہ حصہ جو برقی دور پر مشتمل ہے اور جو مناسب طول موج کےمطابق کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Tunesmith : (n) گیت کار؛ نغمہ نگار خاص کر عام پسند گانوں کا ۔

Tung : Tung tree کا متبادل ۔

Tung-hu : (n) قدیم چینی تواریخ کے مشرقی علاقے کے تاتاری۔

Tung-oil : (n) ایک قسم کا جلد خشک ہونے والا لکڑی پالش (یہ ایک چینی درخت Tung-tree کے بیج سے نکلتا ہے)۔

Tung-oil tree : (n) Aleurites کی جنس کے مختلف پودوں میں سے کوئی؛ خاص کر چین کا درخت ۔

Tung tree : (n) Aleurites کی جنس کے مختلف پودوں میں سے کوئی؛ خاص کر چین کا درخت ۔

Tunga : (n) پسّو (ایک چھوٹا کیڑا) کی ایک جنس جس کا دہانہ نمایاں ہوتا ہے ۔

Tungan/Dungan : (n) (۱) ترکستان کی منگولی ترکی قوم ؛ اس قوم کا ایک فرد ۔ (۲) توگن قوم کی زبان ۔

Tungo : (n) (۱) دیکھو Ratkangaroo ۔ (۲) (آسٹریلیا) ایک قسم کا چھوٹا آسٹریلیائی اورتسمانی کنگارو جو عموماً خرگوش سے بڑا نہیں ہوتا ۔

Tungst/Tungsto : (n) (۱) (کیمیا) ایک کمیاب دھات جو رنگ میں فولاد سےمشابہ ہوتی ہے؛ دیکھو Tungsten ۔ (۲) ٹنگسٹک ایسڈ ۔

Tungstate : (n) (کیمیا) ٹنگسٹن کے تیزاب کا عام نمک ۔

Tungsten : (n) [Sw.] (۱) (کیمیا) ٹنگسٹن (عنصر ، دھات): ایک کمیاب دھات جو رنگ میں فولاد سے مشابہ ہوتی ہے؛ یہ فولاد کے ساتھ ملائی جاتی ہے اور بجلی کے لیمپ کے موصل بنانے میں کام آتی ہے ۔ (۲) دیکھو Wolframite ۔ (۳) ایک قسم کی خام دھات جس سے نمکین مادہ نکلتا ہے ۔

Tungstic : (a) (کیمیا) ٹنگسٹن سے متعلق یا ٹنگسٹن سے بنا ہوا؛ جس میں ٹنگسٹن ہو (اس کو ٹنگسٹائٹ بھی کہتے ہیں)۔

Tungstous : (a) (کیمیا) ٹنگسٹن کا؛ جس میں ٹنگسٹن ہو ۔

Tungus/Tunguz : (n) [Pr. 'Turko-Tatar' 'Tonguz'.] (۱) منگولی قوم جو جنوبی سائبیریا کے علاقوں میں پھیلی ہوئی ہے ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔

Tungusic : (n) تنگو(منگولی) زبان جو منچوریا میں مروج ہے ۔

Tungusic : (a) تنگو(منگولی) قوم یا اُن کی زبان سے متعلق ۔

Tunhoof : (n) [OE. 'tunhofe'.] (اب بول چال) Ground IVY (Nepela gleeluma) جڑی ؛ ایک قسم کی سدا بہار لت ۔

Tunic : (n) [OE. 'tunique' or L. 'tunica'.] (۱) قدیم رومی اور یونانی چوغہ ۔ (۲) عورتوں کا ڈھیلا کوٹ یا بلاؤز ۔ (۳) فوج یا پولس کی وردی کا چھوٹا چست کوٹ ۔ (٤) غلاف؛ چمڑے کی سی جھلی یا خول جو غلاف پوش رخوؤں (ascidia) کے جسم کے گرد ہوتا ھے ۔ (٥) (حیوانیات) جھلی جو کسی عضو کے گرد ہو ۔ (٦) (نباتیات) (پیاز وغیرہ کا) چھلکا؛ پوست ۔ (۷) (کلیسا) پادری کا کرتا جو عشائے ربانی کے وقت پہنا جاتا ھے ۔ (۸) تسمہ لگا فراک جسے بچے یا عورتیں کھیلنے کے وقت پہنا کرتی ہیں؛ ایک مختصر ڈھیلا ڈھالا لباس جو عورتیں کھیل یا رقص کرنے کے وقت پہنتی ہیں ۔ (۹) چادر ۔ (۱۰) غیر رسمی لباس ۔ (۱۱) آسانی سے پہنے جانے والا لباس، آستین یا بلا آستین والا ۔

Tunic flower : (n) دیکھو Coat flower

Tunica : (n) نسیجوں کو ڈھکنے والی جھلی ۔

Tunica : (n) (۱) دیکھو Coat flower ۔ (۲) گچھے دار پھیلنے والا پودا جس کا تنا بال کی طرح نازک اور پتیاں کم چوڑی ہوتی ہیں اور جس میں ہلکے رنگ کے سرخ پھول ہوتے ہیں ۔

Tunica : (n) (۱) مسی سپی (Mississippi) کے بازو دریا کی وادی کی انڈین قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک فرد ۔ (۳) اس قوم کی زبان ۔

Tunican/Tunikan : (a) (۱) ٹونیکا کے باشندوں یا ان کی زبان سے متعلق ۔ (۲) ٹونیکن کا یا اُس سے متعلق ۔

Tunican/Tunikan : (n) (۱) Gulf phylum خاندان کی زبان؛ ٹونیکا زبان پر مشتمل ۔ (۲) زبان کا خاندان Alakapan, Tunican اور Chitimachan پر مشتمل ۔

Tunicary : (a) [L. 'tunica'.] جھلی کا یا اس سے متعلق ۔

Tunicary : (n) (۱) (حیوانیات) لَفییّ کا رکن؛ مغلف صدف ۔ (۲) دیکھو Tunicate ۔

Tunicata : (n) [mod. L.] (حیوانیات) (جانوروں کی تفریق) جو ابْ امیمہ یا زیر نسل (Chordata کے) سمجھے جاتے ہیں؛ (حیوانیات) بقَیے ۔

Tunicate/Tunicated : (a) (۱) (حیوانیات) مغلف؛ (نباتیات) جس پر چھلکوں کی تہ ہو ۔ (۲) (تشریح) غلاف پوش (رخوہ) ۔

Tunicate : (n) بحری جانوروں کی ایک قسم جو پہلے صدف سمجھے جاتے تھے مگر اب Chordate کی زیر نسل شاخ سمجھی جاتی ھے ۔

Tunicin : (n) (کیمیا) ایک قسم کا حیوانی خلوی مادہ ۔

Tunicked : (a) قدیم رومی اور یونانی چوغہ پہنے ہوئے ؛ ڈھیلا ڈھالا کوٹ یا بلاؤز پہنے ہوئے ۔

Tunicle : (n) [OFr.] (۱) پتلا اور نازک پوست یا چھلکا ۔ (۲) (کلیسا خصوصاً رومن کیتھولک) کرتا جو عشائے ربانی کے وقت ڈیکن پہنتا ھے ۔ (۳) (جمع) کرتا اور جُبہ جو اُسقُف پہنتا ھے ۔

Tuning : (n) سُر ٹھیک کرنا؛ لَے یا سُر ملانے کا کام ؛ سُر ٹھیک ہونے کی صفت یا حالت؛ مطابق ہونے کی حالت؛ مناسب حالات کے ساتھ اثر پذیری ۔

Tuning bar : (n) سُر ملانے کا آلہ ۔

Tuning coil : (n) سُر کا لچھا؛ سُر کا کوائل ۔

Tuning condenser : (n) سُر کا مکشفہ؛ سُر کا کنڈنسر ۔

Tuning cone : (n) ایک کھوکھلا، دھات کا مخروطی شکل کا آلہ جو آرگن باجے کا سُر ٹھیک کرنے میں کام آتا ھے؛ آرگن باجے کی ترنی یا نَے درست کرنے کا اوزار یا کانٹا ۔

Tuning crook : (n) پیتل کا ھَوا باجا ۔

Tuning fork : (n) سُر ملانے کا دو شاخہ؛ ایک چھوٹا لوھے کا اوزار (جو سنہ ۱۷۱۱ء میں ایجاد ھوا تھا) ۔

Tuning-hammer : (a) سُر ٹھیک کرنے یا ملانے کی کنجی یا سنسی جس سے پیانو وغیرہ کی کھونٹیاں گھما کر تار کستے اور ڈھیلا کرتے ہیں؛ کلید سر ۔

Tuning inductance : (n) سُر کی اِمالیّت ۔

Tuning-peg : (n) ایک کھونٹی جس کے چاروں طرف قلابہ دار آلے کی ڈوریاں گزاری جاتی ہیں اور سُر ٹھیک کئے جاتے ہیں ۔

Tuning-pin : (n) دیکھو Tuning-peg

Tuning pipe : (n) (۱) دیکھو Pitch pipe ۔(۲) منہ سے بجائے جانے والے باجے (مثلاً بانسری وغیرہ) کے سیٹ میں سے کوئی ایک جو خاص کر تار والے آلات موسیقی کے سروں کو ٹھیک کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Tuning slide : (n) دھات کے ہوا باجے میں سلائڈ جو دوسرے باجوں کے ساتھ سر ملانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ نیز لاسلکی میں بھی مثلاً (Tuning coil) سر کا لچھا۔

Tunis : (n) [fr. Tunis (Tunisia).] (۱) قدیم ایشیائی نسل کی بے سینگ کی اوسط درجے کی اون اور لمبی دم والی بھیڑ ۔ (۲) ٹیونس نسل کی بھیڑ ۔

Tunis : (a) ٹیونس کا؛ ٹیونیسی ۔

Tunis grass : (n) [fr. Tunis (Tunisia) N. Africa.] شمالی افریقہ کی ایک قسم کی گھاس ۔

Tunisia : (a) (۱) ٹیونیسیا کا یا اُس سے متعلق قسم اورطرز کا جو ٹیونیسیا میں مروج ہے ۔ (۲) دیکھو Tunisian۔

Tunisian : (n) ٹیونس یا ٹیونیسیا کا ملکی باشندہ ۔

Tunisian : (a) دیکھو Tunisia

Tunk/Tonk : (n) تھپکی؛ دستک؛ دھول ؛ چپت ۔

Tunk/Tonk : (v) ہلکے یا سختی سے مارنا؛ کسی چیز کانقص معلوم کرنے کے لئے ہتھوڑے سے کھٹکھٹانا؛ دروازے پر دستک دینا ۔

Tunk : (n) رمی (تاش) کا کھیل جس میں دو سے پانچ اشخاص کھیلتے ہیں ۔

Tunker : (n) Dunker کا متبادل ۔

Tunket : (n) [Prob. euphemism for tophet.] (۱) دیکھو Hell ۔ (۲) یہ کلمہء فجائیہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے (حیرت، استعجاب وغیرہ کے موقع پر)۔

Tunnage : (n) Tonnage کا متبادل ۔

Tunnel : (n) [OFr. 'tonel'. ME 'tonel'.] (۱) سُرنگ؛ زمین دوز راستہ جو پہاڑ کے اندر یا دریا کے نیچے سے گزرتا ہو ۔ (۲) (خرگوش وغیرہ کا) بھٹ ۔ (۳) منفذ یا سطح جو ایک سرے پر کھلی ہو ۔ (٤) دودکش کا بڑا (نل) جس سے دھواں نکلتا ہے؛ ٹنل ۔ (٥) جانور کے جسم کی نالی سُرنگ سے مشابہ ۔

Tunnel : (v) (۱) مچھلی کو جال میں پکڑنا ۔ (۲) ڈھکی ہوئی نالی سے ہو کر گزرنا؛ سُرنگ سے بڑھنا یا سُرنگ کھودتے ہوئے بڑھنا؛ سُرنگ کھود کر گزرنا؛ سرنگ بنانا؛ زمین دوز راستہ بنانا؛ اس کو استعمال کرنا؛ راستہ کر لینا؛ سُرنگ کھود کر راستہ کر لینا؛ اندراندر سُرنگ کھودنا؛ جڑ کھوکھلی کرنا؛ (دودکش میں) نل لگانا ۔ (۳) (طبیعیات) امکانی روک سے گزرنا ۔

Tunnel borer : (n) سُرنگ کھودنے یا زمین دوز راستہ بنانے کی مشین ۔

Tunnel effect : (n) مقررہ مقدار کی میکانکی مدرکہ شے ۔

Tunnel-head : (n) سُرنگ یا بھٹی کا سرا؛ وہ نقطہ جس سے سُرنگ کی تعمیر بڑھتی گئی ہو ۔

Tunnel-hole : (n) بھٹی یا سرنگ کا تنگ حصہ ۔

Tunnel-kiln : (n) (۱) چونے کی بھٹی جس میں کوئلہ جلایا جاتا ہے ۔ (۲) دیکھو Continuous-kiln ۔ (۳) ایک لمبی اور تنگ بھٹی جس کا درمیانی حصہ سب سے زیادہ گرم رہتا ہے ۔

Tunnel net : (n) مچھلی کا جال جس کا منہ چوڑا اور دوسرا سرا تنگ ہو؛ گاؤ دُم جال؛ شکار کا جال ۔

Tunnel of corti : (n) مخروطی راستہ کارتی (Corti) کے عضو میں۔

Tunnel of love : (n) تفریحی پارک میں ایک تاریک سُرنگ جس سے ہو کر عام طور پر لوگ کشتی کے ذریعے لے جائے جاتے ہیں۔

Tunnel-pit : (n) مشین کا لمبا دہرا سرنگ کی سطح تک لایا ہوا۔

Tunnel-shaft : (n) دیکھو Tunnel-pit

Tunnel-vault : (n) دیکھو Barrel vault

Tunnel-weaver : (n) دیکھو Tubespinner

Tunneler/Tunneller : (n) سُرنگ کھودنےوالا؛ زمین دوز راستہ بنانے یا نکالنے والا؛ سُرنگ ساز؛ نقب زن؛ مزدور یا کاریگر جو سرنگ کھودنے میں لگایا

جائے؛ مشین جو سُرنگ کھودنے میں استعمال کی جائے ۔

Tunneling/Tunnelling : (n) (۱) سُرنگ یا سلسلہء سُرنگ ۔ (۲) سُرنگ کھودنے کا کام؛ نقب زنی ۔

Tunnel(l)ed : (a) سُرنگ کھودی ہوئی یا نکالی ہوئی؛ راستہ نکالا ہوا؛ زمین دوز راستہ نکالا ہوا ۔

Tunnellike : (a) سُرنگ یا زمین دوز راستے سے مشابہ؛ سُرنگ نما ۔

Tunner : (n) (برطانیہ) شراب ساز کا کارندہ جو شراب کے بڑے پیپے کا انچارج یا نگراں ہوتا ہے ۔

Tunny/Tunny fish : (n) [L.] (۱) دیکھو Tuna ۔ (۲) بڑی ماکریل کی قسم کی مچھلی جو کھائی جاتی ہے؛ اسطون مچھلی؛ خاص کر Blue fin ۔

Tuno/Tunu : (n) [Amer. Sp.] مرکزی امریکا کا درخت (Castilloa fallax) ۔

Tunogum : (n) ٹونو درخت کا رال صفت گوند؛ مرکزی امریکا کا درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Tup : (n) [ME.] (۱) نر مینڈھا؛ بھیڑا؛ آدمی کے لئے بھی بولا جاتا ہے ۔ (۲) دخانی ہتھوڑے کے سامنے کا رُخ (جہاں سے چوٹ پڑتی ہے) ۔ (۳) جو بھیڑے سے ہم شکل ہو، مخصوص معنی میں دیوث قرمساق ۔ (٤) ایک وزنی دھات کی چیز مثلاً ہتھوڑے کا سرا یا گھڑی کا پنڈولم ۔

Tup : (v) (مینڈھے کا) جفتی کھانا (بھیڑ سے)؛ (مادہ بھیڑ کا) گرما جانا؛ مینڈھے سے جفتی کے لئے آمادہ ہونا ۔

Tupa maro : (n) (Uruguay) کی گوریلا تنظیم کے بائیں بازو کا ایک رُکن ۔

Tupaia : (n) [mod. L. Maley, 'Tupai'.] (حیوانیات) دودھ پلانے والا کرم خور جانور؛ (ایک قسم کی گلہری) Tupaiidae خاندان کا؛ کیڑے مکوڑے کھانے والا (چوھے جیسا) دودھ پلانے والا جانور؛ دیکھو Treeshrew ۔

Tupaiid : (n) جنوبی ایشیا کے مختلف چھوٹے دودھ پلانے والے شجری جانوروں میں سے کوئی ۔

Tupaiid : (a) جنوبی ایشیا کے دودھ پلانے والے شجری جانوروں سے متعلق ۔

Tupaiidae : (n) جنوبی ایشیا اور بحر الکاہل کے چھوٹے دودھ پلانے والے شجری جانوروں کا خاندان ۔

Tupelo : (n) [Gr.] (۱) شمالی امریکا کی (Nayassa) جنس کا درخت ۔ (۲) اُس درخت کی لکڑی ۔

Tupelogum : (n) ایک دلدلی درخت خاص کر جنوبی امریکا کا جس کے پتے چکنے اور چمکیلے ہوتے ہیں اور لکڑی نرم ہوتی ہے ۔

Tupi : (n) (۱) برازیل کے گوپی گورانین قوم کی ایک جماعت خاص کر امیزن؛ ٹپاجوز آرا گوابیا اوراکسنگو کی ترائی میں رہنے والی؛ ایسی جماعت کا کوئی فرد ۔ (۲) ٹوپی لوگوں کی زبان جو امیزن ترائی میں رابطے کی زبان ہے ۔ (۳) برازیل میں دور دور تک بولی جانے والی زبان ۔

Tupi-guarani : (n) (۱) جنوبی امریکی قوم جومشرقی برازیل سے لے کر پیرو وین انٹوس کے علاقے تک پھیلی ہوئی ہے ۔ (۲) ایسی قوم کا کوئی فرد؛ ٹورانین ۔

Tupi-guaranian : (a) جنوبی امریکی قوم (Tupiguarani) سے متعلق ۔

Tupi-guaranian : (n) جنوبی امریکا کے منطقہء حارہ ک علاقے میں دور دور تک پھیلی ہوئی زبان کا خاندان ، بشمول Guarani,Tupi اور نیز دوسری زبانیں ۔

Tupian : (a) گوپی گورانین قوم کا یا اس سے متعلق یا ان کی زبان سے متعلق ۔

Tupik : (n) [Esk.] اسکیمو (Eskimo) کا موسم گرما کا رہائشی مکان خاص کر سگ ماہی کے چمڑے کا خیمہ ۔

Tupinamba : (n) (۱) برازیل کے ساحلی علاقے کی ٹوپی (Tupi) ناپید قوم کی ایک جماعت؛ ایسی قوم کا ایک رُکن ۔ (۲) Tupinamba قوم کی زبان ۔

Tuppence : Two pence کا متبادل ۔

Tuppenny : Two penny کا متبادل ۔

Tupping : (n) (خاص کر برطانیہ) دیکھو Breeding؛ نسل کی تیاری اور تربیت (بھیڑ کے لئے)؛ بھیڑ پالن ۔

Tuque : (n) [Candian Fr.] کینڈا کی ایک ٹوپی ؛ گرم بُنی ہوئی مخروطی شکل کی ٹوپی ۔

Tur : (n) [L. taurus.] چند قفقازی جنگی بکروں میں سے کوئی۔

Tur : (n) [Hindi tuar, Skt. tubari.] دیکھو Pigeon Pea : منطقہ؛ حارہ کی چوبی جڑی بوٹی؛ چوبی پودا۔

Turacin : (n) [mod. L. 'Turacus'.] (کیمیا) قرمزی (رنگ کا) رنگ سازی کا (مادہ) جو Turacin جنس کی چند قسم کی چڑیوں کے بازو کے پروں میں پایا جاتا ہے۔

Turaco/Turacou/Turakoo : (n) Touraco کا متبادل۔

Turacoverdin : (n) (کیمیا) ایک سبز رنگ کا (رنگنے کا) مادہ جو تراکو (پرند) کے پروں میں پایا جاتا ہے۔

Turacus : (n) [Fr. tauraco.] چڑیوں کی ایک جنس۔

Turanian : (n) [Persian. 'Turan'] (۱) کسی تورانی زبان بولنے والی نسل کا ایک رکن۔ (۲) تورانی زبان مجموعی طور پر؛ کُل تورانی زبانیں۔

Turanian : (a) تورانی؛ کسی تورانی زبان کا؛ ایسی زبان بولنے والے لوگوں کا۔

Turanite : (n) [Russ. Turanit.] بنیادی تانبے کا وینڈیٹ (نمک) $CU_5(VO_4)_2(OH)_4$۔

Turb : (n) [ME. 'turbe'.] افراد کی تعداد یا اکائیاں ایک ساتھ جمع کی ہوئیں۔

Turban : (n) (۱) پگڑی؛ عمامہ؛ صافہ۔ (۲) عورتوں کا سر میں لپیٹنے کا رومال جو انیسویں صدی میں استعمال ہوتا تھا؛ اوڑھنی۔ (۳) بچوں یا عورتوں کی ہیٹ؛ بے چھجے یا چھوٹے چھجے کی منڈی ٹوپی یا گول ٹوپی۔ (٤) اکہرے کھلمندن کے گھونگے کا چکر۔ (٥) چمکیلے رنگ کا کپڑا جو سر کے لباس کے طور پر حبشی پہنا کرتے تھے (خاص کر عورتیں) ویسٹ انڈیز اور جنوبی امریکا میں؛ Turbo کی جنس کا صدف۔ (٦) خار پشتوں کی قسم میں سے کوئی خاص کر جنس Cidaris کا خارپشت۔ (۷) مخصوص طور پر پکی ہوئی مچھلی جو عمامے کی شکل کی ہو۔

Turban : (v) پگڑی یا عمامے یا صافے سے یا اسی طرح کی دوسری چیز سے لپیٹ دینا؛ ڈھک دینا۔

Turban butter cup : (n) عام طور پر کاشت کئے ہوئے دوہرے پھول والے Runum Culus کی جنس کے پودوں میں سے کوئی جس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں چمکیلے زرد رنگ کے پھول ہوتے ہیں؛ گُل اشرفی یا گُل لالہ۔

Turban lily : (n) یوروپین سوسن۔

Turban-shell : (n) Turbo جنس کا صدف؛ گھونگے کی ایک قسم۔

Turban-squash : (n) کدو کی قسم؛ ایک خاص قسم کا کدو جو موسم سرما میں ہوتا ہے۔

Turban-stone : (n) مسلمانوں کی لوح مزار جس پر عمامے کی شکل کے نقش کھدے ہوتے ہیں۔

Turban-top : (n) ایک قسم کی کھمبی یا سانپ کی چھتری۔

Turbaned/Turbanned : (a) (۱) عمامہ پوش؛ عمامہ بند؛ (مسلمانوں کا لوح مزار) عمامے کی شکل کا اوپر لگا ہوا؛ عمامہ باندھے ہوئے؛ پگڑی باندھے ہوئے۔

Turbary : (n) (۱) (قانون) دوسرے شخص کی زمین سے دوب کے تختے کھودنے کا حق جلاون کے لئے۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے دوب کے تختے یا دلدل کا کوئلہ کھودا جائے۔ (۳) کوئلے کی دلدل یا کوئلے کی کالی زمین یا زمین کا ایک ٹکڑا جہاں گھاس کا تختہ جلاون کے لئے کھودا جائے۔

Turbary : (a) تاریخ سے قبل کے زمانے میں سور یا بھیڑ کو پالتو بنانے سے متعلق۔

Turbatrix : (n) [mod. L. 'Turbairic, Turbatrix'.] چھوٹے کمزور یا نازک خیطیہ کیڑے کی ایک جنس۔

Turbeh/Turbe : (n) [Turk 'turbe', Fr. 'turbah'.] مسلمان کا مقبرہ یا روضہ۔

Turbellaria : (n) (حیوانیات) بدُبی کینچوا؛ چیرا؛ ایک قسم کا کیڑا۔

Turbellarian : (a) [mod. L.] (حیوانیات) بدُبی کینچوے کا یا اس سے متعلق۔

Turbellarian : (n) ایک قسم کا کیڑا جو تازہ پانی، نمکین پانی یا مرطوب زمین میں رہتا ہے؛ بدُبی کینچوا۔

Turbid : (a) [L. 'turbidus'.] (۱) مکدر؛ گدلا (پانی وغیرہ)؛ میلا (رنگ)؛ دُرد۔ (۲) (مجازاً) منتشر؛ پریشان؛ الجھا

هوا؛ مبہم؛ دھندلی شکل کا ۔ (۳) (ہَوا، دھواں، بدلیاں) گھنی؛ کثیف؛ سیاہ ۔

Turbidimeter : (n) (۱) ذرات بھرتی پیما؛ زلال سنج ۔ (۲) دیکھو Nephelometer ۔

Turbidimetric : (a) سیال پیما آلہ سے پیمائش کے متعلق یا سیال پیمائی سے متعلق یا اس کے استعمال سے متعلق۔

Turbidimetrically : (adv.) ذرات بھرتی پیمائش کے ذریعے ؛ زلال سنجی کے طور پر ۔

Turbidimetry : (n) زلال سنج کے استعمال کے بعد بچی ہوئی تہ نشین شے کی جانچ یا اس کی مقدار کی پیمائش۔

Turbidity : (n) (۱) گدلاپن؛ میلاپن؛ تکدر۔ (۲) پریشان ؛ ابہام؛ الجھن۔

Turbidly : (adv.) تکدر سے؛ الجھن سے؛ پریشانی سے؛ الجھے ہوئے طریقے سے ۔

Turbidness : (n) (۱) گدلاپن؛ میلاپن ۔ (۲) پریشانی؛ ابہام ؛ الجھا ہوا ہونا ۔

Turbinado/Turbinado sugar : (n) جزوی طور پرصاف کی ہوئی گنے کی شکر ۔

Turbinal : (a) [L. 'turbo' + - AL.] (تشریح) مفتولی شکل کا؛ لٹو کی شکل کا ۔

Turbinal : (n) (تشریح) عظم مفتول؛ حلزونی ہڈی۔

Turbinal bone : (n) مفتولی شکل کی ہڈی ۔

Turbinate : (a) [L. 'turbinatus'.] (۱) (حیوانیات) لٹو کی شکل کا۔ (۲) مخروط منعکس کی شکل کا۔ (۳) مفتول؛ پیچ در پیچ لپٹی ہوئی (ناک کی بعض ہڈیاں) ۔ (٤) لٹو کی طرح چکر کھانے والا ۔

Turbinate : (n) چکردار صدف؛ مخروطی ہڈی؛ معکوس مخروطی۔

Turbinate bone : (n) مخروطی ہڈی۔

Turbinated : (a) دیکھو Turbinate

Turbination : (n) [L. 'turbinatio'.] لٹو کی طرح گھومنا؛ لٹو کی شکل کی ساخت ۔

Turbinato- : [L. 'turbinatus'.] جزو ترکیبی بمعنی "مخروطی طور پر" ۔

Turbine : (n) [L. 'turbin'.] چرخاب؛ پہیا جو پانی کے زور سے چلتا ہے ۔

Air turbine : ہَوا سے چلنے والا پہیا؛ ہوا چرخ ۔

Steam turbine : بھاپ سے چلنےوالا پہیا؛ بھاپ چرخ ۔

Turbine alternator : (n) چرخابی بدل گر ۔

Turbine boat : (n) چرخ کشتی؛ جو چرخاب سے چلتی ہو ۔

Turbine generator : (n) چرخابی گیس پیدا کرنے والی مشین ۔

Turbine pump : (n) چرخابی پمپ ۔

Turbinectomy : (n) عمل جراحی کے ذریعے ایک یا زیادہ مفتولی ہڈیوں کا نکالا جانا ۔

Turbinella : (n)[L.'Turbin+ella'.] Xancus کا مترادف بمعنی سنکھ۔

Turbinella oak : (n) امریکی شاہ بلوط؛ یونانی شاہ بلوط ۔

Turbiner : (n) چرخاب سے چلنے والا جہاز ۔

Turbinidae : (n) معدہ پا صدف کا خاندان؛ (تاریخ فطری) لٹو نما؛ معکوس مخروطی ۔

Turbiniform : (a) معدہ پا گول گھونگے کی جنس کی شکل والا؛ مخروطی۔

Turbinite : (n) (حیوانیات) سنگوارہ معکوس مخروطی گھونگا۔

Turbinoid : (a) (حیوانیات) گول گھونگے کی جنس سے مشابہ یا معدہ پا کی Turbinidae خاندان سے مشابہ ۔

Turbit : (n) [L. 'turbo'.] (۱) پالتو کبوتر جس کا سر چوڑا اور چونچ باریک ہوتی ہے ۔ (۲) ترکی نسل کی ایک چڑیا۔

Turbo-: (سابقہ) (حیوانیات) گول گھونگا؛ ٹربو ۔

Turbo-alternator : (n) بھاپ چرخی بدل گر ۔

Turbo-car : (n) گیس چرخاب سے خودبخود چلنے والی گاڑی ۔

Turbo-dynamo : (n) بھاپ چرخی ڈینمو ۔

Turbo-generator : (n) بھاپ چرخی سے گیس پیدا کرنے والی مشین ۔

Turbo-jet (engin) : (n) (ہَوائی جہاز) جیٹ انجن والا جس میں جیٹ انجن چرخاب چلاتا ھے جو فشارندہ کو اندرآنے والی ہَوا کو دبانے کےلئے طاقت پہنچاتا ھے؛ جٹی گیس چرخ ۔

Turbo prop : (n) ہَوائی جہاز جس کو چرخابی دھکیلو انجن طاقت پہنچاتا ھے ۔

Turboprop engine : (n) چرخابی دھکیلو انجن ۔

Turboprop jet engine : (n) چرخابی دھکیلو انجن ۔

Turbot : (n) [OFr.] (۱) ایک قسم کی بڑی چپٹی مچھلی جس کی آنکھیں عموماً بائیں جانب ھوتی ہیں جو کھانے میں بہت مزیدار ھوتی ہیں ۔ (۲) اسی شکل و شباہت کی کوئی دوسری مچھلی ۔ (۳) (حیوانیات) سپر ماہی ۔ (٤) (امریکا) مختلف قسم کی بڑی چپٹی مچھلیوں میں سے کوئی۔

Turbt : Turbulent کا مخفف ۔

Turbulation : (n) لازمی طور پرفلم کو ہلا ہلا کر دھویا جانا ۔

Turbulator : (n) رقیق مادے میں جوش یا اُبال لانے کی ترکیب۔

Turbulence : (n) [late L. 'turbulentia'.] (۱) سرکشی؛ مفسدہ پردازی ؛ فساد انگیزی؛ ہیجانی حالت یا کیفیت یا ہیجانی ھونےکی صفت ۔ (۲) سرکشی یا مفسدہ پردازی کی ایک مثال یا حالت ۔

Turbulency : (n) ہیجانی حالت ۔

Turbulent : (a) (۱) پُر آشوب: متلاطم؛ درہم برہم؛ مضطرب ۔ (۲) پُر شور: پُر ہنگامہ ۔ (۳) سرکش؛ شورش پسند؛ مفسد؛ فتنہ پرداز ۔

Turbulently : (adv.) سرکشی سے؛ شورش پسندی سے؛ اضطراب سے ۔

Turbulentness : (n) افراتفری؛ ہنگامہ خیزی ؛ سرکشی؛ شورش پسندی۔

Turcism : (n) [mod. L. 'Turcus'.] (۱) ترکوں کا مذہب یا اُن کے اصول؛ اسلام ۔ (۲) ترکوں کا طرز عمل یا اُن کے عقائد ۔ (۳) دیکھو Turkism ۔

Turco-/Turko- : سابقہ: Turk کی ایک ترکیبی صورت ۔

Turco : (n) (۱) الجیریا کا سپاہی جو فرانس کی پیدل فوج میں ھو ۔ (۲) چلی کی ایک چھوٹی سادے رنگ کی خشکی کی چڑیا یا بڑی چڑیا ۔ (۳) Zouave فوج کا ایک سپاہی ۔

Turcologist : (n) ترکک زبانوں اور ادب کا ماہر ۔

Turcoman : (n) [Pres. 'Turkoman'.] (۱) ترکمان؛ ترک قوم کی ایک شاخ کا کوئی فرد ۔ (۲) ترکمانی گھوڑا ۔

Turcoman : (a) ترکمانی؛ ترکمان قوم کی زبان یا اس کے علاقے کا یا اس سے متعلق ۔

Turcoman carpet/-rug : (n) ترکمان کی بنائی ھوئی نرم اور شوخ رنگین قالین، کارپٹ یا کمبل۔

Turcomania : (n) ترکی طور طریقوں یا رواج کا ازحدشوق؛ ترکی پالیسی کی حد درجہ پالانش اور طرفداری۔

Turcophil/-e : (a) ترک دوست؛ ترک پسند؛ ترکی یا ترک قوم کا طرفدار ۔

Turcophilism : (n) ترک دوستی ۔

Turcophobe : (n) ترکوں سے ڈرنے والا ۔

Turcopole : (n) یروشلم کے سین جان کے سلسلے کا ہلکا ہتھیار بند سپاہی ۔

Turcopolier : (n) یروشلم کے سین جان کےسلسلے کا بڑا افسر جو بحیثیت عہدہ ترکوپولوں کا کمانڈر رھے ۔

Turd : (n) [OE. 'tord'.] (۱) (غیر مہذب) لینڈ؛ لینڈی؛ فضلہ؛ غلیظ ۔ (۲) (مجازاً) کوئی چیز جو حد درجہ حقیر و ذلیل ھو ۔

Turdidae : (n) گانے والی چڑیوں کا دور دور تک پھیلا ھوا منقسم خاندان ۔

Turdifonn : (a) طرغہ نما ۔

Turdiue : (a) طرغہ (Thrush) کی طرح کا ؛ (نباتیات) دُجی؛ طرقانی ۔

Turdoid : (a) (۱) ایک یورپی خوش الحان پرند کی طرح کا ؛ ترغہ کی طرح کا ۔(۲) دیکھو Thrushlike ۔

Turdus : (n) ترغوں کی جنس کا یعنی Turdidae کے خاندان کی قسم جس میں یورپین کلچڑی یا کستورے اور بڑے یورپی ترغے شامل ہیں ۔

Tureen : (n) [Fr. 'terrine'.] (۱) سوپ کی قاب ؛ سر پوش دار گہری قاب (دسترخوان پر سوپ رکھنے کے لئے)؛ گہری سفالی (عموماً بیضاوی) سرپوش دار ۔(۲) اس قسم کا کوئی دوسرا چھوٹا برتن (یخنی یا چٹنی وغیرہ کے لئے) ۔

Turf : (n) [OE.] (۱) زمین کی سطح (مع گھاس وغیرہ کے)۔ (۲) گھاس لگا تختہ جو زمین سے کاٹا یا اُکھاڑا جائے؛ دوب تختہ ۔ (۳) (آئرستانی) دلدل کا کوئلہ؛ نباتی مادہ جو مرطوب زمین میں سڑ کر کوئلہ سا بن جاتا ھے ۔(٤) (نباتیات) تیہ ۔ (٥) گھڑ دوڑ کا میدان ۔(٦) گھڑ دوڑ کا کھیل یا کاروبار ۔ (۷) (عامیانہ) کوئی علاقہ جو کسی باغی گروہ کے قبضے میں ہو ۔

The turf : گھڑ دوڑ کا میدان؛ جہاں گھڑ دوڑ کا کاروبار ہو یا بازی لگائی جائے؛ گھڑ دوڑ کی دنیا ۔

Turf : (v) زمین پر دوب تختے جمانا؛ دُوب اُگانا ؛ دُوب تختے سے ڈھک دینا؛ (عامیانہ) پھینک دینا؛ نکال دینا؛ ٹھوکر مار کر ہٹا دینا؛ دلدلی کوئلہ نکالنا؛ دفن کر دینا؛ دفن ہو جانا ۔

Turf : (a) [ME.] (۱) زمین کی سطح مع گھاس وغیرہ کے یا اس سے متعلق؛ زمین کی سطح کا بنایا ہوا یا دوب تختے کا بنایا ہوا ۔(۲) گھڑ دوڑ کے کھیل سے متعلق ۔

Turf accountant : (n) وہ جو گھڑ دوڑ میں شرطوں کے لئے رجسٹر رکھتے ہیں ۔

Turf ant : (n) ایک چھوٹی زرد رنگ کی یورپی چیونٹی جو خشک غیر مزروعہ زمین میں پائی جاتی ھے ۔

Turf drain : (n) بدر رو جس پر گھاس اُگی ہو؛ گھاس سے ڈھکی ہوئی نالی ۔

Turf-man : (n) (۱) گھڑ دوڑ کا شائق شخص؛ جو گھوڑا رکھتا ھے اور گھوڑا دوڑاتا ھے (گھڑ دوڑ میں) ۔(۲) وہ جو عمدہ قسم کی گھاسوں کے مطالعہ میں، ان کی دیکھ بھال میں اور استعمال میں مہارت حاصل کرتا ھے ۔

Turf webworm : (n) (۱) دیکھو Grass webworm ۔(۲) جالا بننے والے کیڑے جو گھاس یا پتیوں کو خراب کر دیتے ہیں ۔

Turf-worm : (n) (۱) دیکھو Sod - worm ۔(۲) زمینی کیڑا جو پودوں کو برباد کردیتا ھے ۔

Turfdom : (n) گھڑ دوڑ کا دھندا یا کاروبار ۔

Turfen : (a) دوب تختے سے بنا ہوا یا ڈھکا ہوا؛ چمن دار ۔

Turfiness : (n) دوب تختے کا سا ہونا ۔

Turfing : (n) سبزہ بندی ۔

Turfing-daisy : (n) گاؤ چشم؛ گھنے پن سے گچھے کی شکل میں سال بھر اُگنے والی جڑی ۔

Turfing-iron : (n) پھوڑا؛ جس سے زمین مع گھاس اُٹھائی جائے ۔

Turfing-spade : (n) رنبہ (Tool) ۔

Turfite : (n) گھڑ دوڑ کا شائق؛ اس کا رسیا (شخص) ۔

Turfite : (a) گھڑ دوڑ کا شائق؛ اس کا رسیا ۔

Turfless : (a) بےگھاس کا؛ زمین جس پرگھاس یا دوب نہ ہو ۔

Turftan : (n) ہلکا بادامی رنگ جو Blush (گلابی) سے زیادہ زرد اور گہرا لیکن Cork (ارغوانی) سے زیادہ سرخ اور گہرا ہوتا ھے ۔

Turfy : (a) (۱) دوب تختے کا سا؛ جہاں دوب تختہ ہو ۔ (۲) دوب تختے سے ڈھکا ہوا؛ پُر گیاہ؛ گھاس سے بھرا ہوا ۔(۳) گھڑ دوڑ کے کھیل سے متعلق ۔

Turgescence : (n) (۱) سوجن؛ ورم ۔(۲) لفاظی : بڑے بڑے الفاظ؛ بیجا عبارت آرائی ۔(۳) (نباتیات) تناؤ ۔

Turgescency : (n) (۱) ورمی کیفیت یا حالت ۔ (۲) (نباتیات) پھیلاؤ : تناؤ ۔

Turgescent : (a) (۱) سوجا ہوا؛ ورم کیا ہوا؛ پھولا ہوا : بڑھا ہوا؛ متورم ۔(۲) لفاظانہ (عبارت) ۔

Turgescible : (a) سوجھنے والا ۔

Turgid : (a) [L. 'turgidus'.] (۱) سوجا ہوا؛ متورم ۔(۲) (مجازاً) لفاظانہ (زبان یا اسلوب)؛ جس میں بیجا

عبارت آرائی اور لفاظی ہو؛ جس میں بھاری بھرکم الفاظ ہوں؛ پر آب و تاب ۔

Turgidity : (n) (۱) سوجا ہونا؛ تورّم ۔ (۲) لفاظی ۔

Turgidly : (adv.) (۱) ورم کے ساتھ ۔ (۲) لفاظی کے ساتھ ۔

Turgidness : (n) ورمی کیفیت یا حالت ۔

Turgor : (n) زندہ خلیوں کے تورّم اور شدت کی اصلی حالت خاص کر نخزمائی طبق کا انتفاخ یا پھیلاؤ اور پودے کے خلیے کا ڈھانچہ ۔

Turgor deficit : (n) (۱) دیکھو Difusion pressure deficit ۔ (۲) تمام قوتوں کا مجموعہء جبریہ جس کے ذریعے پودے کے خلیے میں پانی پہنچتا ہے ۔

Turgor movement : (n) قابل منسوخ تبدیلی جو پودے کے کسی حصے کی حالت میں مختلف خلیوں کے ورمی دباؤ کی وجہ سے ہوتی ہو ۔

Turgor pressure : (n) حقیقی دباؤ جو رقیق مادے کی وجہ سے متورم پودے کے خلیے میں ہوا ہو ۔

Turi : (n) (۱) شمالی پاکستان میں آباد پٹھان قوم ۔ (۲) توری پٹھان کا ایک فرد ۔

Turicata : (n) مکسیکو اور جنوب مغربی امریکا کی چیچڑی یا کُلی یعنی ایک قسم کا طفیلی کیڑا یا وبا یا طاعون جو سور اور مویشیوں کو ہوتا ہے اور بعض اوقات اس کا بخار آدمیوں کو لگ جاتا ہے ۔

Turin : (a) شہر تورن (اٹلی) کا یا اس سے متعلق؛ اس قسم یا اس طرز کا جو تورن میں مروج ہے ۔

Turion : (n) [L.'turio'.] قشر ساق؛ بعض پودوں مثلا اسپراگس کی کھیرے دار ڈنڈی؛ (نباتیات) قشری کونپل ۔

Turionferous : (a) قشر ساقی؛ جس میں ایسی شاخیں ہوں ۔

Turk : (n) [med. L. 'Turcus'.] (۱) (Ethus) ماقبل تاریخی عہد کی پھیلی ہوئی ایک انسانی نسل جو وسط ایشیامیں بستی تھی اور "یورل الٹائك" لسانی خاندان کی ایک زبان استعمال کرتی تھی جو ترکی زبان کی ایک شاخ ہے ۔ (۲) (سیاسیات) سلطنت عثمانی کے بر سر اقتدار خاندان کا ایک فرد : (عہد قدیم میں) ایک سلجوقی؛ عثمانی؛ سلطان ترکی کا کوئی ماتحت (خصوصاً مسلم) ۔ (۳) ترك؛ ترکی کا باشندہ؛ تورانی ۔ (٤) مسلمان ۔ (٥) سنگدل؛ ظالم ۔

The grand (great) turk : سلطان ترکی ۔

The Turk : (۱) ترکی باشندے ۔ (۲) ترکی حکومت ۔ (۳) ترکی سلطان ۔ (٤) (مجازاً) وہ شخص جو ترکی جیسی خصلتیں رکھتا ہو؛ ظالم؛ وحشی؛ سخت گیر؛ جنگ جو؛ تند مزاج ۔

To turn Turk /To become turk : ظالم ہو جانا؛ دشمن ہو جانا ۔

Young Turk : (۱) بیسویں صدی کی ترك قوم کاایك انقلابی رکن جو سلطنت کی تجدید نو کا حامی تھا ۔ (۲) (Little Turk) شریر اور چنچل لڑکا ۔

Turk : (n) [Fr. 'Ture'.] ایك قسم کے کیڑے کا پھل روپ جو سیب کے درختوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Turkana : (n) (۱) مشرق افریقہ میں جھیل روڈولف اور دریائے نیل کے درمیان آباد ایك قوم جو مسائے (قوم) سے مشابہ ہے ۔ (۲) ترکانہ قوم کا ایك فرد ۔

Turkdom : (n) ترکوں کے زیرِ حکومت علاقہ ۔

Turken/Turkhen : (n) ایك قسم کا چوزہ؛ مرغ بچہ ۔

Turkey : (n) (۱) تیل لگا کر کمایا ہوا چمڑا جسے جلد سازی میں استعمال کرتےہیں ۔ (۲) دیکھو Turkey leather ۔

Turkey : (n) (۱) ترکوں کا ملك؛ ترکی (ایشیائی یا یورپی)؛ ترکستان؛ تاتار ۔ (۲) ترکی (مرغ)؛ ایك قسم کا بڑا مرغ جو امریکا میں ہوتا ہے؛ فیل مرغ؛ پیلو ۔

Turkey : (a) (۱) ترکی کا یا ترکی سے؛ ترکی قسم کا یا اس طرز کا جو ترکی میں مروج ہے ۔ (۲) ترکی نژاد ۔

Red as a Turkey cock : غصے میں لال ۔

Wild Turkey : (۱) پالتو یا گھریلو مرغ کی وحشی نسل اولیں ۔ (۲) اس قسم کے مرغ کا گوشت ۔

Turkey back : (n) (۱) دیکھو Greather yellow-legs ۔ (۲) شمالی امریکا کی دلدلی اور ساحلی عام چڑیا ۔

Turkey beard/Turkey's- : (n) ایک قسم کی جھاڑی (شمالی امریکا کی) ۔

Turkey berry/Turkey berry tree : (n) ویسٹ انڈیز کی ایک قسم کے درخت کا پھل؛ میوہٴ سپستاں ۔

Turkey bird : (n) ہُد ہُد کی قسم کی چڑیا جس کی گردن پیچھے تک مڑ جاتی ھے ۔

Turkey-blue : (n) (۱) آبی مائل قرمزی رنگ ۔(۲) دیکھو Turkish blue۔

Turkey-bush : (n) افریقی خاردار جھاڑی۔

Turkey-buzzard : (n) (۱) ایک قسم کا امریکی گدھا ۔ (۲) دیکھو Turkey vulture ۔(۳) جنوبی افریقہ کا ایک پرند جس کی چونچ میں سینگ نما نوک ہوتی ھے ۔

Turkey-call : (n) (۱) فیل مرغ یا پیلو کی بولی؛ کڑکڑاہٹ ۔ (۲) ایک باجا جس سے مرغ جیسی آواز کی نقل اتاری جاتی ھے اور جسے جنگلی فیل مرغ کے شکاری پھانسنے والی چڑیا کی طرح استعمال کرتے ہیں ۔

Turkey-carpet : (n) ترکی قالین؛ مخمل کا سا خالص ادنیٰ قالین۔

Turkey-cock : (n) فیل مرغ؛ پیلو؛ (مجازاً) خود پسند شخص؛ اکڑباز ؛ متکبر؛ مغرور ۔

Turkey-corn : (n) مکئی ۔

Turkey cup/Turkey cup sponge : (n) بحر ادرانہ اور بحیرہٴ روم کے سمندروں کے مختلف اعلیٰ قسم کے تجارتی اسفنجوں میں سے ایک ۔

Turkey-dance : (n) امریکی انڈین کا نقابی سماجی رقص ۔

Turkey-fig : (n) (۱) عام کاشت کے ذریعے پیدا کی ہوئی انجیر ۔(۲) ہندوستانی انجیر ۔

Turkey-fish : (n) دیکھو Lion fish؛ عقرب نمامچھلیوں میں سے کوئی ۔

Turkey foot : (n) Andropogan کی جنس کی چند شمالی امریکی گھاسوں میں سے کوئی گھاس ۔

Turkey gnat : (n) چھوٹی سیاہ مکھیاں جو مرغیوں اور بطخوں وغیرہ کے جسم میں ہوتی ہیں اور زخمی کر دیتی ہیں، خاص کر یہ جنوبی اور مغربی امریکا میں ہوتی ھے ۔

Turkey-gobbler : (n) دیکھو Turkey cock

Turkey grape : (n) دیکھو Post-oak grape

Turkey grass : (n) (۱) دیکھو Cleavers ۔(۲) کتا گھاس ۔

Turkey gum : (n) دیکھو Gumarabic

Turkey-hen : (n) پیلو کی مادہ ۔

Turkey-leather : (n) ایک قسم کا چمڑا جس میں روئیں دور کرنے سے پہلے تیل لگاتے ہیں؛ تیل لگا کر کمایا ہوا چمڑا جسے جلد سازی میں استعمال کرتے ہیں۔

Turkey louse : (n) کاٹنے والی جوئیں جو مرغیوں میں ہوتی ہیں اور ان کے پروں کو کھا جاتی ہیں ۔

Turkey morocco : (n) مراکشی چمڑا جو ترکی میں بنایا جاتا ھے یا ترکی کا بنا ہوا چمڑا ۔

Turkey mullein : (n) نرم پتی کی سالانہ اگنے والی غلطاں گھاس۔

Turkey oak : (n) بلقان کا دیسی پھونٹک شاخ والا شاہ بلوط ۔

Turkey oak : (n) جنوبی امریکا کے چند شاہ بلوط میں سے کوئی۔

Turkey pea : (n) (۱) دیکھو Squirrel corn ۔(۲) شمالی امریکا کا پودا ۔(۳) دیکھو Hoary pea ۔(٤) Tephrosia کی جنس کا ایک پودا، خاص کر goat's rue ایک لمبا نیلے پھول والا سدا بہار یورپین پودا ۔ (٥) دیکھوHarbinger of spring ۔ (٦) شمالی امریکا کا ایک چھوٹا یابصلی دار سویرے کھلنے والا Umbelliferae کے خاندان کا پودا ۔(۷) دیکھو Devil's shoe string ۔(۸) Tephrosia virginiana کے خاندان کا مشرق شمالی امریکا کا پودا ۔

Turkey pod : (n) (۱) دیکھو Mousearcress ۔(۲)یوریشین پودا ۔

Turkey poult : (n) پیلو کا بچہ ۔

Turkey red : (n) (۱) ایک قسم کا سونا اور پائدار قرمزی رنگ ۔(۲) اس قسم کا ایک سوتی کپڑا ۔

Turkey-red oil : (n) (۱) کمتر درجے کا روغن زیتون جو قرمزی رنگ بنانےمیں کام آتا ھے ۔(۲) مختلف قسم کے پانی میں تحلیل پذیر روغن جو رنگنے میں کام آتے ہیں ۔

Turkey rhubarb : (n) ریوند چینی (پہلے ترکی کے ذریعے درآمد کیا جاتا تھا) ۔

Turkey shoot : (n) (۱) نشانہ بازی کا مقابلہ بندوق سے جس میں زندہ مرغوں یا فیل مرغوں کو بطور نشانہ استعمال کیا جاتا تھا ۔ (۲) کوئی چیز Turkey shoot سے مشابہہ ۔

Turkey sponge : (n) بحر آدرانہ اور بحیرہ روم کے سمندروں کے مختلف اعلیٰ قسم کے تجارتی اسفنجوں میں سے کوئی ۔

Turkey toilet /Turkey toilet sponge : (n) عمدہ قسم کا ترکی اسفنج ۔

Turkey stone/-state : (n) (۱) ایک طرح کا سنگ سان؛ سان کا پتھر ۔ (۲) فیروزہ ۔ (۳) دیکھو Novaculite ۔ (٤) سلی پتھر ۔

Turkey-trot : (n) امریکا کا پہلی عالمی جنگ میں ایجاد کردہ ایک رقص ۔

Turkey-trot : (v) امریکا کا پہلی عالمی جنگ میں ایجاد کردہ ناچ ناچنا ۔

Turkey umber : (n) (۱) جزیرہ قبرص کی گہرے بادامی رنگ کی خام مٹی ۔(۲) وہ خام مٹی جو جلا کر کشتہ نہ بنائی گئی ہو ۔(۳) دیکھو Raw umber ۔

Turkey vulture : (n) دیکھو Turkey buzzard

Turkey wheat : (n) (۱) ہندوستانی غلہ ۔(۲) کریمیا کے علاقے کے چند قسم کے گیہوں میں سے کوئی ۔

Turkey wing : (n) Arcidae کے خاندان کا دوصمامہ صدفیہ ۔

Turkey work : (n) کشیدہ کاری جو مشرقی قالین کی ساخت اور طرز کی نقل پر ہو ۔

Turkhen : Turkin کا متبادل ۔

Turki : (a) [Per. 'Turki'.] ترکی؛ مخصوص ترکی زبانوں سے متعلق یا ان زبانوں کےبولنے والوں سےمتعلق ۔

Turki : (n) (۱) ترکی نسل کا ایک فرد ۔(۲) ترکی گھوڑا ۔

Turkic : (a) (۱) الطائی زبان کے خاندان سے متعلق؛ ایسی زبان بولنے والوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (۲) دیکھو Turkish۔

Turkic : (a) (۱) تورانی لسانی خاندان کی کسی ایک شاخ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ان باشندوں سے متعلق جو اس زبان کو استعمال کرتے ہیں ۔

Turkic : (n) Altaic زبانوں کی ایک شاخ بشمول Azerbaijani, Kazaki, Kirghiz, Turkish, Turkoman, Uighur, Uzbek and yakut ۔

Turkic : (n) الطائی زبان کی شاخ ۔

Turkicize : (v) (۱) ترک بنانا ۔(۲) ترک صفت ہونا ۔

Turkis : (n) [ME. 'turkas'.] سنسی (ایک قسم کا لوہار یا سُنار کا اوزار) ۔

Turkis : (n) (۱) ایک بیش بہا پتھر؛ فیروزہ ۔ (۲) دیکھو Turqoise ۔

Turkish : (a) (۱) ترک قوم یا ترکی سے متعلق؛ عثمانی؛ ترک کا یا ترکوں کا ۔ (۲) ترکوں یا ان کے خصائل جیسا مثلاً جنگ جو، سفاک، ظالم، وحشی ۔

Turkish : (n) ترکی زبان ۔

Turkish bath : (n) حمام؛ گرم بھاپ کا غسل جس سے پسینہ چھوٹے (صابن وغیرہ کی مالش سے) ۔

Turkish bean : (n) منطقہ حارہ کی ایک اوپر چڑھنے والی سیم جس کے بڑے بڑے سرخ پھول ہوتے ہیں ۔

Turkish blue : (n) ایک بھورا سرخی مائل نیلا پھول نیز جسے Turkey blue بھی کہا جاتا ھے ۔

Turkish boxwood : (n) ایک قسم کے سدابہار درخت کی لکڑی جو سخت ہوتی ھے اور جس پر نقاشی کی جاتی ھے ۔

Turkish carpet : (n) (۱) ترکی کا دستی بُنا ہوا ایک لخته قالین جس میں عام طور پر اون کا حصہ زیادہ ہوتا ھے اور جس کے بانے مختلف اشیاء کے ہوتے ہیں ۔(۲) انگریزی قالین جو ترکی قالین کی وضع کا بنا ہوا ہو ۔

Turkish checkers : (n) شطرنج کا ایک کھیل جس میں ہر دو فریق سولہ سولہ مہرے رکھتا ہے، چونسٹھ خانوں کی بساط پر ہر مہرہ ایک خانہ سامنے یا بغل کے خانوں میں چلتا ہے لیکن بادشاہ ہر جانب سے جس خانے میں بھی چاہے جا سکتا ہے۔

Turkish coffee : (n) چینی کے رقیق شربت میں سفوف شدہ کافی کا جوشاندہ یا اُبال۔

Turkish delight/-paste : (n) جیلی کی طرح کی مٹھائی لوزوں کی شکل میں تراشی ہوئی اور شکر میں پسی ہوئی۔

Turkish geranium oil : (n) دیکھو Palmarosa oil

Turkish music : (n) (۱) آرکسترا کا ایک بلند بانگ باجا (نغمہ)۔(۲) فوجی بینڈ باجے کا نغمہ جو ترکی طرز پر تیار کیا گیا ہو۔

Turkish tobacco : (n) ایک نہایت خوشبودار تمباکو جس کی پتیاں چھوٹی ہوتی ہیں اور جوخاص کر ترکی، یونان اور ملحقہ علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔

Turkish towel : (n) لمبے روئیں کا کُھردرا سوتی تولیا۔

Turkish towelling : (n) کھردرے سوتی کپڑے جس سے تولیے بنائے جاتے ہیں۔

Turkish walnut : (n) دیکھو English walnut

Turkishly : (adv.) ترکوں کی طرح سے؛ ترکوں کے طریقےسے۔

Turkishness : (n) ترکیت؛ اسلامیت۔

Turkism : (n) دیکھو Turcism

Turkize : (v) (۱) ترک بنانا۔(۲) ترک صفت ہونا۔

Turkle : (n) (۱) (مجازاً) آدمی کے لئے پیار و محبت کی اصطلاح یا خاص کر عشاق کے لئے یا شادی شدہ لوگوں کے لئے۔(۲) دیکھو Turtle۔

Turkman : (n) (۱) East Turkic نسل کے لوگوں کی جماعت کا ایک رکن جو خاص کر ریاستہائے روس میں رہتی ہے۔(۲) دیکھو Turkoman۔

Turkmen : (a) دیکھو Turkmanian

Turkmen : (n) Turcoman لوگوں کی ترکک (Turkaic) زبان۔

Turkmenian : (a) Turcomen یاروس کی جمہوریہ Turcoman سے متعلق۔

Turko-tatar : (n) دیکھو Turkic

Turkoman carpet/-rug : (n) مختلف ترکمانی لوگوں کےبنائے ہوئے مشرقی کمبلوں میں سے کوئی۔

Turk's cap lily/Turk's cap : (n) (۱) گلِ لالہ؛ شقائق۔(۲)امریکی دیسی سوسن۔

Turk's cap moss : (n) چند قسم کی کائیوں میں سے کوئی۔

Turk's cell : (n) Turkcell کا متبادل۔

Turk's head : (n) (۱) دستار کی مانند ایک مرصع گرہ۔ (۲) دستہ دار گول جھاڑو یا برش۔

Turk's head cactus/-cap-cactus : (n) (۱) کژوی ناگ پھنی۔ (۲) فیتے کی آرائشی اورکارآمد گرہ جو عمامے کے مشابہ ہوتی ہے۔

Turk's turban : (n) دیکھو Tubeflower

Turku : (a) شہر ترکو، فن لینڈ کا باسی؛ اس قسم یا طرز کا جو ترکو میں مروج ہے۔

Turle knot : (n) جلد کھل جانے والی گرہ کا بنا ہوا پھندا یا سرک پھندا۔

Turlough : (n) جاڑے کے موسم کا تالاب یا جھیل جو گرمی کے موسم میں خشک یا دلدلی ہوتا ہے۔

Turm : (n) [OF turme, torme, turma.] لوگوں کی جماعت خصوصاً فوجی گھڑ سوار خاص کر تیس یا بتیس گھڑ سوار کا دستہ۔

Turmaline : (n) Tourmaline کا متبادل۔

Turmeric : (n) [Fr. 'tere merite'.] (۱) ہلدی کا پودا؛ زرد چوبہ۔ (۲) ہلدی کا سفوف جو رنگ اور مسالے کے کام آتا ہے؛ اس کا استعمال کیمیائی جانچ کے لئے بھی ہو تا ہے اور مشرق میں دوا کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

Turmeric : (a) ہلدی سے متعلق؛ ہلدی سے حاصل کیا ہوا؛ ہلدی سے کشید کیا ہوا۔

Turmeric paper : (n) ہلدی کے عرق میں جذب کیا ہوا کاغذ جو کیمیا میں القلوی مادہ کی جانچ کے لئے

استعمال ہوتا ہے جو اس کو زرد رنگ سے بدل کر سرخی مائل بھورا بنا دیتا ہے؛ زرد چوبی کاغذ؛ ہلدی دار کاغذ ۔

Turmeric root : (n) (۱) عرق الدّم ۔ (۲) خشک زمین ساق اور امریکی سدا بہار پودے کی جڑیں ۔

Turmeric oil : (n) (کیمیا) ہلدی سے کشید کیا ہوا معطر اڑ جانے والا روغن ۔

Turmeric yellow : (n) دیکھو Curcumin

Turmerol : (n) دیکھو Turmeric oil

Turmit/Turmut : (روز مرہ برطانیہ) Turnip کا متبادل ۔

Turmoil : (n) ہل چل: شورش؛ افراتفری ؛ ہنگامہ؛ پریشانی: اضطراب: اضطرابی کیفیت یا حالت: آشفتگی؛ تشویش۔

Turmoil : (v) مضطرب ہونا: پریشان ہونا: شورش برپا کرنا: مضطرب کرنا؛ پریشان کرنا: (روز مرہ) کسی کام میں بیل کی طرح جُتا ہوا ہونا ۔

Turmoiler : (n) شورش برپا کرنے والا؛ ہل چل میں ڈالنے والا شخص ۔

Turn : (n) [L. 'Tornus'.] (۱) چکر: گردش: دور: پلٹنا؛ مڑنا: موڑ: بل ۔ (۲) مڑنے کا عمل: گردش کی حرکت ۔ (۳) بل دینا (رسی وغیرہ کو) ۔ (٤) (موسیقی) مزید سُر: زائد سُر؛ اصل سُر کے ساتھ اس سے اوپر اور نیچے کا سُر جو محض خوبصورتی کے لئے بجاتے ہیں ۔ (۵) بَل دی ہوئی رسی کا حلقہ یا چکّر ۔ (٦) خراد (گھڑی ساز کا) ۔ (۷) سمت یا راستے کا پھیر؛ راستے کا موڑ ۔ (۸) کسی چیز کی حالت یا وضع میں تبدیلی ۔ (۹) برگشتگی؛ انحراف؛ پھیر ۔ (۱۰) (طباعت) الٹا حرف (جو غلطی سے الٹا کمپوز (Compose) ہو گیا ہو ۔ (۱۱) وہ مقام جہاں سے کوئی دریا یا راستہ وغیرہ مڑتا ہو ۔ (۱۲) جھکاؤ ؛ کجی یا زاویہ ۔ (۱۳) مخالف سمت میں جانے کے لئے مڑنے یا پلٹنے کا عمل ؛ نیز مجازاً ۔ (۱٤) (Coursing رگیدنا، پیچھا کرنا) خرگوش وغیرہ کا پیچھا کئے جانے پر اچانک مخالف سمت میں مڑ جانے کا عمل ۔ (۱۵) Sheriff (ضلع کا افسر اعلیٰ) کا عدالتی دورہ: سفری عدالت گاہ ۔ (۱٦) چہل قدمی؛ ایک محدود حلقہ میں ادھر اُدھر آہستہ خرامی یا گھڑ سواری ۔ (۱۷) حالات، مواقع یا معاملات میں تبدیلی یا تغیر: انقلاب یا تغیر حالات (بہتر یا بدتر) ۔ (۱۸) (روز مرہ) اچانک صدمہ یا دھچکا (خوف یا خطرے کے باعث) ۔ (۱۹) (کُشتی) پہلوان کا اپنے مقابل کو کسی خاص کرتب سے شکست دینے کا پیچ یا ترکیب ۔ (۲۰) دھوکا؛ فریب؛ چال؛ حیلہ ۔ (۲۱) اچھا یا بُرا کرنے کا عمل یا ایسا عمل جس سے کسی کی بھلائی یا بُرائی ہو ۔ (۲۲) مقابلہ میں (خصوصاً کُشتی) آنے کی باری؛ مقابلہ ۔ (۲۳) بیماری کا حملہ؛ بیہوشی وغیرہ : غصے کی حالت یا کھلبلی؛ گھبراہٹ؛ جوش و خروش ۔ (۲٤) باری باری؛ نوبت بہ نوبت؛ یکے بعد دیگرے (خصوصاً کارخانوں میں مزدوروں کی مشقت بدل چوکی) اسٹیج پر ایک کے بعد دوسرے کا آنا؛ تفریحی جلسوں میں ایک کے بعد دوسرا تماشا۔ (۲۵) طبیعت، مزاج ؛ ساخت؛ صفت (خاص کر اسلوب زبان اورالفاظ کے دروبست میں) ۔ (۲٦) فطری میلان ؛ رجحان؛ صلاحیت ؛ خصوصیت ۔ (۲۷) کسی خاص مقصد کی طرف جھکاؤ؛ ابتدائی ارادے سے انحراف ۔ (۲۸) ساخت یا حقیقت میں تبدیلی ؛ تاویل ؛ توجہ ۔ (۲۹) مختلف اشیاء (مثلاً کاٹ مچھلی، لکڑی، جانور کی بال دار کھال وغیرہ) کا ناپ ۔ (۳۰) قیمت اشیاء میں تبدیلی ۔ (۳۱) اجناس یا اسٹاکی قیمت خرید و فروخت میں فرق ۔ (۳۲) منافع جو اس فرق کی وجہ سے ہو ۔

A turn of virtue's wheel : قسمت کا پلٹنا؛ نصیب کا تغیر ۔

At every turn : بہر حال: ہرحالت میں؛ ہر موقع پر؛ برابر ۔

By turn (turns) : باری باری ۔

Did me a good or an evil turn : میرے ساتھ اچھائی یا برائی کی ۔

Did not serve my turn : اس سے میرا کام نہیں چلا ۔

Give me quite a turn : مجھے زور سے دھچکا لگا ۔

Good turn : اچھا معاوضہ: منافع؛ فائدہ ۔

In one's turn : کسی سلسلے میں اپنے موقع پر ۔

In turn (turns) : باری باری؛ سلسلہ وار ۔

Left turn : (فوجی قواعد) بائیں طرف مڑنا (زاویہ قائمہ بناتے ہوئے) ۔

Meat is done to a turn : گوشت بہت ٹھیک بھنا ھے یا تلا گیا ھے ۔

Milk is on the turn : دودھ پھٹ رہا ھے ۔

On the turn : موقع تبدیلی ؛ قریب بہ مبدل؛ تغیر ھونے کی حالت میں؛ نقطہء عود پر ۔

Out of one's turn : سلسلے میں اپنی باری سے باہر یا علاوہ۔

Right about turn : داٹیں طرف اس طرح گھومنا کہ رُخ مخالف طرف ھو ۔

Right turn : (فوجی قواعد) داٹیں طرف مڑنا (زاویہ قائمہ بناتے ھوئے)۔

Tide is on the turn : سیلاب کا رخ بدل رہا ھے(مد سے جزریا جزر سے مد کی طرف)۔

To a turn : پورے طور پر ٹھیک ۔

To give the hare a turn : (شکار میں) خرگوش کا اچانک رُخ بدل دینا؛ مڑ جانا ۔

To serve the turn : اپنے حلوے مانڈے سے کام رکھنا؛ اپنی مقصد براری کرنا؛ اپنا الو سیدھا کرنا؛ اپنی ہانڈی گرم رکھنا ۔

Turn : (v) [O.E. tyruan & turman.] (۱) گھمانا؛ چکر دینا ۔ (۲) محور پر یا مرکز کے گرد گھمانا ۔ (۳) پہیے کی طرح چکر دینا یا گھمانا ۔ (٤) تالے میں کنجی کو پورے طور پر یا تھوڑا گھمانا (نیز اسی طرح دروازے کے پٹ یا پیچ وغیرہ کو) ۔ (٥) (مجازاً) زمانے کا پھر جانا یا دماغ یا سر کا پھر جانا ۔ (٦) کسی چیز کو چکر دے کر یا گھما کر کوئی شکل دینا؛ ایک چیز کو بدل کر کچھ اور کردینا(خصوصاً خراد وغیرہ پر چڑھا کر)۔ (۷) (تعمیرات) محراب یا گنبد تعمیر کرنا ۔ (۸) (مطبخ) (لیموں یا سنترہ کے) چھلکے کو باریک تراشنا؛ اسی طرح زیتون کے پھل کی گٹھلی کو نکالنا ۔ (۹) لیس کو مخروطی شکل میں بُننا ۔ (۱۰) (مجازاً) آراستہ کرنا؛ خوش نما بنانا ۔ (۱۱) بدل دینا؛ الٹ پلٹ کر دینا ۔ (۱۲) اپنی جگہ یا موقع بدل دینا؛ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ کردینا ۔ (۱۳) مژوڑ دینا؛ اینٹھنا ۔ (۱٤) کسی چیز کو اپنی جگہ سے ہٹا دینا؛ کسی چیز یا انسان کو مختلف انداز میں منتقل کرنا ۔(۱٥) (کسی بات کا) دماغ میں فکر کھانا ۔ (۱٦) کسی چیز کو موڑ کر یا جھکا کر کسی شکل میں لے آنا (خصوصاً کسی اوزار کی دھار کو جھکا کر بیکار کردینا)؛ دھار کو کند کردینا ۔ (۱۷) دھار کا کند ھو جانا؛ مڑ جانا ۔ (۱۸) کسی چیز کی جگہ یا اس کے انداز میں رد و بدل کردینا مثلاً اوپر سے نیچے کردینا یا داٹیں سے باٹیں کر دینا ۔ (۱۹) (کتاب کا ورق) الٹ دینا (اس کے دوسری جانب پڑھنے یا کچھ لکھنے کے لئے) (یا دوسرے ورق پر)، یاد داشت کے لئے ۔ (۲۰) کھیت جوتنے میں مٹی کو الٹ پلٹ کردینا تاکہ اندرکی مٹی سطح پر آجائے ۔ (۲۱) لباس کو الٹ کرپھر سے سینا تاکہ اندر کا حصہ اوپر آجائے ۔ (۲۲) معدے کو غذا کی طرف سے متنفر کرنا ۔ (۲۳) طبیعت کا مالش کرنا؛ متلی کا ھونا ۔ (۲٤) رُخ بدل دینا؛ انحراف کرنا؛ منحرف ھو جانا ۔ (۲٥) روک دینا؛ الگ کردینا یا پیچھے ہٹا دینا؛ نکال باہر کرنا؛ پھینک دینا؛ (مجازاً) کسی کام، مقصد یا خیال سے ہٹ جانا یا رویہ بدل دینا ۔ (۲٦) رقم یا اجناس کا (کاروبار میں) چلتے پھرتے رہنا ۔ (۲۷) راستے کی سمت بدل جانا یا بدل دینا ۔ (۲۸) شاہراہ سے کسی چھوٹے راستے کا نکلنا ۔ (۲۹) (فوج) دشمن فوج کو گھیرے میں لے لینا یا محاصرہ کرنا ۔ (۳۰) مخصوص عمر، زمانہ یا [illegible]م کا کسی ایک حدسےتجاوز کرنا۔(۳۱) کسی شخص یا کسی چیز کا اپنا رخ بدلنا؛ مخالف سمت میں چلنے کا آغاز یا ارادہ کرنا۔ (۳۲) (چہرے اور آنکھوں کو) کسی دوسری جانب یا مختلف طریقوں سے باری باری پھیرنا ۔ (۳۳) کسی مخصوص شخص یا چیز کی طرف اشارہ کرنا یا اس سے الگ کسی سمت متوجہ کرنا ۔ (۳٤) کسی جگہ یا کسی شخص کے سامنے سے کسی کو ہٹا دینا یا ہٹ جانے کا حکم دینا ۔ (۳٥) جانوروں کو چراگاہ میں ہنکا دینا ۔ (۳٦) کسی طرف یا کسی اور طرح کی چیز میں کسی چیز کا انڈیلنا یا داخل کرنا ۔ (۳۷) (خیال، خواہش، تقریر، عمل وغیرہ کو) کسی جانب پھیر دینا یا کسی دوسری طرف منتقل کرنا ۔ (۳۸) عملی طور پر کسی شخص کی توجہ کسی چیز کی طرف مبذول کرنا؛ کسی پیشے یا کاروبار میں خود کو لگانا۔ (۳۹) کوئی دوسرا مذہب (خصوصاً تقویٰ، پرہیزگاری، دینداری کا) اختیار کرنا؛ تبدیل مذہب کرنا ۔ (٤۰) کسی دوسری جماعت یا پارٹی میں شامل ھو جانا؛ کسی (پارٹی سے) انحراف کرنا یا اس سے علاحدہ ھو جانا ۔ (٤۱) (کسی کی) عملی مخالفت کرنا؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا؛ دندان شکن جواب دینا ۔ (٤۲) نفرت یا ناپسندیدگی میں (کسی کو)

متشدد بنا دینا ۔ (٤٣) کسی پرحملہ کرنے یا مدافعت کے لئے اپنی جگہ بدلنا ۔ (٤٤) مخالفت کا رخ اختیار کرنا (اچانك یا شدت کے ساتھ حملہ کرنے کے لئے) ۔ (٤٥) کسی کام یا مقصد میں لگانا؛ استعمال میں لانا؛ (کسی کو) کام میں لگانا ۔ (٤٦) مشق کرنا یا جمناسٹك مشقیں کرنا ۔ (٤٧) قلب ماہیت کر دینا؛ کایا پلٹ کر دینا؛ شکل بدل دینا ۔ (٤٨) تیزاب یا ترش بنا دینا؛ ترش ہو جانا ۔ (٤٩) رنگ بدل دینا ۔ (٥٠) کسی دوسری زبان میں ترجمہ کرنا یا طرز عبارت بدل دینا ۔ (٥١) دماغی توازن بدل جانا؛ مخبوط الحواس ہو جانا ۔

Not to know which way to turn : سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں ؛ حیص بیص میں ہونا ۔

To make (a person) turn in this grave : مبالغہ آمیز طور پر کسی چیز کے بارے میں ایسی بات کہنی جو کسی شخص کی زندگی میں اس کے تنفر کا باعث تھی؛ کسی کی روح کو صدمہ پہنچانا؛ روح کو قبر میں بے چین کرنا ۔

To turn a blind eye : ملنے سے انکار کردینا؛ تغافل شعاری سے کام لینا ۔

To turn about : گھوم کر رُخ بدلنا ۔

To turn a cold shoulder to : غفلت شعاری برتنا؛ بےتوجہی سے پیش آنا؛ ڈانٹنا یا ڈانٹ دینا؛ دھتکار دینا؛ بے التفاتی سے ذلیل کرنا ۔

To turn a deaf ear : سننے سے انکار کردینا؛ سُنی کو کو ان سنی کر دینا؛ قبول کرنے سےانکار کرنا ۔

To turn against : دشمن ہو جانا؛ مخالف ہو جانا ۔

To turn a hair : اضطراب ، انتشار یا پریشانی کی علامت ظاہر کرنا ۔

To turn around one's finger/- little finger : باآسانی کام کرلینا کسی دوسرے سے اپنی خواہش کے مطابق کام کرا لینا ۔

To turn aside : کنارہ کشی اختیا ر کرنا؛ الگ ہو جانا؛ لے جانا ۔

To turn away : (١) منہ پھیرلینا؛ ہٹانا ۔ (٢) (مجازاً) مصائب کو دفع کرنا۔ (٣) برخاست کرنا (ملازمت سے) ؛ معزول کرنا ۔ (٤) موڑنا؛ مڑنا؛ جھکنا؛ جھکانا؛ منحرف کرنا یا ہونا؛ موڑ دینا (نظر، خیالات وغیرہ کو)؛ دور کرنا؛ رد کرنا ۔

To turn back : (١) پھر جانا؛ بھگا دینا؛ پسپا کردینا۔ (٢) موڑنا؛ دہرا کردینا (لباس کو) ۔ (٣) واپس ہو جانا؛ مل جانا ۔

To turn bridle : گھوڑے کو موڑ لینا اور واپس ہو جانا؛ پیچھے پھرجانا (سوار کی طرح) ۔

To turn colour : (١) رنگ بدل جانا۔ (٢) (چہرے کا) رنگ بدل جانا؛ شرما جانا ۔ (٣) چہرے کا رنگ زرد ہو جانا ۔

To turn down : (١) موڑنا؛ دہرا کردینا؛ تہ کر دینا؛ نیچے جھکا دینا؛ اوپر تلے کر دینا؛ تاش کے پتے کو الٹ کر رکھنا ۔ (٢) نیچے کر دینا (درجے سے)؛ (عامیانہ) ڈانٹنا؛ جھڑکنا؛ رد کرنا؛ نامنظور کرنا (تجویز کو) ۔ (٣) (شکار) ایك جگہ اکٹھا کرنا؛ لیمپ کی بتی وغیرہ کم کردینا؛ کنارہ کشی اختیار کرنا؛ الگ ہوجانا؛ نیچے کی جانب جھکنا ۔

To turn edge : (بلیڈ) دھار الٹ دینا؛ کند بنا دینا؛ چھری وغیرہ کی دھار کند ہوجانا؛ دھار مڑجانا ۔

To turn flank : (فوج) دشمن کی فوج کے میمنہ اور میسرہ کا محاصرہ کرلینا (تاکہ دونوں جانب سے یا عقب سے حملہ کیا جائے)؛ (مجازاً) کسی کو فریب یا جُل دینا؛ دھوکا دینا؛ دام میں لانا ۔

To turn flukes : (وہیل مچھلی کا) دم اٹھا کر پانی میں غوطہ لگانا ۔

To turn in : (١) اندرکی طرف موڑنا ۔ (٢) (روزمرہ) سونے کے لئے لیٹنا؛ اندر ہو جانا ۔

To turn into ridicule : (کسی چیز کو) مضحکہ خیز بنا دینا ۔

To turn loose : (١) (جانوروں کو چرائی کے لئے) آزاد کرنا ۔ (٢) قیدو بند سے آزاد ہو جانا؛ ہر قسم کی رکاوٹ سے آزاد ہونا ۔ (٣) (مجازاً) اپنی حکمت عملی پر بھروسا کرنا یا کام لینا ۔ (٤) (بندوق وغیرہ) دغنا؛ سر ہوجانا۔ (٥) گولی (بندوق کی) چلانا ۔ (٦) بے تحاشہ بولے جانا؛ بغیر کسی رکاوٹ کے بولے جانا ۔

To turn off : (١) بند کردینا (نل، گیس وغیرہ) ۔ (٢) کر ڈالنا؛ بنا ڈالنا ۔ (٣) موقوف کر دینا (ملازم) ۔ (٤) پھانسی دے دینا ۔ (٥) شادی کردینا ۔

To turn on (upon) : (۱) (کسی پر) بھروسا کرنا؛ دارو مدار رکھنا (کسی پر) ؛ انحصار کرنا (عموماً گفتگو یا مباحثے میں کسی موضوع پر) ۔ (۲) کھولنا (نل، پائپ وغیرہ) ۔ (۳) مقابلے پر آنا؛ مخالف ہو جانا ۔ (٤) (روزمرہ) کسی کو کام پر لگانا ۔

To turn one's back on : بھاگ نکلنا؛ چھوڑ کر بھاگنا ۔

To turn one's coat : اپنا اصول بدلنا یا پارٹی بدلنا ۔

To turn one's hand (upon) : (مجازاً) کسی پر حملہ کرنا (مار ڈالنے کے لئے) ۔

To turn one's hand to : اپنے کو کسی کام میں لگا دینا؛ کوئی پیشہ اختیار کرنا ۔

To turn one's stomach : پورے طور پر متنفر ہونا؛ (کسی چیز سے) گھن آنا؛ متلانا ۔

To turn one's thumbs : بیکاری کا ایک شغل جب کسی کو کوئی کام نہ ہو ۔

To turn out : (۱) نکال باہر کرنا؛ (جانوروں کو) چراگاہ میں ہنکا دینا ۔ (۲) ملازمت سے برخاست کرنا؛ مکان سے (چیزوں کو) باہر نکال دینا؛ ظرف کو الٹ کر خالی کرنا ۔ (۳) لیمپ کو بجھا دینا؛ بنانا، تیار کرنا (صنعتی اشیاء)؛ درست کرنا؛ الٹا کردکھانا ۔ (٤) مجبوراً یا خطرے سے بچنے کے لئے تیزی سے کسی جگہ سے الگ ہوجانا ۔ (٥) بستر سے اٹھنا ۔ (٦) اپنی جگہ چھوڑ کر کسی دوسرے پیشے میں لگ جانا ؛ اپنا کام چھوڑ دینا؛ ہڑتال میں شریک ہونا ۔ (۷) باہر کی طرف رُخ کردیا جانا ۔ (۸) ہو جانا؛ بن جانا (بالآخر کسی کام کا) ۔ (۹) ثابت ہونا ۔

To turn out of : نکال دینا؛ باہر کر دینا؛ ملازمت یا عہدے سے برطرف کر دینا (بزورو زبردستی) ۔

To turn over : (۱) کسی چیز کو کسی ایک طرف سے دوسری طرف الٹ دینا؛ اوپر سے نیچے کر دینا؛ ورق الٹ دینا۔ (۲) (کھیت کی مٹی وغیرہ) کھود کر الٹ پلٹ کر دینا ۔ (۳) کاغذ یا کسی اور چیز کے ڈھیر کو اس طرح منتشر کرنا کہ نیچے کی چیز تلاش کی جا سکے؛ (مجازاً) دماغ میں ہیجان ہونا؛ غورو تامل کرنا ۔ (٤) (کسی چیز کو) لٹکانے میں سیڑھی گھمانا ۔ (٥) سپرد کرنا؛ حوالے کرنا؛ منتقل کرنا؛ ادل بدل کرنا؛ کاروبار میں لگانا ۔ (٦) (کسی خاص مقدار میں) مقررہ قیمت پر مال فروخت کرنا۔ (۷) ایک طرف جھک جانا؛ الٹ جانا؛ لڑھک جانا؛ کسی دوسری جانب ہو جانا ۔

To turn over a new leaf : (زندگی میں)نیا رُخ اختیار کرنا؛ نئی وضع اختیار کرنا؛ نئی تبدیلی لانا ۔

To turn round : (۱) محور پر گھوم جانا؛ رُخ بدل دینا؛ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ پھیرنا ۔ (۲) (مجازاً) خیالات بدل دینا؛ ذہن کا پھر جانا؛ رائے بدل دینا (خاص کر دوستی سے دشمنی کی جانب)؛ اچانک حملہ آور ہونا؛ گھمانا ۔ (۳) (مجازاً) کسی شخص کو کسی مخالف راہ یا نظریے کی طرف ورغلانا؛ اپنے کو یا کسی دوسرے شخص کوکسی کام پر یا پیشے میں لگانا ۔

To turn round one's (little) finger : انگلیوں پر نچانا؛ جیسا چاہنا (کسی سے) کام کرا لینا ۔

To turn tail : (۱) پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا؛ بھاگ جانا؛ (ڈر کر) ہٹ جانا۔ (۲) چھوڑ دینا؛ کنارہ کشی اختیار کرنا؛ نامنظور کرنا ۔

To turn tail on (upon) : چھوڑ دینا ۔

To turn the back upon : (۱) جُل دینا؛ چھوڑ دینا؛ منہ موڑ لینا ۔ (۲) انکار کرنا؛ انحراف کرنا ۔

To turn the balance/-beam : پلّہ جھکا دینا ۔

To turn the other cheek : صبرو ضبط سے کام لینا؛ سختی کا جواب نرمی سے دینا؛ بدلہ یا انتقام کا خیال ترک کر دینا ۔

To turn the dice/-tide : قسمت کا پلٹ جانا؛ قسمت کا پلٹا کھانا؛ موافق حالات کا پلٹ جانا ۔

To turn the penny/To turn an honest penny : جائز یا حلال روزی کمانا؛ جائز طور پر روپیہ حاصل کرنا ۔

To turn the scale/-balance : (۱) پلّہ جھکا دینا ۔ (۲) فیصلہ کردینا (معاملے کا) ۔

To turn the scale at/-the balance : (۱) تول میں تھوڑا اضافہ کردینا؛ وزن بتانا ۔ (۲) کسی مشکوک بات کا فیصلہ کرنا یا غور وفکر کرنا؛ فیصلہ کن طور پر ثابت کرنا ۔

To turn to : (۱) رجوع کرنا ۔ (۲) سند ڈھونڈنا (کتاب وغیرہ سے) ۔ (۳) کام میں لگ جانا؛ محنت سے کام کرنا ۔

To turn to bay : شکار کا اپنی مدافعت یا بچاؤ کے لئے پلٹ کر حملہ آور ہونا ۔

To turn turtle : (بحری عامیانہ) الٹ دینا ۔

To turn up : (۱) اوپر کی طرف رُخ کرنا یا جھکانا؛ اوپر تلے کرنا؛ کسی چیز کو الٹ پلٹ کر دیکھنا (کہ اس کے نیچے کیا ہے) ۔ (۲) لباس کو موڑنا (چھوٹا کرنے کے لئے) نیز لباس کے حاشیے کو موڑ دینا؛ زمین کو جوت کر (مٹی) الٹ پلٹ کر دینا؛ کھولنا (ترپ کا پتا) ۔ (۳) کسی کتاب یا کاغذات سے کسی عبارت یا دستاویز کو نکالنا یا استناد کرنا ۔ (٤) کسی آدمی یا جانور کو پیٹھ کے بل لٹا دینا مار ڈالنے یا ذبح کرنے کے لئے ۔ (٥) لیمپ کی بتی کو تیز کرنے یا نل گیس سے گیس کے بہاؤ میں اضافہ کرنے کے لئے معدل گھمانا تاکہ روشنی تیز ہو ۔ (٦) (بحری) افق کے اوپر ظاہر ہونا؛ نظر آنا ۔ (۷) (بحری) عرشے پر (ملاح یا جہاز راں کو) بلانا؛ اوپر جھکنا؛ اٹھانا ۔ (۸) (بحری) ہوا کے رُخ سے فائدہ اٹھانے کے لئے جہاز کو ایک طرف موڑنا ۔ (۹) (کسی شخص یا چیز کا) ظاہر ہونا؛ موجود ہونا؛ کبھی کبھی یا اچانک کسی چیز یا شخص کا موجود ہوجانا ۔ (۱۰) واقع ہونا؛ دریافت ہونا؛ مذبھیز ہونا؛ مدمقابل ہونا؛ کسی چیز کا مخصوص طور پرظاہر ہونا یا پایا جانا ۔

To turn up (a person's) heels : نیچے گرا دینا؛ پچھاڑنا؛ مار ڈالنا ۔

To turn up one's heels/-toes : مرنا؛ فوت ہو جانا؛ دنیا سے گزر جانا ۔

Turn about : (n) (۱) پلٹ جانے کا عمل یا کوئی مثال؛ رُخ کی تبدیلی یا رُخ کا بدلنا؛ ایک کا ساتھ چھوڑ کر دوسرے کے ساتھ ہو جانا؛ ایک کی وفاداری سے منہ موڑ کر دوسرے کا ہو جانا ۔ (۲) غدار؛ نمک حرام؛ بے وفا ۔

Turn about : (adv.) باری باری سے؛ متبادل طریقے سے ۔

Turn about : (v) گھوم جانا؛ رُخ، روش اور پالیسی کا پلٹ جانا، الٹ جانا ۔

Turn and turn about : (adv.) باری باری سے؛ متبادل طریقے سے ۔

Turn and turn about : (a) باری باری سے انجام دیا ہوا؛ متبادل طریقے سے کیا ہوا ۔

Turn around/-round : (v) رُخ، روش اور پالیسی کا پلٹنا، اُلٹ جانا ۔

Turn around : (n) (۱) گاڑی کے گھومنے کے لئے بنائی ہوئی جگہ ۔ (۲) کسی کی روش، رویہ، مقام یا پالیسی کا پلٹ جانا، اُلٹ جانا ۔ (۳) وقت جو چکر کے لئے جہاز سے مال اتارنے اور لادنے اور ضروری دیکھ بھال کے لئے درکار ہو، نیز گاڑی کی مرمت وغیرہ کے لئے ۔

Turn away : (v) (۱) انحراف کرنا؛ موڑنا؛ ہٹانا ۔ (۲) بھیج دینا؛ نا منظور کرنا؛ بر طرف کرنا؛ منسوخ کرنا؛ داخلہ نامنظور کرنا؛ داخلے کی اجازت نہ دینا؛ جانے کے لئے روانہ ہونا؛ چھوڑ دینا (جگہ)؛ روانہ ہونا؛ چلا جانا؛ چھوڑ دینا؛ علاحدہ ہو جانا ۔

Turn away : (n) (۱) پھر جانا؛ رو گردانی؛ فرار؛ ساتھ چھوڑ دینا؛ بے وفائی ۔ (۲) داخلے کی اجازت نہ دینے کا عمل ۔

Turn bench : (n) گھڑی ساز کا چھوٹا خراد ۔

Turn bolt : (n) چپٹی خود کار کمانی دار چٹخنی جو مٹھیا دستے کو گھمانے سے کھلتی ہے ۔

Turn bridge : (n) محور پر افقی طور پر گھومنے والا پُل؛ گھماؤ پُل ۔

Turn broach : (n) (۱) سیخ کباب کو گھمانے والا ۔ (۲) دیکھو Turnspit ۔

Turn-buckle : (n) (۱) کھڑکی کے جھروکے یا جھلملی یا دروازے کو بند ہونے سے روکنے کے لئے پتلے چپٹے چھڑ کی محور دار اڑانی یا بندھن ۔ (۲) دھات کے ٹنٹے کے مختلف حصوں کو جوڑنے کی بکسوے کی قسم کی چیز ۔ (۳) (مجازاً) بجلی کے تاروں کو جوڑنے کی ترکیب ۔ (٤) جھلملی، زنجیر کے سرے یا تالے کو لگانے کے لئے ایک پُر کشش گرفت ۔

Turn button : (n) لمبوترا لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا، کانٹی یا پن لگا یا پیچدار، دروازے یا کھڑکی کو مضبوطی

سے بند کرنے کے لئے؛ کواڑوں کو بند رکھنے کی بلّی۔

Turn cap : (n) دود کش کا گھومنے والا ڈھکن یا ڈھکنا؛ چمنی کا ڈھکن جو ہَوا کے رُخ کو موڑتا ھے۔

Turn-down : (n) (۱) کسی چیز کا مڑا ہوا حصہ؛ کوئی چیز مڑی ہوئی یا الٹی ہوئی ؛ خاص کر الٹا یا مڑا ہوا کالر ؛ دہرانے یا الٹ دینے کا عمل۔ (۲) (عامیانہ) نا منظوری؛ نا پسندیدگی۔

Turn-down : (a) دہرا کیا ہوا (کالر)؛ جس کو دہرا کیا جا سکے۔

Turn-down : (v) (۱) نشیبی راہ اختیار کرنا یا نشیب کی طرف رُخ کرنا۔ (۲) موڑے جانے یا دوہرا کئے جانے کے قابل ہونا (کالر وغیرہ)۔ (۳) موڑنا، لپیٹنا یا دوہرا کرنا۔ (٤) اوپر سے نیچے الٹ دینا؛ الٹنا؛ الٹا کرنا؛ اوندھا کرنا؛ ترتیب الٹ دینا؛ تقلیب کرنا؛ (موسیقی) سُروں کی ترتیب بدلنا۔ (٥) صمام یا کھلمندن کو گھما کر بلندی یا شدت کم کرنا۔ (٦) قبول کرنے سے انکار کرنا یا قبول نہ کرنا؛ نامنظورکرنا۔ (۷) (خاص کر برطانیہ) افزائش نسل کے لئے آزاد کرنا یا چھوڑ دینا (بیلوں وغیرہ کو)۔

Turn furrow : (n) (۱) لوہے کا ٹیڑھا پتر جو ہل کے پھالےمیں لگا ہوتا ھے جس سے مٹی اٹھائی اور الٹی جاتی ھے؛ چپٹا اور خم بلیڈ (جیسے بلڈوزر کا) جو سامان ایک طرف ٹھیل دیتا ھے جیسے جیسے مشین آگے بڑھتی ھے۔ (۲) تختوں میں سے ایک جس سے کنکریٹ کا سانچہ بنتا ھے۔

Turn-in : (v) (۱) دے دینا؛ حوالے کرنا؛ سپرد کرنا؛ مخبری کرنا؛ دغا سے حوالے کرنا؛ دھوکا دینا؛ امید کے مطابق انجام دینا؛ اچھی طرح (کسی کام کو) انجام دینا۔ (۲) سڑک یا راستے سے مڑ جانا، پلٹ جانا۔ (۳) آرام کرنا، سونا۔

Turn-in : (n) کوئی چیز جو اندر کی طرف مڑ جاتی ھے یا مڑی ہوئی ہو۔

Turn-indicator : (n) ایک آلہ جو ہَوائی جہاز کے عمودی دُھرے کے چاروں طرف مڑنے کی تعداد یا شرح بتاتا ھے۔

Turn in upon oneself : (v) اپنے خیالات، احساسات یا تاثرات میں غرق ہونا یا ہو جانا؛ (خیالات کو) اندر کی طرف موڑنا؛ باطنی مطالعہ کرنا۔

Turn-key job : (n) ایک کام یا ٹھیکہ معاہدہ جس کی رو سے ٹھیکے دار اس بات پر رضامند ہوتا ھے کہ وہ کسی عمارت کی تعمیر اور تنصیب کا کام تیاری کے (مقررہ) وقت میں مکمل کردے گا تاکہ وہ تصرف یا قبضے میں لائی جا سکے۔

Turn-meter : (n) ہَوائی جہاز کا زاویائی رفتار پیما آلہ۔

Turn of a hair : (n) (۱) ذرا سا کے لئے موقعے کا ہاتھ سےنکل جانا۔ (۲) بال بال بچ جانا۔

Turn off : (v) (۱) برخاست کرنا (ملازمت سے)؛ الگ کردینا؛ بیچ ڈالنا؛ چھٹکارا پانا (کسی سے)۔ (۲) ہٹانا؛ کنارہ کر دینا؛ الگ کردینا؛ پھر جانا؛ منحرف کرنا یا ہونا؛ ٹالنا؛ بچ نکلنا۔ (۳) نکالنا؛ پیدا کرنا؛ پیش کرنا؛ پورا کرنا؛ تعمیل کرنا؛ عمل میں لانا؛ بجا لانا۔ (٤) بند کر دینا یا بہاؤ کو روک دینا۔ (٥) لٹکانا پھانسی پر یا پھانسی کے ذریعے مار ڈالنا؛ (برطانیہ) مناکحت کرنا۔ (٦) ہٹانا (سامان) موڑ کر یا پھیر کر؛ موڑ کر کوئی شکل دینا یا بنانا۔ (۷) ہٹنا یا ہٹ جانا؛ پھر جانا سیدھی راہ سے یا صدر سڑک یا راستے سے پھر جانا۔ (۸) (برطانیہ) خراب ہوجانا یا کر دینا؛ مخصوص حالت میں تبدیل کرنا یا ہونا۔ (۹) بیکار ہوجانا؛ خراب ہوجانا؛ برباد ہوجانا؛ تبدیل ہوجانا۔

Turn off : (n) (۱) مڑی ہوئی چیز؛ مڑنے کی جگہ ؛ بغلی سڑک یا راستہ یا شاخ؛ شاہراہ کی طرف سے جانے والا موڑ؛ مکمل تیار شدہ مال (مثلاً کرگھےوغیرہ سے)۔ (۲) فروخت شدہ مویشیوں کی تعداد یا وزن۔

Turn of life : (n) (۱) دیکھو Change of life۔ (۲) کسی حالت یا صفت میں کوئی تبدیلی (جمع) (مثلاً ایام حیض وغیرہ)۔

Turn of speed : (n) تیزی کی صلاحیت؛ تیز دوڑنے یا چلنے کی صلاحیت۔

Turn of the bilge : (n) جسم جہاز کا حصہ جہاز کے پیندے اور عمودی اطراف کے درمیان۔

Turn of the market : (n) قیمت میں اتار چڑھاؤ ؛ قیمت خرید اور قیمت فروخت میں فرق؛ اس اختلاف قیمت سے جو منافع ہو۔

Turn of the scale : (n) ترازو کے پلڑے کا جھکاؤ؛ (خریدار کی جنس خریداری میں ہلکا سا اضافہ جس سے ترازو کا پلڑا جھک جائے) ؛ بہت مختصر۔

Turn of the tide : (n) رُخ کا بدل جانا؛ دوسرا رُخ اختیار کر لینا؛ سیلاب کا رُخ پھر جانا۔

Turn on : (v) (۱) (بول چال) راغب کرنا؛ شوق دلانا۔ (۲) دلچسپی پیدا کرنا؛ توجہ دلانا؛ متوجہ کرنا۔ (۳) ابھارنا؛ اشتعال دینا؛ جگانا؛ اُکسانا؛ بیدار کرنا خاص کر (کسی کو) ؛ جنسی یا شہوانی طور پر دوا استعمال کرنے کے لئے آمادہ کرنا۔ (٤) پانی بہنے دینا (پائپ وغیرہ سے)۔ (٥) (ریڈیو وغیرہ کو) چلانا۔

Turn-out : (n) (۱) باہر نکل پڑنے یا باہر آجانے کا عمل؛ برآمدگی؛ باہر نکل جانا (بستر وغیرہ سے) ؛ کام پر حاضر ہونے کا بلاوا، خاص کر آرام کے وقت میں فوجی کام کے لئے۔ (۲) ہڑتال (مزدوروں کی) ؛ ہڑتال کرنے والا شخص۔ (۳) کسی خاص مقصد کے لئے لوگوں کا اجتماع؛ وہ راستہ جہاں سے دوسرا راستہ نکلتا ھے؛ موڑ۔ (٤) شاہراہ پر کشادہ جگہ گاڑیوں کے آنے جانے کے لئے یا پڑاؤ کے لئے۔ (٥) ریل کی پٹریوں کا نظام جس سے گاڑیاں ایک پٹری سے دوسری پر منتقل ہو سکیں۔ (٦) کوئی ترکیب یا ساخت جس کے ذریعے نہر کا پانی زراعت کے لئے مہیا کیا جائے۔ (۷) صفائی یا انخلا؛ صفائی اور درستگی۔ (۸) گاڑی (گھوڑے، سازو سامان اور ملازم کے ساتھ)۔ (۹) سازو سامان؛ لوازمات۔ (۱۰) کسی چیز کی نوک پلک درست کرنے کا طریقہ؛ کسی چیز کو آراستہ و پیراستہ کرنے کا طریقہ۔ (۱۱) کیل کانٹے سے درستگی؛ کسی چیز کو باہر نکالنے کا طریقہ۔ (۱۲) طرز لباس: کسی موقعے کا خاص لباس۔ (۱۳) کل پیداوار (صنعتی) یا حاصل۔ (۱٤) Turn outs (جمع) آگ بجھانے والوں کا لباس۔ (۱٥) سنگت ناچ میں قدم رکھنے کا ایک طرز۔ (۱٦) (کسی چیز کو) نکالنے کے سازو سامان۔

Turn out : (v) (۱) نکال باہر کرنا؛ دور کرنا؛ نکال دینا۔ (۲) مویشی کو چراگاہ کی طرف ہانک دینا۔ (۳) (جیب کو) الٹ کر باہر نکال دینا (یہ دکھانے کے لئے کہ خالی ھے)۔ (٤) جھاڑ پونچھ کرنا یا کمروں کی صفائی کرنا۔ (٥) (جوتے کی نوک کو) باہر کی طرف نمایاں کرنا (رقاص کی طرح)۔ (٦) (کسی برتن سے) چیزوں کو نکال دینا (صاف کرنے کے لئے)۔ (۷) مشین کی طرح کام کرنا (تیزی سے)۔ (۸) ہوشیاری اور دیدہ ریزی سے کسی کام کو انجام دینا۔ (۹) روشنی گُل کر دینا (سوئچ گھما کر)۔ (۱۰) دستہء فوج کو اپنی آرام گاہ سے کسی خاص مقصد کے لئے بلا لینا۔ (۱۱) کسی فوری ضرورت کےلئے بلاوے پر گھر سے باہر نکل آنا۔ (۱۲) بستر سے اُٹھ جانا۔ (۱۳) نتیجے کے طور پر ثابت ہو جانا۔ (۱٤) اختتام پذیر ہونا؛ نتیجے کا ظاہر ہونا۔

Turn-out : (a) نکلنے والا؛ باہر ہونے والا (مختلف معنوں میں)۔

Turn-over : (v) (۱) ایک جانب سے دوسری جانب الٹ دینا یا الٹ پلٹ کر دینا۔ (۲) مٹی کے پرت کو الٹ دینا۔ (۳) ایک ایک چیز کو الٹ پلٹ کر کے تلاش کرنا۔ (٤) غورو فکر کرنا۔ (٥) پڑھنا یا کتاب کی ورق گردانی کرنا۔ (٦) حوالے کر دینا : منتقل کرنا۔ (۷) خرید و فروخت کرنا؛ تجارتی کاروبار کرنا۔ (۸) منتقل کرنا۔ (۹) الٹ جانا (کشتی وغیرہ)۔ (۱۰) گھوم جانا؛ گردش میں آنا۔ (۱۱) طبیعت کا مالش کرنا؛ متلانا۔ (۱۲) کلیجہ منہ کو آنا۔

Turn-over : (n) (۱) الٹ دینا (خاص کر سیاست میں)؛ (عامیانہ) ووٹوں کو ایک پارٹی سے دوسری پارٹی کی طرف منتقل کرنا۔ (۲) تنظیم جدید (کسی پارٹی کے اراکین میں نا اتفاقی پیدا کرنے کے لئے)۔ (۳) کسی کارآموز کا معاہدہ (کام سیکھنے کا) جو پہلے مالک سے دوسرے مالک کو منتقل ہو جاتاھے، پہلا مالک کام سے دست بردار ہو جائے یا کام میں کامیاب نہ ہو؛ نیز ایک کارآموز کو منتقل کرنے کا عمل۔ (٤) (اسباب، جانور یا اشخاص وغیرہ کی) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی۔ (٥) کوئی حصہ (کسی چیز کا) یا چیز جو موڑی، الٹی یا تہ کی جاتی ھے۔ (٦) کوئی مضمون جو کسی اخبار کے آخر کالم میں شروع ہو اور دوسرے صفحے تک پہنچے۔ (۷) ایک قسم کا میٹھا سنبوسہ جو پھل یا جیلی بھر کر تیار کیا جاتا ھے۔ (۸) مقررہ مدت کی بکری یا کاروبار کی کُل رقم؛ سامان کی کُل مقدار جو صنعت گر نے تیار کی ہو اور فروخت کی ہو؛ نیز کاروبار میں لگائے ہوئے سرمایہ کی نکاسی : نیز کل منافع جو کاروبار سے مقررہ مدت میں حاصل ہوا ہو۔ (۹) کام کی کسی خاص جگہ پر مزدوروں کی جماعت میں تبدیلی۔ (۱۰)تجارتی مال کی خریدو فروخت؛ اشیاء کی شرح فروخت؛ خریدو فروخت کا دور؛ مقررہ مدت میں مندرجہ فہرست اشیاء کی فروخت کا تناسب۔ (۱۱) کام کرنے والوں کی تعداد جو مخصوص مدت میں مقرر کی جائے کام کرنے کے لئے ان لوگوں کی جگہ پر جنھوں نے کام چھوڑ دیا ہو یا جو برخاست کر دیئے گئے

Turn-tree : (n) (برطانیہ) بوجھ اٹھانے کی چرخی کا پیپا، ڈرم۔

Turn under : (v) (۱) نیچے کی طرف جھکانا یا موڑنا؛ لپیٹنا۔ (۲) ہل جوت کر یا کھود کر (مٹی) سطح سے نیچے رکھنا۔

Turn-under : (n) (۱) نیچے موڑنے یا جھکانے کا کام۔ (۲) خم یا جھکاؤ کسی پر یا نیچے کی طرف یا ایسی خمیدگی کی مقدار۔

Turn up : (v) (۱) خلاف امید ظاہر ہونا ؛ گم ہو کر ظاہر ہونا؛ حاضر ہو جانا؛ ظاہر ہونا؛ نمایاں ہونا۔ (۲) مقررہ وقت پر یا امید کے مطابق پہنچ جانا۔ (۳) الٹنا یا موڑنا؛ نچلے حصے کو اوپر لانے کے لئے یا باہر نکالنے کے لئے؛ (سائے کا) سنجاف یا گوٹ موڑ کر چھوٹا کرنا یا سنجاف کی چوڑائی بڑھا کر چھوٹا کرنا؛ آستین کے نچلے حصے کو الٹ کر کف بنانا۔ (٤) نیچے سے بالائی سطح پر لانا؛ پانا؛ حاصل کرنا؛ انکشاف کرنا؛ معلوم کرنا۔ (٥) صمام یا ٹونٹی کو الٹ کر اٹھانا یا بڑھانا۔ (٦) (برطانیہ) کتاب میں (کوئی لفظ) تلاش کرنا؛ دیکھنا۔ (۷) چت لٹا دینا؛ مار ڈالنا۔ (۸) (جہاز راں یا ملاح کو) عرشے پر بلانا۔ (۹) اوپر رُخ کی طرف (کارڈ کو) الٹ دینا۔ (۱۰) (برطانیہ) چھوڑ دینا؛ ترک کردینا؛ دست کش یا دست بردار ہو جانا؛ تج دینا؛ ڈھیلا کرنا؛ آزاد کرنا۔ (۱۱) محوری گردش کی رفتار تک پہنچنا (کسی چیز کا)؛ طاقت بڑھانا (انجن کی طاقت کی حد تک)۔ (۱۲) خلاف امید واقع ہونا۔ (۱۳) (جہاز کا) رُخ پھیرنا؛ راستہ بدلنا۔

To turn up one's nose : اظہار نفرت کرنا؛ حقارت ظاہر کرنا۔

To turn up one's toes : (عامیانہ) مرنا؛ فوت ہونا؛ معدوم ہونا؛ نیست و نابود ہو جانا؛ موت کا سا دکھ سہنا؛ روحانی حیثیت سے مردہ ہو جانا؛ گُل ہو جانا؛ مند جانا؛ محو ہو جانا۔

Turnable : (a) گھوم جانے یا الٹ جانے کے قابل؛ گھما دینے یا اُلٹ دینے جانے کے قابل۔

Turnback : (n) (۱) وہ شخص جو بزدلی سے پسپا ہو جائے یا کسی چیز سے باز آجائے ؛ بزدل؛ باز آجانے والا؛ دست کش ہونے والا۔ (۲) کسی چیز کا وہ حصہ (خاص کر لباس کا) جو موڑ دیا جائے یا موڑ دیا گیا ہو۔

ہوں؛ کام کرنے والوں کی تعداد کا تناسب۔ (۱۲) دیکھو Turn over frequency۔

Turn rail : (n) (۱) گردشی پلیٹ فارم، میز، چکّا وغیرہ۔ (۲) ریل گاڑی کو ایک پٹری پر سے دوسری پٹری پر لے جانے کی سوئچ۔

Turn round : (n) Turn around کا متبادل۔

Turn round : (n) (۱) بندرگاہ میں جہاز کے داخل ہونے، مال اتارنے اور لدوانے اور روانہ ہونے کا عمل۔ (۲) مجازاً (موٹر گاڑی) نقل و حمل۔

Turn round/Turn-round : (n) (۱) چاروں طرف گھومنے کی جگہ۔ (۲) اُلٹ دینے جانے کے قابل لباس۔

Turn round/Turn-round : (v) (۱) کسی محور پر گھومنا؛ کسی مرکز پر چاروں طرف گھومنا، گردش کرنا۔ (۲) گھوم جانا؛ رخ بدل دینا؛ ایک طرف سے دوسری طرف گھوم جانا۔ (۳) اپنے خیالات یا پالیسی بدل دینا۔ (٤) (Upon یا On کے ساتھ) اچانک حملہ کرنا؛ اچانک چڑھائی کرنا؛ کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

Turn shoe/Turned- : (n) ہلکا مڑ جانے والا اکہرے تلے کا جوتا یا سلیپر جو عام طور پر عورتیں پہنتی ہیں۔

Turn-sick : (a) دورانِ سر میں مبتلا۔

Turn-sick : (n) (۱) دورانِ سر؛ چکر۔ (۲) بھیڑوں کے دورانِ سر کی بیماری جو دماغ میں کیچوے ہونے کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔

Turn the trencher : (n) (۱) دیکھو Spin the plate۔ (۲) ایک قسم کا کھیل جس میں کوئی مدور چیز (مثلاً پلیٹ وغیرہ) جس کو اس کے کنارے سے گھمایا جاتاھے اور کھیلنے والے کا نام پکارا جاتا ھے جس کو اس پلیٹ کو گرنے سے پہلے پکڑنا پڑتا ھے ورنہ جُرمانہ دینا پڑتا ھے۔

Turn-to : (n) (۱) کشمکش؛ گتھم گتھی ؛ دھینگا مشتی؛ لڑائی بھڑائی ؛ قوت آزمائی کا مقابلہ۔ (۲) کسی کی توجہ اور کوشش اس کے کاروبار یا کام میں جو اس کے ہاتھ میں ہو؛ کام میں لگ جانا۔

Turn to : (v) خود کو کام میں لگانا؛ محنت و مشقت سے کام کرنا۔

Turnback : (a) مڑا ہوا؛ لپیٹا ہوا؛ الٹا ہوا ۔

Turnback : (v) (۱) آگے بڑھنے سے روک دینا؛ آگے جانے کو منع کرنا؛ دوسرے رُخ جانا؛ لوٹ جانا یا لوٹ آنا؛ واپس آنا یا ہونا ۔ (۲) اگلے وقت یا جگہ کا حوالہ دینا؛ پیچھے پھیرنا؛ لوٹانا؛ دوسرے رخ پر لوٹانا؛ (کسی کی) پیش قدمی روک دینا؛ روکنا ۔ (۳) پیچھے یا نیچے جھکا دینا (کسی چیز کے کسی حصے کو) ۔

Turncoat : (n) اپنا اصول یا پارٹی تبدیل کرنے والا شخص؛ نمک حرام؛ غدار؛ بے وفا؛ بد عہد؛ بے اصولا ۔

Turncoat : (a) اصول یا پارٹی تبدیل کرنے یا بد عہدی کرنے والا؛ بے وفائی کرنے والا؛ اصول بدلنے والا ۔

Turncock : (n) (۱) کارخانۂ آب رسانی کا افسر جو پانی کے نل کی لائن کو نلوں میں پانی پہنچانے کے لئے کھولتا ہے ۔ (۲) روک ڈاٹ؛ ٹونٹی جو کھولنے اور بند کرنے کے لئے گھمائی جاتی ہے؛ کھلمندن ۔

Turndun : (n)[Native name of Australia.] (۱) دیکھو Bullro arer ۔ (۲) لکڑی کی پتلی پٹی (چمڑے کی) تسمے کے آخر میں بندھی ہوئی جس کو گھمایا جاتا ہے تو اس سے زور کی آواز وقفے کے ساتھ نکلتی ہے، خاص کر آسٹریلیا کے قدیم باشندے اپنے مذہبی رسوم ادا کرنے میں اس کو استعمال کرتے ہیں یا مغربی ممالک کے لوگ بچوں کے کھلونے کی طرح اسے گھماتے ہیں؛ زوردار آواز کا بچوں کا ایک کھلونا؛ ٹرو ۔

Turned : (a) [ME.] (۱) کسی شکل کا بنایا جیسے خرادا ہوا ۔ (۲) الٹا ہوا؛ مڑا ہوا یا پھیرا ہوا ۔

Turned trump : (n) (۱) دیکھو Trumpcard ۔ (۲) تاش کے کھیل میں ٹُرپ جو تاش کے کھیل میں آخر میں کام میں لایا جاتا ہے ۔ (۳) فیصلہ کن عنصر ؛ مستحکم کرنےوالا ؛ بند کرنےوالا؛ برہان قاطع ۔

Turnel : (n) (۱) (انگریزی روزہ مرہ) دیکھو Tub ۔ (۲) ٹب؛ ناند ۔

Turner : (n) [OFr. 'tornere'.] (۱) گھمانے والا شخص یا جو لکڑی ، دھات ، ہڈی کی چیزوں کی شکل و صورت ، تراش خراش درست کرتا ہے ۔ (۲) کمہار، کوزہ یا سفال گر خاص کر وہ جو برتنوں کو مکمل طور پر بناتا ہے اور چکنا کرتا ہے؛ خرّاد کرنے والا ۔ (۳) (عام) گھمانے والا؛ چکر کھانے والا ؛ گھومنے والا ۔ (٤) ایک قسم کا لوٹن کبوتر یا گرہ باز کبوتر ۔ (٥) ورزشی انجمن کا ایک رکن جو جرمنی میں F. L. John نے۱۸۵۲-۱۷۷۸ میں قائم کی تھی ۔ (٦) جواہرات یا گھڑی کے پرزوں کو تراشنے والی مشین کا چلانے والا؛ لباس تیار کرنے والا جو تیار کئے ہوئے حصوں کو موڑتا ہے ۔

Turner : (n) اسکاٹ لینڈ کا سترھویں صدی کا دو اسکاٹ پینی قیمت کا سکہ ۔

Turner : (n) جمناسٹک یا کھیل کی انجمن کا ایک رکن؛ جمناسٹک کا ماہر ۔

Turner harp : (n) قطب شمالی کی عام سہ سالہ سگ ماہی ۔

Turner hood : (n) سہ سالہ کلاہ دار سگ ماہی ۔

Turnera : (n) [mod. after William Turner.] امریکی منطقۂ حارہ کی بڑی جنس کا پودا جس میں پتے اور زرد پھول متبادل طور پر ہوتے ہیں ۔

Turneraceae : (n) امریکی منطقۂ حارہ کی بیشتر جنس کے پودے یا جھاڑیوں کا خاندان ۔

Turneraceous : (a) مذکورہ بالا پھول سے متعلق ۔

Turneresque : (a) (۱) M. W. Turner (مصور) کی تصاویر سے مشابہ یا اس کی طرف ذہن کو منتقل کرنے والا ۔ (۲) Turner کی مناظری تصویروں کے طرز کا جن میں تیز رنگ ہو ۔

Turnerite : (n) [f. name of C.H. Turnert+ -ITE.] (کان کنی) ایک قسم کی دھات جو زرد یا بھورے (رنگ کے) بلور میں ہوتی ہے ۔

Turner's yellow : (n) ہڑتال ؛ زر نیخ زرد ۔

Turnery : (n) (۱) خراد کا سامان ۔ (۲) خراد کرنا؛ خراد کا کارخانہ؛ خراد خانہ ۔ (۳) خراد کا فن؛ خراد کے ذریعے چیزوں کو یا ان کے نقشوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا ۔ (٤) (جمع) خراد کا کام؛ خرادی کا برتن ۔ (٥) مشین کی دکان ۔

Turngate : (n) (۱) چکر دروازہ؛ گھومنے والا دروازہ ۔ (۲) دیکھو Turnstile ۔

Turnhalle/Turnhall : (n) ایک عمارت جو بطور جمناسٹک اسکول یا ورزش گاہ استعمال ہوتی ہے ۔

Turnices : (n) (ایک قسم کی چڑیا) Gruniformes کی چھوٹی شاخ۔

Turnicidae : (n) خشکی پر رہنے والی یورپی چڑیوں کا ایک قائم شکلہ خاندان۔

Turnicine : (a) مذکورۂ بالا چڑیوں سے متعلق۔

Turnicomorphae : (n) Tunices کے مساوی (چڑیا کا) اعلیٰ خاندان۔

Turning : (n) (۱) محور کے چاروں طرف گردش؛ گردش ؛ دور ؛ دُھرے کے چاروں طرف گردش؛ صحیح راستے سے انحراف ۔ (۲) خراد کے ذریعے کسی چیز کی صورت گری کرنا؛ کسی چیز کی صورت گری کا فن خراد کے ذریعے؛ خراد کا کام؛ (جمع) ٹکڑوں یا کسی چیز کی تراش خراش؛ خراد (مشین پر)؛ جھکاؤ؛ خم؛ خمیدگی؛ موڑ ۔ (۳) (ادبی تخلیقات کو) کاٹ چھانٹ کر آخری شکل دینا؛ درست کرنا ۔ (٤) کسی چیز کے طرز یا رُخ کو متحرک کر کے تبدیل کرنا (جیسے محور پر) ۔ (۵) ورزش کی مشق F. L. John Turner کے طرز پر ۔ (٦) کایا پلٹ ؛ تقلیب ۔ (۷) جھکانے یا لپٹنے کا کام یا لپیٹے جانےیا تہ کئے جانے کی حالت؛ شکن؛ تہ ۔ (۸) حرکت کی سمت یا راستے میں تبدیلی؛ جھکاؤ؛ انحراف؛ پیچ و خم؛ چکر؛ پیچ دار راستہ ۔ (۹) خراد کرنا؛ دو راہا، موڑ جہاں ایک سڑک دوسری سڑک سے ملتی ھے یا وہ سڑک جو ملتی ھے ۔ (۱۰) خراد کا کام؛ خراد (کی مشین پر) کسی چیز کو کاٹ چھانٹ کر درست کرنا؛ کسی چیز کی تراش خراش خراد پر ۔ (۱۱) راستے کا حرکت کے رخ بدلنے کا کام ۔ (۱۲) (مجازاً) تغیر؛ کایا پلٹ؛ رو گردانی؛ (اپنی جماعت سے منحرف ھو کر) دوسری طرف ھو جانا ۔ (۱۳) تبدیلی؛ تغیر حالات؛ نشیب و فراز؛ تبادل ۔

Turning : (a) گھومنے والا؛ پھرنے والا؛ چکر دار ۔

Turning bar : (n) (۱) دیکھو Horizontal bar ۔ (۲) افقی شکل میں گاڑی ھوئی سلاخ جمناسٹکی ورزش کے لئے ۔

Turning basin : (n) کشتیوں کو گھمانے کے لئے کشادہ جگہ نہر کے آخر یا کم چوڑے نالے کے آخر میں ۔

Turning bridge : (n) (۱) دیکھو Turn bridge ۔ (۲) دیکھو Pivot bridge ۔ (۳) اُٹھاؤ پل؛ وہ پل جو ضرورت کے وقت اُٹھایا جا سکے ۔

Turning chisel : (n) چھینی جو خراد مشین پر بنائی ھوئی چیزوں کو آخری شکل دینے میں کام آتی ھے ۔

Turning engine : (n) خراد؛ ایک چھوٹا انجن بڑے انجن کو الٹنے پلٹنے، معائنہ کرنے یا اس کو درست کرنے کے لئے ۔

Turning gauge : (n) ایک اوزار جو خراد میں سطحی پہلوؤں کو درست کرنے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Turning movement : (n) غنیم کی فوج کے ایک بازو یا دونوں بازوؤں پر یا اس کے عقب سے حملہ اور عموماً سامنے سے بھی؛ دشمنوں کو گھیر کر حملہ آور ھونا ۔

Turning plow : (n) (۱) دیکھو Mold board plow ۔ (۲) ایسا ہل جس میں خمدار لوہا لگا ھو جس سے مٹی اُلٹ پلٹ کی جاتی ھے ۔

Turning-point : (n) (۱) نقطۂ عود؛ نقطۂ تغیر ؛ نقطۂ انقلاب؛ نقطۂ عروج ۔ (۲) (مجازاً) ایک نقطہ جس پر کسی قسم کی فیصلہ کن تبدیلی واقع ھوتی ھے؛ نازک نقطہ؛ نازک حالت؛ نازک مرحلہ ۔

Turning rest : (n) چکردار اوزار کے لئے ایک ٹیک آلہ ۔

Turning saw : (n) (۱) دیکھو Compass saw ۔ (۲) پتلے مخروطی بلیڈ کا دستی آرہ، چھوٹا دائرہ، خمدار شکل یا بے قاعدہ دھار بنانے کے لئے ۔

Turning sickness : (n) افریقی مویشیوں کی ایک قسم کی بیماری۔

Turning spur : (n) صدر لائن سے مڑی ھوئی ریل کی وہ پٹری جو گاڑی کے رُخ کو بدلتی ھے ۔

Turning square : (n) لکڑی کا چوکھونٹا ٹکڑا جو بیلن بنانے کے لئے موزوں ھو ۔

Turning-table : (n) (۱) متحرک پُل ۔ (۲) دیکھو Turntable ۔

Turnip : (n) (۱) شلجم کا پودا۔ (۲) شلجم؛ شلغم ۔ (۳) ایک بڑی دبیز جیبی گھڑی ۔ (٤) ایک بے وقوف شخص؛ احمق ۔ (۵) غیر دلچسپ اور مدھم کام ۔

Turnip-aphid/-aphis : (n) روکھ جوں؛ ایک قسم کا درخت کا کیڑا۔

Turnip-bean : (n) (۱) گرم ملکوں کا گول جڑ کا پودا ۔ (۲) منطقہء حارہ کا پیچاں پودا جس کی جڑیں بصلہ دار ہوتی ہیں شلغم سے مشابہ ۔

Turnip-beetle/-flea : (n) بالکل چھوٹا چمکیلا سیاہ پھلانگنے والا بھونرا جو شلجم کی نوخیز پتیوں کو اور دوسرے چھاربرگوں کو کھاتا ھے ۔

Turnip-cabbage : (n) (۱) دیکھو Kohlrabi ۔ (۲) (نباتیات) کانٹھ کی گوبھی ۔ (۳) دیکھو Rutabaga ۔ (٤) بڑا شلجم زردی مائل جڑ والا ۔

Turnip-flea/Turnip flea/-jack : (n) (۱) دیکھو Striped flea beetle- (۲) ایک چھوٹا کودنے والا کیڑا جس کے ہر بازو کے بیرونی خول پر زرد خط ہوتا ھے، اس کو شلجم اور دوسرے پودوں کا کیڑا کہا جاتا ھے ۔

Turnip-fly : (n) (۱) دیکھو Turnip-flea ۔ (۲) شلجم کے کیڑے کا بڑا پھل روپ ۔ (۳) یورپی آرہ مکھی جو شلجم کی پتیوں کے کنارے پر انڈا دینے کے لئے شگاف کاٹتی ھے؛ کرم شلجم؛ شلجم خور بھونرا ۔

Turnip-lantern : (n) شلجم کا خول دار پوست ۔

Turnip leaf miner : (n) چھوٹی مکھی کا بڑا پھل روپ ۔

Turnip-maggot : (n) کرم شلجم کا پھل روپ ۔

Turnip radish/Turnip-rooted radish : (n) کسی قدر کڑوی جڑوں کی مختلف قسم کی مولیوں میں سے کوئی ۔

Turnip-rooted : (a) گول چپٹی جڑ والا ۔

Turnip-rooted celery/Turnip celery : (n) (۱) دیکھو Celeriac ۔ (۲) اجمود؛ اجوائن خراسانی ۔

Turnip-rooted chervil : (n) یورپی دو سالہ (پودے کا) غذائی تکلا نما بصلہ یا گنٹھی؛ نیز پودا ۔

Turnip-rooted parsley : (n) (۱) دیکھو Hamburg parsley ۔ (۲) اجمود کی قسم کی نبات؛ ایک چھتردار پودا جس کی پتیاں مڑی ہوئی نہیں ہوتی ہیں، پھول خوشبودار اور سفید ہوتے ہیں ۔

Turnip sawfly : (n) یورپی آرا مکھی ۔

Turnip-shell : (n) Turbinellidae کے خاندان کا صدف؛ خاص کر Rapa کی جنس کا صدف؛ ایسے صدف کا خول ۔

Turnip-tops/-greens : (n) (عموماً جمع میں) شلجم کے تازہ پتے جو بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں؛ شلجم کے نو خیز پتے ۔

Turnip weed : (n) (۱) دیکھو Joe-pyeweed ۔ (۲) Eupatorium کی جنس کے چند امریکی پودوں میں سے کوئی، خاص کر دو لمبے سال بھر رہنے والے امریکی پودوں میں سے کوئی ۔

Turnip wood : (n) (۱) دیکھو Bastard rosewood ۔ (۲) Meliaceae کے خاندان کا ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۳) Bastard rose wood کی سخت قیمتی لکڑی ۔ (٤) منطقہء حارہ کا ایک آسٹریلیائی درخت جس کی تازہ چھال شلجم کی طرح مہکتی ھے ۔

Turnipfoot : (n) (فرنیچر کا) گنبد نما پایا جس میں لمبی خمیدہ گردن بنی ہو ۔

Turnipghost : (n) بیچا؛ ہوا ۔

Turnipgrass : (n) جنوب مغربی امریکا اور متصل میکسیکو کی ایک قسم کی گھاس جو بطور چارہ استعمال کی جاتی ھے ۔

Turnipy : (a) (۱) شکل اور ذائقے میں شلجم سے مشابہ ۔ (۲) بے طاقت؛ بے خون؛ بے روح؛ بے جان ۔

Turnix : (n) [mod. L. Short for L. 'coturnix'.] بٹیر یا سلوا کی طرح کی چڑیوں کے جنس کی تین انگوٹھے والی چڑیاں جو جنوبی یورپ اور ایشیا اور شمالی افریقہ کے گھاس والے میدانوں میں رہتی ہیں ۔

Turnkey : (n) (۱) قیدخانے کا کلید بردار؛ سجّان؛ خاص طور پر ماتحت افسر؛ داروغہء جیل ۔ (۲) دندان سازی کا اوزار؛ دانت نکالنے کا اوزار یا آلہ ۔

Turnover : (a) تبدل پذیر؛ مڑا ہوا؛ الٹا ہوا ۔

Turnover frequency : (n) کسی چیز کی بار بار حرکت کا بار بار اعادہ ۔

Turnover hinge : (n) ایسا قلابہ بنایا ہوا جس سے کواڑ دیوار سے لگ کر (اس کی وجہ سے) پورے طور پر کھل جائے ۔

Turnover tax : (n) (برطانیہ) ایک ٹیکس کُل کاروبار پر یا جملہ فروخت پر ۔

Turnpike : (n) [Late ME.] (۱) سڑک یا راستے پر لگایا ہوا نوکدار راہ بند ۔ (۲) چنگی کی ادائی تك کے لئے سڑك پر لگایا ہوا راہ بند؛ چنگی دروازہ ۔ (۳) چنگی سڑک خاص کر وہ سڑك جس پر چنگی کی وصولی کے لئے راہ بند لگایا گیا ھو یا لگایا گیا تھا؛ سڑك یا شاہراہ جس کے استعمال پر چنگی یا ٹیکس وصول کیا جاتا ھے؛ شاہراہ؛ عام راستہ ۔ (٤) (اسکاٹ لینڈ) زینے کا پیچدار راستہ ۔

Turnpike : (v) (۱) چنگی وصول کی جانے والی شاہراہ کی طرح (سڑك) بنانا ۔ (۲) راہ بند کے ساتھ (سڑك) بنانا ۔

Turnpike geranium : (n) یورو شلم کا شاہ بلوط ۔

Turnpike man : (n) چنگی وصول کی جانے والی سڑك؛ چنگی وصول کرنے والا شخص ۔

Turnpiker : (n) اُس شاہراہ پر سفر کرنے والا شخص جس پر چنگی دینا پڑتی ھے ۔

Turnpin : (n) مخروطی شکل کی بنائی ہوئی سخت لکڑی کی کھونٹی جو جست کے پائپ کے آخری حصوں کو وسیع کرنے میں استعمال ہوتی ھے ۔

Turnplate/Turns ratio : (n) (۱) (ریل) گردشی اڈا یا پلیٹ فارم ؛ (انجن کا رُخ پھیرنے کے لئے) گردشی میز؛ وہ گردشی پلیٹ فارم جو مرکزی محور پر گھومتا ھے ۔ (۲) دیکھو Turn sheet ۔

Turnplow /-plough : (n) (۱) دیکھو Mold board plow ۔ (۲) ہل کے پھال میں لگا ہوا آہنی خمدار پلیٹ ۔

Turnrow : (n) بغیر فصل والے کھیت کا لمبا پتلا ٹکڑا (کنارے پر یا آخر میں تاکہ ہل موڑا جا سکے) ۔

Turns : (n) گھڑی ساز کا خراد یا خرادی مشین ۔

Turnscrew : (n) پیچ کش ۔

Turnsheet : (n) بھاری، چپٹا آہنی یا فولادی پتر یا پلیٹ ۔

Turnsole : (n) [Late ME. - (O)Fr. 'tournsole'.] (۱) بنفشی نیلا یا ارغوانی رنگ کا مادہ جو Crozophora tinctoria سے حاصل ہوتا ھے ۔ (۲) ایك پودا جس کے پھول یا پتے سورج رُخ گھوم جاتے ہیں؛ سورج مکھی ۔ (۳) سالانہ آنولیہ پودا (یورپین) ۔

Turnspit : (n) (۱) سیخ کباب کو گھمانے والا ۔ (۲) سیخ کباب لگی ہوئی آنکڑدار پہیا ۔ (۳) لڑکا یا کوئی آدمی، کباب کی سیخ کو گھمانے والا؛ نیز یہ تحقیراً بھی مستعمل ھے ۔

Turnstile : (n) چکر دروازہ؛ لکڑی یا لوھے کے چار بازوؤں کا گھومنے والا دروازہ ایسا جس سے آدمی گزر سکے مگر جانور نہیں یا اس طرح کی ایك ترکیب دروازے میں بنائی ہوئی، داخل ہونے والے آدمیوں کو کنٹرول یا شمار کرنے کے لئے ۔

Turnstone : (n) (۱) ایك قسم کی چڑیا جو پتھروں کو الٹ کر چھوٹے چھوٹے کیڑے کھانے کے لئے نکالتی ھے؛ آبی بٹیر ۔ (۲) پیچ کش؛ سنسنی ۔

Turntable : (n) دیکھو Turnplate

Turntable ladder : (n) (۱) دیکھو Aerial ladder ۔ (۲) وسعت پذیر آگ بجھانے والی سیڑھی جو عام طور پر سڑك پر رکھی رہتی ھے ۔

Turntail : (n) دُم دبا کر بھاگ جانے والا شخص؛ ساتھ چھوڑ دینے والا شخص؛ بے وفائی کرنے والا شخص ؛ بزدل ؛ ڈرپوك شخص ۔

Turnup : (n) (۱) کسی چیز کا مڑا ہوا حصہ؛ خاص کر لباس کا؛ (جمع) پاجامے کے کنارے کا مڑا ہوا حصہ ۔ (۲) تاش یا جوئے کے کھیل میں مخصوص پتے یا پانسے کا پلٹاؤ یا پلٹ جانا؛ پلٹا ہوا کارڈ یا پانسہ؛ (مجازاً) محض اتفاق؛ سکے کا اچھالنا؛ نتیجہ مطلقاً قسمت کی بات ھے ۔ (۳) مکّہ بازی کا مقابلہ ۔

Turnup : (a) (۱) مڑا ہوا؛ پلٹا ہوا (مختلف معنوں میں) ۔ (۲) موڑے جانے کے قابل بنا ہوا (جیسے کالر) ۔

Turnverein : (n): ورزش کرنے والوں اور کھلاڑیوں کی انجمن؛ ورزشی کلب ۔

Turnwrest/Turnwrist : (n) (۱) دیکھو Swievel plow ۔ (۲) (برطانیہ) ایسا ہل جس کے پھال میں الٹ دینے والی آہنی پلیٹ لگی ھو جس سے مٹی دائیں یا بائیں پھینکی جائے ۔

Turnwrest/Turnwrist : (a) الٹ پلٹ کر دینے والی آہنی پلیٹ لگی ہوئی (ہل کے پھال میں) ۔

Turonian : (n) (ارضیات) ماقبل عہد انسانیت کا یا اُس سے متعلق ۔

Turophile : (n) پنیر کا شائق؛ پنیر کا ماہر ۔

Turp : (v) (۱) تارپین ؛ روغنی رال ۔ (۲) دیکھو Turpentine۔

Turpentine : (n) [ME. 'terebentyne'.] (۱) تارپین؛ روغنی رال جو بعض صنوبری درختوں سے نکلتی ھے، خصوصاً جو تارپین کے درخت سے نکلتی ھے؛ نیز (عام) تارپین روح یا روغن تارپین ۔ (۲) تارپین کا درخت؛ تارپین کا پودا ۔

Turpentine : (v) (۱) (روغن تارپین سے) علاج کرنا؛ ملنا؛ لگانا ۔ (۲) صنوبر کے درخت سے تارپین نکالنا؛ تارپین جمع کرنا یا بنانا (روغن تارپین) ۔

Turpentine beetle : (n) درختوں کی چھال میں رہنے والے بھونروں میں سے Dendroctonus کی جنس کا کوئی بھونرا ۔

Turpentine-borer : (n) سوراخ کرنے والا بھونرا یعنی سنہرے بھونرے کا پھل روپ ۔

Turpentine moth : (n) چند چھوٹےکیڑوں میں سے Retinea کی جنس کا کوئی کیڑا جس کا پھل روپ صنوبر کی ٹہنیوں کو اورخردرخت کی نازک کونپلوں کو کھا جاتا ھے ۔

Turpentine oil : (n) تارپین کا تیل؛ روغن تارپین ۔

Turpentine pine : (n) (۱) دیکھو Long leaf pine ۔ (۲) جنوبی امریکا کا صنوبر کا درخت جس کے پتے بہت لمبے، سیاہی مائل سبز ہوتے ہیں ۔

Turpentine state : (n) شمالی کیرولینا؛ یہ ریاست تارپین کی گراں قدر مقدار کی وجہ سے مشہور ھے ، کیونکہ روغن تارپین صنوبر کے جنگلوں سے حاصل ھوتا ھے ۔

Turpentine tree : (n) تارپین کا درخت ؛ کوئی درخت جس سے تارپین نکلتا ھے ؛ خاص کر صنوبر کا درخت ۔

Turpentine weed : (n) شمالی امریکا کے چند پودوں میں سے کوئی جس کی بُو یا خوشبو تارپین کی بُو سے مشابہ ھوتی ھے ۔

Turpentiner : (n) مزدور جو تارپین جمع کرتا ھے ۔

Turpentinic/Turpentinus/Turpentiny : (a) (۱) تارپین کا؛ تارپینی یا تارپین سے متعلق ۔ (۲) تارپین سے مشابہ؛ تارپین نما ۔

Turpeth/Turbith : (n) [med. L. 'turbithum'. 'turpethum' Arb. 'turbid'.] جنوبی ایشیا اور آسٹریلیا کے ایک پودے کی جڑ جو مسہل کے لئے استعمال ھوتی تھی ؛ ترپد؛ دست آور دوا؛ ایک ہندوستانی اور آسٹریلیائی پودا؛ نیز پودا یا اس کی جڑ؛ تربد؛ نسوت ۔

Turpeth mineral : (n) Calomel رَس کپور (دست آور دوا) ۔

Turpinite : (n) آتش گیر مادہ جو بم بنانے میں استعمال ھوتا ھے ۔

Turpis causa : (n) [L.] غیر معقول اور ناجائز وجہ جو تعہدی یا پابندی کے لئے کافی نہیں ھے ۔

Turpis contractus : (n) [L.] غیر اخلاقی یا غیر مہذب معاہدہ جو ناقابل نفاذ ھو ۔

Turpitude : (n) [L. 'turpitudo'.] بُرا چال چلن؛ شرمناک چال چلن؛ بُرا اخلاق؛ شرارت؛ کمینہ پن؛ فسق و فجور؛ خباثت؛ بد نفسی ۔

Turps : (n) Turpentine کا متبادل یا مخفف ۔

Turquoise : (n) [Late ME. 'turkeis'.] (۱) ایک بیش بہا پتھر؛ قیمتی پتھر جو ملک فارس میں پایا جاتا ھے؛ فیروزہ ۔ (۲) ایک رنگ کا نام ۔

Turquoise : (a) بیش بہا پتھر یا فیروزے کے رنگ کا ۔

Turquoise berry : (n) (۱) تسمانیا کا ایک پودا Liliaceae کے خاندان کا جس کے پھول سفید اور پھل نیلے ھوتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Asiatic sweet leaf : ایک مشرقی ایشیائی جھاڑی ۔

Turquoise blue : (n) تغیر پذیر رنگ؛ اوسطاً ہلکا سبزی مائل نیلا ۔

Turquoise green : (n) تغیر پذیر رنگ ہلکا نیلا مائل سبز ۔

Turret : (v) مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا یا گھومنے والے برج توپ سے آراستہ کرنا ۔

Turret : (n) [OFr 'torete'.] (۱) برجی؛ منارچہ؛ منار ۔ (۲) (فوج) برج گردان؛ چھوٹا سا گھومنے والا برج توپ اور توپچیوں کے لئے (قلعے یا جہاز میں) ۔ (۳) کئی منزل کی پہیے دار عمارت جو قلعے پر حملہ کرنے میں کام آتی ھے ۔ (٤) (امریکا) ریلوے کی مسافر گاڑی کی چھت

کا بالائی مرکزی حصہ ۔ (۵) خراد یا برما وغیرہ سے منسلکہ چیز، گول یا کثیر الاضلاعی بلاك پر مشتمل خانوں کے ساتھ مختلف ٹھپوں یا تراشنے والے اوزاروں کے لئے جو گھمائے جانے کے قابل ہوں ۔ (٦) (نقابت) چھوٹا منار ایك بڑے منار کے سرے پر ۔ (۷) چند قسم کے آلات کے دستے ۔ (۸) دیکھو Turret nozzle ۔ (۹) دیکھو Turret pipe۔ (۱۰) آگ بجھانے والے ٹرك پر خطرے کی خبر دینے والا ۔

Turret angle-rack tool : (n) خراد (مشین) میں چھوٹی مخروطی شکل کی چیزوں کو موڑنے کا ایك آلہ یا اوزار ۔

Turret captain : (n) ایك ادنیٰ افسر (جیسا کہ امریکی بحریہ میں ہوتا ہے) ۔

Turret clock : (n) دیوار گھڑی مینار کے لئے جس میں ایك یا زیادہ ڈائل ہوتے ہیں؛ مینار گھڑی ۔

Turret cutter : (n) کونلہ کاٹنے کا آلہ یا اوزار ۔

Turret-deck : (n) مال بردار جہاز کا بالائی عرشہ جس میں جہاز کے بغلی حصے اصل عرشے سے کروی طور پر اوپر کی طرف جھکے ہوتے ہیں ۔

Turret drier : (n) لکڑی کی عمارت عام پانچ منزلی ہَوا آنے اور گرم رہنے کی ترکیبوں کے ساتھ جسے چمڑے کو سکھانے کے لئے کام میں لایا جاتا ہے ۔

Turret drill : (n) یك تکلا برما یا چند منسلك بر مے (ایك ساتھ) ۔

Turret-head : (n) (۱) محوردار آلہ گیر ۔ (۲) دستہ جومختلف قسم کے اوزاروں میں لگایا جاتا ہے ۔

Turret-lathe : (n) ایك خراد یا برما ۔

Turret-ship : (n) جنگی جہاز گھومنے والے برج توپوں کے ساتھ ؛ جہاز جس کے برج گرداں میں توپیں ہوں ۔

Turret spider : (n) کیلیفورنیا کا مکڑا ۔

Turret steamer : (n) ایك اسٹیمر (پشت وہیل ماہی نما)کٹہرے دار چھوٹے چھوٹے دروازوں کے ساتھ۔

Turret tuner : (n) ریڈیو کی آواز کو مختلف اسٹیشنوں سے منسلك کرنے والا سوئچ ۔

Turreted : (a) (۱) برجی دار؛ مینار دار؛ برجی سےمشابہ کسی چیز سے آراستہ؛ خاص کر ۔ (۲) دیکھو Turrieted۔

Turrical : (a) [L. 'turris'.] برجی یا مینار کا یا اس سے متعلق یا اس سے مشابہ؛ برجی نما ۔

Turricula : (n) برتن یا زیور مینار یا بُرجی سے مشابہ ۔

Turricular : (a) برجی یا مینار کی شکل کا یا اس سےمشابہ ۔

Turriculate/Turriculated : (a) [L. 'turricula'.] (۱) چھوٹی برجی والا؛ چھوٹی برجی جیسا بنا ہوا ۔ (۲) برجیوں سے آراستہ ۔ (۳) دیکھو Turreted ۔

Turriferous : (a) [L. 'turrifer', 'turriferous'.] برجیوں والا؛ میناروں والا ۔

Turrilite : (n) [mod. L. 'turrilites'.] Turrities کی جنس کا ایك سنگوارہ سرپایہ ۔

Turrilites : (n) [L. 'turris'.] چاکی امونی فوسل سر پایہ کی جنس۔

Turris : (n) [L.] چھوٹے سمندری گھونگے کی جنس ۔

Turritella : (n) [irreg fr. L.'turris'.] ایك قسم کاسمندری بل دار گھونگا۔

Turrited/Turrite : (a) [L. 'turritus'.] (۱) دیکھو Turreted ۔ (۲) (خاص کر گھونگا) لمبے کلس والے مینار سے مشابہ ۔

Turritellid : (n) [mod. L.'turritellidae'.] (حیوانیات) Turritellidae کی جنس کا نا عمہ یا معدہ پا؛ پیچ دار صدف ۔

Turritelloid : (a) پیچ دار صدف سے مشابہ ۔

Turritid : (a) [L. 'turridae' + 'turritidae'.] Turritidae کایا اُس سے متعلق ۔

Turritid/Turrid : (n) Turritidae کے خاندان کا صدف ۔

Turritidae : (n) [L. irreg fr. 'turris'.] وسیع طور پر پھیلے ہوئے خاندان کا بحری معدہ پا صدف ۔

Turrum : (n) [Native of Australia.] ایك آسٹریلیائی غذائی مچھلی Carnax کی جنس کی ۔

Turse : (n) [ME.] (۱) دیکھو Bundle ۔ (۲) دیکھو Load ۔

Tursiops : (n)[L. fr 'tursio'.] Dolphion بڑی بھاری جسم والی کی جنس کی (مچھلی) ۔

Turtle : (n) [OE. 'turtla'. OHG 'turtulo'.] (۱) دیکھو Turtle-dove ۔ (۲) (مجازاً) آدمی کےلئے پیار و محبت کی اصطلاح یا خاص کر عشاق کے لئے یا شادی شدہ لوگوں کے لئے؛ کنایتاً قمری کی محبت جو اسے اپنے رفیق سے ہوتی ہے ۔

Turtle : (n) [Fr. 'turtue'.] (۱) بحری کچھوؤں کی ایک قسم نیز دوسرے کچھوے ؛ مختلف قسم کے کچھوؤں کا گوشت جو بطور غذا استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) (طبیعیات) ایک خمدار تختہ جس میں ٹائپ کے حروف یا چھپائی کی تختیاں مضبوطی سے لگادی جاتی ہیں جو گردشی طباعتی پریس کے کسی ایک بیلن پر چپکادی جاتی ہیں ۔

Alligator-turtle : اسے Aligator tortoise بھی کہتےہیں ۔

Chicken-turtle : کچھوے کی ایک قسم ۔

Green turtle : خار پشتان (Chetonia) کی مختلف قسمیں جن کے سبز خول ہوتے ہیں ۔

Greenland turtle : شمالی امریکا کے ایک شمال مشرقی بڑے جزیرے کا ایک قسم کا سیاہ دریائی پرند ۔

Sea-turtle : دیکھو Greenland turtle

To turn turtle : کچھوا پکڑنا (پشت کی طرف الٹ کر)؛ مجازاً الٹ جانا؛ اوندھا ہو جانا (کشتی وغیرہ کا) ۔

Turtle-back : (n) (اثریات) اسٹیمر کے عرشے کے اوپر ایک محراب دار ساخت، کمان یا قوس پر اور کبھی دنبالہء جہاز پر طوفانی یا متلاطم سمندر سے ہونے والے نقصان سے بچانے کے لئے پتھر کا کھردرا بنایا ہوا ٹکڑا جس کا ایک یا دونوں رخ کسی قدر محدب ہو ۔

Turtle back/-backed : (a) کچھوے جیسی پشت والا ۔

Turtle-back scale : (n) نرم چھلکا ۔

Turtle-back shooting : (n) زمین پر لیٹ کرتیراندازی (پوری قوت کے ساتھ نشانے پر مارنے کے لئے) ۔

Turtle-branacle : (n) بحر منجمد شمالی کا ہنس جس کی خوراک بحری کچھوا ہے ۔

Turtle bloom : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا پودا ۔

Turtle-catcher : (n) کچھوے کا شکاری؛ کچھوا پکڑنے والا شخص ۔

Turtle-cowry/-cowrie : (n) خوبصورت وضع کی بڑی کوڑی ۔

Turtle-crab : (n) ہر ملک کا بحری کیکڑا ۔

Turtle-crawl: (n) (۱) کچھوے کا دنبالہ اس کے رہنے کی جگہ سےپانی تک ۔ (۲) باڑہ جس میں کچھوے رہتے ہیں ۔

Turtle-deck : (n) دیکھو Turtle back

Turtle-dove : (n) [ME.] Turtur کی جنس کی فاختہ خاص کر عام یورپی قسم کی قمری، جنگلی فاختہ، ٹوشرو ۔

Turtle dove : (v) صاف طور پر محبت کا اظہار کرنا ۔

Turtle fishing : (n) کچھوا پکڑنا یا اس کا شکار کرنا ۔

Turtle-grass : (n) دو بحری پودوں میں سے ایک جس کے پتے کم چوڑے گھاس کی طرح ہوتے ہیں ۔

Turtle green : (n) معتدل زردی مائل سبز ۔

Turtle head : (n) دیکھو Turtle bloom

Turtle neck : (n) [Origin U.S.] چست سوئٹر یا جرسی ۔

Turtle-neck : (a) گول گلے والی (سوئٹر یا جرسی) ۔

Turtle-necked : (a) (سوئٹر یا جرسی) گول گلے والی ۔

Turtle peg : (n) الگ کئے جانے کے قابل دھار دار فولادی لوہا ۔

Turtle-shell : (n) (۱) کچھوے کا خول ۔ (۲) دیکھو Turtle cowry ۔

Turtle stone : (n) کیلسیم دار انجماد یا آہکی انجماد ۔

Turtler : (n) آدمی یا جہاز جو کچھوا پکڑنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے یا جو کچھوا پکڑتا ہے یا اس کے

انڈوں کو جمع کرنے والا شخص؛ کچھوے کا بیوپار کرنے والا شخص ۔

Turtlet : (n) کم عمر یا چھوٹا کچھوا ۔

Turtling : (n) کچھوا پکڑنے یا شکار کرنے کا عمل ؛ کچھوا پکڑنا یا شکار کرنا ۔

Turtosa : (n) [Origin unkn.] افریقی شاہ بلوط ۔

Tuscan : (a) [Fr. 'tuscan'.] (۱) دیکھو Etruscan ۔ (۲) Etruria کا یا قدیم Etruria سے متعلق یا وہاں کے باشندوں کا ۔ (۲) ٹسکنی کا؛ (تعمیرات) یونان کے پانچ قدیم طرزوں میں سب سے سادہ اور بھدے طرزوں سے متعلق ۔ (۳) گیہوں کی پتلی ڈانٹ کا یا اس سے متعلق (ہیٹ بنانے کے لئے)؛ نیز اس کے سنہرے زرد رنگ سے متعلق ۔

Tuscan : (n) (۱) دیکھو Etruscan ۔ (۲) قدیم Etruria کا باشندہ ۔ (۳) Etriuscan قوم کی زبان ۔ (٤) ٹسکن کا باشندہ ۔ (٥) ٹسکنی زبان ۔

Tuscan brown : (n) معتدل بھورے سے سرخ بھورے رنگ تک یعنی پنسل سے زیادہ سیاہ ۔

Tuscan red : (n) (۱) معتدل سرخی مائل بھورا ۔ (۲) ارغوانی مائل سرخ رنگنے کا رنگ ۔

Tuscan tan : (n) (۱) دیکھو Sauterne ۔ (۲) ہلکا بھورا ۔

Tuscany : (n) (۱) دیکھو Colcothar ۔ (۲) معتدل سرخی مائل بھورا ۔

Tuscarora : (n) (۱) شمالی کیرولینا کی آئی رو کوئین ۔ (۲) (Iroquoian) قوم اور بعد ازاں نیو یارک اور اُنٹیریو (Ontario) کی قوم کا ایک فرد ۔ (۳) ٹس کیرورا (Tuscarora) قوم کی زبان ۔

Tusch : (n) سنکھ یا قرنا یا ترنی باجا اور ڈھول ۔

Tusche : (n) سنگی طباعت والی روشنائی کی قسم کی چیز جو نقش و نگار بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Tuscher : (n) چھاپے کے پتھر یا پتر پر نقش و نگار یا تصویر بنانے والا شخص ۔

Tusculan : (a) [L. 'Tusculanus'.] قدیم شہر ٹسکولم (Tusculum) کا یا اس سے متعلق ۔

Tush : (n) [ME. ' tus(s)ch, tos(s)ch.'] لمبا نوک دار دانت خاص کر گھوڑے کی کُچلی؛ کلبی دانت خاص کر گھوڑے کا ؛ بعض ہندوستانی ہاتھیوں کے ٹھنٹھ دانت ۔

Tush : (n) (۱) (قدیم) ہُشت (حقارت یا خفگی کے موقع پر آتا ہے) ؛ اظہار نفرت و حقارت کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) کلمۂ حقارت ۔

Tush : (v) تضحیک کرنا؛ تحقیر کرنا؛ بے چینی ظاہر کرنا ۔

Tush/Tushin : (n) ٹفلس کے شمال کی جارجین قوم کا ایک فرد ۔

Tushed : (a) (۱) نوکدار دانتوں والا ۔ (۲) دیکھو Tusked ۔ (۳) ناب کا؛ دانت کا ۔

Tushery : (n) (۱) ادنیٰ قسم کی قدیم (ادبی زبان) ۔ (۲) R. L. Stevenson کا نام رومانی طرز تحریر کے لئے ۔

Tusi/Tussi/Tutsi : (n) (۱) مشرقی افریقہ کےیورنڈی (Urundi) اور رُنڈی (Rundi) کا ۔ (۲) مویشی رکھنے والا حکمراں ۔

Tusk : (n) (۱) دیکھو Cusk ۔ (۲) بڑی سمندری مچھلی، جو کھائی جاتی ہے ۔

Tusk : (n) [OE. 'tux'.] (۱) لمبا نوکیلا دانت؛ ناب (خصوصاً ہاتھی، والرس وغیرہ کا) ؛ دندان دراز ؛ عاج ۔ (۲) (سراون، قفل وغیرہ کا) لمبا دندانہ ۔ (۳) (خاص کر لمبا یا اگلا) دانت جیسا کہ ہاتھی کا؛ گھوڑے کے اگلے دانت کو بھی کہتے ہیں ۔ (٤) نکلا ہوا حصہ یا نکلی ہوئی چیز جانور کے لمبے دانت سے مشابہ ۔

Tusk : (v) (۱) ناب چبھونا؛ ناب سے پھاڑنا یا زخمی کرنا ؛ کھود ڈالنا (زمین) ۔ (۲) دانت دکھانا؛ ناب استعمال کرنا یا گھسنا؛ (گھوڑا) سختی سے کھینچنا؛ ہاتھی کی طرح دانت سے کاری ضرب لگانا؛ چبھونا ۔ (۳) (نقابت) فیل دنداں سے آراستہ کرنا ۔ (٤) دانت کٹکٹانا یا پیسنا؛ دانت دکھانا۔

Tusk-shell : (n) دیکھو Tooth-shell ناب صدفاں کی جنس کا صدف۔

Tusk-tenon : (n) چول جو ایک یا زیادہ چھوٹے چھوٹے لکڑی کے ٹکڑوں سے مضبوط کی گئی ہو ۔

Tusked : (a) (۱) دراز دنداں؛ لمبے دانتوں والا؛ دانت کا ۔ (۲) (نقابت) دانتوں والا یا لمبے نوک داردانتوں والا ۔

Tuskegee : (n) (۱) مشرقی مرکزی الاباما (Alabama) کی مسکوجین (Muskogean) قوم ۔ (۲) Tuskegee قوم کا ایک فرد ۔

Tusker : (n) دراز دنداں چوپایا (خاص کر نر ہاتھی) یا دراز دنداں جنگلی بھال ۔

Tuskless : (a) بے نوک دار یا لمبے دانت والا؛ بغیر عاج کا ۔

Tusklike : (a) ہاتھی دانت سے مشابہ خاص کر مخصوص سائز یا مخصوص شکل کی وجہ سے؛ فیل دنداں نما ۔

Tuskey : (a) دراز دنداں؛ لمبے نوک دار دانت کا؛ ناب دار ۔

Tussal : (a) [L. 'tussis'.] کھانسی سے متعلق یا کھانسی کے ذریعے ظاہر کیا ہوا ۔

Tusseh/Tussore/Tusser/Tussur : (n) [Hindi, 'tasar'.] (۱) تسر؛ مشرقی ریشم کا کیڑا یعنی پروانے کا پہل روپ ۔ (۲) کھر درا رنگین ریشہ جو چین اور ہندوستان کے ریشم کے کیڑے پیدا کرتے ہیں ۔ (۳) ایسے ریشم سے مختلف بنے ہوئے کپڑوں میں سے کوئی ۔

Tussic : (a) [late L. 'tussicus'.] دیکھو Tussal

Tussie-mussie : (۱) Tuzzy - muzzy کا متبادل ۔ (۲) پھولوں کا ہار؛ گلدستہ ۔

Tussilago : (n) [L.] زمینی بیل کے مخلوط زرد پھولوں کے سدا بہار پودوں کی ایک قائم شکلہ جنس ۔

Tussis : (n) [L.] کھانسی؛ سرفہ؛ سعال ۔

Tussive : (a) [L. 'tussis'.] کھانسی سے متعلق؛ کھانسی کی قسم کا؛ سعالی؛ کھانسی سے ہو جانے والا (مرض) ۔

Tussle : (n) (۱) کشمکش؛ گتھم گتھی؛ دھینگامشتی؛ لڑائی؛ جھگڑا؛ جوتی پیزار؛ ہاتھا پائی ۔ (۲) ہاتھ پاؤں مارنا (بچ نکلنے کے لئے) ؛ سخت کوشش؛ سخت مقابلہ ۔ (۳) (مجازاً) تیز ، سخت اور بالارادہ مخاصمت یا جھگڑا ، لڑائی ۔ (۳) کشمکش حیات؛ سخت بحث و مباحثہ ۔

Tussle : (v) [ME 'Tussillen'.] (۱) لڑنا خاص کر زور دارطریقے سے، شدت کے ساتھ ؛ زور سے ڈھکیلنا یا کھینچنا؛ ہاتھا پائی کرنا؛ دھینگا مشتی کرنا ۔ (۲) کسی کے ساتھ لڑ پڑنا؛ زور سے دھکا دینا یا کہنی مارنا (نیز مجازاً) ۔

Tussock : (n) [Origin unkn.] (۱) گھنے بالوں کا گچھا؛ لٹ؛ پولا ۔ (۲) گھاس کا گچھا ۔ (۳) سرفہ؛ بھوا؛ تتلی کا لاروا یا پہل روپ ۔ (٤) دیکھو Tussock sedge ۔ (٥) گھاس کے گچھوں سے بھری ہوئی زمین ۔ (٦) دیکھو Tussock moth ۔

Tussock bellflower : (n) : سدا بہار جرسی پھول ؛ لالہ٭ کوہی ۔

Tussock caterpillar : (a) (۱) Tussock - moth کا لاروا ۔ (۲) ایک قسم کا پروانہ جس کا لاروا گچھے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Tussock-grass : (n) دیکھو Tufted hair grass

Tussock-moth : (n) مختلف مدھم رنگ کے کیڑوں میں سے کوئی ۔

Tussock sedge : (n) شمالی امریکی عام سوان گھاس جو دلدلی نرم اور سیلابی زمینوں پر ہوتی ہے ۔

Tussocked : (a) گچھے دار؛ لٹ دار؛ نیز گھاس کے گچھے سے ڈھکا ہوا ۔

Tussocker : (n) (نیوزی لینڈ) دیکھو Tramp

Tussocky : (a) گچھے دار؛ Tussah کا متبادل ۔

Tussore : دیکھو Seashell pink

Tussore : (n) ہلکے سے لے کر معتدل زردی مائل گلابی ۔

Tussore : (n) دیکھو Tusseh

Tussore-moth : (n) ایک قسم کا پروانہ جس کا پہل روپ گچھے کی شکل کا ہوتا ہے؛ کوئی پروانہ جس کا لاروا تسر پیدا کرتا ہے؛ کاکلی پروانہ ۔

Tussore-(silk)worm : (n) تسر پیدا کرنے والا کوئی ریشم کا کیڑا ۔

Tut : (n) [Origin unkn.] (۱) (مغربی بول چال) چھوٹی جگہ بیٹھنے کی یا پیال کا بنا ہوا گدا؛ مسند یا گدا اس پر جھکنے کے لئے ۔ (۲) گیند کا ایک کھیل نیز Rounders کے کھیل میں آغاز کی جگہ ۔

Tut : (n) [A natural utterance] ہٹ (فجائیہ) ؛ جھلاہٹ ، حقارت اور سرزنش کے موقعوں پر بولتے ہیں ۔

Tut : (n) [Origin Unkn.] (کان کنی) کام؛ مزدوری ؛ مزدور کا کام ۔

Tut : (n) [Origin Unkn.] ٹھیکے کا کام؛ اجرتی کام؛ اجرت کا کام ۔

Tut : (v) چیخ کی آواز نکالنا؛ چیخنا ۔

Tut tut : (n) یہ کلمہ اظہار ناپسندیدگی کے لئے استعمال ہوتا ھے ؛ اظہار ناپسندیدگی کے لئے ٹٹ ٹٹ کی آواز نکلنا ۔

Tutania : (n) [f. Tutin, inventor's name.] برطانوی دھات کا سابق نام: دوسری دھاتوں کے ساتھ ٹن کا سفید مخلوط دھات (مثلاً سرمہ، تانبا) ۔

Tutball : (n) (۱) (روز مرہ انگریزی) قدیم انگریزی کھیل کرکٹ کی طرح کا جسے خاص کر عورتیں کھیلا کرتی تھیں ۔ (۲) دیکھو Rounders ۔ (۳) گیند اور بلے کا انگریزی کھیل جس میں کھلاڑیوں کو چکر لگانا پڑتا ھے ۔

Tutchone : (n) (۱) جنوبی مغربی یوکون (Yokon) ، الاسکا (Alaska) کی Athapaskan قوم ۔ (۲) Tutchone قوم کا ایک فرد، رکن ۔

Tutee : (n) متعلم؛ شاگرد ۔

Tutela : (n) [L.] (۱) (قانون رومن، عدالتی اور اسکاٹ لینڈ) اتالیق کا حق اور اختیار اپنے وارڈ (زیر نگرانی یا ولایت) پر ؛ وارڈ یا زیر نگرانی نابالغ یا شاگرد سے اتالیق کا رشتہ یا تعلق ۔ (۲) (رومن قانون) ولایت عورت کی بلالحاظ عمر جو مارشل کے تحت میں نہیں ھے یا پدرانہ اختیار میں کسی کے جسے اس کا کوئی رشتے دار قانونی طور پر رکھتا ھو ۔

Tutelage : (n) [L. 'tutela'.] (۱) ولی یا محافظ کا عہدہ یا کام؛ تحفظ؛ خبر گیری؛ سر پرستی کسی زیر ولایت نابالغ کی؛ تولیت ۔ (۲) تعلیم ؛ درس ؛ معلمی؛ اتالیقی ۔ (۳) کسی کے زیر پرستی یا نگرانی میں رہنے کی حالت ۔ (٤) دیکھو Instruction ۔ (٥) اثر کسی آدمی، اسکول یا تحریک کا جو کسی فرد پر ڈالا جائے ۔

Tutelar : (a) [L. 'tutelaris'.] (۱) ولیانہ؛ سر پرستانہ؛ ولی یا سرپرست کا ۔ (۲) دیکھو Tutelary ۔

Tutelar : (n) مربی دیوتا؛ فرشتہ؛ بزرگ (خدا رسیدہ) ۔

Tutelary : (a) [L. 'tutelarius.] (۱) (فوق الفطرت قدرت کا) محافظ؛ ولی یا سرپرست یا مربی کا درجہ رکھنے والا ، خاص کر کسی مخصوص آدمی یا چیز کی حفاظت یا نگہبانی کرنے والا ۔ (۲) حفاظت یا محافظ یا سر پرست سے متعلق یا اس تحفظ سے متعلق جو کسی ولی یا محافظ سے ملتا ھے ۔

Tutelary : (n) حفاظتی اختیار یا حفاظت کا اختیار یا قدرت؛ مربی دیوتا ؛ دیوتا کا سا اختیار رکھنے والا۔

Tutelo : (n) (۱) ورجینیا (Virginia) اور شمالی کیرولینا کی Siouan قوم ؛ ایسی قوم کا ایک فرد ۔ (۲) Tutelo قوم کی زبان ۔

Tutenage : (n) [Marathi, 'Tuttinag'.] کسی قدر سفید تانبے، جست اور نکل کی بھرت تھوڑے لوھے، چاندی یا آرسنک کے ساتھ جو جرمن سلور سے مشابہ ھوتی ھے؛ جرمن سلور کی ایک مخلوط دھات ۔

Tutin : (n) ایک زہریلا بلوری گلوکو سائیڈ (شکر) $C_{15}H_{18}O_6$ ۔

Tutiorism (n) [L. 'tutior'.] محتاطیت (عقیدہ) ۔

Tutiorist : (n) [L. 'tutior'.] اخلاقی طور پر بہت زیادہ محتاط؛ (عقیدہ) محتاطیت کا حامی ۔

Tutlus : (n) (روز مرہ انگلش) اجرتی کام کی ادائی ۔

Tutmoney : (n) نابی یا وزن سے کام کی اجرت یا مزدوری ۔

Tutor : (n) [Late ME.] (۱) گھر پر پڑھانے والا معلم ؛ خانگی معلم ۔ (۲) اتالیق جس کے سپرد کسی کی پوری تعلیم و تربیت ھو ۔ (۳) (انگریزی یونیورسٹیاں) ٹیوٹر؛ (طالب علموں کی تعلیم کا) نگراں ۔ (٤) ولی (نابالغ) ۔ (٥) (قانون ۔ رومن اور اسکاٹ لینڈ) (کسی شخص کے نا اہل ھونے کی حالت میں یا نا کام ھونے کی صورت میں) (نابالغ) کے باپ کے (انتظام جائداد میں) سرپرست؛ ولی؛ متولی؛ کسی ریاست کا نگراں، نمائندہ اور منتظم ۔ (٦) (امریکن یونیورسٹیوں اور کالجوں میں) معلم پروفیسر کے ماتحت ۔

Tutor : (v) (۱) کسی کا اتالیق ھونا؛ تعلیم دینا ؛ سکھانا ۔ (۲) قابو میں رکھنا (جذبات وغیرہ کو) ۔

(۳) اتالیقی کا کام یا پیشہ کرنا ۔ (٤) (کسی کو) کیا کرنا یا کیا کہنا چاہیئے یہ بتانا یا سکھانا (برے معنی میں بھی) ؛ (گواہ یا اس کی گواہی میں) تحریف کرنا؛ ناجائز اثر ڈالنا ۔ (٥) (امریکا) کسی اتالیق سے تعلیم پانا خاص کر نجی طور پر ۔

Tutor dative : (n) [L. 'tutor dativus'.] وصیتی ولی کی عدم موجودگی میں رومن مجسٹریٹ کا مقرر کردہ ولی یا قانونی ولی قریبی رشتے دار میں سے جس کو اس بات کا مجاز ہو کہ وہ کسی مجسٹریٹ کی منظوری کے بغیر بعض ترجیحی حکم کے مطابق کام کرے؛ مختار عام ؛ (بعض موقع پر) وصیتی ولی (بھی کہتے ہیں) ۔

Tutorage : (n) (۱) اتالیقی؛ معلمی؛ معلم کا عہدہ ؛ نگرانی؛ ولایت ؛ (خاص کر یونیورسٹی میں) اس کی فیس یا اجرت ۔ (۲) دیکھو Tutorship ۔ (۳) دیکھو Tuition ۔

Tutoress : (n) معلمہ؛ خاتون ولی یا سرپرست ۔

Tutorhood : (a) دیکھو Tutorage

Tutorial : (a) [L. 'tutorius'.] (۱) معلم یا اتالیق سے متعلق؛ (اکسفورڈ عامیانہ) ٹیوٹر (اتالیق) کا؛ حلقۂ درس یا کلاس ۔ (۲) (قانون رومن اور اسکاٹ لینڈ) قانونی سرپرست سے متعلق ۔ (۳) معلم یا اتالیق سےمتعلق خاص کر کالج کے اتالیق سے متعلق ۔

Tutorial : (n) وہ کلاس یا سیمینار جس میں معلم یا اتالیق صرف ایک یا چند متعلم کو گفت و شنید کے ذریعے تعلیم دیتا ھے ۔

Tutorially : (adv.) اتالیقی یا معلمی کے طور پر ؛ معلمی کے طریقے سے ۔

Tutorize : (v) معلم یا اتالیق کی طرح کام کرنا؛ معلم یا اتالیق ہونا؛ معلم یا اتالیق کی طرح کام کرنا؛ معلم یا اتالیق کی حیثیت سے تعلیم دینا ۔

Tutorless : (a) بغیر معلم یا اتالیق کا ۔

Tutorly : (a) معلم یا اتالیق کا یا اس سے متعلق یا اس کے لئے موزوں؛ استادانہ ۔

Tutorship : (n) (۱) اتالیقی؛ معلمی؛ اتالیق یا معلم کا کام یا عہدہ؛ ولی ۔ (۲) دیکھو Tutelage ۔

Tutoyer : (v) [F to address with the pronoun tu] بے تکلفی سے مخاطب کرنا ۔

Tutress : (n) [OFr .'tutresse', L. 'tutrix'.] دیکھو Tutoress

Tutrix : (n) دیکھو Tutoress

Tutsan : (n) [ME, 'totsane'.] مختلف پودوں کا ایک نام جو اندمال کے لئے فائدہ بخش ہیں ۔

Tutsi : Tusi کا متبادل ۔

Tutti : (n) [It] (۱) (موسیقی) (موسیقی میں متفقہ طور پر گانے کی ہدایت کہ) سب گانے والے مل کر ایک ساتھ گائیں ۔ (۲) کئی آدمیوں کے مل کر گانے، کئی باجوں پر ساتھ بجانے کی چیز نیز گانے میں وہ حرکت جو سب گانے والے مل کر ایک ساتھ کریں؛ ایک ساتھ مل کر گانے بجانے کا مجموعی اثر ۔

Tutti : (a) ساتھ مل کر ہدایت دینے والا ۔

Tutti-frutti : (n) مٹھائی یا آئس کریم۔

Tutty : (n) [ME 'tutie'.] ملونی کا زنک اکسائڈ جو صیقل کرنے میں کام آتا ھے ۔

Tutty : (n) (روز مرہ انگریزی) پھول؛ چھوٹے پھولوں کا گچھا؛ گلدستہ ۔

Tutu : (n) کوئی یا چند نیوزی لینڈ کی جھاڑیاں Coriaria کی جنس کے چھوٹے درخت خاص کر جھاڑی دار درخت ۔

Tutu : (n) [Fr.] بہت نیچا باہر لٹکا ھوا لہنگا جسےبال ڈانس کرنے والیاں پہنا کرتی ہیں؛ سنگت ناچ؛ رقاصاؤں کا جھالر دار لہنگا ۔

Tutu : (n) (۱) دیکھو Granny ۔ (۲) دیکھو Grandpa ۔

Tutuilan : (a) جزیرہ Tutuila سے متعلق؛ وہاں واقع ؛ وہاں کا رہنے والا یا وہاں سے آنے والا ۔

Tutuilan : (n) Tutuila کا باشندہ ۔

Tutulus : (n) (قدیم روم) سر کا لباس جو مخصوص دیوتا کے پجاری اور اس کی بیوی پہنا کرتے تھے ۔

Tututaglioni : (n) ٹخنے تک لمبا یا نیچا لہنگا ۔

Tututni : (n) (۱) نشیبی علاقے کی روگ (Rogue) ندی کی Athpaskan قوم یا اس قوم کی جماعت اور نزدیک ہی Oregon میں بحر الکاہل کے ساحلی علاقے کے لوگوں کی جماعت ۔ (۲) Tututini قوم کا یا اس قوم کی جماعت کا ایک فرد ۔

Tutwork : (n) (انگریزی) ٹھیکے کا کام؛ اجرتی کام یا اجرت کا کام؛ خاص کر ایسا کام جس کی اجرت پیمائش یا وزن پر مقرر ہو ۔

Tux-: (n) (۱) اکہرے صدر یا دوہرے صدر کا جیکٹ عام طور پر سیاہ یا گہرے نیلے رنگ کا ۔ (۲) دیکھو Tuxedo ۔

Tuxedo : (n) (۱) اکہرے صدر یا دوہرے صدر کا جیکٹ عام طور پر سیاہ یا گہرے نیلے رنگ کا؛ اسے -Tuxe do jacket بھی کہتے ہیں؛ نیم رسمی شام کا مردوں کا لباس؛ ڈنر کے وقت پہننے کا جیکٹ ۔ (۲) Tuxedo coat بغیر بلٹ یا تسمے کا زنانہ کوٹ ۔ (۳) نیو یارک میں ایک کلب کا نام ۔

Tuxedo sofa : (n) کمانی دار اور گدے دار صوفہ کسی قدر خمدار بازوؤں والا جس کی اونچائی اس کی پشت کے برابر ہو ۔

Tuyere : (n) [Fr.] بھٹی کا ہَواداں؛ ہَوا نل (جس میں سے ہَوا آتی ہے)۔

Tuyere arch : (n) بھٹی کی محراب جس کے ذریعے ہَوا داخل ہوتی ہے ۔

Tuyere box : (n) ہَوائی بلٹ یا ہَوائی خانہ جس کے ذریعے بھٹی کے ہَوا دانوں کو ہَوا مہیا کی جاتی ہے ۔

Tuyere notch/-arch : (n) درز یا چوڑا سوراخ بھٹی کے چولہے کی دیوار میں یا بھٹی کی ہَواداں کٹھالی ۔

Tuza : (n) [Sp. -Mexican.] میکسیکو کا تھیلی دار چوہا ۔

Tuzla : (n) [Turk fr. Lake Tuza, Turkey.] مرکزی اناطولی کمبل (Rug) ؛ترکش رگ تقریباً (Konia) جیسا جو عام طور پر ہلکے سرخ، بلو اور زرد رنگ کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔

Tuzzy-muzzy/Tussie-mussie : (n) [ME] (۱) پھولوں کا ہار ۔ (۲) دیکھو Nosegay ۔ (۳) گلدستہ ۔

TV : ٹیلیویژن (Television) کا مخفف ۔

TV. : معیادی رفتار (Terminal velocity) کا مخفف ۔

TVI. : (Television interference) کا مخفف ۔

Tw. : (۱) Twaddell(ہائیڈرو میٹر) کا متبادل ۔ (۲) Twisted کا متبادل ۔

Twa/Twae : (اسکاٹ لینڈ) Two کا متبادل ۔

Twa : (n) (۱) مرکزی اور جنوبی افریقہ کی چند مختلف قوموں میں سے کوئی ۔ (۲) Twa قوم میں سے کوئی فرد ۔

Twaddell : (n) پانی سے زیادہ وزنی سیالوں کے ناپنے کا پیمانہ؛ سیال پیما ۔

Twaddell : (a) آب پیما کے اندراج کے مطابق ۔

Twaddell hydrometer : (n) آب پیما یا سیال پیما ۔

Twaddle : (a) مہمل، لغو یا ادنیٰ قسم کی بات یا تحریر کا ۔

Twaddle : (n) مہمل؛ بے معنی؛ لغو یا ادنی قسم کی باتیں یا تحریر؛ پھیکی یاپھسپھسی باتیں؛ بے معنی طویل نویسی؛ بے کیف بکواس؛ لغو گوئی؛ یاوہ گوئی؛ مہمل اور لغو باتیں کرنے والا شخص ۔

Twaddle : (v) (۱) مہمل باتیں کرنا؛ بکواس کرنا ؛ لغویات، مہملات بولنا یا لکھنا ۔ (۲) مہمل طور پر بے لطف (باتیں) بولنا ۔ (۳) دیکھو Twaddler ۔

Twaddler : (n) بکی؛ بکو؛ بکواس کرنے والا؛ مہملات بولنے یا لکھنے والا؛ فضول گو؛ یاوہ گو ۔

Twaddles : (n) بکواس؛ بک بک؛ چخ چخ؛ فضول گوئی ؛ یاوہ گوئی ۔

Twaddling : (a) (۱) نا اہل؛ نکما؛ سطحی قسم کا؛ معمولی ؛ ادنیٰ ؛ خالی خولی ؛ تہی مغز ؛ بے مغز ۔ (۲) فضول گو؛ لغوگو؛ مہمل ۔

Twaddly : (a) بے معنی؛ لغو؛ مہمل؛ بے لطف؛ بے مزہ ؛ لغو گو؛ لغویت سے بھرا ہوا ۔

Twain : (a) [ME 'tweyin', 'twein', 'twain'.] (۱) دو ۔ (۲) جوڑی؛ جوڑا ۔ (۳) علاحدہ؛ الگ کیا ہوا؛ جدا جدا ۔

Twain : (Pron.) [ME.] (بطور نمبر) دو ۔

Twain : (n) [ME. 'tweyen', 'twein', 'twain'.] (۱) دو ۔ (۲) جوڑا؛ جفت ۔

In twain : دو حصوں میں؛ نصفا نصف؛ علاحدہ؛ الگ الگ تقسیم کرنا؛ علاحدہ کرنا؛ الگ الگ کرنا۔

Twain cloud : (n) افقی گھٹائیں؛ دل بادل۔

Twait/Twaite/Thwaite/Thwait shad : (n) [Origin unkn.] شاد مچھلی؛ ایک قسم کی یورپی مچھلی جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔

Twal/Twall : (اسکاٹ لینڈ) Twelve کا متبادل۔

Twana : (n) (۱) واشنگٹن کے ہوڈ کے نہری علاقہ کی سیلیشن (Salishan) قوم؛ ایسی قوم کا ایک فرد۔ (۲) ٹوانا لوگوں کی زبان۔

Twang : (n) [Imitative.] (۱) ٹن ٹن کی آواز؛ تارکی آواز۔ (۲) غنغنی آواز؛ غنغنا لہجہ؛ تیز بجنے کی آواز۔ (۳) (مجازاً) بجنے کی آواز یا گمک؛ سر۔ (٤) خاص لہجہ خاص کر وہ جو کسی خاص ضلع یا علاقے سے تعلق رکھتا ہے۔ (٥) جھٹکے سے توڑنے کا عمل؛ شدید دھچکا۔ (٦) خلش؛ ٹیس؛ چبھن؛ شدید صدمہ۔ (۷) آواز کی نقالی؛ اسی قسم کی آواز؛ (مجازاً) جھنجھناتی ہوئی آواز۔

Twang : (v) (۱) (آواز) بجنا یا بجانا(ستار وغیرہ)؛ ٹن ٹن کرنا۔ (۲) (حقارتاً) ستار وغیرہ اناڑی پن سے بجانا۔ (۳) ناک سے بولنا؛ غنغنانا؛ ٹن ٹن کی آواز پیدا کرنا۔ (٤) کھینچنا یا توڑنا (کمان کی ڈوری یا تانت) تیر چلانے کے لئے۔ (٥) کمان کی ڈوری یا تانت کو زور سے جھٹکادے کر چھوڑنا؛ کمان کی ڈوری یا تانت کو جھٹکے سے چھوڑنا (تیر)؛ تیر چلانا۔

Twang : (n) (۱) تیز ذائقہ؛ مخصوص لذت یا خوشبو (عام طور پر ناپسندیدہ)؛ دیر پا مہک۔ (۲) (مجازاً) چٹخارہ؛ چٹ پٹا؛ لمس؛ ہلکا سا رنگ؛ ایک جھلک (رنگ کی)۔ (۳) شائبہ؛ اشارہ؛ تجویز وغیرہ۔

Twanginess : (n) ٹوٹی ہوئی ڈوری یا تانت کی گونج کی صفت یا حالت یا ناک کی غنغناہٹ؛ ناک کی آواز۔

Twangle : (n) ٹن ٹن کی آواز؛ مسلسل گونج دار آواز عام طور پر ہلکی بہ نسبت گمک دار آواز کے۔

Twangle : (v) (۱) (ستار یا ستار باز) ہلکے سے مسلسل یا بار بار بجانا؛ جھنکارنا۔ (۲) یکنے سے بجانا؛ ادنیٰ یا اناڑی پن سے بجانا (کوئی باجا)؛ اس طرح گانا (کسی باجے پر)۔

Twangy : (a) (۱) ٹوٹی ہوئی ڈوری یا تانت کی گونج رکھنے والی (آواز)۔ (۲) ناک کی آواز کی گونج رکھنے والی؛ غنغنی۔

Twank : (v) بے ربط ٹن ٹن کی آواز دینا یا بجنا؛ بے ربط ٹن ٹن کی آواز کے ساتھ (باجا) بجوانا۔

Twankay : (n) [Chinese 'Tong'.] ایک قسم کی سبز چائے۔

Twankay tea/Twankey- : (n) ادنیٰ قسم کی اور کھلی پتیوں کی سبز چائے۔

'twas : It was کا مخفف۔

Twasome : Twosome کا متبادل۔

Twat : (n) [Origin unkn.] (۱) (تشریح) سوراخ، خصوصاً عورتوں کے اندام نہانی؛ فرج۔ (۲) (عامیانہ) سورین؛ چوتڑ۔ (۳) (عامیانہ) عورت۔

Twatchel : (n) کیچوا (جسے مچھوا چارے کےطور پر استعمال کرتا ہے)۔

Twattle : (v) (روز مرہ) لغو گفتگو کرنا؛ بک بک کرنا؛بکواس کرنا؛ مہملات بولنا یا لکھنا؛ بے لطف باتیں کرنا۔

Twattle : (n) (روز مرہ) مہمل، لغو گفتگو ؛ بک بک ؛ بکواس؛ لغو گوئی؛ یاوہ گوئی۔

Tway : Two کا متبادل۔

Twayblade : (n) دو برگ؛ ایک قسم کا ثعلبیہ پودا جس کے پھول سبز یا ارغوانی ہوتے ہیں اور جس میں دو پتّے ہوتے ہیں؛ توام برگہ (سحلب)؛ چند سحلب میں سے کوئی۔

Tweag : Tweak کا متبادل۔

Tweak : (n) (۱) جھٹکا؛ کھنچاؤ یا مڑوڑ؛ زوردار مڑوڑنےوالا کھنچاؤ ؛ نوچ ؛ کھسوٹ۔ (۲) (عامیانہ) چال ؛ ترکیب ؛ گُر کی بات۔ (۳) شورش؛ ہیجان؛ آفت؛ مصیبت؛ سخت خطرہ؛ اضطرار؛ بیچینی؛ اضطراب۔

Tweak : (v) [ME, 'twikken', OE 'twiccian'.] (۱) نوچنا؛ کھسوٹنا؛ جھٹکے سے توڑنا؛ جھٹکےسے کھینچنا۔ (۲) پکڑنا اور زور سے کھینچنا مروڑنے کے طور پر؛ کھینچنا؛ (کسی آدمی کو) ناک پکڑ کر کھینچنا (تحقیراً یا ذلیل کرنے کی غرض سے)۔

(۳) چٹکی لینا اور اچانک جھٹکے سے کھینچنا اور مروڑنا ۔ (٤) جھٹکا دینا؛ ٹھیلنا؛ جھنجھوڑنا؛ اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے ٹھوکا دینا ۔

Tweaky : (a) (۱) پتلا؛ بے چین؛ پریشان؛ بے حد زود حس ؛ تشنجی حرکت والا ۔ (۲) ترش؛ تند و تیز؛ تیز ۔

Twee : (a) (بول چال) دلکش؛ نازک؛ طرحدار؛ وضعدار ؛ باریک اور تیز آواز کا؛ نے جیسی سریلی (آواز با جے یا چھوٹی چڑیا کی) ۔

Twee : (n) سریلی، ہلکی آواز (باجے یا چھوٹی چڑیا کی) ۔

Tweed : (n) (۱) ٹوئیڈ؛ ایک قسم کا دہرے دھاگے کی بناوٹ کا کھردرا اونی یا سوتی کپڑا ؛ اونی کوٹ اور سوٹ کا کپڑا اسکاٹ لینڈ والا ؛ اس طرح کے کپڑے کی نقل؛ اسی طرح کا نقلی کپڑا ۔ (۲) ایک تجارتی نشان ۔

Tweeddale : (a) (۱) دیکھو Peeblesshire ۔ (۲) Peebles کے ضلعے کا یا اس سے متعلق (جنوبی اسکاٹ لینڈ) ۔

Tweeded : (a) ٹوئیڈ (کپڑا) پہنے ہوئے؛ اونی یاسوتی ٹوئیڈ میں ملبوس؛ ٹوئیڈ کپڑے میں ملبوس ۔

Tweediness : (n) ٹوئیڈ میں ملبوس ہونے کی صفت یاحالت؛ سادہ؛ بے ضابطہ یا بیرونی وضع جو کسی کو ٹوئیڈ کے لباس میں دیکھ کر نظر آئے ۔

Tweedle : (v) (۱) (موسیقی) (باجا یا اس کا بجانے والا) امتدادی باریک تیز آواز تسلسل کے ساتھ پیدا کرنا، نیز ادنیٰ طور پر یا بے دلی کے ساتھ باجا بجانا ۔ (۲) گانے سے لبھانا ۔ (۳) پھسلانا؛ تملق دینا؛ چاپلوسی کرنا ۔

Tweedle : (n) چیخنے، چلانے کی آواز ۔

Tweedle : (n) Twiddle کا متبادل ۔

Tweedle-dee : (v) بجانا (باجا) یا بلند سُر میں گانا نیز بے دلی سے گانا یا ادنیٰ طور پر بجانا ۔

Tweedledum/Tweedledee : (n) (۱) (مجازاً) دو جزو یا فریق جس کے درمیان محض معمولی فرق ہے ۔ (۲) تقریباً نا قابل امتیاز جوڑا ۔

Tweedy : (a) ٹوئیڈ کا؛ ٹوئیڈ سے مشابہ رنگ یا شکل و صورت میں ٹوئیڈ کا سوٹ پہنے ہوئے یا ٹوئیڈ پہننے کا شائق؛ سادہ؛ بے ضابطہ یا باہر گھومنے پھرنے والا یا باہری زندگی گزارنے والا ۔

Tweeg : (n) (۱) دیکھو Hell bender ۔ (۲) (امریکا) سمندر آبی؛ ایک بڑا دم دار آبی پیٹو جانور جو عام طور پر اوہائیو وادی کی ندیوں میں پایا جاتا ہے ۔

Tweel : Twill کا متبادل ۔

Tweel : (n) [F. 'tuile'.] شیشے کی بھٹی کی بندش؛ بھٹی کے دہانے کا مٹی کا ڈھکن؛ بھٹی کا ہم وزن دروازہ ۔

Tween : (Prep.) [ME.] (۱) Atween between کی سرسقاطی شکل ۔ (۲) درمیان ۔

Tween-brain : (n) (۱) دیکھو Diencephalon ۔ (۲) دماغ کے اگلے حصے کے آخری جزو کی تقسیم ۔

Tween-decks : (n) (۱) دیکھو Between- decks ۔ (۲) جہاز کا کوئی عرشہ لیکن بالائی یا سب سے نیچے کا عرشہ عام طور پر؛ جہاز راں ۔

Tweeny/Tweenie : (n) (۱) دیکھو Between maid ۔ (۲) ملازمہ جو دو نوکروں (مثلاً باورچی اور ماما) کی مدد کے لئے ہو؛ مدد گار ماما ۔ (۳) چھوٹا سکار ۔

Tweer : Twire کامتبادل ۔

Tweet : (n) چھوٹی چڑیا کی آواز کی نقل نیز اس کی تکرار؛ چہچہاہٹ؛ چوں چوں ۔

Tweet : (v) (مجازاً) چھوٹی چڑیا کی آواز کی نقل اتارنا؛ چہچہانا؛ چو ں چوں کرنا ۔

Tweeter : (n) ایک چھوٹا آواز رساں (لاؤڈ اسپیکر) جو تیز تعددی سگنل کی نقل معیار کے مطابق اتار سکے ۔

Tweetle : (v) دیکھو Tweedle

Tweez : (v) جراح کی چمٹی سے کھینچ لینا؛ نکال لینا ۔

Tweez/Tweese : (n) (۱) چھوٹے اوزاروں کا غلاف ۔ (۲) دیکھو Etui ۔ (۳) چھوٹی چھوٹی چیزوں کامنقش غلاف ۔

Tweezer : (n) جراح کی چمٹی کی طرح بنا ہوا آلہ ۔

Tweezer : (v) جراح کی چمٹی استعمال کرنا؛ جراح کی چمٹی سے کھینچ لینا؛ نکال لینا ۔

Tweezer : (n) [Origin unkn.] (روز مرہ) شمالی امریکا کی غوطہ لگانے والی عام بطخ۔

Tweezer-case : جراح کی چمٹی یا آلات جراحی اور دوسرے آلے رکھنے کا ڈبا؛ چھوٹی ڈبیا یا جراح کا ڈبا۔

Tweezers : (n) (جمع) جراح کی چمٹی، چہرے ک بال نوچنے یا اکھاڑ ڈالنے کے لئے یا چھوٹی چھوٹی چیزوں کو پکڑنے کے لئے۔

Twelfth : (a) [OE. 'twelfta'.] بارھواں؛ دوازدہم۔

Twelfth : (n) (۱) کسی چیز کے بارہ مساوی حصوں میں سے ایک ؛ بارھواں حصہ ؛ بارھویں اگست (جب بن مرغی کے شکار کا زمانہ قانوناً شروع ھوتا ھے)؛ بارھواں دن یا بارھویں تاریخ وغیرہ؛ کسی عدد کو بارہ سے تقسیم کرنے پر جو حاصل قسمت ھو۔ (۲) (موسیقی) کوئی سر جو بارہ ہشت سرے سرگم کے اوپر یا نیچے ھو؛ (عام طور پر) وقفہ جو دو ایسے سروں کے درمیان ھو۔

The twelfth of August : (بن مرغی (Grouse) کا شکار شروع ھونے کی تاریخ۔

Twelfth-cake/Twelfth-night cake : (n) (۱) بارھویں کی رات کا کیک؛ ایک بڑا کیک جو بارھویں کی رات کے جشنوں میں استعمال ھوتا ھے۔ (۲) دیکھو Twelfth night۔

Twelfth cranial nerve/Twelfth nerve : (n) (۱) دیکھو Hypoglossal nerve۔ (۲) دماغ سے زبان تک اعصاب کے ریشے، جن سے نطق ممکن ھوتا ھے۔

Twelfth day : (n) بارھویں؛ بڑے دن (کرسمس) کے بعد بارھواں دن؛ عید ظہور مسیح (کا دن)؛ چھٹی جنوری جب عید ظہور مسیح کا جشن منایا جاتا ھے۔

Twelfth-night : (n) بارھویں کی رات (کرسمس کے بعد) ؛ (چھٹی جنوری) جب جشن عید ظہور مسیح منایا جاتا ھے۔

Twell : (بول چال) Till کا متبادل۔

Twelve : (a) [OE. 'twelf.] بارہ؛ دوازدہ۔

Twelve : (n) [Late ME.] (۱) بارہ عدد۔ (۲) بارہ آدمیوں کی ٹولی یا بارہ چیزوں کا مجموعہ، خاص کر کسی کھیل میں بارہ کھلاڑیوں کی ٹولی۔ (۳) کوئی چیز یا آدمی جو بارہ کی تعداد سے پہچانا جائے؛ بارھویں سائز کا جوتا، دستانہ وغیرہ۔ (٤) کوئی چیز جو بارہ کی عدد سے امتیاز کی جائے۔ (٥) کتاب (کے کاغذ) کا تختہ جو بارہ اوراق میں تہ کیا ھوا ھو؛ ایک کتاب (یا کتابیں) جس کا ہر تختہ بارہ اوراق میں موڑا ھوا ھو۔ (٦) (جمع) دیکھو Twelves۔

To strike twelve the first time (or all at once) : (مجازاً) (کسی کام کی) پہلی انجام دہی میں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لانا۔

Twelve-bore : (a) (بندوق) جس کی نال کا قطر ایک پاؤنڈ کی بارہ گولیوں کے قطر کے موافق ھو۔

Twelve-bore : (n) بارہ گولیوں کے قطر کی نالی والی بندوق۔

Twelve-eight : (n) (موسیقی) ایک تال میں بارہ گٹکری کے ساتھ کا وقفہ۔

Twelve-fold : (a) بارہ گنا؛ بارہ حصوں میں بنایا ھوا۔

Twelve-fold : (adv.) مقدار میں بارہ گنا؛ بارہ گنا تک۔

Twelve hours : (n) (۱) (اسکاٹ لینڈ) دوپہر؛ آدھی رات۔ (۲) (اسکاٹ لینڈ) دوپہر کا کھانا۔

Twelve-men's morris : (n) ایک قسم کا کھیل جو بارہ گوٹیوں سے کھیلا جاتا ھے۔

Twelve-mile limit : (n) حد سمندر کے کنارے سے بارہ میل تک جس میں کسی ریاست کے علاقائی دریا بھی شامل ہیں۔

Twelve month : (n) [OE. twelf.] بارہ ماہ کی مدت یا زمانہ؛ سال۔

Twelve monthly : (adv.) ہر بارہ ماہ پر؛ سالانہ۔

Twelve-note : (n) (موسیقی) ہشت سرے سر گرم سے بارہ ڈگری کم یا زیادہ سر والا یا اس سے متعلق۔

Twelv pence : (n) [Late ME.] (شاذ) ایک رقم بارہ پینی کے برابر۔

Twelve penny : (a) ایک شیلنگ کی قیمت کا ؛ ایک شیلنگ میں فروخت کیا ھوا۔

Twelve-pounder : (n) توپ جس سے بارہ پونڈ وزن کا گولا پھینکا جاتا ھے۔

Twelve score : (n) بارہ کوڑی؛ دوسو چالیس۔

Twelve-spotted asparagus beetle : (n) یورپی ہالون یا مار چوبہ ناگدون بھونرا۔

Twelve-tone : (a) دیکھو Twelvet note

Twelve-wired bird of paradise : (n) طیر فردوس؛ جنت کی چڑیا۔

Twelvemo : (n) کاغذ کے پورے ورق کے بارہ حصوں کی تقطیع؛ اس ناپ کا ایک صفحہ۔

Twelver : (n) شیعہ فرقے کا ایک رکن (یہ فرقہ جو بارہ اماموں کا پیرو ھے) : اثناء عشری شیعہ۔

Twentieth : (a) [ME. 'twentithe'. fr. OE 'twentigotha'.]
(۱) بیسواں۔(۲) بیس مساوی حصوں میں سے بیسواں۔

Twentieth : (n) [ME.] (۱) عددبیس۔(۲) بیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے بیس مساوی حصوں میں سے ایک۔

Twentieth-century cut : (n) خاص قسم کی تراش خراش کا ہیرا۔

Twenty : (a) [ME fr. OE. 'twentig'.] بیسواں۔

Twenty : (pron.) بیس اشخاص یا اشیاء بطور ضمیر کے۔

Twenty : (n) (۱) عدد بیس۔ (۲) بیس اکائیاں یا چیزیں ؛ بیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ۔ (۳) بیس۔ (٤) بیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں۔(٥) بیس پونڈ کا نوٹ؛ بیس ڈالر کا بل۔

Twenty : (n) [Late ME.] (۱) آدمی یا چیز جو اس نمبر سے امتیاز کی جاتی ھے۔ (۲) ایک جماعت بیس آدمیوں کی یا بیس چیزوں کا مجموعہ؛ کوئی چیز کسی اکائی کے بیس حصوں کے مساوی مثلاً بیس پونڈ کا بینک نوٹ؛ ایک تختہ (کتاب کا) بیس اوراق میں تہ کیا ہوا (٥ x ٤) یا ایسے تختے کا ہر ورق۔ (۳) کوئی چیز جو کسی طرح پر بیس کی عدد سے امتیاز کی جائے۔ (٤) (جمع) تعداد بیس سے انتیس تک؛ (صدی کا بیس سے انتیس) سال یا (کسی کی زندگی کا) یا کسی ترتیب کے درجے (مثلاً تھرما میٹرکے)۔

Twenty-eight : (a) اٹھائیسواں۔

Twenty-eight : (pron.) اٹھائیس اشخاص یا چیزیں (بطور ضمیر)۔

Twenty-eight : (n) (۱) اٹھائیس۔(۲) اٹھائیس اکائیاں یا چیزیں ؛ اٹھائیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ۔ (۳) اٹھائیس۔ (٤) اٹھائیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں؛ خاص کر کوئی پہننے کی چیز اٹھائیسویں سائز کی۔

Twenty-eight : (n) مغربی آسٹریلیا کا چھوٹا توتا جس کی گردن کے پر زرد رنگ کے ھوتے ہیں۔

Twenty-eight : (a) (۱) اٹھائیسواں۔(۲) اٹھائیس مساوی چیزوں میں سے اٹھائیسواں۔

Twenty-eighth : (n) (۱) عدد اٹھائیس۔(۲) اٹھائیس مساوی حصوں میں سے ایک۔

Twenty-fifth : (a) (۱) پچیسواں۔(۲) کسی چیز کے پچیس مساوی حصوں میں سے پچیسواں۔

Twenty-fifth : (n) (۱) پچیسواں عدد۔(۲) کسی چیز کے پچیس مساوی حصوں میں سے ایک۔

Twenty-first : (a) (۱) اکیسواں۔(۲) اکیس مساوی حصوں میں سے اکیسواں۔

Twenty-first : (n) (۱) عدد اکیس۔(۲) کسی چیز کے اکیس مساوی حصوں میں سے ایک۔

Twenty-firster : (n) اکیسویں سالگرہ کا جشن۔

Twenty-five : (n) (رگبی فٹ بال وغیرہ) زمین جو ہر گول سے ۲۵ گز پر ھو اس کے آرپار کھنچا ھوا خط نیز وہ جگہ جو اس طرح گھیری ھوئی ھو اور (ہاکی میں) گول سے ۲۵ گز والے خط پر کھلاڑیوں کا نرغہ۔

Twenty-five : (a) پچیسواں۔

Twenty-five : (pron.) پچیس اشخاص یا اشیاء(بطورضمیر)۔

Twenty-five : (n.) (۱) عدد پچیس۔(۲) پچیس اکائیاں یا چیزیں ؛ پچیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ۔ (۳) پچیس۔(٤) پچیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز؛ پچیسویں سائز کی۔(٥) پستول جس کی نال کا قطر ۲۵ ھو۔

Twenty-fold : (a) بیس گنا؛ بیس سے ضرب دیا ہوا ۔

Twenty-fold : (adv.) بیس گنا (مقدار میں) ؛ بیس گنازیادہ ۔

Twenty-four : (a) چوبیسواں ۔

Twenty-four : (pron.) چوبیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر)۔

Twenty-four : (n) (۱) عدد چوبیس ۔ (۲) چوبیس اکائیاں یا چیزیں؛ چوبیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ؛ چوبیس تہ میں موڑا ہوا تختہ (کاغذ کا) ؛ کتاب جس میں تختے اس طرح موڑے جاتے ہیں ۔ (۳) چوبیس ۔ (٤) چوبیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز چوبیسویں سائز کی ۔ (٥) دیکھو Twenty - four-mo ؛ کاغذ کے ایک ٹکڑے کا ناپ جو ایک صفحہ چوبیس حصوں میں کاٹا گیا ہو؛ نیز اس سائز کا کاغذ ۔

Twenty-fourmo : (n) (۱) کاغذ کے پورے ورق کے چوبیسویں حصے کی تقطیع ۔ (۲) ان تقطیعوں کی کتاب ۔

Twenty-fourth : (a) (۱) چوبیسواں ۔ (۲) چوبیس مساوی حصوں میں چوبیسواں ۔

Twenty-fourth : (n) (۱) چوبیس ۔ (۲) کسی چیز کے چوبیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-nine : (a) انتیسواں ۔

Twenty-nine : (pron.) انتیس اشخاص یااشیاء (بطور ضمیر)۔

Twenty-nine : (n) (۱) انتیس ۔ (۲) انتیس اکائیاں یا چیزیں ؛ انتیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) انتیس ۔ (٤) انتیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز انتیسویں سائز کی ۔

Twenty-ninth : (a) (۱) انتیسواں ۔ (۲) انتیس حصوں میں انتیسواں ۔

Twenty-ninth : (n) (۱) قابل شمار سلسلے میں عدد انتیس ۔ (۲) کسی چیز کے انتیس حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-one : (a) اکیسواں ۔

Twenty-one : (pron.) اکیس اشخاص یا اشیاء(بطور ضمیر) ۔

Twenty-one : (n) (۱) اکیس ۔ (۲) اکیس اکائیاں یا چیزیں؛ اکیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) اکیس ۔ (٤) اکیسواں ایک سیٹ یا مجموعے میں ، خاص کر کوئی پہننے کی چیز اکیسویں سائز کی ۔ (٥) تاش کا کھیل ۔

Twenty-penny nail : (n) چار انچ کی کانٹی ۔

Twenty questions : (n) ایک قسم کا کھیل جس میں ایک کھلاڑی زیادہ سے زیادہ سوالات کر کے یہ پتا چلاتا ہے کہ دوسرے کھلاڑی نے کس لفظ یا شے کا انتخاب کیا ہے ۔

Twenty-second : (a) (۱) بائیسواں ۔ (۲) بائیس مساوی حصوں میں بائیسواں ۔

Twenty-second : (n) (۱) قابل شمار سلسلے میں عدد بائیس ۔ (۲) بائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔ (۳) نے دار ارغنوں کے پردے کا ایک فٹا اوج ۔

Twenty-seven : (a) ستائیسواں ۔

Twenty-seven : (pron.) ستائیس قابل شمار اشخاص یا اشیاء ۔

Twenty-seven : (n) (۱) عدد ستائیس قابل شمارسلسلے میں ۔ (۲) ایک اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے ستائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-seventh : (a) (۱) ستائیسواں ۔ (۲) ستائیس مساوی حصوں میں ستائیسواں ۔

Twenty-seventh : (n) (۱) عدد ستائیس ۔ (۲) ستائیس سے تقسیم ہونے پر کسی اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے ستائیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-six : (a) چھبیسواں ۔

Twenty-six : (pron.) چھبیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر)۔

Twenty-six : (n) (۱) عدد چھبیس ۔ (۲) چھبیس اکائیاں یا چیزیں : چھبیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) چھبیس ۔ (٤) چھبیس ایک سیٹ یا سلسلے میں خاص کر کوئی پہننے کی چیز چھبیسویں سائز کی ۔

Twenty-six : (n) جوئے کا کھیل جس میں وہ شخص جیت جاتا ہے جو اپنا منتخب کردہ عدد چھبیس یا اس سے زیادہ لے آتا ہے (دس پانسوں کے تیرہ ہاتھ میں) ۔

Twenty-sixth : (a) (۱) چھبیسواں ۔ (۲) چھبیس مساوی حصوں میں چھبیسواں ۔

Twenty-sixth : (n) (۱) عدد چھبیس قابل شمار سلسلے میں ۔ (۲) چھبیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ کسی چیز کے چھبیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-third : (a) (۱) تئیسواں ۔ (۲) تئیس مساوی حصوں میں تئیسواں ۔

Twenty-third : (n) (۱) عدد تئیس قابل شمار سلسلے میں ۔ (۲) تئیس سے تقسیم شدہ اکائی کا حاصل قسمت؛ تئیس مساوی حصوں میں سے ایک ۔

Twenty-three : (a) تئیسواں ۔

Twenty-three : (pron.) تئیس اشخاص یااشیاء (بطور ضمیر)۔

Twenty-three : (n) (۱) تئیس ۔ (۲) تئیس اکائیاں یا چیزیں ؛ تئیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) تئیس ۔ (٤) تئیسواں ایک سیٹ یا سلسلے میں، خاص کر کوئی پہننے کی چیز تئیسویں سائز کی ۔ (٥) ایک تلغراف سگنل کسی فوری اہم پیغام کے لئے ۔ (٦) خاتمہ؛ بس؛ فقط ۔

Twenty-three skiddoo : (v) (۱) دیکھو Scram ۔ (۲) (حکماً) ہٹ جاؤ؛ دور ہو جاؤ؛ یہاں سے چلے جاؤ؛ فوراً چلے جاؤ (ایسے شخص کو کہا جائے جو مختلف القول ہو)۔

Twenty to one : (n) قوی امکان (کسی بات کا) ۔

Twenty-twenty : (a) نارمل بصارت انسانی رکھنے والا جو بیس فٹ کی دوری پر ایسے حروف کو پڑھ سکے جو قطر میں ایک تہائی انچ ہو ۔

Twenty-two : (a) بائیسواں ۔

Twenty-two : (pron.) بائیس اشخاص یا اشیاء (بطور ضمیر)۔

Twenty-two : (n) (۱) عدد بائیس ۔ (۲) بائیس اکائیاں یا چیزیں ؛ بائیس کا ایک مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) بائیس کا ۔ (٤) بائیسواں ایک سلسلے یا سیٹ میں، خاص کر کوئی پہننے کی چیز بائیسویں سائز کی ۔ (٥) ایک رائفل یا پستول جس کی نال کا قطرہ بائیس ہو ۔

'twere : It were کا مخفف ۔

Twerp/Twirp : (n) (عامیانہ) ادنیٰ قسم کا آدمی؛ احمق اور قابل اعتراض یا قابل تحقیر شخص ۔

Twi-/Twy - : جزو ترکیبی بمعنی دو یا دگنا؛ دوگنے طور پر ۔

Twi-: [ME fr. OE. akin to OFris. and OS twi.] سابقہ بمعنی "دو" ؛ "دوگنا"؛ "دوبارہ" ۔

Twi : (n) Twilight کا مخفف ۔

Twi/Tshi/Tchi : (n) (۱) Akwapin قوم کی Alkan زبان ۔ (۲) ایک ادبی زبان جس کی بنیاد (Twi) زبان پر ہو اور جو Ashanti, Akwapin,Alkim اور دیگر Akan زبان بولنے والی قومیں استعمال کرتی ہیں ۔

Twi-night : (a) ایک قسم کے دو کھیلوں سے متعلق جو متحدہ امریکا میں رائج ہیں، یہ کھیل دو مرتبہ کھیلے جاتے ہیں، ایک دو پہر کے بعد اور دوسرا شام کو ۔

Twibil/Twi-/Twy- : (n) [OE. 'twi bill' and 'twi bile'.] (۱) دودھاری تلوار، دو پھلا تیر ؛ نیز اسی قسم کا اوزار جو کان کنی میں استعمال ہوتا ہے ؛ بنسیا جو سیم اور کراؤ کاٹنےمیں کام آتا ہے ۔ (۲) دوہرے پھل والی جنگی کلہاڑی یا ہتھیار (پرانے زمانے کا) ۔

Twice : (adv.) [ME. 'twigs'.] (۱) دونے (پہاڑوں میں)؛ پہلی اور دوسری دفعہ؛ دو موقعوں پر ۔ (۲) دوبارہ؛ دو سے ضرب دے کر؛ دونی مقدار میں، رقم یا درجہ ۔

At twice : (۱) دو وقتوں میں یا دو موقعوں پر ۔ (۲) دوسری مرتبہ؛ دوسری بار ۔

Twice : (a) دوبارہ انجام دیا ہوا؛ دو بار واقع ہوا ہو ؛ دیا گیا ہو، دو بار کیا گیا ہو ۔

Once or twice : ایک مرتبہ یا دوبارہ ۔

Twice or thrice : دوبارہ یا سہ بارہ ۔

To think twice : کسی بات کو دوبارہ غور کرنا (فیصلہ کرنے سے پہلے) ۔

Twice-accented octave : (n) (۱) موسیقی میں دوہرے تال یا دور کا سرگرم ۔ (۲) دیکھو Two line octave ۔

Twice-baked : (a) دوبارہ پکائی ہوئی (روٹی) ۔

Twice-boiled : (a) دوبارہ جوش دیا ہوا؛ دوبارہ ابالا ہوا ۔

Twice-born : (a) [ME.] (۱) دوسری جنم کا؛ دوسری بار پیدا شدہ ۔ (۲) ہندوؤں کی تین اونچی ذاتوں میں سے کسی ایک ذات کا (جس میں اس ذات کے بچوں کی رسم زنار بندی ہوتی ہے)۔ (۳) دیکھو Reincarnated ۔ (٤) تجسیم نو کیا ہوا؛ دوبارہ تجسیم پایا ہوا ۔ (۵) بنیادی، اخلاقی اور روحانی تجدید کا مخصوص تجربہ پایا ہوا ۔

Twice-laid : (a) پرانے استعمال شدہ رسے کے حصوں سے بنا ہوا ۔

Twice-married : (a) دوبارہ شادی شدہ ۔

Twice-stabbed ladybird : (n) ایک چھوٹا سیاہ شکارخور بھونرا ۔

Twice-told : (a) دوبارہ بیان کیا ہوا؛ فرسودہ(حکایت) ۔

Twicer : (n) (۱) کسی کام کو دوبارہ کرنے والا یا دو کام کرنے والا شخص (مثلا اتوار کو گرجا میں دو دفعہ عبادت کرنے والا شخص ؛ (برطانیہ) طابع جو حروف جمانے اور چھاپنے کا دونوں کام کرتا ہے ۔ (۲) (خاص کر برطانیہ) فریبی؛ بدمعاش؛ بدقماش؛ دوبارہ نقصان اٹھانے والا شخص۔

Twicet : Twice کا متبادل ۔

Twichild : (n) پیرانا سالی؛ سٹھیاپا؛ پیر فرتوت ۔

Twickenham : (a) Twickenhamکا یا اس کے میونسپل قصبے کا؛ Twickenham میں بروج قسم یا اس کے طرز کا یا اس سے متعلق ۔

Twiddle : (v) [Probably Combination of Twirl and Fiddle.] (۱) ادنیٰ سی چیز میں لگ جانا؛ مشغول ہونا؛ فضول باتیں کرنا؛ محض شغل کے طور پر گھمانا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا؛ (وقت، روپیہ وغیرہ کو) کسی کام میں ضائع کرنا؛ کسی چیز سے بے دلی سے، بے پروایانہ کھیلنا؛ شغل کرنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) گھمانا، چکر دینا (خاص کر انگلیوں سے) ؛ مروڑنا؛ اینٹھنا؛ کھینچنا؛ بے کار اور مہمل باتیں کرنا؛ اوچھاپن کرنا؛ جلدی جلدی گھمانا؛ پھرانا؛ چکر دینا؛ کسی چیز سے کاہلی کے ساتھ یا بے خیالی سے شغل کرنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) شغل کے طور پر حرکت دینا؛ گھمانا، پھرانا؛ ہلکے یا ادنیٰ طور پر؛ کانپنا؛ تھرتھرانا ۔

To twiddle one's thumbs or fingers : انگوٹھوں یا انگلیوں کو ایک دوسرے میں بے خیالی میں گھماتے رہنا ؛ (مجازاً) بے کار رہنا؛ بے شغل ہونا ۔

Twiddle : (n) گھمانے کا عمل؛ گھمانا پھرانا؛ کسی چیز کو جلدی جلدی گھمانا شغل کے طور پر؛ اینٹھنا؛ اینٹھن؛ تیز چکر؛ تیز گھمانے یا اینٹھنے کا نشان؛ احمقانہ بات؛ مہمل گفتگو؛ لغویات ۔

Twiddle : (v) معمولی یا ادنیٰ، غیر اہم کاموں میں مشغول ہونا؛ کسی چیز سے بے دلی سے بے پروایانہ کھیلنا، شغل کرنا؛ بے کار وقت ضائع کرنا؛ بے کار اور مہمل باتیں یا حرکتیں کرنا؛ اوچھاپن کرنا ۔ (۲) ہلکے سے گھمانا؛ دھیرے دھیرے چلانا؛ کانپنا؛ تھرتھرانا؛ چکر دینا؛ چکر کھانا ۔

Twiddle : (v) (۱) (بلور کا) کلکلانا؛ چوں چوں کرنا ۔ (۲) (انسان کا) بڑ مارنا؛ بکواس کرنا؛ بڑزہ گوئی کرنا؛ یا وہ گوئی کرنا؛ بک بک کرنا یا لگانا؛ بیہودہ بکنا؛ احمقانہ گفتگو کرنا؛ بے موقع بولنا۔ (۳) (دانت کا) بجنا؛ کٹکٹانا؛ کڑکڑانا؛ ڈگ لگانا؛ نیز مشین کے ڈھیلے حصوں کا بجنا؛ کھٹ کھٹ ہونا؛ زور دار آواز سے تیزی سے پڑھنا ۔ (٤) جلدی جلدی بولنا؛ تیزی سے بولنا ۔(۵) بے خیالی سے باجا بجانا ۔

Twiddle-twaddle : (n) لغو ؛ مہمل بات؛ احمقانہ گفتگو ؛ مہمل گفتگو ۔

Twiddly : (a) خفیف؛ ادنیٰ؛ بے دلانا؛ احمقانہ ۔

Twifold/Twyfold : (a) [OE. 'twifeald'.] (۱) دوگنا؛ دونا؛ دوہرا۔ (۲) دیکھو Twofold ۔

Twiformed/Twiform : (a) دو شکلہ؛ دوجسمہ؛ غیر متناسب حصوں کو جوڑنے والا یا بےمیل متناسب ٹکڑوں سے وابستہ ۔

Twig : (v) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ بول چال) سمجھنا (کسی شخص کا مطلب، الفاظ کا مفہوم وغیرہ) ۔ (۲) تاڑ جانا؛ (مجازاً) بھانپ جانا؛ نظر پڑنا ۔ (۳) دیکھ بھال کرنا؛ نگرانی کرنا؛ دیکھنا؛ معائنہ کرنا؛ دیکھ کر کسی چیز سے واقف ہو جانا؛ پہچان لینا ۔

Twig: (n) [Origin unkn.] فیشن؛ طرز؛ طور طریق؛ انداز۔

Twig : (n) سخت کوشش؛ چوٹ؛ جھٹکا؛ کھینچ؛ کھنچاؤ؛ کھینچاتانی؛ کشمکش۔

Twig : (v) کھینچنا؛ مروڑنا۔

Twig : (v) درخت کی ٹہنی سے مارنا، گویا چھڑی سے مارنا۔

Twig : (n) [OE. Late Northumb twigge.] (۱) چھوٹی سی شاخ؛ ٹہنی؛ ڈالی؛ (درخت یا پودے کی)۔ (۲) (تشریح) غضنہ؛ شیریان کی پتلی سی شاخ۔ (۳) (برقیات) چھوٹی سی موصول برق جو رَو کو ادھر اُدھربھیجتی ھے۔ (٤) طلسمی لکڑی؛ دوشاخا لکڑی جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاتا ھے کہ پانی یا معدنیات کس جگہ نکلیں گے۔

Twig-beetle : (n) (۱) مختلف بھونروں میں سے کوئی جو درخت کی ٹہنیوں میں سوراخ کرتا ھے۔ (۲) دیکھو Bark beetle۔

Twig-blight : (n) درخت کی شاخوں کا اوپر سے نیچےتک خشک ھو جانا، مردہ ھو جانا یا لکڑی والے پودوں کا مردہ ھو جانا۔

Twig-borer : (n) مختلف چھوٹے بھونروں میں سے کوئی یا ان کا لاروا یا چھوٹے کیڑوں کا لاروا جو درختوں کی ٹہنیوں میں یا جھاڑیوں میں سوراخ کرتے ہیں۔

Twig-budding : (n) تبدیل شدہ سپر نما کلیاؤ۔

Twig caterpillar : (n) چند نازک کنڈلی مارکیڑوں (مثلاً تتلی کا لاروا) میں سے کوئی جو درخت کی ٹہنیوں پر رہتا ھے۔

Twig drop : (n) درخت کی ٹہنیوں کی یا چھوٹی شاخوں کی کاٹ چھانٹ۔

Twig gall : (n) متعدد گمڑیوں میں سے کوئی جو درختوں کی ٹہنیوں یا جھاڑیوں پر ھو جاتی ہیں۔

Twig-girdler : (n) (۱) (کیڑا) جو درختوں کی ٹہنیوں میں حلقے بناتا ھے، خاص کر وہ جو درخت کی چھالوں سے اپنی غذا مہیا کرتا ھے اور کتر کتر کر ان میں خانے بناتا ھے۔ (۲) ایک امریکی بھونرا جو اپنے انڈوں کو ٹہنیوں کے سروں میں جمع کرتا ھے۔

Twig-insect : (n) (۱) دیکھو Stick insect۔ (۲) چھڑی کی طرح کا کیڑا؛ Phasmatidae اور متعلقہ خاندان کے مختلف کیڑوں میں سے کوئی۔

Twig pruner : (n) متعدد چھوٹے بھونروں میں سے کوئی جس کا لاروا درختوں کی ٹہنیوں میں سوراخ کرتا ھے اور کاٹ ڈالتا ھے۔

Twig-rush : (n) ایک لمبا دلدلی پودا جس کے پتے بہت لمبے، پتلے اور سخت ھوتے ہیں۔

Twigged : (a) شاخ دار؛ گمڑی دار۔

Twiggen : (a) (۱) ٹہنیوں سے بنا ھوا یا بٹے ھوئے بید کا بنا ھوا؛ نیز بید کے بٹے ھوئے کام کا؛ بید سے بنی ھوئی چیزوں سے ڈھکا ھوا۔ (۲) جلی ھوئی ٹہنیوں سے پیدا شدہ۔

Twiggery : (n) جھاڑی یا درختوں کی کل ٹہنیاں۔

Twiggy : (a) (۱) ٹہنی کی طرح کا؛ نازک؛ پتلا؛ چھریرا۔ (۲) شاخ دار یا شاخوں سے ڈھکا ھوا؛ غضنہ دار؛ جھاڑی دار۔

Twiglet : (n) چھوٹی ٹہنی۔

Twiglike : (a) ٹہنی سے مشابہ۔

Twigwithy : (n) (۱)یورپی بید کا درخت۔ (۲) دیکھو Osier۔

Twilight : (n) [Late ME.] (۱) شفق؛ صبح کا دھندلکا؛ صبح یا خصوصاً شام کا جھٹ پٹا۔ (۲) مدھم روشنی؛ وہ مدت جب تک دن کی روشنی اور رات کے درمیان ایسی حالت رھے۔ (۳) (مجازاً) نا مکمل واقفیت یا فہم کی حالت؛ دھندلکے کی سی کیفیت؛ اندھیرا۔ (٤) (کسی مقام کو) مدھم روشنی سے روشن کرنے کا عمل۔ (۵) صبح کا دھندلکا جو صبح ھونے کے بعد طلوع آفتاب تک رہتا ھے۔ (٦) مدھم روشنی جو شفق سے مشابہ ھوتی ھے۔ (۷) (مجازاً) درمیانی حالت یا مدت؛ مکمل پختگی کے قبل یا بعد کی حالت؛ غیرمتیقن کیفیت یا حالت۔

Twilight : (a) (۱) شفق یا صبح کے دھندلکے سے متعلق؛ دھندلکےمیں کیا ھوا یا دیکھا ھوا۔ (۲) (مجازاً) درمیانی خصوصیت کا حامل؛ شفق کی روشنی سے روشن کیا ھوا؛ مدھم؛ دھند؛ دھندلا، نیز (مجازاً) سویرے کا۔ (۳) (مجازاً) نامکمل ذہنی فہم و ادراک سے متعلق۔

Twilight arch : (n) زمین کا عکس فضا میں جو شام کے دھندلکے میں پورب کی طرف دکھائی دیتا ھے؛ محراب شفق۔

Twilight band : (n) وہ تنگ علاقہ یا کم کشادہ علاقہ جس میں پائلیٹ صحیح اور غلط راستوں کے دونوں سگنل معلوم کرسکے کہ آیا وہ صحیح راستے پر ھے یا غلط راستے پر ۔

Twilight blue : (n) (۱) تغیر پذیر رنگ ۔(۲) سرخی مائل زرد نیلا۔

Twilight of the gods : (ناروے کی دیو مالا) وہ لڑائی جس میں دیو اور اجنا وغیرہ آپس میں لڑ کر مارے گئے ۔

Twilight-sleep : (n) (۱) ایسی حالت جس میں تکلیف کا احساس کم ھو جائے (انجکشن وغیرہ کے ذریعے سے) ۔(۲) بچہ جنانے کا ایک جدید طریقہ جس میں زچہ کو تکلیف نہیں ھوتی ۔ (۳) شفق نیند؛ نیم بیہوشی ۔

Twilight state : (n) خواب کی سی حالت جو مرگی اور ہسٹریا وغیرہ میں ھوتی ھے ۔

Twilight vision : (n) تاریک بصری؛ تاریک نظری۔

Twilight zone : (n) (۱) دو ممیز علاقوں کے درمیان کا رقبہ جس میں دونوں (علاقوں) کی خصوصیات ھوں ۔ (۲) (مجازاً) قدیم اور رو بہ تنزل عمارتوں کا شہری علاقہ۔

Twilighted : (a) (۱) شفق سے روشن کیا ھوا گویا شفق کی طرح روشن کیا ھوا ۔(۲) مدھم؛ کم روشن۔

Twilighty : (a) شفق کا رنگ یا چمک؛ درخشانی؛ ضیا؛ شفقی۔

Twilit : (a) دیکھو Twilighted

Twill/Tweel : (n) [north and Sc. forms of ME .'Twile Twilly'.] (۱) ٹوئیل ؛ دو سوتی بناوٹ کا ایک کپڑا ۔ (۲) اس طرح کی بناوٹ کا طریقہ؛ نیز ابھرواں شکل یا اس طرح سے بنے ھوئے سامان کا وتری نمونہ۔

Twill/Tweel : (v) (۱) ٹوئیل کی طرح بننا؛ دوسوتی بناوٹ سے بننا ۔(۲) بننا (اس طرح کہ کپڑے کی سطح پر وتری لکیریں بنتی جائیں)۔

Twill : (n) دیکھو Quill

Twilled : (a) ٹوئیل کی طرح دوہرے سوت کا بنا ھوا ۔

Twilling : (n) دو سوتی بناوٹ کا بنا ھوا کپڑا یا حصہ ، کام یا عمل جس سے یہ تیار ھوتا ھے ۔

Twilly/Twilley : (n) [by alter.] دُھننے کی مشین؛ نیز مختلف آلےاور مشینوں کے نام؛ پارچہ بافی کی مشین۔

Twilly : (v) دھننا ۔

Twilt : (بول چال) Quilt کا لسانی متبادل ۔

Twin : (a) [Late OE. 'twinn'.] (۱) جڑواں؛ توام ۔ (۲) (نباتیات) توام (پودے) ۔ (۳) ایک دوسرے کے ہم صحبت، شریک کار؛ ہمزاد؛ ہم رشتہ ۔ (٤) ایک قسم کے دو مساوی حصوں سے بنا ھوا؛ ایک دوسرے سے منسلک؛ جڑا ھوا ۔ (٥) (فطری تاریخ) نکالنے والا؛ اپجنے والا۔

Twin : (n) [ME.] (۱) دو جڑواں چیزوں میں سےایک ؛ دو توام بچوں میں سے ایک ۔ (۲) مرکب قلم (کیمیاوی یا معدنی اشیاء کی) ۔(۳) جڑواں بچے یا وہ جو ایک ساتھ پیدا ھوں ۔ (٤) (علم النجوم) بروجی جھمکا(ستاروں کا) اور جوڑا ۔ (٥) (مجازاً) (جمع) دو اشخاص یا چیزیں جو بہت اچھی طرح متحد ھوں، ہم صحبت ھوں ؛ دو چیزوں میں سے ایک (ہم صحبت ، شریک کار ، ہم رشتہ) ۔(٦) توام بچوں کا یا دو کم عمر آدمیوں کا جوڑا ۔

Twin : (v) [Late ME.] (۱) جوڑ دینا یا جڑجانا؛ جڑواں کردینا یا ھو جانا (دو چیزوں یا آدمیوں کا اچھی طرح، جزو لاینفک طور پر)؛ متحد کر دینا ۔ (۲) دو بچوں کا ایک ساتھ ، ایک پیدائش میں پیدا ھونا؛ توام پیدا ھونا ۔(۳) جڑواں حاملہ ھونا یا پیدا کرنا؛ ایک ساتھ پیدا ھونا؛ بہ یک وقت پیدا ھونا۔ (٤) (دو بلورین کو) جوڑ دینا کسی مخصوص اصول یا قاعدے کے مطابق توام بلورین بنانے کے لئے ۔ (٥) مثنی؛ مساوی یا مقابل ھونا یا بنانا ۔

Twin-axis : (n) توام قلم (بلورین) میں جوڑنے کا محور ۔

Twin band mill : (n) کارخانۂ ارہ کشی جس میں دونوں قسم کے، دائیں ہاتھ اور بائیں ہاتھ دونوں سے چلائے جانے والے آروں سے کام لیا جاتا ھے ۔

Twin-beds : (a) توام پلنگ کا ۔

Twin-beds : (n) توام پلنگ میں سے ایک ۔

Twin berry : (n) (۱) شمالی امریکا کی جھاڑی دار بیل جس میں زردخوشبودار پھول آتے ہیں ۔ (۲) امریکی چڑھنے والی بیل Partridge berry ۔

Twin bill : (n) (۱) دیکھو Double header ۔ (۲) دروازے یا کھڑکی کا سردل (اوپر کی چوکھٹ) ۔

Twin-birth : (n) جڑواں پیدائش؛ توام پیدا ہونا ۔

Twin-born : (a) جڑواں ، توام یا ایک ساتھ پیدا ہونے والا ۔

Twin-brother : (n) بھائی جو ایک ساتھ پیدا ہو؛ جڑواں بچوں میں سے ایک بھائی؛ جڑواں بھائی ۔

Twin city : (a) Minueapolis and St. Paul minn ملحقہ شہروں کا یا ان سے متعلق ۔

Twin disease : (n) Twin- lamb disease کا متبادل ۔

Twin-engine/-engined : (a) (۱) دو استوانے والا یا استوانوں کی دو قطاریں ۔ (۲) دو انجنوں والا (ہوائی جہاز) ۔

Twin disease/Twin-lamb disease : (n) (۱) دیکھو Pregnancy disease ۔ (۲) حاملہ بھیڑ کی ایک بیماری ۔

Twin-lens camera : (n) دو عدسی کیمرا ۔

Twin-plane : (n) توام قلم کے جڑواں محور کا ایک عمودی رندا ۔

Twin-screw : (a) جڑواں پیچوں والا (خاص کر اسٹیمر کا) ؛ جڑواں پیچ والا ڈھکیلو جداگانہ لمبے دھرے پر ۔

Twin-screw pump : (n) جدا ہو جانے والا پمپ ۔

Twin-set : (n) آستین دار یا بلا آستین کی بنی ہوئی واسکٹ کے ساتھ والی جمپر ۔

Twin-sister : (n) (۱) جڑواں بچے پیدا ہونے والوں میں ایک لڑکی ۔ (۲) دیکھو Twin flower ۔

Twin valve : (n) کُھلمندن جس میں دو راستے ہوتے ہیں ایک داخل ہونے کے لئے اور دوسرا نکلنے کے لئے ۔

Twindle : (n) (روز مرہ) دیکھو Twin

Twine : (n) [ME 'twin twyne'.] (۱) ڈوری؛ سوتری؛ رسی؛ سنلی ۔ (۲) بل؛ چکر؛ مروڑی؛ پیچ ۔ (۳) گتھی ہوئی چیز؛ الجھی ہوئی چیز یا حصہ؛ جڑواں تنا یا پودے کی شاخ، ٹہنی؛ موڑی ہوئی یا لپیٹی ہوئی کوئی چیز ۔ (٤) گانٹھ ؛ گرہ؛ پیچیدگی ۔ (٥) ہلکا بھورا مائل زیتونی رنگ ۔

Twine : (v) [ME. 'twinen'.] (۱) مروڑنا؛ اینٹھنا؛ (ڈوری بنانے کےلئے) ۔ (۲) بٹنا؛ ڈوری بنانا ۔ (۳) گتھے ہوئے ڈوروں سے بنانا (ہار وغیرہ) ۔ (٤) ہار لپیٹنا؛ گوتھنا ۔ (٥) لپیٹنا (کسی چیز کے گرد) ۔ (٦) بل دینا (کسی چیز کے گرد) ۔ (۷) سوت کی ڈوری بنانا ۔ (۸) گھمانا؛ گھومتے ہوئے بڑھنا؛ جھکنا چکر کی طرح سے؛ پیچدار طور پر چاروں طرف گھومنا ؛ (سانپ وغیرہ) لہر دار طور پر رینگنا ۔ (۹) جسم کو مروڑنا؛ بل دینا؛ تشنج پیدا کرنا؛ پیچ وتاب کھانا (کیڑے کا) ۔

Twine reeler : (n) ایک قسم کی کاتنے کی، ڈوری یا سنلی بٹنے کی مشین ۔

Twiner : (n) (۱) بل کھانے والا؛ رینگنے والا؛ مروڑنے والا؛ اینٹھنے یا بٹنے والا ۔ (۲) عادتاً بٹ جانے (والی شاخ کا) پودا ۔ (۳) دیکھو Twine reeler ۔ (٤) بٹنے والا پودا ۔

Twinflower : (n) (۱) Linnaea کی جنس کاایک پودا ۔ (۲) یورپ اور ایشیا کے شمالی علاقوں کا ایک چھوٹا افتادہ سدا بہار پودا ؛ شمالی امریکا کے شمالی علاقے کا ایسا ہی پودا ۔

Twinge : (v) [OE. 'twengan'] (۱) ٹیس، خلش پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) رہ رہ کے بے چین کرنا؛ چٹکی لینا ۔ (۳) مروڑنا؛ دبانا؛ چبھونا؛ تشنجی حرکت ہونا؛ چٹکی لینا ۔

Twinge : (v) [ME. 'twengen'.] (۱) (روزمرہ) توڑنا ۔ (۲) نوچنا؛ کھسوٹنا؛ جھٹکے سے توڑنا؛ جھٹکے سے کھینچنا ۔ (۳) (تھوڑا سا جھٹکا دے کر) کھینچنا؛ گھسیٹ لینا؛ (آستین وغیرہ) پکڑ کر کھینچنا ۔ (٤) (کسی کا) تیز یا شدید درد میں مبتلا ہونا؛ چبھنا؛ اچانک مقامی تیز درد محسوس کرنا ؛ چھرے کے زخم جیسا احساس ہونا یا شدید (درد کا) احساس ہونا ۔

Twinge : (n) (۱) تیز چبھتا ہوا یا اینٹھن والا درد؛ گٹھیا کے درد کو بھی کہتے ہیں؛ ٹیس؛ چبھن ؛ خلش ۔ (۲) (مجازاً) تیز ذہنی الجھن؛ تکلیف؛ تیز احساس ندامت؛ صدمۂ ندامت ؛ ضمیر کی سرزنش۔

Twingle : (v) (۱) (روزمرہ برطانیہ) دیکھو Twist ۔ (۲) (کیڑے وغیرہ کا) بل کھانا؛ لہرانا ۔ (۳) (آدمی یا جانور کا) کیڑے کی طرح بل کھانا ۔ (٤) (مجازاً) ٹال مٹول کرنا؛ حیلے بہانے کرنا ۔ (٥) بل کھاکر جانا، آنا، نکلنا ۔

Twingle-twangle/Twing-twang : (n) بربط یا دوسرے ایسے باجے کی طرح کی آواز؛ باجے کی ٹن ٹن کی آواز؛ باجے کے تار کی آواز ۔

Twining : (a) بل کھانے والا؛ پیچاں (پودا)؛ چکر دار (مختلف معنوں میں) خاص کر اس پودے کے بارے میں جو بل کھاتے ہوئے اپنے سہارے کے چاروں طرف بڑھتے ہیں ۔

Twink : (v)[Late ME. 'twinken'] (۱) دیکھو Twinkle ۔ (۲) چمکنا؛ دمکنا؛ جگ مگ کرنا؛ جھلکنا؛ رہ رہ کر چمکنا؛ ٹمٹمانا ۔ (۳) طبیعت کا جولانی پر ہونا ۔

Twink : (n) [Late ME.] (۱) جھپکی (نیندکی)؛ وقت جو اس میں لگا ۔ (۲) ٹمٹماہٹ؛ چشمک زنی؛ لحظہ؛ لحہ؛ چشم زدن میں؛ آنکھ جھپکتےہی In a twink ۔

Twink : (n) (۱) دیکھو Chaffinch ۔ (۲) چرچڑیا؛ ایک قسم کی گانے والی چڑیا؛ سرشور ۔

Twink : (v) [Origin unkn.] (روز مرہ انگریزی) سزا دینا؛ ضرر پہنچانا؛ عقوبت پہنچانا؛ تعزیر کرنا؛ جرمانہ کرنا؛ (مکے بازی میں حریف پر) ضرب شدید لگانا؛ تڑاتڑ لگانا؛ سونٹے کی طرح لگانا ۔

Twinkle : (v) [OE. 'twinclian'.] (۱) چمکنا دمکنا (روشنی، ستارے وغیرہ کا)؛ دمکنا ۔ (۲) جلدی جلدی جھپکنا(پلکوں کا)؛ جلدی جلدی رہ رہ کر چمکنا ۔ (۳) جلدی جلدی آگے پیچھے ہٹنا (پودوں کا) (ہَوا سے جھومنے میں) ۔ (٤) آنکھوں میں ہنسی کی جھلک نظر آنا؛ چمک اٹھنا ۔ (٥) جھپکنا؛ جھپکانا(آنکھ، پلک) ۔ (٦) تیزی سے رہ رہ کر ضیا باری کرنا ۔ (۷) اشارہ یا پیغام پہنچانا (چمکا کر آنکھ کے اشارے سے) ۔ (۸) (شاعری میں) آنکھ کے اشارے سے رہنمائی کرنا ۔ (۹) جلدی جلدی آنکھ کھولنا بند کرنا؛ آگے پیچھے یا اندر باہر کھسکنا، جلدی جلدی تبدیلی کے ساتھ؛ جلد جلد ظاہر ہونا اور چھپ جانا، لرزش کرنا، تھر تھرانا؛ روشنی کا جھلملانا ۔

Twinkle : (n) (۱) (پلکوں کی) جھپک؛ آنکھ کا جھپکنا؛ آنکھ کی جھپکی ۔ (۲) چمک دمک؛ ہنسی کی جھلک (آنکھوں میں)؛ آنکھوں کی جھپک کا وقفہ ۔ (۳) تیز حرکت (پیروں کی) ۔ (٤) جگمگاہٹ، جوت، آنکھ جھپکانے کا عمل؛ آنکھ کا اشارہ ۔ (٥) جھپکی؛ ہلکی نیند؛ جھلک؛ ایک اچٹتی نظر، ہلکی یا عارضی چمک دمک؛ ضیاباری؛ (مجازاً) جھلملاہٹ؛ پھڑک؛ ارتعاش؛ کپکپی؛ تھرتھراہٹ؛ کھلتی بند ہوتی ہوئی روشنی ۔ (٦) بال رقص میں قدم کا ایک خاص انداز میں جلدی جلدی آگے پیچھے ہٹنا ۔

Twinkler : (n) کوئی چیز جو باربار ضیا باری کرتی ہو یا جو ہلکی چمک ظاہر کرتی ہو؛ کبھی کبھی آنکھوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Twinkling : (n) (۱) چمکنے کا عمل؛ ہلکے طور پر جھلکنے یا چمکنے کا عمل؛ آنکھ جھپکنا یا جھپکانا؛ ٹمٹماہٹ؛ چشمک زنی ۔ (۲) آنکھ کے جھپکنے کا ایک لحہ؛ تیز چمک دار حرکت ۔

In a twinkling : ہم تم سے بہت جلد ملیں گے۔

In the twinkling of an eye : فوراً ہی؛ ایک لحہ میں؛ پلک جھپکاتےہی ۔

Twinkly : (a) (۱) دیکھو Twinkling ۔ (۲) دیکھو Beaming ۔ (۳) دیکھو Smiling ۔

Twinleaf : (n) ایک امریکی سدا بہار پودا ۔

Twinly : (n) جڑواں کا یا اس سے متعلق یا اس کے لئے موزوں، مناسب ۔

Twinned : (a) (۱) توام؛ جڑواں؛ دو ایک ساتھ پیدا شدہ (بچے) ۔ (۲) پورے طور پر وابستہ اور متحد، نیز ایک طرح کے، یکساں ۔ (۳) دو مرکب بلورین۔

Twinner : (n) جڑواں بچے جننے والی ۔

Twinning : (n) (۱) دو بچوں کے ایک ساتھ پیدا ہونے کا عمل؛ ایک کے بجائے توام پیدا ہونا ۔ (۲) جوڑا؛ اتحاد یا دو آدمیوں یا چیزوں کا مقابلہ ۔ (۳) دو یا زیادہ بلورین یا بلورین کے حصوں کا مجموعہ غیر متوازی مگر معقول حالت میں ۔ (٤) دیکھو Secondary twinning ۔ (٥) بلورین کا بیرونی جوڑ یا جت جانا ۔

Twinning-axis : (n) دیکھو Twin - axis

Twinning-law : (n) دو بلورین کو جوڑنے یا متحد کرنے کا اصول یا قاعدہ۔

Twinship : (n) (۱) توام یا جڑواں ہونے کی حالت۔ (۲) توام بچوں کا ایک دوسرے سے تعلق؛ قریبی یکسانیت، مشابہت؛ روابط۔

Twinspur : (n) سالانہ اگنے والا عمودی پودا جس کے پھول رنگین ہوتے ہیں۔

Twinter : (n) [ME. fr. OE. 'twi winter'.] (روز مرہ برطانیہ) بھیڑ، بیل یا گھوڑا جو دوسال تک زندہ رہا ہو۔

Twinter : (a) [ME.] دو سالہ؛ دوسال کا۔

Twiny : (a) (۱) ڈور، ستلی وغیرہ کا یا ان سے متعلق۔ (۲) دیکھو Twinning۔ (۳) دیکھو Inter lacing۔

Twire/Tweer : (v) [Of unkn. origin.] (شاذ، روز مرہ) دزدیدہ نظر سے دیکھنا؛ جھانکنا؛ تاکنا؛ (مجازاً) روشنی وغیرہ جھلکنا۔

Twirl : (n) (۱) گھمانے کا عمل یا گھمائے جانے کی حالت۔ (۲) گھماؤ؛ تیز گردش؛ تیز چکر؛ مروڑ؛ بل۔ (۳) کوئی چیز جو گردش کرے یا گردش میں لائی جائے۔

Twirl : (v) (۱) جلدی جلدی گھمانا؛ چکر دینا؛ چاروں طرف چکر دینا؛ پھرانا؛ گھومنا؛ پھرنا؛ چکر کھانا۔ (۲) شغل کے طور پر حرکت دینا؛ گھمانا (انگلی یا انگوٹھے کو تیزی سے) ؛ (دماغ یا سرکا) چکرانا۔ (۳) اینٹھنا (خصوصاً موچھوں کو)؛ سانپ کی طرح کنڈلی مارنا؛ بلے باز کو گیند پھینک کر دینا۔

Twirler : (n) (۱) گھومنے والا یا گھومنے والی یاگھمائے جانے والی چیز۔ (۲) Base ball کے کھیل میں گیند پھینکنے والا۔ (۳) ڈنڈا گھمانے والا۔ (٤) مختلف قسم کے گھومنے والے کھلونوں میں سے کوئی۔

Twirligig : (n) [by alter. of 'whirligig'] (۱) ایک طرح کا کھلونا۔ (۲) (مجازاً) چکر؛ گردش؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کے گھوڑے وغیرہ لگے ہوتے ہیں اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیا جاتا ھے؛ چرخ چوں۔

Twirling : (n) گھمانے یا چکر دینے والےکا عمل یا مشق، خاص کر Base ball کے کھیل میں گیند پھینکنے والے کا عمل یا اصول فن (تکنیک)۔

Twirly : (a) پیچ و خم سے بھرا ہوا؛ پیچ و خم والا؛ خمدار؛ پیچدار۔

Twirp : Twerp کا متبادل۔

Twist : (v) [of mixed origin.] (۱) لہروں کو ملا کر بل دینا؛ بٹنا (رسی وغیرہ)۔ (۲) گوتھنا؛ گوندھنا۔ (۳) بل دار بنانا؛ مرغولہ بنانا(ستون وغیرہ کو)۔ (٤) بل کھانا؛ بل دار شکل میں اگنا یا بڑھنا۔ (۵) گیند کا (خصوصاً انٹے کے کھیل میں) چکر کھاتے ہوئے مڑ جانا۔ (٦) (ہار) گوندھنا یا گوتھنا۔ (۷) پیچ و خم کے ساتھ چلنا؛ بل کھاتے ہوئے چلنا؛ آگے بڑھنا؛ گزرنا (مجمع میں سے)۔ (۸) مروڑنا۔ (۹) توڑ مروڑ کر کچھ اور معنی پہنانا (الفاظ کو)۔ (۱۰) جوڑنا؛ متحد کرنا۔ (۱۱) دو یا زائد سوت یا ریشوں کو (کسی مناسب چیز کے) بل دے کر دھاگایا ڈوری بنانا؛ سوت کو بل دے کردھاگا یا ڈوری بنانا۔ (۱۲) گھما کر یا ملا کر جوڑنا یا متحد کرنا؛ ایک ساتھ جوڑنا؛ ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ بٹ دینا؛ ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا؛ بننا۔ (۱۳) (مجازاً) متحد کرنا؛ جوڑنا؛ ملانا؛ اچھی طرح وابستہ کرنا؛ ڈوری میں لڑوں کی طرح پورے طور پر وابستہ کرنا؛ ملانا۔ (١٤) (دھاگے یا اسی طرح کی کوئی چیز) کسی پر چڑھانا یا اس کے چاروں طرف لپیٹنا؛ اس طرح منسلک کرنا (کسی چیز کو) کسی چیز سے یا دھاگے سے گھیرنا یا کسی دوسری چیز میں لپیٹ لینا؛ پیچ و خم کے ساتھ آگے بڑھنا؛ پیچدار حرکت کے ساتھ کسی چیز کو کسی چیز میں گھسیڑنا؛ داخل کرنا۔ (۱۵) دبا کر شکل بدل دینا خاص کر دبانا (عضو وغیرہ) چاروں طرف موچ آنے کے لئے۔ (١٦) گھما کر ترچھا کر دینا؛ شکل صورت (کسی چیز کی مروڑ دینا) ؛ بل دینا؛ مسخ کرنا(شکل وغیرہ)۔ (۱۷) (مجازاً) اصل شکل کو مسخ کرنا یا کھینچ تان کر غلط معنی پہنانا۔ (۱۸) جھکا دینا؛ کھینچ لینا؛ باہر نکالنا؛ زور سے مروڑنا؛ دبانا (چہرے پر) بل دینا۔ (۱۹) چکر دار شکل میں تبدیل کرنا؛ جھکانا؛ خم کرنا؛ چکر دار طور پر لپیٹنا؛ پیچ کس دینا۔ (۲۰) (بیمہ) (امریکا) (کسی آدمی کو) کسی ایک کمپنی کی بیمہ پالیسی کو موقوف کرنے اور دوسری کمپنی کی نئی پالیسی لینے کی ترغیب دینا۔ (۲۱) جی کھول کر یا پیٹ بھر کر کھانا۔ (۲۲) محور کی طرح گردش کرانا؛ (کسی چیز کو) چاروں طرف گھمانا۔ (۲۳) گھومنا؛ گردش کرنا؛ پیچ و خم والا راستہ اختیار کرنا؛ (راہ میں) متعدد موڑوں کے ساتھ بڑھنا۔ (۲٤) جسم کو بل دے کر رقص کرنا۔

To twist (a person) round one's finger : اپنی مرضی کے مطابق دوسرے پر دباؤ ڈالنا؛ پورے طور پر حاوی هو جانا ۔

To twist one's arm : کسی پر تحکمانه دباؤ ڈالنا؛ مجبور کرنا ۔

To twist the lion's tail : برطانیه کو دق کرنا یا غصه دلانا ۔

Twist : (n) [ME.] (١) تقسیم شده کوئی چیز یا حصه؛ کسی چیز کا وہ حصه جہاں سے وہ الگ هوتا هے (خصوصاً) جانگھوں کا اتصال؛ دو شاخه (خاص کر بھیز یا مویشی کا) ۔ (٢) دھاگے کو بل دے کر ڈوری بنانے کا عمل؛ ریشم، اون، سوت، سن وغیرہ کے ریشوں سے بٹا هوا دھاگا یا ڈوری ۔ (٣) (بحری) (بٹی هوئی) رسی کا هر لهر ۔ (٤) مخلوط مشروب مثلاً چائے اور کافی یا جن اور برانڈی ۔ (٥) موٹی ڈوری کی طرح بنا هوا تمباکو؛ اس طرح کے تمبا کو کا ایك ٹکڑا یا اس کی "لمبائی" ۔ (٦) گوندھے هوئے آٹے کی بنی هوئی بل دار روٹی ۔ (٧) ایك محور کے گرد چکر کھاتے هوئے آگے بڑھنے کی حرکت؛ اینٹھن؛ گردش؛ بل؛ پیچ؛ جھکاؤ ۔ (٨) (ٹینس وغیرہ) چکر جو گیند کو پھینکنے سے پہلے دیا جاتا هے تاکه ایك خاص طریقے سے مڑ جائے ؛ اس طرح چکر دی هوئی گیند ۔ (٩) (طبیعیات) قوت تفتیل؛ مقدار تفتیل؛ زاویهٔ تفتیل (وہ زاویه جو سلاخ وغیرہ کےبل کو ظاهر کرتاهے) ۔ (١٠) حرکت دولابی ۔ (١١) تفتیل؛ بل دینے کا انداز یا درجه؛ خصوصاً رائفل کی نالیوں کا جھکاؤ ۔ (١٢) (طبیعت یا سیرت کا) رجحان؛ افتاد طبع ۔ (١٣) (بول چال) زبر دست، شدید بھوك، اشتہا ۔ (١٤) بے قاعدہ جھکاؤ ؛ بل ؛ خم؛ پیچ ۔ (١٥) انحراف؛ پھر جانا؛ (مجازاً) مواقع کی تبدیلی؛ تغیر حالات؛ نیز راستے کا موڑ ۔ (١٦) (مجازاً) مخبوطی یا انحرافی رجحان یا طور طریقه خاص کر انوکھا دماغی رجحان؛ جانور کی خمدار دم ۔ (١٧) ذہنی یا اخلاقی تعصب یا کجی؛ خبط ؛ سنك ؛ سِر ۔ (١٨) چھین جھپٹ؛ کج روی؛ مسخ کرنا ۔ (١٩) ایك رقص جس میں ایك طرف سے دوسری طرف جسم کو بل دیا جاتا هے، خاص کر اس طرح کا رقص سنه ١٩٦٠ کے آغاز میں عام پسند تھا ۔

A twist in one's tongue : صاف طور پر بولنے سے معذور؛ لکنت ۔

Round the twist : (١) پاگل؛ دیوانه؛ سڑی ؛ مجنوں ؛ سودائی؛ مخبوط الحواس ۔ (٢) دیکھو Twist disease ۔ (٣) رائی اور گیہوں کے پودے کی ایك بیماری جو سمارو سے پیدا هوتی هے ۔

Twist bit : (n) سوراخ کرنے کی سنسی برمے کی طرح کے اوزار سے مشابه ۔

Twist barrel : (n) بندوق کی نال لوهے کے لمبے چکر کی طرح پر اینٹھے هوئے ٹکڑے یا ٹکڑوں سےبنی هوئی ۔

Twist disease : (n) (١) سالمن رنگ کی نوخیز مچھلیوں کی ایك مہلك بیماری ۔ (٢) گندم اور رائی کی بیماری۔

Twist-dive : (n) ایك قسم کی مقابلے کی غوطه زنی ۔

Twist-drill : (n) برما کی طرح کا اوزار (زمین میں سوراخ کرنے کا)۔

Twist-yarn : (n) لپیٹا هوا یا بٹا هوا سوت ۔

Twisted : (a) (١) دو یا دو سے زائد دھاگوں یا ڈوریوں والا یا اسی طرح کی ایك ساتھ جڑی هوئی (چیز) : ڈوری بنی هوئی ایك دوسرے کے ساتھ بٹ کر یا وابسته هو کر؛ گوتھا یا گوندھا هوا؛ ایك دوسرے پر چڑھایا هوا؛ ایك دوسرے کے ساتھ بنا هوا؛ شکل مروڑی هوئی؛ مسخ کیا هوا؛ گھمایا هوا ؛ چکر دار ؛ ترچھا جھکایا هوا ۔ (٢) خاص کر نباتیات میں، دیکھو Contorted ۔ (٣) خمدار؛ پر پیچ؛ مروڑا هوا؛ مرغوله دار ۔ (٤) (نباتیات) پیچیدہ؛ بلدار؛ مروڑی ۔

Twisted-bit : (n) برمے کی انی جس کا سرا مربع سلاخ کا هوتا هے جو چکر دار طور پر اینٹھا هوتا هے ۔

Twisted cubic : (n) بے قاعدہ رندے سے تین مقام پر ایك مکعب ٹیڑھی کاٹی هوئی جگه ۔

Twisted curve : (n) (١) دیکھو Space curve ۔ (٢) خم تین ابعادی مقاموں پر۔

Twisted drill : (n) دیکھو Twist drill

Twisted flower : (n) Strophanthus کی جنس کا پودا ۔

Twisted-gear wheel : (n) پیچ کا پہیّا جو پیچ سے چلتا هو خاص کر وہ جس کا دھرا دوسرے پہیے کے دھرے کے متوازی هو ۔

Twisted heath : (n) ایک چھوٹا سدا بہار پودا ۔

Twisted pair : (n) برقی طناب ایک ساتھ بٹے ہوئے دو منفصل موصلوں پر مشتمل ۔

Twisted pine : (n) ادنیٰ قسم کا ساحلی انناس؛ اندرونی علاقے کا سیدھا انناس ۔

Twisted shovel : (n) خم اور مڑے ہوئے پھال کا میکانکی بیلچہ بوئی ہوئی فصلوں کی جڑوں میں مٹی پھینکنے کے لئے ۔

Twisted-stalk : (n) ایک قسم کا پودا Rose mandarin ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقے کے گلاب کے پھول جیسا سرخ پھولوں والا پودا ۔

Twisted stomach worm/Twisted wireworm : (n) مختلف خیطیہ؛ کیڑوں میں سے کوئی جو طفیلی کیڑوں کی طرح دودھ پلانے والے جانوروں یا چڑیوں کے پیٹ میں ہوتا ھے، خاص عام طور پر جگالی کرنے والے پالتو جانوروں کے پیٹ میں ہوتا ھے ۔

Twistedly : (adv.) اینٹھے ہوئے یا مڑے ہوئے طور پر ؛ اینٹھ کر یا موڑ کر ۔

Twister : (n) (۱) شہتیر؛ گرڈر ۔(۲) وہ جو (یا جو) دھاگا، ڈوری یا اسی طرح کی چیز بناتا ھے خاص کر وہ جو نئے تانے کے دھاگوں کو موڑتا ھے ۔ (۳) دھاگا وغیرہ بنانے کی ایک میکانکی ترکیب ۔ (٤) چاروں طرف ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک گھمانے یا موڑنے والا یا اس طرح یا اُس طرح موڑتا ھے ۔(۵) (مجازاً) وہ جو چکمہ یا فریب دیتا ھے ؛ (کرکٹ وغیرہ) چکر کھانے والی گیند ۔ (٦) کسی چیز کو خم کرنے والا؛ جھکانے والا یا لپیٹنے والا شخص ۔ (۷) مروڑنے والی یا مروڑی یا تشنج پیدا کرنے والی چیز؛ خاص کر (مجازاً) درہم برہم کرنے والی اور حیرت میں ڈالنے والی کوئی چیز ۔ (۸) (عامیانہ) چکرا دینے والا مسئلہ؛ اعتراض یا دلیل ۔ (۹) کوئی مشکل، شدید، پریشان کن اور حیران کن مسئلہ ۔

Twister-in : (n) پارچہ بافی کا کارندہ جو (سوت) بٹتا ھے یا تانے کے لئے دھاگوں کو آخری حصوں میں جو پھنی یا کنگھی کرنے میں چھوٹ گئے ہوں باندھتا ھے ۔

Twisthand : (n) فیتہ ساز؛ تسمہ ساز؛ فیطون یاجھالر ساز ۔

Twistical : (a) دیکھو Crooked؛ خم دار؛ مڑا ھوا؛ بل کھایا ھوا؛ ٹیڑھا میڑھا؛ دیکھو Devious ؛ پیچ دار؛ چکر کا؛ کج راہ؛ کج رو ؛ دیکھو Tortuous؛ پیچ در پیچ؛ پیچ دار؛ (نباتیات) مروڑی دار ۔

Twistification : (n) (۱) اینٹھنے، مروڑنے، بٹنے، بل دینے کا عمل؛ کوئی مروڑی ہوئی بل دی ہوئی چیز ؛ دیکھو Tortuosity ؛ پیچدگی ؛ پیچ دار ھونا ۔ (۲) South and midland ایک قسم کا رقص ۔

Twistify : (v) اینٹھنا؛ مروڑنا؛ بل دینا؛ پیچدار بنانا؛ بٹنا ۔

Twistiness : (n) چکر دار یا پیچ دار ہونے کی صفت یا حالت دیکھو Tortuosity؛ پیچیدگی؛ پیچ دار ھونا؛ دیکھو Sinuosity؛ لہر دار؛ چکر دار؛ پیچدار ۔

Twisting : (n) فریب کاری سے کسی کی بیمہ پالیسی کو تمادی کرا دینا اور دوسری کمپنی کی پالیسی دلوانا ۔

Twisting-in : (n) نئے تانوں کے آخری حصوں کو پرانے تانوں کے حصوں سے ملا دینا یا منسلک کر دینا ۔

Twistle : (n) دیکھو Twist

Twists and turns : (n) زور کا جھٹکا؛ زور سے مروڑنا؛ کھینچنا؛ سنسی؛ پیچ کش؛ پیچیدہ موڑ ۔

Twisty : (a) پیچ دار؛ بلدار؛ اینٹھا ھوا؛ بٹا ھوا؛ چکر سے بھرا ھوا؛ چکر دار؛ خمدار؛ مروڑ یا بل سے بھرا ھوا؛ پیچ در پیچ؛ (مجازاً) بے ایمان؛ پیچ و خم والا؛ دیکھو Devious؛ دیکھو Evasive ؛ ٹالنے والا؛ لیت ولعل کرنے والا؛ حیلہ ساز ؛ دیکھو Tricky ؛ دغا باز؛ چالباز؛ فریبی؛ کائیاں ؛ ھوشیار؛ چالاک؛ عیار ۔

Twit : (n) (۱) مضحکہ خیزی؛ طعنہ زنی یا ملامت کرنے کا عمل؛ (ہلکے طور پر) ملامت یا سرزنش؛ طعنہ ۔(۲) (برطانیہ) احمق؛ زود رنج یا چڑی شخص ۔(۳) عصبی المزاج ہونے یا دفعتاً چڑھ جانے کی حالت ۔

Twit : (n) دیکھو Chirp

Twit : (n) [Origin unkn.] سوت میں یا اون یا روئی کی پونی میں نقص ۔

Twit : (v) (۱) الزام دینا؛ ملامت کے ساتھ قصور نکالنا؛ (کسی شخص کو) جھڑکنا ؛ ملامت کرنا

(خاص کر ہلکے طور پر یا غصہ ظاہر کرتے ہوئے) ؛ (کسی پر) تہمت دھرنا؛ طعنہ دینا ۔ (۲) قصوروار ٹھہرانا؛ سرزنش کرنا؛ جھڑکنا؛ ڈانٹنا؛ توبیخ کرنا؛ خواہ مخواہ اعتراض کرنا؛ نکتہ چینی کرنا ۔ (۳) مضحکہ یا ملامت کا نشانہ بنانا ۔

Twit-twat : (n) کنجشک خانہ؛ گوریا؛ دیکھو House sparrow ۔

Twitch : (n) (۱) جھٹکا؛ اچانک زور کا جھٹکا یا کھینچاؤ؛ جنبش؛ پھڑک؛ توڑنا؛ چھیننا؛ ہلکا جھٹکا؛ ہلکی حرکت ۔ (۲) شدید درد؛ چبھن؛ چٹکی؛ درد کی ٹیس؛ خلش؛ مروڑ؛ اینٹھن؛ چبھن؛ اکثر ذہنی تکلیف ۔ (۳) سرک پھندا یا پھندا؛ ایک خاص قسم کا آلہ جس کی وجہ سے عمل جراحی کے دوران گھوڑا حرکت نہیں کر سکتا ۔ (٤) (کان کنی) رگ معدن کے اندر یا اس کا حصہ جہاں پر یہ دبایا جاتا ہے اور چھوٹا کیا جاتا ہے ۔ (٥) تیز، بلا ارادہ یا قصد عام طور پر پٹھے یا عضلے وغیرہ کی ہلکی حرکت یا جنبش (خاص طور پر اعصابی، عضلاتی) لرزہ اور یا تشنجی جھٹکا یا تھرتھراہٹ ۔

Twitch : (n) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں؛ دوب ۔

Twitch/Twitch-grass : (n) (۱) ایک قسم کی گھاس جیسے Triticum repens ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس Couch grass, گھاس کی ایک قسم Fox-tail ۔ (۳) نجیل؛ دوب؛ بید گیاہ ۔

Twitch : (v) (۱) دفعتاً یا اچانک جھٹکا دینا؛ توڑنا؛ جنبش دینا؛ پھڑکنا ۔ (۲) (کسی چیز کو) تیزی سے یا زور سے کھینچنا؛ گھسیٹ لینا؛ تشنجی حرکت دینا یا ہونا ۔ (۳) جھٹکے سے یا اچانک کھینچنا یا لے لینا؛ توڑنا؛ چھین لینا۔ (٤) سنسی سے یا اسی طرح کی کوئی چیز سے چٹکی لینا؛ کھینچنا؛ تکلیف دینا (چٹکی وغیرہ لے کر) ۔ (٥) (کان کنی) (کچی دھات کی رگ معدن) گھٹنا؛ ختم ہو جانا؛ نیز (مجازاً) (چٹان کا) (کسی چیز پر) جھکنا اور گھٹنا یا بند کرنا ۔ (٦) ڈوری سے یا اسی طرح کی کوئی اور چیز سے خوب کسنا؛ مضبوط باندھنا؛ مضبوطی سے (باندھ کر) محفوظ کرنا ۔

Twitch : (v) (بول چال) گھاس کو اکٹھا کرنا اور ضائع کرنا؛ نیز (مجازاً) (زمین کو) گھاس سے صاف کرنا ۔

Twitch road : (n) وہ سڑک جس کے ذریعے لکڑی کے کندے لے جائے جاتے ہیں (تجارت کے لئے) ۔

Twitchel : (n) [ME.] (۱) پھندا ۔ (۲) جھاڑیوں کے درمیان کا راستہ ۔

Twitchels : (v) (انگریزی روز مرہ) سرک پھندے سے باندھ دینا ۔

Twitcher : (n) جھٹکا دینے والا؛ کس کر باندھنے والا؛ کھینچنے والا؛ دفعتاً جھٹکا یا جنبش دینے والا ۔

Twitchfire : (n) زمین کی گھاس کو جلانے کے لئے آگ ۔

Twitchy : (a) بے قرار؛ بے چین؛ چلبلا ۔ ۔

Twite : (n) [Imitative.] زو فنیقیہ* کوہ ؛ پہاڑی چڑیا؛ لینٹ (linnet) کی قسم کا ایک پرند ۔

Twite-finch : (n) ایک قسم کی چھوٹی سی پہاڑی چڑیا ۔

Twitelark : (n) دیکھو Meadow pipit ؛ (روز مرہ انگریزی) عام قسم کا چنڈول (پرند) ۔

Twitten : (n) (مقامی انگریزی) تنگ یا کم چوڑی گلی ۔

Twitter : (n) (۱) دہشت انگیز ہل چل یا تحریک ؛ وحشیانہ اشتعال یا جوش کی انتہا؛ تھرتھرانا یا کانپنا ؛ تھرتھری؛ کپکپی ۔ (۲) چڑیوں کی چہچہاہٹ ؛ چڑیوں کی چوں چوں؛ ٹر ٹر؛ بڑ بڑ؛ بکواس ۔

Twitter : (n) (۱) سفید بھُر بھرے روغنی مادے والی وہیل مچھلی کے غلاف کا فضلہ تیل نکالے جانے کے بعد ۔ (۲) اسپرم وہیل کے غلاف پر استر کا کام دینے والی موٹی، سخت نسیج ۔

Twitter : (n) [Late ME.] (۱) (حیوانیات) چہچہا؛ چہچہانے یا چوں چوں کرنے یا لرزاں جوش کی حالت؛ ہیجانی حالت ؛ پھڑپھڑاہٹ ؛ تھر تھراہٹ ۔ (۲) ہلکی لرزش کے ساتھ چوں چوں؛ نیز (مجازاً) اس کے مشابہ آواز ۔

Twitter : (v) (۱) (چڑیا) ہلکی تھر تھراہٹ کے ساتھ سُر میں مسلسل بولنا؛ کانپتے ہوئے مسلسل چوں چوں کرنا یا چہچہانا ۔ (۲) (مجازاً) (آدمی کے لئے) گانا؛ ہلکے ہلکے ہنسنا؛ احمقانہ ہنسی ۔ (۳) (چڑیا) چہچہانا یا چوں چوں کر کے ظاہر کرنا ۔ (٤) لرزاں؛ تھر تھراتے ہوئے، کانپتے ہوئے آگے بڑھنا خاص کر جوش جذبات، اشتیاق میں یا خوف سے کانپنا؛ گھبراہٹ یا بے چینی میں ہونا ۔

Twitteration : (n) (۱) دیکھو Flutter ۔ (۲) دیکھو Twitter ۔ (۳) دیکھو Tizzy ۔ (٤) انتہائی جذباتی اور احمقانہ طور پر پریشاں کن، حیراں کن دماغی حالت، خاص کر ادنیٰ سی بات کے لئے ۔

Twitterboned : (a) (روز مرہ برطانیہ) (گھوڑا) کُھر؛ سُم پر پھوڑا، پھنسی والا۔

Twitterer : (n) چہچہانے والا پرند؛ جوش و جذبات یا خوف سے کانپنے والا؛ تھر تھرانے والا شخص ۔

Twittering : (n) چڑیوں کا ہلکی لرزش کے ساتھ چوں چوں کرنا؛ لرزاں آواز یا اسی طرح کی آواز ۔

Twittery : (a) اعصابی طور پر یا زود حسی سے پر ہیجان یا علیل (عورت)۔

Twitty : (a) (۱) (روز مرہ برطانیہ) بد مزاج؛ چڑچڑا؛ نازک مزاج؛ تنک مزاج؛ زودرنج۔ (۲) دیکھو Chirping ۔

Twitty : (a) (سوت) قطر یا موٹائی میں تبدیل پذیر یا مروڑ سے بھرا ہوا؛ کافی بل دار؛ الجھا ہوا ۔

Twixt : (prep.) [ME.'twix' short for 'betwix'.] Atwix betwix کی سر سقاطی شکل ۔

Twizzle : (v) (برطانیہ) دیکھو Spin ۔

Twizzle-twig : (n) شمالی (Temperate zone) کے علاقے کے مختلف پودوں میں سے کوئی پودا جو عام طور پر ہوتا ہے، خاص کر (Juncus and scirpus) کی جنس کا پودا ۔

Two : (n) [OE. 'twa'.] (۱) دو، ۲ (عدد)۔ (۲) دو (عدد) جس سے شخص یا چیز ظاہر ہو۔ (۳) جفت؛ ایک کارڈ؛ کھیل کا مہرہ یا پانسے کا ایک رخ جس پر دو نشان یا نقطے ہوں ۔ (٤) (فوج) دو آدمیوں کا جوڑا جو فوجی ورزش میں پوری صف کے ساتھ گھومے ۔ (۵) دو ڈالر کا بل۔

Two : (a) (۱) دوسرا دو مختلف (چیزیں)۔ (۲) دو ممتاز (شخص یا اشخاص)۔ (۳) (غیر معین مختصر امداد) محض دو تین ۔ (٤) (کرکٹ) ایک ضرب میں دو "رن" (بنائے جائیں)۔

In two : دو ٹکڑوں میں یا حصوں میں؛ دو زیادہ یا دو کم مساوی حصوں میں ۔

In two twos : بہت ہی کم وقت میں؛ بہت جلد ۔

One and two : چند؛ کچھ؛ دو ایک ۔

To be in two minds : تذبذب؛ ہیص بیص میں ہونا؛ تذبذب میں ہونا، ڈانوا ڈول ہونا ۔

To divide in two parts : دو حصوں میں تقسیم کرنا ۔

To put two and two together : چند باتوں کو سوچنا یا ان پر غور کرنا اور نتیجہ نکالنا ۔

To say and to do are two things : کہنے اور کرنے میں بہت فرق ہے؛ کہنا اور ہے اور کرنا اور ۔

Two : (n) [ME. twa two.] دو عدد ۔

Two : (pron.) (۱) دو اشخاص یا اشیاء ۔ (۲) کسی چیز کی ظاہر کی ہوئی اندازاً چھوٹی تعداد ۔

Two : (n) (۱) دو ۔ (۲) دو اکائیاں یا چیزیں؛ دو کا مجموعہ یا سیٹ ۔ (۳) ۲ ہندسے ۔ (٤) دو بجے (گھڑی) ۔ (٤) دوسرا ایک منٹ یا سلسلے میں ۔

Two-a-day : (a) (۱) ایک دن میں دو مرتبہ استعمال کیا ہوا یا پیش کیا ہوا ۔ (۲) غنائی ناٹک کا پورا کھیل دوبارہ روزانہ پیش کرنے والا ۔

Two-a-day : (n) دوبار روزانہ استعمال کی ہوئی یا پیش کی ہوئی چیز خاص کر غنائی ناٹک کا کھیل دو تماشوں کے ساتھ روزانہ ۔

Two-along/-on : (adv.) ہاتھ سے سلے ہوئے دھاگوں سے (کتاب کے) ایک کے بعد دوسرے حصوں کے آخری سروں پر باندھا ہوا ۔

Two-and one-half striper : (n) بحری افسر لفٹیننٹ کمانڈر سے نیچے درجے کا اور لفٹیننٹ جونیر سے اوپر ۔

Two and two : (n) دو سیٹ میں ۔

Two and two make four : ناقابلِ انکار بیان کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ بدیہی؛ ناقابلِ تردید ۔

Two-arched : (a) دو عظم صدغی درزوں والا ۔

Two-base hit/-bagger : (n) (کرکٹ) بلے باز کا گیند کو اس طرح سے مارنا کہ وہ دوسرے (Base) تک بہ آسانی پہنچ سکے؛ double base تک ۔

Two-beat : (a) (۱) یکے بعد دیگرے تالوں سے زور دیا ہوا ۔ (۲) دو تالے کا بجانے والا یا اس کا شائق؛ دو تالا (jazz) رقص کرنے والا ۔

Two-bid : (n) دو کی بولی کسی رنگ میں ؛ ایک قسم کےتاش کے کھیل میں خاص کر ابتدائی بولی ۔

Two-bill : (n) دیکھو Twi bill

Two-bit : (a) (۱) دو چھوٹے سکوں کی قیمت کا ۔ (۲) ادنیٰ؛ غیر اہم ۔

Two bits : (n) (۱) چوتھائی ڈالر کی قدرو قیمت ۔ (۲) کوئی چیز ادنیٰ یا معمولی قسم کی؛ کم قدر و قیمت کی چیز؛ حقیر چیز ۔

Two-block : (v) (۱) (بادبان چڑھانے، اتارنے کےسازو سامان (مثلاً رسی، چرخی وغیرہ) کھینچنا۔ (۲) اٹھانا؛ بلند کرنا؛ چڑھانا (مثلاً سگنل کا جھنڈا یا لنگر) ۔

Two-blocks : (adv.) (۱) نزدیک نزدیک ۔ (۲) بھر پور ؛ کھچا کھچ ۔

Two-body problem : (n) دو اجرام فلکی کے مُرکز ثقل، حجم، مقام اور رفتار جب دیئے گئے ہوں تو ان کی سابق یا مابعد حرکت اور مقادیر معلومات کو طے کرنے کا مسئلہ یا قضیہ ۔

Two-bottle : (n) وہ جو دو بوتل شراب ایک محفل میں پی سکتا ھے؛ ایک ساتھ دو بوتل شراب چڑھا جانے والا۔

Two-bottom plow : (n) دو ریگھاری بہ یک وقت بنانے کے لئے لوھے کی دو پتر والا پھال ۔

Two- by - four : (n) ایک لکڑی کا ٹکڑا جس کی لمبائی $\frac{5}{8}$ ۱ انچ اور چوڑائی $\frac{5}{8}$ ۳ انچ ھو ۔

Two-by-four : (a) (۱) دو اکائی کو چار سے تقسیم کرنے والا ۔ (۲) چھوٹا؛ ادنیٰ؛ اینٹھا ھوا؛ مڑا ھوا ۔

Two-by-twice : (a) سائز میں محدود؛ چھوٹا؛ دبایا ھوا ؛ اینٹھا ھوا ۔

Two by two : (adv.) دو بہ یک وقت؛ دو دو کر کے ۔

Two can play at that game : (دھمکی کے موقع پر) ہم کو بھی آتا ھے؛ اچھا دیکھا جائے گا ۔

Two-card-poker : (n) تاش کا کھیل جس میں ہر کھلاڑی کے ہاتھ میں صرف دو پتے ھوتے ہیں ، جوڑا سب سے اونچا ہاتھ ھوتا ھے ۔

Two-centered arch : (n) محراب جس کا اندرونی خم دو مرکزوں سے بنایا جاتا ھے ۔

Two-cents : (n) (۱) کوئی رقم یا چیز بہت کم قیمت کی ؛ حقیقتاً کچھ نہیں ؛ حقیر رقم ۔ (۲) دو مرکزی محرابیں۔

Two-cents worth : (n) کسی مسئلے پر دی ھوئی بے وقعت رائے ۔

Two-charge rate : (n) ایک شرح مقدار کی بنیاد پر (مثلاً بجلی) جسے خرچ کرنے والے نے استعمال کیا ھو اور اس کے زیادہ سے زیادہ مطالبے پر (مقرر ھو)۔

Two-cleft : (a) (نباتیات) شگافتہ ؛ جوتقریباً دو حصوں میں منقسم ھو ۔

Two-club-system : (n) تاش کے (Contract bridge) کھیل میں بولی کا ایک طریقہ ۔

Two-colour : (a) (۱) دو رنگی؛ دو رنگ والا ۔ (۲) (فوٹو میکانکی عمل کے) دو رنگوں میں چھپی ھوئی (تصویر)۔

Two-control airplane : (n) بغیر متحرک ضمنی حصے والا ہوائی جہاز جسے پچھلے بازو کے پنکھ سے کنٹرول کیا جاتا ھے ۔

Two-course : (a) کھیت کو دو حصوں میں تقسیم کرکے یکے بعد دیگرے جوتنے اور کاشنے والا؛ کاشتکاری طریقہ ۔

Two-cycle : (a) دو ضربی سائیکل رکھنے والا ۔

Two-decker : (n) (۱) پرانے زمانے کا دو عرشوں والا جہاز یا کشتی، خاص کر جنگی جہاز جس کے دو عرشوں پر توپیں وغیرہ رکھی جاتی تھیں ۔ (۲) (مجازاً) کوئی چیز جو دو درجوں پر مشتمل ھو؛ ٹرام گاڑی وغیرہ جس میں بیٹھنے کی جگہ اوپر چھت پر ھو اور اس پر دوسری چھت ھو؛ دو سطحوں والی گاڑی ۔

Two-decker : (a) دو عرشوں، سطحوں، طبقوں یا درجوں والا؛ دو عرشوں والا ۔

Two-demand bid : (n) تاش کے برج کھیل میں ایک بولی جس میں شریک کھیل کا ایک خاص رد عمل۔

Two-demand system : (n) تاش کے Contract bridge کھیل میں بولی کا ایک طریقہ ۔

Two-dimensional : (a) (۱) دو ابعاد کا خاص کر اس کے نقطوں کے خطوط والا جن کا انحصار دو آزاد تغیر پذیر چیزوں پر ھے؛ دو ابعادی۔ (۲) ابتداً بنایا ہوا جیسے زمین کی سطح کی ترتیب؛ میکانکی؛ چوبی۔ (۳) سیرت یا کردار نگاری میں ادبی گہرائی کا فقدان۔ (٤) خاص کر ایسا نہیں بنایا ہوا کہ گہرائی کا دھوکا ہو یا تغیر پذیر دوری معلوم ہو۔

Two-dimensional motion : (n) ہم سطحی حرکت۔

Two-dimensional jet engine : (n) ہوائی جہاز کےجیٹ قسم کےانجن کا دھکیلو نظام۔

Two-dimensionality : (n) دو ابعادی پہلو یا صفت والی چیز۔

Two-dimensionally : (adv.) دو ابعاد سے یا دو ابعاد کے ساتھ۔

Two-dollar broker : (n) (کاروبار) وہ دلال جو دوسرے مہاجنی رکن کے لئے ایک سو ڈالر پر دو ڈالر کمیشن لیتا ھے۔

Two-double : (a) دو گنا؛ دوہرا۔

Two-edged : (a) (۱) (تلوار وغیرہ) دو دھاری؛ دو دُم؛ ذوالفقار۔ (۲) (مجازاً) دو رخی؛ دو جہتی؛ ذو معنی (دلیل، تعریف وغیرہ)۔ (۳) دیکھو Double- edged۔

Two-egg : (a) (۱) دیکھو Dizygotic۔ (۲) برادرانہ۔

Two-em dash : (n) طباعتی نشان، چھوٹے ہوئے حروف یا الفاظ ظاہر کرنے کا (– –) – (طباعتی نشان) جو دو ایم چوڑا ہو؛ پیمانہ جس سے ایک سرے کی مقدارِ مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں۔

Two-ended : (a) دو مقصد رکھنے والا، خصوصاً دو مختلف خصوصیات کا حامل مثلاً سنگ مقناطیس۔

Two-eye-berry : (n) (۱) امریکی چڑھنے والا پودا (بیل)۔ (۲) دیکھو Twin flower۔

Two-eyed : (a) دو آنکھوں والا (عینک وغیرہ) جو دونوں آنکھوں سے مطابقت رکھتا ہو۔

Two-faced : (a) (۱) دیکھو Double- faced۔ (۲) فریبی؛ مکار؛ جھوٹا؛ دغاباز؛ دھوکے باز۔

Two-facedly : (adv.) فریب سے؛ دغابازی سے۔

Two-facedness : (n) مکاری؛ چالاکی؛ عیاری؛ دغابازی۔

Two-family house : (n) ایسا مکان جس میں دو خاندان اس طرح رہیں کہ بیچ میں ایک قناتی دیوار ہو اور دونوں اغل بغل رہیں یا ایسا مکان (دومنزلہ) جس میں دو خاندان اوپر اور نیچے کی منزلوں میں رہیں۔

Two-field : (a) دیکھو Two-course

Two-fisted : (a) قوی؛ پُرزور؛ قوی الباہ؛ ہٹاکٹا؛ طاقت ور؛ مردانہ؛ مردانگی۔

Two-foot : (a) ناپ دوفٹا، لمبا، چوڑا یا موٹا؛ دوفٹا (رول)۔

Two-footed : (a) [Late ME.] دو فٹا، دوفٹ کا؛ دو پاؤں کا۔

Two-foot octave : (n) دیکھو One- line octave

Two-foot pitch : (n) نے دار ارغنوں کا سُر۔

Two-forked : (a) دو حصوں میں تقسیم کیا ہوا، جیسےکسی قدر کانٹے سے کٹا ہو؛ دو فرعی؛ دوکاٹ؛ دو قسمی؛ دوشاخی۔

Two-forty : (n) میل کی رفتار دو منٹ اور چالیس سکنڈ میں؛ تیز رفتاری۔

Two-four/Two four-time : (n) تیز رقص۔

Two-gun : (a) دو بندوقیں لے جانے والا؛ دو بندوقیں استعمال کرنے میں ماہر۔

Two-hand : (n) [Late ME.] (۱) دو ہتھا؛ دونوں ہاتھوں سے کام کرنے کے لائق۔ (۲) دیکھو Two- handed۔

Two-handed : (a) (۱) دوہتھا؛ دونوں ہاتھوں سے کام کرنے کے لائق؛ دونوں ہاتھوں سے چلایا ہوا؛ دونوں ہاتھوں سے کیا جانے والا (مثلاً آرہ کشی)؛ دو آدمیوں سے مل کر کیا جانے والا (کام)۔ (۲) دو دستی؛ دو دستہ (تلوار وغیرہ)؛ قابل؛ ماہر؛ سبک دست؛ طاقتور؛ قوی؛ تنومند؛ مضبوط؛ تندرست؛ توانا؛ دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا۔ (۳) (تاش) دو آدمیوں سے کھیلنے کا۔

Two-handedly : (adv.) دونوں ہاتھوں سے کام کرتے ہوئے؛ دونوں ہاتھوں سے (مضبوطی سے پکڑ کر)۔

Two-handedness : (n) دونوں ہاتھوں سے کام کا ہونا؛ انجام پانا۔

Two-headed : (a) (۱) دو سر کا۔ (۲) (مجازاً) دو افسر یا

حکمراں والا یا دو افسروں یا حکمراں کے تابع (شخص)۔

Two-headed snake : (n) (۱) ایک سانپ گھٹل دُم والا جو سر سے مشابہ ھوتی ھے ۔ (۲) Amphisbaenidae کی جنس کی لنجی چھپکلی ۔

Two-high : (a) اوپر تلے دو بیلنوں کے ساتھ بیلن دار مل کا ۔

Two-hole : (n) (دلکی یا قدم چال کی گھڑ دوڑ میں) جڑے ھوئے گھوڑوں کی گھڑ دوڑ میں عقبی گھوڑے کی پوزیشن بہ نسبت پیش رو گھوڑے کی جو بائیں طرف ھو بہتر ھو ۔

Two-holer : (n) دو سوراخوں والا بیت الخلا ۔

Two kettle : (n) ڈکوٹا (Dakota) قوم، ٹیٹن (Tetons) قوم کا ایک حصہ یا جزو ۔

Two-leaved : (a) (۱) دو پتیوں کا؛ دو مڑنے والےحصوں کا یا دو قلابوں کا (مثلاً دروازہ ، ٹیبل وغیرہ) ۔ (۲) بغیر پنکھڑیوں کے پتے والا یا دو پنکھڑیوں کا؛ جڑواں پتیوں کا؛ دوبرگہ ۔

Two-leaved Soloman's seal : (n) (۱) شمالی امریکا اور کناڈا کے علاقوں کا چھوٹا دولبہ پودا ۔ (۲) دیکھو Mid-dle and leg ۔

Two-leg : (n) وہ کھلاڑی جو بیچ اوردائیں جانب کے وکٹوں کی حفاظت کرتا ھے ۔

Two-legged : (a) دو پاؤں والا ۔

Two-line : (a) (طبیعیات) (مقررہ) سائز سے دگنے سائز کا (ٹائپ)۔

Two-lined chestnut borer : (n) شاہ بلوط کے درخت میں سوراخ کرنے والا کیڑا ، خاص کر گہری سیاہی مائل زرد رنگ کا دھاری دار بھونرا ۔

Two-lipped (lipt) : (a) دولبہ؛ (خاص کر نباتیات میں) کاسہء گل؛ برقہء گل؛ مسند گل۔

Two-man : (a) (۱) دو افراد کا یا ان سے متعلق؛ دو افراد پر مشتمل؛ دو افراد کا کیا ھوا؛ لایا ھوا یا پیش کیا ھوا ۔ (۲) دو ماہرین فن کا بنایا ھوا (خاکہ) دو افراد کے لئے مخصوص کیا ھوا یا محدود کیا ھوا؛ دو آدمیوں کا انتظام کیا ھوا یا منضبط کیا ھوا ۔

Two-man : (a) (۱) دو افراد کا یا ان سے متعلق؛ دو افراد کا کیا ھوا، پیش کیا ھوا ۔ (۲) جس سے دو ماہرین فن کے کام کا خاکہ ظاہر ھو ۔

Two-master : (n) دو مستولی جہاز۔

Two-minded : (a) کسی چیز کی طرف دو مخالفانہ یا غیر مناسب رویہ رکھنے والا ۔

Two-monthly : (a) ہر دو ماہ پر واقع ھونے والا؛ دو ماہی ؛ دوماہا ۔

Two-name paper : (n) قابل انتقال دستاویز جس پر دو دو دستخط ھوتے ہیں دونوں فریقوں کے جو پابند ادائی ھوتے ہیں (واجب الادا رقم کے) ۔

Two-nerved : (a) دو اعصابی، خاص کر دو اصل رگ والا ۔

Two-oar : (n) دو چپوؤں والی کشتی ۔

Two-old cat/Two o'cat : (n) ایک قسم کا کھیل جو دو بلے بازوں کے ساتھ کھیلا جاتا ھے ۔

Two-on : Two- along کا متبادل ۔

Two-pair : (a) (۱) (برطانیہ) تیسری منزل پر واقع دو مسلسل سیڑھیوں کے اوپر ۔ (۲) دو جوڑے والا ۔

Two-pair : (n) تیسری منزل پر قیام گاہ ۔

Two-part : (a) دو حصوں پر مشتمل (جیسے موسیقی کا کوئی ایک حصہ یا دو ایکٹروں کے لئے کسی ڈرامے میں ادا کاری) ۔

Two-part : (n) دوتہائی؛ تین حصوں میں سے ایک ۔

Two-parted : (a) دو حصوں میں منقسم؛ دو درزہ ۔

Two-part time/Two-part measure : (n) دیکھو Duple-time

Two-party : (a) (امریکا سیاسیات) دو بڑے سیاسی فریقوں پر مشتمل (جماعت) جن کی ووٹ کی طاقت تقریباً یکساں ھو اور ایک کو دوسرے فریق سے کسی طرح کی مخالفت نہ ھو ۔

Two-piece : (a) دو علاحدہ ٹکڑوں پر مشتمل خاص کر لباس ملتا جلتا، لیکن اوپر اور نیچے کے حصوں کے اعتبار سے الگ ۔

Two-piece/-piecer : (n) لباس (رنگ اور تراش کے لحاظ سے)

لیکن اوپر نیچے کے حصے علاحدہ، جیسے کوٹ اور پتلون ۔

Two-pile : (a) (۱) مخمل کا (جس میں تانے دو دھاگوں سے دونی دبازت کے لئے بنائے جاتے ہیں) ۔ (۲) پانی گرم کرنے یا بھاپ بنانے کی ایک ترکیب سے متعلق ۔

Two-piled : (a) اس طرح کے ریشم سے بنا ہوا ۔

Two-platoon system : (n) فٹ بال کھیل میں جارحانہ اور مدافعانہ کھیل کی الگ الگ مشق ۔

Two-ply : (a) (۱) دوہرے کپڑے کی طرح بنا ہوا ۔ (۲) دو پرتوں پر مشتمل ۔

Two-ply : (n) دو پرتوں پر مشتمل ایک تختہ ۔

Two-point : (a) (۱) دو نقطوں یا دو لفظوں والا ۔ (۲) دو نقطوں سے ملا ہوا یا دو نقطوں پر سہارا دیا ہوا ۔

Two-point landing : (v) ہوائی جہاز کا اترنا جس میں یہ اول زمینی سطح پر دو مخصوص پہیوں کے ذریعے اترتا ہے ۔

Two-price : (n) اجناس کی قیمت سے متعلق قانون جس کی رو سے درون ملک فروخت کے لئے نرخ مقرر ہو لیکن بر آمدی فروخت کے لئے قیمت کی پابندی نہ ہو ۔

Two-seater : (n) (۱) دو نشستی موٹر گاڑی یا ہوائی جہاز جس میں دو آدمیوں کے لئے بیٹھنے کی جگہیں ہوں ۔ (۲) کوئی چیز خاص کر موٹرگاڑی جس میں دو بیٹھنے کی جگہیں ہوں، آگے اور پیچھے ۔

Two-shear : (n) دوبار اون تراشی ہوئی بھیڑ ۔

Two-shear : (a) دوبار اون تراشی ہوئی (بھیڑ) ۔

Two-shot : (n) فوٹو کیمرا سے لی ہوئی دو آدمیوں کی تصویر ۔

Two-sided : (a) دو طرفہ؛ دوجانبہ؛ (مجازاً) دو حصوں یا پہلوؤں کا؛ دو رُخا؛ فریبی ۔

Two-sidedness : (n) دو جانبیت؛ دو رخاپن ۔

Two-speed : (a) دورُخا؛ دو پہلوؤں کا؛ یا دو فریقوں کا ۔

Two-speed : (n) بائیسکل وغیرہ جس کی رفتار دو نمبر بڑھائی جا سکتی ہے ۔

Two-spot : (n) (۱) غیر اہم شخص یا چیز، خاص کر تاش کے ایک رنگ کے کوئی دوپتے ۔ (۲) دو ڈالر کا بل ۔

Two-spotted ladybird : (n) ایک یورپی بادامی رنگ کا شکار خور بھونرا جو اب شمالی امریکا میں عام طور پر پایا جاتا ہے ۔

Two-star : (a) (۱) اوسط درجہ٭ افضلیت کا ۔ (۲) (فوجی عہدہ) میجر جنرل کا یا نائب امیر البحر سے نیچے درجے کا ۔

Two-step : (n) (۱) گردشی رقص پھسلتے قدموں کے ساتھ دوہرے سُروں میں ۔ (۲) ایک قسم کی ساتھ کی موسیقی؛ سنگت ناچ ۔ (۳) ایک قسم کا رقص ۔

Two-step : (v) دو قدمی گردشی رقص کرنا ۔

Two-story/-storied : (a) دو منزلہ (عمارت) ۔

Two-striped grasshopper : (n) چھوٹی سونڈ والا ملخ؛ ٹڈا جس جس کی پیٹھ پر دو چوڑی دھاریاں ہوتی ہیں؛ کھیتوں میں لگی فصلوں کےلئے تباہ کن کیڑا ۔

Two-striper : (n) (۱) دیکھو Lieutenant ۔ (۲) بحری افسر لفٹیننٹ کمانڈر سے نیچے درجے کا اور لفٹیننٹ جونیر گریڈ سے اوپر ۔

Two-stroke : (n) دو ضربی احتراقی انجن ۔

Two-stroke cycle : (n) دو ضربی احتراقی انجن والی سائیکل ۔

Two-suiter/Two-suit hand : (n) (۱) (تاش) برج میں ایک کھلاڑی کے پاس تیرہ پتوں میں جب صرف حکم، پان، اینٹ اور پھول میں سے دو رنگ ہوں ، اور دونوں کے پانچ یا سات پتے ہوں ۔ (۲) ایک آدمی کے کپڑے رکھنے کی الماری (Ward robe) کا خانہ اس طرح بنا ہوا ہو کہ اس میں دو سوٹ اور اس کے لوازمات رکھے جائیں ۔

Two switch : (n) دو پوائنٹ میں سے کسی ایک سے برقی رو کو چلانے یا بند کرنے کا طریقہ ۔

Two-thirder : (n) وہ کار آموز طابع جس نے کارآموزی کی مدت میں کافی کام کیا ہو ۔

Two-thirds rule : (n) جب حکمران پارٹی ایوان نمائندگان

میں معمولی اکثریت کے بجائے دو تہائی اکثریت سے حکومت کرے ۔

Two-thirds vote : (n) ووٹ جس کےلئے کسی سیاسی منظم جماعت کے دوتہائی ممبران کا ہم رائے ہونا ضروری ہو ۔

Two-three : (a) چھوٹا عدد؛ چند ۔

Two-throw : (a) (۱) دوہرے خم والا؛ دو رخا؛ دو سمتوں میں پھینکے جانے یا گھمائے جانے کے لائق، عام طور پر ایک دوسرے کے مخالف ۔ (۲) دو گردانہ یا گھمیا ایک ساتھ نزدیک ہی ایک دوسرے کے مخالف بٹھایا ہوا ۔

Two-time : (v) (۱) (عامیانہ مجازاً) دھوکا دینا؛ ٹھگ لینا ؛ فریب دے کر لوٹنا؛ فریب سے اڑا لینا (رقم)؛ کسی دوسرے سے محبت کرنا؛ (زوج یا عاشق کو) دھوکا دینا ۔ (۲) دیکھو Double - cross ۔

Two-time : (a) کوئی کام کیا ہوا؛ برداشت کیا ہوا؛ کوئی چیز دوبارہ پایا ہوا (جیسے میڈل یافتہ) ۔

Two-timer : (n) فریبی شخص ؛ دھوکے باز شخص؛ جھوٹا عاشق ۔

Two-timing : (a) فریبی؛ پر فریب؛ دھوکے باز ۔

Two-to-one : (a) گیرے کا یا گیرے والا، رفتار کو کم کرنےیا بڑھانے کے لئے دو میں ایک کے تناسب سے ۔

Two-toed : (a) ہر پاؤں میں دو انگوٹھے رکھنے والا ۔

Two-toed anteater : (n) گلہری کے سائز کا جنوبی امریکا کا دودھ پلانے والا شجری جانور جو زیادہ تر یا بالکل چیونٹیوں کو بطور غذا کھاتا رہتا ہے، یہ خوبصورت سلکی سبز روئیں کی وجہ سے ممتاز سمجھا جاتا ہے ۔

Two-toed sloth : (n) ایک قسم کادودھ پلانےوالا Choloepus کی جنس کا جانور جس کے دو عملی پنجے ہوتے ہیں ہر سامنے کے پاؤں میں اور تین ہر پچھلے پاؤں میں، خاص کر یہ مرکزی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Two-tone/-toned : (a) کچھ حصے ایک رنگ کے اور دوسرے ، دوسرے رنگ کے یا مختلف درجوں کے مگر ایک ہی رنگ کے؛ دو رنگا ۔

Two-tongued : (a) (۱) (مجازاً) دو زبان کا ۔ (۲) مکار؛ دغاباز؛ دھوکے باز؛ فریبی ۔

Two-tooth : (n) (برطانیہ) مستقل دو دانت والی بھیڑ، جو عام طور پر ڈیڑھ سال کی ہوتی ہے ۔

Two-toothed longhorn : (n) Cerumbycidae نیوزی لینڈ میں کی جنس کا بھونرا جس کا پھل روپ لکڑی میں سوراخ کرکے تباہی کا باعث ہوتا ہے ۔

Two-track : (v) (گھوڑے کا)ایک طرف به یك وقت بغیر گردن یا جسم کو موڑے ہوئے آگے بڑھنا ۔

Two-track : (n) (گھوڑے کا) ایک طرف به یك وقت بغیرگردن یا جسم کو موڑے ہوئے آگے بڑھنے کا عمل یا حرکت ۔

Two-twenty : (n) ۲۲۰ گز کی دوڑ (دوڑنے یا برف پر پھسلنے یا تیرنے میں) ۔

Two-up : (n) جوئے کا کھیل جو دو سکوں کو لکڑی کے چھوٹے ٹکڑوں سے اچھال کر کھیلا جاتا ہے اور جس میں کھلاڑی سکوں کے چت یا پٹ گرنے کی بازی لگاتے ہیں ۔

Two-valued : (a) سچائی اور جھوٹ میں صرف سچائی کی قدر و قیمت کا حامل ۔

Two-way : (a) دو راہوں ، دو راستوں ، سڑکوں یا نلوں سے ملحق ؛ (ریاضیات) دو شکلی؛ دو جانبہ ، دو ابعاد یا دو جہتوں کی گردان والا؛ دو سمتوں والا۔

Two-way plow : (n) (۱) دیکھو Swivel plow ۔ (۲) ہل کے پھال کے اوپر ٹیڑھا لوہے کا پتر لگا ہوا جس کے ذریعے مٹی اٹھائی اور الٹ دی جاتی ہے ۔

Two-way plug : (n) (۱) دیکھو Current tap ۔ (۲) پلگ (کلید اتصال) لگا کر صدر دور میں ضمنی برقی دور لگانے کی ایک ترکیب ۔

Two-way stretch : (n) (۱) بعض مادی چیزوں میں دو سمتی وسعت پذیری کی خصوصیت ۔ (۲) دو طرفہ بڑھنے والی چیز کا عورتوں کا پٹکا ۔

Two-way switch : (n) دو برقی سوئچوں میں سے ایک جو ایک نکاس کو کنٹرول یا ایک ہی نکاس کا ضابطہ ہے؛ دو راہی سوئچ ۔

Two-way traffic : (n) دو طرفہ راہ گزار ۔

Two-wheeler : (n) (۱) دو پہیوں کی گاڑی؛ یکہ؛ ٹمٹم ۔ (۲) بچوں کو سکھلانے والی بائیسکل ۔

Two-winged : (a) دو ڈینوں یا بازوؤں والا ۔

Two-winged fly : (n) Diptera کی قسم کا دو پروں والا اماگی یا اتم یورپی کیڑا ۔

Two-worlds theory : (n) فلسفیانہ ثنویت، خاص کر تعاملی نظریہ کے حاملوں کی ثنویت ۔

Two-year-old : (a) دو سال کی عمر کا؛ دو سالہ (خاص کر جانوروں کے بارے میں بالخصوص بچھیڑا) ۔

Two-year old : (n) ایک جانور (بالخصوص بچھیڑا) یا دو سال کی عمر کا لڑکا ۔

Twofer : (n)[alternative 'two for'.] (۱)تجارت کی ارزاں چیزیں خاص کر ایک سگار جو ایک نیکل (سکہ جو امریکا میں پانچ سنٹ کا ہوتا ہے) میں فروخت ہوتا ہے ۔ (۲) مفت کا کوپن جس کے بدلے ٹکٹ گھر سے ایک ٹکٹ کی قیمت پر دو ٹکٹ کسی خاص ناٹک کے لئے مل سکیں ۔

Twofold : (a) [ME.] (۱) دوہرا ؛ دو حصوں پر مشتمل ۔ (۲) دگنا؛ دورخا ۔ (۳) (مجازاً) دودلا ۔ (٤) سائز، مقدار، رقم وغیرہ میں دگنا ۔ (٥) دو دھاگوں سے بٹا ہوا ۔

Twofold : (adv.) دوتہوں میں ؛ دوتہ کر کے؛ دوگنی رقم کرکے؛ دونا کر کے؛ خمیدہ پشت ہو کر (ضعیفی سے) ۔

Twofoldness : (n) دونا یا دو چند ہونے کی حالت یا صفت ۔

Twofold truth : (n) یہ نظریہ کہ سچائی لازمی طور پر اکائی نہیں ہوتی ہے لیکن اس کا مذہبی اور فلسفیانہ رخ ہو سکتا ہے، ان میں ہر ایک اپنے اپنے دائرے میں صحیح ہوتا ہے تاہم ایک دوسرے کی تردید کر سکتا ہے ۔

Twoling : (n) جڑواں بلور؛ توام بلور ۔

Twoness : (n) دوئی؛ دو ہونا؛ دو ہونے کی حالت یا حقیقت؛ تثنیہ ؛ تثنویت؛ دوہرا ہونا یا دونا ہونا ۔

Twopence/Tuppence : (n) (۱) دو پینی کی مساوی رقم ۔ (۲) دو پینی کے مساوی چاندی کا انگریزی سکہ؛ اس قیمت کے تانبے کا سکہ جو جارج سوئم کی حکومت میں جاری ہوا تھا ۔ (۳) ایک طرح کی بہت قلیل رقم ۔

Not to care twopence : : دو پینس کی حقیقت کیا ہے ؛ کچھ پروا نہ کرنا ۔

Twopence-coloured : (a) سستا؛ بھڑک دار ۔

Twopenny : (a) (۱) دو پینس کی قیمت کا؛ جس میں دو پینس خرچ ہوں ۔ (۲) (مجازاً) کم مایہ؛ بہت قلیل قیمت کا؛ حقیر؛ ادنیٰ؛ بے حقیقت؛ سستا؛ محض نمائشی؛ ردی؛ گھٹیا اور بھڑک دار؛ بے مصرف؛ ناکارہ ۔

Twopenny : (n) (۱) Twopenny ale کا مخفف ۔ (۲) بچے یا کمسن یا کم رتبہ آدمی کو پکارنے کا ایک طریقہ ۔ (۳) (بول چال) (بطور صفت) چھوٹے دماغ کا ۔

Twopenny ale : (n) ایک قسم کی شراب جس کی قیمت ابتدا میں فی quart دو پینس تھی ۔

Twopenny-grass : (n) Money-wort چڑھنے والا، نرم پتے والا پودا ۔

Twopenny-halfpenny : (a) (۱) دو پینس نصف پینی کی قیمت کا ۔ (۲) محض کم قیمت کا؛ ادنیٰ یا معمولی قیمت کا ۔

Twopenny-tube : (n) لندن کی مرکزی ریلوے کا ابتدائی نام، یہ ریلوے سنہ ۱۹۰۰ میں چالو ہوئی تھی، اس کا کرایہ کسی مسافت کے لئے دو پینس تھا ۔

Twopenny worth : (a) دو پینس کی قیمت کا؛ (مجازاً) ایک قلیل رقم ۔

Twos : (v) مخالف جنس کے ایک رکن کے ساتھ ارد گرد گھومنا ۔

Twoscore : (n) تعداد میں چالیس ۔

Two score : (a) چالیسواں؛ ایک چلے کا ۔

Twosome : (a) (۱) دو آدمی ایک ساتھ ؛ دو آدمیوں کی ٹولی یا جماعت یا دو چیزوں کا مجموعہ ؛ جوڑا ۔ (۲) دو آدمیوں کا گولف (کھیل) یا ناچ وغیرہ ۔

Twp : Township کا مخفف ۔

Twr : Tower کا مخفف ۔

Twyer : (n) (۱) دیکھو Tuyere ۔ (۲) دہانہ جس کے ذریعے بھٹی میں ہوا پہنچائی جاتی ھے؛ بوائلر کے درمیان کا منفذ ۔

Tx. : Tax کا مخف ۔

Txn. : Taxation کا مخفف ۔

- ty : (suffix) [ME.] لاحقہ عموماً اسمائے مجردات (abstract nouns) کے آخر میں آتا ھے، جو صفت یا درجہ کی حالت ظاہر کرتا ھے؛ دہائی کے عددوں کو ظاہر کرتا ھے مثلاً twenty,thirty وغیرہ ۔

Ty : Territory, truly or type کا مخفف ۔

Tyburn : (n) [LATE ME.] Middlesex میں مجرموں کوپھانسی دینے کا ایک مقام ۔

Tyburn tree : (n) پھانسی؛ سولی؛ دار ۔

Tyburnia : (n) لندن کے امراء کےرہنے کا علاقہ جو ہائیڈ پارک کے شمال میں واقع ھے ۔

Tychism : (n) مقسومیّت؛ بختیّت؛ یہ نظریہ کہ سب کچھ قسمت سے ھوتا ھے ۔

Tychite : (n) ایک معدنی شے $Na_6 Mg_2 (SO_4) (C_3O)$ ۔

Tychius : (n) [Gr. tychios] بھونروں کی ایک جنس جو پھلوں اورپتوں کو برباد کردیتے ہیں، تپتیا گھاس ان کی خاص غذا ھے ۔

Tychonian : (a) ڈنمارک کے ہیئت داں عالم Tycho Barhe کا یا اس کے متعلق: علم نجوم سے متعلق ۔

Tychonian : (n) Tycho barhe ہیئت داں کا شاگرد یا اس کا پیرو ۔

Tychonic : (a) [mod. L. 'Tychon'.] دیکھو Tychonian

Tychoparthenogenesis : (n) کسی جنس میں خودزائی صفت کاپیدا ھو جانا (جو عام طریقہء پیدائش سےمختلف ھو)۔

Tychopotamic : (a) ساکن پانی میں خاص طور پر بڑھنےوالا (جیسے تالاب میں) اور بہتے ھوئے پانی میں اتفاقاً ۔

Tycoon : (n) [Jap. 'taikun'.] (۱) وہ لقب جو غیر ملک کے لوگ جاپان کے موروثی سپہ سالار کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) (امریکا) بڑا کھڑپینچ ۔ (۳) غیر معمولی مالدار ، با اثر ، بارسوخ تاجر ۔ (٤) عظیم؛ قوی العزم رہنما؛ لیڈر؛ قائد اعظم ۔ (٥) دیکھو Shogun ۔ (٦) (قدیم) جاپان کا فوجی گورنر ۔

Tydden/Tyddyn : (n) [L. 'tegeredun'] ایک چھوٹا مزرعہ اور کھیت سے ملحق مکان ۔

Tydie : (n) [ME. 'tydife'.] ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ۔

Tye : (n) کچی دھات دھونے کا آب گزر یا نل ۔

Tye : (n) کچی دھات کو آب گزر میں دھونا یا صاف کرنا ۔

Tye : (n) [Origin unkn.] (بول چال) ایک بڑی عام چراگاہ ۔

Tye : (n) [ME. 'tie'.] ایک زنجیر یا رسی جس کا ایک سرا مستول سے گزرتا ھے اور اس کا دوسرا سرا رسا چرخی سے باندھ دیا جاتا ھے جس کے ذریعے سہارا بلی کو اونچا یا نیچا کیا جاتا ھے ۔

Tyee : (n) [Fr.] سردار؛ افسر؛ لیڈر؛ رہنما؛ قائد ۔

Tyee salman : (n) بڑی سالمن مچھلی؛ شاہ سالمن ۔

Tyer : Tier کا متبادل ۔

Tyfon : (n) ایک قسم کا قرنا جو خاص کر سمندر میں کُہر کے وقت ھوشیار کرنے کے لئے بجایا جاتا ھے ۔

Tyg/Tig : (n) [Of unkn. origin.] دو یا زیادہ دستوں والا پینے کاپیالہ جو ۱۷ویں اور ۱۸ویں صدی میں رائج تھا ۔

Tyigh : (n) (۱) مغربی مرکزی Oregon کے Shahaptian باشندے ۔ (۲) Tyigh کی قوم کا ایک فرد ۔

Tying : (n) باندھنے کا کام؛ باندھنا؛ کوئی چیز جس سے باندھا جائے؛ ٹائی؛ نکٹائی ۔

Tying : (a) ٹائی؛ نکٹائی؛ بندش کا؛ بندش سے متعلق؛ باندھنے کا؛ وابستہ ۔

Tying agreement : (n) خریدوفروخت سے متعلق عموماً کوئی غیر قانونی معاہدہ ۔

Tying-in : (n) نئی رسی کے سروں کو پرانی رسی کے سروں سے ملا کر باندھنا یا باندھنے کا عمل۔

Tyke/Tike : (n) [ON. 'tik'] دیکھو Tike

Tyl-/Tylo- : [Gr.'tylos'.] جزوترکیبی بمعنی گانٹھ؛گدی؛ پیڈ۔

Tylarus : (n) [Gr. Tylaros.] چڑیا کے پنجے کے نیچے کی تہ یا گدی؛ چڑیا کا گدی دار پنجہ۔

Tylaster : (n) چھوٹا سخت اسفنجی مادہ۔

Tyle : Tile کا متبادل۔

Tylench : (n) [Mod. L. 'tylenchus'.] Tylenchae کی جنس کا ایک کیڑا۔

Tylenchid : (a) [mod. L. 'tylenchidae'.] Tylenchidae کا یا اس سےمتعلق۔

Tylenchid : (n) دیکھو Tylench

Tylenchidae : (n) [mod. L. 'tylenchus'.] مٹی کے اندر رہنے والے کیڑے یا طفیلی نباتی کیڑے کا خاندان۔

Tylenchoid : (a) [mod. L.'tylenchoidea'.] طفیلی نباتی کیڑوں سے متعلق یا اس کے خاندان کا۔

Tylenchoidea : (n) طفیلی نباتی کیڑے کا خاندان۔

Tylenchulus : (n) [mod. L. 'tylenchus'.] خیطیہ کیڑوں کی ایک جنس۔

Tylenchus : (n) خیطیہ کیڑوں کی ایک جنس جوعموماً مٹی کےاندر رہتے ہیں یا پائے جاتے ہیں اور جو پودوں کی جڑوں کو کھا جاتے ہیں۔

Tyler : Tiler کا متبادل۔

Tylo-: سابقہ بمعنی "گدی"۔

Tylopod : (a) گدی دار پیروں والا۔

Tylopod : (n) گدی پایاں حیوانات کی جنس کی ایک شاخ۔

Tylopoda : (n) گدی دار پیروں والا جانور؛ گدی پا حیوانات (مثلاً اونٹ وغیرہ)۔

Tylopodous : (a) گدی دار پیروں کا (جانور)۔

Tylorian : (a) Sir E. B. Tylor عالم انسانیت کی تحریر یا اُس کے اصول کا یا اُس سے متعلق۔

Tylosaurus : (n) [mod. L.] ایک چھوٹے جسم، بڑی دم اور پنج انگشتی اعضاء والا جانور۔

Tylose : (n) [F.] (۱) (مرضیات) التہاب اجفان؛ پپوٹوں کی سوجن۔ (۲) تصلب جلد؛ سختی؛ مثاپا؛ عَجریت۔(۳) گومڑی (نباتیات)۔

Tylosis : (n) [mod. L.] دیکھو Tylose

Tylostyle : (n) ایک نوکدار سخت اسفنجی مادہ جس کے آخر میں گومڑی ہوتی ہے۔

Tylostylus : (n) دیکھو Tylostyle

Tylosurus : (n) نوکیلے جبڑوں والی مچھلی کی ایک قسم جس کی تجارت بطورغذا استعمال کرنے کے لئے کی جاتی ہے۔

Tylotate : (a) دونوں طرف گانٹھ یا گمڑی رکھنے والا؛ عَجَردار۔

Tylote : (n) [L.] (حیوانیات) اسفنج کا استوانی شکل کا خار جس کے دونوں سروں پر چھوٹی گومڑیاں ہوتی ہیں؛ گومڑی دار سوزن اسفنج۔

Tylotic : (a) (۱) جس کے پپوٹوں پر ورم اور سوزش ہو؛ التہاب اجفان کا (مریض)۔(۲) گومڑدار؛ عَجَری۔

Tylotoxea : (n) ڈنڈا نما سخت اسفنجی مادہ جس کا ایک سرا تیز اور دوسرا گرہ دار ہوتا ہے۔

Tylotoxeate : (a) اس اسفنجی مادے کا یا اس سے متعلق۔

Tylotus : (a) گومڑی دار۔

Tylotus : (n) گومڑی۔

Tylus : (n) بعض کھٹملوں کے سر کے سامنے کا مرکزی نمایاں بالائی حصہ۔

Tylwythteg : (n) ویلس کی لوک کہانی یا دیہاتی کہانی کی پریاں۔

Tymbal : Timbal کا متبادل۔

Tymbalon : (n) [by alteration.] دیکھو Tymbal

Tymp : (n) [app. abbrev. Of tympan.] (۱) بھٹی کے چولہے کا دہانہ جس سے پگھلی ہوئی دھات نکلتی ہے۔ (۲) (کوئلہ کان) افقی لکڑی کا ٹکڑا چھت کو سہارا دینے کے لئے جس کو ٹوپی یا ڈھکن بھی کہتے ہیں۔

Tymp stick : (n) طبلی نقارے کی چوب۔

Tympan/Timpan : (n) [L. 'tympanum'.] (۱) ڈھول یا اسی طرح کا دوسرا باجا؛ طبلہ؛ ڈرم۔ (۲) ایک قدیم آئرستانی تانت والا باجا جو کمان سے بجایا جاتا تھا۔ (۳) (طبیعیات) استر؛ کاغذ یا جھلی کا تختہ جو چھپنے والی کاپی کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ دباؤ یکساں رہے۔ (٤) طبلہ؛ جھلی کا پردا؛ جھلی کی سطح۔ (٥) دیکھو Tympanum؛ (تشریح) طبلۂ گوش؛ کان کا پردا۔

Tympan paper : (n) تیل یا گلیسرین لگا ہوا ایک سخت کاغذ جو طباعت میں کام آتا ہے؛ روغنی کاغذ۔

Tympan-sheet : (n) کاغذ وغیرہ کا تختہ یا استر جو چھاپے جانے والے تختوں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

Tympanal : (a) (۱) (تشریح وحیوانیات) طبلی : جھلی کی سطح کا۔ (۲) طبلی یا اس سے مشابہ۔

Tympanal : (n) عظم طبلی؛ وہ بڑی ہڈی جس پر کان کا پردہ تنا ہوتا ہے۔

Tympanectomy : (n) پردۂ گوش کو کاٹ کر نکال دینا۔

Tympani : (a) طبلی۔

Tympanic : (a) (۱) (تشریح وحیوانیات) طبلی؛ جھلی کی سطح کا سا۔ (۲) طبلۂ گوش کا؛ کان کے پردے کا۔ (۳) (مرضیات) نفخ شکم کا۔

Tympanic bone : (n) عظم طبلی؛ وہ ہڈی جس پر کان کا پردا تنا ہوتا ہے۔

Tympanic-canal : (n) چھوٹی نالی جو کان کے وسطی حصے تک جاتی ہے۔

Tympanic-cavity : (n) کان کے وسطی حصے کا جوف۔

Tympanic-membrane : (n) کان کا پردا؛ طبل گوش۔

Tympaniform : (a) [L. tympanum.] (۱) (تاریخ، طبیعیات) طبلۂ گوش کی شکل کا یا عموماً پردۂ گوش کی جھلی کا؛ پردۂ گوش کی جھلی کی طرح پھیلا ہوا، خاص کر چڑیوں کے نرخرے کی دو نالیوں سے متعلق (ہی بولا جاتا ہے)۔ (۲) (نباتیات) طبل نما۔

Tympaning : (n) طباعتی استر۔

Tympanism : (n) (مرضیات) نفخ شکم؛ پیڑو؛ رحم۔

Tympanist : (n) ڈھول، طبلہ وغیرہ بجانے والا؛ طبلچی۔

Tympanites : (n) [Late L.] دیکھو Tympanism

Tympanitic : (a) [L. 'tympaniticus'.] نفاخی کا یا نفاخی سے متعلق؛ ڈھول کی سی؛ ڈھول کی سی ڈھب ڈھب آواز کا؛ طبلی آواز کا۔

Tympanitis : (n) (۱) Tympanites کا متبادل۔ (۲) ورم طبلی؛ ورم طبل گوش؛ کان کے بیچ کے پردے کی سوزش۔

Tympano/Tympanohyal : (a) (۱) جزو ترکیبی بمعنی "کان کا پردا"؛ "درمیانۂ گوش" کان کے بیچ کا حصہ۔ (۲) کان کے پردے اور زبان کی جڑ کی محراب نما ہڈی سے متعلق۔ (۳) چھوٹی یا کُرکُری ہڈی کی وصف کا۔

Tympanohyal : (n) کان کے پردے اور زبان کی جڑ کی چھوٹی یا کُرکُری ہڈی۔

Tympanon : (n) [Gr.] پردۂ طبل؛ دیکھو Tympan۔

Tympanuchus : (n) [Gr. 'tympanon' + 'ochos'.] امریکی پاموز پرندے کی ایک جنس۔

Tympanum/Tympanums : (n) [L.] (۱) طبلہ یا اسی قسم کا ایک باجا مثلاً تنبورہ اور ڈھولک۔ (۲) ڈھول کی منڈھی ہوئی جھلی؛ ڈھول کا مدورسرا۔ (۳) (تشریح) کان کاپر دا؛ درمیانہ گوش؛ کان کے بیچ کا حصہ۔ (٤) (طیوریات) بطخ وغیرہ کی ھَوا کی نالی کا سرا۔ (٥) (تعمیرات) روکار کی تکونی لوح۔ (٦) دروازے کی اوپری چوکھٹ اور محراب کے بیچ کی جگہ۔ (۷) (میکانیات) طبل نما چرخی پانی کھینچنے کے لئے۔

Tympany : (n) [Gr. 'tympanias'.] (۱) دیکھو Tympanites۔ (۲) (مجازاً) غرور، گھمنڈ، مشیخیت وغیرہ سے پھولنا مرض کی حد تک؛ پھول جانے کی حالت (غرور سے)؛ کسی بات کی زیادتی ورم

کی حد تک؛ نفخ شکم؛ استسقائے طبلی؛ ورم طبلی - (۲) (مجازاً) بیجا لفاظی یا عبارت آرائی۔

Tyndall effect/Tyndalphenomenon : (a) ٹنڈل اثر (روشنی کی پھیلتی ہوئی شعاع) -

Tyne : (n) Tine کا متبادل -

Tynwald : (n) [Late ME.] جزیرہ٭ مان کا سالانہ اجتماع جس میں گورنر (بحیثیت شاہی نمائندہ) شریک ہوتا تھا؛ دارالامراء میں کام کرنے والی ایک کاؤنسل House of keys جہاں وضع کردہ قوانین عوام میں مشتہر کئے جاتے ہیں۔

Type : (۱) ٹائپ کی مشین Type writer کا مخفف - (۲) ٹائپ کیا ہوا؛ Type written کا مخفف - (۳) مثالی Typical کا مخفف - (٤) طابع ؛ پرنٹر ؛ مواد طباعت ؛ طباعتی Typographer کا مخفف -

Typable/Typeable : (a) ٹائپ کرنے یا ہونے کے قابل -

Typage : (n) (۱) چھاپے کے حروف ڈھالنا - (۲) دیکھو Type-casting -

Typal : (a) (۱) ٹائپ کا یا اس سے متعلق - (۲) ٹائپ جیسا کام کرنے والا؛ طباعتی - (۳) مثالی؛ تمثیلی؛ نمونے کے طرز کا؛ نمونے کےطور پر کام آنےوالا ؛ نمائندہ - (٤) مخصوص طرز کا - (٥) طباعتی ٹائپ کا یا اس سے متعلق؛ ٹائپ کی طباعت کا یا اس سے متعلق۔

- type : (a) اصل؛ نمونہ٭ اصلی (Antitype) ؛ نمونہ٭ اولیں ؛ اصل (Archetype)؛ چربہ؛ شہ نقل؛ شہ عکس (Autotype) ؛ سریشی طباعت؛ کولو طباعت (Collotype) ؛ برقی ٹائپ (Electrotype) ؛ پلاتینی ٹائپ؛ نقریائی چھپائی (Platinotype) ؛ نسخہ٭ اصلی؛ اصلی نمونہ (نباتیات) اول نامیہ (Proto type) -

Type : (n) [Fr. 'type' or L. 'typus'.] (۱) مثال؛ شخص یا چیز جو کسی دوسری سےیا کسی صنف اشیاء کا نمونہ یا اسی خصوصیات کی مظہر ہو - (۲) اشارت؛ علامت؛ نشانی خصوصاً عہد نامہ٭ عتیق میں کسی شخص ، چیز یا واقعہ کی طرف اشارہ یا نشانی جو آنے والی چیز کی خبر دے - (۳) قسم؛ قبیل - (٤) (حیاتیات وغیرہ) ساخت کا طبعی طرز ؛ طبعی ساخت - (٥) (حیوانیات) حیوانات کی بڑی قسمت؛ ساخت کے لحاظ سے طبقہ - (٦) وہ جسم حیوانی یا نباتی جس میں اپنے طبقے کی اہم خصوصیات موجود ہوں - (۷) مرکب کیمیاوی جس کی ساخت اور بہت سے مرکبات کی ساخت کا نمونہ ہو - (۸) (ہندسہ) نشان کا تسلسل جو جوڑ (plus) اور گھٹاؤ (minus) سے اثر پذیر ہو - (۹) (فنون لطیفہ) نمونہ؛ وہ چیز یا خیال یا صناعی جو اور صناعوں کے لئے قابل تقلید ہو - (۱۰) (طبیعیات) سیسے وغیرہ کا ڈھلا ہوا حرف یا حروف ٹائپ - (۱۱) (طبیعیات) (جمع) ٹائپ کی قسمیں - (۱۲) (سکہ سازی) سکے یا تمغے کے ہر دوجانب کوئی نقش یا تصویر؛ ٹھپا - (۱۳) (مرضیات) خاص قسم کا بخار؛ خاص کر تپ میعادی - (١٤) ایک عام شکل؛ ساخت یا صفت جو کسی خاص قسم کے طبقے کی چیزوں سے ممیز ہو - (١٥) (دینیات) شہنشاہ کونسٹینس ثانی (Constans II) کا وہ فرمان (٦٤٨ عیسوی) جس کی رو سے توحید پرستی کے اختلافی مسئلہ پر بحث ومباحثہ کی ممانعت کردی گئی تھی - (١٦) کسی مخصوص صفت کی بنا پر کسی چیز، طبقے یا سلسلے کا امتیاز؛ (مجازاً) شخص یا چیز جو کسی مخصوص جماعت کی خصوصیات ظاہر کرے ؛ ایک مخصوص مثالی؛ مثالی نمونہ - (۱۷) کسی چیز کی عام صفت کو ظاہر کرنے کے لئے مرکب میں استعمال ہوتا ہے - (۱۸) کسی مخصوص صفت سے متصف شخص؛ (بول چال) ایک آدمی -

Type : (v) (۱) بطور نمونہ پہلے سے تصویر یا نقشہ بنا کر دکھا دینا؛ پیغمبرانہ مماثلت کے ساتھ پیش کرنا یا دکھلا دینا؛ آنے والے واقعات کی خبر دینا؛ نمائندگی کرنا - (۲) کسی طبقے یا خاندان کے لئے مخصوص نمونے کے طور پر کام آنا؛ لازمی خصوصیت ظاہر کرنا؛ بطور مثال پیش کرنا - (۳) چھاپنا؛ ٹائپ سے چھاپنا؛ ٹائپ میں چھپا ہوا ہونا - (٤) مرض تشخیص کرنا یا بتانا خاص کر خاص قسم کا خون تجویز کرنا - (٥) (کسی چیز یا آدمی کو) کسی خاص کام پر یا مخصوص ٹائپ ڈھالنے میں لگانا - (٦) ڈرامے میں اداکاری کرنا -

Type-bar : (n) ٹائپ رائٹر کی سلاخوں میں سے ایک وہ سلاخ جس میں ٹائپ کے حروف لگے رہتے ہیں؛ ٹائپ بار؛ ٹائپ کی پوری کی پوری ڈھلی ہوئی سطر -

Type-carriage : (n) چھاپے کی مشین میں ایک فریم جس میں ٹائپ کا مجموعہ ہو -

Type-cutter : (n) جو ٹھپا جماتا ھے؛ جس سے ٹائپ کے حروف ڈھالے جاتے ہیں ۔

Type-cylinder : (n) استوانہ یا سلنڈر جس پرحروف ٹائپ یا پلیٹ چپکائے جاتے ہیں، گردشی پریس یا مطبع۔

Type-genus : (n) جنس انموذ؛ وہ جنس جس میں پورے طبقے کی خصوصیات موجود ہوں اور جس کے نام پر پورے طبقے کا نام رکھا جائے ۔

Type height : (n) (۱) دیکھو Height to paper ۔(۲) انگریزی زبان بولے جانے والے ممالک میں ٹائپ کا مخصوص سائز جو نیچے سے اوپر تک ۰،۹۱۸۶ انچ ھو ۔

Type-high : (a) (۱) (کندہ کاری وغیر) جو اونچائی کے لحاظ سے ٹائپ میں چھاپنے کے قابل ھو ۔ (۲) Type height کےمطابق چھاپے جانے کے قابل ھو۔

Type-letter : (n) ٹائپ کے یا ٹائپ کرنے کی مشین کے حروف میں سے ہر ایک ۔

Type-metal : (n) سیسے اور سرمے کی بھرت؛ کبھی کبھی ٹین یا پھول کانسی کے ساتھ جس کے طباعتی ٹائپ ڈھالے جاتے ہیں۔

Type page : (n) ایک صفحے کا چھپا ھوا حصہ (حوض) ۔

Type-revolving press : (n) قدیم گردشی چھاپ مشین ۔

Type-script : (n) ٹائپ شدہ یا ٹائپ کی ھوئی چیز یا ٹائپ کاپی (کسی چیز کی)؛ ٹائپ میں چھپی ھوئی عبارت۔

Type section : (n) ابتدائی طبقات کا تسلسل جو کسی مخصوص علاقے میں ھو ۔

Type station/Typesite : (n) وہ جگہ جہاں پر ماقبل تاریخ آثار باقیہ کا انکشاف ھوا ھو ۔

Type-theory : (n) (کیمیا) مرکب بنانے کا اصول ۔

Type-wash : (n) روشنائی کا محلل ٹائپ یا طباعت کے پلیٹوں کو صاف کرنے کے لئے ۔

Type wheel : (n) ٹائپ پہیا، جس پر اُبھرے ھوئے حروف سے بنےھوتے ہیں؛ بعض ٹائپ رائٹر اور تاربرقی مشینوں میں ھوتے ہیں ۔

Typecase : (n) اُتھلا نشست خانہ دار طباعت کے حروف رکھنے کے لئے ۔

Typecast : (v) کسی اداکار یا ایکٹر کو اس کے مزاج یا طبیعت کے موافق حقیقی طور پر اداکاری کے لئے تیار کرنا ۔

Typecasting : (n) کسی اداکار کو ایسی اداکاری سپرد کرنا جو اس کے مزاج سے ہم آہنگ ھو؛ چھاپے کے حروف سانچے میں ڈھالنا ۔

Typeface : (n) کسی چیز کا خاکہ یا کوئی شکل جو چھاپے کےٹائپ کی سطح سے بن گئی ھو؛ چھاپ ۔

Typefounder : (n) فلزّی چھاپے کے حروف کو ڈھالنے والا شخص۔

Typefounding : (n) (۱) چھاپے کے حروف ڈھالنے کا پیشہ یا کاروبار؛ چھاپے کےحروف کی صنعت ۔

Typefoundry : (n) چھاپے کے حروف ڈھالنے کا کاروبار ۔

Typeholder : (n) جلد ساز کا وہ اوزار جس سے جلدپر حروف جمائے جاتے ہیں ۔

Typer : (n) ٹائپسٹ؛ ٹائپ کرنے والا ۔

Typeset : (v) چھاپے کے حروف مرتب کرنا یا ترتیب دینا ۔

Typesetting : (a) حروف ٹائپ بٹھانے یا جمانے والا ۔

Typesetting : (n) حروف کاری یا حروف چینی ۔

Typesetting machine : (n) چھاپے کے حروف جمانے کے لئے مختلف کلیدی تختے کی مشینوں میں سے کوئی۔

Typewrite : (v) ٹائپ مشین سے چھاپنا؛ ٹائپ کرنا؛ ٹائپ کرنے کی مشق کرنا؛ ٹائپ مشین استعمال کرنا۔

Typewriter : (n) ٹائپ مشین ۔

Typewriting : (n) (۱) ٹائپ نویسی؛ ٹائپ مشین استعمال کرنے کا ہنر؛ ٹائپ کیا ھوا کاغذ ۔

Typewriting : (a) ٹائپ نویسی کا یا اس سے متعلق ۔

Typewritten : (a) ٹائپ شدہ، ٹائپ کیا ھوا ۔

Typey : Typy کا متبادل ۔

Typh/Typho : (n) [mod. L. 'Typhus'.] محرقہ؛ دماغی ٹائفس کی قسم کا ۔

Typha : (n) [mod. L.] سیدھی لمبی جنس کا پودا ۔

Typhic : (a) ٹائیفائڈ سے متعلق ۔

Typhl-/Typhlo- : (n&a) جزوترکیبی بمعنی "اندھا" "اندھاپن" "کور آنت" ۔

Typhlitic : (a) [mod. L.] (مرضیات) کان، آنت کے ورم سے متعلق ۔

Typhlitis : (n) کان آنت کا التہاب زائدہ؛ دوآنتوں کی سوزش اور ورم ۔

Typhlology : (n) (۱) نابینائی کے اسباب؛ اثرات اور انسداد کا عملی مطالعہ ۔ (۲) بینائی سے متعلق شعبۂ علم ۔

Typhlopidae : (n) سانس کی ایک جنس جس کو Blind snake بھی کہتے ہیں ۔

Typhlosole/Typhlosolis : (n) (حیوانیات) کورتہ : آنتوں کی اندرونی دیوار کی حد تک ابھری ہوئی نالی یا تہ ۔

Typho - : سابقہ بمعنی "احتراق" ۔

Typhoean : (a) [Gr. 'Typhoeas'.] یونانی اساطیر کے ایک دیو (Typhoeus) کی خصوصیت کا یا اس سے متعلق ۔

Typhoeus : (n) یونانی علم الاصنام کا ایک عفریت ۔

Typhoid : (a) [Fr. 'typhoide'.] ٹائفس کی قسم کا یا اس سے مشابہ یا ٹائفس کی خصوصیت کا ۔

Typhoid : (n) میعادی بخار؛ تپِ محرقہ ۔

Typhoid fever : (n) (۱) میعادی بخار جس میں سرخ دانے چھاتی اور پیٹ پرنکل آتے ہیں اور آنتوں میں سخت جلن ہوتی ہے ۔ (۲) میعادی بخار کا مریض ۔

Typhoidal : (a) میعادی بخار سے متعلق؛ میعادی بخار کی خصوصیت کا یا اس سے مشابہ ۔

Typhomalarial : (a) اس بخار سے متعلق جس میں تپِ محرقہ اور ملیریا کی علامتیں ہوں ۔

Typhomania : (n) ہذیان؛ ہذیان محرقی جو ٹائفس اور دوسرے بخاروں میں ہوتا ہے؛ سرسام ۔

Typhon : (n) [L 'Typhon'.] (اساطیر) بگولوں کا دیوتا؛ ٹائفون؛ (قدیم یونان اساطیر میں) ایک دیو کا نام ۔

Typhonian : (a) ٹائفون یا یونانی بگولوں کے دیوتا سے متعلق ۔

Typhonic : (a) (۱) زوردار آندھی؛ جھکڑ یا گردباد کی خصوصیت کا؛ طوفانی؛ طوفان خیز ۔ (۲) دیکھو Typhonian ۔

Typhoon : (n) [Arb. 'Tufan'.] طوفانی ہَوا جو چین کے سمندروں اور قریبی علاقوں میں خاص طور پر جولائی اور اکتوبر کے درمیان چلتی ہے؛ ہوائی طوفان؛ بگولا؛ گردباد ۔

Typhous : (a) (مرضیات) ٹائفس سے متعلق یا ٹائفس کی خصوصیت کا یا طرح کا ۔

Typhus : (n) [Late L.] (۱) ایک قسم کا بخار جس میں ارغوانی دانے نکلتے ہیں اور ضعف بےحد ہو جاتا ہے اور عموماً ہذیان بھی ہوتا ہے ۔ (۲) ٹائفس بخار؛ محرقۂ دماغی؛ ٹیفومین ۔

Typhus-fever : (n) [NL. typhus fr. Gk. typhos.] محرقۂ دماغی؛ ٹیفوس؛ ٹیفوسیہ ۔

Typic : (a) [F 'typique', L. 'typicus'] (۱) مثالی : نوعی : تمثیلی ۔ (۲) (بخار سے متعلق) میعادی؛ نوبتی ۔ (۳) دیکھو Typical ۔

Typic : (n) (۱) باری کا بخار ۔ (۲) معینہ قسم کا بخار؛ تپ نوبہ ۔

Typical : (a) [mod. L. 'typicalis', Late L. 'typicus'.] (۱) مثالی؛ نوعی ؛ تمثیلی ۔ (۲) اشارتی؛ کسی واقعے کی خبر دینے والا ۔ (۳) مخصوص نوع کا؛ امتیازی؛ خاص نمونے کا ۔ (٤) (طبیعیات) خاص قبیلے یا جنس کا ۔

Typicality : (n) تمثیلیت؛ مثالیت؛ مخصوصیت؛ امتیازیت ۔

Typically : (adv.) مثالی طور پر؛ مخصوص یا امتیازی طور پر ۔

Typicalness : (n) دیکھو Typicaliy

Typicon/Typikon : (n) [Gr. 'typikon'.] وہ کتاب جس میں ایسٹرن چرچ کی سالانہ مذہبی عبادت کے متعلق قواعد اور عنوانات درج ہوتے ہیں ۔

Typification : (n) مثال کے ذریعے اظہار؛ کسی علامت یا نشان کے ذریعے بیان کرنا، نیز وہ چیز جس سے ظاہر ہو یا جس کے ذریعے بیان کیا جائے ۔

Typify : (v) [L. 'typus'.] (۱) مثال کے ذریعے ظاہر کرنا ۔ (۲) آنے والے واقعے کی خبر دینا؛ نشانی ہونا ۔ (۳) مثال یا نمونہ ہونا؛ کسی چیز کی امتیازی خصوصیت ظاہر کرنا ۔ (٤) پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا؛ پہلے سے مثال یا نمونہ پیش کرنا۔ (٥) (کسی طبقے، خاندان کا) مخصوص نمونہ ہونا ۔

Typiness : (n) مثال ہونے کی صفت یا حالت ۔

Typing : (n) دیکھو Typewriting

Typist : (n) ٹائپ کار؛ ٹائپسٹ؛ حروف کار؛ حروف چیں؛ پیشہ ورانہ ٹائپ کار؛ ٹائپ کے ذریعے چھاپنے والا۔

Typo : (n) (۱) Typographer,Typhographic کا مخفف ۔ (۲) طابع؛ چھاپنے والا ، خاص کر چھاپے کے حروف یا ٹھپے جمانے والا؛ حروف کار؛ حروف چیں ۔

Typo-: جزوترکیبی بمعنی "طباعی" ۔

Typo : (a) (۱) (طبیعیات) ٹائپ کی چھپائی ۔ (۲) چھاپے کے ٹھپے جمانے والا ۔

Typograph : (n) [Fr. 'typographe' or mod. L.'typographus'.] (۱) طابع ؛ پرنٹر ؛ ٹائپ بنانے یا حروف کاری کی مشین ۔ (۲) اندھوں کے لئے لکھنے کی مشین ۔

Typographer : (n) [Fr. 'typographe' or mod. L. 'typographus'.] فن طباعت کا ماہر ؛ طابع ۔

Typographic : (a) [mod. L. 'typographicus'.] دیکھو Typo (a)

Typographical : (a) فن طباعت سے متعلق؛ طباعت یا چھپائی کا؛ طباعتی ۔

Typographically ; (adv.) چھپائی یا طباعت کے لحاظ سے؛ طباعت کے طور پر ۔

Typography : (n) (۱) فن طباعت؛ طباعت؛ چھپائی،خاص کر حروف ٹائپ کا جمانا اور اس کی ترتیب ؛ طبع شدہ چیزوں کا ظہور ؛ شکل وصورت ۔ (۲) چھپائی کا کام؛ (مجازاً) چھپی ہوئی چیزیں؛ مطبوعہ؛ ٹائپ میں چھپی ہوئی چیزیں ۔ (۳) دیکھو Letter press ۔ (٤) ٹائپ سازی؛ طرز طباعت؛ طبع الحروف ۔

Typologic/-al : (a) علم انواع وغیرہ سے متعلق؛ صنفیات سے متعلق؛ صنفیاتی؛ تمثیلیاتی ۔

Typologically : (adv.) علم انواع کے ذریعے؛ صنفیاتی طور پر ۔

Typologist : (n) علم انواع یا صنفیات کا طالب علم ۔

Typologize : (v) ٹائپ کے ذریعے واضح کرنا؛ تشریح کرنا ۔

Typology : (n) (۱) علم انواع؛ صنفیات؛ تمثیلات ۔ (۲) علامتی خاکے کا مطالعہ خاص کر اس کی ابتدا اور مذہبی کتابوں کے نمونوں کا (مطالعہ)؛ (نیز مجازاً) مثالی اہمیت ؛ خاکہ ؛ نقشہ ؛ نمائندگی یا اس کا مخصوص عمل ۔ (۳) اشاریت ۔ (٤) مطالعہ یا طباعتی نمونوں کے متعلق گفتگو؛ اظہار خیال ۔ (٥) (اثریات) آثاراور نمونوں کی درجہ بندی جو ان کے طرز یا ارتقاء سے ظاہر ہو ۔ (٦) یہ نظریہ کہ عہدنامہء عتیق میں ان واقعات کی خبر دی جاچکی ہے جن کے واقع ہونے کا تذکرہ عہدنامہء جدید میں ہے ۔

Typomorphic : (a) مخصوص طور پر خاص حالات کے تحت واقع ہونے والا یا تشکیل کی مخصوص صورت میں واقع ہونے والا ۔

Typonym : (n) (تاریخ، طبیعیات) کسی نمونے یا قسم پر ہو؛ انموذجی نام؛ طبقے کا نام جو اس کے انموذج یعنی اس جنس کے نام پر رکھا جائے جس میں طبقے کی پوری خصوصیات موجود ہوں ۔

Typonymal : (a) انموذجی نام کا ۔

Typonymic : (a) دیکھو Typonymal

Typophile : (n) طبع شدہ چیزوں کا شائق یا طباعت کا شائق (شخص)۔

Typophilic : (a) طبع شدہ چیزوں کا شوق رکھنے والا ۔

Typoscript : (n) (۱) ٹائپ شدہ چیزیں ۔ (۲) دیکھو Typescript ۔

Typotelegraph : (n) طباعتی تلغراف (ٹیلی گراف) ۔

Typotelegraphy : (n) طباعتی تلغراف کا فن ۔

Typotheria : (n) عہد قدیم کے پستانی جانوروں کی ایک قسم ۔

Typothetae : (n) (طبیعیات) طباعان؛ انجمن ماہر طبعان ۔

Typp : (n) بزار گز سوت (دھاگا) کی ایک اکائی جس کا وزن ایک پاؤنڈ ہوتا ہے ۔

Typw : Typewriter کا مخفف ۔

Tyr-/Tyro- : (n) [Gr. fr. 'tyroschees'.] جزوترکیبی بمعنی "پنیر" ۔

Tyranness : (n) [L. 'tyrannus'. Med. L. 'tyrannissa'.] جابر یا ظالم مطلق العنان خاتون حکمراں؛ اپنے محکوم پر جابرانہ اختیار رکھنے والی حکمراں ۔

Tyrannic/-al : (a) [(o) fr. 'tyrannique'.] (۱) حاکم جابر ؛ غاصب یا مطلق العنان فرمانروا کا سا؛ مطلق العنان یا جابر حکمراں یا اس کی حکومت سے متعلق؛ مستبدانہ؛ ظالمانہ ۔ (۲) ظالم کی فطرت یا خصوصیت کا؛ ظالمانہ، جابرانہ طور پر حکومت کرنے والا؛ سخت ظالم؛ ظالمانہ حد تک درشت ۔

Tyrannically : (adv.) جابرانہ؛ ظالمانہ؛ مستبدانہ طریقے سے؛ جابر یا غاصب فرمانروا کی طرح؛ استبداد سے؛ جبر سے ۔

Tyrannicalness : (n) مطلق العنانی ؛ مستبدانہ ہونا؛ استبداد؛ استبدادیت ۔

Tyrannicidal : (a) جابر یا ظالم حکمراں کے قتل سے متعلق یا اس کے قتل پر مائل ۔

Tyrannicide : (n) [Fr. 'tyrannicide', L.'tyrannicida'] (۱) جابر اور ظالم حکمراں یا فرمانرواکا قتل کرنے والا یا قاتل ۔ (۲) قتلِ غاصب؛ قتلِ جابر، ظالم ۔

Tyrannicide : (n) ظالم، جابر حکمراں کا قتل ۔

Tyrannid : (n) Tyrannidae کے خاندان کی چڑیا ۔

Tyrannidae : (n) چڑیوں کا بڑا خاندان خاص کر امریکی (چڑیوں کا) ۔

Tyrannis : (n) [L.] مطلق العنان حکومت ۔

Tyrannize : (v) [(O) Fr, 'tyranniser'.] جابر؛ ظالم؛ مطلق العنان فرمانروا ہونا؛ جابرانہ یا مستبدانہ حکومت چلانا؛ جابرانہ طور پر حکومت کرنا؛ جبر کرنا؛ تشدد کرنا؛ ظلم کرنا؛ ظالمانہ طور پر سلوک کرنا؛ جابرانہ طور پر دبانا ۔

Tyrannizer : (n) تشدد کرنے، ستانے یا ظلم کرنے والا شخص؛ ظالم شخص ۔

Tyrannosaur/Tyrannosaurus : (n) [mod. L. 'tyrannosaurus'.] ایک بہت بڑا مہیب دو پایا گوشت خور سوسمار جو شمالی امریکا کے بعض علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

Tyrannous : (a) (۱) ظلم صفت؛ ظلم واستبداد کا میلان رکھنے والا ؛ جورو ستم کی طرف مائل ؛ جابرانہ طور پر حکومت کرنے والا ، عمل کرنے والا ۔ (۲) (مجازاً) فطرتاً ظالم، ناانصاف، جابر، متشدد، خود مختار ۔

Tyrannously : (adv.) مستبدانہ طور پر؛ جابرانہ یا ظالمانہ طریقے سے ۔

Tyrannousness : (n) استبدادیت؛ مطلق العنانیت؛ جبریت پسندی ۔

Tyranny : (n) [(O) Fr, 'tyrannie' Late L. 'tyrannia'.] (۱) جابر و ظالم کی حکومت یا مطلق العنان فرمانروا؛ ظالم کا مرتبہ یا اس کی حکومت؛ (عام) مطلق العنان بادشاہت؛ جابرانہ حکومت؛ ریاست جو ایک ظالم، جابر اور مطلق العنان فرمانروا کے زیرنگیں ہو؛ استبداد؛ جابرانہ حکومت؛ جور ۔ (۲) جابرانہ ومستبدانہ حکومت کرنے والے حکمراں کا فعل یا حکومت؛ ظالم یا غیر منصفانہ طور پر متشدد حکومت ۔ (۳) مطلق العنان یا ظالمانہ طور پرطاقت کا استعمال؛ اپنی طاقت یا اختیار کا بے جا استعمال؛ سخت گیر؛ متشدد؛ بے رحمانہ فعل، عمل ۔

Tyrant : (a) جورو ستم کی طرف مائل؛ جابرانہ حکومت کرنے والا؛ ظالم؛ غاصب؛ جابر؛ متشدد؛ مطلق العنان حکمراں کا سا؛ مستبدانہ؛ ظالمانہ؛ جابرانہ ۔

Tyrant : (n) [L. 'tyrannus'.] (۱) ظالم یا جابر فرمانروا ۔ (۲) (تاریخِ یونان) مطلق العنان غاصب فرمانروا ۔ (۳) وہ جو غیر قانونی طور پر کسی ریاست میں شاہانہ اختیارات قبضہ میں کر لیتا ہے؛ مطلق العنان فرمانروا؛

غاصب - (٤) ایک بادشاہ یا حکمراں جو اپنے اختیارات ظالمانہ اور غیر منصفانہ طور پر استعمال کرتا ہے؛ ظالم جو اپنے زیرحکومت لوگوں کے ساتھ ظالمانہ طور پر پیش آتا ہے؛ (مجازاً) وہ جس کا فعل ظالم، جابر اور غاصب فرمانروا کی طرح ہو؛ (اساطیر) Tyrannidae کے خاندان کی کوئی چڑیا خاص کر Tyrannus کی جنس کی چند قسموں میں سے کوئی جو کسی دوسری چڑیا پر جو اس کے گھونسلے کے پاس آئے اس پر حملہ کرنے اور بھگا دینے کے لئے مشہور ہے -

Tyrant : (v) جابر یا ظالم کا کردار ادا کرنا؛ جابرانہ یا مستبدانہ حکومت کرنا؛ جبر کرنا؛ تشدد کرنا؛ ظلم کرنا -

Tyrant-bird : (n) Tyrannidae کے خاندان کی کوئی چڑیا خاص کر Tyrannus کی جنس کی قسموں میں سے کوئی چڑیا جو اپنے گھونسلے کے پاس کسی دوسری چڑیا کو آنے نہیں دیتی؛ طیر الجبار -

Tyrant-fly catcher/Tyrant bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جو امریکا میں ہوتی ہے؛ طیرالجبار : دیکھو Tyrant -bird -

Tyrant-shrike : (n) Tyrannus کی جنس کی قسموں میں سے کوئی چڑیا -

Tyrant-wren : (n) Fly catcher چھوٹی زرد کلغی دار امریکی چڑیا -

Tyre : (n)[Var of TIRE] (۱) پہیے کا آہنی ہال خاص کر ریلوے انجن کے حرکے پہیے کا ہال - (۲) ربر کی گدی بائیسکل، موٹرگاڑی وغیرہ کے پہیے کے چاروں طرف؛ (موٹر یا بگھی کا) ٹائر -

Tyre : (n) جما ہوا دہی، ملائی -

Tyred : (a) ٹائر لگا ہوا -

Tyrian : (a) [L. 'tyrius, tyrian'] (۱) قدیم ٹائر (Tyre) شہر کا یا وہاں کے لوگوں سے متعلق یا ٹائر شہر میں بنا ہوا (ٹائر ایک قدیم شہر Phoencia جو ساحل بحیرہ روم پر واقع ہے، ایک وسیع تجارتی مرکز ہے)؛ شیرین ارغوانی رنگ کا -

Tyrian : (n) ٹائر (Tyre) شہر کا دیسی یا باشندہ -

Tyrian alphabet : (n) Moab ملک شام کی ایک قدیم سلطنت، کےعلاقے کی زبان کےحروف تہجی جو فونیشیا میں رائج تھے -

Tyrian-blue : (n) خاکستری مائل نیلا سے خاکستری سرخی مائل نیلا کی حد تک -

Tyrian-pink : (n) گہرے گلابی سے لے کر شوخ مائل ارغوانی سرخ رنگ تک -

Tyrian purple : (n) (۱) قرمزی یا ارغوانی رنگ نیل کی قسم کا جسے قدیم رومن استعمال کرتے تھے - (۲) گہرے سے لے کر شوخ ارغوانی مائل سرخ تک -

Tyrian rose : (n) شوخ ارغوانی مائل سرخ -

Tyro : دیکھو Tiro

Tyro/Tiro : (n) [med. L. 'tyron, tyro, tiron'.] کسی میدان میں شروعات ؛ آغاز ؛ وہ جو کسی کام کی بنیادی باتوں سے تو واقف ہو مگر عملی تجربے سے محروم؛ مبتدی؛ نو آموز -

Tyrol green : (n) قدرتی طور پر (خاص کر لوہے میں) پیدا ہو جانے والے مختلف سلیکیٹ میں سے کوئی ایک جو سبز رنگ کے بنانے میں بنیادی عنصر کا کام دیتے ہیں -

Tyrolean/Tirolean : (a) ٹائرول کا (ٹائرول آسٹریلیا، ہنگری کا صوبہ) -

Tyrolean : (n) ٹائرول کا دیسی یا باشندہ -

Tyrolese : (a &n) دیکھو Tyrolean

Tyrolese green : (n) سبز خام تانبہ -

Tyrolian : دیکھو Tyrolean

Tyrolienne : (n) ٹائرول کے کسانوں کا گیت یا نغمہ -

Tyrolite : (n) [G. 'tirolite'.] آب دار آرسینیٹ زردی مائل سبزرنگ کا جو گردہ نما کثیر مقدار میں پایا جاتا ہے -

Tyrosine : (n) [Gr. 'tyros' + - ine.] (کیمیا) ایک سفید بلوری مادہ ($C_9H_{11}NO_3$) جو پروٹین یا بیضیہ کے تحلیل کرنے سے پیدا ہوتا ہے -

Tyrosinosis : (n) [mod. 'tyrosine'.] غذا کے ناقص استحالہ کی حالت جس سے پیشاب میں Tyrosine غیر معمولی مقدار میں خارج ہوتا ہے -

Tyrosinuria : (n) پیشاب میں غیر معمولی مقدار میں Tyrosine کا اخراج ۔

Tyrotoxicon : (n) [Gr. 'tyros + toxicon'.] (کیمیا) ایک زہریلا مادہ؛ عفونت ($C_6 H_5$ N N OH) ایک قسم کا سمی القلی جو سڑے ہوئے پنیر اور دودھ کے جرثومہ سے پیدا ہوتا ہے؛ زہر پنیر ۔

Tyrotoxin : (n) دیکھو Tyroxicon

Tyrrhene : (a & n) [L. 'Tyrrhenus.'] ٹائر ہینی (Tyrrheni) اور ان کے ملک سے متعلق ۔

Tyrrheni : (n) Etruscans کے مفروضہ اسلاف مہاجرین ۔

Tyrrhenian : (a) [L. 'Tyrrhenus'.] ٹائربینی (Tyrrheni) اور ان کے ملک سےمتعلق؛ قدیم ایٹروویا کا (باشندہ)۔

Tyrrhenian : (n) ٹرہینی (Tyrrheni) میں سے کوئی ایک؛ ایٹروویا کا باشندہ ۔

Tyrrhenian sea : (n) براعظم اٹلی اور جزائر کورسیکا؛ سارڈینیا اور سسلی کے درمیان واقع سمندر ۔

Tyrtaean : (a) [f. proper name 'Tyrteaus'] (Tyrtaeus) ٹار ٹیئیس اور اس کے طرز سے متعلق (یہ ساتویں صدی قبل مسیح کا ایک یونانی شاعر تھا جو رجز (جنگی نغمہ) لکھا کرتا تھا ۔

Tysonite : (n) [f.name of S. T. Tyson.] ایک معدنی شے (Ce. La Nd) F_3 ۔

Tystie : (n) [Scand origin.] غوطہ مار چڑیوں کی ایک جنس جس کا رنگ سیاہ اور پاؤں سرخ ہوتے ہیں ۔

Tythe : Tithe کا متبادل ۔

Tyto : (n) [mod. L.'tytou'] اُلو کی ایک جنس جو ہر ملک میں پائی جاتی ہے ۔

Tytonidae : (n) ایک قسم کا یک جنسی اُلّو ۔

Tzaddik/Tzadik : (n) Zaddik کا متبادل بمعنی صادق (عبرانی وعربی)۔

Tzar : (n) Czar کا متبادل (زار۔شہنشاہ روس کا لقب) ۔

Tzedakah/Tsedakah : (n) [Heb- 'sedaqah', Ar. 'sadaqah'.] صدقہ ؛ خیرات؛ رضاکارانہ امداد ۔

Tzeltal : (n) (۱) میکسیکو کے مرکزی حصے کے انڈین لوگ ۔ (۲) ان لوگوں میں سے کوئی ایک فرد ۔ (۳) ان لوگوں کی زبان (Mayan) ۔

Tzigane : (n) [Fr. 'tzigane' with tz of G. origin] ہنگری کی جپسی (خانہ بدوش) قوم؛ (عام) جپسی ۔

Tzigane : (a) ہنگری کی جپسی، خانہ بدوش قوم کا یا اس سے متعلق؛ جپسی قوم کے طرز یا قسم کا ۔

Tzimmes/Tzimes : (n) [Yiddish 'tsimes'.] سبزی اور گوشت سے ملا کر بنایا ہوا میٹھا سالن ۔

Tzitzith/Tzitzis : Zizith کا متبادل؛ بٹی ہوئی ڈوری یا دھاگا؛ جو گلے اور بغل کےدرمیان ڈال لیتے ہیں؛ زُنّار۔

U

U : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا اکیسواں اور قدیم رومن حروف تہجی کا بیسواں حرف جو پہلے V کی طرح لکھا جاتا تھا ؛ سولھویں صدی عیسوی میں بعض مطابع نے U اور V میں امتیاز پیدا کیا ۔ (۲) حرف U ۔ (۳) بجائے You یعنی " تم " ۔ (٤) حرف U کی شکل کا (خصوصاً بطور صفت) ۔ (٥) سلسلہ وارنمبر ۲۱۔ (٦) Uranium کا مخفف ؛ Upper - class کا مخفف ۔ (۷) مطبع کا حرف U یا اس حرف کی مہر ۔

U and O : Use and occupancy کا مخفف ۔

U-boat : (n) المانیہ؛ جرمن آبدوز؛ یوبوٹ ۔

U-bolt : (n) یو (U) کی شکل کی چٹخنی؛ یو بولٹ؛ دونوں سروں پر مڑی ہوئی پیچ ؛ (میکانیات) پیچ خمیدہ٭ دو سر ۔

U.C. : (n) Upcast shaft کا مخفف ۔

U.D.C. : Universal Decimal Classification کا مخفف ۔

U.D.I. : Unilateral declaration of independence کا مخفف ۔

U.F.O. : Unidentified flying object کا مخفف ۔

U.H. : Upper half کا مخفف ۔

U.H.F. : Ultra high frequency کا مخفف ۔

U.K. : United Kingdom کا مخفف ۔

U.like : (a) یو (U) کی شکل کا؛ یو نما ۔

U.N. : United Nations کا مخفف ۔

Uang : (n) [Atjehnese 'Ueng'.] ایک قسم کا بھونرا ۔

Uayeb : (n) [Mayan.] پانچ دنوں کی وہ مدت جو مایا کیلنڈر میں سال کے ۳٦٥ دن پورے کرنے کے لئے جوڑ دی جاتی ھے ۔

Ubaid/Al' ubaid : (a) [f. 'al' ubaid, locality in southern Iraq.] تین ہزار سال قبل مسیح میسو پوٹامیہ کے کانسوی عہد کی قدیم تہذیب کا یا اس سے متعلق ۔

Uberous : (a) [L. 'uber' + - ous] (۱) (شاذ) (جانور، مادہ) جو خوب دودھ دینے والی یا چھاتی (عورت کی) یا تھن جانور کا دودھ سے بھرا ہوا ۔ (۲) (شاذ) کثیر (مقدار)؛ فراواں ۔

Uberrima fides : (n) [L.] صدق نیت ؛ صدق ارادہ ؛ دیکھو Good faith ؛ با ایمان و اطمینان کامل ۔

Uberty : (n) [L. 'ubertas'.] (۱) فراوانی؛ زرخیزی؛ ثمربخشی، افراط ۔ (۲) کثیر باروری ؛ کثیر شیری (نباتیات)۔

Ubi supra : (adv.) (کسی کتاب وغیرہ میں) مذکورہ بالا مقام پر؛ اسی مقام پر (جس کا ذکر آگے آچکا ھے)۔

Ubication : (n) [med. L. 'ubicatio'.] کسی مخصوص مقام پر قائم ہونا؛ تعین مقام (فلسفہ) اینیت ۔

Ubiety : (n) [mod. L. 'ubietas'.] کسی معین مقام پر موجود ہونا؛ نسبت مکانی؛ تعین مکانی؛ تعین مقام؛ (طبیعیات وغیرہ) مکانیت ۔

Ubiquitarian : (a) اس بات کا معتقد کہ حضرت عیسیٰ ہر جگہ جسماً موجود ہیں؛ (دینیات) معتقد حاضریت؛ حاضریت پسند ۔

Ubiquitarianism : (n) (۱) عقیدہ٭ حاضریت؛ حاضریت پسندی؛ یہ عقیدہ کہ حضرت عیسیٰ جسماً ہر جگہ موجود ہیں ۔ (۲) (سیاسیات) ہر جائیت ۔

Ubiquitary : (n) [mod. L. 'ubiquitarius'.] ہرجائی شخص یا چیز، وہ شخص یا چیز جو ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ہو ۔

Ubiquitary : (a) (۱) جو ہر جگہ موجود ہو؛ ہر جگہ حاضر رہنے والا ۔ (۲) (مزاحاً) (وہ شخص) جو ہر جگہ موجود رھے؛ ہرجائی ۔ (۳) (بحیثیت طبقہ یا

اس کے اراکین) جو ہر جگہ موجود ہوں یا وسیع دائرے میں پھیلے ہوئے ہوں۔

Ubiquitism : (n) [f. ubiquity.] دیکھو Ubiquitarianism

Ubiquitous : (a) دیکھو Ubiquitary

Ubiquitously : (adv.) حاضریت کی شان سے؛ ہر جگہ موجود رہ کر یا رہتے ہوئے۔

Ubiquitousness : (n) حاضریت؛ ہر جگہ موجود ہونا۔

Ubiquity : (n) [f. L. 'ubique' + -ITY.] (۱) (دینیات) حاضریت ، حاضریت عیسیٰ؛ حضرت عیسیٰ یا ان کے جسم کا ہر جگہ موجود ہونا جیسا کہ معتقد حاضریت عقیدہ رکھتے ہیں۔ (۲) ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ہونے کی صفت یا صلاحیت؛ (بطور عام استعمال) خدا کی ایک صفت؛ کسی حکمراں کا عدالتوں سے جو رابطہ ہوتا ہے اس کو ظاہر کرنے کے لئے۔ (۳) (سیاسیات) ہرجائیت۔

Ubiquity of the king : (n) (قانون) یہ نظریہ کہ بادشاہ ججوں کی ذات میں عدالت میں موجود ہوتا ہے؛ حاضریت بادشاہ۔

Udal : (n) [Orkney and Shetland form of Odal.] (قانون) قبضہء مخالفانہ؛ ملکیت موروثی بر بنائے قبضہ؛ زمین داری کا وہ نظام جو نظام جاگیرداری سے قبل شمالی یورپ، جزائر شیٹ لینڈ اور آرکنی میں اب بھی رائج ہے جس کی رو سے وہ شخص جو ایک مدت تک مسلسل زمین پر قابض رہا ہو وہ اس کا مالک مطلق ہو جاتا ہے۔

Udaller/Udalman : (n) مالک بر بنائے قبضہ۔

Udally : (adv.) ملکیت مسلسل قبضہ کی رو سے۔

Udder : (n) [OE. 'uder'.] (۱) (مادہ جانور کا) تھن؛ کھیری۔ (۲) (حیوانیات) مرغ؛ حوانہ؛ لیوا۔

Uddered : (a) تھن دار؛ تھن والا؛ (-) تھن کا۔

Udderless : (n) بے تھن کا؛ غیر تھن دار۔

Udograph : (n) باران نگار۔

Udometer : (n) مقیاس المطر؛ باران پیما؛ بارش کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ۔

Udometric : (a) باران پیما کا؛ باران پیمائی سے متعلق۔

Udometry : (n) باران پیمائی۔

Ufer : (n) [Du. 'juffer'.] سروکا کھمبا یا شہتیر جو ٤ تا ۷ انچ موٹا اور ۲۰ تا ٤۰ فٹ لمبا ہو۔

Ugh : (n & int.) [Imitative.] (۱) اُہ؛ کھانسنے کی آواز۔ (۲) (فجائیہ) (نفرت یا کراہت اور خوف کے موقع پر) اُوہ؛ لاحول ولا قوۃ؛ توبہ توبہ؛ اے غضب۔

Ugli : (n) [f. ugly (a).] موٹے چھلکےوالا گول پیوندی لیموں جس کا رنگ سبز اور زرد ہوتا ہے اور جو غالباً Grapefruit اور Tangerine کی پیوند کاری سے اگایا گیا ہو، ابتداً یہ جمائیکا میں دریافت ہوا اور وہیں اس کی کاشت کی گئی۔

Uglification : (n) بد شکل بنانے کا عمل۔

Uglifier : (n) شکل بگاڑنے والا؛ بد شکل یا بد صورت بنانے والا۔

Uglify : (v) [f. ugly(a)] شکل بگاڑنا؛ بد شکل یا بد صورت بنانا؛ بد صورت یا بد نما کر دینا؛ خوفناک شکل کا بنا دینا۔

Uglily : (adv.) بدصورتی سے؛ بد نما یا معیوب طریقے سے؛ خوفناک طورپر؛ وحشت انگیز طورپر؛ مہیب انداز میں۔

Ugliness : (n) (۱) بدصورتی؛ بدہئیتی؛ بھونڈاپن؛ بدصورت یا مکروہ چیز؛ بد خصالی۔ (۲) مکروہیت ؛ بد نمائی : بد صورت ہونے کی حالت ؛ نفرت انگیز شباہت۔ (۳) اخلاقی گھناؤناپن۔

Ugly : (a) [ON. 'uggligr'.] (۱) بدصورت؛ بد شکل؛ بدقطع؛ بدہئیت؛ بھونڈا؛ بھدا؛ کریہہ المنظر؛ مکروہ شکل کا؛ ڈراؤنی شکل والا۔ (۲) مکروہ؛ برا؛ قابل نفرت : (اخلاقی اعتبار سے) معیوب ؛ بد نما؛ ناگوار؛ خطرناک۔ (۳) منحوس؛ ڈراؤنا؛ نامبارک؛ تکلیف دہ؛ خوفناک؛ ناپسند؛ نامطبوع۔ (٤) (موسم، آسمان وغیرہ) طوفانی؛ خوفناک؛ ڈراؤنا؛ مہیب؛ بدمنظر۔ (۵) (وہ شخص) جس سے مقابلہ کرنا یا جس سے معاملہ کرنا دشوار ہو۔ (٦) بد مزاج؛ چڑچڑا؛ بد خو۔

An ugly job : بری بات؛ ناگوار واقعہ؛ بے ڈھب واقعہ۔

Ugly : (n) (۱) بد صورت یا ڈراؤنی شکل والا آدمی یا جانور۔ (۲) زنانہ ہیٹ کا (ایک قسم کا) چھجا۔

Ugly : (v) دیکھو Uglify

Ugly : (adv.) دیکھو Uglily

Ugly customer : (n) بے ڈھب آدمی، خوفناک آدمی؛ وہ شخص جس کا مقابلہ کرنا یا جس سے معاملہ کرنا دشوار ہو؛ پر ہیبت شخص۔

Ugly duckling : (n) وہ شخص جو خاندان میں سب سے بد تر سمجھا جاتا ہو مگر سب سے بہتر ثابت ہو؛ تلمیح؛ اینڈرسن کی کہانی سے لی گئی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک ہنس کا بچہ بطخ کے بچوں میں مل گیا تھا وہ سب سے بد صورت سمجھا جاتاتھا مگر بڑا ہو کر سب سے شاندار نکلا۔

Ugni blanc : (n) [Fr. f. 'ugni', name of a type of grape+'blanc'.] شابلی جیسی سفید کھانے کے وقت کی شراب جو کیلیفورنیا میں بنتی ہے۔

Ugrian/Ugric : (a) [f. 'Ugry, 'the name given by early Russian writers to an Asiatic race dwelling east of the Ural mountains'.] Ural-Altaic قوم کا یا اس سے متعلق جس میں Finns اور Magyars شامل ہیں : فنی قوم کا۔

Ugrian : (n) (۱) Ugrian قوم کا کوئی فرد یا رکن۔(۲) Ugrian زبان۔

Ugrug : (n) [ESK.] (الاسکا) داڑھی والی سیل (مچھلی)؛ بھوری یا زردی مائل بڑی قطب شمالی سیل جس کی تھوتھنی کے دونوں جانب سخت اور چپٹے بالوں کا گچھا ہوتا ہے۔

Ugsome : (a) [ME. 'ugge'.] (اسکاٹستان) ڈراؤنا؛ بدہیئت : خوفناک : مکروہ؛ کریہہ المنظر؛ قابلِ نفرت : گھناؤنا؛ ناگوار : نفرت انگیز۔

Ugsomely : (adv.) ڈراؤنے انداز میں : مکروہ طور پر: ناگوار طور پر، گھناؤنےپن سے۔

Ugsomeness : (n) ڈراؤنا پن؛ بدہیئتی : مکروہیت؛ کراہت انگیزی : ناگواریت۔

Uhlan : (n) [Fr. 'uhlan'.] نیزہ بردار سوار جو یورپ کےبعض ملکوں کی فوج میں ہوتے ہیں (ابتداً پولینڈ کی فوج میں اور بعدہٗ جرمن فوج میں)۔

Uigur/Ouigour : (n) [East Turk. 'uighar'.] (۱) مشرقی شاخ کے ترک جو وسطی ایشیا میں آٹھویں سے بارھویں صدی تک ممتاز رہے؛ ایگور۔ (۲) مشرقی ترکوں کی زبان۔

Uigur : (a) مشرقی شاخ کے ترکوں کا یا ان سے متعلق۔

Uigurean/Uigurian/Uiguric : (a) دیکھو Uigur

Uitlander : (n) [S. Afr. Du.] (جنوبی افریقہ) غیر ملکی۔

Ukase/Ukaz : (n) [Russ. 'ukaz'.] (۱) شہنشاہ روس کا فرمان یا حکومت روس کا فرمان۔ (۲) کوئی بھی آمرانہ حکم۔

Ukiyo/Ukiyoe/Ukiyoye : (n) [Jap. f. 'ukiyo+e'.] جاپانی آرٹ اسکول جو نچلے طبقوں کی عام زندگی سے مواد لے کر اسے فطری انداز میں لکڑی کے بلاک پر بنا کر چھاپتے ہیں۔

Ukrainian : (a) (۱) یوکرین کا؛ یوکرینی۔(۲) روس کے ایک مغربی قصبے کا نام یوکرین۔

Ukrainian : (n) (۱) یوکرین کا باشندہ؛ یوکرینی۔ (۲) یوکرینی سلانی (Slavanic) بولی۔

Ukulele/Ukelele : (n) [Hawaiian.] جزیرۂ ہوائی کا چوتارہ؛ چارتاروں کا گٹار؛ چوتارہ؛ اُوکولیلی۔

-ular : (suffix) لاحقہ؛ ULE- سے مشتق صفاتی لاحقہ جو "کا" "کے" "کی" وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔

Ulcer : (n) [L. 'ulcus'.] (۱) جسم کے باہر یا اندر کےرخ کا زخم جس میں پیپ ہو؛ (طب) قرحہ (جمع قرح)؛ ناسور؛ زخم؛ زخم معدہ۔ (۲) (مجازاً) ناسور کی طرح زہر پھیلانے والی چیز؛ اخلاقی ناسور؛ فاسد مادہ یا اثر۔

Corroding ulcer : (طب) آکلہ۔

Ulcer disease : (n) ٹراؤٹ مچھلی کے بچوں کو ہونے والی ایک عام مہلک جرثومی بیماری جو ان کی جلد پر اثر انداز ہوتی ہے۔

Ulcerable : (a) قرح پذیر؛ جس میں قرحہ پڑ جانے کی صلاحیت ہو۔

Ulcerate : (v) [L. 'ulcerare'.] (۱) قرحہ پڑنا؛ قرحہ ڈال دینا۔ (۲) قرحہ بن جانا؛ قرحہ بنا دینا۔(۳) (مجازاً)

Ulexine : (n) (کیمیا) Gorse (ایک خاردار جھاڑی کے زرد پھول) کے بیج سے تیار کیا ہوا الکلا نڈ (القلی) -

Ulexite : (n) (معدنیات) سوڈے اور چونے کا بوریٹ -

Ulicon : Olakan کا متبادل -

Uliginal : (a) (نباتیات) دلدلی؛ دلدل نمو؛ مرطوب مقامات پر اگنے والا -

Uliginose : (a) (نباتیات) دلدلی؛ دلدل میں پیدا ہونے والا -

Uliginous : (a) (۱) مرطوب؛ پانی جیسا؛ دلدلی - (۲) (مٹی یا مقامات) مرطوب؛ جہاں پانی رہتا ہو -

Ullage : (n) [AFr. 'ulliage'.] (۱) کمی؛ چھیج ؛ بھروت؛ کسرہ ؛ وہ مقدار جو پیپے یا اور کسی برتن کے پورا بھر جانے میں باقی ہو؛ پیپا وغیرہ جو پوری طرح بھرا نہ ہو - (۲) شراب کی مقدار کسی برتن میں جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو - (۳) (عامیانہ) استعمال کئے ہوئے گلاسوں کی بچی ہوئی شراب - (٤) رساؤ (کسی مرطوب مادے کا) - (٥) کندہ کاری کے اوزار سے چھل کر نکلی ہوئی بیکار دھات - (٦) (بحری) بیکار چیزیں یا ناکارہ یا بھدا آدمی - (۷) (کیمیا) تلچھٹ -

On ullage : (پیپا وغیرہ) جو پوری طرح بھرا نہ ہو -

Wet ullage : شراب کی مقدار کسی ایسے برتن میں جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو -

Ullage : (v) (۱) (پیپےوغیرہ میں) شراب کی مقدار کا اندازہ لگانا (جس سے پیپا بھر جائے) - (۲) تھوڑا نکال لینا، کم کر دینا - (۳) کمی کو پورا کر دینا؛ (پیپے وغیرہ میں) بھرنے کے لئے مطلوبہ مقدار کو پورا کرنا یا اس میں بھر دینا -

Ulleged : (a) (بوتل یا پیپا) جو تھوڑا خالی رہ گیا ہو ؛ جو پوری طرح بھرا ہوا نہ ہو؛ جس میں چھیج ہو؛ جس میں موجودہ چیز کی مقدار کم ہو؛ (شراب وغیرہ) کم؛ جو پوری نہ ہو اور اس طرح نقصان ہوا ہو؛ (کوئی بھی) ادنیٰ چیز؛ (کسی چیزکا) بیکار (حصہ)؛ فضلہ؛ بچا کھچا -

Ullager : (n) کمی کو ناپنے والا؛ کمی کا اندازہ لگانے والا -

Ulmaceae : (n) [mod. L. 'ulmus'.] درختوں اور جھاڑیوں کا ایک خاندان؛ (نباتیات) درداریہ؛ دیوداریہ -

اخلاقی ناسوربن جانایا پیدا کردینا - (٤) فاسد مادہ پیدا ہو جانا یا کر دینا -

Ulcerated : (a) مقروح؛ جس میں قرحہ پڑگیا ہو؛ جو قرحہ میں مبتلا ہو؛ قرحہ دار -

Ulceration : (n) [L. 'ulceratio'.] (۱) تقرّح؛ قرحت؛ قرحہ بننا؛ قرحہ دارھونا یا ہو جانا؛ قرحیت؛ مقروحیت؛ قرحہ دار ہونے کی حالت - (۲) قرحہ یا قرحوں کا مجموعہ -

Ulcerative : (a) (۱) قرحہ دار؛ قرحی - (۲) قرحہ بننے والا یا قرحہ ڈالنے والا؛ قرح خیز؛ قرح زا - (۳) قرحہ سے پیدا شدہ - (٤) قرحہ جیسا -

Ulcerative colitis : (n) قرحہ دار ورم قولون؛ ایک مرض جس میں نامعلوم یا غیر مخصوص سبب سے بڑی آنت متورم ہوجاتی ھے اور پیٹ میں درد کے ساتھ خون آمیز آنو کے دست آتے ہیں، آنت کی بلغمی جھلی بھی متورم ہو جاتی ھے اور اس میں زخم ہو جاتا ھے -

Ulcerative lymphangitis : (n) مویشیوں کی ایک بیماری -

Ulcered : (a) دیکھو Ulcerated

Ulcerous : (a) [L. 'ulcerosus'.] (۱) قرحہ جیسا؛ قرحہ کی نوعیت کا - (۲) قرحہ دار؛ مقرح - (۳) قرحوں سے پیدا شدہ -

Ulcerously : (adv.) قرحہ دار زخم کی طرح -

Ulcerousness : (n) قرحیت؛ قرح دار ہوجانا -

Ulcus : (n) [L.] دیکھو Ulcer

-ule : (suffix) لاحقہ جو اسم تصغیر بنانے کے لئے استعمال ہوتا ھے؛ علامت تصغیرمثلاً Capsule' Rodule' Postule وغیرہ -

Ulema : (n) [Arab. 'ulama'.] (۱) (جمع) علماء ماہرین دینیات و فقہ اسلامی؛ (خصوصاً) جماعت جو شیخ الاسلام کے ما تحت ہو - (۲) (بطور واحد) عالم؛ مسلم عالم دین یا روحانی پیشوا -

-ulent : (suffix) لاحقہ جو صفات کے آخیر میں آتا ھے -

Ulex : (n) [mod. L.] خاردار جھاڑیوں کی ایک جنس؛ جنسِ رَتَم ؛ جنس لوبیا -

Ulmaceous : (a) (نباتاتی) دیوداری؛ بقی ۔

Ulmannite : (n) [f. name of 'J. C. Ullmann'.] نیکل کا سلفینٹنو مائنڈ ۔

Ulmate : (n) (کیمیا) Ulmic acid کا نمک ۔

Ulmic : (a) [Fr. 'ulmique'.] Ulmic acid میں آتا ھے ۔

Ulmic acid : (n) (کیمیا) الن؛ وہ سیاہ گوند کا سا مادہ جو elm وغیرہ کے درختوں اور کسی چیز پر جمنے والی کائی میں پایا جاتا ھے ۔

Ulmin : (n) [f. L. 'ulmus, 'named by Thomson.] دیکھو Ulmic acid

Ulmus : (n) [mod. L. f. 'elm'.] (نباتیات) جنس دیودار؛ جنس بُق ۔

Ulmus levigata : (n) (نباتیات) مَنُّو ۔

Ulmus wallichiana : (n) (نباتیات) کاشن ۔

Ulna : (n) [L.] (۱) (تشریح) زندہ؛ زند اسفل؛ کلائی کی دو ہڈیوں میں سے نیچے کی لمبی ہڈی ۔ (۲) چوپانے کے اگلے پاؤں اور پرند کے بازو کی وہی ہڈی۔

Carpel end of ulma : (تشریح) کُرسوع ۔

Uland : (adv.) (تشریح) زند رُو؛ زند اسفل کی جانب ۔

Ulnage : (n) Alnage کا متبادل ۔

Ulnager : (n) دیکھو Alnager

Ulnar : (a) زندی؛ زند اسفل کا یا اس سے متعلق ۔

Ulnar : (n) زندی عصب؛ زند اسفل سے متعلق عصب ۔

Ulnar artery : (n) زندی شریان ۔

Ulnar vein : (n) زندی ورید؛ زندی رگ ۔

Ulnare/Ulnar : (n) [mod. L. 'ulnare'.] فانہ نما ہڈی ۔

Ulno - : (comb) جزو ترکیبی بمعنی Ulnar ۔

Ulno-carpal : (a) زندی رُسغی ۔

Ulo-: (comb) [mod. L. 'ula'.] جزو ترکیبی بمعنی مسوڑھے سے متعلق؛ لثوی۔

Uloborid : (a) [f. mod. L. 'uloboridae'.] Uloboridae کا یا اس سے متعلق۔

Uloborid : (n) Uloboridae کے خاندان کی مکڑی ۔

Uloboridae : (n) [mod. L. 'uloborus + idae'.] گول جالے بُننے والی مکڑیوں کا خاندان ۔

Uloborus : (n) [mod. L. f. Gr. 'ouloboros'.] گول جالے بُننے والی مکڑیوں کی جنس ۔

Ulorrhagia : (n) (طب) نزف لثہ ۔

-ulose : (suffix) صفتی لاحقہ جو لاطینی لاحقے Ulasus کا مترادف ھے ۔

Ulotrichan : (a) [f. Ulotrichous.] پشم مو ؛ صوف مو ؛ اون جیسے بالوں والا (انسان)۔

Ulotrichan : (n) [as prec.] پشم مو انسان؛ اس نسل کا انسان جس کے بال اون کی طرح گھونگریالے ھوتے ہیں۔

Ulortichous/Oulotrichous : (a)[f. mod. L.'Ulotrichi'.] (بشریات) Ulotrichi نسل کا؛ اس نسل انسانی کا جس کے بال گھونگریالے ھوتے ہیں؛ پشم مو؛ صوف مو ۔

-ulous : (suffix) لاحقہ جو لاطینی لاحقے Ulosus – اور Ulus ۔ دونوں کی نمائندگی کرتا ھے ۔

Ulster : (n) (۱) آئرستانی کنگ آف آرمس ۔ (۲) السٹر ؛ لمبا ڈھیلا ڈھالا لبادہ اور کوٹ جس میں پٹی لگی ھو ۔ (۳) آئرستان کے ایک علاقے کا نام ۔

Ulster custom : (n) حقیت کاشتکاری کی وہ شکل جو السٹر واقع آئرستان میں رائج ھے جس کی رو سے ایک رُعیت کو اپنی زمین پر قبضہ رکھنے، اسے فروخت یا علاحدہ کرنے، اس کا معاوضہ پانے کے متعلق بعض حقوق حاصل ہیں ۔

Ulster tenant-right : (n) دیکھو Ulster custom

Ulstered : (n) السٹر پہنے ھوئے؛ السٹر پوش ۔

Ulsterette : (n) چھوٹا یا ہلکا السٹر ۔

Ulstering : (n) السٹر بنانے کا کپڑا؛ وہ کپڑا جس کا السٹر بنایا جائے یا بنتا ہو۔

Ulsterman : (n) آئرستانی صوبہ السٹر کا رہنے والا ؛ السٹری؛ السٹر کا باشندہ۔

Ult : Ultimo کا مخفف۔

Ulterior : (a) [L 'ulterior'.] (۱) پرے کا؛ پرلا؛ جو کسی چیز کے ماورا ہو، ماوریٰ ۔(۲) زیادہ دور کا؛ بعید؛ بعد کا؛ آئندہ کا؛ آجل ۔ (۳) در پردہ : تہ میں چھپا ہوا : مخفی۔

Ulteriority : (n) دور کی چیز؛ آئندہ یا بعد کی بات۔

Ulteriorly : (adv.) (۱) آگے چل کر؛ آئندہ مرحلے پر ۔(۲) بعد میں؛ آخیر میں؛ آخری مرحلے پر ۔(۳) در پردہ ۔

Ultima : (a)[L. fem. of 'ultimus'.] (۱) کسی لفظ کا آخری ہجا ۔ (۲) آخری؛ بعید تر ۔

Ultima ratio : (n) آخری دلیل؛ (خصوصاً زور یا تشدد بطور آخری دلیل کے)۔

Ultima ratio regum : (n) بادشاہوں کی آخری حجت ، فوج کشی۔

Ultima Thule : (n) (جغرافیہ) خطہء دور ترین؛ خطہء آخری ؛ کوئی دور دراز نا معلوم مقام؛ دنیا کا چھور ۔

Utimacy : (n) [f. ultimate.] قطعیت، ختمیت؛ آخری یا مختتم ہونے کی حالت یا صفت۔

Ultimate : (a) [Late and med. L. 'ultimatus'.] (۱) مختتم ؛ آخری؛ قطعی؛ فیصلہ کن؛ حتمی ۔ (۲) بنیادی ؛ (حیوانیات) اساسی؛ اصلی؛ حقیقی؛ عنصری ۔ (۳) (ریاضیات) (U. ratio) دو متغیر اعداد کے درمیان آخری تحدیدی تناسب ۔(٤) بالآخر واقع ہونے والا؛ شدنی؛ منتج ہونے والا ۔ (٥) آخری (ہجا یا تاکید) لفظ کی آخری ہجا پر ہونے والی (تاکید)۔

Ultimate : (n) (۱) نقطہء آخر؛ انجام؛ نتیجہ؛ اختتام؛ آخری زینہ؛ آخری قدم ۔ (۲) بنیادی اصول ؛ اصل حقیقت۔

Ultimate : (v) (۱) مکمل کرنا؛ پایہء تکمیل تک پہنچانا؛ انجام کو پہنچانا؛ آخری مرحلے پر لانا؛ ختم کرنا؛ پورا کرنا ۔ (۲) آخری نتیجے پر ہونا؛ ختم ہونا؛ مختتم ہونا ۔

Ultimate : (v) [Back-formation from ultimatum] آخری شرط رکھنا یا پیش کرنا؛ اتمام حجت کرنا ۔

Ultimate analysis : (n) (کیمیا) مختتم تجزیہ؛ آخری تجزیہ ۔

Ultimate cause : (n) علت اولیٰ؛ (فلسفہ) علت العلل ۔

Ultimate elongation : (n) (طبیعیات) انتہائی تطویل ۔

Ultimate lines : (n) امتیازی خطوط ۔

Ultimate resistance : (n) (برقیات) انتہائی مزاحمت ۔

Ultimate truths : (n) (فلسفہ) حقائق اصلی ۔

Ultimate value : (n) (فلسفہ) قدر نہائی ۔

Ultimately : (adv.) آخر کار؛ بالآخر؛ انجام کار؛ آخر الامر؛ آخرش؛ آخر میں ۔ (۲) قطعی طور پر؛ بنیادی طور پر ۔(۳) فیصلہ کن طور پر ۔

Ultimateness : (n) آخریت؛ قطعیت؛ بنیادیت ۔

Ultimatum/Ultimata : (n) [Subst. use of n. of ultimatus in the med. L.] (۱) اتمام حجت؛ حرف آخر؛ الٹیمیٹم؛ آخری تجویز یا شرائط جنہیں فریق ثانی منظور نہ کرے تو دونوں فریقوں میں قطع تعلق ہو جاتا ہے یا جنگ چھڑ جاتی ہے؛ آخری شرط یا پیشکش ۔ (۲) آخری نتیجہ؛ آخری حد؛ انتہائی حد؛ آخری نشانہ ۔ (۳) بنیادی اصول؛ اصل اصول؛ وہ چیز جو ناقابل تجزیہ ہو؛ اساسی چیز ۔ (٤) بعید ترین نقطہ؛ دور ترین مقام (جہاں پہنچنا ہو)۔

Ultimatum : (v) آخری شرط رکھنا یا پیش کرنا؛ اتمام حجت کرنا؛ الٹیمیٹم دینا ۔

Ultimo : (adv.) [L.] پچھلے مہینے کا؛ گذشتہ ماہ کا؛ (در) ماہ گزشتہ (مخفف U l t.) ۔

Ultimobranchial bodies : (n) (حیوانیات) مابعد خیشومی غدود۔

Ultimogeniture : (n) [f. L. ultimess' after primogeniture.] (قانون) حق خردی ؛ وراثت اصغر؛ وراثت فرزند اصغر؛ وہ اصول وراثت جس کی رو سے سب سے چھوٹا لڑکا وارث ہوتا ہے ۔

Ultonian : (a & n) [f. med. L. 'ultonia'.] السٹر کا ؛ السٹری ؛ السٹر کا باشندہ۔

Ultra : (a) [Independent use of ultra-.] (۱) حامی بادشاہت ۔ (۲) انتہا پسند؛ انتہا پسندانہ خیالات یا نظریات کا حامل ۔ (۳) بے حد؛ بے حساب؛ حد سے گزرا ہوا ۔ (٤) انتہا پسندی میں حد سے بڑھا ہوا ۔ (٥) بہت باریک پیمائشوں کے لئے بنا ہوا (آلہ)؛ بہت خفیف مقدار کی یا بہت چھوٹی چیز کی پیمائش کرنے والا؛ بہت قوی (آلہ)۔

Ultra : (n) [as prec.] (۱) حامی بادشاہت (فرانسیسی) ۔ (۲) سیاسیات یا مذہبی امور میں انتہا پسندی سے کام لینے والا؛ انتہا پسند شخص ۔ (۳) فیشن میں انتہا کو پہنچا ہوا؛ انتہائی فیشن پرست شخص ۔

Ultra : (prep.) [L.] آگے، پرے : بالا؛ ورا؛ حد سے زیادہ ۔

Ultra- : (prefix) سابقہ بمعنی (۱) بالا؛ ورا؛ حد سے زیادہ ۔ (۲) انتہا پسند؛ انتہائی ۔

Ultra-centenarian : (a) سوسال سے زیادہ زندہ رہنے والا؛ جو سو سال سے اوپر ہو ۔

Ultra-classical : (a) حد سے زیادہ کلاسیکی ۔

Ultra-conservative : (a) (سیاسیات) زیادہ قدامت پسند؛ حد سے زیادہ قدامت پسند ۔

Ultra-gaseous : (a) (طبیعیات) ورا گیسی؛ اشعاعی مادہ ۔

Ultra-orthodox : (a) حد سے زیادہ تقلید پسند؛ حد سے زیادہ قدامت پسند؛ حد سے زیادہ راسخ العقیدہ ۔

Ultra-rapid picture : (n) انتہائی تیز متحرک تصویر ۔

Ultra-red : (a) انتہائی سرخ؛ زیر سرخ ۔

Ultra-religious : (a) (دینیات) شدید مذہبی؛ کٹر مذہبی؛ انتہائی مذہبی۔

Ultra-sensual : (a) (نفسیات)ورائے حسی، حد درجے کا حسی ۔

Ultra-short waves : (n) (ریڈیو) قصیر تر امواج ۔

Ultra-violet : (a) بالائے بنفشی؛ ورائے بنفشی ۔

Ultra-violet cell : (n) (فوٹو گرافی، برقیات) بالا بنفشی خانہ ۔

Ultra-violet microscope : (n) (بصریات) بالا بنفشی خردبین ۔

Ultra-violet rays : (n) (طبیعیات) بالا بنفشی شعاعیں ۔

Ultra-violet therapy : (n) (طب) بالا بنفشی علاج : بالا بنفشی شعاعوں کے ذریعہ علاج ۔

Ultrabasic : (a) انتہائی بنیادی یا اساسی؛ جس میں سلیکا بہت کم ہو اور Ferromagnesian معدنیات بہت زیادہ ہوں ۔

Ultracentrifuge : (n) (کیمیا) ورا مرکز گریزہ؛ تیز مرکز گریزہ ۔

Ultracrepidarian : (a) اپنی حد سے تجاوز کرنے والا؛ اپنے حلقۂ اختیار سے باہر جانے والا ۔

Ultracrepidarian : (n) حد سے تجاوز کرنے والا شخص؛ (خصوصاً) جاہل، ناواقف یا گستاخ نقاد ۔

Ultracrepidarianism : (n) حد سےتجاوزکرنا(خصوصاً نقاد کا) ۔

Ultracrepidation : (n) حد سے تجاوز کرنا (خصوصاً نقاد کا) ۔

Ultrafashionable : (a) حد سے زیادہ فیشن پرست؛ انتہائی فیشن پرست ۔

Ultrafidian : (a) [f. the L. phr. 'ultra fidem'.] آنکھ بند کرکے مان لینے والا؛ سریع الاعتقاد ۔

Ultraism : (n) (خیالات یا عقائد میں) تشدد؛ (سیاسیات) انتہا پسندی۔

Ultraist : (n) متشدد؛ انتہا پسند: سیاسیات یا مذہب وغیرہ میں انتہا پسندانہ عقائد رکھنے والا ۔

Ultraistic : (a) انتہا پسندانہ؛ انتہا پسندی کا ؛ متشددانہ ۔

Ultralimunal : (a) (نفسیات) متسامی؛ زیر شعوری ۔

Ultramafic : (a) دیکھو Ultrabasic

Ultramarine : (a) وراء البحر؛ ورائے بحری ؛ جو سمندر پار واقع ہو ۔

Ultramarine : (n) نیلا رنگ جو لاجورد معدنی (Lapis Lazuli) سے بنتا ھے؛ اس طرح کا نیلا رنگ؛ (روشنی) لاجورد نیلا ۔

Artificial ultramarine : مصنوعی نیلا رنگ جو کاربونیٹ سوڈا، گندھک اور رال سے ملا کر بنایا جاتا ھے ۔

Ultramarine ashes : (n) درد لاجورد، تلچھٹ جو لاجورد معدنی کو نکالنے کے بعد باقی رہ جاتی ھے اور مصور خاکستری رنگ بنانےمیں استعمال کرتے ہیں۔

Ultramarine blue : (n) دیکھو Ultramarine

Ultramicrobe : (n) ورا میکروب؛ ورا زندك۔

Ultramicrone : (n) (طبیعیات) ورا مائیکرون۔

Ultramicroscope : (n) (بصریات) وراخردبین ؛ ماوراخردبین۔

Ultramicroscopic : (a) (بصریات) ورا خردبینی؛ خردبین سے بھی نظر نہ آنے والا۔

Ultramodern : (a) الٹرا موڈرن؛ حد سے زیادہ جدید خیالات و نظریات کا؛ حد سے زیادہ نئی روشنی کا۔

Ultramontane : (a) [med. L. 'ultramontanus'.] (۱) ورائے الپ؛ کوہ آلپس کے شمال کا؛ ورائے کوہ۔ (۲) (جغرافیہ) اطالوی۔

Ultramontane : (n) (۱) معتقد یا حامی اقتدار پاپائی۔ (۲) کوہ آلپس کے شمال کا رہنے والا۔

Ultramontanism : (n) [Fr. 'ultramontanisme'.] عقیدہ؛ اقتدار پاپائی؛ (دینیات) عظمت پوپ (عقیدہ)۔

Ultramontanist : (n) دیکھو Ultramontane

Ultramundane : (a) [L. 'ultramundanus'.] (۱) ماورائے دنیا؛ ماورائے نظام شمسی؛ (علم النجوم)وراءالدنیا۔ (۲) اُخروی؛ عالم آخرت کا؛ (دینیات) عاقبتی۔

Ultranationalism : (n) انتہا پسندانہ قوم پرستی ؛ قومی مفاد یا حقوق کی حد سے زیادہ حمایت بخلاف بین الاقوامی مفاد۔

Ultranationalist : (n) انتہا پسند یا حد سے زیادہ قوم پرست۔

Ultrasonic : (a) بالاصوتی؛ (آواز کی لہریں یا ارتعاشات) جن کی تیزی یا تعدد حد سماعت سے زیادہ ہو یعنی HZ ۲۰,۰۰۰ - ۱۵,۰۰۰ سے بڑھ کر ہو؛ ماورائے صوت؛ ورائے صوت۔

Ultrasonic frequency : (n) (صوتیات) بالا صوتی تعدد۔

Ultrasonically : (adv.) بالاصوتی پر؛ ورائے صوتی انداز میں۔

Ultrasonics : (n) (۱) بالاصوتی لہریں۔ (۲) بالا صوتیات؛ بالا صوتی لہروں کے مطالعے اور استعمال سے متعلق علم۔

Ultrasound : (a) بالا صوتی تعدد والی آواز؛ بالا صوتی لہریں (بحیثیت مجموعی)۔

Ultrastructural : (a) (حیاتیات) اس حیاتی ساخت سے متعلق جسےمعمولی خرد بین سے نہیں دیکھا جاسکتا۔

Ultrastructure : (n) (حیاتیات) وہ حیاتیاتی ساخت جسے معمولی خردبین سے نہیں دیکھا جا سکتا۔

Ultratropical : (a) ورا منطقوی۔

Ultravires : (adv.) [L.] خارج از قدرت؛ خارج از اختیار۔

Ultravirus : (n) ورائے خرد بینی زہر یا زہریلا مادہ جو باریك ترین جراثیمی فلٹر سے بھی گزر جائے۔

Ultrazodiacal : (a) (علم النجوم) خارج المنطقہ البروج۔

Ultrazodiacal planets : (n) (علم النجوم) سیارات خارج المنطقہ۔

Ultroneous : (a) [L. 'Ultroneus'.] از خود؛ خود بخود؛ بالارادہ ؛ رضاکارانہ؛ (اسکاتستانی قانون) (گواہ) جسے بلایا نہ گیا ہو بلکہ وہ خود ہی گواہی دینے کو تیار ہو یا اس کی پیشکش کرے۔

Ultroneously : (adv.) اپنےآپ؛ خودبخود؛ رضا کارانہ طورپر۔

Ulu : (n) [Malay.] وہ مقام جہاں سے کوئی ملیشیائی دریا نکلا ہو، ملیشیائی دریا کا منبع؛ ملیشیائی جزیرہ نما کے قلب میں واقع دیہات یا جنگل۔

Ulu/Ulo : (n) [Inupik.] اسکیمو (شمالی امریکا کی نسل کی) عورت کا چاقو جو غذائی اشیاء کاٹنے والی چھری یا چھرے سے مشابہ ہوتا ہے۔

Ulu : (n)[Prob. Fr. Bengali. 'ulla grass'.] ایك ہندوستانی گھاس جو چارے کے کام آتی ہے۔

Ulua : (n) [Hawiian.] ہوائنا (Hawaiina) کی چند مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی جو غذائی اور شکاری مچھلیوں میں بہت عمدہ، بیش بہا سمجھی جاتی ہے۔

Ululant : (a) زور زور سے رونے، چلانے یا بھونکنے والا؛ گریہ کا؛ آہ وزاری کا، آہ وزاری کی طرح۔

Ululate : (v) [f. L. 'Ululare'.] بلند آواز سے رونا؛ آہ وزاری کرنا؛ گریہ کرنا؛ واویلا مچانا؛ (جانوروں کا مثلاً کتوں ، بھیڑیوں وغیرہ کا) زور زور سے چلانا، بھونکنا یا رونا۔

Ululation : (n) زور زور سے رونا؛ چلانا یا بھونکنا (کتے کا)؛ واویلا؛ فریاد؛ چیخ و پکار؛ بھیڑیئے یا اُلّو کی آواز؛ (انسان کی) چیخ وپکار؛ آہ وزاری؛ نالہ و شیون۔

Ululatory : (a) دیکھو Ululant

Ulva : (n) [L.] (نباتیات) Ulvaceae جنس کی ایک کائی؛ بحری کا ہو ؛ سلاد؛ ایک قسم کی صوف البحر جو کھانے کے کام آتی ہے۔

Ulysses : (n) [Gr. 'Olysseus'.] یولیسس: شاہ ایتھا (Ithaca) کا اور اوڈی سی کا ہیرو۔

Ulyssean : (a) [L. 'Ulysses'.] یولیسس کا یا اس سے متعلق؛ یولیسین: یولیسس جیسا عیار یا اس کی طرح بہت زیادہ سیاحت کا شائق۔

Um/'um : (pron.) (بول چال) 'Em' (بجائے Them) کا متبادل۔

Um : (int.) [Imitative.] دیکھو Hum

Umbel : (n) [L. 'umbella'.] (۱) (نباتیات) چتر ؛ چھتر ؛ پھولوں کا گچھا جس میں ڈنڈیاں ہوتی ہیں جو لمبائی میں تقریباً مساوی ہوتی ہیں اور ایک ہی مرکز سے نکلی ہوتی، چپٹی، دبی یا ابھری ہوئی سطح بناتی ہیں ۔ (۲) چھترنما ترتیب؛ چھترنما حصے۔

Umbella : (n) [L.] (۱) (نباتیات) چتر: چھتر ۔(۲) (حیوانیات) قدرے محدب قرص جو Jelly fish کے ٹٹولنے والے عضو (گیرہ) کو سہارا دیتا ہے۔

Umbellar : (a) چھتر کا۔

Umbellate : (a) (۱) (نباتیات) (پھول) جو چھتر سا بنا تے ہوں؛ (پودے) ایسے پھول والے (پودے)؛ چھتر دار؛ چھتر نما ۔ (۲) (حیوانیات) چھتردار؛ چھتر بنانے والا؛ چھتر نما عضو۔

Umbellated : (a) چھتر بنانے والے (پھول)؛ چھتر دار؛ چھترنما؛ (پودے) جن میں ایسے پھول ہوں۔

Umbellately : (adv.) چھتردار طور پر؛ چھتر نما ہو کر۔

Umbelled : (a) دیکھو Umbellate

Umbellet : (n) چھتری؛ ننھی سی چھتری؛ چتَرچہ۔

Umbellifer : (n) (نباتیات) چھتردار پودا؛ چھتر پودا؛ گزری پودا۔

Umbelliferae : (n) گزَریہ؛ کاجریّہ ؛ چھتردار پودوں کا خاندان۔

Umbelliferone : (n) (کیمیا) ایک بے رنگ، بے مزہ قلمی مادہ جو مازریون کی چھال اور دیگر مختلف چھتردار پودوں سے تقطیر کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔

Umbelliferous : (a) (۱) چھتردار؛ چھتر دار پھولوں والا Umbelliferae کے خاندان کا۔(۲) چھتر دار پودوں سے نکالا ہوا۔

Umbelliform : (n) چھتر نما؛ چھتر سا۔

Umbellule : (n) [mod. L. 'umbellula'.] (نباتیات) جزوی یا ثانوی چھتر؛ چھتری؛ ننھی سی چھتری؛ چتَرچہ۔

Umber : (n) [L. 'umbra'.] (بول چال) سایہ؛ ظلّ۔

Umber : (n) [L. 'umbra'.] دیکھو Grayling

Umber : (n) [as prec.] (۱) امبر: اُخری مٹی؛ ایک گہرے بادامی رنگ کی مٹی جو قدرتی رنگ کے طور پر کام آتی ہے اور جلانے سے اس کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے ۔ (۲) پتنگا ، تتلی : خاکی تتری ؛ امبر ۔(۳) بطور صفت مثلاً Umber - coloured ۔

Burnt Umber : ایک مخصوص رنگ جو سرخ ہوتا ہے اور امبر مٹی کو جلا کر تیار کیا جاتا ہے۔

Umber : (a) گہرے بادامی رنگ کا؛ سانولا؛ سیاہی مائل؛ امبر کا یا اس سے متعلق؛ کچی یا جلی ہوئی امبر کے رنگ کا۔

Umber : (v) امبر کا رنگ دینا؛ امبر سے داغ لگانا یا داغ لگنا ؛ گہرے بادامی رنگ میں رنگنا۔

Umber bird : (n) زاغ افریقی؛ نیز Umberlle؛ گہرے بادامی رنگ کے پروں والا افریقی پرند؛ بگلے کی قسم کا ایک افریقی پرند: افریقی بگلا۔

Umbered : (a) امبر سے رنگا ہوا؛ گہرے بادامی رنگ میں رنگا ہوا۔

Umbery : (a) امبر کے رنگ کا؛ گہرا بادامی ۔

Umbil root : (n) شمالی امریکی ثعلبیہ جس کے گلابی و سفید پھول نہایت حسین ہوتے ہیں ۔

Umbilectony : (n) (جرّاحی) ناف براری ۔

Umbilic : (n) [L. 'umbilicus'.] (ہندسہ) (کسی منحنی) سطح کا وہ نقطہ جہاں تمام انحنائیں برابر ہوں ۔

Umbilical : (a) (۱) قریب ناف؛ ناف کا؛ ناف کی شکل کا؛ (تشریح) نافی؛ سُرّی ۔ (۲) مرکزی ۔ (۳) دختری؛ خواہری؛ (سماجیات) مادری یا ننہالی (رشتہ، سلسلہ، نسب وغیرہ) ۔ (٤) ناف دار: ناف کی تشکیل کرنے والا ۔ (٥) (ہندسہ) ناف خطوط (Umbilicus) کا یا اس کی تشکیل کرنے والا ۔ (٦) جو مرکزی مقام پر ہو؛ مرکزی؛ نافی ۔

Umbilical ancester : (n) ننہالی بزرگ ۔

Umbilical arteries : (n) نافی شریانیں؛ نافی شرائین ۔

Unbilical cord : (n) (۱) بچے کی نال جو آنول سے جڑی ہوتی ہے؛ حبلِ سُری؛ نال؛ ناڑ ۔ (۲) (نباتیات) ناف؛ تخم؛ بیج کے اکھوے سے جڑی ہوئی ڈنٹھی یا غصنہ۔

Umbilical fistula : (n) ناسور سُری؛ ناسور ناف ۔

Umbilical hernia : (n) فتق سُری ۔

Unbilical point : (n) (ہندسہ) ماسکہ؛ ناف خطوط ۔

Umbilical region : (n) نافہ؛ حلقہء ناف ۔

Umbilical vein : (n) بچے کی نال سے ہو کر گزرنے والی رگ جس کے ذریعے آنول سے صالح خون اور غذا بچے کو ملتی ہے ۔

Umbilically : (adv.) مرکزی طور پر؛ بطور ناف؛ سری طور پر : مادری رشتے سے؛ ننہالی رشتے میں ۔

Umbilicar : (a) (ہندسہ) ماسکی؛ ماسکہ کا یا اس سے متعلق؛ ناف خطوط کا یا اس سے متعلق ۔

Umbilicate : (a) (۱) ناف کی شکل کا؛ ناف نما ۔ (۲) ناف دار؛ جس میں ناف جیسا گڑھا ہو ۔

Umbilicated : (a) دیکھو Umbilicate

Umbilication : (n) (مرضیات) چیچک کے دانے یا کسی اور چھالے کے منہ پر کا گڑھا؛ اس طرح کا گڑھا ہو جانے کی حالت ۔

Umbilici : (n) Umbilicicus کی جمع ۔

Umbilicular : (a) ناف سے متعلق؛ نافی ۔

Umbilicular contemplation : (n) مراقبہء نافی؛ وہ مراقبہ جو ناف پر نظر جما کر ہندوستان کے جوگی کرتے ہیں ۔

Umbilicus/Umbilici : (n) [L.] (۱) ناف ۔ (۲) (حشریات ، حیوانیات) سُرہ : نافہ؛ (گھونگوں وغیرہ) میں ناف کی شکل کا گڑھا ۔ (۳) (نباتیات) ناف تخم (سیم کی قسم کے بیجوں میں) : ناف ۔ (٤) (ہندسہ) سطح کا وہ نقطہ جس سے تمام خطوط انحرافی گزرتے ہیں: ناف خطوط؛ ماسکہ ۔ (٥) (قدیم روما) اس لکڑی کے دونوں سروں کا لٹو جس پر مسوّدہ لپیٹا جاتا تھا ۔ (٦) مرکزی نقطہ؛ مرکزہ ۔

Umbiliferous : (a) (حیوانیات) ناف دار ۔

Umbiliform : (a) ناف شکل؛ ناف نما ۔

Umbles : (n) [Var of Numbles.] (۱) کسی جانور خصوصاً ہرن کے جسم کے اندرونی اعضاء جنہیں کھایا جا سکتا ہو ۔ (۲) توصیفاً (جیسے Umblepic) ۔

Umbo/Umbones/Umbos : (n) [L.] (۱) ڈھال کا ابھرا ہوا حصہ؛ (خصوصاً) وسط کا ابھرا حصہ؛ ڈھال کا پھول؛ قبہء سپر ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) گومڑی؛ گانٹھ؛ حیدہ : (حیوانیات) مسًا : کَندُمہ ۔ (۳) (مرضیات) جلدی بیماری میں بیچ کا ابھار یا مرکزی دھبا ۔ (٤) (تشریح) کان کی طبلی جھلی کے گڈھے کا گہرا ترین نقطہ ۔

Umbonal : (a) کان کی طبلی جھلی کے سب سے زیادہ گہرے نقطے یا مقام کا، اس کے پاس واقع یا اس کو تشکیل دینے والا؛ گومڑی کا؛ گانٹھ کا ۔

Umbonate : (n) حیدہ دار؛ گومڑدار؛ گومڑی دار؛ گانٹھ دار (خاص کر نباتیات میں) مسّادار (حیوانیات میں)۔

Umbones : (n) [L. Pl. of 'umbo'.] Umbo کی جمع ۔

Umbonic/Umbonial : (a) دیکھو Umbonal

Umbos : (n) دیکھو Umbo

Umbra/Umbrae : (n) [L.] (۱) سایہ؛ بھوت؛ مردہ انسان کی روح؛ بھتنا ۔ (۲) (قدیم روما) ناخواندہ مہمان جسے کوئی مہمان ساتھ لایا ہو : طفیلی ۔ (۳) ظلّ؛ زمین یا چاند کا سایہ جو گرہن کے وقت پڑتا ہے؛ (علم النجوم) کسوف کامل : سورج گرہن ۔ (٤) سورج کا مرکزی دھبایا داغ ۔ (٥) الجبرا کی ایک علامت جسے تعداد بتانے کے لئے کسی دوسری علامت کے ساتھ ہونا لازمی ہوتا ہے ۔ (٦) (بصریات) ظلّ تام؛ ظلّ محض ۔

Umbra : (n) [L. umber.] (۱) (شاذ) دیکھو Grayling ۔ (۲) Umbrine جنس کی Sciaenoid مچھلی ۔

Umbraculiferous : (a) (حیوانیات) چتردار ۔

Umbraculum : (n) (نباتیات) لاحقہ؛ چتری؛ چترچہ ۔

Umbrae : (n) Umbra کی جمع ۔

Umbrage : (n) [OFr. 'umbrage'.] (۱) سایہ؛ (خصوصاً) در ختوں کےسائے؛ پتیاں جن کا سایہ پڑتاہے۔(۲) ہیولیٰ؛ دھندلی شبیہ ؛ سایہ (کسی کا) (شاذ) ۔ (۳) خفگی : آزردگی ؛ ناگواری ؛ بیزاری؛ (نفسیات) رنجش ۔

To give umbrage : آزردہ کرنا؛ ناراض کرنا ۔

To take umbrage : آزردہ ہونا؛ ناراض ہونا؛ برا ماننا ۔

Umbrage : (v) (۱) سایہ ڈالنا؛ سایہ فگن ہونا؛ (مجازاً) سایہ کرنا؛ سائے میں رکھنا؛ حفاظت یا پناہ میں رکھنا؛ سایہء عافیت میں رکھنا ۔ (۲) خفگی ظاہر کرنا؛ آزردہ خاطر ہونا (شاذ) ۔

Umbrageous : (a) (۱) سایہ دار؛ گھنے سائے والا ۔ (۲) گھنی پتیوں کا (سایہ)؛ گھنا (سایہ) ۔ (۳) مشتبہ؛ مشکوک (حالت) شبہ کرنے والا؛ رشک یا رقابت رکھنے والا؛ حاسد؛ بدظن؛ بد گمان؛ آمادہء تکرار؛ زود رنج؛ آزردہ؛ خفا ۔

Umbrageously : (adv.) سایہ دار طور پر؛ مشکوک انداز میں؛ بد گمانی سے؛ آزردہ ہو کر ۔

Umbrageousness : (n) سایہ داری ؛ اشتباہ ؛ شك ؛ شبہ ؛ آزردگی؛ خفگی۔

Umbral : (a) (۱) (الجبرا) امبرا پر مبنی یا مشتمل ۔ (۲) (علم النجوم) ظلّی؛ تام سورج کے دھبوں کا؛ گرہن کے سایوں کا ۔

Umbrally : (adv.) امبرا پر مبنی یا مشتمل ہوکر؛ ظلّی طور پر ۔

Umbrated : (a) [f. PPle. Stem. Of L. 'Umbrare'.] (نقابت) صرف خاکہ کھینچا ہوا تاکہ ڈھال کی سطح نمایاں ہو ۔

Umbratile : (n) [L. 'umbratilis'.] سائے میں بیٹھ کر وقت گزارنے والا شخص؛ کاہل؛ بےعمل؛ تارك الدنیا؛ عزلت گزیں؛ زاہد؛ سنیاسی؛ اصحاب کہف میں سے کوئی ایک ۔

Umbratile : (a) (۱) گوشہ گیر؛ گوشہ نشیں؛ عزلت گزیں : تارك الدنیا؛ سنیاسی؛ زاہد؛ مرتاض، عالمانہ؛ غیر عامی؛ غیر عملی؛ معقولی ۔ (۲) سائے کا؛ سائے جیسا؛ سایہ نما ۔ (۳) سایہ دار؛ تاریك؛ بے اصل؛ بے حقیقت (اب شاذ ہے) ۔ (٤) سایہ کناں؛ سایہ فگن؛ سایہ دینے والا؛ پناہ دینے والا ۔

Umbration : (n) (بصریات) سایہ؛ تاریکی ۔

Umbratree : (n) جنوبی امریکی درخت جس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں اور جس کی جنوبی یورپ میں کاشت کی جاتی ہے ۔

Umbre/Umber : (n) [Fr. 'ombre', or L. 'Umbra'.] گہرے بادامی پروں والی افریقی چڑیا؛ افریقی زاغ؛ بگلے کی قسم کا ایك افریقی پرند؛ افریقی بگلا ۔

Umbrella : (n) [It. 'ombrella, ombrello'.] (۱) چھتری؛ چھاتا؛ چھتر ؛ چتر (جسے مشرق اور افریقہ میں شان وشکوہ کی علامت سمجھا جاتا ہے) ۔ (۲) (مجازاً) ایسی تجویز یا سمجھوتا جس سے مختلف سیاسی خیالات کے لوگ متفق ہو سکیں ۔ (۳) جیلی مچھلی (Jelly fish) وغیرہ کے جسم میں وہ لسلسی ٹکیاں جن کے سکڑنے اور پھیلنے سے وہ تیرتی ہیں ۔ (٤) چھتری کی شکل کے گھونگے (نیز Umbrella shell) ۔ (٥) دھوپ، بارش وغیرہ سے بچانے والی کوئی چیز ۔ (٦) چھتری نما کوئی ساخت؛ (نباتیات) کسی پودے کا وہ حصہ جو چھتری نما ہو؛ (حیوانیات) جیلی مچھلی کی جلا تینی قرص یا گھنٹی نما ساخت ؛ چھتر ؛ چتر ۔ (۷)Umbrella جنس کا معدہ پاقشریہ؛ ایسے قشریے کا وہ عضو جو کھلے ہوئے چھاتے کے

مشابہ ہوتا ہے۔ (۸) مربوط یا متحد کرنے والا ادارہ؛ تنظیم، عامل وغیرہ : جوڑنے یا یکجا کرنے والی طاقت۔

Umbrella aerial : (n) (ریڈیو) چھتری نما ہوائیہ۔

Umbrella ant : (n) پتیاں کترنے والی چیونٹی (جو کبھی کبھی اپنی پیٹھ پر کتری ہوئی پتیاں لے کر چلتی ہے)۔

Umbrella bird : (n) چھتر چڑیا؛ جنوبی امریکا کا ایک پرند جس کی کلغی چھتری کی طرح پھیلی ہوئی ہوتی ہے؛ (حیوانیات) چھتر پرند؛ چتر پرند۔

Umbrella bush : (n) چھوٹا آسٹریلوی ببول جو باڑ لگانے کے کام آتا ہے۔

Umbrella fern : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی فرن۔

Umbrella grass : (n) چھتنار پھولوں والے مختلف پودوں میں سے کوئی۔

Umbrella leaf : (n) چھتر پتیا؛ ایک شمالی امریکی بوٹی۔

Umbrella magnolia : (n) (۱) (نباتیات) امریکی چمپا؛ چھترپات۔ (۲) دیکھو Umbrella-tree۔

Umbrella pine : (n) ایک لمبا جاپانی سدا بہار درخت۔

Umbrella plant : (n) (۱) ایک افریقی جھاڑی۔ (۲) ایک مغربی امریکی پودا۔

Umbrella roof : (n) چھترنما محرابی چھت؛ گنبد یا گنبد نما چھت۔

Umbrella sail : (n) ایک قسم کا بادبان جسے فوراً کھولا یا بند کیا جا سکے۔

Umbrella sedge : (n) دیکھو Umbrella plant

Umbrella shell : (n) ایک بحری معدہ پاقشریہ۔

Umbrella stand : (n) چھتردان؛ چھتریاں بند کرکے رکھنے کا ڈھانچہ جس کے نیچے لگن سا ہوتا ہے تاکہ اس میں پانی گرکر جمع ہو سکے۔

Umbrella tent : (n) چھاتا نما خیمہ جس کے بیچ میں ایک ستون ہوتا ہے اور جس سے ملحق مضبوط کمانیوں کا ڈھانچہ ہوتا ہے۔

Umbrella thorn : (n) افریقی ببول کی ایک قسم۔

Umbrella-tree : (n) (۱) (نباتیات) امریکی چمپا؛ چھترپات؛ چھوٹی قسم کا منگولیائی (درخت) جس کی پتیاں شاخ کے سرے پر چھتری کی طرح ہوتی ہیں۔ (۲) (بول چال) چھتری نما درخت جو چھتری کی وضع کا اُگایا گیا ہو؛ چھتنار درخت۔

Umbrella wort : (n) Mirabilis جنس کا ایک پودا۔

Umbrellaed/Umbrella'd : (a) (۱) چھتردار؛ چھتری نما۔ (۲) چھتری لئے ہوئے۔

Umbrellaless : (a) بے چھتر؛ بے چھاتا یا چھتری۔

Umbrellalike/Umbrella-like : (a) چھترنما؛ چھاتانما؛ چھتری نما؛ چھاتے یا چتر جیسا۔

Umbrette : (n) [mod. L. 'Umbretta'.] دیکھو Umbre

Umbrian : (a) [f. L. 'Umber' or 'Umbria'.] (۱) قدیم امبریا کا؛ امبریا کے باشندوں کا : امبریانی زبان کا۔ (۲) عہد وسطیٰ یا عہد جدید کے امبریا کا ؛ دیکھو Umbrian school۔

Umbrian : (n) (۱) مرکزی اطالیہ کے صوبے امبریا کا باشندہ؛ (خصوصاً) اطالوی نسل کا وہ شخص جو عہد قدیم میں وہاں رہتا تھا؛ قدیم امبریا کا باشندہ۔ (۲) قدیم امبریانی زبان۔

Umbrian school : (n) امبرین اسکول ؛ پندرھویں صدی کا مصوری کا وہ اسکول جو امبریا میں پھلا پھولا اور جس سے رنائل کا تعلق تھا۔

Umbridae : (n) [mod. L. f. 'Umbra'.] دریا یا جھیل کی تہ میں رہنے والی چھوٹی مچھلیوں کا ایک خاندان جس میں Umbra جنس کی مچھلی بھی شامل ہے۔

Umbriferous : (a) [f. L. 'umbrifer'.] سایہ دار؛ سایہ انداز؛ سایہ فگن۔

Umbril : (n) [Earlier 'Umbrel'.] مغفر؛ خود کا وہ حصہ جس سے چہرے کی حفاظت ہوتی ہے۔

Umbrina : (n) [It. 'umbrina'.] Umbrina جنس کی ایک مچھلی جو خاص کر گرم سمندروں میں پائی جاتی ہے۔

Umbrine : (n) [mod. L. f. prec.] Umbrinaجنس کی کھائی جانے والی مچھلیوں میں سے کوئی ۔

Umbro- : (comb.) لاطینی جزو ترکیبی بمعنی "Umbrian" ۔

Umbrose : (a) [L.'Umbrosus'.] (۱) (شاذ) سایہ دار؛ سایہ انداز؛ سایہ فگن ۔ (۲) (نباتیات) سیاہ فام ۔

Umbrosus : (n) [L.] (نباتیات) سایہ نمو؛ سایہ رو ؛ سایہ پسند ۔

Umbrous : (a) [f. prec.] زیر سایہ؛ سائے میں؛ سایہ دار؛ سایہ پسند؛ جس پر سایہ کیا ہوا ہو ۔

Umiak/Umyak : (n) Oomiak کی متبادل شکلیں؛ کشتی جسے اسکیمو عورتیں چلاتی ہیں ۔

Umlaut : (n) [G. f. 'um+laut'.] (لسانیات) جرمن زبانوں میں علامت کی تبدیلی؛ صوت یا امالہ جو حروف علت پر لگاتے ہیں ۔

Umlaut : (v) علامتِ امالہ لگانا؛ امالہ کرنا ۔

Umlauted : (a) علامت امالہ کے ذریعے تبدیل شدہ؛ امالہ کردہ ۔

Umph : (n&v) [Imitative.] دیکھو Humph

Umpirage : (n) [f. next + -AGE.] ثالثی؛ امپائری ۔

Umpire : (n) [OFr. 'nonper'.] (۱) امپائر؛ حکم ۔ (۲) (قانون) ثالث ۔ (۳) امپائر؛ کرکٹ وغیرہ کھیلوں میں وہ شخص جو فریقین کے باہمی تنازعات کا فیصلہ کرنے کے لئے مامور کیا جاتا ہے ۔ (٤) کوئی چیز جو کسی بات کا فیصلہ کرنے میں کام آئے یا فیصلہ کن ثابت ہو ۔

Umpire : (v) (۱) حکم ہونا؛ حکم یا امپائر کی حیثیت سے کسی بات کا فیصلہ کرنا؛ (کسی چیز کا) فیصلہ کن ہونا ۔ (۲) (کھیل وغیرہ میں) امپائری کرنا؛ امپائر یا ثالث کے فرائض انجام دینا؛ امپائر کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Umpireship : (n) امپائری؛ ثالثی؛ ثالث کا عہدہ ۔

Umpiress : (n) امپائرس؛ خاتون ثالث؛ وہ عورت جو امپائری یا ثالثی کرے ۔

Umpiring : (n) (خصوصاً کھیلوں میں) امپائری کرنا؛ امپائری کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Umpteen : (n) قابلِ لحاظ تعداد؛ خاصی تعداد ۔

Umpteenth/Umptieth : (a) قابلِ تعداد والا؛ کئی واں ۔

Umpty : (n) [Signaller's slang for 'dash'.] (فوجی عامیانہ) غیر معینہ تعداد؛ کئی؛ بہت سے، بہت سارے ۔

Umquhile/Umwhile : (adv.) [repr. OE 'ymbhwile'.] (متروک) قبلاً ؛ سابقاً ؛ پہلے کسی زمانے میں ۔

Umquhile/Umwhile : (a) (متروک) سابق؛ (شخص) مرحوم ؛ مغفور؛ جو گزر چکا ۔

Umteen : (n) دیکھو Umpteen

Umteenth : (a) دیکھو Umpteenth

Umwhile : (adv. & a) دیکھو Umquhile (adv. &a)

Un/un : (pers. Pron.) (بول چال) ضمیر مفعولی Hine, him Hin، کا متبادل ۔

Un/'un: (pron.) بول چال میں One (بطور ضمیر) کا متبادل ۔

Un- : (prefix) سابقہ جو (۱) اظہار نفی کرتا ہے ۔ (۲) منسوخی یا محرومی ظاہر کرتا ہے ۔

Un-American : (a) غیر امریکی؛ امریکا کے رسم و رواج کے خلاف؛ اہل امریکا کے خیالات یا جذبات کے خلاف ۔

Un-British : (a) غیر برطانوی؛ جو برطانوی رواج و روایات یا عادات سے میل نہ کھاتا ہو ۔

Un-English : (a) غیر انگریزی ؛ انگریزی کی سیرت یا طریقے سے مختلف یا مخالف ؛ انگریزی زبان یا تلفظ سے مختلف ۔

Un-French : (a) (خصوصیات، طور طریقہ، لہجہ، تلفظ وغیرہ) غیر فرانسیسی ۔

Un-Greak : (a) غیر یونانی ۔

Un-Irish : (a) آئرستانی خصوصیات کے خلاف ؛ غیر آئرستانی ۔

Una : (n) (۱)ایک قسم کی کشتی جس میں صرف ایک مستول اور ایک ہی بادبان ہوتا ہے؛ (نیز توصیفاً) ۔ (۲) ایک کشتی کا نام جو ۱۸۵۲ء میں امریکا سے برطانیہ لائی گئی تھی ۔

Una boat : (n) دیکھو Una

Una voce : (adv.) [L.] دیکھو Unanimously

Unabashable : (a) غیر منفعل؛ غیر شرمندہ؛ غیر انفعال پذیر؛ جسے شرمندہ نہ کیا جاسکے ؛ بے جھینپ ؛ بے شرم۔

Unabashed : (a) (۱) بےشرم؛ بےحجاب ۔ (۲) بے باک؛ بےہراس ۔

Unabashedly : (adv.) بے شرمی سے؛ بے حجابی سے؛ بےباکی سے۔

Unabated : (a) (۱) بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو؛ بغیر کمی ۔ (۲) یکساں شدت کا؛ پوری قوت یا پوری شدت پر ۔

Unabatedly : (adv.) بے تخفیف طور پر؛ یکساں شدت کے ساتھ ؛ بغیر کسی کمی کے؛ پوری قوت یا پوری شدت کے ساتھ۔

Unabating : (a) غیر تخفیف کن؛ جس سے کوئی کمی واقع نہ ہو؛ کوئی کمی نہ کرنے والا ۔

Unabatingly : (adv.) بغیر تخفیف کئے ہوئے؛ بغیر کم کئے یا گھٹائے ہوئے۔

Unabbreviated : (a) غیر مخفف ۔

Unabetted : (a) بلا اعانت؛ جس میں کسی کی مدد شامل نہ ہو۔

Unabiding : (a) ناپائدار؛ غیر مستقل ۔

Unabidingly : (adv.) ناپائدار طور پر؛ غیر مستقل طور پر ۔

Unable : (a) (۱) (کوئی کام کرنے کے) ناقابل؛ معذور؛ قاصر ۔ (۲) (ضرورت یا کام کے اعتبار سے) نا مناسب؛ نا اہل ۔ (۳) (اسکاٹستان) جسمانی طور پر کمزور؛ معذور؛ مجبور؛ بے دست و پا ۔

Unabridged : (a) (۱) غیر مختصر؛ غیر ملخص؛ غیر تلخیص شدہ؛ بے اختصار؛ مکمل ۔ (۲) اپنے زمرے کی مکمل ترین (کتاب)۔

Unabridged : (n) کامل یا مکمل ڈکشنری؛ غیر مختصر لغت؛ غیر ملخص لغت۔

Unabrogated : (a) غیر منسوخ (شدہ)؛ غیر متروک ۔

Unabsolved : (a) غیر معاف (شدہ)؛ جسے چھٹکارا، رہائی، معافی، خلاصی نہ ملی ہو؛ غیر بری الذمہ ۔

Unabsorbable : (a) ناقابل جذب؛ ناقابل انجذاب؛ غیر منجذب ۔

Unabsorbed : (a) غیر جذب شدہ؛ غیر منجذب ۔

Unabsorbent : (a) غیر جاذب ۔

Unabsorbing : (a) غیردلچسپ ۔

Unabused : (a) (۱) غیر فریب یافتہ؛ غیر گمراہ کردہ؛ جسے دھوکا نہ دیا گیا ہو یا جسے گمراہ نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جس کا غلط مصرف نہ لیا گیا ہو؛ جسے غلط استعمال نہ کیا گیا ہو ۔

Unacademic/-al : (a) غیر علمی؛ غیر عالمانہ؛ عامیانہ ۔

Unaccented : (a) بے تاکید؛ غیر تاکیدی؛ خصوصاً لفظ کا ٹکڑا جس پر زور یا دباؤ نہ ہو ۔

Unaccentuated : (a) (۱) بےتاکید؛ بے علامت تاکید ۔ (۲) جس پر زور نہ دیا گیا ہو ۔

Unaccepatable : (a) ناقابل قبول؛ نا خوشگوار؛ ناگوار ۔

Unacceptableness : (n) ناقابل قبول ہونا؛ ناگوار ہونا؛ نامعقولیت۔

Unacceptably : (adv.) ناقابل قبول اندازمیں؛ ناگوارطورپر ۔

Unacceptance : (n) نامنظوری؛ نامقبولیت؛ ناگواری۔

Unaccepted : (a) نا منظور؛ غیر مقبول ۔

Unaccessible : (a) دیکھو Inaccessible

Unaccessory : (a) غیر معاون؛ غیر ملحق ۔

Unacclimated : (a) غیر خوگرفتہ؛ غیر عادی (نئی آب و ہَوا کا) ؛ جسے نئی آب وہوا راس نہ آئی ہو؛ اجنبی۔

Unacclimatized : (a) دیکھو Unacclimated

Unaccommodated : (a) بے سرو سامان؛ بے گھر ۔

Unaccommodating : (a) بے مروت؛ غیر آشتی پسند؛ سخت ؛ مزاج؛ نہیں دبنے والا ۔

Unaccompanied : (a) (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے کس ؛ بے یار ؛ بے ساتھی ؛ بے ہمنشیں ۔ (۲) (موسیقی) بے سنگت؛ بے ساز ۔

Unaccomplished : (a) (۱) ناتمام؛ نامکمل ۔ (۲) غیر واقع؛ غیر حاصل؛ جو حاصل نہ ہوا ہو ۔ (۳) بے کمال؛ بےہنر؛ بے حاصل ۔

Unaccomplishment : (n) بے کمالی؛ بے ہنری؛ غیر اتمام؛ غیر اکملیت؛ بے حاصلی ۔

Unaccordant : (a) (۱) (نغمہ یا سُر) بے میل؛ بے آہنگ ۔ (۲) (صوتیات) بے آہنگ ۔

Unaccorded : (a) غیر متفقہ؛ غیر عطا شدہ ۔

Unaccountability : (n) ناقابل توجیہہ ہونا؛ عجیب ہونا ۔

Unaccountable : (a) (۱) غیر جواب دہ ۔ (۲) ناقابل توجیہہ؛ عجیب ۔

Unaccountable : (n) عجیب و غریب شخص، چیز یا واقعہ ؛ نا قابلِ توجیہہ واقعہ، چیز یا شخص ۔

Unaccountableness : (n) ناقابل توجیہہ ہونا؛ عجیب ہونا ۔

Unaccountably : (adv.) نہ جانے کسی وجہ سے؛ناقابل توجیہہ طریقے سے؛ عجیب طور پر ۔

Unaccounted : (a) بے توجیہہ؛ جس کی توجیہہ نہ کی گئی ہو؛ جس کی کوئی وجہ نہ بتائی گئی ہو؛ جس کا کوئی شمار نہ ہو ؛ بے وقعت ؛ بے قدر؛ بے عزت ۔

Unaccoutred : (a) جس کے پاس فوجی لوزامہ نہ ہو؛ بے ساز وسامان ۔

Unaccredited : (a) (۱) غیر معتبر؛ غیرنامور ۔ (۲) غیرمسلمہ؛ غیرمصدقہ ۔

Unaccursed/Unaccurst : (a) غیر ملعون؛ غیر لعنت زدہ؛ نامردود؛ نا منحوس؛ نا قابل نفرت ۔

Unaccusable : (a) ناقابل الزام؛ ناقابل تہمت ۔

Unaccusably : (adv.) ناقابل الزام طور پر ۔

Unaccused : (a) غیر ملزم؛ غیرمتہم ۔

Unaccustomed : (a) (۱) غیر عادی؛ عادت نہ رکھنے والا؛ (حیوانیات) غیر مانوس ۔ (۲) غیر معمولی؛ خلاف معمول؛ عجیب؛ انوکھا؛ نیا؛ نرالا ۔

Unaccustomedness : (n) نامانوسیت؛ غیر عادی ہونا؛ غیر معمولی پن؛ عجیب؛ انوکھا پن ۔

Unachievable : (a) ناقابلِ حصول؛ ناقابلِ یافت ۔

Unachieved : (a) نا حاصل؛ غیر حاصل شدہ؛ غیر یافتہ؛ غیر حاصل؛ جو حاصل نہ ہوا ہو ۔

Unaching : (a) بے کسک؛ بے ٹیس؛ غیر درد رساں؛ نہ دکھنے والا ؛ بغیر درد کا ۔

Unacknowledged : (a) (۱) بے رسید؛ جس کی رسید نہ ملے ۔ (۲) بے جواب؛ جس کا جواب نہ ملے ۔ (۳) غیر تسلیم شدہ؛ غیر مصدقہ ۔ (٤) غیراعتراف شدہ؛ جس کا اعتراف نہ ہوا ہو ۔

Unacknowledging : (a) رسید نہ بھیجنے والا؛ تصدیق نہ کرنے والا؛ اعتراف نہ کرنے والا؛ تسلیم نہ کرنے والا؛ جواب نہ دینے والا ۔

Unacquaint : (a) ناواقف؛ انجان؛ نا آشنا؛ اجنبی؛ ناشناس ۔

Unacquaintance : (n) ناواقفیت؛ عدم واقفیت؛ انجاناپن؛ نا آشنائی؛ اجنبیت؛ نا شناس ہونا ۔

Unacquainted : (a) نا واقف؛ انجان؛ ناآشنا؛ اجنبی؛ ناتجربہ کار؛ بے بہرہ؛ ناشناس ۔

Unacquaintedness : (n) نا واقفیت؛ انجاناپن؛ ناشناس ہونا؛ نا آشنائی؛ اجنبیت؛ بے بہرہ ہونا؛ عدم واقفیت؛ ناشناسائی؛ ناتجربہ کاری ۔

Unacquirable : (a) ناقابلِ حصول؛ نا قابلِ تحصیل ۔

Unacquired : (a) (۱) غیر حاصل شدہ؛ نا حاصل (شاذ) ۔ (۲) غیر کسبی ؛ پیدائشی ؛ خلقی ؛ فطری ؛ جبلی؛ طبعی؛ غیر تحصیلی؛ ذاتی؛ وہبی ۔

Unactable : (a) ناقابلِ عمل؛ ڈرامائی پیش کش کے ناقابل یا نامناسب ۔

Unacted : (a) (۱) ناکردہ؛ جو کیا نہ گیا ہو؛ غیر عملی ۔ (۲) (تماشا) جو اسٹیج پر نہ دکھایا گیا ہو ۔

Unacted on/-up on : (a) جو متاثر نہ کیا گیا ہو؛ جس پر اثر

نہ ڈالا گیا ہو؛ جو زیر اثر نہ لایا گیا ہو؛ غیر متاثر۔

Unactive : (a) بے عمل ؛ غیر مؤثر؛ غیر عملی؛ سست؛ کاہل؛ نکما ؛ نیز دیکھو Inactive ۔

Unactively : (adv.) غیر مؤثر طور پر؛ بے عمل ہو کر؛ سستی یا کاہلی سے ۔

Unactiveness : (n) غیر مؤثر ہونا؛ بے عملی؛ کاہلی؛ سستی؛ نکماپن۔

Unactivity : (n) بے عملی؛ بے حرکتی؛ نا مستعدی؛ کاہلی؛ سستی؛ نکماپن۔

Unactuated : (a) بے حرکت؛ غیر متحرک؛ جسے حرکت میں نہ لایا گیا ہو۔

Unadaptability : (n) غیر مطابقت پذیری؛ نا قابلِ مطابقت ہونا۔

Unadaptable : (a) غیر مطابقت پذیر؛ ناقابلِ مطابقت؛ ناقابلِ تطبیق؛ غیر تصرف پذیر۔

Unadapted : (a) (۱) غیر مطابق؛ غیر تطبیق شدہ ۔
(۲) ناموزوں (کسی خاص مقصد کے لئے)۔

Unaddicted : (a) غیر عادی۔

Unaddressed : (a) (۱) غیر مخاطب؛ جس سے خطاب نہ ہو ۔
(۲) بے پتے کا (خط وغیرہ)۔

Unadept : (a) نو آموز؛ بے ہنرمند؛ جو اپنے فن میں ماہر نہ ہو۔

Unadept : (n) نو آموز؛ وہ شخص جو اپنے فن میں استاد نہ ہو۔

Unadjourned : (a) جاری؛ غیر ملتوی۔

Unadjudged : (a) (۱) غیر ثابت شدہ ؛ غیر فیصل شدہ ۔
(۲) غیر عطا شدہ ۔

Unadjusted : (a) (۱) نادرست؛ غیر مطابق؛ نا موافق؛ غیر ہم آہنگ؛ غیرمنظم؛ غیر مربوط ۔(۲) غیر تصفیہ شدہ۔

Unadministered : (a) بے انتظام؛ بغیر بندوبست؛ غیر انجام شدہ؛ بے استعمال؛ غیر استعمال شدہ (دوا)؛ (قسم) جو نہ لی گئی ہو؛ (حلف) جو نہ اٹھوایا گیا ہو۔

Unadmired : (a) غیر ممدوح؛ جوسراہا نہ گیا ہو؛ ستائش نایافتہ؛ نا پسندیدہ؛ غیر مستحسن؛ تعریف سے محروم۔

Unadmiring : (a) مدح و ستائش نہ کرنے والا؛ توصیف و تعریف نہ کرنے والا؛ نا پسندیدہ؛ غیر مستحسن۔

Unadmiringly : (adv.) ناپسندیدہ انداز میں؛ غیر مستحسن طور پر؛ کسی تعریف و توصیف کے بغیر ۔

Unadmitted : (a) غیر مسلّم؛ غیر تسلیم شدہ؛ غیر قبولیت یافتہ؛ نامقبول۔

Unadmonished : (a) بے تنبیہہ؛ جس کی سرزنش نہ ہوئی ہو۔

Unadopted : (a) (۱) بے اختیار کیا ہوا؛ غیر متبنّی ۔
(۲) نئی سڑکیں جنہیں میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ نے اپنے انتظام میں نہ لیا ہو۔

Unadorned : (a) غیر آراستہ؛ بے آرائش؛ سادہ؛ بے زیب و زینت۔

Unadornedly : (adv.) سادگی سے ؛ غیر آراستہ طور پر؛ بغیر آرائش کے؛ بے زیب و زینت۔

Unadornedness : (n) سادگی؛ غیر آراستگی؛ بےآرائش ہونا ۔

Unadulterate : (a) بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ ۔

Unadulterated : (a) دیکھو Unadulterate

Unadulteratedly/Unadulterately : (adv.) بغیرملاوٹ کے؛ خالص طور پر۔

Unadvanced : (a) (۱) غیر ترقی یافتہ ۔(۲) غیر پیشگی ۔

Unadventurous : (a) (۱) غیر مہم جو؛ من چلے پن سے خالی ۔
(۲) بےمہم؛ اہم یا دلچسپ واقعات سے خالی۔

Unadventurously : (adv.) غیر مہم جویانہ ۔

Unadventurousness : (n) غیر مہم جوئی ۔

Unadvertised : (a) غیر اعلان شدہ؛ غیر مشتہر؛ غیر مشہور؛ غیر شہرت یافتہ۔

Unadvisability : (n) غیر معقولیت؛ نامناسب یا خلافِ مصلحت ہونا۔

Unadvisable : (a) نامناسب؛ غیر معقول؛ خلافِ مصلحت۔

Unadvisably : (adv.) نامناسب یا غیر معقول انداز میں؛ خلاف مصلحت طور پر۔

Unadvised : (a) (۱) (قول یا فعل وغیرہ) نا عاقبت اندیشانہ؛ جلد بازی کا۔ (۲) (اشخاص، مزاج وغیرہ) نا سمجھ؛ نادان؛ نادانی کا؛ بے جا جرأت کا؛ خلاف احتیاط؛ جلد بازی کا؛ بے مشورہ؛ بے رائے۔ (۳) محروم مشورہ؛ بے مشیر۔

Unadvisedly : (adv.) ناعاقبت اندیشانہ؛ جلد بازانہ؛ بے جا جرأت سے؛ ناسمجھی سے؛ ناعاقبت اندیشی سے؛ سے؛ بے مشورہ طور پر؛ محروم مشورہ رہ کر؛ بغیر معقول مشورہ کے؛ بے سوچے سمجھے۔

Unadvisedness : (n) ناعاقبت اندیشی؛ ناسمجھی؛ نادانی؛ بے مشورگی؛ جرأتِ بیجا۔

Unaesthetic : (a) غیر جمالیاتی؛ غیر حسن پسندانہ۔

Unafear(e)d : (a) (متروک) غیر خائف؛ ناخائف؛ غیر خوف زدہ؛ غیر دہشت زدہ۔

Unaffable : (a) کج خلق؛ بے مروت۔

Unaffected : (a) (۱) بے تصنع؛ بے ساختہ؛ سیدھا سادہ؛ فطری؛ غیر ادعائی۔ (۲) سچا؛ پر خلوص؛ بے بناوٹ؛ مخلص۔ (۳) جوں کا توں؛ غیر متغیر؛ غیر متاثر۔ (٤) غیر متاثر (بیماری وغیرہ سے)؛ غیر مبتلا۔

Unaffectedly : (adv.) بلا تصنع؛ بے بناوٹ کے؛ سادگی سے؛ فطری طور پر خلوص سے؛ غیر متاثر انداز میں؛ غیر متاثر رہ کر۔

Unaffectedness : (n) بے ساختہ پن؛بے تکلفی؛ بے بناوٹ ہونا؛ سادگی؛ خلوص۔

Unaffecting : (a) اثر انداز نہ ہونے والا؛ بے اثر۔

Unaffectionate : (a) غیر مشفق؛ خشک مزاج؛ محبت نہ کرنے والا؛ غیر مشفقانہ (برتاؤ وغیرہ)۔

Unaffectionately : (adv.) غیر مشفقانہ طور پر؛ غیر مشفقانہ انداز میں۔

Unaffiliated : (a) غیر ملحق۔

Unafflicted : (a) مصؤن؛ مصیبت سے محفوظ؛ جسے تکلیف یا ایذا نہ دی گئی ہو۔

Unaffrighted : (a) غیر دہشت زدہ؛ نڈر؛ غیر خوف زدہ؛ غیر خائف۔

Unaffrightedly : (adv.) بے خوف ہو کر؛ بے دھڑک طور پر؛ غیر خائف انداز میں؛ نڈر ہو کر۔

Unaffronted : (a) برملا توہین سے محفوظ؛ جس کی اہانت نہ کی گئی ہو۔

Unafraid : (a) بے خوف؛ غیر خائف؛ غیر دہشت زدہ؛ نڈر۔

Unageing : (a) سدا جوان؛ بوڑھا نہ ہونے والا؛ جس پر عمر یا ایام کا اثر نہ ہو۔

Unaggravated: (a) بد تر نشدہ؛ نابر انگیختہ؛ غیر مشتعل۔

Unaggressive : (a) (۱) غیر جارحانہ؛ صلح پسندانہ؛ غیر جنگ جویانہ۔ (۲) بدتمیزی سے خالی؛ معقولیت کا۔

Unagitated : (a) غیر مشتعل؛ بے ہیجان؛ غیر متہیج؛ جسے مشتعل، متحرک یا متہیج نہ کیا گیا ہو۔

Unagitatedly : (adv.) غیر مشتعل طور پر؛ غیر متہیج طور پر۔

Unagreeable : (a) ناگوار؛ نا پسندیدہ۔

Unagreeably : (adv.) ناگوار انداز میں؛ ناپسندیدہ طور پر۔

Unagreed : (a) غیر متفق؛ غیرموافق؛ جو ہم رائےیا ہم خیال نہ ہو؛ جس پر اتفاق یا رضامندی نہ ہو سکے؛ غیر مطابق؛ ناسازگار۔

Unaidable : (a) ناقابلِ اعانت؛ ناقابلِ امداد؛ناقابلِ استعانت۔

Unaided : (a) (۱) مدد سے محروم؛ بے مدد گار۔ (۲) بلا امدادِ غیر کے؛ بغیر کسی کی مدد کے۔

Unaimed : (a) بے نشانہ؛ بے ہدف؛ بے نصب العین؛ بے مقصد؛ جس کا کوئی مخصوص یا معینہ مقصد نہ ہو؛ بے مقصود؛ بےتک؛ اٹکل پچو؛ باد ہوائی۔

Unaired : (a) غیرہوا دار؛ حبس؛ جس میں کھڑکیاں یا ہوا گزار نہ ہوں؛ بے روزن؛ بے رخنہ۔

Unakin : (a) غیر قرابتی؛ غیر قرابت دار؛ غیر رشتہ دار؛ غیر؛ بیگانہ۔

Unalarming : (a) (۱) غیر خائف؛ غیر خوف زدہ؛ غیر متنبہ۔ (۲) خطرے کے احساس سے خالی؛ نچنت۔

Unalarming : (a) متنبہ نہ کرنے والا؛ خطرے کا احساس نہ دلانے والا؛ غیر خائف یا نچنت۔

Unalienable : (a) غیر انتقال پذیر؛ ناقابل منتقلی؛ الگ نہ ہونے والا؛ ناقابل علیحدگی؛ بیگانہ نہ ہونے والا؛ غیر منفک؛ ناقابل انفکاک۔

Unalienably : (adv.) غیر انتقال پذیر طور پر، الگ یا بیگانہ نہ ہونے والے انداز میں؛ غیر منفک طور پر۔

Unalienated : (a) غیر منفک؛ غیر منحرف؛ غیر منتقل؛ نابرگشتہ؛ اپنا؛ یگانہ؛ شریک۔

Unalike : (a) غیر یکساں؛ بے میل۔

Unalive : (a) سست ادراک؛ سست احساس؛ غیر زندہ دل؛ مردہ دل۔

Unallayed : (a) بے میل؛ بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ۔

Unalleviated : (a) بے تخفیف؛ بے تسکین؛ بے افاقہ؛ پوری شدت پر؛ پورے زور پر۔

Unalliable : (a) ناقابلِ اشتراک ؛ ناقابلِ اتحاد ؛ ناقابلِ یگانگت۔

Unallied : (a) (۱) بے تعلق؛ بے رشتہ؛ بے ربط؛ بے ارتباط؛ غیر مربوط؛ غیر مشترک؛ غیرمتحد؛ بیگانہ۔ (۲) بے شریک؛ بےساجھی؛ بے رفیق؛ بے حلیف؛ اکیلا۔

Unallotted : (a) (۱) غیر تقسیم شدہ۔ (۲) غیر نامزد شدہ۔

Unallowable : (a) ناقابلِ اجازت؛ ناقابل؛ ناجائز۔

Unallowed : (a) غیر اجازت یافتہ۔

Unalloyed : (a) بے میل؛ بے آمیزش؛ خالص؛ بے ملاوٹ۔

Unalluring : (a) غیر جالب؛ غیر دلکش؛ سادہ؛ جو موہ نہ سکے؛ جو رجھا نہ سکے؛ جو للچا نہ سکے؛ جو ورغلا نہ سکے۔

Unalphabeted : (a) [after L. 'analphabetus'.] ناخواندہ؛ جاہل ؛ جو الف بے سے بھی واقف نہ ہو؛ نپٹ جاہل؛ نرا جاہل؛ ان پڑھ۔

Unalterability : (n) غیر تغیر پذیری؛ ناقابل تغیر ہونا؛ اٹل ہونا؛ غیر تبدل پذیری۔

Unalterable : (a) جس میں تبدیلی نہ ہو سکے؛ غیر تبدل پذیری؛ غیر تغیر پذیر؛ ناقابل تغیر؛ ناقابل تبدیلی؛ اٹل۔

Unalterably : (adv.) ناقابل تغیر انداز میں؛ غیر تغیر پذیر طور پر؛ اٹل طور پر۔

Unalterableness : (n) دیکھو Unalterability

Unaltered : (a) غیر تغیر شدہ۔

Unamazed : (a) غیر متعجب؛ بے استعجاب؛ غیر متحیر۔

Unambiguous : (a) غیر مبہم؛ غیر مشکوک؛ بے ابہام؛ صریح؛ واضح۔

Unambiguously : (adv.) غیر مبہم طور پر؛ صریحاً؛ واضح طور پر؛ غیر مشکوک طور پر؛ صریحی طور پر؛ بلا کسی ابہام کے۔

Unambiguousness : (n) ابہام سے خالی ہونا؛ وضاحت؛ صراحت۔

Unambition : (n) بے حوصلگی؛ بے امنگ ہونا؛ بلند ہمتی یا اولوالعزمی سے خالی ہونا؛ حب جاہ سے خالی ہونا؛ بے مدعا ہونا؛ بے غایت ہونا؛ بے منتہا ہونا۔

Unambitious : (a) بے امنگ؛ پست ہمت؛ پست حوصلہ؛ بے آرزو ؛ بے شوق ؛ غیر جاہ پسند؛ حب جاہ سے خالی۔

Unambitiously : (adv.) غیر جاہ پسندانہ طریقے سے؛ حب جاہ سے خالی ہو کر؛ غیر مشتاقانہ؛ پست حوصلگی سے؛ بے آرزو ہو کر۔

Unambitiousness : (n) غیر جاہ پسندی؛ حب جاہ سے خالی ہونا؛ بے امنگ و بے حوصلہ ہونا؛ بے مدعا ہونا۔

Unamenable : (a) غیر اثر پذیر؛ ناقابل آزمائش ۔

Unamendable : (a) ناقابلِ ترمیم ۔

Unamended : (a) غیر ترمیم شدہ ۔

Unamiability : (n) (۱) غیر دلکش ہونا؛ غیر دلکشی ۔ (۲) کج خلقی؛ کھراپن ۔

Unamiable : (a) (۱) غیر دلکش ۔ (۲) غیرخلیق؛ کج خلق؛ کھرا ۔ (۳) کج خلقی کا؛ کھرے پن کا ۔

Unamiableness : (n) (۱) غیر دلکش ہونا؛ غیر دلکشی ۔ (۲) کج خلقی؛ کھراپن ۔

Unamiably : (adv.) غیر دلکش طور پر؛ کج خلقی سے؛ کھرے پن سے ۔

Unamused : (a) ناخوش؛ اداس ۔

Unamusing : (a) غیر دلچسپ ۔

Unamusingly : (adv.) غیر دلچسپ طور پر ۔

Unanalogical : (a) غیر تمثیلی؛ غیر نظیری؛ جو نظریے یا قیاس کے مطابق نہ ہو ۔

Unanalogous : (a) غیر مماثل؛ غیر مشابہ؛ نامثل ۔

Unanalysable : (a) (۱) ناقابلِ تحلیل؛ ناقابلِ تجزیہ؛ (نفسیات) تحلیل ناپذیر ۔ (۲) ناقابلِ تشریح ۔

Unanalysed : (a) (۱) غیر تحلیل شدہ ۔ (۲) بے تشریح؛ غیر تشریح شدہ ۔

Unanalytical : (a) (۱) غیر تحلیلی؛ غیر تجزیاتی ۔ (۲) غیر تشریحی؛ (لسانیات) غیر تصریفی ۔

Unanchor : (v) لنگر کھولنا؛ لنگر اٹھانا ۔

Unanchored : (a) لنگر کھولا ہوا؛ (جہاز) جس نے لنگر اٹھا دیا ہو؛ جس کا لنگر کھول دیا گیا ہو ۔

Unaneled : (a) (متروک) جس کی بھر پور خوشامد نہ ہوئی ہو؛ جو پوری طرح جوش میں نہ آیا ہو ۔

Unanimate : (a) [f.L. 'unanimus'.] متفق الرائے کرنا؛ یک زبان کرنا؛ ایک رائے کرنا ۔

Unanimated : (a) (۱) جوش سے خالی؛ بے جوش؛ غیر زندہ دل؛ جوشِ حیات سے خالی ۔ (۲) بے جان؛ بے روح؛ جس میں زندگی نہ ہو ۔ (۳) غیر تحریک یافتہ؛ فیضان ناگرفتہ ۔

Unanimism : (n) یہ نظریہ کہ جماعتوں کو متحد کرنے کا اصول افراد کی انفرادی خصوصیات سے زیادہ اہم ہے ۔

Unanimist : (n) [Fr. 'Unanimiste'.] فرانسیسی شعراء کے ایک دبستان پر اطلاق ہوتا ہے ۔

Unanimity : (n) اتفاق رائے؛ یک زبان؛ یک رائے ہونا؛ اجماع؛ اتفاق ۔

Unanimous : (a) (۱) متفق الرائے؛ یک زبانی؛ یک رائے ۔ (۲) جس سے اتفاق رائے ظاہر ہو؛ جو اتفاق رائے پر مبنی ہو ۔

Unanimously : (adv.) یک زبان ہوکر؛ بہ اتفاق رائے؛ متفق الرائے ہوکر؛ متفقہ طور پر ۔

Unanimousness : (n) دیکھو Unanimity

Unannealed : (a) ناپختہ (برتن)؛ جسے تاؤ نہ دیا گیا ہو ۔

Unannotated : (a) غیر محشّٰی؛ غیر مشروح؛ جس پر حاشیہ نہ لکھا گیا ہو یا جس کی شرح نہ کی گئی ہو ۔

Unannounced : (a) (۱) بے اعلان : جس کا اعلان نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے اطلاع : جس کی اطلاع نہ ہوئی ہو ۔

Unannoyed : (a) ایذا نارسیدہ؛ جسے چھیڑا یا ستایا نہ گیا ہو ۔

Unanointed : (a) غیر مالش شدہ؛ رسوم مذہبی ادا نہ شدہ ۔

Unanswerability : (n) ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unanswerable : (a) (۱) ناقابلِ تردید؛ ناقابلِ جواب ۔ (۲) غیر جواب دہ؛ جو (کسی بات کےلئے) جوابدہ نہ ہو سکتا ہو؛ غیر ذمہ دار ۔

Unanswerableness : (n) ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unanswerably : (adv.) ناقابلِ تردید طریقے پر ۔

Unanswered : (a) لاجواب؛ بے جواب؛ جس کا جواب نہ ملے ۔

Unantagonized : (a) جس کی تردید نہ کی گئی ہو؛ جس کی مخالفت نہ کی گئی ہو۔

Unanticipated : (a) غیر متوقع؛ اچانك؛ ناگہاں۔

Unanxious : (a) غیر متفکر؛ غیر مضطرب؛ غیر متردد؛ غیر مشوش؛ غیر پریشان؛ غیر بیتاب۔

Unanxiously : (adv.) غیر متفکر طور پر؛ غیر متردد انداز میں؛ غیر بیتابانہ؛ اطمینان سے۔

Unapocryphal : (a) غیر مشکوك؛ غیر مشتبہ؛ غیر فرضی؛ غیر وضعی؛ غیر جعلی؛ غیر منحرف؛ صحیح؛ مستند؛ جس کے استناد پر شبہ نہ کیا جا سکے؛ موثق؛ معتبر۔

Unapologetic : (a) غیر نادم؛ غیر منفعل۔

Unapostolic/-al : (a) (۱) خلاف طریق حواریین۔(۲) خلافِ طریق پاپائے روم۔

Unapostolically : (adv.) خلافِ طریق حواریین؛ خلافِ طریق پاپائےروم۔

Unappalled : (a) غیر خوف زدہ؛ غیر خائف۔

Unapparel : (v) (کسی کو)بے لباس کرنا؛ (کسی کے) کپڑے اتار لینا۔

Unapparelled : (a) غیر ملبوس؛ بے لباس؛ عریاں۔

Unapparent : (a) غیر ظاہر؛ غیر مرئی۔

Unappealable : (a) ناقابلِ اپیل؛ ناقابلِ مرافعہ۔

Unappealing : (a) غیر دلکش؛ غیر جاذب؛ غیر دلفریب؛ غیر مؤثر۔

Unappeasable : (a) غیر تسکین پذیر؛ ناقابل تسکین؛ جو فرو نہ ہو سکے۔

Unappeasableness : (n) غیر تسکین پذیری؛ ناقابل تسکین ہونا۔

Unappeasably : (adv.) غیر تسکین پذیر طور پر؛ ناقابل تسکین انداز میں۔

Unappeased : (a) بے تسکین؛ جسے تسکین نہ ہوئی ہو؛ جو فرو نہ ہوا ہو۔

Unappetizing : (a) (۱) مکروہ؛ نامرغوب۔(۲) غیر مشتہی؛ جس سے بھوك نہ پیدا ہو۔

Unappetizingly : (adv.) (۱) مکروہ طور سے؛ نامرغوب طور سے۔(۲) غیر مشتہی طریقے سے۔

Unapplauded : (a) بے تحسین؛ بے ستائش؛ جس کی تعریف یا واہ واہ نہ ہوئی ہو۔

Unapplied : (a) غیر مستعمل؛ جو کسی خاص مقصد کے لئے استعمال نہ کیا گیا ہو۔

Unappointed : (a) غیر مقرر؛ غیر معین؛ جسے نامزد یا تعینات نہ کیا گیا ہو ؛ تقرر نایافتہ۔

Unappreciated : (a) بے قدر ؛ بے وقعت۔

Unappreciative : (a) ناقدری کا؛ غیر قدر افزا۔

Unapprehended : (a) (۱) غیر گرفتار؛ غیر ماخوذ۔(۲) غیر مفہوم؛ جو سمجھا نہ گیا ہو؛ نا اندیشہ؛ نافہمیدہ۔

Unapprehending : (a) غیر تشویشناك ؛ غیر مخدوش ؛ بے اندیشہ۔

Unapprehensive : (a) (۱) بے اندیشہ ؛ بے خوف۔(۲) نافہم ؛ بے ادراك۔

Unapprehensiveness : (n) بے خوفی؛ نافہمی؛ بے اندیشگی؛ بےادراکی۔

Unapprised : (a) بے اطلاع؛ جس کی پہلے سے اطلاع نہ ہوئی ہو۔

Unapproachability : (n) (۱) ناقابلِ رسائی ہونا؛ ناقابلِ حصول ہونا۔(۲) ناآشنائی؛ نا آمیزی؛ اپنے کو دور کھینچنا۔

Unapproachable : (a) (۱) ناقابلِ رسائی؛ رسائی سے باہر ناقابلِ حصول۔(۲) اپنے کو دور کھینچنے والا؛ نا آشنا؛ کم آمیز؛ جو کسی سےبےتکلف نہ ہو۔

Unapproachable : (n) (بطور اسم) کم آمیز؛ ناقابلِ رسائی۔

Unapproachableness : (n) دیکھو Unapproachability

Unapproachably : (adv.) ناقابل رسائی یا ناقابلِ حصول طریقے پر؛ نا آشنائی کے انداز سے؛ اپنے کو دور کھینچتے ہوئے۔

Unappropriate : (a) (۱) غیر مختص؛ غیرمتصرفہ ۔ (۲) دیکھو Inappropriate ۔

Unappropriated : (a) (۱) غیرمختص؛ رقم جو کسی خاص کام کےلئے مخصوص نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے تصرف ؛ غیر متصرفہ ؛ وہ رقم جو کسی خاص مقصد کے لئے کام میں نہ لائی گئی ہو ۔ (۳) غیر مختص؛ غیر متصرفہ یا غیر مقبوضہ (اراضی)۔

Unappropriated blessing : (n) نعمت غیر متصرفہ؛ (مزاحاً) سن رسیدہ کنواری۔

Unapproved : (a) (۱) غیر منظور شدہ؛ غیر منظوری ؛ جس کی منظوری نہ ہوئی ہو ۔ (۲) ناپسندیدہ ۔

Unapproving : (a) (۱) نامنظوری کا؛ ناپسندیدگی کا ۔ (۲) نامنظور یا ناپسند کرنے والا ۔

Unapprovingly : (adv.) نامنظوری کےانداز سے؛ ناپسندیدگی کے طریقے سے؛ نامنظور یا ناپسند کرتےہوئے ۔

Unapt : (n) (۱) غیر مستعد؛ سست یا کند ذہن ۔ (۲) ناموزوں؛ بے موقع؛ بےمول؛ بے تکا؛ نا مناسب؛ ناقص ۔ (۳) (زبان وغیرہ) نامناسب؛ بھونڈی؛ غیر شستہ ۔

Unaptly : (adv.) غیر مستعدی سے؛ بے محل یا بے موقع طور پر ؛ نامناسب انداز میں؛ بے تکے پن سے ۔

Unaptness : (n) (۱) غیر مستعدی ۔ (۲) بے تکاپن؛ بے محل یا بے موقع ہونا۔

Unarch : (v) بے محراب رکھنا؛ محراب نہ بنانا ۔

Unarched : (a) بے محراب؛ جس میں محراب نہ ہو ۔

Unarchitectural : (a) (۱) غیر تعمیراتی؛ تعمیراتی اصول کے منافی جو اصول تعمیرات کے مطابق نہ ہو ۔ (۲) جو ماہرِ تعمیرات نہ ہو؛ جو فنِ تعمیر میں ماہر نہ ہو ۔

Unarguable : (a) ناقابل بحث ۔

Unargued : (a) غیر بحث شدہ؛ جس پر بحث نہ کی گئی ہو۔

Unargumentative : (a) غیر منطقی؛غیر مدلل؛غیر استدلالی ۔

Unargumentatively : (adv.) غیر مدلل طور پر؛ غیر منطقی طریقے سے ۔

Unarm : (v) زرہ بکتر اتارنا یا چھین لینا؛ ہتھیارچھین لینا یا الگ کردینا؛ بےہتھیار کرنا؛ غیرمسلح کرنا ۔

Unarmed : (a) (۱) غیر مسلح؛ بے ہتھیار؛ نہتا ۔ (۲) (نباتیات) بے خار ۔

Unarmoured : (a) (۱) بے زرہ بکتر ۔ (۲) غیرآہن پوش (جنگی جہاز)۔

Unarraigned : (a) غیر متہم؛ غیر ملزم؛ بے الزام؛ بے تہمت ۔

Unarranged : (a) (۱) غیر مرتب؛ بے ترتیب ۔ (۲) بلا اہتمام؛ جس کا پہلے سے اہتمام نہ ہو ۔

Unarrayed : (a) (۱) غیر صف بستہ؛ غیر مرتب ۔ (۲) غیر آراستہ۔

Unarrested : (a) (۱) بے روک؛ بے رکاوٹ ۔ (۲) غیر گرفتار ۔

Unarrived : (a) نا آمدہ؛ ناوارد؛ ناموررود؛ جو نہ آیا یا نہ پہنچا ہو؛ غیر وقوع پذیر ۔

Unartful : (a) (۱) بے ہنر؛ اناڑی؛ ناتراشیدہ؛ انگھڑ ؛ غیر ماہر؛ جو تکنیکی مہارت نہ رکھتا ہو ۔ (۲) بے تصنع؛ سادا؛ بھولا؛ معصوم ۔

Unartfully : (adv.) بے ہنر طورپر؛ اناڑی پن سے؛ غیرماہرانہ اندازمیں؛ سادگی سے؛ معصومانہ؛ بے تصنع انداز میں۔

Unarticulated : (a) (۱) غیر ممیز؛ غیر ممتاز ؛ غیر واضع ؛ بےترتیل ۔ (۲) بے جوڑ؛ بغیر جوڑ کا؛ بغیر جوڑا؛ بے پور؛ بے گرہ؛ غیر پوردار؛ غیر ذی مفاصل؛ بے فصل ۔

Unartificial : (a) غیر مصنوعی؛ بے بناوٹ؛ قدرتی؛ فطری؛ سادہ۔

Unartificially : (adv.) غیر مصنوعی طریقے پر؛ بے تصنع؛ قدرتی یا فطری طریقے سے؛ سادگی سے ۔

Unartistic : (a) غیر صنعت کارانہ؛ غیر صناعانہ؛ جسے صناعی سے تعلق نہ ہو ۔

Unary : (a) [L. 'unus' + -ARY] (۱) ایک ہی قسم کے سالمات میں واقع ہونے والا ۔ (۲) (کیمیا) یک عنصرہ؛ یک عنصری۔

Unascended : (a) غیر بلند؛ غیر ارفع؛ غیر بالا؛ جو اوپر نہ چڑھا ہو یا جسے اوپر نہ اٹھایا گیا ہو؛ جسے بلند نہ کیا گیا ہو؛ غیر مرفوع ۔

Unascertainable : (a) ناقابلِ تحقیق؛ ناقابلِ دریافت ۔

Unascertained : (a) غیر متحقق؛ نا معلوم؛ غیر محقق ۔

Unashamed : (a) (۱) غیر نادم؛ غیر محجوب ۔ (۲) بے شرم؛ بے باک ۔

Unashamedly : (adv.) نادم نہ ہو کر؛ بے حجابانہ؛ بے شرمی سے؛ بے باکانہ ۔

Unashamedness : (n) بے حجابی؛ بے باکی؛ بے شرمی؛ دیدہ دلیری؛ غیر نادمانہ انداز ۔

Unasked : (a) (۱) بے استفسار؛ بن پوچھا ۔ (۲) بے طلب؛ بن مانگا ۔

Unasking : (a) بےطلب؛ جس کی کوئی طلب نہ ہو؛ نہ مانگنے والا؛ کوئی خواہش ظاہر نہ کرنے والا ۔

Unaspirated : (a) بے تلفظ ہائے مخلوط؛ جس میں دو چشمی "ھ" کا تلفظ نہ ہو ۔

Unaspiring : (a) غیر جاہ پسند؛ قناعت پسند ۔

Unaspiringly : (adv.) قناعت پسندی سے ۔

Unaspiringness : (n) قناعت پسندی؛ غیرجاہ پسندی ۔

Unassailable : (a) (۱) ناقابلِ حملہ؛ حملےسےمحفوظ؛ جس پر حملہ نہ ہو سکے؛نہایت مستحکم ۔ (۲)ناقابلِ تردید ۔

Unassailableness : (n) حملے سےمحفوظ یا ناقابلِ حملہ ہونے کی حالت؛ ناقابلِ تردید ہونا ۔

Unassailably : (adv.) حملے سے محفوظ رہ کر؛ ناقابلِ حملہ طور پر؛ ناقابلِ تردید انداز میں ۔

Unassailed : (a) حملے سے محفوظ؛ جس پر حملہ نہ ہوا ہو؛ جس پر چڑھائی نہ کی گئی ہو ۔

Unassayed : (a) (۱) جس کی کوشش نہ کی گئی ہو؛ بن کیا ۔ (۲) بن پرکھا؛ بن کسا؛ بن جانچا؛ غیر آزمودہ؛ امتحان نہ کردہ ۔

Unassertive : (a) غیر ادعائی؛ غیر قطعی؛ غیر زعیمانہ ۔

Unassigned : (a) غیر مفوضہ؛ غیر محولہ؛ جو حوالے نہ کیا گیا ہو؛ جو تفویض نہ کیا گیا ہو؛ جو سپرد نہ کیا گیا ہو ۔

Unassignable : (a) (۱) ناقابلِ تحویل؛ ناقابلِ تفویض؛ ناقابلِ سپردگی ۔ (۲) ناقابلِ منسوبی ۔

Unassimilable : (a) غیرجذب پذیر؛ غیر ہضم پذیر ۔

Unassimilated : (a) غیر جذب کردہ؛ غیر منجذب؛ غیر منہضم؛ جو جذب یا ہضم نہ ہوا ہو ۔

Unassisted : (a) بے امداد؛ بے اعانت؛ (خصوصاً) ننگی (آنکھ)؛ بے چشمہ یا بے عینک (آنکھ) ۔

Unassociated : (a) غیر شریک؛ نامربوط ۔

Unassorted : (a) بغیر چھانٹا ہوا؛ ملا جلا؛ مخلوط ۔

Unassuaged : (a) بے دلاسا؛ بے تشفی؛ بے تسلی؛ جسے تشفی یا تسلی نہ دی گئی ہو؛ جسے ٹھنڈا نہ کیا گیا ہو (جذباتی اعتبار سے)؛ (بھوک، خواہش وغیرہ) جسے کم، ہلکا یا ٹھنڈا نہ کیا گیا ہو؛ غیر تسکین یافتہ ۔

Unassuming : (a) بے رعونت؛ سادہ مزاج؛ منکسر؛ سیدھا؛ بے نمود؛ بے ادعا ۔

Unassumingly : (adv.) بے رعونتی سے؛ سادہ مزاجی سے؛ منکسرانہ ۔

Unassumingness : (n) بے رعونتی؛ سادہ مزاجی؛ انکسار؛ سادگی؛ بے ادعائیت ۔

Unassured : (a) (۱) غیر محفوظ؛ جس کا بیمہ نہ ہوا ہو ۔ (۲) غیر متیقن؛ غیر موثق؛ غیر حتمی؛ غیر قطعی؛ مشکوک؛ مشتبہ؛ مذبذب ۔ (۳) بے ضبط؛ بے حوصلہ؛ اعتماد نفس نہ رکھنے والا؛ جسے نفس پرقدرت نہ ہو ۔

Unastonished : (a) غیر حیرت زدہ؛ غیر متحیر؛ نا حیراں ۔

Unatonable : (a) (۱) ناقابلِ مصالحت؛ سخت مخالف؛ متبائن؛ منافی ۔ (۲) ناقابلِ کفارہ؛ ناقابلِ تلافی؛ فرو نہ ہونے والا ۔

Unattached : (a) (۱) غیر قرق شدہ ۔ (۲) غیر متعلق؛ جو کسی رجمنٹ یا کمپنی سے متعلق نہ ہو؛ یونیورسٹی کا طالب علم جو کسی کالج سے متعلق نہ ہو؛ (پادری) جو کسی مخصوص کلیسائی حلقے یا تعلقے سے منسلك نہ ہو ۔ (۳) غیر منسلك؛ بے چپکا (سپاہی) ۔ (٤) بے جڑا؛ علیحدہ ۔ (٥) غیر شادی شدہ ۔

Unattackable : (a) ناقابلِ گرفت؛ غیر ضرر پذیر؛ غیر نقصان پذیر؛ ناقابلِ یلغار؛ جس پر حملہ نہ کیا جا سکے۔

Unattackably : (adv.) ناقابلِ گرفت انداز میں؛ غیر ضرر پذیر طور پر۔

Unattacked : (a) جس پر حملہ نہ کیا گیا ہو؛ جس پر یلغار نہ ہوئی ہو؛ جو حملے یا ضرر سے محفوظ ہو؛ غیر ضرر رسیدہ۔

Unattainable : (a) ناقابلِ حصول؛ ناممکن الحصول۔

Unattainable : (n) (۱) ناقابلِ حصول چیز (شاذ)۔ (۲) (The کے ساتھ) وہ (چیز وغیرہ) جو ناقابلِ حصول ہو۔

Unattainableness : (n) ناقابلِ حصول ہونا۔

Unattainably : (adv.) ناقابلِ حصول ہو کر؛ ناممکن الحصول طور پر۔

Unattainted : (a) (۱) بے داغ؛ بے عیب؛ بے نقص۔ (۲) (قانون) الزام سے پاک؛ جو قانون کی نگاہ میں بے داغ ہو۔

Unattempted : (a) بن کیا؛ جس کی کوشش نہ کی گئی ہو۔

Unattended : (a) (۱) بے ہمراہی؛ بے ملازم؛ بے مصاحب؛ اکیلا؛ تنہا۔ (۲) بے پرسش؛ جس کی طرف توجہ نہ ہو۔ (۳) بے علاج؛ بے مرہم پٹی (کے بیمار)۔ (٤) (گھوڑے، سواریاں وغیرہ) جن کا کوئی انچارج نہ ہو، جو کسی کے ذمہ نہ ہو؛ (شتر) بے مہار۔ (۵) جس کے پیچھے یا جس کے ساتھ کوئی چیز، حالات وغیرہ نہ ہوں۔

Unattending : (a) توجہ نہ کرنے والا؛ متوجہ نہ ہونے والا؛ (کسی موقع پر) شریک نہ ہونے والا؛ حاضر خدمت نہ رہنے والا؛ (ملاقات کے لئے) حاضر نہ ہونے والا؛ رفاقت نہ کرنے والا؛ غیر حاضر باش۔

Unattested : (a) غیر مصدقہ۔

Unattire : (v) لباس اتار دینا؛ بے لباس کرنا یا ہونا۔

Unattired : (a) بے لباس؛ جس کا لباس اتر چکا ہو؛ عریاں۔

Unattracted : (a) غیر گرویدہ؛ غیر مبذول؛ غیر منعطف؛ غیرمتوجہ ؛ جس کی توجہ مبذول نہ ہوئی ہو۔

Unattractive : (a) (۱) غیر دلکش؛ غیر حسین؛ جو متوجہ نہ کرسکے؛ غیر جاذب۔ (۲) بری صورت کا؛ بد صورت۔ (۳) نا مرغوب۔

Unattractively : (adv.) غیر دلکش طور پر؛ غیر جاذب انداز میں؛ نامرغوب طور پر۔

Unattractiveness : (n) غیر دلکشی؛ غیر جاذبیت؛ نامرغوبیت۔

Unau : (n) [Brazilian of the island of Maranha.] (حیوانیات) جنوبی امریکی (برازیلی) سلاتھ 'Sloth' جس کے پنجوں میں دو انگلیاں ہوتی ہیں۔

Unaugmented : (a) : بلا اضافہ (خصوصاً یونانی علم صرف) بے حرف مزید؛ بے حرف زائد۔

Unauspicious : (a) نامبارک؛ غیر مسعود؛ نا مساعد؛ نا موافق؛ اشبھ۔

Unauthentic : (a) (۱) غیر معتبر؛ غیر مستند۔ (۲) نقلی؛ جھوٹی۔

Unauthenticated : (a) غیر مصدقہ؛ غیر متحقق؛ غیرمستند۔

Unauthenticity : (n) (۱) عدم اعتبار؛ عدم استناد۔ (۲) موضوعیت؛ جھوٹا ہونا۔

Unauthoritative : (a) (۱) غیر حاکمانہ؛ غیر ذمہ دارانہ۔ (۲) غیر معتبر؛ غیر مصدقہ؛ غیر مستند۔

Unauthoritatively : (adv.) (۱) غیر حاکمانہ طور پر؛ غیر ذمہ دارانہ۔ (۲) غیر معتبر طور پر؛ غیر مستند انداز میں؛ غیر مصدقہ طور پر۔

Unauthorized : (a) (۱) بے سند؛ بے توثیق؛ غیر مصدقہ؛ غیر وقیع؛ (سیاسیات) غیر منظور شدہ۔ (۲) بے اجازت؛ ناجائز۔ (۳) غیر مجاز؛ جس کو اختیار نہ دیا گیا ہو؛ غیر مختار۔

Unavailability : (n) نایابی؛ غیر دستیابی؛ دسترس سے باہر ہونا۔

Unavailable : (a) غیر دستیاب؛ دسترس سے باہر؛ نایاب۔

Unavailableness : (n) دیکھو Unavailability

Unavailably : (adv.) نایاب طور پر؛ غیر دستیاب طور پر۔

Unavailing : (a) (۱) غیر مؤثر؛ بے اثر۔ (۲) لا حاصل؛ بےفائدہ۔

Unavailingly : (adv.) بے اثر طریقے پر؛ لاحاصل طور پر ۔

Unavenged : (a) بے انتقام؛ جس کا انتقام نہ لیا گیا ہو ۔

Unaverted : (a) (نظر، خیال وغیرہ) جسے موڑا نہ گیا ہو؛ جو پھیری یا ہٹائی نہ گئی ہو ۔

Unavoidable : (a) (۱) ناگزیر؛ اٹل؛ ناقابلِ احتراز؛ ناقابلِ گریز ۔(۲) ناقابلِ منسوخی ۔

Unavoidableness : (n) ناگزیریت؛ اٹل ہونا ۔

Unavoidably : (adv.) ناگزیر طور پر؛ اٹل طور پر ۔

Unavoided : (a) احتراز نکردہ؛ جس سے احتراز نہ کیا گیا ہو ۔

Unavowed : (a) بے اقرار؛ بے اعتراف؛ جس کا اقرار یا اعتراف نہ ہوا ہو ۔

Unavowedly : (adv.) بے اقرار طور پر؛ اعتراف کئے بغیر ۔

Unawakened : (a) غافل؛ خفتہ؛ بے خبر؛ ناواقف؛ غیر آگاہ؛ لاعلم؛ جسے واقفیت یا آگاہی نہ دی گئی ہو؛ جسے آگاہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unawakenedness : (n) غفلت؛ لاعلمی؛ بے خبری؛ ناواقفی؛ غیر آگاہی ۔

Unaware : (adv.) (۱) بے خبری میں؛ لاشعوری طور پر؛ بغیر آگاہی کے ؛ بغیر جانے ہوئے ؛ انجانے میں ۔ (۲) غیرمتوقع طور پر؛ ناگہانی طور پر؛ یکایک ۔

At unaware : دیکھو Unaware (adv.)

Unaware : (a) (۱) بے خبر؛ ناواقف؛ لاعلم ۔(۲) نتائج سے بے خبر؛ بے پروا؛ ناعاقبت اندیش (شاذ) ۔

Unawareness : (n) بے خبری؛ لا علمی؛ بے پروائی؛ ناعاقبت اندیشی ۔

Unawares : (adv.) (۱) بےخبری میں؛ لاشعوری طور پر؛ بغیر آگاہی کے؛ بغیر جانے ہوئے؛ انجانے میں؛ بے ارادہ ۔(۲) غیر متوقع طور پر؛ اچانک طور پر؛ ناگہانی طور پر؛ یکایک ۔

At unawares : دیکھو Unawares

To take, catch unawares : بے خبری میں جا پکڑنا؛ انجانے میں جا لینا؛ اچانک دبوچ لینا؛ یکایک لینا یا پکڑنا ۔

Unawares to : (adv.) بغیر جانے ہوئے؛ انجانے میں؛ بغیر آگاہی کے ۔

Unawed : (a) غیر مرعوب ۔

Unazotized : (a) غیر نائٹروجن آمیز؛ جس میں نائٹروجن نہ ملایا گیا ہو؛ غیر نائٹروجنی ۔

Unbacked : (a) (۱) (گھوڑا) جس پر سواری نہ ہوئی ہو ؛ بغیر سدھایا ہوا؛ غیر تربیت یافتہ ۔ (۲) بے سہارا؛ بے تصدیق؛ (چیک وغیرہ) بے تصدیق ٹھہری؛ جس کی پشت پر نہ لکھا گیا ہو؛ (شرط بازی) (گھوڑا وغیرہ) جس پر شرط نہ لگائی گئی ہو ۔ (۳) بے سہارا؛ بے حامی ومددگار؛ بے پشت پناہ ۔

Unbag : (v) تھیلی میں سے نکالنا؛ تھیلے سے (خصوصاً لاٹری) نکالنا ۔

Unbaked : (a) (۱) (کھپرا وغیرہ) جسے بھٹی میں نہ پکایا گیا ہو، بغیر پکاھوا (کچا) (کھپرا) ۔(۲) (کھانا) جسے تنور میں یا توے پر یا Baking کے ذریعہ نہ تیار کیا گیا ہو ۔

Unbalance : (n) توازن کی کمی؛ غیر متوازن ہونا؛ اختلال ؛ دماغ کی خرابی؛ توازن نہ ہونا؛ بغیر توازن کے ۔

Unbalance : (v) (۱) تہ و بالا کر دینا؛ توازن بگاڑ دینا ۔ (۲) (مجازاً) ذہنی توازن میں خلل ڈالنا؛ مختل کردینا ۔

Unbalanced : (a) (۱) غیر متوازن؛ جس کا توازن بگاڑ دیا گیا ہو؛ (فٹ بال) جس میں مرکزی لائن کے ایک طرف زیادہ کھلاڑی ہوں ۔ (۲) مختل (دماغ)؛ (کھاتہ) غیر متوازن؛ جس کا جمع وخرچ برابر نہ ہو ۔

Unbale : (v) گانٹھ یا گٹھا کھول کر نکالنا؛ گٹھے سے نکالنا؛ گٹھا کھولنا ۔

Unballast : (v) (جہاز یا غبارے سے) پاسنگ یا بوجھ (جو توازن کے لئے رکھا جاتا ھے) پھینکنا ۔

Unballasted : (a) (۱) جسے متوازن کرنے کے لئے پاسنگ یا بوجھ نہ رکھا گیا ہو؛ بے پاسنگ ۔ (۲) کم وزن (بات)؛ قدرے با معنی (بات) ۔

Unbandage : (v) پٹی کھولنا ۔

Unbanded : (a) بغیر پٹی کا؛ جس پر پٹی نہ بندھی ہو؛ کھلا ہوا؛ بغیر بندھا ہوا؛ آزاد ۔

Unbanished : (a) جسے نکالا نہ گیا ہو؛ جسے شہر بدر یا جلا وطن نہ کیا گیا ہو ۔

Unbank : (v) (١) (دریا کا) ساحل کو توڑ کر پھیل جانا ۔ (٢) (آگ کو) اوپر سے راکھ ہٹا کر دھونکنا یا بھڑکانا ۔

Unbanked : (a) جو بینک میں جمع نہ ہوا ہو ۔

Unbaptize : (v) بپتسما سے خارج کرنا؛ بے اصطباغ کرنا ۔

Unbaptized : (a) بے اصطباغ؛ جسے بپتسما نہ ملا ہو؛ (نیز) بے دین؛ غیر عیسائی؛ جو بائبل کے خدا پر ایمان نہ رکھتا ہو ۔

Unbar : (v) (١) (دروازے کی) آگل یا بیلن ہٹا دینا ۔ (٢) (دروازہ وغیرہ) کھولنا ۔ (٣) (مجازاً) ممانعت یا قید اٹھا لینا؛ روک ہٹا لینا ۔

Unbarbarize : (v) وحشی پن دور کرنا یا کم کرنا؛ شائستگی لانا؛ مہذب بنانا ۔

Unbarbed : (a) نہتا؛ بے ہتھیار؛ غیر آراستہ (سازوسامان سے)؛ بے زین (گھوڑا) ۔

Unbarbed : (a) جس میں کانٹا یا کانٹے نہ لگے ہوں؛ بے خار؛ بغیر کانٹے کا ۔

Unbarbered : (a) جس کی حجامت نہ بنی ہو؛ بغیر تراشا ہوا؛ بغیر کٹا ہوا؛ ناستردہ؛ بغیر مونڈا ہوا؛ بغیر شیو کیا ہوا ۔

Unbarded : (a) نہتا؛ بے ہتھیار؛ غیر آراستہ (سازوسامان سے)؛ بے زین (گھوڑا) ۔

Unbare : (v) [redundant use of the prefix.] ننگا کرنا؛ کپڑے، غلاف وغیرہ اتارنا؛ کسی چیز کا سازوسامان، متعلقات یا صفات الگ کردینا؛ چھال اتارنا؛ بے نقاب کرنا؛ ظاہر کرنا؛ بے میان کرنا ۔

Unbarked : (a) مقشر (کیا ہوا)؛ چھال اتارا ہوا ۔

Unbarred : (a) (١) (بندرگاہ) جس میں چھڑ یا بانس وغیرہ کے ذریعہ روک نہ لگائی ہوئی ہو؛ بے روک؛ کھلی ہوئی؛ غیر مسدود؛ بے باڑ ۔ (٢) جو چھڑ یا چھڑوں سے گھیرا ہوا یا اس طرح محفوظ کیا ہوا نہ ہو ۔ (٣) (قانون) غیر خارج شدہ؛ شامل؛ غیر ممنوع؛ جائز ۔ (٤) (موسیقی) مسلسل (نغمہ) ۔

Unbarrel : (v) پیپوں سے نکالنا یا انڈیلنا ۔

Unbarricade : (v) مورچہ توڑنا؛ مورچہ بندی ختم کرنا ۔

Unbashful : (a) بے شرم؛ بے جھینپ؛ بے جھجک ۔

Unbashfully : (adv.) بے شرمی سے؛ بے جھینپ انداز میں ۔

Unbastardized : (a) جس کے حرامی یا ناجائز ہونے کی تردید کی گئی ہو ۔

Unbated : (a) (متروک) بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو ۔

Unbathed : (a) بے غسل؛ بے نہایا ہوا ۔

Unbattered : (a) مار سے محفوظ؛ جسے مارا پیٹا نہ گیا ہو؛ غیر مضروب ؛ گولہ باری سے محفوظ ۔

Unbe : (v) نیست ونابود کرنا ؛ کالعدم کردینا ۔

Unbear : (v) وہ تسمہ جس سے لگام زین سے بندھی ہوتی ہے، کھولنا یا ڈھیلا کرنا ۔

Unbearable : (a) ناقابل برداشت ۔

Unbearableness : (n) ناقابل برداشت ہونا ۔

Unbearably : (adv.) ناقابل برداشت طور پر ۔

Unbearded : (a) (١) بدون ریش؛ بے داڑھی کا؛ ریش تراشیدہ؛ بے ریش؛ جسے داڑھی نہ ہوئی ہو؛ نوجوان ۔ (٢) (پودا) بغیر سن کا؛ بغیر بال کا (جس طرح مکئی میں ہوتا ہے) ۔

Unbearing : (a) عقیم؛ بانجھ ؛ اوسر؛ بنجر؛ شور، جو پھل یا بچے نہ دے ۔

Unbeatable : (a) ناقابل شکست؛ جسے شکست نہ دی جا سکے؛ جسے مغلوب نہ کیا جاسکے ۔

Unbeaten : (a) (١) غیر کشتہ؛ جسے کوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے نہ کیا گیا ہو ؛ غیر کوفتہ ؛ بغیر پیٹا ہوا ۔

(۲) غیرپامال؛ وہ راستہ جس پر کوئی نہ چلا ہو؛ بے آمدو رفت؛ سونا ۔ (۳) غیر مغلوب؛ جسے شکست نہ ہوئی ہو ۔

Unbeauteous : (a) سادہ؛ غیر دلکش؛ غیر حسین؛ زیبائی سے عاری۔

Unbeauteousness : (n) سادگی؛ غیر دلکشی ۔

Unbeautified : (a) غیر آراستہ؛ جسے حسن و دلکشی سے آراستہ نہ کیا گیا ہو؛ غیر حسین ۔

Unbeautiful : (a) غیر دلکش؛ غیر حسین؛ غیر خوشنما (خصوصاً) بد نما؛ بد شکل؛ بد صورت ۔

Unbeautifully : (adv.) غیر حسین انداز میں ؛ بد نما طور پر ۔

Unbeautify : (v) حسن یا دلکشی سے محروم کرنا؛ بد صورت بنانا؛ بد نما کر دینا؛ بد شکل بنا دینا؛ غیر حسین بنانا ۔

Unbeclouded : (a) (۱) بے ابر؛ کھلا ہوا ۔ (۲) واضح؛ روشن؛ صاف ۔ (۳) خالص؛ بے داغ ۔

Unbecome : (v) نا مناسب ہونا؛ نا زیبا ہونا؛ بد زیب ہونا؛ غیر مناسب ہونا؛ شایان شان نہ ہونا ۔

Unbecoming : (a) (۱) نا مناسب؛ نا زیبا؛ غیر مناسب؛ غیر شایان ۔ (۲) بد زیب؛ جو زیب نہ دیتا ہو ۔

Unbecomingly : (adv.) نامناسب طور پر؛ نازیبا انداز میں؛ غیر شایان طور پر ۔

Unbecomingness : (n) نامناسبت؛ نازیبائی؛ نامناسب یا نازیبا ہونا۔

Unbed : (v) (پودے کو) کیاری سے نکالنا؛ بستر سے ہٹانا یا الگ کرنا ۔

Unbedded : (a) کیاری سے نکالا ہوا (پودا) ۔

Unbefitting : (a) ناموزوں؛ نا مناسب ۔

Unbefittingly : (adv.) ناموزوں طورپر؛ نامناسب انداز میں۔

Unbefittingness : (n) ناموزوں ہونا؛ناموزونیت؛نامناسبت ۔

Unbefriended : (a) بے یارو مددگار؛ بے حامی و ناصر ۔

Unbeget : (v) پیدا نہ کرنا؛ وجود میں نہ لانا؛باعث نہ ہونا ۔

Unbegged : (a) بن مانگا ۔

Unbeginning : (a) بے آغاز؛ بے ابتداء؛ جس کی ابتداء نہ ہو؛ ازلی۔

Unbegotten : (a) (۱) غیر زائیدہ؛ ناپید؛ ناپیدا؛ جو ابھی پیدا نہ ہوا ہو ۔ (۲) (خدا کی صفت) لم یولد؛ قدیم؛ از خود موجود؛ ازلی؛ ابدی ۔

Unbegottenly : (adv.) ازلی طور پر؛ غیر زائیدہ طور پر ۔

Unbegottenness : (a) غیر زائیدگی ؛ نا زائیدگی ؛ ازلیت ؛ قدامت ؛ لم یولد ہونا ۔

Unbegun : (a) (۱) جس کی کوئی ابتداء نہیں ؛ ازلی ؛ قدیم ؛ ہمیشہ سے موجود ۔ (۲) جس کی ابتداء نہ ہوئی ہو ؛ جس کا آغاز ابھی نہ ہوا ہو ۔

Unbeheld : (a) دیکھو Unseen

Unbeholdable : (a) ناقابلِ مشاہدہ؛ ناقابلِ دید ۔

Unbeholden : (a) (۱) غیر ممنون؛ جو (کسی کا) مرہون منت نہ ہو؛ جس پر (کسی کا) احسان نہ ہو؛ غیر احسان مند (اب بول چال میں آتا ہے) ۔ (۲) (شعر) دیکھو Unseen ۔

Unbeknown : (a) (۱) بطور (adv.) لاعلمی میں (کسی شخص کی)؛ بغیرجانے ہوئے؛ انجانےمیں ۔ (۲) نامعلوم غیر معلوم ۔

Unbeknownst : (adv.) (کسی شخص کی) لاعلمی میں؛ بغیر جانے ہوئے؛ انجانے میں۔

Unbelief : (n) بے اعتقادی ؛ کُفر؛ ادھرم ۔

Unbelievable : (a) ناقابلِ یقین ۔

Unbelievableness : (n) ناقابلِ یقین ہونا ۔

Unbelievably : (adv.) ناقابلِ یقین طور پر ۔

Unbelieve : (v) اعتقاد نہ کر نا؛ یقین نہ کرنا؛ باور نہ کرنا؛ نہ ماننا؛ قائل نہ ہونا۔

Unbelieve : (v) بے اعتقاد ہونا؛ ایمان سے خارج ہونا؛ محروم اعتقاد ہونا ۔

Unbelieved : (a) بے اعتقاد؛ بے ایمان؛ محروم اعتقاد؛ خارج از اعتقاد ۔

Unbeliever : (n) منکر؛ بے اعتقاد؛ اعتقاد نہ رکھنے والا ؛ (خصوصاً) کسی مخصوص (خاص کر عیسائی) مذہب کو نہ ماننے والا؛ بے دین؛ ملحد؛ کافر (غیر عیسائی، غیر مسلم، غیر یہود)۔

Unbelieving : (a) (۱) غیر معتقد؛ بد اعتقاد؛ منکر؛ مذہب عیسوی یا کسی خاص مذہب کو نہ ماننے والا۔ (۲) بد اعتقادی کا؛ منکرانہ۔

Unbelievingly : (adv.) غیر معتقدانہ؛ منکرانہ؛ بد اعتقادانہ؛ مذہب پر اعتقاد نہ رکھتے ہوئے؛ بد اعتقادی سے؛ منکرانہ طور پر۔

Unbelievingness : (n) بے اعتقادی؛ بد اعتقادی؛ انکار؛ مذہب پر اعتقاد نہ رکھنا۔

Unbelonging : (a) (چیز) جو (کسی کی) ملک نہ ہو یا جس پر (کسی کا) حق نہ ہو۔

Unbeloved : (a) غیر محبوب؛ جس سے محبت نہ ہو۔

Unbelt : (v) پیٹی کھولنا؛ کمر کھولنا۔

Unbelted : (a) پیٹی کھولے ہوئے؛ بغیر پیٹی کا۔

Unbend : (v) (۱) خم نکالنا؛ سیدھا کرنا؛ سیدھا ہونا۔ (۲) بے تکلف ہوکر بیٹھنا؛ دماغ یا اعصاب کو آرام دینا؛ کشادہ پیشانی سے ملنا؛ پیشانی یا ابروؤں کی شکن کو دور کرنا۔ (۳) (جہاز رانی) بادبان کو بلیوں وغیرہ سے کھولنا؛ رسا کھولنا؛ رسی کھولنا۔ (٤) (کھینچی ہوئی کمان کو) ڈھیل دینا یا ڈھیلا ہونا؛ (کمان کے) تانت کو ڈھیلا کرنا۔

Unbendable : (a) مستقل مزاج؛ اٹل؛ یکسو ذہن والا؛ نہ جھکنے والا؛ جسے کسی مقصد سے ہٹایا نہ جا سکے۔

Unbending : (a) (۱) نہ لچکنے والا؛ بے لوچ؛ بے لچک ؛ سخت؛ مستقل؛ (طبیعیات) خم ناپذیر۔ (۲) ضدی؛ ہٹیلا؛ خود رائے؛ متمرد؛ نہ جھکنے والا؛ نہ دبنے والا شخص۔

Unbending : (a) ذہن یا دماغ کو آرام دینے والا؛ سستانے والا؛ آرام پسند۔

Unbendingly : (adv.) استقلال سے؛مضبوطی سے؛ سختی سے؛ مستقل طور پر؛ بے لوچ انداز میں؛ نہ جھکتے ہوئے؛ خم ناپذیرانہ۔

Unbendingness : (n) سختی ؛ مضبوطی ؛ استقلال ؛ خم ناپذیری ؛ بے لوچ ہونا؛ بےلوچ پن۔

Unbeneficed : (a) بلا مدد معاش (پادری)۔

Unbeneficial : (a) غیر مفید؛ بے سود ؛ غیر سود مند ؛ نقصان دہ۔

Unbenefited : (a) جسے فائدہ نہ پہنچا ہو؛ جس کو مدد نہ ملی ہو؛ غیر وظیفہ یاب۔

Unbenevolent : (a) بے فیض؛ فیض نارساں؛ بد اندیش؛ ضرر رساں۔

Unbenight : (v) (متروک) قیدشب سے آزاد ہونا؛ تاریکی سے چھٹکارا پانا یا دینا؛ قیدِ شب سے آزاد کرنا۔

Unbenign : (a) نا مہربان؛ غیر شفیق؛ غیر مشفق؛ کینہ ور؛ کینہ توز۔

Unbenignant : (a) دیکھو Unbenign

Unbenignantly : (adv.) دیکھو Unbenignly

Unbenignly : (adv.) نامہربان ہو کر؛ غیر مشفقانہ انداز میں؛ کینہ ورانہ طور پر۔

Unbent : (a) (۱) غیر خمیدہ؛ سیدھا؛ جس میں خم نہ ہو؛ ناخمیدہ؛ بغیر جھکا ہوا۔(۲) دیکھو Unsubdued۔

Unbenumb : (v) حساس بنانا؛ بے حسی کی حالت سے نکالنا؛ سُن کئے ہوئے مقام کو حساس بنانا۔

Unbequeathed : (a) بے ارث؛ بے ترکہ؛ جس کے لئے مورث نے کوئی میراث نہ چھوڑی ہو؛ جس کو وصیت کے ذریعہ کوئی میراث نہ ملی ہو۔

Unbereft : (a) جس سے چھینا نہ گیا ہو؛ جس کو محروم نہ کیا گیا ہو؛ نامحروم۔

Unbeseem : (v) (۱) نازیبا ہونا؛ خلاف شان ہونا۔(۲) ناکام رہنا؛ نہ کرپانا۔

Unbeseeming : (a) نا موزوں؛ نا مناسب؛ نا زیبا یا خلافِ شان۔

Unbeseemingly : (adv.) نازیبا طور پر؛ نامناسب طور پر۔

Unbeseemingness : (n) نازیبائی؛ نامناسبت؛ ناموزونیت۔

Unbesought : (a) بے استدعا؛ بے طلب؛ بے التجا؛ بے التماس ۔

Unbespoken : (a) (۱) بن ٹھہرایا؛ جو پہلے سے ٹھہرایا ہوا نہ ہو ۔ (۲) بے فرمائش؛ جس کی پہلے سے فرمائش نہ کی گئی ہو؛ غیر فرمائشی ۔

Unbestowed : (a) جسے عطا نہ کیا گیا ہو ۔

Unbethink : (v) [ME. 'umbethinken'.] یاد کرنا؛ سوچنا؛ غور کرنا؛ دل میں آنا یا سمانا ۔

Unbethought : (a) (۱) بے سوچا سمجھا؛ جس پر پہلے سے غور نہ کیا گیا ہو؛ بے مقصد؛ بے ساختہ؛ بے ارادہ؛ جو عمداً نہ کیا گیا ہو؛ بلا قصد (نیز بطور adv.) ۔ (۲) جس کا خیال تک نہ آیا ہو؛ بے سان وگمان؛ غیر متوقع؛ جو عقل میں نہ آیا ہو ۔

Unbetrayed : (a) فریب ناخوردہ؛ جس کے ساتھ دغا نہ کی گئی ہو؛ جس کے ساتھ بے وفائی نہ ہوئی ہو ۔

Unbetrothed : (a) جس کی منگنی نہ ہوئی ہو؛ غیر منسوب ۔

Unbetterable : (a) ناقابل بہتری؛ جسے خوب سے خوب تر نہ بنایا جا سکے؛ ناقابلِ اصلاح؛ ناقابلِ درستگی ۔

Unbettered : (a) نادرست؛ ناخوب؛ غیر اصلاح شدہ؛ جسے خوب سے خوب تر نہ بنایا گیا ہو ۔

Unbeveled/Unbevelled : (a) غیر ڈھالواں؛ جسے ڈھالواں نہ بنایا گیا ہو ۔

Unbewailed : (a) دیکھو Unmourned

Unbewildered : (a) غیر متحیر؛ غیر حیران شدہ؛ غیر گمراہ شدہ؛ جسے بھٹکایا یا الجھایا نہ گیا ہو ۔

Unbewitch : (v) جادو کے اثر سے نجات دینا؛ غیر مسحور کرنا؛ جادو یا سحر کے اثرات کو دور کرنا؛ خام خیالی دور کرنا؛ وہم باطل دور کرنا ۔

Unbias : (v) تعصب سے آزاد کرنا؛ پاسداری یاطرفداری سے بری کرنا؛ نا طرفدار یا غیر متعصب بنانا ۔

Unbias(s)ed : (a) (۱) بے لوث؛ بے لاگ؛ بے تعصب؛ناطرفدار؛ بے تعصبانہ؛ غیر متعصب؛ ناطرفدارانہ؛ غیر جانبدار؛ غیر جانبدارانہ؛ جو کسی بات یا چیز سے بیجا طور پر (پہلے سے) متاثر نہ ہو ۔ (۲) (ایک قدیم کھیل Bowls میں استعمال ہونے والی) بیضاوی گیند جو چپٹی نہ ہو؛ غیر چپٹی؛ غیر مائل ۔

Unbias(s)edly : (adv.) بے لوث ہو کر ؛ بے لاگ طورپر ؛ غیر متعصب ہوکر؛ غیرمتعصبانہ؛غیرجانبدارانہ؛ مخلصانہ ؛ ناطرفدارانہ ؛ منصفانہ ۔

Unbis(s)edness : (n) بے لوثی؛ بے تعصبی؛ ناطرفداری؛ غیر جانبداری؛ اخلاص؛ انصاف ۔

Unbiblical : (a) غیر انجیلی؛ خلاف انجیل؛ جو انجیل میں نہ ہو یا انجیل کی رو سے جائز نہ ہو ۔

Unbid : (a) جسے پوچھا یا بلایا نہ گیا ہو؛ غیر مدعو؛ جسے دعوت نہ دی گئی ہو؛ بن بلایا؛ بے طلب؛ بے دعوت؛ ناخواندہ؛ بے حکم؛ جسے کوئی حکم یا ہدایت نہ دی گئی ہو ۔

Unbiddable : (a) (۱) نافرمان؛ غیر فرماں بردار؛ غیر مطیع؛ بے قابو ؛ بے لگام؛ منہ زور ؛ سرکش جو کسی حکم یا دعوت کو قبول نہ کرے ۔ (۲) مشکل؛ پیچیدہ؛ دشوار؛ دقت طلب ۔

Unbidden : (a) دیکھو Unbid

Unbigoted : (a) دیکھو Unbiased

Unbind : (a) [OE. 'unbindan'.] (۱) رہائی دینا؛ رہا کرنا؛ چھٹکارا دینا؛ آزاد کرنا ۔ (۲) کھولنا؛ ڈھیلا کرنا (رسی، بندھن وغیرہ کا)؛ (مجازاً) تباہ کرنا؛ برباد کرنا؛ منتشر کرنا ۔ (۳) پٹی اتارنا؛ پٹی کھولنا (زخم یا کسی عضو سے)؛ پٹی ہٹانا ۔ (٤) پابندیوں سے آزاد کرنا؛ شخصی آزادی بحال کرنا ۔

Unbishop : (v) اسقف (بشپ کے عہدے) سے ہٹانا ۔

Unbishoped : (a) اسقف کے عہدے سے ہٹایا ہوا یا برخاست کیا ہوا ۔

Unbishoped : (a) (۱) غیر موثق؛ جس کی توثیق نہ ہو سکی ہو (متروک) ۔(۲) غیر خرقہ یاب (اسقف) ؛ اسقف کی حیثیت سے جس کی نامزدگی یا رسم خرقہ یابی انجام نہ پاسکی ہو ۔

Unbit : (a) (گھوڑے کو) لگام سے آزاد کرنا؛ لگام کھولنا؛ لگام اتارنا ۔

Unbitt : (v) (جہاز رانی) کھمبوں سے (رسّے یا رسّی کو) کھولنا؛ کھمبوں میں لپیٹے ہوئے رسّے (یا رسی) کو کھولنا ۔

Unbitted : (a) بے لگام ؛ قابو سے باہر ؛ بے قابو ؛ بے عنان؛ مطلق العنان؛ آزاد؛ بے کنٹرول۔

Unbitter : (a) ناتلخ؛ غیر ترش رو؛ بغض و عناد؛ خفگی یا انتقام کے احساسات نہ رکھنے والا۔

Unblacked : (a) بے پالش (جوتا)؛ جس پر سیاہی نہ چڑھائی گئی ہو۔

Unblackened : (a) (۱) غیر بدنام شدہ؛ جسے بدنام نہ کیا گیا ہو؛ غیر رو سیاہ۔ (۲) غیر تاریک؛ غیر سیاہ؛ جسے تاریک یا سیاہ نہ کیا گیا ہو۔

Unblam(e)able : (a) ناقابلِ ملامت؛ بے قصور؛ بے گناہ؛ پاک ؛ معصوم۔

Unblam(e)ableness : (n) ناقابل ملامت ہونا؛ بے قصوری ؛ بے گناہی؛ پاکی؛ عصمت۔

Unblam(e)ably : (adv.) بے قصور انداز میں ؛ بے گناہی سے؛ معصومانہ۔

Unblamed : (a) غیر ملزم؛ جس پر الزام نہ ہو؛ جسے قابل گرفت نہ قرار دیا گیا ہو؛ جو ملزم نہ ٹھہرایا گیا ہو۔

Unblanched : (a) جسے رنگ دھو کر سفید نہ کیا گیا ہو؛ دیکھو Unbleached۔

Unblasted : (a) جس پر پالے یا لو کا اثر نہ ہوا ہو؛ جو گھمسا یا امسا ہوا نہ ہو؛ جس میں کیڑے نہ لگے ہوں؛ تازہ؛ صاف؛ بے داغ۔

Unbleached : (a) بے رنگ اڑایا ہوا؛ جسے رنگ اڑا کر سفید نہ کر دیا گیا ہو۔

Unblemished : (a) (اخلاقی اعتبار سے) بے عیب؛ بے نقص؛ بے داغ۔

Unblenched : (a) (۱) بے خوف؛ جو ڈرا نہ ہو؛ غیر خائف۔ (۲) دیکھو Undaunted۔

Unblenching : (a) بے جھجک؛ بے خوف؛ غیر خائف؛ نڈر؛ نہ ڈرنے والا۔

Unblenchingly : (adv.) بے جھجک طور پر؛ نڈر ہو کر؛ بے خوف انداز میں۔

Unblended : (a) غیر مرکب؛ بے آمیزش؛ غیر مخلوط۔

Unblent : (a) دیکھو Unblended

Unbless : (v) (۱) غیرمقدس کرنا؛ ناپاک کرنا؛ اپوتر کرنا۔ (۲) بد دعا دینا ؛ لعنت کرنا۔ (۳) عذاب دینا؛ نزول غضب ہونا؛ فضل کا سایہ سر سے کھینچ لینا۔

Unblessed : (a) (۱) غیر مقدس؛ اپوتر؛ جسے باضابطہ طور پر مقدس نہ بنایا گیا ہو یا پوتر نہ کیا گیا ہو؛ فضل و برکت سے محروم یا مستثنیٰ کیا ہوا؛ غیر متبرک؛ نا مبارک؛ منحوس؛ جس پر سے فضل و برکت کا سایہ ہٹالیا گیا ہو؛ جس پر فضل و برکت کا نزول ہی نہ ہو۔ (۲) بد بخت؛ بد نصیب؛ بد قسمت؛ کم بخت؛ آفت زدہ؛ مصیبت زدہ۔ (۳) ناپاک؛ خبیث؛ برا؛ بد؛ گناہگار؛ بد شعار؛ شریر؛ ظالم؛ لعنتی؛ لعین؛ ملعون۔ (٤) لطف وعنایت یا مسرت سے محروم۔

Unblessedness : (n) (۱) غیر متبرک ہونا؛ نامبارک یا منحوس ہونا۔ (۲) بد بختی ؛ بد نصیبی۔ (۳) خباثت؛ بد شعاری؛ شرارت؛ لعنت؛ ملعونیت۔

Unblest : (a) دیکھو Unblessed

Unblighted : (a) جس پر پالے یا لو کا اثر نہ ہوا ہو ؛ جو گھمسا یا اُمسا ہوا نہ ہو؛ جس میں کیڑے نہ لگے ہوں؛ تازہ؛ صاف؛ بے عیب؛ بے داغ۔

Unblightedly : (adv.) بے داغ طور پر؛ بے عیب انداز میں ؛ تازہ بہ تازہ؛ تازگی کے ساتھ۔

Unblind : (a) اندھے پن سے نجات دلانا؛ آنکھیں کُھلوانا؛ آنکھوں سے پردہ ہٹانا؛ فریبِ نظر دور کرنا؛ دھوکے سے نجات دلانا؛ دامِ فریب سے آزاد کرنا۔

Unblinded : (a) جسے اندھا نہ بنایا گیا ہو یا جو دھوکے میں نہ ہو؛ اندھے پن یا فریب سے نجات یافتہ؛ غیر فریب خوردہ؛ جس نے دھوکا نہ کھایا ہو۔

Unblindfold : (v) آنکھوں سے پٹی کھولنا۔

Unblinking : (a) (۱) آنکھیں نہ جھپکانے والا ؛ بے جھجک ؛ بیباک۔ (۲) جو دیکھنے میں مشکوک، جذباتی یا پراگندہ و پریشان نہ معلوم ہو۔ (۳) جو پرکھنے پر محتاط، راست باز اور بیباک ثابت ہو۔

Unblinkingly : (adv.) بے جھجک یا بیباک طور پر ؛ بیبا کانہ ؛ راست بازی سے؛ محتاط انداز میں۔

Unblissful : (a) جسے روحانی مسرت نہ حاصل ہو؛ نامسعود؛ نامسرور؛ ناخوش۔

Unblock : (v) (۱) روک ہٹانا۔ (۲) (تاش) (کسی رنگ کے) پتے اس طرح کھیلنا کہ آخری پتا ساتھی کے بڑے پتے سے کٹ جائے جس کے پاس دیگر پتے ایسے ہوں جن سے وہ مزید ہاتھ بنا سکتا ہو۔

Unblocked : (a) جس کی شکل کسی قالب کے ذریعہ نہ بنائی گئی ہو۔

Unblooded : (a) (۱) غیر خون آلود؛ جو خون آلود نہ ہو۔ (۲) غیر اصیل؛ کم نسل (گھوڑا)۔

Unbloodied : (a) دیکھو Unblooded

Unbloodily : (adv.) بغیر خونریزی کے ؛ بے کشت و خون کے؛ غیر خون آلود طور پر؛ غیر خونخوار انداز میں؛ غیر خونخوارانہ۔

Unbloody : (a) (۱) جس میں (زیادہ یا بالکل) خونریزی نہ ہوئی ہو؛ بغیر خونریزی کا؛ غیر خونی؛ بے کشت وخون۔ (۲) بغیر خون گرائے ہوئے؛ بغیر خون بہائے؛ جس میں خون نہ بہایا گیا ہو؛ (دینیات) غیر خونی (نذر یا قربانی)؛ (خصوصاً) متبرک روٹی۔ (۳) غیر خون آلود؛ جو خون میں رنگا نہ ہو۔ (٤) جو خون کا پیاسا نہ ہو؛ غیر خونخوار؛ غیر ظالم۔

Unbloody grave : (n) قبر جو کسی مقتول کی نہ ہو؛ جو قبر خونریزی یا کشت و خون میں مارے گئے شخص کی نہ ہو۔

Unbloody offering/- sacrament : (n) غیر خونی نذر یا قربانی؛ (مراد) عشائے ربانی کی متبرک روٹی۔

Unbloody sacrifice : (n) دیکھو Unbloody offering

Unblotted : (a) بے داغ؛ بے عیب؛ بے نقص؛ خالص؛ غیر آلودہ؛ غیر ملوث؛ پاک؛ اچھوتا۔

Unblown : (a) (۱) جو ہوا سے نہ اڑایا گیا ہو؛ جسے ہوا نے نہ اڑایا ہو۔ (۲) جو بجایا نہ گیا ہو (پھونک کر)۔

Unblown : (a) (پھول) بن کھلا؛ ناشگفتہ؛ منہ بند؛ جو ابھی کھلا نہ ہو؛ جو کلی سے پھول نہ بن سکا ہو۔

Unblunted : (a) نا کند؛ جسے کند نہ کیا گیا ہو ؛ تیز ؛ دھاردار۔

Unblurred : (a) غیر مسخ شدہ؛ جسے دھندلایا نہ گیا ہو؛ جسے بگاڑا نہ گیاہو؛ جسے مٹایا نہ گیا ہو۔

Unblushing : (a) (۱) غیر شرمیلا؛ نہ شرمانے والا۔ (۲) بے شرم؛ ڈھیٹ؛ بے شرمی کا؛ ڈھیٹ پن کا؛ غیر خجل؛ غیر منفعل۔

Unblushingly : (adv.) نہ شرماتے ہوئے؛ بے شرمی سے؛ ڈھیٹ پن سے؛ غیر منفعل انداز میں۔

Unblushingness : (n) غیر شرمیلاپن؛ بے شرمی؛ ڈھیٹ پن۔

Unboastful : (a) غیر شیخی باز؛ غیر لاف زن؛ جو ڈینگیا نہ ہو؛ منکر۔

Unboastfully : (adv.) غیر شیخی باز انداز میں؛ منکسرانہ۔

Unboasting : (a) شیخی نہ بگھارنے والا؛ ڈینگیں نہ ہانکنے والا؛ خود ستائی نہ کرنے والا۔

Unbodied : (a) (۱) بے جسم؛ جو جسم سے علاحدہ ہو چکا ہو۔ (۲) غیرمادی؛ لاجسمی؛ غیر جسمانی؛ جو مادی یا جسمانی شکل میں نہ ہو۔ (۳) بے شکل؛ بے ہئیت؛ جس کی کوئی معینہ صورت یا شکل نہ ہو۔

Unbodily : (a) بے جسم؛ غیر جسمانی؛ غیر مادی؛ روحانی۔

Unbody : (v) بے جسم کرنا؛ جسم سے جدا کردینا؛ ظاہری شکل و صورت سے محروم کر دینا؛ غیر مجسم بنا دینا؛ جسمانیت یا مادیت کو دور کرنا؛ تجرید کرنا۔

Unboiled : (a) بغیر ابلا ہوا؛ بغیر ابالا ہوا؛ غیر جوشاندہ۔

Unbolt : (v) (۱) (دروازے کا) کھلی ہوئی چٹخنی والا ہونا؛ کھلا ہونا۔ (۲) چٹخنی ہٹانا؛ چٹخنی ہٹا کر دروازہ کھولنا۔

Unbolted : (a) (۱) کھلا ہوا؛ چٹخنی ہٹایا ہوا (دروازہ)؛جس کی چٹخنی نہ لگائی گئی ہو؛ وا۔ (۲) جو چٹخنی لگا کر بند کیا ہوا نہ ہو۔

Unbolted : a) [UN- + see BOLT (v)] بے چھنا ہوا؛ جسے (چھلنی وغیرہ میں) چھانا نہ گیا ہو؛ (مجازاً) جس کی چھان بین نہ ہوئی ہو؛ بے چھان بین؛ بے جانچی ہوئی۔

Unbone : (v) (گوشت سے) ہڈی نکالنا؛ ہڈیاں الگ کرنا؛ مچھلی سے کانٹے الگ کرنا۔

Unboned : (a) بے استخواں؛ ہڈی نکالا ہوا (گوشت)؛ کانٹا نکالی ہوئی (مچھلی)۔

Unbonnet : (v) (۱) ٹوپی اتارنا۔ (۲) ٹوپی اتار کر سلام کرنا؛ (احتراماً) ٹوپی اتارنا۔

Unbonneted : (a) بے ٹوپی کا؛ ٹوپی نہ پہنے ہوئے؛ ننگے سر (خصوصاً احترام کے خیال سے)؛ ننگا (سر)؛ جس پر ٹوپی نہ ہو۔

Unbooked : (a) (۱) بے رجسٹری؛ غیر رجسٹرڈ؛ غیر مندرج؛ غیر رجسٹری شدہ۔ (۲) بغیر بک کیا ہوا؛ جسے پہلے سے بک نہ کرا لیا گیا ہو۔ (۳) کتابی معلومات نہ رکھنے والا؛ جسے کتابی معلومات نہ ہوں۔

Unbookish : (a) (۱) غیر کتب بیں؛ جسے کتب بینی کا شوق نہ ہو۔ (۲) غیر کتابی۔ (۳) جو کتاب کا کیڑا نہ ہو؛ جس کا علم کتابی نہ ہو؛ غیر عالم؛ جاہل۔

Unboot : (v) جوتا اتارنا۔

Unbored : (a) بے برمایا؛ بغیر برمایا ہوا ؛ جسے برما کر چھید نہ ڈالا گیا ہو؛ جس میں سوراخ نہ کیا گیا ہو ؛ بغیر بورنگ کیا ہوا۔

Unborn : (a) (۱) نازائیدہ۔ (۲) ہنوز نازائیدہ؛ مستقبل؛آئندہ۔

Unborrowed : (a) غیر مستعار؛ جوعاریتاً نہ لیا گیا ہو؛ جو قرض یا ادھار کے طور پر نہ لیا گیا ہو۔

Unbosom : (v) (۱) اپنے دل کا حال کہنا؛ دل کھول کر بیان کرنا؛ راز نہ رکھنا؛ سب کچھ ظاہر کردینا؛ دل کی کہنا۔ (۲) بیان کرنا؛ ظاہر کرنا (جذبات، خیالات، راز وغیرہ)؛ راز دل کہنا؛ انکشاف کرنا۔ (۳) بیان کرنا ؛ ظاہر ؛ نظر کے سامنے لانا۔

Unbottomed : (a) بے پیندے کا؛ بے تھاہ؛ بے ٹھور ٹھکانے؛ غیر معین؛ متغیر؛ تغیر پذیر۔

Unbottomed : (a) (۱) جس کی تہ کا پتہ نہ چلے؛ اتھاہ؛ بےتھاہ؛ جس کی تھاہ نہ ملے۔ (۲) بے بنیاد۔

Unbought : (a) بغیر خریدا ہوا؛ جسے خریدا نہ گیا ہو۔

Unbound : (a) (۱) بغیر بندھا؛ کھلا ہوا؛ جسے باندھا نہ گیا ہو۔ (۲) غیر ممنون؛ جو کسی کے زیرِ احسان نہ ہو؛ جو کسی کا مرہون منت نہ ہو؛ غیر پابند؛ غیر مجبور؛ آزاد۔ (۳) جو کسی مضبوط بندھن یا کور کے ذریعہ محفوظ نہ بنایا گیا ہو؛ بے مغزی؛ بے حاشیہ؛ جس کا کنارہ مضبوط نہ ہو؛ بغیر باندھ کا؛ بے باندھ۔ (٤) (کتاب) غیر مجلد۔

Unbounded : (a) (۱) غیر محدود؛ جس کی وسعت یا مقدار کو محدود نہ کر دیا گیا ہو۔ (۲) نا محدود؛ لاانتہا؛ بے پایاں؛ لا منتہائی؛ بے حد؛ تمام حدود سے گذرجانے والا؛ بے ضبط ؛ بے قابو۔

Unboundedly : (adv.) غیر محدود طورپر؛ بے حد؛ بے پایاں انداز میں۔

Unboundedness : (n) غیر محدودیت؛ لا متناہیت؛ بے پایانی۔

Unbowed : (a) (۱) جو نہ جھکا ہو۔ (۲) غیر مغلوب؛ غیر مفتوح۔

Unbowel : (v) (۱) آنتیں نکال ڈالنا۔ (۲) زمین کے اندر کی چیز کھود کر نکالنا؛ پوشیدہ چیز کو ظاہر کرنا۔

Unbowelled : (a) آنتیں نکالا ہوا؛ جس کی آنتیں نکا ل دی گئی ہوں؛ آنتوں سے نکالا ہوا؛ جو آنتوں سے نکال دیا گیا ہو۔

Unbox : (v) صندوق سے نکالنا۔

Unbrace : (v) (۱) تسمے کھول دینا؛ پٹی کھول دینا۔ (۲) تناؤ دور کرنا؛ ڈھیلا کرنا؛ سکون پہنچانا (اعصاب کو)۔

Unbraced : (a) کھلا ہوا (بخلاف کسا ہوا)؛ ڈھیلا (کیا ہوا)۔

Unbraid : (v) رسی کے بل کھول دینا؛ لڑیں الگ کرنا۔

Unbraided : (a) کھلی ہوئی، بغیر بٹی ہوئی (رسی)۔

Unbranched : (a) (۱) بے شاخ؛ جس میں شاخیں نہ ہوں۔ (۲) غیر شاخدار۔ (۳) جس کا سالمہ ایٹموں کا سیدھا سلسلہ رکھتا ہو۔

Unbranching : (a) جس میں شاخیں نہ پھوٹیں؛ غیرشاخ آور۔

Unbranded : (a) بے مارکہ ؛ بے نشان؛ (وہ چیز) جس پر اس کے مالک کا نام یا نشان نہ موجود ہو۔

Unbreakable : (a) ناقابل شکست؛ جو معمولی استعمال سے نہ ٹوٹے۔

Unbreakfasted : (a) (۱) جس نے صبح کا ناشتہ نہ کیا ہو؛ نہار منہ؛ باسی منہ ۔ (۲) جس کو ناشتہ نہ دیا گیا ہو ۔

Unbreaking : (a) نہ ٹوٹنے والا؛ مضبوط؛ چمڑا ۔

Unbreathable : (a) جہاں یا جس میں سانس لینا ممکن نہ ہو؛ ناقابل تنفس؛ ناقابل انفاس ۔

Unbreathed : (a) (۱) جس کی سانس نہ پھولی ہو ۔ (۲) جس پر سانس نہ چھوڑی گئی ہو؛ (مجازاً) جس کو متاثر نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) جس نے سانس نہ لی ہو ۔ (٤) جو کہا یا بولا نہ گیا ہو؛ ناگفتہ؛ جس نے کہا نہ ہو ۔

Unbred (a) (۱) نازائیدہ؛ ناپروردہ ۔ (۲) غیر تربیت یافتہ؛ بے تربیت؛ جس نے (کسی پیشے میں) تربیت نہ حاصل کی ہو ۔

Unbreech : (v) (۱) توپ کی بریچ کا کھٹکا کھول دینا ۔ (۲) برجس اتارنا ۔

Unbreched : (a) بغیر برجس کے؛ برجس نہ پہنے ہوئے ۔

Unbrewed : (a) ناپختہ؛ جس میں خمیر نہ اٹھایا گیا ہو ؛ غیر خمیرہ ۔

Unbribable : (a) رشوت سے بالا تر؛ غیر رشوت خور ؛ جسے رشوت دے کر آمادۂ کار نہ کیا جا سکے ۔

Unbribed : (a) جس نے رشوت نہ لی ہو ۔

Unbrick : (v) اینٹوں میں نہ چننا؛ اینٹوں سے نکالنا ۔

Unbricked : (a) اینٹوں میں نہ چنا ہوا؛ اینٹوں سے نکالا ہوا۔

Unbridgeable : (a) جسے پاٹا نہ جا سکے؛ جس پر پل نہ بنایا جا سکے ۔

Unbridged : (a) جسے پل کے ذریعہ پار نہ کیا گیا ہو ؛ بغیر پل کا؛ جس پر پل نہ ہو ۔

Unbridle : (v) (۱) گھوڑے کی لگام اتارنا یا ہٹانا؛ آزاد کرنا ۔ (۲) رکاوٹ دور کردینا؛ کھول دینا (خصوصاً زبان)۔

Unbridled : (a) (۱) آزاد؛ غیر محکوم؛ مطلق العنان؛ جس پر کوئی پابندی یا روک ٹوک نہ ہو؛ سرکش؛ خود سر؛ ہٹدی؛ خود رائے؛ بے نکیل؛ بے مہار؛ بے لگام ؛ بے روک ؛ بے ضبط ؛ بے قابو ؛ شدید ۔ (۲) جسے لگام نہ مہیا کی گئی ہو؛ جسے لگام نہ دی گئی ہو؛ بغیر لگام کا ۔

Unbridledly : (adv.) خود سر طور پر ؛ بے روک ٹوک؛ آزادانہ ؛ سرکش انداز میں ؛ بے لگام ہوکر؛ بے ضبط انداز میں؛ شدید طور پر ۔

Unbriefed : (a) غیر ملخص؛ جس کا خلاصہ تیار نہ کیا گیا ہو۔

Unbroached : (a) بغیر چھیدا ہوا؛ جسے برمایا نہ گیا ہو؛ جس میں سوراخ نہ کیا گیا ہو؛ جس میں چھید کر کے یا جس کا منہ کھول کر کچھ نکالا نہ گیا ہو؛ جسے چھیڑا نہ گیا ہو ۔

Unbroke : (a) (۱) غیر شکستہ؛ سالم؛ سلامت ۔ (۲) غیر مغلوب؛ سرکش ۔ (۳) غیر منقطع ؛ مسلسل ۔ (٤) غیر مغلوب؛ جس پر کوئی سبقت نہ لے جاسکا ہو ۔ (٥) بے پھیرا ہوا (گھوڑا)؛ غیر تربیت یافتہ ۔ (٦) (زمین) بغیر جوتی ہوئی؛ بغیر ادھیڑی ہوئی ۔ (۷) (فوجی دستہ) غیر منتشر؛ مرتب؛ منضبط ۔

Unbroken : (a) دیکھو Unbroke

Unbrokenly : (adv.) مسلسل؛ غیر منقطع طور پر؛ سلامتی سے؛ غیر منتشر طور پر؛ منضبط ہو کر ۔

Unbrokenness : (n) تسلسل؛ مسلسل یا غیر منقطع ہونا؛ سالمیت۔

Unbrother : (v) بھائی کے رتبے سے محروم کرنا؛ درجۂ اخوت سے محروم کرنا؛ بھائی نہ سمجھنا؛ محروم اخوت کرنا؛ برادری سے باہر کرنا ۔

Unbrotherly : (a) غیر برادرانہ؛ جو بھائی کے شایان نہ ہو؛ نا مہربانی کا ۔

Unbrought : (a) نہ لایا ہوا؛ غیر آمادہ؛ جسے لایا نہ گیا ہو یا آمادہ نہ کیا جا سکا ہو ۔

Unbruised : (a) بے خراش؛ بے رگڑ؛ ناضرب پذیر (شکار)؛ جو چوٹ کھایا ہوا نہ ہو؛ بے داغ ۔

Unbrushed : (a) ناصاف؛ بغیر جھاڑا ہوا؛ بغیر صاف کیا ہوا؛ بغیر رگڑا ہوا ۔

Unbuckle : (v) (۱) بکسوا کھولنا؛ (تسمے، جوتے وغیرہ کا)؛ کھولنا؛ آزاد کرنا ۔ (۲) (بیلٹ یا لباس وغیرہ کا) بکسوا کھولنا؛ ڈھیلا کرنا یا ہونا ۔

Unbuckled : (a) جس کا بکسوا کھلا ہو؛ کھلا ہوا؛ آزاد؛ ڈھیلا ۔

Unbudded : (a) بے غنچہ؛ جو غنچہ دار نہ ہو؛ جس میں کلیاں نہ نکلی ہوں ۔

Unbuild : (v) ڈھانا؛ منہدم کرنا؛ مسمار کرنا ۔

Unbuilt : (a) (۱) غیر تعمیر شدہ؛ جو (ابھی) نہ بنا ہو؛ جس کی تعمیر نہ ہوئی ہو ۔ (۲) بے عمارت (جگہ)؛ جہاں یا جس پر عمارتیں نہ بنی ہوں؛ غیر آباد۔

Unbulky : (a) غیر جسیم؛ جو لحیم شحیم یا بھا ری جسامت والا نہ ہو؛ معمولی جسامت والا ۔

Unbundle : (v) گٹھر کھولنا ۔

Unbung : (v) ڈاٹ کھولنا؛ ڈاٹ نکالنا یا ہٹانا ۔

Unburden/Unburthen : (v) (۱) بوجھ اتارنا ۔ (۲) (کسی کے سامنے اعتراف گناہ وغیرہ کے ذریعہ) دل کا بوجھ اتارنا؛ (مجازاً) فاش کرنا؛ ظاہر کرنا؛ اقرار یا اعتراف کرنا ۔

Unburdened : (a) جس پر بوجھ نہ ہو؛ بوجھ سے خالی، ہلکا؛ فکروں سے آزاد ۔

Unburied : (a) غیر مدفون؛ جسے دفن نہ کیا گیا ہو ۔

Unburned : (a) (۱) جو آگ میں جل کر ختم نہ ہو گیا ہو؛ جسے آگ نے جلا نہ ڈالا ہو؛ جو نذر آتش نہ ہو گیا ہو ؛ نا سوختہ ؛ غیر نذر آتش شدہ ۔ (۲) ناپختہ؛ جسے آگ میں پکایا یا تپایا نہ گیا ہو؛ خام؛ کچا؛ بغیر پکا ہوا (چونا، مٹی، اینٹ وغیرہ)۔

Unburnished : (a) بے پالش؛ بے صیقل؛ غیر مجلّٰی ؛ ناصاف؛ جلانا کردہ ۔

Unburnt/Unburned : (a) دیکھو Unburned

Unburst : (a) جو پھٹا نہ ہو؛ جو پھٹ کراڑا نہ ہو؛ درست؛ سالم۔

Unburthen : (v) دیکھو Unburden

Unbury : (a) (۱) کھود کر نکالنا؛ گڑی ہوئی چیز کھودنا؛ مدفون یا دفینے کو کھود کر نکالنا ۔ (۲) تفتیش سے معلوم کرنا؛ گڑے مردے اکھیڑنا ۔

Unbusied : (a) نا مشغول (شاذ) ۔

Unbusinesslike : (a) خلاف اصول کاروبار؛ بے اصول ۔

Unbusy : (v) نامشغول؛ فارغ؛ خالی؛ غیر معروف؛ غیر مشغول؛ فرصت کا ۔

Unbuttered : (a) بے مکھن کا؛ بغیر مکھن لگا ۔

Unbutton : (v) کوٹ وغیرہ کے بٹن کھولنا؛ کسی کے بٹن کھولنا؛ لباس ڈھیلا کرنا؛ (مجازاً، روز مرہ) آزاد ہونا؛ بے تکلف ہونا ۔

Unbuttoned : (a) (۱) بے بٹن؛ بغیر بٹن کا؛ بٹن کھلا ہوا؛ کھلا ہوا؛ جس کے بٹن کھول دیئے گئے ہوں ۔ (۲) بے روک؛ بے باک؛ آزاد ۔ (۳) کمزور؛ ناپائدار؛ مضبوطی یا پائیداری سے محروم کیا ہوا ۔

Unbuttressed : (a) بے پشتہ؛ بے سہارا؛ بے اژواز؛ بے حمایت ۔

Uncage : (v) پنجرے سے نکالنا؛ آزاد کرنا ۔

Uncaged : (a) پنجرے سے نکالا ہوا؛ آزاد؛ بے قید ۔

Uncalcined : (a) غیرتکلیس شدہ؛ کشتہ نہ شدہ؛ جسے جلا کر راکھ نہ کیا گیا ہو ۔

Uncalculated : (a) بے حساب؛ بے اندازہ؛ بے شمار؛ نامناسب؛ ناموزوں؛ بغیر سوچا بچارا ہوا ۔

Uncalculating : (a) نا مناسب؛ جو انداز و احصاء پر مبنی نہ ہو؛ بے اندازہ؛ بے حساب؛ بے غرضانہ؛ بغیر سوچا بچارا ہوا ۔

Uncalculatingly : (adv.) بغیر سوچے بچارے ؛ بے غرضانہ؛ بے اندازہ یا بے حساب طور پر؛ بے غرض ہو کر ۔

Uncalendared : (a) غیر مرتب؛ جسے درج رجسٹر نہ کیا گیا ہو؛ جس کی فہرست نہ بنائی گئی ہو؛ غیر فہرست شدہ؛ غیر مندرجہ ۔

Uncalled : (a) (۱) بے طلب؛ بن بلایا؛ بے دعوت؛ (معاشیات) نا طلبیدہ ۔ (۲) غیر ناجی؛ غیر مقدس ۔

Uncalled capital : (a) (معاشیات) نا طلبیدہ سرمایہ ۔

Uncalled for : (a) (۱) بے موقع؛ بے تکا ۔ (۲) گستاخانہ؛ جو دخل درمعقولات سمجھا جائے؛ غیرضروری ۔

Uncallow : (v) سطح زمین کی اوپری پرت کو ہٹادینا؛ سطح زمین کی اوپری پرت کا صاف ہونا ۔

Uncallow : (n) سطح زمین کی اوپری پرت جو دوسری پرت کے اوپر ہوتی ہے ۔

Uncalm : (v) بے سکون کرنا؛ بے چین کرنا؛ غیر مطمئن کرنا؛ غیر ساکن کرنا ۔

Uncambered : (a) غیر محدب؛ غیر خمیدہ ۔

Uncancelled : (a) غیر مسترد؛ غیر منسوخ ۔

Uncandid : (a) غیر صادق؛ غیر مخلص؛ غیر صادقانہ؛ غیر مخلصانہ ۔

Uncandidly : (adv.) غیر مخلصانہ طور پر ۔

Uncandidness : (n) غیر مخلص ہونا ۔

Uncandour : (n) بد باطنی؛ ناراستی ۔

Uncannily : (adv.) بھیانک طور پر؛ڈراؤنے انداز میں؛ ناقابلِ اعتبار طور پر؛ خطرناک انداز میں ۔

Uncanniness : (n) پر اسرار یا غیر طبعی ہونا؛ بھیانک پن؛ سراسیمہ کن ہونا؛ خطرناک؛ حیرتناکی ۔

Uncanny : (a) (۱) ناقابل اعتبار ؛ پُر اسرار؛ (نفسیات) بھیانک ؛ ڈراؤنا؛ غیر طبعی؛ غیر قدرتی؛ سراسیمہ کن؛ حیرتناک ۔ (۲) خطرناک؛ غیر محفوظ ۔

Uncanonical : (a) (۱) کلیسائی قوانین کے منافی؛ پا دریوں کے طریقے یا اصول کے خلاف ۔ (۲) غیر شرعی؛ خلافِ شرع؛ خلافِ قانون؛ خلافِ انجیل؛ غیر مستنَد ۔

Uncanonically : (adv.) کلیسائی قوانین کے خلاف ہوکر؛ غیر شرعی طور پر؛ غیر مستند طور پر ۔

Uncanonicalness : (n) غیر شرعی یا غیر مستند ہونا ۔

Uncanonize : (v) اولیاء کی فہرست سے خارج کرنا؛ ولی نہ سمجھنا؛ مذہبی تسلیم نہ کرنا؛ شرعاً ناجائز قرار دینا ۔

Uncanonized : (a) جو ولی نہ قرار دیا گیا ہو؛ جسے اولیاء کی فہرست سے خارج کر دیا گیا ہو ۔

Uncap : (v) ٹوپی اتارنا ۔

Uncapable : (a) ناقابل؛ ناموزوں؛ نالائق ۔

Uncapacious : (a) تنگ؛ غیر کشادہ؛ غیر فراخ ۔

Uncapped : (a) ننگے سر؛ ٹوپی نہ پہنے ہوئے؛ ٹوپی اتارے ہوئے ۔

Uncapsizable : (a) جو الٹ نہ سکے؛ جسے الٹا یا پلٹا نہ جا سکے (جہاز، کشتی وغیرہ) ۔

Uncaptived : (a) جسے قید میں نہ لیا گیا ہو؛ غیر مقید؛ جسے قید سے رہا کر دیا گیا ہو (متروک) ۔

Uncardinal : (v) کارڈینل کے عہدے سے بر طرف کرنا ۔

Uncared-for : (a) بے پروائی یا بے توجہی کا شکار؛ جو کسمپرسی میں ہو ۔

Uncareful : (a) (۱) لاپروا؛ بے پروا؛ بے خبر؛ بے ہوش ۔ (۲) بے فکر؛ بے تردد ۔ (۳) مطمئن؛ پر سکون ۔

Uncarefully : (adv.) بے خبری سے؛ بے پروائی سے؛ بے فکری سے؛ پر سکون انداز میں ۔

Uncaring : (a) بے پروا؛ بے فکر؛ کسی بات کی پروا یا فکر نہ کرنے والا؛ بے فکرا ۔

Uncarpeted : (a) بے فرش؛ بے قالین ۔

Uncarried : (a) بغیر ڈھویا ہوا؛ جسے ڈھویا یا لے جایا نہ گیا ہو؛ نہ پہنچایا ہوا ۔

Uncart : (v) گاڑی میں سے اتارنا ۔

Uncarved : (a) جس پر کھود کر نقش ونگار نہ بنائے گئے ہوں ؛ غیر منبت شدہ؛ بغیر کاٹا ہوا؛ غیر کندہ ۔

Uncase : (v) (۱) (کسی کو) ننگا کرنا؛ بے لباس کرنا؛ کپڑے اتار لینا؛ (متروک)؛ (اپنا) لباس اتارنا؛ کپڑے اتارنا (متروک) ۔ (۲) ننگا کرنا؛ کھولنا؛ روشنی میں لانا؛ ظاہر کرنا؛ بے نقاب کرنا (متروک) ۔ (۳) صندوق، خانے، کیس وغیرہ سے نکالنا یا باہر لانا؛ (تلوار کو) نیام سے باہر لانا؛ بے نیام کرنا ۔

Uncashed : (a) بغیر بھنایا ہوا (چیک وغیرہ)۔

Uncast : (a) بغیر ڈھالا ہوا۔

Uncastigated : (a) (۱) بے سرزنش؛ بے سزا؛ بے تنبیہ؛ بے تادیب؛ جس کی سرزنش یا گوشمالی نہ ہوئی ہو۔ (۲) (کتاب وغیرہ) غیر ترمیم شدہ؛ غیر اصلاح شدہ؛ بے اصلاح۔

Uncastle : (v) قلعے سے باہر کرنا یا نکالنا۔

Uncastrated : (a) (۱) غیر آختہ؛ بغیر بدھیا کیا ہوا۔ (۲) (کتاب وغیرہ)جسےقابل اعتراض عبارتوں یا لفظوں سے پاک نہ کیا گیا ہو؛ غیر مسخ شدہ (عبارت یا کتاب)۔

Uncatalogued/Uncataloged : (a) (۱) جن کی فہرست نہ مرتب ہوئی ہو؛ بلافہرست۔ (۲) غیرمندرج فہرست۔

Uncatchable : (a) ناقابلِ گرفت؛ جو پکڑا نہ جا سکے یا پکڑے جانے کے لائق نہ ہو۔

Uncate : (a) [f. L. 'uncus'.] (نباتیات) بك دار؛ آنکڑے دار؛ قلابی۔(۲) دیکھو Uncinate ۔

Uncatechized : (a) جسے باضابطہ طور پر مذہبی ہدایات نہ دی گئی ہوں یا جسے مذہب میں باضابطہ طور پر آزمایا نہ گیا ہو۔

Uncatholic : (a) غیر کیتھولك؛ غیر عالمی؛ جو عالمگیر نہ ہو؛ (نیز خاص کر) جو رومن کیتھولك نہ ہو۔

Uncatholic : (n) وہ شخص جو کیتھولك نہیں ہے ؛ غیر کیتھولك شخص۔

Uncaught : (a) ناگرفتار؛ آزاد؛ ناگرفتہ؛ جسے پکڑا نہ گیا ہو ؛غیر مبذول (توجہ وغیرہ)۔

Uncaulked : (a) (جہاز یا کشتی) جس کی درز دوزی نہ ہوئی ہو۔

Uncaused : (a) (۱) غیرمعلول؛ (فلسفہ) بےعلت؛ جو کسی علت کا نتیجہ نہیں بلکہ از خود ہو۔(۲) قدیم ؛ جو حادث نہ ہو؛ جس کی کوئی علت نہ ہو؛ از خود موجود۔

Uncauterized : (a) بن داغا؛ بن جلایا؛ جو کاسٹك یا گرم لوہے وغیرہ سے داغایا جلایا نہ گیا ہو۔

Unceasing : (a) رکنے یا ختم نہ ہونے والا؛ موقوف نہ ہونے والا؛ مسلسل؛ غیر منقطع ؛ غیرمختتم؛ لگاتار؛ پیہم ؛ پے بہ پے؛ متواتر؛ دائمی۔

Unceasingly : (adv.) مسلسل طور پر؛ دائمی طور پر۔

Unceasingness : (n) تسلسل؛ تواتر؛ دوام۔

Unceiled : (a) بے چاندنی کی (چھت)؛ جس میں (لکڑی یا کپڑے کی) چھت گیری نہ لگی ہو۔

Uncelebrated : (a) (۱) جسے باضابطہ یا رسمی طور پر اعزاز نہ بخشاگیا ہو؛ جس کا جشن نہ منایا گیا ہو؛ جس کی محفل نہ رچائی گئی ہو؛ بغیر منایا ہوا؛ بغیر رچایا ہوا۔ (۲) غیر مشہور؛ غیر معروف؛ گمنام۔

Uncelestial : (a) زمینی؛ ارضی؛ دنیاوی؛ غیر آسمانی؛ غیر سماوی۔

Uncemented : (a) بغیر جوڑا ہوا؛ جسے سیمنٹ یا کسی اور چیز کے ذریعہ جوڑا نہ گیا ہو۔

Uncensored : (a) (۱) غیر سنسر شدہ۔ (۲) غیر ممنوع ؛ جس کے اظہار کی ممانعت نہ ہو۔

Uncensorious : (a) غیر عیب جو؛ غیر خردہ گیر؛ غیر حرف گیر۔

Uncensurable : (a) نا قابل ملامت ؛ جو ملامت کے لائق نہ ہو؛ ناقابلِ الزام۔

Uncensured : (a) غیر ملزم؛ غیر متہم؛ جس کو کسی الزام یا تنقید کا ہدف نہ بنایا گیا ہو۔

Uncentre : (v) بے مرکز کرنا؛ مرکز سے ہٹانا۔

Uncentred : (a) بے مرکز؛ مرکز سے ہٹایا ہوا۔

Unceremonious : (a) (۱) غیر رسمی؛ بے تکلفانہ۔(۲) اکھڑپن کا؛ انگھڑ؛ اکھڑ، ناتراشیدہ۔

Unceremoniously : (adv.) غیر رسمی طور پر؛ اکھڑپن؛ بے تکلفی۔

Uncertain : (a) (۱) جسے یقین نہ ہو؛ مذبذب۔(۲) ناقابل اعتبار؛ غیر یقینی ؛ مشتبہ ؛ غیر متیقن۔ (۳) متلون؛ بدلنے والا ۔ (٤) مبہم؛ مشکوك معنی والا؛ غیر واضح؛ غیر مخصوص۔(٥) غیر مستقل؛ متغیر؛ تولہ ماشہ۔

Uncertainly : (adv.) تذبذب کے ساتھ؛ غیر یقینی طور پر؛ ناقابل اعتبار طور پر؛ مشتبہ انداز میں؛ مبہم یا مشکوک طور پر؛ غیر واضح طور پر۔

Uncertainty : (n) (۱) (فلسفہ) عدم یقین؛ شبہ؛ تذبذب؛ لا تیقن ۔ (۲) غیریقینی ہونا؛ ناقابل اعتبار ہونا؛ بے اعتباری ۔ (۳) (نفسیات) تلوّن؛ ہر وقت نئے رنگ بدلنا ۔ (٤) امر غیر مسلّم۔

Bad or void for uncertainty : (قانون) غیر یقینی یا مشکوک ہونے کی وجہ سے باطل یا کالعدم (قرار دیا گیا)۔

Uncertainty principle : (n) (فلسفہ) اصول لا تیقن ۔

Uncertificated : (a) غیر مستند؛ بے سند؛ بے استناد ۔

Uncertified : (a) غیر مستند؛ بے ضابطہ؛ سادہ؛ غیر مصدقہ ۔

Unchain : (v) (۱) زنجیر کھول دینا ۔ (۲) (زنجیر کھول کر) آزاد کردینا ۔

Unchained : (a) بے زنجیر؛ بے قید؛ آزاد ۔

Unchallenged : (a) (۱) غیر متنازعہ : مسلمہ جس میں شبہے یا بحث کی گنجائش نہ ہو ۔ (۲) جو مقابلے کے لئے طلب نہ کیا گیا ہو؛ بے چیلنج ۔

Unchancy : (a) (۱) بےموقع؛ بےوقت ۔ (۲) منحوس؛نامبارک ۔ (۳) مہیب؛ ڈراؤنا؛ خوفناک؛ جس میں دخل دینا، جس کا مقابلہ کرنا یا جس کو مغلوب کرنا خطرے سے خالی نہ ہو ۔

Unchangeable : (a) ناقابل تغیر؛ ناقابلِ تبدیل؛ غیر متبدل؛ غیر متغیر؛ غیرتغیرپذیر؛ تغیر ناپذیر؛ ثابت ۔

Unchangeably : (adv.) غیر متبدلی طریقے پر؛ ناقابلِ تبدیل طور پر ۔

Unchangeableness : (n) غیر متبدل ہونا؛ غیر تغیر پذیری؛ تغیر نا پذیری ۔

Unchanged : (a) غیر متبدل؛ غیر متغیر؛ جس میں تغیر و تبدل واقع نہ ہوا ہو ۔

Unchanging : (a) نہ بدلنے والا؛ مستقل؛ غیر متبدل؛ غیر متغیر؛ غیر تغیر پذیر؛ ثابت ۔

Unchangingly : (adv.) نہ بدلنے والے انداز میں ؛ مستقل طور پر ؛ ثبات کے ساتھ ؛ غیرتغیر پذیر طورپر ۔

Unchangingness : (n) استقلال؛ عدم تغیر؛ نہ بدلنے کی حالت؛ ثبات؛ قیام؛ غیر تغیر پذیری ۔

Unchannelled : (a) (۱) بے نالی؛ بے آبرو ۔ (۲) بے راہ؛ جسے راستہ نہ دیا گیا ہو؛ مسدود؛ بے سبیل ۔

Unchaperoned : (a) بے اتالیق (دوشیزہ) ۔

Uncharactered : (a) (۱) (موسیقی) (آواز) جو کسی حرف یا علامت کے ذریعہ نہ ظاہر کی گئی ہو؛ بے حرف یا بے علامت (آواز) ۔ (۲) جس کا اخلاقی کردار پست ہو ؛ جو اخلاقی کردار سے عاری ہو ۔

Uncharacteristic : (a) غیر امتیازی ؛ غیر طبعی ؛ غیر مخصوص؛ غیر نمایاں ؛ غیر خصوصی؛ غیر خصوصیاتی۔

Uncharacteristically : (adv.) غیر امتیازی طور پر؛ غیر مخصوص انداز میں ؛ غیر خصوصیاتی طور پر ۔

Uncharged : (a) (۱) بغیرلدا ہوا؛ خالی ؛ جس پر کوئی بوجھ نہ لدا ہوا ہو ؛ بے بار ۔ (۲) غیر ملزم؛ نا ملزم؛ جس پرباضابطہ الزام نہ عائد ہوا ہو؛ جسے باضابطہ طور پر ملزم نہ قرار دیا گیا ہو ۔ (۳) جس پر حملہ نہ کیا گیا ہو؛ جس پر دھاوانہ بولا گیا ہو ۔ (٤) (نقابت) بے مارکہ بے تمغہ ؛ جسے مارکہ یا تمغہ نہ ملا ہو ۔ (٥) جس میں گولہ بارود نہ بھرا گیا ہو؛ خالی؛ (برقیات) غیر برقیدہ؛ جسے برقایا نہ گیا ہو؛ بے بار؛ ان برقایا ۔ (٦) مفت؛ بے خرچ؛ بے لاگت؛ جس کی قیمت نہ لگی ہو؛ بے دام؛ بے صرفہ ۔

Uncharged body : (n) (برقیات) بے بار جسم ۔

Unchariot : (v) رتھ سے اتارنا ۔

Uncharitable : (a) عیب جو؛ سخت گیر؛ تنگ دل؛ تنگ دلی کا؛ سخت گیرانہ؛ غیر مخیر؛ غیر فیاض؛ بے فیض؛ سوء ظن کا مادہ رکھنے والا؛ بد باطن؛ بد نفس۔

Uncharitableness : (n) عیب جوئی؛ سخت گیری؛ تنگ دلی؛ سوء ظن کا مادہ؛ بد باطنی؛ بے فیض ہونا ۔

Uncharitably : (adv.) عیب جوئی کے ساتھ ؛ سخت گیرانہ؛ تنگ دلی سے؛ سوء ظن کے ساتھ ؛ بد باطنی سے؛ غیر فیاضانہ ۔

Uncharity : (n) ناہمدردی؛ نامہربانی؛ سخت گیری ؛ سخت دلی؛ بد نیتی؛ بد باطنی؛ نافیاضی؛ بے فیضی؛ بد گمانی۔

Uncharm : (v) (۱) دلربائی یا دلکشی چھین لینا؛ دلکشی سے محروم کر دینا ۔(۲) جادو کے اثر کو دور کرنا ۔ (۳) سحر زدگی سے نجات دلانا؛ جادو منتر کے اثر سے آزاد کرنا ۔

Uncharmed : (a) (۱) جادو کےاثر سے آزاد کیا ہوا ۔(۲) دلکشی سے محروم کیا ہوا؛ غیر دلکش؛ غیر دلفریب ۔

Uncharnel : (v) مردہ خانے سے نکالنا؛ قبر سے نکالنا ۔

Uncharred : (a) بغیر جلایا ہوا؛ جسے جلا کر کوئلہ یا سیاہ نہ کر دیا گیا ہو؛ بغیر جلا ہوا؛ بغیر جھلسا ہوا۔

Uncharted : (a) بے نشان؛ لا معلوم؛ جس کی نشاندہی کسی نقشے یا چارٹ پر نہ کی گئی ہو ؛ غیر قلمبند ۔

Unchartered : (a) (۱) بے چارٹر؛ بے سند شاہی؛ بے ضابطہ؛ بے قاعدہ؛ ناجائز ۔(۲) بے لائسنس؛ بے اجازت؛ ناجائز۔

Unchary : (a) غیر محتاط؛ غیر ہوشیار؛ بے خبر؛ غیر آگاہ؛ ناخبردار ۔

Unchaste : (a) (۱) غیر شستہ ؛ غیر شائستہ ۔ (۲) بدکار ؛ بدچلن؛ ناپاک ۔

Unchastely : (adv.) غیر شستہ یا غیر شائستہ طور پر ؛ بد چلنی سے؛ بدکارانہ ۔

Unchastened : (a) (۱) بے تزکیہء نفس ۔(۲) غیر معتدل ؛ بے روک؛ بے ضبط ۔

Unchasteness : (n) بدکاری؛ بد چلنی؛ بے عصمتی؛ ناپاکی ۔

Unchastised : (a) جس کی تادیب نہ ہوئی ہو ؛ جس کی سرزنش نہ ہوئی ہو ؛ غیر سزا یافتہ؛ غیر تنبیہہ یافتہ؛ جس کی گوشمالی نہ ہوئی ہو ۔

Unchastity : (n) بے عصمتی؛ ناپارسائی؛ بد چلنی؛ بد کاری؛ غیر پاکیزگی؛ ناپاکی ۔

Uncheated : (a) فریب ناخوردہ؛ جسے دھوکا نہ دیا گیا ہو؛ جس نے دھوکا نہ کھایا ہو ۔

Uncheck : (v) (۱) روک نہ لگانا؛ مزاحمت نہ کرنا؛ تعرض نہ کرنا؛ (شطرنج میں) کشت نہ دینا ۔ (۲) جانچ پڑتال عائد نہ کرنا؛ تفتیح نہ کرنا ۔

Unchecked : (a) (۱) بے روک؛ جسے روکا نہ گیا ہو ۔(۲) بغیر جانچاھوا؛ جسے جانچا نہ گیا ہو ۔

Uncheered : (a) جس کی دلداری نہ ہوئی ہو؛ جسے خوش نہ کیا گیا ہو؛ جس کی ہمت نہ بڑھائی گئی ہو؛ غیر تحسین یافتہ؛ جسے شاباشی نہ ملی ہو ۔

Uncheerful : (a) غیر قانع؛ ناخوش؛ ناشاد؛ غیر فرحت بخش؛ غیرمسرت بخش؛ سونا؛ بے رونق؛ افسردہ کن؛ ناخوشگوار؛ غیر روح پرور؛ نارضامند؛ ناراض ؛ غیر شادماں؛ افسردہ؛ غمگین؛ اداس؛ دلگیر؛ ملول ۔

Uncheerfully : (adv.) ناخوشی کے ساتھ؛ ناشاد ہوکر؛ غیر شادماں طور پر؛ نا خوشگوار انداز میں؛ غیر مسرت بخش طور پر؛ سونے پن سے؛ بے رونقی سے؛ افسردگی کے ساتھ۔

Uncheerfulness : (n) ناخوشی؛ ناراضگی؛ ناشادمانی؛ ناخوشگواری؛ غیرمسرت بخش ہونا؛ سوناپن؛ بے رونقی؛ غمگینی؛ اداسی؛ افسردگی؛ افسردہ خاطری۔

Uncheery : (a) ناخوش؛ غیر شادماں؛ نامسرور؛ غیر بشّاش؛ غیرخنداں؛ ملول؛ محزون؛ دلگیر؛ افسردہ؛ ناشاد؛ غمگین؛ اداس ۔

Unchequered : (a) غیر شطرنجی؛ غیر بوقلموں؛ جو رنگا رنگ یا چار خانہ نہ ہو ۔

Uncherished : (a) جسے نوازا نہ گیا ہو؛ جسے سایہء عاطفت میں نہ رکھا گیا ہو؛ جس کی پرورش و پرداخت نہ ہوئی ہو؛ جو کسی کی آنکھوں کا تارا نہ رہا ہو ۔

Unchewed : (a) (۱) بغیر چبایا ہوا؛ جسے چبایا نہ گیا ہو؛ بغیر جگالی کیا ہوا ۔ (۲) جس پر غور نہ کیا گیا ہو؛ بغیر سوچا سمجھا ہوا ۔

Unchid : (a) جس کی تادیب و تنبیہہ یا زجرو توبیخ نہ ہوئی ہو؛ بے تنبیہہ؛ بے تادیب؛ بے ادب ۔

Unchidden : (a) دیکھو Unchid

Unchild : (v) (۱) اولاد سے محروم کرنا؛ بے اولاد کر دینا ۔ (۲) بچکانہ حیثیت یا بچکانہ صفات سے محروم کردینا ۔

Unchilded : (a) (۱) اولاد سے محروم کیا ہوا؛ جسے بے اولاد کر دیا گیا ہو ۔ (۲) بچکانہ حیثیت یا صفات سے محروم کیا ہوا ۔

Unchildlike : (a) غیر بچکانہ؛ غیر طفلانہ؛ غیر معصوم ۔

Unchilled : (a) غیر خنک؛ غیر آزردہ ۔

Unchipped : (a) (۱) (لکڑی) بغیر چھیلی ہوئی؛ جس کی چھپٹی نہ اتاری گئی ہو؛ (پتھر) بغیر توڑا ہوا ۔ (۲) (کشتی) جسے ازنگے پر نہ لگایا گیا ہو ۔

Unchiselled : (a) جو چھینی سے تراشا نہ گیا ہو ۔

Unchivalrous : (a) خلاف شجاعت؛ خلاف مردانگی؛ بانکپن یا نائٹ پن کے اصول کے خلاف؛ غیر شجاعانہ ۔

Unchivalrously : (adv.) خلاف شجاعت انداز میں؛ غیر شجاعانہ ۔

Unchoke : (v) گلا نہ گھونٹنا؛ (گلے میں پھنسی ہوئی چیز کا) نکل جانا؛ پھندا کھولنا (گلے کا)؛ دم نہ گھونٹنا یا نہ گھٹنا ۔

Unchoked : (a) جس کا گلا نہ گھونٹا گیا ہو ۔

Unchosen : (a) غیر منتخب؛ نہیں چنا ہوا؛ جو چنا نہ گیا ہو ۔

Unchristen : (v) (عیسائی کو) غیر عیسائی بنانا؛ عیسائیت کوختم کرنا؛ بپتسمائی نام سے محروم کردینا؛ بپتمسا واپس لے لینا ۔

Unchristened : (a) (۱) غیر عیسائی؛ جو عیسائی نہ بنا ہو؛ جس نے بپتسما نہ لیا ہو؛ بے اصطباغی؛ غیر اہل کتاب ؛ (بچہ) جسے عیسائی نہ بنایا گیا ہو ۔ (۲) جس کا نام نہ رکھا گیا ہو؛ بے نام؛ جس کا کوئی نام نہ ہو ۔

Unchristian : (a) (۱) غیر عیسائی؛ عیسائی عقیدہ نہ رکھنے والا؛ عیسائی اصول و احساسات سے عاری؛ عیسائیوں کےطرز یا طریقے کے خلاف ۔ (۲) غیر نصرانی؛ جو نصرانیوں میں سے نہ ہو؛ غیر عیسائی ۔ (۳) جو کسی عیسائی کے شایان نہ ہو؛ عیسائی اصولوں سے منحرف ۔ (٤) (روز مرہ) تہذیب و شائستگی کے منافی؛ کسی مہذب شخص کو صدمہ پہنچانے والا؛ غیر مہذب؛ وحشیانہ؛ غیر شائستہ؛ تند؛ شدید؛ تندو تیز ۔

Unchristianity : (n) (۱) غیر عیسائیت؛ عیسائی نہ ہونا یا نہ رہنا ۔ (۲) وحشت؛ غیر شائستگی؛ تندی؛ تیزی ۔

Unchristianize : (v) ترک عیسائیت کرانا؛ (عیسائی کو) غیر عیسائی بنانا ۔

Unchristianlike : (a) غیرعیسائی جیسا؛ غیر نصرانی جیسا ۔

Unchristianly : (adv.) (۱) غیرعیسائی ہو کر؛ غیرعیسائیانہ؛ غیرعیسائی طریقے سے ۔ (۲) ناشائستہ انداز میں ؛ تندی سے؛ شدت کے ساتھ ۔

Unchristianness : (n) غیرعیسائیت؛نیز دیکھو Unchristianity -

Unchronicled : (a) بے تاریخ؛ غیر تاریخ وار ۔

Unchronological : (a) (۱) غیر تاریخ وار؛ جو واقعہ نگاری یا علم تاریخ کی رو سے نہ لکھا ہوا ہو؛ جس میں تاریخ وارانہ یا وقائع نگارانہ ترتیب نہ ہو ؛ جسے تاریخ وار ترتیب نہ دیا گیا ہو ۔ (۲) جو علم تاریخ یا واقعہ نگاری میں ماہر نہ ہو ۔

Unchronologically : (adv.) غیر تاریخ وارانہ؛ غیر وقائع نگارانہ ؛ غیر تاریخ وار ترتیب (یا انداز) میں ۔

Unchurch : (v) (۱) کلیسا کی رکنیت سے خارج یا محروم کرنا؛ کلیسائی حقوق سے محروم کر دینا؛ حقہ پانی بند کردینا؛ ذات باہر کر دینا ۔ (۲) (کسی کلیسا، برادری یا قبیلہ وغیرہ کو) کلیسائی امور میں حصہ لینے سے محروم رکھنا یا اسے اپنے زمرے سے خارج کردینا؛ کسی چرچ کو چرچ نہ رہنے دینا؛ (کسی کلیسا کی) مذہبی حیثیت واپس لے لینا؛ چرچ کو (کسی کے) قبضے سے لے لینا یا ہٹا لینا ۔

Unchurched : (a) (۱) ذات باہر؛ برادری سے نکالا ہوا؛ کلیسائی رکنیت سے خارج کیا ہوا ۔ (۲) مذہبی حیثیت سے محروم کیا ہوا (چرچ) ۔ (۳) بے کلیسا؛ جو کسی کلیسا سے منسلک نہ ہو؛ جس کا کوئی کلیسا نہ ہو ۔ (٤) (عورت) جو زچگی کے بعد کلیسا نہ گئی ہو؛ جس نے شکرانہ زچگی نہ ادا کیا ہو ۔

Uncia : (n) [L.] (۱) اونس؛ انچ (پونڈ یا فٹ کا بارھواں حصہ) ۔ (۲) تانبے کا ایک قدیم رومی سکہ جو رومی سکے اس 'AS' کا بارھواں حصہ ہوا کرتا تھا۔

Uncial : (a) (۱) اونس یا انچ سے متعلق؛ بارہ برابر حصوں میں منقسم ۔ (۲) بڑا اور گول (حرف)؛ بڑے اور گول حرف کی (تحریر جس میں حروف ایک دوسرے سے ملے ہوئے نہ ہوتے تھے، یہ قدیم لاطینی اور یونانی مسودوں میں ملتے ہیں)؛ (نیز) بڑا؛ بڑے سائز کا؛ بڑے حروف میں (لکھا ہوا یا کٹا ہوا)۔

Uncial : (n) (۱) بڑا حرف؛ بڑے حروف کی تحریر جو چوتھی صدی عیسوی سے آٹھویں صدی تک کے لاطینی اور یونانی مسودات میں پائی جاتی ہے ۔ (۲) بڑے حروف میں لکھا ہوا مسودہ ۔

Uncialis : (a) [L.] (نباتیات) بک انچی؛ انچیا ۔

Uncialized : (v) (۱) بارہ برابر حصوں میں تقسیم کرنا؛ اونس یا انچ میں بدلنا ۔ (۲) بڑے حروف میں لکھنا۔

Uncially : (adv.) اونس یا انچ کے اعتبار سے؛ بارھویں حصے کے طور پر؛ بارہ برابر حصوں میں منقسم ہو کر ۔ (۲) بڑے حروف میں ۔

Unciferous : (a) (تشریح) بک نما؛ بک کی شکل کا؛ بلب شکل (خصوصاً ہڈی، ابھار وغیرہ)؛ سرخم؛ خمدار؛ بک دار ۔

Unciform : (a) [mod. L. 'unciformis'.] دیکھو Unciferous

Unciform : (n) (تشریح) کلائی کی بک نما ہڈی ۔

Uncinal : (a) دیکھو Unciferous

Uncinate : (a) [L. 'uncinatus'.] (نباتیات) بک دار؛ آنکڑے دار؛ قلابی؛ سرخم؛ (تشریح) بک نما؛ حدبی؛ خمدار ۔

Uncinate : (n) بک نما یا بک نما ابھار؛ قلابی یا حدبی ابھار ۔

Uncinate fit : (n) (طب) واہیت شامّہ ۔

Uncinate process : (n) (تشریح) قلابی زائدہ ۔

Uncinated : (a) حدبی ابھار والا؛ قلابی ابھار والا؛ قلابی زائدہ دار ۔

Uncini : (n) Uncinus کی جمع ۔

Uncinus : (n) [L.f. 'uncus'.] (حیوانیات) بک نما یا زائدہ؛ قلابی عضو یا زائدہ؛ (خصوصاً) قشریوں کے بک نما دندانوں میں سے ایک ؛ خمدار ابریہ ۔ (۲) آنکڑا؛ بک ۔

Uncircumcised : (a) (۱) غیر مختون؛ غیر یہودی؛ غیر عبرانی؛ غیر اسرائیلی ۔ (۲) (مجازاً) کافر؛ جس کا تزکیہء نفس نہ ہوا ہو؛ غیر مطہر؛ ناپاک ۔

Uncircumcision : (n) غیر مختونیت؛ ختنہ نہ ہونا ۔

Uncircumscribed : (a) غیر محدود؛ جس کی حدود مقرر نہ ہوں ؛ بغیر گھرا ہوا؛ غیر احاطہ بند؛ جس کی حد بندی نہ ہوئی ہو؛ غیر تحدید شدہ؛ منطقی بنیاد پر جس کی تعریف و تحدید نہ ہوئی ہو ۔

Uncircumspect : (a) غیر محتاط؛ بے خبر؛ بے ہوش؛ غافل؛ خفتہ۔

Uncircumspection : (n) بے احتیاطی؛ غفلت؛ بے خبری؛ بے ہوشی۔

Uncircumspectly : (adv.) غیر محتاط طور پر؛ بے خبری سے؛ غفلت کے ساتھ؛ غافلانہ ۔

Uncircumstantial : (a) (۱) غیر مفصل؛ غیر تفصیلی ۔ (۲) غیر اتفاقی ۔

Uncited : (a) غیر طلبیدہ؛ غیر مطلوب؛ بے طلب؛ بن بلایا ۔

Uncivil : (a) (۱) غیر مہذب؛ ناشائستہ؛ وحشی؛ جاہل؛ انگھڑ؛ ناتراشیدہ؛ درشت؛ تند خو ۔ (۲) کج خلق؛ گستاخ؛ بد تمیز؛ گستاخانہ؛ کج خلقی یا بد تمیزی کا ۔ (۳) نا مناسب؛ نازیبا؛ نامعقول؛ ناسزا؛ بد مذاقانہ؛ بیہودہ ۔ (٤) معاشرتی یا اجتماعی بہبود کے منافی ۔

Uncivilize : (v) غیر مہذب بنانا؛ غیر متمدن یا وحشی بنانا ۔

Uncivilized : (a) غیر مہذب؛ غیر متمدن؛ وحشی؛ جاہل ۔

Uncivilizedness : (n) وحشت؛ جہالت؛ غیر مہذب یا غیر متمدن ہونا؛ وحشی پن ۔

Uncivilly : (adv.) غیر مہذب انداز میں؛ وحشیانہ؛ ناشائستہ طور پر؛ درشتی سے؛ تند خوئی کے ساتھ؛ کج خلقی سے؛ گستاخی سے؛ بد تمیزی سے؛ بیہودہ انداز میں۔

Unclad : (a) [arch. Pa. t. and pa. pple of unclothe.] : بے لباس ؛ غیر ملبوس؛ ننگا؛ برہنہ؛ عریاں ۔

Unclaimed : (a) لاوارث؛ لاوارثی؛ جس کا وارث یا دعوےدار نہ ہو ؛ لا دعویٰ ۔

Unclamp : (v) شکنجے سے نکالنا؛ شکنجہ ہٹانا ۔

Unclarified : (a) غیر واضح؛ مبہم ۔

Unclasp : (v) (۱) بکسوا ڈھیلا کرنا؛ بند ڈھیلا کرنا ۔ (۲) گرفت ڈھیلی کرنا؛ ڈھیل دینا ۔ (۳) گرفت یا شکنجے سے آزاد کرنا ۔ (٤) گرفت کا ڈھیلا پڑنا۔

Unclasped : (a) ڈھیلا؛ کھلا ہوا؛ آزاد ۔

Unclass : (v) (۱) درجہ بندی یا قسم بندی سے خارج کرنا؛ ذات سے باہر کرنا ۔ (۲) رتبہ گھٹانا؛ بے رتبہ کرنا؛ کم رتبہ کرنا ۔

Unclassed : (a) درجہ بندی سے خارج کیا ہوا؛ ذات باہر کیا ہوا؛ کم رتبہ؛ بے رتبہ ۔

Unclassed forest : (n) (نباتیات) بیرونی جنگل ۔

Unclassical : (a) (۱) غیر کلاسیکی ؛ کم رتبہ ؛ جو مستند یا کلاسیکی احکام کے خلاف ہو ۔ (۲) (طبیعیات) اس قانون، نظریے (کلیے) یا مشاہدے سے متعلق جسے نیوٹنی طبیعیات کی اصطلاحوں میں نہ تو سمجھا جا سکے اور نہ ظاہر کیا جاسکے؛ غیر نیوٹنی ۔

Unclassically : (adv.) غیر کلاسیکی انداز میں؛ غیر کلاسیکی طور پر؛ غیر نیوٹنی انداز میں ۔

Unclassifiable : (a) ناقابلِ قسم بندی؛ ناقابلِ درجہ بندی ۔

Unclassified : (a) (۱) بے درجہ ؛ غیر قسم بند ؛ جسے کسی درجے میں نہ رکھا گیا ہو؛ جو کسی درجے میں نہ ہو؛ جس کی درجہ بندی ہونی ہو ۔ (۲) (وہ دستاویزات) جنہیں ہر شخص دیکھ سکتا ہے (اور جس سے قومی مفاد کو کوئی خطرہ نہیں) ۔

Uncle : (n) [Late. L. 'aunculus'.] (۱) چچا؛ ماموں؛ پھوپھا؛ خالو ۔ (۲) (خود سے بڑے لوگوں کو مخاطب کرنے کے لئے بولتے ہیں) چچا؛ بڑی عمر کا آدمی جس سے بے تکلفی کے تعلقات ہوں ۔ (۳) جرائد و رسائل میں نوجوانوں کے لئے مضامین لکھنے والوں کا خطاب؛ لاسلکی نشر و اشاعت میں اس شخص کا خطاب جو بچوں کے لئے تفریحی پروگرام نشر کرتا ہے ۔ (٤) گروی دار؛ وہ شخص جو چیزیں رہن رکھ کر قرض دیا کرتا ہے ؛ ماموں ۔

Dutch uncle : محاورہ میں مستعمل؛دیکھو محاورہ ۔

To talk to (a person) like a Dutch uncle : محبت آمیز سختی سے گفتگو کرنا؛ بزرگانہ طریقے سے تنبیہہ کرنا ۔

Welsh uncle : ماں یا باپ کا چچیرا بھائی؛ چچیرا چچا یا ماموں ۔

Uncle : (v) (کسی کو) چچا یا ماموں کہہ کر مخاطب کرنا؛ (کسی کو) چچا یا ماموں کہنا ۔

-uncle : (suffix) لاطینی لاحقہ جو بعض اسماء کے آخر میں cule یا culus کی جگہ آتا ہے اور تصغیر کے معنی پیدا کرتا ہے مثلاً 'Carbuncle, Furuncle' انگریزی میں uncule ۔بھی آتا ہے مثلاً Homun-cule ۔

Uncle : (n) پیغام رسانی میں حرف U کو ظاہر کرنے کے لئے علامت کے طور پر بولتے ہیں ۔

Uncle-in-law : (n) : پھوپھا؛ خالو؛ چچیا سسر؛ ممیا سسر؛ خلیا سسر ۔

Uncle-Tom : (n) امریکی حبشی؛ چچا ٹام جو سفید فام امریکیوں کا مطیع اور چاپلوس تھا؛ منکسر مزاج یا اطاعت شعار حبشی؛ وہ حبشی جس کا رویہ یا نظریہ عاجزانہ یا اطاعت شعارانہ ہو ۔

Unclean : (a) [OE. 'uncleane'.] (۱) ناپاک؛ پلید؛ گندہ؛ آلودہ؛ غیر پاکیزہ ۔ (۲) (شرعاً) نجس ۔ (۳) فحش؛ غیر مہذب؛ زشت ۔ (٤) (زبان) میلی؛ جس میں کانٹے پیدا ہو گئے ہوں ۔ (٥) (مچھلی) جو اچھی حالت میں نہ ہو؛ جس کا کھانا مضر صحت ہو؛ جس نے جلد ہی انڈے دیئے ہوں ۔

Unclean spirit : (n) ناپاک روح؛ نفسِ امّارہ ۔

Uncleanly : (a) (۱) (اخلاقی یا روحانی حیثیت سے) ناپاک؛ پلید؛ آلودہ؛ ملوث ۔ (۲) (جسمانی حیثیت سے) گندہ؛ ناپاک؛ نجس؛ میلا؛ ناصاف ۔

Uncleanly : (adv.) ناپاک طور پر؛ آلودہ ہوکر؛ نجس طور پر؛ فحش انداز میں ۔

Uncleanness : (n) ناپاکی؛ گندگی؛ نجاست؛ فحش یا غیر مہذب ہونا۔

Uncleansed : (a) میلا؛ بغیر دھلا ہوا؛ ناصاف؛ جسے جھاڑا پونچھا نہ گیا ہو ؛ جسے دھوکر صاف نہ کیا گیا ہو؛ ناپاک؛ جسے گناہوں سے پاک نہ کیا گیا ہو؛ غیر تندرست؛ جس پر دستِ شفا نہ پھیرا گیا ہو۔

Unclear : (a) ناصاف؛ غیر شفاف؛ غبار آلود؛ ابر آلود؛ داغدار؛ غیر واضح؛ مبہم؛ غیر نمایاں؛ غیر یقینی؛ غیر خالص؛ آلودہ؛ گندہ۔

Uncleared : (a) (۱) غیر صاف؛ غیر بے باق؛ قائم؛ باقی۔ (۲) (زمین وغیرہ) جسے درختوں سے صاف نہ کیا گیا ہو۔ (۳) جس پر تہمت یا الزام باقی ہو۔ (٤) غیر واضح ؛ غیر صریح ؛ غیر مفصل۔ (٥) (سیال) گندہ؛ ناپاک؛ غیر شفاف؛ غیر خالص؛ آلودہ۔

Unclearly : (adv.) گندے طور پر؛ غیر شفاف طور پر؛ مبہم انداز میں؛ غیر واضح طور پر؛ غیر یقینی طور پر؛ غیر خالص طور پر؛ آلودگی کےساتھ۔

Unclearness : (n) گندگی؛ آلودگی؛ غیر خالصیت؛ ابہام؛ غیر شفاف یا غیر واضح ہونا؛ صاف نہ ہونا۔

Unclehood : (n) عمویت؛ چچا یا ماموں وغیرہ ہونے کی حالت ؛ چچا یا ماموں وغیرہ ہونا۔

Unclench : (v) (۱) (مٹھی وغیرہ) کھولنا؛ (زبردستی) کھولنا یا ڈھیلا کرنا؛ بھنچی ہوئی چیز (مثلاً مٹھی یا دانتی) کھولنا۔ (۲) گرفت سے آزاد کرنا؛ شکنجے سے نکالنا؛ گرفت سے آزاد ہونا؛ خلاصی پانا؛ کھلنا۔

Unclerical : (a) پادریوں کے طریقے یا اصول کے خلاف؛ پادریوں کے اسلوب یا تحریر کے خلاف۔

Unclerkly : (a) غیر منشیانہ؛ غیر محررانہ۔

Undercut : (n) (۱) (گائے، بیل کی) پٹھ کے نیچے کا حصہ ۔ (۲) (درخت کے تنے پر) اس جانب بنایا ہوا نشان جس جانب اسے گرانا ہو ۔

Undercut : (v) (۱) جڑ یا نیچے کے حصے کو کاٹنا ۔ (۲) (کندہ کاری میں) آس پاس سے کھود کر ابھرواں کام بنانا ۔ (۳) (گولف وغیرہ کھیلوں میں) گیند کواس طرح مارنا کہ وہ اونچی جائے اور گرنے پر دورتک نہ لڑھکے ۔ (٤) (حریف سے) کم قیمت پر بیچنا ؛ (حریف سے) کم اجرت پر کام کرنا ۔

Undercut : (a) (۱) نیچے سے کٹا ہوا ۔ (۲) آس پاس کھود کر ابھرواں کام بنایا ہوا ۔ (۳) کم قیمت پر بیچا ہوا ۔ (٤) گائے، بھینس یا بچھڑے کے کولہے یا پنڈلی کا نرم گوشت ؛ پٹھ کا گوشت ۔

Undercutter : (n) (کندہ کاری میں) کھودکر ابھرواں کام بنانے کا اوزار ۔

Undercutting : (n) (۱) کھود کر ابھرواں نقشہ بنانے کا کام ۔ (۲) کم قیمت پر بیچنا ۔

Underdeveloped : (a) کم ترقی یافتہ؛مسالے سے ناکافی طور پر دھوئی ہوئی (تصویر) ۔

Underdo : (v) (۱) ضرورت سے کم کرنا؛ (کسی کام کو) نا مکمل یا نا کافی طور پر انجام دینا ۔ (۲) نا کافی طور پر پکانا؛ ادھ گلا رکھنا ۔

Underdog : (n) (۱) لڑائی میں پٹا ہوا؛ (شکست خوردہ) کتا ۔ (۲) (مجازاً) شکست خوردہ یا مغلوب (پارٹی یا گروہ) ؛ مظلوم اور سماجی طور پر کم تر (آدمی) ۔

Underdone : (a) ادھ گلا (گوشت) ۔

Underdraw : (v) (۱) (الفاظ کے)نیچے خط کھینچنا ۔ (۲) (چھت کے اندرونی حصے کو) تختہ، لکڑی کی پتلی پٹی یا پلاسٹر سے ڈھك دینا ۔ (۳) نامکمل، ادھورا نقشہ یا تصویر بنانا ۔

Underdress : (n) زیرِ جامہ؛ نیچے پہننے کا کپڑا ۔

Underdress : (v) بے حد سادہ یا ہلکا لباس پہننا؛ناکافی لباس پہننا ۔

Underdressed : (a) بے حد سادہ لباس پہنے ہوئے ۔

Underfall : (n) پہاڑ کی ترائی کی ڈھال؛ دامنِ کوہ کی ڈھال ۔

Underfed : (a) بھوکا؛ آدھا پیٹ کھائے ہوئے؛ جس کوضرورت سے کم غذا دی گئی ہو ۔

Underfeed : (v) ضرورت سے کم غذا دینا؛ آدھا پیٹ کھلانا ۔

Underfoot : (a) (۱) پاؤں کےنیچے پڑا ہوا ۔ (۲) پامال؛ مظلوم؛ ذلیل ؛ خوار ۔

Underfoot/Underfeet : (adv.) (۱) پاؤں کے تلے؛ زمین پر پڑا ہوا ۔ (۲) (بحری) جہاز کے پیندے کے نیچے ؛ (مجازاً) کمتری اور محکومیت کی حالت میں ۔

Undergo : (v) (۱) جھیلنا؛ بھوگنا (مصیبت، درد، خطرے وغیرہ کو) ۔ (۲) گزرنا (تجربے سے) ۔

Undergrad : (n) Undergraduate کا مخفف ۔

Undergraduate : (n) (۱) یونیورسٹی کا طالب علم جس نے ابھی ڈگری حاصل نہ کی ہو ۔ (۲) (کسی فن میں) غیر ماہر ۔

Undergraduate : (a) غیر سند یافتہ کے مرتبے کا؛ غیر سند یافتہ سے متعلق؛ غیر سند یافتگاں کی خصوصیات کا حامل ۔

Undergraduette : (n) غیر سند یافتہ عورت ۔

Underground : (a) (۱) زمین کی سطح کے نیچے کا؛ زمین دوز ۔ (۲) زمین دوز ریلوے ۔ (۳) پوشیدہ؛ خفیہ (مجازی) ؛ روپوش ۔

Underground : (n) (۱) زمین کے نیچے کا حصہ ۔ (۲) زمین دوز راستہ یا جگہ ۔ (۳) نیچی سطح کی زمین یا درخت کے نیچے کی زمین ۔ (٤) زمین دوز ریلوے ۔ (٥) خفیہ تحریک، گروہ وغیرہ (خصوصاً حکومت وقت اور قائم شدہ نظام کے خلاف) ۔

Underground : (adv.) (۱) زمین کی سطح کے نیچے ۔ (۲) (مجازاً) خفیہ اور پوشیدہ طور پر ۔

Undergrowth : (n) (۱) تل جھاڑی : چھوٹے پودے جو بڑے درختوں کے نیچے اُگے ہوں ۔ (۲) باہری اون کے اندر کے چھوٹے اور باریک بال یا اون ۔ (۳) نیم بالیدگی کی حالت (درخت یا انسان کی) ۔

Underhand : (a) (۱) (تیراکی) جس میں ہاتھ (تیرتے وقت) سطح آب سے نیچے ہی رہے ۔ (۲) (کرکٹ) جس میں گیند ہاتھ نیچا کرکے پھینکا جائے؛ ہاتھ نیچے کرکے پھینکنے والا ۔ (۳) خفیہ ؛ پوشیدہ ۔ (٤) ٹیڑھا؛ بے ایمان (آدمی) ۔

Underhand : (n) ہاتھ نیچے کر کے پھینکا ہوا گیند ؛ ہاتھ نیچے کر کے گیند کا پھینکا جانا ۔

Underhand : (adv.) (۱) زیرنگیں؛ زیر اطاعت؛ قبضہ میں؛ مٹھی میں؛ زیر قوت ۔ (۲) ہاتھ کو نیچے کرکے (کرکٹ) ۔ (۳) خفیہ طور پر؛ چوری سے؛ چھپا کے ۔

Underhanded : (adv.) (۱) ہاتھ نیچے کر کے (کرکٹ میں گیند پھینکنا) ۔ (۲) خفیہ طور پر؛ چوری چھپے ۔

Underhanded : (adj.) (۱) خفیہ؛ پوشیدہ ۔ (۲) بے ایمان (آدمی) ۔

Underhandedly : (adv.) خفیہ طور پر؛ چوری چھپے ۔

Underhandedness : (n) پوشیدہ ہونا ؛ خفیہ ہونا ۔

Underhive : (v) (شہد کی مکھیوں کو) بہت چھوٹے چھتے میں رکھنا ۔

Underhung : (a) (۱) (نچلا جبڑا) آگے کی طرف غیر معمولی طور پر نکلا ہوا ۔ (۲) لٹکایا ہوا (نیچے کی کسی چیز کے سہارے) ۔

Underivative : (a) غیر ماخوذ؛ غیر مشتق ۔

Underived : (a) غیر ماخوذ؛ غیر مشتق ۔

Underjawed : (a) جس کا نچلا جبڑا آگے کی طرف نکلا ہوا ہو ۔

Underlaid : (a) (۱) نیچے رکھا ہوا ۔ (۲) نیچے سے سہارا دیا ہوا یا مضبوط کیا ہوا ۔ (۳) (طباعت اور مصوری) استر دے کر اونچا کیا ہوا ۔

Underlap : (v) کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے نیچے تھوڑی دور تک بڑھا دینا ۔

Underlay : (n) (۱) جوتے کی ایڑی میں لگایا ہوا ٹکڑا ۔ (۲) (طباعت) استر؛ کاغذ جو ٹائپ کو اونچا کرنے کے لئے اس کے نیچے رکھتے ہیں ۔ (۳) نمدہ وغیرہ، دری یا توشک کے نیچے رکھا ہوا ۔ (٤) استوانہ جس پر شہد کی مکھیوں کا چھتا مزید بڑھنے کے لئے رکھ دیا جاتا ہے ۔ (٥) (کان کنی) جھکا ہوا؛ ترچھا؛ شگاف یا درز ۔

Underlay : (v) (۱) نیچے کچھ رکھ کر سہارا دینا ۔ (۲) (طباعت) ٹائپ کو ٹھیک کرنے کے لئے اس کے نیچے کاغذ رکھنا ۔ (۳) (کسی چیز کے) نیچے کچھ رکھنا ۔ (٤) نیچے پڑا ہونا (تہ یا پرت کی صورت میں) ۔ (٥) (کان کنی) جھکنا ۔

Underlayer : (n) نچلی پرت؛ زیریں تہ ۔

Underleaf : (n) (۱) سیب سے بنے مشروب کی ایک قسم ۔ (۲) پتی/ پتے کی زیریں سطح؛ زیربرگ ۔

Underlease : (n) شکمی پٹا؛ ذیلی پٹا جو پٹے دار نے اپنے پٹے کی میعاد سے کم میعاد پر دیا ہو ۔

Underlease : (v) شکمی پٹے پر لگانا؛ ذیلی پٹے پر دینا ۔

Underlet : (v) (۱) مکان وغیرہ کو مقررہ کرایہ سے کم پر دینا ۔ (۲) اصلی کرایہ دار کا اپنی طرف سے

Undermine : (v) (۱) زمین کو نیچے سےکھوکھلاکرنا(عمارت، دیوار گرانے کیلئے) ۔ (۲) دیوار کے نیچے سے زمین میں راستہ بنانا (خصوصاً فوجی تدبیر کے پیش نظر) ۔ (۳) کمزور کر دینا ۔ (٤) خفیہ طور پر کسی کے خلاف کرنا ؛ (مجازاً) پوشیدہ اور خفیہ ذرائع کے سہارے مغلوب کرنا یا شکست دینا ۔ (٥) (فریب اور دغا سے) کمزور کرنا؛ نقصان پہنچانا یا برباد کرنا ۔

Undermining : (n) (۱) نیچے سے کھوکھلا کرنا ۔ (۲) دیوار کے نیچے سے زمین میں راستہ بنانا ۔ (۳) کمزور کرنا ۔ (٤) خفیہ ذرائع سے مغلوب کرنا ۔ (٥) فریب سے نقصان پہنچانا ۔

Undermining : (a) نیچے سے کھوکھلا کرنے والا؛ کمزور بنانے والا ؛ دغا سے نقصان پہنچانے والا ۔

Underminingly : (adv.) نیچے سے کھوکھلا کرتےہوئے؛ کمزور بناتے ہوئے؛ خفیہ اور پُرفریب طریقے سے نقصان پہنچاتے ہوئے ۔

Undermost : (a) سب سے نچلا ۔

Undermost : (adv.) سب سے نیچے کی حالت میں ۔

Undernamed : (a) مندرجہ ذیل؛ نیچے بتایا ہوا ۔

Underneath : (prep.) نیچے ۔

Underneath : (adv.) (۱) نیچے کی سطح پر ۔ (۲) نیچے کی سمت میں ۔

Underneath : (a) پوشیدہ؛ چھپا ہوا ۔

Underneath : (n) پیندا ۔

Undernote : (n) مدھم سُر : ہلکا اشارہ ۔

Undernoted : (a) مندرجہ ذیل؛ نیچے لکھا ہوا ۔

Undernourished : (a) کم غذا پرپلا ہوا ۔

Underpart : (n) (۱) نچلا حصہ ۔ (۲) (پرند یا جانور کے) جسم کا اندرونی حصہ ۔ (۳) ایک ضمنی کردار (ڈرامے کا)؛ ضمنی رول؛ ماتحت ایکٹر ۔ (٤) چھوٹا حصہ؛ سب ڈویژن ۔

Underpass : (n) ریلوے لائن یا کسی سڑک کے نیچے سے گزرنے والی سڑک ۔

دوسرے کرایہ دار کو کرایہ پر دینا ؛ شکمی پٹے پر دینا ۔

Underlie : (n) (کان کنی) جھکاؤ ۔

Underlie : (v) (۱) اٹھانا؛ برداشت کرنا؛ جھیلنا (جرمانہ ، الزام وغیرہ) ۔ (۲) (ارضیات) نیچے پڑا ہونا؛ نیچے پڑارہنا (پرت اور تہ کا) ۔ (۳) (مجازاً) بنیاد ہونا ۔

Underlife : (n) سطح زمین کے نیچے کی زندگی ۔

Underlimbed : (a) بہت زیادہ پتلی ٹانگوں والا ۔

Underlinen : (n) (۱) زیر جامہ (کتان کا بنا ہوا) ۔ (۲) قمیص؛ کرتا ۔

Underling : (n) (۱) ماتحت؛ ماتحت افسر؛ نیچے درجے کا افسر ۔ (۲) (بولی) کمزور پودا، جانور یا بچّہ ۔

Underling : (a) (۱) ماتحت ۔ (۲) چھوٹا ؛ کمزور؛ ناتا ۔ (۳) غیر اہم ۔ (٤) کم بڑھنے والا ۔

Underlining : (n) (۱) لفظوں کے نیچے خط کھینچنے کا عمل ۔ (۲) لفظوں کے نیچے کھینچے ہوئے خط یا خطوط ۔

Underlining : (n) (۱) استر ۔ (۲) زیر جامہ ۔

Underlip : (n) (آدمی، جانور یا کیڑے کا) زیریں لب؛ نچلا ہونٹ ۔

Underlook : (n) دزدیدہ نظر ۔

Underlooker/Under-viewer : (n) کان کے منیجر کا ماتحت (ملازم) جو کھدائی اور مزدوروں کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔

Underlying : (a) پوشیدہ؛ پنہاں ۔

Undermanned : (a) (کارخانہ ، ادارہ) جس میں ضرورت سے کم آدمی رکھے گئے ہوں ؛ (خصوصاً جہاز رانی) جس میں ضرورت سے کم ملازم یا ملاح رکھے گئے ہو ۔

Undermaster : (n) ماتحت استاد؛ ماتحت انسٹرکٹر ؛ خصوصاً اسکول کا اسسٹنٹ ٹیچر ۔

Undermatched : (a) جس کی نچلے طبقہ کے فرد سے شادی ہوئی ہو ۔

Underpin : (v) (۱) تھونی یا اڑانا لگانا؛ سہارے کے لئے تھم لگانا؛ پشتہ لگانا ۔ (۲) مدد کرنا؛ تائید کرنا ۔ (۳) بنیاد بنانا ۔

Underpinning : (n) (۱) تھونی؛ تھم؛ پشتہ ۔ (۲) بنائےجانے والے مکان کی بنیاد ۔ (۳) (مجازاً) سہارا ۔

Underplay : (n) (۱) پوشیدہ عمل یا حرکت ۔ (۲) (بھاری پتا آئندہ کے لئے رکھ کر) ہلکے پتے کھیلنا یا کھیلا جانا ۔

Underplay : (v) (۱) اپنی صلاحیت سے کم کھیلنا ۔ (۲) (تاش) بھاری پتّا آئندہ کے لئے رکھ کر ہلکا پتّا کھیلنا ۔

Underplot : (n) (۱) ضمنی قصہ؛ ضمنی پلاٹ جو ناول یا ڈرامے کے اصل پلاٹ کے علاوہ ہو ۔ (۲) خفیہ اسکیم یا چال ۔

Underprivileged : (a) جسے پورے حقوق و مراعات نہ حاصل ہوں ۔

Underprop : (n) سہارا؛ اڑواڑ؛ تھونی ۔

Underprop : (v) (۱) اڑواڑ لگانا؛ تھونی سے سہارا دینا ۔ (۲) (مجازاً) سہارا دینا ۔

Underrate : (v) (۱) قدر و قیمت یا وقعت گھٹانا؛ کم کر کے دکھانا ۔ (۲) اصل سے کم اندازہ لگانا (قدر و قیمت وغیرہ کا) ۔

Underrun : (v) (۱) نیچے سے ہو کر بہنا، گزرنا یا جانا ۔ (۲) جانچ پڑتال کرنا یا جائزہ لینا جہاز کے رسے اور زنجیر کا نیچے کی جانب سے (خصوصاً اس کے نیچے سے ایک کشتی کھینچتے ہوئے) ۔ (۳) جال کو کھینچنا (پکڑی گئی مچھلیوں سے اسے صاف کر کے دوبارہ لگانے کے لئے) ۔

Underscore : (v) (۱) الفاظ کے نیچے خط کھینچنا ۔ (۲) (کسی چیز پر) زور دینا ۔

Underscrub : (n) جنگل میں بڑے درختوں کے نیچے اُگے ہوئے پودے اور جھاڑیاں ۔

Undersell : (v) (۱) (دوسروں سے)کم قیمت پر بیچنا۔ (۲) بہت ہی کم قیمت پر بیچنا ۔

Undersense : (n) (کسی چیز یا بات کے) پوشیدہ معنی ۔

Underservant : (n) کم تر درجے کا ملازم یا خدمت گار؛ ماتحت نوکر ۔

Underset : (n) (۱) طبقۂ ارض کا شگاف جس میں معدنی شے ہو ۔ (۲) نیچے کا دھارا جو پانی کی بالائی سطح کے یا ہوا کے رخ کے مخالف ہو؛ مخالف زیر رو ۔

Underset : (v) (۱) سہارے کے لئے اڑانا ۔ (۲) (مجازاً) سہارا دینا ؛ مضبوط کرنا؛ اٹھانا؛ سنبھالے رکھنا۔ (۳) کسی چیز کےنیچے رکھنا ۔ (٤) (مکان وغیرہ) شکمی کرایہ دار کو کرایہ پر دینا ۔

Undersetter : (n) (تعمیرات) سہارا؛ پایہ؛ تھونی؛ سنبھالنے والا۔

Undersetting : (n) (۱) سہارا؛ سنبھالا؛ تھونی ۔ (۲) (مکان وغیرہ) شکمی کرایہ پر دینا؛ شکمی اجارے پر دینا ۔

Undershoot : (v) نشانہ لگانا (جو ہدف تك نہ پہنچے) یا ہدف سے نیچے چلا جائے ۔

Undershoot : (n) نشانہ جو ہدف تك نہ پہنچے یا ہدف سے نیچے لگے ۔

Undershore : (v) (۱) اڑواڑ یا ٹیك لگا کر مضبوط کرنا؛اڑواڑ لگا کر اٹھانا ۔ (۲) (مجازاً) سہارا دینا؛ مضبوط کرنا ۔

Undershorts : (n) چھوٹا ڈھیلا جانگھیا ۔

Undershot : (a) (۱))(مل کا پہیا) جو نیچے بہنے والے پانی سے چلتا ھے ۔ (۲) (نچلا جبڑا) آگے کی طرف غیر معمولی طور پر نکلا ھوا ۔

Undershot : (n) پاشار؛زیر شار؛ نیچے بہنے والے پانی سے چلنے والا پہیا یا مِل ۔

Undershot wheel : (n) (میکانیات) پاشار پہیا ۔

Undershrub : (n) (۱) چھوٹی جھاڑی؛ (نباتیات) بوٹی ۔ (۲) (نباتیات) ایسا پودا جس کا نچلا حصہ جھاڑی کی طرح ھو ۔

Underside :.(n) کسی سطح کا اندرونی یا نچلا حصہ ۔

Undersign : (v) کسی تحریر کے نیچے دستخط کرنا ۔

Undersigned : (a) راقم الحروف؛زیر دستخطی؛ دستخط نگار؛ جس نے (کسی کاغذ پر) دستخط کئے ھوں ۔

Undersigner : (n) کسی تحریر کے نیچے اپنا دستخط کرنے والا۔

Undersoil : (n) مٹی کی تہ جو سطح کی مٹی کے بالکل نیچے ھوتی ھے ۔

Undersong : (n) ترجیع ۔

Understand : (v) (۱) سمجھنا؛ مطلب سمجھنا ۔(۲) منشا سمجھنا؛ مقصد یا وجہ سمجھنا؛ اہمیت سمجھنا؛ ماہیت یا طبیعت سے واقف ھونا ۔ (۳) (سن کر) نتیجہ نکالنا؛ قرینے سے سمجھنا؛ سمجھ لینا ۔

Understandability : (n) قابلِ فہم ھونا ۔

Understandable : (a) قابلِ فہم ؛ جسے سمجھا جا سکے ۔

Understandably : (adv.) قابلِ فہم طریقے سے ۔

Understander : (n) (شاذ) سمجھنے والا ۔

Understanding : (n) (۱) قوت ادراک؛ قوتِ فہم؛ سمجھ ۔ (۲) اتفاق؛ اتحاد؛ ہم آہنگی ۔ (۳) (قانون) سمجھوتہ؛ مفاہمت ۔ (٤) (عامیانہ) جوتے؛ ٹانگیں ؛ پاؤں ۔

Understanding : (a) ذی فہم؛ صاحبِ بصیرت؛ ذہین؛ زیرک ۔

Understandingly : (adv.) ذہانت سے؛ بصیرت سے؛ سمجھ بوجھ سے ۔

Understandingness : (n) قوتِ فہم؛ ذہانت؛ زیرکی ۔

Understate : (v) (واقعے کو) گھٹا کر بیان کرنا؛ اصل سے کم کر کے بیان کرنا ۔

Understatement : (n) گھٹا کر بیان کرنا یا کیا جانا ۔

Understeer : (n) (موٹر گاڑیوں کے) کم مڑنے کا میلان ۔

Understeer : (v) (موٹر گاڑیوں کا) کم مڑنا ۔

Understock : (n) ضرورت سے کم ذخیرہ؛ ناکافی سپلائی ۔

Understock : (v) ضرورت سے کم سامان رکھنا یا مہیا کرنا ۔

Understocking : (n) پاؤں کو گرم رکھنے کے لئے موزے کے اندر پہنا جانے والا موزہ ۔

Understood : (a) (۱) سمجھا ھوا؛ جانا ھوا ۔ (۲) طے شدہ؛ متفقہ ۔ (۳) (قواعد) جس کی طرف اشارہ کیا گیا ھو؛ مضمر؛ جسے بیان نہ کیا گیا ھو ۔

Understrapper : (n) معمولی افسر؛ کم تر درجے کا ماتحت ۔

Understrapping : (a) کمتر درجے کے افسر کا؛ کم تر رتبے اور شخصیت کا ۔

Understratum : (n) نیچے کا طبقہ؛ (ارضیات) زیریں طبقہ؛ نچلی پرت؛ زیریں تہ ۔

Understrength : (a) ناقص القوت؛ تنظیم کی تجویز کردہ تعداد افراد سے کم رکھنے والا (تعداد ملازمین) ۔

Understress : (v) پورا زور نہ دینا؛ ناکافی طور پر زور دینا؛ مناسب زور دینے میں ناکام ھو جانا ۔

Understring : (v) (کمان میں) ضرورت سے زیادہ لمبی تانت لگانا۔

Understroke : (n) نیچے کھینچا ھوا خط ۔

Understroke : (v) (۱) الفاظ کے نیچے خط کھینچنا اس کی اہمیت جتانے کے لئے یا اسے اطالوی حروف میں چھاپنے کے لئے) ۔(۲) زور دینا ۔

Understructure : (n) بنیاد؛ نیو ۔

Understudy : (v) (۱) بہ وقت ضرورت کسی اداکار کی جگہ پر کام کرنے کے لئے اس اداکار کے پارٹ کا مطالعہ کرنا ۔ (۲) کسی اداکار کے پارٹ کا مطالعہ کرکے بہ وقت ضرورت اس کی جگہ پر کام کرنے کے لئے تیاری کرنا ۔(۳) مشاہدے اور نو آموزی سے کوئی کام سیکھنا ۔

Understudy : (n) وہ شخص جو دوسروں کا پارٹ کرنے یا جو دوسروں کا کام اپنے ذمہ لینے کو تیار ھو ۔

Undersupply : (n) ناکافی سپلائی؛ ضرورت سے کم سپلائی ۔

Undersurface : (n) اندرونی سطح ۔

Undersurface : (a) (زمین کی) سطح کے نیچے کا (جو موجود یا متحرک ھو)۔

Undertake : (v) (۱) (کوئی کام) اپنے ذمّے لینا؛ بیڑا اٹھانا؛ شروع کرنا؛ اختیار کرنا؛ (ذمہ داری) قبول کرنا ۔ (۲) (کام کے کرنے کی) حامی بھرنا؛ وعدہ کرنا ۔ (۳) (قدیم) کسی شخص سے لڑائی، بحث وغیرہ چھیڑنا ۔ (٤) (قدیم) ضامن ہونا (کسی بات یا شخص کا) ۔ (٥) (بول چال) تجہیزوتکفین اور تدفین کا انتظام کرنا ۔

Undertakable : (a) (کوئی کام) جس کا ذمہ لیا جاسکے؛ جس کا بیڑا اٹھایا جاسکے؛ جسے اختیار کیا جاسکے؛ جسے قبول کیا جا سکے؛ جسے کرنے کا وعدہ کیا جاسکے ۔

Undertaken : (a) ذمّے لیا ہوا؛ اختیار کردہ؛ قبول کردہ ۔

Undertaker : (n) (۱) بیڑا اٹھانے والا؛ (کام کا) ذمہ لینے والا؛ مہم شروع کرنے والا ۔ (۲) ضمانت لینے والا ۔ (۳) (اجرت پر) تجہیزوتکفین کے انتظامات کرنے والا ۔

Undertaking : (n) (۱) منصوبہ؛ مہم؛ وہ چیز جس کے کرنے کا بیڑا اٹھایا گیا ہو ۔ (۲) کام ؛ وعدہ؛ (قانون) ضمانت ۔ (۳) ذمّے لینا؛ بیڑا اٹھانا ۔ (٤) تجہیز وتکفین کا کاروبار ۔

Undertenant : (n) کرائے دار کا کرائے دار؛ شکمی کرائے دار ۔

Underthings : (n) زیر جامہ ۔

Underthrust : (v) (۱) نیچے دبانا؛ نیچے ڈھکیلنا ۔ (۲) اندر یا نیچے سے باہر نکالنا ۔

Undertide : (n) زیریں لہر؛ زیریں مدّو جزر ۔

Undertime : (n) (۱) کسی کام، پروگرام یا تقریر کو پورا کرنے کے لئے دیئے گئے وقت سے کم وقت ۔ (۲) کام کا وقت جو ضروری اور پورے وقت سے کم ہو ۔

Undertime : (v) (کسی کام میں) ضرورت سے کم وقت دینا ۔

Undertint : (n) (روشنی) ہلکا رنگ ۔

Undertone : (n) (۱)زیرِلبی سرگوشی؛ ہلکی آواز؛ (سمعیات) مدھم سُر ۔ (۲) جذبات کی زیریں لہر ۔ (۳) ہلکا رنگ ۔ (٤) کاروبار کا زیریں رخ یا میلان ۔

Undertone : (v) سرگوشی میں کہنا؛ مدھم لے میں اظہار کرنا ۔

Undertoned : (a) ہلکی آواز میں بیان کیا ہوا؛ سرگوشی میں اظہار کیا ہوا ۔

Undertow : (n) نیچے کا دھارا، ہوا یا بالائی سطح آب کے مخالف رخ پر بہتا ہوا؛ مخالف زیر رو؛ (جغرافیہ) لوٹتی لہر ؛ لوٹتی موج ۔

Undertread : (v) (قدیم) پاؤں کے نیچے کچلنا؛ مغلوب کرنا؛ زیر کرنا؛ ستانا ۔

Undertreasurer : (n) نائب خزانچی ۔

Undervaluation : (n) (۱) قدروقیمت گھٹانا ۔ (۲) اصلی قیمت سے کم قیمت لگانا؛ اصلی قدر سے کم قدر کرنا؛ ناکافی قدر؛ قیمت کا ناکافی اندازہ ۔

Undervalue : (v) (۱) کافی قدرنہ کرنا ۔ (۲) اصل سے کم یا ناکافی قیمت لگانا؛ قیمت کا ناکافی اندازہ کرنا؛ قدروقیمت کو گھٹانا ۔

Undervalue : (n) ناکافی قیمت؛ قدرو قیمت کا ناکافی اندازہ؛ اصل سے کم اندازہ؛ قدرو قیمت گھٹانا ۔

Undervaluer : (n) قدروقیمت کو گھٹانے والا؛ قدروقیمت کا نا کافی یا اصل سے کم اندازہ کرنے والا ۔

Undervest : (n) بنیان جسے قمیص کے نیچے پہنتے ہیں ۔

Underwater : (n) (۱) سطحِ زمین سے نیچے کا پانی ۔ (۲) کسی برتن میں نیچے سے داخل ہونے والا پانی ۔

Underwater : (a) (۱) زیرآب ۔ (۲) (خصوصاً جہاز میں) سطحِ آب سے نیچے واقع ۔

Underwear : (n) کُرتے یا پاجامے کے نیچے پہننے کے کپڑے ؛ زیرِ جامہ ۔

Underweight : (n) ناکافی وزن؛ وزن میں کمی ۔

Underwing : (n) (۱) (حیوانیات) زیر جَناح؛ زیر پر پتنگا ۔ (۲) یہ لفظ پتنگوں کے نام میں بہ طور صفت استعمال ہوتا ھے ۔ (۳) چڑیوں کے پر کے نیچے کی سطح ۔

Underwood : (n) (نباتیات) زیرجھاڑی؛ تل جھاڑی؛ چھوٹے چھوٹے درخت اور جھاڑیاں جو بڑے بڑے درختوں کے نیچے اُگ جاتے ہیں ۔

Underwork : (n) (۱) ڈھانچا جسے کسی چیز کے نیچے سہارے کے لئے بنایا گیا ہو ۔ (۲) ذیلی اور کم تر درجے کا کام ۔ (۳) خفیہ کام ۔

Underwork : (v) (۱) (کسی پر) بہت ہی کم کام تھوپنا ۔ (۲) بہت ہی کم کام کرنا ۔ (۳) دوسروں کی نسبت کم اُجرت پر کام کرنا ۔

Underworld : (n) (۱) (جغرافیہ) زیر جہاں؛ زمین (اساطیر) عالم اسفل ؛ عالم تحت الارض؛ مُردوں کے رہنے کی جگہ؛ زمین کے نیچے کی دنیا؛ (دینیات) دوزخ ۔ (۲) (علم النجوم) سمت القدم ۔ (۳) (سماجیات) جرائم پیشہ طبقہ ؛ معاشرے کا سب سے ادنیٰ طبقہ ۔

Underwrite : (v) (۱) کسی تحریر یا عبارت کے نیچے کچھ لکھنا ۔ (۲) (کسی فیصلہ، بیان وغیرہ) کی تائید کرنا؛ دستخط کرکے اتفاق ظاہر کرنا ۔ (۳) بیمہ کی پالیسی سے اتفاق ظاہرکرنا (بیمہ کے خطرے کو قبول کرتے ہوئے) ۔

Underwriter : (n) (۱) (معاشیات) بحری بیمہ کار ۔ (۲) کمپنی کے حصص کا بیمہ کرنے والا ۔

Underwritten : (a) (۱) تحریری شکل میں نیچے لکھا ہوا ؛ کسی عبارت یا تحریر کے بعد نیچے لکھا ہوا ۔ (۲) جن کے نام نیچے لکھے ہوں؛ جن کے دستخط کسی تحریر یا عبارت کے نیچے ہوں ۔

Undescribable : (a) جو بیان سے باہر ہو؛ جسے بیان کرنا ممکن نہ ہو ۔

Undescribed : (a) (۱) بیان نہ کیا ہوا ۔ (۲) (تاریخ طبیعی) دیکھو Nondescript (a) ۔

Undescried : (a) بن دیکھا؛ نظر سے مخفی؛ جس پر نظر نہ پڑے ۔

Undescriptive : (a) غیر بیانیہ ۔

Undeserve : (v) کسی چیز کے پانے کا حق نہ رکھنا؛ استحقاق نہ رکھنا ۔

Undeserved : (a) غیر مستحق؛ بے استحقاق؛ ناواجب ۔

Undeservedly : (adv.) بغیر استحقاق کے؛ ناواجب طور پر ۔

Undeservedness : (n) پانے کا حق نہ رکھنا؛بے استحقاق ہونا۔

Undeserver : (n) (شاذ) جو حق دار نہ ہو؛ جو پانے کا حق نہ رکھتا ہو؛ غیر مستحق ۔

Undeserving : (n) اہلیت، خوبی اور استحقاق کی کمی ۔

Undeserving : (a) (۱) غیر مستحق؛ جو مدد وغیرہ کامستحق نہ ہو؛ نا سزاوار؛ اہلیت نہ رکھنے والا ۔ (۲) بے گناہ؛ معصوم (جو بدقسمتی کامستحق نہ ہو) ۔

Undeservingly : (adv.) غیر مستحق طور پر ۔

Undesigned : (a) بے مقصد؛ غیر ارادی ۔

Undesignedly : (adv.) غیرارادی طور پر؛ بلا مقصد وارادہ ۔

Undesignedness : (n) بے قصد ہونا؛ بے ارادہ ہونا ۔

Undesigning : (a) (۱) چال بازی یا سازش سے پاک ۔ (۲) خودغرضانہ منصوبوں سے مبرّا ۔

Undesirability : (n) ناپسندیدگی؛ نامرغوب ہونا؛ ناگوار ہونا ۔

Undesirable : (a) ناپسندیدہ؛ نامرغوب ؛ قابلِ اعتراض؛ ناگوار ۔

Undesirable : (n) ناپسندیدہ شخص یا شے ۔

Undesirableness : (n) ناپسندیدگی؛ ناگواری ۔

Undesirably : (adv.) ناپسندیدگی سے؛ ناگواری سے؛ نامرغوب طور پر ۔

Undesired : (a) ناخواستہ؛ بن مانگا؛ جس کے آنے یا ملنے سے خوشی نہ ہو؛ جس کا خیر مقدم نہ کیا گیا ہو؛ نامرغوب؛ ناگوار ۔

Undesiring : (a) ناخواہاں؛ غیر آرزو مند ۔

Undesirous : (a) ناخواہاں؛ غیرآرزومند؛ نہ چاہنے والا ۔

Undespairing : (a) جو مایوس نہ ہو؛ غیر مایوس کُن ۔

Undestroyed : (a) غیر برباد شدہ؛ صحیح سالم ۔

Undetected : (a) بے پتا؛ بے سراغ؛ بے گرفت؛ غیر دریافت کردہ؛ جس کی گرفت نہ ہو یا پتا نہ چلے ۔

Undeteriorated : (a) غیر انحطاط رسیدہ؛ غیر تنزّل یافتہ؛ جو خراب نہ ہوا ہو ۔

Undeterminable : (a) ناقابلِ تعیّن؛ ناقابلِ حدبندی ؛ غیر فیصلہ پذیر ۔

Undeterminate : (a) غیرمعیّن؛ غیر مقررہ؛ غیر محدود ۔

Undeterminately : (adv.) غیر معینہ طور پر؛ غیر مقررہ طریقے سے؛ غیر محدود طور پر ۔

Undeterminateness : (n) عدم تعیّن ۔

Undetermined : (a) (۱) غیر معیّن؛ غیر فیصل؛ غیر طے شدہ ۔ (۲) (نفسیات) مُذبذب ۔ (۳) (ریاضیات) غیر معین؛ نامعلوم ۔ (٤) بے عزم؛ بے قوتِ فیصلہ ۔ (٥) متلوّن؛ ضعیف الارادہ ۔

Undetermined coefficient : (n) (ریاضیات) نا معلوم سُر ۔

Undeterred : (a) نہ رُکنے والا؛ باز نہ آنے والا ۔

Undeveloped : (a) (۱) غیر بالیدہ؛ غیر ترقی یافتہ ۔ (۲) بے نشوونما؛ جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو ۔ (۳) بے استعمال خصوصاً زمین جس کا پورا استعمال نہ ہوتا ہو؛ (زراعت) بے کاشت کامل ۔

Undeviating : (a) (۱) غیر منحرف؛ مقررہ راستے سے نہ ہٹنے والا؛ بے انحراف ۔ (۲) راسخ؛ پکّا؛ ثابت قدم؛ ثابت قدمانہ ۔

Undevil : (v) (۱) آسیب اُتارنا ۔ (۲) شیطانی صفات سے پاک کرنا ۔

Undevised : (a) (۱) (زمین، جانداد وغیرہ) جسے وصیت کے ذریعہ ترکے میں نہ دیا گیا ہو؛ جسے ہبہ بالوصیت نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) جس کا منصوبہ نہ بنایا گیا ہو؛ بے مقصد ۔

Undevoured : (a) بے نگلا ہوا ۔

Undevout : (a) غیر پرہیزگار؛ غیر عابد؛ ناپارسا ۔

Undevoutly : (adv.) غیر پرہیزگاری سے؛ غیر پارسائی سے ۔

Undext(e)rous : (a) غیر مشّاق؛ غیر ماہر؛ بے منجھا ہوا ۔

Undext(e)rously : (adv.) غیر مشّاقی سے ؛ غیر ماہرانہ طور پر ۔

Undiagnosed : (a) (مرض) جس کی تشخیص نہ ہوئی ہو؛ غیر دریافت کردہ؛ بے پہچانا ہوا ۔

Undictated : (a) بے ہدایت کیا ہوا ۔

Undies : (n) روزمرہ کی زبان میں Underclothes, Undergarment کے لئے استعمال ہوتا ھے؛ زیر جامہ (خصوصاً عورتوں اور بچوں کا) ۔

Undifferentiated : (a) بے تفریق؛ غیر متفرق؛ جس میں تفریق نہ ہوئی ہو؛ متحدالنوع؛ متحدالجنس ۔

Undig : (v) (گڑھے وغیرہ کو) بھرنا ۔

Undigested : (a) غیر منہضم؛ جو جزوِ بدن نہ بنا ہو ؛ جو ہضم نہ ہوا؛ جو ذہن میں اچھی طرح سے نہ آیا ہو؛ جو ٹھکانے سے سمجھ میں نہ آیا ہو؛ غیر مرتب؛ نامربوط ۔

Undight : (a) (قدیم یا بولی) غیر آراستہ؛ بے ترتیب ۔

Undignified : (a) (۱) غیر موُقر؛ بے وقار ۔ (۲) خلافِ وقار؛ منافی وقار؛ اوچھا؛ ہلکا ۔

Undignifiedly : (adv.) غیر مؤقر طور پر؛ خلافِ وقار طریقے سے؛ اوچھے پن سے ۔

Undignity : (v) بے وقار کرنا؛ بے عزت کرنا؛ وقار سے محروم کرنا ۔

Undiligent : (a) غیر مستعد؛ غیر محنتی؛ محنت اور تن دہی سے کام نہ کرنے والا؛ آرام طلب ۔

Undiligently : (adv.) آرام طلبی سے؛ بے محنت کے ۔

Undiluted : (a) (۱) بے آمیزش؛ خالص ۔ (۲) پوری قوت کا؛ جو پانی یا کوئی اور چیز ملاکر ہلکا نہ کیا گیا ہو ۔

Undiminishable : (a) تقلیل ناپذیر؛ جو کم نہ ہوسکے؛ جس کو گھٹایا نہ جاسکے ۔

Undiminished : (a) بے تقلیل؛ بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو ؛ جسے گھٹایا نہ گیا ہو ۔

Undimmed : (a) جو دُھندلا یا ماند نہ ہوا ہو؛ روشن اور صاف ۔

Undine/Ondine : (n) [mod. L. 'Undina'.] (اساطیر) جل پَری ۔

Undine : (n) (طب) چشم شُویہ ۔

Undined : (a) بے کھایا ہوا ۔

Undinted : (a) بے نشان؛ جس پر ضرب کا نشان نہ پڑا ہوا ۔

Undiplomatic : (a) خلاف حکمت عملی؛ خلاف مصلحت؛ موقع شناسی کے خلاف؛ غیر مدبّرانہ ۔

غیرقواعد داں ۔ (۳) جو احکام یا ضابطے کی پابندی کا عادی نہ ہو؛ بے ضبط؛ بے ضابطہ ۔

Undipped : (a) (۱) بے غوطہ دیا ہوا؛ جسے ڈبکی نہ دی گئی ہو ۔ (۲) جس کا اصطباغ نہ کیا گیا ہو؛ جس کا بپتسما نہ ہوا ہو ۔

Undirected : (a) (۱) بے رہنمائی؛ بے اصول؛ جس کی رہبری اورہدایت نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے پتا لکھا ہوا (خط وغیرہ)۔

Undisbanded : (a) (فوج) جسے ملازمت سے سبک دوش نہ کیا گیا ہو ۔

Undisbursed : (a) (معاشیات) غیر اداشدہ ۔

Undiscerned : (a) (۱) بے دیکھا؛ نظر سےمخفی؛ جس پر نظر نہ پڑے ۔ (۲) بے سمجھا؛ جو سمجھ میں نہ آیا ہو ۔

Undiscernible : (a) ناقابلِ دید؛ جسے دیکھا نہ جاسکے ۔

Undiscernibleness : (n) ناقابلِ دید ہونا ۔

Undiscernibly/Undiscernably : (adv.) ناقابلِ دید طور پر ۔

Undiscerning : (n) (۱) کم نظر ؛ کم بین ۔ (۲) بے بصیرت ؛ نا فہم؛ بے ادراک؛ حق وباطل میں تمیز نہ کرنے والا شخص؛ بے امتیاز ۔ (۳) بھدی عقل کا آدمی؛ موٹی سمجھ کا آدمی ۔

Undiscerning : (a) کم نظر؛ کم بین؛ نافہم؛ بھدی عقل کا؛ موٹی سمجھ کا؛ سیاہ وسفید یا حق و باطل میں تمیز نہ کرنے والا ۔

Undiscerningly : (adv.) کورنگاہی سے؛ نافہمی سے ؛ بے بصیرتی سے ۔

Undischarged : (a) (۱) ادا نہ کیا ہوا ۔ (۲) جو ذمہ داری سے بری نہ ہوا ہو؛ غیر سبک دوش (قرض، احسان وغیرہ سے) ۔ (۳) جو عمل میں نہ آیا ہو ؛ بے تعمیل ؛ بے ادا (حکم) ۔ (٤) بے چلی ہوئی (بندوق) ۔ (٥) جسے اتارانہ گیا ہو (جہاز یا کشتی سے)۔

Undisciplinable : (a) غیر تربیت پذیر؛ ناقابل تربیت؛ جس کی تربیت نہ کی جاسکے ۔

Undiscipline : (n) تربیت کی کمی؛ قاعدے یا ضابطے کی کمی کی پابندی کا فقدان ۔

Undisciplined : (a) (۱) بے اصول ؛ بے تربیت ؛ غیر تربیت یافتہ ۔ (۲) فوجی تربیت سے محروم؛ بے قاعدہ؛

Undisclosed : (a) غیر فاش؛ مخفی؛ پوشیدہ؛ چھپا ہوا؛ جو ظاہر نہ ہوا ہو ۔

Undiscoloured : (a) رنگین؛ جس کا رنگ نہ اڑا ہو؛ جس پر دھبےنہ پڑے ہوں ۔

Undiscomfited : (a) غیر شکست یافتہ؛ غیر مغلوب ۔

Undiscontinued : (a) مسلسل ۔

Undiscourageable : (a) جس کی حوصلہ شکنی نہ ہوسکے ؛ جس کی ہمت نہ توڑی جا سکے ۔

Undiscouraged : (a) باہمت؛ جس کی ہمت نہ ٹوٹی ہو؛ جس کا حوصلہ پست نہ ہوا ہو ۔

Undiscoverable : (a) ناقابلِ دریافت؛ ناقابلِ انکشاف ۔

Undiscoverably : (adv.) ناقابلِ انکشاف طور پر ۔

Undiscovered : (a) غیر دریافت شدہ؛ نامعلوم؛ غیر منکشف؛ مخفی ۔

Undiscriminating : (a) جس میں تمیز نہ ہو؛ بے تفریق؛ فرق نہ کرنے والا؛ تمیز نہ کرنے والا؛ قوتِ تمیز یا قوتِ تنقید سے محروم؛ ناشناس؛ غیر ناقدانہ؛ ناشناسانہ۔

Undiscriminatingly : (adv.) بلا امتیاز؛بلاتفریق؛ فرق و امتیاز نہ کرتے ہوئے؛ غیر ناقدانہ یا ناشناسانہ طور پر ۔

Undiscriminatingness : (n) قوت تمیز کا فقدان ۔

Undiscussed : (a) بے بحث؛ بے مباحثہ؛ جس پر بحث و مباحثہ نہ ہوا ہو؛ جس (موضوع یا نکتے پر) گفتگو نہ کی گئی ہو ۔

Undiseased : (a) جو مریض نہ ہو؛ صحت مند ۔

Undisfigured : (a) جس کی صورت نہ بگاڑی گئی ہو؛ غیر مسخ شدہ؛ اصلی ہئیت یا صورت والا ۔

Undisgraced : (a) بدنامی یا رسوائی سے محفوظ؛ ذلت اور ملامت سے بچا ہوا ۔

Undisguisable : (a) جس کا بھیس نہ بدلا جا سکے؛ جسے بھیس بدل کر پیش نہ کیا جا سکے۔

Undisguise : (n) عدم تصنّع؛ بہروپ کی کمی۔

Undisguise : (v) تصنّع یا بہروپ کا پردہ چاک کرنا۔

Undisguised : (a) (۱) بے بہروپ؛ جس نے بھیس نہ بدلا ہو۔ (۲) صریحی؛ صاف؛ کھلا ہوا؛ واضح۔

Undisguisedly : (adv.) (۱) بغیر بھیس بدلے۔ (۲) کھلم کھلا؛ صاف صاف؛ صریحی طور پر۔

Undisguisedness : (n) بغیر بھیس بدلے ہوئے ہونا؛ کھلا ہوا اور جھوٹی نمائش سے پاک ہونا۔

Undishonoured : (a) ذلت اور رسوائی سے محفوظ؛ بے داغ؛ با آبرو۔

Undismayed : (a) (۱) غیر خوف زدہ؛ غیر دہشت زدہ۔ (۲) غیر مایوس؛ جس نے ہمت نہ ہاری ہو؛ ثابت قدم۔

Undismissed : (a) غیر خارج شدہ؛ غیر برخاست کردہ۔

Undispatched : (a) غیر ارسال کردہ؛ بے بھیجا ہوا۔

Undispelled : (a) غیر زائل؛ جو دور یا زائل نہ ہوا ہو۔

Undispensed : (a) جسے مذہبی طور پر معافی یا استثنا نہ کیا گیا ہو۔

Undispersed : (a) غیر پراگندہ؛ غیر منتشر؛ مجتمع؛ یکجا۔

Undisposed : (a) (۱) بے کار ؛ بےمقصد۔ (۲)بےمیلان؛ بے شوق؛ بے رغبت۔

Undisproved : (a) جو باطل یا غلط ثابت نہ ہوا ہو۔

Undisputable : (a) غیر نزاعی (جس میں اختلاف نہ کیا جا سکے)۔

Undisputed : (a) بےنزاع؛ بے اختلاف؛ جس میں نزاع یا اختلاف نہ ہو؛ مسلّمہ؛ متفق علیہ؛ مانا ہوا۔

Undisputedly : (adv.) بغیر اختلاف کئے ہوئے؛ بغیر نزاع کے؛ متفقہ طور پر۔

Undissected : (a) (۱)(کیمیا) بےتحلیل؛بےتجزیہ۔ (۲) (جراحی) نہ بریدہ؛ نہ شگافتہ؛ غیر شگافتہ۔

Undissembled : (a) بے منافقت؛ بے ریا؛ جس میں منافقت اور ریاکاری نہ برتی جائے؛ کھلا ہوا؛ صاف صاف؛ اعلانیہ۔

Undissembling : (a) بے ریا؛ بے تصنّع۔

Undissemblingly : (adv.) بے ریائی سے؛ کھُلے طور پر۔

Undissipated : (a) غیر ضائع شدہ؛ غیر برباد شدہ۔

Undissolvable : (a) غیر تحلیل پذیر؛ جو گھُل نہ سکے۔

Undissolved : (a) (۱) بے تحلیل؛ بے تجزیہ۔ (۲) غیر محلول؛ بے حل شدہ ؛ بے گھلا؛ (کیمیا) نہ حل شدہ۔ (۳) جو برخاست نہ ہوا ہو۔ (٤) جو ختم یا نسخ نہ کیا گیا ہو۔

Undistempered : (a) (دیوار وغیرہ) جس پر رنگ سازی نہ کی گئی ہو۔

Undistilled : (a) جس کی تقطیر نہ کی گئی ہو؛ غیر تقطیر شدہ؛ جس کی کشید نہ کی گئی ہو۔

Undistinguishable : (a) ناقابل امتیاز؛ ناقابل تمیز؛ ناقابل شناخت؛ ناقابلِ ادراک؛ غیر محسوس ؛ خفی۔

Undistinguishably : (adv.) ناقابل امتیاز طور پر؛ ناقابلِ ادراک طور پر۔

Undistinguished : (a) (۱) غیر متمیّز؛ جس میں تمیز نہ کی جائے۔ (۲) غیر ممتاز؛ اوسط درجے کا؛ معمولی۔

Undistinguishing : (a) غیرممیز؛ جو ممیّز نہ کرے؛ جو ما بہ الامتیاز نہ ہو۔

Undistinguishingly : (adv.) غیر ممیز طورپر؛ فرق و امتیاز نہ کرتے ہوئے۔

Undistorted : (a) بے مروڑا ہوا؛ غیر مسخ شدہ۔

Undistracted : (a) غیرمنتشر؛مجتمع؛یکسو(طبیعت، توجہ)۔

Undistractedly : (adv.) یکسوئی سے۔

Undistractedness : (n) یک سوئی۔

Undistressed : (a) تکلیف اور رنج سے آزاد۔

Undistributed : (a) غیر منقسم؛ جو تقسیم نہ ہوا ہو۔

Undistributed middle : (n) (منطق) غیر منقسمہ حدّ اوسط؛ عدم حصر حدّ اوسط ؛ مغالطہ جو حد اوسط کو صغریٰ اور کبریٰ میں مختلف معنوں میں یا مختلف کمیت کے ساتھ استعمال کرنے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Undisturbed : (a) بے خلل؛ جو چھیڑا نہ گیا ہو؛ غیر پریشان؛ مطمئن ۔

Undisturbedly : (adv.) اطمینان سے؛ بغیر کسی خلل کے؛ بغیر کسی پریشانی کے ۔

Undisturbedness : (n) اطمینان ۔

Undiverted : (a) (۱) غیر منحرف؛ جو ہٹا ہوا نہ ہو ۔ (۲) ایک نقطے پر مرکوز؛ بغیر ہٹا ہوا (خیال، توجہ) ۔ (۳) بے تفریح؛ جسے تفریح نہ ہوئی ہو ۔

Undiverting : (a) منحرف نہ کرنے والا؛ ارتکاز میں مخل نہ ہونے والا؛ (توجہ، خیال وغیرہ کو) نہ ہٹانے والا۔

Undividable : (a) تقسیم ناپذیر؛ ناقابل تقسیم؛ جسے منقسم نہ کیا جاسکے ۔

Undivided : (a) (۱) غیر منقسم؛ سالم؛ مسلّم ۔ (۲) بغیر بٹی ہوئی؛ایک نقطےپر مرکوز؛پوری پوری (توجہ) ۔

Undividedly : (adv.) غیر منقسم طور پر ۔

Undividedness : (n) غیر منقسم ہونا؛ سالم ہونا؛ پورا پورا ہونا ۔

Undivine : (a) غیر ربّانی؛ غیر سماوی؛ غیر ملکوتی ۔

Undivined : (a) وجدان یا قیاس سے معلوم نہ کیا ہوا؛ قرینے سے نہ سمجھا ہوا؛ بے تاڑا ہوا ۔

Undivinely : (adv.) غیر ربّانی طریقے سے ۔

Undivorced : (a) (۱) غیر مطلقہ؛ جسے طلاق نہ ملی ہو ۔ (۲) بغیر جدا کیا ہوا ۔

Undivulged : (a) ظاہر نہ کیا ہوا؛ افشا نہ کیا ہوا؛ پوشیدہ؛ مخفی ۔

Undo : (v) [OE. 'Undon'.] (۱) کھولنا (دروازہ وغیرہ) ۔ (۲) (گرہ، گانٹھ وغیرہ) کھولنا۔ (۳) بٹن کھولنا یا کپڑے اتارنا (کسی شخص کا) ۔ (٤) (روزمرہ) کُھلنا ۔ (٥) منسوخ کرنا؛ کالعدم کرنا ۔ (٦) اُلٹ کر اصلی حالت پرلانا ۔ (۷) برباد کرنا؛ ختم کرنا؛ دورکرنا؛ مٹانا (شاذ) ۔ (۸) اغوا کرنا؛ عصمت دری کرنا (قدیم) ۔ (۹) (شاذ) تشریح کرنا؛ توضیح کرنا ۔

Undoable : (a) وہ کام جسے کیا نہ جا سکے ۔

Undocked : (a) بے کاٹا ہوا؛ بے گھٹایا ہوا؛ غیر بُریدہ؛ غیر تراشیدہ ؛ غیر تخفیف شدہ؛ غیرملخّص ۔

Undoer : (n) (۱) کھولنےوالا (دروازہ، گرہ، گانٹھ وغیرہ کا) ۔ (۲) کپڑے اتارنے والا؛ بٹن کھولنے والا (کسی شخص کا) ۔ (۳) منسوخ کرنے والا؛ کالعدم کرنے والا ۔ (٤) الٹ کر اصلی حالت پر لانے والا ۔ (٥) برباد کرنے والا؛ مٹانے والا؛ ختم کرنے والا ۔ (٦) عصمت دری کرنے والا؛ اغوا کرنے والا ۔ (۷) توضیح کرنے والا؛ تشریح کرنے والا ۔

Undoctor : (v) (۱) ڈاکٹری کی ڈگری چھین لینا ۔ (۲) علاج نہ کرنا ۔ (۳) (مجازاً) ملاوٹ نہ کرنا؛ آمیزش نہ کرنا؛ جھوٹی رپورٹ نہ لکھنا ۔ (٤) ڈاکٹری نہ کرنا؛ طبابت نہ کرنا ۔

Undocumented : (a) دستاویزی ثبوت سے مبرآ ۔

Undogmatic : (a) غیر قطعیت پسند؛ غیر ادّعائی ۔

Undoing : (n) (۱) کھولنے، ڈھیلا کرنے کا عمل ۔ (۲) بربادی؛ تباہی ۔ (۳) الٹ کر اصلی حالت پر لانے کا عمل ۔ (٤) تنسیخ ۔

Undone : (a) (۱) بن کیا؛ ناکردہ؛ ناتمام؛ غیرمتاثر ۔ (۲) تباہ؛ برباد ۔ (۳) کھولا ہوا ۔

Undouble : (v) (۱) تہ کھولنا ۔ (۲) شطرنج کی ایک خاص چال چلنا ۔

Undoubted : (a) بے شبہہ؛ یقینی؛ غیر مشکوک؛ غیر مشتبہ ۔

Undoubtedly : (adv.) بلا شبہہ؛ بغیر شبہہ کئے ہوئے ۔

Undoubtful : (a) غیر مشکوک؛ شک وشبہہ سے خالی ۔

Undoubting : (a) جسے شک وشبہہ نہ ہو؛ شک نہ کرنے والا؛ شبہے سے خالی ۔

Undoubtingly : (adv.) بغیر شک کئے ہوئے ؛ غیرمشتبہ طور پر ؛ شک نہ کرتے ہوئے ۔

Undoubtingness : (n) شک نہ کرنا ۔

Undowered : (a) (۱) بے جہیز ۔(۲) صفات طبعی سے محروم؛ جو خدا داد قابلیت کا حامل نہ ہو ۔

Undrainable : (a) (زمین) جس کی رطوبت اور پانی کو نالی کے ذریعے نکال کر خشک نہ کیا جاسکے ۔

Undrained : (a) پانی نکال کر خشک نہ کیا ہوا؛ نالی بنا کر پانی نہ نکالا ہوا ۔

Undramatic : (a) غیر ڈرامائی ۔

Undramatically : (adv.) غیر ڈرامائی اندازسے؛ غیر ڈرامائی طورسے ۔

Undraped : (a) غیر ملبوس؛ ننگا؛ (کپڑے وغیرہ سے) آراستہ نہ کیا ہوا ۔

Undraperied : (a) پردوں سے خالی؛ جس کے پردے الگ کر دیئے گئے ہوں؛ پردوں سے آراستہ نہ کیا ہوا ۔

Undraw : (v) واپس کھینچ لینا یا ہٹا دینا(خصوصاً پردہ کو)۔

Undrawn : (a) ہٹایا یا واپس نہ کھینچا ہوا (پردہ وغیرہ) ۔

Undreaded : (a) جس سے خوف نہ ہو ۔

Undreamed/Undreamt : (a) جو خواب میں نہ دیکھا گیا ہو ؛ بےسان وگمان؛ جس کا وہم وگمان بھی نہ ہو ۔

Undress : (v) (۱) ننگا کرنا ۔(۲) کپڑے اتارنا ۔(۳) کسی کو کپڑے سے محروم کرنا؛ ننگا کرنا ۔(٤) کسی چیز سے الگ کرنا ۔

Undress : (n) (۱) نامکمل لباس؛ ڈھیلا ڈھالا لباس جو خلوت میں یا سوتے وقت پہنا جائے؛ شب خوابی کا لباس ۔(۲) (ملازمت میں) یونیفارم جو پہننے کے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔(۳) ننگا ۔

Undressed : (a) (۱) بے کپڑوں کا؛ ننگا ۔(۲) شب خوابی کا لباس پہنے ۔ (۳) (کپڑا، چمڑا، پتھر وغیرہ) جس کی سطح ہموار اور چکنی نہ کی گئی ہو ۔ (٤) بے مرہم پٹی؛ (زخم) جس کی مرہم پٹی نہ ہوئی ہو ۔

Undressing : (n) ننگا کرنا؛ کپڑے اتارنا؛ کسی چیز سے الگ کرنا ۔

Undried : (a) بے سوکھا ہوا؛ تر؛ نم؛ بھیگا ۔

Undrinkable : (a) غیر نوشیدنی؛ جو پینے کے قابل نہ ہو ۔

Undriven : (a) بے چلایا ہوا ۔

Undrooping : (a) غیر افسردہ؛ غیر پژمردہ ۔

Undrowned : (a) جوغرقاب نہ ہوا ہو؛ جو ڈوبا نہ ہو ۔

Undrugged : (a) (۱) جس نے منشیات کا استعمال نہ کیا ہو ۔(۲) جس نے منشیات کے اثر سے چھٹکارا پالیا ہو ۔

Undrunk : (a) غیر مخمور؛ جوپی کر بدمست نہ ہوا ہو ۔

Undubbed : (a) (۱) جس کو نائٹ کا خطاب نہ ملا ہو ۔ (۲) (چمڑا) جس پر چربی نہ ملائی گئی ہو ۔

Undubitable : (a) غیر مشکوک ۔

Undubitably : (adv.) غیر مشکوک طور پر ۔

Undue : (a) (۱) نامناسب؛ نازیبا ۔(۲) ناجائز؛ ناواجب ۔ (۳) حد سے زیادہ؛ بے حد ۔

Undug : (a) بے کھودا ہوا ۔

Unduke : (v) ڈیوک کے منصب سے ہٹا دینا ۔

Undulant : (a) [L. 'undulans'.] چڑھتا اُترتا ہوا؛ اُٹھتا گرتا ہوا؛ لہردار؛ موّاج ۔

Undulant fever : (n) (طب) مالٹا بخار؛ لہر یا بخار ۔

Undulate : (a) [L. 'undulatus'.] لہردار؛ (نباتیات) لہریا ۔

Undulate : (v) [L. 'undulare'.] (۱) لہریں بناتے ہوئے حرکت کرنا؛ موج کی طرح بڑھنا ۔(۲) اُتارچڑھاؤ پیدا کرنا ۔(۳) لہردار سطح دکھلانا ۔

Undulated : (a) موّاج؛ لہردار؛ (نباتیات) لہریا ۔

Undulating : (a) ارتعاشی؛ لہردار؛ موّاج؛ لہریًا؛ لہر کی طرح اتار چڑھاؤ پیدا کرنے والا ۔

Undulating membrane : (n) غشاءِ ارتعاشی ۔

Undulation : (n) (۱) تموّج؛ زیروبم؛ اتار چڑھاؤ؛ لہری حرکت؛ لہر؛ موج ۔ (۲) (طب) اہتزاز قلب ۔

Undulationist : (n) نظریہء تموّج کا حامی۔

Undulator : (n) (بے تار کے ٹیلیگراف میں) ارتعاش پیدا کرنے والا؛ لہر پیدا کرنے والا۔

Undulatory : (a) موجی؛ لہریا؛ موج سے پُر؛ لہردار۔

Undulatory theory : (n) (طبیعیات) نظریہء تموّج۔

Undulous : (a) [L. 'undulosus'.] لہردار؛ موّاج۔

Unduly : (adv.) نامناسب طور پر؛ ناجائز طور پر؛ غیر واجب طریقے سے؛ حد سے زیادہ۔

Undurable : (a) ناپائدار؛ نامضبوط؛ کمزور۔

Undusted : (a) جس پر گرد موجود ہو؛ جس پر سے گرد صاف نہ کی گئی ہو۔

Unduteous : (a) فرض ناشناس۔

Undutiful : (a) فرض ناشناس۔

Undutifully : (adv.) فرض ناشناسی سے۔

Undutifulness : (n) فرض نا شناسی۔

Undy : (a) [Anglicized f. undee.] (نقابت) لہردار۔

Undying : (a) (۱)غیر فانی؛ لازوال؛ اَمر۔(۲) دائمی؛ مستقل۔

Undyingly : (adv.) غیر فانی طور پر؛ دائمی طور پر۔

Undyingness : (n) لازوال ہونا؛ دائمیّت۔

Uneared : (a) غیر مزروعہ؛ جس میں کاشت نہ ہوئی ہو۔

Unearned : (a) بے کمایا ہوا؛ بے استحقاق حاصل کیا ہوا؛ ناواجب۔

Unearth : (v) (۱) کھود کرنکالنا۔(۲) مٹی ہٹا کر باہرنکالنا۔ (۳) (مجازاً) منظرعام پر لانا؛ افشا کرنا؛ ظاہر کرنا؛ پتا لگانا۔

Unearthed : (a) (۱) کھود کر نکالا ہوا؛ مٹی ہٹاکر نکالا ہوا۔ (۲) افشا کیا ہوا؛ ظاہر۔

Unearthed : (a) (بجلی) زمین واصل تار نہ لگایا ہوا۔

Unearthliness : (n) ارضی خصوصیات سے بالاتر ہونا؛ غیر ارضی ہونا؛ فوق فطرت ہونا؛ پراسرار ہونا؛ بھیانک پن؛ روحانیت؛ غیر ارضیت۔

Unearthly : (a) (۱) ارضی خصوصیات سے بالاتر؛ سماوی (دینیات) غیر دنیوی۔ (۲) فوق الفطرت : غیر ارضی۔(۳) (نفسیات) بھیانک؛ پُراسرار۔ (٤) (روزمرہ) نامناسب (وقت)؛ بہت سویرے۔

Unease : (n) (۱) (ذہنی یا روحانی) تکلیف۔ (۲) فکر و اندیشہ۔(۳) جذباتی تناؤ۔(٤) بے ڈھنگاپن۔

Uneasily : (adv.) (۱) بے اطمینانی سے؛ گھبراہٹ سے۔ (۲) بےکلی سے ؛ بے چینی سے؛ پریشانی سے۔ (۳) بے ڈھنگے طور پر : غیر آرام دہ طریقے سے۔

Uneasiness : (n) تکلیف؛ بے چینی؛ بےکلی؛ بے اطمینانی؛ گھبراہٹ۔

Uneasy : (a) (۱) بے آرام؛ بے کل؛ تکلیف دہ؛ پریشان کن۔ (۲) بےاطمینانی کا؛ گھبراہٹ کا۔(۳) مضطرب؛ بے چین۔

Uneatable : (a) غیرخوردنی؛ جو کھانے کے قابل نہ ہو۔

Uneaten : (a) ناخوردہ؛ بے کھایا ہوا۔

Uneath : (adv.) [OE. 'uneaþe'.] مشکل سے؛ دشواری سے۔

Uneath : (a) مشکل؛ سخت؛ تکلیف دہ۔

Uneclipsed : (a) (۱) بے گرہن؛ بے گہن۔(۲) (مجازاً) جسے کسی دوسری چیز ماند نہ کر سکی ہو۔

Uneconomic : (a) (۱) جو اصولِ معاشیات کے خلاف ہو۔ (۲) بے منافع؛ غیر نافع؛ بے کفایت؛ (معاشیات) مسرفانہ۔(۳) غیر معاشی؛ غیراقتصادی۔

Uneconomical : (a) (۱) غیرکفایت شعار؛مسرفانہ؛ مسرِف۔ (۲) غیر معاشی؛ غیر اقتصادی۔

Uneconomically : (adv.) غیرکفایت شعاری سے؛ فضول خرچی سے؛ اسراف سے۔

Unedge : (v) کُند کرنا؛ بے دھار کرنا۔

Unedified : (a) بے اصلاح؛ جس کی اخلاقی اصلاح نہ ہوئی ہو ؛ جسے اخلاقی فائدہ نہ پہنچا ہو۔

Unedifying : (a) (۱) غیر مصلحانہ؛ اخلاقی افادیت سے خالی۔ (۲) مخربِ اخلاق۔

Unedited : (a) (۱) بے ترتیب وتہذیب (کتاب)۔ (۲) غیر شائع شدہ۔

Uneducated : (a) غیر تعلیم یافتہ؛ ناتربیت یافتہ؛ جاہل؛ ناخواندہ؛ اَن پڑھ۔

Uneducatedness : (n) غیر تعلیم یافتہ ہونا؛ ناخواندگی؛ جہالت۔

Unelaborate : (a) مجمل؛ غیر مفصّل۔

Unelastic : (a) بے لچک۔

Unelated : (a) (۱) غیر مغرور؛ جسے غرور نہ ہو۔ (۲) غیر مسرور؛ جسے خوشی نہ ہو۔

Unelbowed : (a) جسے کہنی سے ہٹایا نہ گیا ہو؛ جسے کہنی نہ ماری گئی ہو۔

Unelected : (a) غیر منتخب؛ جو منتخب نہ ہوا ہو؛ بے انتخاب؛ جس میں انتخاب نہ ہوتا ہو۔

Unelectrified : (a) جس میں بجلی نہ لگی ہو؛ اَن برقایا۔

Unelectrified body : (n) (الیکٹرک) اَن برقایا جسم۔

Unelevated : (a) غیرمرتفع۔

Uneloquent : (a) غیرخوش بیان؛ غیرفصیح۔

Uneloquently : (adv.) غیرخوش بیانی سے؛ غیر فصاحت سے۔

Unembarrassed : (a) جو سراسیمہ نہ ہو؛ جو گھبرایا ہوا نہ ہو؛ پُرسکون؛ بااطمینان؛ گھبراہٹ سے خالی۔

Unembattled : (a) بغیر صف آرائی کئے ہوئے۔

Unembellished : (a) غیرآراستہ؛ غیرمزیّن۔

Unembittered : (a) خوش مزاج؛ جو تلخ مزاج نہ ہو۔

Unembodied : (a) غیر مجسم۔

Unemotional : (a) (۱) غیر جذباتی؛ غیر جذبات پسند؛ جو جذبات سے کم متاثر ہو اور ان کا اظہار کم کرے؛ ٹھنڈا۔ (۲) غیر جذبات انگیز؛ جذبات سے خالی؛ جس سے جذبات زیادہ متاثر نہ ہوں۔

Unemotionally : (adv.) غیر جذباتی طور پر؛ ٹھنڈے طریقے سے؛ بغیر جذبات کا اظہار کئے یا اثر لئے؛ جذبات کو بغیر متاثر کئے۔

Unemphatic : (a) بے تاکیدی؛ جس میں زور یا شدت نہ ہو۔

Unemphatically : (adv.) بغیر تاکید یا زور دیئے۔

Unemployable : (a) ناقابل ملازمت؛ جو ملازمت کے لائق نہ ہو۔

Unemployed : (a) بےکار؛ غیرمصروف؛ بےروزگار۔

Unemployment : (n) بےروزگاری؛ بیکاری؛ عدم مصروفیت۔

Unemployment insurance : (n) (معاشیات)بیمہ ٔ بےروزگاری؛ بے روزگاری بیمہ۔

Unemptied : (a) جو خالی نہ کیا گیا ہو؛ پُر؛ بھرا ہوا۔

Unenacted : (a) (قانون) جو وضع نہ کیا گیا ہو؛ (ڈراما) جو کھیلا نہ گیا ہو۔

Unenchanted : (a) غیرمسحور؛ (مجازاً) غیر فریفتہ۔

Unenclosed : (a) (۱) بے گھیرا ہوا؛ بے احاطہ۔ (۲) غیر ملفوف۔

Unencumbered : (a) (۱) بار سے آزاد؛ بوجھ سے آزاد۔ (۲) مزاحمت یا رکاوٹ سے آزاد۔ (۳) بے بار؛ وہ جائداد جو قرض، رہن وغیرہ ہر قسم کے بار سے آزاد ہو۔

Unendangered : (a) جو خطرے میں نہ ہو یا نہ ڈالا گیا ہو؛ خطرے سے خالی؛ خطرے سے آزاد۔

Unended : (a) (شاذ) بے پایاں۔

Unending : (a) (۱) (طبیعیات) بے پایاں۔ (۲) لامتناہی؛ لازوال۔ (۳) دائمی؛ مسلسل؛ مستقل۔

Unendingly : (adv.) لامتناہی طور پر؛ مسلسل طور پر؛ ختم نہ ہونے والے انداز سے۔

Unendingness : (n) لامتناہیت؛ لازوالیت؛ طوالت۔

Unendorsed : (a) غیر مصدقہ؛ بے تصدیق ظہری؛ جس کی پشت پر دستخط یا تصدیق نہ ہو۔

Unendowed : (a) جسے عطا نہ ہوئی ہو؛ محروم (کسی صفت سے)؛ غیر موقوفہ؛ بے اوقاف جائداد جس کا کوئی حصہ وقف نہ ہو۔

Unendued : (a) اندرونی صفات سے عاری۔

Unendurable : (a) ناقابلِ برداشت۔

Unendurably : (adv.) ناقابلِ برداشت طور پر۔

Unenergetic : (a) کمزور؛ بےقوت؛ غیر سرگرم؛ غیر مستعد۔

Unenforced : (a) غیر نافذ؛ بے عمل درآمد؛ جس کا نفاذ یا جس پر عمل درآمد نہ ہوسکے۔

Unenfranchised : (a) حق رائے دہندگی سے محروم؛ ووٹ سے محروم۔

Unengaged : (a) (۱) غیر مصروف؛ خالی۔(۲) بے کار؛ غیر ملازم۔ (۳) جس کی منگنی نہ ہوئی ہو؛ بے منگنی۔

Unenglished : (a) (قدیم) جسے انگریزی میں ترجمہ نہ کیا گیا ہو۔

Unenjoyable : (a) بے حظ؛ بے لطف؛ جس سے حظ یا لطف نہ حاصل کیا جاسکے۔

Unenjoyed : (a) جس سے لطف یا حظ نہ اٹھایا گیا ہو؛ حظ یا لطف سے خالی۔

Unenjoying : (a) لطف نہ اٹھانے والا؛ لطف کا اظہار نہ کرنے والا؛ مغموم؛ اداس۔

Unenjoyingly : (adv.) حظ یا لطف نہ اٹھاتے ہوئے۔

Unenlightened : (a) (۱) ذہنی طور پر پس ماندہ؛ غیر روشن خیال؛ تاریک خیال۔ (۲) ناواقف؛ معلومات نہ رکھنے والا۔

Unenlivened : (a) (۱) بے جان؛ بے روح۔(۲) ماند؛ بے چمک دمک۔

Unenquiring : (a) غیر مُستفسِر؛ غیر مُستفسرانہ۔

Unenquiringly : (adv.) استفسار نہ کرتے ہوئے۔

Unenriched : (a) غیر دولت مند؛ غیر مالامال۔

Unentailed : (a) (جائداد وغیرہ) غیرمشروط ہبہ کردہ۔

Unentangled : (a) بے الجھا ہوا؛ آزاد؛ پھندے میں نہ پھنسا ہوا۔

Unentered : (a) (۱) غیر مندرج؛ جس کا اندراج نہ ہوا ہو۔ (۲) (کتّا) جسے جھنڈ میں نہ رکھا گیا ہو۔ (۳) (جگہ) جہاں کوئی داخل نہ ہوا ہو۔

Unenterprising : (a) (۱) بے حوصلہ؛ بے من چلا؛ جسے نئے کاموں کا حوصلہ نہ ہو۔(۲) غیر مہم جو؛ جسے مہمات کے انجام دینے کا شوق نہ ہو۔

Unentertained : (a) جس کی دل بستگی نہ ہوئی ہو؛ جس نے لطف نہ اٹھایا ہو۔

Unentertaining : (a) بے لطف؛ غیر دلچسپ؛ خشک۔

Unentertainingly : (adv.) غیردلچسپ طور پر؛ بے لطفی کے ساتھ۔

Unentertainingness : (n) غیر دلچسپی؛ بے لطفی؛ خشکی۔

Unenthralled : (a) غیرمسحور؛ آزاد۔

Unenthusiastic : (a) سرد مہر؛ ٹھنڈا؛ بے جوش؛ غیر جوشیلا؛ غیر سرگرم؛ سردمہری کا؛ جوش سے خالی۔

Unentitled : (a) (۱) بے عنوان (کتاب)۔(۲) بے خطاب یافتہ۔ (۳) غیر مستحق؛ غیر حق دار۔

Unenviable : (a) ناقابلِ رشک۔

Unenviably : (adv.) ناقابلِ رشک طور پر۔

Unenvied : (a) غیر محسود؛ جس پر کوئی رشک یا حسد نہ کرتا ہو۔

Unenvious : (a) غیر حاسد؛ غیر حاسدانہ۔

Unenviously : (adv.) غیرحاسدانہ طور پر۔

Unepiscopal : (a) غیر اسقفی۔

Unepiscopally : (adv.) غیر اسقفانہ طور پر۔

Unequal : (a) غیرمساوی؛ نابرابر؛ جو برابرنہ ہو؛ ناہموار؛ جس کےبس کا نہ ہو؛ (نباتیات) غیرمتشاکل۔

Unequalled : (a) جس کا کوئی مقابل نہ ہو؛ بےہمتا؛ بےمثل؛ بے ہمسر؛ بے نظیر۔

Unequally : (adv.) غیر مساوی طور پر ۔

Unequalness : (n) غیربرابری؛ مساوی نہ ہونا ۔

Unequipped : (a) بے سازوسامان؛ (کسی چیز کے) لوازمات سے خالی ۔

Unequitable : (a) غیرمنصفانہ ۔

Unequitably : (adv.) غیر منصفانہ طور پر ۔

Unequivocal : (a) (۱) جو دو رُخی یا دوفصلی نہ ہو ۔(۲) غیر مبہم ؛ بالکل واضح؛ بالکل صاف؛ جس میں غلط فہمی کی گنجائش نہ ہو ۔

Unequivocally : (adv.) غیر مبہم طور پر؛ واضح طور پر ؛ صاف صاف ۔

Unequivocalness : (n) دو رُخی یا دوفصلی نہ ہونا؛ غیر مبہم ہونا؛ صاف ہونا ۔

Uneradicable : (a) ناقابل استیصال؛ جس کی بیخ کنی نہ ہو سکے؛ جسے مٹایا نہ جا سکے ۔

Unerrancy : (n) غلطی نہ کرنا ۔

Unerring : (a) بےخطا؛ حکمی؛ جو کبھی خطانہ کرے ؛ بےچوک ۔

Unerringly : (adv.) بے خطا طریقے سے؛ حکمی طور پر ؛ بے چوک انداز سے ۔

Unerringness : (n) بے خطا ہونا؛ حکمی ہونا ۔

Unescapable : (a) ناقابلِ فرار؛ جس سے بچنا ناممکن ہو ۔

Uneschewable : (a) جس سے پرہیز نہ کیا جاسکے؛ جس سے بچنا ممکن نہ ہو؛ناقابلِ ترک ۔

Unescorted : (a) تنہا؛ بے بدرقہ؛ بغیر دستۂ محافظین ۔

Unespied : (a) بے دیکھا ہوا؛ جو نظر نہ آیا ہو ۔

Unessayed : (a) (۱) جس کی کوشش نہ کی گئی ہو ۔ (۲) بے جانچا ہوا؛ بے پرکھا ہوا ۔

Unessence : (v) (کسی چیز کو) بے جوہر بنا دینا؛ جوہر نکال لینا ۔

Unessential : (a) غیر ذاتی؛ غیر اصلی؛ جو اصل سے یا ذات سے متعلق نہ ہو؛ غیر لازمی؛ جو ناگزیر نہ ہو؛ غیر اہم؛ ضمنی؛ جزوی ۔

Unessential : (n) غیر ضروری چیز؛ غیر لازمی چیز ۔

Unessential element : (n) (نباتیات) غیرضروری عُنصر ۔

Unestablish : (v) (۱) غیر مستحکم کرنا۔ (۲) غیر مسلّم کرنا۔

Unestablished : (a) (۱) غیر قائم؛ غیر مستحکم؛ جو قائم یا مستحکم نہ ہوا ہو ۔(۲) غیر مسلّمہ؛ جو پوری طرح تسلیم نہ کیا گیا ہو ۔

Unesteemed : (a) جس کی تعظیم وتکریم نہ کی گئی ہو ۔

Unestranged : (a) جو بے گانہ نہ ہوا ہو؛ جو پرایا نہ ہوا ہو ۔

Unethical : (a) غیر اخلاقی؛ اخلاقیات کے خلاف ۔

Unevadable : (a) جس سے مَفر ممکن نہ ہو؛ جس سے بچ نکلنا ممکن نہ ہو ۔

Unevangelical : (a) غیرانجیلی؛ جو انجیل میں نہ ہو؛ خلاف انجیل؛ تعلیمِ انجیل یا مسیحیت کے خلاف؛ خلاف اعتقادیت؛ اس نظریے کے خلاف کہ نجات صرف عقیدے یا ایمان پر منحصر ہے ۔

Uneven : (a) (۱) غیر مسطح؛ اونچا نیچا؛ جو یکساں نہ ہو؛ جس میں یکسانی اور اعتدال نہ ہو ۔(۲) (طب) ناہموار۔

Uneven pulse : (n) (طب) نبضِ غیرمُستوی ۔

Unevenly : (adv.) (۱)غیر مسطح حالت میں ؛ ناہموار طور پر ۔ (۲) غیر مساوی طور پر ۔

Unevenness : (n) ناہمواری۔

Uneventful : (a) اہم واقعات سے خالی ۔

Uneventfully : (adv.) بغیر اہم واقعات کے ۔

Uneventfulness : (n) اہم واقعات سے خالی ہونا ۔

Unevidenced : (a) غیر تصدیق کردہ؛ بے شہادت ۔

Unevident : (a) غیر صاف؛ غیر واضح؛ غیربدیہی؛ مبہم ۔

Unexact : (a) غلط؛ نادرست؛ غیر صحیح؛ بے جچا تُلا ۔

Unexaggerated : (a) بے مبالغہ آمیز؛ جس میں مبالغہ نہ کیا گیا ہو؛ جسے بڑھا چڑھا کر بیان نہ کیا گیا ہو۔

Unexalted : (a) جو آسمان پر چڑھایا نہ گیا ہو ؛ جس کی تعریف کا پل نہ باندھا گیا ہو ۔

Unexamined : (a) بے جانچا ہوا؛ بے پرکھا ہوا؛ بے امتحان؛ بے پڑتال ۔

Unexamining : (a) جانچ نہ کرنے والا؛ پرکھ نہ کرنے والا ۔

Unexampled : (a) بےمثال؛ بےنظیر؛ عدیل؛ عدیم المثال ۔

Unexcelled : (a) جس پر کسی کو برتری یا فوقیت نہ ہو؛ جو سب پر فائق ہو؛ جس پر کسی کو سبقت نہ ہو ۔

Unexcepted : (a) غیرمستثنیٰ؛ جسےمستثنیٰ قرارنہ دیاگیا ہو۔

Unexceptionability : (n) ناقابلِ اعتراض ہونا؛ بے عیبی ۔

Unexceptionable : (a) ناقابلِ اعتراض؛ بے عیب؛ بے نقص؛ مکمل۔

Unexceptionableness : دیکھو Unexceptionability

Unexceptionably : (adv.) ناقابلِ اعتراض طور پر؛ بے عیب طریقے سے ۔

Unexceptional : (a) عام؛ معمولی ۔

Unexchanged : (a) جس کی ادلا بدلی نہ کی گئی ہو ۔

Unexcised : (a) چنگی سے مستثنیٰ؛ محصول آبکاری سے مستثنیٰ ۔

Unexcitable : (a) اشتعال نا پذیر؛ جسے برانگیختہ نہ کیا جا سکے؛ جسے جوش میں نہ لایا جاسکے؛ جسے اُبھارا نہ جاسکے ۔

Unexcited : (a) غیر مشتعل ۔

Unexciting : (a) (جذبات کو) برانگیختہ نہ کرنے والا ؛ نہ بھڑکانے والا؛ نہ ابھارنے والا؛ جوش میں نہ لانے والا؛ مشتعل نہ کرنے والا ۔

Unexcusable : (a) ناقابلِ معافی؛ ناقابلِ عفو؛ ناقابل درگزر ۔

Unexecuted : (a) (۱) بےتعمیل؛ جس کی تعمیل نہ ہوئی ہو ۔ (۲) بے تکمیل؛ جس کی قانونی تکمیل (دستخط وغیرہ) نہ ہوئی ہو ۔

Unexemplary : (a) جو مثالی نہ ہو؛ غیر مثالی ۔

Unexemplified : (a) جس کی مثال نہ دی گئی ہو ۔

Unexempt/Unexempted : (a) (۱) مستثنیٰ نہ کیا ہوا؛ غیر مستثنیٰ ۔ (۲)بری نہ کیا ہوا؛ پاک نہ کیا ہوا ۔

Unexercised : (a) (۱) عمل میں نہ لایا ہوا؛ بے برتا ہوا ۔ (۲) بے مشق؛ بے ورزش؛ مشق یا ورزش سے محروم۔

Unexerted : (a) (قوت، زور، کوشش) جسے کام میں نہ لایا گیا ہو؛ جسے صرف نہ کیا گیا ہو ۔

Unexhausted : (a) (۱) بے تھکا ہوا؛ ہنوز تازہ دم ۔ (۲) جو ابھی ختم نہ ہوا ہو؛ جو ابھی پوری طرح صرف نہ ہوا ہو؛ جس میں ہنوز قوت باقی ہو۔

Unexistence : (n) عدم ۔

Unexistent : (a) معدوم ۔

Unexisting : (a) غیرموجود؛ معدوم ۔

Unexorcised/Unexorcized : (a) آسیب نہ اتارا ہوا؛ جھاڑ پھونک نہ کیا ہوا؛ آسیب زدہ ۔

Unexpanded : (a) غیر توسیع شدہ؛ بے پھیلایا ہوا ۔

Unexpansive : (a) نہ پھیلنے والا ۔

Unexpectable : (a) ناقابلِ توقع ۔

Unexpectant : (a) توقع نہ رکھنے والا ۔

Unexpected : (a) غیر متوقع؛ خلافِ توقع؛ ناگہانی؛ اچانک ۔

Unexpectedly : (adv.) غیر متوقع طور پر؛ توقع کے خلاف ؛ ناگاہ؛ اچانک طور پر ۔

Unexpectedness : (n) خلافِ توقع ہونا ۔

Unexpended : (a) صَرف نہ کیا ہوا؛ خرچ نہ کیا ہوا ۔

Unexpensive : (a) سستا؛ ارزاں؛ کم خرچ؛ غیر قیمتی؛ غیر خرچیلا۔

Unexpensively : (adv.) سستے طور پر؛ کم خرچی سے۔

Unexpensiveness : (n) کم خرچی؛ سستاهونا؛ کم قیمت هونا۔

Unexperienced : (a) ناتجربه کار۔

Unexperimented : (a) تجربه نه کیا هوا؛ تجربے سے نه آزمایا هوا۔

Unexpiated : (a) جس کا کفّاره نه ادا کیا گیا هو۔

Unexpired : (a) غیر منقضی؛ جس کا کچھ حصه باقی هے؛ جس کی میعاد پوری نهیں هوئی۔

Unexplainable : (a) ناقابلِ تشریح وتوضیح۔

Unexplained : (a) (۱) غیر موجه؛ غیر مصرح؛ جس کی تصریح و وضاحت نه هوئی هو۔ (۲) بے سمجھایا هوا۔ (۳) بے معذرت؛ جس کی معذرت نه هوئی هو۔

Unexplanatory : (a) غیر تشریحی؛ غیر توضیحی۔

Unexplicated : (a) غیر توضیح کرده۔

Unexplicit : (a) غیر صریح؛ غیر واضح۔

Unexplicitly : (adv.) غیر واضح طور پر؛ غیرصریح طریقے سے۔

Unexplored : (a) (۱) غیر متحقق؛ نامعلوم۔ (۲) جس کے جغرافیائی حالت کی تفتیش وتلاش نه هوئی هو۔

Unexposed : (a) (۱) غیر فاش؛ چھپا هوا؛ مخفی؛ ڈھکا هوا۔ (۲) روشنی سےمحفوظ؛ دھوپ اور هَوا سے محفوظ؛ خطرے سے محفوظ۔

Unexpressed : (a) بے اظہار؛ بے ظاهر کیا هوا؛ جس کا اظهار اور بیان نه کیا گیا هو۔

Unexpressible : (a) ناقابلِ اظهار؛ ناقابلِ بیان؛ جس کا اظهار وبیان ممکن نه هو۔

Unexpressive : (a) غیرمُظهر؛ معنی سے عاری۔

Unexpressively : (adv.) غیر مظهر طور پر۔

Unexpressiveness : (n) غیرمُظهر هونا؛ معنی سےعاری هونا۔

Unexpunged : (a) بے نکالا هوا؛ بے مٹایا هوا؛ غیر خارج شده؛ غیر قلم زد۔

Unexpurgated : (a) بے تخریج؛ کتاب جس میں سے قابلِ اعتراض باتیں خارج نه کردی گئی هوں۔

Unextended : (a) (۱) بے پھیلا هوا۔ (۲) جس میں توسیع یا اضافه نه هوا هو۔ (۳) بے ابعاد؛ بے جسامت؛ جو ابعادِ ثلاثه یا جسامت نه رکھتا هو۔

Unextendedly : (adv.) بے پھیلے هوئے۔

Unextendedness : (n) بےپھیلا هوا هونا؛ بے جسامت کا هونا۔

Unextenuated : (a) (جرم، معصیت وغیره) کم نه کیا هوا؛ ہلکا نه کیا هوا؛ گھٹایا نه هوا۔

Unextinct : (a) (۱) بے بجھا هوا (آگ، آتش فشاں وغیره)۔ (۲) زنده؛ غیرناپید (خاندان، نوع، طبقه)۔ (۳) غیر متروک (عہده، منصب، خطاب)۔

Unextinguishable : (a) جو بجھایا نه جا سکے؛ جسے ماند نه کیا جاسکے؛ جسے فنا نه کیا جاسکے۔

Unextinguishableness : (n) فنا ناپذیری۔

Unextinguishably : (adv.) ناقابلِ فنا طور پر۔

Unextinguished : (a) بے بجھایا هوا؛ بے ماند کیا هوا۔

Unextirpated : (a) بیخ وبُن سے نه اکھاڑا هوا؛ غارت نه کیا هوا؛ اُکھاڑ کے نه پھینکا هوا۔

Unextorted : (a) جو اینٹھا نه گیا هو؛ جو (جبراً) حاصل نه کیا گیا هو۔

Uneyed : (a) بے دیکھا هوا؛ جس پر نگاه نه ڈالی گئی هو۔

Unface : (v) چهرے کو ننگا کرنا؛ چهرے سے نقاب ہٹانا۔

Unfadable : (a) جو کبھی نه مٹے؛ ان مٹ؛ لازوال؛ دائمی۔

Unfaded : (a) تازه؛ شگفته؛ غیر پژمرده؛ بے مرجھایا هوا؛ جو مٹا نه هو؛ جو سوکھا نه هو۔

Unfading : (a) کبھی نہ مٹنے والا؛ کبھی نہ مرجھا نے والا؛ لازوال؛ دائمی؛ ان مٹ۔

Unfadingly : (adv.) (۱) لازوال طور پر ۔ (۲) بے مرجھائے ہوئے۔

Unfadingness : (n) بقائے دوام؛ لازوال ہونا۔

Unfailing : (a) (۱) بے خطا؛ حکمی؛ یقینی؛ اچوک ۔(۲) جو کبھی ختم نہ ہو؛ غیرمحدود؛ بے انتہا ۔(۳) جو کبھی دغا نہ دے؛ نہایت وفادار۔

Unfailingly : (adv.) (۱) حکمی طورپر؛ بے خطا طورپر ؛ اچوک طریقے سے ۔ (۲) اس طرح سے کہ کبھی ختم نہ ہو ۔(۳) نہایت وفاداری سے۔

Unfailingness : (n) (۱) حکمی یا یقینی ہونا ۔(۲) غیرمحدود ہونا ۔ (۳) انتہائی وفاداری۔

Unfain : (a) (قدیم یا بولی) ناخوش ۔

Unfair : (a) (۱) غیر منصف؛ بے انصاف؛ غیر منصفانہ؛ دھاندلی کرنے والا ۔ (۲) ناواجب؛ بے جا؛ کم (اُجرت) ۔(۳) ناموافق (ھوا)۔

Unfairly : (adv.) (۱) غیر منصفی سے؛ بے انصافی سے؛ دھاندلی سے ۔(۲) غیرواجب اور بےجا طور پر ۔

Unfairness : (n) بےانصافی؛ دھاندلی؛ ناواجب اور بےجا ہونا۔

Unfaithful : (a) (۱) بے وفا؛ نمک حرام؛ غیرمخلص؛ جھوٹا ۔ (۲) شرائط نکاح کی خلاف ورزی کرنے والا؛ بدکاری کامرتکب ۔ (۳) غیرمطابق اصل؛ ناقص؛ غلط۔

Unfaithfully : (adv.) (۱) نمک حرامی سے؛ بے وفائی سے ۔ (۲) اس طرح کہ اصل کے مطابق نہ ہو؛ ناقص طور پر۔

Unfaithfulness : (n) (۱) نمک حرامی؛ بےوفائی ۔(۲)غیرمطابق اصل ہونا ۔(۳) ناقص یا غلط ہونا ۔

Unfallen : (a) بے گرا ہوا؛ جس کا زوال نہ ہوا ہو؛ جو گرا نہ ہو۔

Unfaltering : (a) (۱) نہ ڈگمگانے والا؛ سچّا (قدم) ۔(۲) نہ لرزنے والی؛ ہموار؛ یکساں (آواز) ۔ (۳) نہ جھپکنے والی؛ جمی ہوئی (نظر) ۔(٤) (مجازاً) مستحکم؛ مصمم؛ استوار؛ پکّا؛ مستقیم۔

Unfalteringly : (adv.) بغیر ڈگمگاتے ہوئے؛ مضبوطی سے ؛ مصمم طور پر؛ استقامت سے ۔

Unfamed : (a) غیر مشہور؛ غیر معروف ۔

Unfamiliar : (a) (۱) بے جانا بوجھا؛ غیر مانوس؛ اجنبی ۔ (۲) ناواقف؛ ناآشنا؛ بیگانہ۔

Unfamiliarity : (n) (۱) اجنبیت؛ غیر مانوس ہونا ۔(۲) ناواقفیت؛ ناآشنائی ۔

Unfamiliarized : (a) اجنبی؛ نامانوس؛ غیر عادی۔

Unfanatical : (a) غیر متشدّدانہ ۔

Unfancied : (a) جو تصور میں نہ لایا گیا ہو ۔

Unfantastic : (a) جو عجیب وغریب نہ ہو ۔

Unfashion : (v) مروّجہ فیشن کے خلاف بنانا؛ فیشن کو بگاڑنا۔

Unfashionable : (a) مروّجہ فیشن کے خلاف (کپڑا، خیال ، طورطریقہ)؛ خلافِ فیشن؛ اہل فیشن کے طور کے خلاف؛ غیرفیشن پسند ۔

Unfashionableness : (n) مروجہ فیشن کے غیر مطابق ہونا؛ خلاف فیشن ہونا؛ غیرفیشن پسندی۔

Unfashionably : (adv.) غیر فیشن پسندانہ طریقے سے؛ خلافِ فیشن کےطور پر ۔

Unfashioned : (a) (۱) غیر متشکل؛ جس کی تشکیل نہ ہوئی ہو ۔(۲) بے شکل؛ بے ہئیت؛ بے ڈول؛ ان گھڑ ۔

Unfasten : (v) کھولنا؛ ڈھیلا کرنا؛ الگ کرنا؛ کُھلنا؛ ڈھیلا ہونا؛ الگ ہونا۔

Unfastened : (a) جو بند نہ ہو؛ کُھلا ہوا ۔

Unfastidious : (a) لاپروا؛ غیر نفاست پسند؛ بے سلیقہ ۔

Unfathered : (a) بے باپ کا؛ ناجائز؛ حرامی؛ پدر سے لاعلم۔

Unfathomable : (a) (۱) لاانتہا؛ اتھاہ؛ جس کی تھاہ نہ ملے؛ (گہرائی) جسے ناپا نہ جاسکے۔ (۲) ناقابلِ ادراک؛ ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ حل۔

Unfathomableness : (n) اتھاہ ہونا؛ ناقابلِ ادراک وفہم ہونا ۔

Unfathomably : (adv.) (۱) اتھاہ کے طور پر؛ اس طرح سے کہ تھاہ نہ ملے ۔ (۲) ناقابلِ ادراک طور پر؛ ناقابلِ حل طور پر ۔

Unfathomed : (a) جس کی تھاہ دریافت نہ کی گئی ہو ؛ جس کی گہرائی نہ ناپی گئی ہو؛ جس کا ادراک نہ کیا گیا ہو؛ جس کا حل دریافت نہ ہوا ہو ۔

Unfatiguable : (a) اَن تھک ۔

Unfatigued : (a) بے تھکا ہوا؛ غیر ماندہ؛ غیر کمزور ۔

Unfatiguing : (a) نہ تھکنے والا؛ کمزور نہ کرنے والا ۔

Unfaulty : (a) بے عیب؛ غیر ناقص؛ مکمل ۔

Unfavourable : (a) نامساعد؛ ناموافق؛ ناسازگار؛ مخالف ۔

Unfavourableness : (n) نامساعد ہونا؛ ناموافق ہونا؛ ناساز گاری ۔

Unfavourably : (adv.) ناموافق یا ناسازگار طور پر ۔

Unfavoured : (a) جس پر التفات نہ کیا گیا ہو؛ لطف و کرم سے محروم ۔

Unfavouring : (a) نامہربان ۔

Unfeared : (a) جس سے خوف نہ ہو ۔

Unfearful : (a) (۱) غیر مہیب؛ غیر خوفناک ۔ (۲) بے ڈرا ہوا؛ بے سہما ہوا ۔

Unfearfully : (adv.) (۱) غیرمہیب طورپر ۔ (۲) بے سہمے ہوئے ۔

Unfearing : (a) بے خوف ۔

Unfearingly : (adv.) بے خوفی سے ۔

Unfeasible : (a) ناقابلِ عمل ۔

Unfeather : (v) پَر نوچنا؛ بے بال وپر کرنا ۔

Unfeathered : (a) بے بال وپر؛ مُنڈا ہوا ۔

Unfeatured : (a) بے وضع؛ بے ڈول؛ بے ہیئت؛ بے خط وخال ۔

Unfecundated : (a) غیر حاملہ؛ غیرثمرور ۔

Unfed : (a) (۱) بے غذا؛ بے کھلایا ہوا؛ جسے غذا نہ پہنچائی جائے؛ بھوکا ۔ (۲) بے غذا؛ بے رسد (مشین وغیرہ)؛ جس کے چلانے کا سامان بہم نہ پہنچایا جائے ۔

Unfeed : (a) بے انعام؛ جسے بخشش نہ دی جائے ۔

Unfeeling : (a) (۱) بے حس؛ احساس سے خالی؛ بے احساس ۔ (۲) سخت دل؛ سنگ دل؛ بے درد ۔

Unfeelingly : (adv.) بے حسی سے؛ سخت دلی سے؛ بے دردی سے ۔

Unfeelingness : (n) بے حسی؛ سنگ دلی؛ بے دردی ۔

Unfeigned : (a) بے تصنّع؛ بے بناوٹ؛ سچّا؛ سچ مچ کا؛ حقیقی؛ پُرخلوص ۔

Unfeignedly : (adv.) بغیر تصنّع کے؛ درحقیقت؛ پُرخلوص طور پر ۔

Unfeigning : (a) تصنّع نہ کرنے والا؛ بناوٹ سے پاک؛ پُرخلوص ۔

Unfeigningly : (adv.) بغیر تصنّع کے؛ بغیر بناوٹ کے؛ پُرخلوص طور پر ۔

Unfellowed : (a) (یونیورسٹی کی) مجلسِ رفقاء کی رکنیت سے ہٹایا یا خارج کیا ہوا ۔

Unfelt : (a) غیر محسوس؛ نامعلوم ۔

Unfeminine : (a) خلاف نسائیت؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف؛ نزاکت سے عاری ۔

Unfeminineness : (a) خلافِ نسائیت ہونا؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف ہونا ۔

Unfenced : (a) (۱) (قدیم) غیرمحفوظ ۔ (۲) بے گھیرے کا؛ بے احاطہ ۔ (۳) بے نگہبان ۔

Unfermented : (a) (۱) بے خمیر؛ جس کا خمیر نہ اُٹھایا گیا ہو ۔ (۲) بے ہیجان؛ جس میں ہیجان نہ پیدا کیا گیا ہو ۔

Unfertile : (a) غیر زرخیز؛ بنجر ۔

Unfertilized : (a) (۱) جو زرخیز یا قابل کاشت نہ بنائی گئی ہو ۔ (۲) (نباتیات) غیرمزدوج؛ جوبارور یا خمیرور نہ بنایا گیا ہو ۔

Unfetter : (v) (بیڑیوں سے) رہا کرنا؛ آزاد کرنا ۔

Unfettered : (a) (۱) (بیڑیوں سے) رہا کیا ہوا ۔(۲) خیال اور عمل میں آزاد؛ بے قید؛ آزادانہ ۔

Unfigured : (a) (۱) صنائع وبدائع میں بیان نہ کیا گیا؛ صنائع و بدائع سے عاری ۔ (۲) بے عدد ۔ (۳) (حیوانیات) بے شکل ۔ (٤) (منطق) جو رائج قیاس منطقی میں نہ ہو ۔(٥) بے تصویر؛ جس میں تصویریں نہ بنی ہوں ۔

Unfiled : (a) (۱) ریتی سے رگڑ کر چکنا اور ہموار نہ کیا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) ناشائستہ ؛ غیر متمدن ۔ (۳) ریتی سے رگڑ کر چھوٹا نہ کیا ہوا (سکّہ)۔

Unfiled : (a) جو قطار میں نہ لگایا گیا ہو؛ جس کی صف بندی نہ کی گئی ہو ۔

Unfilial : (a) جو بیٹے کے لئے سزاوار نہ ہو؛ ناخلفی کا؛ ناخلفانہ۔

Unfilially : (adv.) ناخلفی سے؛ ناخلفی کے طور پر ۔

Unfillable : (a) (شاذ) جسے پُر نہ کیا جا سکے ۔

Unfilled : (a) بغیر بھرا ہوا؛ خالی ۔

Unfiltered : (a) (کیمیا) غیر مُقطّر؛ بے چھانا ہوا ۔

Unfingered : (a) (۱) بے انگلی کا؛ بے انگشت ۔ (۲) انگلی نہ لگایا ہوا؛ ہاتھ سے نہ چھوا ہوا ۔

Unfired : (a) (۱) آگ نہ لگایا ہوا ۔(۲)آگ میں نہ جھونکا ہوا ۔ (۳) (بندوق وغیرہ) نہ چھوڑی ہوئی ۔

Unfirm : (a) (۱) غیرسخت اور غیرمضبوط؛ بے ٹھوس ۔ (۲) متزلزل؛متلون؛ ڈگمگاتا ہوا؛ جو مضبوطی سے کسی جگہ پر قائم نہ ہو ۔

Unfirmly : (adv.) ڈگمگاتے ہوئے؛ متزلزل طورپر؛ متلون انداز میں۔

Unfit : (a) (۱) ناقابل؛ نااہل؛ ناموزوں؛ نامناسب ۔(۲) غیر تندرست؛ غیرصحیح الجسم؛غیرصحیح الدماغ؛ جس میں کوئی جسمانی یا دماغی نقص ہو ۔

Unfitly : (a) ناموزوں یا نامناسب طور پر ۔

Unfitness : (n) (۱) ناموزونی؛ نامناسب ہونا؛ نااہلی؛ ناقابلیت ۔(۲) غیر تندرست؛ غیرصحیح الجسم؛ غیر صحیح الدماغ ہونا ۔

Unfit : (v) ناموزوں یا نامناسب قرار دینا؛ نااہل قراردینا؛ غیر تندرست قرار دینا ۔

Unfitted : (a) (۱) ناموزوں؛ نامناسب ۔(۲) بے سازوسامان؛ غیر آراستہ۔

Unfitting : (a) نامناسب؛ ناموزوں؛ نازیبا؛ ناسزاوار؛ جو زیب نہ دیتا ہو ۔

Unfittingly : (adv.) نامناسب طور پر؛ ناموزوں طور پر ؛ نازیبا طور پر ۔

Unfittingness : (n) ناموزونیت؛ نازیبائی؛ نامناسب ہونا ۔

Unfix : (a) (۱) اُکھاڑنا؛ الگ کرنا؛ ڈھیلا کرنا؛ کھولنا ۔ (۲) مشکوک کرنا ۔ (۳) ڈھیلا ہونا؛ کھل جانا؛ الگ ہونا؛ اُکھڑ جانا ۔

Unfixed : (a) (۱) کسی خاص جگہ یا مقام پر نہ جما ہوا؛ ڈھیلا ؛ اُکھڑا ہوا ؛ الگ ؛ کھلا ہوا ؛ آزاد ۔ (۲) (سنگین) رائفل میں نہ جوڑا ہوا ۔(۳) غیر طے شدہ؛ غیر فیصل؛ غیر متعین؛ غیر مقرر ۔ (٤) غیر استوار؛ متلون ۔

Unflagging : (a) (۱) نڈھال نہ ہونے والا؛ ڈھیلا یا سُست نہ ہونے والا ۔(۲) کم نہ ہونے والا؛ ان تھک؛ ثابت قدم۔

Unflaggingly : (adv.) اَن تھک طور پر؛ نڈھال نہ ہوتے ہوئے؛ ثابت قدمی سے؛ استقلال سے ۔

Unflanked : (a) بے میمنہ؛ بے میسرہ ۔

Unflappability : (n) طمانیت؛ اطمینان؛ طبیعت کا سکون ۔

Unflappable : (a) (بحران اور شورش میں بھی) پُرسکون؛ پُراطمینان۔

Unflattered : (a) خوشامد ناپذیر؛ جس پر خوشامد کا اثر نہ ہوا ہو؛ خوشامد یا تملق سے متاثر نہ ہونے والا۔

Unflattering : (a) (۱) غیر خوشامدانہ؛ خوشامد سے پاک ۔ (۲) کھرا جس میں تالیف قلب یا دل جوئی مدِّ نظر نہ ہو ۔(۳) ناگوار مگر سچّا ۔

Unflatteringly : (adv.) غیر خوشامدانہ طور پر؛ کھرے طریقے سے؛ ناگوار سچّائی سے ۔

Unflawed : (a) بے عیب؛ مکمل ۔

Unflecked : (a) بے داغ ۔

Unfledged : (a) (۱) جس کے پر اچھی طرح نہ نکلے ہوں ۔ (۲) (مجازاً) جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو ۔ (۳) خام؛ غیرپختہ؛ ناقص؛ ناتمام؛ نامکمل؛ ناتجربہ کار ۔

Unflesh : (v) گوشت الگ کرنا ۔

Unfleshed : (a) (۱) جس نے گوشت کا مزہ نہ چکھا ہو (کتّا، شیر) ۔ (۲) (آدمی) ناتجربہ کار؛ خام ۔ (۳) بے گوشت کا (ہڈی، کھوپڑی) ۔ (٤) خون نادیدہ ۔

Unfleshly : (a) غیرجسمانی؛ غیر نفسانی؛ غیر شہوانی؛ روحانی۔

Unflinching : (a) (۱) بے جھجك ۔ (۲) مصمّم؛ استوار؛ مستقل؛ مضبوط۔

Unflinchingly : (adv.) (۱) بےجھجك طریقے سے ۔ (۲) مضبوطی سے؛ استقلال سے؛ استواری سے۔

Unfluctuating : (a) غیر متغیّر ۔

Unfoiled : (a) جو شکست خوردہ نہ ہو؛ جو ناکام نہ ہوا ہو؛ جسے حصول مقصد سے روکا نہ گیا ہو ۔

Unfold : (v) [OE.'Unfealdan'.] (۱) تہ کھولنا؛ کھول کر پھیلانا ۔ (۲) کھولنا (لب، چشم، گیٹ وغیرہ) ۔ (۳) ظاہر کرنا؛ افشا کرنا ؛ تشریح کرنا ۔ (٤) دکھانا؛ نمائش کرنا ۔ (٥) کُھلنا؛ پھیل جانا؛ صریح ہونا ۔

Unfold : (v) (بھیڑوں کو) باڑ ے سے نکالنا ۔

Unfolded : (a) (۱) تہ کھولا ہوا؛ کھولا ہوا ۔ (۲) بیان کیا ہوا؛ تشریح کیا ہوا؛ ظاہر کیا ہوا ۔

Unfolded : (a) باڑے سے نکالا ہوا ۔

Unfolder : (n) (۱) تہ کھولنے والا؛ کھولنے والا ۔ (۲) بیان کرنے والا؛ تشریح کرنے والا؛ دکھانے والا ۔

Unfollowed : (a) بغیر پیرو؛ بے مرید ۔

Unfool : (v) بے وقوفی دور کرنا ۔

Unfooled : (a) جو بے وقوف نہ بنا ہو ۔

Unfooted : (a) جس پر سے کوئی نہ گزرا ہو؛ جس پر انسان کے قدم نہ پڑے ہوں ۔

Unforbid : (a) غیرممنوع ۔

Unforbidden : (a) غیرممنوع ۔

Unforbiddenly : (adv.) غیرممنوع طریقے سے ۔

Unforbiddenness : (n) غیرممنوع ہونا ۔

Unforced : (a) (۱) بلاجبر واکراہ؛ بے دباؤ ۔ (۲) فطری ۔ (۳) خودرو (پودا) ۔

Unforcedly : (adv.) بے جبر طریقے سے؛ فطری طور پر ۔

Unfordable : (a) غیرپایاب؛ (دریا) جسے چل کر عبور نہ کرسکیں ۔

Unforeknown : (a) جس سے پہلے سے آگاہی نہ ہو ؛ جس کا پیش علم نہ ہو ۔

Unforeseeable : (a) جسے قبل ازوقت نہ دیکھا جاسکے ۔

Unforeseeableness : (n) ناقابلِ پیش بینی ہونا ۔

Unforeseeably : (adv.) ناقابلِ پیش بیں طریقے سے ۔

Unforeseeing : (a) غیر پیش بیں ۔

Unforeseeingly : (a) غیر پیش بینی سے ۔

Unforeseen : (a) غیر پیش دیدہ؛ نامعلوم؛ جو پہلے سے معلوم نہ ہو؛ پہلے سے جس کا اندازہ نہ ہو ۔

Unforest : (v) جنگل کو کاٹ کر صاف کرنا ۔

Unforested : (a) کاٹ کر صاف کیا ہوا (جنگل) ۔

Unforewarned : (a) پہلے سے متنبہ نہ کیا ہوا ۔

Unforfeit : (a) غیرضبط شدہ ۔

Unforfeitable : (a) ناقابلِ ضبطی ۔

Unforfeited : (a) غیرضبط شدہ ۔

Unforged : (a) اصلی؛ غیرمخترع؛ جو بناوٹی نہ ہو ۔

Unforgettable : (a) جوبھلایا نہ جاسکے؛ ناقابلِ فراموش؛ جسے کبھی نہ بھول سکیں۔

Unforgettably : (adv.) ناقابلِ فراموش طور پر۔

Unforgetting : (a) فراموش نہ کرنے والا۔

Unforgiv(e)able : (a) ناقابلِ معافی؛ ناقابلِ عفو؛ ناقابلِ درگزر۔

Unforgiv(e)ably : (adv.) ناقابلِ عفو طور پر؛ ناقابلِ درگزر طریقے سے۔

Unforgiven : (a) غیرمعاف شدہ؛ بے بخشا ہوا؛ جسے معاف نہ کیا گیا ہو۔

Unforgiveness : (n) غیرعفو پسندی؛ کینہ پروری۔

Unforgiving : (a) معاف نہ کرنے والا؛ غیرعفو پسند؛ کینہ پرور۔

Unforgivingness : (n) دیکھو Unforgiveness

Unforgot : (a) جسے بھلایا نہ گیا ہو؛ غیر فراموش؛ بے بھولا ہوا؛ جو یاد ہو۔

Unforgotten : (a) دیکھو Unforgot

Unform : (v) غیرمتشکل کرنا؛ بے ڈول کرنا۔

Unformal : (a) دیکھو Informal

Unformed : (a) (۱) غیرمتشکل؛ بے شکل؛ بےہیئت۔ (۲) ادھورا ؛ نامکمل ؛ خام (غیر مادی شے)۔ (۳) غیر ترقی یافتہ ؛ غیر تربیت یافتہ۔ (٤) غیر تخلیق کردہ؛ بے بنایا ہوا۔

Unformidable : (a) جس کا مقابلہ کرنا دشوار نہ ہو؛ غیر مرعوب کُن۔

Unformulable : (a) ناقابلِ انضباط؛ جسے ضابطے یا اصول کی صورت نہ دی جاسکے؛ جو ضابطے میں نہ لایا جاسکے۔

Unformulated : (a) غیرمنضبط؛ جسے ضابطے یا اصول کی صورت نہ دی گئی ہو۔

Unforsaken : (a) جسے چھوڑا نہ گیا ہو؛ غیرترک کردہ۔

Unfortified : (a) غیرمستحکم؛ غیر قلعہ بند؛ جس میں قلعہ بندی نہ ہو۔

Unfortunate : (a) (۱) بدقسمت؛ بدنصیب۔ (۲) بدقسمتی کا؛ نا مبارک ؛ نا مسعود ؛ بدشگون ؛ بدفال۔ (۳) افسوس ناک؛ ناکام۔

Unfortunate : (n) (۱) بد قسمت آدمی ؛ بدنصیب شخص۔ (۲) کسبی ؛ فاحشہ۔

Unfortunately : (adv.) (۱) بدقسمتی سے؛ بدنصیبی سے۔ (۲) ناکامی سے۔ (۳) افسوس کے ساتھ۔

Unfortunateness : (n) بدقسمتی؛ بدنصیبی؛ ناکامی؛نامبارک اور نامسعود ہونا۔

Unfostered : (a) بے پالا ہوا؛ بے پوسا ہوا؛ جس کی پرورش نہ کی گئی ہو۔

Unfought : (a) بے لڑا ہوا؛ (جنگ) جو لڑی نہ گئی ہو۔

Unfound : (a) نایافتہ؛ نامعلوم؛ لاپتا۔

Unfounded : (a) بے بنیاد؛ سراسر غلط؛ جو حقائق پرمبنی نہ ہو۔

Unfoundedly : (adv.) بے بنیاد طور پر۔

Unframe : (v) توڑنا؛ برباد کرنا؛ بے چوکھٹا۔

Unframed : (a) بے چوکھٹے کا؛ جس میں چوکھٹا نہ لگایا گیا ہو۔

Unfranchised : (a) حق رائے دہندگی سے محروم۔

Unfranked : (a) بے دستخط؛ بے اجازت؛ بے محصول معاف شدہ۔

Unfraternal : (a) غیر برادرانہ۔

Unfree : (a) (۱) غیر آزاد؛ غلام۔ (۲) (ٹیکس، کام، مصروفیت وغیرہ سے) غیر آزاد؛ غیرفارغ۔

Unfreed : (a) غلام؛ غیر آزاد کردہ۔

Unfreedom : (n) غلامی۔

Unfreeman : (n) (قدیم) آدمی جو آزاد نہ ہو۔

Unfreeze : (v) پگھلانا۔

Unfrequent : (a) کبھی کبھی کا۔

Unfrequented : (a) بے آمدورفت؛ سُونا؛ جہاں کوئی نہ آتا جاتا ہو۔

Unfrequentedness : (n) بے آمدو رفت ہونا۔

Unfrequently : (adv.) کبھی کبھی۔

Unfretted : (a) بے گِھسی ہوئی؛ رنجیدہ اور پریشان نہ کیا ہوا۔

Unfriend : (n) جو دوست نہ ہو؛ دشمن۔

Unfriended : (a) بے یارومددگار؛ جس کا کوئی دوست نہ ہو۔

Unfriendliness : (n) (۱) مخالفت؛ دشمنی۔(۲) بے مروّتی؛ نامہربانی۔

Unfriendly : (a) بےمروّت؛ نامہربان؛ غیردوستانہ؛ معاندانہ؛ دشمنانہ۔

Unfriendship : (n) دشمنی۔

Unfrighted : (a) بے خوف؛ بے ہراس۔

Unfrightened : (a) بے خوف؛ بے ڈر۔

Unfrock : (v) راہب یا پادری کو تفویض کردہ چغے سے محروم کرنا؛ پادریت کے عہدے سے برطرف کرنا۔

Unfrocked : (a) پادریت کے عہدے سے برطرف کردہ۔

Unfrozen : (a) پگھلایا ہوا۔

Unfructuous : (a) (شاذ) لاحاصل۔

Unfrugal : (a) غیرکفایت شعار؛ فضول خرچ۔

Unfruitful : (a) (۱) بے ثمر (درخت)۔(۲) بے نتیجہ؛ بے فائدہ؛ لاحاصل۔(۳) (زمین) بنجر؛ اوسر۔

Unfruitfully : (adv.) بے ثمری سے؛ بے فائدہ طریقے سے؛ بے نتیجہ خیز طور پر؛ لاحاصل طریقے سے۔

Unfruitfulness : (n) بے ثمری؛ بے حاصلی؛ بے نتیجہ خیزی؛ بے سود مندی۔

Unfrustrable : (a) جسے ناکام نہ بنایا جاسکے؛ جسے مایوس نہ کیا جاسکے؛ جسے بے اثر نہ کیا جاسکے؛ غیر شکست پذیر۔

Unfrustrably : (adv.) غیر شکست پذیر طور پر؛ ناکام یا مایوس نہ ہو کر۔

Unfuelled/Unfueled : (a) بے ایندھن؛ ایندھن بہم نہ پہنچایا ہوا۔

Unfulfilled : (a) (۱) جو پورا نہ ہوا ہو؛ جس کی تسکین نہ ہوئی ہو۔ (۲) ناکام۔

Unfulfilment : (n) کسی چیز کا پورا نہ ہونا؛ عدم تکمیل؛ عدم تعمیل؛ غیرپابندی۔

Unfunded : (a) قابلِ واپسی (سرکاری قرضہ)؛ (معاشیات) بے سرمایہ۔

Unfunded debt : (n) چلَت قرضہ۔

Unfunny : (a) غیرمضحکہ خیز؛ غیر قہقہہ انگیز۔

Unfurl : (v) (۱) (پرچم یا مال کو) پھیلانا یا کھولنا۔ (۲) آنکھوں کے سامنے پھیلانا؛ کھولنا۔

Unfurnish : (v) سجاوٹ اور آرائش کی تمام چیزوں سے خالی کرنا۔

Unfurnished : (a) غیرآراستہ؛ جس کی تزئین اور آرائش نہ ہوئی ہو؛ بے سازوسامان؛ بے فرنیچر؛ متعلق لوازمات سے عاری۔

Unfurred : (a) بے پوستین؛ بے سمور۔

Unfurrowed : (a) (۱) (کھیت) بے جوتا ہوا؛ جس پر ہل نہ چلایا گیا ہو۔(۲) بے شکن؛ بے جھری۔

Unfused : (a) ناآمیختہ؛ بے جُتا ہوا؛ بے جڑا ہوا؛ بے پگھلا ہوا؛ بے جلا ہوا۔

Unfussy : (a) حقیر باتوں کو اہمیت نہ دینے والا؛ ذرا سی بات میں نہ گھبرانے والا۔

Ung : (n) لاطینی لفظ Unguentum کا مخفف بمعنی مرہم۔

Ungag : (v) منہ کھول دینا؛ خصوصاً سینسر سے آزاد کرنا۔

Ungain : (a) (۱) بس سے باہر؛ مشکل (بولی)۔(۲) بدنما؛ بے ڈول؛ بھدّا۔

Ungained : (a) غیرحاصل شدہ؛ جو نہ ملا ہو۔

Ungainful : (a) (۱) غیرسودمند؛ غیر فائدہ مند (خصوصاً مالی منفعت) ۔(۲) (شاذ) غیرنفع بیں ۔

Ungainliness : (n) بے ڈھنگا پن؛ بدنمائی ۔

Ungainly : (a) بھدّا؛ بےڈھنگا؛ بدنما؛ بے ڈول ۔

Ungainly : (adv.) بھدّے طریقے سے؛ بے ڈھنگے طور پر ۔

Ungainsaid : (a) جس کی مخالفت یا تردید نہ کی گئی ہو ۔

Ungainsayable : (a) ناقابلِ تردید؛ جس کی مخالفت نہ کی جاسکے؛ جس سے انکار نہ کیا جاسکے ۔

Ungainsayably : (adv.) ناقابل تردید طریقے سے؛ ناقابل انکار طور پر؛ اس طرح کہ مخالفت نہ کی جاسکے ۔

Ungallant : (a) غیر زن نواز؛ جو عورتوں کی زیادہ خاطر نہ کرتا ہو ۔

Ungallantly : (adv.) غیرزن نوازانہ طور پر ۔

Ungalled : (a) غیررنجیدہ؛ غیرمغموم؛ غیر تکلیف رسیدہ ۔

Ungarbled : (a) بے تحریف؛ بے تلبیس؛ بے مسخ کیا ہوا؛ سچا؛ صحیح ۔

Ungarmented : (a) بے لباس؛ ننگا؛ برہنہ ۔

Ungarnered : (a) جو گودام میں اکٹھا نہ کیا گیا ہو؛ جس کا ذخیرہ نہ جمع کیا گیا ہو ۔

Ungarnish : (v) تزئین و آرائش سے عاری کرنا ۔

Ungarnished : (a) (۱) سجاوٹ اور تزئین سے عاری؛ سادہ؛ غیر آراستہ؛ غیرمزیّن ۔ (۲) بے سجائی ہوئی (کھانے کی طشتری یا پلیٹ وغیرہ) ۔

Ungarrisoned : (a) جو فوجی حفاظت میں نہ ہو ۔

Ungarter : (v) موزے اتارنا ۔

Ungartered : (a) بے موزہ؛ بے جراب ۔

Ungathered : (a) (۱) غیرجمع کردہ؛ غیرمجتمع ۔(۲) نہ کاٹی ہوئی (فصل) ۔

Ungauged : (a) بے ناپا ہوا؛ بے پیمائش ۔

Ungauntleted : (a) بے دستانہ؛ دستانے نہ پہنے ہوئے ۔

Ungear : (v) (۱) (بولی) (گھوڑے کو) ساز سے الگ کرنا ۔ (۲) گیرہ سے رابطہ کاٹ دینا ۔

Ungeared : (a) (۱) (گھوڑا) ساز سے الگ کیا ہوا ۔(۲) گیرہ سے رابطہ کاٹا ہوا ۔

Ungelded/Ungelt : (a) غیرآختہ؛ بے بدھیا؛ خصیہ نہ نکالا ہوا ۔

Ungenerated : (a) غیرپیدا کردہ ۔

Ungenerosity : (n) (۱) بُخالت ۔(۲) کم ظرفی؛ تنگ دلی؛ تنگ نظری ۔

Ungenerous : (a) (۱) غیرفیّاض؛ بخیل؛ غیرفیّاضانہ ۔(۲) غیرعالی ظرف ؛ غیر شریف النفس ؛ غیر کریم النفس ؛ کم ظرف ؛ کم ظرفی کا ۔(۳) غیرفراخ دل؛ تنگ دل؛ تنگ نظر ۔

Ungenerously : (adv.) (۱) کنجوسی سے؛ بخالت سے ۔(۲) کم ظرفی سے؛ تنگ دلی سے؛ تنگ نظری سے ۔

Ungenerousness : (n) (۱) کنجوسی؛ بُخالت ۔(۲) کم ظرفی؛ تنگ دلی؛ تنگ نظری ۔

Ungenial : (a) (۱) نا خوشگوار ۔(۲) غیرخوش مزاج ؛ خشک ؛ روکھا ۔

Ungenially : (adv.) (۱) غیرصحت بخش طور پر؛ ناخوشگوار طور پر ۔(۲) غیرخوش مزاجی سے؛ خشکی سے؛ روکھے پن سے ۔

Ungenteel : (a) (۱) غیررئیسانہ ۔(۲) جو ٹھاٹ یا ٹھسّے کا نہ ہو؛ گھٹیا ۔ (۳) غیر طرح دار؛ جو خوش پوشاک یا سجیلا نہ ہو ۔

Ungenteelly : (adv.) بغیر ٹھاٹ کے؛ غیررئیسانہ طور پر ؛ گھٹیا طریقے سے؛ غیرطرح داری سے ۔

Ungenteelness : (n) گھٹیا پن؛ بےٹھسّے کا ہونا؛ غیررئیسانہ ہونا؛ نفاست ونزاکت کا فقدان ۔

Ungentility : (n) اکھڑپن؛ سخت مزاجی؛ ناشائستگی ؛ بدتہذیبی ۔

Ungentle : (a) (۱) غیر شریف؛ غیر شریفانہ ۔(۲) سخت مزاج؛ کھرا؛ بدتہذیب؛ غیرشائستہ ۔(۳) سختی کا؛ کھرے پن کا؛ بدتہذیبی کا ۔

Ungentleman : (v) (شاذ)غیرشریف بنانا؛ غیرشائستہ بنانا؛ بدتہذیب کرنا ۔

Ungentlemanlike : (a) غیر شریف؛ ناشائستہ؛ غیرشریفانہ؛ بیہودہ ۔

Ungentlemanlike : (adv.) غیرشریفانہ طور پر؛ ناشائستہ طور پر ۔

Ungentlemanliness : (n) غیرشریف ہونا؛ بدتہذیبی؛ ناشائستگی ۔

Ungentlemanly : (a) غیرشریف؛ بدتہذیب؛ غیرشریفانہ؛ بدتہذیبی کا؛ بیہودہ ۔

Ungentlemanly : (adv.) غیرشریفانہ طورپر؛ بدتہذیبی سے؛ ناشائستہ طور پر ۔

Ungentleness : (n) اکھڑپن؛ سخت مزاجی؛کھراپن؛بدتہذیبی ۔

Ungently : (adv.) اکھڑپن سے؛ درشتی سے؛ کھرے طریقے سے؛ بدتہذیبی سے ۔

Ungenuine : (a) (شاذ) غیرحقیقی؛ غیراصلی؛ جعلی؛ نقلی؛ جھوٹا ۔

Ungenuineness : (n) غیرحقیقی ہونا؛ جعلی ہونا؛ غیراصلی ہونا ۔

Ungeometrical : (a) غیرہندسیہ ۔

Unget : (v) فراہم نہ کرنا؛ حساب سے نہ آنا ۔

Ungetatable : (a) بس سے باہر؛ دسترس سے باہر ۔

Unghostly : (a) (۱) غیر روحانی ۔(۲) جو بھوت کی طرح نہ ہو ۔

Ungifted : (a) نااہل؛ خداداد قابلیت سے محروم؛ صلاحیت اور اہلیت سے عاری ۔

Ungild : (v) بے ملمّع کرنا؛ ننگا کرنا؛(عیب وغیرہ کو) ظاہر کرنا؛ بے پردہ کرنا؛ اوپری رنگ وروغن اور ظاہری چمک دمک سے محروم کرنا ۔

Ungilded/Ungilt : (a) بے ملمّع؛ بے رنگ وروغن ۔

Unginned cotton : (n) کپاس؛ جس میں سے بنولے الگ نہ کئے گئے ہوں ۔

Ungird : (v) کمربند کھول دینا ۔

Ungirded : (a) بے کمر بند ۔

Ungirdled : (a) بے پٹکا؛ بے کمر بند ۔

Ungirt : (a) (۱) بغیرکمربند پہنے ہونے ۔(۲) (مجازاً) غیر آمادہ؛ غیرمستعد ۔

Ungirth : (v) گھوڑے کے زیربند کو ڈھیلا کرکے کھولنا ۔

Ungirthed : (a) زیربند سے الگ کیا ہوا ۔

Ungiven : (a) بے دیا ہوا؛ غیرداده ۔

Ungiving : (a) (۱) نہ دینےوالا؛ بخیل؛ غیرفیاض ۔(۲) سخت ۔

Unglad : (a) نا خوش؛ مغموم؛ اداس ۔

Ungladdened : (a) غیر مسرور؛ ناشاد ۔

Ungladly : (adv.) ناخوشی سے؛ اداسی سے ۔

Ungladness : (n) ناخوشی؛ اداسی ۔

Unglazed : (a) (۱) غیر مجلاّ ۔(۲) بے شیشےکا؛ جس میں شیشے نہ لگے ہوں ۔ (۳) بے روغن؛ جس پر شیشے کا روغن نہ ہو ۔ (٤) بے چمکایا ہوا (چمڑا، کپڑا وغیرہ) ۔

Ungleaned : (a) بے چنا ہوا ۔

Unglorified : (a) غیرستودہ؛ جس کی عظمت اور بڑائی بیان نہ کی گئی ہو ؛ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو؛ جسے بڑھایا چڑھایا نہ گیا ہو ۔

Unglorify : (v) تعریف نہ کرنا؛ بڑائی نہ کرنا ۔

Unglorious : (a) Inglorious کی قدیم‌شکل ۔

Unglossed : (a) بے ملمّع؛ بے حاشیہ ۔

Unglossy : (a) غیر چمک دار؛ غیر بھڑکیلا ۔

Unglove : (v) (ہاتھ کو) دستانے سے الگ کرنا؛ دستانے میں سے نکالنا ۔

Ungloved : (a) بے دستانہ ۔

Unglue : (v) (۱) (چپکی ہوئی شے کو) نوچنا ۔ (۲) (مجازاً) کھولنا؛ الگ کرنا ۔ (۳) الگ ہونا ۔

Unglutted : (a) غیر پر شکم؛ جسے ٹھونس کر نہ کھلایا گیا ہو ۔

Ungod : (v) دیوتا کے رتبے سے الگ کرنا ۔

Ungoddess : (v) دیوی کے مرتبے سے محروم کرنا ۔

Ungodlike : (a) غیر دیوتائی؛ غیر دیوتا نما ۔

Ungodlily : (adv.) خدا نا ترسی سے ؛ بے دینی سے؛ غیر خدا پرستی سے ۔

Ungodliness : (n) ناخدا ترسی؛ بے دینی؛ بد اعمالی ۔

Ungodly : (a) غیرخدا پرست؛ ناخداترس؛ بے دین؛ بداعمال ۔

Ungodly : (adv.) (قدیم اور بولی) خدا ناترسی سے؛ بے دینی سے؛ بے عملی سے ۔

Ungorged : (a) بھرا نہ ہوا؛ ٹھونسا نہ ہوا؛ غیر شکم سیر ۔

Ungospellike : (a) غیر انجیلی ۔

Ungot/Ungotten : (a) نایافتہ؛ غیر حاصل شدہ ۔

Ungovernable : (a) ناقابل ضبط ؛ بے قابو ؛ بے کنٹرول ؛ بے قبضہ ؛ بے لگام؛ سرکش ؛ جسے قابو میں نہ لایا جا سکے؛ جسےقبضے میں نہ رکھا جا سکے ۔

Ungovernableness : (n) بے ضبط ہونا؛ بے قابو ہونا؛ بے لگام ہونا؛ بے ضبطی؛ بے لگامی؛ سرکشی ۔

Ungovernably : (adv.) (۱) ناقابل ضبط طریقے سے ۔ (۲) سرکشی سے ۔

Ungoverned : (a) بے قبضہ؛ بے قابو؛ بے روک؛ آزاد؛ سرکش

Ungowned : (a) گون (چغا) نہ پہنایا ہوا ۔

Ungrace : (n) (شاذ) خوش نمائی اور خوش ادائی کا فقدان ۔

Ungraced : (a) بھدّا؛ بد زیب؛ غیر خوشنما ۔

Ungraceful : (a) غیر خوش نما؛ غیر خوش ادا؛ غیر دل کش؛ بد زیب؛ بھدا؛ بھونڈا؛ بے ڈھنگا؛ بد نما ۔

Ungracefully : (adv.) بدنما طریقے سے؛ غیر خوش ادائی سے؛ بھدے اور بھونڈے طریقے سے ۔

Ungracefulness : (n) بد زیبی؛ بد نمائی؛ بھدا پن؛ بھونڈا پن ۔

Ungracious : (a) (۱) ناخوشگوار ۔ (۲) بد نما؛ غیر دلکش ۔ (۳) غیر خوش خلق؛ بے مہر؛ کج خلق؛ بے مہری کا؛ کج خلقی کا؛ دوسروں کے احساسات و جذبات کو ٹھیس پہنچانے والا ۔

Ungraciously : (adv.) (۱) نا خوش گوار طریقے سے ۔ (۲) غیر دلکش طور پر؛ بد نمائی سے ۔ (۳) بے مہری سے؛ کج خلقی سے؛ کج ادائی سے ۔

Ungraciousness : (n) (۱) ناخوش گواری ۔ (۲) بد نمائی ؛ بھداپن ۔ (۳) بے مہری؛ کج خلقی؛ کج ادائی ۔

Ungraded : (a) جس کی درجہ بندی نہ کی گئی ہو؛ غیر درجہ بند ۔

Ungraduated : (a) (۱) غیر سند یافتہ ۔ (۲) غیر درجہ بند؛ بےتدریج؛ غیر درجہ وار؛ (طبیعیات) نا درجہ وار ۔ (۳) درجوں میں تقسیم نہ کیا ہوا؛ جو درجہ بہ درجہ نہ رکھا گیا ہو ۔

Ungrafted : (a) قلم نہ لگایا ہوا ۔

Ungrammatic/-al : (a) قواعد کے خلاف؛ قواعد صرف و نحو کی رو سے غلط ۔

Ungrammatically : (adv.) قواعد کی رو سے غلط طریقے پر ۔

Ungrammaticalness : (n) قواعد کی رو سے غلط ہونا؛ اصولِ صرف و نحو کے خلاف ہونا ۔

Ungranted : (a) غیر عطا کردہ ۔

Ungranted land : (n) (ارضیات) شاملات ۔

Ungraspable : (a) ناقابلِ فہم؛ ناقابلِ گرفت ۔

Ungrasped : (a) جسے سمجھا نہ گیا ہو؛ نا فہمیدہ ۔

Ungrateful : (a) (۱) ناشکرا؛ احسان فراموش ۔ (۲) (زمین) اوسر ؛ بے اپجاؤ ۔ (۳) ناگوار ۔

Ungratefully : (adv.) ناشکری سے؛ احسان فراموشی سے۔

Ungratefulness : (n) ناشکری؛ احسان فراموشی ۔

Ungratified : (a) غیر تسکین یافتہ۔

Ungrave : (v) قبر سے نکالنا؛ دفن نہ کرنا؛ سپرد خاک نہ کرنا؛ نہ دفنانا۔

Ungraven : (a) کندہ نہ کیا ہوا؛ غیر کندہ۔

Ungreased : (a) چربی یا چکنائی نہ لگایا ہوا؛ چکنا نہ کیا ہوا۔

Ungreeted : (a) جس کو خوش آمدید نہ کہا گیا ہو۔

Ungregarious : (a) عزلت پسند؛ غیر صحبت پسند۔

Unground : (a) بے کوٹا ہوا؛ بے پیسا ہوا۔

Ungrounded : (a) (۱) بے بنیاد؛ غلط۔ (۲) غیر مدلّل۔ (۳) کم علم۔

Ungroundedly : (adv.) (۱) بے بنیاد طور پر؛ غیر مدلّل اور غلط طریقے سے۔ (۲) کم علمی سے۔

Ungroundedness : (n) بے بنیاد ہونا؛ غلط ہونا؛ غیر مدلل ہونا۔

Ungrown : (a) (۱) بے اُگا ہوا؛ بے بڑھا ہوا؛ غیر نمو یافتہ۔ (۲) بے اُگایا ہوا؛ بغیر کاشت کیا ہوا۔

Ungrudged : (a) بے دریغ؛ بخل نہ کیا ہوا۔

Ungrudging : (a) خوش دل؛ خوش دلی کا؛ بے دریغ۔

Ungrudgingly : (adv.) خوش دلی سے؛ فیاضی سے۔

Ungrudgingness : (n) فیاضی؛ عدم بخالت۔

Ungual : (a) [L. 'unguis'.] ناخن دار؛ سم دار؛ ناخنی۔

Ungual : (a) ناخن؛ کُھر؛ چنگل۔

Ungual bone : (n) ناخنی ہڈی۔

Unguaranteed : (a) بےضمانت؛ جس کی ضمانت نہ کی گئی ہو۔

Unguard : (v) بےحفاظت چھوڑنا؛ محافظت اور نگہبانی اٹھا لینا۔

Unguarded : (a) (۱) بے نگہبان؛ غیر محفوظ۔ (۲) (شطرنج اور تاش) کسی دوسرے پتے یا مہرے سے نہ بچایا ہوا۔ (۳) غفلت شعار۔ (٤) بے احتیاطی کا؛ ناعاقبت اندیشی کا۔

Unguardedly : (adv.) عدم تحفظ سے؛ غیر محفوظ طور پر۔

Unguardedness : (n) عدم تحفظ۔

Unguent : (n) [L. 'Unguentum'.] (طب) مرہم۔

Unguentarium : (n) [L. 'Unguentarius'.] (طب) مرہم دان۔

Unguentary : (n) [L. 'Unguentarius'.] مرہم بنانے یا بیچنے والا۔

Unguentary : (a) [L. 'Unguentum'.] مرہم کے لئے مناسب؛ مرہم سے متعلق۔

Unguerdoned : (a) غیر انعام یافتہ؛ غیر صلہ یافتہ۔

Unguessable : (a) ناقابل قیاس؛ جس کا قیاس یا گمان نہ کیا جا سکے۔

Unguessed : (a) (۱) قیاس سے باہر۔ (۲) غیر پیش دیدہ؛ جس کا قیاس یا گمان نہ کیا گیا ہو۔

Unguiculate : (a) [L. 'unguiculatus'.] (۱) (نباتیات) پنجہ دار۔ (۲) (حیوانیات) چنگل دار؛ ناخن دار۔

Unguiculate : (n) کُھردار جانور؛ ناخن دار چوپایہ۔

Unguiculated : (a) ناخن دار؛ چنگل دار، کُھر والا۔

Unguided : (a) (۱) جس کو راستہ نہ دکھایا گیا ہو؛ جس کی رہبری نہ کی گئی ہو۔ (۲) گم کردہ (راہ)؛ بے سمت۔ (۳) (مجازاً) بے روک۔

Unguiform : (a) [L. 'unguis'.] چنگل کی طرح؛ ناخن نما۔

Unguillotined : (a) غیر بریدہ؛ (جانور کا سر، کاغذ وغیرہ) مشین سے نہ کاٹا ہوا۔

Unguiltily : (adv.) معصومی سے؛ بے گناہی سے۔

Unguis : (n) [L.] (۱) (نباتیات) ڈنٹھل؛ پنکھڑی کا تنگ حصہ جس کے سہارے یہ کرسی سے جڑا رہتا ہے۔ (۲) ناخنک؛ پنجہ؛ چنگل۔

Unguitractor : (a) (حیوانیات) ناخن بردار۔

Ungulate : (n) [L. 'Ungulatus'.] (۱) ناخن کی شکل کا ۔ (۲) (چوپائے) ناخن اور کُھر والے ؛ سم دار ۔

Ungulate : (n) کُھر والا یا ناخن دار چوپایہ ؛ ناخن دار دودھ پلانے والا چوپایہ ؛ سم دار جانور؛ ذو حوافر ۔

Unguled : (n) [L. 'Ungula'. + ED.] جسم کے رنگ سے مختلف رنگ کا کُھر یا چنگل رکھنے والا ۔

Ungulite : (n) [f. L. 'Ungula' +ITE] ابتدائی دور حیات کا بازو پا ۔

Ungum : (v) (۱) (کسی چپکی یا ستی ہوئی چیز کو) نوچنا؛ اجاڑنا۔ (۲) (کسی چیز کو) گوند سے الگ کرنا ؛ (کسی شے پر لگے ہوئے گوند کو) ہٹانا؛ صاف کرنا ۔

Ungummed : (a) بے گوند لگایا ہوا ۔

Ungyve : (v) بیڑی سے آزاد کرنا ۔

Ungyved : (a) غیر مقید؛ آزاد؛ بے روک ۔

Unhabitable : (a) دیکھو Inhabitable

Unhabituated : (a) غیر عادی ۔

Unhacked : (a) بے کاٹا ہوا؛ تکڑے نہ کیا ہوا ۔

Unhackneyed : (a) غیرپامال؛ غیر فرسودہ؛ اچھوتا (خیال ، فقرہ، استعارہ وغیرہ) ۔

Unhailed : (a) (۱) خوش آمدید نہ کہا ہوا؛ استقبال نہ کیا ہوا ۔ (۲) نہ پکارا گیا؛ نہ بلایا گیا (جہاز، شخص وغیرہ)۔

Unhair : (v) (۱) (سر کو) بے بال کا کرنا ۔ (۲) (چمڑے میں سے) بال کو دور کرنا ۔ (۳) بے بال کا ہونا؛ چندلا ہونا ۔

Unhallow : (v) ناپاک کرنا؛ خراب کرنا؛ بگاڑنا ۔

Unhallowed : (a) (۱) ناپاک؛ غیر مقدس؛ غیر متبرک ۔ (۲) خبیث؛ بد معاش ۔ (۳) ناجائز؛ پُر شہوت ۔

Unhalter : (v) (گھوڑے کی گردن کا) حلقہ کھول دینا ۔

Unhalting : (a) بےتذبذب؛ بےتامل؛ بے روک؛ بے جھجک ؛ بے بچک ۔

Unhampered : (a) بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ آزادانہ ۔

Unhand : (v) اپنی گرفت سے آزاد کرنا؛ چھوڑ دینا؛ جانے دینا ۔

Unhandcuffed : (a) بے ہتکڑی ۔

Unhandily : (adv.) بھنگم طور پر؛ بد سلیقگی سے؛ بھدے طریقے سے؛ بے ڈھنگے طریقے سے؛ غیر سبک دستی سے ۔

Unhandiness : (n) بھنگم پن؛ بھاری پن؛ بد سلیقگی؛ بے ڈھنگا پن ۔

Unhandled : (a) بے سدھایا ہوا ۔

Unhandsome : (a) (۱) بدصورت؛ بد نما؛ غیر حسین؛ سادہ ۔ (۲) کج خلقی کا؛ کم ظرفی کا ؛ غیر شریفانہ؛ غیر عالی ظرفی کا (برتاؤ وغیرہ) ۔ (۳) نا مناسب؛ نازیبا؛ ناشائستہ؛ حقیر ۔

Unhandsomely : (adv.) (۱) بد صورتی سے؛ بد نمائی سے ۔ (۲) کج خلقی سے؛ غیر شریفانہ طور پر ۔ (۳) نامناسب طور پر؛ نازیبا طریقے سے؛ ناشائستگی سے ۔

Unhandsomeness : (n) (۱) بد نمائی ۔ (۲) کج خلقی؛ کم ظرفی ۔ (۳) نازیبائی ۔

Unhandy : (a) (۱) غیر سبک؛ بھاری بھرکم (جسے برتنے میں اور لانے لے جانے میں مشکل ہو)؛ بھنگم؛ بے ڈول ۔ (۲) غیرسبک دست (کاریگر)؛ بد سلیقہ ۔

Unhang : (v) (۱) لٹکتی ہوئی چیز کو اُتارنا ۔ (۲) (بحری) پتوار کو ہٹا دینا؛ پانی میں سے اوپر کر لینا ۔ (۳) پھانسی سے بچا لینا ۔

Unhanged : (a) (۱) بے لٹکایا ہوا ۔ (۲) پھانسی سے بچا ہوا ۔

Unhappily : (adv.) (۱) بد قسمتی سے؛ بد نصیبی سے ۔ (۲) ناکامیابی کے ساتھ؛ افسوس ناک طور پر ۔ (۳) نا شاد رہ کر؛ رنج و الم کے ساتھ۔

Unhappiness : (n) (۱) غم؛ رنج و الم ۔ (۲) ناشاد ہونا؛ غمگینی ۔ (۳) مصیبت ناک ہونا۔ (٤) مصیبت ۔

Unhappy : (a) (۱) ناشاد؛ غمگین؛ رنجیدہ ۔ (۲) بد نصیب؛ مصیبت زدہ؛ پریشان حال ۔ (۳) مصیبت ناک؛

مصیبت کی؛ تکلیف اور پریشانی کی (زندگی وغیرہ) ۔ (٤) نامبارک؛ منحوس ۔ (٥) بے موقع؛ بے محل ۔ (٦) خراب؛ خستہ ۔

Unharbour/Unharbor : (v) جہازی سے (ہرن وغیرہ کو) بھگانا ۔

Unharden : (v) نرم کرنا؛ پگھلانا ۔

Unhardened : (a) نرم؛ کڑا یا سخت نہ کیا ہوا ۔

Unhardy : (a) غیر جفا کش؛ جو مشقت نہ برداشت کر سکے؛ کمزور؛ نازک ۔

Unharmed : (a) (١) نقصان سے محفوظ ۔ (٢) صحیح سالم ۔

Unharmful : (a) غیر نقصان دہ؛ غیر ضرر رساں ۔

Unharmfully : (adv.) غیر ضرر رساں طور پر؛ نقصان نہ پہنچاتے ہوئے ۔

Unharming : (a) بے ضرر ۔

Unharmonious : (a) غیر ہم آہنگ : بے آہنگ ۔

Unharmoniously : (adv.) غیر ہم آہنگ طور پر ۔

Unharness : (v) گھوڑے کو بگھی کے سازو سامان سے آزاد کرنا ۔

Unharnessed : (a) (١) (گھوڑا) بگھی کے سازو سامان سے غیر آراستہ ۔ (٢) کام میں نہ لگایا ہوا؛ مصرف میں نہ لایا ہوا ۔

Unharvested : (a) فصل نہ کاٹی ہوئی ۔

Unhasp : (v) کھولنا؛ قفل کھولنا ۔

Unhasting : (a) غیر جلد باز؛ غیر جلد بازی کا؛ محتاط؛ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے والا؛ غیر عجلت پسند؛ غیر عاجلانہ ۔

Unhasty : (a) سست؛ غیر جلد باز؛ غیر عجلت پسند؛ غیر عجلت پسندانہ ۔

Unhat : (v) احتراماً ہیٹ اتار لینا؛ ننگے سر (احتراماً) ۔

Unhatched : (a) (١) بے سیا ہوا (انڈا) ۔ (٢) جوانڈے سے نہ نکلا ہو ۔ (٣) (تدبیر ، اسکیم وغیرہ) جو گھڑی نہ گئی ہو ۔

Unhatted : (a) احتراماً ہیٹ اتارے ہوئے ۔

Unhaunted : (a) (١) (ذہن، دماغ) جس میں خیالات بار بار نہ آتے ہوں ۔ (٢) (جگہ) جہاں آنا جانا نہ ہوتا ہو ۔ (٣) (مکان یا شخص) جس پر بھوت یا روحیں نہ منڈلاتی ہوں ۔

Unhazarded : (a) داؤں پر نہ لگایا ہوا ۔

Unhazardous : (a) خطرے سے خالی؛ بے جوکھم کا ۔

Unhead : (v) (کسی چیز کا) سرا کاٹنا ۔

Unheaded : (a) سرا کاٹا ہوا ۔

Unhealable : (a) ناقابلِ اندمال : (زخم)جو مندمل نہ ہوسکے؛ (مرض جسم یا دل کا) جو اچھا نہ ہو سکے؛ لاعلاج ۔

Unhealed : (a) غیر مندمل؛ غیر شفا یافتہ ۔

Unhealthful : (a) (١) غیر صحت بخش؛ مضر صحت ۔ (٢) مخرب اخلاق ۔

Unhealthfulness : (n) (١) مضر صحت ہونا ۔ (٢) مخرب اخلاق ہونا ۔

Unhealthily : (adv.) (١) غیر صحت مند طریقے سے ۔ (٢) مخرب اخلاق طریقے سے ۔

Unhealthiness : (n) (١) عدم صحت؛ غیر تندرست ہونا ۔ (٢) مضر صحت یا مخرب اخلاق ہونا ۔

Unhealthy : (a) (١) غیر تندرست ؛ بیمار ۔ (٢) غیرصحت بخش ۔ (٣) مخرب اخلاق ۔ (٤) خرابیٔ صحت کرنے والا ۔ (٥) (فوج عامیانہ) غیر محفوظ ؛ خطرناک گولہ باری کی زد میں ۔

Unheard : (a) (١) ناشنیدہ؛ بے سُنا ہوا؛ ان سُنی؛ اَن سُنا ۔ (٢) بے سماعت: (مقدمہ) جس کی سماعت نہ ہوئی ہو ۔ (٣) جو کبھی پہلے سننے میں نہ آیا ہو؛ انوکھا (ہمیشہ Of کے ساتھ) ۔

Unheart : (v) حوصلہ شکنی کرنا ۔

Unheated : (a) (١) ٹھنڈا؛ غیر جوشیدہ ۔ (٢) غیر مشتعل ۔

Unheaven : (v) جنت سے نکالنا ۔

Unheavenly : (a) (١) ارضی (جو سماوی نہ ہو) ۔ (٢)گناہگار ۔

Unhedged : (a) غیر محفوظ ۔

Unheed : (v) توجہ نہ کرنا؛ دھیان نہ دینا ۔

Unheeded : (a) توجہ سے محروم؛ جس پر توجہ نہ کی جائے یا دھیان نہ دیا جائے ۔

Unheedful : (a) بے پروا؛ بے توجہ؛ بے دھیان؛ جو توجہ نہ کرتا ہو یا دھیان نہ دیتا ہو ۔

Unheedfully : (adv.) بے پروائی سے؛ بے توجہی سے ۔

Unheedfulness : (n) بے توجہی ؛ بے پروائی ۔

Unheeding : (a) بے پروا؛ بے توجہ؛ دھیان نہ دینے والا ۔

Unheedingly : (adv.) بے توجہی سے؛ بے پروائی سے؛ دھیان نہ دیتے ہوئے ۔

Unhelm : (v) خود اتارنا ۔

Unhelmed : (a) ہیلمٹ یا خودنہ پہنے ہوئے؛ بغیر ہیلمٹ کے۔

Unhelmeted : (a) ہیلمٹ (آہنی ٹوپ) نہ پہنے ہوئے ۔

Unhelpable : (a) ناقابلِ امداد ۔

Unhelped : (a) جس کی مدد نہ کی گئی ہو ۔

Unhelpful : (a) بے فیض؛ جس سے مدد نہ ملے؛ مدد نہ کرنے والا؛ غیر کار آمد؛ بے کار ۔

Unhelpfulness : (n) بے مدد ہونا؛ غیر کار آمد ہونا؛ بے کار ہونا۔

Unhelping : (a) مدد نہ کرنے والا؛ جس سے مدد نہ ملے ۔

Unhemmed : (a) بے سنجاف؛ بے مغزی؛ بے جھالر؛ بےحاشیہ ۔

Unheralded : (a) (۱) بے اعلان؛ بے منادی؛ جس کا اعلان نہ کیا گیا ہو ۔(۲) بے اطلاع؛ بے صدائے نقیب ۔ (۳) جس کی پہلے سے خبر نہ کی گئی ہو ۔

Unheroic : (a) (۱) غیر اولو العزم؛ غیر رستم وقت ۔(۲) غیر رستمانہ؛ اولو العزمی یا بہادری کے خلاف ۔

Unheroically : (adv.) غیر اولو العزمی سے؛ غیر رستم صفتی سے ۔

Unhesitating : (a) بے ہچکچاہٹ؛ بے پس و پیش؛ بے حیص و بیص۔

Unhesitatingly : (adv.) بغیر ہچکچائے ہوئے؛ بلا پس و پیش کئے ہوئے۔

Unhesitatingness : (n) ہچکچاہٹ کا نہ ہونا؛ پس و پیش ہونا۔

Unhewed/Unhewn : (a) (۱) بے کٹا ہوا ۔(۲) ناتراشیدہ : بےتراش خراش ۔ (۳) (مجازاً) کھردرا؛ ناتراش؛ بھدا؛ لطافت و نزاکت سے عاری۔

Unhid/Unhidden : (a) ظاہر؛ کھلا ہوا؛ عیاں؛ غیر مخفی ۔

Unhide : (v) عیاں کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhindered : (a) بے مزاحمت؛ بے رکاوٹ ۔

Unhinge : (v) (۱) (کواڑ وغیرہ کو) قلابے سے نکال کے الگ کرنا؛ قلابے الگ کرنا ۔ (۲) غیر متوازن کرنا؛ الٹ پلٹ دینا (کسی شخص ، اس کے دماغ، خیال ، یقین وغیرہ کو) ۔ (۳) استحکام سے محروم کرنا ۔ (٤) چیزوں کی مقررہ اور مستحکم ترتیب میں انتشار پیدا کرنا۔ (٥) کسی چیز سے الگ کرنا یا ہٹانا ۔

Unhingement : (n) (۱) (کواڑ کو) قلابے سے الگ کرنا ۔ (۲) غیر متوازن کرنے کا عمل ۔

Unhired : (a) بھاڑے یا کرائے پر نہ لیا ہوا ۔

Unhistorical : (a) (۱) غیر تاریخی؛ جو تاریخ سے ثابت نہ ہو ۔(۲) محض افسانے کی حیثیت رکھنے والا ۔

Unhistorically : (adv.) غیر تاریخی طور پر؛ اس طور پر کہ تاریخی مطابقت نہ ہو ۔

Unhitch : (v) (۱) (گھوڑے کو بگھی سے) الگ کرنا ۔(۲) الگ کرنا یا کھولنا ۔

Unhive : (v) (شہد کی مکھیوں کو) چھتے سے بھگانا ۔

Unhoard : (v) جمع کی ہوئی چیزوں کو نکالنا ۔

Unholily : (adv.) غیر متبرک طور پر؛ ناپاکی سے؛ خباثت سے ۔

Unholiness : (n) غیر متبرک ہونا؛ غیر مقدس ہونا؛ ناپاکی؛ خباثت ۔

Unholy : (a) (۱) غیر متبرک؛ غیر مقدس؛ ناپاک؛ بد معاش؛ خبیث (روح وغیرہ) ۔ (۲) (روزمرّہ) بہت شدید؛ بہت سخت ۔

Unhomely : (a) غیر سادہ؛ پر تکلف؛ پر تصنع؛ نیم نام کا ۔

Unhomogeneous : (a) (۱) مختلف الجنس؛ مختلف النوع ؛ بےمیل؛ ناجنس ۔ (۲) غیر متجانس ۔

Unhonest : (a) (قدیم یا بولی) دیکھو Dishonest

Unhonoured/Unhonored : (a) بے عظمت؛ بے توقیر؛ عزت سے محروم؛ عظمت سے محروم ۔

Unhood : (v) سرپوش کو الگ کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhooded : (a) بے کلاہ؛ بے سرپوش ۔

Unhook : (v) (۱) ہک سے الگ کرنا ۔ (۲) (لباس میں لگے ہوئے) ہک کو کھولنا؛ الگ کرنا ۔ (۳) (کسی کی بانہہ سے اپنی بانہہ) چھڑانا ۔

Unhoped : (a) (قدیم) غیر متوقع ۔

Unhoped-for (a) غیر متوقع ۔

Unhopeful : (a) (۱) نا امید؛ مایوس ۔ (۲) غیر امید افزا ۔

Unhopefully : (adv.) ناامیدی سے؛ مایوسی سے؛ غیرامید افزا طور پر ۔

Unhopefulness : (n) ناامیدی؛ یاس؛ قنوطیت ۔

Unhoping : (a) ناامیدی کا؛ مایوسانہ ۔

Unhorned : (a) بے سینگ ۔

Unhorse : (v) (۱) گھڑ سوار کو گھوڑے پر سے پھینک دینا (خصوصاً جنگ میں) ۔ (۲) (مجازاً) شکست دینا؛ چت کرنا؛ چھکے چھڑا دینا؛ بدحواس کرنا (اب شاذ) ۔ (۳) گھوڑے کو بگھی سے الگ کرنا ۔

Unhorsing : (n) پھینک دیا جانا (گھوڑے پر سے)؛ الٹ دیاجانا؛ شکست؛ ہزیمت ۔

Unhospitable : (a) ۔ (شاذ) غیرمہمان نواز ؛ دیکھو Inhospitable

Unhostile : (a) غیر مخالفانہ؛ غیر معاندانہ ۔

Unhouse : (v) بے گھر کرنا؛ بے پناہ کرنا ۔

Unhoused : (a) بے گھر؛ بے پناہ ۔

Unhouseled : (a) جو شرکت عشائے ربانی سے محروم ہو ۔

Unhuman : (a) (۱) (شاذ) بے رحم؛ بے درد ۔ (۲) فوق البشری؛ صفات انسانی سے بالا تر ۔ (۳) غیر انسانی؛ غیر بشری؛ خلاف انسانیت؛ بے دردانہ؛ سنگدلانہ؛ بے درد؛ سنگدل ۔

Unhumanize : (v) انسانی صفات و خصوصیت سے محروم کرنا ؛ دیکھو Dehumanize ۔

Unhumble : (a) غیر منکسر مزاج؛ مغرور ۔

Unhumbled : (a) غیر منکسرانہ ۔

Unhumorous : (a) غیر ظریفانہ؛ سنجیدہ ۔

Unhung : (a) بے لٹکا ہوا ۔

Unhunted : (a) (۱) (علاقہ) جہاں شکار نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) شکار نہ کیا ہوا؛ تعاقب نہ کیا ہوا (ہرن وغیرہ) ۔

Unhurried : (a) سست؛ آہستہ ۔

Unhurriedly : (a) سستی سے؛ سست روی سے ۔

Unhurrying : (a) غیرعاجلانہ؛ غیر عجلت پسند؛ سست ۔

Unhurt : (a) چوٹ سے محفوظ؛ ضرر سے محفوظ؛ صدمے سے محفوظ ۔

Unhurtful : (a) بے ضرر ؛ غیر نقصان دہ ؛ چوٹ نہ پہنچانے والا ۔

Unhurtfully : (adv.) بے ضرر طور پر؛ اس طور پر کہ چوٹ نہ پہنچے ۔

Unhurtfulness : (n) بے ضرر ہونا؛ غیر نقصان دہ ہونا ۔

Unhurting : (a) شفیق؛ نیک دل ۔

Unhusbanded : (a) (۱) بے کاشت؛ بے جوتا ہوا؛ بے بویا ہوا ۔ (۲) بے شوہر ۔

Unhusk : (v) (۱) چھلکےیا بھوسے سےالگ کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بے نقاب کرنا؛ بے پردہ کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unhusked : (a) چھلکے یا بھوسے سے الگ نہ کیا ہوا ۔

Unhygienic : (a) صحت کے لئے مضر؛ حفظان صحت کے خلاف ۔

Unhygienically : (adv.) حفظانِ صحت کے خلاف طریقے سے؛ اس طور پر کہ صحت کے لئے مضر ہو ۔

Unhymned : (a) جس کی تعریف میں نہ گایا گیا ہو؛ جس کی تعریف وتوصیف نہ کی گئی ہو ۔

Unhypothecated : (a) غیر مکفول ۔

Unhysterical : (a) (۱) جو اختناق الرحم میں مبتلا نہ ہو ۔ (۲) جو ہیجان جذبات سے بے قابو نہ ہو ۔

Uni- : (Prefix) سابقہ بمعنی "ایک" : "واحد" ۔

Uniarticulate : (a) (حشریات، حیوانیات) جس میں صرف ایک جوڑ ہو؛ واحد مفصلی ۔

Uniat/Uniate : (a) [Russ. 'Uniyat', L. 'Unio'.] یونانی؛ مشرقی عیسائیوں کی ایسی جماعت کا رکن جو پوپ کو اپنا پیشوا مانتی ہے مگر اپنا علاحدہ طریقِ عبادت رکھتی ہے ۔

Uniauriculated: (a) (۱) (حیوانیات) یک اذنیہ : یک اُذینُ القلبی ۔ (۲) یک گوشہ ۔

Uniaxial : (a) (بصریات، قلمیات) یک محورہ ۔

Uniaxial crystal : (n) (قلمیات) یک محوری بلور ۔

Uniaxial joint : (n) یک محوری جوڑ ۔

Unica : (n) Unicum کی جمع ۔

Unicameral : (a) یک ایوانی (پارلیمنٹ) ۔

Unicapsular : (a) (۱) (تشریح) یک غلافی؛ یک کیسوی ۔ (۲) (نباتیات) یک قبوی؛ یک ڈوڈیا ۔

Unicell : (n) یک خلویہ ناسیہ ۔

Unicellular : (a) یک خلویہ ۔

Unicellular animal : (n) یک خلویہ جاندار ۔

Unicellular organism : (n) یک خلویہ نامیہ ۔

Unicellularity : (n) یک خلویہ ہونا ۔

Unicentric : (a) یک مرکزہ ۔

Unicist : (n) [Unicus + IST.] (۱) موحد؛ یکتائی اور وحدانیت کا ماننے والا ۔ (۲) (طب) اس نظریے کا ماننے والا کہ آتشک کا مرض صرف ایک قسم کے جماعی زہریلے مادہ سے ہوتا ہے ۔

Unicity : (n) [L. 'Unicitas'.] (۱) یکتائی؛ وحدانیت ۔ (۲) (طب) یہ نظریہ کہ آتشک کی بیماری صرف ایک قسم کے جماعی زہریلے مادے سے ہوتی ہے ۔ (۳) بے مثل ہونا؛ یکتا ہونا؛ بے نظیر ہونا ۔

Unicolorous : (a) یک رنگ ۔

Unicolour/Unicolor : (a) یک رنگ ۔

Unicoloured/Unicolored : (a) یک رنگ ۔

Unicorn : (n) [Fr. 'Unicorne', L. 'Unicornis'.] (۱) ایک فرضی جانور جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا جسم گھوڑے کا سا، اس کے سر پر صرف ایک کھڑا سینگ ، اس کی پچھلی دو ٹانگیں ہرن کی سی اور اس کی دم شیر کی سی ہوتی ہے ۔ (۲) (نقابت) اس طرح کے گھوڑے کی شکل جو ڈھال یا سکّے پر بنی ہوتی ہے ۔ (۳) بحیرِ شمالی کی وہیل مچھلی جس کے سر پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں ۔ (٤) پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی میں اسکاٹ لینڈ میں رائج ایک سکّے کا نام جس پر مذکورہ بالا قسم کے جانور کی تصویر ہوتی تھی ۔ (٥) ایک جنوبی مجموعۂ نجوم ۔ (٦) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی جس میں تین یا تین سے زیادہ گھوڑے لگے ہوتے ہیں اور ایک بیچ والا گھوڑا سب سے نمایاں طور پر آگے ہوتا ہے ۔ (۷) ایک قسم کا گھونگا ۔ (۸) ایک سینگ جسے لوگ تریاق، تعویذ اور گنڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ مذکورہ بالا قسم کے جانور کا سینگ ہے ۔

Unicorn : (a) [L. 'Unicornis'.] یک قرنی؛ واحد القرن؛ ایک سینگیا یا سینگ کی طرح کی بناوٹ رکھنے والا ۔

Unicorn-antelope : (n) تبتیؔ ہرن کی ایک قسم ۔

Unicorn-bird : (n) ایک سینگ دار چیخنے والی چڑیا ۔

Unicorn-fish : (n) سینگ دار سمندری مچھلی ۔

Unicorn horn/Unicorn's horn : (n) سینگ دار وہیل مچھلی یا گینڈے کا سینگ جسے لوگ تریاق، تعویذ اور گنڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

Unicorn-plant : (n) شمالی امریکا کا ایک پودا جس کے سفیدی یا زردی مائل پھول کے اندرونی حصے میں ارغوانی یا پیلے رنگ کے چھینٹے ہوتے ہیں اور جس کا ڈوڈا سینگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

Unicorn-shell : (n) ایک معدہ پا جس کا ہونٹ سینگ نما ہوتا ہے ۔

Unicorn-whale : (n) سینگ دار وہیل مچھلی ۔

Unicorneal : (a) (تشریح) واحد القرنیہ (چشم) ۔

Unicostate : (a) یک ضلعی؛ ایک پسلی کا ۔

Unicum : (n) [L. 'Unicus'.] بے مثال شے؛ واحد بچا ہوا نمونہ ۔

Unicursal : (a) [UNI + L. 'curcus' + AL.] (ریاضیات) یک سمتی ۔

Unicursal : (n) یک سمتی خم ۔

Unicuspidate : (a) جس میں ایک نوک یا سرا ہو ۔

Unideal : (a) (۱) غیر عینی؛ مادی؛ واقعیت پسندانہ؛ جو مادی یا واقعی چیزوں سے تعلق رکھتا ہو ۔ (۲) غیر مثالی؛ غیر معیاری؛ معمولی؛ ادنی درجے کا؛ گھٹیا ۔

Unidentified : (a) غیر شناخت کردہ؛ جس کی شناخت نہ کی گئی ہو ۔

Unidimensional : (a) واحد بُعدی ۔

Unidiomatic : (a) کسی زبان کے محاورے کے خلاف؛ غیر محاوراتی ۔

Unidiomatically : (adv.) غیر محاوراتی طور پر ۔

Unidirectional : (a) یک سمتی ۔

Unidirectional current : (n) یک سمتی رو ۔

Unidolatrous : (a) غیر بت پرستانہ ۔

Uniface/Unifaced : (a) جس میں ایک ہی جانب کوئی ڈیزائن ہو ۔

Unifacial : (a) یک رُخا ۔

Unifiable : (a) جسے ایک کیاجا سکے؛ جسے متحد کیاجا سکے؛ جسے یکساں کیا جا سکے ۔

Unific : (a) [L. 'Unificus'.] متحد کرنے والا؛ یکساں اور یک رنگ کرنے والا؛ ایک کرنے والا ۔

Unification : (n) اتحاد؛ ایک کرنا یا کیا جانا؛ یکساں کرنا یا کیا جانا ۔

Unified : (a) ایک کیا ہوا؛ متحد کیا ہوا ۔

Unifier : (n) ایک کرنے والا؛ یکساں کرنے والا؛ متحد کرنے والا ۔

Unifilar : (a) ایک دھاگا یا تار والا ۔

Uniflorous/Unifloral : (a) یک گُلہ؛ جس میں صرف ایک پھول ہو ۔

Uniflow/Unaflow : (a) یک سمتی ۔

Unifoliate/Unifoliolate : (a) (نباتیات) یک برگہ ۔

Uniform : (n) (۱) یونیفارم؛ یکساں وضع اور رنگ کا لباس جسے کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کے تمام لوگ پہنتے ہیں ۔ (۲) یونیفارم کورٹ ۔ (۳) یونیفارم پہنے ہوئے سپاہی، آدمی وغیرہ ۔

Uniform : (a) (۱) یکساں؛ ایک جیسا؛ غیر متبدل ۔ (۲) عام اور مستقل (قانون، محصول وغیرہ)؛ جو ہر جگہ اور ہر زمانے میں یکساں نافذ ہو ۔ (۳) ایک ہی قاعدے اور اصول کے مطابق؛ یکساں رو ۔

Uniform : (v) (۱) یکساں کرنا ۔ (۲) یونیفارم پہنانا ۔

Uniform flow : (n) یکساں بہاؤ ۔

Uniformal : (a) (قدیم یا شاذ) یونیفارم کا ۔

Uniformist : (n) وہ شخص جو یکسانیت کا ماننے والا اور حمایتی ہو، خصوصاً مذہبی اصول وعقائد اور اس کی پابندی کے معاملے میں ۔

Uniformitarian : (n) (ارضیات) جو ارضیاتی مظاہر اور عمل کو مسلسل اور یکساں طور پر کار فرما طاقتوں سے منسوب کرتا ہے ۔

Uniformitarian : (a) (۱) مذکورہ بالا عقیدہ رکھنے والوں سے متعلق ۔ (۲) مذکورہ بالا عقیدہ رکھنے والوں

کے نظریے سے متعلق ۔ (۳) یکسانی نظریہ یا اس سے متعلق ۔

Uniformitarianism : (n) (ارضیات) یہ نظریہ یا عقیدہ کہ ارضیاتی مظاہر اور عمل کو ایسی طاقتیں متاثر کرتی ہیں جو مسلسل اور یکساں طور پر کار فرما ہیں ۔

Uniformity : (n) یکسانی؛ یک رنگی؛ ایک طرح کا ہونا؛ یکسانیت۔

Uniformity of nature : (n) یکسانی فطرت ۔

Uniformize : (v) یکساں کرنا؛ ایک طرح کا کرنا ۔

Uniformless : (a) بےیونیفارم کے؛ یونیفارم نہ پہنے ہوئے ۔

Uniformly : (adv.) یکساں طور پر؛ یکساں روی سے ۔

Uniformness : (n) یکسانی؛ یک رنگی؛ ایک طرح کا ہونا ۔

Unify : (v) [Fr. 'unifier'.] ایک کرنا؛ متحد کرنا؛ ملا کر ایک کرنا؛ جوڑنا ۔

Unifying : (a) ملا کر ایک کرنے والا؛ ایک کرنے والا؛ متحد کرنے والا؛ جوڑنے والا ۔

Unigeniture : (n) [L. 'Unigenitus'.] (۱) (دینیات) اکلوتا ہونا۔ (۲) ایک ہی بیٹا رکھنے کا رواج ۔

Unigravida : (n) [Uni + L. 'gravida'.] عورت جو پہلی بار حاملہ ہوئی ہو ۔

Unilabiate : (a) (نباتیات و حشریات) واحد لبہ ۔

Unilateral : (a) [Fr. 'Unilateral'.] (۱) (نباتیات) ایک ہی جانب پھول یا شاخ رکھنے والا ۔ (۲) یک جانبہ ؛ یک پہلو : یک رخی ۔ (۳) (قانون) یک طرفہ ۔ (٤) جانب دار ۔

Unilateral contract : (n) یک طرفہ معاہدہ ۔

Unilateral leaves : (n) یک رخی پتیاں جو تنے یا ڈنٹھل کے صرف ایک طرف ہوں۔

Unilaterality : (n) (۱) یک طرفہ ہونا؛ یک رخا ہونا؛ ایک ہی جانب یا پہلو ہونا ۔

Unilaterally : (adv.) (۱) ایک ہی رخ پر؛ یک طرفہ طور پر ۔ (۲) ایک ہی فریق کی طرف سے ۔

Unilinear : (a) (ریاضیات) یک خطی ۔

Unilingual : (a) یک لسانی ۔

Uniliteral : (a) یک حرفی ۔

Unilluminated : (a) (۱) بے نورباطن؛ بے بصیرت؛ غیر روشن ضمیر؛ نور علم سے محروم ۔ (۲) بے چراغاں؛ تاریک ۔

Unilluminating : (a) (۱) دیکھو Unilluminated ۔ (۲) منور اور روشن نہ کرنے والا؛ وضاحت اور تشریح نہ کرنے والا۔

Unillumined : (a) (۱) بے نور باطن؛ بے بصیرت؛ غیر روشن ضمیر؛ نور علم سے محروم ۔ (۲) بے چراغاں؛ تاریک؛ غیر مجلّیٰ ۔

Unillustrated : (a) (۱) بے مثالوں کا ۔ (۲) بے تصویروں کا؛ بے تصویر ۔

Unilobular : (a) (مرضیات) یک گوشک؛ یک گوشکہ ۔

Unilocular : (a) ایک خانے کا؛ واحد درجہ؛ واحد درجی؛ یک جوفہ ۔

Unimaged : (a) (۱) جس کی شبیہ نہ بنائی گئی ہو؛ جس کی مورت یا تصویر نہ بنائی گئی ہو ۔ (۲) جس کا بیان نہ کیا گیا ہو ۔ (۳) جو منعکس نہ کیا گیا ہو ۔

Unimaginable : (a) ناقابلِ تصوّر؛ خارج از تصور ۔

Unimaginableness : (n) ناقابلِ تصوّر ہونا ۔

Unimaginably : (adv.) ناقابلِ تصوّر طور پر؛ اس طور پر کہ وہ ناقابلِ تصوّر ہو ۔

Unimaginative : (a) بے تصوّر؛ بے تخیل؛ تخیل سے محروم ۔

Unimaginatively : (adv.) بغیر تخیل سے کام لئے ہوئے ۔

Unimaginativeness : (n) بے تخیلی؛ تخیل سے محروم ہونا ۔

Unimagined : (a) (۱) بے سوچا ہوا؛ بے تصور کیا ہوا ؛ جسے ابھی سوچا نہ گیا ہو ۔ (۲) ناقابلِ تصوّر۔

Unimitated : (a) (۱) جس کی تقلید یا پیروی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جس کی نقل نہ اتاری گئی ہو ۔ (۳) جس کی مشابہت اختیار نہ کی گئی ہو ۔

Unimmersed : (a) جسے غوطہ نہ دیا گیا ہو، خصوصاً جس کا بپتسما نہ ہوا ہو ۔

Unimmortal : (a) فانی ۔

Unimpairable : (a) (۱) جسے نقصان نہ پہنچایا جا سکے؛ جسے بگاڑا نہ جا سکے ۔ (۲) جسے گھٹایا نہ جا سکے؛ جسے کمزور نہ کیا جا سکے ۔

Unimpaired : (a) (۱) بے خلل ؛ جس میں خلل نہ آیا ہو ؛ بےضعف؛ جس میں ضعف نہ آیا ہو؛ جس میں بگاڑ نہ آیا ہو؛ جس میں کمی نہ آئی ہو ۔

Unimparted : (a) غیر دادہ؛ غیر عطا کردہ؛ غیر بخشیدہ؛ غیر مطلع کردہ ۔

Unimpassioned : (a) بے اشتعال، بے جوش؛ ٹھنڈا ۔

Unimpeachability : (n) بے داغ ہونا؛ الزام سے پاک ہونا ۔

Unimpeachable : (a) (۱) جس پر حرف نہ رکھا جا سکے؛ الزام سے پاک؛ بے داغ ۔ (۲) غیر مشتبہ؛ ناقابلِ اعتراض ۔

Unimpeachableness : (n) دیکھو Unimpeachability

Unimpeachably : (adv.) ناقابلِ اعتراض طریقے سے؛ اس طور پر کہ کوئی حرف نہ رکھ سکے؛ بے داغ طور پر ۔

Unimpeached : (a) جس پر حرف نہ رکھا گیا ہو؛ جس پر الزام نہ رکھا گیا ہو؛ بے داغ ۔

Unimpeded : (a) بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ آزادانہ ۔

Unimplored : (a) جس کی منت سماجت نہ کی گئی ہو ؛ جس سے التجا نہ کی گئی ہو ۔

Unimportance : (n) عدم اہمیت ۔

Unimportant : (a) غیر اہم؛ غیر ضروری؛ معمولی؛ ادنیٰ ۔

Unimposing : (a) غیر مرعوب کن ۔

Unimpregnated : (a) (۱) غیر حاملہ ۔ (۲) غیر معنی خیز؛ غیر لبریز ۔

Unimpressed : (a) غیر متاثر؛ غیر مرعوب ۔

Unimpressible : (a) جسے متاثر نہ کیا جا سکے؛ جو مرعوب نہ ہو سکے ۔

Unimpressionable : (a) غیر اثر پذیر؛ بے حس ؛ جو اثر قبول نہ کرے ۔

Unimpressive : (a) (۱) غیر مؤثر ۔ (۲) غیر مرعوب کن؛ متاثر یا مرعوب نہ کرنے والا ۔

Unimpressively : (adv.) غیر مؤثر طور پر؛ بے رعب طریقے سے ۔

Unimpressiveness : (n) غیر مؤثر ہونا؛ غیر مرعوب کن ہونا ۔

Unimprisoned : (a) بے قید؛ آزاد ۔

Unimprovable : (a) ناقابلِ اصلاح؛ ناقابلِ درستی؛ ناقابلِ ترقی؛ غیر اصلاح پذیر؛ غیر ترقی پذیر ۔

Unimproved : (a) جس کی اصلاح اور ترقی نہ ہوئی ہو؛ بے ترقی؛ بے اصلاح؛ جس میں سدھار نہ لایا گیا ہو ۔

Unimproving : (a) (۱) جس سے ترقی یا اصلاح میں مدد نہ مل سکے ۔ (۲) ترقی نہ کرنے والا؛ جو اصلاح پذیر نہ ہو؛ جو مائل بہ اصلاح نہ ہو ۔

Unimpugnable : (a) ناقابلِ گرفت؛ ناقابلِ تردید؛ ناقابلِ اعتراض ۔

Unimpugned : (a) جس پر اعتراض نہ کیا گیا ہو؛ جس کی تردید یا گرفت نہ کی گئی ہو ۔

Unimpulsive : (a) ٹھس؛ دھیما ۔

Unimpulsiveness : (n) دھیما پن ۔

Unincarnate : (a) غیر مجسم ۔

Unincensed : (a) (لوبان وغیرہ کی) خوشبو میں نہ بسایا ہوا ۔

Unincluded : (a) غیر شمولہ ۔

Unincorporate : (a) غیر متشکل ۔

Unincorporated : (a) غیر متحد ۔

Unincreased : (a) بے اضافہ ۔

Unindebted : (a) (۱) غیر مقروض ۔ (۲) غیر احسان مند ؛ جو مرہون منت نہ ہو ۔

Unindebtedness : (n) (۱) غیرمقروض ۔ (۲) عدم احسان مندی ۔

Unindented : (a) بےنشان؛ جس پر دندانے دار نشان نہ بنایا گیا ہو ۔

Unindexed : (a) بےانڈیکس؛ بے اشاریہ؛ (کتاب) جس میں اشاریہ نہ ہو ۔

Unindifference : (n) (۱) جانب داری؛ طرف داری ۔ (۲) جھکاؤ؛ دلچسپی؛ التفات ۔

Unindifferent : (a) (۱) (قدیم) جانب دار؛ طرف دار ۔ (۲) لگاؤ رکھنے والا ؛ دلچسپی رکھنے والا ۔

Unindifferently : (adv.) (۱) جانب داری سے ۔ (۲) دلچسپی سے؛ التفات سے ۔

Unindorsed : (a) غیر توثیق شدہ ۔

Unindustrious : (a) غیر محنتی؛ سست ۔

Uninfected : (a) (۱) چھوت کی بیماری سے محفوظ؛ بیماری کے جراثیم سے محفوظ ۔ (۲) (مجازاً) (مسموم خیالات) سے محفوظ؛ اڑ کر لگنے والی بیماری سے بچا ہوا ۔

Uninfectious : (a) غیر متعدی؛ اڑ کر نہ لگنے والی ۔

Uninfested : (a) (حشرات، امراض، چور اور لٹیروں وغیرہ کی) حملہ، یلغار اور ایذا رسانی سے محفوظ ۔

Uninflamed : (a) (۱) بے جوش و خروش ۔ (۲) (مرضیات) بے سوجن اور جلن ۔

Uninflammable : (a) (۱) جسے مشتعل نہ کیا جا سکے؛ غیر اشتعال پذیر ۔ (۲) (کیمیا) غیر آتش گیر ۔

Uninflated : (a) (۱) بے ہوا بھرا ہوا؛ ہَوا یا گیس نکالا ہوا ۔ (۲) (زبان، اسلوب) لفاظی اور بے جا عبارت آرائی سے پاک ۔ (۳) غیر متکبر؛ بے غرور ۔

Uninflected : (a) (۱) (موسیقی) زیر و بم پیدا نہ کی ہوئی (آواز) ۔ (۲) (قواعد) بے تصریف (لفظ) ۔

Uninfluenced : (a) غیر متاثر ۔

Uninformed : (a) (۱) غیر مطلع؛ بے خبر؛ جسے خبر نہ کی گئی ہو؛ ناواقف ۔ (۲) بے علم؛ جاہل ۔

Uninforming : (a) جس سے کچھ واقفیت یاعلم حاصل نہ ہو ۔

Uninfringed : (a) (۱) (وعدہ، قسم، معاہدہ وغیرہ) بے توڑا ہوا؛ غیر شکستہ ۔ (۲) جس میں دست اندازی نہ کی گئی ہو ۔

Uningenious : (a) (۱) غیر مخترع؛ ایجاد و اختراع کا مادہ نہ رکھنے والا؛ غیراختراعی ۔ (۲) غیر ہنرمندانہ؛ بے سلیقگی کا؛ جس میں کاریگری اور اپج نہ ہو ۔

Uninhabitable : (a) ناقابل سکونت؛ (جگہ، مکان وغیرہ) جو رہنے کے قابل نہ ہو ۔

Uninhabitableness : (n) رہنے کے قابل نہ ہونا ۔

Uninhabited : (a) غیر مسکونہ؛ غیرآباد؛ خالی؛ جس میں کوئی نہ رہتا ہو ۔

Uninhibited : (a) جسے کچھ کرنے میں کوئی رکاوٹ یا جھجك نہ ہو؛ رسمی رکاوٹوں سے آزاد ۔

Uninhibitedly : (adv.) بے رکاوٹ اور بے جھجك طور پر ۔

Uninitiate : (a) ناتجربہ کار ؛ ناآشنا؛ غیر عارف؛ جو حقیقت یا راز سے ناواقف ہو ۔

Uninitiate : (n) نا تجربہ کار آدمی ۔

Uninitiated : (a) دیکھو Uninitiate

Uninitiation : (n) ناتجربہ کاری؛ ناآموزی ۔

Uninjured : (a) غیر مجروح؛ چوٹ سے محفوظ؛ ضرر سے محفوظ؛ صدمے سے محفوظ ۔

Uninjurious : (a) بے ضرر ؛ غیر نقصان دہ ۔

Uninjuriously : (adv.) بے ضرر طریقے سے ۔

Uninked : (a) روشنائی سے خالی؛ بے روشنائی کا ۔

Uninodal : (a) یك گانٹھی؛ جس میں ایك گانٹھ ہو ۔

Uninominal : (a) [Fr. 'Uninominal'.] (۱) اس اصول پر قائم کہ ایك رکن الگ الگ ہرحلقہ انتخاب سے منتخب ہو ۔ (۲) ایك نام سے متعلق ۔

Uninquiring : (a) غیر مستفسرانہ ۔

Uninquisitive : (a) غیر متجسس ۔

Uninscribed : (a) غیر کندہ؛ غیر منقش ۔

Uninspected : (a) بے معائنہ؛ بے ملاحظہ؛ جس کا معائنہ نہ کیا گیا ہو؛ جس کی جانچ نہ کی گئی ہو ۔

Uninspired : (a) (۱) بے القا؛ بے الہام؛ جو الہام سے خالی ہو ۔ (۲) روحانی تاثیر یا فیضان سے محروم؛ بے کیف؛ وجدان سے خالی ۔ (۳) جو کسی کے اشارے سے نہ لکھا گیا ہو ۔

Uninspiring : (a) جو ابھار نہ سکے؛ جو جوش، ولولہ نہ پیدا کرسکے؛ جو تخلیقی صلاحیت کو مہمیز نہ کر سکے ۔

Uninstructed : (a) (۱) کندۂ ناتراش؛ جاہل؛ بے علم؛ اَن پڑھ ۔ (۲) بے سکھایا ہوا؛ جسے کوئی ہدایت نہ دی گئی ہو ۔

Uninstructedness : (n) جہالت؛ لاعلمی ۔

Uninstructive : (a) غیر آموز؛ مفید معلومات سے خالی؛ کچھ نہ سکھانے والا ۔

Uninstructively : (adv.) غیر آموز طور پر؛ غیر معمولی طریقے سے ۔

Uninsulate : (v) (برق و حرارت) متصل کرنا؛ درمیان میں رکھے ہوئے حاجز کو ہٹا دینا ۔

Uninsulated : (a) (برق وحرارت) غیر منفصل؛ غیر محجوز ۔

Uninsurable : (a) جو بیمے کے قابل نہ ہو ۔

Uninsured : (a) غیر بیمہ شدہ؛ بغیر بیمے کا؛ جس کا بیمہ نہ کرایا گیا ہو ۔

Unintellectual : (a) غیر دانشور؛ غیر عالمانہ؛ غیر فاضلانہ ۔

Unintelligence : (n) بے وقوفی؛ کند ذہنی ۔

Unintelligent : (a) (۱) غیر ذہین ؛ غیر ذکی ؛ کند ذہن؛ غبی ؛ بے وقوف ۔ (۲) بے وقوفی کا ؛ جس سے بے وقوفی ظاہر ہو ۔

Unintelligently : (adv.) بے وقوفی سے ؛ کند ذہنی سے ۔

Unintelligibility : (n) ناقابلِ فہم ہونا ۔

Unintelligible : (a) ناقابلِ فہم؛ جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Unintelligibleness : (n) ناقابلِ فہم ہونا ۔

Unintelligibly : (adv.) ناقابلِ فہم طور پر؛ اس طور پر کہ سمجھ میں نہ آئے ۔

Unintended : (a) بے نیت؛ بے ارادہ؛ بے قصد ۔

Unintendedly : (adv.) بے قصد کئے؛ بے ارادہ کئے ؛ بغیر نیت کئے ۔

Unintentional : (a) بے نیت؛ بے قصد؛ بے ارادہ؛ جو عمداً نہ کیا گیا ہو ۔

Unintentionally : (adv.) بے قصد کئے؛ بے ارادہ کئے؛ بغیر نیت کئے؛ بلا قصد؛ بلا ارادہ ۔

Uninterested : (a) (۱) دلچسپی نہ رکھنے والا ۔ (۲) بے غرض: جو غرض پر مبنی نہ ہو؛ غیر جانب دار ۔

Uninterestedly : (adv.) (۱) عدم دلچسپی سے ۔ (۲) بے غرضی سے؛ غیر جانبداری سے ۔

Uninterestedness : (n) عدم دلچسپی؛ بے غرضی ۔

Uninteresting : (a) غیر دلچسپ؛ بے لطف ۔

Uninterestingly : (adv.) غیر دلچسپ طور پر؛ بے لطفی سے ۔

Uninterestingness : (n) غیر دلچسپ ہونا؛ بے لطفی ۔

Unintermitted : (a) مسلسل ۔

Unintermittedly : (adv.) مسلسل طور پر ۔

Unintermittent : (a) غیر منقطع؛ غیر وقفہ دار؛ مسلسل ؛ جو ٹھہر ٹھہر کر نہیں بلکہ مسلسل ہو (بخار، درد، نبض وغیرہ) ۔

Unintermittently : (adv.) غیر منقطع طور پر؛ مسلسل طور پر ۔

Unintermitting : (a) بے وقفہ؛ مسلسل؛ لگاتار ۔

Unintermittingly : (adv.) مسلسل طور پر؛ برابر؛ لگا تار ۔

Unintermittingness : (n) بے وقفہ ہونا؛ لگاتار ہونا؛ تسلسل۔

Unintermixed : (a) بے ملا ہوا؛ بے خلط ملط؛ غیر مخلوط۔

Uninterpretable : (a) (۱) ناقابل تفسیر؛ ناقابل تشریح۔ (۲) ناقابل تعبیر؛ ناقابل فہم۔

Uninterpreted : (a) غیر مشرح؛ جس کی تفسیر نہ کی گئی ہو؛ جس کی تعبیر نہ بتائی گئی ہو۔

Uninterred : (a) غیر مدفون۔

Uninterrupted : (a) بے خلل؛ غیر منقطع؛ مسلسل؛ جس کے تسلسل میں خلل یا رکاوٹ نہ ہو۔

Uninterruptedly : (adv.) بے خلل طریقے سے؛ مسلسل طور پر۔

Uninterruptedness : (n) مسلسل ہونا؛ بے خلل ہونا؛ بےرکاوٹ ہونا۔

Uninterruption : (n) مسلسل ہونا؛ بے خلل ہونا؛ بےرکاوٹ ہونا۔

Unintimidated : (a) بےتخویف؛ جسے ڈرایا یا دھمکایا نہ گیا ہو۔

Unintoxicating : (a) نا سرور انگیز؛ غیر نشہ آور۔

Unintroduced : (a) جس کا تعارف نہ کرایا گیا ہو۔

Uninured : (a) غیر عادی؛ غیر خو گر۔

Uninvaded : (a) بے حملہ؛ بے یلغار؛ جس پر حملہ یا یورش نہ کی گئی ہو۔

Uninvented : (a) غیر ایجاد کردہ۔

Uninventive : (a) غیر موجدانہ؛ غیر اختراعی؛ قوت ایجاد یا اختراع سے خالی۔

Uninventiveness : (n) قوت ایجاد و اختراع سے خالی ہونا۔

Uninvested : (a) (پونجی، سرمایہ وغیرہ) بے لگایا ہوا۔

Uninvestigable : (a) ناقابل تفتیش ؛ جس کی چھان بین نہ کی جا سکے۔

Uninvestigated : (a) بے تحقیق؛ بے تفتیش؛ جس کی تفتیش یاتحقیق نہ کی گئی ہو۔

Uninvite : (v) دعوت نہ دینا۔

Uninvited : (a) بے مدعو؛ بے طلب؛ بے دعوت؛ جس کو مدعو نہ کیا گیا ہو۔

Uninviting : (a) (۱) غیر دلکش۔ (۲) مکروہ۔

Uninvoked : (a) (۱) بےجگائی ہوئی؛ جو منتر پڑھ کر بلائی نہ گئی ہو۔ (۲) جس سے مدد یا دعا نہ مانگی گئی ہو۔ (۳) جس کی دُہائی نہ دی گئی ہو۔

Uninvolved : (a) (۱) غیر ملوث؛ بےتعلق (سازش، جرم وغیرہ سے)۔ (۲) (جملہ، طرز تحریر) سیدھا سادہ، غیر پیچیدہ، جو الجھا ہوا نہ ہو۔

Unio : (n) [L.] (حیوانیات) ایک قسم کا دو صمامی صدفہ جس سے موتی نکلتا ھے۔

Unioid : (a) دو صمامی صدفہ سے مشابہ۔

Union : (n) [Fr. 'Union' or L.'Unio, Union'.] (۱) اتحاد؛ امتزاج؛ اتصال؛ پیوستگی (اجزاء کی)۔ (۲) اتحاد؛ (جماعتوں، گروہوں، اور سیاسی پارٹیوں کے درمیان)۔ (۳) متحدہ چیز مثلاً متحدہ ادارہ، انجمن اتحاد وغیرہ۔ (٤) (جراحی) (ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا) جڑنا؛ (زخم اور کٹے ہوئے حصے کا) مندمل ہونا؛ بھرنا۔ (٥) (تصویر کے مختلف حصوں کے درمیان رنگوں اور ڈیزائنوں کی) ہم آہنگی۔ (٦) کلیسائی حلقوں کا اتحاد۔ (۷) ازدواج؛ شادی؛ عقد۔ (۸) برطانیہ کے جھنڈے کا وہ حصہ جس پر علامتِ اتحاد بنی ھے؛ گوشہٴ اتحاد۔ (۹) ٹب یا حوض جس میں بیر شراب صاف کی جاتی ھے۔ (۱۰) سوتی اونی یا اونی ریشمی کپڑا؛ مخلوط بناوٹ کا کپڑا۔ (۱۱) کالج یا یونیورسٹی کی ایسی تنظیم جو طالب علموں کو سہولت فراہم کرنے کا کام کرتی ھے۔ (۱۲) کام کرنے والوں کی ایسی تنظیم جو مشترکہ مطالبات کو منوانے اور دیگر مسائل سے نمٹنے کے لئے بنائی جاتی ھے۔ (۱۳) دو چیزوں کو جوڑنے والی شے۔ (۱٤) انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کا ۱٦۰۳ء کا شاہی انضمام اور ۱۷۰۷ء کا پارلیمانی انضمام؛ انگلستان اور آئرستان کا ۱۸۰۱ء کا پارلیمانی انضمام۔ (۱۵) ریاستہائے متحدہ امریکا۔ (۱٦) سلطنت متحدہ۔

Union : (a) (۱) یونین سے متعلق۔ (۲) دو یا دو سے زیادہ قسم کے دھاگوں سے بُنا ہوا۔ (۳) (ادبی زبان سےمتعلق) متعلقہ زبان اور بولیوں کے

وہ شخص جو برطانیہ اور آئرستان کے اتحاد حکومت کے استرداد کا مخالف ہو۔ (۳) (امریکی تاریخ) امریکی ریاستوں کی خانہ جنگی کے زمانے میں ریاستوں کی علاحدگی کا مخالف۔ (٤) مذہبی اتحاد کا حامی خصوصاً متعلقہ پروٹسٹنٹ فرقوں کے اتحاد کا حامی۔

Unionistic : (a) اتحاد پسندانہ (مذکورہ بالا معنوں میں)۔

Unionize : (v) (۱) ایک یونین کی شکل دینا۔ (۲) کام کو ٹریڈ یونین کے اصول کے تحت لانا۔ (۳) پیشہ وروں اور مزدوروں کو ٹریڈ یونین کی طرف کھینچنا اور ان کو ٹریڈ یونین کی شکل دینا۔

Uniparous : (a) [L. 'uniparus'.] (۱) (حیوانیات) واحد زا۔ (۲) (نباتیات) واحد ساقہ۔

Unipartite : (a) ناقابلِ تقسیم؛ غیر منقسم۔

Uniped : (a) واحد پا۔

Unipersonal : (a) (دینیات) احد۔

Unipersonalist : (n) وہ جو اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ خدا کی ذات احد ہے۔

Unipetalous : (a) (نباتیات) واحد برگہ؛ یک پنکھڑیا۔

Uniphonous : (a) یک صوتیہ۔

Unipivot : (a) یک محورہ؛ ایک چُولا۔

Uniplanar : (a) ہم سطح۔

Uniplanar motion : (n) ہم سطحی حرکت۔

Unipod : (n) (فوٹو کیمرے کے لئے) یک پایہ سہارا یا اسٹینڈ۔

Unipolar : (a) (برقیات، حیاتیات) واحد قطبہ۔

Unipolarity : (n) (برقیات) واحد قطبیت۔

Unipotent : (a) ایک ہی سمت میں بڑھنے کی قوت رکھنے والا۔

Unique : (a) [Fr. 'Unique'. L. 'Unicus'.] یکتا؛ بے مثل؛ بے نظیر۔

Unique : (n) بے مثل چیز۔

محاورات اور الفاظ کے انتخاب سے مصنوعی طور پر پیدا کردہ۔ (٤) مختلف الجنس اجزاء سے بنایا ہوا۔

Union : (n) (قدیم) بڑے سائز کا عمدہ اور بیش قیمت موتی۔

Union flag : (n) برطانیہ اور آئرستان کا قومی پرچم۔

Union House : (n) دار الغرباء کی انجمن۔

Union Jack : (n) برطانیہ اور آئرستان کا قومی پرچم۔

Union-joint : (n) جوڑ (مثلاً دو پائپ کے بیچ کا)۔

Union-made : (a) یونین کے مزدوروں کی بنائی ہوئی۔

Union nut : (n) پیچ دار ڈھبری جو ایک حصے کو دوسرے حصے سے جوڑنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

Union pipes : (n) ایک قسم کا آئرستانی مشک باجا۔

Union-room : (n) وہ کمرہ جس میں بیرشراب کو صاف کرنے کےلئے استعمال ہونے والے ٹب اور حوض رکھے جاتے ہیں۔

Union-rustic : (n) برطانوی پروانہ۔

Union society : (n) یونیورسٹی میں ایک عام کلب اور مجلس مباحثہ جو تمام ممبروں یا تمام انڈر گریجویٹ طلباء کے لئے ہو۔

Union suit : (n) (امریکا میں مردوں اور لڑکوں کی پوشاک) جس میں قمیص اور پاجامہ جڑا ہوا ہوتا ہے۔

Union system : (n) بیر شراب کو صاف کرنے کا ایک طریقہ۔

Unionic : (a) یونین کا؛ یونین سے متعلق؛ یونین کی خصوصیت کا۔

Unionid : (a) (حیوانیات) موتی صدفیات کے خاندان سے۔

Unionidae : (n) (حیوانیات) ایک قسم کی سیپ؛ موتی صدفیات۔

Unionism : (n) اتحادیت؛ اتحاد پسندی۔

Unionist : (n) (۱) یونینسٹ؛ پیشہ وروں اور مزدوروں کی انجمن کا رکن یا اس قسم کی انجمنوں کا حامی۔ (۲) اتحادپسند؛ حامیِ اتحاد، خصوصاً

Uniquely : (adv.) بے مثال طور پر؛ یکتائی کی شان سے ۔

Uniqueness : (n) یکتائی؛ بے مثل و بے نظیر ہونا ۔

Uniquity : (n) دیکھو Uniqueness

Unironed : (a) (۱) بیڑی سے آزاد؛ بے سلاسل ۔ (۲) بے استری کا (کپڑا) ۔

Unirritating : (a) دق نہ کرنے والا؛ برہم نہ کرنے والا؛ غیر پریشان کن؛ غیر تکلیف دہ ۔

Unisex : (n) مرد و زن کے اندر ایک دوسرے کے انداز اور روش کو اپنانے کا میلان (خصوصاً ایک ہی طرح کے لباس پہننے کے معاملے میں) ۔

Unisexual : (a) (۱) یک جنسہ؛ ایک ہی جنس کی خصوصیت رکھنے والا ۔ (۲) (نباتیات) یک جنسہ گلہ ۔ (۳) ایک ہی جنس سے تعلق یا ایک ہی جنس تک محدود ۔

Unisexuality : (n) یک جنسیت ۔

Unisexually : (adv.) یک جنسی طریقے سے؛ یک صنفی طور پر ۔

Unison : (n) [Fr. 'Unison', or L. 'Unisonus'.] (۱) (موسیقی) ہم آہنگی؛ امتداد میں یکساں ہونا؛ ہم سازی؛ سر اور لے میں یکساں ہونا ۔ (۲) (سماجیات) اتفاق؛ اتفاق رائے؛ یکجہتی ۔

Unison : (a) ہم آہنگ؛ سُر اور امتداد میں یکساں ۔

Unison stop : (n) آرگن کا ایک پرنا ۔

Unison string : (n) پیانو کا تار جو دوسرے تار سے ہم آہنگ ہو ۔

Unison tune : (n) جسے یکساں سُر میں گایا جائے ۔

Unison-tuning : (n) پیانو کے تار سے نکلنے والا سر یا آواز جو ہم آہنگ ہو؛ ساز میں سُروں کو درست کرنا ۔

Unisonal : (a) (موسیقی) ہم آہنگ؛ سُر میں یکساں ۔

Unisonally : (adv.) ہم آہنگی سے؛ سُر میں یکساں طور پر ۔

Unisonance : (n) ہم آہنگی؛ ہم آہنگ آواز ۔

Unisonant : (a) ہم آہنگ؛ ہم ساز؛ سُر میں یکساں ۔

Unisonous : (a) ہم آہنگ؛ ہم ساز؛ ایک سُر کا؛ سُر میں یکساں ۔

Unit : (n) [L. 'unus'.] اکائی؛ واحدہ؛ ایک شخص یا چیز یا مجموعہ جو واحد اور مکمل بالذات سمجھا جائے یا شمار یا ناپ کے لئے پیمانے کا کام دے ۔

Unit furniture : (n) مختلف حصوں میں بنایا ہوا فرنیچر جس کے حصوں میں ردو بدل ہوسکے ۔

Unitable : (a) جسے ملایا جا سکے؛ جو متحد ہو سکے ۔

Unital : (a) (۱) ملانے والا؛ متحد کرنے والا؛ جوڑنے والا ۔ (۲) اکائی کی صفت کا؛ اکائی کی خصوصیت کا ۔

Unitarian : (n) [mod. L. 'unitarius'.] (۱) مذہب عیسوی کے اس فرقے کا پیرو جو تثلیث سے انکار کرتا ھے اور خدا کی وحدانیت پر یقین رکھتا ھے؛ موحد عیسائی ۔ (۲) موحّد ؛ توحید کا ماننے والا ۔ (۳) وحدت پسند؛ مرکزیت پسند (خصوصاً سیاسی امور میں) ۔

Unitarian : (a) وحدانی؛ موحدوں کے نظریے اور عقیدے سے متعلق ۔

Unitarianism : (n) خدائی وحدانیت کا یقین اور اس کی حمایت خصوصاً موحدوں کے اصول و نظریات؛ وحدانیت کا عقیدہ؛ مذہب توحید؛ توحید پرستی؛ موحدوں کا مسلک ۔

Unitarist : (n) مرکزی نظام حکومت کا حمایتی، خصوصاً اطالیہ کے اتحاد سالمیت کا حمایتی ۔

Unitary : (a) (۱) اتحاد کا؛ اتفاق کا؛ اتحاد سے متعلق ۔ (۲) اکائی کا؛ اکائی کی صفت کا ۔ (۳) الگ الگ اکائیوں سے بنا ہوا ۔ (٤) (سیاسی معنی میں) مرکزیت پسندانہ ۔ (٥) اکائیوں کے استعمال کا یا استعمال سے متعلق ۔

Unite : (n) ایک انگریزی طلائی سکہ جسے پہلی مرتبہ جیمز اول نے ١٦٠٤ء میں نکالا تھا ۔

Unite : (v) [L. 'unire'.] (۱) متحد کرنا؛ جوڑنا؛ ملانا؛ ملا کر ایک کرنا ۔ (۲) متحد ہونا؛ مل جانا؛ مل کر ایک ہو جانا ۔ (۳) شادی کے رشتے میں منسلک کرنا ۔ (٤) ایک ہونا (خصوصاً کیمیاوی اجزاء کا باہمی کشش کے سبب) ۔

United : (a) متحد -

United Kingdom : (n) سلطنت متحدہ؛ برطانیہ کی سلطنت یا (۱۸۰۱ء سے ۱۹۲۲ء تک) برطانیہ اور آئرستان -

United Nations : (n) اقوام متحدہ (امن اور انسانی فلاح کی سب سے بڑی عالمی تنظیم) -

United Provinces : (n) (۱) نیدرلینڈ کے سات شمالی صوبے جو ۱۵۷۹ء میں قائم ہوئے اور بعد میں ہالینڈ کی سلطنت بن گئے - (۲) صوبۂ متحدہ آگرہ اور اودھ (عہد برطانیہ میں) -

United States : (n) (۱) ریاستہائے متحدہ امریکا (اس کا مخفف .U.S یا U.S.A ہے) - (۲) انگریزی زبان جو امریکا میں بولی جاتی ہے -

Unitedly : (adv.) متحدہ طور پر؛ متفقہ طور پر -

Unitedness : (n) اتحاد؛ اتفاق -

Uniter : (n) ایجنسی یا شخص جو جوڑنے یا ملانے کا کام کرتا ہے -

Uniting : (n&a) متحد کرنے والا؛ ملانے والا؛ جوڑنے والا -

Unition : (n) (شاذ) اتحاد؛ ادغام؛ ملن؛ جوڑ -

Unitive : (a) [L. 'Unitivus'.] (۱) جوڑنے والا؛ ملانے والا؛ خصوصاً (تشریح) ریشے سے متعلق - (۲) خدا سے روحانی تعلق پیدا کرنے والا - (۳) روحانی ترقی اور ترفع کی تیسری منزل سے متعلق -

Unitively : (adv.) (۱) متحد کرتے ہوئے؛ ملاتے ہوئے؛ جوڑتے ہوئے- (۲) خدا سے روحانی تعلق پیدا کرتے ہوئے-

Unitiveness : (n) اتحاد؛ جوڑ؛ تعلق -

Unity : (n) [Fr. 'unite'.] (۱) وحدت؛ ایک ہونا؛ فردیت؛ فرد ہونا؛ واحد ہونا - (۲) (ریاضیات) ایک کا عدد؛ اکائی - (۳) وحدت ؛ اجزاء کا ربط و اتحاد - (٤) اتفاق؛ اتحاد؛ یک جہتی - (٥) (چیزوں کے درمیان) ہم آہنگی - (٦) یکسوئی (ارادہ، مقصد اور عمل میں)؛ تسلسل؛ یک رنگی -

The unities : ڈراما کی وحدتیں؛ وحدت زمان، وحدت مکان اور وحدت عمل -

Univalence/Univalency : (n) (کیمیا) یک گرفتگی -

Univalent : (a) (کیمیا) یک گرفتہ؛ واحد گرفتہ -

Univalve : (a) (۱) (صدفیات) یک صمامی - (۲) (حشریات) یک صمامی-

Univalve : (n) (صدفیات) یک صمامی صدف -

Univalved/Univalvular : (a) (نباتیات) یک صمامی -

Universal : (a) (۱) کوئی چیز یا کام جس کا تمام افرادعالم سے تعلق ہو؛ عالمی؛ عالمگیر؛ کلی؛ سب پر حاوی؛ سب سے متعلق؛ سب کا؛ کل کا؛ کل افراد کا - (۲) (شخص) بہت سے علوم و فنون یا کمالات پر حاوی - (۳) (منطق) ایک نوع کی تمام اشیاء پر جس کا اطلاق یا انطباق ہو سکے؛ ایک نوع کی تمام چیزوں سے متعلق - (٤) (قانون اور اصول) جو ہر جگہ اور ہر حالت میں صحیح ہو - (٥) (مشین، اوزار اور پرزے) جنہیں ضرورت کے تحت ہر کام میں استعمال کیا جاسکے-

Universal : (n) (منطق، فلسفہ) کلیہ؛ تصور کلی؛ ادراک کلی؛ وہ تصور یا ادراک جو ایک نوع کے تمام افراد اور اشیاء پر حاوی ہو؛ وہ حکم جو کل افراد و اشیاء پر لگایا جا سکے -

Universal arithmetic : (n) الجبرا -

Universal joint : (n) ایسا جوڑ کہ جوڑی ہوئی شے بہ آسانی، آزادی سے ہر طرف حرکت کر سکتی ہو -

Universal proposition : (a) قضیۂ کلیہ -

Universal suffrage : (n) حق رائے دہندگی جس کے تحت، غیر ملکیوں پاگلوں اور مجرموں کو چھوڑ کر ایک مخصوص عمر سے اوپر کے تمام لوگ قانون ساز اسمبلی کے لئے نمائندے کو ووٹ دے سکتے ہیں-

Universalism : (n) (۱) (دینیات) عقیدۂ نجات کل - (۲) (علم و ہنر میں) حد درجہ ہمہ گیری - (۳) عالمگیریت؛ اپنی خصوصیت یا وسعت کے اعتبار سے عالمی ہونا-

Universalist : (n) (خصوصاً دینیات) معتقد نجات کُل؛ وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ سب انسان عاقبت میں نجات پائیں گے؛ خاص طور پر ریاستہائے متحدہ امریکا میں ایک گروہ کا رکن جو یہ عقیدہ رکھتا ہے -

Universalist : (a) (۱) (دینیات) نجات کل کے عقیدے سے متعلق؛ نجات کل کے عقیدے کا۔ (۲) اپنی خصوصیت اور وسعت میں عالمگیر؛ عالمی۔

Universalistic : (a) دیکھو Universalist

Universality : (n) عالمگیری؛ عالم گیریت؛ آفاقیت۔

Universalize : (v) (۱) عالم گیر بنانا؛ عالمی صفت سے متصف کرنا۔ (۲) ذاتی اور خصوصی سے عمومی بنانا۔ (۳) عالمی قبولیت، رواج اور استعمال میں لانا۔

Universally : (adv.) ہر جگہ؛ کل انسانوں یا تمام دنیا میں؛ کلی طور پر؛ بالاتفاق؛ عالم گیر حیثیت سے۔

Universe : (n) [Fr 'univers'. or L. 'universum'.] (۱) کائنات؛ موجودات؛ کُل۔ (۲) کل مخلوقات؛ کل ممکنات؛ عالم امکان۔ (۳) کل بنی نوع انسان۔ (٤) زمین؛ دنیا؛ جولان گاہِ آدم۔

Universitarian : (a) (۱) یونیورسٹی کا؛ جامعہ سے متعلق۔ (۲) یونیورسٹی کی خصوصیت کا۔ (۳) جامعہ والے انداز میں۔

Universitarian : (n) کسی یونیورسٹی کا رکن۔

University : (n) [Fr. 'universite'.] (۱) جامعہ؛ یونیورسٹی؛ جامعہ علوم جس میں طلباء کے لئے جملہ علوم یا اکثر علوم و فنون کی تعلیم اور امتحان کا انتظام ہو اور سندیں عطا کی جاتی ہوں۔ (۲) اہل جامعہ؛ ارکان جامعہ؛ منتظمین جامعہ۔

University : (a) یونیورسٹی کا؛ یونیورسٹی سے متعلق۔

Universology : (n) علم کائنات؛ عالمیات۔

Univocal : (a) [Late L. 'Univocus'.] یک معنی (لفظ)؛ جس کے صرف ایک معنی ہوں؛ غیر مبہم؛ واضح۔

Univocal : (n) کوئی لفظ یا اصطلاح جس کے صرف ایک معنی ہوں۔

Univocalic (a) ایک حرف علت کا۔

Univocally : (adv.) غیر مبہم طور پر؛ واضح طور پر۔

Univoltine : (a) یک جھولا؛ سال میں صرف ایک جھول (انڈے) دینے والا۔

Univoltine : (n) ریشم کا کیڑا جو سال میں صرف ایک جھول انڈے دیتا ہے۔

Unjaded : (a) بشاش؛ تازہ دم۔

Unjaundiced : (a) (۱) یرقان سے محفوظ۔ (۲) (مجازاً) غیر متعصب۔

Unjelled : (a) جسے قطعی اور آخری شکل نہ دی گئی ہو۔

Unjealous : (a) غیر رقیبانہ؛ غیر حاسدانہ۔

Unjoin : (v) جدا کرنا؛ الگ کرنا۔

Unjoint : (v) (۱) جوڑ کے پاس سے الگ کرنا۔ (۲) جدا یا الگ کرنا؛ سلسلہ توڑنا (مجازاً)۔

Unjointed : (a) (۱) (مجازاً) بے ربط۔ (۲) بے جوڑا ہوا۔

Unjoyful : (a) غیر شاداں؛ ناخوش؛ غیر مسرت بخش۔

Unjoyfully : (adv.) ناخوشی سے؛ غیر مسرت بخش طور پر۔

Unjoyous : (a) غیر مسرت بخش؛ غیر نشاط آفریں؛ مسرت سے خالی۔

Unjudged : (a) بے پرکھا ہوا؛ جس کی پرکھ نہ کی گئی ہو۔

Unjudicial : (a) جج یا منصف کے غیر شایان شان؛ غیر منصفانہ۔

Unjudicious : (a) دیکھو Injudicious

Unjumpable : (a) ناقابلِ جست۔

Unjust : (a) (۱) غیر منصف؛ بے انصاف۔ (۲) غیر منصفانہ؛ بے انصافی کا۔

Unjustifiable : (a) جو صحیح یا بجا نہ ثابت کیا جاسکے؛ بے جا؛ ناروا۔

Unjustifiableness : (n) بے جا یا ناروا ہونا۔

Unjustifiably : (adv.) بے جا طور پر؛ ناروا طور پر۔

Unjustified : (a) غلط؛ بے جا؛ ناروا؛ غیر منصفانہ۔

Unjustly : (adv.) غیر منصفانہ طور پر؛ بے انصافی سے۔

Unjustness : (n) بے انصافی۔

Unked/Unkid : (a)[ME. 'unkid (d)'.] (۱) (مقامی بولی)اجنبی ۔ (۲) تکلیف دہ؛ انگھڑ (اجنبی یا نیا ہونے کی وجہ سے) ۔ (۳) سنسان؛ ویران ۔ (٤) بھیانک؛ ڈراؤنا؛ پر اسرار ۔

Unkeeled : (a) بے پیندے کا (جہاز) ۔

Unkempt : (a) (۱) (داڑھی وغیرہ) جس میں کنگھی نہ کی گئی ہو ؛ پریشان ، الجھے ہوئے (بال) ۔ (۲) آشفتہ مو؛ آشفتہ حال؛ پریشان وضع ۔ (۳) بے ترتیب؛ بے سلیقہ ۔

Unkennel : (v) (۱) لومڑی کو بھٹ سے نکالنا ۔ (۲) بھٹ یا بل سے باہر آنا ۔ (۳) (مجازاً) باہر نکالنا؛ روشنی میں لانا؛ ظاہر کرنا ۔ (٤) (کتے کو) باڑے میں سے نکالنا ۔

Unkept : (a) جس سے غفلت برتی گئی ہو؛ جو نظر انداز کیا گیا ہو ۔

Unkey : (v) محراب کے بیچ کا پتھر نکالنا یا ہٹانا ۔

Unkind : (a) (۱) نامہربان؛ بے مہر؛ بے رحم؛ سخت؛ بے درد ۔ (۲) نامہربانی کا؛ بے رحمی کا؛ سختی کا؛ بےدردی کا ۔

Unkindled : (a) بے بھڑکایا ہوا؛ بےاکسایا ہوا؛ غیر مشتعل ۔

Unkindliness : (n) بے مہری؛ بے رحمی؛ بے دردی ۔

Unkindly : (a) (۱) (موسم ، مٹی وغیرہ) غیر معمولی طور پر سرد ؛ بے ثمر ؛ غیر اپجاؤ ؛ نا موافق ۔ (۲) بے رحم؛ بے درد؛ نامہربان ۔

Unkindly : (adv.) بے رحمی سے؛ بے دردی سے؛ نامہربانی سے؛ سنگ دلی سے ۔

Unkindness : (n) بے رحمی؛ بے دردی؛ بے مہری ؛ سختی؛ سنگ دلی ۔

Unking : (v) (۱) شاہی منصب سے معزول کرنا ۔ (۲) تخت چھوڑ دینا؛ بادشاہت سے کنارہ کش ہونا ۔ (۳) ملک کو بادشاہت سے محروم کرنا ۔

Unkinged: (a) تخت شاہی سے محروم ۔

Unkingly : (a) (۱) جس میں بادشاہی شان نہ ہو؛ جو بادشاہ نہ معلوم ہوتا ہو ۔ (۲) غیر شاہانہ؛ جو بادشاہ کے شایانِ شان نہ ہو ۔

Unkingly : (adv.) غیر شاہانہ طور پر ۔

Unkink : (v) بل نکالنا؛ خم دور کرنا ۔

Unkiss : (v) بوسہ نہ لینا ۔

Unkissed : (a) جس کا بوسہ نہ لیا گیا ہو ۔

Unknight : (v) نائٹ کے منصب سے الگ کرنا ۔

Unknighted : (a) نائٹ کے منصب سے معزول ۔

Unknightly : (a) غیر جانبازانہ ۔

Unknightly : (adv.) غیر جانبازانہ طور پر ۔

Unknit : (v) (۱) (قدیم) (گرہ یا گانٹھ کو) کھولنا ۔ (۲) کسی تعلق یا رشتے کو توڑنا؛ ڈھیلا کرنا؛ کمزور کرنا ۔ (۳) غصے کے آثار کو دور کرنا؛ ابرو سے ظاہر ہونے والی خفگی کے آثار کو رفع کرنا ۔ (٤) (مجازاً) کمزور کرنا؛ برباد کرنا؛ توڑنا؛ منتشر کرنا ۔ (٥) کھلنا؛ ڈھیلا ہونا؛ کمزور ہونا؛ ٹوٹنا؛ ابرو سے خفگی کو دور کرنا ۔

Unknit : (a) (۱) توڑا ہوا؛ ڈھیلا کیا ہوا؛ کمزور کیا ہوا (رشتہ وغیرہ) ۔ (۲) ابرو پر سے خفگی کے آثار کو دور کیا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) برباد کیا ہوا؛ توڑا ہوا؛ کمزور کیا ہوا؛ منتشر کیا ہوا ۔

Unknot : (v) گرہ، بندھن وغیرہ کھولنا، ڈھیلا کرنا ۔

Unknotted : (a) (گرہ، گانٹھ وغیرہ) کھولا ہوا، ڈھیلا کیا ہوا ۔

Unknow : (v) (۱) (کسی چیز سے) بے خبر ہونا ۔ (۲) بھول جانا ۔

Unknowability : (n) ناقابلِ ادراک ہونا ۔

Unknowable : (a) ناقابلِ ادراک؛ فہم و ادراک سے بالاتر ۔

Unknowable : (n) ایسی حقیقت یا شے جو انسانی ادراک و تجربے سے باہر ہو ۔

Unknowableness : (n) دیکھو Unknowability

Unknowably : (adv.) ناقابلِ ادراک طور پر ۔

Unknowing : (a) ناواقف؛ بے خبر؛ لاعلم ۔

Unknowing : (adv.) نادانستہ ۔

Unknowingly : (adv.) نادانستہ ۔

Unknowingness : (n) بے خبری؛ ناواقفیت؛ لاعلمی ۔

Unknown : (a) (۱) نامعلوم؛ جس کا علم نہ ہو ۔(۲) اجنبی؛ بیگانہ؛ جس سے واقفیت نہ ہو؛ غیر شناسا ۔

Unknown : (n) (۱) غیر شناسا آدمی؛ اجنبی شخص ۔(۲) نا معلوم شے ۔(۳) (ریاضیات)مقدار مجہول ۔

Unlabelled/Unlabeled : (a) (۱) بے لیبل؛ بے چٹ؛ جس پر نام کی چٹ نہ لگی ہو ۔ (۲) جس پر کسی فرقے، گروہ یا خصوصیت کا لیبل چسپاں نہ کیا گیا ہو ۔

Unlaborious : (a) غیر محنتی ۔

Unlaboured/Unlabored : (a) (۱) بے جوتا ہوا (کھیت) ۔ (۲) بے مشقت؛ بے محنت پیدا کیا ہوا ۔ (۳) (طرزِ بیان وغیرہ) بےآورد؛ آورد سے خالی؛ بےتکلف ۔

Unlabouring/Unlaboring : (a) جس کو محنت کی ضرورت نہ ہو؛ جس کو محنت درکار نہ ہو ۔

Unlace : (v) فیتہ کھولنا؛ (فیتہ کھول کر) ڈھیلا کرنا یا اتارنا (کپڑے وغیرہ کو) ۔

Unlaced : (a) (۱) (لباس) جس کا فیتہ کھلا ہوا ہو ۔ (۲) بے لگام؛ بے قابو ۔

Unlade : (v) (۱) (گھوڑے وغیرہ پر سے) بوجھ اتارنا؛ (کشتی یا جہاز پر سے) سامان اتارنا ۔ (۲) (مجازاً) (بوجھ، فکر، گناہ وغیرہ سے) نجات دینا؛ آزاد کرنا ۔(۳) علاحدہ کرنا (بوجھ، فکر وغیرہ کو) ۔(٤) پیش کرنا (خیالات وغیرہ) ۔

Unladen : (a) جس پر سے بوجھ یا سامان اتار لیا گیا ہو ۔

Unlading : (n) بوجھ، سامان اتارنا ۔

Unladylike : (a) جو ایک شریف خاتون کے شایان شان نہ ہو؛ عامیانہ؛ غیر شریفانہ ۔

Unlaid : (a) (۱) بے رکھا ہوا؛ بے لگایا ہوا ۔(۲) غیر سکون یافتہ ۔(۳) (لاش) غیر مکفون ۔(٤) بغیر اینٹھی ہوئی (رسی وغیرہ) ۔

Unlamented : (a) بے ماتم : جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو ۔

Unlanded : (a) بے زمین ۔

Unlanguaged : (a) (۱) قوتِ گویائی سے محروم؛ بے زبان ۔ (۲) جو لفظوں میں بیان نہ کیا گیا ہو ۔

Unlap : (v) (۱) (شاذ) (لپیٹی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔ (۲) دیکھو Unwarp ۔

Unlash : (v) ڈوریاں کھولنا ۔

Unlatch : (v) چٹخنی ہٹا کر دروازہ کھولنا ۔

Unlatched : (a) بے چٹخنی کا؛ (دروازہ) کھلا ہوا ۔

Unlaudable : (a) ناقابلِ مدح؛ناقابلِ ستائش؛ ناقابلِ تعریف ۔

Unlaunched : (a) (کشتی وغیرہ)جسے دریامیں نہ ڈالاگیا ہو ۔

Unlaurelled/Unlaureled : (a) بےطرہء امتیاز؛ بے مکٹ؛ بے تاج؛ جسے عزت کا تاج نہ پہنایا گیا ہو ۔

Unlaw : (n) لاقانونیت؛ غیرقانونی یا ناجائز کام ۔

Unlaw : (v) (شاذ) منسوخ کرنا ۔

Unlawful : (a) خلاف قانون؛ ناجائز ۔

Unlawful assembly : (n) مجمع جو قانونی حکم کے خلاف یا امن عامہ میں خلل انداز ہونے کی غرض سے اکٹھا ہو ۔

Unlawfully : (adv.) خلافِ قانون طریقے سے؛ نا جائز طور پر ۔

Unlawfulness : (n) خلافِ قانون ہونا؛ ناجائز ہونا ۔

Unlay : (v) (رسی کا) بل نکال کر لڑوں کو الگ الگ کرنا ۔

Unlead : (v) (۱) بے چھت کرنا؛ سلیٹ اتارنا ۔ (۲) (طباعت) کمپوز کئے ہوئے ٹائپ کے بیچ سے سیسے کی پٹیاں نکال دینا ۔

Unleaded : (a) (۱) (چھپائی کی سطریں) جس پر سیسے کی پٹیاں نہ لگائی گئی ہوں ۔ (۲) سیسے کے ٹکڑوں سے الگ نہ کی گئی ہوں ۔

Unleaf : (v) (درخت یا شاخ کو) پتے الگ کرکے ننگا کرنا ۔

Unlearn : (v) (۱) بھولنا؛ بھلا دینا؛ اپنے علم و حافظہ سے نکال دینا ۔ (۲) چھوڑ دینا؛ ترک کردینا (عادت، ہنر، واقفیت)۔

Unlearned : (a) (۱) جاہل؛ بے علم ۔ (۲) غیر عالمانہ ؛ جاہلانہ ۔ (۳) بے سیکھا ہوا؛ جسے سکھایا نہ گیا ہو ۔

Unlearnedly : (adv.) جہالت سے؛ جاہلانہ طور پر ۔

Unlearnedness : (n) جہالت ۔

Unlearnt : (a) دیکھو Unlearned

Unleased : (a) بے اجارہ؛ بے پٹا؛ پٹے یا اجارے پر نہ دیا ہوا؛ اجارے یا پٹے سے چھڑایا ہوا ۔

Unleash : (v) (۱) کتے کو چمڑے کے فیتہ سے کھولنا ۔ (۲) بے لگام چھوڑنا؛ شتر بے مہار کرنا ۔

Unleashed : (a) بے لگام؛ بے روک؛ شتر بے مہار ۔

Unleavened : (a) بے خمیر نیز مجازاً ۔

Unled : (a) رہنمائی نہ کیا ہوا ۔

Unlegal : (a) غیر قانونی؛ ناجائز ۔

Unlegalized : (a) غیر قانونی؛ ناجائز ۔

Unleisured : (a) عدیم الفرصت: مصروف؛ مشغول ؛ مصروفیت کا؛ مشغولیت کا ۔

Unlent : (a) (۱) مستعار نہ دیا ہوا؛ جو مستعار نہ دی گئی ہو ۔ (۲) ادھار نہ دیا ہوا ۔ (۳) کرائے پر نہ دیا ہوا۔

Unless : (conj.) [ME.] (۱) جب تک نہ؛ اگرنہ؛ اگر نہیں ۔ (۲) بجز اس کے کہ؛ بہ جز اس صورت کے کہ ۔

Unless : (prep.) سوائے ۔

Unless : (n) گفتگو میں Unless کا استعمال کرنا، کسی بات کو مشروط کرنے کے لئے ۔

Unlessened : (a) جس میں کمی واقع نہ ہوئی ہو؛ بے تخفیف ۔

Unlessoned : (a) بے پڑھا لکھا ؛ ناخواندہ؛ غیر تعلیم یافتہ ۔

Unlet : (a) کرائے پر نہ لگایا ہوا ۔

Unlettered : (a) (۱) بےلکھا پڑھا؛ ناخواندہ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ جاہل؛ ادبی ذوق نہ رکھنے والا ۔ (۲) جہالت کا؛ ناخواندگی کا ۔ (۳) جسے تحریری شکل نہ دی گئی ہو ۔

Unlevel : (a) ناہموار ۔

Unlevel : (v) ناہموار کرنا ۔

Unlevelled : (a) ناہموار ۔

Unlevied : (a) بے محصول؛ جس پر محصول نہ لگایا گیا ہو۔

Unliable : (a) غیر مستوجب ۔

Unlicensed : (a) (۱) بے لائسنس کا؛ غیر سند یافتہ ۔ (۲) قانونی طور پر جسےاختیار نہ دیا گیا ہو ۔ (۳) لائسنس کی ضرورت سے آزاد ۔

Unlicked : (a) (۱) کندہء ناتراش ۔ (۲) (مجازاً) ان گھڑ؛ بے ڈول؛ اجڈ؛ غیر تربیت یافتہ ۔ (۳) بے چاٹا ہوا ۔

Unlid : (v) ڈھکن کھولنا ۔

Unlidded : (a) بے ڈھکن کا؛ جس میں ڈھکن نہ لگا ہوا ہو ۔

Unlifelike : (a) غیر حقیقی ۔

Unlighted : (a) (۱) بے جلایا ہوا؛ بے سلگایا ہوا۔ (۲) اندھیرا۔

Unlightened : (a) غیر منور؛ بے چمک ۔

Unlike : (a) (۱) (کسی شخص یا شے سے) مختلف؛ غیرمماثل؛ برعکس؛ خلاف ۔ (۲) غیر مشابہ ۔ (۳) غیر مساوی؛ نا برابر؛ غیر یکساں ۔

Unlike : (n) مختلف شے یا شخص ۔

Unlike : (adv.) مختلف انداز میں ۔

Unlik(e)able : (a) ناقابلِ پسند ۔

Unlikelihood/Unlikeliness : (n) غیر اغلب ہونا؛ بعید ازقیاس ہونا ۔

Unlikely : (a) (۱) غیر اغلب ۔ (۲) غیر قرینِ قیاس؛ بعید از قیاس ۔ (۳) جس کی کامیابی کی امید نہ ہو؛

غیر امید افزا ۔ (٤) (بولی) بدنما؛ نازیبا؛ ناشائستہ۔

Unlikely : (adv.) بعید از قیاس طور پر؛ غیر اغلب طور پر ۔

Unlikeness : (n) عدم مماثلت؛ عدم مشابہت؛ غیر یکسانی ۔

Unliking : (n) نفرت؛ بے رغبتی ۔

Unlimber : (v) (۱) توپ گاڑی کے اگلے حصےکو ہٹانا تاکہ توپ یا بندوق چلائی جاسکے ۔ (۲) (کام کے لئے) تیار کرنا ۔ (۳) (استعمال کے لئے) ٹھیک ٹھاک کرنا ۔

Unlimed : (a) (دبّاغی کیا جانے والا چمڑا) جس پر سے چونا صاف کردیا گیا ہو ۔

Unlimited : (a) (۱) (مقدار، تعداد، فاصلہ اور درجہ میں) غیر محدود ؛ نامحدود ؛ لامتناہی؛ نہایت وسیع ۔ (۲) (اقتدار، قوت، اختیار وغیرہ) بے روک؛ پابندی سے آزاد؛ غیر محدود ذمہ داری رکھنے والی؛ غیر محدود (کمپنی) ۔ (۳) بہت زیادہ؛ بے حد؛ بےپناہ ۔

Unlimitedly : (adv.) غیر محدود طور پر ۔

Unlimitedness : (n) غیر محدودیت؛ بے حد وسعت ۔

Unlineal : (a) غیر صلبی ۔

Unlined : (a) (۱) بے استر؛ استر نہ لگایا ہوا ۔ (۲) بےشکن؛ بے جھری ۔

Unlink : (v) (۱) کڑی کھولنا؛ جوڑ، بند علاحدہ کرنا ۔ (۲) الگ کرنا؛ سلسلہ توڑنا؛ قطع کرنا ۔ (۳) الگ ہونا؛ بے تعلق ہونا ۔

Unlinked : (a) قطع کردہ؛ الگ؛ بے تعلق؛ قطع تعلق ۔

Unliquid : (a) (تمسک یا جائداد) جو آسانی سے نقد میں تبدیل نہ ہو سکے ۔

Unliquidated : (a) (۱) غیر بے باق؛ بے چکایا (قرضہ) ۔ (۲) (کمپنی) جو بند نہ کردی گئی ہو ۔ (۳) (قانون) غیر معین (ہرجانہ وغیرہ)؛ غیر تصفیہ شدہ ۔

Unliquored : (a) (۱) (چمڑا، جوتا وغیرہ) جس پر روغن یا چربی نہ لگائی گئی ہو ۔ (۲) (عام) بےشراب پئے ہوئے۔

Unlistened : (a) ناشنیدہ؛ بے سُنا ہوا ۔

Unlistening : (a) نہ سننے والا؛ ان سنی کرنے والا ۔

Unlit : (a) (۱) بے سلگایا ہوا؛ بے جلایا ہوا؛ غیر روشن ۔ (۲) اندھیرا؛ تاریک ۔

Unliterary : (a) غیر ادبی؛ ادبیت سے عاری ۔

Unlive : (v) مٹانا؛ معدوم کرنا؛ کالعدم کرنا (ماضی کی زندگی اور تجربات کو) ۔

Unliv(e)able : (a) (۱) (زندگی) جو جینے کے قابل نہ ہو؛ (حالات) جو زیست کرنے کے قابل نہ ہوں ۔ (۲) (جگہ) جو رہنے اور بسنے کے قابل نہ ہو ۔

Unliveliness : (n) افسردگی؛ بےلطفی؛ بے کیفی ۔

Unlively : (a) افسردہ؛ بےلطف؛ بے کیف؛ بے ولولہ ۔

Unlivery : (n) (قانون) جہاز پر سے مال کا اتارا جانا ۔

Unliving : (a) بے جان؛ مردہ؛ غیر جاندار ۔

Unload : (v) (۱) (جہاز یا گاڑی پر سے) مال اتارنا۔ (۲) بوجھ سے آزاد کرنا ؛ بار ہلکا کرنا ۔ (۳) (کچھ بول کر دل و دماغ کو) ہلکا کرنا ۔ (٤) اپنے جذبات و احساسات دوسروں سے کہنا۔ (٥) بندوق خالی کرنا؛ گولی چھرے نکالنا ۔ (٦) (تمسکات یا حصے کو) فروخت کر ڈالنا ۔ (۷) (طب) (معدے کو) ہلکا کرنا ۔

Unload : (n) مال یا سامان جسے اتار کر رکھا گیا ہو ۔

Unloaded : (a) (۱) (کشتی یا جہاز) جس پر سامان نہ چڑھایا گیا ہو ۔ (۲) (بندوق) جس میں گولی یا چھرا نہ ڈالا گیا ہو ۔

Unloader : (n) (۱) مال یا سامان اتارنے والا ۔ (۲) بوجھ یا مال اتارنے والی مشین ۔

Unloading : (n) مال یا بوجھ کا اتارا جانا؛ بندوق سے گولی کا نکالا جانا ۔

Unlocalized : (a) جو کسی خاص مقام سے مختص نہ کیا گیا ہو؛ کسی خاص مقام میں محدود نہ کیا ہوا ۔

Unlocated : (a) (۱) بے تعینِ مقام؛ جس کا مقام یا محل وقوع متعین نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے پیمائش؛ (زمین) جس کی پیمائش نہ ہوئی ہو ۔

Unlock : (v) (۱) غیر مقفل کرنا؛ کھولنا ۔ (۲) کھلنا ؛ غیر مقفل ہونا ۔

Unlocked : (a) غیر مقفل؛ کھلا ہوا ۔

Unlocomotive : (a) غیر متحرک؛ حرکت نہ کرنے والا ۔

Unlodge : (v) (شاذ) ہٹا دینا؛ نکال دینا ۔

Unlogic/-al : (n) غیر منطق؛ خلافِ منطق بات ۔

Unlooked : (a) (۱) جس کی جانچ نہ کی گئی ہو؛ جس کی طرف توجہ نہ کی گئی ہو ۔ (۲) غیر متوقع ۔

Unloosable : (a) (۱) جسے ڈھیلا نہ کیا جاسکے ۔ (۲) جسے رہا نہ کیا جاسکے؛ جسے آزاد نہ کیا جاسکے ۔ (۳) جسے کھولا نہ جاسکے؛ جسے چھوڑا نہ جاسکے ۔

Unloose : (v) (۱) ڈھیلا کرنا ۔ (۲) آزاد کرنا؛ رہا کرنا ۔ (۳) کھولنا؛ چھوڑنا ۔

Unloosed : (a) (۱) ڈھیلا کیا ہوا ۔ (۲) رہا کیا ہوا؛ آزاد کیا ہوا ۔ (۳) کھولا ہوا؛ چھوڑا ہوا ۔

Unloosen : (v) دیکھو Unloose

Unlopped : (a) بے کٹا ہوا؛ بے چھنٹا ہوا؛ جس کی شاخیں قلم نہ کی گئی ہوں ۔

Unlord : (v) لارڈ (امیر، رئیس) کے منصب سے برطرف کرنا ۔

Unlorded : (a) لارڈ کے منصب سے بر طرف کردہ ۔

Unlordly : (a) (۱) غیر رئیسانہ؛ جو ایک لارڈ یا رئیس کے شایان نہ ہو ۔ (۲) غیر تحکمانہ؛ بے شان و شوکت؛ بے تمکنت ۔ (۳) غیر خود مختارانہ ۔

Unlosable : (a) (بازی یا مقابلہ) جس میں ہار نہ ہو؛ جس میں ناکامی نہ ہو ۔

Unlost : (a) محفوظ ۔

Unlov(e)able : (a) نامطبوع؛ نامرغوب؛ مکروہ ؛ غیر دلکش ۔

Unlove : (v) پیار کرنا چھوڑ دینا؛ چاہنا بند کردینا ۔

Unlove : (n) نفرت ۔

Unloved : (a) غیر محبوب؛ جس سے محبت نہ کی جائے ۔

Unloveliness : (n) بد صورتی؛ بد نمائی؛ غیر دلکشی؛ مکروہیت ۔

Unlovely : (a) غیر خوبصورت؛ غیر خوشنما؛ بد صورت؛ بدنما؛ مکروہ؛ غیر دلکش ۔

Unloverlike : (n) (۱) جو عاشق نہ معلوم ہو؛ جس میں عاشقوں کی شان نہ ہو ۔ (۲) عاشقی کے منافی؛ خلافِ آدابِ عاشقی ۔

Unloving : (a) (۱) محبت نہ کرنے والا؛ محبت سے خالی ؛ بے محبت؛ بے مہر؛ سرد مہر ۔ (۲) بے مہری کا؛ سرد مہری کا ۔

Unlovingly : (adv.) بے مہری سے؛ سرد مہری سے ۔

Unlovingness : (n) بے مہری؛ سرد مہری ۔

Unluck : (n) بدقسمتی؛ بدنصیبی ۔

Unluckily : (adv.) بدقسمتی سے؛ بدنصیبی سے ۔

Unluckiness : (n) (۱) بد قسمتی؛ نامرادی؛ بد نصیبی ۔ (۲) نحوست؛ نامبارک ہونا ۔

Unlucky : (a) (۱) بدقسمت؛ نامراد؛ بدنصیب ۔ (۲) نامسعود؛ منحوس ؛ نا مبارک ۔

Unlucrative : (a) غیر نفع بخش ؛ جس میں مالی منفعت نہ ہو ۔

Unluminous : (a) (۱) غیر منور؛ غیر روشن؛ بے تجلی ۔ (۲) (مجازاً) غیر بصیرت افروز ۔

Unlustrous : (a) بے تجلی؛ بے چمک ۔

Unlusty : (a) (بول چال) جو موٹا تازہ نہ ہو ۔

Unluxurious : (a) سادہ؛ سادگی کا؛ عیش و عشرت سے عاری ۔

Unmacadamized : (a) (۱) کچی (سڑک) ؛ (سڑک) جو کٹی ہوئی کنکری بچھا کر نہ بنائی گئی ہو ۔ (۲) (مجازاً) ناہموار؛ ہموار نہ کیا ہوا ۔

Unmaddened : (a) با ہوش و حواس ۔

Unmade : (a) (۱) بے بنایا ہوا؛ جسے بنایا نہ گیا ہو ۔ (۲) (خصوصاً) غیر تربیت یافتہ ۔

Unmagnanimous : (a) غیر عالی ظرف؛ کم ظرف ۔

Unmagnetic : (a) غیر مقناطیسی؛ بے کشش ۔

Unmagnetized : (a) (۱) (کوئی شے) جس میں مقناطیسی خاصیت پیدا نہ کی گئی ہو؛ بے مقناپا ۔ (۲) غیر فریفتہ ؛ بے کھینچا ہوا ۔

Unmaiden : (v) دوشیزگی سے محروم کرنا ۔

Unmaidenliness : (n) بے حیائی؛ خلافِ حیا ہونا؛ کنواری لڑکی کے لئے نازیبا ہونا ۔

Unmaidenly : (a) جو کنواری لڑکی کے لئے نازیبا ہو؛ خلافِ حیا؛ بے حیائی کا ۔

Unmailable : (a) جو ڈاک سے نہ بھیجا جاسکے؛ جو ڈاک سے بھیجنے کے قابل نہ ہو ۔

Unmaimed : (a) (۱) غیر مقطوع الاعضاء؛ جس کے ہاتھ پیر نہ کٹے ہوں؛ جو لنگڑا یا لولا نہ کردیا گیاہو ۔ (۲) (مجازاً) جو بے کار نہ کردیا گیا ہو ۔

Unmaintainable : (a) (۱) جو قائم نہ رکھا جا سکے؛ جو چلایا نہ جا سکے ۔ (۲) نا قابلِ کفالت ۔ (۳) نا قابلِ حمایت؛ نا قابلِ تائید ۔

Unmake : (v) (۱) کئے ہوئے کو مٹانا؛ کالعدم کرنا؛ برباد کرنا ۔ (۲) معزول کرنا ۔ (۳) خصوصیت تبدیل کرنا ۔

Unmaker : (n) (۱) کئے ہوئے کو مٹانے والا؛ برباد کرنے والا ۔ (۲) معزول کرنے والا ۔ (۳) خصوصیت تبدیل کرنے والا ۔

Unmalicious : (a) صاف دل؛ بدنیتی سے پاک ۔

Unmalleability : (n) (۱) ناقابلِ کوب ہونا ۔ (۲) غیر شکل پذیری؛ غیر اثر پذیری ۔

Unmalleable : (a) (۱) ناقابلِ کوب؛ جسے کوٹ پیٹ کر مختلف شکلوں میں نہ گھڑسکیں ۔ (۲) (مجازاً) غیر شکل پذیر؛ غیر اثر پذیر ۔

Unmalted : (a) (اناج) جس کا شعیرہ نہ بنایا گیا ہو ۔

Unman : (n) (شاذ) عفریت ۔

Unman : (v) (۱) انسانی صفات سے محروم کرنا ۔ (۲) حیوان بنانا ۔ (۳) صفاتِ مردانگی سے محروم کرنا؛ کمزور کردینا؛ بزدل بنانا ۔ (٤) نامرد کرنا؛ آختہ کرنا؛ ہیجڑا کرنا ۔ (٥) (قلعے، جہاز وغیرہ میں سے)آدمیوں کو نکال لینا یا ہٹا دینا؛ (کسی جگہ کو) آدمیوں سے خالی کرنا ۔

Unmanacle : (v) زنجیر یا بیڑی سے آزاد کرنا ۔

Unmanacled : (a) آزاد؛ زنجیر یا بیڑی سے آزاد ۔

Unmanageable : (a) (۱) ناقابل انتظام ۔ (۲) سرکش؛ قابو سے باہر؛ منہ زور ۔

Unmanageableness : (n) قابو سے باہر ہونا؛ منہ زوری ؛ سرکشی؛ ناقابلِ انتظام ہونا ۔

Unmanageably : (adv.) سرکشی سے؛ منہ زوری سے؛ ناقابلِ انتظام طور پر ۔

Unmanaged : (a) (۱) (قدیم) بے تربیت؛ بے لگام ۔ (۲) (زبان) بے ضبط؛ بے اعتدال ۔

Unmanfully : (adv.) غیر مردانہ وار؛ پست ہمتی سے؛ بزدلی سے؛ نامردی سے ۔

Unmangled : (a) (اقتباس یا کسی لفظ کا تلفظ) غیر مسخ شدہ ۔

Unmanifest/Unmanifested : (a) غیر عیاں : غیر آشکارا؛ غیربین ۔

Unmanlike : (a) (۱) غیر انسان نما ۔ (۲) غیر بشری : غیر انسانی؛ خلافِ آدمیت ۔

Unmanlike : (adv.) غیر بشری طریقے سے؛ غیر انسانی طور پر ۔

Unmanliness : (n) بزدلی؛ نامردی؛ زنانہ پن؛ پست ہمتی ۔

Unmanly : (a) (۱) بزدل؛ نامرد؛ زنانہ ؛ غیر جوانمرد؛ پست ہمت ۔ (۲) بزدلانہ؛ غیر مردانہ؛ بزدلی کا؛ زنانہ پن کا؛ پست ہمتی کا ۔

Unmanned : (a) (۱) جہاں آدمی کام میں نہ لگائے گئےہوں ۔ (۲) جس کی لوگوں نےحمایت یا مدد نہ کی ہو ۔ (۳) غیر آباد ۔

Unmannered : (a) غیرمہذب؛ ناشائستہ؛ بدسلیقہ؛ بدتہذیب؛ بیہودہ؛ گنوار ۔

Unmannerliness : (n) بدتہذیبی؛ ناشائستگی؛ گنوارپن؛ بد سلیقگی ۔

Unmannerly : (a) (۱) غیر مہذب؛ ناشائستہ؛ بد تہذیب ؛ بیہودہ ؛ بد سلیقہ ۔ (۲) بدتہذیبی کا؛ ناشائستگی کا؛ بدسلیقگی کا؛ گنوارپن کا ۔

Unmannerly : (adv.) غیر مہذب طریقے سے؛ ناشا ئستگی سے؛ بدسلیقگی سے؛ گنوارپن سے ۔

Unmantle : (v) (۱) بے پوشش کرنا؛ بے لبادہ کرنا ۔ (۲) لبادہ اتارنا۔ (۳) (کمرے کو فرنیچر وغیرہ سے) خالی کرنا ۔

Unmantled : (a) بے لبادہ؛ بے پوشش؛ ننگا ۔

Unmanufactured : (a) غیر تیار کردہ (مصنوعات وغیرہ) ۔

Unmanured : (a) (۱) (قدیم) بے کاشت ۔ (۲) جس میں کھاد نہ دی گئی ہو ۔

Unmapped : (a) جس کا چارٹ یا نقشہ نہ بنایا گیا ہو ۔

Unmarked : (a) (۱) بغیر نشان کا؛ جس پر نشان نہ ہو ۔ (۲) جس پر نظر نہ پڑے۔ (۳) (کسی خاصیت سے) خالی ۔

Unmarketable : (a) ناقابلِ فروخت ۔

Unmarred : (a) جو غارت نہ ہوا ہو؛ جو برباد نہ ہوا ہو ۔

Unmarriageable : (a) ناقابلِ ازدواج؛ جو شادی کے قابل نہ ہو؛ جس کی ابھی شادی کی عمر نہ ہو ۔

Unmarried : (a) ناکتخدا؛ کنوارا؛ کنواری؛ بن بیاہا؛ بِن بیاہی؛ غیر شادی شدہ ۔

Unmarry : (v) (۱) طلاق دینا ۔ (۲) رشتہء ازدواج سے آزاد کرنا ۔

Unmartial : (a) (۱) غیر حربی؛ غیر عسکری ؛ غیر فوجی ۔ (۲) غیر جنگ جو ۔

Unmartyred : (a) شہادت سے محروم ۔

Unmasculine : (a) (۱) غیر مذکر؛ جو مذکر نہ ہو ۔ (۲) بزدل؛ نامرد؛ زنانہ؛ غیر قوی؛ کمزور ۔ (۳) مردوں کی خصوصیت سے عاری؛ غیر مردانہ؛ بزدلانہ ۔

Unmask : (v) (۱) چہرے سے نقاب ہٹانا ۔ (۲) (مجازاً) فاش کرنا؛ ظاہر کرنا ۔

Unmasked : (a) بے نقاب؛ بے نقاب کیا ہوا ۔

Unmasker : (n) بے نقاب کرنے والا ۔

Unmasking : (n) بے نقاب کیا جانا؛ نقاب کشائی ۔

Unmastered : (a) تابع نہ کیا ہوا؛ قابو میں نہ کیا ہوا؛ عبور حاصل نہ کیا ہوا ۔

Unmasticated : (a) بے چبایا ہوا ۔

Unmatchable : (a) بے مثل؛ بے نظیر؛ جس کا کوئی ہم سر نہ ہو؛ جس کے میل کی دوسری چیز نہ مل سکے ۔

Unmatchably : (adv.) بے مثل طور سے؛ بے نظیر طریقے سے؛ بے مثال انداز میں ۔

Unmatched : (a) بے مثال ؛ لاثانی؛ لاجواب؛ جس کا میل نہ ہو ۔

Unmated : (a) (۱) جس کا بیاہ نہ ہوا ہو؛ جس کا جوڑا نہ ہو ۔ (۲) بے جوڑے کا؛ بے نر یا مادہ کا ۔

Unmaterial : (a) غیر مادی؛ جو مادے سے بنا ہوا نہ ہو ۔

Unmaternal : (a) غیر مادری؛ غیر مادرانہ ۔

Unmathematical : (a) غیر ریاضیاتی؛ اصول ریاضی کےخلاف؛ ریاضی کی رو سے غلط ۔

Unmathematically : (adv.) غیر ریاضیاتی طریقے سے ۔

Unmeaning : (a) (۱) (چہرہ) بے تاثر؛ خالی از تاثر ۔ (۲) (شخص) بے مقصد ۔ (۳) بے معنی؛ بے مطلب؛ مہمل ۔

Unmeaningly : (adv.) مہمل طریقے سے؛ بے معنی طور پر ۔

Unmeant : (a) جس کا قصد نہ کیا گیا ہو؛ غیر ارادی ۔

Unmeasurable : (a) (۱) ناقابلِ پیمائش؛ جو ناپا نہ جاسکے ۔ (۲) بے پناہ؛ بے حد ۔

Unmeasurableness : (n) (۱) ناقابلِ پیمائش ہونا ۔ (۲) بے پناہ ہونا؛ حد سے زیادہ ہونا ۔

Unmeasurably : (adv.) (شاذ) ناقابلِ پیمائش طور پر؛ اس طور پر کہ اندازہ نہ ہو سکے۔

Unmeasured : (a) (۱) بےناپا ہوا ۔(۲) نامحدود؛ بے حدوسیع ۔ (۳) بے حساب؛ بے دریغ ۔(٤) حد سے زیادہ؛ حدِ اعتدال سے متجاوز ۔(۵) بے وزن (بحری)۔

Unmechanical : (a) (۱) غیر میکانکی ۔(۲) غیر مشینی؛ جو مشین سے متعلق یا مشین جیسا نہ ہو۔

Unmechanically : (adv.) غیر میکانکی طریقے سے؛ غیر مشینی طور پر ۔

Unmechanize : (v) غیر مشینی بنانا ۔

Unmeddled : (a) بے مداخلت ۔

Unmeddling : (a) مداخلت نہ کرنے والا ۔

Unmeditated : (a) برجستہ؛ پہلے سے جس پر غور نہ کیا گیا ہو؛ بے قصد؛ بے ارادہ ۔

Unmeditative : (a) (۱) جس میں غور و فکر کا مادہ نہ ہو؛ غیر تفکر پسند؛ مراقبے میں نہ رہنے والا ۔ (۲) غیر تفکر پسندانہ : غور و فکر سے جو متعلق نہ ہو ۔

Unmeek : (a) (قدیم) جو حلیم و برد بار نہ ہو ۔

Unmeet : (a) نازیبا؛ نامناسب؛ ناموزوں ۔

Unmeetly : (adv.) نازیبا طور پر؛ نامناسب طور پر ۔

Unmeetness : (n) ناموزوں ہونا؛ نامناسب ہونا؛ نازیبا ہونا۔

Unmellowed : (a) (۱) ناپختہ؛ بے پکا ہوا؛ جو رسیلا اور میٹھا نہ ہو (پھل) ۔(۲) تیز و تلخ (شربت) ۔ (۳) سخت مزاج ؛ بد مزاج ؛ تیز و تند طبیعت کا ۔(٤) بے چکنی اور غیر زرخیز (مٹی) ۔ (۵) درشت ؛ ناملائم ؛ ناخوشگوار (آواز) ۔ (٦) جس کو کچھ پی کر سُرور نہ ہوا ہو ۔

Unmelodious : (a) بے سُرا؛ بے آہنگ؛ بے سریلی ؛ موسیقی سے خالی ۔

Unmelodiously : (adv.) بے آہنگی سے؛ بے سُریلی آواز میں ۔

Unmelodiousness : (n) بے سُراپن : بے آہنگی ۔

Unmelted : (a) بے پگھلا ہوا؛ منجمد ۔

Unmelting : (a) (۱) سخت؛ سخت دل ۔(۲) جو نہ پگھلے ۔

Unmemorable : (a) جو یاد رکھنے کے قابل نہ ہو ۔

Unmenaced : (a) جسے دھمکایا نہ گیا ہو ۔

Unmendable : (a) ناقابلِ اصلاح؛ ناقابلِ مرمت؛ ناقابل رفو ۔

Unmended : (a) بے اصلاح؛ جس کی مرمت نہ کی گئی ہو ۔

Unmentionable : (a) ناگفتنی؛ ناقابلِ اظہار؛ ناگفتہ بہ ۔

Unmentionable : (n) (۱) ناگفتنی بات ؛ نا گفتہ بہ بات؛ جو بات ذکر کئے جانے کے قابل نہ ہو ۔(۲) (جمع) (مزاحاً) پاجامہ ۔

Unmentionably : (adv.) ناگفتنی طریقے سے؛ ناگفتہ بہ طور پر ۔

Unmentioned : (a) جس کا ذکر نہ کیا گیا ہو ۔

Unmercenary : (a) (۱) حصولِ زر جس کا مطمع نظر نہ ہو ۔ (۲) جو پیسے کے لئے کام نہ کرتا ہو ۔

Unmerchantable : (a) ناقابلِ فروخت؛ جو بکری کے قابل نہ ہو ۔

Unmerciful : (a) بے رحم؛ بے درد؛ شقی القلب ۔

Unmercifully : (adv.) بے رحمی سے؛ بے دردی سے؛ شقی القلبی سے ۔

Unmercifulness : (n) بے رحمی؛ بے دردی؛ شقی القلبی ۔

Unmeritable : (a) بے وصف؛ جس میں کوئی خوبی نہ ہو ۔

Unmerited : (a) بے استحقاق؛ غیر مستوجب ۔

Unmeritedly : (a) غیر مستوجب طور پر ۔

Unmeritedness : (n) بےاستحقاق ہونا؛ غیر مستوجب ہونا ۔

Unmeriting : (a) نا اہل؛ نا اہلی کا ۔

Unmeritorious : (a) غیر مستحسن؛ ناقابلِ انعام؛ نااہل ۔

Unmeritoriously : (adv.) غیر مستحسن طور سے؛ نااہلی سے۔

Unmesh : (v) جال سےنکالنا؛ چھڑانا؛خلاصی دینا؛نجات دینا۔

Unmet : (a) جسے حل نہ کیا گیا ہو؛ جسے پورا نہ کیا گیا ہو۔

Unmetalled : (a) کچی (سڑک)۔

Unmetallic : (a) غیر فلزاتی؛جو دھات کا نہ ہو؛ جو دھات سے متعلق نہ ہو۔

Unmetamorphosed : (a) قلب ماہیت نہ کیا ہوا۔

Unmetaphysical : (a) غیر مابعد الطبیعیاتی۔

Unmethodical : (a) بے قاعدہ؛ بے اصول؛ بے منہاج؛ بے ترتیب؛ گڈمڈ۔

Unmethodically : (adv.) بے قاعدگی سے؛ بے ترتیبی سے۔

Unmethodized : (a) بے قاعدگی اور بے ترتیبی سے انجام دیا ہوا یا کیا ہوا۔

Unmetrical : (a) بے وزن؛ بحر سے خارج؛ ناموزوں (شعر، مصرع)۔

Unmilitary : (a) غیر فوجی؛ غیر عسکری۔

Unmilked : (a) (گائے وغیرہ) جس کا دودھ نہ دوہا گیا ہو۔

Unmilled : (a) بے خط ڈالا ہوا سکہ۔

Unminded : (a) بےتوجہ؛ جس پر توجہ یا دھیان نہ دیا گیا ہو؛ نظر انداز کیا ہوا؛ جس کا بُرا نہ مانا گیا ہو۔

Unmindful : (a) دھیان نہ رکھنے والا؛ غافل؛ بے پروا۔

Unmingled : (a) بے ملاوٹ؛ خالص۔

Unminished : (a) (قدیم) کم نہ کیا ہوا؛ گھٹایا نہ ہوا۔

Unministerial : (a) (۱) غیر کلیسائی؛ جو پادریت سے متعلق نہ ہو۔(۲) غیر وزارتی۔

Uminted : (a) غیر مسکوک؛ بے ڈھالا ہوا (سکہ)۔

Unmiraculous : (a) غیر معجزاتی؛ غیر کراماتی؛ جو معجزہ صفت نہ ہو۔

Unmirthful : (a) (۱) غیر خوش طبع؛ سنجیدہ و متین۔ (۲) ہنسی، دل لگی یا ظرافت سے خالی؛ بے لطف۔

Unmirthfully : (adv.) غیر خوش طبعی سے؛ سنجیدگی اور خشکی سے۔

Unmisgiving : (a) بے شک و شبہ۔

Umisgivingly : (adv.) اس طور پر کہ شک و شبہ نہ ہو۔

Unmissed : (a) جو چھوٹی نہ ہو؛ جو خالی نہ گئی ہو؛ بےخطا؛ جس میں چوک نہ ہوئی ہو؛ جس میں ناکامی نہ ہوئی ہو۔

Unmistakable : (a) صاف؛ صریح؛ واضح؛ بےمغالطہ؛ جس میں مغالطے کا کوئی امکان نہ ہو۔

Unmistakableness : (a) صریح ہونا؛ بے مغالطہ ہونا؛ صراحت۔

Unmistakably : (adv.) صاف اور صریح طور پر؛ اس طور پر پر کہ مغالطے کا کوئی امکان نہ ہو۔

Unmistrusting : (a) صاف دل؛ ذرا ذرا سی بات پرشک نہ کرنے والا۔

Unmitigable : (a) ناقابلِ تخفیف؛ جس میں کمی نہ کی جاسکے۔

Unmitigably : (adv.) ناقابلِ تخفیف طور پر۔

Unmitigated : (a) (۱) بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہو۔ (۲) پرلے درجے کا؛ انتہا درجے کا؛ قطعی؛ محض۔

Unmitigatedly : (adv.) (۱) بے تخفیف طور پر؛ اس طور پر کہ کمی نہ ہو۔(۲) انتہائی طور پر۔

Unmitred/Unmitered : (a) کلاہِ اسقفی سے محروم۔

Unmix : (v) الگ الگ ہونا۔

Unmixable : (a) جو مل نہ سکے؛ آمیزش نا پذیر۔

Unmixed : (a) غیر آمیختہ؛ بے آمیزش؛ بے میل؛ خالص؛ بے ملاوٹ۔

Unmixedly : (adv.) غیر آمیز طور پر؛ خالص طور پر؛ بے ملاوٹ سے۔

Unmixedness : (n) خالص ہونا؛ بے آمیزش ہونا ۔

Unmocked : (a) جس کا مذاق نہ اڑایا گیا ہو؛ جس کی تضحیک نہ کی گئی ہو ۔

Unmodern : (a) جدید طرز کے خلاف؛ پرانے فیشن کا ۔

Unmodernized : (a) جسے جدید طرز یا فیشن کے مطابق نہ ڈھالا گیا ہو ۔

Unmodifiable : (a) بے ترمیم؛ بے تغیر و تبدّل؛ ناقابل ترمیم؛ جس میں کچھ ترمیم نہ کی جاسکے؛ جس میں رد و بدل نہ ہو سکے ۔

Unmodified : (a) بے ترمیم؛ بے تغیر و تبدّل ۔

Unmodulated : (a) بے تعدیل؛ جس میں ٹھیک ترتیب یا تناسب نہ پیدا کیا گیا ہو ۔

Unmoist : (a) بے نم؛ غیر مرطوب ۔

Unmoistened : (a) بے نم؛ غیر مرطوب؛ نم نہ کیا ہوا ۔

Unmolested : (a) جسے دق نہ کیا گیا ہو؛ چھیڑ چھاڑ سے محفوظ؛ جو چھیڑا یا ستایا نہ گیا ہو ۔

Unmolestedly : (adv.) دق نہ کرتے ہوئے؛ پریشان نہ کرتے ہوئے؛ بغیر ستائے ہوئے ۔

Unmolten : (a) بے پگھلا ہوا ۔

Unmonarch : (v) شہنشاہ کے منصب سے الگ کرنا ۔

Unmoneyed : (a) مفلس؛ قلاش؛ بے زر ۔

Unmoor : (v) (۱)(کشتی یا جہاز کی)زنجیریں کھولنا(جن سے وہ ساحل کے مستقل لنگر سے بندھے ہوتے ہیں) ۔(۲) لنگر اٹھانا ۔

Unmoral : (a) غیر اخلاقی؛جسے اخلاقی اصول سے تعلق نہ ہو؛ جسے اخلاقیات سے واسطہ نہ ہو ۔

Unmorality : (n) غیر اخلاقی ہونا؛ اخلاق سے غیر متعلق ہونا۔

Unmoralized : (a) اخلاقی حِس سے عاری۔

Unmortared : (a) گارے یا مسالے سے نہ جوڑا ہوا ؛ گارے یا مسالے سے پلاسٹر نہ کیا ہوا ۔

Unmortgaged : (a) جسے رہن نہ رکھا گیا ہو؛ بے رہن شدہ : غیر مکفول ۔

Unmortified : (a) (جسم،نفس وغیرہ)جو نفس کشی یا ریاضت سے قابو میں نہ لایا گیا ہو ۔

Unmothered : (a) بے ماں کا ۔

Unmotherly : (a) غیر مادرانہ؛ جس میں ماں کی صفات نہ ہوں؛ شفقتِ مادری کے خلاف ۔

Unmotivated : (a) جس کی کوئی وجہِ تحریک نہ ہو ؛ بے مقصد ۔

Unmotived : (a) دیکھو Unmotivated

Unmould : (v) (۱) کسی شے کی شکل یا سانچہ کو توڑنا ۔ (۲) سانچے میں سے باہر نکالنا ۔

Unmoulded : (a) (۱) بے قالب؛ بے شکل ۔(۲) سانچے سے باہر نکالا ہوا ۔

Unmount : (v) (۱) اونچی جگہ سے ہٹانا؛ کھول کر نیچے اتارنا۔(۲) اترنا (گھوڑے وغیرہ سے)۔

Unmounted : (a) (۱)(لشکر وغیرہ) جو گھوڑے پر سوار نہ ہو یا جسے گھوڑے مہیا نہ کئے گئے ہوں؛ غیر سوار؛ پیدل؛ پیادہ ۔ (۲) (توپ وغیرہ) جو گاڑی پر نہ رکھی گئی ہو ۔(۳) (تصویر، نمونہ وغیرہ) جسے فریم یا چوکھٹے میں نہ لگایا گیا ہو؛ جو دفتی پر نہ چپکی ہو؛ بے جڑا ہوا (نگینہ) : جو خانے میں نہ جڑا ہو ۔

Unmourned : (a) بے ماتم؛ بے سوگ؛جس کا ماتم یا سوگ نہ ہوا ہو ۔

Unmovable : (a) (شاذ) دیکھو Immovable

Unmoved : (a) (۱)غیر متاثر؛ جس کے جذبات پر کوئی اثر نہ ہوا ہو ۔(۲) بے حرکت؛ اٹل؛ اپنی جگہ پر؛ اپنے ارادے پر قائم۔

Unmovedly : (adv.) (۱) غیر متاثر طور پر ۔(۲) اٹل طریقے سے ۔

Unmoving : (a) (۱) بے حرکت ۔(۲) غیر متاثر کن؛ جذبات کو متاثر نہ کرنے والا ۔

Unmovingly : (adv.) غیر متاثر کن طور پر ۔

Unmown : (a) بے کاٹی ہوئی (گھاس وغیرہ) ۔

Unmuffle : (v) کھولنا؛ کپڑے یا غلاف سے نکالنا ۔

Unmurmured : (a) جس کی شکایت نہ کی گئی ہو ۔

Umurmuring : (a) بے شکایت؛ شکایت نہ کرنے والا؛ شکایت سے خالی؛ بے عذر ۔

Unmurmuringly : (adv.) بغیر شکایت کے؛ بے عذر کے ۔

Unmusical : (a) (۱) بے سُرا؛ بے آہنگ؛ نغمے سے خالی : موسیقیت سے خالی ۔ (۲) موسیقی میں کورا؛ موسیقی کا ذوق نہ رکھنے والا؛ بے ذوق (موسیقی) ۔

Unmusically : (adv.) (۱) غیر موسیقانہ طور پر؛ بے سرے طریقے سے ۔ (۲) بے ذوقی سے ۔

Unmutilated : (a) (۱) غیر مسخ شدہ (عبارت) ۔ (۲) غیر مقطوع الاعضاء؛ جس کے اعضاء نہ کاٹے گئے ہوں ۔

Unmuzzle : (v) (جانوروں کا) منہ بند کھولنا ۔

Unmuzzled : (a) (جانور) بے منہ بند؛ جس کا منہ بند کھولا جاچکا ہو ۔

Unmysterious : (a) غیر پُر اسرار ۔

Unnail : (v) (۱) کانٹیاں نکالنا؛ کانٹیاں نکال کر کھولنا ۔ (۲) کانٹیاں نکال کر الگ کرنا ۔

Unnailed : (a) کانٹی یا کانٹیوں سے نہ جوڑا ہوا ۔

Unnam(e)able : (a) جسے کوئی نام نہ دیا جاسکے؛ ناقابلِ نام زدگی؛ ناقابلِ یقین؛ ناگفتنی؛ ناگفتہ بہ ۔

Unnamed : (a) بے نام؛ جس کا کوئی نام نہ ہو؛ غیر مذکور؛ جس کا ذکر نہ کیا گیا ہو ۔

Unnational : (a) غیر قومی؛ قومی خصوصیت سے خالی؛ منافی قومیت ۔

Unnative : (a) غیر ملکی؛ بدیسی ۔

Unnatural : (a) (۱)خلاف فطرت؛منافی فطرت ۔(۲) مصنوعی؛ بناوٹی ۔ (۳) غیر طبعی؛ خلاف عادت؛ غیر فطری؛ غیر قدرتی ۔ (٤) فطری جذبات سے خالی ۔

Unnaturalism : (n) غیر حقیقت پسندی ۔

Unnaturality : (n) (۱) منافی فطرت ہونا ۔ (۲) غیرطبعی یا خلاف عادت ہونا ؛ غیر فطری ہونا ۔ (۳) مصنوعی ہونا ۔ (٤) فطری جذبات سے خالی ہونا ۔

Unnaturalize : (v) (۱) غیر فطری یا غیر قدرتی بنانا؛ فطری اور قدرتی خصوصیات سے محروم کرنا ۔ (۲) شہریت کے حقوق سے محروم کرنا ۔

Unnaturalized : (a) (۱) جسے حقوقِ قومیت یا شہریت نہ عطا ہوئے ہوں ؛ حقوقِ قومیت سے محروم ۔ (۲) بے اپنایا ہوا (غیر زبان کا لفظ) ۔

Unnaturally : (adv.) خلاف فطرت طریقے پر؛ غیر طبعی طور پر؛ غیر فطری طور پر؛ مصنوعی طریقے سے ۔

Unnaturalness : (n) دیکھو Unnaturality

Unnature : (n) غیر فطری بنانا ۔

Unnautical : (a) غیر بحری ۔

Unnavigable : (a) ناقابلِ کشتی رانی؛ ناقابلِ جہاز رانی ۔

Unnavigated : (a) جس میں کشتی رانی یا جہاز رانی نہ کی گئی ہو ۔

Unneat : (a) ناصاف ۔

Unnecessaries : (n) (ہمیشہ جمع) غیر ضروری چیزیں ۔

Unnecessarily : (adv.) غیر ضروری طور پر؛ غیر لازمی طور پر ؛ بے کار؛ بلاوجہ ۔

Unnecessariness : (n) غیر ضروری ہونا؛ غیر اہم ہونا؛ غیر لازمی ہونا؛ بے کار ہونا ۔

Unnecessary : (a) غیر ضروری؛ غیر لازمی؛ بے کار؛ فضول؛ غیر اہم ۔

Unnecessitated : (a) جو ضروری اور لابدی نہ ہو ۔

Unneeded : (a) غیر ضروری؛ جس کی ضرورت نہ ہو ۔

Unneedful : (a) غیر مطلوب؛ غیر ضروری؛ جس کے بغیر کام چل جائے ۔

Unneedfully : (adv.) بلا ضرورت ۔

Unneighboured/Unneighbored : (a) بے ہمسایہ؛ بے پڑوسی ۔

Unneighbourliness : (n) ہمسایگی کی رعایت نہ کرنا؛ بے مروتی ۔

Unneighbourly/Unneighborly : (a) ہمسایگی کی رعایت نہ کرنےوالا؛ جو ہمسایے کی طرح نہ ہو؛ خلافِ ہمسایگی؛ بے مروت؛ بے مروتی کا ۔

Unnerve : (v) (۱) کمزور کرنا؛ ہمت اور طاقت سلب کرنا ۔ (۲) (ذہنی یا جذباتی طور پر) بوکھلا دینا؛ نارمل طریقۂ کار سے محروم کرنا ۔

Unnerved : (a) بوکھلایا ہوا؛ نارمل طریقۂ کار سے محروم ۔

Unnerving : (a) بوکھلا دینے والا؛ ہوش ربا ۔

Unnest : (v) (خصوصاً مجازی معنوں میں) گھونسلے سے باہر کرنا ۔

Unnetted : (a) جسے جال سے گھیرا نہ گیا ہو؛ جسے جال میں پھنسایا نہ گیا ہوا ۔

Unneurotic : (a) جو خلل اعصاب کا مریض نہ ہو؛ جو جھکّی یا خبطی نہ ہو ۔

Unneutral : (a) طرف داری کرنے والا؛ جانبدار ۔

Unneutrality : (n) طرفداری ۔

Unneutralized : (a) (۱)اثر باطل نہ کیا ہوا؛ بےاثر نہ کیا ہوا۔ (۲) (مقام) جنگ سے مستثنیٰ نہ کیا ہوا ۔

Unnimble : (a) سست؛ غیر پھرتیلا ؛ (شاذ) بودا؛ کند ۔

Unnoble : (a) (۱) غیررئیس زادہ؛ جو عالی خاندان کانہ ہو ۔ (۲) غیر شریف النفس؛ غیر عالی ظرف؛ غیر عالی ظرفانہ؛ غیر شریف النفسی کا ۔

Unnotable : (a) ناقابلِ ذکر؛ ناقابلِ توجہ؛ غیر نمایاں؛ غیر ممتاز ۔

Unnotched : (a) بے دندانہ؛ جس میں دندانے نہ بنائے گئے ہوں ۔

Unnoted : (a) غیر معروف؛ غیر مشہور؛ اَن دیکھا؛ اَن جانا؛ گمنام ۔

Unnoteworthy : (a) ناقابلِ ذکر؛ معمولی ۔

Unnoticeable : (a) ناقابلِ توجہ؛ غیر نمایاں؛ ناقابلِ لحاظ ۔

Unnoticeableness : (n) ناقابلِ توجہ ہونا؛ غیر نمایاں ہونا ۔

Unnoticeably : (adv.) غیر نمایاں طور پر ۔

Unnoticed : (a) جس پر نظر نہ پڑے؛ جس پر توجہ نہ ہو؛ توجہ سے محروم؛ توجہ سے بچا ہوا ۔

Unnoticing : (a) توجہ نہ کرنے والا؛ دھیان نہ دینے والا ۔

Unnotified : (a) غیر اعلان کردہ؛ جس کی اطلاع یا نوٹس نہ دی گئی ہو ۔

Unnourished : (a) بے تغذیہ؛ بے غذا؛ جسے غذا نہ ملی ہو یا کم ملی ہو ۔

Unnourishing : (a) غیر قوت بخش ۔

Unnumberable : (a) (۱) (شاذ) بے شمار؛ اَن گنت ۔ (۲) دیکھو Innumerable ۔

Unnumbered : (a) (۱) اَن گنت؛ بےگنا ہوا؛ بےشمار؛ لاتعداد ۔ (۲) جس پر گنتی کے عدد یا اعداد نہ لکھے ہوں؛ بے نمبر؛ جس پر نمبر نہ پڑے ہوں ۔

Unnursed : (a) جس کی خدمت نہ کی گئی ہو؛ جس کی تیمارداری نہ کی گئی ہو ۔

Unnurtured : (a) بے تربیت؛ جس کی تعلیم و تربیت نہ ہوئی ہو ۔

Unobedient : (a) غیر مطیع؛نافرماں بردار؛غیر اطاعت شعار ۔

Unobeyed : (a) (حکم) جس کی اطاعت نہ کی گئی ہو؛ جسے بجا نہ لایا گیا ہو؛ جس کی تعمیل نہ کی گئی ہو ۔

Unobjected : (a) بے اعتراض؛جس پر اعتراض نہ کیا گیا ہو ۔

Unobjectionable : (a) ناقابلِ اعتراض؛ جس پر اعتراض نہ ہو سکے؛ جس میں کوئی حرج نہ ہو ۔

Unobjectionableness : (n) ناقابلِ اعتراض ہونا ۔

Unobjectionably : (adv.) ناقابلِ اعتراض طور پر ۔

Unobliged : (a) غیر ممنون ۔

Unobliging : (a) (۱) کج خُلق؛ بے مروت۔ (۲) کج خُلقی کا؛ بے مروتی کا۔ (۳) احسان یا حسن سلوک نہ کرنے والا؛ مروت و لحاظ نہ کرنے والا۔

Unobliterated : (a) غیر محو شدہ؛ بے مٹایا ہوا۔

Unobnoxious : (a) معقول؛ جو مکروہ نہ ہو؛ جو قابلِ نفرت نہ ہو۔

Unobscured : (a) جو تاریک یا دھندلا نہ کیا گیا ہو؛ صاف؛ واضح۔

Unobservable : (a) جسے دیکھا نہ جاسکے؛ جس کا ادراک نہ کیا جاسکے۔

Unobservable : (n) وہ شے جس کا ادراک نہ ہو سکے یا جسے دیکھا نہ جا سکے۔

Unobservance : (n) عدم تعمیل؛ عدم پابندی۔

Unobservant : (a) مشاہدہ نہ کرنے والا؛ نہ دیکھنے والا؛ جس میں مشاہدہ کی قوت نہ ہو؛ بے مشاہدہ؛ کم مشاہدہ۔

Unobservantly : (adv.) غور و تامل سےنہ دیکھتے ہوئے۔

Unobserved : (a) (۱) بے دیکھا ہوا؛ نظروں سے بچا ہوا۔ (۲) بے تعمیل؛ جس کی تعمیل یا پابندی نہ کی گئی ہو۔

Unobservedly : (adv.) بے دیکھے ہوئے۔

Unobserving : (a) غیر متجسس؛نہ دیکھنے والا؛توجہ نہ کرنے والا۔

Unobstructed : (a) غیر مسدود؛ بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ جس میں رکاوٹ یا مزاحمت نہ ہو۔

Unobstructedly : (adv.) بغیر رکاوٹ کے۔

Unobtainable : (a) ناقابلِ حصول؛ غیر ممکن الحصول؛ جو دستیاب یا حاصل نہ ہوسکے۔

Unobtained : (a) غیر حاصل شدہ؛ غیر دستیاب؛ جو حاصل یا دستیاب نہ ہوا ہو۔

Unobtrusive : (a) دوسروں کی صحبت میں خواہ مخواہ نہ گُھسنے والا؛ دخل درمعقولات نہ دینے والا؛ شرمیلا؛ خاموش۔

Unobtrusively : (adv.) خاموشی سے؛ شرمیلے پن سے۔

Unobtrusiveness : (n) شرمیلاپن؛ خاموشی۔

Unobvious : (a) غیر واضح۔

Unoccupied : (a) (۱) فارغ البال؛ غیر مصروف؛ غیر مشغول۔ (۲) استعمال میں نہ لایا ہوا؛ بے کار (خصوصاً وقت)۔ (۳) خالی؛ جس میں کوئی رہتا نہ ہو۔

Unoffended : (a) جسے تکلیف یا نقصان نہ پہنچا ہو۔

Unoffendedly : (adv.) بے ضرر طور پر : بغیر تکلیف یا نقصان پہنچائے ہوئے۔

Unoffending : (a) جس سے کسی کو تکلیف یا ضرر نہ پہنچے؛ بےضرر؛ غیر تکلیف دہ؛ جو کسی کو تکلیف یا نقصان نہ پہنچاتا ہو۔

Unoffered : (a) جو پیش نہ کیا گیا ہو؛ غیر پیش کردہ۔

Unofficered : (a) ادارہ یا آفس جس میں افسر نہ ہوں؛ بے افسر۔

Unofficerlike : (a) غیر افسرانہ؛ افسر کے منصب کے خلاف؛ افسر کے غیر شایان شان۔

Unofficial : (a) غیر دفتری: جس پر افس کی مہر نہ لگی ہو؛ جو دفتری نوعیت کا نہ ہو : غیر سرکاری۔

Unofficial : (n) غیر دفتری ملازم؛ غیر سرکاری ملازم۔

Unofficially : (adv.) غیر دفتری طور پر؛ غیر سرکاری طور پر۔

Unofficious : (a) دخل اندازی نہ کرنے والا؛ غیر دخل درانداز۔

Unoften : (adv.) کبھی کبھی۔

Unoiled : (a) بے روغن۔

Unopened : (a) بے کھلا؛ بند؛ (کتاب، رسالہ وغیرہ) جس کے اوراق کاٹے نہ گئے ہوں۔

Unopposed : (a) بے مخالف؛ مخالفت سے محفوظ؛بے مقابلہ۔

Unoppressed : (a) بغیر ستایا ہوا؛ دکھ نہ دیا ہوا؛ چیرہ دستیوں سے محفوظ۔

Unoppressive : (a) غیر جابرانہ؛ غیر تکلیف دہ ۔

Unordained : (a) (۱) کلیسا کی جانب سے جسے پادری نہ بنایا گیا ہو ۔ (۲) بے حکم؛ جس کا حکم یا فیصلہ صادر نہ کیا گیا ہو؛ جس کا تقرر نہ ہوا ہو ۔ (۳) جو مقدر میں نہ ہو ۔

Unorder : (v) حکم واپس لینا ۔

Unordered : (a) (۱) بےترتیب ۔ (۲) جس کاحکم نہ دیا گیا ہو ۔

Unorderly : (a) دیکھو Disordered

Unordinary : (a) غیر معمولی ۔

Unorganised : (a) (۱)غیر منظم؛ترتیب و تنظیم سےبے بہرہ ۔ (۲) جسے عضوی کل کی شکل نہ دی گئی ہو ۔ (۳) غیر نامی؛ غیر نامی ساخت کا ۔

Unoriginal : (a) (۱) غیر اصلی؛ غیر طبع زاد ۔ (۲) ماخوذ؛ مشتق ۔ (۳) نقلی ۔

Unoriginality : (n) (۱) قوتِ اختراع کا فقدان؛ غیر طبع زاد ہونا؛ اُپج کی کمی ۔ (۲) غیر اصلیت؛ غیر اصلی ہونا ۔

Unoriginate : (a) غیر تخلیق کردہ ؛ بے پیدا کیا ہوا ؛ جو خود بخود موجود ہو ۔

Unoriginate : (n) غیر تخلیق کردہ شے ؛ وہ شے جو خود بخود موجود ہو؛ وہ شے جس کا کوئی مبداء نہ ہو ۔

Unoriginated : (a) (۱) غیر تخلیق کردہ؛ بے پیدا کیا ہوا؛ ازلی ۔ (۲) ہنوز جسے خلق نہ کیا گیا ہو ۔

Unoriginately : (adv.) بغیر پیدا کئے ہوئے؛ بغیر خلق کئے ہوئے ۔

Unoriginateness : (n) غیر تخلیق کردہ ہونا؛ ازلی ہونا ۔

Unornamental : (a) (۱) غیر آرائشی؛ جو سامان آرائش کے طور پر استعمال نہ ہو ۔ (۲) آرائش سے خالی؛ غیر آراستہ؛ بھدا؛ بدنما؛ سادہ ۔

Unornamented : (a) سادہ؛ بے آرائش ۔

Unorthodox : (a) (۱) غیر راسخ الاعتقاد؛ آزاد خیال ۔ (۲) مسلمہ عقیدے یا دستور کے خلاف ۔

Unorthodoxy : (n) (۱) غیر راسخ الاعتقادی؛آزاد خیالی ۔ (۲) ایسا گروہ جو غیر راسخ الاعتقاد یا آزاد خیال ہو ۔

Unossified : (a) (۱) غیر جامد ۔ (۲) جو سخت نہ ہو؛ جو ہڈی میں تبدیل نہ ہواہو ۔ (۳) غیر قدامت پسند؛ غیر قدامت پسندانہ ۔

Unostentatious : (a) (۱) غیر خود نما؛ غیر خود پسند ؛ بے تمکنت؛ خود نمائی یا خود پسندی سے خالی ۔ (۲) بے ادعا ؛ منکسر ؛ منکسرانہ ۔ (۳) بے طمطراق؛ بے ٹیم ٹام ؛ سیدھا سادہ ۔

Unostentatiously : (adv.) (۱) بغیر خود نمائی کے؛ بغیرتمکنت کے ۔ (۲) بغیر ادعا کے ؛ انکسار کے ساتھ ۔ (۳) بغیر طمطراق کے ۔

Unostentatiousness : (n) خود نمائی یا خود پسندی سے خالی ہونا؛ انکسار؛ سادگی ۔

Unovercome : (a) غیر مغلوب؛ جو بد حواس نہ ہو ۔

Unoverthrown : (a) جسے زیر و زبر یا تہ و بالا نہ کیا گیا ہو ؛ جسے برباد یا ختم نہ کیا گیا ہو ۔

Unowned : (a) (۱) غیر مملوکہ؛ بے مالک؛ لاوارث؛ جس کا کوئی مالک نہ ہو ۔ (۲) جس کا اقرار یا اعتراف نہ کیا جائے؛ بے اقرار؛ بے اعتراف ۔

Unoxidized : (a) غیر تکسیدی ۔

Unoxygenated : (a) جس میں آکسیجن نہ ملایا گیا ہو؛ جس میں آکسیجن نہ ہو ۔

Unpacific : (a) (۱) متشدد؛ متشددانہ ۔ (۲) جنگی؛ جنگجو ؛ جنگجویانہ؛ لڑائی کا ۔

Unpacified : (a) (۱) غیر فرو شدہ (غصہ، جوش، شورش وغیرہ) ؛ جو ٹھنڈا نہ ہوا ہو ۔ (۲) بے امن؛ پر شورش ۔

Unpack : (v) (۱) گٹھر یا بقچہ کھول کر اس میں سے چیزوں کو باہر نکالنا ۔ (۲) احساسات کو ظاہر کرنا؛ بوجھ ہلکا کرنا ۔ (۳) (معنی یا خیال کو) کھول کھول کر ظاہر کرنا؛ تشریح سے واضح کرنا ۔

Unpacked : (a) جسے بنڈل، بقچہ یا گٹھر نہ بنایا گیا ہو ۔

Unpadlocked : (a) غیر مقفل ۔

Unpaged : (a) بے نشان (صفحات)؛ جس پر صفحوں کے نمبر نہ پڑے ہوں ۔

Unpaid : (a) (۱) غیر ادا شدہ؛ بے چکایا ہوا ۔ (۲) بے تنخواہ؛ بے اجرت (کام یا کام کرنے والا)؛ اعزازی ۔

Unpained : (a) درد سے محفوظ؛ بے تکلیف ۔

Unpainful : (a) غیر تکلیف دہ؛ غیر ایذا رساں ۔

Unpainfully : (adv.) غیر تکلیف دہ طور پر ؛ غیر ایذا رساں طور پر ۔

Unpaint : (v) بے رنگ کرنا ۔

Unpaintable : (a) ناقابلِ تصویر کشی؛ جس کی تصویر بنائی جانے کے قابل نہ ہو ۔

Unpainted : (a) بے رنگا ہوا؛ جس پر رنگ کی تہ نہ چڑھائی گئی ہو ۔

Unpaired : (a) (۱) بے میل ۔ (۲) بے جوڑ؛ جو جوڑوں میں تقسیم نہ ہوا ہو ۔

Unpalatable : (a) (۱) بدمزہ؛ بد ذائقہ ۔ (۲) ناخوش گوار؛ ناگوار ۔

Unpalled : (a) بے چادر ۔

Unpalliated : (a) بے تخفیف؛ شدید؛ سنگین ۔

Unpalpable : (a) دیکھو Impalpable

Unpampered : (a) جسے لاڈ پیار سے خراب نہ کیا گیا ہو؛ جس کی عادت نہ بگاڑی گئی ہو ۔

Unpanelled : (a) جس پر یا جس میں تختہ نہ لگایا گیا ہو ۔

Unpaper : (v) آرائشی کاغذ نوچ کر الگ کرلینا ۔

Unpapered : (a) (دیوار) جس پر آرائشی کاغذ نہ لگایا گیا ہو ۔

Unparadise : (v) (۱) جنت سے نکالنا ۔ (۲) بہشتی خصوصیات سے محروم کرنا ۔

Unparagoned : (a) بے مثل؛ یکتا؛ بے نظیر ۔

Unparallel : (a) غیر متوازی ۔

Unparallelable : (a) ناقابلِ موازنہ؛ یکتا؛ بے نظیر ۔

Unparalleled : (a) لاثانی؛ بے نظیر؛ بے مثال ۔

Unparalleledly : (adv.) لاثانی طور پر ۔

Unparalleledness : (n) بے مثالی؛ یکتائی؛ بے نظیری ۔

Unparalyzed : (a) غیر مفلوج ۔

Unparacelled : (a) غیر تقسیم شدہ ۔

Unpardonable : (a) ناقابلِ معافی؛ ناقابلِ عفو ۔

Unpardonableness : (n) ناقابلِ عفو ہونا ۔

Unpardonably : (adv.) ناقابلِ عفو طریقے پر ۔

Unpardoned : (a) جسے معاف نہ کیا گیا ہو؛ غیر معاف شدہ ۔

Unpardoning : (a) معاف نہ کرنے والا ۔

Unpared : (a) بے تراشا ہوا؛ بے چھلا ۔

Unparented : (a) بے ماں باپ کا؛ یتیم ۔

Unpark : (v) پڑاؤ سے نکالنا؛ الگ کرنا ۔

Unparliamentarily : (adv.) غیر پارلیمانی طریقے سے ۔

Unparliamentary : (a) غیر پارلیمانی؛ خلافِ دستورِ پارلیمنٹ؛ خلافِ آدابِ پارلیمنٹ ۔

Unparriable : (a) (حملہ) جسے دفع نہ کیا جا سکے؛ (وار، ضرب) جسے روکا نہ جاسکے؛ جس سے پہلو نہ بچایا جا سکے ۔

Unparted : (a) الگ نہ کیا ہوا ۔

Unpartial : (a) دیکھو Impartial

Unparticipated : (a) یکتا ۔

Unparticipating : (a) حصہ نہ لینے والا؛ خصوصاً جو نفع میں ساجھی نہ ہو ۔

Unparticularized : (a) غیر تخصیص کردہ؛ غیر مخصوص ۔

Unpartitioned : (a) غیر منقسم ۔

Unpassable : (a) دیکھو Impassable

Unpassed : (a) غیر عبور کردہ ۔

Untowardness : (n) (۱) سرکشی؛ تمرّد؛ بغاوت؛ ضد؛ بے لوچ ہونا؛ غیرمطیع ہونا؛ غیرتربیت پذیر ہونا۔ (۲) ناموافق ہونا؛ نامبارك ہونا۔ (۳) نامناسب ہونا؛ نازیبا ہونا؛ حماقت؛ بیوقوفی۔

Untraceable : (a) (۱) ناقابلِ سراغ؛ جس کا پتا نہ چل سکے۔ (۲) جس کا چربہ نہ اتارا جاسکے۔

Untraceableness : (n) ناقابلِ سراغ ہونا۔

Untraceably : (adv.) ناقابلِ سراغ طور پر۔

Untraced : (a) بے سراغ؛ بے کھوج؛ جس کا پتا نہ چلا ہو۔

Untracked : (a) (۱) جہاں روِش یا راستہ نہ ہو؛ بے لیك۔ (۲) بے سراغ؛ لاپتا؛ جس کا سراغ نہ لگایا گیا ہو۔ (۳) بے نقش قدم۔

Untractable : (a) (شاذ) دیکھو Intractable

Untrained : (a) (۱) غیرتربیت یافتہ؛ جس نے کسی خاص فن کی تربیت نہ پائی ہو؛ بےسیکھا ہوا؛ جس نے کسی ہنر کو نہ سیکھا ہو۔ (۲) نا تجربہ کار؛ نا آموز؛ بے مشق؛ بے ریاضت۔ (۳) غیرقواعد داں؛ جس نے فوجی قواعد نہ سیکھی ہو۔

Untrainedness : (n) غیرتربیت یافتہ ہونا؛ ناتجربہ کاری؛ ناآموزی۔

Untrammelled/Untrammeled : (a) رکاوٹوں سے آزاد؛ قیود سے آزاد؛ بے رکاوٹ۔

Untrampled : (a) جسے کچلا نہ گیا ہو؛ جسے روندا نہ گیا ہو؛ جسے پامال نہ کیا گیا ہو؛ غیرپامال شدہ۔

Untranquil : (a) پُراضطراب؛ غیر پُرسکون؛ مُتَموّج۔

Untransferable : (a) ناقابلِ انتقال؛ جو دوسروں کو منتقل نہ کیا جاسکے۔

Untransformable : (a) جس کی شکل وصورت میں تبدیلی نہ لائی جاسکے؛ جسے بدلا نہ جاسکے؛ جس کی قلب ماہیت نہ ہو سکے۔

Untransformed : (a) جس میں تبدیلی نہ آئی ہو؛ جس کی شکل وصورت نہ بدل گئی ہو۔

Untranslatable : (a) ناقابلِ ترجمہ۔

Untranslatableness : (n) ناقابلِ ترجمہ ہونا؛ غیرترجمہ پذیر ہونا۔

Untranslatably : (adv.) غیرترجمہ پذیرطورپر؛ ناقابلِ ترجمہ طور پر؛ اس طرح کہ ترجمہ نہ ہوسکے۔

Untranslated : (a) (۱) جس کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔(۲) جس کی جگہ یا حالت تبدیل نہ کی گئی ہو۔

Untransparent : (a) غیرشفاف۔

Untransposed : (a) (۱) جس کی جگہ نہ بدلی گئی ہو؛ جس کی ترتیب نہ بدلی گئی ہو؛ جسے ادل بدل نہ کیا گیا ہو۔(۲) (صرف ونحو) لفظ سے مقررہ محل سے ہٹا کر کہیں اور نہ رکھا گیا ہو۔ (۳) (موسیقی) نغمہ جسے کسی اور آہنگ یا سُر میں نہ بجایا گیا ہو؛ جس کا سُر نہ بدلا گیا ہو۔

Untravelled/Untraveled : (a) (۱) غیر سفر آزمودہ؛ غیرجہاں دیدہ؛ جس نے دنیا کا سفر نہ کیا ہو۔(۲) جس کا سفر نہ کیا گیا ہو؛ جسے عبور نہ کیاگیا ہو۔

Untraversed : (a) (خطہ) جسے عبور نہ کیا گیا ہو؛جس سے گزرا نہ گیا ہو۔

Untread : (v) الٹے پاؤں واپس ہونا؛ رجعت قہقری کرنا۔

Untreasure : (v) (۱) دولت یا خزانے سے محروم کرنا۔ (۲) (بیش قیمت شے) پیش کرنا؛ سامنے لانا؛ نمائش کرنا۔

Untreatable : (a) لاعلاج؛ جس کا علاج نہ ہو سکے؛ ناقابلِ علاج۔

Untreated : (a) (۱) جس کا علاج نہ ہوا ہو؛ بےعلاج۔(۲) جس پر کیمیائی عمل نہ کیا گیا ہو۔

Untrembling : (a) غیرلرزاں؛ بے کانپتا ہوا؛ غیرمتزلزل۔

Untremulous : (a) غیر لرزاں؛ غیر متزلزل؛ جما ہوا؛ تھما ہوا؛ قائم مستحکم۔

Untrenched : (a) بے خندق۔

Untressed : (a) پریشان؛ الجھا ہوا (بال)؛ غیرآراستہ (زلف)؛ بے بال سنوارے ہوئے۔

Untried : (a) (۱) ناآزمودہ؛ ناتجربہ کار؛ ناآزمودہ کار۔ (۲) (مقدمہ) جس کی ابتدائی تحقیقات نہ ہوئی ہو؛ جس کی سماعت نہ ہوئی ہو؛ (ملزم، قیدی) جسے عدالت میں حاضر نہ کیا گیا ہو۔

Untried horse : (n) گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں پہلی بار شامل ہو۔

Untrilled : (a) (۱) (گانا) جو گونج اورتھرتھراہٹ یا گٹکری کے ساتھ نہ گایا گیا ہو۔ (۲) وہ حرف جو کھنکتی ہوئی آواز سے ادا نہ کیا گیا ہو۔

Untrim : (v) بےترتیب کرنا؛ غیرآراستہ کرنا۔

Untrimmed : (a) بے جھالر وغیرہ کے؛ بے آرائشی کام کے؛ ناپیراستہ؛ جو کاٹ چھانٹ کر درست نہ کیا گیا ہو؛ (بحری) غیرمتوازن؛ (کشتی) جس کا وزن برابر نہ کیا گیا ہو۔

Untrod/Untrodden : (a) غیرپامال شدہ؛ جسے روندا نہ گیا ہو؛ جسے عبور نہ کیا گیا ہو؛ بے آمد ورفت؛ جس پر آمد و رفت نہ ہوئی ہو۔

Untroubled : (a) (۱) غیر مضطرب؛ غیر پریشان؛ مطمئن؛ پُرسکون۔(۲) ساکن۔

Untroublesome : (a) غیرتکلیف دہ؛ غیرپریشان کن۔

Untrue : (a) (۱) غلط؛ خلاف واقعہ؛ جھوٹ؛ غیرصحیح۔ (۲) بے وفا؛ غیر مخلص؛ جھوٹا۔

Untruly : (adv.) غلط یا خلاف واقعہ طورپر؛ غیرصحیح طورپر۔

Untruss : (v) (۱) گٹھری یا بقچہ وغیرہ کھولنا؛ بندھن سے آزاد کرنا۔ (۲) (تاریخ) پوشاک کے تکمے کو کھولنا؛ (متروک) اپنا لباس یا برجس اتارنا۔ (۳) (کسی کا) لباس اتارنا یا کھولنا۔

Untrussed : (a) (چڑیا) جس کے بازو، پر یا پیر نہ باندھے گئے ہوں؛ بے بازو بندھی۔

Untrust : (n) (شاذ) بے اعتباری؛ بے اعتمادی؛ شبہ؛ شک؛ بدگمانی۔

Untrusted : (a) جس پر بھروسا نہ کیا گیا؛ جس پر اعتماد نہ کیا گیا ہو؛ بے اعتماد۔

Untrustworthiness : (n) ناقابلِ اعتبار ہونا۔

Untrustworthy : (a) ناقابلِ اعتماد؛ ناقابلِ اعتبار؛ بےبھروسا۔

Untrusty : (a) ناقابلِ اعتبار؛ ناقابلِ اعتماد۔

Untruth : (n) (۱) جھوٹ؛ کذب؛ دروغ۔ (۲) جھوٹی بات؛ غلط بیان۔

Untruthful : (a) (۱) جھوٹا؛ کاذب؛ دروغ گو۔ (۲) غلط؛ جھوٹا۔

Untruthfully : (adv.) غلط طورپر؛ جھوٹ بول کر؛ دروغ گوئی سے؛ غلط بیانی سے۔

Untruthfulness : (n) غلط ہونا؛ جھوٹا ہونا؛ دروغ گوئی؛ غلط بیانی۔

Untuck : (v) (سکڑی یا سمٹی ہوئی چیز کو) پھیلانا۔

Untumbled : (a) جسے گرایا نہ گیا ہو؛ جسے ڈھکیلا نہ گیا ہو؛ جسے الٹا نہ گیا ہو۔

Untumultuous : (a) شورش یا ہنگامہ سے خالی؛ پرسکون۔

Untunable : (a) (موسیقی) بے سرا؛ آہنگ نا پذیر؛ کرخت؛ ناگوار۔

Untunableness : (n) (موسیقی) بے سُراپن؛ کرختگی؛ بے آہنگ ہونا۔

Untunably : (adv.) (موسیقی) بے سُرے پن سے؛ بے آہنگ طور پر؛ کرخت اور ناگوار طریقے سے۔

Untune : (v) (۱) بے آہنگ کرنا؛ ہم آہنگی ختم کرنا؛ الٹ پلٹ کرنا؛ بےتال کرنا؛ بے سرا کرنا۔ (۲) پریشان کرنا؛ الجھن میں ڈالنا؛ مضطرب کرنا۔

Untuned : (a) (۱) کرخت؛ ناگوار۔ (۲) جس کا سُر درست نہ کیا گیا ہو۔ (۳) بے سرا۔

Untuneful : (a) بے سرا؛ بے آہنگ؛ خارج از آہنگ؛ کرخت؛ ناگوار۔

Untunefully : (adv.) بے سُرے پن سے۔

Untunefulness : (n) بے سرا پن؛ کرخت اور ناگوار ہونا؛ ناخوشگوار ہونا۔

Unturn : (v) مخالف سمت میں موڑنا؛ الٹی طرف پھیرنا۔

Unturned : (a) بے الٹا ہوا۔

Leave no stone unturned : کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھنا۔

Unturning : (a) نہ گھومنے والا؛ نہ مڑنے والا؛ نہ الٹا جانے والا۔

Untutored : (a) (۱) غیرتعلیم یافتہ؛ بے تربیت یافتہ۔ (۲) سیدھا سادہ۔ (۳) ناآموز؛ بے سکھایا یا غیرمہذب۔

Untwine : (v) (۱) (گانٹھ الجھاوا، بندھن یا لپٹی ہوئی چیز کو) سلجھانا؛ کھولنا۔ (۲) سلجھنا؛ کھلنا۔

Untwist : (v) (۱) (الجھی ہوئی چیز کو) سلجھانا؛ کھولنا۔ (۲) ناکامیاب بنانا۔

Untwisted : (a) بے پیچ؛ بے اینٹھن؛ بے بل۔

Untwisting : (n) سلجھانے کا عمل؛ کھولنے کا عمل۔

Untypical : (a) غیرمثالی؛ جو نمونہ نہ ہو؛ جو نمائندہ نہ ہو۔

Ununderstandable : (a) ناقابلِ فہم؛ سمجھ سے باہر۔

Ununderstanding : (a) بے سمجھ؛ بے عقل وفہم۔

Ununderstood : (a) بے سمجھا ہوا؛ نافہمیدہ۔

Ununiform : (a) غیر یکساں۔

Ununiformly : (adv.) غیر یکساں طور پر۔

Ununited : (a) غیر متحد؛ علاحدہ؛ متفرق۔

Unupbraided : (a) جس کی سرزنش نہ کی گئی ہو؛ جسے ملامت نہ کی گئی ہو؛ جس پرسخت تنقید نہ کی گئی ہو۔

Unupbraiding : (a) ملامت نہ کرنے والا؛ غیر ملامت آمیز۔

Unupholstered : (a) (کمرا) جسے پردوں اور فرش وغیرہ سے آراستہ نہ کیا گیا ہو۔

Unurbane : (a) غیر مہذب؛ غیر شائستہ؛ گنوار؛ اُجڈ؛ بھدّا ۔

Unurged : (a) بے تاکید؛ بے اصرار؛ جس پر زور نہ دیا گیا ہو؛ جسے زور دے کر پیش نہ کیا گیا ہو ۔

Unurged : (adv.) بے رضاو رغبت؛ بلا جبر و اکراہ؛ مرضی ۔

Unusable : (a) ناقابلِ استعمال ؛ جو کام کے لائق نہ ہو ؛ بے کار؛ بے مصرف ۔

Unused : (a) غیرعادی؛ جس کا استعمال نہ ہوا ہو؛ غیر مستعمل۔

Unutterable : (a) (جمع) جوباتیں کہی جانے کے قابل نہ ہوں ۔

Unutterably : (adv.) ناقابلِ بیان طور پر؛ ناگفتہ بہ طریقے سے ۔

Unuttered : (a) ناگفتہ؛ بن کہا؛ غیر اظہار کردہ؛ جو الفاظ میں ظاہر نہ کیا گیا ہو مگر دل میں ہو ۔

Unvaccinated : (a) بے ٹیکا لگایا ہوا؛ جس کو چیچک کا ٹیکا نہ لگایا گیا ہو ۔

Unvaluable : (a) (۱) کم قیمت؛ جو بیش قیمت نہ ہو ۔ (۲) بے قدروقیمت؛ بے وقعت ۔

Unvalued : (a) (۱) غیر اہم؛ معمولی؛ ادنیٰ ۔ (۲) بے قدر؛ جس کی قدر نہ ہو؛ جس کی قیمت کا اندازہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unvanquishable : (a) ناقابلِ فتح؛ جس کو ہرایا نہ جاسکے؛ جسے مغلوب نہ کیا جاسکے ۔

Unvanquished : (a) غیرمغلوب؛ غیرمفتوح؛ جس پر غلبہ حاصل نہ ہوا ہو ۔

Unvariable : (a) (شاذ) دیکھو Invariable

Unvaried : (a) غیر تنوع؛ غیرمتغیر؛ بے تنوع؛ یك رنگ؛ یکساں؛ اول سے آخر تك ایك انداز کا؛ دائمی ۔

Unvarnished : (a) (۱) مادہ، جوہر؛ (عبارت، بیان) جو مرصع اور رنگین نہ ہو؛ صحیح صحیح؛ سیدھا سادہ؛ بے رنگ آمیزی ۔ (۲) (شخص) تکلف اور تصنع سے عاری ۔ (۳) جس پر وارنش نہ کیا گیا ہو؛ بے روغن؛ بے وارنش ۔

Unvarying : (a) یکساں؛ غیر متغیر ۔

Unvaryingly : (adv.) غیرمتغیر طور پر؛ بلا تغیر ۔

Unvaryingness : (n) یکسانی؛ عدم تغیر ۔

Unveil : (v) (۱) نقاب کشائی کرنا ۔ (۲) بے نقاب کرنا؛ بےپردا کرنا ۔ (۳) (مجازاً) ظاہر کرنا؛ کھولنا؛ نمایاں کرنا ۔ (٤) بے نقاب ہونا؛ ظاہر ہونا ۔

Unveiled : (a) بے نقاب ؛ ظاہر ؛ کھلا ہوا ؛ بے پردا ۔

Unveiling : (n) نقاب کشائی؛ پہلی بار کسی چیز کی نمائش، پیشکش یا اظہار ۔

Unvendible : (a) نا قابلِ فروخت ۔

Unvenerable : (a) نا قابلِ احترام : نا قابلِ تعظیم : غیر محترم ۔

Unvented : (a) (احساس ، غصہ وغیرہ) غیر اظہار کردہ ۔

Unventilated : (a) (۱) غیر ہَوادار؛ جس میں ہَوا اور روشنی کا انتظام نہ ہو ۔ (۲) جس پر بحث نہ ہوئی ہو ؛ جس پر اظہارِ خیال نہ ہوا ہو ۔

Unventured : (a) جس کی جسارت نہ کی گئی ہو ؛ جس کا جوکھم نہ اٹھایا گیا ہو ۔

Unveracious : (a) (۱) غلط ؛ جھوٹا ؛ خلافِ واقع ۔ (۲) دروغ گو ؛ کاذب ۔

Unveraciously : (adv.) غلط طور پر ؛ غلط بیانی سے ؛ خلاف واقع طور پر ؛ دروغ گوئی سے ۔

Unveracity : (n) کذب ؛ جھوٹ ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی ؛ غلط بیانی۔

Unverbalized : (a) لفظوں میں جس کا اظہار نہ کیا گیا ہو ۔

Unverifiable : (a) نا قابلِ تصدیق ۔

Unverified : (a) غیر مصدقہ ؛ جس کی تصدیق نہ کی گئی ہو ۔

Unversed : (a) جو مشاق نہ ہو ؛ جو ماہر نہ ہو ؛ غیر ماہر ؛ ناواقف ؛ غیر واقف ۔

Unvest : (v) کلیسائی یا پادریوں والا لباس اتارنا ۔

Unvexed : (a) غیر آزردہ ؛ بے جھلایا ہوا ۔

Unviable : (a) نا قابلِ نمو ؛ غیر نمو پذیر ؛ غیر ترقی پذیر ۔

Unvicious : (a) نیک ؛ شریف ؛ شریفانہ ؛ بیہودگی سے پاک ؛ برائی سے پاک ۔

Unvictorious : (a) شکست خوردہ؛ غیر فتح مند ؛ غیر فتح مندانہ ۔

Unvictualled : (a) بے سامان خورد ونوش ؛ جسے غذا یا کھانا مہیا نہ کیا گیا ہو ۔

Unviewed : (a) بے دیکھا ہوا ؛ جس کا معائنہ نہ ہوا ہو ۔

Unvigilant : (a) (۱) غافل ؛ غیر ہوشیار ۔(۲) غفلت کا ۔

Unvindicated : (a) (۱) بے حمایت ؛ جس کی حمایت نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جو صحیح یا بجا ثابت نہ کیا گیا ہو ۔

Unvindictive : (a) غیر منتقمانہ؛ انتقام نہ لینے والا ؛ درگزر کرنے والا ؛ عفو سے کام لینے والا ۔

Unviolated : (a) (۱) جو توڑا نہ گیا ہو؛ جس کی خلاف ورزی نہ ہوئی ہو ؛ ناشکستہ ؛ غیرشکستہ ۔(۲) ہتک یا بے حرمتی سے محفوظ ۔(۳) عصمت دری سے محفوظ ۔ (٤) بے خلل : جس میں خلل نہ پڑا ہو ۔

Unviolent : (a) جو تند و تیز نہ ہو ؛ غیر متشدد ؛ غیر متشددانہ ؛ غیر ہیجانی ۔

Unvirtuous : (a) بد ؛ بدکردار ؛ بدکار ؛ غیرصالح ؛ غیرراست باز ؛ سیاہ کار ؛ گنہ گار ۔

Unvirtuously : (adv.) بدی سے ؛ بدکرداری سے ؛ سیاہ کاری سے ؛ غیر راست بازی سے ۔

Unvirtuousness : (n) بدی؛ بد کرداری ؛ سیاہ کاری ؛ غیر راست بازی ۔

Unvisited : (a) (۱) نظر انداز کیا ہوا ؛ جہاں کوئی نہ جائے ۔ (۲) جس کے پاس کوئی حاضر نہ ہوا ہو ؛ جس کی رفاقت نہ ہوئی ہو ۔

Unvisored : (a) (۱) بے مغز ؛ بے خود ۔(۲) (مجازاً) بے نقاب ۔

Unvital : (a) (۱) بے جان ؛ جو حیات سے بھر پور نہ ہو ۔ (۲) غیر منطقی ؛ جس میں منطقی ترتیب نہ ہو ؛ بے ربط ؛ بے تکا ۔

Unvitiated : (a) نجاست سے پاک ؛ غیر آلودہ ؛ جو خراب نہ ہوا ہو ؛ جس کا اخلاق نہ بگڑا ہو ؛ بے بگڑا ؛ معصوم ۔

Unvitrifiable : (a) جسے شیشہ یا شیشے کے مانند نہ بنایا گیا ہو ۔

Unvitrified : (a) جسے شیشہ یا شیشے کے مانند نہ بنایا گیا ہو ۔

Unvocal : (a) (۱) بے زبان ؛ چپ رہنے والا ۔(۲) جو سریلی نہ ہو ؛ جو خوش الحان نہ ہو ؛ بے آہنگ ؛ بے سرا؛ موسیقی سے خالی ۔

Unvoice : (v) بے صوت کرنا ؛ بے آواز کرنا ۔

Unvoiced : (a) (۱) خاموش ؛ دبا ہوا ؛ چھپا ہوا ؛ جو ظاہر نہ ہو ۔ (۲) غیر مسموع (حرف یا آواز) جو محض سانس سے ادا کیا جائے اور جس کی ادائیگی میں حنجرے کی جھلی میں تھرتھراہٹ نہ ہو ؛ جو بغیر آواز کے ادا ہو ؛ مختفی ؛ بے صوت؛ جو آواز نہ دیتا ہو ۔

Unvouched : (a) (۱) بے ضمانت ؛ جس کا کوئی ضامن نہ ہو ۔ (۲) بے تصدیق ۔(۳) بےتائید ۔

Unvowed : (a) جس سے حلف نہ اٹھوایا گیا ہو ۔

Unvoyageable : (a) نا قابلِ عبور ؛ جسے کشتی یا جہاز سے عبور نہ کیا جاسکے ۔

Unvulgar : (a) غیر سوقیانہ ؛ غیر عامیانہ ؛ شائستہ ؛ مہذب ؛ جو بیہودہ اور بازاری نہ ہو ۔

Unwaked/Unwakened : (a) بے جگایا ہوا ؛ جسے جگایا نہ گیا ہو ۔

Unwalled : (a) جو دیوار کے گھیرے میں نہ ہو ؛ جس کے چاروں طرف دیوار نہ ہو ؛ کھلا ہوا ۔

Unwandered : (a) جگہ یا خطہ جہاں سے کوئی نہ گزرا ہو ۔

Unwandering : (a) غیر منحرف؛ اِدھر اُدھر نہ مڑنے والا ؛ ثابت قدم ۔

Unwaning : (a) نہ گھٹنے والا ؛ مستقل ؛ دائمی ۔

Unwanted : (a) غیر مطلوب ؛ بے ضرورت؛ جس کی خواہش یا ضرورت نہ ہو ۔

Unwarded : (a) (حملہ وغیرہ) جسے روکا نہ گیا ہو ؛ جس کی کاٹ نہ کی گئی ہو ۔

Unwares : (adv.) (قدیم) غیر متوقع طور پر ؛ یکایک ؛ اچانک انجانے طور پر ۔

Unwarily : (adv.) غفلت سے ؛ نا عاقبت اندیشی سے ۔

Unwariness : (n) غفلت ؛ نا عاقبت اندیشی ۔

Unwarlike : (a) (۱) غیر جنگ جو ؛ غیر جنگ جویانہ ؛ غیر سپاہیانہ ؛ غیر فوجی ۔ (۲) صلح جویانہ ؛ صلح کا ۔

Unwarmed : (a) بے گرم کیا ہوا ۔

Unwarming : (a) گرمی نہ بخشنے والا ؛ ٹھنڈا ۔

Unwarned : (a) (۱) جو آگاہ نہ کیا گیا ہو ؛ جسے اطلاع نہ دی گئی ہو ؛ بے خبر ۔ (۲) جسے تنبیہہ نہ کی گئی ہو ۔

Unwarp : (v) سیدھا کرنا ؛ خَم یا اینٹھن دور کرنا ۔

Unwarped : (a) (۱) بے اینٹھا ہوا ؛ بے پیچ و خم ۔ (۲) بے لاگ؛ بے تعصب ؛ غیر متعصبانہ ۔

Unwarrantable : (a) نا قابل حمایت ؛ جس کی حمایت میں کچھ نہ کیا جا سکے ؛ ناجائز ؛ ناروا ۔

Unwarrantableness : (n) ناروا ہونا ؛ بےجا ہونا ۔

Unwarrantably : (adv.) بے جا طور پر ؛ ناروا طور پر ۔

Unwarranted : (a) بے ضمانت ؛ بے سند ؛ بے تصدیق ۔

Unwarrantedly : (adv.) ناجائزطور پر؛ غیرمجازانہ طورپر۔

Unwary : (a) غیر ہوشیار ؛ غافل ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ غفلت کا ۔

Unwashed : (a) (۱) بے دھلا ہوا ؛ بے نہایا ہوا ؛ مَیلا ۔ (۲) گنوار ؛ انگھڑ ؛ جاہل ۔

Unwashed : (n) عوام الناس ؛ اَن پڑھ لوگ ؛ گنوار اور جاہل لوگ ۔

Unwashen : (a) دیکھو (قدیم) Unwashed

Unwasted : (a) (۱) (قدیم) جس پر کٹاؤ کا عمل نہ ہوا ہو؛ جسے ضائع نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) (قدیم) جسے تباہ و برباد نہ کیا گیا ہو ؛ جسے تاراج نہ کیا گیا ہو ۔

Unwasteful : (a) غیر مُسرف؛ غیر مسرفانہ ؛ کفایت شعار ؛ کفایت شعارانہ ۔

Unwastefully : (adv.) غیر مسرفانہ طور پر ؛ کم خرچی سے ۔

Unwasting : (a) (قدیم) جس میں کمی یاتخفیف واقع نہ ہو ۔

Unwatched : (a) (۱) نظرانداز کیا ہوا ۔ (۲) جس کی نگہبانی نہ کی گئی ہو ۔

Unwatchful : (a) غیر خبردار ؛ بےتوجہ ؛ غیر ہوشیار؛ جو چوکس اور خبردار نہ ہو ۔

Unwatchfully : (adv.) بے توجہی سے ؛ غفلت شعاری سے ۔

Unwatchfulness : (n) بے توجہی ؛ غفلت شعاری ۔

Unwater : (v) (کھیت، کان وغیرہ کو) پانی سے خالی کرنا ۔

Unwatered : (a) (۱) بے پانی ملا ؛ خالص ۔ (۲) بے آب ؛ خشک؛ سوکھا ہوا ۔ (۳) جس میں پانی نہ دیا گیا ہو ؛ بے سینچا ؛ جو پانی سے تر نہ ہو؛ بے بھگویا ۔

Unwatery : (a) (۱) غیر آبی ؛ جو پانی کا نہ ہو ؛ جو پانی سے بھرا نہ ہو ۔ (۲) جو پانی سے تر نہ ہو ؛ خشک ۔ (۳) پانی سے غیر مشابہ ؛ جو پانی کی طرح نہ ہو ۔

Unwaved : (a) (بال وغیرہ) جو لہردار نہ ہو ؛ سیدھا ۔

Unwavering : (a) غیر متزلزِل ؛ مضبوط؛ غیر مذبذب ؛ مستقل ؛ پُر استقلال ۔

Unwaveringly : (adv.) غیر متزلزل طور پر ؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے ۔

Unwaving : (a) بے ہلتا ہوا ؛ بے لہراتا ہوا ۔

Unwaxed : (a) جس میں موم نہ ملایا گیا ہو ۔

Unweakened : (a) کمزور نہ کیا ہوا ؛ مضبوط ۔

Unwealthy : (a) جو دولت مند نہ ہو ؛ غریب ؛ مفلس ۔

Unweaned : (a) بے دودھ چُھٹا ؛ دودھ پیتا؛ شیر خوار ۔

Unweaponed : (a) غیرمسلح ؛ جو اسلحوں سے آراستہ نہ ہو۔

Unwearable : (a) جو پہننے کے قابل نہ ہو ؛ پھٹا ھوا؛ بدنما۔

Unweariable : (a) اَن تھك ؛ نہ تھکنے والا ۔

Unweariableness : (n) اَن تھك ھونا ۔

Unweariably : (adv.) اَن تھك طور پر ۔

Unwearied : (a) تازہ دم ؛ بے تھکا ھوا ؛ جو عاجز یا درماندہ نہ ھو ؛ جو اکتا نہ گیا ھو ؛ سرگرم ؛ محنتی؛ مستعد ۔

Unweariedly : (adv.) تازہ دمی سے ؛ سرگرمی سے ؛ مستعدی سے ؛ محنت سے ؛ بغیر تھکے ھوئے ۔

Unweariedness : (n) تازہ دمی ؛ سرگرمی؛ مستعدی ۔

Unweary : (a) بے تھکا ھوا ؛ جو عاجز یا درماندہ نہ ھو ۔

Unwearying : (a) (۱) نہ تھکنے والا ؛ اَن تھك ؛ مسلسل ۔ (۲) تھکاوٹ اور اکتاہٹ پیدا نہ کرنے والا ۔

Unwearyingly : (adv.) (۱) بےتھکے ھوئے ؛ اَن تھك یا مسلسل طور پر ۔ (۲) بے تکان پیدا کئے ھوئے ۔

Unweathered : (a) جس پر سردی ، گرمی، ھَوا اور بارش کا کوئی اثر نہ ھوا ھو ۔

Unweave : (v) ادھیڑنا ؛ (بُنی ھوئی چیز کو) کھولنا ۔

Unwebbed : (a) بے جھلی دار پنجوں کا ؛ (چڑیوں کے پنجے) بے جھلی دار ؛ جس میں بطخ کے پنجوں کی طرح جھلی نہ ھو ۔

Unwed/Unwedded : (a) غیر شادی شدہ ؛ بِن بیاہا ؛ مجرد ؛ کنوارا ۔

Unwedge : (v) (۱) بے پچّر کرنا ۔ (۲) تنگ مقام سے نکالنا؛ بہ دقت باہر نکالنا ۔

Unwedgeable : (a) جسے پھاڑا نہ جاسکے ؛ جسے ٹکڑے نہ کیا جاسکے ؛ سخت ۔

Unweeded : (a) بے ترایا ھوا ؛ جس کی ترائی نہ ھوئی ھو؛ جس میں سے گھاس پھوس دور نہ کیا گیا ھو ۔

Unweeting : (a) (قدیم) نا دانستہ ۔

Unweetingly : (adv.) (قدیم) نا دانستہ طور پر ۔

Unweighed : (a) (۱) بے تولا ھوا ؛ بے وزن کیا ھوا ۔ (۲) (مجازاً) نا سمجھی کا ؛ نادانی کا ۔

Unweighted : (a) (۱) جسے بھاری بھرکم نہ بنایا گیا ھو؛ جسےبوجھل نہ بنایا گیا ھو ۔ (۲) جو اعداد و شمار کے اعتبار سے حاصل نہ ھوا ھو (قدروقیمت کے اعتبار سے نہیں)۔

Unwelcome : (a) ناپسندیدہ ؛ ناگوار ؛ نا مرغوب ؛ غیر مطبوع؛ جس کے آنے یا ملنے سےخوشی نہ ھو ۔

Unwelcome : (n) سرد مہری ۔

Unwelcome : (v) بغیر گرم جوشی کے استقبال کرنا؛ بے تپاك ھوکر کسی چیز کو لینا ۔

Unwelcomed : (a) جس کا خیرمقدم نہ کیا گیا ھو ؛ جس کا استقبال نہ کیا گیا ھو ۔

Unwelcomeness : (n) ناگواری ؛ نا پسندیدگی ۔

Unwelded : (a) بے جوڑا ھوا ؛ جس کی وائرنگ نہ ھوئی ھو ۔

Unwell : (a) (۱) بیمار؛ غیرصحت مند ۔ (۲) (عورت) حائضہ؛ جو حیض میں مبتلا ھو ۔

Unwellness : (n) (۱) بیماری ۔ (۲) حیض (شاذ) ۔

Unwemmed : (a) (قدیم بول چال) بے عیب ؛ بے داغ ۔

Unwept : (n) بے نوحہ ؛ بے ماتم؛ جس کے لئے کوئی رویا نہ ھو ۔

Unwet : (n) بے بھگویا ؛ بے نم (خصوصاً جو آنسو سے نم نہ ھو) ۔

Unwetted : (a) دیکھو Unwet

Unwheel : (v) بے پہیا کرنا ۔

Unwhetted : (a) (۱) جس پر سان نہ کیا گیا ھو ؛ جسے رگڑ کر تیز نہ کیا گیا ھو ۔ (۲) (مجازاً) (خواہش ، بھوك وغیرہ) جسے بھڑکایا نہ گیا ھو ؛ جسے تیز نہ کیا گیا ھو ۔

Unwhipped/Unwhipt : (a) جسے کوڑے نہ لگائے گئے ھوں ؛ جسے سزا نہ دی گئی ھو ۔

Unwhiskered : (a) جسے مونچھیں نہ ہوں ۔

Unwhispered : (a) جسے زیر لب یا سرگوشی کے انداز میں نہ کہا گیا ہو ۔

Unwhitewashed : (a) جس پر سفیدی نہ کی گئی ہو ۔

Unwholesome : (a) (۱) مضر صحت ۔ (۲) مخرب اخلاق ۔ (۳) (اخلاقی یا جسمانی طور پر) غیرصحت مند ۔

Unwholesomely : (adv.) مُضر طور پر ؛ غیر صحت مندانہ طور پر؛ مخرب اخلاق طریقے سے ۔

Unwholesomeness : (n) مضر صحت ہونا ؛ مخرب اخلاق ہونا ۔

Unwieldily : (adv.) (۱) بھاری بھرکم طور پر ؛ بے ڈھنگے طریقےسے ۔ (۲) غیر عملی طریقےسے ۔ (۳) بھدے طور پر ۔

Unwieldiness : (n) (۱) بھاری بھرکم پن ؛ بے ڈھنگاپن ۔ (۲) غیر عملی ہونا ۔ (۳) بدنمائی ؛ بھداپن ۔

Unwieldy : (a) (۱) بھاری بھرکم ؛ بے ڈھنگا ۔ (۲) غیر عملی ؛ الجھا ہوا ۔ (۳) بدنما ؛ بد صورت ۔ (٤) بڑا اور بھدا ؛ بے ڈول ۔

Unwifely : (a) جو بیوی کی سی نہ ہو ؛ جو بیوی معلوم نہ ہو ؛ جو بیوی کے شایانِ شان نہ ہو ؛ جو بیوی کے لئے مناسب نہ ہو ۔

Unwigged : (a) بغیر وِگ لگائے ۔

Unwilful : (a) (۱) جو ضدی ، خود رائے اور خود سر نہ ہو ۔ (۲) بلا ارادہ ؛ بے مقصد ۔

Unwill : (v) (خواہش یا منشا کو) بدل دینا ؛ تردید کرنا ۔

Unwilled : (a) بے قصد ؛ بلا ارادہ ۔

Unwilling : (a) نا رضامند ؛ بے دل ؛ نا خوش ۔

Unwillingly : (adv.) نا رضامندی سے ۔

Unwillingness : (n) نا رضامندی ؛ نا خوشی ؛ بے دلی ۔

Unwilted : (a) (۱) بے مرجھایا ہوا ؛ جو خشک نہ ہوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) غیر پژمردہ ؛ جو بے جان اور کمزور نہ ہوا ہو ۔

Unwily : (a) سیدھا سادہ ؛ بھولا بھالا ؛ بے ریا ۔

Unwincing : (a) بے جھجك ؛ بے خوف ۔

Unwind : (v) (۱) (لپٹی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔ (۲) (لپٹی ہوئی چیز کا) کھلنا ۔ (۳) کھوج لگانا ۔ (٤) آزاد کرنا ۔ (٥) پُرسکون ہونا ؛ دھیما پڑنا ۔

Unwinding : (n) (۱) (لپٹی ہوئی چیز کا) کھلنا یا کھولا جانا۔ (۲) تلاش ؛ کھوج ۔

Unwindy : (a) جہاں تیز ہَوا نہ چلتی ہو ؛ پُر سکون ۔

Unwinged : (a) بے پر ۔

Unwinking : (a) جو پلك نہ جھپکاتا ہو ؛ یکساں طور پر مرکوز؛ چوکس ؛ ہوشیار ۔

Unwinnable : (a) جسے جیتا نہ جاسکے ؛ (خصوصاً) نہایت مستحکم ، مضبوط جس پر حملہ نہ ہوسکے ۔

Unwinning : (a) (۱) (شاذ) ہارنے والا ؛ جو جیت نہ سکے ؛ جس کی ہار ہو ۔ (۲) غیر دلکش ۔

Unwinnowed : (a) جسے بھوسا اڑا کر صاف نہ کیا گیا ہو ؛ بے اُسایا ہوا ۔

Unwiped : (a) بے پونچھا ہوا ؛ داغدار ؛ دھبے پڑا ۔

Unwired : (a) بے تار لگایا خصوصاً جس میں بجلی کے تار نہ لگائے گئے ہوں ۔

Unwisdom : (n) بیوقوفی ؛ نا عاقبت اندیشی ؛ غیر دانشمندی۔

Unwise : (a) (۱) غیردانشمند ؛ بیوقوف؛ نا عاقبت اندیش ۔ (۲) غیر دانشمندانہ ؛ حماقت کا ؛ ناعاقبت اندیشانہ ۔

Unwisely : (adv.) حماقت سے ؛ نا عاقبت اندیشی سے؛ غیر دانشمندانہ طور پر ۔

Unwiseness : (n) بیوقوفی ؛ نا عاقبت اندیشی ؛ نادانی؛ حماقت ۔

Unwish : (v) (۱) (اپنی کسی خواہش کو) واپس لینا یا منسوخ کرنا ۔ (۲) کسی چیز کے نہ ہونے کی خواہش کرنا ؛ کسی چیز کی ہلاکت یا فنا کی خواہش کرنا ۔

Unwished : (a) نا خواستہ ؛ غیر مطلوب ؛ جس کی خواہش نہ ہو ۔

Unwishful : (a) غیر آرزومند ؛ غیر خواہش مند ۔

Unwist : (a) (قدیم، متروک) بے جانا ہوا ؛ نا معلوم ۔

Unwitch : (v) (قدیم) جادو کے اثر سے آزاد کرنا ۔

Unwithdrawing : (a) واپس نہ لینے والا ۔

Unwithdrawn : (a) جو واپس نہ لیا گیا ہو ۔

Unwithered : (a) غیر پژمردہ ؛ جو مرجھایا نہ ہو ۔

Unwithering : (a) نہ مرجھانے والا ۔

Unwithstood : (a) جس کی مزاحمت نہ کی گئی ہو ؛ جس کا مقابلہ نہ کیا گیا ہو ۔

Unwitnessed : (a) (۱) بے دیکھا ؛ جو دیکھا نہ گیا ہو ۔ (۲) بے شاہد ؛ بے گواہ ؛ بے شہادت ۔ (۳) بے دستخط شاہد ؛ جس پر گواہ کے دستخط نہ ہوں ۔

Unwittily : (adv.) غیر بذلہ سنجی سے ؛ غیر نکتہ سنجی سے ۔

Unwitting : (a) نا دانستہ ؛ انجانا ؛ بے ارادہ ؛ بے قصد ۔

Unwittingly : (adv.) انجانے طور پر ؛ نادانستہ طور پر ؛ بے ارادہ طور پر ۔

Unwittingness : (n) (۱) نا دانستگی ؛ انجاناپن ۔ (۲) بےقصد و بے ارادہ ہونا ۔

Unwitty : (a) غیر بذلہ سنج ؛ غیر نکتہ سنج ؛ غیر ظریف الطبع ؛ مقطع ؛ غیر بذلہ سنجانہ ؛ غیر نکتہ سنجانہ ۔

Unwive : (v) بیوی کی حیثیت سے محروم کرنا ۔

Unwived : (a) مجرد ؛ بے بیوی ؛ بغیر بیگم ۔

Unwoman : (v) نسوانی یا زنانہ خصوصیات سے محروم کرنا ۔

Unwomanly : (a) غیر نسوانی ؛ غیرنسائی ؛ خلاف نسائیت؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف ۔

Unwomanly : (adv.) غیر نسائی طور پر ۔

Unwon : (a) غیر مفتوح ؛ بے جیتا ہوا؛ (عورت) جو حاملہ نہ ہوئی ہو ۔

Unwont : (a) (شاذ ، متروک) غیر عادی ۔

Unwonted : (a) (۱) خلاف معمول ؛ خلاف عادت ۔ (۲) غیرعادی؛ جو کسی چیز کا عادی یا خوگر نہ ہو ۔

Unwontedly : (adv.) خلافِ معمول طور پر ؛ خلافِ عادت طور پر ۔

Unwontedness : (n) خلاف معمول ہونا ؛ خلافِ عادت ہونا ؛ انوکھاپن ۔

Unwooded : (a) بے اشجار ؛ درختوں سے خالی ؛ جس میں جنگل نہ ہو ۔

Unwooed : (a) جس سے معاشقہ نہ کیا گیا ہو ؛ جس کو شادی کا پیغام نہ دیا گیا ہو ؛ جس کی طلب گاری نہ کی گئی ہو ۔

Unwordable : (a) جسے لفظوں میں بیان نہ کیا جاسکے ۔

Unworded : (a) بیان نہ کیا ہوا ؛ جسے الفاظ کا جامہ نہ پہنایا گیا ہو ۔

Unworkability : (n) نا قابلِ عمل ہونا ۔

Unworkable : (a) نا قابلِ عمل ؛ نہ چلنے والا ۔

Unworkableness : (n) دیکھو Unworkability

Unworked : (a) (۱) (چقماق) مصنوعی طریقے سے جس کی تراش خراش نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جسے استعمال میں نہ لایا گیا ہو ۔ (۳) جس میں یا جس پر عمل نہ ہوا ہو ۔

Unworking : (a) بے کار ؛ نکما ۔

Unworkmanlike : (a) جس میں اچھی کاریگری نہ ہو؛ خراب بنا ہوا؛ بھدا ۔

Unworld : (v) مادّی سطح سے اوپر اٹھانا ۔

Unworldliness : (n) دنیا سے بے تعلقی؛ روحانیت ۔

Unworldly : (a) (۱) غیر دنیوی؛ غیر ارضی ۔ (۲) روحانی ۔ (۳) دنیاوی معاملے میں جو ہوشیار نہ ہو ۔ (٤) جو مادی چیزوں (دولت وغیرہ) کا پجاری نہ ہو ۔

Unworn : (a) (۱) غیر فرسودہ؛ بے گھسا ہوا ۔ (۲) بے پہنا (کپڑا) ۔ (۳) تازہ؛ نیا؛ اصلی ۔

Unworried : (a) غیر متفکر؛ غیرپریشان؛ مطمئن؛ پُرسکون ۔

Unworshipful : (a) غیر معظم؛ غیر محترم ۔

Unworshipped/Unworshiped : (a) جس کی پرستش نہ کی گئی ہو ۔

Unworshipping/Unworshiping : (a) پرستش نہ کرنے والا ۔

Unworth : (a) (۱)بے کار؛ مہمل؛ بے مصرف؛ بے قدر و قیمت ۔ (۲) شرمناک ؛ ذلیل ؛ گرا ہوا ؛ ذلت آمیز ۔ (۳) غیر مستحق؛ ناسزاوار؛ نااہل ۔ (٤) بے جا ۔

Unworth : (n) نا اہلی؛ نالائقی (کسی چیز کا) مستحق یا سزا وار نہ ہونا ۔

Unworthily : (adv.) (۱) بے استحقاق کے؛ بے اہلیت کے ۔ (۲) نااہلی سے؛ نالائقی سے ۔ (۳) شرم ناک طور پر؛ ذلت آمیز طور پر ۔ (٤) بیجا طور پر ۔

Unworthiness : (n) (۱) بے کار ہونا؛ بے قدر و قیمت ہونا؛ مہمل ہونا ۔ (۲) شرمناک ہونا؛ گرا ہوا ہونا؛ ذلیل ہونا ۔ (۳) غیر مستحق ہونا؛ ناسزاوار یا نااہل ہونا ۔ (٤) بے جا ہونا ۔

Unworthy : (a) دیکھو Unworth

Unworthy : (n) نا اہل شخص ۔

Unwound : (a) (۱) بے کوک دی ہوئی (گھڑی) ۔ (۲) کھلا ہوا؛ بےلپٹا ہوا ۔

Unwoundable : (n) جس کو زخم نہ پہنچایا جاسکے ۔

Unwounded : (a) زخم سے محفوظ؛ بغیر زخم کا؛ صحیح و سالم ؛ مسلم ۔

Unwoven : (a) بے بُنا ۔

Unwrap : (v) (لپٹی یا تہ کی ہوئی چیز کو) کھولنا ۔

Unwreaked : (a) جس کا بدلا یا انتقام نہ لیا گیا ہو؛ بن لیا (انتقام)؛ بغیر عمل میں آیا ہوا ۔

Unwreathe : (v) لپٹی ہوئی چیز کو کھولنا ۔

Unwreathed : (a) بے مکٹ؛ جو ریشم یا پھولوں کا ہار نہ پہنے ہو؛ بغیر ہار پہنے ہوئے ۔

Unwrecked : (a) (جہاز خصوصاً) جو تباہ و برباد نہ ہوا ہو؛ جو طوفان کی زد میں نہ آیا ہو ؛ جو غرق نہ ہوا ہو ۔

Unwrench : (v) کھولنا ۔

Unwrenched : (a) کھولا ہوا ۔

Unwrested : (a) (۱) بغیر توڑا مروڑا ہوا ۔ (۲) (واقعات، عبارت وغیرہ) جسے مسخ کرکے بیان نہ کیا گیا ہو؛ جسے مسخ نہ کیا گیا ہو؛ کھینچ تان کر جس کا غلط مطلب نہ نکالا گیا ہو ۔

Unwrinkle : (v) شکن مٹانا؛ دور کرنا؛جُھرّی دور کرنا؛ مٹانا ۔

Unwrinkled : (a) بے شکن؛ بے جُھرّیوں کا؛ جس پر جُھرّیاں نہ پڑی ہوں ۔

Unwrite : (v) مٹانا؛ قلم زد کرنا ۔

Unwriteable/Unwritable : (a) ناقابل تحریر؛ جو تحریر میں نہ لایا جاسکے ۔

Unwritten : (a) (۱) غیر تحریری؛ غیر نوشتہ؛ بے لکھا ۔ (۲) (ورق، کاغذ وغیرہ) بغیر لکھا ہوا؛ سادہ ۔

Unwronged : (a) (۱) جس کے ساتھ ناانصافی یا تعصب نہ برتا گیا ہو؛ جس کے ساتھ بے دردی کا سلوک نہ کیا گیا ہو؛ جو ستایا نہ گیا ہو؛ جس کے ساتھ کوئی زیادتی نہ کی گئی ہو ۔ (۲) جس پر غلط الزام نہ دھرا گیا ہو؛ جسے برا یا قصوروار نہ سمجھا گیا ہو ۔ (۳) جسے ٹھگا نہ گیا ہو؛ جسے دھوکا نہ دیا گیا ہو ۔

Unwrought : (a) (۱) نامکمل؛ ناتمام ۔ (۲) خام؛ ناساختہ؛ بے بُنا ہوا ۔ (۳) (کان کنی) بغیر معدنیات نکالی ہوئی؛ جس میں سے معدنیات نہ نکالی گئی ہوں ۔

Unwrung : (a) جس پر کوئی اثر نہ ہو؛ بے مروڑا ہوا ۔

Unyeaned : (a) نازائیدہ؛ جو پیدا نہ ہوا ہو (خصوصاً میمنا، بھیڑ کا بچہ) ۔

Unyielded : (a) جس نے سر تسلیم خم نہ کیا ہو؛ جس نے (کسی کی) بات نہ مانی ہو؛ جو دبا نہ ہو؛ نہ دبنے والا ۔

Unyielding : (a) (۱) سخت؛ کڑا؛ بے لوچ ۔(۲) نہ دبنے والا ؛ اپنی رائے میں سخت؛ ضدی؛ خود رائے؛ ضد کا؛ خود رائی کا ۔

Unyieldingly : (adv.) بے لوچ طریقے سے ؛ سختی سے ؛ خودرائی سے؛ ضد سے ۔

Unyieldingness : (n) بے لوچ پن ؛ سختی ؛ کڑا پن ؛ ضد ؛ خود رائی ؛ خودرائے ہونا ۔

Unyoke : (v) (۱) (جانوروں کو) جوئے سے الگ کرنا ۔ (۲) محکومی اور چیرہ دستی، ظلم و استبداد سے آزاد کرنا یا نجات دلانا ۔ (۳) علاحدہ کرنا؛ الگ کرنا ۔

Unyoked : (a) (۱) بے جتا ہوا؛ جوئے میں نہ لگا ہوا؛ (مجازاً) بے قابو؛ آزاد؛ بے مہار ۔ (۲) جوئے سے الگ کیا ہوا؛ محکومی اور ظلم سے نجات دلایا ہوا یا نجات پایا ہوا ۔

Unzealous : (a) غیر سرگرم؛ بے جوش؛ جو سرگرمی اور جوش سے خالی ہو ۔

Unzealously : (adv.) غیرسر گرم طریقے سے؛ بغیر جوش اور ولولے کے ۔

Unzip : (v) (۱) (زپ کو) کھولنا ۔ (۲) (زپ کھینچ کر جیب، تھیلے اور بیگ وغیرہ کو) کھولنا؛ زپ کے سہارے جیب ، تھیلے وغیرہ کا کھلنا ۔

Unzipper : (v) دیکھو Unzip

Unzoned : (a) (۱) جس کی حد بندی نہ کی گئی ہو؛ بغیر حد بندی کا؛ جس کی حدود کا تعین نہ کیا گیا ہو؛ (جغرافیہ) منطقہ ۔ (۲) (قدیم) بے پٹکا؛ بے گھیرا؛ غیر محدود ۔

- uous : (suffix) لاحقہ بمعنی "نما" "کی طرح کا" "دار" ۔

Up : (n) (۱) اونچ؛ فراز؛ بلندی؛ اونچائی ۔ (۲) عروج؛ ترقی ۔ (۳) (قیمت یا قدر میں) اضافہ؛ چڑھاؤ ۔ (٤) اپ ٹرین ۔

Up : (a) (۱)(خطہ یا اس کے رہنے والے) اونچا؛بلند ۔ (۲) (ریل گاڑی یا بس) اوپر یا بلندی کو جانے والی؛ اوپر یا اونچائی پر جانے والی ریل گاڑی سے متعلق ۔ (۳) (شراب، بیر، سوڈا واٹر وغیرہ) پُرجوش؛ کھدبُد کرنے والا ۔ (٤) (مجازاً) پرجوش؛ زندہ دل؛ بشاش؛ شگفتہ ۔ (٥) مائل بہ فراز؛ چڑھتا ہوا؛ اوپر کا؛ اوپر کی طرف کا ۔ (٦) کھڑا ہوا (اور تقریر کرتا ہوا) ۔

Up : (v) (۱) (بطخ وغیرہ کو) نشان لگانے کے لئے ہانکنا ۔ (۲) (اسلحہ) اٹھانا (خصوصاً کندھے پر یا کندھے تک) ۔ (۳) (بحری) کشتی یا جہاز کے پتوار یا مچھلی پکڑنے کے بڑے جال کو اٹھانا ۔ (٤) کھڑا ہونا؛ اٹھنا؛ بستر سے اٹھنا ۔ (٥) بڑھانا (دام، قیمت، تنخواہ وغیرہ) ۔

To up and (do something) : یکایک یا دلیری سے کچھ کرنے لگنا ۔

To up and down : باری باری اٹھنااور گرنا ۔

To up with : (اسلحہ وغیرہ) اٹھانا؛ بلند کرنا ۔

Up : (adv.) (۱) اوپر؛ اوپر کو؛ اوپر کی طرف؛ اوپر تک ۔ (۲) سطح زمین سے کچھ بلند ۔ (۳) گھوڑے پر ۔ (٤) کسی اہم مقام کو ۔ (٥) ہوا کے رخ ۔ (٦) نیچے سے اوپر کے درجے کو ۔ (۷) بلند تر اخلاقی یا روحانی سطح کی جانب ۔ (۸) انبساط یا عزم صحیح کی جانب ۔ (۹) عمل، حرکت، بل چل اور جوش کی حالت میں ۔ (۱۰) اپنے پاؤں پر ۔ (۱۱) پختگی یا مہارت کی جانب ۔ (۱۲) اتنا بلند کہ سنا جاسکے ۔ (۱۳) مجسٹریٹ کے سامنے یا رو برو ۔ (١٤) تکمیل یا انجام کی جانب ۔ (۱٥) ڈھک لینے یا ملفوف کرلینے کے طور پر ۔ (١٦) خلا میں یا ہوا میں (معلق) ۔ (۱۷) (چاند، سورج وغیرہ) افق سے نمودار ۔ (۱۸) استادگی کی حالت میں؛ کھڑا ہوا ۔ (مجازاً) : (۱) انتشار یا ابتری کی حالت میں ؛ بغاوت کی حالت میں ۔ (۲) اضطراب، ابھار یا اعتماد کی حالت میں ۔ (۳) ترقی، ارتقاء، رواج یا انجام دہی کی حالت میں ۔ (٤) (شاذ) جس کا بڑا چرچا ہو ۔ (٥) (روز مرہ) ہوتا ہوا؛ جو ہو رہا ہے (ناخوشگوار اور معمول کے خلاف واقعہ کے طور پر) ۔ (٦) کسی سے لڑائی یا جھگڑے کی حالت میں؛ کشیدگی کی حالت میں ۔ (۷) مکمل؛ ختم؛ برخاست (اسمبلی وغیرہ) ۔ (۸) ناخواستہ اور بے نتیجہ انجام کو ۔ (۹) مقام، عہدہ یا قیمت میں بلند تر ۔ (۱۰) قوت میں بڑھا ہوا؛ عمل کے لئے تیار ۔ (۱۱) تعداد، قدر و قیمت اور بھاؤ میں بڑھا ہوا ۔ (۱۲) حریف یا مقابل سے آگے ۔ (۱۳) فروخت کے لئے لگایا ہوا یا پیش کردہ ۔

A hundred up : سو نمبر ہوگئے (کسی کھیل میں نمبروں کے تختے پر) ۔

All up : بالکل ختم ۔

Beer is up : بیر (شراب) کی تیزی جاتی رہی ۔

Eat up : سموچا کھا جانا ۔

His blood is up : اس کو غصہ یا جوش آگیا ۔

Is up against a hard job : سخت کام سے سابقہ ھے ۔

It is all up with him : اس کی حالت مایوسی کی ھے ۔

It is up to us : یہ ہمارا کام ھے؛ یہ ہم پر ھے؛ یہ ہمارے ذمے ھے ۔

Live up to his income : وہ اپنی ساری آمدنی خرچ کر دیتا ھے ۔

Not up to much : جو بڑی صلاحیت، اہمیت یا قیمت کا نہ ھو ۔

Not up to travelling : سفر کے قابل نہیں؛ سفر کرنے کے لائق نہیں ۔

Parliament is up : پارلیمنٹ برخاست ھو گئی ۔

Speak up : زور سے بولو ۔

Time is up : وقت پورا ھو گیا ۔

What is up : کیا ھے ؟ کیا ھو رہا ھے ؟

Up : (prep.) (۱) اوپر کی طرف؛ اوپر کو ۔ (۲) (ندی وغیرہ کے) منبع کی جانب ۔ (۳) کسی دور دراز علاقے کی جانب یا میں؛ کسی کمرے کے آخری سرے کی طرف یا تک ۔ (٤) کسی گلی، سڑک، شہر، راستہ یا لکیر کے دوسرے سرے تک یا اس کی جانب ۔ (٥) بلند تر مقام پر یا دور دراز حصے میں ۔ (٦) چوٹی پر؛ سطح زمین سے بلند ۔

Up - : (prefix) دیگر الفاظ کے ساتھ بطور سابقہ آتا ھے؛ ان تمام معنوں میں جن معنوں میں متعلق فعل up (adv.) آتا ھے ۔

Up-a-daisy : (int.) (بولی یا روز مرہ) ہمت بندھانے کے لئے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں جب وہ گر جاتا ھے یا جب اسے ہاتھ میں لے کر اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Up against : (a) (مشکلات وغیرہ سے) دوچار ۔

To knock or run up against : اچانک ملاقات ھو جانا ۔

Up-anchor : (v) لنگر کو تولنا؛ ہاتھ میں لے کر اس کے وزن کا اندازہ کرنا ۔

Up-and-comer : (n) ھونہار شخص؛ جو ترقی کی جانب تیزی سے گام زن ھو اور جس کا مستقبل امید افزا ھو ۔

Up and coming : (a) فعال؛ چوکس؛ آمادہ؛ جو کھم اٹھانے والا؛ ھونہار؛ ترقی کی جانب گامزن ۔

Up and down : (adv.) (۱) آگے پیچھے؛ ادھر ادھر؛ اوپر نیچے؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ (۲) پورا پورا؛ اوپر سے نیچے تک؛ ہر طرح سے ۔ (۳) (بحری) عمودی حالت میں ۔ (٤) (روز مرہ) بد تمیزی سے؛ منہ پھٹ طریقے سے؛ دو ٹوک طور پر ۔

Up and down : (prep.) (۱) آگے پیچھے ۔ (۲) باری باری سے (کبھی کسی پہاڑی وغیرہ کے اونچے حصے پر اور کبھی نچلے حصے پر) ۔ (۳) کسی چیز میں یا کسی چیز پر؛ یہاں وہاں ۔

Up-and-down : (a) (۱) اٹھتا گرتا ھوا؛ کبھی بلند اور کبھی پست ھوتا ھوا ۔ (۲) عمودی؛ (جو ڈھلواں یا افق کے متوازی نہ ھو) ۔ (۳) صاف؛ سیدھا؛ واضح؛ دو ٹوک ۔ (٤) اوبڑ کھابڑ؛ غیر مسطح؛ اونچا نیچا؛ ناہموار ۔

Up and down : (n) (۱) اتار چڑھاؤ؛ اٹھنا گرنا (خصوصاً مجازی معنوں میں) ۔ (۲) لہردار سطح یا نشان ۔ (۳) ایک سرسری جائزہ لینے والی نگاہ ۔

Up a tree/Up the pole/Up the sport : ضیق میں؛ مشکل میں؛ پریشانی میں؛ تنگی میں ۔

Up coast : (a) ساحل سے دور اور بلندی پر واقع ۔

Up-country : (n) ملک کا اندرونی یا دور دراز علاقہ ۔

Up-country : (a) ملک کے اندرونی یا دور دراز علاقے کا؛ ملک کے اندرونی علاقے والا؛ ملک کے اندرونی علاقے میں واقع ۔

Up-country : (adv.) ملک کے اندرونی علاقے کی طرف ۔

Up-draw : (v) اوپر کھینچنا ۔

Up-draw : (n) اوپر کی طرف یا اوپر کی جانب کھینچاؤ یا کھینچا جانا ۔

Up-end/Upend : (v) (۱) سیدھا کھڑا کرنا ۔ (۲) الٹ دینا ۔ (۳) اساسی طور پر متاثر کرنا ۔ (٤) کھڑا ہونا ۔

Up-grade : (n) (۱) چڑھائی ۔ (۲) اضافہ؛ زیادتی؛ بیشی ۔ (۳) ترقی؛ اچھی حالت کی جانب اُٹھان ۔

On the up-grade : رو بہ ترقی؛ مائل بہ عروج ۔

Up-grade : (adv.) بلند تر سطح یا چڑھائی کی جانب ۔

Up-grade : (v) (۱) اونچے درجے کا کرنا ۔ (۲) عہدے میں بڑھا دینا (کہ اسے زیادہ اجرت ملے) ۔

Up-headed : (a) سر کو بالکل سیدھا رکھتے ہوئے (جو سر کو جھکائے ہوئے نہ ہو) ۔

Up-in : (adv.) (روز مرہ) (کسی چیز میں) ماہر ۔

Up in arms : لڑنے کی لئے مستعد ۔

Up-tempo : (n) (موسیقی یا جاز کی) تیز دھن ۔

Up-till : (prep.) (وقت کے سلسلے میں) تک؛ تا ۔

Up-tilt : (v) اوپر کو اٹھانا ۔

Up to : (a) (۱) کرنے یا سمجھنے کے لائق؛ مناسب اور اس کام کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (۲) ماہر تیار؛ مستعد ۔ (۳) معیار یا مقدار میں برابر؛ ہم پلہ ۔

Up to : (prep.) (۱) (جگہ، سطح، نقطہ، وغیرہ) تک ۔ (۲) (گنجائش کے معنی میں) حد تک ۔ (۳) (دن، تاریخ، وقت، لمحہ) تک (اٹھن اسکول کی) ۔

Up to : (adv.) (اصطلاح میں) درجے میں فلاں ماسٹر کے ۔

Up to date : (adv.) (۱) موجودہ وقت تک؛ اس وقت تک ۔ (۲) جدیدترین معلومات اور وسائل وغیرہ کے ساتھ ۔ (۳) وقت کے ساتھ ۔

Up-to-date : (a) نیا : جدید (شخص) جو جدید ترین معلومات، فیشن یا روش سے ہم آہنگ ہو؛ جس میں جدید طریقوں اور وسائل سے کام لیا جاتا ہو ۔

Up-to-deteness : (n) نیاپن؛ جدید ترین ہونا؛ جدید ترین معلومات؛ فیشن یا روش سے ہم آہنگی ۔

Up to snuff : (عامیانہ) خاصاً ہوشیار؛ چلتا پرزہ ۔

Up to mark : (a) معیار پر پورا اترنے والا ۔

Up-to-the-minute : (a) بالکل جدید؛ جدید ترین؛ جو جدید فیشن، ایجاد، علم یا ترقیات پر مبنی ہو ۔

Up town/Up-town/Uptown : (adv.) کسی شہر کے شمالی حصے میں، کی طرف یا تک؛ کسی شہر کے رہائشی علاقے میں، کی طرف یا تک ۔

Up-town/Uptown : (a) (۱) کسی شہر کے شمالی حصے میں واقع؛ کسی شہر کے شمالی حصے کا ۔ (۲) کسی شہر کے رہائشی علاقے میں واقع یا کسی شہر کے رہائشی علاقے کا ۔

Up-town : (n) (۱) کسی شہر کا شمالی حصہ ۔ (۲) کسی شہر کا رہائشی علاقہ ۔

Up-towner : (n) کسی شہر کے شمالی حصہ یا رہائشی علاقے کا رہنے والا ۔

Up-wind/Upwind : (adv.) ہوا کی مخالف سمت میں ۔

Up-wind : (n) مخالف سمت یا رخ میں بہنے والی ہوا ۔

Up-wind : (a) جس طرف سے ہوا آ رہی ہو اسی رخ کا؛ ہوا کے مخالف رخ کا ۔

Up-with : (a) ہم سطح ۔

Upanished/Upanisad : (n) سنسکرت میں ایسے رسالے جو فلسفیانہ اور مابعد الطبیعاتی مسائل سے متعلق ہیں اور جو ویدوں کے عہد کے ادب کا ایک حصہ ہیں ۔

Uparise : (v) اٹھنا؛ اٹھ کھڑے ہونا؛ اٹھ پڑنا؛ بستر سے اٹھنا؛ پھر زندہ ہو جانا؛ قبر سے اٹھنا؛ ابھرنا؛ پیدا ہونا؛ نکلنا : اوپر اٹھنا؛ چڑھنا ۔

Uparising : (a) اوپر اٹھتا ہوا؛ ابھرتا ہوا ۔

Upas : (n) [Malay] (۱) یوپاس (یوپس)؛ ملک جاوا کا ایک درخت جس میں سے ایک طرح کا عرق نکلتا ہے جس سے تیر زہر آلود کئے جاتے ہیں؛ اگلے وقتوں میں یہ عقیدہ تھا کہ اس درخت کے قریب جو چیز آجائے گی اسے زہر لگ جائےگا ۔ (۲) ایسے درختوں سے حاصل کردہ زہریلا رس یا زہر ۔ (۳) (مجازاً) مہلک اثر زہر؛ مہلک یا مضر فعل ۔

Upbear : (v) اوپر اٹھائے رکھنا؛ سنبھالے رکھنا ۔

Upbearing : (n) اوپر اٹھائے رکھنے اور سنبھالے رکھنے کا عمل ۔

Upbeat : (n) (موسیقی) آہستہ اور ہلکی ضرب خصوصاً آخری ۔

Upbeat : (a) رجائی؛ انبساط و رجائیت سے مملو ۔

Upbend : (n) اسکی (Ski) کا اگلا حصہ جو اوپر کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے ۔

Upblast : (n) جھونکا یا دھمک جس کا زور اوپر کی جانب ہو ۔

Upblaze : (v) بھڑک اٹھنا ۔

Upblow : (v) پھونکنا؛ دھونکنا ۔

Upblown : (a) پھلایا ہوا ۔

Upboil : (v) کھولا ڈالنا؛ ابال لینا ۔

Upbraid : (v) [Late OE. 'upbredan'.] لعنت ملامت کرنا؛ سرزنش کرنا؛ جھڑکنا ۔

Upbraider : (n) سرزنش کرنے والا؛ لعنت ملامت کرنے والا ۔

Upbraiding : (n) لعنت ملامت؛ سرزنش؛ جھڑکیاں ۔

Upbraiding : (a) ملامت آمیز ۔

Upbraidingly : (adv.) سرزنش کے طور پر ۔

Upbreak : (v) توڑ ڈالنا؛ کھول ڈالنا ۔

Upbreak : (n) کسی چیز کا پھٹنا ۔

Upbreathe : (v) (باہر کو) سانس چھوڑنا ۔

Upbrimming : (a) لبریز؛ لبالب؛ چھلکتا ہوا ۔

Upbringing : (n) پرورش و پرداخت اور تعلیم و تربیت ۔

Upbubbling : (n) بلبلے کی طرح اوپر نکلنا ۔

Upbuild : (v) بنانا؛ بنا ڈالنا؛ تعمیر کرنا ۔

Upbuilder : (n) تعمیر کرنے والا؛ بنانے والا ۔

Upbuoy : (v) (۱) (مجازاً) ابھارنا (ہمت وغیرہ) ۔ (۲) سطح آب پر ابھارنا ۔

Upcall : (v) پکارنا ۔

Upcast : (n) (۱) (شاذ) ناگہانی؛ اتفاق ۔ (۲) (اسکاٹ لینڈ) ملامت؛ لعن طعن ۔ (۳) (کان کنی اور ارضیات) پرت یا درز کا اوپر اٹھ جانا؛ اس سے پیدا ہونے والا نقص ۔ (٤) (کان کنی) ہوا کے باہر نکلنے کا راستہ ۔ (٥) وہ چیزیں جو کھودنے میں باہر پھینکی جاتی ہیں ۔

Upcast : (a) (آنکھ یا نظر) اوپر کی جانب اٹھی ہوئی؛ اوپر مڑی ہوئی ۔

Upcast : (v) اوپر پھینکنا ۔

Upcasting : (n) اوپر پھینکا جانا ۔

Upcheck : (n) کسی جانچ میں اطمینان بخش کامیابی خصوصاً طیارے کی آزمائشی پرواز میں ۔

Upchoked : (a) جس کا گلا گھونٹ دیا گیا ہو ۔

Upchuck : (v) الٹی کر دینا؛ قے کردینا ۔

Upclimb : (v) اوپر چڑھنا ۔

Upclimber : (n) اوپر چڑھنے والا ۔

Upclose : (v) بند کرنا ۔

Upcome : (n) (۱) (کسی شخص کی)ظاہر وضع قطع اور شکل و صورت ۔ (۲) نتیجہ؛ حاصل ۔

Upcoming : (n) عمل میں آنا؛ معرض عمل میں آنا ۔

Upcoming : (a) معرض عمل میں آنے والا ۔

Upcreeping : (a) اوپر کی جانب رینگتا ہوا؛ اوپر کو چڑھتا ہوا ۔

Upcropping : (n) ابھار؛ ظہور؛ سر اٹھانا؛ باہر نکلنا ۔

Upcurl : (v) اوپر موڑنا؛ اوپر کی طرف موڑنا ۔

Upcurve : (n) بالائی خم؛ اوپر کا خم ۔

Upcurved : (a) اوپر کی جانب مڑا ہوا ۔

Update : (v) جدید بنانا؛تجدید کرنا؛ جدید معلومات، ایجادات، فیشن اور دیگر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ۔

Updated : (a) جدید معلومات وایجادات وغیرہ سے ہم آہنگ ۔

Updater : (n) جدید بنانے والا؛ جدید معلومات و ایجادات سے ہم آہنگ کرنے والا ۔

Updraft : (n) اوپر کی طرف ہوا یا کسی دوسری گیس کی حرکت ۔

Updraft kiln : (n) ایک عمودی بھٹی جس سے ہو کر حرارت اوپر کی جانب نکلے ۔

Updrag : (v) اوپر کھینچنا یا گھسیٹنا ۔

Uperization : (n) (دودھ کا) بہت تھوڑی دیر کے لئےنسبتاً تیز آنچ پر گرم کیا جانا تاکہ اتلاف جراثیم ہو جائے ۔

Uperize : (v) (دودھ کو) بہت تھوڑی دیر کے لئے نسبتاً اونچی حرارت پر گرم کرنا تاکہ اتلاف جراثیم ہو جائے ۔

Upeygan : (n) کالا گینڈا ۔

Upfeed : (a) جس میں گرم پانی وغیرہ اوپر کی طرف جائے۔

Upfill : (v) بھر دینا ۔

Upfitter : (n) (۱) لکڑی کے فرنیچر میں کناری، جھالر وغیرہ لگانے والا ۔(۲) ڈبا، بٹنی، صندوقچہ وغیرہ میں ڈھکن لگانے والا ۔(۳) قلابہ، قبضہ وغیرہ لگانے کا کام کرنے والا ۔(٤) موٹر گاڑیوں کے دروازوں میں دستہ اور اس کے ڈھانچے پر لوہے وغیرہ کا سامان لگانے والا ۔

Upflare : (n) شعلے کا بھڑک اٹھنا ۔

Upflashing : (a) شعاع اور چمک بکھیرتا ہوا ۔

Upfling : (v) اوپر پھینکنا ۔

Upflung : (a) اوپر پھینکا ہوا ۔

Upflow : (n) اوپر کے رخ بہاؤ ۔

Upfly : (v) اڑ جانا ۔

Upfold : (v) تہ کر لینا ۔

Upfold : (n) پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ جس میں پتھروں کے طبقات ایک دوسرے کے مخالف سمت میں مائل ہوں اور مختلف سمتوں میں ڈھلاؤ رکھتے ہوں ۔

Unfurled : (a) اوپر کے رخ سمٹا ہوا؛ اوپر کےرخ ٹھہرا ہوا ۔

Upgang : (n) (اسکاٹ لینڈ) چڑھائی ۔

Upgather : (v) مجتمع کرنا؛ اکٹھا کرنا ۔

Upglide : (n) اوپر کے رخ ہونے والی خفیف حرکت ۔

Upgliding : (a) (ایسا جڑواں مصوتہ)جس کی ادائیگی میں زبان نیچے سے اوپر کی طرف خفیف سی حرکت کرے ۔

Upgo : (v) چڑھنا ۔

Upgo : (n) چڑھائی ۔

Upgrowth : (n) (۱) نشوونما؛ ترقی؛ ارتقاء؛ بالیدگی؛ ابھرنا ۔(۲) وہ چیز جو ابھرے یا نشو و نما پائے ۔

Upgushing : (a) اوپر کو اُبلتا ہوا؛ اوپر کو اُچھلتا ہوا ۔

Upgushing : (n) اوپر کو اُبلنا؛ اوپر کےرخ اُبال ۔

Uphang : (v) لٹکانا؛ ٹانگنا؛ معلق کرنا ۔

Upheaped : (a) ڈھیر لگایا ہوا؛ انبار کیا ہوا ۔

Upheaval : (n) (۱)(طبق) (زمین کا) اُتھل پتھل:تہ و بالا یا الٹ پلٹ ہونا ۔ (۲) (جغرافیہ) تراکم : ابھار ۔ (۳) (سماجیات) انقلاب عظیم؛ اتھان : تغیر عظیم (خصوصاً معاشرتی یا سیاسی)۔

Upheavalist : (n) ایسا شخص جس کا نظریہ ہو کہ ارضیاتی تبدیلیاں زمین کے الٹ پلٹ ہونے سے ہوتی ہیں ۔

Upheave : (v) (۱) اوپر اٹھانا ۔ (۲) (طبق) (خصوصاً) اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکنا ۔ (۳) (مجازاً) الٹ پلٹ کر دینا؛ درہم برہم کردینا ۔(٤) اٹھنا؛ زور سے اوپر اٹھنا ۔

Upheaved : (a) (۱) اوپر اٹھایا ہوا ۔(۲) جسے اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکا گیا ہو ۔

(۳) جسے الٹ پلٹ کردیا گیا ہو؛ جسے درہم برہم کر دیا گیا ہو۔

Upheavement : (n) دیکھو Upheaval

Upheaver : (n) اوپر اٹھانے والا؛ اوپر کی طرف زور سے اور جھٹکے سے پھینکنے والا؛الٹ پلٹ کرنے والا؛ درہم برہم کرنے والا ؛ شدید طور پر شورش پیدا کرنے والا۔

Upheaving : (n) (۱)(طبق) اوپر کی جانب زور سے اور جھٹکے سے پھینکا جانا ۔ (۲) (مجازاً) الٹ پلٹ؛ خلل؛ شورش ۔ (۳) دھکے اور طاقت سے یکایک اوپر اٹھ جانا ۔

Upheaving : (a) اوپر کو اٹھتا ہوا؛ اوپر کی طرف طاقت اور جھٹکے سے پھینکتا ہوا ؛ الٹ پلٹ اور درہم برہم کرتا ہوا۔

Uphill/Up-hill : (n) اونچی اور کھڑی چڑھائی ۔

Uphill : (a) (۱) (شہر، مقام وغیرہ) بلند سطح پر واقع ۔ (۲) چڑھائی والا : اوپر کو چڑھتا ہوا ۔ (۳) مشکل ؛ دشوار ؛ سخت ؛ مشقت طلب ۔ (٤) مشکلات سے مقابلہ کرتا ہوا ۔

Uphill : (adv.) (۱) بلند تر سطح کی طرف ۔(۲) پہاڑی پر اوپر کی جانب؛ پہاڑ کے اوپر کو؛ بلندی کو؛ بلندی کی طرف ۔(۳) مشکلات کے باوجود ۔

Uphill and down dale : (a) (تلاش میں) چپا چپا ۔

Uphillward : (adv.) بلند تر سطح کی جانب؛ پہاڑی کی بلندی کی طرف ۔

Uphold : (v) (۱) اوپر اٹھائے رکھنا؛ سیدھاکھڑا رکھنا؛ اٹھائے رہنا؛ سہارا دیتے رہنا ؛ ڈوبنے یا گرنے سے بچائے رکھنا ۔ (۲) حمایت کرنا؛ تائید کرنا ۔ (۳) روحانی سہارا دینا ۔ (٤) اچھی اور مناسب حالت میں برقرار رکھنا ۔(٥) اوپر اٹھانا؛ بلند کرنا ۔

Upholder : (n) (۱) (شاذ) فرنیچر یا گھر کے دیگر سامان آرائش کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔ (۲)(تاریخ) تجہیز و تکفین کا بندوبست کرنے والا؛ تابوت بردار ۔ (۳) حمایت کرنے والا؛ مدافعت کرنے والا؛ تائید کرنے والا ۔(٤) سہارا؛ اڑواڑ؛ ٹیک ۔

Upholster : (v) (۱) کمرے کو فرش، صوفے، پردے، فرنیچر اور دیگر سازو سامان سے آراستہ کرنا؛ سجانا؛ گدے وغیرہ پر غلاف چڑھانا ۔ (۲) فرش و فروش سے آراستہ کرنا اور صوفہ سازی کا کام کرنا ۔

Upholstered : (a) (۱) کمرہ جو پردے اورفرش وغیرہ سے آراستہ کردیا گیا ہو ۔ (۲) گدا جس پر غلاف چڑھا دیا گیا ہو ۔

Upholsterer : (n) (۱) کمرے کو فرش وغیرہ اور دیگر سازو سامان سے آراستہ کرنے والا؛ صوفہ ساز؛ گدا وغیرہ پر غلاف چڑھانے والا ۔ (۲) کمرے کی سجاوٹ کے سامان، مثلاً فرنیچر، پردہ، فرش و فروش بیچنے والا ۔

Upholsterer bee : (n) پتیوں کو کترنے والی شہد کی مکھی ۔

Upholsteress/Upholstress : (n) فرش و فروش بیچنے والی؛ صوفہ سازی وغیرہ کا کام کرنے والی؛ صوفوں، کرسیوں وغیرہ کے گدے پر غلاف بنانے والی ۔

Upholstering : (n) (۱) صوفے، پردے ، فرش،گدے ، غلاف وغیرہ بنانے یا فروخت کرنے کا کام ۔ (۲) کمرے کے ساز و سامان ؛ فرنیچر اور فرش فروش ۔ (۳) صوفوں اورکرسیوں کے گدے ، غلاف وغیرہ ۔ (٤) صوفہ سازی۔

Upholstery : (n) دیکھو Upholstering

Upholstery leather : (n) مویشیوں کا چمڑا جسے فرنیچر اور موٹرگاڑیوں کے گدوں میں بہ طور غلاف لگاتے ہیں ۔

Uphung : (a) لٹکایا ہوا؛ معلق ۔

Upkeep : (n) (۱) اچھی حالت میں رکھنا؛ نگہداشت؛ خبر گیری ۔(۲) اخراجات؛ نگہداشت کے مصارف ۔

Upkeep : (v) اچھی حالت میں بر قرار رکھنا ۔

Upkeeping : (a) اچھی حالت میں برقرار رکھنے والا ۔

Upland : (n) (۱) (قدیم) دیہی علاقہ؛ اندرونِ ملک ۔ (۲) پٹھار؛ سطح مرتفع؛ بلند حصہ ملک؛ زمین کا اونچا حصہ (خصوصاً جو سمندر سے دور ہو) ۔ (۳) زمین جس کی سطح سیلاب سے بلند ہو ۔

Upland : (a) (۱) بلندی پر واقع ۔(۲) گرد و پیش سے بلند ۔ (۳) اونچے مقام پر پیدا ہونے، رہنے اور پایا

جانے والا؛ پہاڑی علاقے کا ۔ (٤) (پانی) بلند تر علاقے سے بہنے والا ۔

Upland : (adv.) بلند تر اور اندرونی علاقوں میں ۔

Upland boneset : (n) شمالی امریکا کے جنوبی حصّے میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی جڑی بوٹی ۔

Upland cotton : (n) ایک قسم کی کپاس جو ریاستہائےمتحدہ امریکا کے گرم خطوں میں پیدا ہوتی ہے ۔

Upland cranberry : (n) دیکھو Bearberry

Upland cress : (n) ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں سلاد اور چٹنی میں استعمال ہوتی ہیں اور جس کے پھول پیلے ہوتے ہیں ۔

Upland goose : (n) ایک قسم کی بطخ جو پٹاگونیا اورفاک لینڈ جزائر میں پائی جاتی ہے ۔

Upland hickory : (n) ایک قسم کا لمبا اورسیدھا جنگلی درخت جو شرقی اور درمیانی ریاستہائے متحدہ امریکا کے تمام حصوں میں اُگتا ہے، خاص طور سے ایسے نشیبی علاقوں میں جہاں کی زمین مرطوب ہے ۔

Upland plover/-sandpiper : (n) شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں پایا جانے والا ایک قسم کا پرندہ جو اپنی عادت اور شکل و صورت میں پلوور سے مشابہ ہوتا ہے اور اس کی چھوٹی چونچ بھی اسی کی چونچ کے مانند ہوتی ہے ۔

Upland rice : (n) دھان جو آب پاشی کے بغیر زیادہ بارش والےعلاقوں میں اُگایا جائے ۔

Uplander : (n) پہاڑی علاقے کا رہنے والا؛ اونچے خطے کا باشندہ ۔

Uplay : (v) جمع کرنا؛ ذخیرہ کرنا؛ اکٹھا کرنا ۔

Upleap : (v) پھلانگنا؛ کود جانا؛ اوپر کو جست لگانا ۔

Upleap : (n) پھلانگ؛ چھلانگ؛ جست ۔

Uplift : (n) (١) اٹھان؛ ابھار؛ ارتفاع ۔ (٢) (خصوصاً) زمین کی سطح میں ابھار ۔ (٣) اخلاقی یا روحانی اثر؛ اخلاقی یا روحانی اصلاح یا ترقی؛ اخلاقی یا روحانی جوش ۔

Uplift : (v) (١) اوپر اٹھانا؛ بلند سطح پر لے جانا ۔ (٢) (شاذ) عزت؛ شہرت؛ منصب کی بلندی پر لے جانا ۔ (٣) روحانی طور پر بلند کرنا ۔ (٤) بلند کرنا (آواز، ترانہ ، حمد ، تعریف ، چیخ وغیرہ) ۔ (٥) (اسکاٹ لینڈ) کرایہ وغیرہ وصول کرنا؛ اجرت وصول کرنا ۔

Uplift/Uplifted : (a) بلند کیا ہوا؛ اونچا کیا ہوا؛ ترقی کو پہنچایا ہوا ۔

Uplifter : (n) اٹھانے والا؛ بلند کرنے والا؛ اونچا کرنے والا ۔

Uplifting : (n) بلند کیا جانا؛ اٹھایا جانا؛ ترقی؛ اصلاح ۔

Upliftment : (n) اصلاح؛ ترقی؛ اٹھان ۔

Uplock : (v) مقفل کرنا ۔

Uplock : (n) ہَوا ئی جہاز کے نزولی پہیوں کو مقفل کرنے کا ایک طریقہ ۔

Uplong : (n) ہوائی کی چکی (پون چکی)کے باد گیر کو مضبوط کرنے والی سلاخ یا ڈنڈا ۔

Uplook : (v) اوپر کو دیکھنا ۔

Uplook : (n) اوپر کی جانب دیکھنا؛ اوپر کی جانب نگاہ ۔

Uplooker : (n) اوپر کی جانب دیکھنے والا ۔

Uplying : (a) اونچی زمین پر واقع یا پیدا ہونے والا ۔

Upmaking : (n) تلافی؛ کسر پوری کرنا؛ کمی یا خامی کو دور کرنا ۔

Upmaking : (a) (اسکاٹ لینڈ) کسر پوری کرنے والا؛ کمی پوری کرنے والا؛ تلافی کرنے والا ۔

Upmost : (a) دیکھو Uppermost

Upness : (n) بلندی؛ سر بلندی؛ سرفرازی؛ اعلیٰ ہونا؛ بلندو بالا ہونا ۔

Upon : (prep.) (کسی جگہ یا چیز) پر ۔

Upper : (n) (١) (عموماً جمع) جوتے کا اوپری حصہ؛ جوتے کا تلے اور ایڑی سے اوپر کا حصہ ۔ (٢) ساق پوش (جو ایڑی سے ٹخنےتک پہنتے ہیں)؛ گیٹس؛ موزہ بند ۔ (٣) اوپری (جبڑا)؛ اوپر کے (دانت)؛

بالائی دندانی تختی (جس پر مصنوعی دانت جڑے ہوئے ہوتے ہیں) ۔

On one's uppers : معاشی بدحالی میں ہونا ۔

Upper : (a) (۱) اوپر کا؛ بالائی ۔ (۲) اونچے درجے کا؛ اعلیٰ؛ بلند تر ۔ (۳) (پوشاک) اوپر پہننے کی ۔ (٤) سطح زمین سے اوپر کا ۔

Upper class : (n) سماج کا اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ امراء ۔

Upper-class : (a) اعلیٰ طبقے کا؛ اعلیٰ طبقے کی خصوصیات رکھنے والا؛ طبقۂ امراء سے تعلق رکھنے والا ۔

Upper crust : (n) (۱) اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ امراء ۔ (۲) (ڈبل روٹی یا پانی کی) روٹی کی اوپری پرت ۔ (۳) (عامیانہ) آدمی کا سر ۔

Upper-crust : (a) اعلیٰ طبقے کا؛ طبقۂ امراء کی خصوصیات رکھنے والا؛ اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھنے والا ۔

Upper-cruster : (n) طبقۂ امراء کا فرد؛ اعلیٰ طبق کا شخص ۔

Upper-cut : (n) (مکّابازی) ٹھوڑی یا جبڑے کی چوٹ ۔

Upper-cut : (v) ٹھوڑی یا جبڑے پر مکّا مارنا کہ سر جھنجھنا جائے ۔

Upper deck : (n) (جہاز کا) بالائی عرشہ ۔

Upper hand : (n) بالادستی ؛ قابو؛ غلبہ ۔

Upper house /-chamber : (n) ایوان بالا (پارلیمنٹ یا اسمبلی وغیرہ کا)؛ ایوانِ خاص ۔

Upper leather : (n) (۱) جوتے یا بوٹ کے اوپری حصہ کا چمڑا ۔ (۲) چمڑا جو جوتے کا اوپری حصہ بنانے کے لئے مناسب ہو ۔

Upper limb : (n) سورج، چاند وغیرہ کا بالائی حصہ ۔

Upper lip : (n) اوپری ہونٹ ۔

Upper story : (n) (۱) (مکان یا عمارت کی) بالائی منزل ؛ بالاخانہ ۔ (۲) (عامیانہ) دماغ ؛ بھیجا ۔

Upper ten/-ten thousand : (n) سماج کے سب سے اعلیٰ طبقے کے لوگ ۔

Upper tendom : (n) (۱) سماج کا سب سے اعلیٰ طبقہ؛ طبقۂ اُمراء و شرفاء ۔

Upper transit : (n) (علم النجوم) عُبور اعلیٰ ۔

Uppermost : (adv.) (۱) سب سے برتر ۔ (۲) (اہمیت، منصب اور تسلسل کے اعتبار سے) سب سے اوّل و برتر ۔ (۳) سب سے آگے؛ حیثیت میں سب سے بڑھا ہوا ۔

Uppermost : (a) (۱) (مقام کے اعتبار سے) بلند ترین ۔ (۲) (پوشاک وغیرہ) سب سے بالائی؛ سب سے باہر کا ۔ (۳) (منصب، اہمیت اور تسلسل کے اعتبار سے) اولین؛ بلند ترین ۔ (٤) غالب ۔

Upperworks : (n) (۱) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصہ جو سطحِ آب سے اوپر رہتا ہے ؛ اوپری ڈھانچا ۔ (۲) (عامیانہ) دماغ؛ بھیجا ۔

Upperworld : (n) سماج کا وہ حصہ جو قانون کی پابندی کرتا ہے ۔

Upping : (n) (۱) بلند ہونے یا اوپر اٹھنے کا عمل ۔ (۲) بلند ہونے والا؛ اوپر اٹھنے والا ۔

Upping : (a) بڑھتا ہوا؛ چڑھتا ہوا؛ اوپر اٹھتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا ۔

Uppish : (a) (۱) تصنع اور احساسِ برتری سے بھرا ہوا؛ گستاخ؛ مغرور؛ متکبّرانہ ۔ (۲) تھوڑا سا اٹھا ہوا اور اوپر کی جانب مڑا ہوا ۔

Uppishly : (adv.) تصنع اور احساسِ برتری کے ساتھ؛ گستاخی سے؛ کبروںخوت سے ۔

Uppishness : (n) تصنع اور احساسِ برتری؛ کبرونخوت؛ گستاخی ۔

Uppity : (a) (روزمرّہ) احساسِ برتری میں مبتلا؛ متکبّر؛ مغرور؛ متکبّرانہ ۔

Upputting/Upput : (n) (اسکاٹ لینڈ) قیام گاہ؛ لاج (Lodge) ۔

Uppraise : (v) (۱) اوپر اٹھانا؛ بلند کرنا ۔ (۲) (گری ہوئی حالت سے) اٹھانا؛ اُداسی اور غم کی کیفیت سے نکالنا؛ مدد کرنا؛ ہمت بلند کرنا ۔ (۳) (شاذ) تعمیر کرنا؛ (مکان، عمارت وغیرہ) بنانا ۔

Upraised : (a) اوپر اٹھایا ہوا؛ بلند کیا ہوا؛ اداسی اور غم کی کیفیت سے نکالا ہوا؛ ہمت بلند کیا ہوا؛ (گری ہوئی حالت سے) اٹھایا ہوا ۔

Upraising : (a) اوپر اُٹھانے والا؛ بلند کرنے والا؛ ہمت بڑھانے والا؛ (گری ہوئی حالت سے) اُٹھانے والا؛ غم کی سطح سے بلند اُٹھانے والا ۔

Upraising : (n) اوپر اُٹھایا جانا؛ بلند کیا جانا؛ ہمت افزائی ۔

Uprear : (v) (۱) اٹھانا؛ اوپر اٹھانا ۔ (۲) تعمیر کرنا؛ بنانا ۔ (۳) عزت ومرتبے میں بلند کرنا ۔ (٤) اوپر اُٹھنا؛ بلند ہونا ۔

Upreared : (a) اٹھایا ہوا؛ بلند کیا ہوا؛ تعمیر کردہ؛ عزت و مرتبے میں بلند کیا ہوا ۔

Uprearing : (n) اوپر اٹھایا جانا؛ تعمیر ہونا؛ عزت ومرتبے میں بلند کیا جانا ۔

Upright : (a) [OE. 'upriht'.] (۱) بالکل سیدھا؛ کھڑا؛ عمودی؛ جوجھکا ہوا نہ ہو؛ انتصابی ۔ (۲) (مجازاً) راست باز؛ دیانت دار؛ ایمان دار؛ راست بازی کا ؛ دیانت داری کا؛ ایمان دارانہ ۔ (۳) (تعمیرات) تھم ۔

Upright : (n) (۱)عمودی حالت ۔ (۲) کوئی شےجوبالکل سیدھی یاعمودی حالت میں ہو؛ خصوصاً کسی ڈھانچے کے عمودی حصوں یا ٹکڑوں میں سے کوئی حصہ یا ٹکڑا ۔ (۳) پیانو جس کے تارعمودی ہوتے ہیں؛ عمودی پیانو ۔ (٤) ایک قسم کی بنسی (مچھلی پکڑنے کی) ۔ (۵) (عامیانہ) ایک قسم کا مشروب جس میں بیر اورجِن (Gin) ملا ہوا ہوتا ہے ۔

Upright : (adv.) عمودی طور پر اوپر کی جانب؛ کھڑے یا سیدھے اوپر کو ۔

Upright : (v) سیدھا کرنا؛ عمودی حالت میں کرنا ۔

Upright drill : (n) کھودنے والی مشین جس میں عمودی چھَڑ لگا ہوا ہو ۔

Upright piano : (n) عمودی پیانو؛ ایسا پیانُو جس کے تار عمودی ہوں ۔

Uprighteously : (adv.) راست بازی سے؛ دیانت داری سے؛ ایمان داری سے ۔

Uprighteousness : (n) راست بازی؛ دیانت داری؛ ایمان داری ۔

Uprightly : (adv.) (۱) راست بازی سے؛ ایمان داری سے؛ دیانت داری سے ۔ (۲) (شاذ) عمودی حالت میں ۔

Uprightness : (n) (۱) راست بازی؛ ایمان داری؛ دیانت داری ۔ (۲) عمودی حالت میں ہونا؛ بالکل کھڑا اور سیدھا ہونا ۔

Uprisal : (n) (۱) طلوع ہونا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۲) دیکھو Uprising ۔

Uprise : (n) (۱) پَو پھٹنا؛ سورج کا طلوع ہونا ۔ (۲) اوپر چڑھنا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۳) ترقی؛ اضافہ (اقتدار، منصب عزت اور دولت میں) ۔ (٤) وجود میں آنا یا منظرِ عام پر آنا ۔ (۵) زمین پر وہ حصہ جہاں سے اُبھار شروع ہوتا ہے ۔

Uprise : (v) (۱) اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ۔ (۲) بستر سے اٹھنا ۔ (۳) (سورج کے لئے) اُگنا؛ طلوع ہونا؛ نکلنا ۔ (٤) اوپر چڑھنا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۵) عالمِ اسفل سے آنا ۔ (٦) مردہ سےزندہ ہونا ۔ (۷) نیچے سے نگاہ کے سامنے آنا ۔ (۸) وجود میں آنا ۔

Uprisen : (a) (۱) اٹھ کر اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا؛ بستر سے اٹھا ہوا؛ طلوع شدہ ۔ (۲) اوپر اٹھا ہوا؛ نیچے سے نگاہ کے سامنے آیا ہوا ۔ (۳) عالمِ اسفل سے آیا ہوا ۔ (٤) وجود میں آیا ہوا؛ منصہء شہود پر آیا ہوا ۔

Uprising : (a) اٹھتا ہوا؛ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتا ہوا؛ بستر سے اٹھتا ہوا؛ طلوع ہوتا ہوا ؛ ترقی کرتا ہوا؛ اوپر چڑھتا ہوا؛ نیچے سے نگاہ کے سامنے آتا ہوا ۔

Uprising : (n) (۱) (شاذ) بغاوت؛ تحریکِ بغاوت ۔ (۲) بیٹھے جھکے یا لیٹے ہوئے حالت سے اٹھنا؛ بستر سے اٹھنا ۔ (۳) گرنے کے بعد اٹھنا ۔ (٤) طلوع ہونا؛ اوپر اٹھنا ۔ (۵) (شاذ) منصب اور اقتدار میں ترقی ۔ (٦) (شاذ) حیات بعد ممات؛ قبر سے اٹھنا؛ خواب اجل سے بیدار ہونا ۔ (۷) وجود میں آنا یا منصہء شہود پر آنا ۔

Upriver : (a) ندی کے منبع کے قریب واقع ۔

Upriver : (adv.) ندی کے منبع کی جانب ۔

Uproar : (n) [Du. 'oproer'.] (۱) (قدیم یا شاذ) بغاوت؛ بغاوت کی تحریک ۔ (۲) شور؛ ہنگامہ؛ غوغا؛ چیخ پکار ۔

In an uproar : کھلبلی، ہلچل یا شورش کی حالت میں ۔

Uproar : (v) (۱) شورش میں ڈالنا ۔ (۲) شور کرنا؛ غل مچانا ۔

Uproarious : (a) (۱) پُرغوغا؛ پرشور؛ ہنگامہ خیز ۔ (۲) حد درجہ قہقہہ خیز یا قہقہہ انگیز (کامیڈی وغیرہ)۔

Uproariously : (adv.) شوروغل کے ساتھ؛ شور مچاتے ہوئے؛ ہنگامہ خیزی سے ۔

Uproariousness : (n) پُر غوغا ہونا؛ ہنگامہ خیزی ۔

Uproll : (v) اوپر کی جانب لپیٹنا؛ لپیٹ کر گول یا بیلن جیسا بنانا ۔

Uproot : (v) (۱) اکھاڑنا؛ جڑ سے اکھاڑنا ۔ (۲) (مجازاً) بیخ کنی کرنا؛ استیصال کرنا؛ خاتمہ کرنا؛ بیخ وبن سے اکھاڑنا ۔

Uprooted : (a) (۱) جڑ سے اُکھاڑا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) خاتمہ کیا ہوا؛ جسے بیخ وبُن سے اُکھاڑ دیا گیا ہو؛ اپنی مستحکم جگہ سے ہٹایا ہوا ۔

Uprootedness : (n) جڑ سے اُکھڑا ہوا ہونا ۔

Uprooter : (n) جڑ سےاُکھاڑنے والا؛ خاتمہ کرنےوالا؛ استیصال کرنے والا ۔

Uprouse : (v) اُبھارنا؛ مشتعل کرنا؛ جوش میں لانا ۔

Uprush : (n) اوپر کی طرف تیز اور زور دار بہاؤ ۔

Uprush : (v) اوپر کی طرف تیزی اور زور سے بہنا یا دوڑنا ۔

Ups and downs : (n) (۱) نشیب وفراز؛ ناہمواری؛ اتارچڑھاؤ؛ انقلاب؛ تغیرِ حالات؛ گردش ۔

Upsaddle : (v) گھوڑے پر زین کسنا ۔

Upseeking : (a) ڈھونڈنے والا؛ ڈھونڈتا ہوا (اوپر کی جانب نگاہ کر کے)۔

Upsend : (v) اوپر کی جانب بھیجنا ۔

Upset : (n) (۱) کسی چیز کا اُلٹ جانا ۔ (۲) جسمانی یا دماغی گڑبڑی ؛ ذہنی بوکھلاہٹ ۔ (۳) جھگڑا؛ غلط فہمی۔

Upset : (a) (۱) (شاذ) تعمیر کردہ؛ قائم کردہ؛ (عمارت وغیرہ) اٹھائی ہوئی ۔ (۲) جذباتی طور سے پریشان؛ مضطرب؛ بوکھلایا ہوا؛ سراسیمہ ۔ (۳) اُلٹا ہوا؛ اوندھا ہوا ۔

Upset : (v) (۱) (مجازاً) زیروزبر کرنا؛ درہم برہم کرنا؛برباد کرنا ۔ (۲) پٹے ہوئے دھات کے چھڑ کے سرے پر ہتھوڑے مارنا (کہ وہ سکڑ جائے) ۔ (۳) الٹ دینا؛ اوندھا کرنا ۔ (٤) ذہنی طور سے بوکھلا دینا؛ گھبرا دینا؛ پریشان کرنا ۔ (٥) (کشتی، گاڑی وغیرہ کا) الٹ جانا؛ اوندھا ہونا ۔

Upset price : (n) کم سے کم قیمت جو نیلام یا فروخت کرنے والے نے مقرر کی ہو جس پر جائداد بیچی یا نیلام کی جائے گی ۔

Upsetter : (n) کسی چیز کو الٹ دینے والا؛ ابتری پیدا کرنے والا؛ گڑبڑی پیدا کرنے والا؛ بوکھلاہٹ اور اضطراب پیدا کرنے والا ۔

Upsetting : (n) (۱) کسی چیز کا الٹ جانا ۔ (۲) ذہنی بوکھلاہٹ ۔ (۳) ابتری ؛ گڑبڑی ؛ الٹ پلٹ ۔ (٤) بربادی؛ زیروزبر ہونا ۔

Upsetting : (a) ذہنی خلل پیدا کرنے والا؛ جذباتی طور پر پریشان کرنے والا ۔

Upshoot : (v) (۱) (کونپل اور شاخوں کا) پھوٹنا؛ بڑھنا ؛ نکلنا ۔ (۲) اوپر کی جانب زور سے نکلنا ۔

Upshoot : (n) (۱) تیز اور زوردار اخراج (اوپر کے رُخ)۔ (۲) (کونپل، شاخوں وغیرہ کا) پھوٹنا؛ نکلنا؛ بڑھنا۔

Upshot : (n) (۱)نتیجہ؛ حاصل؛ ماحصل ۔ (۲) خلاصہ؛لب لباب؛ نچوڑ۔

In the upshot : آخر میں؛ آخر کار ۔

Upsidaisy : (int.) Up-a-daisy کا متبادل ۔

Upside : (n) (۱) اوپری حصہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) قیمتوں اورتمسکات میں بڑھوتری کا رجحان ۔

Upside down : (adv.) الٹی ہوئی حالت میں؛ اوندھی ہوئی صورت میں۔

Upside-down/Upsidedown : (a) الٹاہوا؛ اوندھا ہوا؛واژگوں ۔

Upsidedownness : (n) اوندھا ہونا؛ واژگونی ۔

Upsides : (adv.) (۱) (بولی یا روزمرّہ) اُسی سطح پر؛ برابری کی حالت میں ۔ (۲) برابر؛ یکساں طور پر بڑھا ہوا؛ پہلو بہ پہلو ۔

Upsilon : (n) [Gr.] یونانی حروف تہجّی کا بیسواں حرف جس کے لئے 'y' یا 'V' کا نشان استعمال کرتے ہیں۔

Upslope : (n) نشیب سے فراز کی طرف چڑھائی۔

Upslope : (adv.) اوپر کی جانب؛ اوپر کی سمت؛ چڑھائی کے رُخ۔

Upslope fog : (n) کُہر جو نم ہواؤں کے چلنے سے پہاڑ کے چڑھائی والے حصوں میں پیدا ہوتی ہے۔

Upsoar : (v) اوپر کی جانب پرواز کرنا؛ اوپر چڑھنا؛ بلند ہونا۔

Upspring : (v) (۱) اُگنا؛ (شاخ، کونپل وغیرہ کا) پھوٹنا؛ نکلنا؛ بڑھنا۔ (۲) وجود میں آنا؛ پیدا ہونا۔ (۳) اُچھلنا؛ اوپر کی طرف جست لگانا؛ اپنے پاؤں پر اُچھل کر کھڑا ہونا؛ اُبھرنا۔

Upspringing : (n) (۱) اُگنا؛ (شاخ، کونپل وغیرہ کا) پھوٹنا؛ بڑھنا۔ (۲) وجود میں آنا؛ پیدائش۔ (۳) اُبھرنا؛ اوپر کی طرف جست لگانا؛ اپنے پاؤں پر اچھل کر کھڑا ہو جانا۔

Upstage : (adv.) اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے کی جانب۔

Upstage : (a) (۱) اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے کا یا اُس سے متعلق۔ (۲) جو اسٹیج کے سب سے پچھلے حصے پر قبضہ کئے ہوئے ہوکہ دوسرے ایکٹروں کو اپنی پشت تماشہ بینوں کی طرف کرنا پڑے۔ (۳) مغرور؛ امارت پرست؛ اعلیٰ درجے کا؛ اعلیٰ طبقے کا۔

Upstage : (n) اسٹیج کا سب سے پچھلا حصہ۔

Upstage : (v) (۱) دوسرے ایکٹر سے آگے بڑھ کر اسٹیج کے پچھلے حصہ میں چلے جانا تا کہ دوسرے ایکٹر کو اپنی پشت تماشہ بینوں کی جانب کرنا پڑے۔ (۲) اہمیت یا قدروقیمت میں دوسروں سے بڑھ جانا؛ اپنی چمک دمک سے دوسروں کی چمک دمک کو ماند کرنا۔

Upstair/Upstairs : (adv.) اوپر؛ اوپر کی منزل پر؛ اوپر کی منزل کو؛ بالائی منزل کی جانب۔

Upstairs : (n) بالائی منزل۔

Upstairs/Upstair : (a) (۱) اوپر کی منزل کا؛ اوپر کی منزل سے متعلق۔ (۲) بالائی منزل پر واقع۔

Upstairs man : (n) کھانا کھلانے والا جو ریل گاڑی میں "ڈائننگ کار" سے باہر کھانا پہنچاتا ہے۔

Upstand : (v) کھڑا ہونا۔

Upstand : (n) کھڑا ہونے والا خصوصاً عمودی ڈھانچہ۔

Upstander : (n) سلیج میں لگے دستے کی سلاخوں میں سے ایک سلاخ۔

Upstanding : (a) (۱) کھڑا؛ سیدھا؛ ایستادہ۔ (۲) جس کی قامت یا چال میں کوئی کجی نہ ہو۔ (۳) (مجازاً) سیدھا؛ ایمان دار؛ راست باز۔

Upstandingness : (n) (۱) ایستادگی۔ (۲) کجی سے پاک ہونا (گھوڑے کی چال وغیرہ کا)۔ (۳) ایمان داری؛ راست بازی۔

Upstart : (v) اپنے پاؤں پر ہڑبڑا کر کھڑا ہونا؛ اُچھل پڑنا؛ چونک اٹھنا۔

Upstart : (n) نَو دولتا۔

Upstart : (a) (۱) نیا۔ (۲) نو دولتیا؛ نئی دولت والا؛ نیا اقتدار والا۔ (۳) نو دولتانہ؛ متکبّرانہ؛ دولت کے غرور سے بھرا ہوا۔

Upstartness : (n) (۱) نیاپن۔ (۲) نو دولتی؛ غرور؛ نئی دولت پر اترانا اور شیخی۔

Upstate : (adv.) ریاست کے کسی خطّے میں یا اس کی طرف جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstate : (a) ریاست کے کسی خطّے سے متعلق یا اس کی خصوصیت رکھنے والا جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstate : (n) ریاست کا کوئی علاقہ یا خطّہ جو کسی بڑے شہر سے دور ہو خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstater : (n) ریاست کے کسی ایسے خطّے کا رہنے والا جو خطّہ کسی بڑے شہر سے دور ہو اور خصوصاً جو شمال کی جانب ہو۔

Upstay : (v) سہارا دینا؛ اُٹھائے رکھنا؛ گرنے یا ڈوبنے نہ دینا؛ تھامے رہنا۔

Upstir : (v) اُکسانا؛ اُبھارنا؛ بھڑکانا؛ حرکت دینا؛ ہلانا۔

Upstraight : (a) سیدھا؛ عمودی۔

Upstream : (adv.) نہر کے منبع کے رُخ۔

Upstream : (a) نہر کے منبع کی جانب واقع؛ نہر کے منبع کے رُخ کا؛ نہر کے منبع کے قریب کا۔

Upstreet : (adv.) سڑک کے اوپر کی جانب۔

Upstretched : (a) اوپر کی طرف کھینچا یا تانا ہوا۔

Upstroke : (n) (۱) ایسی ضرب جس سے کوئی چیز اوپر کی طرف اُٹھے۔ (۲) (خصوصاً) قلم کی اوپر کو ہونے والی جنبش جو حروف کے اوپری شوشے بنانے میں ہوتی ہے۔ (۳) بالائی شوشہ یا کشش۔

Upsun : (n) (اسکاٹ لینڈ) طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے درمیان کا وقت۔

With up sun : جب سورج نکلا رہے۔

Upsun : (adv.) آفتاب کے رُخ؛ آفتاب کی جانب؛ سورج کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہوئے۔

Upsurge : (v) اُبلنا؛ اوپر کی طرف موجیں مارنا؛ امنڈنا؛ تیزی سے بڑھنا۔

Upsurge : (n) اوپر کی طرف اُبال، اُٹھان؛ سیل؛ یکایک اور تیز اضافہ۔

Upsurgence : (n) دیکھو Upsurge

Upsweep : (v) (کنگھی یا برش سے) اوپر کے رُخ جھاڑنا، بہارنا یا سمیٹنا۔

Upsweep : (n) (۱) کسی جانور کے نچلے جبڑے یا تھوتھنی کا اوپر کے رُخ خم۔ (۲) چڑھائی؛ کھڑی ڈھال۔ (۳) بالوں کی سجاوٹ کا ایک انداز جس میں چاروں طرف سے بال اوپر کی طرف لے جائے جاتے ہیں اور کنگھی یا پن کے سہارے ٹانک دیئے جاتے ہیں۔

Upswell : (v) پھولنا۔

Upswelling : (n) پھولنا؛ پھولنے کا عمل۔

Upswept : (a) (۱) جسے اوپر کے رُخ برش یا کنگھی سے جھاڑ یا سمیٹ دیا گیا ہو۔ (۲) اوپر کی جانب مڑا ہوا؛ اوپر کی طرف جھکا ہوا۔

Upswing : (n) اوپر کی طرف اُٹھان؛ ترقی؛ تیزی؛ اضافہ۔

Uptake : (v) (خصوصاً اسکاٹ لینڈ میں) سمجھنا۔

Uptake : (n) (۱) سمجھنا؛ سمجھنے کی حالت۔ (۲) چمنی؛ ایسا پائپ جس سے گندی ہوا اوپر نکلتی ہے۔

Uptear : (v) جڑ سے اکھاڑنا؛ جڑ سے نوچنا؛ برباد کرنا؛ اُجاڑنا؛ نیست ونابود کرنا۔

Upthrow : (v) اوپر پھینکنا؛ اوپر اُچھالنا۔

Upthrow : (n) (۱) (ارض کا) زمین کے طبقات کا اوپر اُٹھ جانا۔ (۲) (ارضیات) طبقات الارض کے اوپر اٹھنے کا عمل۔

Upthrown : (a) اوپر کی جانب پھینکا ہوا یا اُچھالا ہوا؛ خصوصاً جو ارضیاتی ٹوٹ پھوٹ یا ہل چل کے سبب اوپر اُٹھ گیا ہو۔

Upthrust : (v) اوپر کی طرف زور سے ڈھکیلنا۔

Upthrust : (n) ارضیاتی شکست کے سبب زمین کے ایک حصے کا اوپر اُٹھ جانا؛ اُبھار۔

Uptie : (v) باندھنا۔

Uptight : (a) (۱) (روز مرّہ) عمدہ؛ بہت اچھا۔ (۲) تنا ہوا؛ کھینچا ہوا؛ آمادۂ پیکار؛ غصہ؛ فکرمند؛ پریشان۔

Upturn : (v) (۱) اُلٹ دینا؛ اکھاڑ پھینکنا۔ (۲) تہ وبالا کرنا؛ زیروزبر کرنا۔ (۳) (آنکھ چہرہ وغیرہ کو) اوپر کی طرف اٹھانا یا موڑنا۔ (٤) اوپر گھومنا؛ اوپر مڑنا؛ اوپر کو بڑھنا۔

Upturn : (n) (۱) افراتفری؛ شورش؛ ابتری۔ (۲) الٹا یا اوندھا ہوا حصہ۔ (۳) اوپرکے رُخ موڑ یا اٹھان خصوصاً اچھی حالت یا اونچی قیمت کی طرف۔

Upturned : (a) (۱) اوپر کی جانب گھوما ہوا یا مڑا ہوا۔ (۲) اُلٹا ہوا؛ اوندھا ہوا؛ کھود کر نکالا ہوا۔ (۳) نوک یا سرے کے پاس اوپر کی طرف مُڑا ہوا۔

Upturning : (n) (۱) الٹ دینا؛ اکھاڑپھینکنا۔ (۲) تہ وبالا کرنا؛ زیر و زبر کرنا۔ (۳) (آنکھ چہرہ وغیرہ کو) اوپر کی طرف اٹھانا، گھمانا۔ (٤) اوپر مڑنا؛ اوپر کو بڑھنا۔

Upward/Upwards : (adv) [OE. 'Upweard'.] (۱) اوپر کی طرف؛ بلند تر سطح کی جانب؛ نسبتاً بلند تر مقام یا سطح پر - (۲) کسی علاقے کے اندرونی اور دور دراز مقام کی طرف؛ ندی کے منبع کی جانب - (۳) مرکز کی جانب؛ کسی بڑے شہر کی جانب - (٤) اوپر کے حصے میں (خصوصاً جسم کے بالائی حصے میں)؛ سر کی جانب - (٥) بلند تر اور بہتر حالت ، مقام یا سطح کی جانب - (٦) قدروقیمت؛ تعداد؛ مقدار وغیرہ کی بلند سطح کی طرف - (۷) بلند تر منصب، مقام یا درجے کی طرف -

Upward : (a) [OE. 'upweard'.] (۱) اوپر کو چڑھتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا - (۲) اوپر کا : بلندی پر واقع - (۳) اوپر کے رخ ہونے والا - (٤) نہر یا ندی کے بہاؤ کے مخالف سمت کا؛ ندی کے منبع کے رُخ کا - (٥) اوپر اٹھتا ہوا - (٦) جس کا رُخ اوپر کی طرف ہو -

Upward of/Upwards of : (adv.) (۱) سے زیادہ : سے زائد - (۲) سے کچھ کم : لگ بھگ؛ تقریباً -

Ur : (interj.) یہ ایک مہمل لفظ یا آواز ہے جو بولنے یا تقریر کرنے کے دوران میں اُس وقت نکلتی ہے جب مقرر یا بولنے والا اپنے مفہوم کی ادائیگی کے لئے مناسب لفظ تلاش کرتا ہے اور وہ اُسے نہیں ملتا ہے -

Ur-: (Prefix) [Gr.] سابقہ بمعنی "قدیم" "ابتدائی" -

Ural : (n) [f. UR (Ethane)+al] (طب) ایک بے ہوش کرنے والی دوا -

Ural : (n) ایک سلسلہ کوہ کا نام جو ایشیا اور یورپ کے درمیان سرحد کا کام کرتا ہے -

Ural : (a) یورال پہاڑ کا؛ یورال پہاڑ کے خطے کا؛ یورال پہاڑ کے قرب وجوار کا؛ یورال سے متعلق یا وابستہ -

Uralian/Uralic : (a) یورال کا؛ اس سے متعلق؛ یورال پہاڑ کے قریب کا؛ یورال پہاڑ کے علاقے کا (باشندہ، بولی، زبان، نباتات وغیرہ) -

Uralite : (n) (۱) (کیمیا) یورالائٹ - (۲) (کان کنی) یورالی سنگھیا -

Uralitic : (a) یورالائٹ سے متعلق؛ یورالائٹ کا -

Uralium : (n) ایک بے ہوش کرنے والی دوا -

Uralo - : جزو ترکیبی مثلاً Uralo-Atlantic, Uralo-Caspian -

Uramil : (n) [- G. 'uramil'.] (کیمیا) ایک قسم کا ارغوانی تیزاب -

Uran - : جزوترکیبی بمعنی "آسمان" فلک یا تالو" -

Uran - : (جزو ترکیبی) یورینائٹ یا یورینیم کے لئے ہمیشہ مرکب الفاظ میں آتا ہے -

Uranate : (n) [f. Uranic+ate] (کیمیا) ہم رشتہ ترشہ پر یورینی تیزاب کے عمل سے بنایا ہوا نمک -

Urania : (n) [mod. L. f Gr. 'ourania'.] (۱) ایسی نظم یا کتاب کےعنوان کے طور پر استعمال ہوتا ہے جس کا موضوع آسمانی اور ملکوتی ہو - (۲) چھوٹا ستارا یا چھوٹا سیارہ - (۳) ایک قسم کا رنگین کیڑا جو تتلی سے مشابہ ہوتا ہے اور ویسٹ انڈیز اور امریکا میں پایا جاتا ہے - (٤) (اساطیر) فلکیات کی دیوی، یورینیا؛ محبت کی دیوی رتی -

Uranian : (a) (۱) آسمانی؛ سماوی؛ بہشتی؛ مقدس - (۲) (علم النجوم) فلکیاتی - (۳) (وینس کے لئے خصوصی لقب کے طور پر استعمال ہوتا ہے) روحانی؛ آسمانی - (٤) محبت کی دیوی یا فلکیات کی دیوی کے نام معنوَن؛ محبت کی دیوی کا؛ محبت کی دیوی سے متعلق -

Uranian : (a) یورانس یا یورے نس سیارے کا؛ یورانسی -

Uranian : (n) یورانس پر رہنے والا -

Uranic : (a) [f. Uranium + ic] (۱) (کیمیا) یورینیم کے اونچے درجے کے آکسائیڈ سے بنایا ہوا یا اس سے متعلق -

Uranic : (a) [f. Gr. Uran + ic] محراب دہن یا تالو سے متعلق؛ تالو کا -

Uraninite : (n) (کان کنی) پچ بلَنڈ؛ نمکِ یورینیم -

Uraniscus : (n) محراب دہن؛ تالو -

Uranism : (n) [G. 'Uranismus'.] ہم جنسی میلان -

Uranite : (n) [G. 'Uranit, or Fr. Uranite'.] (کان کنی) یورینی کچ دھات؛ یورینائٹ -

Uranitic : (a) یورینائٹ یا یورینیم کے اجزاء سے مرکب؛ یورینائٹ یا یورینیم کا۔

Uranium : (n) یورینیم؛ ایک کمیاب وزنی بھورے رنگ کی دھات کی قسم کا عنصر جو رال میں پایا جاتا ھے۔

Urano - : [Gr. 'Ouran, Ourano'.] جزوترکیبی بمعنی "آسمان" "فلك یا تالو"۔

Urano - : [mod. L. 'Uranium'.] (جزوترکیبی) یورینائٹ یا یورینیم کے لئے ہمیشہ مرکب الفاظ میں آتا ھے۔

Uranographer/Uranographist : (n) ماہر فلکیات؛ علم ہئیت کا جاننے والا۔

Uranographic/-al : (a) فلکیات سے متعلق؛ علم ہئیت کا۔

Uranography : (n) علم تشریح افلاك؛ علم ہئیت؛ تشریحی یا بیانی حصہ۔

Uranological : (a) علم ہئیت سے متعلق۔

Uranology : (n) علم ہئیت؛ فلکیات۔

Uranometrical : (a) غیرمتحرك ستاروں کے حجم اور ان کی اضافی دوری کی پیمائش سے متعلق۔

Uranometry : (n) (۱) علم مساحت افلاك۔(۲) نقشہء کواکب؛ اجرام فلکی خصوصاً غیر متحرك ستاروں کا ایك نقشہ یا چارٹ۔

Uranoplastic : (a) تالو کے سخت حصے کی پیوندی جراحی سے متعلق۔

Uranoplasty : (n) تالو کے سخت حصے کی پیوندی جراحی۔

Uranoscopus : (n) ایك قسم کی مچھلی جس کی آنکھیں سر پر ھوتی ہیں۔

Uranoso - : جزو ترکیبی مثلاً Uranoso-ammonic, Uranoso-uranic۔

Uranous : (a) [F. Uranium+ous] (۱) (کیمیا) کم درجے کے یورینیم آکسائیڈ سے متعلق یا بنا ھوا۔ (۲) یورینیم کا؛ یورینیم سے متعلق۔

Uranus : (n) [L. 'uranus'.] (علم النجوم) یورے نس یا یورانس؛ نظام شمسی کا ایك سیارہ جو زحل اور نیپچون کے درمیان میں ھے اور سب سے پہلی بار اس کا پتا سروليم برسل نے ۱۷۸۱ء میں لگایا تھا۔

Uranyl : (n) [f. Uranium + yl] (کیمیا) یورینیم کے بہت سے مرکبات میں پایاجانے والا ایك اساسی جز (UO_2)۔

Urate : (n) [Fr. 'urate'.] (کیمیا) پیشابی تیزاب کا نمك؛ نمك بولی؛ یوریٹ۔

Urban : (a) [L. 'urbanus'.] شہری؛ شہر کا؛ شہری خصوصیت کاحامل؛ شہر میں واقع؛ شہر میں بسنے یا جانداد رکھنے والا۔

Urban : (n) (شاذ) شہر میں رہنے والا؛ شہر کا باشندہ۔

Urban culture : (n) (۱) ایسا سماج جو خالص صنعتی تہذیب کی دین ھو۔(۲) دیکھو Urban society۔

Urban quaestor : (n) قدیم روما میں ایك عہدے دار کا لقب جو سلطنت کےخزانچی کی خدمات انجام دیتاتھا۔

Urban revolution : (n) مدنی انقلاب؛ تمدنی ارتقاء کا ایك دور جس میں شہروں کی تیز رفتاری سے ترقی ھوئی۔

Urban society : (n) ایسا سماج جو خالص صنعتی تہذیب کی دین ھو؛ جو غیر متجانس تمدنی روایات کا حامل ھو اور سیکولر قدروں پر زور دیتا ھو۔

Urban sociology : (n) سماجیات کا ایك شعبہ جو شہری طبقوں کی ترقیات اور سماج پر ان طبقوں کے اثرات کا مطالعہ کرتا ھے۔

Urbane : (a) [-(O) Fr. urbain,-aine or L. urbanus] (۱) مہذب؛ شائستہ؛ اعلیٰ ذوق کا حامل؛ نستعلیق؛ خوش خلق۔ (۲) ایسا انداز، سلیقہ، شائستگی اور شستگی کا حامل جو شہر کے لئے مخصوص ھو۔ (۳) شائستگی کا؛ اعلیٰ ذوق کا؛ خوش خلقی۔

Urbanely : (adv.) بلند ذوقی سے؛ شائستگی سے؛ خوش خلقی سے۔

Urbanism : (n) (۱) شہری منصوبہ بندی؛ شہری تعمیرات و تمدن کا مطالعہ۔ (۲) شہر میں تبدیل کرنا؛ شہری خصوصیات پیدا کرنا۔

Urbanist : (n) (۱) شہری تعمیرات و تمدن کا ماہر ؛ شہری منصوبہ بندی کا ماہر ۔ (۲) غریب کلینئر سلسلے کی ایک شاخ کی راہبہ جو پوپ اربن چہارم کے ۱۲٦٤ء کے تخفیف کردہ اصول کی پیروی کرتی ہے ۔

Urbanistic : (a) شہری طرزِ زندگی سے متعلق ۔

Urbanite : (n) شہر میں رہنے والا ۔

Urbanities : (n) خوش خلقی، شائستگی کا عمل یا سلوک ۔

Urbanity : (n) [-(O) Fr. 'urbanite' or L. 'urbanitus'.] (۱) تہذیب؛ شائستگی؛ خوش خلقی؛ اعلیٰ ذوقی، شستہ اور نستعلیق ہونا ۔ (۲) شہریت؛ شہری زندگی ۔ (۳) شستہ اورنستعلیق گفتگو جس میں بذلہ سنجی ہو ۔

Urbanization : (n) شہری بنایا جانا؛ شہری خصوصیات کا پیدا کیاجانا؛ شہری خصوصیات کا حامل بنایا جانا ۔

Urbanize : (v) (۱) (شاذ) مہذب اور شائستہ بنانا ۔ (۲) شہر میں بدلنا؛ شہری علاقے میں شامل کرنا ۔ (۳) (کسی شخص کو) شہری طرزِ زندگی، عادات اور ذمہ داریوں کا حامل بنانا ۔

Urbiculture : (n) ایسے رسم و رواج اور مسائل جو خالص بڑے شہروں اور شہری زندگی کے پیدا کردہ ہیں ۔

Urceiform : (a) صراحی نما ۔

Urceolar : (a) صراحی نما ۔

Urceolate : (a) [f. Urceolus+Ate] (نباتیات) گھڑے کی شکل کا؛ صراحی نما؛ جس کا منہ تنگ اور چھوٹا ہو اور جسم بڑا ہو ۔ (۲) صراحی نما ٹیوب والا؛ صراحی نما عضو یا حصے والا ۔

Urceolated : (a) (حیوانیات) صراحی نما ۔

Urceolus : (n) [L. 'urceus'.] پودوں یا جانوروں میں ایک صراحی نما ٹیوب یا خول خصوصاً حفاظتی عضو یا حصے کے طور پر ۔

Urceus : (n) [L. 'urceus'.] قدیم روما کی ایک صراحی یا سبو جس میں صرف ایک جانب دستہ لگا ہوتا تھا ۔

Urchin : (n) [ME. 'urcheon, hirchon'.] (۱) خارپشت؛ ساہی ؛ سیہی (جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوں اور جو گول مٹول ہو جائے) ۔ (۲) سمندری خار پشت ۔ (۳) کبڑا؛ خمیدہ پشت ۔ (٤) شریر اور نٹ کھٹ لڑکا ؛ کھلنڈرا چھوکرا ۔ (٥) کیوپڈ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے بمعنی شریر، خوب گھومنے والا، کھلنڈرا اور شوخ و شنگ ۔ (٦) چھوٹا لڑکا؛ طفل ۔ (٧) روئی وغیرہ دھنکنے کی مشین میں لگے ہوئے تیزی سے گھومنے والے دو بیلنوں میں سے ایک بیلن ۔

Urdee/Urd'e/urdy : (a) [Origin obsc.] (۱) (نقابت) (کراس) تیز نوک والا؛ نکیلا ۔ (۲) (لہسا خم) جس میں متوازی نکیلے تکڑے لگے ہوں ۔

Urdu : (n) [Turk. 'Ordu'.] اردو زبان ۔

Ure : (suffix.) [Fr. 'ure', L. - 'ura'.] لاحقہ بمعنی: (۱) عمل؛ عمل یا تعمیر کا مرحلہ ۔ (۲) نتیجہ ؛ حاصل؛ پیداوار ۔ (۳) حالت ؛ منصب ؛ دفتر؛ شعبہ ؛ کام ۔ (٤) (کام کرنے والی) جماعت ۔ (٥) جس سے عمل متاثر ہو؛ بولنا ۔

Urea : (n) [mod. L. -Fr, 'uree'.] ایک قسم کا شوربینی مرکب؛ وہ دانے دار بے رنگ حل پذیر مرکب جو جانوروں (بالخصوص دودھ پلانے والے جانوروں) کے پیشاب میں پایا جاتا ہے ۔

Ureal : (a) بولینا سے متعلق ۔

Uredine : (n) (نباتیات) سماروغ؛ پھپھوندی ۔

Uredine : (a) (نباتیات) سماروغ سے متعلق ۔

Uredines : (n) [L. pl. of Uredo.] (نباتیات) سماروغ کی قسم جو پودوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Uredinous : (a) [L. 'uredin-'.] (نباتیات) سماروغ کی قسم کا ۔

Uredo : (n) [L. (pl. 'uredines'.] (۱) (نباتیات) (اناج کے دانوں اور دوسرے پودوں پر ہونے والا) سماروغ، پھپھوندی، زنگ نباتی، فطر بذروی ۔ (۲) سماروغ کا پودا ۔

Uredo-fruit : (n) فطر بذروی کا گچھا ۔

Uredo stage : (n) فطر بذروی حالت؛ بعض زنگ نباتی کا گرمائی دور ۔

Uredospore : (n) فطر بذرہ؛ ربیعی بذرہ ۔

Ureide : (n) [f. Urea + ide] (کیمیا) بولینا سے مشتق ایک مادہ جس میں تیزاب کے اساسی اجزاء ہوں۔

Ureo - : Urea کی ایک ترکیبی شکل۔

Ureometer : (n) ایک آلہ جس سے خون یا پیشاب میں نمک (یوریا) کی مقدار کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

Ureosecretory : (a) بولینا یا یوریا کے اخراج یا ریزش سے متعلق۔

Uresis : (n) [G.'ouresis'.] اخراجِ پیشاب۔

-uret : (suffix) [mod. L. 'uretum-oretum'.] لاحقہ جواب ide کی شکل میں مستعمل ہے۔

Ureter : (n) [Fr. 'uretire or mod. L. ureter'.] حالب ؛ پیشاب کی نالی؛ قنات گردہ؛ وہ نالی جس کے راستے سے پیشاب گردے سے مثانے میں پہنچتا ہے۔

Ureteral/Ureteric : (a) حالبی ؛ قنات گردے سے متعلق؛ پیشاب کی نالی کا۔

Ureteritis : (n) (مرضیات) التہاب حالب؛ ورم قنات گردہ؛ پیشاب کی نالی کا ورم اور سوزش۔

Uretero - : جزو ترکیبی بمعنی "حالب" حالب آور۔

Ureterogenital : (a) (ران کی رگ) حالب اور عضو تناسل سے متعلق۔

Ureterogram : (n) حالب کا ایکسرے فوٹو۔

Ureterograph : (n) حالب نگار۔

Ureterography : (n) حالب نگاری؛ حالب عکاسی۔

Ureterointestinal : (a) حالب اور آنت دونوں سے متعلق۔

Ureterotomy : (n) جراحیِ حالب۔

Ureterovesical : (a) حالب اور مثانے سے متعلق۔

Urethane : (n) [-Fr. 'urethane'.] (کیمیا) ایک کیمیائی مادہ جسے بے ہوش کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Urethra : (n) [L. 'urethra'.] (تشریح) شرمگاہ؛ مجری البول؛ نالی جس کے ذریعے پیشاب مثانے سے خارج ہوتا ہے۔

Urethral : (a) مبالی؛ مجری البولی۔

Urethritis : (n) (مرضیات) التہابِ شرمگاہ؛ ورمِ شرمگاہ؛ مجری البول کا ورم اور سوزش۔

Urethro - : [f. Urethra.] جزو ترکیبی بمعنی شرمگاہ۔

Urethrocele : (n) (مرضیات) فتقِ شرمگاہ؛ صنف اناث کی مبالی لس دار جھلی کا آگے کو نکل جانا۔

Urethrogram : (n) (شرمگاہ) مبال کا ایکسرے فوٹو۔

Urethroscope : (n) مبال بیں۔

Urethrosexual : (a) مبالی و جنسی۔

Urethrotomy : (n) جرّاحیِ مبال؛ مبال شگافی (خصوصاً تفتیق مبال سے آرام کے لئے) عمل جراحی جو مجری البول پر کیا جائے۔

Urethylane : (n) (کیمیا) متھیل کاربامیٹ؛ بولینا کے ترشے کے نمک کا ایک فرضی ایک کاربنی اساس (NH_2 $COO\ CH_3$)۔

Uretic : (a) (۱) پیشاب آور۔(۲) پیشابی؛ بَولی۔

Urge : (n) زور دار مطالبہ؛ تقاضا؛ اصرار؛ قوی محرک؛ لگن؛ طلب؛ شوق۔

Urge : (v) [L. 'urgere'.] (۱) زوردار انداز میں پیش کرنا۔ (۲) شدید مطالباتی اندازمیں کہنا یا رکھنا۔ (۳) وکالت کرنا؛ موافقت میں بحث کرنا، کسی چیز کا دعویٰ کرنا۔(٤) سخت اصرار یا تاکید سے کہنا؛ بہت زور دینا۔(٥) ابھارنا؛ اکسانا؛ اشتعال دینا؛ ترغیب دینا۔(٦) عمل یا اظہار کے لئے ابھارنا؛ جوش میں لانا۔ (۷) اضافہ کرنا؛ تیز کرنا؛ شدید کرنا، بنانا ؛ بڑھانا۔ (۸) کسی سمت یا رخ میں ڈھکیلنا یا لے جانا۔ (۹) رفتار تیز کرنا؛ پرواز یا تلاش کو جاری رکھنا۔

Urgence : (n) (۱) نہایت ضروری؛ نہایت تاکیدی۔(۲) دیکھو Urgency۔

Urgency : (n) (۱) نہایت ضروری ہونا؛ نہایت تاکیدی ہونا۔(۲) فوری تعمیل کی ضرورت؛ نہایت عجلت والی ضرورت۔ (۳) بے حد اصرار، التجا، التماس۔ (٤) اشد اور فوری تعمیل طلب، ضرورت یا موقع۔(٥) ہَوا کا دباؤ ؛ موسم کا دباؤ۔(٦) ابھارنے یا ترغیب دینے والی قوت یا

صفت ۔ (۷) ڈھکیلنے یا مجبور کرنے والی ترنگ یا من کی موج ۔

Urgent : (a) [-(O)Fr. 'urgent' -L. 'urgens, urgent'.] (۱) نہایت شدید؛ اشد ضروری؛ نہایت تاکیدی؛ فوری تعمیل طلب ۔ (۲) بے حد مصر؛ شدت سے اصرار کرنے والا ۔ (۳) (شاعرانہ) عاجل؛ عجلت سے آگے بڑھنے والا ۔

Urgently : (adv.) (۱) نہایت تاکید سے؛ بےحد اصرار سے، بہت شدت کے ساتھ ۔ (۲) فوری طور پر؛ عجلت سے ۔

Urger : (n) بہت زور دینے والا؛ سخت اصرار کرنے والا؛ شدید طور پر مطالبہ کرنے والا؛ ابھارنے یا اُکسانےوالا؛ ترغیب دینے والا؛ وکالت کرنے والا؛ موافقت میں بحث کرنے والا؛ محرک ۔

Urging : (n) زور دے کر کہنا؛ مطالباتی انداز میں پیش کرنا؛ وکالت کرنا (کسی کی)؛ ابھارنا؛ اکسانا؛ ترغیب دینا ۔

Urging : (a) زوردار، شدید؛ تاکیدی؛ بہت دباؤ دینے والا؛ اصرار کرنے والا؛ مجبور کرنے والا؛ اُکسانے والا؛ ابھارنے والا؛ ترغیب دینے والا ۔

Urgingly : (adv.) تاکیدی طور پر؛ زور دار طریقے سے؛ بہت اصرار کے ساتھ؛ بہت دباؤ دے کر ۔

Uria : (n) [Gr. 'ouria'.] ایک آبی پرندہ ۔

-uria : [mod. L. f. Gr. -'ouria' f. 'ouron'.] لاحقہ بمعنی پیشاب کی مریضانہ حالت ۔

Urial/Oorial : (n) [Panjabi 'hureal'.] جنوبی اور وسطی ایشیا کے پہاڑی علاقوں میں پائی جانے والی ایک قسم کی جنگلی بھیڑ جو سرخی مائل بھوری ہوتی ہے اور جس کی گردن کا رنگ سفید ہوتا ہے اور جسے ایک لمبی داڑھی ہوتی ہے ۔

Uric acid : (n) [-Fr. 'urique' f. 'urine'+Fr. acide] یورک ایسڈ ؛ ایک قلم پذیر تیزاب ($C_5H_4N_4O_3$) جو آدمی کے پیشاب اور بعض جانوروں کے پیشاب میں پایاجاتا ہے ۔

Uricaemia : (n) [mod. L.] (مرضیات) یورانیّت خون؛ خون میں یورک ایسڈ کا زیادہ ہوجانا ۔

Uricaemic : (a) یورانیّتِ خون سے متعلق ۔

Uriconian : (a) [f. 'Uriconium,' name of a Roman town + AN] آتش فشانی چٹانوں پر مشتمل؛ آتش فشانی چٹانوں سے متعلق ۔

-urient : (suffix) [-L. -'urient'] جزو ترکیبی بمعنی (کچھ کرنے کی) خواہش رکھنے والا؛ آرزومند ۔

Urim and Thummim : (n) [-Heb. 'urem wethummem'.] دیکھو Thummin

Urinal : (n) [- Late L. 'urinal'.] (۱) پیشاب خانہ ۔ (۲) (طب) قارورہ ۔ (۳) ربر یا پلاسٹک کی ایسی تھیلی جو سلسل البول کے مریض لگاتے ہیں تاکہ پیشاب اس میں جمع ہوتا رہے ۔

Urinal : (a) [-F.r. 'urinal'] (۱) اخراجِ پیشاب کے لئے راستے کی گنجائش رکھنے والا ۔ (۲) (شاذ، متروک) دیکھو Urinary ۔

Urinary : (a) [-med. L. 'urinarius'.] (۱) اخراجِ پیشاب کے لئے راستے کی گنجائش رکھنے والا؛ اخراجِ پیشاب میں معاون یا اس پر اثر انداز ہونے والا ۔ (۲) پیشاب کی طرح ہونے والا ؛ پیشاب کی طرح خارج ہونے والا ۔ (۳) پیشاب کے راستے پر استعمال کرنے کے لئے بنایا ہوا ۔ (٤) جسے پیشاب جمع کرنے کے کام میں لایا جائے ۔ (۵) پیشاب کی تھیلی یا اعضائے بولی میں پایا جانے یا پیدا ہونے والا ۔ (٦) بَولی؛ پیشاب سے متعلق ۔

Urinate : (v) [L. 'Urinatus'.] (۱) پیشاب کرنا ۔ (۲) پیشاب سے تر کرنا ۔ (۳) پیشاب سے خارج کرنا؛ پیشاب کے ذریعے یا پیشاب کی طرح خارج کرنا ۔

Urination : (n) پیشاب کرنا یا ہونا؛ اخراجِ پیشاب ۔

Urine : (n) [-L. 'urina'.] پیشاب ؛ بَول ۔

Uriniferous : (a) [mod. L. 'Uriniferus'.] پیشاب بردار؛ پیشاب لے جانے والا (ٹیوب وغیرہ) ۔

Urino - : [L. 'urina'.] جزو ترکیبی بمعنی پیشاب ۔

Urinogenital : (a) بَولی؛ تناسلی ۔

Urinologist : (n) ماہرِ امراض بول ۔

Urinology : (n) علم البول؛ علم امراض بول ۔

Urinomancy : (n) پیشاب کی جانچ سے امراض کی تشخیص کرنا؛ تشخیصِ مرض یا امراض ۔

Urinometer : (n) پیشاب کی کثافت نوعی کے اندازہ لگانے کا آلہ۔

Urinoscope : (n) آلہء بول بیں؛ تشخیص امراض کے لئے پیشاب جانچنے کا آلہ۔

Urinoscopic : (a) بَول بینی سے متعلق ؛ پیشاب کی جانچ سے متعلق۔

Urinoscopist : (n) بَول میں؛ ایک خاص طرح کے آلے سے پیشاب کو دیکھ کر مرض کی تشخیص کرنے والا۔

Urinoscopy : (n) بَول بینی؛ معائنہ بَول ۔

Urinous : (a) [f. Urine+ous] بَولی؛ پیشاب کا؛ پیشاب کی قسم کا؛ پیشابی اجزاء سے پر؛ پیشاب کی خصوصیات کا ۔

Urn : (n) [-L. 'urna'.] (١) مٹی یا دھات کا مرتبان نما ظرف جس میں قدیم رومی، یونانی اور دوسری قومیں اپنے مردوں کی راکھ رکھتی تھیں ۔ (٢) (قدیم روم میں) ایسا برتن جس میں ووٹ یا قرعہ ڈالا جاتا تھا ۔ (٣) مٹی کا ایک کھوکھلا بیضوی برتن جو مختلف مصرف میں کام آتا ھے ۔ (٤) کندہ اور تراشیدہ بویام (مرتبان) ۔ (٥) بیضوی مرتبان نما صراحی، مٹکا یا کوئی اور برتن جس میں شراب ، پانی وغیرہ رکھا جائے ۔ (٦) ایسا بیضوی شکل کا بند برتن جس میں چائے ، قہوہ وغیرہ رکھا جائے ۔ (٧) نہر یا چشمے کا منبع ؛ چشمہ ؛ جھرنا ۔ (٨) اشک دان؛ آنسو دان ۔ (٩) صورت البروج ۔ (١٠) (نباتیات) بیضوی ڈوڈے کا غلاف ۔ (١١) (حیوانیات) جسم پر کوئی بیضوی شکل کا ابھار ۔

Urn : (v) ہڈی یا راکھ کو خاکدان میں رکھنا؛ بیضوی مرتبان نما ظرف میں بند کرنا؛ بویام میں بند کرنا۔

Urn-moss : (n) (نباتیات) بیضوی ڈوڈا ۔

Urning : (n) ہم جنسی میلان رکھنے والا مرد؛ لوطی ۔

Uro - : [L. 'urine'.] جزو ترکیبی بمعنی پیشاب ۔

Uro - : [f. Gr. 'ura'.] جزو ترکیبی بمعنی "دُم"؛ دُم کی سی بناوٹ۔

Urobenzoate : (n) گھوڑے کے پیشاب کا نمک ۔

Urobenzoic acid : (n) گھوڑے کے پیشاب کا تیزاب ۔

Urobilin : (n) پیشاب میں پایا جانے والا زال صفت بھورا رنگ۔

Urobilinuria : (n) یوروبلین بَولی ۔

Urochord : (n) حَبل دُم؛ حَبلِ دُم گاہ ۔

Urochrome : (n) لون بَول؛ پیشاب میں پایاجانے والا بےشکل پیلا رنگ ۔

Urodela : (n) (حیوانیات) دُم داران؛ دُم دار جل تھلیے؛ ایسے جان دار جن کے بچپن کی دُم بڑے ھونے پر بھی باقی رہتی ھے ۔

Urodele/Urodelan : (n) دُم دار جل تَھلیا ۔

Urodele/Urodelous : (a) دُم دار جل تھلیے کے زمرے کا؛ دم دار جل تھلیے سے متعلق ۔

Uroerythrin : (n) بخار خصوصاً وجع مفاصل کے بخار میں مبتلا مریض کے پیشاب میں پایا جانے والا لال رنگ۔

Urogenital : (a) بَولی تناسلی ۔

Urogenous : (a) (١) پیشاب سے حاصل کردہ؛ پیشاب میں ھونے والا۔

Uroglaucin : (n) سرخ بخار میں، پیشاب میں پایا جانے والا نیلا رنگ۔

Urohaematin : (n) سیاہ نیل گوں مادے کی ایک قسم جس سے پیشاب کا رنگ بنتا ھے ۔

Urohyal : (a) (مچھلیوں اور پرندوں میں) پس لامیّہ محراب یا ابھار سے متعلق ۔

Urological : (a) علم البولی؛ علم امراضِ بَول سے متعلق ۔

Urologist : (n) ماہرِ امراض بَول ۔

Urology : (n) [f. URO-+ LOGY] علم البول؛ علم امراض بول ۔

Uroo : (n) [Austral. Native name] کنگارو کی ایک قسم۔

Uropoietic : (a) [f. Uro + Gr. 'poietikos'.] پیشاب کی ریزش سے متعلق ؛ پیشاب نکالنے والا ؛ پیشاب کو باہر خارج کرنے والا ۔

Uropygial/Uropygeal : (a) دُم گاہ سے متعلق ؛ دُم گاہ کا؛ دُم گاہ پر واقع ۔

Uropygial : (n) دُم والے پر؛ دُم گاہ کے بال و پَر ۔

Uropygium : (n) [med. L. 'uropygium'.] (طیوریات) دُم گاہ؛ پرندے کے جسم کے پچھلے سرے پر ایک ابھار جس پر دُم والے پَر نکلے ہوتے ہیں ۔

Uroscopic : (a) پیشاب کی جانچ سے متعلق ۔

Uroscopist : (n) پیشاب جانچ کرنے والا ۔

Uroscopy : (n) پیشاب جانچ ۔

Urostyle : (n) عظم دُم؛ دُم شاخہ ۔

Urotoxic : (a) پیشاب کے اجزاء سے متعلق؛ بول سمّی؛ پیشاب کی سمیت سے متعلق ۔

Urotoxicity/Urotoxy : (n) پیشاب کا زہریلاپن؛ پیشاب کی سمیت ۔

Urrhodin : (n) [-G. 'urorhodin'.] (کیمیا) بیمار کے پیشاب میں پایا جانے والا لال رنگ ۔

Urrhodinic : (a) پیشاب میں پائے جانے والے لال رنگ سے متعلق ۔

Ursa : (n) [L. 'ursus'.] (۱) (علم النجوم) دُبِّ اکبر ۔ (۲) ریچھ کی خاصیت کا آدمی ۔

Ursa Major : (n) (۱) (علم النجوم) دُبِ اکبر ۔ (۲) ریچھ کی خاصیت کا آدمی ۔

Ursa Minor : (n) (علم النجوم) دُبِ اصغر ۔

Ursal : (a) ریچھ جیسا؛ ریچھ کی خاصیت کا ۔

Ursine : (a) [L. 'ursinus'.] (۱) دُبّی، خرسی؛ ریچھ سے متعلق؛ ریچھ کی خصوصیت کا؛ ریچھ جیسا؛ ریچھ نما؛ خرس نما ۔ (۲) (نباتیات) خاردار؛ (حشریات) خار دار ۔

Urson : (n) [Fr. 'ourson'.] (حیوانیات) کناڈا میں پایا جانے والا ایک قسم کا خارپشت؛ کناڈا کا خار پشت ۔

Ursone : (n) [L. 'ursi' + one] (کیمیا) ایک شفاف عرق جسے بیر ، بیری کی پتیوں سے حاصل کرتے ہیں ۔

Ursuline : (n) [f. name of St. Ursula + INE] راہباؤں کا ایک سلسلہ جسے ۱۵۷۲ء میں لڑکیوں کی تعلیم و تربیت، بیماروں کی خدمت و تیمارداری اور اسی سلسلے سے منسلک لوگوں کے تزکیۂ نفس کے لئے سینٹ اگسٹائن کے اصول پر قائم کیا گیا تھا ۔

Ursuline : (a) راہباؤں کے مندرجہ بالا سلسلے سے متعلق ۔

Urtica : (n) [L. 'urtica'.] (نباتیات) جنس گزنہ؛ جنس قرّاص؛ جنس بچھوا ۔

Urticaceous : (a) (نباتیات) قرّاصی ۔

Urtical : (a) [L. 'urtica' + -AL] (نباتیات) قرّاصی؛ جنس بچھوا سے متعلق ۔

Urtical : (n) خاردار پودے کی ایک قسم؛ بچھوا کی ایک قسم ۔

Urticaria : (n) [mod. L. f. L. 'urtica'.] (مرضیات) بچھوا چٹھے؛ کَھپر؛ پِتّی (ایک جلدی بیماری جس میں جسم پر چٹھے پڑ جاتے ہیں) ۔

Urticarial/Urticarious : (a) بچھوا چٹھے سے متعلق؛ بچھوا چٹھے جیسا؛ بچھو چٹھے کی خصوصیت کا ۔

Urticate : (v) [L. 'urticatus'.] (۱) بچھوانا؛ چبھونا؛ بچھوا پودے کی طرح ڈنک مارنا ۔ (۲) کسی عضو کو جو سُن ہو گیا ہو بچھوا لگانا تاکہ اس میں احساس پیدا ہو ۔

Urtication : (n) [L. 'urtication'.] (۱) نیش زنی؛ بچھواؤ ۔ (۲) چبھن ۔ (۳) تہییج بالا نجرہ: بچھوا لگا کر اس حصے یا عضو میں جو سن ہو گیا ہو احساس پیدا کرنا ۔

Urubu : (n) [Brazilian (Tupi) 'urubu'.] جنوبی ریاستہائے متحدہ اور جنوبی امریکا کا سیاہ کرگس ۔

Urucu : (n) [Brazilian (Tupi) 'urucu'.] رنگ کا مسالا پیدا کرنے والا ایک درخت جسے Annatto کہتے ہیں ۔

Urucuri : (n) [Brazilian (Tupi) 'urucuri'.] برا زیل میں پایاجانے والا کھجور کا درخت ۔

Urus : (n) [L. 'urus'.] (۱) (حیوانیات) جنگلی بیل؛ ارنا بھینسا؛ جنگلی سانڈ؛ یورس ۔ (۲) جرمنی کے جنگلوں میں پایا جانے والا لمبے سینگ کا جنگلی سانڈ جس کی نسل اب معدوم ہے ۔

Us : (refl. pron.) [OE. 'us'.] (۱) ہم کو؛ ہم لوگوں کو؛ ہمیں ۔ (۲) (بولی عامیانہ) ہم ۔ (۳) (بحری) ہمارا جہاز ۔

Usability : (n) قابلِ استعمال ہونا ۔

Usable/Useable : (a) [Fr. 'usable'.] قابلِ استعمال؛ مصرف کے قابل؛ کام کے لائق ۔

Us(e)ableness : (n) دیکھو Usability

Usage : (n) [(O) Fr. 'usage'.] (۱) چلن؛ رواج؛ مروّجہ رسم؛ دستور؛ طریقہ؛ عادت ۔ (۲) (الفاظ و محاورات کا) استعمال : چلن : طریقۂ استعمال ۔ (۳) استعمال؛ مصرف؛ نام ۔ (٤) عمل؛ سلوک؛ برتاؤ ۔ (٥) سود مندی، فائدہ ۔ (٦) کلیسا کے رسوم و عبادات خصوصاً عشائے ربانی اور اس سے متعلق دیگر رسوم اور دعائیں ۔

Usager : (n) انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کے ایک خاص کلیسائی مسلک کا فرد جو عشائے ربانی کی رسم ادا کرتا ھے اور نذرکردہ شے پر روح القدس کے نزول کے لئے نیز مردوں کے لئے دعائیں کرتا ھے ۔

Usance : (n) [-(O)Fr. 'usance'.] (۱) (تجارت) میعاد ادائی (خصوصاً غیرممالک کی ہنڈیوں کی) ۔ (۲) قرض کے روپے پر لگنے والا سود ۔

Use : (n) [-L. 'usus'.] (۱) استعمال؛ مصرف؛ نام ۔ (۲) کام میں لانا؛ برتنا یا برتا جانا؛ مصرف میں لانا؛ استعمال میں لانا ۔ (۳) فائدہ : نفع ۔ (٤) عادت؛ رسم : چلن : رواج : دستور ۔ (٥) قوت استعمال؛ مصرف یا استعمال میں لانے کی صلاحیت ۔ (٦) موقعِ استعمال؛ محلِ استعمال؛ رسمِ استعمال؛ رواجِ استعمال؛ دستورِ استعمال ۔ (۷) طریقۂ استعمال : اندازِ استعمال ۔ (۸) مقصد : حاصل ۔ (۹) افادیت ۔ (۱۰) ضرورت؛ ضرورتِ استعمال ۔ (۱۱) ایک خاص کلیسائی مسلک یا فرقے کے رسوم و عبادات ۔ (۱۲) (قانون) تصرف؛ قبضہ ۔

To have no use for : (روزمرہ) بےضرورت اور فضول خیال کرنا؛ ناپسند کرنا؛ باعثِ زحمت سمجھنا ۔

Use : (v) [(O) Fr. 'user'.] (۱) (قدیم) (کسی رسم یا رواج کی) پابندی کرنا، پیروی کرنا ۔ (۲) (قدیم) (کسی چیز کو) طرزِ زندگی کے طور پر اپنانا یا اختیار کرنا؛ طرزِ عمل کے طور پر اختیار کرنا ۔ (۳) (مشق سے) عادی کرنا؛ (کثرتِ استعمال سے) خوگر بنانا ۔ (٤) عمل میں لانا؛ کام میں لانا؛ کام میں لگانا؛ استعمال کرنا؛ مصرف میں لانا ۔ (٥) (کسی چیز کو کھانے، پینے، پہننے، اوڑھنے یا لکھنے بولنے وغیرہ کے لئے) استعمال کرنا ۔ (٦) (استعمال کر کے) خرچ کرنا؛ صرف کرنا؛ برتنا ۔ (۷) (شاذ) کسی جگہ باربارجانا؛ (کسی مقام پر) منڈلانا ۔ (۸) پیش آنا؛ برتاؤ کرنا : سلوک کرنا ۔ (۹) (عورت کو) جنسی آسودگی کے لئے استعمال کرنا ۔ (۱۰) اپنی غرض کے لئے کسی کو استعمال کرنا (عموماً Passive voice میں) ۔ (۱۱) عادی ہونا یا بنانا؛ کچھ کرنے کی مشق کرنا : خوگر ہونا ۔ (۱۲) (مستقل پناہ گاہ میں یا کسی مقام پر گھر کے طور پر) رہنا، بسنا ۔

To use up : (۱) (استعمال کرکے) کسی ذخیرے کو ختم کردینا ۔ (۲) (روز مرّہ) تھکا دینا؛ قوت ختم کر دینا؛ بے قوت کر دینا؛ کمزور کردینا یا بنا دینا ۔

To use the seas : (قدیم) ملاح بننا یا ہونا ۔

To use language : فضول قسمیں کھانا ۔

Use and wont : (n) رواج؛ چلن ۔

Use-money : (n) سود؛ بیاج؛ روپے کےاستعمال کا معاوضہ ۔

Use up : (v) (۱) سب خرچ کردینا ۔ (۲) تمام قوت و صلاحیت ختم کر دینا؛ تھکا دینا ۔

Used : (a) (۱) کام میں لایا ہوا؛ مصرف میں لایا ہوا؛ استعمال کیا ہوا ۔ (۲) عادی؛ خوگر ۔

Useful : (a) مفید؛ کارآمد؛ سود مند؛ فائدہ مند؛ نفع بخش ۔

Usefully : (adv.) مفیدطریقے سے؛ کارآمد طورپر؛ سودمندی سے؛ فائدے مندی کے ساتھ۔

Usefulness : (n) سود مندی؛ فائدہ مندی؛ مفید ہونا؛ کارآمد ہونا؛ فائدہ مند ہونا ۔

Useless : (n) (۱) بے فائدہ؛ بے کار؛ بے مصرف؛ جو کسی کام میں نہ آئے ۔ (۲) (شخص) ناکارہ؛ جو کسی کام کا نہ ہو؛ غیر مفید ۔

Uselessly : (adv.) خواہ مخواہ؛ بے فائدہ؛ غیر مفید طور پر ۔

Uselessness : (n) بے مصرف اور بے کار ہونا؛ بے فائدہ ہونا؛ غیر مفید ہونا۔

User : (n) استعمال کرنے والا خصوصاً الکحلی مشروب اور دیگر منشیات استعمال کرنے والا۔

User : (n) [back formation f. non-user.] (قانون) حقِ تصرف؛ حقِ استعمال؛ طویل مدت تک مسلسل تصرف میں رکھنے سے پیدا ہونے والا حقِ استعمال۔

Ushabti : (n) [Egyptian.] ملازموں کے مجسمے جو قبر میں حنوط شدہ لاشوں کےساتھ رکھ دیئےجاتےتھے۔

Ushak /Oushak : (n) (۱) ایک قسم کا بھاری اونی کمبل۔ (۲) ترکی کے ایک شہر کا نام۔

Usher : (n) [AFr. 'usser'.] (۱) دربان؛ راہنما یا رہنما؛ پیشرو؛ نقیب؛ وہ عہدہ دار یا ملازم جو سنیما یا بڑے ہال (کمرے) میں نشست گاہ تک لوگوں کو لے جاتا ہے اور مقررہ جگہوں پر بٹھاتا ہے۔ (۲) ایسا ملازم یا افسر جو عدالت یا کسی رئیس کے مکان یا رہائش گاہ میں معزز لوگوں کے آگے آگے چلتا ہے۔ (۳) پیش رو، وہ شخص جو کسی اعلیٰ عہدےدار کے آگےچلتا ہے۔ (٤) (مجازاً) وہ جو پہلے آکر کسی کی آمد یا پہنچنے کی خبر دے۔ (٥) (حشریات) ایک خاص طرح کا پتنگا۔ (٦) (اب صرف روایتی خطاب یا تحقیر آمیز مترادف کے طور پر) اسکول ماسٹر کا معاون؛ ماتحت استاد۔

Usher : (v) (۱) اندر لے جانا؛ (مہمان یا آنے والے شخص کی) رہنمائی کرنا؛ لوگوں کو لےجا کر مقررہ جگہوں پر بٹھانا۔ (۲) (صاحب خانہ کو کسی کی آمد کی) اطلاع دینا، نقیب کی خدمات انجام دینا۔ (۳) کسی امیر یا معزز شخص کے آگے آگے چلنا۔ (٤) متعارف کرنا؛ دنیا کے سامنے لانا۔

Usher in : (v) (۱) افتتاح کرنا۔(۲) ابتداء کرنا، شروعات کرنا ؛ آغاز کرنا۔(۳) لانا۔

Usherer : (n) [usher+er] دیکھو Usher

Usheress/Usherette : (n) عورت جو دربانی یا آنے والوں کو اندرلے جانے اور بٹھانے کا کام کرتی ہے؛ نقیب کی خدمات انجام دیتی ہے، خاتون دربان یا خاتون نقیب۔

Usherless : (a) بے دربان؛ بے نقیب؛ بے پیش رو۔

Ushership : (n) دربان، نقیب وغیرہ کا عہدہ یا کام۔

Usine : (n) [Fr.] مِل، خصوصاً ویسٹ انڈیز کی شکر کی مل۔

Using : (a) (گھوڑا) تفریح کے لئے نہیں بلکہ کام کے لئے جس کی تربیت کی گئی ہو۔

Using-ground : (n) وہ جگہ جہاں شکار کے جانور یا پرندے آتے ہوں۔

Usnea : (n) [med. L. f. Arab 'ushnah'.] کائی نما نباتات کی ایک جنس۔

Usnic acid : (n) (کیمیا)ایک قسم کا تیزاب جو کائی میں پایا جاتا ہے۔

Usnin : (n) دیکھو Usnic acid

Usquebaugh : (n) [Gaelic 'uisqe beatha'.] (۱) وہسکی۔ (۲) آئرلینڈ کا ایک مفرح شربت جو برانڈی سے بنایا جاتا ہے۔

Ustilagines : (n) Ustilago کی جمع۔

Ustilagineous : (a) سماروغی؛ سماروغ کا۔

Ustilaginous : (a) جنس کرنجوا کی طرح؛ سماروغ جیسا؛ سماروغ سے متعلق۔

Ustilago : (n) (نباتیات) جنس کرنجوا؛ سماروغ۔

Ustulation : (n) [L. 'ustulatio, - on'.] جلنا؛ جلایا جانا خصوصاً آگ پر سینکنا یا بھوننا۔

Usual : (a) [L. 'usualis'.] معمولی؛ جو معمولاً ہوتا ہو؛ حسبِ عادت؛ حسبِ رواج؛ حسبِ دستور؛ جو عام طور پر اور اکثر دیکھنے میں آتا ہو؛ جو عام یا نارمل حالت میں ہوتا ہو یا پایا جاتا ہو؛ جو عام طور پر واقع ہوتا ہو۔

Usual : (n) معمولاً ہونے والی کوئی بات یا چیز؛ حسبِ عادت یا حسبِ دستور یا حسبِ معمول ہونے والی بات۔

Usually : (adv.) معمول کے مطابق؛ حسبِ معمول طریقے سے؛ عام طور پر؛ حسبِ رواج یا دستور کےطور پر۔

Usualness : (n) حسبِ معمول، حسبِ رواج، حسبِ عادت ہونا۔

Usucapient : (n) [L. 'usucapiens, -ent'.] (قانون) حق دار ملکیت بر بنائے قبضہ۔

Usucapio : (n) (قانون) طویل مدت یا عرصے تک (کسی جائداد پر) قابض رہنے یا اس پر تصرف رکھنے سے پیدا ہونے والا حق؛ ملکیت بر بنائے قبضہ؛ وہ حق جو کسی جائداد پر ایک مدت تک مسلسل بلا مزاحمت قابض رہنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔

Usucapion : (n) [L. 'usucapion, usucapio'.] دیکھو Usucapio

Usucapt : (v) [L. 'usucapt'.] قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت حاصل کرنا۔

Usucaption : (n) قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت (کسی جائداد پر)۔

Usucaptor : (n) قبضے کی بنیاد پر حق ملکیت کا دعویدار۔

Usufruct : (n) [L. 'usufructus'.] (قانون) حق و اصلات؛ استفادہ؛ حق استفادہ؛ عارضی قبضہ، استعمال یا فائدہ اٹھانے کا حق اس طرح کہ اصل جائداد کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

Usufructuary : (n) [L. 'usufructuarius'.] (قانون) حق و اصلات یا حق استفادہ رکھنے والا (شخص)۔

Usufructuary : (a) [L. 'usufructuarius'.] حق و اصلات سے متعلق۔

Usurer : (n) [L. 'usurarius'.] ربا خور ؛ بھاری سود پر روپے قرض دینے والا ؛ سودی کاروبار کرنے والا؛ سود خور۔

Usurious : (a) (۱) بھاری سود پر قرض دینے والا؛ قرض کی رقم پر ناجائز اور بھاری یا حد سے زیادہ سود لینے والا۔ (۲) (سود کا در) بے اندازہ؛ بہت زیادہ؛ حد درجہ؛ رِبائی۔

Usuriously : (adv.) ناجائز طور پر حد سے زیادہ سود لیتے ہوئے۔

Usurp : (v) [L. 'usurpare'.] (۱) ناجائز طور پر قبضہ کرنا؛ غصب کرنا؛ ہڑپ لینا؛ ناجائز طور پر کسی چیز پر قبضہ کر لینا؛ غاصبانہ قبضہ کرنا؛ ہتھیا لینا؛ دبا بیٹھنا؛ (دولت، ملکیت، تخت و تاج، عہدہ یا خطۂ ارض پر) غاصبانہ قبضہ کرنا۔

Usurpation : (n) [-(O)Fr. 'usurpation'.] (۱) غصب؛ ناجائز قبضہ؛ غاصبانہ قبضہ؛ نا جائز طور پر ہتھیا لینے کا عمل۔ (۲) (شاذ) استعمال میں یا کام میں لگانا؛ کسی چیز کو کام یا استعمال میں لگا لینے کا عمل۔

Usurpative : (a) غاصبانہ۔

Usurpatory : (a) غاصبانہ۔

Usurpature : (n) دیکھو Usurpation

Usurper : (n) [OFr. 'usurpeur'.] غاصب؛ بلا استحقاق اور ناجائز قبضہ کرنے والا؛ غلط طور پر ہڑپ لینے والا (کوئی چیز، جانداد وغیرہ)۔

Usurpingly : (adv.) غاصبانہ طور پر۔

Usury : (n) [L. 'usuria'.] (۱) ربا خوری؛ سود خوری؛ بھاری سود پر قرض دینے کا کاروبار۔ (۲) ربا ؛ سود۔

Usward : (adv.) [ME.] ہماری طرف؛ ہم لوگوں کی جانب۔

Ut : (n) [-(O)Fr. 'ut'.] (موسیقی) گوئیڈو (Guido) کے شش سری نظام کا پہلا سُر۔

Utas : (n) [- Fr. 'outaves'.] (۱) (کلیسا) کسی تہوار کے بعد کے آٹھ دن۔ (۲) تہوار کے دن سے شروع ہونے والی آٹھ دنوں کی مدت۔

Utensil : (n)[-L 'utensile'.] (۱) برتن؛ باورچی خانے کے ظروف۔ (۲) کوئی بھی کار آمد ظرف یا آلہ۔ (۳) کاریگر، کسان وغیرہ کے استعمال کرنے کا اوزار یا ہتھیار۔ (٤) مقدس برتن (جو پوجا کے موقع پر استعمال ہو)۔

Kitchen utensil : باورچی خانے کے ظروف و آلات؛ برتن وغیرہ۔

Uter - : [L. 'uterus'.] جزو ترکیبی بمعنی "رِحَم" رِحَمی اور ــــ

Uterine : (a) [L. 'uterinus'.] (۱) ایک ہی رحَم سے پیدا ہونے والا۔ (۲) رِحَمی؛ رحَم سے متعلق؛ رحَم کا؛ اخیافی۔ (۳) (جراّحی) رحَم میں لگانے یا استعمال کرنے کے لئے بنایا ہوا۔ (٤) (لکھنے کی جھلی) جو ساقط الحمل بچھڑے یا میمنے کے چمڑے سے بنایا گیا ہو۔

Uteritis : (n) (مرضیات) ورم رحم؛ سوزشِ رحم؛ التہابِ رحم۔

Utero - : [L. 'uterus'.] Uterus کی ترکیبی صورت جو طب اور جراحی کی اصطلاحات میں آتی ھےبمعنی "رحم کا" -

Utero-abdominal : (a) رحم شکمی کا؛ رحم اور شکم دونوں سے متعلق -

Utero-gestation : (n) رحم میں بچے کی نشو و نما -

Utero-intestinal : (a) رحم اور آنت دونوں سے متعلق -

Utero-ovarian : (a) رحم اور بیضہ دان سے متعلق -

Uterotome : (n) رحم میں چیرا لگانے کا آلہ -

Uterotomy : (n) جراحیِ رحم -

Uterovaginal : (a) رحم اور فرج دونوں سے متعلق -

Uterus : (n) [L. 'uterus'.] رحم -

Utile : (a) [L. 'utilis'.] (شاذ) مفید؛ فائدہ مند؛ کار آمد؛ نفع بخش -

Utilitarian : (n) [f. 'utility + arian'.] افادیت پسند؛ ایسا شخص جو صرف افادیت اور مادی منفعت پر نظر رکھتا ھو؛ افادیت کو معیار یا مقصد (زندگی) بنانے والا شخص؛ ایسا شخص جو اس نظریے کا حامی ھو کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی عمل کا مقصد، زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے ان کے لئے اسباب مسرت وشادمانی مہیا ھوں -

Utilitarian : (a) (١) افادیت پسند؛ افادی -(٢)افادیت پسندانہ؛ مادی اور افادی - (٣) (کسی چیز کی) خوبصورتی پر اس کی افادیت کو ترجیح دینے والا -(٤) افادیت اور مادی منفعت سے متعلق - (٥) اس نظریے کا حامی کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی اعمال کا مقصد زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانا اور مسرت وشادمانی فراہم کرنا -

Utilitarianism : (n) [f. 'utilitarian' + ism] افادیت پسندی؛ افادیت پسندی کا نظریہ؛ غرض پرستی ؛ خصوصاً جرمی بینتھم، جیمز اور جان اسٹوارٹ مل کا نظریہ کہ تمام اخلاقی، سماجی اور سیاسی اعمال کا مقصد دکھ درد کی بہ نسبت زیادہ سے زیادہ سکھ ، خوشی یا زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خوشی و شادمانی فراہم کرتا ھو -

Utility : (n) [Fr. 'utilite'.] (١) فائدہ مندی؛ انتفاع؛ افادہ ؛ افادیت؛ سود مندی - (٢) (فلسفہ) کسی شخص کی صلاحیت یا اس کا عمل یا کوئی چیز ایسی ھو جس سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کی ضرورتیں اور خواہشیں پوری ھو سکیں - (٣) مفید شے؛ فائدے کی چیز - (٤) (معاشیات) ایسی شے جو انسانی ضرورت پوری کر سکے - (٥) Utility actor کے لئے بہ طور مخفف استعمال ھوتا ھے -

Utility : (a) [L. 'utilitas'.] (١) بہت سے کردار میں سے کوئی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا - (٢) جیسے مالی فائدے کے لئے رکھا یا پالا گیا ھو (نمائش کے لئے نہیں) - (٣) جس کا تعلق افادیت سے ھو حسن سے نہیں ، جو بنیادی طور پر افادی ھو حسین نہیں - (٤) (کہانی، ڈراما وغیرہ) جو بہت سی ضرورتوں میں کام آتا ھو - (٥) چھوٹا سا کردار ادا کرنے والا (تھیٹر وغیرہ میں) - (٦) افادیت عامہ سے متعلق -

Utility actor : (n) کسی ڈرامے وغیرہ میں بہت چھوٹا سا رول ادا کرنے والا اداکار -

Utility man : (n) (١) (ڈراما یا تھیٹر میں) بہت چھوٹا چھوٹا رول یا اداکاری کرنے والا ایکٹر -(٢) بیس بال (Base - ball) میں ہر طرح سے اور ہر مقام پر کھیلنے والا -(٣) متفرق قسم کے کام کرنے والا شخص - (٤) باورچی خانے کے کام میں ہاتھ بٹانے والا، مدد کرنے والا -

Utility pole : (n) بجلی یا ٹیلیفون کا کھمبا -

Utility principle : (n) نظریہٴ افادیت؛ اصول افادیت؛ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے اور ان کے لئے سامان مسرت و شادمانی مہیا کرنے کا نظریہ یا اصول؛ سب سے زیادہ خوشی کا اصول یا نظریہ -

Utility room : (n) رہائشی مکان کا ایک ایسا کمرا جس میں ضرورت کی مختلف اشیاء رکھی جاتی ہیں -

Utilizable : (a) قابل استفادہ؛ قابل استعمال؛ قابلِ مصرف؛ کام کا؛ جو کام میں لایا جا سکے -

Utilization : (n) [Fr. 'utilisation'.] استفادہ؛ استعمال؛ مصرف؛ استعمال یا مصرف میں لانا -

Utilization coefficient : (n) شرح استفادہ؛ (ٹیبل لیمپ وغیرہ کی) کُل روشنی کے عکس کا وہ حصہ جو میز

وغیرہ کی ایسی مطلوبہ جگہ پر پڑتا ھے جہاں اس کا واقعی استعمال ھوتا ھے۔

Utilize : (v) [- Fr. 'utiliser'.] مفید طور پر استعمال کرنا؛ استعمال میں لانا؛ مصرف میں لانا۔

Utilizer : (n) استعمال میں لانے والا؛ مصرف میں لانے والا؛ مفید طور پر استعمال کرنے والا۔

Utmost : (a) [OE. 'utmest'.] (۱) حد درجہ؛ انتہائی؛ بے حد، پرلے سرے کا۔ (۲) بعید ترین؛ سب سے دور کا یا دور کی۔ (۳) آخری؛ سب سے بعد کا۔

Utmost : (n) (۱) (قدیم) سب سے دور؛ سب سے دور مقام۔ (۲) بلند ترین درجہ؛ آخری حد۔ (۳) انتہائی کوشش۔

Utopia : (n) [mod. L. 'utopia'.] (۱) یوٹوپیا؛ ایک کتاب جو سرتامس مور نے ۱۵۱۶ء میں شائع کی جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر ھے جس میں ایک مکمل اور مثالی تمدن و سیاسی نظام رائج تھا۔ (۲) ایسا فرضی مقام جہاں ایک مثالی تمدنی نظام قائم ھو۔ (۳) ایسا مقام یا ایسی ریاست جو حکومت، قانون اور سماجی حالات کے معاملے میں مکمل اور مثالی ھو۔ (٤) نا قابل عمل اور نا ممکن الوجود نظام (خصوصاً سماجی اصلاح کے لئے)۔

Utopian : (a) [L.'utopianus'.] (۱) یوٹوپیا کے خیالی جزیرے یا وہاں کے لوگوں سے متعلق؛ یطوپی۔ (۲) ناقابل عمل طور پر مثالی؛ ناممکن الوجود اور خیالی۔ (۳) سماجی فلاح کے لئے مکمل اور مثالی نظام کی بات کرنے والا؛ ناقابل عمل اور مثالی منصوبے بنانے والا؛ مثالیت پرست۔

Utopian : (n) [L. 'utopianus'.] (۱) یوٹوپیا کا باشندہ؛ یوٹوپیا کا رہنے والا؛ خیال پرست۔ (۲) سیاسی اور سماجی حالات کو مثالی مقام پر پہنچانے کے لئے منصوبے سوچنے یا بنانے والا۔ (۳) خیالی اور مثالی اصلاح کا حامی؛ مثالیت پرست۔

Utopian socialism : (n) یطوپی اشتراکیت؛ مثالی سوشلزم؛ خیالی اور ناممکن الوجود سوشلزم؛ سوشلزم کا یہ تصور کہ پیداوار کے وسائل پر سماجی ملکیت کے ذریعے بے روزگاری کا خاتمہ اور معاشی ضمانت اس طور پر ممکن ھے کہ اہل سرمایہ اپنے سرمایہ سے بخوشی، بلا جبر پرامن طور پر دست بردار ھو جائیں۔

Utopianism : (n) (۱) مثالی اور خیالی نظریہ۔ (۲) مثالیت پرستی؛ خیال پرستی؛ انسانی اور سماجی اصلاح کے لئے مثالی اور خیالی منصوبے۔

Utopianist : (n) مثالیت پرست؛ خیالی و مثالی اصلاح کا حامی؛ انسانی فلاح کے لئے ناممکن الوجود اور مثالی نظام پر یقین رکھنے والا۔

Utopianize : (v) مثالی بنانا؛ یطوپی بنانا (کسی ریاست یا سماج میں) مثالی اور مکمل نظام قائم کرنا یا برپا کرنا۔

Utopism : (n) دیکھو Utopianism

Utopist : (n) دیکھو Utopian

Utopistic : (a) خیالی؛ مثالی؛ ناممکن الوجود۔

Utraquism : (n) کیلکسٹن (Calixtin) اور اس کے ماننے والوں کا عقیدہ، نظریہ۔

Utraquist : (n) [mod. L. 'utraquista'.] کیلکسٹن Calixtin کا پیرو۔

Utrecht : (a) [Fr. 'utrecht'.] (شمالی نیدرلینڈ کا ایک شہر (یوٹرخت) شہر کا؛ یوٹرخت میں رائج قسم اور طرز کا۔

Utrecht velvet : (n) ایک قسم کا دبیز اور مضبوط کپڑا جسے گدا بنانے میں استعمال کرتے ہیں۔

Utricle : (n) [L. 'utriculus'.] (۱) بوتل نما حصہ؛ غشاء ثمر؛ خول ثمر۔ (۲) (تشریح اور حیوانیات) تھیلی کاسا غشائی ظرف جو حیوانی اجسام میں پایا جاتا ھے؛ انباچہ؛ حویصلہ۔ (۳) کان کی پیچیدہ جھلی دار بناوٹ کی دو تھیلیوں میں سے بڑی تھیلی۔ (٤) (تشریح) مردوں کے مجری البول کے غدۂ مثانے والے حصے میں پائی جانے والی چھوٹی پوٹلی؛ غدۂ مثانہ کا بُلبُلہ۔ (٥) چھوٹی گولی جیسی بناوٹ۔

Utricular : (a) رحم یا شکم سے متعلق۔

Utricularia : (n) [mod. L. 'utricularia'.] (نباتیات) ایک قسم کا پودا جس کے پتوں کے حاشیے پر تھیلی نما بناوٹ ھوتی ھے؛ ایک قسم کا کلاہ پوش آبی سدا بہار پودا۔

Utriculus : (n) [L. 'utriculus'.] (حیوانیات و تشریح) دیکھو Utricle۔

Utriform : (a) [mod. L. 'utriformis'.] چرمی بوتل نما ۔

Utter : (n) کسی سطح پر بے قاعدہ نشانات جو اوزار کے ارتعاش یا حد درجہ دباؤ کے سبب بن گئے ہوں ۔

Utter : (a) [OE. 'utera, uterra'.] (۱) آخری حد پر واقع؛ دور؛ الگ ۔ (۲) قطعی؛ مکمل؛ انتہائی ؛ حد درجہ ؛ کُلّی ؛ پورا پورا ۔ (۳) (پُر تصنع استعمال میں) حد درجہ خوبصورت؛ شدید؛ جمالیاتی ۔

Utter : (v) [ME. 'uttren'.] (۱) خوشی، درد و غم یا حیرت کا اظہار چیخ کر کرنا؛ چیخ مارنا ؛ آہ بھرنا ۔ (۲) ظاہر کرنا؛ زبان سے نکالنا؛ زبان یا قلم سے ادا کرنا؛ لفظوں میں اپنے جذبات و خیالات کا اظہار کرنا؛ منہ سے نکالنا ۔ (۳) کہنا بولنا؛ چلانا (نوٹ، جعلی سکّہ وغیرہ) ۔

Utter barrister : (n) جونیر بیرسٹر؛ دوسرے درجے کا بیرسٹر ۔

Utterability : (n) قابلِ بیان ہونا؛ قابلِ اظہار ہونا ۔

Utterable : (a) قابلِ گفتنی؛ قابلِ بیان ؛ قابلِ اظہار ؛ ایسی بات جو کہی جا سکے ۔

Utterance : (n) [f. Utter+ance] (۱) منہ سے نکالی جان والی آواز ؛ چیخ ۔ (۲) بیان ؛ اظہار ۔ (۳) تقریر ۔ (٤) نطق؛ قوتِ گویائی؛ طرزِ تقریر؛ بولنے کا انداز ۔

Utterance : (n) [OFr. 'outrance'.] اب اس کا استعمال صرف اس فقرے میں جیسے:۔ To the utterance (آخر دم تک) ۔

Utterer : (n) چیخنے والا؛ بولنے والا؛ کہنے والا؛ منہ سے (مسرت ، درد و غم یا حیرت کی آواز) نکالنے والا؛ بیان کرنے والا؛ اظہار کرنے والا ۔

Utterest : (a) اب ایسے فقرے میں جیسے : To the utterest (انتہائی، انتہائی درجے تک، آخری حد تک) ۔

Utterless : (a) ناقابلِ اظہار؛ ناقابلِ بیان ۔

Utterly : (adv.) بالکل؛ کلی طور پر؛ سراسر؛ قطعاً ۔

Uttermost : (a) [f. Utter + most.] (۱) بعید ترین؛ دور دراز ۔ (۲) انتہائی، حد درجہ ۔ (۳) (قدیم) آخری ۔

Uttermost : (n) انتہائی کوشش؛ انتہا درجے کی کوئی چیز ۔

Utterness : (n) (شاذ) کلیت؛ قطعیّت؛ انتہائی ہونا ۔

Utu : (n) [- Maori] نقصان کا بدلا؛ نقصان کا عوض؛ نقصان کا چُکاؤ ۔

Uva : (n) [L. 'uva'.] (نباتیات) ایک منہ بند گودے دار پھل ؛ انگور کے جیسا ایک پھل؛ انگور؛ عنب ۔

Uva grass : (n) امریکا کے منطقہء حارّہ کی گھاس کی ایک قسم جو بہت مرصع ہوتی ہے اور جس کی اونچائی ۳۰ فٹ یا اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے ۔

Uva ursi : (n) بیر بیری (Bear berry) : ایک قسم کا گودے دار پھل ۔

Uvarovite : (n) [Named after count S.S. Uvarov, + ITE] یاقوت سبز ۔

Uvea : (n) [L. uva] (تشریح) عنبیّہ ۔

Uveal : (a) عنبی ۔

Uveitis : (n) ورم عنبیہ ۔

Uvula : (n) [L. 'uvula'.] (۱) لہات؛ لہات حلق؛ حلق کا کوّا ۔ (۲) لہاتِ مثانہ ۔ (۳) لہاتِ دماغ ۔

Uvular : (a) لہاتی ۔

Uvularia : (n) [mod. L.] شمالی امریکا کی جڑی کی ایک جنس جس کے تنے سیدھے، پتیاں بے ڈنٹھل کی اور پھول جھکے ہوئے زردی مائل گھنٹے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Uvularly : (adv.) بھاری آواز سے ۔

Uvulatome/Uvulotome : (n) لہات کو کاٹنے اور الگ کرنے کا آلہ ۔

Uvulatomy/Uvulotomy : (n) جرّاحی لہات ۔

Uvulitis : (n) [f. Uvula + itish] (مرضیات) ورم لہات ۔

Uxorial : (a) [f. L. 'uxor' + Ial] (۱) بیگم یا بیگمات کا ۔ (۲) (عمل وغیرہ) اپنی بیگم کے لئے حد سے زیادہ محبت سے بھر پور؛ بیگم پرستانہ؛ زوجہ نوازانہ ۔

Uxoricide : (n) [L. 'uxoricidium'.] بیوی کا اپنے شوہر کے ہاتھ سے قتل ۔

Uxoricide : (n) [L. 'usor' +i + cide] اپنی بیوی کا قاتل؛ اپنی زوجہ کا قاتل؛ اپنی بیگم کا قاتل ۔

Uxorious : (a) [f. L. 'uxoriosus' or 'uxor + i+ous'] (۱) بیگم پرست؛ زوجہ نواز؛ اپنی بیگم کو حد سے زیادہ چاہنے، محبت کرنے والا ۔ (۲) (عمل وغیرہ) بیگم پرستانہ، زوجہ نوازانہ؛ زن مریدانہ؛ زن مرید، اپنی بیوی سے حد سے زیادہ محبت سے بھر پور ۔

Usoriously : (adv.) اپنی بیوی، بیگم سے، حد سے زیادہ محبت کرتے ہوئے؛ زن پرستی یا زن مریدی سے، اپنی بیوی کے جذبات اور خوشی کا لحاظ کرتے ہوئے ۔

Uxoriousness : (n) زن پرستی؛ زن مریدی؛ بیگم پرستی؛ بیگم نوازی۔

V

V : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا بائیسواں حرف جو "واؤ" کی آواز دیتا ھے - (۲) "V" کی شکل کا جوڑ - (۳) (رومی ہندسوں میں) پانچ کاہندسہ - (٤) "V" حرف کا ٹائپ - (۵) پوشاک کا "V" شکل کا گلا - (٦) حرف "V" کی شکل کی کوئی چیز -

Vaad/Vaadim : (n) [L. Heb. 'Wa' ad'.] یہودیوں کی مستند نمائندہ جماعت جو یہودی فرقے کی دیکھ بھال کرتی ھے اور اسے مشورے وغیرہ دیتی ھے -

Vaal : (n) [MDu. 'Vale'.] جنوبی افریقہ کے ہرن کی ایک قسم-

Vaalhaai : (n) [Afr. 'Vaal'.] چھوٹی شارک مچھلی کی ایک قسم-

Vac : (n) Vacation کا مخفف -

Vacance : (n) (۱) خالی کرنا یا کیاجانا؛ خالی ھونا - (۲) تعطیل؛ چھٹی - (۳) (اسکاچستان) دیکھو Vacation -

Vacancy : (n) [med. L. 'Vacantia'.] (۱) خالی ھونا - (۲) خالی جگہ؛ خالی اسامی - (۳) خالی الذہن ھونا؛ بے خیالی؛ بے شغلی؛ (دماغ کا) منھاپن؛ بیکاری - (٤) شگاف - (۵) (مجازاً) خلا؛ کمی - (٦) بے مغزی - (۷) فراغت - (۸) بلّور کا ایک نقص جو کسی جوہر یا برق پارے کی کمی کی وجہ سے پیدا ھو -

Vacancy clause/-permit : (n) جائداد کےبیمہ کی ایک مخصوص تصدیق جس کی رو سے معاہدے کے بعد مکان وغیرہ خالی رہنے پر بھی بیمہ شدہ رہتا ھے -

Vacant : (a) [Fr.] (۱) خالی؛ جس میں کوئی نہ ھو - (۲) خالی؛ تقرر طلب - (۳) کھوکھلا ؛ سپاٹ ؛ بے مغز؛ منھا (دماغ)؛ بے سوچ - (٤) بے معنی؛ بے کار - (۵) لاوارث -

Vacant post : (n) خالی اسامی -

Vacantia/Vacantia bona : (n) [L.] لاوارث مال یا وراثت -

Vacantly : (adv.) خالی پن سے؛ بے وقوفی سے؛ حماقت سے؛ بے معنی طور پر -

Vacantness : (n) بے معنی ھونا؛ خالی الذہن ھونا -

Vacatable : (a) قابلِ انخلا؛ جسے خالی کیا جا سکے -

Vacate : (v) [L. 'Vacare'.] (۱) منسوخ کردینا؛ فسخ کردینا؛ (معاہدہ ، قانون وغیرہ) - (۲) خالی کرنا یا کرانا - (۳) چھوڑ کر چلا جانا - (٤) (عامیانہ) چلا جانا؛ فرار ھوجانا - (۵) نجات دلانا (فکرو تردد سے) - (٦) چھٹیاں منانا؛ تعطیل گزارنا -

Vacation : (n) (۱) خالی کرنا یا کیا جانا؛ خالی ھونا - (۲) تعطیل ؛ چھٹی - (۳) فرصت ؛ فراغت - (٤) بے شغلی؛ بے عملی - (۵) تنسیخ؛ منسوخی - (٦) وقفہ؛ سکون -

Vacation : (v) چھٹیاں گزارنا؛ چھٹی لینا -

Vacation land : (n) تفریح گاہ، تعطیل گاہ -

Vacationer : (n) تفریح گاہ میں چھٹیاں گزارنے والا -

Vacationist : (n) دیکھو Vacationer

Vacationless : (a) بے تعطیل؛ بے چھٹی کا -

Vacatur : (n) مقدمے کو منسوخ کرنے کا عدالتی حکم -

Vaccaria : (n) [mod. L.] یوریشین سالانہ بوٹی کی ایک جنس-

Vaccary : (n) [med. L. 'Vaccaria'.] (تاریخ) گاؤ شالہ؛ شیر خانہ-

Vaccinal : (a) ویکسینی؛ ویکسین کا؛ جُدرینی -

Vaccinal fever : (n) ویکسینی بخار -

Vaccinate : (v) (۱) چیچك کا ٹیکا لگانا؛ چیچك کی ویکسین کا ٹیکا لگانا ۔(۲) کسی اور ویکسین کا ٹیکا لگانا ۔

Vaccinate : (n) ٹیکا لگایا ہوا شخص ۔

Vaccination : (n) ٹیکا لگانا یا لگنا؛ جدرین کاری؛ ویکسینی ٹیکا؛ چیچك کاری ۔

Vaccination Act : (n) قانون چیچك کاری ۔

Vaccinationist : (n) چیچك کا ٹیکا جبراً لگانے کا حامی؛حامی چیچك کاری ۔

Vaccinator : (n) (۱) ٹیکے والا؛ ٹیکا لگانے والا؛ چیچك کار ۔ (۲) ٹیکےلگانے کا آلہ ۔

Vaccine : (n) ویکسین؛ ٹیکا دینے کا مادہ؛ جدرین؛ مصل چیچك ۔

Vaccine : (a) [L. 'Vaccinus'.] (۱) گائے سے متعلق؛ گائے کا ۔ (۲) چیچك کا ۔ (۳) چیچك وغیرہ کے ٹیکے کا ۔ (٤) گوتھن سیتلا سے متعلق یا اس جیسا ۔

Bovine vaccine : گائے سے حاصل کی ہوئی ویکسین؛ مصل البقر؛ گاوی ویکسین ۔

Vaccine disease : (n) گوتھن سیتلا؛ جدرین البقر؛ تھنوں کے دانے (جن سے ٹیکے کا مادہ حاصل کرتے ہیں) ۔

Vaccine innoculation : (n) دیکھو Vaccination

Vaccine lymph : (n) ویکسینی لمف؛ جدرینی لمف ۔

Vaccine matter : (n) دیکھو Vaccine-lymph

Vaccine pock : (n) دیکھو Vaccine-disease

Vaccine virus : (n) دیکھو Vaccine-lymph

Vaccinia : (n) [mod. L. vaccinus'.] (مرضیات) گوتھن سیتلا؛ جدری البقر؛ مصنوعی چیچك جو ٹیکا لگانے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Vacciniaceae : (n) [mod. L.] جھاڑیوں اور درختوں کا ایك خاندان ۔

Vaccinial : (a) گوتھن سیتلا کا یا اس سے متعلق ۔

Vacciniform : (a) گوتھن سیتلا سے مشابہ، جدری البقر جیسا ۔

Vaccinist : (n) ٹیکے لگانے والا؛ چیچك کے ٹیکے جبراً لگانے کا حامی ۔

Vaccinium : (n) [L. 'Vaccinium'.] پودوں کی ایك جنس؛ اس جنس کا کوئی پودا؛ خصوصاً بلبیری (Bilberry) ۔

Vaccinoid : (a) دیکھو Vacciniform

Vachette clasp : (n) [Fr.] مضبوط لوہے کے تار کا ٹکڑا جس کا سرا مڑا ہوا اور نوکدار ہوتا ہے اور جسے گھوڑے کی نعل میں لگاتے ہیں ۔

Vacillancy : (n) (۱) حیص بیص؛ پس و پیش؛ تذبذب؛ دو دلی؛ (۲) تلون ۔(۳) لہر چال ۔

Vacillant : (a) [L. Vacillare'.] (۱) مذبذب؛ متلون؛ پس و پیش میں ۔(۲) (حشریات) متلون؛ جھولنے والا ۔

Vacillate : (v) (۱) ادھر ادھر ہلنا؛ جھولنا؛ ڈگمگانا ۔ (۲) پس وپیش کرنا؛ مذبذب ہونا۔ (۳) باربار رائے بدلنا؛ متلون ہونا ۔

Vacillating : (a) (۱)پس وپیش کرنےوالا؛مذبذب ۔ (۲) متلون ۔(۳) تغیر پذیر؛ کبھی کچھ کبھی کچھ ؛ بدلتے رہنے والا ۔

Vacillatingly : (adv.) حیص بیص میں؛ پس و پیش کرتے ہوئے ۔

Vacillation : (n) دیکھو Vaccillancy

Vacillator : (a) جھولنے والا؛ پس و پیش کرنے والا؛ باربار رائے بدلنے والا ۔

Vacillatory : (a) مذبذب؛ متلون؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Vacoa : (n) [Native name in Mauritius.] ایك قسم کا صنوبر ۔

Vacreator : (n) پاسچر کے طریقے سے دودھ کے مکھن کو صاف کرنے کی ایك مشین کا تجارتی نام ۔

Vacua : (n) (۱) خلا؛ وہ جگہ جو مادے سے مطلقاً خالی ہو ۔ (۲) دیکھو Vacuum ۔

Vacuist : (n) [mod. L. 'Vacuista'.] معتقدِ خلا ۔

Vacuity : (n) [Fr. 'Vacuite'. or L. 'Vacuitas'.] (۱) خالی ہونا؛ خلا ۔(۲) بےمغزی ۔(۳) بے معنی ہونا ۔(٤) خالی الذہن ہونا۔(٥) فقدان ۔(٦) بے شغلی؛ بے کاری ۔

(۷) تنہائی ـ (۸) (مجازاً) خالی پن؛ خالی جگہ ـ (۹) جوف ـ (۱۰) کائناتی خلا ـ (۱۱) خالی چیز ـ (۱۲) نیستی؛ معدومیت؛ لاشیئت ـ

Vacuolar : (a) خلال کا؛ خلال دار؛ خالیوی ـ

Vacuolate : (a) خالیہ دار؛ خلال دار؛ جوف دار ـ

Vacuolate : (v) خلال یا خلایہ بننا ـ

Vacuolated : (a) دیکھو Vacuolate

Vacuolation : (n) خلال داری؛ خالیہ داری ـ

Vacuole : (n) [Fr.] (۱) خلال؛ خالیہ؛ کسی عضو میں باریک جوف جس میں ہوا یا سیّال شے ہو ـ (۲) (دمدار تارے کا) خالی حصہ یا جگہ ـ

Vacuolization : (n) (۱) دیکھو Vacuolation ـ (۲) خلایہ سازی ـ

Vacuome : (n) خالینہ ـ

Vacuometer : (n) (۱) خلا پیما ـ (۲) معیاری بار پیما ـ

Vacuous : (a) [L. 'Vacuus'.] (۱) خالی؛ جس میں خلا ہو ـ (۲) کھوکھلے دماغ کا؛ بے مغز ـ (۳) بے معنی ـ (٤) بے شغل؛ بے کار؛ کاہل؛ مجہول ـ

Vacuously : (adv.) بےمغزی سے؛ بے معنی طور پر ـ

Vacuousness : (n) خالی ہونا؛ بے مغزی؛ بے معنی ہونا؛ بے شغلی ـ

Vacuum : (n) [L.] (۱) خلا؛ وہ جگہ جو مادے سے مطلقاً خالی ہو ـ (۲) وہ ظرف یا مکان جس سے ہَواکش کے ذریعے ہَوا نکال لی گئی ہو ـ (۳) ہوا کے دباؤ کا طبعی حد سے کم ہونا ـ (٤) بیرونی اثر یا عناصر سے علاحدگی ـ (٥) کوئی ترکیب جس میں جزوی خلا پیدا کیا جا سکے یا جو ضروری خلا کی وجہ سے کام کرے، خصوصاً گرد کش ـ

Absolute vacuum : خلائے مطلق ـ

Guerickia vacuum : خلا جو ہوا کش سے پیدا کیا جائے ـ

Torricellian vacuum : خلا جو پارے کے پمپ سے پیدا کیا جائے ـ

Vacuum : (a) (۱) خلائی؛ خلا سے متعلق ـ (۲) خلا پیدا کرنے والا ـ (۳) جزوی خلا پیدا کرنے والا ـ (٤) خلا پیدا کرکے بنایا ہوا ـ

Vacuum : (v) (۱) خلائی ترکیب استعمال کرنا ـ (۲) گرد کش سے صاف کرنا ـ

Vacuum-back : (n) خلائی پلیٹ (کیمرے کی) ـ

Vacuum-bottle : (n) فلاسک؛ دھات یا شیشے کی بوتل جس میں چیز بہت دیر تک گرم یا ٹھنڈی رہتی ہے ـ

Vacuum-brake : (n) خلا روک؛ خلائی بریک جس سے ریل یا گاڑی کو روکتے ہیں ـ

Vaccum-clean : (v) گرد کش کے ذریعہ صاف کرنا ـ

Vacuum-cleaner : (n) گردکش؛ آلہ جو ہَوا کے ساتھ گرد کو بھی کھینچ لیتا ہے ـ

Vacuum-coffee maker : (n) کافی بنانے کی مشین ـ

Vacuum-cup : (n) ربر وغیرہ کا نیم کھوکھلا کرہ جو کسی ٹھوس سطح پر چپک سکتا ہے ـ

Vacuum-desiccator : (n) خلائی خشکالہ ـ

Vacuum-distillation : (n) خلائی کشید ـ

Vacuum-filter : (n) خلائی مقطار ـ

Vacuum-flask : (n) ظرف خلا؛ خلا بوتل؛ دہری بوتل جس کے دونوں حصے کے بیچ میں خلا ہوتا ہے جس کی وجہ سے اندر کے حصے میں جو چیز ہو وہ گرم یا ٹھنڈی رہتی ہے ـ

Vacuum-gauge : (n) خلا کا بار پیما؛ خلا پیما؛ خلا ناپ ـ

Vacuum packed : (a) (۱) ایسے ڈبے میں بند جس میں سے زیادہ تر ہوا نکال لی گئی ہو ـ

Vacuum-pan : (n) ایک قسم کا قرنبیق جو جزوی طور پر خالی آلے سے سلا رہتا ہے اور چینی بنانے میں کام آتا ہے ـ

Vacuum-pump : (n) خلا پمپ؛ ہوا پمپ ـ

Vacuum-system : (n) خلائی نظام ـ

Vacuum-tube : (n) خلا نلکی؛ خلائی نلی؛ جو ہوا سے بالکل خالی کر کے سر بہ مہر کردی گئی ہو۔

Vacuum-valve : (n) (۱) خلائی صمام؛ کھلمندن جو اندر کی طرف کھلتا ھے۔(۲) دیکھو Vacuum-tube۔

Vacuum-ventilation : (n) ہَوا داری جس میں نکاس پنکھا کے ذریعہ ہوا باہر سے اندر لائی جاتی ھے۔

Vacuum-weight : (n) خلائی وزن؛ وہ وزن جو خلائی وزن کے برابر ہو۔

Vacuumize : (v) (۱)خلا پیدا کرنا۔(۲)خلائی ترکیب سےصاف کرنا، خشک کرنا یا بند کرنا۔

Vade-mecum : (n) [L.] (۱) کوئی کتاب (مثلاً دستور العمل وغیرہ) جو ہمیشہ ساتھ رہتی ہو؛ کتاب الجیب۔(۲) رفیق (کتابوں کے نام کا جزو)۔ (۳) کوئی چیز جو ہر وقت ساتھ رہتی ہو۔

Vadimonium : (n) [L.] بعض قسم کی قانونی گروی یا ضمانت۔

Vadose : (a) [L. 'Vadosus'.] زیر زمین سطح آب سے نیچے کے پانی کا یا اس سے متعلق۔

Vaesite : (n)[Johannes Vaes, a Belgian minerologist.] ایک معدنی شے جس میں نیکل کا سلفائڈ ہوتا ھے (NiS_2)۔

Vag : (n) [by shortening] (۱) خانہ بدوش۔(۲) آوارہ گرد؛ مارا مارا پھرنے والا۔(۳) دیکھو Vagrant۔

Vag : (v) خانہ بدوش سمجھ کر گرفتار کر لینا۔

Vagabond : (a) [Fr., or L. 'Vagabondus'.] (۱) خانہ بدوش۔ (۲) جو مارا مارا پھرے؛ آوارہ۔(۳) سیلانی؛ چلنے پھرنے والی (مکڑی)۔(٤) آوارہ گرد۔ (٥) (عامیانہ) بد معاش؛ لچّا۔

Vagabond : (n) (۱) خانہ بدوش۔(۲) آوارہ گرد شخص؛ بدمعاش شخص؛ بدنام آدمی۔

Vagabond : (v) آوارہ گردی کرنا؛ مارا مارا پھرنا۔

Vagabondage : (n) (۱) آوارگی؛ آوارہ گردی۔(۲) آوارہ گرد لوگ۔

Vagabondia : (n) آوارگی؛ آوارہ گردی۔

Vagabondish : (a) (۱) آوارہ جیسا؛ خانہ بدوش سے مشابہ۔ (۲) آوارہ گرد؛ آوارہ مزاج۔(۳) آوارگی کا؛ آوارہ گردوں کا۔

Vagabondism : (n) آوارگی؛ آوارہ گردی۔

Vagabondize : (v) (۱) آوارہ گردی کی زندگی بسر کرنا۔ (۲) مارا مارا پھرنا۔

Vagabondry : (n) دیکھو Vagabondage

Vagabond's disease : (n) مرض آوارگان؛ جلد کی ایک بیماری۔

Vagal : (a) [f. Vagus + - AL.] تانوی؛ عصب تایہ سے متعلق یا اس پر اثر کرنے والا؛ کھوپڑی سے نیچے جانے والے عصبہ/ پٹھے سے متعلق۔

Vagal nerve : (n) عصب تایہ۔

Vagarious : (a) (۱) وہمی؛ متلون۔(۲) مارا مارا پھرنے والا؛ گشت لگانے والا۔

Vagary : (n) [L. 'Vagari'.] (۱) خیال پریشاں؛ وہم؛ بے سرو پا خیال۔(۲) من کی موج؛ لہر۔(۳) انوکھی حرکت؛ اپچ کی حرکت۔(٤) انحراف۔(٥) قدرت کا کھیل؛ غیر متوقع حرکت۔

Vagile : (a) آزادانہ حرکت کرنے والا۔

Vagility : (n) آزادانہ حرکت کرنے کی صفت یا حالت؛ کسی جسم نامی کی زندہ رہنے کی صلاحیت۔

Vagin-/Vagini : جزو ترکیبی بمعنی "فرج" "مہبل" "غلاف"۔

Vagina : (n) [L.] (۱) (تشریح، مرضیات) فرج؛ مہبل؛ اندام نہانی۔(۲) نیام؛ غلاف۔(۳) (نباتیات) وہ غلاف جو اس مقام پر بن جاتا ھے جہاں پتیاں تنے سے ملتی ہیں۔(٤) مورتی پایہ کا اوپری حصہ جہاں سے مورت کا حصہ شروع ہوتا ھے۔

Vaginal : (a) (۱) فرج کا؛ مہبلی۔(۲) (نباتیات) غلاف نما۔ (۳) (اوزار) فرج کی جراحی میں استعمال ہونے والا۔

Vagina masculina : (n) مہبل مردانہ۔

Vagina synovialis : (n) (ہاتھ یا پیر کے) وتر کا زلالی غلاف۔

Vagina tendinis : (n) دیکھو Vagina synovialis

Vaginal : (n) فرج کا شریان یا عضلہ؛ مہبلی شریان یا عضلہ۔

Vaginal artery : (n) مہبلی شریان۔

Vaginal process : (n) مہبلی زائدہ۔

Vaginant : (a) (نباتیات) غلاف دار۔

Vaginate : (a) (شاذ) غلاف دار۔

Vaginicola : (n) [mod. L.] مودار حونیات ابتدائی کی ایک جنس۔

Vaginicolous : (a) غلاف باش؛ مہبل باش۔

Vaginiferous : (a) مہبل بردار۔

Vaginismus : (n) تشنج مہبل؛ تضیق مہبل۔

Vaginitis : (n) ورم مہبل؛ سوزش مہبل؛ التہاب فرج۔

Vaginopennate : (a) غلاف پرا۔

Vaginoscope : (n) مہبل بین۔

Vaginotomy : (n) مہبل تراشی؛ فرج کا عمل جراحی۔

Vaginula : (n) [mod. L. dim. or Vagina.] (نباتیات) غلافچہ۔

Vaginulate : (a) غلافچہ دار۔

Vaginule : (n) دیکھو Vaginula

Vago-depressor : (n) عصب ثانیہ پر انخفاضی اثر پیدا کرنے والی (دوا یا اس کا اثر)۔

Vagotomize : (v) عصب ثانیہ کی جراحی تقسیم کرنا۔

Vagotomy : (n) عصب ثانیہ کی جراحی تقسیم۔

Vagotonia/Vagotony : (n) عصب ثانیہ کی حد سے زیادہ اشتعال پذیری؛ ہیجان ثانیہ۔

Vagotropic : (a) صرف عصب ثانیہ پر اثر کرنے والی (دوا)۔

Vagrance : (n) آوارہ گردی۔

Vagrancy : (n) دیکھو Vagrance

Vagrant : (a) [AFr. 'Vagarant'.] (۱) سیلانی؛ خانہ بدوش؛ خانہ بدوشانہ؛ سفری؛ دورہ کرنے والا۔(۲) پریشان خیال؛ منتشر (دماغ)؛ پریشان؛ بے سر و پا (خیالات)۔ (۳) آوارہ گرد؛ متلون۔ (٤) ادھر ادھر پھرنے والا؛ غیر ساکن۔

Vagrant : (n) (۱) خانہ بدوش۔(۲) آوارہ گرد؛ مارا مارا پھرنے والا؛ بے سمت، بے مقصد پھرنے والا۔(۳) جانور جو غذا کی تلاش میں ادھر ادھر مارے پھرتے ہیں۔

Vagrantly : (adv.) (۱) سیلانیوں کی طرح۔(۲) آوارہ گردوں کی طرح۔

Vagrom : (a) [Illiterate alteration of Vagrant.] آوارہ گرد؛ سیلانی؛ خانہ بدوش۔

Vague : (a) [Fr. or L. 'Vagus'.] (۱) غیر واضح؛ دھندلا۔ (۲) مبہم؛ مگہم؛ گول مول۔ (۳) کھویا ہوا؛ پراگندہ دماغ۔(٤) دھندلے خیالات رکھنے والا؛ مگہم بات کہنے والا۔ (٥) (مصری سال یا مہینے) مختلف موسموں سے شروع ہونےوالا۔

Vague : (n) (۱)(کسی چیز کا) مبہم پہلو۔(۲)غیرمعین حالت؛ غیر معین پھیلاؤ۔

In the vague : اکثر؛ عموماً؛ بیشتر۔

Vague : (adv.) غیر واضح طور پر؛ مبہم طور پر۔

Vague year : (n) قدیم مصریوں کا تین سو پینسٹھ(۳٦٥) دنوں کا سال جو رومی فتح سے پہلے رائج تھا۔

Vaguely : (adv.) (۱) غیر واضح طور پر؛ مبہم طور پر۔ (۲) مگہم الفاظ میں؛ گول مول الفاظ میں۔

Vagueness : (n) (۱) غیر واضح ہونا؛ دھندلاپن؛ دھندلا ہونا؛ ابہام؛ مگہم پن۔(۲) کھویا ہواہونا؛ پراگندگی دماغ۔

Vaguish : (a) کسی قدر مبہم۔

Vagus : (n) [L.] (تشریح، مرضیات) شش معدی اعصاب؛ عصب ثانیہ؛ عشریہ۔

Vagus nerve : (n) عصب ثانیہ؛ عصب شش معدی۔

Vahine : (n) [Tahitian.] مرکزی پولی نیشیا (Polynesia) کی عورت۔

Vai/Vei : (n) (۱) لائبیریا کےحبشی لوگ ۔ (۲) ان کا ایک فرد ۔ (۳) ان لوگوں کی مینڈے (Mande) زبان ۔

Vaibhasika : (n) [Skr.] بودھ فلسفے کا ایک عملی نظریہ ۔

Vail : (v) [Fr. 'Valoir'.] بخشش(جو نوکروں کو دی جاتی ھے)؛ انعام ۔

Vail : (v) (۱) (قدیم و شعر) (طرّے ، تاج ، وغیرہ کو) اظہار اطاعت کے لئے جھکانا ۔ (۲) تعظیم کے لئے ٹوپی اتارنا ۔ (۳) (مجازاً) اطاعت قبول کرنا؛ جھکنا ۔

Vain : (a) [Fr. 'Vain, Vaine'.] (۱) بے بنیاد؛ خالی خولی؛ بے حقیقت ۔ (۲) جزوی؛ بہت خفیف یامعمولی ۔ (۳) بے فائدہ ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ فضول ۔ (٤) خود پسند؛ خود نما؛ جسے اپنی خوبصورتی یا لیاقت پر حد سے زیادہ ناز ھو ۔

In vain : بے فائدہ؛ لاحاصل ؛ بے کار ۔

To take (esp. God's) name in vain : بے ادبی سے ذکر کرنا ۔

Vainglorious : (a) شیخی باز؛ لاف زن ۔

Vaingloriously : (adv.) شیخی سے؛ لاف زنی سے ۔

Vaingloriousness : (n) شیخی بازی ۔

Vainglory : (n) (۱) شیخی؛ لاف زنی؛ بیجا غرور ۔ (۲) بیجا نمود؛ نمائش ۔

Vainglory : (v) شیخی کرنا؛ بیجا غرور کرنا ۔

Vainly : (adv.) (۱) بے فائدہ ۔ (۲) خود پسندی سے؛ خود نمائی سے ۔

Vainness : (n) (۱) بے فائدہ ھونا ۔ (۲) بے بنیاد یا بے حقیقت ھونا ۔

Vair : (n) [Fr.] (۱) (نقابت) چھوٹی چھوٹی سپر نما شکلوں کا سلسلہ جو باری باری سے نقرئی اور لاجوردی رنگ کی ھوتی ہیں ۔ (۲) (قدیم) گلہریوں کا سمور ۔ (۳) (قدیم) نیولا؛ ایک قسم کا سمور دار جانور ۔

Vairy : (a) (نقابت) (مارکہ وغیرہ) دو یا زیادہ رنگوں کا؛ بوقلموں ۔

Vaisheshika/Vaisesika : (n) [Skr.] ہندو دھرم کا کثر فلسفیانہ نظام جس میں علم کائنات کے جوہری نظریے پر یقین ھوتا ھے ۔

Vaishnava/Vaisnava : (n) [Skr.] وشنو کی پوجا کرنے والا ۔

Vaisya : (n) [Skr.] ویش؛ ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے تیسری ذات جس میں بنیا اور کایستھ وغیرہ شامل ہیں ۔

Vaivode : (n) [early Magyar 'Vajvoda'.] جنوب مشرقی یورپ کے بعض ممالک کا مقامی حکمراں یا افسر ۔

Vajrayana : (n) [Skr.] تنتری بدھ مذہب ۔

Vakass : (n) [Arm. 'Vagas'.] آرمینی کلیسا کے پادریوں کی کلاہ ۔

Vakeel/Vakil : (n) [Urdu, 'Vakil'.] (۱) نمائندہ؛ سفیر؛ وکیل ۔ (۲) وکیل؛ پلیڈر ۔

Valance : (n) [AFr.] (۱) مسہری کا پردہ ۔ (۲) ٹوپی کا چھجا (دھوپ وغیرہ سے حفاظت کےلئے) ۔ (۳) (مونچھ وغیرہ کے) جھالر کی طرح لٹکتے ھوئے بال ۔

Valanced : (a) (۱) جس پر پردے لٹکے ھوں ۔ (۲)جس میں لٹکتا ھوا بال ھو ۔

Valdepenas : (n) [Sp.] ایک قسم کی شراب (جو عموماً سرخ یا سفید ھوتی ھے) ۔

Vale : (n) [Fr. 'Val'.] (۱) وادی؛ گھاٹی؛ درہ؛ فراخ وادی ۔ (۲) پرنالہ یا نالی جس میں بمبے وغیرہ کا پانی گرتا ھے ۔ (۳) دنیا؛ زندگی ۔

The vale of years : ضعیفی؛ زندگی کے آخری دن ۔

Vale : (Int.) خیر باد؛ الوداع؛ خدا حافظ ۔

Vale : (n) الوداع؛ رخصت؛ خیر باد ۔

Valediction : (n) [L. 'Vale, or Valedicere'.] (۱) خدا حافظ کہنا؛ الوداع کہنا ۔ (۲) الوداعی الفاظ؛ رخصتی الفاظ ۔

Valedictorian : (n) کالج کے سینیر طالب علم جو الوداعی تقریر کرتے ہیں ۔

Valedictorian : (a) الوداعی تقریر یا تقریر کرنے والے سے متعلق ۔

Valedictory : (a) الوداعی؛ رخصتی ۔

Valedictory : (n) (۱) الوداعی تقریر جو سینیر طلباء ڈگری لینے کے بعد بعض دوسرے موقعوں پر کرتے ہیں ۔(۲) الوداعی تقریر یا بیان ۔

Valence : (n) (۱) (کیمیا) گرفت؛ گرفت کی اکائی ؛ ہائیڈروجن کے ایک جوہر کی قوتِ ترکیبی ۔ (۲) (طبیعیات) قوت؛ فعال طاقت ۔

Valencia/Valentia : (n) (۱) ہسپانیہ کاصوبہ بلنسیہ ۔(۲) اون(n) اور سوت یا ریشم ملا ہوا کپڑا ۔(۳) بلنسیہ کا بادام یا کشمش ۔(٤) ایک قسم کی نارنگی ۔

Valencia/Valentia : (a) بلنسیہ کا یا وہاں سے متعلق ۔

Valencia cocktail : (n) خوبانی کی شراب اور نارنگی کےرس کا مرکب مشروب ۔

Valencian : (a) دیکھو Valencia

Valencian : (n) بلنسیہ کا باشندہ ۔

Valenciennes : (n) (۱) شمالی فرانس کا ایک شہر ۔(۲) ایک قسم کی لیس ؛ اس لیس کی جھالر (جسے Valenciennes lace بھی کہتے ہیں) ایک قسم کی بھاری کام کی بیل ۔

Valency : (n) [L. 'Valentia'.] (۱) (کیمیا) گرفت؛ گرفت کی اکائی؛ ہائیڈروجن کے ایک جوہر کی قوتِ ترکیبی ۔(۲) (طبیعیات) قوت؛ فعال طاقت ۔

Valency electron : (n) گرفتی برقیے ۔

Valency shell : (n) جوہر کا سب سے باہری خول جس میں گرفتی برقیے رہتے ہیں ۔

Valent : (a) گرفتہ؛ گرفت دار ۔

Valentine : (n) [Fr. 'Valentin'.] (۱) یوم ویلنٹائن؛ ١٤/فروری کی تاریخ جب مقدس ویلنٹائن کو سولی دی گئی تھی؛ عام عقیدے کے مطابق اس روز پرندے اپنے جوڑے بناتے ہیں ۔(۲) معشوق جو اس روز منتخب کیا جائے ۔ (۳) عاشقانہ یا طنزیہ خط یا تصویر جو اس دن مرد عورت کو یا عورت مرد کو بھیجتی ہے؛ محبت نامہ ۔ (٤) معشوق کے انتخاب کا قرعہ ۔

Valentine day : (n) یوم ویلنٹائن ۔

Valentinian : (n) غناسطی فرقہ کا بانی مصری عالم دین ویلنٹین کا پیرو یا معتقد ۔

Valentinian : (a) بانی بدعت ویلینٹینس (Valentinus) کے غناسطی فرقے سے متعلق یا پیروی کرنے والا ؛ ویلینٹینس یا اس کے معتقد کا پڑھایا ہوا یا اشاعت کیا ہوا ۔

Valentinianism : (n) غناسطیت جس کا بانی ویلینٹینس تھا ۔

Valer aldehyde : (n) چارسیال الذی ہائیڈوں میں سے کوئی ایک (C_4H_9CHO) ۔

Valeramide : (n) چار بلوری امائیڈ (amides) ($C_4H_9CONH_2$) میں سے کوئی ایک جو سنبل کے تیزاب سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Valerate : (n) (کیمیا) ایک نمک جو کسی اساس پرولیرین کے ترشے کے عمل سے بنتا ہے ۔

Valerian : (n) [Fr. 'Valeriane'.] (۱) ولیرین؛ ایک قسم کا پودا جس میں چھوٹے چھوٹے گلابی اور سفید پھول ہوتے ہیں جن کی تیز خوشبو بلیوں اور چوہوں کو مرغوب ہے اور جسے دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے؛ جنسِ سنبل؛ جنسِ بالچھڑ؛ بلی لوٹن ۔ (۲) اس کی جڑ سے نکالی ہوئی دوا جو بطور مفرح استعمال کی جاتی ہے ۔

Valerian family : (n) سنبلیہ ۔

Valerian oil : (n) ناخوشگوار بو کا ایک تیل جو آفتاب پرست پھولوں کی جڑوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Valeriana : (n) [mod. L.] سالانہ بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Valerianaceae : (n) [L.] سنبلیہ ۔

Valerianate : (n) دیکھو Valerate

Valerianic : (a) ولیرین کا؛ سنبل کا؛ سنبلی ۔

Valeric : (a) ولیرین کی جڑ کا ۔

Valeric acid : (n) سنبل کا تیزاب؛ ایک روغنی ترشہ ($C_5H_{10}O_2$) ۔

Valerin : (n) گلیسرین کا مرکب اثیر جو سنبل کے تیزاب کو گلیسرین کے ساتھ گرم کرنے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Valero/Valer : جزو ترکیبی بمعنی "سنبلی" "ولیرین کا" ۔

Valerone : (n) ایک شفاف، بے رنگ،حرکت پذیر سیال؛ سنبل کے تیزاب کا کیٹون ۔

Valeryl : (n) (کیمیا) سنبل کے تیزاب کا فرضی یک گرفتہ اصلیہ(C_5H_2O) ۔

Valet : (n) [Fr.] (۱) خاص خدمت گار(جو کپڑے پہنانے وغیرہ کا کام کرتا ہے) ۔ (۲) ہوٹل وغیرہ کا خاص ملازم ۔ (۳) آنکس یا چھڑی جس کے سرے پر لوہا لگا رہتا ہے ۔ (٤) کپڑے یا دوسری ذاتی چیزوں کے رکھنے کا ایک قسم کا فریم یا چوکھٹا ۔

Valet : (v) خدمت گار ہونا؛ خدمت گار کا کام انجام دینا ۔

Valet-de-chambre : (n) [Fr.] دیکھو Valet

Valet-de-place : (n) [Fr.] رہبر؛ رہنما؛ پیشرو ۔

Valetaille : (n) [Fr.] خدمت گاران ۔

Valetry : (n) ذاتی خدمت گاران ۔

Valetudinarian : (n) سدا روگی؛ دائم المریض؛ کم زور صحت کا شخص ۔

Valetudinarian : (a) (۱) کم زور صحت کا : دائم المریض : کم زور ۔ (۲) جویائے صحت ۔ (۳) اپنی صحت کا حد سے زیادہ فکر کرنے والا شخص؛ صحت کا سودائی؛ وسواسی ۔

Valetudinarianism : (n) دائم المریض ہونا ؛ صحت کا سودا ؛ کم زور صحت ۔

Valetudinary : (a) [L. 'Valetudinarius'.] (۱) دائم المریض؛ وسواسی ۔ (۲) کم زور صحت کا ۔

Valetudinary : (n) صحت کا سودائی؛ کم زور صحت کا شخص ۔

Valgus : (n) [L.] (مرضیات) روح القدم؛ ٹانگ یا پاؤں کی مڑی ہوئی ہڈیوں کی حالت؛ ٹانگ کی ہڈی کی خمیدگی ۔

Valhalla : (n) [mod. L.] (۱) (اسکینڈی نیویا کی دیو مالا) ولہالا؛ قصر شہداء؛ وہ قصر جس میں مقتول سورماؤں کی ارواح جمع ہو کر جشن مناتی ہیں ۔ (۲) (مجازاً) روضہ؛ مقبرہ ۔ (۳) وہ عمارت جس میں کسی قوم کے مشاہیر کا مدفن ہو یا ان کے مجسمے وغیرہ نصب ہوں ۔

Vali : (n) [Turk.] ترکی صوبے کا گورنر ۔

Valiance : (n) [AFr.] (۱) بہادری؛ شجاعت ۔ (۲) (قدیم) کارنمایاں ۔

Valiancy : (n) دیکھو Valiance

Valiant : (a) [AFr. 'Valiaunt'.] (۱) بہادر؛ شجاع ۔ (۲) بہادرانہ؛ بہادری کا؛ شجاعانہ؛ مردانہ؛ مردانگی کا ۔ (۳) عمدہ؛ قابلِ ذکر ۔

Valiant : (n) بہادر؛ بہادر شخص ۔

Valiantly : (adv.) مردانہ وار؛ بہادری سے ۔

Valiantness : (n) مردانہ وار ہونا؛ بہادری؛ شجاعت ۔

Valid : (a) [Fr. 'Valide' or L. 'Validus'.] (۱) معقول؛ مضبوط؛ بجا؛ صحیح (دلیل، اعتراض وغیرہ)؛ درست؛ واجب ۔ (۲) (قانون) باضابطہ؛ جائز؛ جو قانون کے مطابق اور ضابطے کے لحاظ سے مکمل ہو ۔ (۳) (کلیسا) تکنیکی طور پر مکمل یا مجرب ۔ (٤) با اثر؛ مؤثر؛ پُراثر ۔ (٥) صحت مند؛ مضبوط؛ موٹا تازہ؛ ہٹاکٹا ۔

Validate : (v) [med. L. 'Validare'.] (۱) جائز قرار دینا؛ مباح کرنا ۔ (۲) توثیق کرنا؛ تصدیق کرنا ۔

Validation : (n) توثیق؛ جواز نامہ ۔

Validatory : (n) توثیقی ۔

Validity : (n) (۱) باضابطہ ہونا؛ جائز ہونا ۔ (۲) معقولیت؛ صحت ؛ بجا ہونا ؛ جواز ؛ صحت قانونی ۔ (۳) تاثیر؛ قوت؛ اثر ۔

Validly : (adv.) (۱) باضابطہ طور پر؛ جائز طورپر ۔ (۲) بجا طور پر؛ صحیح طور پر ۔

Validness : (n) دیکھو Validity

Valine : (n) [f. val(eric)] ایک سفید بلوری امینوایسڈ جو لحمیہ میں پایا جاتا ہے اور انسانی غذا کے لئے اہم جزو ہے ($(CH3)_2$ CHCH (NH_2) COOH) ۔

Valise : (n) [Fr.] (۱) ایک قسم کا بیگ یا پورٹ منٹو ۔ (۲) (فوج) سپاہیوں کا پیٹھ پر باندھنے کا تھیلا ۔

Valkyr : (n) (اسکینڈی نیویائی دیومالا میں) والکیر؛ دیوتا اوڈن کی بارہ پیش خدمتوں میں سے کوئی ایک جو اس کا فیصلہ کرتی ہیں کہ لڑائی میں کون کون شخص قتل ہوگا۔

Valkyrian : (a) والکیر یا جنگ سے متعلق۔

Valkyrie : (n) [ON. 'Valkyrja'.] دیکھو Valkyr

Vallance : (n) دیکھو Valance

Vallar : (a) [L. 'Vallaris'.] (قدیم روم) (مکٹ یا ہار) اس سپاہی کو دیا ہوا جو سب سے پہلے دشمن کے مورچے پر حملہ /دھاوا کرتا ہے۔

Vallary : (a) دیکھو Vallar

Vallate : (a) [L. 'Vallatus'.] کاسی۔

Vallecula : (n) [L. 'Vallicula'.] (تشریح، نباتیات) خیارہ؛ گہری لکیر؛ شیار؛ جھری؛ تجویف۔

Vallecular : (a) خیارہ نما؛ شیار دار؛ جھری دار۔

Valleculate : (a) خیارہ دار۔

Valleriite : (n) [Sw. 'Valleriit'.] ایک معدنی شے $Cu_2 Fe_4 S_7$ جس میں تانبے اور لوہے کا سلفائیڈ رہتا ہے۔

Valley : (n) [AFr. 'Valey'.] (۱) وادی؛ گھاٹی؛ تنگ درہ۔ (۲) وادی نما نشیب۔ (۳) (تعمیرات) اندرونی زاویہ جو ڈھلوان چھتوں کے اتصال سے بنتا ہے۔ (٤) شطر دماغ کا نشیب۔ (٥) سوسن کی قسم کا ایک پھول (Lily of the valley)۔

Valley of the shadow (of death) : انتہائی آلام و مصائب (کا زمانہ)۔

Valley board : (n) (تعمیرات) اندرونی زاویے کے پاس کی سیسے کی نالی۔

Valley breeze : (n) وادی میں چلنے والی باد نسیم۔

Valley fever : (n) ایک قسم کا بخار جو انسانوں اور جانوروں کو آتا ہے۔

Valley flat : (n) چشمے کے کنارے کی نشیبی سطح زمین۔

Valley lily : (n) سوسن کی قسم کا ایک پھول۔

Valley of tears : (n) دنیا۔

Valley quail : (n) بٹیر کی ایک قسم۔

Valley of elevation : (n) طبقات الارض کے شگاف سے نکلنے والی وادی۔

Valley wind : (n) باد وادی۔

Vallisneria : (n) [med. L.] سطح سمندر سے نیچے کے آبی پودوں کی ایک جنس۔

Vallota : (n) [mod. L., after Antoine Vallot, a Fr. Physician] جنوبی افریقہ کی گنٹھی دار بوٹیوں کی ایک جنس۔

Vallum : (n) [L.] (۱) دمدمہ؛ پشتہ خصوصاً وہ جو رومیوں نے انگلستان اور مرکزی اسکاچستان میں بنایا تھا۔ (۲) (تشریح) ابرو؛ بھوں۔

Valois : (a) [Fr.] فرانس کے اس شاہی خاندان کا یا اس سے متعلق جو سنہ ۱۳۲۸ سے ۱۵۸۹ء تک حکومت کرتا تھا۔

Valonia : (n) [It. 'Vallonia'.] کاس بلوط؛ ولونیا۔

Valor : (n) [Var. of Valour.] (۱) طاقت؛ قوت؛ اہمیت۔ (۲) شجاعت؛ بہادری۔

Valorization : (n) [Fr.] تعین قیمت (سرکاری طور پر)؛ سرکاری قیمت بندی۔

Valorize : (v) سرکاری طور پر کسی چیز کی قیمت بڑھانا یا معین کرنا۔

Valorous : (a) [OFr. 'Valerous'.] (۱)بہادر؛ شجاع۔ (۲)بہادرانہ؛ شجاعانہ۔

Valorously : (adv.) شجاعت سے؛ بہادری سے۔

Valorousness : (n) بہادری؛ شجاعت۔

Valour : (n) [OFr.] دیکھو Valor

Valsalva maneuver : (n) (تشریح) ناک منہ بند کرکے اور گالوں کو پھلا کر کان کے درمیانی حصے کو ہوا دینا۔

Valsalvan : (a) [f. A.M. Valsalva, an Italia anatomist.] اعضاء سماعت پر ویل سیلوا کی تحقیق سے متعلق؛ ویل سیلوا کا پیش کیا ہوا یا استعمال کیا ہوا۔

Valse : (n) [Fr.] والز ناچ جس میں ناچنے والوں کی جوڑی ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ دے کر چکر کھاتی ہوئی آگے بڑھتی ہے ۔

Valse : (v) والز ناچ ناچنا ۔

Valuable : (a) (۱) بیش قیمت: بیش بہا: قیمتی: گراں قدر: قابل قدر ۔ (۲) قابل تعین قیمت: جس کی قیمت کی تشخیص کی جاسکتی ہو ۔

Valuable : (n) (عموماً جمع میں) ذاتی استعمال کی قیمتی شے یا اشیاء (زیورات وغیرہ) ۔

Valuable consideration : (n) تلافی: معاوضہ: اجر ۔

Valuableness : (n) بیش قیمتی ہونا: گراں قدر ہونا: گراں قدری ۔

Valuably : (adv.) قیمتی طور پر: گراں قدری سے ۔

Valuate : (v) قیمت آنکنا: قیمت کا تعین کرنا: قیمت لگانا ۔

Valuation : (n) (۱) اندازۂ قیمت: تشخیص قیمت: تشخیص مالیت: تثمین ۔ (۲) تشخیص کردہ قیمت: مالیت ۔ (۳) قدر و قیمت کا اندازہ ۔ (٤) جانچ ۔

Valuation survey : (n) مالیتی سروے ۔

Valuational : (a) مالیتی: تشخیص قیمت سے متعلق ۔

Valuationally : (adv.) تشخیص قیمت کی طرح یا رُو سے ۔

Valuative : (a) دیکھو Vauational /Evaluative

Valuator : (n) قدر و قیمت کا اندازہ کرنے والا: تشخیص کرنے والا: تخمینہ کرنے والا ۔

Value : (n) [OFr.] (۱) قدر و قیمت: قدر: افادہ ۔ (۲) قیمت ۔ (۳) (معاشیات) قدر مبادلہ: قدر: دوسری اشیاء کو خریدنے کی قوت جو کسی شے میں ہو ۔ (٤) بدل: مساوی چیز ۔ (٥) (لفظ کا) مفہوم ۔ (٦) (مصوری) تصویر کے روشن اور تاریک حصوں کا تناسب ۔ (۷) (جبر و مقابلہ) قیمت (رقم کی) ۔ (۸) (حیاتیات) درجہ (تقسیم کے لحاظ سے) ۔ (۹) (رخ) ذاتی قدر و قیمت رکھنے والی چیز ۔ (۱۰) (موسیقی) سُر کی نسبتی لمبائی یا وقفہ ۔ (۱۱) (جمع) اصول یا معیار: قدر شناسی ۔

Of value : قیمتی: گراں قدر ۔

Of.....value : ...... قیمت کا ۔

Out of value : (مصوری) تصویر حد سے زیادہ روشن یا تاریک ۔

Surplus value : قدر زائد: محنت کی پیداوار جو مزدور اور اس کے بیوی بچوں کی خوراک نکالنے کے بعد بچ رہے ۔

To set a value on /-upon : کسی مخصوص در سے تشخیص کرنا ۔

Under value : مناسب قیمت سے کم کا ۔

Value : (v) (۱) قیمت کا تعین یا تشخیص کرنا ۔ (۲) قدر کرنا: قابل قدر سمجھنا: عزیز رکھنا: فخر کرنا: غرور کرنا ۔

Value added : (n) (۱) (لاگت سے) قدر مزید ۔

Value judgement : (n) اندازۂ قدر ۔

Value of service : (n) سب سے زیادہ کرایہ جو تاجر جہاز سے مال ڈھونے پر دے سکتا ہے ۔

Value system : (n) حتمی قدروں کا نظام ۔

Valued : (a) (۱) تخمینہ کیا ہوا: تشخیص شدہ ۔ (۲) قابل قدر: قابل احترام: محترم: معظم ۔

Valued policy : (n) مالیتی بیمہ ۔

Valueless : (a) بے مصرف: ناکارہ: نکمی: کم قدر ۔

Valuelessness : (n) ناکارہ ہونا: بے مصرف ہونا: نکما پن ۔

Valuer : (n) (۱) تشخیص کنندہ ۔ (۲) قدرداں: قدر کرنے والا ۔

Valuta : (n) [It.] (۱) زر: زرنقد ۔ (۲) زرِ مبادلہ ۔

Valva : (n) [mod. L.] (۱) باب: صمام ۔ (۲) صدف پارہ ۔

Valval : (a) درے کا ۔

Valval/Valver : (a) (۱) صمامی: بابی ۔ (۲) درہ دار: کھلمندیلا ۔ (۳) دیکھو Valvular ۔

Valvar : (a) کھلمندن کا: صمام کا: صدف کا ۔

Valvata : (n) [mod. L.] درہ داران: والو داران ۔

Valvate : (a) [L. 'Valvatus'.] (نباتیات) درہ دار؛ کھلمندیلا؛ دریچہ دار ۔

Valve : (n) [L. 'Valva'.] (۱) کھلمندن؛ مشین کا وہ پرزہ جس سے گیس یا سیال شے کا راستہ کسی نالی میں حسب ضرورت از خود کھل جائے اور بند ہو جائے؛ صمام؛ والو ۔ (۲) (تشریح) صمام؛ باب؛ وہ جھلی جس میں سے خون وغیرہ ایک طرف بہتا رہے مگر دوسری طرف نہ بہہ سکے ۔ (۳) (صدفیات) صدف یا اس کا ایک علاحدہ حصہ؛ صدف پارہ ۔ (٤) (حیوانیات) پردہ ؛ غلاف ۔ (٥) (نباتیات) درہ؛ دریچہ؛ ڈوڈے یا حامل زر کی ایک پھانک ۔ (٦) آب بند کا دروازہ ۔ (۷) (برتن) بجلی کے قمقمے میں موصل کی ایک ترکیب جو بجلی کی رَو کو منضبط کرتی ہے: خلائی نلی ۔ (۸) مٹی یا پتھر کے قالب کا ایک حصہ (جو قدیم باشندے کانسے کی چیزیں ڈھالنے کے لئے استعمال کرتے تھے) ۔ (۹) کھلمندن سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۱۰) (تعمیرات) مصراع؛ کواڑ ۔ (۱۱) (ریڈیو) صمام؛ والو ۔

Double beat valve : دو ضربی وَالوَ ۔

Key valve : آرگن باجے: بانسری وغیرہ کا کھلمندن ۔

Safety valve : حفاظتی وَالوَ ۔

Slide valve : پھسلواں وَالوَ ۔

Thermionic valve : حررواني وَالوَ ۔

Wireless valve : لاسلکی صمام؛ وائرلیس والو ۔

Valve chamber : (n) (استوانہ) وہ خانہ جہاں سے بھاپ استوانہ میں جاتی ہے ۔

Valve gear : (n) وہ گیرہ جس کے ذریعہ حرکت انجن کےصمام تک پہنچائی جاتی ہے ؛ وَالوی گیرہ ۔

Valve lifter : (n) درون سوز انجن کے استوانہ کے صمام کو کھولنے کی ایک ترکیب ۔

Valve motion : (n) دیکھو Valve- gear

Valve pilot : (n) (بھاپ انجن کا) بھاپ نما ۔

Valve seat : (n) وہ حلقہ جس پر درون سوز انجن کا کھلمندن بند حالت میں رہتا ہے ۔

Valve set : (n) وَالوَ دار ریڈیو یا لاسلکی آلہ ۔

Valve shell : (n) ایک قسم کا معدہ پا ۔

Valve snail : (n) ایک قسم کا گھونگا ۔

Valve trombone : (n) صمام دار ترم ۔

Valved : (a) صمام دار؛ دریچہ دار ۔

Valveless : (a) بے کھلمندن؛ بے صمام ۔

Valvelet : (n) (۱) (تشریح) چھوٹا سا صمام؛ صمیم ۔ (۲) (نباتیات) چھوٹا سا درہ یا دریچہ ۔

Valviferous : (a) (۱) جس میں کھلمندن ہوں ۔ (۲) پرصمام ۔ (۳) دریچہ دار ۔

Valviform : (a) کھلمندن؛ صمام یا صدف پارے کی شکل کا ۔

Valving : (n) صمام کا نظام یا ترتیب ۔

Valvotomy : (n) صمام تراشی ۔

Valvul/Valvulo : جزو ترکیبی بمعنی چھوٹا صمام؛ چھوٹا باب ۔

Valvula : (n) [mod. L.] صمام یا صمیم؛ چھوٹا باب یا پردہ ۔

Valvula connivens : (n) سلوٹ ۔

Valvular : (a) (۱) صمامی؛ بابی ۔ (۲) درہ دار؛ کھلمندیلا ۔ (۳) (تعمیرات) مصراعی ۔

Valvulate : (a) صمیم دار؛ دریچہ دار ۔

Valvule : (n) (۱) چھوٹا صمام؛ وَالوَ صغیر ۔ (۲) چھوٹا سا درہ؛ چھوٹا سا دریچہ ۔

Valvulitis : (n) التہام صمام؛ ورم باب دل ۔

Valvuloplasty : (n) صمام تراشی ۔

Valvulotome : (n) صمام تراشی کا آلہ ۔

Valvulotomy : (n) دیکھو Valvuloplasty

Valylene : (n) [Valerian + - YL.] (کیمیا) ایک ہائیڈروکاربن (C_5H_6) ۔

Vambrace : (n) [ME.Vaun (t) bras.] ساعد پوش؛ زرہ کا وہ حصہ جس سے پیش بازو کی حفاظت ہوتی ہے ۔

Vambraced : (a) (نقابت) پیش بازو کا زرہ پہنے ہوئے ۔

Vamose/Vamoose : (v) [Sp. 'Vamos'.] (۱) (امریکی عامیانہ) (کسی جگہ سے) بھاگ جانا؛ چل دینا؛ فرار ہو جانا ۔ (۲) چھوڑ دینا ۔

Vamp : (n) [AFr. 'Vaumpe'.] پنجہ؛ جوتے موزے وغیرہ کے اوپر کے چمڑے کا اگلا حصہ؛ چھوٹا موزہ ۔

Vamp : (n) (۱) پیوند؛ جوڑ ۔ (۲) متفرق مضامین کی کتاب؛ فرسودہ ادبی مضمون ۔ (۳) باجے کا جوڑ (جو گانے کے ساتھ وقت کے وقت ملا دیا جاتا ہے) ۔

Vamp : (n) قحبہ؛ عیارہ ۔

Vamp : (v) ورغلانا؛ بہکانا؛ پھسلانا (عشوہ گری سے) ۔

Vamp : (n) [Origin unkn.] رضا کار آگ بجھیا ۔

Vamp : (v) (۱) (جوتے میں) نیا پنجہ لگانا ۔ (۲) پیوند لگانا؛ جوڑ لگانا ۔ (۳) (گانے کے ساتھ) وقت بے وقت برا بھلا جوڑ لگانا ۔ (٤) ادھر ادھر سے متفرق خیالات لے کر مضمون لکھ ڈالنا ۔ (٥) پیدل چلنا ۔ (٦) گھڑنا؛ بنانا ۔

Vamp-trap : (n) (تھیٹر کا) (دوپٹ کا کمان دار) چوردروازہ ۔

Vamped : (a) (۱) درست کیا ہوا؛ پیوند لگا ۔ (۲) فرسودہ ۔ (۳) من گھڑت؛ گھڑا ہوا ۔

Vamper : (n) (۱) پیوند لگانے والا ۔ (۲) جوتوں میں پنجے لگانے والا ۔

Vamphorn : (n) مکبر الصوت جو اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں کلیسا میں استعمال کیا جاتا تھا ۔

Vampire : (n) [Fr. or G. Vampir.] (۱) خونخوار بھوت جو رات کو قبر سے نکل کر سوتے ہوئے انسان کا خون پی لیتا ہے؛ مصاص روح ۔ (۲) دوسروں کا خون چوسنے والا؛ سختی سے روپے وصول کرنے والا ۔ (۳) خونخوار چمگادڑ؛ ایک قسم کی چمگادڑ جو گھوڑے اور مویشی وغیرہ اور سوتے ہوئے انسان کا خون پی لیتی ہے؛ مصاص (چمگادڑ) ۔ (٤) (تھیٹر) (دو پٹ کا کمانی دار) چور دروازہ جس میں سے ایک شخص دفعتاً نکل آتا ہے یا غائب ہو جاتا ہے ۔

False vampire : مصاص کاذب ۔

True vampire : مصاص حقیقی ۔

Vampire bat : (n) مصاص چمگادڑ ۔

Vampire-trap : (n) (تھیٹر کا) (دو پٹ کا کمانی دار) چور دروازہ ۔

Vampiric : (a) خون چوسنے والا؛ طفیلی؛ خونخوار بھوت یا خونخوار چمگادڑ کا سا ۔

Vampirish : (a) مصاص روح یا چمگادڑ سے متعلق یا اس کی صفت رکھنے والا ۔

Vampirism : (n) (۱) خونخوار بھوت کا عقیدہ؛ مصاصیت ۔ (۲) خون چوسنا؛ خون پینا (معنوی اور مجازی معنوں میں) : امتصاص ۔

Vampirize : (v) (۱) مصاص کا کام کرنا ۔ (۲) خونخوار چمگادڑ یا خونخوار بھوت کی طرح بالکل چوس لینا ۔

Vampish : (a) عیارہ یا قحبہ جیسی ۔

Vampishness : (n) قحبہ یا عیارہ ہونا ۔

Vamplate : (n) [AFr. 'vauntplate'.] (تاریخ) آہنی تختی جو ہاتھ کی حفاظت کے لئے نیزہ زنی کے وقت استعمال کی جاتی تھی؛ دست بند ۔

Vampyrella : (n)[mod. L.] حونیات ابتدائی کی ایک جنس ۔

Vampyrum : (n) [mod. L. 'Vampyrus'.] جنوبی اور مرکزی افریقہ کی چمگادڑوں کی ایک جنس ۔

Van : (n) [Var. of fan.] (۱) پھوڑنے کی کل؛ سُوپ ۔ (۲) بیلچہ جس سے کوئلہ یا جانچنے کے لئے کچی دھات اٹھا تے ہیں ۔ (۳) کچی دھات کو بیلچے پر جانچنے کا ایک طریقہ ۔ (٤) اس طرح نکلی ہوئی دھات ۔ (٥) پون چکی کا باد گیر ۔ (٦) پنکھے کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۷) پرند یا حشرات کا بازو؛ پنکھ ۔

Van : (n) (۱) ہراول؛ فوج کا اگلا حصہ؛ مقدمۂ لشکر ۔ (۲) جہازوں کے بیڑے کا اگلا حصہ ۔ (۳) وہ لوگ جو کسی تحریک میں پیش پیش ہوں؛ قائدین ۔ (٤) (میدان جنگ میں) صف اول ۔ (٥) Vanguard کا مخفف ۔

Van : (n) (۱) بند چھکڑا - (۲) ریل گاڑی کا ڈبہ - (۳) گاڑی کا ڈبہ - (٤) Caravan کا مخفف -

Van : (n) (ٹینس) Vantage کا مخفف -

Van : (v) ڈبے میں بھیجنا؛ بند چھکڑے میں بھیجنا -

Van : (v) بیلچے پر دھو کر کچی دھات کو الگ کرنا یا جانچنا -

Van Allen (radiation) belt : (n) (۱) زمین کے گرد (خط استوا پر دو ہزار اور دس ہزار میل اونچائی پر) کے ان دوفضائی طبقوں میں سے ایک جس میں زمین کے مقناطیسی میدان میں پھنسے ہوئے لاتعداد توانائی سے پر ذرات ہیں - (۲) جیمز اے - وین - ایلن (James A. Van Allen) ایک امریکی طبیعیات داں کا نام -

Van-bird : (n) (۱) براول چڑیا؛ سیلانی پرندوں میں پہلا پرند جو اوروں کے آنے کی خبر دیتا ہے- (۲) (مجازاً) پیش خیمہ؛ وہ چیز جو کسی آنے والے واقعے کی خبر دے -

Van-bras : دیکھو Vambrace

Van-courier : (n) نقیب؛ چاؤش؛ پیش سوار -

Van-foss(e) : (n) [Fr.'avant-fosse'.] (فوج) قلعے کے پشتے کے باہری طرف کا گڈھا جس میں پانی بھرا رہتا ہے -

Van-winged hawk : (n) ایک قسم کا چھوٹا باز -

Vanadate : (n) [f. Vanadium+ - ate] وانڈیم کا نمک؛ وانڈیٹ -

Vanadiate : (n) دیکھو Vanadate

Vanadic : (a) وانڈیم کا (ایسا مرکب جس میں اس دھات کا جزو کم ہو) -

Vanadic acid : (n) وانڈیم کا تیزاب -

Vanadiferous : (n) جس میں وانڈیم ہو -

Vanadinite : (n) ایک معدنی شے جس میں شیشے کا وینڈیٹ ور کلورائیڈ ہوتا ہے -

Vanadious : (a) وانڈیم کا (ایسا مرکب جس میں اس دھات کا جزو زیادہ ہو) -

Vanadite : (n) وانڈیم کے تیزاب کا نمک -

Vanadium : (n) [mod. L.] وینڈیم؛ وانڈیم؛ ایک کمیاب سفید فلزی عنصر جس کے بعض نمکوں سے پکا سیاہ رنگ بنتا ہے -

Vanaprastha : (n) [Skr.] جنگل باش ہندو جوگی؛ خصوصاً برہمنی زندگی کے تیسرے دور کا جوگی -

Vanaspati : (n) [Skr.] وناسپتی؛ ہائیڈروجن آمیزنباتی تیل -

Vanbrace : دیکھو Vambrace

Vancouveria : (n) [mod. L.] شمالی امریکا کی بوٹیوں کی ایک جنس -

Vand der waals equation : (n) [after John D. Van der Waal] مساوات وان ڈی وال -

Vanda : (n) [Skr. ' Vanda'.] (نباتیات) ایشیا کے گرم خطوں میں پائی جانے والی طفیلی ثعلبیہ کی ایک جنس -

Vandal : (n) [L. 'Vandalus'.] (۱) ونڈال؛ اس جرمنی نسل کا رکن جس نے فرانس، اسپین ، شمالی افریقہ اور روم کو تاراج کیا تھا اور فنون لطیفہ کے کارناموں اور کتابوں کو برباد کیا تھا - (۲) ونڈال کی طرح وحشی؛ کسی اچھی چیز کو برباد کرنے والا - (۳) ان عمارتوں یا نشانیوں کو خراب یا برباد کرنے والا جنہیں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے -

Vandal : (a) (۱) تہذیب سوز؛ غارت گر تہذیب؛ تہذیب کی نشانیوں خصوصاً فنون لطیفہ اور علوم کے مظاہر کو مٹانے والا - (۲) ونڈال سے متعلق - (۳) وحشی؛ غیر مہذب -

Vandalic : (a) ونڈالی؛ ونڈالیوں کا سا؛ تہذیب سوزی کا -

Vandalish : (a) وحشی؛ تہذیب سوز -

Vandalism : (n) تہذیب سوزی؛ غارت گری تہذیب؛ وحشی پن -

Vandalistic : (a) دیکھو Vandalish

Vandalize : (v) وحشی بنانا؛ تہذیب سوز بنانا؛ غارت کرنا؛ برباد کرنا -

Vandemonian/Vandiemenian/Vandiemonian : (n) تسمانیہ کا سفیدفام باشندہ؛ خصوصاً وہ جسے سنہ ۱۹۳۲ء سے پہلے جلا وطن کرکے لایا گیا تھا -

Vandemonian : (a) (۱) تسمانیہ کے سفید فام باشندے سے متعلق ۔(۲) بدمعاش: متشدد ۔

Vandenbrandeite/Vandenbrandite : (n) [Fr.] ایک معدنی شے ۔$(CU\,O_4\,2H_2O)$

Vandyke : (n) [f. name of Sir Anthony Vandyke, a Flemish painter.] (۱) وان ڈائیک کی بنائی ہوئی تصویر ۔ (۲) دندانے دار جھالر یا اس کا ایک دندانہ ۔ (۳) (جمع) دندانے دار جھالر کا گریبان یاقبا ۔ (٤) دندانے دار کنارا ۔(۵) دیکھو Vandyke beard۔

Vandyke : (a) وان ڈائیک یا اس کی تصویروں سے متعلق: اس طرز کا جو وان ڈائیک کی تصویروں کے لباس کی عموماً ہوتی ھے ۔

Vandyke : (v) (جھالر وغیرہ میں) دندانے کاٹنا ۔

Vandyke beard : (n) ایک طرح کی ترشی ہوئی نوکدار داڑھی ۔

Vandyke brown : (n) گہرا بادامی ۔

Vandyke red : (n) خاکستری مائل سرخ ۔

Vane : (n) [Var. of Fane.] (۱) مرغ باد نما: مرغ کی شکل یا کسی اور شکل کی گھومنے والی چیز جو مناروں وغیرہ کے کلس میں ہوا کا رخ بتانے کے لئے لگائی جاتی ھے ۔ (۲) سمت نما: اسی قسم کی چیز جو آب پیما میں پانی کے بہنے کا رخ بتاتی ھے ۔ (۳) جہاز کا مخروطی باد پیما۔(٤) (پون چکی یا جہاز چلانے کے پنکھے کا) پنکھ ۔ (۵) (پیمائش کے آلات ، زاویہ پیما وغیرہ کا) دیدبان ۔ (٦) پَر کا ریشہ : پرہ ۔ (۷) (مجازاً) متلون مزاج شخص: شخص یا چیز جو ہمیشہ بدلتی رھے ۔

Vaned : (a) جس میں بادنما وغیرہ لگا ہو ۔

Vaneless : (a) بے باد نما یا سمت نما: بے پنکھے کا: بےدیدبان ۔

Vanellus : (n) [mod. L. fr. Fr. 'Vanneau'.] پرندوں کی ایک جنس۔

Vanessa : (n) [mod. L.] تتلیوں کی ایک جنس: اس جنس کی تتلی۔

Vang : (n) [Later Var. of Fang.] (بحری) ان دو طنابوں میں سےایک جو اگلے اور پچھلے بادبان کی اوپر کو نکلی ہوئی بلی سے عرشے تک تنی ہوتی ھے ۔

Vanguard : (n) [ME. 'Avaunt garde'.] (۱) (فوج) ہراول دستہ: ہراول گارڈ ۔(۲) ایک قسم کا شفتالو ۔(۳) کسی تحریک کا ہراول ۔

Vanguard : (n) مال گاڑی کا گارڈ ۔

Vanguardism : (n) ان لوگوں کے رویے، خیالات یا سرگرمیاں جو اپنے آپ کو کسی تحریک کا ہراول تصور کرتے ہیں ۔

Vanguardist : (n) ہراول دستے کا رکن ۔

Vangueria : (n) [mod. L.] افریقہ اور ایشیا کےگرم خطوں کے درختوں یا جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Vanilla : (n) [Sp. 'Vainilla'.] (۱) ونیلا: ثعلبیہ کی اقسام میں سےایک اونچا پودا جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں ۔ (۲) اس درخت کی پھلی کا بیج: ونیلابن ۔ (۳) ونیلابن کا جوہر جو کھانے کی چیزوں میں خوشبو کے لئے دیتے ہیں ۔

Vanilla-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Vanilla plant : (n) ایک قسم کا ونیلا ۔

Vanillate : (n) ونیلا کا نمک ۔

Vanille : (n) [Fr.] (۱) ونیلا کا جوہر ۔(۲) دیکھو Vanille-ice ۔

Vanille-ice : (n) ملائی برف جس میں ونیلا کا جوہر ڈالا گیا ہو ۔

Vanillery : (n) ونیلا کی کاشت ۔

Vanillic acid : (n) جوہر ونیلا: وینیلین ۔

Vanillin : (n) ونیلا کا خوشبو دار جوہر ۔

Vanillism : (n) ونیلی خارش: خارش جو ونیلا کے کارخانوں میں کام کرنے سے پیدا ہوتی ھے ۔

Vanillon : (n) [Fr.] بعض قسم کا ونیلا جس کی خوشبو گھٹیا قسم کی ہوتی ھے ۔

Vanilloyl : (n) ایک یک گرفتہ اصلیہ جو جوہر ونیلا سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Vanish : (v) [ME. 'Vanisshen'.] (۱) دفعتاً غائب ہو جانا: اک بارگی نظر سے اوجھل ہو جانا ۔ (۲) رفتہ رفتہ غائب ہو جانا: بتدریج زائل ہو جانا ۔

(۳) گزر جانا؛ جاتا رہنا ۔ (٤) مٹ جانا؛ معدوم ہو جانا ۔ (٥) (ریاضیات) صفر ہو جانا ۔ (٦) غائب کر دینا ؛ نظر کے سامنے سے ہٹا دینا ۔

Vanish : (n) خفیف زائد آواز جو کسی حرف کی اصلی آواز کے بعد نکلتی ہے ۔

Vanisher : (n) غائب کرنے یا ہونے والا ۔

Vanishing : (n) غائب ہو جانا؛ صفر ہو جانا ۔

Vanishing : (a) (۱) غائب ہونے والا ۔ (۲) صفر ہونے والا؛ متعدم ۔

Vanishing cream : (n) چہرے پر لگانے کی کریم جو لگنے کے بعد نظر نہیں آتی ہے ۔

Vanishing fraction : (n) کسر متعدم؛ وہ کسر جس کی مقدار متغیرہ کی ایک خاص قیمت قرار دینے سے کل کی قیمت صفر ہو جائے ۔

Vanishing line : (n) خط متعدم؛ خط انعدام فصل؛ نا محدود فاصلے پر وہ خیالی خط جہاں تمام متوازی سطحیں دی ہوئی سطح کو قطع کرتی ہیں ۔

Vanishing point : (n) نقطہء متعدم؛ متناظر (یعنی چیزوں کو فاصلے کے لحاظ سے چھوٹا بڑا دیکھنے میں وہ نقطہ جس پر متوازی خطوط ملتے ہوئے نظر آتے ہیں؛ نقطہء انعدام فصل؛ نقطہء متلاشی ۔

Vanishingly : (adv.) غائب ہوتے ہوئے؛ صفر ہوتے ہوئے ۔

Vanishment : (n) غائب ہو جانا؛ صفر ہو جانا ۔

Vanitory : (n) کمرہ جس میں غسل خانہ ، بیت الخلا اور سنگار میز سبھی ہوں ۔

Vanitous : (a) خود نما؛ خود پسند ۔

Vanity : (n) [Fr. 'Vanite'.] (۱) بے بنیادی؛ بے حقیقی؛ ہیچ ہونا ۔ (۲) بے بنیاد شے؛ ہیچ ۔ (۳) بیجا غرور؛ بے بنیاد گھمنڈ؛ خود بینی؛ خود نمائی؛ خود پسندی ۔ (٤) نمود؛ نمائش؛ ٹیم ٹام ۔ (٥) (تورات) دیوتا؛ کافروں کے معبود ۔ (٦) وہ چیز جس پر بیجا غرور ہو ۔ (۷) بیکار چیز؛ چیز یا حرکت جس کی قدر و قیمت نہ ہو ۔ (۸) ٹیپ ٹاپ؛ نمودونمائش کی چیزیں ۔ (۹) عورتوں کے سنگار کا چھوٹا بٹوہ ۔ (۱۰) سنگار دان؛ سنگار میز ۔ (۱۱) ایک ہلکا زردی مائل گلابی رنگ ۔

Vanity bag : (n) خواتین کا سنگار دان ۔

Vanity-box : (n) دیکھو Vanity-bag

Vanity-case : (n) دیکھو Vanity-bag

Vanity fair : (n) مایا کا کھیل؛ دنیا ۔

Vanity plate : (n) موٹر گاڑی کا حرف، نمبر وغیرہ جو مالک کی مرضی کے مطابق دیا گیا ہو ۔

Vanity press : (n) وہ مطبع جو کتابیں مصنف کے خرچ پر چھاپتا ہے ۔

Vanity publisher : (n) دیکھو Vanity-press

Vanman : (n) وین چلانے والا ۔

Vanner : (n) (۱) (کان کنی) کچی دھات کو بیلچے پر دھو کر اس کی صفتوں کی جانچ کرنے والا ۔ (۲) مٹی سے کچی دھات الگ کرنے کی مشین ۔

Vanner : (n) گھوڑا جو بند چھکڑا چلانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Vannerman : (n) مٹی سے کچدھات الگ کرنے والی مشین کا آپریٹر ۔

Vanning : (n) بیلچے پر کچدھات کو صاف کرنے کا عمل ۔

Vanoxite : (n) ایک معدنی شے جس میں وینڈیم کا آبدار آکسائیڈ ہوتا ہے ۔

Vanquish : (v) [ME. 'Venquissen'.] (۱) فتح کرنا؛ فتح پانا؛ غالب آنا ۔ (۲) (مجازاً) روحانی قوت کے ذریعہ مغلوب کرنا ۔ (۳) (خواہشات وغیرہ کو) دبانا؛ مغلوب کرنا؛ مطیع کرنا؛ قابو میں کرنا ۔

Vanquish : (n) بھیڑوں اور مویشیوں کی ایک بیماری ۔

Vanquishable : (a) قابلِ فتح؛ قابلِ تسخیر ۔

Vanquisher : (n) فاتح؛ تسخیر کرنے والا ۔

Vanquishment : (n) (۱) فتح؛ تسخیر ۔ (۲) شکست ۔

Vansire : (n) [Fr.] (حیوانیات) دلدلی علاقے میں رہنے والا ایک قسم کا نیولا جو گھڑیال کے انڈے توڑتا ھے۔

Vant- : (prefix) سابقہ بمعنی دیکھو Avaunt

Vantage : (n) [AFr.] (۱) تفوق؛ برتری۔(۲) (کسی کے) فائدے کی چیز؛ فائدہ۔ (۳) (ٹینس کی اصطلاح) وینٹیج؛ پہلا پوائنٹ جو گیم میں دونوں طرف کے تین یا زیادہ مساوی پوائنٹ ھو جانے کے بعد جیتا جائے۔

Coign of vantage/Place-/Point- : نظارہ گاہ؛ دیدبان؛ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز صاف دکھائی دے۔

For the vantage/To- : نیز؛ مزید برآں۔

To catch at vantage/Have-/Hold-/Take (one)- : برتری حاصل کرنا۔

Vantage : (v) فائدہ پہنچانا؛ نفع بخش ھونا۔

Vantage-ground : (n) بہتر جگہ؛ مقام تفوق۔

Vantbrace : (n) دیکھو Vambrace

Vanward : (a) آگے کا۔

Vanward : (adv.) آگے کی طرف۔

Vapid : (a) [L. 'Vapidus'.] (۱) پھیکا؛ سیٹھا؛ بے مزہ۔ (۲) (طب) (خون) سست رَو۔ (۳) (مجازاً) بےلطف؛ خشک؛ مجہول؛ مردہ دل؛ افسردہ خاطر۔

Vapidity : (n) (۱) پھیکاپن؛ سیٹھا پن؛ بے لطفی؛ خشکی۔ (۲) کوئی بے لطف یا خشک چیز۔

Vapidly : (adv.) پھیکے پن سے؛ بے مزہ طور پر؛ بے لطف طریقے سے۔

Vapidness : (n) دیکھو Vapidity

Vapo- : جزوترکیبی بمعنی "بھاپ"؛ "بخار"۔

Vapo-dusting : (n) کرم کش دواؤں کے چھڑکاؤ کا ایک طریقہ جس میں ان کی پھواریں بناکر چھڑکاؤ کیا جاتا ھے۔

Vapography : (n) عکسِ بخارات؛ بخارات نگاری۔

Vaporability : (n) تبخیر پذیری۔

Vaporable : (a) تبخیر پذیر۔

Vaporetto : (n) [It. 'Vapore'.] اٹلی میں استعمال ھونے والا چھوٹا دخانی جہاز۔

Vaporiferous : (a) اَبخرہ انگیز۔

Vaporific : (a) (۱) تبخیری؛ بخارات زا۔(۲) پُر بخارات۔

Vaporiform : (a) تبخیر نما؛ بخار سا؛ اَبخرہ نما۔

Vaporimeter : (n) (۱) بخار پیما؛ بخاری دباؤپیما؛ اَبخرہ پیما۔(۲) طیران پیما۔

Vaporizable : (a) تبخیر پذیر۔

Vaporization : (n) تبخیر؛ تبخّر۔

Vaporize : (v) (۱) بخار بننا یا بنانا؛ تبخیر ھونا یا کرنا۔ (۲) بخاراتی بننا۔(۳) پھوار بناکر (چھڑکنا)۔ (٤) شیخی بگھارنا۔

Vaporizer : (n) آلۂ تبخیر؛ مُبخِرَہ؛ مائع پاش۔

Vaporizing : (n) شیخی بازی؛ لایعنی گفتگو۔

Vaporous : (a) [Late L. 'Vaporosus'.] (۱) پُر بخارات۔ (۲) بخار نما؛ بخارات جیسا۔(۳) بخارات دینے والا۔ (٤) وہمی؛ خیالی؛ غیرحقیقی (خیالات وغیرہ)؛ دھندلا؛ غیرواضح۔ (٥) (کپڑا یا پوشاک) باریک اور شفاف۔(٦) (انسان، دماغ وغیرہ) دھندلا؛ مگہم بات کہنے والا۔

Vaporously : (adv.) پُربخار طور پر؛ خالی خولی؛ غیر واضح طور پر۔

Vaporousness : (n) پُربخار؛ دھندلا؛ غیرواضح ھونا۔

Vapour/Vapor : (n) [Fr. 'Vapeur' or L. 'Vapor'.] (۱) ھَوا کی رطوبت؛ کہر۔ (۲) بادل کی سی چیز مثلاً دھواں۔(۳) (طبیعیات) بخار؛ اَبخرہ؛ جامد یا سیّال کی گیسی شکل۔ (٤) (ناک کی) بھپارے کی دوا۔(٥) موھوم شے؛ بے بنیاد یا فانی چیز۔ (٦) وہم باطل؛ خیال خام۔(۷) (قدیم) خالی خولی شیخی؛ بے بنیاد شیخی۔ (۸) (جمع) خفقان؛ مراق؛ بخارات معدہ۔

Vapouringly : (adv.) شیخی سے؛ ڈینگ مارتے ہوئے ۔

Vapourish/Vaporish : (a) (۱) پُربخارات ۔ (۲) مراقی؛خفقانی ۔ (۳) افسردہ ؛ مضمحل ۔ (٤) افسردگی یا اضمحلال سے متعلق یا پیدا ہونے والا ۔

Vapourishness : (n) خفقانیت؛ مراقیت ۔

Vapourless : (a) بے بخار ۔

Vapoury : (a) (۱) بخاراتی؛ بخاری؛ بخارات کا ۔ (۲) غیر حقیقی؛ خیالی؛ موہوم ۔ (۳) کہریلا ۔

Vapulation : (n) (شاذ) بید بازی ؛ کوڑے بازی ؛ بید لگانا؛ کوڑے لگانا ۔

Vapulatory : (a) بید بازی کی؛ کوڑے بازی کی ۔

Vaquero : (n) [Sp. 'Vaca'.] گلہ بان؛ چرواہا ۔

Vaquez's disease : (n) کثیر ذرات خون ۔

Varlect : (n) [L. 'varia lectio'.] مختلف نسخہ؛ دوسرا نسخہ ۔

Vara : (n)[Sp. & Pg.] اسپین، پرتگال اور جنوبی امریکا کا لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ ؛ ہسپانوی گز ۔

Varactor : (n) [f. Var(ying+re)actor] نیم موصل دو برقیرہ جس کی ظرفیت وولٹیج (Voltage) پر منحصر ہوتی ہے ۔

Varan : (n) [mod. L. 'Varanus'.] ایک قسم کی چھپکلی ۔

Varangian (n) [med. L. 'Varangus'.] وارنگی؛ ناروے کا ڈاکو؛ خصوصاً ان ڈاکوؤں میں سے ایک جو نویں صدی میں ساحل بالٹک کو تاراج کیا کرتا تھا۔

Varangian : (n) وارنگی سے متعلق؛ وارنگی کا ۔

Varangian guard : (n) وارنگی گارڈ؛ بازنطینی شہنشاہوں کا محافظ دستہ جس میں ناروے کے ڈاکو بھی شامل تھے ۔

Varanian : (n&a) [mod. L 'Varanus'.] ایک قسم کی چھپکلی یا چھپکلی جیسی ۔

Varanid : (n) [mod. L.] ایک قسم کی چھپکلی ۔

The vapours : مراق ۔

Vapour : (v) (۱) (کسی چیز میں سے) بخارات اٹھنا یا اٹھانا ۔ (۲) بخارات میں تبدیل کردینا ۔ (۳) خالی خولی شیخی بگھارنا؛ لایعنی گفتگو کرنا ۔ (٤) نمائش کرنا ۔ (٥) تنگ کرنا؛ بد دل کرنا ۔

Vapour barrier : (n) دیوار یا فرش میں بخارات کے انجذاب کو روکنے کے لئے لگائی جانے والی تہ (رنگ، کاغذ وغیرہ کی) ۔

Vapour-bath/Vapour bath : (n) (۱) بھاپ کا غسل ۔ (۲) بھاپ کے غسل کا آلہ ۔ (۳) بھاپ کا حمام ۔

Vapour burner : (n) بخارسوز؛ بھاپ کی انگیٹھی یا لیمپ ۔

Vapour density : (n) کثافت بخار ۔

Vapour engine : (n) بخاری انجن، جو کسی قسم کی بھاپ سے چلتا ہو ۔

Vapour lamp : (n) (۱) بخارات سے جلنے والا لیمپ ۔ (۲) لیمپ جس میں بجلی فلزی بخار سے گزرتی ہے ۔

Vapour-lock : (n) درون سوز انجن میں بخارات کے بلبلے بننے کی وجہ سے ایندھن کی نلی میں رخنہ پڑ جانا ۔

Vapour pressure : (n) بخاراتی دباؤ ۔

Vapour proof : (a) آبخرہ روک ۔

Vapour-tension : (n) بخاراتی تنش ۔

Vapour seal : (n) دیکھو Vapour-barrier

Vapour trail : (n) منجمد ابخروں کی لکیر جو بہت اونچی پرواز کرنے والے ہوائی جہاز یا راکٹ کے پیچھے بن جاتی ہے ۔

Vapoured : (a) افسردہ؛ مضمحل ۔

Vapourer : (n) شیخی باز؛ بکی؛ لایعنی گفتگو کرنے والا ۔

Vapourer-moth : (n) مادہ پروانہ جس کے پر نہیں ہوتے ۔

Vapouring : (n) شیخی بازی؛ لایعنی گفتگو ۔

Vapouring : (a) شیخی باز؛ لایعنی گفتگو کرنے والا ۔

Varanus : (n) [Arab 'Waran'.] یورپی چھپکلیوں کی ایک جنس۔

Vare : (n) نیولا۔

Varec/Varech : (n) [Fr. 'Varec(h)'] (۱) سمندری گھاس؛ کائی؛ صوف البحر۔ (۲) وارک سوڈا؛ بغیر صاف کیا ہوا سوڈا جو بریٹینی کے علاقے میں تیار ہوتا ہے۔

Varella : (n) [Pg. and It., of doubtful origin.] مخروطی شکل کا مندر۔

Vargueno : (n) [Sp. 'Bargueno'.] ایک قسم کی لکھنے کی آرائشی میز۔

Vari : (n) [Malagasi 'Varika'.] بندر کی قسم کا ایک جانور۔

Vari-Vario- : جزوترکیبی بمعنی "متنوع"؛ "مختلف"۔

Vari-coloured/Varicoloured : (a) (۱) رنگ برنگ؛ پچ رنگی۔ (۲) (مجازاً) مختلف۔

Varia : (n) [mod. L.] (۱) معجون مرکب؛ بے میل مجموعہ۔ (۲) مجموعۂ مضامین کی کتاب۔

Variability : (n) تبدیل پذیری؛ تغیر پذیری۔

Variable : (a) [Fr.] (۱) تبدیل پذیر؛ بدلنے والا؛ گھٹنے بڑھنے والا۔ (۲) تغیرپذیر؛ رنگ بدلنے والا؛ غیر مستقل؛ متلون۔ (۳) (ریاضیات) متغیر؛ مقدار جس کی قیمت متعین نہ ہو بلکہ بدلتی رہے۔ (٤) (نباتیات، حیوانیات) متنوع؛ غیریکساں (قسم جس میں غیر معمولی نمونے بھی پائے جائیں)۔ (۵) (حیاتیات) ساخت یا وظیفے کے لحاظ سے تغیر پذیر(جسم نامی)۔ (٦) (تاریخ طبیعی) موسم کے لحاظ سے رنگ بدلنے والا۔

Variable : (n) (۱) تبدیل پذیر یا تغیر پذیر چیز؛ مقدار متغیر۔ (۲) (بحریات) رخ بدلتی ہوئی ہوا۔ (۳) ہیئت متغیر؛ نجم متغیر؛ جس کی چمک اور جسامت بدلتی رہے۔ (٤) (جمع) وہ خطہ جو شمالی مشرقی اور جنوبی مشرقی کے Trade winds کے درمیان واقع ہے۔ (۵) نصاب تعلیم جو بچوں کے پروگرام میں شامل کیا جائے یا شامل نہ بھی کیا جائے۔

Variable cost : (n) قیمت متغیرہ؛ قیمت جو پیداوار کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔

Variable error : (n) متغیر غلطی۔

Variable gear : (n) مختلف رفتاروں کا گیرہ۔

Variable inductor : (n) متغیر امالی مشین۔

Variable nebula : (n) سحابیہ جس کی روشنی تغیر پذیر ہوتی ہے؛ متغیر سحابیہ۔

Variable resistance : (n) متغیر مزاحمت۔

Variable star : (n) نجم متغیرہ؛ متغیرہ ستارہ۔

Variable toad : (n) ایک قسم کا مینڈک۔

Variableness : (n) دیکھو Variability

Variably : (adv.) تبدیل پذیر یا تغیر پذیر طریقے سے۔

Variag : (n) [Russ. 'Varyag'.] دیکھو Varangian

Variance : (n) [OFr.] (۱) اختلاف؛ اختلاف رائے؛ نااتفاقی؛ نزاع۔ (۲) عدم مطابقت۔ (۳) (قانون) دعوے اور ثبوت یا تحریر اور بیان کا اختلاف۔ (٤) معیاری انحراف کا مربع۔

At variance : (۱) دشمنی کی حالت میں۔ (۲) اختلاف کی حالت میں؛ غیر متفق۔

Variant : (n) (۱) مختلف نسخہ؛ دوسرا نسخہ۔ (۲) ایک ہی چیز کی مختلف شکل۔ (۳) مختلف خواندگی۔ (٤)بدلی ہوئی شکل؛ مختلف شکل۔ (۵) دوسرے ہجے (کسی لفظ کے)۔

Variant : (a) (۱) مختلف؛ جدا؛ جداگانہ؛ جداجدا؛ الگ الگ۔ (۲) تغیرپذیر؛ بدلنے والا۔ (۳) منحرف؛ قدرے مختلف۔ (٤) ترمیم شدہ۔

Variation : (n) (۱) اختلاف؛ مقررہ نمونے سے انحراف؛ فرق۔ (۲) (صرف و نحو) تصریف؛ گردان۔ (۳) (فلکیات) اجرام فلکی کا محوری حرکت سے انحراف۔ (٤) (مقناطیسی سوئی کا) میل؛ انحراف (شمال و جنوب سے)۔ (۵) (حیاتیات) اصل نمونے سے انحراف ساخت یا وظیفے میں؛ انحراف؛ اختلال قلیل۔ (٦) (الجبرا) ایک ہی مقدار کی مختلف شکلوں کی باہمی نسبت؛ اس نسبت کا اصول یا نظریۂ تغیر۔ (۷) (الجبرا) ترتیب۔ (۸) منحرف؛ وہ چیز جو اصل نمونے سے انحراف رکھتی ہے۔

(۹) (موسیقی) ایک ہی نغمہ جو طرز بدل کر ادا کیا جائے ۔ (۱۰) (علم النجوم) انحراف مدار؛ انحراف قمر ۔ (۱۱) تبدیلی کرنا ۔ (۱۲) سنگت ناچ میں ایک شخص کا ناچ ۔

Annual variation : (علم النجوم) اختلاف سالانہ (آسمان میں سیاروں و ستاروں کے مقام کا) ۔

Lunar variation : اختلاف قمر ۔

Magnetic variation : میل مقناطیسی؛ تغیر مقناطیسی ۔

Periodic variation : اختلاف وقتی؛ وقتی انحراف جو جلد دور ہو جائے ۔

Secular variation : اختلاف دوری؛ دورانی انحراف جو ایک مدت کے بعد دور ہو ۔

Variational : (a) اختلاف یا انحراف کار؛ اختلافی؛ انحرافی؛ تفرقی ۔

Variationist : (n) ایسے نغمے بنانے والا جسے طرز بدل کر ادا کیا جائے ۔

Variative : (a) اختلاف؛ انحراف یا تغیر سے متعلق ۔

Variator : (n) متغیر ہونے والا؛ خصوصاً ایک قسم کا جوڑ جو درجۂ حرارت میں تبدیلی کی وجہ سے لمبائی میں تبدیلی کی تلافی کرتا رہتا ہے ۔

Variatus : (n) [mod. L.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Varicated : (a) (صدفیات) ابھاردار؛ جس کے چکروں کے بیچ میں ابھار ہوں ۔

Varication : (n) ابھار دار ہونا ۔

Varicella : (n) [mod. L.] (مرضیات) جُدیری؛ موتیا ستیلا؛ چھوٹی چیچک ۔

Varicellate : (a) ابھار دار ۔

Varicelliform : (a) چھوٹی چیچک سے مشابہ ۔

Varicelloid : (a) جدیری نما؛ چھوٹی چیچک کی قسم کا ۔

Varicocele : (n) [L. 'Varic'+Gr. 'kele'.] گلٹی جو فوطے کی رگوں کے پھولنے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Varicoid : (a) دوالی وریدوں سے مشابہ ۔

Varicose : (a) [L. 'Varicosus'.] (۱) (مرضیات، طب) پھولی ہوئی (ورید)؛ دوا لی ۔ (۲) تمدد ورید کا؛ جو تمدد ورید کے سبب سے ہو ۔ (۳) تمدد ورید میں استعمال ہونے والا ۔ (٤) (حشریات، نباتیات) غیر معمولی طور پر بڑا یا پھولا ہوا ۔ (٥) تمدد ورید میں مبتلا یا اس سے مشابہ ۔

Varicose vein : (n) پیر کی رگوں کا خلاف معمول طور پر پھول جانا ۔

Varicosed : (a) جسے تمدد ورید ہو؛ تمدد ورید میں مبتلا؛ جس کی رگیں پھولی ہوئی ہوں ۔

Varicoseness : (n) تمدد ورید؛ رگ کا پھولا ہوا ہونا ۔

Varicosis : (n) رگوں کا پھول جانا؛ دوالیت ۔

Varicosity : (n) دوالیت؛ تمدد ورید؛ ورید کا پھیلاؤ ۔

Varied : (a) (۱) مختلف؛ متغیر؛ تغیر پذیر ۔ (۲) گھٹتا بڑھتا ۔ (۳) پچ رنگ؛ رنگ برنگ کا ۔

Varied bunting : (n) میکسیکو اور جنوبی ٹیکساس کا ایک پرندہ جس کے نر کا پر بہت خوشنما ہوتا ہے ۔

Varied thrush : (n) مغربی شمالی امریکا کا ایک خوش الحان پرند ۔

Variedly : (adv.) مختلف طور پر ۔

Variegate : (v) [L. 'Variegare'.] (۱) رنگ برنگ کا بنانا؛ پچ رنگی بنانا ۔ (۲) بوقلموں بنانا ۔

Variegated : (a) (۱) رنگ برنگ؛ پچ رنگی؛ بوقلموں ۔ (۲) (نباتیات) مختلف النوع؛ جو سبزی کے ساتھ زردی وغیرہ لئےہو ۔ (۳) (دوسری چیزوں سے) مختلف ۔

Variegation : (n) رنگ برنگ ہونا؛ پچ رنگی؛ بوقلمونی؛ گوناگونی ۔ (۲) (جمع) پچ رنگی نشانات ۔ (۳) (نباتیات) دو یا زیادہ رنگوں کا ہونا ۔ (٤) بوقلموں بنانا ۔

Variegator : (n) رنگ برنگ بنانے والا ۔

Varier : (n) مختلف ہونے والا؛ بدلنے والا ۔

Varietal : (a) (نباتیات، حیوانیات) فرعی؛ نوعی؛ فرع سے متعلق

Varietal wine : (n) شراب جس پر اس انگور کی قسم لکھی ہو جس سے وہ بنی ہو۔

Varietally : (adv.) فرعی طور پر۔

Varietas : (n) (۱) تنوع؛ گونا گونی؛ قسم قسم کا ہونا۔ (۲) مختلف قسمیں ؛ مختلف چیزوں کا مجموعہ۔(۳) دیکھو Variety۔

Varietist : (n) نمونے سے مختلف چیز یا شخص۔

Variety : (n) [Fr. 'Variete' or L. 'Varieta'.] (۱) تنوع ؛ گونا گونی؛ قسم قسم کا ہونا۔(۲) مختلف قسمیں؛ مختلف چیزوں کا مجموعہ۔ (۳) ذیلی قسم؛ ضمنی قسم۔ (٤) (حیاتیات) فرع؛ کسی قسم میں سے ایک فرد یا مجموعۂ افراد جوکسی خاص چیز میں بقیہ افراد سے ممتاز ہو؛ نوع؛ اختلاف خفیف۔(۵) انواع واقسام۔(٦) تفریح، جس میں مسلسل غیرمربوط تماشے ہوں ؛ رنگا رنگ تماشا۔ (۷) رنگا رنگ تماشا کرنا۔ (۸) تنوع کا اثر؛ بوقلمونی کا اثر۔

Climatic variety : فرع آب و ہوائی؛ جو کسی خاص آب وہوا سے مخصوص ہو۔

Geographical variety : فرع جغرافی؛ جو کسی خاص رقبے میں محدود ہو۔

Variety meat : (n) ذبح کئے ہوئے جانور کا دل، کلیجی، زبان، پھیپھڑا وغیرہ۔

Variety shop : (n) دکان جس میں مختلف قسم کی چھوٹی چھوٹی چیزیں ملتی ہیں۔

Variety show : (n) رنگا رنگ تماشا؛ پچ میل تماشا؛ چوں چوں کا مربّا؛ جس میں ناچ گانا اور نٹوں کے کرتب وغیرہ دکھاتے ہیں؛ بھانت بھانت کا تماشا۔

Variety store : (n) دیکھو Variety-shop

Varifocal lens : (n) کیمرے کا عدسہ جس میں طول ماسکہ اور تصویر کا سائز بدلتا رہتا ہے تاکہ تصویر ہمیشہ ماسکہ کے اندر رہے۔

Variform : (a) مختلف النوع؛ مختلف الاشکال؛ مختلف قسموں یا صورتوں کا؛ گوناگوں۔

Variformly : (adv.) مختلف النوع صورت میں۔

Variola : (n) [late L. and med. L.] چیچک؛ جدری ؛ ماتا؛ سیتلا۔

Variola equina : (a) چیچک اسپ۔

Variola vaccinia : (n) گوتھن سیتلا؛ جدری البقر۔

Variolar : (a) (۱) جدروی؛ چیچک کا؛ چیچک سے مشابہ ؛ چیچکی۔ (۲) چیچک کے سے داغ رکھنے والا۔

Variolate : (v) چیچک میں مبتلا کرنا؛ چیچک کے جراثیم ٹیکے کے ذریعے داخل کرنا۔

Variolate : (a) چتی دار؛ جس میں چیچک کے سے داغ ہوں۔

Variolation : (n) چیچک کاری؛ چیچک کا ٹیکہ۔

Variole : (n) (نباتیات، حیوانیات) چیچک کا سا داغ؛ چتی۔

Variolic : (a) (۱) چیچک کے داغ رکھنے والا۔ (۲) چیچک کا؛ چیچک سے مشابہ؛ چیچک سے متعلق۔(۳) چیچک زدہ؛ مجدر۔

Varioliform : (a) جدری نما؛ چیچک سے مشابہ۔

Variolite : (a) (ارضیات) چتی دار چٹان؛ جس میں دوسری قسم کی چٹان کی سفید سفید چتیاں ہوں۔

Variolitic : (a) چتی دار چٹان کا۔

Varioloid : (a) چیچک کا سا؛ جدری نما۔

Varioloid : (a) ہلکی چیچک جو ٹیکا لگانے کے بعد نکلے۔

Variolous : (a) دیکھو Variolic

Variolous matter : (n) چیچک کا سمی مادہ (خصوصاً ٹیکہ لگانے کےلئے)۔

Variometer : (n) مبدّل؛ وہ آلہ جس سے لاسلکی کا مقناطیسی امالہ گھٹایا یا بڑھایا جاتا ہے۔

Variorum : (n) [L.] جامع ایڈیشن جس میں مختلف شارحوں کے حاشیے جمع کر دیئے گئے ہوں (Variorum edition بھی کہتے ہیں) ؛ متعدد تفسیری طبع ؛ متعدد حاشیے دار۔

Varna : (n) [Skr.] ہندوؤں کی قدیم چار سماجی ذاتوں میں سے ایک۔

Varnish : (n) [ME 'Vernisch'.] (۱) روغن (جو لکڑی، دھات وغیرہ پر چمک پیدا کرنے کے لئے لگاتے ہیں)؛ وارنش ۔ (۲) مٹی کے برتن وغیرہ کا روغن ۔ (۳) مصنوعی یا قدرتی چمک ۔ (٤) ملمع کاری؛ تہذیب کا رنگ وروغن؛ ظاہری نستعلیق پن؛ سطحی شائستگی (آداب واطوار کی) ۔ (٥) لیپ پوت؛ اچھی شکل جو برے کام کو دی جائے ۔ (٦) (عام) (جمع) مسافر بردار ریل گاڑی جو ایک مقام سے دوسرے مقام تك سیدھی جائے ۔ (۷) ناخن پالش ۔ (۸) ایندھن اور چکنائی کی تکسید اور کثیر سالماؤ سے بننے والا مادہ جو انجن میں جمع ہو جاتا ہے ۔ (۹) بہت زیادہ رنگ وروغن کی ہوئی چوبی ریل گاڑی کا چوبی ڈبہ ۔

Varnish : (n) روغن پھیرنا؛ رنگ روغن کرنا؛ وارنش کرنا ۔

Varnish : (v) (۱) روغن پھیرنا؛ روغن کرنا؛ وارنش کرنا ۔ (۲) (مجازاً) ظاہری رنگ روغن پھیرنا؛ ملمع کاری کرنا؛ (واقع کے بیان میں) رنگ آمیزی کرنا ۔ (۳) (مجازاً) لیپ پوت کرنا ۔

Varnish gum : (n) قدرتی یا مصنوعی رال جو وارنش بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Varnish tree : (n) بعض قسم کے درخت جن سے دودھیا رس نکلتا ہے جس سے وارنش یا روغن بناتے ہیں ۔

Varnished : (a) (۱) رنگ روغن چڑھایا ہوا؛ لیپ پوت کیا ہوا؛ ملمع کیا ہوا ۔ (۲) روغنی؛ وارنشی ۔

Varnisher : (n) رنگ روغن کرنے والا؛ وارنش کرنے والا ۔

Varnishing : (n) روغن پھیرنا؛ وارنش کرنا ۔

Varnishing day : (n) روغن پھیرنے کا دن: تصویروں کی نمائش سے ایک روز پہلے جب تصویروں کے مالکوں کو روغن وغیرہ کرنے کی اجازت ملتی ہے ۔

Varnishy : (a) وارنش سے متعلق یا مشابہ؛ رنگ روغن کیا ہوا ۔

Vibrate : (v) [L. 'Vibrare'.] (۱) (لٹکن کی طرح) جھلانا؛ جھولنا؛ ارتعاشی حرکت سےناچنا۔ (۲) اہتزاز کرنا ؛ اہتزاز ہونا ۔ (۳) (آواز کا) گونجنا ۔ (٤) (طبیعیات) مرتعش ہونا؛ ارتعاش ہونا؛ تیزی سے ادھر اُدھر حرکت کرنا۔ (۵) (جذبے یا جوش سے) تھرتھرانا ۔ (٦) (مجازاً) بہت زیادہ ارتعاش پذیر ہونا؛ متلون ہونا؛ باربار رائے بدلنا ۔ (۷) مرتعش ہوکر گھومنا، گزرنا یا داخل ہونا ۔

Vibratile : (a) اہتزاز پذیر؛ ارتعاش پذیر؛ جھولنے یا تھرتھرانے والا ۔

Vibratility : (n) اہتزاز پذیری؛ ارتعاش پذیری ۔

Vibrating : (a) مرتعش؛ تھرتھراتا ہوا ۔

Vibration : (n) (۱) جھولنا؛ اہتزاز؛ اہتزازی حرکت ۔ (۲) (طبیعیات) ارتعاش؛ سیال یا لچک دار ٹھوس چیز کے اجزاء کا توازن میں خلل پڑنے کی وجہ سے تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۳) (خیالات، عقیدے وغیرہ میں) متلون ہونا؛ باربار بدلنا ۔ (٤) قوت بخش ظہور ۔

Amplitude of vibration : خیطہء ارتعاش؛ خیطہء اہتزاز؛ جھولنے والی چیز یا تھرتھرانے والی چیز کا مرکز سکون سے زیادہ سے زیادہ فصل ۔

Forced vibration : خارجی اہتزاز؛ قسری ارتعاش؛ خارجی ارتعاش جو کسی خارجی قوت کی وجہ سے ہو ۔

Free vibration : آزاد ارتعاش؛ داخلی اہتزاز یا ارتعاش جو خود بخود ہو ۔

Vibrational : (a) اہتزازی؛ ارتعاشی ۔

Vibratiuncle : (n) ارتعاش خفیف ۔

Vibrato : (adv.) [It.] تھرتھرا تے ہوئے؛ بہت زیادہ ارتعاش کے ساتھ ۔

Vibrato : (n) آواز کا ارتعاش؛ آواز کی لرزش جو کسی سُر پر مختلف حد تک زور دینے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Vibrator : (n) (۱) مہتزز؛ مرتعش؛ شخص یاچیز جو ارتعاش یا اہتزاز کی حالت میں ہو ۔ (۲) (برقیات) مرتعش نے ۔ (۳) (آرگن باجے کا) نَے کا پردہ؛ ترسل گھونٹی ۔ (٤) (طباعت) مرتعش بیلن (روشنائی کا) ۔ (۵) (طب) برقی آلہء مالش ۔ (٦) ارتعاشندہ ۔

Vibratory : (a) (۱) ارتعاشی؛ اہتزازی ۔ (۲) ارتعاش سے متعلق ۔ (۳) جو مرتعش ہو سکے ۔ (٤) گونجتی ہوئی؛ گونج دار (آواز) ۔

Vibrio : (n) [mod. L.] جرثومہ کی ایک جنس جو ہر وقت تھرتھراتے رہتے ہیں؛ ارتعاشیہ؛ تھرتھریا ۔

Vibrissae : (n) [L.] (۱) (تشریح) ناک کے بال ۔ (۲) (حیوانیات) منہ کے اطراف کے سخت بال ۔ (۳) (طیوریات) (بعض پرندوں کے) خار؛ کانٹے کی طرح کے پر جو چونچ کے قریب ہوتے ہیں ۔

Vibrissal : (a) ناک کے بال سے متعلق ۔

Vibro - : جزو ترکیبی بمعنی "ارتعاشی" ۔

Vibro-graph : (n) ارتعاش نگار ۔

Vibro-massage : (n) ارتعاشی مالش ۔

Vibro-meter : (n) ارتعاش نگار ۔

Vibro-scope : (n) ارتعاش نما؛ ارتعاش بیں؛ ارتعاش پیما؛ وہ آلہ جس سے ارتعاش کا اندازہ کیاجاتاہے ۔

Viburnum : (n) [L.]: وائی برنم: ایک قسم کی پھول دار جھاڑی؛ جنس شب در ۔

Vic : (n) [Short for 'Victrola'.] دیکھو Phonograph

Vic : (n) ہوائی جہازوں کا V کی شکل بنا کر اڑنا ۔

Vicar : (n) [AFr. 'Vikere, Vicare'.] (۱) نمائندہ؛ نائب ۔ (۲) انسان (بطور خلیفہء مسیح یا خلیفہء خدا) ۔ (۳) پادری؛ سنت پیٹر (St. Peter) (بطور خلیفہء مسیح) ۔ (٤) وکر؛ کسی ایسے حلقے کا پادری جس کا کلیسائی محصول کوئی جماعت یا کوئی زمیندار وغیرہ وصول کرتا ہو اور اسی سے پادری کو مددِ معاش ملتی ہو ۔ (۵) چھوٹا کشیش یا غیر پادری جو کلیسا میں مناجات گاتا ہے ۔ (٦) پوپ وغیرہ کا نائب یا نمائندہ ۔

Cardinal vicar : پاپائے روم کا نمائندہ جو روما میں بطور اسقف کام کرتا ہے ۔

Clerk vicar/Lay-/Secular- : بڑے گرجے کا عہدہ دار جو دعا کے بعض حصوں کو گاتا ہے ۔

Vicar-apostolic : (n) مشن کا اسقف؛ صدر مبلغ جسے اسقف کا لقب حاصل ہو ۔

Vicar-choral : (n) پادری یا غیر پادری جو بڑے گرجے میں دعا کے بعض حصوں کو پڑھتا ہے یا گاتا ہے ۔

Vicar-forane : (n) (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف جو کسی خاص کام کے لئے کسی خاص حلقے میں مقرر کیا جائے ۔

Vicar-general : (n) (۱) (کلیسائے انگلستان میں) اسقف یا اسقف اعظم کا نائب (کلیسائی امور میں) ۔ (۲) (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف (عدالتی امور میں) ۔ (۳) ٹامس کرم ول (Thomas chromwell) کا خطاب جو اسے ۱۵۲۵ء میں کلیسائی امور میں بادشاہ کے نمائندے کی حیثیت سے دیا گیا تھا ۔

Vicar of bray : (n) موقع شناس؛ ابن الوقت؛ نمک حرام؛ غدار ۔

Vicar of christ : (n) نائب مسیح؛ پاپائے روم؛ خلیفہء مسیح ۔

Vicarage : (n) (۱) وکر کی جاگیر یا وقف ۔ (۲) وکر کی قیام گاہ ۔

Vicarate : (n) (۱) وکر کا عہدہ یا اختیار ۔ (۲) سیاسی قائم مقام عہدہ؛ قائم مقامی ۔ (۳) دیکھو Vicariate ۔

Vicaress : (n) (۱) وہ راہبہ جو صدر راہبہ سے نیچے ہوتی ہے ۔ (۲) وکر کی بیوی ۔

Vicarial : (a) (۱) وکر سے متعلق؛ وکر کی خدمت سے متعلق ۔ (۲) مفوضہ؛ نیابتی ۔

Vicarian : (a) [L. 'Vacarius'.] نائب حکمراں سے متعلق؛ جو نائب حکمراں کے زیر حکومت ہو ۔

Vicarian : (n) وہ شخص جو مذہب میں استواری کا قائل نہ ہو ۔

Vicariate : (n) (۱) وکر کا عہدہ یا اختیار ۔ (۲) سیاسی قائم مقام عہدہ؛ قائم مقامی ۔ (۳) نائب گورنر کے ماتحت کا ضلع ۔ (٤) (رومی کیتھولک کلیسا) وہ ضلع جو مشن کے اسقف کے ماتحت ہو؛ مشن کے اسقف کا علاقہ ۔

Vicarious : (a) [L.'Vicarius'.] (۱) مفوضہ؛ کسی دوسرے کا دیا ہوا؛ نیابتی ۔ (۲) قائم مقام؛ مقائم؛ مقامانہ؛ دوسرے کے بدلے کا ۔ (۳) (عضویات) عوضی؛ جو دوسرے عضو کے بدلے ہو ۔

Vicarious authority : (n) نمائندگی ۔

Vicarious sacrifice : (n) کفارے کی قربانی جو عیسائیوں کے عقیدے میں حضرت مسیح نے گنہگاروں کے کفارہء گناہ کے لئے کی ۔

Vicariously : (adv.) (۱) نیابتاً؛ نیابتی طور پر؛ دوسرے کے بدلے میں ۔ (۲) قائم مقام طور پر ۔

Vicariousness : (n) (۱) نیابتی ہونا؛ دوسرے کا دیا ہوا ہونا ۔ (۲) قائم مقامی؛ دوسرے کی جگہ ہونا؛ دوسرے کے بدلے کا ہونا ۔

Vicarship : (n) وکر کا عہدہ؛ وکر کا عہد کارکردگی ۔

Vice : (n) [Fr.] (۱) بدی؛ برائی ۔ (۲) عیب؛ نقص؛ خامی ۔ (۳) (گھوڑے وغیرہ کا) عیب ؛ بری عادت ۔ (٤) (جسم ساخت میں) موروثی یا خلقی نقص یا عیب (اب اس معنی میں شاذ) ۔ (۵) (بڑے حرف سے) (قدیم اخلاقی ناٹکوں میں) مسخرا ۔ (٦) خرابی؛ خباثت؛ ضرر رسانی ۔ (۷) عصمت فروشی؛ قحبہ پن ۔

Vice/Vise : (n) [Fr. 'Vis'.] (۱) (قدیم) چکر دار سیڑھی ۔ (۲) شکنجہ ۔ (۳) جالی دار کھڑکی میں شیشہ لگانے کا ایک آلہ ۔

Bench vice : بینچ میں لگا ہوا شکنجہ ۔

Vice : (n) نائب؛ قائم مقام ۔

Vice : (n) (۱) (اسکاچستان) جگہ؛ مقام ۔ (۲) (اسکاچستان) باری۔

Vice : (v) [L.] شکنجے میں کسنا ۔

Vice : (prep.) [L.] بجائے؛ جگہ پر ۔

Vice - : (prefix) سابقہ بمعنی "قائم مقام"؛ "نائب" ۔

Vice-abbot : (n) قائم مقام صدر راہب؛ نائب راہب ۔

Vice -admiral : (n) [AFr. 'Visadmiral'.] نائب امیر البحر ۔

Vice- admiralty : (n) نائب امیر البحر کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Vice-admiralty courts : (n) برطانوی نو آبادیوں کی بحری عدالت ۔

Vice-agent : (n) نائب ایجنٹ ۔

Vice-captain : (n) نائب کپتان ۔

Vice-chairman : (n) نائب میر مجلس؛ نائب صدر ۔

Vice-chamberlain : (n) نائب حاجب ۔

Vice-chancellor : (n) [OFr. 'Vi(s)chancelier'.] (۱) نائب مشیر اسقف ۔ (۲) نائب امیر جامعہ؛ وائس چانسلر (۳) بانی کورٹ کا جج جو اصول معدلت کے مسائل کا تصفیہ کرتا ھے ۔

Vice-chancellorship : (n) نائب امیر جامعہ یا نائب مشیر اسقف کا عہدہ یا عہد کارکردگی ۔

Vice-consul : (n) نائب قونصل ۔

Vice-county : (n) ضلعے کا ایک حصہ ۔

Vice-god : (n) (تحقیراً) خدا کا نائب ۔

Vice-governor : (n) نائب گورنر ۔

Vice-king : (n) (۱) وائسرائے؛ نائب السلطنت ۔ (۲) دیکھو Viceroy ۔

Vice-legate : (n) پادری کے نائب سفیر کا نائب ۔

Vice-premier : (n) نائب وزیر اعظم ۔

Vice-presidency : (n) نائب صدارت ۔

Vice-president : (n) نائب صدر ۔

Vice-presidential : (n) نائب صدر سے متعلق ۔

Vice-presidentship : (n) نائب صدارت؛ نائب صدر کا عہدہ ۔

Vice-queen : (n) (۱) عورت جو وائسرائے کا کام کرتی ھو؛ وائسرینہ ۔ (۲) وائسرائے کی بیوی ۔

Vice-rector : (n) نائب ریکٹر۔

Vice-regal : (a) وائسرائے کا؛ ویسرائی ۔

Vice-regency : (n) قائم مقام بادشاہ کی نیابت ۔

Vice-regent : (n) قائم مقام بادشاہ کا نائب ۔

Vice-squad : (n) پولیس کا وہ دستہ جو برائیوں کو روکنے پر مامور ھو ۔

Vice-treasurer : (n) نائب خازن یا خزانچی ۔

Vice-treasurership : (n) نائب خازن کا عہدہ یا اس عہدے کا عہد حکومت ۔

Vice-versa : (adv.) [L.] اور اس کے برعکس؛ الٹا ۔

Vice-warden : (n) نائب نگراں ۔

Vicegerency : (n) نیابت ۔

Vicegerent : (n) [med. L.'Vicegerens'.] (۱)نائب حکمراں؛ قائم مقام حکمراں ۔ (۲) نائب: قائم مقام ۔ (۳) خدا کا نائب؛ پوپ (خلیفہ مسیح یا خدا کے نائب کی حیثیت سے) ۔ (٤) آدمی: فوق الفطرت یا روحانی قوت کے نائب کی حیثیت سے ۔

Vicegerent : (a) نائب: قائم مقام ۔

Viceless : (a) بے نائب ۔

Vicelike : (a) شکنجے کی طرح ۔

Vicenary : (a) بیس کا ۔

Vicennial : (a) [late L. 'vicennium'.] بست سالہ؛ جو بیس سال تک رہے یا بیسویں سال واقع ہو۔

Vicereine : (n) [Fr. 'Vicereine'.] (۱) بیگم وائسرائے؛وائسرائے کی بیوی؛ وائسرینہ ۔ (۲) وہ عورت جو وائسرائے کا کام کرتی ہو ؛ وائسرائے کا کام کرنے والی عورت ۔

Viceroy : (n) [Fr.] (۱) وائسرائے؛ حاکم جو کسی علاقے یا نو آبادی میں بادشاہ کے قائم مقام کی حیثیت سے اور شاہانہ اختیارات کے ساتھ حکومت کرتا ہو؛ نائب السلطنت ۔ (۲) (مجازاً) وائسرائےجیسا عہدہ اوراختیارات رکھنےوالا شخص ۔ (۳) (حشریات) تتلی کی ایک قسم ۔

Viceroyal : (a) وائسرائے کا؛ وائسرائی ۔

Viceroyalty : (n) [Fr. 'Vice-royaute'.] (۱) وائسرائی؛ وائسرائی عہدہ یا عہدحکومت ۔ (۲) وائسرائے کے اہل خاندان ۔

Viceroyship : (n) دیکھو Viceroyalty

Vichy : (n) [Fr.] فرانس کےایک چشمے کا معدنی پانی (جس میں معدنی اجزاء ہوتے ہیں) ۔

Vicia : (n) [mod. L.] جنس باقلا ۔

Vicinage : (n) [OFr. 'Vis(e)nage'.] (۱) پڑوس؛ ہم سایہ؛ پڑوس کا علاقہ ؛ قرب و جوار کا علاقہ ۔ (۲) پڑوسی؛ ہم سایہ لوگ ۔ (۳) ہمسائیگی؛ ہمسائیگی کا تعلق؛ ہمسائیگی کا رابطہ ۔ (٤) حق ہمسائیگی ۔

Vicinal : (a) [Fr.] (۱) پڑوس کا؛ قریب؛ نزدیک ۔ (۲) قربیہ ۔ (۳) (ریاضیات) کسی سطح سےتقریباً ہم مکان ۔

Vicinism : (n) دو جنس یا دو طرح کے پودوں کے درمیان پار زیرگی؛ قربیت ۔

Vicinity : (n) [L. 'Vicinitas'.] (۱) پڑوس کا علاقہ؛ قرب وجوار کا علاقہ ۔ (۲) قرب وجوار؛ پڑوس ۔ (۳) قریبی تعلق؛ قرابت ۔

In the vicinity (of) : (۱) پڑوس میں ۔ (۲) تقریباً؛ قریب قریب ۔

Vicious : (a) [OFr.] (۱) برا؛ برائی کا؛ بدی کا ۔ (۲) مخرب اخلاق؛ بیہودہ ۔ (۳) بد؛ بد خصال؛ بد سیرت ۔ (٤) عیب دار؛ شریر (گھوڑا وغیرہ) ۔ (٦) غلط؛ ناقص؛ خراب (زبان، دلائل وغیرہ) ۔ (٦) بد طینت؛ کینہ پرور؛ خبیث ۔ (۷) عداوت کی؛ خباثت کی؛ بغض و حسد کی ۔ (۸) شدید؛ زور کا ۔

Vicious circle : (n) (۱) (منطق) استدلال دوری؛ ایک بات کے ثبوت میں دوسری بات پیش کرنا جس کا ثبوت خود پہلی بات پر منحصر ہو ۔ (۲) (مرضیات) ایک قسم کا روگ جس میں ایک کے بعد ایک مرض گھٹتا بڑھتا رہتا ہے ۔ (۳) برائی کا چکر؛ ایک برائی سے دوسری برائی پیدا ہونا اور دوسری سے پہلی میں اور زیادتی ہونا ۔

Viciously : (adv.) بد خصالی سے؛ بیہودگی سے؛ برے طریقے سے؛ بد بختی سے؛ خباثت سے ۔

Viciousness : (n) برائی؛ بدی؛ بد خصالی؛ بیہودگی؛عیب دار ہونا؛ خرابی؛ بد طینتی؛ خباثت ۔

Vicissitude : (n) [Fr. or L. 'Vicissitudo'.] (۱) تغیر حالات؛ انقلابات؛ نیرنگیاں، نشیب و فراز (خصوصاً دولت، عزت وغیرہ کا) ۔ (۲) باقاعدہ تغیر؛ باری باری سے ہونا؛ تبادلہ ۔ (۳) تواتر؛ توالی؛ یکے بعد دیگرے ہونا ۔

Vicissitudinous : (a) (۱) تغیر پذیر؛ بدلنےوالا ۔ (۲) پُر از نشیب و فراز ۔

Vicontiel : (a) [AFr.] وائی کاؤنٹ یا شیرف کا یا اس سے متعلق ۔

Victim : (n) [L. 'Victima'.] (۱) قربان؛ جانور یا انسان جو کسی دیوتا پر بھینٹ چڑھایاجائے ۔ (۲) شکار؛ مارا ہوا؛ کشتہ؛ نشانہ ۔ (۳) دھوکا کھانے والا؛ پھنسنے والا؛ شکار ۔ (٤) وہ شخص جو اپنی کسی مہم کی وجہ سے تکلیف اٹھائے یا مرجائے ۔

To fall a victim to (something or person) : شکار ہوجانا؛ پھنس جانا ۔

Victimhood : (n) شکار ہونا ۔

Victimization : (n) پھانسنا؛ پھنسنا؛ قربانی؛ قربانی کرنا یا کیا جانا ۔

Victimize : (v) (۱) (دام فریب میں) پھانسنا ۔ (۲) شکاربنانا؛ نشانہ بنانا (حرص ، ظلم وغیرہ کا) ۔

(۳) (مزدوروں کی انجمن) (سرغنہ وغیرہ کو) قربانی کا بکرا بنانا ؛ قربان کر دینا ۔ (٤) قربان کرنا؛ قربانی دینا؛ (پودوں کو) مکمل طور پر تباہ یا برباد کر دینا ۔

Victimizer : (n) پھانسنے والا؛ قربانی کرنے والا ۔

Victor : (n) [AFr. 'Victo(u)r'.] (۱) فاتح؛ فتح کرنے والا ۔ (۲) جیتنے والا (لڑائی، بحث وغیرہ میں) ۔

Victor : (a) فاتح؛ فتح مند ۔

Victoria : (n) [L. or Sp.] فتح کا نعرہ ۔

Victoria : (n) [f. Name of Queen Victoria of England.]
(۱) وکٹوریا، دو نشست کی بگھی جس کا کوچ بکس اونچا ہوتا ھے اور جس کا ٹپ گرایا جا سکتا ھے ۔ (۲) (نباتیات) بہت بڑے قسم کا کنول ۔ (۳) پالتو کبوتر کی ایک نوع ۔ (٤) ایک قسم کا آلوچہ جو خوش ذائقہ اور گہرے سرخ رنگ کا ہوتا ھے؛ سرخ آلوچہ ۔ (٥) (علم النجوم) ایک چھوٹا سیارہ ۔ (٦) ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کی چھت پھسلا کر یا کھسکا کر کھولی اور بند کی جاتی ھے ۔

Victoria : (a) (آسٹریلیا کے شہر) وکٹوریا کا یا وہاں سے متعلق ۔

Victoria cross : (n) وکٹوریا کراس؛ بہادری کا تمغہ جو ملکہ وکٹوریہ نے ۱۸٥٦ء میں جاری کیا تھا ۔

Victoria day : (n) ملکہ وکٹوریہ کی یوم پیدائش ۲٤/مئی ۔

Victoria lily : (n) بہت قسم کا کنول ۔

Victoria pigeon : (n) ایک قسم کا کلغی دار کبوتر ۔

Victorian : (a) [f. the name of Victorius.] پانچویں صدی عیسوی کا ایک کلیسائی عہدے دار پادری ۔

Victorian : (a) ملکہ وکٹوریہ کا؛ ملکہ وکٹوریہ کےعہدے کا؛ ملکہ وکٹوریہ کے عہد کی خصوصیات رکھنے والا ۔

Victorian : (n) ملکہ وکٹوریہ کے عہد کا شخص یا مصنف ۔

Victorian : (n) وکٹوریا (آسٹریلیا) کا باشندہ ۔

Victorian : (a) وکٹوریا (آسٹریلیا) کا ۔

Victorian period : (n) ٥۳۲ جولیسی سال کا وقفہ جس کےختم ہونے پر ماہ نو اور کامل جولیسی سال کے انہیں دنوں میں نکلتے ہیں ۔

Victorianism : (n) (۱) (مذاق، عادت یا طرز عمل میں) وکٹوریا کے عہد کا ھونا ۔ (۲) وکٹوریا کے عہد کے اسلوب بیان، مذاق یا طرز کی مثال یا پیداوار ھونا ۔

Victorianize : (v) (طرز یا مذاق میں) وکٹوریا کے عہد کا بنانا ۔

Victoriate : (n) [L. 'Victoriatus'.] قدیم روم کا ایک نقرئی سکہ ۔

Victorine : (n) [Victoria+-ine.] سمور کا گلوبند جو عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Victorine : (n) [Fr. 'Victorian', the Abbey of St. Victor, near Paris'.] سنت وکٹر (St.Victor) کے سلسلے کا ایک پادری ۔

Victorious : (a) [AFr. 'Victorious'.] (۱) فتح یاب : فتحمند؛ ظفریاب : منصور؛ جیتنے والا ۔ (۲) فتح کا؛ فاتحانہ ۔ (۳) اخلاقی طور پر ہم آہنگ ۔

Victoriously : (adv.) فتح مندی سے؛ فتح یاب ھو کر ۔

Victoriousness : (n) فتح یاب ھونا؛ فتح یابی؛ فتح مندی؛ ظفر یابی ۔

Victory : [AFr. 'Victorie'.] (۱) فتح؛ ظفر؛ جیت ۔ (۲) (مجازاً) قابو ۔ (۳) یونانی یا رومی فتح کی دیوی؛ اس دیوی کا بت ۔

Cadmean victory : وہ فتح جس میں فاتح برباد ھو جائے ۔

Moral victory : لڑائی وغیرہ کا غیر فیصلہ کن نتیجہ یا شکست جس میں اخلاقی غلبہ حاصل ہو؛ اخلاقی فتح ۔

Pyrrhic victory : فتح عظیم؛ فتح گراں بہا یعنی وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو ۔

To have (get, win) the victory : فتح مند ھونا؛ فتح کرنا؛ جیت لینا ۔

Victory garden : (n) سبزیوں کا باغیچہ جو جنگ کے دنوں میں پیداوار بڑھانے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

Victory girl : (n) بد چلن عورتیں جو جنگ کے زمانے میں فوجیوں کے ساتھ رہتی ہیں ۔

Victress : (n) فاتح عورت ۔

Victrix : (n) دیکھو Victress

Victual : (n) [ME. 'Vitaile(s)'.] (عموماً جمع) غذا؛ کھانا؛ خوراک؛ سامان خوردو نوش؛ آذوقہ؛ رَسد ۔

Victual : (v) [OFr. 'Vitaillier'.] (١) غذا پہنچانا؛ سامان خوردونوش دینا؛ پہنچانا ۔ (٢) سامان خوردونوش فراہم کرنا یا لینا ۔ (٣) کھانا کھانا ۔ (٤) (جانوروں کو) چرانا؛ کھلانا ۔

Victualled : (a) کھانا کھاتے ہوئے ۔

Victualler : (n) (١) خوردنی فروش؛ غذا فروش ۔ (٢) رسد رساں جہاز؛ (وہ جہاز) جو اور جہازوں کو کھانے پینے کا سامان پہنچاتا ھے ۔ (٣) رسد رساں (خصوصاً فوج کو رسد فراہم کرنے والا) ۔

Licensed victualler : لیسنس یافتہ شراب فروش؛ سرائے والا ۔

Victualling : (n) (١) رسدرسانی؛ سامان خوردونوش فروخت کرنا یا فراہم کرنا؛ رسد بہم پہنچانا ۔ (٢) رسد لینا؛ سامان خورد و نوش فراہم کرنا (خاص کر اب جہاز کے لئے) ۔ (٣) ذاتی استعمال کے لئے غذا کی فراہمی ۔

Victualling bill : (n) رسد نامہ؛ چنگی خانے کا اجازت نامہ جہاز پر رسد بھیجنے کا ۔

Victualling-house : (n) کھانے پینے اور شراب کی دکان؛ سرائے ۔

Victualling-note : (n) (بحری) رسد کا ٹکٹ؛ چٹھی جس کی رو سے جہاز کا اسٹیوارڈ ملاح کو رسد دیتا ھے ۔

Victualling office : (n) (١) دفتر رسانی؛ بحری فوج کو سامان رسد فراہم کرنے کا دفتر ۔ (٢) (مکہ بازی) پیٹ ۔

Victualling-yard : (n) احاطہء رسد؛ سمندر کے کنارے گودی سے متصل جس میں بحری فوج کے لئے رسد جمع کی جاتی ھے ۔

Vicuna/Vicugna : (n) [Sp.] (١) وکونیا؛ شمالی امریکا کا لاما نما جانور جس سے ریشم نما اون حاصل ہوتا ھے ۔ (٢) وکونیا کے اندرونی روئیں کا چمکدار اونی ریشہ ۔ (٣) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔ (٤) اونی کپڑا جو دیکھنے میں وکونیا کے اون سے بنا معلوم ہو ۔

Vicuna-cloth : (n) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔

Vicuna wool : (n) (١) وکونیا کا اون ۔ (٢) سوت ملا اون ۔

Vidame : (n) [Fr.] (فرانس میں) وہ شخص جس کو اسقف سے زمین ملی ہو اس کے نمائندے کی حیثیت سے اور دنیاوی معاملے میں اس کی حمایت کرنے کے صلے میں ۔

Viddui : (n) [Heb. 'Widduy'.] (١) (یہودیوں کا) اعتراف گناہ (جو ابجد کی ترتیب سے مرتب ہوا اور پڑھا جاتا ھے) ۔ (٢) اعتراف گناہ جو مرتے وقت مخفی طور پر کیا جائے ۔

Vide : (v) [L.] دیکھو؛ ملاحظہ ہو (فلاں صفحہ، فلاں عبارت وغیرہ) ۔

Quod vide : (مخفف .q.v) ملاحظہ ہو (کسی دوسری کتاب کا) حوالہ دینے کے لئے لکھتے ہیں ۔

Vide : (a) [OFr. 'Vuit, voit'.] (١) (آلات موسیقی کے تار کے بارے میں کہتے ہیں) کھلا ہوا ۔ (٢) (موسیقی کی ہدایت میں) چھوڑا ہوا ۔

Vide infra : (v) نیچے یا آگے صفحات میں ملاحظہ ہو ۔

Vide supra : (v) اوپر یا گذشتہ صفحات میں ملاحظہ ہو ۔

Videlicet : (adv.) [L.] (١) یعنی ۔ (٢) جس کے نام یہ ہیں ۔ (٣) جس کی تفصیل یہ ھے؛ بہ تفصیل ذیل ۔

Video : (a) ٹیلیویژن کی تصویروں کی ترسیل و تحصیل سے متعلق یا اس میں استعمال ہونے والا ۔

Video : (n) [L. 'Videre'.] ٹیلیویژن ۔

Video recording : (n) (١) ٹیلیویژن پر دکھائی جانے والی متحرک تصویر ۔ (٢) دیکھو Video-Tape Recording ۔

Video signal : (n) ویڈیو سگنل؛ تصویراشارہ؛ ویڈیواشارہ ۔

Video tape recording : (n) مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کیا ہوا تصویری اشارہ اور آواز جو ٹیلیویژن پر دکھائی جائے ۔

Videogenic : (a) ٹیلیویژن پر نشر کرنے کے لئے موزوں ۔

Vidette : دیکھو Vedette

Vidian artery : (n) [f. 'Vidus, Vidius', an Italian anatomist.] وِدیوی شریان ۔

Vidian canal : (n) وِدیوی نالی ۔

Vidian nerve : (n) وِدیوی رگ ۔

Vidimus : (n) [L.] (۱) مصدقہ نقل ۔ (۲) حسابات کی تنقیح؛ جانچ؛ معائنۂ حسابات ۔ (۳) (دستاویز وغیرہ کا) خلاصہ؛ تلخیص؛ معائنۂ دستاویزات ۔

Vidonia : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی پھیکی سفیدشراب جو جزائر کناری میں بنائی جاتی ہے ۔

Vidua : (n) [L.] (۱) بیوہ ۔ (۲) افریقی بیا کی ایک جنس ۔

Viduage : (n) [L. 'vidua'.] بیوگی : بیوگان ۔

Vidual : (a) [Late L. 'Vidualis'.] بیوہ سے متعلق؛ بیوہ یا بیوگی کے شایانِ شان؛ موزوں؛ بیوہ ۔

Viduity : (n) [Fr. 'Viduite', or L. 'Viduita'.] بیوگی؛ ایام بیوگی ۔

Vie : (v) [ME. 'Avie, envie'.] (۱) (قدیم) (ایک چیز کا دوسری سے) مقابلہ کرنا (بدلے، موازنہ یا دشمنی میں) ۔ (۲) مقابلہ کرنا؛ مد مقابل ہونا؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔ (۳) شرط لگانا؛ شرط بدنا؛ خطرے میں ڈالنا ۔

Viejitos : (n) [Mex. Sp.] (تراسکن ہندوستانیوں Tarascan) کا ایک مزاحیہ ناچ جس میں نوجوانان بوڑھوں کا سانگ بھر کر ناچتے ہیں ۔

Vielle : (n) [Fr.] ایک قسم کا چوتارا (باجا) جس کو چھوٹے سے پہیے سے بجایا جاتا ہے ۔

Vienna : (n) (۱) آسٹریا کا دارالسلطنت، وی اے نا؛ وی اینا ۔ (۲) بعض قسم کے آٹے یا روٹی کا نام ۔

Vienna caustic : (n) ایک لیپسی جس میں کاسٹک پوٹاش اور چونے کی برابر مقدار ہوتی ہے ۔

Vienna paste : (n) دیکھو Vienna caustic

Viennese : (n) وی اے نا کا باشندہ؛ وہاں کی جرمن زبان ۔

Viennese : (a) وی اینا کا یا وہاں سے متعلق؛ وی اینا سے شروع ہونے والا ۔

Viet : (n) Vietminh کا رکن ۔

Vietcong : (n) ویت نام کی کمیونسٹ تحریک کے حامی خصوصاً وہ جو چھاپہ ماری کیا کرتے تھے ۔

Vietminh : (n) ویت نام کی کمیونسٹ تحریک کا حامی ۔

View : (n) [AFr. 'Vewe, 'Vieue'.] (۱) رائے ؛ طرز خیال ۔ (۲) نظارہ ؛ ملاحظہ ؛ مشاہدہ (گردوپیش وغیرہ کا) ۔ (۳) (قانون) چوری کا معائنہ (موقعۂ واردات ، مال ، لاش وغیرہ کا) ۔ (٤) منظر ؛ نظارہ ۔ (٥) منظر کی تصویر ۔ (٦) مطالعہ ؛ نظر ۔ (٧) مقصد ؛ غرض ۔ (٨) صورت ؛ شکل ۔ (٩) نقشہ ؛ خاکہ ۔ (١٠) دیکھنا ۔ (١١) دیکھو View Halloo ۔ (١٢) دیکھنے کا طرز یا رنگ ۔ (١٣) امید؛ رجا؛ توقع؛ امکان ۔ (١٤) مزاج؛ فطرت ۔

A general view : ایک عام نظر : عام خیال ۔

At the view of : دیکھتے ہی ۔

Bird's-eye view : (۱) طائرانہ نظارہ (شہر وغیرہ کا بلندی سے) ۔ (۲) طائرانہ نظر (جو بلندی سے ڈالی جائے)؛ مجمل نظر (کسی موضوع پر) ۔

In (the) view of : نظرکے سامنے؛ اس طرح کہ دیکھا جاسکے؛ حد نظر میں؛ بہت نزدیک؛ اتنا نزدیک کہ دیکھا جا سکے ۔

In view : (۱) نگاہ کے سامنے؛ زیر نگاہ ۔ (۲) زیرِ توجہ؛ زیر غور ۔ (۳) بغرض؛ بطور مقصد ۔

In view of : (۱) بہ لحاظ؛ دیکھتےہوئے؛ اس کے پیش نظر ۔ (۲) (سوقیانہ) بغرض ۔

On or upon (the) view of : دیکھ کر ۔

On view : دکھاؤ؛ جو ہر شخص کے دیکھنے کے لئے ہو ؛ جسےہر شخص دیکھ سکے ؛ نظر کے سامنے ۔

Point of view : دیکھو Point

To come in view of : حدِ نظر میں آنا ۔

To have in view : (۱) پیش نظر ہونا؛ مد نظر ہونا۔ (۲) نظر میں رکھنا؛ ملحوظ رکھنا ۔

To take a view of : دیکھنا؛ معائنہ کرنا؛ مشاہدہ کرنا ۔

To take the long view : مستقبل کے لئے مہیا کرنا

To the view : اعلانیہ؛ کھلے بندوں؛ کھلم کھلا ۔

With a view to : (۱) بغرض ۔ (۲) امید میں؛ توقع میں ۔ (۳) بہ لحاظ ۔

With the (or a) view of : بغرض؛ اس غرض سے کہ؛ اس خیال سے کہ ۔

With this (or that) view : اِس یا اُس مقصد سے ۔

View : (v) (۱) نظارہ کرنا؛ مشاہدہ کرنا؛ ملاحظہ کرنا؛ معائنہ کرنا؛ آنکھوں سے دیکھنا ۔ (۲) مطالعہ کرنا؛ نظر ڈالنا؛ رائے قائم کرنا ۔ (۳) (شکار میں) (away کے ساتھ) لومڑی کو آڑے نکلتے ہوئے دیکھنا یا چلاّ کر اس کی خبر دینا ۔ (٤) غور کرنا؛ سوچنا ۔ (٥) کسی خاص طرز یا رنگ میں دیکھنا ۔

View angle : (n) زاویہٴ نظر یا نگاہ ۔

View-finder : (n) منظر نما؛ کیمرے کا وہ حصہ جس سے معلوم ہو کہ تصویر کہاں تک آئے گی ۔

View-halloo : (n) (لومڑی کے شکار میں) شور جو شکاری لومڑی کو آڑے نکلتے دیکھ کر مچاتے ہیں ۔

View of frank-pledge : (n) دیکھو Frank-pledge

View point/View-point : (n) (۱) نقطہٴ نظر؛ نقطہٴ نگاہ ۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے نظارہ کیا جا سکے ۔

Viewable : (n) نظر آنے والا؛ جو دیکھا جا سکے؛ مرئی ۔

Viewer : (n) (۱) دیکھنے والا؛ نظارہ کرنے والا؛ ناظر ۔ (۲) ملاحظہ کرنے والا شخص؛ معائنہ کرنے والا شخص ۔ (۳) ٹیلیفون دیکھنے والا شخص۔

Viewiness : (n) وہمی ہونا؛ خبط ۔

Viewing : (n) (۱) دیکھنا؛ نظارہ ۔ (۲) ٹیلیویژن دیکھنا ۔

Viewless : (a) (۱) اوجھل؛ (نظر سے) غائب؛ (نظر سے) پوشیدہ؛ چھپا ہوا؛ غیر مرئی ۔ (۲) جس کی کوئی رائے نہ ہو ۔ (۳) بے نظارہ ۔

Viewlessly : (adv.) غیر مرئی طور پر؛ غیر محسوس طور پر ۔

Viewy : (a) (۱) عجیب خیالات رکھنے والا؛ وہمی ؛ خبطی ۔ (۲) (عام) زرق برق؛ بھڑکیلا؛ ٹھاٹ کا ۔

Vigentennial : (a) [L. 'Vigeni, Viceni'.] بیس سالہ؛ ہر بیس سال پر واقع ہونے والا؛ بیسویں سالگرہ سے متعلق ۔

Vigentennial : (n) بیسویں سالگرہ یا اس کی تقریب ۔

Vigesimal : (a) [L. 'Vigesimus'.] بیس کا؛ بِستی؛ عدد بیس پر مبنی ۔

Vigesimo-quarto : دیکھو Twenty-Fourmo

Vigia : (n) [Pg.] سمندر کے نقشے میں بنا ہوا وہ نشان جو کسی مخفی خطرے کی نشان دہی کرتا ہے ۔

Vigil : (n) [Fr. 'Vigile'.] (۱) (کلیسا) کسی تہوار یا مقدس دن کی شام ۔ (۲) کسی تہوار کے موقعے پر شب بیداری ۔ (۳) (جمع) شب کی عبادت؛ نماز شب خصوصاً مردوں کے لئے ۔ (٤) شب بیداری؛ رت جگا؛ رات کو جاگتے رہنا ۔

To keep (a) vigil/-vigils : شب بیداری کرنا؛ رات کو جاگتے رہنا ۔

Vigil light : (n) شمع جو رومی کیتھولک کلیسا میں پجاری کسی خاص مذہبی مقصد کے لئے جلاتے ہیں ۔

Vigilance : (n) [Fr. or L. 'vigilantia'.] (۱) چوکسی؛ ہوشیاری؛ خبرداری؛ احتیاط؛ بیدار مغزی ؛ بیداری ۔ (۲) (طب) بے خوابی ۔

Vigilance committee : (n) کمیٹی حفظ امن، جو بدامنی کے زمانے میں یا بے نظم ملکوں میں شہری اپنے طور پر قائم کر لیتے ہیں ۔

Vigilant : (a) چوکس؛ ہوشیار ؛ خبردار؛ محتاط؛ بیدار مغز ۔

Vigilante : (n) [Sp.] کمیٹی حفظ امن کا رکن ۔

Vigilantly : (adv.) چوکسی سے؛ ھوشیاری سے ۔

Vigintennial : (a) دیکھو Vigentennial

Vigna : (n) [after Domenico Vign (a) an Italian botanist.] بیلوں یا بعض قسم کی بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Vigneron : (n) [Fr.] کاشتکار تاک: انگور کی کھیتی کرنے والا ۔

Vignette : (n) [Fr.] (۱) (مسودے میں) بڑے حروف کی آرائشی کشش اور دائرے؛ ڈھلواں پشت منظر کی نیم تصویر ۔ (۲) (کتاب کےسر ورق کی) بے حاشیے کی کندہ تصویر؛ نقش و نگار ۔ (۳) نیم تصویر (جس کی پشت منظر کے خطوط آہستہ آہستہ ہلکے ہوتے جائیں)؛ تصویر جس میں صرف سر یا سر اور شانہ ہوں ۔ (٤) (مجازاً) سیرت کا خاکہ؛ سیرت کی تصویر جو الفاظ میں کھینچی جائے؛ لفظی تصویر؛ قلمی چہرہ ۔ (٥) (تعمیرات) بیل بوٹے؛ گلکاری ۔

Vignette : (v) (۱) ڈھلواں پشت؛ منظر کی نیم تصویر بنانا ۔ (۲) ڈھلواں پشت منظر بنانا، یعنی اس کے خطوط کو آہستہ آہستہ ہلکا کرنا ۔ (۳) سیرت کا خاکہ کھینچنا ۔

Vignetter : (n) ڈھلواں پشت منظر کی تصویر بنانے والا ۔

Vignetting : (n) (۱) کسی حلقهٔ نظر کے کنارے کی روشنی کا ہلکا ہو جانا (شگاف کے کنارے روشنی کی کرنوں کے پوری طرح داخل نہ ہونے کی وجہ سے) ۔ (۲) تصویر کے کنارے کا مدھم ہو جانا (عدسے سے ترچھی کرنوں کے داخلے میں رکاوٹ کی وجہ سے) ۔

Vignettist : (n) دیکھو Vignetter

Vigogne : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Vicuna ۔ (۲) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔ (۳) دیکھو Vigogne-yarn ۔

Vigogne yarn : (n) دھاگا جس میں سوت اور اون دونوں کی آمیزش ہو ۔

Vigonia : (n) (۱) دیکھو Vicuna ۔ (۲) وکونیا کے اون کا بنا کپڑا ۔

Vigorish : (n) [Russ. 'vyigrish'.] (۱) اجرت جوجوئےپر وصول کی جائے؛ اس اجرت کی رقم ۔ (۲) مہاجن کو ادا کیا جانے والا سود ۔

Vigoroso : (adv.) [It.] (موسیقی کی ہدایت) قوت کے ساتھ؛ زور سے ۔

Vigorous : (a) [OFr.] (۱) قوی؛ طاقت ور ۔ (۲) شدید؛ سخت ۔ (۳) چاق چوبند؛ مضبوط؛ ہٹا کٹا ۔ (٤) جان دار؛ پر حیات ۔ (٥) پُر زور؛ مؤثر؛ چست ۔ (٦) (پودا) مضبوطی سے اور آزادی سے بڑھنے والا ۔

Vigorously : (adv.) طاقت سے؛ قوت سے؛ سختی سے؛ مضبوطی سے؛ جان دار طریقے سے ۔

Vigorousness : (n) قوی ہونا؛ شدت؛ سختی؛ مضبوطی؛ جانداری؛ زندگی؛ زور ۔

Vigour/Vigor : (n) [OFr.] (۱) قوت؛ طاقت ۔ (۲) کس؛ بل؛ دم خم؛ چاق و چوبند ہونا؛ مضبوطی ۔ (۳) قوت حیات؛ زندگی؛ جان ۔ (٤) (خیال،عبارت، اسلوب بیان وغیرہ کا) زور؛ قوت؛ تاثیر؛ چستی ۔ (٥) (طب) بیماری کی شدت یا زور ۔ (٦) باضابطگی؛ جائز ہونا ۔ (۷) سخت کاروائی؛ اختیار ۔

Vigourless : (a) بے طاقت؛ کمزور؛ بے جان؛ بے زور؛ بودا؛ پھسپھسا ۔

Vihara : (n) [Skr.] بودھوں کی خانقاہ یا مندر ۔

Vihuela : (n) [Sp.] ہسپانوی وایول؛ ہسپانوی (ستار کی قسم کا) باجا ۔

Viking/Vikingr/Wi(c)king : (n) [ON.'Vikingr'.] (تاریخ)اٹھویں سے گیارھویں صدی کے اسکینڈ ینیویا کے بحری ڈاکو جو شمالی اور مغربی یورپ میں لوٹ مار کرتے رہتے تھے ۔

Vikingism : (n) وائی کنگ کا طور طریق ۔

Vila : (n) [Slovenian & Serbo-croatian.] سلافی خطے کی ایک فوق الفطرت مخلوق جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ پہاڑوں اور جنگلوں میں رہا کرتی تھی اور ایک خوبصورت عورت کی شکل میں نمودار ہوتی تھی؛ پری ۔

Vilayet : (n) [Turk.] سلطنت ترکی کا صوبہ؛ ولایت ۔

Vile : (a) [Fr. 'Vil'.] (۱) کم قدر؛ حقیر؛ کھٹیا ۔ (۲) بدمعاش؛ پاجی؛ کمینہ ۔ (۳) پا جی پن کا؛ کمینہ پن کا؛ ذلیل؛ شرمناک ۔ (٤) (بول چال) نہایت خراب؛ بہت بُرا ۔ (٥) ناگوار؛ ناپسندیدہ؛ نفرت انگیز ۔ (٦) بدچلن؛ فاسق ۔

Vile : (adv.) پاجی پن سے؛ کمینہ پن سے؛ ذلیل طریقے سے؛ شرمناک طریقے سے ۔

Vilely : (adv.) دیکھو Vile

Vileness : (n) بد معاشی؛ کمینہ پن؛ پاجی پن ۔

Vilification : (n) (۱) بد گوئی ۔ (۲) بد نامی؛ رسوائی ۔

Vilifier : (n) بدنام کرنے والا؛ بدگو ۔

Vilify : (v) [late L. 'Vilificare'.] (۱) بدنام کرنا؛ رسوا کرنا؛ برائی کرنا؛ برا کہنا ۔ (۲) (شاذ) قدر گھٹانا؛ حقیر کرنا؛ پست کرنا؛ بگاڑنا ۔ (۳) تہمت لگانا؛ بہتان باندھنا ۔

Vilifyingly : (adv.) قدر گھٹاتے ہوئے؛ بدنام کرتے ہوئے ۔

Vilipend : (v) [Fr. 'Vilipender' or L.'Vilipendre'.] (۱) تحقیر کرنا؛ حقارت سے ذکر کرنا ۔ (۲) بدگوئی کرنا ۔

Vill : (n) [AFr.] (۱) (قانون، تاریخ) نظام جاگیرداری میں ایک ارضی اکائی یا تقسیم (جو بہت سے مکانوں اور ان سے ملحق زمینوں پر مشتمل ہوتی تھی) ۔ (۲) گاؤں ؛ بستی ؛ موضع ۔

Villa : (n) [L. & It.] (۱) محل یا مکان جو دیہات میں ہو ۔ (۲) بنگلہ جو نواح شہر میں ہو ۔ (۳) (جمع) روم یا قرون وسطیٰ کے اوائل کی زراعتی املاک (جسے Villae بھی کہتے ہیں) ۔

Villadom : (n) نواح شہر کے لوگ یا معاشرت؛ نواحستان؛ معاشرت؛ مضافات ۔

Village : (n) [Fr.] (۱) موضع؛ گاؤں؛ دہ؛ قریہ ۔ (۲) (امریکا) چھوٹی میونسپلٹی جس کی اختیارات محدود ہوتے ہیں ۔ (۳) موضع کے رہنے والے؛ گاؤں کے باشندے ۔ (٤) (مجازاً) خرموش گیاہی بھٹوں کا مجموعہ ۔ (٥) گاؤں کے رائے دہندگان ۔ (٦) رہائشی اور منسلک عمارتوں کا مجموعہ ۔

Village : (v) دیہات میں قیام پذیر ہونا : گاؤں میں بسنا ۔

Village economy : (n) دیہی معاشیات ۔

Villageless : (a) بے موضع؛ بے گاؤں ۔

Villageous : (a) گاؤں یا وہاں کے باشندوں سے متعلق ۔

Villager : (n) (۱) گاؤں والا ۔ (۲) دیہاتی؛ گنوار ۔

Villagery : (n) دیہات؛ موضعات؛ گاؤں ۔

Villagey/Villagy : (a) موضع، دیہات یا گاؤں سے مشابہ ۔

Villagism : (n) دیہی زبان، اسلوب یا بولی ۔

Villain : [ME. 'Vilein, Vilain'.] (۱) بدمعاش ؛ پاجی ۔ (۲) روزمرّہ، ہنسی میں) شریر ۔ (۳) ڈرامے، ناول وغیرہ کا وہ کردار جو ہیرو کی مخالفت کرتا ہے؛ بدمعاش کا کردار ۔

Villain : (n) زرعی غلام؛ سرف ۔

Villainage : (n) زرعی غلام ۔

Villainess : (n) بدمعاش عورت ۔

Villainize : (v) (۱) بدمعاش بنانا ۔ (۲) حقیر کرنا؛ بے قدر کرنا؛ ذلیل کرنا ۔ (۳) بدمعاش کا کردار ادا کرنا ۔

Villainous : (a) (۱) بدمعاش کا سا؛ بد معاشی کا؛ پاجی پن کا ۔ (۲) بہت خراب؛ بہت بُرا ۔

Villainous : (adv.) (۱) بد معاشی سے؛ بدمعاشوں کی طرح ۔ (۲) بہت خراب طریقے سے؛ پاجی پن سے ۔

Villainously : (adv.) (۱) بدمعاشی سے؛بد معاشوں کی طرح ۔ (۲) بہت خراب طریقے سے؛ پاجی پن سے ۔

Villainousness : (n) بدمعاشی؛ پاجی پن؛ بدمعاشی یا پاجی پن کی حرکت ۔

Villainy : (n) دیکھو Villainousness

Villakin : (n) چھوٹا مکان جو دیہات میں ہو ۔

Villan : (n) زرعی غلام ۔

Villanella : (n) [It. 'Villanello'.] ایک دیہی گیت جس کو مختلف آوازوں کے کئی آدمی گاتے ہیں ۔

Villanelle : (n) [Fr.] ۱۹ مصرعوں کی فرانسیسی نظم جس میں صرف دو قافیے ھوں ۔

Villari effect : (n) طولی دباؤ کی وجہ سے عمل مقناطیسی میں تبدیلی ۔

Villarsite : (n) [Fr.] میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Villatic : (a) [L. 'Villaticus'.] دیہی؛ دیہاتی؛ گنوار ۔

Villeggiatura : (n) [It. 'Villeggiare'.] (۱) دیہات کاقیام؛ دیہات میں گزاری ھوئی تعطیل ۔ (۲) وہ مقام جہاں شہر سے آکر چھٹیاں گزاری جائیں ۔

Villein/Villain : (n) [Var. Sp. of Villain.] زرعی غلام؛ سرف ۔

Villein service : (n) زرعی غلام کی خدمت (جو وہ زمیندار کی کرتا تھا) ۔

Villein socage : (n) جاگیر جو زرعی غلامی کے عوض ملے ۔

Villeinage : (n) [AFr. OFr. 'Vilenage'.] زرعی غلام ۔

Villiferous : (a) پشم دار؛ روئیں دار ۔

Villiform : (a) (حیوانیات) (بعض مچھلیوں کےدانت)پشم نما؛ مخملی ۔

Villino : (n) [It. dim. of 'Villa'.] چھوٹا مکان جو دوسرے مکانوں سے کم از کم ایک گز کی دوری پر ھو ۔

Villose : (a) (۱) پشم دار؛ روئیں دار ۔ (۲) دیکھو Villous ۔

Villosity : (n) پشم دار ھونا؛ روئیں دار ھونا ۔

Villota : (n) [It. 'Villotta'.] شمالی اطالیہ کا سولہویں صدی کا ایک سنگت ناچ ۔

Villous : (a) [L. 'Villosue'.] پشم دار؛ روئیں دار؛ مودار؛ مخملی ۔

Villously : (adv.) پشم دار طور پر ؛ مخملی دار طور پر ۔

Villus : (n) [L.] (۱) خملہ؛ بالوں کا گچھا جو آنتوں کی جھلی (غشائے مخاطی) پر ھوتا ھے ۔ (۲) (نباتیات) پشم، لمبے روئیں جو پھول یا پھل پر ھوتے ہیں؛ رواں؛ نرم مو ۔

Vim : (n) [L.] زور؛ قوت؛ جوش؛ تیزی؛ طراری؛ توانائی؛ روح ۔

Vimana : (n) [Skr.] مخروطی مینار جو مندروں پر بنارہتا ھے ۔

Viminaria : (n) [L.] آسٹریلیا کی بے پتیوں والی جھاڑی کی ایک جنس ۔

Vimineous : (a) [L. 'Vimineus'.] لمبی پتلی شاخ کا یا لمبی پتلی شاخیں پیدا کرنے والا؛ ٹہنی دار ۔

Vimpa : (n) [It.] ریشمی نقاب جو کلیسا کے ادنیٰ ملازم شانے پر ڈالتے تھے ۔

Vina : (n) [Skr.] وینا؛ ایک آلہٴ موسیقی؛ بین؛ ایک باجا جس میں سات تار ھوتے ہیں ۔

Vinaceous : (a) [L. 'Vinaceous'.] (۱) انگور کا ؛ انگوری ۔ (۲) انگور کی شراب کا ۔ (۳) عنابی رنگ کا ۔

Vinage : (n) شراب میں الکحل ملانا ۔

Vinagron : (n) (۱) ایک قسم کا بچھو جو ایک تیز بو چھوڑتا ھے ۔ (۲) دیکھو Vinegarroon ۔

Vinaigrette : (n) [Fr.] (۱) دو پہیوں والی چھوٹی گاڑی جو پہلے فرانس میں ہاتھ سے چلائی جاتی تھی ۔ (۲) کافوری سرکے کی شیشی (سونے یا چاندی کی جس کے ڈھکن میں سوراخ ھوتے ہیں) ۔ (۳) لخلخہ؛ ھوش دارو (ھوش میں لانے کی دوا) کی شیشی ۔ (٤) دیکھو Vinaigrette sauce ۔

Vinaigrette sauce : (n) ایک قسم کی چٹنی جو سرکہ، پیاز، تیل وغیرہ سے بنائی جاتی ھے ۔

Vinasse : (n) [L. 'Vinacea'.] الکحل شراب کی تخمیر اور تقطیر کے بعد بچی ھوئی رقیق شے ۔

Vincentian : (n) [f. 'Vincent'.] سینٹ ونسن ڈی پال کے سلسلے کا پادری ۔

Vincentian : (a) سینٹ ونسن ڈی پال کے سلسلے کا ۔

Vincentian : (a) St.Vincent of Lerins سے شروع ھونے والا یا اس کا شریک ۔

Vincent's angina : (n) ونسنٹن درد گلو؛ ذبحہٴ ونسنٹ ۔

Vinchuca : (n) [Sp.] بعض قسم کے چھوٹے کیڑے ۔

Vincibility : (n) قابل فتح ھونا ؛ قابل تسخیر ھونا ۔

Vincible : (a) [L. 'Vincibilis'.] جو نا قابل فتح نہ ہو ؛ قابل فتح : قابل تسخیر ۔

Vincibleness : (n) دیکھو Vincibility

Vincibly : (adv.) قابل فتح طورپر؛ قابل تسخیر طور پر ۔

Vinculum : (n)[L.'Vincire'.] (۱) جوڑ؛ بندھن ۔(۲) (ریاضیات) خط اشتراک: وہ خط جو دو یا زیادہ رقموں پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کھینچا جائے کہ ایک ہی رقم ھے مثلاً $(a+\overline{b+c})$ ۔ (۳) (تشریح) شکال: کسی عضو کی حرکت روکنے والی رگ یا پٹھا؛ وتری بند ۔

Vindemiate : (v) [L. 'Vindemiare'.] (شاذ) پکے ھوئے پھلوں کو خصوصاً انگور کو چننا ۔

Vindemiation : (n) انگور چننا ۔

Vindemiatrix : (n) [med. or mod. L. 'Vindemiator'.] (علم النجوم) المریدین؛ مقدم القطعات؛ سنبلہ کا ایک چمکدار ستارہ ۔

Vindicability : (n) قابلِ حمایت ھونا؛ قابلِ ثبوت ھونا ۔

Vindicable : (a) قابلِ حمایت؛ قابلِ ثبوت ۔

Vindicate : (v) [L. Vindicare'.] (۱) بول بالا کرنا؛ لاج رکھ لینا؛ اپنی حمایت یا مدد سے کامیاب بنانا ۔ (۲) ثابت کر دینا؛ منوا دینا ۔ (۳) صحیح یا جائز ثابت کرنا؛ (الزامات سے) بری ثابت کرنا؛ بے داغ ثابت کرنا ۔ (٤) دعویٰ کرنا؛ حق جتانا ۔ (٥) مداخلت یا غصب ھونے سے بچانا ۔ (٦) بری کرنا؛ بے خطا ٹھہرانا ۔ (۷) بدلا لینا؛ انتقام لینا ۔

Vindication : (n) (۱) ثبوت : صحیح یا جائز ثابت ھونا ۔ (۲) بریت؛ برأت ۔ (۳) حمایت ۔ (٤) دعویٰ ۔

Vindicative : (a) حمایت کا؛ بریت کا ۔

Vindicativeness : (n) حمایت کا ھونا ۔

Vindicator : (n) حامی؛ حمایت کرنے والا؛ ثابت کرنے والا ۔

Vindicatorily : (adv.) حمایت کے طور پر؛ ثبوت کے طور پر ؛ تعزیری طور پر ۔

Vindicatory : (a) (۱) حمایت کا؛ بریت کا : حمایتی ۔ (۲) تعزیری؛ سزا کا (قانون) ۔

Vindicatress : (n) حمایت کرنے والی؛ ثابت کرنے والی ۔

Vindictive : (a) (۱) کینہ پرور؛ انتقام جُو ۔ (۲) کینے کا؛ انتقام کا؛ کینہ پروری کا ۔ (۳) تعزیری؛ جو سزا کے طور پر ھو ۔ (٤) (دیوتا) غلطی کے لئے سزا دینے والا ۔ (٥) بد طینت؛ کینہ پرور؛ خبیث ۔

Vindictive damages : (n) تعزیری ہرجانہ (جو بطور سزا مدعی سے دلوایا جائے) ۔

Vindictively : (adv.) کینہ پروری سے؛انتقام کے طور پر ۔

Vindictiveness : (n) کینہ پروری؛ انتقام جوئی ۔

Vine : (n) [OFr.] (۱) انگور کی بیل ؛ تاک؛ رز ۔ (۲) انگور کی بیل کا نقشہ (کشیدہ کاری، کندہ کاری وغیرہ میں) ۔ (۳) بیل؛ پتلے تنے کی ہر بیل ۔ (٤) بیل کی شاخ ۔ (٥) (مجازاً) حضرت مسیح ۔

Vine : (v) (۱) بیل کی طرح بڑھنا : انگور کی بیل کی طرح جفتہ پیدا کرنا ۔ (۲) پیوند لگانا یا پیوند کاری کرنا (بیل میں) ۔ (۳) مٹر کی فصل کو میکانکی اوزار سے کاٹنا ۔

Vine beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا جو انگور کی بیل کی پتیوں، جڑوں یا شاخوں کو نقصان پہنچاتا ھے؛ تاک بھونرا ۔

Vine black : (n) ایک سیاہ رنگ جو انگور کی بیل کو جلا کر بنایا جاتا ھے ۔

Vine-borer : (n) کرم تاک؛ بیل کیڑا؛ ایک قسم کا کیڑا جو انگور کی بیلوں کو نقصان پہنچاتا ھے ۔

Vine-disease : (n) پت جوں روگ؛ انگور کے پتوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا لگتا ھے ۔

Vine-dresser : (n) انگور کی بیلوں کو چھانٹنے اور چڑھانے والا؛ انگور کی کاشت کرنے والا ۔

Vine-forester : (n) بعض قسم کے کیڑے جن کے پھل روپ انگور کی بیل کو کھاجاتے ہیں ۔

Vine grub : (n) تاک کیڑا ۔

Vine-leek : (n) گول لہسن ۔

Vine-louse : (n) پت جوں ؛ یہ ایک قسم کا کیڑا ھے جو انگور وغیرہ کے پتوں کو چاٹ جاتاھے ۔

Vine-mildew : (n) انگور کی بیل کی ایک بیماری جو فطرومہ کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

Vine-moth : (n) ایک قسم کا پتنگا ۔

Vine-pest : (n) پت جوں ۔

Vine-rod : (n) بید تاک ۔

Vine-sawfly : (n) ایک قسم کی آرہ مکھی جس کا پھل روپ انگور کی بیل کو کھاجاتا ہے ۔

Vine-scrub : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی گھاس پات ۔

Vine-snail : (n) ایک قسم کا گھونگا؛ رومی گھونگا ۔

Vine-weevil : (n) ایک گھن جو انگور کی بیلوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Vinea : (n) [L.] ایک قسم کا حفاظتی سائبان جو محاصرہ کرنے کے لئے بنایا جاتا تھا ۔

Vined : (a) (۱) چھلکے سے الگ کی ہوئی (مٹر) ۔ (۲) بیلوں سے ڈھکا ہوا ۔

Vinegar : (n) [ME. 'Vinegre'.] (۱) سرکہ ۔ (۲) (مجازاً) ترش روئی ۔ (۳) دوا کا محلول جو پتلے سرکے میں تیار کیا جاتا ہے ۔ (٤) زور؛ قوت؛ جوش؛ تیزی؛ طراری ۔

Aromatic vinegar : سرکہ جو کافور کی آمیزش سے معطر کیا گیا ہو ۔

A vinegar countenance : ترش رو ؛ سرکہ جبیں چہرہ ۔

Toilet vinegar : کافوری سرکہ؛ خوشبو دار سرکہ ۔

Vinegar : (v) سرکہ لگانا؛ سرکہ ملانا؛ سرکے کے ذریعے اصلی حالت پر لانا ۔

Vinegar Bible : (n) بائبل کی ایک اشاعت جو ۱۷۱۷ء میں باسکٹ (Baskett) نے کی تھی ۔

Vinegar eel : (n) ایک ننھا سا کیڑا جو سرکے میں پڑجاتا ہے ۔

Vinegar maker : (n) ایک قسم کابچھو جو جنوبی امریکا اور میکسیکو میں پایا جاتا ہے اور جو ایک تیز بو چھوڑتاہے؛ سرکہ بو بچھو؛ چابک دُم بچھو ۔

Vinegar mother : (n) (۱) ورجینا کا سماق ۔ (۲) ایک قسم کی پھپھوندی؛ ننھا سا سماروغ جس کے پیدا ہو جانے سے چیزوں میں خمیر اٹھتا ہے؛ فطر سرکہ ۔

Vinegar of opium : (n) سرکہ میں گھولی ہوئی افیون ۔

Vinegar pie : (n) ایک قسم کی پائی جس میں پانی، سرکہ اور مکھن ملا آٹا بھرا رہتا ہے ۔

Vinegar plant : (n) دیکھو Vinegar mother

Vinegar tree : (n) دیکھو Vinegar mother

Vinegar yard : (n) وہ کھلی جگہ جہاں سرکے کے پیپے رکھے جاتے ہیں ۔

Vinegarish : (a) (۱) قدرے سرکہ دار ۔ (۲) ترش رو ۔

Vinegarroon : (n) [Mex. Sp. 'vinagron'.] دیکھو Vinegar maker

Vinegary : (a) (۱) سرکہ دار؛ سرکے کے مزے کا؛ سرکے سے مشابہ ۔ (۲) تیزابی؛ ترش ۔ (۳) ترش رو ۔

Vineity : (n) شراب کی کیفیت ۔

Vineland : (n) وہ جگہ (زمین) جہاں انگور اُگایا جاتا ہے ۔

Vinelet : (n) انگور کی چھوٹی بیل ۔

Viner : (n) (۱) ایک مشین جو مٹر کو اس کی بیل اور ڈوڈے سے الگ کرتی ہے ۔ (۲) مٹر کی فصل کاٹنے کی مشین ۔

Vinery : (n) (۱) تاک گھر؛ شیشے کا گھر انگور کی بیلوں کے لئے؛ تاک خانہ ۔ (۲) انگور؛ تاک ۔

Vineyard : (n) (۱) انگور کا باغ؛ تاکستان ۔ (۲) (مجازاً) روحانی میدانِ عمل ۔

Vineyardist : (n) انگور کی کاشت کرنے والا ۔

Vingt-et-un/Vingt-un : (n) [Fr.] (تاش) اکیسی ؛ ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی یہ کوشش کرتا ہے کہ بانٹنے والے سے اتنے پتے لے جن کی بندیاں مل کر ٹھیک اکیس ہوں، نہ کم نہ زیادہ ۔

Vinhatico : (n) [Pg.] (۱) جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کام میں آتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا درخت جو آرائش کےلئے لگایاجاتا ہے ۔

Vinic : (a) [L.'Vinum'.] شراب یا الکحل سے حاصل کیا ہوا ۔

Vinicultural : (a) انگور کی کاشت سے متعلق؛ تاک پروری سے متعلق ۔

Viniculture : (n) تاک پروری؛ انگور کی کاشت ۔

Viniculturist : (n) تاک پرور؛ انگور کی کاشت کرنے والا ۔

Vinifera : (a) انگور سے متعلق یا اس سے نکالا ہوا ۔

Vinifera : (n) یورپ کا عام انگور ۔

Viniferous : (a) شراب خیز؛ شراب کے لئے جس کی کاشت کی جائے؛ شراب پیدا کرنے والا (علاقہ) ۔

Vinification : (n) شراب سازی؛ انگور کے عرق کو تخمیر کے ذریعے الکحل میں تبدیل کرنا ۔

Vinificator : (n) آبخرہ دان؛ آلہٗ شراب سازی کا وہ حصہ جس میں آبخارات جمع ہوتے ہیں ۔

Vino : (n) [It ex Sp. fr. L. 'Vinum'.] شراب ۔

Vino - : جزو ترکیبی بمعنی "شراب"۔

Vinolent : (a) [L. 'vinolentus'.] شراب کا عادی؛ شرابی ۔

Vinose : (a) [L. 'Vinosus'.] (۱) شراب انگور کا (سا)؛ شراب جیسا؛ شراب کے ذائقے یا بو کا ۔ (۲) دیکھو Vinous ۔

Vinosity : (a) شراب کا سا ہونا؛ شراب کی کیفیت؛ خمر؛ الکحلیت ۔

Vinous : (a) [L. 'Vinum'+-ous.] (۱) شراب انگور کا (سا)؛ شراب جیسا؛ شراب کے ذائقے یا بو کا ۔ (۲) شراب سے متعلق ؛ الکحلی؛ شرابی ۔ (۳) شراب خواری سے پیدا ہونے والا؛ جو شراب کے نشے کی وجہ سے ہو ؛ نشے کا ۔ (٤) شراب کے استعمال سے متاثر ۔ (۵) شراب کا عادی ۔ (٦) سرخ؛ عنابی رنگ کا ۔

Vinously : (adv.) شراب خواری کی وجہ سے ۔

Vinousness : (n) شراب خواری کی وجہ سے ہونا؛ شرابی ہونا ۔

Vinquish : (n) [alt. of Vanquish.] بھیڑ اور مویشیوں کی ایک بیماری خصوصاً وہ جو کوبالٹ کی کمی سے پیدا ہو ۔

Vint/Wint : (n) [Russ.] تاش کا ایک روسی کھیل جو برج کھیل کی ایک قسم (Auction bridge) سے مشابہ ہوتا ہے؛ ونٹ ۔

Vint : (v) [Back-formation from Vinter or Vintage.] پھل سے شراب بنانا؛ شراب انگور تیار کرنا ۔

Vinta : (n) [Phillipine's Spanish.] درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی ہوئی ڈونگی جو فلپائن میں استعمال ہوتی ہے ۔

Vintage : (n) [ME. 'vyndage, vendage'.] (۱) انگور توڑنے کا موسم یا فصل ۔ (۲) انگور کی فصل؛ مجموعی مقدار جو ایک فصل میں پیدا ہو ۔ (۳) انگور کی کسی خاص فصل کی شراب ۔ (٤) (شعر، خطابت) انگوری شراب (اچھی یا کمیاب قسم کی) ۔ (۵) یکساں صفات رکھنےوالے ہم عصروں کی جماعت یا ہم عصر چیزوں کا گروپ ۔

Vintage : (v) شراب بنانے کے لئے انگور توڑنا؛ جمع کئے ہوئے انگور کی شراب بنانا ۔

Vintage : (a) (۱) فصل انگور سے متعلق ۔ (۲) خاص فصل کی (شراب) ۔ (۳) قدیم؛ پرانا؛ ایک خاص عہد سے متعلق ۔ (٤) قدیم وضع کا ۔ (۵) بہترین؛ اعلیٰ ترین؛ سب سے عمدہ ۔ (٦) پرانی اور معیاری ۔

Vintage wine : (n) مشہور فصلوں کی انگوری شراب ۔

Vintage year : (n) (۱) وہ سال جس میں کوئی عمدہ شراب بنا کر تیار ہونے کے لئے رکھ دی جائے ۔ (۲) نمایاں کامیابی کا سال ۔

Vintager : (n) (۱) انگور کی فصل توڑنےوالا۔ (۲) (علم النجوم) سنبلہ کا ایک چمک دار ستارہ ۔

Vintaging : (n) انگور کی فصل توڑنا ۔

Vintem : (n) [Pg.] پرتگال کا نقرئی (یا مِسّی) سکہ ۔

Vintner : (n) [AL. 'vintenarius'.] (انگور کی) شراب بیچنے والا۔

Vintnery : (n) (انگور کی) شراب کی دکان ۔

Vintry : (n) شراب کی دکان ۔

The vintry : لندن کی ایک بڑی شراب کی دکان اور اس کے گرد کا علاقہ ۔

Viny : (a) (۱) انگور کی بیل کا؛ تاک کا؛ تاکی ۔ (۲) تاک نما ۔ (۳) پر تاک؛ جہاں انگور کی بیلیں کثرت سے ہوں؛ تاک تاک ۔

Vinyl : (n) [L. 'vinum' + - YL.] (کیمیا) مرکب یک گرفتہ اصلیہ (CH_2 CH) ۔

Vinyon : (n) [f. 'vinyon' a trademark.] ایک قسم کا مصنوعی سوت یا ریشہ یا اس کا کپڑا ۔

Viol : (n) [OFr. 'viel(l)e'.] (۱) وایول: قدیم ولایتی سارنگی؛ قرون وسطیٰ کا سات تار کا باجا جس سے موجودہ وائلن نکلا ھے ۔ (۲) بعض دوسرے باجے ۔

Viol da gamba : (a) [It.] گھٹنوں میں دبا کر بجانے والا وایول ۔

Viola : (n) [L.] بنفشہ؛ پھول دار درختوں کی ایک قسم جن میں بنفشہ بھی شامل ھے؛ ان کے پھول مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں ۔

Violability : (n) توڑے جانے کے لائق ہونا؛ قابلِ فسخ ہونا ۔

Violable : (a) جو توڑا جاسکے؛ قابل فسخ؛ قابلِ خلاف ورزی ۔

Violableness : (n) دیکھو Violability

Violably : (adv.) خلاف ورزی کرتے ہوئے؛ فسخ کرتے ہوئے ۔

Violaceae : (n) [L.] بنفشیہ: بوٹیوں ، جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان ۔

Violaceous : (n) [L. 'violaceus'.] (۱) (رنگ) بنفشی ۔ (۲) بنفشیہ سے متعلق یا مشابہ؛ بنفشیہ قسم کا ۔

Violan : (n) [L. 'viola'.] (معدنیات) الومینیم، کیلشیم، میگنیشیم اور سوڈیم کا سلیکیٹ ۔

Violate : (v) [L. 'violare'.] (۱) خلاف ورزی کرنا؛ توڑنا (معاہدہ وغیرہ) ۔ (۲) ہتک حرمت کرنا؛ بے ادبی کرنا (مقدس مقام کی) ۔ (۳) خلل ڈالنا؛ مخل ہونا ۔ (٤) عصمت دری کرنا؛ زنا بالجبر کرنا ۔

Violate : (a) توڑا ہوا؛ عصمت دری کی ہوئی ۔

Violation : (n) (۱) خلاف ورزی ؛ توڑنا ۔ (۲) ہتکِ حرمت؛ بے ادبی ۔ (۳) خلل اندازی ؛ بےجا مداخلت ۔ (٤) زنا بالجبر؛ عصمت دری ۔

Violational : (a) خلاف ورزی سے متعلق ؛ بے ادبانہ؛ عصمت دری سے متعلق ۔

Violative : (a) خلاف ورزی کرنے والا؛ خلل اندازی کرنے والا ۔

Violator : (n) (۱) زانی؛ عصمت دری کرنے والا ۔ (۲) خلاف ورزی کرنے والا ۔

Violence : (n) [Fr.] (۱) شدت؛ شدید ہونا؛ تندی ۔ (۲) تشدد؛ زبردستی ؛ تشدد کا برتاؤ ۔ (۳) صدمہ ۔ (٤) خلاف ورزی ۔ (٥) (قانون) تشدد مجرمانہ؛ جبر مجرمانہ ؛ تخویفِ مجرمانہ ۔ (٦) تحریف ۔

To do violence to/- unto : نقصان پہنچانا؛ خلاف ورزی کرنا؛ عصمت دری کرنا ۔

Violent : (a) (۱) سخت؛ شدید؛ شدت کا؛ زور کا ۔ (۲) جس میں تشدد سے کام لیا گیا ہو ؛ تشدد کا ۔ (۳) تندو تیز؛ پرجوش؛ ہیجانی؛ والہانہ؛ شدید ۔ (٤) (رنگ) چمکدار؛ شوخ؛ بہت واضح؛ گہرا(خاکہ، نقشہ وغیرہ) ۔ (٥) (آواز) کرخت؛ بے حد تیز ۔ (٦) متشدد ۔ (۷) ناجائز اور زبردستی قبضہ کرنے والا ۔ (۸) (موت) غیر فطری؛ تشدد کی؛ غیر طبعی ۔ (۹) بہت یا بےحد بڑا؛ مضبوط یا شدید ۔

To lay violent hands on/- upon : مارنا؛ پیٹنا ۔

Violent death : (n) غیر طبعی موت؛ تشدد کی موت؛ جو خارجی تشدد یا زہر خورانی سے واقع ہو ۔

Violent pain : (n) شدید درد ۔

Violent presumption : (n) احتمال یقینی؛ احتمال بہ منزلۂ یقین؛ ایسا شبہ جس کا قریب قریب قطعی ثبوت موجود ہو ۔

Violently : (adv.) (۱) شدت سے ۔ (۲) تشدد سے؛ زبردستی ۔ (۳) نہایت جوش سے؛ والہانہ طریقے سے؛ تندی سے ۔

Violer : (n) وایول بجانے والا ۔

Violescent : (a) بنفشی مائل ۔

Violet : (n) [Fr. 'violette'.] (۱) بنفشہ؛ ایک پھول دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اور ان میں نیلے، ارغوانی، سفید اور دوسرے رنگوں کے پھول آتے ہیں ۔ (۲) بنفشی رنگ ۔ (۳) بنفشی رنگ کا کپڑا یا پوشاک ۔

(٤) بنفشی رنگ کی تیلیاں ۔ (٥) بے حد نازک مزاج، شرمیلا اور خلوت نشین شخص ۔

Violet : (v) (١) بنفشی رنگ میں رنگنا ۔ (٢) بنفشہ توڑنا ۔

Violet : (n) [It. 'violetta'.] پانچ یا چھ تاروں والا ایک ساز ۔

Violet aphid : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو بنفشہ کے پودوں کو کھاتا ھے ۔

Violet-blind : (a) بنفشی کور ۔

Violet-coloured : (a) نیلگوں؛ بنفشی رنگ کا ۔

Violet-ear : (n) شکرخورے کی ایک قسم ۔

Violet family : (n) بنفشیہ ۔

Violet-fly : (n) مصنوعی مکھی جو مچھلی کے شکار میں کام آتی ھے ۔

Violet powder : (n) ایک قسم کا خوشبودار پوڈر؛ غازہ ۔

Violet ray : (n) قوس قزح کا بنفشی رنگ ۔

Violet-tip : (n) ایک امریکی تتلی ۔

Violet wood : (n) لکڑی کی قسمیں جن میں آسٹریلیا کا سیول وغیرہ شامل ہیں ۔

Violetish : (a) کسی قدر بنفشی ۔

Violette : (n) [It. 'violetta'.] چھوٹا وایول ۔

Violette : (n) [Fr.] ایک قسم کا کندہ کاری کیا ھوا زیور ۔

Violety : (a) بنفشی رنگ سے مشابہ ۔

Violin : (n) [It. 'violino'.] (١) وایولن؛ ولایتی سارنگی؛ چار تار کاباجاجسےبائیں طرف بغل میں لے کر کمانچے سےبجاتے ہیں ۔ (٢) وایولن بجانےوالا ۔

To play first violin : (مجازاً) نمایاں پارٹ ادا کرنا ۔

Violin : (v) وایولن بجانا ۔

Violine : (n) [Fr.] قے آور عرق بنفشہ ۔

Violine : (n) ایک بنفشی نیلا رنگ ۔

Violinist : (n) وایولن بجانے والا ۔

Violinistic : (a) وایولن یا وایولن بجانے سے متعلق؛ وایولن پر بجانے کے لائق ۔

Violino : (n) [It.] دیکھو Violin

Violist : (n) [ViolL+ -ist] وایول بجانے والا ۔

Violist : (n) [Viola+ -ist] وایولا بجانے والا ۔

Violon : (n) [Fr.] ایک قسم کا آرگن کا پردہ ۔

Violoncellist : (n) وایولن چیلو بجانے والا ۔

Violoncello : (n) [It.] (١) وایولن چیلو؛ ایک قسم کا وایولن جو گھٹنوں میں دبا کر بجاتے ہیں ۔ (٢) آرگن کا پردہ ۔

Violone : (n) [It.] بڑا وایول ۔

Violurate : (n) وایولیورک تیزاب کا نمک ۔

Violuric acid : (n) بانیڈوریلک تیزاب پر شورے کے تیزاب کے عمل سے پیدا ھونے والا تیزاب؛ وایولیورک تیزاب ۔

Viorna : (n) [mod. L.] شمالی امریکی بیلوں اور بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Viper : (n) [Fr. 'vipere' or L. 'vipera'.] (١) زہریلے سانپ کی کئی قسموں کے نام خصوصاً افعی ۔ (٢) (مجازاً) موذی شخص ؛ خبیث ۔ (٣) (مجازاً) دغا باز آدمی؛ مارِ آستین ۔

Viper-fish : (n) سمندر کی گہرائی میں پائی جانے والی ایک قسم کی مچھلی ۔

Viper grass : (n) ایک قسم کا پودا؛ سفور جنہ سیاہ ۔

Viper wine : (n) ایک شراب جس میں عرقِ افعی ملایا جاتا تھا اور اسے پہلے قوتِ حیات بحال کرنے کے لئے پلایا جاتا تھا ۔

Vipera : (n) افعی کی ایک جنس ۔

Viperan : (a) (١) افعی کا ؛ افعی جیسا ؛ زہریلا ۔ (٢) افعی سے حاصل کیا ھوا ۔ (٣) موذی ؛ خبیث ۔

Viperian : (a) دیکھو Viperan

Viperiform : (a) افعی صورت ۔

Viperine : (a) دیکھو Viperan

Viperine : (n) ایک قسم کا سانپ ۔

Viperish : (a) (۱) افعی جیسا؛ افعی صفت ۔ (۲) (مجازاً) موذی؛ خبیث؛ دغا باز ۔

Viperishly : (adv.) دغا بازی سے؛ خباثت کے ساتھ ۔

Viperlike : (a) افعی جیسا؛ افعی صفت ۔

Viperling : (n) چھوٹا افعی ۔

Viperous : (a) (۱) افعی کا یا افعی سے متعلق ۔ (۲) موذی؛ خبیث؛ دغاباز ۔

Viperously : (adv.) افعی کی طرح؛ خباثت کے ساتھ؛ دغابازی سے ۔

Vipers bugloss : (n) ایک پودا؛ سپستان ۔

Vipers grass : (n) ایک قسم کا پودا : سفورجنهٔ سیاہ ۔

Vipionidae : (n) [mod. L.] مکھیوں کی ایک جنس ۔

Viraginian : (n) [L. 'virago'.] لڑاکا عورت کی زبان ۔

Viraginian : (a) لڑاکا عورت کی صفت کی: مردانی عورت کی طرح کی ۔

Viraginous : (a) دیکھو Viraginian

Virago : (n) [L.] (۱) لڑاکا عورت؛ بڑدنگی؛ بدمزاج عورت ۔ (۲) مردانی عورت؛ جس میں مردوں کی سی قوت یا ہمت ہو ۔

Viral : (a) وائرس کا یا اس سے متعلق ۔

Virelay : (n) [Fr. 'virelai'.] قافیہ بند:ایک قسم کی (خصوصاً فرانسیسی) نظم جس کےہر بند میں‌صرف دو مصرعوں کاقافیہ ایک ہو اورایک بند کاآخری قافیہ دوسرے بند کا پہلا قافیہ ہوتا ھے ۔

Virement : (n) [Fr.] بجٹ کے فنڈ کو ایک مد سے دوسری مد میں لے جانا ۔

Viremia/Viraemia : (n) خون میں وائرس کی موجودگی ۔

Virent : (a) [L. 'virens'.] سبز ۔

Vireo : (n) [L.] امریکا کی چھوٹی چڑیوں میں سے کوئی ایک؛ مگس گیر؛ سبزہ سہرہ ۔

Virescence : (n) (۱) براپن؛ سبزی ۔ (۲) (نباتیات) غیرطبعی سبزی جو اور رنگوں کے پھولوں کی پتیاں بعض اوقات اختیار کرلیتی ہیں ۔

Virescent : (a) [L. 'virescere'.] (۱) سبزی مائل ۔ (۲) (نباتیات) غیر معمولی سبز ۔

Virga : (n) [mod. L.] تکثیف بخارات جو بادلوں سے برستے ہیں مگر زمین پر پہنچنے سے قبل پھر بخارات میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

Virgate : (n) [mod. L. 'virgata'.] (۱) (تاریخ) انگلستان کا زمین ناپنے کا قدیم پیمانہ (عموماً چوتھائی ایکڑ کا) ۔ (۲) بانس؛ جریب ۔

Virgate : (a) [L. 'virgatus'.] (نباتیات، حیوانیات) چھڑیلا: چھڑی کی طرح پتلا؛ سیدھا اور کھڑا؛ راست ۔

Virgater : (n) جریب بردار ۔

Virger : (n) عصا بردار ۔

Virgilian : (n) [L. 'vergilianus'.] ورجل کا؛ ورجل کی طرز کا؛ ورجل کی طرز کے مطابق ۔

Virgilian : (n) ورجل کی تصنیفات کا ماہر ۔

Virgin : (n) [OFr. 'virgine'.] (۱) دوشیزہ؛ کنواری؛ باکرہ ۔ (۲) راہبات کے کسی سلسلے کی عورت جو تا عمر دوشیزہ رہنے کا عہد کر چکی ہو؛ کنواری راہبہ ۔ (۳) مریم عذرا؛ کنواری مریم ۔ (٤) مریم عذرا کی تصویر یا بت ۔ (٥) مادہ کیڑا جو بغیر نر کے انڈے دے ۔ (٦) (علم النجوم) (بڑے حرف سے) سنبلہ؛ کنیا؛ عذرا ۔ (۷) مادہ جانور جس نے کبھی جفتی نہ کھائی ہو ۔ (۸) ناکتخدا ؛ وہ شخص جو کسی کے ساتھ ہم بستر نہ ہوا ہو ؛ عفیف ؛ پارسا مرد ۔ (۹) (حشریات) پروانوں اور تتلیوں کی بعض قسموں کے لئے آتا ھے ۔

The (Blessed) virgin Mary : مریم عذرا ۔

Virgin : (a) (۱) کنواری ؛ دوشیزہ؛ ناکتخدا ۔ (۲) کنواریوں کا سا؛ دوشیزگانہ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان

Virgin wool : (n) خام اون (جس کے دھاگے نہیں بنائے گئے ہوں) -

Virginal : (a) ایک طرح کا ساز جو سولھویں اور سترھویں صدی میں بہت رائج تھا -

Virginal : (a) (۱) کنواری کا؛ کنوارپن کا - (۲) کنواریوں کا سا؛ دوشیزگانہ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان ھو - (۳) کنوارا؛ کنواری ؛ باکرہ ؛ عفیف - (٤) تازہ؛ خالص ؛ اچھوتا؛ بے داغ -

Virginal : (n) دعائیں جو مریم عذرا کے نام سے ھوں -

Virginal generation : (n) خود زائی؛ باکرہ زائی -

Virginal membrane : (n) پردۂ بکارت -

Virginally : (adv.) کنواریوں کی طرح -

Virginhood : (n) کنوارپن؛ دوشیزگی -

Virginia : (n) [L. 'virgo'.] (۱) ورجینیا؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک ریاست - (۲) ورجینیا کا تمباکو - (۳) (علم النجوم) ایک چھوٹا سیارہ -

Virginia creeper : (n) ورجینیا بیل : بڑے پتوں کی بیل جو آرائش کے لئے لگائی جاتی ھے -

Virginia deer : (n) سفید دُم ہرن -

Virginia fence : (n) ٹیڑھی میڑھی باڑ -

Virginia nightingale : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کی چونچ بہت مضبوط ھوتی ھے -

Virginia reel : (n) ایک قسم کا دیہی رقص -

Virginia stock : (n) ایک سیدھی صلیبی بوٹی -

Virginia tobacco : (n) ورجینیا تمباکو ؛ مختلف قسم کے تمباکو جو ورجینیا اور امریکا کے دوسرے علاقوں میں پیدا ھوتے ہیں -

Virginian : (n) (۱) ورجینیا کا قدیم دیسی باشندہ - (۲) ریاست ورجینیا کا باشندہ -

Virginian : (n) ورجینیا کا؛ ورجینیا میں دلچسپی رکھنے والا -

Virginian creeper : (n) دیکھو Virginia creeper

ھو - (۳) بے داغ؛ کورا - (٤) اچھوتا؛ جو ابھی تک استعمال نہ ھوا ھو - (٥) بے نر کے انڈے دینے والی (کیڑے کی مادہ)؛ خودزا؛ باکرہ زا - (٦) غیر تسخیر شدہ (شہر، قلعے وغیرہ)؛ غیر مغلوب ؛ غیر مفتوح - (۷) پہلا؛ پہلی مرتبہ استعمال میں لایا ھوا ؛ ابتدائی - (۸) (کیمیا) خالص ؛ خام - (۹) نیا؛ تازہ - (۱۰) خام دھات سے بنایا ھوا -

The virgin mother : حضرت مریم عذرا -

The virgin Queen : ملکہ الزبتھ اول -

Virgin birth : (n) (۱) خود زائی؛ باکرہ زائی - (۲) (بڑے حرف میں) یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح خدا کے بیٹے تھے -

Virgin-born : (a) خودزا -

Virgin-bower : (n) انگلستانی جھاڑی کا نام -

Virgin comb : (n) (شہد کی مکھی کا) تازہ چھتا (جس میں صرف ایک بار شہد جمع ھوا ھو اور بچے نہ دیئے گئے ھوں) -

Virgin-earth : (n) غیر مزروعہ زمین -

Virgin forest : (n) کورا جنگل -

Virgin honey : (n) (۱) تازہ چھتے کا شہد - (۲) ٹپکا ھوا شہد جو بغیر دبائے یا گرم کئے نکلا ھو -

Virgin parchment : (n) چرمی کاغذ جو بھیڑ یا بکری کے نوزائیدہ بچے کی کھال سے بنایا جاتا ھے -

Virgin procreation : (n) خود زائی ؛ باکرہ زائی -

Virgin reproduction : (n) دیکھو Parthenogenesis

Virgin soil : (n) کچی مٹی؛ زمین بکر -

Virgin-stock : (n) ایک سیدھی صلیبی بوٹی -

Virgin tree : (n) شرقی ساس فراس (Sassafras) (ایک پودا) -

Virgin wax/Virgin-wax : (n) (۱) تازہ موم؛ موم جو استعمال نہ کیا گیا ھو - (۲) صاف کیا ھوا موم؛ سفید موم -

Virgin widow : (n) کنواری بیوہ -

Virginity : (n) (۱) کنوارپن ؛ دوشیزگی؛ بکارت ۔ (۲) ناکتخدائی ۔ (۳) (مجازاً) تازگی؛ نیاپن ۔

Virgins bower : (n) ایک انگلستانی جھاڑی کا نام ۔

Virgo : (n) [L.] (ہئیت) سنبلہ؛ کنیا؛ منطقة البروج کے چھٹے برج اور اس کی صورت کواکب کا نام ۔

Virgouleuse pear : (n) [Fr.] سردیوں میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی رس دار ناشپاتی ۔

Virgula : (n) [mod. L.] ساقہ؛ ڈالی ۔

Virgulate : (a) ساق نما؛ راست؛ چھڑیلا ۔

Virgule : (n) [Fr.] (۱) پتلا سیدھا یا ترچھا خط جو بطور اوقاف استعمال ہوتا ہے : (کاما) کوما ۔ (۲) تانم پیس کا ایک قسم کا گریزہ ۔

Virial : (n) [G.] (طبیعیات) سکت ۔

Viricidal : (a) وائرس کُش؛ وائرس کُش سے متعلق ۔

Viricide : (n) وائرس کُش ۔

Virid : (a) [L. 'viridis'.] سبز؛ ہرا ۔

Viridarium : (n) [L.] قدیم رومی قلعےوغیرہ کا سبزہ زار ۔

Viridigenous : (a) سبزہ زا؛ سبزی پیدا کرنے والا ۔

Viridian : (n) [L. 'viridis'.] ویرونا کا سبز رنگ ۔

Viridian : (a) ویرونا کے سبز رنگ سے متعلق ۔

Viridine : (n) (۱) دیکھو Chlorophyll ۔ (۲) ایک قسم کا سبز رنگ ۔ (۳) (کیمیا) دیکھو Jervine ۔

Viridite : (n) ایک معدنی مرکب جو بعض چٹانوں میں سبز رنگ کے ذروں کی شکل میں ملتا ہے ۔

Viridity : (n) [Fr.'viridite', L.'viriditas'.] (۱) (شاذ) سرسبزی؛ شادابی ۔ (۲) کستورا مچھلی کا سبز رنگ جو بعض نباتات کے کھانے سے پیدا ہوتا ہے ۔

Virile : (a) [Fr. 'viril', L. 'virilis'.] (۱) مردانہ؛ مردانگی کا ۔ (۲) رجولیت کا؛ قوت باہ کا؛ رجولتی؛ نرینہ ۔ (۳) رجولیت رکھنے والا؛ قوی الباہ ۔ (٤) قوی؛ پرزور ۔

Volcanic glass : (n) برکانی شیشہ؛ شیشہ نما آتش فشانی مادہ۔

Volcanic mud : (n) آتش فشاں کیچڑ ۔

Volcanic neck : (n) برکانی گردن؛ برکانی کڑاڑا ۔

Volcanic rock : (n) برکانی چٹان ۔

Volcanic wind : (n) برکانی ہوا؛ آتش فشانی ہوا جو کوہ آتش فشاں کے پھٹنے کے بعد چلنے لگتی ہے ۔

Volcanically : (adv.) آتش فشاں کے طور پر ۔

Volcanicity : (n) [Fr. 'volcanicite'.] آتش فشانی؛ برکانیت؛ آتش فشاں ہونا یا اس کی طرح ہونا ۔

Volcanism : (n) [Fr. 'volcanisme'.] (۱) آتش فشانی ؛ برکانی بھڑکاؤ ۔ (۲) اسباب آتش فشانی؛ آتش فشانی قوتیں؛ پلوطانیت ۔

Volcanist : (n) (۱) عالم ماہیت آتش فشاں؛ برکانیات داں ؛ عالم برکانیات ۔ (۲) (ارضیات) پلوطانی ۔

Volcanize : (v) آتش فشانی گرمی سے متاثر کرنا ۔

Volcano : (n) [It.] (۱) کوہ آتش فشاں؛ جوالامکھی پہاڑ؛ برکان ۔ (۲) (مجازاً) دبا ہوا جذبہ یا شدید احساس ۔ (۳) آتش فشانی حالت (کسی چیز کی) ۔

Active volcano : بھڑکتا ہوا آتش فشاں ۔

Dormant volcano : دبا آتش فشاں؛ برکان ساکن ۔

Extinct volcano : بجھا آتش فشاں؛ جس کا مادہ ختم ہو گیا ہو ۔

Submarine volcano : تہ آب آتش فشاں ؛ برکان آبدوز ۔

Volcanologic/-al : (a) برکانیاتی؛ ماہیت آتش فشاں سے متعلق ۔

Volcanologist : (n) برکانیات داں؛ عالم برکانیات ۔

Volcanology : (n) علم ماہیت آتش فشاں ؛ وہ علم جس میں آتش فشاں پہاڑوں کی ماہیت پر بحث ہوتی ہے؛ برکانیات ۔

Vole : (n) [Fr.] (تاش کے کھیل میں) تمام پتوں کی جیت ؛ پوری بازی کی جیت ۔

To go the vole : کسی بڑے نفع کی امید میں تمام خطرے مول لینا، ہرحکمت لگانا ۔

To win the vole : سب پتے جیت لینا ۔

Vole : (v) سب پتے جیت لینا؛ خلال دینا ۔

Vole : (n) [Orig. 'Vole-mouse'.] جنگلی چوہا ۔

Volemic : (a) دوران خون یا پانچھا کی کل مقدار سے متعلق ۔

Volet : (n) [Fr.] سہ تختہ تصویر کا ایک تختہ ۔

Volgograd : (n) [Russ.] اسٹالن گراڈ ۔

Volitant : (a) [L. 'Volitans'.] اڑنے والا؛ قوت پرواز رکھنے والا؛ طائر؛ پرندہ؛ اِدھر اُدھر پھرتے رہنے والا ۔

Volitate : (v) [L. 'Volitare'.] پھڑپھڑاتے ہوئے اڑنا؛ پرفشانی کے ساتھ اُڑنا ۔

Volitation : (n) پرواز؛ طاقتِ پرواز؛ طیاریت ۔

Volitational : (a) پرواز یا طاقتِ پرواز سے متعلق ۔

Volition : (n) [Fr., or med. L.'Volitio'.] (۱) ارادہ ۔ (۲) قوت ارادی کااستعمال؛ قوتِ ارادی کا عمل؛ ارادی عمل ۔ (۳) قوتِ ارادی؛ ارادیت ۔

Volitional : (a) ارادی ۔

Volitionally : (adv.) ارادی طور پر ۔

Volitionless : (a) (۱) بےارادہ؛ قوتِ ارادی کی کمی یا فقدان؛ غیرارادی ۔ (۲) قوتِ ارادی سےمحروم؛ بےارادہ (شخص) ۔

Volitive : (a) ارادی ۔

Volitive : (n) فعلِ تمنائی ۔

Volitorial : (a) [mod. L. 'Volitores'+- ial.] پرواز سے متعلق؛ قوتِ پرواز رکھنے والا ۔

Volkslied : (n) [G.] عوامی گیت؛ عوام کے گیت؛ لوک گیت ۔

Volksraad : (a) [Du. 'Volk'+'read'.] فوکس راٹ؛ جنوبی افریقہ کی ٹرانسوال (Transvaal) اور آورینج فری اسٹیٹ (Orange Free State) کی مجلس وضع قوانین ۔

Volley : (n) [Fr.'Volee'.] (۱) توپوں بندوقوں وغیرہ کی باڑ۔ (۲) (مجازاً) بوچھار (گالیوں وغیرہ کی)۔ (۳) (ٹینس) والی؛ والی مارنا؛ گیند کے زمین پر گرنے سے پہلے اسے واپس کرنا۔ (٤) (شعر میں) طوفان؛ بادوباراں۔ (٥) مختصر جواب جو عبادت میں سبھی مل کر دیں (مثلاً آمین کہنا)۔

At the volley/On the volley : (۱) اٹکل پچو؛ بے سوچے سمجھے؛ سرسری طور پر؛ ضمنی طور پر۔ (۲) والی میں۔

Volley : (v) (۱) بوچھار کرنا۔(۲) باڑ مارنا؛ باڑچلانا (توپوں وغیرہ کی)۔ (۳) (کرکٹ) والی پھینکنا؛ گیند اس طرح پھینکنا کہ ٹھیک وکٹ کی چوٹی پر گرے۔ (٤) (ٹینس) گیند کے زمین پر گرنے سے پہلے ہٹ کرنا۔ (٥) باڑ چلنا؛ ساتھ ساتھ چلنا (بندوقوں کا)۔ (٦) مستقل اونچی آواز نکالنا۔

Volley-ball : (n) والی بال؛ ایک کھیل جو ساٹھ فٹ لمبے اور تیس فٹ چوڑے میدان میں بارہ کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے، دونوں طرف چھ چھ کھلاڑی ہوتے ہیں جو آٹھ فٹ اونچی جالی کے اوپر سے گیند ہاتھ سے مار کر ادھر اُدھر مارتے ہیں۔

Volley fire : (n) باڑ؛ باڑھ؛ بوچھار۔

Volley-gun : (n) باڑ توپ؛ کلدار توپ جس سے بہت سے گولے ایک ساتھ پھینکے جاتے ہیں۔

Volleyed : (a) (۱) بوچھار کیا ہوا؛ جلد جلد ادا کیا ہوا۔ (۲) (بجلی، گرج وغیرہ) بوچھار کی طرح گرنے والی، ہونے والی۔ (۳) باڑ چلایا ہوا۔

Volleyer : (n) (ٹینس) گیند کو زمین پر گرنے سے پہلے مارنے والا۔

Volplane : (n) [Fr.] (طیارہ یا ہوائی جہاز)انجن بند کر کے اترنے والا طیارہ؛ جھوکے سے اترنے والا ہوائی جہاز؛ جھوکا۔

Volplane : (v) (۱) (طیارے کا) انجن بند کر کے اترنا۔ (۲) سبک رفتاری سے پرواز کرنا۔

Volscian : (n) [L.'Volsci'.] مشرقی لیشیم (Latium) کی ایک قدیم جنگجو قوم یا ان کی زبان۔

Volscian : (a) مشرقی لیشیم کی قدیم جنگجو قوم سے متعلق۔

Volt : (n) [f. the name of Volta.] وولٹ؛ حرکت برقی کی قوت کی اکائی۔

Volt : (n) [Fr. 'Volter'.] (شمشیرزنی) بچنا؛ جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا۔

Volt : (n) (۱) (گھوڑے کا) کاوا۔ (۲) جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا۔

Volt-ammeter : (n) وولٹ امپیئر پیما۔

Volt-ampere : (n) وولٹ امپیئر؛ واٹ۔

Volta : (n) [It.] دیکھو Lavolta

Volta -: جزوترکیبی بمعنی "وولٹائی"۔

Volta effect : (n) (برقیات) وولٹا اثر۔

Volta-electric : (n) کیمیا برقی۔

Volta-electrometer : (n) کیمیا روپیما۔

Voltage : (n) وولٹ کی تعداد؛ برقی حرکت کی قوت کی مقدار جو وولٹ میں ظاہر کی جائے؛ وولٹاژ۔

Voltaic : (a) (۱) کیمیائی برق کا؛ وولٹائی؛ کیمیا برقی؛ کیمیائی برق سے متعلق۔ (۲) اٹلی کے سائنسداں کا نام۔

Voltaic battery : (n) کیمیائی برقی بیٹری۔

Voltaic brass : (n) برقی عمل سے جمع ہو جانے والا پیتل۔

Voltaic pile : (n) برقی انبار۔

Voltaically : (adv.) کیمیائی برق کے ذریعے۔

Voltairean/Voltairian : (n) [f. the later name, de Voltaire of the French author Francois Marie Arouet.] فرانسیسی فلسفی والٹیئر کا پیرو۔

Voltairean/Voltairian : (a) والٹیئر سے متعلق؛ والٹیئر کا؛ والٹیئر جیسے عقیدے رکھنے والا یا اظہار کرنے والا۔

Voltairianism/Voltairism : (n) والٹیئر کے اصول؛ مذہبی تشکیک۔

Voltaism : (n) کیمیاوی برق؛ علم کیمیا برق ۔

Voltaite : (n) [f. Alessandro Volta, an Italian physicist.] ایک معدنی شے جس میں لوھے اور پوٹا شیم کا سلفیٹ شامل رہتا ھے ۔

Voltameter : (n) کیمیائی برق پیما؛ ولٹا پیما ۔

Volte/Volt : (n) [Fr.] (شمشیر زنی میں) بچنا؛ جسم کو پھرتی سے حرکت دے کر حریف کا وار خالی دینا ۔

Volte-face : (n) [Fr.] (۱) پلٹنا؛ گھوم کر دوسری طرف رخ کرلینا ۔ (۲) (مجازاً) پلٹا؛ بحث؛ سیاسی طرزِ عمل وغیرہ کا رخ دفعتاً بدلنا ۔

Volte-face : (v) دفعتاً گھوم کر دوسری طرف رخ کرلینا ۔

Voltigeur : (n) [Fr.] قدیم فرانس کی پیدل فوج کے اس دستے کا رکن جس کو چھوٹی سی بےقاعدہ لڑائی کےلئے رکھا جاتا تھا ۔

Voltinism : (n) (حشریات) انسالیت؛ تعداد جھول ۔

Voltmeter : (n) وولٹ پیما ۔

Volto : (n) [It.] دیکھو Vault

Voltolize : (v) (تیل وغیرہ پر) برقی اخراج کا اثر ڈالنا ۔

Voltzite : (n) [f.name of P.L.Voltz, French inspector of mines.] (معدنیات) جست کا خام آکسی سلفائیڈ ۔

Volubility : (n) (۱) (تقریر کی) آمد؛ بےحد تیزی اور روانی ۔ (۲) طراری؛ پر گوئی؛ باتونی پن ۔ (۳) پیچاں؛ ذوپیچ؛ گھومنے کی صلاحیت ۔

Voluble : (a) [Fr., or L. 'valubilis'.] (۱) نہایت تیز اور رواں؛ سرپٹ (تقریر)؛ فصیح ۔ (۲) طرار؛ سرپٹ تقریر کرنے والا؛ پرگو؛ باتونی (مقرر وغیرہ)؛ لسان ۔ (۳) گردش کرنے والا؛ گھومنے والا ۔ (٤) (نباتیات) پیچاں؛ کسی چیز کے گرد لپٹ جانے والی ۔

Volubleness : (n) دیکھو Volubility

Volubly : (adv.) (۱) بے حد تیزی اور روانی سے؛ سرپٹ رفتار سے ۔ (۲) طراری سے؛ پرگوئی سے ۔

Volume : (n) [late ME.'volym, volum(e)'.] (۱) جلد؛ کتاب کا ایک حصہ جس کی جلد الگ بندھی ھو ۔ (۲) کتاب؛ مجلد نسخہ ۔ (۳) (قدیم) مخطوطہ؛ پیپرس؛ پیپرس کے لپٹے ھوئے اوراق ۔ (٤) (عموماً جمع) بگولہ (دھوئیں، گرد وغیرہ کا) ۔ (٥) مقدار؛ حجم؛ ضخامت؛ جسامت ۔ (٦) (موسیقی) گونج کی حد (آواز کی)؛ آواز کی بلندی؛ آواز کا حجم ۔ (۷) (مجازاً) کتاب سےمشابہ کوئی چیز ۔ (۸) کنڈلی (سانپ کی) ۔ (۹) دریا کا پل ۔

The Christian volume : عہدنامہٗ جدید ۔

The sacred volume : انجیل؛ بائبل ۔

To speak, tell, express volumes : بہت کافی شہادت ھونا؛ بہت بڑا ثبوت ھونا ۔

Volume : (v) (۱) کافی مقدار میں اُنڈیلنا ۔ (۲) بگولے اٹھنا ۔ (۳) جلدیں بنانا ۔

Volume : (a) بڑی مقدار میں ۔

Volume table : (n) جدول؛ حجم ۔

Volumed : (a) (۱) جلدوں میں تیار کیا ھوا؛ بہت بڑا ۔ (۲) بھاری مقدار میں اکٹھا کیا ھوا ۔ (۳) جلدوں والا ۔

Volumenometer : (n) حجم پیما؛ حجم ٹھوس پیما؛ ایک آلہ جس کے ذریعے کسی ٹھوس جسم کا حجم سیال شے کی اس مقدار کو ناپ کر معلوم کیا جاتا ھے جس کی جگہ وہ جسم لیتا ھے ۔

Volumenomentry : حجم پیمائی ۔

Volumeter : (n) گیس پیما؛ حجم گیس پیما؛ وہ آلہ جس سے گیس کاحجم معلوم کیا جاتا ھے ۔

Volumetric/-al : (a) (۱) حجم پیمایانہ؛ (گیس کی) پیمائش حجم سے متعلق ۔ (۲) گیس پیما کا ۔

Volumetric analysis : (n) حجمی تجزیہ ۔

Volumetrically : (adv.) (۱) گیس پیما کے ذریعے ۔ (۲) (گیس کی) پیمائش حجم کے ذریعے یا اس کے لحاظ سے ۔

Volumette : (n) چھوٹی جلد؛ چھوٹا حجم یا ضخامت ۔

Voluminal : (a) مقدار حجم یا ضخامت سے متعلق ۔

Voluminosity : (n) (۱) ضخامت؛ ضخیم ہونا؛ بڑے حجم کا ہونا؛ حجمیت - (۲) وسعت؛ کثرت - (۳) پیچاں ہونا؛ گرداں ہونا - (٤) گردانی؛ چکر؛ پیچ -

Voluminous : (a) [late L. 'voluminosus'.] (۱) پیچ دار؛ چکر دار؛ کنڈلی دار - (۲) کئی جلدوں کی ضخیم (کتاب) - (۳) بہت سی کتابوں کا؛ بہت لکھنے والا؛ پُر نویس (مصنف) - (٤) بڑے حجم کا؛ بڑی جسامت کا؛ وافر؛ کثیر - (٥) ڈھیلا ڈھالا (لباس وغیرہ) - (٦) وسیع؛ جامع - (۷) متعدد؛ لاتعداد - (۸) باتونی؛ پُرگو -

Voluminously : (adv.) بہت سے زیادہ؛ بہت کثرت سے۔

Voluminousness : (n) دیکھو Voluminosity

Voluntariate : (n) [Fr. 'Volontariat'.] رضاکارانہ خدمت (خصوصاً فوجی) -

Voluntarily : (adv.) (۱) اختیاری یا ارادی طور پر؛ بالارادہ؛ بالقصد؛ بلا جبر؛ اپنی خوشی سے؛ اپنی مرضی سے - (۲) رضاکارانہ طور پر -

Voluntariness : (n) ارادی ہونا؛ اختیاری ہونا؛ بالارادہ ہونا؛ ارادیت -

Voluntarism : (n) (۱) طریق رضاکاری؛ جس میں مذہب، تعلیم، فوجی خدمت وغیرہ سلطنت کے جبر پر نہیں بلکہ لوگوں کی ذاتی کوشش اور خواہش پر منحصر ہو؛ رضاکاریت - (۲) (فلسفہ) ارادیت -

Voluntarist : (n) طریق رضاکاری کا حامی -

Voluntary : (a) [ME. f. L. 'voluntarius'.] (۱) رضاکار؛ اپنی خوشی سے کام کرنے والا - (۲) اختیاری؛ ارادی؛ بالارادہ؛ بلا جبر؛ اپنی مرضی کا؛ اپنی خوشی کا؛ طوعی - (۳) رضاکارانہ؛ جسے لوگ اپنی خوشی سے قائم کریں یا چلائیں - (٤) بالقصد؛ جو خاص کر کیا جائے؛ عمدی؛ قصدی - (٥) ارادی، (عضلہ یا عضو وغیرہ) جسے انسان اپنے ارادے سے کام میں لاتا ہے - (٦) بے ساختہ؛ بلاآورد؛ بےتکلف - (۷) (شرائط) اختیاری؛ آزادانہ -

Voluntary : (n) (۱) (موسیقی) افتتاحی نغمہ یا سُر ملاپ جو اپنی مرضی سے گایا جائے - (۲) ارگن باجے کا ایک نغمہ - (۳) فی البدیہہ تحریر یا تصنیف - (٤) گھڑ سوار کا گھوڑے سے بلا وجہ الگ ہو جانا یا گر جانا - (٥) ارادی امتحان - (٦) رضاکار - (۷) اس عقیدے کا حامی کہ کلیسا یا تعلیمی ادارے کو رضا کارانہ طور پر چلایا جانا چاہیئے -

Voluntary action : (n) ارادی فعل؛ اختیاری فعل -

Voluntary affidavit : (n) (۱) حلف جس کی قانوناً ضرورت نہ ہو - (۲) حلف جو اس شخص نے لیا ہو جو اس کا مجاز نہ ہو -

Voluntary association : (n) تجارتی شرکت جو کارپوریشن کی شکل میں منظم نہ ہو -

Voluntary bankruptcy : (n) دیوالیہ پن جس کا اعلان خود دیوالیہ نے کیا ہو -

Voluntary confession : (n) بلا جبر اعتراف؛ رضاکارانہ اعتراف -

Voluntary conveyance : (n) ہبہ؛ انتقال جائداد (بغیر کسی معاوضے کے یا بلا معاوضہ) -

Voluntary escape : (n) جیل کے قیدی کا محافظ کی مرضی سے فرار ہو جانا -

Voluntary grantee : (n) موہوب الیہ؛ جس کےنام جائداد ہبہ کی جائے -

Voluntary hospital : (n) (۱) اسپتال جو رضاکارانہ طور پر چلایا جائے - (۲) اسپتال جسے کسی فرد یا مجموعۂ افراد کے ذریعے چلایا جائے -

Voluntary manslaughter : (n) قتل (غصے کی حالت میں) -

Voluntary muscle : (n) ارادی عضلہ -

Voluntary partition : (n) تقسیم بہ رضامندی باہمی -

Voluntary waste : (n) بالقصد نقصان جو لگاندار جائداد کو پہنچاتا ہے -

Voluntaryism : (n) طریق رضاکاری؛ جس میں مذہب، تعلیم، فوجی خدمت وغیرہ لوگوں کی ذاتی کوشش اور خواہش پر منحصر ہو؛ رضاکاریت -

Voluntaryist : (n) طریق رضاکاری کاحامی؛ معتقدرضاکاری -

Voluntative : (a) [L. 'Voluntas'.] (۱) (عبرانی قواعد) (فعل) تمنائی - (۲) ارادی؛ قصدی -

Voluntative : (n) فعل تمنائی ۔

Volunteer : (n) [Fr. 'voluntaire'.] (۱) رضاکار؛ والنٹیئر؛ جو فوجی خدمت یا اور کوئی کام اپنی خوشی سےانجام دے ۔(۲) (قانون) موھوب الیہ ۔ (۳) خود بخود اگنے والا پودا؛ خود رو پودا ۔

Volunteer : (a) (۱) رضاکار؛ رضاکارانہ ۔(۲) رضاکار سے متعلق ۔(۳) خود بخود اُگنے والا؛ خودرو ۔

Volunteer : (v) (۱) خود بخود اپنی خوشی سےپیش کرنا یا بیان کرنا ۔ (۲) رضاکار بننا؛ اپنی خدمات پیش کرنا ۔(۳) رضاکارانہ فوجی خدمت انجام دینا۔(٤) بلاوجہ گھوڑے سےگر پڑنا ۔(٥) اپنی مرضی سے اطلاع دینا ۔

Volunteering : (n) اپنی خدمات خود بخود پیش کرنا ۔

Voluptuary : (n) [L.'Voluptuarius'.] عیاش ؛ نفس پرست ؛ عشرت پسند ؛ عیش کا بندہ ؛ عیش پرست شخص۔

Voluptuary : (a) عیاش ؛ نفس پرست ؛ عشرت پسند؛ عیش پرست ۔

Voluptuate : (v) دیکھو Luxuriate

Voluptuous : (a) [Fr.'Voluptueux'.] (۱) عیاش ؛ عشرت پسند (شخص) ؛ کامی ۔ (۲) عیاشی کی؛ عیش وعشرت کی (زندگی) ۔ (۳) شہوت انگیز ؛ عشرت خیز ۔ (٤) پُر شہوت ؛ خواہش نفس سے بھری ھوئی ۔(٥) عیش پسندانہ ۔

Voluptuously : (adv.) (۱) عیاشی میں ؛ عیش و عشرت میں ۔ (۲) شہوت انگیز یا عشرت خیز طور پر؛ شہوت انگیزی سے ۔

Voluptuousness : (n) (۱) عیاشی؛ عشرت پسندی ۔(۲) شہوت انگیزی؛ عشرت خیزی ۔

Volute : (n) [Fr. or L. 'Voluta'.] (۱) (تعمیرات) مرغول؛ چکردار بیل جو آیونی، کارنتھی ستون کی خصوصیت ھے ۔ (۲) گھونگے کی قسم کا کیڑا؛ مرغولی کیڑا؛ کنڈل گھونگا؛ حلزون ۔ (۳) مرغولہ نما چیز؛ چکر ۔

Volute : (a) [L. 'Volutus'.] پیچاں ؛ لہریا ۔

Volute spring : (n) مرغولی کمانی ۔

Voluted : (a) (۱) مرغولہ دار ۔(۲) مرغول دار ۔

Volution : (n) (۱) پیچ؛ چکر ۔(۲) گھونگے کے چکر؛ کنڈل ؛ مرغولہ ۔ (۳) (تشریح) لف، دماغ وغیرہ کی ایک لپیٹ یا بل؛ تلفیف ۔(٤) (نباتیات) پیچ ۔

Volutoid : (a) مرغول نما؛ حلزون نما ۔

Volutoid : (n) کنڈل کیڑا؛ مرغول نما کیڑا ۔

Volva (n) [L. 'volvere'.] (نباتیات) والوا؛ برقعہ؛ وہ جھلی جو بعض سماروغ کی انتہائی حالت میں اس کے گرد لپٹی رہتی ھے ۔

Volvate : (a) (نباتیات) برقعہ دار ۔

Volvox : (n) [mod. L.] (نباتیات) دریائی نبات کی ایک جنس ۔

Volvulus : (n) [L.] (مرضیات) آنت کی مروڑ ۔

Vomer : (n) [L.] (۱) (تشریح) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی؛ ناک کی درمیانی ہڈی ۔ (۲) (طیوریات) دُم ہڈی ۔ (۳) مچھلی کے منہ کے اوپر کی ہڈی جس میں بعض اوقات دانت بھی ھوتے ہیں ۔

Vomerine : (a) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی سے متعلق؛ (دانت) جو منہ کے اوپر کی ہڈی میں ھوں ۔

Vomica : (n) [L.] (۱) وہ جگہ جہاں سے پانی نکلتا ھے ۔ (۲) (مرضیات) کہف ریوی؛ پھیپھڑے کاپھوڑا ۔

Vomit : (n) [OFr. 'vomite' or L.'vomitas'.] (۱) قے کرنا؛ قے؛ الٹی ۔(۲) قے میں خارج شدہ مادہ ۔(۳) قے آور دوا ۔(٤) نفرت انگیز شخص یا چیز ۔

Black vomit : سیاہ رنگ کی قے جو زرد بخار میں ھوتی ھے ۔

Vomit : (v) (۱) قے کرنا؛ الٹی کرنا؛ استفراغ کرنا ۔(۲) قے کے ذریعے خارج کرنا ۔ (۳) زور یا شدت کے ساتھ خارج کرنا یا ھونا؛ اگلنا ۔(٤) قے لانا ۔ (٥) (مجازاً) نفرت کے ساتھ نکالنا، کہنا؛ خوب گالیاں دینا۔

Vomiter : (n) قے کرنے والا ۔

Vomiting : (n) قے؛ الٹی؛ استفراغ ۔

Vomiting centre : (n) دماغ کا وہ حصہ جس کا تعلق قے سے ہوتا ہے ۔

Vomition : (n) قے کرنا ۔

Vomito : (n) [Sp.] زرد بخار؛ یرقانی بخار ۔

Vomitorium : (n) [late L.'vomitoria'.] قدیم تھیٹر کا وہ راستہ جو نشست تک جاتا تھا ۔

Vomitory : (n) (۱) (قدیم روما) رومی گول تماشاگاہ میں آمد و رفت کے متعدد راستوں میں سے ایک راستہ؛ بردر ۔ (۲) وہ راستہ جس سے کوئی چیز خارج کی جاتی ہے ۔

Vomitory : (a) [L. 'vomitorius'.] (۱) قے کا؛ قے سے متعلق ۔ (۲) قے آور ۔

Vomitous : (a) قے آور ۔

Vomiturition : (n) ابکائی؛ قے کرنے کی ناکام کوشش ۔

Vomitus : (n) [L.] قے میں خارج شدہ مادہ ۔

Voodoo: (n) [Dahomey, 'vodu'.] (۱) سفلی جادو، جو جزائر غرب الہند اور امریکا کے حبشیوں، کرے اول قوم وغیرہ میں رائج ہے ۔ (۲) سفلی جادوگر ۔

Voodoo : (v) سفلی جادو کرنا ۔

Voodooism : (n) سفلی جادو کا عقیدہ ؛ سفلی جادو کا عمل ۔

Voodooist : (n) سفلی جادو کا قائل؛ سفلی جادوگر ۔

Voorlooper : (n) [Du. 'voor'+'loopen'.] (جنوبی افریقہ) وہ لڑکا جو بیلوں کی سب سے آگے والی جوڑی کے ساتھ ان کی رہنمائی کے لئے چلتا ہے ۔

Voortrekker : (n) [Du.] (جنوبی افریقہ) ولندیزی تارک وطن (ٹرانسوال میں) ۔

-vora : لاحقہ بمعنی "کھانے والا" ۔

Voracious : (a) [L.'vorare'.] (۱) پیٹو؛ مربھکا؛ ندیدہ ۔ (۲) شدید ندیدوں کی سی (حالت) ۔ (۳) بھوک مارا؛ بے حد بھوکا ۔ (٤) (مجازاً) کبھی سیر نہ ہونے والا؛ بے حد حریص؛ غیر تسکین پذیر ۔

Voraciously : (adv.) (۱) ندیدوں کی طرح؛ پیٹو کی طرح؛ مربھکوں کی طرح ۔ (۲) شدت سے ۔ (۳) بے حد حرص سے ۔

Voraciousness : (n) (۱) مربھکاپن؛ پیٹوپن؛ ندیدہ پن ۔ (۲) بے حد حرص ۔

Voracity (n) [Fr. 'Voracite', or L. 'Voracitas'.] دیکھو Voraciousness

Vorant : (a) [L. 'Vorans'.] (نقابت) (جانور) (کسی چیز کو) ہڑپتا ہوا؛ نگلتا ہوا ۔

-vorous : (suffix) لاحقہ بمعنی "کھانے والا" ۔

Vortex : (n) [L.] (۱) یہ عقیدہ کہ کائنات دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) چکر ؛ بھنور ؛ ورطہ ؛ گرداب ۔ (۳) (طبیعیات) دوار؛ کسی جوہر سیال شے وغیرہ کا وہ حصہ جس کے اجزاء گردش میں رہتے ہیں ۔ (٤) گردش ؛ چکر ۔ (٥) چکر کھانے والی چیز ۔ (٦) (مجازاً) کوئی مشغلہ یا تحریک یا ارادہ جو انسان کی ساری توجہ کو جذب کرلے اور وہ اس میں غرق ہو کر رہ جائے؛ چکر ؛ گرداب ۔ (۷) گردباد ۔ (۸) (حیاتیات) مرغول ۔

Vortex turbine : (n) چرخاب جس میں پانی مماس کے رخ پر داخل ہوتاہے اور مرکز تک پہنچایا جاتا ہے ۔

Vortex wheel : (n) دیکھو Vortex-turbine

Vortical : (a) (۱) چکر دار؛ حلقوی؛ دواری ۔ (۲) گردابی ۔

Vortically : (adv.) چکر کی شکل میں؛ گرداب کی طرح ۔

Vorticella : (n) [mod. L. 'vortex'.] (حیوانیات) حوین جرس نما؛ گھنٹی کی شکل کے خردبینی کیڑے جو ساکن پانی میں پائے جاتے ہیں ؛ جرسی حوینات ۔

Vorticellid : (n) جرسی حوین ۔

Vorticism : (n) (۱) دواریت؛ یہ عقیدہ کہ کائنات میں حرکت دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) (مصوری) دائروں کا بکثرت استعمال ۔

Vorticist : (n) (۱) معتقد دواریت؛ وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ کائنات میں حرکت دائروں میں پھیلتی ہے ۔ (۲) جدید آرٹ کا وہ اسکول جو دائروں کا بکثرت استعمال کرتا ہے ۔

Vorticose : (a) [L. 'Vorticosus'.] (۱) گردابی؛ حلقوی؛ دواری؛ چکردار ۔ (۲) دوارہ دار؛ ورطہ سے مشابہ ۔

Vorticosely : (adv.) دواری طور پر ۔

Vorticular : (a) (۱) چکر کا؛ چکر کی شکل کا ۔ (۲) چکر کھاتا ہوا؛ دوار ۔

Vortiginous : (a) (۱) چکر کھاتا ہوا؛ گردش کناں؛ دوار ۔ (۲) گرداب دار؛ گردابی ۔

Votable : (a) (۱) جو ووٹ دے سکتا ہو ۔ (۲) قابل ووٹ؛ جن پر ووٹ لیا جاسکے؛ تصویبی ۔

Votal : (a) [L. 'votum'.] (۱) قسم کی طرح کا ۔ (۲) منت کا؛ نذر کا ۔

Votaress : (n) پرستار عورت ۔

Votarist : (n) (۱) پرستار؛ وقف پرستش؛ بھگت : عابد ۔ (۲) پر جوش پیرو؛ زبردست حامی؛ مرید مخلص؛ جاں نثار ۔

Votary : (n) [L.'vovere'+aey.] (۱) پرستار؛ وقف پرستش؛ بھگت : راہبہ : راہب ۔ (۲) پارسا؛ عبادت گزار؛ خدا پرست ۔ (۳) پر جوش پیرو؛ زبردست حامی ۔

Votation : (n) ووٹ لینا؛ ووٹ دینا؛ استصواب ۔

Vote : (n) [L. 'votum'.] (۱) رائے؛ ووٹ ۔ (۲) تجویز یا فیصلہ (ووٹ کے ذریعے سے) : ووٹ ۔ (۳) کسی پارٹی کے مجموعی ووٹ ۔ (٤) حق رائے دہی؛ ووٹ کا حق ۔ (٥) عبادت ۔ (٦) شدید خواہش؛ پرجوش خواہش؛ زبردست خواہش ۔ (۷) تجویز وغیرہ جس پر ووٹ لیا جائے ۔ (۸) ووٹ کی پرچی ۔

Casting vote : دیکھو Casting

To give (record) a vote : رائے دینا؛ ووٹ دینا ۔

To go to the vote : رائے کے لئے پیش ہونا؛ ووٹ کے لئے پیش ہونا ۔

To put to vote : رائے کے لئے پیش کرنا؛ ووٹ کے لئے پیش کرنا ۔

To take a vote : رائے معلوم کرنا ؛ ووٹ لینا ۔

Vote : (v) (۱) رائے دینا؛ ووٹ دینا (کسی چیز یا شخص کی مخالفت یا موافقت میں) ۔ (۲) منظور کرنا؛ تجویز کرنا (کثرت رائے یا اتفاق رائے سے) ۔ (۳) (بول چال) بالاتفاق قرار دینا ۔ (٤) (بول چال) تجویز کرنا ۔

Vote down : (v) نامنظور کرنا؛ مسترد کردینا (کثرت رائے یا اتفاق رائے سے) ۔

Vote in : (v) ووٹ دے کر منتخب کرنا۔

Vote office : (n) وہ دفتر جہاں سے پارلیمانی مسودہ قانون پارلیمنٹ کے اراکین کو دیا جاتا ھے ۔

Voteen : (n) پارسا؛ عبادت گزار؛ بھگت ۔

Votless : (a) بے ووٹ؛ حق رائے دہی سے محروم ۔

Voter : (n) رائے دہندہ؛ ووٹر ۔

Voting : (n) رائے دینا؛ رائے شماری؛ رائے دہی ۔

Voting : (a) (۱) استصواب رائے سے متعلق ۔ (۲) ووٹ دینے کا مجاز بنانے والا ۔

Voting paper : (n) (۱) رائےکا پرچہ ۔ (۲) دیکھو Ballot paper ۔

Votive : (a) [L.'votivus'.] (۱) منت کا؛ نذر کا؛ جو منت کے پورے ہونے پر کیا جائے یا چڑھایا جائے ؛ نذری ۔ (۲) خواہشی؛ تمنائی؛ عہد کا یا اس سے متعلق ۔

Votive mass : (n) مخصوص عشائےربانی جو پادری کی ذاتی خواہش پر پیش کیا جائے ۔

Votive offering : (n) نذر و نیاز ۔

Votively : (adv.) منت کے طور پر؛ نذر کے طور پر ۔

Votress : (n) پرستار عورت ۔

Vouch : (n) دعوی؛ الزام یا اعلان؛ تصدیق ۔

Vouch : (v) [OFr. 'vocher'.] (۱) (عدالت میں) طلب کرنا ۔ (۲) گواہی کے لئے بلانا؛ شہادت کے لئے طلب کرنا ۔ (۳) سند یا جواز پیش کرنا ۔ (٤) دعوی کرنا؛ ادعا کرنا؛ بطور حجت پیش کرنا؛ دلیل لانا ۔ (٥) تصدیق کرنا؛ وثوق سے کہنا ۔ (٦) ذمہ دار ہونا؛ ضامن ہونا ۔

To vouch to warrant/-warranty : (حق ملکیت کی) تصدیق کرنے کے لئے عدالت میں طلب کرنا ۔

Vouchee : (n) (۱) (قانون) وہ شخص جسے حق ملکیت کی تصدیق کےلئےعدالت میں بلایاجائے ۔ (۲) شاہد؛ ضامن ۔

Common vouchee : عدالت کا وہ عہدہ دارجو منادی کرتا ھے یا عام اعلانات کرتا ھے ۔

Voucher : (n) [AFr.] (۱) (قانون) حق ملکیت کی تصدیق کے لئے عدالت میں طلب کرنا ۔ (۲) (مجازاً) شہادت؛ گواہی ۔ (۳) ضمانت ۔ (٤) واؤچر؛ تصدیق ادائی؛ رسید ۔ (۵) بیجک؛ فردحساب ۔ (٦) تحریری تصدیق یا اقرار ۔

Voucher : (n) شاہد؛ ضامن ۔

Voucher : (v) (۱) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا ۔ (۲) واؤچر بنانا ۔

Voucher register : (n) رجسٹر جس میں واؤچروں کا اندراج کیا جاتا ھے ۔

Voucher over : (v) عدالت میں حق ملکیت کی تصدیق کےلئے اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو پیش کرنا ۔

Vouchsafe : (v) (۱) عنایت کرنا؛ عطاکرنا ۔ (۲) ازراہ عنایت (کوئی کام) کرنا ۔

Vouchsafement : (n) (۱) عنایت؛ کرم ۔ (۲) عنایت کرنا؛ عطا کرنا ۔

Voudou : دیکھو Voodoo

Vouge : (n) [med. L. 'vidulium'.] قرون وسطیٰ کا لمبے دستے والا نیزہ ۔

Voussoir : (n) [OFr.] پچر کی شکل کا پتھر جو محراب میں ہوتا ھے؛ محرابیہ ؛ ذائیہ ۔

Vow : (n) [AFr. 'vou, vu(u)'.] (۱) عہد؛ قسم؛ نذر؛ منت ۔ (۲) اقرار صالح؛ قسمیہ وعدہ ۔ (۳) التجا؛ تضرّع؛ پُر شوق خواہش ۔ (٤) اقرار واثق ۔

To break a vow : عہد یا قسم توڑنا ۔

To hold a vow: عہد یا قسم پر قائم رہنا ۔

To keep a vow : عہد پورا کرنا ۔

To make a vow : قسم کھانا؛ عہد کرنا ۔

To pay a vow : قسم پورا کرنا ۔

Vow : (v) (۱) عہد کرنا؛ قسم کھانا ۔ (۲) باضابطہ اعلان کرنا ۔ (۳) خلوص سے کہنا؛ وثوق سے کہنا ۔

Vow : (v) (۱) اقرار صالح کرنا؛ قسمیہ وعدہ کرنا ۔ (۲) قسمیہ دعویٰ کرنا ۔

I vow : واللہ ؛ میں قسم کھاتا ہوں ۔

Vowel : (n) [OFr. 'vouel'.] حرفِ علت؛ حرفِ علت کی آواز ۔

Neutral vowel : حرفِ علت خفیف ۔

Vowel : (v) اعراب لگانا؛ حروفِ علت دینا ۔

Vowel gradation : (n) دیکھو Ablaut

Vowel mutation : (n) دیکھو Umlaut

Vowel-point : (n) اعراب ۔

Vowel sign : (n) (۱) اعراب ۔ (۲) (مختصر نویسی میں) نشانِ حرف علت ۔

Vowelism : (n) حروف علت کی آواز کا نظام؛ حروفِ علت کا تلفظ ۔

Vowelize : (v) (۱) اعراب لگانا ۔ (۲) نشانات حرکت لگانا ۔ (۳) حرف علت جیسا بنانا ۔

Vowelled : (a) (۱) جس میں حروفِ علت ہوں ۔ (۲) خاص قسم کے حروف علت والا ۔

Vowelless : (a) بے حرفِ علت ۔

Vowellike : (a) حرفِ علت سے مشابہ ۔

Vowellike : (n) حرفِ علت جیسی آواز ۔

Vowely/Vowelly : (a) حرفِ علت کا سا ۔

Vower : (n) قسم کھانے والا؛ عہد کرنے والا ؛ اقرار صالح کرنے والا ۔

Vowess : (n) (۱) بیوہ جس نے زندگی کے بقیہ دنوں میں پاکدامن رہنے کا عہد کرلیاہو ۔ (۲) راہبہ ۔

Vox : (n) [L.] آواز؛ صوت ۔

Vox angelica : (n) ملکی آواز؛ لہر یا آواز ۔

Vox barbara : (n) دوغلا لفظ ؛ جو بے میل عناصر سے مرکب ہو ۔

Vox humana : (a) آرگن باجے کا ایک پردہ جس سے انسانی آواز سے مشابہ آواز نکلتی ھے ۔

Vox populi : (n) عام خیال؛ عام رائے عامہ؛ جمہور کی رائے؛ افواہ ۔

Voyage : (n) [ME. 've(i)age, vaiage'.] (۱) بحری سفر؛ جہاز کا سفر ۔ (۲) ہوائی سفر؛ خصوصاً غبارہ یا طیارے کے ذریعے؛ خلائی سفر ۔ (۳) (مجازاً) انسانی زندگی؛انسانی تقدیر (مرنے کے بعد) ۔ (٤) بحری سفرنامہ ۔ (٥) سمندری سفر جو سمندر سے تجارتی مال لانے کےلئے کیا جائے ۔

Voyage : (v) (۱) بحری سفر کرنا ۔ (۲) ہَوا یا پانی سے جانا یا گزرنا ۔ (۳) سفر کرنا؛ جانا ۔

Voyage policy : (n) بیمہ کی پالیسی جو کسی مخصوص بحری سفر کے لئے ہوتی ھے ۔

Voyageable : (a) بحری سفر کے قابل ۔

Voyager : (n) بحری مسافر؛ بحری سفر کرنے والا ۔

Voyageur : (n) [Fr.] (کناڈا) سمور کی کمپنی کابحری سفر کرنے والا ایجنٹ ۔

Voyeur : (n) [Fr.] (۱) وہ شخص جس کی شہوانی خواہش کی تسکین دوسروں کا عضو تناسل یا مباشرت دیکھ کر ہوتی ھے؛ نظر شہوتی ۔ (۲) ادھر اُدھر گھوم کر ذلیل یا شرمناك چیزوں کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Voyeurism : (n) دوسروں کا عضو تناسل یا مباشرت دیکھ کر شہوانی تسکین حاصل کرنے کا میلان یا اُن کو دیکھنا ۔

Voyeuristic : (a) دوسروں کے اعضائے تناسل یا مباشرت کو دیکھ کر شہوانی تسکین حاصل کرنے والا ۔

Vrack : (اسکاچستان) دیکھو Wrack

Vraic : (n) [Fr.] چینل آئی لینڈز (Channel Islands) میں پائی جانے والی ایک بحری گھاس جو بطور ایندھن اور گھاس استعمال ہوتی ھے ۔

Vraisemblance : (n) [Fr.] (۱) بہ ظاہر صحیح ہونا ؛ راست نمائی؛ احتمال؛ بہ ظاہر راستی ۔ (۲) تصویر ۔

Vril : (n) [Arbitrary invention.] ایک پُر اسرار قوت جسے Bulwer-Lytton کی کتاب "The Coming Race" میں ایک فرضی قوم نے دریافت کیا تھا ۔

Vrille : (n) [OFr. 'Veille'.] ہوائی جہاز کو چکر کھلاتے ہوئے منہ کے بل غوطہ کھلانا ۔

Vrille : (v) ہوائی جہاز کو چکر کھلاتے ہوئے منہ کے بل نیچے لانا ۔

Vrouw/Vrow : (n) [Du.] (ولندیزی) عورت، بیوی یا گھر والی ۔

Vug : (n) [Cornish. 'Vooga'.] شگاف معدن ؛ رگ؛ غار ۔

Vuggy : (a) شگاف معدن سےمتعلق؛ شگافوں سے بھرا ہوا ۔

Vulcan : (n) [L. 'Vulcanus'.] (۱) (رومی دیو مالا) آگ اور آہنگری کا دیوتا؛ ولکن ۔ (۲) لنگڑا؛ سست آدمی ۔ (۳) لوہار؛ آہنگر ۔ (٤) ایک سیارہ جس کا مدار سورج اور عطارد کے درمیان فرض کیا جاتا ھے ۔ (٥) آگ ۔

Vulcanian : (a) [L.'Vulcanius'.] (۱) ولکن کا یا ولکن سے متعلق ۔ (۲) ولکن کا بنایا ہوا ۔ (۳) ولکن سے نسبت رکھنے والا یا ولکن سے پیدا ہونے والا ۔ (٤) برکانی؛ آتش فشانی ۔ (٥) آتشیں؛ حرارت کا ۔

Vulcanic : (a) [Fr. 'Vulcanique'.] (۱) برکانی؛ آتش فشانی ۔ (۲) ولکن سے متعلق؛ ولکن کا؛ ولکن کی صفت رکھنےوالا ۔ (۳) آتشیں؛ آگ کا؛ آگ سےمتعلق ۔

Vulcanicity : (n) (۱) آتش فشانی؛ آتش فشاں ہونا یا اس کی طرح ہونا ۔ (۲) آتش فشانی عمل کا مطالعہ؛ برکانی مطالعہ ۔

Vulcanism : (n) دیکھو Volcanic

Vulcanist : (n) دیکھو Volcanist

Vulcanite : (n) ربڑ اور گندھک کا مرکب؛ گندھک ملی ربڑ؛ آبنوس ۔

Vulcanization : (n) گندھک ملا کر ربڑ کو سخت کرنا ۔

Vulcanize : (v) (۱) (ربڑ کو) گندھک ملا کرتیز حرارت میں سخت بنانا ۔ (۲) گندھک سے مل کر سخت ہونا ۔

Vulcanizer : (n) (۱) (ربڑ میں) گندھک کو ملانے والا ۔ (۲) (ربڑ میں) گندھک ملانے کا آلہ ۔

Vulcanological : (a) برکانیاتی؛ برکانیات سے متعلق ۔

Vulcanologist : (n) برکانیات داں؛ ماہر برکانیات ۔

Vulcanology : (n) برکانیات؛ علم ماہیت آتش فشاں ۔

Vulgar : (n) بیہودہ شخص؛ وہ شخص جس کا تعلق اچھی سوسائٹی سے نہ ہو ۔

The vulgar : عوام؛ عوام الناس ۔

Vulgar : (a) [L.'Vulgaris'.] (۱) عامیانہ؛ بازاری ؛ معمولی ۔ (۲) بیہودہ؛ اوچھا؛ بھدا؛ سفلہ؛ کمینہ؛ ذلیل؛ غیر شائستہ ۔ (۳) عامیانہ؛ عوام کا ۔ (٤) نیچی ذات کا؛ عامی؛ معمولی (شخص) ۔

Vulgar arithmetic : (n) عام علم الحساب ۔

Vulgar era : (n) عیسوی سال ۔

Vulgar fraction : (n) کسر عام ۔

Vulgar Latin : (n) عامیانہ لاطینی زبان ۔

Vulgar substitution : (n) قائم مقام وارث بنانا ۔

Vulgare : (n) [mod. L.] عام گیہوں کا یا اس سے متعلق ۔

Vulgarian : (a) دیکھو Vulgar

Vulgarian : (n) سفلہ؛ رذیل، خصوصاً مالدار رذیل؛ نو دولت؛ اوچھا ۔

Vulgarism : (n) (۱) کمینی حرکت : اوچھی حرکت : بیہودہ پن : نا شائستگی ۔ (۲) سوقیانہ ترکیب یا محاورہ : عامیانہ اصطلاح : عوامیت ۔

Vulgarity : (n) [Late L.'Vulgaritus'.] (۱) سوقیت؛ بازاری پن؛ گنوارپن : نا شائستگی ۔ (۲) اوچھاپن : بیہودہ پن : کمینہ پن : سفلہ پن ۔

Vulgarization : (n) (۱) عوامی بنانا؛ عام بنانا ۔ (۲) ناشائستہ بنانا؛ سفلہ بنانا؛ اوچھاپن پیدا کرنا؛ اوچھاپن؛ سفلہ پن ۔

Vulgarize : (v) (۱) سفلہ ہو جانا : اوچھاپن کرنا ۔ (۲) سفلہ پن پیدا کرنا؛ کمینہ پن پیدا کردینا (شخص، عادات وغیرہ میں) ۔ (۳) لطافت یا نفاست کھو دینا؛ عامیانہ رنگ پیدا کر دینا ۔ (٤) عوامی بنانا؛ عام کر دینا؛ جمہور کر دینا ۔

Vulgarizer : (n) اوچھاپن پیدا کرنے والا : عامیانہ رنگ پیدا کرنے والا ۔

Vulgarly : (adv.) (۱) عوام میں : عوام کے نزدیک ۔ (۲) اوچھے پن سے : کمینہ پن سے : سفلہ پن سے ۔

Vulgarness : (n) دیکھو Vulgarity

Vulgate : (a) [Late L. 'Vulgata'.] (۱) انجیل کے لاطینی ترجمے کا جو جیروم نے چوتھی صدی میں کیا تھا ۔ (۲) کسی ادبی تصنیف کے عام ترجمہ کا۔

Vulgate : (n) (۱) بائبل کا قدیم اطالوی ترجمہ جو سینٹ جیروم نے کیا تھا ۔ (۲) انجیل کا لاطینی ترجمہ جو جیروم نے کیا تھا ۔ (۳) بائبل کا عام ترجمہ ۔ (٤) کتاب کی عام عبارت کا متن ۔

Vulgo : (adv.) [L.] عام طور پر : بالعموم : عموماً : معمولی طور پر ۔

Vulgus : (n) [L.] عوام : عوام الناس ۔

Vulgus : (n) [alt. of 'Vulgars'.] (مدرسہ کے طلبہ کی عامیانہ بول چال) چھوٹی لاطینی نظموں کا چھوٹا سا مجموعہ ۔

Vulned : (a) [L. 'Vulnus'.] (نقابت) گھائل : زخمی ۔

Vulnerability : (n) (۱) جراحت پذیری : حملے یا اعتراض کی زد میں ہونا؛ زخم پذیری ۔ (۲) کمزوری؛ ضرب پذیری ۔

Vulnerable : (a) [late L. 'Vulnerabilis'.] (۱) جراحت پذیر : جو مجروح ہوسکے؛ زخم پذیر ۔ (۲) (مجازاً) کمزور : غیر محفوظ : ضرب پذیر : جو حملے یا اعتراض کی زد میں ہو : زد پذیر ۔ (۳) (تاش کے کھیل برج میں) ایک گیم جیتا ہوا (کھلاڑی) ۔

Vulnerableness : (n) دیکھو Vulnerability

Vulnerably : (adv.) جراحت پذیری کے ساتھ : ضرب پذیری کے ساتھ : زد پذیر طور پر ۔

Vulnerary : (a) [L. 'Vulnerarius'.] (۱) اندمال زخم کا؛ زخم کو بھرنے والا : شافی زخم ۔ (۲) زخم پیدا کرنے والا : زخم لگانے والا ۔

Vulnerary : (n) مرہم ۔

Vulpanser : (n) [mod. L.'Vulpes'+-'anser'.] (طیوریات) شوخ رنگ کی جنگلی بطخ ۔

Vulpic acid : (n) [L.'Vulpina'.] ایک ترشہ جو کائی سےحاصل کیا جاتا ھے ۔

Vulpicidal/Vulpecidal : (a) روباہ کشی سے متعلق؛ لومڑی مارنے سے متعلق؛ روباہ کش؛ روباہ کشی میں حصہ لینے والا ۔

Vulpicide/Vulpecide : (n) [L. 'Vulpes'.] روباہ کشی؛ لومڑی کا شکار (شکاری کتوں کے علاوہ کسی اور طریقے سے) ۔

Vulpicide/Vulpecide : (n) روباہ کش؛ لومڑی مارنے والا ۔

Vulpine : (a) [L. 'Vulpinus'.] (۱) لومڑی کا؛ روباہی ۔ (۲) لومڑی سے مشابہ ۔ (۳) روباہ صفت؛ لومڑی جیسا ۔ (٤) مکار؛ عیار؛ چالاک ۔ (٥) جس میں یا جہاں لومڑیاں ھوں ۔

Vulpine opossum/-phalanger : (n) کیسہ دار لومڑی ۔

Vulpinism : (n) مکاری؛ عیاری؛ چالاکی ؛ روباہی ۔

Vulpinite : (n) [f. Vulpino, near Bergamo.] (معدنیات) نابید جپسم کی دانہ دار قسم ۔

Vulsella : (n) فن جراحی کی دندانہ دار چمٹی؛ کانٹاچمٹی؛ پنجہ چمٹی ۔

Vulsellum : (n) [L.] دیکھو Vulsella

Vultur : (n) گِدھوں کی ایک جنس ۔

Vulture : (n) [AFr.'Vultur'.] (۱) گد؛ گدھ ؛ کرگس ؛ نسر ۔ (۲) (مجازاً) حریص اور موذی شخص؛ چمر گدھ ۔ (۳) (علم النجوم) دو شمالی مجموع النجوم میں سے ایک ۔ (٤) گدھ سے مشابہ کوئی چیز ۔ (٥) جسم یا دماغ کو کھلا دینے والا جذبہ؛ اذیت ناک جذبہ ۔

Vulture : (v) لوٹ لینا؛ چھین لینا؛ غارت کرنا ۔

Vulture hock : (n) سخت پروں کا گچھا جو مرغ وغیرہ کی ٹانگوں پر نکل آتا ھے ۔

Vulture raven : (n) شمالی افریقہ کے بڑے کوّوں میں سے ایک ۔

Vulturelike : (a) گدھ کی طرح؛ کرگس نما ۔

Vulturine : (a) [L. 'Vulturinus'.] (۱) گدھ کا سا؛ گدھ کے متعلق ۔ (۲) غارت گری کا عادی؛ لٹیرا ۔

Vulturish : (a) (۱) گدھ کا سا ۔ (۲) حریص اور موذی ۔

Vulturous : (a) گدھ کا؛ گدھ سے مشابہ؛ حریص ؛ لٹیرا؛ غارت گر ۔

Vulv -: جزو ترکیبی بمعنی "فرج کا"؛ "فرجی" ۔

Vulva : (n) [L.] (۱) (تشریح) سوراخ؛ (عورتوں کے) اندام نہانی؛ فرج ؛ کس؛ شرمگاہ ۔ (۲) (حیوانیات) راہ بیضہ کا سوراخ؛ گھونگے کی پشت پر کا نشان ۔

Vulval : (a) فرج کا؛ فرجی ۔

Vulvar : (a) دیکھو Vulval

Vulvate : (a) سوراخ نما؛ سوراخ کی شکل کا؛ فرج نما؛ بیضوی ۔

Vulviform : (a) دیکھو Vulvate

Vulvismus : (n) تشنج فرج ۔

Vulvitis : (n) التہاب فرج؛ ورم فرج ؛ شرمگاہ کی سوجن ۔

Vulvo - : جزو ترکیبی بمعنی "فرج کا" ؛ "فرجی" ۔

Volvouterine : (a) فرجی؛ رحمی ۔

Vulvovaginal : (a) فرجی مہبلی؛ فرج اور مہبل کا۔

Vulvovaginitis : (n) ورم فرج و مہبل ۔

Vum : (v) [Alteration of Vow.] قسم کھانا؛ عہد کرنا ۔

Vying : (n) مقابلہ کرنا؛ مد مقابل ھونا؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔

W

W : (١) انگریزی حروف تہجی میں تئیسواں حرف ۔ (٢) حرف "W" کی شکل ۔ (٣) حرف "W" کا ٹائپ ۔ (٤) کسی سلسلے کا بائیسواں شخص یا چیز، اور اگر J دسویں مقام پر ہو تو تئیسواں ۔ (٥) "W" کی شکل کی کوئی چیز ۔

W : (١) توانائی (کی علامت) ۔ (٢) ٹنگسٹن دھات (کی علامت) ۔

Wa : (n) (١) (اسکاچستان) (شعر یا مزاحاً) غم : الم : شدید رنج: مصیبت ۔ (٢) (جمع) آلام: مصائب ۔

Wa' : (n) (١) (اسکاچستان دیوار ۔ (٢) فصیل؛ دیوارنما چیز ۔

Wa : (n) (١) شمال مشرقی برما اور متصل چینی علاقے کے وا (WA) صوبے کی ایک قوم ۔ (٢) اس قوم کا فرد ۔ (٣) اس قوم کی زبان ۔

Wa-Wa : (n) [Imit.] پیتل کے ساز کی ایک قسم کی آواز ۔

Waac : (n) [f. Women's Auxiliary Army Corps.] عورتوں کی امدادی فوج کی رکن (یہ فوج ١٩١٢ء میں قائم ہوئی تھی) ۔

Waaf : (n) [f. Women's Auxiliary Air Force.] عورتوں کی امدادی فضائی فوج کی رکن ۔

Waahoo : (n) امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے ۔

Wab : (n) (١) پارچہ: بافتہ: بنا ہوا ٹکڑا؛ (مجازاً) کوئی چیز بنے ہوئے کپڑے سے مشابہ ۔ (٢) مکڑی کا جالا ۔ (٣) (اسکاچستان) دیکھو Web ۔

Wabanaki : (n) [Of Algonquian origin.] جنوبی کیوبک (Quebec) اور مین (maine) کی انڈین قوم ۔

Wabble : (n) (١) گردش: ڈگمگاہٹ: لڑکھڑاہٹ ۔ (٢) دیکھو Wobble ۔

Wabble : (n) باٹ مکھی (Bot fly) کا پھل روپ جو گلہری کے جسم میں لگ کر ان کے خصیوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Wabby/Whabby : [Origin unkn.] ایک قسم کی سرخ گردن والی مرغابی ۔

Wabeno : (n) [Ojibwa 'wabanow'.] اوجبوا (Ogibwa) کا پروہت یا مذہبی پیشوا جو جادو ٹونے کے ذریعے بیماروں کا علاج کرتا ہے اور آنے والے واقعات پر قابو رکھتا ہے ۔

Wabster : (n) (تاریخ) کپڑا بننے والی؛ جولاہن؛ بُنکر؛ جولاہا ۔

Wabur/Wabber : (n) [Arab. 'wabr'.] شامی خرگوش ۔

Wac : (n) [f. Women's Army Corp.] عورتوں کی فوج کی رکن (جو دوسری جنگ عظیم میں امریکا میں قائم ہوئی تھی) ۔

Wachna : (n) [Russ. 'vakhnya'.] الاسکا وغیرہ میں پائی جانے والی کاڈ مچھلی ۔

Wack/Whack [Back-formation from Wacky.] خبطی آدمی: سودائی شخص ۔

Wacke : (n) [G. 'wacke'.] خاکستری سبز یا بادامی مٹی جو آتش فشاں چٹانوں کے گھسنے یا ٹوٹنے سے بنتی ہے: جوالا مٹی ۔

Wackily : (adv.) خبطی پن سے: مجنونانہ ۔

Wackiness : (n) جنون؛ پاگل پن؛ خبط ۔

Wacky/Whacky : (n) مخبوط الحواس شخص: مجنون ۔

Wacky/Whacky/Wackey/Wackie : (a) (١) خبطی: مجنون: سودائی ۔ (٢) کھبا؛ چپہ : چپ دست ۔

Waco : (n) [Caddoan 'wehiko'.] (١) اوکلا ہاما اور ٹکساس کی ایک قوم؛ ویکو ۔ (٢) اس قوم کا ایک رکن ۔

Wad : (n) [Du. 'watten'.] (١) گھاس یا پیال کا گٹھا (خصوصاً جو کاٹنے کے وقت بنایا جاتا ہے) ۔ (٢) گدی؛

ذات (کسی نرم چیز کی) ۔ (۳) نوٹوں کی گڈی؛ زر؛ روپیا؛ روپے کی بڑی مقدار؛ وہ مقدار جو ایک شخص خرچ کر سکتا ہے ۔ (٤) بندوق کی ذات جس سے بارود کسی جاتی ہے ۔ (۵) (کسی چیز کی) اچھی خاصی مقدار؛ کثیر مقدار ۔ (٦) چبائی جانے والی چیز (مثلاً تمباکو وغیرہ کا) چھوٹا ٹکڑا ۔ (۷) (عام) میٹھی روٹی؛ سموسہ؛ کھانے کی چیز ۔

Wad : (n) [Origin unkn.] (۱) سیاہ سیسہ ؛ پنسل کا سرمہ ۔ (۲) کچا مینگنیز ۔

Wad : (v) (۱) گٹھا بنانا؛ گٹھر بنانا ۔ (۲) (روئی وغیرہ کو) دبا کر ذات بنانا ۔ (۳) (لباس میں) روئی، اون وغیرہ کی تہ دینا، بھرنا ۔ (٤) محفوظ یا مضبوط کرنا (روئی وغیرہ کی تہ سے) ۔ (۵) (مجازاً) بھر دینا ۔ (٦) (بارود وغیرہ میں) ذات لگانا ۔ (۷) (ذات کو) کسنا ۔ (۸) (کانوں میں) ذات بھرنا ۔

Wad : (n) (اسکاچستان) گروی ؛ رہن ؛ کفالت ۔

In wad : رہن رکھا ہوا؛ گروی رکھا ہوا ۔

Wad : (n) [Of Scand. origin.] خط؛ لکیر (خصوصاً وہ لکیر جو زمین کی پیمائش میں کھینچی جاتی ہے) ۔

Wad : (اسکاچستان) Would کا متبادل ۔

Wad-hook : (n) (۱) بندوق سے ذات نکالنے کے لئے مرغولہ نما اوزار ۔ (۲) (کان کنی) برما سوراخ کے اندر سے ٹکڑوں کو نکالنے کا اوزار ۔

Wadable/Wadeable : (a) پا یاب ۔

Wadcutter : (n) استوانہ نما گولی (بُلٹ) جس کا سِرا چپٹا ہوتا ہے ۔

Wadded : (a) (روئی وغیرہ کا) استر لگایا ہوا؛ روئی وغیرہ بھرا ہوا ۔

Wadder : (n) ذات بنانے یا لگانے والا؛ روئی، اون وغیرہ کی تہ دینے والا ۔

Wadding : (n) (۱) روئی وغیرہ جس سے بندوق کی ذات بنائی جاتی ہے ۔ (۲) بھرن؛ روئی، اون جو کپڑے یا لحاف وغیرہ میں بھرتے ہیں ۔ (۳) نرم جاذب کاغذ جو ہسپتالوں میں دوران ایام یا بعد وضع حمل استعمال کیا جاتا ہے ۔ (٤) کریپ کاغذ جو سامان وغیرہ باندھنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Wadding thread : (n) دھاگا جس سے لحاف وغیرہ بھر کر کر سیتے ہیں ۔

Waddle : (v) [f. Wade.] (۱) جھومتے اور چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے چلنا جیسا کہ موٹے اور چھوٹی ٹانگوں والے آدمیوں کا خاصہ ہے؛ بطخ کی چال چلنا؛ پو قدمی چال چلنا ۔ (۲) بھدی چال چلنا ۔

Waddle : (n) بطخ کی چال؛ پوقدمی چال؛ بھدی چال ۔

Waddlingly : (adv.) بطخ کی چال چلتے ہوئے؛ پو قدمی چال سے ۔

Waddly : (a) بطخ کی طرح چلنے والا؛ بھدی چال چلنے والا ۔

Waddy : (n) (۱) واڈی؛ آسٹریلیا کے قدیم باشندوں کا مُگدر کی شکل کا لٹھ جس سے وہ لڑائی میں کام لیتے ہیں ۔ (۲) لکڑی؛ چھڑی؛ چوب ۔

Waddy : (v) واڈی سے حملہ کرنا یا مارنا ۔

Waddy/Waddie : (n) [Origin unkn.] (۱) چرواہا؛ گلہ بان ۔ (۲) مویشی چور ۔

Waddy : (n) (۱) برساتی نالا؛ پہاڑی نالا جو صرف برسات میں چلتا ہے ۔ (۲) دیکھو Wadi ۔

Wade : (v) [OE. 'Wadan'.] (۱) دقت اور مشکل سے گذرنا؛ پانی، کیچڑ، برف وغیرہ میں چلنا ۔ (۲) دریا سے پایاب اترنا ۔ (۳) (سورج ، چاند وغیرہ کا) بادل سے گزر کر چلتے ہوئے نظر آنا ۔ (٤) گھوڑے کو پانی میں چلانا ۔ (۵) مشکل سے آگے بڑھنا؛ دقت کے ساتھ بڑھنا ۔ (٦) عزم یا قوت کے ساتھ کام کرنا یا حملہ کرنا ۔

To wade through a book : باوجود خشک اور بے مزہ ہونے کے کسی کتاب کو پڑھ ڈالنا ۔

Wade : (n) پایاب روی ۔

Wade in/Wade into : (v) حریف پر زبردست حملہ کرنا ؛ پرخچے اڑا دینا؛ سخت حملہ کرنا ۔

Wadeable : (a) دیکھو Wadable

Wadeite : (n) ایک معدنی شے $(K2\,Ca\,Zr\,(Si\,O_3)_4)$ جس میں پوٹاشیم، کیلسیم اور زرکونیم کا سلیکیٹ شامل ہوتا ہے ۔

Wader : (n) (۱) پانی، کیچڑ، برف وغیرہ میں چلنے والا ۔ (۲) لم ڈھینگ؛ لم ٹنگا ۔ (۳) آب موزے؛ جوتے جو پاؤں کو پانی سے محفوظ رکھنے کے لئے مچھلیوں کے شکار کے وقت پہنتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی پن روک پوشاک ۔

Wadge : (n) [alt. of Wedge.] کنھر؛ کنھا؛ کنھری؛ پچڑ ۔

Wadi/Wady/Waddy : (n) [Arab. 'alwadi'.] برساتی نالا؛ پہاڑی نالا جو صرف برسات میں چلتا ہے اور دنوں میں خشک رہتا ہے؛ وادی ۔

Wading bird : (n) لم ڈھینگ؛ لم ٹنگا؛ لمبی ٹانگوں والی دریائی چڑیا جو بجائے تیرنے کے پانی میں چلتی ہے؛ طوّل ۔

Wading boot : (n) (گھٹنوں تک) اونچا جوتا جو مچھیرے گھٹنوں گھٹنوں پانی میں اترتے وقت پہنتے ہیں ۔

Wading pool : (n) اُتھلا حوض (جس میں بچے تفریحاً چلتے ہیں) ۔

Wadjakman : (n) (۱) قدیم اصلی آسٹریلیائی بڑے سر والے انسان کی ایک نوع (جو اب معدوم ہے) ان کی کھوپڑیاں جاوا میں ملی ہیں ۔ (۲) جاوا میں ایک علاقے کا نام ۔

Wadmal/Wadmol/Wadmel : (n) [ME.'Wadmol. Wadmale'.] ایک قسم کا اونی کپڑا ۔

Wadmiltilt : (n) ترپال کی ایک قسم جس سے توپ خانے کو چھپایا جاتا ہے ۔

Wadset : (n) [Sc. alt. of ME. 'Wedsetten'.] (۱) (اسکاچستانی قانون) زمین کا انتقال (قرض کی ضمانت کے طور پر)؛ رہن؛ گروی ۔ (۲) گروی رکھی ہوئی چیز ۔

Wadset : (v) گروی رکھنا؛ رہن رکھنا ۔

Wadsetter : (n) مرتہن؛ گروی رکھنے والا ۔

Wae : رنج و غم یا ماتم کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Waesuck/Waesucks : (n) [Sc. 'Wae' + 'Suck'.] (اسکاچستان) تکلیف یا افسوس ظاہر کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Waf : (n) (دوسری جنگ عظیم میں قائم ہونے والی) عورتوں کی فضائیہ کی رکن ۔

Wafer : (n) [AFr. 'Wafre.'] (۱) کاغذی بسکٹ ؛ رقاقہ؛ ایک قسم کا نہایت پتلا اور میٹھا بسکٹ جس کی شکل شہد کے چھتے کی طرح ہوتی ہے ۔ (۲) فطیری؛ بلا خمیر کی ٹکیا جو عیسائیوں میں عشائے ربانی کے موقع پر استعمال کی جاتی ہے ۔ (۳) لیسی ٹکیا؛ لیس دار چیز کی خشک ٹکیا جس سے پہلے لفافے بند کرنے اور کاغذات کے متھے کو یکجا رکھنے کا کام لیتے تھے ۔ (٤) (طب) کاغذی کیپسول ۔ (٥) کاغذی بسکٹ سا پترا یا چھلا ۔

Wafer : (v) لیسی ٹکیا سے بند کرنا ۔

Wafer ash : (n) ہاپ کی بیل (Hop Tree) ۔

Wafer bread : (n) (۱) دیکھو Wafer ۔ (۲) مکئی کی کاغذی روٹی جو جنوب مغربی ہندوستان میں بناتے ہیں ۔

Wafer-iron : (n) لمبے دستے والی سنسی جو کاغذی بسکٹ بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Wafer-sheet : (n) کاغذ کی طرح مہین بسکٹ جو دواخانوں میں کیپسول بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Wafer-thin : (a) کاغذی؛ بہت پتلا : بہت باریک ۔

Waferer : (n) کاغذی بسکٹ بنانے یا بیچنے والا ۔

Waferish : (a) مہین اور باریک بسکٹ جیسا ۔

Wafery : (a) کاغذی : پاپڑ سا ۔

Wafery : (a) [AFr. 'Wafrie'.] وہ کمرہ یا عمارت جہاں کاغذی بسکٹ بنایا جاتا ہے کاغذی بسکٹ بنانے کا کارخانہ ۔

Waff : (v) [Var. of Wave] (۱) جھلانا؛ ادھر ادھر حرکت دینا ۔ (۲) جھولنا؛ ادھر ادھر حرکت کرنا ۔ (۳) جھلنا؛ ھوا کرنا ۔

Waff : (n) (۱) لہرانا؛ حرکت دینا ۔ (۲) جھونکا؛ ہلکا سا جھونکا : مہلک : ہلکی سی خوشبو یا بدبو ۔ (۳) (اسکاچستان) جھلک : شائبہ ۔ (٤) (اسکاچستان) انسان کا ہم زاد (جس کے متعلق یورپ میں عقیدہ تھا کہ مرنے سے کچھ پہلے یا بعد نظر آتا ہے) ۔

Waff : (a) ناکارہ؛ نکمّا؛ ناشائستہ؛ نا معقول ؛ ذلیل ؛ حقیر؛ ادنیٰ ۔

Waffie : (n) (اسکاچستان) آوارہ گرد؛ خانہ بدوش ۔

Waffle : (n) [Du. 'Wafel'.] (۱) چھوٹا روغنی پراٹھا جو دہرے ماہی توے پر پکایا جاتا ہے ۔ (۲) کاغذی بسکٹ ۔

Waffle : (a) دندانہ دار جالی بنا ہوا؛ دندانہ دار جالی کی شکل کا ۔

Waffle : (n) (۱) چھوٹے کتے کی بھونک ۔ (۲) بے معنی گفتگو یا تحریر ؛ فضول بکواس ۔

Waffle : (v) (۱) فضول بکنا؛ لایعنی گفتگو کرنا؛ فضول بکواس کرنا ۔ (۲) (کتے کا) بھونکنا ۔

Waffle cloth : (n) ایک قسم کا چارخانے دار کپڑا ۔

Waffle ingot : (n) تقریباً تین انچ مربع اور ایک چوتھائی انچ موٹا المونیم کا ڈلا ۔

Waffle-iron : (n) چھوٹا روغنی پراٹھا پکانے کا برتن؛ دوہرا ماہی توا (جس کے دونوں حصے ایک قلابے سے جڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو الٹ سکتے ہیں ۔

Waffle pique : (n) ایک قسم کا مہین سوتی کپڑا (عموماً چھپا ہوا چارخانے دار) ۔

Waffle weave : (n) (کپڑے کی) ایک قسم کی چارخانے دار بُنائی ۔

Waffled : (a) دیکھو Waffle

Waft : (n) [ME. 'Waughten'.] (۱) (خوشبو کی) لپٹ ؛ نفحہ؛ بھینی بو ۔ (۲) بدمزگی ۔ (۳) جھونکا (ہَوا کا)؛ ہوا کی جنبش ۔ (٤) بھاپ یا دھوئیں کی اتنی مقدار جو ایک بار نکلے ۔ (٥) ہوا گرد آواز ۔ (٦) لہرانا؛ پھڑپھڑانا؛ پھڑپھڑاہٹ؛ پروں کی ایک جنبش ۔ (۷) (بحری) جھنڈا وغیرہ جس کے ذریعہ خطرے وغیرہ کا اشارہ کرتے ہیں؛ وہ گرہ جو اشارے کے لئے جھنڈے میں لگاتے ہیں ۔ (۸) (سکون یا خوشی کی) ہلکی سی لہر ۔

Waft : (v) [Back-formation from Wafter.] (۱) دریا یا سمندر کے راستے سے لے جانا ۔ (۲) آہستہ سے اڑا کر یا بہا کر پہنچانا ۔ (۳) ہوا یا خلا سے گزار کر لے جانا یا بھیجنا؛ اڑا کر لے جانا ۔ (٤) (تخیل میں یا سحر کے ذریعہ) لے جانا ۔ (٥) ہوا یا خلا سے گزرنا ۔ (٦) بادنسیم کا چلنا ۔ (۷) ہَوا دے کر اڑا دینا یا ہَوا کے زور پر لے جانا ۔

Waft : (۱) آہستہ سے اڑا کر یا بہا کے پہنچانا؛ سبک حرکت کے ساتھ لے جانا ۔ (۲) (خوشبو کی) لپٹ ۔ (۳) پروں کی ایک جنبش ۔ (۳) (خوشی یا سکون) وغیرہ کی ہلکی سی لہر ۔ (٤) (جہاز رانی) خطرے کا اشارہ ۔

Waftage : (n) سمندر یا دریا کے رستے لے جانا؛ ہَوا سے ہو کرگزرنا؛ ہوا کی قوت تحریک ۔

Wafture : (n) [WAFT + URE.] (۱) ہلانا؛ حرکت دینا؛ جنبش ۔ (۲) پروں کی جنبش ۔ (۳) ہَوا کے ذریعہ دھکیلا جانا ۔ (٤) وہ چیز جو سمندری یا دریائی راستے سے لے جائی جائے ۔

Wag : (n) (۱) دلگی باز؛ ٹھٹے باز؛ ٹھٹول ؛ مسخرا ۔ (۲) بھگوڑا؛ مدرسے وغیرہ سے غائب ہو جانے والا ۔

To play (the wag) : (عام) بھاگ جانا (کام سے یا مدرسے سے) ۔

Wag : (v) [ME. 'Waggen'.] (۱) ہلنا؛ حرکت کرنا؛ ہاتھ پاؤں ہلانا ۔ (۲) جھولنا؛ آگے پیچھے ہلنا ۔ (۳) ہاتھ پاؤں کا ہلنا یا ہلایا جانا ۔ (٤) زبان کا چلنا ۔ (٥) جانا؛ رخصت ہونا ۔ (٦) سفر کرنا؛ راستہ نکالنا ۔ (۷) (عام) (کام سے یا مدرسے سے) بھاگنا ۔ (۸) (ہتھیار وغیرہ) لہرانا : (کسی چیز کو دعوت مقابلہ یا بہ طور نشان) ہلانا ۔ (۹) ہاتھ پاؤں یا جسم کے کسی حصے کو ہلانا ۔ (۱۰) سر کو ہلانا ۔ (۱۱) (زبان) چلانا؛ دُم ہلانا (حرکت دینا) ۔ (۱۲) گہرے طور پر اثر انداز ہونا؛ حاوی ہونا ۔

How the world wags : کیا معاملہ ہے؟

To let the world wag (as it will) : بےتعلق رہنا (حالات یا معاملات سے) ۔

To wag one's finger at : انگلی کے اشارے سے دھمکانا یا تنبیہ کرنا ۔

Wag : (n) حرکت؛ جنبش (دُم، سر وغیرہ کی) ۔

Wag-at-the-wall : (n) دیوار گھڑی جس کا رقاصہ ساعت اور اس کا بار باہر رہتا ہے ۔

Wag-on-the-wall/-clock : (n) دیکھو Wag-at-the-wall

Wagang/Wa'gang/Waganging/Wagaun : (n) رخصت؛ الوداع؛ موت ۔

Wage : (n) [AFr. ON Fr. 'wagier, waigier'.] (۱) (اکثر جمع میں) اُجرت؛ مزدوری؛ روزینہ؛ مشاہرہ؛ تنخواہ ۔ (۲) (مجازاً) بدلہ؛ جزا ۔

Wage : (v) [AFr. 'wager'.] (۱) رہن کرنا؛ گروی رکھنا؛ گرو کرنا؛ مکفول کرنا؛ بطور ضمانت پیش کرنا ۔ (۲) جنگ کرنا؛ لڑنا (لڑائی) ۔ (۳) واقع ہوتے رہنا؛ جاری رہنا ۔

To wage battle : کسی قضیے کے فیصلے کے لئے جنگ کرنا ۔

To wage one's (or the) law : بذریعے حلف صفائی پیش کرنا ۔

Wage bill : (n) اجرت کی کل رقم جو کوئی کمپنی یا کارخانہ ادا کرتا ھے ۔

Wage board : (n) اجرت بورڈ (جو شرح اجرت مقرر کرتا ھے) ۔

Wage bracket : (n) مقررہ شرح اجرت (کسی خاص مقصد کے لئے) ۔

Wage-earner : (n) اجرت پر کام کرنے والا؛ مزدور ۔

Wage-fund/Wages-fundy : (n) اجرت فنڈ؛ قومی سرمایہ کا ایک خاص حصہ جو تنخواہ اور مزدوری کے لئے محفوظ کر دیا جاتا ھے؛ ذخیرۂ اجرت ۔

Wage-fund theory wages - : (n) نظریۂ اجرت فنڈ؛ نظریۂ ذخیرۂ اجرت؛ یہ نظریہ کہ اجرت اسی وقت بڑھ سکتی ھے جب سرمائے میں اضافہ ھو یا آبادی کم ھو ۔

Wage home : (n) پرورش گاہ جس میں بچوں کو کھانا(غذا) کے لئے کام کرنا پڑتا ھے ۔

Wage level : (n) سطح اجرت؛ (کارخانے میں) کسی مقررہ وقت میں اجرت کی لگ بھگ سطح؛ اجرت ۔

Wage rate : (n) شرحِ اجرت ۔

Wage-reopening : (n) معاہدہ کے دوران شرح اجرت میں کسی خاص وقت پر تبدیلی کرنے کا تعہدی حق جو یونین یا انتظامیہ کو حاصل ھوتا ھے ۔

Wage-scale : (n) (۱) شرح اجرت کا گوشوارہ ۔ (۲) مسطح اجرت جو ایک آجر دے ۔

Wage-sheet/Wages- : (n) گوشوارۂ اجرت ۔

Wage-slave : (n) وہ شخص جسے مزدوری کے لئے غلام کی طرح کام کرنا پڑے ۔

Wage-structure : (n) تفرقی اجرت کا جدول (کسی فیکٹری، مل کی مزدوری کا) ۔

Wage system : (n) وہ صنعتی نظام جس میں آزاد مزدوروں سے زیادہ کام لیا جاتا ھے (نہ کہ غلاموں کی محنت یا دوسری چھوٹے پیمانوں کی صنعتوں سے) ۔

Wage-worker : (n) دیکھو Wage-earner

Waged : (a) اجرت پانے والا؛ کرائے کا؛ بھاڑے کا ۔

Wagel/Wagel gull : (n) سیاہ پشت جس کے پَر ابھی تھیک سے نکلے نہ ھوں ۔

Wageless : (a) بے اجرت؛ جسے اجرت نہ ملے؛ بے تخواہ ۔

Wagelessness : (n) بے اجرت ھونا ۔

Wagen boom/Vaboom : (n) [Du. 'Wagen' + 'boom'.] ایک درخت جس کی لکڑی سے چھکڑے کا پہیّا بنایا جاتا ھے ۔

Wager : (n) [AFr. 'wageure'.] (۱) شرط؛ بازی ۔ (۲) مقابلہ (انعام جیتنے کے لئے) ۔ (۳) موضوع شرط ۔

Wager : (v) (۱) شرط بدنا؛ شرط لگانا ۔ (۲) داؤ پر لگانا ۔

Wager : (n) بازی لگانے والا؛ شرط لگانے والا؛ مقابلہ کرنے والا ۔

Wager-boat : (n) ہلکی کشتی جو دوڑ میں استعمال کی جاتی ھے ۔

Wager insurance : (n) وہ بیمہ پالیسی جس میں بیمہ کرنے والے کا بیمہ شدہ چیز میں قابل بیمہ مفاد نہیں ھوتا ھے ۔

Wager of battle : (n) فیصلہ بالمبارزہ ؛ باہمی نزاع کےفیصلے کی ایک قدیم صورت جس میں فریقین باہم لڑتے تھے اور جیتنے والے کے حق میں فیصلہ ھوتا تھا ۔

Wager of law : (n) (بریت کے لئے) حلف لینا (مقروض نہ ھونے کا) ۔

Wager-policy : (n) دیکھو Wager - Insurance

Waggel/Waggel gull : (n) [Origin unkn.] سیاہ پشت جس کے پر ابھی ٹھیک سے نہیں نکلے ہوں ۔

Wagger : (n) مسخرا؛ دل لگی کرنے والا ۔

Waggery : (n) (۱) ٹھٹول؛ مسخرا پن: دل لگی بازی۔ (۲) مسخرے کی باتیں یا حرکتیں؛ عملی مذاق ۔

Waggish : (a) (۱) دل لگی باز؛ مسخرا؛ خوش طبع ۔ (۲) مسخراپن کا؛ ہنسی کا ۔

Waggishly : (adv.) تمسخر سے ۔

Waggle : (v) [Frequentative of Wag.] (۱) ہلانا؛ ہلنا؛ جھلانا؛ جھلنا ۔ (۲) گولف؛ ڈنڈے کے سرے کو گیند کے ادھر ادھر گھمانا ۔ (۳) دیکھو Waddle ۔

Waggle : (n) ہلکی سی جنبش؛ (گولف) ڈنڈے کے سرے کو گیند کے ادھر ادھر گھمانا ۔

Waggly : (a) ڈگمگاتا ہوا ؛ ہلتا ہوا ۔

Waggon/Wagon : (n) [Du. 'Wagen'.] (۱) گاڑی ؛ چوپہیا چھکڑا؛ چار پہیوں والی گاڑی جس سے بار برداری کا کام لیا جاتا ہے، اور جس کے اوپر نیم استوانی شکل کا ڈھکنا یا ٹب ہوتا ہے ۔ (۲) مال گاڑی کا کھلا ہوا ڈبا؛ ویگن ۔ (۳) (علم النجوم) بنات النعش؛ دب اکبر؛ سات ستاروں کا جھمکا۔ (٤) ایک قسم کی موٹر گاڑی (مال یا آدمی لے جانے والی) ۔ (٥) معدنی اشیاء ڈھونے والی گاڑی ۔ (٦) مختلف قسم کی چار پہیوں والی گاڑی کانام ۔ (۷) سنار کا وہ اوزار جس سے وہ سونے کے پتروں کو کاٹتا چھانٹتا ہے ۔ (۸) (تھیٹر) سینری کو جلد ہٹانے اور بدلنے کا لپیٹنے والا پلیٹ فارم ۔ (۹) پہیے دار میز جس پر رکھ کر کھانا لاتے لے جا تے ہیں ۔

Off the waggon : شراب سے باز رہنے کا فیصلہ نہ کرتے ہوئے ۔

On the waggon : شراب سے باز رہنے کی قسم کھائے ہوئے یا فیصلہ کئے ہوئے ۔

To hitch one's waggon to a star : بڑوں کا سہارا لینا؛ کسی بڑی قوت سے مدد لینا ۔

Waggon/Wagon : (v) (۱) ویگن میں سفر کرنا ۔ (۲) لے جانے کے لئے ویگن میں رکھنا ۔ (۳) ویگن میں لے جانا ۔

Waggon bed : (n) ویگن کا جسم؛ ویگن کا پیندا ۔

Waggon boss : (n) (۱) مال گاڑی کے کھلے ہوئے ڈبے کا مالک ۔ (۲) وہ شخص جو مجرموں کی گرفتار شدہ پوری جماعت کا نگراں ہو ۔

Waggon box : (n) دیکھو Wagon-Bed

Waggon-breast : (n) کوئلے کی کان کا وہ حصہ جہاں گاڑی لے جائی جا سکتی ہے ۔

Waggon-ceiling : (n) نیم استوانی (سلنڈری) ٹب کی شکل کی سقف ۔

Waggon-distribution : (n) تھوک پر مال فروخت کرنے والا جو ٹرک پر مال لاد کر خردہ فروشوں کو پہنچاتا ہے ۔

Waggon-drift : (n) ویگنوں کے دریا پار کرنے کا راستہ ۔

Waggon-head : (a) استوانہ نما؛ استوانی شکل کا ۔

Waggon-headed : (a) دیکھو Waggon-Head

Waggon-jobber : (n) تھوک مال فروخت کرنے والا جو ٹرک پر مال لاد کر خردہ فروشوں کو پہنچاتا ہے ۔

Waggon-load : (n) ویگن بھر : وہ مقدار جو ایک ویگن میں سما سکے ۔

Waggon maker : (n) چوپہیا چھکڑا بنانے والا؛ ویگن بنانے والا ۔

Waggon master : (n) ایک یا زیادہ مال گاڑی کے ڈبوں کا منتظم۔

Waggon-road : (n) (کوئلے کی کان میں) ویگن لے جانے کا راستہ ۔

Waggon-roof : (n) استوانہ نما چھت ۔

Waggon seat : (n) دو نشست والی کرسی جو گھر میں یا ویگن میں استعمال ہوتی ہے ۔

Waggon-sheet : (n) ولایتی ٹاٹ جس سے ویگن یا ٹرک کو ڈھانکتے ہیں۔

Waggon-soldier : (n) (عام) توپچی ۔

Waggon-stage : (n) (۱) (تھیٹر کا) سینری کو جلدی سے بنانے اور بدلنے والا پلیٹ فارم ۔ (۲) وہ تھیٹر جس میں ایسا پلیٹ فارم ہو ۔

Waggon-table : (n) پہیا لگی خانے دار میز جس پر رکھ کر کھانا پیش کرتے ہیں ۔

Waggon-top : (n) بھٹی کے اوپر ریل کے بائلر کے خول کا نکلا ہوا حصہ ۔

Waggon-train : (n) (فوج) ویگنوں کا مجموعہ (جو رسد وغیرہ لے جانے میں استعمال ہوتا ہے) ۔

Waggon-tree : (n) دیکھو Wagen Boom

Waggon-vault : (n) استوانہ نما قوسی چھت ۔

Waggon-way : (n) دیکھو Waggon-Road

Waggon-wheel : (n) دیکھو Mill

Waggon-wright : (n) ویگنوں کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔

Waggon-yard : (n) ویگن رکھنے کی جگہ؛ ویگن باڑا ۔

Waggonage/Wagonage : (n) (۱) ویگن کے ذریعہ نقل و حمل ۔ (۲) ویگن کے ذریعہ لے جانے کا کرایہ ۔

Waggoner/Wagoner : (n) [Du. 'wagenaar'.] (۱) گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔ (۲) دبّ اکبر ۔

The waggoner : دب اکبر: نبات النعش کبریٰ ۔

Waggoner/Wagoner : (n) [f. Du. surname 'Waghenaer'.] جہاز رانوں کا بحری نقشہ جسے ۱۵۸٤ میں ۔ Lucas Janssen Waghenaer نے شائع کیا تھا ۔

Waggonette/Wagonette : (n) (۱) کھلی ہوئی یا ٹپ دار بگھی جس کے پہلو میں آمنے سامنے کی نشستیں بنی ہوتی ہیں ۔ (۲) ویگنٹ ۔

Waggonful : (n) ویگن بھر؛ وہ مقدار جو ایک ویگن میں سما سکے ۔

Waggonman : (n) (۱) گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔ (۲) وہ سپاہی جو قیدیوں کی نقل و حرکت کے وقت ان کی نگرانی کرتا ہے ۔

Waggonsmith : (n) چوپہیا چھکڑا یا گاڑی کی مرمت کرنے والا مستری ۔

Wagneresque : (a) [f. Richard Wagner, an opera Composer.] ویگنر کے طرز سے مشابہ ۔

Wagnerian : (a) رچرڈ ویگنر سے یا اس کی موسیقی سے متعلق؛ ویگنر کے طرز سے مشابہ ۔

Wagnerian : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerianism : (n) (۱) ویگنر کا اثر یا اس کی پرستش ۔ (۲) اوپیرا کی ترتیب ویگنر کا اصول یا مہارت ۔

Wagnerism : (n) دیکھو Wagnerianism

Wagnerist : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerite : (n) ویگنر کا معتقد یا پرستار ۔

Wagnerite : (n) [G. 'Wagnerit'.] ایک معدن $(Hy_2 (Po_4) F)$ جس میں میگنیشیم فلورو فاسفیٹ ہوتا ہے اور زرد مائلہ بلور کی شکل میں یا تودہ کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔

Wagner tuba : (n) [after Richard Wagner.] ایک قسم کا گہری آواز والا ہوا باجا ۔

Wagon : (n) دیکھو Waggon

Wagon-lit : (n) [Fr.] آرام گاڑی؛ ریل کا ایک درجہ جس میں سونے کا انتظام ہوتا ہے (ممالک یورپ کی ریلوں میں اس کا رواج ہے) ۔

Wagtail : (n) (۱) ممولا وغیرہ قسم کی چڑیاں جن کی دُم ہلتی رہتی ہے؛ دُم جنباں ۔ (۲) ان سے مشابہ دوسری چڑیاں مثلاً امریکی دجِ آبی ۔

Wah : (n) [Native name in Nepal] دیکھو Panda

Wah : (Interj) غصہ، مصیبت وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے حرف فجائیہ ۔

Wah-wah : ایک قسم کا بندر ۔

Wahabi/Wahabee : (n) [Arab. 'Wahhabi'.] وہابی؛ ایک اسلامی فرقے کا نام جس کا مذہبی تقشف مشہور ہے ۔ اس فرقے کا رکن ۔

Wahhabism/Wahabism : (n) وہابیت

Wahhabite/Wahabite : (n) وہابی ۔

Wahine : (n) [Maori & 'Hawaiian'.] عورت؛ بیوی؛ معشوقہ؛ محبوبہ؛ داشتہ ۔

Wahine : (a) نسوانی؛ زنانہ؛ زنانی ۔

Wahlen bergia : (n) [mod . L.] سد ابہار بوٹی کی ایک جنس ۔

Wahoo : (n) [North American Indian.] شمالی امریکا کی ایک جھاڑی ۔

Wahoo/Waahoo : (n) [Dakota 'wahu'.] امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے ۔

Wahoo : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی بڑی میکرل مچھلی ۔

Wahoo : (interj) حرف فجائیہ (مخاطب کرنے ، کثرت ظاہر کرنے یا جوش دکھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔

Waiata : (n) [Maori.] ایک قسم کا ماؤری نغمہ (کسی اہم واقعہ کی یاد میں) جو قبیلے کی تقریب میں گایا جاتا ہے ۔

Waif : (n) [AFr.] (۱) لاوارث شے؛ خصوصاً وہ چیز جو ہَوا میں اڑ کر، پانی میں بہہ کر یا نامعلوم طریقے سے آگئی ہو ۔ (۲) لاوارث جانور ۔ (۳) آوارہ یا بےخانماں شخص؛ بے ٹھور ٹھکانا شخص ۔ (٤) لاوارث بچہ ۔

Waif : (a) (۱) لاوارث ۔ (۲) (اسکاچستان) رائج؛ رواں؛ حاضر ۔

Waif : (n) [ON 'Veif'.] (بحری) چھوٹا جھنڈا جو بطور سگنل استعمال ہوتا ہے ۔

Waif : (n) کوئی چیز جو ہَوا سے اڑ کر آئی ہو؛ (دھواں کا) بادل؛ (بادل کی) دھاری ۔

Waif : (v) جھنڈی کے ذریعہ اشارہ کرنا ۔

Waifs and strays : (n) (۱) متفرق چیزیں ۔ (۲) لاوارث بچے ۔

Wail : (n) (۱) گریہ؛ آہ وزاری؛ نالہ؛ شیون ۔ (۲) ماتم؛ نوحہ ۔ (۳) دردناک بھیانک آواز ۔ (٤) آہ؛ اوئی ۔

Wail : (v) [ON. 'weils'.] (۱) بلند آواز سے رونا؛ آہ و زاری کرنا؛ گریہ و بکا کرنا؛ نالہ کرنا ۔ (۲) ماتم کرنا؛ نوحہ کرنا؛ رونا (کسی کو) ۔ (۳) دردناک بھیانک آواز سے چلنا (ہَوا وغیرہ کا) ۔ (٤) (کسی چیز کو پانے کے لئے) دردناک طور پر رونا ۔ (٥) رنجیدہ ہونا؛ رنج کرنا ۔ (٦) غم آلودانہ طور پر بے اطمینانی کا اظہار کرنا ۔

Wailer : (n) گریہ و زاری کرنے والا؛ نوحہ کرنے والا؛ خصوصاً پیشہ ور نوحہ گر ؛ پیشہ ور کرائے کا ماتمی ۔

Wailful : (a) (۱) درد ناک؛ دلدوز؛ غم ناک ۔ (۲) غم آلود ۔ (۳) (جانور) دردناک آواز نکالنے والا ۔

Wailfully : (adv.) درد ناک طور پر؛ دلدوز انداز میں ؛ نوحہ کرتے ہوئے ۔

Wailing : (a) آہ وزاری؛ کرنے والا ؛ نوحہ کرنے والا ۔

Wailing : (n) گریہ؛ آہ وزاری؛ گریہ وبکا؛ نوحہ ۔

Wailing place : (n) (۱) دیوار گریہ ۔ (۲) دیکھو Wailing-wall ۔

Wailing-wall : (n) دیوار گریہ؛ بیت المقدس میں ہیکل سلیمانی کی دیوار کا بچا ہوا حصہ جہاں یہودی جمع ہو کر روتے ہیں ۔

Wailingly : (adv.) آہ وزاری کرتے ہوئے؛ بلند آواز سے روتے ہوئے؛ دردناک آواز میں ۔

Wain : (n) [OE. 'waeg(e)n'.] (۱) چھکڑا، خصوصاً وہ جس میں کسان غلہ وغیرہ لے جاتے ہیں ۔ (۲) (شعر) گاڑی؛ بگھی ۔ (۳) دبِّ اکبر؛ بنات النعش؛ سات سہیلیوں کا جھمکا ۔

Wainage : (n) [ON Fr. 'waaignier'.] جاگیردارانہ کاشتکاری کے آلات ۔

Wainman : (n) گاڑی بان؛ چھکڑا چلانے والا ۔

Wainscot [MLG. 'Wagenschot'.] (۱) اچھی قسم کا شاہ بلوط جو روس، جرمنی، اور ہالینڈ سے درآمد کیا جاتا ہے ؛ شاہ بلوط کا لٹھا، تختہ یا تختہ بندی ۔ (۲) شاہ بلوط یا دوسری لکڑی کی تختہ بندی؛ تختوں کا حاشیہ؛ لکڑی کے تختے جو کمرے کی دیواروں کے نیچے کے حصے میں چاروں طرف جڑے جاتے ہیں ۔

Wainscot : (a) (۱) شاہ بلوط کا ۔ (۲) شاہ بلوط سے مشابہ ۔ (۳) شاہ بلوط کی تختہ بندی کی ہوئی ۔

Wainscot : (v) تختہ بندی کرنا؛ تختوں کا حاشیہ لگانا (دیوار میں) ۔

Wainscot chair : (n) شاہ بلوط کی بنی ہوئی ایک قسم کی بھاری کرسی ۔

Wainscot(t)ing : (n) (۱) تختہ بندی ۔ (۲) تختے جو دیوار پر جڑے جائیں ۔

Wainwright : (n) ویگنوں کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔

Wair : (v) [ME. 'Waren'.] (۱) خرچ کرنا؛ صرف کرنا ۔ (۲) اڑانا؛ اسراف کرنا؛ پھونک دینا ۔

Waist : (n) [Late ME. 'wast, waast'.] (۱) کمر؛ میان ۔ (۲) لمبی چیز کے بیچ کا پتلا یا تنگ حصہ ۔ (۳) جہاز کے بیچ کا حصہ ۔ (٤) لباس کی کمر؛ وہ حصہ جو کمر پر ہوتا ہے؛ وہ کپڑا جو گردن سے کمر تک ہوتا ہے؛ بلاؤز؛ شلوکہ ۔ (٥) (عورتوں کی) کمر کی پیٹی جس میں سایہ وغیرہ کس لیتی ہیں ۔ (٦) عورتوں کا سب کپڑوں کے نیچے پہننے کا لباس؛ بنیان ۔ (۷) دیکھو Waistline ۔

Waist anchor : (n) سب سے بڑا لنگر ۔

Waist band : (n) کمر کی پیٹی (خصوصاً لباس کی) ۔

Waist-belt : (n) دیکھو Waist-Band

Waist board : (n) جہاز کے درمیانی حصے کی عارضی تختہ بندی ۔

Waist-boat : (n) وہ کشتی جو جہاز کے درمیانی حصے میں رکھی رہتی ہے ۔

Waist-cloth : (n) لنگوٹی ۔

Waist-deep : (a) کمر تک؛ کمر کے برابر نیچا یا گہرا ۔

Waist-high : (a) کمر تک؛ کمر کے برابر اونچا ۔

Waist-line/Waistline : (n) (۱) کمر کی پیٹی ۔ (۲) کمر کی گولائی (پیمائش کے لحاظ سے) ۔

Waist sheet : (n) عمودی فولادی چادر جو ریل کے انجن کے بائلر کے درمیانی تنگ حصے کو انجن کے جسم سے جوڑے رہتی ہے ۔

Waistcoat : (n) (۱) واسکٹ؛ صدری؛ مرزئی؛ فتوحی ۔ (۲) واسکٹ سے مشابہ زنانہ لباس ۔

Under one's waist coat : سینے میں ۔

Waistcoated : (n) واسکٹ پہنے ہوئے ۔

Waistcoateer : (n) (تاریخ) گھٹیا درجے کی رنڈی؛ قحبہ، کگا ہی ۔

Waistcoating : (n) واسکٹ بنانے کا کپڑا ۔

Waisted : (a) (۱) (مخصوص قسم کی) کمر والا ۔ (۲) کمر کی شکل کا ۔

Waister : (n) (۱) وہ ملاح جسے جہاز کے درمیانی حصے میں رکھا جاتا ہے ۔ (۲) نا تجربہ کار ملاح ۔

Waistless : (a) بے کمر؛ بد قطع؛ بد قوارہ؛ بھدا ۔

Wait : (n) [ON Fr.] (۱) گھات؛ تاک؛ کمین ۔ (۲) انتظار ۔ (۳) وقفہ؛ توقف؛ التوا ۔ (٤) (تھیٹر) ایکٹوں کے درمیان کا وقفہ ۔ (٥) گانے والوں کی ٹولی یا منڈلی؛ گویّوں کا گروہ جو کرسمس میں گھر گھر گاتا ہوا پھرتا ہے ۔

To lie in or lay wait : دشمن کی گھات میں بیٹھنا ۔

Wait : (v) [ON Fr. 'waitier'.] (۱) انتظار کرنا؛ ٹھہرے رہنا؛ توقف کرنا؛ راہ دیکھنا؛ منتظر رہنا ۔ (۲) ویٹر (کھانے کی میز پر کام کرنے والے نوکر) کی خدمت انجام دینا؛ کھانا کھلانا ۔ (۳) پیش خدمت یا خواص کی خدمت انجام دینا ۔ (٤) (کھانے کے لئے) کسی کا انتظار کرنا ۔ (٥) دلہا یا دلہن کے ساتھ رہنا ۔ (٦) ضرورتوں کو پورا کرنا ۔ (۷) (گاہکوں کو) چیز فراہم کرنا ۔ (۸) رفاقت کرنا؛ ساتھ جانا ۔ (۹) رسمی ملاقات کے لئے کسی کے یہاں جانا ۔ (۱۰) تیار اور دستیاب ہونا ۔ (۱۱) عارضی طور پر پڑا رہنا ۔ (۱۲) کچھ دنوں تک وصول نہ ہونا ۔

To wait about/-around : (کسی چیز کے انتظار میں) آس پاس ٹہلتے رہنا؛ چکر کاٹتے رہنا ۔

To wait and see : انتظار کرنا؛ منتظر رہنا ۔

To wait at table : کھانا کھلانا؛ ویٹر کی خدمت انجام دینا ۔

To wait on : (۱) کسی مقام پر چکر کاٹنا ۔ (۲) (شکرے کے شکار میں) باز کا چکر کاٹتے رہنا (شکار کے انتظار میں) ۔

To wait one's (or the)time, home, opportunity : مناسب وقت یا موقعے کا انتظار کرنا ۔

Wait-a-bit : (n) جنوبی افریقہ کی بعض جھاڑیاں یا پودے ۔

Wait-a-while : (n) دیکھو Wait-a-bit

Wait for : (v) انتظار کرنا؛ منتظر رہنا ۔

Wait of : (v) دیکھو Wait for

Wait on/-upon : (v) (۱) خدمت میں حاضر رہنا؛ میز کے نوکر یا پیش خدمت کا کام انجام دینا ۔ (۲) (شاذ) ہمرکاب رہنا ۔ (۳) سلام کے لئے جانا ۔ (٤) بڑے آدمی سے ملنے کے لئے جانا ۔

To wait on hand and foot : تن دہی سے (کسی کی) خدمت کرنا ۔

Waiter : (n) (۱) Tower of London کا سنتری ۔ (۲) انتظار کرنے والا شخص ۔ (۳) ویٹر؛ خدمت گار؛ ملازم جو (ہوٹل وغیرہ میں) کھانا کھلاتا ہے ۔ (٤) سینی؛ کشتی ۔

Waiter upon Providence : (n) تقدیر کا منتظر ۔

Waitering : (n) ویٹر کا کام ۔

Waiting : (n) (۱) کسی چیز کا انتظار کرنے والا ۔ (۲) (کسی بڑے آدمی کی) خدمت کرنا؛ پیش خدمت ۔ (۳) عدالت میں حاضری ۔

In waiting : (۱) منتظر ۔ (۲) حاضر باش ۔

Waiting : (a) (۱) خدمت میں حاضر رہنے والا ۔ (۲) متوقع؛ منتظر؛ امیدوار ۔

Waiting game : (n) (کھیل وغیرہ میں) وہ حکمت عملی جس میں مناسب موقع کے انتظار میں کچھ کھلاڑی شروع میں کھیل کا مظاہرہ نہیں کرتے ہیں ۔

Waiting hall : (n) انتظار گاہ ۔

Waiting list/Wait- : (n) نوکری کے منتظر لوگوں کی فہرست ۔

Waiting-maid : (n) ذاتی خدمت گار عورت ۔

Waiting man : (n) خاص خدمت گار ۔

Waiting move : (n) شطرنج کی ایک چال ۔

Waiting period : (n) معذوری کے بعد بیمے کی وہ مدت جس میں بیمہ شدہ شخص کو کوئی منافع نہیں ملتا ہے ۔

Waiting room : (n) انتظار کا کمرہ؛ ویٹنگ روم (خصوصاً ریل کے اسٹیشن کا) ۔

Waiting table : (n) بغلی میز (جس پر کھانا پیش کیا جاتا ہے) ۔

Waiting woman : (n) ذاتی نوکرانی؛ خاص خادمہ ۔

Waitress : (n) ویٹرس؛ خادمہ یا ملازمہ جو کھانا کھلاتی ہے ۔

Waive : (v) [AFr. 'weyver'.] (۱) (تاریخ، قانون) (عورت کو) قانون کی حمایت سے محروم کرنا؛ زائدہ قانون قرار دینا ۔ (۲) (تاریخ ، قانون) چھوڑ دینا (مال مسروقہ) ۔ (۳) (قانون) چھوڑ دینا؛ دست کش ہو جانا؛ ترک کردینا؛ تج دینا (حق، دعویٰ وغیرہ) ۔ (٤) دست بردار ہوجانا؛ احتراز کرنا ؛ پرہیز کرنا ۔ (٥) ٹال جانا ؛ بچ نکلنا؛ گریز کرنا ۔ (٦) (کسی قانون ، قاعدہ وغیرہ کے) نفاذ کو روکنا؛ استثنا کرنا ۔ (۷) باز رہنا ۔ (۸) ہاتھ کے اشارے سے روکنا ، الگ کرنا یا چھوڑ دینا ۔ (۹) ملتوی کرنا ۔

Waiver : (n) (قانون) حقوق سے دست برداری ؛ باز نامہ ۔

Waiver Clause : (n) مشترک کمپنی کے کیفیت نامہ کی ایک شق جس کے ذریعہ شرکاء کمپنی ایکٹ کی قانونی دفعات سے باہر آپس میں معاہدہ کر سکتے ہیں جس کے تحت کیفیت نامے میں انجمن سرمایہ مشترک بنانے والوں کے درمیان معاہدے کے متعلق بعض شقوں کو شامل کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں ۔

Waiver premium : (n) بیمہ پالیسی کی ایک شق جس کے تحت مخصوص حالت میں پریمیم دیئے بغیر پالیسی جاری رہتی ہے ۔

Waiwai/Woyawai/Woyaway : (n) برازیل، برٹش گیانا اور سرینام (Surinam) کے سرحدی علاقوں کے باشندے یا ان کی زبان ۔

Wajang: (n) انڈونیشیا اور خصوصاً جاوا کا ایک ڈرامہ جس میں مذہبی واقعات پیش کئے جاتے ہیں ۔

Waka : (n) [Maori.] ڈونگا؛ چھوٹی کشتی؛ ماوری کی سمندر میں چلنے والی کشتی ۔

Wakan/Wakanda/Wakon/Wakonda : (n) [Siouan] ایک فوق فطرت قوت جو (شمالی امریکا کے دیسی باشندوں کی نسل) سو (Sious) کے عقیدے کے

مطابق ہر بے جان اور جاندار چیز میں کسی نہ کسی قدر موجود رہتی ہے ۔

Wakari : (n) [Native name.] جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Wake : (n) [OE. 'Wacu'.] (۱) بے خوابی؛ بیداری ۔ (۲) (آئرستان) شب بیداری (جو لاش کے پاس بیٹھ کر کی جاتی ہے)؛ غریب آئرستانی کا مُردے کے پاس بیٹھ کر خوشی منانا ۔ (۳) گرجے کی سال گرہ؛ کسی گرجے کے وقف کئے جانے کی سالانہ یادگار جو رات بھر جاگ کر مناتے ہیں ؛ رتجگا؛ رت جگے کا میلہ ۔

Wake : (n) [MLG.] (۱) پانی کی ایک ہموار لکیر جو جہاز کے چلنے کی حالت میں اس کے پیچھے بن جاتی ہے۔ (۲) (مجازاً) اس سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۳) جہاز کا راستہ ۔

In the wake of : (۱) پیچھے پیچھے ۔ (۲) تقلید میں : نتیجے کے طور پر ۔

To fetch (get, get into, have) the wake of : (تعاقب کئے جانے والے جہاز کے) بہت قریب آجانا ۔

Wake : (a) دیکھو Awake

Wake : (v) [OE. 'wacan'.] (۱) جاگنا؛ بیدار ہونا ۔ (۲) جگانا؛ بیدار کرنا ۔ (۳) (مجازاً) غفلت وغیرہ سے بیدار کرنا یا ہونا؛ چونکنا یا چونکانا؛ ہوشیار کرنا یا ہونا ۔ (٤) (قدیم) جاگتا ہونا ۔ (٥) زندہ ہونا؛ جی اٹھنا؛ زندہ کرنا؛ جلانا ۔ (٦) (آئرستان) مردے کے پاس بیٹھ کر جاگنا؛ رات کو مردے کے پاس بیٹھ کر رونا پیٹنا یا خوشی منانا جس کا رواج آئرستان کے غریبوں میں ہے) ۔ (۷) ہلچل مچا دینا؛ گونج جانا (شوروغل سے) ۔ (۸) رات کی پہرہ داری کرنا ۔ (۹) رات میں جاگ کر عبادت کرنا ۔ (۱۰) (قدیم) (سوئے ہوئے افراد کی) پہرہ داری کرنا ۔ (۱۱) خبردار ہو جانا؛ آگاہ ہو جانا ۔ (١٤) اکسانا؛ ابھارنا؛ حرکت پیدا کرنا؛ مشتعل کرنا ۔

To keep waking : سونے نہ دینا؛ چوکس رکھنا ۔

To wake snakes : (عام) گڑبڑ پیدا کرنا؛ مصیبت کھڑی کرنا ۔

Wake gain : (n) جہاز کے دھکیلو کے دباؤ میں اضافہ جو پن لیکھ کی پیش حرکت سے ہوتا ہے ۔

Wake-robin : (n) [Origin unkn.] جنگلی سوسن؛ ارم؛ ایک جنگلی پودا ۔

Wake-up : (n) دیکھو Flicker

Wake-up : (n) (آسٹریلیا) ہوشیار شخص؛ وہ شخص جو بیوقوف نہ بن سکے ۔

Wakeel : (n) دیکھو Vakeel

Wakeful : (a) (۱) جاگتا ہوا؛ بیدار؛ بے خواب ۔ (۲) (مجازاً) چوکس؛ ہوشیار ۔ (۳) بے چین؛ بے خواب؛ جو سو نہ سکے ۔ (٤) بے خوابی میں گزرنے والی (بات) ۔ (٥) جاگتا (خواب) ۔

Wakefully : (adv.) (۱) جاگتے ہوئے؛ بےخوابی کی حالت میں ۔ (۲) چوکسی سے؛ ہوشیاری سے ۔

Wakefulness : (n) (۱) بے خوابی ۔ (۲) چوکسی : ہوشیاری ۔

Wakeless : (a) گہری غفلت کی (نیند) ۔

Wakeman : (n) (قدیم) پہرہ دار؛ چوکیدار ؛ محافظ ۔

Waken : (v) [ON. 'vakna'.] (۱) جاگنا؛ جگنا؛ بیدار ہونا ۔ (۲) غفلت وغیرہ سے بیدار ہونا؛ بیدار کرنا؛ چونکنا؛ چونکانا ۔ (۳) مشتعل کرنا؛ اکسانا؛ ابھارنا ۔ (٤) (اسکاتستانی قانون) (قانونی کاروائی کو) ایک سال ایک دن کے بعد پھر سے بحال کرنا ۔

Wakened : (a) جاگا ہوا؛ بیدار ۔

Wakener : (n) جگانے والا؛ بیدار کرنے والا شخص ۔

Wakening : (a) جگانے والا؛ بیدار کرنےوالا؛ چوکنّا کرنےوالا ۔

Wakening : (n) بیداری؛ جاگ؛ چوکسی ۔

Waker : (n) (۱) دیکھو Wakener ۔ (۲) جسے جگایا جائے ۔

Wakerife : (a) [f. Wake + rife.] بیدار؛ چوکس ؛ چوکنا؛ ہوشیار ۔

Wakhi : (n) ہندوکش کےشمالی نشیب کے رہنےوالےباشندے ۔

Waking : (a) (۱) بیدار؛ ہوشیار؛ چوکس ۔ (۲) جاگنے والے سے متعلق ۔

Waking : (n) بیداری؛ چوکسی؛ ہوشیاری ۔

Waking dream : (n) (۱) محویت کا عالم ۔(۲) شیخ چلی کا سا منصوبہ؛ خیالی پلاؤ ۔

Waking hour : (n) بیداری کے اوقات ۔

Wakon : (n) [Dakota 'wakan'.] دیکھو Manitou

Walach/Wallach : دیکھو Valch

Walachian/Wallachian : (n) [f. Walachia, one of the two principalities which united to form the kingdom of Rumania.] (۱) ویلیکیا ؛ ویلیکیا کا باشندہ ۔ (۲) ویلیکیا کی بھیڑ ۔ (۳) ویلیکیا کی زبان؛ ویلاکی زبان ۔

Walachian/Wallachian : (a) ویلیکیا کا یا اس سے متعلق؛ ویلاکی ۔

Walcheren : (n) [f. The name of a Dutch island at the month of the Scheldt.] ایک ولندیزی جزیرہ ۔

Walchia : (n) [mod. L.] متحجر صنوبری درختوں کی ایک جنس ۔

Waldenses : (n) [med. L.] والڈومی؛ عیسائیوں کے ایک غیر مقلد فرقے کا نام (ابتدا ۱۱۷۰ء بانی پیٹر والڈو ۔ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں اس فرقے پر شدید مظالم کئے گئے تھے ۔ بیڈ مانٹ، ڈامن اور پراونس کی وادیوں میں اس کے افراد اب تک موجود ہیں ۔

Waldensian : (a) والڈومی فرقے کا ۔

Waldeyer's plasma cell : (n) [after Heinrich W. G.von waldeyer Hartz a German anatomist.] موٹا دانے دار موصل نسیجی خلیہ جو شریانوں کے گرد پایا جاتا ہے ۔

Waldeyer 's vascular payer : (n) (تشریح) بیضہ دان کی عروقی پرت ۔

Waldflote : (n) [G.] ایک قسم کا ساز ۔

Waldflute : (n) [G.] دیکھو Waldflote

Waldheimia : (n) [mod. L.] بازو پایہ (جانوروں کی) ایک جنس ۔

Waldhorn : (n) [MHG. 'walthron'.] ایک قسم کا باجا ۔

Waldmeister : (n) [G.] ایک قسم کی یورپی خوشبودار بوٹی ۔

Waldorf salad : (n) [f. Waldorf-Astoria Hotel, New York.] ایک قسم کا سلاد جو سیب کی قاش، اجمود اور جوز وغیرہ سے بنتا ہے ۔

Waldsteinia : (n) [fr.] (۱) سدا بہار جزی بوٹیوں کی ایک جنس ۔(۲) آسٹریلیا کے ماہرِ نباتات کا نام ۔

Wale : (n) [Late OE. 'Walu'.] (۱) بدھی؛ برت : ابھرا نشان جو چھڑی یا کوڑے کی چوٹ سے گوشت پر پڑ جاتا ہے؛ لاس ۔ (۲) (پارچہ بافی) دھاری ۔ (۳) (بحری) جہاز کا بالائی کنارہ ۔(٤) کھم بند ۔ (٥) (ٹوکری سازی) ٹوکری کے گرد کی افقی پٹی ۔

Wale : (n) [ON. 'val'.] (۱) پسند؛ انتخاب ۔(۲) منتخب چیز؛ پسند کی ہوئی چیز؛ پسندیدہ شخص ۔

Wale : (v) (۱) چننا؛ انتخاب کرنا؛ چھانٹنا ۔(۲) پسند کرنا؛ چھانٹ لینا ۔ (۳) (کوئلے کی کان) کوئلے کو ہاتھ سے صاف کرنا ۔

Wale : (v) (۱) بدّھیاں ڈال دینا ۔ (۲) کھم بند لگانا ۔ (۳) (فوج) ٹٹی یا تیلیوں کی ٹوکری بنانا ۔ (٤) ٹوکری میں افقی پٹیاں لگانا ۔

Wale knot : (n) گرہ جو رسی کے سرے پر دی جاتی ہے تاکہ رسی کے جوڑ یا بل نہ کھلیں ۔

Wale-piece : (n) ایک افقی بلّی یا لکڑی جو ڈھانچے میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ مستحکم رہے ؛ کھم بند ۔

Waled : (a) دھاری دار ۔

Walee : (n) ولی ۔

Waler : (n) [f. Wales (for New South Wales.)] آسٹریلیا سے برآمد کیا ہوا گھوڑا (خصوصاً نیوساؤتھ ویلز سے) ۔

Waler/Whaler : (n) کھم بند ۔

Wales : (n) ویلز؛ برطانیہ عظمیٰ کے ایک صوبے کا نام ہے جہاں ویلز قوم آباد ہے ۔

Prince of Wales : شہزادہ ویلز؛ ولی عہد برطانیہ کا خطاب ۔

Wales : (a) ویلز کا؛ ویلز سے متعلق ۔

Walhalla : دیکھو Valhalla

Wali : (n) [Arab. 'al-wali'.] دیکھو Vali

Wali : (n) [Arab. 'waliy'] ولی

Walie : (n) (۱) عمدہ؛ شاندار؛ مضبوط ۔ (۲) دیکھو Wally ۔

Waling : (n) کھم بند ۔

Walise : دیکھو Valise

Walk : (n) (۱) چال؛ چلنے کا انداز ۔ (۲) چہل قدمی؛ پیدل سیر ۔ (۳) ٹہلنے کی جگہ؛ روش؛ پٹری؛ خیابان ۔ (٤) رستہ؛ پگڈنڈی؛ خونچے والے کی گشت کا راستہ ۔ (٥) جلوس؛ رسمی یا تقریبی گشت ۔ (٦) گھوڑے کی سب سے آہستہ چال ؛ قدم ۔ (۷) چہل قدمی کی دوڑ ۔ (۸) (مجازاً) طور طریقہ؛ چلن؛ راہ و روش ۔ (۹) (کلیسا) غلام گردش؛ محراب دار چھتا ۔ (۱۰) زمین کا لمبا سا ٹکڑا جس پر کھڑے ہو کر رسی بٹتے ہیں ۔ (۱۱) جنگل کا وہ راستہ جس پر انتظامی افسران معائنہ کے لئے جاتے ہیں (جو عموماً مدور ہوتا ھے) ۔ (۱۲) جنگل کا وہ حصہ جو افسر جنگلات کی نگرانی میں ہو۔ (۱۳) (جزائر غرب الہند) مزرعہ؛ شجر زار ۔ (١٤) وہ جگہ جہاں پرند دوڑ سکتے ہیں ۔ (١٥) لڑنے والے مرغ کے رکھنے کی جگہ ۔ (١٦) وہ گھر یا فارم وغیرہ جہاں کتے کو ماحول سے مانوس ہونے کے لئے ر کھتے ہیں ۔ (١٧) مقررہ گشت (گشتی افسر، تاجر وغیرہ کا) ۔ (١٨) چہل قدمی کرنے والے راستے کی لمبائی ۔ (١٩) چہل قدمی کا راستہ ۔ (٢٠) شعبہ : صیغہ ۔ (٢١) مرتبہ ؛ درجہ ؛ طبقہ؛ رتبہ ۔ (٢٢) دیکھو Walk-out یا Departure ۔ (٢٣) آگے کا راستہ یا سفر ۔ (٢٤) (کسی اوزار کا) ارتعاش وغیرہ کی وجہ سے مقررہ مقام سے کھسک جانا ۔ (٢٥) ربط؛ راہ ورسم ۔ (٢٦) باغ یا کھیل کود کے میدان کا چوڑا راستہ ۔ (٢٧) پیدل پٹری ۔ (٢٨) سیرگاہ؛ ٹھنڈی سڑک (شہر یا شہر کے نزدیک کی) ۔ (٢٩) مدور راستہ جس پر چکی چلانے والے گھوڑے چلتے ہیں ۔

At walk : (مختلف ماحول سے، مانوس ہونے کےلئے) کاٹج یا فارم میں رکھا ہوا (کتا)۔

Cock of the walk : وہ شخص جس کی برتری اپنے حلقے میں مسلمہ ہو ۔

In a walk : آسانی سے؛ بغیر محنت یامقابلے کے ۔

To take a walk : چہل قدمی کرنا؛ سیر کرنا ۔

To put or send to walk : مختلف قسم کے ماحول سے مانوس ہونے کے لئے کتے کو کاٹج یافارم وغیرہ پر بھیجنا ۔

Walk : (v) [OE. 'wealcan'.] (۱) چلنا ۔ (۲) پیدل چلنا (دوڑنے کے مقابلے میں) ۔ (۳) معمولی چال سے چلنا؛ ٹہلتے ہوئے چلنا ۔ (٤) (گھوڑے کا) قدم چلنا؛ سب سے آہستہ چال سے چلنا ۔ (٥) چل کر جانا یا آنا ۔ (٦) (بھوت کا) دکھائی دینا؛ نظر آنا؛ (مردے کا) بھوت بن جانا۔ (۷) (کسی چیز پر) چلنا؛ (مجازاً) زندگی بسر کرنا (کسی خاص طریقے سے)؛ (کوئی خاص طرز عمل) اختیار کرنا ۔ (۸) ساتھ لے کر چلنا؛ چلانا؛ پیدل چلانا؛ قدم چلانا (گھوڑے کا) ۔ (۹) پیدل چلنے میں مقابلہ کرنا ۔ (۱۰) (کتے کے پلے کو) سدھارنا ۔ (۱۱) چہل قدمی کرنا؛ سیر کرنا ۔ (۱۲) (جبراً) چلا جانا؛ (عام) مرنا ۔ (۱۳) دورہ کرنا؛ دورے پر نکلنا؛ جلوس میں جانا ۔ (١٤) (آکسفورڈ یونیورسٹی میں پراکٹر کا) رات میں دورے پر نکلنا؛ (پراکٹر کا) جلسہء تقسیم اسناد میں ڈگریاں دینا ۔ (١٥) دیکھو Walk-into۔ (١٦) (شکار میں) پرندوں کو اڑانا (شکاری کتے کے ذریعے) ۔ (١٧) کتے کے بچے کو سدھارنے کے لئے لینا ۔ (١٨) لڑنے والے مرغ کو اس کی مخصوص جگہ پر رکھنا ۔ (١٩) (Cribbage کھیل میں) اپنے کھونٹے آگے بڑھانا یا مخاطب کی کھونٹی کو پیچھے کر دینا ۔ (دھوکا دینے کے لئے) ۔ (٢٠) (شادی سے قبل) محبت اور راز و نیاز کی باتیں کرنے کے لئے چہل قدمی کرنا ۔ (٢١) نیند میں چلنا ۔ (٢٢) آہستہ خرامی سے چلنا یا ترقی کرنا ۔ (٢٣) آہستہ چلنا (کسی چیز کو لے کر) ۔ (٢٤) (off کے ساتھ) یکایک چلا جانا؛ بھاگ جانا؛ ایک دم سے چل دینا ۔ (٢٥) متقی ہونا؛ پرہیزگار ہونا؛ (خدا کا) مقرب ہونا ۔ (٢٦) چلنے کے انداز میں رقص کرنا ۔

To walk off with : (۱) لے بھاگنا؛ چرا لے جانا؛ اڑا لے جانا ۔ (۲) برتری حاصل کر لینا ۔ (۳) آسانی سے جیت لینا ۔

To walk in one's sleep : نیند میں چلنا ۔

To walk on crutches : بیساکھی کے سہارے چلنا ۔

To walk one's chalk : اچانک چلا جانا؛ یک بیک چل دینا ۔

To walk with (a stick) : چھڑی لے کر ٹہلنا ۔

To walk with God : متقی ہونا؛ خدا کا مقرب ہونا۔

Walk : (v) [(M) LG. (M) Du. 'walken'.] (کپڑے کو) صاف اور دبیز بنانا ۔

Walk-about : (v) ٹہلنا؛ سٹرگشت کرنا ۔

Walk-about : (n) (۱) پا پیادہ تفریحی سفر ۔ (۲) آسٹریلوی آدی باسیوں کی مختصرخانہ بدوش زندگی ۔ (۳) کسی مقبول شخص کی غیر رسمی چہل قدمی ۔

Walk-about disease : (n) گھوڑوں کے جگر کی ایک بیماری ۔

Walk-around : (n) (۱) ایک قسم کی چکی جسے بیلوں کے ذریعہ چلایا جاتا ہے ۔ (۲) (حبشیوں کا ایک رقص جس میں بڑا گھیر بنا کر ناچتے ہیں؛ اس رقص کی موسیقی ۔ (۳) سرکس کا ایک کھیل جس میں مسخرے دائرے میں چل کر کرتب دکھاتے پھرتے ہیں ۔

Walk-around/-bottle/-oxygen bottle/-oxygen unit : (n) آکسیجن کا ہلکا بیلن جو ہوا باز اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Walk away : (n) (۱) وہ دوڑ جس میں جیتنے والا دوسرے حریفوں کو پیچھے چھوڑ کر آخرمیں آہستہ دوڑتا ہے ۔ (۲) آہستہ سے جیتا ہوا مقابلہ ۔ (۳) آسانی سے کیا ہوا کام ۔ (٤) پاپیادہ مفرور قیدی ۔

Walk away from : (v) (۱) آسانی سے شکست دینا ۔ (۲) (کسی حادثے سے) معمولی چوٹ کے ساتھ یا صاف بچ جانا ۔ (۳) آگے بڑھ جانا (ساتھ چلنے والے سے) ۔

Walk away with : (v) (۱) آسانی سےشکست دینا ۔ (۲) آسانی سے (دوسرے پر) غالب آجانا ۔

Walk back : (v) جرِّ ثقیل، بادبان وغیرہ کے رسّے کو ڈھیلا کرنا ۔

Walk-clerk : (n) بینک کا وہ کلرک جس کا کام مخصوص علاقے میں بِل کو جمع کرنا ہوتا ہے ۔

Walk down : (v) (۱) چل کر زہر کے اثر کو زائل کرنا ۔ (۲) چل کر تھک جانا؛ (کسی سے) زیادہ دورتک

To walk one's round : دورہ کرنا؛ گشت کرنا ۔

To walk on foot : پیدل چلنا ۔

To walk out (with) : (کسی سے) عاشقانہ تعلقات رکھنا (خصوصاً شادی کرنے کے لئے) ۔

To walk over the course : (۱) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کا قدم چل کر جیتنا (جبکہ مقابلے میں کوئی دوسرا گھوڑا نہ ہو) ۔ (۲) (مجازاً) بڑی آسانی سے فتح پانا (حریف پر) ۔

To walk round : آسانی سے شکست دے دینا ۔

To walk Spanish : (۱) کالر یا پینٹ کے سرین والے حصے کو پکڑ کر اٹھایا جانا تاکہ پنجوں کے بل چلے ۔ (۲) برخاست ہو کر چلا جانا ۔

To walk the chalk : (عام) (کسی شخص کا یہ ثابت کرنے کے لئے کہ وہ نشے میں نہیں ہے پولس کے سپاہی کے سامنے) کھینچی ہوئی لکیروں کے بیچ میں اس طرح چلنا کہ قدم نہ بہکے ۔

To walk the deck/-quarter-deck : (بحری) (افسروں کا) عرشے پر جانا ۔

To walk the floor : (تکلیف یا پریشانی کی وجہ سے) کمرے میں ٹہلنا ۔

To walk the hospital(s) /-ward : علم طب یا ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنا ۔

To walk the plank : (۱) جہاز کے کنارے کے تختے پر آنکھوں پر پٹی باندھ کر چلنا (بحری ڈاکو اپنے اسیر کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر انہیں اس تختے پر چلنے کے لئے مجبور کرتے جو سمندر میں لگا ہوتا ہے یہ ان کا انداز قتل ہے) ۔ (۲) (مجازاً) کسی عہدے یا رتبے کو جبراً چھوڑنا ۔

To walk the street : کسبی کا پیشہ کرنا؛ کسبی ہونا ۔

To walk through (a dance) : چلنے کے انداز میں رقص کرنا ۔

To walk together : (کسی سے) عاشقانہ تعلقات رکھنا (شادی کرنے کی غرض سے) ۔

To walk upon air : اترانا؛ خوشی سے پھولے نہ سمانا ۔

چلنا ۔ (۳) (جنگلی گھوڑوں کو) دوڑا کر اور تھکا کر پکڑ نا ۔

Walk-in : (a) (۱) بہت بڑا (جس میں چلا جا سکتا ھے) (مثلاً ریفری جیریٹر وغیرہ میں) ۔ (۲) جس میں پیش کمرہ کے بغیر سیدھا جایا جا سکے ۔ (۳) چلتا پھرتا ۔

Walk-in : (n) بہت بڑا خنك ساز یا سرد آبہ ۔

Walk into : (v) (۱) زبردست حملہ کرنا ۔ (۲) بری طرح خبر لینا؛ گالیاں دینا ۔ (۳) پیٹ بھر کر کھانا (کوئی چیز) ۔ (٤) خوب مرمّت کرنا؛ ٹھوکنا ۔ (٥) جلد ختم کر دینا (کسی چیز کا) ۔

Walk-in-walk-out : (a) منقولہ وغیر منقولہ (جائداد کی فروخت) ۔

Walk-mill : (n) مل یا چکی جسے گھوڑے (آہستہ آہستہ چل کر) چلاتے ہیں ۔

Walk-mill : (n) (کپڑے کو) صاف کرنے اور دبیزبنانےکی مِل ۔

Walk off : (v) (پیدل چل کر) چھٹکارا پانا ۔

Walk of life : (n) شعبۂ زندگی؛ پیشہ؛ شغل ۔

Walk on : (v) (تھیٹر) نمائشی ایکٹر کا پارٹ ادا کرنا ۔

Walk-on : (n) (۱) نمائشی ایکٹر کا پارٹ؛ خاموش کردار ۔ (۲) نمائشی ایکٹر ۔

Walk out : (v) (۱) ہڑتال کرنا ۔ (۲) لمبے قدموں سے چلنا ۔ (۳) ناراضگی کے اظہار کے طور پر باہر چلا جانا؛ اچانك اور غصہ ہو کر چلا جانا ۔

Walk out : (n) (۱) مزدوروں کی ہڑتال ۔ (۲) ناراضگی کا اظہار کرنے کے لئے جلسے، کانفرنس وغیرہ سے چلاجانا ۔ (۳) متوقع خریدار جو دکان سے کچھ لئے بغیر چلا جائے یا اس کا چلا جانا۔ (٤) (کسی مجلس سے) مسلسل غیرحاضری (ناراضگی کے اظہار کے طور پر) ۔

Walk out on : (v) (۱) یکایك چھوڑ دینا ؛ نامکمل چھوڑ دینا ۔ (۲) وقت پر ساتھ چھوڑ دینا ۔

Walk over : (v) (گھڑ دوڑ میں) مقابلے میں دوسرے حریف کےموجود نہ ہونے کی وجہ سے مقررہ فاصلہ اطمینان سے قدم چلا کر گھوڑے سےطے کرنا ۔

Walk-over : (n) (۱) وہ گھڑ دوڑ جس میں صرف ایك گھوڑا ہو ۔ (۲) دوسرے حریف کی موجودگی میں مقررہ فاصلہ اطمینان سے ٹہلتے ہوئے طے کرنا۔ (۳) یك طرفہ مقابلہ؛ آسان فتح؛ آسانی سے حاصل کی ہوئی چیز؛ آسان کام ۔ (٤) ایك قسم کی پیراکی کا کرتب ۔

Walk over/Walk all over : (n) خواہش یا جذبے کا احترام نہ کرنا؛ برا سلوك کرنا ۔

Walk-round : (n) دیکھو Walk-around

Walk through : (v) (۱) ڈرامے، منظر، یا پارٹ کی رسمی ریہرسل (تماشے کی مشق) ۔ (۲) ٹیلی ویژن پر کیمرے کے بغیر ریہرسل ۔ (۳) پیدل چلنے والوں کے لئے زمین دوز راستہ ۔

Walk-trot : (a) قدم، پویہ اور دلکی چلنے والا (گھوڑا) ۔

Walk up : (v) (۱) (شکار) (پرندوں یا دودھ پلانے والے جانوروں کو) اڑانا ۔ (۲) (اسٹیج کے) چوکھٹے میں لگےپردۂ منظر کو کھڑا کرنا ۔ (۳) تیزی سے چلنا ۔

Walk-up : (a) (۱) اس عمارت کی بالائی منزل پر واقع جس میں مرفاع (Lift) نہ ہو ۔ (۲) باہر کا ۔

Walk-up : (n) (۱) بغیرمرفاع (لفٹ) کی کئی منزلہ عمارت ۔ (۲) بے مرفاع کی عمارت کی بالائی منزل کا کمرہ یا جائے تجارت ۔ (۳) جانوروں کو پھندے میں پھانسنے کا ایك طریقہ جس میں پھندے نزدیك نزدیك رکھے جاتے ہیں ۔

Walk way : (n) (۱) چہل قدمی کا راستہ؛ روش؛ پٹری ؛ خیابان ۔ (۲) (باغ وغیرہ میں) پیدل چلنے کا راستہ ۔ (۳) فیکٹری، ہوٹل وغیرہ کا وہ راستہ جس سےمزدور کام کے دوران آتے جاتے ہیں ۔ (٤) وہ راستہ جو مکان کی دہلیز کو پیدل پٹری سے ملاتا ھے ۔

Walkable : (a) (۱) پیدل چلنے کے قابل ۔ (۲) جہاں تك پیدل جایا جاسکے ۔

Walked : (a) (۱) پیٹ کر دبیز بنایا ہوا (کپڑا) ۔ (۲) بھرا ہوا؛ نمدہ دیا ہوا ۔

Walker : (n) (۱) چلنے والا؛ پیدل چلنے والا ۔ (۲) (شکار میں) تیتر کو آڑانے والا ۔ (۳) چلنے والے پتنگے یا پرندے ؛ پتنگا جس کی شکل چھڑی سے مشابہ

ھوتی ھے ۔ (٤) چھل قدمی کی دوڑ میں شرکت کرنے والا ۔ (٥) چلتا پھرتا مریض ۔ (٦) پہیے دار چوکھٹا جس کے ذریعے سے چلنا سیکھتے ہیں ۔ (٧) معذور آدمی کا وہ آلہ جس کے ذریعے وہ چلنےکی مشق کرتا ھے ۔ (٨) چھل قدمی کا جوتا ۔

Walker : (n) [OE. 'wealcere'.] (کپڑے کو) صاف کرنے یا موٹا بنانے والا ۔

Walker/Walker hound : (n) ایک قسم کا کتا ۔

Walker-on : (n) وہ ایکٹر جو اسٹیج پر چلتا ھے ، بولتا نہیں ۔

Walkerite : (n) انتہا پسند کالوینی فرقے کا رکن (جسے جان واکر نے آئرستان میں قائم کیا تھا) ۔

Walkerite : (n) [Named by Heddle, after Prof. Walker.] (معدنیات) دیکھو Pectolite ۔

Walkie : (n) اسباب ڈھونے والی گاڑی جس کو ڈھکیل کر چلایا جاتا ھے ۔

Walkie-lookie : (n) دستی ٹیلیویژن کیمرہ ۔

Walkie-talkie/Walk-talky : (n) بیٹری سے چلنے والا، ریڈیو سٹ جس سے آواز سنی اور بھیجی جا سکتی ھے ۔

Walking : (n) (١) چھل قدمی؛ پیدل سیر کرنا؛ چلنا ۔ (٢) چال؛ چلنےکا انداز ۔ (٣) طریقہ؛ طرزعمل ۔ (٤) خواب خرامی ۔ (٥) پاپیادہ سفر ؛ پیدل سفر کی دوری ۔ (٦) (رستے یا سڑک کا) پیدل چلنے کے قابل ھونا ۔

Walking : (a) (١) سفری ۔ (٢) ادھرادھر پھرنےوالا ۔ (٣) پیدل چلنے والا ۔ (٤) انسان کی طرح چلنے والا ۔ (٥) نظر آنے والا (بھوت)؛ دکھائی پڑنے والا؛ (٦) پیروں سے چلنے والا (پرندہ) (جو نہ اڑ سکے نہ تیر سکے) ۔ (٧) جسے پاپیادہ شخص چلائے یا لے جائے ۔ (٨) چلتا پھرتا (مریض) ۔ (٩) بہت زیادہ چلنے والا ۔ (١٠) جہاں پیدل چلا جا سکے ۔

Walking boss : (n) دیکھو Foreman

Walking cast : (n) (جراحی) وہ پلاسٹر جس میں ایڑی لگی رہتی ھے اور اس کے لگانے کے بعد مریض چل پھر سکتا ھے ۔

Walking chair : (n) کرسی جس پر بچوں کو چلنا سکھاتے ہیں ۔

Walking corpse : (n) چلتا پھرتا مردہ (نیز مجازاً) ۔

Walking-day : (n) وہ دن جس میں بچے جلوس کی شکل میں نکلتے ہیں ۔

Walking delegate : (n) مزدوروں کی انجمن کا عہدہ دار جو دوڑ دھوپ کرتا ھے؛ سفیر ۔

Walking dictionary : (n) مجسم لغت؛ زندہ لغت؛ وسیع معلومات رکھنے والا ۔

Walking disease : (n) دیکھو Walk-about disease

Walking-dress : (n) سیر کے کپڑے ۔

Walking encyclopaedia : (n) مجسم قاموس؛ وسیع معلومات رکھنے والا ۔

Walking fern : (n) شمالی امریکا کا فرن جس کے ورق جھک کر زمین میں جڑ پکڑ لیتے ہیں ۔

Walking fish : (n) ان مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو آکسیجن کو محفوظ رکھتی ہیں اور اس کی وجہ سے پانی سے باہر آکر بھی کئی دنوں تک زندہ رہتی ہیں ۔

Walking foot : (n) مفصل پا کا ایک زائدہ جس کے سہارے وہ وہ چلتا ھے ۔

Walking gentleman : (n) نمائشی ایکٹر جسے وہ پارٹ دیئے جاتے ہیں جن میں ظاہری وجاہت کی ضرورت ھو، فن کی قابلیت درکار نہ ھو ۔

Walking heel : (n) (١) ایک قسم کی چوڑی اور نیچی ایڑی جو عورتوں کے جوتے میں لگتی ھے۔ (٢) وہ ایڑی جو پیر میں لگے پلاسٹر کے ساتھ لگائی جاتی ھے ۔

Walking lady : (n) نمائشی ایکٹریس جسےوہ پارٹ دیئے جاتے ہیں جن میں ظاہری وجاہت کی ضرورت ھو، فن کی قابلیت درکار نہ ھو ۔

Walking leaf : (n) (١) دیکھو Walking fern ۔ (٢) برگ نماحشرہ؛ کیڑا جس کی شکل پتی کی طرح ھوتی ھے ۔

Walking leg : (n) مفصل پا کا ایک زائدہ جس کے سہارے وہ چلتا ھے ۔

Walking library : (n) چلتا پھرتا کتب خانہ ؛ بہت وسیع معلومات رکھنے والا ۔

Walking line : (n) زمینوں کی چوڑائی کی خیالی لکیر ۔

Walking-on part : (n) (تھیٹر) وہ پارٹ جس میں صرف ظاہری وجاہت کی ضرورت ہو فن کی قابلیت درکار نہ ہو ۔

Walking order : (n) برخاستگی؛ موقوفی ۔

Walking-out : (a) نیم فوجی (لباس) ۔

Walking papers : (n) برخاستگی؛ موقوفی ۔

Walking part : (n) دیکھو Walk-on

Walking rapier : (n) ایک قسم کا نیمچہ جسے شرفاء لباس کے ساتھ لگاتے تھے ۔

Walking staff : (n) چھڑی (جو سیر کے وقت استعمال ہوتی ہے) ۔

Walking step : (n) رقص کا ایک قدم ۔

Walking-stick : (n) (۱) چھڑی، لکڑی (جو سیر کے وقت استعمال ہو) ۔ (۲) کیڑا جس کی شکل چھڑی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Walking-stick palm : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی نخل ۔

Walking-straw : (n) کیڑا جس کی شکل چھڑی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Walking sword : (n) تلوار جو شرفاء اپنے لباس کے ساتھ لگا تے تھے ۔

Walking ticket : (n) دیکھو Walking-papers

Walking tour : (n) پاپیادہ تفریحی سفر۔

Walking tyrant : (n) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا مگس گیر ۔

Walkist : (n) چہل قدمی کی دوڑ میں حصہ لینے والا ۔

Walksman : (n) وہ افسر جس کا کام دریا یا نہر کے بعض حصے کی نگرانی ہوتی ہے ۔

Walkyrie : (n) [OE. 'waelcyrige'.] دیکھو Valkyrie

Walky-talky : (n) دیکھو Walkie-talkie

Wall : (n) [OE.] (۱) دیوار؛ فصیل ۔ (۲) دیوار نما چیز : غیر منقطع سلسلہ ؛ دیوار سی شے ۔ (۳) (نباتیات، حیوانیات) جدار یا ڈھانچا جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو ۔ (٤) (گلی میں) دیوار کی طرف کا حصہ ۔ (٥) سڑک کا پہلو (وسط کے مقابلے میں) ۔ (٦) (جمع) قلعہ بندی ۔ (۷) (نقابت) مورچہ بند دیوار (بطور مارکہ): مورچہ بندی ۔ (۸) (مجازاً) دیوار : دفاع ۔ (۹) بند؛ باندھ ۔ (۱۰) کمرے کی اندرونی دیوار : دیوار کی سطح ۔ (۱۱) (کان کنی) رگ معدن کا طبقہ بریں ۔ (۱۲) (کندہ کاری) پلیٹ کے گرد کا مومی حاشیہ ۔ (۱۳) نازک حالت؛ خطرناک حالت ۔

Blank wall : خالی دیوار جس میں کوئی دروازہ یا کھڑکی نہ ہو؛ جس پر نقش و نگار نہ ہو ۔

Cell wall : جدار خلیہ ۔

Hollow wall : کھوکھلی دیوار ۔

The weakest goes (must go) to the wall : کمزور ہٹاکر ایک طرف کر دیا جاتا ہے؛ کمزور مقابلے میں ہار جاتا ہے ۔

To be able to see through or into a (brick, mud stone) wall : غیر معمولی دقتِ نظر رکھنا؛ نہایت ہی تیز نظر رکھنا ۔

To drive (push) to the wall : انتہا تک پہنچا دینا ۔

(To drive) up the wall : پاگل کردینا؛ برانگیختہ کردینا ۔

To give a person the wall : (گلی سے گزرنے میں دوسرے کے لئے) دیوار کا حصہ چھوڑ دینا ۔ دوسرے کی آسائش کو ترجیح دینا ۔

To go to the wall : (۱) مغلوب ہو جانا؛ شکست کھا جانا ۔ (۲) (تجارت وغیرہ میں) پیچھے ہو جانا؛ کسی چیز کو اوّلیت دینا ۔ (۳) تجارت میں ناکام ہو جانا ۔

To run one's head against a wall : صریحی طور پر نا مکمل بات کے لئے کوشش کرنا ۔

To send to the wall : ہٹا کر ایک طرف کر دینا ؛ ناقابل توجہ بنا دینا ۔

Wall barley : (n) ایک قسم کی یورپی اکساسا گھاس ۔

Wall bed : (n) وہ پلنگ جو بند کر کے دیوار سے لگا کر کھڑا کیا جا سکےیا لٹکایا جا سکے ۔

Wall-bee : (n) وہ اکیلی شہد کی مکھی جو کیچڑ اور بالو سے جا بجا اپنا گھر بناتی رہتی ہے ۔

Wall-bird : (n) چتی دار مگس گیر (پرندہ) ۔

Wall-board : (n) اندرونی دیوار اور چھت میں لگایا جانے والا تختہ ۔

Wall-box : (n) (۱) خط ڈالنے کی پیٹی جو دیوار سے لگی رہتی ہے ۔ (۲) دیوار میں لگا وہ چوکھٹا جس میں دیوار سے گزارنے والے دُھرے کا بیرنگ رہتا ہے ۔

Wall-brown : (n) برطانوی ایک قسم کی تتلی ۔

Wall-clamp : (n) دیواروں کو یا دیوار کے کسی حصے کو جکڑنے والا شکنجہ ۔

Wall-creeper : (n) چڑیوں کی ایک قسم؛ الدّاب ۔

Wall-cress : (n) پودوں کی قسم جو پتھریلے مقامات پر اُگتی ہے ؛ جرجیر کوہی ۔

Wall-eye/Wall eye : (n) (۱) پیلیا؛ ایک بیماری جس میں آنکھیں پیلی ہو جاتی ہیں ؛ موتیابند ۔ (۲) پیلی آنکھ ؛ چشم مات ۔ (۳) چشم سفید؛ بھینگاپن ۔

Wall-eyed : (a) (۱) پیلی آنکھ والا؛ جس کو پیلیا کی بیماری ہو؛ مات چشم ۔ (۲) بھینگا؛ سفید چشم ۔ (۳) (امریکا) بڑی آنکھوں والی (مچھلیاں) ۔ (٤) غیر یقینی ظاہری صورت یا فطرت والا ۔ (۵) پھٹی پھٹی آنکھوں والا ۔

Wall-eye pollack : (n) ایک قسم کی مچھلی (جو کھائی جاتی ہے) ۔

Wall-fern : (n) ایک قسم کا فرن (Fern) جو نم دیواروں پر اُگتا ہے ۔

Wall-flower : (n) (۱) موسم بہار کا خوشبو دار پودا جس میں عموماً نارنجی یا بادامی پھولوں کے گچھے ہوتے ہیں ۔ (۲) وہ عورت جسے ناچنے کے لئے کوئی ساتھی نہ ملے؛ وہ شخص جسے شرم یا نامقبولیت سے سماجی سرگرمیوں میں الگ الگ رہنا پڑے ۔ (۳) ایک آسٹریلیائی جھاڑی ۔

To take the wall of : اپنے مقابلے میں دوسرے کی آسائش کا خیال نہ کرنا ۔

To turn one's face to the wall : حالت نزع میں ہونا ۔

Walls have ears : دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں ؛ دیوار ہم گوش دارد؛ (یعنی) ممکن ہے کوئی آڑ میں کان لگا کر سنتا ہو ۔

Within the walls : (۱) فصیل کے اندر ۔ (۲) حد کے اندر ۔

Wooden walls : جنگی جہاز ۔

Wall : (n) Wall-knot کا مخفف ۔

Wall : (v) رسی کے سرے پر گرہ باندھنا (تاکہ رسی کھل نہ جائے) ۔

Wall : (v) (قدیم) نمک سازی میں نمکین یا کھارے پانی کو اُبالنا ۔

Wall : (v) (۱) دیوار کھینچنا؛ فصیل بنانا ۔ (۲) تیغا کرنا؛ دریچے وغیرہ کو (اینٹیں چن کر) بند کر دینا ۔ (۳) دیوار کھڑی کرکے محفوظ کردینا؛ بند کرنا یا تقسیم کرنا۔ (٤) دیوار میں چن دینا ۔ (۵) دیوار تعمیر کرنا ۔ (٦) پتھروں کو لگا کر دیوار کھڑی کر دینا ۔ (۷) دیوار پر کوئی چیز لگانا (کاغذ وغیرہ) ۔

To wall in : دیوار سے گھیرنا ۔

To wall off/-out : دیوار کھڑی کر کے روک دینا یا بند کر دینا ۔

Wall : (a) دیوار کا؛ دیوار سے متعلق؛ دیوار سے لگے؛ دیوارپر اگنے یا بڑھنے والا ۔

Wall : (v) (جذبات کے اظہار میں) آنکھوں کو مٹکانا یا گھمانا؛آنکھوں کا ڈرامائی انداز میں گھومنا ۔

Wall anchor : (n) عمارتی لنگر جس کے ذریعے دیوار کو زمین کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا کیا جاتا ہے ۔

Wall and crown : (n) ایک قسم کی گرہ جو رسّے کے سرے پر باندھتے ہیں تاکہ رسی کُھل نہ جائے ۔

Wall arcade : (n) آرائشی رواق جو دیوار کے ساتھ بنایا جاتا ہے ۔

Native wall-flower : (۱) تسمانیہ کا ایک پودا ۔ (۲) آسٹریلیا کی ایک زہریلی جھاڑی ۔

Wall-fruit : (n) ان درختوں کے پھل جو حفاظت یا حرارت کے لئے دیوار سے باندھ دیئے جاتے ہیں ۔

Wall-game : (n) ایک قسم کا فٹ بال کا کھیل ۔

Wall-garden : (n) وہ باغ جس کے پودے دیوار کے پتھروں کے درمیان شگافوں میں لگے رہتے ہیں ۔

Wall-gecko : (n) متعدد قسم کی یورپی چھپکلی ۔

Wall germander : (n) ایک قسم کا نیلے پھول والا پودا ۔

Wall grass : (n) پتھر بیل ۔

Wall green : (n) اوسط سے گہرا سبز رنگ ۔

Wall-hanging : (n) دیوار پر لٹکانے کا کپڑا یا قالی بافت ۔

Wall ink : (n) نیلے پھولوں والا ایک پودا ۔

Wall knot/Wall-knot : (n) گرہ جو رسی کے سرے پر دی جاتی ہے تاکہ رسی کے جوڑ کھلنے نہ پائیں ۔

Wall-less : (a) بے دیوار ۔

Wall-lizard : (n) عام چھپکلی؛ کِرلی ۔

Wall man : (n) وہ شخص جو چھتوں اور دیواروں کو توڑ کر گراتا ہے ۔

Wall-newspaper : (n) ہاتھ سے لکھا ہوا یا ٹائپ کیا ہوا اخبار جس کو عموماً دیواروں پر چسپاں کردیا جاتا ہے ۔

Wall of partition : (n) (مجازاً) حد فاصل : فاصل : خلیج : دو شخصوں یا چیزوں کو جدا کرنے والی چیز ۔

Wall painting : (n) دیوار کی مصوری؛ نقش و نگار جو مختلف رنگوں کے ذریعے سے خصوصاً ایسی دیوار پر بنائے جاتے ہیں جس میں پلاستر کی نمی باقی رہتی ہے ۔

Wall-paper : (n) منقش کاغذ جو آرائش کے لئے دیواروں پر لگاتے ہیں ۔

Wall-paper : (v) (دیواروں پر) منقش کاغذ چسپاں کرنا ۔

Wall-pellitory : (n) ایک یورپی بوٹی جو بطور پیشاب آور استعمال ہوتی ہے ۔

Wall-pepper : (n) پتھر بیل؛ ایک قسم کی کائی ۔

Wall-plate : (n) دیواری داسا؛ سہارے کا شہتیر جو دیوار کےاندر یا اوپر چھت یا گرڈر کا بوجھ سنبھالنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Wall plug : (n) بجلی کی کلید اتصال (پلگ) جس کے سوراخ دیوار کے اندر یا کسی قدر باہر نکلے رہتے ہیں ۔

Wall-pressure : (n) (نباتیات) دیوار خلیہ کا دباؤ جو پودے کے خلیے کےاندر پڑتا ہے ۔

Wall rock : (n) ادھاتی چٹان؛ وہ چٹان جس سے رگ معدن گزرتی ہے ۔

Wall-rue : (n) ایک گھاس؛ تتلی؛ چھوٹے فرن جو دیواروں اور ٹیلوں پر اُگتے ہیں ۔

Wall-stone : (n) عمارتی پتھر ۔

Wall-street : (n) (۱) وال اسٹریٹ؛ نیویارک (امریکا) کا صرافہ ۔ (۲) امریکی معیشت کے با اثر مالی مفادات ۔

Wall-streeter : (n) وال اسٹریٹ (امریکا) میں تجارت کرنے والا ۔

Wall tent : (n) خیمہ جس میں چاروں طرف کپڑے کی عمودی دیواریں ہوتی ہیں ۔

Wall-to-wall : (a) پورے فرش کا (قالین) ۔

Wall-tree : (n) پھل دار پودوں کی لت یا بیل جو دیواروں پر چڑھائی جاتی ہے ۔

Wall-washer : (n) دیوار روک؛ لکڑی جو ہلتی ہوئی دیوار کو تھامنے کے لئے لگاتے ہیں ۔

Wall-wasp : (n) تنہائی پسند بھڑوں میں سے کوئی ایک جو اپنا چھتا دیواروں میں بناتے ہیں ۔

Wall-wort : (n) دیواروں پر اگنے والے متعدد پودوں میں سے کوئی ایک؛ اُذنُ الفار ۔

Walla-walla : (n) [Pers. 'walwala'.] ولولہ؛ ناقابلِ مفہوم آوازیں ۔

Wallaba : (n) [Native Name] جنوبی امریکا کا ایک بڑا درخت جس کی لکڑی عمارتی کاموں میں آتی ھے ۔

Wallaby : (n) [Native Australian Walaba.] (۱) آسٹریلیا کے چھوٹی قسم کے کنگارو؛ ولابی ۔ (۲) (جمع) آسٹریلیائی (باشندے) ۔

On the wallaby/On the wallaby track : پیدل؛ پاپیادہ ۔

Wallaby acacia : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی ببول ۔

Wallaby bush : (n) آسٹریلیا اور تسمانیہ میں پائی جانے والی ایک سدا بہار جھاڑی ۔

Wallaby ear : (n) مکئی کی ایک بیماری ۔

Wallaby grass : (n) آسٹریلیا کی گھاسوں کی ایک جنس کی کوئی گھاس ۔

Wallace line/ Wallace's line : (n) [After Alfred Russel Wallace an English naturalist.] وہ فرضی سرحد جو ایشیائی نباتیہ و حیوانیہ کو آسٹریلیائی نباتیہ و حیوانیہ سے الگ کرتی ھے ۔

Wallago : (n) [Native name in Bengal.] دریائی مچھلی کی ایک قسم ۔

Wallah : (n) [Hindi 'wala'.] (۱) (اینگلو انڈین) والا (علامت فاعل) ۔ (۲) Competition wallah کا مخفف ۔

Box-wallah : (۱) پھیری والا ۔ (۲) (حقارتاً) یورپین تجارتی ایجنٹ ۔

Canal-wallah : نہر والا؛ جہاز جو نہر سوئز کے سفر کے لئے بنایا جاتا ھے ۔

Competition-wallah : ہندوستانی سویلین جو امتحان مقابلہ سے مقرر ھونے والا ھے ۔

Punkah-wallah : پنکھا قلی ۔

Wallaroo : (n) [Native Australian 'wolaru'.] (۱) آسٹریلیا کے بڑی قسم کے کنگارو؛ ولارو ۔ (۲) (جمع) آسٹریلیائی؛ اہل آسٹریلیا ۔

Wallawalla : (n) [Shahaptian. lit.] جنوب مشرقی واشنگٹن اور شمال مشرقی اورگون (Orgon) کے شہاپشین (Shahaptian) باشندے یا ان کی زبان ۔

Walled : (a) دیواروں سے گھرا ھوا؛ فصیل بند؛ دیواردار ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) جدار دار ۔

Walled-in : (n) دیوار میں چنا ھوا ۔

Walled plain : (n) چاند کی سطح کا وہ بڑا غار جس کی تہ کشادہ اور مسطح ھوتی ھے ۔

Walled up : (a) دیوار کھینچ کر بند کیا ھوا ۔

Waller : (n) دیوار کھڑی کرنے والا؛ دیواریں بنانے والا ؛ دیوار ساز ۔

Waller : (n) (نمک سازی) نمکین پانی کو ابالنے والا ۔

Wallerian : (a) [f. the name. A.V. Waller.] والر کا یا اس سے متعلق ۔

Wallerian degeneration : (n) ولیری انحطاط ۔

Wallet : (n) [AFr. 'walet'.] (۱) جھولی (فقیروں ، مسافروں کا کھانے کا سامان اور ضرورت کی چیزیں رکھنے کے لئے) ۔ (۲) چمڑے کا تھیلا (بائیسکل کے اوزار، مچھلی پکڑنے کے سامان، کاغذات وغیرہ رکھنے کے لئے) ۔ (۳) چمڑے کا بٹوا (نوٹ رکھنے کے لئے) ۔

Wallette : (n) نیچی، پتلی، اور چھوٹی دیوار (آرائشی یا تجرباتی مقاصد کے لئے) ۔

Walling : (n) (۱) دیوارکھڑی کرنا؛ دیواربنانا ۔ (۲) دیواروں کا کام؛ دیواریں؛ وہ سازو سامان جن سے دیواریں بنتی ہیں ۔

Walling crib : (n) بڑا شہتیر یا لوھے کا حلقہ جو کان کے اندرونی حصے میں سہارے کے لئے لگا رہتا ھے ۔

Walloon : (n) [Fr. 'wallon'.] (۱) والونی؛ ایک قوم کا نام جو بلجیم اور فرانس کے سرحدی علاقوں میں متفرق طور پر آباد ھے ۔ (۲) والونی زبان؛ مقامی بولی جو فرانسیسی سے ملتی جلتی ھے ۔

Walloon : (a) والونی قوم یا والونی زبان کا ۔

Walloon : (n) تمباکو کے پودوں کی ایک بیماری ۔

Wallop : (n) [ON Fr. 'walop'.] (۱) جسم کی بھدی، زور دار اور پُر آواز حرکت ۔ (۲) (مزاحاً) (مُکا بازی

Wallsend : (n) [f. name of town in Northumberlar.] بعض قسم کے پتھر، کوئلوں کے نام کے ساتھ آتا ھے) والزند کوئلہ ۔

Wally : (a) [ME. 'wale' + -Y] (اسکاچستان) عمدہ : شاندار؛ مضبوط؛ قوی؛ زبردست ۔

Wallydraigle : (n) (اسکاچستان) کمزور : نیم بالیدہ یا بےسلیقہ مخلوق ۔

Walnut : (n) [Late OE. 'wahl-hnutu'.] (۱) اخروٹ ۔ (۲) اخروٹ کا درخت ۔ (۳) اخروٹ کی لکڑی ۔ (٤) (امریکا) سفید اخروٹ کا درخت ۔ (٥) ہلکا، سرخی مائل بھورا رنگ ۔

Black walnut : امریکی اخروٹ کی ایک جنس سیاہ اخروٹ ۔

Common walnut/ English- : اخروٹ کا درخت ۔

Grey walnut : شمالی امریکا کے ایک گری دار پھل کا درخت ۔

White walnut : شمالی امریکا کے ایک گری دار پھل کا درخت ۔

Walnut aphid : (n) ایک قسم کا کیڑا جو (خصوصاً کیلیفورنیا میں) اخروٹ کو نقصان پہنچاتا ھے ۔

Walnut blight : (n) اخروٹ کے درخت کی ایک بیماری ۔

Walnut-borer : (n) بھونرے کی وہ قسم جو اخروٹ کے درختوں کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔

Walnut brown : (n) بھورا رنگ جو اخروٹ کے سبز چھلکے کےعرق کو جلد پرلگانے سےپیدا ھو جاتا ھے ۔

Walnut-juice : (n) اخروٹ کے کچے بھوسے کا عرق ۔

Walnut-shell : (n) (۱) اخروٹ کا چھلکا ۔ (۲) بہت ہلکی کشتی ۔

Walpolian/Walpolean : (a) [f. Horace Walpole.] وال پول کا یا اس سے متعلق یا اس جیسا ۔

Walpurgis night/-nacht : (n) [G.'walpurgis nacht'.] (۱) ۳۰/ اپریل کی شام؛ یکم مئی سے پہلے کی رات جب جادوگرنیاں مختلف مقامات خصوصاً بروکن پہاڑ پر جمع ھو کر شیطان

میں عامیانہ) زور دار ضرب؛ زوردار ضرب لگانے کی صلاحیت ۔ (۳) جذبات کی لہر ۔ (٤) بیر (شراب) ۔

Wallop : (v) (۱) آواز کے ساتھ کھولنا ؛ کھد کھدانا ۔ (۲) زور دار حرکت کرنا ؛ زور سے ڈالنا ۔ (۳) جھولنا؛ جھونکے لگانا ۔ (٤) ٹھوکنا؛ پیٹنا؛ کندی کرنا؛ مرمت کرنا ۔ (٥) برتن مانجھنا ۔ (٦) ہاتھ سے جہاز پر مال چڑھانا ۔ (۷) فیصلہ کن فتح پانا ۔

Walloper : (n) مرمت کرنے والا؛ زدو کوب کرنے والا ۔

Walloping : (n) زدو کوب؛ کندی ۔

Walloping : (a) (۱) بہت بڑا ۔ (۲) غیر معمولی ؛ بہت عمدہ ؛ دل نشیں ۔

Walloping : (adv.) ھولناك طریقے سے؛ نہایت شدت سے ۔

Wallow : (n) (۱) بالو، کیچڑ، پانی وغیرہ میں لوٹنا ۔ (۲) (بھینسوں، ہاتھیوں اور گینڈوں کے) لوٹنے کی جگہ؛ وہ گڈھا جو جانوروں کے لوٹنے سے بن جائے ۔ (۳) سمندر کا اتار چڑھاؤ ۔ (٤) انحطاط؛ پستی ؛ ذلت ۔ (٥) وہ نشیبی جگہ جس میں مٹی، کیچڑ وغیرہ بھر جائے ۔

Wallow : (v) [OW. 'walwian'.] (۱) لوٹنا؛ لوٹ لگانا۔ (۲) پانی کیچڑ یا بالو وغیرہ میں لوٹنا یا لٹانا ۔ (۳) (جہاز کا) جھونکے کھانا؛ (ھوائی جہاز کا) لڑکھڑانا؛ جھونك کھانا ۔ (٤) (سمندر ، لہروں کا) اترنا چڑھنا ۔ (٥) (ھوا کا) جھونکا چلنا ۔ (٦) بہہ نکلنا؛ پھوٹ بہنا؛ پھوٹ نکلنا ۔ (۷) جانوروں کی طرح مست رہنا (عیاشی یا نفس پرستی میں) ۔ (۸) بہتات ھونا؛ مزے لینا ۔ (۹) ناکارہ ھو جانا؛ معذور ھو جانا؛ بے اثر ھو جانا؛ بیکار ھو جانا ۔ (۱۰) وقف کر دینا؛ مخصوص کر دینا ۔ (۱۱) عادی ھو جانا ۔ (۱۲) لڑھکانا ۔

Wallow : (v) [ME. 'weolewon,wallowen'.] مرجھا جانا؛ کمہلا جانا۔

Wallower : (n) (۱) پانی، کیچڑ وغیرہ میں لوٹنے والا ۔ (۲) مست رہنے والا؛ مزے لینے والا ۔ (۳) چھوٹا ساچوڑا پہیا (مثلاً کرسی یا میز کےپائے کا) ۔

Wallowish : (a) بے مزہ؛ غیر دل چسپ؛ روکھا پھیکا ۔

کے ساتھ جشن مناتی تھیں - (۲) خوفناک چیز (مثلاً کوئی واقعہ، حالت وغیرہ) -

Walpurgite : (n) [G. 'Walpurgin'.] ایک معدنی مادّہ $Bi_4 (UO_2) (AsO_4)_2 O_4 3HO$

Walrus : (n) [Du.] (۱) دریائی گھوڑا؛ خرس البحر - (۲) دریائی گھوڑے کا چمڑا -

Walrus bird : (n) ایک قسم کا دریائی پرندہ (ٹثیری) -

Walrus moustache : (n) گھنی مونچھ جو دونوں طرف سے گری ہوئی ہوتی ہے -

Walter mitty : (f. Walter Mitty, the hero of the short story. The secret life of Walter Mitty, by James G. Thurber.] حقیقت سے گریز کرنے والا اور خیالی پلاؤ پکانے والا شخص؛ شیخ چلّی -

Waltherite : (n) [G. 'watherit'.] ایک معدن جس میں بسمتھ کا کاربونیٹ ہوتا ہے جو منشوری بلور میں پایا جاتا ہے -

Walther's canal/-duct: (n) [after Augustin Fridrich Walther, a German anatomist.] (تشریح) منہ میں کھلنے والےتحت لسانی غدہ کی برآور قنات -

Waltonian : (a) [f. Izaac Walton, author of The Compleat Angler'.] آئی زک والٹن کا یا اس سے متعلق -

Waltonian : (n) والٹن کا شاگرد؛ بنسی باز -

Walty : (a) (جہاز) ایک طرف جھک جانے والا -

Waltz : (n) [G. 'walzer'.] (۱) والس والز؛ رقص سہ ضربہ؛ ایک قسم کا ناچ جس میں دو شخص ہم کنار ہوکر ایک دوسرے کے گرد پھرتے ہوئے ناچتے ہیں - (۲) والز کی گت؛ ساز جو والز کے ساتھ بجتا ہے -

Waltz : (v) (۱) والز ناچنا؛ والز کا عادی ہو جانا - (۲) والز کی طرح کسی شخص کو نچانا - (۳) من موجی کی طرح گھومنا - (٤) آسانی اور کامیابی کے ساتھ بڑھنا - (٥) بے دھڑک پہنچنا - (٦) تیزی سے اوراکھڑپن کےساتھ لے جانا- (۷) گھسیٹنا؛ کھینچتے ہوئےلے جانا - (۸) (آسٹریلیا) (Water matilda) اپنی گٹھری لادے ہوئے پیدل سفر کرنا -

To waltz off with : انعام جیتنا (حریف کو آسانی سے شکست دے کر) -

Waltz : (a) والز کا؛ والز جیسا -

Waltzer : (n)- Waltzing mouse (۱) والز ناچنے والا - (۲) دیکھو

Waltzing : (n) والز ناچنا -

Waltzing : (a) والز ناچنے والا -

Waltzing-mouse : (n) چوہیا کی ایک جنس جو اِدھر اُدھر گھومتی پھرتی ہے -

Waly : (int.) غم ظاہر کرنے کےلئے حرف فجائیہ -

Wamara : (n) [Native name.] آبنوس کی ایک قسم جو British Guiana میں پائی جاتی ہے -

Wambais : (n) دیکھو Gambeson

Wambenger : (n) [Origin unkn.] آسٹریلیا کا تھیلی دار چوہا-

Wamble : (n) (۱) متلی؛ مالش معدہ - (۲) ڈگمگاتی چال ؛ لغزش -

Wamble : (v) (۱) (معدےکا) مالش کرنا؛ متلانا - (۲) لڑکھڑانا؛ لغزش کھانا -

Wamble-cropped/-cropt : (a) (۱) مریض معدہ - (۲) مریض؛ روگی -

Wambliness : (n) تنک مزاجی؛ کمزوری؛ متزلزل ہونا؛ لڑکھڑاہٹ -

Wambling : (n) (۱) ڈگمگاتا ہوا؛ لغزش کھاتا ہوا؛ لڑکھڑاتا ہوا - (۲) کمزور؛ بے اثر؛ نااہل؛ نکّما -

Wamblingly : (adv.) ڈگمگاتے ہوئے؛ لڑکھڑاتے ہوئے؛ نا اہل طور پر -

Wambly : (a) مالشِ معدہ میں مبتلا؛ متزلزل؛ لڑکھڑاتا ہوا -

Wame : (n) [Northern form of Womb.] (۱) کوکھ؛ پیٹ؛ پیڑو ؛ شکم - (۲) رحم -

Wamful : (n) بھر پیٹ -

Wampanoag : (n) [Natick, 'wampan-ohke'.] روڈ آئس لینڈ (Rhode Island) کے ہندوستانی -

Wampee : (n) [Chinese 'hwang-pi'.] (۱) وامپی؛ ایک قسم کا انگورنما پھل جو چین اور جزائر شرق الہند میں پیدا ہوتا ہے - (۲) وامپی کا درخت -

Wampish : (v) [Origin unkn.] (اسکاچستان) گھٹنا بڑھنا؛ آگے پیچھے ہونا -

Wampum : (n) [Shortening of wampumpeag.] وامپم؛ صدف سے بنی ہوئی پوت کی لڑیاں جنہیں شمالی امریکا کے دیسی باشندے زیور کے طور پر یا آرائش کے لئے استعمال کرتے ہیں -

Wampum-snake : (n) جنوبی امریکا کا ایک سانپ -

Wampumpeag : (n) [Narragansett 'wampompeag'.] دیکھو Wampum

Wampus : (n) [Short for 'catawampus'.] عجیب، ناپسندیدہ یا عجیب الخلقت شخص یا چیز -

Wamus : (n) [Du. 'wammes'.] جنوبی اور مشرقی امریکا میں پہنا جانے والا بُنا ہوا جیکٹ -

Wan : (a) [OE. 'wann'.] (۱) زرد؛ پیلا؛ بے رونق؛ جس میں خون نہ ہو (شخص، چہرہ، چہرے کا رنگ) ؛ کم خون؛ زرد رو - (۲) نقیہہ؛ جس میں نقاہت یا کمزوری ظاہر ہو - (۳) بے رنگ؛ بے نور (آسمان، فضا وغیرہ) پھیکی؛ ماند (روشنی) - (٤) منھا؛ سست؛ ناتواں - (٥) بے اثر؛ بیکار؛ بےسود -

A wan smile : پھیکی مسکراہٹ؛ زبردستی کی مسکراہٹ (بیمار، غم زدہ وغیرہ کی) -

Wan : (v) (شاذ) زرد ہو جانا؛ بے رونق ہو جانا -

Wan : (n) زردی؛ زرد روئی؛ نقاہت -

Wan : (n) دیکھو One

Wan -: (Prefix) سابقہ "عدم" ؛ "سلب" اور "نفی" کے معنی میں -

Wan-thriven : (v) جس کی نشو و نما اچھی نہ ہو؛ ٹھنگنا؛ بونا ؛ پست قد -

Wanchancy : (a) [Sc. 'wanchance'.] بدقسمت؛ خطرناک؛ عجیب؛ بھیانک؛ ڈراؤنا -

Wand : (n) [ON. 'wandur'.] (۱) چھڑی - (۲) قمچی (ٹوکری وغیرہ بنانے کی) - (۳) دبلاپن؛ سیدھا ہونا - (٤) جادو کی چھڑی - (٥) درخت کی پتلی شاخ جو کاٹ کر چھڑی کی طرح استعمال کی جاتی ہے؛ قمچی - (٦) عصا؛ عصائے منصبی - (۷) مچھلی پھنسانے کی چھڑی؛ چھیپ؛ لگی - (۸) گردکش کے اندر کی نلکی - (۹) وہ چھڑی جو تیر اندازوں کے نشانے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے -

Wand-bearer : (n) عصابردار؛ خصوصاً سینٹ پال کے کلیسا کے غیر پادری افسروں کا عہدہ -

Wand-shoot : (n) چھتیس تیروں کی باڑ (نشانے پر) -

Wand-shot : (n) (نشانے پر) چھتیس تیروں کی باڑ کا کوئی تیر -

Wander : (v) [OE. 'wandrian '.] (۱) ادھر ادھر پھرنا؛ مارا مارا پھرنا؛ سیر و گشت کرنا؛ مٹر گشت کرنا ؛ خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرنا - (۲) بھٹکنا؛ گمراہ ہونا؛ ہٹ جانا (راہ راست سے)؛ منحرف ہو جانا - (٤) مختل ہو جانا؛ بہکنا (دماغ کا) ؛ بہکی بہکی باتیں کرنا؛ ہذیان بکنا - (٤) بہکنا؛ موضوع بحث یا سلسلہء کلام سے ہٹ جانا - (٥) کھویا ہوا ہونا؛ بے خیالی کے عالم میں ہونا؛ پریشان حواس ہونا؛ غوطے میں ہونا - (٦) افواہوں کا پھیلنا - (۷) (آنکھوں کا) ادھر ادھر پھرنا؛ (نظر کا) بھٹکنا - (۸) سڑک کا چکر کھانا یا دریا کا چکر کھاتے ہوئے بہنا - (۹) (مجازاً) الجھاؤ میں ڈالنا -

Wander : (n) مارا مارا پھرنا؛ سیر و گشت؛ مٹرگشت؛ گمراہی -

Wander-year : (n) سیاحت کا سال -

Wandered : (a) بھٹکا ہوا؛ گم راہ؛ پریشان -

Wanderer : (n) (۱) جہاں گشت؛ خانہ بدوش؛ آوارہ گرد - (۲) ایک قسم کا مکڑا -

Wandering : (n) (۱) سیاحت؛ دور دور کا سفر - (۲) بہکی بہکی باتیں - (۳) کج روی ؛ انحراف - (٤)آنکھوں کا ادھر ادھر پھرنا -

Wandering : (a) (۱) آوارہ؛ آوارہ گرد؛ جہاں گشت - (۲) خانہ بدوش - (۳) (خیال) اوٹ پٹانگ ؛ بے سوچا

کرتے ہوئے ۔ (٤) بے خیالی کے عالم میں؛ پریشان حواسی میں؛ بد حواسی میں ۔

Wanderingness : (n) بھٹکتا ہوا ہونا؛ بہکا ہوا ہونا؛ بے لطف ہونا ۔

Wanderjahre : (n) [G.] تعلیمی سیاحت کا زمانہ (طالب علم، کاریگر وغیرہ کا) ۔

Wanderlust : (n) سیاحت کا شوق ۔

Wanderluster : (n) سیاحت کا شوقین ۔

Wanderlustful : (a) سیاحت کا شوقین ۔

Wanderoo : (n) [Sinhalese 'wanderu'.] وانڈرو، ایک قسم کا بندر جس کے شیر کے سے ایال اور دُم ہوتی ہے (عموماً لنکا میں پایا جاتا ہے) ۔

Wandflower : (n) ایک قسم کاپودا یا اس کا پھول جو آرائش کے لئے لگایا جاتا ہے؛ آرائشی پودا؛ آرائشی پھول ۔

Wandle : (a) [f. Wand.] (اسکاچستان)لچکدار؛ نرم؛ پھرتیلا ۔

Wandoo : (n) [Native Australian.] مغربی آسٹریلیا کا ایک درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Wandsman : (n) عصا بردار؛ (کلیسا کا جو اسقف یا نائب امیر جامعہ کے آگے آگے چلتا ہے) ۔

Wane : (n) [OE. 'wana'.] (١) محاق؛ گھٹاؤ (چاند کا) ۔ (٢) مدت محاق؛ چاند کے گھٹنے کی مدت ۔ (٣) زوال؛ انحطاط؛ گھٹنا ۔

On the wane : (چاند) گھٹتا ہوا؛ زوال پذیر حالت میں ۔

Wane : (n) [L. Du 'wan-, G. 'wahn'.] (١) لکڑی کے تختے کا سلامی دار کنارہ (ڈھلواں کنارہ)؛ گول کنارہ ۔ (٢) لکڑی کے کندے کے کونےیا کنارے کاایک نقص ۔

Wane : (v) [OE. 'wanian'.] (١) (چاند کا) گھٹنا (کامل ہونے کےبعد) ۔ (٢) کمی ہونا؛ زوال ہونا؛ انحطاط ہونا (طاقت، اہمیت، شہرت وغیرہ میں) ۔ (٣) مدھم ہونا ۔ (٤) (مدت کا) کم ہونا ۔

Waney/Wany : (a) (نجاری) سلامی دار؛ نا مکمل تراشیدہ (شہتیر) ۔

سمجھا ۔ (٤) ادھر ادھر پھرنے والی آنکھ ۔ (٥) متحرک (چاند ، ستارہ وغیرہ) ۔ (٦) لمبے لمبے سوت یا ڈاڑھ والا (پودا) ۔ (٧) (طب، مرضیات) سیّار ۔ (٨) منحرف ۔ (٩) آوارہ پھرنے والا ۔

The wandering jew : وہ افسانوی شخصیت جس نے عام عقیدے کےمطابق حضرت عیسیٰ کےصلیب پر جانے سے پہلے ان کی ہتک کی تھی اس لئے اس کو یہ سزا ملی کہ تاقیامت وہ زمین پر بغیر آرام لئے مارا مارا پھرتا رہے گا ۔

Wandering abcess : (n) متحرک پھوڑا؛ سیار پھوڑا ۔

Wandering albatross : (n) بری جنس کا سیاہ بازوؤں والا سفید قادوس (پرندہ) جو جنوبی بحیروں میں پایا جاتا ہے ۔

Wandering ant : (n) فوجی چیونٹی ۔

Wandering cell : (n) سیار خلیہ؛ خلیہء ابیض ؛ متحرک خلیہ جو جگہ بدلتا رہتا ہے ۔

Wandering dune : (n) ریت کا ٹیلہ جو ہَوا کے زور پر آہستہ آہستہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے ۔

Wandering fire/- light : (n) (١) اگیا بیتال ؛ غول بیاباں ۔ (٢) چھلاوا ۔ (٣) ایک قسم کی کائی ۔ (٤) دھوکا؛ فریب ۔

Wandering Jenny : (n) زرورق؛ ایک پودا جس کے پتے چمک دار ہوتے ہیں ۔

Wandering Jew : (n) (١) دیکھو The wandering Jew ۔ (٢) جہاں گشت؛ وہ شخص جو ہمیشہ سفر میں رہے ۔

Wandering Jew : (n) ایک قسم کی بیل؛ گرداں بیل ۔

Wandering sailor : (n) زرورق؛ ایک قسم کی بیل ۔

Wandering-sally: (n) دیکھو Wandering-sailor

Wandering spider : (n) گرداں مکڑا ۔

Wandering star : (n) قدیم فلکیات کے سات ستاروں میں سے ایک ۔

Wanderingly : (adv.) (١) ادھرادھر پھرتےہوئے ۔ (٢) بھٹکتے ہوئے ۔ (٣) بہکتے ہوئے؛ بہکی بہکی باتیں

Wang : (n) [Chinese] تیسری صدی قبل مسیح سے پہلے کے چینی بادشاہ یا تیسری صدی قبل مسیح کے بعد کا چینی شاہزادہ ۔

Wanga/Ouanga : (n)[Haitian Crosle 'ouanga'.] سفلی جادوگری؛ سفلی جادو یا سحر ۔

Wangensteen suction : (n) (١) جسم کے جوفوں سے سیال مادہ یا افراز نکالنے کا ایک طریقہ ۔ (٢) ایک امریکی سرجن کا نام ۔

Wangle : (v) [Perhaps based on Waggle.] (١) (عام) چالاکی سے یا عیاری سے حاصل کر لینا ۔ (٢) گھڑ لینا ۔ (٣) (بھیڑ یا مشکل سے) نکلنا؛ نکل جانا ۔

Wangle : (n) چالاکی سے یا عیاری سے حاصل کر لینا ۔

Wangler : (n) چالاکی سے یا عیاری سے حاصل کرنے والا ۔

Wangun : (n) [Montagnais Indian 'ata wangar'.] محفوظ ذخیرہ رکھنے کا ظرف؛ لٹھے (لکڑی کے) بنانے کے ساز و سامان رکھنے کی کشتی یا بکس؛ کوٹھی ۔

Wanhap : (n) بدقسمتی؛ مصیبت؛ سانحہ؛ آفت ۔

Wanhappy : (a) بدقسمت؛ بدنصیب ۔

Wanhope : (n) (قدیم) ناامیدی؛ یاس؛ مایوسی ۔

Wanigan/Wannigan/Wangan/Wangun : (n) [Algonquian.] (١) بڑا صندوق ۔ (٢) سونے، کھانے یا سامان رکھنے کا پہیے دار ڈبا ۔ (٣) جنگلی درختوں کے لٹھے کاٹنے والوں کا قرض ۔

Waning : (n) (١) زوال؛ کمی؛ انحطاط ۔ (٢) محاق قمر ۔

Waning : (a) (١) گھٹتا ہوا ۔ (٢) انحطاط پذیر ۔ (٢) ختم ہوتا ہوا (دن) ۔

Wanion/Wannion : (n) (قدیم) عذابِ الٰہی ۔

A wanion on/-to : خدا سمجھے؛ خدا غارت کرے ۔

With a wild wanion : خدا سمجھے؛ خدا غارت کرے ۔

Wankapin : (n) [Ojibwa 'wankipin'.] امریکی کنول ۔

Wankel engine: (n) (١) ایک قسم کا دروں سوز انجن ۔ (٢) فیلکس وینکل ایک جرمن انجینیئر کانام ۔

Wankle : (a) [ME. 'wankel, wankill'.] (١) متلون؛ مذبذب ۔ (٢) کمزور؛ نحیف ۔

Wanky : (a) کمزور؛ نحیف؛ ناتواں ۔

Wanly : (adv.) (١) پیلےپن کے ساتھ؛ بے رونقی یا پھیکےپن کے ساتھ ۔ (٢) اداسی کے ساتھ؛ افسردگی کے ساتھ ۔

Wanness : (n) زردی؛ پیلاپن؛ بے رونقی؛ نقاہت؛ بے نور ہونا ۔

Want : (n) [ON. 'vant'.] (١) احتیاج؛ حاجت ۔ (٢) نہ ہونا؛ کمی؛ عدم ۔ (٣) ضرورت؛ طلب ۔ (٤) افلاس؛ عسرت؛ تنگی ۔ (٥) وہ چیز جس کی حاجت ہو؛ مایحتاج؛ ضرورت کی چیز ۔ (٦) ذاتی نقص؛ کمی ۔

A (long-) felt want : دیرینہ ضرورت ۔

For (occasionally, by, from, in, through) want of : کمی کی وجہ سے ۔

In no want of : بہ افراط؛ بکثرت ۔

In want of : حاجت مندانہ ۔

Then want must be your master : کسی کی التجا کو نا منظور کرنا ۔

To come to want : مفلس ہو جانا؛ محتاج ہو جانا ۔

Wilful waste makes woeful want : بالقصد اسراف مفلس بنا دیتی ہے ۔

Want : (v) (١) معدوم ہونا؛ نہ ہونا؛ کمی ہونا ۔ (٢) (مقررہ معیار سے) کم ہونا ۔ (٣) (for کے ساتھ) محتاج ہونا؛ (کسی صفت کی) کمی ہونا ۔ (٤) ضرورت ہونا ۔ (٥) چاہنا؛ خواہش کرنا؛ طلب کرنا؛ مائل ہونا ۔ (٦) (کسی شخص سے) گفتگو کرنے یا ملاقات کی خواہش کرنا ۔ (کسی خاص مقصد کے لئے) کسی کی مدد، تعاون یا موجودگی چاہنا ۔ (٧) گرفتاری کے لئے تلاش کرنا ۔ (٨) اندر آنے یا باہر جانے کی خواہش کرنا ۔ (٩) ضروری ہونا؛ لازم ہونا؛ چاہا جانا ۔

It wants doing : اسے کیا جانا چاہیئے ۔

To want for : محتاج ہونا ۔

To want for nothing : زندگی کے آرام یا ضروریات کی کمی نہ ہونا ۔

What does he want with : (کسی سے) میل جول رکھنے میں اس کا کیا مقصد ہے ؛ (کسی چیز کو) رکھنے کی اسے کیا ضرورت ہے ۔

Want : (n) [ME. 'wont, wonte'.] چھچھوندر ۔

Want ad : (n) اشتہارِ ضرورت ۔

Want list : (n) مطلوبہ نوادرات کی فہرست جو دکانداروں کے درمیان گشت کرادی جاتی ہے ۔

Want-wit : (n) بے وقوف ؛ کودن ۔

Wantage : (n) کمی؛ مقدار جو کم ہو؛ کسر ۔

Wantage rod : (n) درجہ دار سلاخ جس سے پیپے کے اندر کی چیزوں کی کمی کی پیمائش کرتے ہیں ۔

Wanted : (a) پولس جس کی متلاشی ہو ۔

Wanted circular : (n) گشتی (چٹھی) جس پر اس شخص کی تصویر اور کیفیت لکھی ہوتی ہے جس کی پولس متلاشی ہو ۔

Wanter : (n) (۱) وہ شخص جس میں کسی چیز کی کمی ہو ۔ (۲) خواہش مند ۔ (۳) جسے شوہر یا بیوی کی ضرورت ہو؛ کنوارا؛ کنواری ۔

Wanthill : (n) دیکھو Molehill

Wanting : (a) (۱) ناقص؛ مقررہ معیار سے کم ؛ محروم ؛ کورا؛ ہیٹا ۔ (۲) غائب؛ معدوم ۔ (۳) ناقص العقل؛ فاتر العقل ۔

To be wanting to : ناقابل ثابت ہونا؛ مطمئن نہ کر پانا ۔

To be wanting to oneself : اپنے ساتھ انصاف نہ کر پانا یا کرنے میں نا کام ہونا ۔

Wanting : (prep.) (۱) بغیر ۔ (۲) کم ۔

Wantless : (a) جسے کسی چیز کی حاجت نہ ہو ؛ مستغنی ؛ بے نیاز ۔

Wantlessness : (n) بے نیازی؛ استغنا ۔

Wanton : (a) [ME. 'wantowen'.] (۱) شوخ؛ چنچل؛ وحشی بڑدنگا؛ اچھل کود کرنے والا ۔ (۲) شوخی کا؛ اچھل کود کا؛ وحشت کا ۔ (۳) لاابالی؛ من موجی ۔ (٤) بہت گھنا؛ بہت زیادہ؛ بے اندازہ ۔ (٥) بیہودہ (خیالات وغیرہ)؛ آوارہ مزاج؛ بد وضع؛ بدکردار (عورت وغیرہ)؛ شہوت پسند؛ شہوانی؛ شہوت پرست ۔ (٦) خواہ مخواہ کا؛ بلاوجہ؛ بے تکا؛ انکل پچو ۔ (۷) (جانور) کودنے پھاندنے والا ۔ (۸) عیاش؛ عشرت پسند ۔ (۹) بے قابو؛ بے ضبط ۔

Wanton : (n) (۱) بدکار عورت؛ عیاش مرد ۔ (۲) (شاذ) شوخ بچہ؛ بڑدنگا بچہ ۔ (۳) عشرت پسند شخص ۔

Wanton : (v) (۱) شوخی کرنا؛ بڑبونگ مچانا؛ اُچھلنا کودنا؛ کلیلیں کرنا ۔ (۲) شہوت انگیز حرکات کرنا ۔ (۳) بے پروائی سے چلنا ۔ (٤) زیادتی کرنا؛ زیادہ ہونا؛ (درخت ، باغ وغیرہ کا) بہت گھنا ہونا ۔ (٥) اڑانا؛ برباد کرنا؛ ضائع کرنا؛ گنوانا (دولت، جائداد، وقت وغیرہ) ۔ (٦) عیش کرنا ۔

Wantoner : (n) دیکھو Wanton

Wantonize : (v) لا ابالی ہونا؛ عشرت پسند ہونا ۔

Wantonly : (adv.) (۱) شوخی سے؛ لا ابالی پن سے؛ بیہودگی سے ۔ (۲) بلاوجہ؛ خواہ مخواہ ۔

Wantonness : (n) (۱) شوخی؛ بڑدنگاپن؛ لا اُبالی پن ۔ (۲) آوارہ مزاجی؛ بد کاری ۔

Wanty : (n) [ME. 'waynte'.] تنگ؛ زیربند؛ چرمی پیٹی ۔

Wany : دیکھو Waney

Wanze : (v) [OE. 'wansian'.] گھٹنا؛ کم ہونا ۔

Wap : (n) [Origin obscure] (۱) مکا؛ گھونسا؛ ضرب ۔ (۲) طوفان؛ آندھی ۔ (۳) جھٹکا؛ اچھالنا ۔

Wap : (v) (۱) زور سے پھینک دینا؛ جھٹکے سے پھینکنا ۔ (۲) مارنا؛ پیٹنا؛ ٹھوکنا؛ زد و کوب کرنا ۔ (۳) جھونکے چلنا ۔

Wap : (v) [ME. 'wappen'.] لپیٹنا؛ باندھنا ۔

Wap : (n) [Origin unkn.] (۱) لپیٹ (رسّے کی گرد ڈوری وغیرہ کی) ۔ (۲) پیال کا گٹھا ۔

Wapacut : (n) [American Indian] بڑی قسم کا سفید چتی دار آلو ۔

Wapatoo/Wapta/Wapto/ Wappato : (n) [Chinook jargon.] ان دو پودوں میں سے ایک جن کے گنٹھے کھائے جاتے ہیں ۔

Wapentake : (n) [Late OE. 'waepen(ge)taec'.] (۱) (انگلستان کےبعض ضلعوں ، یارک شائر، ڈربی شائر میں) پرگنہ ۔ (۲) پرگنے کی عدالت یا عدالت کا سرکاری افسر ۔

Wapiti : (n) [Cree. 'wapitik'] شمالی امریکا کا بارہ سنگھا جو سرخ ہرن سے مشابہ مگر اس سے بڑا ہوتا ھے ۔

Wappato(o) : (n) [Chinook 'jargon'.] ایک پودے کا بصلہ جسے امریکی انڈین کھاتے ہیں ۔

Wappens(c)haw : (n) [f.'wapen +schaw'.] کسی ضلع کے مسلح لوگوں کا اجتماع ۔

Wappens(c)hawing/Weapen- : (n) [Dn. 'wapen+schouwing'.] (اسکاچستان) کسی ضلع کے مسلح لوگوں کا جائزہ جو مقررہ اوقات پر ھوتا تھا ۔

Wapper-jawed : (a) [Origin unkn.] ترچھے یا خم دار جبڑے والا ۔

Waqf/Wakf : (n) [Arab.] وقف ۔

War : (n) [Late OE. 'werre'.] (۱) لڑائی؛ جنگ (اقوام کی اور مجازاً افراد کی) ۔ (۲) نبرد؛ حرب؛ رزم؛ خصومت؛ پرخاش؛ پیکار ۔

All's fair in love and war : عشق اور جنگ میں سب کچھ جائز ھے ۔

Art of war : فن جنگ؛ فن حرب ۔

At (open) war : مصروف جنگ ۔

Civil war : خانہ جنگی؛ اندرونی جنگ ؛ ایک قوم کے مختلف طبقوں کی آپس میں لڑائی ۔

Declaration of war : اعلانِ جنگ ۔

Holy war : جہاد؛ مذہبی جنگ ۔

Man-of-war : جنگی جہاز ۔

Open war : علی الاعلان جنگ ۔

Private war : ذاتی جنگ؛ افراد یا خاندان کی آپس کی لڑائی یا فوجی حملہ جو ایک ملک کی جماعت کی طرف سے دوسرے ملک پر حکومت کی اجازت کے بغیر کیا جائے ۔

Sacred war : (تاریخ یونان) ان دو جنگوں میں سے ایک جو ایمفکٹیونک کاؤنسل (Amphictionic Council) نےفوسس (Phocis) کےساتھ کی تھیں ۔

Sinews of war : سرمایہ ، روپیہ جو جنگ یا کسی اور کام کے لئے درکار ھو ۔

The dogs of war : (شاعری) جنگ کی تباہ کاریاں ۔

To declare war : اعلانِ جنگ کرنا ۔

To go to the war : (قدیم) فوج میں بھرتی ھوکر لڑائی پر جانا ۔

To go to war : جنگ کرنا ؛ جنگ آزما ھونا ۔

To have been in the wars : ضرب آلود ھونا ۔

To make war : لڑائی کا آغاز کرنا؛ لڑائی چھیڑنا۔

To wage war : جنگ کرنا؛ لڑائی کرنا ۔

War to the knife : گھمسان کی جنگ؛ مارنے مرنے کی لڑائی؛ بڑی سخت لڑائی ۔

War/Waur : (a) [ON. 'vere'.] بدتر؛ زیادہ برا؛ زیادہ خراب ۔

War : (adv.) بدتر طریقے سے؛ زیادہ برے طریقے سے ۔

War : (v) غالب آنا؛ سبقت لے جانا؛ زک دینا ۔

War : (v) (۱) جنگ کرنا ۔ (۲) سپاہی کی خدمات انجام دینا ۔ (۳) لفظی نزاع کرنا؛ متضاد ھونا ۔

War-baby : (n) (۱) جنگ کے زمانے میں پیدا ھونے والا بچہ؛ خاص طور سے زمانۂ جنگ میں نا جائز تعلقات کے نتیجے میں پیدا ھونے والا بچہ ۔ (۲) صنعت یا صنعتی پیداوار جسے زمانۂ جنگ کے پیشِ نظر بہت بڑھا دیا گیا ھو ۔

War-bag : (n) بورا جس میں چروا ھے اپنا ذاتی سامان رکھتے ہیں ۔

War-belt : (n) وامپم کی پٹی جسے اعلانِ جنگ کے طور پر یا شریک جنگ کو بلانے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔

War-bride : (n) وہ عورت جو زمانۂ جنگ میں کسی سپاہی یا غیر ملکی سے شادی کرے ۔

War captain : (n) امریکی انڈین سردار جو اپنے قبیلے کا فوجی رہنما ہوتا ھے ۔

War chest : (n) (۱) سرمایۂ جنگ ۔ (۲) وہ فنڈ جو کسی مخصوص کام، مقصد یا معرکہ کے لئے مخصوص ھو ۔

War chief : (n) دیکھو War-captain

War clause : (n) (بیمہ پالیسی کی) جنگی شق (جس کےتحت جنگ میں مرنے والے بیمہ شدہ شخص کو پریمیم ملتی ھے) ۔

War cloud : (n) جنگ کے بادل؛ آثار جنگ؛ بین الاقوامی معاملات کی ایسی صورت جس میں جنگ چھڑنے کا اندیشہ ھو ۔

War-club : (n) ڈنڈا جسےامریکی انڈین جنگ میں استعمال کرتے ہیں ۔

War correspondent : (n) نامہ نگار جو جنگ کی خبریں جمع کرتا ھے یا بھیجتا ھے ؛ جنگی نامہ نگار ۔

War-craft : (n) (۱) فن حرب ۔ (۲) جنگی جہازوں یا ھوائی جہازوں کا بیڑا ۔

War-crime : (n) وہ جرم (مثلاً قتل عام، جنگی قیدیوں کے ساتھ بدسلوکی وغیرہ) جو جنگ کے زمانے میں کیا جائے؛ جنگی جرم ۔

War-criminal : (n) جنگی جرائم کا مرتکب ۔

War-cry : (n) (۱) نعرۂ جنگ ۔ (۲) عام نعرہ یا فقرہ جو لوگوں کو متحد کرنے یا کسی پروگرام پر زور دینے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

War dance : (n) جنگی ناچ جو وحشی قومیں لڑائی سے پہلے ناچتی ہیں ۔

War debt : (n) جنگی قرض (جو کوئی ملک جنگ جاری رکھنے کے لئے یا ادائیگی کے لئے لے) ۔

War dog : (n) (۱) میدان جنگ میں استعمال کیا جانے والا کتا ۔ (۲) (مجازاً) جنگ آزمودہ سپاہی ۔ (۳) جنگ کی دھمکی دینے والا شخص ۔

War drum : (n) طبل جنگ ۔

War-eagle : (n) ایک قسم کا بڑا عقاب ۔

War feast : (n) (شمالی امریکی انڈین کا) جشن فتح ۔

War-footing : (n) جنگی تیاری ۔

War-footing : (a) (۱) آمادۂ پیکار ۔ (۲) پوری طرح تیار ۔

War-game : (n) (۱) دیکھو Kriegspiel ۔ (۲) ایک طرح کی فوجی مشق ۔

War-gas : (n) حربی گیس؛ زہریلی گیس ۔

War hammer : (n) ایک قسم کا ہتھیار جس کا ایک سرا کند اور دوسرا نوکدار ھوتا ھے ۔

War hawk : (n) جنگ کی حمایت کرنے والا ۔

War head : (n) تارپیڈو کا پھٹنے والا سرا جو زمانۂ امن میں نکال دیا جاتا ھے ۔

War-horse : (n) (۱) جنگی گھوڑا؛ تُرنگ ۔ (۲) جنگ آزمودہ سپاہی؛ تجربہ کار سیاست داں ۔ (۳) فرسودہ فن پارہ ۔

War-kettle : (n) (شمالی امریکی انڈین کے درمیان) وہ کیتلی جو جنگ شروع ھونے سے پہلے افتتاحی تقریب کے طور پر آگ پر چڑھادی جاتی ھے ۔

War-kite : (n) بہت بڑی پتنگ جس کی ذریعے پہلے آدمی کو ھَوا میں بھیج کر فوجی یا موسمیاتی مشاہدہ کیا جاتا تھا ۔

War-lord : (n) (۱) سپہ سالار ۔ (۲) فوجی حاکم ۔

War-note/Warn't : (n) (۱) جنگی نغمہ ۔ (۲) دیکھو Wasn' t ۔ (۳) دیکھو Weren' t

War-Office : (n) محکمۂ جنگ؛ دفتر جنگ یا جنگی دفتر ۔

War of nerves : (n) نفسیاتی جنگ؛ اعصابی جنگ ۔

War-paint : (n) (۱) رنگ جو امریکی انڈین لڑائی پر جانے سے پہلے اپنے چہروں اور جسم پر لگاتے ہیں ۔ (۲) سامان آرائش؛ بناؤ سنگار کے سامان؛ بھڑکیلا لباس؛ رسمی لباس ۔

War party : (n) (۱) شمالی امریکی انڈینوں کا جنگی مہم پر جانے والا گروہ ۔ (۲) جنگجویانہ رویہ رکھنے والی سیاسی جماعت ۔

War-path : (n) (۱) امریکی دیسیوں کی جنگی مہم؛ اس کا راستہ؛ یا راستہ جو جنگی مہم کی طرح اختیار کیا جائے ۔ (۲) دشمنی؛ معاندانہ رویّہ ۔

To be, go on the war-path : جنگ کرنا؛ طالبِ جنگ ہونا ۔

War plane : (n) جنگی ہوائی جہاز؛ لڑاکا ہوائی جہاز ۔

War post : (n) لال کھمبا جس کے گرد امریکی انڈین ناچتے ہیں اور اس پر اپنا تومہاک (نیز کلہاڑی) مارتے ہیں ۔

War potential : (n) (کسی ملک کی) جنگ کے لئے معاشی صلاحیت ۔

War-power : (n) جنگی طاقت ۔

War risk : (n) خطراتِ جنگ ۔

War road : (n) امریکا کے دیسیوں کی جنگی مہم کا راستہ ۔

War-room : (n) فوجی صدر کا وہ کمرا جہاں جنگی نقشے وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔

War sack : (n) دیکھو War-bag

War-ship/War ship : (n) جنگی جہاز ۔

War-song : (n) (۱) جنگی ترانہ ۔ (۲) وحشیوں کا رجز یعنی وہ نظمیں جو وحشی قومیں قبل از جنگ پڑھتی ہیں ۔

War-tax stamp : (n) ڈاک کا وہ ٹکٹ جو جنگی فنڈ جمع کرنے کے لئے جاری کیا جائے ۔

War-time : (n) زمانۂ جنگ ۔

War trail : (n) دیکھو War-road

War-vessel :(n) دیکھو War-ship

War-weariness : (n) جنگ کے اختتام پر یا فوراً بعد کی افسردگی؛ تکان کی حالت یا حقیقت ۔

War-weary : (a) (۱) جنگ سے تھکا ہوا ۔ (۲) (لڑاکا ہوائی جہاز) جو جنگ میں تباہ ہو گیا ہو ۔

War-whoop : (n) (امریکا کے دیسیوں کا) فوجی نعرہ ۔

War wolf : (n) (۱) انسان جو بھیڑیا بن گیا ہو یا بھیڑیا بن جانے کی صلاحیت رکھتا ہو؛ بھزمانس ؛ آدم گرگ؛ گرگ شدہ ۔ (۲) وحشی انسان ۔

War-wolf : (n) قرون وسطیٰ کا پتھر پھینکنے والا انجن ۔

War-work : (n) جنگ کا یا جنگ کے بعد لیا ہوا کام ۔

War-worn : (a) (۱) جنگ آزمودہ ۔ (۲) لڑائی کا مارا ہوا؛ جنگ شکستہ؛ جو لڑائی میں ٹوٹ پھوٹ گیا ہو ۔

Warabi : (n) [Jap.] ایک قسم کا کرف (فرن) جس کا پتا کھایا جاتا ہے ۔

Waral/Worral/Worrel : (n) [Arab. 'waral'.] ورل؛ ایک قسم کی افریقی چھپکلی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ مگرمچھ کے آنے کی خبر دیتی ہے ۔

Waratah/Waratau : (n) (۱) ایک آسٹریلیائی پودا جس میں قرمزی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔ (۲) چین اور جاپان کی ایک سدا بہار جھاڑی؛ کمیلا ۔

Warbird : (n) (۱) جنگی ہوائی جہاز یا اس کا عملہ ۔ (۲) ایک قسم کا امریکی پرندہ ۔

Warble : (n) [ON Fr. 'werble'.] (۱) چہک ۔ (۲) ترنم ؛ نغمہ؛ آواز جس میں ترنم ہو ۔

Warble : (n) [Origin obsc.] (۱) ورم اسپ؛ سخت گٹا جو زین کی رگڑ سے گھوڑے کی پیٹھ پر پڑ جاتا ہے ۔ (۲) دانس کے بچے؛ پھنسی جو ان کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے ؛ جونکی؛ لاروائے بات مکھی ۔

Warble : (v) [ON Fr. 'werbler, werbloier'.] (۱) پرندوں کا چہچہانا؛ ترنم کے ساتھ چہکنا ۔ (۲) (انسان کا) ترنم کے ساتھ گانا ۔ (۳) ترنم سے ادا کرنا (الفاظ وغیرہ کو) ۔ (٤) گانا؛ نغمہ سرا ہونا ۔ (٥) (جھرنے کا) روانی کے ساتھ بہنا؛ مترنم آواز پیدا کرنا ۔ (٦) تھرتھرانا؛ کانپتی ہوئی آواز میں ادا کیا جانا ۔

Warble : (v) [ME. 'Warbellen'.] (باز کا) بازوؤں کو پیٹھ پر لے جا کر ملانا ۔

Warble fly : (n) باٹ مکھی؛ بھن بھن مکھی ۔

Warbled : (a) (چمڑا) جس پر باٹ مکھی کے کاٹنے سے پھنسی نکل آتی ھے ۔

Warbler : (n) (۱) زمزمہ پرداز؛ ترنم سے گانے والا : گانے والا ؛ نغمہ سنج ۔ (۲) ترنمی پرند؛ پرندوں کی ایک قسم کا نام جس میں بلبل وغیرہ شامل ہیں؛ مغنی پرند؛ گانے والی چڑیا ۔ (۳) بین کی ایک الاپ یا سر ۔

The warbler : نغموں کی کتاب کا نام ۔

Warbling : (n) نغمہ؛ ترنم ۔

Warbling : (a) نغمہ سنج؛ مترنم ۔

Warbling vireo : (n) امریکا کا ایک خوش الحان پرند ۔

Warbly : (a) جس میں آواز کی کپکپاہٹ یا لرزش ھو ۔

Warbonnet : (n) ایک قسم کا سر کا لباس جو ٹوپی کی شکل کا ھوتا ھے اور پیچھے کی طرف عقاب کے پَر لگے رہتے ہیں ۔

Ward: (n) [OE. 'weard'.] (۱) وارڈ ؛ جیل خانے یا اسپتال کا کمرہ ؛ حلقہ ؛ شفاخانہ ۔ (۲) (قدیم) حفاظت (اب صرف Watch کی ترکیب میں مستعمل ھے)؛ نگرانی ۔ (۳) (قدیم) (شمشیر زنی) روک؛ توڑ ۔ (٤) نظر بندی؛ حراست ۔ (٥) ولایت (نابالغ کی)؛ مولیٰ ۔ (٦) نابالغ؛ زیر ولایت؛ مولیٰ علیہ؛ وارڈ ۔ (۷) حلقہ (شہر کا) ۔ (۸) (جمع) دندانے جو کنجی اور قفل میں ھوتے ہیں ۔ (۹) وہ عدالت جو نابالغوں کی جائداد کے متعلق مقدموں کی سماعت کرتی ھے ۔ (۱۰) فوجی جاگیر جو فوجی خدمت ادا کرنے سے مشروط ھو ؛ (تاریخ) وہ رقم جو فوجی خدمت کے لئے دی جاتی ھے ۔ (۱۱) (قدیم) قلعے کی دیواروں کا گھیرا ۔ (۱۲) حفاظت؛ دفاع ۔

Court of wards and Liveries : ہنری ہشتم کی قائم کی ھوئی عدالت جو ولایت سے متعلق مقدموں کا فیصلہ کرتی تھی ۔

Master of wards (and Liveries) : کورٹ آف وارڈ کے جج ۔

To hold ward/To keep - : حفاظت کرنا؛ پہرہ دینا ۔

-ward : (v) (۱) حفاظت کرنا (اب زیادہ تر خدا کے لئے آتا ھے) ۔ (۲) (حملے کو) روکنا؛ توڑ کرنا؛ رد کرنا ۔ (۳) بچنا (خطرے ، افلاس وغیرہ سے) ۔ (٤) (مریض کو) کسی خاص وارڈ میں رکھنا ۔ (٥) (کتے کا کتیا سے) لگنا ۔

To watch and ward : حفاظت کرنا؛ پہرہ دینا ۔

Ward : (suffix) : لاحقہ بمعنی "طرف"؛ "سمت"؛ "طرف کو"؛ "سمت کو" ۔

Ward bed : (n) (۱) اسپتال کے وارڈ کا بستر ، کھانا اور طبی سہولتیں وغیرہ ۔ (۲) اسپتال کی طرف سے مریض کی تیمارداری جس کے عوض میں اسپتال مریض کا طبی مطالعہ کرتا ھے ۔

Ward hill : (n) وہ آگ جو خطرے وغیرہ کی اطلاع کے لئے پہاڑ پر جلائی جائے ۔

Ward-maid : (n) اسپتال کی نوکرانی ، ملازمہ ۔

Ward-penny : (n) (نظام جاگیرداری) وہ لگان جو فوجی خدمت کے عوض عائد کیا جاتا تھا ۔

Ward-room : (n) (۱) جنگی جہاز کاوہ حصہ جس میں کیپٹن کے علاوہ دوسرے کمیشن دار افسران رہتے اور کھانا کھاتے ہیں ۔ (۲) وارڈ روم میں کھانا کھانے والے افسران ۔ (۳) سنتری کا کمرہ ۔

Ward-walk : (n) اسپتال کے وارڈوں کا دورہ (مریضوں کو دیکھنے یا دواؤں وغیرہ کے متعلق ہدایت دینے کے لئے) ۔

Ward-woman : (n) (قدیم) بیگم کے توشہ خانہ کی نگراں عورت ۔

Wardable : (a) جس پر قلعے کی حفاظت کا محصول عائد کیا جاسکے ۔

Wardcorn : (n) (نظام جاگیرداری) غلہ جو فوجی خدمت کے عوض میں دیا جاتا تھا ۔

Warded : (a) دندانے دار ۔

Wardeight : (n) ایک قسم کی مرکب شراب جس میں لیموں کارس ، اور انار کی شراب ملی ھوتی ھے اور برف اور سوڈا واٹر کے ساتھ پیش کی جاتی ھے ۔

Warden : (n) [AFr. ON Fr. 'wardain'.] (۱) (قدیم) چوکیدار ؛ سنتری ؛ پاسبان ۔ (۲) نگراں ؛ گورنر ؛ حاکم؛ مہتمم ۔ (۳) (فری میسن) ان دو افسروں میں

سے کوئی جو ایوان گاہ میں Worshipful master کی مدد کرتے ہیں ۔ (٤) گرجا کا منتظم؛ یہودیوں کے عبادت خانے کا منتظم ۔ (٥) سلطنت برطانیہ کے بعض افسروں کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔ (٦) بعض کالج، اسکول، اسپتال کے صدر کا خطاب ۔ (٧) داروغہء جیل ۔ (٨) اس کمیٹی کا رکن جس کے ذمہ پل، سڑک، وغیرہ کی مرمت یا ان کے استعمال کے لئے قوانین بنانے کی ذمہ داری ھوتی ھے ۔ (٩) (امریکا) کسی حلقے کے جلسے یا انتخاب میں صدارت کرنے والا افسر ۔ (١٠) (آسٹریلیا) سونے کی کان کا سرکاری افسر ۔ (١١) (کناڈا) مجلس ضلع کا صدر ۔

Fire warden : محافظ آتش زنی ۔

Fish warden : منتظم ماہی گیری ۔

Game warden : وہ افسر جو کسی خاص علاقے کے کھیل کود کی نگرانی کرتا ھے ۔

Warden : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی ناشپاتی ۔

Warden-court : (n) حاکم سرحد کی عدالت ۔

Warden of the cinque ports : (n) انگلستان کی پانچ جنوب مشرقی بندرگاھوں کا نگراں ۔

Warden of the fleet (prison) : (n) داروغہء زنداں ؛ جیل کا منتظم ۔

Warden of the Marches : (n) حاکم سرحد جو پہلے انگلستان کے سرحدی اضلاع کی حفاظت کے لئے مقرر کیا جاتا تھا ۔

Warden of the Mint : (n) ٹکسال کا افسر اعلیٰ ۔

Warden of the Standards : (n) وہ افسر جس کے ذمہ وزن اور پیمائش کے معیاروں کو درست رکھنا ھوتا ھے ۔

Warden of the Stanneries : (n) کارنوال (Carnwall) کی کانوں کا منتظم ۔

Wardency : (n) (١) نگراں کا عہدہ ۔ (٢) گورنر کا عہدہ یا دائرہء حکومت ۔

Wardenry : (n) نگراں کا عہدہ؛ گورنر کا عہدہ یا دائرہء حکومت ۔

Wardenship : (n) (١) نگراں کا عہدہ ۔ (٢) گورنر کا عہدہ یا دائرہء حکومت ۔

Warder : (n) (١) سنتری؛ پہرے دار ۔ (٢) جیلر؛ داروغہء قید خانہ ۔

Warder : (v) سنتری مہیا کرنا ۔

Warder : (n) بادشاہ یا سپہ سالار کا عصا جس کے اشاروں سے ہدایت یا احکام دیئے جاتے تھے ۔

Warderer : (n) (تاریخ) عصا؛ ڈنڈا ۔

Wardership : (n) داروغہء جیل کا عہدہ یا اس کے منصبی فرائض ۔

Wardholding : (n) (جاگیرداری نظام میں) فوجی خدمت کی مدت ۔

Wardian case : (n)[f.the name of the inventor N.B.Ward+IAN.] (١) شیشے کا ڈبہ جس میں سرخس یا نمی میں اُگنے والے دوسرے پودے لگائے جاتے ہیں ۔ (٢) شیشے کا بکس جس میں پودے اُگائے جاتے ہیں یا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے جاتے ہیں ۔

Warding : (n) (١) پہرہ؛ حفاظت ۔ (٢) قید ۔ (٣) تالے یا کنجی میں دندانے بنانا ۔

Warding file : (n) تالا یا کنجی میں دندانے بنانے والی ریتی؛ باریک ۔

Wardite : (n) [f. Henny A. Ward, an American naturalist.] ایک معدن جس میں آبدار اساسی سوڈیم، کیلسیم اور الومینیم کا فاسفیٹ ھوتا ھے ۔

Wardless : (a) بے دندانے کا ۔

Wardmote : (n) حلقہء شہر کا جلسہ ۔

Wardmote inquest/-quest : (n) (١) حلقہء شہر کے ذریعے عدالتی تحقیقات ۔ (٢) حلقہء شہر کے ارکان؛ وارڈ (کمیٹی) کے ارکان ۔

Wardour street : (n) (١) وارڈر اسٹریٹ؛ لندن کی ایک سڑک جس پر قدیم فرنیچر کی دکانیں ہیں ۔ (٢) لندن میں ایک سڑک کا نام ۔

Wardour street English : (n) قدیم طرز کی انگریزی جو بہ تکلف بولی یا لکھی جائے ۔

Wardress : (n) عورت جو جیلر کی خدمات انجام دیتی ہو ۔

Wardrobe : (n) [ON Fr. 'warderobe'.] (۱) توشہ خانہ : کپڑے رکھنے کا کمرہ ۔ (۲) کپڑے رکھنے کی میز یا الماری ۔ (۳) شاہی توشہ خانہ ۔ (٤) (کسی شخص کا) کپڑوں کا ذخیرہ؛ کپڑوں کا مجموعہ ۔

Wardrobe bed/-bedstead : (n) مسہری جسے بند کر کے کپڑے رکھنے کی الماری کا کام لیا جاتا ہے ۔

Wardrobe-book : (n) وہ رجسٹر جس میں توشہ خانے کا حساب درج ہوتا تھا ۔

Wardrobe-case : (n) (۱) بڑا سوٹ کیس جو درازوں والے بکس کی طرح ہوتا ہے ۔ (۲) دیکھو Wardrobe-Trunk ۔

Wardrobe dealer : (n) استعمال شدہ کپڑے بیچنے والا ۔

Wardrobe master : (n) ایکٹر؛ ایکٹرس یا تھیٹر کمپنی کے توشہ خانے کا منتظم ۔

Wardrobe mistress : (n) اداکار، اداکاروں یا تھیٹر کمپنی کے توشہ خانے کی منتظمہ ۔

Wardrobe-room : (n) تھیٹر کا توشہ خانہ؛ ایکٹر؛ ایکٹرس کے کپڑے رکھنے کا کمرا ۔

Wardrobe-trunk : (n) درازوں والا ٹرنک جس میں کپڑے اور دوسری اشیاء رکھی جاسکتی ہیں ۔

Wardrober : (n) شاہی توشہ خانے کا منتظم افسر ۔

-wards : (suffix) لاحقہ بمعنی "طرف، طرف کو، سمت کو" ۔

Wardship : (n) (۱) سرپرستی؛ ولایت ۔ (۲) نگرانی ۔

Wardsman : (n) جیل یا محتاج خانے میں اپنے زیر ولایت بچے کا نگراں شخص ۔

Ware : (n) [OE. 'war'.] (۱) بحری گھاس؛ کائی؛ صوف البحر (خصوصاً وہ جو بطور کھاد استعمال ہوتی ہے) ۔ (۲) (اسکاچستان) بحری گھاس جمع کرنے کا حق ۔

Ware : (n) [OE. 'waru'.] (۱) مصنوعات؛ سامان ۔ (۲) برتن ۔ (۳) (مزاحاً) عورت ۔ (٤) (شاذ) اشیاء جو فروخت کے لئے بنائی جائیں ۔

The hale ware : کل مقدار یا تعداد ۔

Ware : (a) (۱) واقف ؛ آگاہ ۔ (۲) چوکس؛ بشیار یا ہوشیار ۔ (۳) محتاط ۔ (٤) ہوشیار؛ زیرک؛ دانا ۔

Ware : (v) [ON. 'verja'.] (۱) خرچ کرنا؛ صرف کرنا ۔ (۲) اڑانا؛ برباد کرنا ۔

Ware : (v) [OE. 'warian'.] (۱) ہوشیار کرنا؛ خبردار کرنا ۔ (۲) (امر کا صیغہ) ہوشیار رہو ؛ ہوشیار ۔ (۳) (بول چال عموماً امر کے صیغے میں) دور رہو؛ بچتے رہو؛ پرہیز کرو ۔

Ware : (n) [ON. 'verja'.] موسم بہار ۔

Ware goose : (n) ایک چھوٹی قسم کا ہنس ۔

Warehou : (n) [Maori.] آسٹریلیا اورنیوزی لینڈ میں پائی جانےوالی ایک قسم کی سمندری مچھلی ۔

Warehouse : (n) (۱) گودام؛ مال خانہ ؛ بھنڈار ۔ (۲) خردہ فروش کی دکان ۔ (۳) مطبع کا وہ حصہ جہاں طبع شدہ چیزیں اور کاغذ رکھے جاتے ہیں ۔

Warehouse : (v) (۱) گودام میں رکھنا ۔ (۲) محفوظ کرنا؛ حفاظت میں رکھنا ۔

Warehouse bond : (n) (گودام کی رسید دکھانے پر) گودام میں رکھنے کے بانڈ کی بحفاظت حوالگی ۔

Warehouse-room : (n) گودام کی گنجائش، وسعت ۔

Warehouse- to-warehouse insurance : (n) بحری بیمہ جو نقل و حمل میں مال کو مرسل کے گودام سے مرسل الیہ کے گودام تک محفوظ کرتا ہے ۔

Warehousman : (n) (۱) گودام یا مال خانے کا مالک ۔ (۲) گودام رکھنے والا تھوک فروش تاجر ۔ (۳) دیکھو Italian warehouse ۔

Warehouser : (n) گودام یا مال خانے کا مالک ۔

Warehousing : (n) (۱) گودام میں رکھنا ۔ (۲) گودام میں رکھنے کا معاوضہ ۔

Wareless : (a) (۱) (قدیم) غافل؛ غیرہوشیار ۔ (۲) بےاحتیاطی کا؛ غیر محتاط؛ بے خبر ۔

Warely : (adv.) [OE. 'waerlice'.] (قدیم) ہوشیاری سے؛ خبرداری سے؛ احتیاط سے ۔

Wareroom : (n) دکان ۔

Warfa : (n) [Origin unkn.] میمنے کی پیٹھ کا نشیب ۔

Warfare : (n) (۱) جنگ و جدل؛ (حالت) جنگ ۔ (۲) مجادلہ؛ آویزش؛ تصادم ۔ (۳) نجات دہندہ کلیسائی سرگرمی ۔

Warfaring : (n) دیکھو Warfare

Wari : (n) [Native name in western Africa.] افریقہ اور جنوبی ایشیا میں کھیلے جانے والے بعض قسم کے کھیل ۔

Warily : (adv.) ہوشیاری کے ساتھ چوکسی سے؛ دیکھ بھال کر ۔

Wariness : (n) چوکسی؛ ہوشیاری؛ احتیاط ۔

Waringin : (n) [Jav.] ہندوستانی انجیر ۔

Warkloom/Warklume : (n) (اسکاچستان) اوزار؛ آلہ ۔

Warless : (a) بے جنگ ۔

Warlessly : (adv.) بے جنگجویانہ ۔

Warlessness : (n) بے جنگ ہونے کی حالت ۔

Warlike : (a) (۱) جنگی : فوجی : لڑائی کا ۔ (۲) جنگ جو ۔ (۳) جنگ جویانہ ۔

Warling : (n) قابل نفرت یا ناپسندیدہ شخص ۔

Warlock : (n) [ME. 'warloghe, warlach'.] (۱) جادوگر؛ ساحر ۔ (۲) شعبدہ باز ۔

Warlock : (a) ساحرانہ؛ جادوگر یا جادوگروں سے متعلق ۔

Warlockry : (n) جادوگری؛ سحر؛ شعبدہ بازی ۔

Warm : (a) [OE. 'wearm'.] (۱) گرم ۔ (۲) کسی قدر گرم ۔ (۳) گرم رکھنے والے، گرم (کپڑے) ۔ (٤) (مجازاً) گرم جوش؛ جذباتی ۔ (۵) پرجوش؛ سرگرم؛ گرما گرم ۔ (٦) گرم جوشی کا؛ پرجوش؛ تپاک کا ۔ (۷) گرمایا ہوا؛ تیز؛ مشتعل ۔ (۸) نازک؛ مشکل (موقع) ۔ (۹) ہمدردی کا؛ دل سوزی کا (جذبہ) ۔ (۱۰) (رنگ) شوخ؛ خصوصاً جس میں گہرا سرخ یا زرد رنگ شامل ہو ۔ (۱۱) (شکار کی بو) گرما گرم؛ تیز اور تازہ (جس سے معلوم ہو کہ شکار ابھی گیا ہے) ۔ (۱۲) (بھوں کے آنکھ مچولی کے کھیل میں) بالکل قریب (چھپے ہوئے شخص کی) ۔ (۱۳) خوشحال؛ دولتمند (شخص) ۔ (١٤) (عہدہ دار) جو نیا نہ ہو بلکہ اپنے کام پر جم گیا ہو ۔ (۱۵) سخت (لڑائی) ؛ خطرناک (مقام ، جگہ وغیرہ) ۔ (١٦) آشفتہ؛ برہم؛ گرم مزاج ۔ (۱۷) عاشق مزاج؛ شہوتی؛ شہوت پرست ۔ (۱۸) بیہودہ؛ ناشائستہ ۔

A warm corner : (لڑائی کا) نازک موقع ۔

A warm reception : (۱) پر زور یا بھرپور حملہ؛ مزاحمت؛ہنگامہ آرائی ۔ (۲) پرجوش استقبال یا تواضع ۔

A warm temperament : عاشقانہ مزاج ۔

To keep a seat or place warm : دوسرے کے لئے جگہ گھیرکر رکھنا ۔

To make it (or things) warm for (a person) : کسی کے خلاف جذبات کو برانگیختہ کرنا؛ متواتر حملوں سے ناک میں دم کردینا ۔

Warm/British warm/Service warm : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا اوورکوٹ جو فوجی افسران پہنتے ہیں ۔ (۲) گرمی؛ گرمانا؛ گرم ہونا ۔

Warm : (adv.) (۱) گرمی سے؛ جوش کے ساتھ : تپاک سے : (۲) دیکھو Warmly ۔

Warm : (v) (۱) گرم کرنا ۔ (۲) گرمانا؛ برانگیختہ کرنا؛ مشتعل کرنا؛ تیز کرنا ۔ (۳) تاپنا (آگ وغیرہ) ۔ (٤) گرم ہونا ۔ (۵) مشتعل ہونا؛ گرمانا؛ تیز ہونا ۔ (٦) ہمدردی کا جذبہ پیدا ہونا؛ جوش یا سرگرمی پیدا ہونا ۔ (۷) مارنا پیٹنا؛ کوڑے لگانا ۔ (۸) شوخ رنگ بنانا یا ہونا ۔ (۹) ہمدرد ہونا ۔ (۱۰) مشتعل ہونا؛ سرگرم ہونا ۔ (۱۱) خوش ہونا ۔

Warm-bath : (n) گرمابہ؛ گرم پانی سے غسل ۔

Warm-blood : (n) گرم خون؛ دودھ پلانے والے جانوروں اور چڑیوں کا جس کی حرارت ۹۸ سے ۱۱۲ ڈگری تک ہوتی ہے ۔

Warm-blooded : (a) (۱) گرم خون کا ۔ (۲) گرم جوش طبیعت کا؛ جذباتی مزاج کا ہونا ۔

Warm-bloodedness : (n) گرم جوش طبیعت کا ہونا؛ جذباتی مزاج کا ہونا ۔

Warm description : (n) شہوت انگیز بیان ۔

Warm-hearted : (a) ہمدرد؛ دلسوز ۔

Warm-heartedly : (adv.) ہمدردی سے؛ دلسوزی سے؛ پیار و محبت سے ۔

Warm-heartedness : (n) ہمدردی؛ دلسوزی؛ پیار و محبت ۔

Warm-house : (n) ایک قسم کا حرارت خانہ (نازک پودوں کو سردی سے محفوظ رکھنے کے لئے) ۔

Warm-in boy : (n) وہ مزدور جو شیشے کے ظروف کو دوبارہ گرم کر کے دوسرے مزدور کو مزید عمل کے لئے دے دیتا ھے ۔

Warm-sea : (n) وہ سمندر جس کا پانی نسبتاً گرم خطے کے سمندر جیسا ہوتا ھے ۔

Warm spot : (n) (۱) جلد کا وہ حصہ جس میں گرمی پہنچانے سے سرور پیدا ہوتا ھے ۔ (۲) مرکزِ محبت ۔

Warm up : (v) (۱) ورزش یا مشق کرنا (کھیل شروع کرنے سے قبل) ۔ (۲) خطرناک صورت حال ہونا؛ تشدد آمیز ہونا ۔ (۳) (پکے ہوئے کھانے کو) گرم کرنا ۔ (٤) ذوق شوق پیدا کرنا؛ بڑی دلچسپی پیدا کرنا ۔ (٥) گرم ہونا ۔

Warm-up : (n) (۱) ورزش یا مشق کا وقت (کھیل یا مقابلہ شروع ہونے سے پہلے عضلات ڈھیلے کرنے کے لئے) ۔ (۲) انجن، ریڈیو وغیرہ کو چلا کر گرم کرنا ۔ (۳) وہ تفریحی پروگرام جو ریڈیو یا ٹیلیویژن کے سامعین کی اثرپذیری بڑھانے کےلئے پیش کیا جاتا ھے ۔ (٤) پیش مشق؛ مشق یا تیاری جو کسی اہم کارنامے سے پہلے کی جائے ۔

War-up suit : (n) دیکھو Sweat-suit

Warm-water : (n) (۱) گرم پانی (جو درجۂ ابال سے کم گرم کیا گیا ہو) ۔ (۲) وہ سمندر جس کا پانی نسبتاً گرم خطے کے سمندر جیسا ہوتا ھے ۔

Warm wave : (n) گرم موج، لہر ۔

Warm with : (a) گرم پانی اور شکر ملی (شراب) ۔

Warm work : (n) شدید لڑائی؛ خوفناک جنگ ۔

Warman : (n) سپاہی ۔

Warmed-over : (a) (۱) گرم کیا ہوا (دوبارہ) ۔ (۲) فرسودہ؛ پرانا؛ پائمال ۔

Warmed-up : (a) (۱) دیکھو Warmed-over ۔ (۲) (مویشی) جو تین مہینے یا اس سے کم اچھی غذا پر موٹا ہونے کے لئے رکھا گیا ہو ۔

Warmer : (n) (۱) گرم کرنے والا؛ گرم کرنے کا برتن یا آلہ ۔ (۲) رائفل کی نال گرم کرنے کے لئے چھوڑا گیا فائر ۔

Warmful : (a) پُرجوش؛ پرتپاک ۔

Warming : (n) (۱) گرم کرنا؛ گرم ہونا؛ گرماؤ ۔ (۲) کندی؛ مرمت؛ زدو کوب ۔

Warming : (a) گرم کرنے والا ۔

Warming house : (n) خانقاہ کا گرم کمرا ۔

Warming-pad : (n) جسم یابستر کو گرم کرنے والا آلہ (جو بجلی یا کیمیاوی عمل سے چلتا ھے) ۔

Warming-pan : (n) (۱) بستر گرم کرنے کی انگیٹھی ۔ (۲) (مجازاً) قائم مقام (جو دوسرے شخص کے بالغ ہونے تک کسی عہدے یا منصب پر رھے) ۔

Warming-up : (a) گرم کرنے کا؛ گرم کرنے سے متعلق ۔

Warminster broom : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Warmish : (a) کسی قدر گرم ۔

Warmly : (adv.) دلسوزی سے؛ تپاک سے؛ گرم جوشی سے؛ جوش کے ساتھ؛ سرگرمی سے؛ گرمی کے ساتھ ۔

Warmonger : (n) جنگجو؛ جنگ پسند شخص ۔

Warmongering : (n) جنگجوئی ۔

Warmouth/Warmouth bass/-perch: (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی دریائی مچھلی ۔

Warmth : (n) [OE 'wiermpu'.] (۱) ہلکی گرمی ۔ (۲) جوش ؛ گرم جوشی؛ تپاک؛ دلسوزی ۔ (۳) تیزی؛ حرارت؛ غصہ ۔ (٤) دمک؛ چمک ۔

Warn : (v) [OE. 'war(e)nian, wearnian'.] (۱) آگاہ کرنا ؛ خبردار کرنا؛ ہشیارکرنا؛ متنبہ کرنا؛ تنبیہ

Warning-piece : (n) (۱) دیکھو Warning-gun ۔ (۲) (گھڑی کا) وہ پرزہ جو گھنٹی بجنے سے پہلے کھرکھر کی آواز دیتا ھے ۔

Warning-pipe : (n) وہ لبریزنلکی جو ٹنکی کے حد سے زیادہ بھر جانے کی اطلاع دیتی ھے ۔

Warning-wheel : (n) (گھڑی کی) چرخی جو گھنٹی بجنے سے پہلے گھر گھر کی آواز دیتی ھے (یا جس سے آواز نکلتی ھے) ۔

Warningly : (adv.) بطور تنبیہہ : خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے ۔

Warp : (n) [OE. 'wearp'.] (۱) تانا؛ تار؛ کپڑے کی بناوٹ میں وہ دھاگا جو لمبان میں تانا جائے ۔ (۲) جہاز کھینچنے کی رسی ۔ (۳) اینٹھن ؛ خم ؛ کجی ۔ (٤) (مجازاً) انحراف ؛ کج روی ؛ خرابی ۔ (٥) دریا برآمد مٹی کی تہ جو میلے پانی کے رہنے سے جم جاتی ھے اور زمین کو زرخیز بناتی ھے؛ رسوب دریا؛ گاد ۔ (٦) رسی جو جال یا بارپون سے بندھی رہتی ھے ۔ (۷) مچھلی یا صدف کی چار (بعض اوقات تین یا دو) کی تعداد ۔ (۸) بنیاد؛ اساس ۔

Warp : (v) (۱) اینٹھ دینا؛ خم پیدا کردینا؛ ٹیڑھا کردینا؛ اینٹھ جانا؛ خم دار ہو جانا ۔ (۲) ٹیڑھا ہو جانا یا کردینا؛ خم پیدا ہو جانا یا کر دینا؛ صورت بگاڑ دینا ۔ (۳) (سیرت یا طبیعت میں) انحراف پیدا کرنا؛ کجی یا کج روی پیدا کرنا ؛ کج رائی پیدا کر دینا؛ بگاڑ دینا ۔ (٤) (رائے کو) اعتدال یا انصاف کے نقطے سے ہٹا دینا؛ تعصب پیدا کر دینا ۔ (٥) (جہاز میں) رسی باندھ کر کھینچنا؛ اس طرح کھنچتے ہوئے چلنا (جہاز کا) ۔ (٦) (زمین میں) میلا پانی بھر کر اور دریا برآمد مٹی جما کر زرخیز بنانا؛ دریا برآمد مٹی سے نہر کو بھر دینا ۔ (۷) مسخ کر دینا؛ غلط معنی پہنانا ۔ (۸) (کسی متحرک چیز کو) اس کے رستے سے ہٹا دینا؛ منحرف کر دینا ۔ (۹) تانا لگانا ۔ (۱۰) رسی بانٹنے کے لئے سوت کو لمبا کرنا ۔ (۱۱) (ماہی گیری) کانٹے میں مصنوعی رسی لگانا ۔ (۱۲) بہت آہستہ یا مشکلوں سے بڑھنا (ہاتھوں اور پاؤں لگا کر) ۔ (۱۳) ہوا میں تیرنا یا ناچنا ۔ (١٤) طرفدار ہو جانا؛ متعصب ہو جانا ۔ (۱۵) وقت سے پہلے بچہ دے دینا (مویشیوں یا پالتو جانوروں کا) ۔ (۱٦) جوار بھاٹے کو نشیبی علاقے میں لانا ۔

To warp one's way : (جہاز کا) رسی میں بندھ کر کھنچتے ہوئے چلنا ۔

کرنا ۔ (۲) اطلاع دینا؛ خبر کرنا ۔ (۳) (گھڑی کا) گھنٹی بجنے سے پہلے گھر گھر کی آواز پیدا کرنا ۔ (٤) (فوج) بلانا؛ حکم دینا ۔ (٥) منع کرنا؛ ممانعت کرنا (آگے بڑھنے، مداخلت بیجا وغیرہ کی) ۔ (٦) جبریہ حکم جاری کرنا ۔

To warn off : (کسی شخص کو) دور رہنے کی اطلاع دینا ۔

Warn off : (v) (گھوڑا، جاکی یا کھلاڑی کو) دوڑ یا مقابلے سے محروم کر دینا ۔

Warnel : (n) [OE. 'wernaegel'.] (۱) پھنسی جو ڈانس کے بچے کے کاٹنے سے مویشیوں کے جسم پر نکل آتی ھے ۔ (۲) بات مکھی ۔

Warner : (n) آگاہ کرنے والا؛ خبر دار کرنے والا؛ خصوصاً آگاہی دینے والا پرزہ یا ترکیب ۔

Warning : (n) (۱) (خطرے کی) اطلاع؛ خبر؛ اخطار؛ آگاہی ۔ (۲) (قصور کی) تنبیہ ۔ (۳) خطرے کی علامت؛ متنبہ کرنے والی چیز؛ باعث عبرت ۔ (٤) یاد رکھنے والی چیز یا مثال ۔ (٥) (تجارتی) تعلقات منقطع کرنے کا نوٹس؛ نوکری سے برخاست کرنے کا نوٹس ۔

To give warning (to) : نوکری سے الگ کرنے یا الگ ہونے کی نوٹس دینا ۔

To take warning : (۱) چوکنا ہونا؛ ہشیار ہونا ۔ (۲) خطرے کی اطلاع پا کر مناسب تدبیر کرنا؛ متنبہ ہونا؛ تنبیہہ سے فائدہ اٹھانا ۔

Warning : (a) تنبیہہ ۔

Warning-bell : (n) (۱) خطرے کی گھنٹی ۔ (۲) روانگی کی گھنٹی ۔

Warning colouration : (n) (حیوانیات) خطرے کے وقت جاندار کا رنگ بدل لینا (تاکہ دشمن کو نظر نہ آئے جیسے گرگٹ وغیرہ) ۔

Warning-gun : (n) بندوق جو خطرے سے آگاہی کے لئے یا اعلان کرنے کے لئے چھوڑی جائے ۔

Warning-lever : (n) (گھڑی سازی) بیرم جو گھرگھر کی آواز نکالنے والے پہیے کو متحرک کرتا ھے ۔

Warning net : (n) وہ مواصلاتی نظام جو دشمن کی فوج اور خصوصاً ان کے ہوائی جہازوں کے آنے کی اطلاع دیتا ھے ۔

Warp and woof : (n) بنیاد؛ اساس ۔

Warp-beam : (n) وہ بیلن جس پر تانا لپیٹا جاتا ھے ۔

Warp-face : (n) (کپڑا) جس میں تانا نمایاں ھو ۔

Warp-knit : (n) صرف تانے سے بنا ھوا کپڑا ۔

Warp-knitted : (a) صرف تانے کے ذریعے بنا ھوا ۔

Warp-knitting : (n) مشین کے ذریعے بنائی جس میں صرف تانا استعمال ھوتا ھے ۔

Warp-lace : (n) ایک قسم کا کلابتو جس کے دھاگےتانے سے مشابہ ھوتے ہیں ۔

Warp-land : (n) زمین جو دریا برآمد مٹی کے ذریعے زرخیز بنائی گئی ھو ۔

Warp-wire : (n) تار والے راچھ کا تار ۔

Warped : (a) اینٹھا ھوا؛ ٹیڑھا؛ دریا برآمد مٹی کی وجہ سے زرخیز ۔

Warper : (n) تانا لگانے والا (آدمی یا مشین) ۔

Warping : (n) (۱) تانا لگانا ۔ (۲) جہاز کو رسی سے باندھ کر کھینچنا ۔ (۳) دریا برآمد مٹی سے بھر جانا (زمین کا) ۔ (٤) اینٹھنا؛ مروڑنا؛ اینٹھن ۔ (۵) کان؛ ٹیڑھ ؛ تاب؛ آڑ ۔ (٦) وہ دھاگا جس کے ذریعے مصنوعی مکھی کانٹے سےلگی رہتی ھے ۔ (۷) غلط معنی پہنانا ۔

Warping bank : (n) زمین کے گرد کنارہ بنانا تاکہ جوار بھاٹے کا پانی داخل ھو کر دریا برآمد مٹی کے ذریعے زمین کو زرخیز بنا سکے ۔

Warple : (v) [f. warp.] اینٹھنا؛ مروڑنا؛ بل دینا؛ گوندھنا ۔

Warple-way/-road : (n) [Origin unkn.] وہ راستہ جس پر گھوڑے گزرسکیں اور گاڑیاں وغیرہ نہ گزر سکیں ۔

Warracoori : (n) [Native name.] سفید صنوبر کی لکڑی ۔

Warragal/Warrigal : (n) [f. Native name in Australia.]
(۱) آسٹریلیا کا جنگلی یا نیم پالتو کتا ۔
(۲) آسٹریلیا کا جنگلی گھوڑا ۔

Warragal/Warrigal : (a) جنگلی ۔

Warrandice : (n) [AFr. 'warandise'.] (۱) معقول وجہ ؛ جواز ۔ (۲) دیکھو Warranty ۔ (۳) (اسکاچستانی قانون) زمین کے خریدار کو قانونی ذمہ داری سے بری کر دینے کا معاہدہ ۔

Warrant : (n) [ME. 'warant'.] (۱) سند؛ اختیار مفوضہ؛ (کسی کام کے کرنے کی) معقول وجہ، جواز ۔ (۲) حکم جس کے ذریعے روپیہ ادا ھو؛ پروانہ؛ ادائی زر؛ برآت ۔ (۳) پروانہء گرفتاری یا قرقی، ضبطی، وارنٹ ۔ (٤) مختارنامہ ؛ کسی شخص کی طرف سے مقدمے میں پیروی کرنے کی تحریری اجازت ۔ (۵) وارنٹ؛ محکمہء جنگ یا محکمہء بحری کا پروانہء تقرر جو چھوتے درجے کے افسروں کو دیا جاتا ھے ۔ (٦) اجازت نامہ ۔ (۷) گودام کی رسید ۔ (۸) Warrant officer کا مخفف ۔ (۹) ذمہ دار شخص؛ مستند گواہ ۔

General warrant : پروانہء گرفتاری ۔

To take warrant oneself : عہد کرنا ۔

Warrant : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) زیر مٹی؛ چکنی مٹی کی تہ (کوئلے کے نیچے) ۔

Warrant : (v) [ME.'warent(e'.] (۱) معقول وجہ ھونا؛ وجہ جواز ھونا ۔ (۲) تصدیق کرنا؛ ضامن ھونا؛ ذمہ دار ھونا (خصوصاً مال کے اصلی اورصحیح مقدار ھونے کا)؛ ضمانت دینا (کسی شخص کو اس کی زمین یا اس کے قبضہ سے متعلق) ۔ (۳) اختیار دینا؛ سند دینا ۔ (٤) جواب دہ ھونا ۔ (۵) یقین دلانا؛ یقین کرنا ۔

I warrant/I will warrant : (۱) میں بیان کی صحت کا ضامن ھوں ۔ (۲) (بطور جملہء معترضہ) یقیناً؛ بے شک ۔

Warrant of arrest : (n) پروانہء گرفتاری ۔

Warrant of attorney : (n) مختار نامہ ۔

Warrant officer : (n) وارنٹ افسر؛ کمیشن افسروں سے چھوٹا اورغیرکمیشن افسروں سےبڑا افسر ۔

Warrantable : (a) (۱) جائز؛ معقول ۔ (۲) جس کی ضمانت دی جا سکے ۔ (۳) قابل شکار (پانچ یا چھ برس کی عمر کا بارہ سنگا) ۔

Warrantableness : (n) معقول ھونا؛ جائز ھونا ۔

Warrantably : (adv.) معقول طور پر؛ جائز طور پر۔

Warranted : (a) مصدقہ؛ مستند؛ جائز ۔

Warrantee : (n) اختیار پانے والا ۔

Warranter : (n) (۱) ضامن؛ ذمہ دار ؛ مصدق؛ تصدیق کرنے والا۔

Warrantise : (n)[OFr.'warentise'.] (۱) ضمانت دینا؛ ضامن ہونا؛ ضامن؛ ضمانت دینے والا ۔ (۲) (قانون) دیکھو Warranty ۔(۳) اختیار ؛ اجازت؛ سند ۔

Warrantless : (a) بے ضمانت؛ بے اجازت؛ غیر مجازانہ۔

Warrantor : (n) اختیار دینے والا؛ سند دینے والا ۔

Warranty : (n) [AFr. 'warrantie'.] (۱) معقول وجہ؛ جواز ۔ (۲) اختیار، سند ۔ (۳) تصدیق اصلیت، ذمہ داری (بیچنے والے کی طرف سے کہ مال اس کا ہے اور اصلی ہے) ؛ عہد؛ عہدنامہ ۔(٤) مسلمہ ثبوت؛ شہادت ۔(٥) ضمانت ۔

Covenant of warranty : معاہدہ یا ضمانت کہ جائداد لینے والے کو گزند نہ پہنچے ۔

War(r)ee : (n) [Origin unkn.] مرکزی اور جنوبی امریکا کا سور کی قسم کا ایک جانور ۔

Warren : (n) [AFr. ON Fr. 'warenne'.] (۱) (تاریخ) احاطہ جہاں جانوروں کی افزائش نسل کی جاتی تھی ۔ (۲) خرگوش گاہ : خرگوشوں کا جنگل : جس میں خرگوش بہت کثرت سے ہوں ۔ (۳) خرگوش گاہ میں رہنے والے خرگوش ۔ (٤) (مجازاً) چھوٹے چھوٹے جانوروں کا گروہ ۔ (٥) عمارت یا عمارتیں جن میں غریبوں کی کثیر آبادی ہو ۔ (٦) تنگ گلیوں یا راستوں کا جال ۔

Warrener : (n) [AFr. 'warener'.] (۱) (تاریخ) محفوظ شکارگاہ کا منتظم؛ محافظ شکارگاہ ۔(۲) خرگوش گاہ کا نگراں ۔(۳) خرگوش گاہ یا باڑے کا مالک ۔

Warrigal : (n&a) [Native name] دیکھو Warragal

Warring : (a) (۱) جنگ کرنے والا ؛ جنگجو؛ جنگجویانہ ۔ (۲) (مجازاً) ایک دوسرے کے مخالف؛ متناقض؛ متضاد۔(۳) ایک قسم کا Wall-flower ۔(٤)عورت ۔ (٥) جانور ۔

Warrior : (n) [ME. 'werre(y)our'.] (۱) جنگ آزمودہ سپاہی؛ ساونت؛ سورما ۔ (۲) سپاہی (بحری یا بری فوج کا) ۔(۳)جنگجو (قوم وغیرہ) ۔(٤) جنوبی امریکا کا ایک پرندہ ۔

Black warrior : امریکا کا ایک شکاری پرندہ ۔

(Bloody) warrior : موسم بہار کاخوشبودار پودا جس میں عموماً نارنجی یا بادامی پھولوں کے گچھے ہوتے ہیں ۔

The Unknown Warrior : گمنام سپاہی؛ جنگ عظیم میں مارے گئے سپاہیوں میں سے ایک سپاہی کی لاش جو حکومتِ برطانیہ کے ہر ملک کی قوم کی قربانی کی یادگار میں ۱۱/نومبر سنہ ۱۹۲۰ء کو ویسٹ منسٹرایبے میں دفن کی گئی ۔

Warrior ant : (n) حاکم چیونٹی : ایک قسم کی چیونٹی جو دوسرے چھوٹے کیڑوں پر حکومت کرتی ھے ۔

Warrioress : (n) سورما عورت ۔

Warrior's belt : (n) (علم النجوم) جوزہ کے تین چمکدار ستارے ۔

Warriorship : (n) سپاہی کا عہدہ یا کام ۔

Warsaving certificate : (n) دیکھو Saving

Warsaw : (n) [Sp. 'guase'.] بعض قسم کی امریکی مچھلیوں کے نام ۔

Warsle : (v) [Metathetic form of Wrestle.] (۱) کشتی لڑنا ۔ (۲) پوری طاقت سے مقابلہ کرنا۔ (۳) دیکھو Wrestle ۔

Warsle : (n) کشتی ؛ گُتھم گُتھا ۔

Warsler : (n) کشتی لڑنے والا؛ پہلوان ۔

Wart : (n) [OE. 'wearte'.] (۱) مسا؛ سخت دانہ؛ مہاسا ؛ گندمہ ۔ (۲) گومڑی؛ مسا جو درختوں کے تنے پر ہو ۔(۳) گھوڑے کے پیر کا گھٹا ۔(٤) (فوج، بول چال) نوجوان چھوٹا افسر ۔ (٥) (مجازاً) چھوٹا بدنما ابھار؛ کوئی چھوٹی یا مکروہ چیز ۔

To paint on with his warts : کسی شخص کی سچی تصویر کھینچنا جس میں اس کے نقص بھی دکھائے جائیں۔

Wart and all : ناگوار یا خلاف ادب حصوں یا خصوصیات کے ساتھ۔

Wart-biter : (n) ایک قسم کا ٹڈا ۔

Wart-cress : (n) ایک قسم کا کاھو ۔

Wart grass : (n) گومڑی دار؛ دانہ دار ۔

Wart-hog : (n) افریقہ کے بڑے سر والے سور جن کے چہرے پر مسے ھوتے ہیں ؛ مسے دار سور ۔

Wart-snake : (n) ایک قسم کا سانپ جس کے چمڑے پر مسے نما کھپرے ھوتے ہیں ۔

Wart-weed : (n) مسا بوٹی ۔

Wart-wort : (n) دیکھو Wart-weed

Warted : (a) گومڑی دار؛ دانہ دار ۔

Warth : (n) [OE. 'warap'.] (قدیم) شور؛ کنارہ؛ ساحل ۔

Wartless : (a) بے مسا ۔

Wartlike : (a) مسا نما؛ مسے سے مشابہ ۔

Warty : (a) (۱) مسے دار: مسوں سے بھرا ھوا ۔ (۲) گومڑی دار۔ (۳) مسا نما۔ (٤) (مجازاً) سنگلاخ؛ کھردرا ۔

Warwickite : (n) [f. Warwick, a vill of Southern New York.] ایک معدنی شے $(Mg,Fe)_3\ Ti\ (BO_4)_3$ ۔

Wary : (a) (۱) چوکس؛ ہشیار؛ ھوشیار؛ محتاط ۔ (۲) چوکسی کا؛ پر احتیاط ۔

Was : (n) گزری ھوئی بات، چیز، حالت ؛ ماضی ۔

Was : (v) تھا؛ تھی ۔

Wasabi : (n) [Jap.] (۱)ایک ایشیائی جڑی بوٹی ۔ (۲)ایشیائی بوٹی کی جڑ ۔

Wase : (n) [ME.] (۱) (قدیم) گھاس یا پیال کا گٹھر ۔ (۲) پیال کی گدی جو بوجھ اٹھاتے وقت سر پر رکھتے ہیں ۔

Wash : (n) (۱) دھونا؛ دھلنا؛ دھلائی ۔ (۲) ہاتھ منہ دھونا ۔ (۳) لادی؛ دھلنے والے کپڑے ۔ (٤) پانی کی ہلچل؛ تلاطم امواج خصوصاً جو کشتی کی رفتار سے پیدا ھوتا ھے ۔ (٥) دریا برآمد مٹی؛ رسوب ۔ (٦) باورچی خانے کا دھوون جو سوروں کو دیا جاتا ھے؛ گندہ پانی؛ موری کا پانی ۔ (۷) پانی سی چیز؛ چائے، شراب وغیرہ جو بےحد ہلکی ھو؛ دھوون ۔ (۸) (مجازاً) بکواس، فضول، بے مزا یا پھسپھسی گفتگو ۔ (۹) لوشن؛ دھونے یا رنگ صاف کرنے کی دوا؛ شؤیہ ۔ (۱۰) (سونے وغیرہ کا) ہلکا ملمع ۔ (۱۱) پانی کا رنگ (جو پانی میں گھولا گیا ھو) ۔ (۱۲) دیوار وغیرہ پر رنگ کی ہلکی تہ ۔ (۱۳) (آب رنگ تصویر) رنگ کی چوڑی ہلکی تہ جو برش سے ایک ہی بار میں لگائی گئی ھو ۔ (١٤) تلاطم امواج سے پیدا ھونے والی آواز ۔ (۱٥) نشیبی قطعہٴ زمین جس میں اکثر پانی بھر جائے ۔ (١٦) سردیوں میں بہنےوالی ندیوں کا خشک کنارہ ۔ (۱۷) ساحلی جھیل ۔ (۱۸) باسی پیشاب ۔ (۱۹) (کان کنی) کھرچے ھوئے کوئلے کی پرت پر کنکر کی تہ ۔ (۲۰) وہ مٹی جس کو دھو کر سونا یا ہیرا نکالا جائے ۔ (۲۱) (عام) (طباعت) ساتھ کام کرنے والے مزدور کو سزا دینا (جھوٹ بولنے کے لئے) ۔ (۲۲) صدف یا گھونگے کو تولنے کا ایک پیمانہ ۔ (۲۳) (صرافہ) تمسکات کی فرضی فروخت (جس میں دلاّل کو دونوں طرف سے کمیشن ملتا ھے) ۔ (٢٤) بھالو یا اودبلاؤ کا زمین دوز ماند، بھٹ ۔ (۲٥) شعیرے کا زلال یا آش جس سے شراب نکال لی گئی ھو ۔ (۲٦) نالا جو دریا کے سیلاب سے بن گیا ھو؛ سڑک سے ھو کر گزرنے والا جھرنا یا ندی ۔ (۲۷) دلدل؛ دلدلی خطہ؛ جھابز ۔ (۲۸) کھپریل کی سی ترتیب ۔ (۲۹) وہ برتن جس کی شکل پانی ڈھونے والے ظرف کی سی ھو ۔ (۳۰) رقیق رنگ و روغن ، منجن وغیرہ ۔ (۳۱) وہ مرکب (انڈے اور دودھ وغیرہ کا) جو نان بائی چمک پیدا کرنے کے لئے روٹی، بسکٹ وغیرہ پر لگاتا ھے ۔ (۳۲) (طب) لیپ ۔

At the wash : (کپڑے وغیرہ) جو دھونے کے لئے ھوں ۔

Black wash/Yellow- : پارے سے بنی دوائیں جو جلدی بیماریوں میں استعمال ھوتی ہیں ۔

(To be lost, damaged etc.) in the wash : دھونے میں ضائع یا نقصان ھو جانا ۔

White wash : (۱) قلعی ۔ (۲) چونے کی سفیدی (پھیرنا) ۔

Wash : (v) (۱) دھونا؛ دھو کر صاف کرنا ۔ (۲) (مجازاً) پاک کرنا (گناہ وغیرہ سے) ۔ (۳) دھو کر مٹانا؛

(دهبا) دهو ڈالنا ۔ (٤) ہاتھ منہ دھونا ۔ (٥) کپڑے دھونا ؛ دھلائی کا کام کرنا ۔ (٦) (کپڑے کا) اس طرح دھل سکنا کہ رنگ نہ اڑے اور خراب نہ ہو ۔ (٧) تر کرنا؛ بھگونا ۔ (٨) (دریا کے ساحل وغیرہ کو) چھونا؛ چھوتے ہوئے بہنا (دریا کا) ۔ (٩) بہالے جانا؛ بہہ جانا ۔ (١٠) (کھانے کی چیز کو پانی وغیرہ سے) اتارنا ۔ (١١) پھیل کر بہنا ۔ (١٢) (کچی دھات کو) پانی سے دھوکر نتھارنا یا نتھارا جانا ۔ (١٣) (دیوار وغیرہ پر) بالی سے رنگ کرنا؛ چونا گردانی کرنا ۔ (١٤) (سونے وغیرہ کا) پانی پھیرنا؛ ہلکا ملمع کاری کرنا ۔ (١٥) (مجازاً) آزمائش سے گزرنا ۔ (١٦) دھونے میں رنگ کا اڑجانا؛ دھلاتے دھلاتے بے رنگ یا بدرنگ ہو جانا ۔ (١٧) (مجازاً) کم زور ہو جانا؛ تازگی کھو دینا ۔ (١٨) (بلی وغیرہ کا اپنے چہرے یا جسم کو) زبان سے چاٹ کر یا پنجے سے مل کر صاف کرنا ۔ (١٩) آبریزش سے یا دوا وغیرہ (پانی میں ڈال کر) (منہ وغیرہ) دھونا ۔ (٢٠) نہانا ؛ غسل کرنا ۔ (٢١) شراب سے حلق کو تر کرنا ۔ (٢٢) (آب رنگ تصویر میں) برش کی مسلسل جنبش سے رنگ کی چوڑی تہ چڑھانا ۔ (٢٣) (موجوں کا) ساحل سے ٹکرانا ۔ (٢٤) (مجازاً) مٹانا؛ محو کرنا؛ نیست و نابود کرنا؛ منسوخ کر دینا ۔ (٢٥) (کشتی کی دوڑ میں) متلاطم امواج کے ذریعے حریف کی کشتی کی رفتار میں رکاوٹ ڈالنا ۔ (٢٦) لہروں کا موجزن ہونا ۔ (٢٧) (دریا کا) شہر، ملک سے ہو کر گزرنا ۔ (٢٨) (غذا کو نگلنے یا ہضم کرنے کے لئے) کھانے کے دوران یا فوراً بعد شراب پینا ۔ (٢٩) بہتے ہوئے پانی سے بہہ جانا یا الگ ہو جانا ۔ (٣٠) موجوں میں ہچکولے کھانا ۔ (٣١) ڈھال بنانا؛ ڈھلوان بنانا ۔ (٣٢) (طباعت) (جھوٹ بولنے کے لئے اپنے ہمکار کو) سزا دینا یا میز پر ہتھوڑے مار کر دق کرنا ۔ (٣٣) (صرافہ) دلال کا تمسکات کو فرضی فروخت کرنا تاکہ دونوں طرف منافع کمائے ۔ (٣٤) چکر کھلانا ۔ (٣٥) تاش کے پتے پھینٹنا (بانٹنے سے پہلے) ۔ (٣٦) آزمائش میں کامیابی کے ساتھ گزر جانا ۔ (٣٧) پگھلے ہوئے لوہے کے ڈلے سے فاسفورس دور کرنا ۔ (٣٨) صابن کی طرح صاف کرنا؛ صابون کا کام دینا ۔ (٣٩) (پانی کی دھار کا کسی شے کو) کھا جانا؛ کاٹ دینا ۔ (٤٠) مقبول ہونا؛ یقین دلانا ۔ (٤١) چھپ چھپ یا چپڑ چپڑ کی آواز کے ساتھ چلنا ۔

To wash an ass 's head (or ear) : بے فائدہ محنت کرنا؛ سعی لاحاصل کرنا ۔

To washan Ethiop, black moor (white) : بے کار محنت کرنا؛ سعی لاحاصل کرنا ۔

To wash clean or white : دھوکرصاف یاسفیدکردینا (گندے کپڑے کو) ۔

To wash down : سر سے پاؤں تک دھو دینا؛ پوری طرح دھو دینا ۔

To wash one's dirty linen at home : گھر کے جھگڑے کو گھر ہی میں رکھنا ۔

To wash one's dirty linen in public : گھر کے جھگڑے کو بازار میں چکانا ۔

To wash one's hands : ہاتھوں کو ملنا (جیسے دھویا جاتے)۔

To wash one's hands of : (کسی معاملے سے) قطع تعلق کر لینا، الگ ہو جانا، بری الذمہ ہونا ۔

To wash out : (١) (برتن وغیرہ کو) اندر سے صاف کرنا۔ (٢) (صابون دور کرنے کےلئے) کھنگالنا ۔

To wash up : (کھانا کھانے کے بعد) برتن دھونا ۔

Wash : (a) پکے رنگ کا اور پائدار؛ دھلاؤ ۔

Wash and wear : (a) (کپڑے) جن پر دھونے کے بعد استری کی ضرورت نہ ہو؛ دھوؤ اور پہنو ۔

Wash away : (n) (١) پہاڑی کے کسی حصے کا سیلاب سے بہہ جانا۔ (٢) سیلاب کا ریل کی پٹری یا سڑک کے کسی حصے کو تباہ کر دینا ۔ (٣) دراز یا سوراخ جو مٹی کے دھل جانے سے پیدا ہو جائے ۔

Wash-ball : (n) صابن کا گولا (منہ، ہاتھ دھونے کا) ۔

Wash-barrel : (n) پیپا جس میں میکرل (مچھلی) کو چاک کر کے خون دھونے کے لئے ڈالتے ہیں ۔

Wash-basin : (n) سلفچی؛ منہ دھونے کا طشت ۔

Wash-basket : (n) میلے کپڑے رکھنے کی ٹوکری ۔

Wash-bear : (n) امریکی ریچھ ۔

Wash-boiler : (n) بھٹی چڑھانے کا برتن ؛ کپڑے دھونے کا کڑھاؤ ۔

Wash-bottle : (n) (۱) دھوون بوتل؛ گیس صاف کرنےکی بوتل جس میں کوئی سیال چیز بھرکر اس میں سے گیس گزارتے ہیں (صاف ہوجانے کی غرض سے) ۔ (۲) مہنال اور نلکی لگی ہوئی بوتل جس سے پانی کی دھار چھوڑ کر برتن وغیرہ دھوتے ہیں ۔

Wash-bowl : (n) برتن وغیرہ دھونے کا طشت، لگن، کونڈا ۔

Wash brush : (n) رنگ پھیرنے کا بڑا برش ۔

Wash-cloth : (n) صافی ۔

Wash-coloured : (a) پانی کا رنگ یا آب رنگ پھیرا ہوا ۔

Wash-day : (n) کپڑے دھونے کا مخصوص دن ۔

Wash-dirt : (n) مٹی جس کو دھو کر سونا نکالا جاتا ھے ۔

Wash-dish : (n) دیکھو Wash-bowl ۔ (۲) ممولا وغیرہ کی قسم کی ایک چڑیا ۔

Wash down : (a) جس میں چیزوں کو نیچے کی طرف بہانے کا اہتمام ہو ۔

Wash-drawing : (n) آب رنگ تصویر بنانے کا ایک طریقہ جس میں رنگ کی چوڑی پٹیاں دی جاتی ہیں؛ ایسی تصویر ۔

Wash-fountain : (n) مدور لگن جس کے گرد بیٹھ کر بہت سے لوگ کپڑے ایک ساتھ دھوتے ہیں ۔

Wash-gourd : (n) ایک پھل جس سے جھانویں کا کام لیا جاتا ھے ۔

Wash-gravel : (n) کنکر کی تہ جس میں سونا ہو ۔

Wash-hand : (a) ہاتھ دھونے میں استعمال ہونے والا ۔

Wash-house : (n) کپڑے دھونے کا کارخانہ خصوصاً لانڈری ۔

Wash-kitchen : (n) باورچی خانہ جو کپڑا دھونے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Wash land : (n) وہ قطعہء زمین جس پر میعادی طور پر سیلاب آجائے ۔

Wash-leather : (n) (۱) سابر کا چمڑا یا اسی طرح کا نرم چمڑا (بھیڑ، بکری وغیرہ کا) ۔

Wash-linen : (n) سوتی کپڑے جو دھونے کے لئے بھیجے گئے ہوں ۔

Wash-man : (n) (۱) دھوبی؛ دھونے والی مشین چلانے والا ۔ (۲) کپڑے کی مل کا وہ مزدور جو کپڑے کو رگڑ کر چمکاتا ھے ۔ (۳) (ٹین کی چادر بنانے والی مل کا) ٹین دھونے والا مزدور ۔

Wash-mill : (n) (۱) (خشت سازی) مٹی دھونے والی مشین ۔ (۲) (چمڑا کمانے میں) بال الگ کئے ہوئی کھال کو چونا لگا کر صاف کرنے والی مشین ۔

Wash-out : (n) (۱) حوض وغیرہ کو اندر سے صاف کرنا؛ پائپ یا دوسرے ساز و سامان جن سے حوض دھویا جاتا ھے ۔ (۲) (کان کنی) وہ جگہ جہاں کوئلہ یا کچا لوہا پانی سے بہہ کر جمع ہو گیا ہو ۔ (۳) پہاڑی کے ایک حصے کا سیلاب سے کٹ جانا؛ وہ سوراخ یا دراڑ جو پانی کے کٹاؤ سےبن گئی ہو (سڑک یا ریلوے کی پٹری میں) ۔ (٤) (عام) قطعی ناکامی : ٹائیں ٹائیں فش ۔ (٥) بالکل ناکامیاب شخص؛ بالکل بیٹا؛ محض نکما ۔ (٦) ہوائی جہاز کے بازوؤں کی مستقل کجی یا مڑا ہوا ہونا ۔ (۷) ناگہانی سگنل (جو ہاتھ یا لالٹین سے ریل کو روکنے کے لئے دیا جائے) ۔

Wash out : (v) (۱) دھو ڈالنا ۔ (۲) نچوڑ کر رنگ نکال دینا (کپڑے کا) ۔ (۳) تھکا دینا؛ خستہ کر دینا ۔ (٤) منسوخ کر دینا؛ چھانٹ دینا؛ چھوڑ دینا؛ مسترد کر دینا ۔ (٥) پانی کے زور سے بیکار کر دینا ۔ (٦) بارش ہو کر ختم ہو جانا ۔ (۷) ناکامیاب ہو جانا خصوصاً تربیت کے دوران ناکام ہونا ۔ (۸) دھونا ۔

Wash-plain : (n) سیلابی زمین؛ کچھار ۔

Wash-pool : (n) گڑھا جس میں بھیڑوں کو دھوتے ہیں ۔

Wash-pot : (n) (۱) وہ برتن جس میں کوئی چیز دھوئی جائے ۔ (۲) وہ برتن جس میں رانگ سے سونے کو الگ کرتے ہیں ۔ (۳) پگھلے ہوئے ٹین کا برتن جس میں لوھے کی چادروں کو ڈبو کر ٹین کی قلعی کرتے ہیں ۔

Wash rack : (n) (۱) منہ ہاتھ دھونے کی میز ۔ (۲) سلفچی ۔ (۳) وہ جگہ جہاں موٹر گاڑیاں دھوئی جاتی ہیں ۔

Wash-rag : (n) صافی ۔

Wash-room : (n) (۱) طہارت خانہ؛ بیت الخلا ۔ (۲) کپڑے رنگنے کے کارخانے کا وہ کمرا جس میں کپڑوں کو دھویا جاتا ھے ۔

Wash-sale : (n) نمائشی فروخت ۔

Wash-stand : (n) دیکھو Wash-rack

Wash-strake : (n) وہ تختہ جو کشتی یا گودی کو موجوں کی ٹکر سے محفوظ رکھتا ھے ۔

Wash-tail : (n) ممولا کی قسم کا ایک پرند ۔

Wash-tray : (n) کپڑے دھونے کا ٹب ۔

Wash-trough : (n) (کان کنی) کچی دھات دھونے کی ناند ۔

Wash-tub : (n) کپڑے دھونے کا ٹب ۔

Wash-up : (n) (۱) دھونا؛ صاف کرنا ۔ (۲) (کان کنی) کچی دھات دھونا؛ سونے کی وہ مقدار جو دھو کر نکلی ھو ۔ (۳) دھونے کی جگہ ۔

Wash up : (v) (۱) منہ ہاتھ دھونا ۔ (۲) کھانے کے بعد برتن دھونا ۔ (۳) دھو کر صاف کر دینا ۔ (٤) ختم کر دینا ۔

Wash-up : (n) (۱) (قدیم) قابلیت؛ قدر و منزلت؛ عزت ۔ (۲) عبادت؛ طاعت؛ پوجا ۔ (۳) پرستش؛ انتہائی عظمت و محبت : احترام ۔ (٤) ممتاز شخصیتوں کو مخاطب کرنے کا تعظیمی لفظ ۔

Wash-water : (n) دھونے کا پانی؛ دھوون ۔

Wash-wheel : (n) سادہ یا کگردار گرداں استوانہ جس میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں ۔

Wash-woman : (n) دھوبن؛ کپڑے دھونے والی عورت ۔

Wash-work : (n) دیکھو Wash-drawing

Washability : (n) پکے رنگ کا اور پائدار ھونا ۔

Washable : (a) (۱) پکے رنگ کا اور پائدار : (کپڑا) دھلاؤ ۔ (۲) پانی میں حل ھونے والا ۔

Washable : (n) پکے رنگ کا اور پائدار کپڑا ۔

Washboard : (n) (۱) (بحری) وہ تختہ جو جہاز کے پہلو میں لگا رہتا ھے تاکہ موجوں کی ٹکر سے جہاز کو محفوظ رکھا جاسکے ۔ (۲) تختہ جو کمرے کی دیوار کے زیریں حصے میں برابر لگا رہتا ھے؛ تختے کا حاشیہ ۔ (۳) ابھری ھوئی لکیروں والا تختہ جس پر دھوبی کپڑے رگڑ کر صاف کرتے ہیں ۔ (٤) وہ سڑک یا راستہ جس میں گاڑیوں کی آمدورفت کی وجہ سے نالیاں بن گئی ھوں ۔ (٥) نالی دار سطح (شیشے وغیرہ کی) ۔

Washbrew : (n) جئی کا آٹا جسے اُبال کر جیلی کی شکل میں بنادیا گیا ھو ۔

Washed : (a) (۱) دھویا ھوا؛ دھلا ھوا ۔ (۲) (تصویر) جس میں رنگ کی چوڑی پٹیاں ھوں ۔ (۳) پانی پھیرا ھوا (سونے وغیرہ کا)؛ ملمع کاری کیا ھوا (سونے کی) ۔

Washed-Curd Cheese : (n) ایک قسم کا پنیر جسے بنانے سے پہلے دہی کو دھو دیا جاتا ھے ۔

Washed-out : (a) (۱) جس کا رنگ (دھونے سے) اڑ گیا ھو (کپڑا، تصویر وغیرہ) ۔ (۲) تھکا ہارا؛ خستہ ۔ (۳) کھایا ھوا (پانی کی دھار وغیرہ سے) ۔

Washed-sale : (n) دیکھو Wash-sale

Washed-up : (a) (۱) فرسودہ؛ خستہ؛ جسے ترک کیا جاسکے ۔ (۲) ختم کرنے پر آمادہ ۔ (۳) (عام) شکست خوردہ؛ ناکام ۔

Washen : (n) دیکھو Washed

Washer : (n) (۱) دھونے والا؛ دھوبی ۔ (۲) سکّوں کو رگڑ کر ان میں سے دھات کھرچ لینے والا ۔ (۳) صاف کرنے والا (برتن وغیرہ) ۔ (٤) (اون کاٹنے سے پہلے) بھیڑوں کو دھونے والا ۔ (٥) کچی دھات دھونے والا ۔ (٦) ممولے کی قسم کی ایک چڑیا ۔ (۷) امریکی ریچھ ۔ (۸) دھونے کی مشین ۔ (۹) پانی پہنچانے والی نلکی کی ٹاٹ یا نکاس کھلمندن؛ حوض ، چلمچی وغیرہ کا نکاس کھلمندن ۔

Washer : (n) [Origin unkn.] سوراخ دار یا چپٹا چھلا جو ڈھبری وغیرہ کے ساتھ مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں؛ چینڈی؛ واشر ۔

Washer : (v) واشر لگانا ۔

Washer-man : (n) (۱) دھوبی ۔ (۲) دھونے والی مشین چلانے والا ۔

Washer-up : (n) (کھانے کا) برتن (قاب، پیالہ وغیرہ) دھونے والا۔

Washer-wife : (n) (۱) دھوبن۔ (۲) ممولا کی قسم کی چڑیا۔

Washerwoman : (n) دیکھو Washer wife

Washerwoman's finger/-hands : (n) دھوبنوں کے ہاتھ کی ایک بیماری جس میں صابن اور سوڈے کے کثرت استعمال سے ان کے ہاتھوں کی جلد سکڑ جاتی ہے۔

Washerwoman's itch/-scall : (n) ایگزیما جو دھوبن کے ہاتھ میں پیدا ہو جاتا ہے۔

Washery : (n) وہ جگہ جہاں اون، کچی دھات وغیرہ دھوئی جاتی ہے۔

Washfast : (a) پکے رنگ کا؛ دھونے پر نہ اڑنے والا (رنگ)۔

Washin : (n) ہوائی جہاز کے بازوؤں کی مستقل کجی یا ان کا مڑا ہوا ہونا۔

Washiness : (n) (۱) پتلا پن؛ پانی سا ہونا۔ (۲) پھیکاپن؛ ہلکا پن (رنگ کا)۔ (۳) بودا پن؛ پھسپھساپن۔

Washing : (n) (۱) دھونا؛ دھلائی۔ (۲) پاک کرنا؛ پاکی؛ تزکیہ۔ (۳) غسل؛ طہارت۔ (٤) کپڑے دھونا۔ (۵) (مصوری) رنگ کی پتلی تہ چڑھانا۔ (٦) تیزاب کے ذریعے سکے کی دھات کھرچنا۔ (۷) ٹکرانا؛ بہنا؛ بہالے جانا۔ (۸) (مطبع کا، عامیانہ) ساتھ کام کرنے والے ساتھی کو غلط بیانی پر سزا دینا یا تنگ کرنا۔ (۹) دھوون۔ (۱۰) چیزیں جو بارش یا دریا سے بہہ گئی ہوں؛ کچی دھات دھو کر نکالی ہوئی دھات۔ (۱۱) وہ مقامات جہاں کی مٹی کو دھوکر سونا یا ہیرا نکالتے ہیں۔ (۱۲) دھلے ہوئے کپڑے؛ دھلانے کے لئے رکھے ہوئے کپڑے؛ لادی۔ (۱۳) تمسکات کی فرضی فروخت۔

Washing : (a) دھونے والا (خصوصاً کپڑے کا)۔

Washing-bill : (n) لانڈری کا حساب۔

Washing-book : (n) کھاتہ جس میں لانڈری کے حسابات درج ہوتے ہیں۔

Washing-bottle : (n) دیکھو Wash-bottle

Washing-crystal : (n) قلمی سوڈا جو کپڑے دھونے میں استعمال ہوتا ہے۔

Washing-day : (n) کپڑے دھونے کا مخصوص دن۔

Washing-engine : (n) مشین جس میں چیتھڑے دھوئے جاتے ہیں اور جنہیں دھاگوں اور ریشوں کی شکل میں بنادیا جاتا ہے۔

Washing-machine : (n) واشنگ مشین؛ کپڑے دھونے کی مشین۔

Washing-powder : (n) کپڑے دھونے کا سفوف، پوڈر؛ سفوف صابن۔

Washing soda : (n) سوڈا؛ سوڈیم کاربونیٹ۔

Washing stuff : (n) مٹی جس میں سے سونا نکلتا ہے۔

Washington handpress : (n) انیسویں صدی کا دستی چھاپہ خانہ۔

Washington post : (n) انیسویں صدی کے اواخر کا ایک امریکی رقص۔

Washingtonia : (n) [after George Washington.] واشنگٹن کی کھجور؛ کیلیفورنیا کا کھجور کا درخت جو واشنگٹن کے نام سے موسوم ہے۔

Washway : (n) سڑک کا وہ حصہ جہاں سے پانی گزرتا ہو۔

Washy : (a) (۱) پانی سا؛ بالکل پتلا یا ہلکا (شوربا یا شراب، چائے وغیرہ)؛ پھیکا؛ بےمزہ۔ (۲) پھیکا؛ حد سے زیادہ ہلکا (رنگ)۔ (۳) بودا؛ پھسپھسا؛ کمزور (جذبہ، اسلوب بیان وغیرہ)۔ (٤) (پیٹ) جس میں سیال اور غیر منہضم شدہ مادہ جمع ہو۔ (۵) (گھوڑا یا گائے) جسے تھوڑی محنت کے بعد پسینہ آجائے؛ کمزور۔ (٦) کمزور کر دینے والا (گائے یا گھوڑے کو)۔ (۷) (آدمی) کمزور؛ نحیف و ناتواں۔

Wasn't : Was not کا مخفف۔

Wasp : (n) [OE. 'waesp, waeps'.] (۱) بھڑ؛ زنبور۔ (۲) (مجازاً) تند مزاج اور کینہ پرور شخص۔ (۳) (سالمن مچھلی پکڑنے کی) مصنوعی مکھی۔ (٤) ایک قسم کی کوڑی۔ (۵) ڈنک مارنے یا برانگیختہ کرنے والی کوئی چیز۔

Wasp : (n) امریکی فضائیہ کی خاتون ہوا باز۔

Wasp/WASP : (n) سفید اینگلو سیکسن پروٹسٹنٹ ۔

Wasp ant : (n) زمین میں سوراخ کرکے رہنے والی بھڑ جس کی مادہ بے پر کی ھوتی ھے اور جسم مخملی ھوتا ھے؛ مخملی بھڑ ۔

Wasp-bee : (n) بھڑ سے مشابہ شہد کی مکھی ۔

Wasp-beetle : (n) ایک قسم کا سیاہ اور زرد رنگ کا بھونرا جو بھڑ سے مشابہ ھوتا ھے ۔

Wasp-fly : (n) بھڑ مکھی؛ تتیا ۔

Wasp-paper : (n) کاغذ نما مادہ جس سے بھڑ کے چھتے بنتے ہیں ۔

Wasp's nest : (n) تکلیف دہ محل، موقع؛ غضبناک ردعمل ۔

Wasp spider : (n) بھڑ سے مشابہ مکڑا ؛ زنبور نما مکڑی ۔

Wasp-sting : (n) بھڑ کا ڈنک یا ڈنک مارنا ۔

Wasp-waist : (n) بہت پتلی یا تنگ کمر (خصوصاً عورتوں کے لباس کی) ۔

Wasp-waisted : (a) پتلی کمر کا؛ نازک کمر والا ۔

Waspily : (adv) (بد مزاجی سے) جھلے پن سے؛ تلخی سے؛ ترش روئی سے ۔

Waspish : (a) (۱) بھڑ جیسا ؛ بھڑ سے متعلق؛ بھڑ نما ۔ (۲) جھلا؛ بدمزاج؛ تنک مزاج؛ تلخ گو ۔

Waspishly : (adv.) دیکھو Waspily

Waspishness : (n) جھلاپن؛ تنک مزاجی؛ ترش روئی؛ تلخ گوئی؛ تلخی ۔

Waspling : (n) بھڑکا لاروا (Larva) ۔

Waspy : (a) بھڑ جیسا؛ زنبور نما؛ جہاں بھڑ کثرت سے ھوں ۔

Wassail : (n) [ME. 'waes haeil', 'wassayl'.] (۱) (تاریخ، قدیم) مبارکبادی جو مہمان کو شراب پیش کرتے وقت یا کسی کا جام صحت پیتے وقت دی جائے ۔ (۲) شراب جو کسی کے لئے بطور جام صحت پی جائے ۔ (۳) بزم نشاط؛ بزم طرب؛ رنگ رلیاں؛ شراب نوشی کی صحبت ۔ (٤) ایل یا اور کوئی تیز شراب جو ایسی صحبتوں میں پی جائے خصوصاً کرسمس کے موقع پر ۔

Wine and wassail : تیز شراب کی فراوانی؛ بہتات ۔

Wassail : (v) (۱) کثرت سے شراب پینا؛ جام صحت پینا ۔ (۲) (مقامی) پھل اور مویشی کی بارآوری کے لئے دعا کرنا ۔

Wassail-bowl : (n) ایل (شراب) کو ملانے اور پیش کرنے کا پیالہ ۔

Wassail-cup : (n) دیکھو Wassail-bowl

Wassailer : (n) رنگ رلیاں منانے والا؛ پینے پلانے والا ۔

Wassailing : (n) رنگ رلیاں منانا؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

Wassermann reaction : (n) امتحانِ خونِ آتشک؛ خونِ آتشک کی جانچ ۔

Wassie : (n) [Origin unkn.] بلور کا شگاف جو تراشی کے لئے بنایا گیا ھو ۔

Wast : (v) تھا (واحد مخاطب) ۔

Wastable : (a) ضائع ھونے کے لائق، برباد ھو جانے والا ۔

Wastage : (n) (۱) ضائع ھونا یا ضائع کرنا؛ تضیع؛ بربادی؛ نقصان ۔ (۲) نقصان (جو ضائع ھو جانے سے ھو) ۔ (۳) بیکار چیز؛ فضول یا بے مصرف چیز؛ ضائع شدہ مقدار ۔ (٤) ویران یا بنجر جگہ ۔

Waste : (n) [ONFr. 'wast(e)'.] (۱) دشت؛ بیاباں؛ کف دست میدان ؛ سنسان منظر ؛ بحیرہ یا زمین جو برف سے ڈھکی رھے ۔ (۲) بنجر زمین ۔ (۳) تحلیل؛ تدریجی کمی؛ رفتہ رفتہ گھلنا ۔ (٤) بے کار یا فاضل چیز؛ غذا کے بچے کھچے ٹکڑے؛ فضلہ؛ کسی چیز کے بچے کھچے ٹکڑے؛ ریزے؛ کترن؛ چھانٹن ۔ (٥) سوت کا گودڑ جو کلیں صاف کرنے میں کام آتا ھے ۔ (٦) (وقت، غذا، دولت وغیرہ کا) اسراف تباھی؛ بربادی؛ تضیع؛ نقصان ۔ (۷) (قانون) نقصان جو لگان دار جائداد کو پہنچائے ۔ (۸) (کوئلے کی کان) متروک کان ۔ (۹) بہتات؛ افراط؛ کثرت ۔ (۱۰) (طباعت) فاضل چھپی ھوئی چیز ۔ (۱۱) گنداب نلی ۔ (۲۱) (جمع) پاخانہ؛ گوبر؛ لید ۔

To cut to waste : (۱) کپڑے کو اس طرح کاٹنا کہ کچھ حصہ برباد ہو جائے ـ (۲) (مجازاً) (وقت) برباد یا ضائع کرنا ـ

To go to waste : برباد ہونا؛ ضائع ہونا ـ

To run to waste : (سیال شے کا) بہہ کر ضائع ہو جانا؛ برباد ہو جانا ـ

Waste : (a) (۱) ویران؛ اجاڑ؛ اجڑا ہوا؛ غیر آباد ـ (۲) بنجر؛ نا قابل کاشت یا زراعت ؛ غیر مزروعہ ـ (۳) (مجازاً) غیر دلچسپ؛ سپاٹ؛ اہم واقعات سے خالی ـ (٤) بیکار؛ فضول؛ فاضل؛ زائد ـ (٥) تباہ شدہ؛ برباد کیا ہوا ـ (٦) جس میں بیکار چیز رکھی جائے ـ

To lay waste : ویران کرنا، بنانا؛ تاراج کرنا؛ پامال کرنا ـ

To lie waste : بنجر ہونا ـ

Waste : (v) [ON Fr. 'waster'.] (۱) ویران کرنا؛ تاراج کرنا؛ پامال کرنا ـ (۲) (قانون) غفلت وغیرہ سے جائداد کو برباد کرنا؛ نقصان پہنچانا؛ قیمت کم کرا دینا ـ (۳) تباہ کرنا؛ کھونا؛ تلف کرنا؛ گنوانا؛ ضائع کرنا؛ رائیگاں کرنا ـ (٤) اسراف سے کام لینا؛ فضول خرچی کرنا ـ (٥) گھلانا؛ گھلنا؛ تحلیل کرنا؛ تحلیل ہونا؛ رفتہ رفتہ گھٹانا یا گھٹنا ـ (٦) مرجھا دینا؛ مرجھا جانا ـ (۷) گزارنا یا گزرنا (وقت کا) ـ (۸) برباد ہونا؛ ضائع ہونا؛ برباد ہو جانا ـ (۹) موقع سے فائدہ نہ اٹھانا ـ (۱۰) (کھیل کود میں) اپنا وزن کم کرنا ـ (۱۱) کمزور ہونا؛ صحت برباد کرنا ـ

To waste one : (بیس بال کےکھیل میں) گیندخراب طور پر پھینکنا یا دینا ـ

To waste paper : کاغذ برباد کرنا ـ

To waste space : جگہ برباد کرنا ـ

To waste words/-breath : بے کار گفتگو کرنا ؛ لاحاصل گفتگو کرنا ـ

Waste-bank : (n) کھودی ہوئی مٹی کا کنارہ جومٹی کھودنے سے بنا ہو ـ

Waste-basket : (n) ردی کی ٹوکری؛ ردی دان؛ متفرق چیزیں رکھنے کی ٹوکری ـ

Waste-basket : (v) ردی کی ٹوکری میں ڈالنا ـ

Waste bin : (n) کوڑے دان ـ

Waste-board : (n) دیکھو Washboard

Waste book : (n) کچا کھاتہ؛ کتاب جس میں حساب کا ابتدائی اندراج بطور یاد داشت ہوتا ہے ـ

Waste-bowl : (n) پیالہ جس میں فاضل چائے یا چائے کی پتیاں ڈالی جاتی ہیں ـ

Waste-gate : (n) (۱) ذخیرۂ آب کا وہ دروازہ جس سے زائد پانی نکالا جاتا ہے ـ (۲) فاضل گیس نکالنے کی ایک ترکیب ـ

Waste-heat : (n) مختلف قسم کی بھٹیوں سے نکلنے والی حرارت (ابتدائی کاموں میں آجانے کے بعد) ؛ زائد حرارت ـ

Waste-land : (n) (۱) بنجر؛ بنجر زمین ـ (۲) ویران جگہ یا علاقہ ـ (۳) (مجازاً) جذباتی یا روحانی طور پر خالی یا ویران ـ

Waste-mould : (n) وہ سانچہ جسے ہٹانے کے لئے توڑ دینا پڑتا ہے ـ

Waste-paper : (n) ردی کاغذ ـ

Waste-paper basket : (n) ردی کی ٹوکری؛ ردی دان ـ

Waste-pipe : (n) بدررو نل؛ استعمال شدہ یا فاضل پانی نکالنے کانل؛ گنداب نل ـ

Waste-product : (n) (۱) فضول پیدا وار ـ (۲) فضلہ ـ

Waste-steam : (n) فاضل بھاپ (جو بائلرسےخارج ہوتی ہے) ـ

Waste water : (n) فاضل پانی؛ پانی جو کام میں لایا جا سکا ہو ـ

Waste-way : (n) فاضل پانی جانےیا نکلنےکا راستہ؛ بدررو ـ

Waste-weir : (n) بند جس میں فاضل پانی بہہ کر جاتا ہے ـ

Wasted : (a) (۱) ویران؛ برباد؛ تباہ شدہ؛ ضائع شدہ ـ (۲) مریل؛ گھلا ہوا؛ کمزور ـ (۳) اڑا ہوا؛ فضول خرچی میں اڑایا ہوا ـ

Wasteful : (a) (۱) مسرف؛ فضول خرچ - (۲) مسرفانہ؛ فضول خرچی کا - (۳) تباہ کرنے والا؛ تباہ کن؛ تاراج کرنے والا -

Wastefully : (adv.) مسرفانہ طور پر؛ فضول خرچی سے -

Wastefulness : (n) فضول خرچی؛ اسراف؛ صرف بیجا -

Wastel : (n) [ONFr.] (۱) (تاریخ) میدے کی روٹی یا کیک وغیرہ - (۲) (نقابت) نان کی شکل کا تمغہ -

Wasteless : (a) جس میں تخفیف نہ ہو؛ نہ گھلنے والا -

Wasteman : (n) (۱) فیکٹری کی بیکار چیزوں کو جمع کرکے انہیں بتانے والا آدمی - (۲) کان کا وہ مزدور جو فضلات ہٹا کر کان کو صاف رکھتا ہے -

Wasteness : (n) (۱) ویرانی؛ بربادی؛ تباہی - (۲) غیر آباد یا ویران، سنسان علاقہ یا مقام -

Waster : (n) (۱) برباد کرنے والا، ضائع کرنے والا - (۲) ناقص مال؛ ردی مال جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ہو جائے - (۳) نکھٹو ؛ نکما آدمی - (٤) مریل جانور؛ جانور جو افزائش نسل کے لائق نہ رہا ہو - (٥) تاخت و تاراج کرنے والا - (٦) مسرف؛ فضول خرچ؛ اڑانے والا - (۷) (طب) نصول؛ چربی دانہ؛ کیل -

A bad waster : وہ جاکی جو گھوڑے کو جست لگانے میں ناکام رہے -

Waster : (n) [Altered f. synonynous 'wawsper'.] مچھلی مارنے کا نیزہ -

Wasterful : (a) (اسکاچستان) دیکھو Wasteful

Wastery : اسراف؛ فضول خرچی -

Wastethrift : (n) دیکھو Spendthrift

Wasteyard : (n) ردی باڑا -

Wasting : (n) (۱) تاخت و تاراج ؛ ویرانی ؛ بربادی - (۲) اسراف ؛ فضول خرچی - (۳) گھلنا؛ تحلیل؛ تدریجی کمی - (٤) وزن کم کرنے کی ورزش -

Wasting : (a) (۱) تاخت و تاراج کرنے والا؛ برباد کرنے والا - (۲) بتدریج کم ہونےوالا؛ گھٹنے والا - (۳) کمزور کرنے والا؛ بتانے والا -

Wasting asset : (n) ختم ہو جانے والی جائداد -

Wasting disease : (n) بھیڑ اور مویشیوں کی ایک بیماری -

Wasting palsy : (n) یک قسم کا فالج -

Wastrel : (n) [Waste+ rel] (۱) ناقص مال؛ ردی مال (جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ہوجائے)؛ فضلہ - (۲) نکھٹو؛ نکما آدمی - (۳) بنجر زمین؛ سڑک کے کنارے کی بنجر زمین - (٤) آوارہ بچہ - (٥) مسرف : فضول خرچ آدمی -

Wastrel : (a) (۱) ناقص؛ ردی (مال) - (۲) (جانور) کمزور - (۳) فضول خرچ؛ اسراف کرنے والا -

Wastrife : (a) دیکھو Wasteful

Wastrife : (n) دیکھو Wastefulness

Wastry/Wastrie : (n) (اسکاچستان) اسراف؛ فضول خرچی -

Wasty : (a) (۱) بیکار یا فضول چیزوں سے بھرا ہوا - (۲) (مویشی) حد سے زیادہ موٹا -

Wat : (n) [f. nickname for Walter.] (قدیم) خرگوش -

Wat : (n) [Siamese.] سیامی بودھ مندر -

Wat : (۱) نمی؛ تری؛ رطوبت - (۲) (اسکاچستان) دیکھو Wet -

Watap/Wattap : (n) [Narragansett Indian.] صنوبر کی جڑوں سے بنا ہوا دھاگا یا سوت جسے امریکی دیسی بننے اور سینے کے کام میں لاتے ہیں -

Watch : (n) [OE. 'waecce'.] (۱) رات کو جاگنا؛ شب بیداری - (۲) چوکسی؛ خبرداری؛ نگاہ رکھنا؛ غافل نہ ہونا - (۳) پہرے دار؛ چوکی دار؛ گشتی پہرے والوں کا گروہ؛ رونڈ - (٤) (تاریخ) پہر : تین یا چار حصوں میں سے ایک جن میں رات پہرے کی غرض سے تقسیم کی جاتی ہے - (٥) ملازمین جہاز کے دو گروہوں میں سے ایک جو باری باری سے ڈیوٹی انجام دیتے ہیں - (٦) جیبی گھڑی ؛ واچ ؛ جہازی گھڑی - (۷) نگرانی (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) - (۸) (تاریخ) سنتری - (۹) شیشہ، ظروف چینی یا تانبے وغیرہ کا آزمائشی نمونہ جس کو بھٹی میں ڈال کر نکال لیا جاتا ہے تاکہ

Watch : (a) (۱) نگہبانی یا انتظار کا؛ نگرانی سے متعلق ۔ (۲) پہرے دار کا؛ نگہبان سے متعلق ۔

Watch and ward : (n) (۱) مستقل حفاظت؛ لگاتار حفاظت یا نگرانی ۔ (۲) پہرہ داری (رعیت کی یا سپاہی کی)؛ پہرا ۔

Watch and watch : (n) (بحری) ملازمین جہاز کے دو گروہوں کا چار چار گھنٹے کی باری سے ڈیوٹی کرنے کا انتظام ۔

Watch-bell : (n) (۱) گھنٹی جو پہرے کی ہر باری میں آدھے آدھے گھنٹے پر بجائی جاتی ہے ۔ (۲) گھنٹی جو فوجی پہرا شروع ہوتے اورختم ہوتے وقت بجائی جاتی ہے یا خطرے کے وقت بجائی جاتی ہے ۔

Watch-bill : (n) باری باری سے ڈیوٹی دینے والے جہاز کے ملازمین کی فہرست ۔

Watch-boat : (n) گشتی کشتی؛ نگرانی کرنے والا جہاز ۔

Watch-box : (n) (۱) سنتری گاہ؛ سنتری خانہ؛ سنتری کے کھڑے ہونے کا چوبی کمرا ۔ (۲) سنتری خانے سے مشابہ چوبی پناہ گاہ ۔

Watch-bracelet : (n) کنگن جس میں گھڑی لگی رہتی ہے ۔

Watch-cap : (n) (امریکا) نیوی بلیو رنگ کی ٹوپی جو بحریے کے رنگروٹ طوفانی موسم یا سردیوں میں پہنتے ہیں ۔

Watch-case : (n) گھڑی کا ڈھکنا یا ڈھکن ۔

Watch-chain : (n) گھڑی کی چین؛ گھڑی کی زنجیر ۔

Watch-charm : (n) گھڑی کی زنجیر کا آویزہ ۔

Watch-clock : (n) پہرے دار کی گھڑی ۔

Watch-coat/-cloak : (n) گرم اوورکوٹ جو باری باری سے ڈیوٹی دینے والے ملازمینِ جہاز سرد اور طوفان خیز موسم میں پہنتے ہیں ۔

Watch-committee : (n) (انگلستان) ڈسٹرکٹ بورڈ چوکیداری اور روشنی کی کمیٹی ۔

Watch-cry : (n) (۱) پہرہ دار کی گشتی آواز ۔ (۲) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت یا کسی تحریک کا نصب العین ظاہر ہو؛ اصولی قول ۔

گرمی کا اندازہ کیا جاسکے ۔ (۱۰) دیدبان ۔ (۱۱) بلبل کا غول؛ غولِ عنادل ۔

Black watch : کالی پلٹن ؛ بیالسویں ہائی لینڈرس کی پلٹن ۔

(One's) watch below/-off : فرصت کے اوقات (ڈیوٹی سے) ۔

On upon the watch : ہوشیار؛ خبردار؛ چوکس ۔

The watches of the night : شب کا وقت ۔

To keep (a, the) watch/To set a watch : پہرہ دینا؛ نگرانی کرنا؛ پہرا بٹھانا ۔

To stand upon one's watch : پہرا دینا؛ چوکس رہنا ۔

Watch : (v) (۱) (کسی کام کے لئے) رات کو جاگنا ؛ شب بیداری کرنا ۔ (۲) (واقعات کا) رخ دیکھنا؛ نگاہ رکھنا؛ دیکھتے رہنا؛ خبردار رہنا؛ چوکس رہنا؛ ہوشیار رہنا؛ (موقع کے) انتظار میں رہنا؛ موقع کی تاک میں رہنا ۔ (۳) (کسی شخص کی) نگرانی کرنا؛ حرکات و سکنات پر نظر رکھنا ۔ (٤) انتظار کرنا؛ منتظر رہنا ۔ (٥) دیکھو Watch over ۔ (٦) پہرا دینا؛ سنتری کا کام کرنا ۔ (۷) (ملاح کا) باری کی ڈیوٹی انجام دینا ۔ (۸) (بیرسٹر کا اپنے مؤکل کے لئے) مقدمے کی کاروائی سننا تاکہ اپنے مؤکل کے مفاد کی حفاظت کر سکے جو اس مقدمے کا فریق نہیں ہے ۔ (۹) نگہبانی کرنا؛ حفاظت کرنا، گلہ بانی کرنا؛ (مریض کی) دیکھ بھال کرنا؛ (مُردے کے پاس) شب بیداری کرنا ۔ (۱۰) (کسی شہر میں) پہرے دار بٹھانا؛ پولیس مقرر کرنا ۔ (۱۱) (شاہین بازی) (سدھانے کے لئے) سونے نہ دینا، جگائے رکھنا ۔ (۱۲) (اودبلاؤ کا) بھٹ میں چلا جانا (آرام کرنے کے لئے) ۔ (۱۳) (پیراک پیپے کا) صحیح مقام پر تیرتے رہنا ۔ (١٤) کھلا رہنا؛ بند نہ ہونا (پھولوں کا) ۔ (١٥) مطلع رہنا؛ باخبر رہنا؛ خبردار رہنا ۔

To watch it : خبردار ہونا؛ ہوشیار ہونا ۔

To watch one's steps : قدم پھونک پھونک کر رکھنا؛ بے حد محتاط رہنا ۔

To watch out : (کرکٹ) فیلڈر کا کام کرنا ۔

Watch-crystal : (n) محدب شیشہ جو گھڑی پر لگا رہتا ھے ۔

Watch-desk : (n) آگ بجھانے والے دفتر کی وہ میز جس پر ایک آگ بُجھیا ہر وقت ڈیوٹی پر بیٹھا رہتا ھے ۔

Watch-face : (n) گھڑی کا چہرہ ۔

Watch-fire : (n) پہرے کا الاؤ؛ آگ جو رات کو کیمپ وغیرہ میں جلائی جاتی ھے ۔

Watch-fob : (n) چھوٹی زنجیر جس سے گھڑی کو باندھ کر برجس کی چھوٹی جیب میں رکھتے ہیں ۔

Watch-glass : (n) گھڑی کا شیشہ ؛ شیشہء ساعت ۔

Watch-guard : (n) گھڑی کی زنجیر یا ڈوری ۔

Watch-gun : (n) وہ بندوق جو رات کو جہاز پر آٹھ بجے پہلی باری کی ڈیوٹی شروع ھوتے ہی داغی جاتی ھے ۔

Watch-hand : (n) گھڑی کے منٹ اور سیکنڈ کی سوئی ۔

Watch-house : (n) (۱) پہرے دار کا گھر؛ سنتری خانہ ۔ (۲) بلدیہ کے رات کے چوکیدار کا گھر ۔

Watch keeper : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی دینے والا ۔

Watch-key : (n) گھڑی کی چابی ؛ کنجی ۔

Watch-light : (n) رات کو جلانے کے لئے ایک قسم کی موٹی موم بتی جس سے دھندلی یا مدھم روشنی نکلتی ھے ۔

Watch-maker : (n) گھڑی ساز ۔

Watch-making : (n) گھڑی سازی ۔

Watch-meeting : (n) رات کی میٹنگ ۔

Watch-night : (n) (۱) عبادت جو وسلین میتھوڈسٹ ہر مہینے نصف رات تک جاگ کر کرتے ہیں؛ سال کی آخری رات کی عبادت ۔ (۲) عبادت کی رات ۔ (۳) سال کی آخری رات ۔

Watch officer : (n) بحریہ کا افسر جسے باری باری سے ڈیوٹی دینی پڑتی ھے ۔

Watch-oil : (n) گھڑی کے پرزوں کو صاف کرنے کا تیل ۔

Watch out : (v) چوکس رہنا؛ ھوشیار رہنا ۔

Watch out : (n) نگہبانی؛ چوکسی ۔

Watch over : (v) حفاظت کرنا؛ نگہداری کرنا؛ نگہبانی کرنا ۔

Watch paper : (n) منقش کاغذ جو گھڑی کے ڈبے میں لگا رہتا ھے ۔

Watch-pocket : (n) چھوٹی جیب (گھڑی رکھنے کے لئے) ۔

Watch-rate : (n) چوکیداری محصول ؛ چوکیداری ٹیکس ۔

Watch-room : (n) (۱) سنتری گاہ؛ سنتری خانہ ۔ (۲) آگ بجھانے والے دفتر کا وہ کمرا جس میں سگنل موصول کیا جاتا ھے ۔

Watch-spring : (n) گھڑی کی کمانی ۔

Watch-stand : (n) چھوٹا سا ستون گھڑی آویزاں کرنے کے لئے؛ واچ اسٹینڈ ؛ گھڑی ستون ۔

Watch-stander : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی دینے والا ۔

Watch-stuffer : (n) (عام) (کسی شخص کو دھوکا دے کر) اچھی گھڑی کی جگہ گھٹیا گھڑی دینے والا شخص ۔

Watch-stuffing : (n) (عام) (کسی شخص کو دھوکا دے کر) اچھی گھڑی کی جگہ گھٹیا گھڑی دینا ۔

Watch-tower : (n) (۱) دید گاہ؛ دیدبان؛ پہرے کا منار ۔ (۲) سرسینہ مکڑے کا برج نما حصہ جہاں آنکھیں ھوتی ہیں ۔

Watch-wheel : (n) گھڑی کا پہیے کی شکل کا پرزہ جو حرکت میں رہتا ھے ۔

Watch woman : (n) قلماقنی؛ اردابیگی ؛ پہرے دار عورت؛ سنتری عورت ۔

Watch word : (n) (۱) (فوج) وہ مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے والے دوست و دشمن میں تمیز کرتے ہیں، پیرول؛ پلول؛ شعار ۔ (۲) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ھو ۔

Watch-work : (n) گھڑی کی چرخیاں ۔

Watchable : (a) نگاہ رکھنے کے لائق ۔

Watchband : (n) گھڑی کا فیتہ ۔

Watchdog : (n) (۱) رکھوالا کتا جو چور وغیرہ کی خبر دے؛ سگ پاسبان ۔ (۲) محافظ؛ نگہبان؛ پاسبان؛ پہرہ دار؛ ڈیوڑھی دار ۔

Watchdog : (v) محافظت کرنا؛ نگہبانی کرنا؛ پاسبانی کرنا ۔

Watcher : (n) (۱) جاگنے والا؛ نگہبان ۔ (۲) تیمار دار؛ مرنے کے پاس شب بیداری کرنے والا ۔ (۳) پہرہ دار؛ سنتری ۔ (٤) فرشتوں کی ایک جماعت ۔ (٥) مشاہدہ کرنے والا ؛ نظارہ کرنے والا ۔ (٦) کسی پارٹی یا امیدوار کا نمائندہ جو انتخاب کے دن ووٹ دینے کی جگہ پر بٹھا دیا جاتا ہے تاکہ وہ افسروں اور ووٹ دینے والوں پر نظر رکھے ۔ (۷) کارخانے کا وہ ملازم جو کارخانے کی کارگزاری پر خصوصاً مشین پر نظر رکھتا ہے ۔

Watchet : (n) [ON Fr.] ہلکا نیلا رنگ؛ ہلکے نیلے رنگ کا کپڑا ۔

Watchet-fly : (n) مچھلی پکڑنے کی مکھی (چارہ) ۔

Watchful : (a) (۱) جاگتا ہوا؛ بیدار؛ بے خواب؛ جاگتے رہنے کا عادی ۔ (۲) بے خوابی میں گزرنےوالا (وقت) ۔ (۳) چوکس؛ ہوشیار؛ خبردار ۔

Watchful waiting : (n) واقعات کا رخ دیکھنا اور کوئی فوری اقدام نہ کرنے کی پالیسی ۔

Watchfully : (adv.) جاگتے ہوئے؛ چوکسی سے؛ ہوشیاری سے ۔

Watchfulness : (n) بیداری؛ چوکسی؛ ہوشیاری؛ ہشیاری ۔

Watching : (n) (۱) رات کو جاگنا؛ نگہداری ۔ (۲) شب بیداری؛ نگہداری ۔

Watching and warding : (n) Watch and ward دیکھو

Watching brief : (n) (۱) کسی مقدمے کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لئے لکھا جاتا ہے تاکہ وہ مقدمے کی کاروائی سنے اور اپنے مؤکل کے مفاد کی حفاظت کرے جو فریق مقدمہ نہیں ہے؛ ایسے وکیل کی فیس ۔ (۲) کسی کاروائی جیسے مجلس مقننہ) کو سننے کے لئے کسی کو مقرر کرنا (ان لوگوں کے لئے جن کا سروکار اس کاروائی سے ہو) ۔

Watching candle : (n) شمع جو کسی مقبرے میں یا مردے کے پاس جلائی جاتی ہے ۔

Watchless : (a) بے نگہبان؛ بے پہرہ؛ جس کی حفاظت یا پاسبانی نہ ہوتی ہو ۔

Watchman : (n) (۱) پہرے والا؛ محافظ ۔ (۲) چوکیدار ۔ (۳) ایک قسم کا بھونرا ۔ (٤) Watch -desk پر بیٹھنے والا آگ بجھانے والا ۔ (٥) کٹ وغیرہ کا ٹکڑا جو ٹائپ کی سطروں کے درمیان لگا دیا جاتا ہے تاکہ کمپوزیٹر کو معلوم ہو سکے کہ یہاں پر کچھ اضافہ یا تحریف ہے ۔

Watchman beetle : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Watchmanly : (a) پہرے دارسے متعلق؛ پاسبان کا ۔

Watchmate : (n) جہاز پر باری باری سے ڈیوٹی کرنے والے کا ساتھی ۔

Water : (n) [OE. 'waeter'.] (۱) پانی؛ آب؛ جل ۔ (۲) کسی قسم کی رطوبت مثلاً پیشاب، پسینہ، آنسو وغیرہ ۔ (۳) سمندر، دریا، تالاب وغیرہ ۔ (٤) مد یا جزر ۔ (٥) محلول؛ عرق ۔ (٦) جواہرات خصوصاً الماس کی آبدار چمک؛ آب ۔ (۷) کسی کمپنی کے سرمائے میں ظاہری اضافہ جو نئے حصے جاری کرنے سے کیا جائے (جو دراصل سرمایہ نہیں بلکہ قرض ہوتا ہے) ۔ (۸) معدنی چشمے کا پانی؛ معدنی چشمہ ۔ (۹) (شکار) چشمے یا گڈھے جسے گھوڑے کو پھاندنا پڑے ۔ (۱۰) پانی کی مقدار یا گہرائی جہاز رانی کے لئے ۔ (۱۱) پانی جو رس کر یا موجوں کے ٹکرانے سے جہاز یا کشتی میں آگیا ہو ۔ (۱۲) سیلاب؛ باڑھ ۔ (۱۳) سبزیوں کا رس ۔ (١٤) آب دہن؛ رال ۔ (١٥) آب رنگ تصویر ۔ (١٦) کسی صفت کا غیرمعمولی درجہ ۔ (١٧) (کپڑا، دھات کی سطح کی) لہردار چمک ۔

Above water : (۱) سطح آب سے اوپر ۔ (۲) مشکل یا پریشانی سے چھٹکارا پاکر ۔

Across the water : سمندر پار ۔

Bread and water : ناپسندیدہ، بے مزا کھانا ۔

By water : سمندر کے راستے سے؛ (پانی کے) جہاز سے؛ دریا سے ہو کر ۔

Cup of cold water : کٹورا بھر ٹھنڈا پانی جو مہمان نوازی کی نشانی قرار دیا گیا ھے ۔

Deep water : (۱) انتہائی مصیبت اور پریشانی یا تردد ۔ (۲) مشکل اور خطرناک معاملہ ۔

In deep water : بڑی مشکلوں میں؛ آزمائشوں سے گھرا ھوا؛ مشکلات میں گرفتار ۔

In smooth water : بغیر رکاوٹ کے بڑھتے ھوئے؛ آرام سے؛ اطمینان کی حالت میں؛ پریشانیوں سے نجات پائے ھوئے ۔

Like water : پانی کی طرح؛ بے دریغ ۔

Of the first water : (۱) اعلیٰ درجے کا ۔ (۲) بہت بڑا؛ زبردست ۔

On this side the water : سمندر کے اِس طرف ۔

On the water/Upon- : بحری نوکری میں؛ بحریہ میں؛ سمندر میں ۔

Over the water : سمندر میں ۔

The king over the water : جلاوطن بادشاہ ۔

To cross the water : سمندر پار جانا ۔

To cut off the water : پانی بند کر دینا ۔

To draw (so much) water : (جہاز کا) مخصوص مقدار میں پانی ہٹانا ۔

To drink the waters : صحت کی خاطر چشمہ گاہ (معدنی چشموں کی جگہ) میں جاکر رہنا ۔

To get into, be in, hot water : ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے مشکلات میں گرفتار ھو جانا مورد عتاب ھونا؛ لوگوں کو خفا کردینا ۔

To go through fire and water : ہرطرح کی مشکل یا پریشانی کا مقابلہ کرنا ۔

To keep one's head above water : (۱) مستقل جد و جہد کر کے تباہی سے بچ جانا ۔ (۲) (مجازاً) کام چلانا؛ اپنا خرچ چلانا؛ دیوالیہ نہ ھونے دینا ۔

To make a hole in the water : (عام) پانی میں ڈوب کر خودکشی کرنا ۔

To make water : پیشاب کرنا ۔

To make water/To take (in) water : رسنا؛ ٹپکنا؛ چونا؛ (جہاز کا) پانی سے بھرجانا ۔

To pass water : پیشاب کرنا ۔

To take (the) water : (۱) تیرنے کےلئے دریا، جھیل یا سمندر میں اترنا ۔ (۲) جہاز پر سوار ھونا ۔ (۳) اپنی جگہ چھوڑ دینا ۔ (٤) (جہاز کا) پانی میں اترنا ۔

To tread water : گہرے پانی میں دونوں پاؤں باری باری سے مارتے ھوئے قائم رہنا ۔

To turn on the water-works : (عام) آنسو بہانا؛ زار زار رونا ۔

To write on or in water : ناپائدار نقش بنانا ۔

Under water : (۱) زیر آب؛ سیلاب زدہ ۔ (۲) (مجازاً) ناکامیاب؛ ناکام ۔ (۳) قرض چکانے میں ناکام ۔

Water on the brain/- in the head : استسقاء دماغ؛ بھیجے میں پانی اُترنا ۔

Water : (v) (۱) چھڑکاؤ کرنا (سڑک پر) ۔ (۲) آبپاشی کرنا؛ پانی دینا (پودوں کو) ۔ (۳) پانی پلانا (گھوڑے وغیرہ کو) : پانی پینے کو جانا ۔ (٤) پانی ملانا (دودھ وغیرہ میں) ۔ (٥) (آنکھوں میں) پانی آجانا؛ (آنکھوں کا) آنسو سے بھر جانا ۔ (٦) (منہ میں) پانی بھرآ نا ۔ (۷) (جہاز وانجن وغیرہ کا) پانی لینا ۔ (۸) کپڑے میں اندرونی لہریا بنانا جو روشنی میں رکھنے سے نظر آئے ۔ (۹) (اصلی سرمایہ میں اضافہ کئے بغیر جدید حصوں کے اجراء کے ذریعے سے کمپنی کے سرمائے میں) ظاہری اضافہ کرنا ۔ (۱۰) پانی فراہم کرنا ۔ (۱۱) پانی پینا؛ پینے کے لئے پانی حاصل کرنا ۔

To water down : (۱) (شراب وغیرہ کو) ہلکی کر دینا؛ پتلی کر دینا ۔ (۲) (مجازاً) کمزور کر دینا ۔ (۳) (تجارت) عرفی راس المال میں اضافہ کرنا (فرضی مال کا اضافہ کرکے) ۔

To water (something) with one's tears : (قدیم) رو رو کر بھگا دینا ۔

Water adder : (n) پانی کا سانپ جس میں زہر نہیں ھوتا؛ پنیالا سانپ ۔

Water-antelope : (n) آبی مرگ؛ دریائی ہرن ۔ (۲) دیکھو Water-buck ۔

Water authority : (n) آب رسانی کا محکمہ ۔

Water avens : (n) ایک سدا بہار جڑی بوٹی ۔

Water-back : (n) (۱) شراب کی کشید میں استعمال ہونے والا پانی کا حوض ۔ (۲) لکڑی یا کوئلے سے چلنےوالے چولہے دان کے پیچھے کا خزانۂ آب ۔

Water-bag : (n) (۱) مشکیزہ ۔ (۲) اونٹ یا اس قسم کے دوسرے جانوروں کا دوسرا معدہ یا جھلیاں ۔

Water bailage : (n) (۱) پورٹ آف لندن (Port of London) لانے یا لے جانے والے مال پر لگنے والا محصول ۔

Water-bailiff : (n) (۱) بندرگاہ کا چنگی افسر ۔ (۲) ناجائز طور پر مچھلی کے شکار کو روکنے والا افسر ۔

Water-balance : (n) (۱) پانی کے وزن سے مال اوپر اٹھانے کی مشین ۔ (۲) جسم میں جذب ہونے والے اور جسم سے خارج ہونے والے پانی کے فرق کا تناسب ۔

Water-ballast : (n) آبی بھرت؛ پانی سے بھرا حوض ۔

Water-ballet : (n) آبی رقص ۔

Water-bar : (n) (۱) پہاڑی سڑکوں کا ماہی پشت ابھار (پانی کو دوسری طرف موڑنے کیلئے) ۔ (۲) پن روک چھڑ (کھڑکی وغیرہ کا) ۔ (۳) سلاخ دار چوکھٹے کی نلکی نما سیخ ۔

Water-bath : (n) (۱) (کیمیا) پن جنتر ۔ (۲) پانی سے غسل؛ آبی غسل ۔

Water-bear : (n) ایک قسم کا بھالو نما آبی جانور۔

Water-bearer : (n) آب بردار؛ پن بھرا ۔

Water-bearing : (a) آب دار ۔

Water-bed : (n) (۱)طبقات الارض جس میں پانی ہو ؛ آبی چٹان ۔ (۲) پن گدا؛ پانی سے بھرا ہوا تھیلے کی شکل کا بستر جس پر مریضوں کو لٹاتے ہیں ۔ (۳) (تشریح) غشائے عنکبوتی اورام رقیقہ کے درمیان کا جوف جس میں دماغی نخاعی مادہ ہوتا ہے اور جس پر دماغ رکھا رہتا ہے ۔

Water-beetle : (n) آبی بھونرا ۔

Water-bellows : (n) پن دھونکنی ؛ بھٹی میں آگ دھونکنے کاایک آلہ جو پانی کے گرنے کی قوت سے چلتا ہے ۔

Water-belly : (n) جلندھر؛ استسقائے شکمی ۔

Water-bewitched : (a) بہت ہلکی چائےیاپانی سےملی شراب ۔

Water-bind : (n) پانی دے کر بستہ کرنا ۔

Water-bird : (n) دریائی پرند؛ آبی پرند ۔

Water-biscuit : (n) (۱) آٹے اور پانی سے بنا ہوا پتلا سخت بسکٹ، پن بسکٹ ۔ (۲) بعض قسم کے آشنوں سے نکلنے والا نیم کروی یا قرص نما مادہ ۔

Water-bitternut : (n) جنوبی امریکا میں اخروٹ کی قسم کا ایک درخت ۔

Water-blebs : (n) آبلہ؛ چھالا ۔

Water-blinks : (n) جھلک آب ۔

Water-blinks : (n) دیکھو Blinks

Water-blister : (n) (۱) آبلہ؛ چھالا۔ (۲)أنناس کی ایک بیماری ۔ (۳) پودوں کی ایک بیماری جو سورج کی کرنوں کے کسی پانی کے قطرے یا شیشے کے آبلے سے گزر کر پڑنے سے ہو جاتی ہے ۔

Water-blob : (n) جھیل وغیرہ کے پانی کی سطح کا کائی کی وجہ سے رنگ بدل جانا ۔

Water-bloom : (n) ایک طرح کا پودا جو مرطوب چراگاہوں میں اُگتا ہے جس کا پھول سنہرا ہوتا ہے ۔

Water-boa : (n) ایک قسم کا اژدہا سانپ ۔

Water-board : (n) محکمۂ آب رسانی؛ آب رسانی بورڈ ۔

Water-boat : (n) جہاز تک اچھا پانی پہنچانے والی کشتی ۔

Water-boatman : (n) (۱) ملاح ۔ (۲) پن کھٹمل؛ پانی کا ایک چھوٹا کیڑا ۔

Water bok : (n) دریائی ہرن؛ آبی مرگ ۔

Water-boot : (n) پانی میں پہن کر چلنے والے جوتے ۔

Water-borne : (n) (۱) تیرتا ہوا؛ پانی پر ۔ (۲) بحری راستے سے لایا ہوا (مال)؛ جہاز پر لادا ہوا (مال) ۔ (۳) خراب پانی سے پھیلنے والی بیماری ۔

Water-bottle : (n) (۱) پانی کی بوتل شیشے یا دھات کی ۔ (۲) مَشک ؛ مشکیزہ ۔ (۳) سپاہیوں یا مسافروں کی بوتل ۔

Water-bottom : (n) (۱) جہاز کے اندرونی اور بیرونی پیندے کی چادروں کے درمیان کی جگہ ۔ (۲) پانی کے نیچے کی زمین؛ تہِ آب ۔

Water-bouget : (n) (سپاہیوں کی) مشک جسے ڈنڈے لٹکا کر لے جاتے تھے ۔

Water-bouget/-budget : (n) (نقابت) جوڑا مشک کا نشان (بطور مارکہ)۔

Water-bound : (a) (۱) جو سیلاب سے سے نہ بہہ سکے ۔ (۲) پانی دے کر سخت یا مضبوط بنایا ہوا ۔

Water-bow : (n) دیکھو Rainbow

Water-box : (n) پانی رکھنے کا بکس نما ظرف ۔

Water-boy : (n) آبدار؛ مزدوروں یا کھلاڑیوں کو پانی پلانے والا۔

Water-brain : (n) دیکھو Gid

Water-brake : (n) آبی بریک؛ بریک جو پانی کے دباؤ سےکام کرتا ھے ۔

Water-brash : (n) آبی قے؛ سوزش معدہ؛ ایک قسم کی بدہضمی جس میں پانی کی قے ھوتی ھے ۔

Water-break : (n) چھوٹی چھوٹی موجیں؛ چھوٹی موج ۔

Water-breaker : (n) (جہاز پر) پینے کا پانی رکھنے کا پیپا ۔

Water-breather : (n) گلپھڑوں کے ذریعہ پانی سے آکسیجن لینے والے جانور ۔

Water-broo : (n) پتلا دلیہ ۔

Water-brose : (n) جَو کی روٹی جو دودھ کے ساتھ کھائی جاتی ھے ۔

Water-brush : (n) (۱) گھوڑے کی ایال اور دم کو بھگونے اور پاؤں کو دھونے والا بُرش ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس۔

Water-bubbler : (n) دیکھو Drinking-fountain

Water-buck : (n) آبی مرگ؛ آبی سانبھر؛ دریائی ہرن ۔

Water-buffalo : (n) ہندوستانی بھینس ۔

Water-bug : (n) (۱) ایک قسم کا آبی کیڑا ۔ (۲) لال بیگ کی ایک قسم ۔

Water-bury : (n) واٹر بری گھڑی؛ امریکی سستی جیبی گھڑی۔

Water-bus : (n) کشتی؛ (خصوصاً) مسافربردار موٹرکشتی ۔

Water-butt : (n) (۱) بارش کا پانی جمع کرنے کا بڑے منہ کا پیپا ۔ (۲) (تحقیراً) تارک مسکرات ۔

Water-cabbage : (n) (۱) سفیدکنول ۔ (۲) دیکھو Water-lettuce ۔

Water call : (n) گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانے کا شہسواروں کا بگل ۔

Water-can : (n) (۱) پانی رکھنے کا دستی ظرف ۔ (۲) زرد کنول ۔

Water-carriage : (n) (۱) بحری راستے سے مال لے جانا ۔ (۲) پانی سے بہا لے جانا ۔ (۳) بحری راستے سے مال برداری کا ذریعہ یا سہولت ۔

Water-carrier : (n) (۱) بحری راستے سے مال لے جانے والا ۔ (۲) سقا؛ آبدار ۔

Water-cart : (n) پانی کی گاڑی؛ چھڑکاؤ گاڑی جس میں فروخت کے لئے یا سڑکوں پر آب پاشی کے لئے پانی بھرا ھوتا ھے ۔

Water-cell : (n) آبی کیسہ (خصوصاً اونٹ کا) ۔

Water-channel : (n) سڑک کے متوازی گڈھا یا نالی ۔

Water-chestnut : (n) آبی شاہ بلوط ۔

Water-chicken : (n) ایک آبی پرندہ ۔

Water-chinquapin : (n) امریکی کنول ۔

Water chute : (n) تختوں کا اتار جسے بہتے ہوئے پانی کے ذریعے سے پھسلواں بنا دیتے ہیں اور اس پر پھسلنے کا کھیل کرتے ہیں ۔

Water civet : (n) امریکی مشک بِلاؤ ۔

Water-clear : (a) بالکل شفاف؛ بے رنگ ۔

Water-clock : (n) آبی گھڑی ۔

Water-closet : (n) فلش کا طہارت خانہ؛ بیت الخلا جسے پانی سے دھونے کا انتظام ہو ۔

Water-cock : (n) مرغ آبی ۔

Water-colly : (n) ایک چھوٹا آبی پرندہ ۔

Water-colour : (n) (۱) آب رنگ: مصوری کرنے کے رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کئے جائیں ۔ (۲) آب رنگ تصویر ۔ (۳) آب رنگ مصوری ۔

Water-colour : (a) آب رنگ کا ۔

Water-colour painting : (n) آب رنگ تصویر ۔

Water-coloured : (a) (۱) صاف شفاف ۔ (۲) آب رنگ کا ۔

Water-colourist : (n) آب رنگ تصویروں کا مصور ۔

Water-column : (n) (۱) دیکھو Water-gauge ۔ (۲) انجن کوٹھی کی عمودی نلی جس میں کھلمندن اور ٹونٹی لگی رہتی ہے ۔

Water-company : (n) آب رسانی کی نجی کمپنی ۔

Water-consolidated : (a) دیکھو Water-bound

Water-cool : (v) پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرنا ۔

Water-cooler : (n) پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرنے کی مشین ۔

Water-core : (n) (۱) (توپ وغیرہ ڈھالنے میں) وہ کھوکھلا قالب جس میں پانی گردش کرتا رہتا ہے اور جس کے ذریعہ ڈھالی گئی چیز کا اندرونی حصہ بہت جلد ٹھنڈا ہوتا ہے ۔ (۲) سیب اور شلجم کی ایک بیماری ۔

Water-course : (n) (۱) ندی؛ نالا؛ چشمہ ۔ (۲) نہر ۔ (۳) نہر کا پانی استعمال کرنے کا حق ۔ (٤) (بحری) سوراخ جو جہاز کے فرش میں پمپ کے ذریعہ پانی کے نکاس کے لئے کیا جائے ۔

Water-course : (n) ناقص اور گھٹیا قسم کے گچ کی تہ جو زیادہ پانی ملانے اور بہت باریک مسالے کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۔

Water-cow : (n) (۱) ہندوستانی بھینس ۔ (۲) دیکھو Sea-cow

Water-crack : (n) (۱) وہ شگاف جو فولاد کو سخت بنانے میں پڑ جاتا ہے ۔ (۲) پلاسٹر میں پڑجانے والی درز (جو مسالے میں زیادہ پانی ملانے یا دوسری تہ زیادہ جلدی سے چڑھانے کی وجہ سے پڑ جاتی ہے) ۔

Water-cracker : (n) پن بسکٹ؛ ایک قسم کا بسکٹ ۔

Water-craft : (n) (۱) کشتی رانی؛ تیراکی وغیرہ میں مہارت ۔ (۲) جہاز؛ کشتی ۔

Water-crane : (n) (۱) انجن کوٹھی میں ٹنکی سے پانی دینے کا آلہ ۔ (۲) آبی دمکل ۔

Water-creeper : (n) ایک قسم کا آبی کیڑا ۔

Water-cress : (n) سلاد آبی : دریائی پودا جو بطور سلاد استعمال کیا جاتا ہے ۔

Water-crowfoot : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water-culture : (n) آبی کاشت ۔

Water-cure : (n) علاج آبی؛ علاج بالآب؛ پانی کے ذریعہ سے علاج ۔

Water-curtain : (n) آبی پردہ (جو آگ کو بڑھنے سے روکنے کےلئے تھیٹر یا کان میں لگا ہوتا ہے) ۔

Water-cut : (n) آبی تراش؛ کسی سطح کو پانی کی دھار دے کر کاٹنا تاکہ چمک پیدا ہو ۔

Water-cycle : (n) آبی سائیکل؛ وہ کشتی جو (تجربے کے طور پر) پاؤں سے چلنے والے بیرم کے ذریعے چلائی جاتی ہے ۔

Water-deer : (n) (۱) چھوٹا چینی ہرن ۔ (۲) چھوٹا نافے دار ہرن ۔

Water-devil : (n) آبی بھونرے کا غارت گر پہل روپ ۔

Water-diviner : (n) آب شناس ۔

Water-doctor : (n) (۱) معالج آبی ۔ (۲) دیکھو Water-diviner ۔

Water-doe : (n) مادہ آبی مرگ ۔

Water-dog : (n) (۱) آبی کتا؛ کتا جسے آبی پرندوں کو پانی سے نکال لانے کی تربیت دی گئی ہو ۔ (۲) اچھا ملاح یا تیراک ۔ (۳) موش آبی؛ اودبلاؤ ۔ (٤) بادل کا چھوٹا ٹکڑا جسے بارش کا پیش خیمہ سمجھا جاتا ہے ۔

Water-dragon : (n) (۱) آسٹریلیا کی بڑی چھپکلی جو پانی میں رہتی ہے اور بھیانک آواز نکالتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کا پودا ۔

Water-drinker : (n) (۱) شراب سے محترز؛ تارک شراب ۔ (۲) معدنی چشموں کا پانی پینے والا ۔

Water-drinking : (n) (۱) شراب کے بدلے پانی پینا؛ شراب ترک کرنا ۔ (۲) معدنی چشموں کا پانی پینا ۔

Water-drinking : (a) (۱) پانی پینے کا عادی خاص طور سے معدنی چشموں کا ۔ (۲) شراب کے بدلے پانی کو شربت کی طرح ترجیح دینے والا ۔

Water-drop : (n) پانی، آنسو یا بارش کا قطرہ ۔

Water-dropwort : (n) یورپ کا ایک زہریلا پودا ۔

Water-dust : (n) بادل یا کہرے کے پانی کے ذرات ۔

Water-eagle : (n) بحری باز؛ بحری عقاب ۔

Water-elder : (n) ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Water-elephant : (n) دریائی گھوڑا؛ اسپ دریائی ۔

Water-engine : (n) (۱) پانی اوپر چڑھانے کا پمپ ۔ (۲) آبی انجن ۔

Water-equivalent : (n) آبی معادل؛ آب مساوی ۔

Water-fast : (a) (۱) (اسکاچستان) دیکھو Water tight ۔ (۲) پکا (رنگ وغیرہ)؛ جو پانی سے ختم نہ ہو ۔

Water-feeder : (n) آب رسانی کی ترکیب یا نلکی ۔

Water-fence : (n) (۱) ندی یا دریا جو سرحد کا کام کرے ۔ (۲) (دو کھیتوں کے درمیان) پانی کا روک (تاکہ مویشی ایک کھیت سے دوسرے کھیت میں نہ جاسکیں) ۔

Water-fern : (n) سرخس کی بعض قسمیں ۔

Water-finder : (n) (۱) آب شناس ۔ (۲) پن جوتشی؛ پن فالیا؛ وہ شخص جو طلسمی چھڑی کی مدد سے یہ معلوم کرلیتا ہے کہ پانی کس مقام پرنکلے گا ۔

Water-finish : (n) کاغذ وغیرہ کی عمدہ جلا ۔

Water-finished : (a) عمدہ جلا کا (کاغذ وغیرہ) ۔

Water-fire : (n) ایک قسم کی یورپی آبی گھاس ۔

Water-fit/-foot : (n) (اسکاچستان) دریا کا دہانہ ۔

Water-flag : (n) (نباتیات) زرد سوسن ۔

Water-flea : (n) آبی پسو ۔

Water-flood : (n) (۱) بہا لے جانے والا سیلاب ۔ (۲) سیلابی پانی ۔ (۳) کثرت سے پانی ڈالنا ۔

Water-flow : (n) آبی رو؛ پانی کا بہاؤ ۔

Water-fly : (n) (۱) (حیوانیات) آبی مکھی؛ جُلا (پانی کا ایک کیڑا) ۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پتھروں کے نیچے ملتا ہے ۔

Water-fog : (n) پانی کی پھوار جو ایک فوارے کو دوسرے فوارے سے ٹکرا کر پیدا کرتے ہیں ۔

Water-ford : (a) ایک قسم کے صاف اور چمک دار شیشے کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

Water fowl : (a) دریائی پرند (خصوصاً جن کاشکار ہوتا ہے)؛ پن ڈُبی؛ مرغ آبی ۔

Water-frame : (n) سوت بنانے کی قدیم مشین جو پانی کے زور سے چلائی جاتی تھی؛ پن چرخہ ۔

Water-front : (n) (۱) دریا؛ سمندر؛ جھیل وغیرہ سے متصل زمین یا عمارت ۔ (۲) کسی شہر کا پانی کی طرف کا رخ ۔

Water-frontage : (n) (عمارت وغیرہ کا) دریا، جھیل وغیرہ کی طرف کا رخ ۔

Water-funk : (n) آب ترسی ۔

Water-furrow : (n) پانی کی ریگھاری؛ پانی لے جانے کی نالی۔

Water-furrow : (v) پانی لے جانے کے لئے نالی بنانا؛ نالی بناکر آب پاشی کرنا۔

Water-gain : (n) پانی جو مسالے (کنکریٹ) سے نکلتا ھے۔

Water-gall : (n) ثانوی قوس قزح۔

Water-garden : (n) باغ جس میں آبی پودے زیادہ ھوں۔

Water-gas : (n) (۱) آبی گیس؛ گیس جو پانی کو تحلیل کر کے اور کاربن ملا کر روشنی کرنے کے کام آتی ھے۔ (۲) بخار؛ بھاپ۔

Water-gate : (n) (۱) (قلعہ، شہر وغیرہ کا) داخلے کا دروازہ؛ پھاٹك۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے جہاز وغیرہ گزرے۔

Water-gate : (n) دیکھو Water-course

Water-gauge : (v) حوض پیما؛ شیشے کا آب پیما جس سے پانی کی بلندی کا اندازہ کیا جاتا ھے (حوض وغیرہ میں)؛ آبی پیمانہ؛ آب ناپ۔

Water-gild : (v) سونے کا پانی چڑھانا اور پارے کو عمل تبخیر سے اڑا دینا۔

Water-gilding : (n) سونے کا پانی چڑھانا۔

Water-gilt : (a) سونے کا پانی چڑھایا ھوا۔

Water-gland : (n) آبی غدہ؛ مسام آب کے نیچے واقع خلیوں کا مجموعہ جو پانی کے اخراج کو منضبط کرتا ھے۔

Water-glass : (n) (۱) آبی گھڑی۔ (۲) آبی شیشہ؛ پانی رکھنے کاظرف؛ خصوصاً وہ ظرف جس میں پودوں کو پانی میں رکھتے ہیں۔ (۳) آبدوز خردبین؛ دریائی خردبین؛ پانی کے اندر کی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ۔ (٤) (سوڈیم کی) ابرك کا محلول جو دیواروں کی نقاشی میں اور انڈوں کو محفوظ رکھنے میں کام آتا ھے۔

Water-glass painting : (n) نقاشی جس میں ایسے رنگ برتے جاتے ہیں جو ایك مسالے (Water glass) سے پختہ کئے جاتے ہیں۔

Water-gold : (n) سونے کا سیمابی ممزوج؛ طلاء ملغم۔

Water-grain : (n) گیلے چمڑے کی دانہ دار سطح۔

Water-grass : (n) آبی گھاس؛ دریائی گھاس۔

Water-grate : (n) بھٹی کا چوکھٹا جس میں پانی سے ٹھنڈی کی ھوئی لوھے کی چھڑ لگی رہتی ھے۔

Water-ground : (a) پن چکی کا پیسا ھوا۔

Water-gruel : (n) پتلا دلیا۔

Water-guard : (n) (۱) بندرگاہ یا دریا پر پہرہ دینے والا (پہرے دار)۔ (۲) کسٹم افسروں کی وہ جماعت جو جہازوں پرنظر رکھتے ہیں۔

Water-gun : (n) (۱) آبی پستول۔ (۲) دیکھو Water-pistol۔

Water-hammer : (n) (۱) ایك آلہ جو یہ دکھاتا ھے کہ خلا میں رقیق اور ٹھوس دونوں ایك ہی رفتار سے گرتے ہیں۔ (۲) تصادم جو پانی کے نل میں ٹونٹی بند کرنے سے یا بھاپ کے نل میں تازہ بھاپ داخل کرنے سے پیدا ھوتا ھے۔

Water-hammer : (v) (پانی) اس برتن کی دیوار سے ٹکرانا جس میں سے ھَوا نکال دی گئی ھو۔

Water-hammer pulse : (n) بے قاعدہ نبض (جس میں نبض کی‌ضرب یکساں نہ ھو)۔

Water-hare : (n) دلدلی خرگوش۔

Water-haul : (n) (۱) جال کی کھینچائی جس میں مچھلی نہ آئے۔ (۲) لا حاصل کوشش؛ بے کار کی سعی؛ سعی لا حاصل۔ (۳) وہ تشریف آوری جس میں ملنے والے سے ملاقات نہ ھو۔

Water-head : (n) (۱) ارتفاع آب؛ سرآب؛ دریا یا چشمے کا منبع۔ (۲) بڑا سر۔ (۳) بہت بڑا سر رکھنے والا (خصوصاً ذہین شخص)۔

Water-heater : (n) پانی گرم کرنے کا آلہ۔

Water-hemisphere : (n) نصف کرّۂ آبی۔

Water-hemlock : (n) ایك بڑا سیدھا سدا بہار درخت۔

Water-hen : (n) مرغابی۔

Water-hen hackle : (n) مصنوعی مکھی (مچھلی پکڑنے کی) جس میں مرغابی کے پَر لگاتے ہیں۔

Water-hickory : (n) جنوبی امریکا میں ایک قسم کے اخروٹ کا درخت -

Water-hole : (n) (۱) (قدیم) گڑھا؛ جوہڑ - (۲) گڑھا جس میں دریا کے خشک ہو جانے کے بعد بھی پانی بھرا ہو - (۳) سطح برف کا گڑھا -

Water-holly : (n) ایک قسم کی جھاڑی جس میں انگور نماپھل آتے ہیں -

Water-horizon : (n) مسام دار چٹانوں کاطبقہ جس سےکنویں میں پانی آتا ہے -

Water-horse : (n) افسانوی دریائی بھوت جو گھوڑے کی شکل میں نظر آتا ہے -

Water-house : (n) وہ عمارت جس میں سرابہ خزانہ٭ آب میں رکھا رہتا ہے اور نلوں کے ذریعے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے -

Water-ice : (n) میٹھی برف؛ (جو شربت کو جما کر اورکسی چیز کی چاشنی دے کر بناتے ہیں) -

Water-inch : (n) آبی انچ؛ مقدار آب جو چوبیس گھنٹے کے اندر ایک انچ کے نل سے کم سے کم دباؤ سے خارج ہوتی ہے -

Water-in-oil : (a) جو تیل میں پانی ڈال کر بنایا گیا ہو -

Water-jacket : (n) پانی کا ظرف جس میں مشین کا وہ حصہ رکھا جاتا ہے جسے ٹھنڈا رکھنا مقصود ہے -

Water-jacketed : (n) آبی غلاف دار -

Water-jet : (a) پانی کے فوارے سے چلنے والا -

Water-joint : (n) آب بند جوڑ؛ ٹپکنے سے محفوظ؛ بے رخنہ -

Water-jump : (n) (ندی، نالے وغیرہ سے پیدا) رکاوٹ (جسے گھوڑے کو پھاندنا پڑتا ہے) -

Water-junket : (n) دیکھو Sandpiper

Water-kelpie : (n) دریائی بھوت -

Water-knot : (n) ایک قسم کی گرہ جو مچھلی پکڑنے کی ڈور میں لگاتے ہیں -

Water-laid : (a) (۱) تہری لڑوں کا (رسّا)؛ (رسا) بائیں طرف بٹا ہوا - (۲) رسوبی -

Water-lane : (n) (۱) رستہ جس کے ساتھ ساتھ چشمہ بہہ رہا ہو - (۲) تنگ دریائی راستہ -

Water-lawyer : (n) (مزاحاً) شارک مچھلی -

Water-leaf : (n) ایک زیور جس میں عشق پیچاں کی پتی بنی رہتی ہے -

Water-lens : (n) عدسہ٭ آب؛ پن بھری دوربین؛ ایک قسم کی دوربین جس میں پانی بھرا ہوتا ہے -

Water-level : (n) (۱) سطح؛ سطح آب (حوض وغیرہ کی) - (۲) (ارضیات) سطح سیرابی؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین سیراب ہو - (۳) پن گنیا؛ نلی کی شکل کا لیول جس میں پانی بھرا رہتا ہے اور اس کی سطح کی ہمواری کا اندازہ کیا جاتا ہے؛ آبی افق نما - (٤) (کان کنی) کان کی ڈھلواں سطح (پانی نکالنے کے لئے) - (٥) جہاز کا خط آب -

Water-lily : (n) کنول؛ نیلوفر؛ پنکج -

Water-lime : (n) (۱) آبی چونا - (۲) آبی چونے کا پتھر -

Water-line : (n) (۱) خط آب؛ جہاز کے کنارے کا وہ خط جس کی حدّ تک پانی کی سطح جہاز کے کنارے چھوتی ہے - (۲) کاغذ کی اندرونی لکیر؛ خط آبی - (۳) ساحل کا خاکہ - (٤) (جہاز سازی) جہاز کا وہ ساختمانی خط جو سطح آب کے متوازی ہوتا ہے اور جسم جہاز کی ساخت کو دکھاتا ہے - (٥) سطح سیرابی؛ دیکھو Water-level - (٦) وہ نشان جو پانی چیزوں پر چھوڑ دیتا ہے (جس سے سطح آب کا اندازہ ہوتا ہے) - (۷) پائپ کی لائن (پانی لے جانے کےلئے) -

Water-lizard : (n) (۱) آبی چھپکلی - (۲) سمندر کی قسم کا آتشی کیڑا -

Water-locust : (n) (نباتیات) کرات؛ دلدلی علاقوں میں پیدا ہونے والا ایک پودا -

Water loop : (n) بحری طیّارے کا غیرارادی طور پر اچانک جھٹکے کے ساتھ مڑ جانا -

Water-louse : (n) ایک قسم کا سخت پُشت دریائی جانور -

Water-main : (n) آب رسانی کا بڑا نل؛ شہہ نل؛ صدر نل -

Water-marigold : (n) آبی گیندا -

Water-mark : (n) (۱) کاغذ کا اندرونی نشان جس میں بنانے والے کا نام، کاغذ کا سائز وغیرہ لکھا ہوتا ہے؛ آبی نشان؛ وہ فلزی سانچہ جس سے یہ نشان ڈالا جاتا ہے - (۲) سیلاب کا نشان - (۳) پانی کی گہرائی بتانے والا نشان (جہازرانی کے لئے) -

Water-mark : (v) (کاغذ پر) اندرونی نشان ڈالنا؛ ڈاک ٹکٹ پر نشان ڈالنا -

Water-master : (n) نہر کا منتظم -

Water-meadow : (n) سیراب مرغزار، جس میں پانی بھرکر زرخیز بناتے ہیں -

Water-measure : (n) پیمانۂ آب؛ پَن ناپ -

Water-measurer : (n) بعض قسم کے آبی کیڑے -

Water-melon : (n) (۱) تربوز - (۲) ایک قسم کی مچھلی -

Water-meter : (n) میٹر آب؛ پانی پیما؛ آب پیما؛ پانی کی مقدار ناپنے کا آلہ -

Water-milfoil : (n) ایک آبی پودا -

Water-mill : (n) پن چکی -

Water-mint : (n) آبی پودینہ -

Water-mite : (n) ایک آبی کیڑا -

Water-mocassin : (n) (۱) ایک قسم کا زہریلا سانپ - (۲) دیکھو Water-snake -

Water-mold/-mould : (n) آبی کھمبی -

Water-mole : (n) بط بلاؤ؛ آسٹریلیا کا ایک دودھ پلانے والا جانور جس کی چونچ بط کی سی نیچے جھلی دار اور جسم پر گہرے بادامی رنگ کا سمور ہوتا ہے (یہ جانور انڈے بھی دیتا ہے) -

Water-monitor : (n) ایک قسم کی ہندوستانی بڑی چھپکلی جو پانچ سے چھ فٹ تک لمبی ہوتی ہے اور دریا کے کنارے پائی جاتی ہے -

Water-monkey : (n) (تنگ اور لمبی گردن کی) صراحی جو گرم ممالک میں پانی کے لئے استعمال کی جاتی ہے -

Water-moss : (n) (۱) ایک کائی نما آبی پودا - (۲) ایک قسم کی کائی -

Water-moth : (n) (۱) پتنگوں کی ایک جنس جس کا پھل روپ سطح آب کے نیچے ہوتا ہے - (۲) مئی مکھی؛ کیڈس مکھی -

Water-motor : (n) (۱) پن موٹر؛ پانی کے دباؤ سے متحرک انجن - (۲) دولاب؛ پن چرخی -

Water-mouse : (n) چوہے کی قسم کا جانور جو پانی میں رہتا ہے؛ موش آبی -

Water-mouth : (n) دریا کا دہانہ -

Water-net : (n) ایک قسم کی کائی -

Water-newt : (n) آبی سمندر؛ ایک قسم کا کیڑا -

Water-nixie : (n) جل پری -

Water-nut : (n) سنگھاڑا -

Water-nymph : (n) جل پری؛ سمندر کی پَری -

Water-oak : (n) بعض قسم کے امریکی بلوط جو دلدلی علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں -

Water-oat : (n) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار گھاس -

Water-of Ayr : (n) ایک دریا جس کے کنارے شہر آئر (Ayr) آباد ہے -

Water-of-Ayr stone : (n) دریائے آئر کے کنارے پایا جانے والا پتھر جو سان کرنے میں استعمال ہوتا ہے -

Water of life : (n) (۱) (مجازاً) آبِ حیات - (۲) برانڈی یا وہسکی (شراب) - (۳) نور باطن؛ روشن ضمیری -

Water of plasticity : (n) پانی جو خشک مٹی میں ڈالتے ہیں (گیلا بنانے کے لئے) -

Water on the brain : (n) استسقاء دماغ؛ بھیجے میں پانی اُترنے کا مرض -

Water on the knee : (n) چوٹ وغیرہ لگنے کی وجہ سے گھٹنے کے جوڑوں میں پانی کا جمع ہوجانا؛ جلندھر -

Water opal : (n) ایک قسم کا قیمتی پتھر جو بے رنگ ہوتا ہے ۔

Water opossum : (n) جنوبی امریکا کا پانی میں رہنے والا ایک قسم کا تھیلی دار جانور ۔

Water ordeal : (n) کھولتے ہوئے پانی میں ہاتھ ڈال کر جھوٹ سچ کا امتحان ۔

Water organ : (n) ماقوائے عضو ۔

Water ouzel : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Water over the dam : (n) کوئی چیز جو یاد یا لحاظ سے باہر ہو ۔

Water ox : (n) دیکھو Water buffalo

Water-padda : (n) جنوبی افریقہ کا زمین کھود کر رہنے والا مینڈک ۔

Water-paint : (n) رنگ کا وہ مرکب جس کو استعمال کرنے کے بعد پانی ابخارات بن کر اُڑجائے ۔

Water parsley : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water parsnip : (n) ایک آبی پودا جس کی جڑ کھائی جاتی ہے ۔

Water-parting : (n) تقسیم آب ۔

Water partridge : (n) سرخ بط ۔

Water-persicaria : (n) ایک قسم کی دریائی نبات ۔

Water-pewit : (n) دیکھو Phoebe

Water-phone : (n) سماع آبی؛ ہائڈروفون ۔

Water-pilot : (n) جنوب مشرقی امریکا کا ایک قسم کا آبی سانپ ۔

Water-pine : (n) چین کا ایک سدابہار درخت جو عموماً دھان کے کھیت کے چاروں طرف لگاتے ہیں ۔

Water-pipe : (n) (۱) پانی کا نل ۔ (۲) حقہ؛ نرگیل ۔

Water-pipit : (n) چنڈول جیسا ایک پرندہ ۔

Water-pistol : (n) ایک ہتھیار جس سے اچانک زوردار پانی کا فوارہ یا دوسری سیال شے نکلتی ہے؛ آبی پستول ۔

Water-plane : (n) (۱) آبی طیارہ ۔ (۲) سطح آب جو جہاز کے کنارے کو چھوتی ہے ۔

Water-plant : (n) آبی پودا؛ دریائی پودا ۔

Water-plantain : (n) ایک پودا جس کے پتے کیلے کے پتے سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Water-plate : (n) دوہری تہ کی قاب جس میں کھانا گرم رکھنے کے لئے گرم پانی رکھتے ہیں؛ گرمابی قاب ۔

Water-platter : (n) آبی کنول ۔

Water-plug : (n) نل کا منہ جس میں کنوس نل لگا دیا جاتا ہے ۔

Water-pocket : (n) جوف چٹان جس میں پانی جمع ہو جاتا ہے ۔

Water-polo : (n) پانی پولو؛ ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں جس میں گیند کو ہاتھ سے اچھال کر گول تک لے جاتے ہیں ۔

Water-poppy : (n) برازیل کا آبی پوست کا پودا ۔

Water-pore : (n) (۱) بعض غیرمہرہ پشت جانوروں کی پانی کی نالی جو باہر کو نکلتی ہے ۔ (۲) آبیرہ؛ مسام آب ۔

Water-pot : (n) (۱) گھڑا؛ صراحی؛ پانی کا ظرف ۔ (۲) (علم النجوم) گیارھواں برج (دلو) کا وہ حصہ جو صراحی نما لگتا ہے ۔ (۳) پودوں کا پانی دینے کا برتن ۔ (٤) ایک قسم کا صدف ۔

Water-power : (n) قوت آب؛ پانی کی قوت جس سے مشین چلانے کا کام لیا جاتا ہے؛ آبی طاقت ۔

Water power engineering : (n) انجینیئرنگ کی وہ شاخ جو آبی طاقت بڑھانے کےلئےتعمیراتی کام کرتی ہے ۔

Water-power station : (n) آبی بجلی گھر ۔

Water-pox : (n) چھوٹی چیچک ۔

Water-press : (n) آبی شکنجہ؛ ماقوانی شکنجہ ۔

Water-pressure : (n) آبی دباؤ؛ سکون سیالات کا دباؤ ۔

Water privilege : (n) میکانکی قوت کے منبع کےطور پر پانی استعمال کرنے کا حق؛ وہ مل جہاں پانی کو اس طرح استعمال کیا جاتا ھے ۔

Water pump : (n) پانی چڑھانے یا گردش کرانے والا پمپ ۔

Water-puppy : (n) (۱) (امریکا)چھپکلی کی قسم کاایک جانور جو آگ میں بھی رہ سکتا ھے ۔ (۲) آگ کا بھوت

Water-quake : (n) زلزلۃ البحر؛ سمندری زلزلہ ۔

Water-rabbit : (n) ایک لمبا، بڑے سر اور چھوٹی سمور (فر) والا خرگوش جو مسی سپی کی وادیوں کے مرطوب و نشیبی علاقوں میں پایا جاتا ھے ۔

Water-rail : (n) آبچلیک ۔

Water-rake : (v) کرین بیری (Crane berry) کو اس طرح جمع کرنا یا توڑنا کہ پہلے دلدل میں پانی بھر دیا جاتا ھے اور یہ بیریاں پانی پر تیرنے لگتی ہیں تو انہیں سمیٹ کر جمع کرلیا جاتا ھے ۔

Water-ram : (n) مرفاع آب؛ آب کش؛ پانی چڑھانے کی کل؛ آب بردار ۔

Water-rat : (n) (۱) دیکھو Water-vole ۔ (۲) (مجازاً) سمندری چور یا ڈاکو ۔ (۳) (تحقیراً) ملاح؛ کشتی راں ۔

Water-rate : (n) آبیانہ؛ پانی کا محصول ۔

Water-repellant : (a) ایسی سطح والا جس پر پانی ٹھہر نہ سکے ۔

Water-reserve : (n) ذخیرۂ آب ۔

Water-resistant : (n) نیم پن روک ۔

Water-ret : (v) سَن کو پانی میں بھگو کر اور ھَوا میں سکھا کر نرم کرنا ۔

Water-revenue : (n) محاصل آب رسانی ۔

Water-rheostat : (n) آبی رو قرار ۔

Water-rice : (n) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار گھاس ۔

Water-right : (n) پانی کے استعمال کا حق ۔

Water-roll : (n) سیال سُر (چڑیا کی آواز کا) ۔

Water-rolled : (a) (پانی میں لڑھکنے کی وجہ سے) گول اور چکنا ۔

Water-rot : (n) پھلوں کی بعض بیماریاں ۔

Water-rot : (v) دیکھو Water-ret

Water-sail : (n) سب سے نیچا بادبان؛ بادبان جو سطحِ آب سے قریب ھوتا ھے ۔

Water-sapphire : (n) آبی نیلم ۔

Water-scavenger beetle : (n) آبی بھونرے کی ایک جنس ۔

Water-scorpion : (n) آبی عقرب؛ دریائی بچھو ۔

Water-seal : (n) پن مُہر؛ گیس کو نکلنے سے روکنےکی مہر ۔

Water-serpent/-snake : (n) آبی سانپ ۔

Water-set : (n) پھندا جو پانی کے اندر لگاتے ہیں تاکہ اس سے آدمی کی بو نہ محسوس ھو یا اس میں پھنسے ھوئے جانور کو ڈبونے کے لئے تاکہ چھڑانے کی تگ ودو میں سمور نہ خراب ھو جائے ۔

Water-shed : (n) (۱) فاصل آب؛ مقسم آب؛ پن دھارا؛ وہ خط جو مختلف دریاؤں کے طاس یا وادیوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ھے ۔ (۲) پن ڈھال ۔ (۳) آب گیرعلاقہ ۔ (٤) آبریز ۔ (٥) نازک مرحلہ؛ فیصلہ کن موقع ۔

Water-shoot : (n) (۱) پرنالہ؛ بدررو یا نل جس سے مکان کا پانی خارج ھوتا ھے ۔ (۲) مصنوعی آبشار ۔

Water-side : (n) (۱) ساحل؛ کنار آب؛ حاشیۂ آب؛ لبِ دریا ۔ (۲) ساحل کی طرف رخ ۔

Water-side : (a) ساحل کا؛ کنار آب کا ۔

Water-silk : (n) ایک قسم کی کائی ۔

Water-silvering : (n) چاندی اور پارے کے ممزوج سے قلعی کرنا ۔

Water-ski : (n) اسکی جسے پیر میں باندھ کر پانی کی سطح پر پھسلتے ہیں (موٹر کشتی کے ساتھ بندھ کر) ۔

Water-skin : (n) مشکیزہ؛ مشک ۔

Water-skipper : (n) لمبی ٹانگوں والے بعض قسم کے کیڑے ۔

Water-slater : (n) ایک قسم کا سخت پشت دریائی جانور ۔

Water-smoke : (n) (۱) سطح آب سے اٹھنے والا آبخرہ ۔ (۲) نمی جو مٹی کے برتن یا کچی اینٹ پکاتے وقت دھوئیں کی شکل میں نکلتی ھے ۔

Water-snake : (n) دیکھو Water-serpent

Water-soak : (v) پانی میں تر کرنا؛ خالی جگھوں کو پانی سے بھرنا ۔

Water-soldier : (n) ایک یورپی پودا ۔

Water-soluble : (n) پانی میں حل ھونے والا ۔

Water-souchy : (n) [Du. 'waterzootje'.] شوربے دار (پکی ھوئی) ایک قسم کی مچھلی ۔

Water-spaniel : (n) بڑی ذات کا اسپینیل (Spaniel) کتا جو شکار کئے ھوئے پرندوں کو پانی سے نکال لاتا ھے ۔

Water-spider : (n) آبی عنکبوت؛ پن مکڑی ۔

Water-spike : (n) پودوں کی ایک جنس ۔

Water-splash : (n) دریا یا چشمے کا گھاٹ ۔

Water-spot : (n) پھلوں کی بعض بیماریاں ۔

Water-spout/Waterspout : (n) (۱) ٹونٹی ۔ (۲) (موسمیات) بخارات کا ستون سا جو سطح سمندر سے بادل تک اٹھتا نظر آتا ھے ؛ ابرگرداں ۔ (۳) موسلا دھار بارش ۔

Water-spring : (n) چشمہ ۔

Water-sprite : (n) (۱) جل پری؛ دریائی بھوت ۔ (۲) بعض قسم کے آبی سرخس ۔

Water-sprout : (n) (۱) مضبوط شاخ جو تنے سےپھوٹتی ھے ۔ (۲) دیکھو Water sucker ۔

Water-stain : (n) (پانی کی وجہ سے) لکڑی میں پیدا ھوجانے والا داغ ۔

Water-stair : (n) جھاز وغیرہ تک جانے کا زینہ ۔

Water-stead : (n) دریا کی تہ ۔

Water-stoma : (n) (نباتیات) مسام آب؛ آبیرہ ۔

Water-stone : (n) (۱) سان یا چکی کا پتھر جس میں پانی لگا کر استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) سنگ یمانی کا ڈلا ۔

Water-stop : (n) (۱) بند؛ باندھ ؛ پشتہ ۔ (۲) سبیل؛ پیاؤ ۔

Water-strider : (n) لمبی ٹانگوں والے بعض قسم کے کیڑے ۔

Water-struck brick : (n) اینٹ جو سانچے کو پانی سے تر کر کے بنائی جاتی ھے ۔

Water-sucker : (n) مضبوط شاخ جو درخت کی جڑ سے نکلتی ھے ۔

Water-supply : (n) (۱) آب رسانی؛ پینے کا پانی پہنچانے کا انتظام ۔ (۲) رسد آب؛ ذخیرہ آب؛ اس پانی کی مجموعی مقدار جو اس مقصد کے لئے جمع کیا جائے ۔

Water-system : (n) دریا اور اس کی معاون ندیاں اور نہریں ۔

Water-tabby : (n) لہریا ریشمی کپڑا ۔

Water-table : (n) (۱) (تعمیرات) مسطح حاشیہ یا کگر (چھت یا دیوار میں پانی گرنے کے لئے) ۔ (۲) آبریز؛ بارشی نالی ۔ (۳) سطح سیرابی؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین پانی سے سیراب ھو ۔ (٤) کھڑکی وغیرہ کا نکلا ھوا تختہ یا پتھر ۔

Water-tabling : (n) (تعمیرات) مسطح حاشیے یا کگر ۔

Water-target : (n) ایک قسم کا دریائی پودا ۔

Water-taxi : (n) کرائے پر چلنے والی کشتی ۔

Water-telescope : (n) آبدوز خرد بین؛ پانی کے اندر کی چیزوں کو دیکھنے کا آلہ ۔

Water-tender : (n) (۱) آب بردار ۔ (۲) مزدور جو بائلر میں پانی کی دیکھ بھال کرتا ھے ۔ (۳) آگ بجھانے

کی گاڑی جس میں پانی بھرا رہتا ھے ۔

Water-thermometer : (n) آبی تپش پیما ۔

Water-thief : (n) کثیرالوصل صمام ۔

Water-thrush : (n) دج آبی؛ بعض قسم کے آبی پرندے ۔

Water-thyme : (n) ایک بحری گھاس ۔

Water-tiger : (n) آبی بھونرے کا پہل روپ ۔

Water-tower : (n) برج آب؛ ستون حوض، جس پر پانی کا حوض ھوتا ھے جو تالاب وغیرہ کے کنارے تقسیم آب کے لئے بنا دیا جاتا ھے ۔

Water-tube : (n) پانی کی نلی؛ نلی جس میں پانی رکھا جاتا ھے یا جس سے پانی گزرتا ھے ۔

Water-tube boiler : (n) نلی دار جوشدان(جس میں پانی نلیوں سے گزرتا ھے جو آگ یا گیس سے گرم رہتی ہیں) ۔

Water-turbine : (n) چرخاب؛ پانی سے چلنے والا پہیا ۔

Water-turkey : (n) ایک یورپی پرند ۔

Water-tuyere : (n) بھٹی کا ھَوا دان جس کے گرد پانی کا غلاف لگا رہتا ھے ۔

Water-twist : (n) دریائی بھنور ۔

Water-vapour : (n) آبی بخارات؛ آبی بخار ۔

Water-varnish : (n) آبی وارنش ۔

Water-vascular : (a) عروقی آبی ۔

Water-vascular-system : (n) نظام عروقی آبی ۔

Water-velvet : (n) ایک پودا (جنس Azolla کا) ۔

Water-violet : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Water-vole : (n) چوھے کی قسم کا جانور جو اکثر پانی میں رہتا ھے؛ موش آبی ۔

Water-waggon : (n) دیکھو Water-cart

On the water waggon : شراب سےپرہیز؛ ترک شراب ۔

Water-wagtail : (n) ممولا؛ دُم جنباں ۔

Water-wall : (n) (۱) دیوار جو تالاب وغیرہ کے کنارے یا اس کے گرد بنائی جائے ۔ (۲) جوشدان میں پانی کی نلکیوں کا وہ مجموعہ جو آگ اور اندرونی چادر کے درمیان حفاظتی دیوار کا کام کرتا ھے ۔

Water-wand : (a) (باغ میں) پانی کے منہ پر لگا ھوا وہ آلہ جس سے پانی کا دباؤ کم کیا جاتا ھے ۔

Water-ward/-wards : (adv.) پانی کی طرف؛ کسی خاص جھیل وغیرہ کی طرف ۔

Water-washed : (a) پانی کے ذریعے بہا کر لے جایا ھوا ۔

Water-wave : (n) (۱) موج آب ۔ (۲) بالوں کا خم جو ایک خاص ترکیب سے پانی کے ذریعے پیدا کرتے ہیں ۔

Water-waved : (a) (۱) موج آب کی طرح کا نقش والا ۔ (۲) پانی کے ذریعے بنایا ھوا (خم) ۔

Water-waving : (n) پانی سے بالوں میں خم پیدا کرنے کا طریقہ ۔

Water-way : (n) (۱) نالی؛ نہر ۔ (۲) (بحری) جہاز کے عرشے کی نالی (جو کھوکھلی لکڑی سے بناتے ہیں) ۔ (۳) جہازرانی کا راستہ ؛ جہاز کا رستہ ۔ (٤) قابل جہازرانی راستے کی چوڑائی ۔ (٥) ٹونٹی یا صمام سے گزرنے کا پورا کھلا ھوا حصہ ۔

Water-weed : (n) بحری پودے ۔

Water-wheel : (n) (۱) پن چرخی جو پانی سے چلتی ھے اور مشین کو چلاتی ھے؛ دولاب ۔ (۲) ڈول یا بالٹی کے ذریعے پانی نکالنے کی چرخی ۔

Water-white : (a) پانی جیسا صاف یا بے رنگ ۔

Water-wing : (n) (۱) ایک ھوا دار (آلہ) (تائر) جس سے تیراکی سیکھتے یا سکھاتے ہیں ؛ ترنڈ ۔ (۲) پل کا سہارا ۔

Water-witch : (n) (۱) دیکھو Water finder ۔ (۲) ایک دریائی پرند ۔

Water-worm : (n) دریائی کنڈل کیڑا ۔

Water-worn : (a) پانی سے گھسا ھوا ۔

Water-worthy : (a) دیکھو Sea-worthy

Waterage : (n) (۱) دریا کے سمندر کے ذریعے نقل و حمل ۔ (۲) دریا یا سمندر کے ذریعے نقل و حمل کی اجرت ۔

Waterchat : (n) جنوبی امریکا کا مگس گیر ۔

Watered : (a) (۱) اندرونی لہریا بنایا ہوا (ریشمی کپڑا) ۔ (۲) جوہر ڈالا ہوا فولاد ۔

Watered-down : (a) کمزور کیا ہوا؛ (پانی ملاکر) پتلا یا ہلکا کیا ہوا؛ کمزور ۔

Watered-silk : (n) اندرونی لہریا بنایا ہوا ریشمی کپڑا ۔

Waterer : (n) (۱) آب پاشی کرنے والا۔ (۲) جہاز کےلئے ساحل سے پانی لانے والا ۔ (۳) مویشیوں کو پانی پلانے والا ۔

Waterfall : (n) (۱) آبشار؛ جھرنا ۔ (۲) زمین کی ڈھال جس سے پانی بہہ جائے ۔ (۳) (کوئلے کی کان) پانی کا خزانہ جو کان کے اوپر ہوتا ھے اور بوقت ضرورت اس سے پانی کان میں انڈیلا جاسکتا ھے ۔ (٤) بالوں کا جوڑا؛ گدی پر بالوں کی لٹ ۔ (٥) کپڑے کا لہریا ۔

Waterie : (n) ممولے کی قسم کی ایک چڑیا ۔

Waterily : (adv.) رطوبت کے ساتھ؛ پانی چھوڑتے ہوئے ۔

Wateriness : (n) رطوبت؛ نمی؛ تری ۔

Watering : (n) (۱) آب پاشی کرنا؛ پانی دینا؛ آبیاری ۔ (۲) پانی ملانا؛ پانی میں ڈبونا یا بھگونا ۔ (۳) (سڑکوں پر) پانی چھڑکنا (تاکہ دھول، گرد جم جائے) ۔ (٤) (مویشی کو) پانی پلانا ۔ (٥) جہاز کے لئے میٹھا پانی بہم پہنچانا ۔ (٦) جلا ؛ پانی چڑھانا ۔ (۷) پتلا کرنا (پانی ملا کر) ۔ (۸) (اصلی سرمائے میں) ظاہری اضافہ کرنا ۔ (۹) آنکھوں میں آنسو آجانا؛ آنسو بہانا ۔ (۱۰) منہ میں پانی آنا ۔ (۱۱) وہ گڑھا جس میں دلدل کا پانی نکال کر پھینکتے ہیں ۔ (۱۲) ریشمی کپڑے میں اندرونی لہریا بنانا ۔

Watering : (a) پانی دینے والا؛ آنکھ میں آنسو بھرنے والی ۔

Watering can : (n) (۱) آب پاش؛ پودوں کو پانی دینے کا برتن ۔ (۲) دیکھو Watering-pot ۔

Watering-cart : (n) دیکھو Water-cart

Watering-hole : (n) گڑھا؛ جوہڑ ۔

Watering-place : (n) (۱) نالا، چشمہ وغیرہ جس میں مویشی پانی پیتے ہیں ۔ (۲) وہ جگہ جہاں جہاز کے عملے کے لوگ دریا سے پانی بھرنے کے لئے جاتے ہیں ۔ (۳) وہ جگہ جہاں سے پانی حاصل کیا جاتا ہو ۔ (٤) چشمہ گاہ؛ وہ مقام جہاں معدنی چشمے ہوں ۔ (٥) ساحل سمندر کی سیرگاہ ۔

Watering-pot : (n) (۱) پودوں کو پانی دینے کا برتن ؛ آب پاش ۔ (۲) ایک قسم کا صدف ۔

Watering-slip : (n) ندی کے کنارے کی ڈھلوان سطح جہاں مویشیوں کو پانی پلانے لے جایا جاتا ھے ۔

Watering-trough : (n) مویشیوں کو پانی پلانے کی ناند ۔

Waterish : (a) (۱) پانی جیسا؛ آبی ۔ (۲) جس میں حد سے زیادہ پانی ہو ۔ (۳) پتلا ۔ (٤) ڈھیلا ۔ (٥) جس میں بارش کے آثار ہوں ۔ (٦) دھندلی (روشنی)۔

Waterishness : (n) پانی جیسا ہونا؛ پتلاپن ۔

Waterleaf : (n) (۱)ایک قسم کا پودا ۔ (۲) بے کلف کا کاغذ ۔

Waterless : (a) (۱) خشک؛ بے آب ۔ (۲) جس میں پانی کی ضرورت نہ ہو ۔ (۳) دیکھو Air cooled ۔

Waterless cooker : (n) ایک قسم کا پکانے کا برتن جس میں پانی دیئے بغیر کھانا پکایا جاتاھے ۔

Waterlessly : (adv.) خشک طور پر ۔

Waterlessness : (n) خشکی؛ بے آبی ۔

Waterlocked : (a) پانی سے تقریباً گھرا ہوا ۔

Waterlog : (v) (۱) پانی بھرکر جہاز کو بے قابو کر دینا ۔ (۲) آب زدہ کرنا ۔ (۳) لکڑی کو پانی میں بھگو کر تیرنے کے قابل بنا دینا ۔ (٤) سست بنا دینا؛ مجہول بنا دینا ۔

Waterlogged : (a) (۱)آب زدہ؛ سیم زدہ ۔ (۲)استسقاء (مرض) میں مبتلا ۔

Waterlogging : (n) آب زدگی؛ سیم ۔

Waterloo : (n) (۱) جنگ واٹرلو(جس میں نپولین کو شکست ہوئی) ۔ (۲) زبردست معرکہ ؛ زبردست شکست ۔

Waterman : (n) (۱) ملاح؛ کشتی بان (جو کرایہ پر کشتی چلاتا ہے) ۔ (۲) کھویّا؛ کشتی ران؛ جو کشتی چلانے کا فن جانتا ہو ۔ (۳) آب رسانی کا کام کرنے والا ۔ (٤) گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ پر مامور نوکر (گھوڑے کو پانی پلانے کو) ۔ (٥) پانی میں یا پانی کا کام کرنے والا ۔

Watermanship : (n) کشتی چلانے کا فن؛ کشتی رانی ۔

Watermark disease : (n) بید کی ایک بیماری ۔

Watermeal : (n) ننھے ننھے آبی پودے ۔

Waterproof : (a) واٹر پروف؛ پن روک جس میں پانی اثر نہ آئے ، پانی کے اثر کو روکنے والا ۔

Waterproof : (n) برساتی؛ پن روک کوٹ؛ پن روک کپڑا ۔

Waterproof : (v) (کسی چیز) ربر وغیرہ کے ذریعے پن روک بنانا ۔

Waterproof-watch : (n) پن روک گھڑی؛ گھڑی جس پر پانی اثر نہ کرے ۔

Waterproofed : (a) پن روک بنا ہوا؛ پن روک ۔

Waterproofer : (n) پن روک یا پن روک چیزیں بنانے والا (آدمی) ۔

Waterproofing : (n) پن روک بنانا یا بننا؛ پن روک بنانے والی چیز ۔

Waterscape : (n) پانی یا سَمندر کا منظر؛ منظرۂ بحر ؛ تصویر آب ۔

Watersmeet : (n) دریاؤں کا سنگم ۔

Watertight : (a) (۱) پن روک؛ جس میں پانی اثر نہ کرے؛ آب بند ۔ (۲) (مجازاً) محفوظ ۔

Watertight : (n) پن روک جوتا ۔

Watertight compartment : (n) (۱) علاحدہ علاحدہ خانے، ان مسائل، مضامین وغیرہ کے جو ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے؛ مصنوعی طور پر تقسیم کئے ہوئے حصے ۔ (۲) جہاز کا آب بند کمرا ۔

Watertightness : (n) پن روک یا آب بند ہونا ۔

Waterwise : (adv.) پانی کی طرح ۔

Waterwork : (n) (۱) واٹر ورکس، جہاں پانی ذخیرہ کیا جاتا ہے، اور صاف کر کے شہر یا قصبہ کو نلوں سے سپلائی کیا جاتا ہے ۔ (۲) کارخانۂ آب رسانی ۔ (۳) ایک قسم کا آرائشی فوارہ ۔ (۳) (عام) گروہ ۔ (٤) (جمع) آنسو یا آنسو بہانا ۔

Watery : (a) (۱) (پکا ہوا کھانا) جس میں پانی بہت زیادہ ہو؛ ڈھب ڈھب ۔ (۲) تر (ہونٹ) ۔ (۳) پرنم (آنکھیں) ۔ (٤) پانی جیسا؛ بے حد پتلا ۔ (٥) بودا، پھسپھسا؛ پھیکا؛ بے مزہ (فقرہ، اسلوب بیان وغیرہ) ۔ (٦) جس سے بارش کے آثار ظاہر ہوں؛ بارش کی خبر دینے والا ۔ (۷) چھپ چھپ کرنے والا؛ چھینٹیں اڑانے والا ۔ (۸) بارشی (بادل) ۔ (۹) پانی بھرا؛ پانی میں ڈوبا ہوا؛ پانی میں بنایا ہوا ۔ (۱۰) پسیجا ہوا (چمڑا) ۔ (۱۱) پھیکا (رنگ) ۔

Watery death : (n) پانی میں ڈوب کر مرنا؛ غرقاب ہونا ۔

Watery grave : (n) (۱) وہ جگہ جہاں کوئی شخص ڈوب کر مرے ۔ (۲) غرقاب ہونا ۔

Wath : (n) [Of Scand.Origin.] گھاٹ ۔

Wather : (n) (انگلستان) دیکھو Water ۔

Watt : (n) [f. name of James Watt.] واٹ؛ برقی قوت کا پیمانہ ۔

Watt-hour : (n) واٹ ساعت؛ ایک گھنٹے میں ایک واٹ کا کام ۔

Watt-hour meter : (n) واٹ ساعت پیما ۔

Wattage : (n) واٹ میں ظاہر کی ہوئی برقی قوت ۔

Wattape : دیکھو Watap

Watteau : (n) ووتو؛ (اینتوئن ووتو)فرانس کے ایک مصور کا نام (۱۷۲۱-۱٦۸۲) ۔

Watteau-bodice : (n) ووٹو بوڈس؛ عورتوں کا سینہ بند یا اندر پہننے کی بنیان جس میں چوکھٹا کھلا گلا اور چنٹ دار آستینیں ہوتی ہیں ۔

Watteau hat : (n) ووٹوہیٹ؛ ایک قسم کی زنانہ ٹوپی ۔

Watteauish : (a) ووٹو کے طرز سے مشابہ ۔

Wattevilleite : (n) [G. 'wattevillit'.] ایک معدنی شے $(Na_2Ca(SO_4)_2 4H_2O)$ جو کیلسیم اور سوڈیم کا آبدار سلفیٹ ہوتا ہے ۔

Wattle : (n) [OE. 'watul'.] (۱) ٹھاٹ؛ ٹھاٹر؛ ٹٹی؛ جعفری؛ بانس یا درخت کی ٹہنیوں کا ڈھانچا جو باڑ، چھت یا دیوار کا کام دیتا ہے ۔ (۲) (واحد یا جمع) بانس کی کھپچیاں یا درختوں کی ٹہنیاں ٹھاٹر بنانے کے لئے۔ (۳) آسٹریلیا کا کاشیا جس کی ٹٹیاں بنتی ہیں اور چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے ۔ (٤) ٹھاٹ کی چھت کو سہارا دینے والا ڈنڈا ۔ (٥) (بول چال) گھڑ دوڑ کی ٹٹی ۔ (٦) (بول چال) چھڑی : سلاخ ۔

Wattle : (n) [Origin unkn.] (۱) غبغب؛ غبغبہ؛ پرند کا کنٹھہ ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی کا کانٹا یا گل مچھے ۔

Wattle : (v) (۱) ٹھاٹ یا جعفری لگانا؛ ٹٹی لگانا؛ (مکان، احاطہ وغیرہ) بنانا ۔ (۲) (ٹہنیوں وغیرہ سے) ٹھاٹ بنانا؛ گوتھنا ۔

Wattle and daub : (n) ٹھاٹ جس پر مٹی کی استرکاری ہو ۔

Wattle-bird : (n) غبغبی پرند؛ غبغبیہ ۔

Wattle-crow : (n) غبغبی کوّا ۔

Wattle-extract : (n) آسٹریلیا کے کاشیا کی چھال جو رنگنے کے کام آتی ہے ۔

Wattle-gum : (n) سماروغ عربی ۔

Wattled : (a) دیکھو Jolloped

Wattled : (a) جعفری دار؛ ٹھاٹ لگا ہوا؛ گوتھا ہوا ۔

Wattless : (a) (برقیات) بے واٹ ۔

Wattleworks : (a) بید کی بنی ہوئی چیزیں، ٹھاٹ؛ جعفری؛ ٹٹی ۔

Wattling : (n) ٹھاٹ؛ جعفری وغیرہ بنانے کی کھپچی یا ٹہنیاں ۔

Wattmeter : (n) واٹ پیما ۔

Waugh : (a) [ME. 'walh, walhwe'.] (۱) (اسکاچستان) بے مزا؛ پھیکا؛ غیردلچسپ ۔ (۲) کمزور؛ مدھم؛ پھیکا ۔

Waugh/Wagh/Wah : (interj) [Imit.] غصہ، مصیبت وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے حرف فجائیہ ۔

Waught : (v) پینا؛ لمبے لمبے گھونٹ لینا؛ چڑھا جانا ۔

Waught : (n) لمبا گھونٹ ۔

Wauk : (اسکاچستان) دیکھو Wake ۔

Wave : (n) (۱) لہر؛ موج ۔ (۲) ہوا پانی وغیرہ کے ذرات کا تموج جس سے حرارت ، روشنی آواز وغیرہ پیدا ہوتی ہے ۔ (۳) لہر ؛ کسی اثر یا حالت یا جذبے کا عارضی طور پر بڑھ جانا ۔ (٤) لہر دار خط یا خاکہ ؛ اونچی نیچی سطح ؛ خم ۔ (٥) لہردار ہونا ۔ (٦) ہاتھ کا اشارہ ؛ ہاتھ ہلانا ۔ (۷) (شاعری) دریا ؛ سمندر؛ پانی ۔ (۸) (موسمیات) تپش کی لہر ۔ (۹) مساح پروانے کا کتابی نام ۔ (۱۰) ادھر اُدھر ہلنا جُلنا ۔ (۱۱) بالوں میں گھونگر بنانا ۔ (۱۲) زمین کا ماہی پشت حصہ جو سمندرکی موج سا معلوم ہو؛ ریت یا برف کا ماہی پشت تودہ ۔ (۱۳) سمندرکی موجوں جیسی طوفانی اور متلون کوئی چیز ۔ (١٤) زلزلہ جو کچھ دور تک جاری رہے ۔

Cold wave : سرد لہر؛ سردی کی لہر؛ کسی خطے میں سردی کا یکایک غیرمعمولی طور پر بڑھ جانا ۔

Heat wave : گرم لہر؛ گرمی کی لہر ۔

Longitudinal wave : طولی موج ۔

Transverse wave : عرضی موج ۔

To attack in waves : (فوج کا) لہریں لیتے ہوئے بڑھنا ۔

Wave : (v) [ME.'waven'.] (۱) ادھر اُدھر ہلنا؛ لہرانا؛ لہلہانا۔ (۲) لہرانا؛ ہلانا؛ حرکت دینا؛ گھمانا ۔ (۳) ہاتھ کے اشارے سے حکم دینا؛ ہاتھ سے آنے

Wave-mechanics : (n) موجی میکانیات ۔

Wave-meter : (n) موج پیما ۔

Wave-motion : (n) موجی حرکت ۔

Wave-motor : (n) مبدائے حرکت انجن جو پانی کی لہروں سے چلتا ھے ۔

Wave-number : (n) تعداد موج ۔

Wave of contraction : (n) محرکہ لگانے کے بعد سے عضلے کا مزید سکڑ جانا ۔

Wave of oscillation : (n) بند عمودی مدار کے گرد حرکت کرنے والے پانی کے ذرات کی لہر ۔

Wave of stimulation : (n) سالماتی ارتعاش کی فرضی لہر جو مقام تہیج سے چلتی ہوئی نظر آتی ھے ۔

Wave of the future : (n) مستقبل کا رخ ۔

Wave off : (n) طیارہ بردار جہاز کے افسر کا اترنے والے (ہوائی) جہاز کو اترنے کو منع کرنا اور یہ اشارہ کرنا کہ وہ دوبارہ چکر لگاکر اترنے کی کوشش کرے ۔

Wave-offering : (n) یہودیوں کی نذر و نیاز جسے مذہبی تہوار میں اٹھا کر ادھر اُدھر گھمایا جاتا تھا اور بعد پروہتوں کے ذاتی استعمال کے لئے محفوظ کر دیا جاتا تھا ۔

Wave-system : (n) گاڑیوں کےنقل و حمل کے ضابطے کا ایک نظام جس میں گاڑیاں رکے بغیر یکساں رفتار سے جاتی ہیں ۔

Wave-theory : (n) (۱) نظریہء تموج نور ۔ (۲) لسانیات کا ایک نظریہ کہ ذیلی زبانیں اصل زبان سے لسانیاتی تبدیلی کی ایک لہر کے ساتھ فروغ پاتی ہیں اور اسی وجہ سے ان ذیلی زبانوں میں زیادہ خصوصیات مشترک ہوتی ہیں ۔

Wave-train : (n) سلسلہء امواج ۔

Wave-trap : (n) دام امواج ۔

Wave-velocity : (n) رفتار موج ۔

Wave-worn : (n) لہروں کے ذریعے گھسا ہوا ۔

جانے کا اشارہ کرنا؛ رخصت کرتے وقت ہاتھ ہلانا ۔ (٤) موجوں کا اٹھنا؛ (بھیڑ کا) لہروں کی طرح امنڈنا ۔ (٥) (تلوار کو) گھمانا؛ لہرانا ۔ (٦) لہریا بنانا؛ لہرداربنانا؛ لہریا بننا؛ لہردار بننا ۔ (۷) پھڑپھڑانا؛ اچھالنا ۔ (۸) (پرندوں کا اڑتے وقت) پروں کو جھاڑنا ۔

To wave aside : (بے جا مداخلت یا ناجائز کہہ کر) خارج کردینا ۔

To wave one's hand, (to a person) : ہاتھ ہلانا (خیر مقدم یا رخصت کرنے کےطریقے سے)؛ ہاتھ سے اشارہ کرنا ۔

To wave sword : تلوار گھمانا ۔

Wave-antenna : (n) ہوائیہ موج؛ سمتی ہوائیہ ۔

Wave-band : (n) (ریڈیو) بند موج ۔

Wave-base : (n) سمندر، جھیل وغیرہ کی وہ گہرائی جہاں موج کی حرکت غیرمحسوس ہو جاتی ھے ۔

Wave-built : (a) سمندر یا جھیل کی لہروں کے ذریعہ بنا ہوا ۔

Wave-cut : (a) (سمندر یا جھیل کی) لہروں سے کٹا ہوا ۔

Wave- form : (n) شکل موج ۔

Wave-front : (n) محاذ موج ۔

Wave-guide : (n) ایک قسم کی نلی جس میں مقناطیسی برقی رو کو بند کر دیا جاتا ھے جس کی وجہ سے توانائی کم ضائع ہوتی ھے ۔

Wave-height : (n) موج کی اونچائی ۔

Wave-length : (n) (طبیعیات) طول موج؛ حرارت، روشنی، لاسلکی وغیرہ کی شعاعوں کی لمبائی ۔

Wave-like : (a) موج کی طرح کا؛ موج نما؛ موج سے مشابہ ۔

Wave-line : (n) (۱) جہاز کے ڈھانچےکانقشہ ۔ (۲) (طبیعیات) روشنی، آواز وغیرہ کی موج کا راستہ یا راستے کا نقشہ ۔ (۳) دیکھو Wave-mark ۔

Wave-mark : (n) (۱) ریت کا چھوٹا ماہی پشت ٹیلا جو سمندرکی موجوں سےبن جاتا ھے۔ (۲) رسوبی چٹانوں کا لہریا نشان جو تکوین کے وقت پڑ جاتے ہیں ۔

Waved : (a) لہریلا؛ لہریا؛ لہردار ۔

Waveless : (a) بے لہر؛ بے موج؛ ساکن (دریا یا سمندر) ۔

Wavelessly : (adv.) ساکن طور پر ۔

Wavelet : (n) چھوٹی سی موج؛ مویج؛ موج صغیر؛ موجك ۔

Wavellite : (n) [after Dr. W. Wavel, its discoverer.] آلومینیم کا آبدار فاسفیٹ ۔

Waver : (n) ـ(۱) بالوں میں گھونگر بنانے والا (آدمی یا آلہ) ۔ (۲) (طباعت) روشنائی کا بیلن جو اُڑا رکھا رہنے کی وجہ سے لہراتا ہوا گھومتا ہے ۔

Waver : (n) [Origin obscure] تنہا درخت جسے جنگل کاٹتے وقت چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Waver : (v) [ON. 'vafra'.] (۱) (شاذ) ادھر اُدھر ہلنا؛ جھولنا؛ آنا جانا؛ (چراغ یا روشنی کی لَو کا) تھرتھرانا، جھلملانا ۔ (۲) (فوج کے) پاؤں اکھڑنے لگنا، قدم ڈگمگانے لگنا، تزلزل پیدا ہو جانا ۔ (۳) پس و پیش میں ہونا؛ حیص بیص میں ہونا؛ عقیدے یا ارادے میں تزلزل پیدا ہونا؛ ایمان وغیرہ ڈانواں ڈول ہو جانا؛ پاؤں ڈگمگانا ۔

Waver : (n) تھرتھراہٹ؛ پس و پیش؛ تزلزل ۔

Waverer : (n) پس وپیش کرنے والا؛ ایمان ڈانواں ڈول ہونے والا؛ضعیف الاعتقاد، ارادہ؛ غیرمستقل مزاج ۔

Wavering : (n) تھرتھراہٹ؛ پس وپیش کرنا؛ تذبذب؛ پس وپیش ۔

Wavering : (a) تھرتھرانے والا؛ پس وپیش کرنے والا؛ مذبذب ۔

Waveringly : (adv.) تھرتھراتے ہوئے؛ جھلملاتے ہوئے؛ پس وپیش کے ساتھ؛ ڈانواں ڈول طریقے سے ۔

Wavery : (a) دیکھو Wavering

Waveson : (n) [Wave + son.] موج آورد اشیاء؛ وہ اشیاء جو جہاز کی تباہی کے بعد سمندر یا دریا میں تیرتی ہوئی نظر آتی ہیں ۔

Wavey/Wavy : (n) منطقہء باردہ کے سفید ہنس جن کے بازوؤں پر سیاہ داغ ہوتے ہیں ۔

Wavily : (adv.) ابھرتے لچتے ہوئے؛ لہردار طریقے سے؛ پیچ و خم کے ساتھ ۔

Waviness : (n) اونچا نیچا ہونا؛ لہردار ہونا؛ پُرخم ہونا ۔

Wavy : (a) (۱) اونچا نیچا؛ ابھرتا لچتا ۔ (۲) لہر دار؛ لہریا؛ متموج ۔ (۳) پُرشکن؛ پُرخم (گیسو) ۔ (٤) جھلملاتا ہوا ۔

Wavy breathing : (n) تنفس جس میں سانس دو یا زیادہ حصوں میں ٹوٹی ہوئی ہوتی ہے ۔

Wavy respiration : (n) دیکھو Wavy breathing

Waw/Wau : (n) [Heb.] ۔ حرف "و" (عبرانی، عربی وغیرہ کا) ۔

Waw : (v) بلّی کا میاؤں میاؤں کرنا ۔

Waw : (n) (بلی کی) میاؤں میاؤں ۔

Wawa : (n) [Cree. 'wehweh'.] (امریکی دیسیوں کی زبان میں) جنگلی بط ۔

Wawl : (v) [Imit.] (اسکاچستان) چیخنا؛ چلانا ۔

Wax : (n) [OE. 'waex, weax'.] (۱) موم ۔ (۲) شہد کی مکھی کے علاوہ دوسرے کیڑوں کا موم؛ موم سے مشابہ مادہ ۔ (۳) کوئی خاص قسم کا موم ۔ (٤) موم کی بنی چیزیں؛ موم بتی؛ مومی تصویر یا شبیہہ ۔ (٥) دیکھو Sealing-wax ۔ (٦) دیکھو Ear-wax ۔ (۷) شکر کا گاڑھا شیرہ ۔ (۸) گاڑھا گوند نما مرکب جس سے موچی دھاگا مانجتے ہیں ۔ (۹) گراموفون کا ریکارڈ؛ وہ مادہ جس سے گراموفون ریکارڈ بنتا ہے ۔

Close, tight or neat as wax : موم کی طرح گاڑھا گٹھا ہوا یا صاف ۔

Fossil wax/Mineral- : دیکھو Ozocerite

Man of wax/ Lad- : کلمہء تحسین کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

To fit like wax : موم کی طرح ٹھیك بیٹھنا ۔

To stick like wax : موم کی طرح چپکنا ۔

Wax : (n) غصہ؛ برہمی؛ خفگی؛ خفگی کی حالت ۔

To be in a state of wax : غصہ کی حالت میں ہونا؛ برہم ہونا ۔

Wax : (v) [OE. 'weaxan'.] (۱) بڑھنا؛ اضافہ ہونا؛ نشوونما پانا؛ زیادہ ہونا ۔ (۲) بتدریج بڑھنا۔ (۳) ترقی کرنا ؛ مشہور ہونا ؛ شہرت پانا ؛ طاقتور ہونا ۔ (٤) (چاند کا) بڑھنا ہلال سے بدر بننا ۔ (٥) زیادہ شدید ہونا؛ قوی ہونا ۔ (٦) ہونا؛ ہوجانا؛ نمو ہونا ۔

Wax : (v) (۱) موم چپڑنا ؛ موم ملانا ؛ موم ملنا؛ موم کی تہ جمانا ۔ (۲) (دباغی) کالك ، تیل وغیرہ کا مرکب ملنا ۔(۳) موم لگا کر سخت کرنا ۔ (٤) گراموفون ریکارڈ میں گانا بھرنا ؛ گراموفون ریکارڈ بنانا ۔

Wax : (n) (۱) اضافہ ؛ نشوونما؛ ترقی ۔ (۲) چاند کا بڑھنا۔

Wax : (v) سبقت لے جانا ؛ بری طرح ہرا دینا ۔

Wax : (a) موم کا؛ مومی ۔

Wax-bean : (n) فرانسیسی سیم کی ایک قسم ۔

Wax-berry : (n) موم پودا؛ Myrica؛ جنس کے پودے کا پھل ۔

Wax-bill : (n) لاك منقار؛ موم منقار؛ چھوٹی چڑیوں کی اقسام جن کی چونچ نیم شفاف ہوتی ہے ۔

Wax-billed : (a) موم منقار ۔

Wax-bird : (n) لاکی پرہ؛ چڑیوں کی اقسام جن کے پَروں کا سرا سرخ لاکھ کی طرح ہوتا ہے ۔

Wax-candle : (n) موم بتّی ۔

Wax-chandler : (n) موم بتی فروش؛ مومچی؛ موم بتی بنانے یا بیچنے والا ۔

Wax-cloth : (n) (۱) موم جامہ (خصوصاً فرش کے لئے) ۔ (۲) روغنی کپڑا ۔

Wax-doll : (n) (۱) مومی گڑیا۔ (۲) مومی پُتلی؛ عورت جس میں ظاہری حسن ہو مگر معشوقیت نہ ہو، انداز دلربائی نہ ہو ۔ (۳) دیکھو Fumitory ۔

Wax-extractor : (n) موم نکالنے کی تدبیر یا مشین ۔

Wax-flower : (n) (۱) مومی گل؛ موم کا بنایا ہوا پھول ۔ (۲) (نباتیات) مومی گلہ ۔(۳) ایك طفیلیہ پودا ۔

Wax-gland : (n) مومی غدود؛ وہ غدود جس سے موم نکلتا ہے ۔

Wax-gourd : (n) ایشیا کا ایك پودا یا اس کا پھل جو کھایا جاتا ہے ۔

Wax-insect : (n) موم زا حشرہ؛ موم پیدا کرنے والے کیڑے ؛ چینی موم جس سے چینی (لوگ) اعلیٰ قسم کی شمعیں بناتے ہیں ۔

Wax-jack : (n) لاکھ پگھلانے والی شمع ۔

Wax-leather : (n) چمڑا جس کے نیچے کی طرف کالك ، تیل وغیرہ لگا ہو ۔

Wax-light : (n) موم بتی؛ مومی شمع ۔

Wax-maker : (n) شہد کی مکھی جو موم پیدا کرتی ہے ۔

Wax-moth : (n) نحل کش پروانہ ۔

Wax-myrtle : (n) کاشپھل؛ موم پودا؛ ایك قسم کا پودا جس سے موم کا سا مادہ نکلتا ہے ۔

Wax-painting : (n) کاشی کاری؛ ٹائل (کھپروں)) یا اینٹوں پر سانچوں سے داغ کر نقش و نگار بنانا ۔

Wax-palm : (n) مومی کھجور؛ جنوبی امریکا کی کھجور جس کے تنے پر موم کے سے مادے کی تہ جمی ہوتی ہے ۔

Wax-paper/Waxed paper : (n) مومی کاغذ ۔

Wax-pine : (n) صنوبر کی جنس کا ایك درخت ۔

Wax-plant : (n) متعدد قسم کے درخت جن سے موم نباتی نکلتا ہے ۔

Wax-pocket : (n) کیسۂ موم؛ سوراخ جس سے شہد کی مکھی موم خارج کرتی ہے ۔

Wax-pod bean : (n) دیکھو Wax-bean

Wax-process : (n) موم سے قالب بنانے کا ایك طریقہ ۔

Wax-shot : (n) (تاریخ) گرجا میں شمع جلانے کا معاوضہ ۔

Wax-tablet : (n) تختی جس پر موم لگا رہتا ہے اور جس پر لکھنے کی سلائی سے لکھا جاتا ہے ۔

Wax-tailing : (n) پٹرول کے صاف کرنے کے عمل میں حاصل ہونے والی سیاہ رنگ کی تلچھٹ جیسے

درازوں کو بھرنے یا موم جامہ یا پن روك بنانے میں استعمال کرتے تھے ۔

Wax-taper : (n) موم بتی؛ شمع ۔

Wax-tree : (n) مومی درخت؛ موم والا درخت، جس میں سے موم کا سا مادہ نکلتا ھے یا جس پر موم کی تہ جماتے ہیں ۔ (۲) دیکھو Wax myrtle ۔

Wax-work : (n) (۱) مومی پتلے بنانے کا کام؛ مومی مجسمہ سازی؛ مجسمہ٭ موم ۔ (۲) مومی مجسموں کی نمائش ۔ (۳) (امریکا) ایك قسم کی بیل ۔

Wax-worker : (n) مومی مجسمہ ساز؛ خصوصاً موم ساز مکھی ۔

Wax-working : (a) موم ساز؛ موم بنانے والا ۔

Wax-worm : (n) شہد کی مکھی کا لاروا (Larva) ۔

Wax yellow : (n) (نباتیات) مومی زرد؛ معتدل زرد ۔

Waxed : (a) موم سے چپیڑا ہوا؛ موم لگا کر سخت بنایا ہوا؛ موم ملایا ہوا؛ موم جامہ بنایا ہوا؛ کالك اور تیل کا مرکب لگایا ہوا (چمڑا) ۔

Waxed end : (n) موم لگا کر سخت کیا ہوا دھاگا (جو چمڑا وغیرہ سینے میں کام آتا ھے) ۔

Waxed-ended : (a) موم لگے دھاگے سے سلا ہوا ۔

Waxen : (a) [OE. 'wexen'.] (۱) مومی؛ موم کا ۔ (۲) موم کا سا ۔ (۳) موم کی طرح شکل پذیر : ہر سانچے میں ڈھل جانےوالا ۔ (٤) موم لگایا ہوا ۔ (٥) مومی رنگ کا ۔

Waxen-chatterer : (n) ایك قسم کی چڑیا ۔

Waxen-image : (n) (کسی شخص کا) موم کا پُتلا جو جادو کرنے کے لئے بنایا جاتا تھا ۔

Waxer : (n) موم لگانے والا؛ موم سے صیقل کرنے والا ۔

Waxerman : (n) مومی کاغذ بنانے والی مشین چلانے والا ۔

Waxily : (adv.) (۱) موم کی طرح؛ موم کی طرح شکل پذیری سے؛ زردی اور نیم شفافی کے ساتھ ۔ (۲) پلپلے پن کے ساتھ ۔

Waxiness : (n) (۱) موم کی سی شکل پذیری یا زردی اور نیم شفافی ۔ (۲) پلپلاپن ۔

Waxing : (n) (۱) مومیاؤ؛ موم لگانا؛ گراموفون کا ریکارڈ بنانا؛ موم مالی ۔ (۲) تزائد؛ بڑھاؤ ۔

Waxing moon : (n) متزائد قمر؛ بڑھتا ہوا چاند ۔

Waxlike : (a) موم سے مشابہ ۔

Waxmallow : (n) Malvaceae جنس کے پودے ۔

Waxman : (n) معدنی موم جمع کرنے والا مزدور ۔

Waxweed : (n) ایك جڑی بوٹی جس میں ارغوانی رنگ کے پھول آتے ہیں ۔

Waxwing : (n) لاکی پرّہ؛ چڑیوں کی اقسام جن کے پروں کا سرا سرخ لاکھ کی طرح ہوتا ھے ۔

Waxy : (a) (۱) موم کی طرح شکل پذیر ۔ (۲) (مجازاً) زود اثر پذیر؛ جلد متاثر ہونے والا ۔ (۳) موم کی طرح ہلکا زرد اور نیم شفاف ۔ (٤) (طب) مومی مادے کے انحطاط میں مبتلا؛ نشاستے کی کمی سے متاثر ۔

Waxy : (a) خفا؛ غصے میں؛ تیز مزاج؛ نازك مزاج؛ تنك مزاج ۔

Waxy corn : (n) ہندوستانی مکئی جس کے دانے موم کی طرح کے نظر آتے ہیں ۔

Waxy degeneration : (n) (طب) نشاستےکا انحطاط؛ نشاستے کی کمی؛ مومی انحطاط ۔

Way : (n) [OE. 'weg'.] (۱) سڑك؛ راہ؛ راستہ؛ دروازہ؛ پھاٹك ۔ (۲) طرز؛ طور طریقہ؛ ڈھنگ؛ انداز؛ روش ۔ (۳) (کسی مقام کا) راستہ؛ سیدھا راستہ؛ سب سے اچھا راستہ یا قریب کا راستہ ۔ (٤) طریق عمل ؛ تدبیر ؛ راہ ؛ ذریعہ ۔ (٥) فاصلہ؛ مسافت ؛ دوری ۔ (٦) گزرنے کا راستہ ؛ گزرنے کی جگہ ؛ صاف راستہ ۔ (۷) اثنائے راہ؛ اثنائے سفر ؛ حالت سفر ۔ (۸) سمت ؛ رخ ؛ طرف ؛ جہت ۔ (۹) دستور؛ رواج؛ کسی شخص کا خاص معمول؛ طرز یا انداز ۔ (۱۰) دائرہ٭ عمل؛ قسم؛ پیشہ؛ شغل ۔ (۱۱) قطع مسافت ؛ آگے بڑھنا ؛ ترقی ۔ (۱۲) لحاظ ؛ اعتبار ۔ (۱۳) رفتار ؛ تیزی ۔ (١٤) حالت ؛ صورت ۔ (١٥) درجہ؛ حیثیت ۔ (١٦) ریل کی پکی سڑك؛ دو ریلوے لائنوں کا درمیانی فاصلہ ۔ (۱۷) (جمع) متوازی تختے یا شہتیر جس پر بھاری بوجھ یا جہاز وغیرہ

سرکائے جاتے ہیں - (۱۸) (میکانیات) وہ چوکھٹا جس میں رندے کا تھم یا خرادگیر پھسلتا ھے - (۱۹) گزرنے یا ترقی کرنے کا موقع: عدم مزاحمت - (۲۰) (مجازاً) آزادیٔ عمل ؛ موقع: آزادی - (۲۱) (قانون) زمین پر آمدو رفت کا حق - (۲۲) کسی مخصوص راستے پر یا کسی مخصوص سمت میں سفر یا حرکت ؛ (جہاز یا کشتی کی) رفتار- (۲۳) (جمع) عادات ؛ اطوار - (۲٤) فضل الٰہی کا راستہ - (۲۵) کہکشاں - (۲٦) امکان - (۲۷) علاقہ؛ قرب و جوار - (۲۸) وجہ: سبب -

A long way off : بہت دور -

Across the way : سڑک کے اس پار -

All the way/The whole way : (۱) جہاں تک ممکن ھو - (۲) شروع سے آخر تک - (۳) مکمل اتفاق کرتے ھوئے - (٤) جنسی تعلقات کی حد تک -

All the way from-to : اوپر سے نیچے تک؛ شروع سے آخیر تک -

All out- of-the-way corner : (۱) وہ مقام یا گوشہ جہاں کوئی نہ جاتا ھو - (۲) دور دست؛ دور افتادہ؛ شاہراہ سے الگ؛ غیر معروف گوشہ -

Beside the way : سڑک کے کنارے -

(By) a long way : بہت زیادہ (اچھا)؛ بہت (بہتر) -

By the way : (۱) دوران سفرمیں؛ اثنائے سفرمیں - (۲) ضمناً؛ اسی ضمن میں - (۳) ہاں خوب یاد آیا؛ اور ہاں (ایک بات کی ضمن میں دوسری بات کہتے ھوئے) - (٤) سڑک کے نزدیک -

By way of : (۱) بجائے؛ بطور - (۲) ذریعہ - (۳) مقصد سے؛ بطور مثال - (٤) ھو کر؛ براہ؛ راستے سے ھوتے ھوئے - (۵) پیشے کے طور پر؛ پیشہ بنا کر؛ عادتاً -

Come your way/Go your way : اپنی راہ سدھارو ، اپنی راہ لگو -

Each way : (۱) دونوں صورتوں میں - (۲) (گھڑدوڑ میں) خواہ گھوڑا اول نمبر پر آئے یا دوسرے نمبر پر -

Either way : جس طرح بھی؛ دونوں طرف -

In a big way : بڑے پیمانے پر؛ زور شور سے؛ مکمل طور پر -

In a great way : امیرانہ؛ شاہانہ -

In a kind of way/In a sort of way : مشروط طور پر؛ حدود کے اندر -

In a small way : غربت کے ساتھ؛ معمولی حیثیت سے؛ چھوٹے پیمانے پر -

In a way : (۱) ایک لحاظ سے - (۲) ایک حد تک ؛ کسی حد تک -

In his or her way : اس کے لحاظ سے -

In one way : ایک لحاظ سے -

In the (etc.) way : راستے میں -

In the family way : حاملہ -

In the way of : معمول کے مطابق؛ دوران -

It is always the way with (him) : اس کا یہی انداز ھے؛ اس کی یہی خصلت ھے -

It is (only) his way : اس کا عام انداز ھے (اس لئے برا نہیں ماننا چاہیئے) -

Line of way : ریل کی پٹریاں -

No two ways about it : کوئی دو رائے نہیں ھے؛ کوئی شک نہیں ھے -

On the or one's way : دورانِ سفر؛ سفر میں -

On the way out/On one's way out : معدوم ھونے، ناکام ھونے یا برباد ھونے کےقریب -

Once in a way/For-once in a way : صرف ایک بار؛ صرف ایک موقع پر -

One's way around/-about : (۱)تفصیل اورطریق کار- (۲) اچھا چال چلن -

One way or (the) other : جس طرح بھی؛ جیسےبھی -

Out of harm's way : محفوظ مقام پر، سلامتی کی جگہ پر -

To go out of one's way to (do something) : (کوئی کام) بلاوجہ کرنا، خواہ مخواہ کرنا ۔

To go the way of The earth : مرنا؛ انتقال کرنا؛ فوت ہونا؛

To go the way of the flesh : مرنا؛ فوت ہونا؛ وفات پانا ۔

To go the wrong way : (کھانے وغیرہ کا) سانس کی نالی میں چلا جانا ۔

To have a way with one : دل لبھانےوالا انداز رکھنا۔

To have everything one's own way : اپنی مرضی کے مطابق (کسی کام کو) کرانا؛ ہر خواہش پوری کرنا ۔

To have, (get etc.) one's own way : (۱) اپنا مقصد حاصل کرنا؛ اپنا چاہا کرنا؛ اپنی خواہش کے مطابق کرنا ۔ (۲) اپنے حکم کی تعمیل کرانا؛ اپنی بات منوانا ۔

To have it all one's own way : ہرخواہش پوری کرنا؛ اپنا مقصد حاصل کرنا ۔

To have way : (احساسات کے) اظہار کا موقع نکالنا۔

To hold, keep (a certain) way : سیدھے راستے پر چلنا ۔

To hold, keep one's way : (۱) مسلسل سفر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) جاری رکھنا ۔

To know one's way about : راہ سے واقف ہونا ۔

To lay, put, throw in (a person's) way : مشاہدے میں آنا ۔

To lead the way : (۱) آگے چل کر راستہ بتانا ۔ (۲) رہنمائی یا قیادت کرنا ۔

To lose one's or the way : بہک جانا؛ راستہ بھول جانا؛ بھٹک جانا ۔

To lose way : سست ہونا ۔

To love, be fond of one's own way : اپنی مرضی کو ترجیح دینا؛ فوقیت دینا ۔

Out of the way : (۱) راستے سے ہٹ کر؛ پہنچ سے باہر : محفوظ ۔ (۲) غلط : نا مناسب ۔ (۳) غیر معمولی ۔ (٤) غیر مزاحم ۔

Out of the way : مناسب مقام سے ہٹ کر؛ مناسب راہِ عمل سے ہٹ کر ۔

Over the way : راستے پر؛ سامنے؛ آگے ۔

Parting of the way : (۱) دوراہا ۔ (۲) (مجازاً) راستے الگ ہونے کا مقام ۔

The other side of the way : سڑک کے اس پار ۔

The other way about/-round : برعکس؛ بخلاف ۔

The way : عیسائی مذہب ۔

The way : (۱) (انگلستان) اس طرح کہ ۔ (۲) (انگلستانی) تاکہ ۔ (۳) جس طرح کہ ۔

To be in a way : پریشاں ہونا؛ مضطرب ہونا ۔

To be in the way of : کچھ کرنے یا (کسی چیز کو) حاصل کرنے کی امید رکھنا ۔

To be well on one's way : کسی قدر ترقی کرنا یا بڑھنا ۔

To come, fall, lie in (a person's) way : تجربے میں آنا؛ مشاہدے میں آنا ۔

To come one's way : اپنی راہ سدھارنا ۔

To find one's way : منزل مقصود پر پہنچ جانا ۔

To force, push squeeze one's way : راستہ بنانا؛ آگے بڑھنا ۔

To gather way : تیز ہونا ۔

To get thing out of the way : پیچھا چھڑانا؛ ختم کر دینا؛ طے کردینا ۔

To give way : راستہ دینا ۔

To go (wind) one's way : (۱) روانہ ہونا؛ چل دینا ۔ (۲) اپنی راہ چلنا؛ دوسروں کی صلاح کے خلاف اپنی رائے سے کام کرنا۔

-way/-ways : (Suffix) لاحقہ جو حالت، محل، سمت وغیرہ ظاہر کرتا ھے ۔

Way-back/Wayback : (a) دیہات کا؛ دہقانی، دیہاتی، دہاتی ۔

Way-back : (n) گنوار دیہاتی؛ دہقانی ۔

Way-bill : (n) (۱) مال اور مسافروں کی فہرست؛ بارنامہ ۔ (۲) ان مقامات کی فہرست جہاں جانا ھو ۔ (۳) چٹ جو اسباب پر لگی رہتی ھے اور منزل مقصود کا نام درج رہتا ھے ۔ (٤) اجازت نامہ جسے دکھا کر مسافر سفر میں (بعض مقامات پر) اعانت حاصل کر سکتا ھے ۔

Way-bill : (v) بارنامے میں اندراج کرنا یا چڑھانا؛ بارنامے کے ساتھ روانہ کرنا ۔

Way-board : (n) باریک پرت جو موٹی پرتوں کے بیچ میں ھوتی ھے ۔

Way-car : (n) (۱) مال گاڑی کا ڈبہ جو مسافر گاڑی کے پیچھے لگا دیا جاتا ھے ۔ (۲) مال بردار موٹرکار ۔

Way chain : (n) گاڑی کے پہیّے کا بریک ۔

Way-freight : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں کا کرایہ ۔ (۲) مال گاڑی جو چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں تک مال لے جاتی ھے ۔

Way-leave : (n) (۱) استحقاق آمدو رفت جس کو مالکان مکان کرایہ پرحاصل کرتے ہیں ۔ (۲) استحقاق آمدو رفت کا کرایہ یا معاوضہ ۔

Way-leave rent : (n) استحقاق آمدو رفت کا کرایہ ۔

Way-man : (n) ریلوے سڑک کی پٹری پر کام کرنے والا مزدور، جو پٹری بچھاتا اور ان کی مرمت کرتاھے ۔

Way-mark : (n) نشان راہ ۔

Way-off : (a) دور، دورکا؛ فاصلے پر ۔

Way of life : (n) طرز زندگی؛ عادات و اطوار ۔

Way of living : (n) طرز زندگی؛ رہن سہن ۔

Way of necessity : (n) زمین پر آمدو رفت کے حق کا مسئلہ جو ضرورت کے وقت پیدا ھو ۔

To make one's (its) way : جانا (کسی خاص جگہ تک) ۔

To make the best of one's way : (۱) انتہائی تیزی سے جانا : جہاں تک ممکن ھو تیز چلنا ۔ (۲) ترقی کرنا ۔ (۳) مقبول ھونا ۔

To make way : راستہ بنانا؛ راہ نکالنا ۔

To pay one's (its) way : (۱) اپنے اخراجات بغیر مقروض ھوئے پورا کرنا ۔ (۲) خود بردار؛ خود پرور ۔

To put (a person) in the way of : (کسی کام کا) موقع دینا؛ موقع مہیا کرنا ۔

To put (a person) out of his way : خلل ڈالنا؛ تکلیف دینا ۔

To put one self out of the way : دوسرے کی خدمت کے لئے خود تکلیف اٹھانا ۔

To put out of the way : مار ڈالنا؛ کام تمام کرنا ۔

To see one's way : (۱) راستے پر نظر رکھنا ۔ (۲) (مجازاً) اپنے فیصلے میں حق بجانب ھونا ۔

To stand, be, in the way of : کسی کی راہ میں حائل ھونا؛ سد راہ ھونا ۔

To take (a place etc.) in one's way : (کسی مقام کا) سفر کے دوران معائنہ کرنا یا سیر کے لئے جانا ۔

To take one's way : راستہ لینا؛ روانہ ھونا (کسی مقام کو) ۔

Under way : (بحری) (جہاز کا) چلتے رھنا ؛ ترقی کرتے ھوئے ھونا ۔

Where there's will there's way : (۱) جہاں چاہ وہاں راہ ؛ ارادہ پکا ھو تو کوئی راہ نکل ہی آتی ھے ۔

Way : (adv.) (۱) دیکھو Away ۔ (۲) دور؛ بعید ۔ (۳) بے حد؛ بے انتہا ۔

Way : (int) گھوڑے کو روکنے کا حرف فجائیہ ۔

Way of the cross : (n) مصائب مسیح کی چودہ تصویریں جو گرجا میں لگی رہتی ہیں ۔

Way of the wine : (n) بائیں سے دائیں سمت (جس میں شراب میز پربڑھائی یا پیش کی جاتی ھے) ۔

Way of thinking : (n) انداز فکر؛ طرز فکر ۔

Way-out : (a) انوکھا؛ عجیب و غریب ۔

Way-passenger : (n) درمیانی چھوٹے اسٹیشنوں کے مسافر۔

Way-point : (n) درمیانی چھوٹا اسٹیشن ۔

Way-shaft : (n) انجن کا متحرک دُھرا ۔

Way side : (n) لب راہ؛ سڑک کا کنارہ ۔

Way side : (a) سڑک کے کنارے کا ۔

Way side cross : (n) صلیب جو مسافروں کے لئے سڑک کے کنارے نصب کردی جاتی ھے ۔

Way-station : (n) درمیانی چھوٹا اسٹیشن ۔

Way-stop : (n) سڑک کا درمیانی ٹھہراؤ یا پڑاؤ ۔

Way-traffic : (n) مقامی آمدو رفت ۔

Way-wise : (a) (۱) (سڑکوں پر چلنے کے لئے) اچھی طرح سدھایا ھوا ۔ (۲) تجربہ کار ۔

Way-wiser : (n) (تاریخ) سڑک کے ذریعے طے کی ھوئی مسافت معلوم کرنے کا مسافت پیما (آلہ) ۔

Wayang/Wajang : (n) [Jav.] انڈونیشیا اورخصوصاً جاوا کا ایک ڈرامہ جس میں مذہبی واقعات پیش کئے جاتے ہیں ۔

Waybread/Waybred : (n) [OE. 'Wegbraede'.] ایک قسم کی جھاڑی جو زمین سے ملتی ھوئی پھیلتی ھے ۔

Wayed : (a) راھوں والا؛ راہا ۔

Wayfare : (n) راہ گیری؛ سفر ۔

Wayfarer : (n) (۱) رہرو؛ رہ گیر؛ خصوصاً پاپیادہ چلنے والا ۔ (۲) (نباتیات) بُداغ ۔

Wayfarer's tree : (n) بُداغ؛ ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ھوتا ھے ۔

Wayfaring : (n) راہ گیری؛ سفر ۔

Wayfaring : (a) سڑک کے ذریعے سفر کرنے والا؛ پاپیادہ سفر کرنے والا ۔

Wayfaring tree : (n) ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ھوتا ھے؛ بُداغ ۔

Waygang : (n) (اسکاچستان) رخصت؛ رخصتی ۔

Waygate : (n) راستہ؛ راہ ۔

Waygoing : (n) (اسکاچستان) روانگی؛ رخصتی ۔

Waygoing : (a) (۱) جانے والے سے متعلق ۔ (۲) جانے والا؛ رخصت ھونے والا ۔

Waygoose : (n) چھاپہ خانے کے ملازمین کا سالانہ جشن ۔

Waylay : (v) (۱) گھات میں بیٹھنا ۔ (۲) راستے میں چھین لینا؛ راستے میں لوٹنا ۔ (۳) راستے میں روکنا (ملاقات یا گفتگو کے لئے) ۔

Wayless : (a) بے راہ ؛ بے سڑک ؛ جس میں کوئی راستہ نہ ھو ؛ نا گزار ۔

Waylessness : (n) نا گزاری؛ بے راستے کا ھونا ۔

Waymail : (n) (۱) چھوٹے چھوٹے اسٹیشنوں کی ڈاک ۔ (۲) ایک ڈاک خانے سے دوسرے ڈاک خانے کےلئے راستے میں دی ھوئی ڈاک ۔

Waypost : (n) رہنما کھمبا ۔

Wayrod : (n) ٹائپ مشین کا پھسلنے والا بیلن ۔

Ways and means : (n) (۱) تدبیر وسائل خصوصاً روپے مہیا کرنے کے ۔ (۲) سیاسی جماعت کے تدابیر و وسائل ۔ (۳) آمدنی کے ذرائع ۔

Waythorn : (n) (نباتیات) رسُوت یا رَسوت ۔

Wayward : (a) (۱) ضدی؛ تلون مزاج؛ من موجی؛ عجیب حرکتیں کرنے والا ۔ (۲) تلون کی (حرکت)؛ ڈانواں ڈول ۔ (۲) بے موقع؛ تکلیف دہ؛ ناگوار ۔

Wayward child/-minor : (n) نوعمرخطار کار جس کی نگرانی کی ضرورت ھو ۔

Waywarden : (n) ضلع کی سڑکوں کا نگراں (آدمی، کمیٹی یا بورڈ)۔

Waywardly : (adv.) ضد یا تلون سے۔

Waywardness : (n) ضدی پن؛ تلون مزاجی۔

Waywode : (n) جنوب مشرقی یورپ کا حکمراں یا افسر۔

Waywodeship : (n) جنوب مشرقی یورپ کے بعض حکمرانوں کا علاقہ۔

Wayworn : (a) راستے کا تھکا ہوا؛ درماندۂ سفر۔

Waywort : (n) ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا (Pimpernel)۔

Wayzgoose : (n) [Alter. of Waygoose.] چھاپے خانے کے ملازموں کا سالانہ جشن۔

Wazir : (n) [Arab.] وزیر۔

We : (pron.) (۱) ہم۔ (۲) بادشاہ اپنے فرمان میں، مصنف یا مدیر اخبار اپنے بے دستخطی مضامین میں استعمال کرتا ہے۔ (۳) You (بچوں کو پھسلانے بہلانے کے لئے) استعمال ہوتا ہے۔

We : (n) (۱) رسالہ؛ رسالے کا مرتب۔ (۲) جمیعت۔

We-group : (n) وہ جماعت جس میں باہمی اتفاق اور مشترک مفاد کا خیال زیادہ ہو۔

Wea : Weather کا مخفف۔

Weak : (a) [ME. 'wayke'.] (۱) کمزور؛ بودا؛ آسانی سے ٹوٹنے والا۔ (۲) ناطاقت؛ کمزور؛ بےقوت؛ ناتواں؛ بے بس۔ (۳) کم تعداد؛ قلیل التعدار۔ (٤) ضعیف؛ نحیف؛ کمزور (صحت کے اعتبار سے)؛ مقررہ معیار سے کم۔ (۵) اخلاقی قوت میں کمزور؛ کمزور طبیعت کا؛ کمزور ارادے کا؛ بے ضبط۔ (٦) کمزوری کا؛ بودے پن کا؛ جس سے طبیعت یا ارادے کی کمزوری ظاہر ہو۔ (۸) منطق کے لحاظ سے کمزور؛ بودا (استدلال، شہادت وغیرہ)۔ (۸) پتلا؛ ہلکا (محلول یا سیال شے کا مرکب)۔ (۹) (عبارت، اسلوب بیان) جو گٹھا ہوا نہ ہو؛ پھسپھسا؛ سست؛ ڈھیلا۔ (۱۰) (فعل) جس کے مشتقات حرف صحیح کے اضافے سے بنائے جاتے ہیں۔ (۱۱) (تاش) (پتے، رنگ) جس سے جیتا نہ جاسکے؛ (کھلاڑی) جس کے ہاتھ میں جیتنے والے پتے یا رنگ نہ ہوں۔ (۱۲) مدھم؛ ہلکا۔ (۱۳) (روپیہ یا مال) نا کافی۔ (۱٤) (قیمت) جس میں گرنے کا رجحان ہو؛ غیر مستقل۔ (۱۵) (عروض، صوتیات) (آواز یا بول) جس پر زور نہ دیا گیا ہو؛ (تاکید) جس پر نسبتاً کم زور دیا جائے۔

A weak crew : کم تعداد عملۂ جہاز۔

A weak eleven : کمزور ٹیم۔

The weaker sex : صنف نازک؛ عورت۔

The weaker vessel : (مزاحاً) بیوی؛ عورت۔

Weak constitution : (n) نحیف جثہ۔

Weak ending : (n) بے زور لفظ اکثر نظم بے قافیہ کے مصرعوں کے آخر میں آجاتا ہے مثلاً (if)۔

Weak-feints/-faints : (n) شراب کی کشید کا آخری حصہ۔

Weak-handed : (a) (۱) کمزور ہاتھ والا۔ (۲) مایوس؛ ناامید۔ (۳) جس کے پاس مزدور یا کام کرنے والے کم ہوں۔

Weak-headed : (a) ضعیف العقل؛ ضعیف الدماغ۔

Weak-headedly : (adv.) ضعیف العقلی کے ساتھ۔

Weak-headedness : (n) ضعیف العقلی؛ ضعیف الدماغی۔

Weak-hearted : (a) کمزور دل؛ بزدل؛ کم ہمت؛ بے حوصلہ؛ ڈرپوک۔

Weak-heartedly : (adv.) بزدلی سے؛ کم ہمتی سے؛ سستی سے۔

Weak-heartedness : (n) بزدلی؛ کم ہمتی۔

Weak-interaction : (n) (نوری طبیعیات) طبیعیاتی تعامل جو صرف درجوہری پیمانے پرمؤثر ہوتا ہے۔

Weak-kneed : (a) (۱) کمزور گھٹنوں والا۔ (۲) غیر ثابت قدم؛ بودا؛ کمزور ارادے کا۔

Weak-kneedly : (adv.) غیر ثابت قدمی سے؛ کمزور ارادے کے ساتھ۔

Weak-kneedness : (n) غیر ثابت قدمی؛ کمزور ارادے کا ہونا۔

Weak-minded : (a) ضعیف العقل؛ بودا ۔

Weak-mindedly : (adv.) ضعیف العقلی کے ساتھ۔

Weak-mindedness : (n) ضعیف العقلی؛ بودا پن ۔

Weak-point : (n) (اخلاقی یا ذہنی) کمزوری؛ نقص ۔

Weak side : (n) (۱) کمزور حصہ (قلعہ بند شہر وغیرہ کا)۔ (۲) کمزوری؛ کمزور پہلو؛ انسانی طبیعت کا یا مزاج کا خاصہ جو بہت آسانی سے متاثر ہو سکے خاص کر برائی کے لئے ۔ (۳) فٹ بال کھیل کی وہ جماعت جس میں کھلاڑیوں کی تعداد کم ہو ۔

Weak-sighted : (a) ضعیف البصر؛ کمزور آنکھوں کا؛ ضعف بصارت والا ۔

Weak-sister : (n) (۱) (اخلاقی طور پر) کمزور شخص جس کو مدد کی ضرورت ہو ۔ (۲) کمزور عنصر (دوسرے عناصر کے مقابلے میں) ۔

Weaken : (v) (۱) کمزور کرنا؛ بودا بنانا؛ پھسپھسا کرنا ۔ (۲) کمزور ہونا؛ قوت گھٹنا ۔ (۳) کمزور پڑنا؛ ارادے وغیرہ کا رفتہ رفتہ ڈانواں ڈول ہونا۔ (٤) شدت کم کرنا۔ (٥) (تاش) پتے کو کمزور بنا دینا ۔ (٦) (قیمت وغیرہ) غیر مستقل بنا دینا ۔ (۷) ڈھیلا پڑ جانا ۔

Weakener : (n) کمزور کرنے یا بنانے والا ۔

Weakfish : (n) بحر اوقیانوس کی ٹراؤٹ مچھلی ۔

Weakish : (a) کسی قدر کمزور ۔

Weakishly : (adv.) کسی قدر کمزوری سے ۔

Weakishness : (n) کسی قدر کمزوری ۔

Weakliness : (n) کمزوری؛ ناتوانی؛ نقاہت ۔

Weakling : (n) (۱) جسمانی طاقت کے لحاظ سے کمزور آدمی؛ نحیف الجثہ؛ کمزور آدمی ۔ (۲) طبیعت یا ارادے کا کمزور شخص؛ بودا آدمی؛ بےضبط آدمی ۔

Weakling : (a) کمزور؛ نحیف؛ بودا؛ ناتواں ۔

Weakly : (a) نحیف، نقیہہ؛ کمزور؛ دبلا پتلا؛ لاغر ۔

Weakly : (adv.) کمزور طریقے سے؛ کمزوری کے ساتھ۔

Weakness : (n) (۱) بوداپن؛ کمزور؛ آسانی سے ٹوٹ سکنا ۔ (۲) ناطاقتی ؛ نا توانی ؛ نقاہت ؛ بے بسی ۔ (۳) کم تعدادی ۔ (٤) صحت کی کمزوری؛ ضعف (بصارت، قلب وغیرہ کا) ۔ (٥) اخلاقی کمزوری ؛ ارادے یا طبیعت کی کمزوری؛ بے ضبطی ۔ (٦) (دلیل وغیرہ) کا بودا پن ۔ (۷) پتلا یا ہلکا ہونا (چائے وغیرہ کا)۔ (۸) پھسپھساپن ؛ ڈھیلاپن (عبارت کا)۔ (۹) عیب؛ نقص؛ کمزوری ۔ (۱۰) (کسی خاص) تحریص سے بچنےکی قوت نہ ہونا؛ کمزوری ۔ (۱۱) (بے جا یا نا عاقبت اندیشانہ) رغبت؛ شوق؛ محبت (آدمی یا چیز کے لئے) ۔

Weaky : (a) (بولی) نم؛ تر؛ مرطوب ۔

Weal : (n) [OE. 'wela'.] خوشحالی؛ رفاہ؛ بہبودی ۔

Weal : (n) [Var. of Wale.] بدھی؛ برت؛ اول؛ ابھرا ہوا نشان جو چھڑی یا کوڑے کی چوٹ سے گوشت پر پڑجاتا ہے؛ لاس ۔

Weal : (v) بدھیاں ڈال دینا ۔

Weald : (n) [OE.] (۱) ویلڈ؛ ایک علاقے کا نام ہے جس میں کینٹ، سرے، ہینٹس اور سسکس کے اضلاع شامل ہیں جہاں طبقات ارض کی اکثر دلچسپ خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔ (۲) جنگل؛ میدان؛ بیہڑ۔

Weald clay : (n) ویلڈ علاقے کی چکنی مٹی؛ رتیلے پتھر یا لوہیا پتھر کی پرتیں جن میں متحجر اجزاء بھی موجود ہیں ۔

Weald saurian : (n) دیکھو Hylaeosaurus

Wealden : (a) ویلڈ کا؛ ویلڈ کا سا ۔

Wealden : (n) ویلڈ کی پرت؛ اولائٹ (چونے کا پتھر) اور کھریا کی پرتوں کی درمیانی پرت ۔

Wealden lizard : (n) دیکھو Hylaeosaurus

Wealth : (n) [ME. 'welthe'.] (۱) (قدیم) فلاح؛ خوشحالی ۔ (۲) دولت؛ مال؛ دولتمندی؛ تونگری؛ امیری؛ امارت ۔ (۳) کثرت؛ فراوانی ۔

Wealthily : (adv.) دولتمندی کے ساتھ ؛ امیرانہ طریقے سے ۔

Wealthiness : (n) امیری؛ دولتمندی؛ مال داری ۔

Wealthless : (a) نادار؛ غیر تونگر؛ غریب؛ غیر دولتمند ۔

Wealthy : (a) (۱) امیر؛ دولتمند؛ مال دار؛ زردار ۔ (۲) کافی؛ وافر ۔

Wean : (n) [Contraction of 'wee ane'.] (اسکاچستان) بچہ ۔

Wean : (v) [OE. 'wenian'.] (۱) دودھ چھڑانا ۔ (۲) بڑی مشکل سے چھڑانا (عادت)؛ الگ کرنا (صحبت سے)؛ علاحدہ کر دینا ۔

Weanedness : (n) دنیاوی چیزوں سے علاحدگی ۔

Weanel : (n) [ME. 'weynelle'.] دودھ چھٹا بچہ؛ وہ بچہ جس کا دودھ حال ہی میں چھڑایا گیا ہو؛ فطیم ۔

Weaning : (n) (۱) دودھ چھٹائی؛ فطام ۔ (۲) (نفسیات) غلبہ چھڑائی؛ نجات گیری ۔

Weanling : (n) دیکھو Weanel

Weanling : (a) (وہ بچہ) جس کا دودھ حال ہی میں چھڑا دیا گیا ہو ؛ فطیم ۔

Weanly : (a) بچکانا؛ طفلانہ؛ ناتواں ۔

Weanyer : (n) دیکھو Weanel

Weapon : (n) [OE. 'waep(e)n'.] (۱) ہتھیار؛ اوزار جس سے حملہ کیا جائے؛ سلاح ۔ (۲) ذریعہ؛ وہ چیز جس سے کسی شخص کا مقابلہ کرنے میں کام لیا جائے؛ ہتھیار (مجازاً) ۔ (۳) جانوروں کے دانت، پنجے وغیرہ؛ مہمیز، مہماز ۔

Weapon salve : (n) مرہم جس کے متعلق بعضوں کا عقیدہ ہے کہ اسے ہتھیار پر لگانے سے زخم اچھا ہو جاتا ہے (جس ہتھیار سے زخم لگا ہو) ۔

Weaponed : (a) مسلح؛ ہتھیار سے لیس؛ ہتھیار بند ۔

Weaponeer : (n) جوہری بم کو نشان پر لگانے سے پہلے معمل بنانے والا ۔

Weaponeer : (v) فوجی اسلحوں کو بہتر بنانے میں مشغول رہنا ۔

Weaponless : (a) نہتا؛ بے ہتھیار؛ غیر مسلح ۔

Weaponry : (n) (۱) اسلحوں کا مجموعہ ۔ (۲) اسلحہ سازی ۔

Weapons carrier : (n) مشین گن، مارٹر یا ا ن کے چلانے والوں کو لے جانے والا ہلکا ٹرک ۔

Weaponshawing/-show/-showing : (n) Wappenschawing دیکھو

Weaponsmith : (n) اسلحہ گر؛ اسلحہ ساز ۔

Wear : (n) (۱) استعمال؛ پہننا ۔ (۲) لباس؛ پوشاک پہننے کی چیز ۔ (۳) فرسودگی؛ نقصان جو گھسنے سے ہوتا ہے ۔ (٤) پائداری ؛ رگڑ برداشت کرنےکی قوت ۔ (٥) کثرت استعمال ۔ (٦) رندے کے منہ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ ۔ (۷) فیشن؛ مروجہ وضع ۔

The worse for wear : فرسودہ؛ جو کثرت استعمال سے خراب ہو گیا ہو ۔

To be in wear : (۱) (کپڑے کا) زیب تن ہونا؛ استعمال میں ہونا ۔ (۲) مروجہ فیشن میں ہونا؛ مستعمل ہونا ۔

Wear : (v) [OE.'werian'.] (۱) پہننا؛ زیب تن کرنا؛ لگانا؛ پہنے ہونا؛ لگائے ہونا ۔ (۲) گھس ڈالنا؛ فرسودہ کر دینا؛ گھس کر مٹا دینا؛ محو کر دینا؛ گھس جانا؛ فرسودہ ہو جانا؛ گھس کر مٹ جانا؛ محو ہو جانا ۔ (۳) خستہ کر دینا؛ تھکا دینا؛ عاجز ہو جانا ۔ (٤) چلنا؛ کام دینا؛ قابل استعمال رہنا ۔ (٥) (وقت کا) رفتہ رفتہ گزارنا یا گزرنا ۔ (٦) پیہم رگڑ سے (سوراخ) کر دینا؛ (نالی وغیرہ) بنا دینا ۔ (۷) (بال یا داڑھی کو) کسی مخصوص وضع میں بڑھنے دینا ۔ (۸) (جہاز کے کپتان وغیرہ کا) جھنڈا لہرانا ۔ (۹) دکھانا (چہرے پر مخصوص تاثر وغیرہ)؛ نظر آنا ۔ (۱۰) (مجازاً) (دل ، ذہن ، یادداشت وغیرہ میں) رکھنا؛ دلدادہ ہونا ۔ (۱۱) اپنا سمجھنا؛ اپنا سمجھ کر استعمال کرنا ۔ (۱۲) گھس کربنانا؛ رگڑ کر گڑھنا، گھڑنا ۔ (۱۳) بتدریج ہوجانا یا تبدیل ہوجانا ۔ (١٤) برداشت کرنا؛ قبول کرنا ۔

To wear a crown, diadem, palm etc. : ان عہدوں یا منصب پر فائز ہونا جن کا تاج، مکٹ اور تمغہ وغیرہ طرۂ امتیاز ہوں ۔

To wear a person or principle in one's heart : کسی شخص یا اصول کا دلدادہ ہونا ۔

To wear blue : (گاڑی یا ریل) نیلی جھنڈی لگانا یا نیلی بتی جلانا تاکہ معلوم ہو کہ گاڑی مرمت میں ہے ۔

To wear down : رفتہ رفتہ مخالفت وغیرہ ختم کر دینا ۔

To wear green : (ریل میں) سبز جھنڈی لگانا (یہ دکھانے کے لئے کہ اس ریل کا دوسرا حصہ بھی آرہا ہے) ۔

To wear on : پریشان کرنا؛ رگڑنا ۔

To wear one's hair long, short : لمبے یا چھوٹے بال رکھنا ۔

To wear one's heart on one's sleeves : بھزبھڑیاھونا۔

To wear one's years well : کم سن معلوم ہونا ۔

To wear out : (۱) کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا؛ بیکار کردینا؛ گھس جانا ۔

To wear out one's welcome : کثرت ملاقات سے بار ہو جانا ۔

To wear the breeches : دیکھو Breach

To wear the crown : بادشاہ یا شہید ہونا ۔

To wear the gown : وکیل یا بیرسٹر ہونا ۔

To wear the stripes : قید ہونا؛ جیل میں بند ہونا ۔

To wear the trousers/-pants : خانگی معاملات میں بالادستی رکھنا ۔

To wear the willow : دیکھو Willow

To wear through the day : کسی طرح دن کاٹنا ۔

To win and wear : (کسی خاتون کو) بیوی بنا لینا ۔

Wear : (v) [Origin unkn.] (سکان یا پتوار کے اٹھانے سے) جہاز کو گھمانا؛ جہاز کا گھومنا ۔

Wear : (v) [ME. 'Weren'.] (اسکاچستان) بھیڑوں کو ہنکا کر باڑ میں بند کر دینا ۔

Wear and tear : (n) گھس پھس جانا؛ فرسودگی جو امتداد زمانہ سے ہو؛ ٹوٹ پھوٹ ۔

Wear-iron : (n) رگڑ روک؛ دھات کا ٹکڑا جو کسی سطح پر اسے رگڑ سے بچانے کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

Wear off : (v) بتدریج بے اثر ہوجانا؛ کمزور پڑجانا ۔

Wear out : (v) (۱) کثرت استعمال سے بیکار کردینا ۔ (۲) تھکا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ۔ (۳) محو کردینا؛ مٹا دینا؛ زائل کردینا ۔ (٤) چلنا ؛ کام دینا ؛ قابل استعمال رہنا ۔ (٥) وقت کو ناگواری کے ساتھ تکلیف دہ طور پر گزارنا ۔ (٦) مارنا پیٹنا ۔

Wear-out : (n) فرسودگی ۔

Wear-plate : (n) رگڑ روک دھات کی تختی ۔

Wearability : (n) پہننے کے قابل ہونا؛ پائداری ۔

Wearable : (a) پہننے کے قابل ۔

Wearable : (n) لباس؛ پوشاک ۔

Wearer : (n) پہننے والا ۔

Weariable : (a) تنگ کئے جانے کے لائق؛ جو آسانی سے اُکتا جائے ۔

Wearied : (a) تھکا ہوا؛ خستہ؛ اکتایا ہوا؛ بیزار ۔

Weariedly : (adv.) افسردگی یا بیزاری کے ساتھ؛ خستگی کی حالت میں ۔

Weariedness : (n) تھکا ہواھونا؛ اکتایا ہواھونا؛ افسردگی؛ کسل مندی ۔

Weariful : (a) (۱) تکلیف دہ؛ تھکا دینے والا؛ اُکتا دینے والا ۔ (۲) تھکا ہوا؛ اُکتایا ہوا ۔

Wearifully : (adv.) تکلیف دہ طور پر، اکتا کر، تنگ آکر ۔

Wearifulness : (n) تکلیف دہ ہونا؛ اکتا دینے والا ہونا ۔

Weariless : (a) نہ اکتانے والا؛ غیر تکلیف دہ ۔

Wearily : (adv.) کسل مندی کے ساتھ؛ افسردگی یا بیزاری سے ۔

Weariness : (n) (۱) کسل؛ خستگی؛ ماندگی؛ تکان؛ افسردگی؛ بیزاری - (۲) اجیرن ؛ کوفت ؛ نا گواری - (۳) اکتا دینے والی چیز؛ بیزار کرنے والی چیز -

Wearing : (n) (۱) پہننا؛ زیب تن کرنا - (۲) مستعمل ہونا؛ استعمال - (۳) گھسائی؛ فرسودگی -

In (the) wearing : استعمال میں -

(the) worse for wearing : زیادہ پہننے یا استعمال سے خراب ہو جانا -

Wearing : (a) پہنا جانے والا؛ پہننے کا -

Wearing : (n) پوشاک؛ لباس؛ کپڑا -

Wearing course : (n) فٹ پاتھ وغیرہ کی بالائی سطح -

Wearingly : (adv.) تھکاتے ہوئے، اکتاتے ہوئے -

Wearish : (a) (۱) بے مزا؛ بے ذائقہ؛ پھیکا - (۲) پژمردہ؛ زردرو؛ مریضوں کاسا - (۳) نازک مزاج؛ نفیس طبع - (٤) ٹھنڈا -

Wearisome : (a) اُکتا دینے والا؛ اجیرن؛ بار خاطر؛ تکلیف دہ؛ ناگوار؛ دوبھر -

Wearisomely : (adv.) اُکتا دینے والے طریقے سے؛ ناگوار طریقے سے -

Wearisomeness : (n) بار خاطر ہونا؛ اجیرن ہونا؛ ناگواری -

Wearproof : (a) رگڑ روک؛ جو گھس نہ سکے -

Weary : (a) [OE. 'werig. waerig'.] (۱) تھکا ہوا؛ خستہ ؛ کسل مند؛ افسردہ؛ وامندہ - (۲) اکتایا ہوا؛ بیزار ؛ عاجز ؛ تنگ - (۳) اکتا دینے والا ؛ نا گوار؛ جو دوبھر ہو جائے - (٤) مایوس؛ ناامید؛ دل شکستہ؛ بددل - (٥) تھکا دینے والا؛ پُرمشقت ؛ کٹھن - (٦) اندوہناک ؛ غمناک - (۷) ضعیف؛ ناتواں؛ لاغر - (۸) (اسکاچستان) المناک؛ افسوسناک -

Weary : (adv.) دیکھو Wearily

Weary : (v) (۱) اکتا دینا؛ ناک میں دم کردینا؛ بیزار کر دینا؛ تنگ یا عاجز کردینا - (۲) اکتا جانا؛ بیزار ہو جانا ؛ تنگ یا عاجز ہو جانا - (۳) تھک جانا؛ تھکا دینا - (٤) ناگواری کی حد تک انتظار کرنا ؛ آرزو کرنا ؛ تمنا کرنا - (٥) بے لطف ہو جانا؛ بے کیف ہو جانا - (٦) خستہ کردینا؛ ذہنی یا روحانی طور پر تھکا دینا -

Weary : (n) (اسکاچستان) عذاب الٰہی؛ بد دعا؛ کوسنا -

Weary willie : (n) [Weary+ Willie, nickname for william.] کام چور؛ (خصوصاً) آوارہ گرد -

Wearying : (a) اکتا دینے والا؛ تھکا دینے والا -

Wearyingly : (adv.) اکتاتے ہوئے، تھکاتے ہوئے -

Weasand : (n) [OE. 'wasend'.] (۱) نرخرا؛ گلے کی نلی - (۲) حلق؛ گلا -

To slit one's weasand : گلا کاٹنا -

Weasel : [OE. 'wesule, wesle, weosule'.] (۱) نیولا؛ راسو - (۲) نیولے سے مشابہ بعض دوسرے جانور - (۳) (امریکا) جنوبی کیرو لینا کے باشندے - (٤) مکار شخص - (٥) دیکھو Weasel-word - (٦) ایک قسم کی ہلکی مسافر گاڑی - (۷) برف، دلدل وغیرہ پر چلنےوالی ایک قسم کی گاڑی -

Four-toed weasel : سرکٹ؛ جنوبی افریقہ کا نیولے کی قسم کا ایک جانور -

Malacca weasel : (جاوا کا) مشک بلاؤ -

Mexican weasel : قنکاج؛ racoon کی قسم کا ایک جانور -

To catch a weasel asleep : کائیاں آدمی کو دھوکا دینا -

Weasel : (v) (۱) ایسا لفظ جس سے بیان کا مطلب بگڑتا ہو استعمال کر کے معنی بگاڑ دینا - (۲) (کسی حالت یا معاہدے سے) بچ نکلنا - (۳) گول بات کہنا؛ گول مول جواب دینا؛ ٹال جانا؛ لفظی ہیر پھیر کرنا -

Weasel-cat : (n) بورنیو اور جاوا کا مشک بلاؤ -

Weasel-coot/-duck : (n) ایک قسم کی بطخ جو مچھلیاں پکڑ کر کھاتی ہے -

Weasel-faced : (a) نیولے کی شکل کا؛ جس کا پتلا ترشا ہوا چہرہ ہو -

Weasel-like : (a) نیولے سے مشابہ ۔

Weasel snout : (n) ایک یورپی پودا (dead-nette) جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Weasel-word : (n) (۱) ایسا لفظ جس سے بیان کا مطلب بگڑتا ہو ۔ (۲) وہ لفظ جو بیان وغیرہ سے منحرف ہونے کے لئے استعمال کیا جائے ۔

Weasel-worded : (a) ذو معنی ۔

Weaselly : (a) نیولے کی شکل کا؛ نیولا نما ۔

Weaser : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی غوطہ مار اور مچھلی کھانے والی امریکی بطخ ۔

Weason : (n) (اسکاچستان) دیکھو Weasand

Weather : (n) [OE. 'weder'.] (۱) آب و ہَوا؛ موسم؛ موسمی حالت؛ رت؛ فصل ۔ (۲) (بحری) وہ سمت جدھر ہوا بہہ رہی ہو یا جس طرف سے ہوا بہہ رہی ہو ۔ (۳) زاویہ جو پون چکی کا بادگیر دھرے کے عمود کے ساتھ بناتا ہے ۔ (٤) ناگوار موسم؛ بارش؛ طوفان ۔ (٥) کھپریل کا وہ حصہ جو کھلا رہتا ہے ۔

April weather : (۱) بدلتا ہوا موسم؛ کبھی دھوپ اور کبھی بارش ۔ (۲) (مجازاً) کبھی ہنسنا کبھی رونا ۔

Clerk of the weather : موسم کا فرضی دیوتا ۔

In the weather : کھلا ہوا؛ پانی، ٹھنڈ، ہوا وغیرہ سے غیر محفوظ ۔

To drive with the weather : ہَوا اور موج کے ساتھ بہنا ۔

To have the weather gauge of : (۱) (جہاز کا) ہوا کے رخ پر ہونا؛ کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو پر ہونا جدھر ہَوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ہونا؛ بہتر حالت میں ہونا ۔

To have the weather of : (کسی دوسرے جہاز کے) اس رخ پر آجانا جدھر ہوا ہو ۔

Under stress of weather : ابرو باد کی وجہ سے؛ طوفان کی وجہ سے ۔

Under the weather : (۱) ناساز ۔ (۲) کسی قدر پٹے ہوئے؛ بالکل صحت یاب نہیں (ابھی) ۔

Weather permitting : اگر موسم اچھا رہا ۔

Wind and weather : ابرو باد ۔

Weather : (a) ہوا کے رخ کا ۔

Weather : (v) (۱) (کسی چیز پر) موسمی تغیرات کا اثر پڑنے دینا ۔ (۲) (ارضیات) (پتھروں یا چٹانوں کا) ہَوا سے بد رنگ یا شکستہ ہو جانا ۔ (۳) (جہاز کا، راس وغیرہ کا) ہوا کے رخ پر آجانا، اسی رخ پر پہنچ جانا جدھر سے ہوا آتی ہے ۔ (٤) (طوفان) جھیل جانا؛ بچ کر نکل آنا ۔ (٥) (مجازاً) (مشکلات کا) مقابلہ کر کے کامیاب ہونا ۔ (٦) (تختوں یا کھپروں کو) ایک دوسرے کے اوپر اس طرح رکھنا کہ پانی بہنے میں آسانی ہو؛ (کھپروں سے) کھپریل چھانا؛ (آبریز تختوں کو) کھپریل کی طرح لگانا ۔ (۷) (جہاز کا) ہوا کے رخ پر چلنا ۔ (۸) (پون چکی کے) ہوا گیر کو مناسب زاویے پر لگانا تاکہ ہَوا کی طاقت سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکے ۔

To weather along : (مجازاً) باد مخالف کے باوجود ترقی کرنا، آگے بڑھنا ۔

To weather on (or) upon : (۱) کسی جہاز کے اس پہلو میں آجانا جدھر ہوا ہو ۔ (۲) دوسرے سے بہتر موقع حاصل کرنا یا اس سے فائدے میں رہنا ۔

Weather-beaten : (a) (۱) طوفان دیدہ؛ گرم و سرد چشیدہ ۔ (۲) طوفان زدہ ۔ (۳) (انسان وغیرہ) موسم زدہ ۔

Weather-bitt : (n) (بحری) کھمبے کےگرد رسی کا مزیدلپیٹ (خراب موسم میں) ۔

Weather-board : (n) (۱) پانی پھینکنے کا ڈھلوان تختہ جو دروازے کے آخری حصے میں لگا ہوتا ہے ۔ آبریز تختہ ۔ (۲) آب روک تختہ ۔ (۳) (بحری) جہاز کا وہ رخ جدھر ہوا آرہی ہو ۔

Weather-board : (v) دیوار میں آبریز تختے لگانا ۔

Weather-boarding : (n) تختوں کا سلسلہ، جو دیوار میں ایک دوسرے کے اوپر پانی بہانے کی غرض

Weather-cycle : (n) موسمی دور ۔

Weather-deck : (n) کھلا عرشہ ۔

Weather door : (n) (۱) ستارہ نما دودان کا دروازہ ۔ (۲) کان کا ہَوادان یا روشن دان ۔ (۳) دیکھو Storm door ۔

Weather driven : (a) طوفان میں بہا ہوا ۔

Weather-eye : (n) (۱) موسمی تغیر کو جلد بھانپنے والی آنکھ ۔ (۲) ہوشیاری؛ چوکسی ۔

To keep one's weather-eye open : ہوشیار؛ چوکس رہنا؛ رہنا ؛ خبردار رہنا ۔

Weather-fast : (a) دیکھو Weather-bound

Weather-fend : (v) طوفان سے بچانا؛ موسمی تغیرات سے بچانا ۔

Weather fish : (n) یورپ اور ایشیا میں پائی جانے والی بعض قسم کی دریائی مچھلیاں ۔

Weather-flag : (n) موسمی پیشین گوئی کرنے والا جھنڈا (جو اگلی بارہ سے چھتیس گھنٹے کے موسم کو بتانے کے لئے لگا دیا جاتا ہے) ۔

Weather-forecast : (n) اندازۂ موسم؛ موسمی پیشین گوئی ۔

Weather-gall : (n) دیکھو Watergall

Weather-gauge : (n) (۱) (جہاز کا) کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو میں چلنا جدھر ہوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فائدہ؛ بہتر حالت؛ مناسب صورت یا موقع ۔

Weather-gauge : (v) (۱) (جہاز کو) کسی دوسرے جہاز کے اس پہلو میں رکھنا جدھر ہوا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ہونا؛ بہتر حالت میں ہونا ۔

Weather-glass : (n) باد پیما؛ بار پیما؛ شیشۂ موسم؛ بیرومیٹر ۔

Poor man's weather-glass/Shepherd's- : ایک چھوٹا بارہ ماسی پودا ۔

Weather-gleam/-glim : (n) (اسکاچستان) افق کے نزدیک کا صاف آسمان ۔

سے لگا دیتے ہیں؛ آبریز تختے؛ باران روک تختہ بندی ۔

Weather-bound : (a) طوفان بند؛ خراب موسم کی وجہ سے آگے بڑھنے سے مجبور ۔

Weather-bow : (n) پیش جہاز کا وہ حصہ جو ہوا کے رخ ہو ۔

Weather-box : (n) موسم کا صندوقچہ جس پر مرد عورت کی تصویریں ہوتی ہیں ، ایک بارش کا اور دوسری دھوپ کا اظہار کرتی ہے: موسم خانہ؛ موسم نما کھلونا جو موسم کی تبدیلیوں کو بتاتا ہے ۔

Weather-brained : (a) ثانوی قوس قزح ۔

Weather-breeder : (n) طوفان سے پہلے کا خوشگوار اور پُرسکون دن ۔

Weather-bureau : (n) دفتر موسمیات؛ محکمۂ موسمیات؛ دفتر تحقیق موسم ۔

Weather-burned : (a) موسم زدہ؛ طوفان زدہ ۔

Weather-cast : (n) موسم کی پیشین گوئی ۔

Weaher-caster : (n) موسم کی پیشین گوئی کرنے والا ۔

Weather-chart : (n) نقشۂ موسم (کسی خطے کا) ۔

Weather-cloth : (n) ترپال جو جہاز کے عرشے پر بارش اور طوفان سے بچنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

Weather-cock : (n) (۱) (مرغ) باد نما ۔ (۲) (مجازاً) ہوا کے رخ چلنے والا شخص؛ تھالی کا بیگن ۔ (۳) ایک قسم کی جڑی بوٹی ۔

Weather cock : (v) (۱) مرغ باد نما لگانا؛ باد نما کا کام دینا ۔ (۲) (ہوائی جہاز کا) ہَوا میں قلابازی کھانا ۔

Weather cock : (a) متلون؛ متغیر؛ متبدل؛ ناپائدار؛ غیر مستقل ۔

Weather-contact : (n) برقی رو کا اتصال جو ایک تار سے دوسرے تار تک بارش کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

Weather-cross : (n) برقی رُو کا رساؤ جو بھیگ جانے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

Weather-going tide : (n) جوار بھاٹا جو ہوا کے مخالف ہو ۔

Weather-head : (n) ثانوی قوس قزح ۔

Weather-helm : (n) جہاز کا ہوا کے رخ پر آنے کا رجحان ۔

Weather-house : (n) موسم خانہ، موسم نما کھلونا (جو موسمی تغیرات بتاتا ھے) ۔

Weather-joint : (n) معماری کی جوڑائی جس میں مسالے کو اوپر سے کھرچ کرنکال لیا جاتا ھے ۔

Weather-maker : (n) موسم گو؛ موسم پیشگو ۔

Weather-map : (n) دیکھو Weather-chart

Weather-moulding : (n) آبریز سائبان؛ چھجا جو پانی پھینکنے کےلئے دروازوں پر سے نکلا رہتا ھے ۔

Weather-observer : (n) موسم کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Weather-meter : (n) موسم پیما ۔

Weather-out : (v) (ارضیات) نرم چٹانوں کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے کھل جانا یا باہر آجانا ۔

Weater plant : (n) جس پر موسمی تغیرات کا اثر نہ ہو؛ موسم روک ۔

Weather-proof : (a) ہندوستانی ملیٹھی؛ ملٹھی؛ ایک پودا جس کے پتے پر موسمیاتی تغیرات کا اثر ہوتا ھے اور اس سے موسم کا پتا چلتا ھے ۔

Weather-proof : (v) موسم روک بنانا ۔

Weather-prophet : (n) موسم گو؛ موسم پیشگو؛ موسم کے متعلق پیشگوئی کرنے والا ۔

Weather-report : (n) موسمیاتی اطلاع ؛ موسمیاتی گوشوارہ ۔

Weather-sheet : (n) وہ رسًا جو مربع بادبان کے اس گوشے کو وسیع کرتا ھے جو ہوا کے رخ پر ہوتا ھے ۔

Weather-ship : (n) وہ جہاز جس سے موسمیاتی مشاہدے کا کام لیا جاتا ھے ۔

Weather-side : (n) (۱) (عمارت وغیرہ کا) وہ رخ جس پر موسمیاتی تغیرات کا اثر پڑتا رہتا ھے ۔ (۲) (بحری) ہوا رخ پہلو ۔

Weather-signal : (n) موسمی پیشگوئی کرنے والا سگنل ۔

Weather-slating : (n) دیواروں پر لگانے کی سلیٹ ۔

Weather-stain : (n) بارش (وغیرہ) کا دھبا (دیوار پر)؛ موسم زدگی ۔

Weather-stained : (a) موسم زدہ ۔

Weather-station : (n) مقام رصد؛ مرکز رصد؛ رصدگاہ ۔

Weather-strip : (n) بم روک پٹی؛ آبریز پٹی؛ چمڑے یا لکڑی کی پٹی جو دروازے کے جوڑ یا کھڑکی اور دروازے کی دہلیز پر لگا دیتے ہیں تاکہ برف، بارش اور ٹھنڈی ہوا سے محفوظ رہا جاسکے ۔

Weather-strip : (v) بم روک پٹی لگانا؛ آبریز پٹی لگانا؛ برف، بارش اور ٹھنڈی ہوا سے بچنے کے لئےلکڑی یا چمڑے کی پٹی دروازے یا دہلیز پر لگانا ۔

Weather-table : (n) مسطح حاشیہ یا کگر ۔

Weather-tide : (n) مد ۔

Weather-tight : (a) بم روک؛ جس پر ہوا، پانی کا اثر نہ ہو ۔

Weather-tile : (n) کھپریل؛ کھپروں کا چھپرسا جس میں ایک کے اوپر ایک کھپرا رکھ کر پانی بہنے کا انتظام کرتے ہیں ۔

Weather-tiled : (a) کھپریل سے چھایا ہوا ۔

Weather-tiling : (n) کھپریل سے چھانا ۔

Weather-vane : (n) دیکھو Weather-cock

Weather-wisdom : (n) موسم شناسی ۔

Weather-wise : (a) (۱) موسم شناس؛ جو موسم کا صحیح اندازہ کر سکے ۔ (۲) (مجازاً) موقع شناس ۔

Weather-worn : (a) طوفان زدہ؛ موسم زدہ ۔

Weatherability : (n) موسمی تبدیلی کو برداشت کرنے کی صلاحیت ۔

Weathered : (a) (۱) موسم زدہ ۔ (۲) (اناج وغیرہ) جو کھلے میدان میں زیادہ دن رہنے کی وجہ سے خراب

ہوگیا ہو ۔ (۳) ڈھلوان؛ جس پر پانی نہ رک سکے؛ آبریز تختہ لگا ہوا ۔

Weatherer : (n) کھپریل چھانے والا ۔

Weathergaw : (n) دیکھو Watergall

Weathering : (n) (۱) ہوا سے بدرنگ یا شکستہ ہو جانا یا کر دینا؛ موسم زدگی؛ فرسودگی ۔ (۲) (بحری) ہَوا کے رخ کرنا ۔ (۳) (تعمیرات) کھپریل کی سی ترتیب؛ موسمائی ڈھلان ۔

Weatherliness : (n) ہَوا تابی؛ ہَوا کا مقابلہ کرنا ۔

Weatherly : (a) (بحری) ہوا کا مقابلہ کرنے والا؛ ہَوا تاب؛ جسے تیز ہَوا کے مقابلے میں پہلو کی طرف ہٹنے کی ضرورت نہ ہو ۔

Weatherman : (n) (۱) ماہر موسمیات ۔ (۲) (امریکا) متشدد؛ انقلابی جماعت کا رکن ۔

Weathermost : (n) ہَوا کے رخ پر سب سے دور کا ۔

Weatherology : (n) دیکھو Meteorology

Weatherward : (adv.) ہَوا کے رخ پر ۔

Weathery : (a) (۱) (موسم کی طرح) تغیر پذیر ۔ (۲) موسم زدہ؛ بارش زدہ ۔

Weatings : (n) موٹا آٹا، چوکر وغیرہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ھے ۔

Weave : (n) (۱) بناوٹ؛ بننے کا انداز یا ترتیب؛ بنائی ۔ (۲) (سنیما کی تصویر کی) پردے پر پہلو کی جانب آہستہ حرکت ۔

Weave : (v) [OE. 'wefan'.] (۱) بُننا؛ کپڑا بُننا؛ (ہاتھ یا مشین سے) ۔ (۲) گوندھنا؛ گوتھنا ۔ (۳) (واقعات وغیرہ کو) ترتیب دینا؛ (قصے کی صورت میں) کہپانا؛ (جزئیات کو قصے وغیرہ کی صورت میں) مرتب کرنا (مثلا نظم، کہانی وغیرہ) ۔ (٤) تیار کرنا؛ گھڑنا (سازش وغیرہ) ۔ (٥) (مکڑے، کیڑے وغیرہ کا) جالا بننا، کویا بنانا، کوے میں لپیٹنا ۔ (٦) لپیٹنا؛ بٹ دینا؛ بل دینا ۔ (۷) (رقص) پرپیچ قدم اٹھانا؛ قدم کو گھما کر رکھنا؛ چکر کھاتے ہوئے جانا ۔ (۸) آگے پیچھے چلنا یا حرکت کرنا ۔ (۹) (قوسی ویلڈنگ میں) برقیرہ کو آگے پیچھے حرکت دینا ۔ (۱۰) (ہوائی جہاز کا) ہوا میں آگے پیچھے حرکت کرنا ۔

Weave : (v) [ME. 'weven'.] (۱) جھونکے کھانا؛ جھولنا؛ پرپیچ راستے پر چلنا ۔ (۲) (جہاز یا اس کے مسافروں کو جھنڈے دکھا کر اشارہ کرنا ۔ (۳) (مُکابازی) مُکارسید کرنے سے پہلے حریف کے قریب آہستہ چل کر آنا ۔ (٤) ڈگمگانا؛ جھونك کھانا؛ لغزش کھانا؛ (گھوڑے کا) چلنے میں جھونك کھانا ۔

Weave-shed : (n) راچھ گھر؛ وہ کمرا جس میں راچھ رکھا رہتا ھے ۔

Weaver : (n) (۱) بننے والا؛ کپڑے بننے والا ۔ (۲) جولاہا؛ نداف؛ پارچہ باف؛ نور باف؛ بنکر ۔ (۳) بیا؛ ایك پرندہ جو اپنا گھونسلا تھیلی کی شکل میں بنا کر تیار کرتا ھے ۔ (٤) پانی کے بھونرے جو سطح پر منڈلاتے رہتے ہیں ۔ (٥) بید وغیرہ کی ٹوکری بننے والا؛ بید یا کھپچی وغیرہ جس سے ٹوکری بُنی جاتی ھے ۔

Weaver : (n) گھوڑا جو چلنے میں گردن یا جسم کو ادھر ادھر حرکت دیتا ھے ۔

Weaverbird : (n) بیا ۔

Weaverfinch : (n) دیکھو Weaverbird

Weaver's knot : (n) بنّواں گرہ : ایك قسم کی گرہ جو چھوٹی بڑی ڈوریوں کو جوڑنے کے لئے دیتے ہیں ۔

Weaving : (n) (۱) بننا؛ بنائی ۔ (۲) گھوڑے کا چلتے وقت ادھر ادھر حرکت کرنا ۔ (۳) کسی گاڑی کا اپنی قطار سے نکل کر دوسری قطاروں میں جانا اور دوسری گاڑیوں کی راہ میں مزاحم ہونا ۔

To get weaving : روانہ ہونا؛ شروع ہو جانا ۔

Weazand : دیکھو Weasand

Weazen : (v) [Altered f. Wizen.] سکڑنا؛ سوکھنا ۔

Weazen : (a) سوکھا ہوا؛ چھوارا سا ۔

Weazen-faced : (a) سوکھے ہوئے چہرے والا (شخص) ۔

Weazened : (a) سوکھا ہوا؛ سکڑا ہوا ۔

Weazeny : (a) کسی قدر سوکھا ہوا یا سکڑا ہوا ۔

Web : (n) [OE. 'web(b'.] (۱) پارچہ بافتہ؛ بُنا ہوا ٹکڑا؛ (مجازاً) کوئی چیز بُنے ہوئے کپڑے سے مشابہ ۔ (۲) مکڑی کا جالا؛ کسی اور جانور کا جالا ۔ (۳) جھلی جو چمگادڑ یا آبی پرندوں کے پنجوں میں ہوتی ہے؛ پردہء پا؛ ریشہء پا ۔ (٤) نسیج کا سلسلہ ؛ نسیجہ ۔ (٥) (پر میں) ریشوں کا سلسلہ جو ڈنڈی کے دونوں طرف ہوتا ہے؛ ریشہ؛ ریشہء پر؛ پرہ ۔ (٦) (طباعت) کاغذ کا بڑا لپٹا ہوا تختہ (جو اخبار چھاپنے میں کام آتا ہے) ۔ (۷) (مشین میں) پتلا چپٹا پرزہ جو بڑے پرزوں کو جوڑتا ہے؛ جوڑپٹی؛ پرزہء وصل؛ جوڑ پُرزہ ۔ (۸) بُنے ہوئے کپڑے جیسی کوئی چیز ۔ (۹) کپڑے سے بُنی ہوئی کوئی چیز ۔ (۱۰) ساز باز ؛ جال ؛ پھندا ۔ (۱۱) کوئی نازک اور کمزور چیز ۔ (۱۲) (کاغذ سازی) تارکی بُنی ہوئی جالی کی غیر منقطع پٹی جس پر ماوا مشین میں جاتا ہے ۔ (۱۳) نعل کا مڑا ہوا لوہا ۔ (١٤) (طب) انسانی انگلیوں کے درمیانی نسیجوں کا نقص؛ غبار چشم ۔ (١٥) ہل کے پھال کا پتلا تیز حصہ؛ پھالی کی نوک ۔ (١٦) چوکھٹے دار آرا کا الگ ہونے والا حصہ ۔ (۱۷) کنجی کا سر یا اس کا دندانہ ۔ (۱۸) مٹی بھر جانے والی نوکری کا بید سے بُنا ہوا حصہ ۔ (۱۹) دیکھو Snow-shoe ۔ (۲۰) ریڈیو یا ٹیلیویژن کا جال ۔ (۲۱) جانوروں کے پیڑو کے پردے کی تہ ۔

Web : (v) (۱) (مکڑی کے) جالے سے یا اسی طرح کی کسی اور چیز سے ڈھک دینا ۔ (۲) (خرد پیما میں) مکڑی کے جالے کا تار لگانا ۔ (۳) جال میں پھانس لینا؛ انگلیوں یا پنجوں کو جھلی سے ملانا ۔

Web-beam : (n) راچھ کا بیلن جس پر پارچہ یا کپڑا بُنائی کے بعد لپٹتا رہتا ہے ۔

Web-blight : (n) سیم وغیرہ کے پودوں کی ایک بیماری جو سماروغ سے پیدا ہوتی ہے ۔

Web-fed : (a) (طباعت) کاغذ کے بڑے لپٹے ہوئے تختے پر چھاپنے والا (پریس) ۔

Web-fingered : (a) جھلی دار انگلیوں کا؛ جھلی دار انگشتہ ۔

Web-foot : (n) جھلی دار پنجہ ۔

Web-footed : (a) جھلی دار پنجوں کا؛ پردہ پایہ؛ وصل پایہ ۔

Web-glazed : (a) ایسی جلا مشین سے چمکایا ہوا جس میں باری باری چمکیلا لوھے کا بیلن اور روئی یاکاغذ کی گدی ہوتی ہے ۔

Web-lead : (n) جست کی چادر ۔

Web-machine : (n) ایک قسم کی چھاپنے کی مشین جس میں کاغذ خود بخود ایک بیلن کے ذریعے جاتا رہتا ہے ۔

Web-offset : (n) کاغذ کے مسلسل پلندے پر آفسیٹ چھپائی کا ایک طریقہ ۔

Web-(perfecting) press : (n) دیکھو Web-machine

Web-printing : (n) کاغذ کےبڑے لپٹے ہوئےتختے پر چھپائی ۔

Web-rot : (n) تمباکو کے پتوں کی ایک بیماری جس میں ریشے متاثر ہوتے ہیں ۔

Web-saw : (n) آرا جو چوکھٹے میں لگا رہتا ہے؛ چوکھٹے دار آرا ۔

Web-spinner : (n) جالا بننے والا کیڑا ۔

Web-toed : (a) جھلی دار انگلیوں کا ۔

Web-winged : (a) جھلی دار بازوؤں والا ۔

Web-worm : (n) بافندہ کرم؛ جالا بننے والے کیڑے جو پتیوں میں رہتے ہیں ۔

Webbed : (a) (حیوانیات) جھلی دار پنجوں کا؛ پردہء پادار ۔

Webbing : (n) (۱) بافتہ؛ پارچہ ۔ (۲) نواڑ ۔ (۳) جھلی دار پنجوں کا ہونا؛ کف شکلی ۔ (٤) وارنش کا نقص جس میں متقاطع لکیریں بن جاتی ہیں ۔

Webbing clothes moth/Webbing-moth : (n) ایک کیڑا جس کا پھل روپ قالین، مشجر وغیرہ کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Webby : (a) جھلی دار؛ جال سے مشابہ ۔

Webelos : (n) [f. phrase 'we'll be loyal sconuts'.] پانچویں درجے کا اسکاؤٹ جس کی عمر کم سے کم دس سال ہو ۔

Weberian : (a) [f. name E.H. Weber, a German anatomist'.] جرمنی کا علم تشریح کا ماہر ۔

Weberian apparatus : (n) (بعض مچھلیوں میں) ہوا پھکنے کو کان سے ملانے والا عضو ۔

Weberian corpuscle : (n) (تشریح) مجری البول کا غدہ ؛ مثانے کے پاس کا نلی نما پھکنا ۔

Weberian organ : (n) دیکھو Webrian corpuscle

Weberian ossicles : (n) بعض مچھلیوں میں کان اور ہوا پھکنے کے درمیان چھوٹی چھوٹی ہڈیوں کا سلسلہ ۔

Weberite : (n) [f. Dan Weberit.] ایک معدنی شے جس میں سوڈیم، میگنیشیم اور فلورائیڈ ہوتا ہے ($Na_2 Mg ALF_7$) ۔

Webless : (a) بے جالا ۔

Weblike : (a) جالے سے مشابہ ۔

Webster : (n) [OE. 'webbestre'.] (تاریخ) کپڑا بننے والی؛ جولاہن، بنکر؛ جولاہا ۔

Websterian : (a) [f. Daniel Webster, American lawyer, & Noah Webster, the lexicographer.] (۱) ویبسٹر کا؛ ویبسٹر ڈکشنری کا ۔ (۲) ڈینیل ویبسٹر سیاست داں سے متعلق ۔

Websterite : (n) [f. name T. 'Webster'.] دیکھو Aluminite

Wed : (n) [OE. 'wedd'.] (۱) (قدیم) یرغمال؛ ضمانت ۔ (۲) بازی ۔

Wed : (v) [OE. 'weddian'.] (۱) بیاہ کرنا؛ عقد کرنا؛ نکاح کرنا؛ شادی کرنا ۔ (۲) (دوسرے کا) نکاح پڑھانا یا نکاح کرنا؛ بیاہ کرنا؛ شادی کرنا ۔ (۳) (مختلف صفات کا) امتزاج کرنا؛ ایک جگہ جمع کرنا ۔ (٤) شرط لگانا ۔

Wedded : (a) (۱) منکوحہ؛ شادی شدہ ۔ (۲) ازدواجی ۔ (۳) اٹل طریقے سے مخصوص اصولوں یا طریقوں پر جما ہوا ۔

Wedded life/-bliss : (n) ازدواجی زندگی، مسرت وغیرہ ۔

Wedded pair : (n) میاں بیوی ؛ زن و شو ۔

Wedded to : اٹل طریقے سے مخصوص اصولوں یا طریقوں پر جمے رہنا ۔

Weddellite : (n) [f. Weddell sea.] ایک معدنی شے ($Ca C_2 O_4 2H_2O$) ۔

Weddell seal : (n) قطب جنوبی میں پائی جانے والی بھورے رنگ کی بڑی سیل مچھلی ۔

Wedder : (n) [ME. 'wedder'.] بھیڑ جسے پیدا ہونے کے چند ہفتوں کے اندر آختہ کر دیا گیا ہو ۔

Wedding : (n) (۱) بیاہ، شادی؛ نکاح؛ عقد ۔ (۲) شادی کرنا؛ بیاہ کرنا ۔ (۳) ایک قسم کا موٹا کاغذ (جو شادی کا کارڈ چھاپے جانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے) ۔

Diamond wedding : شادی کی ساٹھویں سالگرہ ۔

Golden wedding : شادی کی پچاسویں سالگرہ ۔

Penny wedding : شادی جس میں مہمانوں سےچندہ لیا جائے ۔

Silver wedding : شادی کی پچیسویں سالگرہ ۔

Wedding-bell : (n) شادی کی گھنٹی (جو گرجا میں بجائی جاتی ہے)؛ شادیانہ؛ جرسِ عروسی ۔

Wedding-breakfast : (n) شادی کی دعوت، جو عموماً نکاح کے بعد اور دلہا دلہن کے سفرِ عروسی پر روانہ ہونے سے پہلے دی جاتی ہے ۔

Wedding-cake : (n) شادی کا کیک جو احباب و أعزّہ میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

Wedding-card : (n) شادی کا کارڈ؛ شادی کا دعوت نامہ؛ شادی کا رقعہ ۔

Wedding-day : (n) (۱) شادی کا دن ۔ (۲) شادی کی سالگرہ ۔

Wedding-dress : (n) لباسِ عروسی؛ عروسی لباس ۔

Wedding-favour : (n) نشانِ شادی؛ سفید پتیوں کا گلاب نما پھول جس کو لوگ شادی کے موقع پر لگاتے ہیں (لباس پر) ۔

Wedding-feast : (n) طعام ولیمہ ؛ شادی کی ضیافت ۔

Wedding garment : (n) (مجازاً) (بائبل) کسی چیز (تقریب) میں شریک ہونے کی اہلیت ۔

Wedding-guest : (n) شادی میں آیا ہوا مہمان ۔

Wedding-journey : (n) سفرِ عروسی ۔

Wedding-march : (n) شادی کا راگ؛ شادیانہ ۔

Wedding-ring : (n) شادی کی انگوٹھی جو دلہن کو پہنائی جاتی ہے اور شادی شدہ عورت کا نشان ہے یا وہ انگوٹھی جو دلہن دولہا کو پہناتی ہے ۔

Weddinger : (n) مہمان (شادی کی تقریب کا) ۔

Wedge : (n) [OE. 'wecg'.] (۱) پچّر؛ پانہ؛ پھانہ؛ فانہ ۔ (۲) فانہ نما چیز؛ گاؤدم مثلث شکل یا چیز ۔ (۳) پچر کی شکل کا پتھر جو محراب میں ہوتا ہے ۔ (٤) (ہندسہ) فانہ ؛ فانہ مجسم ۔ (٥) فوجی دستے کی گاؤ دُم تشکیل ۔ (٦) (نقابت) متساوی الساقین مثلث کی شکل کا مارکہ جس کے راس کا زاویہ بہت زیادہ حادہ ہو ۔ (۷) کاٹنے اور چھیدنے کی مشین کی ایک قسم ۔ (۸) ہڈی کا ٹکڑا جو خلقی نقص کو دور کرنے کے لئے کاٹ کر نکال دیا گیا ہو ۔ (۹) پھوٹ ڈالنے یا علاحدہ کرنے والی چیز؛ کچھ بنسوں یا دوسرے جنگلی پرندوں کا اڑنے میں وی (v) کی شکل کا غول بنانا ۔ (۱۰) (گولف) ایک قسم کا بلا ۔

The thin end of the wedge : (کسی چیز کا) معمولی سا آغاز جو آگے چل کر نہایت اہم نتائج پیدا کرنے والا ہو ۔

Wedge : (v) (۱) پچّر ٹھونکنا؛ پچر دے کر کسنا یا جوڑنا ۔ (۲) پچر دے کر چیرنا ۔ (۳) دوسری چیزوں یا شخصوں کے بیچ میں ٹھونس دینا ۔ (٤) پچر کی طرح چیرنا یا ادھراُدھر ہٹانا ۔ (٥) (آدمیوں یا جانوروں کو) محدود جگہ میں ٹھونس دینا ۔

Wedge : (v) [Origin unkn.] گیلی مٹی کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر اور زمین پر پٹک کر ہوا کے بلبلوں کو باہر نکالنا ۔

Wedge-bill : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی پرندہ جس کی چونچ فانہ نما ہوتی ہے ۔

Wedge-bone : (n) فانہ نما ہڈی ۔

Wedge gauge : (n) فانہ پیما ۔

Wedge of immersion : (n) جہاز کا فانہ نما ڈھانچہ جو پانی سے نکلا رہتا ہے ۔

Wedge out : (v) بتدریج پتلا یا تنگ ہو کر غائب ہو جانا ۔

Wedge photometer : (n) فانہ نما ضیا پیما ۔

Wedge-shaped : (a) نوکدار؛ فانہ نما؛ فانہ شکل ۔

Wedge-shell : (n) ایک قسم کا بحری دو صمامہ صدف ۔

Wedge-tailed : (a) نوکدار دُم کا ۔

Wedged : (a) فانہ نما؛ پچر کی شکل کا ۔

Wedgewise : (adv.) پچر کی طرح؛ پچر کی شکل میں ۔

Wedgework : (n) برف، جڑ وغیرہ چٹانوں کو اس طرح توڑنا گویا پچر دے کر توڑی گئی ہوں ۔

Wedging : (n) پچر ٹھونکنا ۔

Wedgwood : (n) [Proper name, Josiah Wedgwood.] شیشہ چینی کے برتن؛ شیشہ نماچینی کے برتن ۔

Wedlock : (n) [OE. 'wedlac'.] ازدواج؛ حالت عقد ۔

Born in wedlock : حلالی؛ نکاحی؛ جائز (اولاد) ۔

Born out of wedlock : حرامی؛ ناجائز (اولاد) ۔

Wednesday : (n) [ME. 'wednesdei'.] چہار شنبہ؛ بدھ (کا دن) ۔

Wednesdays : (adv.) چہار شنبہ کو؛ کسی بدھ کو ۔

Wee : (n) [Northern ME. 'wei'.] (۱) مختصر مدت ۔ (۲) تھوڑی مدت ۔

Wee : (a) (۱) بہت چھوٹا؛ ننھا سا ۔ (۲) تھوڑا سا؛ ذرا سا؛ قلیل مقدار ۔

The wee folk : پریاں ۔

Wee-wee : (v) [Origin unkn.] (بچوں کی گفتگو میں) پیشاب کرنا ۔

Weed : (n) [OE. 'weod'.] (۱) گھاس پات؛ گھاس پھونس؛ خس و خاشاک؛ ہرزہ؛ نرائی ۔ (۲) تمباکو؛ سگار؛ چرٹ؛ حشیش ۔ (۳) سوکھا؛ مریل گھوڑا یا آدمی ۔ (٤) کوئی جڑی بوٹی یا پودا ۔ (٥) بڑے درخت جو کسی جگہ کثرت سے ہوں ۔

Weedy : (a) (۱) پرخس و خاشاک ۔ (۲) گھاس پھونس جیسا ۔ (۳) پتلا دبلا؛ لاغر؛ مریل (جانور) ۔ (٤) مریل آدمی؛ لاغر آدمی ۔

Weedy : (a) ماتمی لباس پہنے ہوئے (بیوہ) ۔

Week : (n) [OE. 'wice, wicu'.] (۱) ہفتہ (جو عموماً سنیچر کی آدھی رات سے شمار کیاجاتاھے) ۔ (۲) سات دنوں کی مدت ۔ (۳) اتوار کے علاوہ ہفتے کے چھ دن ۔ (٤) غیر معینہ مدت ۔

A week : ہفتہ وار؛ ہر ہفتہ ۔

A week of Sundays : سات اتوار؛ لمبی مدت؛ سات ہفتے ۔

A week or two : اوسط مدت ۔

Feast of weeks : یوم خمیس؛ یہودیوں کا ایک فصلی تہوار ۔

Monday week : اگلے سوموار سے ایک ہفتہ بعد؛ پچھلے سوموار سے ایک ہفتہ پہلے ۔

This day week : آج سے سات دن پہلے یا بعد ۔

To knock (a person) into the middle of next week : (مار) کر) بھگا دینا ۔

Tomorrow week : کل سے ایک ہفتہ پہلے یا بعد ۔

Too late a week : بہت دیر ۔

Week : (n) سور کے بچے یا چوھے کی آواز کی نقل ۔

Week-day : (n) اتوار کے علاوہ کوئی دن ۔

Week-days : (adv.) اتوار کے علاوہ سبھی دنوں میں ۔

Week-end : (n) (۱) ختم ہفتہ؛ پورا اتوار اور سنیچر اور دو شنبہ کا کچھ حصہ ۔ (۲) سنیچر سے اتوار تک کی مدت ۔

Week-end : (v) ختم ہفتہ گزارنے کے لئے کہیں جانا ۔

Week-end bag/-case/weekender : (n) سفری تھیلا؛ بیگ جس میں ختم ہفتہ گزارنے کے لئے کپڑے وغیرہ لیجاتے ہیں ۔

(٦) (مجازاً) غیر منفعت بخش : تکلیف دہ یا نقصان دہ روئیدگی یا زیادتی ۔

Ill weeds grow apace : کوڑے کی گھاس بہت جلدی بڑھتی ھے (جلدی بڑھنے والے بچے پر پھبتی) ۔

Weed : (n) [ME. 'wede'.] (۱) پوشاک؛ لباس؛ کپڑا ۔ (۲) جامہ؛ پوشاک ۔ (۳) زرہ بکتر ۔ (٤) بیوہ کا ماتمی لباس؛ رنڈسالا ۔

Weed : (v) [OE. 'weodian'.] (۱) (زمین کو) نرانا؛ خس و خاشاک سے پاک کرنا؛ گھاس پھوس کھود کر الگ کرنا ۔ (۲) نکمے اجزاء یا اشخاص کو چھانٹ دینا؛ الگ کردینا؛ روندوانا؛ کھدوانا؛ چھانٹ دینا ۔ (۳) (غلطی، نقص وغیرہ) ہٹانا، دور کرنا ۔

Weed : (n) (۱) اچانک بیماری (بخار کے ساتھ) ۔ (۲) ورم عروق اسپ ۔

Weed-burner : (n) گھاس پات جلانے کی ایک ترکیب ۔

Weed-fallow : (n) پڑتی زمین جس میں گھاس پات نکل آئی ہو ۔

Weed-hook : (n) کُھرپا؛ نراونی ۔

Weed-killer : (n) خس وخاشاک؛ گھاس پھونس کو ختم کرنے کی دوا ۔

Weed-tree : (n) وہ درخت جس کی قیمت بہت کم یا کچھ نہ ہو ۔

Weeded : (a) نرائی ہوئی؛ نلائی ہوئی (زمین)؛ پر خس و خاشاک ۔

Weeder : (n) (۱) نرانے والا؛ نلانے والا ۔ (۲) نرانے کا آلہ ۔

Weedery : (n) (۱) خس و خاشاک؛ گھاس پات؛ گھاس پھونس ۔ (۲) وہ جگہ جہاں خس و خاشاک کثرت سے ہوں ۔

Weediness : (n) پر خس و خاشاک ہونا ۔

Weeding : (n) نرائی؛ نلائی؛ نکائی ۔

Weeding-hook : (n) دیکھو Weed-hook

Weedless : (a) بے خس و خاشاک؛ گھاس پھونس سے پاک ۔

Week-long : (a) ایک ہفتے تک نافذ رہنے والا؛ ایک ہفتےتک چلنے والا ۔

Week-night : (n) اتوار کی رات کے علاوہ کوئی رات ۔

Week-nights : (adv.) اتوار کی رات کے علاوہ ہر رات کو ۔

Week-old : (a) ایک ہفتے کا (پیدا) ۔

Week-work : (n) [OE. 'wicweorc'.] (تاریخ) (قدیم انگریزی قانون میں) ہفتہ بھر کا کام جو رعیت مالک کے لئے کرتی تھی ۔

Weekender : (n) ختم ہفتہ گزارنے والا ۔

Weekends : (adv.) ختم ہفتہ پر ۔

Weekly : (a) (۱) ہفتہ وار؛ جو ہفتہ میں ایک بار واقع ہو ۔ (۲) سات روز کا؛ ہفتہ بھر کا ۔

Weekly : (n) ہفتہ وار اخبار یا رسالہ، جریدہ ۔

Weekly : (adv.) آٹھویں دن؛ ہر ہفتہ؛ ہفتے میں ایک بار ۔

Weel : (n) [OE. 'wael'.] (۱) سمندر یا دریا کی گہری جگہ ۔ (۲) بھنور؛ گرداب ۔

Weel : (n) [OE. 'wile'.] (۱) مچھلی خصوصاً بام مچھلی پکڑنے کی بید کی بُنی ٹوکری ۔ (۲) (نقابت) مچھلی پکڑنے والی ٹوکری بطور مارکہ ۔ (۳) مچھلی رکھنے کی ٹوکری ۔

Weem : (n) [Gael 'waim'.] غار؛ رہنے کی زمین دوز جگہ؛ کھوہ ۔

Ween : (v) (۱) (قدیم) خیال کرنا؛ سمجھنا؛ رائے ہونا ۔ (۲) کوئی چیز ملنے کی توقع ہونا ۔ (۳) امید کرنا؛ امید رکھنا؛ ممکن سمجھنا؛ بھروسہ کرنا ۔

Weeny : (a) بہت چھوٹا؛ ننھا سا ۔

Weep : (n) ٹپکاؤ؛ رساؤ؛ نچوڑ؛ پسیجنا؛ پسینہ نکلنا ۔

Weep : (v) [OE. 'wepan'.] (۱) رونا؛ آنسو بہانا؛ گریہ وزاری کرنا ۔ (۲) (کسی کو) رونا؛ (کسی کا) ماتم کرنا ۔ (۳) قطرہ قطرہ ٹپکنا؛ رسنا؛ پسینہ وغیرہ نکلنا ۔ (٤) درخت کی شاخوں کا نڈھال ہونا؛ جھکا ہوا ہونا ۔ (۵) رو کر گزارنا ۔ (٦) رو کر بیان کرنا یا کہنا ۔ (۷) (سطح پر) رقیق قطرہ بن جانا ۔

To weep (a thing) back : رو کر واپس لے لینا ۔

To weep away : (۱) روکر گزار دینا (وقت) ۔ (۲) ہمدردی کے آنسوؤں سے رنج دفع کرنا ۔

To weep crocodile tears : جھوٹ موٹ کا رونا؛ بسورنا ۔

To weep down : شام تک روتے رہنا ۔

To weep one's fill : خوب رونا؛ جی بھر کر رونا ۔

To weep out : رو روکر ختم کر دینا ۔

To weep out one's eyes/-heart : جی بھر کر رونا؛ رو کر دل کی بھڑاس نکال لینا ۔

To weep (tears of) blood : خون کے آنسو رونا؛ رِسنا ۔

Weep : (n) [Imit.] دیکھو Lapwing

Weeper : (n) (۱) رونے والا ۔ (۲) نوحہ گر؛ کرائے کا رونے والا جو جنازے کے ساتھ ہو؛ نوحہ خواں ۔ (۳) سیاہ کریپ کا پٹکا جو جنازے کے ساتھ جانے والے اپنے ہیٹ میں لپیٹتے ہیں ۔ (٤) بیوہ عورتوں کا سیاہ کریپ کا نقاب ۔ (۵) (جمع) بیوہ عورتوں کے چوڑے سفید کف ۔ (٦) (جمع) سفید پٹی جو مرد آستین کے کف پر لگاتے تھے ۔ (۷) رستا نل؛ رسنے یا ٹپکنے والے پانی کو نکالنے کا سوراخ یا پائپ ۔ (۸) لمبا گل مچھ ۔ (۹) رواجی ماتمی بلا؛ بیج ۔ (۱۰) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Weep-hole : (n) رس رِس کرجمع ہونے والے پانی کو نکالنے کا سوراخ ۔

Weepie/Weepy : (n) (روز مرہ) جذباتی یا غمناک فلم ۔

Weeping : (n) رونا؛ نوحہ گری؛ نوحہ خوانی؛ رِسنا؛ رِساؤ ۔

Weeping : (a) (۱) رونے والا ۔ (۲) اشکبار؛ آشك آلود ۔ (۳) رِسنےوالا؛ دلدلی ۔ (٤) (مرضیات) (آنکھیں) جن سے پانی نکلتا ہو ۔ (۵) (موسم، آسمان وغیرہ) پرباراں؛ سیر باراں ؛ مینہ بھرا ۔ (٦) (درخت کی شاخ) جھکی ہوئی؛ سرنگوں ۔

Weeping cross : (n) (۱) صلیب جو سڑکوں پر جابجا نصب ہوتی تھی تاکہ مسافر اعتراف گناہ کر سکیں - (۲) ایک مقام کا نام جو متعدد انگلستانی کاؤنٹیوں (ضلعوں) میں واقع ہے اور جہاں سنگی صلیب نصب ہوا کرتی تھی -

To come home by weeping cross : بری طرح ناکام ہو جانا؛ اپنے کئے پر پچھتانا -

Weeping eczema : (n) گیلا داد (جس میں رطوبت خارج ہوتی ہے)؛ ترچنبل -

Weeping-hole : (n) دیکھو Weep-hole

Weeping-monkey : (n) بندر جس کی پیشانی صاف ہوتی ہےاور سر پر کلغی ہوتی ہے -

Weeping oak : (n) کیلیفورنیا کا سفید بلوط -

Weeping-pipe : (n) نل جس سے آہستہ آہستہ پانی ٹپکے؛ رِسنے والا نل -

Weeping ripe : (a) جو رونے والا ہو؛ رونے کے لئے تیار -

Weeping-rock : (n) مسام دار چٹان جس سے پانی رِستا رہتا ہے؛ جھرنا پہاڑ -

Weeping-spring : (n) رِستا چشمہ؛ بہتا چشمہ -

Weeping willow : (n) بید مجنوں -

Weepingly : (adv.) روتے ہوئے؛ نوحہ کرتے ہوئے -

Weepy : (a) (۱) اشکبار؛ اشک آلود؛ پراشک - (۲) رِستا؛ رِستا ہوا؛ رِسنے والا -

Weeshy : (a) [Origin obsc.] بہت چھوٹا؛ ننھا سا -

Weet : (v) [ME. 'wete'.] جاننا؛ معلوم کرنا -

Weet : (inter.) [Imit.] بعض پرندوں کی بولی کی نقل -

Weet : (v) (چڑیوں کا) چہچہانا؛ چیں چیں کرنا -

Weet : Wet کا اسکاچستانی متبادل -

Weet-weet : (inter.) [Imitative.] بعض پرندوں کے شور مچانے کی آواز -

Weet-weet : (n) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے -

Weet-weet : (n) [Native Australian.] ایک قسم کا آسٹریلیائی کھلونا جسے دور تک پھینکا جا سکتا ہے -

Weetless : (a) ناواقف؛ بے خبر؛ لاعلم -

Weety : (a) (اسکاچستان) دیکھو Rainy

Weever : (n) [OFr. 'wivrer'.] نشتر ماہی؛ مچھلیوں کی اقسام جن کی پشت پر نہایت تیز کانٹے ہوتے ہیں اور ان سے جو زخم لگتا ہے وہ اکثر پک جاتا ہے -

Weevil : (n) [Late ME. 'wevyl'.] (۱) کرم دانہ؛ سونڈ دار کیڑے جو غلہ، پھل، پتی وغیرہ پر بسر کرتے ہیں - (۲) گُھن -

Weeviled/Weevilled : (a) گُھن لگا؛ کیڑا لگا -

Weevily/Weevilly : (a) دیکھو Weeviled

Weft : (n) [OE. 'wefta, weft'.] (۱) بانا؛ تار (کپڑے کی بُناوٹ کا) - (۲) (ٹوکری وغیرہ بننے میں) بید وغیرہ کی کھپچی جو بھرائی کا کام دیتی ہے - (۳) بانے کا دھاگہ - (٤) بنی ہوئی چیز؛ پارچہ - (٥) فطرومہ کی نمدہ نما تہ - (٦) (بادل، دھوئیں وغیرہ کی) پتلی تہ - (۷) بال سنوارنے والے کی تربیتی مشین میں استعمال ہونے والی سوئچ -

Weft : (v) بانا لگانا یا بُننا -

Weft : دیکھو Waft

Weftage : (n) بانا کی ترتیب -

Wefted : (a) باہم وابستہ فطرومہ سے بُنا ہوا -

Weftwise : (a) بانا سے متعلق؛ تانا سے گزرنے والا -

Wegotism : (n) "ہم" کا حد سے زیادہ استعمال -

Wehee : (int.) [Imit.] (قدیم) (گھوڑے کی) ہن ہن -

Wehee : (n) گھوڑے کی ہنہناہٹ -

Wehrmacht : (n) [G.] جرمنی کی مسلح فوج (۱۹۲۵ء سے ۱۹٤٥ء تک) -

Weierstrassian : (a) Weierstrass (جرمنی کا ماہرِ ریاضیات) کا ایجاد کیا ہوا یا اس سے متعلق ۔

Weigel(i)a : (n) [mod. L.] شیدری جھاڑیوں کی ایک جنس جو چین اور جاپان میں پائی جاتی ہے؛ اس جنس کا کوئی پودا ۔

Weigh : (n) [OE. 'waeg'.] (قدیم) ترازو ۔

Weigh : (n) دیکھو Way

Weigh : (v) [OE. 'wegan'.] (۱) (ترازو وغیرہ سے) وزن کرنا؛ تولنا ۔ (۲) ہاتھ میں لے کر تولنا؛ وزن کا اندازہ کرنا ۔ (۳) اپنے جسم کا وزن کرنا ۔ (٤) جانچنا؛ غور کرنا؛ مقابلہ یا موازنہ کرنا؛ وقت یا اہمیت کا اندازہ کرنا ۔ (٥) وزن ہونا ۔ (٦) (مجازاً) وزن یا اہمیت ہونا ۔ (۷) اثر ڈالنا ۔ (۸) (طبیعت پر) بوجھ ڈالنا ۔ (۹) جھکا دینا بوجھ سے ۔ (۱۰) (خود) وزن میں بڑھ جانا؛ دوسری چیز کا پلہ ہلکا کر دینا ۔ (۱۱) (پانی کے اندر سے) اٹھانا ؛ ترانا ۔ (۱۲) (بحری) لنگر اٹھانا؛ (جہاز کا) روانہ ہونا ۔ (۱۳) (گھڑ دوڑ میں) جاکی وزن لینا ۔

To weigh against : ہم وزن ہونا؛ ہم پلہ ہونا ۔

To weigh anchor : (۱) لنگر اٹھانا ۔ (۲) روانگی کے لئے تیار کرنا ۔

To weigh down : (۱) وزن ڈال کر جھکا دینا یا ٹیڑھا کردینا ۔ (۲) (مجازاً) بوجھ ہونا؛ پست کرنا؛ مضمحل کرنا ۔

To weigh in : (۱) جاکی کا وزن گھڑ دوڑ کے بعد لینا ۔ (۲) مکاباز کا وزن مقابلے کے بعد لینا ۔ (۳) (ہوائی جہاز کی پرواز سے قبل) خود کا یا سامان کا وزن کروانا ۔

To weigh in with : (کوئی زائد چیز) ملانا یا پیدا کرنا ۔

To weigh one's words : سنبھل سنبھل کر بولنا؛ الفاظ کو تولنا ۔

To weigh out : (جاکی کا) گھڑ دوڑ سے قبل اپنے وزن کا اندازہ کرنا یا وزن لینا ۔

To weigh up : (کسی شخص کی) اہمیت کا اندازہ کرنا ۔

Weigh-beam : (n) لوہے کا کانٹا؛ قبان؛ لوہے کا اٹھاؤ کانٹا جو چوکھٹے میں لگا ہوتا ہے ۔

Weigh-box : (۱) اون تولنے کا بکس ۔ (۲) تول گھر ۔

Weigh-bridge : (n) گاڑی کا کانٹا؛بیل گاڑی وغیرہ تولنےکی مشین ۔

Weigh-house : (n) تول گھر؛ سرکاری دفتر جہاں وزن کیا جاتا ہے ۔

Weigh-lock : (n) کشتی کا کانٹا؛ کشتیوں کے تولنے کی مشین جو نہر کے بند میں لگی ہوتی ہے ۔

Weigh-man : (n) (۱) تولنے والا؛ وزن کرنے والا ۔ (۲) (کوئلے کی کان میں) وہ شخص جو کوئلے کے ٹب کو تولتا ہے ۔

Weigh-master : (n) تول گھر کا افسر ۔

Weigh-out : (n) جاکی کا وزن ۔

Weigh-scale : (n) [Du. 'waagschaal'.] (۱) ترازو کا پلڑا ۔ (۲) (جمع) ترازو ۔

Weigh-shaft : (n) رقاص ڈنڈی؛ وہ دھری جس کے ذریعے کان میں چٹان بھرنے کا کام ہوتا ہے ۔

Weighable : (a) قابلِ وزن؛ قابلِ اندازہ ۔

Weighage : (n) تولنے کی فیس یا تلائی ۔

Weighed : (a) آزمایا ہوا؛ آزمودہ؛ تجربہ کیا ہوا ۔

Weigher : (n) تولنے والا؛ باٹ وغیرہ کی جانچ کرنے والا ۔

Weighing : (n) تولنا؛ اندازہ کرنا؛ وزن کرنا یا موازنہ ۔

Weighing engine : (n) تولنے یا وزن کرنے کی مشین؛ بڑا کانٹا ۔

Weighing machine : (n) دیکھو Weighing engine

Weighment : (n) تولنا؛ تول؛ وزن ۔

Weight : (n) [OE. 'wiht, gewiht'.] (۱) وزن ۔ (۲) بھاری پن؛ وزنی ہونا ۔ (۳) قوتِ رفتار؛ رفتار کا زور ۔ (٤) وزن کا پیمانہ ۔ (٥) وزنی چیز؛ بھاری چیز ۔ (٦) باٹ (تولنے کا) ۔ (۷) بوجھ ؛ بار ۔

(۸) (مجازاً) فکر؛ ذمہ داری وغیرہ کا بوجھ ؛ بار ۔ (۹) اہمیت؛ وقعت ؛ وزن ؛ اثر ؛ غلبہ ۔ (۱۱) کشش ثقل؛ وہ قوت جس سے اجرام سماوی مرکزِ ثقل کی طرف کھنچتے ہیں ۔ (۱۱) حملے کی قوت؛ حملے کا دباؤ ۔ (۱۲) مؤثر یا دلنشیں ہونا ۔ (۱۳) (کھیل کود) وزنی گولہ (جسےایک ہاتھ سےپھینکتے ہیں) ۔ (۱٤) جوہری وزن ۔ (۱۵) جاکی مکاباز کا وزن؛ خاص وزن کے مکا بازوں کا مقابلہ ۔

Atomic weight : جوہری وزن ۔

By weight : تول کر؛ وزن سے ۔

Dead weight : بوجھ؛ بار ۔

In weight : وزن میں؛ وزن کے لحاظ سے ۔

To carry weight : اہمیت رکھنا؛ وقعت رکھنا؛ وزن رکھنا (باتوں کا) ۔

To feel the weight of : کاری ضرب یا زیادہ دباؤ برداشت کرنا ۔

To give (full, due) weight to : وزن دینا؛ اہمیت دینا ۔

To have weight : متاثر کرنا؛ اثر ڈالنا ۔

To lay weight upon : اہمیت دینا؛ وقعت دینا ۔

To throw (Chuck etc)one's weight about : بےجاطریقے سے دعویٰ کرنا ۔

Weight : (v) (۱) (کسی چیز کے ساتھ) وزن باندھنا یا لگا دینا؛ کوئی چیزبھر کر) وزنی کردینا؛ بھاری بنا دینا ۔ (۲) بوجھ لاد دینا (لغوی یا مجازی معنوں میں) ۔ (۳) کپڑے کو (دھات وغیرہ کا جز ملا کر) وزنی کر دینا؛ دھات وغیرہ کا میل کرنا، ملاوٹ کرنا ۔ (٤) بوجھ ڈالنا؛ بار ڈالنا؛ زیر بار کرنا ۔ (٥) وزن کرنا ۔ (٦) (کسی طرف) جھکنا؛ مائل ہونا ۔ (۷) (گھڑ دوڑ میں) گھوڑے کے لئے زائد وزن مقررکرنا ۔ (۸) وزن کے بار کو بدلنا ۔ (۹) (شماریات) اوسط اجزائے ترکیبی کو متلافی اجزائے ضربی سے ضرب دینا ۔

Weight : (n) [ME. 'wheit'.] چمڑا چڑھا آہنی حلقہ جس سے بھوسا اڑا کر غلے کو صاف کرتے ہیں ۔

Weight-box : (n) (۱) باٹوں کا ڈبا ۔ (۲) کھڑکی کے چوکھٹے کی کھانچ جس میں ساش (Sash) کا وزن اوپر نیچے حرکت کرتا ھے ۔

Weight-boy : (n) کپڑے کی مل کا وہ مزدور جو سوت کو وزن کر کے دھاگا لپیٹنے والے کو دیتا ھے ۔

Weight-clock : (n) گھڑی جو وزن کے ذریعے چلتی ھے ۔

Weight in hand : (n) کمان کا اصل وزن ۔

Weight-lifter : (n) بھاری بوجھ اٹھانے میں مشاق (کھلاڑی) ۔

Weight-lifting : (n) (مشق یا کھیل کے طور پر) بھاری بوجھ اٹھانا ۔

Weight of metal : (n) گولوں کی مقدار جو جہاز کی توپ ایک فائر میں پھینکتی ھے ۔

Weight-plate : (n) پترا جس پر چیزیں تولنے والی مشین میں وزن ہونے کے لئے رکھی جاتی ہیں ۔

Weightage : (n) تلافی ۔

Weighted : (a) (۱) وزنی بنایا ہوا ۔ (۲) قیمت لگایا ہوا ۔

Weightily : (adv.) متانت کے ساتھ؛ سنجیدگی کے ساتھ؛ وقار کے ساتھ ۔

Weightiness : (n) (۱) وزنی ہونا؛ بھاری پن ۔ (۲) اہمیت؛ وقعت ۔ (۳) سنجیدگی؛ معقولیت ۔ (٤) متانت؛ وقار ۔

Weighting : (n) (۱) تولنا؛ تول ۔ (۲) وزن؛ باٹ ۔

Weighting allowance : (n) مصارف زندگی کے فرق کو پورا کرنے والا تفریقی بھتا ۔

Weightless : (a) بے وزن؛ کم وزن؛ ہلکا ۔

Weightlessly : (adv.) بے وزن ہو کر؛ کم وزنی سے ۔

Weightlessness : (n) بے وزنی؛ کم وزنی؛ ہلکا پن ۔

Weightometer : (n) وزن پیما ۔

Weighty : (a) (۱) وزنی؛ بھاری؛ بوجھل ۔ (۲) اہم ؛ وزنی؛ وقیع ؛ گراں قدر ۔ (۳) معقول ؛ محکم؛ سنجیدہ؛ وزنی (دلیل وغیرہ) ۔ (٤) مقتدر؛

باثر؛ اثر ڈالنے والا؛ بھاری بھرکم؛ متین؛ باوقار ۔ (۵) بوجھ ؛ بار ؛ مشکل ؛ پرمشقت؛ صعب؛ سخت ۔ (٦) موٹا؛ فربہ؛ لحیم شحیم ۔

Weimaraner : (n) [G. 'weimar'.] (۱)ایک قسم کا شکارنما کتا ۔ (۲) جرمنی میں ایک شہر ۔

Weir : (n) [OE. 'wer'.] (۱) بند جو سطحِ آب کو بلند کرنے کے لئے دریا کے درمیان بنایا جاتا ھے؛ آبریز ۔ (۲) باڑ جو دریا میں مچھلی پکڑنے کےلئے لگائی جاتی ھے ۔ (۳) (قدیم) تالاب ؛ جوہڑ ۔ (٤) بند جو دریا کے کٹاؤ کو روکنے کے لئے یا دریا کا رخ بدلنے کے لئے بنایا جاتا ھے ۔

Weir : (v) باڑ لگانا؛ بند بنانا ۔

Weir-hatch : (n) پانی کے بند کا دروازہ ۔

Weir-house : (n) سالمن مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Weird : (n) [OE. 'wyrd'.] (۱) تقدیر؛ قسمت؛ نصیب؛ بھاگ ۔ (۲) (جمع) (یونانی و رومن اساطیر کے مطابق) قسمت کی تین دیویاں ۔ (۳) مستقبل کے واقعات کی پیش بینی کرنے اور ان پر قابو پانے کا دعویٰ کرنے والا شخص؛ جادوگر؛ بدبختی (جو فوق الفطرت طاقت کے ذریعے ہو خاص کر بطور انتقام) ۔ (٤) واقعہ ؛ وقوع ۔ (۵) فوق الفطرت یا کہانی؛ خارق العادت ۔ (٦) جادو ؛ ٹونا ۔

After word comes weird : کسی چیز کا ذکر اس کے وقوع کے بعد آتا ھے ۔

To dree one's weird : دیکھو Dree

Weird : (a) (۱) تقدیر سےمتعلق؛ تقدیرکا ۔ (۲) فوق الفطرت؛ پُراسرار؛ ہیبتناک ۔ (۳) انوکھا؛ نرالا؛ عجیب؛ دقیانوسی ۔

The weird sisters : (۱) قسمت کی دیویاں ۔ (۲) جادو گرنیاں ۔

Weird : (v) (۱) مقدر کرنا؛ قسمت میں لکھنا؛ قسمت بنانا؛ تقدیر بنانا ۔ (۲) مقدر ھونا ۔

Weirdie/Weirdy/Weirdo : (n) (عام) وہ شخص جو غیر معمولی طور پر عجیب، نرالا یا غیر فطری ھو ۔

Weirdish : (a) کسی قدر انوکھا یا نرالا ۔

Weirdless : (a) (۱) بد بخت ۔ (۲) دیکھو Improvident ۔

Weirdly : (a) (۱) اقبال مند؛ خوش قسمت ۔ (۲) جادو سے متعلق؛ سحر سے متعلق؛ فوق الفطرت ۔

Weirdly : (adv.) ہیبت ناک یا پُر اسرار طریقے سے؛ نرالے طریقے سے؛ دقیانوسی وضع سے ۔

Weirdness : (n) (۱) ہیبتناک یا پُراسرارھونا ۔ (۲) انوکھاپن؛ دقیانوسی وضع ۔

Weiring : (n) باڑ یا بند بنانا؛ باڑ یا بند بنانے کے سامان ۔

Weirless : (a) بے بند کا؛ بے باڑ کا ۔

Weisbachite : (n) [G. 'weisbachit'.] بیریم(Barium) آمیزجست کا اساسی سلفیٹ ۔

Weism : (n) [We+ - Ism.] لفظ "ہم" کا کثرت سے استعمال ۔

Weismannian : (a) وائزمین (Weismann) سے یا اس کے حیاتیاتی نظریے سے متعلق ۔

Weismannian : (n) وائزمین کے نظریے کا حامی ۔

Weismannism : (n) [f. name 'Weismann' + - ism.] وراثت کا ایک نظریہ؛ نظریہء تسلسلِ جرم خلیہ ۔

Weiss beer : (n) [G. 'weissbier'.] ہلکے رنگ کی ابال آور بیر شراب ۔

Weissite : (n) [f. name of C.S. Weiss, a German 'Crystallographer'.] (معدنیات) ایولانٹ کی تبدیل شدہ شکل ۔

Weissnichtwo : (n) [f. 'weissnichtwo' an imaginary aity in 'Sartor Resartus', by Thomas Carlyle.] نا معلوم یا خیالی مقام ۔

Weka : (n) [Maori, so named from its cry.] نیوزی لینڈ کاایک پرندہ جو اڑ نہیں سکتا ھے ۔

Welchman : (n) (۱) ویلس کا رہنے والا ۔ (۲) (امریکا) سیاہ مچھلی کی ایک قسم ۔

Welcome : (int.) [OE. 'wilcuma'.] اہلاً، سہلاً؛ خوش آمدید؛ مرحبا ۔

And welcome : شوق سے (یہ کام کیجئے یا یہ چیز لیجئے)؛ آپ کو خوشی سے اجازت دیتا ھوں ۔

Welcome : (a) (چیز یا شخص) خوش مقدم؛ (مہمان) جس کا خیر مقدم کیا جائے؛ خوش گوار؛ خوش آئند ۔

To bid(a person) welcom (home)/To wish - : خیرمقدم کہنا ۔

Welcome : (n) (۱) خوش آمدید؛ خیر مقدم ۔ (۲) استقبال (اجنبی یا مہمان کا) ۔ (۳) ناگوار یا غیر اطمینان بخش قسم کا استقبال ۔ (٤) خیر مقدم کرنے کی کورنش ۔

To outstay one's welcome/To overstay- : (کسی مقام پر) بہت زیادہ دنوں تک ٹھہرنا (بار ہو جانے کی حد تک) ۔

Welcome : (v) (۱) خیر مقدم کرنا؛ خیر مقدم کہنا؛ خوش آمدید کہنا ؛ خوشی سے استقبال کرنا ۔ (۲) خوش ہونا (خبر ، واقع ہونے سے) ۔ (۳) ناگواری کے ساتھ استقبال کرنا؛ برے طور پر استقبال کرنا ۔

Welcome home : (n) (گھر واپس آنے پر) استقبال، خوش آمدید (کہنا) ۔

Welcomely : (adv.) خوش گواری سے؛ استقبال کرتے ہوئے؛ خیر مقدم کرتے ہوئے ۔

Welcomeness : (n) خوشگواری؛ خوش آئند ہونا ۔

Welcomer : (n) خوش آمدید کہنے والا؛ خیرمقدم کرنےوالا ۔

Welcoming : (a) خیر مقدم کہنے والا؛ خوش ہونے والا ۔

Weld : (n) [Late ME. 'welde'.] ایک پودا جس سے پہلے زرد رنگ نکالتے تھے، نیز وہ رنگ جو اس پودے سے نکالا جاتا تھا ۔

Weld : (n) (۱) جوڑ (جو لوہے کو گرم کر کے جوڑا جائے)؛ ویلڈ ؛ جوڑ آہن ۔ (۲) اسی طرح جوڑنا ۔ (۳) نسیجوں کا التصاق کے ذریعے جڑ جانا ۔

Weld : (v) [Var. of Wel (v).] (۱) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے اور کوٹ کر یا دبا کر جوڑنا ۔ (۲) (لوہے کا) گرم ہو کر جڑ جانا۔ (۳) (مجازاً) ربط پیدا کرنا؛ جوڑنا؛ ایک سلسلے میں مربوط کرنا ۔ (٤) نسیجوں کوجوڑنا (التصاق کے ذریعے) ۔

Weld : (a) گرم ہو کر جڑ جانے والا؛ جڑ جانے کے قابل ۔

Weldability : (n) گرم ہو کر جڑ جانے کی قابلیت ۔

Weldbale : (a) گرم ہو کرجڑنے والا، جڑ جانے کے قابل ۔

Welder : (n) (لوہے وغیرہ کے ٹکڑوں کو) گرم کر کے جوڑنے والا (آدمی یا مشین) ۔

Welding : (n) (۱) تپا کر جوڑنا؛ ویلڈ کرنا؛ ویلڈنگ ۔ (۲) گرمی اور دباؤ کے ذریعے جڑ جانے کی صلاحیت ۔

Welding heat : (n) وہ درجۂ حرارت جہاں تک لوہےکوجوڑنے کے لئے گرم کیا جاتا ہے ۔

Welding point : (n) حرارت کا وہ درجہ جو ویلڈ کرنے کےلئے ضروری ہو ۔

Welding powder : (n) ایک مادہ جو ویلڈنگ میں استعمال ہوتا ہے ۔

Welding-rod : (n) تار جو ویلڈنگ کرنے یا جوڑنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Weldless : (a) بے جوڑ یا بے جوڑ کا ۔

Weldment : (n) لوہے کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنائی ہوئی چیز ۔

Weldor : (n) دیکھو Welder

Welfare : (n) [f. the verbal phrase 'wel fare'.] (۱) خوشحالی؛ فلاح؛ رفاہ؛ بہبود؛ خیریت؛ (کسی شخص کی) خیر و عافیت ۔ (۲) فلاح و بہبود کا کام ۔ (۳) امداد؛ اعانت؛ استعانت؛ دستگیری ۔

Welfare economics : (n) فلاحی معاشیات ۔

Welfare factor : (n) آبادی میں اضافہ کرنے والے عناصر (مثلاً غذا، مکان وغیرہ کی فراہمی) ۔

Welfare fund : (n) رفاہی فنڈ، سرمایہ (جو آجر نوکروں کی امداد کے لئے قائم کرتا ہے بیماری وغیرہ کی حالت میں) ۔

Welfare state : (n) حکومت جس کا اصول رفاہ عام ہو ؛ رفاہی نظام حکومت ۔

Welfare-work : (n) رفاہی کام؛ فلاحی کام ۔

Welfarism : (n) رفاہی نظام حکومت کا عقیدہ ۔

Weli/Wely : (n) [Arab. 'wali'.] (۱) ولی ۔ (۲) ولی کا مقبرہ ۔

Welk : (v) [ME. 'welken'.]: (۱) (قدیم) مرجھانا؛ پژمردہ ہونا؛ سوکھنا۔ (۲) مرجھا دینا؛ پژمردہ کرنا یا کردینا۔

Welked : (a) پژمردہ؛ مرجھایا ہوا۔

Welkin : (n) [OE. 'weolcen, wolc(e)n'.] (۱) آسمان؛ آکاش۔ (۲) کرہء ہوا؛ فضا۔ (۳) عرش۔

By the welkin : آسمان کی قسم؛ بخدا۔

To make the welking ring/To rend the welkin : (چیخ چیخ کر) آسمان سر پر اٹھانا۔

Well : (n) [OE. 'Wella'.]: (۱) کنواں؛ چاہ۔ (۲) چشمہ؛ فوارہ؛ معدنی چشمہ؛ دافع امراض چشمہ؛ وہ مقام جہاں معدنی چشمہ ہو۔ (۳) (مجازاً) منبع سر چشمہ؛ گرداب؛ بھنور۔ (٤) تیل کا کنواں۔ (٥) کنویں یا حوض کی شکل کی کوئی چیز (مثلاً مکان کے اندر زینے کا گردہ، لفٹ کا گھر، روشنی کا چوک، عدالت کا کٹہرا، دوات کا خانہ)۔ (٦) (بحری) عمودی بلی جونچلے عرشے میں پمپ کی حفاظت کرتی ہے۔ (۷) ماہی گیری کی کشتی کا حوض۔ (۸) (جہاز سازی) عمودی درازیں۔ (۹) (گاڑی میں) سامان وغیرہ رکھنے کا ڈبا۔ (۱۰) فرنیچر کے نچلے حصے میں وہ خانہ جس میں دراز وغیرہ لگی رہتی ہے۔ (۱۱) وہ سوراخ یا جوف جس میں پانی بھرا ہو۔ (۱۲) بھٹی کے نچلے حصے میں خلا جس میں پگھلی ہوئی دھات گرتی ہے۔ (۱۳) (نقابت) کنواں یا کنویں کی تصویر (بطور علامت)۔ (۱٤) تیر انداز کے پٹکے کا چرمی تھیلا جس میں تیر کی نوکیں رہتی ہیں۔ (۱٥) برف رکھنے کا گڑھا۔ (۱٦) نہر یا ذخیرہء آب کا وہ گڑھا جس سے پانی کی روانی میں کمی آجاتی ہے۔

A well of a (place) : کنویں کی طرح مرطوب اور ٹھنڈی جگہ۔

To sound the well : پانی کی گہرائی ناپنا۔

Well : (a) (۱) کنویں کا؛ کنویں سے متعلق۔ (۲) کنویں میں استعمال ہونے والا۔ (۳) کنویں جیسا۔ (٤) گردہ دار۔

Well : (a) (۱) اچھا؛ تندرست؛ اقبال مند؛ خوش؛ بخیر و عافیت۔ (۲) قابلِ اطمینان؛ ٹھیک؛ مناسب۔ (۳) بھلا؛ اچھا؛ عمدہ۔ (٤) صحت مند؛ صحت یافتہ۔

All's well : سب ٹھیک ہے (پہرے کے سنتری کا جواب)۔

As well .... if, that : ویسا ہی ہے جیسا کہ؛ بہتر یہ ہے کہ۔

As well : بھی؛ نیز۔

I stand well with him : وہ مجھ پر مہربان۔

It is all very well : یہ تو سب ٹھیک ہے۔

He (it, etc.) is all very well/He is well enough : اس کا کوئی قصور نہیں ہے۔

Not well : ناساز؛ علیل۔

To come off well : کامیاب رہنا؛ اچھا رہنا؛ امتیاز حاصل کرنا۔

To leave well/To be well left : کسی ذریعے سے یا وراثت پا کر خوشحال رہنا؛ وراثت چھوڑنا۔

To let (leave) well alone : کسی اچھی چیز کو بہتر بنانے کی کوشش سے اجتناب کرنا۔

Well : (v) [OE. 'waellan, wellan'.] (۱) ابالنا؛ جوش دینا؛ کھولانا۔ (۲) پھوٹ بہنا؛ ابلنا؛ فوارہ چھوٹنا۔ (۳) (آنسوؤں کا) بہت زیادہ بہنا۔ (٤) (مجازاً) نکلنا؛ شروع ہونا؛ آغاز ہونا۔ (٥) (فوارے کا) بہنا؛ بہہ نکلنا۔ (٦) (خون، فاسد مادے کا) بہنا؛ جاری ہونا۔

To well over : اوپر تک بھر کر بہہ نکلنا؛ چھلکنا۔

Well : (adv.) (۱) اچھی طرح؛ عمدگی سے؛ مناسب طورپر؛ صحیح طور۔ (۲) پوری طرح؛ نہایت احتیاط سے؛ کافی طور پر؛ بہ خوبی؛ صحیح معنوں میں۔ (۳) اچھائی کے ساتھ؛ تعریف کے ساتھ؛ مہربانی کے ساتھ۔ (٤) غالباً؛ آسانی سے۔ (٥) بجا طور پر۔ (٦) اطمینان بخش طور پر۔ (۷) ہمت کے ساتھ؛ بہادری سے۔ (۸) وفاداری کے ساتھ؛ ہوشیاری سے؛ چوکسی سے؛ توجہ اور فکر سے۔ (۹) کامیابی کے ساتھ؛ خوشحالی سے؛ خوش قسمتی کے ساتھ۔ (۱۰) آسانی سے؛ بغیر مشکل کے۔ (۱۱) مؤثر طور پر؛ مکمل طور پر۔ (۱۲) صاف طور پر؛

Well-balanced : (a) (۱) جچاتلا؛ معقول ۔ (۲) مناسب؛ موزوں؛ متوازن ۔ (۳)سلیم؛ سنجیدہ؛ معقول (خصوصاً طبیعت) ۔

Well-beam : (n) چوبی بیلن یا بلی جس پر سے ڈول کی رسی گزرتی ھے ۔

Well-behaved : (a) مہذب؛ باتمیز؛ خوش تمیز ۔

Well-being : (n) (۱) فلاح و بہبود؛ خیر و عافیت ۔ (۲) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-beloved : (a) (۱) محبوب ۔ (۲) معزز ۔

Well-beloved : (n) محبوب شخص؛ پیارا آدمی ۔

Well-boat : (n) کشتی جس کے بیچ میں گڑھا رہتا ھے (مچھلی کو زندہ رکھنے کے لئے) ۔

Well(-)born : (a) (۱) عالی خاندان؛ عالی نسبی ۔ (۲) شریف النفس؛ عالی منش ۔

Well-breathed : (a) جس کا دم نہ پھولے ۔

Well-bred : (a) (۱) تربیت یافتہ؛ شائستہ؛ مہذب ۔(۲) اچھی نسل کا (گھوڑا وغیرہ) ۔

Well-bucket : (n) ڈول؛ پانی نکالنے کی بالٹی ۔

Well-built : (a) مضبوط ؛ مستحکم ؛ تندرست ۔

Well-casing : (n) (۱) تیل کا کنواں کھودنے کا نلی نما آلہ ۔ (۲) تیل کے کنویں کا اندرونی استر ۔

Well-child clinic : (n) چھوٹے بچوں کی بیماریوں کے انسداد اور ان کی دیکھ بھال کا مطب ۔

Well-chosen : (a) چیدہ؛ منتخب (خصوصاً الفاظ وغیرہ) ۔

Well-clad : (a) خوش لباس ۔

Well-closed : (a) متناسب شکل کا ۔

Well-conditioned : (a) (۱) خوش مزاج؛ خوش طبع؛ زندہ دل ۔ (۲) صحت مند؛ تندرست ۔ (۳) اچھے پر قائم ۔

Well-conducted : (a) (۱) نیک چلن ۔ (۲) با تمیز؛ تمیزدار ۔

Well-connected : (a) عالی سلسلہ؛ جس کا تعلق یا رشتہ داری بڑے آدمیوں سے ھو ۔

واضح طور پر؛ بے شک ۔ (۱۳) بہت اچھی طرح؛ لاینفک طور پر؛ قریب قریب؛ غور سے؛ دھیان سے ۔ (۱٤) ہنرمندی کے ساتھ ۔ (۱۵) نفاست کے ساتھ ؛ خوش اسلوبی سے ۔

To deserve well of : اچھے سلوک یا شکریے کا مستحق ھونا ۔

To do well : (کسی کام کو) ھوشیاری کے ساتھ یا عاقلانہ طور پر کرنا ۔

Well : (int.) : (۱) (اظہار حیرت کے لئے) ارے ؛ ہائیں ؛ کیا خوب ۔ (۲) (اطمینان کا) شکر ھے ۔ (۳) (اعتراف کا) اچھا؛ اچھا خیر ۔ (٤) (ٹوٹے ھوئے سلسلۂ گفتگو کا آغاز) ہاں بھئی ؛ ہاں صاحب ۔ (۵) (مشروط اعتراف) یوں سہی؛ یہی سہی ۔ (٦) (استفہام) کیوں بھئی ؛ کیوں صاحب؛ اچھا پھر ۔ (۷) (جبرو تسلیم) خیر ۔

Well : (n) صحتمند شخص ۔

Well : (n) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-a-wins : گریہ ؛ ماتم ؛ فریاد ؛ آہ و بکا ۔

Well (-) acquainted : (a) خوف واقف اور آشنا ۔

Well (-) advised : (a) (۱) (شخص) دانشمند؛ بیدار؛ چوکس؛ ھوشیار؛ محتاط ۔ (۲) صحیح العقل؛ دانا؛ زیرک ۔ (۳) دانشمندانہ؛ عاقلانہ؛ ھوشمندانہ؛ مناسب؛ معقول ۔

Well(-) affected : (a) (۱) مائل؛ دوستانہ؛ مہربان، خصوصاً وفادار۔(۲) پُرتصنع؛ (شاطرانہ طورپر) خوش ۔

Well-aimed : (a) جچا تلا ۔

Well and good : فہو المراد؛ بہت اچھا ھے ۔

Well-anear : (int.) (قدیم) ہائے افسوس؛ ہائے ہائے ۔

Well-appointed : (a) تمام ضروری سامانوں سے (خصوصاً جہاز وغیرہ) آراستہ؛ کیل کانٹے سے درست ۔

Well-armed : (a) اچھی طرح مسلح ۔

Well-attested : (a) باضابطہ؛ اچھی طرح تصدیق شدہ ۔

Well-authenticated : (a) بہت مستند ۔

Well(-)content : (a) بالکل قانع؛ بالکل مطمئن ۔

Well-contented : (a) دیکھو Well (-) content

Well-contested : (a) جس میں شدید مقابلہ یا کشمکش ہو؛ زور کا ۔

Well-cress : (n) دیکھو Water-cress

Well-curb : (n) کنویں کی سنگی منڈیر ۔

Well-cut : (a) عمدہ تراشا ہوا ۔

Well-day : (n) وہ دن جب بیماری کا دورہ یا حملہ نہ ہو ۔

Well-deck : (n) عرشہء جہاز؛ جہاز کا کٹہرا ۔

Well-defined : (a) پوری طرح متعین؛ بالکل واضح ۔

Well-deserved : (a) مستحق؛ مستوجب ۔

Well-directed : (a) سیدھا؛ تاک کر مارا ہوا ۔

Well-disciplined : (a) مہذب ؛ تہذیب یافتہ ؛ با تمیز ۔

Well-dish : (n) رکابی جس کے بیچ میں گڑھا ہوتا ہے (شوربے کےلئے)، گہرا قاب؛ ڈونگا؛ جوف دار قلب ۔

Well-disposed : (a) (۱) مہربان (کسی شخص پر) ۔ (۲) نیک طبیعت؛ نیک مزاج ۔

Well-doer : (n) نیکی کرنے والا؛ بھلائی کرنے والا؛ نیک؛ نیک خصال ۔

Well-doing : (n) (۱) نیکی؛ بھلائی؛ نیک خصالی ۔ (۲) صحت مندی؛ خوش حالی ۔

Well-doing : (a) نیکی کرنے والا؛ محنتی؛ مہذب؛ با تمیز ۔

Well(-)done : (a) (۱) اچھی طرح کیا ہوا (کام) ۔ (۲) اچھی طرح پکایا ہوا (گوشت) ۔

Well-drain : (n) پُر آب جگہ سے پانی نکالنے کی نالی ۔

Well-drain : (v) (زمین کو) رطوبت دور کرکے خشک کرنا ۔

Well-dressed : (a) خوش پوشاک؛ خوش لباس ۔

Well-drilled : (a) منضبط؛ تربیت یافتہ ۔

Well-earned : (a) محنت سے کمایا ہوا ۔

Well-educated : (a) اچھی طرح تعلیم یافتہ ۔

Well-enough : (n) قابلِ اطمینان حالت ۔

Well-enough : (adv.) خاصا؛ اچھا خاصا ۔

Well-established : (a) مستحکم؛ پکا؛ معین؛ واضح ۔

Well-favoured : (a) حسین؛ خوبصورت ۔

Well-fed : (a) کھا پی کر موٹا ۔

Well-fixed : (a) خوشحال؛ بامراد ۔

Well-fought : (a) اچھی طرح لڑا ہوا (معرکہ) ۔

Well(-)found : (a) کیل کانٹے سے درست ۔

Well(-)founded : (a) (۱) صحیح؛ مبنی بر واقعہ(شبہ، خیال وغیرہ) ۔ (۲)مضبوط بنیاد پر بنا ہوا؛ جس کی بنیاد مستحکم ہو ۔

Well-furnished : (a) آراستہ؛ سجا ہوا ۔

Well-graced : (a) خوش ادا؛ دلکش ۔

Well-grass : (n) دیکھو Water-cress

Well-grate : (n) وہ سلاخ دار چوکھٹا جس پر آگ رکھی جاتی ہے اور اس میں ہوا نیچے سے جاتی ہے ۔

Well-groomed : (a) (۱) (گھوڑا) کھریرا کیا ہوا ۔ (۲) بنا سنورا، بال بنائے، مانگ نکالے ۔

Well-grounded : (a) (۱) صحیح؛ مبنی بر واقعہ ۔ (۲) جس کی ابتدائی تعلیم اچھی ہو؛ جس کی بنیاد مضبوط ہو ۔

Well-grown : (n) جس کی نشو و نما اطمینان بخش ہو ۔

Well-hained : (a) اچھی طرح سے اور احتیاط کے ساتھ محفوظ کیا ہوا ۔

Well-handled : (a) (۱) اچھی طرح یا عمدگی سے سرانجام کیا ہوا ۔ (۲) بہت زیادہ نمٹایا ہوا ۔

Well-head : (n) (۱) سرچشمہ؛ منبع؛وہ جگہ جہاں سرچشمہ ہو ۔ (۲) دلدلی؛ چشمہ ۔ (۳) (مجازاً) سرچشمہ؛ منبع ۔ (٤) گہرے کنویں کا اوپری سرا ۔

Well-heeled : (a) امیر؛ دولتمند؛ خوشحال ۔

Well-hole : (n) (۱) زینے، روشن دان یا دودکش کے لئے کھلی جگہ (چھت یا چھتوں میں) ۔ (۲) وہ جگہ جس کےچاروں طرف چکر دار زینہ گھومتا ہے ۔ (۳) (مشین، لفٹ وغیرہ کےلئے) عمودی راستہ ۔ (٤) جہاز کے پمپ کے نچلے حصے کا خانہ ۔

Well-house : (n) کنویں کے اوپر یا گرد کی عمارت ۔

Well-hung : (a) (۱) طرار؛ لسان؛ چرب زبان ۔ (۲) اچھی طرح لٹکا ہوا ۔ (۳) دیر سے لٹکا ہوا (گوشت) ۔

Well-informed : (a) وسیع معلومات رکھنے والا؛ باخبر ۔

Well-intentioned : (a) (۱) نیک نیت ۔ (۲) نیک نیتی کا ۔

Well-judged : (a) صائب؛ (رائے) معقول؛ مناسب؛ برمحل (تدبیر) ۔

Well-knit : (a) گٹھا ہوا؛ مضبوط؛ مستحکم ۔

Well-known : (n) (۱) مشہور؛ معروف ۔ (۲) جو اچھی طرح معلوم ہو جانا ہوا ہو ۔

Well-learned : (a) قابل؛ عالم؛ فاضل؛ اچھی واقفیت رکھنے والا ۔

Well-liking : (a) آسودہ صورت؛ آسودہ حال ۔

Well-lined : (a) (۱) اچھے استر والا (کپڑا) ۔ (۲) (بیگ) روپیوں سے بھرا ۔

Well-looked : (a) خوبصورت؛ خوشنما ۔

Well-looking : (a) دیکھو Well-looked

Well-loved : (a) محبوب ۔

Well-made : (a) سڈول؛ خوش قطع؛ خوش وضع ۔

Well-managed : (a) خوب منظم؛ اچھی طرح انتظام کیا ہوا؛ جس میں خوش انتظامی ہو ۔

Well-mannered : (a) خوش تمیز؛ مہذب؛ شائستہ ۔

Well-marked : (a) نمایاں؛ واضح ۔

Well-meaner : (a) نیک؛ نیک نیت؛ جس کے ارادے نیک ہوں ۔

Well-meaning : (a) (۱) نیک نیت ۔ (۲) نیک نیتی کا ۔

Well-meant : (a) نیک نیتی کا ۔

Well-natured : (a) نیک؛ نیک دل ۔

Well-near : (adv.) تقریباً ۔

Well(-)nigh : (adv.) دیکھو Well-near

Well-off : (a) (۱) صحت مند؛ تندرست ۔ (۲) جسے (کسی چیز کی) کمی نہ ہو ۔ (۳) خوش حال؛ کھاتا پیتا ۔

Well-off : (adv.) اچھی حالت میں ۔

Well-oiled : (a) چکنی چپڑی؛ خوشامد کی ۔

Well-ordered : (a) با ترتیب ۔

Well over : (v) چھلکنا؛ اوپر تک بھر کر بہہ نکلنا ۔

Well-paid : (a) (۱) معقول تنخواہ یا اجرت پانے والا ۔ (۲) معقول تنخواہ یا اجرت کا ۔

Well-placed : (a) اچھے رتبے پر فائز؛ اچھی حالت میں ۔

Well-pleased : (a) نہایت خوش ۔

Well-pleasing : (a) خوش گوار؛ دل خوش کن ۔

Well-polished : (a) مہذب؛ اخلاق مند ۔

Well-prepared : (a) اچھی طرح سے تیار کیا ہوا ۔

Well-preserved : (a) جس کی صحت پر عمر کا کم اثر ہو ۔

Well-proportioned : (a) متناسب؛ سڈول ۔

Well-proved : (a) ثابت شدہ ۔

Well (-) read : (a) (۱) وسیع المطالعہ ۔ (۲) ماہر؛ فاضل (کسی خاص فن میں) ۔ (۳) (کتاب وغیرہ) غور سے اور نفع بخش طور پر پڑھی ہوئی ۔

Well-remembered : (a) جو اچھی طرح یاد ہو ۔

Well-reputed : (a) نیک نام؛ مشہور انام ۔

Well-rig/-rigging : (n) کنویں کھودنے کے آلات ۔

Well-rounded : (a) (۱) موٹا تازہ؛ گول مٹول؛ سڈول ۔ (۲) سانچے میں ڈھلا ہوا (جملہ، عبارت)۔

Well-seeming : (a) بظاہر قابلِ اطمینان؛ دیکھنے میں اچھا؛ خوشنما ۔

Well(-)seen : (a) ماہر ؛ دستگاہ رکھنے والا ۔

Well(-)set : (a) (۱) اچھی طرح بیٹھا ہوا ۔ (۲) گٹھا ہوا؛ مضبوط (خصوصاً جسم) ۔ (۳) (کرکٹ) وہ بلے باز جو آوٹ ہوتا ہوا نظر نہ آئے؛ جم کر کھیلنے والا ۔

Well-set-up : (a) خوش وضع؛ خوش قطع ۔

Well-shaped : (a) متناسب؛ متشاکل ۔

Well-shapen : (a) دیکھو Well-shaped

Well-sinker : (n) کنواں کھودنے والا؛ جس کا پیشہ کنواں کھودنا ہو ۔

Well-skilled : (a) ماہر؛ مشاق؛ ہنرمند؛ استاد ۔

Well-spent : (a) (۱) (وقت، زندگی وغیرہ) اچھی طرح گزارا ہوا؛ نیک کرداری سے گزاری ہوئی ۔ (۲) اچھی طرح سے یا منفعت بخش طور پر صرف کیا ہوا؛ کار آمد؛ جو صحیح مصرف میں آیا ہو ۔

Well-spoken : (a) (۱) شیریں زبان؛ شائستگی اور نرمی سے بات کرنے والا ۔ (۲) خوش تلفظ؛ نستعلیقی گفتگو کرنے والا ۔

Well-spoken of : (a) جس کا ذکر لطف وکرم کے ساتھ کیا جائے ۔

Well-spring : (n) منبع؛ سر چشمہ ۔

Well-sprung : (a) گول مٹول؛ موٹا تازہ ۔

Well-stair-case/-stairs/-stairway : (n) گردہ دار زینہ ۔

Well-tempered : (a) (لوہا، مٹی وغیرہ) پختہ؛ پکا ۔

Well-taught : (a) اچھی طرح تربیت یافتہ؛ تعلیم یافتہ ۔

Well-thought- of : (a) نیک نام؛ معزز؛ ذی عزت ۔

Well-thought-out : (a) مدلل؛ منطقی ۔

Well-timbered : (a) (۱) جہاں عمارتی لکڑی والے درخت کثرت سے ہوں ۔ (۲) جس میں شہتیر اچھی طرح لگے ہوں ۔

Well-timed : (a) (۱) برمحل؛ موقع کی؛ مناسب موقع ۔ (۲) صحیح وقت دینے والا ؛ وقت پر کام کرنے والا ۔

Well-to-do : (a) (۱) خوش حال؛ مال دار؛ مرفہ الحال؛ خاصا دولت مند ۔ (۲) اقبال مند؛ کامیاب ۔ (۳) (جانور وغیرہ) بہت جلد بڑھنے والا ۔

Well-to-do : (n) خوش حال شخص؛ دولت مند شخص ۔

Well-to-live : (a) (۱) (شاذ) خوش حال؛ دولت مند ۔ (۲) نیم مست ۔

Well-to-pase : (a) دیکھو Well-to-do

Well-trained : (a) منجھا ہوا؛ تربیت یافتہ؛ سیکھا سکھایا ۔

Well-trap : (n) بدررو کا نشیبی حصہ جس میں پانی رہتا ہے اور بدبو کو پھیلنے سے روکتا ہے ۔

Well-tried : (a) آزمودہ؛ مجرّب؛ آزمایا ہوا ۔

Well-turned : (a) (۱) اچھی طرح مدور بنایا ہوا ۔ (۲) متناسب؛ سڈول ۔ (۳) پاکیزہ ؛ عمدہ (فقرہ، شعر وغیرہ) ۔

Well-tuned : (a) ہم آہنگ (باجا) ۔

Well-warranted : (a) مصدقہ ۔

Well-water : (n) کنویں کا پانی ۔

Well-watered : (a) سیراب ۔

Well-willed : (a) مہربان؛ رجحان رکھنے والا ۔

Well-wisher : (n) نیک خواہ؛ بھی خواہ؛ خیرخواہ ۔

Well-wishing : (n) نیک خواہی : خیرخواہی ۔

Well-won : (a) اچھی طرح سے جیتا ہوا ۔

Well-worn : (a) (۱) بہت زیادہ استعمال کیا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) پیش پا افتادہ؛ فرسودہ؛ پامال ۔ (۳) موزونیت سے پہنے ہوئے یا نمائش کرتے ہوئے ۔

Well-written : (a) خوش اسلوب ۔

Well-wrought : (a) اچھی طرح سے بنایا ہوا؛ خوش ساخت؛ خوش ترتیب ۔

Welladay : (int.) (فجائیہ) (قدیم، اب مزاحاً استعمال ہوتا ہے) ہائے افسوس؛ ہائے ہائے ۔

Welladay : (n) گریہ؛ ماتم؛ فریاد؛ آہ وبکا ۔

Wellaway : (int. & n) دیکھو Welladay

Welled : (a) (۱) نشیبی؛ گہرا ۔ (۲) ٹنکی یا حوض دار (زندہ مچھلیوں کو لے جانے کے لئے) ۔

Welleresque : (a) "Pickwick Papers"(ڈکنس کے ناول SamWeller کے)یا اس کے باپ کی طرح یا اس کی یاد دلانے والا ۔

Wellerian : (a) دیکھو Welleresque

Wellerism : (n) Sam Weller یا اس کے باپ جیسا اسلوب بیان یا بولی ۔

Wellington/Wellington boot : (n) [After Arther, first Duke of Wellington.] (۱) گھٹنوں تک کےبوٹ ۔ (۲) ایک قسم کا سیب جس کو پکایا جاتا ہے ۔

Wellingtonia : (n) ویلنگٹونیا؛ کیلیفورنیا کا ایک اونچا مخروط پھل والا درخت جو ڈیوک آف ویلنگٹن کے نام سے موسوم ہے ۔

Wellingtonian : (a) ڈیوک آف ویلنگٹن کا یا اس سے متعلق ۔

Wellness : (n) صحت؛ صحت مندی ۔

Wellsian : (a) [f. Herbert. G. Wells.] ایچ ۔ جی ۔ ولس کا یا اس سے متعلق ۔

Wellsian : (n) ایچ ۔ جی ۔ ولس کا پرستار ۔

Welly : (adv.) دیکھو Well-nigh

Wels : (n) [G.] میٹھے پانی کی سب سے بڑی مچھلی ۔

Welsh : (a) [OE. 'Welisc'.] ویلس کا؛ ویلس سے متعلق ۔

Welsh : (n) (۱) (تاریخ) برٹونی؛ قدیم جنوبی انگلستان کا باشندہ ۔ (۲) ویلس کا باشندہ یا اس کی زبان ۔ (۳) (مجازاً) ناقابل فہم بولی یا زبان ۔ (٤) Welsh-coal کا مخفف ۔

Welsh : (v) [Origin unkn.] (۱) (گھڑ دوڑ) بازی میں ٹھگنا؛ بازی کا روپیہ ادا کئے بغیر گھڑ دوڑ سے بھاگ جانا ۔ (۲) دھوکا دینا؛ لیت و لعل کرنا ۔

Welsh ambassador : (n) کوئل ۔

Welsh-coal : (n) ساؤتھ ویلس کی کان کا پتھر کوئلہ ۔

Welsh cob : (n) ایک قسم کا ٹٹو ۔

Welsh corgi : (n) چھوٹی ٹانگوں اور دراز پیٹھی والا کتا ۔

Welsh-dresser : (n) نعمت خانہ؛ ایک قسم کی کھانا رکھنے کی الماری ۔

Welsh flannel : (n) ایک قسم کا فلالین جو ویلس کی بھیڑوں کے بال سے بنتا ہے ۔

Welsh harp : (n) سہ تارا بربط ۔

Welsh mile : (n) ایک میل یا زیادہ کی دوری؛ لمبی دوری ۔

Welsh-mountain : (n) ویلس کی بھیڑ ۔

Welsh mutton : (n) ویلس کی چھوٹی پہاڑی بکری کا گوشت ۔

Welsh onion : (n) ایک قسم کی پیاز ۔

Welsh poppy : (n) ایک قسم کی خشخاش ۔

Welsh rabbit/-rarebit : (n) توس کے ساتھ پکایا ہوا پنیر ۔

Welsher : (n) بازی کا روپیہ ادا کئے بغیر بھاگ جانے والا ۔

Welshman : (n) (۱) ویلس کا رہنے والا ۔ (۲) (امریکا) سیاہ مچھلی کی ایک قسم ۔

Welshry : (n) (۱) (کسی ضلع کا وہ حصہ) جہاں ویلس کے رہنے والوں کی آبادی ہو ۔ (۲) ویلس کی شہریت یا نژاد ۔

Welshwoman : (n) ویلس کی رہنے والی ۔

Welt : (n) [ME. 'welte, walte'.] (۱) چمڑے کی گوٹ یا مغزی جو جوتے کی ایڑی اور پنجے کے چاروں طرف انہیں تلوے سے جوڑنے کی غرض سے سی

جاتی ھے ۔ (۲) بدھی؛ پرت؛ نشان جو کوڑے وغیرہ سے جسم پر پڑ جاتا ھے ۔ (۳) مغزی؛ گوٹ ۔ (٤) کوڑے یا مُکّے کی ضرب ۔ (٥) شکن؛ لکیر ۔ (٦) نعل کا کگر؛ بنائی سے تیار ھونے والی چیزوں کا کنارا ۔

Welt : (v) (١) چمڑے کی مغزی لگانا ۔ (۲) چمڑے کی پٹی یا ڈوری سے باندھنا ۔ (۳) دو نلوں کے سروں کو ایک دوسرے میں پیوستہ کر کے جوڑنا ۔ (٤) مارنا؛ پیٹنا ۔ (٥) بدھیاں ڈال دینا؛ کوڑے لگانا ۔(٦) زور دار ضرب لگانا ۔

Welt : (n) [ME. 'Welten'.] دیکھو Overturn

Welt : (n) [G.] کائنات؛ دنیا ۔

Weltanschauung/-uungs/-uungen : (n) [G.] (١) فلسفہء کائنات؛ تصورِ کائنات؛فلسفیانہ عقیدہ جوکوئی شخص کائنات کےمتعلق رکھتاھے۔ (۲) فلسفہء حیات ۔

Welted : (a) چمڑے کی مغزی لگا ھوا ۔

Welter : (n) (١) ابتری؛گزبڑ؛ افراتفری؛ گڈ مڈ یا خلط ملط ۔ (۲) موجوں کا اٹھنا۔ (۳) گڈ مڈ چیز ۔

Welter : (n) چمڑے کی مغزی لگانے والا ۔

Welter : (n) (١) بھاری جسم کا سوار یا مکہ باز ۔(۲) غیر معمولی طورپرکوئی بڑی چیز یابھاری چیز ۔

Welter : (v) [MLG., MDU. 'welteren'.] (١) لوٹنا؛(خون وغیرہ میں) لتھڑنا ۔ (۲) دھارے کے ساتھ بہنا ۔ (۳) (جہاز وغیرہ کا) جھوکے کھانا؛ ہچکولے کھانا۔ (٤) موجیں اٹھنا؛ متلاطم ھونا۔ (٥) بھدی چال سے چلنا ۔ (٦) ڈوب جانا؛ غرق ھو جانا ۔

Welter : (a) اس گھڑ دوڑ سے متعلق جس میں سوار بوجھ لے کر دوڑتے ہیں ۔

Welter weight : (n) (١) بھاری سوار ۔(۲) وہ بوجھ جو سوار کے علاوہ گھوڑے کی مشق کے لئے لے کر دوڑتے ہیں ۔ (۳) بھاری جسم کا مکہ باز ۔

Welting : (n) مغزی؛ گوٹ؛ پٹی؛ حاشیہ؛ کنارا ۔

Weltpolitik : (n) [G.] سیاست عالم؛ عالمگیرسیاست ؛ بڑے پیمانے کی خارجہ پالیسی ۔

Weltschmerz : (n) [G.] غم روزگار؛ الم روزگار؛ عالمی غم؛ قنوطیت مطلق ۔

Wem : (n) [OE. 'wam (m, wom(m)'.] (١) (قدیم) بدنامی؛ داغ؛ (گناہ کا) داغ ۔ (۲) داغ؛ دھبّا ۔ (۲) نقص؛ جلد پر نشان؛ زخم کا نشان ۔

Wen : (n) [OE. 'wen(n, waen(n)'.] (١) گومڑی (جو سر وغیرہ میں ھو)؛ رسولی ۔ (۲) گھینگھا ۔ (۳) (مجازاً) بہت بڑا اورگنجان آبادی کا شہر؛ غدارشہر ۔

Wen : (n) [Kentish var. of OE. 'wyn'.] (P) (رونی) حرف Runic (آواز W کی سی)۔

Wen-li : (n) [Chinese.] ایک قدیم چینی ادبی طرز ۔

Wen-yen : (n) [Chinese.] کلاسیکی چینی (زبان) ۔

Wench : (n) [ME. 'wenche'.] (١) چھوکری؛ لڑکی؛ بچی؛ جوان عورت؛ مٹیار۔ (۲) دیہاتی یا مزدور طبقے کی لڑکی؛ نیچے طبقے کی لڑکی ۔ (۳) فاحشہ؛ بازاری عورت؛ قحبہ ۔ (٤) نوکرانی ؛ دائی ۔ (٥) حبشی یا نیگرو نوکرانی ۔

Wench : (v) (١) (قدیم) عام عورتوں کے ساتھ راہ ورسم رکھنا ۔(۲) عیاشی کرنا؛ زنا کرنا ۔

Wencher : (n) زنا کار؛ عیاش؛ زانی ۔

Wenching : (a) زنا کار؛ زانی ۔

Wend : (n) [G.'wende'.] شمالی جرمنی کی ایک قوم کانام ۔

Wend : (v) [OE. 'wendan'.] (١) پیش جہازکو مخالف سمت میں موڑنا ۔ (۲) (قدیم) جانا؛ چلا جانا ۔ (۳) آگے بڑھنا؛ سفر کرنا ۔ (٤) (کسی مخصوص سمت میں) جانا ۔

Wendic : (a) شمالی جرمنی کی ایک Salvonic قوم سے متعلق ۔

Wendic : (n) شمالی جرمنی کی ایک قوم کی زبان ۔

Wendish : (a&n) دیکھو Wendic

Wenlock : (n) شروپ شائر میں ایک شہر کا نام ۔

Wenlock formation : (n) (ارضیات) سلوردی (Silurian) پرت یا طبقے ۔

Wenlock group : (n) (ارضیات) سلوردی پرت یا طبقے ۔

Wenny : (a) (۱) گومڑی سے مشابہ؛ گومڑی کی طرح کا ۔ (۲) گھینگھے کی تکلیف میں مبتلا ۔

Wensleydale : (n) (۱) لمبے بالوں والی بھیڑ کی ایک قسم ۔ (۲) پنیر کی ایک قسم جو کچا کھایا جاتا ھے ۔ (۳) یارک شائر میں ایک ضلعے کا نام ۔

Went : (n) (قدیم) راہ؛ راستہ ۔

Went : دیکھو Go

Wentletrap : (n) [Du. 'wenteltrap'.] حلزونی صدفہ؛ ایک قسم کی صدف ماہی جس کا خول نہایت پیچ دار ھوتا ھے ۔

Wenzel : (n) [G.] (تاش کا) غلام ۔

Wept : دیکھو Weep

Were : (n) [OE.] خون بہا ۔

Were : دیکھو Be

Were-: جزو ترکیبی بمعنی " آدم گرگ ": "بھڑمانس" ۔

Werewolf/Werwolf/Warwolf : (n) [Late OE. 'were wulf'.] (۱) (اساطیر) انسان جو بھیڑیا بن گیا ھو یا بھیڑیابننے کی صلاحیت رکھتا ھو؛ بھڑمانس؛ آدم گرگ؛ گرگ شدہ ۔ (۲) وحشی انسان ۔

Werf : (n) [Afr.] احاطہ؛ باڑہ ۔

Wergeld/Wergild : (n) [OE. 'wergeld'.] خون بہا ۔

Wernerian : (a) جرمانی ارضیات داں اور معدنیات داں اے- جی - ورنر (A. G. Werner) سے متعلق جس نے چٹانوں کے آبی اصل کا نظریہ پیش کیا (یہ نظریہ کہ اکثر طبقات الارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں) ۔

Wernerian : (n) اس نظریے کا قائل کہ اکثر طبقات الارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں ۔

Wernerite : (n) [f. name of A. G. Werner+IT.] الومینیم اور کیلسیم کا سلیکیٹ ۔

Werowance : (n) [American Indian.] ورجینیا اورمیری لینڈ کے دیسیوں کا سردار ۔

Wert : دیکھو Be

Wertherian : (a) [f. G. Werther, hero of Goethe's romance + -IAN.] جذبات پرست اور افسردہ ۔

Wertherism : (n) ورٹر کی سی جذبات پرستی بہ حد مرض جو گوئٹے نے Sorrows of Werther میں ورٹر کی طرف منسوب کی ھے ۔

Werwolf : دیکھوWerewolf

Wesak : (n) [Sinhalese, fr. Skr. 'Vaisak'.] مہاتما بدھ کی یوم پیدائش کا جشن جو سال نو میں مناتے ہیں ۔

Wesand : دیکھو Weasand

Weskit : (n) [alt. of Waistcoat.] واسکٹ ۔

Wesleyan : (a) [f. name of John Wasley, oriniginator of Methodism+-AI.] ویسلی یا اس کے اصولوں سےمتعلق؛ ویزلی فرقے کا ۔

Wesleyan : (n) جان ویسلی کا معتقد؛ ویسلی میتھوڈسٹ (Methodist) ۔

Wesleyan Methodist : (n) جان ویسلی کی میتھو ڈسٹ سوسائٹی کا رکن ۔

Wesleyan Methodist : (a) ویسلی میتھوڈسٹ تنظیم کا یا اس سے متعلق ۔

Wesleyan Methodism : (n) ویسلی میتھوڈسٹ کے عقائد ۔

Wesleyanism : (n) ویزلی یا ویسلی عقیدہ ۔

Wesleyanized : (a) ویسلی یا ویزلی عقیدے سے متاثر ۔

Wesleyism : (n) دیکھو Wesleyanism

West : (adv.) [OE.] (۱) پچھم کی طرف ۔ (۲) امریکا کی طرف : امریکا کی مغربی ریاستوں کو ۔

To go west : (۱) (آفتاب کا)غروب ھونا۔(۲) (مجازاً) مرنا؛ غائب ھو جانا؛ برباد ھو جانا ۔

West : (n) (۱) مغرب؛ پچھم ۔(۲) مغربی دنیا؛ یورپ؛ امریکا (ایشیا کے مقابلے میں) ۔ (۳) روم کا مغربی حصہ (تقسیم کے بعد) ۔ (٤) انگلستان، اسکاٹ لینڈ ، آئرلینڈ یا یورپ کا مغربی حصہ؛ کسی ملک کا مغربی حصہ؛ کسی خاص ملک کا مغربی خطہ ۔ (٥) ویسٹ اینڈ (West end) ۔ (٦) مغربی سلطنت: روما کے کیتھولک گرجے ۔ (۷) پچھوا (ھوا) ۔

By west : (بحری) سمت نما کے بعض مقام کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

West : (a) (۱) مغربی؛ پچھمی؛ جو مغرب میں واقع ھو ۔ (۲) مغربی یورپ کا ۔ (۳) کلیسا کے اس حصے میں واقع جو قربان گاہ سے سب سے زیادہ دوری پر ھو ۔ (٤) پچھم کی طرف رخ کئے ھوئے؛ پچھم رخ ۔ (٥) پچھم سے آنے والی؛ پچھوا (ھوا)۔

West : (v) پچھم کی طرف جانا؛ (سورج کا) غروب ھونا ۔

West : (n) (طب) گوہانجی؛ انجن ہاری (پُھنسی جو پلک کے نیچے نکل آتی ھے) ۔

West-about : (adv.) پچھم کی طرف ۔

West-bound : (a) پچھم کی طرف جانے والا ۔

West-central : (a) لندن کے ڈاک خانے کاعلاقہ (مخفف .W.C) ۔

West-country : (n) ملک کا مغربی حصہ؛ مغربی ضلع یا خطہ (خصوصاً انگلستان اور اسکاچستان کا)؛ جنوب مغربی اضلاع (انگلستان کے)؛ انگلستان کا وہ حصہ جو ساؤتھ ایمپٹن اور سیورن کے درمیانی خطہ کے پچھم واقع ھے ۔

West end : (n) [OE. 'westende'.] (۱) مغربی خطہ : مغربی ضلع؛ مغربی حد؛ مغربی سرا ۔ (۲) ویسٹ اینڈ؛ لندن کا مغربی حصہ جس میں امراء رہتے ہیں ۔ (۳) کسی شہر یا جگہ کا فیشن ایبل یا امیرانہ حصہ ۔

West India : (a) جزائر غرب الہند کا یا وہا ں سے متعلق ۔

West India Islands : (n) شمالی اور جنوبی امریکا کےدرمیان کے جزیرے ۔

West-Indiaman : (n) جزائر غرب الہند کی تجارت میں استعمال ھونے والا جہاز ۔

West Indian : (n) (۱) جزائر غرب الہند کا باشندہ ۔ (۲) جزائر غرب الہند میں رہنے والا یورپی نژاد باشندہ ۔

West Indian : (a) جزائر غرب الہند کا یا اس سےمتعلق؛ جزائر غرب الہند میں واقع ۔

West Indies : (n) (جزائر) غرب الہند؛ ویسٹ انڈیز ۔

West-land/Westland/Westlin : (n) ملک کا مغربی حصہ (خصوصاً) مغربی اسکاچستان ۔

West-north-west : (adv.) مغرب اور شمال مغرب میں ۔

West Saxon : (n) (جمع) انگلستان کے سیکسن (Saxons) جو دریائے ٹیمس کے جنوبی خطوں اور سری (Surrey) اور سسکس (Sussex) سے مغرب میں رہتے ہیں؛ ان میں کا کوئی فرد ۔

West Saxon : (a) مغربی سیکسن یاان کی زبان سےمتعلق ۔

West-south-west : (adv.) مغرب اورجنوب مغرب کےدرمیان ۔

West wind : (n) باد مغرب؛ پچھوا ھوا ۔

Wester : (v) (۱) (سورج، چاند ستاروں کا) مغرب کی طرف جانا۔ (۲) (ھوا کا) پچھم کی طرف منتقل ھو جانا ۔

Westering : (a) (۱) مائل بہ غروب (عموماً آفتاب کے لئے مستعمل ھے) ۔ (۲) پچھم کی طرف جانے والا؛ پچھم سے آنے والی؛ مغرب رخی ۔

Westerliness : (n) مغرب کا ھونا؛ مغربی ھونا ۔

Westerly : (a) (۱) مغربی؛ مغرب سے آنے والا؛ پچھوا ۔ (۲) مغربی؛ مغرب میں واقع ۔ (۳) مغربی افق پر واقع ۔ (٤) مغرب رخ؛ پچھم رخ کا ۔

Westerly : (n) پچھوا ھَوا؛ باد مغرب ۔

Westerly : (adv.) (۱) مغرب کی طرف ۔ (۲) مغرب سے چلنے والی۔

Western : (a) [OE. 'westerne'.] (۱) مغربی؛ مغرب کا؛ مغرب کا رہنے والا؛ مغرب میں واقع ۔ (۲) دنیا کے مغربی حصےکا؛ یورپ اور امریکا کا؛ مغربی ۔ (۳) مغرب سےمتعلق؛ پچھم میں پایا جانے والا یا پیدا ھونے والا ۔ (٤) مغربی؛ یورپی ممالک کا ۔ (٥) مغربی کلیسا سے متعلق ۔ (٦) امریکا کی مغربی ریاستوں کا یا ان سے متعلق ۔ (۷) مغرب رخ : پچھم رخ کا ۔ (۸) (مجازاً) (انسان کی زندگی یا دن) روبہ تنزل؛ گرتا ھوا؛ زوال پذیر ۔

Western : (n) (۱) مغرب کا رہنے والا (خصوصاً امریکا کی مغربی ریاستوں کا) ۔ (۲) یورپی؛ مغربی ممالک کا باشندہ ۔ (۳) مغربی یا لاطینی

کلیسا کا رکن ۔ (٤) وہ فلم جس میں امریکا کی مغربی ریاستوں کی زندگی دکھائی گئی ہو ۔

Western church : (n) مغربی کلیسا؛ رومی کلیسا (یونانی کے مقابلے میں) ۔

Western Empire : (n) سلطنت روما کا مغربی حصہ (جسے تھیوڈوس نے سنہ ۳۹۵ء میں تقسیم کیا تھا) ۔

Western hemisphere : (n) نصف کرۂ مغربی (براعظم امریکا) ۔

Western roll : (n) چھلانگ لگانے کا ایک طریقہ جس میں وہ پاؤں جو ڈنڈے سے دور رہتا ھے پہلے اٹھتا ھے ۔

Western sandwich : (n) ایک قسم کا سموسا جس میں انڈا، سور کا گوشت اور پیاز بھرا رہتا ھے ۔

Westerner : (n) (۱) مغرب کا رہنے والا، (خصوصاً امریکا کی مغربی ریاستوں کا) ۔ (۲) مغربی محاذ پر فوجوں کے اجتماع کا حامی (جنگ عظیم کے زمانے میں) ۔ (۳) مغربی؛ یورپی ۔

Westernism : (n) (۱) (امریکا کی) مغربی ریاستوں کا محاورہ یا اسلوب بیان ۔ (۲) مغربی خصوصیتیں یا رسم ورواج وغیرہ؛ مغربیت ۔

Westernize : (v) مغربی رنگ میں رنگنا (مشرقی ممالک یا اقوام کو)؛ مغربی تہذیب کا رنگ چڑھانا ۔

Westernly : (adv.) دیکھو Westerly

Westernmost : (a) بعید مغربی ۔

Westfalite : (n) [G. 'Westfalit'.] ایک قسم کا انفجاری مادّہ جس کا خاص عنصر امونیم نائٹریٹ ھے ۔

Westing : (n) (۱) (بحری) وہ مسافت جو جہاز نے مغرب کی طرف طے کی ہو؛ مغرب کی طرف بڑھنا یا ہٹنا؛ سفر جانب مغرب ۔ (۲) مغرب کی سمت یا رخ ۔ (۳) (ھَوا کا) مغرب کی طرف سے چلنا ۔

Westlin/Westling : (n) (اسکاچستان) دیکھو Westerly

Westlins/Westlings : (adv.) (اسکاچستان) پچھم کی طرف ۔

Westminister : (n) (۱) ویسٹ منسٹر؛ لندن کا ایک حصہ ۔ (۲) میدان سیاست ۔ (۳) سینٹ پیٹر کالج کا طالب علم یا معلم ۔

Westphalia : (n) [med. L. f. OHG. 'Westfalo'.] مغربی جرمنی کے ایک صوبے کا نام ۔

Westphalian : (a) ویسٹ فیلیا کا یا وہاں سے منسلک ۔

Westphalian : (n) ویسٹ فیلیا کا باشندہ ۔

Westralian : (a) مغربی آسٹریلیا کا یا وہاں سےمتعلق ۔

Westralian : (n) مغربی آسٹریلیا کا باشندہ؛ مغربی آسٹریلیا کے کانوں کے حصص ۔

Westward : (adv.) بجانب مغرب؛ پچھم کی طرف ۔

Westward : (n) مغربی سمت ۔

Westward : (a) مغربی؛ مغرب رخ؛ مغرب کا ۔

Westwardly : (a) مغرب سے چلنے والی (ھَوا)؛ مغرب میں واقع ؛ مغربی ۔

Westwardly : (adv.) مغرب میں؛ مغرب کی طرف؛ مغربی سمت میں ۔

Westwards : (a & adv.) دیکھو Westward

Wet : (n) [OE. 'waet'.] (۱) نمی؛ تری؛ رطوبت ۔ (۲) بارش؛ مینہ ۔ (۳) (عام) شراب کا جام؛ شراب جو ایک بار میں پی جائے ۔ (٤) (امریکا) وہ شخص جو شراب نوشی کا حامی ھو ۔ (٥) (عام) نااہل اور بیکار شخص ۔ (٦) برسات کا موسم ۔

Heavy wet : شراب شعیر؛ جَو کی شراب ۔

Wet : (a) (۱) تر؛ نم؛ بھیگا ھوا؛ مرطوب ۔ (۲) پُرآب (زمین وغیرہ) ۔ (۳) (امریکا) شراب نوشی کا حامی ۔ (٤) بارش کا؛ مینہ کا ۔ (٥) گیلا ۔ (٦) آنسوؤں سے تر ۔ (۷) گیلی زمین میں اُگنے والا ۔ (۸) (لکڑی) گیلی؛ غیرموسم دیدہ ۔ (۹) (پینٹ، وارنش، روشنائی وغیرہ) جو خشک نہ ھوتی ھو ۔ (۱۰) (قلعہ، خندق) جس میں پانی بھرا ھو ۔ (۱۱) (مچھلی) نمک لگائی ھوئی؛ تازہ (جو خشک نہ کی گئی ھو) ۔ (۱۲) (مٹھائی) شیرہ دار؛ شیرے کی نمی ۔ (۱۳) (جراحی کے نمونے وغیرہ) اسپرٹ میں رکھے ھوئے ۔ (١٤) (طب)

گیلا؛ مرطوب ۔ (۱۵) مخمور؛ مدھوش؛ شراب کا عادی ۔ (۱٦) (Quaker) جو ضابطے کی پابندی نہ کرتا ھو ۔ (۱۷) شراب کا؛ شراب آمیز ۔ (۱۸) (بحری) (جہاز) جس کے ماتھے یا بالائی کنارے پر پانی چڑھ جائے ۔ (۱۹) گمراہ؛ گم کردہ راہ؛ بے راہ رو ۔ (۲۰) جس میں پانی رکھا جاسکے ۔ (۲۱) دودھ دینے والی ۔ (۲۲) (چرائے ھوئے مویشی) جنہیں دریا پار لے جایا گیا ھو ۔ (۲۳) بُرا (ساتھی) ۔ (۲٤) جذباتی؛ جذبات پسند ۔ (۲۵) کمزور؛ مردہ دل؛ نادان ۔

To come with a wet sail : تیزی سے بڑھنا یا ترقی کرنا ۔

Wet from the press : تازہ کتاب؛ تازہ شمارہ ۔

Wet through, to the skin : شرابور ۔

Wet : (v) (۱) تر کرنا؛ گیلا کرنا ۔ (۲) آنسوؤں سے تر کر دینا ۔ (۳) بستر پر پیشاب کرنا؛ سوتے میں پیشاب کردینا؛ پیشاب کرنا ۔ (٤) شراب پینا؛ مے نوشی کرنا ۔ (۵) محفل مے نوشی کے ذریعہ جشن منانا ۔ (٦) بھگونا؛ پانی میں ڈال کر رکھنا (شیرہ بنانے کے لئے) ۔ (۷) پتی پر گرم پانی ڈال کر چائے بنانا ۔ (۸) بارش ھونا؛ پانی برسنا ۔ (۹) بھیگ جانا؛ تر ھو جانا ۔ (۱۰) (جہاز کا) اگلے حصے پر پانی کا چڑھ جانا ۔

To wet down : ترکرنا؛ بھگونا ۔

To wet one's line : مچھلی پکڑنا شروع کرنا؛ مچھلی پکڑنا ۔

To wet one's whistle, weasand etc. : شراب پینا ۔

To wet out : (انگریزی میں) کپڑے کو بھگونا ۔

To wet the other eye : جام پر جام چڑھانا ۔

To wet through, to the skin : شرابور ھو جانا ۔

Wet-bargain : (n) سودا جو شراب کے دور کےساتھ کیاجائے ۔

Wet-blanket : (n) (۱) بھیگا کمبل ۔ (۲) افسردہ کرنے والی چیز؛ پست کردینے والی چیز ۔ (۳) رنگ میں بھنگ کرنے والا؛ عیش منغص کرنے والا ۔

Wet-blanket : (v) افسردہ کرنا؛ پست کردینا؛ ہمت توڑنا ۔

Wet-bob : (n) ایٹن (Eton)کا طالب علم جو کشتی رانی کرے۔

Wet-bulb : (n) رطوبت پیما کا خشک جوفے والا حرارت پیما؛ تر گولی ۔

Wet-butt : (n) تمباکو کا نرم اور بے رنگ ھو جانا (جو ٹھنڈک کی وجہ سے ھوتا ھے ۔

Wet-cell : (n) تر بیٹری ۔

Wet-clean : (v) پانی سے دھونا ۔

Wet-cleaning : (n) پانی سے دھونا ۔

Wet day : (n) بارش کا دن ۔

Wet dock : (n) گودی جس میں جہاز پانی میں رہتا ھے ۔

Wet dog : (n) بے رنگ بدبو دار تمباکو ۔

Wet dream : (n) بد خوابی؛ احتلام ۔

Wet feet : (n) (پودے کا) جڑوں میں زیادہ پانی ھونے پر بڑھنے کی حالت ۔

Wet-fly : (n) (ماہی گیری میں) مصنوعی مکھی جو سطح آب کے نیچے رہتی ھے ۔

Wet fog : (n) کُہر جس سے چیزیں بھیگ جائیں ۔

Wet goods : (n) (پیپے یا بوتل میں رکھی) سیال چیزیں (جیسے پینٹ، تیل، بیر وغیرہ) خصوصاً شراب ۔

Wet-grind : (v) چکی پر پانی ڈال کر پیسنا ۔

Wet lap : (n) (کاغذ سازی) ماوا کا تختہ یا تاؤ جو مشین سےنکالا جائے ۔

Wet machine : (n) (کاغذ سازی) ماوا کا تختہ بنانے کی مشین ۔

Wet meter : (n) ترگیس پیما ۔

Wet milking : (n) ہاتھ اور تھن کو گیلا کرکے دودھ دوہنا ۔

Wet milling : (n) اناج کر بھگو کر پیسنا ۔

Wet mix : (n) گیلا کھویا (سیمنٹ، ریت اور کنکریٹ میں پانی ملا کر تیار کیا ھوا) ۔

Wet mop : (n) گچھے دار سرے کی جھاڑو (فرش دھونے کے لئے)۔

Wet-my-lip : (n) [Imit. of its note.] بٹیر ؛ سلوا ۔

Wet-nurse/Wet nurse : (n) انّا؛ دایہ؛ دودھ پلائی؛ دودھ پلانے والی۔

Wet-nurse : (v) (۱) دودھ پلانا ۔(۲) (مجازاً) خاص خیال کرنا یا رکھنا؛ اچھی طرح دیکھ بھال کرنا ۔

Wet-plate : (n) (فوٹو گرافی) گیلی پلیٹ جسے روشنی پہنچانے سے پہلے تر کرلیتے ہیں ۔

Wet-pleurisy : (n) تر ذات الصدر ۔

Wet-pulp : (n) گیلا ماوا ۔

Wet-salt : (v) کھال میں گیلا نمک لگانا ۔

Wet-shod : (a) جس کا پاؤں یا جوتا بھیگا ہوا ہو ۔

Wet smack : (n) قابلِ نفرت شخص ۔

Wet-steam : (n) بھاپ جس میں پانی کے چھوٹے چھوٹے ذرات ہوں ؛ مرطوب بھاپ ۔

Wet suit : (n) (اسپنج، ربر وغیرہ کا بنا) تنگ سوٹ جس میں پانی سرایت تو کرتا ھے لیکن جسمانی حرارت برقرار رہتی ھے ۔

Weta : (n) [Maori.] بعض قسم کے بے پر والے کیڑے ۔

Wetback : (n) میکسیکو کا باشندہ جو خلاف قانون طور پر امریکا آجائے ۔

Wetbird : (n) دیکھو Chaffinch

Wetfastness : (n) (رنگ کا) بھیگ کر رنگ نہ بدلنے کی حالت۔

Wether : (n) [OE. 'weper'.] (۱) مینڈھا؛ خصوصاً خصی مینڈھا ۔ (۲) خواجہ سرا ؛ مُخنث ؛ زنخا ۔ (۳) دیکھو Grey wethers ۔(٤) (تجارت) بھیڑ کا بال جو پہلی بار اون کترنے کے بعد حاصل کیا گیا ہو ۔(٥) خصی؛ بکرا ۔

Grey wethers : ریتیلے پتھر کا صخرہ جو ڈیون شائر وغیرہ میں پایا جاتا ھے ۔

Wether-gammon : (n) بکرے کی ٹانگ ۔

Wether-head : (n) (۱) بھیڑ کا سَر ۔(۲) (مجازاً) بیوقوف شخص۔

Wether hog : (n) مینڈھا جس کا اون کترا نہ گیا ہو ۔

Wether sheep : (n) خصی مینڈھا ۔

Wetland : (n) دلدلی زمین؛ دَلدل ۔

Wetland : (a) دلدلی زمین میں اُگنے والی ۔

Wetly : (adv.) گیلے طور پر؛ نمی کے ساتھ۔

Wetness : (n) نمی؛ تری؛ گیلا پن؛ رطوبت ۔

Wetproof : (a) دیکھو Waterproof

Wettability : (n) مرطوب پذیری؛ تر پذیری۔

Wettable : (a) جو آسانی سے تر ہو جائے؛ مرطوب پذیر ؛ تر پذیر ۔

Wetter : (n) (۱) تر کرنے والا؛ گیلا کرنے والی چیز ۔ (۲) طباعت میں کام آنے والے کاغذ کو نم کرنے والا۔

Wetter-out : (n) (رنگریزی) کپڑے کو بھگونے والا ۔

Wetting : (n) گیلا کرنا؛ تر کرنا؛ گیلا کیا جانا ۔

Wettish : (a) کسی قدر گیلا؛ نم ۔

Wetwood : (n) گیلی یا نیم شفاف لکڑی۔

Wey : (n) [OE. 'waeg, waege'.] خشک چیزوں کو تولنے کا ایک وزن ۔

Weymouth pine : (n) [Title of the first Lord Weymouth.] امریکی سفید صنوبر ۔

Wh : (n) دوحرف صحیح کا مجموعہ جو مل کر ایک آواز hw کی دیتا ھے ۔

Whack : (n) [Perhaps alt. of Thwack.] (۱) ڈنڈے وغیرہ کاوار؛ زوردارضرب ؛ ایسی ضرب سے ہونے والی آواز ۔(۲) حصہ۔

Out of whack : (۱) بے ترتیب؛ ابتر ۔(۲) ناموزوں ؛ نامناسب؛ انمل ۔

To get one's whack/To take- : اپنا حصہ لینا۔

To have a whack at/To take - : حملہ کرنا؛ وار کرنا۔

Whack : (v) (۱) (روز مرّہ) پیٹنا؛ ڈنڈے وغیرہ سے ٹھونکنا؛ مرمت کرنا۔ (۲) آپس میں بانٹ لینا؛ تقسیم کرلینا؛ حصے بخرے کرلینا۔ (۳) (مجازاً) شکست دینا؛ برتری حاصل کرنا۔ (٤) (مجازاً) جلدی سے رکھنا، بنانا یا پانا۔

Whack up : (v) حصے لگانا؛ حصوں میں بانٹنا۔

Whack-up : (n) حصہ بخرا خصوصاً لُوٹ کا مال۔

Whacked : (a) تھکا ہوا؛ خستہ۔

Whacker : (n) (۱) کاری ضرب؛ زوردار ضرب؛ مار پیٹ؛ ٹھکائی؛ مرمت۔ (۲) گلہ بان۔ (۳) غیر معمولی طور پر بڑی چیز : خصوصاً مہا جھوٹ۔ (٤) ریل کے ڈبوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔

Whacking : (n) مارپیٹ؛ ٹھکائی؛ مرمت۔

Whacking : (a) بہت بڑا؛ بڑا بھاری؛ زبردست۔

Whacking : (adv.) بہت؛ بے حد؛ بے انتہا۔

Whacky : (a&n) دیکھو Wacky

Whahoo : دیکھو Wahoo

Whaisle/Whaizle : (n) (۱) خرخراہٹ؛ خرخر کی آواز۔ (۲) دیکھو Wheezle۔

Whakappa : (n) [Maori.] ماؤری (maori) شجرہ۔

Whale : (n) [OE.'hwael'.] (۱) وہیل؛ حوت؛ بہت بڑا دودھ پلانے والا دریائی جانور جو مچھلی کی شکل کا ہوتا ہے۔ (۲) وہیل سے مشابہ چیز۔ (۳) (علم النجوم) قیطس؛ سبع البحر۔

A whale of : بہت زیادہ۔

A whale on, at, for : (۱) (کسی چیز میں) نہایت مشاق، مزد۔ (۲) (کسی چیز کا) بے حد شائق۔

Right whale : وہیل کی ایک جنس۔

Very like a whale : جی ہاں؛ اس میں کیا شک ہے؛ مہمل بیان کے لئے طنزاً کہتے ہیں۔

Whale : (v) وہیل کا شکار کرنا۔

Whale : (v) [Origin unkn.] (۱) مارنا؛ پیٹنا؛ کوٹنا۔ (۲) زوردار ضرب لگانا۔ (۳) مارکر یا پیٹ کر لانا یا نکالنا۔ (٤) بری طرح شکست دینا۔ (٥) مسلسل اور شدت سے کرنا (کوئی کام)۔

Whale : دیکھو Wale

Whale-back : (n) (۱) دیکھو Turtle-back۔ (۲) ایک قسم کا دخانی جہاز۔ (۳) (ارضیات) وہیل پشت ٹیلا یا تودہ۔

Whale-back : (a) وہیل پشت۔

Whale-backed : (a) وہیل پشت۔

Whale-bird : (n) متعدد قسم کی چڑیاں جو ان جگہوں پر پائی جاتی ہیں جہاں وہیل کا مسکن ہوتا ہے اور جو وہیل کا تیل اور فضلہ کھاتی ہیں۔

Whale-boat : (n) (۱) وہیل کے شکار کی کشتی۔ (۲) ایک قسم کی بچاؤ کشتی۔

Whale catcher : (n) مضبوط اور جلد مڑجانے والا جہاز جس سے وہیل کا شکار کرتے ہیں۔

Whale chaser : (n) دیکھو Whale catcher

Whale factory ship : (n) بڑا جہاز جس پر وہیل کی چربی نکالتے ہیں۔

Whale feed : (n) چھوٹے چھوٹے سمندری جانور (عموماً قشریہ) جو وہیل کی غذا ہیں۔

Whale fin : (n) بلبینہ؛ وہیل مچھلی کی ہڈی۔

Whale fisher/-fisherman : (n) وہیل کا شکاری۔

Whale fishery : (n) (۱) وہیل کا شکار؛ وہیل کے شکار کا پیشہ۔ (۲) وہ جگہ جہاں وہیل کا تعاقب کیا جاتا ہے۔

Whale iron : (n) دیکھو Harpoon

Whale-line : (n) (۱) مضبوط رسی جو وہیل کے شکار میں استعمال ہوتی ہے۔ (۲) (مجازاً) چرواہوں کا پھندا جس سے وہ گایوں وغیرہ کو پکڑتے ہیں۔

Whale-man : (n) وہیل کا شکاری ۔

Whale-oil : (n) وہیل کا تیل ۔

Whale-shark : (n) شارک مچھلیوں کی بعض قسمیں ۔

Whale-sucker : (n) بحرالکاہل میں پائی جانےوالی رس ماہی ۔

Whalebone : (n) (۱) وہیل کی ہڈی ؛ ایک قسم کا لوچدار مادہ جو بعض وہیل کے بالائی جبڑے میں پیدا ہوتا ہے ۔ (۲) وہیل کی ہڈی کا لمبا پتلا ٹکڑا جو عورتوں کے لباس کے اندر اسے سخت بنانے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔ (۳) وہیل کی ہڈی کا چابک ۔

Whalebone-tree : (n) ایک آسٹریلیائی درخت ۔

Whalebone-whale : (n) وہیل کی ایک جنس ۔

Whaleboned : (a) وہیل کی ہڈی کے ذریعے سخت بنایا ہوا ۔

Whalehead : (n) ایک افریقی پرند جو بگلے وغیرہ سےمشابہ ہوتا ہے ۔

Whalelike : (a) وہیل سے مشابہ ۔

Whaler : (n) (۱) وہیل کا شکاری ۔ (۲) وہیل کے شکار کا جہاز ۔ (۳) وہیل کے شکار کی کشتی ۔ (٤) بہت بڑی چیز ۔ (۵) آسٹریلیائی خانہ بدوش ۔

Whalery : (n) وہیل کے شکار کی صنعت ۔

Whaler : دیکھو Waler

Whaleship : (n) وہیل کے شکار کا جہاز ۔

Whale's tongue : (n) ایک بحری کیڑا ۔

Whaling : (n) وہیل کا شکار ۔

Whaling : (n) مار؛ زد و کوب ۔

Whaling : (a) بہت بڑا؛ بڑا بھاری؛ زبردست ۔

Whaling-gun : (n) وہیل مارنے یا شکار کرنے کی بندوق ۔

Whaling-master : (n) وہیل شکار کرنے والے جہاز کا کپتان ۔

Whally : (a) جس کی آنکھ کا پردہ ہلکے رنگ کا ہو ۔

Whalp : (n) (۱) پلا؛ (کتے، شیر، چیتے و بھیڑیے وغیرہ کا) بچہ ۔ (۲) دیکھو Whelp ۔

Wham : (n) [Imitative.] (۱) دھماکا ۔ (۲) کاری ضرب ؛ بھرپور ہاتھ ۔

Wham : (v) زوردار ضرب سے دھماکے کی آواز پیدا کرنا ۔

Wham : (adv.) اچانک؛ بے تحاشا ۔

Whame : (n) دیکھو Gadfly

Whammel/Whammle : (n) دیکھو Upset

Whammy : (n) (۱) جادو؛ سحر؛ طلسم ۔ (۲) زبردست طاقت یا قوت؛ مہلک ضرب ۔

Whamp : (n) [Origin unkn.] دیکھو Wasp

Whample : (n) [Origin unkn.] دیکھو Blow

Whang : (n) [Var. of 'thwang'.] (۱) تسمہ ۔ (۲) بے کمایا ہوا چمڑا ۔ (۳) ضرب شدید ؛ مارنا ۔ (٤) بڑا قتلہ یا ٹکڑا (خصوصاً پنیر ، روٹی وغیرہ کا) ۔ (۵) مردانہ عضو تناسل؛ ذکر ۔

Whang : (v) (۱) مارنا؛ پیٹنا؛ کندی کرنا ۔ (۲) دھڑاک سے مارنا؛ زور سے گھمانا ۔ (۳) کاٹ ڈالنا ۔ (٤) زبردست حملہ کرنا ۔ (۵) زور سے کھٹکھٹانا ۔

Whang : (n) دھڑاکا؛ دھڑاکے کی آواز؛ دھڑاکے کی چوٹ یا آواز ۔

Whang : (v) (۱) دھڑ سے مارنا؛ دھڑ سے رسید کرنا؛ ضرب لگانا۔ (۲) (ڈھول کا) پیٹا جانا؛ دھڑدھڑ کرنا ۔

Whangdoodle : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک خیالی، مبہم مخلوق ۔ (۲) زبردست حملہ کرنےوالا ۔ (۳) لغو؛ مہمل ۔

Whangee : (n) [Chinese 'huang'.] (۱) چینی بانس کی چھڑی ۔ (۲) چینی بانس ۔

Whang up : (v) جلدی جلدی کرنا یا بنانا ۔

Whap : (n) کندی؛ مرمت؛ شکست ۔

Whapuku : (n) [Maori.] ایک بڑی سمندری غذائی مچھلی (جو نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے) ۔

Whare/Ware/Wharry : (n) [Maori 'whare'.] (۱) ماوریوں کی جھونپڑی یا مکان - (۲) (نیوزی لینڈ) عارضی جھونپڑی -

Wharf : (n) [Late OE. 'hwearf'.] (۱) گھاٹ؛ لکڑی یا پتھر کا چبوترہ پانی کے کنارے جہاں اسباب اتارنے اور چڑھانے یا لادنے کے لئے جہاز کو ٹھہرایا جاتا ھے -

Wharf : (v) (۱) گھاٹ پر اسباب اتارنا؛ گھاٹ پر جمع کرنا (مال، اسباب) - (۲) گھاٹ پر ٹھہرانا (جہاز کو) - (۳) گھاٹ پر آنا (جہاز کا) -

Wharf-boat : (n) (۱) کشتی جو گھاٹ کا کام دیتی ھے - (۲) کشتی جو گھاٹ پر کام آتی ھے -

Wharf borer : (n) ایک قسم کا چھوٹا بھونرا جو لکڑی میں سوراخ کر دیتا ھے -

Wharf crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا -

Wharf-rat : (n) (۱) بھورے رنگ کا چوہا جو عام طور پر پایا جاتا ھے - (۲) گھاٹ کا اچکا؛ گھاٹ پر گھومنے والا اٹھائی گیرا (چوری کی نیت سے) -

Wharfage : (n) (۱) گھاٹ پر مال اتارنا یا چڑھانا۔ (۲) گھاٹ کا محصول ؛ گھاٹ پر جہاز ٹھہرانے کا محصول - (۳) اتروائی یا چڑھوائی (مال کی)؛ جہاز پر مال چڑھانے یا اتارنے کا محصول - (٤) گھاٹ کی گنجائش -

Wharfe : (n) ایک قسم کی استوانہ نما چھاپنے کی مشین -

Wharfedale : (n) دیکھو Wharfe

Wharfie : (n) (آسٹریلیا) ساحلی حمال؛ جہاز سےمال اتارنے یا جہاز پر مال چڑھانے والا؛ اس کا انتظام کرنے والا؛ پیک (Pack) کرنے والا -

Wharfing : (n) (۱) کوئی چیز جو گھاٹ کا کام دے - (۲) گھاٹ بنانے کے سازو سامان - (۳) پشتہ وغیرہ کے سامنے کا رخ -

Wharfinger : (n) گھاٹ کا مالک -

Wharfless : (a) بے گھاٹ -

Wharfman : (n) گھاٹ پر کام کرنے والا؛ گودی پر کام کرنے والا۔

Wharfmaster : (n) دیکھو Wharfinger

Wharl : (v) [Imitative.] حرف " r " کی حلقی آواز نکالنا -

Wharl : (n) (۱) تکیہ کی شکل کی ایک چیز جو چرخ کے تکلے میں لگی رہتی ھے - (۲) (نباتیات) حلقہ، پتیوں کے تنے کے گرد؛ گھیرا؛ کوٹ - (۳) دیکھو Whorl -

Wharl : (n) حرف " r " کا حلقی تلفظ -

Wharler : (n) حرف " r " حلقی تلفظ کرنے والا -

Wharling : (n) " r " کا حلقی تلفظ کرنا -

Wharrow : (n) تکلے کا حلقہ -

Whartonian : (a) [f. Thomas Wharton, English anatomist.] ٹامس وہارٹن کا ایجاد کردہ -

Wharve : (n) [OE. 'hweorfa'.] دیکھو Wharrow

What : (pron.) [OE. 'hwaet'.] (۱) کیا؛ کون؛ کون سا ؛ کس قسم کا؛ کیسا؛ کتنا - (۲) کچھ - (۳) جوکہ؛ جس نے - (٤) جو کچھ بھی؛ جو بھی - (۵) کیا بات؛ کیا چیز؛ کیا -

And I don't know what all : وغیرہ وغیرہ؛ ازین قبیل -

I know (or wot) not what : خدا معلوم؛ مجھے نہیں معلوم -

I'll tell you what : دیکھو میں بتاتا ھوں -

Lord or God knows what : خدا کو معلوم؛ اللّٰہ جانے۔

To know what is what : اصلیت کو سمجھنا؛ معاملے کو خوب سمجھنا -

What do you lack : کیا چاہئیے (دکانداروں کی اصطلاح میں) -

What have you : اور بہت کچھ؛ اور سبھی کچھ؛ اور کچھ۔

What it takes : کامیابی یا کسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئےمطلوبہ صلاحیت، صفت یا ذرائع -

What say you to/What do you say : آپ کی کیا رائے ھے (اس کے متعلق) -

What's O'clock : کیا وقت ھوا ھے؛ کتنا بجا ھے ۔

What think you of/What do you think of : آپ کا (اس کے بارے میں) کیا خیال ھے ۔

You know what : آپ جانتے ہیں؛ آپ کو معلوم ھے؛ کہنے کی ضرورت نہیں ھے ۔

What : (a) (۱) کسی قسم کا؛ کس طرح کا ۔ (۲) کتنا؛ کس قدر ۔ (۳) کس قسم کا؛ کس کردار کا؛ کس مزاج کا ۔

What : (adv.) (۱) کس طرح ۔ (۲) کس حد تک؛ کتنا ۔

What : [exclam.& allied use] : (۱) (حرف استعجاب) کتنا؛ کیا؛ کس قدر؛ بڑا؛ عجیب برا یا اچھا وغیرہ ۔ (۲) بلانے یا توجہ دلانے کے لئے مستعمل ھے ۔ (۳) جوکہ؛ وہ چیز جو ۔ (٤) جیسا کہ ۔ (٥) جتنا کہ ۔ (٦) کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (٧) جو؛ جوکہ ۔

But what : سوائے اس کے ۔

What : (a) (۱) وہ جو کہ؛ اتنا کہ ۔ (۲) کوئی جو ۔

What : (n) (۱) سوال، "کیا": "یہ کیا ھے" وغیرہ ۔ (۲) کچھ؛ کوئی چیز ۔ (۳) (بطورحرف استعجاب کے) کیا چیز ۔ (٤) چیز ۔

What countryman : (n) کس ملك کے لوگ ۔

What-do you -call it/-them/-her/-him : (جب کسی شخص کا نام نہ یاد آتا ھو) وہ؛ کیا کہتے ہیں ۔

What-e 'er : (pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (۲) چاھے جو کچھ ؛ چاھے جو ۔ (۳) Whatever کا مخفف ۔

What else : اور کیا؛ اور کچھ ؛ سب کچھ۔

What fashioned : کس قسم کا؛ کس طرح کا ۔

What for : (۱) کیوں؛ کس لئے ۔ (۲) (قدیم) کس قسم کا ۔ (۳) سزا (مار یا سرزنش سے) ۔

What if : تو کیا؛ تو کیسا ھے؛ کیا ھوگا اگر ۔

What-is-it/Whatsis/Whatsit : (n) بے تصریح ؛ غیر معین؛ پراسرار چیز کے بارے میں فقرہ ۔

What next : (۱) (طنزیہ) انتہا ھے؛ اس سے بڑھ کر اور کیا مہمل بات ھوگی ۔ (۲) اس کے بعد ۔

What (-) not : (n) (۱) کچھ بھی؛ اور بہت کچھ ؛ سب کچھ ؛ اور سبھی کچھ ۔ (۲) الماری جس میں ہر قسم کی چیزیں رکھی جائیں ۔

What of : (۱) (فلاں شخص یا چیز کی) کیا خبر ھے ۔ (۲) (فلاں بات کا) کیا ھوگا ۔

What price : (۱) کیا حقیقت ھے؛ کیا قدر ھے ۔ (۲) آپ کا کیا خیال ھے؛ کیا حالت ھے ۔

What then : تب کیا ھوگا؛ تو کیا ۔

What though : تو کیا ھوگا؛ اگر ایسا ھوتو کیا ھو ؛ کیا معنی ۔

What time : جبکہ؛ جب ۔

What way : (۱) کس طرح ۔ (۲) کیوں ۔

What with : (prep.) بہ سبب؛ بہ وجہ؛ واسطے؛ بابت؛ کچھ تو فلاں سبب سے ۔

What-you-call-it (them, her, him) : (n) دیکھو What-do-you-call-it

What-you-may-call-it (them, her, him) : (n) دیکھو What-do-you-call- it

What-you may jigger : (n) دیکھو What-do-you-call-it

Whatabout : کیا خیال ھے؛ کیا ھوا ۔

Whatabouts : (n) مشغولیت ۔

Whatever : (pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (۲) چاھے جو کچھ ؛ چاھے جو ۔ (۳) (بول چال) آخر کیا (سوال میں تاکید کے لئے) ۔

Whatever : (a) (۱) کوئی جو ؛ جو کہ ۔ (۲) کسی بھی ۔ (۳) کسی قسم کا ۔ (٤) مطلق؛ ذرا بھی ۔

Whatever : (adv.) بہر حال؛ ہرطرح؛ بہر طور؛ بہر نمط ؛ بہر کیف؛ ہرچہ بادا باد ۔

Whatlike : (a) کس طرح کا؛ کس قسم کا ۔

Whatman : (n) [after James Whatman, an English paper manufacturer.] عمدہ قسم کاکاغذ(جو ڈرائنگ، مصوری وغیرہ میں استعمال ھوتا ھے) ۔

Whatness : (n) خصوصیت؛ اصلیت ۔

Whatreck : (adv.) دیکھو Notwithstanding

Whatsename/What's-his-name : کیا نام ہے اس کا؛ کیا کہتے ہیں (کسی شخص یا چیز کا نام یاد نہ آنے کی حالت میں کہتےہیں) ۔

Whatso : (a&pron.) (۱) جو کچھ بھی؛ جو بھی ۔ (۲) چاھےجو؛ چاھے جو کچھ۔

Whatsoever/Whatsoe'er : (pron.&a) (۱)جو کچھ بھی؛ جوبھی ۔ (۲) چاھے جو؛ چاھے جو کچھ ۔ (۳) مطلق؛ ذرا بھی ۔

Whatsomever : (pron.&a) دیکھو Whatever

What's with/What is what/What was what : حقیقت؛ اصلیت ۔

What's with : (عام) کیا وجه ہے؛ کیا برا ہے ۔

Whatten/Whatn/Whaten : (a) (۱) کسی قسم کا؛ کس طرح کا ۔ (۲) دیکھو What ۔

Whau : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا ایك درخت یا اس کی لکڑی ۔

Whaup : (n) [Imitative.] ایك قسم کی پن ککڑی جس کی چونچ لمبی اور خم دار ہوتی ہے ۔

Whaup : (n) (اسکاچستان) غُل؛ شور؛ غوغا؛ شوروشغب ۔

Wheal : (n) [Var. of WALE.] (۱) بدھی؛ برت؛ ابھرا ہوا نشان جو چھڑی یا کوڑے کی چوٹ سے گوشت پر پڑ جاتا ہے ۔ (۲) (طب) ایك بیماری جس میں جسم پر سرخ چٹھے پڑ جاتے ہیں ۔

Wheal : (v) بدھیاں ڈالنا ۔

Whealing : (n) جسم پر بدھیاں ڈالنا ۔

Wheat : (n) [OE. 'hwaete'.] (۱) گیہوں؛ گندم ۔ (۲) گیہوں کا پیدا ۔ (۳) گیہوں کی کھیتی؛ گیہوں کی فصل؛ گندم کی قسمیں ۔ (٤) گندمی رنگ ۔

Wheat belt : (n) وہ علاقه جہاں گیہوں کی کھیتی ہوتی ہے۔

Wheat bird : (n) دُج؛ برقش ۔

Wheat bread : (n) میدے اور آٹے کی روٹی ۔

Wheat-cake : (n) گیہوں کے آٹے کا بنا ہوا کیك ۔

Wheat-corn : (n) گیہوں کا دانه ۔

Wheat-duck : (n) ایك قسم کی امریکی جنگلی بط ۔

Wheat eel : (n) کرم گندم ۔

Wheat germ : (n) تخم گندم ۔

Wheat-germ oil : (n) روغن تخم گندم ۔

Wheat-grass : (n) دوب؛ ایك گھاس جس کی جڑیں دور تك پھیلتی ہیں ۔

Wheat-land : (n) وہ زمین جس میں گیہوں پیدا کیا جائے یا جو گیہوں پیدا کرنے کے لئے مناسب ہو ۔

Wheat midge : (n) ایك چھوٹی دو پرہ مکھی ۔

Wheat pit : (n) گیہوں کا بازار ۔

Wheatear : (n) گیہوں کی بالی ۔

Wheatear : (n) ایك قسم کا عصفوری پرند ۔

Wheatear cockle : (n) کرم گندم ۔

Wheaten : (n) گندمی رنگ؛ گیہواں ۔

Wheatless : (a) بے گندم ۔

Wheatmeal : (n) [OE. 'hwaete melu'.] گیہوں کا آٹا ۔

Wheatstone : (n) Wheatstone-bridge کا مخفف ۔

Wheatstone ('s) bridge : (n) (برقیات) ویٹسٹون پُل ۔

Wheatworm : (n) کرم گندم ۔

Whee : (interj.) [Origin unkn.] خوشی یا کثرت ظاہر کرنے کے لئے حرف فجائیه ۔

Wheedle : (v) [Origin unkn.] (۱) خوشامد سے راضی کرنا؛ للّو پتو سے راضی کرنا ۔ (۲) للّو پتو سے اینٹھ لینا ۔ (۳) (جانور) چاٹنا؛ دُم ہلا کر محبت ظاہر کرنا ۔

Wheedlingly : (adv.) خوشامد سے؛ للّو پتو سے ۔

Wheel : (n) [OE 'hweol, hweogol'.] (۱) پہیا؛ چرخی؛ چرخ ۔ (۲) پہیے کی قسم کی چیز خصوصاً وہ چکر

جس میں باندھ کر ملزم کو پھراتے ہیں ۔ (۳) گردش؛ گردش تقدیر ۔ (٤) (موٹر وغیرہ) چلانے کا پہیا ۔ (٥) گردش؛ چکر؛ دور ۔ (٦) (عروض) آخری بند (عموماً چھوٹے مصرعوں کا) ۔ (۷) کوئی مدور چیز ۔ (۸) پاؤں چکی یا اس قسم کا کوئی آلہ ۔ (۹) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۱۰) (امریکا) سائیکل (دو یا تین پہیوں والی)؛ سائیکل کی سواری ۔

At or in the wheel : (چوکڑی وغیرہ میں) بم کا گھوڑا (جو بم کے پاس جوتا جاتا ھے) ۔

Fifth wheel : چار پہیے کی گاڑی میں پانچواں پہیا جس کے ذریعے اگلے پہیے پھرائے جاتے ہیں ۔

Fortune's wheel : تقدیر؛ گردش تقدیر ۔

On the wheels/On wheels : پہیے دار گاڑی میں سوار ۔

To break on the wheel : پہیے سے باندھ کر ہڈیاں توڑ دینا ۔

To go or run on wheels : آسانی سے چلنا؛ بہت تیز چلنا ۔

Wheels within wheels : پیچ در پیچ معاملہ؛ چکّر کے اندر چکّر ۔

Wheel : (v) (۱) (سپاہیوں وغیرہ کی پوری صف کا) گھمانا؛ گھومنا ۔ (۲) رخ بدلنا (لغوی اور مجازی معنی میں) ۔ (۳) (ہتھ گاڑی، پہیے دار کرسی وغیرہ کو) ٹھیلنا یا کھینچنا (کسی خاص رخ پر) ۔ (٤) چکر کاٹتے ہوئے چلنا؛ پیچ و خم کھاتے ہوئے چلنا ۔ (٥) بائیسکل چلانا ۔ (٦) پہیے دار گاڑی میں سفر کرنا یا پہیے دار گاڑی چلانا ۔ (۷) پہیےلگانا ۔ (۸) پہیے کے ذریعے جوتے کے کنارے میں دندانہ بنانا ۔ (۹) چکر لگانا؛ گردش کرنا ۔ (۱۰) چمڑے کو پہیے پر چڑھا کر کمانا ۔

To wheel and deal : رہبری کرنا؛ رہنمائی کرنا؛ انتقام یا معاملات اپنے ہاتھوں میں لینا ۔

Wheel and axle : (n) چرخ ومحور ۔

Wheel-animal : (n) دوّارحشرہ؛ ایک کیڑا جس کے اعضاءپہیے کی طرح گھومتے ہیں اور تیرنے میں مدد دیتے ہیں ۔

Wheel-animalcule : (n) دیکھو Wheel-animal

Wheel-back : (n) اٹھارھویں صدی کی ایک قسم کی کرسی جس کی پشت پہیے کی شکل کی بنی ھوتی ھے ۔

Wheel-barometer : (n) چرخی دار بار پیما ۔

Wheel barrow : (n) ٹھیلہ؛ ہتھ گاڑی ۔

Wheel-base : (n) (۱) اساس چرخ؛ گاڑی کے اگلے اور پچھلے پہیوں کے زمین یا پٹری کے ساتھ نقطۂ اتصال کی درمیانی دوری ۔ (۲) اگلے اور پچھلے دھروں کے درمیان کی دوری (انچوں میں) ۔

Wheel box : (n) چرخ خانہ؛ جہاز کے پہیے کا خانہ ۔

Wheel-bug : (n) چکّر دار کھٹمل ۔

Wheel-carriage : (n) پہیے دار گاڑی ۔

Wheel-chair : (n) پہیے دار کرسی خصوصاً مریضوں کی کرسی ۔

Wheel chock : (n) پچر نما لکڑی کا یا دھات کا ٹکڑا جو ہوائی جہاز کے پہیے کے آگے لگا دیا جاتا ھے تاکہ ہوائی جہاز آگے حرکت نہ کرے (زمین پر) ۔

Wheel cross : (n) صلیب نما پہیاّ؛ قدیم زمانے کا پہیاّ جس میں چار آرے لگے رہتے تھے ۔

Wheel-excavator : (n) کھدائی کرنے والی پہیے دار مشین ۔

Wheel-governor : (n) عامل پرزہ جو گاڑی کے پہیے کے حلقے میں لگا رہتا ھے ۔

Wheel-guard : (n) (۱) تلوار یا چھرے کا مدور روک ۔ (۲) پہیے یا اس سے ملحق پرزوں کی حفاظت کرنے والا حصہ ۔

Wheel-horse : (n) چوکڑی وغیرہ میں بم کا گھوڑا ۔

Wheel-house : (n) سکّان خانہ؛ جہاز کا وہ سائبان یا کمرہ جس میں پہیاّ ھوتا ھے ۔

Wheel-lathe : (n) ریل گاڑی کے پہیے بنانے والا خراد ۔

Wheel-less : (a) (۱) بے پہیے کا ۔ (۲) جہاں پہیے دارگاڑیاں نہ ھوں ۔

Wheel-load : (n) پہیے کا بار (سڑک پر) ۔

Wheel-lock : (n) توڑے دار بندوق ۔

Wheel-map : (n) قدیم قرص نما نقشہ جس میں یروشلم کو درمیان میں دکھایا جاتا تھا ۔

Wheel of colour : (n) لونی سیربین؛ قندیل مناظر میں دو گول قرصوں کی تختی جس کو گھمانے سے طرح طرح کے رنگ پیدا ہوتے ہیں؛ رنگ گرداں ۔

Wheel of fortune : (n) (۱) تقدیر کا چکر؛ وہ چکر جو تقدیر کی دیوی کے ہاتھ میں دکھایا جاتا ہے ۔ (۲) (قرعہ اندازی) ایک پہیا جس پر ٹکٹوں کے نمبر پڑے ہوتے ہیں ۔

Wheel of life : (n) وظائف حیاتی؛ وہ عمل جس پر زندگی منحصر ہے؛ سنسار کا اعمال چکّر کی طرح؛ (مذہب) آواگون کا لامتناہی سلسلہ ۔

Wheel organ : (n) چرخی عضو (دوّار حشرے کا) ۔

Wheel-pit : (n) پہیا خانہ ۔

Wheel-plough : (n) پہیے دار ہل ۔

Wheel-spin : (n) پہیے کی گردش ۔

Wheel-tracery : (n) دولابی آرائشی کام ۔

Wheel-tread : (n) پہیے کا وہ حصہ جو زمین سے ملا رہتا ہے؛ پہیے کا کنارہ ۔

Wheel-watch : (n) جہاز کے پہیے کی نگرانی ۔

Wheel-well : (n) (ہوائی جہاز میں) پہیے کا خانہ (جس میں پہیے سکڑ کر اندر چلے جاتے ہیں) ۔

Wheel-window : (n) دولابی دریچہ؛ پہیےکی شکل کی کھڑکی جس میں پہیے کے دھروں کی طرح کا کٹاؤ ہوتا ہے ۔

Wheel-work : (n) گاڑی یا مشین کے پہیے ۔

Wheelage : (n) پہیے دار گاڑی کے چلنے کا محصول ۔

Wheeled : (a) (۱) پہیے دار ۔ (۲) پہیے پر چلنے والا ۔

Wheeler : (n) (۱) دولاب ساز؛ گاڑی کے پہیے بنانے والا ۔ (۲) چوکڑی وغیرہ میں بم کا گھوڑا؛ ان دو گھوڑوں میں سے ایک جو بم میں جوتے جاتے ہیں ۔ (۳) پہیے دار گاڑی ۔ (٤) پہیے دار گاڑی پر لے جانا ۔ (٥) (فوج) صف کا سب سے آخری سپاہی (پوری صف کے گھومنے میں) ۔ (٦) پہیے کے ذریعے جوتے کے کنارے پر دندانے بنانے والا ۔

Wheeler-dealer : (n) سیانا یا سازشی شخص؛ معاملے میں گڑبڑ کرنے والا ۔

Wheelerite : (n) [f. name of Lieut. G.M. Wheele of the U.S. Army.] (معدنیات) زردی مائل متحجر گوند جو نیومیکسیکو (New Mexico) میں پایاجاتا ہے ۔

Wheelie : (n) ایک ترکیب جس سے پہیوں والی گاڑی کو کچھ دیر کے لئے پچھلے پہیے پر چلاتے ہیں ۔

Wheeling : (n) (۱) ٹھیلنا؛ گاڑی چلانا ۔ (۲) (سڑک کی)قابل آمدورفت ہونے کی حالت ۔ (۳) جوتے کے کنارے پر دندانے بنانا ۔

Wheelman : (n) (۱) جہاز راں؛ جہاز چلانے والا؛ موٹر گاڑی چلانے والا ۔ (۲) سائیکل سوار؛ سائیکل چلانے والا۔

Wheelrace : (n) وہ جگہ جہاں چرخی لگی رہتی ہے ۔

Wheelsman : (n) (امریکا) جہازراں؛ جہاز چلانے والا؛ پتوار چلانے والا؛ وہ جو پہیوں کی دیکھ بھال کرتا ہے؛ وہ آدمی جو سائیکل یا ٹرائیسکل چلاتا ہے (بول چال) ۔

Wheelwright : (n) دولاب ساز؛ گاڑی کے پہیّے یا پہیّے دار گاڑی بنانے والا؛ چرخ ساز ۔

Wheely : (a) (شاذ) پہیّا یا گردش سے متعلق ۔

Wheen : (a) [OE. 'hwene'.] کچھ؛ تھوڑا؛ چند؛ تھوڑا سا ۔

Wheen : (n) کچھ؛ چند ایک؛ کسی قدر؛ (برطانیہ) قابل لحاظ تعداد؛ اچھی خاصی تعداد یا مقدار ۔

Wheep : (n) [Imitative.] میان سے تلوار وغیرہ نکال لینے کی آواز؛ شٹ ۔

Wheeple : (v) [Imitative.] سیٹی بجانا؛ سیٹی کی آواز نکالنا؛ سن سن کرنا ۔

Wheeze : (n) (۱) خرخراہٹ؛ خرخر کی آواز ۔ (۲) (تھیٹر کا عامیانہ) فی البدیہہ لطیفہ؛ پھبتی؛ قصہ

جو ایکٹر پارٹ (ادا کاری) کے بیچ میں اپنی طرف سے کہے -

Wheeze : (v) [ON 'hvaesa'.] (۱) خرخراہٹ کے ساتھ سانس لینا؛ خرخر کرنا - (۲) خرخر کرکے بولنا یا کہنا -

Wheezer : (n) خرخر کرنے والا -

Wheezily : (adv.) خرخر کرتے ہوئے؛ خرخراہٹ کے ساتھ -

Wheeziness : (n) خرخرانا؛ خرخراپن -

Wheezingly : (adv.) خرخر کرتےہوئے؛ خرخراہٹ کےساتھ -

Wheezle : (v) دیکھو Wheeze

Wheezy : (a) (۱) خرخر کرنے والا؛ خرخراہٹ سے مشابہ (آواز) - (۲) خرخراہٹ کا؛ خرخرا -

Whekau : (n) [Maori.] سرخی مائل بھورا اُلو جو نیوزی لینڈ میں پایا جاتا تھا اور اب معدوم ھے -

Whelk : (n) [OE. 'weoloc, wioloc'.] ایك قسم كا صدفه یا گھونگا جو كھایا جاتا ھے؛ دَھلك -

Whelk : (n) [Late OE. 'hwylea'.] (۱) پھنسی: مہاسا؛ چھوٹا سا دنبل - (۲) بدھی؛ كوڑے یا چھڑی كا نشان (جسم پر) -

Whelk : (v) صدف جمع كرنا -

Whelk tingle : (n) ایك قسم كا بحری صدف -

Whelked/Welked : (a) (۱) بل دار؛ پر پیچ؛ پیچان - (۲) جس كے جسم پر بدھیاں پڑی ھوں؛ مہاسے دار -

Whelm : (n) (۱) چوبی بدر رو؛ جو پہلے درخت كو دو حصوں میں چیر كر اور كھوكھلا كر كے بنایا جاتا ھے - (۲) تلاطم؛ موجزن ھونا -

Whelm : (v) [OE. 'whelme'.] (۱) الٹ دینا (كسی ظرف كو كسی چیز كو چھپانے كی غرض سے)؛ كسی چیز كو كسی چیز پر زور سے پھینكنا، چھپانے یا اسے كچلنے كے لئے - (۲) (مجازاً) (غم وغیرہ كے) بوجھ سے كچل ڈالنا؛ مار ڈالنا - (۳) غرق كردینا؛ ڈبو دینا؛ غرق آب كر دینا - (٤) (مثلاً برف سے) ڈھك دینا؛ دفن كردینا -

Whelp : (n) [OE. 'hwelp'.] (۱) پلا؛ (كتے، شیر، چیتے، بھیڑیے وغیرہ كا) بچه - (۲) بدتمیز وحشی بچه یا چھوكرا - (۳) بدحال یا كمینه آدمی؛ خودپسند انسان - (٤) (بحری) لنگر چرخ یا آہنچه كے استوانےكا طولی ابھار - (٥) درمیانے سائز كا امدادی جنگی جہاز (سترھویں صدی كے اوائل كا) -

Whelp : (v) (۱) بچے دینا؛ بیانا؛ جننا - (۲) (عورت كے لئے تحقیر كے طور پر) جننا - (۳) گھڑنا؛ بنا ڈالنا (سازش، شرارت كا منصوبه وغیرہ) -

Whelp : (n) بدھی؛ برت (جو كوڑے وغیرہ كی چوٹ سے جسم پر پڑجاتا ھے) -

Whelpless : (a) بے پلا؛ بے بچه كی -

Whelve : (v) [ME. 'whelven'.] طشتری وغیرہ الٹ كر (كسی چیز كو) چھپانا -

Whemmel/Whemmle : (v) [alt. of Whelm.] (اسكاچستان) دیكھو Upset

Whemmel/Whemmle : (n) (اسكاچستان) دیكھو Overthrow

When : (adv.) [OE.'Hwenne'.] (۱) كب؛ كس وقت؛ كس طرح - (۲) جب؛ جب كبھی؛ جس وقت؛ جوں ہی - (۳) جبكه ؛ حالانكه - (٤) جس كے بعد ہی؛ جس كے ساتھ ہی - (٥) مگر عین اسی وقت - (٦) جس پر؛ جس كے بعد؛ تب -

Say when : دیكھو بتا دینا كه كب شروع كرنا یا ختم كرنا ھے -

When : (n) وقت؛ تاریخ؛ مدت -

When : (conj.) (۱) جبكه - (۲) جیسے ہی - (۳) جب بھی ؛ جس وقت بھی - (٤) اگر؛بشرطیكه - (٥) باوجودیكه؛ اگرچه -

When : (pron.) جب سے؛ جس وقت سے -

When as/Whenas : (adv. & conj.) (۱) جبكه - (۲) كسی بھی حالت میں جبكه - (۳) چونكه : اس لئے كه - (٤) دوسری طرف جبكه -

Whence : (adv.) [ME. 'whannes, whennes'.] (۱) كدھر سے؛ كس جگه سے؛ كہاں سے - (۲) كس طرح سے؛ كیسے؛ كیوں - (۳) جدھر سے؛ جس جگه سے؛ جہاں سے - (٤) جس طرح سے؛ جیسے؛ جس وجه سے -

Whence : (n) مبدا؛ آغاز؛ منبع ۔

Whence forward : (adv.) تب سے ۔

Whencesoever/Whensoe'er/Whencever : (a) (۱) جہا ں سے بھی ۔ (۲) آخر کہاں سے ۔

Whenever : (conj.) (۱)جب کبھی؛جب بھی ۔ (۲)(اسکاچستان) جیسے ہی ۔

Whenever : (adv.) جب کبھی؛ جوں ہی؛ جس وقت ۔

Whenness : (n) ہونا (زمانی لحاظ سے) ۔

Whenso : (adv.& conj.) [OE. 'Swa hwanne Swa'.] دیکھو Whenever

Whensoever/Whensoe'er : (adv.&conj.) (۱) جب کبھی ؛ جوں ہی ۔ (۲) کسی وقت بھی ۔

Whensomever : (adv.) دیکھو Whensoever

Where : (adv) [OE. 'hwaer'.] (۱) کہاں؛ کدھر؛ کس جگہ؛ کس طرف ۔ (۲) جہاں؛ جس جگہ؛ جدھر ۔ (۳) کہاں پر؛ کس جگہ ۔

Where : (conj) (۱)جہاں؛ جہاں کہ ۔ (۲) دیکھو Wherever ۔ (۳) جس جگہ ؛ جہاں ۔ (٤) اس حالت میں ۔ (٥) جہاں تك کہ؛ جس حد تك ۔ (٦) اس طرح کا کہ ۔

Where : (n) جگہ؛ مقام ۔

Where : (pron.) کس جگہ؛ کس مقام پر ۔

Whereabout : (adv.) (۱) کہاں؛ کس مقام پر ۔ (۲) جہاں؛ جس مقام پر ۔

Whereabouts : (adv.) دیکھو Whereabout

Whereabouts : (n) مقام؛ ٹھکانہ؛ پتہ؛ نشان ۔

Whereafter : (adv.) جس کے بعد ۔

Whereanent : (adv.) جس کے متعلق ۔

Whereas : (adv.) (۱) چونکہ ۔ (۲) جبکہ؛ بخلاف اس کے ۔ (۲) اگرچہ؛ باوجودیکہ؛ ہرچند؛ گو ۔

Whereas : (conj.) (۱) (ضابطے کی تحریروں میں) ہرگاہ کہ ۔ (۲) درآنحالیکہ؛ حالانکہ ۔

Whereas : (n) (۱) ابتدائی یا تمہیدی بیان ۔ (۲) مشروط بیان ۔

Whereat : (adv.) کس پر ؛ کس بات پر ۔

Whereaway : (adv.) (۱) کہاں؛ کدھر؛ کس سمت میں؛ کس طرف کو ۔ (۲) کہاں؛ کس مقام پر ۔

Whereby : (adv.) (۱) کس جگہ؛ کس طرف ۔ (۲) کس ذریعے سے؛ کس بات سے؛ کاہے سے ۔ (۳) جس ذریعے سے؛ جس بات سے؛ جس سے ۔

Wherefor : (adv.) جس کے لئے ۔

Wherefore : (adv.) (۱) کس واسطے؛ کس لئے؛ کیوں ۔ (۲) جس واسطے؛ جس سبب سے؛ جس لئے ۔

Wherefore : (n) وجہ؛ سبب ۔

Wherefrom : (adv.) (۱) کہاں سے ۔ (۲) جہاں سے؛ جس سے ۔

Wherein : (adv.) (۱) کس بات میں؛ کس لحاظ سے ۔ (۲) جس بات میں ۔ (۳) جہاں ؛ کہاں ۔ (٤) جس کے متعلق ۔

Whereinsoever : (adv.) چاہے جس بات میں؛ چاہے جس لحاظ سے ۔

Whereinto : (adv.) (۱) کس میں ۔ (۲) جس میں ۔

Whereness : (n) مقام؛ حالت؛ ہونا (مکانی لحاظ سے) ۔

Whereof : (adv.) (۱) کس کا؛ کس چیز کا ۔ (۲) جس کا ۔ (۳) کہاں سے ۔ (٤) کس واسطے؛ کس لئے ۔ (٥) کس کے متعلق؛ کس لحاظ سے ۔

Whereon : (adv.) (۱) کس پر ۔ (۲) جس پر ۔

Whereout : (adv.) (۱) کس میں سے ۔ (۲) جس میں سے ۔

Whereover : (adv.) جس پر ۔

Whereso : (conj.) (۱) جہاں کہیں؛ جدھر بھی ۔ (۲) جس طرح بھی ۔

Wheresoever/Wheresoe'er : (adv.) جہاں کہیں ۔

Wherethrough : (conj.) (۱) کس میں ۔ (۲) جس میں ۔ (۳) جس وجہ سے؛ جس سے ۔

Whereto : (adv.) (۱) کس لئے؛ کاھے کےلئے - (۲) جہاں؛ جس طرف - (۳) جس پر ؛ جس کے جواب میں - (٤) کس کو؛ کس طرف؛ کدھر -

Whereunder : (adv.) (۱) کس کے نیچے - (۲) جس کے نیچے -

Whereuntil : (adv.) دیکھو Whereto

Whereunto : (adv.) دیکھو Whereto

Whereup : (conj.) کس پر؛ جس پر -

Whereupon : (adv.) (۱) کس پر - (۲) جس پر؛ جس کے بعد؛ تب -

Wherever/Where'er : (adv.) (۱) کہاں - (۲) جہاں کہیں -

Wherewith : (adv.) (۱) کس سے؛ کس کےساتھ - (۲) جس سے؛ جس کے ساتھ ؛ جس کے علاوہ - (۳) جس کے سبب؛ جس کے ذریعے - (٤) جس پر -

Wherewith : (pron.) جس سے؛ جس کے ذریعے -

Wherewith : (n) وسائل خصوصاً روپیہ؛ مصارف؛ خرچ -

Wherewithal : (adv.) (۱) کس کے ساتھ - (۲) کس سے؛ کس کے ذریعے - (۳) جس سے؛ جس کے ذریعے -

Wherewithal : (n) دیکھو Wherewith

Wherewithal : (pron) جس سے؛ جس کے ذریعے -

Wherret/Wherrit : (v) [Imit.] پریشان کرنا؛ تنگ کرنا؛ ستانا؛ دق کرنا -

Wherry : (n) [Origin unkn.] (۱) ڈونگی؛ مال اور مسافروں کو دریا پار اتارنےکی ہلکی کشتی - (۲) بجرے کی قسم کی بڑی کشتی - (۳) چارپہیوں والی گاڑی جس میں کنارے نہیں ہوتے ہیں -

Wherry : (v) ڈونگی یا بڑی کشتی میں لے جانا -

Wherryman : (n) (۱) ڈونگی یا بڑی کشتی چلانے والا(ملاح) - (۲) دیکھو Water strider -

Whet : (n) (۱) سان رکھنے کا عمل؛ تیز کرنا - (۲) کسی تحریر کو درست کرنا؛ کاٹ چھانٹ کرنا - (۳) (مجازاً) سبب؛ باعث - (٤) درانتی کو دو بار تیز کرنے کے درمیان کا وقفہ - (٥) (مجازاً) کسی چیز کی قلیل مقدار جو خواہش کو اور بھڑکا دے؛ محرک اشتہا - (٦) چسکی؛ شراب وغیرہ کا ذرا سا گھونٹ -

Whet : (v) [OE. 'hwettan'.] (۱) سان لگانا؛ (کسی چیز کو) رگڑ کر تیز کرنا؛ دھار رکھنا - (۲) تیزکرنا (بھوک یا معدے کو)؛ بھڑکانا (خواہش کو) -

To whet one's whistle : شراب کی چسکی لےکر گلا صاف کرنا -

Whether : (pron.&a) [OE. 'hweper'.] (۱) کون؛ دو میں سے کون سا - (۲) دو میں سے کوئی بھی؛ دو میں سے جو -

Whether : (conj.) خواہ؛ چاھے -

Whether or no (not) : برصورت میں؛ دونوں صورتوں میں -

Whether : (n) ترجیح -

Whether : (adv.) برحال میں؛ بہرحال؛ بہرصورت ؛ بہر تقدیر؛ جو کچھ بھی ہو -

Whetrock : (n) (۱) سان؛ سلّی؛ اوزار تیز کرنے کا پتھر - (۲) دیکھو Whetstone -

Whetslate : (n) سلیٹ جس پر کاٹنے، تراشنے والےاوزاروں کو رگڑکر تیز کرتے ہیں -

Whetstone : (n) [OE. 'hwetstan'.] (۱) سان؛ سلی؛ اوزار تیز کرنے کا پتھر - (۲) ذہن یا عقل کو تیز کرنے والی چیز -

To lie for the whetstone : پکا جھوٹا ہونا؛ دروغ گو ہونا -

Whetten : (v) دیکھو Whet

Whetter : (n) (۱) سان چڑھانے والا - (۲) (خواہش کو تیز) کرنے والا -

Whew : (n) [Imitative.] (۱) سیٹی کی آواز؛ سن سن کی آواز - (۲) Whew کی آواز - (۳) دیکھوWhewer -

Whew : (v) (۱) سیٹی بجانا؛ سن سن کرنا - (۲) Whew کی آوازنکالنا - (۳) تیزی سےچلنایا حرکت کرنا -

Whew : (int.) حرف فجائیہ (خوف یا پریشانی ظاہر کرتے وقت) ارے غضب۔

Whew-duck : (n) ایک قسم کی جنگلی مادہ بطخ۔

Whewellite : (n) [f. name of Prof. William Whewel.] (معدنیات) کیلسیم اکسیلیٹ (Calcium Oxalate)۔

Whewer : (n) ایک قسم کی جنگلی مادہ بط۔

Whewl : (v) [Imitative.] چیخ کر یا رو رو کر کہنا۔

Whey : (n) [OE. 'hwaeg'.] پنیر الگ کرنے کے بعد بچا ہوا دودھ کا پانی، پھٹے ہوئے دودھ کا پانی۔

Alum whey : پھٹکری کے ذریعے جمائے ہوئے دہی کا چھاچھ۔

Celery whey/Mustard-/Sack-/Wine- : بعض قسم کے مشروب اور دواؤں کے نام۔

Whey : (v) چھاچھ الگ کرنا یا ہونا۔

Whey : (a) چھاچھ کا یا چھاچھ سے متعلق۔ (۲) زرد؛ پیلا۔

Whey-butter : (n) چھاچھ سے بنایا ہوا مکھن۔

Whey-cream : (n) (دہی الگ کرنے کے بعد) چھاچھ میں بچی ہوئی کریم۔

Whey-face : (n) زرد رو شخص؛ پیلے چہرے والا آدمی۔

Whey-faced : (a) زرد رو؛ جس کا رنگ خوف سے پیلا پڑگیا ہو۔

Wheyey : (a) چھاچھ جیسا؛ چھاچھ سے مشابہ۔

Wheyish : (a) دیکھو Wheyey

Wheyishness : (n) چھاچھ جیسا ہونا؛ چھاچھ سے مشابہ ہونا۔

Which : (a&pron.) [OE. 'hwilc'.] (۱) کون سا؛ کون جو۔ (۲) کون شخص؛ کون چیز۔

To tell t'other from which : (مزاحاً) دو اشخاص یا چیزوں میں تمیزکرنا۔

Which is which : (ان چیزوں یا اشخاص میں) کس کا کیا نام ھے۔

Whichaway : (n) (۱) (قدیم) کہاں۔ (۲) ہر طرف؛ بے قاعدہ طور پر؛ بے قاعدگی سے۔

Whichever : (n) ان میں سے جو بھی۔

Whichever : (a) جو بھی؛ کوئی بھی۔

Whichsoever : (a&pron.) دیکھو Whichever

Whichway : (adv.) دیکھو Whichaway

Whicker : (v) [Imitative.] (۱) چپکے چپکے ہنسنا؛ دبی ہوئی ہنسی ہنسنا؛ منہ دبا کر ہنسنا۔ (۲) (گھوڑے کا) ہنہنانا۔

Whicker : (n) (۱) دبی ہوئی ہنسی۔ (۲) ہنہنانا۔

Whid : (n) [Origin unkn.] (اسکاچستان) (۱) دیکھو Word۔ (۲) دیکھو Lie۔

Whid : (n) [Of Scand. Origin.] خاموش تیزحرکت۔

Whid : (v) پُھرتی سے اور خاموشی سے چلنا۔

Whidah/Whydah : (n) [Name of a town in Dahomey, West Africa.] بعض جانور یا پرندے کے نام کے ساتھ آتاھے۔

Whidah-bird : (n) ابوسیف؛ ویڈا؛ مغربی افریقہ کی ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔

Whidah-goat : (n) مغربی افریقہ کی بکری۔

Whidah-thrush : (n) مغربی افریقہ کی ایک چڑیا۔

Whiff : (n) [Imitative.] (۱) ہلکا سا جھونکا، سانس؛ دم۔ (۲) مہک؛ ہلکی سی خوشبو؛ خفیف سی بدبو۔ (۳) (تمباکو کا) ایک کش؛ دھوئیں کی وہ مقدار جو ایک کش میں آئے۔ (٤) چھوٹا چرٹ۔ (٥) ہلکی سیٹی؛ کش لینے یا ہوا کے چلنے سےنکلنے والی سیٹی کی سی آواز۔ (٦) گولی یا انفجاری مادے کا داغا جانا۔ (۷) جھنڈا جو بطور سگنل لگایا جائے۔ (۸) ہلکی قلابے دار چپوؤں کی کشتی جسے ایک آدمی چلاتا ھے۔

Whiff : (n) ایک قسم کی چپٹی مچھلی۔

Whiff : (v) (۱) (ہوا وغیرہ کا) ہلکا جھونکا چلنا؛ ہوا کے جھونکے کی سی آواز نکالنا۔ (۲) جھونکے سے اڑا دینا یا بہا کر لے جانا۔ (۳) ہوا کے جھونکے کے ساتھ بہنا۔ (٤) آہستہ کش لینا۔

(۵) مہکنا، خوشبو دینا ۔ (٦) شیخی بگھارنا ۔
(۷) تمباکو پینا ۔

Whiff : (v) ایسی کشتی سے مچھلی کا (خصوصاً میکرل کا) شکارکرنا جس کا چارہ سطح کےقریب تیرتا ہو ۔

Whiffet : (n) [alter. of Whippet.] (۱) بہت چھوٹا کتا ۔ (۲) چھوٹا، کم عمر یا معمولی آدمی ۔

Whiffing : (n) میکرل مچھلی کا شکار کرنا ۔

Whiffle : (v) (۱) جھونکوں میں بہنا ۔ (۲) (ھوا کا یا جہاز کا) رخ بدلنا ۔ (۳) جھونکوں سے بہنا یا بہانا ۔ (٤) سیٹی کی ہلکی آواز نکالنا ۔ (۵) تلوار کو لہرا کر سن سن کی آواز پیدا کرنا ۔

Whiffle : (n) جھونکا؛ پھونک ۔

Whiffler : (n) [OE. 'wifel'.] وہ جماعت جو جلوس کے لئے راستہ صاف کرتی ھے ۔

Whiffler : (n) حقیر، ادنیٰ یا قابلِ نفرت شخص ۔

Whiffling : (a) جھونکوں میں بہنے والی؛ غیر مستقل؛ بے قاعدہ؛ تغیرپذیر؛ معمولی؛ حقیر؛ ادنیٰ ۔

Whig : (n) [Of unascertained origin.] (۱) پھٹا ھوا دودھ یا کریم ۔ (۲) چھاچھ ۔ (۳) خمیری چھاچھ کا بنایا ھوا مشروب ۔

Whig : (n) [Perhaps shortening of Whiggamore.] (۱) سترھویں صدی کی اسکاچستانی پریسبیٹیرین تحریک کا حامی ۔ (۲) وہگ؛ انگلستان کی ایک قدیم سیاسی جماعت کا رکن جو سنہ ۱٦۸۸ء کے انقلاب کی حامی تھی؛ (ٹوری یعنی قدامت پسندوں کے مقابل) اور اقتدار شاہی کو پارلیمنٹ کے ماتحت کرنا چاہتا تھا (موجودہ لیبرپارٹی اس کی قائم مقام ھے)۔ (۳) امریکی نوآبادکار جو امریکی آزادی کا حامی تھا ۔

Whig : (a) وہگ؛ وہگ کی حمایت کرنے والا؛ وہگ سے متعلق ۔

Whig : (v) وہگ کی طرح کام کرنا؛ وہگ کی طرح حمایت کرنا؛ وہگ ھونا ۔

Whig : (v) ڈگمگاتے ھوئے چلنا ۔

Whiggamore : (n) [Sc. 'wiggamaire'.] مغربی اسکاچستان کے باغیوں کی ایک جماعت جو سنہ ۱٦٤۸ء میں شاہ (ڈیوک آف ہیملٹن) کی مخالفت کرنے کے لئے ایڈن برا چلی آئی تھی ۔

Whiggery : (n) وہگ پارٹی کے اصول ۔

Whiggish : (a) (۱) وہگ ۔ (۲) کسی قدر وہگ خیالات اور رویہ رکھنے والا ۔

Whiggishly : (adv.) وہگ کی طرح ۔

Whiggishness : (n) وہگ خیالات یا اصول ۔

Whiggism/Whigism : (n) وہگ پارٹی کے اصول ۔

Whigmaleerie/Whigmaleery : (n) [Origin unkn.] وہم؛ خیال پریشان؛ گمان؛ خیال باطل ۔ (۲) نکمی آرائشی چیز؛ نمائشی چیز ۔

While : (n) [OE. 'hwil'.] (۱) وقت؛ مدت؛ عرصہ ۔ (۲) (خصوصاً) (محنت یا تکلیف میں) گزارا ھوا وقت ۔ (۳) کوشش؛ سعی؛ مشقت ۔

All the while : برابر؛ پوری مدت تک ۔

At while : تھوڑی مدت؛ کچھ عرصہ؛ اچھی خاصی مدت ۔

At whiles : کبھی کبھی؛ گاھے گاھے ۔

Between whiles : دیکھو Between-whiles

In a little while : تھوڑی دیر میں؛ جلد ۔

Mean while : دیکھو Mean while

Once in a while : گاھے گاھے، کبھی کبھی ۔

That or this while/ All this while : اس اثناء میں ۔

The while : اس اثناء میں ۔

To make it worth (a person's) while : معقول معاوضہ دینا ۔

Worth one's while : جو کسی کے وقت کا صحیح مصرف ھو ۔

Worth-while : کار آمد؛ بامصرف؛ جو وقت کا صحیح مصرف کہا جاسکے ۔

While : (conj) (۱) جس وقت میں؛ جس عرصے میں؛ جس اثنا میں ؛ جبتك ۔ (۲) درآں حالیکہ ؛ گرچہ ۔ (۳) پوری مدت میں؛ برابر ۔ (٤) قبل (اختتام، سے) قبل اس کے کہ؛ اس دوران ۔ (۵) جب تك کہ؛ تاوقتیکہ ۔ (٦) اسی وقت ۔ (۷) اس کے برعکس ؛ دوسری طرف ۔ (۸) علاوہ اس کے ۔ (۹) (....) وقت تك؛ یہاں تك کہ؛ تك ۔

While : (v) (۱) وقت گزارنا؛ وقت کاٹنا ۔ (۲) بہلانا؛ تفریح کرنا ۔

Whilere : (adv.) دیکھو Erewhile

Whiles : (adv.) کبھی کبھی، گاھے گاھے ۔

Whilie/Whiley : (adv.) تھوڑی دیر ۔

Whilk : (اسکاچستان) دیکھو Which

Whillaballoo : (n) دیکھو Hullabaloo

Whillaloo/Whillalluh/Whillilew : (n) [Ir. Gael. 'uile liugh'.] دیکھو Hullabaloo

Whillikers/Whillikins : (n)[Origin unkn.] حیرت؛ جوش وغیرہ کے اظہار کا حرف فجائیہ ۔

Whilly : (v) خوشامد سے راضی کرنا؛ للّو پتو سے راضی کرنا؛ پھسلانا ۔

Whillywha : (n) [Origin unkn.] (۱) خوشامدی شخص؛ چاپلوس شخص ۔ (۲) خوشامد؛ چاپلوسی ۔

Whillywha : (v) (۱) خوشامدکرنا؛ للّوپتو کرنا۔ (۲) پھسلانا ۔

Whilom : (adv.) [OE. 'hwilum'.] پہلے؛ کسی زمانے میں ۔

Whilom : (a) سابق ۔

Whilst : (adv &conj) دیکھو While

Whim : (n) [Origin unkn.] (۱) خیال جو یك بیك یا اچانك آجائے؛ من کی موج؛ لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔ (۲) مزاج؛ افتاد مزاج؛ طبعی میلان؛ رجحان؛ رغبت؛ میل ۔ (۳) چرخ اثقال معدنی؛ اٹھانے کا چرخ یا آہنجہ ۔

Whim : (v) (۱) خیالی طور پر چاہنا یا خواہش کرنا ۔ (۲) (سر کا) چکرا جانا ۔

Whim gin : (n) چرخ اثقال؛ اٹھانے کا آہنجہ ۔

Whim-wham : (n) [Origin unkn.] (۱) بازیچہ ؛ کھلونا ۔ (۲) (خصوصاً) زیور کی قسم کی کوئی چھوٹی چیز ۔ (۳) لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔ (٤) ہذیان؛ اضطراب؛ پریشانی ۔

Whimberry : (n) ایك قسم کی گوندنی ۔

Whimbrel : (n) [perh. Imitative.] پن ککڑی؛ ایك قسم کی مرغابی ۔

Whimper : (n) (۱) بسورنا؛ ریں ریں؛ روں روں ۔ (۲) میں میں (کی آواز) ۔ (۳) اسی قسم کی کتے کی آواز۔ (٤) چڑچڑا کر یا روں روں کرکے شکایت کرنا ۔

Whimper : (v) [Imitative.] (۱) بسورنا؛ ریں ریں کرنا ؛ روں روں کرنا ۔ (۲) منمنانا؛ منمنا کر کہنا؛ بسور کر کہنا ۔ (۳) (کتے کا) غوں غوں کرنا؛ جھلا کر آہستہ آواز نکالنا ۔ (٤) ہَوا یا بہتے ہوئے پانی کا) مسلسل غم آگیں سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنا ۔

Whimperer : (n) بسورنے والا؛ منمنانے والا؛ منمنا ۔

Whimperingly : (adv.) روں روں کرتے ہوئے ۔

Whimsical : (a) [f. Whimsy+-al.] (۱) موجی؛ من موجی؛ مزاج؛ وہمی؛ وسواسی ۔ (۲) انوکھا؛ نرالا؛ عجیب طرح کا؛ عجیب و غریب ۔

Whimsical : (n) ملکہ این (Queen Anne)کے زمانے میں توریوں (Tories) کی ایك جماعت کا نام ۔

Whimsicality : (n) (۱) موجی پن؛ تلون ۔ (۲) انوکھا پن؛ نرالاپن ۔

Whimsically : (adv.) (۱) موجی پن سے؛تلون سے ۔ (۲) انوکھے طریقے سے؛ عجیب طرح سے ۔

Whimsicalness : (n) موجی پن؛ تلون؛ انوکھا پن ۔

Whimsy/Whimsey : (n) (۱) لہر؛ من کی موج؛ ترنگ؛ خبط ۔ (۲) عجیب وغریب چیز ۔ (۳) اٹھانے کا آہنجہ ۔

Whimsy/Whamsy : (n) لہر؛ ترنگ؛ خبط ؛ وہم ۔

Whin : (n) [Of Scand. origin.] بعض قسم کی خاردار جھاڑی یا گھاس جس میں زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Common whin/ Lady-/ Land- : ایک جھاڑی جس کی جڑ سخت ہوتی ھے ۔

Needle whin/Heather-/Moor-/Moss : Petty whin دیکھو

Petty whin : Common whin دیکھو

Whin : (n) [Origin unkn.] (۱) سیاہ پتھر ۔ (۲) دیکھو Whinstone ۔

Whin : Whim دیکھو

Whin-bush : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Whin-srock : (n) سخت ریت کے پتھر اور بسالٹ کی چٹانوں کی قسم؛ ون پتھر؛ سیاہ پتھر ۔

Whin-sill : (n) ون پتھر کی تہ؛ سیاہ پتھر ۔

Whinchat : (n) ایک قسم کی چھوٹی یورپی چڑیا ۔

Whine : (n) کتے یا کتے کی طرح رونے کی آواز؛ شکایت ۔

Whine : (v) [OE. 'hwinan'.] (۱) (کتے کا) رونا؛ کتے کی طرح رونا ۔ (۲) جھینکنا؛ شکایت کرنا؛ رو رو کر کہنا ۔ (۳) رو رو کر گزارنا یا برباد کرنا ۔

Whiner : (n) جھینکنے والا ؛ شکایت کرنے والا ؛ رونے والا؛ زاری کرنے والا ۔

Whing : (int) [Imitative.] تیز گونجتی ہوئی آواز کو ظاہر کرنے کا لفظ ۔

Whing : (n) تیز گونجتی ہوئی آواز ۔

Whing : (v) زور سے حرکت کرنا ۔

Whinge : (v) [OE. 'hwinsian'.] رونا؛ رو رو کر کہنا؛ شکایت کرنا ۔

Whinge : (n) رونا؛ شکایت ۔

Whinger : چھرا؛ چھوٹی تلوار یا خنجر ۔

Whining : (a) جھینکنے والا؛ شکایت کرنے والا؛ رونے والا ۔

Whiningly : (adv.) (۱) کتے کی طرح روتے ہوئے ۔ (۲) جھینکتے ہوئے، شکایت کرتے ہوئے ۔

Whinner : (v) [Frequentative of 'Whine'.] آہستہ سے رو رو کر کہنا ۔

Whinner : (n) آہستہ رونا؛ شکایت ۔

Whinnock : (n) Whimper دیکھو

Whinny : (a) کانٹوں والی جھاڑیوں سے بھرا ہوا ۔

Whinny : (n) ہنہناہٹ ۔

Whinny : (v) [Imitative.] (گھوڑے کا) آہستہ سے یا خوشی میں ہنہنانا ۔

Whinstone : (n) Whin-rock دیکھو

Whiny : (a) شکایت کرنے والا؛ جس کو شکوہ شکایت کی عادت ہو ۔

Whinyard : (n) چھرا؛ چھوٹی تلوار یا خنجر ۔

Whip : (n) (۱) کوڑا؛ چابک ؛ تازیانہ ۔ (۲) کوچوان؛ ہانکنے والا ۔ (۳) چابک دار؛ وہ جو شکاری کتوں کو قابو میں رکھتا ھے ۔ (٤) (مجازاً) منتظم ؛ وہ عہدہ دار جو پارلیمنٹ میں اپنی پارٹی کے ممبروں میں نظم و ضبط قائم رکھتا ھے ؛ وہپ ۔ (٥) حاضری کا حکم جو پارٹی کے ممبروں کو خاص موقعوں پر بھیجا جاتا ھے (اس کے نیچے جتنے خطوط کھینچے ہوئے ہوں اتنا ہی زیادہ اسے اہم سمجھا جاتا ھے) ۔ (٦) چرخی رسی جس کے ذریعے چیزوں کو اوپر اٹھاتے ہیں ۔ (۷) کوڑے یا چابک سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۸) کوچوانی ۔ (۹) کوڑے یا چابک کی ضرب ۔ (۱۰) (کسی فنڈ میں) چندہ دینے کی اپیل ۔ (۱۱) پھینٹے ہوئے انڈے، کریم وغیرہ کی بنی ہوئی چیز ۔ (۱۲) لچک؛ جھکنا ۔ (۱۳) (شمشیر زنی) تلوار کا ایک وار جس میں تلوار کا پھل حریف (کی تلوار) کے پھل سے مل کر پھسلتا ھے ۔ (١٤) پون چکی کے بادگیر کا بازو ۔ (۱٥) (کشیدہ کاری) ایک قسم کی بخیہ ۔ (١٦) کپڑے میں نقش و نگار بنانے کا فاضل سوت (جو تانے یا بانے کا نہ ہو) ۔ (۱۷) لچک؛ لوچ ۔ (۱۸) دیکھو Whipround ۔ (۱۹) ایک قسم کی تفریح جس میں گاڑی جھٹکوں کے ساتھ گھومتی ھے ۔ (۲۰) سفری ریڈیو کا چھوٹا ہوائیہ ۔

Whip : (v) [ME. '(h) 'wippen'.] (۱) جھپٹنا؛ تیزی سے چلا جانا ؛ بھاگ کر چلا جانا ۔ (۲) نکالنا؛ کھینچنا (تلوار وغیرہ) ۔ (۳) لپیٹنا (ستلی وغیرہ)؛ ٹانکے لگانا ۔ (٤) چابک لگانا؛ کوڑے سے پیٹنا یا مارنا ۔ (٥) (عام) شکست دینا ؛ سبقت لے جانا ۔ (٦) (بحری) چرخی کے ذریعے اٹھانا یا گرانا ۔ (۷) چرخی میں رسی ڈال کر اٹھانا (کوئلہ وغیرہ) ۔ (۸) اچانک بول پڑنا ؛ بول اٹھنا ۔ (۹) (عام) ایک دم سے چڑھ جانا ۔ (۱۰) (شمشیر زنی) ایسا وار کرنا کہ تلوار کا پھل حریف کے پھل سے مل کر پھسلے ۔ (۱۱) زور سے حرکت دینا ۔ (۱۲) لٹی سے لٹو نچانا۔ (۱۳) پھینٹنا (انڈے وغیرہ) ۔ (١٤) کوڑے کی سی حرکت دے کر شست پھینکنا (ماہی گیری میں) یا اس طرح سے کھینچنا ۔ (١٥) تنگ کرنا : پریشان کرنا ۔ (١٦) اشتعال دینا؛ حرکت دینا ۔ (۱۷) شرکت کے لئے بلانا ۔ (۱۸) کنارے کو سی دینا؛ جھالر وغیرہ لگانا ۔

To whip into shape : زبردستی خواہش کے مطابق بنانا ۔

To whip the cat : (۱) سفری نجار؛ درزی وغیرہ کا کام کرنا (جو گھر گھر جاکر دن میں کام کرے) ۔ (۲) عملی مذاق کرنا ۔ (۳) بے حد کفایت شعاری کرنا ۔ (٤) سوموار کے دن کام کرنے سے جی چرانا ۔ (٥) (وہسٹ کھیل میں) سب بازی جیت لینا ۔

To whip the devil (or the old gentleman) round the post/-stump : چھپ چھپا کر یا گھما پھرا کر کرنا (کسی کام کو) ۔

Whip and derry : (n) چرخی رسی جس کے ذریعے کوئلہ اوپر اٹھا تے ہیں ۔

Whip and spur : (n) اپنی پوری رفتار سے؛ غضبناک رفتار سے ۔

Whip behind : (n) گھوڑا گاڑی کے پیچھے چڑھنے والوں کے لئے کوچوان کی دھمکی (جو اس کی اجازت کے بغیر چڑھ جاتے ہیں) ۔

Whip-beam : (n) ایک قسم کا چھوٹا درخت جس کی پتیاں چاندی کی طرح چمکتی ہیں ۔

Whip-belly : (n) (عام) پتلی اور ہلکی بیئر شراب ۔

Whip-cat : (n) گھر گھر جاکر کام کرنے والا ۔

Whip-cord : (n) (۱) ایک قسم کی ڈوری جس سے کوڑے بنائے جاتے ہیں؛ چابک کا وہ حصہ جو ڈوری کا بنا ہوتا ھے ۔ (۲) ایک قسم کی تانت ۔ (۳) ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ (٤) ایک سمندری گھاس ۔

Whip-crack : (n) کوڑے پٹخارنا؛ کوڑا پٹخارنے کی آواز ۔

Whip-cracker : (n) (۱) کوڑے پٹخارنے والا ۔ (۲) سخت گیر ۔

Whip-crane : (n) چرخی دار دمکلا ۔

Whip-crop : (n) کچھ درخت جن کی ٹہنیوں سے چابک کے دستے بنائے جاتے ہیں ۔

Whip-eel : (n) ایک قسم کی بام مچھلی ۔

Whip-ended : (a) (کمان) جو سرے پر سے بہت زیادہ جھک جائے ۔

Whip-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی جس کا درمیانی کانٹا بہت لمبا ہوتا ھے؛ کوڑا مچھلی ۔

Whip-grafting : (n) قلم لگانے کا ایک قدیم طریقہ جس میں تنے کو صرف ایک طرف سے کاٹتے ہیں ۔

Whip-hand : (n) (۱) وہ ہاتھ جس سے چابک پکڑا جاتا ھے؛ داہناہاتھ ؛ ہاتھ جس میں تازیانہ یا کوڑا ہو ۔ (۲) (مجازاً) فوقیت؛ برتری؛ قابو؛ اختیار؛ اقتدار ۔

To have the whip-hand of : فوقیت رکھنا؛ اختیار رکھنا؛ برتری حاصل کرنا ۔

Whip-handle : (n) چابک یا کوڑے کا دستہ ۔

Whip in : (v) شکاری کتوں کو کوڑے مار کر غول میں واپس لانا ۔

Whip-lash : (n) (۱) چابک، کوڑے وغیرہ کی مار یا ضرب، چابک کا تسمہ ۔ (۲) چابک کے تسمے سے مشابہ کوئی چیز ۔

Whip-lash injury : (n) گاڑی کے ٹکرا جانے سے گاڑی بان کے سر میں چوٹ آجانا ۔

Whip-line : (n) (۱) چابک کی ڈوری ۔ (۲) چرخی کا رسا ۔

Whip-man : (n) کوچوان؛ گھوڑا گاڑی چلانے یا ہانکنے والا ۔

Whip-master : (n) (۱) کوڑے استعمال کرنے والا ۔ (۲) سخت گیر مالک ۔

Whip-net : (n) عام جالی ۔

Whip-poor-will : (n) [Imitative.] ابابیل کی قسم کا ایک امریکی پرند؛ امریکی پشه خور ۔

Whip-purchase : (n) دیکھو Whip-crane

Whip-way : (n) شعاعیه یا کرن مچھلی جس کی دُم لمبی اور پتلی ھوتی ھے ۔

Whip-rod : (n) مچھلی پکڑنے کی چھیپ جس کے گرد ڈوری لگی رہتی ھے ۔

Whip-round : (n) چندے کی گشتی فہرست جو کسی انجمن کے ارکان کے پاس بھیجی جائے خصوصاً امور خیر کے چندے کے لئے ۔

Whip-saw : (n) (۱) چوکھٹے میں لگا ھوا آرا؛ چوکھٹا آرا، چوکھٹے دار آرا ۔ (۲) دو دستوں والا پتلا آرا؛ دو دستی آرا ۔ (۳) (مجازاً) دوہرا فائدہ ۔

Whip-saw : (v) (۱) چوکھٹے دار آرے سے کاٹنا ۔ (۲) (مجازاً) دوہرا فائدہ یا برتری حاصل کرنا یا پانا ۔

Whip-sawing : (n) (۱) چوکھٹےدار آرے سےکاٹنا ۔ (۲) دوہری برتری حاصل کرنا ۔

Whip-sawyer : (n) دوہری برتری حاصل کرنے والا ۔

Whip-scorpion : (n) ایک قسم کا عنکبیه (جانور) ۔

Whip-sillabub : (n) ایک قسم کا کھانا جو انگوری شراب اور کریم سے بنتا ھے ۔

Whip-snake : (n) کوڑا سانپ؛ ایک قسم کا پتلا سانپ ۔

Whip-socket : (n) (۱) چابک رکھنے کاخانه ۔ (۲) کوڑے کا دسته ۔

Whip-staff : (n) چابک کا دسته ۔

Whip-stalk/-stick/-stock : (n) چابک یا کوڑے کا دسته ۔

Whip-stitch : (n) (۱) کنارے کی سلائی ۔ (۲) لحظه؛ لمحه ؛ آن؛ پل؛ دم ۔

(At) every whipstitch : تھوڑے تھوڑے وقفے پر ۔

Whip-stitch : (v) کناروں کو سینا ۔

Whip-tail : (n) لمبی اور پتلی دم والی جانور ۔

Whip-tom-kelly : (n) [Imitative.] مشرقی شمالی امریکا کے ایک پرند کا نام ۔

Whip-top : (n) کوڑا لٹو؛وہ لٹو جسے کوڑا مار کر نچاتے ہیں ۔

Whip-worm : (n) چابک کرم؛ باریک سر کرم ۔

Whiplike : (a) کوڑے نما؛ چابک نما ۔

Whippable : (a) جسے کوڑے لگانے کی ضرورت ھو ۔

Whipparee/Whipperee : (n) [Alt. of Whip-Ray.] دیکھو Sting-Ray

Whipped : (a) (۱) جسے کوڑے لگائے گئے ھوں ۔ (۲) پھینٹا ھوا ۔ (۳) خسته؛ شکسته ۔

Whipper : (n) (۱) کوڑے مارنے والا ۔ (۲) چرخی رسی کے ذریعے کوئله اوپر چڑھانے والا ۔ (۳) کمبل کے کنارے میں رنگین دھاگا لگانے والا ۔

Whipper-in : (n) (۱) چابک دار؛ شکاری کتوں کو قابو میں رکھنے والا ۔ (۲) (گھڑ دوڑ میں) سب سے آخری گھوڑا ۔ (۳) (تاریخ) پارلیمنٹ کا وہ عہدہ دار جو اپنی پارٹی کے ممبروں میں نظم و ضبط قائم رکھتا ھے ۔

Whipper-snapper : (n) بچه یا کم سن اور کم حیثیت آدمی جو قابلیت کے زعم میں ہر بات میں دخل دے ۔

Whippertail : (n) مغربی اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک مچھلی ۔

Whippet : (n) (۱) تیز و طرار جوان عورت؛ فاحشه عورت؛ بازاری عورت ۔ (۲) کم حیثیت، چھوٹا پھرتیلا شخص ۔ (۳) وپٹ؛ مخلوط نسل کا شکاری کتا جو دوڑ میں استعمال کیا جاتا ھے ۔ (٤) ایک قسم کا ہلکا ٹینک جو جنگ عظیم کے اواخر میں استعمال کیا گیا ۔

Whippiness : (n) لچک دار ھونا ۔

Whipping : (n) (۱) کوڑے کی مار؛ کوڑے کی سزا ۔ (۲) کوڑے کی رسی یا چمڑا وغیرہ ۔ (۳) مار؛ سرزنش ۔ (٤) کنارے کو سینا ۔

Whipping : (a) (۱) تیز؛ پھرتیلا؛ شدید؛ پُرزور ۔ (۲) کوڑے لگانے والا؛ مارنے والا ۔

Whipping boy : (n) (۱) وہ لڑکا جو کسی شاہزادے کے ساتھ پڑھتا تھا اور اس کے بدلے میں سزا پاتا تھا ۔ (۲) (مجازاً) صدقے کا بکرا ۔

Whipping cream : (n) کریم جس میں تیس فیصد سے کم روغن ہو ۔

Whipping post : (n) کھمبا جس میں آدمی کو باندھ کر کوڑے لگائے جاتے ہیں ۔

Whipping tom : (n) نمایاں طور پر سبقت لے جانے والا ۔

Whipping top : (n) کوڑا لٹو؛ وہ لٹو جسے کوڑا مارکر نچاتے ہیں ۔

Whippletree : (n) دیکھو Swingletree

Whippy : (a) لچکدار ۔

Whipster : (n) (۱) دیکھو Whipper Snapper ۔ (۲) چابک یا کوڑے استعمال کرنے والا ۔ (۳) کوچوان؛ گاڑی بان؛ گاڑی ہانکنے والا ۔ (٤) کوڑے کھانے کا عادی شخص ۔

Whipsy-derry : (n) چرخی رسی جس کے ذریعے کوئلہ اوپر اٹھاتے ہیں ۔

Whir : (v) [Of. Scand. origin.] کٹ کٹ یا گھر گھر کی آواز کے ساتھ اڑنا، گھومنا یا تیزی سے حرکت کرنا ۔

Whir : (n) کٹ کٹ یا گھرگھر کی آواز جو چڑیوں کے پر مارنے یا دندانے دار پہیے کے گھومنے سے پیدا ہوتی ھے ۔

Whirl : (v) [On 'hvirfla'.] (۱) گھومنا؛ چکر کھانا ۔ (۲) گھمانا؛ چکر دینا ۔ (۳) گھما کر پھینکنا (کوئی چیز) ۔ (٤) (متحرک جسم کا) دورمیں ہونا؛ دورہ کرنا ۔ (٥) (کسی گاڑی پر) تیزی سے روانہ ہونا یا لے کر چل دینا؛ ڈھونا ۔ (٦) (خیالات کا) تیزی سے دماغ میں گزرنا یا چکر کھانا ۔ (۷) چکر آجانا؛ چکرانا ۔

Whirl : (n) (۱) اڑ پہیا، مشینوں کا ایک بڑا پہیا جس میں بھاری دندانے ہوتے ہیں اورجو مشین کی رفتار کو باقاعدہ یا اس کی قوت کو محفوظ رکھتا ھے ۔ (۲) (رسا بنانے میں) وہ بک جس میں رسا بنتے وقت رسے کا ایک سرا پھنساتے ہیں ۔ (۳) (نباتیات، حیوانیات) گھیرا؛ چکر؛ مرغولے کا حلقہ ۔ (٤) (ماہی گیری) گرداں چارہ ۔ (٥) گردش؛ چکر ۔ (٦) تیز یا زور دار حرکت ۔ (۷) پریشانی؛ ابتری ۔ (۸) سر گردانی ؛ دردِ سر ؛ دورانِ سر ۔ (۹) تجرباتی کوشش ۔

Whirlabout : (n) ادھر ادھر گھما کر پھینکنا ۔

Whirlblast : (n) بگولا؛ گردباد؛ طوفان ۔

Whirlbone : (n) کولہے کی ہڈی؛ گھٹنےکی چپنی (ہڈی) ۔

Whirler : (n) (۱) گھومنے والا؛ چکر کھانے یا کھلانے والا؛ گھمانے والا ۔ (۲) گھومنے یا گھمانے والا پرزہ ۔ (۳) کمہار کا چاک ۔

Whirley crane : (n) دمکلا جو چاروں طرف گھومتا ھے ۔

Whirlicote : (n) (تاریخ) ایک قدیم گاڑی ۔

Whirligig : (n) (۱) ایک طرح کا کھلونا ۔ (۲) (مجازاً) چکر؛ گردش ۔ (۳) چکر؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کے گھوڑے لگے ہوتے ہیں ؛ اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیا جاتا ھے؛ چرخ چوں ۔ (٤) پانی کے بھونرے جو سطح پر منڈلاتے ہیں ۔ (٥) (مجازاً) کوئی چیز جو مستقل گرش یا حرکت میں ہو ۔ (٦) بازاری دوا فروش ۔ (۷) چکر؛ دور ۔ (۸) متلون؛ لا ابالی یا وحشی شخص ۔ (۹) مجرموں کو سزا دینےکی مشین ۔

Whirligig : (v) گھومنا؛ چکر کھانا؛ گردش کرنا ۔

Whirligig : (adv.) تیزی سے چکر کھاتے ہوئے ۔

Whirligig : (a) چکر کھانے والا ۔

Whirling : (a) چکر کھانے والا؛ گرداں ۔

Whirling blue/-dun : (n) ماہی گیری میں مستعمل مصنوعی مکھیاں ۔

Whirling circle : (n) گھوم چکر ۔

Whirling dervesh : (n) درویش؛ صوفی ۔

Whirling plant : (n) دیکھو Telegraph Plant

Whirling table : (n) (۱) گھوم میز ۔ (۲) کمہار کے چاک کا قرص جو افقی طور پر گھومتا ھے ۔

Whirlingly : (adv.) چکر کھاتے ہوئے ۔

Whirlpool : (n) (۱) بھنور؛ گرداب؛ ورطہ ۔ (۲) (مجازاً) ہلچل؛ کھلبلی؛ اضطراب ۔

Whirlpool : (v) چکر کھانا؛ بھنور بننا ۔

Whirlpool bath : (n) ایک معالجاتی غسل جس میں گرم پانی کے چکر کھاتے ہوئے دھارے کو جسم کے کسی حصے پر زور سے ڈالتے ہیں ۔

Whirlpuff : (n) ہَوا کا بگولا ۔

Whirlwig : (n) پانی کا بھونرا جو سطح پرمنڈلاتا ھے ۔

Whirlwind : (n) [ON. 'hvirfilwindr'.] (۱) بگولا؛ گرد باد ۔ (۲) (مجازاً) ہلچل؛ کھلبلی ۔ (۳) تباہ کن طاقت یا ایجنسی ۔

To sow wind and reap whirlwind: ناعاقبت اندیشانہ شرارت کرنا اور اس کا نتیجہ بھگتنا ۔

Whirlwind : (v) بگولے کی طرح چلنا یا حرکت کرنا ۔

Whirly : (a) چکر کھانے والا؛ گرداں ۔

Whirly : (n) چھوٹا بگولا ۔

Whirlybird : (n) ہیلی کوپٹر ۔

Whirr/Whir : (n) گھرگھر کی آواز؛ پھڑ پھڑ کی آواز ۔

Whirr/Whir : (v) [Of Scand. Origin.] (۱) گھرگھر کرتے ہوئے چلنا یا دوڑنا؛ گھرگھر کی آواز نکالنا ۔ (۲) غرانا؛ بڑبڑانا؛ خرخر کرنا ۔

Whirry : (v)[Perhaps blend of Whir and Hurry] (۱) فوراً پہنچا دینا؛ جلدی لے جانا ۔ (۲) (اسکاچستان) بہت جلدی کرنا ۔

Whirtle : (n)[ME. 'wirtil'.] لوھے کا مسام دار ٹھپا جس کے ذریعے تار یا نلکی بنائی جاتی ھے ۔

Whish : (n &int.] ہلکی سسکاری کی آواز جو ہَوا میں یا سطحِ آب پر کسی چیز کے تیزی سے گزرنے سے پیدا ہوتی ھے؛ وہش کی آواز ۔

Whish : (v) [Imit.] (۱) وہش کی آواز نکالنا ۔ (۲) وہش کہہ کر ہانکنا یا تعاقب کرنا ۔ (۳) ہلکی سسکاری کی آواز نکالنا ۔

Whish : (int) [A natural utterance.] دیکھو Hush

Whish : (v) خاموش رہنے کی ہدایت کرنا ۔

Whisht : (n) (۱) خاموش کرنے کے لئے "وہشت، ہشت" کی آواز؛ خاموش ۔ (۲) خاموشی ۔

To hold one's whisht : خاموش رہنا ۔

Whisht : (a) [Var. of Whist.] خاموش؛ چپ چاپ؛ ساکن ۔

Whisht : (int.) خاموش؛ چپ ۔

Whisht : (v) خاموش رہنا؛ چپ کرنا ۔

Whishtly : (adv.) خاموشی کے ساتھ؛ چپ چاپ ۔

Whisk : (n) [ME. 'wisk'.] (۱) جانوروں کی دُم کی حرکت ؛ دُم پھٹکارنا؛ مورچھل وغیرہ کی جنبش ۔ (۲) (تاریخ) سترھویں صدی عیسوی کا زنانہ گلے کا رومال ۔ (۳) انڈا، کریم وغیرہ پھینٹنے کا آلہ (عموماً تار کا بنا) ۔ (٤) مورچھل؛ چوری؛ مروحہ، (دستی پنکھا) ۔ (٥) بعض کیڑوں کا مورچھل نما عضو ۔ (٦) بعض پودوں کا گچھا جس سےمورچھل کا کام لیا جاتا ھے۔ (۷) چھوٹا گچھا۔ (۸) غلے کو نچھوڑنےکی مشین ۔ (۹) سوت لپیٹنے کی مشین ۔ (۱۰) پیپے ساز کا رندہ (پیپے کے کور کو چکنا کرنے کے لئے) ۔ (۱۱) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی کی دُم ۔

Whisk : (n) (قدیم) خاموشی؛ سکوت ۔

Whisk : (v) (۱) مورچھل سےہٹانا (مکھی)؛ جھاڑ دینا (گرد)؛ پھینٹنا (انڈا وغیرہ) ۔ (۲) تیزی سے ہٹالینا یا اٹھالینا ۔ (۳) تیزی سے چلا جانا؛ نظر سے غائب ہو جانا؛ تیزی سے لے جانا ۔ (٤) ہلانا؛ پھرانا؛ گھمانا (چھڑی وغیرہ) ۔

Whisk broom : (n) کپڑے وغیرہ جھاڑنے کا چھوٹے دستےوالا مورچھل ۔

Whisk-seed : (n) باجرا ، کودوں وغیرہ ۔

Whisker : (n) (۱) گل مچھے ۔ (۲) مونچھیں (بلی وغیرہ کی) ۔ (۳) (بحری) ان دو بلیوں میں سے ایک جو

بادبان کو تھامنے والے شہتیر کے دونوں طرف نکلی رہتی ہیں ۔ (٤) تارپیڈو کو اڑانے والی بیرم ۔ (٥) (بعض کیڑوں کا) محاس؛ قرن ۔ (٦) لمبا اور پتلا بلور ۔

Whisker : (v) گل مچھے لگانا ۔

Whiskered : (a) گل مچھے دار ۔

Whiskerless : (a) بے گل مچھے کا ۔

Whiskery : (a) بڑے گل مچھے والا؛ گل مچھے جیسا ۔

Whiskified . (a) حد سے زیادہ وہسکی پینے سے متاثر ۔

Whisky/Whiskey : (n) [Short for 'whiskybae'.] (١) وہسکی؛ اناج یا شکر وغیرہ کی شراب ۔ (٢) وہسکی کا پینا ۔

Whisky/Whiskey : (n)[f.Whisk+-Y] ایک قسم کی ہلکی گاڑی ۔

Whisky insurrection : (n) بغاوت جو ١٧٩٤ء میں پن سلوانیا میں شراب پر محصول لگانے سے ہوئی تھی ۔

Whisky-jack : (n) کناڈا کا ایک پرندہ جو شور مچانے کےلئے مشہور ہے ۔

Whisky john : (n) دیکھو Whisky-Jack

Whisky liver : (n) جگرکی ایک بیماری جو شراب خواری سے پیدا ہوتی ہے ۔

Whisky sour : (n) (١) وہسکی، تلخی، چینی اور لیموں کے رس کا کاک ٹیل ۔ (٢) اس کاک ٹیل کو پینے کا جام ۔

Whisky-straight : (n) (امریکی عامیانہ) بغیر پانی ملی وہسکی ۔

Whisper : (n) (١) سرگوشی ؛ زیر لب گفتگو ؛ وہ بات جو کان میں کہی جائے ؛ کانا پھوسی ۔ (٢) افواہ ۔ (٣) سرسراہٹ؛ خفیف سی آواز ۔ (٤) (صوتیات) آواز جو اوتار صوت کی اہتزاز یا فم حلق کے انقباض کے بغیر نکلے ۔ (٥) خفیف مقدار؛ اشارہ ۔ (٦) خفیہ رپورٹ یا خبر ۔

Stage whisper : دیکھو Stage whisper

Whisper : (a) رازدارانہ ؛ سرگوشی میں کہا ہوا ۔

Whisper : (v) [OE. 'hwisprian'.] (١) بہت آہستہ بولنا؛ زیر لب بولنا ۔ (٢) چپکے چپکے باتیں کرنا؛ کھسر پھسر باتیں کرنا؛ کانا پھوسی کرنا؛ سر گوشی کرنا ۔ (٣) (کوئی بات) کان میں کہنا؛ چپکے سے کہنا ۔ (٤) چپکے بدگوئی کرنا یا سازش کرنا ۔ (٥) خفیہ طورپر مشہور کرنا ۔ (٩) (منفی معنی میں) بہت اختصار سےکہنا ۔ (٧) (مجازاً) سرسراہٹ کی آواز نکالنا ۔ (٨) ذہن میں پوشیدہ طورپر کوئی بات ڈالنا ۔

Whispered : (a) سرگوشی میں کہا ہوا؛ زیر لب کہا ہوا ۔

Whisperer : (a) (١) سر گوشی کرنے والا؛ کانا پھوسی کرنے والا؛ بدگو ۔ (٢) افواہ پھیلانے والا ۔ (٣) گھوڑا سدھانے والا (جو گھوڑے کے کان میں سرگوشی کر کے اسے سدھاتا ہے) ۔ (٤) چپکے چپکے بدگوئی کرنے والا ۔

Whispering : (a) (١) سرگوشی کرنےوالا؛ سرگوشی میں کہا ہوا ۔ (٢) خفیہ اطلاع دینے والا ۔

Whispering : (n) (١) سر گوشی، کانا پھوسی ۔ (٢) افواہ ۔ (٣) سرسراہٹ؛ خفیف سی آواز ۔

Whispering gallery : (n) غار یا گنبد جس میں جو بات ایک جگہ پر آہستہ سے کہی جائے تو وہ دوسری جگہ زور سے سنائی دے ۔

Whisperingly : (adv.) زیرِ لب ؛ چپکے چپکے ؛ سرگوشی کے طور پر ۔

Whisperous : (a) (١) مانند سرگوشی؛ سرگوشی جیسی (بات) ۔ (٢) جس میں سرسراہٹ کی آواز ہو ۔

Whisperously : (adv.) سرگوشی کی طرح؛ سرگوشی میں ۔

Whispery : (a) دیکھو Whisperous

Whist : (n) خاموشی؛ سکوت ۔

To hold one's whist : خاموش رہنا ۔

Whist : (n) وہسٹ؛ کوٹ پیس یا ترپ چال کی قسم کا تاش کا ایک کھیل ۔

Dummy whist : دیکھو Dummy

Duplicate whist : وہسٹ کا وہ کھیل جس میں کھیلے ہوئے ہاتھ کو محفوظ رکھا جاتا ہے اور دوبارہ کھیلا جاتاہے ۔

Long whist : لمبا وہسٹ جس میں دس پائنٹ کا کھیل ہوتا ہے ۔

Short whist : چھوٹا وہسٹ جس میں پانچ پائنٹ کا کھیل ہوتا ہے ۔

Whist : (a) (۱) خاموش؛ چپ؛ ساکت ۔ (۲) کم گو؛ کم سخن ۔

Whist : (v) خاموش رہنا؛ چپ ہو جانا ۔

Whist : (int) خاموش؛ چپ ۔

Whisted : (a) خاموش ۔

Whistle : (n) [OE. hwistle, 'wistle'.] (۱) سیٹی ۔ (۲) سیٹی کی آواز؛ سن سن کی آواز ۔ (۳) (مزاحاً) حلق؛ گلا ۔ (٤) (مجازاً) بلاوا؛ طلبی ۔ (٥) (پرندوں کی) باریک اور تیز آواز ۔ (٦) سیٹی کی آواز سے مشابہ آواز ۔

As clean as whistle/As clear-/As dry- : صفائی سے؛ صاف طور پر ۔

Kist of whistles : (تحقیراً) کلیسائی آرگن باجا ۔

(Not) worth a whistle : بالکل حقیر؛ ادنیٰ ۔

Penny whistle : ٹین کی بانسری جس میں چھ سوراخ ہوتے ہیں ۔

Tin whistle : دیکھو Penny Whistel

To let one go whistle : کسی کی خواہش کی پروا نہ کرنا ۔

To pay (too dear) for one's whistle : (کسی چیز کے لئے) اس کی قیمت یا اس کی حیثیت سے زیادہ ادا کرنا ۔

To wet one's whistle : شراب پینا ۔

Whistle : (v) [OE. 'hwistlian'.] (۱) سیٹی بجانا؛ سیٹی دینا۔ (۲) (ہوا یابندوق کی گولی کا) سن سن کرنا ۔ (۳) مخبری کرنا ۔ (٤) سیٹی کے ذریعے بلانا یا حکم دینا ۔ (٥) سیٹی میں ادا کرنا؛ سیٹی پر بجانا (گیت وغیرہ) ۔ (٦) سیٹی بجا کر راہ نکالنا ۔

To go whistle : اپنی خواہش کے مطابق جانا اور کرنا؛ بے کار رہنا ۔

To whistle down the wind : باز کو ہوا میں چھوڑ دینا ۔

To whistle for : بیکار تلاش کرنا؛ لاحاصل انتظار کرنا؛ کسی چیز کے بغیر کام چلا لینا ۔

To whistle for a wind : جب ہوا بند ہو تو جہاز رانوں کا اس امید میں سیٹی بجانا کہ ہوا چلنے لگے گی ۔

To whistle in the dark : سیٹی بجا کر ہمت قائم رکھنا ۔

Whistle post : (n) وہ نشان جہاں پہنچ کر ریل کو سیٹی بجانی پڑتی ہے ۔

Whistle-stop : (n) (۱) چھوٹا اسٹیشن جس پر گاڑی صرف سگنل دینے سے رکتی ہے ۔ (۲) وہ شہر جہاں ٹرین پانی لینے کے لئے رکتی ہے ۔ (۳) (کسی سیاسی امیدوار کا) تھوڑی دیر کے لئے عوام کے سامنے آنا (دورہ کے درمیان) ۔ (٤) چھوٹا اسٹیشن ۔

Whistle-stop : (v) (۱) ہر اسٹیشن پر ٹھہرتے ہوئے جانا ۔ (۲) تھوڑی دیر کے لئے سامنے آنا یا بولنا ۔

Whistleable : (a) جسے سیٹی کے ذریعہ ادا کیا جا سکے ۔

Whistler : (n) (۱) سیٹی بجانےوالا ۔ (۲) بانسری بجانےوالا ۔ (۳) جیل کے شراب خانے کا منتظم ۔ (٤) تیز آوازنکالنےوالاپرندہ ۔ (٥)ناکارہ گھوڑا جو تیز آواز سانس کے ساتھ نکالتا ہے ۔ (٦) شمالی امریکا کی بڑی قسم کی گلہری ۔ (۷) سیٹی سی آواز نکالنے والی کوئی چیز ۔ (۸) بجلی سے پیدا ہونے والی آواز جو ریڈیو پر سنائی پڑتی ہے ۔

Whistling : (n) (۱) سیٹی بجانا ۔ (۲) سن سن کی آواز ۔

Whistling : (a) (۱) سیٹی بجانےوالا؛ سن سن کی آوازنکالنےوالا ۔

Whistling arrow : (n) تیر جس کا سرا مسام دارہوتا ہے اور چلتے وقت اس میں سن سن کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Whistling buoy : (n) پیراک پیپا جس سے موجوں کےٹکرانے سے سیٹی کی سی آواز نکلتی ہے ۔

Whistling dick : (n) آسٹریلیائی ترغہ (ایک پرند) ۔

Whistling duck : (n) بعض قسم کی بطخ ۔

Whistling eagle : (n) چھوٹی آسٹریلیائی چیل جو مچھلی پکڑ کر کھاتی ھے ۔

Whistling frog : (n) جنوبی امریکا میں پایا جانے والا مینڈك جو خشکی میں رہتا ھے ۔

Whistling hawk : (n) دیکھو Whistling Eagle

Whistling jar : (n) قدیم پیرو (Peruvian)کی مٹی کی بوتل جو عموماً پرند یا جانوروں کی شکل کی ھوتی تھی اور اس میں دو سوراخ ھوتے تھے، جب ایك میں کوئی سیال شے بھری جاتی تھی تو دوسرے سے ھوا کے دباؤ کی وجہ سے سیٹی کی آواز نکلتی تھی ۔

Whistling kite : (n) دیکھو Whistling-Eagle

Whistling marmot : (n) ایك طرح کی گلہری ۔

Whistling post : (n) دیکھو Whistle-Post

Whistling shop : (n) (عام) جیل کا وہ کمرا جہاں خفیہ اور ناجائز طور سے شراب بیچی جاتی تھی ۔

Whistling thrush : (n) ایك قسم کا خوش الحان پرندہ ۔

Whistlingly : (adv.) سیٹی بجاتے ھوئے ۔

Whistly : (a) سیٹی سے مشابہ ۔

Whistly : (adv.) خاموشی سے؛ چپ چاپ ۔

Whit : (n) [Early mod. E. 'whyt, wyt'.] نہایت خفیف یا قلیل مقدار، ذرہ ؛ رتی ۔

A whit : بہت تھوڑا ۔

Any whit/One whit : کم سے کم ۔

Every whit : پورا؛ مکمل ۔

Never a whit /Not a whit : کوئی نہیں ۔

Never, not (etc) a whit/ No whit : بالکل نہیں؛ مطلق نہیں؛ رتی بھر نہیں ۔

Whit : (int.n) [Imitative.] چڑیوں کے چہچہانے کی آواز ۔

Whit : (a) سفید اتوار یا سفید اتوار کےزمانےسےمتعلق ۔

Whit-Monday : (n) سفید پیر ؛ ایسٹر کے بعد کا ساتواں سوموار ۔

Whit-Sunday/Whitsunday : (n) (۱) ایسٹر کے بعد کا ساتواں اتوار؛ سفید اتوار جس میں اصطباغ کی رسم ادا ھوتی تھی اور سفید کپڑے پہنے جاتے تھے ۔ (۲) اسکاٹ لینڈ میں سہ ماہی کا آخری دن جب تنخواہ یا مزدوری یا کرایہ ادا کیا جائے ۔

Whit Tuesday : (n) سفید منگل؛ سفید اتوارکےبعدکا منگل ۔

Whit weak : (n) سفید اتوار کا ہفتہ ؛ سفید اتوار اور اس کے بعد کے دن ۔

White : (n) (۱) (انڈے کی) سفیدی ۔ (۲) سفیدیٔ چشم؛ آنکھ کی سفیدی ۔ (۳) سفید رنگ ؛ سفیدی ۔ (٤) سفید لباس؛ سفید کپڑا ۔ (٥) گوری نسل کا آدمی ۔ (٦) (جمع) سیلان رحم ؛ پرسوت ۔ (۷) (تیر اندازی) سفید نشانہ ۔ (۸) (طباعت) بعض خبر یا ٹائپ کے درمیان کی خالی جگہ؛ لفظوں یا سطروں کے درمیان خالی جگہ ۔ (۹) قدیم فرانس کا ایك سکہ ۔ (۱۰) سفید شراب ۔ (۱۱) بلیرڈ کی دو سفید گیندوں میں سے ایك ۔ (۱۲) گورا پن ۔ (۱۳) اس سیاسی جماعت کا رکن جس کے ارکان سفید رنگ کا بلا لگاتے ہیں ۔ (١٤) شطرنج یا ویسے دوسرے کھیلوں میں سفید مہرے رکھنے والا ۔ (١٥) سفید جانور ۔ (١٦) شاہ پسند؛ رجعت پسند ۔ (۱۷) (جمع) نر شتر مرغ کے بازوؤں کا پر ۔ (۱۸) سفید تیتری ۔ (۱۹) سفید مصنوعات یا پیداوار (مثلاً سفید آٹا، چینی وغیرہ) ۔ (۲۰) White squadron کا مخفف ۔

In black and white : دیکھو Black

In the white : (۱) سفید (کپڑا)؛ بے رنگا ھوا ۔ (۲) غیر مکمل ۔ (۳) (کھال) جس کو چونے کے پانی میں ڈبو دیا گیا ھو مگر کمایا نہ گیا ھو ۔

In white : سفید پوش؛ سفید کپڑوں میں ملبوس ۔

Poor whites : سفید فام لوگ ۔

The white of an egg : انڈے کی سفیدی ۔

The white of the eye : آنکھ کی سفیدی ۔

To call white black : دن کو رات کہنا ۔

To turn up the whites of one's eyes : دیدے کی سفیدی کو نمایاں کرنا (تعجب، استعجاب، مصنوعی رواداری وغیرہ کے اظہار میں) ۔

To turn white into black : اچھے کو برا ٹھہرانا ۔

White : (a) [OE. hwit(.] (۱) سفید؛ سپید ۔ (۲) ہلکا زرد؛ کافوری ۔ (۳) شفاف؛ بے رنگ ۔ (٤) (مجازاً) معصوم ؛ پاک دامن ۔ (٥) بے ضرر ؛ مفید ۔ (٦) گوری قوموں کا ؛ سفید فام ۔ (۷) (سیاسیات) شاہ پسند؛ رجعت پسند؛ مخالف انقلاب؛ شاہ پسندانہ؛ رجعت پسندوں کا ۔ (۸) سفید ریش ؛ سفید مو ؛ بزرگ ۔ (۹) سادہ (کاغذ) ۔ (۱۰) دیانتدار؛ ایماندار ۔ (۱۱) زرد رو؛ پیلا ۔ (۱۲) سفید پوش؛ سفید کپڑوں میں ملبوس ۔ (۱۳) سفیدی کی حد تک گرم کیا ہوا ۔ (١٤) پُر جوش ؛ پُر شوق ۔ (١٥) بالواسطہ جنگ سے متعلق ۔ (١٦) خالص دماغ سے متعلق جس میں جذبات کی گرمی، رنگ اور گونج نہ ہو ۔

As white as (or whiter than) snow/-milk/- a lily : برف، دودھ یا سوسن سا (یا اس سے زیادہ) سفید ۔

Poor white folks/-trash : (سیاہ فام لوگوں کی اصطلاح میں) غریب سفید فام لوگ ۔

To bleed (a person) white : خون چوس لینا؛ مال و دولت وغیرہ چھین کر محتاج کر دینا ۔

To stand in a white sheet : توبہ کرنا؛ اعترافِ گناہ کرنا ۔

White : (v) [OE. 'hwitian'.] کاٹنا؛ تراشنا ۔

White : (v) (۱) سفید کر دینا ۔ (۲) سفید ہو جانا ۔ (۳) دیکھو Whiten ۔

White : (adv.) دیانتداری سے؛ معقول طور پر ۔

White admiral : (n) ایک قسم کی تیتری ۔

White alert : (n) ہوائی حملے سے خبردار کرنے کے بعد خطرہ ٹل جانے کا سگنل ۔

White alkali : (n) (۱) بعض نمکوں کا مرکب ۔ (۲) صاف کیا ہوا بے آب سوڈیم کاربونیٹ (سجّی) ۔

White alloy : (n) مصنوعی چاندی ۔

White ant : (n) دیمک ؛ سیونک ۔

White-ant : (v) پوشیدہ طور پر تباہ کردینا یا کسی کی جگہ لے لینا ۔

White arsenic : (n) سم الفار؛ آرسینک ٹرائی آکسائیڈ ۔

White ash : (n) (۱) سفید ایش (ash) ۔ (۲) (مقامی) چپو ۔

White-back : (n) شمالی امریکا میں کرمچی پشت کی ایک بطخ ۔

White backlash : (n) خانہ جنگی کی تحریک کی سفید فام امریکنوں کی طرف سے معاندانہ حمایت ۔

White baker : (n) ایک قسم کا مگس گیر پرندہ ۔

White-bear : (n) سفید ریچھ؛ قطبی ریچھ ۔

White-beard : (n) (۱) سفید ریش شخص؛ بڈھا؛ عمر رسیدہ شخص ۔ (۲) ایک آسٹریلیائی پودا جس کے کاسہء گل پر سفید روئیں ہوتے ہیں ۔

White-belly : (n) بعض پرندے جن کے پیٹ کا حصہ جزوی یا پورے طو رپر سفید ہوتا ہے ۔

White blood cell : (n) خون میں بغیر رنگ کا جسمیہ؛ خلیہء ابیض ۔

White-blooded : (a) کم خون؛ جس کےخون میں سرخ جسمیہ کی کمی ہو ۔

White-bonnet : (n) فرضی بولی دینے والا ۔

White-book : (n) سرکاری دستاویزات کا مجموعہ جس کی جلد سفید ہوتی ہے ۔

White boy/Whiteboy : (n) (۱) غیر قانونی، باغی یا خرمست انجمنوں کےلئے استعمال ہوتاہے۔ (۲) (تاریخ) (آئرستان) کاشتکاروں کی خلاف قانون انجمن کا رکن، یہ انجمن اٹھارھویں صدی میں قائم ہوئی تھی جس کے ارکان جلسوں میں اور حملوں کے وقت سفید کوٹ پہنتے تھے ۔

White boyism : (n) آئرستان کے کاشتکاروں کی خلاف قانون انجمن کا اصول ۔

White brass : (n) تانبے اور جست کا بھرت جس میں جست زیادہ ہوتا ہے (٤٩ فی صد سے زیادہ) ۔

White bread : (n) سفید آٹے یا میدے کی روٹی ۔

White bronze : (n) بہت ہلکے رنگ کا کانسا جس میں ٹین کی مقدار زیادہ ہوتی ہے ۔

White cake : (n) انڈے کی سفیدی سے بنا ہوا کیک ۔

White-cap/Whitecap : (n) (۱) بعض قسم کے پرند جن کے سر پر سفید یا ہلکے رنگ کا گل ہوتا ہے ۔ (۲) (جمع) سماروغ کی ایک قسم ۔ (۳) سمندر کی لہریں ۔ (٤) سفید ٹوپی پہننے والا شخص خصوصاً امریکا کی خود ساختہ جماعت جو اخلاقی اصلاح کی آڑ میں لوگوں پر ظلم کرتی ہے ۔

White cell : (n) دیکھو White Blood Cell

White cement : (n) سفید سیمنٹ (جس میں لوہے کے مرکبات بہت کم ہوتے ہیں) ۔

White chip : (n) (۱) سفید کھپچی جو پو کر کھیل میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) بہت حقیر سی رقم ۔

White coal : (n) (۱) دیکھو Water power ۔ (۲) دیکھو Electricity ۔

White coat : (n) (۱) سفید یا ہلکے رنگ کے کوٹ میں ملبوس سپاہی ۔ (۲) سیل (سگ ماہی) کا بچہ جس کا سمور سفید ہوتا ہے؛ سیل کے بچے کا سمور ۔

White coat : (n) پلاسٹر کی آخری تہ ۔

White collar : (a) دفتر میں کام کرنے والے یا ان کے کام سے متعلق ۔

White corpuscle : (n) خلیۂ ابیض؛ سفید جسمیہ ۔

White count : (n) خلیۂ ابیض کی گنتی یا کل تعداد ۔

White crop : (n) وہ اناج (مثلاً گیہوں، جو، جئی وغیرہ) جو پکنے کے بعد اپنا سبز رنگ کھو دیتے ہیں اور سفید یا ہلکے رنگ کے ہوجاتے ہیں ۔

White crow : (n) (افریقہ) پرانی دنیا کا عقاب ۔

White damp : (n) (کان کنی) ایک زہریلی گیس جو کانوں میں پائی جاتی ہے؛ کاربن مونو آکسائڈ ۔

White dwarf : (n) ستارہ جس کا حجم کم ہو جاتا ہے اور ثقل میں اضافہ ہونے سے سفید روشنی کم کم نکلتی ہے ۔

White-ear : (n) ایک قسم کا معدہ پا ۔

White elephant : (n) دیکھو Elephant (ذیلی) ۔

White ensign : (n) برطانوی جہازوں کا سفید نشان یا جھنڈا ۔

White-eyed : (a) سفید چشم؛ جس کی آنکھ کا پردہ سفید ہو ؛ جس کی آنکھوں کے گرد سفید پر ہوں ۔

White-face : (n) (۱) ہرٹ فورڈ کے مویشی ۔ (۲) بعض قسم کی چڑیاں ۔ (۳) چہرے کا بالکل سفید رنگ و روغن ۔ (٤) وہ مسخرہ جو چہرے پر سفید رنگ و روغن لگائے ہو ۔

White-faced : (a) سفید رو ۔

White feather : (n) بزدلی کی نشانی، علامت ۔

To show the white feather : بزدلی ظاہر کرنا ۔

White-fellow : (n) (آسٹریلیائی دیسیوں کی زبان میں) سفید فام شخص ۔

White-fish : (n) (۱) سفید مچھلیاں ۔ (۲) بڑی قسم کی مچھلی جو شارک سے مشابہ ہوتی ہے ؛ سفید وہیل ۔ (۳) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

White-fish : (v) سفید مچھلیوں کا شکار کرنا ۔

White flag : (n) (۱) صلح جھنڈا: سفید جھنڈا جو التوائے جنگ کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔ (۲) انقلاب سے قبل فرانس کا سفید جھنڈا ۔ (۳) کمزوری یا دبنے کی نشانی ۔

White flux : (n) لیکوریا؛ سیلان رحم؛ پرسوت ۔

White friar : (n) کارمیلائٹس عیسائی درویش؛ (جمع) ایسے درویشوں کی جماعت (لندن وغیرہ میں) ۔

White gas/White gasoline : (n) گیسولین جس میں ٹٹرا ایتھائل (tetraethyl) سیسہ نہ ہو ۔

White gloves : (n) سفید دستانے جو اس دورے کے جج کو بطور تحفہ ملتے تھے جس کو سارے دورے میں کوئی فوجداری مقدمہ تحقیقات کے لئے نہ ملا ہو ۔

White gold : (n) پلاٹینیم : سونے کا ہلکا زرد بھرت جو دیکھنے میں چاندی لگتا ہے ۔

White goods : (n) (۱) سفید کپڑا، چادر، تولیہ وغیرہ؛ سفید کپڑے سے بنی ہوئی چیز ۔ (۲) گھریلو اور خصوصاً بجلی سے چلنے والے بڑے آلات جو عموماً سفید رنگ کے ہوتے ہیں (مثلاً کپڑے دھونے کی مشین، اسٹو وغیرہ) ۔

White goose : (n) دیکھو Snow-goose

White grama : (n) مشرقی امریکا کے مرطوب علاقوں میں پائی جانے والی ایک گھاس ۔

White granite : (n) ایک قسم کی مٹی کا برتن جو چینی کچے لوھے کی طرح ہوتی ہے ۔

White greese : (n) چربی جو صنعتی کاموں میں استعمال ہوتی ہے (کھائی نہیں جاسکتی) ۔

White guard : (n) رجعت پسند یا جوابی انقلابی قوت یا جماعت ۔

White gum : (n) (۱) بعض قسم کے آسٹریلیائی یوکلپٹس ۔ (۲) سفید دانے جو بچے کی گردن اوربازو پر نکل آتے ہیں ۔

White-haired : (a) (۱) سفید مو؛ معمر؛ بزرگ ۔ (۲) جس کے سفیدروئیں یا پَر ہوں (پودا، چڑیا وغیرہ) ۔

White hands : (n) (۱) چٹے ہاتھ (ان لوگوں کے جو محنت مزدوری نہیں کرتے) ۔ (۲) (مجازاً) دیانت؛ بےگناہی؛ پاک دامنی ۔

White handed : (a) (۱) چٹے ہاتھوں والا؛ سفید پنجوں والا ۔ (۲) دیانت دار؛ بے گناہ؛ پاک دامن ۔

White hard : (a) بالکل خشک لیکن بے پکی ہوئی (مٹی یا مٹی کے برتن) ۔

White harvest : (n) فصل جو پالا پڑنے کے بعد کاٹی جائے ۔

White hat : (n) (عام) امریکی بحریہ میں بھرتی شخص ۔

White hawk : (n) ایک قسم کا باز (نر) ۔

White-head : (n) (۱) سفید سر والا پرند ۔ (۲) جزائر الغرب الہند میں پائی جانےوالی ایک قسم کی بوٹی ۔

White-headed : (a) (۱) سفید سر والا (جانور) ۔ (۲) سفید مو (شخص)؛ بھورے بالوں والا ۔ (۳) منظورِ نظر؛ پیارا ۔ (٤) (امواجِ بحر) سفید ۔

White-heart cherry : (n) ایک قسم کا شاہ دانہ (چیری) ۔

White heat : (n) (۱) حرارت کا درجہ (وہ جہاں اجسام سفید ہو جاتے ہیں)؛ سفید حرارت ۔ (۲) (مجازاً) انتہائی جوش ۔

White Holland : (n) درمیانہ قد کا بالکل سفیدپیلو (فیل مرغ) ۔

White hope : (n) وہ شخص جس کی کامیابی کی قوی امید ہو ۔

White horse : (n) (۱) سفید گھوڑے کی تصویر (سرائے کے نشان کے طور پر)؛ سرائے کا نام ۔ (۲) جزائر غرب الہند کی ایک جھاڑی ۔ (۳) ایک سخت اور نسیلا مادہ جو اسپرم وہیل کےجبڑے کے پاس ملتا ہے ۔

White-hot : (a) (۱) حرارت سے سفید؛ سفید گرم (شعلہ) ۔ (۲) بے حد جوشیلا ۔

White House : (n) وھائٹ ہاؤس؛ امریکی صدر کی سرکاری قیام گاہ ۔

White hunter : (n) سفید فام رہبر (جو افریقی شکاریوں کی رہبری کرتا ہے) ۔

White Indian : (n) امریکی دیسی جس کی رنگت سفید یا ہلکی بھوری ہو ۔

White iron : (n) (۱) قلعی شدہ یا قلعی دار لوہا ۔ (۲) سفید لوہا، آہن سفید ۔

White kite : (n) ایک قسم کی مادہ باز ۔

White label : (n) گراموفون ریکارڈوں کا پہلا مجموعہ جس پر سفید کاغذ چسپاں رہتا ہے ۔

White lady : (n) شراب؛ لیموں کے رس اور انڈے کی سفیدی کا مرکب جس میں برف ڈال کر پیتے ہیں ۔

White latten : (n) دیکھو Tinplate

White lead : (n) سفیدہ؛ سپیدہ ۔

White leather : (n) چمڑا جو پھٹکری اور چونے سےتیار کیا جائے؛ کمایا ہوا چمڑا ۔

White leg : (n) تورم نفاسی ؛ پیروں کا ورم جو وضع حمل سے ہوتا ہے ۔

White leghorn : (n) بالکل سفید پَروں والی مرغی جو بہت زیادہ انڈے دیتی ہے ۔

White letter : (n) رومن ٹائپ؛ چھاپے کے رومن حروف ۔

White lie : (n) سفید جھوٹ : صریح جھوٹ ۔

White light : (n) (۱) بے رنگ روشنی؛ مثلاً دن کی روشنی؛ سفید روشنی ۔ (۲) (مجازاً) بے لاگ رائے ۔

White line/White-line : (n) (۱) وتری نسیجوں کی پٹی جو سینے کی ہڈی سے عانہ تک ہوتی ہے ۔ (۲) عانی نسیجی غلاف کی سفید پٹی ۔ (۳) (طباعت) دو سطروں کے درمیان کی خالی سطر؛ بین السطور ۔ (٤) فیتہ یا کلابتو جو بساطی کی دکان میں ملتا ہے ۔ (٥) رسا جس میں تارکول نہ لگایا گیا ہو ۔ (٦) سڑکوں پر لگی سفید پٹی گاڑیوں کے نقل و حمل کی نشاندہی کے لئے ۔

White-line : (v) سفید پٹی بنانا ۔

White-linn : (n) سفیدی ۔

White-lipped : (a) جس کے ہونٹ خوف سے پیلے پڑ گئے ہوں ۔

White-list : (n) منظور شدہ یا منظورِ نظر چیزوں کی فہرست ۔

White-list : (v) منظور شدہ یا منظور نظر چیزوں کی فہرست میں شامل کرنا ۔

White-livered : (a) بزدل؛ ڈرپوک ۔

White magic : (n) علوی جادو ۔

White man : (n) (۱) اہل فرنگ؛ فرنگی؛ گوری نسل کا آدمی ۔ (۲) (عام) سفید پوش؛ شریف؛ بھلا آدمی ۔

White man's burden : (n) [f. the poem by Rudyard Kipling.] غیر ترقی یافتہ سیاہ فام لوگوں کے معاملات کا انتظام کرنے کےلئے سفید فام لوگوں کا مفروضہ فرض ۔

White matter : (n) سفید مادہ؛ مادۂ ابیض؛ (دماغ اور حرام مغز کا) سفید مادہ ۔

White meat : (n) (۱) سفید گوشت؛ پرندوں کا، حلوان کا یا سور کا گوشت ۔ (۲) (عام) ایکٹرس؛ اداکارہ ۔

White metal : (n) مصنوعی چاندی ۔

White mica : (n) دیکھو Muscovite

White monk : (n) سطرونی راہب ۔

White mouse : (n) سفید گھریلو چوہے ۔

White negro : (n) حبشی جس کا رنگ کسی قدر صاف ہو ۔

White night : (n) بے خواب رات ۔

White noise : (n) مختلف قسم کی مخلوط امواج صوت ۔

White note : (n) (موسیقی) ایک قسم کا سُر ۔

White nun : (n) دیکھو Smew

White oil : (n) متعدد قسم کے بے رنگ، بے بو اور بے مزہ معدنی تیل جو پٹرول سے نکلتے ہیں ۔

White out : (v) (طباعت میں) بین السطور چوڑی کرنا ۔

White paper : (n) (۱) قرطاس ابیض؛ سفید کاغذ؛ وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لئے شائع کی جاتی ہے ۔ (۲) سفید کاغذ؛ سادہ کاغذ ۔

White pepper : (n) گول مرچ کا پسا ہوا گودا ۔

White phosphorus : (n) سفید فاسفورس ۔

White plague : (n) پھیپھڑے کی ٹی بی؛ دق ۔

White point : (n) ایک پروانہ ۔

White port : (n) ایک قسم کی شراب ۔

White pot : (n) دودھ یا کریم میں پکائے ہوئے انڈے، آٹے اور مسالوں کا ایک کھانا ۔

White pudding : (n) بعض قسم کے ہلکے رنگ کے دلیے ۔

White rock : (n) ایک قسم کی سفید پالتو مرغی ۔

White rose : (n) ایک مارکہ، پندرھویں صدی انگلستان کے امراء کی خانہ جنگی میں House of yorks (انگلستان کے ایک شاہی حکمران خاندان) کا نام ۔

White Russian : (n) (۱) مغربی روس کے باشندے ۔ (۲) مغربی روس کی زبان ۔

White sale : (n) کپڑوں وغیرہ کی فروخت ؛ کرتوں ، پاجاموں ، چادروں وغیرہ کا نیلام ۔

White sauce : (n) دودھ اور مکھن کی بنی چٹنی ۔

White scourge : (n) تپِ دق ، ٹی بی ۔

White sheep : (n) (۱) شمال مغربی شمالی امریکا میں پائی جانے والی بڑی جنگلی بھیڑ ۔ (۲) بدنام زمانہ اشخاص کے درمیان کوئی شریف آدمی ۔

White sheet : (n) لباسِ توبہ ۔

White skin : (n) سفید فام شخص ۔

White slave : (n) (۱) سفید فام غلام ۔ (۲) لڑکی جو پیشہ کرانے کے لئے پھانسی جائے ۔

White slave traffic : (n) جبراً جسم فروشی کی تجارت ۔

White slaver : (n) سفید فام غلاموں کا بیوپاری؛ سفید فام غلام مہیا کرنے والا ۔

White slavery : (n) جبری پیشہ کرانا؛ طوائف بنانے کے لئے لڑکیاں پھانسنےکا پیشہ ۔

White sour : (n) سوت کو سفید بنانے کے لئے شورے یا گندھک کے تیزاب کے پتلے محلول میں ڈبونا یا وہ محلول ۔

White spirit : (n) مقطر پٹرول جو تارپین کےعوض استعمال ہوتا ہے ۔

White spot : (n) پودوں کی متعدد بیماریاں جن میں پتے سفید یا داغدار ہو جاتے ہیں ۔

White squadron : (n) شاہی بحریہ (انگلستان کی) ان تین دستوں میں سے ایک جن میں شاہی بحریہ کو تقسیم کیا گیا تھا ۔

White squall : (n) سمندر کا ناگہانی طوفان؛ جس کا پتا سفید لہر کے آنے سے چلتا ہے؛ سفید طوفان ۔

White staff : (n) (۱) سفید عصا (بعض عہدوں کا نشان) ۔ (۲) وہ عُہدہ یا افسر جس کا نشان سفید عصا ہو ۔

White stick : (n) دیکھو White-Staff

White stocking : (n) (۱) سفید جراب پہننے والا شخص ۔ (۲) گھوڑا جس کی ٹانگ کا نچلا حصہ سفید ہو ۔

White stone : (n) مصنوعی پتھر (نگینہ) ۔

To mark with a white stone : مبارک یا سعد سمجھنا یا شمار کرنا ۔

White stuff : (n) (۱) چونا اور گوند کا مرکب جو چوکھٹے پر ملمع سازی سے پہلے لگاتے ہیں ۔ (۲) (عام) نشہ آور دوا جو پچکاری کے ذریعے لی جاتی ہے ۔

White substance of Schwann : (n) [after Theodor Schwar a German naturalist, anatomist & physiologist.] Myellin دیکھو

White sugar : (n) دانے دار چینی ۔

White Sunday : (n) سفید اتوار یا سفید اتوار سے متعلق ۔

White supremacist : (n) (سیاہ فام پر) سفید فام لوگوں کی برتری کا حامی ۔

White supremacy : (n) (سیاہ فام یا دوسری قوموں پر) سفید فام لوگوں کی برتری ۔

White-tail : (n) (۱) دیکھو Wheather ۔ (۲) شمالی امریکا کا ہرن جس کی دُم کانچلا حصہ سفیدھوتا ہے ۔

White tip : (n) دھان اور مکی کے پودوں کی ایک بیماری، جو ایک پھپھوندی سے ہوتی ہے ۔

White top : (n) (۱) متعدد قسم کے پودوں کے نام کے ساتھ آتا ہے ۔ (۲) بند گاڑی جس کی چھت سفید ہوتی ہے ۔

White trash : (n) (سیاہ فام کی اصطلاح میں)غریب سفیدفام لوگ ۔

White vitriol : (n) سفید توتیا؛ ہراکسیس ۔

White water : (n) (۱) پایاب پانی؛ اتھلا پانی؛ جھاگ دارپانی ۔ (۲) جنی کا آٹا یا چوکر ملا پانی (گھوڑوں کو بطور دوا دیتے ہیں) ۔ (۳) کاغذ کے کارخانے میں دوا سے الگ کیا ہوا پانی جس میں ریشے بھی ملے رہتے ہیں ۔

White wax : (n) سفید موم ۔

White way : (n) بہت منور یا روشن راستہ یا سڑک ۔

White weed : (n) (شمالی امریکا) سفید گلِ داؤدی ۔

White wheat : (n) گیہوں جس کی بالی سفید یا ہلکے زرد رنگ کی ہوتی ھے ۔

White wine : (n) ہلکے یا سنہری رنگ کی شراب ۔

White wine vinegar : (n) سنہری رنگ کی شراب کا سرکہ ۔

White wine whey : (n) سنہری شراب اور چھاچھ کا مرکب جو بطور دوا استعمال ہوتا ھے ۔

White-wing : (n) بعض پرندوں کے نام ۔

White-winged : (n) سفید بازو والا ۔

White wings : (n) (۱) بادبان ۔ (۲) سفید وردی میں ملبوس شخص؛ خصوصاً سڑک پر جھاڑو دینے والا ۔

White witch : (n) نیک نیت ساحرہ؛ نیک دل جادوگرنی؛ سحر حلال کرنے والی ۔

White wood : (n) شمالی امریکا، جزائر شرق الہند وغیرہ کے بعض درخت یا ان کی لکڑی ۔

White work : (n) سفید کپڑے پر سفید دھاگے سے بنائی ہوئی کشیدہ کاری ۔

Whitebait : (n) چھوٹی سفید مچھلیاں ۔

Whitebeam : (n) ایک قسم کا چھوٹا درخت جس کی پتیاں چاندی کی طرح چمکتی ہیں ۔

Whitechapel : (a) [Name of a district in the East End of London.] (۱) وہسٹ (تاش) اور بلیرڈ کے بعض بے قاعدہ یا غیر ماہرانہ طریقوں کے لئے استعمال ہوتا ھے ۔ (۲) اوچھا؛ بیہودہ ۔

Whitechapel cart : (n) ہلکی دو پہیوں کی گاڑی جس میں دکاندار اپنی چیزیں پھیری کرکے بیچتے ہیں ۔

Whitechapel bean : (n) نازک لباس چھیلا ۔

Whited : (a) (۱) سفیدی پھیرا ہوا ۔ (۲) سفید بنایا ہوا؛ سفید کیا ہوا؛ سفید ۔

Whitefieldian/Whitfieldian : (n) [f. proper name whitefield or whitfield+-IAN] جارج وہائٹ فیلڈ کا پیرو؛ کالونی غیر مقلد ۔

Whitefieldian/Whitfieldian : (a) جارج وہائٹ فیلڈ یا اس کے پیروؤں سے متعلق ۔

Whit(e)fieldism : (n) جارج وہائٹ فیلڈ کے اصول و عقائد ۔

Whit(e)fieldite : (n) جارج وہائٹ فیلڈ کا پیرو ۔

Whitefisher : (n) سفید مچھلیوں کا شکار کرنے والا ۔

Whitefishery/Whitefishing : (n) سفید مچھلیوں کا شکار ۔

Whitefoot : (n) (۱) گھوڑے کے پیر کا سفید نشان ۔ (۲) بعض قسم کے پروانے ۔ (۳) (تاریخ) آئرستان کی خفیہ جماعت کا رکن جو قتل و غارتگری کرتی پھرتی تھی ۔

Whitehall : (n) (۱) لندن کے وہائٹ ہال میں واقع سرکاری دفاتر ۔ (۲) (مجازاً) برطانوی حکومت ۔ (۳) لندن کی شاہراہ جس پر وہائٹ ہال واقع ھے ۔

Whitehead : (n) ایک قسم کا تارپیڈو جسے رابرٹ وھائٹ ہیڈ نے ایجاد کیا تھا ۔

Whitely : (adv.) سفیدی کے ساتھ؛ سفید رنگ میں ۔

Whitely : (a) ہلکے رنگ کا؛ زرد؛ سفید مائل ۔

Whiten : (v) (۱) سفید کر دینا ۔ (۲) سفید ہوجانا ۔ (۳) (مجازاً) جرم ، گناہ وغیرہ سے پاک کر دینا ۔ (٤) بظاہر صحیح یا اچھا بنانا ۔ (٥) (خوف یا کسی دوسرے جذبے کی وجہ سے) پیلا پڑ جانا؛ زرد ہو جانا ۔ (٦) سفیدی چڑھانا، قلعی کرنا ۔

Whitener : (n) سفیدی کرنے والا شخص یا چیز ۔

Whiteness : (n) (۱) سفیدی ۔ (۲) بے گناہی؛ پاکدامنی؛ پاک دامانی ۔ (۳) گوراپن ۔

Whitening : (n) (۱) سفید کاری، سفید کرنا؛ سفید ہونا ۔ (۲) چونا؛ سفیدی؛ سپیدی؛ قلعی ۔

Whitening : (a) سفید یا سپید کرنے والا؛ سفید ہونےوالا ۔

Whitening stone : (n) تیز کرنے یا چمکانے والا پتھر (جسے چھری چاقو کے کاریگر یا بیچنے والے استعمال کرتے ہیں) ۔

Whites : (n) (۱) سیلان ابیض؛ پرسوت ۔ (۲) سیلانِ رحم ۔ (۳) (بیطاری) سیلان ۔

Whitesmith : (n) قلعی گر؛ ٹین کا کام کرنے والا ۔

Whitesmith : (n) [f. Sir Willim Sidney Smith.] انگور کی شکل کا ایک قسم کا سفید پھل ۔

Whitethorn : (n) [After L. 'alba spina'.] باتھرن : ایک قسم کی خاردار جھاڑی۔

Whitethroat : (n) ایک قسم کا خوش الحان پرند ۔

Whitethroat : (a) (پرند) جس کا سینہ سفید ہو ۔

Whitethroat warbler : (n) ایک خوش الحان پرند ۔

Whitewall : (n) چتلا مگس گیر پرند ۔

Whitewall/Whitewall tire : (n) موٹر گاڑی کا ٹائر جس کا بیرونی پہلو سفید ہوتا ہے ۔

Whiteware : (n) اسفلی ظروف ۔

Whitewash : (n) (۱) چونےکی سفیدی؛ قلعی؛ سفیدی پھیرنا۔ (۲) (مجازاً) لیپ پوت؛ الزام دور کرنے کی کوشش ۔ (۳) (بول چال) شیری کا جام دوسری شراب کے بعد ۔ (٤) دیوالیہ پن ختم کرنا ۔ (۵) بیس بال یا دوسرے کھیلوں میں کامیابی (جبکہ حریف کوئی اسکور نہ بنا سکے) ۔ (٦) اینٹ کی سطح کی لونی ؛ شورہ زدگی ۔

Whitewash : (v) (۱) چونے کی قلعی کرنا؛ سفید کرنا ؛ (۲) لیپ پوت کرنا؛ الزام یا دیوالیہ پن دور ہونے کے بعد پھر سے کاروبار شروع کرنا ۔ (۳) حریف کو اس طرح ہرانا کہ وہ کوئی اسکور نہ بنا سکے۔ (٤) اینٹ کاشورہ زدہ ہونا ۔

Whitewasher : (n) (۱) چونے کی قلعی کرنے والا ۔ (۲) سفید شراب کا آخری جام (کھانے کے بعد) ۔

Whitewashing : (n) (۱) قلعی؛ سفیدی ۔ (۲) شورہ زدگی؛ لونی۔

Whitey : (n) (۱) سفید فام لوگ ۔ (۲) دیکھو Whity-

Whither : (adv.) [OE. 'hwinder'.] (۱) کدھر؛ کہاں؛ کس طرف کو ۔ (۲) جدھر ؛ جہاں ؛ جس طرف کو ۔ (۳) (مجازاً) کس لئے ؛ کیوں ؛ کس طرح ۔ (٤) جہاں کہیں؛ جدھر بھی ۔

Whither : (n) جگہ یا حالت ۔

Whither : (n) (اسکاچستان) عجلت؛ جلدی؛ تیزی ۔

Whither : (v) (۱) (اسکاچستان) جلدی کرنا؛ تیزی سے آگے بڑھنا؛تیزی سے چلنا ۔ (۲) زور سے پھینکنا ۔

Whitherso : (adv) [ME. 'hwiderse'.] جہاں بھی؛ جہاں کہیں؛ جدھر بھی ۔

Whithersoever : (adv.) جہاں بھی؛ جہاں کہیں؛ جدھر بھی ۔

Whitherward : (adv.) (۱) کدھر؛ کس طرف کو ۔ (۲) جدھر ؛ جس طرف کو ۔

Whiting : (n) [(M) Du. 'wijting'.] بعض قسم کی مچھلیاں ۔

Whiting : (n) چونا جس سے سفیدی کی جاتی ہے؛ قلعی؛ سفید کھریا ۔

Whiting perch/-pollack/-pout/-salmon : (n) بعض قسم کی مچھلیوں کے نام ۔

Whitish : (a) (۱) سفیدی مائل ۔(۲) ہلکا پھیکا (رنگ) ۔

Whitishness : (n) سفیدی مائل ہونا ۔

Whitleather : (n) (۱) سفید چمڑا جو پھٹکری سے صاف کیا گیا ہو ۔ (۲) دیکھو Pax wax ۔

Whitley Council : (n) [after the name of J.H. Whitley chairman of the committee.] وہٹلے کاؤنسل جس میں اُجروں اور مزدوروں کے نمائندے مل کر صنعتی معاملات کا فیصلہ کرتے ہیں ۔

Whitleyism : (n) اُجروں اور مزدوروں کے اتحاد عمل کا اصول ۔

Whitling : (n) سامن (مچھلی) کے خاندان کی مچھلی ۔

Whitlockite : (n) [f. Herbert P Whitlock, an American mine-rologist.] ایک کمیاب معدنی شے جس میں $(Ca_3 (PO_4)_2)$ کیلسیم فاسفیٹ شش پہلو کی شکل میں موجود رہتا ہے ۔

Whitlow : (n) [ME. 'whitflaw'.] انگلی کی سوجن؛ آماس انگشت؛ ناخن کےقریب انگلی پر آماس؛ نتنا ۔

Whitlow grass : (n) نتنا بوٹی ۔

Whitlow-wort : (n) ایک پود جس سے انگلی کی سوجن کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Whitmanese : (n) [f. Walt Whitman.] والٹ وہٹمین کی زبان یا اسلوب ۔

Whitmanesque : (n) والٹ وہٹمین یا اس کے اسلوب سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Whitmaniac : (n) والٹ وہٹمین کا مداح ۔

Whitneyite : (n [f. the name of J.D.Whitney'.] تانبے کااساسی آرسینائیڈ ۔

Whitsun : (a) [ME. 'w(h)itsone(n)'] سفید اتوار یا سفید اتوار کے زمانے سے متعلق ۔

Whitsun ale : (n) کلیسائی حلقے کا ایک تہوار جو سفید اتوار کے زمانے میں منایا جاتا تھا ۔

Whitsun week : (n) سفید اتوار سے شروع ھونے والا ہفتہ ۔

Whitsuntide : (n) سفید اتوار کا ہفتہ؛ سفید اتوار اور اس کے بعد کے دن ۔

Whittawer : (n) [f. White+Tawer.] (۱) پھٹکری سے صاف کر کے) سفید چمڑا بنانے والا ۔ (۲) زین گر؛ زین ساز ۔

Whitten : (n) [OE. 'hwitingtreow'.] (۱) گل دنبہ ۔ (۲) ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ھوتا ھے ۔ (۳) دیودار کو ہی ۔

Whittle : (n) [OE. 'hwitel'.] (۱) بچوں کا اونی پھلیا یا دست پاک ۔ (۲) شال ۔

Whittle : (n) [Variant of 'thwittle'.] (۱) لمبا چُھرا؛ خصوصاً قصاب کا چُھرا ۔ (۲) سان فولادی چُھری یا سلاخ (چاقو، چُھری)تیز کرنے کے لئے ۔

Whittle : (v) (۱) لکڑی کو چاقو سے تراشنا؛ چھیلنا؛ قاشیں تراشنا ؛ کاٹ چھانٹ کر سڈول بنانا ۔ (۲) گھٹاتے گھٹاتے بہت کم کر دینا(کسی چیز کی مقدار؛ اثر وغیرہ) ۔ (۳) اذیت یا پریشانی سے گھلنا ۔

Whittle : (n) (اسکاچستان) دیکھو Whitlow

Whittler : (n) تراش کر سڈول بنانے والا؛ چھیلنے والا ۔

Whittling : (n) چھاشن؛ کترن؛ چھیلن ۔

Whittret : (n) [ME. 'whitrat'.] دیکھو Weasel

Whitworth gun/-rifle : (n) [after Sir Josepl Whitworth.] ایک قسم کی رائفل جس کی نال شش پہلو ھوتی تھی ۔

Whitworth metal/-steel : (n) بہت ہی مضبوط فولاد جو اسلحہ کے کارخانوں میں استعمال ھوتا ھے ۔

Whitworth thread : (n) پیچ کش کی مقررہ سائز کی چوڑی ۔

Whity/Whitey : (a) دیکھو Whitish

Whity-brown : (n) (۱) سفیدی مائل بھورا رنگ ۔ (۲) (مجازاً) جس کی کوئی خاص خصوصیت نہ ھو ۔

Whity-brown : (n) سفیدی مائل بھورا کاغذ ۔

Whiz : (n) غیر معمولی ہنر یا صلاحیت والا شخص؛ خاص طور پر یا نمایاں طور پر با کمال شخص ۔

Whizgig : (n) کوئی چیز جو زناٹے کے ساتھ گھومتی ھے ۔

Whizz/Whiz : (n) (۱) زن زن کی آواز؛ زناٹے کی آواز ۔ (۲) ایسی حرکت جس سے زن زن کی آواز پیدا ھو ۔ (۳) (امریکی عامیانہ) سودا؛ معاملہ ۔ (٤) ماہر شخص؛ عمدہ آدمی ۔

Whizz/Whiz : (v) [Imit.] (۱) زن زن کرنا؛ زناٹے کی آواز پیدا کرنا ۔ (۲) زن زن کی آواز کے ساتھ حرکت کرنا ۔ (۳) (مجازاً) زن زن کی آواز محسوس کرنا ۔ (٤) زن زن کی آواز پیدا کرنا ۔ (٥) تیزی سے گھمانا یا نچانا؛ خصوصاً اس طرح سکھانا ۔

Whizz : (adv.) زناٹے کے ساتھ ۔

Whizz-bang : (a) ماہر؛ ماہر فن؛ اعلیٰ؛ افضل ۔

Whizz-kid : (n) وہ نوجوان جو غیر معمولی طور پر کامیاب ھو ۔

Whizzbang/Whizbang : (n) (۱) زناٹے دار دھماکا ۔(۲) زناٹے کے ساتھ جانے والی چیز ۔ (۳) چھوٹے شل کا گولا جو زناٹے کے ساتھ جاتا ھے ۔(٤) ایک قسم کی آتش بازی ۔(٥) ایک چھوٹا جیٹ انجن والے بے ھوا باز کا جہاز جس میں انفجاری مادے بھرے رہتے ہیں اور یہ بم کا کام کرتے ہیں ۔

Whizzer : (n) (۱) زن زن کی آواز پیدا کرنے والا ۔(۲) ایک قسم کا کھلونا جو زناٹے کے ساتھ گھومتا ھے ۔ (۳) چیزوں کو خشک کرنے والی مشین ۔

Whizzing : (a) زن زن کرنے والا؛ زناٹے دار ۔

Whizzing : (n) زن زن کی آواز ۔

Whizzing stick : (n) ایک کھلونا جو بہت شور مچاتا ھے ۔

Whizzingly : (adv.) زن زن کی آواز کے ساتھ۔

Whizzle : (v) (۱) زن زن کرنا؛ زناٹے کی آواز پیدا کرنا ۔ (۲) چوری چھپے یا عیاری سے حاصل کرنا ۔

Who : (pron.) [OE. 'hwa'.] (۱) کون؛ کون شخص ۔(۲) کس حیثیت کا شخص ۔(۳) جو ۔(٤) جو شخص ۔

I know not who/God knows who : میں نہیں جانتا کون، خدا جانے کون؛ نا معلوم شخص ۔

Who but......: ... کوئی نہیں ؛ کے علاوہ اور کون ۔

Who is who : (ہرشخص کی) واقفیت یا حیثیت ۔

Who's afraid : گستاخ؛ سرکش؛ متمرّد ۔

Who would......: کوئی نہیں کرے گا؛ کون کرے گا ۔

Who would not .... : کوئی بھی کرے گا ۔

Who : (n) (۱) کوئی شخص ۔(۲) (the کے ساتھ) "کون" بطور سوال ۔

Who : (int.) [Variant of 'Ho'.] تھم جا؛ رک جا ، بس ٹھہر جا (گھوڑے کو کہا جاتا ھے)۔

Whoa : (int.) [Variant of prec.] بس ؛ ٹھہر جا (گھوڑے کو روکنے کے لئے کہتے ہیں)۔

Whodunit : (n) [f. the substandard expression 'whodone it'.] جاسوسی یا پُراسرار کہانی جو بطورناول یا ڈراما یا فلم پیش کی جائے ۔

Whoever/Whoe 'er : (pron.) (۱) جو بھی؛ جو کوئی؛ چاھےجو ۔ (۲) جس کسی کا؛ جس کا بھی، چاھے جس کا ۔

Whole : (a) [OE. 'hal'.] (۱) پورا؛ کامل ۔(۲) کل ؛ سارا ۔ (۳) تندرست ؛ صحیح؛ اچھا ۔ (٤) صحیح سلامت؛ سالم؛ ثابت ؛ پورا ۔(٥) صحیح (عدد) ۔ (٦) مسلم؛ پورا کا پورا؛ جس کا کوئی جزو کم نہ ھوا ھو ۔ (۷) (دودھ) جس کی بالائی نہ اتاری گئی ھو ۔(۸) خالص ۔(۹) غیر منتشر؛ مجتمع؛ یکسو ۔(۱۰) بہت بڑا؛ بہت سا ۔

As whole as a fish/-a trout : مکمل؛ پورا؛ کامل ۔

In (or with) a whole skin : غیر مجروح؛ چوٹ ، ضرر یا صدمے سے محفوظ ۔

Out of whole cloth : من گھڑت؛ بے بنیاد ۔

Whole : (n) (۱) سالم چیز؛ مکمل چیز ۔ (۲) کل مقدار ۔ (۳) مکمل نظام، کامل نظام؛ کل (جز کی ضد) ۔

As a whole : کل ملاکر؛ کلیتاً؛ بطور اکائی ۔

In (the) whole : کل؛ مکمل طور پر ۔

On or upon the whole : مجموعی طورپر؛ بہ حیثیت مجموعی ۔

Whole : (adv.) پوری طرح سے؛ پورے طور پر؛ بالکل ۔

Whole binding : (n) چرمی جلد سازی ۔

Whole blood : (n) (۱) ایک ماں باپ کی نسل ۔ (۲) ایک ہی والدین کے بچے ۔

Whole-bound : (a) چرمی جلد والی ۔

Whole bred : (a) خالص نسل کا ۔

Whole brother : (n) ایک ہی والدین سے بھائی؛ سگا بھائی ۔

Whole cannon : (a) سولہویں اور سترھویں صدی کی توپ جو ستّر سے ایک سو بیس پونڈ وزن کے گولے پھینکتی تھی ۔

Whole cloth : (n) (مل میں بنے ھوئے) مکمل طول و عرض کا کپڑا ۔

Whole-colour/-coloured : (a) یکرنگ؛ سارا ایک رنگ کا ۔

Whole-culverin : (n) چالیس سے ساٹھ پونڈ کے گولے پھینکنے والی توپ -

Whole-feather : (n) ایک قسم کا کبوتر جس کا پر ایک رنگ کا ہوتا ہے -

Whole-feathered : (a) ایک رنگ کے پروں والا -

Whole-footed : (a) قدم جما کر چلنے والا -

Whole gale : (n) ہوا جس کی رفتار پچپن سے تریسٹھ میل فی گھنٹہ ہو -

Whole-hearted : (a) مخلصانہ؛ دلی؛ پورا پورا -

Whole-heartedly : (adv.) دل و جان سے؛ پوری کوشش اور توجہ سے؛ پورے طور پر-

Whole-heartedness : (n) خلوص؛ پوری کوشش اور توجہ؛ پورا جوش -

Whole hog : (n) کل؛ سب -

To go the whole hog : انتہا تک پہنچا دینا -

Whole-hogger : (n) مکمل حامی؛ پورا پورا ساتھ دینے والا؛ پوری حمایت کرنے والا؛ انتہا پسند؛ خصوصاً کامل تجارتی تابین کا حامی -

Whole holiday : (n) پورے دن کی تعطیل -

Whole-hoofed : (a) مسلّم سم کا؛ بے چرے ہوئے سم کا -

Whole-length : (a) (۱) سرتاپا؛ سروقد؛ پورے جسم کی؛ (تصویر) - (۲) غیر مختصر ؛ بے اختصار -

Whole meal : (n) بے چھنا آٹا -

Whole-minded : (a) پوری طرح متوجہ؛ پوری دلچسپی رکھنے یا لینے والا -

Whole note : (n) (موسیقی) سرتی -

Whole number : (n) عدد صحیح -

Whole plate : (n) $6\frac{1}{2} \times 8\frac{1}{2}$ انچ سائز کی فوٹو گرافی کی پلیٹ -

Whole-sail : (a) جس میں پورا بادبان کھول دینے کی ضرورت پڑے -

Whole sister : (n) ایک ہی والدین سے بہن ؛ سگی بہن -

Whole-souled : (a) دیکھو Whole-hearted

Whole-time : (a) کل وقتی -

Whole-timer : (n) دیکھو Full timer

Whole-wheat flour : (n) بے چھنا آٹا -

Wholely : (adv.) (۱) پوری طرح سے؛ مکمل طورپر - (۲) سراسر؛ محض -

Wholeness : (n) سالم یا کامل ہونا؛ سالمیت؛ کاملیت -

Wholesale : (n) تھوک (مال)؛ تھوک (بِکری) -

Wholesale : (a) (۱) تھوک کا؛ تھوک فروشی سے متعلق - (۲) (مجازاً) لامحدود؛ جس کااطلاق وسیع ہو -

Wholesale : (adv.) تھوک کے حساب سے؛ بڑے پیمانے پر -

Wholesale : (v) تھوک کے حساب سے فروخت کرنا -

Wholesaler : (n) تھوک فروش -

Wholesome : (a) [OE. 'halsum'.] (۱) صحت بخش؛ مفید (جسمانی، اخلاقی حیثیت سے) - (۲) صحت مند - (۳) تنبیہی؛ آگاہ کرنے والا؛ خبردار کرنے والا - (٤) محفوظ -

Wholesomely : (adv.) مفید طریقے سے؛ صحت بخش طور پر -

Wholesomeness : (n) صحت بخش ہونا؛ مفید ہونا -

Wholly : (adv.) (۱) پوری طرح سے؛ بالکل - (۲) سراسر؛ محض -

Whom : (pron) [OE. 'hwam'.] دیکھو Who

Whomever : (pron.) دیکھو Whoever

Whomp/Whoomp : (n) [Imitative.] زوردار طمانچہ، دھڑاکا یا چرمراہٹ -

Whomp : (v) (۱) زور سے مارنا؛ تھپڑ رسید کرنا - (۲) بری طرح شکست دینا -

Whomp up : (v) ابھارنا؛ اکسانا؛ حرکت پیدا کرنا؛ حرکت میں لانا -

Whomso : (pron.) دیکھو Whoever

Whomsoever/whomsoe'er : (pron.) دیکھو Whoever

Whoo : (int.) [Origin unkn.] تعجب، تکلیف یا دوسرے جذبے کے اظہار کا حرف فجائیہ ۔

Whoo : (n) الو کی بولی کی نقل ۔

Whoo : (n) ھو کی آواز ۔

Whoo : (v) ھو کی آواز نکالنا ۔

Who(o)-whoop : (int&n) شکار کے مرنے پر شکاری کا نعرہ ۔

Whoo-whoop : (v) شکار کے مرنے پر شکاری کا نعرہ بلند کرنا، شور مچانا ۔

Whoof : (int.) جھلاپن میں اچانک چلانے یا ہنگامہ کرنے کی آواز کی نقل ۔

Whoof : (n) جانور کے نتھنے کی آواز ۔

Whoof : (v) نتھنوں سے آواز نکالنا ۔

Whoop : (n) (۱) ھوھو یا کھوکھو کی آواز نکالنا ۔ (۲) اسی آواز سے مشابہ چیخ و پکار؛ اس آواز میں چلانا ۔ (۳) ایک قسم کی آنکھ مچولی ۔ (٤) جنگ میں یا شکار میں چلانے کی آواز (خاص کر شکار کے مرجانے پر) ۔ (٥) سب سے چھوٹا ٹکڑا ۔

Whoop : (v) (۱) ھو ھو کی اواز نکالنا ۔ (۲) ھوھو کر کے بلانا یا لانا ۔ (۳) الو کی بولی بولنا ۔ (٤) بڑھانا؛ اضافہ کرنا ۔ (٥) کھوکھو کرنا؛ (کالی کھانسی میں) ۔ (٦) مشہور ھوجانا ؛ دھوم دھام سے شروع کرنا ۔ (۷) کھل کر حمایت کرنا؛ پرزور تائید کرنا ۔ (۸) ہنگامہ کرتے یا شور مچاتے ھوئے جانا ۔ (۹) اکسانا؛ ابھارنا؛ مشتعل کرنا ۔

Whoop : (n) دیکھو Hoopoe

Whoop-de-do/Whoop-de-doo : (n) (۱) خرمستیاں ؛ رنگ رلیاں؛ ہڑبونگ ۔ (۲) منظم سماجی یا عام سرگرمیاں ۔ (۳) مناظرہ؛ عام استدلال؛ عام بحث ومباحثہ ۔

Whoop-up : (n) دیکھو Whoop-de-do

Whoopee : (n) (۱) دھماکا چوکڑی؛ رنگ رلیاں ۔ (۲) دعوت مے نوشی و جنسی آزادی ۔

To make whoopee : دھما چوکڑی کرنا؛ رنگ رلیاں منانا؛ داد عیش دینا ۔

Whoopee : (int.) دھما چوکڑی کے لئے دعوت دینے کا حرف فجائیہ ۔

Whooper : (n) (۱) دھما چوکڑی کرنےوالا؛ رنگ رلیاں منانے والا؛ داد عیش دینے والا ۔ (۲) شمالی امریکا کا ایک قسم کا سارس جو اب تقریباً معدوم ھے ۔ (۳) ھوھو یا کھوکھو کرنے والا ۔

Whooper swan/Hooper/Hooper swan : (n) پرانی دنیا کا ہنس ۔

Whooping : (a) ھوھو یا کھوکھو کرنے والا ۔

Whooping cough : (n) کالی کھانسی؛ ببا ڈبا (بچوں کی ایک بیماری) ۔

Whooping crane : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا سارس ۔

Whooping swan : (n) دیکھو Whooper-swan

Whoopla : (n) (۱) ہلچل؛ کھلبلی؛ ہنگامہ ۔ (۲) رنگ رلیاں؛ خرمستیاں ۔

Whoosh : (v) [Imitative.] (۱) سی سی کرنا؛ سرسر کرنا؛ سسیانا یا سسکاری بھرنا ۔ (۲) تیزی سے گزر جانا ۔ (۳) دھڑاکے کے ساتھ کسی چیز کو محرک کرنا؛ ھوا یا کسی سیال کے بہاؤ کے ساتھ لے جانا ۔

Whoosh : (n) سی سی کی آواز ۔

Whoosis/Whoosy : (n) [alter. or "who is this"] کوئی شخص یا چیز جس کا نام یاد نہ ھو یا یاد نہ آئے ۔ (۲) نا معلوم شخص ؛ غیر شناخت کردہ شخص ۔

Whop : (v) [Variant of WAP.] (۱) زور سے پھینکنا یا کھینچنا؛ اچانک لےلینا یا رکھ دینا ۔ (۲) کاری ضرب لگانا؛ زور سے مارنا؛ پیٹنا؛ ٹھونکنا ۔ (۳) (مجازاً) مغلوب کرنا؛ شکست دینا؛ سبقت لے جانا ۔

Whop : (n) کندی؛ مرمت؛ شکست ۔

Whopper : (n) (۱) بہت بڑی چیز؛ بہت عمدہ چیز ۔ (۲) مہاجھوٹ ۔

Whopping : (a) بہت بڑا؛ غیر معمولی ۔

Whopping : (adv.) بہت؛ بے حد؛ نہایت ۔

Whopping : (n) کندی ؛ مرمت ؛ شکست ۔

Whopping : (v) مرمت کرنا؛ کندی کرنا؛ شکست دینا ۔

Whorage : (n) (۱) رنڈی؛ قحبہ؛ بیسوا ۔ (۲) دیکھو Whore -

Whore : (n) [Late OE. 'hore'.] (۱) رنڈی، قحبہ؛ بیسوا ۔ (۲) (مجازاً) خراب اور بت پرست طبقہ ۔

The whore of Babylon : رومی کلیسا ۔

To play the whore : زنا کروانا ۔

Whore : (v) (۱) (مرد کا) زنا کرنا؛ زنا کار ہونا؛ (عورت کا) زنا کروانا ۔ (۲) (مجازاً، قدیم زبان) بت پرستی کرنا ۔

Whore-master : (n) زناکار ۔

Whoredom : (n) (۱) (قدیم) زنا؛ زنا کاری ۔ (۲) بے وفائی ۔

Whoremonger : (n) (قدیم) زناکار ۔

Whoremonging : (n) زناکاری ۔

Whoresbird : (n) (۱) رنڈی کا بچہ ۔ (۲) حرامی بچہ؛ حرامی ۔

Whoreson : (n) حرامی، رنڈی کا بیٹا ۔

Whoring : (n) زناکاری ۔

To go a whoring : زناکاری کرنا ۔

Whorl : (n) [ME. 'whorle, wharle'.] (۱) ٹکیہ کی شکل کی ایک چیز جو چرخے کے تکلے میں لگی رہتی ہے ۔ (۲) (نباتیات) حلقہ، پتیوں کا تنے کے گرد؛ کوٹ؛ گھیرا ۔ (۳) (حیوانیات) ورطہ؛ گھیرا؛ چکر ۔ (٤) لچھے کا ایک چکر؛ مرغولے کا ایک حلقہ ۔ (٥) مرغولہ؛ لچھا ۔ (٦) انگلیوں کے نشان جس میں ابھری ہوئی لکیریں دائرہ نما ہوتی ہیں ۔

Whorl : (v) مرغولے کی شکل میں ترتیب دینا؛ مرغولہ بنانا ۔ (۲) ناچنا؛ گھومنا ۔

Whorl-flower : (n) ایک پودے کا نام ۔

Whorl-grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Whorled : (a) حلقہ دار؛ چکردار؛ لچھے دار؛ مرغولہ دار ۔

Whorly : (a) دیکھو Whorled

Whort : (n) ایک قسم کی نیلگوں سیاہ رنگ کی گوندنی یا اس کا پودا ۔

Whortle : (n) دیکھو Whort

Whortleberry : (n) دیکھو Whort

Bear's whortleberry/Bog-/Red-/Victorian : مختلف قسم کی گوندنیوں کے نام ۔

Who's who : (n) (۱) مشہور ومعروف اشخاص کی مختصر سوانح عمری کے ساتھ فہرست ۔ (۲) کسی طبقے یا جماعت کے رہنما ۔

Whose : (pron) [Early ME. 'hwas, hwos'.] (۱) کس کا ۔ (۲) جس کا ۔

Whosesoever : (pron) جس کسی کا بھی؛ کسی کا بھی ۔

Whose : (pron) [ME. 'hwa swa'.] دیکھو Whoever

Whosoever/whosoe'er : (pron.) دیکھو Whoever

Whuff/Whuffle : (v) [Imitative.] (۱) پھونک مارنا؛ پھونکنا؛ پھوں پھوں کی آواز نکالنا۔ (۲) پھونک کے ساتھ بولنا ۔

Whump : (v) [Imitative.] زور سے مارنا؛ زور سے بند کرنا ۔

Why (adv.) [OE. 'hwi, hwy'.] (۱) کیوں؛ کس لئے؛ کس وجہ سے؛ کس واسطے ۔ (۲) جس وجہ سے؛ جس لئے؛ جس کے لئے ۔

For why : کس وجہ سے؛ جس لئے؛ جس وجہ سے ۔

Why : (n) (۱) وجہ؛ توجیہہ ۔ (۲) لفظ "کیوں" سے شروع ہونے والا سوال ۔ (۳) مسئلہ؛ معمہ؛ چیستاں ۔

Why : (int.) (۱) (حیرت و استعجاب کے موقع پر) ہائیں؛ ارے - (۲) (کسی کو پہچان کر تعجب سے) ارے ہاں - (۳) (کھلے ہونے یا سیدھے سے سوال کے جواب میں) واہ (کیا بات پوچھی ہے) - (٤) (تامل کے موقع پر) ٹھہریئے بتاتا ہوں - (٥) (اعتراض کے طورپر) کیوں - (٦) (جملہ شرطیہ کے جز کے طورپر) تو؛ تو پھر -

Why-not : (n) مخالف کو لاجواب کر دینے والی دلیل یا بحث -

Whydah/Whidah : (n) افریقی بیا (پرند) جو زیادہ تر سیاہ اور سفید ہوتے ہیں -

Whyever : (adv.) جس وجہ سے بھی -

Whyfor : (n) وجہ، توجیہہ؛ سبب -

Whyo : (n) [f. signal oh-why-oh -why-oh.] رہزنوں کی جماعت کا رکن؛ رہزن -

Wi-Wi : (n) [Fr.'oui, oui'.] (آسٹریلوی عامیانہ) فرانسیسی (لوگ) -

Wibble-Wobble : (n) تلون؛ غیر مستقل مزاجی -

Whibbly-wobbly : (a) متلون؛ غیرمستقل مزاج؛ ڈانواں ڈول -

Wich/Wych : (n) (۱) نمک کا گڑھا؛ نمک کا کارخانہ - (۲) (جمع) چیشائر کے علاقے کے نمک بنانے والے شہر -

Wich-house : (n) وہ عمارت جس میں نمکیلے یا نمکین پانی کی تبخیر سے نمک تیار کیا جاتا ہے -

Wich-man : (n) نمک بنانے والا مزدور -

Wich-waller : (n) نمک بائلر -

Wick : (n) [OE. 'weoc'.] (۱) بتی؛ چراغ کی بتی؛ فتیلہ - (۲) (جراحی) بتی جو زخم میں ڈالی جاتی ہے - (۳) بتی بنانے کے سازو سامان -

Wick : (n) [OE. 'wic'.] (۱) (قدیم) شہر؛ قصبہ؛ ضلع؛ قریہ - (۲) فارم؛ خصوصاً شیرخانہ -

Wick : (n) [ON. 'vik'.] چھوٹی تنگ کھاڑی -

Wick : (n) کرلنگ (Curling) کھیل کا تنگ راستہ جس میں حریف کے پتھر پہلے سے رہتے ہیں -

-wick : (suffix) لاحقہ بمعنی "عہدہ" "کام" "ذمہ داری" -

Wickape : (n) (۱) ایک سخت چھال کا درخت - (۲) دیکھو Wicopy -

Wickawee : (n) [Of. Al'gonquian origin'.] ایک ہندوستانی پودا -

Wicked : (a) [ME. 'wicke, wikke'.] (۱) گناہ گار؛ بداعمال؛ فاسق - (۲) بد؛ بدکار؛ بد شعار؛ بد خصال؛ شریر؛ ظالم (شخص) - (۳) فاسقانہ؛ ظالمانہ؛ بدکاری کا (فعل) - (٤) نقصان دہ؛ تباہ کن؛ مضرت رساں - (٥) حقیر؛ گھٹیا - (٦) قابل ملامت؛ بے جا - (۷) خطرناک - (۸) ناقابل گزر - (۹) شدید؛ حد سے زیادہ ؛ غیر معمولی - (۱۰) عمدہ - (۱۱) جس کے ساتھ گزارہ یا مقابلہ کرنا مشکل ہو -

Wicked : (n) (جمع) بدکار لوگ؛ شریر لوگ؛ بد اعمال اشخاص -

Wicked : (adv.) بد اعمالی سے؛ بدشعاری سے ؛ ظالمانہ طور پر؛ وحشیانہ طور پر؛ شرارت سے -

Wicked : (a) جس میں بتی لگی ہو، فتیلہ دار؛ بتی دار -

Wickedly : (adv.) بد اعمالی سے؛بد شعاری سے؛ ظالمانہ طور پر؛ شرارت سے -

Wickedness : (n) بد اعمالی؛ فسق؛ بدکاری؛ بدشعاری؛ ظلم؛ شرارت -

Wicker : (n) [Of. E. Scand. Origin.] (۱) بٹی ہوئی بید کی ٹہنیاں ؛ جن سے ٹوکریاں، کرسیاں وغیرہ بنتی ہیں؛ بید کی تیلی؛ چگن - (۲) ٹوکری؛ جعفری؛ بید کی بٹی ہوئی چیزیں -

Wicker : (a) بٹی ہوئی؛ بید کی بنی ہوئی (کرسی، ٹوکری وغیرہ)؛ بید کی تیلیوں سے ڈھکی ہوئی یا ملفوف -

Wicker : (v) بید کی تیلیاں لگانا؛ بید کی تیلیوں سےبنانا -

Wicker : دیکھو Whicker

Wickered : (a) بید کی تیلیوں سے بنا؛ بید کی تیلیوں سے لپیٹا ہوا یا ملفوف -

Wickerwork : (n) چمغری ؛ ٹوکری ؛ بید کی بنی ہوئی چیزیں ۔

Wicket : (n) [AFr. ONFr. 'wiket'.] (۱) چور کھڑکی؛ جو بڑے پھاٹک کے ساتھ ہوتی ہے اور جس وقت پھاٹک بند ہو اس وقت وہ کھلی رہتی ہے ۔ (۲) پھرکی دروازہ (جو چار ڈنڈے افقی صلیب کی شکل میں لگا کر بناتے ہیں اور جس میں ایک وقت میں ایک آدمی داخل ہوتا ہے اور ڈنڈوں کو گھما کر اندر پہنچتا ہے) ۔ (۳) پھسلنے والے پٹ کی کھڑکی ۔ (٤) نیم دروازہ جس میں در کا صرف نیچے کا آدھا حصہ بند ہوتا ہے ۔ (۵) (کرکٹ) وکٹ؛ تین ڈنڈے جو برابر برابر گاڑے جاتے ہیں ۔ (٦) بلے باز کے وکٹ پر رہنے کی مدت؛ اننگ کا وہ حصہ جس کے درمیان کوئی خاص بلے باز وکٹ پر رہتا ہے ۔ (۷) دونوں وکٹوں کے درمیان کی زمین؛ وکٹوں کی درمیانی جگہ یا گرد و پیش کا فاصلہ ۔ (۸) (امریکا کروکٹ (Croquet)) کنڈے یا محراب نما چھلے ۔ (۹) سفیدہ (White lead)جو جنگلہ کی شکل میں بنایا جاتا ہے ۔ (۱۰) آب گزار کا چھوٹا دروازہ ۔

Double wicket : دوہرا وکٹ جو ایک دوسرے سے بائیس گز کی دوری پر نصب کئے جاتے ہیں جن کے درمیان بلے بازوں کو دوڑنا پڑتا ہے ۔

On a bad wicket : کمزور یا نامساعد حالت میں ۔

On a good wicket : اچھے اور مساعد حالت میں ۔

Single wicket : کرکٹ کا ایک کھیل جس میں صرف ایک وکٹ نصب کیا جاتا ہے اور صرف ایک بلے باز کھیلتا ہے ۔

The sixth wicket fell for 75 : ۷۵ رن ملنے پر چھٹا بلا باز آؤٹ ہو گیا ۔

Three wicket down : تین کھلاڑی آؤٹ ہو گئے ۔

To keep wicket : وکٹ کیپر کا کام کرنا؛ وکٹ کے پیچھے ہو کر گیند روکنے کی خدمت انجام دینا ۔

To take (so many) wickets : (گیند پھینکنے والے کا) (اتنے) کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنا ۔

To win by eight wickets : (کرکٹ) دو کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے پر حریف کے اسکور سے بڑھ جانا؛ آٹھ وکٹ سے جیت جانا ۔

Wicket-gate : (n) چور کھڑکی ۔

Wicket-keep/-keeper : (n) وہ کھلاڑی جو وکٹ کے پیچھے ہوکر گیند روکنے کی خدمت انجام دیتا ہے؛ وکٹ کیپر ۔

Wicking : (n) بتی یا فتیلہ بنانے کا سازوسامان ۔

Wickup : (n) دیکھو Wikape

Wickyup/Wickiup : (n) [American Indian.] بھدی جھونپڑی جو خانہ بدوش قبیلے کے لوگ بناتے ہیں؛ چھوٹی جھونپڑی؛ کُٹی ۔

Wicopy :(n) [American Indian] (۱) ایک سخت چھال کادرخت ۔ (۲) ایک پودا جس کی پتیاں بید کی طرح ہوتی ہیں ۔

Wid : (n) (۱) جنگل؛ بن ۔ (۲) لکڑی؛ چوب؛ جلانے یا عمارت کی لکڑی ۔ (۳) دیکھو اسکاچستان Wood ۔

Widdershins : (اسکاچستان) سورج کی رفتار یا گھڑی کی رفتار کے مخالف رخ پر (جو منحوس سمجھا جاتا ہے) ۔

Widdifow/Widdifu : (a) [f. Widdy+Fow.] پھانسی دیئےجانے کے قابل؛ واجب القتل؛ لائق گردن زدنی ۔

Widdifow/Widdifu : (n) واجب القتل آدمی؛پھانسی دیئےجانے کے قابل آدمی ۔

Widdle : (n) دیکھو Waddle

Widdle : (a) دیکھو Waddle

Widdrim/Widdendream : (n) [OE. 'woddream'.] طیش؛ غضبناکی؛ جوش جنوں ۔

Widdy : (n) [ME.] (۱) ایک قسم کا بید کی ٹہنیوں سے بنا رسّا ۔ (۲) پھانسی کی رسی؛ سرک پھانسی؛ سرک پھندا ۔

Widdy : (n) دیکھو Widow

Wide : (n) (۱) کھلی چوڑی زمین ۔ (۲) (کرکٹ) وائڈ بال ؛ گیند جو وکٹ سے دور ہٹ کر گرے ۔

Broke to the wide : بالکل قلاش؛ کنگال ۔

Done, whacked to the wide : بالکل تھکا ہوا؛ خستہ؛ شل۔

The wide : وسیع دنیا۔

Wide : (a) [OE. 'wid'.] (۱) چوڑا۔ (۲) بڑا؛ کافی۔ (۳) وسیع؛ دور تک پھیلا ہوا ؛ بہت بڑا۔ (٤) ڈھیلا۔ (٥) آزادانہ ؛ بےتعصبانہ؛ وسیع؛ عام ، ہمہ گیر۔ (٦) پوری کھلی ہوئی (جگہ)۔ (۷) دور ہٹا ہوا۔ (۸) دور رس؛ دوراثر۔ (۹) وسیع مشرب۔ (۱۰) جس کے درمیان وسیع جگہ ہو۔ (۱۱) (صوتیات) زبان کو ڈھیلا کرکے ادا کیا ہوا۔ (۱۲) (عامیانہ) غیر اخلاقی؛ آوارہ؛ بدچلن۔ (۱۳) مویشیوں کی غذا جس میں کاربوہائیڈریٹ پروٹین کے مقابلے میں زیادہ ہو۔ (۱٤) منحرف، ہٹا ہوا (نشانے سے)۔

To give a wide berth to : دور رہنا؛ بچنا۔

Wide : (adv.) (۱) وسیع طور پر؛ ہمہ گیر طور پر؛ دور دور تک۔ (۲) دور دور پر؛ پھیلے ہوئے؛ علاحدہ؛ الگ الگ۔ (۳) (گھوڑے کے متعلق) ٹانگیں پھیلا کر۔ (٤) دور دور؛ بہت دور دور پر۔ (٥) بہت دور سے؛ بہت دور تک؛ بہت دور پر۔ (٦) ہٹ کر؛ نشانے سے دور۔ (۷) مکمل طور پر؛ جامع طور پر؛ پوری طرح سے۔

Wide-angle : (a) وسیع زاویہ۔

Wide-awake/Wideawake : (a) (۱) (مجازاً) چوکس؛ ہوشیار۔ (۲) جاگتا ہوا۔ (۳) (مزاحاً) چوڑے چھجے اور نیچی چندیا والا (ہیٹ)۔

Wide-awake : (n) (۱) چوڑے چھجے اور نیچی چندیا والا ہیٹ۔ (۲) ایک سمندری پرند۔

Wide-awakeness : (n) ہوشیاری؛ چوکسی۔

Wide-ball : (n) (کرکٹ) وائڈ بال: گیند جو دور ہٹ کر لگے۔

Wide-eyed : (a) (۱) آنکھوں کو پوری طرح کھولے ہوئے؛ غور سے دیکھنے والا۔ (۲) حیرت زدہ۔ (۳) بھولا بھالا؛ سیدھا سادا۔

Wide-fame : (n) بڑی شہرت۔

Wide-flung : (a) دور تک پھیلا ہوا۔

Wide gauge : (n) چوڑی پٹری۔

Wide margin : (n) کافی سے زیادہ مقدار۔

Wide-mouthed : (a) (۱) دراز دہن؛ جس کا منہ پھیلا ہوا ہو۔ (۲) زور سے بولنے والا؛ اونچی آواز سے بولنے والا؛ زور دار۔ (۳) بسیار خور؛ پیٹو؛ لالچی؛ حریص۔

Wide-open : (a) (۱) بہت کھلا ہوا۔ (۲) (امریکا) لامحدود؛ بے حد؛ صریحاً خلاف قانون۔

Wide-ranging : (a) جامع، محیط؛ وسیع۔

Wide-spectrum : (a) جو بہت سے جرثوموں کے خلاف مؤثر ہو۔

Wide-spread : (a) (۱) دور تک پھیلا ہوا؛ عام۔ (۲) وسیع؛ پھیلا ہوا؛ منتشر۔

Wide-spreading : (a) (۱) وسیع؛ پھیلا ہوا۔ (۲) دوررس؛ دور اثر۔

Wide-watered : (a) (۱) جس کے وسیع رقبےمیں پانی ہو۔ (۲) جس کے کنارے پانی ہو۔ (۳) جہاں پانی سے ہو کر جایا جائے۔

Widely : (adv.) (۱) وسیع دائرے میں؛ دور دورتک۔ (۲) الگ الگ؛ عرصہ کےبعد۔ (۳) بہت حدتک؛ زیادہ تر۔ (٤) اجمالی نظر سے؛ وسیع نظر سے۔

Widen : (v) چوڑا کرنا یا ہونا؛ وسیع کرنا یا ہونا؛ وسعت پیدا کرنا۔

Widener : (n) چوڑا کرنے والا؛ ایک برما جو اپنے قطر سے بڑےقطر کا سوراخ کرتا ہے۔

Wideness : (n) چوڑائی ؛ وسعت؛ عرض۔

Widgeon/Wigeon : (n) [Echoic.] ایک قسم کی جنگلی بط۔

Widgeon-grass : (n) ایک قسم کی بحری گھاس۔

Widget : (n) [Alt. of Gadget.] (۱) دیکھو Gadget۔ (۲) کوئی بے نام شے جو فرضی نمونے کا کام دے۔

Widish : (a) کسی قدر چوڑا۔

Widow : (n) [OE. 'widewe, wuduwe'.] (۱) رانڈ؛ بیوہ۔ (۲) شیمپین شراب۔ (۳) ایک قسم کا پرندہ۔ (٤) (مقامی) بیوی جسے شوہر نےچھوڑ دیا ہو۔ (٥) (کلیسا) قدیم کلیسا میں عبادت گزار یا وقف کی ہوئی بیوائیں۔ (٦) ایک قسم کا

پتنگا ۔ (۷) بعض پودوں کا نام ۔ (۸) تاش کے کھیل میں زائد ہاتھ جو تقسیم کر دیا گیا ہو ۔ (۹) مختصر سطر جو کسی عبارت کا اختتام ہو اور صفحے کے اوپر ہو ۔ (۱۰) چڑیا جس کا نر کھو گیا ہو ۔

The widow : شیمپین شراب ۔

Widow : (n) رنڈوا؛ جس کی بیوی مرگئی ہو ۔

Widow : (v) (۱) بیوہ کردینا؛ کسی عورت کے شوہر کو مار ڈالنا؛ شوہر یا بیوی سے موت کے ذریعہ جدا کردینا؛ رانڈ یا رنڈوا کردینا ۔ (۲) (مجازاً) (کسی قیمتی یا بہت عزیز چیز سے) محروم کردینا؛ دوست وغیرہ سے جدا کر دینا ۔ (۳) بیوہ بن کر رہنا ۔

Widow-bench : (n) (انگلش قانون) وثیقہ زوجہ کے علاوہ شوہر کی جانداد کا حصہ جو بیوہ کو دیا جائے ۔

Widow-bewitched : (a) وہ عورت جس کا شوہر الگ ہو یا چھوڑ کر چلا گیا ہو یا جس کا شوہر اس سے دور ہو ۔

Widow-bird : (n) دیکھو Whidah

Widow-duck : (n) ایک قسم کی بط ۔

Widow-finch : (n) دیکھو Widah

Widow lady : (n) رانڈ؛ بیوہ عورت ۔

Widow-maker : (n) کوئی چیز جو مزدور کی زندگی یا جان کے لئے خطرناک ہو، خصوصاً درخت کی لٹکتی ہوئی ٹہنی ۔

Widow monkey : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Widow-right : (n) حقِ بیوہ ۔

Widow-wail : (n) بعض قسم کی بوٹیوں کے نام ۔

Widow woman : (n) بیوہ؛ رانڈ ۔

Widowed : (a) (۱) بیوہ؛ رانڈ؛ رنڈوا ۔ (۲) (جانور یا پرند) جس کا جوڑا مرگیا ہو ۔ (۳) (مجازاً) دوست، ساتھی وغیرہ سے محروم؛ اکیلا؛ تنہا ۔

Widower : (n) رنڈوا؛ جس کی بیوی مرگئی ہو ۔

Widowered : (a) رنڈوا ۔

Widowerhood : (n) رنڈوا پن ۔

Widowhood : (n) رنڈاپا؛ بیوگی ۔

Widowly : (adv) بیوہ سے متعلق؛ بیوہ کا؛ بیوہ کے شایان شان ۔

Widowman : (n) دیکھو Widower

Widow's cruse : (n) وہ مقدار جو دیکھنے میں چھوٹی معلوم ہو مگر کبھی ختم نہ ہو ۔

Widow's lock : (n) بالوں کا وہ گچھا یا لٹ جو اور بالوں سے الگ نکلے جس کے متعلق خیال کیا جاتا ھے کہ جلد بیوہ ہونے کی نشانی ہوتی ھے ۔

Widow's mite : (n) حقیر چندہ (جو بے دلی سے دیا جائے) ۔

Widow's peak : (n) سرکے بالوں کا نوک دار حصہ؛ (پیشانی کےقریب) ۔

Widow's quarantine : (n) شوہر کی وفات کے بعد کی چالیس دنوں کی مدت جس میں بیوہ اپنے شوہر کے گھرمیں وارثوں کو بغیر کرایہ دیئے رہ سکتی ھے ۔

Widow's walk : (n) ساحلی مکان کی چھت پربنی کٹہرے دار مشاہدہ گاہ ۔

Widow's weeds : (n) بیوہ کا ماتمی لباس؛ رنڈ سالا ۔

Width : (n) (۱) چوڑائی؛ عرض ۔ (۲) آزادی؛ وسعت (نظر، خیالات وغیرہ کی) ۔ (۳) کسی خاص عرض کے کپڑے کا ٹکڑا ۔ (٤) سب سے چوڑی جگہ کا گھیرا ۔

Widthless : (a) بے عرض؛ تنگ ۔

Widthways : (adv) عرضاً؛ عرض میں ۔

Widthwise : (adv) دیکھو Widthways

Wield : (v) [ME. 'welde'.] (۱) قبضے میں رکھنا؛ قابو میں رکھنا (اختیارات وغیرہ)؛ حکمرانی کرنا (ملک پر) ۔ (۲) ہاتھ میں لینا ؛ اٹھانا (ہتھیار) ۔ (۳) انتظام کرنا؛ انجام دینا ۔

To wield a or the Sceptre : حکمرانی کرنا؛ عصائے سلطانی ہاتھ میں رکھنا ۔

Wielder : (n) قابو یا قبضے میں رکھنےوالا؛ حکمرانی کرنے والا ۔

Wieldy : (a) (۱) قوی؛ مضبوط ۔ (۲) قابلِ انتظام؛ قابلِ انصرام؛ مطیع؛ سیدھا ۔

Wiener/Weiner : (n) [G.] ایک قسم کا دُلمہ ۔

Wiener schnitzel : (n) [G.] بچھڑے کے گوشت کا قتلہ ۔

Wienerwurst : (n) بعض قسم کا دُلمہ ۔

Wienie/Weenie : (n) (عام) دیکھو Wiener

Wife : (n) [OE. 'wif.'] (۱) (قدیم) عورت؛ (خصوصاً) گنوار یا جاہل بڑھیا ۔ (۲) بیوی؛ زوجہ؛ جورو ۔ (۳) ایک قسم کا پتنگا ۔ (٤) جفتی کھائی ہوئی مادہ (جانور) ۔

All the world and his wife : (مزاحاً) سبھی مرد اور عورت؛ ہر کوئی؛ دونوں جنسوں کا اجتماع ۔

Old wives tale : بے بنیاد قصہ؛ توہم ۔

To take a wife : بیوی بنانا؛ شادی کرنا ۔

To wife : بیوی کے لئے ۔

Wife of the left hand : بے جوڑ بیوی؛ (چھوٹے درجے کی عورت) ۔

Wife : (v) شادی کرنا ۔

Wifedom : (n) (۱) زوجیت؛ جوروپن ۔ (۲) بیویاں ۔

Wifehood : (n) (۱) زوجیت؛ جوروپن ۔ (۲) بیوی ہونا؛ بیوی کے شایانِ شان ہونا ۔

Wifeless : (a) بے جورو کا؛ جس کی بیوی نہ ہو ۔

Wifelike : (a) بیوی سے مشابہ؛ بیوی کے شایانِ شان ؛ بیوی کے لئے مناسب ۔

Wifelike : (adv.) بیوی کی طرح ۔

Wifeliness : (n) بیوی کے شایانِ شان ہونا؛ زوجیت ۔

Wifely : (a) [OE. 'wiflic'.] (۱) بیوی کا؛ زوجہ کا؛ بیوی کے شایانِ شان ۔ (۲) بیوی کی طرح کی ۔

Wifie/Wifey : (n) چھوٹی سی بیوی؛ پیاری بیوی ۔

Wifish : (a) دیکھو Wifely

Wig : (n) [MLG. MDU. 'wigge'.] چھوٹی میٹھی روٹی یا کیک (عمدہ اور باریک آٹے سے بنی ہوئی) ۔

Wig : (n) [Shortening of periwig.] (۱) وگ؛ بالوں کی خاص قسم کی مصنوعی ٹوپی (جو گنجاپن کو چھپانے کے لئے اور اب ججوں اور وکیلوں کے منصبی لباس کا جزو ہوتی ہے)؛ مصنوعی بال ۔ (۲) وگ پہننے والا شخص: بڑا عہدہ دار؛ معزز افسر ۔ (۳) سمور والے نرسیل کے شانوں کاکھردرابال؛ نرسیل (دریائی بچھڑا) ۔ (٤) سرزنش؛ ملامت ۔

Dash my wig (s) : ایک ہلکی بد دعا ۔

My wig (s) : تعجب کے اظہار کا ایک فقرہ ۔

Wigs on the green : تصادم؛ ٹکّر؛ جھگڑا ۔

Wig : (v) (۱) وگ مہیا کرنا؛ وگ پہننا ۔ (۲) ڈانٹنا؛ ڈپٹنا؛ سرزنش کرنا؛ برابھلا کہنا؛ خبرلینا؛ لعنت ملامت کرنا ۔

Wig-block : (n) وگ رکھنے کا گول کندہ ۔

Wig-tail : (n) ایک چڑیا جس کی دُم کے پر بہت بڑے ہوتے ہیں ؛ ایسی چڑیا کی دم ۔

Wig-tree/-sumach : (n) وینس کا سمّاق (جھاڑی) جس کے پھولوں میں روئیں ہوتے ہیں ۔

Wig-wag : (v) (۱) ادھر ادھر ہلنا؛ ادھر ادھر ہلانا ۔ (۲) (جھنڈا وغیرہ ہلاکر) اشارہ کرنا؛ سگنل دینا ۔

Wig-wag : (n) (۱) ادھر ادھر ہلنا ۔ (۲) پالش کرنے کا ایک طریقہ (گھڑی یا کپڑوں پر) ۔

Wig-wag : (adv.) ادھر ادھر ہلاتے ہوئے ۔

Wigan : (n) [f. Wigan, Lancashire, England.] ایک قسم کا سخت کپڑا ۔

Wigdom : (n) وکلاء یا ججوں کی جماعت ۔

Wigeon : دیکھو Widgeon

Wigged : (a) وِگ پہنے -

Wigger : (n) وِگ بنانے والا؛ وِگ ساز -

Wiggery : (n) (۱) مصنوعی بال کا استعمال؛ وِگ پہننا - (۲) وِگ فروشی - (۳) (قانونی مقدمہ میں) دفتری طوالت -

Wigging : (n) (۱) سرزنش؛ لعنت ملامت؛ ڈانٹ ڈپٹ - (۲) (آسٹریلیا) بھیڑ کی آنکھوں کے گرد سے بال ہٹانا یا کاٹنا؛ وہ اون جو بھیڑ کی آنکھوں کے پاس سے حاصل کئے جائیں -

Wiggle : (v) [(M) : G.. (M) Du.'wiggelen'.] (۱) ادھر ادھر ہلنا؛ لڑکھڑانا؛ ڈگمگانا - (۲) (کسی چیز کو) ادھر ادھر ہلانا؛ خصوصاً کشتی کو ایک چپو سے جو پیچھے لگا ہو، چلانا -

Wiggle : (n) لڑکھڑاہٹ؛ ڈگمگاہٹ -

To get a wiggle on : (عام) جلدی کرنا؛ عجلت کرنا -

Wiggle-waggle : (v) دیکھو Wiggle

Wiggle-waggle : (a) لڑکھڑانے والا؛ جھولنے والا؛ ڈگمگانے والا -

Wiggle-waggle : (n) لڑکھڑانے والی چیز؛ ادھر ادھر ہلنے والی چیز -

Wiggly : (a) بل دار؛ لہردار -

Wiggly-waggly : (a) دیکھو Wiggly

Wiggy : (a) (۱) وِگ پہنے ہوئے - (۲) عالی شان؛ طمطراق کا -

Wight : (n) [OE. 'wiht'.] شخص؛ آدمی -

Wight : (a) (۱) بہادر؛ قوی؛ جرأت مند - (۲) مضبوط؛ ہٹا کٹا؛ تنومند- (۳) چست؛ پھرتیلا؛ مستعد -

Wight : (adv.) (۱) مضبوطی سے - (۲) پھرتی سے؛ تیزی سے؛ چستی سے -

Wightly : (adv.) (۱) مضبوطی سے (۲) پھرتی سے؛ چستی سے؛ تیزی سے -

Wigless : (a) بے وِگ پہنے؛ بغیر وِگ کے -

Wigmaker : (n) وِگ بنانے یا بیچنے والا -

Wigwag signal : (n) قرص کو افقی طور پر ہلاکر ریل گاڑی کے آنے کا سگنل -

Wigwam : (n) [Ojibwa 'wigwaum, wigiwam'.] (۱) شمالی امریکا کے دیسیوں کا خیمہ؛ جھونپڑا (جانوروں کی کھال ، چٹائی ، یا چھال کا) - (۲) (مزاحاً) مکان ؛ گھر - (۳) بڑی عمارت جس میں جلسہ ہو یا جس سے صدر مقام کا کام لیا جائے - (٤) ایک قسم کا بھورا رنگ -

Wiikite : (n) [Sw. 'wiikit'.] ایک معدنی شے -

Wikiwiki : (adv) ['Hawaiian'.] جلدی؛ تیزی سے؛ فوراً -

Wilco : (n) [Short for the phrase 'will comply'] لاسلکی پیغام پانے کے بعد دیا جانے والا جواب "حکم کی تعمیل کی جائے گی" -

Wild : (a) [OE. 'wilde'.] (۱) وحشی (جانور یا انسان)؛ جنگلی؛ خودرو (پودا) ؛ قدرتی - (۲) بھڑکنے والا ؛ وحشی - (۳) خودسر ؛ ضدی ؛ سرکش ؛ بے لگام ؛ بے ضبط ؛ شوریدہ سر؛ خودسری کا؛ شوریدہ سری کا؛ سرکشی کا (فعل) - (٤) بے ترتیب؛ پریشان؛ سخت بے ترتیبی کا- (٥) تیز و تند؛ طوفانی - (٦) بے تاب؛ بےچین؛ مضطرب؛ آپے سے باہر؛ دیوانہ؛ مجنون (شوق، خوشی ، جوش، غصہ یا رنج سے) - (۷) بیتابی کا؛ بےچینی کا؛ مجنونانہ - (۸) اٹکل پچو ؛ اندھا دھند ؛ جلد بازی کا؛ بےسوچا سمجھا - (۹) گھٹیا یا غیر خالص (کچ دھات) - (۱۰) ویرانی؛ غیر آباد - (۱۱) غیر متمدن؛ غیر مہذب - (۱۲) شہوت پرست؛ عیاش؛ آوارہ؛ بدچلن - (۱۳) غضبناک؛ آگ بگولا ؛ متشدد؛ ظالم ؛ بے رحم - (١٤) تیز؛ بے ضبط؛ بےقابو (آواز) - (١٥) پُر جوش - (١٦) بے وقوف؛ غیر معقول پسند - (۱۷) غیر معقول - (۱۸) بے ڈھنگا؛ خلاف دستور؛ خلاف رسم و رواج؛ نیم وحشیانہ - (۱۹) نرالا ؛ عجوبہ؛ عجیب و غریب - (۲۰) شیفتہ؛ دلدادہ؛ انتہائی خواہشمند -

The wild men : (کسی پارٹی وغیرہ کے) انتہاپسند اشخاص -

To drive wild : آپے سے باہر کر دینا؛ دیوانہ کر دینا -

To run wild : (۱) (پودوں کا) خود رو ہونا ۔
(۲) (انسان کا) خود سر ہو جانا؛ سرکش ہو جانا ۔

Wild : (n) (۱) جنگل؛ صحرا؛ ویرانہ؛ دشت؛ اجاڑ علاقہ ۔
(۲) آزاد زندگی؛ قدرتی وجود ۔

Wild : (adv.) (۱) بے ضبطی سے؛ بے روک ٹوک ۔ (۲) دیکھو Wildly ۔

Wild and woolly : (a) وحشی؛ وحشیانہ ۔

Wild beast : (n) (۱) وحشی؛ درندہ ۔ (۲) وحشی انسان؛ جنگلی آدمی ۔

Wild bee : (n) (۱) بغیر سدھائی ہوئی شہد کی مکھیوں کا جھنڈ ۔ (۲) شہد کی مکھی جو گھریلو چھتے سے نکل بھاگی ہو ۔

Wild boar : (n) جنگلی سور؛ بنیلا ۔

Wild cabbage : (n) (۱) ایک جنگلی پودا جو کرم کلا کی ابتدائی شکل ہے؛ جنگلی کرم کلا ۔ (۲) ایک رسیلی بوٹی ۔

Wild carrot : (n) جنگلی گاجر؛ یوریشین گھاس ۔

Wild cat : (n) (۱) جنگلی بلی؛ یوروپی جنگلی بلی ۔
(۲) (مجازاً) وحشی؛ جھلا یا کینہ ور شخص (خصوصاً عورت) ۔ (۳) (مجازاً) ناعاقبت اندیشانہ منصوبے بنانے والا ۔ (٤) اندھا دھند تجارت؛ خطرناک، ناعاقبت اندیشانہ یا غیر قانونی تجارت ۔ (٥) مغربی امریکا کے بینک (جو کم سرمایہ یا اصل سرمایہ کے بغیر نوٹ جاری کر دیتے ہیں) اسی طرح جاری کردہ سکے یا نوٹ ۔ (٦) تیل یا گیس جو ایسی جگہ کنواں کھود کر نکالا گیا ہو جس کی نکاسی قبل سے معلوم نہ ہو ۔ (۷) آہنچے کا استوانہ یا پہیا جس کے محیط میں نالی بنی رہتی ہے جس میں سے گزرنے والی زنجیری رسی کی کڑی لگی رہتی ہے ۔

Wild-cat : (a) (۱) مالی اعتبار سے غیر ذمہ دار یا ناقابل اعتماد ۔ (۲) غیر معیاری؛ غیر قانونی ۔
(۳) ایسے تیل یا گیس سے متعلق جو ایسی جگہ سے کھود کر نکالا جائے جہاں کی یہ نکاسی پہلے سے معلوم نہ ہو ۔ (٤) غیر قانونی (ہڑتال) جس میں یونین کی رضامندی شامل نہ ہو یا جو معاہدے کے خلاف ہو ۔
(٥) (کارتوس) جس کی گولی معیاری سائز کی ہو مگر خول بڑا ہو؛ ایسے کارتوس چلانے والی رائفل ۔

Wildcat : (v) (۱) ایسی جگہ تیل یا گیس کا کنواں کھودنا یا بعض اوقات "کان" کھودنا جس کی نکاسی پہلے سے معلوم نہ ہو ۔ (۲) اندھا دھند سٹا کرنا؛ ناعاقبت اندیشانہ تجارت کرنا ۔ (۳) ریل انجن یا ایندھن گاڑی چلانا ۔

Wild-cat strike : (n) اچانک غیر قانونی ہڑتال ۔

Wild-catter : (n) (۱) اندھا دھند تجارتی سٹا کرنے والا ۔
(۲) وہ شخص جو ایسی جگہ تیل کا کنواں کھودتا ہے جس کے بارے میں اسے پہلے سے علم نہ ہو کہ یہاں تیل نکلے گا ۔ (۳) بڑے خول میں چھوٹے قطر کا کارتوس یا اس کے لئے رائفل بنانے والا ۔

Wild-catting : (n) اندھا دھند تجارتی سٹا کرنا ۔

Wild cucumber : (n) جنگلی کھیرا ۔

Wild currant : (n) جنگلی کشمش ۔

Wild deer : (n) [OE. 'Wil(d) deor'.] جنگلی ہرن ۔

Wild dog : (n) پالتو کتوں سے مشابہ جنگلی کتے ۔

Wild duck : (n) جنگلی بطخ ۔

Wild-eyed : (a) (۱) غضبناک؛ خشمناک ۔ (۲) انتہاپسند؛ تخیل پرست؛ ناقابل عمل منصوبے گھڑنے والا ۔

Wild-fire/Wildfire : (n) (۱) اگیا بیتال ۔ (۲) برق؛ بجلی ۔
(۳) ایک آتش گیر مرکب مادہ ۔ (٤) سرخ بادہ؛ حمرہ ۔ (٥) (مجازاً) تباہ کن چیز ۔

Like wildfire : نہایت تیزی کے ساتھ ۔

Wild flower : (n) جنگلی پھول ۔

Wild-fowl : (n) (۱) جنگلی پرند (جن کا شکار کیا جاتا ہے) ۔
(۲) (مزاحاً) جنگلی درندہ ۔

Wild garden : (n) باغ کا وہ قطعہ جہاں جنگلی پودے قدرتی حالت میں اگے نظر آتے ہیں ۔

Wild gas/Wild gasoline : (n) بہت زیادہ پراں پٹرول جو تجارتی مقاصد کے لئے موزوں نہ ہو؛ خصوصاً قدرتی پٹرول ۔

Wild ginger : (n) (۱) جنگلی ادرک ۔ (۲) ایک یوروپی خوشبودار پودا ۔ (۳) آسٹریلیا کا ایک سدا بہار پودا ۔

Wild goose : (n) (۱) جنگلی بط ۔ (۲) جھگڑالو شخص ؛ بیوقوف آدمی ۔ (۳) آئرستانی جیکوبی (انگلستان کے شاہ جیمس یا اس کے بیٹے مدعی تخت سلطنت کا طرف دار) کا نام ۔ (٤) جلاوطن آئرستانی ۔

Wild-goose : (a) جنگلی؛ عجوبہ؛ بے ڈھنگا؛ بیوقوف ۔

Wild goose chase : (n) (۱) وہ غلط راستہ جس کو دوسرے بھی اختیار کریں ۔ (۲) ناممکن چیز کی کوشش ؛ فضول کوشش ؛ سعی لا حاصل ۔ (۳) احمقانہ؛ بے سود یا مایوس کن جستجو ۔

Wild grape : (n) جنگلی انگور ۔

Wild horse : (n) اسپ صحرائی؛ جنگلی گھوڑا ۔

To draw with wild horse : اذیت ناک سزائے موت دینا ۔

Wild Irish : (n) غیر مہذب آئرستانی ۔

Wild land : (n) بنجر؛ ویرانہ؛ غیر مزروعہ ۔

Wild look : (n) اضطراب کی کیفیت؛ آشفتگی کی حالت؛ اضطرابی کیفیت یا حالت ۔

Wild man : (n) (۱) وحشی آدمی؛ جنگلی آدمی ۔ (۲) غیر مہذب انسان ۔ (۳) انتہا پسند سیاست داں ۔ (٤) انسان صورت بندر؛ بن مانس ۔

Wild mango : (n) ایک افریقی درخت جس کا پھل آم سے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Wild nutmeg : (n) ایک قسم کا جائفل ۔

Wild oat : (n) ایک جنگلی گھاس جو جئی کے پودے سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Wild pear : (n) (۱) ایک قسم کی جنگلی جھاڑی ۔ (۲) جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کاموں میں آتی ہے ۔

Wild pig : (n) ایک قسم کا امریکی سور ۔

Wild pigeon : (n) جنگلی کبوتر ۔

Wild scenery : (n) وحشت ناک منظر ۔

Wild silk : (n) ریشم جو جنگلی ریشمی کپڑے سے حاصل ہوتا ہے ۔

Wild silkworm : (n) جنگلی ریشمی کیڑا ۔

Wild swan : (n) جنگلی ہنس ۔

Wild times : (n) بد امنی کا زمانہ؛ پر آشوب زمانہ ۔

Wild tobacco : (n) تمباکو کے پودے سے مشابہ بعض پودے؛ جنگلی تمباکو ۔

Wild type : (n) خودرو قسم؛ جنگلی قسم؛ قدرتی تمثیل ۔

Wild wall : (n) سنیما یا ٹیلی ویژن کا وہ چوکھٹے دار پردۂ منظر جسے آسانی سے ہٹایا جاسکتا ہو ۔

Wild wind : (n) طوفانِ باد و باراں ۔

Wild work : (n) فتنہ و فساد ۔

Wildbore : (n) [Origin unkn.] ایک قدیم اونی کپڑا ۔

Wildebeest : (n) [S. African Du.] جنوبی افریقہ کا ایک چکارا جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Wilder : (v) [Origin unkn.] (۱) بھٹکا دینا؛ گمراہ کر دینا ۔ (۲) بھٹک جانا؛ گمراہ ہو جانا ۔ (۳) بدحواس کر دینا؛ پریشان کردینا ۔

Wildered : (a) بدحواس؛ پریشان ۔

Wildering : (n) بھٹکنے والا؛ گمراہ؛ بدحواس ۔

Wilderness : (n) (۱) بیابان؛ صحرا؛ اجاڑ مقام؛ ویرانی؛ دشت ۔ (۲) باغ کا اجاڑ حصہ ۔ (۳) (کسی چیز کی) بہت بڑی تعدادیا مقدار؛ جنگل کا جنگل ۔ (٤) (مجازاً) بیابان ۔

Voice in the wilderness : مصلح جس کی نصیحت کوئی نہ سنے؛ صدا بہ صحرا ۔

Wilderness area : (n) جنگل کاوہ خطہ جسےحکومت سائنسی یا تفریحی مقاصد کے لئے اصلی حالت میں چھوڑ دے ۔

Wildfowler : (n) جنگلی پرندوں کا شکار کرنے والا ۔

Wildfowling : (n) جنگلی پرندوں کا شکار ۔

Wilding : (n) (۱) جنگلی سیب یا اس کادرخت ۔ (۲) جنگلی پودا، پھول یا پھل ۔ (۳) (مجازاً) جنگلی آدمی؛ وحشی آدمی ۔ (٤) جنگلی جانور ۔

Wilding : (a) جنگلی؛ خودرو ۔

Wildish : (a) کسی قدر وحشی؛ خود سر؛ بے ترتیب؛ تند؛ مضطرب ۔

Wildlife : (n) جنگلی جانور یا پرند ۔

Wildling : (n) جنگلی پودا، پھول یا پھل؛ جنگلی جانور ۔

Wildly : (adv.) (۱) وحشت سے؛ خودسری سے؛ شوریدہ سری سے؛ بے ترتیبی سے ۔ (۲) بے تابی سے؛ اضطراب سے؛ جوش سے ۔ (۳) اٹکل پچو؛ بے سوچے سمجھے ۔

Wildness : (n) وحشت؛ خود سری؛ آشفتہ سری؛ شوریدہ سری؛ بے ترتیبی؛ بیباکی : اضطراب؛ جلد بازی؛ ناعاقبت اندیشی ۔

Wild wood : (n) قدرتی جنگل ۔

Wile : (n) [ME. 'wil'.] چال؛ حیلہ؛ مکر؛ فریب ۔

Wile : (v) (۱) پھسلانا؛ ورغلانا؛ پھانسنا ۔(۲) توجہ ہٹانا (کسی تھکا دینے والی چیز یا کام سے) ؛ دل بہلانا ۔

Wilely : (a) مکار؛ چالاک ؛ عیار؛ حیلہ باز؛ پُر فن ۔

Wilful : (a) (۱) جو عمداً کیا جائے؛ بالعمد؛ بالقصد؛ بالارادہ؛ دیدہ و دانستہ ۔ (۲) خود رائے؛ ضدی؛ خود سر؛ سرکش ۔

Wilful : (n) ضدی آدمی؛ خودسر آدمی ۔

Wilfully : (adv.) (۱) عمداً؛ دیدہ و دانستہ ۔ (۲) خود رائی سے؛ ضد سے؛ خودسری سے؛ سرکشی سے ۔

Wilful murder : (n) قتل عمد ۔

Wilfulness : (n) سرکشی؛ خود سری ؛ خود رائی؛ ضد؛ ہٹ ۔

Wilga : (n) [Native name in New South Wales.] (Willow) بید سے مشابہ آسٹریلیا کا درخت ۔

Wilger : (n) ایک قسم کا بید ۔

Wilhelmstrasse : (n) [G.] (۱) ولہیلم اشترا سے؛ برلن کی ایک سڑک جس پر وزارتوں کے دفتر واقع ہیں ۔ (۲) جرمنی کی وزارت خارجہ ۔

Wilily : (adv.) مکاری سے؛ حیلہ بازی سے؛ عیاری سے ۔

Wiliness : (n) مکاری؛ عیاری؛ حیلہ بازی؛ چالاکی ۔

Wiliwili : (n) [Hawaiian.] بحرالکاہل کے جزیروں کا مرجانی درخت ۔

Wilkeite : (n) [R.M. Wilke, an American mineral collector .] ایک معدنی شے ۔

Will : (n) [OE. 'willa'.] (۱) خواہش؛ چاہت؛ تمنا؛ آرزو؛ رغبت : میلان ۔ (۲) ارادہ : قوت ارادی ۔ (۳) عزم؛ مضبوط ارادہ ۔ (٤) منشاً؛ مرضی؛ خوشی ۔ (٥) (دوسروں کے متعلق اچھی یا بری) خواہش : نیک خواہی یا بدخواہی ۔ (٦) التجا؛ التماس ۔ (۷) وصیت ۔ (۸) نیت؛ مراد؛ مقصد؛ منشا ۔

Against (one's) will : مرضی کے خلاف؛ خواہش کے خلاف ۔

At will : حسب مرضی؛ جب جی چاہے ۔

A will of one's own : ضد؛ خود ادعا خواہش ۔

Good will : (۱) نیک خواہی ۔ (۲) مقبولیت؛ ساکھ ۔

Ill will : بد خواہی ۔

Of (one's) will/-own will/-free will : اپنی مرضی یا خواہش سے؛ بالقصد؛ اپنی خوشی سے ۔

To take the will for the deed : کسی کی نیک نیتی پر بھروسا کرنا ۔

What's your will : آپ کیا چاہتے ہیں ۔

Where there's a will there's away : ارادہ پکا ہو تو کوئی راہ نکل ہی آتی ہے ۔

With a will : مستعدی سے؛ سرگرمی سے ۔

With the best will (in the world) : کوشش کے باوجود؛ خواہش کے باوجود ۔

Will : (n) (۱) نام William کا مخفف ۔ (۲) اگیا بیتال ۔

Will : (n) (۱) فعل 'will' کہنا ۔ (۲) فعل will ۔

Will : (a) [ON. 'villr'.] بھٹکا ہوا؛ گم کردہ راہ؛ گمراہ؛ حیران؛ پریشان ۔

Will: (v) بھٹک جانا : گم ہو جانا؛ بھٹکنا ۔

Will : (adv.) (۱) بھولا بھٹکا ۔ (۲) قاصر رہ کر ۔

Will : (v) [OE. 'wyllan'.] (۱) چاہنا؛ آرزو رکھنا ۔ (۲) راضی ہونا ۔ (۳) (کوئی بات) ضرور کرنا؛ ضرور ہونا؛ ہوکر رہنا ۔ (٤) (کوئی کام) معمولاً کرنا یا ہونا : وقتاً فوقتاً کرنا یا ہونا ۔ (٥) صیغہ ضمیر حاضر اور غائب کے ساتھ محض علامت مستقبل کا کام دیتا ہے ۔ (٦) (ضمیر متکلم کے ساتھ) فعل مستقبل یا جملہ شرطیہ میں متکلم کی مرضی یا ارادہ ظاہر کرتا ہے ۔ (۷) (منفی معنوں میں) انکار کرنا ۔

Be that as it will : جیسے بھی ہو ۔

Come what will : جو کچھ بھی ہو؛ چاہے جو ہو ۔

If God will : خدا چاہے گا تو؛ اگر خدا نے چاہا تو ۔

If you will : اگر آپ کا یہی خیال ہو تو ۔

Will : (v) [OE. 'willian'.] (۱) مرضی ہونا ؛ دل سے چاہنا ۔ (۲) قوت ارادی سے کام لینا ۔ (۳) قوت ارادی کا اثر ڈال کر (کوئی کام) کرانا ۔ (٤) وصیت نامے کے ذریعے چھوڑ جانا یا دے جانا (جائداد وغیرہ کسی کو) ۔ (٥) انتخاب کرنا؛ چننا ۔ (٦) فیصلہ کرنا؛ قصد کرنا ۔

Will-call : (n) (۱) خردہ فروشی جس میں کوئی چیز بیعانہ دے کر محفوظ کرلی جاتی ہے ۔

Will-less : (a) قوت ارادی سے محروم ۔

Will-lessly : (adv.) قوت ارادی سے محرومی کے ساتھ ۔

Will-lessness : (n) قوت ارادی سے محرومی ۔

Will-o'-the-wisp : (n) (۱) اگیا بیتال ؛ غول بیاباں ۔ (۲) (مجازاً) چھلاوا؛ وہ شخص جو کبھی یہاں کبھی وہاں ہو اور جس کی صورت کبھی کچھ اور کبھی کچھ نظر آئے ۔ (۳) ایک قسم کی کائی ۔ (٤) دھوکا؛ فریب ۔

Will to believe : (n) (نفسیات) ارادہ یقین ۔

Will to live : (n) عزم الحیات ۔

Will to power : (n) عزم اقتدار ۔

Will-willet : (n) شمالی امریکا کا چہا ؛ ایک دریائی پرند ۔

Will-worship : (n) اپنے مطلب کا مذہب؛ خود ساختہ مذہب ۔

Willable : (a) جس کی خواہش کی جاسکے؛ جس کی وصیت کی جاسکے ۔

Willamette mite : (n) ایک کیڑا جو رس بھری کے پودوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Willed : (a) ارادے کا؛ مخصوص قسم کی خواہش رکھنے والا ۔

Willed : (a) وصیت کیا ہوا ۔

Willemite : (n) [Du. 'willemit'.] جست کا خام سلفیٹ جو مختلف رنگ کے بلوروں میں پایا جاتا ہے ۔

Willer : (n) قوت ارادی کے ذریعے اثر انداز ہونے والا (مثلاً ہپناٹزم میں) ۔

Willet : (n) شمالی امریکا کا چہا؛ ایک دریائی پرند ۔

Willey : (n) روئی یا اون کو دھن کر صاف کرنے کی مشین ۔

Willey : (v) کل کے ذریعے سے دھن کر صاف کرنا (روئی یا اون کو) ۔

Willeyer : (n) (۱) مل کا وہ مزدور جو کل کے ذریعہ دھن کر صاف کرتا ہے ۔ (۲) دیکھو Willey ۔

William : (n) ولیم؛ ایک نام جو بعض اوقات پھولوں کے نام کے ساتھ بھی آتا ہے ۔

William pear : (n) ایک قسم کی بہت ہی رس دار ناشپاتی ۔

Williamite : (n) [f. the name 'William'+-ITE] شاہ ولیم سوم کا حامی ۔

Williams/William's Bon Chretien : (n) William pear دیکھو

Williamsite : (n) [f. the name 'William'+-ITE.] (۱) سترھویں صدی کے امریکی آباد کار راجر ولیم (Roger William) کا حامی ۔ (۲) (معدنیات) ایک قسم کا پتھر؛ حجر الحیہ ۔

Willie : (n) [f. the nickname for William.] (سامان سے لدے ہوئے) ریل کے ڈبے کا بارنامہ ۔

Willie-boy :(n) (عام) چھیلا یا زن نما نوجوان ۔

Willie gow : (n) مرغابی کی ایک قسم ۔

Willies : (n) [Origin unkn.] گھبراہٹ ۔

Willie-waught : (n) [by incorrect division from guidwillie waught' in "Auld Lang Syne" by Robert Burns.] (ایل شراب وغیرہ کا) لمبا گھونٹ ۔

Willing : (a) [OE. 'willend'.] (۱) راضی؛ خوشی سے آمادہ؛ رضامند ۔ (۲) رضامندانہ؛ جو خوشی سے دیا جائے یا کیا جائے ۔ (۳) (مجازاً) مطیع : فرماں بردار : (ہوا) موافق ۔ (٤) ارادی ۔ (۵) (آسٹریلیا) جانفشانی کا؛ نہایت محنت اور استقلال کا ۔

Willing- hearted : (a) دل سے راضی ۔

Willinghood : (n) رضا مندی؛ خوشی سے آمادگی ؛ رضاو رغبت ۔

Willingly : (a) خوشی سے؛ بہ رضا و رغبت؛ شوق سے ۔

Willingness : (n) رضامندی ؛ خوشی سے آمادگی ؛ رضا و رغبت ۔

Williwaw : (n) [Origin unkn.] (۱) (ملاحوں کی اصطلاح میں) ناگہانی تیز آندھی ۔ (۲) طوفان؛ ہنگامہ ۔

Willock : (n) [f.will+ ock] بعض قسم کے بحری پرند ۔

Willow : (n) [OE. 'welig'.] (۱) بیدِ کا درخت؛ بید کی جنس کا کوئی درخت؛ بان؛ صفصاف ۔ (۲) بید کی لکڑی یا ٹہنی ۔ (۳) (روئی یا اون) دھننے کی کل ۔ (٤) کرکٹ یا بیس بال کا بلا ۔ (۵) بے صلہ محبت یا شریکِ حیات یا دوست کی جدائی کے ماتم کی علامتَ ۔

Bat willow : بید جس کی لکڑی سے کرکٹ کا بلا بنتا ھے ۔

To handle the willow : بلا تھامنا ۔

To wear the willow : سوگ منانا ۔

Willow : (v) (۱) کل کے ذریعے سے دھن کر صاف کرنا ۔ (۲) ماوا بنانے کے لئے (خام مال کو) صاف کرنے کی مشین میں ڈالنا ۔

Willow acacia : (n) آسٹریلیائی ببول کی دو قسمیں ۔

Willow bay : (n) ایک قسم کا بید کا درخت ۔

Willow beauty : (n) ایک یوروپی پتنگا ۔

Willow-earth : (n) بید کی پتیوں کو سڑا کر بنائی ہوئی کھاد ۔

Willow-grouse : (n) شمالی امریکا کی بھٹ تیتر ۔

Willow herb : (n) مختلف اقسام کے پودے جن کی پتیاں بید کی طرح ہوتی ہیں اور زرد زرد پھول ہوتے ہیں ۔

Willow-lark : (n) ایک گانے والا پرند ۔

Willow-leaf : (n) (۱) بید کی پتی یا اس کی تصویر ۔ (۲) (جمع) سورج کی سطح کی منور کرنیں ۔

Willow myrtle : (n) حنا کی طرح کا ایک درخت جس کی پتیاں بید کی پتیوں سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Willow pattern : (n) سفید چینی کے برتنوں پر نیلے نقش جو انگلستان والوں نے چین سے سیکھا ۔

Willow tree : (n) (۱) بید کی قسم کے درخت ۔ (۲) ایک آسٹریلیائی جھاڑی یا درخت ۔

Willow-warbler : (n) ایک چھوٹی چڑیا ۔

Willow-ware : (n) سفید اور نیلے پھول والے چینی ظروف ۔

Willow-wren : (n) Willow-Warbler دیکھو

Willowed : (a) جس کے کنارے بید کا درخت لگاھو؛ جہاں بید کثرت سے ھو ۔

Willower : (n) ـ (۱) (روئی یا اون کو) دھن کر صاف کرنےوالا ـ (۲) دھننے کی مشین ـ

Willowish : (a) بید سے مشابہ؛ بید کی مانند ـ

Willowlike : (a) بید سے مشابہ؛ بید نما؛ بید جیسا ـ

Willowy : (a) (۱) جہاں بید کثرت سے ہوں ـ (۲) پتلا اور لچک دار ـ (۲) سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنے والا۔

Willpower : (n) قوت ارادی ـ

Willy/Willey : (n) [OE. 'wilige, wiliga'.] (۱) ٹوکری ـ (۲) مچھلی پکڑنے کی ٹوکری ـ (۳) (روئی، اون وغیرہ) دھننے کی مشین ـ

Willy/Willey : (v) [Pet form of the name william.] روئی یا اون کو دُھن کر صاف کرنا ـ

Willy/Willie : (n) بعض جانوروں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ھے ـ

Willyer/Willeyer : (n) روئی یا اون کو مشین سے دُھنک کر صاف کرنے والا ـ

Willy-goat : (n) بکرا ـ

Willy-nilly : (adv.) چار و ناچار ـ

Willy-nilly : (a) (۱) چار وناچار کیا ھوا ـ (۲) مذبذب؛ ڈانواں ڈول ـ

Willy-wagtail : (n) ایک قسم کی بطخ ـ

Willy-willy : (n) [Native name.] (آسٹریلیا) طوفان ؛ زور کی آندھی؛ گرد و باد؛ ولی ولی ـ

Wilsome : (a) (۱) (قدیم) اداس ؛ دلگیر ؛ ملول ، افسردہ ـ (۲) حیران ؛ پریشان ـ (۳) ضدی ؛ خود سر ـ

Wilsonian : (a) [f.Woodrow Wilson, America's 28th President] وڈرو ولسن کا یا اس سے متعلق ـ

Wilsonism : (n) وڈرو ولسن کے نظریات ـ

Wilt : (n) مرجھانا ؛ پژمردہ ھونا ـ

Wilt : (v) [Alter. of welk.] (۱) (پودے کا) مرجھانا؛ خشک ھو جانا؛ کُمھلا جانا ـ (۲) (مجازاً) بے جان ھونا؛ مایوس ھو جانا ؛ بے حِس ھو جانا ـ (۳) مرجھا دینا؛ خشک کر دینا ـ

Wilt : دیکھو Will

Wilt disease : (n) پژمردگی؛ سوکھے کا مرض ـ

Wilting : (n) پژمردگی ؛ کملاہٹ ـ

Wilting coefficient : (n) (نباتیات) شرح پژمردگی ـ

Wilton : (n) [f. Wilton, municipal borough of Southern England.] ایک قسم کا قالین جو شہر ولٹن میں بنتا ھے جس میں حلقوں کو کاٹ کر گچھے بنا دیتے ہیں ـ

Wiltshire : (n) [Name of an English county.] (۱) بھیڑ کی ایک نسل ـ (۲) دھوئیں میں پکاھوا سور کا گوشت ـ (۳) ایک قسم کا پنیر ـ

Wily : (a) [f. WILE+-Y] مکار ؛ چالاک ؛ عیار ؛ حیلہ باز ؛ پُر فن ـ

Wily beguile : (n) (۱) مکار شخص؛ عیار شخص ـ (۲) وہ عیار شخص جو اپنی عیاری سے خود دھوکا کھا جائے ـ (۳) ایسی عیاری جس میں خود دھوکا کھا جائے ـ

To play wily beguile oneself : ایسی عیاری کرنا کہ خود دھوکا کھاجائے ـ

Wim-wams : (n) دیکھو Whim-Whams

Wimble : (n) [AFr. 'wimble'.] (۱) برما؛ بڑھئی کا برما ـ (۲) پیچ برما ـ (۳) زمین میں سوراخ کرنے کا اوزار ـ (٤) رسًا بٹنے کا ایک اوزار ـ

Wimble : (v) (۱) (قدیم) برمانا؛ سوراخ کرنا ـ (۲) چپکے چپکے گھر کرنا؛ گھس پیٹھ کرنا ـ (۳) رسًا بٹنا ـ

Wimble : (a) سرگرم ؛ پھرتیلا ؛ تیز ـ

Wimbrel : (n) دیکھو Whimbrel

Wimick/Wimmick : (v) [Imit.] رونا؛ بسورنا ـ

Wimple : (n) [Late OE. 'wimpel'.] (۱) نقاب (جس سے چہرے کے علاوہ سر کے باقی حصے چھپے رہتے ہیں) ـ (۲) موڑچکر، پیچ لہر ؛ (دریا وغیرہ کی) لہر؛ بلکورا ـ (۳) چال ؛ حیلہ؛ مکر؛ فریب ـ

Wimple : (v) (۱) نقاب ڈالنا ؛ نقاب سے چھپانا ۔ (۲) (مجازاً) پردہ ڈالنا ؛ چھپانا ۔ (۳) تہ در تہ ہونا ۔ (٤) (دریا کا) چکر کھاتے ہوئے بہنا؛ لہر اٹھنا ؛ لہریں اٹھنا ۔ (٥) لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۔

Wimpled : (a) (۱) نقاب پوش ؛ نقاب ڈالے ہوئے؛ آنکھوں پر پٹی باندھے ہوئے ۔ (۲) لہر دار ؛ شکن دار ۔ (۳) (مجازاً) الجھا ہوا؛ پھنسا ہوا ۔

Wimpler : (n) (تاریخ) نقاب ساز ۔

Wimshurt machine : (n) (برقیات) اِمالی مشین ۔

Win : (n) [OE. 'win(n'.] (۱) جیت ؛ فتح (کھیل میں) ۔ (۲) (جمع) منافع ؛ جیتا ہوا روپیہ ۔

Win : (n) [Origin unkn.] ایک پینی ۔

Win : (v) [OE. 'winnan'.] (۱) جیتنا ؛ فتح پانا ؛ اسیر کرنا؛ حاصل کرنا (انعام وغیرہ) ۔ (۲) کوشش کرکے پہنچنا ۔ (۳) کوشش کرکے ہو جانا ۔ (٤) آمادہ کر لینا (کسی بات پر)؛ اپنا طرفدار یا ہم خیال بنا لینا ۔ (٥) چھین لینا؛ جھپٹ لینا ۔ (٦) چرانا ؛ چرا لینا ۔ (۷) (کسی عورت کو) بیوی یا معشوقہ بنا لینے میں کامیاب ہو جانا ۔ (۸) فصل کاٹنا ۔ (۹) کان سے کوئلہ نکالنا؛ کوئلہ یا کسی دوسری دھات کے پرت تک پہنچنے کے لئے کھدائی کرنا ۔ (۱۰) (کسی کام میں) کامیاب ہوجانا ۔

To win and wear : دیکھو Wear (ذیلی)

To win by : بچنا؛ ٹالنا؛ پہلو بچانا ۔

To win confidence : اعتماد حاصل کرنا ۔

To win esteem : عزت پانا ۔

To win fame : شہرت پانا ؛ مشہور ہونا ۔

To win hands down : آسانی سے جیتنا ۔

To win in a canter : دیکھو Canter

To win love : محبوب ہونا؛ پیارا ہونا ۔

To win one's bread : روٹی کمانا؛ روزی کمانا، حاصل کرنا ۔

To win one's spurs : (۱) نائیٹ بنایا جانا؛ "سر" کا خطاب پانا ۔ (۲) (مجازاً) امتیاز یا شہرت حاصل کرنا (کسی فن میں) ۔

To win one's way : (۱) لڑتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (۲) بڑی کشمکش کے بعد حاصل کرنا ۔

To win ore : کان سے دھات نکالنا ۔

To win out /-through : کامیاب ہونا؛ اپنا مقصد حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔

To win praise : تعریف ، تحسین پانا ۔

To win respect : معزز ہونا؛ وقعت حاصل کرنا؛ عزت پانا ۔

To win the toss : ٹاس جیتنا؛ سکہ اچھالنے کے بعد موافق فیصلہ ہونا ۔

To win the (or, a) victory : جیتنا؛ فتح پانا ۔

To win up : کھڑا ہونا؛ اپنے پیروں پر کھڑا ہونا؛ گھوڑے پر چڑھنا، سوار ہونا ۔

Win : (v) [ME. 'winen'.] رہنا ؛ قیام کرنا ؛ بودوباش اختیار کرنا ۔

Win : (v) (گھاس کو) ہَوا یا گرمی پہنچا کر سکھانا ۔

Win-dlin/Windling : (n) (اسکاچستان) گھاس یا پیال کا گٹّھر ۔

Win through : (v) مشکلیں جھیلتے ہوئے مقصود کو پہنچنا ۔

Win to : (v) کھانا شروع کر دینا ۔

Wince : (n) (۱) لات ؛ ٹھوکر ۔ (۲) جھرجھری ۔

Wince : (n) [Variant of winch.] (۱) چرخی ؛ بیلن ؛ چکری ۔ (۲) ماہی گیروں کی چرخی ۔ (۳) (بحری) رسّا بٹنے کی چھوٹی مشین ۔ (٤) پہیے یا دھرے کی چکرکھنی (جس کے ذریعے سے وہ چکر کھاتا ہے) ۔ (٥) (رنگریزی) بیلن جو دو نائدوں کے درمیان میں رکھا رہتا ہے جس کے اوپر کپڑا ڈال کر اِدھر اُدھر لٹکاتے ہیں ۔

Wince : (v) دو ناندوں کے درمیانی بیلن پر کپڑے کو ڈال کر رنگ میں ڈبونا ۔

Wince : (v) [AFr. 'wencir'.] (۱) بے صبری یا درد کی حالت میں لات چلانا ؛ جسمانی یا دماغی تکلیف کا اظہار ہونا ۔ (۲) جھرجھری آنا ۔

Wincer : (n) بیلن پر کپڑے ڈال کر ان کو رنگنے والا ۔

Wincey : (n) [Apparently alter. of woolsey.] ونسی ؛ ایک مضبوط کپڑا جو اون اور سوت ملا کر یا صرف اون سے بنتا ھے ۔

Winceyette : (n) [f. wincey+- btte.] ایک قسم کا نقلی فلالین (کپڑا) جو شب خوابی کے لئےھوتا ھے ۔

Winch : (n) [Late OE. 'wince'.] (۱) چرخی ؛ بیلن ؛ چکری ۔ (۲) ماہی گیروں کی چرخی ۔ (۳) (بحری) رسّے بٹنے کی چھوٹی مشین ۔ (٤) پہیے یا دُھرے کی چکرکھنی (جس کے ذریعے وہ چکر کھاتا ھے)؛ دستگیرہ ؛ دستہء محور؛ ہتھری ۔ (۵) بوجھ اٹھانے کی کل ؛ آہنجہ ، حمالہ ؛ رافعہ ۔ (٦) (دریائے ٹیمس میں جہازرانی کے لئے) دریا کے کنارے کا آہنجہ جس کے ذریعے پھنسے ھوئے جہاز کو نکالا جاتا تھا ؛ اس آہنجے کو استعمال کرنے کا محصول ۔ (۷) (رنگریزی) دیکھو Wince ۔

Winch : (v) [AFr. 'wencier'.] (قدیم) دبنا ؛ پیچھے ہٹنا ۔

Winch : (v) (۱) آہنجے سے اٹھانا ۔ (۲) (رنگ ریزی) دیکھو Wince ۔

Wincher : (n) آہنجہ چلانے والا ۔

Winchester : (n) [Proper name.] (۱) ایک شہر کا نام ۔ (۲) ونچسٹر رائفل یا اس نمونے کی کئ فائر کی رائفل ۔

Winchester bushel : (n) ونچسٹر بوشل؛ خشک اشیاء ناپنے کا ایک پیمانہ ۔

Winchester measure : (n) خشک اور سیال چیزوں کو ناپنے کا پیمانہ ۔

Wind : (n) [OE.] (۱) تیز ھَوا ؛ جھکڑ؛ باد ۔ (۲) وہ رخ جدھر ھَوا ھو ؛ وہ سمت جدھر سے ھَوا چلے ۔ (۳) (مجازاً) (دوسرے سے) بہتر موقع ۔ (٤) (جمع) چاروں سمتیں ۔ (۵) خالی خولی الفاظ؛ محض لفاظی ۔ (٦) ھَوا جو بانسری وغیرہ میں ھوتی ھے ۔ (۷) (جمع) طائفے کے ھَوا باجے ۔ (۸) (مجازاً) خبر ؛ پتا ؛ سُن گن ۔ (۹) ریاح ؛ بادی ۔ (۱۰) دم ؛ سانس ۔ (۱۱) بو (انسان یا شکار کی) ۔ (۱۲) احساس یا شعور سے خالی؛ لاحاصل عمل یا کوشش ۔ (۱۳)تنفس؛ آسانی سے سانس لینا ۔ (۱٤) (مکابازی) پیٹ کا وہ حصہ جس پر ضرب لگانے سے سانس رک جاتی ھے ۔ (۱۵) مصنوعی طور پر پیدا کیا ھوا ھَوا کا جھونکا (دھونکنی وغیرہ میں) ۔ (۱٦) شدت ؛ تندی ؛ تیزی ؛ آزادی ۔ (۱۷) بے اثری ؛ بربادی ۔ (۱۸) روپیہ ؛ پیسہ ؛ زر ۔ (۱۹) مدھوشی ؛ بد مستی ۔ (۲۰) ہنگامہ ؛ شور وغل ؛ شور و غوغا ۔ (۲۱) خوف ؛ دہشت ۔ (۲۲) پریشانی ؛ اضطراب ۔ (۲۳) عدم ؛ لاشیئت ۔ (۲٤) اشارہ ۔

Before the wind : (بحری) ھَوا کے رخ ۔

Between (or betwixt) wind and water : (۱) جہاز کے پہلوؤں کے اس حصے کے بارے میں کہا جاتا ھے جو کبھی پانی کے اندر اور کبھی پانی سے اوپر رہتا ھے۔ (۲) نازک جگہ پر ۔

By the wind : تقریباً ھَوا کے رخ پر ۔

Close to the wind : تقریباً ھَوا کے خلاف ۔

Constant wind : بادِ مستقل ؛ ھَوا جو ایک مقام پر ایک ہی رخ چلتی رہتی ھے ۔

Contrary wind : بادِ مخالف؛ مخالف ھَوا ۔

Down (the) wind : ھَوا کے رخ پر؛ ھَوا کے ساتھ ۔

Fair wind : بادِ مراد ؛ موافق ھَوا ۔

In the wind : (۱) بالکل ھَوا کے مخالف ۔ (۲) (مجازاً) پتا لگا لینا؛ بھید پالینا ؛ خبر لگا لینا ۔ (۳) حرکت میں ؛ عمل میں ؛ کام میں ۔ (٤) (بحری عامیانہ) مدھوش ؛ پئے ھوئے ۔

Into the wind : بالکل ھَوا کے مخالف ۔

It's an ill wind that blows nobody good : برائی سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا؛ ایسی کم ہی چیز ھے جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے ۔

Limb and wind/Wind and limb : پوری طاقت ۔

Near the wind : (۱) ھَوا کے رخ پر ۔ (۲) خطرناک حد تک ؛ انتہا تک ۔

Off the wind : (بحری) اس طرح کہ دونوں پہلو ھوا کے رخ پر ھوں ۔

On a (less commonly, the) wind : (بحری) اس طرح کہ اگلے پچھلے سرے ھَوا کے مخالف رخ پر ھوں ۔

Periodical wind : باد موقت ؛ وقتی ھَوا جو مقررہ زمانوں میں چلتی ھے ۔

Second wind : دم تازہ ؛ بے دم ھونے کے بعد پھر دم آنا ۔

The wind has changed : صورت حال بدل گئی ھے ۔

To break wind : ریاح خارج کرنا ۔

To fling to the wind/To give etc- : (مجازاً) بالکل رد کر دینا؛ خارج کر دینا ۔

To gain the wind of/To get-/To take- : (کسی جہاز کا) دوسرے جہاز کے سامنے ھَوا کے رخ پر آجانا ۔

To get the wind up : (عام) ڈر جانا ؛ پھونک نکل جانا ۔

To hang in the wind : تذبذب میں رہنا ؛ فیصلہ نہ کرنا ۔

To have the wind of/To take-/To get-/To gain- : پتا چلا لینا؛ خبر لگا لینا؛ سُن گن پانا؛ کان میں بھنک پڑ جانا ۔

To keep the wind : شکار کو اس طرف رکھنا جس طرف سے ھَوا بہہ رہی ھو ۔

To know which way the wind blows : ھَوا کا رخ دیکھنا؛ واقعات یا عام رائے کے رخ پہچاننا یا جاننا ۔

To raise the wind : (مجازاً) زر مطلوبہ فراہم کرنا ۔

To sail with every (shift of) wind : ہر حال میں فائدہ اٹھانا ۔

To sow the wind and reap whirlwind :
دیکھو Whirlwind

To take the wind out of the sail : وہ بات جو دوسرا کہنے والا ھے پہلے ہی کہہ دینا یا جو دلیل دوسرا دینے والا ھے اس کی پہلے ہی تردید کر دینا؛ منہ کی بات چھین لینا ۔

To take wind/To get - : مشہور ھو جانا ۔

Under the wind : اس پہلو پر جو ھَوا کے رخ سے دور ھو ؛ پناہ میں؛ آڑ میں ۔

Up (the) wind : ھَوا کے خلاف ۔

What wind blows you here? کس کام سے یا کس مقصد سے آئے ھو ۔

With the wind : ھَوا کے ساتھ ۔

Within wind of : اس قدر قریب کہ آسانی سے سراغ لگایا جاسکے ۔

Wind : (n) [Partly-MDu., MLG. 'winde'; partly f. WIND.]
(۱) (قدیم) لپیٹنے کی مشین ۔ (۲) چکر ؛ چکر دینا؛ لپیٹنے یا گھمانے کا عمل؛ بل ؛ پیچ و خم ، موڑ ۔

Out of wind : جو لپٹا ھوا نہ ھو ۔

Wind : (v) [OE. 'windan'.] (۱) چکر کھانا؛ چکر کھا کر جانا یا چڑھنا ؛ پیچ و خم کے ساتھ جانا (سڑک کا) ؛ بہنا (دریا کا)؛ چڑھنا (بیل کا) ۔ (۲) پھیر کھا کر جانا ؛ چالاکی سے کسی کے دل میں گھر کر لینا ۔ (۳) لچھا بنانا ؛ لچھا بننا ؛ لپیٹنا ؛ گھیرنا ۔ (٤) آبنجہ یا کسی اور کل کے ذریعے سے اٹھانا یا گھمانا ۔ (٥) کوکنا ؛ کوک دینا (گھڑی کو) ۔ (٦) خمیدہ ھو جانا ؛ اینٹھ جانا ۔ (۷) (بحری) کسی خاص سمت میں پھرنا (جہاز کا)؛ جہاز کو ادھر اُدھر یا کسی خاص سمت میں گھمانا ۔ (۸) پھنسانا؛ الجھانا ؛ پھانسنا ۔ (۹) (کان کنی) کوئلے کو کان سے باہر نکالنا ۔ (۱۰) کسی حد تک بڑھانا ۔

To wind (a person) round one's (little) finger : بالکل قابو میں کر لینا ۔

Wind : (v) (۱) بو پا لینا ؛ کسی چیز یا شخص کی بو سے اس کی موجودگی کا پتا چلا لینا ۔ (۲) (مجازاً) پتا چلا لینا؛ سراغ لگا لینا؛ بھید معلوم کرلینا ۔ (۳) ھَوا میں رکھنا؛ ھَوا دینا؛ ھَوا پہنچانا ۔ (٤) ھَوا میں کھلا رہنے کی وجہ سے داغ لگ جانا یا داغدار ھو جانا ۔ (٥) پھونکنا ؛ بجانا (بگل وغیرہ) ۔ (٦) آرگن باجے وغیرہ میں

ہَوا بھرنا ۔ (۷) بے دم کر دینا ؛ سانس پُھلا دینا ۔ (۸) سانس لینے کے لئے رکنا ، ٹھہر جانا ۔ (۹) تازہ دم کرنا ۔ (۱۰) ورزش سے دم بڑھانا ۔

Wind angle : (n) ہَوائی جہاز کے صحیح راستے اور ہَوا کی سمت کے درمیان کا زاویہ ۔

Wind-bag/Windbag : (n) (۱) ہَوا دھونکنی؛ بھاتی؛ پھیپھڑا ؛ سینہ ۔ (۲) (مجازاً) بکواسی ؛ لفاظ مقرر؛ بکی مقرر ۔

Wind-baggery : (n) لفاظی ؛ بکواس ۔

Wind-ball : (n) گیند جس میں ہَوا بھری رہتی ہے ۔

Wind-band : (n) ہَوا یا باجے کا طائفہ ۔

Wind beam : (n) افقی شہتیر جو برنگوں کو ملاتا ہے اور انہیں دباؤ کی وجہ سے بیٹھنے سے روکتا ہے ۔

Wind-beaten : (a) ہَوا زدہ ؛ باد زدہ ۔

Wind-bell : (n) (۱) گھنٹی جس میں شیشے یا دھات کےٹکڑے لٹکتے رہتے ہیں جو ہَوا کے زور سے آپس میں ٹکرا کر بجتے ہیں ۔ (۲) گھنٹی جو ہَوا سے ہلے یا بجے ۔

Wind-belt : (n) درختوں کی پٹی یا قطار جو ہَوا روکنے کے لئے لگائی جاتی ہے ۔

Wind bill : (n) ہَوائی ہنڈی ۔

Wind-borne : (a) ہَوا آوردہ ۔

Wind-bound : (a) ہَوا بستہ ؛ نا موافق ہَوا کی وجہ سے رُکا ہوا (جہاز)۔

Wind-box : (n) (۱) وہ خانہ جس سے ہَوا کا جھونکا چلایا جاتا ہے (دھونکنی، بھٹی وغیرہ کا) ۔ (۲) دیکھو Windchest ۔

Wind-brace : (n) چوکھٹے کو ہَوا سے محفوظ رکھنے کی قینچی یا اڑواڑ ۔

Wind-break : (a) طوفان روک ؛ طوفان توڑ ۔

Wind-breaker : (n) طوفان روک ؛ طوفان توڑ ۔

Wind-broken : (a) پھیپھڑے کی خرابی کی وجہ سے ناکارہ (گھوڑا)۔

Wind-burn : (n) (۱) پتیوں یا باریک چھال کا نقص جو زیادہ ہَوا چلنے سے ہوتا ہے ۔ (۲) جلد کی ایک بیماری جو بہت زیادہ ہَوا لگنے سے پیدا ہو جاتی ہے ۔

Wind-chest : (n) باجے وغیرہ کا ہَوا کا خزانہ ۔

Wind chill : (n) ٹھنڈک جو تیز ہَوا سے جسم پر محسوس ہوتی ہے ۔

Wind cloud : (n) بادل جس کے ساتھ یا بعد اچھی خاصی ہَوا چلتی ہے ۔

Wind colic : (n) ریاحی درد ؛ قولنج ۔

Wind cripple : (n) درخت جو طوفان کی وجہ سے ٹھنٹھ ہوگیا ہو ۔

Wind cutter : (n) آرگن باجے کے منہ کا بالائی حصہ ۔

Wind direction : (n) وہ سمت جدھر سے ہوا بہہ رہی ہو ۔

Wind dog : (n) آفتاب کاذب : آفتاب کے ہالے کا سب سے زیادہ روشن مقام ۔

Wind-drift : (n) ھوا کا بہاؤ ۔

Wind driven : (n) ھوا آوردہ ۔

Wind-egg : (n) خاکی انڈا جس سے بچّہ نہ پیدا ہو سکے: ہَوائی انڈا ۔

Wind-engine : (n) ھوائی انجن جو ہَوا کے ذریعے چلتا ہے ۔

Wind-fertilization : (n) باد بارووری ؛ باد زیرگی ۔

Wind-fertilized : (a) جو زیرہ گل کے ہَوا سے اُڑ کر ملنے سے بارور ہوا ہو ۔

Wind-flower : (n) لالہ ؛ شقائقِ نعمان ۔

Wind-force : (n) ہَوا کی قوت ، طاقت ۔

Wind-gall : (n) گھوڑے کے ٹخنے کی گلٹی ؛ ہڈا ؛ موتھرا ۔

Wind-gall : (n) ناقص قوس قزح ۔

Wind-galled : (a) (گھوڑا) جس کے ٹخنے میں گلٹی ہو ۔

Wind-gap : (n) هَوائی تنگنائی ۔

Wind-gauge : (n) (١) مقیاس الهوا ؛ باد نما؛ باد پیما ۔ (٢) باجے کا هَوا پیما ۔ (٣) هَوابیں جو بندوق کی مکھی میں لگا هوتا هے ۔

Wind-guard : (n) هَوا سے محفوظ رکھنے والا : خصوصاً دودکش کا ڈھکنا، ڈھکن، سرپوش ۔

Wind-hole : (n) (١) هَوا دان ۔ (٢) دھونکنی کے نیچے کا سوراخ ۔ (٣) آرگن باجے کا سوراخ جس سے هَوا جاتی هے ۔ (٤) کان میں هَوا جانے کا راستہ ۔ (٥) سوراخ جو هَوا سے بن گیا هو ۔

Wind indicator : (n) هَوائی اڈے کا بڑا مرغ باد نما ۔

Wind instrument : (n) هَوا باجا ؛ دہنی باجا ؛ جو آواز هَوا کے ذریعے پیدا کی جاتی هے ۔

Wind-jammer : (n) (١) (عام) هَوا باجا بجانے والا ۔ (٢) (عام) جهاز ؛ جهاز کا عمله ۔

Wind-load : (n) هوا بار (کسی ساخت پر)۔

Wind-machine : (n) (١) مصنوعی هَوا پیدا کرنے کی مشین ۔ (٢) طوفان کی آواز کی نقل اتارنے والی مشین ۔

Wind mantle : (n) طوفان روک ؛ طوفان توڑ ۔

Wind motor : (n) پَوَن چکّی کی طرح کی کَل ۔

Wind-polination : (n) (نباتیات) باد ریزگی ۔

Wind-porch : (n) ڈیوڑھی ۔

Wind-power : (n) هَوا کی میکانکی قوت ۔

Wind-proof : (a) طوفان روک ؛ هَوا روک ۔

Wind-puff : (n) (١) زخم کے گرد جلد کی سوجن جو هَوا کے داخل هو جانے سے هوتی هے ۔ (٢) گھوڑے کے ٹخنے کی گلٹی ۔

Wind-pump : (n) پَوَن پمپ ۔

Wind-resistance : (n) مزاحمت جو متحرک چیزوں کو (خصوصاً گاڑی) هَوا کی وجه سے هوتی هے ۔

Wind-ripple : (n) (ریت کی سطح پر) هَوا سے بنی لہر ۔

Wind-road : (n) (کان وغیرہ میں) هَوا جانے کا زمین دوز راسته ۔

Wind-rode : (a) (بحری) (جهاز) هَوا کی وجه سے گھوما هوا ۔

Wind-rose : (n) (١) یورپی کوکنار ۔ (٢) بادنگارش؛ گل باد ۔

Wind-row : (n) گھاس ، غله وغیرہ کے ڈھیر جو هَوا میں خشك هونے کے لئے رکھے جائیں ۔

Wind-scoop : (n) کفچه نما ترکیب جس سے جهاز کے هَوا دان سے باہر کی هَوا اندر آتی هے ۔

Wind-screen : (n) (١) هَوا بست ؛ هَوا بست شیشه ؛ هَوا سے بچنے کا شیشه جو موٹر کار کے آگے لگا رہتا هے ۔ (٣) هَوا روکنے کا پردا ۔

Wind-shake : (n) طوفانی شگاف ؛ کھڑکی کا شگاف جو سمجھا جاتا هے که طوفان کے زور سے پڑ جاتا هے ۔

Wind-shaken : (a) (١) ہلا هوا (هَوا کی وجه سے) ۔ (٢) طوفانی شگاف پڑا هوا ۔

Wind-slash : (n) وہ علاقه جہاں درخت طوفان کے وجه سے گر گئے هوں ۔

Wind-sock : (n) کپڑے کا (نلی کی شکل کا) باد نما جو هَوائی اڈے پر لگا رہتا هے ۔

Wind-splitter : (n) بیسویں صدی کے اوائل کی ایك ریل گاڑی ۔

Wind-spout : (n) (١) بخارات کا ایك ستون جو سطح سمندر سے بادل تك اٹھتا نظر آتا هے ۔ (٢) بگولا ؛ گرد باد ۔ (٣) آندھی جس میں بگولے اٹھتے ہیں ۔

Wind-stack : (n) گھاس وغیرہ کا انبار ۔

Wind starm : (n) جھکڑنما آندھی ۔

Wind-suck : (v) (گھوڑے کا) زور زور سے هَوا (سانس) اندر کی طرف لینا؛ ہانپنا ۔

Wind-sucker : (n) زور زور سے منه سے هَوا کھینچنے والا گھوڑا ۔

Wind-swift : (a) هَوا کی طرح تیز رفتار ۔

Wind-tee : (n) حرف "T" کی شکل کا بڑا بادنما جو ہَوائی اڈے پر لگا رہتا ھے ۔

Wind-throw : (n) تیز ہَوا کی وجہ سے درختوں کا اکھڑ کر گر یا پھکا جانا ۔

Wind-throw : (v) (تیز ہَوا کا) اکھاڑ پھینکنا (درختوں کا) ۔

Wind-tight : (a) ہَوا بند ۔

Wind-tunnel : (n) سرنگ باد، جس کے ذریعے مخصوص رفتار سے کسی مقام پر ہَوا کے دباؤ کےاثرات دیکھنے کے لئے ہَوا بھیجی جاتی ھے ۔

Wind up : (v) (۱) پورا پورا لپیٹ دینا ۔ (۲) کسنا (لچھے کو)؛ کوکنا (گھڑی کو) ۔ (۳) (مجازاً) شدت پیدا کرنا؛ چستی پیدا کرنا؛ کسنا ۔ (٤) ختم کرنا ۔ (٥) اَبنجے کے ذریعے اوپر اٹھانا یا کھینچنا ۔ (٦) (مجازاً) تیار کرنا؛ تیاری کرنا۔ (۷) (کمپنی کو) توڑ دینا؛ بند کردینا؛ تصفیہ یا حساب کر دینا ۔

Wind-up : (n) (۱) ختم کرنا؛ خاتمہ ۔ (۲) اختتام ۔ (۳) (بیس بال) گیند پھینکنے سے پہلے ہاتھ کو حرکت دینا یا وہ حرکت ۔

Wind-up : (a) (۱) جس کو کوکا جائے؛ جو کنجی دینے سے حرکت کرے یا متحرک ھو ۔ (۲) اختتامی؛ تکمیلی ۔

Wind valley : (n) ہوائی تنگنائی ۔

Wind vane : (n) باد نما ۔

Wind-wheel : (n) پون چرخی؛ پون چکی کی چرخی ۔

Wind-wing : (n) (۱) دیکھو Windshield-wing ۔ (۲) موٹرگاڑی کی کھڑکی کا چھوٹا شیشہ جسے (ہَوا کے لئے) باہر کی طرف کھولا جا سکتا ھے ۔

Windage : (n) (۱) ہَوا کا فرق؛ وہ فرق جو بندوق کی نال اور گولی کے قطر میں ہوتا ھے؛ باد خور ۔ (۲) وہ فرق جو ہوا کی وجہ سے گولی کے رخ میں ہوتا ھے ۔ (۳) (دھونکنی وغیرہ سے) مصنوعی طور پر پیدا کیا ہوا ہوا کا جھونکا ۔ (٤) مشین کے متحرک حصے پر ہَوا کی رگڑ ۔ (٥) وہ سطح (جہاز کی) جو ہوا کے رخ پر ھو ۔

Windblow : (n) ہَوا سے اڑ کر آئی ہوئی ریت کا انبار ۔

Windblown : (a) (۱) ہَوا سے اڑا ہوا یا اڑنے والا ۔ (۲) اس طرح تراشا ہوا کہ سرا اوپر کی طرف اٹھا ھو (گویا ہَوا سے الٹ گیا ھو) ۔

Windcharger : (n) ایک قسم کی برق زا مشین جو پون چکی سے چلتی ھے ۔

Windcheater : (n) طوفان روک کپڑے کا بنا بیرونی جیکٹ ۔

Winded : (a) دَم والا ۔

Winded : (a) (۱) ہانپتا ہوا ۔ (۲) ہَوا زدہ؛ طوفان زدہ ۔ (۳) (باجا) جو منہ سے پھونک کر بجایا جائے ۔

Winder : (n) (۱) لپیٹنے والا ۔ (۲) ڈور یا دھاگا لپیٹنے کی چرخی؛ پھرکی؛ لپٹنی ۔ (۳) (نباتیات) بیل ۔ (٤) مزواں زینہ؛ چکردار زینہ ۔ (٥) اَبنجہ چلانے والا ۔ (٦) اون وغیرہ لپیٹنے والا مزدور ۔ (۷) (گھڑی وغیرہ کی) کنجی ۔ (۸) گھڑی میں کوک یا کنجی دینے والا ۔

Winder : (n) (۱) بانسری، بین یا دو سُرے مزامیر بجانے والا ۔ (۲) بے دم کر دینے والا؛ تھکا دینے والا؛ وہ ضرب جو بے دم کردے ۔

Windfall : (n) (۱) درخت، شاخ، پھل وغیرہ جو آندھی سے گرے ھوں؛ باد انداختہ پھل؛ ٹپکا (پھل) ۔ (۲) (مجازاً) نعمت غیر مترقبہ؛ خدا داد یا آورد؛ خصوصاً ترکہ جو غیر متوقع طور پر مل جائے ۔

Windfallen : (a) باد انداختہ؛ ہَوا سے گرا ہوا ۔

Windfirm : (a) مضبوط؛ جس پر طوفان کا اثر نہ ھو ۔

Windflaw : (n) جھکڑ؛ ہَوا کا سخت جھونکا ۔

Windhover : (n) شکرا؛ ایک چھوٹی قسم کا باز ۔

Windigo/Wendigo : (n) [Ojibwa.] (Algonquian) الگونکوئین اساطیر کی ایک آدم خور مخلوق جسے بھوک کی شدت میں انسان کا گوشت کھانا پڑا تھا اور اس کے بعد سے وہ اس کی عادی ھو گئی ۔

Windily : (adv.) (۱) تیز ہَوا کے ساتھ ۔ (۲) لفاظی سے ۔ (۳) بادی پن سے ۔

Windiness : (n) (۱) تیز ہوا ھونا ۔ (۲) لفاظی ۔ (۳) بادی پن ۔

Winding : (n) (۱) چکر کھانا؛ چکر کھا کر جانا یا چڑھنا؛

Windlass-chock : (n) دیکھو Windlass-bitt

Windlasser : (n) آہنجہ چلانے والا۔

Windle : (n) [OE. 'windel'.] (۱) (قدیم) ٹوکری۔(۲) غلہ وغیرہ ناپنے کا ایک پیمانہ (قریب تین بشل کا)۔

Windle : (n) سرخ پر؛ لال پرا؛ توتے اور بعض دوسری قسم کے پرند۔

Windless : (a) بے ہَوا کا؛ جس پر ہَوا نہ چلتی ہو؛ جو ہَوا کی زد سے باہر ہو۔

Windlessly : (adv.) بغیر ہَوا کے۔

Windlessness : (n) بے ہَوا ہونا۔

Windlestraw : (n) [OE. 'windelstreaw'.] (۱) سوکھی ہوئی گھاس؛ ایک قسم کا پھوس۔ (۲) لمبی ڈنٹھل والی گھاسوں کی جنس۔

Windmill : (n) (۱) پون چکی؛ ہَوا کی چکی؛ چکی جو ہَوا کے زور سے چلتی ہو۔(۲) پون چکی کا نمونہ۔ (۳) ایک قسم کا کھلونا۔(٤) (عام) بیلی کوپٹر۔ (۵) ایک سالانہ پودا۔

To fling(throw) one's cap over the windmil : ناعاقبت اندیشانہ یا گستاخانہ کام کرنا۔

Windmill : (v) پون چکی کی طرح گھمانا یا گھومنا۔

Windmill-aeroplane : (n) دیکھو Autogiro

Windmill-cap : (n) پون چکی کی اوپری منزل۔

Windmill plant : (n) دیکھو Telegraph-plant

Windmill-pump : (n) پون پمپ۔

Window : (n) [ME. 'windoze'.] (۱) کھڑکی؛ دریچہ؛ غرفہ۔ (۲) کھڑکی سے مشابہ سوراخ۔ (۳) (مجازاً) آنکھیں۔ (٤) وہ دریچہ جس میں اشتہار یا نوٹس لگائی جاتی ہے یا چیزیں نمائش کے لئے رکھی جاتی ہیں۔ (۵) اطلاع حاصل کرنے یا رابطہ قائم رکھنے کا ذریعہ۔(٦) پتر یا دھات کا پالش چڑھا کاغذ جو ہوائی جہاز سے گراتے ہیں تاکہ دشمن کے راڈار پر غلط شکل ابھرے۔ (۷) سمور یا کھال کا وہ حصہ جہاں پر بال نہ ہوں۔ (۸) برقی مقناطیسی منشور کا ایک حصہ۔ (۹) وہ وقفہ جس کے اندر راکٹ یا

پیچ و خم۔(۲) (مجازاً) تذبذب؛ (جمع) پیچیدہ حرکت؛ کج روی؛ پُر فریب انداز یا سودا۔ (۳) (نجاری وغیرہ) مروڑ؛ بل؛ پیچ۔(٤) لپیٹنا؛ لپیٹ؛ خصوصاً دھاگا یا ریشم لپیٹنا۔ (۵) آہنجے کے ذریعے اٹھانا۔(٦) کوک؛ کوک دینا (گھڑی وغیرہ کو)۔ (۷) کوئی چیز جو کسی چیز کے گرد لپیٹی جائے؛ لچھا۔(۸) چکر دار یا خمدار راستہ، موڑ وغیرہ۔

In winding : مروڑا ہوا؛ اینٹھا ہوا؛ بل دیا ہوا؛ ترچھا۔

Out of winding : دیکھو Out of wind

Winding : (a) (۱) پیچاں؛ پیچدار۔(۲) مڑواں؛ چکر دار۔ (۳) بے تک؛ غیر مسلسل؛ اناپ شناپ۔ (٤)لڑھکتا ہوا؛ چکر کھانے والا۔

Winding engine : (n) مرفع؛ لِفٹ؛ اوپر اٹھانے کی کل۔

Winding frame : (n) (کپڑے کی مل میں) دھاگا وغیرہ لپیٹنے کی مشین۔

Winding-sheet : (n) (۱) کفن۔ (۲) موم بتی کے گرد پگھلے ہوئے موم کا ٹکڑا جو موت یا مصیبت کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔

Winding staircase : (n) چکر دار زینہ۔

Winding-up : (n) (۱) ختم کر دینا یا ہونا؛ خاتمہ؛ اختتام؛ بند کرنا۔(۲) تجارتی کمپنی کا تصفیہ حساب یعنی بند ہونا۔

Windingly : (adv.) پیچ و خم کے ساتھ۔

Windingness : (n) پیچ و خم؛ چکر۔

Windjam : (v) [Back-formation form wind jammer] بکواس کرنا فضول بات بولنا۔

Windlass : (n) [AFr. 'windas, vindass'.] آہنجہ؛ بوجھ اُٹھانے کی چرخی؛ ڈنڈا چرخ، حمالہ۔

Windlass : (v) آہنجے سے اٹھانا یا کھینچنا۔

Windlass-bar : (n) آہنجے کا ڈنڈا۔

Windlass-bitt : (n) جہاز کے حمالے کا سہارا۔

خلائی طیارے کو داغنا ضروری ہوتا ہے ۔
(۱۰) زمین کے کرۂ ہَوا کی وہ حد جس سے خلائی طیارے کا گزرنا ضروری ہوتا ہے ۔

To come in by the window : چوری چھپے آنا؛ خفیہ طور پر داخل ہونا ۔

To dress a window : (نمائش کے لئے) کھڑکی پر سامان سجانا ۔

To throw the house out at (the) window : ہنگامہ کھڑا کرنا؛ گڑبڑ مچانا ۔

Window back : (n) تل داسا اور فرش کے درمیان دیوار کی اندرونی شکل ۔

Window band : (n) مسلسل کھڑکیاں (جو کسی منزل پر چاروں طرف ہوتی ہیں) ۔

Window bar : (n) (۱) کھڑکی کے خانوں کو منقسم کرنے والی پٹی ۔ (۲) کھڑکی بند کرنے کی سلاخ ۔ (۳) کھڑکی کی سلاخ ۔

Window-bay : (n) دیکھو Bay window

Window board : (n) کھڑکی کا پٹ ۔

Window bole : (n) ہَوا دان جس پر لکڑی کا ڈھکن لگا رہتا ہے ۔

Window-box : (n) (۱) ساش کھڑکی کا سلائیڈ ۔ (۲) صندوق نما گملا جو کھڑکی کے داسے پر رکھا جاتا ہے ۔

Window-card : (n) اشتہاری کارڈ جو خردہ فروش کی دکان کی کھڑکی میں لگا رہتا ہے ۔

Window-cleaner : (n) پیشہ ور کھڑکی صاف کرنے والا ۔

Window decoration : (n) (خردہ فروش کی) کھڑکیوں کو سجانے کا سامان ۔

Window display : (n) کھڑکیوں میں چیزوں کی نمائش (خریداروں کو کھینچنے کے لئے) ۔

Window-dress : (v) زیادہ دلکش یا زیادہ پسندیدہ بنا دینا ۔

Window-dresser : (n) (۱) (دکان کی) کھڑکیوں میں چیزیں سجانے والا ۔ (۲) (مجازاً) پُرفریب نمائش کرنے والا ۔

Window-dressing : (n) (۱) (دکان کی) کھڑکیوں میں چیزوں کو سجانا ۔ (۲) (مجازاً) چیزوں کی پُرفریب نمائش ۔ (۳) اژ: غلط بیانی؛ بینک کے گوشوارہ کی ہم آہنگی ۔

Window envelope : (n) لفافہ جس پر شفاف پٹی لگی ہو (جس سے پتا نظر آئے) ۔

Window fixture : (n) (دکان کی) کھڑکیوں میں نمائش کے لئے استعمال ہونے والا فرنیچر ۔

Window frame : (n) کھڑکی کا چوکھٹا ۔

Window-gardening : (n) کھڑکیوں پر رکھے گملوں میں آرائشی پودوں کی باغبانی ۔

Window-glass : (n) کھڑکی کے شیشے ۔

Window-head : (n) کھڑکی کا اوپری افقی حصہ ۔

Window-mirror : (n) کھڑکی میں لگا آئینہ جس میں سڑکوں کی چیزوں کا عکس آتا ہے (خصوصاً جو گاڑیوں میں لگا رہتا ہے) ۔

Window-pane : (n) کھڑکی شیشہ ۔

Window-screen : (n) کھڑکی جالی جو کیڑوں مکوڑوں کو کمرے میں آنے سے روکتی ہے ۔

Window-seat : (n) کھڑکی کے نیچے لگی نشست ۔

Window-shop : (v) دکانوں کی کھڑکیوں میں چیزوں کو دیکھنا ۔

Window-shopper : (n) دکانوں کی کھڑکیوں میں چیزوں کو دیکھنے والا ۔

Window-shutter : (n) جھلملی؛ ٹوٹواں کواڑ ۔

Window-sill : (n) تل داسا ۔

Window-stop : (n) پتلی پٹی جو چوکھٹے میں شیشے کو تھامے رہتی ہے ۔

Window-tax : (n) کھڑکی کا محصول (پہلے انگلستان میں عائد کیا جاتا تھا) : محصول دریچہ ۔

Window-trim : (n) (۱) دیکھو Window-decoration ۔ (۲) کھڑکی کے اوپر اور بازو کا آرائشی حاشیہ ۔

Window-trimmer : (n) دیکھو Window-dresser

Windowed : (a) (۱) کھڑکی والا ۔ (۲) جالی دار؛ آرائشی کھڑکیوں والا ۔ (۳) سوراخ دار؛ مسام دار ۔

Windowful : (n) کھڑکی بھر ۔

Windowless : (a) بے کھڑکی کا ۔

Windowlessness : (n) بے کھڑکی کا ھونا ۔

Windowlight : (n) کھڑکی کا شیشہ ۔

Windowman : (n) وہ ملازم جو ٹکٹ گھر یا بینک کی کھڑکی پر بیٹھتا ھے ۔

Winowy : (a) جس میں بہت زیادہ کھڑکیاں ھوں ۔

Windpipe : (n) نرخرا ؛ سانس لینے کی نلی؛ کنٹھ؛ ھَوا کی نالی ۔

Windrow : (v) (گھاس ، غلہ وغیرہ) خشک کرنے کے لئے ھَوا میں رکھنا ۔

Windsail : (n) (۱) کرمچ کا چونگا جس سے ھَوا جہاز کےنچلے حصے میں پہنچتی ھے ۔ (۲) پون چکی کا باد گیر ۔

Windshield : (n) (۱) ونڈ اسکرین، موٹر کار، بس، لاری، ٹرک وغیرہ کا سامنے کا شیشہ جو ھَوا روکنے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔ (۲) ھَوا بست؛ ھَوا بست شیشہ (گاڑیوں کا) ۔ (۳) فلزی جالی جو آگ کو ھَوا سے بچانے کے لئے ھوتی ھے ۔ (٤) آستین کا تنگ کف ۔ (٥) گولی کے منہ پر لگی ہلکی دھات کی ٹوپی ۔

Windshield wing : (n) شیشہ جو ھَوا بست شیشے کے دونوں طرف لگا رہتا ھے جسے کھول اور بند کر سکتے ہیں ۔

Windshield wiper : (n) ھَوا بست شیشے کو جو موٹرگاڑی یا دوسری گاڑیوں میں لگے ھوتے ہیں صاف کرنے کی ایک ترکیب ۔

Windship : (n) باد بان سے چلنے والا جہاز ۔

Windslab : (n) برف کی پپڑی یا تودہ جو ھَوا کی وجہ سے بندھ گیا ھو ۔

Windsor : (n) (۱) ونڈسر (ون زر)؛ انگلستان کا ایک قصبہ ۔ (۲) Windsorbean اور Windsor brick اور Windsor soap کا مخفف ۔

Windsor : (a) ونڈسر (ون زر) سے متعلق یا ونڈسر کا ۔

Windsor : (a) ونڈسر کرسی کے طرز کا بنا ھوا ۔

Windsor bean : (n) ایک قسم کی چوڑی سیم ۔

Windsor brick : (n) ایک قسم کی سرخ آگ روک اینٹ ۔

Windsor chair : (n) ونڈسر کرسی؛ ساری لکڑی کی بنی ھوئی کرسی جس میں خمدار تکیہ ھوتا ھے ۔

Windsor herald : (n) انگلستان کا ایک شاہی افسر ۔

Windsor knight : (n) پنشن یافتہ فوجیوں کی ایک جماعت جو قصر ونڈسر کے پاس رہتی ھے ۔

Windsor soap : (n) بھورے رنگ کا خوشبودار صابن ۔

Windsor tie : (n) ایک قسم کی چوڑی نکٹائی ۔

Windsor uniform : (n) سرخ کالر کا نیلا کوٹ جس کو انگلستان کا شاہی خاندان پہنتا ھے اور دوسرے بھی خاص اجازت سے پہن سکتے ہیں ۔

Windswept : (n) ھوا سے اڑا ھوا ۔

Windward : (n) ھوا کا رخ ؛ وہ رخ جدھر سے ھوا چلتی ھے یا جو ھوا کا ھوتا ھے ۔

To get to windward of : (مجازاً) دوسرے سے بہتر موقع حاصل کرنا یا اس سے فائدے میں رہنا ۔

To keep to the windward of : پہنچ سے باہر رکھنا؛ دور رکھنا ۔

To (the) windward : ھَوا کے رخ پر ۔

Windward : (a) (۱) ھَوا کے رخ کا ۔ (۲) ھَوا کے خلاف چلنے والا ۔ (۳) دیکھو Weatherly ۔

Windward : (adv.) (۱) ھَوا کے رخ پر ۔ (۲) ھَوا کا مقابلہ کرتے ھوئے ۔

Windwardly : (a) دیکھو Windward

Windwards : (n) دیکھو Windward

Windy : (a) (۱) جہاں تیز ہوا چلتی ہو؛ ہوا دار ۔ (۲) تیز ہوا کا؛ جھکڑ کا ۔ (۳) لفاظ (مقرر) محض لفاظی کی؛ معنی سے خالی؛ الفاظ سے بھری (تقریر) ۔ (٤) بادی؛ ریاح پیدا کرنے والا؛ ریاح سے بھرا؛ جسے ریاح کا مرض ہو ۔ (٥) (قدیم) ہوا کے رخ کا ۔ (٦) (عام) ڈرا ہوا؛ خوف زدہ ۔ (۷) (مجازاً) خالی خولی ۔ (۸) طوفان جیسا؛ طوفانی ؛ شدید ؛ شدت کا ۔ (۹) مغرور؛ گھمنڈی ۔ (۱۰) تیز ہوا سے متعلق ؛ بادی ۔ (۱۱) ہوا سے چلنے یا بجنے والا ۔ (۱۲) (وہ آواز) جس میں گانے کے وقت سانس بھی سنائی دے ۔

On the windy side of : (مجازاً) زد سے باہر؛ پہنچ سے باہر ؛ محفوظ ۔

Windy : (n) (۱) (عام) مبالغہ آمیز کہانی ؛ لفاظی، لمبی کہانی ؛ طویل داستان ۔ (۲) (عام) دھوکا؛ فریب ۔

Wine : (n) [OE. 'win'.] (۱) انگوری شراب ۔ (۲) (آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی میں) شراب نوشی کی صحبت (ڈنر کے بعد) ۔ (۳) پھلوں کی یا کسی چیز کی شراب ۔ (٤) (طب) کسی دوا کا محلول شراب میں ۔ (٥) گہرا سرخ رنگ؛ عنابی رنگ ۔ (٦) Wineglass کا مخفف ۔ (۷) شراب سے مشابہ کوئی چیز (جو نشہ لائے یا صحت کے لئے مفید ہو) ۔

Adam's wine : پانی ۔

Good wine needs no (ivy) bush : مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ۔

In wine : شراب کے نشے میں ۔

New wine in old bottles : نئی روح جو پرانے رسم و رواج کی دیوار میں قید نہیں رہ سکتی ۔

Oil of wine : شراب کی بو رکھنے والا اسٹر (Ester) ۔

Spirit(s) of wine : الکحل؛ مقطر اسپرٹ ۔

The wine of the country : دیسی شراب؛ ٹھرا ۔

To look on the wine when it is red : نشے میں ہونا ۔

To take wine : محفلِ مے نوشی میں شراب پینا ۔

When wine is in, wit (or biuth) is out : نشے میں ہوش نہیں رہتا ۔

Wine and woman : شراب اور عیاشی ۔

Wine : (v) (۱) (آکسفورڈ اور کیمبرج میں) شراب نوشی کی صحبت میں شراب پینا ۔ (۲) شراب سے خاطر مدارات کرنا؛ شراب پلانا ۔

Wine-bag : (n) (۱) شراب کی مشک ۔ (۲) پکا شرابی ۔

Wine-bibber : (n) پکا شرابی ۔

Wine-bibbing : (n) کثرت سے شراب پینا؛ شراب نوشی ۔

Wine-biscuit : (n) چھوٹا ہلکا بسکٹ جو شراب کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے ۔

Wine-bottle : (n) (۱) شراب کی بوتل؛ شیشہ؛ مینا ۔ (۲) شراب کی مشک ۔

Wine-card : (n) (ہوٹل میں ملنے والی) شراب کی فہرست ۔

Wine-cellar : (n) سردابہء شراب ۔

Wine-cooler : (n) برف سے شراب ٹھنڈی کرنے کا برتن ۔

Wine-cup : (n) ایک پودا ۔

Wine-dark : (a) گہرا سرخ ۔

Wine-dregs : (n) گہرا سرخ رنگ یا اس سے کچھ ہلکا رنگ ۔

Wine ferment : (n) خمیر جو انگور کے رس میں الکحلی تخمیر پیدا کرتا ہے ۔

Wine-fly : (n) وہ مکھی جس کا پہل روپ شراب میں رہتا ہے ۔

Wine-glass : (n) (۱) شراب کا گلاس؛ خصوصاً ایک خاص سائز کا ۔ (۲) ایک پیمانہ جو چار اونس کا ہوتا ہے ۔

Wine-glass : (a) شراب کے گلاس کی شکل کا ۔

Wine-grape : (n) انگور جس سے شراب بنتی ہے ۔

Wine-grower : (n) وہ شخص جو شراب سازی کے لئے انگور کی کھیتی کرتا ہو ۔

Wine-house : (n) (۱) (تاریخ) سرائے جہاں شراب بھی پی جاتی ہے ۔ (۲) شراب کی دکان ۔

Wine-lees : (n) (۱) شراب کی تلچھٹ ۔ (۲) دیکھو Wine-dregs ۔

Wine-measure : (n) شراب ناپنے کا پیمانہ ۔

Wine-palm : (n) کھجور جس سے شراب بنتی ھے؛ نخل شراب۔

Wine-party : (n) محفلِ مے نوشی : شراب کی محفل ۔

Wine-press : (n) انگور سے عرق نکالنے کی مشین ۔

Wine-sap : (n) ایک سرخ رنگ کا بڑا سیب جو امریکا میں پیدا ھوتا ھے ۔

Wine-shop : (n) شراب کی دکان ۔

Wine-sour : (n) کھٹی بیر؛ ترش بیر ۔

Wine-stone : (n) سرخ رنگ کا مادہ جو شراب کے پیپوں کی تہ میں جم جاتا ھے ۔

Wine-taster : (n) (۱) وہ شخص جو چکھ کر شراب کی نوعیت کا اندازہ لگاتا ھے ۔ (۲) پیپے سے شراب کا نمونہ نکالنے کا آلہ ۔

Wine-vat : (n) دیکھو Wine-press

Wine-vault (s : (n) (۱) شراب رکھنے کا کمرا محراب دارچھت کا یا معمولی تہ خانہ ۔ (۲) شراب خانہ؛ بار؛ ھوٹل وغیرہ میں شراب بکنے کی جگہ ۔

Wine-vinegar : (n) سرکہ جو شراب سے تیار کیا جاتا ھے ۔

Wine-whey : (n) شراب اور چھاچھ کا شربت ۔

Wine-yeast : (n) خمیر جو انگور کےرس میں الکحلی تخمیر پیدا کرتا ھے ۔

Wineberry : (n) [OE. 'winberige'.] رس بیری؛ منقا؛ ایک قسم کا انگور کی شکل کا پھل ۔

Winebowl : (n) (۱) (شراب کا) پیالہ؛ ساغر ۔ (۲) (مجازاً) شراب خواری۔

Wineless : (a) بے شراب کا؛ بغیر مے کا ۔

Winery : (n) شراب کا کارخانہ؛ شراب کی بھٹی ۔

Wineskin : (n) شراب کی مَشک ۔

Wing : (n) [ME. 'wenge, winge'.] (۱) (پرند کا) بازو؛بال؛ پر؛ شہپر ؛ جناح ؛ پنکھ ۔ (۲) (مزاحاً) انسان کا بازو ؛ پھینکنے کی صلاحیت ۔ (۳) کسی چیز کا ایک طرف کو نکلا ھوا علاحدہ حصہ ؛ مثلاً عمارت یا فوج کا بازو ، پہلو ؛ جناح ۔ (٤) (فٹ بال، ہاکی وغیرہ) ونگ وہ فارورڈ جس کی جگہ سنٹر سے دائیں یا بائیں ھوتی ھے ۔ (٥) پرواز ؛ قوت پرواز؛ ذریعہ پرواز ۔ (٦) (مجازاً) حفاظت ۔ (۷) پرند؛ پرندے ۔ (۸) پلور (plover) کا جھنڈ ۔ (۹) کسی جماعت کا بازو؛ فرقہ؛ جتھا ۔ (۱۰) (تھیٹر) اسٹیج کے پہلو کے مناظر؛ پہلوی سینری؛ اسٹیج کے پہلو ۔ (۱۱) (تشریح) بازو ؛ جناح ؛ بازو نما ابھار (خصوصاً ناک کی ہڈی کا) ۔ (۱۲) (نباتیات) پہلو پنکھڑی؛ بیج یا پھل کا پتلا جھلی نما زائدہ جس کی وجہ سے وہ ھَوا سے اڑ جاتے ہیں ۔ (۱۳) (تعلیمات) شعبہ ۔ (١٤) رقص؛ کا ایک قدم یا طرز ۔ (۱۵) (ھوائی جہاز کا) پر؛ بازو ۔ (١٦) (بحری) سب سے نچلے عرشے کا وہ حصہ جو پہلو کی طرف رہتا ھے ۔ (۱۷) پوشاک کے مونڈھے کا لٹکتا ھوا حصہ؛ فلیپ؛ ٹوپی کا چھجا ۔ (۱۸) دوہرے دروازے یا پردے کا ایک حصہ ۔ (۱۹) پون چکی کا پنکھ ۔ (۲۰) فوجی طیاروں کی ایک اکائی ۔ (۲۱) سریع ترقی ؛ تیزی ۔ (۲۲) تیر کا پَر ۔ (۲۳) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی ۔

Left wing : (فوج) میسرہ ۔

On the wing/Upon - : (۱) اڑتا ھوا ؛ سفر میں ۔ (۲) حرکت میں ؛ چلتا ھوا ۔

On the wings of : تیزی سے اڑتے ھوئے ۔

On wings : مگن ؛ اطمینان کے ساتھ۔

Right wing : (فوج) میمنہ ۔

To clip one's wings : کسی شخص کی نقل و حرکت، حوصلے یا خرچ کو محدود کر دینا؛ پَر کتر دینا ۔

To come on the wings of the wind : انتہائی تیزی کے ساتھ آنا ۔

To lend wings to/To add - : تیز کر دینا؛ تیزی پیدا کرنا ۔

To take wing : (۱) اڑنا؛ پرواز کرنا ۔ (۲) (مجازاً) غائب ھو جانا؛ اڑ جانا ۔

Under the wing of/Under wing's wing : حفاظت میں؛ سرپرستی میں۔

Wing : (v) (۱) پرّ لگانا؛ چلانا (تیز)؛ تیز کرنا ۔ (۲) اڑ کر جانا؛ اڑ کر طے کرنا (رستہ) ۔ (۳) پرند کے پنکھ یا انسان کے بازو کو زخمی کرنا ۔ (٤) (تیر؛ مصنوعی مکھی وغیرہ میں) پر لگانا ۔ (٥) اڑا کر پہنچانا ۔ (٦) اڑانا؛ چھوڑنا؛ پھینکنا ۔ (۷) عمارت میں پہلو نکالنا ۔ (۸) (حشرہ وغیرہ کا) پنکھ توڑنا ۔ (۹) جہاز میں وزن کو پہلو کی طرف کرنا تاکہ ڈگمگانے کی مدت لمبی کی جاسکے ۔ (۱۰) بادبان لگانا تاکہ پیچھے سے آنے والی ہوا اس میں بھرسکے ۔

Wing and wing : (adv.) (بحری) (جہاز کا) سب سے بڑے بادبان کو ایک پہلو میں اور آگے کے مستول کے بادبان کو دوسرے پہلو پر لگا کر جانا ۔

Wing and wing : (adv.) بادبانوں کو دونوں پہلوؤں میں لگا کر ۔

Wing band : (n) (۱) پرندوں کےبازو پرنمایاں رنگ کی دھاری جو بازو کے روئیں کی وجہ سے بن جاتی ھے ۔ (۲) دھات کی کلپ جو پالتو مرغ کے پنکھ پر شناخت کے لئے لگادی جاتی ھے ۔

Wing band : (v) پرند کے بازو پر امتیازی نشان لگانا ۔

Wing bar : (n) (۱) پرند کے بازو کے درمیان کی نمایاں رنگین دھاری جو بازوپوش کی وجہ سے بن جاتی ھے ۔ (۲) خلیج یا دریاؤں کے دہانوں پر ریت کے تودے ۔

Wing bay : (n) پرندوں کے شہپروں کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی سطح سے جدا ہوتا ھے ۔

Wing beat : (n) اڑان؛ اڑنے میں پنکھ کی پوری حرکت ۔

Wing car : (n) غبارے میں نیچے کا لٹکن جس میں مسافر بیٹھتے ہیں؛ غبارے کا جھولا ۔

Wing-case : (n) بعض کیڑوں کا اوپر کا سخت بازو جو اصلی پنکھوں کی حفاظت کے لئے ہوتا ھے ؛ غلاف پر ۔

Wing-collar : (n) (۱) مردانے لباس کا اٹھا ہوا کالر جس کا اوپری گوشہ نیچے کی طرف مڑا رہتا ھے ۔ (۲) ایک قسم کا زنانہ کالر ۔

Wing Commander : (n) ونگ کمانڈر؛ ہوائی فوج کا ایک افسر ۔

Wing-cover : (n) دیکھو Wing case

Wing covert : (n) بازوپوش؛ چھوٹا سا پر جو پرندوں کے بازو کی جڑوں کو ڈھانپے رہتا ھے ۔

Wing dam : (n) پل جو ساحل سمندر میں بنایا گیا ہو؛ پایہ پل ۔

Wing-dam : (v) پایہ پل بنانا ۔

Wing deck : (n) باہر کو نکلا ہوا عرشہ ۔

Wing feather : (n) بازو کا پَر ۔

Wing-fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جس کے پر بڑے ہوتے ہیں ۔ (۲) اڑن مچھلی ۔

Wing flap : (n) ہوائی جہاز کے بازو کا وہ حصہ جو جہاز کے اڑنے یا اترنے میں آسانی پیدا کرتا ھے ۔

Wing-footed : (a) تیز رو؛ صبا رفتار ۔

Wing game : (n) دیکھو Game-bird

Wing-louse : (n) پرندوں کے بازو کا طفیلی کیڑا ۔

Wing-pad : (n) بعض کیڑوں کے منجھ روپ کا بازو جو ابھی پوری طرح نشو و نما نہ پایا ہو ؛ جناح تلوا ۔

Wing passage : (n) خاص عرشے سے نیچے کا راستہ ۔

Wing quill : (n) پرند کے اڑنے کا خاص پر ۔

Wing roll : (n) ہوائی جہاز کا کرتب دکھانے میں طولاً الٹنا پلٹنا ۔

Wing sheath : (n) دیکھو Wing-cover

Wing-shell : (n) حلزونیہ ۔

Wing-shooting : (n) اڑتے ہوئے پرندوں کا شکار کرنا؛ مارنا ۔

Wing-shot : (n) (۱) اڑتی ہوئی چڑیا کو نشانہ بنانا۔ (۲) اڑتے ہوئے پرندوں کو مار گرانے یا شکار کرنے میں ماہر شخص ۔

Wing-snail : (n) پرپایہ ۔

Wing-spread : (n) (۱) پروں کا پھیلاؤ؛ پرندوں کے پھیلے ہوئے پروں کی پوری لمبائی - (۲) طیارے کے بازوؤں کی پوری لمبائی -

Wing tie : (n) نکٹائی جس کا سرا نمائشی ہوتا ہے -

Wing-tip : (n) (۱) پرند ؛ چمگادڑ یا حشرہ کے پر کا آخری سرا - (۲) ہوائی جہاز کےبازوؤں کابا ہری سرا -

Wing-tip flare : (n) ہوائی جہاز کے بازوؤں کے سرے پر لگی بتی -

Wingback : (n) فٹ بال کے کھیل میں کھلاڑیوں کاایک مقام -

Wingding : (n) [Origin unkn.] (۱) (عام) خواب آور دواؤں کے استعمال سے پیدا ہونے والی بے چینی - (۲) ظاہری بے ہوشی؛ بیماری کا روپ بھرنا - (۳) غصہ - (٤) مے نوشی کا دور؛ عیش و نشاط؛ رنگ رلیاں - (٥) سرگرم پارٹی - (٦) (عام) سماجی معاملہ؛ سماجی امور -

Winged : (a) (۱) جناح دار؛ بازو دار؛ ذو الجناح - (۲) (نباتیات) پہلو پتی دار - (۳) بادبان لگا (جہاز یا کشتی) - (٤) (مجازاً) اڑنے والا؛ تیزی سے پرواز کرنے والا - (٥) بلند ؛ اٹھا ہوا -

Winged disk : (n) دیکھو Sun-disk

Winged elm : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت -

Winged everlasting : (n) ایک آسٹریلوی جھاڑی -

Winged-god : (n) مرکری؛ عطارد؛ دیوتاؤں کا قاصد -

Winged pea : (n) جنوبی یورپ کا ایک پودا جس کے ڈوٹے میں چار پہلو پنکھڑیاں ہوتی ہیں -

Wingedly : (adv.) تیزی سے؛ پھرتی سے؛ بلند کرکے -

Wingedness : (n) بازو دار ہونا؛ جناح دار ہونا -

Winger : (n) (۱) (فٹ بال) سنٹر کے دائیں اور بائیں کا فارورڈ کھلاڑی - (۲) پیپا جو جہاز کے پہلو میں رکھا ہو -

Wingless : (a) (۱) بے پروبال؛ بے بازو کا؛ بے پنکھ کا - (۲) پیدل چلنے والا؛ پا پیادہ -

Winglet : (n) (۱) چھوٹا سا پنکھ یا پر؛ جنیح - (۲) جناح کاذب؛ پرندوں کے ہر بازو کے بنیادی حصے پر چھوٹا ذیلی پر - (۳) لباس کا بازو نما زائدہ -

Winglike : (a) بازو جیسا؛ پنکھ جیسا -

Wingman : (n) (۱) (پائلٹ) جو منظم پرواز کے رہنما کی حفاظت یا مدد کے لئے اس کے پیچھے یا اس سے الگ ہو کر پرواز کرتا ہے؛ طیارہ جو اس طرح پرواز کرے -

Wingspan : (n) ہوائی جہاز کے بازوؤں کا پھیلاؤ -

Wingy : (a) (۱) جناح دار؛ بازو دار - (۲) (مجازاً) بلند پرواز؛ اڑنے والا؛ سمجھ سے باہر - (۳) تیز؛ تیز رفتار - (٤) بازو نما؛ پنکھ جیسا -

Wink : (n) (۱) چشمک؛ آنکھ کا اشارہ؛ آنکھ جھپکانے کا عمل؛ آنکھ جھپکانا - (۲) جھپکی - (۳) ایک لمحہ؛ چشم زدن - (٤) بہت تھوڑی مقدار - (٥) چمک دمک -

A nod's is as good as a wink to a blind horse : اندھے کےآگے دن رات سب برابر ہے -

Forty winks : جھپکی؛ ہلکی نیند -

In a wink : دم بھر میں؛ چشم زدن میں -

Not (a) wink : بالکل نہیں؛ تھوڑا بہت بھی نہیں -

To get the wink : اشارہ پانا -

To tip, give the wink : کسی کو آنکھ کا اشارہ کرنا -

Wink : (v) [OE. 'wincian'.] (۱) آنکھ جھپکانا؛پلک مارنا - (۲) (آنکھ یا پلک کا) جھپکانا - (۳) پلک مار کر اشارہ کرنا؛ آنکھ مارنا- (٤) (ستارے یا روشنی کا) ٹمٹمانا؛ رہ رہ کر چمکنا - (٥) آنکھیں بند کرنا - (٦) (نیند میں) آنکھوں کو بند کرنا؛ سونا - (۷) (at کے ساتھ) چشم پوشی کرنا؛ اغماض کرنا - (۸) بھڑک روشنی کے ذریعے سگنل دینا یا پیغام رسانی کرنا - (۹) اچانک ختم ہو جانا - (۱۰) (out کے ساتھ) چمک ختم ہو جانا؛ بجھ جانا -

To wink away : پلک جھپکا کر آنسو پی جانا -

Wink : (n) بعض قسم کے معدہ یا صدف -

Wink at : (v) اغماض کرنا؛ چشم پوشی کرنا -

Winker : (n) (۱) اندھیاری (جو گھوڑوں کی آنکھوں پر ڈال دیتے ہیں) - (۲) (جمع) آنکھ؛ پپوٹا - (۳) خود کار دھونکنی -

Winking : (a) آنکھیں جھپکانے والا ۔

Winking : (n) آنکھ جھپکانا؛ آنکھ سے اشارہ کرنا؛ آنکھ مارنا ۔

As easy as winking : بہت آسان ۔

Like winking : بہت تیزی سے یا زور سے ۔

Winkingly : (adv.) پلک مارتے؛ آنکھ مارتے؛ چشم زدن میں ۔

Winking muscle : (n) آنکھ کا حلقہ نما عضلہ جس کے سکیڑنے سے پلک جھپکتی ہے ۔

Winkle : (n) (۱) ایک قسم کی جھینگا (چھوٹی مچھلی) جو کھائی جاتی ہے؛ ونکل ۔ (۲) دیکھو Peri winkle ۔

Winkle : (v) کسی مقام سے نکالنا یا باہر کر دینا ۔

Winkle : (v) دیکھو Twinkle

Winkler : (n) ونکل (جھینگا مچھلی) جمع کرنے والا ۔

Winkling : (n) ونکل جمع کرنا ۔

Winna : (اسکاچستان) دیکھو Will not

Winnable : (a) جسے جیتا جاسکے؛ قابل فتح ۔

Winnard : (n) [G. 'weingartdrossel '.] یورپی لال پر (پرند) ۔

Winner : (n) (۱) جیتنے والا؛ خصوصاً گھوڑا یا کتا جو دوڑ میں جیتتا ہے ۔ (۲) فیصلہ کن ضرب ۔ (۳) (عام) کوئی چیز جس سے کامیابی حاصل ہو ۔

Winner 's circle : (n) وہ احاطہ جس میں جیتنے والے گھوڑے اور جاکی کو تصویر لینے اور انعام دینے کے لئے لایا جاتا ہے ۔

Winnie : (n) [f. winner +-ie'.] چھوٹا کانسے کا مجسمہ جو فیشن کے ڈیزائنوں پر سالانہ انعام میں دیا جاتا ہے ۔

Winning : (n) (۱) فتح؛ غلبہ؛ قبضہ؛ تسخیر ۔ (۲) جیت؛ حصول؛ تحصیل ۔ (۳) (جمع) جیتا ہوا روپیہ ۔ (٤) جمع کرنا؛ پانا؛ لینا (پیداوار؛ کوئلہ پتھر وغیرہ)؛ کان ۔ (٥) آمادہ کرنا؛ آمادگی؛ طرفدار بنالینا ۔

Winning : (a) (۱) فیصلہ کن؛ جتانے والا ۔ (۲) دلکش ۔ (۳) فتحیاب؛ فتح مند؛ جیتنے والا ۔

Winning-gallery : (n) (ٹینس) ٹینس کے میدان کے اس حصے کی آخری گیلری جدھر سے بال میں ضرب لگائی جاتی ہے ۔

Winning hazard : (n) سرخ گولی کو تھیلی میں گرانا ۔

Winning-post : (n) گھڑ دوڑ کا پالا ۔

Winningly : (adv.) دلکش انداز سے ۔

Winningness : (n) دلکشی؛ فیصلہ کن ہونا ۔

Winninish /Winnonish : (n) [Montagnais, 'wananish '.] ایک قسم کی سامن (مچھلی) ۔

Winnock : (n) [ME. 'windok, windowe'.] (اسکاچستان) دیکھو Window ۔

Winnow : (v) [OE. 'windwian '.] (۱) بھوسا اڑا کر صاف کرنا؛ (غلے کو) پچھوڑنا ۔ (۲) چھاننا ؛ صاف کرنا ۔ (۳) چھان بین کرنا ؛ غور سے دیکھنا ۔ (٤) چھانٹنا؛ ایک قسم کی چیزوں کو الگ کرنا ۔ (٥) چھانٹ دینا؛ نکال دینا (نکمے یا بیکار اجزاء کو) ۔ (٦) (شعر) جھلنا (ہوا کو پروں سے) ۔ (۷) پر پھٹپھٹانا؛ پر جھاڑنا ۔

Winnow : (n) (۱) غلہ پچھوڑنے کی کل ۔ (۲) پچھوڑنا؛ چھانٹنا ۔

Winnower : (n) پچھوڑنے والا؛ پچھوڑنے کی کل یا مشین ۔

Winnowing : (n) پچھوڑنا؛ چھانٹنا ۔

Winnowing-basket : (n) (۱) سوپ؛ اناج پچھوڑنے کی ترکیب ۔ (۲) ایک نقابتی مارکہ ۔

Winnowing-fan : (n) باد افشاں؛ شانہ ۔

Winnowing machine : (n) باد افشاں مشین ۔

Wino : (n) [f. WINE+O] پکا شرابی؛ مے نوشی کا عادی ۔

Winrace : (n) جیتنے والے گھوڑے کا (دوڑ میں) کم سے کم وقت لینا ۔

Winrow : (n) دیکھو Windrow

Winsome : (a) (۱) دلکش؛ دلفریب؛ دل آویز ۔(۲) مسرور؛ خوش ۔

Winsomely : (adv.) دلکش طریقے سے؛ دلفریب انداز سے؛ دل آویزی سے ۔

Winsomeness : (n) دلکشی؛ دلفریبی؛ دل آویزی ۔

Winter : (n) [OE.] (۱) جاڑا؛ سردی؛ جاڑے کا موسم؛ موسم سرما؛ زمستان ۔ (۲) ضعیفی؛ پیرانہ سالی؛ مصیبت کے دن؛ تکلیف کے دن ۔(۳) موسم سرما سے مشابہ زمانہ ۔

Hard winter : شدید سردی جس میں خوب پالا پڑے ۔

Mild winter : ہلکا جاڑا جس میں پالا نہ پڑے ۔

Winter : (a) جاڑے کا؛ جو جاڑے میں واقع ہو یا استعمال ہو یا جاڑا بھر رہے ۔

Winter : (n) [Origin unkn.] دستی چھاپے کی مشین کا تقریباً نو انچ لمبا اور نو انچ موٹا لکڑی کا ٹکڑا جو پھسلواں حصے کے نیچے رہتا ہے ۔

Winter : (v) (۱) (کسی مخصوص مقام میں) جاڑے کے موسم میں رہنا؛ جاڑا گزارنا ۔(۲) جاڑے میں کھلانا اور پناہ دینایا مہیا کرنا (کھانے کا سامان جانوروں کے لئے) ۔(۳) جاڑوں میں پودوں اور مویشیوں وغیرہ کی پرورش کرنا ۔(٤) جاڑے کی طرح اثر کرنا؛ سرد کرنا ؛ خنک کرنا ۔ (۵) دیکھو Winterize ۔

Winter aconite : (n) ایک یورپی بوٹی جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Winter annual : (n) ایک پودا جو موسم خزاں میں نکلتا ہے اور جاڑے بھر رہتا ہے اور موسم بہار میں بیج پیدا ہو جانے کے بعد سوکھ جاتا ہے ۔

Winter apple : (n) دیر سے پکنے والا ایک قسم کا سیب جو پورے جاڑے تک رہتا ہے ۔

Winter-band : (n) مچھلی کے فلس کا حلقہ ۔

Winter-beer : (n) جاڑوں میں کشید کی جانے والی شراب ۔

Winter berry : (n) شمالی امریکا کی گوندنی کی متعدد قسمیں ۔

Winter-birds : (n) ان متعدد پرندوں میں سے ایک جو زیادہ تر جاڑوں میں دکھائی دیتے ہیں ۔

Winter-bloom : (n) بعض قسم کے پودے ۔

Winter-bonnet : (n) ایک قسم کی یورپی مرغابی ۔

Winter-bound : (a) سردیوں کی وجہ سے رکا ہوا؛ سرما بستہ ۔

Winter bud : (n) (۱) (حیوانیات) قائم نہوضہ ۔(۲) (نباتیات) وہ کونپل جو سخت غلاف میں ملفوف رہتی ہے تاکہ سردی سے اسے گزند نہ پہنچے ۔

Winter-bunting : (n) ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ ۔

Winter-cherry : (n) (۱) مکوکی جنس کے متعدد پودوں میں سے کوئی ۔ (۲) بعض دوسری قسم کے پودے یا ان کے پھل ۔

Winter-clad : (a) گرم کپڑے پہنے ہوئے ۔

Winter-corn : (n) مکئی جو جاڑوں میں بوئی جاتی ہے؛ کاتکی مکئی ۔

Winter cress : (n) ایک چہار برگہ بوٹی ۔

Winter crop : (n) کاتکی؛ سرمائی فصل ۔

Winter day : (n) جاڑے کا دن؛ جاڑے کے موسم کا دن ۔

Winter egg : (n) غیر فقری جانوروں کا سخت خول والا انڈا جو سردیوں میں دیتے ہیں اور موسم بہار میں ان سے بچہ نکلتا ہے ۔

Winter-fallow : (n) زمین جو جاڑوں میں پڑتی رہتی ہے؛ پڑتی رہنا (زمین کا) ۔

Winter-fallow : (v) زمین کو جاڑوں میں پڑتی رہنے دینا؛ پڑتی چھوڑ دینا ۔

Winter-feed : (v) (۱)جاڑوں میں مویشیوں وغیرہ کی پرورش کرنا ۔(۲) دانہ وغیرہ مویشیوں کو کھلا دینا ۔

Winter-garden : (n) (۱)ان پودوں کا باغ جو جاڑوں میں پھولتے ہیں ۔ (۲) شیشے کی چھت والی نشست گاہ؛ چمن کمرا جس میں پودوں کے گملے وغیرہ رکھ کر باغ سا بنا دیتے ہیں ۔

Winter-grape : (n) ایک قسم کا امریکی انگور ۔

Winter gull : (n) عام یورپی مرغابی ۔

Winter-habited : (a) جاڑوں میں نشو و نماپانے والا ۔

Winter-hail : (n) ژالہ باری ۔

Winter-house : (n) [OE. 'einterhus'.] وہ مکان جس میں جاڑوں میں قیام کیا جاتا ھے ۔

Winter injury : (a) پودوں کا نقص جو جاڑوں میں زیادہ سردی لگ جانے یا پانی کی کمی سے ان میں پیدا ھوتا ھے ۔

Winter itch : (n) کھجلی؛ خارش جو بعض اشخاص کو موسم سرما میں ھو جاتی ھے ۔

Winter-kill : (v) (پودوں کو) جاڑوں میں کھلی ھوا میں رکھ کر ختم کردینا یا ختم ھو جانا ۔

Winter leaf : (n) خاکستری مائل بھورا رنگ ۔

Winter mew : (n) دیکھو Winter-gull

Winter oil : (n) (۱) تیل جو جاڑے میں جمتا نہیں ھے ۔ (۲) پتلا تیل جو چکنائی کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔

Winter ova : (n) دیکھو Winter-egg

Winter-pause : (n) پالتوں مرغیوں کے انڈے دینے کے درمیان لمبا وقفہ جو جاڑوں میں ھوتا ھے ۔

Winter pear : (n) دیر سے پکنے والی ناشپاتی جو جاڑوں میں ھوتی ھے ۔

Winter-pride : (n) (گیہوں وغیرہ کا) جاڑوں میں بہ افراط پیدا ھونا ۔

Winter-proud : (a) جاڑوں میں بہ افراط پیدا ھونے والا ۔

Winter quarters : (n) (۱) سردیوں میں فوجیوں یا سرکس والوں کی قیام گاہ ۔ (۲) (جانوروں کی) سرمائی کمین گاہ ۔

Winter-queening : (n) سردیوں میں دیر سے پکنے والے سیب کی ایک قسم ۔

Winter-rocket : (n) ایک چہار برگہ بوٹی ۔

Winter-rot : (n) سرد سوکھا: بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Winter sleep : (n) دیکھو Hibernation

Winter-snipe : (n) ایک قسم کا پرندہ ۔

Winter-solstice : (n) راس الجدی؛ انقلاب شتوی؛ آفتاب کا خط سرطان پر پہنچنا ۔

Winter-spore : (n) (نباتیات) سرما بذرہ ۔

Winter-sports : (n) کھلی ھوا میں کھیلے جانے والے کھیل مثلاً اسکیٹنگ وغیرہ جن کی مشق سردیوں میں کی جاتی ھے ۔

Winter-strawberry : (n) سرمائی اسٹرابیری ۔

Winter-tide : (n) جاڑا؛ موسم سرما ۔

Winter-time : (n) دیکھو Winter-tie

Winteraceae : (n) [mod. L.] گرم ملکوں میں پیدا ھونے والی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Winterbourne : (n) [OE. 'winterburna'.] جھرنا یا ندی جو صرف سردی (کے زمانے میں) بہتی ھے ۔

Wintered : (a) سردی سے متاثر؛ سردی زدہ ۔

Winterer : (n) (کسی خاص مقام پر) جاڑے کے موسم میں رہنے والا ۔

Wintergreen : (n) (۱) بعض پودوں کا نام جو سردیوں میں سبز رہتے ہیں؛ جاڑا بہار ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک سدا بہار بوٹی جس سے خوشبودار تیل نکلتا ھے۔ (۳) گہرا زردی مائل سبزرنگ ۔ (٤) سبزیاں جو جاڑوں میں استعمال ھوتی ہیں ۔

Oil of wintergreen : ایک بےرنگ، زردی مائل یا سرخی مائل تیل جو جاڑا بہار کی پتیوں سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Wintergreen oil : (n) ایک بےرنگ، زردی مائل یا سرخی مائل تیل جو جاڑا بہار کی پتیوں سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Winterhain : (v) جاڑوں میں چراگاہ کو استعمال نہ کرنا تاکہ اسےموسم بہارمیں استعمال کیاجاسکے ۔

Winterhardiness : (n) جاڑوں میں کھلی ھوا میں اُگنا یا اُگنے کی خاصیت رکھنا ۔

Winterhardy : (a) جاڑوں میں کھلی ھَوا میں اُگنے والا ۔

Winterish : (a) کسی قدر سرد؛ کسی قدر بے لطف ۔

Winterishly : (adv.) کسی قدر سردی سے؛ بےلطف طور پر ۔

Winterization : (n) جاڑوں میں استعمال کے لائق بنانا ۔

Winterize : (v) جاڑوں میں استعمال کے قابل بنانا؛ سردی روک بنانا ۔

Winterkill : (n) سردماری ۔

Winterless : (a) جس میں جاڑا نہ ہو؛ بے جاڑے کا ۔

Winterling : (n) وہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ اور دو سال سے کم ہو ۔

Winterlong : (a) حد سے زیادہ تکلیف دہ طور پر لمبا ۔

Winterlong : (adv.) جاڑا بھر ۔

Winterly : (a) [OE. 'winteric'.] (۱) جاڑے کا؛ جاڑے سےمتعلق؛ جاڑے میں واقع ہونے والا ۔ (۲) جاڑا سا؛ جاڑے سے مشابہ ۔

Winter's bark : (n) (۱) ایک خوشبودار چھال جو بطور مقوی اور محرک استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) میکسیکو کا ایک سدا بہار درخت ۔

Winterward/Winterwards : (adv.) موسم سرما کی طرف ۔

Wintle : (v) [Flem., 'wintelen'.] لڑکھڑانا؛ ڈگمگانا ۔

Wintrily : (adv.) سرد مہری سے؛ بے لطفی سے ۔

Wintriness : (n) (۱) سرد ہونا؛ سردی ۔ (۲) بے لطفی؛ سرد مہری ۔

Wintry : (a) (۱) جاڑے کا؛ سرد ۔ (۲) جاڑے کا سا؛ جاڑے کی طرح کا ۔ (۳) سردی زدہ ؛ پالا مارا ہوا ۔ (٤) (مجازاً) پھیکا؛ بے لطف ۔ (٥) سرد مہری کا؛ جوش سےخالی ۔ (٦) ضعیف؛ عمر رسیدہ ۔

Winy/Winey : (a) [f. wine+-y] (۱) شراب سے مشابہ؛ شراب کے رنگ یا مزے کا ۔ (۲) جس سے شراب بنے ۔ (۳) زیادہ مےنوشی سے متاثر؛ نشے میں دھت ۔

Winze : (n) [derived from wind.] ایک کان سے دوسرے کان میں جانے کا ڈھلوان راستہ ۔

Winze : (n)[Flem., Du. 'Weinsch.] Curse دیکھو (اسکاچستان)

Wipe : (n) (۱) پونچھنے کا عمل ۔ (۲) (عام) لمبی زد کا وار؛ زورکا ہاتھ ۔ (۳) (مجازاً) طنز؛ مضحکہ؛ رمز؛ چوٹ ۔ (٤) (عام) رومال ۔ (٥) صافی؛ پونچھنے کا کپڑا ۔ (٦) سنیما کا عارضی اثر جو اس وقت ہوتا ہے جب ایک منظر کی جگہ دوسرا منظر آتا ہے ۔

Wipe : (v) [OE. 'wipian'.] (۱) پونچھنا؛ کپڑے ، کاغذ یا ہاتھ سے کسی چیز کو مٹانا یا صاف کرنا ۔ (۲) دھو ڈالنا؛ مٹا ڈالنا ۔ (۳) (عام) لمبی زد کا وار کرنا ۔ (٤) سطح پر کوئی نرم یا پتلی چیز پھیلانا؛ خصوصاً اس طرح سے ٹانکا (solder) لگانا ۔ (٥) الزام، بدنامی، جرم وغیرہ سے پاک کرنا ۔ (٦) ختم کر دینا؛ اثر زائل کر دینا؛ نیست و نابود کر دینا ۔ (۷) مار ڈالنا؛ سبھوں کا صفایا کردینا ۔ (۸) منسوخ کردینا؛ چکا دینا (قرض) ۔ (۹) مارنا؛ ضرب لگانا؛ ہنسی اڑانا؛ مضحکہ کرنا؛ چوٹ کسنا ۔ (۱۰) مٹ جانا؛ محو ہو جانا ۔

To wipe (a person's) eye : سبقت لے جانا؛ شکست دینا ۔

To wipe one's boots on : ہتک کرنا؛ توہین کرنا ۔

To wipe one's eye : آنسو پونچھنا ۔

To wipe out : (۱) مٹا دینا ۔ (۲) برباد کر دینا؛ نیست و نابود کر دینا ۔

To wipe out disgrace : ذلت کا داغ دھو ڈالنا؛ خصوصاً انتقام کے ذریعے ۔

To wipe the floor, ground with : بری طرح شکست یا سزا دینا ۔

Wipe-joint : (n) سلامی جوڑ ۔

Wipe-out : (n) (۱) (دوسرے ریڈیو سگنل کے ذریعے) کسی ریڈیو سگنل کا محو کر دیا جانا ۔ (۲) (کف دریا کے ساتھ تختوں پر بیٹھ کر بہنے میں) تختوں پر سے گر جانا ۔

Wipe up : (v) (۱) خاتمہ کر دینا ۔ (۲) ٹھکانےلگا دینا ۔ (۳) شکست دے دینا؛ برباد کر دینا ۔

Wiper : (n) (۱) پونچھنے والا ۔ (۲) صافی ۔ (۳) مارنے والا؛ حملہ کرنے والا ۔ (٤) صافی چرخ؛ ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں

تبدیل کردیتا ھے۔ (٥) (عام) رومال ۔ (٦) (موٹر کا) ھوابست شیشہ صاف کرنے کا آلہ ۔

Wiper-wheel : (n) صافی دار پہیا ۔

Wiping : (n) پونچھنا ۔

Wiping-rod/-stick : (n) بندوق کی نال صاف کرنے کی چھڑ جس کے سرے پر کپڑے کا ٹکڑا لگا رہتا ھے ۔

Wire : (n) [OE. 'wir'.] (١) تار ۔ (٢) کانٹے دار تار ۔ (٣) تار کا ٹکڑا جو مختلف کاموں میں آتا ھے : مثلاً دوربین میں لگا صلیبی تار ، برقی رو کا موصل تار، پنجرے کا تار وغیرہ ۔ (٤) آلات موسیقی کا تار ۔ (٥) (کروکٹ) دھات کا حلقہ جس سے گیند کو گزارا جاتا ھے ۔ (٦) کٹھ پتلی کی ڈوری ۔ (٧) تار؛ تار برقی؛ تار خبر ۔ (٨) تار کی جالی ۔ (٩) لومڑی یا خرگوش پھنسانے کا پھندا ۔ (١٠) تار سے مشابہ چیز ۔ (١١) خام چاندی استوانہ نما ٹکڑا ۔ (١٢) (عام) جیب کترا ۔ (١٣) تار سے بنا رسا ۔ (١٤) ایک قسم کا ٹیریر کتا ۔ (١٥) گھڑ دوڑ کے پالوں کے درمیان بندھا تار؛ دوڑ ختم کرنے کی آخری لکیر۔ (١٦) تار جس پر نٹ تماشا دکھاتے ہیں ۔ (١٧) جراحی میں کام آنے والا فلزی تار ۔ (١٨) جوازیوں کا اشارہ (آپس میں) ۔

Barbed wire : کانٹے دار تار ۔

By wire : بذریعہ تار؛ تار کے ذریعے ۔

Live wire : (١) برقی قوت سے بھرا ھوا تار؛ زندہ تار؛ گرم تار ۔ (٢) مضبوط اور سرگرم شخص ۔

To be on the wires : (مجازاً) اعصابی ہیجان کی حالت میں ھونا ۔

To pull (the) wires : (١) کٹھ پتلی کو تار پر نچانا ۔ (٢) (مجازاً) ریشہ دوانیاں کرنا خصوصاً سیاسی پارٹی وغیرہ سے خفیہ اثرات ڈال کر کام لینا ۔

Under the wire : (١) (گھڑ دوڑ کے) آخر میں ۔ (٢) آخری لمحے میں ۔

Under wire : کانٹے دار تار سے گھرا ھوا ۔

Wire : (v) (١) تار سے باندھنا؛ تار سے کسنا؛ تار لپیٹنا یا لگانا ۔ (٢) تار دے کر سخت بنانا ۔ (٣) تاروں سے (خصوصاً کانٹے دار تاروں سے) گھیرنا ۔ (٤) بجلی کا تار لگانا ۔ (٥) پرندوں وغیرہ کو تار کے پھندے میں پھانسنا ۔ (٦) تار بھیجنا؛ تار دینا ۔ (٧) (کرکٹ کھیل میں) تار کے حلقے کا گیند کو یا کھلاڑی کو روکنا ۔ (٨) پوت کو تار میں پرونا ۔

To wire in : (کسی کام میں) پوری قوت سے لگ جانا؛ سرگرمی سے کرنا : ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا؛ پوری قوت صرف کر دینا ۔

To wire into : شوق کے ساتھ کسی کام میں لگ جانا ۔

Wire agency : (n) خبر رساں ایجنسی جو اخبار، رسالہ وغیرہ کو خبریں بذریعہ تار بھیجتی ھے ۔

Wire-bar : (n) دھات (خصوصاً تانبا) کی سلاخ جس سے تار بنتا ھے ۔

Wire-bird : (n) سنٹ ہلینا (St Helena) کے جزیروں میں پایا جانے والا پلور (Plover) ۔

Wire-bridge : (n) (١) معلق پل (جو تاروں کے سہارے رہتا ھے) ۔ (٢) (برقیات) برقی پل جس میں ایک تار اور درجہ دار پیمانہ لگا رہتا ھے ۔

Wire-brush : (n) تار کا بنا برش ۔

Wire-cloth : (n) تار کی جالی ۔

Wire-coat : (n) (بعض کتوں کا) نہایت سخت اور گھنا بال ۔

Wire-copy : (n) (خبر کی) نقل جو اخبار؛ جریدہ یا ریڈیو وغیرہ کو بذریعہ تار بھیجی جاتی ھے ۔

Wire-cut : (v) تار سے کاٹنا ۔

Wire-cutter : (n) (١) تار کاٹنے کا آلہ ۔ (٢) وہ شخص جو تاروں کو کاٹنے پر مامور ھو (خصوصاً جنگ میں)۔

Wire-dancer : (n) تار پر ناچنے والا ۔

Wire-draw : (v) (١) (شاذ) تار کھینچنا؛ تار بنانا ۔ (٢) کھینچنا؛ لمبا کرنا ۔ (٣) پانی یا بھاپ کو چھوٹے چھید سےگزارنا تاکہ دباؤ کم ھو جائے ۔ (٤) (مجازاً) (کسی بات کے بیان کرنے یا دلیل کے پیش کرنے میں) حد سے زیادہ باریکی سے کام لینا؛ طول دینا؛ ہلکا کرنا ۔

Wire-drawer : (n) تار کش؛ تار بنانے والا ۔

Wire-drawing : (n) تارکشی؛ تار بنانا ۔

Wire-drawn : (a) (۱) طول دیا ہوا؛ نازک؛ مہین؛ دقیق ۔ (۲) (پانی یا بھاپ) چھوٹےچھید سےگزارا ہوا ۔ (۳) کمزور؛ باریک ۔

Wire-edge : (n) (۱) چاقو وغیرہ کی دھار پر دھات کی باریک پٹی جو سان چڑھانے سے کبھی کبھی پیدا ہو جاتی ہے ۔ (۲) سکے کا باریک اٹھا ہوا کنارہ ۔

Wire-entanglement : (n) (فوج) حصار تار؛ دشمن کے حملوں سے محفوظ رہنے کےلئےالجھے ہوئے تار کی باڑ ۔

Wire-gauge : (n) (۱) تار پیمانہ؛ تار یا چادر کی موٹائی ناپنے کا پیمانہ ۔ (۲) تار کا پیمانہ ۔

Wire-gauze : (n) (تار کی) جالی ۔

Wire-glass : (n) شیشہ جس کے اندر تار کی جالی جما دی جاتی ہے ۔

Wire-grass : (n) بعض قسم کی گھاس یا پودے جس کا ڈنٹھل بہت باریک ہوتا ہے ۔

Wire-grub : (n) (۱) بعض نقصان رساں کیڑوں کاپھل روپ ۔ (۲) دیکھو Wire-worm ۔

Wire-gun : (n) تار توپ (جسے ایک نلکی پر تار لپیٹ کر بناتے ہیں) ۔

Wire-hair : (n) تار کی طرح سخت بالوں والا کتا ۔

Wire-haired : (a) تار کی طرح سخت بالوں والا ۔

Wire-indicator : (n) تارنما ۔

Wire-mark : (n) وہ نشان جو کاغذ پر موٹائی میں فرق کی وجہ سے پڑ جاتا ہے ۔

Wire-money : (n) چاندی کا مڑا ہوا تار جو پہلے بطور سکہ رائج تھا ۔

Wire-nail : (n) کیل جو تار سے بنتی ہے ۔

Wire-netting : (n) (تارکی) موٹی جالی ۔

Wire-photo : (n) تار فوٹو ۔

Wire-pull : (v) ریشہ دوانی کرنا؛ خفیہ اثرات سے کام لینا؛ جوڑ توڑ کرنا ۔

Wire-puller : (n) ریشہ دوانی کرنے والا؛ خفیہ اثرات سے کام لینےوالا؛ جوڑتوڑ کرنے والا؛ سیاست داں ۔

Wire-pulling : (n) ریشہ دوانی؛ جوڑ توڑ ۔

Wire-recorder : (n) مقناطیسی تار کے ذریعے ریکارڈ کرنے والا ۔

Wire-rod : (n) دھات کی چھڑ جس سے تار بنایا جاتا ہے ۔

Wire-room : (n) وہ مکان یا کمرہ جہاں جائز تجارت کےپردے میں جوا کھیلا جاتا ہے ۔

Wire-rope : (n) تار کی رسی ۔

Wire-ropeway : (n) ٹرامویے جو تار کے رسے کے سہارے چلتا ہے ۔

Wire-saw : (n) ایک قسم کا آرا جس کا کاٹنے والا حصہ تار کا بنا ہوتا ہے ۔

Wire-service : (n) خبر رساں ایجنسی جو اخبار، رسالہ وغیرہ کو خبریں بذریعہ تار بھیجتی ہے ۔

Wire-side : (n) (کاغذ سازی میں) وہ سطح جو قالب کی طرف ہوتی ہے ۔

Wire-silver : (n) خام چاندی جو تار کی شکل میں ملتی ہے ۔

Wire solder : (n) تار کی شکل کا ٹانکا (Solder) ۔

Wire-stem : (n) کرم کلہ، گوبھی وغیرہ کی ایک بیماری ۔

Wire-stretcher : (n) تار کو تاننے کا ایک آلہ ۔

Wire-tail : (n) ایک قسم کی بطخ ۔

Wire-tap : (v) برقی پیام اڑا لینا ۔

Wire-tap : (n) (۱) برقی پیام اڑا لینا ۔ (۲) بیچ سے برقی پیام اڑا لینے کی ایک ترکیب ۔

Wire-tap : (a) بیچ سے اڑایا ہوا (پیام) ۔

Wire-tapper : (n) (۱) وہ شخص جو تلغرافی یا ٹیلیفون پر دی ہوئی خبر، پیام یا گواہی کو اڑا لیتا ہے ۔

Wireless telegraph : (n) لاسلکی تلغراف ۔

Wireless telegraphy : (n) لاسلکی پیام رسانی ۔

Wireless telephone : (n) لاسلکی ٹیلیفون ۔

Wirelessly : (adv.) لاسلکی کے ذریعے؛ ریڈیو کے ذریعے ۔

Wirelessness : (n) لاسلکی ہونا ۔

Wirelike : (n) تار جیسا؛ تارنما ۔

Wireman : (n) بجلی کا تار لگانے یا مرمت کرنے والا ۔

Wirer : (n) (۱) تار لگانے یا برقی تار مرمت کرنے والا ۔ (۲) تار کا پھندا لگانے والا ۔

Wiresmith : (n) تار ساز (خصوصاً وہ جو ہاتھ سے پیٹ کر بناتا ہے) ۔

Wireway : (n) (۱) برقی تار کی نالی ۔ (۲) ریل کی پٹری جو تاروں کی بنی ہوتی ہے۔ (۳) دیکھو Wire rope-way ۔

Wirily : (a) بہت مضبوطی کے ساتھ ؛ مستعدی اور چستی سے ۔

Wiriness : (n) مضبوطی؛ مستعدی اور چستی ۔

Wiring : (n) (۱) تار لگانے یا استعمال کرنے کا کام ؛ تار بندی ۔ (۲) تاروں کا نظام ۔ (۳) جانوروں کی کھال کو تار کے ذریعے کھڑا کرنے کا طریقہ ۔

Wiring diagram : (n) (گھر میں) برقی تار لگانے کا نقشہ ۔

Wirra : (int.) [Irish 'a muire'.] ماتم، تکلیف یا تشویش ظاہر کرنے کا حرف فجائیہ ۔

Wirrah : (a) [Native name in Australial.] ایک قسم کی غذائی مچھلی۔

Wirricow : (n) (۱) ڈراؤنا؛ ھَوّا ۔ (۲) (مجازاً) دبلا پتلا ڈراؤنا شخص ۔

Wiry : (a) (۱) تار کا بنا ہوا؛ تار کی شکل کا ۔ (۲) تار سے مشابہ؛ سخت؛ کڑا ۔ (۳) کمزور اورتنی ہوئی (نبض) ۔ (٤) یکتارا جیسی (آواز) ؛ کرخت ۔ (٥) مضبوط اور لچک دار ۔ (٦) گٹھے ہوئے جسم کا؛ بہت مضبوط؛ چست اور مستعد ؛ ان تھک ۔

(۲) وہ فریبی جو درمیان سے پیام اڑا لینے کا دعویٰ کرتا ہے ۔

Wire-tapping : (n) ٹیلیفون پر کن سوئیاں لینا ۔

Wire-twist : (n) مروڑا اور جوڑا ہوا تار جس سے بندوق کی نال بنتی ہے ۔

Wire-walker : (n) تار کی رسی پر نٹ کا تماشا دکھانے والا ۔

Wire-wheel : (n) (۱) گھومنے والے تار کا برش ۔ (۲) موٹر کا پہیا جس میں تاروں کا آرا لگا رہتا ہے ۔

Wire-wool : (n) تار کی مہین جالی جس سے برتن مانجھتے ہیں ۔

Wire-work : (n) (۱) تار سازی؛ تار کا کام ۔ (۲) تار سازی کا کارخانہ ۔ (۳) تار کا جال ۔ (٤) تار پر نٹ کا تماشا دکھانا ۔

Wire-worker : (n) تار کے رسے بنانے والا ۔

Wire-worm : (n) (۱) بعض نقصان رساں کیڑوں کا پہل روپ ۔ (۲) تار حشرہ ۔ (۳) جگالی کرنے والے جانوروں کے پیٹ کا ایک کیڑا ۔

Wire-wound gun : (n) دیکھو Wire-gun

Wire-wove : (a) (۱) عمدہ قسم کا (کاغذ) ۔ (۲) جالی کا بنا ہوا ۔

Wired : (a) (۱) تار سے کسا یا مضبوط کیا ہوا؛ تار دے کر سخت کیا ہوا؛ تار دیا ہوا - (۲) تار لگا ہوا؛ باڑ لگا ہوا ۔ (۳) تار سے باندھا ہوا ۔

Wired wireless/-radio : (n) تاروں ملا وائرلیس ۔

Wireless : (a) لاسلکی؛ بے تار کا؛ وائرلیس ۔

Wireless : (n) (۱) لاسلکی پیام یا خبر ۔ (۲) لاسلکی کا طریقہ یا نظام ۔ (۳) لاسلکی پیغام وصول کرنے کی مشین ۔ (٤) ایک قسم کا نیلا رنگ ۔

Wireless : (v) لاسلکی (پیام یا خبر) بھیجنا؛ لاسلکی کے ذریعہ بھیجنا ۔

Wireless apparatus : (n) آلۂ لاسلکی ۔

Wireless message : (n) لاسلکی پیام ۔

Wis : (v) جاننا؛ معلوم کرنا ۔

Wisconsinite : (n) [f. Wisconsin, a State in U. S. A.] امریکا کی ریاست وسکونین کا باشندہ ۔

Wisdom : (n) [OE. 'wisdom'.] (۱) عقل مندی؛ دانشمندی؛ حکمت؛ دانائی؛ سمجھدار ہونا؛ سمجھ ؛ عاقبت اندیشی؛ دور اندیشی ۔ (۲) حکیمانہ اقوال ۔ (۳) علم؛ معلومات ۔

Wisdom tooth : (n) عقل داڑھ؛ دندان عقل؛ ناجذ ۔

To cut one's wisdom tooth : عقل داڑھ نکلنا؛ سنِ شعور کو پہنچنا ۔

Wise : (n) [OE.] طور طریقہ؛ انداز؛ طرز ۔

Wise : (a) [OE. 'wis'.] (۱) عقلمند؛ عاقل؛ دانا؛ خردمند؛ دانشمند؛ دوراندیش؛سمجھدار۔ (۲) عقلمندوں کا؛ دانشمندانہ؛ عاقلانہ؛ دور اندیشی کا؛ عقل کا ؛ سمجھ کا ۔ (۳) واقف؛ باخبر ۔ (٤) (قدیم) سیانا؛ جادوگر ۔ (۵) دانشمندوں کا سا ۔ (٦) گستاخ؛ بدتمیز ۔

A word to the wise (is enough) : عقلمند کو اشارہ کافی ہے ۔

Wise : (v) (۱) رہبری کرنا؛ راستہ دکھانا ۔ (۲) کسی خاص سمت میں لے جانا ۔ (۳) دکھانا؛ بتانا؛ اشارہ کرنا ۔ (٤) اطلاع دینا؛ باخبر کرنا ۔

To wise up : آگاہ کرنا یا ہونا؛ واقف ہونا؛ بتانا۔

Wise : (Suffix) لاحقہ جس سے adv بناتے ہیں اور طریقے کے معنی دیتے ہیں مثلاً 'Lengthwise, Clockwise' وغیرہ ۔

Wise-crack : (n) (عام) پتے کی بات؛ مذاق؛ بذلہ سنجی ۔

Wise-crack : (v) پتے کی بات کہنا ۔

Wise-cracking : (n) پتے کی بات کہنا ۔

Wise-guy : (n) قابلیت چھانٹنے والا؛ عقلمند بننے والا ۔

Wise man : (n) (۱) عقلمند آدمی ۔ (۲) ساحر؛ جادوگر ۔

The seven wise men : حکمائے ہفت گانہ؛ سات یونانی حکماء جن میں سے ہر ایک کا ایک مقولہ مشہور ہے ۔

Worldly wiseman : دنیاوی عقل رکھنے والا ۔

Wise woman : (n) (۱) جادوگرنی؛ ساحرہ؛ پیش گوئی کرنے والی ۔ (۲) دائی ۔

Wiseacre : (n) [MDu. 'wijsseggher'.] (۱) حکمت چھانٹنے والا؛ عقلمند بننے والا؛ لال بجھکڑ ۔ (۲) (تحقیراً) عقلمند اور فاضل شخص ۔

Wisehead : (n) عقلمند بننے والا؛ حکمت چھانٹنے والا ۔

Wisehearted : (a) صاحبِ ادراک؛ تیز فہم؛ نکتہ رس ۔

Wiselike : (a) مناسب؛ معقول ۔

Wisely : (adv.) عقلمندی سے ۔

Wisent : (n) [G.] جنگلی بیل؛ ارنا بھینسا ۔

Wish : (n) (۱) آرزو؛ تمنا؛ خواہش؛ التجا؛ منشا ۔ (۲) وہ شے جس کی خواہش ہو ؛ مقصود؛ مراد؛ مطلب ۔ (۳) (جمع) نیک خواہشات (دوسروں کے لئے) ۔

Good wishes : نیک خواہشات؛ دعائے خیر ۔

To one's wish : خواہش کے مطابق؛ حسب منشا ۔

Wish : (v) [OE. 'wyscan'.] (۱) تمنا کرنا؛ آرزو کرنا ۔ (۲) چاہنا؛ خواہش کرنا؛ طلب کرنا ۔ (۳) بھلا یا بُرا چاہنا ۔ (٤) کہنا (خیرمقدم یا خدا حافظ) : دینا (دعا، بد دعا) ۔

Wish fulfillment : (n) خواہش پوری ہونا (علامتی طور پر مثلاً خواب، خیالی پلاؤ وغیرہ میں) ۔

Wish-wash : (n) [Reduplication of wash] (۱) کوئی پینے کی چیز جو بہت پتلی ہو؛ دھوون یا پانی سا شوربہ وغیرہ ۔ (۲) پھیکی، بےمزہ گفتگو ۔

Wisher : (n) چاہنے والا؛ تمنا رکھنے والا ۔

Wishful : (a) (۱)آرزومند؛ خواہشمند ۔ (۲) تمنائی؛ تخیلی؛ تصوراتی ۔

Wishful thinker : (n) تخیلی آرزوؤں کا شکار ۔

Wishful thinking : (n) (۱) تخیلی آرزو ۔ (۲) خواہش کا پوار ہونا (خواب، خیالی پلاؤ وغیرہ میں) ۔

Wishfully : (adv.) آرزومندانہ؛ خواہش کرتے ہوئے ۔

Wishfulness : (n) - آرزومند ہونا؛ خواہشمندی ؛ آرزومندی۔

Wishing : (n) آرزو؛ آرزو کرنا؛ خواہش۔

Wishing : (a) خواہش پوری کرنے کی قوت رکھنے والا۔

Wishing bone : (n) مرغ کے سینے کی دو شاخی ہڈی جس کو دو شخص اپنی طرف کھینچتے ہیں اور جو لمبا ٹکڑا توڑ لیتا ھے وہ اپنی خواہش میں (جادو سے) کامیاب ھوتا ھے۔

Wishing cap : (n) جادو کی ٹوپی جس کے پہننے سے مراد پوری ھو جاتی ھے۔

Wishmay : (n) [ON. 'Oskmaer'.] والکیری (Valkyrie)۔

Wisht : (a) [Origin unkn.] (۱) عجیب؛ بھیانک؛ ہیبت ناک۔ (۲) اداس؛ افسردہ؛ ملول۔ (۳) بے نور؛ بیمار۔

Wishtonwish : (n) [Imitative.] شمالی امریکا کا ایک قسم کا کتا۔

Wishy-washily : (adv.) بے لطف طور پر۔

Wishy-washiness : (n) پھیکاپن؛ بے لطفی؛ بیرنگی۔

Wishy-washy : (a) (۱) پانی سا؛ دھوون سا (شوربا وغیرہ)۔ (۲) پھیکی؛ بے مزہ (گفتگو)۔ (۳) کمزور؛ بہت ہلکا یا پتلا۔

Wisket : (n) ٹوکری۔

Wisp : (n) [ME.] (۱) گھاس وغیرہ کا چھوٹا سا پولا؛ مٹھا۔ (۲) گھاس کا گچھا یا گٹھا (جلانے کے لئے)۔ (۳) اگیا بیتال ؛ غول بیاباں۔ (٤) کاغذ کا پلندا۔ (٥) (کپڑوں کا) انبار۔ (٦) کسی چیز کا پتلا، تنگ باریک ٹکڑا۔ (۷) چھوٹی جھاڑو؛ مورچھل۔ (۸) جھنڈ (چھوں کا)۔

Wisp : (v) (۱) (گھاس کے پولے سے) کھریرا کرنا (گھوڑے وغیرہ کے)۔ (۲) شکن ڈالنا؛ مروڑنا۔

Wispily : (adv.) مبہم طور پر؛ غیر واضح طور پر۔

Wispiness : (n) ابہام؛ بے شکلی۔

Wispish : (a) پولے کی طرح کا؛ مٹھے کی طرح کا۔

Wispy : (a) پولے جیسا؛ مبہم؛ بے شکل؛ غیر واضح۔

Wissel : (v) [ME.] (۱) (اسکاچستان) وہ رقم جو واجب الادا رقم سے زائد ھو اور ادا کرنے والے کو لوٹا دی جائے۔ (۲) بدلہ؛ جزا۔

Wist : (v) جاننا۔

Wist : (n) قدیم سسکس کا زمین ناپنے کا ایک پیمانہ۔

Wistaria/Wisteria : (n) [mod. L., f. name Caspar Wistar, an American anatomist'.] وسٹاریا؛ ایک قسم کا پھلی دار درخت جس میں زرد سرخ پھول ھوتے ہیں۔

Wistful : (a) (۱) خواہش مند؛ آرزومند؛ متمنی؛ پُر حسرت؛ حسرت بھرا۔ (۲) فکر میں ڈوبا ھوا؛ سوچ میں پڑا ھوا؛ غور و فکر کا۔

Wistfully : (adv.) (۱) حسرت سے۔ (۲) غور و فکر کے انداز سے۔

Wistfulness : (n) (۱) پُرحسرت ھونا؛ حسرت کی حالت۔ (۲) غور و فکر کی حالت۔

Wistiti : (n) [Fr. 'ouistiti'.] جنوبی امریکا کا ایک بندر؛ مرکٹ۔

Wit : (n) [OE. 'wit (t)'] (۱) سمجھ؛ عقل ؛ فہم۔ (۲) نکتہ سنجی؛ بذلہ سنجی؛ اعلیٰ ظرافت؛ لطیف ظرافت۔ (۳) لطیفہ؛ لطیف فقرہ۔ (٤) نکتہ سنج؛ بذلہ سنج۔ (٥) صلاحیت؛ ذہانت؛ ذکاوت؛ زیرکی؛ تیزفہمی؛ فراست؛ دقیقہ رسی۔ (٦) (شاذ) شعور؛ تمیز؛ قوت فیصلہ۔ (۷) ذہین آدمی؛ عالم شخص۔ (۸) ظریف الطبع شخص۔

At one's wit's end : سخت چکر میں؛ ایسی حالت میں کہ عقل گم ھو یعنی کام نہ دیتی ھو۔

In (one's right) wit : صحیح الدماغ؛ صحیح العقل ؛ عاقل۔

Out of (one's) wit : (۱) بدحواس؛ بوکھلایا ھوا۔ (۲) پاگل؛ دیوانہ۔

The wit of man : عقلِ انسانی؛ قوتِ ادراک۔

To bring (drive) to one's wit's end : سخت چکر میں ڈال دینا۔

To have one's wits about one : چوکس ھونا؛ سمجھدار ھونا۔

To have the wit to : تمیز رکھنا؛ شعور رکھنا ۔

To live by one's wits : طرح طرح کی چالاکیوں سے روزی کمانا ۔

Wit : (v) [OE. 'witan'.] جاننا؛ واقف ہونا؛ علم رکھنا ۔

God wot : خدا جانتا ہے ۔

I wot : میں اچھی طرح جانتا ہوں ۔

Let wit : (قدیم) آگاہ کرنا ۔

To wit : یعنی ۔

Wit : (v) (۱) (ایک وقتی لفظ) نکتہ سنج بننا ۔ (۲) (ایک وقتی لفظ) (کسی کو) نکتہ سنج کہنا ۔

Witan : (n) [OE.] اینگلو سیکسن کے زمانے کی قومی کونسل کے ارکان یا خود وہ قومی کونسل ۔

Witch : (n) [OE. 'wicca'.] جادوگر؛ ساحر ۔

Witch : (n) [OE. 'wicce'.] (۱) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔ (۲) (مجازاً) دلرباعورت؛ ساحرہ ۔ (۳) بدصورت بڑھیا؛ ڈھڈو ۔ (٤) ایک قسم کا گھونگا ۔ (٥) کرگھے کا ایک پرزہ جس کے ذریعے چھوٹے چھوٹےنقش ونگاربنائے جاتے ہیں ۔ (٦) بطریل؛ ایک بحری پرندہ جس کے پَر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہوتے ہیں ۔ (۷) ایک قسم کا پروانہ ۔

As nervous as a witch : بہت بے چین (شخص) ۔

Old witch : بد صورت بڑھیا؛ ڈھڈو ۔

The witch is in it : یہ مسحور ہے ۔

Witch/Wych : (n) [OE. 'wice'.] ان متعدد درختوں میں سے کوئی جن کی شاخیں لچکدار ہوتی ہیں ۔

Witch : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Witch : (v) [OE. 'wiccian'.] (۱) جادو کرنا؛ مسحور کرنا ۔ (۲) (مجازاً) لبھانا ۔ (۳) دیکھو Dowse ۔

Witch : (a) سحر سے متعلق؛ ساحرانہ؛ جو جادو کے خلاف استعمال ہو ۔

Witch ball : (n) شیشے کا کھوکھلا گولا جو اٹھارھویں صدی عیسوی میں بدروحوں سے محفوظ رہنے کے لئے کھڑکیوں پر لٹکا دیا جاتا تھا ۔

Witch bell (s) : (n) جنگلی سنبل ۔

Witch-doctor : (n) طلسم گر؛ جادوگر؛ ساحر ۔

Witch-doctress : (n) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔

Witch-finder : (n) جادوگرنیوں کی تلاش یا ان کے خلاف شہادت ڈھونڈنے والا ۔

Witch-fire : (n) دیکھو Corposant

Witch-grass : (n) (۱) ایک قسم کی امریکی گھاس ۔ (۲) دوب (گھاس) ۔

Witch-hat : (n) جادوگرنی کی ٹوپی؛ ہیٹ جس کی چندیا مخروطی اور چھجا چپٹا ہوتا ہے ۔

Witch hazel/Wych : (n) (۱) ایک درخت ۔ (۲) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی ۔

Witch-hunt : (n) (۱) جادوگروں کی تلاش اور ایذا رسانی ۔ (۲) سیاسی مخالف کے خلاف تفتیش یا جدوجہد جو مفاد عامہ کے تحفظ کے درپردہ کی جائے ۔

Witch-hunter : (n) (۱) جادوگروں کو تلاش کرنے اور ایذا پہنچانے والا ۔ (۲) مخالف کے خلاف تفتیش یا تنظیمی جدوجہد کرنے والا ۔

Witch-hunting : (n) (۱) جادو گروں کی تلاشی کرنا یا ایذا پہنچانا ۔ (۲) (سیاسی) مخالف کے خلاف تفتیش کرنا ۔

Witch-knot : (n) (۱) گرہ دار یا الجھے ہوئے بال (جو جادو گرنیوں نے بنائے ہوں) ۔ (۲) دیکھو Witches' Besom ۔

Witch-lock : (n) گرہ دار یا الجھے ہوئےبال (جو جادوگرنیوں نے بنائے ہوں) ۔

Witch-mark : (n) جسم پر کا داغ جس کے ذریعے جادوگرنیوں کو پہچانا جاتا تھا ۔

Witch-monger : (n) وہ شخص جو جادوگرنیوں سے تعلق رکھتا ہو یا جادوگری پر یقین کرتا ہو ۔

Witch-moth : (n) بعض قسم کے پتنگے ۔

Witch of Agnesi : (n) (ریاضیات) سطح انحنا ۔

Witch-stick : (n) دیکھو Dowsing-rod

Witch-weed : (n) ایک طفیلی پودا ۔

Witchcraft : (n) [OE. 'wiccecraeft'.] (۱) جادو؛ سحر ۔ (۲) (مجازاً) جادو؛ دلکشی؛ دلربائی ۔

Witchen : (n) (Mountain Ash, Elm) بعض قسم کے درختوں کا نام جیسے: Elm اور Mountain Ash وغیرہ ۔

Witchery : (n) (۱) جادوگری؛ سحر ۔ (۲) دلربائی؛ عشوہ طرازی؛ سحر طرازی ۔

Witche's besom/-broom : (n) گھنا گچھا جو بعض سماروغ کی وجہ سے شاخوں پر نکل آتا ھے ۔

Witche's bridle : (n) اسکاچستان میں جادوگرنیوں کی آزار رسانی کے آلات ۔

Witche's butter : (n) بعض قسم کے چپچپے سماروغ یا کائیوں کےنام ۔

Witche's sabbath : (n) سبت الساحرات؛ ایک سالانہ جشن جو آدھی رات کو بھوت پریت اور جادوگر مل کر مناتے ہیں ۔

Witchetty : (n) [Native name.] بعض قسم کے بھونروں کا پہل روپ جسے آسٹریلوی دیسی کھاتے ہیں ۔

Witching : (n) جادو؛ سحر ۔

Witching : (a) (۱) ساحرانہ ۔ (۲) سحر سے متعلق؛ جادوگری سے متعلق ۔ (۳) سحر کا؛ جادو کا (وقت) ۔ (٤) دلربا؛ عشوہ طراز؛ جادو طراز ۔

Witching : (adv.) شوخی سے؛ غمزے سے؛ دلفریبی سے؛ دلربائی سے ۔

Witching-stick : (n) دیکھو Dowsing rod

Witchlike : (a) جادوگرنی جیسا؛ بدصورت؛ بدقوارہ ۔

Witchman : (n) دیکھو Witch-Doctor

Witch's bells : (n) ایک پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتے ہیں گل پنجۂ علی ۔

Witchwoman : (n) جادوگرنی؛ ساحرہ ۔

Witchy : (a) (۱) جادوگرنیوں جیسا؛ بد اندیش ۔ (۲) ساحرانہ ؛ جادوگری کا ۔

Wite/Wyte : (n) [OE.] (تاریخ) الزام؛ سرزنش؛ زجر؛ ملامت؛ نقص ۔

Wite/Wyte : (v) [OE. 'witan'.] الزام لگانا؛ ملامت کرنا؛ مذمت کرنا ۔

Witenagemot : (n) [OE. 'witena gemot'.] اینگلو سیکس قوم کی قومی مجلس شوریٰ یا پارلیمنٹ ۔

Witereden : (n) [OE. 'witeraeden'.] (تاریخ) جرمانہ ۔

Witgat/Witgatboom : (n) [Africa.] جنوبی افریقہ کی ایک جھاڑی یا درخت ۔

With : (prep.) [OE. 'wip'.] (۱) خلاف؛ مقابلےمیں ۔ (۲) ساتھ ۔ (۳) موافقت میں ۔ (٤) لئے ہوئے؛ رکھتےہوئے ۔ (٥) پاس؛ قبضے میں؛ ذمے ۔ (٦) مدد سے؛ ذریعے سے ۔ (۷) سے ۔ (۸) ساتھ ساتھ ۔ (۹) وجہ سے ۔ (۱۰) کے ساتھ ۔ (۱۱) ساتھ ۔ (۱۲) باوجود ۔ (۱۳) معاملے میں ؛ بارے میں ۔ (١٤) دوران ؛ درمیان ۔ (١٥) طرف؛ واسطے؛ خاطر؛ جانب ۔ (١٦) اسی طرف؛ اسی جانب ۔ (١٧) گھر میں؛ اسی گھر میں ۔ (١٨) شامل؛ ہمراہ ۔ (١٩) مع ۔

Dripping with dew : شبنم ٹپکتے ہوئے ۔

Face to face with : مد مقابل؛ آمنے سامنے ۔

It is pouring with rain : بارش ہو رہی ھے ۔

One (day etc.) with another : دیکھو One

One with : متحد؛ ایک ذات ۔

To begin with : پہلے اس کو لیجئے ۔

To be with : اتفاق رائے کرنا؛ متفق ہونا ۔

To break with : قطع تعلق کرلینا ۔

With that : اس پر؛ چنانچہ؛ اس بات پر؛ اس کے ساتھ ہی؛ تب ۔

With this : بعد ازیں؛ پیشتر ؛ اس سے پہلے ۔

With - : (Prefix) سابقہ بمعنی "دور" ؛ "پیچھے" ؛ "پہلے" ؛ "بعید"؛ "خلاف" ۔

With : (adv.) اضافہ کے طور پر ۔

With : (n) دودکش اور دھواں نکلنے کی نالی کے بیچ کی اوٹ ۔

Withal : (adv.) [Prop. two words with alte'] (۱) اس کے ساتھ ؛ اس کے علاوہ؛ مزیدبرآں؛ بھی؛ نیز ۔ (۲) تاہم؛ باوجود ۔ (۳) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی؛ معاً ۔

Withal : (prep.) دیکھو With

Withamite : (n) [f. H. Witham, the dricoverer.] اسکاٹ لینڈ میں پائی جانے والی سرخ یا زردی مائل سرخ معدنی شے؛ ایپیڈوٹ (Epidote) ۔

Withania : (a) [Origin unkn.] یورپی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Withdraw : (v) (۱) ہٹا دینا؛ کھینچ لینا ۔ (۲) واپس لے لینا؛ اٹھا لینا۔ (۳) واپس لینا(الفاظ، وعدہ وغیرہ) ۔ (٤) ہٹ جانا؛ چلے جانا ۔ (٥) (روپیہ وغیرہ بینک سے یا اصل سے) نکال لینا ۔ (٦) (قانون) ارکان جیوری سے جیوری کو ہٹا دینا تاکہ عدالتی کاروائی ختم ہو جائے ۔ (۷) نکال دینا؛ (کسی زمرے یا گروپ سے) الگ کر دینا ۔

Withdraw : (n) واپسی؛ علیحدگی ۔

Withdrawable : (a) قابل واپسی؛ جسے ہٹایا جاسکے ۔

Withdrawal : (n) (۱) ہٹانا یا ہٹایا جانا ۔ (۲) واپسی؛ واپس لینا یا لیا جانا؛ پس قدمی ؛ باز خواست ۔ (۳) ہٹنا؛ علیحدگی ۔ (٤) موقوفی؛ ترک ۔ (٥) واگذاشت ۔ (٦) منشیات ترک کرنا ۔

Withdrawal symptoms : (n) بعض علامتیں (مثلاً متلی، پسینہ، افسردگی) جو منشیات ترک کرنے سے پیدا ہو جاتی ہیں ۔

Withdrawer : (n) (۱) واپس لے لینے والا ۔ (۲) (اسکاچستان) وہ شخص جو سترھویں صدی عیسوی میں قومی کلیسا کی اطاعت نہ کرتا تھا ۔

Withdrawing : (n) ہٹنا؛ واپس لینا ۔

Withdrawing : (a) ہٹنے والا؛ کنارہ کشی اختیار کرنےوالا ۔

Withdrawing-room : (n) دیوان خانہ ۔

Withdrawment : (n) (شاذ) دیکھو Withdrawal

Withdrawn : (a) (۱) الگ کیا ہوا ؛ علیحدہ کیا ہوا ۔ (۲) گوشہ نشیں؛ الگ تھلگ رہنے والا؛ گوشہ گیر ۔

Withdrawnness : (n) علیحدگی؛ گوشہ نشینی ۔

Withe/With : (n) [OE. 'withthe'.] (۱) لچیلی شاخ خصوصاً بید کی جس سے گٹھے باندھتے ہیں ۔ (۲) بید ۔ (۳) جمیکا کا بیلوں والا ایک پودا ۔ (٤) شاخ بید سے مشابہ بعض آہنی اوزار ۔

Withe : (v) (۱) شاخ بید سے لپیٹنا یا باندھنا ۔ (۲) شاخ بید کے پھندے سے ہرن کو پھنسانا ۔

Withe : دیکھو With

Wither : (n) (چائے کی تیاری میں) پتیوں کا مرجھانا ۔

Wither : (v) [apparently Var. of weather.] (۱) خشک ہو جانا؛ مرجھا جانا؛ پژمردہ ہونا ۔ (۲) (جانوروں کا) لاغر اور کمزور ہو جانا ۔ (۳) (آدمی یا بے جان چیزوں کا) انحطاط پذیر ہونا؛ کمہلانا؛ ناتواں ہو جانا ۔ (٤) (چائے کی پتیوں کو) گرم کرنے سے پہلے سکھانا ۔ (٥) خشک کر دینا؛ مرجھا دینا ۔ (٦) (جسم یا جسمانی طاقت کو) گھلا دینا ۔ (۷) مفلوج کر دینا؛ چکرا دینا ۔

Withered : (a) (۱) مرجھایا ہوا؛ خشک؛ پژمردہ؛ سوکھا ہوا؛ مریل؛ لاغر؛ گھلا ہوا ۔ (۲) ناتواں؛ کمزور؛ سوکھے ہوئے چہرے کا ۔

Withered leaf : (a) بھورا مائل نارنجی رنگ ۔

Witheredly : (adv.) مرجھاکر؛ سوکھ کر؛ کمزوری کےساتھ ۔

Witheredness : (n) پژمردگی؛ مرجھاہٹ؛ لاغری؛ کمزوری؛ ناتوانی ۔

Withering : (a) (۱) تباہ کن؛ خاک میں ملانےوالا ۔ (۲)پژمردہ؛ جان کاہ؛ افسردہ کن ۔

Witheringly : (adv.) پژمردگی سے ۔

Witherite : (n) [f. name W. Withering.] خام بیریم کاربونیٹ ۔

Withemam : (n) [AL. 'withernamium'.] (۱) (تاریخ) (واگذاشت قرقی میں) عوضی قرقی ۔ (۲) قرض کے لئے قرقی کا ایک طریقہ جو بعض جگہ رائج تھا ۔

Withers : (n) (۱) گھوڑے کا مدو؛ شانه ۔(۲) احساس؛ جذبه ۔

My withers are unwrung : میں الزام سے بری هوں ۔

Withershins/Widdershins : (adv.) [MLG weddersin(ne)s'.] (اسکاچستان) سورج کی رفتار یا گھڑی کی رفتار کے مخالف رخ پر (جو منحوس سمجھا جاتا هے) ۔

Withertip : (n) (نباتیات) شاخوں یا پتیوں کے سرے کا مرجھا جانا؛ پژمردہ راس ۔

Withertop : (n) سن کی ایك بیماری ۔

Withhold : (v) (۱) روکنا؛ باز رکھنا؛ روکے رکھنا ۔ (۲) (دوسرے کی چیز) اپنے قبضے میں رکھے رہنا ۔

To withhold one's hand/-hold : کوئی کاروائی نه کرنا ۔

Withholder : (n) روکنے والا؛ باز رکھنے والا ۔

Withholding : (n) تنخواہ یا آمدنی سے انکم ٹیکس کاٹ لینا ۔

Within : (adv.) [Late OE. 'withinnan'.] (۱) اندر؛ گھر کےاندر؛ اندر سے؛ اندرونی طور پر ۔ (۲) داخلی طور پر؛ دماغ؛ روح یا دل میں ۔ (۳) حد کے اندر؛ دائرے کے اندر ۔

Within : (prep.) (۱) اندر؛ میں ۔ (۲) اندر ہی؛ قریب؛ زدمیں ۔ (۳) دل میں؛ روح میں ۔

Within oneself : خیال میں؛ ذہن میں ۔

Within oneself, itself etc : (۱) خود مختارانه ۔ (۲) خود سے اپنے آپ ۔ (۳) اپنی صلاحیت کے اندر ۔

Within : (a) اندرونی؛ داخلی ۔

Within : (n) (۱) دو پاؤں‌اندر ۔

Within board : (adv.) جہاز کے اندر ۔

Within call : (adv.) بہت قریب؛ نزدیك؛ جہاں تك آواز پہنچ سکے ۔

Within doors : (adv.) گھر کے اندر ۔

Within hearing : (adv.) جہاں سے سنا جاسکے ۔

Within reach : (adv.) جہاں تك ہاتھ پہنچ سکے؛ مقدور میں؛ پہنچ میں ۔

Within oneself : (a) آزاد بالذات ۔

Within sight : (adv.) حد نظر کے اندر؛ جہاں تك نظر پہنچ سکے ۔

Withinside/Withinsides : (adv.) (۱) اندر؛ اندر کی طرف ۔ (۲)دیکھو Indoors ۔

Withinside : (prep.) دیکھو Inside

Withness : (n) رفاقت؛ قرب؛ نزدیکی؛ ساتھ؛ ربط ۔

Without : (adv.) [Late OE. 'withutan'.] (۱) باہر ۔ (۲) باہر کی طرف ۔

Without : (prep.) (۱) باہر؛ خارج ۔ (۲) بغیر؛ بلا؛ بے ۔ (۳) بوجه یا بصورت عدم موجودگی ۔ (٤) (عام) چینی کے بغیر (شراب) ۔

Without : (conj) تاوقتیکه؛ جبتك که ۔

Without : (n) باہری مقام یا خطه؛ باہر کا رخ؛ ظاہر؛ خارجی ذریعه ۔

Those (that are) without : کسی حلقے وغیرہ کے باہر کا شخص؛ بیرونی ۔

Without book : (adv.) بغیر اختیار کے؛ زبانی؛ بغیر کتاب کے ۔

Without doors : (adv.) (۱) زیر آسمان؛ کھلی هَوا میں ۔ (۲) کسی حلقے یا جماعت سے باہر ۔

Without doors : (a) (۱) بیرونی؛ خارجی؛ باہر کا۔ (۲) زیر آسمان؛ کھلی هَوا میں ۔

Without doubt : (adv.) بلاشبه؛ یقیناً ۔

Without end : (a) غیر محدود؛ لامتناہی ۔

Without prejudice : (adv.) "موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچانے بغیر" (معامله کرتے وقت یه فقرہ کہتے ہیں جس سے مرادیه هے که اگر معامله طے نه هو تو جو کچھ کہا یا تحریر کیا جائے

وہ کسی فریق کے حال میں مضر نہیں ہو سکتا اور نہ وہ بطور شہادت پیش ہو سکتا ہے) ۔

Without success : (adv.) ناکامیابی کے ساتھ۔

Withouten : (prep.) دیکھو Without

Withstand : (v) [OE. 'wipstandan'.] (۱) مقابلہ کرنا؛ مزاحمت کرنا۔ (۲) مخالفت کرنا۔(۳) روکنا؛ باز رکھنا۔

Withstander : (n) مقابلہ کرنے والا؛ مزاحمت کرنے والا ۔

Withstandingness : (n) مقابلہ یا مزاحمت کرنے کی قوت یا میلان ۔

Withstay : (v) روکنا؛ باز رکھنا؛ مزاحم ہونا ۔

Withwind : (n) [OE. 'wipowinde'.] مختلف قسم کی بیلیں ۔

Withy : (n) [OE. 'wipig'.] (۱) بید ۔ (۲) بید کی لچکیلی شاخ ۔

Withy : (a) پھرتیلا؛ مستعد ۔

Withywind : (n) دیکھو Withwind

Witless : (a) (۱) غبی؛ بیوقوف ۔(۲) کمزور؛ بودا؛ مخبوط؛ سودائی ۔ (۳) غیر ذی فہم؛ ٹھس؛ غیر مدرک؛ کند ذہن ۔(٤) بے خبر؛ ناواقف ۔

Witlessly : (adv.) بیوقوفی سے؛ کند ذہنی سے ۔

Witlessness : (n) کند ذہنی؛ بیوقوفی ؛ گاؤدی پن ۔

Witling : (n) خام بذلہ سنج ۔

Witloof : (n) [Du.] چکوری؛ سفید برگ کاسنی ۔

Witness : (n) [OE. 'witnes'.] (۱)گواہی؛ شہادت ۔(۲)تصدیق ۔ (۳) گواہ ؛ شاہد ۔(٤) آنکھ سے دیکھنے والا ۔ (۵) (مجازاً) ضمیر کی آواز ۔ (٦) تصدیق بذریعہ دستخط یا حلف ۔(۷) کوئی چیز جو ثبوت یا شہادت کا کام دے؛ علامت شہادت ۔ (۸) (متنی تنقیدمیں) مسودہ ؛ ابتدائی نسخہ ۔ (۹) شہید (عیسائی) ۔

God is my witness that ...... : خدا گواہ ہے کہ .... ۔

Hostile witness : باغی گواہ ۔

In witness : بطور شہادت؛ تصدیق کے طور پر ۔

To bear (one) witness : تصدیق کرنا؛ شہادت دینا ۔

To bear witness : شہادت ہونا؛ شاہد ہونا؛ تصدیق کرنا؛ گواہ ہونا ؛ ثبوت ہونا ۔

To call to witness/To take- : تصدیق چاہنا ۔

Ultroneous witness : ایسا گواہ جس کا گواہوں کی فہرست میں نام نہ ہو ۔

Witness : (v) (۱) شہادت دینا؛ گواہی دینا؛ تصدیق کرنا؛ گواہ ہونا ۔(۲) ظاہر کرنا ؛ ثبوت ہونا؛ علامت ہونا ۔ (۳) دیکھنا ۔ (٤) دستخط کی تصدیق کرنا ۔(۵) شاہد ہونا ۔(٦) (مجازاً) (جگہ، وقت وغیرہ کا کسی واقعہ وغیرہ سے) لگاؤ رکھنا؛ محل یا مقام وقوع ہونا ۔

Witness : (a) (۱) گواہ کا؛ گواہ یا گواہی سے متعلق ۔ (۲) سیوانہ یا نشان کا کام دینے والا ۔

Witness action : (n) مقدمہ جس میں گواہ کی ضرورت ہو ۔

Witness-box : (n) گواہ کا کٹہرہ؛ عدالت میں گواہوں کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔

Witness corner : (n) کوئی کھمبا یا یادگار جو پیمائش (سروے) کرنے والے ناقابل رسائی جگہوں کے لئے حوالے کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Witness-stand : (n) عدالت میں وہ چبوترہ یا جگہ جس پر گواہ گواہی دیتے وقت کھڑا ہوتا ہے ۔

Witnessed : (a) تصدیق شدہ ۔

Witney : (n) [Witney, a town in Oxfordshire.] (۱) ایک قسم کا دبیز اُونی کپڑا جس سے کمبل بنتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا نرم اُونی کپڑا جس سے اوورکوٹ بنتا ہے ۔

Witted : (a) دانشمند ؛ عقلمند ؛ بذلہ سنج ۔

Wittedness : (n) عقلمندی ؛ دانشمندی ؛ بذلہ سنجی ۔

Witter : (n) [OE.] (کرلنگ کھیل میں) ٹی (نشان) جس پر گیند ماری جاتی ہے ۔

Witter : (n) [Origin unknown.] (اسکاچستان) دیکھو Barb

Wittering : (n) [ME.'wittering'.] (اسکاچستان) اطلاع؛ علامت؛ نشان۔

Wittichenite : (n) [G. 'wittichenit'.] بسمتھ اور تانبے کا خام سلفائیڈ۔

Witticism : (n) (۱) بذلہ سنجی ؛ لطیف فقرہ ۔(۲) مسخرے پن کا فقرہ ؛ ٹھٹھول ۔

Witticize : (v) (۱) لطیف فقرہ کہنا؛ لطیفہ کہنا۔(۲) ٹھٹھول کرنا ؛ فقرہ چست کرنا ۔

Wittily : (adv.) بذلہ سنجی سے ۔

Wittiness : (n) نکتہ سنجی ؛ بذلہ سنجی ؛ ظریف الطبع ہونا ؛ لطیف ظرافت ۔

Witting : (n) (۱) (قدیم) علم ؛ واقفیت ۔(۲) اطلاع ؛ خبر ؛ تنبیہ۔

Witting : (a) (۱) با علم ؛ با خبر ؛ خبر دار ؛ آگاہ ۔ (۲) شعوری۔

Witting : (adv.) دیدہ و دانستہ ؛ جان بوجھ کر کیا ہوا ۔

Wittingite : (n) [G. 'wittingit'.] ایک معدنی شے ۔

Wittingly : (adv.) دیدہ و دانستہ ؛ جان بوجھ کر کیا ہوا ۔

Wittite : (n) [SW.] ایک معدنی شے $(Pb_5 Bi_6 (S, Se)_{14})$ ۔

Wittol : (n) [Late ME. 'wetewold'.] (۱) زن مرید ؛ قرم ساق؛ دیوث ۔(۲) نیم مخبوط الحواس شخص۔

Wittol : (a) نیم مخبوط الحواس ؛ بیوقوف ۔

Wittolly : (a) نیم مخبوط الحواس ؛ بیوقوف ۔

Witty : (a) (۱) چالاک؛ ہنرمند ؛ لائق ۔(۲) بذلہ سنج ؛ نکتہ سنج ؛ ظریف الطبع ۔ (۳) ظریفانہ ؛ نکتہ سنجانہ۔

Witwall : (n) [mod. G. 'wiedewal'.] سبز ہدہد ۔

Wive : (v) [OE. '(ge) wifan'.] (۱) بیوی بنانا ؛ شادی کرنا ۔ (۲) (کسی کی) شادی کرنا ۔

Wivern : (n) (۱) دو پاؤں کے پردار اژدھے کی شکل جو ڈھال پر بناتے ہیں ؛ مار پردار ۔(۲) دیکھو Wyvern ۔

Wiving : (n) بیوی بنانا ؛ شادی ؛ شادی کرنا ۔

Wiwi : (n) [Maori.] نیوزی لینڈ کا سینٹھا جس سے چھپر وغیرہ بناتے ہیں۔

Wizard : (n) [ME. 'wysard'.] (۱) جادوگر؛ ساحر ۔(۲) ماہرفن؛ ماہر ؛ ہنرمند شخص ؛ استاد ۔(۳) طلسم گر ؛ سیانا۔

Wizard : (a) (۱) ساحرانہ ؛ جادوئی قوت رکھنے والا ۔ (۲) جادوگروں سے متعلق ؛ مسحور ۔

Wizardry : (n) (۱) جادوگری ؛ سحر ۔(۲) ساحرانہ قوت یا اثر۔

Wizen : (a) سوکھے ہوئے چہرے کا ۔

Wizen : (v) [OE.'wisnian'.] (۱) (شاخ، پودا وغیرہ) سوکھ جانا ؛ مرجھا جانا ۔(۲) سکھا دینا؛ مرجھا دینا ۔ (۳) (چہرے وغیرہ کا) جھریاں پڑ جانا؛ سوکھ جانا۔

Wizened : (a) (۱) (پودا ، پتی وغیرہ) سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ۔(۲) (انسان یا جانور) سوکھے ہوئے چہرے کا؛ چھوارا سا ۔

Wizzled : (a) سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ؛ چھوارا سا ۔

Wo : (n) [Var. of WHO.] (۱) باز کو آواز دینے کا لفظ ۔ (۲) بس ؛ ٹھہرجا (گھوڑے کو روکنے کے لئے کہتے ہیں)۔

Wo : (v) گھوڑے کو "بس ، ٹھہرجا" کہنا ؛ روکنا ۔

Woa : (n&v) [Var. of WHOA.] دیکھو Wo

Woad : (n) [OE. 'wad'.] (۱) ووڈ ؛ ایک درخت جس سے نیلا رنگ نکلتا ہے ۔(۲) نیلا رنگ جو ووڈ سے نکلتا ہے۔

Woad : (v) ووڈ کے رنگ میں رنگنا ۔

Wobbegong : (n) [Native name in New. South Wales.] ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Wobble/Wabble : (n) (۱) گردش ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لڑکھڑاہٹ ؛ پلٹنا ؛ رنگ بدلنا ؛ تلون کی حرکت ۔(۲) (جمع) (آسٹریلیا) مویشیوں کی ایک بیماری جو ایک درخت کا پتا کھانے سے ہو جاتی ہے ۔

Wobble/Wabble : (v) [LG.'wabbeln'.] (۱) ڈگمگاتے ہوئے چکر کھانا ؛ گردش کرنا ؛ گھومنا (لٹو وغیرہ کا) ۔ (۲) (گولی وغیرہ کا) تھرانا ؛ جھونکے کھانا ۔ (۳) ڈگمگانا؛ لڑکھڑانا ۔ (٤) (مجازاً) تلون سے کام لینا ؛ کبھی کچھ کرنا کبھی کچھ کرنا؛ باربار پلٹا کھانا ؛ بار بار رنگ بدلنا ؛ (نیت، ارادے وغیرہ کا) ڈانواں ڈول ہونا ۔ (٥) (آواز کا) کانپنا ؛ تھرتھرانا؛ لرزنا ۔ (٦) جھونکے کھلانا ؛ اِدھر اُدھر ہلانا ۔

Wobble-saw : (n) ترچھا مدور آرا ۔

Wobbler/Wabbler : (n) (۱) ڈگمگانے والا ؛ لڑکھڑانے والا ۔ (۲) متلون مزاج ؛ غیر مستقل مزاج ؛ ڈانواں ڈول ارادے کا آدمی ۔

Wobbley : (a) لڑکھڑانے والا ؛ ڈگمگانے والا ؛ متلون مزاج؛ غیر مستقل مزاج ۔

Wobbulator : (n) ریڈیو کی جانچ کرنے کا ایک آلہ ۔

Wodge/Wadge : (n) [Expressive alt. of wedge.] ڈھیر ؛ انبار ؛ ابھرا ہوا انبار؛ گانٹھ ۔

Wodgy : (a) ڈھیر جیسا ؛ انبار جیسا ۔

Woe : (int.) [OE.'wa'.] رنج وغم یا ماتم کرنےکاحرف فجائیہ ۔

Woe betide you : آپ کو مشکل یا مصیبت ہو جائے گی (اگر ......) ۔

Woe be to us : ہم لوگوں پر لعنت ہو ۔

Woe is him : اس پر لعنت ھے ۔

Woe worth : لعنت ہو ۔

Woe worth me/Woe is me : مجھ پر لعنت ہو ۔

Woe : (n) (۱) غم ؛ الم ؛ رنج ؛ مصیبت ۔ (۲) (جمع) آلام؛ مصائب ۔ (۳) لعنت کہنا ؛ پھٹکار ؛ لعنت ۔

Woe : (a) (اسکاچستان) رنجیدہ؛ ملول؛ غمگین؛ مغموم ۔

Woe-begone : (a) مغموم؛ غمگین ؛ اندوہ گیں ؛ نہایت ملول ۔

Woe-begone : (n) ملول شخص ؛ مغموم آدمی ۔

Woe-begoneness : (n) غمگینی؛ ملال ؛ اندوہناکی ؛ غمناکی ۔

Woeful/Woful : (a) (۱) مصیبت انگیز ؛ المناک ؛ غمناک ۔ (۲) مغموم؛بےحدملول؛ غمگین ۔ (۳) افسوسناک؛ تاسف انگیز ؛ قابل رحم ۔

Woefully : (adv.) غمگینی کے ساتھ؛ المناک طریقے سے ۔

Woesome/Waesome : (a) دیکھو Woeful

Woffler : (n) [ME.'woffle'.] مرمت کرنے والا؛ درست کرنے والا۔

Woft : دیکھو Weft

Wog : دیکھو Wag

Wog : (n) [Short for 'golliwog'.] (تحقیراً) مشرق وسطیٰ کے باشندے ۔

Wog : (n) [Short for 'polliwog'.] ایک مرض زا جرثومہ؛ ضرر رساں جرثومہ ۔

Woggle : (v) دیکھو Waggle

Wogul/Vogul : (n) [Russian 'vogul'.] اگرین (Ugrian) نسل کا ایک قبیلہ ۔

Wohler's law : (n) چیزوں کی مضبوطی کا قانون (کہ بار یا تناؤ کی تکرار سے مضبوطی کم ہوتی جاتی ھے)۔

Woilie : (n) [Native name in Western Australia.] کنگارو کی ایک قسم۔

Wok : (n) چینی کھانا پکانے کا ایک قسم کا برتن ۔

Woke : (Past.part.) دیکھو Wake

Wold : (n) [OE. 'wald'.] (۱) غیر مزروعہ زمین ؛ میدان ؛ بیہڑ ؛ دشت ۔ (۲) انگلستان کا پہاڑی علاقہ ۔

Wolf : (n) [OE. 'wulf'.] (۱) بھیڑیا ؛ گرگ ۔ (۲) ظالم اور لالچی آدمی ؛ بھیڑیا انسان کی شکل میں ۔ (۳) بے سُرا پن ؛ باجے کے بعض تاروں کی ہم آہنگی ۔ (٤) بھیڑیے کی تصویر ۔ (٥) (علم النجوم) گرگ فلک ؛ سَبُع ۔ (٦) بھیڑیے سے مشابہ دوسرے جانور؛ جنوبی افریقہ کا لگڑبگھا (چرخ) ؛ تسمانیہ کا ایک تھیلی دار جانور ؛ متعدد قسم کی پیٹو مچھلیوں کا نام ۔ (۷) بھوک ؛ قحط ؛ غربت ؛ افلاس ؛ بھکمری ۔ (۸) ندیدوں کی سی بھوک ؛

شدید بھوک ۔ (۹) ناسور : خصوصاً لیُوپس ۔
(۱۰) مختلف آلات کے نام کے ساتھ آتا ھے ۔
(۱۱) ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا جال ۔
(۱۲) (پارچہ سازی) روئی دھنکنے کی مشین ۔
(۱۳) عیار شخص ۔ (۱٤) ھوشیار تجربہ کار
تاجر ۔ (۱۵) چھیلا ؛ رسیا ۔ (۱٦) (عامیانہ) اغلام
باز: مائل بہ ہم جنس ؛ چپٹی باز ۔ (۱۷) بگاڑنے
یا تباہ کرنے والی چیز ۔ (۱۸) بعض بھونروں یا
پتنگوں کا پہل روپ ۔ (۱۹) دوسرے درجے کا
اسکاؤٹ جس کی عمر کم سے کم آٹھ سال ھو ۔
(۲۰) بات مکھی کا پہل روپ ۔ (۲۱) عیاش ؛
اوباش شخص۔

A wolf in lamb's skin/-sheep's clothing : ریا کار ؛
رنگا سیار ۔

To cry wolf : جھوٹ موٹ کے خطرے کا اعلان کرنا ۔

To keep the wolf from the door : فاقے سے بچنا؛
کسی نہ کسی طرح پیٹ بھرنا ۔

To see or have seen a wolf : گنگ ھو جانا؛ زبان بند
ھوجانا۔

To wake a sleeping wolf : مصیبت یا پریشانی
مول لینا ۔

Wolf : (v) (۱) مربھکے کی طرح کھانا؛ ہڑپ کر جانا؛ نگل
جانا ۔ (۲) خطرے کا غلط اعلان کر کے دھوکا
دینا ۔ (۳) بھیڑیے کا شکار کرنا ۔ (٤) عورتوں
کے پیچھے پھرنا؛ عشق ومحبت کرنا (اوپری
طور سے)۔

Wolf-berry : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی۔

Wolf-call : (n) عورت یا لڑکی کو دیکھ کرتعریف کرنے یا
پسند ظاہر کرنے کے لئےمردوں کا سیٹی یا
کوئی آواز نکالنا۔

Wolf-child : (n) وہ بچہ جس کی پرورش بھیڑیا یا کسی
دوسرے درندے نے کی ھو ۔

Wolf-cub : (n) بھیڑیے کا بچہ ۔

Wolf-dog : (n) (۱) بھیڑیے کا شکار کرنے والا کتا؛ السیشی
کتا: آئرستانی تازی کتا ۔ (۲) پالتو کتا اور
بھیڑیے سے پیدا ھونے والا کتا؛ گرسگ؛ سگ
گلہ: دوغلا کتا جس میں بھیڑیے کا میل ھو ۔

Wolf-eel : (n) ایک قسم کی خونخوار مچھلی؛ ایک قسم کی
بڑی اور پیٹو سمندری مچھلی جو الاسکا سے
جنوبی کیلیفورنیا کےساحل پرپائی جاتی ھے ۔

Wolf-fish : (n) ایک قسم کی بڑی اور بسیار خور مچھلی؛
بعض دوسری قسم کی مچھلیاں ۔

Wolf-hound : (n) بھیڑیے کے شکار میں استعمال کیا جانے
والا کتّا ۔

Irish wolf-hound : بھیڑیے کے شکار میں کام آنے
والا سفید کتا جس کا رواں بہت ملائم ھوتاھے ۔

Russian wolf-hound : سخت بالوں والا بڑا شکاری
کتا۔

Wolf-in-the-tail : (n) مویشیوں کی کمزوری۔

Wolf-moth : (n) ایک پتنگا جو اناج میں لگ جاتا ھے ۔

Wolf-note : (n) بے سُراپن ۔

Wolf-pack : (n) (۱) دو یا زیادہ آبدوزوں یا جہازوں کا منظم
حملہ ۔ (۲) وحشی اور بدتمیز چھوکروں کا مارا
مارا پھرنے والا گروہ ۔

Wolf-snake : (n) بعض قسم کے بے ضرر سانپ جن کے دانت
لمبے ھوتے ہیں ۔

Wolf-spider : (n) ایک قسم کی مکڑی جو اپنے شکار کو دوڑ
کر پکڑتی ھے ۔

Wolf-teeth : (n) (۱) گھوڑے کے اوپر کی ڈاڑھ ۔(۲) سور کے
بچے کا چھوٹا تیز دانت ۔ (۳) (گیتی پگ یا
خرگوش کا) نکلا ھوا اگلا دانت ۔

Wolf-tree : (n) جنگلی درخت جس کی قامت اور حالت چھوٹے
چھوتے درختوں کے بڑھنےمیں مانع ھو ۔

Wolf-whistle : (n) عورت کو دیکھ کربجائی جانےوالی سیٹی
(مرد کی، جو بطور تحسین بجاتے ہیں) ۔

Wolfachite : (n) [G. 'wolfachit'.] ایک سفید معدنی شے
(Ni (As Sb) S) جس میں نکل سلفائیڈ، آرسینائیڈ
اور اینٹی مونائیڈ ھوتے ہیں ۔

Wolfeite : (n) [f. Caleb Wroe Wolf an American Crystal loga-pher.] ایک معدنی شے $(Fe\ Mn)_2\ )Po_4)\ oH)$ جو اساسی
لوھے کی فاسفیٹ کی بنی ھوتی ھے ۔

Wolfer : (n) (۱) بھیڑیے کا شکار کرنے والا (خصوصاً کھال کےلئے) ۔ (۲) مربھکا؛ پیٹو ۔

Wolffia : (n) [f. the name Johann F. Wolf, a German botanist and physician.] آبی پودوں کی ایک جنس جو پھول دینے والے پودوں میں سب سے چھوٹے سمجھے جاتے ہیں ۔

Wolffian body : (n) [f. name of K.F. Wolff a German embryologist.] میان گردہ؛ ریڑھ دار جانداروں کے بچے کا گردہ ۔

Wolffian duct : (n) میان گردہ قنات؛ قنات ولفی ۔

Wolfian : (a) [f. the name of Christian Wolf, a German Philosopher.] ولف کے فلسفے سےمتعلق ۔

Wolfian : (n) ولف کے فلسفے کا مقلد ۔

Wolfian : (a) [f. the name F.A. Wolf, a German Philosopher.] ایف ۔ اے ۔ ولف یا ھومر کی نظموں کے متعلق؛ اس کے نظریے سے متعلق ۔

Wolfian : (n) ھومر کی نظموں کے متعلق ایف ۔ اے ۔ ولف کا نظریہ ماننے والا ۔

Wolfish : (a) (۱) بھیڑیا یا بھیڑیوں سے متعلق ۔ (۲) گرگ سیرت؛ بھیڑیے جیسا ۔ (۳) بھیڑیےسے مشابہ ۔ (٤) ظالم اور لالچی؛ حریص؛ بے حد بھوکا؛ کال مارا؛ بھوک سے بیتاب ۔

Wolfishly : (adv.) ندیدوں کی طرح؛ حریصانہ طور پر؛ بھیڑیے کی طرح؛ گرگ سیرتی سے ۔

Wolfishness : (n) حرص؛ ندیدہ پن؛ ظالم اور لالچی ھونا؛ گرگ سیرتی ۔

Wolflike : (a) بھیڑیےجیسا؛ بھیڑیے سےمشابہ؛ گرگ صفت ۔

Wolfling : (n) چھوٹا بھیڑیا؛ بھیڑیے کا بچہ ۔

Wolfram : (n) [f. G. Wolfram, an old miner.] (۱) ایک قسم کی دھات (لوہا اور مینگنیز کے خام ٹنگسٹن کا مرکب ۔ (۲) ٹنگسٹن (دھات) ۔

Wolfram lamp : (n) بجلی کا لیمپ جس میں ٹنگسٹن کا موصل لگا ھوتا ھے ۔

Wolfram-steel : (n) دیکھو Wolfram-lamp

Wolfs-bane : (n) اقونیا (اکونائیٹ)؛ ایک زہریلا پودا؛ میٹھا تیلیا ۔

Wolf's claw : (n) نبات کبریت؛ ایک قسم کا پودا ۔

Wolf's-head/Wolf-head : (n) (۱) بھیڑیے کا سر ، بھیڑیے کے سر کی تصویر ۔ (۲) (قدیم انگلش قانون) اشتہاری مجرم کو پکڑنے کی آواز؛ اشتہاری مجرم ۔

Wolf's-milk : (n) (۱) ایک قسم کا درخت جس میں سے دودھ کی شکل کا کڑوا عرق نکلتا ھے ۔ (۲) بھیڑیے کا دودھ ۔

Wolf's moss : (n) زرد کائی ۔

Wolfskin : (n) (۱) بھیڑیے کی کھال ۔ (۲) بھیڑیے کی کھال کا فرش یا لبادہ ۔

Wolfy : (a) بھیڑیے سے مشابہ؛ گرگ نما ۔

Wollaston doublet : (n) [f. name Sir W.H. Wollaston.] ایک قسم کا کلاں نما شیشہ جو دومستوی محدب شیشوں سے بنایا جاتا ھے ۔

Wollaston wire : (n) پلاٹینم کا بہت باریک تار جو دوربین میں لگایا جاتا ھے ۔

Wollastonite : (n) [f. prec.] کیلسیم کا خام میٹا سلیکیٹ (Metasilicate) ۔

Wollomai : (n) [Native name.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Wolve : (v) [f. inflexional stem of WOLF.] (۱) بھیڑیے کی طرح حرکت کرنا۔ (۲) (آرگن کا) بےآہنگ آواز نکالنا ۔

Wolveboon : (n) [Afr.] جنوبی افریقہ کا ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی۔

Wolverene/Wolverine : (n) [f. Wolf.] (۱) گلشن؛ ولورین؛ امریکا کا ایک گوشت خوار دودھ پلانے والا جانور جو نیولے کا سا مگر اس سے بڑا ھوتا ھے ۔ (۲) ولورین کا سمور ۔ (۳) میشیگن (Michigan) کے رہنے والوں کا عرفی نام ۔

Woman : (n) [OE. wifmon(n.] (۱) عورت؛ استری ؛ زن ۔ (۲) صنف نسواں ؛ عورت ذات ؛ عورت ۔ (۳) ملکہ وغیرہ کی خواص ۔ (٤) عورتوں کی سی طبیعت رکھنے والا مرد ۔ (۵) نسوانی جذبات ۔ (٦) نسوانیت؛ زنانہ پن ۔ (۷) بیوی؛ زوجہ ۔ (۸) داشتہ؛ آشنا ۔ (۹) سکے کا دوسرا

Woman of the world : (n) (۱) پختہ کار عورت ۔ (۲) فیشن پرست عورت ۔

Woman servant : (n) نوکرانی؛ دائی ۔

Woman-suffrage : (n) عورتوں کا حق رائے دہندگی یا رائے دہی ۔

Woman-suffragist : (n) عورتوں کے حق رائے دہندگی کی حمایت کرنے والا ۔

Woman with a past : (n) عورت جس کی پچھلی زندگی بدنام ہو؛ بدنام زمانہ عورت ۔

Womandom : (n) مستورات؛ عورتیں ۔

Womanfully : (adv.) زندہ دل عورت کی طرح؛ نسوانی ہمت و استقلال سے ۔

Womanhood : (n) (۱) نسوانیت؛ بلوغ (عورتوں کا)؛ نسوانی طبیعت ۔ (۲) صنف نسواں؛ عورتیں ۔

Womanish : (a) (۱) (مرد کو حقارت کے طور پر) زنانہ ۔ (۲) (مرد کے خیالات وغیرہ کو حقارت کے طور پر) عورتوں کا سا ۔

Womanishly : (adv.) زنانہ پن سے؛ عورتوں کی طرح ۔

Womanishness : (n) زنانہ پن؛ نسائیت ۔

Womanism : (n) عورتوں کے حقوق اور کامرانی کی حمایت یا ولولہ۔

Womanity : (n) (شاذ) نسوانیت ۔

Womanize : (v) (۱) (مردوں کو) عورت بنانا؛ نسائیت پیدا کرنا؛ زنانہ بنا دینا ۔ (۲) عیاشی کرنا؛ رنڈی بازی کرنا ۔

Womanizer : (n) عیاش، رنڈی باز ۔

Womankind : (n) (۱) فرقہ نسواں ؛ عورت ۔ (۲) گھر کی عورتیں ؛ مستورات ۔

Womanless : (n) بے عورتوں کا ۔

Womanlike : (a) (۱) عورتوں جیسا؛ عورتوں سے مشابہ؛ عورتوں کے شایان ۔ (۲) (تحقیراً) زنانہ؛ زنانہ صفت ۔ (۳) (مرد) زن نما؛ زنخا ۔ (٤) (عورت) نسوانی ۔

رخ ۔ (۱۰) (جمع) مباشرت؛ ہم بستری؛ مجامعت ۔

Country woman : گاؤں والی ۔

Little woman : بچی؛ بچیوں کو خطاب کرنے کا ایک طریقہ ۔

New woman : آزاد خیال عورت ۔

To make an honest woman of : عورت سے ناجائز تعلق پیدا کرنے کے بعد اس سےشادی کرلینا ۔

To play the woman : رونا یا خوف کا اظہار کرنا ۔

Woman : (v) (۱) عورتوں کو بحال کرنا ۔ (۲) (تحقیراً) عورت کہہ کر پکارنا ۔ (۳) عورتوں کا سا بنا دینا، رلانا وغیرہ ۔

Woman : (a) (۱) عورت کا؛ زنانہ ۔ (۲) نسوانی؛ عورتوں کے شایان؛ عورتوں کا ۔

Woman-boat : (n) کشتی جسے صرف عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

Woman-chaser : (n) عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ؛ دل پھینک ۔

Woman-child : (n) بچی ۔

Woman-folk : (n) (۱) مستورات؛ گھر کی عورتیں ؛ صنف نسواں؛ عورتیں ۔ (۲) عورت ۔

Woman-grown : (n) جوان (عورت)؛ بالغ ۔

Woman-hater : (n) زن بیزار؛ عورت سے نفرت رکھنے والا ۔

Woman-house : (n) (اسکاچستان) دیکھو Laundry

Woman-movement : (n) عورتوں کی آزادی یا ان کے حقوق کے تحفظ کی تحریک ۔

Woman of letters : (n) قابل عورت؛ پڑھی لکھی عورت ۔

Woman of the house : (n) بیگم؛ خانم؛ بیوی ۔

Woman of the street(s) : (n) رنڈی؛ قحبہ؛ بازاری عورت ۔

Woman of the town : (n) قحبہ؛ رنڈی ۔

Womanlike : (adv.) عورت کی طرح -

Womanliness : (n) نسوانیت -

Womanly : (a) عورتوں کے صفات رکھنے والی؛ عورتوں کے شایان؛ عورتوں کے لئے موزوں؛ عورتوں کا -

Womanpower : (n) عورتوں کی تعداد (فوجی خدمت وغیرہ کے لئے)-

Woman's boat/Women's-boat : (n) کشتی جسےصرف عورتیں استعمال کرسکتی ہیں -

Woman's courses : (n) حیض؛ طمث -

Woman's house : (n) زنان خانہ -

Woman's man : (n) عورتوں کی صحبت پسندکرنےوالا مرد؛ زن پسند -

Woman's rights/Women's rights : (n) حقوق نسواں؛ عورتوں کے حقوق -

Woman's righter/Women's righter : (n) حقوق نسواں کی حمایت کرنے والا -

Womb : (n) [OE. 'wamb, womb'.] (۱) رحم؛ بچہ دانی؛ ناف - (۲) غار؛ جوف - (۳) (مجازاً) پیدائش یا نشوو نما کی جگہ؛ منبع؛ ماخذ - (٤) زمانۂ حمل -

Falling of the womb : رحم کا ہٹ جانا یا ٹل جانا؛ سقوط رحم -

Fruit of the womb : اولاد؛ بچے -

In the womb of time : مستقبل کے پردے میں -

Womb : (v) رحم کی طرح ملفوف کرنا -

Wombat : (n) [Native Australian name.] (۱) آسٹریلیا کا ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو چھوٹے ریچھ کے برابر ہوتا ھے - (۲) اس جانور کا سمور -

Wombed : (a) (کسی خاص قسم کی) ناف، پیٹ یا رحم والی؛ رحم والی -

Womble : دیکھو Wamble

Womenfolk : (n) (۱) عورتیں؛ صنف نسواں - (۲) مستورات؛ گھرکی عورتیں -

Womenkind : (n) دیکھو Womankind

Women's room : (n) زنانہ بیت الخلا -

Women's wear/Womens wear : (n) (۱) زنانہ لباس - (۲) ایک کپڑا جس سے زنانہ لباس تیار ہوتا ھے -

Wommera/Womera/Womerah : (n) [Native name] نیزہ یا تیر پھینکنےکی کل جوآسٹریلوی دیسی استعمال کرتے ہیں -

Womp : (n) [Imit.] ٹیلیویژن کے پردے پر اچانک روشنی کا تیز ہو جانا -

Won/Wone : (v) [OE. 'wunian'.] رہنا؛ سکونت اختیار کرنا؛ بودوباش اختیار کرنا -

To be wont : عادی ہونا؛ خوگر ہونا -

Won : Win کا Past participle -

Wonder : (n) [OE. 'wundor'.] (۱) عجوبہ چیز؛ عجیب واقعہ؛ مافوق الفطرت واقعہ : کرامات : معجزہ - (۲) کامل نمونہ : حیرت انگیز نمونہ - (۳) حیرت : تعجب : اچنبھا : تحیر - (٤)دیکھو Cruller -

For a wonder : حیرت انگیز استثنا کے طور پر؛ حیرت انگیز طریقے سے -

In the name of wonder : سوالیہ جملوں پر زوردینے کیلئے کہا جاتا ھے -

It is no wonder : کوئی حیرت کی بات نہیں ھے -

Nine days wonder : عارضی دلچسپی کا واقعہ؛ جس کا چند روز چرچا ہو -

No wonder that, if, though/Small wonders/What wonder if - : کوئی حیرت انگیز بات نہیں -

The seven wonders of the world : عجائبات ہفتگانہ ؛ دنیا کی سات بڑی عجیب چیزیں -

The wonder is.... : تعجب یہ ھے کہ .... -

To a wonder : (قدیم) حیرت انگیز طو رپر -

To do or work wonders : (۱) معجزہ دکھانا؛ کرامات دکھانا؛ معجزہ کرنا ۔

To work, do, or perform wonders : حیرت انگیز کارنامہ کرنا؛ کمال کر دینا؛ حیرت انگیز کامیابی حاصل کرنا ۔

World's wonders : گل عباسی؛ لالہء عباسی ۔

Wonder : (a) (۱) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ ؛ قابل تعریف ۔ (۲) عجوبہ چیزوں سے متعلق ۔ (۳) طلسماتی ۔

Wonder : (v) [OE. 'wundrian'.] (۱) تعجب کرنا؛ متعجب ہونا؛ حیرت ہونا ۔ (۲) معلوم کرنے کا اشتیاق کرنا؛ کرید میں یا سوچ میں ہونا ۔ (۳) مشتاق ہونا؛ جاننے کی خواہش کرنا ۔ (٤) حیرت کا کام کرنا ۔

I shouldn't wonder : مجھے تعجب نہیں ہے ۔

I wonder : فجائیہ جملہ جو شک، حیرت ناکی وغیرہ کے اظہار کیلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Wonder berry : (n) (۱) عنب الثعلب سیاہ کا پھل جو کھایا جاتا ہے ۔ (۲) عنب الثعلب سیاہ ۔

Wonder boom : (n) ایک قسم کا انجیر ۔

Wonder boy : (n) بہت مشہور اور کامیاب لڑکا ۔

Wonder child : (n) غیر معمولی اوصاف کا حامل بچہ؛ خصوصاً وہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ہو ۔

Wonder drug : (n) حیرت انگیز دوا ۔

Wonder-struck/-stricken : (a) حیرت زدہ ؛ نقش حیرت ؛ حیران؛ مبہوت؛ ہکا بکا ۔

Wonder-work : (n) (۱) معجزہ ۔ (۲) نہایت عمدہ کام یا ساخت ۔ (۳) قابل تعریف کام یا کاریگری ۔

Wonder-worker : (n) معجزہ کرنے والا؛ معجزہ نما ۔

Wonder-working : (a) معجزہ دکھانے والا؛ معجزہ کرنےوالا ۔

Wonderer : (n) تعجب کرنے والا؛ حیرت کرنے والا ۔

Wonderful : (a) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ؛ قابل تعریف ۔

The wonderful : عجوبہ چیز؛ حیرت انگیز چیز ۔

Wonderful : (adv.) حیرت انگیز طریقے سے؛ نہایت خوبی سے ۔

Wonderfully : (adv.) دیکھو Wonderful

Wonderfulness : (n) عجوبہ پن؛ حیرت انگیز ہونا ۔

Wondering : (n) حیرت کرنا؛ تعجب کرنا ۔

Wondering : (a) تعجب کرنے والا؛ حیرت کرنے والا ۔

Wonderingly : (adv.) تعجب کے ساتھ ؛ حیرت کے ساتھ ۔

Wonderland : (n) (۱) پرستان؛ پریوں کا ملک ۔ (۲) عجیب وغریب ملک جو غیرمعمولی طور پر زرخیز وغیرہ ہو ۔

Wonderless : (a) جس میں حیرت نہ ہو؛ غیرحیرت انگیز ۔

Wonderment : (n) (۱) تحیر؛ تعجب ۔ (۲) تعجب کا اظہار ۔ (۳) حیرت انگیزچیز؛ عجوبہ چیز ۔ (٤) حیرت انگیز نمونہ ؛ عمدہ نمونہ ۔ (٥) حیرت انگیز صفت؛ قابلِ تعریف صفت ۔

Wondermonger : (n) حیرت انگیز یا غیرمعمولی چیزیں تلاش کرنے والا یا حیرت انگیز واقعات بیان کرنے والا ۔

Wondersome : (a) دیکھو Wonderful

Wonderworld : (n) دیکھو Wonderland

Wondrous : (a) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ ۔

Wondrous : (adv.) حیرت انگیز طور پر؛ نہایت عمدہ ۔

Wondrously : (adv.) حیرت انگیز طور پر ۔

Wondrousness : (n) حیرت انگیزی ۔

Wone : (v) دیکھو Win

Wonga-wonga : (n) [Native name.] ایک قسم کا آسٹریلیائی کبوتر ۔

Wongshy : (n) [Chinese 'huang-chih'.] (۱) ایک قسم کا ایشیائی درخت۔ (۲) زردرنگ جواس درخت کے ٹوٹے سے نکالا جاتا ھے۔

Woning/Wonning : (n) [OE. 'wunnung'.] دیکھو Dwelling

Wonky : (a) [Fanciful.] (۱) (عام) لڑکھڑاتا؛ ہلتا ڈولتا؛ ڈگمگاتا۔ (۲) بیمار۔ (۳) ناقابل اعتبار؛ غلط۔

Won't : (v) روزمرّہ میں Will not کا مخفف۔

Won't : (n) انکار؛ نا منظوری۔

Wont : (n) [Of doubtful origin.] عادت؛ معمول؛ رواج؛ رسم۔

Use and wont : دستور؛ رواج۔

Wont : (v) (۱) عادی ھونا؛ خوگر ھونا۔ (۲) عادی بنانا؛ عادی کرنا؛ خوگر کرنا یا بنانا۔

Wont : (a) عادی؛ خوکردہ؛ خوگر۔

Wonted : (a) (۱) مطابق عادت؛ مطابق معمول؛ حسبِ معمول۔ (۲) (شاذ) مقررہ؛ جو ہمیشہ ھوتاھے۔

Woo : (v) [Late OE. 'wogian'.] (۱) شادی کا پیغام دینا۔ (۲) اظہار عشق کرنا؛ تعشق کرنا۔ (۳) طلب گار ھونا؛ طالب ھونا۔ (٤) عشق بازی کرنا؛ رجھانا؛ موہ لینا۔ (۵) منت کرنا؛ خوشامد سے یا سمجھا بجھا کر راضی کرنا۔

Woo : (n) محبت، عشق۔

Wood : (n) [OE. 'wudu'.] (۱) جنگل؛ بَن۔ (۲) لکڑی؛ چوب؛ جلانے یا عمارت کی لکڑی۔ (۳) شراب کا پیپا۔ (٤) لکڑی کے ھوا باجے مثلاً بانسری وغیرہ۔ (۵) (Bowls کے کھیل میں) گیند (لکڑی کا)۔ (٦) جنگل؛ جنگلی علاقہ۔ (۷) (باغ) سرشاخ؛ پتوں کی چھتری۔ (۸) جوہر انسانی۔ (۹) نیزے وغیرہ کا ڈنڈا؛ چوبی دستہ۔ (۱۰) گولف کا ڈنڈا جس کا سرا چوبی ھوتا ھے۔ (۱۱) گولف کا ہاتھ جو چوبی سرے والے ڈنڈے سے لگایا جاتا ھے۔ (۱۲) چوبی رنگ؛ بادامی بھورا رنگ۔ (۱۳) خاص قسم کے درخت کی لکڑی۔ (۱٤) (عام) واعظ یا خطیب کا پیشہ۔

Cannot see word for trees : جزئیات پر توجہ کرنے سے مجموعی شے نظر سے چھپ جاتی ھے؛ پتیاں گنتےہیں اوردرخت دکھائی نہیں دیتا۔

Man of the woods : دیکھو Orang-outang

Out of the wood(s) : مشکلوں یا دقتوں سے نجات پایا ھوا۔

Wood : (a) (۱) لکڑی کا؛ چوبی۔ (۲) جنگل میں کام کرنےکے لئے موزوں۔ (۳) جنگلی؛ جنگل میں رہنے یا اگنے والا۔

Wood : (v) (۱) جنگل لگانا۔ (۲) لکڑی کا ایندھن لگانا؛ لکڑی لادنا۔ (۳) ایندھن کےلئے لکڑیاں جمع کرنا۔

Wood-agate : (n) عقیق چوبی؛ وہ عقیق جس میں لکڑی کے سے ریشے ھوتے ہیں۔

Wood-alcohol : (n) چوبی الکحل۔

Wood-anemone : (n) جنگلی لالہ یا شقائق نعمان۔

Wood-ant : (n) (۱) جنگلی چیونٹا۔ (۲) دیمک جو لکڑی میں سوراخ کردیتی ھے۔

Wood-apple : (n) (۱) کھڑ بیل۔ (۲) کھڑ بیل کا گوند۔

Wood-ash/-ashes : (n) لکڑی کی راکھ۔

Wood baboon : (n) مغربی افریقہ کا میمون۔

Wood bass : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Wood-bill : (n) لکڑی کاٹنے کا ایک قدیم ہتھیار۔

Wood-bin : (n) ایندھن کی لکڑی رکھنے کا ظرف۔

Wood block : (n) (۱) لکڑی کا کندا؛ چوبی چربہ؛ لکڑی کا ٹھپا۔ (۲) دیکھو Woodcut۔ (۳) انگلیوں سے بجایا جانے والا ایک آلۂ موسیقی۔

Wood-block : (a) چوبی چربے سے بنایا ھوا یا چھاپا ھوا۔

Wood-borer : (n) (۱) لکڑی کا گُھن۔ (۲) (بعض قسم کا) دو صمامہ صدف۔ (۳) بعض قسم کے قشریے۔

Wood-boring : (n) لکڑی میں سوراخ کرنے والا۔

Wood-box : (n) دیکھو Wood-bin

Wood-brick : (n) چوبی اینٹ۔

Wood-brown : (n) بادامی بھورا رنگ۔

Wood-bud : (n) اکھوا جس سے نئی شاخ پھوٹے ۔

Wood-caner : (n) لکڑی پر نقش کھودنے والا؛ چوبی کندہ کار ۔

Wood-carving : (n) چوبی کندہ کاری ۔

Wood-charcoal : (n) لکڑی کا کوئلہ ۔

Wood-coal : (n) (۱) لکڑی کا کوئلہ ۔ (۲) بھورے رنگ کا کوئلہ جس میں لکڑی کی ساخت موجود ہو ۔

Wood crab : (n) ایک قسم کا جل تھلیا کیکڑا ۔

Wood-cutter : (n) (۱) لکڑہارا؛ لکڑی کاٹنے والا ۔ (۲) چوب کار؛ لکڑی پر تصویر کھودنے والا ۔

Wood-cutting : (n) لکڑی کاٹنا؛ چوب کاری ۔

Wood-cutting : (a) (۱) نقش چوبی سے متعلق ۔ (۲) لکڑی کاٹنے کا؛ لکڑی کاٹنے کےلئے بنا ہوا ۔

Wood-dove : (n) قمری ۔

Wood-drake : (n) جنگلی بطخ (نر) ۔

Wood-duck : (n) ایک قسم کی جنگلی بطخ ۔

Wood-engraver : (n) (۱) چوب کار؛ لکڑی پر نقش کھودنے والا ۔ (۲) ایک کیڑا جو لکڑی میں سوراخ کرتا ھے ۔

Wood-engraving : (n) (۱) چوب کاری؛ لکڑی پر نقش کھودنے کا عمل ۔ (۲) چوب کاری کی تصویر ۔

Wood-fiber : (n) چوبی ریشہ ۔

Wood-filler : (n) سلیکا اور تیل یا وارنش کا مرکب جس سے لکڑی کے مسام کو بھرتے ہیں ۔

Wood flour : (n) لکڑی کا مہین برادہ ۔

Wood-fretter : (n) لکڑی کا گھن ۔

Wood-frog : (n) شمالی امریکا کا مینڈک جو جنگلوں میں پایا جاتا ھے ۔

Wood-gas : (n) گیس جو لکڑی سے نکالا جاتا ھے ۔

Wood grouse : (n) جنگلی گراؤس ۔

Wood-gum : (n) چوبی گوند ۔

Wood-hen : (n) نیوزی لینڈ اور دوسرے ممالک میں پائے جانے والا ایک بحری پرند ۔

Wood-house : (n) وہ گھر، کمرا یا سائبان جس میں لکڑی رکھی جاتی ھے ۔

Wood ibis : (n) شمالی امریکا کا ایک قسم کا لقلق (پرند) ۔

Wood-knife : (n) شکاری چاقو (جس سے شکاری شکار کو کاٹنے کے لئے یا بطور ہتھیار استعمال کرتے ہیں) ۔

Wood-lark : (n) جنگلی لَوا ۔

Wood-lily : (n) سوسن بری؛ سُمن ۔

Wood-louse : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا سخت پشت قشریہ؛ خرخاکی ۔ (۲) مختلف قسم کے بے پَر اور بہت سی ٹانگوں والے کیڑے ۔

Wood-meal : (n) دیکھو Wood-flour

Wood-monger : (n) لکڑیاں بیچنے والا؛ چوب فروش ۔

Wood-moth : (n) لکڑی کا کیڑا ۔

Wood-nymph : (n) (۱) بن پری؛ بن دیوی ۔ (۲) پرندوں اور تتلیوں کی قسمیں ۔ (۳) پروانوں کی ایک جنس ۔

Wood of Jerusalem : (n) ایک قسم کی ناشپاتی ۔

Wood of life : (n) دیکھو Guaiacum

Wood-oil : (n) تیل یا روغنی مادہ جو بعض درختوں سے حاصل کیا جاتا ھے ۔

Wood-opal : (n) شفاف لکڑی ؛ جس میں سلیکا کے اجزاء ھوتے ہیں ۔

Wood-owl : (n) الو جو درختوں پر رہتا ھے؛ جنگلی الو ۔

Wood-paper : (n) لکڑی کے مادے کا بنا ھوا کاغذ ۔

Wood parenchyma : (n) چوب اسفنجیہ ۔

Wood-pecker : (n) کٹھ پھوڑ؛ ہدہد ۔

Wood-pewee : (n) مشرقی شمالی امریکا کا ایک مگس گیر پرندہ ۔

Wood-pigeon : (n) قمری ۔

Wood-pulp : (n) چوبی ماوا؛ لکڑی کا ماوا جس سے کاغذ بنتا ھے ۔

Wood-pussy : (n) دیکھو Skunk

Wood-ranger : (n) جنگل کا محافظ ۔

Wood-reeve : (n) جنگل کا نگراں (اوورسیز) ۔

Wood-rush : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Wood-sage : (n) ایک قسم کا پھولدار پودا (Germander) ۔

Wood-screw : (n) نوکیلا پیچ جو لکڑی میں لگایا جاتا ھے۔

Wood-sear/-seer/-sere : (n) (۱) کیڑوں کا لعاب جس میں وہ انڈے لپیٹ دیتے ہیں؛ وہ کیڑے جو اپنے انڈوں کو لعاب میں لپیٹ دیتے ہیں ۔ (۲) وہ موسم جس میں لکڑی کاٹ دیتے سے درخت یا جھاڑی مرجھا یا سوکھ جاتی ھے ۔

Wood-sear/-seer/-sere : (a) بھربھری اسفنجی زمین ۔

Wood-snail : (n) یورپی گھونگا جسے کھایا جاتا ھے ۔

Wood-spell : (n) (ایندھن کیلئے) لکڑیوں کو جمع کرنے یا انبار لگانے کی باری۔

Wood-spirit : (n) لکڑی کی اسپرٹ یا الکحل؛ روح چوب؛ میتھینال ۔

Wood star : (n) جنوبی امریکا کا شکرخورا ۔

Wood-stork : (n) دیکھو Wood-ibis

Wood-sugar : (n) (۱) (کیمیا) گلوکوز کی قسم کی ایک بلوری چینی $(C_5 H_{10} O_5)$ ۔ (۲) شکرچوب؛ زائیلوس ۔

Wood-tar : (n) سیاہ رنگ کا رقیق مادہ جو لکڑی سے نکالا جاتا ھے؛ لکڑی کا تارکول؛ چوبی تارکول ۔

Wood-turner : (n) لکڑی کے کندوں یا بلاکوں کوخراد پر مختلف شکل دینے والا ۔

Wood-turning : (n) خراد پر لکڑی کے کندوں کو مختلف شکل دینے کا فن ۔

Wood-vinegar : (n) چوبی سرکہ؛ لکڑی سے نکالا ھوا ترشہ ۔

Wood want : (n) پہیے کی گول پٹی کے کنارے کا پتلاپن یا ڈھلان۔

Wood-warbler : (n) چڑیوں کی اقسام ۔

Wood-ware : (n) لکڑی کے برتن ؛ دیکھو Wooden-ware ۔

Wood wasp : (n) جنگلی بھڑ جو درختوں میں چھتا بناتی ہیں ۔

Wood-wind : (n) لکڑی کا ھَوا باجا ۔

Wood-wool : (n) صنوبر کا برادہ جو زخموں میں یا پارسلوں میں بھرتے ہیں ۔

Wood wren : (n) دیکھو Wood-warbler

Wood-wright : (n) لکڑی پر کام کرنے کی مشین؛ لکڑی کا کام کرنے والا ۔

Wood-yard : (n) باڑا جس میں لکڑی کاٹی، چیری اور رکھی جاتی ھے (ایندھن کے لئے) ۔

Woodbine/Woodbind : (n) [OE. 'wudubind'.] (۱) ایک جنگلی بیل ۔ (۲) زہرالعسل؛ شبدر ۔

Woodbine : (n) ایک قسم کا سستا سگریٹ ۔

Woodbined : (a) جہاں ورجینیا بیل کثرت سے ھوں ۔

Woodbound : (a) (۱) لکڑی سے بندھا ھوا ۔ (۲) جس میں درخت یا جھاڑیاں زراعت میں مانع ھوں ۔ (۳) جنگلات سے گھرا ھوا ۔

Woodburing : (n) لکڑی یا چمڑے پر گرم اوزاروں کے ذریعے نقش ونگار بنانے کا طریقہ ۔

Woodbury : (n) [The name of Walter Bentley Woodbury.] والٹر بنٹلی وڈبری جس نے فوٹوگرافی کا وہ طریقہ ایجاد کیا جس کی مدد سے وڈبری چھاپ کے ذریعےتصویر وغیرہ چھاپی جاتی ھے ۔

Woodburytype : (n) (۱) وڈبری چھاپ؛ تصویر کے چھاپنے کا ایک طریقہ جس میں فوٹو کو جلاٹین سے نرم

دھات پر منتقل کرتے ہیں ۔ (۲) وڈبری چھاپ کی تصویر ۔

Woodchat : (n) جلاد پرند کی ایک نوع ۔

Woodchopper : (n) لکڑیاں کاٹنے والا ۔

Woodchuck : (n) دیکھو Chuck

Woodcock : (n) (۱) یورپ کی ایک موسمی چڑیا؛ چہے کی قسم کا پرند ۔ (۲) بیوقوف ؛ سادہ لوح ۔ (۳) دیکھو Woodcock-shell۔ (٤) سیب کی ایک قسم ۔ (٥) دیکھو Scotch wood cock ۔ انڈے، چھوٹی ہیرنگ مچھلی : Scotch woodcock وغیرہ سے تیار کیا ھوا ایک کھانا ۔

Woodcock clay : (n) کنکر ملی ھوئی گیلی مٹی ۔

Woodcock-shell : (n) صدف ماہی ۔

Woodcock-snipe : (n) ایک قسم کا چہا ۔

Woodcock soil : (n) کنکر ملی ھوئی گیلی مٹی ۔

Woodcraft : (n) (۱) جنگل بدّیا؛ جنگل کے حالات کا علم ۔ (۲) لکڑی کے کام میں مہارت؛ لکڑی کے سامان بنانےکا علم ۔

Woodcut : (n) (۱) نقش چوبی؛ تصویر جو لکڑی پر کندہ ھو ۔ (۲) لکڑی کے ٹھپے کی تصویر؛ چوب کاری کی تصویر ۔

Wooded : (a) جنگلوں سے بھرا ھوا ۔

Wooden : (a) (۱) لکڑی کا بنا ھوا؛ چوبی ۔ (۲) بھدا؛ بےلوچ ۔ (۳) لکڑی سے متعلق؛ لکڑی کی طرح سخت ۔ (٤) (مجازاً) (سوکھی لکڑی کی طرح) سخت اور کم قیمت ۔ (٥) کندذہن ؛ کودن ؛ ٹھس ۔ (٦) مردہ دل؛ بے حس وحرکت؛ بے جان اور سخت ۔

Wooden-brick : (n) چوبی اینٹ ۔

Wooden-head : (n) بے مغز؛ ٹھس؛ کٹھل؛ بیوقوف ۔

Wooden-headed : (a) بے وقوف؛ احمق ۔

Wooden-headedness : (n) بے وقوفی؛ حماقت ۔

Wooden horse : (n) (۱) (شاذ) جہاز ۔ (۲) ایک آلہ جس سے فوجیوں کو سزا دی جاتی تھی ۔ (۳) لکڑی کا گھوڑا جس سے ٹرائے کی جنگ میں کام لیا گیا تھا ۔ (٤) ورزش کرنے کی ایک ترکیب جس پر جست کیا جاتا ھے ۔

Wooden leg : (n) مصنوعی چوبی ٹانگ ۔

Wooden nickle : (n) (۱) لکڑی کی بنی کوئی چیز جو بطور نشانی دی جائے ۔ (۲) بالکل ناقص چیز جو بطور تحفہ دی جائے یا جس سے کسی آدمی کو ٹھگا جائے ۔

Wooden pear : (n) آسٹریلیا کاایک درخت جس میں ناشپاتی جیسے پھل آتے ہیں ۔

Wooden shoe (n) لکڑی کا جوتا جو اٹھارھویں‌صدی عیسوی میں فرانسیسی کاشتکار پہنتے تھے ۔

Wooden spoon : (n) چوبی چمچہ جو کیمبرج کے امتحان ریاضی (ترائی پاس) میں سب سے آخری امیدوار کو دیا جاتا تھا؛ اس امتحان میں آخری پوزیشن یا آخری امیدوار ۔

Wooden tongue : (n) گھوڑے اور مویشیوں کی ایک بیماری جس میں زبان لمبی اور سخت ھو جاتی ھے ۔

Wooden walls : (n) جنگی جہاز ۔

Wooden ware : (n) چوبی ظروف؛ لکڑی کے برتن ۔

Wooden wedding : (n) شادی کے پانچویں سالگرہ (جس میں لکڑی کے بنے تحائف دیئے جاتے ہیں) ۔

Woodenly : (adv.) غیر دلچسپ انداز سے؛ بھونڈے طورسے ۔

Woodenness : (n) سختی؛ افسردگی؛ بھداپن ۔

Woodeny : (a) دیکھو Wooden

Wooder : (n) لکڑہارا؛ وہ شخص جو (ایندھن کےلئے) لکڑی کاٹتا ھے ۔

Woodgeld : (n) لکڑی کاٹنے یا جمع کرنے کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا تھا یا اسی سے استثنیٰ ۔

Woodhorse : (n) ایک قسم کا کیڑا ۔

Woodhouse : (n) (تاریخ) جنگلی؛ وحشی؛ بن مانس ۔

Woodiness : (n) (۱) درختوں کی کثرت ۔ (۲) چوبی ھونا ۔

Wooding : (n) جنگل : کُنج ۔

Woodish : (a) کسی قدر جنگل سے بھرا ۔

Woodkern : (n) آئرستانی ڈاکو یا قانون کی حمایت سے محروم شخص جو جنگلوں میں رہتا ھے ۔

Woodland : (n) [OE. 'wuduland'.] (۱) جنگل؛ جنگلی علاقہ ۔ (۲) ایک قسم کا زیتونی سبز رنگ (جسے Woodlandgreen کہتے ہیں) ۔

Woodland : (a) جنگلی؛ جنگلی علاقےکا؛ صحرائی؛ جس میں جنگل ھو ۔

Woodlander : (n) جنگلی؛ جنگلی علاقے کا باشندہ ۔

Woodless : (a) بے درخت؛ چٹیل؛ بے جنگل کا ۔

Woodlot : (n) جنگل اُگانے کے لئے محدود علاقہ ۔

Woodman : (n) (۱) لکڑہارا ۔ (۲) جنگل کا داروغہ ۔ (۳) چوب کار ۔ (٤) (قدیم) شکاری ۔

Woodnote : (n) (۱) نغمہء طیور ۔ (۲) فطری شاعری ۔

Woodoo : (n) [Turk. 'wazu'.] وضو ۔

Woodpile : (n) ایندھن کی لکڑیوں کا انبار ۔

Woodprint : (n) دیکھو Woodcut

Woodrack car : (n) لکڑی ڈھونے کی گاڑی ۔

Woodruff : (n) [OE. 'wudurofe'.] برطانیہ اور یورپ میں پائی جانے والی ایک بوٹی اور بعض دوسری قسم کے پودے ۔

Woods colt : (n) (۱) گھوڑا جو اتفاقیہ جفتی سے پیدا ھو ۔ (۲) حرامی؛ دوغلا ۔

Woodshed : (n) لکڑیاں رکھنے کا سائبان ۔

Woodshed : (v) ساز پر مشق کرنا ۔

Woodshock : (n) شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا گوشت خور جانور جو اپنے سمور کے لئے مشہور ھے؛ اس جانور کا سمور ۔

Woodshop : (n) دکان جس میں لکڑی کا کام کیا جاتا ھے ۔

Woodside : (n) جنگل سے ملحق علاقہ ۔

By or under the or a woodside : جنگل کے قریب ۔

Woodsman : (n) (۱) صحرائی؛ جنگل کا رہنے والا ۔ (۲) جنگل میں پھرنے والا ۔

Woodsmoke : (n) لکڑی کا دھواں ۔

Woodsorrel : (n) حُمّاض؛ ترشک؛ ترش عرق والے پودوں کی قسمیں ۔

Woodspite : (n) سبز ہدہد ۔

Woodstone : (n) متحجر لکڑی : چوب متحجر ۔

Woodsy : (a) جنگلی: صحرائی؛ جنگل سے متعلق ۔

Woodwall : (n) [ME. 'wodewale'.] سبز ہدہد ۔

Woodward : (n) جنگل کا محافظ ۔

Woodward : (adv.) جنگل کی طرف ۔

Woodwaxen : (n) یوریشیا میں پائی جانے والی ایک جھاڑی جس میں زرد پھول آتے ہیں ۔

Woodwork/Wood-work : (n) : (۱) لکڑی کا کام (عمارت میں) چوب کاری : چوبی حصہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) لکڑی کی بنی ھوئی چیزیں ۔ (۳) نجاری : بڑھئی کا کام ۔

Woodworker : (n) لکڑی کا کام کرنے والا؛ لکڑی پر کام کرنے کی مشین ۔

Woodworking : (a) چوب کاری سے متعلق ۔

Woodwose/Woodhouse : (n) [Late OE. 'wudewasa'.] (تاریخ) جنگلی؛ وحشی؛ بن مانس ۔ (۲) وحشی کی تصویر ۔

Woodworm : (n) گھن کا پہل روپ ۔

Woody : (a) (۱) بن سے بھرا؛ جنگل سے بھرا؛ درختوں سے بھرا ھوا؛ جہاں درخت یاجنگل کثرت سے ھوں ۔ (۲) چوبی؛ لکڑی کا ۔ (۳) جنگلی؛ جو جنگل میں پایا جائے ۔ (٤) جنگل کا ؛ جنگل سے متعلق : جنگل سے مشابہ ۔ (٥) چوبی؛ جس میں لکڑی ھو (درخت یا پودا) ۔ (٦) لکڑی سے مشابہ ؛ چوب نما ۔ (۷) بھدی آواز والا ۔

Woody : (n) لچیلی شاخ جس سے گٹھے وغیرہ باندھتے ہیں ۔

Wooer : (n) (۱) شادی کا پیغام دینے والا ۔ (۲) عاشق ۔

Woof : (n) [OE. 'owef'.] (۱) بانا؛ تار ۔ (۲) بانے کا دھاگا ۔ (۳) بنا ہوا کپڑا ۔ (٤) کپڑے کی بناوٹ ۔

Woof : (n) [Imit.] کتے کی آواز؛ دبی ہوئی بھونک ۔

Woof : (v) (کتے کا) دبی آواز سے بھونکنا ۔

Woofed : (a) (۱) بنا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) پیچیدہ؛ مشکل؛ دشوار ۔

Woofer : (n) ایک قسم کا بڑا آواز رساں (آلہ) ۔

Wooing : (n) شادی کا پیغام : تعشق؛ معاشقہ ۔

Wooing : (a) (۱) شادی کا پیغام دینے والا ۔ (۲) موہ لینے والا : لبھانے والا ۔

Wooingly : (adv.) (۱) عاشقانہ انداز سے؛ تعشق کے انداز سے ۔ (۲) منت وسماجت سے ۔

Wool : (n) [OE. 'wull'.] (۱) اون ؛ پشم ۔ (۲) اون کا دھاگا ۔ (۳) اونی کپڑے ۔ (٤) رواں ۔ (٥) حبشی کے گھونگر والے بال ۔ (٦) (مزاحاً) کسی شخص کے بال ۔ (۷) اون کی قسم کی چیز ۔ (۸) کوئی چیز جو حقیقت کو چھپا دے یا سمجھنے میں مانع ہو ۔ (۹) اونی کپڑے کی نرم روئیں دار سطح ۔

Against the wool : الٹا؛ غلط ۔

All wool and a yard wide : اعلیٰ؛ اصلی اور کھرا ۔

Cotton wool : کچی روئی ۔

Dyed in the wool : (۱) کاتنے سے پہلے رنگا ہوا (اون) ۔ (۲) (مجازاً) پکا؛ پرلے سرے کا ۔

Great (or much) cry and little wool : ٹائیں ٹائیں فش ۔

In one's wool : مستقل ناگوار؛ پریشان کن؛ تکلیف دہ ۔

In the wool : (آسٹریلیا) (بھیڑ) جو اون تراشنے کے لائق ہو ۔

Out of the wool : (بھیڑ) جس کا اون کتر لیا گیا ہو ۔

Spanish wool/Oriental- : رنگا ہوا اون جو بطور غازہ استعمال کیا جاتا تھا ۔

To draw, pull, the wool over (a person's) eyes : دھوکا دینا؛ جُل دینا؛ فریب دینا؛ دم دینا ۔

To dye in the wool : (۱) اون کو کاتنے سے پہلے رنگ دینا ۔ (۲) (مجازاً) کسی رنگ میں رنگ دینا ۔

To go for wool and come home shorn : الٹی آنتیں گلے پڑنا ۔

To lose one's wool : (عام) غصہ آجانا ۔

To reach the wool-sack : لارڈ چانسلر بن جانا ۔

Wool : (v) (۱) (عام) (کھیل یا غصے میں) کسی کا بال پکڑ کر کھینچنا یا الجھا دینا ۔ (۲) گتھم گتھا ہونا؛ مارنا ۔

Wool-ball اون کا گولا ۔

Wool-bearer : (n) وہ جانور جس سے اون حاصل ہو خصوصاً بھیڑ ۔

Wool-blind : (a) (بھیڑ) جس کی آنکھوں کے پاس بال ہوں جس کی وجہ سے اسے دیکھنے میں دقت ہو ۔

Wool-card : (n) اون صاف کرنے کی مشین ۔

Wool-classer : (n) اون کی درجہ بندی کرنے والا ۔

Wool-clip : (n) اون کی سالانہ پیداوار ۔

Wool-comb : (n) اون صاف کرنے کی کنگھی یا مشین ۔

Wool-comber : (n) اون صاف کرنے والا ۔

Wool-dyed : (a) کاتنے سے پہلے رنگا ہوا ۔

Wool extract : (n) اون جو ایسی چیزوں سے نکالا گیا ہو جس میں اون اور سوت یا مصنوعی ریشم ہوں ۔

Wool-fat : (n) روغن پشم ۔

Wool-fall : (n) بھیڑ کی کچی کھال ۔

Wool-gather : (v) (۱) جھاڑی وغیرہ میں پھنسا ھوا اون جمع کرنا۔ (۲) کھو جانا؛ محویت کے عالم میں ھونا۔

Wool-gatherer : (n) اون جمع کرنے والا؛ محویت کے عالم میں رہنے والا۔

Wool-gathering : (n) (۱) جھاڑیوں وغیرہ میں پھنسا اون جمع کرنا۔ (۲) محویت؛ کھو جانا۔ (۳) تصورات بے لگام۔

Wool-gathering : (a) کھویا ھوا؛ محویت کے عالم میں۔

Wool-grader : (n) اون کی درجہ بندی کرنے والا۔

Wool-grading : (n) اون کی صفت کے لحاظ سے درجہ بندی۔

Wool-grease : (n) چربی کی طرح کا مادہ جو اون سے نکلتا ھے۔

Wool-grower : (n) اون کے لئے بھیڑیں پالنے والا۔

Wool hat : (n) (۱) چوڑے چھجے کا ہیٹ جس میں اون کا نمدہ رہتا ھے۔ (۲) جنوبی امریکا کے چھوٹے کاشتکار (جنھیں Wool-hatter بھی کہا جاتا ھے)۔

Wool-needle : (n) اون کا کام کرنے والی کند سوئی۔

Wool oil : (n) تیل جو کاتنے سے پہلے اون میں لگایا جاتا ھے۔

Wool-pack : (n) (۱) اون کا گٹھر۔ (۲) اون کے گٹھر سے مشابہ کوئی چیز۔ (۳) اون نما بادل۔

Wool-packer : (n) اون کے گٹھر بنانے والا آدمی یا مشین۔

Wool scour : (n) اون صاف کرنے کی جگہ۔

Wool-shed : (n) (آسٹریلیا) وہ بڑی عمارت جس میں اون کاٹا جاتا ھے اور گٹھر بنایا جاتا ھے۔

Wool-skin : (n) بھیڑ کی کچی کھال۔

Wool-sorter : (n) وہ شخص جو اون کو درجے کے لحاظ سے الگ الگ کرتا ھے۔

Wool-sorter's disease : (n) راج پھوڑا؛ بھیڑ تپ کی پھنسی۔

Wool-staple : (n) اون کی آڑھت۔

Wool-stapler : (n) اون کا آڑھتی۔

Wool-top : (n) لمبے اون کے ریشے کی مسلسل لڑ۔

Wool-twine : (n) اون باندھنے کی ڈوری۔

Wool-wax : (n) دیکھو Wool grease

Wool-wheel : (n) اون کاتنے کی مشین۔

Wool-winder : (n) (برآمد کرنے کےلئے) اون کے گٹھر بنانے والا۔

Wool-work : (n) (۱) اون کی کشیدہ کاری۔ (۲) اون کا بنا ھوا کپڑا۔

Wool-worker : (n) اون کی کشیدہ کاری کرنے والا۔

Woold : (n) [Late ME. 'wole'.] (۱) (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کے لئے رسا لپیٹنا۔

Woold : (a) باندھنے والا؛ لپیٹنے والا۔

Woold : (v) (۱) (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کےلئے رسی یا زنجیر لپیٹنا (ٹوٹ جانے کی حالت میں)۔ (۲) لپیٹنا؛ باندھنا۔

Woolder : (n) (رسا بنانے میں) چھڑی جو لپیٹنے میں بیرم کا کام دیتی ھے۔

Woolding : (n) (۱) رسی سے کسی چیز کو کس کر باندھنا؛ (بحری) مستول وغیرہ کے گرد مضبوطی کےلئے رسا یا زنجیر لپیٹنا۔ (۲) وہ چیز جو لپیٹی جائے؛ رسا یا زنجیر جو مستول وغیرہ کے گرد لپیٹی جائے۔

Wooled : (a) (۱) (خاص قسم کے) اون والا یا اون کا۔ (۲) جس کا اون کترا نہ گیا ھو۔

Wooler : (n) وہ جانور جس کو اون کےلئے پالا جائے۔

Woolert : (n) [ME. 'owlard'.] دیکھو Barn owl

Woollen/Woolen : (a) [Late OE. 'wullen'.] (۱) اونی؛ اون کا بُنا ھوا۔ (۲) اون کا؛ اونی مصنوعات کی فروخت سے متعلق۔

Woollen/Woolen : (n) (۱) اونی کپڑا۔ (۲) اونی پوشاک؛ گرم کپڑے۔ (۳) اون کا دھاگا۔

To be buried in woollen : اونی کفن پوش ھونا ۔

Woollen-draper : (n) پشمینہ فروش ۔

Woollenette : (n) پتلا اونی کپڑا ۔

Woollenize : (v) نباتی ریشوں کو کیمیاوی عمل سے اونی شکل دینا ۔

Woollike : (a) اون جیسا؛ اون کی طرح کا ۔

Woolliness : (n) (۱) پشم دار ھونا ۔ (۲) اون کا سا ھونا ۔ (۳) دھندلا پن؛ پھیکا پن؛ الجھا ھوا ھونا ۔

Woolly/Wooly : (a) (۱) پشم دار؛ اون دار ۔ (۲) اون کا سا ۔ (۳) (مصوری) دُھندلی؛ کُند؛ پھیکی (سطح تصویر یا طرزِ مصوری) ۔ (٤)(مجازاً) الجھا ھوا؛ پریشان؛ دھندلا (دماغ) ۔ (٥) (نباتیات) روئیں دار ۔ (٦) اون جیسے بالوں والا (خصوصاً حبشی) ۔ (٧) نرم اور چپکنے والا؛ ناگوار چیز (خصوصاً کھانے کی) ۔

Woolly/Wooly/Woolie : (n) (۱) اونی کپڑا؛ خصوصاً سویٹر۔ (۲) بنا ھوا اونی زیر جامہ ۔ (۳) (آسٹریلیا) بھیڑ ۔

Woolly/Wooly : (n) دیکھو Williwaw

Woolly bear : (n) پشمی لاروا؛ ایک قسم کی بالدار تیتری ۔

Woolly-butt : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی یوکلپٹس کا درخت ۔

Woolly-head : (n) (۱) وہ شخص جس کے سر پر اون جیسے الجھے ھوئے بال ھوں ؛ خصوصاً حبشی ۔ (۲) (امریکا) انسدادِ غلامی کا حامی ۔

Woolly-headed : (a) (۱) جس کے سر کےبال اون جیسے ھوں ۔ (۲) (نباتیات) روئیں دار ۔ (۳) کودن؛ کوڑھ مغز؛ غبی ۔

Woolly voice : (n) بھرائی ھوئی آواز ۔

Woolman : (n) اون فروش ۔

Woolsack : (n) (۱) اون کابڑا گٹھر۔ (۲) (مزاحاً) فربہ آدمی ۔ (۳) اون کی گدی جس پر ہاؤس آف لارڈ میں لارڈ چانسلر بیٹھتا ھے ۔

The woolsack : لارڈ چانسلر کا عہدہ ۔

Woolsaw : (n) [Mosquito 'wulasha'.] (مرکزی امریکا کے افریقی نژاد لوگوں کے درمیان) بھوت؛ پریت ۔

Woolsey : (a) (شاذ) پشم دار؛ اونی ۔

Woolwich : (n) (۱) بحری اور بری فوج کا لاج خانہ جو شہر وولچ میں ھے ۔ (۲) کینٹ میں ایک قصبے کا نام ۔

Woolwich-infant : (n) انیسویں صدی کی بھت بھاری قسم کی توپ ۔

Woomera : (n) [Native name.] (۱) آسٹریلیا کے دیسیوں کی گھما کر پھینکنے کی لکڑی ۔ (۲) دیکھو Woomerang ۔

Woomerang : (n) [Native name.] گھما کر پھینکنے کا ڈنڈا ۔

Woon : (n) [Burmese 'wun'] برما کا ایک اعلیٰ عہدہ ۔

Woorali/Wourali : (n) [See Curare.] شمالی امریکا کی ایک بیل ۔

Wootz : (n) [Alter. of 'wook'.] ووٹس؛ خاص قسم کا ہندوستانی فولاد جو یورپ اور امریکا میں بھیجا جاتا ھے جس سے دھاردار اوزار تیار ھوتے ہیں ۔

Woozily : (adv.) مخمور ھوکر؛ نشے میں ؛ دھندلے طورپر ۔

Wooziness : (n) مخمور ھونا؛ دھندلا پن ۔

Woozy : (a) [Origin unkn.] (۱) مخمور؛ نشے میں دھت ۔ (۲) سر کا چکر ؛ متلی اور کمزوری میں مبتلا ۔ (۳) بدمستانہ فریب نظر سے مشابہ ۔ (٤) دھندلا؛ الجھا ھوا؛ پریشان ۔

Wop : دیکھو Whop

Wop : (n) [Origin unkn.] وسطی یا جنوبی یورپ کا باشندہ جو امریکا میں بود و باش اختیار کرلے؛ خصوصاً اطالوی۔

Wopse : دیکھو Wasp

Wopse : (v) [Origin unkn.] (بولی) بے ترتیبی سے انبار لگانا؛ لپیٹنا یا الجھا دینا ۔

Wopse : (n) انبار ؛ ردی حالت ۔

Wopsy : (a) بے قاعدہ؛ بے ترتیب ۔

Worcester : (a) [Name of a county-town in Worcestershire.] ورسسٹر شائر کا یا وہاں سے متعلق ۔

Worcester : (n) ورسسٹر میں بننے والی چینی مٹی ۔

Worcester China : (n) دیکھو Worcester

Worcester porcelain : (n) دیکھو Worcester

Worcester sauce : (n) ایک قسم کی چٹنی جو ورسسٹر شائر میں بنتی ھے ۔

Worcestershire : (n) [Proper name.] انگلستان کےایک ضلعےکا نام ۔

Worcestershire sauce : (n) دیکھو Worcester-sauce

Word : (n) [OE.] (۱) لفظ؛ کلمہ ۔ (۲) تقریر ۔ (۳) (عموماً جمع) تول؛ بات؛ مقدار؛ گفتگو ۔ (٤) پیام؛ اطلاع ؛ خبر ۔ (٥) وعدہ ؛ قول ۔ (٦) حکم؛ زبان؛ کمان؛ بائبل یا اس کا کچھ حصہ جس میں فرمانِ الٰہی ہو ۔ (۷) لفظ شناخت ۔ (۸) اصول عمل؛ ماٹو ۔ (۹) نغمے کا متن (موسیقی کے مقابلے میں) ایکٹر کے پارٹ کا متن ۔ (۱۰) (جمع) جھگڑا ؛ تکرار ؛ جھڑپ ۔ (۱۱) دعوی؛ اعلان ؛ بھروسا ۔ (۱۲) گزارش ۔ (۱۳) (کمپیوٹر میں) اعداد و شمار یا ہدایت دینے کی بنیادی اکائی ۔

A man of his word : صادق القول؛ وعدے کا سچا؛ قول کا پکا ۔

A word : مختصر گفتگو یا بیان ۔

A word and a blow : پہلے لات پیچھے بات (تندمزاج آدمیوں کا طرز عمل) ۔

A word in season : برمحل یا بروقت انگیخت یا مداخلت ۔

A word out of season : بے محل یا بے وقت انگیخت یا مداخلت ۔

A word to the wise : عقلمند کو اشارہ کافی ھے ۔

At a or one word : فوراً؛ بغیر تاخیر کے؛ فی الفور ۔

Beyond words : ناقابلِ بیان ۔

Big words : شیخی؛ ڈھونس ۔

Burning words : پُرجوش یا جوش دلانے والے الفاظ ۔

By word of mouth : زبانی ۔

Fair words : چکنی چپڑی بات ۔

God's words : کتابِ الٰہی؛ کلامِ الٰہی ۔

Good word : تعریف یاتحسین کےکلمے؛ خوشامدانہ الفاظ ۔

Half word : مختصر بات یا گفتگو ۔

Hard words break no bones/Fine words butter no parsnips/Words are but wind : صرف باتوں سے کیا ھوتا ھے ۔

In a word : خلاصہ یہ کہ؛ مختصر یہ کہ ۔

In so many words : (۱) انہیں الفاظ میں ۔ (۲) صاف لفظوں میں ۔

In these, other etc words : ایسے الفاظ میں ۔

Last word : (۱) فیصلہ کن الفاظ (گفتگو یا جھگڑے میں)؛ قولِ فیصل ۔ (۲) آخری لفظ (موت سے پہلے) ۔

Of few words : کم گو؛ کم سخن ۔

Of many words : بسیار گو؛طول گو؛طوالت پسند ۔

Of one's word : قابلِ بھروسہ؛ جو اپناوعدہ نبھائے ۔

On or upon one's words : (۱) واللّٰہ؛ اپنی عزت کی قسم ۔ (۲) وعدے پر ۔

Take my word for it : مجھ پریقین کرو؛ تمہیں یقین دلاتا ھوں ۔

The Seven Last words : حضرت عیسیٰ کی سات آخری باتیں ۔

The Word/The Eternal Word : کلامِ الٰہی؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی؛ مظہرِحق یعنی حضرت مسیح ۔

The word : (۱) تیر بہ ہدف لفظ ۔ (۲) درپیش معاملہ ۔

To take (up) the word : کسی کے بعد یا عوض میں کچھ کہنا ۔

Wild and whirling words : بے سوچے سمجھے الفاظ ۔

Words of one syllable : صاف واضح الفاظ میں ۔

Word : (v) (۱) لفظوں میں بیان کرنا؛ لفظوں میں ادا کرنا۔ (۲) (کسی مطلب کےلئے) الفاظ کا انتخاب کرنا؛ الفاظ لانا ۔

Word accent : (n) لفظ کی بجاؤں پر تاکید دینے کا طریقہ ۔

Word association : (n) (نفسیات) لفظی تلازم ۔

Word-blind : (a) الفاظ کور: جو الفاظ پڑھ لے مگر (کسی دماغی بیماری کی وجہ سے) ان کا مفہوم نہ سمجھے؛ معنی کا اندھا ۔

Word-blindness : (n) دیکھو Text blindness

Word-book : (n) (۱) فرہنگ ۔ (۲) گانے کی کتاب ۔

Word bound : (a) کم سخن: جو الفاظ کی کمی کی وجہ سے بول نہ سکے ۔

Word-building : (n) الفاظ سازی۔

Word-catcher : (n) (۱) حرف گیر؛ خردہ گیر ۔ (۲) فرہنگ نویس؛ لغت ساز ۔

Word-catching : (n) حرف گیری۔

Word-centre : (n) (تشریح) دماغ کا وہ حصہ جو الفاظ کے ادراک اور استعمال کا نظم وضبط کرتا ھے ۔

Word-deaf : (a) جو الفاظ سن لے مگر کسی دماغی بیماری کی وجہ سے ان کا مفہوم نہ سمجھے؛ معنی کا بہرا ۔

Word-deafness : (n) الفاظ کوری۔

Word for word : (adv. & a) لفظ بہ لفظ؛ بجا؛ درست؛ ٹھیک ۔

Word-formation : (n) تشکیل الفاظ ۔

Word-game : (n) ایک کھیل جس میں کھلاڑی الفاظ بناتے، سوچتے یا قیاس کرتے ہیں ۔

Word-hoard : (n) الفاظ کا ذخیرہ ۔

To be as good as one's word : وعدہ نبھانا؛ وعدہ پورا کرنا؛ جو کہنا وہ پورا کرنا ۔

To break one's word : وعدہ توڑ دینا؛ وعدہ خلافی کرنا ۔

To eat one's words : دب کر معافی مانگنا یا اپنے الفاظ واپس لینا ۔

To give (a person) a good word : تعریف کرنا؛ تحسین کرنا ۔

To give one's word/To pledge-: وعدہ کرنا؛قول دینا۔

To give the word : سنتری کی للکار کے جواب میں شناختی الفاظ کہنا ۔

To give words to : الفاظ کا جامہ پہنانا؛ الفاظ میں بیان کرنا ۔

To have a word with : مختصر باتیں کرنا؛ دو دو باتیں کرنا ۔

To have words with : جھگڑا کرنا؛ تکرار کرنا؛ جھگڑنا؛ توتو میں میں کرنا ۔

To keep one's word : وعدہ پورا کرنا ۔

To make words : (نفی میں) کسی چیز کے متعلق مزید کچھ نہ کہنا ۔

To put into words : الفاظ کا جامہ پہنانا؛ لفظوں میں بیان کرنا ۔

To say a good word for /To speak-: سفارش کرنا؛ حمایت کرنا؛ کلمۂ خیر کہنا ۔

To say the word : حکم دینا ۔

To suit the action to the word : اپنے قول پر عمل کرنا۔

To take a person at his word : کسی کے کہنے کو صحیح فرض کرلینا ۔

To take (a person's) word : کسی کے کہنے کو صحیح فرض کرلینا؛ کسی کی باتوں پر یقین کرلینا ۔

Word-lore : (n) (۱) الفاظ اور ان کی تاریخ کا مطالعہ ۔ (۲) (لسانیات کا) وہ شعبہ جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ہے؛ صوتیات ۔

Word-magic : (n) الفاظ کا جادو ؛ لفظی جادو (جس میں صرف الفاظ کو کہنے سے اس شخص یا چیز پر جادو کا اثر ہوتا ہے جس کی طرف وہ الفاظ منسوب ہوتے ہیں) ۔

Word-man : (n) وہ شخص جس کو الفاظ پر پورا عبور حاصل ہو ۔

Word-monger : (n) (۱) (تحقیراً) الفاظ فروش؛ وہ شخص جو غیر مانوس اور مغلق یا خالی خولی الفاظ استعمال کرتا ہے ۔ (۲) پیشہ ور مصنف ۔

Word-mongering : (n) خالی خولی یا خوش آئند الفاظ کا استعمال ۔

Word-mongery : (n) دیکھو Word-mongering

Word of command : (n) کمان جوسپاہیوں کو دی جاتی ہے ۔

Word of God : (n) مظہر حق یعنی حضرت مسیح؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی ۔

Word of honour : (n) وعدہ جوعزت کی قسم کھاکرکیا جائے۔

Word of mouth : (n) زبانی گفتگو ۔

Word-of-mouth : (a) زبانی ۔

Word-order : (n) الفاظ کی ترتیب ۔

Word-paint : (v) الفاظ کی مصوری کرنا؛ واضح طور پر بیان کرنا ۔

Word-painter : (n) الفاظ کا مصور؛ وہ انشا پرداز جو بات کواس طرح وضاحت سے بیان کرے کہ تصویر کھینچ دے ۔

Word-painting : (n) الفاظ کی مصوری۔

Word-perfect : (a) جسے کوئی عبارت یا اپنا پارٹ زبانی یاد ہو ۔

Word-picture : (n) لفظی تصویر؛ الفاظ مین کھینچی ہوئی تصویر؛ سماں ۔

Word- play : (n) (۱) ضلع جگت؛ ایہام ۔ (۲) نوک جھونک ۔

Word-salad : (n) بے جوڑ الفاظ کو گڈ مڈ کردینا (ذہنی پراگندگی کی وجہ سے) ۔

Word-sign : (n) علامتِ الفاظ ۔

Word-singer : (n) پیشہ ور مصنف؛ قلم کا مزدور ؛ مزدور اہلِ قلم ۔

Word-spinning : (n) مرصع انداز بیان ۔

Word-square : (n) الفاظ کا سیٹ جن میں حروف کی تعداد یکساں ہوتی ہے اور انہیں اس ترتیب سے رکھاجاتا ہے کہ افقی یا عمودی دونوں طرح سے پڑھنے پر ایک ہی لفظ بنے ۔

Word-splitter : (n) لفظوں میں موشگافی کرنے والا؛ بال کی کھال نکالنے والا ۔

Word-splitting : (n) لفظوں میں موشگافی کرنا ۔

Word-stock : (n) ذخیرۂ الفاظ ۔

Word-stress : (n) لفظ کے بجاؤں پر تاکید دینے کا طریقہ ۔

Word-value : (n) الفاظ کا اثر (جس سے بالکل صحیح معنی ادا ہو جائے اور جو کسی جملہ وغیرہ میں صحیح مقام کے لئے موزوں ہو) ۔

Wordage : (n) (۱) الفاظ ۔ (۲) الفاظ کی تعداد ۔ (۳) الفاظ کا انتخاب یا استعمال ۔

Worded : (a) لفظوں میں لکھا ہوا ۔

Wordie : (n) (اسکاچستان) لفظ ۔

Wordily : (adv.) لفاظی کے ساتھ ؛ طولِ کلامی کے ساتھ ۔

Wordiness : (n) طول کلامی؛ لفاظی؛ طوالت ۔

Wording : (n) (۱) طرز بیان ۔ (۲) الفاظ؛ الفاظ کی ترتیب یا بندش ۔

Wordless : (a) (۱) بے الفاظ کا ۔ (۲) بے زبان ؛ نطق سے محروم ۔ (۳) خاموش؛ چپ؛ ساکت؛ سکوت زدہ ۔

Wordlessly : (adv.) خاموشی کے ساتھ ؛ چپ چاپ ۔

Wordlessness : (n) بے الفاظ کا ہونا؛ بے زبانی ؛ خاموشی ؛ سکوت زدگی ۔

Wordsmith : (n) ادیب؛ الفاظ گر۔

Wordster : (n) لفاظ۔

Wordsworthian : (a) [f. William Wordsworth,the English poet.] ورڈس ورتھ کا یا اس سے متعلق؛ ورڈس ورتھ کے انداز یا طرز کا۔

Wordsworthian : (n) ورڈس ورتھ کا مداح یا نقل کرنے والا؛ ورڈس ورتھ کی تصانیف کا طالبعلم۔

Wordy : (a) [Late OE. 'wordig'.] (۱) لفاظ ؛ طول گو؛ طول نویس ۔ (۲) لفاظی کا؛ بے حد طویل؛ جس میں طوالت یا الفاظ کی بھرمار ہو ۔ (۳) لفظی؛ الفاظ کا ۔

Wordy : (a) (۱) لائق؛ قابل ؛ عمدہ؛ قابل قدر : معقول ؛ قیمتی ۔ (۲) (اسکاچستان) دیکھو Worthy۔

Work : (n) [OE. 'weorc, werc, worc, wurc'.] (۱) کام؛ کار ۔ (۲) (طبیعیات) کام (صرف قوت سالمات میں تغیر پیدا کرنے میں) ۔ (۳) کوئی خاص کام؛ کام کے سامان (سینے، کاڑھنے کے سامان، کتابیں وغیرہ) ۔ (٤) کیا ہوا کام؛ صنعت؛ تصنیف؛ نمونہ ۔ (٥) (دینیات) (عموماً جمع) اعمال : نیک اعمال ۔ (٦) معاملہ : کام ۔ (۷) روزگار؛ شغل؛ مزدوری؛ کام ۔ (۸) (عموماً جمع) قلعہ بندی ؛ استحکامات ؛ مورچہ ۔ (۹) تعمیر کا کام؛ تعمیرات ۔ (۱۰) مشین کے چلانے والے پرزے ۔ (۱۱) (جمع اور اکثر واحد) کارخانہ ۔ (۱۲) آرائشی کام؛ نقش ونگار وغیرہ ۔ (۱۳) (بحری) جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب کے اوپر ہوتا ھے ۔ (١٤) محنت ۔ (۱٥) (کرکٹ) گیند کا زمین پر گرنے کے بعد مڑ جانا ۔ (١٦) دکھ ؛ تکلیف؛ ہنگامہ؛ شور ۔ (۱۷) کھیل کی مشق؛ کسی خاص کھیل کی کوشش یا حرکت ۔ (۱۸) تخلیق؛ کارگزاری؛ کارستانی؛ کارسازی ۔ (۱۹) محنت کا نتیجہ ۔ (۲۰) پارچہ بافی؛ سلائی؛ کشیدہ کاری ۔ (۲۱) اثر؛ نتیجہ ۔ (۲۲) (جمع) جملہ سامان ۔ (۲۳) (جمع) برا برتاؤ ؛ ساری برائیاں مع قتل ۔ (٢٤) (عام) بغلی پانسا (فریب دہی کے لئے) ۔ (۲٥) مصنوعات ۔

A good day's work : ایک دن میں بہت کافی کام۔

At work : (۱) مشغول ۔ (۲) باکار؛ چالو ۔

A work of time : وہ کام جس میں وقت زیادہ لگے ۔

Clerk of the work : مہتمم؛ نگراں؛ داروغۂ تعمیر ۔

Good work : اچھا کام ؛ نیک کام؛ نیکی ۔

In the works : زیرِ تکمیل ۔

In work : (۱) باضابطہ مصروف کار ۔ (۲) زیرِ تکمیل ۔ (۳) (گھوڑا) زیرِ تربیت ۔

Of all work : ہرکام کرنے والا (خصوصاً گھریلو کام)۔

Out of work : بیکار؛ بے روزگار ۔

The work : سب کچھ ؛ تمام دستیاب چیزیں یا اطلاع وغیرہ :

To cut out work for (a person) : (کسی کو) کچھ کام کرنے کے لئے دینا ۔

To do its work : کام کر جانا؛ اثر دکھانا ۔

To fall to work : کام شروع کرنا ۔

To get the works : قتل ہونا ۔

To give person the works : (امریکا، سوقیانہ) ٹھونکنا؛ مرمت کرنا ۔

To give someone the works : (۱) سب کچھ کہہ دینا ۔ (۲) خصوصاً قتل کر دینا؛ ماردینا ۔

To go to work : کام شروع کرنا ۔

To have (all) one's work cut : پورے وقت کا کام ہونا؛ اتنا کام ہونا کہ ذرا فرصت نہ ہو ۔

To make good work (of a person or thing) : اچھی طرح نبھانا ۔

To make short work of : دم بھر میں کرلینا؛ ختم کر دینا یا شکست دینا ۔

To make work : تباہی پھیلانا؛ ابتری پھیلانا؛ ہنگامہ مچانا۔

To make work for : (کسی کو) کچھ کام کرنے کے لئے دینا ۔

To set to work : (۱) کام شروع کرنا ۔ (۲) کام شروع کرانا ۔

Unit of work : کام کی اکائی؛ ایک پونڈ وزن؛ ایک فٹ اوپر اٹھانے کا کام ۔

Work : (v) (۱) کام کرنا ۔ (۲) کوشش کرنا ۔ (۳) کسی چیز کا کاریگر ہونا ۔ (٤) (مشین کا) چلنا؛ چالو ہونا ۔ (٥) (تدبیر کا) کارگر ہونا؛ چلنا ۔ (٦) (مشین کو) چلانا؛ چالوکرنا ۔ (۷) کام دینا؛ (آدمی یا جانور کا) ۔ (۸) چلانا (جہازوغیرہ) ۔ (۹) (چرخی وغیرہ کا) گھومنا؛ حرکت کرنا؛ چلنا ۔ (۱۰) انتظام کرنا؛ چلانا ۔ (۱۱) اثر کرنا؛ اثر ڈالنا؛ عمل کرنا ۔ (۱۲) کرنا؛ پیدا کرنا؛ عمل میں لانا ۔ (۱۳) حرکت میں ہونا؛ حرکت کرنا ۔ (۱٤) ہیجان ہونا (خیالات وغیرہ میں)؛ (آٹے میں) خمیر اٹھنا؛ ہیجان پیدا کرنا ۔ (۱٥) (آہستہ آہستہ اور دقت سے) چلنا؛ بڑھنا؛ کھسکنا؛ گھسنا؛ چلانا؛ بڑھانا؛ گھسانا ۔ (۱٦) (آٹے وغیرہ کو) گوندھنا (لوہے وغیرہ کو) کوٹ پیٹ کر ٹھیک کرنا ۔ (۱۷) اکسانا؛ بھڑکانا؛ پیدا کرنا؛ (جوش، غصہ وغیرہ) ۔ (۱۸) کشیدہ کاری کا کام کرنا؛ کاڑھنا؛ بنانا (بیل، بوٹے وغیرہ)؛ کپڑا تیار کرنا ۔ (۱۹) حل کرنا (ریاضی کا سوال) ۔ (۲۰) جہاز کے کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرنا؛ جرمانہ؛ قرض وغیرہ کے عوض میں محنت کرنا ۔ (۲۱) نقصان پہنچانا؛ ضرر پہنچانا ۔ (۲۲) بنانا؛ گھڑنا ۔ (۲۳) گھسانا؛ شامل کرنا ۔ (۲٤) وجود میں لانا؛ باعث یا سبب ہونا : وقوع میں لانا؛ پیدا کرنا ۔ (۲٥) پیوند لگانا؛ قلم لگانا ۔ (۲٦) کوشش کرنا؛ محنت لگانا؛ جوتنا؛ ہل چلانا ۔ (۲۷) (پتھر وغیرہ کو کاٹ کر) کوئی خاص صورت دینا ۔ (۲۸) (کسی جگہ) اپنے کام سے جانا؛ اپنے کاروبار کے لئے جانا ۔ (۲۹) (عام) حکمت سے پانا یا چھٹکارا پانا ۔ (۳۰) بدل دینا؛ بدل جانا؛ ہو جانا ۔ (۳۱) دھوکہ دینا؛ جُل دینا ۔ (۳۲) ہلانا؛ جگہ بدلنا ۔ (۳۳) (اپنا) راستہ بنانا؛ ترقی کرنا ۔ (۳٤) کام کروانا؛ (آدمی یا جانور کو) کام کرنے پر مجبور کرنا ۔ (۳٥) کسی مقصد کے لئے کچھ کرنا؛ سازش یا سازباز کرنا؛ حیلہ کرنا ۔ (۳٦) کام دینا ۔ (۳۷) دکھنا ؛ درد کرنا ؛ ٹیسیں اٹھنا ۔ (۳۸) (بحری) (جہاز کا) کسی خاص سمت میں جانا؛ مخصوص سمت اختیار کرنا ۔ (۳۹) غم وغصہ کھانا؛ جوش میں آنا ۔ (٤۰) (جہاز وغیرہ کا) اس طرح چلنا کہ جوڑ ڈھیلا ہو جائے ۔ (٤۱) اس طرح بے قاعدگی یا غیرمعین طور پر چلنا کہ ناکارہ ہو جائے ۔ (٤۲) کام لینا ۔ (٤۳) (مچھلی کے) چارے کو بالکل فطری بناکر پیش کرنا ۔ (٤٤) (فری میسنوں کے) کسی خاص طبقے میں داخل ہونا یا کرنا ۔

To work at : کوئی پیشہ کرنا؛ کام کرنا ۔

To work double tides : دو دنوں کا کام ایک دن میں کردینا ۔

To work even : ایک ہی طرح بنتے جانا ۔

To work one's passage : جہاز کے کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرنا ۔

To work one's way : مزاحمت کی وجہ سے آہستہ آہستہ بڑھنا ۔

To work the oracle/-the ropes : پوشیدہ ذرائع سے اپنے موافق اثر ڈالنا ۔

To work to rule : احتجاجاً کام آہستہ کرنے کی غرض سے بظاہر باضابطگی کے ساتھ کام کرنا ۔

To work water : (بائلر کا) جھاگ لانا یا نکالنا ۔

Work-a-day/Workaday : (n) کام کا دن ۔

Work a day/Work-a-day : (a) (۱) کام کے دن سے متعلق ۔ (۲) معمولی؛ کاروباری؛ عملی ۔

Work away : (n) وہ شخص جو جہاز پر کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرتا ہے ۔

Work away : (v) کام کئے جانا ۔

Work-bag : (n) کام کے (خصوصاً سینے کاڑھنے کے) سامان کا تھیلا ۔

Work-basket : (n) سلائی کڑھائی کے سامان رکھنے کی ٹوکری ۔

Work-bench : (n) کمرتك اونچا مضبوط ٹیبل جس پر بڑھئی وغیرہ کام کرتے ہیں ۔

Work-board : (n) کام کرنے کا تختہ ۔

Work book : (n) (۱) نصاب کا خاکہ ۔ (۲) کتاب جس میں کسی کام کے قواعد اور طریقے درج ہوتے ہیں ۔ (۳) کتاب جس میں کئے ہوئے یا مجوزہ کام کا اندراج ہوتا ہے ۔ (٤) طالبعلموں کی مشق کی کاپی ۔

Work-box : (n) کام کے (خصوصاً سینے کاڑھنے کے) سامان کا صندوقچہ ۔

Work-brittle : (a) محنتی؛ جفاکش ۔

Work-camp : (n) کام کرنے والوں کا کیمپ خصوصاً وہ جگہ جہاں رضاکار کچھ دنوں کےلئے کام کرتے ہیں ۔

Work-curve : (n) ترسیم کار؛ رسمہ٭ کار ۔

Work-day : (n) [OE. 'weorcdaeg'.] اتوار یا چھٹی کے سوائے اور دن؛ کام کا دن ۔

Work-day : (a) کام کے دن کا یا اس سے متعلق ۔

Work-dog : (n) کتا جس سے باربرداری کا کام لیا جائے ۔

Work-farm : (n) وہ فارم جس پر نابالغ مجرموں سے کام کرایا جاتا ھے ۔

Work-fellow : (n) رفیق کار؛ ہم کار ۔

Work-force : (n) (۱) مزدوروں کی جماعت جو کسی خاص کام میں لگے ھوں ۔ (۲) مزدوروں کی تعداد ۔

Work-harden : (v) کوٹ پیٹ کر سخت بنانا ۔

Work-hardening : (n) لوھے یا دوسری دھات کو کوٹ پیٹ کر سخت بنانا؛ کام سختاؤ ۔

Work in : (v) (۱) گھسیڑنا؛ داخل کرنا؛ شامل کرنا؛ کھپانا ۔ (۲) کھپنا ۔ (۳) ملانا؛ خلط ملط کرنا ۔

Work in process : (n) نامکمل کام؛ زیرِ تکمیل کام ۔

Work-load : (n) (۱) کام یا کام کا وقت جو کسی ملازم کو دیا جائے ۔ (۲) کل کام جو کسی جماعت کو مقررہ وقت میں کرنا ھو ۔

Work-mate : (n) شریک کار؛ مل کر کام کرنے والا ۔

Work of art : (n) صناعی یا مصوری کا نمونہ ؛ فنون لطیفہ کا نمونہ ۔

Work off : (v) (۱) چھاپنا (پلیٹ سے) ۔ (۲) آہستہ آہستہ ہٹا دینا؛ چھٹکارا پانا؛ نجات حاصل کرنا ۔ (۳) ختم کرنا؛ پورا کرنا ۔ (٤) (عام) مارنا؛ پھانسی دینا ۔ (٥) ایک چیز کو دوسری چیز کہہ کر کسی کے سر منڈھ دینا ۔ (٦) ارتکاب کرنا ۔

Work of God : (n) نظام الٰہی؛ نظامِ فطرت؛ صنعتِ ایزدی ۔

Write in : (v) (۱) تحریر میں اضافہ کرنا یا داخل کرنا - (۲) انتخابی پرچی پر نام لکھنا؛ اس طرح نام لکھ کر ووٹ دینا- (۳) مرکزی شعبےکو لکھنا -

Write-in campaign : (n) انتخابی پرچی پر امیدوار کا نام لکھ کر ووٹ دینے کی سیاسی مہم -

Write-in vote/Write-in : (n) امیدوار اس کا نام لکھ کر دیا ہوا ووٹ -

Write off : (v) (۱) خط لکھ کر روانہ کر دینا - (۲) قلم زد کردینا؛ کاٹ دینا؛ منسوخ کردینا (ناقابل ادائی رقم وغیرہ کو) - (۳) قلم برداشتہ لکھنا؛ آسانی اور تیزی سے لکھنا - (٤) قدروقیمت گھٹانا - (۵) ختم کردینا؛ مار ڈالنا؛ برباد کردینا - (٦) کم قدری کرنا -

Write-off : (n) (۱) منسوخی؛ تنسیخ؛ قلم زدگی - (۲) کم قدری -

Write out : (v) (۱) پورا لکھ لینا - (۲) سب کچھ لکھ ڈالنا؛ اپنے سارے خیالات کا ذخیرہ تحریر میں ختم کر دینا -

Write over : (v) (۱) دوبارہ لکھنا؛ پھر سے لکھنا - (۲) (کتاب یا صفحے میں) خالی جگہوں کو تحریر سے بھر دینا -

Write up : (v) (۱) (کسی کی) تعریف لکھنا؛ تحریر میں تعریف کرنا- (۲) (کسی چیز کا حال) تفصیل سے لکھنا - (۳) الی الان بنانا (جریدہ وغیرہ کو)؛ کسی ریکارڈ کو مکمل کرنا - (٤) سمن جاری کرنا؛ حاضری کا حکم دینا -

Writer : (n) (۱) لکھنے والا- (۲) منشی محرر- (۳) انشاپرداز؛ مؤلف؛ مصنف - (٤) کسی زبان کی انشا سکھانے والی کتاب؛ معلم انشا- (۵) (موسیقی) تصنیف کرنے والا؛ نغمہ نگار - (٦) مصوری کا برش بنانے والا - (۷) قلم وغیرہ جو کسی خاص انداز میں لکھتا ہے - (۸) (تاریخ) ایسٹ انڈیا کمپنی کا کلرک - (۹) سائن بورڈ؛ اشتہار وغیرہ لکھنے والا -

The (present) writer : اس کا مصنف -

Writer to the signet : آئرستان کا سالیسٹر یا مختار -

Writer's cramp/-palsy/-paralysis/-spasm : (n) رعشہ، جو زیادہ لکھنے سے ہاتھ میں پیدا ہو جاتا ہے؛ عُسر کتابت -

Writership : (n) محرری -

Writhe : (n) تشنج؛ اینٹھن -

Writhe : (v) [OE. 'wripan'.] (۱) درد سے اینٹھنا؛ تشنج ہونا (جسم میں) - (۲) اپنے جسم کو مروڑنا - (۳) تلملا جانا؛ سخت اذیت ہونا - (٤) مروڑنا؛ اینٹھنا؛ لچھے بنانا- (۵) چہرہ بگاڑنا؛ منہ بنانا - (٦) منہ بگاڑ کر بولنا - (۷) لہردار

طریقے سے حرکت کرنا یا ہلنا؛ بل کھانا؛ بل دار شکل میں بڑھنا ۔

Writhen : (a) (۱) مروڑا ہوا؛ اینٹھا ہوا ۔ (۲) شکن دار؛ بل دار؛ لپٹا ہوا؛ گتھا ہوا ۔ (۳) مرغولہ بنا ہوا؛ لچھا بنا ہوا ۔

Writhing : (n) مروڑنا؛ اینٹھنا ۔

Writhingly : (adv.) بل کھاکر؛ مروڑ کر؛ اینٹھ کر ۔

Writhled : (a) (قدیم) شکن دار؛ جھریاں پڑا ہوا؛ مرجھایا ہوا؛ سوکھا ہوا ۔

Writing : (n) (۱) لکھنا؛ لکھنے کا عمل ۔ (۲) نوشتہ؛ تحریر؛ دستاویز۔ (۳) تصنیف؛ کتاب؛ مضمون؛ تحریر ۔ (٤) تحریر ؛ لکھنے کا انداز ۔ (۵) (موسیقی) راگ بنانا؛ تصنیف ۔ (٦) نقش؛ کتبہ ۔ (۷) تحریری شکل ۔ (۸) طرز تحریر؛ اسلوب ۔ (۹) تحریر شدہ الفاظ ۔ (۱۰) تصنیف و تالیف کا پیشہ ۔

At this (present) writings : یہ (مضمون، خط وغیرہ) لکھتے وقت تک ۔

The (sacred or holy) writings : کتاب مقدس؛ انجیل مقدس ۔

The writing on the wall : وعید غیبی؛ وہ واقعہ جس کی نسبت یہ خیال ہو کہ یہ کسی آنے والی مصیبت کی خبر دیتا ہے ۔

To put thing in writing : قلم بند کرنا ۔

Writing : (a) (۱) لکھنے والا؛ تحریر کا، اس سے متعلق یا تحریر میں استعمال ہونے والا ۔ (۲) لکھنے میں مصروف ۔

Writing arm : (n) کرسی جس کا ایک بازو چوڑا بنا رہتا ہے اور اس سے لکھنے کی میز کا کام لیا جاتاھے ۔

Writing-board : (n) لکھنے کا تختہ (جس پر کاغذ رکھ کر لکھا جاتا ہے) ۔

Writing-book : (n) (۱) سادہ کاپی ۔ (۲) لکھنے کی کتاب؛ سرمشقی کاپی ۔

Writing-bureau : (n) لکھنے کے بہت سے خانوں والی میز ۔

Writing-case : (n) سامان کتابت کا صندوقچہ جس سےلکھنے کی میز کا بھی کام لیا جاتا ہے؛ رائٹنگ کیس ۔

Writing-centre : (n) دماغ کا تحریری مرکز ۔

Writing-chair : (n) لکھنے کی کرسی ۔

Writing-desk : (n) (۱) لکھنے کی ڈیسک ۔ (۲) دستی رائٹنگ کیس ۔

Writing-ink : (n) لکھنے کی روشنائی ۔

Writing-master : (n) (۱) خطاطی کا معلم ۔ (۲) پلچری ؛ ایک پرند جس کا سر، گردن اور سینہ زرد ہوتا ہے ۔

Writing-paper : (n) لکھنے کا خصوصاً خط لکھنے کا کاغذ ۔

Writing-pen : (n) قلم ۔

Writing-school : (n) (آکسفورڈ یونیورسٹی میں) تحریری امتحان کا کمرہ ۔

Writing-table : (n) لکھنے کی میز ۔

Writing tremor : (n) (نفسیات) کتابتی لرزہ ۔

Written : (a) (۱) لکھا ہوا؛ تحریر شدہ ۔ (۲) تحریری ۔ (۳) منقش؛ نقش ۔

Written-off : (a) قلمزدہ ۔

Wrizzled : (a) [Perhaps. Var. of Writhled.] جھری دار؛ پر شکن؛ لہردار ۔

Wroclaw : (a) [fr. Wroclaw, Poland.] پولینڈ کے شہر Wroclaw کا یا وہاں سے متعلق؛ وہاں کے طور طریقے یا رسم سے متعلق ۔

Wrong : (n) (۱) برائی؛ بدی؛ برا کام ؛ گناہ؛ خطا؛ جرم ۔ (۲) بے انصافی؛ ظلم؛ زیادتی ۔ (۳) نقصان؛ مضرت؛ گزند؛ صدمہ ۔ (٤) زخم ۔ (۵) ایذا؛ تکلیف ۔ (٦) غلطی ۔

To be in the wrong : قصور وار ہونا ۔

To do wrong : جرم کرنا؛ گناہ کرنا ۔

To get in wrong with person : (امریکا، بول چال) کسی شخص کو ناراض کردینا؛ مورد عتاب ہونا ۔

To get person in wrong : (امریکا) کسی کو کسی سے خفا کردینا ۔

To put in the wrong : کسی شخص کو قصوروار دکھانا یا ثابت کرنا ۔

Wrong : (a) [Late OE. 'wrang'.] (۱) بگڑا ہوا؛ خراب حالت میں ۔ (۲) برا؛ بد اخلاق یا قانون کے خلاف ۔ (۳) نامناسب؛ بے جا؛ غلط ۔ (٤) غیراطمینان بخش؛ ناقص؛ غیر معقول ۔ (٥) غیر مناسب؛ نا موافق ۔ (٦) (طباعت) (ٹائپ) جو متناسب سائز یا قسم کا نہ ہو ۔ (۷) الٹی طرف کا؛ مخالف کا ۔ (۸) غلطی پر؛ بر سر خطا؛ غلط؛ غلط فہمی پر مبنی ۔ (۹) ناموافق؛ مضر ۔ (۱۰) اوندھی کھوپڑی کا؛ کج فہم اور ضدی ۔

In the wrong box : مشکل میں ؛ ضغطے میں؛ نقصان میں ۔

On the wrong side of (forty etc.) : (چالیس، پچاس وغیرہ) سے زیادہ عمر کا ۔

On the wrong side of the blanket : دیکھو Blanket

The (or a) wrong way : غلط راستہ؛ غلط طریقہ ۔

The wrong end : نامناسب حد؛ غلط سرا ۔

The wrong side out/-before : الٹا ۔

To get out of bed (on) the wrong side : چڑچڑا ہونا ۔

To go the wrong way : دیکھو Way (ذیلی) ۔

To laugh on the wrong side of one's : دیکھو Laugh

What is wrong with : کیا خرابی ھے ۔

Wrong : (adv.) (۱) غلط طور پر؛ غلط راہ پر ۔ (۲) نامناسب طور پر؛ غلطی سے ۔ (۳) ناواجب طور پر؛ ناجائز طورپر ۔ (٤) بے انصافی سے؛ ناانصافی سے ۔ (٥) بے جگہ؛ بے ترتیبی کے ساتھ۔

To go wrong : (۱) غلط راہ اختیارکرنا؛ بھٹک جانا۔ (۲) بد راہ ھونا؛ خصوصاً عورت کا ۔ (۳) نا کام ھو جانا؛ ناکامیاب ھو جانا ۔ (٤) خلاف توقع ھونا؛ نامناسب ھونا ۔ (٥) کام خراب ھوجانا ۔

Wrong : (v) (۱) بے انصافی کرنا؛ زیادتی کرنا؛ بدسلوکی کرنا ۔ (۲) غلط الزام لگانا؛ غلطی سے برا یا قصور وار سمجھنا ۔ (۳) نقصان پہنچانا؛ ضرر پہنچانا۔ (٤) (بحری) دوسرے جہاز سے بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا ۔ (٥) بدنام کرنا؛ تہمت لگانا ۔ (٦) چھین لینا؛ ٹھگ لینا ۔

Wrong-doer : (n) (۱) گنہگار؛ خطا کار ۔ (۲) مجرم؛ قصور وار ۔

Wrong-doing : (n) گناہ؛ خطا کاری؛ قصورواری۔

Wrong fount : (n) غلط ٹائپ؛ کمپوزیٹر کو ہدایت کہ اس نے غلط ٹائپ کا حرف لگا دیا ھے؛ (مختصر W.F.) ۔

Wrong-head : (n) اوندھی کھوپڑی کا آدمی ۔

Wrong-head : (a) (۱) اوندھی کھوپڑی کا ۔ (۲) کج فہم اور ضدی۔

Wrong-headed : (a) دیکھو Wrong-Head

Wrong-headedly : (adv.) کج فہمی اور ضد کے ساتھ؛ ہٹ دھرمی سے ۔

Wrong-headedness : (n) کج فہمی اور ضد؛ ہٹ دھرمی؛ اوندھی کھوپڑی کا ھونا ۔

Wrong side : (n) (۱) الٹی طرف ۔ (۲) ناموافق؛ غیر محفوظ پہلو (کسی چیز کا) ۔ (۳) مخالف ۔ (٤) (کاغذ سازی) دیکھو Wireside ۔

Wronged : (a) جسے نقصان پہنچا ھو؛ جس کی ہتك عزتی کی گئی ھو ۔

Wronger : (n) گنہگار؛ خطاکار؛ ضرر رساں؛ نقصان پہنچانے والا۔

Wrongful : (a) (۱)بیجا؛ ناجائز ۔ (۲) نقصان دہ؛ ناموروں؛ نامناسب ۔ (۳) غیر منصف؛ غیر منصفانہ ۔

Wrongful death : (n) ناجائز قتل ۔

Wrongfully : (adv.) بے انصافی سے؛ ناجائز طور پر؛ بے جا طورپر ۔

Wrongfulness : (n) بے انصافی؛ زیادتی ۔

Wronghearted : (a) بے انصاف؛ غیر منصفانہ ۔

Wrongheartedness : (n) بے انصافی ۔

Wrongly : (adv.) (۱) غلطی سے؛ غلط طریقے پر ۔ (۲) بے انصافی سے ۔ (۳) غلط طور پر ۔

Wrongness : (n) غلط ہونا؛ نا مناسبت؛ بے انصافی ۔

Wrongous : (a) (۱) Wrongful ۔ (۲) غیر موزوں؛ نامناسب ۔ (۳) (اسکاچستانی قانون) غیرقانون؛ ناجائز ۔

Wrongously : (adv.) نا مناسب طور پر؛ ناجائز طور پر ۔

Wrongun : (n) دیکھو Googly

Wrop : دیکھو Wrap

Wrostle : دیکھو Wrestle

Wroot : (v) دیکھو Root

Wrote : Write کا Past tense ۔

Wroth : (a) [OE. 'wrap'.] خفا؛ ناراض؛ برہم ۔

Wrothful : (a) (قدیم) دیکھو Wrathful

Wrothy : (a) خفا؛ برہم؛ ناراض ۔

Wrought : (a) [ME. 'wrozt'.] (۱) بنا ہوا؛ ساختہ ۔ (۲) (کپڑا) بنا ہوا ۔ (۳) مزین؛ آراستہ (کشیدہ کاری وغیرہ سے) ۔ (٤) (دھات) پیٹ کر تیار کی ہوئی ۔ (۵) (نجاری) رندہ شدہ ۔

Wrought iron : (n) پٹواں لوہا؛ کمایا ہوا لوہا ۔

Wrought-nail : (n) گل میخ ۔

Wrought-off : (a) چھپی ہوئی ؛ مطبوعہ ۔

Wrought-up : (a) مشتعل ۔

Wrung : (a) (۱) مروڑا ہوا؛ نچوڑا ہوا؛ دبایا ہوا۔ (۲) اذیت میں مبتلا ۔ (۳) اذیت ناک؛ پریشان کن ۔

Wry : (a) (۱) مڑا ہوا؛ ٹیڑھا ۔ (۲) ترچھا؛ بگڑا ہوا ۔ (۳) متضاد؛ معارض؛ مخالف (محاورہ، الفاظ، خیال وغیرہ) ۔ (٤) ناواجب ؛ بےجا ۔ (۵) طنزیہ خوشامدانہ ۔

To make a wry face/- mouth : برا منہ بنانا؛ منہ بگاڑنا ۔

Wry : (adv.) ٹیڑھا؛ ترچھا ۔

Wry : (v) [OE. 'wreon'.] (قدیم) چھپانا؛ پردہ ڈالنا ۔

Wry : (v) [OE. 'wrigian'.] (۱) منہ بنانا؛ منہ بگاڑنا ۔ (۲) مروڑنا ؛ گھمانا (گردن، جسم وغیرہ کو) ۔ (۳) مروڑ دینا؛ ٹیڑھا کردینا ۔ (٤) (جسم، عضو وغیرہ کو) اینٹھنا (درد، تکلیف وغیرہ سے) ۔

Wry-bill/Wry-billed plover : (n) نیوزی لینڈ کا پلوور کی طرح کا ایک پرندہ جس کی چونچ داہنی طرف مڑی رہتی ہے ۔

Wry-billed : (a) جس کی چونچ کسی طرف مڑی ہوئی ہو؛ کج منقار ۔

Wry-faced : (a) غیر متناسب چہرے والا؛ کج چہرہ ۔

Wry-mouth : (n) ایک قسم کی بام سے مشابہ مچھلی جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

Wry-mouthed : (a) (۱) کج دہن ۔ (۲) طنز آمیز؛ طنزیہ خوشامد کرنے والا؛ بنانے والا؛ طنزیہ خوشامد کا؛ بنانے کا؛ طنزیہ خوشامدی ۔

Wry-neck : (n) (۱) ہدہد کی قسم کی چڑیا جس کی گردن پیچھے تک مڑجاتی ہے؛ کوا ۔ (۲) کج گردن ۔ (۳) (مرضیات) گردن سیخی؛ صعتر؛ وجع مفاصل سے گردن کے عضلات کا اینٹھ جانا ۔

Wry-necked : (a) (۱) کج گردن ۔ (۲) صعتر میں مبتلا ۔

Wryly : (adv.) روکھے پن سے؛ طنز آمیزانہ ۔

Wryness : (n) ٹیڑھا پن؛ ترچھا پن؛ بگڑا ہوا ہونا ۔

Wrytail : (n) دُم جو ایک طرف مڑی ہوئی ہو ۔

Wuchereria : (n) [O, Wucherer, a 19th Century G. physician.] فائلیریا کے کیڑوں کی ایک جنس ۔

Wud : (a) [alter. of Wood.] (اسکاچستان) خصوصاً پاگل؛ دیوانہ؛ مجنوں ۔

Wuddy : دیکھو Widdy

Wuff : (n) کتے کے ہلکے بھونکنے کی آواز ۔

Wulfenite : (n) [G. 'Wulfenit'.] ایک قسم کی چوگوشہ دھات۔

Wull : (اسکاچستان) دیکھو Will

Wulliwa : دیکھو Williwaw

Wump/Wumph : (n) [Imit.] دھپ؛ بھاری چیز کے گرنے سے پیدا ھونے والی آواز ۔

Wun : دیکھو Woon

Wunderkind : (n)[G.] غیر معمولی اوصاف کا بچہ؛ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ھو ۔

Wundtian : (a) [f. Wilhelm wunt, a German Physiologist and psychologist.] Wilhelm Wundt کےصولوں اور تحقیقات سےمتعلق ۔

Wung-out : (a) جس میں آگے کا بادبان ایک طرف اور سب سےبڑا بادبان دوسری طرف لگا ھو ۔

Wurley : (n) [Native word.] آسٹریلیا کے دیسی باشندوں کی جھونپڑی ۔

Wurm : (n) [f.] (۱) یخ بستگی کا چوتھا اور آخری مرحلہ ۔ (۲) جنوبی جرمنی کی ایک ندی کا نام ۔

Wurmian : (a) یخ بستگی کے چوتھے اور آخری مرحلے سے متعلق ۔

Wurrung : (n) [Native name in Australia.] جنوب مغربی اور مرکزی آسٹریلیا کی چھوٹی قسم کا کنگارو ۔

Wurrup : (n) [Native name in Australia.] مرکزی اور مغربی آسٹریلیا کی چھوٹی قسم کا کنگارو ۔

Wurst : (n) [G.] ایک قسم کا دلہ ۔

Wurtz column/-tube : (n) قمقمہ دار تکسیری استوانہ جو تجربہ گاہ میں عرق کشی کے کام آتا ھے ۔

Wurtzilite : (n) [f. Henry Wurtz, an American minerologist and chemist.] ایک قسم کا اسفلٹ (Asphalt) ۔

Wurtzite : (n) [f. C.A. Wurtz, a French chemist.] (معدنیات) خام جست سلفائیڈ ۔

Wurzel : (n) [By shortening.] ایک قسم کا چقندر ۔

Wustite : (n) [G.'wustit'.] ایک مصنوعی معدنی شے(FeO) جس میں لوھے کا آکسائیڈ ھوتا ھے ۔

Wuther : (n) [Alt. of Whither.] شور کے ساتھ بہنا (ھوا کا) ۔

Wyandotte : (n) [f. name of an Iroquoian tribe in N. Amer. Indian.] خوبصورت اوسط سائز کاگھریلو مرغ؛ امریکا کی مرغیوں، بطخوں وغیرہ کی ایک خاص نسل ۔

Wych elm/Witch- : (n) [f. Withc+elm.] (۱) ایک درخت جس کے پتے چوڑے ھوتے ھیں؛ وچ ایلم ۔ (۲) اس درخت کی لکڑی ۔

Wych hazel/Witch : (n) وچ بندق یا اس کی لکڑی ۔

Wyclif(f)ian : (n) [John Wycliffe.] جان وک لف کے مذہبی عقیدے یا اصول کو ماننے یا پھیلانے والا جان وک لف کا پیرو ۔

Wyclif(f)ian : (a) جان وک لف یا اس کے پیروؤں کی تعلیم سے متعلق ۔

Wyclif (f)ism : (n) جان وک لف یا اس کے پیروؤں کا مذہبی عقیدہ ۔

Wyclif(f)ist : (n) دیکھو Wyclif(f)ian

Wyclif(f)ite : (a) دیکھو Wiclif (f) ist

Wyclif(f)ite : (n) وک لف کی پیروی کرنے والا؛ وک لف کے مذہب یا مذہبی عقیدے کو ماننے والا ۔

Wycombe chair : (n) دیکھو Windsor Chair

Wyde : دیکھو Wade

Wye : (n) (۱) حرف وائی (y) ۔(۲) وائی کی شکل کی کوئی چیز ۔

Wyethia : (n) [mod. L.] سورج مکھی سے مشابہ پودوں کی ایک جنس ۔

Wykehamical : (a) (۱) ونچسٹر کالج یا وہاں کے طلبا یا اساتذہ سے متعلق ۔ (۲) ونچسٹر کالج کا (طالب علم) یا اس سے منسلك ۔

Wykehamist : (n) [mod. L. 'wykchamista'.] ونچسٹر کالج کا طالب علم یا وہاں کا تعلیم یافتہ ۔

Wykehamist : (a) دیکھو Wykehamical

Wyliecoat : (n) [ME. 'wyle cot'.] (۱) (اسکاچستان) ایک قسم کا گرم زیر جامہ ۔ (۲) (اسکاچستان) پیٹی

کوٹ؛ سایہ؛ لہنگا۔ (۳) (اسکاچستان)؛ عورتوں یا بچوں کا شب خوابی کا لباس ۔

Wynd : (n) [ME. 'Wynde'.] (اسکاچستان، بولی) گلی؛ تنگ چوراہا ۔

Wynd/Wyne : (n) (اسکاچستان) دیکھو Haw

Wynkernel : (n) دیکھو Moor-Hen

Wynyardia : (n) [mod. L. 'wynyard'.] آسٹریلیا میں پایا جانے والا ایک متحجر تھیلی دار جانور ۔

Wyte : دیکھو Wite

Wythe : دیکھو Withe

Wyvern/Wivern/Wiver : (n) [ME. 'wyvere'.] (۱) (نقابت) دو پاؤں کے پردار اژدھے کی شکل جو ڈھال پر بناتے ہیں؛ مار پردار۔ (۲) مار پردار کی شکل یا تصویر۔ (۳) کوئی عجیب الخلقت جانور جس کے متعلق خیال ہو کہ حقیقی مارپردار ھے ۔

X

X : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا چوبیسواں اور قدیم رومن کا اکیسواں حرف ۔ (۲) رومن اعداد میں دس کی رقم ۔ (۳) (جبرو مقابله) لا؛ (خلویات) مفرد لونی ماده میں لونیویه کی تعداد ۔ (٤) پہلی نامعلوم مقدار؛ (مجازاً) پُراسرار چیز ۔ (٥) شراب کی قوت کا نشان جو قرابوں پر بنا هوتا هے (یك آتشه = x؛ دو آتشه = xx) ۔ (٦) کسی چیز پر x کانشان لگانا؛ x جیسی شکل کی کوئی چیز ۔ (٧) x کا نشان لگا کر قلم زد کرنا ۔ (٨) کسی شخص یا چیز کو مستبدانه یا سہولت کے طور پر نامزد کرنے کا حرف ۔ (٩) حضرت عیسیٰ مسیح کا نام بطور مخفف رقم کرنے کا حرف ۔ (١٠) چناؤ کاغذ پر اپنی رائے دہندی کا نشان x لگانا ۔ (١١) معمولی قسم کا تاش کا کھیل ۔ (١٢) ان پڑھ آدمی کا دستخط کی جگه x نشان لگانا ۔ (١٣) یه بتانے کےلئے که بچوں کے لائق یه فلم نہیں هے x کا نشان استعمال کرنا ۔ (١٤) بوسه ۔

X : (v) (۱) جو ٹائپ موجود نه هوں ان کی جگه x کا استعمال کرنا ۔ (۲) x کا نشان لگانا ۔ (۳) x یا متواتر کئی x کے ذریعےتحریر کی تنسیخ کرنا ۔

X-axis : (n) (ریاضیات) محور لا؛ ایکس محور ۔

X-bodies : (n) (حیوانیات) لا اجسام؛ ایکس اجسام ۔

X-C : (n) (Ex coupon) ایکس کوپن کا مخفف ۔

X-chair : (n) قدیم طرز کی ایک عام موڑنے والی بازو دار آرام کرسی ۔

X- chromosome : (n) (۱) (حیاتیات) لالونیه؛ ایکس لونیه ۔ (۲) (جنس) ایك جنسی لونیه ۔

X-coordinate : (n) (ہندسه) خطوط مرتبه ثلاثه کا کوئی ایك خط ۔

X-disease : (n) (طب) بہت سی، خصوصاً متعدی امراض میں سے کوئی ایك ؛ بہت سی خصوصاً مہلك بیماریوں میں سے کوئی ایك ۔

X factor : (n) (الجبرا) موزوں لیکن نا معلوم جز ضربی ۔

X-generation : (n) (حیوانیات) نسل لا نسل ۔

X-man : (n) محکمہء ڈاك کا ایك ملازم ۔

X-organ : (n) (حیوانیات) لا عضو ۔

X-protein : (n) (عضویات) پلازما پروٹین یا خون مایه لحمیه کی ایك چھوٹی مقدار ۔

X-ray : (v) ایکسرے سے جانچنا؛ ایکسرے فوٹو لینا ۔

X-ray absorbing glass : (n) (طبیعیات) شیشه جو لا شعاعوں یا ایکسرے کو گزرنے سے روکتا هے ۔

X-ray Appearance : (n) (طبیعیات) لا شعاعی منظر ۔

X-ray Institute : (n) (طب) ادارہء لا شعاعی ۔

X-ray microscope : (n) (طبیعات) ایك آله جس میں ایکسرے کے ذریعے بلوروں کے انکسار شعاع کے نمونے تصویروں میں بدل جاتے ہیں ۔

X-ray photograph/-picture : (n) (فوٹو گرافی) ایکسرے کے ذریعے بنائی گئی، عکسی تصویر ۔

X-ray photography : (n) (فوٹو گرافی) ایکسریز کے ذریعے عکاسی، تصویرکشی یا فوٹوگرافی ۔

X-ray spectrograph : (n) (طبیعیات) ایکسرے یا لاشعاعی طیف نگار ۔

X-ray spectrometer : (n) (طبیعیات) ایکسرے یا لاشعاعی طیف پیما ۔

X-ray spectrum : (n) (طبیعیات) لاشعاعی طیف ۔

X-ray therapy : (n) (طب) لاشعاعی علاجیات ۔

X-ray tube : (n) (طبیعیات) لاشعاعی نلکی ۔

X-rays : (n) (طبیعیات) لاشعاعیں؛ ایکسریز ۔

X-stool : (n) X شکل اور قدیم طرز کی ایک نہایت معمولی مڑنے والی تپائی ۔

X-stretcher : (n) X شکل کی مڑنے والی ایک آرام کرسی ۔

X unit : (n) (طبیعیات) طول موج کی ایک اکائی جو ایکسریز اور گاماریز کے لئے استعمال کی جاتی ھے ۔

X-virus : (n) (۱) (طب) ایک چھپا ھوا سمی یا چھوت کا مادہ ۔ (۲) ایک پوشیدہ چھوت کی بیماری جس کے علامات ظاہر نہیں ھوتے ۔

Xancidae : (n) [mod. L.] (حیوانیات) معدہ یا صدفہ خاندان ۔

Xancus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) معدہ یاصدفے کی جنس ۔

Xanth-/Xantho: [mod. L. fr. Gr. 'Xanthos'.] (کیمیا) سابقہ بمعنی "اصفر" زرد" ۔

Xanthamide : (n) (کیمیا) صفوری تیزاب کا امائیڈ (RO Cs NH_2) ۔

Xanthate : (n) (کیمیا) صفوری تیزاب کا نمک؛ صفوری نمک ۔

Xanthate : (v) صفوری نمک میں تبدیل کرنا ۔

Xanthation : (n) (کیمیا) لُزج مانع یا وسکوس کی ترکیب میں ایک عمل ۔

Xanthein : (n) (نباتیات) صفار؛ صفار گل؛ زینتھین ۔

Xantheine : (n) (نباتیات) صفوری؛ پھولوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا قابل تحلیل مادہ ۔

Xanthelasma : (n) [Gr.] (۱) (مرضیات) زردرسولی ۔ (۲) (طب) شعیرہ٭ زرد؛ زرد دانہ٭ جفن ۔

Xanthene : (n) (کیمیا) زینتھین ($C_{13}H_{10}O$)؛ ایک سفید قلمی مرکب جو Xanthene سے حاصل ھوتا ھے ۔

Xanthene dye : (n) (خصوصاً) کپڑا اور کاغذ رنگنے کا ایک روشن اور چمکدار رنگین یا بے رنگ مسالا ۔

Xanthian : (a) ایشیائے کوچک میں لیسیا کے قدیم شہر زینتھین کا، وہاں سے متعلق یا وہاں کا (باشندہ)؛ خصوصاً وہاں کے سنگ ریزے سے متعلق ۔

Xanthic : (a) [Fr. 'Xanthique'.] (نباتیات) زعفرانی؛ صفوری؛ زردی مائل؛ پیلا سا ۔

Xanthic acid : (n) (کیمیا) صفوری تیزاب (C_2H_5 OCHH) ۔

Xanthic flower : (n) (نباتیات) صفوری پھول؛ وہ پھول جو عموماً زرد ھوتے ہیں، کبھی کبھی سرخ اور سفید مگر نیلے نہیں ھوتے ۔

Xanthidae : (n) [mod. L. 'Xanthus'.] (حیوانیات) سمندری کیکڑوں کی سب سے بڑی نسل ۔

Xanthidium : (n) [mod. L.] (نباتیات) سمندروں میں متحرک چھوٹے عضویاتی پودے جو خردبین سے دیکھے جا سکتے ہیں ۔

Xanthin : (n) (۱) (نباتیات) صفور؛ پھولوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا ناقابل تحلیل مادہ؛ صفور زہری؛ زرد رنگ کے پھول ۔ (۲) مجیٹھ کا وہ جزو جو رنگ دیتا ھے؛ صفور نباتی؛ صفور افراز ۔

Xanthine : (n) (کیمیا) ایک مادہ جو یورک تیزاب (Uric-acid) کی قسم کا ھے اور خون، پیشاب اور جگر میں پایا جاتا ھے؛ صفور کیمیاوی؛ صفور افراز ۔

Xanthine oxidase : (n) (کیمیا) قلم پذیر زرد لحمیہ کیمیاوی خمیر جو عموماً دودھ یا کلیجی سے حاصل ھوتا ھے ۔

Xanthippe/Xantippe : (n) بدمزاج عورت؛ چڑچڑی بیوی ؛ لڑاکا بیوی (سقراط کی بیوی کا نام تھا) ۔

Xanthism : (n) چمڑے کی رنگائی، اس طرح کہ زرد رنگوں کو فوقیت حاصل ھو ۔

Xanthite : (n) (ارضیات) حجر اصفر ۔

Xanthium : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) زرد تارا پھول؛ زرد مینا ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جو بالوں کو زرد رنگنے کے لئے استعمال ھوتا ھے ۔

Xantho : دیکھو Xanth

Xanthocarpous : (a) [Gr.] (نباتیات) زرد ثمرہ؛ زرد پھل والا ۔

Xanthocephalus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) زرد سر سیاہ رنگ چڑیوں کی ایک جنس جو صرف مغربی امریکا میں پائی جاتی ھے ۔

Xanthoceras : (n) [mod. L.] چین کی ایک قسم کی جھاڑی جس کے پتے پر نما ھوتے ہیں۔

Xanthochroi : (n) [mod. L.] (بشریات) گورے رنگ اور سنہرے بالوں کے لوگ؛ گوری نسل؛ کاکیسی نسل۔

Xanthochroia : (n) (طب) زرد جلدی؛ زرد رنگت۔

Xanthochroic/Xanthochrous/Xanthochroous : (a) [mod. L.] (بشریات) گورا؛ گورے اور سنہرے بالوں والا؛ کاکیسی۔

Xanthochroid/Xanthochrooid : (a) دیکھو Xanthochroic

Xanthochroism : (n) [mod. L. 'Xanthochoria'.] (طب) زرد جلدی؛ زرد رنگت ؛ بعض چڑیوں کے پروں کے رنگ کا غیرمعمولی طور پر پیلے رنگ میں بدل جانا۔

Xanthochromia : (n)[mod. L.] (طب) صفوریت۔

Xanthoconite : (n) (ارضیات) قرمزی؛ سرخ نارنجی اور زرد سے لے کر بھورے رنگ کی ایک دھات۔

Xanthocyanopsy : (n) [Gr.] (مرضیات)رنگ کوری؛ رنگودھی میں صرف زرد اورنیلے رنگوں کا ہی امتیاز ھوتا ھے۔

Xanthoderm : (n) (بشریات) زرد جلد والا شخص (خصوصاً زرد جلد والی نسل سے)؛ جلد کی زردی۔

Xanthoderma/Xanthodermia : (n) [mod. L.] (مرضیات) جلد کا زرد یا پیلا رنگ۔

Xanthodont/Xanthodontous : (a) [Gr.] (حیوانیات) (کترنے والے جانوروں سے متعلق) زرد دانت والا؛ پیلے دانتوں والا۔

Xanthogen : (n) (کیمیا) زینتھلک تیزاب کامفروضہ اصلیہ۔

Xanthogenate : (n) دیکھو Xanthate

Xanthogenic acid : (a) دیکھو Xanthic Acid

Xanthogenic radiation : (n) (بصریات) زرد اثری شعاع۔

Xanthoieucophore : (n) سفید داغ (جیسے مینڈک کا) جس میں زرد رنگ بھی ھو۔

Xanthoma : (n) [mod. L.] (مرضیات)سلعہء اصفر؛ زرد رسولی۔

Xanthomatosis : (n) [mod. L.] (مرضیات) زرد رسولی کے مواد کا چمڑے یا دوسری نسیجوں میں جمع ھونے سے متعلق۔

Xanthomatous : (a) (مرضیات) سلعہء اصفری؛ زرد رسولی کا۔

Xanthomelanoi : (n) [mod. L. fr. 'xanth'+Gr. 'melanoi'.] (بشریات) سیاہ مو اور زرد سانولے رنگ کے لوگ۔

Xanthomelanous : (a) (بشریات) سیاہ بال اور زرد سانولی رنگت کا۔

Xanthometer : (n) (بصریات) رنگ پیما یا لون پیما (سمندر یا جھیل کے پانی میں استعمال کے واسطے)۔

Xanthomonad : (n) [mod. L.] (نباتیات) زینتھو موناز جنس کا جرثومہ۔

Xanthomonas : (n) mod. L.] (نباتیات) جراثیم کی ایک بڑی جنس (سیوڈوموناس خاندان سے مشابہ)۔

Xanthone : (n) (کیمیا)ایک قلمی کیتون -$(C_6 H_4(CO)(O) C_6 H_4)$

Xanthopathia/Xanthopathy : (n) (مرضیات) جلد کا زرد ھو جانا؛ جلد کا پیلا پڑ جانا۔

Xanthophane : (n) (حیوانیات) زرد فام؛ پیلا رنگ۔

Xanthophore : (n) (حیوانیات) زرد بردار۔

Xanthophyceae : (n) [L.] (نباتیات) اشنہ؛ جبلک؛ الجی یا بحری کائی کی ایک جنس۔

Xanthophyll : (n)[Gr.] (نباتیات)صفرہء نباتی؛ زنتھوفل ؛ زردی برگ؛ صفور خزانی؛ موسم خزاں کے پتوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا مادہ۔

Xanthophyllite : (n) (معدنیات) طلقی معدن؛ ابرقی دھات۔

Xanthopicrite : (n) (کیمیا) زرشک۔

Xanthoplast : (n) (حیوانیات) زرد لون بردار؛ زرد خلیہ۔

Xanthoproteic reaction/-test : (n) (کیمیا) گرم گاڑھے شورے کے تیزاب کا ٹائروسین کے ساتھ رد عمل۔

Xanthopsia/Xanthopsy : (n) [Gr.] (مرضیات) زرد نظری۔

Xanthopsin : (n) (کیمیا، حیوانیات) زردین؛ زینتھوپسین ۔

Xanthopterin : (n) (کیمیا) ایک مادہ، رنگی زرد قلمی دو عملہ جس کا پگھلاؤ اونچی حرارت پر ھوتا ھے ۔

Xanthopurpurin : (n) [Xath-+purpurin.] (۱) (کیمیا) ایک سرخ زرد بلوری مرکب ۔ (۲) دیکھو Purpuroxanthin ۔

Xanthorhamnin : (n) (کیمیا) ایک زرد قلمی شکر گوندی یا گوندنی ۔

Xanthorhiza/Xanthorrhiza : (n) [mod. L.] (نباتیات) زینتھور ہیزا جنس کا ایک پودا ۔

Xanthoria : (n) [mod. L, fr. Gk. 'Xanthos'.] (نباتیات) زرد یا نارنجی رنگ کی کائی کی ایک جنس؛ زرد یا نارنجی رنگ کی کائی نما نبات جو پتھر یا درخت کے تنے پر اُگتی ھے اس کی ایک جنس ۔

Xanthorrhoea : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) آسٹریلیائی لیلیاسی قسم کے پودوں کی ایک جنس ۔ (۲) زینتھور یا جنس کا کوئی پودا ۔

Xanthosiderite : (n) [Gr.] (معدنیات) ایک قسم کی دھات ۔

Xanthosine : (n) (کیمیا) ایک قلمی مرکب ($C_{10} H_{12} N_4 O_6$) ۔

Xanthosis : (n) [mod. L.] (۱) (طب) صفراء نسیجی ۔ (۲) (نباتیات) اسٹرابیری کے پودے کی ایک متعدی بیماری ۔

Xanthosoma : (n) [mod. L.] (نباتیات) گرم ملکی امریکی آراسی قسم کے پودوں کی ایک جنس ۔

Xanthosome : (a) (حیاتیات) زرد جسم ۔

Xanthospermous : (a) [Gr.] (نباتیات) زرد تخمہ ۔

Xanthotoxin : (n) (کیمیا) ایک قلمی لیکٹون ($C_{12} H_3 O_4$)؛ خصوصاً ایک افریقی درخت کے پھلوں سے حاصل کیا ھوا ۔

Xanthotrichous : (a) زرد مو؛ زرد بال والا ۔

Xanthoura : (n) [mod. L] (حیوانیات) زرد دمان؛ دیکھو Cyanocorax ۔

Xanthous : (a) (۱) زرد مو؛ زرد رنگ والا ۔ (۲) (بشریات) منگولی نسلہ؛ منگول؛ منگول نسل کا یا زرد رنگ کا ۔

Xanthoxenite : (n) (معدنیات) زینتھوزیناٹٹ دھات

Xanthoxyl : (n) (نباتیات) زینتھوک زائلم نسل کا ایک پودا ۔

Xanthoxylaceae : (n) pl. [mod. L] (نباتیات) زینتھوک زائلم نسل کا پودا؛ Zanthoxylaceae جنس تیج بل ۔

Xanthoxylaceous : (a) (نباتیات) زینتھوک زائلم نسل کے پودے سے متعلق ۔

Xanthoxyletin : (n) [mod. L] (کیمیا) ایک قلمی مرکب جو ایک درخت کی چھال سے حاصل ھوتا ھے ۔

Xanthoxylin : (n) (کیمیا) ایک قلمی کیتون ($C_{10} H_{12} O_4$) ۔

Xanthoxylon/Xanthoxylum : (n) (۱) (نباتیات) جنس تیج بل؛ روتاسی قسم کے درختوں اور جھاڑیوں کی ایک بڑی جنس ۔ (۲) دیکھو Zanthoxylum ۔

Xanthoxylum Alatum : (n) (نباتیات) تیج بل ۔

Xanthurenic acid : (n) (کیمیا) ایک زرد بلوری تیزاب ($(HO)_2 C_9 H_4 NCOOH$) ۔

Xanthydrol : (n) (کیمیا) ایک دوسرے درجے کا بلوری الکحل ($C_6 H_4 (CHOH) (O) C_6 H_4$) ۔

Xantipp : (n) دیکھو Xanthippe

Xantus's murrelet : (n) (حیوانیات) کیلیفورنیا اور میکسیکو کے ساحل پر پائی جانے والی ایک قسم کی سمندری چڑیا ۔

Xantusiidae : (n) [mod. L] (حیوانیات) شمالی امریکا کے جنوبی مغربی خطے میں پائی جانے والی ایک قسم کی چھپکلی ۔

Xat : (n) [Haida] مرے ھوئے لوگوں کی یادگار میں شمالی امریکا کے مغربی خطے کے کچھ ہندوستانیوں کا گاڑا ھوا ایک منقش چوب ۔

Xaverian : (a) سینٹ فرانسس زیویر(۱۵۵۲ عیسوی) کے نام کایا اس سے متعلق ۔

Xaverian brother : (n) بروژیس ۱۸۳۹ میں قائم شدہ رومن کیتھولک چرچ کے دنیا دار برادران کی تعلیمی جماعت کا رکن ۔

Xebec : (n) زیبک؛ بحر روم کی سہ مستولی کشتی جس میں مثلث یا مربع بادبان لگاتے ہیں ۔

Xema : (n) [mod. L.] (حیوانیات) آرکٹک امریکا کی ایک قسم کی سیاہ سر والی چھوٹی بطخ یا مرغابی؛ کانٹا دُم مرغی؛ زیما۔

Xeme : (n) دیکھو Xema

Xen-/Xeno- : (prefix)[Gr. fr. 'xenos'.] سابقہ بمعنی(۱) مہمان۔ (۲) غیر ملکی؛ پردیسی؛ بیگانہ اور غیر مانوس؛ اجنبی؛ خارجی؛ غیر۔ (۳) (معدنیات) نادر اور کمیاب۔

Xen-a-gogue : (n) راہ نما؛ رہبر؛ راستہ بتانے والا۔

Xenacanthine : (a) [mod. L. 'Xenacanthini'.] (حیوانیات) (ایک مچھلی) ناپید شارک قسم کی، نازک لمبی ریڑھ کی۔

Xenagogy : (n) کتاب راہ نما؛ کتاب جو راستہ بتاتی ہے (شہر یا ملک وغیرہ کا)۔

Xenarchi : (n) pl. [mod. L. Fr. 'xen+Gr. 'archos'.] مچھلیوں کی ایک جنس۔

Xenarthra : (n) [mod. L. fr. 'Xen+arthra'.] (حیوانیات) امریکی مورخور (چیونٹیاں کھانے والے) پوپلے جانوروں کی ایک قسم۔

Xenarthral : (a) [Gr.] (حیوانیات) زائد مفصلہ۔

Xenarthran : (a) [Fr. 'xene', fr. Gr. 'xenos'.] (۱) (طبیعیات) کسی دھات سے بہت کم ملنے والے مادے سے متعلق۔(۲) غیر مانوس یا اجنبی سے متعلق۔

Xene : (suffix) [F. 'xenos, fr. Gr. 'xenos'.] لاحقہ بمعنی، (۱) غیر مانوس : اجنبی۔ (۲) (مادہ) جو کسی دھات سے بہت کم ملتا ہے۔

Xenelasia : (n) قدیم اسپارٹا میں غیر ملکیوں کے ٹھہرنے کی ممانعت اور وہاں سے ان کا اخراج۔

Xenia : (n) (نباتیات) نرارث؛ اثر زیرہ۔

Xenial : (a) مہمان نوازانہ؛ میزبانی کا؛ مہمان اور میزبان کے تعلقات کا۔

Xenicidae : (n) [mod. L. fr. Gr. 'xenicus'.] نیوزی لینڈ کی چڑیوں کی ایک جنس۔

Xeniobiosis : (n) (نباتیات) نرارثی حیاتیت۔

Xenium : (n) [L. fr. Gr. xenion.] (۱) نذرانہ؛ نذرانۂ مہمان۔ (۲) نذرانہ جو قرون وسطیٰ میں رعایا اپنے بادشاہ یا جاگیر دار کو دیتی تھی۔ (۳) تحفہ (خصوصاً لطیف کھانوں کا) جو قدیم یونانی اور رومی کسی مہمان یا اجنبی کو دیتے تھے۔

Xenoberyces : (n) [mod. L.] (حیوانیات) بیریکو مورفی سے متعلق چھوٹی مچھلیوں کی ایک جنس۔

Xenobiosis : (n) [Gr.] (حیوانیات) دو قسم کی چیونٹیوں کا ایک ساتھ رہنا لیکن نسلی اعتبار سے دونوں کا جدا رہنا۔

Xenoblast : (n) [xen- + blast.] (ارضیات) متغیر چٹان کا ایک قلم جو اپنی شکل نہیں رکھتا بلکہ آس پاس کے قلموں سے متاثر ہوکر اپنا خاکہ بناتا ہے۔

Xenocentric : (a) [xen- + centric.] دوسرے کی ثقافت کی طرف مائل یا دوسرے کی ثقافت کو اپنی ثقافت پر ترجیح دینے والا۔

Xenocratean : (a) زینوکریٹس فلسفی یا اس کے نظریات (جن میں اس نے فیثاغورثی خیالات کو افلاطونی خیالات کے ساتھ یکجا کیا ہے) سے متعلق۔

Xenocratic : (a) دیکھو Xenocratean

Xenocryst : (n) (ارضیات) خارجی قلم؛ بے میل بلور۔

Xenodiagnosis : (n) [mod. L. fr. 'xen'-+ 'diagnosis'.] (مرضیات) طفیلی کیڑے کی دریافت (جیسے انسان کے خون کا طفیلی کیڑا)۔

Xenodiagnostic : (a) طفیلی کیڑے کی دریافت سے متعلق۔

Xenodocheionology : (n) [Gr.] ہوٹلوں، سراؤں یا مسافر خانوں کا علم۔

Xenodocheum : (n) [Gr. 'xenodocheion'.] قدیم یونان کی سرائے، دارالاقامہ یا بورڈنگ ہاؤس۔

Xenodochium : (n) [Gr.] ہوسٹل، بورڈنگ ہاؤس، مہمان خانہ (خصوصاً کسی خانقاہ میں)۔

Xenoecic : (a) (حیاتیات) غیر باش۔

Xenogamy : (n) [Gr.] (نباتیات) دومیلی؛ پیوند؛ مخلوط ازدواجی؛ پار باروری

Xenogenesis : (n) [mod. L.] (حیوانیات) غیر تولید؛ نسل گریزی۔

Xenogenitic/Xenogenic : (a) (حیوانیات) غیر تولیدی یا نسل گریزی سے متعلق۔

Xenogenous : (a) (حیوانیات) غیرتولیدی۔

Xenoglossy : (n) تنویم کی حالت میں ایسی زبان کا استعمال جو اس شخص کو معلوم نہ ہو۔

Xenolite : (n) (معدنیات) الومینیم کا نمک؛ الومینیم سلیکا کی ایک قسم۔

Xenolith : (n) (ارضیات) بے میل چٹان یا پتھر؛ ایک قسم کی چٹانوں کے سلسلے میں کسی اور قسم کی چٹان۔

Xenolithic : (a) (ارضیات) بے میل چٹان یا پتھر کا یا اس سے متعلق۔

Xenomania : (n) [mod. L.] (طب) جنون غیر ملک؛ بدیسی مانیا؛ بدیسی اور غیر ملکی چیزوں کا جنون (مثلاً رسم و رواج، ادارے، طور طریقے، وضع قطع)۔

Xenomenia : (n) (طب) طمثِ عوضی۔

Xenomi : (n) [Gr.] (حیوانیات) میٹھے پانی میں رہنے والی سیاہ مچھلیاں۔

Xenomorpha : (n) [mod. L.] (حیوانیات) پانی یا مرطوب کائی میں رہنے والی چھوٹی مخلوقات جو خورد بینوں کے ذریعے دیکھی جا سکتی ہیں۔

Xenomorphic : (a) [Gr.] (ارضیات) غیر شکلہ۔

Xenomorphism/Xenomorphy : (n) (ارضیات) غیر شکلیت۔

Xenon : (n) [Gr.] (کیمیا) زینون (عنصر، گیس)؛ ایک وزنی اور غیر متحرک گیسی عنصر جو ۱۸۹۸ء میں تحقیق کیا گیا تھا، جس کا علامتی نشان xc یا x ہے۔

Xenopeltidae : (n) (حیوانیات) خشکی پر رہنے والے بے گزند سانپوں کی ایک جنس۔

Xenophanean : (a) یونانی فلسفی زینوفینیز (٦ق۔م) یا اس کی تعلیمات سے متعلق۔

Xenophanes : (n) (تاریخ) زینو فینیز۔

Xenophia : (n) بدیسی بڑک؛ اجنبیوں سے نفرت جو مرض کی حد تک پہنچ جائے۔

Xenophile : (n) (نفسیات) غیر پسند؛ اجنبی چیزوں کو پسند کرنے والا۔

Xenophobe : (n) (نفسیات) غیر گریز؛ اجنبی چیزوں سے خوف کھانے والا۔

Xenophobia : (n) [mod. L.] (نفسیات) غیر ترسی؛ اجنبیوں سے نفرت۔

Xenophobic : (a) [mod. L.] (نفسیات) زینوفوبیا یا غیر ترسی سے متعلق۔

Xenophone : (n) (سمعیات) زینوفون۔

Xenophontean/Xenophontian/Xenophontine : (a) یونانی مورخ سوانح اور مضمون نگار زینوفون (۳۵٤-٤٤٤ ق ۔ م) کا یا اس سے متعلق۔

Xenophontic : (a) زینوفون جیسا۔

Xenophora : (n) [mod. L.] (حیوانیات) معدہ پا صدفوں کی ایک جنس۔

Xenophoran : (a) (حیوانیات) صدفوں یا گھونگوں سے متعلق۔

Xenophya : (a) (حیوانیات) غیر آفرید۔

Xenopithecus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) مشرقی افریقی گوریلا یا چمپانزی کی ایک معدوم جنس۔

Xenoplastic : (a) (حیوانیات) غیر پیوندی؛ غیر مایائی۔

Xenoplastically : (adv.) (حیوانیات)غیر پیوندی کے طور پر۔

Xenopodidae : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جل تھلیا؛ جل بھومیا (جانور جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہو) کی ایک جنس۔

Xenopsylla : (n) (حیوانیات) پسوؤں کی ایک جنس۔

Xenopteri : (n) [mod. L.] (حیوانیات) ہڈی دار مچھلیوں کی ایک قسم۔

Xenopterygii : (n) (حیوانیات) ہڈی دار مچھلیوں کی ایک قسم ۔

Xenopus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) افریقی آبی مینڈکوں کی ایک جنس ۔

Xenorhynchus : (n)[mod. L.] (حیوانیات)مشرقی ہندوستانی اور آسٹریلیائی لقلقوں کی ایک جنس ۔

Xenos : (n) [mod. L.] (حیوانیات) مختلف بھڑوں کے طفیلی کیڑے ۔

Xenosauridae : (n) [mod.] (حیوانیات) میکسیکی چھپکلی کی ایک جنس ۔

Xenotime : (n) [Gr.] - (YPO_4) (معدنیات) زینوٹائم دھات

Xenous (suffix) [Gr.] لاحقہ بمعنی میزبان ۔

Xenurine : (a) [Gr.] (حیوانیات) زینورس جنس کا؛ عجب دمہ؛ عجیب دُم کا یا عجیب دُم والا ۔

Xenurus : (n) [mod. L.] چھوٹی دُم والے مسلح اونٹ کی ایک جنس ۔

-xeny : (suffix) لاحقہ بمعنی میزبان سےنسبت یا میزبان کا تعلق ۔

Xenyl : (n) (کیمیا) بانی فنائل سے نکالا ہوا مرکب؛ زینائل $C_6 H_5 C_6 H_4$ ۔

Xer-/Xero- : [Late L. fr. Gr. 'Xeros'.] جزوترکیبی بمعنی "خشک" ۔

Xerafin/Xerafim/Xeraphim : (n) [Pg. Xerafim, fr. Ar. Sharifi, fr. Sharif noble] انیسویں صدی سے پہلےنقرئی سکہ جو ہندوستان کے پرتگالی علاقوں میں رائج تھا ۔

Xeransis : (v) خشک ہوجانا؛ سوکھ جانا؛رطوبت دور ہوجانا۔

Xeransis : (n) (نباتیات) خشکاؤ ۔

Xeranthemum : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) ایک سدا بہار پودا جس میں ہمیشہ پھول کھلے رہتے ہیں ۔ (۲) خشک گل؛ خشک دکمہ ۔ (۳) زیرانتھم نسل کا کوئی پودا یا پھول ۔

Xerarch : (a) (۱) (نباتیات) خشک جگہوں میں پلنے یا نشو و نما پانے والا (جیسے گھاس) ۔ (۲) اول خشکیہ؛ پہل خشکیہ ۔

Xerasia : (n) [Gr.] (۱) بیگانوں اور خارجیوں کا اخراج؛ غیر لوگوں کی نکاسی ۔ (۲) (مرضیات) بال کی بہت زیادہ خشکی؛ یبوست الشعر ۔

Xeres : (n) اندلس کا ایک شہر جو عمدہ شراب کے لئے مشہور تھا ۔

Xeric : (a) (۱) (نباتیات) (ایسے مقام کا) جہاں پودوں کو نشو و نما کے لئے کم رطوبت ملتی ھے ۔ (۲) خشکیہ؛ سوکھا پسند ۔

Xeriff : (n) دیکھو Shereef

Xerochasy : (n) (نباتیات) خشک شگفتگی ۔

Xerocole/Xerocolous : (a) (۱) خشک پسند ۔ (۲) خشک حالات کو پسند کرنے والا ۔ (۳) دیکھو Xerophilous ۔

Xeroderma/Xerodermia/Xerodermis : (n) [Gr.] (مرضیات) جلد کی غیر معمولی خشکی کی ایک بیماری؛ غضاب؛ داء الحیہ ۔

Xerodermatic/Xerodermatous/Xerodermic: (a)[Gr.] (مرضیات) Xeroderma یا جلد کی خشکی سے متعلق ۔

Xerodes : (n) (طب) خشک سلعہ ۔

Xerogel : (n) [Gr.] جیلی جیسےمادہ کو سکھا کرٹھوس بنانا جو سوکھنے پر سکڑ گیا ہو ۔

Xerographic : (a) Xerography (فنون) (تصویر، نقشہ وغیرہ جو بلاک یا پلیٹ سے تیار کیا جائے) سے متعلق ۔

Xerography : (n) [f. xero+-graphy] (فوٹوگرافی) نقشہ یا تصویر جو بلاک یا پلیٹ کے ذریعہ روشنی اور بجلی کی مدد سے تیار کی جائے؛ تحریر امور کی نقل جو عکسی تصویر کشی کے ذریعہ کی جائے ۔

Xeroma : (n) (مرضیات) جسم کے بعض اعضاء کی غیر معمولی خشکی خصوصاً خشک آشوب چشم یا ورم چشم (جس میں رطوبت خارج نہ ہو)؛ رمد یابس ۔

Xeromatous : (a) (مرضیات) Xeroma یا جسم کے بعض اعضاء کی غیر معمولی خشکی سے متعلق ۔

Xeromorph : (n) (نباتیات) خشک پودا ۔

Xeromorphic : (a) Xeromorph یاخشک شکلہ یا خشک پودے سے متعلق۔

Xeronic : (a) (کیمیا) ایک تیزاب ($C_8H_{12}O_4$) سے متعلق۔

Xerophagy : (a) [Gr.] (۱) (طب) خشک خوری۔(۲) خشک غذا کا کھانا ۔ (۳) خصوصاً، ایک طرح کا روزہ جو قدیم زمانے میں گرجا میں رکھا جاتا تھا جس میں صرف روٹی، پانی اور ترکاریاں کھانے کی اجازت تھی۔

Xerophil/Xerophile : (n) [Gr.] (۱) (نباتیات) جفاف؛ خشک پودا؛ سوکھا پڑنے پر بھی سرسبزرہنے والا پودا ۔ (۲) خشک جگہ کی گھاس؛ گھاس جو خشک جگہ میں اگتی ہے۔

Xerophilous : (a) [Gr.] (۱) (نباتیات) خشک پسند۔(۲) خشک حالات کو پسند کرنے والا ۔(۳) خشک ماحول یا خشک مقامات میں نشوو نما پانے والا؛ گرم و خشک آب و ہوا میں پنپنے والا۔

Xerophily : (n) [Gr.] (نباتیات) خشک حالت یا کیفیت کی پسندیدگی والا۔

Xerophobous : (a) (نباتیات) خشکی کو برداشت نہ کرنے والا (پودا)۔

Xerophthalmia : (n) [Late. L.] (۱) (مرضیات) خشک آشوب چشم یا ورم چشم (جس میں رطوبت خارج نہ ہو)؛ رمد یابس ۔ (۲) وٹامن کی کمی کی وجہ سے خشک آشوب چشم یا ورم چشم کا ہو جانا ۔

Xerophthalmic : (a) (ارضیات) خشک آشوب چشم یا ورم چشم سے متعلق۔

Xerophyllum : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) (شمالی امریکا میں پائی جانے والی) بلند سوسنی بوٹیاں یا لمبی جڑی بوٹیوں کی ایک جنس۔

Xerophyte : (n) [Gr.] (۱) (نباتیات) ایک پودا جس کو زندہ رہنے کے لئے اور نشو و نما پانے کے لئے محض قلیل پانی کی ضرورت ہوتی ہے ۔ (۲) جفاف؛ خشک پودا؛ خشک نبات؛ خشکی پسند پودا ۔

Xerophytic : (a) [Gr.] (نباتیات) خشک نبات یا خشکی پسند پودے سے متعلق۔

Xerophytism : (n) (نباتیات) خشک نباتی یا پودے کی خشکی پسندی کی خاصیت یا کیفیت۔

Xerophytization : (n) (نباتیات) کم رطوبت والی آب و ہوا میں پودے کا نشوو نما پانا۔

Xerophyton : (n) پودا جو بہت کم نمی پسند کرتا ہے؛ سوکھا پسند پودا۔

Xeroplastic : (a) (نباتیات) خشک نباتہ۔

Xeroprinting : (n) (فوٹو گرافی) اکزیروگرافی کے ذریعہ گرافک نقوش کا بڑے پیمانے پر تیار کرنا۔

Xeroradiograph : (n) (فوٹو گرافی) فنون زیرو گرافی کے استعمال سے ریڈیو گراف کا بنایا جانا جس سے تصویر کا اندراج ہو۔

Xerosere : (n) (۱) خشک زمین کا سلسلہ؛ سوکھی ہوئی زمین کا سلسلہ ۔ (۲) اول برّی : بر آغازی ۔ (۳) برّی سلسلہ۔

Xerosis : (n) (مرضیات) خصوصاً دیکھو Xeroderma

Xerostatic : (n) (نباتیات) خشک سکونی۔

Xerostomia : (n) (طب) منہ کی غیر معمولی خشکی؛ خشکیء دہن۔

Xerothamnium : (n) (نباتیات) خشک خار زار۔

Xerotherm : (n) (۱) (نباتیات) ایک پودا جو خشک اور گرم آب و ہوا میں پنپتا ہے ۔(۲) خشک حراریہ۔

Xerothermic : (a) (۱)(نباتیات) گرم اورخشک آب و ہوا والا۔(۲) (حیوانیات) گرم اور خشک جگہ کو پسند کرنے والی (کیڑے)۔

Xerotherous : (n) (نباتیات) خشک تابہ۔

Xerotic : (a) (مرضیات) جلد کی خشکی یا خشک آشوب چشم یا ورم چشم سےمتعلق۔

Xerotribia : (n) (طبیعات) خشک فرک۔

Xerotripsis : (n) خشک مالش؛ خشک رگڑ۔

Xerotropic : (n) (نباتیات) خشک رخ۔

Xerotropism : (n) (نباتیات) خشک رخی۔

Xerus : (n) (حیوانیات) لمبی دم والی افریقی گلہری کی ایک جنس؛ زیرس۔

Xerxes : (n) (تاریخ) خشا یا رشا ۔

Xex/X'es : X کی جمع ۔

XF : (ہندسہ) (مخفف) (extra fine)زائد باریک ۔

Xg : مخفف (چوراہا) (crossing) ۔

Xheight : (n) ایک مطبوعہ حرف کے اوپر اور نیچے کی درمیانی دوری۔

Xhosa/Xosa : (n) (۱) مشرقی کیپ صوبے کےبنٹوزبان بولنے والے لوگ ۔(۲) خوسا لوگوں کی بنٹو زبان ۔

Xi : (n) (۱) یونانی زبان کا ایک حرف جو x کی آوازدیتا ھے ۔(۲) یونانی حروف تہجی کا چودھواں حرف ۔

Xibalba : (n) عالم اسفل ۔

Ximenia : (n) [mod. L] (نباتیات) گرم ملکوں کی جھاڑیاں یا پیڑ (Olaeaceoe جنس کے) ۔

Xinca : (n) (۱) جنوب مشرقی گوتیمالا کے ہندوستانی لوگ؛ ان لوگوں کا کوئی رکن ۔ (۲) ان لوگوں کی زنکن زبان ۔

Xincan : (n) زنکا لوگوں کی زبان ۔

Xiph-/Xiphi-/Xipho- : (prefix)[mod. L fr. fr. Gr.'xiphos'.] سابقہ بمعنی "سیف" "شمشیر" "تلوار" ۔

Xiphias : (n) [Gr.] (۱) (حیوانیات) ایک شمشیر نما مچھلی، خصوصاً X. gladins جو اس جنس کی مچھلیوں میں سے ھے؛ شمشیر ماہی ۔ (۲) (علم النجوم) سیف الجبار (Daroda)؛ شمشیر کی شکل کا ایک دم دار ستارہ؛ سمکہ سیافہ ۔

Xiphidiocercaria : (n) [mod. L.] (حیوانیات) ذنبی لاروا ؛ ذُنبہ ۔

Xiphihumeralis : (n) [mod. L.] (تشریح) سیف العضد ۔

Xiphioid : (a) [mod. L.] شمشیر نما مچھلی کی جنس سے متعلق ۔

Xiphiplastral : (a) (حیوانیات) کچھوے کے سینہ پوش یا شکم پوش کی سب سے پچھلی دو پلیٹوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔

Xiphiplastron : (n) (حیوانیات) کچھوے کے سینہ پوش یا شکم پوش کی سب سے پچھلي دو پلیٹوں میں سے کوئی ایک ۔ (۲) کچھوے کے سینہ پوش کی آخری اور پچھلی چوتھی پلیٹ ۔ (۳) سیف الصدر ۔

Xiphisternal : (a) [mod. L.] (تشریح، حیوانیات) سیف القص یا زائدہ قص سے متعلق ۔

Xiphisternum : (n)[mod. L.] (تشریح،حیوانیات)سیف القص؛ زائدہ قص؛ خنجری؛ سینے کی ہڈی کا سب سے نیچے کا ٹکڑا ۔

Xiphisura/Xiphiura/Xiphura : (n) (۱) مفصل پایہ نسل سے تعلق رکھنے والے حیوانات مثلاً دُمدار کیکڑے، مکڑی یا بچھو ۔(۲) سیفی دُمداران ۔

Xiphocostal : (a) (تشریح، حیوانیات) زائدہ سیفی اور پسلیوں کا یا ان سے متعلق ۔

Xiphodon : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جفت انگشتہ یا سلم شگافتہ کی ایک جنس ۔

Xiphodynia : (n) (طب) زائدہ شمشیری کا درد ۔

Xiphoid : (a) [mod. L. 'Xiphoides'.] (۱) (نباتیات) سیفی؛ خنجری ؛ شمشیر نما ؛ تلوار کی شکل کا ۔ (۲) (تشریح، حیوانیات) زائدہ سیفی؛ زائدہ قص ۔ (۳) سینے کی ہڈی کا تیسرا یعنی سب سے نیچے کا ٹکڑا؛ قص خنجری ۔

Xiphoid Artery : (n) (تشریح) شریان سیفی ۔

Xiphoid bone : (n) (تشریح، حیوانیات) بعض چڑیوں کی گُدّی کی بندھن میں نازک ہڈی سازی ۔

Xiphoid cartilage : (n) (حیوانیات) غضروف سیفی ۔

Xiphoid process : (n) (۱) (تشریح، حیوانیات) زائدہ سیفی ۔ (۲) بڑے کیکڑے کی دُم ۔

Xiphopagous : (a) [G.] (حیوانیات) غضروفی توام سے متعلق؛ سیفی جوڑا یا خنجری جوڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Xiphopagus : (n) [G.] (حیوانیات) غضروفی توام؛ سیفی جوڑا؛ خنجری جوڑا ۔

Xiphophorus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) topminnows جنس کی ایک مچھلی جس کی دُم تلوار کی شکل کی ہوتی ھے ؛ شمشیر نما دم والی مچھلی ۔

Xiphophyllous : (a) (نباتیات) تلوار کی شکل کی پتیوں والا؛ سیفی برگہ؛ شمشیری برگہ ۔

Xiphosura/Xiphosure : (n) [Gr.] دیکھو Xiphisura

Xiphosuran : (a) (حیوانیات) مفصل پایہ نسل کے حیوانات سے متعلق ۔

Xiphydriidae : (n) [mod. L.] بھڑوں کی ایک جنس ۔

Xmas : (n) عیسیٰ مسیح کی یوم پیدائش کی خوشی؛ عید میلاد مسیح ۔

Xoanon : (n) [Gr.] زمانہ قدیم کی چوبی مورت، خصوصاً دیوتا کی ۔

Xonotlite : (n) (معدنیات) ایک دھات ($5CaSiO_3H_2O$) ۔

Xova/Jova : (n) (۱) شمالی آسٹریلیا کے لوگوں کی ایک جماعت ۔(۲) آسٹریلیا کا مشرقی علاقہ Sonova ۔

Xurel : (n) (حیوانیات) سوسمار (Saurel)؛ ایک جانور؛ گوہ ۔

XX-disease : (n) (طب) بیماری جو طبیب کی سمجھ میں نہ آئے ۔

Xyelidae : (n) [mod. L.] (حیوانیات) آرہ مکھیوں کی ایک جنس۔

Xyl/Xylo : (prefix) [L. fr. Gr 'xylon'.] سابقہ بمعنی "چوب" "لکڑی"۔

Xylan : (n) [Gr.] (۱) (کیمیا) ایک لیسدار مرکب جو لکڑی میں پایا جاتا ہے ۔(۲) پیڑ گوند یا لکڑی گوند ۔

Xylanthrax : (n) (کیمیا) لکڑی کا کوئلا؛ کولا ۔

Xylaria : (n) [mod. L.] (نباتیات) فطرات کی ایک جنس ۔

Xylariaceae : (n) (نباتیات) لفی فطرات کی ایک جنس۔

Xylary : (a) (نباتیات) لکڑی یا چوب اور خصوصاً چوب ریشہ سے متعلق ۔

Xyleborus : (n) [mod. L.] (حیوانیات) شہد کے چھوٹے بھونروں کی ایک بڑی جنس ۔

Xylem : (n) [Gr.] (نباتیات) چوبی ریشہ؛ خشبہ ۔

Xylem bridge : (n) (نباتیات) خشبی جسرہ ۔

Xylem core : (n) (نباتیات) خشبی قلب ۔

Xylem fiber : (n) (نباتیات) بہت سے ریشوں میں سے کوئی ایک ۔

Xylem islands : (n) (نباتیات) خشبی جزیرے ۔

Xylem Parenchyma : (n) (نباتیات) خشبی اسفنجیہ ۔

Xylem ray/Xylary : (n) (نباتیات) چوبی عرقی کرن؛ ریشک چوبی ۔

Xylene : (n) (کیمیا) زائلین ($C_6H_4(CH_3)_2$)؛ ہائیڈرو کاربن کی ایک قسم ۔

Xylene light yellow : (n) ایک تیزابی رنگ ۔

Xylene musk : (n) مشک زائیلین؛ کستوری زائیلین ۔

Xylene sulfonic acid : (n) (کیمیا) چھ بلوری ہم ترکیب تیزابوں میں سے کوئی ایک ($(CH_3)_2C_6H_3SO_3H$) ۔

Xylenol : (n) (کیمیا) چھ بلوری ہم ترکیب فینالوں میں سے کوئی ایک ($(CH_3)_2C_6H_3OH$) ۔

Xylenyl : (n) (کیمیا) زائیلین کا ایک جزو مستقل ۔

Xyleutes : (n) [mod. L.] آسٹریلیا یا جنوبی مشرقی ایشیا میں پائے جانے والے لکڑی کے پتنگوں کی ایک جنس۔

Xylia : (n) [mod.] (نباتیات) ایشیا میں پائے جانے والے درختوں (لیگومینوسی خاندان) کی ایک جنس ۔

Xylic : (a) (نباتیات) چوب ریشوی؛ خشبی ۔(۲) (کیمیا) زایلینی؛ زائیلک ۔

Xylic acid : (n) (کیمیا) زائیلین کا تیزاب ($(CH_3)_2C_6H_3COOH$) ۔

Xylic gap : (n) (نباتیات) فصل چوب ریشہ ۔

Xylidine : (n) (۱) (کیمیا) کم حرارت پر پگھلنے والے چھ قلمی مرکبوں میں سے کوئی ایک ($(CH_3)_2C_6H_3NH_2$) ۔(۲) (کیمیا) زائیلی ڈائنز کا ایک تجارتی مرکب ۔

Xylindein : (n) (کیمیا) ایک بلوری مرکب جو اون اور سوت کو سبز رنگنے کے لئے استعمال میں آتا ہے ($C_{34}H_{26}O_{11}$) ۔

Xylinus : (a) (نباتیات) چوبی ۔

Xylite : (n) (۱) (کیمیا)ایک پراں سیال جومغز چوب یا چوبی اسپرٹ سے حاصل ہوتا ہے ۔(۲) (معدنیات) لوہے کا ایک غیر خالص یا کثیف سلیکیٹ ۔

Xylitol : (n) (کیمیا) ایک شیریں بلوری الکحل $C_5H_7(OH)_5$ ۔

Xylitone : (n) زرد رنگ کا ایک روغن $C_{12}H_{18}O$ ۔

Xylo : (n دیکھو Xyl

Xylo-ascorbic acid : (n) پانی میں گھلنے والا ایک بلوری وٹامن ($C_6H_8O_6$) جو خصوصاً پھلوں میں پایاجاتا ہے ۔

Xylobalsamum : (n) [L.] (۱) ایک درخت یعنی بلسم مکه یا بلسان اسرائیل کی سوکھی شاخیں ۔ (۲) ان شاخوں کا جوشاندہ ۔(۳) (نباتیات) عودبلسان ۔ (٤) (طب) جوشاندۂ عود بلسان ۔

Xylocarp : (n) (۱) (نباتیات) درخت کا سخت چوبی پھل ۔ (۲) (نباتیات) سخت بر درخت، جس میں سخت چوبی پھل آتے ہیں ۔ (۳) (نباتیات) سخت بر؛ چوبی ثمر ۔

Xylocarpous : (n) (۱) (نباتیات) سخت بر ۔ (۲) سخت برہ؛ چوب ثمرہ ۔

Xylochrome : (n) (کیمیا) خشبہ؛ چوب لون ۔

Xylocopa : (n) [mod. L fr. Gr. 'xylocspos'.] شہد کی بڑی مکھیوں (خصوصاً گرم ملکوں میں پائی جانے والی) کی ایک جنس جو سوکھی لکڑیوں کو کھود کر اپنا چھتا لگاتی ہیں ۔

Xylocopid : (a) [Gr.] زائیلوکوپا جنس کی شہد کی مکھیوں سے متعلق ۔

Xylocopidae : (n) [Gr.] Xylocopa کی جمع ۔

Xylogen : (n) (۱) (نباتیات) چوب ریشہ؛ خشبہ ۔ (۲) (نباتیات) مادۂ چوب؛ لگنین ۔

Xylogenous : (n) (نباتیات، حیوانیات) چوب باش ۔

Xyloglyphy : (n) (فن) لکڑی پر نقاشی کا کام؛ چوبی نقش نگاری۔

Xylograph : (n) (۱) (فن) نقش چوب ۔(۲) (فن) چوب کاری ۔ (۳) (فن) (خصوصاً پندرھویں صدی میں) لکڑی پر نقاشی کا کام، چوبی کندہ کاری ۔ (٤) (فن) لکڑی کی چھپائی کا نقش جس میں لکڑی کے ٹھپوں سے لکڑی کے سے ریشے ابھر آتے ہیں ۔

Xylographer/Xylographist : (n) (۱) چوب کار ۔(۲) لکڑی کی چھپائی کا کام کرنے والا ۔

Xylographic/-al : (a) (۱) چوب کاری سے متعلق؛ منبت کاری سے متعلق ۔ (۲) لکڑی کی چھپائی کا یا اس سے متعلق ۔

Xylographica : (n) کتابیں جو بڑے حروف کے سانچوں سے چھاپی گئی ہوں ۔

Xylographically : (adv.) (۱) چوب کاری کے طور پر؛ منبت کاری کے طور پر ۔ (۲) لکڑی کی چھپائی کے طور پر ۔

Xylography : (n) (۱) لکڑی پر نقاشی (خصوصاً قدیم زمانے یا قدیم وضع کی) ؛ چوب کاری ؛ منبت کاری ۔ (۲) لکڑی کے ٹھپوں سے چھپائی؛ لکڑی کی چھپائی۔

Xyloid : (n) (۱) چوب نما؛ لکڑی جیسا ۔(۲) (نباتیات) خشب نما؛ خشبی ۔

Xyloidin /Xyloidine : (n) ایک دھماکه خیز مادہ؛ ایک آتش گیر مادہ ۔

Xylol : (n) دیکھو Xylene

Xylolatry : (n) (دینیات) لکڑی کی پوجا؛ چوب پرستی ۔

Xylology : (n) (۱) (نباتیات) لکڑی کےریشوں سے تعلق رکھنے والا علم ۔ (۲) (نباتیات) خشبیات؛ علم چوب ریشہ ۔

Xyloma/Xylome : (n) (نباتیات) خشبینہ؛ صلبہ ۔

Xylomancy : (n) لکڑی کے ٹکڑوں کے ذریعے غیب کا حال بتانا ۔

Xylometer : (n) (طبیعیات) چوب پیما؛ کثافت چوب پیما ۔

Xylomyces : (n) (نباتیات) چوب فطرہ ۔

Xylon : [mod. L from Gr. 'xylon'.] لاحقه بمعنی (۱) وہ جو (ایسی) لکڑی رکھتا ہو ۔ (۲) وہ جو لکڑی سے

متعلق (ایسی) حالت میں رہتا ہو ۔ (۳) لکڑی (جس میں قدیم زمانے کی لکڑی کے آثار ہوں) ۔

Xylonic acid : (n) (۱)(کیمیا)ایک تیزاب $C_4H_5(OH)_4COOH$ ۔ (۲) (کیمیا) زائیلونک ایسڈ ۔

Xylonite : (n) (کیمیا) باغہ؛ سیلولائڈ ۔

Xylophaga : (n) [mod. L.] (حیوانیات) دریائی دوپارہ صدفیات کی ایک جنس جو لکڑی میں سوراخ کر دیتی ہے ۔

Xylophaga : (n) کیڑے جو لکڑیاں کاٹتے ہیں، خصوصاً بھونروں کی جنس ۔

Xylophagan : (n) (حیوانیات) Xylophaga یا Xylophagi جنس کے بہت سے کیڑے جو لکڑیاں کاٹتے ہیں ۔

Xylophagidae : (n)[mod. L.] (۱) (حیوانیات) مکھیوں کی ایک جنس جو اکثر سڑی ہوئی لکڑیوں میں رہا کرتی ہیں ۔

Xylophagous : (a) [mod. L.] (۱) خشب خور ۔ (۲) لکڑی کاٹنے والے؛ (کیڑا) چوب خور ۔

Xylophage : (n) (حیوانیات) لکڑی کاٹنےوالے کیڑے : خشب خورحشرہ ۔

Xylophilan/Xylophilous : (a) (۱) سڑی ہوئی لکڑیوں میں رہنے والے (بھونروں کی ایک جنس) ۔ (۲) چوب باش؛ چوب پسند ۔

Xylophone : (n) (۱) (موسیقی) کاٹھ ترنگ؛ زائیلوفون؛ ایک چوبی باجا جس میں لکڑی کے پردے ہوتے ہیں اور ضرب لگانے یا رگڑنے سے بجتا ہے ۔ (۲) چوب شناس (آلہ) ۔

Xylophonic : (a) زائیلوفون سے متعلق ۔

Xylophonist : (n) زائیلوفون پر گانے بجانے والا ۔

Xylophyta : (n) (نباتیات) چوبی پودے؛ چوب نبات ۔

Xylopia : (n) [mod. L.] امریکا کے گرم علاقوں میں پائے جانے والے درختوں اور جھاڑیوں کی ایک بڑی جنس ۔

Xylopodium : (n) (حیوانیات) چوب پا ۔

Xylopolist : (n) چوب فروش؛ لکڑی بیچنے والا؛ لکڑی کا بیوپاری ۔

Xyloporosis : (n) [mod. L.] Citrus درختوں کی ایک بیماری ۔

Xylopyrography : (n) (۱) (فن) گرم آلات کے ذریعے لکڑی پر نقش و نگاری یا تصویر کشی ۔ (۲) آتشیں چوب کاری ۔

Xyloquinone : (n) (کیمیا) مختلف زرد بلوری مرکبات میں سے کوئی ایک $(CH_3)_2C_6H_2O_2$ ۔

Xylose : (n) (۱) (کیمیا) گلوکوز کی قسم کی ایک بلوری چینی $C_5H_{10}O_5$ ۔ (۲) (کیمیا) شکرچوب؛ زائیلوس ۔

Xyloside : (n) (کیمیا) ایک شکری مادہ جس سے Xylose بنتا ہے ۔

Xylosma : (n) [mod. L.] (نباتیات)امریکی اور ایشیائی جھاڑیوں اور درختوں کی ایک جنس جو عام طور پر سدا بہار ہوتے ہیں ۔

Xylostein : (n) [Gr.] (کیمیا) ایک زہریلا کڑوا مادہ جو زہرۃ العسل کی گوندیوں میں پایا جاتا ہے ۔

Xylostroma : (n) ایک قسم کا لکڑی کا کیڑا ۔

Xylostromatoid : (a) لکڑی کو برباد کرنے والا (کیڑا) ۔

Xylotile : (n) [Gr.] (۱) (کیمیا) باغہ؛ سیلولائڈ ۔ (۲) (کیمیا) ریشہ دار اسبسطوس ۔ (۳) (کیمیا) ایس بسٹس کی ایک قلم ۔

Xylotomic-/al : (a) (نباتیات) چوب تشریحی ۔

Xylotomist : (n) چوب تراشی یا چوب تشریح کا ماہر ۔

Xylotomous : (n) (حیوانیات) خشب تراش؛ لکڑی کا گھن؛ قارض خشبہ ۔

Xylotomous : (a) لکڑی میں سوراخ کرنے والا یا لکڑی کو کاٹنے والا (کیڑا) ۔

Xylotomy : (n) (نباتیات) چوب تراشی؛ چوب تشریح ۔

Xylotrya : (n) [mod. L.] (حیوانیات) دریائی دوپارہ صدفیات کی ایک جنس جو لکڑی کو برباد کر دینے کی خاصیت رکھتی ہے ۔

Xylotypographic : (a) (۱) لکڑی کے سانچوں کی چھپائی کا یا اس سے متعلق ۔

Xylotypography : (n) (۱) لکڑی کے بنے ہوئے سانچوں کے ذریعہ چھپائی ۔

Xylulose : (n) (کیمیا) ایک چینی کیتوز $C_5H_{10}O_5$ ۔

-xylum : (suffix)[mod. L fr. Gr. 'xylon'.] لاحقہ بمعنی "اس قسم کی لکڑی" "ایسی لکڑی" ۔

Xylyl : (n) زائیلین کا ایک جزو مستقل ۔

Xylylene : (n) (کیمیا) زائیلین کے اجزائے مستقل میں سے کوئی ایک جزو ۔

Xyphoid : (a) دیکھو Xiphoid

Xyrid : (n) [mod. L.] (نباتیات) زائرِیڈ؛ اس کے خاندان کا پودا یا بوٹی ۔

Xyridaceae : (n) [mod. L fr. "xyrid, xyris".] زائرِیڈ پودوں یا بوٹیوں کا خاندان ۔

Xyridaceous : (a) (نباتیات) Xyridacex سے متعلق ۔

Xyridales : (n) [mod. L. fr. 'xyrid, xyris'.] (نباتیات) زائیریڈ بوٹیاں ۔

Xyris : (n) [mod. L] (نباتیات) امریکی دلدلی پودوں کی ایک جنس ۔

Xyst : (n) [L.] (۱) برآمدہ یا برساتی جس کے اندر قدیم یونان وغیر کے ورزشی ورزش کیا کرتے تھے ۔ (۲) دیکھو Xystus ۔

Xyster : (n) (۱) (جراحی) ایک آلہ جس سے ہڈیاں کھرچ کر صاف کی جاتی ہیں ۔ (۲) عظم تراش؛ ہڈی کھرچنی ۔

Xystum : (n) (۱) ورزش گاہ ۔ (۲) دیکھو Xystus ۔

Xystus : (n) (۱) برآمدہ یا برساتی جس کے اندر قدیم یونان وغیرہ کے ورزشی ورزش کرتے تھے ۔ (۲) ورزش گاہ ۔ (۳) خیابان باغ؛ باغ کی روش یا چبوترہ ۔

Y

Y : (۱) انگریزی زبان کا پچیسواں اور قدیم رومن زبان کا تیئیسواں حرف تہجی ۔ (۲) (جبرو مقابلہ) دوسری نا معلوم مقدار ۔ (۳) دو شاخہ سڑک، نل، اڑواڑ، ستون وغیرہ ۔

y : (n) مخفف : (۱) Y. M. C. A یا Young Men's Christian Association (انجمن جوانان مسیحی) ۔ (۲) Yard ۔ Yellow, Yen

Y : (a) Y.M.C.A. (انجمن جوانان مسیحی) کا یا اس سے متعلق ۔

Y - : (Prefix) سابقہ بمعنی "شرکت و اجتماع ، مثلاً (Yclept, yclad, ywrought, yfere) ۔

Y : (۱) لاحقہ- اسمائے مجرد اور اسمائے صفات کے آخر میں آتا ہے (Victory, glory, primary) ۔ (۲) لاحقہ - عموماً اسمائے صفات اور مونث اسمائے ذات کے آخر میں آتا ہے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے ۔ (i) بھرا ہوا (کسی چیز سے) بنا ہوا؛ کسی چیز پر مشتمل (مثلاً thorny, milky, slangy) ۔ (ii) (مرکب رنگ میں) مائل مثلاً (pinky-white, whity-brown) ۔ (iii) شعر وغیرہ میں بہ طور حرف زائد کے (Stilly-still) ۔ (۳) لاحقہ جو علامات تصغیر کے طور پر آتا ہے (johnny, cooky) ۔ (٤) بعض لاحقے ایسے ہیں جن کی مدد سے مرکب الفاظ بنائے جاتے ہیں (-acy, -graphy, -plasty) ۔ (٥) لاحقوں کے ذریعے ایسے الفاظ بنائے جاتے ہیں جن سے نتیجہ یا عمل کا اظہار ہوتا ہے (perjury, augury, mystery) ۔ (٦) لاحقوں کے ذریعے ایسے الفاظ کی تشکیل جن سے کاروبار کی جگہ یا مال کے لین دین کا اظہار ہو (laundry, executry) ۔ (۷) لاحقہ کے ذریعے پوری جماعت یا ٹکڑی کا اظہار (soldiery) ۔ (۸) لاحقہ کے ذریعے اسمائے ذات سے اسمائے صفات (icy, watery, lacy, waxy) ۔

Y-axis : (n) (ہندسہ) محور ما؛ ما محور ۔

Y-box : (n) (برقیات) مزاحمتی ڈبا ۔

Y-branch : (n) دو شاخہ ٹہنی ۔

Y-cartilage : (n) دو شاخہ غضروف ۔

Y-chromosome : (n) (حیاتیات) مالونیہ؛ مالون جسم؛ لونیہ کی موجودگی یا غیرموجودگی سے جنسیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

Y-coordinate : (n) محدد؛ خط مرتب ۔

Y-cross : (n) دوشاخہ صلیب؛ خصوصاً صلیب کا وہ نشان جو لباس عبادت پر بنا ہوتاہے ۔

Y-granules : (n) (حیوانیات) ماریزے ۔

Y-gun : (n) دو شاخہ توپ (جو عموماً تارپیڈو کشتی پر لگی ہوتی ہے اور سمندر کے اندر پھٹنے والے بم پھینکتی ہے) ۔

Y-intercept : (n) دو خطوط کے اتصال کا X محدد ۔

Y-joint : (n) دو شاخہ جوڑ ۔

Y-level : (n) وائی لیول : آلہء پیمائش جس سے زمین کی سطح معلوم کی جاتی ہے اور جس کو Y کی شکل کی دوشاخہ لکڑیوں پر رکھ کر کام لیتے ہیں؛ مالیول؛ وائی افق نما ۔

Y-ligament : (n) دوشاخہ رباط ۔

Y-moth : (n) (حیوانیات) گاما؛ ایک قسم کا پتنگا یا کیڑا جس کے پروں پر یونانی حرف گاما یا Y کی شکل کا ایک نشان بنا ہوتا ہے؛ وائی پتنگا ۔

Y-point : (n) (برقیات) نقطہء تعدیل ۔

Y potential : (n) (طبیعیات) ما بہ الامتیاز تفاعل بالقوت ۔

Y psiliform : (a) (حیوانیات) دوشاخہ شکل کا ۔

Y psiloid : (a) (حیوانیات) دو شاخہ سا ۔

Y-theodolite : (n) (پیمائش) وائی زاویہ گیر ۔

Y-track : (n) دوشاخہ پٹری؛ تراہا؛ ریل کی پٹریوں کا وہ حصہ جہاں دو شاخیں بیچ کی پٹریوں سے آکر ملتی ہیں تاکہ انجن وغیرہ کو ایک شاخ سے درمیانی پٹری پر لا کر اور پھر دوسری پٹری پر اس کا رخ بدلا جاسکے۔

Y-worm : (n) ایک طرح کا کیڑا جس سے چڑیوں میں ایک قسم کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

Yabber : (n) آسٹریلیا کے قدیم باشندوں کی زبان اور بولی۔

Yabber : (v) بات چیت کرنا؛ گفتگو کرنا۔

Yabbi : (n) تسمانی بھیڑیا۔

Yabby/Yabbie : (n) آسٹریلیا کی ایک مچھلی جو پانی کے اندر شگافوں اور سوراخوں میں رہتی ہے۔

Yabim/Jabim : (n) (۱) نیوگینی ریاست کے موروب علاقے میں رہنے والے میلانیسی لوگ؛ ان میں سے کوئی ایک۔ (۲) یابم لوگوں کی زبان۔

Yaboa : (n) مچھلی کھانے والا ایک جانور جو رات کو نمودار ہوتا ہے۔

Yaboo : (n) [Pers.] افغانستان، ایران اور ان سے متصل ممالک میں پائے جانے والے بڑے ٹٹو اور چھوٹے تنومند گھوڑے۔

Yacal : (n) [Tag] (۱) خصوصاً فلپائن میں پائے جانے والے ایک درخت کی زردی مائل بھورے رنگ کی لکڑی۔ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی یا کل کہلاتی ہے۔

Yacata : (n) [Mex. Sp.] میکسیکو میں پتھر سے گھرا ہوا مٹی کا ایک تودہ جو شاید رہنے کی جگہ ہے۔

Yacca : (n) [Amer. Sp.] جزائر غرب الہند کا ایک سدا بہار درخت یا اس کی لکڑی جو فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے۔

Yacca gum : (n) [MLG. 'jacht'.] ایک قسم کا گوند۔

Yacht : (n) (۱) ایک ہلکی بادبانی کشتی جو عموماً کشتیوں کی دوڑ میں استعمال کی جاتی ہے؛ ڈونگی۔ (۲) بجرا؛ اگن بوٹ؛ کشتی جو بادبان، بھاپ یا بجلی کی قوت سے چلائی جاتی ہے، عموماً ذاتی سیر و سفر کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ (۳) بجرے میں سیر کرنا؛ کشتی دوڑ میں شریک ہونا؛ کشتی دوڑ کا کلب۔ (٤) پانسے کا ایک کھیل۔

Yacht : (v) مقابلے میں کشتی دوڑانا یا چلانا۔

Yacht chair : (n) ایک ہلکی پھلکی موڑنےوالی بازودار کرسی۔

Yacht club : (n) کشتی دوڑ کا کلب۔

Yacht ensign : (n) پبلک کے لائسنس دار بجرے جس میں امریکی قومی نشان کے جیسے جھنڈے لہراتے ہیں جس میں تیرہ (۱۳) سفید ستارے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔

Yacht rope : (n) بہترین قسم کی ڈوری جو نرم و نفیس سفید منیلا ریشوں سے بنائی جاتی ہے۔

Yachting : (n) (۱) کشتی دوڑ میں شریک ہونا یا کشتی میں دریا کی سیر کرنا۔ (۲) کشتی، ڈونگی یا بجرے میں سفر کرنا۔

Yachtsman : (n) (۱) بجرے میں سیر کرنے والا یا بجرا چلانے والا یا بجرے کا مالک۔ (۲) کشتی دوڑ میں شریک ہونے والا یا کشتی چلانے والا۔

Yachtswoman : (n) (۱) بجرے میں سیر کرنے والی یا بجرا چلانے والی یا بجرے کی مالکہ۔ (۲) کشتی دوڑمیں شریک ہونے والی یا کشتی چلانے والی عورت۔

Yachty : (a) بجرا، ڈونگی یا کشتی جیسا یا اس کے لائق۔

Yad : (n) [Heb.] بند مٹھی کے ساتھ کھلی ہوئی شہادت کی انگلی کا نشان جو یہودیوں کے عبادت خانے میں ان کے مذہبی قانون کے مکتوبات کے پڑھنے والوں کی رہبری کے لئے مستعمل ہے۔

Yae : (a) (اسکاچستان) ایک۔

Yaff : (n) (۱) (اسکاچستان) کتے کے بھونکنے کی آواز۔ (۲) تیز اور زور کی آواز۔ (۳) مسلسل چیختی ہوئی آوازیں، یاوہ گوئی یا بکواس۔

Yaffil/Yaffle : (n) (حیوانیات) ہدہد سبز؛ سبز رنگ کا ہدہد؛ سبزرنگ کا کٹھ پھوڑا۔

Yaffingale : (n) دیکھو Yaffil

Yager : (n) [mod. of G. 'jager'.] (۱) ایک رائفل۔ (۲) دیکھو Jager۔ (۳) جرمن فوجی پلٹن (خصوصاً رائفل پلٹن) کا سپاہی۔

Yagi : (n) [after Hidetsugu Yagi, electrical engineer] ایک بہت طاقتور ہوائیہ یا ریڈیو ۔

Yagua : (n) (نباتیات) تاڑ کی قسم کا ایک امریکی درخت ۔

Yaguaza : (n) جزائر غرب الہند میں پائی جانے والی ایک قسم کی بطخ یا مرغابی ۔

Yah : (int.) اونہہ ! (تحقیر کے موقع پر آتا ہے) ۔

Yahgan : (n) (۱) Tierra del Fuego کے شکار کرنے اور مچھلیاں پکڑنے والے خانہ بدوش لوگ یا ان کا کوئی فرد ۔ (۲) یاہگن لوگوں کی زبان ۔

Yahi : (n) (۱) شمالی کیلیفورنیا کی پٹ ندی کی وادی میں رہنے والے ناپید ہندوستانی لوگ؛ ان کا کوئی فرد ۔ (۲) یاہی لوگوں کی یا نان زبان ۔

Yahoo : (n) (۱) بن مانس؛ حیوان شکل انسان؛ حیوان مانس؛ یاہو ۔ (۲) ایک فرضی قوم جس کا Gulliver's Travels میں ذکر ہے ۔ (۳) اجڈ اور گندی طبیعت کا آدمی ۔

Yahooism : (n) یاہو کے طور طریقوں کی خاصیت ۔

Yahrzeit : (n) [Yiddish.] یہودیوں کے یہاں اپنے ماں باپ یا کسی قریبی رشتے دار کی موت کی ہر سال برسی منانے کی ایک رسم ۔

Yahveh/Yahweh : (n) [mod. L from Heb.Yhwh] (دینیات)یہو؛ خدائے تعالیٰ ۔

Yahvism : (n) (دینیات) یہودیوں کا مذہب جس میں توریت کے مطابق وہ خدا کی عبادت کرتے ہیں ۔

Yahvist : (n) دیکھو Jehovah

Yahvistic : (a) دیکھو Jehovistic

Yair/Yare : (n) [ME.] (۱) ایک گھیرا جو مچھلیوں کو پکڑنے کے لئے جوار کے راستے میں بنایا جائے ۔ (۲) مچھلیوں کو پھنسانے کا گھیرا ۔

Yaje : (n) [Amer. Sp] (نباتیات) ایپوسائناسی خاندان کا ایک برازیلی پودا ۔

Yak : (n) [Tibetan 'gyak'.] (۱) ملک تبت یا وسط ایشیا کے اونچے خطوں کا پالتو یا جنگلی بیل جس کے بال لمبے ہوتے ہیں اور کوہان بھی ہوتا ہے ۔ (۲) گیاک؛ سرا گائے؛ یاک ۔ (۳) گپی؛ فضول گو؛ بکواس کرنے والا ۔ (٤) بغیر کسی کا احترام کئے ہوئے بکواس کئے جانا ۔ (٥) ہنسی ۔ (٦) ریڈیو کے نقال کی ہنسی مذاق اور دل لگی ۔

Yaka : (n) کانگو ندی کے دہانے کے قریب رہنے والے بنٹو لوگوں کا ایک فرد ۔

Yakamik : (n) [mod. of Portuguese 'jacami'] (۱)ترمچی؛ سپاہی جو ترم یا بگل کے ذریعے کسی حکم کا اعلان کرتا ہے ۔ (۲) قصیدہ خواں ۔

Yakan : (n) فلپائن کے بسیلان جزیرے میں رہنے والے مورو لوگوں میں سے کوئی ایک ۔

Yakety-yak/Yakity-/ Yackety-: (n&v) (۱) گپی؛ فضول گو : بکواس کرنے والا ۔ (۲) بکواس کئے جانا ۔

Yakima : (n) (۱) جنوب وسطی واشنگٹن کی یا کیم ندی کی وادی میں رہنے والے لوگ یا ان کا کوئی فرد ۔ (۲) یا کیما لوگوں کی زبان ۔

Yakin : (n) [Native name in Assam.] تبت کا ایک جانور جو ہرن سے مشابہ ہوتا ہے؛ یاکن ۔

Yakka : (n) [Native name in Australia] کام؛ محنت ۔

Yaklace : (n) موٹی لیس جو یاک کے بالوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Yaksa/ Yahsha : (n) [Skr. 'Yaksa'.] (اساطیر) ہندوستان کا ایک بھوت یا جن جس کو دولت اور خوشحالی کا دیوتا سمجھا جاتا ہے ۔

Yakut : (n) (۱) شمالی مشرقی سائبیریا کے ترک لوگ جن کا پیشہ گلہ بانی، دستکاری، کاشتکاری اور تجارت ہے؛ ان کا کوئی فرد ۔ (۲) یاکٹ لوگوں کی ترکی زبان ۔

Yakutat : (n) (۱) الاسکا میں یاکوتات خلیج کے آس پاس رہنے والے ٹنگٹ لوگ ۔ (۲) یاکوتات لوگوں کا کوئی فرد ۔

Yakutat bear : (n) یاکوتات خلیج کے آس پاس کا ایک بڑا بھورا بھالو ۔

Yakutat hut : (n) لکڑی کے تختوں کی بنائی ہوئی ایک عارضی چوکور جھونپڑی ۔

Yale : (n) [ME. eale fr L.] (۱) ایک افسانوی جانور جس کو سینگیں اور ہاتھی جیسے دانت ہوتے ہیں ۔ (۲) (دروازوں وغیرہ کیلئے) استوانی تالا جسے Linns Yale نامی ایک شخص نے ۱۸۸۲ء میں ایجاد کیا تھا ۔

Yale blue : (n) ایک گہرا نیلا رنگ ۔

Yam : (n) [fr. Portuguese 'inhams'.] (۱) (نباتیات) ایک قسم کی ترکاری؛ کچالو؛ اروی؛ رتالو۔ (۲) (نباتیات) آلو؛ شکر قند ۔

Chinese yam : چینی شکر قند ۔

Coco yam /Cocco- : جزائر غرب الہند کا ایک پودا جو کھانےکے کام میں آتا ہے ۔

Common yam : عام آلو ۔

Granada yam /Guinea- : ایک قسم کا آلو ۔

Indian yam : ہندوستانی آلو ۔

Japanese yam : جاپانی شکرقند ۔

Long yam : آسٹریلیا کا آلو ۔

Native yam : ایک قسم کا آسٹریلیائی آلو ۔

Red, white or Negro country yam : سرخ، سفید یا سیاہ آلو ۔

Round yam : گول آلو ۔

Wild yam : شمالی امریکا کا جنگلی آلو ۔

Winged yam : ایک قسم کا آلو ۔

Yam bean : گرم ملکوں کا گول جڑ کا پودا ۔

Yam family : (n) [mod. L] یام (Yam) جنس کی جڑی بوٹیوں اور جھاڑیوں کا ایک خاندان ۔

Yam stick : (n) سخت لکڑی کا ایک لمبا نوکدار ڈنڈا جس سے آسٹریلیا کی دیسی عورتیں زمین کھودنے کا کام لیتی ہیں ۔

Yam vine : (n) انگور کی بیم؛ تاک یا یام پودے (Yam plant) کی چڑھنے والی ٹنڈی۔

Yama : (n) عزرائیل؛ (ہنود کے اعتقاد میں) ارواح کا دیوتا جو مردوں کے اعمال کی جانچ کرتا ہے؛ یاما ۔

Yamacraw : (n) سکوجین لوگوں کی ایک ہندوستانی قوم جو سوانا (Savannah) اور جارجیا (Georgia) کے ساحل پر بستی تھی ۔

Yamamai : (n) [Jap] (۱) ایک جاپانی بڑا ریشم کا کیڑا ۔ (۲) یا مائی کیڑے کا ریشم ۔

Yamanai : (n) [Burmese] برما کا ایک درخت جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے ۔

Yamasee/Yamassee : (n) دیکھو Yamacraw

Yamel/Yamhill : (n) (۱) یام ہل (Yamhill)ندی کی وادی میں بسنے والے یامل لوگ ۔ (۲) یامل لوگوں کا کوئی فرد؛ یامل ۔

Yamen/Yamun : (n) [Chinese 'Ya-men'.] (۱) چینی حکومت کے عامل کی سرکاری قیام گاہ ۔ (۲) چین کی وزارت خارجہ (کا دفتر) ۔

Yami : (n) (۱) فارموسا کے قریب Botel Tobago Island میں بسنے والی ایک ملیشیائی قوم؛ اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۲) یامی قوم کی زبان ۔

Yammer : (v) [after of ME 'Yameren'.] گریہ وزاری کرنا؛ آہ و نالہ کرنا؛ آہ و فغاں کرنا؛ نالہء و شیون کرنا؛ آہ و فریاد کرنا؛ آہ و بکا کرنا؛ فریاد کرنا؛ دہائی دینا؛ چیخ پکار مچانا؛ ماتم کرنا؛ واویلا مچانا؛ چیخنا چلانا؛ رونا پیٹنا ۔

Yammer : (n) گریہ وزاری؛ آہ وفغاں؛ نالہء شیون؛ فریاد؛ چیخ پکار؛ ماتم؛ واویلا ؛ گریہ و نوحہ ۔

Yamp/Yampa/Yampah : (n) [of. Shoshonean origin] کیرم (Carum) جنس کا ایک شمالی امریکی پودا جس کی جڑیں گوپے دار ہوتی ہیں اور کھانے کے کام میں آتی ہیں (جیسے ہندوستان کا آلو) ۔

Yampee : (n) ایک قسم کا چھوٹا امریکی آلو جس کا چھلکا زرد ہوتا ہے (Cush-cush) ۔

Yamstchick : (n) ڈاک گھوڑا ہانکنے والا؛ ڈاک گھوڑا سوار؛ ڈاک گھوڑا والا ۔

Yamstock : (n) سینٹ ہلینا کے باشندے کا لقب ۔

Yana : (n) (۱) شمالی کیلیفورنیا کی پٹ ندی کی وادی میں بسنے والی ایک ناپید ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یانا لوگوں کی یانن زبان ۔

Yanacona : (n) [Amer. Spanish from 'Quechua Yanacuna'] پیرو‌ویا (Peruvia) یا بولیویا (Bolivia) ریاست کا ہندوستانی غلام یا نوکر ۔

Yanan : (n) ہوکن (Hokan) زبان کا خاندان جس میں یاہی (Yahi) اور یانا (Yana) بھی شامل ہیں ۔

Yang : (n)[Chinese] (۱) چینی فلسفے کے مطابق مذکر اور مؤنث کا ایک دوسرے پر اثر یا تفاعل جو وجود کی تخلیق کا باعث ھے ۔ (۲) مذکر فاعلی ھے اور مؤنث پر اس کا اثر غالب ھے ۔

Yang : (n) [Imit.] جنگلی بطخ کی آواز ۔

Yang : (n) [Thai 'yang'.] سیام کے درخت کی ایک جنس ۔

Yang : (v) جنگلی بطخ کا قدرتی آواز نکالنا یا قدرتی آواز میں بولنا ۔

Yang shao : (a) [Chinese 'yang shao'.] شمالی چین کے پتھر اور کانسے کے عہد کی تہذیب کا یا اس سے متعلق ۔

Yangchow : (a) [fr. 'Yanchow', china.] چین کے شہر یانگ چو کے مروجہ طور طریقے اور طرز و انداز کا ۔

Yanggona/Yaqona : (n) [Fijian 'Yanggona'.] آسٹریلیا میں پائی جانے والی ایک جھاڑی جس کی جڑ کو کچل کر شراب یا دوسری نشہ آور پینے کی چیز بناتے ہیں ۔

Yangkin : (n) [Chinese-'Yang-kin'.] ایک چینی آلۂ موسیقی ۔

Yangko : (n) [Chinese 'yang-ko'.] چینیوں کا ناچ اور گانا جو بوتے وقت ہوتا ھے ۔

Yangtao : (n) [Chinese 'yang-t'ao'.] چینی انگور کی بیل کی ایک قسم ۔

Yank : (v) (۱) جھٹکا دے کر کھینچنا (گھاس پھوس وغیرہ کو)؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا؛ جھٹکا دینا ۔ (۲) جھٹکا دے کر نکال دینا ۔ (۳) جھٹکا دے کر یا جھٹکے سے لے لینا ۔

Yank : (n) [Origin unknown] (۱) جھٹکا ۔ (۲) غیر متوقع سخت ضرب؛ یکایک زور سے کھینچنا ۔ (۳) Yankee کا مخفف ۔

Yankapin : (n) Yoncopin کا متبادل ۔

Yankee : (n) (۱) امریکا کی ریاست نیو انگلینڈ کا باشندہ؛ یانکی ۔ (۲) (امریکا کی خانہ جنگی کے زمانے میں) شمالی ریاستوں کا باشندہ یا سپاہی ۔ (۳) (انگلستان اور یورپ میں) امریکی؛ امریکا کا باشندہ ۔ (٤) انگریزی زبان (جس طرح یا جس تلفظ کے ساتھ یانکی بولتے تھے) ۔ (٥) نیو انگلینڈ کی بولی ۔

Yankee : (a) (۱) یانکی یا امریکی کا یا ان سے متعلق ۔ (۲) نیو انگلینڈ کے امریکی یا یانکیوں کی خصوصیات والا ۔

Yankee corn : (n) ہندوستانی مکئی ۔

Yankee-doodle : (n) (۱) امریکا کی قومی لے؛ قومی گیت ۔ (۲) دیکھو Yankee ۔

Yankee machine : (n) کاغذ بنانے کی ایک مشین ۔

Yankee notions : (n) امریکا والوں کی ترکیب یا چیز ۔

Yankee state : (n) Ohio کا ایک نام ۔

Yankeedom : (n) امریکا؛ امریکا کا باشندہ؛ اہل امریکا ۔

Yankeefied : (a) جس پر امریکا کا رنگ چڑھا ہو؛ امریکا زدہ ۔

Yankeefy : (v) امریکا کا رنگ چڑھا دینا؛ یانکی یا امریکی جیسا بنا دینا ۔

Yankeeish : (a) امریکیوں جیسا؛ امریکی خصوصیت والا ۔

Yankeeism : (n) (۱) امریکیت؛ امریکا والوں کی خصوصیت ۔ (۲) امریکی محاورہ ۔ (۳) امریکی دستور ۔

Yankeeize : (v) (۱) امریکا کا رنگ چڑھا دینا ۔ (۲) امریکی جیسا بنا دینا ۔

Yankeeland : (n) سر زمین جس میں یانکی آباد ہیں؛ نیو انگلینڈ؛ امریکا ۔

Yankton : (n) [Dakota thanketon wan] (۱) ڈکوٹا کا ایک صوبہ ۔ (۲) ڈکوٹا کی زبان یا بولی ۔

Yanktonai : (n) ڈکوٹا قوم کا مغربی حصہ۔

Yannigan : (n) بیس بال کی بے قاعدہ ٹیم کا کھلاڑی۔

Yanolite : (n) دیکھو Axinite

Yanqui : (n) [Spanish.] امریکا کا باشندہ جو لاطینی امریکی سے مختلف ہو۔

Yantra : (n) [Skt.] ایک ہندسیہ شکل جو ایک دیوی کی پوجا کے وقت یا گیان دھیان کے وقت بطور مورتی کے استعمال کرتے ہیں۔

Yao : (n) (۱) جنوب مغربی چین، شمالی تھائی لینڈ، لاؤس اور ٹونکن کے خصوصاً پہاڑی علاقوں میں رہنے والی ایک قدیم یا جنگلی قوم۔ (۲) اس قوم کا فرد۔ (۳) یاؤ قوم کی زبان۔

Yao : (n) (۱) وسطی افریقہ کی نائیسا جھیل کے قرب و جوار میں رہنے والی ایک افریقی قوم۔ (۲) اس قوم کا فرد۔ (۳) یاؤ قوم کی بنٹو زبان۔

Yap : (v) [imit.] (۱) تیز آواز سے یا گھبرا گھبرا کر بھونکنا۔ (۲) (بول چال) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا۔

Yap : (n) (۱) (کتے کی) بلند یا گھبرائی ہوئی بھونکنے کی آواز۔ (۲) تیز آواز میں فضول گوئی یا بکواس۔ (۳) جاہل، انگھڑ آدمی۔ (٤) منہ۔

Yapese : (n) یاپ جزیرے (کیرو لائین) کا مائکرو نیشین باشندہ۔

Yapman : (n) دیکھو Yapese

Yapock/Yapok : (n) [from 'oyapock', river in S. America] (۱) فرانسیسی گائنا اور برازیل کے بیچ میں بہنے والی ایک ندی؛ شمالی جنوبی امریکا کی ایک ندی۔ (۲) جنوبی امریکا کا پانی میں رہنے والا اپوسم (ایک قسم کا تھیلی دار جانور)۔

Yapon/Yanpon : (n) جنوبی امریکا کا ایک سدا بہار چھوٹا درخت یا جھاڑی۔

Yapp : (n) (۱) ایک قسم کی (کتاب کی) جلدبندی یا جلد سازی جو نرم چمڑے سے کی جاتی ہے۔ (۲) ایک قسم کی (کتاب کی) جلد جس پر نرم چمڑا لگایا جاتا ہے اور اس چمڑے کے کنارے کتاب کی لمبائی چوڑائی سے آگے نکلے رہتے ہیں۔

Yapper : (n) تیز آواز میں فضول گوئی کرنے والا شخص؛ بکواس کرنے والا آدمی۔

Yappingly : (adv.) فضول گوئی کے طور پر؛ بکواس کے طور پر۔

Yappy : (a) (۱) تیز آواز نکالنے والا۔ (۲) (کتے کی) تیز یا بلند آواز سے متعلق۔

Yaqona : (n) Yangonna کا متبادل۔

Yaqui : (n) (۱) میکسیکو کے سونارا علاقے کی ایک قوم (Taracahitian)۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد۔ (۳) یاقی قوم کی زبان۔

Yaquina : (n) (۱) بحرالکاہل کے (Oregon)ساحل کی ایک ہندوستانی قوم۔ (۲) اس قوم کا کوئی ایک فرد۔ (۳) اس قوم کی Yakonen زبان۔

Yar : (n) Yare کا متبادل۔

Yarage : (n) جہاز جس کو آسانی سے گھمایا جا سکے۔

Yarak : (n) [Pers. 'Yaraki'.] اچھی پرواز کی حالت (باز یا دوسری چڑیوں کے شکار کے موقع پر بولتے ہیں)

Yarb : (n) Herb کامتبادل۔

Yarborough : (n) [after C. A. Worslay, Earl of Yarboroug] (۱) تاش کے کھیل برج میں کھلاڑی کے ہاتھ میں ایسے پتوں کا اجتماع جن میں کوئی نہلے سے اونچا نہ ہو۔ (۲) بے تصویر اور بے دہلے کی بازی۔

Yard : (n) [OE. 'geard'.] (۱) زمین کا ٹکڑا جو عمارتوں سے گھرا ہوا یا ملحق ہو۔ (۲) اسکول میں کھیل کا میدان۔ (۳) جیل سے ملحق زمین کا ٹکڑا جو گھرا ہوا ہو اور جس میں قیدی کسرت یا ورزش کرتے ہوں۔ (٤) زمین کا ٹکڑا جو گھرا ہوا ہو اور جو باڑا یامرغیوں کے پالنے کےلئے یا کھلیان کے طورپر استعمال کیاجائے۔ (٥) خانہ باغ؛ ترکاری باغ؛ باغ۔ (٦) صحن خانہ؛ انگنائی۔ (۷) احاطہ۔

Arm yard : ہتھیاروں کے رکھنے کا احاطہ۔

Brick yard : اینٹ باڑا؛ (اینٹوں کے) بھٹے کا احاطہ۔

Cab yard : گاڑی باڑا؛ اڈا؛ وہ احاطہ جہاں کرائے کی گاڑیاں کھڑی ہوتی ہیں۔

Yard boss : (n) (۱) مزدوروں کا سردار جو کسی کارخانے کے یارڈ میں مزدوروں کو حکم دیتا ھے ۔ (۲) لکڑی کے کندوں کے یارڈ میں مزدوروں کا سردار ۔

Yard conductor : (n) ریل روڈ کا ایک ملازم ۔

Yard dog : (n) یارڈ کامحافظ کتا؛ یارڈ میں حفاظت کرنے والا کتا ۔

Yard donkey : (n) ایک قسم کا انجن؛ ڈنکی انجن ۔

Yard goods : (n) کپڑے جو گز سے ناپ کر بیچے جاتے ہیں ۔

Yard grass : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Yard limit : (n) وہ جگہ جہاں ایک ریلوے لائن داخل ھوتی ھے یا جہاں سے نکلتی ھے ۔

Yard long bean : (n) ایک لمبی سیم یا ترکاری کی ایک لمبی ڈنڈی؛ ایک لمبی بین ۔

Yard lumber : (n) ایک عمارتی لکڑی جو مختلف شکل، سائز کی اور پانچ انچ سے کم موٹی ھوتی ھے ۔

Yard master : (n) یارڈ ماسٹر؛ ریلوے یارڈ کا نگراں ۔

Yard measure : (n) گز؛ لکڑی، فیتے یا لوھے کا گز بھر لمبا پیمانہ؛ گز کا پیمانہ ۔

Yard money : (n) فیس یا کرایہ جو اصطبل سے گاڑی کرانے پر لینے والے اصطبل والے کو دیتے ہیں ۔

Yard of ale : (n) (۱) سینگ کی شکل کا ایک پتلا شیشہ جو قریب تین فٹ اونچا ھو ۔ (۲) مقدار جو ایسے شیشے میں سما سکے ۔

Yard of land : (n) زمین کا ٹکڑا ، خصوصاً، جس کا رقبہ $\frac{1}{4}$ ایکڑ ھو ۔

Yard rope : (n) جہاز کے یارڈ کا ایک رسہ ۔

Yard tackle : (n) بھاری اشیاء اٹھانے، بادبان وغیرہ چڑھانے، اتارنے کا سازو سامان، چرخیاں، رسے وغیرہ جو جہاز کے نچلے یارڈ میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Yard to yard/Yard and yard : (n) دو جہازوں کا اس قدر قریب ھونا کہ ان کے سہارے کی بلیاں ایک دوسرے کو چھو دیں ۔

Church yard : دیکھو Church

Court yard : دیکھو Courtyard

Dock yard : (۱) ریلوے اسٹیشن کے متصل ایک احاطہ جہاں ریل گاڑیوں کے بنانے کے لئے سامان رکھے جاتے ہیں ۔ (۲) ٹرام گاڑیوں کے رکھنے کا احاطہ ۔

Kale yard : دیکھو Kale

Railway yard : یارڈ؛ ریلوے اسٹیشن کےپاس کا کھلا ھوا میدان جہاں ریل گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں اور ریل کے ڈبے جوڑے جاتے ہیں ۔

Rick yard : دیکھو Rick

Stock yard : مویشی باڑا ۔

Tan yard : چمڑا رنگنے کا باڑا ۔

The yard : اسکاٹ لینڈ یارڈ؛ انگلینڈ کی خفیہ پولس کا دفتر ۔

Yard : (n) [O.E. 'gierd, gyrd, gird'.] (۱) لمبائی کا پیمانہ؛ گز؛ درعہ ۔ (۲) تین فٹ یا ۳٦ انچ کے برابر لمبائی؛ میل کا سترہ سو ساٹھواں حصہ ۔ (۳) سہارے کی بلی جو دونوں سروں پر گاؤ دُم ھوتی ھے اور مستول میں بادبان کو سہارا دینے کی لئے لگائی جاتی ھے ۔ (٤) (قدیم) آلہء تناسل ۔

Cubic yard : مکعب گز ۔

Hundred yards : سوگز کی دوڑ ۔

Lanteen yard : ترچھی سہارے کی بلی ۔

Square yard : (۱) افقی سہارے کی بلی ۔ (۲) مربع گز ۔

To man the yards : سہارے کی بلیوں کے برابر برابر صف باندھ کر کھڑا ھونا؛ آدمیوں کو کھڑا کرنا (بطور بحری سلام کے) ۔

Yard : (v) (۱) مویشی کو مویشی باڑے میں بند کرنا ۔ (۲) موز لوگوں کا جاڑے میں گھری ھوئی جگہوں میں رہنا ۔ (۳) دیکھو Moose Yard ۔ (٤) جزیروں کے کسی مجموعے میں رہنے والے کو کرائے کےلئے پکارنا ۔

Yard-wand : (n) ایک تین فٹ لمبا لوھے یا لکڑی کا ٹکڑا جو ناپنے کے کام آتا ھے ۔

Yardage : (n) [f. Yard] (۱) مویشیوں کو کہیں لانے لے جانے پر ریل روڈ مویشی باڑے کا استعمال ۔ (۲) ریل روڈ مویشی باڑے کے استعمال پر اس کا کرایہ ۔ (۳) ذخیرہ اندوزی کے لئے کسی گھری ھوئی جگہ یا یارڈ کااستعمال یا اس کا کرایہ ۔

Yardage : (n) [f. Yard] (۱) کوئلے کی کان میں کوئلہ کاٹنے والوں کی مزدوری مقرر کرنے کا پیمائشی گز ۔ (۲) فی گز مقرر کی ھوئی مزدوری کے در سے کوئلہ کاٹنا ۔ (۳) کل جتنے گز کوئلہ کاٹا جائے ۔ (٤) کاٹے ھوئے کوئلے کی گزوں کی در سے مزدوری۔

Yardang : (n) [Turk.] ھوا کے تیز چلنے سے نرم تہ نشینوں (جیسے گیلی مٹی سے بالو) میں ابھری ھوئی لکیروں کا بن جانا ۔

Yardarm : (n) (۱) سہارے کی بلی کے دونوں سروں میں سے کوئی سرا ۔ (۲) سہارے کی بلی کے آخری سرے سے کسی شخص کو سزا کے طورپر لٹکانا ۔

Yardbird : (n) (۱) کسی سپاہی کو تادیبی طور پر ایک ادنیٰ یا معمولی کام پر متعین کرنا ۔ (۲) ایک غیر تربیت یافتہ شخص جس کو مقرر کیا گیا ھو ۔

Yarder : (n) دیکھو Yard donkey

Yarding : (n) (۱) کسی چیز کو (جیسے لکڑی کا کندا) یارڈ میں پہنچانے کا کام ۔ (۲) (خصوصاً آسٹریلیا میں) بازار مویشیوں کی خریداری یا بکری۔

Yardland : (n) زمین کا رقبہ جو ایک ایکڑ کے ایک چوتھائی کے برابر ھو ۔

Yardman : (n) یارڈ مین؛ وہ مزدور جو ریلوے یارڈ میں کام کرتا ھے ۔

Yardman : (n) ملاح یا کشتی بان جو یارڈ سے متعلق ھو ۔

Yardsman : (n) دیکھو Yardman

Yardstick : (n) ایک تین فٹ لمبا لوھے یا لکڑی کا ٹکڑا جو ناپنے کے کام آتا ھے ۔

Yare : (a) [M.E. fr. OE. gearu.] (۱) تیار؛ لیس؛ کمربستہ؛ مستعد ؛ آمادہ ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ چوکس ۔ (۲) پھرتیلا ؛ تیز ؛ چاق چوبند ۔

Yare : (adv.) [OE. 'geon'.] تیزی سے ۔

Yarely : (adv.) جلدی سے؛ تیزی سے؛ مستعدی سے ۔

Yareta : (n) [Amer. Sp. fr 'Quechua'.] ایک قسم کی جھاڑی جو جلانے کے کام میں آتی ھے ۔

Yariyari : (n) [Native name in Guiana] Dugetia جنس کی ایک لکڑی۔

Yark : (v) (۱) ٹانکا لگانا (چمڑا وغیرہ میں) ؛ سلائی کرنا ۔ (۲) چھڑی یا کوڑے سے مارنا ۔ (۳) جوتے کی ایڑی سے مارنا ۔ (٤) ٹھوکر مارنا ۔

Yarkandi : (n) چینی ترکستان کے یارکنڈ نخلستان کا رہنے والا یا باشندہ ۔

Yarke/Yarkee : (n) [Fr. 'yarque'.] کیریبن (Cariban) نسل کا بندر ۔

Yarl : (n) دیکھو Jarl

Yarm : (v) [OE. 'gyrman, grymman'.] چیخنا؛ چلانا؛ خصوصاً کسی جانور کا ۔

Yarmouth : (n) (۱) نورفوک (Norfolk)ساحل کا ایک شہرجہاں مچھلیاں پکڑی جاتی ہیں ۔ (۲) کسی قدر نمک لگائی اور بھونی ھوئی ایک سمندری مچھلی (Yarmouth bloafer) ۔ (۳) یارمتھ کا باشندہ ۔

Yarmulke/Yarmelke : (n) [Yiddish.] ایک قسم کی ٹوپی جو کٹر یہودی عبادت خانے میں پہنتے ہیں ۔

Yarn : (n) [MEfr. Fr. 'gearn'.] (۱) کتا ھوا تاگایا ڈورا؛ سوت ۔ (۲) (بول چال، خصوصاً جہازیوں کاروز مرہ) گھڑا ھوا قصہ؛ حکایت؛ کہانی؛ طول طویل قصہ۔

Yarn : (v) گھڑے ھوئے قصے بیان کرنا؛ کہانی کہنا؛ رام کہانی سنانا۔ (۲) سوتوں کو ملا کررسی بنانا ۔

Yarn beam/-roll : (n) (۱) بیلن جس پر سوت لپیٹا جاتا ھے ۔ (۲) سوت کی چرخی جس سے تانا تنا جاتا ھے ۔

Yarn dye : (v) کپڑا بننے یا کشیدہ کاری سے پہلے سوت کو رنگنا ۔

Yarn man/-boy : (n) کپڑا بننے کے سوتوں کا اسٹاک کلرک یا کرانی ۔

Yarn number : (n) سوت کی پیمائش اور اس کی جانچ کا ایک طریقہ ۔

Yarn over : (v) کشیدہ کاری میں فاضل ٹانکا لگانا ۔

Yarn spinner : (n) سوت کاتنے والا ۔

Yarn wind/windle : (n) سوت کو لپیٹ کر گولی یا گولا بنانے کا ایک طریقہ ۔

Yarner : (n) (۱) داستان گو؛ سوت جیسی لمبی کہانیاں کہنے والا ؛ گھڑے ہوئے لمبے قصے بیان کرنے والا ۔ (۲) پائپ بیٹھانے والا جو پائپ کے جوڑوں کو سوتوں سے بند کرتا ھے ۔

Yarning iron : (n) ایک کند لوہا جو منہ بند کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Yaroslavl : (a) (روس کے) یارو سلاوی کے شہر سے؛ یارو سلاوی میں مروج، قسم یا طرز کا ۔

Yarovization : (n) (۱) (نباتیات) بہاراؤ؛ پیش بہاری : (۱) (حیوانیات) جبروتی؛ جبر ۔

Yarovize : (v) (نباتیات) جلد پھل پھولدار بنانا؛ بہاراؤ کرنا؛ پیش بہاری بنانا ۔

Yarpha : (n) [of Scand. origin] گھاس وغیرہ سمیت زمین کی سطح کو کاٹ کر یا اُکھاڑ کر ایندھن کے مصرف میں استعمال ۔

Yarr : (n) [Fris. 'jir'.] (۱) (نباتیات) یورپ کی ایک چھوٹی جھاڑی جس میں چھوٹے سفید پھول ہوتے ہیں ۔ (۲)(نباتیات) Chickweed خاندان کی چھوٹی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Yarran : (n) [Native name in Australia] آسٹریلیا کا ایک چھوٹا درخت جو مویشیوں کے چارے کا کام دیتا ھے اور جس سے ایندھن کا اور زمین کو گھیرنے کے لئے کھمبوں کا کام لیتے ہیں ۔

Yarrow : (n) [OE. 'gearwe'.] (۱) (نباتیات) بیرو؛ ایک سدا بہار پودا جس کی بو بہت تیز اور مزہ چرپرا ہوتا ھے ۔ (۲) بومادران؛ حزنبل ۔

Soldier's yarrow : ایک قسم کا پودا ۔

Water yarrow : ایک آبی پودا ۔

Yaruro/Yarura : (n) (۱) وینیزولا (Venezuela) کی Apure ریاست کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔

Yaruru : (n) [Native name in Guiana] Aspidosperma جنس کے درختوں میں سے کسی ایک درخت کی لکڑی ۔

Yashmak : (n) [Arab. 'yashmaq'.] یشمك: نقاب جو مسلمان عورتیں گھر کے باہر چہرہ پر ڈالتی ہیں ۔

Yasht : (n) [Av. yashka.] فرشتوں کے متعلق اوستا کا ایک بھجن ۔

Yataghan : (n) [Turk.] یتاغان؛ ایک قسم کی دو دھاری تلوار جسے ترک استعمال کرتے ہیں ؛ تیغا ۔

Yatalite : (n) [from 'yatata', Australia] ایک قسم کی چٹان ۔

Yate : (n) [Native name in Australia] (۱) یوکلپٹس جنس کا ایک آسٹریلیائی درخت ۔ (۲) Yate درخت کی لکڑی ۔

Yatter : (n) [Prob yap+ter] فضول گوئی؛ بکواس؛ بیکار گفتگو ۔

Yaud : (n) بوڑھی گھوڑی؛ بوڑھا گھوڑا ۔

Yauld : (a) [Origin unkn.] اچھی تندرستی کا؛ قوی صحت کا؛ تندرست؛ صحت مند ۔

Yaupon/Yapon : (n) [Catawba 'yopan'.] Ilex جنس کی امریکی جھاڑی یا درخت ۔

Yautia : (n) [Amer. Sp. from 'Taino'.] ایک امریکی پودا جس کی جڑیں آلو جیسی ہوتی ہیں اور کھائی جاتی ہیں ۔

Yava : (n) ایک درخت جس کی جڑ سے شراب نکالی جاتی ھے ۔

Yavapai : (n) (۱) وسط اریزونا کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) یاواپائی کی یومن (Yuman) زبان ۔

Yaw : (v) [Origin unkn.] (۱) (جہاز کا) سیدھے رستے پر نہ چلنا ۔ (۲) سیدھے رستے سے ہٹ کر چلنا ۔

Yawping : (n) ملازموں کے خلاف ڈانٹ ڈپٹ کی آواز ۔

Yaws : (n) [of Cariban origin.] (طب) فرامیزیا؛ حبشیوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جسم پر گلٹیاں نکل آتی ہیں ؛ اتبھری؛ یاز (مرض)۔

Yawweed : (n) ایک امریکی جھاڑی جس کو پہلے فرامیزیا کا علاج سمجھا جاتا تھا ۔

Yaxche : (n) [Amer. Sp.] ریشم سوت کا درخت (Silk-cotton tree) ۔

Yaya : (n) (۱) ایک امریکی درخت ۔(۲) ایک درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Yazoo : (n) (۱) مسی سپی کی یازو وادی کی ایک ٹونیکن قوم ۔(۲) یازو قوم میں سے کوئی ایک ۔

Yblent : [ME. f. Blend (v)] مخبوط کیا ہوا؛ چندھیایا ہوا؛ گھبرایا ہوا ۔

Yblent : (a) [Late ME. f. Blend (v)] ملا ہوا؛ آمیزش کیا ہوا؛ مرکب کیا ہوا؛ مخلوط کیا ہوا ۔

Yborn : (pa. pple) [OE. 'geboren'; papple of BEAR] پیدا کیا ہوا ۔

Ybrent : (a) [ME.] (بخار کی وجہ سے) پیاسا ۔

Yclad : (a) [ME.] کپڑا یا لباس میں ڈھکا ہوا؛ پوشاک پہنے ہوئے ۔

Yclept/Ycleped : (a) [OE.] کہلایا ہوا؛ پکارا ہوا؛ نام لیا ہوا؛ موسومہ ۔

Ye : (pron) [OE.] (۱) تم ؛ تم لوگ ۔(۲) (قدیم) اپنے آپ کو؛ اپنے تئیں ۔

Yea : (n) (۱) (قدیم) ہاں ۔(۲) بلکہ (مثلاً ready yea eager) 20 yeas and no nays: بیس بار "ہاں" اور ایک بار بھی "نہیں" نہیں ۔

Yea and : (a) اور اس کے علاوہ ۔

Yea and nay : (n) (قدیم) موافق اور مخالف رائیں ۔

Yea forsooth : (a) ہاں کہنے کا عادی ۔

Yea-sayer : (n) وہ شخص جو زندگی کی تمام دشواریوں کا ہنسی خوشی مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتا ہے ۔

Yaw : (n) (۱) جہاز کا اپنے راستہ سے ہٹ جانا؛ انحراف؛ پھیر ۔(۲) پھوڑا؛ پھنسی؛ خارش ۔

Yaw-haw : (v) دیکھو Guffaw

Yaw house : (n) پھوڑے ، پھنسی اور خارش کے مریضوں کا اسپتال ۔

Yaw-yaw : (v) واہ واہ کرنا ۔

Yawata : (a) [fr. 'Yawata', Japan] (۱) جاپان کے شہر یاواٹا کا یا اس سے متعلق ۔(۲) یاواٹا کی مروجہ قسم یا طرز کا ۔

Yawing moment : (n) ایک لمحہ جو ہوائی جہاز کو محور پر گھومنے میں لگتا ہے ۔

Yawl : (n) [ME. 'yaulen'.] (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی خصوصاً جہاز کے ساتھ کی؛ کشتی جس میں چار یا چھ چپو ہوتے ہیں ۔(۲) دو مستولوں والی بادبانی کشتی جس کا پیچھے کامستول اگلے مستول سے بہت چھوٹا ہوتاہے ۔(۳) ایک چھوٹی کھینے والی کشتی ۔(٤) مچھلی پکڑنے کی ایک چھوٹی کشتی ۔(٥) چیخ؛ چلاہٹ ۔

Yawl : (v) [ME.] (۱) درد سے چیخنا؛ چلانا ۔(۲) کتے کا بھونکنا ۔(۳) بلی کا میاؤں میاؤں کرنا ۔

Yawmeter : (n) ہوائی جہاز کے گھومنے سے بننے والےزاویے کو ناپنے کا آلہ ۔

Yawn : (n) [ME. 'Yanen'.] (۱) (عضویات) جمائی؛ فاژہ ۔(۲) (ارضیات) شگاف؛ موکھا ۔

Yawn : (v) (۱) (غار وغیرہ) منہ کھولنا؛ پھیلا ہونا؛ کھلا ہونا ۔(۲) (آدمی یا جانور کا) جمائی لینا ۔

Yawning : (a) جمائی لے کر اپنی تھکن یا ماندگی کا اظہار کرنے والا؛ جمائی لینے والا ۔

Yawningly : (adv.) جمائی لیتے ہوئے ۔

Yawny : (a) جمائی لینے پر مائل ۔

Yawp : (n) کرخت آواز؛ چیخ؛ مہمل گفتگو ۔

Yawp/Yaup : (v) [ME. 'yolpen'.] (۱) کرخت آواز نکالنا ۔(۲) شکایت کرنا ۔(۳) کتے کی طرح زور سے بولنا ۔(٤) چڑیا کی طرح چیخنا ۔

Yea-saying : (a) انسانی خوبیوں (تہذیب، شرافت، خود داری اور آزادی) کا حامی ۔

Yea-word : (n) قبولیت؛ منظوری؛ رضامندی؛ موافقت ۔

Yeah : (adv.) ہاں؛ اونہہ؛ ہاں ۔

Yean : [ME. 'Yenen'.] بھیڑ، بکری کا بیانا؛ بچہ دینا ۔

Yeanling : (n) بھیڑ، بکری کا چھوٹا بچہ؛ بزغالہ؛ برہ ۔

Year : (n) (۱) سال فلکی؛ وہ مدت جو زمین کو سورج کے گرد ایک بار گھومنے میں صرف ہوتی ہے؛ ۳٦۵ دن پانچ گھنٹے، ٤۸ منٹ ٤٦ سکنڈ ۔ (۲) سال نجمی؛ سال کوکبی؛ وہ مدت جو سورج کو کسی ستارے سے مقررہ فاصلے پر دوبارہ آنے میں صرف ہو(فلکی سال سے ۲۰ منٹ اور ۲۳ سکنڈ بڑا ہوتا ہے) ۔ (۳) سال فلاطونی؛ سال کامل؛ وہ مدت جو اجرام فلکی کو اس حالت پر پہنچنے میں صرف ہوتی ہے جو تخلیق کے وقت تھی ۔ (٤) سال ؛ برس ۔ (۵) (جمع) عمر؛ سن و سال؛ سن ۔

A year : ہر سال ۔

A year and a day : ایک سال ایک روز کی مدت جو اکثرقانونی معاملات میں مقررکی جاتی ہے ۔

Anomalistic year : سال شمسی اوجی ۔

Astral year : سال کوکبی ۔

Astronomical year : سال فلکی؛ سال شمسی ۔

Bissextile year : سال کبیسہ ۔

Calendar year : سال تقویمی ۔

Christian year : سال مسیحی؛ سال جو حضرت مسیح کی ولادت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے ۔

Church year دیکھو Christian year

Civil year : سال قانونی ۔

Common year : ۳٦۵ دن کا سال جو یکم جنوری سے شروع ہوتا ہے؛ عام سال شمسی ۔

Ecclesiastical year : دیکھو Christian year

Emolismic year : سال قمری ۔

Equinoctial year : سال اعتدالی ۔

Fictitious year : سال وضعی؛ جعلی سال ۔

Fiscal year : مالی سال؛ محصول کے محکموں میں یکم اپریل سے شمار کیا جاتا ہے ۔

From year to year : سال بہ سال؛ ہر سال ۔

Great year : دیکھو Platonic year

Gregorian year : سال گری گوری؛ دیکھو Gregorian ۔

In the year : (۱) سنہ میں ۔ (۲) بہت مدت ہوئی ۔

In years : سال خوردہ؛ بوڑھا ۔

Julian year : سال قیصری؛ دیکھو Julian ۔

Leap year : سال کبیسہ جس میں ۳٦٦ دن ہوتے ہیں ۔

Legal year : سال قانونی ۔

Light year : سال نور ۔

Lunar year : بارہ قمری مہینوں کا سال؛ سال قمری ۔

Lunisolar year : سال شمسی و قمری ۔

Mohammadan year : سال ہجری ۔

Natural year : سال قدرتی؛ سال شمسی ۔

New year : نیا سال ؛ دیکھو New Moon ۔

Old year : پچھلا سال؛ پرانا سال؛ گزرا ہوا سال؛ بڑھاپا؛ پیری ۔

Perfect year : دیکھو Platonic year

Platonic year : سال فلاطونی ۔

Sabbatical year : دیکھو Sabbatical

Sidereal year : سال کوکبی ۔

Solar year : سال فلکی؛ سال شمسی ۔

Sothic year : سال مصری ۔

Synodic year : سال قمری ۔

The school year : تعلیمی سال؛ اسکولوں میں خزاں کی میقات کے آغاز سے شمار ہوتا ہے ۔

Tropical year : سال اعتدالی ۔

Vague year : سال مبہم ۔

Young for his years : زیادہ عمر کے باوجود جوان (معلوم ہوتا ہے) ۔

Year after year : (adv.) سال بہ سال ۔

Year and a day : (n) (قانون) پورے ایک سال کی مدت ۔

Year book : (n) سالنامہ؛ کوئی ایسی سالانہ اشاعت جس میں کسی خاص مضمون کے متعلق سال بھر کی تمام معلومات جمع کردی گئی ہوں ۔

Year bride : (a) جو ایک سال سے ہو ۔

Year by year : (adv.) سال بہ سال ۔

Year class : (n) ایک قسم کے جانور کے بچے جو ایک سال کے اندر پیدا ہوں (خصوصاً مچھلیوں کے لئے) ۔

Year clock : (n) گھڑی جو ایک بار کنجی دینے پر سال بھر چلے ۔

Year heifer : (a) یک سالہ (بچھیا)؛ جو ایک سال کا ہو ۔

Year in (and) year out : (adv.) سال بھر؛ تمام سال؛ برابر ۔

Year-long : (a) جو ایک سال تک جاری یا باقی یا قائم رہے؛ سال بھر کا ۔

Year of confusion : (n) ٤٦ قبل مسیح جب روم میں جولین کلنڈر رائج ہوا تھا ۔

Year of grace : (n) دیکھو Grace

Year of our Lord : (n) دیکھو Lord

Year-old : (a) ایک سال پرانا ۔

Year to year : (adv.) سال بہ سال؛ ہر سال ۔

Yearling : (n) (۱) وہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ مگر دو سال سے کم ہو ۔ (۲) (گھڑ دوڑ کے گھوڑے کا بچہ) جو سال پیدائش کی پہلی جنوری سے ایک سال کی عمر کا ہو ۔

Yearling : (a) (۱) سال بھرکا؛ یکسالہ؛ جو ایک سال کا ہو یا ایک سال سے ہو۔ (۲) یک سالہ (درخت) ۔

Yearly : (a) [OE.] (۱) ایک سال کا یا ایک سال سے متعلق؛ یک سالہ ۔ (۲) ہرسال کا یا ہر ایک سال کا؛ سال میں ایک بار واقع ہونے والا؛ سالانہ ۔

Yearly : (adv.) ہرسال؛ سالیانہ؛ سال بہ سال؛ سالانہ ۔

Yearly meeting : (n) سالانہ جلسے کی نشست ۔

Yearn : (v) [OE. fr. 'georn'.] (۱) (کسی شخص یا چیز کی) آرزو کرنا ۔ (۲) اشتیاق ہونا ۔ (۳) بے قرار ہونا؛ تڑپنا ۔ (٤) بے حد اشتیاق ہونا۔ (٥) دلی خواہش ہونا۔ (٦) دہی جمانا ۔ (۷) دہی سے پنیر بنانا ۔

It yearns me : مجھے آرزو ہے؛ میرا دل تڑپتا ہے؛ میرا دل بے چین ہے ۔

Yearn : (n) آرزو؛ تمنا؛ اشتیاق ۔

Yearned : (a) غم زدہ؛ آرزو مند ۔

Yearnful : (a) غمگین؛ اشتیاق مند ۔

Yearning : (n) اشتیاق؛ آرزو؛ تمنا؛ دلی خواہش ۔

Yearning : (a) مشتاق؛ پرآرزو ۔

Yearningly : (adv.) اشتیاق یا آرزو کے ساتھ۔

Year's mind/Year mind : (n) فاتحہ خوانی جو کسی مرنے کی یادگار منانے کے لئے پہلی یا سالانہ برسی کے موقع پر کی جائے ۔

Years : (n) عمر ۔

Yeast : (n) خمیر؛ خمیر مایہ ۔

Bottom yeast : درد خمیر ۔

Upper yeast : سطحی خمیر ۔

Wild yeast : خودرو خمیر ۔

Yeast cake : (n) خمیر کی ٹکیا یا پپڑی ۔

Yeast conscience : (a) پُرہیجان ۔

Yeast globules : (n) خمیر کی گولیاں ۔

Yeast imagining : (a) پُر اضطراب ۔

Yeast powder : (n) (کیمیا) سفوف خمیر؛ ایک سفوف جو آٹے میں خمیر پیدا کرنے کے لئے ملایا جاتا ھے ۔

Yeast plant/-cell : (n) پودا جس سے خمیر حاصل ہو ۔

Yeast spot : (n) پودوں کی ایک بیماری ۔

Yeastiness : (n) (۱) تخمیر ۔ (۲)(عضویات)ہیجان؛اضطراب ۔ (۳) فضول گوئی؛ چھچھوراپن؛ سطحیت ۔

Yeasty : (a) (۱) خمیر کی طرح جھاگ دار؛ کف دار؛ ابھان کی حالت میں ۔ (۲) پُر ہیجان ؛ پُراضطراب ۔ (۳) باتونی؛ بکی؛ فضول گو؛ سطحی؛ بے مغز؛ چھچھوری (باتیں وغیرہ) ۔

Yeatmanite : (n) [from P.Pc Yeatman, mining engineer.] ایک کمیاب دھات ۔

Yed : (n) یکہ (ستارہ) ۔

Yed granules : (n) (حیوانیات) ماریز ے ۔

Yedda : (n) [origin unkn.] پیال؛ بھوسا (ہیٹ بنانے کے لئے) ۔

Yeddo spruce : (n) مشرقی ایشیا کا ایک سدا بہار درخت ۔

Yegg/Yeggman : (n) (امریکا عامیانہ) سفری چور؛ تجوری توڑ کر چوری کرنے والا ۔

Yeh : (adv.) ہاں ۔

Yeibichai : (n) [Navaho] ایک مذہبی رسم کی ادائیگی جو یبیچائی ناچنے والے کیا کرتے ہیں ۔

Yeld : (a) [Late OE.] (۱) (جانور) بانجھ؛ جو بچہ پیدا نہ کر سکے یا پیدا کرنے کے لائق نہ ھو ۔ (۲) (مویشی) جو دودھ نہ دیتی ھو ۔

Yelek : (n) [Turk.] ایک لمبی صدری یا واسکٹ جو ترکی عورتیں پہنتی ہیں ۔

Yelk : (n) دیکھو Yolk

Yell : (n) [late ME.] (۱) قہقہہ؛ خوشی کا نعرہ؛ چیخ یا پکار ۔ (۲) (امریکی یونیورسٹی) ہمت افزائی کا نعرہ (جو طلبہ ورزشی مقابلوں میں اپنے ساتھیوں کا دل بڑھانے کے لئے بلند کرتے ہیں) ۔

Yell : (v) (۱) چیخنا؛ چلانا؛ گرجنا؛ چیخ اٹھنا؛ بلبلا اٹھنا ۔ (۲) خوشی کا نعرہ بلند کرنا ۔ (۳) چیخ کر یا چلا کر کہنا یا پکارنا ۔ (٤) بعض چڑیوں کے چیخنے یا جانوروں کے چلانے کی آواز کے متعلق بھی کہتے ہیں ۔

Yelloch : (v) دیکھو Yell

Yellow : (a) (۱) پیلا؛ زرد؛ سنہرا؛ بسنتی؛ اصفر ۔ (۲) (مجازاً) رقیبانہ؛ حاسدانہ؛ شک و شبہ کی؛ رشک کی (نظریں ، کیفیت وغیرہ) ۔ (۳) (بول چال) نامرد؛ بزدل ۔

Yellow : (n) (۱) زردی؛ پیلا پن ۔ (۲) زرد رنگ (زرد پڑیا وغیرہ) ۔ (۳) پتنگے اور تیتری کی ایک قسم ۔ (٤) (امریکا) اڑو روگ؛ ایک بیماری جو شفتالو کو لگ جاتی ھے ۔ (٥) (بول چال) نامردی ؛ بزدلی ۔ (٦) اخبارات جو غیر ذمہ دارانہ طور پر جذباتی قسم کے ھوتے ہیں ۔

Yellow : (v) زرد کر دینا؛ زرد پڑ جانا؛ پیلا پڑ جانا ۔

The sere and yellow leaf : خشک؛ سوکھا؛ افسردہ؛ پژمردہ؛ مرجھایا ھوا؛ مردہ (پتے، پھول وغیرہ) ۔

Yellow : (a) [Origin. U.S.] (بول چال) بزدلی؛ نامردی ۔

Yellow adder's-tongue : (n) یورپ کا ایک پودا یا جھاڑی جس کے پھول زرد رنگ کے ھوتے ہیں ۔

Yellow admiral : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Yellow alders : (n) زرد رنگ کے پھولوں کی ایک امریکی جھاڑی ۔

Yellow alert : (n) (دشمن کے ھوائی جہاز سے) خطرے کا ایک سگنل ۔

Yellow angel/Yellow angel fish : (n) گرم سمندروں کی ایک مچھلی ۔

Yellow ant : (n) گھاس میں رہنےوالی زردرنگ کی چیونٹی۔

Yellow arsenic : (n) (کیمیا) ہڑتال؛ زرد سنکھیا ۔

Yellow ash : (n) ایک امریکی درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ھے ۔

Yellow asphodel : (n) زرد رنگ کے پھولوں کا ایک درخت ۔

Yellow atrophy : (n) دبلاپن؛ لاغری؛ سوکھے کی بیماری جس میں جسم زرد ھو جاتا ھے ۔

Yellow avens : (n) ایک قسم کی جڑی یا بوٹی ۔

Yellow azalea : (n) اذلیا جنس کا پودا ۔

Yellow baboon : (n) افریقہ کا بڑا بندرجو زردی مائل رنگ کا ھوتا ھے اور جس کی دُم لمبی ھوتی ھے ۔

Yellow bachelor's-button : (n) یورپ کا ایک پودا (پلانی گالا جنس کا) ۔

Yellow-back : (n) زرد سرورق کے سستے ہیجانی ناول جو انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں کثرت سے شامل ھوتے تھے ۔

Yellow balm : (n) شمالی امریکا کا ایک زرد پھول والا پودا۔

Yellow balsam : (n) جزائر غرب الہند کی ایک تیز خوشبودار جھاڑی۔

Yellow-banded hussar : (n) آسٹریلیا کی ایک قسم کی مچھلی۔

Yellow bark : (n) (۱) زرد چھال کا شاہ بلوط ۔ (۲) اس درخت کی چھال ۔

Yellow-bark oak/-barked oak : (n) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا شاہ بلوط ۔

Yellow bartonia : (n) مشرقی شمالی امریکا کا ایک زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow bass : (n) شمالی امریکا کی ایک زرد رنگ کی مچھلی۔

Yellow basswood : (n) شمالی امریکا کا ایک درخت (Zime-tree) ۔

Yellow bat : (n) جنوبی افریقہ کی ایک چمگادڑ جس کے جسم کے نچلے حصے زرد ھوتے ہیں ۔

Yellow beak : (n) (۱) نووارد آدمی ۔ (۲) پیرس یونیورسٹی کا رکھا ھوا نام ۔

Yellow bear : (n) زردمو بھالو؛ پیلے رنگ کا ریچھ یا پیلا بھالو ۔

Yellow beardtongue : (n) ایک چھوٹاپودا؛ایک قسم کی بوٹی ۔

Yellow bear's-foot : (n) ایک چھوٹا امریکی پودا ۔

Yellow bedstraw : (n) زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow-bellied flycatcher : (n) شمالی امریکا کا ایک چھوٹا مگس گیر پرندہ ۔

Yellow-bellied racer : (n) امریکا کا ایک سانپ ۔

Yellow-bellied sapsucker/-woodpecker : (n) مشرقی امریکا کا ایک ہدہد یا کٹھ پھوڑا جو درختوں کا رس چوستا ھے ۔

Yellow-bellied terrapin : (n) جنوبی امریکا کا ایک کچھوا جس کا شکمی حصہ زردی مائل یا بھورے رنگ کا ھوتا ھے ۔

Yellow bells : (n) گھنٹی نما زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow belly : (n) (۱) مینڈک، کچھوایا مچھلی جس کےشکمی حصےزردھوتے ہیں ۔ (۲) بزدل؛ ڈرپوک؛ نامرد ۔

Yellow berries : (n) زرد گوندنی ۔

Yellow bile : (n) پت؛ زرد آب؛ صفرا ۔

Yellow bill : (n) زرد چونچ والی چڑیا ۔

Yellow-billed cuckoo : (n) شمالی امریکا کی کوئل ۔

Yellow-billed loon : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Yellow-billed magpie : (n) ایک یورپی پرندہ جس کی دُم لمبی، نوکدار، پَر سیاہ و سفید اور چونچ زرد رنگ کی ھوتی ھے ؛ ایک قسم کی مینا ۔

Yellow-billed tropic bird : (n) گرم ملک کی ایک چڑیا ۔

Yellow birch : (n) زرد چھال والا ایک امریکی درخت جس کی لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ھے ۔

Yellow bird : (n) (۱) ایک امریکی سنہری چڑیا۔ (۲) صفاریہ؛ پیلک ۔

Yellow blight : (n) آلو اور ٹماٹر کی ایک بیماری۔

Yellow bluestem : (n) گرم ملک کی ایک گھاس ۔

Yellow body : (n) پیلا بدن ۔

Yellow book : (n) حکومت کے معاملات کے سرکاری بیانات (رپورٹ) کے کاغذات جو زرد رنگ کی جلد میں مجلد ھوتے ہیں ۔

Yellow box : (n) آسٹریلیا کا ایک درخت جس کی لکڑی زرد رنگ کی ھوتی ھے اور اس سے گوند بھی نکلتا ھے ۔

Yellow boy : (n) (عام) طلائی سکہ ۔

Yellow-breasted bunting : (n) (۱) روس اور سائبیریا کی چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس ۔ (۲) برقش؛ ستھرہ؛ پلچری ۔

Yellow-breasted chat : (n) ایک بڑی امریکی چڑیا ۔

Yellow brush : (n) شمالی امریکا کا ایک سبز زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow buckeye : (n) شمالی امریکا کا ایک لمبا درخت ۔

Yellow buckthorn : (n) شمالی امریکا کی ایک جھاڑی۔

Yellow bullhead : (n) شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔

Yellow bunting : (n) زرد رنگ کی ایک چھوٹی چڑیا ۔

Yellow cala : (n) ایک قسم کی سنہری جھاڑی ۔

Yellow cancerroot : (n) بے پتوں کی ایک بوٹی ۔

Yellow carabeen : (n) امریکا کا ایک درخت ۔

Yellow carmine : (n) نارنگیوں کی ایک قسم ۔

Yellow cartilage : (n) غضروف اصفر؛ وہ نرم لچکدار ہڈی جو شریان کی دیوار کا کام دیتی ھے؛ زرد کری ۔

Yellow cat/-catfish : (n) شمالی امریکا کی زرد رنگ کی مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Yellow catechu/-cutch : (n) کتھا ۔

Yellow cedar : (n) ایک سدا بہار درخت ۔

Yellow cell : (n) خلیہء زرد ۔

Yellow centaury : (n) یورپ کی ایک زرد پھول والی کڑوی بوٹی ۔

Yellow chamomile : (n) یوریشیا کا ایک دیرپا چھوٹا پودا؛ ایک بوٹی جو زیادہ دنوں تک سر سبز رہتی ھے ۔

Yellow charlock : (n) (۱) زرد پھول والا جنگلی پودا ۔ (۲) زرد سرسوں کا خودرو پودا ۔

Yellow chestnut oak : (n) شاہ بلوط کے درختوں کی ایک جنس ۔

Yellow cinchona : (n) سنکونا کے درختوں کی ایک جنس ۔

Yellow cleavers : (n) زرد پھولوں والا ایک پودا ۔

Yellow clintonia : (n) ایک جنگلی بوٹی ۔

Yellow clover : (n) ایک قسم کی گھاس؛ تپتیا گھاس ۔

Yellow clover aphid : (n) پودوں کا ایک کیڑا ۔

Yellow cobra : (n) زرد رنگ کا ناگ ۔

Yellow cockscomb : (n) شخشخیہ (درخت جن کے بیج خول میں آواز دینے لگتے ہیں)؛ کمک بیجیا ۔

Yellow copperas : (n) زرد رنگ کی ایک دھات $((Fe, Mg) FC_4 (SO_4)6 (OH)_2 20 H_2O)$ ۔

Yellow copper ore : (n) تانبے کی زرد کچدھات؛ تانبے کا چقماق ۔

Yellow corydalis : (n) زرد پھول دار بوٹیوں کی ایک جنس ۔

Yellow cotton wood : (n) ایک امریکی درخت ۔

Yellow cress : (n) Rorippa جنس کا ایک پودا ۔

Yellow cross/-liquid : (n) جنگ میں استعمال کی جانے والی ایک قسم کی گیس۔

Yellow crown : (n) شمالی امریکا کی نغمہ سنج چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس۔

Yellow-crowned night heron : (a) امریکی بگلا۔

Yellow-cup : (n) (نباتیات) گل اشرفی؛ گل آلالہ۔

Yellow cypress : (n) ایک قسم کا سرو۔

Yellow daisy : (n) (نباتیات) زرد گلِ مروارید؛ زرد ڈیزی؛ زرد بابونہ۔

Yellow day lily : (n) (نباتیات) زرد زنبق دشتی۔

Yellow deal : (n) (۱) اسکاچ صنوبر اور سرخ صنوبر کی لکڑی۔ (۲) زرد صنوبر کی لکڑی۔

Yellow devil : (n) زرد پھول دار گھاس پات۔

Yellow dip : (n) تارپین کے یکسالہ درختوں سے تارپین نکالتے وقت نکلنے والی روغنی رال۔

Yellow dock : (n) (حیوانیات) بل دار، دُمچی؛ پیچ دار دُمچی۔

Yellow dog : (n) قابل نفریں شخص؛ نکما آدمی؛ ناقص شخص؛ بے مصرف آدمی؛ بیکار آدمی۔

Yellow dog : (a) نکما آدمی کا یا اس سے متعلق۔

Yellow-dog contract : (n) ملازمت کا اقرار نامہ جس کی رو سے ایک ملازم مزدور اپنی ملازمت کی مدت تک کسی انجمن مزدوران کا ممبر نہیں بن سکتا ہے۔

Yellow dwarf : (n) پودوں (خصوصاً آلو اور پیاز) کی بیماری جس میں پتے زرد ہونے لگتے ہیں۔

Yellow earth : (n) ایک قسم کی زرد مٹی جو رنگ سازی میں کام آتی ہے۔

Yellow edge : (n) پودوں کی ایک متعدی بیماری۔

Yellow eel : (n) زرد بام مچھلی۔

Yellow elder : (n) ایک امریکی جھاڑی یا چھوٹا درخت۔

Yellow enzyme : (n) ایک زرد کیمیائی خمیر؛ زرد خامرہ۔

Yellow-eye : (n) ایک امریکی بوٹی۔

Yellow-eyed grass : (n) Xyris جنس کا ایک پودا۔

Yellow-eyed hawk : (n) ایک قسم کا باز جس کے پنکھ چھوٹے ہوتے ہیں؛ چھوٹے پنکھوں والا باز۔

Yellow fever : (n) (طب) محرقہ یرقانی؛ تپ زرد؛ زرد بخار؛ ایک قسم کا بخار جو گرم ملکوں میں ہوتا ہے اور جس کے ساتھ یرقان بھی ہو جاتا ہے اور سیاہ رنگ کی قے ہوتی ہے۔

Yellow fibre : (n) (تشریح) زرد لچکدار ریشہ۔

Yellow fir : (n) ایک قسم کی مچھلی۔

Yellow fish : (n) (۱) زرد رنگ کی مچھلیاں۔ (۲) ٹراؤٹ؛ ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ سمجھا جاتا ہے۔

Yellow flag : (n) (۱) (نباتیات) جنس سوسن۔ (۲) زرد رنگ کا جھنڈا جو جہاز میں متعدی بیماریاں پھیلنے کی صورت میں بطور سگنل لہرایا جاتا ہے۔

Yellow flax : (n) زرد پھول والا ایک پودا (خصوصاً ایک ہندوستانی جھاڑی)۔

Yellow flower : (n) Cruciferae خاندان کی زرد پھول والی گھاس پات۔

Yellow-flowered watercup : (n) ایک جنوبی امریکی پودا۔

Yellow foxglove : (n) ایک یورپی زرد پھول دار بوٹی۔

Yellow foxtail : (n) ایک عام قسم کی گھاس جو گرم ملکوں میں پائی جاتی ہے۔

Yellow fringed orchid/-orchis : (n) ثعلبیہ کی ایک قسم۔

Yellow gentian : (n) جنوبی یورپ کا ایک زرد پھولدار پودا۔

Yellow George : (n) گینی (سکہ)۔

Yellow ginger : (n) ایک قسم کی بوٹی جس میں زرد رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

Yellow ginseng : (n) ایک امریکی پودا جو دوا میں کام آتا ہے۔

Yellow goatfish : (n) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

Yellow goatsbeard : (n) ایک یورپی بوٹی۔

Yellow gowan : (n) زرد پھولوں والے پودوں میں سے کوئی ایک۔

Yellow granadilla : (n) ایک زرد رنگ کا پھول۔

Yellow grease : (n) سور یا عیب دار جانوروں کی چربی یا روغن۔

Yellow-green alga : (n) ایک قسم کی سمندری کائی۔

Yellow ground : (n) آتش فشانی اجزاء جو گرمی سے مل گئے ہوں۔

Yellow grouper : (n) بحر الکاہل اور جنوبی امریکا کی ایک مچھلی۔

Yellow grub : (n) مچھلیوں کے گوشت میں پیدا ہونے والے ابتدائی شکل کے کیڑے۔

Yellow grunt : (n) ایک قسم کی مچھلی جو فلوریڈا، جزائر غرب الہند اور برازیل میں پائی جاتی ہے۔

Yellow guayacan : (n) جو برٹش Tabebuia جنس کا ایک درخت گائنا میں ہوتا ہے اور جس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے۔

Yellow gularis : (n) مغربی افریقہ کی چھوٹی دریائی مچھلی۔

Yellow gum : (n) (۱) یرقان اسود جو عموماً شیرخوار بچوں کو ہو جاتا ہے ؛ محرقہء اسود۔ (۲) ایک قسم کا آسٹریلیائی درخت۔

Yellow-haired porcupine : (n) زردی مائل خار پشت۔

Yellow-hammer/-ammer/-ham : (n) (۱) (حیوانیات) (پیلی چڑیا) ملچڑی؛ ایک پرند جس کا سر، گردن اور سینہ زرد ہوتا ہے؛ برقش؛ سہرہء زرد۔ (۲) امریکا کی سنہری ہدہد۔

Yellow harlequin : (n) شمالی امریکا کی ایک قسم کی بوٹی جس میں ہلکے پیلے رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

Yellow head : (n) (۱) گنناری؛ زرد پر والا ایک خوش الحان پرند؛ بلبل زرد۔ (۲) دیکھو Black-Bird ۔

Yellow-headed blackbird : (b) (۱) ایک سیاہ رنگ کی بڑی امریکی چڑیا جس کا سر زردھوتا ہے؛ یورپی ملکوں کا ایک خوش آواز پرندہ۔ (۲) طرقہ: کلچڑی یا کستورا۔

Yellow-headed spruce sawfly : (n) امریکی آرا مکھی؛ ایک قسم کی مکھی جو درختوں کونقصان پہنچاتی ہے۔

Yellow-headed tit : (n) زرد سر والی ایک چھوٹی چڑیا۔

Yellow henbane : (n) ایک زرد پھول والا مخدر، مسکر اور زہریلا پودا۔

Yellow hercules : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی بڑا گھونگا جس کا کھوپرا تیز زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

Yellow honeysuckle : (n) (۱) شمالی امریکا کی ایک بیل جس میں زردی مائل سبز پھول آتے ہیں۔ (۲) جنوبی امریکا کی ایک بیل نما جھاڑی جس میں نارنجی مائل زرد پھول لگتے ہیں۔

Yellow hornet : (n) (۱) (پوشاک) زرد قبا؛ ملک چین کا شاہی لباس جو شاہی خاندان کے لوگ پہنتے تھے یا خلعت فاخرہ جو ان لوگوں کو دیا جاتا تھا جن کی عزت افزائی کرنی مقصود ہوتی تھی۔ (۲) (حیوانیات) (امریکیوں کا روزمرہ) بھڑوں کی ایک جنس۔ (۳) (نباتیات) آسٹریلیائی یوکلپٹس (جس کی چھال زرد ہوتی ہے) کی ایک جنس۔

Yellow Indian grass : (n) ایک امریکی سدا بہار گھاس۔

Yellow Indian paint : (n) امریکا میں پائی جانے والی ایک قسم کی بوٹی جس کی جڑ زرد ہوتی ہے۔

Yellow Indian shoe : (n) زرد رنگ کی زنانہ سلیپر۔

Yellow indigo : (n) جنگلی نیل کا پودا جس میں شوخ رنگ کے زرد پھول لگتے ہیں۔

Yellow iris : (n) سوسن کی ایک جنس جس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔

Yellow jack : (n) (۱) دیکھو Yellow fcver ۔ (۲) ایک قسم کی سنہری مچھلی۔

Yellow jacket : (n) دیکھو Yellow hornet

Yellow jessamine/-jasmine/-jass : (n) زرد یاسمین؛ زرد چنبیلی ۔

Yellow lady-slipper/Yellow lady's-slipper : (n) ایک قسم کی زرد پھول دار بوٹی؛ ثعلب مصری جنس کی ایک قسم؛ پاپوش گل جنس کی بوٹی ۔

Yellow lantern : (n) زرد نیلوفر؛ کنول یا پنکج ۔

Yellow late rust : (n) پھپھوندی جو سیاہ توت میں لگ جاتی ہے ۔

Yellow lead : (n) مُردہ سنگ ۔

Yellow lead ore : (n) ایک قسم کی زرد کچدھات؛ مردہ سنگ کچدھات ۔

Yellow leaf : (n) (۱) پودوں کی ایک بیماری جس میں پتیاں زرد ہو جاتی ہیں ۔ (۲) عمر کے آخری سال؛ بڑھاپا ۔

Yellow leaf blight : (n) کپاس کی ایک بیماری ۔

Yellow men : (n) چینی، جاپانی، منگولی اقوام جن کی جلد کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے ۔

Yellow metal : (n) (۱) ایسا تانبہ جس میں ساٹھ حصہ تانبہ اور چالیس حصہ جست ہوتا ہے ۔ (۲) زرد پیتل؛ پیتل ۔ (۳) زرد دھات؛ سونا ۔

Yellow ocher : (n) (رنگ) پنوڑی؛ زرد مٹی ۔

Yellow ore : (n) تانبے اور لوہے کا دوگنا کبریتیہ؛ نحاسی پیریطس ۔

Yellow pages : (n) ٹیلیفون ڈائرکٹری کا وہ حصہ جو زرد کاغذ پر چھپا رہتا ہے ۔

Yellow-pate : (n) دیکھو Yellow-Hammer

Yellow peril : (n) زرد خطرہ؛ خطرہ کہ (ایک دن) زرد رنگ والی اقوام گورے رنگ کی قوموں پر یا دنیا پر اپنا تسلط جمالیں گی ۔

Yellow phosphorus : (n) زرد فاسفورس ۔

Yellow plague : (n) یرقان؛ پیلیا ۔

Yellow plush : (n) ایک قسم کا زرد ریشمی یا سوتی کپڑا جس کا رواں مخمل کے روئیں سے زیادہ لمبا اور ملائم ہوتا ہے ۔

Yellow press : (n) اشتعال انگیز اخبارات؛ ہیجان انگیز خبریں شائع کرنے والے اخبارات، خصوصاً وہ جو ضرورت سے زیادہ قومی اور وطنی تعصبات رکھتے ہیں (اصل میں امریکا کے وہ اخبار جو سنہ ۱۸۹۸ء میں اسپین سے جنگ کرنے کے حامی تھے) ۔

Yellow race : (n) دیکھو Yellow men

Yellow rail : (n) امریکا کا ایک بہت چھوٹا زرد پرندہ ۔

Yellow rattle : (n) زرد تاج خروس؛ مرغ کا زرد تاج یا پیلا پھول ۔

Yellow river : (n) دریائے زرد ۔

Yellow root : (n) امریکا کا ایک پودا ۔

Yellow rose : (n) گل زرد ۔

Yellow sally : (n) سنگ مکھیوں کی ایک جنس ۔

Yellow sapphire : (n) (معدنیات) زبرجد ہندی؛ پکھراج ۔

Yellow sea : (n) (جغرافیہ) بحیرہٗ زرد ۔

Yellow seed : (n) ایک قسم کی رائی یا سرسوں؛ جنگلی خردل ۔

Yellow sickness : (n) یرقان ۔

Yellow sighted : (n) (طب) زرد نظر ۔

Yellow soap : (n) ایک عام قسم کا صابون ۔

Yellow spot : (n) (تشریح) آنکھ کے پردہٗ اول میں وہ نقطہ جہاں نظر سب سے تیز ہوتی ہے؛ خطہٗ اصفر ۔

Yellow-throated warbler : (n) (۱) زرد گلے کا ایک خوش الحان پرند ۔ (۲) زرد گلے کے چہچہانے والے پرندوں کی ایک جنس جس میں بلبل وغیرہ شامل ہیں ۔

Yellow tip : (n) غلے کے پودوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے پودوں میں دانے نہیں لگتے ۔

Yellow tit : (n) جنوبی ایشیا کے چھوٹے پرندوں کی ایک قسم خصوصاً جن کے پر زرد اور سبز ہوتے ہیں ۔

Yellow vision : (n) (طب) زرد نظری ۔

Yellow ware : (n) مٹی یا پتھر کا زرد برتن ۔

Yellow weed : (n) (۱) تلسی ۔ (۲) (نباتیات) نرانی ۔

Yellow-winged bat : (n) افریقہ کے چمگادڑ جس کے ڈینے زرد ہوتے ہیں ۔

Yellow-winged sparrow : (n) ایک قسم کی گوریا یا کنجشک ۔

Yellow wood : (n) (نباتیات) چوب زرد ۔

Yellow wood sorrel : (n) Oxalis جنس کا ایک زرد پھولوں والا پودا ۔

Yellow wort : (n) یورپ کی ایک زرد پھولدار کڑوی بوٹی ۔

Yellow wove : (n) ایک قسم کا سستا، چکنا نیلا کاغذ ۔

Yellow yam : (n) شکرقند ۔

Yellow yolding : (n) (نباتیات) ستہرۂ زرد ۔

Yellow yolk : (n) زردی بیضہ؛ انڈے کی زردی ۔

Yellowfin : (n) زرد سفنوں والی مچھلی ۔

Yellowfin croaker : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Yellowfin grouper : (n) ایک قسم کی مچھلی جو مغربی اٹلانٹک میں ہوتی ھے ۔

Yellowfin tuna : (n) اٹلانٹک اوربحر الکاہل کی ایک قسم کی زرد سفنوں والی مچھلی ۔

Yellowfinned roncador/-Yellowfin : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Yellowfinned trout/Yellowfin : (n) ایک قسم کی زرد سفنوں والی لمبی مچھلی جو کولو ریڈو و ٹوئن لیکس (Twin Lakes, Colorado) میں ہوتی ھے ۔

Yellowing : (n) (۱) پیلا پڑنا ۔ (۲) (نباتیات) پودے یا درخت کا پیلا پڑجانا یا مرجھا جانا جو کسی بیماری کی علامت ھے ۔

Yellowish : (a) زردی مائل ۔

Yellowknife : (n) (۱) کینیڈا کی Algonquian قوم ۔ (۲) اس قوم کا ایک فرد ۔

Yellowly : (adv.) انداز رقیبانہ سے ۔

Yellowness : (n) زردی؛ پیلاپن ۔

Yellows : (n) (۱) (قدیم) یرقان؛ پیلاپن ۔ (۲) رشک؛ حسد ۔ (۳) (بیطاری) یرقان اسپ ۔

Yellowstreak : (n) [Org. U.S.] بزدلی؛ نامردی ۔

Yellowtail : (n) شمالی امریکا اور آسٹریلیا کی مچھلیوں کی ایک قسم ۔

Yellowy : (a) زرد؛ زردی مائل ۔

Yelm : (n) [OE. 'gelm'.] پیال کا گٹھا جو چھپر چھانے کےلئے بنایا جائے ۔

Yelm : (v) چھپر چھانے کے لئے پیال کے گٹھے بنانا ۔

Yelp : (n) (خوف یا تکلیف سے) کتے کے بھونکنے یا چلانے کی آواز ۔

Yelp : (v) [ME. 'yelpin'.] کتے کا زور سے بھونکنا یا چلانا ۔

Yelper : (n) [ME.] (۱) کتے کی طرح زور سے چلانے والا آدمی یا جانور ۔ (۲) کتے کی طرح زور زور سے چلاّ کر تقریر کرنے والا آدمی ۔ (۳) چلاتا ہوا یا بھونکتا ہوا کتا ۔ (٤) ایک آلہ جسے شکاری استعمال کرتے ہیں، اس آلہ کو پھونکنے پر جنگلی مرغی کے بولنے کی سی آواز نکلتی ھے ۔

Yelt : (n) [Late OE. 'gilte'.] جوان سورنی ؛ سور کی جوان مادہ ۔

Yen : (n) [Japen.] ین؛ ایک جاپانی سکہ جس کی قیمت تقریباً دو شلنگ ہوتی ھے ۔

Yen : (n) [Chinese 'yan '.] خواہش؛ رغبت؛ خصوصاً منشیات کے لئے ۔

Yengees : (n) ینگیز؛ ہندوستانی زبان میں انگلش کی خرابی ۔

Yeoman : (n) [ME.] (۱) شاہی محل یا کسی رئیس کے یہاں کا ملازم جو ادنیٰ کام انجام دیتا ہو یا کسی سرکاری عہدے دار کا مددگار ہو ۔ (۲) ایک

Yeomanette : (n) وہ عورت جو امریکی بحری رضاکار سپاہی کی حیثیت سے کام کرتی ھے ۔

Yeomanly : (a) معافی دار، کسان، چھوٹے زمیندار یا رضاکار سپاہی سے مشابہ ۔

Yeomanly : (adv.) معافی دار، کسان، چھوٹے زمیندار یا رضاکار سپاہی کی طرح ۔

Yeomanry : (n) [ME. 'Yomanry '.] (۱) معافی داروں، کاشتکاروں یا چھوٹے زمینداروں کی جماعت؛ زراعت پیشہ طبقہ ۔ (۲) رضاکار سواروں کی فوج یا فوج محافظ جو زراعت پیشہ آبادی میں سے بھرتی کی جاتی ھے ۔

Zervanism/ Zarvanism : (n) ایرانیوں کا ایک قدیم مذہب؛ زرتشتیوں کا ایک بدعتی فرقہ ۔

Zest : (n) [F. 'Zesta'.] (۱) ذوق شوق ؛ بےحد رغبت؛ بڑی دلچسپی؛ چاؤ ؛ چسکا ۔ (۲) چٹپٹا مزا؛ تیز چاشنی؛ چٹخارا؛ بڑا لطف ۔

Zest : (v) مزا لینا؛ چٹخارا لینا؛ لطف لینا ۔

Zestful/Zesty : (a) چٹ پٹا؛ چاشنی دار؛ لطیف؛ مزہ دار ۔

Zestfully : (adv.) مزے کے طور پر؛ لطف کے ساتھ؛ ذوق شوق سے؛ رغبت کے ساتھ ؛ دلچسپی سے؛ چاؤ کے ساتھ۔

Zestfulness : (n) دیکھو Zest

Zeta : (n) [Gr. 'Zeta'.] زیٹا؛ یونانی ابجد کا چھٹا حرف جو "Z" کی آواز دیتا ہے ۔

Zeta function : (n) (ارضیات) تفاعل کے متعلق Z کا نشان ۔

Zetetic : (n) [Gr. 'Zete kios'.] پر ہونی ؛ متشکک ۔

Zetetic : (a) تحقیقی؛ درایتی ۔

Zetetic method : (n) تحقیقی طریقہ؛ درایتی طریقہ ۔

Zetetically : (adv.) تحقیق کے طور پر؛ محققانہ انداز میں ۔

Zeugite : (n) [Gr. 'Zeugnynal'.] (نباتیات) ملاپ خلیہ؛ زیوگائٹ ۔

Zeuglodont : (n) (ارضیات) جوغ دندان (وہیل) ۔

Zeugma : (n) (صرف ونحو) صنعت حذف صفت یا حذف فعل جس میں دو اسموں کے لئے ایک ہی اسم صفت یا فعل استعمال ہوتا ہے حالانکہ وہ ایک ہی اسم سے مناسبت رکھتا ہے اور دوسرے کے لئے جو مناسب لفظ ہے وہ محذوف ہوتا ہے مثلاً ۔ (She came in a flood of tears and a Bath chair.) ۔

Zeugmatic : (a) صنعت حذف صفت یا حذف فعل سےمتعلق ۔

Zeugmatically : (adv.) صنعت حذف صفت یا حذف فعل کے طور پر ۔

Zeugopodium : (n) (حیوانیات) پیش بازو ؛ بند دوم ؛ مفصلی پا ۔

Zeunerite : (n) [Fr. Gustav Zeuner, physicist & engineer] (معدنیات) ایک معدنی شے جس میں مفروضہ آبدارتانبہ یورینیم اور آرسینی ایٹ ہوتا ہے ۔

Zeus : (n) (۱) (یونانی دیومالا)زیس؛ کوہ اولمپس کےدیوتاؤں کا سردار؛ سب سے بڑا دیوتا؛ زینون؛ زاؤوس ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Zeuxite : (n) زرد ترملین؛ آہن دار ترملین؛ ایک برقی قوت رکھنےوالی معدنی شے جس کےمختلف رنگ ہوتےاور نگینے کےطور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Zeuzera : (n) [mod. L.] پتنگوں کی ایک جنس ۔

Zeuzeridae : [mod. L.] ایک قسم کے پتنگوں کا خاندان ۔

Zho/Zobo/Zobu : (n) شمالی ہندوستان کا ایک قسم کا دوغلا مویشی؛ ژو ۔

Zhomo : (n) دوغلی گائے؛ ژومو؛ مخلوط نسل کی گائے ۔

Ziamet : (n) [Turk 'Ziamat'.] ایک قسم کی جاگیر جو ترکی فوجیوں کو دی جاتی تھی ۔

Ziarat : (n) [Arabic] (۱) زیارت؛ کسی متبرک یا مقدس مقام کا دیدار ۔ (۲) کسی بزرگ کے مزار یا مقبرے پر حاضری۔

Zibeline : (n) (۱) سمور ۔ (۲) سمور کا پشم ۔ (۳) نرم اون جیسی پوشاک بنانےکی کوئی روئیں دارچیز ۔

Zibet/ Zibeth : (n) [It. 'Zibetto'.] زباد ہندی؛ ایشیائی یا ہندوستانی مشك بلاؤ ۔

Ziczac/Siksak/Sagsag/Sicsac/Zikzak : (n) مصر میں پایاجانے والا پلور یا پلاور (یہ ایك قسم کا پرندہ ہے جو جھنڈ میں رہتا ہے، اس کی ٹانگیں لمبی لمبی ہوتی ہیں)۔

Zieger/Ziger : (n) [G.] پنیر ۔

Zif/Ziw : (n) [Heb 'ziw'.] قدیم عبرانی جنتری کا دوسرا مہینہ ۔

Zig : (n) (۱) ٹیڑھاپن؛ کجی ۔ (۲) سمت کی فوری تبدیلی ۔

Zig : (v) ٹیڑھے میڑھے راستے کے ایك حصہ کو طے کرنا ۔

Zigadenus : (n) [med. L.] بوٹیوں کی ایك قسم ۔

Zigan : (n) Tziganc کا متبادل ۔

Ziggurat/Zikurat/Zikkurat : (n) [Assyr-Bab. 'ziqqurratu'.] بیبیلون کے ایك قدیم معبد کا مینار ۔

Zigzag : (a) [Fr. prob. fr. 'Gzickzack'.] ٹیڑھا میڑھا؛ پُرپیچ و خم؛ پیچ وخم کھاتا ہوا ۔

Zigzag : (n) ٹیڑھی میڑھی؛ پُرپیچ و خم لکیر، سڑك یا خندق ۔

Zigzag : (adv.) پیچ و خم کے ساتھ؛ پیچ و خم کھاتے ہوئے ۔

Zigzag : (v) ٹیڑھا میڑھا چلنا؛ پیچ و خم کے ساتھ حرکت کرنا ۔

Zigzag clover : (n) یورپ کی ایك قسم کی گھاس جس میں سرخ پھول ہوتے ہیں۔

Zillah : (n) [Arab.] ضلع ؛ پردیش کا ایك حصہ جو کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہوتا ہے ۔

Zilladar : (n) ضلع دار ؛ کلکٹر ۔

Zimarra/Simar : (n) [It.] پادریوں کا سیاہ رنگ کا لمبا کرتا ۔

Zimb : (n) [Amharic. 'Zemb'.] ابی سینیا کی ایك قسم کی مکھی؛ ذبابہ؛ ذباب؛ سی سی مکھی ۔

Zinc : (n) [G. 'Zink'.] جست؛ تانبے اور جرمن سلورکا مرکب جو چھتوں کے بنانے اور لوہے کے تختوں پر چڑھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور بجلی کی بیٹری اور بلاکوں کے چھاپنے میں بھی کام آتا ہے ۔

Flowers of zinc oxide : جست کا سفوف جس کا سفید روغن بنایا جاتا ہے اور جو مرہم اور عمارتوں کے مسالے میں بھی کام آتا ہے ۔

Granulated Zinc : دانہ دار جست ۔

Zinc/Zinck/Zink : (v) جست کی قلعی کرنا ۔

Zinc blende : (n) (کیمیا) امتزاج جست ۔

Zinc bloom : (n) (کیمیا) جست کا آبدار کاربونیٹ ۔

Zinc clipping : (n) (کیمیا) جستی کترن ۔

Zinc-colic : (n) (طب) جستی قولنج ۔

Zinc-copper couple : (n) (برقیات) تامجستی جفتہ ۔

Zinc dust : (n) (کیمیا) برادۂ جست ۔

Zinc grey : (a) (کیمیا) زنك گرے: تیل میں پیس کر جست کا برادہ نکالا ہوا جو لوہے کے لئے بطور انسدادی رنگ استعمال کیا جاتا ہے ۔

Zinc lotion : (n) جستی پانی؛ زنك لوشن ۔

Zinc ointment : (n) جستی مرہم ۔

Zinc phosphide : (n) ایك گہرے بھورے رنگ کے سفوف کا مرکب ۔

Zinc powder : (n) دیکھو Zinc Dust

Zinc spinel : (n) دیکھو Gahnite

Zinc stearate : (n) ایك حل ناپذیر نمك جس کا سفوف مرہم، غازہ، رنگ سازی اور ربر کو جوڑنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Zinc sulfate/-sulphate : (n) جست اور گندھک کےتیزاب کا نمک (کیمیا) سفید توتیا؛ ہیرا کسیس ($Zn. SO_4$) ۔

Zinc sulfide : (n) زنک سلفائیڈ؛ جست کا ایک مرکب جو رنگ سازی میں کام آتا ہے ۔

Zinc white : (n) جست کا آکسائیڈ جو سفید رنگ بنانے میں کام آتا ہے ۔

Zinc yellow : (n) ایک سبزی مائل زرد رنگ ۔

Zincalo : (n) ہسپانیہ کے خانہ بدوش ۔

Zincate : (n) جست اور کسی دوسری دھات کے آکسائیڈوں کا مرکب ۔

Zincic : (a) (کیمیا) جست کا ۔

Zinciferous : (a) (کیمیا) جست زا؛ جست دار؛ جست پیدا کرنے والا؛ جس سے جست نکلتا ہے ۔

Zincification : (n) (طب) جستاؤ؛ جست کی قلعی کرنا یا کیا جانا؛ جست ملانا یا ملایا جانا ۔

Zincify : (v) جست کی قلعی کرنا؛ جست ملانا ۔

Zincite : (n) جست کا سرخ آکسائیڈ ۔

Zincky : (a) جستی؛ جست کا ۔

Zinco : (n) (۱)جست اور دوسرے اجزاء کے کیمیاوی مرکبات ۔ (۲) دیکھو Zincograph ۔

Zincode : (n) (۱) کیمیاوی برقی خانے کا مثبت سرا ۔ (۲) برق مثبیرہ؛ مثبت برقیرہ ۔

Zincograph : (n) (۱) (طباعت) جستی نقش؛ جستی تصویر؛ جست کاری کی تصویر ۔ (۲) جستی بلاک یا جست کی تختی جس پر نقوش ابھارے جاتے ہیں تاکہ ان سے پھر کاغذ چھاپے جاسکیں ۔

Zincograph : (v) جست کاری کرنا؛ جست پر نقش و نگار بنانا؛ جست کاری سے چھاپنا؛ جست کی تختی سے چھاپنا (تصویر) ۔

Zincographer : (n) جست کار؛ جستی بلاک ساز؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانے والا ۔

Zincographic : (a) جست کاری کا؛ جست کاری کی تصویر کا ۔

Zincography : (n) جست کاری؛ جستی بلاک سازی؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانا ۔

Zincoid : (a) جست نما؛ جست سے مشابہ ۔

Zincolysis : (n) برق پاشی ۔

Zincolyte : (a) برق پاش؛ برق پاشیدہ ۔

Zincopolar : (a) مثبت برقیرہ کا قطبی میلان رکھنے والا ۔

Zincotype : (n) دیکھو Zincograph

Zincous : (a) (۱) (کیمیا) جستی؛ جست کا ۔ (۲) (برقیات) مثبت برقیری ۔

Zincy : (a) جستی؛ جست کا ۔

Zindiq : (n) [Arab. 'Zindiq'.] (۱) کتاب ژند کا معتقد ۔ (۲) بے دین؛ کافر؛ زندیق ۔

Zineb : (n) ایک قسم کا زرعی کرم کش ۔

Zinfandel : (n) کیلیفورنیا کی ایک سفید یا سرخ رنگ کی شراب ۔

Zing : (n) (۱) تیز بھنبھناہٹ کی آواز (جیسا کہ بندوق کی گولی کے چلنے میں ہوتی ہے) ۔ (۲) جوش؛ ولولہ ۔ (۳) تیزی کے ساتھ حرکت؛ تیز آواز کے ساتھ حرکت ۔ (٤) قوت؛ طاقت ۔

Zing : (v) بھنبھناہٹ کی آواز دینا؛ بھنبھناہٹ کی آواز کے ساتھ حرکت کرنا یا چلنا ۔

Zingana/Zingano : (n) (۱) خانہ بدوش عورت ۔ (۲) ایک قسم کی دھاری دار خوبصورت لکڑی ۔ (۳) خانہ بدوش مرد ۔

Zingara : (n) خانہ بدوش عورت ۔

Zingaro : (n) حبشی قوم؛ ایک خانہ بدوش مرد ۔

Zingel : (n) [G.] ایک چھوٹی خاکستری سبزدریائی مچھلی ۔

Zingerone : (n) ایک قسم کا تیز قلمی کیٹون ۔

Zingiber : (n) [mod. L.] زنجبیل؛ ادرک؛ سونٹھ ۔

Zingiberaceae : (a) [mod. L.] ادرکیہ ۔

Zingiberaceous : (a) زنجبیلی؛ ادرکی ۔

Zingiberene : (n) [fr. mod. L. 'Zingiber'.] روغن ادرک سے بنی ہوئی ایک رقیق شے ۔

Zingiberol : (n) روغن ادرک سے نکالی ہوئی ایک قسم کی خوشبودار الکحل ۔

Zinjanthropus : (n) [med. L.] زنجن تھروپس : متحجر کھوپڑی جو مشرقی افریقہ میں زمین کے اندر سے برآمد ہوتی ہے جس کی بھوں بہت نیچی اور ڈاڑھیں لمبی ہوتی ہیں ۔

Zink/Zinke : (n) [G. 'Zinke'.] بوق کی قسم کا ایک باجا جو پچھلے زمانے میں یورپ میں عام تھا؛ کورنٹ ۔

Zinked : (a) جست کی قلعی کیا ہوا ۔

Zinkenite : (n) [fr. J. K. L. Zinken, minerologist.] راشمد اور سیسے کا آہنی بھورا سلفائڈ ۔

Zinkiferous : (a) دیکھو Zinciferous

Zinky : (a) جست کا یا جست سے متعلّق ۔

Zinn : (n) منطقچہء زین؛ حلقیزہء زین ۔

Zinnia : (a) [mod. L.] (گل) آہار؛ زینیا؛ ایک قسم کا مرکب پودا جس میں کرن دار گہرے سرخ اور دوسرے رنگوں کےخوبصورت پھول ہوتے ہیں ۔

Zinnwaldite : (n)[fr. Zinnwald, Bohemid] ایک قسم کی ابرق ۔

Zion : (n) [fr. Zion height in the northeastern part of Jerusalum.] (۱) صیہون : قدیم بیت المقدس ۔ (۲) کوہ صیہون؛ قدیم بیت المقدس کی ایک مقدس پہاڑی ۔ (۳) یہودیوں کی مذہبی ریاست؛ مذہبی حکومت ۔ (٤) مسیحی کلیسا ۔ (٥) آسمانی حکومت؛ حکومت الٰہی؛ عالم بالا؛ بہشت ۔

Zioncheck : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Zionism : (n) یہودی قوم کو فلسطین میں دوبارہ بسانے کی ایک تحریک؛ فلسطین میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کی حمایت؛ صیہونیت ۔

Zionist : (a) (۱) یہودیوں کی نوآباد کاری کی تحریک کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) یہودیوں کی نوآباد کاری کی تحریک کی حمایت یا اسکی اشاعت کرنے والا ۔

Zionist : (n) صیہونیت کا حامی یا طرفدار؛ صیہونی ۔

Zionite : (n) (۱) صیہونی نوآبادی کا ایک شہری ۔ (۲) خدا کے برگزیدہ بندوں میں سے کوئی ایک ۔ (۳) صیہونیت کاطرفدار شخص ۔ (٤) صیہونی شہر کے بانی جان الکزنڈر ڈاوی کاایک پیرو ۔

Zionward(s) : (adv.) (مجازاً) آسمان کی طرف ۔

Zip : (n) (۱) زپ؛ زناٹا؛ ایسی آواز جیسی بندوق کی گولی کے ہَوا میں گزرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۲) جھر؛ جھراٹا؛ ایسی آواز جیسی کپڑے کے لپیٹنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۳) (مجازاً) چستی؛ مستعدی ۔ (٤) دھات کی بنی ہوئی ایک قسم کی زنجیر جس سے کھلی ہوئی جگہ کو فوراً بند کر دیتے ہیں ۔ (٥) چھوٹے دیوتاؤں میں سے کوئی ایک ۔

Zip : (v) (۱) زپ سے بند کرنا ۔ (۲) لباس پہن کر لباس کو زپ سے بند کر لینا ۔ (۳) زپ جیسی آواز نکالنا ۔

Zip-fastner/Zipper : (n) زپر؛ ایک طرح کا شکنجہ جو چیزوں کو جوڑنے اور کسنے کے کام آتا ہے ۔

Zip fuel : (n) جیٹ یا راکٹ کا ایندھن ۔

Zip gun : (n) خانہ ساز بندوق؛ گھر میں بنائی ہوئی کھلونا نما بندوق ۔

Ziphiid : (a) [med. L.] دندان دار وہیل کا یا اس سےمتعلق ۔

Ziphiidae : (n) [mod. L.] دندان دار وہیل کا ایک خاندان ۔

Ziphioid/Ziphiiform : (a) [med. L.] دیکھو Ziphiid

Ziphius : (n) [med. L.] حوت سیفی؛ شمشیری وہیل ۔

Zippeite : (n) [fr. Franz X.M. Zippe, mineralogist.] ایک قسم کی دھات؛ یوریینیم سلفیٹ ۔

Ziram : (n) جست کا نمک ۔

Zircon : (n) [G. 'Zircon, Zirkon'.] سنگ زرکون؛حجرزرکون؛ ایک معدنی شے جس کی بعض اقسام کو تراش کر قیمتی پتھر بنائے جاتے ہیں ۔

Zirconate : (n) زرکونی تیزاب کا ایک نمک ۔

Zirconia (n) ایک سفیدمٹی زرکونیم ڈائی آکسائڈ ($Zr O_2$) ۔

Zirconian/Zirconic : (a) زرکون کا یا اس سے متعلق؛ زرکونی؛ زرکون دار ۔

Zirconiferous : (a) زرکون زا؛ جو زرکون رکھتا ہو؛ جس سے زرکون نکلے ۔

Zircon(i)o- : (n)/Zirco– سابقہ بمعنی زرکونی مرکب ۔

Zircon(i)ofluoride/Zirconite : (n) زرکون کی ایک قسم جو بھورے رنگ کی یا زردی مائل ہوتی ہے ۔

Zirconium : (n) [mod. L.] زرکون یا زرکون؛ ایک دھات جو سنگ زرکون سے نکلتی ہے ۔

Zirconium hydride : (n) بھورے یا سیاہ رنگ کا بھربھرا سفوف ($Zr H_2$) ۔

Zirconium oxide/-dioxide : (n) ایک بلوری مرکب($Zr O_2$) ۔

Zirconium silicate : (n) ایک غیر حل پذیر نمک ($Zr SiO_4$) ۔

Zirconyl : (n) ایک دو گرفتہ اصلیہ ($Zr O$) ۔

Ziricote : (n) [Amer. Sp.] امریکا کاایک درخت جس کی لکڑی زرد ہوتی ہے اور اس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Zirphaea : (n) [med. L.] ایک قسم کا گھونگا ۔

Zither/Zitheru : (n) [G.] چھیتارا؛ ایک طرح کا بربط یا ستار جو چپٹا ہوتا ہے اور میز پر رکھ کر بجایا جاتا ہے؛ سنطور ۔

Zitherist : (n) چھیتارا بجانے والا ۔

Zizania : (n) [med. L.] ایک قسم کی لمبی گھاس ۔

Zizel : (n) گلہری ۔

Zizia : (n) [mod. L] ایک قسم کی بوٹی جو امریکا میں ہوتی ہے ۔

Ziziphus : (n) [mod. L.] ایک قسم کی امریکی جھاڑی ۔

Zizith/Zizit : (n) [Heb. 'Sisith'.] پھندنے دار لباس جو یہودی احکام الٰہی کی یاد زندہ رکھنے کے خیال سے پہنتے ہیں ۔

Zizypha : (n) عناب ۔

Zizyphus : (n) جنس عناب؛ عناب کا پودا؛ زیزفون ۔

Zizyphus jujuba : (n) بیر ۔

Zizyphus Lotus : (n) نَبق؛ نبِق؛ سدرہ (شجر) ۔

Zizyphus Rotandifolia : (n) (نباتیات) ملا ۔

Zizyphus sativa/-vulgaris : (n) عناب؛ سنجلی ۔

Zloty : (n) [Pol]. زلوٹی : پولینڈ (Poland) کا ایک سکہ (جس کی قیمت دس پینس یا پانچ روپے کے قریب ہوتی ہے) ۔

Zo-/Zoo - : [Gr.] سابقہ بمعنی "حیوانات" ۔

Zoa : لاحقہ بمعنی "حیوانات" ۔

Zoaea : Zoea کا متبادل ۔

Zoantharia : (n) [mod. L.] نوع آبی کثیرپا؛ گل نما مونگے ۔

Zoantharian : (a) گل نما مونگوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoanthella : (n) زہری محوریں ۔

Zoanthid : (n) [mod. L.] گل نما مونگا ۔

Zoanthidea : (n) [mod. L.] گل نما مونگے ۔

Zoanthidean : (a) گل نما مونگوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoanthodeme : (n) آبی کثیرپا کی مرکب ساخت ۔

Zoanthoid : (n) گل نما مونگوں کےخاندان کایا اس کے مانند ۔

Zoanthropic : (a) حیوان خولیا کا یا اس سے متعلق ۔

Zoanthropy : (n) (طب) اختباط حیوانیت : حیوان خولیا ۔

Zoanthus :(n) [mod. L.] آبی کثیرپا کی ایک بڑی جنس: حی گل ۔

Zoar : (n) دارالامان؛ وہ مقدس مقام جہاں پناہ لینے کےبعد کوئی مجرم گرفتار نہیں ہو سکتا؛ بست ۔

Zoarcidea : (n) [mod. L.] مارماہی؛ بام مچھلی؛ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے ۔

Zoarial : (a) [med. L.] (۱) هوینیه کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) غنچہء حیوانیہ کا یا ان سے متعلق ۔

Zoarite : (n) اوہائیو (Ohio) کے جرمنوں کی ایک فرقہ وار جماعت ۔

Zoarium/Zooarium : (n) [mod. L.] آبی کثیرپا کی اجتماعی شکل ۔

Zobo : (n) دوغلا بیل؛ زوبو ۔

Zocalo : (n) [Mex.Sp.] میکسیکو شہرکی ایک عام سیرگاہ ۔

Zocco : (n) [It.] آرائشی ظروف، مجسمہ وغیرہ رکھنے کی پتھر کی چوکی یا پایہ ۔

Zodiac : (n) [ME fr Fr. ' Zodiaque'.] (۱) منطقة البروج؛ راس منڈل؛ راس چکر ۔ (۲) (شاذ) پورا دور ؛ پورا چکر ۔

Signs of the Zodiac : منطقة البروج کی صورتیں؛ بروج؛ راس ۔

Zodiacal : (a) منطقة البروج کا؛ بروجی؛ راس چکر کا ۔

Zodiacal belt : (n) منطقة البروج ۔

Zodiacal light : (n) ضوء البروج؛ نور برجی؛ ضو؛ منطقة البروج؛ آسمان کا ایک روشن حصہ ایک اونچے مثلث کی شکل میں جو کبھی کبھی مشرق کی سمت میں سورج کے طلوع سے پہلے یا مغرب میں سورج کے غروب کے بعد (خصوصاً گرم ملکوں میں) نظر آتا ھے ۔

Zodiophilous : (a) (نفسیات) شکل حیوانی پسند ۔

Zoea/Zoaea : (n) [Gr. 'zoe'.] دہ پایہ خول دار سمندری جانور یا کیکڑے کی ایک ارتقائی شکل؛ حیاتہ؛ زویا ۔

Zoeaform : (a) (حیوانیات) زویا شکل ۔

Zoeal : (a) زویا کا، اس سے متعلق یا اس شکل کا ۔

Zoechrome : (n) (سنیما) چرخ حیات ۔

Zoecial : Zooecial کا متبادل ۔

Zoecium : Zooecium کا متبادل ۔

Zoetic : (a) حیوی؛ حیاتی ۔

Zoetrope : (n) (۱) (سنیما) چرخ حیات؛ گردش نما ۔ (۲) دیکھو Wheel یا Wheel of life ۔

Zogo : (n) [Papuan] ایک مقدس یا پاک شے ۔

Zohar : (n) کتاب ازہر؛ یہودیوں کی ایک پوشیدہ مذہبی کتاب (جو غالباً چودھویں صدی میں لکھی گئی تھی اور جس کو باطینوں کی انجیل کہا جاتا ھے) ۔

Zoiatria : (n) بیطاری جراحی ۔

Zoiatrice : (n) بیطاری جراحی ۔

Zoic : (a) [Gr. 'Zoikus'.] (۱) (حیوانیات) حیوانی؛ حوینی؛ جانوروں کا؛ جانوروں سے متعلق ۔ (۲) (ارضیات) حوین نشانی؛ حیوانی فوسل دار؛ (طبقہ یا چٹان) جس میں حیوانی یا نباتی زندگی کے متحجر باقیات یا نشانات ملتے ہیں؛ متحجری ۔

Zoid : (n) (حیوانیات) حیوان نما؛ حی بذرہ؛ حوین ۔

Zoidiophilous : (n) (نباتیات) حوین زیرگہ ۔

Zoidiophore : (a) (حیوانیات) حوین بردار ۔

Zoidogamous : (a) (حیوانیات) حوین زوجی ۔

Zoidogamy : (n) (حیوانیات) حوین زوجیت ۔

Zoili : (n) Zolius کی جمع ۔

Zoilism : (n) (۱) انتقاد معاندانہ؛ زوئیلیت ۔ (۲) زوئی لس کی طرح شدید و متعصبانہ تنقید ۔

Zoilist : (n) زوئی لس جیسا شدید و متعصب تنقید نگار ۔

Zoilus : (n) [4th century Greek rhetoritician and critic.] ھومر کے ایک شدید تنقید نگار کا نام ؛ (مجازاً) سخت، متعصب اور حاسد تنقید نگار ۔

Zoisia : (n) [med . L.] ایک قسم کی گھاس ۔

Zoisite : (n) ایک قسم کی دھات ۔

Zoism : (n) (فلسفہ) روح حیاتیت ۔

Zoist : (n) (فلسفه) معتقد روح حیاتیت ۔

Zokor : (n) [native name in Alta mountain] کوہ التائی کاکترنے والا جانور جو چھچھوندر جیسامعلوم ہوتا ہے ۔

Zolaesque : (a) [from Emile Zole] (۱) عریاں نگاری کا ۔ (۲) زولا کے طرز کا ۔

Zolaism : (n) عریاں نگاری؛ وہ حقیقت نگاری جس میں گندے واقعات صاف صاف لکھ دیئے جائیں (فرانس کے مشہور ناول نگار زولا کی نسبت سے) ۔

Zolaist : (n) عریاں نگار ۔

Zolaistic : (a) عریاں (عبارت یا طرز تحریر) ۔

Zollernia : (n) [med. L.] برازیل کا ایک درخت جس سے تختے نکالے جاتے ہیں ۔

Zollner illusion : (n) [after Johann K.F. Zollner, physicist] نظر کا فریب جو خطوط زولنر سے پیدا ہوتا ہے ۔

Zollner's lines : (n) زولنر کے نظر فریب متوازی خطوط ۔

Zollverein : (n) [G.] اتحاد محاصل؛ چنگی ایکا؛ محصول اتحاد؛ محصولی رابطہ؛ ایسے ممالک یا حکومتوں کا اتحاد جو غیر قوموں سے مال پر یکساں شرح پر محصول لیتی ہیں اور عموماً ایک دوسرے کے مال پر درآمد کا محصول نہیں لیتیں ۔

Zolotnik : (n) [Russ.] روس کا ایک باٹ جو ٤,٢٦٦ گرام کے برابر ہوتا ہے ۔

Zombi/Zombie : (n) [of West Afr. origin] (۱) مغربی افریقہ، ہانٹی اور جنوبی امریکا کے وودو (Woodoo)مذہب کے عقید تمندوں کی سانپ کی دیوی ۔ (۲) فوق الفطرت طاقت جو مردوں کو زندہ کر سکتی ہے ۔ (۳) مردہ جو زندہ کر دیا گیا ہو ۔ (٤) وہ شخص جو ایک زندہ کی ہوئی لاش کی طرح معلوم ہوتا ہو ۔ (٥) ایک قسم کی شراب جو کئی طرح کی شرابوں کو ملا کر بنائی گئی ہو ۔

Zombiism : (n) زومبی مذہب کے عقائد ۔

Zomotherapy : (n) (طب) عرق اللحمی علاج ۔

Zona : (n) [L.] (۱) (طب) نملہء منطقوی؛ منطقہ ۔ (۲) (حیوانیات) حلقہ؛ منطقہ ۔

Zona Arcuata : (n) (حیوانیات) منطقہء کمانیہ ۔

Zona Fasciculata : (n) (حیوانیات) منطقہء حزمیہ ۔

Zona Glomerulosa : (n) (حیوانیات) منطقہء قنبلیہ ۔

Zona pectinate : (n) (حیوانیات) منطقہء شانیہ ۔

Zona pellucida : (n) (حیوانیات) منطقہء شفافیہ ۔

Zona Radiata : (n) (حیوانیات) منطقہء کرنیہ؛ منطقہ شعاعیہ ۔

Zona Reticulata : (n) (حیوانیات) منطقہء شبکیہ ۔

Zonal : (a) (۱) (حیوانیات) منطقوی ۔ (۲) منطقہ سے متعلق؛ منطقوں کا؛ منطقوں میں تقسیم کیا ہوا ۔

Zonal distribution : (n) (حیوانیات) منطقوی تقسیم ۔

Zonal Index : (n) (ارضیات) منطقوی نمائندہ ۔

Zonal symmetry : (n) منطقوی تشاکل ۔

Zonal view : (n) (حیوانیات) منطقوی منظر؛ رخ منظر ۔

Zonality : (n) (حیوانیات) منطقویت ۔

Zonally : (adv.) منطقوں میں؛ خطوں میں ؛ منطقے یا خطے کے لحاظ سے ۔

Zonary : (a) (۱) (حیوانیات) منطقوی؛ حلقوی ۔ (۲) (ارضیات) پیٹی نما؛ منطقہ نما؛ پٹکے کی شکل کا؛ پٹکے کا سا ۔ (۳) منطقہء منطقہ ۔

Zonate/Zonated : (a) [mod. L.'Zonatus'.] (۱) (نباتیات و حیوانیات)دھاری دار؛ جس میں گول دھاریاں یا پٹیاں ہوں ؛ پٹکے دار ۔ (۲) (نباتیات) منطقوی؛ حلقے دار ۔

Zonation : (n) (۱) (نباتیات، حیوانیات) منطقویت : منطقہ داری ۔ (۲) منطقہ بندی ۔ (۳) منطقاتی تقسیم ۔

Zone : (n) [L.] (۱) (شعر اورقدیم زبان) پٹکا (جو کمر میں لپیٹتےہیں)؛ پٹی؛ کمربند ۔ (۲) ایک چیز میں

کسی دوسری چیز کی (گول) پٹی : دھاری ۔ (۳) (جغرافیہ) منطقہ؛ کرہء ارض کے وہ پانچ حصے جو خطِ استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں ۔ (٤) خطہ (زمین کا) ۔ (٥) (تشریح) حلقہ ۔ (٦) (نباتیات) دھاری ؛ چکر ۔ (۷) (ہندسہ) منطقہ ۔

Fresnel zones : منطقات فرسنل ۔

Frigid zones : منطقہ ہائے باردہ ۔

Loose the maiden zone of : مہر بکارت توڑنا؛ ازالہء بکارت کرنا ۔

Maiden zone/Virgin - : کمربند بکارت؛ دوشیزگی کی علامت؛ مہر بکارت ۔

North Frigid zone : منطقہء باردہ شمالی ۔

North Temperate zone : منطقہء معتدلہ شمالی ۔

South Frigid Zone : منطقہء باردہ جنوبی ۔

South Temperate zone : منطقہء معتدلہ جنوبی ۔

Torrid zone : منطقہء حارہ ۔

Zone axis : (n) منطقی محور ۔

Zone crystal : (n) منطقی بلور ۔

Zone of interior : (n) میدان جنگ کا وہ حصہ جس کو میدان جنگ میں شامل نہ کیاجائے ۔

Zone of sphere : (n) منطقہء کرہ ۔

Zone plate : (n) ایک قسم کا شیشہ جس کے ذریعے شعاعوں کو انعکاس کے بعد ایک نقطے پر لاکرجمع کیا جاتا ھے؛ منطقاتی لوح؛ زون پلیٹ ۔

Zone system : (n) ریل کے ذریعے آمدو رفت کے لئے مختلف حلقوں میں ملک کی تقسیم ۔

Zone tariff : (n) محصول جو مسافر ریلوے کے بٹے ہوئے حلقوں کے لحاظ سے مسافت طے کرنے کا ادا کرتے ہیں؛ منطقاتی محصول ۔

Zone Television : (n) منطقاتی دورنمائی ۔

Zone time : (n) مقامی وقت؛ منطقی وقت؛ معیاری وقت ۔

Zoned : (a) منطقہ دار ۔

Zones : (n) منطقات ۔

Zones of audibility : (n) منطقات سموعیت ۔

Zones of colour : (n) منطقات لون ۔

Zoniferous : (a) حلقہ دار؛ خطہ دار ۔

Zoning : (n) (۱) حلقہ بندی ۔ (۲) (معدنیات) منطقہ بندی ۔

Zonite : (n) (۱) زونائٹز جنس کا ایک گھونگا ۔ (۲) جانور کے جسمی حلقوں میں سے کوئی ایک ۔

Zonitidae : (n) [med. L.] خشکی پر رہنےوالےچھوٹےگھونگوں کا ایک خاندان ۔

Zonitoides : (n) خشکی پر رہنے والے عموماً کہربا رنگ کے چھوٹے گھونگوں کی ایک جنس ۔

Zono : (prefix) چند سائنسی اور تکنیکی الفاظ کا جزو ترکیبی ۔

Zonociliate : (a) (حیوانیات) ہدبی منطقہ دار ۔

Zonoid : (a) (حیوانیات) منطقہ نما ۔

Zonolimnetic : (a) گہرائی میں ایک مخصوص حلقے کا یا اس سے متعلق ۔

Zonoplacental : (a) منطقہ مشیمی ۔

Zonotrichia : (n) [mod. L.] (۱) امریکا کی بڑی گوریوں کی ایک جنس؛ جنس سہرہ امریکی ۔ (۲) حلقہ مویاں ۔

Zonta : (n) [Sioux 'zon-ta'.] عورتوں کا ایک کلب؛ ایک زنانہ انجمن ۔

Zonula : (n) [L.] (تشریح، حیوانیات) حلقیزہ؛ چھوٹا حلقہ ۔

Zonula ciliaris : (n) (حیوانیات) ہدبی حلقیرہ؛ حلقیزہء مژگان ۔

Zonular : (a) پیٹی یا پٹکے کا؛ پیٹی یا پٹکے کا سا ۔

Zonule/Zonulet : (n) [L.] (۱) چھوٹا حلقہ؛ پیٹی؛ پٹکا یا کمربند؛ منطقچہ؛ حلقیزہ ۔ (۲) حلقیزہء زن؛ حلقیزہء عشاء چشم ۔

Zonule of zinn : (n) عدسہ چشم کا رباط تعلیقی ۔

Zonure : (n) [mod. L. 'Zanurus'.] فلسی حلقے کی دُم والا گرگٹ ۔

Zonurus : (n) [mod. L.] باغ حیوانات؛ چڑیا خانہ؛ چڑیا گھر؛ جانورخانہ ۔

Zoo : (n) (۱) جانورخانہ؛ چڑیا گھر؛ چڑیا خانہ (خصوصاً لندن کا) ۔ (۲) (عامیانہ) وہ جگہ جہاں لوگ بے ترتیب وار جمع ہوگئے ہوں ۔

Zoo : (comb) (۱) یونانی لفظ Zoon سےمشتق جزو ترکیبی بمعنی "حیوان" "حیوان کا" "حیوانی زندگی کا" ۔ (۲) بہت سے سائنسی اور تکنیکی الفاظ کا جزو مرکب ۔

Zooecology : (n) علم معیشت حیوانات کی ایک شاخ ۔

Zooamylon : (n) حیوانی نشاستہ ۔

Zoobenthos : (n) [mod. L.] سمندر کی تہ میں رہنے والے حیوانات کی زندگی ۔

Zoobiotic : (a) حیوان حیاتی؛ حیوانی ۔

Zooblast : (n) حیوان نہوض ۔

Zoocarp : (n) حیوان ثمر ۔

Zoocaulon : (n) حیوانی شجریہ ۔

Zoocecidium : (n) پودوں کی ایک بیماری ۔

Zoochemical : (a) حیوان کیمیائی ۔

Zoochemistry : (n) کیمیائے حیوانی؛ حیوانی کیمیا، جس میں اجسام حیوانی کے کیمیاوی اجزاء کا مطالعہ کیاجاتا ھے ۔

Zoochlorella : (n) [mod. L.] ایک قسم کی سبز رنگ کی سمندری کائی ۔

Zoochore : (n) (۱) (نباتیات) حیوانی نشر ۔ (۲) نبات حیوانی؛ نشر ۔

Zoochoric : (a) حیوان نشری؛ حیوان انتشاری ۔

Zoochorous : (adv.) : حیوان نشر کردہ؛ حیوان انتشاری ۔

Zoochory : (n) حیوانی نشر ۔

Zoocultural : (a) حیوانات پروری کا یا اس سے متعلق ۔

Zooculture : (n) حیوانات پروری ۔

Zoocyst : (n) حیوانی انبان ۔

Zoodendrium : (n) حیوان شجریہ ۔

Zoodynamics : (n) حیوان حرکیات؛ حیوانی عضویات ۔

Zooea : (n) حیاتہ؛ زُویا ۔

Zooecial : (a) حیوان کوتی ۔

Zooecium : (n) [Gr.] حیوان کوٹ؛ حیوان خانہ ۔

Zooful : (n) چڑیا خانے کو بھرنے کے لئے معقول تعداد ۔

Zoogamete : (n) حیوان گمتہ؛ حرکیہ؛ زواجہ ۔

Zoogamy : (n) حیوان زواجی؛ توالد وتناسلِ حیوانی ۔

Zoogenesis : (n) حیوانی تولید ۔

Zoogenic : (a) (۱) حیوانی تولید سے متعلق ۔ (۲) عقیدہء تولید کا ۔

Zoogeny : (n) (۱) حیوانی تولید ۔ (۲) عقیدہء تولید ۔

Zoogeographer : (a) حیوانی جغرافیہ داں : جغرافیہء حیوانات نگار : ماہر جغرافیہء حیوانی ۔

Zoogeographical : (a) جغرافیہ حیوانی کا؛ حیوانی جغرافیہ سے متعلق ۔

Zoogeographically : (adv.) حیوانی جغرافیہ کی رو سے ۔

Zoogeography : (n) حیوانی جغرافیہ؛ جغرافیہء حیوانات (جس میں یہ بتایا جاتا ھے کہ کون کون سے جانور کہاں کہاں رہتے ہیں) ۔

Zoogeological : (a) حیوانی ارضیات سےمتعلق؛ ارضیات کی اس شاخ سے متعلق جس کا علاقہ حیوانی فوسل ھے ۔

Zoogeologist : (n) حیوانی ارضیات کا عالم ۔

Zoogeology : (n) حیوانی ارضیات ۔

Zoogloea : (n) [mod. L.] حیوانی صمغه: حیوانی سریش ۔

Zoogloeic : (a) حیوانی صمغه یاحیوانی سریش سےمتعلق ۔

Zoogonangia : (n) حیوان زواجه دان ۔

Zoogonid/Zoogonidium : (n)[mod. L.] (۱)(نباتیات)حّی بذره ۔ (۲) (حیوانیات) حیوان مولده ۔

Zoogonidangium : (n) (نباتیات) حی بذره دان ۔

Zoogonous : (n) حیوان زا؛ بچّه زا ۔

Zoogony : (n) (۱) عقیدهٔ تولید ۔ (۲) دیکھو Zoogeny ۔

Zoograft : (n) (جراحی) حیوانی پیوندکاری؛ جانور کےجسم کے کسی ٹکڑے کا پیوند انسان کے جسم میں لگانا ۔

Zoographer : (a) حیوانات نگار؛حیوانات داں؛ماہرحیوانیات بیانی ۔

Zoographic(al) : (a) حیوانیات بیان کا؛ حیوانات نگاری یا حیوانات نامه سے متعلق ۔

Zoographist : (n) ماہر حیوانیات بیانی ۔

Zoography : (n) حیوانات نگاری ؛ حیوانات نامه؛ حیوانیات بیانی ۔

Zoogyroscope : (n) ایک آله جس کے ذریعه حیوانات کی متحرك سلسله وارتصویریں پردے پر دکھائی جاتی ہیں ۔

Zooid : (a) حیوان نما؛ نا مکمل حیوانی نوعیت رکھنے والا ؛ حیوان سا ۔

Zooidal/Zooidiogamous : (a) متحرك خلیه کا یا اس سے متعلق ۔

Zookers : (int) حرف فجائیه جس سےقسم یا تعجب کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

Zooks : (int) دیکھو Zookers

Zoolatry : (n) [mod. L. 'zoolatria'.] (دینیات) حیوانات پرستی؛ وه مذہب جس میں حیوانوں کی پرستش ہوتی ہے ۔

Zoolite/Zoolith : (n) متحجر حیوان؛ سنگواره؛ جسم حیوانی کا کوئی حصه ۔

Zoologer : (n) (۱) ماہر علم حیوانات؛ حیوانیات داں ۔ (۲) دیکھو Zoologist ۔

Zoologic/-al : (a) (۱) علم حیوانات کا ۔(۲) حیوانیاتی ۔ (۳) حیوانی ۔

Zoological Garden : (n) باغ حیوانات؛ چڑیا گھر؛ جانورخانه؛ چڑیاخانه؛ خصوصاً لندن کا باغ حیوانات؛ وه باغ عامه جس میں حیوانات بغرض نمائش رکھے جاتے ہیں ۔

Zoological order : (n) حیوانی ترتیب ۔

Zoologically : (adv.) حیوانیات کی رو سے ۔

Zoologist : (n) ماہر علم حیوانیات؛ عالم حیوانیات؛ حیوانیات داں ۔

Zoologize : (v) (۱) علم حیوانات کا عملی طور پر مطالعه کرنا ۔ (۲) حیوانیات کی رو سے حیوانوں کو جانچنا ۔

Zoology : (n) علم حیوانات؛ حیوانیات ۔

Zoom : (n) [imit.] (۱) زوم ۔(۲) شور زوم ۔ (۳) زوم کا عمل خصوصاً فلمی کیمرے کا ۔ (٤) زیڈ عدسے ۔ (٥) ایك ایسا عدسه جس کی ماسکی فصل اور تکبیر جلدی اور تیزی سے بدلی جا سکے لیکن عکسی صورت اسی سطح پر قائم رہے ۔

Zoom : (v) (۱) فوراً حرکت کرنا یا اٹھ جانا ۔ (۲) فلمی کیمرے کی طرح تیزی سے حرکت کرنا ۔ (۳) تیر کی طرح دوز سے نزدیك آنا ۔ (٤) (ہوا بازی کا عامیانه) طیارے کو نہایت تیز رفتار سے قریب قریب سیدھا اوپر کو اڑانا ۔

Zoom lens : (n) (۱)زوم عدسه ۔ (۲)متحرك تصاویری کیمرے یا ٹیلیویژن کا عدسه ۔

Zoomagnetism : (n) حیوانی مقناطیسیت؛ مقناطیسی قوت جو حیوانوں میں پائی جاتی ہے ۔

Zoomancy : (n) حیوانی تفاؤل؛ جانور جوتش جس میں جانوروں کی صورت یاحرکات سے آئندہ ہونے والے واقعات کا حکم لگایا جاتا ہے ۔

Zoome : (n) حیوانا ۔

Zoomechanical : (a) حیوانی عضویات کا یا اس سےمتعلق ۔

Zoomechanics : (n) (۱) حیوانی میکانیات ۔ (۲) دیکھو Zoodynamics ۔

Zoometer : (n) کوئی جانور جس کی آبادی میں مسلسل متوازی کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے اس کے حوالے سے دوسرے جانوروں کی کمی و بیشی کی پیشن گوئی کی جا سکتی ہے ۔

Zoometric : (a) حیوان پیمائی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoometry : (n) (جسم) حیوان پیمائی ۔

Zoomimic : (a) حیوانوں کے طورطریقوں کی نقل کرنےوالا (خصوصاً اوزار اور اسلحات بنانے میں)۔

Zoomorph : (n) (۱) (حیوانیات)پیکر حیوان؛ حیوانی شکل ۔ (۲) (دیومالا) حیوان پیکر دیوتا ۔

Zoomorphic : (a) (۱) حیوانی صورتوں کا؛ حیوانی صورتوں میں ظاہر ہونے والا؛ حیوانی پیکر؛ حیوان شکلہ ۔ (۲) حیوانی صورت کے دیوتا رکھنے والی (قوم) ۔

Zoomorphism : (n) (۱) (فن) حیوان کشی ۔ (۲) (حیوانیات) قلب بہ حیوان ؛ حیوان پلٹ ؛ دیوتاؤں کا تصور حیوانی صورت میں کرنا؛ دیوتاؤں کو حیوانی صورتوں میں ظاہر کرنا ۔ (۳) (دینیات) تشبّہ حیوانی ۔

Zoomorphize : (v) (کسی دیوی یا فوق الفطرت طاقت کو) حیوانی صورت میں تصور کرنا ۔

Zoomorphosis : (n) حیوان پلٹ؛ حیوان تقلّب ۔

Zoon - : سابقہ بمعنی حوین ۔

Zoonal : (a) (۱) زونی ۔(۲) حیوان نما؛ زون نما ۔

Zoonic : (a) حیواناتی ۔

Zoonite : (n) حیوان فصل ۔

Zoonomy : (n) [mod. L. Zoonomia] حیوانی فعلیات؛ حیوان ورزی ۔

Zoonosis : (n) [mod. L.] (طب) مرض حیوانی؛ حیوان آوردہ مرض ۔

Zoonosology : (n) حیوانوں کی بیماریوں کا مطالعہ ۔

Zoonotic : (a) [mod. L. 'Zoonosis'.] حیوانوں کی بیماریوں میں؛ حیوانوں کی بیماریوں کا یا ان سے متعلق ۔

Zooparasite : (n) حیوان طفیلی ۔

Zooparasitic : (a) حیوان طفیلی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoopathological : (a) حیوانی بیماریوں کا یا ان سےمتعلق ۔

Zoopathology/Zoopathy : (n) (بیطاری) حیوانی بیماریاں؛ حیوانی بیماریوں کا علم ۔

Zoopery : (n) حیوانی تجربہ کاری ۔

Zoophaga : (n) [mod. L.] (۱) دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک بڑی نوع جن میں گوشت خور جانور بھی شامل ہیں ۔(۲) حیوان خوراں؛ درندے ۔

Zoophagan : (a) حیوان خور؛ درندہ ۔

Zoophagous : (a) (۱) گوشت خور؛ حیوان خور ۔ (۲) حیوان خور دودھ پلانے والے جانورں کا یا ان سے متعلق ۔

Zoophagy : (n) علم حیوان خوراں ۔

Zoopharmacological : (a) حیوانی عضویات سے متعلق دوا سازی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoopharmacy : (n) بیطاری کا دواخانہ؛ جانوروں کے علاج کا دواخانہ ۔

Zoophile : (a) (۱) (نباتیات) حیوان جو (پودا) ۔ (۲) (نفسیات) حیوان پسند ۔ (۳) (طب) حیوان لوطی؛ بہیمی ۔

Zoophilia/Zoophilism : (n) (۱) (نفسیات) حیوان پسندی؛ حیوان دوستی ۔ (۲) (طب) بہیمیت؛ لواطۃ الحیوانات ۔

Zoophilic : (a) (۱) (نباتیات) حیوان جو ۔(۲) (حیوانیات) حیوانات خور (حشرات) ۔ (۳) (طب) عاشق حیوانات ۔

Zoophilist : (n) (طب) حیوان لوطی ۔

Zoophilous : (a) (۱) حیوان جو ۔(۲) (حیوانیات) حیوانات خور (حشرات) ۔(۳) (طب) عاشق حیوانات ۔

Zoophobia : (n) (نفسیات) حیوانات ترسی؛ حیوانی روحوں کا خوف ۔

Zoophobous : (a) حیوانات ترسی کا یا اس سے متعلق ۔

Zoophoric : (a) حیوانی اشکال دار ۔

Zoophorus : (n) (تعمیرات) (۱) حیوانی اشکال دار سنگ تراشی ۔ (۲) ستونوں کے اوپر کی آرائشی پٹی جس میں انسانی یا حیوانی یا دونوں کی شکلوں کی سنگ تراشی ہوتی ہے ۔

Zoophysical : (a) حیوانی طبیعیات سے متعلق ۔

Zoophysics : (n) حیوانی طبیعیات ۔

Zoophysiology : (n) عضویات حیوانی ۔

Zoophyte : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) وہ نبات جو حیوانات کی صورت رکھتے ہیں ؛ حیوان نباتی ۔ (۲) (حیوانیات) وہ حیوانات جو نبات کی صورت رکھتے ہیں، مثلاً مونگا، اسفنج ۔

Zoophytic/Zoophytal : (a) حیوان نباتی کا؛ حیوان نباتی کی قسم کا ۔

Zoophytography : (n) حیوانات نباتی یا نباتی حیوانات کا بیان ۔

Zoophytological : (a) حیوانات نباتی کا ۔

Zoophytologist : (n) ماہر حیوانیات نباتی ۔

Zoophytology : (n) (۱) (نباتیات) حیوانی نباتیات ۔ (۲) (حیوانیات) نباتی حیوانیات ۔

Zooplankter : (n) حیوان تریا یا جل چر جیسا جانور ۔

Zooplankton : (n) حیوان تریا یا جل چرکی حیوانی زندگی ۔

Zooplasm : (n) حیوان مایہ ۔

Zooplastic : (n) (جراحی) حیوان پیوندہ؛ حیوانی پیوند بندی، جسم کے ٹکڑے کا؛ پیوند انسان کے جسم میں لگانا ۔

Zooplasty : (n) (جراحی) حیوان پیوندی ۔

Zoopraxicope : (n) (سنیما) متحرک تصاویر پروجیکٹر یا تصویر انداز جس کی ایجاد ۱۸۸۲ء میں ہوئی تھی ۔

Zoopsia : (n) (نفسیات) التباس حیوانات؛ حیوانات بینی ۔

Zoopsychology : (n) (نفسیات) حیوانی نفسیات ۔

Zooscopic : (n) حیوانات بینی کا یا اس سے متعلق ۔

Zooscopy : (n) (نفسیات) ایک قسم کا وہم یا ہذیان کی کیفیت جس میں حیوانات کی شکلیں دکھائی دیتی ہیں؛ حیوانات بینی ۔

Zoosophy : (n) حیوانات کا علم ۔

Zoos : (n) (۱) Zoo کی جمع ۔ (۲) دیکھو Zoo ۔

Zoosperm : (n) (۱) (نباتیات) حی بذرہ ۔ (۲) نر زوج؛ حیوانات یا نباتات کے تخم کا نر جز ۔ (۳) دیکھو Zoospore ۔

Zoosperm : (a) حیوانات و نباتات کے تخم کےنر جز کا یا اس سے متعلق ۔

Zoospermatic : (n) حیوانات یا نباتات کے تخم کےنر جز کا ۔

Zoospermium : (n) (حیوانیات) منوی حوین؛ کرم منی؛ حیوان تخم ۔

Zoosphere : (n) (حیوانیات) حی کرہ؛ حیوان کرہ ۔

Zoosporangium : (n) (نباتیات) حی بذرہ دان ۔

Zoospore : (n) (۱) (نباتیات) حی بذرہ ۔ (۲) (حیوانیات) حیّ بذرہ؛ حیّ تخم ۔

Zoosporic/Zoosporous : (a) (نباتیات) حی بذروی ۔

Zoosporocyst : (n) (نباتیات) حی بذرہ انبان ۔

Zoot suit : (n) مردوں کا ایک طرح کا سوٹ جو ۱۹۴۰ء میں رائج تھا (لمبی ڈھیلی ڈھالی صدری اور گاؤ دم

شکل کا پتلون)؛ ایک مخصوص قسم کا سوٹ؛ ایک خاص قسم کا لباس؛ زوٹ سوٹ ۔

Zoot suiter : (a) زوٹ سوٹ پہننے والا ۔

Zootaxy : (n) حیوانی جماعت بندی؛ منظم حیوانیات ۔

Zootechnic : (a) فن حیوان پروری کا یا اس سے متعلق ۔

Zootechnics/Zootechny : (n) (حیوانیات) حیوانی انسالیات؛ فن حیوان پروری ۔

Zoothapsis : (n) تدفین زندہ ۔

Zoothecium : (n) سانچہء حیوان؛ حیوان دان ۔

Zootheism : (n) (دینیات) الوہیت حیوانات؛ حیوانی دیوتاؤں پر اعتقاد ۔

Zootheistic : (a) الوہیت حیوانات کا یا اس سے متعلق ۔

Zootherapy : (a) حیوانی علاجیات؛ بیطاری ۔

Zoothome : (n) حیوان تودہ؛ حوین تودہ ۔

Zootocology : (n) (حیاتیات) حیوانی حیاتیات ۔

Zootomic/-al : (a) تشریح حیوانات کا یا اس سے متعلق ۔

Zootomically : (adv.) تشریح حیوانات کے طور پر؛ جراحی حیوانات کی رو سے ۔

Zootomist : (n) جراح حیوانات ۔

Zootomy : (n) تشریح حیوانات؛ جراحی حیوانات؛ تشریح بالمقابلہ ۔

Zoototemism : (n) کسی حیوان سے عقیدت مندی ؛ ان رسوم کی ادائی جو اس سے متعلق ہیں ۔

Zootoxin : (n) (طب) حیوانی ٹاکسین ؛ حیوان سم ۔

Zootrophy : (n) تغذیہء حیوانات ۔

Zooty : (a) انتہا پسند وضع قطع کا ۔

Zootype : (n) مثالی حیوان ۔

Zootypic : (a) اقسام حیوانات سے متعلق ۔

Zooxanthein : (n) حیوانی صفار ۔

Zoozygospore : (n) حی جوگ بذرہ ۔

Zoppa : (n) [It.] موسیقی کی ایک ہدایت ۔

Zophorus : (n) دیکھو Zoophorus

Zopilote : (n) [Sp. Mex. 'azopilotl'.] گدھ ؛ کرگس ۔

Zoque : (n) (۱) میکسیکو کی ایک قوم؛ زوق ۔ (۲) زوق قوم کا ایک آدمی ۔ (۳) زوق قوم کی زبان ۔

Zoquean : (n) (۱) میکسیکو کی ایک ہندوستانی قوم ۔ (۲) اس قوم کی ملی جلی زوق زبان ۔

Zoraptera : (n) [mod. L.] ایک قسم کے چھوٹے کیڑے جو زمین پر ہوتے ہیں ۔

Zori/Sori : (n) [Jap.] جاپانیوں کی بال کی بنی ہوئی چپل یا سینڈل ۔

Zoril/Zorille/Zorillo : (n) [Sp. 'Zorilla'.] زورل؛ افریقہ اور ایشیائے کوچک کا ایک گوشت خور چوپایہ جس کی نسل نیولے وغیرہ سے ملتی ہے ۔

Zorilla/Zorillo : (n) [Sp. 'Zorillo'.] امریکا کے چھوٹے درختوں کی قسم کی ایک جھاڑی ۔

Zoroastrian : (a) زرتشت کا یا مذہب زرتشت کا؛ زرتشتی؛ زردشتی ۔

Zoroastrian : (n) (۱) زرتشتی؛ زردشتی؛ آتش پرست؛ مذہب زرتشت کا پیرو جس کی تعلیم زنداوستا میں دی گئی ہے ۔

Zoroastrianism : (n) [f. L. zoroastres] زرتشتیت؛ مذہب زردشت؛ زرتشت ۔

Zorra : (n) [Amer. Sp. 'Zorra, sorra'.] ایک قسم کی معمولی گھاس جو گرم ملکوں میں ہوتی ہے ۔

Zorro/Zorrino : (n) (۱) (امریکی) روباسک؛ روباگرگ؛ زورو ۔ (۲) نیولے کی قسم کا ایک چوپایہ یا اس کی پوستین ۔

Zortzico : (n) [Basque] ایک باسک گانا یا ایک قسم کا رقص ۔

Zosma : (n) (فلکیات) ضفیرة الاسد (ستارہ) ۔

Zoster : (n) [L.] (۱) (طب) نملہء منطقی؛ منطقہ ۔ (۲) (قدیم) کمر بند؛ پیٹی؛ پٹکا ۔

Zostera : (n) [mod. L.] ایک سمندری پودا ۔

Zosteropidae : (n) ایک قسم کی چڑیوں کا ایک خاندان جن کی آنکھیں چاندی جیسی سفید اور چمکدار ہوتی ہیں؛ سیمیں چشم کنجشک؛ ایک قسم کی گوریا ۔

Zosterops : (n) [mod. L.] گرم ملکوں کی ایک چھوٹی چڑیا جس کی آنکھیں چاندی جیسی چمکدار یا سفید ہوتی ہیں ۔

Zouave : (n) [Fr.] (۱) زواد؛ فرانس کی پیادہ فوج کا سپاہی جس میں الجزائر کے عرب بھرتی کئے جاتے تھے جو اپنی قدیم مشرقی وردیاں پہنتے تھے ۔ (۲) اس وردی سے مشابہ عورتوں کا ایک چھوٹا کوٹ ۔

Zounds : (int) (قدیم) حرف فجائیہ جس سے غصہ اور طیش کا اظہار کیا جاتا ہے؛ لاحول ولا قوۃ ۔

Zowie : (int) حرف فجائیہ جس سے تعجب، تحسین اور خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

Zoysia : (n) [mod. L.] لان کی گھاس؛ فرشی گھاس ۔

Zubenalchemali : (n) (فلکیات) زبان الشمالی (ستارہ) ۔

Zubenalgemubi : (n) (فلکیات) زبان الجنوبی (ستارہ) ۔

Zubr : (n) [Russ.] یورپی ارنا بھینس؛ یورپی جنگلی بیل جو اب معدو م ہے ۔

Zubra : (n) (فلکیات) زبرہ (ستارہ اسد) ۔

Zubrowka : (n) [Pol.] ایک شراب (خصوصاً روس کی) ۔

Zucchetto/-etta : (n) [It.] رومن کیتھولک پادریوں کی چست گول ٹوپی؛ کلاہ کلیسائی (جس کے رنگ مخصوص ہیں، مثلاً پادریوں کےلئے سیاہ، اسقف کے لئے اودی، کارڈینل کے لئے سرخ اور پوپ کے لئے سفید) ۔

Zucchini : (n) [It.] (۱) کدو؛ لوکی ۔ (۲) دیکھو(s) Courgette ۔

Zufolo/Zuffolo : (n) [It.] ایک چھوٹی بانسری جو (خصوصاً) چڑیوں کو سکھانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Zugzwang : (n) [G. fr. 'zug+zwan'.] شطرنج کی چال ۔

Zuisin : (n) [of Algonquian origin.] ایک قسم کی جنگلی بط ۔

Zulhijja : (n) [Arab.] ذوالحجہ؛ بقرعید کا مہینہ؛ اسلامی قمری سال کا بارھواں مہینہ؛ ذی الحجہ ۔

Zulkadah : (n) [Arab.] ذوالقعدہ؛ اسلامی قمری سال کا گیارھواں مہینہ؛ ذیقعد ۔

Zulu : (n) (۱) جنوبی افریقہ کی کافر قوم کے ایک قبیلے کا فرد؛ زولو ۔ (۲) اس قوم کی زبان؛ زولو زبان ۔ (۳) مخروطی شکل کی بھدی ٹوپی جو پہلے بچے گرمی کے زمانے میں استعمال کرتے تھے ۔ (٤) ایک چھوٹا جہاز جس میں دو بادبان لگے ہوں ۔ (۵) انیسویں صدی عیسوی کی امریکا یا کینیڈا کی ایک گاڑی جو نقل وطن کرنے والوں کو لے جاتی تھی ۔ (٦) زولو گاڑی میں سفر کرنے والا فرد یا جماعت ۔ (۷) زیڈ حرف کے لئے خبر رسانی کا ایک خفیہ لفظ ۔

Zumbooruk : (n) [Arab.] ایک قسم کی چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر سے داغی جاتی ہے ۔

Zumology : (n) اختماریات ۔

Zuni : (n) (۱) نیومیکسیکو کی ایک قوم ۔ (۲) زونی قوم کا ایک فرد ۔ (۳) زونی قوم کی زبان ۔

Zunian : (n) زبان کا ایک خاندان جس میں صرف زونی زبان شامل ہے ۔

Zunibrown : (n) ہلکا بھوا رنگ ۔

Zunyite : (n) (معدنیات) الونیم کا فلوسلیکیٹ ۔

Zurich : (a) (۱) سوئٹزر لینڈ کے شہر زورخ کا یا وہاں سے ۔ (۲) زورخ میں رائج طورطریقے کا ۔

Zurlite : (n) (معدنیات) سفید یا سبزرنگ کاایک سلیکیٹ ۔

Zuzu : (n) خانہ جنگی میں زواو فوج کا ایک سپاہی ۔

Zwanziger : (n) [G.] آسٹریلیا کا ایک چاندی کا سکہ ۔

Zwetschenwasser : (n) [G.] ایک قسم کی برانڈی (شراب) ۔

Zwickau : (a) (۱) جرمنی کے زونی کاؤ شہر کا یا وہاں سے ۔ (۲) زونی کاؤ میں رائج طور طریقے کا ۔

Zwickau prophet : (n) [G.] سولہویں صدی عیسوی میں زوئی کاؤ کے انابیپ ٹسٹ فرقے کے رہنما جنہوں نے پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا ۔

Zwieback : (n) [G.] ایک قسم کے توس نما بسکٹ جو خوب سکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Zwinger : (n) [G.] قلعہ جو شہر کی حفاظت کرتا ہو ۔

Zwinglian/-nist : (n) [from Ulrich Zwingli.] سوئٹنزر لینڈ کے مذہبی مصلح زونگلی کا پیرو اور معتقد (شخص) ۔

Zwinglian : (a) زونگلی کا یا اس سے متعلق ۔

Zwinglianism : (n) (۱) زونگلی کی تعلیمات ۔ (۲) زونگلی کے عقائد ۔

Zwischenspiel : (n) [G.] موسیقی یا گانے بجانے کا درمیانی وقفہ ۔

Zwitterion : (n) [G.] (۱) (طبیعیات، کیمیا) ثنوی رواں ؛ دوباری رواں ۔ (۲) ایک قسم کا فولاد جس کی مثبتی اور منفی خاصیتیں جداگانہ ہوتی ہیں ۔ (۳) منفی قطبی فولاد ۔

Zwitterionic : (a) ثنوی رواں سے متعلق ۔

Zygadene : (n) [mod. L.] ایک پودا ۔

Zygadenine : (n) [mod. L.] ایک بلوری القلی نما جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Zygadite : (n) (معدنیات) ایک قسم کا پتھریلا مادہ ۔

Zygaena : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی؛ شارک ۔ (۲) پتنگوں کی ایک جنس ۔

Zygaenidae : (n) [mod. L.] پتنگوں کا ایک خاندان ۔

Zygal : (a) (تشریح) حرف H یا بیلوں کے جوئے کی شکل کی (خصوصاً دماغ کے اندر کی) درز؛ یوغی؛ جوغی؛ جوا نما ۔

Zygantrum : (n) [mod. L.] (حیوانیات)جفتی حفرہ؛ جوکھفہ ۔

Zygapophysial : (a) جفتی مفصل سے متعلق؛ یوغی مفصل سے متعلق ۔

Zygapophysis : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) جفتی مفصل؛ یوغی مفصل ۔ (۲) (تشریح) (ریڑھ کی ہڈی کے) فقروں کا جوڑ ۔

Zygite : (n) [Gr.] (قدیم) دو منزلہ کشتی جس کے اوپر کی منزل سے یا تین منزلہ کشتی (جس کی درمیانی منزل سے چپو چلاتے ہیں) کا چپو چلانے والا شخص ۔

Zygnemaceous : (a) تازہ پانی کی کائی سے متعلق ۔

Zygnemataceae : (n) [mod. L.] تازہ پانی کی سبز چکنی کائی کا ایک خاندان ۔

Zygnematales : (n) [med. L.] سبز کائی کی قسمیں ۔

Zygnemid : (n) کائی کی ایک قسم ۔

Zygo-: [Gr.] (۱) سابقہ Zugon کی ترکیبی صورت جس کے لفظی معنی ہیں "بیلوں کا جوا" "جوغ" "یوغ" ۔ (۲) جفت؛ جوگ ۔

Zygobranchiate : (a) (۱) (حیوانات) جفت خیشومہ ۔ (۲) گلے کے دونوں اطراف (داہنے اور بائیں) لنکتے ہوئے گوشت والا ۔

Zygocactus : (n) [med. L.] برازیلی ناگ پھنیوں کی ایک جنس ۔

Zygocardiate : (a) جفت قلبیہ ۔

Zygocity : (n) جڑواں مویشی کی تشخیص سے متعلق قواعد ۔

Zygodactyl/-lic/-lous : (a) (حیوانیات) جفت انگشتہ؛ پنجوں کی دو جوڑی رکھنے والا ۔

Zygodactyl : (n) جفت پنجہ پرند؛ ایسا پرندجس کو پنجوں کی دو جوڑی ہوں (مثلاً ہُدہُد، توتا وغیرہ) ۔

Zygodactylism : (n) (پرند) جس کو دو دو انگلیوں کی دو جوڑیاں ہوں، ایک آگے اور ایک پیچھے (مثلاً توتا اور ہدہد) ۔

Zygodont : (a) [Gr.] جڑواں دانت والا؛ جفت دندان دار ۔

Zygodont : (n) جڑواں دانت؛ جفت دندان ۔

Zygogenesis : (n) [med. L.] جڑواں پیدائش؛ جفت تولید ۔

Zygogenetic : (a) جڑواں پیدائش کا یا اس سے متعلق؛ جفت تولیدی ۔

Zygogenium : (n) جوگ بیضہ ۔

Zogoid : (a) یوغ نما: جفت سا ۔

Zygoma : (n) [med. L.] (۱) (تشریح) وجنہ؛ رخسار ۔ (۲) عظم وجنی ؛ رخسار کی ہڈی ؛ عظم وجنہ ۔ (۳) محراب وجنی ۔ (٤) زائدہ وجنی ۔

Zygomatic : (a) (تشریح) وجنی؛ عظم وجنہ کا؛ رخسار کی ہڈی کا ۔

Zygomatic arch : (n) (تشریح) محراب وجنی ۔

Zygomatic area : (n) (تشریح) حصۂ وجنی ۔

Zygomatic bone : (n) (تشریح) عظم وجنی؛ عظم وجنہ ۔

Zygomatic muscles : (n) (تشریح) عضلات وجنہ ۔

Zygomatic nerve : (n) (تشریح) عصب وجنہ ۔

Zygomatic process : (n) (تشریح)زائدہ وجنی؛ زائدہ صدغی ۔

Zygomatico-: (pref) سابقہ بمعنی "وجنی" "رخساری" ۔

Zygomaticofacial : (a) (حیوانیات، تشریح) وجنی وجہی ۔

Zygomaticotemporal : (n) (حیوانیات،تشریح) وجنی صدغی ۔

Zygomato -: Zygomatic اور Zygoma کے جزویات مرکب ۔

Zygomites : (n) (حیوانیات) جوگ ریشے ۔

Zygomorphic/Zygomorphous : (a) (نباتیات) یوغ شکلہ؛ متشاکل؛ ایک سطح میں ایسے دو حصوں میں تقسیم ہونے والا (پھول) جو ایک دوسرے کا جواب ہوں ۔

Zygomorphism/Zygomorphy : (n) (نباتیات) یوغ شکلی؛ یک طرفہ شکل ۔

Zygomycetes : (n) [mod. L.] (نباتیات) جوگ فطرے ۔

Zygon : (n) (۱) (تشریح) یوغ؛ جوا؛ واصلہ ۔ (۲) یوغ دماغ؛ زائیگون ۔

Zygonema : (n) جوگ ریشہ؛ جفت خیطہ ۔

Zygopetalum : (n) (نباتیات) جنس جفت گلبرگی ۔

Zygophase : (n) (نباتیات) دو لونیوی ہنیت؛ جفت ہنیت ۔

Zygophore : (n) (حیوانیات) جوگ بردار ۔

Zygophyceae : (n) [mod. L.] ایک قسم کی سبز رنگ کی کائیوں کا ایک خاندان ۔

Zygophyllaceae : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) گوکھرویہ ۔ (۲) بوٹیوں، جھاڑیوں اور درختوں کا ایک خاندان ۔

Zygophyllaceous : (a) [mod. L.] (نباتیات) زائگو فائلم (Zygophylum) جنس کے خاندان کا یا اس سے متعلق ۔

Zygophyllum : (n) [mod. L.] (۱) (نباتیات) جفت گلبرگہ؛ جنس گوکھرو ۔ (۲) (قدیم) یورپی جھاڑیوں کی ایک جنس ۔

Zygophyte : (n) (نباتیات) جفت نبات؛ جوگ پودا ۔

Zygopleura : (n) [Gr.] عضویاتی اشکال ۔

Zygopleural : (a) عضویاتی اشکال کا یا ان سے متعلق ۔

Zygopleury : (n) (حیوانیات) جفت جانبی؛ دوطرفہ تشاکل ۔

Zygopodium : (n) (۱) (حیوانیات) جفت پا ۔ (۲) پیش بازو ۔

Zygoptera : (n) [mod. L.] (۱) (حیوانیات) کابلی مکھیاں ۔ (۲) کابلی مکھیوں کی قسمیں ۔

Zygopterid : (a) کابلی مکھیوں (میں سے ایک) کا یا اس سے متعلق ۔

Zygose : (a) دو خلوی ملاپ کا یا اس سے متعلق ۔

Zygosis : (n) (۱) جفتی ۔ (۲) دو خلوی ملاپ ۔ (۳) (حیوانات) دیکھو Conjugation ۔

Zygosome : (a) جفت جسمہ؛ مخلوط لونیہ ۔

Zygosperm : (n) (نباتیات) جفت تخمہ؛ جفت بذرہ ۔

Zygosphene : (n) (تشریح، حیوانیات) دیکھو Zygantrum ۔

Zygosphere : (n) (۱) خلیات جفتہ میں سے ایک خلیہ ۔ (۲) صنفی تخم کا ہم صنفی تخم سے ملاپ ۔

Zygosporangium : (n) (نباتیات) جفت بذرہ داں ۔

Zygospore : (n) (۱) (نباتیات) جفت بذرہ؛ جوگ بذرہ؛ متشاکل تخمک؛ جو تخم جنسی کے دو یکساں اجزا سےمل کر بناھو ۔ (۲) (حیوانیات) جفتہ ۔

Zygosporophore : (a) (نباتیات) جوگ بذرہ بردار ۔

Zygotaxis : (n) [mod. L.] (حیوانیات) جفت ترتیب؛ جوگ ترتیب ۔

Zygote : (n) [Gr. 'zygotos'.] (نباتیات) دو گمٹی ملاپ ۔

Zygote : (a) (۱) (حیوانیات) جفتہ؛ جوگا ۔ (۲) دو متشاکل اجزائے تخم جنسی سے بنا ھوا ۔

Zygotene : (n) جوگ ریشہ؛ نواۃ ریشہ ۔

Zygotic : (a) جفتی؛ دو گمٹی ملاپ کا یا اس سے متعلق ۔

Zygotic number : (n) (نباتیات) جفتی عدد؛ دولونیوی عدد ۔

Zygotoblast : (n) جفت نہوض ۔

Zygotomere : (n) ایک خلیہ ۔

Zygotonucleus : (n) جفتی نوات ۔

Zygotropism : (a) (حیاتیات) جوگ رخی ۔

Zygozoospore : (n) (حیاتیات) جفت حی بذرہ ۔

Zymase : (n) (کیمیا) کیمیائی خمیر؛ خامرہ ۔

Zyme : (n) [Gr. 'zyme'.] (۱) خمیر ۔ (۲) جرثومۂ مرض ۔

-zyme : (comb) جزو ترکیبی بمعنی خمیر آمیختہ؛ خمیر ملایا ھوا ۔

Zymic : (a) خمیری؛ تخمیری ۔

Zymic acid : (n) خمیری تیزاب ۔

Zymin : (n) خمیری سفوف ۔

Zymo-/Zym- : جزو ترکیبی بمعنی "خمیر" ۔

Zymo-exciter : (a) خمیر محرک ۔

Zymo organisation : (n) (حیاتیات) خمیر زا نامیہ ۔

Zymogen : (n) (۱) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زا مادہ؛ زا نموجن ۔ (۲) (جرثومیات) خمیری جرثومہ ۔

Zymogenesis : (n) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زائی ۔

Zymogenetic/Zymogenic/Zymogenous : (a) (۱) (نباتیات، حیوانیات) خمیر زا مادہ کا یا اس سےمتعلق؛ خمیر زا مادی؛ خمیری جرثومہ کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) (جرثومیات) خمیر زادہ؛ خمیر خیز ۔

Zymoid : (a) خمیر نما ۔

Zymological : (a) اختماریاتی ۔

Zymologist : (n) (کیمیا) عالم اختماریات؛ اختماریات داں ۔

Zymology : (n) [mod. L.] (کیمیا) اختماریات ۔

Zymolysis : (n) (کیمیا) خمیر پاشی؛ عمل کیمیائی خمیر ۔

Zymolytic : (a) (کیمیا) خمیر پاش؛ کیمیائی خمیری ۔

Zymome : (n) (کیمیا) زائی موم ۔

Zymometer/Zymosimeter : (n) (کیمیا) اختمار پیما ۔

Zymophyte : (n) ایک قسم کی سبزی جو خمیر پیدا کرتی ھے ۔

Zymoplastic : (a) خمیر اٹھانے کا یا اس سے متعلق ۔

Zymoscope : (n) خمیری طاقت پیما آلہ ۔

Zymosis : (n) [mod. L.] (۱) (کیمیا) اختمار؛ تخمیر ۔ (۲) (طب) عفونت ۔ (۳) (مرضیات) عفونتی مرض؛ خارجی جراثیمی بیماری ۔

Zymosthenic : (n) خمیری طاقت بڑھانے والا ۔

Zymotechnics : (n) فن اختمار؛ خمیر بنانے کا فن ۔

Zymotechnology : (n) فن اختمار کے اصولوں کا مطالعہ؛ خمیر بنانے کے فنی اصولوں کا مطالعہ ۔

Zymotic : (a) (۱) (جرثومیات) خمیری؛ اختماری؛ تخمیری؛ تخمیر کا ۔ (۲) (طب) عفونتی؛ خارجی جراثیمی ۔

Zymotic disease : (n) عفونتی مرض؛ خارجی جراثیمی بیماری جو بیرونی جراثیم کے جسم میں پہنچنے سے پیدا ہوتی ہے، یہ متعدی بھی ہوتی ہے اور غیرمتعدی بھی، وبائی بھی اور مقامی بھی۔

Zymotics : (n) (۱) خمیریات ۔ (۲) عفونتی مرضیات ۔

Zymurgy : (n) اختماری کیمیا؛ خمیر بنانے کا عمل (مثلاً شراب بنانے یا کشید کرنے میں) ۔

Zythum : (n) [L.] (۱) قدیم زمانے کی ایک شراب ۔ (۲) قدیم مصریوں کی ایک شراب ۔

Zyzzogeton : (n) [mod. L.] مشرقی امریکا کا ایک ٹڈا ۔